القاموس الوحید

جامع ترین مکمل عربی اردو لغت

تالیف

مولانا وحید الزمان قاسمی کیرانوی

استاذ حدیث وادب عربی ومعاون مہتمم دار العلوم دیوبند

مراجعہ وتقدیم

مولانا عمید الزمان قاسمی کیرانوی

ادارہ اسلامیات

لاہور — کراچی

عصرِ حاضر کی جامع ترین عربی اردو لغت ہے کم و بیش ایک لاکھ قدیم و جدید عربی الفاظ کا عظیم تر ین ذخیرہ جو اپنی گوناگوں خصوصیات کی بنا پر اب تک کی تمام عربی اردو لغات پر فائق ہے۔ جدید الفاظ و اصطلاحات، محاورات، ضرب الامثال، مترادفات اور زندہ اسالیب کا ایک خزانہ جس سے کوئی درس گاہ، کتب خانہ، استاد یا طالب علم مستغنی نہیں ہو سکتا۔ پاکستان اور ہندوستان میں پہلی بار شائع ہونے والی معجم جو برس ہا برس کی محنت شاقہ کے بعد علمی استفادے کے لیے دستیاب ہے۔ ایک باکمال صاحب فن کی عرق ریزی کا ثمر۔

القاموس الوحید

جامع ترین مکمل عربی اردو لغت

تالیف

مولانا وحید الزماں قاسمی کیرانوی

استاذ حدیث وادب عربی و معاون مہتمم دار العلوم دیوبند

مراجعہ و تقدیم

مولانا عمید الزماں قاسمی کیرانوی

ادارۂ اسلامیات
لاہور — کراچی

اشاعت اول
ربیع الاول ۱۴۲۲ھ جون ۲۰۰۱ء

ادارۂ اسلامیات
پبلشرز، بک سیلرز، ایکسپورٹرز

۱۴- دینا ناتھ مینشن، مال روڈ، لاہور فون ۷۳۲۳۴۱۲ فیکس ۷۳۲۴۷۸۵-۴۲-۹۲+
۱۹۰- انارکلی، لاہور- پاکستان — فون ۷۲۴۳۹۹۱-۷۳۵۳۲۵۵
موہن روڈ، چوک اردو بازار، کراچی- پاکستان — فون ۷۲۲۴۰۱

ملنے کے پتے
ادارۃ المعارف، جامعہ دار العلوم، کورنگی، کراچی نمبر۱۴
مکتبہ دار العلوم، جامعہ دار العلوم، کورنگی، کراچی نمبر۱۴
ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ، چوک لسبیلہ، کراچی
دار الاشاعت، اردو بازار، کراچی نمبر۱
بیت القرآن، اردو بازار، کراچی نمبر۱
بیت العلوم، نابھہ روڈ، لاہور

فہرست القاموس الوحید

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرض ناشر

اللہ کا شکر ہے کہ طویل وشدید انتظار کے بعد "القاموس الوحید" زیورِ طبع سے آراستہ ہو کر پیش خدمت ہے۔ اس پیش کش کے وقت ہمیں وہی خوشی محسوس ہو رہی ہے جو کسی مہم جو اور طالع آزما کو اپنے ارادہ میں کامیابی کے بعد ہوتی ہے۔

اگر چہ اس سے قبل والد مرحوم حضرت مولانا وحید الزماں کیرانوی کی چار ڈکشنریاں شائع ہو کر مستفیدین و ارباب ذوق سے خراجِ تحسین حاصل کر چکی ہیں، تاہم یہ جامع ترین مکمل عربی اردو لغت کئی اعتبار سے اپنے اندر بعض اہم اور منفرد خصائص رکھتی ہے، جو اُسے اس قبیل کی دیگر لغات سے ممتاز کرتے اور عربی اردو لغت نویسی کے باب میں ایک اہم مقام عطا کرتے ہیں۔

"القاموس الوحید" والد مرحوم کی سالہا سال کی پیہم اور جاں گسل محنت وکاوش کا نتیجہ ہے۔ اس کی تالیف کے دوران مرحوم نے عمر کے آخری دہے میں اپنے شب وروز، سفر و حضر، اور اپنی توانائی کا بیشتر حصہ اس میں صرف کیا، تب ہی یہ ممکن ہو سکا کہ یہ شاہکار لغت اپنی خصوصیات کے ساتھ منظر عام پر آسکے۔

اس ضخیم قاموس کی تکمیل وطباعت کے تجربہ کے دوران کام کے مختلف مراحل کے لیے درکار وقت ومحنت کا ہر اندازہ غلط ثابت ہوا۔ اغلاط سازی وغیرہ کے علاوہ بعض ایسے کاموں میں بھی خاصا وقت صرف ہوا جو کسی شمار میں نہ تھے، اس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ تمام مآخذ سے ملا کر پوری قاموس کی مراجعت کا کام کتنا صبر آزما اور وقت طلب تھا۔ چنانچہ تالیف کے اصل کام کے بعد سب سے اہم اور بڑا یہی کام تھا جو کئی سال کی سخت محنت وکاوش کے بعد پایۂ تکمیل کو پہونچا۔

اس عظیم لغت کے شروع میں اُس کے شایان شان ایک مبسوط مقدمہ بھی شامل ہے۔ مراجعت وغیرہ کے مرحلہ سے فراغت کے بعد عم محترم مولانا عمید الزماں کیرانوی نے اس کی ضرورت کے احساس کے تحت تفصیلی مطالعہ کے بعد یہ وقیع علمی مقدمہ سپرد قلم کیا، جس میں عربی زبان کے نشوو ارتقا، اس کے لسانی خاندان، شجرۂ نسب اور اس کے فروغ کے مختلف عوامل واسباب پر سیر حاصل بحث کی ہے اور عربی لغت نویسی کا جائزہ لیتے ہوئے عربی کی تقریباً ان تمام مستند لغات کا تعارف کرایا ہے جن کی مرجعیت واہمیت مسلم ہے۔ اس قیمتی مقدمہ کا آخری حصہ القاموس الوحید سے متعلق ہے جس میں اس کی خصوصیات اور وجوہ امتیاز کا تفصیل کے ساتھ ذکر موجود ہے۔

ہماری خواہش تھی کہ معیار طباعت اس قاموس کے شایان شان ہو۔ ہم نے اس کی پوری کوشش تو کی، لیکن یہ کوشش ہم اپنے محدود مادی وسائل کے دائرہ میں رہتے ہوئے ہی کر سکے ہیں۔ کس حد تک ہم کامیاب ہوئے، اس کا فیصلہ اس درخواست کے ساتھ ہم آپ ہی پر چھوڑتے ہیں کہ ہمیں اپنی مفید وقیمتی آراء سے ضرور مطلع فرمائیں۔

والسلام
ناشر

بسم الله الرحمن الرحيم

حب العربيـــة من حب اللـه ورسوله صلى الله عليه وسلم

"من أحب الله تعالى، أحب رسوله محمداً صلى الله عليه وسلم، ومن أحب الرسول العربي، أحب العرب، ومن أحب العرب، أحب العربية التي بها نزل أفضل الكتب على أفضل العجم والعرب، ومن أحب العربية عني بها وثابر عليها، وصرف همته إليها، ومن هداه الله للإسلام وشرح صدره للإيمان، وآتاه حسن سريرة فيه، اعتقد أن محمداً – صلى الله عليه وسلم – خير الرسل، والإسلام خير الملل، والعرب خير الأمم، والعربية خير اللغات والألسنة، والإقبال على تفهمها من الديانة، إذ هي أداة العلم ومفتاح التفقه في الدين، وسبب إصلاح المعاش والمعاد."

أبومنصور عبدالملك بن محمد بن اسمعيل الثعالبي

(٣٥٠هـ/ ٩٦١م – ٤٢٩/١٠٣٨م)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مقدمہ

از: مولانا عمید الزماں قاسمی کیرانوی

الحمد لله الذي خلق الانسان، وحلّاه بالنطق والكلام، وأعز اللغة العربية وأدامها، فأنزل بها القرآن على قلب نبينا محمد، سيد الخلق والأنام، أفصح من فَجَّر ينابيع البيان، والصلاة والسلام عليه وعلى آله واصحابه البررة الكرام، ومنهم من أعانهم علمُهم باللغة ورسوخُهم فيها ان يفسروا للناس معاني الالفاظ تفسيراً لغويا، كعمرَ بن الخطاب، وعليٍ بن ابي طالب، وعبدِ الله بن عباس– رضى الله عنهم– وغيرِهم من اهل العلم باللغة، التي اختارها سبحانه وتعالى لتكون أداة لدعوته ووسيلة للتعبير عن كلامه وكلام رسوله، فكانوا بمثابة معاجمَ حيةٍ ناطقةٍ غيرِ مدونةٍ، يؤدون عمل المعجم خيرَ أداء... اما بعد!

عربی زبان، منبعِ علوم شریعت، قرآن وحدیث کی زبان ہے، اس لیے اس کے تداول اور تعلیم وتعلم کو آسان سے آسان تر بنانے کی جملہ مخلصانہ مساعی، خدمتِ دین کا درجہ رکھتی ہیں۔ عربی سے عربی، عربی سے اردو یا اس کے برعکس دیگر زبانوں میں، عربی کے تعلق سے معتبر لغات وقوامیس کی تالیف، ان کوششوں کا ایک انتہائی اہم حصہ ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ مختلف ادوار کے علماء، اور بالخصوص علمائے متقدمین نے اس کام کو بہت زیادہ اہمیت دی، اور ان میں سے بہت سوں نے اس کو اپنی علمی کاوشوں کا محور ومرکز بنا کر اس عظیم زبان کو اپنی اصلی شکل وصورت میں محفوظ رکھنے کی جلیل القدر خدمات انجام دیں۔ چنانچہ بعض عبقری علماء اور ماہرینِ عربی لغت نے اس زبان میں فنِ لغت نویسی کا آغاز کیا اور متعدد معاجم وقوامیس ترتیب دیں جن میں خلیل بن احمد الفراہیدی کی کتاب العین اور ابو عمر الشیبانی کی کتاب الجیم سرفہرست ہیں۔ بعض علماء نے اپنے سلف کی معاجم کو موضوعِ بحث بنایا، کچھ نے شروح لکھیں اور کچھ نے مختصرات تحریر کیں۔ علاوہ ازیں بعض نے متعدد معاجم کو یکجا کیا یا کسی ایک معجم کو بنیاد بنا کر دوسرے معاجم سے منتخب الفاظ کا اضافہ کیا۔ اور ان کے محاسن ومناہج سے استفادہ کر کے زیادہ جامع انداز میں طالبانِ زبان وادب کی ضرورت کو پورا کرنے کی سعی کی۔ زیرِ نظر لغت ''القاموس الوحید'' کے مؤلف برادرِ گرامی حضرت مولانا وحید الزماں کیرانوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۹۹۵ء) استاذِ حدیث، لغت وادبِ عربی اور معاون مہتمم دار العلوم دیوبند کی اس کاوش کا تعلق اسی تیسری قسم سے ہے۔

قرآن وحدیث اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان "اللسان العربی" اور اس کے متعلقہ علوم کی خدمت میں اپنی عمریں صرف کرنے والے ان جلیل القدر علمائے محققین کا یہ حق ہے کہ ہم ان کی محنت اور کوششوں سے عربی لغات کی شکل میں وجود میں آنے والے ان گنجہائے گرانمایہ سے روشناس اور بہرہ ور ہوں، جو خزانے بھی ہیں اور خزانہائے علوم شریعت اور ادب عربی کی کنجیاں بھی۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ لغت نویسی اور تدوینِ قوامیس ومعاجم کا ایک سرسری جائزہ لیا جائے۔ لیکن اس سے پہلے زبان کی تحقیق، عربی میں اس کے لیے لفظ "لغہ" کے استعمال اور عربی زبان کی اصل وخصوصیت اور اسلام کی وجہ سے اس کی بے مثال حفاظت وترقی سے متعلق بھی کچھ لکھنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

زبان کی اہمیت

عصر جدید کے فلاسفر ڈیکارٹ (Rene Descrates1596 -1650) کی رائے کے مطابق انسان کے حیوانِ ناطق ہونے کی وجہ سے زبان یعنی لغت اس کے خواص میں سے ایک خاصہ ہے۔ لغت (زبان) انسان کا خاصہ اس لیے ہے کہ وہ حیوانِ ناطق یعنی بولنے اور سوچنے کی صلاحیت رکھنے والا ہے، اور اس وجہ سے بھی کہ وہ حیوان مدنی ہے، جس کی فطرت میں اجتماعیت ہے۔ اور اس کا یہی خاصہ اس کو کائنات کی دوسری تمام مخلوقات میں ممتاز بناتا ہے۔ یہی چیز انسان کے لیے مختلف اشیا واشخاص کی سمجھ اور ادراک میں مددگار ہوتی ہے۔ حیوان کا یہ عمل صرف حواس کے ذریعہ ہوتا ہے۔ جبکہ انسان کے اس عمل میں حواس کے علاوہ نطق وتفکیر کو بھی دخل ہوتا ہے، جو اس کا وصف امتیازی ہے، اور چونکہ انسان کے ادراک کے اس عمل میں احاطہ وشمول بھی ہے اس لیے اسی کو صحیح ادراک قرار دیا جاسکتا ہے۔

زبان انسان کے لیے ایک عظیم عطیۂ ربانی ہے۔ انسان کو اس عطیہ سے نوازے جانے کا مقصد یہ ہے کہ وہ اس کے ذریعہ اپنے نفس اور اس کے باطنی اسرار ورموز کا ادراک کرے، اور اپنے اردگرد پھیلے ہوئے عالم بے کراں سے واقفیت وآگاہی حاصل کرے، تاکہ اس آگہی کے بعد وہ اپنے خالق وپروردگار کے حضور میں سجدہ ریز ہو۔

ارسطو (Aristote 322 - 384 B.C.) نے انسان کی تعریف میں حیوانِ ناطق کا فلسفیانہ تصور پیش کیا، تو ڈیکارٹ نے اس میں اس بات کا اضافہ کیا کہ زبان ہی سے انسان کے اندر فکر وعمل کی دونوں شقوں کے ساتھ حقیقی ناطقیت کا تحقق ہوتا ہے، جس کے بعد وہ زمین پر خلیفۃ اللہ بننے کا اہل ہوتا ہے۔

انسان کی ناطقیت کا دارومدار غور وفکر کرنے اور اجتماعی زندگی گزارنے پر ہے، پھر زبان کے ذریعہ اظہار وبیان خود اپنے نفس کے علاوہ، دوسروں کو سمجھنے، اور اسرارِ عالم کی دریافت کی راہ کا ایک قدم بھی ہے۔ انیسویں صدی کے دورِ اول کے فلاسفر نطشے (Friedrich Nietzsche 1844 -1900) کے بقول یہ دریافت دراصل ایک فعل ہے، جو ہمیشہ تغیر کا متقاضی ہے۔

بہر حال زبان کی اہمیت مسلم ہے۔ وہ فکر کی ترجمانی اور دوسروں سے رابطے کا محض ایک وسیلہ و آلہ ہی نہیں، بلکہ وہ اجتماعی زندگی میں ہماری ماہیت اصلی کا اثبات اور نفوس کا تذکیہ بھی کرتی ہے۔ انسان کی زندگی میں زبان کا عمل اُس سے کہیں زیادہ اہم ہے جیسا کہ وہ بادی النظر میں لگتا ہے۔ ہم سب ہی، خواہی نہ خواہی، زبان کا ہمیشہ استعمال کرتے ہیں۔ لہٰذا زبان ایک ایسی چیز ہے جس سے انسان بے نیاز و مستغنی نہیں ہو سکتا۔ ہم اپنے اہل و عیال، دوسرے افراد خانہ، رشتہ داروں، دوستوں، ساتھیوں، پڑوسیوں اور ہم وطنوں سے ہم کلام ہوتے ہیں، بلکہ بسا اوقات خود اپنے آپ سے اور ان لوگوں سے بھی جو زمان و مکان کے اعتبار سے ہم سے دور ہیں، بات چیت کرتے ہیں۔ علامہ شیخ محمد عبدہ نے بالکل ٹھیک کہا ہے کہ زبان فکر کی مُظہر اور اس کی ترجمان ہے: (اللغة مجلی للفکر و ترجمان له)

فرد کی زندگی میں زبان کا ساتھ لازم و ملزوم کی طرح ہے۔ زبان اس کے وجود کی گہرائیوں اور اس کی پوشیدہ خواہشات و محسوسات تک اپنی رسائی رکھتی ہے۔ کوئی قوم جو زبان بولتی ہے اسی سے مربوط کلام وجود میں آتا ہے، عالم اجسام اور عالم اذہان کے درمیان زبان حقیقی رابطہ کا ذریعہ ہے۔[۱]

لغہ کے اصطلاحی معنی

یہ تو تھی زبان کی ضرورت اور اجتماعی زندگی میں اس کے کردار کی اہمیت کی مختصر تشریح۔ رہا مسئلہ اس کے اصطلاحی معنی کا تو اس سلسلہ میں علمائے لسانیات (Linguists) کے درمیان خاصا اختلاف ہے۔ بحث و تحقیق میں ہر ایک کا اپنا اپنا نہج اس اختلاف کی بنیاد ہے، چنانچہ کوئی اس کی تعریف (Definition) عقلی و نفسیاتی بنیاد پر کرتا ہے، تو کوئی منطقی و فلسفیانہ نظریہ کا سہارا لیتا ہے۔ جبکہ بعض ماہرین معاشرے میں زبان کے رول کے اعتبار سے اس کی تعریف پیش کرتے ہیں۔ بہر کیف زبان کے معنی کے سلسلہ میں بہت سے اقوال ہیں جن کو ذیل میں بطور حصر نہیں بلکہ بطور مثال پیش کیا جا رہا ہے:

(۱) ماہرین نفسیات (Psychologists) کے نزدیک مافی الضمیر کی تعبیر کا کوئی بھی وسیلہ زبان ہے۔ لہٰذا ان

(۱) محاضرات في اللهجات العربية: تاليف الدكتور / عبدالحميد محمد ابوسكين، استاذ كلية اللغة العربية، جامعة الازهر، ص ۹.
یہ کتاب جس کا موضوع اس کے نام سے ظاہر ہے، مجھے برادر گرامی قدر مولانا وحید الزماں رحمہ اللہ کی ذاتی مطالعہ کی کتابوں میں ملی تھی۔ اس کی قابل ذکر اہمیت یہ ہے کہ وہ مبعوث الازہر الاستاذ عبداللہ جمعہ رضوان کی طرف سے ہدیہ ہے۔ موصوف کے قلم سے اس کتاب پر درج ذیل تحریر موجود ہے:

بسم الله الرحمن الرحيم – إلى سماحة الشيخ مولانا / وحيدالزمان الكيرانوی حفظه الله وأدامه. تقديرا لحبه واخلاصه ووفائه وشوقا لذكراه .

ابنكم البار
عبدالله جمعه رضوان
مبعوث الازهر الشريف
إلى دارالعلوم ديوبند
۱۹۸۶/۲/۲۷ء

کے نزدیک زبان ہر وہ آلہ ہے جو کسی انسان کے شعور میں آنے والی کسی چیز کو دوسرے تک منتقل کر سکے۔ بنا بریں ان کی نظر میں حرکات، اصوات، نقش و نگار اور رسم الخط سب ہی زبان کی قسمیں ہیں۔ صوتی زبان مقاطع (Syllables) والے الفاظ کی بھی ہے اور سادہ الفاظ والی بھی جن میں واضح قسم کے مقاطع نہ ہوں۔

چنانچہ قبول یا انکار پر دلالت کرنے والی کوئی حرکت، ہاتھ، سر یا جسم کے ذریعہ کسی معنی کی طرف اشارہ، آہ و بکا، موسیقی، نقش و نگار، تصویر کشی اور بولے ہوئے یا تحریر کردہ کلمات، نیز اسی طرح کی جو چیزیں کسی فکر و خیال کو دوسرے تک منتقل کرنے کے لیے استعمال میں آتی ہیں، علمائے نفسیات کی اصطلاح میں ان سب پر زبان کا اطلاق ہوتا ہے۔

(۲) دوسرا مکتب فکر جو زبان کی تعریف، معاشرے میں اس کے رول اور کام کے پیش نظر کرتا ہے، اس کا کہنا ہے کہ زبان نام ہے عرف میں ملحوظ ان امور کے نظام کا جو کسی خاص اجتماعی گروہ کے افراد کے درمیان تعاون و تعامل کا ذریعہ بنتے ہوں۔ زبان کی یہ تعریف امریکی محقق (ادجار ستیر تفنت) نے کی ہے۔

یہ مکتبِ فکر زبان کے معاشرتی پہلو کو اہمیت دیتا ہے، چنانچہ اس کے نزدیک زبان ایک معاشرتی حقیقت اور اجتماعی ربط و اتصال کا نتیجہ ہے۔ باہمی تعاون اور بحیثیت انسان اہمیت کے حامل مختلف امور کو انجام دینا اس کا بنیادی عمل ہے۔ اس طرح دیکھا جائے تو وہ اپنی ترقی و فروغ میں بھی انسانی گروہوں کے وجود کی مرہونِ منت ہے۔

(۳) منطقی مکتب فکر (Logical School of Thought) زبان کی تیسری تعریف علمائے منطق (Logicians) کی ہے جو زبان کو افکار کی تعبیر کے وسیلہ کے طور پر استعمال کرنے کو بہت اہمیت دیتے ہیں۔ اہلِ منطق کے اس مکتب فکر کے ایک عالم پروفیسر (جفونز) اپنی کتاب "مبادی درس منطق" میں لکھتے ہیں: زبان کے تین کام ہیں:

(الف) خواہشات و جذبات اور افکار پہنچانے کا ذریعہ بننا۔

(ب) سوچنے میں خود کار معاون ہونا۔

(ج) تدوین و مراجعت کا آلہ ہونا۔ (اس سے مراد تحریری زبان ہے، جس میں انسان اپنے افکار و خیالات اور آراء کو حیطۂ تحریر میں لاتا ہے اور وقتِ ضرورت ان کی طرف رجوع کرتا ہے)

(۴) فلسفی مکتب فکر (Philosophical School of Thought) اس مکتب فکر کے بقول افکار کی تعبیر اور ان کو ایک شخص سے دوسرے تک منتقل کرنے کے لئے منظم صوتی رموز کے استعمال کا نام زبان ہے۔

(۵) زبان کا اطلاق نُطق و تکلم اور قوت ناطقہ اور ان الفاظ پر ہوتا ہے جن کے ذریعہ متکلم اپنے احساس و شعور کا اظہار کرتا ہے۔

(٦) قُدما نے بھی زبان کی تعریف میں کہا ہے کہ زبان ان آوازوں کا نام ہے، جن کے ذریعہ کوئی قوم اپنے اغراض و ضروریات کا اظہار کرتی ہے۔

زبان کے معنی کے ذیل میں اور بھی بہت کچھ لکھا گیا ہے، یہاں صرف چند اقوال و تعریفات پر اکتفا کیا

گیا ہے۔ بہر حال متمدن انسان کی غرض وضرورت افکار کو دوسرے تک منتقل کرنے میں ہی منحصر نہیں ہے، اسی لئے زبان کا دائرۂ عمل بھی اسی حد تک محدود نہیں بلکہ درحقیقت وہ وسیلہ بنتی ہے فکر وفہم کا اور ذوق وخیال کی بالیدگی کا۔ لہٰذا اصطلاحی معنی کے اعتبار سے زبان کی زیادہ جامع تعریف اس طرح کی جاسکتی ہے کہ "زبان نام ہے ان الفاظ کا جن کے ذریعہ کوئی قوم اپنی اغراض وضروریات کا اظہار کرتی ہو اور ان کو فکر وفہم نیز ذوق وخیال کی تربیت کا وسیلہ کار بناتی ہو"۔

اصطلاحی معنی سے متعلق بحث کا یہ خلاصہ **محاضرات فی اللهجات العربية**[(۱)] سے ماخوذ ہے۔ عمر فروخ لکھتے ہیں:

زبان، جذبات، مقاصد اور افکار کے اظہار کا ذریعہ بنتی ہے۔ اور یہ اظہار ان حرکات واشارات کے ذریعہ ہوتا ہے جو انفعال کے نتیجہ میں قصد وارادہ کے تحت سرزد ہوں۔ اسی طرح آوازیں بھی اظہار مافی الضمیر کا ذریعہ ہوتی ہیں۔ کبھی کبھی آوازوں کے ذریعہ نکلنے والے الفاظ کے مقابلہ میں اشارات کے ذریعہ مرادی معنی کی ادائیگی زیادہ بہتر طریقہ پر ہوتی ہے۔[(۲)]

زیادہ مختصر اور آسان طریقہ پر کہا جاسکتا ہے کہ زبان کے معنی ہیں: "انسانوں کے مابین تحریری یا صوتی اشاروں کے ذریعہ رابطے کا نظام یا کسی نسلی قومی یا ثقافتی گروہ کی بولی"۔[(۳)]

لغہ کا مشتق منہ

لغہ کے اصطلاحی معنی کے مختصراً ذکر کے بعد یہ جاننا ضروری ہے کہ اس کے لیے عربی میں اگرچہ اللسان بھی استعمال کیا جاتا ہے بلکہ قرآن میں ہر جگہ اس معنی میں یہی لفظ وارد ہوا ہے، لیکن عام طور پر استعمال کیا جانے والا لفظ اللغه ہے۔ اس لفظ کا مأخذ ومشتق منہ کیا ہے اور یہ کہ وہ عربی لفظ ہے یا مُعَرَّب، اور اگر وہ معرب ہے تو اس رائے کے قائل کی دلیل کیا ہے۔ پھر لغت کے اصطلاحی معنی کیا ہیں۔ اور اس سلسلہ میں ماہرین لسانیات کے اقوال وتعریفات میں اتفاق ہے یا اختلاف۔ ان سب سوالوں کے پیش نظر قدیم مصادر ومراجع اور قوامیس کی مراجعت کے بعد حسب ذیل حقائق سامنے آتے ہیں:

لغہ (Language) کا اطلاق ــ صاحب **القاموس المحیط** مجد الدین فیروز آبادی کے مطابق ان آوازوں پر ہوتا ہے جن کے ذریعہ ہر قوم اپنی ضروریات وحوائج کا اظہار کرتی ہے۔ اس کی جمع **لغات ولغون ولغی** ہے۔ **لغا یلغو** کے معنی تکلم بولنے اور **خیبة** ناکام یا مایوس ہونے کے ہیں۔ **اللغو واللغا** اس کلام کو کہتے ہیں جس کا کوئی اعتبار نہ ہو[(۴)]

---

(۱) محاضرات فی اللهجات العربية، للدکتور / عبدالحمید محمد ابوسکین ص ۱٤.

(۲) تاریخ الادب العربی، عمر فروخ

(۳) قومی انگریزی اردو لغت۔

(۴) صاحب **المصباح المنیر** علامہ احمد بن علی الفیومی لکھتے ہیں: لغا الشئ یلغو لغوا باب نصر سے ہے اور بَطَلَ کے معنی میں ہے۔ ☜

ابن جنی الخصائص میں لکھتے ہیں: لغة : لَغَوْت بمعنی تکلمت سے ہے۔ وزن کے اعتبار سے وہ کُرَةٌ، قُلَةٌ اور ثُبَةٌ کی طرح ہے ان سب میں لام کلمہ واؤ ہے جیسا کہ کروت بالکرۃ اور قلوت بالقلۃ سے ظاہر ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اسی سے لغی یلغی ہے جس کے معنی ہذیان گوئی کے ہیں اور اسی سے شاعر کا قول ہے:

ورب اسراب حجیج کظم　　　عن اللغا ورفث التکلم

اسی طرح اللغو بھی ہے جو قرآن میں وارد ہے: "واذا مروا باللغو مروا کراما" جس کے معنی باطل کے ہیں۔

"البرھان" میں امام حرمین تحریر فرماتے ہیں: اللغة لَغِيَ يَلغي (باب سمع) سے ہے جس کے معنی گفتگو کرنے کے ہیں۔

مذکورہ بالا حوالوں سے ظاہر ہے کہ ماہرین و محققین لغت کی رائے میں لغہ عربی لفظ ہے۔ لیکن بعض علماء متأخرین کہتے ہیں کہ کلمۂ لغہ خواہ کسی بھی فعل سے مشتق ہو بہر حال وہ "اللھاۃ" سے ماخوذ ہے جس کا اطلاق حلق کے اوپری حصہ میں موجود گوشت کے ایک ٹکڑے پر ہوتا ہے، جیسا کہ "لسان المزمار" میں مذکور ہے۔ اس رائے کی تائید و توثیق دونوں کلموں میں پائی جانے والی مشابہت سے ہوتی ہے۔ دونوں ہی کے شروع میں لام ہے اور ھاء وغین دونوں حروف حلقی ہیں، جو ایک دوسرے کی جگہ واقع ہوتے ہیں، نیز لغہ کا اشتقاق لغا یا لغی سے لغوی قیاس کے مطابق نہیں ہے۔

مزید برآں اس رائے کو اس بات سے بھی تقویت ملتی ہے کہ اکثر دوسری لغات میں زبان کے لیے استعمال کیا جانے والا لفظ، نطق سے تعلق رکھنے والے کسی نہ کسی عضو پر بھی دلالت کرتا ہے۔ چنانچہ عبرانی زبان میں لفظ "سافاہ" زبان بمعنی لغت پر بھی دلالت کرتا ہے اور ہونٹ پر بھی جو نطق وکلام کے اعضا میں سے ہے۔ اور یہ بھی ملحوظ خاطر رہے کہ عبرانی زبان، عربی زبان ہی کی بہن ہے۔ اسی طرح عبرانی زبان میں لفظ "لاشون" زبان (عضو) اور لغت دونوں معنی میں مستعمل ہے، اور ظاہر ہے کہ زبان بھی اعضائے نطق میں سے ہے۔

عربی زبان اور دیگر سامی زبانوں کے خاندان کے علاوہ کسی دوسرے خاندان سے تعلق رکھنے والی زبان مثلاً فارسی کو لیا جائے تو اس میں بھی لفظ "زبان" لغت وزبان (عضو) دونوں ہی معنی میں مستعمل ہے۔ یہی حال انگلش زبان کا بھی ہے جس میں لفظ Tongue زبان و لغت دونوں معنی میں استعمال ہوتا ہے۔

اس کے برعکس ایک رائے یہ بھی ہے کہ لغہ خالص عربی لفظ نہیں ہے، بلکہ وہ یونانی لفظ لاغوس (Lagos) کا

← نیز لغا الرجلُ کے معنی ہیں لغو کلام کرنا۔ واللغو. اخلاط الکلام یعنی خلط ملط و بے معنی بات۔ واللغو فی الیمین: مالا یُعْقَد علیه القلبُ کقول القائل: لا واللہ، وبلی واللہ. و لَغِيَ بالأمر (باب سمع سے): لھج به، کہا جاتا ہے کہ اللغة اسی سے مشتق ہے۔ لام کلمہ حذف کر کے اس کی جگہ ھا لائی گئی، لہٰذا اس کی اصل غُرْفَة کے وزن پر لُغْوَةٌ ہے۔

معرب ہے جس کے معنی کلمہ یا آئیڈیا (Idea) کے ہیں۔ عربی لفظ اور اس یونانی لفظ میں پائی جانے والی گہری مشابہت سے بھی اس رائے کی تائید ہوتی ہے۔

مذکورہ رائے کی مزید توثیق اس بات سے بھی ہوتی ہے کہ لفظ لغہ زیر بحث معنی میں قرآن کریم میں وارد نہیں ہوا ہے۔ لغت کے معنی لفظِ "لسان" سے ادا کیے گئے ہیں۔ (۱) نیز دور جاہلیت کی شاعری، اور یونانی زبان سے عربی میں کیے جانے والے ترجموں کے دور سے پہلے کے ادب میں لفظ لغہ کا اس معنی میں استعمال نہیں ہوا ہے۔

کہا جاتا ہے کہ سب سے پہلے اس لفظ کا استعمال صفی الدین الحلی نے اپنے اس شعر میں کیا:

بقدر لغات المرء يكثر نفعه　　　وتلك له عند الشدائد أعوان

آدمی کی زبانوں کے بقدر اس کا نفع بڑھتا ہے اور یہ زبانیں اس کے لیے شدائد کے وقت معاون ہوتی ہیں۔

فبادر إلى حفظ اللغات وفهمها　　　فكل لسان في الحقيقه إنسان

پس لغتوں کے حفظ و فہم میں جلدی کرو کیونکہ ہر زبان حقیقت میں انسان ہے۔

صفی الدین الحلی ترکی عہد میں صف اول کے شعراء میں سے تھے۔ ان کی پیدائش ۶۷۷ھ میں اور وفات ۷۵۰ھ میں ہوئی۔ یعنی ان کا دور یونانی زبان کی کتابوں کے عربی میں ترجمہ کے دور سے تقریباً پانچ صدی بعد کا ہے۔

اگر یہ بات صحیح ہے کہ لفظ لغہ اس قدیم عربی ادب میں استعمال نہیں کیا گیا جو سند کا درجہ رکھتا ہے۔ اور اس کا استعمال پہلے پہل عباسی شعرائے متأخرین کی شاعری میں ہوا ہے تو اسی نظریہ کو راجح قرار دیا جائے گا کہ وہ یونانی زبان کے ان کلمات مُعَرَّبہ میں سے ہے جو مکمل طور پر عربی زبان کا جامہ پہن چکے ہیں۔

عربی زبان

عربی اپنے دورِ اول میں ان قبائل کی زبان تھی جو جزیرہ نمائے عرب میں یمن سے شام، عراق اور فلسطین وسیناء کے سرحدی علاقوں تک آباد تھے۔ اور اس کو سریانی زبان کے نام سے جانا جاتا تھا جو ایک غلطی تھی۔ اس غلطی کا رواج اہل یونان کی وجہ سے ہوا جو شمالی شام کو اُشوریہ یا سوریہ کہتے تھے، اسی بنا پر عربی کو سریانی کہا جاتا تھا (۲)

عربی زبان سامی زبانوں کے خاندان سے ہے جو خود ایک وسیع تر حامی-سامی خاندان کی ایک شاخ ہے۔ (۳)

استاذ عباس محمود العقاد لکھتے ہیں: زمانۂ قدیم کی مشہور سامی زبانیں یہ ہیں: اکادی، اشوری، بابلی، سامی شرقی اور سامی غربی۔ پھر سامی غربی کی دو قسمیں ہیں: شمالی عربی اور جنوبی عربی یعنی معینی سبائی اور حبشی۔

---

(۱) محاضرات فی اللهجات العربية للدكتور / عبدالحميد محمد ابو سكين ص ۱۱۔

(۲) ابو الانبياء. للاستاذ عباس محمود عقاد

(۳) اردو دائرہ معارف اسلامیہ

ڈاکٹر عبدالحمید محمد ابوسکین نے عربی زبان کے شجرۂ نسب کی کچھ تفصیل حسب ذیل طریقہ پر بیان کی ہے:

زبانوں کے جس گھرانے سے عربی زبان کا تعلق ہے اس کو سامی زبانوں کا خاندان کہا جاتا ہے، اس لئے کہ ان کے بیشتر بولنے والے حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے سام کی نسل سے ہیں، جیسا کہ کتاب تخلیق (تورات کی کتاب اول یا عہد نامۂ قدیم کی پہلی کتاب) کی دسویں فصل میں مذکور ہے۔ اگرچہ محققین کے نزدیک اس تسمیہ میں علمی تحقیق و تدقیق کا فقدان ہے، پھر بھی اس نظریہ کو عوامی مقبولیت و شہرت اور سہولت کی خاطر مان لیا گیا ہے۔

اس خاندان کی زبانوں کا ایشیا اور ان میں سے بعض کا افریقہ میں پھیلاؤ ہوا۔ ان زبانوں میں کچھ باقی ہیں اور کچھ عہدِ پارینہ کا حصہ بن گئیں۔

حسب ذیل زبانیں سامی خاندان میں شامل ہیں:

بابلی، اشوری، جن کو، اکدی بھی کہا جاتا ہے، عبرانی، فینیقی، آرامی شرقی، آرامی غربی، شمالی عربی، جنوبی عربی یا حبشی (Ethopie) اور ان سے متفرع ہونے والی بولیاں۔

سامی زبانوں کے مابین بہت واضح ربط و یگانگت ہے اور یہ ربط ہندی اور یورو پین زبانوں کے درمیان پائے جانے والے ربط و تعلق سے زیادہ مضبوط ہے، نیز ان (سامی) زبانوں کے درمیان جو اختلاف ہے وہ لاتینی زبانوں کے اختلاف سے زیادہ نہیں ہے۔ (۱)

چونکہ عربی اور دوسری سامی زبانیں ایک ہی اصل سے تعلق رکھتی ہیں، اس لئے ان کے بعض اصول و قواعد میں تقارب و یگانگت کا ہونا بھی ایک فطری امر ہے۔ وقت ضرورت ان میں لین دین کا عمل بھی ہوا ہے۔ تیسری صدی قبل از ہجرت کے نبطی آثار کی کھدائی سے پتا چلتا ہے کہ آرامی اور فصحی عربی کے درمیان بہت زیادہ قربت ہے۔ (۲)

سامی زبانیں

ان زبانوں کی درج ذیل دو قسمیں ہیں:

۱- مشرقی جس کو اکادی یا مسماری بھی کہا جاتا ہے، بابلی اور اشوری زبانیں اسی کے تحت آتی ہیں۔

۲- مغربی جس کی شمالی اور جنوبی دو شاخیں ہیں۔ شمالی شاخ کی دو ذیلی شاخیں کنعانی اور آرامی ہیں۔ کنعانی ذیلی شاخ کے تحت آنے والی زبانوں میں کنعانی قدیم، موآبی، فینیقی اور قدیم عبرانی شامل ہیں۔

---

(۱) محاضرات فی اللهجات العربية.

(۲) ابو الانبياء للاستاذ عباس محمود العقاد

آرامی ذیلی شاخ مشرقی آرامی بولیوں اور مغربی آرامی بولیوں کے مجموعوں پر مشتمل ہے۔ مغربی قسم کی جنوبی شاخ، شمالی عربی اور جنوبی عربی پر مشتمل ہے۔ شمالی عربی کی کچھ زبانیں صفحۂ ہستی سے مٹ چکی ہیں۔ جیسے ثمودی، صفوی اور لحیانی اور کچھ باقی ہیں جیسے حجازی و تمیمی۔

جنوبی عربی جس کا تعلق مغربی قسم سے ہے، معینی، سبئی، حضرمی، قتبانی اور حمیری زبانوں پر مشتمل ہے۔(۱)

سامی زبانوں کا یہ شجرہ خاصا الجھا ہوا ہے جس کو اختصار کے ساتھ آسان بنا کر پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ سامی خاندان کی مذکورہ زبانیں بالکل معدوم و ناپید ہو چکی ہیں جن کے آثار و نقوش بھی ختم ہو چکے ہیں ان میں اکادی زبان مع اپنی دونوں شاخوں بابلی و اشوری کے شامل ہے۔ نیز فینیقی بھی انھیں زبانوں میں شامل ہے جن کا نام و نشان مٹ چکا ہے۔

مذکورہ زبانیں جن کو سامی زبانوں کا نام دیا جاتا ہے جزیرہ عرب ہی کی پیداوار تھیں، اس لیے ایک رائے یہ بھی ہے کہ ان کو بھی قدیم عربی بولیاں کہنا چاہیے۔ ڈاکٹر سلیمان ابو غوش (متوفی ۱۹۷۷ء)(۲) اسی نظریہ کے حامی ہیں ان کا کہنا ہے کہ جب ہم مختلف عرب ممالک میں قدرے اختلاف کے ساتھ بولی جانے والی عامی زبانوں کو **لهجات عربية** (عربی بولیاں) ہی کہتے ہیں اور اس سرزمین پر جزیرۂ عرب ہی کا اطلاق کرتے ہیں جو عربی زبان اور تمام جدید و قدیم عربی بولیوں کا گہوارہ ہے تو ہم اس سرزمین میں پیدا ہونے والی قدیم بولیوں کے نام میں اس حقیقت

---

(۱) محاضرات في اللهجات العربية.

(۲) عشرة الاف كلمة انجليزية من اصل عربي: تالیف ڈاکٹر سلیمان ابو غوش۔
پاکستان میں جب عرب بچوں کی تعلیم و تربیت کے لئے کویتی اسکول کا قیام عمل میں آیا تو اس کی نظامت کے لئے نظر انتخاب مصنف موصوف پر پڑی، جوان دنوں کویت کے ادارۂ تعلیم سے وابستہ تھے اور اسکولوں میں پڑھائی جانے والی بعض کتابوں کی تالیف میں حصہ لے چکے تھے، انھوں نے اس ذمہ داری کو بحسن و خوبی انجام دیا، ساتھ ہی ہندستان کی ایک یونیورسٹی سے فلسفہ میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی اور کویت کی وزارت خارجہ میں کونسلر کے عہدہ پر فائز ہو گئے انھوں نے کونسلر ہی کی حیثیت سے اردن اور ہندستان وغیرہ میں کویتی سفارت خانوں میں اپنے فرائض منصبی کامیابی کے ساتھ انجام دیئے ۱۹۷۷ء میں جب ان کا انتقال ہوا اس وقت وہ زائرے میں کویتی سفارت خانہ کے ناظم الامور (Charge d'affaires) تھے۔
غالباً ۱۹۶۵ء میں جب احقر نے جمعیۃ العلماء ہند کے شعبۂ عربی کی ذمہ داری سنبھالی ہی تھی، نئی دہلی میں کویت کے پہلے سفیر عزت مآب جناب یعقوب عبد العزیز الرشید سے ایک ملاقات کے دوران پہلی بار مذکورہ کتاب کے مصنف موصوف سے ملنے کا اتفاق ہوا اس کے بعد جمعیۃ العلماء ہند کے کاموں کے سلسلہ میں اور سفارت خانوں کی پارٹیوں میں بارہا ان سے ملاقاتیں ہوئیں۔ وہ بہت ذی علم اور وسیع المطالعہ تو تھے ہی ساتھ ہی انتہائی خلیق ملنسار اور زندہ دل انسان بھی تھے ان کی کتاب کے مقدمہ نگار جناب احمد السقاف ان کے بارے میں رقم طراز ہیں کہ وہ ایک ایسی انسائیکلوپیڈیا تھے جس کے علوم و معارف میں ظرافت طبع اور نکتہ آفرینی کا حسین امتزاج تھا۔ اس حقیقت آشکار اریمارک کے پڑھنے کے ساتھ ہی بعض سرسری ملاقاتوں کے دوران ان کے ظریفانہ جملے یاد آنے لگے مثلاً ایک دفعہ میں سعودی سفارت خانہ کی ایک پارٹی میں بحیثیت مہمان شریک تھا — عزت مآب شیخ حمد الشبیلی سفیر تھے اور میں اس وقت تک سفارت خانہ سے وابستہ نہیں ہوا تھا — کھانے کے جدید طریقہ بفے (Buffet) سسٹم میں جو آپا دھاپی ہوتی ہے وہ سب ہی جانتے ہیں چونکہ کھانے کا ابھی آغاز ہی ہوا تھا اس لئے میں ایک طرف کو کھڑا ہوا تھا، موصوف کی نظر مجھ پر پڑی تو میری طرف لپکے اور یہ کہتے ہوئے: لماذا لاتهاجمون مع المهاجمين (یلغار کرنے والوں کے ساتھ آپ یلغار کیوں نہیں کر رہے ہیں) میرا ہاتھ پکڑ کر آگے بڑھنے لگے۔

سے کیوں گریز کرتے ہیں. ہم ان سب کو قدیم عربی بولیاں کیوں نہیں کہتے اور ماہرین لسانیات ان کو سامی زبانیں کہنے پر کیوں مصر ہیں؟

ڈاکٹر سلیمان ابو غوش اپنی اس منفردانہ رائے کو مدلل کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

اگر ہم قدیم مصری زبان بول کر ہیرو گلیفی (Hieroglyphics) زبان مراد لیں تو کیا یہ غلط ہوگا؟ یقیناً نہیں، جبکہ لفظ "مصر" اپنے موجودہ مفہوم میں ملک مصر کے لیے ہیرو گلیفی زبان کے دور میں مستعمل نہیں تھا — اس لئے کہ زمانۂ قدیم میں اس کا نام جبت یا کبت یا کمت یا کیم تھا — نیز جبکہ ہیرو گلیفی، مصر قدیم کی صوتی زبان کا نہیں، بلکہ لکھائی کی زبان کا نام تھا.

آگے چل کر موصوف لکھتے ہیں: عربی بولیوں کو سامی زبانیں کہنا علمی طور پر درست نہیں ہے، اس تسمیہ کو صرف سو سال سے رواج حاصل ہوا ہے، جو دراصل تورات کی یہودی داستانوں سے ماخوذ ہے، ان داستانوں کے مطابق نوح علیہ السلام کے سام، حام اور یافث تین بیٹے تھے، ان میں سام کی اولاد جزیرۂ عرب میں آباد ہوئی، حام کی نسل سے افریقہ کے لوگ ہیں، جبکہ اہل یوروپ یافث کی نسل سے ہیں۔ تورات کی ان یہودی حکایات میں اس کا کوئی ذکر نہیں کہ چینی یا مغل یا جاپانی کس کی نسل سے ہیں اور نہ ہی ان کی زبانوں کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ وہ حضرت نوح علیہ السلام کے تینوں بیٹوں میں سے کس سے تعلق رکھتے ہیں۔

ڈاکٹر ابو غوش لکھتے ہیں: حالانکہ علم فلسفۂ لسانیات بہت ترقی کر چکا ہے اور ایک دوسرے سے قربت رکھنے والی زبانوں کو ایسے خاندانوں اور گھرانوں میں تقسیم کیا جا چکا ہے جو پرانی تقسیم کے لحاظ سے مختلف ہیں، اس کے باوجود علماء لسانیات اور دور جدید کے ماہرین، قدیم عربی بولیوں کو سامی زبانوں کا ہی نام دیتے چلے آرہے ہیں۔

ڈاکٹر ابو غوش نے سامی زبانوں کی تفصیل، جن کو وہ عربی بولیاں کہتے ہیں، زیادہ مرتب اور سہل انداز میں پیش کی ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

عربی زبان کو مع اس کی مختلف بولیوں کے مندرجۂ ذیل طریقہ پر تقسیم کیا جا سکتا ہے:

۱۔ شمالی عربی بولیاں

(الف) مشرقی:

(۱) بابلی (۲) اشوری. (۳) کلدانی. (یہ تینوں بولیاں اس علاقہ کے لوگ بولتے تھے جس کو آج عراق کے نام سے جانا جاتا ہے)

(ب) مغربی:

(۱) کنعانی (۲) فینیقی (۳) آرامی (۴) سریانی (۵) موابی (۶) موری (۷) اوغارتی (۱۹۳۰ میں لبنان کے

راس شمرہ علاقہ میں اس زبان کی تحریریں ملی تھیں) ۸- نبطی۔ ۹- صفوی (شام میں صفاۃ کی طرف منسوب جہاں اس کے نقوش ملے ہیں)

یہ بولیاں اہل شام- جس سے وہ وسیع تر خطہ مراد ہے جو ترکی میں طوروس پہاڑوں سے فلسطین کے جنوب میں واقع "رفح" تک پھیلا ہوا تھا- بولتے تھے۔

۲- وسطی عربی بولیاں

(۱) حجازی (۲) ثمودی (۳) لحیانی

یہ ان عرب قبائل کی بولیاں ہیں جو شام کے جنوب اور یمن کے شمال میں واقع علاقوں میں رہتے تھے۔

۳- جنوبی بولیاں

(۱) معینی (۲) سبئی (۳) قتبانی (۴) اوسانی (۵) حضرمی (۶) حمیری

قدیم حبشی (جعزی) وغیرہ جیسی افریقی بولیاں بھی مذکورہ بولیوں میں شامل ہیں۔ ان کے علاوہ شاید اور بولیاں بھی رہی ہوں گی جن کا ابھی تک انکشاف نہیں ہو سکا ہے۔ (۱)

عربی زبان اپنے موجودہ مفہوم کے اعتبار سے وہ زبان ہے جس کو ایشیا و افریقہ کے باشندے بولتے ہیں۔ ماہرین لسانیات اس بات پر متفق ہیں کہ عربی کا نشو و نما جزیرۂ عرب (اپنے وسیع تر مفہوم میں) میں ہوا۔ یا کم از کم یہ وہ متفقہ امر ہے جس کے بارے میں علماءِ اَلسِنہ کے پاس معلومات ہیں جن کا ماخذ مختلف آثار اور معلوم شدہ تاریخ کا ورثہ ہے۔ یہی چیز مسلمہ حقیقت کے طور پر مانی جاتی رہے گی تا آنکہ اس کے برعکس کچھ ثابت ہو اور اس کی تائید میں محکم دلائل ہوں، جن سے معلوم ہو کہ یہ زبان دوسری جگہوں سے منتقل ہو کر جزیرۂ عرب میں میں پہنچی۔ بنا بریں یقین کیا جاتا ہے کہ جزیرۂ عرب ہی اس زبان کا گہوارہ ہے، جہاں وہ وجود میں آئی، پلی اور نشو و نما کے مراحل سے گذری اور متعدد بار، باشندوں کے انتقالِ مکانی کے عمل کے زیر اثر، جزیرۂ عرب کے جغرافیائی حدود کے باہر پہنچی۔ آج جو عربی زبان متداول ہے جس کو باشندگان وطن عربی بولتے ہیں وہ حجازی لہجہ ہے، جس میں قرآن کریم نازل ہوا۔ اور یہ اسلام ہی ہے جس نے "عربی" لفظ کو موجودہ مفہوم عطا کیا۔

حجازی لہجہ یا بقول بعض قریشی لہجہ (یا لغت قریش) ان بہت سی عربی بولیوں میں سے ایک ہے جو جزیرۂ عرب میں وجود میں آئیں۔ اور چونکہ حجاز ہی ایک اہم تجارتی مرکز تھا، جو شمال و جنوب کے عربوں کے درمیان ربط و صل کا کام کرتا تھا، اس لئے تمام عرب قبائل اس زبان سے پورے طور پر آشنا تھے، اور یہ زبان ان کی ضرورت بن کر ان کے درمیان رائج ہو گئی تھی۔ (۲)

---

(۱) عشرة آلاف كلمة انجليزية من اصل عربي. تالیف ڈاکٹر سلیمان ابو غوش ص ۲۰۔

(۲) عشرة آلاف كلمة انجليزية من اصل عربي ص ۱۴۔

لغتِ قریش کی بالادستی

عملِ زوال وارتقا کے بعد بچ رہنے والی عربی زبان اور مختلف مقامی عربی بولیوں کے بولنے والے حالانکہ عرب ہی کہلاتے تھے، لیکن وہ کسی مربوط اکائی کی طرح ایک گروہ نہ تھے بلکہ وہ مختلف قبائل میں بٹے ہوئے اور جزیرۂ عرب کے مختلف علاقوں میں پھیلے ہوئے تھے۔ ان میں سے ہر قبیلہ دوسرے قبائل سے مختلف ومتمیز تھا اور اس اختلاف وتمیز کی بنیاد تھی ان میں سے ہر ایک کا اپنا جغرافیائی ماحول، قدرتی واجتماعی احوال وظروف، فکر ووجدان کے امتیازی پہلو، بود وباش اور رہن سہن کے طریقے اور ثقافت ومعرفت کے وسائل کی فراہمی۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ جب زبانیں روئے زمین کے بڑے اور وسیع علاقوں میں پھیلتی ہیں، اور ان کے بولنے والے مختلف انداز واطوار کے گروہ ہوتے ہیں، تو لمبے عرصہ تک ان کی ابتدائی وحدت کو محفوظ رکھنا مشکل ہو جاتا ہے، وہ مختلف بولیوں میں تبدیل ہو جاتی ہیں اور ان میں سے ہر بولی دوسری بولی سے بہت سے الفاظ کے تلفظ، مفہوم ومعنی اور قواعد وغیرہ میں مختلف ہو جاتی ہے۔

دوسری زبانوں کی طرح زیر بحث عربی زبان پر بھی یہ قانون فطرت صادق آتا ہے۔ زمانۂ قدیم سے اس کی تقسیم در تقسیم نے نوع بہ نوع بولیوں کی شکل اختیار کی اور ان میں سے ہر ایک کا دوسری بولی کے ساتھ بہت سے مظاہرِ صوتی، قواعد، مفردات اور دلالت معنی میں اختلاف ظاہر ہوا۔

یکساں اجتماعی وقدرتی احوال میں رہنے والے ہر قبیلہ کی ایک جداگانہ بولی ہو گئی جس کی اپنی خوبیاں اور امتیازی پہلو تھے، لیکن مختلف بولیاں بولنے والے ان مختلف قبائل کے لوگوں کو بسلسلۂ تجارت اور دوسری اشیاء کے لین دین کی ضرورت کے تحت ملنے ملانے کے مواقع فراہم ہوتے تھے۔ چنانچہ بازاروں میں ان کے درمیان لین دین اور ملنا جانا ہوتا، یا جنگوں اور لڑائیوں کے وقت ان کے درمیان ربط واتصال کی شکلیں پیدا ہوتیں، ان اتصالات وروابط کے نتیجہ میں مختلف بولیوں کے درمیان ایک دوسرے پر غلبۂ وسبقت کی آویزش شروع ہوتی اور ان میں سے جو بولی کمزور ہوتی وہ ختم ہو جاتی اور جو مضبوط ہوتی اس کا پھیلاؤ بڑھ جاتا، آویزش کا یہ عمل جاری رہا، یہاں تک کہ تمام عرب بولیوں میں اہل قریش کی بولی کو غلبہ اور بالادستی حاصل ہو گئی۔ چنانچہ بول چال میں دوسری تمام بولیوں کے مقابلہ میں اسی کا چلن عام ہو گیا اور ادب کے جملہ میدانوں، شعر ونثر اور خطابت میں اسی بولی کو مسلمہ زبان کی حیثیت حاصل ہو گئی۔ جب بھی کوئی عرب خطابت کرتا، نثر لکھتا یا شعر کہتا، اپنے قبیلہ اور اپنی بولی سے صرف نظر کرتے ہوئے لغت قریش ہی میں طبع آزمائی کرتا۔ اس لغت کو جو غلبہ وتفوق حاصل ہوا اس کے کچھ بنیادی اسباب تھے، ان میں سے اہم یہ ہیں:

دینی برتری

اہل قریش کو ایک ممتاز دینی پوزیشن حاصل تھی اور اس کی وجہ یہ تھی کہ وہ کعبہ شریف کی خدمت و پاسبانی کا فریضہ انجام دیتے تھے، جہاں بیشتر قبائل اپنے معبودوں کی پرستش، نیز انھیں اپنی قربانیاں پیش کرنے اور تجارتی منافع کی حصولیابی کے لئے مسلسل آیا جایا کرتے تھے۔ اس طرح اہل قریش کو بقیہ قبائل پر دینی بالادستی اور برتری حاصل تھی۔

اقتصادی برتری

اہل قریش کو دینی اقتدار کے ساتھ ساتھ بڑے پیمانے پر اقتصادی برتری بھی حاصل تھی، اس لئے کہ تجارت کی زمام کار انہی کے ہاتھوں میں تھی۔ وہ لوگ گرمی کے موسم میں شام سے اور موسم سرما میں یمن سے سامان تجارت لاتے تھے پھر دوسرے عرب قبائل میں اسے فروخت کرتے تھے۔ اس طرح وہ تمام اہلِ عرب کی نگاہوں کا مرکز بن گئے تھے، دوسری طرف اس تجارتی سرگرمی کے باعث دولت و ثروت پر بھی ان کا تسلط قائم ہو گیا تھا۔ قرآن کی ان آیتوں میں اسی طرف اشارہ کیا گیا ہے: لإيلاف قريش إيلافهم رحلة الشتاء الخ.

سیاسی برتری

قریش کا سیاسی اثر و نفوذ مذکورہ بالا دینی و اقتصادی عوامل، ان کے ملک کی جائے وقوع، نیز اس تہذیب و تمدن اور علم کا فطری نتیجہ تھا، جو اس خطہ کا طرۂ امتیاز تھا، اور اس طرح تمام عربوں میں ان کا اثر و نفوذ بڑھ گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد خلافت کے سلسلہ میں انصار نے اپنی خواہش کا اظہار کیا تو اس کے جواب میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جو کچھ فرمایا اس میں بھی اس طرف اشارہ ملتا ہے: "عرب صرف قبیلۂ قریش کی ہی اطاعت گزاری کرتے ہیں لہٰذا اپنے بھائیوں کے ساتھ اس فضیلت میں منافست نہ کرو جس سے اللہ نے ان کو نوازا ہے"۔

لسانی برتری

اہل قریش اپنی زبان کی ترقی کی راہ میں رکاوٹ بن کر کھڑے نہیں ہوئے، بلکہ اس کے فروغ و ترقی کے لئے کوشاں رہے۔ چنانچہ انھوں نے اس میں اپنی ضرورت کے وہ تمام الفاظ شامل کر لئے جن کی حلاوت ان کے کانوں نے اور سبک پن اور سلاست ان کی زبانوں نے محسوس کی۔ لہٰذا تمام عرب بولیوں میں اہل قریش کی زبان کو الفاظ کی کثرت، اسلوب کی رقت اور کسی بات کو مختلف طریقوں سے بیان کرنے کی قدرت کے اعتبار سے فوقیت و برتری حاصل ہوگئی۔

اس زبان کے بولنے والوں کے لئے عروج و ترقی کے جو وسائل اور مختلف بولیوں کے لوگوں سے میل جول کے جو مواقع فراہم ہوئے ان سے اہل قریش کی زبان نے بڑے پیمانے پر استفادہ کیا، جس سے اس کے نقائص دور ہو گئے اور ذخیرۂ الفاظ میں بہت وسعت آگئی۔

ان تمام عوامل نے مجموعی طور پر اہل قریش کی زبان کو غلبہ، و کامیابی سے ہمکنار کیا اور اہل قریش کی دینی پوزیشن اور سیاسی و اقتصادی طاقت کی وجہ سے وہ تمام عربوں کی زبان بن گئی، اس لئے کہ اس کا ذخیرۂ الفاظ اپنی تمام ہمجولی زبانوں کے مقابلہ میں وسیع سے وسیع تر ہوتا چلا گیا اور نتیجتاً کسی بات کو مختلف انداز و متنوع اسالیب سے بیان کرنے کی صلاحیت بھی بڑھ گئی۔ اہل قریش کی زبان کا دوسری عرب بولیوں پر اس طرح غلبہ و فوقیت حاصل کرنا کوئی حیرت کی بات نہ تھی، بلکہ یہ زبانوں کی تاریخ اور ان کی فطری ترقی کے عمل کے عین مطابق تھا۔

مندرجہ بالا تفصیلات کے خلاصے کے طور پر کہا جاسکتا ہے کہ اہل قریش کی زبان کو دوسری عرب بولیوں کے ساتھ اپنی مسابقتی آویزشوں کے نتیجہ میں مندرجہ ذیل فائدے حاصل ہوئے:

لغت قریش نے دوسری بولیوں کے بہت سے مفرد الفاظ کو اپنے اندر جذب کرنے کے علاوہ ان اسالیب بیان سے استفادہ کیا اور ان کو اپنایا جو اس کے پاس نہ تھے۔ اور اس طرح اس کو اپنی ضرورت کے اظہار، مقاصد کی تعبیر اور افہام و تفہیم کی قدرت حاصل ہوگئی اور وہ مشترک و مترادف اور متضاد الفاظ سے مالا مال ہوگئی۔

وہ بلا استثناء تمام عربوں کی قوی زبان بن گئی۔ اس کا سبب وہ فطری قاعدہ تھا کہ جب مختلف زبانوں میں موت و حیات اور زوال و بقا کی لڑائی ہوتی ہے تو اس میں فتحیاب ہونے والی زبان کا اثر و نفوذ بڑھ جاتا ہے۔ زیادہ سے زیادہ لوگ اس کی طرف متوجہ ہونے لگتے ہیں۔

اس طرح اہل قریش کی زبان کو شعرا اپنے اشعار میں اور مقررین و خطبا اپنے خطبوں میں استعمال کرنے لگے اس لئے کہ یہ ان کی ضرورت بن چکی تھی، کیونکہ کوئی بھی شاعر یا خطیب اگر اپنا پیغام عربوں کے سواد اعظم کو پورے طور پر اور مؤثر انداز میں پہنچانا چاہتا، تو اس کے لئے ضروری تھا کہ وہ ان الفاظ و صفات سے گریز کرے جو کسی مخصوص مقامی بولی کے ساتھ خاص ہوں اور لوگوں کو اپنی بات اس زبان میں پہنچائے جس سے وہ سب مانوس اور آگاہ ہوں اور ایسی مثالی ادبی زبان کا درجہ صرف لغت قریش ہی کو حاصل تھا۔

اس طرح مختلف ماحول سے تعلق رکھنے والے شعرا کے لئے یہ بھی لازم تھا کہ وہ ایسی زبان میں شعر کہیں جس میں محض گھن گرج نہ ہو، بلکہ وہ انتہائی فصیح و بلیغ ہو، تاکہ سامعین کی طرف سے تحسین و آفرین کے مستحق ہوں اور ان کا مذاق نہ اڑے۔ اور اگر ایسا نہ ہوتا، یعنی ایک ہی زبان یا بولی کے استعمال کو معیار نہ مانا جاتا تو شعراء کے درمیان ہونے والے ادبی مقابلوں میں ایک شاعر کو دوسرے پر ترجیح دینا کیسے ممکن ہوتا؟ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ جو زبان اس طرح کے اجتماعی مواقع پر استعمال ہوتی تھی وہ ایک ہی تھی۔ اس کے برخلاف ایسے مواقع شاید ہی کبھی آتے ہوں جن میں مختلف بولیوں سے واقفیت کی ضرورت پڑتی ہو۔

قرآن کریم کا نزول: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو عرب و عجم، سب کی ہدایت کے لیے بھیجا گیا تھا۔ لیکن چونکہ آپؐ خود عرب تھے۔ اور آپ کے اولین مخاطب بھی عرب تھے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب قرآن کریم کو

بھی تمام عربوں کی مشترکہ و متحدہ زبان، لغتِ قریش ہی میں نازل کیا۔ اسلام نے اس زبان کو صلاۃ و زکاۃ اور صوم و حج جیسے خاص شرعی مفاہیم رکھنے والے الفاظ عطا کئے۔ (۱)

لغت قریش کی بالادستی میں اضافہ

قرآن کریم لغت قریش میں نازل ہوا۔ اور چونکہ وہ عبادات اور تمام امور شریعت کا سرچشمہ ہے، اس لئے اس زبان کی پوزیشن اور زیادہ مضبوط اور اس کی بالادستی مزید مسلم و مستحکم ہو گئی۔ دین اسلام میں جو لوگ داخل ہو رہے تھے وہ اس زبان کو کتاب اللہ کی زبان ہونے کی وجہ سے عظمت و احترام کی نگاہ سے دیکھتے تھے، اس لیے اس کی قدر و مقبولیت مسلسل بڑھتی ہی چلی گئی۔ اور نتیجہ کے طور پر اس کی اہمیت میں روزافزوں اضافہ ہوتا چلا گیا۔

متعدد و متنوع مقامی بولیوں کے سلسلہ میں مختلف ادوار میں اجتماعی و سیاسی عوامل کے تغیر کی وجہ سے نقطۂ نظر اور رویہ میں تبدیلیاں آتی رہیں۔ اسلام سے قبل کے دور کو جب ہم دیکھتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ ہر قبیلہ اپنی عام گفتگو میں اپنی کلامی صفات کے استعمال کا اہتمام کرتا۔ اور اسی طرح ایک قبیلہ دوسرے قبیلہ کے ساتھ گفتگو اور مخاطبت میں بھی اس کی پابندی کرتا۔ لیکن یہ چیز عوام کے ساتھ خاص تھی جبکہ ان قبائل کے خواص اپنے اہم معاملات میں مکہ میں نشو و نما پانے والی مثالی زبان ہی کا سہارا لیتے، چنانچہ شعر گوئی اور اپنے خطبوں اور مناظروں میں وہ اس زبان کا استعمال کرتے تھے۔ عکاظ کی طرح کے ادبی مقابلوں کے تمام شرکاء مقامی بولیوں کی صفات کے استعمال سے گریز کرتے تھے تاکہ لوگوں کی نظروں میں ان کا معیارِ کلام گرنے نہ پائے۔ چنانچہ مختلف قبائل کے سربراہ سوق عکاظ میں اپنی اپنی خاص بولیوں میں خطبہ دینا عیب سمجھتے تھے، جبکہ یہی سربراہان قبائل اپنے اہل قبیلہ کے ساتھ دوران گفتگو اپنی بولی کے علاوہ کسی اور بولی میں بات چیت کرنا بھی معیوب سمجھتے تھے۔ یہی طریقہ بلااستثناء تمام قبائل عرب میں دائر و سائر تھا۔ بنابریں دور جاہلیت کی ایسی روایات نہیں ملتی ہیں جن میں کسی بھی قبیلہ کی صفاتِ کلامی کا مذاق اڑایا گیا ہو۔

چونکہ اسلام عرب عوام و خواص دونوں کے لئے بلکہ پوری نوع انسانی کے لئے ایک عمومی پیغام تھا اور اس کا مقصد عوام و خواص کے قلوب کو جوڑنا بھی تھا، اس لئے قرآن کو بعض قبائل کی کچھ بولیوں کی خصوصیات کے ساتھ پڑھنا جائز قرار دیا گیا اس میں یہ حکمت الٰہی بھی تھی کہ بعض عرب عوام کے لئے اس کے علاوہ کوئی چارہ ہی نہ تھا۔ اس حدیث شریف میں اسی طرف اشارہ کیا گیا ہے: "أنزل القرآن علی سبعة أحرف" (قرآن نازل کیا گیا سات حرفوں پر)۔ اس کا مقصد عرب عوام کی آسانی اور ان کی تالیف قلب تھی۔

اس طرح قرآن کریم اگرچہ ایک ہی بولی اور ادب کی متحدہ زبان ہی میں نازل ہوا، لیکن تلاوت میں اس متحدہ زبان کے کچھ قواعد کی، مخصوص جگہوں پر، خلاف ورزی بھی جائز قرار دیدی گئی۔

(۱) محاضرات في اللهجات العربية للدكتور عبدالحميد محمد ابو سكين ص:٦٦

پھر جب بلادِ اسلامیہ کا دائرہ وسیع سے وسیع تر ہوا اور بہت سے علاقے اس میں ضم ہو گئے، تو اس کی وحدت کی ضمانت اور انتشار و تفریق کے عوامل کے خاتمہ کے لئے ضروری ہو گیا کہ مقامی طور پر بھی عرب بولیوں کو اتنی اہمیت نہ دی جائے کہ وہ مختلف قبائل کے درمیان عصبیت اور بُعد کا سبب بن کر ان کی قوت کی شکستگی، عزم و حوصلہ کی کمی، ان کے انتشار اور شیرازہ بکھرنے کا باعث بن جائے۔ چنانچہ ان بولیوں اور ان کی خصوصیات کی طرف سے بے توجہی بڑھتی گئی، نتیجہ کے طور پر زبان و ادب اور تاریخ کی کتابوں کے اوراق میں ان کا ذکر بہت کم پڑھنے کو ملتا ہے۔(۱)

اوپر سرسری طور پر بیان کیا گیا کہ اہل قریش کی بولی بقیہ تمام عرب بولیوں میں انتہائی اہم اور امتیازی مقام رکھتی تھی۔ وہ تمام عربوں کے رابطہ کی زبان بھی تھی، اور مختلف ادبی مقابلوں میں بھی ہر ادیب و خطیب یہی زبان استعمال کرتا تھا۔ اس طرح قرآن کریم کا اسی زبان میں نازل ہونا بالکل فطری و بدیہی تھا۔ اس زبان میں قرآن کریم کے نزول سے اس کی بالادستی اور زیادہ مضبوط و مستحکم ہو گئی۔

اس کے علاوہ یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ بعض سامی زبانوں کے زوال کو ذہن میں رکھتے ہوئے دیکھا جائے، تو خود عربی زبان کی بحیثیت مجموعی بقا کے لیے ہی کیا ضمانت تھی۔ یہ بھی ممکن تھا کہ وہ معدوم زبانوں میں شامل ہو جاتی اور اس کی شکل و صورت ایسی مسخ ہوتی کہ ایک نئی زبان وجود میں آجاتی۔

استاذ عباس محمود العقاد **مقدمة الصحاح** کے پیش لفظ میں رقم طراز ہیں:

اکثر کہا جاتا ہے کہ عربی زبان کی بقاء اس حقیقت کی رہین منت ہے کہ وہ قرآن کریم کی زبان ہے۔ بلاشک و شبہ یہ ایک صحیح بات ہے، لیکن قرآن کی وجہ سے اس کو جو بقا و دوام حاصل ہوا اس کا سبب یہ ہے کہ اسلام کسی ایک قبیلہ یا ایک قوم کا مذہب نہیں بلکہ وہ پوری نوع انسانی کا دین ہے۔ اس بات کی دلیل یہ ہے کہ عبرانی زبان مردنی کا شکار ہو گئی، حالانکہ وہ ایک مذہبی زبان ہے۔ یا یوں کہیے کہ وہ ایک ایسی کتاب کی زبان ہے جس کو ماننے والی قوم موجود تو ہے لیکن وہ اس زعم میں مبتلا ہے کہ اللہ کی جانب سے خطاب کے لیے صرف وہی مخصوص ہے اور کوئی اس کا سزاوار نہیں۔ عبرانی زبان کی موت اسی لئے ہوئی کہ اس میں وہ نرمی و لچک باقی نہ رہی جس کے ذریعہ وہ عصبیت کے اس تنگ دائرہ سے نکلتی جس کو اس کے بولنے والوں نے صدیوں قبل اس کے گرداگرد بنایا تھا، اور جو آفاقی زبان بننے کے لئے ازبس ضروری تھی۔

اسلام نے فضیلت کو انسانیت کے لیے عام کیا، اور اعلان کیا کہ کسی عربی و عجمی اور قریشی و حبشی میں کوئی فرق نہیں۔ اسلام کی اسی انسانی فضیلت نے عربی زبان کی خدمت کے لیے خود اہل عجم کو آمادہ کیا، ان کو ڈر ہوا کہ کہیں عربی زبان عجمیت سے متاثر نہ ہو جائے، یعنی ان کو عربی زبان کے سلسلے میں خود اپنی مادری زبانوں سے خطرہ محسوس ہونے لگا، کیونکہ اسلام کی کتاب قرآن کریم پر ایمان رکھنے والوں کے درمیان مساوات کی بنا پر عربی ان کی بھی برابر کی زبان تھی۔ اگر یہ کتاب یعنی قرآن عصبیت کی حامل ہوتی اور وراثۂ دین میں ایک مخصوص زبان کے بولنے والوں کے علاوہ

(۱) محاضرات في اللهجات العربية . تأليف: الدكتور عبدالحميد محمد ابو سكين _ ص ٦٧

کسی کو شریک نہ کرتی، تو اہل عجم میں عربی کے سلسلہ میں ابناء قحطان وعدنان کی سی غیرت وحمیت پیدا نہ ہوتی۔ (۱)

استاذ احمد عبدالغفور عطار اپنی تالیف مقدمة الصحاح (ص ۱۳) میں لکھتے ہیں: بلاشبہ عربی زبان اسلام کے عہدِ اول میں اپنی عظمت کی بلندیوں کو پہنچی، جس کی وجہ یہ تھی کہ وہ دین کا ایک حصہ بن گئی تھی۔ لیکن اہل زبان دورِ جاہلیت ہی سے عربی کو مرکز توجہ بنائے ہوئے تھے۔ البتہ اس اہتمام و توجہ میں نمایاں اضافہ طلوع اسلام کے بعد ہوا۔ چنانچہ عہد نبوت اور اسلام کے دورِ اول میں لوگوں نے عربی کو بہت زیادہ اہمیت دی اور ان کو اس کی چاہت کے ساتھ حفاظت کی فکر دامن گیر رہنے لگی، کیونکہ قرآن، مذہب اور رسول صادق وامین کی زبان تھی۔

پھر جب اسلامی فتوحات کا دائرہ بڑھنے لگا تو یہ التفات واہتمام ایک اور جانب مبذول ہو گیا۔ ان فتوحات کے نتیجہ میں مفتوحہ ممالک اور مغلوب قوموں کی زبانوں سے دخیل الفاظ کا ایک ریلا سا آ گیا، چنانچہ علماء نے اپنا فرض جانا کہ زبان کی حفاظت، اس کے دفاع اور دوسری زبانوں کے الفاظ کی طغیانی سے بچاؤ کے لئے کمربستہ ہو کر تنقیح وتدوینِ لغت کے میدان میں سرگرم عمل ہو جائیں۔ (۲)

عربوں کا زبان کے ہر لفظ کو نہ سمجھنا

یہ سمجھنا غلطی ہے کہ ہر عرب کی زبان فصیح تھی اور اس کی زبان کو حجت وسند کا درجہ حاصل تھا۔ اسی طرح یہ بھی غلط ہے کہ ہر عرب کو ہر لفظ کے معنیٰ کا صحیح علم ہوتا تھا، بلکہ یہ بات ثابت ہے کہ وہ اہلِ علم جو عربی زبان اور اس کے فصیح ونامانوس اور شاذ الفاظ کے فہم و ادراک میں مہارت رکھتے تھے وہ بھی بہت سے الفاظ کے معانی سے ناواقف تھے۔

سہل ابن معاذ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: **لا تزال الأمة على شريعة ما لم يظهر فيها ثلاث، مالم يقبض منهم العلم، ويكثر فيهم الخبث وتظهر فيهم السَّقَّارة** (امت شریعت پر قائم رہے گی جب تک ان میں (لوگوں میں) تین چیزیں ظاہر نہ ہوں گی یعنی جب تک ان سے علم نہ اٹھالیا جائے، برائی (الخبث) کی کثرت نہ ہو اور سقّارۃ ظاہر نہ ہوں) لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ سقّارۃ کے کیا معنیٰ ہیں؟ فرمایا یہ وہ لوگ ہیں جو زمانہ کے آخر میں ظاہر ہونگے، جب وہ آپس میں ملیں گے تو سلام ودعا کے بجائے ایک دوسرے کو لعن طعن کریں گے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: " **ان أحبكم إليّ وأقربكم مجلسا مني يوم القيامة أحاسنكم اخلاقا، وأبغضكم إليّ وأبعدكم مني مجلسا يوم القيامة هم الثرثارون المتشدقون المتفيهقون** ". تم میں سے میرے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ اور قیامت کے روز نشست کے اعتبار سے سب سے زیادہ مجھ سے وہ

---

(۱) تقدیم مقدمة الصحاح۔ ص ۷

(۱) مقدمة الصحاح ۔ تالیف : الاستاذ أحمد عبدالغفور عطار.

لوگ نزدیک ہونگے جو سب سے زیادہ اچھے اخلاق والے ہونگے۔ اور تم میں سے میرے نزدیک سب سے زیادہ ناپسندیدہ اور روز قیامت نشست کے لحاظ سے سب سے دور وہ لوگ ہوں گے جو فضول بکواس اور بے سر وپا باتیں کرنے والے اور متفیھقین ہونگے۔ عرض کیا گیا کہ ہمیں ثرثارین اور متشدقین کے معنی تو معلوم ہیں لیکن متفیھقین کون ہوتے ہیں؟ فرمایا اس کے معنی ہیں متکبرین۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ منبر پر تھے، دوران خطبہ انہوں نے، باری تعالیٰ کے قول "او یاخذھم علی تَخَوُّف" میں لفظ تَخَوُّف کے معنی حاضرین سے دریافت کئے، سب لوگ خاموش ہوگئے لیکن قبیلہ ہذیل کے ایک بڑے میاں نے کھڑے ہو کر کہا: اس لغت کا تعلق ہماری زبان سے ہے اور اس کے معنی تَنَقُّص کے ہیں۔ حضرت عمر نے اس پر اکتفا نہیں کیا بلکہ دریافت کیا کہ کیا عربوں کے اشعار میں اس کا استعمال موجود ہے؟ کہا: ہاں، ہمارے شاعر زہیر کا شعر ہے:

تَخَـوَّفَ الرَّحْـلُ منها تامكا قَـرِدًا　　　كمـا تَخَوَّفَ عُودَ النَّبْعَـةِ السَّفَنُ (۱)

حضرت عمر کے بارے میں یہ بھی منقول ہے کہ ایک بار منبر پر خطبہ دیتے ہوئے آپ کو قرآن پاک کی آیت "وَفاکھة وابا" میں لفظ أبّ کے معنی پوچھنے کی ضرورت پیش آئی۔ (۲)

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بنو نہد کے ایک وفد سے خطاب کرتے ہوئے سنا تو کہنے لگے: یا رسول اللہ ہم ایک باپ کی اولاد ہیں پھر بھی ہم آپ کو عربوں سے ایسی گفتگو کرتے ہوئے سنتے ہیں جس میں سے بہت سا حصہ ہماری سمجھ ہی میں نہیں آتا۔ (۳)

استاذ عباس محمود العقاد اس واقعہ کو اس طرح لکھتے ہیں کہ حضرت علیؓ سے مروی ہے کہ "انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو بنو نہد کے وفد سے ایسا کلام کرتے سنا جس کو وہ سمجھ نہیں پائے، ان کے پوچھنے پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضاحت فرمائی"۔ اس پر عقاد صاحب تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اگر یہ بات مروی ہے ان سے جو امام تھے اپنی وسعت علم، اصابت فیصلہ اور حسن فہم میں تو دوسروں کا فہم وادراک اور اجتہاد کے درجات میں اس سے کم ہونا بدرجۂ اولی سمجھ میں آتا ہے۔ (۴)

اسی طرح روایت ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عباس نے قرآن کی آیت "الحمد للہ فاطر السموات والأرض" میں لفظ فاطر کے معنی کے بارے میں استفسار کیا۔ (۵)

---

(۱) مقدمة الصحاح للاستاذ أحمد عبد الغفور عطار. ص: ۱۴

(۲) المعاجم اللغویة. ص: ۷

(۳) المعاجم اللغویة.

(۴) تقدیم مقدمة الصحاح للاستاذ عباس محمود العقاد. ص ۲.　　(۵) المعاجم اللغویة. ص: ۷

حضرت ابن عباسؓ سے منقول ہے: الشعر دیوان العرب، فاذاخفی علینا الحرف من القرآن الذی انزله الله، رجعنا الی الشعر فالتمسنا معرفة ذلك منه [1] یعنی اشعار، عربوں کا دیوان ہیں، اگر اللہ کے نازل کردہ قرآن میں کوئی لفظ ہم پر واضح نہیں ہوتا ہے تو ہم اس کی واقفیت کے لئے اشعار کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ انہیں کا یہ قول بھی ہے: اذا تعاجم شیء من القرآن، فانظروا فی الشعر فإن الشعر عربی: جب قرآن میں کوئی چیز سمجھ میں نہ آئے تو اشعار میں (اسکے معنی کی تلاش کے لیے) غور کرو کیونکہ اشعار عربی ہیں۔

اس طرح کے واقعات خاصی بڑی تعداد میں ملتے ہیں، جن سے ایک طرف تو یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ لغتِ فصحی کے سنے جانے والے الفاظ میں سے عرب عوام ہی نہیں، بلکہ خواص بھی ہر لفظ کے معنی نہیں جانتے تھے۔ اور بہت سے الفاظ کے معنی ان کے حیطۂ علم سے باہر تھے۔ دوسری طرف مذکورہ سوالات واستفسارات سے پتا چلتا ہے کہ ایک معجم یا لغت کا آئیڈیا اسی وقت سے عربوں کے ذہنوں میں موجود تھا، یہ اور بات ہے کہ کوئی معجم اپنی موجودہ متعارف شکل و مفہوم میں اس وقت وجود میں نہیں آئی تھی۔ نیز قرآن و حدیث کے غریب الفاظ کی تشریح کے سلسلہ میں علما نے جو اہتمام کیا اس سے بھی اس بات کی تصدیق ہوتی ہے۔

استفسارات اور وضاحت و تشریح کا یہ سلسلہ چلتا رہا، یہاں تک کہ بلاد اسلامیہ کا رقبہ وسیع سے وسیع تر ہوتا چلا گیا، عربوں کا عجمی لوگوں سے میل جول اور اختلاط بڑھنے لگا تو عربی میں دوسری زبانوں کے الفاظ کی شمولیت کے خطرہ سے یہ اندیشہ ہوا کہ کہیں کتاب اللہ کی فہم و سمجھ میں دشواری نہ ہونے لگے، چنانچہ زبان سے دلچسپی رکھنے والوں کا ایک گروہ لغات جمع کرنے اور ان کی حفاظت کے مقصد سے شہروں سے منتقل ہو کر بادیہ نشین ہو گیا۔ اس گروہ میں شامل خلیل ابن احمد، خلف الاحمر، یونس بن حبیب الضبی، اصمعی اور ابو زید الانصاری کے اس شدِ رحال کی غرض و غایت، زبان کو اس کے اصلی سرچشموں سے حاصل کرنا اور خثعمی، ابو خیرہ العدوی اور ابو الدقیش جیسے ثقہ و معتبر لوگوں سے کسب فیض کرنا تھی۔ [2]

ان علماء کے واقعات کا تتبع کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ زبان کے معاملہ میں یہ لوگ کس قدر محتاط تھے۔ اس معاملہ میں ان کے تشدد کا حال یہ تھا کہ اگر بعض فصیح کلمات کا استعمال کلام عرب میں نہ دیکھ سکنے کی بنا پر ان میں غلطی کا گمان ہو جاتا تو وہ ان کے استعمال کو برا سمجھتے تھے۔ اس سلسلہ میں ایک مثال یہ دی جا سکتی ہے کہ اصمعی [3] "شتان ما بینهما" کو غلط قرار دیتے تھے اور کہتے تھے کہ صحیح "شتان ما هما" ہے، ابو حاتم کہتے ہیں کہ اصمعی نے ربیعہ کا یہ شعر پڑھا:

---

(۱) تفسیر القرطبی. ج۱۰ص: ۱۲۹

(۲) المعاجم اللغویة. ص:۸

(۳) تهذیب الصحاح. ج۱ص:۱۹۲

لشتان ما بين اليزيدين في الندى   يزيد سليم والاغر بن حاتم

اور کہا کہ یہ صحیح نہیں ہے۔ازہری التھذیب میں اور جوہری الصحاح میں مادۂ شتت کے تحت کہتے ہیں کہ ربیعہ کا قول حجت نہیں ہے اور وہ "مولد" ہے اور حجت دراصل اعشیٰ کا یہ قول ہے:

شتان ما یومي على كورها   ويوم حيان اخي جابر

ڈاکٹر ابراہیم محمد نجا استاذ کلیة اللغة العربیة ، جامعة ازهر[1] کہتے ہیں کہ "بین" کے ساتھ "شتان" کے استعمال کو ممنوع قرار دینا درست نہیں، اسلئے کہ عربوں کے فصیح کلام میں اس استعمال کے نظائر موجود ہیں۔ لیکن اس سے بہر حال یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ زبان کے معاملہ میں ان کی حد درجہ احتیاط نے ان کو متشدد بنادیا تھا، لیکن وہ یقیناً اس کی اجازت دیدیتے اگر ان کو کچھ ایسے شواہد مل جاتے جیسے بعیث شاعر کا قول:

وشتان ما بيني وبين رعاتها   اذا صرصر العصفور في الرطب الثعد

ازہری تھذیب اللغة کے مقدمہ میں لکھتے ہیں: "اگر میں اپنی اس کتاب میں وہ سب کچھ لکھدوں جو میرے رجسٹروں میں موجود ہے، اور وہ جو دوسروں کی کتابوں میں پڑھا ہے، یا وہ جو کاتبوں کے نوشتہ صحیفوں میں مجھے ملا ہے اور اہل تصحیف نے ان میں فساد پیدا کیا ہے، تو میری یہ کتاب بہت لمبی ہو جائے گی اور میں عربوں کی زبان پر ظلم وزیادتی کرنے والوں کی صف میں شامل ہو جاؤنگا"۔

اس کے بعد وہ ایک بہت عمدہ و پُر مغز جملہ لکھتے ہیں:

"ولقليل لا يُخزى صاحبَه خيرٌ من كثيرٍ يَفْضَحُه"۔ یعنی تھوڑی سی وہ بات جو اس کے کہنے والے کو شرمندہ نہ کرے اس زیادہ بات سے بہتر ہے جو اس کی رسوائی (یا بدنامی یا جگ ہنسائی) کا باعث ہو۔

وہ مزید لکھتے ہیں: "میں نے اپنی اس کتاب میں صرف وہی مواد قلم بند کیا ہے جو مجھے صحیح لگا۔ معتبر عربوں سے سن کر، یا ثقہ لوگوں کی روایت کے توسط سے، یا گہری معرفت رکھنے والوں کی ان تحریروں کے ذریعہ، جن پر میں مطلع ہوا، سوائے ابن درید اور ابن مظفر کے کچھ کلمات کے جو مجھے ان کی کتابوں میں ملے۔ (یعنی صرف یہی وہ الفاظ ہیں جن کی صحت کا یقین نہ ہونے کے باوجود میں نے ان کو نقل کیا ہے) لیکن اس تعلق سے میں نے اپنے شک وشبہ کا اظہار کردیا ہے"۔

ان مثالوں سے اندازہ ہوتا ہے کہ علماء متقدمین نے اس زبان کے معاملہ میں کس قدر اہتمام واحتیاط سے کام لیا اور مختلف وسائل کے ذریعہ اس کے جمع وتدوین میں کتنی عظیم محنت وجانفشانی کی اور اس کے حرف حرف اور کلمہ کلمہ کو بحث وتمحیص کی چھلنیوں میں چھان کر غلطیوں سے بلکہ ان کے شائبہ سے بھی اس زبان کو محفوظ رکھنے کی بھرپور سعی کی۔ یہ وہ امر ہے جس کی نظیر دوسری زبانوں میں ملنا مشکل ہے۔

---

(۱) المعاجم اللغوية. ص:۸

زبان کی تدوین کے سلسلہ میں شروع میں مختلف طریقوں پر طبع آزمائی کی گئی۔

سب سے پہلے الفاظ یا معانی سے متعلق خصوصی رسالے تالیف کئے گئے۔ لغت نویسی کا یہ سب سے پہلا مرحلہ تھا جس کی بہت سے ثقہ اہل لغت نے پیروی کی۔ ان میں وحشی جانوروں، جنگلات اور درختوں کے ناموں کے بارے میں اصمعی کے اور نباتات وغیرہ کے بارے میں ابو حنیفہ دِینَوری کے رسائل خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

پھر علما نے مختلف معانی کے لئے وضع کردہ الفاظ کے جمع کرنے کا طریقہ اختیار کیا۔ لیکن ان الفاظ کی مراجعت وہی لوگ کرسکتے تھے جو معانی جانتے ہوں اور ان کے لئے وضع کردہ الفاظ پر مطلع ہونا چاہتے ہوں۔ اس طرز پر لکھی گئی کتابوں میں الالفاظ لابن السکیت (متوفی ۲۴٤ھ)، "الالفاظ الکتابیة" للهمذانی (متوفی ۳۲۷ھ) "مبادئ اللغة" للاسکافي (متوفی ٤۲۱ھ)، "فقه اللغة" للثعالبی (متوفی ٤۲۹ھ) اور "المخصص" لابن سیده (متوفی ٤٥۸ھ) اس فن کی جامع ترین کتابیں شمار کی جاتی ہیں۔

پھر علماء لغت نے ایسی تالیفات کی طرف توجہ دی جن میں حصر کے طور پر الفاظ کو جمع کیا گیا، انتہائی دقت واحتیاط کے ساتھ ان کی تشریح کی گئی اور اس کی تائید میں قرآن وحدیث اور فصیح اشعار سے شواہد پیش کئے گئے۔ تالیف کا یہ رنگ "معجم" کے نام سے معروف ہوا۔ لیکن تحدید کے ساتھ یہ نہیں معلوم کہ اس طرح کی تالیفات کے لئے اس لفظ کا اطلاق کب سے شروع ہوا اور کب اس نے رواج پایا۔ اگرچہ جوامع میں اس کا استعمال ہو چکا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ سب سے پہلے ابویعلی کی کتاب کا نام "معجم الصحابة" رکھا گیا پھر ابوالقاسم عبداللہ بن محمد بن عبدالعزیز البغوی نے ان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اسماء صحابہ پر اپنی دو کتابوں میں سے ایک کا نام "المعجم الکبیر" اور دوسری کا "المعجم الصغیر" رکھا۔

اس کے بعد حدیث، ادب اور تاریخ وغیرہ کے موضوعات پر جامع کتابوں کے لئے اس لفظ (المعجم) کا استعمال عام ہو گیا۔ اس سلسلہ میں یاقوت بن عبداللہ حموی کی کتاب معجم الادباء والبلدان کو بطور مثال پیش کیا جاسکتا ہے۔ لیکن اصطلاحاً یہ لفظ خلیل کی العین، قالی کی البارع اور ازہری کی التهذیب جیسی لغت کی جامع کتابوں کے لئے ہی تقریباً مخصوص ہو کر رہ گیا۔ پھر بعد میں لفظ "القاموس" جس کے معنی عظیم سمندر کے ہیں "المعجم" کے مترادف کے طور پر استعمال ہونے لگا۔ اس سلسلہ کا سب سے مشہور نام القاموس المحیط ہے جو قاضی القضاۃ مجدالدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی کی لغت ہے۔ بلکہ اس مشہور زمانہ لغت کے بعد ہی یہ لفظ لغت کے معنی میں استعمال ہونا شروع ہوا۔ عربی میں لغت نویسی کا کام شروع ہوا تو یہ سلسلہ دراز ہوتا چلا گیا اور بہت سی لغات لکھی گئیں، جن کا مقصد مرتب انداز میں الفاظ کا حصر واحاطہ کرنا تھا۔ اور ڈاکٹر ابراہیم محمد نجا کے بقول اس سلسلہ کی آخری کڑی مجمع اللغة العربية (القاهره) کی تیار کردہ "المعجم الوسیط" ہے لیکن یہ بات انھوں نے اپنی کتاب

"المعاجم اللغوية" مطبوعہ ۱۹۶۹ء میں کہی تھی۔ اب اگر یہ کہا جائے کہ اس سلسلہ کی ایک نئی کڑی زیر نظر لغت "القاموس الوحید" ہے تو نامناسب نہ ہوگا، خاص طور پر اس لئے بھی کہ یہ کاوش ایک اعتبار سے "المعجم الوسیط" ہی کے کام کا امتداد ہے کیونکہ "القاموس الوحید" میں اسی معجم کو اصل بنیاد بنایا گیا ہے۔

شروع سے لیکر اب تک جو عربی لغات لکھی گئیں ان میں کسی ایک نظام یا پیٹرن (Pattern) کی پابندی نہیں کی گئی۔ ان لغات کے متفحصانہ جائزہ سے یہ واضح ہوتا ہے کہ ان میں اختیار کئے گئے نظامہائے ترتیب کو تین دبستانوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ اور کہا جاسکتا ہے کہ اب تک جتنی بھی قابل ذکر اور اہم عربی لغات لکھی گئی ہیں ان سب میں انہی تین دبستانوں میں سے کسی ایک کا اتباع کیا گیا ہے، جو حسبِ ذیل ہیں:

اول - دبستان تقلیبات: عربی لغات کی تالیف کے میدان میں یہ سب سے پہلا دبستان یا مکتب فکر ہے۔ اس دبستان کا اتباع کرنے والوں کا طریقہ یہ ہے کہ وہ ایک گروپ کے تحت متحدہ حروف سے بننے والے تمام کلمات یک جا کر دیتے ہیں۔ مثلاً (ر۔ک۔ب) سے بننے والے الفاظ کو ایک ہی باب میں تلاش کیا جائے گا، خواہ ان کی ترتیب کتنی ہی مختلف ہو۔ چنانچہ رکب، ربك، كرب، كبر، برك اور بكر میں سے ہر لفظ ایک ہی باب کے تحت مذکور ہوگا۔ پھر اس دبستان کے دو مختلف طریقے ہیں:

(الف) تقلیبات صوتی: یہ وہ طریقہ ہے جس میں متحدہ حروف والے الفاظ کو جمع کر کے ایک گروپ بنادیا جاتا ہے اور اس میں صوتی پہلو کے علاوہ بعید المخرج حروف کی ترتیب کا لحاظ رکھا جاتا ہے۔ حلق سے نکلنے والے حرف سے آغاز ہوتا ہے، پھر وہ حرف آتا ہے جس کا مخرج زبان ہے اور اس کے بعد اس حرف کا نمبر ہوتا ہے جس کی ادائیگی ہونٹوں سے ہوتی ہے۔ مثلاً "را" کا مخرج زبان کی نوک اور اوپر کے دو دانت ہیں اور "با" دونوں ہونٹوں کے درمیان سے نکلتی ہے جبکہ "کاف" کا مخرج آخرِ لسان اور اس سے ملتا ہوا تالو کا اوپر کا حصہ ہیں۔ ان تینوں حروف میں مخرج کے اعتبار سے سب سے زیادہ قوی کاف ہے۔ چنانچہ ان حروف سے بننے والے کلمات کو کاف کے باب میں کرب اور کبر کے مادہ میں تلاش کیا جائے گا۔[1] مذکورہ طریقہ کے موجد خلیل بن احمد الفراہیدی نے اپنی لغت "کتاب العین" میں اسی کو اختیار کیا، دوسرے علماء ماہرین لغت میں سے ازہری نے "التهذيب" میں زبیدی نے "مختصر العين" میں ابو علی القالی نے البارع میں اور ابن سیدہ نے "المحكم" میں اسی طریقہ کا اتباع کیا۔

(ب) تقلیبات ہجائی: دبستان تقلیبات کی اس ذیلی شاخ میں سابقہ طریقہ کے مطابق ہی الفاظ کو جمع کیا جاتا ہے۔ البتہ ترتیب میں حروف تہجی کو ملحوظ رکھا جاتا ہے۔ جیسے (ر۔ک۔ب) سے بننے والے سابقہ کلمات میں ترتیب کے اعتبار سے پہلا حرف (ب) ہے۔ ابن درید نے الجمهرة میں اسی طریقہ کو اپنایا ہے۔

---

(۱) مذکورہ اصول کے تحت حروف کی ترتیب مندرجہ ذیل ہے: ع، ح، ھ، غ، خ، ق، ک، ج، ش، ض، ص، س، ز، ط، ت، د، ظ، ذ، ث، ر، ل، ن، ف، ب، م، و، ی، ا. مقدمة الصحاح ص ۶۵.

دوم-دبستان قافیہ: قافیہ وہ لفظ ہے جس پر قصیدہ کی بنا ہوتی ہے جس کو ردیف سے پہلے کا لفظ تک بھی کہا جاتا ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ اس زمانہ میں شعر و شاعری کا دور دورہ تھا اور نثر تک میں سجع کی رعایت غالب رہتی تھی۔ اس لئے لغت کے نظام ترتیب میں اس طریقہ کی ایجاد اور اس کو اپنانے میں یہی عامل کار فرما تھا۔[1]

سوم-دبستان ابجدی: اس دبستان کے مطابق معاجم کو حروف تہجی کے لحاظ سے مرتب کیا جاتا ہے سب سے پہلے ہمزہ سے شروع ہونے والے الفاظ آتے ہیں، پھر با سے شروع ہونے والے الفاظ.. نیز دوسرے تیسرے اور چوتھے حرف کی ترتیب کا بھی لحاظ رکھا جاتا ہے۔ حروف زائدہ کا اس ترتیب میں کوئی اعتبار نہیں اسی لئے کسی بھی لفظ کی تلاش سے پہلے اگر اس میں حروف زوائد ہوں تو ان سے اس کی تجرید لازمی ہوتی ہے، مثلاً مستغفو میں م، س، ت، حروف زائدہ ہیں اس لئے یہ لفظ "غفر" میں ملے گا۔ اس طریقہ کے موجد اگرچہ ابو عمرو الشیبانی ہیں لیکن انھوں نے الفاظ کی ترتیب میں صرف حرف اول کا لحاظ کیا تھا بعد میں اس نظام کو باقاعدہ شکل دینے والے ابوالمعالی محمد بن تمیم البرمکی ہیں۔ زمخشری نے اساس البلاغہ میں اسی نظام کا اتباع کیا جس کی بنا پر بعض لوگوں کو یہ گمان ہوا کہ انھوں نے ہی اس طریقہ کو ایجاد کیا۔

برمکی نے اگرچہ کوئی لغت نہیں لکھی لیکن انھوں نے الصحاح کو اسی نظام کے مطابق ازسرنو ترتیب دینے کا کارنامہ انجام دیا۔ مذکورہ نظام کی اہمیت اس لحاظ سے بہت زیادہ ہے کہ لغت نویسی کا یہی عصری طریقہ ہے۔ اساس البلاغہ کے علاوہ "المصباح المنیر" (للفیومی)، مختار الصحاح، المنجد اور المعجم الوسیط وغیرہ متعدد لغات میں اسی طریقہ کو اپنایا گیا ہے القاموس الوحید بھی اسی فہرست میں شامل ہے۔ ذیل میں ان تینوں دبستانوں کے تحت لکھی گئی تقریباً تمام مہتم بالشان لغات کا مختصر تعارف پیش کیا جا رہا ہے۔

❖ ❖ ❖

---

(۱) ڈاکٹر ابراہیم محمد نجا نے اپنی کتاب المعاجم اللغویۃ (ص ۱۱) میں اس رائے کا اظہار کیا ہے۔ لیکن استاذ احمد عبدالغفور عطار اپنی کتاب مقدمۃ الصحاح (ص ۱۲۲) میں لکھتے ہیں: "بعض علماء نے یہ کہا ہے کہ جوہری اور ان کے نقش قدم پر چلنے والوں نے اپنی لغات و معاجم کو کلمات کے آخری حروف کی بنیاد پر ترتیب دینے میں شعرا اور نثر نگاروں کی قافیہ و سجع کی ضرورت کا لحاظ کیا ہے... ہمیں اس سے اتفاق نہیں ہے اس لئے کہ یہ انتہائی غیر علمی بات ہے۔ جوہری کے اس طریقہ کو ایجاد کرنے کا سبب علم صرف میں ان کا تبحر و اشتغال تھا۔ وہ جانتے تھے کہ فا کلمہ اور عین کلمہ میں بہت تبدیلیاں ہوتی ہیں، جبکہ لام کلمہ اپنے حال پر قائم رہتا ہے اور شاذ و نادر ہی اس میں معمولی اور ظاہری تبدیلیاں ہوتی ہیں"۔

دبستان تقلیبات صوتی:

کتاب العین

اس سے پہلے بتایا جا چکا ہے کہ اس طریقہ (دبستان تقلیبات صوتی) کے موجد مشہور عرب نحوی ولغوی، دبستان بصرہ کے مسلمہ رئیس الاساتذہ، الخلیل بن احمد ہیں، جن کے تخلیقی ذہن میں لغت تیار کرنے کا خیال آیا اور انھوں نے کتاب "العین" کی شکل میں پہلی عربی لغت عطا کی۔[1] ابو عمرو الشیبانی الخلیل بن احمد کے ہمعصر اور ان سے چھ سال بڑے تھے۔ شعر ولغت میں ان کا تبحر مسلم تھا یہاں تک کہ علما کے درمیان وہ **دیوان اللغة والشعر** کے لقب سے جانے جاتے تھے۔ انھوں نے بھی **کتاب الجیم** کے نام سے ایک مختصر لغت لکھی تھی جو بہت سے الفاظ ومفردات پر مشتمل ہے۔ یہ تحقیق نہیں ہو پائی ہے کہ ان دونوں میں سے کون سی لغت پہلے لکھی گئی۔ اس لیے بجا طور پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس سلسلہ میں سبقت کس کو حاصل ہے۔ اکثر علماء محققین کی رائے میں یہ فضیلت الخلیل بن احمد ہی کو حاصل ہے۔ اس لئے کہ یہ عبقری شخصیت بے پناہ صلاحیت کی مالک تھی، عرب موسیقی اور علم عروض کی ایجاد اس کا ثبوت ہے۔[2] جبکہ ابو عمرو الشیبانی کی طرف ان کے تبحر علمی کے باوجود کوئی ایجاد واختراع منسوب نہیں ہے۔

محققین کے درمیان **کتاب العین** کے مؤلف کے بارے میں زبردست اختلاف ہے، یہ لغت متداول نہیں ہے، غالباً اس کے سلسلہ میں علما کے اقوال میں شدید اختلاف کا یہ بھی ایک سبب ہے۔ کسی کے نزدیک یہ الخلیل بن احمد کی تصنیف ہے، تو کوئی اس کو اللیث بن مظفر کی طرف منسوب کرتا ہے اور بعض علما کی رائے میں یہ ان دونوں کی مرتب کردہ ہے۔[3]

الخلیل بن احمد

ان کا پورا نام ابو عبدالرحمٰن الخلیل بن احمد بن عمرو بن تمام الفراہیدی (یا الفراہودی) الازدی الیحمدی ہے۔ وہ ۱۰۰ھ میں خلیج فارس کے مقام عمان میں پیدا ہوئے۔ وہاں سے بصرہ منتقل ہوئے جہاں انھوں نے پرورش پائی اور تحصیل علم کے بعد اسی شہر کی مجالس تدریس کی صدارت کو زینت بخشی، اسی لئے البصری ہی کی نسبت سے وہ لوگوں

---

(۱) المعاجم اللغویة. ص: ۱۳۔

(۲) مقدمة الصحاح. ص: ۴۷۔

(۳) "اردو دائرۂ معارف اسلامیہ" میں مذکور ہے: "بہت سے لوگوں نے کہا ہے کہ کتاب العین الخلیل کے مقرر کردہ طریقہ پر اس کے شاگردوں نے کل کر ساری یا اس کا بڑا حصہ تالیف کیا جن میں النضر بن شمیل بھی شامل ہے۔ ہو سکتا ہے کہ یہ کوفیوں کی مشہور کی ہوئی بات ہو۔ بہر حال اللیث بن المظفر کی مدد کی بابت روایات اس قدر متواتر ہیں کہ ان کو بالکل نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔"

کے درمیان متعارف رہے۔ بصرہ ہی میں ۱۷۰ھ میں یا قول راجح کے مطابق ۱۷۵ھ میں ان کا انتقال ہوا۔

خلیل کے بارے میں ثقہ لوگوں کا بیان ہے کہ وہ نرم مزاج اور کریم الطبع تھے، اگرچہ مالی طور پر خوش حال نہ تھے، لیکن طبیعت میں سخاوت تھی اور علم و معرفت کے معاملہ میں بھی کشادہ دل تھے۔ ان کی قناعت پسندی و خود داری کا اندازہ اس واقعہ سے لگایا جاسکتا ہے کہ جب والی اہواز، سلیمان بن علی نے ان سے یہ کہلوا کر بھیجا کہ وہ اس کے بیٹے کے اتالیق بن جائیں، تو انھوں نے اس کے قاصد کو ایک سوکھی روٹی نکال کر دکھائی اور کہا کہ جب تک مجھے یہ میسر ہے، اس وقت تک سلیمان کی کوئی ضرورت نہیں۔ قاصد نے جب پوچھا کہ میں ان کو کیا جواب دوں تو وہ اشعار میں اس طرح گویا ہوئے:

أَبْلِغْ سُلَيْمَانَ أَنِّيْ عَنْهُ فِيْ سَعَةٍ   وَفِيْ غِنًى غَيْرَ أَنِّي لَسْتُ ذَا مَالِ

سلیمان کو بتاؤ کہ میں اس سے کشادگی میں ہوں (اس کی خواہش کا اسیر نہیں) اور مجھے غنی حاصل ہے لیکن میں مالدار نہیں۔

شُحًّا بِنَفْسِي أَنِّي لَا أَرَىٰ أَحَداً   يَمُوْتُ هَزْلًا وَلَا يَبْقَىٰ عَلَىٰ حَالِ

اپنی ذات کے ساتھ بخل کرتا ہوں کیونکہ میں نہیں دیکھتا کسی کو لاغری سے مرتے ہوئے اور کوئی ایک حال پر باقی نہیں رہتا۔

وَالْفَقْرُ فِيْ النَّفْسِ لَا فِيْ الْمَالِ نَعْرِفُهُ   وَمِثْلُ ذَاكَ الْغِنَىٰ فِيْ النَّفْسِ لَا الْمَالِ

اور فقر جو نفس میں ہو اسی کو ہم جانتے ہیں فقر فی المال کو نہیں اسی طرح غنی ہے جو نفس میں ہوتا ہے مال میں نہیں۔

سیوطی نے بغیة الوعاۃ میں الخلیل کے مخلص ترین شاگرد النضر بن شمیل سے روایت کرتے ہوئے جو لکھا ہے اس سے بھی ان کی قناعت پسند طبیعت کی تائید و تصدیق ہوتی ہے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ الخلیل بصرہ میں مقیم رہے اور دو فلس بھی کمانے پر قادر نہ ہوئے، جبکہ ان کے شاگردان کے علم کے ذریعہ خوب دولت کماتے تھے۔

اساتذہ وشاگرد

الخلیل بن احمد نے بصرہ میں علوم کی تحصیل کی۔ ابو عمرو بن العلاء کی شاگردی میں رہے۔ حدیث نبوی اور فلسفہ، ایوب السختیانی، عاصم الاحول، العوام بن حوشب اور دیگر اساتذہ سے پڑھا۔ وہ مختلف علوم کے حصول میں لگے رہے یہاں تک کہ ان کے علم کی شہرت ہونے لگی اور عربی زبان میں ان کی شہرت کا ستارہ عروج پر پہنچ گیا۔ ہر طرف سے طالبان علم ان سے استفادہ کے لئے آنے لگے۔ ان کے نمایاں شاگردوں میں الاصمعی، سیبویہ، النضر بن شمیل، ابوزید مؤرج السدوسی اور علی بن نصر الجہضمی شامل ہیں۔

علمی مقام

ذہانت وذکاوت میں الخلیل کو نادرۂ روزگار کہا جاتا ہے۔ سیرافی نے ان کے بارے میں لکھا ہے: ”قیاس کی

تصحیح، مسائل کے استخراج اور ان کی تعلیل میں ان کی بات آخری ہوتی تھی، علم کے ہر شعبہ میں وہ نمایاں ہوئے، نحو وغیرہ لسانی علوم میں ان کو دست گاہ حاصل تھی۔ علوم شرعیہ اور علم ریاضی میں ید طولی رکھتے تھے۔ ان کا علم عروض کا موجد ہونا، جس کے بارے میں یقین کیا جاتا ہے کہ وہ انھی کی ایجاد ہے[1] یہ ثابت کرنے کے لئے کافی ہے کہ وہ انتہائی لطیف و نازک ذوق اور غیر معمولی ذکاوت و فطانت کے مالک تھے۔[2]

مؤرخین لکھتے ہیں کہ علم عروض کے ایجاد کا سبب یہ بنا کہ الخلیل بن احمد ایک لوہار کے پاس سے گذرے جو اپنے کام میں مشغول تھا، لوہے پر ہتوڑا پڑنے کی مسلسل آواز نے ان کو اپنی طرف متوجہ کیا وہ رک گئے۔ تال و سُر کے اس متوازن آہنگ نے ان کے دل پر گہرا اثر کیا اور اسی سے انھوں نے عروض کی تفصیلات اخذ کیں جن کو پیمانۂ شعر قرار دیا گیا۔ یہ فن ان کے ہمعصروں کے لئے بالکل نئی چیز تھی۔

اس سلسلے کا ایک واقعہ ہے کہ لغت سے دلچسپی رکھنے والے ایک صاحب[3] خلیل بن احمد کے پاس آئے اور علم عروض سیکھنے کی خواہش کا اظہار کیا، لیکن جب انھوں نے بھانپ لیا کہ ان صاحب میں اس فن کی صلاحیت و استعداد نہیں ہے، تو ان کو اس سے باز رہنے کا مشورہ دیا۔ اس کے لیے انھوں نے جو لطیف انداز اختیار کیا اس سے ان کے ذوق کا پتا چلتا ہے۔ انھوں نے ان صاحب سے درج ذیل شعر کی تقطیع کے لیے کہا:

اذا لم تستطع شیئاً فدعه وجاوزه إلی ما تستطیع[4]

اگر تم کسی چیز کو نہ کر سکو تو اس کو رہنے دو اور اسے چھوڑ کر ایسے کام کی طرف بڑھو جو تم کر سکتے ہو

الخلیل بن احمد ایک عبقری انسان تھے۔ ان کا ذہنی افق کشادہ اور علم وسیع و عمیق تھا۔ وہ عروض، نحو اور موسیقی (عربی) کے موجد تھے۔ عرب موسیقی میں انھوں نے طرح طرح کے نغمے جمع کئے۔ انھوں نے سب سے پہلے عربی لغت وضع کی۔ وہ بعض ریاضی علوم کے بھی موجد تھے۔ ذکاوت، علم اور زہد و تقوی میں یکتائے روزگار تھے۔[5]

اس نابغۂ روزگار شخصیت کو اہل علم نے زبردست خراج تحسین پیش کیا اور انتہائی فراخ دلی کے ساتھ ان کی

---

(۱) دائرہ معارف اسلامیہ میں لکھا ہے:... (موجد ہیں) یا کم از کم انھوں نے شعر کے اوزان بحور اور اصطلاحات عروض کو معین و مدون کیا اور انھی کا طریقہ آج تک رائج چلا آتا ہے۔ اور فارسی ترکی اور اردو کے شعر و سخن میں بھی اسی کو اختیار کر لیا گیا ہے۔ ص ۱۰۳۳

(۲) المعاجم العربیة. ص:۱۵

(۳) یہ واقعہ الاَصمعی سے متعلق ہے جیسا کہ احمد امین کے ان کے بارے میں اس تبصرہ سے ظاہر ہے کہ "ان کا حافظہ بہت اچھا تھا، لمبے سے لمبا قصیدہ سنتے ہی یاد ہو جاتا تھا، کہا جاتا ہے کہ دواوین عرب کے علاوہ ان کو سولہ ہزار قصیدے یاد تھے۔ اگر اس کو مبالغہ پر بھی محمول کیا جائے تو بھی مضبوط حافظ کی بنیادی بات بہر حال صحیح ہے، لیکن علمی ذکاوت میں ان کو اس قدر حصۂ وافر عطا نہیں ہوا تھا چنانچہ الخلیل ان کو علم عروض سکھانے میں ناکام رہے...."
ضحی الاسلام – الجزء الثانی. ص:۲۹۹

(۴) المعاجم اللغویة. ص:۱۵

(۵) مقدمة الصحاح. ص:۵۴۔

شانِ عبقریت کا اعتراف کیا۔ ابن مقفع کہتے ہیں: ''میں نے ان کے اندر ایک ایسا انسان پایا جس کی عقل اس کے علم سے بڑی ہے''۔ خلف بن المثنی کہتے ہیں: ''بصرہ میں ایک ہی وقت میں دس اکابر علما جمع ہو گئے تھے جن میں خلیل بن احمد سرفہرست تھے۔'' حمزہ بن حسن الاصبہانی نے ان کی تعریف میں کہا ہے: ''مسلمانوں کے درمیان ذکاوت و عقل میں خلیل سے بڑھ کے کوئی نہ تھا۔''

مستشرق براونچ خلیل کا پرجوش قدرداں ہے۔ خلیل کے نظریات سے متأثر ہو کر اس نے کہا ہے کہ العین میں جس نظام کے تحت الفاظ کو ترتیب دیا گیا ہے اس کے پیش نظر اس رائے میں کوئی حیرت کی بات نہیں کہ وہ خلیل کی ہے، البتہ ان کی طرف اس کا منسوب نہ کرنا ضرور حیرت انگیز ہو سکتا ہے۔

خلیل نے جو بھی کتابیں تصنیف کیں وہ بیش قیمت و گرانقدر تھیں، اگر خوش قسمتی سے وہ سب ہم کو دستیاب ہوتیں تو یقین ہے کہ وہ سب ہی بہت قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھی جاتیں۔ لیکن زمانہ کی ستم ظریفی اور حاسدین کے طرزِ عمل کے باعث اس نابغۂ عصر کی تخلیقات سے مستفید ہونے کا موقع نہ مل سکا۔ ان کی سوانح لکھنے والوں نے ان کی بعض مؤلفات کا ذکر کیا ہے جو اجمالی طور پر حسبِ ذیل ہیں:

(۱) کتاب الایقاع (۲) کتاب النقط والشکل (۳) کتاب العروض (۴) کتاب الشواهد (۵) کتاب الجمل (۶) کتاب معانی الحروف (۷) کتاب العین۔[1]

مؤخر الذکر کتاب العین ہی ہمارا موضوعِ بحث ہے۔ یہ معجم الخلیل کی غیر معمولی فطری ذہانت و عبقریت کی زندہ مثال ہے۔ اس میں انھوں نے زبان کو حصر و استیعاب کے ساتھ جمع کرنے کی کوشش کی۔ انھوں نے ترتیب کا جو انداز اختیار کیا اس میں موسیقی سے ان کے شغف اور نغمہ و سُر میں مہارت سے ان کو روشنی ملی۔ عربی لغت نویسی میں اولیت و سبقت کا شرف انہی کو حاصل ہے۔

الخلیل زبان کے مطالعہ و تحقیق کے دل دادہ تھے۔ انھوں نے آسان طریقہ پر الفاظ لغت جمع کرنے پر غور و فکر کیا۔ اور جمع الفاظ میں ایسی کوشش کی کہ وہ چھوٹنے نہ پائیں۔[2] الفاظ کی تشریح میں غموض و ابہام کے ازالہ کا اہتمام کیا۔ پھر اس تشریح کی تائید میں کتاب اللہ، احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور معتبر اشعارِ عرب سے شواہد پیش کئے۔ تشریح کی صحت کے ثبوت کے لئے ایک شاہد پیش کرنے پر اکتفا نہیں کیا، بلکہ ایک سے زیادہ اشعار پیش کرنے کی کوشش کی۔[3]

---

(۱) خلیل کی کتاب ''العین'' کا ایک جز مطبوعہ شکل میں ''دارالکتب'' قاہرہ میں ۴۹۶-۴۹۷ لغۃ کے تحت موجود ہے۔

(۲) کتاب العین عربی لغت کی پہلی کتاب ہے اور ممکن ہے کہ یہی اس بات کی پہلی کوشش ہو کہ کسی زبان کے الفاظ کے تمام مادوں کو ایک ایک کر کے مکمل طور پر جمع کر دیا جائے۔ دائرۂ معارف اسلامیہ ص ۱۰۳۴۔

(۳) المعاجم اللغویۃ۔ ص:۱۷

اس سے پہلے بیان کیا جاچکا ہے کہ تدوین لغت کے وقت خلیل کے پیش نظر یہ بات تھی کہ الفاظ کا استقصا واحاطہ ہو۔ اس مقصد کے لئے کوئی واضح طریقہ ان کے سامنے نہیں تھا۔ اس لئے کہ اس وقت تک لغت نویسی کے میدان میں ہونے والی پیش رفت کچھ متعین اصناف میں تحریر کردہ کتابوں تک محدود تھی مثلاً صرف "کتاب الخیل" اور "کتاب النبات" جیسی کتابیں ہی وجود میں آئی تھیں، ظاہر ہے کہ یہ طریقہ الفاظِ لغت کے استقصا کے لئے مفید مطلب نہیں تھا۔

مقدمة العین میں الخلیل لکھتے ہیں کہ جب انھوں نے ابجدی حروف کی ترتیب کے بارے میں سوچا تو ان کو اس میں یہ خامی نظر آئی کہ حرف الف میں ذرا بھی پائداری اور ثبات نہیں ہے، لہٰذا اس ترتیب کے حرف اول سے آغاز کے لئے طبیعت آمادہ نہیں ہوئی۔ پہلا حرف چھوڑ کر دوسرے حرف "با" سے شروع کرنا بھی کچھ عجیب سا لگا، لہٰذا ان کا ذہنی رجحان یہ ہوا کہ الفاظ کو حروف کے مخارج کی ترتیب کے لحاظ سے جمع کیا جائے۔ ان کو مقصد کے حصول کے لئے یہ طریقہ موزوں لگا۔ ایسا سمجھا جاتا ہے کہ چونکہ ان کو نغمہ و موسیقی سے خاص شغف تھا، اس لئے ان کے ذہن میں یہ طریقہ آیا۔[۱]

العین کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ الخلیل نے اپنی اس لغت میں حسب ذیل امور کو بطور اصول اپنایا ہے:

۱۔ الفاظ لغت کو ان کے حروف کے مخارج کے لحاظ سے ترتیب دیا گیا ہے۔ یہ ترتیب جو حرف عین اور باقی حروف حلقی سے شروع ہوتی ہے اور حروف لسانی پھر شفوی سے گذر کر حروف جوفی پر ختم ہوتی ہے حسبِ ذیل ہے:

ع۔ح۔ھ۔غ۔خ۔ق۔ک۔ج۔ش۔ض۔ص۔س۔ز۔ط۔ت۔د۔ظ۔ث۔ذ۔ر۔ل۔ف۔ب۔ م۔و۔ی۔ا۔[۲] (چونکہ کتاب العین سے اس لغت کا آغاز ہوا اس لئے اسی نام سے اس کو موسوم کردیا گیا)

۲۔ جمعِ کلمات میں حروف اصلی کا لحاظ کیا گیا۔ حروف زائدہ سے کلمات کی تجرید کی گئی مثلاً استغفر میں شروع کے تینوں حروف زائدہ کو حذف کر کے اصل کلمہ کو حرف غین سے شروع ہونے والے الفاظ کے ضمن میں رکھا گیا۔

۳۔ ترتیب میں کلمہ کے حروف کی تعداد کی رعایت کی گئی۔ چنانچہ دو حرفی کلمات سے آغاز کیا گیا اور وضاحت کی گئی کہ وہ ثنائی یعنی دو حرفی ہیں اور بتایا گیا کہ لو – قد – ھل جیسے ادوات زیادہ تر دو حرفی کلمات ہوتے ہیں۔ جن

---

(۱) المعاجم اللغوية... صاحب المعاجم مزید لکھتے ہیں: "اس مقدمہ میں بعض اہم فوائد موجود ہیں مثلاً الخلیل نے قاعدہ بیان کیا ہے: رباعی وخماسی کلمات کا حروف زلاقی میں سے کسی ایک پر مشتمل ہونا ضروری ہے۔ حروف زلاقی "ل–ن–ر–ف–ب–م" ہیں جن کا مجموعہ "مر بنفل" ہے۔ ان حروف کی وجہ تسمیہ بیان کرتے ہیں: "ان میں سے تین حروف زلق لسان یعنی نوک زبان سے ادا ہوتے ہیں اور باقی تین ہونٹوں سے"۔ پھر انھوں نے کہا کہ مذکورہ کلمات میں اگر کوئی کلمہ ان حروف میں سے کسی ایک پر بھی مشتمل نہ ہو تو وہ عجمی ہے البتہ انھوں نے عسجد (سونا) زھزقة (زور سے ہنسنا) اور دھدقة (توڑنا) کو اس سے مستثنیٰ قرار دیا۔

(۲) المعاجم اللغوية. ص: ۱۷–اردو دائرہ معارف اسلامیہ (ص ۱۰۳۴) میں مذکور ہے: یہ ترتیب حرف عین اور باقی حروف حلقی سے شروع ہوتی ہے اور حروف شفویہ پر ختم ہوتی ہے۔ اس کے بعد حروف علت (الف واؤ یا اور ہمزہ) آتے ہیں۔

کلمات میں کوئی حرف مکرر تھا ان کو بھی ثنائی کلمات کے باب میں رکھا گیا۔ یہی نہیں بلکہ ایسے کلمات جن میں تکرار حروف صر صر کی طرح ہے ان کو بھی اسی باب میں شامل کیا گیا۔

ثنائی مادوں کے بعد ثلاثی[1] پھر رباعی اور ان کے بعد خماسی مادے دیے گئے ہیں۔ حروف علت والے کلمات علیحدہ سے دئے گئے ہیں اور ہمزہ کو حروف علت میں شامل کیا گیا ہے، کیونکہ ہمزہ بصورت تخفیف تین حروف علت میں سے کسی ایک کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔[2]

۴- ہر مادہ سے تقلیب کی ہر ممکن صورت سے الفاظ کا اشتقاق دکھایا گیا ہے مثلاً مادہ ع ل م کے تحت ہمیں علم- لمع- عمل وغیرہ ملتے ہیں، اور مادہ د ب ب کے تحت دُبٌّ اور بُدٌّ وغیرہ بھی ملیں گے۔[3]

الخلیل نے جو طریقہ اختیار کیا ہے وہ آسان نہیں ہے۔ یہی نہیں بلکہ اس میں کچھ عیوب بھی ہیں۔ اس کے سنگہائے میل کسی متلاشی کی راہنمائی نہیں کرتے اور منزل تک نہیں پہنچاتے، کیونکہ اس کی ترتیب مشکل ہے ثلاثی مضاعف اور رباعی مضاعف میں خلط ملط ہے. پھر کسی بھی کلمہ کے اس کے مقلوبات کے ساتھ ذکر کرنے کی وجہ سے اصل اور غیر اصل بھی رل مل گئے ہیں مثلاً: حرب، حبر، بحر، برح، رحب، ربح میں یہ جاننا مشکل ہے کہ ان میں سے کونسا لفظ اصل اور کون سا مطلوب و مقصود ہے۔[4]

مذکورہ رائے احمد امین کی ہے۔ اس میں شک وشبہ نہیں کہ الخلیل نے العین میں جو ترتیب اختیار کی اور بحیثیت مجموعی جو طریقہ اپنایا وہ نہایت پیچیدہ ہے۔ لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ اس کو ایک ایجاد کا درجہ حاصل ہے جس کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ چنانچہ ان کے بعد القالی نے اپنی البارع میں اور الازہری نے اپنی التہذیب میں الخلیل ہی کے طریقہ کی پیروی کی، اگرچہ ان دونوں کی کچھ اپنی خصوصیات ممیزہ بھی ہیں۔ ان کے علاوہ ابن درید نے بھی اپنی الجمهرة میں، ترتیب میں قدرے اختلاف کے ساتھ، اسی طریقہ کا اتباع کیا۔ ڈاکٹر ابراہیم محمد نجا المعاجم اللغوية میں لکھتے ہیں: "العین عربی زبان میں لکھی گئی پہلی معجم ہے۔ لہٰذا یہ (توقع کرنا) غیر معقول ہے کہ وہ لغت کے تمام کے تمام تقاضوں کو پورا کرے اور اس میں کوئی بھی نقص نہ ہو۔ چنانچہ اس میں کچھ

---

(۱) پہلے ثلاثی صحیح کلمات دئے گئے ہیں پھر ثلاثی معتل- المعاجم اللغوية
ہر وہ کلمہ جس کے تین حروف اصلیہ میں سے ایک حرف علت ہو وہ ثلاثی معتل ہے۔ پھر اس کو اگر حرف علت شروع میں ہو جیسے وعد تو مثال، اگر وسط میں ہو جیسے عور تو اجوف، اور آخر میں ہو جیسے رضی تو ناقص کہتے ہیں۔ کبھی ثلاثی معتل دو حروف علت پر مشتمل ہوتا ہے جس کو لفیف کہتے ہیں، اس کی دو قسمیں ہیں: اول لفیف مقرون جس میں دو حرف علت متصل ہوں جیسے هوى، غوى، دوم لفیف مفروق جس میں دو حرف علت فصل کے ساتھ ہوں جیسے وھی، وعی۔

(۲) المعاجم اللغوية.

(۳) اردو دائرۂ معارف اسلامیہ

(۴) ضحی الاسلام لا حمد امین

امور (قابل مؤاخذہ) ہیں جن سے نہ اس کی اہمیت کم ہوتی ہے اور نہ قدر و قیمت گھٹتی ہے۔

العین کے بارے میں بہت سے لوگوں نے اس بات سے اتفاق نہیں کیا ہے کہ یہ کتاب جو لغت کے میدان میں ایک ایجاد کا درجہ رکھتی ہے الخلیل ہی کے ذہن کی اُپج ہے۔ طبقات الاطباء کی اس روایت کے پیش نظر کہ الخلیل، حنین بن اسحٰق کے استاذ تھے، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ اس لغت کا تصور اہل یونان سے لیا گیا ہے۔ لیکن اس بات کی تردید کے لئے اس حقیقت کی طرف اشارہ کافی ہے کہ الخلیل کا انتقال ۱۷۵ھ میں ہو چکا تھا جبکہ حنین کی ولادت کا سال ۱۹۴ھ ہے۔

کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ الخلیل نے اپنی اس لغت میں ہندستانی طریقہ کی نقل کی ہے، اس لئے کہ سنسکرت میں اسی طریقہ کو اپنایا گیا ہے۔ اور اپنے اس نقطۂ نظر کو معقول ثابت کرنے کے لئے جزیرہ نمائے عرب اور ہندستان کے درمیان زمانۂ قدیم سے پائے جانے والے تعلقات کا حوالہ دیتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ خلیج فارس میں بڑی تعداد میں ہندستان کے لوگ آباد تھے اور بصرہ و بغداد کے عراقی تاجروں کے منشی و محاسب سندھ سے تعلق رکھتے تھے، جو اچھی علمی صلاحیت کے مالک تھے اور عربوں کے علوم سے گہرا رابطہ رکھتے تھے۔ (۱)

احمد عبدالغفور عطار دائرۃ المعارف الاسلامیۃ کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ ایک قول کے مطابق الخلیل نے اپنی معجم میں ہندستانی طریقہ کا اتباع کیا ہے، کیونکہ سنسکرت کے حروف تہجی کی ترتیب مخارج کے اعتبار سے ہے اور اس کی سُلّمِ صوتی (آوازوں کی سیڑھی) اس طرح ہے کہ پہلے حروف حلقی ہیں اور آخر میں حروف شفوی۔

ہندستان اور جزیرۂ عرب کے درمیان تعلقات زمانۂ دراز سے قائم تھے، جو اسلام کے بعد اور زیادہ مضبوط و مستحکم ہوئے۔ خلیج فارس میں بڑی تعداد میں ہندستانی لوگ مقیم تھے اور بغداد و بصرہ میں عراقی تاجروں کے حساب کتاب کا کام سندھی دیکھتے تھے وہ اہل علم و ثقافت بھی تھے اور اہل علم عربوں سے روابط رکھتے تھے۔

احمد عبدالغفور عطار کہتے ہیں کہ اہل یونان سے استفادہ کرنے اور ان کی نقل کے دعوی کے مقابلہ میں ہندستانی طریقہ کے اتباع والی رائے ہمارے نزدیک نسبۃً باوزن ہے۔ لیکن ہم اس کے بھی مؤید نہیں ہیں، کیونکہ ایک زبان کی کتاب میں کسی مخصوص طریقہ کے پائے جانے کا ہرگز یہ مطلب نہیں ہے کہ دوسری زبان کا کوئی مصنف اپنی محنت و جستجو سے اس طریقہ تک پہنچ ہی نہیں سکتا لہٰذا یہ کہنا کہ الخلیل نے ہندستانی طریقہ کا اتباع کیا اور اس کے لئے صرف اس بنیاد پر اکتفا کرنا کہ یہ ترتیب ہندستان کی ایک ایسی زبان میں موجود ہے جس کے بارے میں یہ کوئی نہیں کہتا کہ الخلیل اس کو جانتے تھے۔ پھر کسی زبان کی ترتیب کو من و عن دوسری زبان میں منتقل کرنا آسان بھی تو نہیں ہے جس کی وجہ سے مختلف قوموں کی زبانوں کے نطق و تلفظ کا اختلاف ہے۔ نیز سنسکرت کے حروف تہجی کی ترتیب الخلیل کی کتاب العین کی ترتیب کے عین مطابق بھی نہیں ہے۔ (۲)

(۱) المعاجم اللغویۃ. (۲) مقدمۃ الصحاح ص ۶۰

ڈاکٹر ابراہیم محمد نجا ہندی طریقہ کے اتباع والی رائے کی تردید میں لکھتے ہیں: "پختہ دلیل سے یہ ثابت ہے کہ الخلیل سنسکرت نہیں جانتے تھے۔ مزید بر آں اس وقت ہندستان میں کوئی معجم موجود نہیں تھی نیز مذکورہ زبان کے حروف اور العین کے الفاظ کی بلحاظِ حروف، ترتیب میں مکمل طور پر یکسانیت بھی نہیں ہے"۔ (۱)

بہر حال مذکورہ دلائل سے یہ بات واضح طور پر ثابت ہو جاتی ہے کہ الخلیل نے اپنی کتاب العین میں جو نظام ترتیب اپنایا ہے وہ انہی کے ذہن کی ایجاد ہے کسی کی نقل نہیں۔ ان کا اس طریقہ کا موجد ہونا اس لئے بھی قرین قیاس ہے کہ وہ ایک عبقری انسان تھے، ان کے ذہن رسا نے علم کے میدان میں بہت سی نئی نئی راہیں تلاش کیں۔

العین کا مؤلف کون؟

کتاب العین سے متعلق مختلف آرا پائی جاتی ہیں، اور محققین کے درمیان اس سلسلہ میں خاصا اختلاف موجود ہے۔

ایک رائے یہ ہے کہ الخلیل کا کتاب العین سے کوئی تعلق نہیں۔ اس کتاب کے مؤلف اللیث بن مظفر ہیں، اس کی اہمیت اور مقبولیت میں اضافہ کے مقصد سے اس کو الخلیل کی طرف منسوب کیا گیا۔ جن لوگوں کا یہ نقطہ نظر ہے ان کے اپنے دلائل ہیں، ان سب میں جو چیز قدر مشترک ہے وہ الخلیل کی طرف اس کتاب کے انتساب کا انکار ہے۔ دوسری رائے کے مطابق، تصور تو الخلیل کا تھا اور اللیث بن مظفر نے اس کو عملی جامہ پہنایا۔ ابن جنی بھی اسی رائے کے حامی ہیں۔ تیسری رائے یہ ہے کہ الخلیل نے کتاب العین کا کام شروع کیا اور اللیث بن مظفر نے اس کی تکمیل کی۔ چوتھی رائے کے مطابق کتاب الخلیل ہی کی ہے، لیکن وہ جل گئی تھی اور اس کو دوبارہ لکھا گیا۔ پانچویں رائے یہ ہے کہ کتاب کے اصول الخلیل کے مرتب کردہ ہیں اور نص کسی اور کا ہے۔

ان تمام آرا کی توجیہات تفصیل طلب ہیں جن کو طوالت کے خوف سے نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ اس کتاب کی الخلیل کی طرف نسبت کا انکار کرنے والوں کے دلائل کا خلاصہ حسب ذیل ہے:

کتاب کا اسناد سے خالی ہونا۔ الخلیل کی وفات کے بعد ان کے شاگردوں کا اس کتاب کی بابت لاعلم ہونا اور بعض کا انکار کرنا۔ ان کے معاصر علماء لغت کا اس سے مستفید نہ ہونا اور اپنی تحقیقات میں اس کا حوالہ نہ دینا۔ الاصمعی اور اُبو الدقیش جیسے معاصر راویوں کے ساتھ کراع وزجاج جیسے رواۃ متأخرین کا اس میں ذکر ہونا۔ ایسی تصحیفات و تحریفات پر مشتمل ہونا جو الخلیل کے ادنی شاگردوں کو بھی زیب نہیں دیتیں، چہ جائیکہ اتنے بڑے عبقری سے سرزد ہوں، اور جو قواعد اس میں بیان کئے گئے ہیں ان کا دبستان کوفہ کے مطابق اور دبستان بصرہ کے خلاف ہونا، جبکہ الخلیل مؤخر الذکر دبستان کے بانی و مؤسس ہیں۔

ڈاکٹر ابراہیم محمد نجا مؤلف المعاجم اللغویة اور احمد عبد الغفور عطار مؤلف مقدمة الصحاح نے مذکورہ

(۱) المعاجم اللغویة.

تمام دلائل و شواہد کا مضبوط تر دلائل و براہین سے بطلان کیا ہے اور ثابت کیا ہے کہ العین کے مؤلف الخلیل ہی ہیں۔
احمد عبد الغفور عطار اپنے نقطۂ نظر کی تائید میں دلائل کا ذکر کرنے کے بعد تھوڑا توسع پیدا کرتے ہوئے لکھتے ہیں: مجھے اس سلسلہ میں (کہ العین کے مؤلف الخلیل ہیں) پورے طور پر اطمینان ہے، البتہ یہ ممکن ہے کہ انھوں نے اس کو لکھا ہو اور مکمل نہ کر سکے ہوں پھر کسی اور نے تکمیل کی ہو، اور یہ بھی ممکن ہے کہ انھوں نے خود ہی مکمل کیا ہو اور بعد میں کاتبوں کو متأخرین کی جو تعلیقات و روایات ملی ہوں ان کو اپنی نادانی سے متنِ کتاب میں شامل کر دیا ہو۔[1] ڈاکٹر عبد اللہ الدرویش نے العین پر تحقیقی رسالہ لکھ کر لندن یونیورسٹی سے ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی تھی۔ انھوں نے بھی اپنی تحقیق سے ثابت کیا ہے کہ الخلیل ہی العین کے مؤلف ہیں۔

ڈاکٹر ابراہیم محمد نجا لکھتے ہیں:[2] "العین کے بعد جو معاجم عالم وجود میں آئیں ان میں جمع الفاظ و معلومات کے سلسلہ میں اسی کے نہج کو اختیار کیا گیا جس میں الفاظ کے حصر و استقصا کے سلسلہ میں بنیاد کی پہلی اینٹ رکھدی گئی تھی۔ بعد کی معاجم میں اگر چہ نظامِ ترتیب کا اختلاف پایا جاتا ہے لیکن وہ اختلاف اساسی و جوہری نوعیت کا نہیں ہے۔ لہٰذا اس میں ذرا بھی مبالغہ آرائی نہ ہوگی اگر ہم کہیں کہ جمع لغت میں العین کو بنیاد کی حیثیت حاصل ہے جس کے مؤلف نے طرح طرح کی صعوبتیں جھیل کر اپنے بعد والوں کے لئے آسانیاں پیدا کر دیں راستہ واضح ہو گیا اور بحث و تحقیق آسان ہو گئی"۔

وہ اس کا اختتام ان لفظوں میں کرتے ہیں:

ولهذا يجدر بكل عربي ان يحني رأسه إكبارا وإجلا لا لهذا العالم الفذ الذي حفظ لنا هذا التراث، وأودعه خزائن العلم والمعرفة. وقد أوجد هذا الكتاب بابا لبحث العلماء حوله. (لہٰذا ہر عرب کو چاہیے کہ اس عالمِ بے بدل کے احترام میں سرِ تسلیم خم کرے جس نے ہمارے لئے اس ورثہ کی حفاظت کی اور اس میں علم و معرفت کے خزینے ودیعت کئے، اس کتاب نے اپنے تئیں علما کے درمیان بحث و تحقیق کا دروازہ بھی کھولدیا) چنانچہ اس کے نقص کی تکمیل کے لئے جو کتابیں لکھی گئیں ان میں سے کچھ حسبِ ذیل ہیں:

(۱) فائت العين للخليل بن أحمد (۲) الاستدراك على العين للسدوسي والجهضمي (۳) الجامع في اللغة للكرماني (٤) فائت العين للمطرزي (٥) التكملة للخازرنجي.

نیز العین پر تنقید اور اس کے نقائص کو نمایاں کرنے کے لئے بھی کچھ کتابیں لکھی گئیں جن میں سے تین کتابیں حسبِ ذیل ہیں:

۱— الرد على الخليل واصلاح ما في كتاب العين من الغلط والمحال، لابي طالب المفضل

---

(۱) مقدمة الصحاح. ص: ۷۰

(۲) المعاجم اللغوية.

بن سلمه الكوفي.

۲— استدراك الغلط الواقع في العين لأبي بكر الزبيدي.

۳— غلط العين للخطيب الاسكافي.

الخلیل کی العین پر اعتراضات اور نقد وتنقیص کے نتیجہ میں بعض علما کو غیرت آئی اور اس نادرۂ روزگار عبقری عالم کے دفاع کے لئے جذبۂ حمیت پیدا ہوا چنانچہ انھوں نے کتابیں لکھیں جن میں سے بعض حسبِ ذیل ہیں:

۱— التوسط لابن دريد

۲— الرد على المفضل لنفطويه

۳— الانتصار للخليل للزبيدي

ڈاکٹر ابراہیم محمد نجا العین سے متعلق بحث کے خاتمہ میں لکھتے ہیں: کتاب العین کی بابت قیل و قال اور بحث ومباحثہ کا یہ خلاصہ تھا جو سطور بالا میں ذکر کیا گیا۔ ارباب اقتدار کو چاہیے کہ اس کی طرف متوجہ ہوں اس کی طباعت اور نشر واشاعت کے سلسلہ میں کرم گسترانہ سرپرستی کرکے عربی زبان کے لئے عظیم کارنامہ انجام دیں تاکہ اس عالم بے بدل سے متعلق افتراپردازیوں کا ازالہ ہو جس کی ایک وجہ غالبا یہ اعتقاد بھی ہے کہ اب یہ کتاب موجود ہی نہیں ہے حالانکہ اس کی موجودگی ثابت ہو چکی ہے۔ اس کے متفرق نسخے موجود ہیں اور اس کی فوٹو کاپیاں بھی کی گئی ہیں۔ اس کی ایک فوٹو کاپی ڈاکٹر عبداللہ الدرویش کی ذاتی لائبریری میں موجود ہے۔[1]

[اردو دائرہ معارف اسلامیہ میں مرقوم ہے: انستاس الکرملی نے کتاب العین کا ایک حصہ ۱۴۴ صفحات پر مشتمل بغداد سے شائع کیا تھا۔ چند برس ہوئے کہ عبداللہ الدرویش نے بھی اس کی ایک جلد بغداد سے شائع کی تھی]

ابو بکر الزبیدی الاندلسی نے کتاب العین کا اختصار کرکے ایک کتاب بنام مختصر کتاب العین تیار کی۔ [اس کے مخطوطے میڈرڈ، استانبول، پیرس، قاہرہ، غرناطہ، فاس اور اسکوریال میں موجود ہیں۔ الزبیدی کی مختصر العین بھی رباط میں طبع ہو چکی۔ اس کے علاوہ کئی لوگوں نے کتاب العین کے اختصارات واستدراکات لکھے تھے۔][2]

○○○

(۱) المعاجم اللغوية. ص:۳۸

(۲) اردو دائرۂ معارف اسلامیہ۔ ص:۱۰۳۴

التہذیب

اس کے مؤلف مشہور لغوی ابو منصور محمد بن احمد الازہری الہروی ہیں۔ وہ الازہری ہی کے نام سے معروف ہیں لیکن یہ نسبت ان کے جد امجد ازہر کی طرف ہے، جامع ازہر کی طرف نہیں۔ ۲۸۲ھ / ۸۹۵ء میں بمقام ہرات پیدا ہوئے اور ۳۷۰ھ / ۹۸۰ء میں اسی مقام پر وفات پائی۔

معلوم ہوتا ہے کہ وہ عنفوان شباب ہی میں عراق چلے آئے تھے۔ یاقوت کے بیان کے مطابق انھوں نے بغداد میں نفطویہ [ابو عبداللہ ابراہیم بن عرفہ] سے صرف و نحو کی تحصیل کی، الزجاج اور ابن درید سے بھی کچھ استفادہ کیا، دوسرے اساتذہ میں جن سے وہ مستفید ہوئے ابو بکر محمد بن السری عُرف ابن السراج اور مشہور لغوی ابوالفضل محمد بن ابی جعفر المنذری خاص طور پر قابل ذکر ہیں بلکہ وہ مؤخر الذکر کے ہی شاگرد کہلاتے ہیں۔

۳۱۲ھ / ۹۲۴ء میں جب وہ مکہ مکرمہ سے کوفے کی جانب حجاج کے ایک قافلہ کے ساتھ واپس آ رہے تھے تو قافلہ پر قرامطہ نے الھَبِیْر کے مقام پر حملہ کر کے کچھ لوگوں کو قتل کر دیا اور بعض کو قید کر لیا۔ الازہری دو سال تک بحرین کے بدویوں کے ہاں جنھوں نے قرمطیت اختیار کر لی تھی قید رہے۔ ان کی بقیہ زندگی ایک راز سربستہ ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اپنی زندگی کا یہ حصہ انھوں نے اپنے وطن میں مطالعہ اور عزلت میں بسر کیا۔

الازہری اس درجہ کے ثقہ علماء میں سے تھے جو ہر دور میں معدودے چند ہی ہوتے ہیں۔ محقق ماہر لغت ہونے کے علاوہ وہ ایک متقی و پرہیزگار فقیہ بھی تھے۔ انھوں نے فقہ شافعی پڑھی اور اس میں نمایاں مقام حاصل کیا۔ بحیثیت لغوی ایسی شہرت ہوئی کہ آپ کی دیگر علمی حیثیتیں دب کر رہ گئیں۔ ایسا لگتا ہے کہ قرامطہ کی قید میں رہنے کا ان کی اس حیثیت کو نمایاں کرنے میں بڑا رول تھا۔ جن لوگوں نے ان کو قید کیا تھا وہ فصحاء عرب میں سے تھے، آپس میں گفتگو کے دوران انتہائی فصیح عربی بولتے تھے، اس لئے عربی کے سلسلہ میں ان سے بہت کچھ حاصل کرنے کا موقع ملا۔

الازہری کے تصنیف و تالیف کے کام کا علم ہمیں چودہ تصانیف کے ناموں کی اس فہرست سے ہوتا ہے جو یاقوت اور ابن خلکان نے فراہم کی ہے (اور جسے جزوی طور پر السیوطی نے بغیة الوعاة ص ۸، میں نقل کیا ہے)

صاحب المعاجم اللغوية نے ان کتابوں کے جو نام دیے ہیں وہ تهذيب اللغة کے علاوہ حسب ذیل ہیں:

(۱) كتاب غريب الالفاظ التى استعملها الفقهاء (۲) كتاب التقريب فى التفسير (۳) كتاب معرفة الصبح (۴) كتاب تفسير الفاظ كتاب المذال (۵) كتاب علل القراءات (۶) كتاب فى الروح وما جاء فيه من القرآن والسنة (۷) كتاب تفسير اسماء الله عزوجل (۸) كتاب معانى شواهد غريب

الحديث (۹) کتاب الرد علی اللیث (۱۰) کتاب تفسیر السبع الطوال (۱۱) کتاب اصلاح المنطق (۱۲) کتاب تفسیر شعر ابی تمام (۱۳) کتاب الادوات۔

ان کی مذکورہ کتابوں میں تہذیب اللغۃ کو سب سے زیادہ شہرت ہوئی، وہ لغت کے بکھرے ہوئے مفردات کے جامع اور ان کے اسرار ودقائق پر گہری نظر رکھنے والے تھے۔[۱]

"تہذیب اللغۃ یا التہذیب کی ترتیب میں جس باریک بینی اور حسن انتخاب سے کام لیا گیا ہے وہ اس کی خصوصیت ہے۔ اس میں صحیح کلام عرب مدون ہے اگرچہ غیر صحیح کلام بھی ہے لیکن وہ نسبۃً بہت کم ہے۔"[۲] اس معجم کے مطالعہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ مؤلف کے پیش نظر زبان کو غیر صحیح الفاظ سے پاک وصاف کرنا تھا۔ اس کا نام تہذیب اللغۃ رکھنے کی وجہ بھی یہی تھی۔

الازہری تہذیب کے مقدمہ میں لکھتے ہیں: میں نے کتاب کو ایسی چیزوں سے بھر کر لمبا کرنے کی کوشش نہیں کی جن کی اصل کا مجھے پتہ نہیں چل پایا، یا جن کو ثقہ راویوں نے عربوں کی طرف منسوب نہیں کیا۔

تہذیب اللغۃ کا مقدمہ پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ انھوں نے فصحاء عرب کے کلام کو مدون کرنے کا خاص طور پر اہتمام کیا۔ قرامطہ کی قید میں رہنے کے دوران ان کو اس کا خوب موقع ملا اس لئے کہ ان کی اکثریت قبیلۂ ہوازن کے لوگوں پر مشتمل تھی اور قبیلۂ تمیم اور قبیلۂ اسد کے لوگ بھی ان میں آملے تھے۔ اسی کے ساتھ انھوں نے کتب لغت میں پائی جانے والی تصحیفات وتحریفات اور عام اغلاط کی نشاندہی کی اور ان کی تصحیح کا کارنامہ انجام دیا۔

حالانکہ الازہری نے کتاب العین کی بعض خامیوں کو سخت تنقید کا ہدف بنایا ہے، تاہم انھوں نے تہذیب اللغۃ میں الخلیل ہی کے نہج کو اپناتے ہوئے ترتیب میں حروف کے مخارج کا لحاظ کیا۔ اگر یہ کہا جائے تو مبالغہ نہ ہوگا کہ نہج کے سلسلہ میں اکثر وبیشتر انھوں نے العین سے ہی بغیر کسی تبدیلی وتصرف کے نقل کے انداز میں استفادہ کیا ہے۔[۳] ان کے نہج کا خلاصہ حسبِ ذیل ہے:

۱- کلمات کو صوتی ابجدی ترتیب کے لحاظ سے مرتب کیا گیا۔ اور الخلیل کے طریقہ کے مطابق "عین" سے آغاز کیا گیا۔

۲- تقلیبات کے نظام کی پیروی کی گئی۔ حروف کے مجموعہ سے بننے والے کلمات کو جمع کر کے ان کو بعید ترین مخرج والے حرف کے تحت رکھا گیا، مثلاً: ق ل و سے بننے والے کلمات کو باب القاف میں رکھا گیا، اس لئے کہ ان تینوں میں "ق" کا مخرج بعید ترین ہے۔

---

(۱) المعاجم اللغویۃ — مقدمۃ الصحاح — اردو دائرۂ معارف اسلامیہ۔

(۲) مقدمۃ الصحاح۔

(۳) المعاجم اللغویۃ۔

۳- مہمل الفاظ کے ذکر کے ساتھ ان کے مہمل ہونے کے اسباب پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔ جو مستعمل الفاظ العین اور الجمہرہ وغیرہ دوسری لغات میں چھوٹ گئے تھے ان کا بھی اضافہ کیا گیا ہے۔

۴- ہر قول کو اس کے قائل اور ہر روایت کو اس کے راوی کی طرف منسوب کرنے کا اہتمام نمایاں ہے۔

یہ وہ امور ہیں جن کو الازہری کی تهذيب اللغة میں بنیادی حیثیت دی گئی ہے۔ کتاب کے شروع میں طویل مقدمہ ہے جس میں حمد وصلاۃ کے بعد عربی زبان سے متعلق تفصیل سے بحث کی گئی ہے۔ اور اس کو سمجھنے کی اہمیت پر زور دیا گیا ہے۔ اس کے بعد ماہرین لغت اور نحویوں کا ذکر ہے جس میں ان کے طبقات کی ترتیب کا لحاظ کیا گیا ہے۔ اور ان کو ثقہ وغیر ثقہ میں تقسیم کیا ہے۔ اللیث، ابن درید اور ابن قتیبہ کو غیر ثقہ قرار دے کر ان پر اس قدر سخت تنقید کی گئی ہے کہ پڑھنے والے کا ان پر اعتماد متزلزل ہونے لگتا ہے۔

تهذیب کو بنظر غائر دیکھنے سے اس بات کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے کہ الازہری کو اپنی اس کتاب پر بڑا ناز ہے۔ اس سلسلہ میں جو تحقیقات انھوں نے پیش کی ہیں، ان کی وہ جا بجا ستائش کرتے نظر آتے ہیں۔ مختلف الفاظ و مواد کی شرح میں اس کا حق ادا کرتے ہیں پھر اس شرح کی تائید میں قرآنی آیات واحادیث اور اشعار پیش کرتے ہیں۔

لغت کے میدان میں الخلیل کی العین اور دوسری لغات کے بعد التهذيب منصۂ شہود پر آئی، اس لئے سابقہ لغات کے مقابلہ میں اس کے اندر ایسی خصوصیات کا ہونا ضروری تھا جو اسے ان لغات سے ممتاز کر سکیں۔ اس کی کچھ امتیازی خصوصیات حسبِ ذیل ہیں:

۱- بلاد وامصار اور آبی مقامات کا جس اہمیت کے ساتھ ذکر ہے اس کی وجہ سے اسے اس باب میں ایک اہم مصدر و مرجع کی حیثیت حاصل ہے۔

۲- اقوال و آرا کو ان کے قائلین کی طرف منسوب کرنے کا اہتمام کیا گیا۔

۳- اس کے مواد و مشمولات میں وسعت ہونا، جو سابقہ معاجم سے استفادہ کی بنیاد پر ممکن ہو سکا، جن میں الخلیل کی العین سرفہرست ہے۔ خاص موضوعات سے متعلق بہت سے لغوی رسائل کو بھی پیش نظر رکھا گیا۔ اس کے علاوہ اسارت کے دوران مؤلف کا فصحاء عرب کے ساتھ رہنا ایک ایسا عامل تھا جس کی وجہ سے عربوں کے کلام کو کثرت سے نقل کرنے کا موقع ملا۔

۴- قرآن وحدیث سے شواہد پیش کرنے کا اہتمام ازہری کی معجم میں دوسرے اہلِ لغت کے مقابلہ میں زیادہ ہے۔ اس کو ان کے تدین کا نتیجہ سمجھا جاتا ہے۔ انھوں نے قرآن وحدیث اور لغت میں گہرا ربط نمایاں کرنے کی کوشش کی۔ ان کی تالیف "في غريب الألفاظ التي استعملها الفقهاء" بھی اس کی ایک واضح مثال ہے۔

۵- ان کی شخصیت کا نمایاں ہونا۔ اکثر مادوں کی تشریح میں اس کی جھلک صاف طور پر اس وقت ملتی ہے جب وہ قُلتُ کہہ کر کوئی بحث کرتے ہیں اور کبھی کسی چیز کو ترجیح دیتے ہیں، کبھی تردید و تغلیط کرتے ہیں اور کبھی اپنی رائے کا

اظہار کرتے ہیں۔

۶- نوادر لغت جمع کرنے کا اہتمام بھی نمایاں ہے۔ مثلاً آپ کو ایسے الفاظ ملیں گے: عَجَّ القوم وأعَجُّوا، وهَجُّوا وأهجُّوا، وخَجُّوا وأخَجُّوا: اذا أكثروا في فنون الركوب يا رجل عجعاج بحباج: اذا كان صياحا. نوادر میں حوالے کے طور پر لحیانی، ابن الاعرابی اور شمر وغیرہ مؤلفین کے ناموں کے ذکر کا بھی اہتمام کیا گیا ہے۔

۷- مختلف مترادفات کو جمع کرنا اور ان کی ایک ساتھ تشریح کرنا، مثلاً احمد بن یحییٰ کی روایت کے مطابق ابن الاعرابی کا قول نقل کرتے ہیں کہ: القعقعة، والعقعقة، والخشخشة، والخفخفة والشخشخة، والشنشنة: كله حركة القرطاس والثوب الجديد یعنی یہ سارے الفاظ کاغذ اور نئے کپڑے کی آواز کے لئے بولے جاتے ہیں۔ یا مثلاً وہ کہتے کہ میں نے عربوں کو کہتے ہوئے سنا: كنا في عُنَّة من الكلأ، وقُنَّة، وثُنَّة، وعانكة من الكلأ.. ان سب کے ایک ہی معنیٰ ہیں یعنی ہم ایسی جگہ تھے جہاں خوب گھاس اور زرخیزی تھی۔

ان سب محاسن اور خوبیوں کے ساتھ ساتھ تهذيب اللغة کی کچھ خامیوں کی نشان دہی بھی کی گئی ہے، لیکن علماء متقدمین کی طرف سے اس طرح کی کوئی تنقید ہمیں نہیں ملتی ہے، ہو سکتا ہے کہ طوالت کے باعث اس کا متداول نہ ہونا عدم تنقید کی وجہ ہو۔

کچھ قابل نقد و گرفت امور حسب ذیل ہیں:

۱- اس میں کسی مطلوبہ لفظ کا پالینا مشکل و محنت طلب کام ہے۔ جن لوگوں نے بھی تقلیبات کے نظام کو اپنایا ان سب ہی کی یہ چیز قابل گرفت ہے۔ اس نظام کی بڑی خرابی یہ ہے کہ بعض کلمات ایسی جگہ پہنچ جاتے ہیں جو ان کا مقام نہیں، پھر اس میں کبھی حرف مزید اصلی بن جاتا ہے اور کبھی اس کے برعکس ہوتا ہے۔ نتیجہ کے طور پر لفظ تلاش کرنے والے کو سخت مشقت اور پریشانی ہوتی ہے اور غالباً دبستان قافیہ کے ظہور میں آنے کی یہی وجہ بنی۔

۲- تکرار کا بکثرت ہونا جس کی وجہ یہ ہے کہ وہ ایک لفظ کی تشریح میں محض اس بنیاد پر بہت سے اقوال جمع کرتے ہیں کہ ان کے کہنے والے مختلف ہیں۔

۳- الخلیل کی العین پر سخت تنقید اور لغویین کو ثقہ و غیر ثقہ میں تقسیم کرنا اور اللیث وغیرہ کو غیر ثقہ قرار دینا بھی ایک قابل تنقید پہلو ہے، جس سے ان اہلِ لغت کے خلاف ان کا تعصب جھلکتا ہے، جو اُن کے تدین کے ساتھ بھی بے جوڑ سا لگتا ہے۔

تهذيب اللغة کا عربی زبان پر جو احسان ہے اس کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔ اس معجم کو بھی بعد والوں کے لئے اساس کا درجہ حاصل ہے۔ چنانچہ ابن منظور کی لسان العرب کو دیکھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ اکثر اس ہی کا اتباع کرتے ہیں۔[1]

(۱) المعاجم اللغوية.

یہ معجم (جو ابن خلکان کے وقت میں دس جلدوں پر مشتمل تھی) ابھی تک طبع نہیں ہوئی، لیکن اس کے مخطوطات لندن، استانبول اور ہندوستان میں موجود ہیں۔ (۱)

احمد عبدالغفور عطار لکھتے ہیں: میرے علم کے مطابق، دنیا کی مختلف لائبریریوں میں اس معجم کے اٹھارہ نسخے ہیں۔ ایک نسخہ المکتبۃ الاحمدیۃ۔ حلب (شام) میں ایک مکتبہ شیخ الاسلام عارف حکمۃ اللہ الحسینی مدینہ منورہ میں، تین دارالکتب المصریۃ میں، ایک برطانوی عجائب گھر میں اور بارہ نسخے ترکی میں ہیں۔ لیکن ان میں سب سے بہتر نسخہ مدینہ منورہ کا ہے، قدیم ترین ہونے کے لحاظ سے بھی اور خوش خطی اور تحریف وتصحیف سے محفوظ رہنے کے لحاظ سے بھی۔ دارالکتب المصریہ کے تینوں نسخے ناقص ہیں جن سے مل کر ایک نسخہ بھی مکمل نہیں ہوتا ہے۔ ترکی میں جو بارہ نسخے ہیں ان میں سے چار قابل اعتماد ہیں باقی سب نسخوں میں سقم ہے۔

مدینہ منورہ کے نسخہ پر تحریر ہے کہ اس کو یاقوت نے ۶۱۶ھ میں اپنے خط سے لکھا۔ لیکن احمد عبدالغفور عطار اس میں شک کرتے ہیں۔ باقی اکثر نسخے بارہویں اور تیرہویں صدی ہجری میں لکھے گئے ہیں، اگرچہ دارالکتب المصریۃ کے نسخوں پر اس سے پہلے کی تاریخ موجود ہے، لیکن یہ سب ناقص ہیں۔ (۲)

◆◆◆

---

(۱) اردو دائرۂ معارف اسلامیہ۔

(۲) مقدمۃ الصحاح. ص:۸۶

البــــارع

اس کے مؤلف ایک جلیل القدر ماہر لغت ابو علی اسمٰعیل بن القاسم بن عیذون بن ہارون بن عیسیٰ بن محمد القالی البغدادی ہیں۔ وہ جمادی الاخریٰ ۲۸۸ھ / مئی-جون ۹۰۱ء (بقول بعض دیگر کے ۲۸۰ء) میں آرمینیا کے ایک چھوٹے سے شہر مناز جرد میں پیدا ہوئے- آرمینیا اس وقت دیار بکر کے ملحقات میں سے تھا- انھوں نے یکم جمادی الاولیٰ ۳۵۶ھ / ۱۴ر اپریل ۹۶۷ء کو (بعض کے نزدیک ربیع الآخر یا جمادی الاخریٰ ۳۵۶ھ اور بقول ابن عذاری ۳۶۶ھ میں) وفات پائی۔

۳۰۳ھ میں وہ شہر قالی قلا کے چند لوگوں کے ساتھ بغداد گئے، تو وہاں کے لوگوں نے انھیں ان لوگوں کا ہم وطن سمجھا اور اسی لئے ان کا لقب القالی ہو گیا۔ تاہم مشرقی ممالک میں ان کو عموماً ابو علی البغدادی کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ اسلامی علوم، بالخصوص عربی زبان و ادب کی تحصیل سے فارغ ہو کر وہ ۳۳۰ھ / ۹۴۲ء میں بغداد سے اندلس پہنچے، ان دنوں وہاں خلیفہ عبدالرحمٰن الناصر کی حکومت تھی۔ اس خلیفہ کا بیٹا ابوالعاص الحکم، جو علم و فضل اور علما کا دلدادہ تھا، ان سے بڑی مہربانی اور عزت و احترام سے پیش آیا۔ اس کے متعلق یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اس نے مشرقی ممالک کو یہ لکھا تھا کہ القالی کو مغرب میں چلے آنے کی ترغیب دی جائے۔

ابو علی ۲۶ شعبان ۳۳۰ھ / ۱۶ر مئی ۹۴۲ء کو قرطبہ پہنچے جہاں انھوں نے حدیث اور خصوصاً عربی زبان وادب کا درس دینا شروع کر دیا۔ ان کے اساتذہ میں عبداللہ بن محمد البَغوی، عبداللہ بن سلیمان بن الاشعث السجستانی، ابن درید، ابن السرّاج، الزجاج، الاخفش الصغیر، نفطویہ، ابو بکر ابن الانباری، ابن قتیبہ، اور ابن دُرُستویہ وغیرہ شامل ہیں۔ ان کے شاگردوں میں سے نحوی اور ماہر لغت محمد بن الحسن الزبیدی (مصنف قاموس الفقه) خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

ان کی تصنیفات میں سے صرف حسبِ ذیل کتابیں دستیاب ہو سکی ہیں:

۱ — کتاب الامالی والذیل والنوادر یہ ایک قسم کی بیاض ہے جو ضرب الامثال، زبان اور شاعری سے متعلق متعدد تشریحات پر مشتمل ہے۔ اس کو ادب کے طلبہ کے لئے ایک عمدہ کتاب شمار کیا گیا ہے۔

۲ — کتاب النوادر.

۳ — کتاب البارع فی غریب الحدیث.

یہی کتاب ہمارا موضوع بحث ہے۔ انتہائی افسوس کی بات ہے کہ اس کتاب کا کوئی بھی نسخہ ابھی تک مکمل شکل میں دستیاب نہیں ہو سکا ہے۔ کہتے ہیں کہ القالی اپنی اس معجم پر اس کی تالیف کے دوران ہی نازاں تھے۔ وہ چاہتے تھے کہ المغرب میں اس کو ایک ایسی لغت کی حیثیت حاصل ہو جائے جسے مشرق کی "العین" پر فوقیت حاصل ہو۔

زبیدی نے اس معجم کی بہت تعریف کی ہے۔

انھوں نے البارع کی تالیف کا کام ۳۳۹ھ میں شروع کیا۔ قرطبہ کے ایک خوش نویس محمد بن الحسین الفہدی نے ۳۵۰ھ سے ان کی اس کام میں مدد کی۔ القالی ابھی اپنی معجم البارع پر کام کر ہی رہے تھے کہ ۳۵۶ھ میں ان کا انتقال ہوگیا۔ ان کے کاتب نے محمد بن معمر الجیانی کے ساتھ اس کی تہذیب کا کام کیا اور تکمیل بھی کرلیا لیکن اس کی نقل و تبییض مکمل نہ کرسکے بلکہ صرف کتاب الھمزہ کتاب الھاء اور کتاب العین کی ہی تبییض کرسکے۔

القالی نے اس معجم میں مختلف کتب لغت کو جمع کردیا ہے۔ وہ جو بھی غریب لفظ لکھتے ہیں اس کے منقول عنہ کا بھی ذکر کرتے ہیں۔ حالانکہ وہ ابن درید کے شاگردوں میں ہیں اس لئے ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ وہ ان کے نہج کی پیروی میں ابجدی ترتیب کی رعایت کرتے لیکن انھوں نے الخلیل کے طریقہ کو اپنایا، البتہ اس کی پورے طور پر پابندی نہیں کی، مثلاً وہ الخلیل کے برعکس کتاب الھمزہ سے آغاز کرتے ہیں اور اس کے بعد ھاء اور عین لاتے ہیں۔ اس کے علاوہ بھی انھوں نے اَبْنیہ اور ان کی ترتیب میں الخلیل کی پیروی نہ کرکے العین کی خامی کو درست کرنے کی کوشش کی، چنانچہ ان کے نزدیک ابواب کے چھ زمرے اس ترتیب سے ہیں: الثنائی المضاعف جس کو وہ تحریر میں دو حرفی اور اصل میں تین حرفی کہتے ہیں، الثنائی الصحیح، الثلاثی المعتل (ابواب) الحواشی والاوشاب، الرباعی اور الخماسی۔ البتہ کلمات کے مقلوبات کے باب میں انھوں نے الخلیل ہی کے طریقہ کو اپنایا ہے۔

البارع کی خصوصیات میں سے یہ ہے کہ اس میں ضبط الفاظ کا بہت اہتمام ہے۔ بیان کردہ معنی کی تائید میں اشعار سے شواہد پیش کئے گئے ہیں، نوادر و اخبار بھی بکثرت موجود ہیں، عربوں کے مختلف لغات کے ذکر کا بھی اہتمام ہے۔ ان میں اہل کلاب کے لغات کا خاص طور پر ذکر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ ابوزید الانصاری سے بہت کچھ نقل کرتے ہیں۔ پھر وہ مختلف لغات میں ترجیح کا عمل بھی کرتے ہیں۔ اسی کے ساتھ ذکر کردہ مختلف اقوال کو ان کے قائلین کی طرف منسوب کرتے ہیں۔

اس کے معایب میں الفاظ کی تلاش میں دشواری کے علاوہ، جو تقلیبات کے نظام کا نتیجہ ہے، مختلف الفاظ کی شرح میں پایا جانے والا تکرار سر فہرست ہے۔ نیز وہ جب ایک لفظ کی متضاد تشریحات بیان کرتے ہیں تو ان میں باہم ربط و توافق کی کوشش نہیں کرتے اور نہ ہی یہ بتاتے ہیں کہ اس میں کون سی تشریح راجح اور کون سی مرجوح ہے، نتیجہ کے طور پر مراجعت کرنے والا غلطاں و پیچاں رہتا ہے۔

یہ کتاب ۵۰۰۰ ورق پر مشتمل ہے لیکن (جیسا کہ اوپر کہا جاچکا ہے) اس کا کوئی بھی نسخہ آج تک مکمل شکل میں دستیاب نہیں ہوا ہے۔ اس کے صرف دو قطعے موجود ہیں جن میں سے ایک برٹش میوزیم میں اور دوسرا پیرس کی لائبریری میں ہے اور ان کی فوٹو کاپیاں دار الکتب المصریۃ میں ۸۲۶، ۸۳۱ لغۃ کے تحت موجود ہیں۔ (۱)

(۱) المعاجم اللغویۃ – مقدمۃ الصحاح – اردو دائرۂ معارف اسلامیہ

المحــــکم

اس کے مؤلف مشہور لغوی، ادیب اور منطقی ابوالحسن علی بن اسمٰعیل ہیں۔ ابن سِیدَہ کے نام سے ان کی شہرت ہے۔ وہ اندلس میں مرسیہ (Murcia) میں پیدا ہوئے، اور دانیہ میں تقریباً ساٹھ سال کی عمر میں ربیع الثانی ۴۵۸ھ / مارچ ۱۰۶۶ء کو انتقال کر گئے۔

ابن سیدہ نابینا تھے۔ اللہ نے ان کو بے پناہ قوت حافظہ اور ذہانت و ذکاوت سے نوازا تھا۔ انھوں نے اپنے والد سے جو خود ایک ممتاز لغت داں تھے، نیز ابوالعلاء ساعد البغدادی، ابو عمر احمد بن محمد الطلمنکی، صالح بن الحسن البغدادی اور دوسرے اساتذہ سے تعلیم حاصل کی۔

ہم تک ان کی حسبِ ذیل تصانیف پہنچی ہیں:

(۱) کتاب شرح مشکل المتنبی: دیوان متنبی کے مشکل اشعار کی شرح، حذیویہ لائبریری فہرست ۴: ۲۷۳۔[۱]

(۲) کتاب المخصص: یہ ایک ضخیم لغت کی کتاب ہے، جس میں ثعالبی کی فقہ اللغہ کے انداز میں الفاظ کو معانی کے اعتبار سے معینہ اصناف کے مطابق ترتیب دیا گیا ہے۔ بولاق میں ۱۷ جلدوں میں چھپ چکی ہے۔

(۳) کتاب المحکم و المحیط الاعظم: یہ بھی ایک ضخیم اور نہایت عمدہ لغت کی کتاب ہے۔

یہی کتاب ہمارا موضوع بحث ہے۔ اس میں الخلیل کی العین کے نظام کی پیروی کے ساتھ ساتھ دوسری قوامیس و معاجم میں اس نظام کی بہتری کی جو شکلیں پیدا کی گئیں ان کا بھی لحاظ کیا گیا ہے۔ الفاظ کی ترتیب میں حروف ہجاء کا اعتبار ہے۔ اس ترتیب میں پہلے حرف اصلی کا لحاظ رکھا گیا ہے اور حروف کی ترتیب حسبِ ذیل ہے:

ع۔ ح۔ ھ۔ خ۔ غ۔ ق۔ ک۔ ش۔ ض۔ ص۔ س۔ ز۔ ط۔ د۔ ف۔ ظ۔ ذ۔ ث۔ ر۔ ل۔ ن۔ ف۔ ب ۔م۔ ء۔ ی۔ و۔

یہ معجم عربی کی اہم معاجم میں سے ہے، اور دوسری بعض معاجم کے لئے اسے اساسی مرجع کی حیثیت حاصل ہے۔ چنانچہ عربی کی سب سے زیادہ مشہور و متداول اور قدیم مستند لغت "لسان العرب" میں اس کے مؤلف ابن منظور نیز بعض دوسرے اصحاب لغات جیسے ابن مکتوم نے اس سے بھرپور استفادہ کیا ہے۔

---

(۱) اردو دائرۂ معارف اسلامیہ میں انہی تین کتابوں کا ذکر ہے لیکن المعاجم اللغویۃ میں جن تین کتابوں کا ذکر بطور مثال کیا گیا ہے ان میں اس کتاب کی جگہ کتاب "الانیق فی شرح دیوان الحماسۃ" (چھ جلدوں میں) کا نام درج ہے اور اس کے ساتھ وغیر ذلک کی تعبیر موجود ہے، جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ من جملہ اور کتابوں کے ان کی چوتھی کتاب کا نام ہے۔

ازہری کی التھذیب کے انداز میں اس معجم میں بھی قرآن وحدیث سے لغت کا ربط قائم کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے۔ المحکم میں عروض، لغاتِ عرب اور اعلام کے ذکر کا اہتمام بعض دوسری لغات ومعاجم کے مقابلے میں کم سہی لیکن موجود ہے۔

ابن سیدہ کی المحکم کی خصوصیات میں سے یہ ہے کہ اس میں نحو وصرف کے قواعد سے متعلق کافی مباحث ہیں، قرآن کریم کی مختلف قراءتوں اور ان کی توجیہات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ ایک اور قابلِ ذکر خصوصیت نباتات کی تفصیلات اور تشریحات کا اہتمام ہے، اس سلسلہ میں سابقہ معاجم کے متعلقہ مشمولات پر اکتفانہ کرتے ہوئے، صاحب معجم نے اس موضوع سے متعلق دوسری اہم کتب سے بھی استفادہ کیا ہے۔ مواد کی تشریح میں عام طور پر انتہائی باریک بینی اور دقیقہ سنجی سے کام لیا گیا ہے۔ مختلف تشریحات کی تائید میں قرآن وحدیث اور مأثور کلامِ عرب سے استدلال کا اہتمام تو کیا گیا ہے لیکن پیش کردہ اشعار کو ان کے کہنے والوں کی طرف منسوب کرنے پر توجہ نہیں دی گئی۔ اس معجم میں متعدد رسائل وکتب میں بکھرے ہوئے موادِ لغت کو اس طریقہ پر جمع کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ ان کی ضرورت باقی نہ رہے۔[1]

کچھ خامیاں اور قابل گرفت چیزیں بھی اس میں در آئی ہیں مثلاً بعض الفاظ کی تشریحات یا ضبط اعراب میں دِقتِ نظر کی کمی یا غلطیوں کا واقع ہونا، حروف کی تبدیلی سے تصحیف کا عیب پیدا ہونا جیسے تقعوس البیت (بمعنی انہدام) کی جگہ تقعوش لکھا جانا۔ استدلال کے لئے شواہد بیان کرتے وقت تصحیف کا واقع ہونا مثلاً بخع کے معنی کی تشریح کے ضمن میں قرآن کی آیت نقل کرتے ہوئے۔ **لعلك باخع نفسك علی آثارهم** میں لعلک سے پہلے فا کا ترک کردینا، **العین** اور **الجمهره** وغیرہ سابقہ معاجم کے ان الفاظ کو نقل کردینا جو موضوع تنقید بن چکے تھے۔

خدیویہ لائبریری میں اس کا نامکمل نسخہ (فہرست ۴: ۱۸۴) موجود ہے۔ صاحب **المعاجم اللغوية** لکھتے ہیں کہ یہ معجم مخطوطہ کی شکل میں دنیا کے متعدد کتب خانوں میں بٹی ہوئی ہے۔ عرب لیگ نے اس کی طباعت کی طرف توجہ کی اور اس کے دو جز شائع بھی ہو چکے ہیں۔[2]

❀ ❀ ❀

---

(۱) المعاجم اللغوية.

(۲) المعاجم اللغوية ص ۴۳، یہ کتاب جس کے دو جز شائع ہونے کی خبر ہے ۱۹۷۹ء میں شائع ہوئی تھی اس کے بعد اس کی طباعت کے سلسلہ میں کیا پیش رفت ہوئی کچھ معلوم نہ ہوسکا۔

الجمهرة

اس کے مؤلف ابو بکر محمد بن الحسن بن درید الازدی (۲۲۳—۳۲۱ھ) ہیں۔ ابن درید کے نام سے ان کی شہرت ہے۔ خود اپنے بیان کے مطابق، وہ قبیلہ قحطان سے تعلق رکھتے تھے۔ معتصم کے عہد حکومت میں ۲۲۳ھ / ۸۳۷ء میں بصرہ میں پیدا ہوئے۔ اسی شہر میں انھوں نے ابو حاتم السجستانی، ابو الفضل الریاشی، ابو عثمان الاشنانداني اور الاصمعی کے بھتیجے جیسے عظیم اساتذہ سے تعلیم حاصل کی۔

۲۵۷ھ / ۸۷۰—۸۷۱ء میں جن دنوں زنگیوں (زنج) نے بصرے میں قتل و قتال کا بازار گرم کر رکھا تھا وہ وہیں تھے لیکن بچ نکلے، اور اپنے چچا الحسن (بعض کے نزدیک الحسین) کے ساتھ، جو ان کی تعلیم کے ذمہ دار تھے، عمان چلے گئے جہاں بارہ سال تک مقیم رہے۔ بعد ازاں وہ جزیرہ ابن عمر اور پھر وہاں سے فارس چلے گئے، جہاں وہ آل میکال کے دربار میں ایک مقرب مصاحب کی حیثیت سے رہے۔ جب میکالی ۳۰۸ھ / ۹۲۰ء میں معزول ہو کر خراسان کی طرف چلے گئے تو ابن درید بغداد چلے آئے۔ یہاں ان کا تعارف خلیفہ المقتدر سے ہوا جس نے ان کا پچاس دینار ماہانہ وظیفہ مقرر کر دیا۔ بلانوش ہونے کے باوجود انھوں نے بہت لمبی عمر پائی۔ جب وہ نوّے سال کے تھے تو ان پر فالج کا حملہ ہوا لیکن وہ پھر اچھے ہو گئے اور فالج کے دوسرے حملہ کے باوجود دو سال اور زندہ رہے۔ اور شعبان ۳۲۱ھ (اور ایک روایت کے مطابق ۳۲۵ھ) میں وفات پائی۔

ان کے شاگردوں میں ابو سعید الحسن السیرافی، ابو الفرج الاصفہانی (صاحب الاغانی)، ابو عبد اللہ الحسین بن خالویہ، ابو الحسن علی بن عیسیٰ الرمانی النحوی اور ابو القاسم عبد الرحمٰن بن اسحٰق الزجاجی وغیرہ اصحاب علم و فضل شامل ہیں۔ ان میں سے ابن خالویہ، سیرافی اور رمانی جیسے بیشتر شاگرد نحو کے دبستان بغدادی کے اساطین سمجھے جاتے ہیں۔

ابن درید حیرت انگیز قوت حافظہ کے مالک تھے۔ ان کو اعلم الشعراء اور اشعر العلماء بھی کہا گیا ہے۔

وہ عربی زبان کے سلسلہ میں حجت تھے لیکن بعض علماء نے ان پر سخت تنقید کی ہے اور زبان کے معاملہ میں ان کے ثقہ ہونے کا انکار کیا ہے، غالباً کثرت سے نبیذ کا استعمال ان علما کی طرف سے ان کے علم و فضل کے انکار کا سبب تھا۔

الازہری تہذیب کے مقدمہ میں رقم طراز ہیں: "ان لوگوں میں جنھوں نے ہمارے زمانہ میں کتابیں تالیف کیں اور اس بات کے لئے ان کو متہم قرار دیا گیا کہ وہ عربی گھڑتے اور ایسے الفاظ کی صنعت گری کرتے ہیں جن کی کوئی اصل نہیں اور بہت سی ایسی چیزیں جو کلام عرب میں نہیں ہیں ان کو اس میں داخل کرتے ہیں، کتاب الجمهرة کے مؤلف ابو بکر محمد بن الحسن بن درید الازدی ہیں"۔

مقدمة الصحاح میں احمد عبدالغفور عطار مقدمۃ التھذیب کی مذکورہ بالا عبارت نقل کر کے لکھتے ہیں ''ابن درید کے بارے میں خواہ کچھ بھی کہا گیا ہو اس سے قطع نظر وہ بلاشبہ ان ائمہ لغت میں سے ایک ہیں جنھوں نے عربی زبان کی بیش بہا خدمات انجام دیں۔ اسی طرح ''الجمهرة'' کے خلاف چاہے کچھ بھی کہا گیا ہو وہ ایک عظیم معجم ہے۔ اور انصاف کا تقاضا ہے کہ ابن درید کو اس اتہام سے بری قرار دیا جائے جو ان پر لگایا گیا، کیونکہ حقیقۃً وہ روایت میں تحری کا اہتمام کرتے تھے اور وہی چیز نقل کرتے تھے جس پر ان کو اطمینان ہوتا تھا۔ اس کے باوجود اگر ان کی معجم میں کسی نوع کے وہم وخلل یا فروگذاشت کی بات کی جاتی ہے تو امر واقع یہ ہے کہ بڑی سے بڑی کتابیں عیوب اور قابل گرفت چیزوں سے خالی نہیں ہیں۔ ان کے بارے میں ازہری کی رائے سراسر ناانصافی پر مبنی ہے۔

ابن درید کی بہت سی مؤلفات ہیں۔ ان میں سب سے اہم اور بیش قیمت ان کی معجم ''الجمهرة'' ہی ہے۔ دوسری چند قابل ذکر کتابیں حسبِ ذیل ہیں:

(۱) کتاب الاشتقاق (۲) کتاب السرج واللجام (۳) کتاب المقصور والممدود (۴) کتاب غریب القرآن (۵) کتاب ادب الکُتّاب (علی طریقة ادب الکاتب لابن قتیبة) (۶) کتاب اللغات۔

اِن کے علاوہ اُن کی دو کتابیں گھوڑنے کے موضوع پر ہیں، ایک کتاب اسلحہ پر، ایک بادلوں اور بارش پر (السحاب والغیث) ہے اور ایک ایسے مبہم الفاظ اور تراکیب پر مشتمل ہے جنھیں آدمی اس وقت استعمال کرتا ہے جب اسے قسم کھانے پر مجبور کیا جائے اس کا نام ''کتاب الملاحن'' ہے۔

الجمهرة میں ابن درید نے تقلیبات ہجائی کے نظام کو اپنایا ہے۔ یہ وہی نظام ہے جس کی طرح الخلیل نے اپنی العین میں ڈالی تھی۔ البتہ الجمهرة کی ترتیب میں دوسرا انداز اختیار کیا گیا ہے۔ مثلاً ایک مجموعۂ حروف سے تقلیبات کے ذریعہ بننے والے تمام الفاظ کو ایک جگہ جمع تو کیا گیا ہے لیکن ترتیب میں مخارج کے صوتی نظام کو ملحوظ رکھنے کے بجائے حروف کے ابجدی نظام کا لحاظ کیا گیا ہے چنانچہ ر۔ب۔ک سے بننے والے کلمات ربك، رکب، کرب، کبر، برك، بکر کو با سے شروع ہونے والے کلمہ بکر یا برك میں تلاش کیا جائے گا اس لئے کہ ان حروف میں ترتیب کے لحاظ سے ''با'' پہلا حرف ہے۔

ابن درید الجمهرة میں الفاظ کی تشریح کا بڑا اہتمام کرتے ہیں۔ قرآن وحدیث اور خالص عربوں کے کلام سے استشہاد کرتے ہیں۔ قرآن کی مختلف قراءتوں کا ذکر، مختلف عرب قبائل کے لغات کی تصریح وتوضیح بھی ان کے دائرۂ اہتمام میں شامل ہے، جس کے تحت وہ اس بات کی بھی وضاحت کرتے ہیں کہ کونسا لغت کس قبیلہ سے تعلق رکھتا ہے کتاب کی ورق گردانی سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ لغت یمن کے حق میں خاصے متعصب ہیں۔ اس کے علاوہ معرب ودخیل کلمات کی نشاندہی کا بھی اہتمام کرتے ہیں۔ دخیل کلمات کی وضاحت میں وہ یہ بھی بتاتے ہیں کہ رومی، حبشی، عبرانی اور سریانی زبانوں میں سے کس سے ان کا تعلق ہے۔

الجمهرۃ میں بھی کچھ قابل مؤاخذہ چیزوں کی نشاندہی کی گئی ہے، مثلاً مولد و مشتبہ الفاظ اچھی خاصی تعداد میں پائے جاتے ہیں۔ حیوانات، نباتات اور آلات پر دلالت کرنے والے الفاظ کی تشریح میں اس وقت کوتاہی کا احساس ہوتا ہے جب وہ یہ کہنے پر اکتفا کرتے ہیں کہ یہ مشہور و معروف ہیں یعنی محتاج تشریح نہیں، نیز وہ اپنے جس نہج کی وضاحت کرتے ہیں اس پر پورے طور پر کاربند نظر نہیں آتے، مثلاً وہ کہتے ہیں کہ انھوں نے عربوں کے جمہور کلام (ان کے اخبار و ایام) اور ان چیزوں کو جمع کرنے کا اہتمام کیا ہے جو ذائع و شائع ہیں اور غریب و مستنکر الفاظ کو ثانوی درجہ دیا ہے جبکہ کتاب کے بین السطور سے یہ بات پورے طور پر واضح ہو کر سامنے آتی ہے کہ ان کے ہاں "غریب" و "نادر" الفاظ کا بھی اچھا خاصا اہتمام موجود ہے۔

جہاں تک الفاظ گھڑنے اور تراشنے کی بات ہے تو یہ الزام ان پر الازہری کی طرف سے لگایا گیا ہے وہ ان پر تصحیف کا الزام بھی عائد کرتے ہیں، لیکن ان کے بیشتر الزامات حق و انصاف سے دور ہیں۔ ان کے اندر چھپی ہوئی تعصب و تنگ نظری صاف نظر آتی ہے۔ الازہری نے ان پر اور بھی الزامات لگائے ہیں۔ لیکن السیوطی نے المزھر میں ان کے دفاع میں لکھا ہے: "معاذ الله هو بریء مما رُمي به، ومن طالع الجمهرة رأی تحريه في روايته: معاذ اللہ وہ اس الزام سے بری ہیں جو ان پر لگایا گیا ہے اور جو کوئی بھی الجمھرہ کا مطالعہ کرے گا اس کو معلوم ہو جائے گا کہ وہ اپنی روایت میں تلاش و جستجو سے کام لیتے ہیں۔

ابن درید اور نفطویہ کے درمیان سخت مخاصمت تھی جس کا اندازہ ابن درید اور ان کی معجم الجمھرہ کے بارے میں ان کے مندرجہ ذیل اشعار اور اس کے جواب میں ابن درید کے اشعار سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے:

ابنُ دریدٍ بَقَرَهْ وَفِیهِ عِيٌّ وَشَرَهْ
ابن درید گائے ہے اس میں عجز اور حرص دونوں ہیں
وَیَدَّعِي مِنْ حُمْقِهِ وَضْعَ کِتَابِ الْجَمْهَرَهْ
اپنی حماقت سے یہ دعوی کرتا ہے کہ اس نے کتاب الجمہرہ وضع کی
وَهُوَ کِتَابُ الْعَیْنِ إلَّا اَنَّهُ قَدْ غَیَّرَهْ
جبکہ وہ کتاب العین ہی ہے بجز اس کے کہ اس نے اس کو بدل ڈالا

جواب میں نفطویہ کے بارے میں ابن درید کے اشعار بھی ملاحظہ ہوں:

لو اُنْزِلَ الْوَحْيُ عَلَی نَفْطَوَیْه لَکَانَ ذَاكَ الْوَحْيُ سَخطًا عَلَیْه
اگر وحی نفطویہ پر نازل ہوتی تو وہ اس پر غضب سے عبارت ہوتی
وشاعر یُدْعَی بِنِصْفِ اِسْمِه مُسْتَأهِلٌ لِلصَّفْعِ فِيْ اُخْدَعَیْه
اور وہ شاعر ہے جس کو اس کے آدھے نام سے پکارا جاتا ہے وہ سزاوار ہے اس بات کا کہ اس کی گدی پر ہاتھ رسید کیا جائے

أَحْرَقَهُ اللّٰهُ بِنِصْفِ اسْمِهِ وَصَيَّرَ الْبَاقِي صُرَاخًا عَلَيْهِ

اللہ نے اس کے آدھے نام سے اس کو سوختہ کر دیا - اور باقی کو اس پر آہ و پکار (کا ذریعہ) بنا دیا

نفطویہ نے ابن درید پر الجمهره میں العین سے نقلِ محض اور سرقہ کا جو الزام لگایا ہے وہ الجمهره کے مطالعہ سے غلط ثابت ہوتا ہے۔ السیوطی لکھتے ہیں کہ نفطویہ کی طرف سے مذکورہ طعن و تشنیع کے انداز کا نقد و اعتراض اس لئے بھی ناقابلِ قبول ہے کہ یہ فریقین کے درمیان منافرت کی پیداوار ہے۔

اس عظیم معجم نے بھی عربی زبان اور اس کے شیدائیوں پر اپنا گہرا اثر چھوڑا ہے، جس کا اندازہ اس بات سے ہوتا ہے کہ اس سے متعلق بہت سی کتابیں لکھی گئیں جن میں سے کچھ حسبِ ذیل ہیں:

(۱) فائت الجمهرة لابی عمر الزاهد المتوفی ٣٤٥ھ۔ (۲) جوهرة الجمهرة للصاحب بن عباد المتوفی ٤٣٦ھ۔ (۳) الموعب لابن التياني المتوفی ٤٣٦ھ۔ (۴) نظم الجمهرة ليحی بن معط المتوفی ٦٢٨ھ۔ (۵) نشر شواهد الجمهرة لابی العلاء المعری المتوفی ٤٤٩ھ (٦) مختصر الجمهرة لشرف الدين الانصاری المتوفی ٦٣٠ھ۔

لیکن یہ سب وہ کتابیں ہیں جن کا ذکر صرف کتبِ تراجم میں ہی موجود ہے، ان میں سے کوئی بھی کتاب دستیاب نہیں ہے۔ اگر یہ کتابیں ہم تک پہنچتیں تو اس نابغۂ روزگار لغوی کے کچھ اور تابناک پہلو بھی سامنے آتے جن کے بارے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ الجمهره انھوں نے محض اپنے حافظہ سے املا کرا دی تھی۔ (۱)

❁ ❁ ❁

(۱) المعاجم اللغويـــة.

دبستان قافیہ (۱)

تـاج اللغـة وصحـاح العـربيـة

اس معجم کے مؤلف کا پورا نام ابو نصر اسمٰعیل بن حماد الجوہری الفارابی ہے۔ وہ ترکی النسل تھے۔ فاراب کے صوبے (یاشہر) میں پیدا ہوئے جو سیر دریا [سیحون] کے مشرق میں تھا جسے ابوالفدا اور یاقوت کے عہد میں اترار یا اطرار کہتے تھے۔

اپنے ماموں ابواسحٰق [بن ابراہیم] الفارابی صاحب **دیوان الادب [فی اللغة]** سے گھر میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد الجوہری بغداد گئے، جہاں وہ ابوسعید الحسن بن عبداللہ بن المرزبان السیرافی اور ابوعلی الحسن بن احمد بن عبدالغفار الفارسی کے حلقۂ درس میں شریک ہوئے۔ عربی زبان وادب میں تبحر حاصل کرنے کی غرض سے انھوں نے عراق وشام کی سیاحت کی اور حجاز تک سفر کیا۔ ان کی زیادہ تر توجہ ربیعہ اور مضر قبائل کے مخصوص محاوروں کی جستجو میں مرکوز رہی اس طویل علمی سفر کے بعد انھوں نے مشرق کا رخ کیا کچھ عرصہ انھوں نے دامغان (ایران) میں ابوعلی الحسن بن علی کے پاس گزارا، انھوں نے پھر مشرق کی طرف اپنا سفر جاری رکھا اور خراسان کے دارالحکومت میں پہنچ کر عربی زبان اور خطاطی کی تعلیم وتدریس میں منہمک ہو گئے۔ (۲)

ان کی تاریخ ولادت ووفات دونوں میں اختلاف ہے۔ تاریخ ولادت کا ذکر بہت کم ملتا ہے دستیاب معلومات کے مطابق وہ ۳۳۲ھ میں پیدا ہوئے۔ اور چوتھی صدی ہجری کے اواخر میں وفات پائی۔ ایک روایت کے مطابق ۳۹۳ھ میں دوسری روایت کے مطابق ۳۹۸ھ میں اور ایک اور روایت کے مطابق ۴۰۰ھ میں۔

ان کے شاگردوں میں ابوعلی الحسین بن علی، ابواسحٰق صالح الوراق اور (ابومحمد) اسمٰعیل بن محمد بن عبدوس الدہان النیسابوری اور ابوسہل محمد بن علی بن محمد الہروی وغیرہ کا نام لیا جاتا ہے۔

اہلِ علم نے الجوہری کو ذہانت وذکاوت کے اعتبار سے عجائبات زمانہ میں شمار کیا ہے۔ زبان وادب میں وہ

---

(۱) دبستان صوتی کے مذکورہ دونوں طریقوں کے مطابق جن معاجم وقوامیس کی تالیف ہوئی ان سب ہی کے خوشہ چینوں کے لیے مطلوبہ الفاظ ومواد کا پالینا مشکل ومشقت بھرا کام رہا۔ بعض علماء لغت اس پہلو کی طرف متوجہ ہوئے اور غور وفکر کیا، چنانچہ اس دبستان کے رکن رکین الجوہری نے، جو علوم لغت اور اس کی صرف ونحو میں امامت کے درجہ پر فائز تھے، قاموس سے استفادہ کا آسان طریقہ ڈھونڈ نکالا اور وہ اس میں کامیاب رہے۔
اس طریقہ میں حروف تہجی کی ترتیب کو اپناتے ہوئے لغت کے مواد کو ابواب کے تحت رکھا گیا اور ہر باب کی فصلوں میں تقسیم کی گئی۔ لیکن کلمہ کے آخری حرف اصلی کو باب اور پہلے حرف اصلی کو فصل بنایا گیا، البتہ فصلوں میں حروف کی متعارف ترتیب کو ملحوظ رکھا گیا۔ ہر فصل کے تحت دئے گئے الفاظ کی ترتیب میں حرف اول کے بعد آنے والے حرف اصلی یعنی عین کلمہ کو ملحوظ رکھا گیا۔

(۲) دائرہ معارف اسلامیہ۔ ص: ۵۳۲

امامت کے درجے پر فائز تھے۔ وہ متعدد کتابوں کے مصنف بھی تھے۔ تصنیف و تالیف کے علاوہ تدریس بھی ان کا مشغلہ رہی آخر عمر میں ان پر اُڑنے کا جنونی خبط سوار ہو گیا تھا، چنانچہ انھوں نے دروازے کے دو پٹوں کے ساتھ اڑنے کی کوشش کی اور اسی کوشش میں اپنے مکان (یا بقول بعض ایک قدیم مسجد[1]) کے اوپر سے گر کر ختم ہو گئے۔

الجوہری کو شعر و شاعری سے بھی شغف تھا۔ کلام میں ندرت اور حکمت و موعظت کے نمونے جا بجا ملتے ہیں۔ مندرجہ ذیل اشعار اس کی مثال ہیں:

زَعَمَ الْمُدَامَةَ شَارِبُوْهَا أَنَّهَا — تَنْفِي الْهُمُوْمَ وَتُذْهِبُ الْغَمَّا
صَدَقُوْا سَرَتْ بِعُقُوْلِهِمْ فَتَوَهَّمُوْا — أَنَّ السُّرُوْرَ بِهَا لَهُمْ تَمَّا
سَلَبَتْهُمْ أَدْيَانَهُمْ وَعُقُوْلَهُمْ — أَرَأَيْتَ عَادِمَ ذَيْنِ مُغْتَمَّا

ان کی تصنیفات حسب ذیل ہیں:

(۱) المقدمة فی النحو (نحو کی مختصر کتاب) جو غالباً ضائع ہو چکی ہے۔

(۲) عروض الورقه، عروض پر ایک رسالہ، جس میں انھوں نے خلیل بن احمد الفراہیدی کے طریقے کا اتباع نہیں کیا ہے۔ اب صرف عروض کی کتابوں میں اس کے اقتباسات اور حوالے ملتے ہیں۔ یاقوت نے ان دونوں کتابوں کو جید کہا ہے اور مؤخر الذکر کی زیادہ تعریف کی ہے

(۳) تاج اللغة و صحاح العربية (صَحاح پڑھنا بھی درست ہے) یہی کتاب ہمارا اصل موضوع ہے۔[2]

الفاظ کی تدوین، ان کی مناسب تشریح، اور اس کی تائید میں قرآن و حدیث اور ثقہ شعرائے عرب کے کلام سے استشہاد تقریباً سبھی لغت نویسوں کا وتیرہ رہا ہے۔ لیکن اسی کے ساتھ لغت کی تالیف میں ایک خاص مقصد بھی ہر لغت نویس کے پیش نظر ہوتا ہے۔ الجوہری کا نصب العین اپنی معجم کی ترتیب و تالیف میں طالبان لغت کے لیے استفادے کو آسان بنانا تھا۔ الخلیل اگر لغت نویسی کے موجد تھے تو الجوہری نے معجم کی ترتیب میں آسان طریقہ اپنانے کی طرح ڈالی۔

اس کے علاوہ بھی تاج اللغة و صحاح العربية کی بہت سی خصوصیات ہیں، مثلاً اس میں زیادہ تر ایسے ہی الفاظ جمع کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے جو روایۃً اور درایۃً صحیح ہوں اور یہی اس کی وجہ تسمیہ بھی ہے۔ اس سلسلے میں مصنف نے کتب لغت کے مطالعے کے علاوہ فصحاء حجاز اور خاص طور پر ربیعہ و مضر کے فصحاء سے گفتگو اور تبادلۂ خیالات کے ذریعہ استفادہ کیا تھا۔ غیر صحیح الفاظ اگر کہیں لائے بھی ہیں تو ان کی وضاحت کر دی ہے۔ کلمہ کے مرادی معنی کی توضیح

---

(۱) مقدمة الصحاح.

(۲) المعاجم العربية — اردو دائرہ معارف اسلامیہ۔

کے لیے وہ شواہد پیش کرتے ہیں۔ لیکن بسا اوقات ان کے قائلین کے ناموں کی وضاحت نہیں کرتے، اسماو افعال کے ضبط وغیرہ کا بہت زیادہ اہتمام کیا گیا ہے تاکہ ان میں تصحیف واقع نہ ہو، جس کے مظاہر بعض دیگر معاجم میں بکثرت دیکھنے کو ملتے ہیں۔ اعلام اور خاص طور پر قبائل کے ناموں کو اہمیت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ بہت سی لغوی بحثیں بھی ہیں جو معجم میں مختلف مقامات پر پھیلی ہوئی ہیں۔ نیز معرب و مولد الفاظ بھی ذکر کیے گئے ہیں جن کی تشریح میں بعض اوقات مصنف عربی کے بجائے فارسی کا استعمال بھی کرتے ہیں۔

جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا، صحاح میں جوہری کے پیش نظر ترتیب میں ایسی ندرت پیدا کرنا اصل مقصد تھا جس سے مراجعینِ لغت کے لیے آسانی پیدا ہو جائے۔ یہ کام انھوں نے بحسن وخوبی انجام دیا۔ دوسری سب سے زیادہ اہم بات یہ ہے کہ انھوں نے صرف ایسے ہی الفاظ کو جمع کرنے پر اکتفا کیا جو ان کے نزدیک روایۃً اور درایۃً صحیح تھے۔ لیکن ان کی کتاب ابھی کاتبوں ہی کے ہاتھوں میں تھی کہ ان کی موت واقع ہو گئی۔ (۱)

صحاح کی جن فروگذاشتوں اور خامیوں پر تنقید کی جاتی ہے ان میں تصحیف و تحریف بھی ہے، حالانکہ مصنف نے اپنے جمع کردہ الفاظ کے ضبط کا اہتمام کر کے تصحیف کے امکانات کو کم سے کم کرنے کی کوشش کی ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ تصحیفات زیادہ تر کتابت کے دوران کاتبوں سے ہوئی ہیں۔ کچھ ایسی مثالیں بھی دی گئی ہیں جن سے بعض مفردات کی تشریح میں غلطی ظاہر ہوتی ہے۔ اس ذیل میں ایسی فروگذاشتیں بھی آتی ہیں مثلاً کسی حدیث کو غیر راوی یا کسی قائل کے قول یا رائے کو دوسرے کی طرف (جیسے سیبویہ کا قول اخفش کی طرف) منسوب کر دیا گیا ہے۔ ترتیب الفاظ میں ثیب کو ثوب کے مقام پر لکھ دینا۔ اس کے علاوہ بعض نحوی وصرفی غلطیوں کی بھی نشاندہی کی گئی ہے۔ یہ غلطیاں یقیناً حیرت انگیز ہیں، اس لئے کہ الجوہری بلاشبہ امام لغت تھے اور صرف ونحو میں کامل دست گاہ رکھتے تھے۔

ان فروگذاشتوں کے باوجود الجوہری کا امتیازی علمی مقام مسلم ہے۔ اسی طرح ان کی معجم کو بھی امتیازی حیثیت حاصل ہے۔ چنانچہ جب تک حروف تہجی پر مبنی موجودہ ترتیب کا طریقہ ایجاد نہیں ہوا بعد والے معجم نویس اسی طریقہ پر کاربند رہے۔

آخری حروف پر مبنی ترتیب کا جو طریقہ الجوہری نے ایجاد کیا اس کے بارے میں جرجی زیدان کا کہنا ہے کہ چونکہ اس زمانہ میں نثر میں بھی سجع کا اہتمام ہوتا تھا اس لئے اس کا مقصد شعرا کے لئے قوافی اور نثر نگاروں کے لئے سجع کے سلسلہ میں سہولت پیدا کرنا تھا۔ لیکن الاستاذ احمد عبدالغفور عطار اس رائے سے اختلاف کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ علمی اعتبار سے اس رائے میں کوئی وزن نہیں۔ ان کی معجم سب ہی لوگوں کے لیے تھی اور سب ہی کی آسانی

(۱) المعاجم اللغویۃ.

وسہولت ان کے پیش نظر تھی۔[1]

صحاح کے بہت سے نسخے پائے جاتے ہیں جو دنیا کی بہت سی لائبریریوں میں موجود ہیں۔ عراقی عجائب گھر کی لائبریری میں متعدد پرانے نفیس نسخے موجود ہیں جو چھٹی ساتویں اور آٹھویں صدی ہجری میں لکھے گئے ہیں۔ مکتبہ شیخ الاسلام مدینہ منورہ میں اس کا جو نسخہ موجود ہے وہ ۳۹۱ اوراق پر مشتمل ہے۔[2]

اگر یہ کہا جائے تو غلط نہ ہوگا کہ الجوہری کی اس معجم نے عربی کی دنیاء علم وادب میں ایک بھونچال سا پیدا کر دیا تھا۔ اس کے منظر عام پر آنے کے بعد مختلف اہلِ علم حرکت میں آگئے۔ ان میں سے بعض نے اس پر تعلیقات وحواشی لکھے، بعض نے ان کے نہج کو اپنا کر دوسری کتب لغت سے اضافے کئے کچھ اہلِ علم نے تکمیل واستدراک کی غرض سے خامہ فرسائی کی، بعض نے فروگذاشتوں کی نشاندہی کر کے تنقیدیں کیں، بعض دوسروں نے اس کے دفاع میں کتابیں لکھیں اور دیگر اہلِ علم نے اس کی مختصرات تیار کیں۔

صحاح پر لکھی گئی کتابوں میں سے کچھ کا ذکر ذیل میں کیا جا رہا ہے، تا کہ یہ اندازہ کیا جاسکے کہ اس نے آنے والے دور پر اپنے کیا اثرات ونقوش قائم کئے۔

تعلیقات پر مشتمل کتابیں

بہت سے علمانے صحاح پر تعلیقات لکھیں۔ مبہمات کی توضیح، اشعار کی متعلقہ شعراء کی طرف صحیح نسبت، اعلام کی تصحیح اور الجوہری کے بعض اوہام کی درستگی وغیرہ ان کا موضوع ہیں۔ ان میں سے کچھ حسبِ ذیل ہیں:

(۱)تعلیقات ابی نعیم البصری (المتوفی سنة ۳۷۵ھ)

(۲)تعلیقات ابی سهل محمد بن علی بن محمد الهروی (المتوفی سنة ٤۳۳ھ)

(۳)تعلیقات ابی زکریا التبریزی (المتوفی سنة ۵۰۲ھ)

حواشی پر مشتمل کتابیں

(۱) حواشی الصحاح ، لابی القاسم الفضل بن محمد بن علی العقبانی البصری (المتوفی سنة ٤٤٤ھ) (۲)حاشیة علی الصحاح لعلی بن جعفر السعدی بن علی السعدی المعروف بابن القطاع الصقلی (المتوفی سنة ۵۱۵ھ) (۳) الایضاح فی حاشیة الصحاح لابی محمد عبدالله بن

(۱) مقدمۃ الصحاح۔ ص:۱۲۲

(۲) مقدمۃ الصحاح۔ ص:۱۵۳

بری المقدسي المصری المتوفی سنة ٥٧٦هـ) (۴) التنبیه والایضاح عما وقع من الوهم في كتاب الصحاح ، لابن القطاع. (۵) حواشي الصحاح، لابی عبدالله رضی الدین محمد بن علی بن یوسف الانصاری الشاطبی (المتوفی ٦٧٤هـ او ٦٨٤هـ)

صحاح اور دوسری کتابوں کے مواد پر مشتمل معاجم:

(۱) ضالة الادیب من الصحاح والتهذیب، لتاج الدین محمود بن ابی المعالی الحسن الخواری.

(۲) الجمع بین الصحاح والغریب المصنف لأبی اسحٰق إبراهیم بن قاسم البَطَلْیَوْسی (المتوفی سنة ٦٤٢هـ)

(۳) لسان العرب لأبی الفضل جمال الدین محمد بن مکرم بن منظور المصری الافریقی (المتوفی سنة ٧١١هـ) وغیره

کتب برائے تکمیل واستدراک:

(۱) التكملة والذیل والصلة للامام رضی الدین ابی الفضائل الحسن بن محمد بن الحسن الصغانی (المتوفی سنة ٥٦٠هـ)

(۲) القراح بتکمُّل الصحاح، لابی الفضل محمد بن عمر بن خالد القرشي المعروف بجمال القرشي

(۳) القاموس المحیط والقابوس الوسیط فیما ذهب من کلام العرب شماطیط، لمجد الدین ابی طاهر محمد بن یعقوب بن محمد الشیرازی الفیروزابادی (٧٢٩ — ٨١٦هـ)

تنقیدی کتابیں

صحاح پر نقد کے سلسلہ میں جو کتابیں لکھی گئی ہیں ان میں کچھ تو وہ ہیں جن میں موضوعی طرز پر صاف ستھرے انداز میں تنقید کی گئی ہے۔ان میں حقیقت پسندی کے ساتھ اس عظیم معجم کے مختلف پہلوؤں پر بحث بھی کی گئی ہے۔اور بعض ایسی بھی ہیں جو تعصب اور جانبداری پر مبنی ہیں۔زبان، شعر وادب اور اُنساب کے ماہر ناقدین کی اتنی بڑی تعداد نے اس معجم کو اپنے نقد و تجزیہ کا موضوع بنایا ہے کہ شاید ہی کوئی گوشہ ایسا باقی رہا ہو جو زیر بحث نہ آیا ہو۔ابو سہل الہروی، علی بن حمزہ البصری، الصغانی، ابن القطاع، ابن بری، البنبطی، القصبانی، الشاطبی، التبریزی، ان

مؤلفین میں سے ہیں جنھوں نے صحاح پر نقد کرتے ہوئے انصاف کے تقاضوں کو پورا کیا ہے، جبکہ فیروزابادی اور جمال القرشی وغیرہ ان ناقدین میں سے ہیں جنھوں نے تعصب وناانصافی سے کام لیا ہے۔[1]

ان میں سے کچھ کتابیں حسب ذیل ہیں:

(۱) "قید الاوابد" من الفوائد، لابی الفضل احمد بن محمد بن احمد المیدانی النیسابوری (المتوفی سنة ۵۱۸ھ) بروکلمان کے مطابق اس میں الجوہری پر تنقید کی گئی ہے۔

(۲) "الاصلاح لما وقع من الخلل فی الصحاح" للوزیر العلامة جمال الدین ابی الحسن علی بن یوسف بن ابراهیم الشیبانی القفطی (المتوفی ٦٤٦ھ)

(۳) "غوامض الصحاح" لابن ایبك الصفدی

(۴) "نقود علی الصحاح" لابی العباس احمد بن محمد بن احمد الاندلسی المالکی المعروف بابن الحاج الاشبیلی (المتوفی سنة ٦٥١ھ)

(۵) "نور الصباح فی اغلاط الصحاح" لابی الفضل محمد بن عمر بن خالد القرشی المعروف بجمال القرشی

(٦) "مجمع السؤالات من صحاح الجوهری" للفیروزابادی

دفاعی کتابیں:

الجوہری کی صحاح پر جن لوگوں نے اپنی تنقیدوں میں جارحانہ انداز اختیار کیا ہے ان کے رد میں بھی بہت سی کتابیں لکھی گئی ہیں۔ ان میں سے تین حسبِ ذیل ہیں:

(۱) "اللفظ الجوهری فی رد خباط الجوجری" لجلال الدین عبد الرحمن السیوطی (المتوفی سنة ۹۱۱ھ)

(۲) "الکر علی ابن عبدالبر" للسیوطی۔ ان دونوں کتابوں میں سیوطی نے جوہری کا دفاع کرتے ہوئے محمد بن عبدالمنعم بن محمد القاہری الجوجری (۸۲۱—۸۸۹ھ) اور ابن عبدالبر اور بالخصوص اول الذکر کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔

(۳) بهجة النفوس فی المحاکمة بین الصحاح والقاموس، لبدر الدین محمد بن یحیی بن عمر بن یونس القرافی المصری المالکی (المتوفی سنة ۱۰۰۸ھ)

---

(۱) مقدمة الصحاح. ص:۱۸۲

مختصرات

متعدد اہلِ علم نے الصحاح کی مختصرات بھی تحریر کیں جن میں سے تین حسبِ ذیل ہیں:

(۱) ”ینابیع اللغة“ لتاج الدین محمود بن ابی المعالی بن الحسن الخواری اس تلخیص میں شواہد کو حذف کر دیا گیا ہے اور التھذیب سے کچھ اضافہ کیا گیا ہے۔

(۲) ”مختار الصحاح“، لزین الدین محمد بن شمس الدین محمد بن ابی بکر عبد القادر الرازی یہ آٹھویں صدی ہجری کے علما میں سے ہیں۔

(۳) ”نجد الفلاح فی مختصر الصحاح“، لخلیل بن ایبك الصفدی (المتوفی سنة ٧٦٤ھـ)

استاذ احمد عبدالغفور عطار نے مقدمة الصحاح میں اس عظیم معجم کے بارے میں مذکورہ عنوانات کے تحت جن کتابوں کا ذکر کیا ہے ان کی تعداد ۸۹ ہے اور یہ کتابیں بطور حصر واحاطہ نہیں پیش کی گئیں، یہ صرف وہ کتابیں ہیں جو زیادہ مشہور اور اہمیت کی حامل ہیں، اس معجم کے فارسی اور ترکی وغیرہ زبانوں میں کیئے گئے ترجمے ان کے علاوہ ہیں۔

◆◆◆

لسان العرب

اس معجم کے مؤلف ابوالفضل جمال الدین محمد بن مکرم الافریقی المصری الانصاری الخزرجی الرُّویفعی (۶۳۰—۷۱۱ھ / ۱۲۳۲—۱۳۱۱ء) ہیں وہ عام طور پر ابن منظور کے نام سے جانے جاتے ہیں۔ حضرت رویفع ابن ثابت صحابیؓ کے خاندان سے تھے۔ وہ مصر کے بڑے معزز اور علم دوست گھرانے کے چشم و چراغ، جلیل القدر ادیب اور ماہر لغت عربی تھے۔ ۲۲ محرم ۶۳۰ھ کو قاہرہ میں ان کی پیدائش ہوئی تھی۔

ابن المقیر، مرتضٰی بن حاتم، یوسف بن المخیلی، عبدالرحمٰن بن الطفیل وغیرہ سے حدیث سنی اور مصر و دمشق میں روایت کی نیز السبکی، الذہبی اور برزالی نے بھی ان سے حدیث کی روایت کی ہے۔

نحو و لغت کے امام اور تاریخ وغیرہ کے جید عالم تھے، کبھی کبھی شعر بھی کہتے تھے لیکن ان کے اشعار بہت زیادہ اچھے اور معیاری نہیں ہوتے تھے۔ البتہ ان کا ایک لمبا قصیدہ اس سے مستثنیٰ ہے جس میں سلاست و روانی اور حسن لفظ و معنی دونوں موجود ہیں۔ المعاجم اللغویة میں اس قصیدہ کے کچھ اشعار نمونہ کے طور پر دیے گئے ہیں نکت الهمیان اور فوات الوفیات میں ان کے اشعار کے نمونے درج ہیں۔ اور زود نویس ہونے کے باوجود ان کی تحریر خوبصورت اور دلکش ہوتی تھی۔ ان کے بیٹے قاضی قطب الدین نے الصفدی سے کہا کہ ابن منظور نے پانچ سو کتابیں اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی چھوڑیں۔

ابن منظور نے تدریس کی خدمت بھی انجام دی۔ ان کے متعدد شاگردوں کو علمی دنیا میں امتیازی مقام حاصل ہوا۔ انھوں نے ادب کی بہت سی مطول کتابوں کی انتہائی خوش اسلوبی کے ساتھ تلخیص کی۔ ان کی زبان میں بڑی شگفتگی اور عبارت میں سلاست و روانی ہے۔ الصفدی کا قول ہے کہ کتبِ ادب میں مجھے کوئی ایسی کتاب معلوم نہیں جس کا اختصار ابن منظور نے نہ کر دیا ہو۔

ان کی تلخیص کردہ مختصرات میں کچھ حسب ذیل ہیں: (۱) مختار الاغانی (اس میں اصل کا ایک تہائی مواد باقی رکھا گیا ہے۔ اس کے کچھ اجزاء مطبوعہ ہیں) (۲) مختصر تاریخ دمشق لابن عساکر (اصل کا ایک چوتھائی مواد) (۳) مختصر تاریخ بغداد للخطیب البغدادی (۴) مختصر ذیل تاریخ بغداد، لابن النجار (۵) مختصر ذیل تاریخ بغداد، لابن السمعانی (۶) مختصر مفردات ابن البیطار (۷) مختصر العقد لابن عبدربه (۸) مختصر زهر الآداب للحصری (۹) مختصر الحیوان للجاحظ (۱۰) مختصر یتیمة الدهر للثعالبی.

مذکورہ مختصرات اور دیگر مختصرات کے علاوہ ابن منظور کی تالیف نثار الازهار فی اللیل و النهار ایک عمدہ

ادبی مرقع ہے جس میں روز وشب کے خوشگوار اوقات سے متعلق لکھی گئی نظم ونثر کا دلچسپ اور پر لطف ذخیرہ محفوظ کردیا گیا ہے۔[1]

بایں ہمہ ابن منظور کا گراں قدر شاہکار "لسان العرب" ہی ہے جو عربی زبان کی انتہائی ضخیم اور اہم معجم ہے۔ اس کے ایک محقق عبدالسلام محمد ہارون لکھتے ہیں: لسان العرب کو جامع ترین اور دقیق ترین اصل عربی مراجع میں سے شمار کیا جاتا ہے، اگرچہ حجم ومقدار کے اعتبار سے اس پر تاج العروس کو فوقیت حاصل ہے۔ جس میں اصل الفاظ لغت کے ساتھ کسی قدر تراجم، بلدانیات اور اصطلاحات مولدہ کا اضافہ بھی شامل ہے۔ علماء معاصرین اسی جامع معجم (لسان العرب) کی توثیق کرتے ہیں اور جن عربی مراجع پر وہ اعتماد کرتے ہیں ان میں وہ سرفہرست ہے۔[2]

خود ابن منظور کا بیان ہے کہ انھوں نے اپنی اس ضخیم ومبسوط لغت کی تالیف میں بدویوں سے الفاظ کے معانی ومطالب دریافت کرنے کی غرض سے کوئی سفر نہیں کیا (لسان، ۱-۳) بلکہ (۱) ابومنصور الازہری کی تھذیب اللغة؛ (۲) ابن سیدہ الاندلسی کی المحکم؛ (۳) الجوہری کی صحاح؛ (۴) ابن بَرّی کی الامالی علی الصحاح اور (۵) ابن الأثیر کی النہایۃ فی غریب الحدیث جیسی قدیم لغات کے متفرق اور غیر منظم ذخیرۂ معلومات کو بڑے سلیقے، قرینے اور شرح وبسط سے جمع کردیا ہے۔ ابن منظور کے سوانح نگاروں نے ابن درید کی جمھرة اللغة کو بھی "لسان العرب" کے مصادر میں شمار کیا ہے، لیکن درحقیقت لسان کی تالیف کے وقت ابن منظور کے پاس جمھرہ موجود نہ تھی اور اس کی جو روایات لسان العرب میں مندرج ہیں وہ ابن سیدہ کی المحکم سے ماخوذ ہیں۔

مؤلف علام نے لسان العرب کے دیباچہ میں لکھا ہے کہ مندرجہ بالا لغات میں سے بعض کی ترتیب اور بعض کا جمع کردہ مواد انھیں پسند نہیں آیا، چنانچہ وہ رقم طراز ہیں:

من احسن جمعه، فانه لم يحسن وضعه، ومن اجاد وضعه فانه لم يجد جمعه، فلم يُفد حسن الجمع مع اساءة الوضع، ولانفعت اجادة الوضع مع رداءة الجمع. یعنی جس نے اچھا مواد جمع کیا اس نے حسن ترتیب سے کام نہیں لیا جس نے اچھی ترتیب قائم کی اس نے عمدہ مواد جمع نہ کیا جمع شدہ مواد کی عمدگی سوء ترتیب کے ساتھ مفید نہ ہوئی اور جمع کردہ مواد کی خرابی کے ساتھ عمدہ ترتیب بھی نفع بخش نہ ہوئی۔

وہ مزید لکھتے ہیں کہ: کتب لغت میں ابو منصور محمد بن احمد الازہری کی تھذیب اللغة سے زیادہ اجمل اور ابوالحسن علی بن اسمٰعیل بن سیدہ الاندلسی کی المحکم سے زیادہ اکمل کتاب مجھے نہیں ملی۔ یہ دونوں بالتحقیق امہات الکتب میں سے ہیں اور باقی کتابیں ان دونوں کے مقابلہ میں راستے کی گھاٹیاں ہیں لیکن دونوں ہی میں ترتیب کی ایسی بھول بھلیاں ہیں جن کی وجہ سے مطلوبہ الفاظ کا تلاش کرلینا آسان کام نہیں۔

---

(۱) اردو دائرۂ معارف اسلامیہ ـ المعاجم اللغوية.

(۲) تحقيقات وتنبيهات في معجم لسان العرب تاليف عبدالسلام محمد هارون الطبعة الاولى ۱۹۷۹م.

اس صورت حال کے پیش نظر ابن منظور نے مذکورہ معاجم کے ذخیرۂ علم کو حسن ترتیب اور مفصل تشریحات کے ساتھ اس طرح پیش کیا کہ ہر معجم کی خوبی اور عمدگی لسان العرب میں سمو دی گئی۔ اس معجم کو الجوہری کی الصحاح کے طریقہ پر الفاظ کے آخری حروف کے لحاظ سے ترتیب دیا گیا ہے۔ الفاظ کی تشریح و توضیح کے ضمن میں ابن منظور نے قرآن مجید کی آیات، احادیث نبوی، آثار صحابہ، خطبات، محاورات اور امثال و اشعار سے استشہاد کیا ہے۔ کم و بیش سترہ سو عرب شعراء کے نام اور چالیس ہزار اشعار "لسان العرب" میں محفوظ ہو گئے ہیں۔ قدیم شعراء کے ایسے اشعار بھی مذکور ہیں جو ان کے دواوین یا دوسرے مصادر میں نہیں ملتے، لہٰذا لسان العرب عربی زبان کی سب سے بڑی لغت ہی نہیں بلکہ قدیم اشعار کا ایک اہم اور نادر مجموعہ بھی ہے۔ الفاظ کی تشریحات و معانی کی مناسبت سے صرف و نحو اور فقہ و ادب کے علاوہ دیگر بہت سی نادر اور مفید معلومات بھی لسان العرب میں ملتی ہیں، جو قدیم مصادر سے ماخوذ ہیں۔ ابن منظور نے معرب الفاظ کے فارسی، سریانی، ترکی، رومی وغیرہ ماخذ کا ذکر بھی کیا ہے۔ (۱)

مذکورہ بالا تفصیلات اور دیگر امور کو پیشِ نظر رکھ کر غور کیا جائے تو لسان العرب کی مندرجہ ذیل خصوصیات سامنے آتی ہیں:

(۱) سہولت ترتیب (۲) وسعت مواد (۳) بڑی تعداد میں شعراء اور اشعار کی شمولیت (۴) اکثر و بیشتر اشعار کی شعراء کی طرف صحیح نسبت (۵) الفاظ کی تشریح و توضیح میں قرآن و حدیث اور ثقہ شعراء عرب کے کلام سے استدلال (۶) آیات قرآنی کی قراءتوں کی توجیہ (۷) نوادر و اخبار کا بکثرت ذکر (۸) صرف و نحو اور فقہ و ادب کی نادر و مفید معلومات کی یکجائی۔

قابلِ گرفت امور

دوسری لغات و معاجم میں سوءِ ترتیب کے باعث مطلوبہ الفاظ کی تلاش میں دشواری کا ذکر کرتے ہوئے ابن منظور نے اپنی معجم میں سہولت کی غرض سے حسن ترتیب کو اپنا نصب العین بنایا تھا، لیکن لسان العرب میں بھی کسی طالب یا محقق کے لئے اپنی مطلوبہ شے کو پالینا آسان کام نہیں ہے۔ اس کی وجہ مواد کی وسعت اور استشہادات کی کثرت ہے جس کے نتیجہ میں مطلوبہ الفاظ اور ان کے مطلوبہ معانی تک رسائی خاصا مشکل اور دقت طلب کام بن گیا ہے۔

اس کے علاوہ لسان میں چند تسامحات ازقسم روایت و انتسابِ اشعار یا اغلاطِ طباعت بھی موجود ہیں۔ لیکن کتاب کی وسعت و ضخامت کے پیش نظر یہ تسامحات چنداں اہمیت نہیں رکھتے۔ لسان العرب پہلی مرتبہ بولاق میں ۲۰ جلدوں میں ۱۳۰۰ء سے ۱۳۰۷ھ تک شائع ہوئی۔ دوسری مرتبہ بیروت میں ۱۹۵۵ء سے ۱۹۵۶ء تک ۱۵ جلدوں میں شائع ہوئی۔ دوسری اشاعت میں پہلی اشاعت کی کچھ غلطیاں درست کر دی گئیں، لیکن کچھ مزید

(۱) اردو دائرۂ معارف اسلامیہ۔

غلطیاں شامل ہوگئیں۔

اس معجم پر دوسری کتابیں اس کی تالیف کے بعد والے قریبی دور میں نہیں لکھی گئیں۔ ہو سکتا ہے کہ اس کی طوالت کی وجہ سے کسی نے یہ زحمت نہ کی ہو۔ بہر حال موجودہ دور میں کچھ محققین نے اس پر کام کیا ہے۔ احمد تیمور پاشا نے تصحیح لسان العرب کے نام سے کتاب لکھی اس کا ایک جز جو ۵۹ صفحات پر مشتمل ہے ۱۳۳۴ھ میں شائع ہوا اور دوسرا جو ۴۸ صفحات پر مشتمل ہے ۱۳۴۳ھ میں شائع ہوا۔ دوسری خاصی ضخیم کتاب بنام تحقیقات و تنبیہات فی معجم لسان العرب دورِ حاضر کے ایک مشہور محقق عبدالسلام محمد ہارون کی ہے جو بڑے سائز کے ۵۳۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ یہ کتاب ۱۳۹۰ھ میں مکمل ہوئی اور ۱۳۹۹ھ میں پہلا ایڈیشن شائع ہوا۔[1]

❖ ❖ ❖

(۱) تحقیقات وتنبیہات فی معجم لسان العرب – المعاجم اللغویۃ.

القاموس المحیط

اس کے مؤلف مجد الدین ابو طاہر محمد بن یعقوب بن ابراہیم الفیروز آبادی ہیں۔ ربیع الثانی یا جمادی الآخر ۷۲۹ھ / فروری یا اپریل ۱۳۲۹ء میں شیراز کے قریب کارزین میں پیدا ہوئے۔ بچپن یہیں گذرا۔ مبدأ فیض نے غضب کا حافظہ عطا کیا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ سات سال کی عمر میں انھوں نے قرآن کریم حفظ کر لیا تھا۔

عمر کے آٹھویں سال میں باضابطہ دینی تعلیم کی شروعات کی اور پھر تحصیل علم کے لئے واسط اور بغداد گئے۔ نیز مصر، شام، بیت المقدس، فلسطین، ہندستان اور ترکی وغیرہ کا بھی سفر کیا۔ اس کے علاوہ کئی بار مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ اور طائف جانا ہوا۔ جہاں وہ لمبے لمبے عرصے تک مقیم رہے۔ اور ان تینوں شہروں کے جلیل القدر علماء سے استفادہ بھی کیا اور اسی کے ساتھ وہاں اپنے آثار ونقوش بھی چھوڑے۔ ۷۹۶ھ میں وہ ہندستان سے واپسی میں یمن پہنچے۔ سلطان یمن الاشرف اسماعیل بن العباس نے ان کو اپنے دار الخلافہ زبید میں بلوایا اور اعزاز واکرام سے نوازا، منصب قضاء پر فائز کرنے کے علاوہ اپنی ایک بیٹی سے ان کی شادی بھی کر دی۔ ۸۰۲ھ میں انھوں نے حج کیا اور مکہ ہی میں مقیم ہوگئے۔ اور مقام صفا میں اپنا ایک گھر بنایا۔ القاموس المحیط میں مادہ (ص ف و) کے تحت وہ لکھتے ہیں: "والصفا من مشاعر مكة بلحف ابى قبيس، وابتنيت على متنه دارا فيحاء" اسی مکان میں انھوں نے القاموس کی تکمیل کی۔ پھر زبید لوٹ گئے اور وہیں ۸۱۷ھ میں ان کا انتقال ہوا۔

ابتدا میں انھوں نے اپنے والد شیخ الاسلام سراج الدین یعقوب سے تحصیل علم کی اور بعد میں جن جلیل القدر علماء سے کسب فیض کیا ان میں القوام عبد اللہ بن محمود، الشرف عبد اللہ بن بکتاش، محمد بن یوسف الزرندی، ابن الخباز، ابن القیم، ابن الحموی اور التقی السبکی شامل ہیں۔ ان کے نامور تلامذہ میں الجمال المراکشی اور حافظ ابن حجر وغیرہ خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ (۱)

بڑے بڑے امرا اور رؤساء اور حکام بھی ان کا انتہائی احترام کرتے تھے، ان میں تبریز کے شاہ منصور بن شاہ شجاع، مصر کے الاشرف، روم کے ابو یزید، بغداد کے ابن ادریس شامل ہیں۔ یہی نہیں بلکہ تیمور لنگ بھی جو اپنی جاہ و سطوت اور سخت گیری کے لئے مشہور تھا، ان کے ساتھ اعزاز واکرام کا معاملہ کرتا تھا۔ مشہور ہے کہ اس نے ان کو بوقت ملاقات ایک لاکھ درہم بطور ہدیہ پیش کئے تھے۔ (۲)

اپنے علم وفضل کی بنا پر علماء کی صف میں بھی ان کا نمایاں مقام تھا، اس لئے کہ علوم لغت میں تبحر کے علاوہ

---

(۱) بصائر ذوى التميز في لطائف الكتاب العزيز — ترجمة المؤلف از محقق محمد على النجار — مقدمة الصحاح — المعاجم اللغوية — اردو دائرہ معارف اسلامیہ۔

(۲) مقدمة الصحاح.

علوم اسلامیہ پر بھی ان کو بڑی دست گاہ حاصل تھی۔ تفسیر، حدیث، فقہ اور تراجم وغیرہ علوم پر گہری نظر تھی۔ ان کی متعدد کتابیں اس کا بہترین ثبوت ہیں۔ ذہانت وذکاوت کے علاوہ قوت حافظہ کا بھی ان کے تبحر علمی میں بڑا دخل تھا۔ اپنے سریع الحفظ ہونے کا وہ خود اس طرح ذکر کرتے ہیں کہ وہ دو سو سطریں زبانی یاد کرنے سے پہلے نہیں سوتے تھے۔[۱]

ان کی کتابوں کی فہرست بہت طویل ہے۔ یہ سب تفسیر، حدیث، فقہ اور تاریخ وتراجم جیسے موضوعات پر ہیں۔ ان میں سے بہت سی ضائع ہو گئی ہیں۔ وہ اپنی کتابوں کے لئے بہت اچھے ناموں کا انتخاب کرتے تھے جن میں سجع کا اہتمام والتزام ہوتا تھا۔

ان کی تمام کتابوں میں سب سے زیادہ مشہور اور مقبول عام کتاب **القاموس المحیط** ہے جو عربی کی مشہور ترین لغات میں سے ہے۔ اس میں انھوں نے ابن سیدہ کی **المحکم** اور **الصغاني** کی **العباب** کا خلاصہ بھی جمع کیا ہے اور جو ضروری مواد الجوہری کی **الصحاح** میں چھوٹ گیا تھا یا چھوڑ دیا گیا تھا اس کا اضافہ کرکے اس کے نقص کا تدارک بھی کیا ہے۔ ایسے الفاظ کو خصوصیت کے ساتھ سرخ روشنائی سے لکھ کر اپنے علم وفضل اور زبان پر قدرت کا مظاہرہ کرنے کے ساتھ انھوں نے الجوہری کے لئے کسی قدر تنقیص کا انداز بھی اختیار کیا ہے جس کا ایک ثبوت یہ بھی ہے کہ جابجا وہ لکھتے ہیں کہ یہاں پر الجوہری کو وہم ہو گیا ہے، یعنی سمجھنے میں غلطی ہو گئی ہے۔ لیکن احمد عبد الغفور عطار کے بقول، انھوں نے الجوہری کے سلسلہ میں تعصب سے کام لیا ہے۔ بہت سی جگہوں پر جہاں وہ الجوہری کے وہم کا ذکر کرتے ہیں، خود وہم کا شکار ہو گئے ہیں۔ اس تنقیص وعیب جوئی کے باوجود اپنی معجم کی ترتیب میں انھوں نے الجوہری کا ہی اتباع کیا ہے۔[۲]

القاموس المحیط کے مقدمہ پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مؤلف کو یہ احساس ہوا کہ لوگ **التھذیب** اور **المحکم** جیسی طویل ومبسوط معاجم کی طرف رجوع کرنے سے گریز کرنے لگے ہیں اس کی وجہ خواہ سوء ترتیب ہو یا تشریح وتوضیح میں تطویل واطناب، یہ دونوں ہی چیزیں الفاظ ومعانی کی جستجو کرنے والوں کے لئے باعث زحمت ومشقت ہوتی تھیں اور غالباً یہی وجہ تھی کہ "**تاج اللغه وصحاح العربیة**" کی طرف لوگوں کا رجحان ہونے لگا، لیکن اس میں نصف یا اس سے بھی زیادہ زبان کا احاطہ نہیں ہو سکا ہے۔ بہت سے مواد لغت کا سرے سے ذکر ہی نہیں ہے اور بہت سے غریب ونادر معانی بھی مذکور نہیں ہیں۔ اسی احساس کے تحت اپنی اس معجم کی تالیف میں ان کا نصب العین یہ رہا کہ نہایت اختصار کے ساتھ مواد لغت کو جمع کیا جائے۔

جیسا کہ اوپر کہا جا چکا ہے کہ الجوہری پر تنقید وتنقیص کے باوجود علامہ فیروز آبادی نے اپنی قاموس کی ترتیب میں انہی کے اسلوب کو اختیار کیا ہے، یعنی کلمات کے آخری حروف کو ابواب اور شروع کے حروف کو فصول قرار

(۱) المعاجم اللغوية.

(۲) مقدمة الصحاح. ص:۱۶۶

دیا ہے جس کے مطابق مثلاً وھب کو اگر تلاش کرنا ہو تو وہ باب الباء اور فصل الواو میں ملے گا۔

القاموس المحیط میں جن امور کا التزام کیا گیا ہے ان میں سے کچھ درج ذیل ہیں:

فعل معتل واوی کو معتل یائی سے الگ کر کے بیان کیا گیا ہے مثلاً اتو (سیدھا چلنے کے معنی میں) اور اتی (آنے کے معنی میں) کو دو الگ الگ مادوں میں دیکھا جائے گا جن میں سے ایک واوی ہے اور دوسرا یائی۔

معتل العین اسم فاعل کی جو جمع فَعَلَة (بفتح الفاء والعین) کے وزن پر ہو جیسے جَوَلَة اور خَوَلَة اس کا ذکر نہیں کیا گیا ہے، کیونکہ اختصار مقصود ہے اور یہ ایک معروف سی چیز ہے۔

اسم مذکر لکھنے کے بعد اس کے مؤنث کی وضاحت کے لئے عام طور پر "وھی بِھَاءٍ" کہنے پر اکتفا کیا گیا، لیکن کبھی کبھی صیغۂ مؤنث کا ذکر صراحۃً بھی کیا گیا ہے جیسے ثعلب کی مؤنث ثعلبة۔

مصدر کا ذکر جب مطلقاً ہو یا فعل کا ذکر ہو لیکن اس کا مضارع مذکور نہ ہو تو یہ فعل باب نصر سے ہوگا۔ اور اگر اس کے مضارع کا ذکر ہو اور عین کلمہ کی حرکت کی وضاحت نہ ہو تو یہ فعل باب ضرب سے ہوگا وغیرہ...

اسماء میں ضبط اعراب کے لئے حرکات سے ان کی تجرید اس صورت میں کی گئی ہے جبکہ وہ مفتوح الفاء اور ساکن العین ہوں۔ مُحَرَّكَة اس وقت کہا گیا ہے جب اسم کا عین کلمہ مفتوح ہو اور اس کا مفتوح العین ہونا مشہور ہو۔

عمومی طور پر ضبط حرکات میں دو طریقے اختیار کئے گئے ہیں یا تو جس لفظ کا ضبط حرکات مقصود ہوتا ہے اس کا ہم وزن کلمہ لکھدیا جاتا ہے، جس سے بلا احتمال خطا، تحدید حرکات ہو جاتی ہے اور اسی پر زیادہ تر عمل ہے، اس کے علاوہ حرکات کی وضاحت و صراحت کے ذریعہ بھی یہ کام لیا گیا ہے۔

بعض امور کی طرف اشارہ کے لئے کچھ رموز کا استعمال کیا گیا ہے مثلاً معروف کے لئے (م) موضع کے لئے (ع) جمع کے لئے (ج) قریہ کے لئے (ة) بلد کے لئے (د) جمع الجمع کے لئے (جج) اور بخاری کے لئے (خ)[1]

مذکورہ التزامات کے علاوہ القاموس کی خصوصیات کے ضمن میں مندرجہ ذیل امور بھی قابل لحاظ ہیں:

مواد کی ترتیب میں دقت نظر سے کام لیا گیا ہے۔ ہر مادہ کی تسلسل کے ساتھ تشریح کی گئی ہے جس سے تکرار اور پراگندہ خیالی کا ازالہ ہو گیا ہے۔ اس ترتیب کی ایک قابل ذکر چیز یہ بھی ہے کہ اَعلام کا ذکر عام طور پر تشریح معانی کے بعد آخر میں کیا گیا ہے۔

طالبان علم کی آسانی کے لئے ضرورتِ اختصار کے مد نظر بہت سے شواہد واستطرادات (خارج از بحث مضامین) کو حذف کر کے پوری بالغ نظری کے ساتھ مواد لغت کی تدوین میں استقصا وشمولیت سے بھی صرف نظر نہیں کیا گیا ہے۔ اس میں انھوں نے المحکم اور العباب جیسے مراجع سے مدد لی ہے جن کو اس قاموس کے لئے اساس کا درجہ حاصل ہے۔

---

(۱) القاموس المحیط / ممیزات القاموس وفوائد فی معرفة اصطلاحاته ص ۴۵

أعلامِ صحابہ رضوان اللہ علیہم، محدثین عظام اور علماء کرام کا ذکر بھی مؤلف کے دائرۂ اہتمام میں شامل ہے چنانچہ حسب موقع ان کے شایان شان وہ کچھ نہ کچھ لکھنے کا اہتمام کرتے ہیں۔

مؤلف علاّم نے طبی پہلوؤں کو بھی خاص اہمیت دی ہے چنانچہ نباتات کے ذیل میں وہ ان کے خاص منافع بھی بیان کرتے ہیں۔

مختلف علوم اور بالخصوص علم عروض کی اصطلاحات کو بھی اہمیت دی گئی ہے۔(۱)

علامہ فیروز آبادی کی القاموس المحیط کو بہت سے ناقدین نے ہدف تنقید بنایا ہے۔ ان میں اہمیت کے اعتبار سے احمد فارس الشدیاق سر فہرست ہیں۔ انھوں نے اس موضوع پر باقاعدہ ایک کتاب ”الجاسوس علی القاموس“ کے عنوان سے لکھی ہے۔ نیز اپنی دوسری کتاب ”سر اللیال فی القلب والابدال“ میں بھی اس پر تنقید کی ہے۔ اسی طرح علامہ محمد سعد اللہ نے اپنی کتاب ”القول المأنوس“ میں اس پر نقد کیا ہے۔

اس معجم کی بابت جن چیزوں کو قابل نقد و گرفت بتایا گیا ہے ان میں سے کچھ حسبِ ذیل ہیں:

الفاظ کا ان قبائل بالخصوص قبیلۂ حمیر (بروزن منبر) کی طرف انتساب نہ کرنا جن سے وہ منقول ہیں۔ لفظ کی تعریف مجہول سے کرنا، جیسے رجم کی تشریح قتل سے کرنا، جبکہ تہذیب میں ہے: الرجم: الرمی بالحجارۃ. اور بہت سی ایسی چیزوں کو لغت میں شامل کرنا جن کا لغت سے براہ راست کوئی تعلق نہیں ہے، جیسے اعلام، نباتات اور طبی فوائد کا بیان۔

شدید اختصار کے باعث عبارتوں میں جگہ جگہ غموض و ابہام کا پایا جانا اور نتیجہ کے طور پر فہم مراد میں التباس ہونا، مثلاً: مادہ ”سأر“ میں کہتے ہیں: ”السؤر بالضم: البقیۃ والفَضلۃ، وأسارہ أبقاہ، وسأر کمنع، والفاعل منہما (سآر) کشداد، والقیاس مسئر، ویجوز.“ الجاسوس نے اس پر تعلیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کو یہ کہنا چاہیے تھا کہ: قیاس اسم الفاعل من الرباعي مسئر، ومن الثلاثي سائر.

اشیائے مطلقہ کو غیر ضروری طور پر مقید کر دینا جیسے ان کے قول کے مطابق: أزا الغنم: أشبعہا، جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ فعل غنم کے ساتھ خاص ہے جبکہ وہ غیر غنم کے لئے بھی ہے، اس لئے مناسب تھا کہ اس کو مطلق ہی رکھا جاتا۔

ایسی صرفی غلطیوں کا سرزد ہونا جو ان کے مقام کے ساتھ میل نہیں کھاتیں الجاسوس میں ایسی کچھ غلطیوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔

اوپر گذر چکا ہے کہ ”تاج اللغۃ وصحاح العربیۃ“ کی تالیف کے بعد اہل لغت کے حلقوں میں سرگرمی پیدا ہو گئی تھی، ان کے قلم حرکت میں آ گئے تھے، جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ لغت سے متعلق متعدد انواع کی علمی کاوشیں

(۱) المعاجم اللغویۃ — مقدمۃ القاموس المحیط.

وجود میں آگئیں جو پہلے سے موجود نہ تھیں۔ القاموس المحیط کے منظر عام پر آنے کے بعد پھر اسی طرح کی ایک لہر چلی جو بہت تیز اور تند تھی۔ بہت سے محققین لغت نے اپنی تالیفی سرگرمیوں کا رخ اس معجم کی طرف کر دیا، اور تعلیق و تنقید، تشریح و توضیح، اختصار و تلخیص اور ترجمہ و ترتیب نو کی صورت میں تاج العروس جیسے ضخیم خزینۂ علم و لغت سے لے کر چھوٹی بڑی مختلف حجم و نوع کی درجنوں معاجم و کتب کی تالیف عمل میں آگئی۔ اور عربی زبان و ادب کے مکتبہ میں اس بیش بہا علمی اضافہ نے اہلِ قلم کے لئے بحث و تحقیق اور لغت نویسی کی تحسین و ترقی کے نئے مواقع فراہم کر دیے۔

الاستاذ احمد عبدالغفور عطار نے اس ضمن میں القاموس المحیط سے متعلق لکھی گئیں ۵۴ کتابیں گنائی ہیں۔ اور وضاحت کی ہے کہ یہ اس سلسلے کی کتابوں کی جامع و مکمل فہرست نہیں ہے۔ ان کتابوں سے پتا چلتا ہے کہ "القاموس المحیط" نے میدان لغت میں کس قدر دور رس اثرات چھوڑے ہیں۔ اس کی مقبولیت کا اندازہ اس سے بھی ہوتا ہے کہ یہ نام القاموس (جس کے معنی سمندر یا سمندر کا گہرا حصہ ہیں) معجم کا ہم معنی و مترادف بن گیا۔ یہ لفظ اتنا زبان زد عوام و خواص ہوا کہ لوگوں کو قاموس الصحاح، قاموس لسان العرب، قاموس التھذیب اور قاموس العین بھی کہتے ہوئے سنا جانے لگا۔ اور موجودہ دور میں تو معاجم کے لئے زیادہ تر یہی لفظ استعمال کیا جاتا ہے: القاموس العصری، القاموس الشامل، قاموس المصطلحات، قاموس الجیب، القاموس الجدید اور القاموس الوحید اس کی مثالیں ہیں۔

●●●

تاج العروس

اس معجم تشریحی کے مؤلف محبّ الدین ابوالفیض السید محمد مرتضی الحسینی الواسطی الزبیدی ہیں۔ ۱۱۴۵ھ میں یمن کے ایک شہر زبید میں پیدا ہوئے۔[1] یہ وہی مقام ہے جہاں علامہ فیروز آبادی نے اپنی زندگی کا آخری حصہ گزارا تھا۔ ان کی ابتدائی تعلیم وہیں پر ہوئی انھوں نے اپنے وطن کے شیوخ سے تحصیل علم کیا۔ پھر مزید علم کے حصول کی جستجو میں گہوارۂ علم و معرفت اور مرکز شیوخ و علما، مصر کا قصد کیا اور صفر ۱۱۶۷ھ میں وارد قاہرہ ہوئے۔ وہاں کے چیدہ علماء سے انھوں نے کسبِ فیض کیا۔ عربی زبان وادب سے ان کو بہت زیادہ دلچسپی تھی، یہی ان کے خصوصی مطالعہ و تحقیق کا موضوع رہا۔ زبان سے متعلق مباحثوں میں حصہ لیا۔ انھوں نے وہاں پر درس حدیث بھی دیا۔ ان کے درس نے حدیث کے مطالعہ میں نئی دلچسپی پیدا کر دی۔ ان کی شہرت کا ستارہ عروج پر پہنچ گیا۔ مصر کے دیہات میں بھی ان کی بڑی عزت و توقیر تھی۔ انھوں نے قاہرہ ہی میں شعبان ۱۲۰۵ھ میں بعارضۂ طاعون وفات پائی۔

عبدالستار احمد فراج نے مقدمہ' تاج العروس (کویت ۱۹۶۵ء) میں الزبیدی کی ایک سو آٹھ کتابوں کا تذکرہ کیا ہے ان میں ہر موضوع کی کتب شامل ہیں۔ ان کی بڑی تصانیف میں دو شرحیں ہیں۔ انھوں نے الغزالی کی تصنیف احیاء علوم الدین کی ایک ضخیم شرح لکھی جس کا نام اتحاف السادۃ المتقین ہے۔ اس کتاب میں الفاظ کے معانی کی تشریح کے علاوہ انھوں نے ان احادیث کی تخریج پر خاص توجہ دی ہے جو الغزالی نے نقل کی ہیں۔ یہ کتاب فاس میں ۱۳۰۱ھ تا ۱۳۰۴ھ میں ۱۳ جلدوں میں طبع ہوئی اور ۱۳۱۱ھ میں قاہرہ میں دس جلدوں میں شائع ہوئی۔ ان کی دوسری اور سب سے زیادہ مہتم بالشان علمی کاوش علامہ الفیروز آبادی کی القاموس المحیط پر تاج العروس کے نام سے لکھی گئی شرح ہے جو ۱۱۸۱ھ / ۱۷۶۷ء میں چودہ سال کی محنت کے بعد مکمل ہوئی۔ طالبانِ علم نے جب اس کو دیکھا تو وہ محو حیرت ہوگئے اور ان کے علم و فضل اور بلندی مرتبہ کی دھاک بیٹھ گئی۔ اس معجم کی تالیف میں ان کو کئی زبانیں جاننے سے بڑا فائدہ ہوا۔ اس زمانہ میں چونکہ عام طور پر اور جامع ازہر کے حلقہ میں خاص طور پر زبانیں سیکھنے کا زیادہ رواج نہ تھا اس لئے ان کی اس خصوصیت نے بھی ان کی علمی پوزیشن کو چار چاند لگائے۔

اس شرح کے دیباچہ میں وہ ایک سو سے زیادہ ایسے مآخذ کا حوالہ دیتے ہیں، جنھیں انھوں نے اس میں استعمال کیا ہے لیکن انھوں نے قاموس پر جو اضافے کئے ہیں وہ کافی حد تک ابن منظور کی لسان العرب سے لئے گئے ہیں۔ یہ تصنیف (تاج العروس) پہلے غیر مکمل طور پر قاہرہ میں پانچ جلدوں میں ۱۲۸۶-۱۲۸۷ھ میں شائع ہوئی پھر ۱۳۰۷ھ میں وہیں دس جلدوں میں مکمل صورت میں چھپی [حکومت کویت کی طرف سے تحقیقی طباعت کے سلسلہ

---

(۱) المعاجم اللغویۃ. ص: ۱۴۷-۱۴۷- لیکن اردو دائرہ معارف اسلامیہ میں مذکور ہے کہ وہ شمالی مغربی ہندستان کے ضلع قنوج کے موضع بلگرام میں پیدا ہوئے۔ حصول علم کی جستجو میں طویل سفر کے بعد ۹ر صفر ۱۱۶۷ھ کو وہ قاہرہ میں جاکر آباد ہوئے۔

میں تاج العروس کی ۲۲ جلدیں ۱۹۶۵ء تا ۱۹۸۵ء میں شائع ہو چکی ہیں۔

تاج العروس کے مقدمہ سے یہ بات واضح ہے کہ مؤلف نے القاموس المحیط کی شہرت اور اس کے بڑھتے ہوئے رواج کے پیش نظر ضرورت محسوس کی کہ اس میں اختصار کے باعث جو غموض وابہام پایا جاتا ہے اس کو دور کیا جائے اور مباحث کی تکمیل کے ذریعہ اس کو ایک مکمل وجامع قاموس کی شکل میں پیش کیا جائے۔

تاج العروس ضخیم ترین مطبوعہ عربی معجم ہے جو ایک لاکھ بیس ہزار مادوں پر مشتمل ہے۔ لیکن چونکہ یہ کوئی مستقل بالذات معجم نہیں ہے، بلکہ ایک شرح ہے جس کو تشریحی معجم کہا جاسکتا ہے جس میں القاموس المحیط کو متن کی حیثیت حاصل ہے اس لئے اس معجم تشریحی کی ترتیب بھی متن ہی کی ترتیب کے مطابق ہے۔ انھوں نے اس میں بیش قیمت تشریحی اضافے کئے ان کی کچھ تفصیل اور خصوصیات حسبِ ذیل ہیں۔

خصوصیات:

علامہ فیروز آبادی نے القاموس المحیط میں جن شواہد کو ترک کردیا تھا صاحب تاج العروس نے دوسری لغات ومعاجم سے تلاش وانتخاب کر کے ان کو اپنی اس تشریحی معجم میں شامل کیا۔ اسی طرح صاحب متن نے جن لغویین سے نقل روایت کی ان کے ناموں کو بھی ان کے مآخذ کے حوالہ کے ساتھ بیان کیا۔ جو مادے یا بعض ضروری مشتقات متن میں رہ گئے تھے۔ "و مما يستدرك عليه" یا "والمستدرك" کے تحت ان کا بھی ذکر کیا۔ ایسے ہی جو بعض اہم أعلام واماکن چھوٹ گئے تھے ان پر بھی متنبہ کیا۔

تاج العروس میں مجازی معانی کے ذکر کا بہت زیادہ اہتمام کیا گیا ہے جس سے نہ صرف القاموس المحیط کی ایک کمی کا ازالہ ہوا ہے بلکہ بعض دوسری معاجم کے مقابلہ میں بھی تاج کا یہ ایک امتیازی پہلو ہے۔ اس معجم کی یہ بھی ایک خصوصیت ہے کہ اس میں لهجات عامية بالخصوص مصری لهجة عامية کے الفاظ کی بھی صراحت کی گئی ہے۔

تاج العروس کا مقدمہ انتہائی قیمتی معلومات پر مشتمل ہے۔ اس میں دس مقاصد کے تحت جو مباحث حیطۂ تحریر میں آئے ہیں وہ کسی بھی محقق کے لئے لغت سے متعلق خزینۂ بحث وتحقیق کی کنجی کی حیثیت رکھتے ہیں۔

قابل تنقید امور

القاموس المحیط میں جو تصحیف وتحریف ہے اس سے متعلق کوئی تصحیح وتنبیہ نہیں کی گئی ہے۔ شارح نے أعلام کا جتنی بڑی تعداد میں ذکر کیا ہے وہ معجم کے مفہوم کے ساتھ بے میل ہے۔ متن کی پیروی میں انھوں نے بھی مزید طبی نباتات کو شامل کیا ہے جو غیر ضروری ہی نہیں بلکہ معجم پر ثقل مزید کا اضافہ ہے۔ بہت سے اضافات کے نتیجہ میں لغت میں موجود مواد میں کہیں کہیں ترتیب وتنسیق میں موزونیت باقی نہیں رہی ہے۔[1]

(۱) المعاجم اللغوية – مقدمة الصحاح – اردو دائرہ معارف اسلامیہ – مقدمة تاج العروس.

دبستان حروف تہجی(۱)

اساس البلاغـــة

اس کے مؤلف مشہور ایرانی الاصل عالم تفسیر، فقہ، کلام ولسانیات ابوالقاسم محمود بن عمر بن احمد الزمخشری ہیں۔ وہ ۲۷ رجب ۴۶۷ھ / ۸ مارچ ۱۰۷۵ء میں خوارزم میں پیدا ہوئے۔ انھوں نے طالب علم کی حیثیت سے مختلف مقامات کا سفر کیا۔ اور یوم عرفہ ۹ ذی الحجہ ۵۳۸ھ / ۱۴ جون ۱۱۴۴ء کو خوارزم کے شہر جرجانیہ میں وفات پائی۔

جن علماء کرام سے انھوں نے کسب فیض کیا ان میں ابن وہّاس، شیخ الاسلام ابو منصور نصر الحارثی، ابو سعد الشانی، ابو منصور محمود بن جریر الطبری الاصبہانی اور ابوالحسن علی بن المظفر النیساپوری شامل ہیں۔ انھوں نے مختلف علوم وفنون میں دستگاہ حاصل کی۔ تفسیر ولغت میں ان کو امام کہا جانے لگا، کئی اور علوم میں بھی انھوں نے اپنے معاصرین پر تفوق حاصل کیا۔

الزمخشری کی اہم ترین تصنیف قرآن مجید کی تفسیر الکشاف عن حقائق التنزیل ہے۔ معتزلی نقطۂ نظر

(۱) یہ دبستان، معاجم کے اس طریقۂ ترتیب سے عبارت ہے جس میں الفاظ کو حروف زائدہ سے تجرید کے بعد حروف اصلیہ کے نظام تہجی (اب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش وغیرہ) کے لحاظ سے مرتب کیا جاتا ہے۔ یہ طریقہ معیاری ہونے کے ساتھ سابقہ طریقوں کے مقابلہ میں کافی آسان ہے، اسی وجہ سے ایک عرصہ سے اس کا رواج ہے اور عصر حاضر میں بھی تقریبا تمام معیاری لغات وقوامیس میں اسی طریقہ کو اپنایا گیا ہے۔ لیکن اس طریقہ میں بھی معجم سے استفادہ کے لئے کسی بھی لفظ کے مادہ یا اس کے حروف اصلیہ کا جاننا ضروری ہے جس میں بعض لوگوں کو دشواری ہوتی ہے۔ اس لئے مزید آسانی کی خاطر کچھ اصحاب معاجم نے (جن میں سے کچھ کے انتہائی معیاری ہونے میں کلام نہیں) ایک اور سادہ طریقہ بھی اختیار کیا ہے جس میں کلمات کو خواہ وہ مزید فیہ ہوں یا مشتق، جس شکل میں بھی ہوں اسی کی ترتیب حروف کے مطابق دیکھا جا سکتا ہے۔

اس دبستان کے موجد مؤلف کتاب العین الخلیل کے ہم عصر ابو عمرو اسحق بن مرار الشیبانی (۹۴-۲۰۶) ہیں انھوں نے اپنی معجم کتاب الجیم میں حروف تہجی کے آسان طریقہ ترتیب کو اپنایا تھا۔ لیکن اس کے باوجود الاستاذ احمد عبدالغفور عطار اس دبستان کو ان کی طرف سے منسوب نہیں کرتے۔ اس میدان میں وہ ان کی سبقت کے تو قائل ہیں لیکن چونکہ انھوں نے ترتیب میں محض حرف اول کا لحاظ کیا تھا اس لئے یہ طریقہ ناقص ہی رہا۔ ان کے نزدیک اس دبستان کے امام وسربراہ مشہور لغوی ابوالمعالی محمد بن تمیم البرمکی ہیں۔ انھوں نے کوئی مستقل معجم تو تالیف نہیں کی لیکن الجوہری کی الصحاح کو معمولی اضافوں کے ساتھ از سر نو مرتب کیا اور اس کی ترتیب میں حرف اول کے بعد حرف ثانی اور ثالث ورابع کا بھی لحاظ کیا اور اس طرح اس آسان نہج کو مکمل شکل عطا کی۔ استاذ عطار لکھتے ہیں کہ الزمخشری نے اپنی اساس البلاغة میں اسی نہج کی پیروی کی تو لوگ ان کو اس نہج کا موجد سمجھ بیٹھے اور اس کو ان کی طرف منسوب کر دیا، جبکہ دونوں میں بہت زیادہ فرق ہے۔ البرمکی اپنی تالیف سے ۳۹۷ھ میں فارغ ہو چکے تھے اور علامہ الزمخشری ۴۶۷ھ میں پیدا ہوئے۔ مقدمة الصحاح للاستاذ احمد عبدالغفور عطار ص: ۸۹-۹۰ و ۱۰۷۔

ڈاکٹر ابراہیم نجا المعاجم اللغوية میں مجلة المجمع العلمي کے ایک مقالہ کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ علماء حدیث نے سب سے پہلے اس طریقہ کو اپنایا۔ لیکن ان حضرات نے ابتداً راویوں کے ناموں میں صرف حرف اول کی رعایت کی۔ امام (ابو عبداللہ محمد بن اسمٰعیل بن المغیرہ بن بردزبہ) البخاری (۱۹۴-۲۵۶ھ) نے بھی اسماء رواۃ کی ترتیب میں اسی پر عمل کیا اور ابن قتیبہ نے بھی غریب الحدیث میں اسی نہج کو اپنایا۔

کے حامل ہونے کے باوجود ان کی یہ تفسیر اپنی خصوصیات کی بنا پر خاصی مقبول ہوئی۔ اس کی ایک خصوصیت تو یہ ہے کہ مصنف کی توجہ زیادہ تر عقائد کی فلسفیانہ تفسیر پر ہے، خالص نحوی تشریحات کے علاوہ فصاحت و بلاغت کے اعتبار سے قرآن کے ادبی محاسن کی طرف توجہ دلائی ہے۔ تفسیر کے لغوی پہلو کا انھوں نے خاص طور پر خیال رکھا ہے اور قراءات کی بھرپور تحقیق کی اور اپنی تشریحات کی تائید میں قدیم شاعری کے حوالے کثرت سے دئے ہیں۔ ان سب باتوں کے ساتھ یہ خامی ہے کہ وہ حدیث سے کم استفادہ کرتے ہیں۔

ان کی کچھ اہم کتابیں حسب ذیل ہیں: (۱) الكشاف عن حقائق التنزيل (۲) الفائق فی غریب الحدیث (۳) نکت الاعراب فی غریب اعراب القرآن (٤) کتاب متشابه اسماء الرواة (٥) مختصر الموافقة بين اهل البيت والصحابة (٦) الكلم النوابغ فی المواعظ (۷) اطواق الذهب فی المواعظ (۸) المفصل فی النحو (۹) الامالی فی النحو (۱۰) جواهر اللغة (۱۱) مقدمة الادب فی اللغة (۱۲) حاشية على الفصل (۱۳) شرح کتاب سیبویه (١٤) المفرد والمركب فی العربية (١٥) اعجب العجب فی شرح لامية العرب (١٦) دیوان فی الخطب، ودیوان فی رسائل، ودیوان فی المستشفی (۱۷) شافی العي من كلام الشافعي (۱۸) شقائق النعمان فی حقائق النعمان فی مناقب ابی حنيفة النعمان (۱۹) النموذج فی النحو (۲۰) اساس البلاغة.

ان کے علاوہ اور بہت سی کتابوں کا ذکر کتب تراجم میں موجود ہے۔ مذکورہ فہرستِ کتب میں آخری کتاب ہمارا موضوع بحث ہے۔ یہ معجم اپنے مواد اور تقسیم و ترتیب وغیرہ کے اعتبار سے بے حد ممتاز ہے۔

دوسرے اصحاب معاجم نے عام طور پر جن پہلوؤں پر خصوصی توجہ دی، علامہ الزمخشری نے ان سے ہٹ کر ایک نئے پہلو کو اپنا مرکز توجہ بنایا۔ انھوں نے حقیقی معانی کو مجازی سے ممتاز و جدا کیا ہے۔ یہ وہ پہلو ہے جس پر دوسرے کسی بھی لغوی نے کماحقہ توجہ نہیں دی۔ قرآن کے گہرے مطالعہ کے بعد انھوں نے اپنی تفسیر میں ایجاز

اس طریقہ کو جن اصحاب معاجم نے اپنایا ان میں چند کے اسماء گرامی حسب ذیل ہیں:

احمد بن فارس	(المقاييس والمجمل)
الزمخشری	(اساس البلاغة)
الفیومی	(المصباح المنير)
البستانی	(محيط المحيط)
الشيخ سعيد الشرتونی	(اقرب الموارد)
الاب لويس المعلوف	(المنجد)
مولانا ابو الفضل عبد الحفيظ بلیاوی	(مصباح اللغات)
مجمع اللغة العربية	(المعجم الوسيط)
مولانا وحيد الزمان کیرانوی	(القاموس الجديد والقاموس الوحيد)

وبلاغت کی خصوصیت کو نمایاں کرنے کا جو اہتمام کیا ہے غالبًا اساس البلاغة میں ان کی مذکورہ خصوصی توجہ کا یہی سبب ہے۔

اساس البلاغة کی خصوصیات کے ذیل میں کہا جاسکتا ہے کہ اس میں کلمات کی تشریح میں اختصار کے ساتھ انتہائی باریک بینی سے کام لیا گیا ہے۔ الفاظ کے حقیقی معنی پہلے اور مجازی معنی بعد میں بیان کئے گئے ہیں۔ تشریح کے سلسلہ میں عمدہ اسالیب اور نئی نئی عبارتوں کا انتخاب کیا گیا ہے۔ معجم میں جابجا مجاز کے لئے مختلف تعبیریں استعمال کی گئی ہیں مثلاً جب "ومن المجاز" یا "ومن المستعار" یا "و من الكناية" کی تعبیرات استعمال کی جاتی ہیں تو مقصد مجاز کی قسم بیان کرنا نہیں ہوتا بلکہ صرف یہ بتانا مقصود ہوتا ہے کہ متعلقہ لفظ جس معنی کے لئے وضع ہوا ہے اس کے علاوہ بھی اس کا استعمال ہے، جیسے مؤلف کہتے ہیں: ومن المجاز: بنى على اهله: دخل عليها یہ بنی میں استعارہ تبعیہ ہے، لیکن انھوں نے ومن المجاز کہہ کر عمومیت کے ساتھ ہی تعبیر پر اکتفا کیا۔

الفاظ کی تشریح میں عام طور پر دوسروں کی عبارتوں کا سہارا نہیں لیا گیا ہے بلکہ مؤلف علّام نے زیادہ سے زیادہ اپنی عبارتیں استعمال کرنے کا اہتمام کیا۔ یہ ایک ایسی خصوصیت ہے جس کی بنا پر پوری معجم پر ان کی شخصیت چھائی ہوئی لگتی ہے۔

اس عظیم معجم میں جو امور قابل نقد ہیں ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ مؤلف تمام غیر حقیقی استعمالات پر مجاز ہی کا اطلاق کرتے ہیں، اس کی اصناف جیسے مجاز مرسل، استعارہ اور اس کی قسمیں نیز کنایہ اور اس کی قسمیں بیان کرنے کا اہتمام نہیں کرتے۔ اکثر وہ استعارہ اور کنایہ کا استعمال مجاز کے ہم معنی کے طور پر کرتے ہیں۔ چونکہ بلاغت میں ان کا ایک مسلمہ مقام ہے اس لئے مناسب ہوتا کہ وہ ان باریکیوں کا لحاظ اور وضاحت کا اہتمام کرتے۔ معتل واوی اور معتل یائی میں خلط ملط بھی ہوا ہے جیسے (اب د) سے مشتق ہونے والے بعض صیغوں کا (اب ی) میں مذکور ہونا وغیرہ۔

○○○

مختار الصحاح

یہ لغت معمولی اضافوں کے ساتھ الجوہری کی الصحاح کے اختصار سے عبارت ہے۔ اس کے مؤلف محمد بن ابو بکر بن عبد القادر الرازی ہیں۔ وہ اپنے مقدمہ میں لکھتے ہیں: "میں نے اس مختصر میں صرف ان الفاظ و مواد پر اکتفا کیا ہے جو کثیر الاستعمال اور زبانوں پر جاری وساری ہیں، اور جن کا جاننا ہر عالم فقیہ و محدث وادیب کے لیے ضروری ہے پھر الاہم فالاہم کی بھی رعایت کی گئی ہیں، جن میں اہمیت کے اعتبار سے قرآن وحدیث کے الفاظ کو اولیت حاصل ہے۔ اس کے علاوہ اختصار و تسہیل کی غرض سے اس میں مشکل و غریب الفاظ کی بھرتی سے بھی گریز کیا گیا ہے۔ الازہری کی التہذیب اور دوسری معتبر معاجم سے بہت سے فوائد کا اضافہ کیا گیا ہے اور کچھ فوائد بتوفیق ایزدی خود میرے انشراح صدر کا بھی نتیجہ ہیں"۔

مختار الصحاح پر نظر ڈالنے سے حسب ذیل امور سامنے آتے ہیں:

- شرح الفاظ میں صرف ان کے غموض وابہام کے ازالہ کے لئے اختصار سے کام لیا گیا ہے۔
- ان شواہد سے تجرید کی گئی ہے جن سے دوسری معاجم بھری پڑی ہیں۔ اعلام بھی حذف کئے گئے ہیں۔
- صرف الجوہری کی الصحاح پر اکتفانہ کرتے ہوئے التہذیب وغیرہ سے بھی اضافہ کیا گیا ہے۔ قلت کے بعد آنے والی عبارت اسی طرح کا اضافہ ہے۔
- بعض ایسے مصادر (جن کے افعال مذکور تھے) اور افعال (جن کے مصادر مذکور تھے) کا بھی اضافہ کیا ہے جن کو الجوہری نے ترک کر دیا تھا۔
- ضبط حرکاتِ اسماء کا اہتمام کیا گیا ہے۔ کہیں حرکات کی وضاحت کی گئی ہے اور کہیں ہم وزن کلمہ کے ذکر سے یہ کام لیا گیا ہے تاکہ تصحیف و تحریف سے بچا جا سکے۔
- افعال و اسماء سے متعلق بعض انتہائی قیمتی قواعد و ضوابط بیان کئے گئے ہیں۔

اس معجم پر جن چیزوں کو لے کر تنقید کی گئی ہے ان میں ایک تو یہ ہے کہ اختصار کچھ ضرورت سے زیادہ ہی ہو گیا ہے اور تشریح میں تشنگی کی وجہ سے کسی تحقیق پسند مبتدی کو بھی بسا اوقات دوسری معاجم کی طرف رجوع کرنا پڑتا ہے۔ مؤلف نے کچھ ایسے الفاظ بھی شامل کر لئے ہیں جو تصحیف کے سلسلہ میں نقد کا موضوع بن چکے ہیں اور بعض کو غلط قرار دیا جا چکا ہے۔ ایسے الفاظ کو نقد کے ساتھ ذکر کرنے کی ضرورت تھی۔ شواہد کے حذف کئے جانے کی وجہ سے جو زبان کا مُعَوّل علیہ اور مدار ہیں کتاب کی معجمی حیثیت قدرے بے وزن ہو گئی ہے۔ لیکن بہر حال چونکہ مؤلف کے پیش نظر زیادہ تر مبتدئین کی ضرورت تھی اس لئے وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہیں۔

یہاں پر یہ بات قابل ذکر ہے کہ الصحاح کی یہ تلخیص بھی قافیہ ہی کی ترتیب کے ساتھ تیار کی گئی تھی لیکن چونکہ بعد میں اس کو حروف تہجی کی ترتیب کے مطابق کر لیا گیا ہے اس لئے اس کو اسی دبستان سے وابستہ کیا گیا ہے۔

المصباح المنير

اس کے مؤلف شیخ ابوالعباس احمد بن محمد بن علی الفیومی ثم الحموی متوفی ۷۷۰ھ/۱۳۶۸ء ہیں۔ وہ فیوم میں ہی پلے بڑھے، عربی اور فقہ میں مہارت حاصل کی۔ شاہ مؤید اسماعیل نے جب جامع الدہشتہ بنائی تو ان کو اس کا خطیب مقرر کیا۔ اس منصب پر فائز رہنے کے ساتھ وہ مطالعہ و تالیف کو مستقل طور پر اپنا مشغلہ بنائے رہے۔ انھوں نے بہت سی کتابیں تالیف کیں جیسے **دیوان الخطب**، **شرح عروض ابن الحاجب** اور **نثر الجمان فی تراجم الاعیان** وغیرہ جن میں ان کی زیر تذکرہ معجم **المصباح المنیر** خاص اہمیت کی حامل ہے۔

شیخ فیومی نے اپنی اس معجم میں مطول و مختصر ستر تصنیفات کو مراجع و مآخذ کے طور پر پیشِ نظر رکھا ہے۔ اس مختصر معجم کی خصوصیات میں سے ایک اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس میں حدیث نبوی سے بکثرت استشہاد کیا گیا ہے اور عام لغوی معانی کے ساتھ فقہی معانی کی وضاحت کا اہتمام بھی کیا گیا ہے۔(۱)

مؤلف نے مبتدئین اور طلبۂ علم کی سہولت کے پیشِ نظر نہایت اختصار سے کام لیا ہے۔ الفاظ کی تشریح اختصار سے کرنے کے ساتھ أعلام اور الفاظ سے متعلق واقعات کو حذف کر دیا گیا ہے۔ شواہد کو بھی عام طور پر حذف کیا گیا ہے، لیکن جب ان کا ذکر ہوتا ہے تو ان کا انتساب بھی کیا جاتا ہے۔ کبھی کبھی مؤلف اپنے مآخذ کی وضاحت بھی کرتے ہیں مثلاً مادہ حبر میں: **فقیل کعب الحبر حکاہ الازھری عن الفراء.** ضبط الفاظ پر توجہ دی گئی ہے اور اس کے لئے اسماء میں مشہور ہم وزن کلمات کے ذکر کا طریقہ اپنایا گیا ہے، افعال میں مثال کے ساتھ مصدر کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ نہایت اختصار کے ساتھ صرفی و اشتقاقی پہلوؤں کا بھی اہتمام کیا گیا ہے۔

اس معجم کا سب سے زیادہ قابل تنقید پہلو اس کا حد سے زیادہ اختصار ہے۔ نیز چونکہ اس میں عمدہ شعر، قرآن وسنت کی شاندار نثر اور امثال و حکم کا ذکر نہیں ہے جو زبان کے سرچشمے ہیں اس لئے یہ معجم لغت کے اس اہم پہلو سے محروم سی نظر آتی ہے۔ بہرحال اس کے باوجود یہ ایک بیش قیمت تحقیقی معجم ہے۔ ایک طالب علم و محقق اس کو حاصل کر لینے کے بعد دوسری معاجم سے مستغنی تو نہیں ہو سکتا لیکن پھر بھی کچھ خصوصیات کے پیش نظر اس کا رکھنا انتہائی نفع بخش و مفید ہے۔

❀❀❀

(۱) المصباح المنیر — مقدمة الاستاذ یوسف الشیخ محمد.

دورِ جدید کی قوامیس

ترکی عہد کے خاتمہ کے بعد عربی لغت نویسی پر ایک طرح کے زوال اور جمود کا سا دور گذرا۔ اور یہ شاخسانہ تھا سامراج کی اس حکمت عملی کا جس کا مقصد اپنی زبان کی تعلیم اور ترویج واشاعت کے ذریعہ زیر استعمار اقوام کے لوگوں کو اپنے رنگ میں رنگنا اور عربی زبان سے دوری پیدا کرنا تھا۔ پھر انیسویں صدی کے اواخر اور بیسویں صدی عیسوی کے اوائل میں چند عصری قوامیس و معاجم کی تالیف عمل میں آئی، اس میں یسوعی فرقہ سے تعلق رکھنے والے بعض عیسائی عرب ادیبوں اور ماہرین لغت نے اہم حصہ لیا اور زمانہ کی ضرورتوں اور تقاضوں سے ہم آہنگی کا خیال رکھتے ہوئے المنجد جیسی مقبول عام معاجم مرتب کیں، یہ اور بات ہے کہ ان کی اس سرگرمی کے پیچھے ان کے اپنے کچھ خاص دینی مقاصد بھی کار فرما تھے۔ تاہم اپنے عمومی فائدہ کے اعتبار سے ان کی یہ کاوشیں قابل ستائش ہیں۔ نئے دور کی ان معاجم میں جو خاص طور پر قابل ذکر ہیں وہ حسب ذیل ہیں:

محیط المحیط

اس کے مؤلف بطرس بن بولس بن عبد اللہ البستانی (۱۸۱۹-۱۸۸۳) ہیں۔ ان کی پیدائش لبنان میں ہوئی۔ مدرسہ عین ورقہ میں تعلیم پائی۔ عربی زبان میں توراۃ کے ترجمہ میں حصہ لیا۔ دائرۃ المعارف کے ابتدائی چھ اجزا بھی ان کی علمی یادگاروں میں شامل ہیں۔ ان کو المعلم کے لقب سے جانا جاتا تھا۔

●●●

اقرب الموارد في فصيح العربية والشوارد

اس کے مؤلف شیخ سعید الشرتونی ہیں۔ ۱۸۴۹ء میں پیدا ہوئے اور ۱۹۱۲ء میں وفات پائی۔ وہ لبنان کے ایک جانے مانے ادیب ہی نہیں بلکہ اپنے دور میں عربی زبان کے ائمہ میں ان کا شمار ہوتا تھا۔

●●●

المنجد

اس کے مؤلف (الأب) لویس معلوف الیسوعی (۱۸۶۷-۱۹۴۶ء) ہیں۔ اس معجم کی تالیف ۱۹۰۸ء میں مکمل ہوئی۔ مؤلف موصوف لبنان میں پیدا ہوئے، بیروت اور یوروپ میں تعلیم حاصل کی۔ وہ عربی زبان کے نامور علماء میں سے تھے۔ انھوں نے تیس سال تک "بشیر" نامی پرچہ کی ترتیب وتحریر کے فرائض بھی انجام دیئے۔

●●●

المعجم الوسیط

۱۹۳۲ء میں مصر میں مجمع اللغة العربية کے قیام کے بعد عربی لغت نویسی کے میدان میں ایک نئی بیداری و سرگرمی کا دور شروع ہوا۔ اس عربی لسانی تحقیقاتی اکیڈمی کے فرائض میں عربی زبان کی ایک تاریخی معجم تیار کرنا طے پایا۔ المعجم الوسیط اسی اکیڈمی کے معجمی پروگرام کا ایک حصہ ہے۔ اس عظیم معجم کی تالیف کا کام عربی زبان وادب کے نامور اساطین کی ایک ٹیم نے انجام دیا جن کے اسماء گرامی حسب ذیل ہیں:

الاستاذ ابراهيم مصطفى -الاستاذ احمد حسن الزيات -الاستاذ حامد عبدالقادر -الاستاذ محمد على النجار.

المعجم الوسیط کے دوسرے ایڈیشن (جس کی اشاعت ۱۹۷۲ء میں ہوئی) کی مراجعت کا کام حسب ذیل ماہرین لغت نے انجام دیا:

الدكتور ابراهيم انيس-الدكتورعبدالحليم منتصر- الاستاذ عطيه الصوالمى- الاستاذ محمد خلف الله احمد.

یہ سب ہی معاجم تیسرے دبستان سے تعلق رکھتی ہیں۔ یعنی ان سب ہی میں الفاظ کے حروف اصلیہ میں سے حرف اول کو باب بنایا گیا ہے اور حروف تہجی کی ترتیب ملحوظ رکھی گئی ہے۔ اس ترتیب میں حرف اول کے بعد آنے والے حروف کا بھی لحاظ رکھا گیا ہے۔ ان سب معاجم میں مبتدئین کی آسانی کا زیادہ سے زیادہ لحاظ کیا گیا ہے۔ ان سب کی کچھ اپنی اپنی خصوصیات بھی ہیں جن کا ذکر بوجوہ ضروری نہیں لگتا بالخصوص اس لئے بھی کہ مؤخر الذکر دو معجم اور ان میں بھی آخر الذکر یعنی المعجم الوسیط کو القاموس الوحید کے لئے اساس کا درجہ حاصل ہے اس لئے اس قاموس پر کلام کے ضمن میں ان کی بعض خصوصیات پر بھی روشنی پڑے گی۔

❀ ❀ ❀

القـامـوس الـوحيــــد

مؤلف کی شخصیت

یہ قاموس جس کی تمہید کے لیے احقر نے بیشتر امہات المعاجم اور مشہور قوامیس کے تعارف پر مشتمل یہ مبسوط مقدمہ تحریر کیا ہے، برادرِ گرامی قدر مولانا وحید الزماں کیرانویؒ (۱۹۳۰-۱۹۹۵ء) استاذ حدیث، لغت وادب عربی اور معاون مہتمم دار العلوم دیوبند کا علمی شاہکار ہے۔ مؤلف مرحوم اپنی متعدد قوامیس کے حوالہ سے مشہور و معروف ہیں۔ دار العلوم دیوبند اور اس کے نہج پر چلنے والے بیشتر مدارس میں عربی زبان کے تعلق سے جو بیداری و سرگرمی پائی جاتی ہے اس کے محرک و علمبردار کی حیثیت سے بھی ان کی اپنی ایک پہچان اور شہرت ہے، ان سب کے باوجود ان حضرات کے لیے جن کو برادر مرحوم سے استفادہ کرنے یا ان سے متعلق کچھ زیادہ جاننے کا موقع نہیں ملا ہے نیز آنے والی نسلوں کے لیے، اس مقدمہ میں ان کی زندگی کے حالات اور خدمات پر مختصراً کچھ لکھنا ضروری ہے۔ ان کی زندگی پر ایک اجمالی نظر ڈالنے سے قبل ہم یہاں پر سب سے پہلے مولانا مرحوم کے اس سوانحی خاکہ کا عربی متن نقل کر رہے ہیں جو مشاہیر عالم کے تعارف پر مشتمل مشہور و معروف کتاب "الأعلام للزركلي" کے تتمہ میں شائع ہوا ہے:

وحيدالزمان القاسمي الكيرانوي (١٣٤٩-١٤١٥هـ ١٩٣٠- ١٩٩٥)

العالم العلامة وحيد الزمان، ابن مسيح الزمان، ابن محمد إسماعيل، ابن محمد حسين.

ولد في بلدة كيرانه بمديرية مظفر نغر بولاية أترابراديش في الهند. سافر إلى حيدرآباد لتلقي العلم، وتعلّم العربية على الشيخ مأمون الدمشقي، والتحق عام ١٩٤٨م بالجامعة الإسلامية دارالعلوم – ديوبند. وكان رئيس اتحاد الطلاب بالجامعة أيام التعليم. عمل سكرتيراً للشيخ حبيب الرحمن اللدهيانوي أحد كبار العلماء في الهند، ومن أبرز مكافحي الاستعمار البريطاني، وكان يعرف برئيس الأحرار.

أسس في ديوبند مؤسسة ثقافية باسم دارالفكر، وأصدر منها مجلة شهرية باسم "القاسم". عُين أستاذاً للأدب العربي ومادتي التفسير والحديث بالجامعة الإسلامية. أسس عام ١٣٨٤هـ "النادي الأدبي العربي" لتمرين الطلاب على الخطابة والكتابة بالعربية، أشرف على "مركز الدعوة الإسلامية"، وكلفته الجامعة بإدارة كثير من اللجان. عُين مديراً للمجلس التعليمي عام ١٤٠٣هـ، وبعد سنتين عينته الجامعة رئيساً مساعداً لها. وفي عام ١٤٠٨هـ عين رئيساً لجمعية علماء الهند الملية. وكان عضواً في المجلس الإداري والاستشاري في

كثير من المدارس والجامعات، ومشرفاً على النوادي الأدبية والثقافية في كثير منها. ويذكر أن الاهتمام الكبير بتعليم اللغة العربية في جامعة ديوبند الإسلامية وفي كافة المدارس الاهلية التابعة لها في مقرراتها الدراسية يعود إلى مساعيه المكثفة من أجل ذلك طوال حياته.

وبالإضافة إلى إصداره مجلة "القاسم" فقد أصدر عن الجامعة عام ١٣٨٥هـ مجلة "دعوة الحق" بالعربية، وهي مجلة فصلية. ولما احتجبت رأس تحرير مجلة "الداعي"، كما رأس تحرير جريدة "الكفاح" العربية نحو ١٥ عاماً. وفي عام ١٤٠٥هـ قام بتأسيس جريدة أردية نصف شهرية باسم "مرآة دارالعلوم" التي هي لسان حال الجامعة. وفي عام ١٤٠٨هـ أسس مؤسسة ثقافية باسم "دارالمؤلفين" أصدر منها كثيراً من المؤلفات.

انقطع أعواماً عديدة إلى تأليف قاموس عربي - أردي وبالعكس بعنوان "القاموس الجديد"، ويعتبر هذا القاموس أول تصنيف من نوعه في القارة الهندية. ترجم كتاب "تقسيم الهند والمسلمون في الجمهورية الهندية" وهو من تأليف عضو البرلمان الهندي محمد أحمد كاظمي. ألف كتاب "القراء ة الواضحة" في ثلاثة أجزاء، وهو مقرر في المنهاج الدراسي في الجامعات العصرية والحكومية أيضاً.

ألف كتاب "جواهر المعارف" الذي اشتمل على بحوث قيمة وموضوعات تحقيقية مستقاة من تفسير "معارف القرآن" للعلامة المفتي محمد شفيع (ت ١٣٩٦هـ)... وقبل وفاته بسنتين اشتغل بتأليف قاموس ضخم باسم "القاموس المحيط" من العربية إلى الأردية، يقع في ١٨٠٠ ص ولم يطبع بعد.(وهو هذا القاموس الذى بين يديك باسم "القاموس الوحيد")

وفي السنة التي توفي فيها ألف مجموعة من الأحاديث في الأخلاق والآداب.له تلاميذ كثيرون منتشرون في شبه القارة الهندية وفي خارجها من البلاد العربية والإسلامية والأوروبية والإفريقية. وقد زار البلاد العربية كلها وغيرها من الدول، وحضر مؤتمرات عديدة.. وكانت وفاته يوم السبت ١٤ ذى القعدة.

تتمّة الأعلام للزركلي وفيات ١٣٩٧-١٤١٥هـ ١٩٧٧- ١٩٩٥م
محمد خسير رمضان يوسف- المجلد الثاني (ف- ي) (ص ٣٥٤) دار ابن حزم (لبنان)

برادرِ مرحوم مولانا وحیدالزماں کیرانویؒ ضلع مظفر نگر یوپی کے معروف و مشہور قصبے "کیرانہ" میں پیدا ہوئے۔ گھر کا ماحول کئی پشتوں سے علمی و دینی رہا ہے۔ والد مرحوم حضرت مولانا مسیح الزماں دارالعلوم دیوبند کے فاضل تھے۔ آپ کے اساتذہ میں حضرت علامہ انور شاہ کشمیریؒ، حضرت علامہ شبیر احمد عثمانیؒ، شیخ الادب حضرت مولانا اعزاز علی امروہویؒ اور حضرت علامہ ابراہیم بلیاویؒ خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ شیخ الاسلام حضرت مولانا سید

حسین احمد مدنیؒ سے بھی گہرا تعلق خاطر تھا۔

حضرت والد صاحبؒ جامع مسجد، اس کے تحت چلنے والے مکتب و عربی مدرسہ اور بعض دوسری مساجد کے متولی و مہتمم تھے۔ قصبہ میں ان کی بہت نمایاں پوزیشن تھی۔ وہ بارعب و پُر جلال شخصیت کے مالک اور اسلامی اقدار و علمی روایات کے محافظ و امین تھے۔ فقہ سے خاص دلچسپی تھی۔ فقہی کتب ہی زیادہ تر زیرِ مطالعہ رہتی تھیں، دینی امور میں تصلب جو ان کے مزاج کا ایک حصہ بن گیا تھا غالباً اسی کا نتیجہ تھا۔ قومی و ملی سیاست سے بھی گہری وابستگی تھی۔ اس وقت ہندوستان ایسے نازک دور سے گزر رہا تھا کہ مغربی استعمار کے خلاف جدوجہد سے، اور آزادی کے بعد بڑے پیمانہ پر نقل وطن کے عمل کے دوران خوف وہراس میں مبتلا مسلمانوں کو ثابت قدمی کی تلقین اور ان کے اندر حوصلہ پیدا کرنے کی کوششوں سے ایسا کوئی بھی صاحب عزیمت عالم دین جو قومی و ملی مسائل سے دلچسپی رکھتا ہو خود کو دور رکھ بھی نہیں سکتا تھا چنانچہ اُس وقت کے مسلم علماء وزعماء اور عمائدین بہ کثرت ہمارے گھر آتے اور والد صاحب ملّی و سیاسی سرگرمیوں میں نہ صرف پورے طور پر شریک رہتے بلکہ قائدانہ رول ادا کرتے۔ آزادی کی اس جدوجہد کے دوران جیل میں بھی رہنا ہوا۔ والد صاحب مرحوم انتہائی اصول پسند اور منظم زندگی گزارنے کے عادی تھے۔ دریادلی، ایفائے عہد، صداقت وامانت، صفائی معاملات اور اوقات کی پابندی میں مشہور تھے۔ نماز باجماعت کا اس قدر اہتمام تھا کہ سفر کے دوران بھی جماعت سے نماز کی ادائیگی ان کی اولین ترجیحات میں ہوتی تھی اور جب اس سلسلہ میں دشواریاں محسوس ہوئیں تو تقریباً سفر کرنا ہی بند کر دیا۔

ان حالات اور ماحول میں برادر مرحوم نے آنکھیں کھولیں وہ بھائیوں میں سب سے بڑے تھے اس لیے قدرتی طور پر تعلیم و تربیت کے تعلق سے والد صاحب کی تمام تر توجہ انہی پر مرکوز رہی، جس کے نتیجے میں نہ صرف ان کی فطری صلاحیتوں کو جلا حاصل ہوا بلکہ والد مرحوم کی بہت سی مزاجی خصوصیات بھی ان کی طبیعت کا حصہ بن گئیں۔ انھوں نے حفظ قرآن اور ابتدائی دینی تعلیم کیرانہ میں ہی رہ کر مکمل کی۔ پھر اپنے ایک ولی صفت ماموں جناب حافظ واحد علیؒ صاحب (جو انگریزی زبان میں بڑی مہارت رکھتے تھے) کے ہمراہ خود ان کی تحریک پر حیدر آباد جانا ہوا جہاں اپنے حقیقی ماموں جناب حافظ محمد عیسیٰؒ صاحب کے یہاں قیام رہا جو انتہائی پابند شرع اور متقی و پرہیزگار بزرگ تھے۔ ایک عرب فاضل علامہ مامون دمشقی وہاں قیام پذیر تھے۔ چند ماہ ان کی صحبت میں اٹھنے بیٹھنے سے عربی زبان کا شوق ان کے اندر پیدا ہو گیا، مگر علامہ موصوف کا عثمانیہ یونیورسٹی میں بحیثیت پروفیسر تقرر ہو جانے کی وجہ سے اس شوق کی آبیاری اور تکمیل نہ ہو سکی۔ دوسری طرف اُسی دوران ہندوپاک کی تقسیم عمل میں آ گئی۔ پورے ملک اور خاص طور سے حیدر آباد کے حالات حد درجہ سنگین اور پر آشوب ہو گئے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ وہ حیدر آباد چھوڑ کر گھر واپس آ گئے اور کچھ عرصہ بعد دارالعلوم دیوبند میں باقاعدہ طور پر داخلہ لے لیا۔

دارالعلوم دیوبند میں تعلیم کے دوران وہ ممتاز حیثیت کے حامل رہے۔ ذیل میں ان کے ایک ممتاز معاصر

اور رفیق درس مولانا قاضی مجاہد الاسلام قاسمی (صدر آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ) کے ایک مضمون (شائع شدہ ماہنامہ ترجمان دارالعلوم مولانا وحید الزماں کیرانوی نمبر ص ۵۱) سے ایک اقتباس پیش ہے جو مرحوم کی مذکورہ ممتاز حیثیت کا آئینہ دار ہے، قاضی صاحب لکھتے ہیں:

”ظہر کے بعد ہدایہ کا درس مولانا سید اختر حسین صاحب کے پاس ہوتا، وہاں ایک طالب علم پر نظر پڑی، چھریرا بدن رنگ صاف، آنکھوں میں ذہانت اور ظرافت رقصاں لیکن درس میں بالکل خاموش، چند دنوں کے بعد تقسیم انعام کا جلسہ ہوا حضرت شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنی تشریف فرماتھے۔ نتائج کا اعلان فرماتے اور طلبہ کو انعام تقسیم کیے جاتے۔ اس دور کا قاعدہ تھا کہ جو طالب علم کم از کم ۵ پرچوں میں پورے ۵۰ نمبر لاتا اور کسی پرچے میں ۴۰ سے کم نمبر نہیں ہوتے اُسے خصوصی انعام دیا جاتا۔ ۱۳۶۹-۷۰ ۱۳ھ کے نتائج امتحان سناتے ہوئے حضرت مدنیؒ نے نام پکارا وحید الزماں کیرانوی اور جب نمبرات کا اعلان فرمایا تو سارے مجمع نے واہ واہ اور شاباش شاباش کہا۔ انتہائی ممتاز طالب علم کی حیثیت سے وحید الزماں کیرانوی نامی اس طالب علم کو میں نے پہلی بار پہچانا اور سچی بات یہ ہے کہ پہلی اور آخری بار جس طالب علم پر مجھے رشک آیا وہ یہی وحید الزماں کیرانوی تھے۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ مہینوں یہی دعا کرتا رہا کہ اے اللہ مجھے بھی ایسی ہی کامیابی عطا فرما۔ پس یہ کہا جاسکتا ہے کہ مجھے مولانا مرحوم کے ممتاز نتائج نے محنت اور یکسوئی کے ساتھ درس و مطالعہ کی راہ پر ڈالنے میں اہم رول ادا کیا“۔

اِس اقتباس سے دارالعلوم دیوبند میں تحصیل علم کے دوران درسی کتابوں کے تعلق سے ان کی محنت اور امتحانات میں نمایاں کامیابی کا علم ہوتا ہے۔ درسی کتابوں میں محنت کے ساتھ ساتھ عربی زبان کا اشتغال اور اس کا مشق و مطالعہ بھی برابر جاری رہا، اِس سلسلے میں اُن کی سرگرمیوں کا اندازہ اُس انٹرویو سے ہوتا ہے، جو اُنھوں نے جولائی ۱۹۶۷ء میں مولانا وحید الدین خاں صدر اِسلامی مرکز، نئی دہلی کو دیا تھا، اور الجمعیۃ ویکلی دہلی ۷ر جون ۱۹۶۸ء میں شائع ہوا تھا۔ ماہنامہ ترجمان دارالعلوم کے مولانا وحید الزماں کیرانوی نمبر میں یہ انٹرویو شامل ہے۔ اس کا ایک اقتباس درجِ ذیل ہے:

”مولانا وحید الدین خاں۔ پھر آپ یہاں (دارالعلوم دیوبند) کیسے پہنچے؟

مولانا وحید الزماں کیرانوی۔ اصل میں دارالعلوم کی طالب علمی ہی کے زمانے میں یہاں کام کا آغاز کر دیا تھا، میں جب یہاں آیا تو پہلے ہی سال میں نے دارالعلوم کے ایک جلسہ میں عربی میں تقریر کی۔ یہ یہاں کے ماحول کے لیے بالکل نئی اور انوکھی چیز تھی۔ اس کے بعد میں نے ایک قلمی رسالہ عربی میں نکالا، اور طلبہ کو ابھارا کہ وہ عربی لکھنے بولنے کی مشق کریں۔ چنانچہ متعدد طلبہ نے اس طرف توجہ کی، حتی کہ میں نے خود سے ایک درجہ قائم کر کے لڑکوں کو عربی پڑھانا شروع کر دیا۔ اس طرح دوران طالب علمی جن طلبہ کو میں نے پڑھلیا ان کی تعداد تقریباً اسی تک پہونچتی ہے“۔

"مولانا وحید الدین خاں- پھر تو گویا دوران طالب علمی ہی میں آپ یہاں اپنی جگہ بنا چکے تھے؟

مولانا وحید الزماں کیرانوی- اصل میں مجھے شروع سے عربیت کا بے حد شوق ہے چنانچہ طالب علمی ہی کے زمانے میں دار العلوم کی عربی خط و کتابت کا کام مجھ سے متعلق ہو گیا تھا، عربی وفود کی آمد کے موقع پر ترجمان کے فرائض میں ہی انجام دیتا تھا، حتیٰ کہ اس زمانے میں میری عربی خدمات کے لیے دار العلوم کی طرف سے مجھے ایک مخصوص وظیفہ بھی دیا جاتا تھا، اس طرح گویا زمین پہلے سے تیار تھی۔ چنانچہ بعد کو جب میں یہاں آیا تو سابقہ اعتماد کی بنا پر ادب عربی کا شعبہ دار العلوم نے کلی طور پر میرے حوالے کر دیا"۔

یوں تو مولانا مرحوم کی زندگی گوناگوں خصوصیات و کمالات کی حامل تھی جن پر تفصیلی گفتگو کا یہاں موقع نہیں تاہم ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ان کی زندگی کے چند نمایاں پہلوؤں پر روشنی ڈالی جائے جن میں ان کی شخصیت کا امتیاز واضح طور پر ابھر کر سامنے آتا ہے۔

دار العلوم دیوبند کی طویل تدریسی زندگی کے آغاز سے ہی مولانا مرحوم کو تعلیم و تربیت میں خصوصی امتیاز حاصل رہا۔ انھوں نے تدریس کے لیے جو طرز اپنایا اس میں ایک انفرادیت اور انوکھا پن تھا۔ مدارس کے عام طرز کے بر خلاف انھوں نے سہل، سادہ اور مفید تر طرز تدریس کی بنا ڈالی۔ عربی الفاظ کی طول طویل لغوی تحقیق اور غیر ضروری طوالت سے وہ مکمل اجتناب کرتے، اس لیے ان کا درس طلبہ کے ذہن نشیں ہو جاتا۔ ان کا قول تھا، جیسا کہ ان کے ایک شاگرد لکھتے ہیں:

"ایسا نہیں ہونا چاہیے کہ استاذ رات بھر مطالعہ کے نام سے جو پڑھے مسند تدریس پر بیٹھ کر اسے اگل دے بلکہ سبق کے وسیع تر مطالعہ اور مکمل تشفی حاصل کرنے کے بعد طلبہ کی عقل و فہم کا لحاظ کرنے کے ساتھ ساتھ غیر ضروری باتوں کو نظر انداز کرتے ہوئے درس دے"۔ (۱)

چونکہ برادرِ مرحوم کا دار العلوم میں تقرر راقم الحروف کی فراغت کے بعد عمل میں آیا تھا۔ اس لیے اس نے خود تو براہ راست ان کے اندازِ تدریس کا مشاہدہ نہیں کیا، لیکن وہ لوگ جنھیں دار العلوم میں تعلیم کے دوران مولانا مرحوم سے استفادہ کا موقع ملا، اور فی زمانہ جن کا شمار ممتاز اہل علم و قلم میں ہوتا ہے، وہ کہتے ہیں کہ مولانا مرحوم کا انداز تدریس عام انداز تدریس سے بالکل جداگانہ اور انفرادیت کا حامل تھا۔ وہ زیر بحث مسائل کی تشریح و توضیح کے لیے

(۱) درس کی تیاری میں مطالعے کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ لیکن کامیاب اور نتیجہ خیز تدریس کے لیے ضروری ہے کہ طلبہ کے فہم و ادراک اور صلاحیت و استیعاب کے بقدر حاصل مطالعہ کو مرتب اور مختصر طور پر بیان کیا جائے، اس کے لیے تشریح و توضیح کے دوران بیان کی جانے والی معلومات و تفصیلات کی ایک ذہنی ترتیب قائم کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ حضرت علامہ ابراہیم بلیاوی، جن کے انداز تدریس میں ایک منفرد شانِ امتیاز تھی، اس کا خاص اہتمام فرماتے تھے۔ علامہ مرحوم سے والد صاحبؒ اور بھائی صاحبؒ کے علاوہ احقر کو بھی شرف تلمذ حاصل تھا۔ ایک مرتبہ والد صاحبؒ ان سے ملنے گئے (یہ اس وقت کی بات ہے جب احقر بھی تعلیم سے فارغ ہو چکا تھا) تو دیکھا کہ کسی گہری سوچ میں مستغرق ہیں۔ دریافت کرنے پر فرمایا:... "مطالعہ کر رہا ہوں، درس کی تیاری کر رہا ہوں، معلومات کا استحضار اور ان کی ذہنی ترتیب ہی اب ہمارا مطالعہ ہے"۔ (عمید الزماں)

انتہائی جچے تلے الفاظ کا استعمال کرتے تھے۔ زبان سادہ و صاف، مرتب اور شستہ ہوتی اور پیرایہ بیان ہر طرح کی تعقید اور ژولیدگی سے پاک ہوتا تھا۔ جو کتاب بھی پڑھاتے اس کی صحیح عبارت خوانی پر انتہائی زور دیتے، تلفظ کی صحت، لہجے کی درستگی اور قواعد صرف و نحو کی مکمل تطبیق کا اہتمام کراتے۔ طلبہ کی خفتہ صلاحیتوں کو بیدار کرنے کے لیے مختلف تدبیریں اختیار کرتے۔ کمزور صلاحیت کے طلبہ کی اس طرح حوصلہ افزائی کرتے کہ ان کے دل سے کمزوری یا کمتری کا احساس نکل جاتا اور انھیں محسوس ہوتا کہ وہ بھی کچھ کر سکتے ہیں۔

قدرت نے عربی زبان کی تعلیم و تدریس کا انھیں خاص ملکہ عطا فرمایا تھا۔ مختصر سے سبق سے وہ بڑا کام لے لیا کرتے تھے۔ کم وقت میں بھی وہ ایسی اہم اور کلیدی نوعیت کی باتیں بتا دیا کرتے تھے کہ عام حالات میں طویل مطالعے کے بعد بھی طلبہ کی ان تک رسائی مشکل ہوتی۔ اور جنھیں بروئے کار لا کر طلبہ مختصر مدت میں پے چیدہ گتھیوں کو سلجھا لیتے تھے۔

مولانا مرحوم کے تلامذہ کہتے ہیں کہ ہر سبق کے بعد نمایاں طور پر محسوس ہوتا کہ ہم نے بہت کچھ حاصل کر لیا ہے۔ درس کے لیے مطالعے کا اہتمام کرتے اور اس پر بہت زیادہ زور دیتے تھے۔ وہ خود فرمایا کرتے تھے کہ بسا اوقات آٹھ آٹھ گھنٹے درس کی تیاری پر صرف کرتا ہوں۔

دار العلوم دیوبند کے روایتی ماحول میں عربی زبان و ادب سے دلچسپی پیدا کرنا اور عربی زبان میں تقریر و تحریر پر قدرت رکھنے والی ایک نسل تیار کر دینا مولانا مرحوم کا ایک ایسا کارنامہ ہے جس نے ان کو ایک منفرد شناخت عطا کی ہے۔ چنانچہ ایک بار حضرت مولانا سید فخر الدینؒ شیخ الحدیث دار العلوم دیوبند نے ان سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا تھا "دار العلوم کے دامن پر عربی سے ناواقفیت کا جو داغ تھا وہ آپ نے اپنی محنت اور جد و جہد سے دھو دیا ہے"۔

تعلیم و تدریس کے علاوہ تربیت اور شخصیت سازی میں بھی مولانا کو کمالِ ہنر حاصل تھا۔ درس کے دوران اور دوسرے تمام مواقع پر طلبہ کی ذہن سازی اور ان کے اندر تعمیری فکر پیدا کرنے کے لیے ہمیشہ کوشاں رہتے۔ ان میں عزم و ہمت، جفاکشی و خود اعتمادی کی روح پھونکتے، راست گفتاری، اصول پسندی اور صفائی معاملات پر بہت زور دیتے۔ اور دروغ و نفاق اور تصنع جیسی بُری عادتوں سے باز رہنے کی خاص طور پر اور نہایت مؤثر انداز میں تلقین کرتے تھے۔ اس سلسلے میں ان کے ایک شاگرد کی یہ روایت قابل ذکر ہے:

"کبھی کبھی اس کا شکوہ فرماتے کہ ہمارے یہاں درس حدیث میں کتاب کے آغاز میں یا اسی طرح فقہی یا کلامی مختلف فیہ مسائل پر طول طویل تقریریں کی جاتی ہیں اور جہاں اخلاق و معاملات اور آداب زندگی کے متعلق احادیث آتی ہیں (بیشتر مدرسین) ان سے سرسری طور پر گزر جاتے ہیں یا وہاں تک پہنچنے کی نوبت ہی نہیں آتی کہ سال ختم ہو جاتا ہے اس طرزِ عمل سے یہ غلط تصور پیدا ہوتا ہے کہ دین میں صرف عقائد و عبادات کی ہی اہمیت ہے، معاملات و اخلاقیات وغیرہ کی کوئی اہمیت نہیں"۔ (ترجمان دار العلوم مولانا وحید الزماں نمبر ص ۳۳۰)

شخصی واجتماعی زندگی کے عام معمولات خورد ونوش، نشست وبرخاست گفتگو اور مجلس کے آداب سے لے کر تدریس واہتمام اور تنظیمی ذمہ داریوں سے بحسن وخوبی عہدہ برآ ہونے کا بھی اپنے طلبہ کو شعور بخشتے... نتیجے کے طور پر وہ شاگردوں کی ایک ایسی ٹیم تیار کرنے میں کامیاب ہوئے، جس نے دارالعلوم کی چہار دیواری سے نکل کر اپنی اپنی جگہ تدریس وخطابت، تصنیف وصحافت اور دیگر میدانہائے عمل میں اپنی منفرد شناخت بنائی۔ مولانا مرحوم کے یہ تلامذہ آج بھی اپنی کامیابیوں اور نیک نامیوں کا انتساب پوری کشادہ قلبی اور احساسِ فخر کے ساتھ اپنے استاذ کی طرف کرتے ہیں۔

دارالعلوم دیوبند میں جامع ازہر، مصر کی طرف سے عربی زبان وادب کی تدریس کے لیے مبعوث مصری عالم شیخ عبداللہ جمعہ رضوان نے مولانا مرحوم سے متعلق کہا تھا کہ: "اگر شیخ وحیدالزماں کیرانوی کی ہمہ جہت خدمات اور قربانیوں سے صرفِ نظر کرلیا جائے تب بھی ان کا یہ قابل فخر کارنامہ کافی ہے کہ انھوں نے اپنی تربیت کے نتیجے میں ایک باشعور نسل پیدا کردی ہے۔ کیونکہ یہ بات ان کے علاوہ کسی اور کے حصے میں نہیں آئی"۔

مولانا کے انتقال کے بعد مرکزی جمعیۃ علماء ہند کے زیرِ اہتمام دہلی میں منعقدہ ایک تعزیتی جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے (وقف) دارالعلوم دیوبند کے شیخ الحدیث مولانا انظر شاہ کشمیری نے فرمایا تھا:

"مولانا وحیدالزماں ایک مردم ساز شخصیت تھے اور مردم ساز شخصیتیں بہت کم ہوتی ہیں۔ عالم، علامہ، بحرالعلوم اور ملک العلماء مل جاتے ہیں لیکن مردم ساز شخصیتیں نہیں ملتیں"۔ مولانا کشمیری نے فرمایا "میں جہاں تک سمجھتا ہوں، خود دیوبند کے سوا سو سالہ دور میں مردم ساز شخصیتیں دو چار ہی ہوئی ہیں جن میں ایک مولانا حبیب الرحمٰن عثمانیؒ کی شخصیت تھی اور (بیچ کی کڑیوں کو چھوڑتے ہوئے) دوسری شخصیت مولانا وحیدالزماں صاحب کی تھی"۔ مولانا انظر شاہ نے فرمایا: "آپ یوں نہ کہیے کہ مولانا وحیدالزماں صاحب علامہ، بحرالعلوم اور ملک العلماء تھے، وہ سب کچھ تھے لیکن ان کا اصل جوہر یہ تھا کہ وہ انسان کو انسان بناتے تھے۔ اپنی دیدہ وری اور تربیت سے وہ بہت سی زندگیوں کو سانچے میں ڈھال دیتے تھے"۔

النادی الأدبی کا قیام: دارالعلوم دیوبند میں مولانا مرحوم کی آمد سے قبل عربی زبان کا کوئی خاص ماحول نہ تھا۔ نہ ہی عربی تحریر وتقریر کا قابلِ ذکر ذوق ورجحان پایا جاتا تھا۔ مولانا مرحوم نے ۱۹۶۴ء میں عربی زبان کی ترویج واشاعت اور دارالعلوم دیوبند میں اس کی ماحول سازی کے لیے النادی الادبی کے نام سے ایک انجمن کی بناڈالی۔ جو یوں تو کہنے کو طلبہ کی ایک انجمن تھی لیکن آپ کی غیر معمولی تربیتی صلاحیت اور جہدِ مسلسل نے اسے ایک اہم تربیتی شعبہ بلکہ ایک مستقل ادارہ کی شکل دے دی تھی۔ جس کا بنیادی مقصد اگرچہ طلبہ میں عربی زبان کا ذوق وشوق پیدا کرنا تھا، لیکن درحقیقت یہ انسان سازی کا ایک کارخانہ تھا۔ جہاں اعلیٰ اوصاف اور صلاحیتوں کے افراد ڈھالے جاتے، ان کی ذہنی اور فکری تربیت کی جاتی اور اُنھیں اسلامی اخلاق اور انسانی اقدار وروایات کو اپنانے اور عملی طور پر برتنے کا سلیقہ سکھایا

جاتا یہ انجمن اپنے دوررس اور نتیجہ خیز اثرات کے لحاظ سے ایک ایسا شجرہ طیبہ ثابت ہوئی جس کی قلمیں ہندو بیرونِ ہند میں پھیلے ہوئے مختلف مدارس میں بھی لگیں اور آج وہ قرآن کی تعبیر "ہمہ دم بحکم خداوندی اپنے پھل سے لوگوں کے دامن بھر رہی ہیں۔(تؤتی اکلها کل حین باذن ربها)

مولانا مرحوم کے شاگردِ رشید، عربی زبان وادب کے فاضل اور مشہور صاحبِ قلم مولانا نور عالم خلیل الامینی النادی الادبی کے غیر معمولی اثرات وفوائد کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

ان کے (النادی سے وابستہ طلبہ کے) خیالات میں وسعت پیدا ہوئی، حوصلہ بلند ہوا، عزم وہمت پرسان چڑھی، صلاحیتیں اجاگر ہوئیں، افکار وخیالات کا زنگ دور ہوا، جینے کا سلیقہ آیا، بڑوں کا ادب اور چھوٹوں پر رحم کھانے کا سبق ملا، انتظامی اور تنظیمی صلاحیتیں پروان چڑھیں، میزبانی اور مہمان نوازی کا گر معلوم ہوا خدمت اور محنت کے خوگر بنے، صبر وثبات کی خوبیاں معلوم ہوئی، حسن سلوک، ہمدردی، غم خواری، عدل ومساوات، ایثار وقربانی اور اسلامی اخلاق پر عمل، تجربے کی راہ سے جان گئے مریضوں کی خدمت، محتاجوں سے الفت، تواضع، احساس ذمے داری اور ہر کام کو اپنے وقت پر کرنے کی عادت ان کے فکر وعمل کا حصہ بن گئی۔ سب سے بڑی بات یہ کہ ایک فوجی کی چستی، اس کی تیزی، اس کا ڈسپلن اور اس کی اطاعت شعاری ان کی طبیعت ثانیہ بن گئی الخ (وہ کوہ کن کی بات... ص ۴۲، ۴۳)

دارالعلوم دیوبند میں تقرر سے پہلے ۱۹۵۶ء میں، رئیس الاحرار حضرت مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانویؒ کی زیر قیادت ۹ رکنی سرکاری خیر سگالی وفد برائے سعودی عرب، کے ممبر کی حیثیت سے مولانا مرحوم نے سعودی عرب کا دورہ کیا اور سعودی ذمہ داروں کے ساتھ ملاقاتوں کے دوران ترجمان کے فرائض انجام دیے۔ واپسی پر محمد احمد کاظمی مرحوم ممبر پارلیمنٹ کی کتاب "تقسیم ہند اور مسلمان" کا "تقسيم الهند والمسلمون في الجمهورية الهندية" کے نام سے عربی میں ترجمہ کیا اسی زمانے میں مختلف موضوعات پر سات کتابیں تصنیف کیں جن میں درج ذیل کتابیں حال ہی میں مکتبہ حسینیہ دیوبند سے معیاری کتابت وطباعت سے آراستہ ہو کر قارئین کے ہاتھوں میں پہنچ چکی ہیں: (۱) آخرت کا سفر نامہ (۲) شرعی نماز (۳) انسانیت کے حقوق (۴) اچھا خاوند (۵) اچھی بیوی۔

۱۹۵۹ء میں انھوں نے "دار الفکر" کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا جس کے تحت عربی زبان کے خواہشمند طلبہ کے لیے زبان کی تعلیم کا معقول نظم کیا، ساتھ میں انگریزی کلاسیں بھی رکھیں اور ادارہ کی طرف سے ایک اردو ماہنامہ "القاسم" کے نام سے جاری کیا جو کئی سال تک شائع ہوتا رہا اور پسندیدگی کی نگاہوں سے دیکھا جاتا رہا۔

۱۹۶۳ء میں دارالعلوم دیوبند میں بحیثیت استاذ عربی ان کا تقرر ہوا۔ تقرر کے دو سال بعد انھوں نے سہ ماہی مجلّہ "دعوة الحق" جاری کیا بعد میں اس کے بدل کے طور پر پندرہ روزہ "الداعی" جاری ہوا جو ماہنامے کی شکل میں تاہنوز جاری ہے۔ "الداعی" بھی ان کی زیر ادارت نکلا۔ دارالعلوم دیوبند میں انتظامیہ کی تبدیلی کے بعد خود مولانا

مرحوم نے اس کی ادارت کی ذمہ داری اپنے ایک لائق اور ممتاز شاگرد مولانا نور عالم خلیل امینی صاحب کے سپرد کر دی۔

دار العلوم دیو بند میں ان کی تدریس کا دور تقریباً تیس سالوں پر محیط ہے، اس دوران کتب حدیث میں طحاوی شریف اور نسائی شریف جیسی کتابیں بھی ان کے زیر تدریس رہیں۔ لیکن عربی زبان وادب کی تعلیم و تدریس سے ان کا زیادہ تعلق رہا۔ اسی عرصے میں القاموس الجدید اردو-عربی کے بعد (جو دار العلوم میں تقرر سے پہلے طبع ہو چکی تھی) القاموس الجدید عربی-اردو منظر عام پر آئی "القراءۃ الواضحۃ" کے ہر سہ اجزا شائع ہوئے جو دار العلوم دیو بند کے علاوہ برِ صغیر ہند کے بے شمار دینی مدارس، متعدد سرکاری کالجوں اور یونیورسٹیوں میں باقاعدہ داخلِ نصاب ہیں۔ نیز بعض افریقی ممالک کے دینی مدرسوں کے نصاب میں بھی اسے شامل کر لیا گیا ہے۔ "نفحۃ الادب" بھی انھوں نے اسی زمانے میں مرتب کی، اس کتاب کی ترتیب دار العلوم دیو بند کی مجلس شوریٰ کی تجویز پر عربی درجۂ سوم کے طلبہ کے لیے "نفحۃ الیمن" کے متبادل کے طور پر عمل میں آئی تھی۔ عربی امثال و حکایات پر مشتمل یہ کتاب بھی دار العلوم دیو بند کے علاوہ بہت سے مدارس میں داخل نصاب ہے۔

دار العلوم دیو بند میں متعلقہ خدمات کے پہلو بہ پہلو جمعیۃ علمائے ہند کی سرگرمیون سے بھی ان کا باقاعدہ تعلق تھا وہ اس کی ورکنگ کمیٹی کے ممبر رہے انھوں نے ۱۹۷۷ء میں جمعیۃ کے سہ رکنی وفد کی سربراہی کرتے ہوئے سعودی عرب، بحرین، متحدہ امارات وغیرہ کا کامیاب دورہ کیا۔ جمعیۃ العلماء سے بھی انھوں نے ایک عربی اخبار "الکفاح" جاری کیا اور ۱۵ سال تک وہ اس کے چیف ایڈیٹر رہے۔ ان کی ہی تحریک پر جمعیۃ العلماء نے ایک تصنیفی شعبہ "مرکز دعوت اسلام" کے نام سے قائم کیا جس سے متعدد علمی اور اصلاحی کتابیں ان کی زیر نگرانی شائع ہوئیں۔ اس طرح تعلیم و تربیت کے ساتھ ان کی تصنیفی اور صحافتی سرگرمیاں پیہم جاری رہیں۔ مولانا مرحوم کی تصنیفات اور ان کی زیرِ ادارت نکلنے والے مجلّات و اخبارات میں شائع شدہ ان کے مضامین کے سلسلہ میں پروفیسر زبیر احمد فاروقی صدر شعبہ عربی جامعہ ملیہ اسلامیہ، دہلی رقم طراز ہیں:

"پی ایچ ڈی کا مقالہ لکھنے کے دوران مولانا کی کتابوں اور "دعوۃ الحق" و "الکفاح" میں شائع شدہ ان کی تحریروں کو تفصیل سے پڑھنے کا موقع ملا، ان تحریروں میں اسلوب کی پختگی اور تعبیرات کا جو حسن ہے اس نے مولانا کے لیے عالم عرب کے ممتاز ادیبوں کی صف میں جگہ بنا دی تھی"۔ (ترجمان دار العلوم مولانا وحید الزماں کیرانوی نمبر ص ۱۵۱)

دیو بند میں دار المؤلفین کے نام سے انھوں نے ایک علمی، تحقیقی اور تصنیفی ادارہ بھی قائم کیا تھا۔ جس کا مقصد نوجوان فضلائے دار العلوم کے ذریعے اکابر دیو بند کی تصنیفات کو ایڈٹ کرنا، ان کو عصری مذاق کے مطابق زیور طبع سے آراستہ کرنا، اور اس کے پہلو بہ پہلو فضلائے دیو بند کو تصنیف و تالیف کی تربیت دینا تھا چنانچہ حالات کی

نامساعدت اور کوئی مستقل ذریعۂ آمدنی نہ ہونے کے باوجود اس ادارے سے انتہائی قلیل عرصہ میں دو درجن کتابیں شائع کی گئیں۔ جن میں مولانا مرحوم کی القاموس الاصطلاحی اردو عربی اور عربی اردو جیسی ڈکشنری بھی شامل ہے۔ علاوہ ازیں انھوں نے حضرت مولانا مفتی محمد شفیعؒ کی آٹھ جلدوں پر مشتمل مقبول عام تفسیر معارف القرآن کے منتخب تحقیقی و علمی مضامین کو "جواہر المعارف" کے نام سے تین جلدوں میں مرتب کیا جس کی پہلی جلد دار المؤلفین سے شائع ہو کر مقبول ہو چکی ہے۔

مولانا مرحوم کی زندگی اور ان کی مختلف النوع خدمات کا ایک اور قابل ذکر پہلو ہے۔ یوں تو مرحوم کی زندگی سراپا حرکت و عمل تھی اور دار العلوم دیوبند میں طویل قیام کے دوران ان کی مصروفیتیں بھی گوناگوں تھیں مگر بعض اوقات ایسی ذمہ داریاں ان کے سپرد کی گئیں جو بظاہر ان کی علمی شخصیت سے میل نہیں کھاتی تھیں لیکن انھوں نے ایسی ذمہ داریوں کو بھی بحسن وخوبی انجام دے کر سب کو حیرت زدہ کر دیا۔۔ چنانچہ جب اجلاس صد سالہ کی تیاری کے لیے بنائی گئی کمیٹیوں کا ان کو کنوینر بنایا گیا اور دار العلوم سے متعلق تعمیری امور کی ذمہ داری ان کے سپرد کی گئی تو آٹھ ماہ کے قلیل عرصے میں انھوں نے دار العلوم میں عمارتوں کی ترمیم و تزئین اور تعمیر جدید کا بڑے پیمانے پر کام کیا۔ دفتر اجلاس صد سالہ سے شائع شدہ رپورٹ کا درج ذیل اقتباس ملاحظہ کیجیے:

"مولانا وحید الزماں صاحب نے اس سلسلہ میں شب و روز اس قدر محنت کی کہ ان کی صحت جواب دے گئی، پھر بھی بیس بائیس گھنٹے روزانہ کام کرتے رہے اور کاموں کی نگرانی بھی فرماتے رہے، سیکڑوں مستری و مزدور تعمیرات کے اس اہم کام میں لگے رہے۔ جس کے نتیجے میں بہت سی شاندار عمارات بن کر تیار ہوئیں۔ دار العلوم کی عظیم الشان مسجد کی بالائی منزل جدید ڈھنگ سے تعمیر ہوئی۔ اس مسجد کا ایک وسیع و شاندار اور بلند گیٹ تعمیر ہوا جو اپنی دلآویزی اور دل کشی کی وجہ سے لوگوں کی توجہ اور مسرت کا باعث بنا ہوا ہے۔ کتب خانے کی عمارت میں وسیع وعریض گیلریوں کی تعمیر، دار العلوم کے صدر گیٹ کی جدید تعمیر، دار الاقامہ میں بہت سے نئے کمروں کی تیاری اور کئی ایک جدید درس گاہوں کا اضافہ بھی قابل قدر اور لائق تحسین ہے۔ اسی طرح دار التفسیر کے تاریخی گنبد کی بلندی میں اضافہ، نئے برجوں کی تیاری اور قدیم تعمیر شدہ عمارات اور احاطوں میں مناسب تبدیلیاں اور اضافے وغیرہ سبھی کام قابل قدر و لائق تحسین قرار دیے گئے ہیں"۔ (مختصر روداد اجلاس صد سالہ دار العلوم دیوبند ص ۱۰۱-۱۰۲)

۱۹۸۲ میں، دار العلوم میں تبدیلیٔ انتظامیہ کے بعد ان کو مجلس تعلیمی کا ناظم بنایا گیا۔ اسی سال انھوں نے ماریشش، ری یونین، انگلینڈ، مصر اور پیرس کا سفر کیا اور ۱۹۸۵ء میں وہ معاون مہتمم کے منصب پر فائز کیے گئے یہ ان کی مصروفیات اور سرگرمیوں کے عروج کا زمانہ تھا۔ اسی زمانے میں انھوں نے "آئینۂ دار العلوم" کے نام سے ایک پندرہ

روزہ پرچہ جاری کیا۔

زندگی کے آخری سالوں میں مولانا مرحوم نے اپنے سلسلۂ قوامیس کی آخری کڑی، زیرِ نظر "القاموس الوحید" مرتب کی جوان کی سالہا سال کی شبانہ روز محنت کا نتیجہ ہے۔ مولانا مرحوم کے نام کو زندہ رکھنے کے لیے یوں توان کی مقبول عام موجودہ قوامیس ہی کافی تھیں لیکن زیرِ نظر ڈکشنری عربی-اردو "لغت نویسی" کے میدان کا عظیم شاہ کار ہے۔

عربی کے سلسلہ میں برادر مرحوم کی خدمات کا اعتراف برصغیر کے علمی حلقوں تک محدود نہیں ہے بلکہ بیرون ہند میں بھی ان کی علمی کاوشوں کو قدر و منزلت کی نگاہوں سے دیکھا جاتا ہے۔ چنانچہ ڈاکٹر عبدالحمید ابراہیم اپنی تصنیف "معجم الألفاظ العربية في اللغة الاردية" میں رقم طراز ہیں:

وقام الشيخ وحيدالزمان قاسمي كيرانوى بنشاط مشكور وجهد عظيم في خدمة اللغة العربية و الأردية بإصدار معجمين بعنوان القاموس الجديد (اردو عربى) وآخر (عربى اردو) وأتبعهما بمعجمين آخرين بعنوان القاموس الاصطلاحي (عربى اردو) وآخر (اردو عربى) والشيخ وحيدالزمان كيرانوى من علماء وأساتذة دارالعلوم ديوبند (الهند)

برادرِ مرحوم اپنے آخری ایام میں قرآن و حدیث پر کام کرنے کی طرف متوجہ ہوئے چنانچہ انھوں نے آداب واخلاق پر مشتمل ایک ہزار منتخب احادیث کا ایک مجموعہ تشریحی نوٹس کے ساتھ مرتب کیا جو انشاء اللہ مناسب وقت پر منظر عام پر آئے گا۔ وہ اس قابل ہے کہ اس کو داخل نصاب کیا جائے۔ اسی طرح قرآن پاک کا اردو ترجمہ بھی انھوں نے شروع کیا تھا ان کا خیال تھا کہ حضرت شیخ الہند نے جس طرح شاہ عبدالقادرؒ کے ترجمۂ قرآن کی تسہیل اپنے زمانے کی ضرورت کے مطابق فرمائی تھی اسی طرح ضرورت ہے کہ موجودہ زمانے کی ضرورت اور اردو زبان کی تبدیلیوں کو پیش نظر رکھ کر حضرت شیخ الہندؒ کے ترجمہ کو زیادہ سلیس اور شستہ زبان کے قالب میں اس طرح ڈھالا جائے کہ اصل معنی ومفہوم میں کوئی فرق نہ آئے۔ اس طرح عام مسلمان اس ترجمے سے زیادہ مستفید ہوسکیں گے۔ افسوس کہ زندگی نے وفانہ کی اور یہ اہم کام ابھی ابتدائی مرحلے میں تھا کہ برادر محترم کا وقت موعود آپہنچا۔ انا للہ وانا اليه راجعون. يا أيتها النفس المطمئنة ارجعي إلى ربك راضية مرضية فادخلي في عبادي وادخلي جنتي.

❀ ❀ ❀

القــاموس الوحيــد

اس معجم کا تعلق بھی تیسرے دبستان سے ہے جس کا نظام اصولِ مادہ (حروف اصلیہ) کی حروف تہجی کی ترتیب پر قائم ہے۔ بیشتر عصری معیاری قوامیس میں اسی طریقے کو اپنایا گیا ہے۔ یہ سابقہ دو دبستانوں (دبستان تقلیبات - مع اپنی دونوں قسموں کے - اور دبستان قافیہ) کے مقابلہ میں بہت آسان ہے لیکن اس نظام کے مطابق مرتب کی گئی قوامیس سے مستفید ہونے کے لیے بھی استفادہ کرنے والوں میں کم از کم تحقیق طلب لفظ کے مادہ اور اس کے حروف اصلیہ کو پہچاننے کی صلاحیت ہو تب ہی ان کے لیے مثلاً استغفار و مستغفر کو "غفر" میں اور مکتب ومیزان کو "کتب" اور "وزن" میں دیکھنا ممکن ہو سکتا ہے۔

آسان ترنہج کی تجویز

کچھ ماہرین لغت کی رائے ہے کہ اس طریقہ میں بھی استفادہ کرنے والوں کو دشواری پیش آتی ہے لہٰذا مزید آسان طریقہ اپنانے کی ضرورت ہے۔ صاحب **المعاجم اللغوية** ڈاکٹر ابراہیم محمد نجا بھی اسی رائے کے مؤید ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ دور حاضر کے تقاضوں اور ضرورتوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے اس دشواری کو دور کرنے کے لیے لازم ہے کہ آئندہ لکھی جانے والی قوامیس میں بالکل سادہ طریقہ اپنایا جائے۔ ہر لفظ کو خواہ وہ کسی بھی اشتقاقی شکل وصیغہ میں ہو اس کے حروف کی ترتیب کے لحاظ سے ہی اسے لغت میں لکھا جانا چاہیے، اس کے کون سے حروف اصلیہ ہیں اور کون سے زائدہ، اس سے مکمل طور پر صرف نظر کرتے ہوئے استغفار کو **باب الغین** کے بجائے **باب الألف** اور مکتب و میزان کو **باب الکاف** و **باب الواو** کے بجائے **باب المیم** میں لکھا جائے۔ چنانچہ بعض قوامیس جیسے المورد (عربی انگلش) اسی طرز پر لکھی گئی ہیں۔

یہ صحیح ہے کہ حروف اصلیہ کے لحاظ سے سادہ ابجدی ترتیب کے مطابق لکھی گئی قوامیس میں بھی کم استعداد لوگوں کو استفادہ میں دشواری پیش آتی ہے لیکن اندازہ یہ ہے کہ ہمارے مدارس دینیہ کے بیشتر طلبہ کو - خواہ وہ عربی میں کمزور ہی ہوں - اس سلسلہ میں اتنی زیادہ دشواری نہیں ہوتی جتنی کہ بہت سے عرب نوجوانوں کو ہوتی ہے۔ اس کا سبب ہمارے خیال میں صَرف واشتقاق کے قواعد سے بے بہرہ ہونا یا ان کا مستحضر نہ ہونا ہے۔ راقم السطور کو متعدد بار اس کا تجربہ اس وقت ہوا جب بعض نوجوان عربوں کو استغفار جیسے الفاظ کو غفر وغیرہ حروف اصلیہ کے ذریعہ ڈکشنری سے نکال کر دکھاتے وقت ان کا استعجاب سامنے آیا۔

مؤلف کا موقف

عالم عرب میں زیادہ تر مُسَلّمہ عرب ادیب اور ماہرین لغت سہولت پسندی پر مبنی اس رائے کی وکالت کرنے والوں کے ساتھ اتفاق نہیں کرتے۔ ان کے نزدیک حروف تہجی کی معروف ترتیب میں حروف اصلیہ کے نظام کی رعایت از بس ضروری ہے۔ قاموس ہذا کے مؤلف جلیل برادر گرامی مولانا وحید الزماں کیرانویؒ اور راقم السطور کی بھی یہی پختہ رائے ہے۔ انھوں نے قاموس کے سلسلہ میں گفتگو کے دوران بارہا اس کا اظہار کیا۔ مولانا مرحوم کی اس ڈکشنری میں جس لغت کو رکن رکین اور اساس کا درجہ حاصل ہے وہ **المعجم الوسيط** ہے۔ اس معجم میں بھی یہی معیاری طریقہ اپنایا گیا ہے۔ **مجمع اللغة العربية** (جس کی طرف سے یہ معجم تیار کی گئی ہے) کے جنرل سکریٹری جناب ابراہیم مدکور نے **المعجم** کے دوسرے ایڈیشن کے پیش لفظ میں اس سلسلہ میں بہت عمدہ بات کہی ہے:

"لغت نویسی کا یہی نہج عربی زبان کے مزاج کے ساتھ میل کھاتا ہے۔ اسی میں سہولت کے ساتھ وضاحت ہے۔ عربی ایک اشتقاقی زبان ہے جو الفاظ و کلمات کے خاندانوں پر مبنی ہے۔ لہٰذا یہ کسی طرح درست نہیں کہ بعض دوسری زبانوں کو راس آنے والی مطلق ابجدی ترتیب کی نقالی میں ان خاندانوں کے افراد کو معجم میں جا بجا پھیلا کر ان کا شیرازہ منتشر کر دیا جائے (کچھ لوگوں کی نااہلی یا سہولت پسندی کی رعایت میں) ایسا کرنے کے بہت سے نقصانات ہیں، اس سے لفظ کی وحدتِ مادہ پاش پاش ہو جاتی ہے۔ یہ پتہ نہیں چل پاتا کہ مختلف مدلولات کا اصل سے کیا تعلق ہے، فقہ اللغہ اور زبان کے فہمِ دقیق میں رکاوٹ ہوتی ہے، اور زبان کے اندر ایک خاص ملکہ یا ذوق سلیم بھی پیدا نہیں ہو پاتا۔

جمع بین المعاجم

گذشتہ صفحات میں مختلف قدیم معاجم کے تعارف کے ضمن میں بیان کیا جا چکا ہے کہ ان میں سے بعض وہ ہیں جن میں کچھ سابقہ معاجم کو یا ان کے منتخب ذخیرۂ الفاظ کو جمع کر دیا گیا ہے۔ چنانچہ ابن منظور کی انتہائی مشہور معتبر معجم **لسان العرب** بھی اسی قبیل سے ہے۔ مؤلف علام نے اپنی اس معجم میں **التهذيب**، **المحكم**، **الصحاح** اور ابن اثیر کی **النهاية** وغیرہ امہات الکتب کو جمع کر دیا ہے۔ علامہ فیروز آبادی کی **القاموس المحيط** کچھ زیادات کے ساتھ **العباب** اور **المحكم** کے خلاصہ پر مشتمل ہے۔ **الصغاني** کی **مجمع البحرين** ان کی اپنی کتاب **التكملة والذيل والصلة** اور جوہری کی **الصحاح** کے مجموعہ سے عبارت ہے۔ "**التهذيب بالترتيب ومافى الصحاح والمحكم بالتقريب**" میں جس کے مؤلف کا پتہ نہیں ہے **التهذيب** کو اساس بنا کر **الصحاح** اور **المحكم** کے بیشتر مواد کو یکجا کر دیا گیا ہے۔

پھر عربی کے ساتھ دوسری زبان والی لغات میں بھی بہت سی معاجم اسی انداز سے لکھی گئی ہیں، مثلاً مرقاۃ اللغۃ میں (کشف الظنون میں یہی نام لکھا گیا ہے، جبکہ صاحب البلغۃ نے اس کا نام مرقاۃ النفوس لکھا ہے) جس کے مؤلف کے بارے میں کچھ معلوم نہیں ہو سکا ہے، الصحاح سے چودہ ہزار الفاظ اور القاموس المحیط سے سولہ ہزار الفاظ منتخب کر کے ترکی زبان میں ان کے معانی لکھ دئے گئے ہیں۔ اسی طرح ملا عبدالرشید الحسینی المدنی نے اپنی "منتخب اللغات" میں الصحاح، الصراح اور القاموس المحیط سے منتخب مواد کو یکجا کر کے ان کی فارسی زبان میں تشریح کر دی ہے۔ یہ کتاب ہندستان میں طبع ہو چکی ہے۔

مصباح اللغات پر چونکہ المنجد کے ترجمہ کی حیثیت زیادہ غالب ہے اس لئے پورے طور پر تو وہ معاجم کے اس زمرہ میں نہیں آتی پھر بھی اس کو توسعاً اس میں شامل کیا جاسکتا ہے، اس کے فاضل مؤلف مولانا ابوالفضل عبدالحفیظ بلیاویؒ (فاضل دیوبند) نے مقدمہ میں لکھا ہے: بعض بزرگوں اور عزیز طلبہ نے اصرار کے ساتھ خواہش کی کہ المنجد کے طرز پر ایک لغت کی کتاب ترتیب دی جائے جس میں ترجمہ اردو ہو.... بہر کیف.... کام شروع کیا، اور کام کرتے ہوئے تاج العروس، جمہرۃ اللغۃ، اقرب الموارد، قاموس کتاب الافعال لابن قوطیہ، تاج اللغات، مفردات الامام راغب، مجمع البحار، النہایۃ لابن الاثیر، منتھی الارب، المنجد اور الصراح یہ سب کتابیں پیش نظر رہیں۔

مذکورہ فقرہ سے جو تأثر ملتا ہے وہ یہ ہے کہ "مصباح اللغات" مولانا کی ایسی مرتب کردہ کتاب ہے جس کو مستقل بالذات معجم کی حیثیت حاصل ہے اور مآخذ کے طور پر لغت کی بہت سی مشہور قدیم کتابوں کے ساتھ "المنجد" بھی پیش نظر رہی ہے جبکہ حقیقت یہ ہے کہ مصباح اللغات اصلاً تو اسی مشہور ومتداول معجم (المنجد) کا ترجمہ ہی ہے، تاہم یہ صحیح ہے کہ اس میں جستہ جستہ بعض جگہوں پر کچھ الفاظ دوسرے مآخذ سے بھی بڑھادئے گئے ہیں اس لئے مولانا مرحوم اگر اس کو ترجمہ کا عنوان نہ بھی دیتے تو کم از کم اتنا ضرور اعتراف کرنا چاہیے تھا کہ ان کی اس معجم میں المنجد کو اساس کا درجہ حاصل ہے جس کے تمام مواد کو کچھ اضافات کے ساتھ اس میں شامل کر دیا گیا ہے۔ اگر یہ وضاحت وصراحت کر دی جاتی تو اس سے ان کے عظیم کام کی اہمیت میں ذرا بھی کمی واقع نہ ہوتی۔ مولانا بلیاوی مرحوم نے ایک ایسے وقت میں جبکہ پہلے سے کوئی معتد بہ عربی اردو لغت موجود نہ تھی، یہ عظیم کارنامہ کس قدر جانکاہ محنت سے انجام دیا ہوگا اس کا کچھ اندازہ اس دشت کی سیاحی کرنے والے ہی کر سکتے ہیں۔ مراجعت کے باعث ایک نیم سیاح کی حیثیت میں احقر بھی اس اندازے کا مدعی ہے اور اسی لیے ان کی اس عظیم خدمت کا تہ دل سے معترف اور قدرداں ہے۔ مولانا بلیاویؒ نے جو ترجمے کیے ہیں بعض حضرات ان پر یہ تنقید کرتے ہیں کہ وہ بہت سادہ اور بالکل لفظی ہیں اس میں کوئی شک نہیں کہ المنجد میں جہاں جہاں کسی لفظ کا استعمال بتانے کے لئے مثال سے پہلے تقول مذکور ہے اس کے ترجمہ کے طور پر "تم کہتے ہو" یا اسی قبیل کی کچھ چیزیں لکھنے کا التزام

کھلتا ہے۔ پھر بھی ایسی چند چیزوں سے قطع نظر جن کو قدرے تصرف و تبدیلی کے ساتھ لکھنا بہتر ہوتا، ترجموں میں لفظوں کی پابندی کے اہتمام میں احتیاط کا جو پہلو ہے اس کی بہت زیادہ اہمیت ہے۔ اس ڈکشنری کے ساتھ ایک بڑی نا انصافی یہ ہوئی ہے کہ اس کی تصحیح کا کماحقہ اہتمام نہیں ہو سکا ہے۔

القاموس الوحید میں، جو بلا شبہ جمع بین المعاجم کے زمرہ سے تعلق رکھتی ہے، **المعجم الوسیط** کو اساس قرار دے کر اس کے تمام مواد کے احاطہ کے ساتھ **المنجد** سے منتخب الفاظ شامل کئے گئے ہیں اس سلسلہ میں **مصباح اللغات** کو بھی پیش نظر رکھا گیا ہے۔ کتاب و سنت اور اسلامی علوم و فنون کی اصطلاحات اور ان کے خصوصی مفاہیم کی تشریح میں، جو اس قاموس کا طرۂ امتیاز ہے، **مفردات امام راغب** اور **تاج العروس** وغیرہ کے علاوہ **قاموس القرآن** اور **لغات القرآن** سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔ نیز اس قاموس کو دور حاضر کی ضروری اور مروجہ اصطلاحات پر حاوی بنانے کے لئے **المورد** عربی انگریزی **القاموس العصری** عربی انگریزی **القاموس الاقتصادی**، **القاموس الطبی**، **القاموس العسکری** اور دیگر قوامیس سے مفید اضافات کئے گئے ہیں۔

القاموس کا نہج

بہر حال **القاموس الوحید** کا کم و بیش وہی نہج ہے جو **المعجم الوسیط** میں اختیار کیا گیا ہے۔ اور جیسا کہ بتایا جا چکا ہے کہ اس کا تعلق اس تیسرے دبستان سے ہے جو اصولِ کلمہ کی ابجدی ترتیب کا علمبردار ہے، لہٰذا اس میں کسی بھی لفظ کو دیکھنے کے لئے پہلے حروف زائدہ سے اس کی تجرید ضروری ہے، جیسے **استغفر** دیکھنے کے لیے اس کے شروع کے تین حروف "ا س ت" (جو زائدہ ہیں) کو الگ کیا جائے گا، اور اگر وہ لفظ "مقلوب" ہو جیسے **میزان** تو پہلے اس کو اصل پر لوٹایا جائے گا، اس میں بھی اگر کوئی حرف زائد ہو گا تو اس سے بھی تجرید کی جائے گی۔

— ابوابِ فعل کے ذکر میں کفایت سے کام لیا گیا ہے، جس فعل میں ابواب کے بدلنے سے معنی میں تبدیلی نہیں ہوتی ہے زیادہ تر اس کے ایک ہی باب کے ذکر پر اکتفا کیا گیا ہے۔ جیسے فعل نبع میں اختلاف ابواب سے معنی میں کوئی فرق نہیں ہوتا، البتہ جس فعل کے معنی ابواب کے بدلنے سے مختلف ہو جاتے ہیں اس کے ابواب کی تفصیل بیان کی گئی ہے، جیسا کہ فعل قدم میں کیا گیا ہے۔

— مصادر کے ذکر میں بھی اختصار و کفایت کا اہتمام کیا گیا ہے، چنانچہ مشہور اور زیادہ استعمال میں آنے والے مصادر ہی منتخب کیے گیے ہیں۔ لیکن مصادر کے صیغوں میں تبدیلی سے معنی کی تبدیلی کی صورت میں تمام متعلقہ مصادر کا ذکر کیا گیا ہے، جیسے مثلاً **ثبات و ثبوت** اور **دعوة و دعاء و دعاية** کا ذکر تعدد کے ساتھ اسی لیے کیا گیا ہے۔

— عام طور پر جن الفاظ کی تانیث مُذکر پر تاء (تانیث) کے اضافہ سے ہو جاتی ہے ان کا ذکر بربناءِ وضوح نہیں کیا گیا ہے۔ وہ کلمات جو بلا تاء تانیث مؤنث ہوتے ہیں، ان میں بھی جن کا مؤنث ہونا واضح نہیں ہوتا، صرف انھیں کا

ذکر کیا گیا ہے۔

— جہاں جہاں تمثیلا فاعل ومفعول وصلات کا ذکر کیا گیا ہے تشریح ومعنی میں ان کے ترجمہ کا لازمی طور پر اہتمام نہیں کیا گیا ہے، خاص طور پر الشیء اور فلان میں سے جب کوئی لفظ بطور فاعل یا مفعول آتا ہے تو اس کے ترجمہ کو عام طور پر نظر انداز کیا گیا ہے۔ نیز سہولت اور عبارت کی روانی کے پیش نظر فعل ماضی کو مادہ قرار دے کر مصدری معنی لکھے گئے ہیں۔

— عربی کے جس لفظ کی تشریح ہوگئی ہو اس کے بعد جب دوسرا لفظ اسی مادہ سے وزن وحرکت یا باب کے اختلاف کے ساتھ آئے تو اس کے سامنے معنی کے طور پر تشریح کردہ عربی لفظ ہی لکھنے پر اکتفا کیا جاتا ہے، جیسے الجَشُّ: پتھریلی جگہ، سخت جگہ (۲) کسی شے کا وسط، اس کے بعد دوسرا لفظ الجُشّ (جس میں صرف پہلے حرف کی حرکت کا فرق ہے) کے سامنے الجَشُّ لکھدیا گیا ہے جیسے الجُشُّ: الجَشُّ. بسا اوقات اس کا الگ سے ذکر اس ضرورت کے تحت بھی کیا گیا ہے کہ دوسرے قدرے مختلف لفظ میں سابقہ لفظ کے معنی کے علاوہ کچھ مزید معنی بھی ہوتے ہیں. جیسے الجُشُّ کے وہ دونوں معنی تو ہیں ہی جو الجَشُّ کے ہیں ساتھ ہی اس کے ایک معنی "رات کا ایک حصہ" بھی ہیں۔ یہ اضافی معنی نمبر ڈال کر اس طرح بیان کردے گئے ہیں: الجُشُّ: الجَشُّ (۲) رات کا ایک حصہ۔ اگر ایسی صورت میں کسی لفظ کے کچھ اور معنی بھی ہوں تو ان کو تشریح کردہ لفظ کے بعد (۲)(۳)(۴) کے تحت ذکر کردیا گیا ہے۔

— المعجم الوسیط اور المنجد یا مصباح اللغات میں فعل کے اختلاف ابواب کی صورت میں اول الذکر المعجم الوسیط میں ذکر کردہ باب فعل کو ترجیح دی گئی ہے جیسے خج ۔ خجا. المنجد اور مصباح اللغات میں مضارع کا عین کلمہ مکسور ہے جبکہ المعجم الوسیط میں یہی فعل باب نصر سے آیا ہے، اس لئے القاموس الوحید میں اسی کا ذکر کیا گیا ہے، اس لئے کہ تحقیق کے اعتبار سے المعجم الوسیط کا درجہ بلند ہے۔

افعال واسما کی ترتیب

القاموس میں افعال واسماء کے ذکر کی ترتیب میں جو نہج اختیار کیا گیا ہے وہ حسب ذیل ہے:

افعال کو اسماء پر، فعلِ مجرد کو مزید پر، حسی معنی کو عقلی معنی پر، حقیقی معنی کو مجازی معنی پر اور فعل لازم کو فعل متعدی پر مقدم رکھا گیا ہے۔ یہ دراصل المعجم الوسیط کی ترتیب ہے، اس میں دوسری معاجم سے اضافے کے نتیجہ میں بعض جگہوں پر اس کی خلاف ورزی کا امکان موجود ہے۔

افعال کی ترتیب حسبِ ذیل ہے:

(الف) فعل ثلاثی مجرد جس کے ابواب مفصلہ ذیل ہیں:

(۱)فَعَل یَفْعُل، جیسے نصر ینصر (۲) فَعَل یَفْعِل، جیسے ضرب یضرب (۳)فَعَل یَفْعَلُ، جیسے فتح یفتح (۴)فَعِل یَفْعَل، جیسے سمع یسمع (۵) فَعُل یَفْعُل، جیسے کرم یکرم (۶)فعِل یَفْعِل، جیسے حسب یحسب.

(ب) فعل مزید فیہ کو حروف تہجی کے مطابق حسب ذیل ترتیب کے ساتھ لکھا گیا ہے:

ثلاثی مزید فیہ بہ یک حرف:

(۱) اَفْعَل، جیسے أکرم یُکرِ م (۲)فاعلَ جیسے قاتل یُقاتِل (۳) فَعَّل، جیسے کَرَّمَ یُکَرِّم.

ثلاثی مزید فیہ بہ دو حرف:

(۱) افْتَعَل جیسے افْتَتَح یَفْتَتِح (۲)انْفَعَل ، جیسے انکسر ینکسر (۳)تفَاعل، جیسے تشَاور (۴)تَفَعَّل، جیسے تَعَلَّم یَتَعَلَّم (۵)اِفْعَلَّ، جیسے احْمَرَّ یَحْمَرُّ.

ثلاثی مزید فیہ بہ سہ حروف:

(۱)استفعل، جیسے استغفر یَسْتَغْفِرُ (۲) افعوعل، جیسے اعشوشب (۳) افعال جیسے اِحْمَارَّ (۴) افْعَوَّل، جیسے اجلَوَّز.

رباعی مزید بہ یک حرف۔تَفَعْلَلَ جیسے،تَدَحْرَجَ یَتَدَحْرَجُ.

جو اوزانِ فعل ملحق بہ رباعی ہیں، ان میں مادہ کے حروف کی ترتیب ملحوظ رکھی گئی ہے مثلاً کوثر کو کثر میں معنی کی تشریح کے ساتھ لکھا گیا ہے اور کوثر کے حروف کی ترتیب کے مطابق یعنی "ک و ث" میں بھی اس کا ذکر کیا گیا ہے لیکن وہاں معنی کی تشریح نہیں کی گئی بلکہ اس کے لئے مادہ کثر کا حوالہ دینے پر اکتفا کیا گیا ہے۔اسی طرح غیلم کو مادہ غلم میں بیان کیا گیا ہے جبکہ غیلم کی ترتیب میں اس کے ذکر کے ساتھ مادہ غلم کے حوالہ پر اکتفا کیا گیا ہے۔

فعل رباعی مُضَعّف کو مادۂ فعل ثلاثی سے الگ کرکے،اس کو ترتیبِ حروف کے مطابق اس کی جگہ پر بیان کیا گیا ہے۔مثلاً زلزل کو مادہ زلزل ہی میں بیان کیا گیا ہے جبکہ زَلّ کو مادہ زلل میں لکھا گیا ہے۔

کچھ ایسے کلمات ہیں جن کے شروع میں تا آتی ہے لیکن یہ اصلی نہیں بلکہ واو کا بدل ہے جیسے التؤدة، تجه، تقى، اتقى، تخم، تراث، حالانکہ صرفی قاعدہ کے مطابق اس تبدیلی کو دوامی شکل حاصل ہے، پھر بھی ایسے کلمات کو اصل کا لحاظ کرتے ہوئے باب الواو ہی میں لکھا گیا ہے۔

جہاں تک اسما کا تعلق ہے تو ان کے ذکر میں حروف تہجی کی ترتیب کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔

رموز واشارات وتشریحات

اس قاموس میں جو رموز واشارات استعمال کیے گیے ہیں ان کی وضاحت حسب ذیل ہے:

(باب): ہر مادہ کے پہلے حرف کو باب بنایا گیا ہے۔مادہ کے دوسرے حرف کے بدلنے سے فصل بدلتی ہے، لیکن لفظ

فصل کا صراحۃً ذکر نہیں کیا گیا ہے۔ بلکہ مادہ کے پہلے حرف کو جو باب کا ہے اس کے بعد والے حرف کے ساتھ بیچ میں ایک ڈیش دے کر وسط کالم میں لکھ دیا گیا ہے۔

(•) فصل کے تحت تیسرے اور اس کے بعد والے حرف کے اعتبار سے مادہ بدلنے کی علامت ہے مثلاً (ظ-ل) میں پہلا حرف باب کا اور دوسرا فصل کا ہے۔ باب الظاء کی فصلِ لام میں پہلا مادہ ظلع مذکور ہے، اس کے بعد والا مادہ ظلف ہے جس کے شروع میں یہ علامت (•) تبدیلیٔ مادہ پر دلالت کے لئے بنائی گئی ہے، اس کے بعد والا مادہ ظل ہے اس کے آغاز میں بھی یہی علامت موجود ہے، وعلی ہذا القیاس۔

(—) شروع سطر میں یہ علامت مذکورہ فعل کی قائم مقام ہے، یعنی اس ایک علامت یا اس طرح کی اوپر سے نیچے تک بنائی گئی متعدد علامتوں کے اوپر جو فعل مذکور ہو اس کا اعادہ کر کے پڑھا جائے۔

جہاں فاعل کی رعایت سے فعل مذکور مؤنث ہو، اور بعد میں اس کی نسبت فاعل مذکر کی طرف ہو اور فعل کا اعادہ کرنے کی بجائے اس کی علامت (—) پر اکتفا کیا گیا ہو تو فعل کو پڑھتے وقت حسب ضرورت تصرف کر لینا چاہیے مثلاً: طلعت الشمس کے بعد اگر اس فعل کا اسناد القمر کی طرف اس طرح کیا جائے —القمر تو اس فعل مذکور کو اعادہ کے وقت طلع پڑھا جائے، اس کے برعکس بھی اگر کہیں ضرورت پیش آئے تو حسبِ ضرورت تصرف کر کے فعل کا استعمال کیا جائے مثلاً: حلّ الشيءُ— حلالا (جائز و مباح ہونا) کے بعد — المرأةُ (عورت سے شادی کرنا یا جائز ہونا) کی صورت میں فعل حلَّ کو حَلَّتْ پڑھنا چاہیے۔

(ــُـِ) جب یہ علامت شروع سطر کے علاوہ ان حرکات یا ان میں سے کسی ایک حرکت (زیر، زبر، پیش) کے ساتھ آتی ہے تو اس سے فعل مضارع کے عین کلمہ کی حرکت کا تعین ہوتا ہے۔ ایک سے زائد حرکت کی موجودگی کا مطلب ہے کہ فعلِ زیرِ بحث کے مضارع کا عین کلمہ ان کے مطابق پڑھا جاتا ہے یعنی یہ ایک سے زائد ابواب سے ہے جن کی تعیین حرکاتِ مذکورہ سے ہوتی ہے۔

(ج) جمع کے لیے

(و) واحد کے لیے

(مو) مولد کے لیے

(مع) معرب کے لئے علامت ہے جس سے یہ بتانا مقصود ہے کہ یہ لفظ غیر عربی الاصل ہے۔ حروف کی کمی یا زیادتی یا تبدیلی کے ساتھ عربی زبان میں اپنا لیا گیا ہے۔

(ق) اس علامت کا مطلب ہے کہ یہ لفظ اس معنی میں قرآن میں استعمال ہوا ہے۔ آیت کریمہ نقل کرنے کے بجائے شروع صفحات میں اسی علامت پر اکتفا کیا گیا ہے بعد میں بھی کہیں کہیں اس رمز کا استعمال ہوا ہے۔

(کیمیا یا طبیعات وغیرہ) بریکٹ میں جہاں بھی اس طرح کے علوم کا ذکر ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ اِن علوم کی اصطلاح

میں لفظ مذکور کے یہ معنی ہیں۔

شروع میں جہاں بھی الف باہمزہ (یا دوسرے لفظوں میں ہمزۂ قطعی) آیا ہے جیسے مثلاً اکرم و اظلم وغیرہ میں اس پر ہمزہ لکھنے کا اہتمام نہیں کیا گیا ہے یہ امر المعجم الوسیط کے التزام کے خلاف ہے۔

— جموع (ایک سے زیادہ جمع) میں کفایت کا طریقہ اپنایا گیا ہے۔ ان جموع کو جو مشہور اور کثیر الاستعمال نہیں ہیں ترک کر دیا گیا ہے۔ لیکن المعجم الوسیط کے مقابلہ میں اس قاموس میں ذکر کردہ جموع قدرے زیادہ ہیں، جبکہ المنجد اور مصباح اللغات میں بہت سی غیر مشہور ایسی جموع بھی ہیں جو تقریباً متروک الاستعمال ہیں، گویا اس باب میں افراط و تفریط کے درمیان توازن و اعتدال القاموس الوحید کی ایک خصوصیت ہے۔

— اسم فاعل او، اسم مفعول کا صرف ایسی جگہوں پر ہی ذکر کیا گیا ہے جہاں خفا اور اقتضاء وضوح کی بناپر، یا اس سے بعض معانی متفرع کرنے کی غرض سے ایسا کرنا ضروری تھا۔ یہ اصل میں تو المعجم الوسیط کا نہج ہے جس کا عام طور پر القاموس الوحید میں بھی لحاظ کیا گیا ہے، البتہ اس میں ایسے بہت سے اسماء فاعل کا اضافہ ہے جو خاص جدید اصطلاحی معنی میں مستعمل ہیں۔

— ثقیل و غریب الفاظ کو ترک کر دیا گیا ہے، ایسے ہی ان الفاظ سے بھی صرف نظر کیا گیا ہے جو استعمال میں نہیں ہیں یا جن کا فائدہ برائے نام ہے۔ جیسے اونٹوں کے بعض نام ان کی صفات، بیماریاں اور ان کے علاج کے طریقے۔ اسی طرح ان مترادفات کو بھی عام طور پر نظر انداز کیا گیا ہے جو اختلاف اللهجات (بولیوں کے تعدد واختلاف) کا نتیجہ ہیں، جیسے اطمأنّ و اطبأنّ اور رعس ورعث وغیرہ۔ یہ بھی المعجم الوسیط ہی کے نہج کا حصہ ہے جو ایک خوبی بھی ہے اور اس حد تک القاموس الوحید میں بھی یہ امر ملحوظ خاطر رہا ہے۔ لیکن المعجم میں اس کوشش کے نتیجہ میں چونکہ بعض ضرورت کے الفاظ بھی متروک ہو گئے تھے اس لئے ایسے بعض منتخب الفاظ کا دوسرے مآخذ سے اضافہ کر دیا گیا ہے۔

— آسان مانوس و مستعمل کلمات اور مستعمل قدیم و جدید اصطلاحات و تعبیرات کو، خصوصیت سے جن کی ایک طالب علم اور مترجم کو کثرت سے ضرورت پیش آتی ہے، جمع کرنے کے ساتھ، ان کی تشریح و تعریف میں وضاحت و صحت کا اہتمام کیا گیا ہے۔

— تشریح الفاظ میں معتبر نصوص و معاجم سے مدد لی گئی ہے۔ اور اس کی تائید میں آیات قرآنی، احادیث نبویہ، امثال عرب اور فصیح اللسان شعرا اور انشاپردازوں سے منقول بلاغتی تعبیرات و ترکیبات پیش کی گئی ہیں۔ یہ المعجم الوسیط کی خصوصیات میں سے ہے جو نہ صرف القاموس الوحید میں پورے طور پر نمایاں ہے بلکہ بہت سے ایسے مقامات بھی ہیں جہاں لفظ کی مناسبت سے کچھ مزید روایات اور آیات قرآنی سے استشہاد کیا گیا ہے جو المعجم اور المنجد کے علاوہ دوسرے مآخذ سے منقول ہیں۔ لیکن افسوس کہ قاموس ہذا کا تھوڑا سا ابتدائی حصہ استشہادات کے

اس مفید التزام سے تقریباً خالی ہے۔ ترتیبِ لغت کی ابتدائی اسکیم میں مؤلفِ مرحوم کے ذہن میں قدرے اختصار ملحوظ تھا، چنانچہ شروع میں آیات قرآنی لکھنے کے بجائے اشارے کے طور پر ''ق'' کے رمز پر اکتفا کیا گیا ہے۔ لیکن بعد میں استشہاد بالآیات وغیرہ کے اہتمام کی ضرورت کے احساس کے تحت نہج بدل دیا گیا تھا جس پر آخر تک عمل رہا۔ یکسانیت کے لیے اگر ابتدائی حصہ کو دوبارہ لکھا جاتا جو مؤلفِ مرحوم کے زیرِ غور تھا تو اس قاموس کی اشاعت میں مزید تاخیر ہوتی جو نا قابل برداشت ہوتی جا رہی تھی۔

— المعجم الوسیط میں تشریح الفاظ میں اس کے مرتبین کے بیان کے مطابق ''مردہ اسالیب پر زندہ اسالیب'' کو ترجیح دی گئی ہے جس کا بہتر انعکاس اس قاموس میں موجود ہے۔ المعجم میں مذکورہ اہتمام کی تصریح کے باوجود بہت سے کلمات کی تشریح میں تشنگی بلکہ ابہام والتباس موجود تھا، جس کو خود مؤلف مرحوم نے اردو تعبیرات کے ذریعہ کافی حد تک دور کر دیا تھا۔ تاہم بعض اشکالات کے تحت مراجعت کے دوران جب پتہ چلا کہ المعجم کے مرتبین کرام نے بسا اوقات ایضاح عبارت کی ضرورت کے باوجود علامہ فیروز آبادی کی القاموس المحیط سے عبارتیں جوں کی توں نقل کرنے پر اکتفا کیا ہے تو دوسرے مراجع سے استفادہ کر کے مزید وضاحت کے ذریعہ اس قاموس کی امتیازی حیثیت میں اضافہ کر دیا گیا۔

— مختلف مقامات پر متعدد الفاظ جیسے مجلس وغیرہ کی مناسبت سے عصر حاضر میں اصطلاحات کے طور پر استعمال میں آنے والے مرکبات توصیفی واضافی جیسے المجلس التشریعي، المجلس العسکری اور مجلس الدفاع ومجلس الأمن وغیرہ لکھ کر ان کے مروجہ اصطلاحی معنی لکھے گئے ہیں۔ یہ چیز بھی من جملہ ان امور کے ایک ہے جو القاموس الوحید کو المعجم الوسیط، المنجد اور مصباح اللغات وغیرہ سے ممتاز بناتی ہے۔

— واضح رہے کہ مؤلف مرحوم نے اس ضخیم لغت میں اپنی سابقہ عربی اردو مختصر لغت القاموس الجدید سے بہت سے الفاظ و تعبیرات کا اضافہ تو کیا ہے، لیکن بالاستیعاب ایسا نہیں کیا گیا ہے، مثلاً بنك کی قسموں کا ذکر القاموس الجدید میں تفصیل سے ہے جبکہ قاموسِ ہذا میں ایسا نہیں ہے۔

— اس قاموس کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ انتہائی محنت کے ساتھ الفاظ کی معنی خیز تشریحات اور تطبیقی معانی بیان کئے گئے ہیں، جس کے باعث استفادہ کرنے والے تطبیق کی الجھن سے بچ جاتے ہیں۔

— ہر لفظ کے متعدد معانی کو نمبر ڈال کر لکھا گیا ہے جس سے مطلوبہ معنی تک پہنچنے کا کام بہت آسان ہو گیا ہے۔ البتہ اس اہتمام کے نتیجہ میں کہیں کہیں ایک معمولی سی یہ قباحت پیدا ہو گئی ہے کہ بعض تقریباً ہم معنی الفاظ الگ الگ نمبروں کے تحت لکھ دیے گئے ہیں۔

مراجعت و تصحیح

خوش قسمتی سے برادر محترم مولانا وحید الزماں کیرانویؒ اپنی زندگی میں، شب و روز کی جانکاہ محنت کے نتیجہ

میں القاموس الوحید مکمل کر چکے تھے۔ یہی نہیں اس کی کتابت بھی ساتھ ساتھ جاری تھی اور بیشتر حصہ کی کتابت بھی ہو چکی تھی۔ تالیف کا کام جو کئی سالوں تک چلا مولانا مرحوم صرف قیام دیوبند کے دوران ہی نہیں بلکہ اسفار میں بھی انجام دیتے تھے۔ وہ لغات و معاجم جو اس قاموس کے لئے بطور اساس و مآخذ زیر استعمال تھیں ان کو حروف تہجی کی تختیوں کے لحاظ سے الگ الگ اجزاء میں تقسیم کر لیا گیا تھا، اور جو تختی زیر تالیف ہوتی اس کے لئے متعلقہ تمام معاجم کے اجزاء دوران سفر اپنے ساتھ رکھتے تھے۔ اگر کہیں ایک دو دن بھی قیام کا موقع ملتا، تو التزاماً اس کام کو جاری رکھتے۔ اگر ایسا نہ کرتے تو شاید یہ عظیم کام پایۂ تکمیل کو نہ پہنچ پاتا۔

مولانا مرحوم جب اپنے مستقر دیوبند میں ہوتے تو وضاحت طلب الفاظ کے معانی اور تشریحات کے لئے زیادہ مراجع و مصادر دستیاب ہوتے تھے لیکن سفر کے دوران چونکہ یہ سہولت نہ ہوتی تھی اس لئے بعض جگہیں خالی چھوڑ دی جاتی تھیں یا تشنہ تشریحات و معانی کے سامنے سوالیہ نشان لگا دیا جاتا تھا تاکہ بعد میں دوسرے مراجع سے استفادہ کر کے تکمیل کر دی جائے لیکن شاذ و نادر ہی اس کا موقع مل پاتا تھا کیونکہ کاتب صاحب اپنا سابقہ کام مکمل کر چکے ہوتے تھے اور ضیاع وقت سے بچنے کے لیے بسا اوقات مسودہ اسی شکل میں بلا مراجعت و تکمیل ان کو دے دیا جاتا تھا۔

اپریل ۱۹۹۵ء میں مؤلفؒ کی وفات کے بعد مراجعت ثانیہ کے ساتھ اس کے تشنۂ تکمیل امور کے سلسلہ میں فیصلے کر کے آخری شکل دینے کی ذمہ داری احقر کے حصہ میں آئی۔ برادر مرحوم کے بڑے صاحب زادے عزیزم مولوی بدر الزماں قاسمی کیرانوی جو اچھی انگلش جاننے کے ساتھ عربی زبان میں لکھنے اور ترجمہ کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں ان کی مقبول عام کتاب "جدید عربی ایسے بولیے" "اور خطوط نویسی" اس کا ثبوت ہیں، اور آج کل سفارت خانہ سعودی عرب میں ایک اہم عہدہ پر فائز ہیں، وہ اس کام کو بخوبی انجام دے سکتے تھے لیکن چونکہ وہ ان دنوں بسلسلۂ ملازمت دوحہ۔ قطر میں مقیم تھے، اس لئے سب کی خواہش و اصرار کے پیش نظر میں نے اپنی انتہائی مصروفیت کے باوجود اس عظیم ذمہ داری کو قبول کر لیا۔

جب کام شروع کیا تو جیسا کہ علامہ سید سلیمان ندویؒ سیرۃ النبی کے دیباچہ طبع چہارم میں رقم طراز ہیں: "مصنف (علامہ شبلی نعمانی رحمہ اللہ) کی وفات کے بعد جب سیرۃ کا مسودہ مصنف کی وصیت کے مطابق اس ہیچمداں کے ہاتھ آیا تو اس عقیدت کی بنا پر جو ایک شاگرد کو اپنے استاد سے ہونی چاہیے استاد کے مسودہ پر انگلی رکھتے ہوئے بھی ڈر معلوم ہوتا تھا، اگر کبھی بہ ضرورت ایسی گستاخی کرنی پڑتی تھی تو خواب میں بھی ڈر جاتا تھا"، اس احقر کو بھی مصنف کا برادر خرد اور شاگرد ہونے کی وجہ سے کچھ ایسی ہی صورت حال سے دوچار ہونا پڑا۔ بہر حال جی کڑا کر کے فریضہ کی انجام دہی شروع کی گئی تو آہستہ آہستہ خوف کی نفسیاتی کیفیت نارمل ہوئی اور کام کی راہ ہموار ہوتی چلی گئی۔

سفارت خانہ سعودی عرب نئی دہلی کے صحافتی ڈپارٹمنٹ کے ذمہ دار کی حیثیت سے احقر پر کام کا بوجھ تھا اس لئے مراجعت کا کام بہت سست رفتاری سے شروع ہوا، اس ذمہ داری سے جلد از جلد عہدہ برآ ہونے کے احساس

کے تحت سفارت خانہ کی سروس سے علیحدگی کا ارادہ کیا اور کوشش بسیار کے بعد اس میں کامیابی ہوئی۔ اس کے بعد مراجعت کے کام میں تیزی تو آئی لیکن پھر بھی مختلف رکاوٹیں پیش آتی رہیں۔

واضح رہے کہ مراجعت کا مطلب یہاں وہ تصحیح نہیں ہے جس سے مراد محض کتابت یا کمپوزنگ کی غلطیوں کی نشاندہی ہوتی ہے۔ حالانکہ ایک ضخیم لغت میں تو یہ کام بھی بڑا محنت طلب ہوتا ہے۔ اس مراجعت میں مسودہ اور کتابت شدہ صفحات کو جن کی تعداد اٹھارہ سو اٹھائیس ہے (اس تعداد میں احقر کے مقدمہ کے صفحات شامل نہیں) حرفاحرفاان کی اساسِ اول المعجم الوسیط اور مذکورہ صدر تمام مآخذ سے ملا کر دیکھا گیا۔ اس کے علاوہ فراغات (خالی جگہوں) کو پُر کرنے اور ان الفاظ کی تحقیق کے سلسلہ میں جن کے معانی و تشریحات خود مؤلف کی نظر میں اطمینان بخش نہیں تھیں اور مزید بحث و تمحیص کے کام کو آئندہ کے لئے چھوڑ دیا تھا، ان گنت علمی کتب سے مراجعت کی گئی اور مکمل تشفی کے بعد تشنۂ تشریح الفاظ کے معنی و مراد کی نہایت تحقیق سے تعیین کی گئی۔ نشان زد مشتبہ تشریحات کی تصویب و تبدیل کے عمل کے ساتھ ساتھ ان تسامحات کا ازالہ بھی کیا گیا جو دوران مراجعت سامنے آئے۔

یوں تو تسامحات یا اغلاط و اخطا کا پایا جانا کسی بھی بڑے سے بڑے عالم و محقق کے تصنیفی و تالیفی عمل میں اور خاص طور پر ایسے کام میں جو اپنے پھیلاؤ کے اعتبار سے کسی وسیع و عریض خار دار جھاڑیوں اور دشوار گذار راہوں سے پُر جنگل کے مشابہ ہو، اور اس وجہ سے بھی کہ انسان خطا و نسیان سے مرکب ہے، عین مطابق فطرت اور قرین عقل ہے۔ پھر اس عموم سے ہٹ کر لغت نویسی کے جس سیاق میں یہ بات چل رہی ہے اس کے ضمن میں یہ تذکرہ بے محل نہ ہوگا کہ بڑے بڑے ماہرین لغت کی معاجم میں سے کوئی بھی ایسی نہیں جس میں غلطیاں یا غلط فہمیاں در نہ آئی ہوں چنانچہ زمخشری نے اساس البلاغة میں ان مقامات کی نشاندہی کی جہاں صاحب الصحاح کو وہم ہوا۔ ابن منظور نے لسان العرب میں تقریباً اپنے تمام پیش رووں کی اخطاء اوہام کی نشاندہی کی حتی کہ الازہری کی تهذيب اللغة اور ابن سیدہ کی المحکم بھی اس سے نہ بچ سکیں۔ مجد الدین فیروز آبادی جنھوں نے جوہری کی الصحاح کو ہدف تنقید بنایا خود اپنی القاموس المحیط میں غلطیوں سے نہ بچ سکے۔ اور عصر حاضر کے ایک نامور محقق عبد السلام محمد ہارون نے لسان العرب کی لغزشوں اور تسامحات کو بھی اپنی کتاب "تحقيقات وتنبيهات في معجم لسان العرب" کے ذریعہ آشکارا کر دیا ہے۔

ان تمام حقائق کو پیش نظر رکھنے کے ساتھ برادر محترم مولانا وحید الزماں کیرانوی مرحوم کی زیر نظر ضخیم قاموس پر اس زاویہ سے گفتگو کے سیاق میں یہ امر بھی ملحوظ رکھنا ضروری ہے کہ انھوں نے ایک ایسا زرخیز ذہن پایا تھا جس میں ہر وقت طرح طرح کی علمی اسکیمیں آتی تھیں اور چونکہ قاموس کا کام بہت طویل تھا جس نے سخت اور خشک ہونے کے باوجود روٹین کی سی شکل اختیار کر لی تھی لہٰذا اس کام کے دوران جب مرحوم کا ذہن دوسرے علمی

منصوبوں کے تانے بانے میں مصروف ہوتا تو اصل کام کی طرف بعض لمحات میں مطلوبہ توجہ اور ترکیز کا قائم نہ رہنا ایک فطری بات تھی۔

علاوہ ازیں مؤلف مرحوم اپنی حیات مستعار کے آخری سالوں میں اس معجم کی تکمیل کے بعد حدیث و ترجمۂ قرآن سے متعلق اپنے عزائم کی تکمیل کے خواہشمند تھے۔ اور اس احساس کے تحت کہ غالباً عمر زیادہ وفا نہ کرے گی جس کا بعض اوقات انھوں نے اظہار بھی کیا، اپنے معمول میں تسلسل رکھتے اور لغت نویسی جیسے اطمینان و یکسوئی طلب کام کو سفر و حضر میں پوری تیز رفتاری سے انجام دیتے رہے۔

مزید برآں شکر کے مرض کی بنا پر بینائی بھی کچھ متأثر ہو گئی تھی، باریک حروف کی ڈکشنریوں سے استفادہ کے لئے چشمہ کے علاوہ محدب شیشہ (Magnifying Glass) بھی استعمال کرتے تھے، پھر نصف شب تک اس جانکاہ عمل میں لگے رہنا تو معمول کی بات تھی بسا اوقات دو اور تین بھی بج جاتے تھے۔ مسودہ کی کاپیوں پر جا بجا لکھے ہوئے وقت سے اس کا اندازہ ہوتا ہے۔

ایسی صورت حال میں کسی لفظ کے متعدد معانی کے ضمن میں مثلاً ناقۃ کا (جبکہ نقاہت کا کوئی قرینہ یا سیاق بھی موجود نہ ہو) طباعت کے غیر واضح ہونے یا عدم حضور ذہنی کے سبب ناقۃ (اونٹنی) کے وہم میں ترجمہ ہو جانا چنداں حیرت کی بات نہیں۔ لیکن اس عذر اور پورے جواز کے باوجود نظر چوکنے کی ایسی کسی غلطی سے پیدا ہونے والی خرابی بسیار کا لازم آنا بھی ظاہر ہے اور اس ایک مثال سے قارئین کرام کے لئے یہ سمجھنا بھی مشکل نہ ہو گا کہ یہ کام کس قدر ژرف نگاہی اور جانکاہ محنت کا متقاضی ہے۔ مراجعت کے دوران اس قبیل کے جو معدودے چند مسامحات چشم سامنے آئے ان کا بھی بحمد اللہ تدارک کر دیا گیا۔

مراجعت کے دوران ایک بہت بڑی دشواری جس کا سامنا کرنا پڑا وہ یہ تھی کہ ہر تبدیلی کے موقع پر کسی بھی عبارت کے لکھنے میں "(یا تغیر طلب) معنی و تشریح" کے طول واختصار کا پابند رہنا پڑا کیونکہ تقریباً پوری القاموس کتابت شدہ تھی، اسی لئے بسا اوقات تبدیل کردہ عبارت کی صیاغت میں وقت بھی زیادہ صرف ہوا اور کوشش کے باوجود بہت سی جگہوں پر تعبیر و کتابت دونوں ہی کا حسن برقرار نہ رکھا جا سکا۔ جب بھی کہیں کسی لفظ یا معنی کو حذف کرنے کی ضرورت پیش آتی تو اسی کے بقدر وہاں کچھ لکھنا بھی ضروری ہوتا۔ اس کے علاوہ کہیں کسی مفید اضافے کو دل چاہتا تو اس کی گنجائش پیدا کرنے کے لیے بعض غیر اہم چیزیں نکالنے جیسے مختلف جتن کرنے پڑتے۔

کتابت شدہ صفحات کی مراجعت و تصحیح کا کام مؤلف مرحوم نے اپنی زندگی میں ہی اپنے ایک ہونہار شاگرد اور لائق فاضل مولانا عبدالقدوس قاسمی نیرانوی کے سپرد کر دیا تھا۔ مولانا موصوف نے، جو تفسیر سمیت دو کتابوں کے مترجم، خطب متنوعة (فی الدعوة والموعظة والإرشاد) کے مرتب اور اب اسپر نگس، جوہانسبرگ (ساؤتھ افریقہ) جامعہ محمودیہ کے استاذ ادب عربی ہیں، اپنے استاذ مؤلف مرحوم کی جانب سے تفویض کردہ کام کو اپنا

خوش گوار فرض جان کر انجام دیا۔ انھوں نے اخلاص کے ساتھ محنت لگن اور تندہی سے پوری قاموس کی از اول تا آخر مراجعت اولی کی تکمیل کی۔ وہ دہلی میں مقیم نہیں تھے اس لیے میں الگ سے مراجعت ثانیہ کا کام انجام دیتا رہا۔ شروع میں میرے کام کی رفتار سست رہی پھر ترک ملازمت کے بعد اس میں کچھ تیزی آئی اور اسی طرح قاموس کے نصف اول کی مراجعت نہائیہ (فائنل) بھی عمل میں آ ہی گئی۔ بعد ازاں خوش قسمتی سے دار العلوم دیوبند کے ایک اور لائق فاضل مولانا وارث مظہری قاسمی کی خدمات حاصل ہو گئیں جو علی گڑھ سے ایم۔ اے کرنے کے بعد وہاں سے ریسرچ کر رہے ہیں اور عربی انگلش کی نمایاں صلاحیت کے ساتھ اردو کا اچھا ادیبانہ ذوق اور اس میں لکھنے کا بہترین سلیقہ رکھتے ہیں اور ان دنوں تنظیم ابنائے قدیم دار العلوم دیوبند (دہلی) سے شائع ہونے والے موقر علمی ماہنامے "ترجمان دار العلوم" کی ترتیب وادارت میں اہم ذمہ داری نبھا رہے ہیں۔ وہ اس مقصد کے لیے میرے قریب ہی مقیم ہو گئے تھے۔ ہم نے طویل عرصے تک روزانہ لمبی لمبی متعدد نشستوں میں مشترکہ طور پر مراجعت و تحقیق کے کام کو مکمل یک سوئی اور محنت کے ساتھ تیزی سے آگے بڑھایا۔ ان نشستوں میں مراجعتِ مآخذ اور باہمی قراءت و سماعت کا جو طریقہ اپنایا اس میں فرو گذاشتوں کے رہ جانے کے امکانات کم سے کم تر ہو گئے اور اس طرح عرصۂ دراز کی محنت شاقہ کے بعد قاموس کے نصف ثانی کی آخری مراجعت کا کام بھی بحمد اللہ پایۂ تکمیل کو پہنچ گیا۔ میرے لئے ان کا رسمی شکریہ ادا کرنا اس لئے بے محل ہو گا کہ ان کے اس عمل کے پیچھے جو جذبہ کارفرما تھا وہ ان کا مؤلفؒ کے ساتھ گہرے تعلق و عقیدت کا نتیجہ ہے اس لئے یہ کہنا زیادہ صحیح ہو گا کہ یہ دونوں حضرات برادر مرحوم کے تمام متعلقین کی جانب سے مستحق مبارکباد ہیں۔ اسی طرح خوش نویس جناب سمیع احمد مونگیری صاحب بھی ہم سب کی طرف سے شکریہ کے مستحق ہیں جنھوں نے انتہائی نامساعد حالات میں اس مقصد سے دیوبند میں مقیم رہ کر بڑی ثابت قدمی کے ساتھ کتابت کے کام کو خوش اسلوبی سے پایۂ تکمیل تک پہنچایا۔

اس قاموس کی اشاعت میں تاخیر کے لئے سب سے بڑا قصور وار یہ احقر ہی ہے۔ یہ صحیح ہے کہ پہلے سفارت خانہ کے فرائض منصبی اور ترک ملازمت کے بعد مختلف قسم کی ہنگامی مصروفیات و عوائق کام کو جلد از جلد انجام دینے میں رکاوٹ بنتے رہے، لیکن اس میں ایک حد تک اس بات کو بھی دخل رہا کہ اوپر سے کوئی مسلسل دباؤ اور پریشر کی ایسی صورت نہ تھی جو راقم السطور کے کام میں تسلسل اور تیزی کے لئے ضروری ہوتا ہے۔ برادر مرحوم کے دونوں چھوٹے صاحب زادے عزیزان قدر مولوی صدر الزماں کیرانوی اور حافظ قدر الزماں کیرانوی دیوبند میں قیام اور مرحوم سے نسبت فرزندی کے باعث اور مکتبہ حسینیہ دیوبند کے مالکان کی حیثیت سے طلبہ اور تمام متعلقین وشائقین لغت کی جانب سے استفسارات سے دوچار رہنے کے باوجود، ادباً تقاضے کی ہمت نہ کر پاتے، البتہ برادران خرد ڈاکٹر معید الزماں قاسمی کیرانوی (جن کا دیوبند میں کلینک ہے اور اللہ نے ان کے ہاتھ میں شفا بھی دی ہے) اور مولوی حافظ فرید الزماں کیرانوی جامعی (جو سفارت خانہ کویت نئی دہلی میں عرصۂ دراز سے ایک اہم عہدہ پر فائز

ہیں) وقتاً فوقتاً دبے لفظوں میں توجہ دلاتے رہتے تھے ایسا نہ ہونے کی صورت میں قدرے مزید تاخیر کا پورا امکان تھا اس لئے یہ بھی مستحق شکریہ ہیں۔

مراجعت کے دوران بحث و تمحیص اور تصحیح کی حتی الامکان کوشش کے باوجود کچھ غلطیوں اور فروگزاشتوں کا رہ جانا تو یقینی ہے۔ لیکن پورے اعتماد اور وثوق سے کہا جاسکتا ہے کہ بعض مشہور مروجہ عربی اردو ڈکشنریوں میں کتابت وطباعت کی یا دوسری جو بے شمار اغلاط موجود ہیں ان کے مقابلہ میں زیر نظر قاموس میں کتابت وغیرہ کی یا دوسری ممکنہ اخطاء و تسامحات کی نسبت شاید ناقابل ذکر ہی ہو۔ انشاء اللہ

مؤلف مرحوم نے ایک صفحہ پر مشتمل ابتدائی مسودہ کی شکل میں القاموس کے مختصر تعارف میں لکھا ہے: "یہ ڈکشنری قدیم وجدید ایک لاکھ الفاظ پر مشتمل جامع ترین ڈکشنری ہے" تعداد الفاظ کے اس تخمینہ کی کیا علمی بنیاد ہے یہ جاننے کے لئے ہم نے حساب لگانے کی نہ کوشش کی اور نہ ہی اس کی ضرورت سمجھی کیونکہ یہ بات بلا خوف تردید کہی جاسکتی ہے کہ یہ عصر حاضر کی جامع ترین عربی اردو لغت ہے۔

برادرِ مرحوم کے ساتھ گفتگو کے دوران اس قاموس کے نام کا مسئلہ کئی بار زیر بحث آیا۔ القاموس المحیط، القاموس الشامل، القاموس الوحید وغیرہ مجوزہ ناموں پر غور ہوا۔ اول الذکر نام معنوی اور صوتی دونوں اعتبار سے پسندیدہ تھا لیکن وہ علامہ فیروز آبادی کی مشہور زمانہ معجم کا نام ہے۔ سہ لفظی ترکیب کے نام میں طوالت کی قباحت کے باوجود رجحان ہوا کہ آگے پیچھے کسی مناسب لفظ کے اضافہ سے یہی نام رکھا جائے۔ چنانچہ مسودۂ لغت کی متعدد کاپیوں پر مؤلفؒ کے قلم سے یہی نام درج ہے۔ القاموس الوحید کے عنوان میں مرحوم کو اپنے نام کی طرف بقلم خود نسبت کی بنا پر تردد تھا، ادھر شمول (جامعیت) کی صفت سے خالی ایک معجم ۱۹۹۷ء میں بیروت سے شائع ہوکر منظر عام پر آچکی ہے، جس کے ٹائٹل پر لکھے ہوئے نام "الاداء- القاموس العربی الشامل" کے انداز سے ایسا لگتا ہے کہ اس کا نام ہی "القاموس العربي الشامل" ہے۔ لہٰذا موصوف کی وفات کے بعد تمام متعلقین کی یہی رائے ہوئی کہ القاموس الوحید ہی نام رکھا جائے۔ اس میں معنویت بھی ہے اور مؤلف مرحوم کی سب سے پہلی ڈکشنری القاموس الجدید (اردو عربی) اور دوسری القاموس الجدید (عربی اردو) کے ساتھ سجع کی رعایت اور صوتی آہنگ میں کلی مناسبت بھی۔

مقدمہ لکھنے کی بات آئی تو خیال ہوا کہ قاموس کی ضخامت کے لحاظ سے اگر کچھ تفصیل سے لکھا جائے تو بہتر ہوگا۔ تھوڑے مطالعہ کے بعد اردو تحریر سے بیگانہ ہاتھ نے (جو دار العلوم سے فراغت کے بعد سے عربی زبان ہی میں لکھنے کا عادی رہا تھا) قلم اٹھایا تو ناتجربہ کاری اور ناپختگی کی بنا پر ایسا بے لگام ہوا اور مضمون نے اتنا طول پکڑا کہ وہ دیباچہ کی بجائے "عدالتی مقدمہ" کی شکل اختیار کر گیا۔ طوالت کے احساس کے تحت اختصار کے ساتھ مضمون کو سمیٹنے کی کوشش کی تو نہج کی یکسانیت باقی نہ رہی۔

تہذیب وترتیب نو کے لئے دوبارہ لکھنے کی صورت میں قاموس کی اشاعت میں مزید تاخیر ہونا یقینی تھا، اس

لئے میں شائقین سے التماس کرتا ہوں کہ وہ مزید انتظار - جس کو اشد من الموت کہا گیا ہے - کی مزید زحمت سے بچنے کے لئے اس پلندۂ معلوماتِ پراگندہ ہی کو مقدمہ سمجھ کر، ناپختہ خامہ فرسائی کی اسی خام شکل کو برداشت کرتے ہوئے راقم السطور کی لغزشوں اور فروگزاشتوں کو دامن عفو سے چھپائیں۔

اس مقدمہ کے اختتام پر، ایک بار پھر سیرۃ النبی جلد اول میں علامہ سید سلیمان ندویؒ کے دیباچہ طبع اول سے اقتباس لے کر، حسب ضرورت تصرف کے ساتھ، بلا تشبیہ - کم از کم خود کی حد تک - راقم الحروف اپنے احساسات اور موقع کی ترجمانی کرنا چاہتا ہے:

القاموس الوحید جس کے غلغلہ سے ہندوستان کا گوشہ گوشہ گونج رہا ہے، آج مؤلف کی وفات کے تقریباً پونے چھ سال کے بعد جب وہ پہلی بار مطبوعہ شکل میں شائقین کے ہاتھوں میں پہنچ رہی ہے، میں اپنا دل اس مسرت آمیز اطمینان سے لبریز پاتا ہوں کہ برادر مرحوم کی وفات کے بعد جو فرض میرے سپرد کیا گیا تھا الحمد للہ کہ اس سے آج سبکدوش ہوتا ہوں۔

شادم از زندگیٔ خویش کہ کارے کردم

لیکن اس مسرت اور اطمینان کے ساتھ یہ حسرت باعث تکدر خاطر ہے کہ کاش مؤلف مرحوم اپنی سالہا سال کی جانکاہ محنت کے اس ثمرہ کو خود اپنے ہاتھوں سے شائقین و مداحوں کی نذر کرتے۔

آخر میں پروردگار عالم کی بارگاہ عالی میں دعاء ہے کہ وہ خطا و نسیان سے درگذر فرما کر مؤلف کی اس خدمت کو دنیا میں مقبولیت اور آخرت میں قبولیت کا شرف بخشے اور تمام طالبان لغت و ادب اور علوم اسلامیہ کو اس سے بیش از بیش مستفید فرما کر جنت میں مؤلف مرحوم کے درجات کی بلندی، اور طفیل میں اس گنہگار کے لئے بھی بخشش کا ذریعہ بنائے۔ آمین۔

وفق الله العاملين في ميدان اللغة العربية، لحمايتها ونشرها بتيسير صعبها وتذليل شموسها، واخراج كتبٍ وقواميسَ نافعةٍ للمهتمين بها، باعتبارها مفاتيحَ للعلوم الاسلامية، تُنير لهم السبيل، وتحقق لهم القصد والغاية. وأسأله تعالى ان يجعلني من أولئك العاملين، ويهب لي الصحة والصبر، لاقوم بواجبي نحو ديني، ومنه استمد العون، وعليه أتوكل، وإليه انيب.

عمید الزماں قاسمی کیرانوی
ذاکر نگر - اوکھلا، نئی دہلی ۲۵

۱۰ر نومبر ۲۰۰۰ء

بسم الله الرحمن الرحيم

ما المعجم ومتى أصبح القاموس مرادفا له؟

إن الباحث عن معنى لفظ (المُعْجَم) لا بد له من تجريده من زوائده، والبحث عما تدل عليه حروفه الأصول؛ وهي هنا: العين، والجيم، والميم. والكلمة على هذا الوضع، تفيد الإبهام والخفاء، وقد أشار إلى ذلك ابن جنى في كتابه "سر الصناعة " فقال: ومن ذلك قوله: " رجل أعجم، وامرأة عجماء، اذا كانا لا يفصحان ولا يبينان. والأعجم: الأخرس، وهكذا..."

هذه نبذة عما تدل عليه هذه المادة، وهى لا تساير المقصود من المعجم لأن المراد منه إزالة الغموض عن الألفاظ، وكشف الإبهام عن الكلمات. ولعل هذا المعنى قد استفيد من دخول الهمزة على الفعل، على أن يكون المراد منها الإزالة، كأشكيته: أزلت شكواه، ويكون المقصود من أعجمته: أزلت عجمته، وأذهبت خفاءه. ولعل حروف الهجاء سميت بحروف المعجم لتلك المناسبة، لأن النقط الموجود في كثير منها يزيل الخفاء المحدق بها، ويوضح للناظر المراد منها. ونتبين ذلك في مثل الحرف "ب" فإن وضعت له نقطة واحدة من تحت، كان باء، وإن وضعت عليه نقطتان من فوق كان تاء، وإن نقط بثلاث نقط فوقه كان ثاء، وهكذا "ح" وغيرها...

وبناء على ما تقدم يمكننا أن نعَرِّفَ المعجم: بأنه كتاب يضم ألفاظ اللغة مرتبة على نمط معين، مشروحة شرحا يزيل إبهامها؛ ومضافا اليها ما يناسبها من المعلومات التي تفيد الباحث، وتعين الدارس على الوصول الى مراده. (المعاجم اللغوية ص ٦)

"... وحسب "القاموس" (لمجد الدين أبي طاهر محمد بن يعقوب الفيروزآبادى) شهرةً أنه أصبح عند المتأخرين مرادفاً للمعجم، حتى أن أحدنا يسمع سائلا يقول: قاموس الصحاح؛ وقاموس لسان العرب، وقاموس التهذيب، وقاموس العين، مما يدل على طغيان اسمه على المعجمات، بل سمى باسم القاموس كثير من المعجمات، مثل: القاموس العصرى، وقاموس الجيب". (مقدمة الصحاح ص ١٧٣)

باب الالف

الف ممدوده

ا

الاَلِف : حروفِ ہجا کا پہلا حرف۔ الف کی دو قسمیں ہیں : (۱) ساکن جیسے قَامَ میں۔ اسے لیّنہ کہتے ہیں (۲) متحرک جیسے أَقَرَأْتَ میں۔ اسے ہمزہ کہتے ہیں۔ ہمزہ حسب ذیل معانی کے لئے آتا ہے۔

(۱) استفہام یعنی فعل کی نسبت معلوم کرنے کے لئے۔ جیسے أَقَرَأْتَ (کیا تونے پڑھا ؟) جواب میں نَعَمْ کہا جائے گا۔ یا چند اشیاء میں سے کسی ایک کی تعیین کے لئے۔ جیسے أَ اَخُوكَ سَافَرَ أَمْ اَبُوكَ ؟ جواب میں کسی ایک کو متعین کرکے کہا جائے گا سَافَرَ أَبِي۔ اگر منفی سوال کیا جائے جیسے أَلَمْ يُسَافِرْ اَخُوكَ ؟ تو اس کا جواب اگر نفی میں دینا ہو تو کہا جائے گا نَعَمْ (یعنی میرے بھائی نے سفر نہیں کیا) اور اگر جواب اثبات میں دینا ہو تو بَلٰى کہا جائے گا (یعنی ہاں، میرے بھائی نے سفر کیا)۔

(۲) ندائے قریب کے لئے۔ جیسے أَبُنَيَّ اے بیٹے۔

(۳) تسویہ یعنی برابری کے لئے۔ جیسے أَ اَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ آپ ان کو ڈرائیں یا نہ ڈرائیں، ان کے لئے دونوں برابر ہیں۔

- آ : ندائے بعید کے لئے یا جو بعید کے مانند ہو جیسے غافل۔
- آب : گیارہواں سریانی مہینہ، مقابل اگست
- الآب : نصاریٰ کے نزدیک افراد تثلیث (خدا، بیٹا، روح القدس) میں سے پہلا (الأُقْنوم الأوّل)۔
- الآبُنُوس : آبنوس، ایک قسم کی ٹھوس اور سیاہ لکڑی۔

الآبُنوسِيَّة : بجلی کے کرنٹ کو جدا کرنے والا مسالہ۔

- الآجُرّ : پکی اینٹ و: آجُرَّة۔
- الآح : دیکھئے (ا ی ح)۔
- آدَم : دیکھئے (ادم)۔
- آذار : چھٹا سریانی مہینہ، مقابل مارچ۔
- الآس : ایک خوشبودار پھل دار پودا، بڑی الائچی کے مانند (۲) ایک نقطہ والا تاش کا پتّہ۔
- آسِيَا : ایشیا۔ دیکھئے (أسی)۔
- آل : دیکھئے (أول)۔
- آمِيْنَ : دعا کے بعد کہا جاتا ہے۔ بمعنی اللّٰهُمَّ اسْتَجِبْ (اے اللہ قبول کر)
- الآنِسُونُ : ایک قسم کی بوٹی جو بطور دوا استعمال کی جاتی ہے۔
- الآنُك : سیسہ۔
- الآبِيْنُ : رواج، رسم۔

ا ـــــــــ ب

- أَبَأَه بِسَهْمٍ ـ اَبْئًا : تیر مارنا۔

الاَبَاءُ : بانس، نرکل و: أَبَاءَة۔

- أَبَّ لِلسَّيْرِ ـ أَبًّا و اَبَابًا : چلنے کے لئے تیار ہونا۔

ـــ إليه : مشتاق ہونا، مائل ہونا۔

ـــ على اَعْدَائِه : بھرپور حملہ کرنا۔

اَبَّتْ اَبَابَةُ الشئ : روش کا درست ہونا۔

ـــ الشئَ اَبًّا : قصد کرنا۔ اَبَّ اَبَّهُ :

کسی کے راستے پر چلنا۔

أَبَّ يَدَه إِلَى سَيْفِه : تلوار سونتنے کیلئے ہاتھ بڑھانا۔

ائْتَبَّ له : تیار ہونا۔

اسْتَأْبَّ فلانًا : کسی کو باپ بنالینا۔ دیکھئے (اب و)

تَأَبَّبَ به : فخر کرنا، نازاں ہونا۔

الأُباب : کثیر پانی (۲) سراب۔

الأَبابَة : وطن کا شدید اشتیاق، یادِ وطن کا ملال۔

الأَبُّ : تر یا خشک گھاس، چارہ قرآن پاک میں ہے: "وفَاكِهَةً وأَبًّا" فلان رَاعَ له الحَبُّ و طَاعَ له الأَبُّ: اس کی کھیتی سرسبز اور چراگاہ کشادہ ہوگئی (۲) باپ بمعنی أَبٌ۔

إِبَّانُ الشيءِ : موسم، سیزن، وقت۔ زیادہ استعمال اضافت کے ساتھ ہوتا ہے۔ جیسے إِبَّانُ الفاكهة : پھل کا موسم (دیکھئے : اب ن)۔

أَبِيبُ : قبطی سال کا گیارہواں مہینہ۔

• أَبِتَ اليومُ ـَ أَبَتًا : دن کا سخت گرم ہونا۔ هو آبِتٌ۔

أَبْتَةُ الغَضَب : غصہ کی تیزی۔

المَأْبُوت : گرم، غضب ناک۔

• أَبْجَد : حروفِ تہجی کے مجموعوں کا پہلا لفظ

• أَبَدَ ـُ أُبُودًا : جنگلی ہونا، لوگوں سے الگ تھلگ ہونا۔

ــــ الشاعِرُ و نحوه : شعر میں مشکل و نامانوس الفاظ لانا۔

ــــ فلان بالمكان : قیام پذیر ہونا، ڈیرا ڈال دینا، نہ ٹلنا۔

أَبِدَ ـَ أَبَدًا : جنگلی ہونا۔ هو أَبِدٌ۔

ــــ عليه : غصہ ہونا۔

أَبَّدَ الشيءَ : دوام عطا کرنا، دوامی بنا دینا۔

تَأَبَّدَ : جنگلی ہونا۔

ــــ المكانُ : ویران ہونا، سنسان ہونا، غیر آباد ہونا۔

ــــ الشيءُ : دوامی ہونا، ہمیشہ رہنا۔

ــــ الرَّجُلُ : مدتِ دراز تک غیر شادی شدہ رہنا۔

الآبِدَة : قابلِ تعجب بات، عجیب و نادر شے (۲) ناقابلِ فراموش حادثہ ج: أَوَابِد۔ أَوَابِدُ الطَّيْرِ : ہر موسم میں ایک جگہ رہنے والے پرندے۔

أَوَابِدُ الوَحْش : جنگلی جانور۔

الأَبَد : زمانہ ج: آباد و أُبُود (۲) ہمیشگی (۳) لازوال۔

أَبَدَ الآبِدِين، أَبَدَ الآباد : کبھی کبھی منفی استعمال کیا جاتا ہے جیسے لا أَفْعَلُ ذلك أَبَدَ الآبِدِين۔ "طَالَ الأَبَدُ على لُبَد" مثل ہے۔ اس چیز کے بارے میں بولی جاتی ہے جس پر ایک طویل زمانہ گزر چکا ہے۔

أَبَدًا : (۱) کبھی نہیں، بالکل نہیں۔ جیسے لا أَفْعَلُه أَبَدًا (۲) ہمیشہ، ضرور۔ جیسے أَفْعَلُه أَبَدًا۔ خَالِدِينَ فيها أَبَدًا (زمانۂ مستقبل میں فعل کی نفی یا اثبات کی تاکید کیلئے آتا ہے)۔

الأَبَدِيّ : لازوال جس کی انتہا نہ ہو۔

الأَبَدِيَّة : دوام، ہمیشگی۔

• أَبَرَ النَّخْلَ ـُ أَبْرًا و إِبَارًا و إِبَارَةً : کھجور کے درخت کو قلم لگانا

ــــ الزَّرْعَ : درست کرنا۔

ــــ العَقْرَبُ و النَّحْلَةُ فلانًا : ڈسنا، ڈنک مارنا۔

ــــ الحيوانَ : ہلاک کرنے کے لئے چارہ میں سوئی کھلانا، ہلاک کرنا۔

ــــ فلانًا : غیبت کرنا، تکلیف پہنچانا (۲) انجکشن لگانا۔

ــــ بين النّاس : چغلی کھانا۔

أَبِرَ الزرعُ ـَ أَبَرًا : کھیتی کا درست ہونا۔ هو أَبِرٌ۔

أَبَّرَ النخلَ او الزرعَ : کھیتی یا کھجور کو درست کرنا، گابھا دینا۔

ائْتَبَرَ فلانًا : کسی سے کھجور یا کھیتی درست کرانا۔

تَأَبَّرَ : درست ہونا۔

ــــت صِغارُ النَّخْل : کھجور کے چھوٹے درختوں کا قلم لگانے کے قابل ہوجانا۔

الإِبَارَة : قلم لگانے کا پیشہ۔

الأَبَّار : سوئیاں بنانے والا، سوئی فروش

الإِبْرَة : سوئی (۲) ڈنک (۳) سینگ کا سرا (۴) کہنی کی نوک ج: إِبَرٌ۔

إِبْرَةُ المُحْقَن : سرنج کی سوئی۔

إِبْرَةُ الدَّوَاء : انجکشن۔

الإِبْرَةُ المِغْنَطِيسِيَّة : مقناطیسی سوئی۔

بَيْتُ الإِبْرَة، إِبْرَةُ المَلَّاحِين : قطب نما۔

شُغْلُ الإِبْرَة : ایمبرائڈری، پھول نکالنے کا کام، کشیدہ کاری۔

وَخْزُ الإِبَر : کچوکے مارنا، خفیہ طور پر مسلسل تکلیف پہنچانا۔

الأَبُور : کھجور کی کلی جس سے قلم لگائی جاتی ہے ج: أُبُر۔

المَأْبَر : کلی کا چھلکا ج: مَآبِر۔

المِئْبَر : (۱) بڑی سوئی (۲) سوئی دان (۳) درختوں میں قلم لگانے کی چھری ج: مَآبِر۔

المِئْبَرَة : چغل خوری، فساد انگیزی ج: مَآبِر۔

فَشَتْ بَيْنَهُمُ الْمَآبِرُ: ان میں چغل خوریاں عام ہوگئیں۔

• الأُبِرَا: اوپیرا، غنائی ڈرامہ (جس میں نغمہ وساز کا عنصر غالب ہو) (۲) اوپرا ہاؤس، غنائی ڈرامہ گھر (مع)۔

• الأَبْرَشِيَّة: عیسائی پادری کے زیر انتظام علاقہ۔

• الإِبْرِيز: خالص سونا (مع)۔

• الإِبْرَيْسَم: اعلیٰ قسم کا ریشم، سلک (مع)

• الإِبْرِيق: پانی کا جگ، صراحی دار لوٹا ج: أَبَارِيق (مع)۔

إبريقُ الشاى: چائے دان، کیتلی۔

• إِبْرِيل: ماہِ اپریل۔ أَوَّلُ إِبريل، يَوْمُ الكَذِب: اپریل فول ڈے۔

• أَبَزَ ـِ أَبْزًا و أُبُوزًا: اچھلنا، کودنا۔

• الأَبْزَن: نہانے کی ٹب ج: أَبَازِن (مع)

• الإِبْزِيم: بکسوا ج: أَبَازِيم (مع)

• أَبَسَه ـِ أَبْسًا: مغلوب کرنا (۲) عیب لگانا، ملامت کرنا۔

أَبَّسَه: أَبَسَه۔

أَبِيْس: خاص صفات کا بچھڑا جسے قدیم مصری لوگ حیوانی قوت کی علامت سمجھتے تھے۔

• أَبَشَ لِأَهْلِه ـِ أَبْشًا: روزی کمانا۔

ـــ الشيءَ: جمع کرنا۔ هو آبِش و أَبَّاش۔

أَبَّشَه: جمع کرنا، اکٹھا کرنا۔

تَأَبَّشَ: جمع ہونا، اکٹھا ہونا۔

الأُبَاشَة: مختلف قسم کے لوگ۔

• أَبِصَ ـَ أَبَصًا: خوش اور چست ہونا۔ هو أَبِص و أَبُوص۔

أَبِصَ ـَ أَبَصًا: أَبَصَ هو أَبِص۔

• أَبَضَ النَّسَا ـِ أَبْضًا: عرق النسا میں کھچاؤ پیدا ہونا۔

ـــ البعيرَ: اونٹ کے اگلے پیر کو بازو سے باندھنا۔

أَبَضَ الإنسانَ و نحوَه: آدمی کی پنڈلیوں کو رانوں سے ملا کر پیچھے سے اٹھالینا۔

أَبِضَ النَّسَا ـَ أَبَضًا: أَبَضَ۔

تَأَبَّضَ: مطاوع أَبَضَ۔

ـــ الذِّئْبُ و نحوُه: بھیڑیے کا بیٹھنا۔

الإِبَاض: اونٹ کے پیر کو بازو سے باندھنے کی رسّی ج: أُبُض (۲) عرق النسا۔

الإِبَاضِيَّة: خارجیوں کا ایک فرقہ جو عبداللہ بن اباض تمیمی کی طرف منسوب ہے۔

الأَبُوض: تیز رفتار گھوڑا ج: أُبُض۔

المَأْبِض: کہنی اور گھٹنے کا اندرونی حصّہ ج: مَآبِض۔

• تَأَبَّطَ الشيءَ: بغل میں لینا۔

ـــ الثوبَ: کپڑے کو دائیں بغل کے نیچے سے لے کر بائیں مونڈھے پر ڈالنا۔

ـــ المرأةُ الطِّفلَ: بچہ کو گود لینا، تربیت وپرداخت کی ذمہ داری لینا۔

تَأَبَّطَ شَرًّا: ثابت بن جابر کا لقب، زمانۂ جاہلیت کا معروف شاعر جو انتہائی تیز دوڑتا تھا۔

الإِبَاط: بغل میں لی ہوئی چیز ج: أُبُط۔

الإِبْط: بغل (۲) باریک ریت (۳) دامنِ کوہ (مذکر ومؤنث) ج: آبَاط۔

ضَرَبَ آبَاطَ الأمور: اس نے معاملات کے اسرار ورموز کو جان لیا۔

• أَبَقَ ـِ أَبْقًا و إِبَاقًا: بھاگنا خصوصًا غلام کا آقا کے پاس سے) هو آبِق و أَبُوق۔

أَبِقَ ـَ أَبَقًا: أَبَقَ۔

تَأَبَّقَ: بھاگنا، فرار ہو جانا، روپوش ہونا۔

ـــ الشيءَ و منه: برأت ظاہر کرنا، لاعلمی ظاہر کرنا۔

• أَبَلَتِ الإبلُ ـُ أَبْلًا و أُبُولًا: اونٹوں کی کثرت ہونا (۲) اونٹوں کا جنگلی ہونا (۳) اونٹوں کا تر چارے کی بنا پر پانی سے بے نیاز ہونا۔

ـــ فلان: کسی کے اونٹ زیادہ ہونا۔

ـــ فلان إِبَالَةً: اونٹوں کی اچھی طرح دیکھ ریکھ اور نگرانی کرنا۔

ـــ الرجلُ أَبْلًا و أَبَالَةً: عبادت گزار بننا، راہب بننا، عبادت کیلئے گوشہ نشین ہونا

فلانًا أَبْلًا: کسی کو اونٹ دینا۔

أَبِلَتِ الإبلُ ـَ أَبَلًا: أَبَلَتْ۔

ـــ فلان أَبَلًا و أَبَالَةً و إِبَالَةً: اونٹوں کی نگرانی ودیکھ بھال میں ماہر ہونا۔ هو أَبِلٌ۔

أَبُلَ ـُ أَبَالَةً: راہب و پارسا بننا۔ هو أَبِيل۔

آبَلَ إِيبَالًا: زیادہ اونٹوں والا ہونا۔

أَبَّلَ: بہت اونٹوں والا ہونا۔

ـــ الإبلَ: اونٹوں کو چھانٹ کر جمع کرنا (۲) موٹا کرنا۔

اِئْتَبَلَ: اونٹ چرانے کا پیشہ اختیار کرنا۔

تَأَبَّلَ فلانٌ الإبلَ: اونٹوں کو چھانٹنا، منتخب کرنا۔

ـــ تِ الإبلُ: اونٹوں کا تازہ گھاس کھا کر پانی سے بے نیاز ہونا۔

الأَبَابِيل: غول کے غول، جھنڈ کے جھنڈ۔ کثرت بتانے کیلئے آتا ہے۔ قرآن پاک میں ہے: "وَأَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا أَبَابِيلَ" (جمع ہے، اس کا واحد نہیں)۔

الإِبَّالَة: لکڑی اور گھاس وغیرہ کی بڑی گٹھڑی، گٹھا، بنڈل۔

ضِغْثٌ على إِبَّالَة: بوجھ پر بوجھ مصیبت بالائے مصیبت۔

الإبَالَة : الإبَّالَة (۲) پالیسی، حکمت عملی، حسنِ سیاست۔

الإبِلُ : اونٹ اور اونٹنیاں (یہ لفظ مؤنث ہے اور جمع کے لئے ہے۔ اس کا مفرد نہیں) ج: آبَال۔

إبِلَان : اونٹوں کے دو گلّے۔

الأُبُلَّة : قبیلہ۔ اُبُلَّةُ الرجُل: ساتھی، دوست، یار (۲) بصرہ کے قریب ایک قصبہ۔

الأَبِيل : لاٹھی (۲) راہب۔

الأَبِيلَة : لکڑی وغیرہ کی گٹھڑی۔

المَأْبَلَةُ : اونٹوں کے رہنے کی جگہ، ایسی جگہ جہاں اونٹ بکثرت ہوں ج: مَآبِل۔

• إبْلِيس : شیطانوں کا سردار (۲) سرکش ج: أبَالِيس، أبَالِسَة۔

• أبَنَ الدَّمُ فِي الجُرْحِ ـُـِ أبْنًا : خون کا سیاہ ہو جانا۔

ـــ فلانًا : عیب لگانا، تہمت لگانا۔ اَبَنَه بِخَيْرٍ بھی کہتے ہیں۔

أبَّنَ الشيءَ : نقشِ قدم پر چلنا۔

ـــ المَيِّتَ : نوحہ کرنا، ماتم کرنا۔

تَأبَّنَ الأثَرَ : نقشِ قدم پر چلنا۔

إبَّانُ الشيءِ : موسم، سیزن، وقت (دیکھئے أبّ)۔

الإبْن : دیکھئے (بنو)۔

الأُبْنَة : لکڑی کی گرہ (۲) عیب، خرابی (۳) کینہ ج: أُبَن۔

بَيْنَهُم أُبَنٌ : ان میں عداوتیں ہیں۔

فِي حَسَبِهِ أُبَنٌ : اس کے نسب میں خرابیاں ہیں۔

المَأبُون : متّہم۔

• أبَهَ لَه و بِه ـَ أبَهًا : سمجھنا، تاڑنا

لا يُؤْبَهُ لَه أو بِه : ناقابلِ توجہ، حقیر و گمنام۔

ـــ فلانا بكذا : الزام لگانا۔

أبِهَ لَه و بِه ـَ أبَهًا : سمجھنا، تاڑنا۔

أبَّهَ فلانًا لكذا : توجہ دلانا، آگاہ کرنا۔

ـــ فلانا بكذا : تہمت لگانا، الزام دینا۔

تَأبَّهَ : مطاوع أبَّهَه۔

ـــ عليه : تکبر کرنا، بڑائی جتانا۔

ـــ عنه : خود کو بالاتر سمجھنا۔

الأُبَّهَة : شان و شوکت، کرّ و فر، عظمت۔

عليه أُبَّهَةُ السُّلْطَان : اس میں بادشاہ کی شان اور خُو بُو ہے۔

• أبَا ـُ أُبُوَّةً و إبَاوَةً : باپ بننا۔

ـــ فلانًا : کسی کا باپ بن جانا، کسی کی باپ کی طرح پرورش اور تربیت کرنا۔

إنَّه لَيَأْبُو يَتِيمًا : وہ ایک یتیم کی باپ کی طرح پرورش کرتا ہے۔

أبَّاه تأبِيَةً : کسی سے "بِأبِي أنْتَ" (میرے باپ تم پر قربان) کہنا۔

تَأبَّى أبًا : باپ بنالینا۔

ـــ فلانًا، تَأبَّى فلانًا أبًا : کسی کو باپ بنالینا۔

اسْتَأْبَى أبًا : باپ بنالینا۔

ـــ فلانًا : کسی کو باپ بنالینا۔

الأبُ : باپ (۲) دادا اور نانا (۳) چچا، تایا (۴) مالک (۵) موجد ج: آباء و أُبُوّ و أُبُوَّة۔ قرآن پاک میں ہے "واتَّبَعْتُ مِلَّةَ آبَائِي"۔

فلان ابنُ أبِيه : وہ اپنے باپ کا ہم شکل ہے۔

للهِ أبُوكَ : تعجب اور مدح کے موقع پر کہا جاتا ہے۔

بِأبِي أنْتَ : میرے باپ آپ پر قربان (اظہارِ تعلق کے لئے)۔

لا أبَ لكَ : زجر و توبیخ یا تعجب کے موقع پر یا ترغیب دلانے کے لئے کہا جاتا ہے۔

أبُو الضَّيْف، أبُو الأضْيَاف (کریم، سخی، میزبان)۔

أبُو أيَاس (ہاتھ منہ دھونے کی چیز جیسے خطمی وغیرہ) أبُو أيُّوب (اونٹ) أبُو الأبْرَد (گدھ) أبُو الأسْوَد (چیتا) أبُو الإصْبَع (گدھ)۔

أبُو بُرَيْص (چھپکلی) أبُو البَشَر (کنیت حضرت آدمؑ) أبُو ثَقِيف (سرکہ) أبُو جَامِع (دسترخوان) أبُو جَخَّاد (ٹڈی) أبُو جَعَار (بجّو)۔

ابو جُعْرَان (گبریلا) أبُو جَمِيل (ترکاری) أبُو حَبِيب (بھنا ہوا بکری کا بچّہ)۔

أبُو حُدَيْج (لقلق) أبُو حَذِر (گرگٹ) ابو الحُصَيْن (لومڑی)۔

أبُو خَالد (کتّا) أبُو خَصِيب (گوشت) أبُو دَغْفَاء (بے وقوف) أبُو رَزِين (ایک قسم کا حلوا) أبُو رِعْلَة (بھیڑیا) أبُو زَاجِر (کوّا) أبُو زُهْرَة (گیدڑ) ابو سُلَيْمان (مرغ) أبُو السَّرْو (بخور)۔

ابو عُذْرِ المرأة (شوہر) ابو عِسْلَة (بھیڑیا) ابو العَفاء (گدھا)۔

ابو عُقْبَة (سور) أبو العلاء (فالودہ)

ابو عَمْرة (افلاس، بھوک)۔

ابو عَوْف (ٹڈی) أبو عَوْن (نمک) أبُو غزوان (بلی)۔

أبُو قِتْرَة (ابلیس کی کنیت) ابو قُرَّة (گرگٹ) ابو كَلَاَّة (نر بجّو)۔

ابو لاَحِق (باز) ابو لُبَد (شیر)

ابو مَالِك (بھوک، بڑھاپا، گدھ)

ابو المَثْوَى (میزبان) أبُو مَذْقَة (بھیڑیا) ابو مُرَّة (شیطان)۔

ابو مَرْيَم (قاضی کا پیادہ) أبُو المِنْهَال (گدھ) أبُو مَشْغُول (نر چیونٹی)۔

ابو مرينا (مچھلی) ابومُعاويه (چیتا)

ابو المُنذر (مرغ)۔
ابو نَعیم (روٹی) ابو الوَشاب (عقاب، ہرن) ابو هُبَیرة (مینڈک)
ابو الهِنبِر (نر بجّو) ابو یَحْیٰی (ملک الموت) ابو الیَقْظَان (مرغ)۔
الآبَا: الآبُ۔
الآبَوانِ: ماں باپ، والدین۔ قرآن پاک میں ہے "و وَرِثَه اَبَوَاه" (۲) باپ اور دادا (۳) باپ اور چچا۔
الآبَوِیّ: باپ کا، پدرانہ، پدری۔
الآبَوِیَّة: چند خاندانوں سے مل کر بنا ہوا اجتماعی نظام جس کا حاکم اِن خاندانوں کا سب سے عمر رسیدہ مرد ہوتا ہے۔
•اَبَی علیه ــ اِباءً و اِباءَة: نافرمانی کرنا، سرکشی کرنا، بغاوت کرنا۔
ــــ الشیءَ: ناپسند کرنا، نہ ماننا، حقارت سے رد کرنا۔ قرآن پاک میں ہے "وَیَأبَی اللّٰهُ اِلَّا اَنْ یُتِمَّ نوره"، مثل ہے "رَضِیَ الخَصْمانِ و اَبَی القَاضِیْ" اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو کسی ایسے حق کا مطالبہ کرے جس سے اصلی حق دار دستبردار ہو چکے ہوں (۲) باز رہنا، قبول نہ کرنا، خودداری سے کام لینا۔ هو آبٍ و اَبَّاءٌ و اَبِیٌّ۔
اَبَیْتَ اللَّعْنَ: زمانۂ جاہلیت میں بادشاہوں کو کہا جانے والا دعائیہ جملہ۔ یعنی آپ کو یہ پسند نہیں کہ کوئی ایسا کام کریں جس پر آپ کو لعنت کی جائے۔
اَبِیَ الغِذاءَ و منه ــ اَبَیً: گھن کرنا، نہ کھانا هو اَبْیَان۔
آبَی فلانًا کذا اِیْباءً: کسی سے کوئی چیز رد کرانا، انکار کرنے پر مجبور کرنا، خوددار بنانا۔
تَأَبَّی علیه: نافرمانی کرنا، نہ ماننا، سرکشی کرنا۔

الأُبَاء: ایک بیماری جس کی وجہ سے آدمی کھانے پینے سے بیزار ہو جاتا ہے۔ کہتے ہیں "اَصابه اُباء"۔
الإباء و الإباءة: خودداری، بڑائی۔
آبٍ، اَبِیّ، اَبَّاء: خوددار، بڑائی خور، ناک والا۔
الإِبْیَة: پستان یا تھن میں دودھ جمع ہو جانا، دودھ رُک جانا۔
المَأْبَاة: ناپسندیدہ طعام و شراب (۲) باعث ناپسندیدگی ج: مَآبٍ۔
•الآبِیْقُورِیُّون: یونانی فلسفی ابیقور (ایپیکیورس) کے متبعین جس نے افعالِ انسان کی غایۃ الغایات حصولِ لذّت کو قرار دیا تھا۔ فلسفۂ ایپیکیورس یا لذّتیت کے پیرو۔

ا ـــــ ت

•اَتَّبَ الفتاةَ: لڑکی کو بلا آستین کرتا پہنانا۔
تَأَتَّبَتِ المرأةُ الإتْبَ و به: بے آستین کرتا پہننا۔
ـــ فلان القوسَ: گلے میں کمان ڈالنا۔
الإتْبُ: بے آستین و گریبان پیراہن، نصف ساق تک کا لباس ج: اُتُوب۔
المُؤَتَّبُ الظَّهرِ: ٹیڑھی پیٹھ والا۔
•اَتَّ رأسَه ــ اَتًّا: زخمی کرنا، سر توڑنا۔
ـــ خَصْمَه بالحُجَّة: دلیل سے دبانا۔
•الإتَادُ: رسّی جس سے دودھ دوہتے وقت جانور کا پاؤں باندھا جائے ج: اُتُد۔
•الأُتْرُجُّ: مالٹے کا درخت، مالٹا (مع)۔
•اَتَلَ ــ اَتْلًا و اُتُولًا: غصّے میں

چھوٹے چھوٹے قدم اٹھانا، بوجھل قدموں سے چلنا۔
اَتَلَ من الطَّعام و الشراب: بھر جانا، سیر ہونا۔
•اَتَمَ السِّقاءُ ــ اَتْمًا: پانی کی مشک کے دو سوراخوں کا ایک ہو جانا۔
ـــ بالمكان: قیام کرنا، قیام پذیر ہونا۔
اَتَمَ فی سَیرِه ــ اَتْمًا: آہستہ چلنا۔ هو اَتِمٌ۔
الأُتْمُ: پہاڑی زیتون کا درخت۔
المَأْتَمُ: محفلِ سوگ ج: مَآتِم۔
•اَتَنَ بالمكان ــ اَتْنًا و اُتُونًا: قیام کرنا، قیام پذیر ہونا۔
ـــ فلان اَتَنَانًا: غصہ سے قدموں کو ملا کر چلنا۔
آتَنَتِ الوالدةُ اِیْتَانًا: بوقتِ ولادت بچہ کے دونوں پیروں کا پہلے باہر آنا۔
اِسْتَأْتَنَ فلانٌ: گدھی خریدنا۔
ـــ الحمارُ: گدھے کا گدھی جیسا بن جانا۔
الأَتَانُ: گدھی ج: اُتُنٌ و اُتْنٌ۔
الأَتُونُ و الأَتُّون: بھٹی، تنور، حمام کا چولھا، اینٹ پکانے کا بھٹہ، چونا بنانے کی بھٹی ج: اُتُن و اَتَاتِیْن۔
•اَتَا الشجرُ ــ اَتْوًا و اَتَاءً و اِتَاءً: درخت پر پھل آنا، پھل زیادہ ہونا۔
ـــ الماشیةُ: مویشی کا بڑھ جانا۔
ـــ الحیوانُ اَتْوًا: جانور کا تیز چلنا۔
ـــ فلانًا اَتْوًا و اِتَاوَةً: رشوت دینا۔
آتَی الشجرُ اِیْتاءً: درخت پر پھل آنا، پھل زیادہ ہونا۔
الإتَاءُ: روئیدگی، پیداوار، غلّہ۔
لَبَنٌ ذُو اِتَاءٍ: مکھن دار دودھ۔
الإتَاوَة: جزیہ، ٹیکس (۲) خراج۔
ضُرِبَتْ علیهم الإتَاوَةُ: ان پر خراج لگایا گیا (۳) رشوت۔ ـ شکم

فَاہ بالإتاوۃ: رشوت سے اس کا منہ بند کر دیا (۴) جبراً لی جانے والی چیز ج: اَتَاوِیَ۔
الأتو: عطیہ (۲) طریقہ۔
•أتَی ـِ أتْیًا و إتْیَانًا و إتْیًا و مَأتًی و مَأتَاۃً: آنا (۲) قریب ہونا۔
ــ علیہ کذا: گزرنا، پیش آنا۔
ــ علیہ: مکمل کرنا، ختم کرنا۔
ــ علیہ الدھرُ: ہلاک کرنا۔
ــ المکانَ و الرجلَ: حاضر ہونا۔
ــ بہ: لانا۔
ــ الأمرَ: انجام دینا، کرنا۔
ــ الجُرمَ: ارتکاب کرنا۔
ــ المرأۃَ: صحبت کرنا۔
ــ القومَ: خود کو لوگوں کی طرف منسوب کرنا ھو أتِیٌّ۔
أُتِیَ الجیشُ و نحوُہ: حملہ ہونا، فوج پر دشمن کا دھاوا بولنا۔
ــ فلان: اوہام کا غلبہ ہونا۔
ــ من جِھَۃِ کذا: کسی طرف سے مصیبت آنا۔ کہاوت ہے "من مَأمَنِہ یُؤتَی الحَذِرُ": محتاط آدمی پر ایسی جگہ سے مصیبت آپڑتی ہے جہاں سے وہ مطمئن اور بے خوف ہوتا ہے۔ ھو مَأتِیٌّ۔ "وَعْدُ اللّٰہ مَأتِیًّا": خدا کا وعدہ پورا ہو کر رہے گا۔
آتَی فلانًا الشیئَ: کسی کے پاس کوئی چیز لانا۔ قرآنِ پاک میں ہے "قَالَ لِفَتَاہُ آتِنَا غَدَاءَنَا" (۲) کسی کو کوئی چیز دینا۔ قرآن میں ہے "وآتَی المالَ علی حُبِّہ ذَوِی القُرْبَی و الیَتَامَی و المَسَاکِیْنَ"۔
ــ الزکاۃَ: ادا کرنا۔
آتَی فلانًا علی الأمر مُؤاتاۃً: کسی سے کسی بات میں اتفاق کرنا (۲) کسی کو صلہ دینا۔

آتَتْہُ الفُرْصَۃُ: اسے موقع موافق آیا۔
أتَّی الشیئَ تأتِیَۃً: تیار کرنا، ہموار کرنا، آسان بنانا۔
ــ الماءَ و للماءِ: پانی کے بہاؤ کے لئے راستہ بنانا۔
أُتِّیَ الیہ الأمرُ: کسی چیز کا خیال آنا۔
تَأتَّی للأمر: موافق ہونا، نرم پڑنا۔
ــ لہ بِسَھْمٍ: تیر نشانہ پر لگانا۔
استأتَاہ استیتَاءً: منگانا، بلانا۔
الآتِی: آئندہ، اگلا، ذیل کا۔
الآتِیَۃ: زخم کا مواد۔
الإتاءُ: پانی کے بہاؤ میں رکاوٹ بننے والی لکڑی وغیرہ۔
الأتِیُّ: معاملات کا ماہر، اقدام اور کارروائی کرنے والا (۲) پردیسی، اجنبی (۳) دور سے یا انجان جگہ سے آنے والا سیلاب۔
المَأتَی و المَأتَاۃ: سمت، جہت۔
أتَیْتُ الأمرَ من مَأتَاہُ و مَأتَاتِہ: میں نے کام ٹھیک طریقہ سے کیا۔
المِیتَاءُ: دوڑ کی انتہا، مقررہ حد۔

ا ــــــ ث

•الأثْأَب و الأثَبُ: بہت بڑا درخت جس کی جڑوں سے مشابہ شاخیں لٹکی رہتی ہیں۔
•أثَّ ـِ أثًّا و أُثُوثًا و أثَاثًا و أثَاثَۃً: بہت ہونا، بڑا ہونا۔
ــ النباتُ: گھنا ہونا، گپھے دار ہونا، گنجان ہونا۔
ــ الشَّعْرُ: گھنا اور لمبا ہونا۔ ھو أثٌّ، و أثِیثٌ ج: إثَاث۔
أثَّ ـُ أثًّا: أثَّ ـِ۔ ھو أثِیث ج: إثَاث۔
أثَّثَہ تأثیثا: نرم کرنا، ہموار کرنا۔

أثَّثَ البیتَ: بستر بچھانا، فرنیچر لگانا۔
بَیْتٌ مُؤَثَّث: فرنیچر لگا ہوا مکان۔
تَأثَّثَ فلان: اچھی چیز پانا۔
ــ البیتُ: فرنیچر دار ہونا۔
الأثاثُ: آرائشی سامان، فرنیچر، فرش وغیرہ (۲) مال و متاع، اثاثہ ج: أُثُث و: أثَاثَۃ۔
•أثَرَہ ـُ أثْرًا و أثَارَۃً و أُثْرَۃً: نقشِ قدم پر چلنا۔
ــ الحدیثَ: بات نقل کرنا، روایت کرنا۔
ــ السیفَ وغیرَہ، أثْرًا و أُثْرَۃً: نشان چھوڑنا، پہچان کے لئے علامت چھوڑنا۔
ــ فلانٌ أن یَفعَلَ کذا: کسی کام کے کرنے کو ترجیح دینا۔
أثِرَ علیہ ـَ أثَرًا و أثَرَۃً و أُثْرَۃً و أُثْرَی: خود کو کسی پر ترجیح دینا، کسی شے میں اپنا حصہ مقدم کرنا۔ ھو أثِرٌ۔
ــ أن یَفعَلَ کذا: کسی کام کے کرنے کو ترجیح دینا۔
ــ علی الأمرِ: پختہ ارادہ کرنا۔
ــ لہ: کسی کام کے لئے فارغ ہونا، وقف ہونا۔
ــ بہ: ماہر ہونا، مشاق ہونا۔
آثَرَہ إیثارًا: ترجیح دینا، پسند کرنا۔
آثَرَہ علی نفسِہ: اس کو خود پر ترجیح دی۔
ــ الشیئَ بالشیئِ: ایک چیز کو دوسری کے ساتھ مخصوص کرنا (۲) کسی کے نقشِ قدم پر چلانا، پیچھے لگانا۔
أثَّرَ فیہ تأثیرا: اثر کرنا، نشان چھوڑنا۔
ــ فی النفس: دل پر نقش چھوڑنا۔
ــ علیہ: دباؤ ڈالنا۔

اِئْتَثَرَہٗ : نقشِ قدم پر چلنا، پیروی کرنا۔
تَاَثَّرَ الشَّیْءُ : نشان ظاہر ہونا، اثر نمایاں ہونا، متاثر ہونا۔
___ بہ : متاثر ہونا، اثر قبول کرنا۔
___ الشَّیْءَ : نقشِ قدم پر چلنا۔
اِسْتَاْثَرَ بہ : اپنے لئے خاص کرنا، خود کو ترجیح دینا۔
___ اللّٰہُ فلانا و بہ : وفات دینا، دُنیا سے اٹھالینا۔
الآثَار: علمِ آثارِ قدیمہ، اثریات (٢) پرانی یادگاریں یا عمارتیں۔
دارُ الآثار: میوزیم، عجائب گھر۔
الاِثَارُ: سینہ بند (٢) پھلوں پر بندھی ہوئی تھیلی ج: اُثُر۔
الاَثَارَۃ : نشان (٢) بقیہ۔ قرآن پاک میں ہے" اِئْتُوْنِی بِکِتَابٍ مِنْ قَبْلِ ھٰذَا أَوْ أَثَارَۃٍ مِنْ عِلْمٍ اِنْ کُنْتُمْ صَادِقِیْنَ"۔
الاَثْرُ : چمک (تلوار کی) رونق، آب وتاب (چہرہ کی)۔
فِی اِثْرِہٖ : اس کے پیچھے، اس کے بعد
الاُثْرُ ___ الاُثُرُ: تلوار کی چمک (٢) زخم کا نشان۔
الاَثَرُ : نشان، اثر (٢) تلوار کی چمک (٣) بقیہ، باقی ماندہ۔ کہاوت ہے:" لا تَطْلُبْ اَثَرًا بَعْدَ عَیْنٍ": اصل چیز کے ضائع ہو جانے کے بعد بقایا مت ڈھونڈو (٤) خبر منقول، سنّت باقیہ (٥) قدیم عمارت، پرانی یادگار ج: آثار و اُثُور۔
فی اَثَرِہٖ : پیچھے، بعد۔ علی اَثَرِ کذا: فوراً بعد، پیچھے پیچھے۔
الاَثَرُ الرَّجْعِیُّ: نئے قانون کا سابقہ مدت پر لاگو ہونا، نافذ بہ ماضی۔
الاَثِرُ: خود کو ترجیح دینے والا، خودغرض۔
الاَثَرَۃ : قدر و منزلت۔ لِفُلانٍ عندی اَثَرَۃٌ : اس کا میرے دل میں ایک مقام ہے (٢) ترجیح نفس، خود فضیلت حدیث میں ہے" سَتَرَوْنَ بَعْدِی اَثَرَۃً" (٣) خود غرضی، صرف اپنی ذاتی منفعت پیشِ نظر رکھنا۔ ضد اِیْثَار۔
اَثَرَۃُ العِلْمِ : علم کا بقایا حصّہ۔
الاُثْرَۃ : زمین پر پڑا ہوا نشان، تلوار کا نشان (٢) خاندانی عزت و شرافت (٣) علم کا بقایا۔
ذُو اُثْرَۃ : مقرّب، محبوب و پسندیدہ (ھو ذُو اُثْرَۃٍ عِنْدِی)
الاَثَرِیّ : ماہر آثارِ قدیمہ (٢) قدیم، یادگاری۔
الاَثِیْر : تلوار کی چمک (٢) پسندیدہ، قابلِ ترجیح۔ ھُوَ اَثِیْرِی: وہ میرا محبوب و پسندیدہ ہے (٣) ایتھر، ایک بے وزن لطیف مادہ (طبیعیات) (٤) ایک سیّال بے رنگ مادہ جو روغن دار اشیا کو پگھلاتا ہے (کیمیا)
الاِیْثَار: خود پر دوسرے کو ترجیح دینا، صفتِ ایثار۔ ضد: اَثَرَۃ۔
الاِیْثَارِیَّۃ : مذہبِ ایثار، خود کو دوسرے پر ترجیح دینے کا نظریہ (٢) صفتِ ایثار، خود کو دوسرے پر ترجیح دینے کی عادت (فطری ہو یا کسبی)۔
الاِسْتِئْثَار :خود غرضی، خود پسندی۔
التَّاَثُّر : انفعالی کیفیت، احساس۔
سُرْعَۃُ التَّاَثُّر : ذکاوتِ حس (سَرِیْعُ التَّاَثُّر: ذکی الحس، جلد متاثر ہونے والا)۔
قَابِلِیَّۃُ التَّاَثُّر: اثر پذیری۔
التَّاَثُّرِیَّۃ : قواعد پر ذوق کو ترجیح دینے کا نظریہ۔
التَّاْثِیْر : اثر، رسوخ، اقتدار، کنٹرول، پاور، دباؤ۔
عَدَمُ التَّاْثِیْر : بے اثری۔
ذُو تَاْثِیْر : نفع بخش، اثر انگیز، بارسوخ، بااقتدار۔
المَاْثَرَۃ : قابلِ تحسین عمل، عظیم یا شاندار کارنامہ (٢) موروثی خوبی ج: مَآثِر۔
المِئْثَرَۃ : امتیازی نشان ڈالنے کا آلہ ج: مَآثِر۔
المَاْثُور : روایتی، خاندانی، موروثی (٢) منقول (٣) مروی حدیث۔
المُتَاَثِّر: اثر پذیر، احساس مند۔
غیر مُتَاَثِّر: بے شعور، بے حس۔
• اَثَفَ ـِ اَثْفًا : ٹھیرنا، قرار پانا۔
___ فلانًا : (١) پیچھے چلنا (٢) طلب کرنا، تلاش کرنا۔
آثَفَ القِدْرَ اِیْثَافًا : دیگچی کو چولھے پر رکھنا۔
اَثَّفَ القِدْرَ : ہانڈی کو چولھے پر رکھنا۔
تَاَثَّفَتِ القِدْرُ : چولھے پر دیگچی کا رکھا جانا۔
___ القومُ علی الاَمْر : کسی بات پر باہم تعاون کرنا۔
___ القومُ المکانَ و بہ : کسی جگہ پر جم جانا، قرار پذیر ہونا، نہ ٹلنا۔
الاُثْفِیَّۃ : چولھے کی بڑھان، چولھے کا پایہ ج: اَثَافِیّ و اَثَافٍ۔
ثَالِثَۃُ الاَثَافِیّ: پہاڑ کا کنارہ جس کے سامنے دو پتھر رکھ کر اس پر ہانڈی رکھتے ہیں (٢) بڑی مصیبت۔ رَمَاہُ اللّٰہُ بثالثۃِ الاَثَافِیّ: خدا اسے (پہاڑ جیسی) بڑی مصیبت میں مبتلا کرے۔
• اَثَلَ ـِ اُثُولًا : جڑ پکڑنا، پرانا ہونا۔
اَثُلَ ـُ اَثَالَۃً : اَثَلَ۔ ھو اَثِیْلُ الشَّرَفِ (شَرَفٌ اَثِیْلٌ: حقیقی یا موروثی شرافت)
اَثَّلَ تَاْثِیْلًا : مال میں اضافہ ہونا، بہت

مال دار ہو جانا ۔
اَثَّلَ الشیءَ : جڑ قائم کرنا، مضبوط کرنا۔
امرؤ القیس کا شعر ہے :
ولکنّما اَسعٰی لِمَجْدٍ مُؤَثَّلٍ
وقد یُدرِكُ المَجدَ المُؤَثَّلَ اَمثالي
ـــ مالاً : سرمایہ کاری کے لئے مال جمع کرنا۔
یتیم کے سرپرست کے متعلق حدیث میں آیا ہے "انّه یأکُلُ من مالِه غیرَ مُتَأَثِّلٍ مالاً"
ـــ مالَه : کاروبار کے ذریعہ مال کو بڑھانا۔
ـــ اَهلَه : لباس پہنانا، عزّت دینا۔
ـــ فلانًا بمالٍ أو بِرِجالٍ : مال یا آدمی کے ذریعہ عزّت بخشنا۔
تَأَثَّلَ : جڑ پکڑنا، مضبوط ہونا (۲) اکٹھا ہونا (۳) بڑا ہونا۔
ـــ فلانٌ : سرمایہ کاری کی غرض سے مال جمع کرنا۔
الاَثَال : مال (۲) بزرگی، شرافت۔
الاَثْل : جھاؤ کا درخت و: اَثْلَة۔
الاَثْلَة : جڑ (۲) قوم کا اشن (۳) گھر کا سامان (۴) تیاری ج: اِثال۔
نَحَتَ اَثْلَتَه : بُرائی کرنا، ہجو کرنا۔
اعشیٰ کا شعر ہے :
اَلَسْتَ مُنْتَهِیًا عن نَحْتِ اَثْلَتِنا
ولَسْتَ ضَائِرَها ما اَطَّتِ الإبِلُ
الاَثَلَة : گھر کا سامان و اسباب۔
الاَثِیلُ : ایک کیمیائی مرکب جس میں کاربن کے دو ذرّے اور ہائیڈروجن کے پانچ ذرّات ہوتے ہیں۔
•اَثِمَ ـَ اَثْمًا و إثْمًا و اَثَامًا و مَأْثَمًا : گنہگار ہونا، جرم کرنا۔ هو آثِم و اَثِم و اَثِیم و اَثّام و اَثُوم : گنہگار، مجرم۔
آثَمَه إیثامًا : گنہگار بنانا، گناہ میں مبتلا کرنا
اَثَّمَه تَأثیمًا : گنہگار ٹھیرانا، مجرم گردانا۔
تَأَثَّمَ : گناہ سے بچنا۔ هُوَ یَتَأَثَّمُ من الصَّغَائِرِ : وہ صغائر سے بچتا ہے (۲) گناہ سے توبہ کرنا، استغفار کرنا۔
الاَثَامُ : گناہ، جرم (۲) گناہ کی سزا۔ قرآن پاک میں ہے "ومن یفعل ذلك یلقَ اَثامًا، یُضاعَفْ له العذابُ"
الإثْمُ : گناہ، قابلِ سزا جرم ج: آثام۔
•الاِثْمِدُ : دیکھئے (ثمد)۔
•اَثَا ـُ اَثْوًا : چغل خوری کرنا، شکایت کرنا۔ شاعر کہتا ہے :
وانّ امرأً یأثُو بسادةِ قومِه
حَرِيٌّ لَعَمری اَن یُذَمَّ ویُشْتَمَا
آثَاه مُؤَاثَاةً : لڑنا، دشمنی کرنا۔
تَآثَوْا : باہم لڑنا، حاکم کے پاس مقدمہ لے جانا۔

ا ـــــ ج

•اَجَّتِ النارُ ـُ اَجًّا و اَجِیجًا و اَجَّةً : آگ بھڑکنا، دہکنا۔
مَرَّ یَؤُجُّ فی سَیْرِه : وہ سَن سَن کرتے ہوئے گزرا۔
سَمِعْتُ اَجَّةَ القومِ : میں نے لوگوں کے چلنے اور حرکت کرنے کی آواز سُنی۔
ـــ الشیءُ : چمکنا، جگمگانا۔
ـــ النهارُ : دن کا انتہائی گرم ہونا۔
ـــ الامرُ : مشتبہ ہوجانا۔
ـــ الماءُ اُجوجًا و اُجُوجَةً : پانی کا کھارا ہونا۔
آجَجَ الماءَ إیجاجًا : کھارا اور تلخ بنانا۔
اَجَّجَ النارَ : آگ بھڑکانا، دہکانا۔
ـــ بینهم الشرَّ : فساد پھیلانا۔
ـــ الماءَ : کھارا اور تلخ بنا دینا۔
اِئْتَجَّتِ النارُ : آگ بھڑکنا۔
ـــ النهارُ : دن کا سخت گرم ہونا۔
تَأَجَّجَتِ النارُ : آگ بھڑکنا۔
تَأَجَّجَ غَضَبًا : غصّہ سے بھڑکنا۔
الاَجَّة : گرمی کی تیزی اور شدت ج: إجاج۔
الاُجاج : کھارا، تلخ، زبان کو لگنے والا۔
الاَجّاج : دہکتا ہوا، بھڑکتا ہوا۔
الاَجُوج : روشن، تاباں۔
اَجِیجُ النّار : آگ کی لپیٹ۔
المُتَأَجِّج : دہکتا اور بھڑکتا ہوا، شعلہ زن۔
•اَجَدَ البناءَ ـِ اَجْدًا : پختہ کرنا، مضبوط کرنا، مستحکم کرنا۔ کہتے ہیں : "الحمدُ لله الذی اَجَدَنی بَعدَ ضَعْفٍ"
آجَدَه إیجادًا : اَجَدَه۔
اَجَّدَه تأجیدًا : اَجَدَه۔
الاُجُد : نَاقَةٌ اُجُدٌ : مضبوط اور قوی الجثہ اونٹنی (جَمَلٌ اُجُدٌ مستعمل نہیں ہے)۔
الإجَاد : چھوٹا طاق۔
المُؤجَد ـــ المُؤَجَّد : مضبوط، پختہ، طاقتور۔
مُؤَجَّدُ الاَنیابِ و الاَظافِرِ : مضبوط دانتوں اور ناخنوں والا۔
ثَوبٌ مُؤَجَّدُ النَّسجِ : مضبوط بُنا ہوا کپڑا۔
•اَجَرَ العَظمُ ـِ اَجْرًا و اُجورًا و إجارًا : ہڈی کا ناہموار جُڑنا۔
ـــ العَظمَ اَجْرًا : ہڈی کو ناہموار جوڑنا
ـــ الشیءَ : کرایہ پر دینا۔
ـــ فلانًا علی کذا : مزدوری دینا، تنخواہ دینا۔
ـــ العامِلَ صاحبَ العَمَلِ : نوکری کرنا۔ قرآن پاک میں ہے "علیٰ اَن تأجُرَنی ثَمانیَ حِجَجٍ" اس شرط

پر کہ تم آٹھ سال تک میرے نوکر رہو)
أَجَرَ اللّٰهُ عبدَه : اجر دینا، بدلہ دینا، ثواب دینا۔
أُجِرَ فلانٌ فِي وَلَدِه : اولاد کے مرنے پر عند اللہ اجر ملنا۔
آجَرَه إيجارًا : آجَرَه۔
ــــ من فلانٍ الدارَ و غيرها : کرایہ پر لینا۔
ــــ فلانًا الدَّارَ : گھر کرایہ پر دینا۔
آجَرَه مُؤَاجَرَةً : اجیر یا مزدور بنانا (۲) کرایہ پر لینا۔
ائْتَجَرَ : خیرات وغیرہ کے ذریعہ ثواب حاصل کرنا، بنیّتِ ثواب صدقہ کرنا۔
ــــ علی فلان بکذا : اجرت پر کام کرنا۔
اسْتَأْجَرَه : اجیر بنانا، مزدور رکھنا (۲) کرایہ پر لینا۔
الآجِر : نوکر رکھنے والا، خدمت لینے والا، آجر۔
الإجَارَة : مزدوری، کرایہ داری (۲) ٹھیکہ۔
الأَجْرُ : مزدوری، کرایہ (۲) ثواب (۳) مہر ج : أُجُور۔ قرآن پاک میں ہے "فَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ فَرِيضَةً"
الأَجْرُ الحَقُّ : معقول اُجرت (جس سے مزدور اطمینان و آرام کی زندگی گزار سکے)
الأَجْرُ الحَقِيقِيُّ : مزدور کو ملنے والے روپے یا اور کسی کرنسی کی قوتِ خرید۔
الأُجْرَة : الأَجْر (۲) فیس، محصول ج : أُجَر۔
الأَجِيرُ : مزدور، اجیر، عارضی ملازم ج : أُجَرَاء۔
المَأْجور ــــ المُسْتَأْجَر : کرایہ کا، کرایہ کا آدمی (مال کے معاوضہ میں جس سے سیاسی قسم کا کام لیا جائے)۔
المُؤَاجِر، المُسْتَأْجِر، المُؤَجَّر له : کرایہ دار، کرایہ پر لینے والا۔

• اِسْتَأْجَرَ علی الوسادة و نحوها: تکیہ پر سینہ کو رکھنا۔
ــــ عن الوسادة : تکیہ سے ہٹنا۔
الإِجَارُ : بیٹھے ہوئے آدمی کا تکیہ سے سینہ کو سہارا دینا (دائیں بائیں ٹیک نہ لگانا)۔
الإِجَارَة : الإِجار (نیز دیکھئے: جوز)
• الأَجْزَخَانَة : دواؤں کی دکان۔
• الإِجَّاصُ : آلوبخارا، پلم و: إِجَّاصَة۔
• أَجَلَ الشيءَ ـُ أَجْلاً : روکنا، روکے رکھنا۔
ــــ فلانًا : گردن کے درد کا علاج کرنا۔
أَجِلَ ـَ أَجَلاً : لیٹ ہونا، دیر ہو جانا، ملتوی ہونا، ٹل جانا۔ هو آجِل و آجِل و أَجِيل۔
ــــ فلان : گردن کے درد میں مبتلا ہونا۔
آجَلَه إيجالاً : روکنا، روکے رکھنا۔
أَجَّلَ الشيءَ : مؤخر کرنا، ملتوی کرنا (۲) وقت مقرر کرنا۔
ــــ الماءَ : پانی روکنا، پانی جمع کرنا۔
ــــ فلانًا : کسی کے دردِ گردن کا علاج کرنا۔
تَأَجَّلَ القومُ : اکٹھا ہونا۔ تَأَجَّلُوا عليه بھی کہتے ہیں۔
ــــ البهائمُ : گلّہ بن جانا۔
ــــ الماءُ : پانی جمع ہونا، متغیر اور بدبودار ہونا۔
ــــ الشيءُ : أَجَّلَه۔
ــــ فلانًا : مہلت مانگنا۔
اسْتَأْجَلَ فلانًا : وقت لینا، وقت مقرر کرانا۔
الآجِل : لیٹ، ملتوی شدہ۔
آجِلاً ام عاجلاً : دیر سویر
الآجِلَة : آخرت، اخروی زندگی۔

أَجْل : فَعَلْتُ ذلك أَجْلَكَ و لِأَجْلِكَ و من أَجْلِكَ : میں نے یہ تمہاری وجہ سے یا تمہارے لئے کیا۔
أَجَلْ : (حرفِ جواب برائے تصدیق مخبر وغیرہ) ہاں، جی، بے شک، اچھا۔
الأَجَلُ : مدت، عرصہ (۲) وقت مقرر (جیسے ضَرَبْتُ له أَجَلاً) (۳) موت (جَاءَ أَجَلُه : اس کی موت آگئی) ج : آجَال (۴) مقررہ وقت کی انتہا۔ قرآن پاک میں ہے "وبَلَغْنَا أَجَلَنَا الَّذِي أَجَّلْتَ لَنَا"
لِأَجَلٍ : کچھ عرصہ کے لئے، عارضی۔
الإِجْلُ : گردن کا درد (جو تکیہ سے ہٹ جانے کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے) (۲) نیل گایوں اور ہرنوں کا گلّہ ج : آجال
الأَجِيل : ملتوی شدہ، مؤخر (۲) جمع شدہ (پانی) (۳) درخت کی کیاری۔
التأجيل : التوا، تاخیر۔
المَأْجَل : تالاب یا بڑا گڑھا جس میں آبپاشی کے لئے پانی اکٹھا کرتے ہیں ج : مَآجِل۔
• أَجَمَ ـِ أَجْمًا و أُجُومًا : غصّہ کی بنا پر خاموش ہونا۔
ــــ الماءُ : پانی کا بدل جانا، بدبودار ہونا
ــــ النارُ أَجْمًا و أَجِيمًا : آگ بھڑکنا
ــــ الطعامَ و غيره : کھانے وغیرہ سے اکتا جانا (یکسانیت کی بنا پر)۔
ــــ فلانًا : مرضی کے خلاف کام کرانا، ناپسندیدہ کام پر آمادہ کرنا۔
أَجِمَه ـَ أَجَمًا : (پابندی اور یکسانیت کے باعث) اکتا جانا۔ کہتے ہیں "دَاوَمَ علی طَعَامٍ واحدٍ حتّی أَجِمَهُ" هو آجِمٌ و أَجِمٌ۔
آجَمَه إيجامًا : أَجَمَه۔
ــــ فلانًا الشيءَ : بُرا کھلوانا، متنفر کرنا۔

أَجَّمَ النارَ تأجيمًا: آگ جلانا، بھڑکانا۔
تَأَجَّمَ الاَسَدُ: شیر کا جھاڑیوں میں گھس جانا۔
___ النارُ: آگ بھڑکنا۔
___ عليه: کسی پر سخت غصّہ ہونا۔
الأُجُم: محل (۲) قلعہ ج: آجام۔
الاَجَمَة: جھاڑی، گھنے اور گنجان درخت ج: أَجَمٌ و إِجام و آجام۔
الأَجُوم: تنفر (۲) متنفر کرانے والا۔
•أَجَنَ الماءُ ـُ أَجْنًا و أُجُونًا: پانی کا رنگ، بو اور ذائقہ بدلنا۔ کہاوت ہے (يُفسِدُ الرجلَ المُجونُ، كما يُفسِدُ الماءَ الأُجونُ)
___ القَصَّارُ الثوبَ: دھوبی کا کپڑے کو کوٹنا۔
أَجِنَ الماءُ ـَ أَجَنًا: أَجَنَ۔ هو آجِنٌ۔
أَجُنَ ـُ أُجُونةً و أَجانةً: أَجَنَ۔ هو أَجِين۔
الإِجّانَة: کپڑے دھونے کا ٹب (۲) درخت کے گرد کی کیاری (بطور تشبیہ) ج: أَجاجِين (مع)۔
الأَجَنَة: پتھر وغیرہ توڑنے کا لوہے کا اوزار۔
المِئْجَنَة: کپڑا کوٹنے کی موگری ج: مَآجِن
المِيجَنَة: المِئْجَنَة۔

ا ـــ ح

•أَحْ: کھانسی کی آواز، کراہ۔
أَحَّ ـِ أَحًّا و أُحاحًا و أَحِيحًا: کھانسنا، کھنکارنا (۲) غصّہ یا رنج کی وجہ سے آواز نکالنا (۳) سخت پیاس لگنا۔
أَحِّي: أَحَّ (اس کی اصل أَحَّحَ ہے)۔
الأُحاح: پیاس (۲) غصّہ۔
الأَحِيح: غصّہ، غیظ۔

•أَحَّدَ الشيءَ تأحيدًا: ایک کرنا، متحد کرنا۔
___ العَشَرَةَ: دس کو گیارہ بنانا۔
اتَّحَدَ: دیکھئے (وح د)
اسْتَأْحَدَ: منفرد ہونا۔
أُحادَ: ایک ایک (جاءُوا أُحادَ، و جاءُوا أُحادَ أُحادَ: وہ ایک ایک کرکے آئے)۔
أَحَدٌ: کوئی۔ جیسے ليس في الدّار أَحَدٌ (مذکر ومؤنث دونوں کے لئے) قرآن پاک میں ہے "لَسْتُنَّ كَأَحَدٍ مِنَ النِّساءِ"۔ "ما كانَ مُحَمَّدٌ أَبا أَحَدٍ مِن رِجالِكُم"
الأَحَدُ: ایک، اکائی (۲) اکیلا، یکتا (۳) یکشنبہ، اتوار ج: آحاد۔ و أُحْدان و أَحَدُون۔ أَحَدُ الأَحَدِينَ: بے مثال۔
م: إِحْدَى۔ إِحْدَى الإِحَد: بے مثال (برائے مؤنث)۔
أَتَى بإِحْدَى الإِحَد: بڑا یا بُرا کام کیا۔
•أَحِنَ عليه ـَ أَحَنًا و أَحْنًا: بغض و کینہ رکھنا۔ هو أَحِنٌ۔
آحَنَه مُؤاحَنَةً: دشمنی رکھنا یا کرنا۔ کہتے ہیں (بينهما مُضاغَنَةٌ عظيمة، و مُؤاحَنَةٌ قديمة)
الإِحْنَة: بغض وحسد، کینہ، دشمنی ج: إِحَنٌ۔ کہاوت ہے: إِنَّ الإِحَنَ تَجُرُّ المِحَنَ: عداوتیں مصیبتیں لاتی ہیں۔

ا ـــ خ

•أَخْ: غصّہ یا غم و تکلیف کی آواز۔
إِخْ: اونٹ کو بٹھانے کی آواز (۲) بمعنی کِخْ: تھوتھو۔

الأَخُّ: بمعنی الأَخ۔ دیکھئے (اخ و)
الأَخُّ ـ الإِخُّ: گندگی۔
الأَخِيخَة: ایک قسم کا کھانا (آٹے میں پانی اور تھوڑا تیل یا گھی ڈال کر پیتے ہیں)۔
•أَخَذَ الشيءَ ـُ أَخْذًا و تَأْخاذًا و مَأْخَذًا: لینا، پانا، حاصل کرنا، وصول کرنا۔ قرآن پاک میں ہے "خُذْ مِنْ أَمْوالِهِم صَدَقَةً" (۲) قبول کرنا۔ قرآن پاک میں ہے "و أَخَذْتُم عَلَى ذٰلِكُم إِصْرِي"
___ فلانًا: ماخوذ کرنا، قید کرنا۔ قرآن میں ہے "فَخُذْ أَحَدَنا مَكانَه" (۲) سزا دینا۔ قرآن میں ہے "و كَذٰلِكَ أَخْذُ رَبِّكَ إِذا أَخَذَ القُرَى وَهِيَ ظالِمَةٌ" (۳) قتل کرنا۔ قرآن میں ہے "و هَمَّتْ كُلُّ أُمَّةٍ بِرَسُولِهِم لِيَأْخُذُوه" (۴) گرفتار کرنا، قیدی بنانا۔ قرآن میں ہے: "فَاقْتُلُوا المُشْرِكِينَ حَيْثُ وَجَدْتُمُوهُم وخُذُوهُم" (۵) غالب ہونا، چھا جانا۔ قرآن میں ہے: "لا تَأْخُذُه سِنَةٌ و لا نَوْمٌ" (۶) تھامنا، پکڑنا۔ قرآن میں ہے "و أَخَذَ بِرَأْسِ أَخِيهِ يَجُرُّهُ إِلَيْهِ"۔
___ فلانًا بِذَنْبِه: مؤاخذہ کرنا، جرم کی سزا دینا۔
___ فلانًا بالأَمْرِ: پابند کرنا۔
___ اللهُ فلانًا: ہلاک کرنا۔
___ على يَدِ فلانٍ: ہاتھ پکڑ لینا، کرنے سے روکنا، باز رکھنا۔
___ على فَمِه: بولنے سے روکنا۔
___ عليه الأَرْضَ: راہیں تنگ کرنا، ناطقہ بند کرنا۔
___ أَخْذَ فلانٍ و مَأْخَذَه: کسی کے طریقہ پر چلنا۔

اَخَذَ عن فلانٍ : علم حاصل کرنا، سیکھنا۔
ـــ فلانًا الدّاءُ و العذابُ : بیماری یا عذاب آنا۔
ـــ فیه الخمرُ : اثر کرنا، اثر انداز ہونا۔
ـــ الشیءُ حَدَّه : متعلقات کو لے لینا۔
ـــ علیه کذا : گرفت کرنا، کسی بات پر آڑے ہاتھوں لینا۔
ـــ علی نفسِه أو عاتِقِه کذا : اپنے ذمہ لینا، عہد کرنا۔
ـــ نفسَه بکذا : خود کو پابند کرنا۔
ـــ اللّبنَ : دودھ بلونا، ترشی آمیز کرنا۔
ـــ فی الأمر، اَخَذَ یفعلُه : شروع کرنا
ـــ نَفَسَه : سانس لینا۔
ـــ علی غِرّةٍ : اچانک پکڑنا۔
ـــ علیه و علی عادةٍ : عادی بن جانا
ـــ حِذْرَه : محتاط ہونا، چوکنا ہونا۔
ـــ اسمًا : شہرت پانا۔
ـــ رأیًا : مشورہ لینا۔
ـــ فلانًا العُجبُ : شیخی میں آنا، تکبر کرنا
ـــ کُلَّ مأخذٍ : قابو میں کرنا۔
اَخِذَ الرضیعُ ـَـ اَخَذًا : شیرخوار بچہ کو بدہضمی ہو جانا۔
ـــ العینُ : آنکھ دکھنا۔ هو اَخِذٌ۔
ـــ الحیوانُ : جانور کا پاگل ہو جانا۔
اَخُذَ اللّبنُ و نحوه ـُـ اُخوذةً : ترش ہونا۔
آخَذَتْه السّاحِرةُ اِیخاذًا : جادو کا عمل کرنا۔
آخَذه بذَنبه مؤاخذةً : گرفت کرنا، سزا دینا۔
لا تُؤاخِذْنی : معاف کیجیے۔
اَخَّذَ الجملَ تأخیذًا : اونٹ کو باندھنا
ـــ الساحرةُ الرجلَ : جادو کرنا، سحر سے بے ہوش کرنا۔
هو مُؤَخَّذٌ عن النّساء : وہ عورتوں کے سحر میں گرفتار رہے۔
ائتَخَذَ القومُ فی القتال : لڑائی میں گتھم گتھا ہونا۔
ـــ فی المُصارعة : کشتی میں داؤ لگانا۔
ـــ فلانٌ بِمرضِه : عاجز ہونا۔
اِتَّخَذَه : کر دینا، بنا دینا، ایک چیز کی صفت دوسری کو دینا، اختیار کرنا۔
دیکھیے (تخذ)۔
استأخَذَ فلانٌ : عاجز و کمزور ہونا (۲) سر جھکانا (درد کی وجہ سے)۔
ـــ الشَّعرُ و نحوه : بالوں کا لمبا ہونا
الإخاذةُ : اپنے لئے خاص کیا ہوا قطعہ زمین (۲) چھوٹا تالاب (۳) ڈھال کا دستہ
ج : إخاذ۔
الأخْذُ و الإخْذُ : طریقہ، مسلک۔
اَخَذَ اِخْذَه و بأخْذِه : کسی کے طریقہ پر چلنا (۲) گڑھا ج : اُخْذان۔
اَخْذٌ و عطاءٌ : لین دین۔
الأُخُذ و الأخَذ : آشوب چشم۔
الإخْذةُ : الأخْذُ ج : إخاذ۔
الأُخْذةُ : شکار کا گڑھا (۲) کشتی کا داؤ (۳) منتر، جادو کا حیلہ۔
الأخّاذ : مسحور کن، دل گیر، جاذب نظر۔
الأخیذ : قیدی، گرفتار، ماخوذ ج : اُخَذی۔
اَخیذٌ فی یدِ العدوّ : یرغمال۔
هو اَسیرُ فِتنةٍ و اَخیذُ محنةٍ : وہ آزمائش میں گرفتار ہے
الأخیذةُ : قیدی عورت (۲) مال غنیمت، چھینا ہوا مال۔
المأخَذ : طریقہ (۲) گرفت، قابل گرفت عمل، عیب ج : مآخِذ۔
مآخِذ الطّیرِ و نحوه : شکار کرنے کی جگہیں۔
مآخِذ الشیءِ : سرچشمے، حوالجات، مأخذ۔
المأخوذ : حاصل شدہ، گرفتار۔
مأخوذٌ به : معمول بہ۔
• اَخَّرَ تأخیرًا : مؤخر ہونا، پیچھے ہونا۔
ـــ الشیءَ : پیچھے کرنا، مؤخر کرنا، لیٹ کرنا، ملتوی کرنا۔
تأخَّرَ عنه : بعد میں آنا، پیچھے ہٹنا، پیچھے رہ جانا، لیٹ ہونا۔
استأخَرَ : تأخَّرَ۔
الآخَرُ : دو میں سے ایک، دوسرا، کوئی اور، غیر۔
الآخِر : مقابل اول، آخری، پچھلا حصہ (۲) اللہ تعالیٰ کا نام۔
جاءُوا عن آخِرِهم : وہ سب آئے
الآخِرة : ضد أُولیٰ (۲) آخرت، موت کے بعد کی دنیا۔
ـــ من العین : کنپٹی کی طرف کا گوشہ چشم
الآخِریُّ : آخری، پچھلا، اخیر کا۔
جاءَ آخِریًّا : وہ سب سے پیچھے آیا۔
الأخِر : بمعنی الأخیر۔ پیچھے رہنے والا، محروم۔
الأُخُر : پچھلا حصہ۔ ضد قُدُم۔
رَجَعَ اُخُرًا : پیچھے لوٹ گیا۔
شقّ الثوبَ من اُخُرٍ : کپڑے کو پیچھے سے پھاڑا۔
الآخِرةُ : اُدھار۔
بِعتُه سِلعةً بآخِرةٍ : میں نے اسے ادھار پر سامان بیچا۔
الآخَرةُ و الأُخْرَةُ : اخیر۔
نِلتُه بأُخَرةٍ : اخیر میں پایا۔
الأُخرَی : (مؤنث الآخَر) دوسری (۲) آخرت، دوسری زندگی ج اُخَر۔
و اُخرَیات [illegible]
لا افعلُه اُخرَی اللیالی [illegible]
[illegible] کبھی بھی [illegible] گا [illegible]

جَاءَ فِی أُخْرَیَاتِ النَّاس : آخر میں آیا۔
فِی أُخْرَیاتِ أیَّامِه : اپنے آخری دنوں میں۔
الأُخْرَوِیّ : آخرت سے متعلق۔
الآخِیْر : اخیر۔
أَخِیْرًا : اخیر میں، سب کے بعد (۲) کچھ عرصہ قبل، حال ہی میں، پچھلے دنوں۔
المِئْخَار : بہت پیچھے رہنے والا، بہت لیٹ (۲) وہ درخت جس کا پھل موسم کے بالکل اخیر میں پکے ج: مآخِیْر۔
المُؤْخِر و المُؤْخِرَةُ من العین : گوشۂ چشم (کنپٹی کی طرف)۔
نَظَرَ إِلَیَّ بِمُؤْخِرِ عَیْنِه : اس نے مجھے کن انکھیوں سے دیکھا۔
المُؤَخَّر : پچھلا حصّہ (مُؤَخَّرُ السَّفِیْنَة أو البِنَاء : کشتی یا عمارت کا پچھلا حصہ) (۲) مؤخر کیا ہوا۔ (مہر) مؤجّل (۳) سست۔
مُؤَخَّرًا : پچھلے دنوں، کچھ عرصہ پہلے۔
المُؤَخِّر : باری تعالیٰ کا ایک نام۔
المُؤَخَّرَة : پچھلا حصّہ۔
مُؤَخَّرَةُ الجَیْش : فوج کا پچھلا دستہ
المُتَأَخِّر : لیٹ، پیچھے، سست، پس ماندہ
مُتَأَخِّر فِی الآرَاء : قدامت پسند، پرانے خیال کا۔
مُتَأَخِّرَات : بقایا حساب۔
•الإِخْشِیْد : شاہنشاہ، فرغانہ کے بادشاہوں کا لقب (۲) محمد ابن طغج حاکم مصر کا لقب (مع)
•الأُخْطُبُوط : آٹھ پیروں والا بحری جانور، سختی کے ساتھ چمٹنے والا۔
•أَخَا فلانًا ۓ أُخُوَّةً و إِخَاوَةً : بھائی بنانا، دوست بنانا۔
آخَی فلانًا مُؤَاخَاةً و إِخَاءً : بھائی بنانا۔
ــــ بَیْنَهُمَا : دونوں میں رشتۂ اخوت قائم کرنا، بھائی چارہ قائم کرنا، بھائی بندی کرانا (۲) دو چیزوں کو ملانا۔
آخَی فی فلانٍ آخِیَّةً : بھلائی کرنا، احسان کرنا۔
أَخَّی فلانًا تَأْخِیَةً : کسی کو بھائی کہہ کر پکارنا۔
ــــ لِلدَّابَّة : جانور کو باندھنے کے لئے رسّی کا حلقہ بنانا۔
تَآخَی الرَّجُلَانِ : بھائیوں کی طرح ہو جانا، بھائی بننا، باہم بھائی بھائی ہونا۔ کہاوت ہے "بَیْنَ السَّمَاحَة و الحَمَاسَة تَآخٍ" فیاضی اور بہادری کے درمیان بھائی بندی ہے۔
تَأَخَّی فلانًا : بھائی بنانا۔
ــــ الشیءَ : قصد کرنا، رُخ کرنا، جستجو کرنا
الآخِیَة : زمین یا دیوار میں گڑی ہوئی حلقہ دار رسّی جس میں جانور کو باندھتے ہیں (۲) بھلائی، احسان ج: أَوَاخٍ۔
الآخِیَّة : (۱) الآخِیَة (۲) رشتہ، تعلق ج: أَوَاخِیّ۔
شَدَّ اللّٰهُ بَیْنَكُمَا أَوَاخِیَّ الإِخَاء : خدا تم دونوں کے بیچ بھائی بندی کے رابطہ کو مستحکم کرے۔
الأَخ : بھائی۔ أَخٌ شَقِیْق : سگا بھائی۔
أَخٌ مِنْ أَحَدِ الوَالِدَیْن : سوتیلا بھائی۔ أَخٌ من الأُمّ : ماں شریک بھائی۔ أَخٌ من الأَب : باپ شریک بھائی۔ أَخٌ من الرَّضَاع : دودھ شریک بھائی۔
ــــ : (۲) دوست، ساتھی۔ کہاوت ہے "إِنَّ أَخَاكَ مَنْ آسَاكَ" تمہارا دوست وہ ہے جو تمہاری غمخواری کرے "رُبَّ أَخٍ لَكَ لَمْ تَلِدْهُ أُمُّكَ" کوئی بھائی ایسا ہوتا ہے جس کو تمہاری ماں نے جنم نہیں دیا ہے۔ یعنی نسبی بھائی نہیں ہے مگر تعلق بھائی جیسا رکھتا ہے۔
"مُكْرَهٌ أَخُوكَ لَا بَطَلٌ" تمہارا ساتھی مجبور ہے، بہادر نہیں ہے۔ اس شخص کے بارے میں کہتے ہیں جو طبعًا بہادر نہ ہو مگر بحالتِ مجبوری کوئی بہادری کا کام کر بیٹھے۔
(۳) شبیہ، ہم شکل (۴) صاحب، مالک۔
أَخُو الأَسْفَار : بہت سفر کرنے والا۔
أَخُو القَبِیْلَة : قبیلہ کا فرد ج: آخَاء، إِخْوَان، إِخْوَة۔ کہاوت ہے "إِخْوَانُ الوِدَاد أَقْرَبُ من إِخْوَةِ الوِلَاد" دوستی کے بھائی، نسبی بھائیوں سے زیادہ تعلق رکھتے ہیں۔
دَمُ الأَخَوَیْن : لال رنگ جو ایک قسم کی سخت لال لکڑی سے بنایا جاتا ہے۔
الأَخّ : بمعنی الأخ۔
الأُخْت : بہن (۲) سہیلی (۳) نظیر، شبیہ، ہم شکل ج: أَخَوَات۔
أُخْتُ یُوشَعَ : سورج۔
الأُخُوَّة و الإِخَاء و المُؤَاخَاة : بھائی بندی، برادرانہ تعلق، دوستی۔
أَخَوِیّ : دوستانہ، برادرانہ۔
الأَخِیَّة : الآخِیَة ج: أَخَایَا۔

ا ــــــ د

•أَدَبَ ـِ أَدْبًا : دعوت کا کھانا تیار کرنا، کھانے پر مدعو کرنا، دعوت کرنا۔
ــــ فلانًا : ادب سکھانا، اخلاق سکھانا۔
ــــ القومَ علی الأمر : کسی کام کی دعوت دینا، جمع کرنا۔
أَدُبَ فلانٌ ـُ أَدَبًا : ادب حاصل کرنا (۲) ادیب بننا۔ هو أَدِیْب۔
هو آدَبُ نُظَرَائِه : وہ اپنے ہمسروں میں سب سے زیادہ باادب یا ماہرِ ادب ہے۔

آدَبَ إِيْدَابًا : دعوت کا انتظام کرنا، دعوت کرنا، کھانے پر مدعو کرنا۔

أَدَّبَه تَأْدِيبًا : ادب و اخلاق کی تعلیم دینا، اخلاقی تربیت کرنا، مہذب بنانا (۲) علوم ادب سکھانا (۳) سزا دینا، فہمائش کرنا

___ الدَّابَّةَ : جانور کو سدھانا۔

تَأَدَّبَ : علمِ ادب حاصل کرنا (۲) ادب و تہذیب سیکھنا۔

___ بِأَدَبِه : کسی کا طریقہ اختیار کرنا، اقتدا کرنا۔

الآدِب : دعوت کنندہ، میزبان ج: أَدَبَة۔

الأَدَبُ : سلیقہ، تہذیب، شائستگی، اچھا طریقہ (۲) کسی علم وفن یا صنعت وحرفت کے آداب، قواعد وضوابط، جیسے أَدَبُ القَاضِي، أَدَبُ الكَاتِب (۳) ادبی کلام، عمدہ نظم یا نثر (۴) ہر وہ علم ومعرفت جو عقلِ انسانی کی تخلیق ہو ج: آداب۔

الآداب : علوم ومعارف، لٹریچر (۲) اخلاق (۳) اخلاقی قواعد وضوابط۔

الآدابُ العامَّة : مستحسن طور طریقے، آدابِ زندگی، اخلاقیات۔

الأَدَبِيّ : ادبی، اخلاقی، لٹریری۔

الأَدِيْب : ادیب، علمِ ادب کا ماہر (۲) اعلیٰ اخلاق کا حامل (۳) سدھا ہوا جانور ج: أُدَبَاء۔

التأْدِيب : تہذیب، اصلاح، فہمائش، سزا۔

مَجْلِسُ التأْدِيب : نیم عدالتی مجلس

المَأْدُبَة : دعوت کا کھانا۔ حدیث میں ہے: "إنّ هذا الكتابَ مَأْدُبَةُ الله في أرضه"

المُؤَدِّب : اتالیق، معلم اخلاق، مربی۔

• أَدَّ في سَيْرِه ـُ أَدًّا و أَدِيدًا : تیز چلنا

___ الأَمْرُ فلانًا أَدًّا : معاملہ کا سنگین ہونا، مشکل میں مبتلا کر دینا۔

___ الحَبْلَ : رسّی کو باندھنا۔

تَأَدَّدَ : سخت ہونا، گراں بار ہونا۔

الأَدَد : راستہ کی لمبائی اور اس کا سیدھا پن

الإِدُّ : سنگین معاملہ، انتہائی برا کام۔ قرآن پاک میں ہے "لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا إِدًّا" ج: إِدَادٌ۔

الإِدَّة : الإِدُّ ج: إِدَد۔

الأَدِيْد : شور وشغب۔

• أَدِرَ ـَ أَدَرًا و أَدَرَةً و أُدْرَةً : آدمی کے خصیہ کا پھول جانا۔ هو آدَرُ، وأَدِرَت الخُصْيَةُ وهي أَدْراءُ ج: أُدْر.

الأُدْرَة : خصیہ پھولنے کی بیماری (۲) پھولا ہوا خصیہ ج: أُدَر۔

المَأْدُور : جس کا خصیہ پھولا ہوا ہو۔

• الإِدْرَجِيْن و الإِيدْرُوجِين : ہائیڈروجن۔

• اللَّا أَدْرِيَّة : دیکھئے (دری)

• أَدَلَ الجُرْحُ ـِ أَدْلًا : زخم سے کھرنڈ اتر جانا۔

___ اللبنَ : بلونا۔

الإِدْل : گاڑھا کھٹا دودھ (۲) بارِ گراں (۳) گردن کا درد جو بوجھ اٹھانے سے پیدا ہو۔

• أَدَمَ بينهم ـِ أَدْمًا : صلح کرانا۔

___ الصانعُ الجِلْدَ : چمڑے کو ٹھیک کرنا، زائد حصہ نکالنا۔

___ الطعامَ : روٹی وغیرہ کے ساتھ سالن ملانا۔ هو مَأْدُوم و أَدِيم۔

___ فلانًا بأَهْلِه : اہلِ خانہ سے ملا دینا

أَدِمَ ـَ أَدَمًا و أُدْمَةً : گندم گوں ہونا۔ هو آدم، هي أَدْماء ج: أُدْم۔

أَدُمَ ـُ أَدَامَةً و أُدُومَةً : أَدِمَ۔

آدَمَ بينهما إِيدَامًا : صلح کرانا۔

___ الخُبْزَ والجِلْدَ : بمعنی أَدَمَ۔

___ الشمسُ فلانًا : دھوپ کا رنگ کو جھلس دینا۔

أَدَّمَ الخُبْزَ تَأْدِيمًا : زیادہ سالن لگانا۔

ائْتَدَمَ العُودُ : لکڑی میں پانی سرایت کرنا۔

___ فلان : روٹی کو سالن سے کھانا۔

اسْتَأْدَمَ فلانًا : سالن مانگنا۔

آدَمُ : حضرت آدم ابو البشر

الآدَمِيّ : انسان، آدمی۔

الإِدَام : سالن، ہر وہ چیز جس کے ساتھ روٹی کھائی جائے ج: أُدُم۔

الأُدْم : سالن (۲) محبت واتفاق ج: آدام

الأَدَمَة : کھال کا گوشت سے ملا ہوا اندرونی حصہ (۲) زمین کا قریبی حصہ۔

الأُدْمَة : میل جول (۲) محبت واتفاق۔

بينهم أُدْمَة : ان میں گاڑھی چھنتی ہے

الأَدِيم : کھال، ظاہری حصہ (۲) سالن ملا ہوا کھانا ج: أُدُم، آدِمَة، أَدِمَة۔

أَدِيمُ الأَرْض : روئے زمین۔

أَدِيمُ النَّهار : دن کی روشنی۔

أَدِيمُ اللَّيل : رات کی تاریکی۔

أَدِيمُ السَّماء : آسمان کی نچلی سطح۔

هو بَرِيءُ الأَدِيم : وہ پاک وصاف ہے، اس پر جھوٹا الزام ہے۔

• أَدَا ـُ أُدُوًّا : درمیانہ چال چلنا۔

___ اللبنُ : دودھ کا گاڑھا ہونا۔

___ اللبنَ أُدُوًّا و أَدْيًا : بلونا۔

___ فلانًا وله : دھوکہ دینا، چکمہ دینا۔

___ للظَّبْي ونحوه : شکار کے لئے ہرن کو دھوکہ دینا۔

• أَدِيَ اللبنُ ـَ أَدْيًا و أُدُوًّا : دودھ کا گاڑھا ہونا۔

آدَى فلانٌ إِيدَاءً : مضبوط وطاقتور ہونا

___ للأمرِ : تیار ہونا۔

___ فلانًا على كذا : آمادہ کرنا، مدد دینا، ہاتھ مضبوط کرنا۔

أَدَّى الشيءَ تأْدِيَةً : انجام دینا۔

اَدّی الصلاۃَ : نماز ادا کرنا۔
— التحیّۃَ : سلامی دینا۔
— الیمینَ : حلف اٹھانا۔
— الشہادۃَ : گواہی دینا۔
— الدَّینَ : قرض چکانا، مطالبہ پورا کرنا۔
— الیہ الشیءَ : پہنچانا۔
— الشیءُ اِلی کذا : سبب بننا۔
تَادّی للأمر : تیار ہونا۔
تَأدّی الأمرُ : انجام پانا، ادا ہونا۔
— اِلی فلان : پہنچنا۔
— لہ الأمرُ : آسان ہونا، فراہم ہونا۔
— الدَّینُ : قرض چکتا ہونا۔
— الرجلُ : قرض سے سبکدوش ہونا۔
— اِلی دائنِہ، و لہ مِن دَینِہ : قرض سے سبکدوش ہونا، چھٹکارا پانا۔
اِستَأدَاہُ علیہ : کسی کے خلاف کسی سے مدد چاہنا۔
— فلانًا مالاً : کسی کا مال ضبط کرکے لینا۔
الاَدَاءُ : (۱) ادائیگی (۲) کارکردگی (۳) پڑھنے کی آواز، تلفظ۔
الاَدَاۃُ : چھوٹی مشین، اوزار، آلہ (۲) حرف (علم نحو) ج : اَدَوات۔
الاَدَوات : آلات، اوزار (۲) لوازم، متعلقہ سامان (۳) میٹیریل، مواد۔
اَدَواتٌ مَنزِلیّۃٌ : گھریلو سامان متعلقات خانہ
— مَطبَخیّۃ : باورچی خانہ کا سامان۔
— مَکتَبیّۃ : اسٹیشنری، لکھنے کا سامان، دفتری ضروریات۔
[illegible]
الاِدَاوَۃ : پانی کا برتن (چھوٹا) [illegible] اداوی
[illegible]
— [illegible]
— [illegible]
• اِذْ : (۱) گذشتہ فعل کا ظرف [illegible]
[illegible]

ظرف مضاف ہوتا ہے۔ قرآن پاک میں ہے ”اِلّا تَنصُرُوہُ فَقَد نَصَرَہُ اللّٰہُ اِذ اَخرَجَہُ الَّذِینَ کَفَرُوا ثَانِیَ اثنَینِ، اِذ ہُمَا فِی الغَارِ، اِذ یَقُولُ لِصَاحِبِہ لا تَحزَن اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا“، کبھی جملہ حذف کردیا جاتا ہے اور اذ کے اخیر میں تنوین آجاتی ہے، جیسے حِینَئِذٍ۔ بمعنی: اُس وقت۔ قرآن پاک میں ہے ”فَلَولَا اِذَا بَلَغَتِ الحُلقُومَ و اَنتُم حِینَئِذٍ تَنظُرُونَ“
(۲) تعلیلیہ۔ بمعنی: کیونکہ، جیسے ضَرَبتُہ اِذ اَسَاءَ۔ قرآن پاک میں ہے ”و اِذ لَم یَہتَدُوا بِہ فَسَیَقُولُونَ ہٰذَا اِفکٌ قَدِیمٌ“
(۳) برائے مفاجات، بمعنی: اچانک۔ یہ بَینَا اور بَینَمَا کے بعد آتا ہے۔ جیسے: فَبَینَمَا العُسرُ اِذ دَارَت مَیَاسِیرُ۔
• اِذمَا : جب، اگر (حرف شرط و جزاء، دو فعلوں کو جزم دیتا ہے)۔
• اِذ ذَاکَ : اُس وقت۔
• اِذَن، اِذًا، ذَن : تب، تب تو، ایسا ہے تو (کلام سابق کا جواب اور جزا۔ جب فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے تو اسے نصب دیتا ہے، بشرطیکہ ابتدائے کلام میں ہو اور اس کے اور فعل کے درمیان کوئی فصل نہ ہو)۔
• اِذَا : اگر، جب (ظرف برائے زمانہ مستقبل [illegible]
(۲) برائے مفاجات بمعنی : اچانک، کیا [illegible]
[illegible]

(فعل ماضی پر داخل ہوکر اسے مضارع کے معنی میں کر دیتا ہے) اگر فعل مضارع پر داخل ہو تو اس کے بعد شرط و جزا کے دونوں فعل مرفوع ہوتے ہیں۔ جیسے ”و اِذَا تُرَدُّ اِلی قَلِیلٍ تَقنَعُ“ کبھی کبھی اس کے بعد فعل کو مجزوم بھی لاتے ہیں خصوصًا شعر میں، مگر ایسا بہت کم ہوتا ہے۔ جیسے شاعر کا قول: و اِذَا تُصِبکَ خَصَاصَۃٌ فَتَجَمَّلِ
(۴) کبھی اسمِ مرفوع پر بھی داخل ہوتا ہے۔ مگر اسم مرفوع حقیقت میں ایسے فعل محذوف کا فاعل ہوتا ہے جس کی تفسیر مابعد کا فعل کرتا ہے جیسے ”اِذَا السَّمَاءُ انشَقَّت“۔
• اَذَنَ الحَبُّ و الثُّمامُ ـَ اَذنًا : دانہ میں سے کونپل نکلنا۔
— فلانًا : کسی کے کان پر مارنا، گوشمالی کرنا
اَذِنَ ـَ اَذَنًا : لمبے اور بڑے کانوں والا ہونا۔ ھو آذَنُ، ھی اَذنَاءُ ج : اُذنٌ
— لہ و الیہ : کان لگا کر سننا۔
— الیہ : آرام پانا۔
— لِرَائِحَۃِ الطَّعَامِ : خواہش کرنا۔
— بہ اِذنًا و اَذَنًا و اَذَانَۃً : جاننا
— لہ فیہ اِذنًا و اَذِینًا : اجازت دینا، مباح کرنا، پرمٹ دینا۔
— لہ علی فلان : کسی کے لئے کسی سے اجازت لینا۔ ھو آذِن۔
• آذَنَ العُشبُ اِیذَانًا : گھاس کا خشک ہونا، سوکھنے لگنا۔
— بہ : اعلان کرنا، آواز دینا، منادی کرنا (آذَنَ المُؤَذِّنُ بِالصَّلاۃِ)۔
— [illegible] مارنا، کان اینٹھنا۔
[illegible] فلانًا : پسند آنے کی بنا پر [illegible]
— فلانًا [illegible] و بہ : باخبر کرنا، آگاہ کرنا۔
اَذَّنَ فلان [illegible] تَاذِینًا و اَذَانًا : بہت

اعلان کرنا ۔
آذَّنَ بالصَّلاۃ : نماز کے لئے اذان دینا ۔
ـــ بالحجّ : حج کا اعلان کرنا ۔
ـــ الشيءَ : ہینڈل لگانا، (پیالی وغیرہ میں) ڈنڈی لگانا ۔
ـــ فلانًا : کسی کا کان مروڑنا ۔
تأذَّنَ فلان : خبر دینا (۲) قسم کھانا ۔
ـــ في النّاسِ : خبردار کرنا، منادی کرنا، دھمکی یا ممانعت کا اعلان کرنا ۔
ـــ بالشرِّ : ڈرانا ۔
اِستأذَنَه في كذا : اجازت چاہنا ۔
ـــ على فلانٍ : کسی کے پاس حاضری کی اجازت چاہنا، ملاقات کی اجازت مانگنا
الآذَنُ : بڑے اور لمبے کان والا ۔
الآذِن : دربان، اجازت دینے والا افسر (۲) سگنل، ریلوے سگنل ۔
الأذانُ : اذان، منادی برائے نماز ۔
الأذانان : اذان و اقامت ۔
الأُذانيّ : بڑے کان والا ۔
الأُذْن ـــ الأُذُنُ : کان (۲) پیالی کی ڈنڈی، جگ کا دستہ، ہینڈل، وہ حلقہ جس سے برتن کو اٹھایا جائے ج: آذانٌ (۳) بات کو سن کر مان لینے والا (۴) مخلص دوست، ہمراز ۔ هو أُذُنٌ و أُذُنُ خَيْرٍ : وہ مخلص و ہمدرد ہے ۔ هو أُذُنُ قومِه : وہ اپنی قوم کا خیرخواہ ہے (۵) لَبِسَ الأُذُنَ له : غافل ہونا یا بننا ۔ لَابِسُ الأُذُنَيْن : غافل، غافل بننے والا ۔
نَاشِرُ الأُذُنَيْن : لالچی (جاءَ ناشِرًا أُذُنَيْه : لالچی بن کر آیا) ۔
أُذُنُ الحِمار : ایک قسم کی خاردار گھاس ۔
آذانُ الأرنَب : ایک قسم کی گھاس (جس کے پتے خرگوش کے کان جیسے ہوتے ہیں) ۔
آذانُ الجَدْي : ایک قسم کی گھاس ۔
آذانُ الدُّبّ : ایک قسم کی گھاس ۔

آذانُ الشاۃ : ایک قسم کی گھاس ۔
آذانُ العَنْز : ایک قسم کی آبی گھاس ۔
آذانُ الفِيل : ایک ترکاری، اروی (قُلقاس) ۔
آذانُ الحِيطان : دیواروں کے کان، مراد چغل خور ۔ شاعر کہتا ہے :

اِحْفَظِ السِّرَّ بإخْفائِه
فإنَّ للحِيطانِ آذانا

الإذْن : شرعی پابندی کا خاتمہ (۲) اجازت، اباحت (۲) پرمٹ، لائسنس، اجازت نامہ، پاس ۔
إذْنُ البَرِيد : پوسٹل آرڈر ج: أُذُون ۔ بِإِذْنِكَ، عَنْ إِذْنِكَ : آپ کی اجازت سے
الأَذَنة : بیج کے اگنے کے بعد پہلا پتہ ج: أَذَن ۔
الأُذَنة : ہر ایک کی بات سن کر مان لینے والا (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے) ۔
الأَذِين : اذان (۲) کفیل، سردار، لیڈر ۔
الأُذَين : قلب کی بالائی تجویفوں میں سے ایک ۔
الأُذَينة : آلۂ سماع (۲) کان کا نچلا حصہ ۔
المِئذَنة : منارہ، مینار، گنبد ج: مآذِنُ
المأذون : طلاق و نکاح کا وثیقہ نویس، وکیل مختار ۔
•أذِيَ الشيءُ ـــ أذًى و أذاةً و أذِيّةً : گندا ہونا ۔
ـــ فلانٌ بكذا : تکلیف پہنچنا، نقصان پہنچنا، زحمت ہونا، زحمت اٹھانا ۔ هو أَذٍ ۔
آذاه إيذاءً : تکلیف دینا، زحمت دینا (لا يُؤذِي : بے ضرر) ۔
تأذَّى به : تکلیف ہونا، نقصان پہنچنا، درد محسوس کرنا ۔
الأذِيّ : سخت موج ج: أَواذِيّ ۔
الأذى : تکلیف، کوفت، معمولی نقصان ۔ قرآن پاک میں ہے "لَن يَضُرُّوكُمْ إِلَّا أَذًى" (۲) عیب، خرابی ۔
الأذاۃ : الأذى ۔
الأذِي و الأذِيّ : سخت تکلیف اٹھانے والا ۔
الأذِيّة : الأذى ۔
المُؤذِي : تکلیف دہ، باعث کوفت، ضرر رساں

ا ـــــ ر

•أَرَبَه ـِ أَرْبًا : گرہ لگانا، گرہ کو مضبوط کرنا ۔ أَرَبَ العُقْدَةَ بھی کہتے ہیں ۔
أَرِبَ العُضْوُ ـَ أَرَبًا : عضو بدن کا کٹ جانا، کوڑھ کی وجہ سے الگ ہوجانا ۔
ـــ بالشيءِ : دلچسپی لینا ۔
ـــ في الشيءِ و به : ماہر ہونا، بصیرت حاصل کرنا ۔
ـــ عليه بكذا : مدد چاہنا ۔
ـــ إليه : محتاج ہونا ۔ هو أرِبٌ و أرِيبٌ ۔
أَرُبَ ـُ أرابةً و إرْبًا : ہوشیار و ماہر ہونا ۔ هو أرِيبٌ ۔
آرَبَ عليه إيرابًا : مقابلہ میں کامیاب ہونا ۔
ـــ فلانًا مُؤارَبةً : چال سے کامیاب ہونا، غالب آنا، مقابلہ کرنا ۔ کہاوت ہے "مُؤارَبةُ الأرِيبِ جَهْلٌ و عَناءٌ" عقلمند سے مقابلہ کرنا نادانی اور خود کو تکلیف دینا ہے ۔
أرَّبَ تأرِيبًا : بخیل و حریص ہونا ۔
ـــ الشيءَ : مضبوط کرنا، گرہ لگانا (۲) مکمل کرنا، زیادہ کرنا ۔
ـــ العُضْوَ : عضو کو کاٹنا ۔
ـــ الذبيحةَ : بوٹیاں کرنا ۔
ـــ فلانا : عقلمند بنانا ۔
تأرَّبَ : أرَّبه کا لازم (۲) مضبوط ہونا ۔
ـــ فلان : ہوشیار بننا، ہوشیار بننے کی کوشش کرنا ۔

تَأَرَّبَ فی حاجَتِہٖ : سخت ضرورت مند ہونا
___ علیہ : دشوار ہونا، سخت ہونا، قبضہ میں نہ آنا ۔
اِسْتَأْرَبَ : سخت اور مضبوط ہونا ۔
___ فلان : چہار طرف سے مصائب میں گھر جانا (۲) قرضوں میں ڈوب جانا ۔
الأَرَبُ : بصیرت، معاملہ فہمی، ہوشیاری ۔
الإِرْبُ : ضرورت (۲) ہوشیاری، عقلمندی (۳) کامل عضو ج : آراب و آرآب ۔
اِرْبًا اِرْبًا : ٹکڑے ٹکڑے ۔ علاحدہ علاحدہ
قَطَعَہ اِرْبًا اِرْبًا : ٹکڑے ٹکڑے کرنا، بوٹیاں کرنا ۔
الأُرَبُ : چوپاؤں کے چھوٹے بچے (نوزائیدہ)
الأَرَبُ : ضرورت، ضرورت شدیدہ (۲) مقصد، آرزو ۔
بَلَغَ و نَالَ أَرَبَہٗ : مقصد پورا ہو گیا، آرزو بر آئی ۔
الأَرِبِیُّ : بڑا چالاک ۔
الأُرْبَان : بیعانہ، سائی، پیشگی رقم ۔
الأُرْبَۃُ : چوپاؤں کے نوزائیدہ بچے (۲) مضبوط گرہ (۳) کڑا، حلقہ جس سے جانور کو باندھا جائے (۴) جانور کے گلے کا پٹہ ج : أُرَب ۔
الإِرْبَۃُ : مطلوب، آرزو، خواہش، میلان قرآن پاک میں ہے "غَیْرِ أُولِی الإِرْبَۃِ" جو عورتوں کی طرف میلان نہ رکھتے ہوں ۔
الأُرْبُون : الأُرْبَان ۔
الأُرْبِیَّۃُ : ران کی جڑ، ران کا پیٹ سے متصل حصّہ (۲) رشتہ دار، اقارب ۔
مَأْرِب : ملک یمن کا ایک قدیم شہر ۔
المَأْرَب و المَأْرُبَۃُ : حاجت، مقصد ج : مَآرِب ۔
• أُرْثُوذُکْس : تقلید پسند عیسائی (یونانی لفظ ہے جس کے اصلی معنی "صحیح رائے" کے ہیں) ۔

• أَرَّثَ النارَ : آگ جلانا، بھڑکانا ۔
___ بَیْنَ القَوْمِ : ایک دوسرے کے خلاف ورغلانا، فساد کی آگ بھڑکانا ۔
___ بینَ الأَرْضَیْن : فاصلہ قائم کرنا ۔
تَأَرَّثَت النارُ : آگ بھڑکنا ۔
الإِرَاثُ : جس سے آگ بھڑکائی جائے، ایندھن (۲) چغل خوری ۔
الإِرْثُ : باقیماندہ (۲) ترکہ، میراث (۳) راکھ (۴) موروثی امر، ہر وہ چیز جو باپ دادا سے وراثت میں ملے ۔ حدیثِ حجۃ الوداع میں ہے "إِنَّکُم علی إِرْثٍ من إِرْثِ أَبِیْکُم ابراھیم" ج : إِرَاث ۔ دیکھئے (ورث)
الأُرْثَۃُ : ایندھن (۲) دو زمینوں کے بیچ کی حدِ فاصل ج : أُرَث ۔
• أَرِجَ ـِ أَرْجًا : جھوٹ بولنا ۔
___ الحَقَّ بالبَاطِل : حق و باطل کو ایک کر دینا، سچ میں جھوٹ ملانا ۔
___ بینَ الناس أَرْجًا و أَرَجَانًا : لڑائی کرانا، آگ لگانا ۔ ھو آرِجٌ و أَرَّاج و مِئْرَج ۔
أَرِجَ الطِّیْبُ ـَ أَرَجًا و أَرِیْجًا : خوشبو مہکنا ۔
___ المکانُ : جگہ کا خوشبودار ہونا ۔ ھو أَرِجٌ ۔
___ الناسُ : رونا دھونا، واویلا کرنا ۔
أَرَّجَ النارَ تَأْرِیْجًا : بھڑکانا، آگ جلانا ۔
___ الحربَ : جنگ کی آگ بھڑکانا ۔
___ بَیْنَ القوم : باہم لڑانا، آگ لگانا ۔
تَأَرَّجَت النارُ : آگ سے شعلے نکلنا، بھڑکنا ۔
___ الطِّیْبُ و المکانُ : خوشبو یا جگہ کا مہکنا ۔
الأَرِیْج : خوشبو ۔
الأَرِیْجَۃُ : خوشبو ج : أَرَائِج ۔

• الأَرْجُوْن : ایک قسم کی بے رنگ و بو گیس جو بجلی کے بلب میں استعمال کی جاتی ہے ۔
• الأُرْجُوَان : ایک تیز سرخ پھول والا پودا (۲) لال رنگ، ارغوانی رنگ (۳) لال رنگا ہوا کپڑا، ارغوانی رنگ کا ۔ أَحْمَرُ أُرْجُوَانِیٌّ : گہرا سرخ ۔
• الأُرْجُوحَۃُ : دیکھئے (رجح) ۔
• أَرِخَ إلی مَکَانِہٖ ـَ أَرُوخًا : اشتیاق ہونا
___ الکتابَ وغیرہ بکذا ـُ أَرْخًا : تاریخ ڈالنا ۔
أَرَّخَ الکتابَ : تاریخ ڈالنا ۔
أَرَّخَ بتأریخٍ مُتَقَدِّمٍ : واقعہ سے پہلے کی تاریخ ڈالنا ۔
أَرَّخَ بتأریخٍ مُتَأَخِّرٍ : بعد کی تاریخ ڈالنا ۔
___ الحادِثَ و نحوہ : تاریخ لکھنا، متعلقہ تفصیلات لکھنا ۔ ھو مُؤَرِّخٌ ۔
التاریخ : وہ احوال و واقعات جن سے کوئی فرد یا قوم گزرتی ہے ۔
فلانٌ تاریخُ قومِہٖ : عزت و سربراہی اسی پر ختم ہے ۔
التأریخ : بیانِ واقعات، مرتّب احوال و کوائف ۔
الأَرْخَبِیْل : ایک دوسرے سے ملے ہوئے جزیروں کا مجموعہ ۔
• الإِرْدَبُّ : تقریبًا ۲۵ پاؤنڈ کے وزن کا پیمانہ (۲) آب پاشی کی نہر (۳) کھپریل، ٹائل ج : أَرَادِب ۔
الإِرْدَبَّۃ : پختہ مٹی کی بنی ہوئی کشادہ نالی
• الأَرْدُوَاز : سلیٹی رنگ کی تختی (۲) سلیٹ ۔
قَلَمُ أَرْدُوَاز : سلیٹ کا قلم، سلیٹ کی پنسل ۔
• أَرَّ ـِ أَرِیْرًا : آواز نکلنا ۔
___ الحیوانُ ـُ أَرًّا : جانور کو مسلسل دست آنا ۔
___ النارَ : آگ جلانا ۔

أَرَّ الحیوانَ : جانور کو ہانکنا۔
الإِرَّة : آگ۔
الأَرِیر : آواز۔ أرِیرُ التلیفون: ریسیور اٹھانے کے بعد کی آواز، ڈائلنگ ٹون۔
•أَرَزَ ـِ أَرْزًا و أُرُوزًا: سکڑنا، سمٹنا۔
ـــ الحیوانُ : جانور کا مضبوط ہونا، گٹھا ہوا ہونا۔ ھو أَرِزٌ۔
ـــ الی المکان : پناہ لینا۔ حدیث میں ہے "إنَّ الاسلامَ لَیَأْرِزُ الی المَدِینة کما تَأْرِزُ الحَیَّةُ الی جُحرِھا"۔
ـــ الشَّجرةُ : زمین میں پیوست ہونا، جڑ پکڑنا۔
ـــ الأَصابعُ من البَرْد : ٹھنڈک سے ٹھٹھرنا۔
ـــ اللَّیلةُ أَرْزًا و أُرُوزًا و أَرِیزًا: رات کا انتہائی سرد ہونا۔
الأَرْزُ : صنوبر کا درخت۔
الأُرْزُ : صنوبر (۲) دھان، چاول۔ دیکھئے: رزز
الأَرِیز : سردی، پالا (۲) انتہائی ٹھنڈا دن۔
•أَرَسَ ـُ أَرْسًا : کاشتکار ہونا۔
أَرَّسَ إِیراسًا : أَرَسَ۔
أَرَّسَ تأْرِیسًا : أَرَسَ۔
ـــ فلانًا : کاشتکار بنانا۔
الإِرْس : اصل، بنیاد۔
الإِرِّیس : کاشتکار ج: أَرارِیس، أَرارِسة، أَرارِسیّ۔
الأَرِیس : کاشتکار۔
•الأَرِسْتُقْراطِیّة : اعلیٰ خاندان یا بلند منصب لوگوں کی حکومت (۲) طبقۂ خواص، طبقۂ امراء، اشراف و معززین۔
•أَرَشَ بینھم ـُ أَرْشًا : باہم لڑانا، ایک دوسرے کے خلاف اکسانا۔
ـــ فلانًا : زخمی کرنا (۲) کسی کی دیت ادا کرنا، زخم کا تاوان دینا (۳) رشوت دینا۔
أَرَّشَ بینھم : لڑائی کرانا، فساد کی آگ بھڑکانا۔
أَرَّشَ النارَ و الحربَ : آگ لگانا، لڑائی کی آگ بھڑکانا۔
ائْتَرَشَ جُرحَه : زخم کا تاوان لینا۔
الأَرْش : زخم، سر کی چوٹ (۲) زخم کا تاوان (۳) قیمت کا وہ حصہ جو بیع میں عیب ظاہر ہونے کے باعث واپس لیا جائے ج: أُرُوش۔
•أَرَضَتِ الأَرَضَةُ الخشبَ ونحوه ـِ أَرْضًا : دیمک کا لکڑی کو کھوکھلا کرنا
أَرِضَتِ الأَرْضُ و الروضةُ ـَ أَرَضًا : شاداب ہونا، سرسبز و خوش منظر ہونا۔
ـــ القَرحةُ : زخم کا بگڑ جانا۔
ـــ الخَشَبةُ و نحوھا : دیمک لگنا، دیمک خوردہ ہونا۔
أَرِضٌ : دیمک خوردہ م: أَرِضَة۔
أَرُضَتِ الأَرْضُ ـُ أَرَاضةً : سرسبز و خوش منظر ہونا، خوب گھاس والا ہونا
ـــ فلان : نیک اور متواضع ہونا۔ ھو أَرِیض : خوش منظر، گھاس سے ڈھکا ہوا۔
أُرِضَ فلان : سر کے رعشہ میں مبتلا ہونا، بے ارادہ سر ہلنا۔ ھو مَأْرُوض۔
أَرَّضَ الأَرْضَ تأْرِیضًا : زمین کی دیکھ ریکھ کرنا۔
ـــ الشیءَ : درست کرنا، مرمت کرنا (۲) تیار کرنا، آراستہ کرنا۔
ـــ السِّقاءَ : مشک ٹھیک کرنا، گھی وغیرہ سے ملائم بنانا۔
تَأَرَّضَ النَّبْتُ : جڑ پکڑنا۔
ـــ فلان : ٹھہرنا، جم جانا، قیام پذیر ہونا
ـــ المَنزِلَ : قیام کے لئے جگہ منتخب کرنا
ـــ له : پیچھے پڑنا، آڑے آنا۔ بمعنی: تَعَرَّضَ۔
اسْتَأْرَضَتِ الأَرْضُ و القَرحةُ : زمین کا سرسبز و خوش منظر ہونا (۲) زخم کا بگڑ جانا۔
اسْتَأْرَضَتِ الفَسِیلُ : نرسری کا جڑ پکڑ لینا
ـــ السَّحابُ : بادل کا زمین کے قریب آکر پھیل جانا۔
ـــ بالمکان : ٹھہر جانا، کسی جگہ جم جانا۔
الإِرَاض : اونٹ کے بال یا اون کی بنی ہوئی بڑی دری، لمبا چوڑا فرش ج: أُرُض۔
الأَرْضُ : سیارۂ زمین (۲) زمین کا ایک حصہ۔ قرآن پاک میں ہے "اجْعَلْنِی علی خَزائِنِ الأَرْضِ" (۳) خشکی (۴) فرش (۵) ہر چیز کا نچلا حصہ۔ أَرْضُ النَّعْل : جوتے کا تلا ج: أَرَضُون و أَرَاضٍ و أُرُوض۔
الکرة الأَرْضِیّة : کرۂ ارض، روئے زمین
أَرْضٌ زِراعیّة : قابل کاشت یا زیر کاشت زمین۔
عِلْمُ الأَرْض : علم طبقات ارض، جیالوجی۔
تَحْتَ الأَرْض : زیر زمین۔
أَرْضِیٌّ : زمین سے متعلق، جائداد سے متعلق، دنیوی۔
الأُرْضَة : لمبی بکثرت گھاس۔
الأَرَضَة : دیمک، لکڑی وغیرہ کھانے والا کیڑا ج: أَرَضٌ۔
خَشَبةٌ مأْرُوضة : دیمک خوردہ لکڑی۔
فلان أَفْسَدُ من الأَرَضة : وہ دیمک سے بھی زیادہ خراب ہے۔
الأَرْضِیّة : زمین میں کام کرنے کی اجرت (۲) کمرہ وغیرہ کا فرش، وہ جگہ جس پر پہیے رکھے جائیں، ریل جہاز وغیرہ کا فرش۔
أَرْضِیّةُ الصُّورة : بیک گراؤنڈ، پس منظر
•أَرَطَتِ الإبلُ ـُ أَرْطًا : اونٹ کا "أَرْطیٰ" پودے کے پتے وغیرہ کھانا۔

آرِطَ الأدِيمَ : کھال کی "اَرْطٰی" سے دباغت کرنا، صاف کرنا۔
أرِطَتِ الإبِلُ ـَ أرَطًا : اَرطی گھاس کھانے سے پیٹ خراب ہونا۔ ھی أرِطَةٌ۔
آرطَتِ الأرضُ إيراطًا : زمین میں "ارطی" پودے اگنا۔
الأرطَاة : ایک پودا یا درخت۔
الأرطَی : ایک پودا جو ریت میں اُگتا ہے (اس کے پتے باریک اور پھل عُنّاب جیسا ہوتا ہے) و: أرطَاة۔
•الأُرْغُن : ارگن، ایک باجے کا نام۔
•الأُرْغُول : دو نلکیوں والی بانسری ج: أراغيل
•آرَفَه مُؤَارَفَةً : متصل ہونا۔ کہتے ہیں: ھو مُؤَارِفِي : یعنی اس کے مکان کی حد میرے مکان کی حد سے ملی ہوئی ہے۔
أرَّفَ الأرضَ تأريفًا : زمین کی حدبندی کرنا، حدبندی کا نشان لگانا۔
الأُرْفَة : زمین کی حدبندی کا نشان ج: أُرَف۔
•أرِقَ ـَ أرَقًا : نیند نہ آنا، بے خوابی طاری ہونا۔ ھو أرِقٌ و آرِقٌ۔
آرقَه إيراقًا : نیند اڑا دینا۔
أرَّقَه تأريقًا : نیند اڑا دینا۔
ائتَرَقَ : نیند نہ آنا۔
تأرَّقَ : نیند نہ آنا، نیند اڑ جانا۔
الأرَقُ : بے خوابی کا مرض۔
الأُرَق : جسے رات کو عادتاً نیند نہ آتی ہو۔
الأرَقان : یرقان کی بیماری۔ دیکھئے (یرق)
•أرَكَتِ الإبِلُ ـُ أُرُوكًا و أرْكًا : اونٹ کا پیلو کے پتے کھانا۔ ھی أرِكَة ج: أوارِك
(۲) اونٹ کا پیلو کھانے سے پیٹ خراب ہونا۔
ــــ الرَّجُلُ بالمكان : قیام پذیر ہونا، جم جانا، نہ ٹلنا۔
ــــ الجُرْحُ : زخم کا بھرنے کے قریب ہونا۔
ــــ في الأمرِ : ثابت قدم رہنا، اڑے رہنا۔

أرَكَ الأمرَ في عُنُقِه : پابند بنانا۔
ــــ الإبلَ : اونٹ کو پیلو کے پتے کھلانا۔
أرِكَتِ الأرضُ ـَ أرَكًا : زمین میں پیلو کے درختوں کا کثرت سے ہونا۔ ھی أرِكَةٌ۔
ــــ الأراكُ : پیلو کے درخت کا موٹا اور گنجان ہونا۔
ــــ الإبلُ : پیلو کے پتے کھانا۔
ــــ فلانٌ بالمكان : کسی جگہ ٹھہر جانا، نہ ٹلنا۔
أرِكَتِ الإبلُ : اونٹ کے پیٹ میں پیلو کے پتے کھانے سے درد ہو جانا۔ ھی أرِكَةٌ ج: أُرُكٌ و أوارِك۔
الأراكُ : (شَجَرُ المِسْوَاكِ) پیلو کا درخت، مسواک کا درخت و: أراكَة
الأرِيكَة : آراستہ تکیہ دار چوکی، کاؤچ، صوفہ ج: أرِيكٌ و أرائِكُ۔
أرِيكَةُ الجُرْحِ : زخم کا سرخ گوشت جس سے پیپ نکل چکا ہو۔
•الأرْكُون : (مع) مکھیہ، گاؤں کا سردار۔
•أرَمَ عليه ـِ أرْمًا : دانتوں سے پکڑنا۔
ــــ الشيءَ : اکھاڑ پھینکنا، ختم کر دینا، (کھانا وغیرہ) چٹ کر جانا۔
أرَمَتِ السائمةُ المَرْعَى : مویشیوں نے چراگاہ کو کھا کر صاف کر دیا۔
أرَمَ الجَدْبُ الماشيةَ : خشک سالی نے جانوروں کا صفایا کر دیا۔
ــــ الحَبْلَ : مضبوط رسی بٹنا۔
أرِمَ ـَ أرَمًا : فنا ہونا۔
ــــ الأرضُ : زمین میں کچھ نہ اگنا، بنجر ہونا ھو أرِمٌ و آرِمٌ ھی أرْمَاء۔
الأُرَّم : ڈاڑھیں و: أرَمٌ۔
ھو يَحْرُقُ عليك الأُرَّمَ : غصہ سے دانت پیستا ہے۔
الأُرَمُ : ڈاڑھ، دانت۔

الإرَم : سنگ میل، صحرائی راستہ کا علامتی پتھر ج: آرام و أُرُوم۔
إرَمُ : تباہ شدہ قوم جس کی ایک شاخ "عاد" ہے
الأرِم : سنگ میل، راستہ کا علامتی پتھر
الأُرُوم والأُرُومَة : درخت کی جڑ (۲) نسب
طَيِّبُ الأُرُومَة : شريف النسب۔
•الأرْمادا : ہسپانیہ کا سمندری بیڑا جسے انگریزوں نے سولھویں صدی عیسوی میں شکست دی تھی۔
•أرَنَه ـِ أرْنًا : کاٹنا، دانتوں سے کاٹنا۔
أرِنَ ـَ أرَنًا و إرانًا و أرِينًا : مست ہونا، مگن ہونا، موج میں آنا۔ ھو أرِنٌ کہاوت ہے "سَمِنَ فأرِنَ" اس شخص کے بارے میں کہتے ہیں جو دولت وغیرہ پا کر مغرور ہو جائے اور حد سے آگے بڑھنے لگے۔ ھو و ھی أرُون۔
آرَنَه مُؤَارَنَةً و إرانًا : فخر کرنا (مقابلتاً)
الإران : جنگلی بیل (۲) تابوت، مردہ کی چارپائی ج: أُرُن۔
الأُرْنَة : تازہ پنیر (۲) پنیر بنانے والی گولی ج: أرانِيّ
•الأرْنَب : خرگوش (نر و مادہ دونوں کے لئے نر کو الخُزَز بھی کہتے ہیں) ج: أرانِب و أران۔
الأرْنَبانِيّ : مٹیالا (كِساءٌ أرْنَبانِيٌّ)۔
الأرْنَبَة : الأرنب کا واحد ج: أرانِب۔
أرْنَبَةُ الأنفِ : ناک کا اگلا حصہ (نوک)۔
جَدَعَ أرْنَبَتَه : ناک کاٹنا (ذلیل کرنا)
قَوْمٌ شُمُّ الأرانِب : اونچی ناک والے لوگ۔
•الأرَنْدَج : سیاہ چمڑا جس سے جوتا بنتا ہے (۲) سیاہ بوٹ پالش۔
•أرَا النارَ ـُ أرْوًا : آگ کے لئے جگہ بنانا۔
•أرَى النَّحْلُ ـِ أرْيًا : مکھی کا شہد بنانا۔
ــــ القِدْرُ : دیگچی کی تلی میں سالن وغیرہ جل کر چپک جانا۔

أَرِیَ فلانٌ : غضبناک ہونا .
ـــ صَدْرُہ : سینہ میں غصّہ اور ناگواری بیٹھ جانا ، غصّہ ہونا .
ـــ الدابّۃُ الی الدابّۃ : ایک جانور کا دوسرے سے مانوس ہو جانا ، ایک کُنڈ پر چارہ کھانا .
ـــ الدابّۃُ مَرْبِطَہا و مَعْلَفَہا : چوپائے کا اپنے مستقر میں رہنا .
ـــ الرِّیحُ السَّحابَ : ہوا کا بادل کو ہنکانا .
ـــ فلانٌ الماءَ : تھوڑا تھوڑا پانی ڈالنا .
أَرَیَ اللبنُ و نحوہ بالإناء ۔ أَرْیًا : دودھ کا برتن کو لگنا .
ـــ القِدْرُ : دیگچی کی تلی میں سالن لگنا .
ـــ فلانٌ أو صَدْرُہ : غصّہ ہونا .
آرَی الدابّۃَ الی الدابّۃ إیراءً : دو جانوروں کو ایک کُنڈ پر باندھنا .
أَرَّی الشیءَ تأریۃً : جمانا .
ـــ الدابّۃَ و لہا : جانور کے لئے تھان (اصطبل) بنانا ، جانور کو رسّی کھونٹے وغیرہ سے باندھنا .
ـــ فلانًا : دھوکہ دینا ، پوچھنے والے کو غلط بتانا .
ـــ عن الشیءِ : توریہ کرنا ، اصل کو چھپا کر غلط کو ظاہر کرنا ، کچھ کہہ کر کچھ اور مراد لینا .
ـــ النارَ و لہا : آگ کے لئے جگہ بنانا .
ائْتَرَی النحلُ : أَرَی .
ـــ فلانٌ بالمکان : قیام پذیر ہونا ، پڑجانا ، ڈیرا ڈالنا .
ـــ الأَرْیُ بالخَلِیّۃ : شہد کا چھتّے سے چپک جانا .
تأَرَّی النَّحلُ : أَرَی .
ـــ بالمکان : ٹھیر جانا ، پڑ رہنا .
ـــ عنہ : پیچھے رہ جانا .
ـــ الشیءَ : قصد کرنا ، مراد لینا .

الآرِی : مویشی باندھنے کی جگہ یا کھونٹی وغیرہ ج: أَوارِ .
الآرِیّ : الآرِی ج: أَوارِیّ .
الجِنْسُ الآرِیّ : آریہ ، آرین قوم
الآرِیَّۃ : آرین قوم کی خصوصیات .
الإِرَۃُ : آگ جلانے کی جگہ یا گڑھا (۲) سوکھا گوشت .
الإِرْوِیَّۃ : پہاڑی بکرا (نر و مادہ دونوں کے لئے) ج: أَرَاوِی و أَرْوَی (خلافِ قیاس) .
الأَرْیُ : شہد (۲) شبنم (۳) دیگچی کے کناروں میں چپکا ہوا کھانا .
•الأَرِیحِیّ : دیکھئے (ردح) .

ا ـــ ز

•أَزَبَ الماءُ ـِ أَزْبًا : پانی بہنا . ھو آزِبٌ
أَزِبَتِ الماشیۃُ ـَ أَزَبًا : جگالی نہ کرنا
تَآزَبُوا المالَ بینہم : باہم تقسیم کرنا .
الإِزْبُ : پست قامت اور پیٹ والا آدمی (۲) کمینہ (۳) چالاک ، مکّار .
المِئْزابُ : (المِیزابُ) پرنالہ ج: مَآزِیبُ .
•أَزَجَ فی مِشْیَتِہ ـِ أُزُوجًا : تیز چلنا .
ـــ عنہ : پیچھے رہنا . ھو آزِجٌ و أَزُوجٌ
أَزِجَ ـَ أَزَجًا : أَزَجَ .
ـــ العُشْبُ : گھاس کا لمبا ہونا . ھو أَزِجٌ .
أَزَّجَ البِناءَ : کماندار چھت والی عمارت بنانا .
الأَزَجُ : لمبی عمارت جس کی چھت کماندار ہو ج: آزُجٌ و آزاجٌ .
•أَزَحَ ـِ أُزُوحًا : سکڑنا ، باہم مل جانا (۲) پیچھے رہ جانا ، آہستہ چلنا ، دیر لگانا
ـــ العِرْقُ : رگ کا پھڑکنا .
ـــ القَدَمُ او النَّعْلُ : پیر یا جوتا پھسلنا ھو آزِحٌ و أَزُوحٌ .

تأَزَّحَ : أَزَحَ .
الأَزُوحُ : اعلیٰ صفات میں پیچھے رہ جانے والا ، اچھے کاموں میں پیچھے رہنے والا (۲) ہٹی ، سرکش (۳) بوجھ ڈھوتے وقت آہیں بھرنے والا جانور .
•الأَزَاذ : کھجور کی ایک عمدہ قسم (مع) .
•أَزَرَ الزَّرْعُ ـُ أَزْرًا : کھیتی کا گنجان ہونا
ـــ بہ : احاطہ کرنا ، گھیرنا .
ـــ فلانًا : ازار پہنانا ، تہبند باندھنا .
ـــ الشیءَ : مضبوط کرنا ، مدد کرنا ، ہاتھ مضبوط کرنا .
أَزِرَ الحِصانُ ـَ أَزَرًا : گھوڑے کی سرین یا رانوں کا سفید ہونا (جبکہ سامنے کے حصّے سفید نہ ہوں) ھو آزَرُ ، ھی أَزْرَاء ج: أُزْرٌ .
آزَرَ الزرعُ مُؤَازَرَۃً : کھیتی کا گنجان ہونا
ـــ فلانًا : مدد کرنا .
ـــ الشیءَ : مقابل ہونا ، برابر ہونا .
أَزَّرَہ تأزیرًا : مضبوط کرنا ، ہاتھ بٹانا (۲) ازار پہنانا .
ـــ النبتُ الأرضَ : گھاس کا زمین کو ڈھانپ لینا .
ـــ الکتابَ : کتاب پر حاشیہ لکھنا ، اپنی رائے لکھنا .
نَصَرَہ نَصْرًا مُؤَزَّرًا : زبردست مدد کرنا .
ائْتَزَرَ و اتَّزَرَ : ازار پہننا ، لنگی یا تہبند باندھنا . ائْتَزَرَ بہ بھی کہتے ہیں .
ائْتَزَرَ إِزْرَۃً حَسَنَۃً : اچھا لباس پہننا ، اچھی طرح ازار باندھنا .
تأَزَّرَ : ائْتَزَرَ . ـــ الزَّرْعُ : گنجان ہونا
الإِزارُ : تہبند ، لنگی (مذکر و مؤنث دونوں طرح مستعمل ہے) (۲) حاشیہ ج: آزِرٌ و آزِرَۃ .
عَفِیفُ الإِزار : پاک دامن .

إِزَارُ الحائِط: دیوار کا پشتہ، اِسکرٹنگ، ہر وہ چیز جو دیوار کے نیچے لگائی جائے (مضبوطی، حفاظت یا زینت کے لئے) ج: اُزُر و آزِرة۔

الإِزَارَة: الإِزَارُ۔

الأَزْرُ: طاقت، مجازاً پیٹھ۔ شَدَّ أَزْرَه: مضبوط کرنا، تقویت پہنچانا، پیٹھ ٹھونکنا، مدد کرنا، پُشت پناہی کرنا۔ قرآن پاک میں ہے "اُشْدُدْ به أَزْرِي"۔ کہاوت ہے "إِن كُنْتَ بي تَشُدُّ أَزْرَكَ فَارْخِه" یعنی اگر تم اپنی حاجت روائی کے لئے مجھ پر بھروسہ کرتے ہو تو تمہاری حاجت پوری ہونے والی نہیں ہے، یعنی میں مدد نہیں کروں گا۔

الإِزْرُ: الإِزار (۲) اصل۔

المِئْزَر: الإِزار ج: مآزِر۔ شَدَّ للأمر مِئْزَرَه: کمر کسنا، تیار ہونا۔

شَدَّ مِئْزَرَه دُونَ النِّساء: عورتوں سے کنارہ کشی اختیار کرنا۔

عَفِيفُ المِئْزَر: پاک دامن، نامحرم عورتوں سے دور رہنے والا۔

المِئْزَرَة: المِئْزَر ج: مآزِر۔

•أَزَّ ـِ أَزًّا و أَزِيزًا و أَزَازًا: حرکت کرنا، ہلنا (۲) گونج دار آواز پیدا ہونا، زن زن کرنا، سنسنانا (أَزَّ الرعدُ و القِدْرُ والطائرةُ)۔

ـــ النارَ ـُ أَزًّا و أَزِيزًا: آگ بھڑکانا۔

ـــ القِدْرَ وبها: جوش دینے کے لئے دیگچی کے نیچے آگ جلانا۔

ـــ الشيءَ: زور سے حرکت دینا، ہلانا، جھٹکا دینا۔

ـــ فلانًا: ورغلانا، بھڑکانا، اُکسانا۔ قرآن پاک میں ہے "أَلَمْ تَرَ أَنَّا أَرْسَلْنَا الشَّيَاطِينَ عَلَى الكَافِرِينَ تَؤُزُّهُمْ أَزًّا"۔

ـــ بينهما: لڑائی کرانا، ایک دوسرے کے خلاف اُکسانا۔

اِئْتَزَّ: بمعنی أَزَّ۔

ـــ منه: پریشان ہونا، تنگ آنا، اُکتانا۔

تَأَزَّزَ: بمعنی أَزَّ۔

ـــ المكانُ: ہنگامہ ہونا، ہلچل مچنا۔

الأَزُّ: پھوڑے کی تکلیف۔

الأَزْز: مجمع، زبردست بھیڑ۔

الأَزَّة: آواز۔

الأَزِيز: تیز رفتاری (۲) گونج دار آواز، گونج، مشین کی آواز۔

لِجَوْفِه أَزِيزٌ: اس کے پیٹ میں گڑگڑ ہو رہی ہے۔

•أَزِفَ الوقتُ ـَ أَزَفًا و أُزُوفًا: وقت قریب ہو جانا۔ أَزِفَ الترحُّلُ: کوچ کا وقت آگیا۔ قرآن پاک میں ہے "أَزِفَتِ الآزِفَةُ" قیامت کا دن قریب ہے۔

ـــ الرجلُ: عجلت کرنا۔

ـــ الجُرْحُ: زخم بھر جانا۔

آزَفَه إِيزَافًا: جلدی کرانا۔

تَآزَفَ الخطوُ: قدموں کا ملا ہوا ہونا۔

ـــ القومُ: ایک دوسرے سے قریب ہونا۔

ـــ الرجلُ: (مجازاً) تنگ دل ہونا، بد اخلاق ہونا۔

الآزِفَة: قیامت۔

الأَزَف: تنگی اور بدحالی۔

•أَزَقَ ـِ أَزْقًا: تنگ ہونا۔

ـــ الشيءَ: تنگ کرنا۔

تَأَزَّقَ: تنگ ہونا۔

المَأْزِق: تنگ نائے، تنگ جگہ (۲) پریشانی ج: مَآزِق۔

•أَزَلَ المكانُ ـِ أَزْلًا: تنگ ہونا۔

ـــ الرجلُ: تنگی و پریشانی میں ہونا، خشک سالی میں ہونا۔

ـــ فلانًا: قید کرنا (۲) تنگی و پریشانی میں مبتلا کرنا۔

أَزَلَ الدابَّةَ: چوپائے کو باندھنا (۲) رسّی چھوٹی کرنا (۳) چرنے کے لئے چھوڑنا۔

أُزِلَ الناسُ: قحط میں مبتلا ہونا۔ (أُزِلُوا حتى هُزِلُوا: قحط کی وجہ سے لاغر ہوگئے)

آزَلَتِ السَّنَةُ إِيزَالًا: قحط سالی ہونا۔

تَأَزَّلَ: تنگ ہونا۔ تَأَزَّلَ صَدْرُه: سینہ تنگ ہونا۔

الآزِل: محبوس (درد یا خوف کی وجہ)

الأَزْل: زمانہ کی سختی، تنگ دستی، پریشانی کی زندگی۔

الأَزَل: ہمیشگی (۲) زمانۂ قدیم جس کی ابتدا نہ ہو۔

الأَزَلِيُّ: قدیم، ہمیشہ سے پایا جانے والا، دوامی۔

المَأْزِل: تنگ نائے، تنگ جگہ ج: مآزِل۔

•أَزَمَ على الشيءِ ـِ أَزْمًا: منھ میں لے کر زور سے دبانا۔

أَزَمَ الفرسُ على اللِّجام: گھوڑے کا لگام کاٹنا۔

أَزَمَ فلانٌ على كذا: پابندی کرنا۔

أَزَمَتْ عليهم السَّنَةُ: سخت قحط پڑنا۔

ـــ الشيءَ: کاٹنا۔

ـــ الحَبْلَ وغيره: رسّی کو مضبوط بٹ دینا۔

ـــ البابَ: دروازہ بند کرنا۔

أَزِمَ عليه ـَ أَزَمًا: أَزَمَ۔

تَأَزَّمَ: بحران میں مبتلا ہونا، تنگی میں ہونا، گرفتارِ مصیبت ہونا۔

ـــ الأمورُ: حالات کا بگڑنا، سنگین ہونا۔

الآزِم: کچلی، دانت ج: أُزَّم۔

الآزِمَة: سختی، مصیبت، قحط سالی ج: أَوَازِم

الأَزْمَة و الأَزِمَة: (۱) تنگی، سختی، مصیبت، کرائسس، بحران (أَزْمَةٌ مَالِيَّة: مالی بحران۔ أَزْمَةٌ سِيَاسِيَّة: سیاسی بحران۔

أَزْمَةٌ مَرَضِيَّة: بیماری کی شدت (۲) قحط (۳) پرہیز (۴) دائمی مرض میں اچانک پیدا ہونے والی شدت، کسی سخت مرض جیسے نمونیہ وغیرہ میں اچانک پیش آنے والی موت۔

المَأْزِم: دو پہاڑوں کے درمیان تنگ راستہ ج: مَآزِم۔

•أَزَا الظِلُّ ـُـ أَزْوًا: سایہ سمٹنا، کم ہونا۔

ـــ اليومُ: دن کا سخت گرم ہونا۔

•أَزِيَ ـِـ أَزْيًا و أُزِيًّا: سکڑنا، سمٹنا۔

أَزِيَ الظِلُّ: سایہ سمٹنا۔

أَزِيَ الثوبُ: دھونے کے بعد کپڑا سکڑنا۔

ـــ له أَزْيًا: کسی کو دھوکا دینے کے لئے اس کے محفوظ مقام کی طرف سے آنا۔

أَزَى ـَـ أَزْيٌ: سمٹنا۔ أَزَى اليومُ: دن کا گرم ہونا۔

آزَى الشيءَ إيزاءً: ملانا۔

ـــ الحوضَ: حوض میں پانی گرنے کی جگہ پتھر وغیرہ رکھنا۔

آزَاهُ مُؤَازَاةً و إِزَاءً: مقابل ہونا، برابر میں ہونا۔

لا يُؤَازِيهِ أَحَدٌ: اس کا کوئی ہم پلہ نہیں۔

أَزَّى الحوضَ: آزى۔

تَآزَيَا: باہم قریب ہونا، ایک دوسرے کے مقابل ہونا، برابر برابر ہونا۔

تَأَزَّى عنه: ڈر کر پیچھے ہٹنا۔

الإِزَاءُ: مقابل، سامنے۔

إِزَاءَه، بإزائه: اس کے سامنے، اس کے بالمقابل۔

إِزَاءُ الأَمْرِ: ماہر، نگراں (إزاءُ مالٍ، إِزاءُ حَرْبٍ) (۲) حوض میں پانی گرنے کی جگہ پر رکھا ہوا پتھر وغیرہ۔

ا ـــ س

•الإِسْبَانَاخ: پالک، ایک سبزی۔

•الإِسْبِيدَاج: رانگ، سپیدہ۔

•الأَسْبِيرِين: اسپرین، درد کی دوا۔

•الإِسْتَاج: ہاتھ سے دھاگا لپیٹنے کی چرخی وغیرہ (مع)

•الأُسْتَاذ: معلم (مع) (۲) ماہر فن (۳) پروفیسر ج: أَسَاتِذَة و أَسَاتِيد

الأُسْتَاذِيَّة: معلمی، مہارتِ فن، پروفیسری

•الإِسْتَار: چار، چاروں (مع) (۲) ساڑھے چار مثقال وزن ج: أَسَاتِير۔

•الإِسْتَبْرَق: موٹا ریشمی کپڑا، کمخواب (مع)

•أُسْتَرَالِيَا: آسٹریلیا، بحر ہند اور بحر منجمد کے درمیان واقع برصغیر۔

•الإِسْتِيج: الإِسْتَاج۔

•أَسِدَ ـَـ أَسَدًا: شیر جیسا ہونا (۲) شیر کو دیکھ کر ڈر جانا۔

ـــ عليه: جری ہونا، جسارت کرنا۔

آسَدَ بين الكلاب مُؤَاسَدَةً: کتوں کو باہم لڑانا، ایک کو دوسرے کے خلاف اکسانا۔

ـــ بينهم: پھوٹ ڈالنا، دشمنی کرانا، باہم لڑانا۔

آسَدَ الكلبَ بالصَّيْدِ إيسادًا: کتے کو شکار پر دوڑانا۔

أَسَّدَ الكلبَ: کتے کو شکار پر اکسانا، ورغلانا۔

تَأَسَّدَ: شکار کے پیچھے دوڑنا۔

اِسْتَأْسَدَ: شیر کی طرح بہادر بننا، شیر ہو جانا

ـــ النبتُ: گھاس کا بڑھ جانا، گنجان ہونا۔

ـــ عليه: جری ہونا، جسارت کرنا۔

الأَسَدُ: شیر (نر اور مادہ دونوں کے لئے) ج: آساد و أُسود و أُسْد و أُسُد (۲) آسمان کے ایک برج کا نام۔

أَسَدَة، لَبُؤَة: شیرنی، شیر کی مادہ

دَاءُ الأَسَدِ: کوڑھ کی ایک قسم۔

المَأْسَدَة: شیروں کا مسکن ج: مَآسِد

•أَسَرَهُ ـِـ أَسْرًا و إِسَارًا: قید کرنا، قیدی بنانا، روکنا۔

أَسِرَ البولُ ـَـ أَسَرًا: پیشاب رک جانا هو أَسِرٌ۔

اِسْتَأْسَرَهُ: قیدی بنانا۔

ـــ له: قیدی بن جانا۔

الإِسَارُ: قید، بندش (۲) تسمہ جس سے قیدی کو باندھا جائے ج: أُسُرٌ۔

الأَسْرُ: قید (۲) تخلیقی پختگی (شَدَّ اللهُ أَسْرَهُ)۔

بِأَسْرِهِ: کل، سب، پورا (هذا الشيءُ لك بأسرِه۔ جاءُوا بأسرِهم)۔

الأُسْرُ و الأُسُرُ: احتباسِ بول، پیشاب رکنا۔

الأُسْرَة: خاندان، کنبہ، فیملی (۲) برادری (۳) مضبوط زرہ ج: أُسَرٌ۔

الأَسِيرُ: قیدی، جنگی قیدی ج: أُسَرَاءُ، أَسَارَى، أُسَارَى۔

•الأُسْرُبُّ: سیسہ۔

•أَسَّ بينهم ـُـ أَسًّا: پھوٹ ڈالنا۔

ـــ البناءَ: بنیاد رکھنا۔

ـــ فلانًا: ناراض کرنا۔ هو أَسَّاس۔

أَسَّسَ البناءَ: بنیاد رکھنا، نیو ڈالنا۔

الأَسَاسُ: بنیاد، اصل (۲) عمارت کی نیو (۳) علت، مبنی ج: أُسُسٌ و أَسَاسَات۔

أَسَاسِيٌّ: بنیادی، اصولی، بیسک۔

حَجَرٌ أَسَاسِيٌّ: سنگ بنیاد۔

دُسْتُورٌ أَسَاسِيٌّ: دستورِ اساسی۔

الأَسُّ و الإِسُّ و الأُسُّ: بنیاد (۲) قدامت۔

الأُسُّ: بنیاد، جڑ۔ قَلَعَهُ من أُسِّه: جڑ سے اکھاڑ دیا (۲) نشان (۳) باقیماندہ راکھ (۴) دل ج: إِسَاس و آسَاس۔

التأسِيس: علم عروض کی اصطلاح میں وہ الف ساکن جس کے اور روی کے درمیان ایک حرف متحرک واسطہ ہو۔ جیسے "اَلَا طَالَ هذا اللَّيلُ و اخضَلَّ جانِبُهٗ" میں "جانبه" کا الف تاسیس ہے۔
(۲) بنیاد رکھنا، قائم کرنا۔ اَسْهُم تأسِيسٍ: کمپنی کے بنیادی حصّے۔
التأسِيسِيّ: بنیادی۔ المَجْلِسُ التأسِيسِيُّ دستور ساز اسمبلی۔
المُؤَسِّس: بانی، قائم کنندہ۔
المُؤَسَّسة: ادارہ، فاؤنڈیشن ج: مُؤَسَّسات
•الأُسْطُبَّة: روئی اور کتان کی صنعت کے بچے ہوئے ٹکڑے (مع)۔
•الإِسْطَبْل: اصطبل، گھوڑوں کے باندھنے کی جگہ ج: إِسْطَبْلات (مع)
•الأَسْطُرلاب: اُصطرلاب، ایک آلہ جس سے ستاروں کی بلندی، مقام اور رفتار دریافت کرتے ہیں۔
•الأُسْطُقُس: اصلِ بسیط جس سے مرکب بنتا ہے۔
الأُسْطُقُسَّات: عناصر اربعہ (پانی، ہوا، آگ، مٹی) (مع)۔
•الأُسْطُورة: بے اصل کہانی، گھڑا ہوا افسانہ ج: أَساطِير۔
•الأُسْطُول: سمندری جہازوں کا بیڑا (جنگی یا باربردار) ج: أَساطِيل۔
أُسْطُولٌ جَوِّيٌّ: ہوائی جہازوں کا بیڑا (مع)۔
•الأُسْطُوانة: ستون، کھمبا (۲) گرامفون کا ریکارڈ، فونوگراف ریکارڈ ج: أَساطِين و أُسْطُوانات (مع)۔
الأَساطِين: (کسی علم وفن کے) نمایاں اور بڑے لوگ و: أُسْطُون (فارسی لفظ "استون" کا معرب ہے)۔
أَساطِينُ الزَّمان: یکتائے روزگار شخصیتیں۔
•أَسِفَ عليه ـَ أَسَفًا: افسوس کرنا، رنجیدہ ہونا۔
ـــ له: تکلیف محسوس کرنا، شرمندہ ہونا۔ هو آسِفٌ و أَسِفٌ و أَسِيفٌ۔
أنا آسِفٌ: مجھے افسوس ہے، میں شرمندہ ہوں، سوری۔
يُؤْسَفُ له: قابلِ افسوس۔
غَيْرَ مَأْسُوفٍ عليه: ناقابلِ افسوس۔
آسَفَه إِيسافًا: متاسّف اور شرمندہ کرنا، رنجیدہ کرنا۔
تَأَسَّفَ عليه: افسوس کرنا، رنجیدہ ہونا، کفِ افسوس ملنا۔
ـــ يَدَه: ہاتھ پھٹنا۔
الأَسُوف: نرم دل، جلد رو پڑنے والا۔
الأَسِيف: مزدور، اجیر (۲) قیدی (۳) جو موٹا نہ ہو (۴) نرم دل، جلد یا بہت رونے والا۔ حضرت عائشہؓ نے اپنے والد بزرگوار کے بارے میں فرمایا "إِنَّ أَبا بَكْرٍ رَجُلٌ أَسِيفٌ فَمَتَى ما يَقُمْ مَقامَكَ يَغْلِبْهُ البُكاءُ" ج: أُسَفاء۔
•الإِسْفاناخ: پالک (الإِسْباناخ و السبانخ)
•الأَسْفَلْت: ڈامر، تارکول۔
•الإِسْفَنْج: اسفنج۔
•الإِسْفِيداج: دیکھئے (الاسبيداج)
•الإِسْفِين: چھینی، لوہے اور لکڑی کاٹنے کا اوزار (۲) میخ۔
دَقَّ بينهم إِسْفِينًا: ان میں تفریق پیدا کردی۔
•الإِسْقالة: اونچی جگہوں پر چڑھنے کے لئے باندھی جانے والی رسّیاں اور لکڑیاں ج: أَساقِيل۔
•الأَسْقَرْبُوط: ایک بیماری جو خراب غذا کے استعمال سے پیدا ہوتی ہے۔
•الأُسْقُفّ: بشپ، بڑا پادری، عیسائیوں کا مذہبی پیشوا (مع) ج: أَساقِفة و أَساقِف
•الأُسْكُرُجّة: طشتری، پرچ۔ دیکھئے (سكرجة)
•الإِسْكارِيَّة: کُمل بائی، یرقان (ایک بیماری)
•الإِسْكاف: موچی، جفت ساز۔ دیکھئے (س ك ف)
•الإِسْكلة: دیکھئے (س ك ل)۔
•الإِسْكَمْلة: اسٹول۔
•الإِسْكَنْدَرِيَّة: مصر کا مشہور شہر اور بندرگاہ
•إِسْكَنْدَرُونة: شام کی ایک بندرگاہ۔
•الإِسْكِيم: راہب کا لباس (مع)۔
•الإِسْكِيمُو: قطب شمالی کے علاقہ میں رہنے والے۔
•أَسَلَ ـُ أَسالةً: چکنا اور ہموار ہونا، نرم ہونا، ستواں ہونا۔
خَدٌّ أَسِيلٌ: ستواں رخسار۔
أَسَّلَه تَأْسِيلًا: چکنا اور ہموار بنانا۔
ـــ الحَدِيدَ و نحوه: باریک کرنا، نوک تیز کرنا۔
ـــ السِّلاحَ: دھار رکھنا۔
مُؤَسَّل: دھاردار۔
تَأَسَّلَ أَباه: باپ کے رنگ ڈھنگ اختیار کرنا (نیز دیکھئے: تَأَسَّنَ)۔
الأَسَل: ایک درخت جس کے نوک دار پتّوں سے چٹائیاں اور رسّیاں بنائی جاتی ہیں (۲) لمبا کانٹا (۳) نیزہ (بطور تشبیہ) (۴) تیر (۵) چاقو نیزے وغیرہ کا دھاردار لوہا
الأَسَلة: لمبی اور سیدھی شاخ (۲) نوک۔ کہتے ہیں: أَسَلةُ النَّصْلِ، أَسَلةُ اللِّسان، أَسَلةُ الذِّراع۔
الأَسِيل: نرم، چکنا، ہموار، ستواں۔
•الأُسْلُوب: دیکھئے (س ل ب)۔
•الاسم: دیکھئے (س م و)۔
•الأَسْمَنْت: سمنٹ۔

•اَسْمَنْجُون : ہلکا نیلا رنگ، آسمانی رنگ۔
اَسْمَنْجُونِيٌّ : آسمانی۔
اَسَنَ الماءُ ـُ اَسْنًا و اُسُونًا: سڑجانا، بدبودار ہونا۔
اَسِنَ الماءُ و الهواءُ ـَ اَسَنًا: پانی اور ہوا کا خراب ہوجانا۔
ـــ فلانٌ : ہوا کی خرابی سے بے ہوش ہوجانا۔ هو آسِنٌ۔
آسَنَتْه الرَّائِحةُ المُنْتِنَةُ إيسانًا: بدبودار کرنا۔
تَأَسَّنَ الماءُ : پانی کا خراب ہوجانا۔
ـــ عَهْدُ فلانٍ و وُدُّه : کسی کا دور اچھا نہ ہونا، کسی کے تعلق میں تبدیلی آجانا
الآسِن : سڑا ہوا، بدبودار۔
الآسِينَةُ : تسمہ جسے دوسرے کے ساتھ ملا کر گوندھا جائے ج: اُسُن واَسَائِن
•اَسَا بينهما ـُ اَسْوًا و اَسًا: صلح کرانا۔
ـــ الجُرْحَ و الشيءَ : ٹھیک کرنا۔
ـــ المرضَ و المريضَ : علاج کرنا۔
ـــ فلانًا : غم دور کرنا، غمخواری کرنا۔
ـــ فلانًا بفلانٍ : متبع بنانا، نقشِ قدم پر چلانا۔
•الأُسْوار: شہسوار، فوج کا کمانڈر ج: اَسَاوِرُ، اَسَاوِرَةٌ (مع)
•اَسَى الجُرْحَ و المرضَ و المريضَ ـِ اَسْيًا: علاج کرنا، اچھا کرنا۔
اَسِيَ عليه و له ـَ اَسًا و اَسًى: رنجیدہ ہونا، غم کرنا۔ هو آسٍ واَسِيٌّ و اَسْوان و اَسْيان۔
آسَاه (يُؤاسِيه و يُواسِيه) إيساءً: رنجیدہ کرنا، مغموم کرنا۔
آسَى بينهما (يُؤاسِي و يُواسِي) مُؤَاساةً و مُواساةً : برابری کرنا۔
ـــ فلانًا بمُصِيبَتِه : غمخواری کرنا، شریکِ غم ہونا، تسلی دینا۔

آسَى فلانًا بمالِه : اپنے مال میں سے دینا، اپنے مال میں برابر کا حصہ دینا۔ کہاوت ہے "اِنَّ اَخاكَ من آسَاكَ"۔
ائْتَسَى بينهما : صلح کرانا۔
ـــ فلانا بمصيبته تأسِيَةً وتَأْسَاءً: تسلی دینا، دلاسہ دینا۔
ائْتَسَى به : نقشِ قدم پر چلنا۔
تَآسَوْا: ایک دوسرے کو تسلی دینا۔
تَأَسَّى به : نقشِ قدم پر چلنا، اتباع کرنا
الآسِي: معالج، جراح، طبیب ج: اُسَاةٌ و إِساءٌ۔
الآسِيَةُ : کھمبا، ستون (۲) مضبوط بنیاد والی عمارت ج: اَوَاسٍ۔
الأُسْوَةُ : نمونہ، قابلِ تقلید عمل (۲) جس سے تسلی حاصل کی جائے (۳) مثل۔
المَأْساة: ٹریجڈی، المیہ، ڈرامہ جس کا موضوع اور اسلوب بیان بہت بلند اور انجام المناک ہو (۲) المناک واقعہ، دردناک حادثہ ج: مآسٍ۔
•آسْيا و آسِيا : براعظم ایشیا (جس میں دنیا کی تقریبًا نصف آبادی رہتی ہے)۔
آسِيا الصُّغْرَى : ایشیائے کوچک۔
آسِيٌّ و آسِيَوِيٌّ : ایشیائی۔
•الأَسِيتُون : اڑنے والا بے رنگ سیّال مادہ۔

ا ـــــ شْ

•اَشَبَ الاشياءَ ـِ اَشْبًا : ملانا، خلط ملط کرنا، اکٹھا کرنا۔
ـــ فلانا بكذا ـُ اَشْبًا: عیب لگانا۔
اَشِبَ الشجرُ ـَ اَشَبًا: درخت کا انتہائی گھنا ہونا۔ هو اَشِبٌ۔
ـــ الامرُ بينهم : خراب ہونا۔
اَشِبَ مابيني و بَيْنَه : میرا اُس کا تعلق ختم ہوگیا۔

اَشَّبَه : خوب ملانا۔
ـــ بينهم : لڑائی کرانا۔
ائْتَشَبُوا : جمع ہونا، ایک دوسرے کے ساتھ مل جانا۔
تَأَشَّبَ : أَشِبَ۔
ـــ القومُ : اکٹھا ہونا، مل جانا۔ حدیث میں ہے "انّ الرسولَ صلى الله عليه وسلم كان يَقْرَأُ: يَاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شيءٌ عَظِيمٌ" فَتَأَشَّبَ اَصْحابُه اليه" جنگِ حنین سے متعلق حضرت عباس سے منقول ہے "حَتّٰى تَأَشَّبُوا حولَ الرَّسُولِ صلى الله عليه وسلم"۔
الأُشَابةُ : مخلوط گروہ، مختلف قسم کے ملے جلے لوگ۔ نابغہ ذبیانی کا شعر ہے:
وَثِقْتُ له بالنَّصْرِ اذْقيلَ قدغَزَتْ
قَبائلُ من غَسَّانَ غَيْرُ اَشائبِ
(۲) حرام کی آمیزش والی کمائی ج: اَشائِب
(۳) علم کیمیا میں دو دھاتوں سے مرکب مادہ
•اَشَرَ الخَشَبةَ وغيرها ـُ اَشْرًا : لکڑی چیرنا۔
ـــ الاَسْنانَ : دانتوں کو تیز کرنا۔
اَشِرَ ـَ اَشَرًا : مست ہونا، مگن ہونا (۲) اترانا، مغرور ہونا۔ هو آشِرٌ۔ قرآن پاک میں ہے "بَلْ هو كَذَّابٌ اَشِرٌ"۔ و هو اَشْران ج: اَشارَى و اَشْرَى۔
ـــ البرقُ : چمکنا۔
ـــ النباتُ : بڑھنا اور لہلہانا۔
اَشَّرَه تَأْشيرًا: چیرنا (۲) تیز کرنا۔
ثَغْرٌ مُؤَشَّر : دھاردار دانت۔
ـــ على الكتاب : نوٹ لکھنا۔
التَّأْشِيرَة : ویزا۔
الأُشارَة : لکڑی کا برادہ۔

الإِشارَة : دیکھیے (شور) ۔
الأُشُر : دانتوں کی دھار (پیدائشی یا مصنوعی)
الأُشُرَة : ٹڈی کی دُم کے سرے کی گرہ جس سے وہ کاٹتی ہے (۲) آرے کے دندانے
المِئشار : آرا، آری ج: مآشیر۔
• الإِشْراس : (رِسْراس) سریس، چپکانے کا مادہ۔
• اَشَّ ـُ اَشًّا و اَشاشًا و اَشاشَةً : ہشاش وچاق وچوبند ہونا۔
ـــ ورقَ الشّجرِ اَشًّا : پتّوں پر ڈنڈا مارنا، ڈنڈے سے پتّے جھاڑنا۔
الاَشّ : سوکھی روٹی۔
• الإِشْفَى : موچی کی سُتاری ج: اَشافِ
• تَأَشَّنَ : اُشنان (ایک گھاس) سے ہاتھ وغیرہ دھونا۔
الأُشْنان و الإِشْنان : کپڑا یا ہاتھ دھونے کی گھاس (۲) سوڈا، پوٹاش۔
الأُشْنَة : ایک قسم کی نبات جو چٹانوں اور پتھروں پر اُگتی ہے ج: اُشَن ۔

ا ـــــ ص

• آصَدَ البابَ ـُ آصْدًا و اِصادًا : بند کرنا۔
آصَدَه اِیصادًا : بند کرنا بمعنی اَوصَدَه۔ قرآن پاک میں ہے "اِنَّہا علیہم مُؤْصَدَةٌ"
آصَّدَ الثوبَ تأصیدًا : بے آستین قمیص تیار کرنا۔
ـــ الجاریةَ : بے آستین چھوٹا کرتا پہنانا
الأُصْدَة : بے آستین چھوٹا کرتا ج: اُصَدٌ۔
الإِصْدَة : لوگوں کی جماعت، اجتماع گاہ ج: اِصَدٌ۔
الأَصِید : (الوَصِید) صحن۔
الأَصِیدَة : بے آستین کرنا (۲) جانوروں کا باڑا ج: اُصُدٌ و اَصائِد۔

المُؤْصَد و المُؤْصَدَة : بے آستین کرتا۔
• اَصَرَه ـِ اَصْرًا : گرہ لگانا، باندھنا (۲) موڑنا (۳) روکنا، قید کرنا۔
ائتصرت الارضُ : گھاس کا گھنا ہونا۔
ـــ النّبتُ : گنجان اور گھنا ہونا، زیادہ ہونا
ـــ القومُ : لوگوں کی تعداد زیادہ ہونا۔
الآصِرَة : رشتہ، تعلق، بندھن (۲) تسمہ جس سے دونوں بازوؤں کو باندھا جائے ج: اَواصِر۔
اَواصِرُ الصّداقة : دوستی کے رشتے
الإِصار : بازوؤں کا تسمہ (۲) خیمہ کا کھونٹا ج: اُصُر و آصِرَة۔
الإِصْر : پختہ عہد۔ قرآن پاک میں ہے "قَالَ أَأَقْرَرْتُم و اَخَذْتُم علی ذٰلِکُم اِصْرِی" (۲) بوجھ۔ قرآن پاک میں ہے "رَبَّنا و لا تَحْمِلْ عَلَیْنا اِصْرًا کَما حَمَلْتَه علی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنا"
الآصِیر : لمبا اور گھنا۔ کہتے ہیں: نباتٌ اَصیرٌ و شَعْرٌ اَصیرٌ ج: اُصُر۔
المَأْصِر : نہریں جہازوں کو اور سڑک پر سواریوں کو روکنے والی زنجیر یا پائپ وغیرہ (۲) چنگی خانہ، ٹول گیٹ ج: مَآصِر۔
• اَصَّت الناقةُ ـِ اَصًّا و اَصِیصًا : اونٹنی کے گوشت کا کسا ہوا ہونا۔ ھی اَصُوص ج: اُصُص و اَصائِص۔
ـــ القومُ بعضُهم بَعْضًا اَصًّا : دھکم دھکا ہونا۔
ـــ الشیءَ : مستحکم کرنا، مضبوط کرنا۔
اَصَّصَه تأصیصًا : مضبوط و پختہ کرنا۔
اِئْتَصُّوا : لوگوں کا اکٹھا ہونا، بھیڑ لگانا، دھکم دھکا ہونا۔
الاَصّاص : گملے بنانے والا۔
الأَصِیص : گملا ج: اَصائِص و اُصُص۔
الآصِیصَة : ملے ہوئے بہت سے مکانات۔
• الأُصْطُبَّة : الأُسْطُبَّة۔

• الإِصْطَبْل : اصطبل۔ دیکھیے (الإِسْطَبْل)
• الإِصْطَفْلِین : گاجر و: اِصْطَفْلِینَة (شاہِ روم کے نام حضرت معاویہؓ کے خط میں اس کا ذکر آیا ہے)
• الإِصْطِیل : نابینا۔
• الأَصَف : ایک قسم کا پودا جس کی کلیاں نمک یا سرکے کے ساتھ ملا کر کھائی جاتی ہیں۔
• أَصَلَ الشیءَ ـُ اَصْلًا : کسی چیز کی انتہائی چھان بین کرنا
اَصِلَ اللَّحْمُ ـَ اَصَلًا : گوشت کا خراب ہو جانا۔
اَصُلَ ـُ اَصالَةً : مضبوط و مستحکم ہونا (۲) خاص ہونا
ـــ الرأیُ : عمدہ ہونا، ٹھوس ہونا۔
ـــ الاسلوبُ : طرز کا ممتاز اور اچھوتا ہونا
ـــ النَّسَبُ : نسب کا بلند ہونا۔ ھو اَصِیلٌ
آصَلَ اِیصالًا : شام کے وقت میں داخل ہونا
اَصَّلَ الشیءَ تأصیلًا : اصل اور بنیاد بنانا، مضبوط کرنا، استحکام عطا کرنا۔
تَأَصَّلَ : جڑ پکڑنا، مضبوط ہونا، جم جانا۔
استأصَلَ الشیءُ : جڑ مضبوط ہونا۔
ـــ الشیءَ : کسی چیز کی جڑ اکھاڑنا، بیخ کنی کرنا
الأَصالَة : پختگی، رائے کی عمدگی (۲) اسلوب کی جدّت، اچھوتاپن (۳) نسب کی بلندی وقدامت۔
بالأَصالَةِ عن نَفْسِی : خود، اپنے آپ اپنی طرف سے۔
الأَصْل : جڑ، بنیاد، اصل (۲) نسب، عالی نسبی (۳) نسخۂ اصلی، اصل مسوّدہ کتاب وغیرہ۔ جیسے (اَصْلُ الحکم، اُصولُ الکتاب)
اَصْلًا : کبھی نہیں، ہرگز نہیں، بالکل نہیں (ما فَعَلْتُه و لا افعلُه اَصْلًا)۔
الأَصْلِیّ : اصلی، مرکزی، بنیادی، خالص۔
الأَصَلَة : چھوٹا مہلک سانپ۔
الأُصول : قواعد وضوابط، وہ اصول ومبادی جن سے احکام نکالے جائیں۔

أُصُولِیٌّ: اصول وقواعد سے بحث کرنے والا۔
الأَصِیل: مضبوط، اچھوتا، بنیادوالا (۲) وقت شام ج: أُصُل و أُصْلان و آصال و أَصَائِل۔
الأَصِیلَة: مستقل سرمایہ (۲) کل، تمام۔
جَاءُوا بِأَصِیلَتِهِم: وہ سب آئے۔
أَخَذَ الشيءَ بِأَصِیلَتِهِ: سب کا سب لے لیا۔

ا ــــــ ض

•أَضَّتِ الأُنْثَى عند الوِلادة ـ إضاضًا: درد سے تڑپنا۔
أَضَّ الأَمرُ فلانًا ـ أَضًّا و إضاضًا: رنج وتکلیف پہنچانا، تھکا دینا۔
ـــ الشيءَ: توڑنا۔
آضَّ فلان مُؤَاضَّةً: کسی چیز کی طرف لپکنا، جلدی کرنا۔
اِئْتَضَّ فلان: انتہائی تکلیف میں ہونا۔
ـــ الیه: مجبور ہونا (۲) پناہ لینا۔
ـــ الشيءَ: چاہنا، مانگنا۔
ـــ فلانًا: مارنا۔
الإِضاض: سوزش، جلن (۲) پناہ، پناہ گاہ۔
الإِضّ: اصل ج: إِضاض۔
•أَضِمَ علیه ـ أَضَمًا: دل میں کینہ رکھنا۔
ـــ به: بغض کی بنا پر تکلیف پہنچانا۔
•الإِضاء: بید کا جنگل، جھاڑی (۲) خربوزہ کی فالیز۔
الأَضاةُ: جوہڑ ج: أَضَوات و أَضَیَات

ا ــــــ ط

•أَطَرَ الشيءَ ـ أَطْرًا: فریم لگانا، چوکھٹے میں کرنا۔
ـــ العُودَ: موڑنا، دوہرا کرنا۔
أَطَّرَ الشيءَ تأطیرًا: أَطَرَه۔
اِنْأَطَرَ: ٹیڑھا ہونا، مڑنا۔
تَأَطَّرَ: ٹیڑھا ہونا، فریم کی طرح بن جانا۔
ـــ المرأةُ: عورت کا چلتے وقت دوہرا ہونا
ـــ بالمكان: بند ہو جانا۔
الأَطِرَة: رشتہ۔ بمعنی الآصِرَة ج: أَوَاطِر۔
الإِطار: فریم، چوکٹا، گھیرا (الإطار الصُّورة و العَجَلَة و الدفّ و البَاب) (۲) لوگوں کا حلقہ (۳) انگور کی شاخیں جو ٹٹی پر چڑھانے کے لئے موڑی جاتی ہیں ج: أُطُر۔
إِطارُ العَجَلة الخارجيّ: ٹائر۔
إِطارُ الشَّفَة: ہونٹ اور مونچھ کے بیچ کا حصہ۔
الأَطْرُ (من القَوْس): کمان کا موڑ۔
الأُطْرَة: الإِطار (۲) ناخن کے چاروں طرف کا گوشت ج: أُطَر و إطار۔
الأَطِیر: گناہ، جرم (أَخَذَنی بِأَطِیرِ غیری: مجھے دوسرے کے قصور میں پکڑ لیا)۔
المَأْطُورَة: کمان ج: مَآطِیر۔
•الأَطْرَبُون: روم کا سردار یا فوجی کمانڈر (مع)
•أَطَّ ـ أَطًّا و أَطِیطًا: آواز نکلنا، چرچرانا (۲) پیٹ وغیرہ کا بولنا (۳) اونٹ کا بولنا
•الإِطِل: کوکھ ج: آطال۔
الأَیْطَل: کوکھ ج: أَیَاطِل۔
•الأَطْلَس: جغرافیائی فوٹوؤں کا مجموعہ، نقشہ، اٹلس۔
•أَطَمَ ـ أُطُومًا: دل کی بات دل میں رکھنا
ـــ بِیَدِه أَطْمًا: ہاتھ پر منہ سے کاٹنا۔
ـــ علی البَیْت: پردے چھوڑنا۔
أَطِمَ ـ أَطَمًا: پیشاب یا پاخانہ بند ہو جانا۔
ـــ فلانٌ: ناراض ہونا (۲) دل کی بات دل میں رکھنا۔
آطَمَ البابَ ایطامًا: بند کرنا۔
ـــ فلانًا: ناراض کرنا۔
أَطَّمَ الهَوْدَجَ و نحوه تأطیمًا: کجاوہ پر پردہ ڈالنا۔
أَطَّمَ الأُطُمَ: گھر یا قلعہ کو بلند کرنا۔
تَأَطَّمَ: دل میں رکھنا۔
ـــ علی: زیادہ غصہ ہونا۔
ـــ اللیلُ: تاریکی بڑھنا۔
ـــ السَّیْلُ: سیلاب کا موجوں کے ساتھ آنا، موجیں بلند ہونا۔
ـــ النارُ: لپٹیں اٹھنا۔
ـــ البولُ او البرازُ: پیشاب یا پاخانہ بند ہو جانا۔
الأُطام: پیشاب کی مکمل بندش۔
الأُطْم و الأُطُم: قلعہ، بلند مکان ج: آطام و أُطوم۔
الأَطُوم: سمندری کچھوا (۲) سیپ (۳) خارپشت سیہی ج: أُطُم۔

ا ــــــ غ

•اُغُسْطُس: ماہ اگست (آب)

ا ــــــ ف

•أَفَخَه ـ أَفْخًا: تالو پر مارنا۔
الیَأْفُوخ: تالو، بچہ کے سر کا نرم حصہ۔
•أَفِدَ ـ أَفَدًا: قریب ہونا (أَفِدَ الحجُّ و أَفِدَ الترحُّلُ) (۲) جلدی کرنا۔
استأْفَدَ: أَفِدَ۔
الأَفَد: وقت، مدت۔
•أَفَرَ ـ أَفْرًا و أُفورًا: چست ہونا (۲) اچھلتے ہوئے دوڑنا۔ هو آفِر وأَفَّار و مِئْفَر۔
ـــ القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔
ـــ الحیوانُ: محنت کے بعد موٹا ہو جانا
ـــ الخادمُ: خدمت کے لئے مستعد ہونا چستی دکھانا۔
أَفِرَ ـ أَفَرًا: چست ہونا، محنت کے بعد موٹا ہونا۔ هو أَفِر و أَفْرَان۔
استأْفَرَ: چست ہونا (۲) محنت کے بعد موٹا ہونا۔

الأُفْرَة : ہنگامہ، شور وغل (۲) مصیبت۔
الأَفَّار: اچھا دوڑنے والا۔
المِئْفَر: چست وسرگرم خادم ج: مآفِر۔
•الإِفْرَنْجُ و الإِفْرَنْجَة : انگریز، یورپ کے لوگ و: إِفْرَنْجِيّ (مع)۔
بلادُ الإفرنج : یورپ۔
•الإِفْرِيزُ: کنگورہ، کارنس (مع)۔
•إِفْرِيقِيَّة : براعظم افریقہ۔
•أَفَّ ـُ أَفًّا: تکلیف یا بےچینی کی وجہ سے اُف اُف کہنا۔
أَفَّاف، أَفُوف: بہت اُف کہنے والا۔
أَفَّفَ تأفيفًا: اُف کہنا۔
ـــ فلانا و به : تنگ آجانا۔
تَأَفَّفَ به و منه : تنگ آجانا، اُف اُف کرنا
أُفِّ : ناگواری اور اکتاہٹ کی وجہ سے نکلنے والا لفظ، اُف۔
الأَفَّة : بزدل (۲) گندگی۔
اليَأْفُوفُ: بزدل، بےعقل (۲) کڑوا کھانا (۳) تیتر کا بچہ ج: يآفِيف۔
•أَفَقَ ـِ أَفْقًا: جہاں میں گھومنا، دنیا کی سیر کرنا۔
ـــ فلانا وعليه : فائق ہونا، برتری حاصل کرنا۔ هو آفِق و أَفَّاق (برائے مبالغہ)
أَفِقَ ـَ أَفَقًا: علم وسخاوت میں انتہا کو پہنچنا۔ هو أَفِق و أَفِيق۔
تَأَفَّقَ فلان بالقوم: مقیم ہونا، تھوڑی دیر ٹھیرنا۔
الأَفِقَة : کوکھ ج: أَوَافِق۔
الأَفَّاق: جہاں گرد، سیاح (۲) جس کا کوئی وطن نہ ہو۔
الأُفُق: کنارہ، کنارۂ آسمان (جو زمین سے ملا ہوا محسوس ہوتا ہے) (۲) دائرہ، دائرۂ معلومات ج: آفاق۔
واسِعُ الأُفُق: وسیع المعلومات، وسیع النظر۔
ضَيِّقُ الأُفُق : کم معلومات رکھنے والا، تنگ نظر۔
تَوسِيعُ الأُفُق : دائرہ وسیع کرنا۔
جَوَّابُ آفاق : جہاں گرد۔ قرآن پاک میں ہے "سَنُرِيهِمْ آيَاتِنَا فِي الآفَاقِ و فِي أَنْفُسِهِمْ"۔
الأُفْق : الأُفُق۔
الأُفُقِيّ: افق سے متعلق (۲) مسطح، چپٹا (۳) عرضًا پھیلا ہوا خط، دائیں سے بائیں کو جانے والا (۴) بےخانماں، دُنیا کی خاک چھاننے والا۔
الأَفِيق: کھال ج: أُفُق و أَفِقَة۔
•أَفَكَ فلان ـِ أَفْكًا و إِفْكًا و أُفُوكًا: جھوٹ بولنا، الزام تراشی کرنا
ـــ فلانًا أَفْكًا و إِفْكًا: کسی پر الزام لگانا (۲) دھوکہ دینا۔
ـــ فلانًا عن الشيءِ أَفْكًا: ہٹانا، روکنا۔ قرآن پاک میں ہے "قَالُوا أَجِئْتَنَا لِتَأْفِكَنَا عَنْ آلِهَتِنَا"۔
ـــ الأمرَ عن وَجْهِه : صحیح رُخ سے پھیر دینا، الٹا کر دینا۔
أَفِكَ ـَ أَفْكًا و إِفْكًا: جھوٹ بولنا۔
ـــ عنه : گمراہ ہونا، بھٹکنا۔ هو أَفِك و أَفِيك۔
آفَكَه إِيفاكًا: جھوٹ بولنے پر آمادہ کرنا۔
أَفَّكَ : جھوٹ بولنا۔
ـــ فلانًا: جھٹلانا، جھوٹا قرار دینا۔
اِئْتَفَكَتِ الأرضُ : زمین پلٹ جانا۔
ـــ الرِّياحُ : ہواؤں کا ہر چہار جانب سے چلنا۔
ـــ القومُ : لوگوں کے حالات دگرگوں ہونا
تَأَفَّكَ : جھوٹ گھڑنا۔
الأَفِيكَة : بڑا جھوٹ ج: أَفَائِك۔
المُؤْتَفِكات : مختلف سمتوں سے چلنے والی ہوائیں (۲) قوم لوط کی بستیاں جنہیں عذابِ الٰہی نے الٹ دیا تھا۔
•أَفَلَ النَّجْمُ ـُ أَفْلًا و أُفُولًا: ستارہ چھپ جانا۔ هو آفِل ج: أُفَّل و أُفُول قرآن میں ہے "فَلَمَّا أَفَلَ قَالَ لَا أُحِبُّ الآفِلِينَ"۔
ـــ المُرْضِعُ: دودھ پلانے والی کا دودھ ختم ہو جانا۔
أَفِلَ ـَ أَفْلًا و أُفُولًا : أَفَلَ۔
الأَفِيل: اونٹ یا بکری کا بچہ ج: إِفَال و أَفَائِل۔
•أَفَنَ الرجلُ ـِ أَفْنًا: کم عقل ہونا۔
ـــ اللّٰهُ فلانًا: عقل کمزور کرنا۔ هو مأفون و أَفِين۔ کہاوت ہے: البِطْنَة تَأْفِنُ الفِطْنَة: توند عقل کم کر دیتی ہے
ـــ الناقةَ : اونٹنی کو بےوقت دوہنا۔
أَفِنَ ـَ أَفْنًا و أَفَنًا: عقل کمزور ہونا۔ هو أَفِين۔
ـــ الناقةُ ونحوها: دودھ کم ہونا۔ هي أَفِنَة۔
أُفِنَ الطعامُ: کھانے کا بظاہر اچھا ہونا۔
تَأَفَّنَ : خلافِ حقیقت کوئی عادت اختیار کرنا، چالاک بننا۔
•أَفَنْدِي: مسٹر، جناب، صاحب (اعزازی لقب)۔
•الأَفْيُون: افیم۔

ا ـــــ ق

•أَقْتَه : وَقْتَه۔ دیکھئے (وقت)۔
•الأُقْحُوَان: بابونہ، گل بابونہ ج: أَقَاحٍ و أَقَاحِيّ۔
•الأَقِطُ : پنیر۔
•الأُقَّة : چار سو درہم یا ۱۲۴۸ گرام کی مقدار کا وزن ج: أُقَق۔
•الإِقْلِيد : چابی ج: أَقَالِيد۔
•الإِقْلِيم : ملک (۲) صوبہ (۳) علاقہ، انتظامی یونٹ ج: أَقَالِيم (مع)۔

•الأُقْنُوم : جوہر، اصل، ذات ج : أقَانِيم (۲) عیسائیوں کے عقیدہ میں مقدس ذات، تین ذاتوں (خدا، خداوند مسیح، جبریل) میں سے ایک (مع) ۔

•الأُقْيانُس : بحر اوقیانس جو تمام بر اعظموں کو محیط ہے ۔

ا ـــــ ك

•أكْتُوبر : آٹھواں رومی مہینہ (تِشْرِين الأوّل) ۔

•أكَدَ الشيءَ ـُ أكْداً : مضبوط کرنا، پختہ کرنا ۔ هو أكِيد ۔

آكَدَه إيكاداً : مضبوط و مستحکم کرنا ۔

أكَّدَهُ تأكيداً : مضبوط بنانا، پختہ کرنا، ثابت کرنا، توثیق کرنا ۔

ـــ لَهُ : یقین دلانا، باور کرانا ۔

تأكَّدَ : مضبوط و مستحکم ہونا، پختہ ہونا، یقینی ہونا، محقق ہونا ۔

ـــ من شيءٍ : مطمئن ہونا، یقین کرنا ۔

الإكادُ : بیٹی ج : أكائِد (نیز دیکھئے : وكد)

الأكِيد : مضبوط، قابلِ اعتماد، یقینی، محقق ۔

التأكِيد : یقین دہانی ۔

بالتأكِيد : یقین کے ساتھ ۔

المُؤَكَّد : مضبوط و پختہ، تاکیدی، یقینی (قولٌ مُؤَكَّد و يَمِينٌ مُؤَكَّدة)

•أكَرَ الأرضَ ـُ أكْراً : زمین کو جوتنا اور بونا ۔

ـــ النهرَ و نحوه : کھودنا، گہرا کھودنا

ـــ النحلَ و على النَّحل : شہد کی مکھیوں کو نکالنے کے لئے دھونی دینا۔
أيَّمَ المرأةَ : بیوہ بنانا۔
ائتامَتِ المرأةُ : بیوہ ہونا۔
ائتام فلانٌ المرأةَ : بیوہ سے شادی کرنا
تأيَّمَت المرأةُ : بیوہ ہوجانا (تأيَّمَ الرجلُ : رنڈوا ہوجانا)۔
الأمَةُ :عیب، خامی، نقصان (في ذلك أمَةٌ علينا)۔
الأيْمُ : نر سانپ ج: أيُوم۔
أيْمُ الله :قسم خدا کی (أيْمُ الله لأفعلَنَّ كذا)۔
الأيِّم :عورت جس کا شوہر نہ ہو، مرد جس کی بیوی نہ ہو (خواہ پہلے شادی کی ہو یا نہ کی ہو) عورت کے لئے أيِّمَة بھی استعمال کرتے ہیں۔
المَأيَمَة : بیوگی کا سبب جیسے جنگ وغیرہ (الحربُ مأيَمَةٌ للنِّساء)۔
المُؤْيِمَة : مالدار عورت جس کا شوہر نہ ہو۔
•آنَ ـِ أينًا : وقت آجانا (۲) تھک جانا۔

الآنَ : اب، اس وقت، ابھی (حضرتُ الآنَ)۔
إلى الآنَ ، لِلآنَ ، لِغايةِ الآنَ: اب تک، تا ایں دم۔
الأَيْنُ : سانپ نر۔
أيْنَ : ظرفِ مکان بمعنی کہاں، جہاں (۱) برائے استفہام جیسے مِنْ أيْنَ لَكَ هذا (۲) برائے شرط جیسے: أيْنَ تَصرِفُ بنا العُداةَ تَجِدْنا۔
أيْنَما : جہاں بھی، جہاں کہیں (أيْنَما تَكُونُوا يُدْرِكْكُمُ المَوْتُ)۔
•أيَّهَ به : آواز دینا (۲) ڈانٹنا۔
إيهِ : (اسم فعل) اور، مزید، ہاں کہتے رہو (۲) تنوین کے ساتھ بمعنی حَسْبُكَ بس کرو، بس بس۔ جیسے إيهًا لا تُحَدِّثْ۔
أيْهَا ، أيْهاتَ ، أيْهاتِ : بمعنی هَيْهاتَ
•الأَيْهُقَان : ایک لمبی گھاس۔
•الإيوَان : ایوان، محل، لابی، بڑے لوگوں کی مجلس (إيوَانُ كِسْرَى) ج: أوَاوِين و إيوَانات۔
•أيَّا بالمكان : ٹھیرنا، قیام کرنا۔
ـــ آيَةً : نشان لگانا۔
تأيَّا بالمكان : کسی جگہ ٹھیرنا۔
ـــ الشيءَ : قصد کرنا، رُخ کرنا، متوجہ ہونا
الآيَة : علامت، نشان، خاص نشان (۲) عبرت، سامانِ عبرت۔ قرآن میں ہے "فَالْيَوْمَ نُنَجِّيكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُونَ لِمَنْ خَلْفَكَ آيَةً" (۳) معجزہ۔ قرآن پاک میں ہے "وجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ و أُمَّهُ آيَةً" (۴) ذات (۵) جماعت (۶) قرآنِ پاک کا ایک جملہ یا چند جملے جن کے آخر میں وقف ہوتا ہے۔ قرآن میں ہے "وإذا بَدَّلْنَا آيَةً مَكَانَ آيَةٍ واللهُ أعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوا إنَّمَا أنْتَ مُفْتَرٍ" ج: آيٌ و آيات۔
آيَةُ الرجُل : وجود۔
آيَةٌ في كذا : اعلیٰ نمونہ۔
آيَةٌ في الفَنِّ : فن کا نمونہ، شاہکار۔
إيَا الشَّمْس : آفتاب کی روشنی، شعاع، جمالِ آفتاب۔
إيَا النَّبات : نباتات کا حسن وجمال، رعنائی، دل کشی ج: إياءٌ۔
إياةُ الشمس: آفتاب کی روشنی، شعاع، کرن۔
الأيُون : الکٹرون۔
•أيٌّ : کون، کون سا، جونسا بھی (۱) شرطیہ۔ جیسے: أيَّمَا الأجَلَيْنِ قَضَيْتُ فلا عُدْوانَ عليَّ (۲) استفہامیہ جیسے : أيُّكُمْ زادَتْهُ هٰذِهِ إيمانًا (۳) موصولہ۔ جیسے: ثُمَّ لَنَنْزِعَنَّ مِنْ كُلِّ شِيعَةٍ أيُّهُمْ أشَدُّ على الرحمٰنِ عِتِيًّا (۴) برائے بیانِ کمال۔ جیسے مُحَمَّدٌ رَجُلٌ أيُّ رَجُل
إيَّا : ضمیر منصوب منفصل کے ساتھ مل کر استعمال ہوتا ہے (إيَّايَ ، إيَّاكَ ، إيَّاهُ) (۲) برائے تحذیر۔ جیسے إيَّاكَ و الشَّرَّ۔
•أيَّانَ : برائے شرط بمعنی "جب" جیسے أيَّانَ تَضْرِبْ أضْرِبْ : جب تم مارو گے میں ماروں گا (۲) برائے استفہام بمعنی "کب؟" جیسے : أيَّانَ تَرْجِعُ : تم کب لوٹو گے (۳) ظرفِ زمان برائے مستقبل۔ جیسے : أيَّانَ يُبْعَثُونَ۔

بابُ البَاء

ب : حرفِ جر بمعنی ساتھ (بَاعَ بالجُمْلَة) (۲) سے (مَرَّ بالشَّوق۔ کَتَبَ بالقَلَم) (۳) ذریعہ (صَعِدَ بالسُّلَّم) (۴) بدلہ (بَاعَ الكتابَ برُوبية) (۵) سبب (فَشِلَ بالإهْمال) (۶) میں (نَصَرَكُم اللّٰهُ بِبَدْرٍ) (۷) تعدیہ (ذَهَبْتُ به) (۸) زائدہ (خَرَجْتُ فإذَا بِزَيْدٍ، لَيْسَ بِجَيِّدٍ)۔

ب ـــــــ ا

• البَابَا : عیسائی گرجا کا سربراہ اعلیٰ ، پوپ ج : بَابَوَات ۔

البَابَوِيَّة : پوپ کا عہدہ ، پوپ شپ ۔

• بَابَه : دوسرا قبطی مہینہ (موسم خزاں میں پڑتا ہے) ۔

• البَابُوج : پاپوش (مع) ۔

• البَابُور : دیکھئے (وَابُور) ۔

• البَابُونَج : بابونہ (مع) ۔

• البَاذَق : پکا ہوا انگور کا رس جس میں نشہ پیدا ہو جائے (مع) ۔

• البَاذِنْجان : بینگن (مع) ۔

• البَارُود : بارود ۔

بَارُودَة : بندوق ۔

• البَارُومِتْر : بیرومیٹر ، آلۂ بادپیما (مع) ۔

• البَازِلت : بسالٹ ، آتش فشانی نوع کی چٹانیں ۔

• البَاسِلِيْق : بازوگی ، ایک رگ کا نام ۔

• البَاسُور : بواسیر ، پائل ۔

• البَاشا : اعزازی لقب (ترکی وغیرہ میں شرفا کے لئے مستعمل ہے) ۔

• البَاشْكِير : تولیہ ۔

• البَاصَة : بس ج : بَاصَات ۔

• بالُو : (مَرْقَص) ناچ گھر ۔

• بَالُّون : (مُنْطَاد) غبارہ ۔

• بَامِيَا : بھنڈی ، ایک ترکاری ۔

• البَالِيَه : بیلے (رقص) سنگت ناچ ۔

• بَأْبَأَ بَأْبَأَةً و بِئْبَاءً : بولنے میں بار بار "با" کہنا ۔

ـــــ الصبيَّ : بچہ کا بابا کہنا ۔

ـــــ فلانًا و به : کسی کو بابا کہنا (۲) کسی سے بأبي أنْتَ و أُمِّي کہنا (۳) لاڈ پیار کرنا ، چمکارنا ۔

البُؤْبُؤ : اصل (هو في بُؤْبُؤِ المَجْد) (۲) درمیانی حصّہ (۳) آنکھ کی پتلی (هو أعَزُّ عَلَيَّ من بُؤْبُؤِ عَيْني)

• البَأْجُ : متحدہ شے (۲) سیدھا ہموار راستہ (۳) موٹا لڑکا (۴) کھانے کی نوع ج : بأجات (مع) ۔

البَاج : البَأْج کا مخفف ج : أبْوَاج ۔

• بَأَدَلَ : آہستہ چلنا ۔

البأدلَة : گردن اور ہنسلی کے درمیان کا ابھرا ہوا گوشت ج : بَآدِلُ ۔

• بَأَرَ ـَ بَأْرًا : گڑھا کھودنا ، کنواں کھودنا (بَأَرَ البئرَ أو البُؤْرَةَ)

ـــــ الشيءَ : چھپانا ، ذخیرہ کرنا ۔

ـــــ الخَيْرَ : چھپ کر نیک کام کرنا ۔

أبْأَرَ فلانًا : کسی کے لئے کنواں تیار کرنا

ابْتَأَرَ : گڑھا کھودنا ، کنواں کھودنا ۔

ـــــ الشيءَ : چھپانا ، ذخیرہ کرنا ۔

البَآر : کنواں کھودنے والا ۔

البُؤْرَة : گڑھا (۲) گڑھا جس میں آگ جلائی جائے (۳) ذخیرہ ج : بُؤَر ۔

البِئْر : کنواں (مؤنث ہے) ج : أبْؤُر و آبار و أبْآر و بِئار ۔

بِئْرُ السُّلَّم : عمارت میں وہ خانہ جہاں زینہ بنایا جائے ، زینہ کے نیچے کا خلا ۔

البِئْرَة : کنواں (۲) ذخیرہ ، اندوختہ ۔

البَئِيْرَة : ذخیرہ ۔

• البَأْزُ : بمعنی البَازُ (باز ، شکرہ ، شکاری پرندہ) ج : أبْؤُز و بُؤُوز و بِئْزَان (نیز دیکھئے : ب وز) ۔

• بَئِسَ ـَ بَأْسًا و بُؤْسًا و بَئِيْسًا : محتاج و غریب ہونا ، بدحال ہونا ۔

بَائِسٌ : غریب و حاجت مند ، تنگ دست ، خستہ حال ، مصیبت زدہ ۔

بَؤُسَ ـُ بَأْسًا و بَأْسَةً و بَآسَةً : مضبوط و سخت ہونا (۲) بہادر ہونا ۔

هو بَئِيس ۔ قرآن پاک میں ہے : "بِعَذابٍ بَئِيْسٍ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُون"

بِئْسَ : (ضد نِعْمَ) فعلِ جامد برائے مذمت ۔ جیسے بِئْسَ الرجُلُ : آدمی برا ہے ۔ قرآن میں ہے "بِئْسَ الشَّرابُ وَ سَاءَتْ مُرْتَفَقًا"

أبْأَسَ الرجلُ : تنگ دست ہونا ، مصیبت زدہ ہونا ۔

ابْتَأَسَ : غمگین ہونا ، دل گیر ہونا ۔ قرآن میں ہے "فَلا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوا يَفْعَلُون"

تَبَاءَسَ : تنگ دستی ظاہر کرنا ، غریب بننا ۔

تَبَأَّسَ : بمعنی تَبَاءَسَ ۔

البَأْسُ : جنگ کی شدت (۲) جنگ (۳)

سخت عذاب (۴) خوف (لا بأسَ عليه : اسے ڈرنے کی ضرورت نہیں)
ج: أبؤُس۔
لا بأسَ به و فيه : اس میں کوئی حرج نہیں، کوئی مضائقہ نہیں۔
شيءٌ لا بأسَ به : ناقابلِ اعتراض، اچھی خاصی، چلنے والی۔
البأساء : مشقت، غربت، بدحالی (۲) مصیبت پریشانی (۳) لڑائی۔
البؤسُ و البؤسى : غربت، تنگ حالی۔
•بأشَ فلانًا ـ بأشًا : بے خبری میں گرادینا، پچھاڑ دینا۔
•تبأّطَ : لیٹنا (۲) فارغ البال و مطمئن ہو جانا۔
___ عنه : نفرت کرنا، منہ پھیرنا۔
•بؤُلَ بآلةً و بؤولةً : کمزور ہونا، معمول ہونا۔
بئيلٌ : کمزور، حقیر۔ (هو ضئيل بئيل)
•بأهَ للأمر ـ بأهًا : سمجھنا، تاڑنا۔
•بأتِ الدابّةُ ـ بأوًا : تیز دوڑنا۔
___ فلانٌ على فلان : کسی کے مقابلے پر بڑا بننا، اترانا۔
بأى ـ بأيًا : بمعنی بأى ـ بأوًا۔

ب ـــ ب

•البَبُّ : موٹا تازہ لڑکا، اچھے جسم کا نوجوان۔
البَبّانُ : ایک ہی قسم کی متعدد اشیا (هم ببّانٌ و احدٌ، و على ببّانٍ واحدٍ : وہ ایک ہی قماش کے ہیں، ایک ہی روش کے لوگ) (۲) سیدھا راستہ (۳) کھانے کی نوع (نیز دیکھیے: ب ب ن)۔
البَبّةُ : ببٌّ کی مؤنث (۲) بے وقوف اور ڈل آدمی۔
بَبّة : بچہ کی آواز کی نقل۔

•البَبرُ : شیر ببر، چیتا ج: بُبور۔
•البَبغاءُ : طوطا ج: بَبغاوات۔
البَبّغاء : البَبغاء۔

ب ـــ ت

•بتأَ بالمكان ـ بتئًا و بتوءًا : قیام کرنا۔
•بتَّ الشيءُ ـ بتوتًا : منقطع ہونا، کٹ جانا۔
___ فلان : دبلا ہونا (۲) بے وقوف ہونا هو باتٌّ۔
___ اليمينُ : قسم کا واجب ہو جانا اليمينُ باتّةٌ و بتّةٌ۔
___ الشيءَ ـ بتًّا و بتّةً و بتاتًا : بالکل کاٹ دینا، جڑ سے اکھاڑ دینا۔
___ السفرُ فلانًا : سفر کا کسی کو تھکا دینا۔ ساقَ دابّتَه حتى بتّها : اپنے جانور کو دوڑا دوڑا کر تھکا دیا۔
___ طلاقَ امرأته : طلاق کو قطعی کر دینا کہ رجعت نہ ہو سکے۔
___ الحُكمَ : قطعی فیصلہ کرنا، معاملہ کو آخری طور پر طے کر دینا، فیصلہ کن بنانا۔
___ الأمرَ : کسی کام کا پختہ ارادہ کرنا (بتَّ الصيامَ من الليل)۔
___ اليمينَ : قسم کو پورا کرنا۔
___ النيّةَ : پختہ ارادہ کرنا۔
أبتَّ : کٹ جانا، منقطع ہو جانا۔
___ الشيءَ : کاٹنا۔
بتّتَ فلانًا : سامان دینا، توشہ دینا، موٹی چادر دینا (۲) ٹکڑے ٹکڑے کرنا
انبتَّ : کٹ جانا، (قافلہ سے) بچھڑ جانا۔
___ الرجلُ في السّير : اتنا چلنا کہ سواری کا جانور تھک جائے۔ حدیث پاک میں ہے "إنّ المُنبتَّ لا أرضًا قطعَ و لا ظهرًا أبقى" اس شخص کے بارے میں کہتے ہیں جو کسی شے کی تلاش میں اتنا آگے نکل جائے کہ اسے کھو دے۔
تبتّتَ : توشہ لینا، موٹی چادر لینا (۲) ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
البَتات : گھر کا سامان (۲) سامانِ سفر، توشہ، زادِ راہ ج: أبتّة۔
بتاتًا : قطعی طور پر، بالکل (لا أفعله بتاتًا : اسے بالکل نہیں کروں گا)۔ هو على بتات أمرٍ : وہ کام کے قریب جا لگا۔
البَتُّ : موٹی اونی چادر، کمبل ج: بُتوت و بِتات و أبُتٌّ۔
البتّات : صیغۂ مبالغہ (۲) اونی چادریں بنانے یا بیچنے والا۔
البتّةَ : یقینًا، قطعًا (بالکل نہیں)۔
لا أفعله بتّةً و البتّةَ و ألبتّةَ : بالکل نہیں کروں گا۔
البَتّيُّ : بمعنی البتّات۔
•بترَه ـ بترًا : کاٹنا، جڑ سے کاٹ دینا۔
___ العملَ و نحوَه : ناتمام چھوڑنا۔ هو باتِر۔
بتِرَ ـ بترًا : کٹ جانا۔ هو أبترُ و هي بتراءُ ج: بُترٌ۔
أبترَه : کاٹنا۔
___ اللهُ فلانًا : کسی کو بانجھ بنا دینا، لاولد کرنا
انبتَرَ : کٹ جانا۔
تبتّرَ : ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
الأبتَر : دُم بریدہ، ناقص، ادھورا (۲) چھوٹی دُم کا موذی سانپ (۳) لاولد، بانجھ (۴) بے فیض، لاخیرا (۵) ذلیل و حقیر آدمی۔ قرآن پاک میں ہے "إنّ شانئكَ هو الأبتر"۔
الأبتَران : دو نقص (غلام اور جنگلی گدھا)
الباتِر : تیز تلوار ج: بواتِر۔
البتّار و البتُور : بہت کاٹنے والا (۲) تیز تلوار

البَتْر : قطع و برید (۲) نقص (۳) زخم کا کوئی حصّہ کاٹنا ۔
البَتْراء : مؤنث اَبْتَر (۲) قطعی اور فیصلہ کن دلیل (۳) خُطبہ یا تقریر جس میں حمد و ثنا نہ ہو ۔
• البِتْرول (زَيْتُ الحَجَر) : زمین سے نکلنے والا تیل، مٹی کا تیل (۲) پٹرول ۔
• بَتَعَ فی الارض ـ بُتوعًا : دور نکل جانا
ـــ منه : منقطع ہو جانا، الگ ہو جانا ۔
ـــ العَسَلَ ـِ بَتْعًا : شہد کو شراب بنا دینا ۔
ـــ الخَمْرَ و نحوَه : شہد سے شراب بنانا
بَتِعَ الانسانُ ـَ بَتَعًا : لمبا ہونا ۔
ـــ الحیوانُ : مضبوط جوڑوں والا ہونا ۔
ـــ عُنُقُه : گردن کا مضبوط و لمبا ہونا ۔ ھو بَتِعٌ، ھی بَتِعَةٌ، و ھو اَبْتَعُ، ھی بَتْعاءُ ج : بُتْعٌ ۔
ـــ فلانٌ علیه بأَمْرٍ : خود بلا مشورہ کام کرلینا ۔
أَبْتَعُ : رُسْغٌ اَبْتَعُ : بھری ہوئی کلائی (۲) لفظِ تاکید جو اَجْمَعُ کے بعد آتا ہے ۔ بمعنی سب کے سب ۔ جیسے : جاءَ القومُ کُلُّھم اَجْمَعُونَ اَبْتَعُونَ، والنِّساءُ کُلُّھُنَّ جُمَعُ بُتَعُ، والقبیلةُ کُلُّھا جَمْعاءُ بَتْعاءُ ۔
البَتَّاع : شہد کی شراب بنانے یا بیچنے والا ۔
البِتْعُ : شہد کی شراب (۲) دراز قامت آدمی ۔
• بَتَكَه ـِ بَتْكًا : کاٹنا، بال وغیرہ جڑ سے اکھاڑنا ۔ ھو باتِكٌ ۔
بَتَّكَه تَبْتِيكًا : کاٹنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ قرآن پاک میں ہے "فَلَيُبَتِّكُنَّ آذَانَ الْاَنْعَامِ"
اِنْبَتَكَ : کٹ جانا ۔
تَبَتَّكَ : کٹ جانا، ٹکڑے ٹکڑے ہونا ۔
الباتِك : تیز تلوار ج : بَوَاتِك ۔

البَتَّاك و البَتُوك : بہت کاٹنے والا (۲) تیز تلوار ۔
البِتْكَة : ٹکڑا (۲) رات کا آخری حصّہ ج : بِتَكٌ ۔
• بَتَلَه ـِ بَتْلًا : کاٹنا، جدا کرنا، الگ کردینا
بَتِلَ ـَ بَتَلًا : دونوں مونڈھوں کے درمیان کا فاصلہ زیادہ ہونا ۔ ھو اَبْتَلُ، ھی بَتْلاءُ ج : بُتْلٌ ۔
بَتَّلَ الشیءُ : منقطع ہونا، الگ ہونا، کٹ جانا ۔
ـــ للہ : ہر شے سے الگ ہو کر اللہ سے تعلق قائم کرنا، لو لگانا ۔
ـــ الشیءَ : کاٹنا، جدا کرنا ۔
ـــ عمله للہ : صرف اللہ کے لئے کرنا، ریا سے پاک کرنا ۔
اِنْبَتَلَ : منقطع ہونا، جدا ہونا ۔
تَبَتَّلَ : کٹ جانا ۔
ـــ عن الزَّواج : ترکِ دنیا کی بنا پر شادی نہ کرنا ۔
ـــ إلی اللہ : اللہ کی عبادت کے لئے ہر شے سے یکسو ہو جانا ۔
البَتْل : عَطاءٌ بَتْلٌ : بے نظیر عطیہ، آخری عطیہ (۲) حق بات (ما قُلْتُ إلّا بَتْلًا) ۔
البَتْلاءُ : پختہ ارادہ ۔
البَتْلَةُ : کھجور کا پودا جو اصل سے الگ ہو گیا ہو ۔
یَمِینٌ بَتْلَةٌ : تاکیدی قسم ۔
صَدَقةٌ بَتْلَةٌ : خالص لوجہ اللہ صدقہ ۔
البَتُول : کنواری زاہدہ عورت ۔
البَتِيل : دنیا سے لاتعلق کنواری عورت (۲) علاحدہ ہو جانے والا کھجور کا پودا (۳) درخت جس کے پھل وغیرہ لٹکے ہوئے ہوں (۴) پتلی کمر (۵) وادی کے زیریں حصّہ کی نالی ج : بُتُل ۔
البَتِيلَة : کھجور کا پودا جو دوسری جگہ لے جا کر لگایا گیا ہو (۲) جسم کا گداز جوڑ جو دوسرے سے نمایاں معلوم ہو ج : بَتَائِل (۳) پختہ ارادے ۔
• بِتِنْجان : بینگن ۔
• بَتِيَّة : غسل کرنے کا ٹب ۔

ب ــ ث

• بَثَّ الشیءَ ـُ بَثًّا : پھیلانا، منتشر کرنا
ـــ التُّرابَ و نحوَه : گرد اڑانا ۔
ـــ المتاعَ فی نَوَاحِی البَيْتِ : سامان منتشر کرنا، بکھیرنا ۔
ـــ الخَبَرَ : خبر پھیلانا ۔
ـــ السِّرَّ : راز افشا کرنا ۔
ـــ حاجَتَه : ضرورت ظاہر کرنا ۔
أَبَثَّه : پھیلانا، منتشر کرنا ۔
أَبَثَّ فلانًا سِرَّه : کسی کو اپنا راز بتانا ۔
بَاثَّه ما فی نفسِه مُبَاثَّةً : اپنے دل کی بات کسی کو بتانا ۔
اِنْبَثَّ : پھیلنا، اڑنا، بکھرنا، منتشر ہونا، شائع ہونا ۔ ھو مُنْبَثٌّ ۔ قرآن میں ہے "فَكَانَتْ هَبَاءً مُنْبَثًّا"
اِسْتَبَثَّه السِّرَّ و نحوَه : راز معلوم کرنا، خبر دریافت کرنا ۔
البَثُّ : حالت (۲) انتہائی شدید غم جس کا اظہار کئے بغیر چین نہ ملے (۳) ناقابلِ برداشت تکلیف ۔
• بَثِرَ جِلْدُه ـَ بَثَرًا : پھنسیاں نکلنا، دانے نکل آنا ۔ ھو بَثِرٌ ۔
تَبَثَّرَ جِلْدُه : پھنسیاں نکلنا (۲) آبلے پڑنا ۔
البَاثِر : زمین کھودے بغیر نکلنے والا پانی ۔
البَثْر : پھنسیاں، دانے و : بَثْرَة (۲) نرم زمین ج : بُثُور ۔

•بَثِعَتِ الشَّفَةُ ـَ بَثَعًا و بُثُوعًا: موٹا ہونے کے باعث ہونٹ کا خون چمکنا (۲) ہونٹ کا ہنستے وقت پلٹ جانا، (شَفَةٌ بَاثِعَةٌ و بَثُوع)۔
بَثِعَ فلانٌ: مذکورہ نوعیت کے ہونٹ والا ہونا۔ هو بَثِعٌ، هي بَثِعَةٌ وهو أَبْثَعُ، هي بَثْعَاءُ ج: بُثْعٌ۔
___ الدَّمُ: خون ظاہر ہونا۔
___ تِ اللِّثَةُ: مسوڑھا پھول جانا۔
___ الجُرحُ: زخم میں کیلیں بن جانا۔
بَثَّعَ الجرحُ: بَثِعَ۔
تَبَثَّعَتِ الشفةُ: بَثِعَتْ۔
البَثْعَةُ: اُبھرا ہوا گوشت (ہونٹ، مسوڑھے یا زخم پر) ج: بِثَعٌ۔
•بَثَقَ الماءُ ـُ بُثُوقًا: پانی کا ریلا آنا۔
___ البِئرُ: کنواں پُر ہو کر پانی نکلنا۔
___ العَيْنُ: تیزی سے آنکھ کے آنسو نکلنا۔
___ السَّدَّ ـُ بَثْقًا: بند (پُشتہ) کو پھاڑ ڈالنا۔
___ النَّهرَ وغيرَه: کنارہ توڑنا۔
بَثَّقَهُ: بَثَقَهُ۔
اِنْبَثَقَ: پھٹ جانا، پُشتہ یا کنارہ ٹوٹ کر پانی نکلنا۔
___ السَّيلُ عليهم: سیلاب کا ریلا آنا، ردّ آنا۔
___ فلانٌ عليهم بالكلام: برس پڑنا۔
___ الأرضُ: زمین کا شاداب و زرخیز ہونا۔
البَثْقُ: دراڑ جہاں سے پانی نکلے ج: بُثُوق
•البَثْنَةُ: نرم و زرخیز زمین (۲) باغیچہ (۳) مکھن (۴) گداز جسم کی حسین عورت (تصغیر: بُثَيْنَةُ) (۵) خوش حالی ج: بِثَان۔
البِثْنَةُ: نرم و ہموار اور زرخیز زمین ج: بِثَنٌ
•البَثْنَاءُ: ہموار زمین۔
البَثِيُّ: لوگوں کی بہت تعریف کرنے والا۔

ب ___ ج

•بَجْبَجَ الصَّبِيَّ: بچے کو بہلانا، بچے سے کھیلنا
تَبَجْبَجَ لَحْمُهُ: گوشت کا زیادہ اور ڈھیلا ہونا، پھول جانا۔
البَجْبَاج: ریت کا ڈھیر (۲) موٹا اور ڈھیلے گوشت کا آدمی م: بَجْبَاجَةٌ (۳) بے وقوف (۴) باتونی۔ حضرت عثمان کی روایت میں ہے "إنَّ هذا البَجْبَاجَ النَّفَّاجَ لا يَدْرِي أَيْنَ اللهُ" (۵) کمزور آدمی جس کو جلد پسینہ آجاتا ہو۔
البَجْبَاجَةُ: البَجْبَاج (۲) خراب آدمی (۳) فضول گو۔
•بَجَّهُ ـُ بَجًّا: چیرنا، پھاڑنا (زخم وغیرہ کو) (۲) کاٹنا۔
___ فلانًا بالرُّمحِ: نیزہ مارنا۔
___ بِمَكْرُوهٍ: تکلیف پہنچانا۔
___ فی المُبَارَزَةِ: مقابلہ میں غالب آنا۔
بَاجَّهُ: مقابلہ کرنا (بَاجَّهُ فَبَجَّهُ) (۲) فخر کرنا۔
تَبَاجًّا: باہم مقابلہ کرنا، مفاخرت کرنا۔
البَجَّةُ: آنکھ کی پھنسی (۲) جانور کی رگ سے نکالا جانے والا خون۔
•بَجَحَ به ـَ بَجَحًا: خوش ہونا، نازاں ہونا۔
___ الشيءَ: بڑا سمجھنا یا ماننا۔ هو بَاجِحٌ
بَجِحَ به ـَ بَجَحًا: خوش ہونا، ناز کرنا، اِترانا۔ هو بَجِحٌ۔
أَبْجَحَهُ و بَجَّحَهُ: خوش کرنا۔
اِبْتَجَحَ: خوش ہونا، نازاں ہونا، بڑائی کرنا
تَبَاجَحُوا: ایک دوسرے پر بڑائی جتانا، باہم فخر کرنا۔
تَبَجَّحَ: اِبْتَجَحَ۔
•بَجَدَ بالمكانِ ـُ بُجُودًا: مقیم ہونا، ٹھیرنا، ڈیرا ڈال دینا۔

البِجَادُ: دھاری دار چادر ج: بُجُدٌ۔
ذُو البِجَادَيْنِ: عبد اللہ ابن عبد نہم جو ایک غزوہ میں حضور کے راہبر رہے۔
البَجْدُ: گروہ، جماعت (۲) سو یا اس سے زیادہ گھوڑے ج: بُجُود۔
البَجْدَةُ: جنگل (۲) اصلیت، حقیقت (عِنْدَه بَجْدَةُ ذلك: اسے اس کی حقیقت کا علم ہے) اِبنُ بَجْدَةِ الشيءِ: حقیقت شناس (۳) قوم سے الگ نہ ہونے والا (۴) جنگل میں رہبری کرنے والا۔
أَبْجَد: ہمزہ کے باب میں دیکھئے۔
•بَجِرَ ـَ بَجَرًا: توندوالا ہونا، پیٹ کا بڑا ہونا (۲) ناف کا باہر کو نکلنا (۳) پیٹ پھول جانا اور سیراب نہ ہونا۔
___ عن الأمرِ: بوجھل اور ڈھیلا ہونا، کسی کام میں سستی برتنا، بیٹھ رہنا۔ هو بَجِرٌ و بَاجِرٌ، و هو أَبْجَرُ، هي بَجْرَاءُ ج: بُجْرٌ و بُجْرَانٌ۔
أَبْجَرَ: شدید افلاس کے بعد دولت مند اور بے نیاز ہونا۔
تَبَجَّرَ الشرابَ: کثرت سے پینا۔
الأَبْجَرُ: بڑی توندوالا (۲) کشتی کی رسّی ج: أَبَاجِر۔
البُجْرُ: فتنہ، شر، مصیبت ج: أَبَاجِر۔
البَجْرَاءُ: مؤنث أَبْجَرُ (۲) اونچی اور سخت زمین (حقيبةٌ بَجْرَاءُ: بھرا ہوا بیگ)
البُجْرَةُ: ناف (۲) پیٹ یا چہرہ یا گردن کی گرہ (۳) عیب ج: بُجَرٌ۔
أَفْضَيْتُ إليه بِعُجَرِي و بُجَرِي: میں نے اسکو اپنے ہر عیب سے باخبر کر دیا۔
البَجِيرُ: بہت سا مال۔
•بَجَسَ الماءُ ـُ بُجُوسًا: پانی کا جاری ہونا، زمین پھٹ کر پانی نکلنا۔
___ السَّدَّ: بند یا پشتہ کو پھاڑ کر پانی نکالنا۔

بَجَسَ الجُرحَ: زخم چیر کر خون نکالنا۔
ـــ المَاءَ: پانی جاری کرنا۔
ـــ فلانًا: گالی دینا۔
بَجَّسَه: بَجَسَه۔
انْبَجَسَ: پانی کا جاری ہونا (ق)۔
تَبَجَّسَ: پانی کا جاری ہونا، پھوٹ بہنا۔
البجاسُ: کھوئی، گنّے کا رس نکالنے کے بعد بچا ہوا پھوک۔
البَجِسُ و البَجِيس: بہنے والا (بئر بجِيسٌ) بہت پانی والا کنواں۔
•بَجَعَ ـَـ بَجْعًا: تلوار سے کاٹنا۔
البَجَعَةُ: لمبی چونچ کا ماہی خور آبی پرندہ، بگلا۔
•بَجَلَ ـُـ بَجْلًا و بُجُولًا: بھاری جسم والا ہونا (۲) خوش حال ہونا (۳) خوش ہونا (هو باجِل)۔
بَجُلَ ـُـ بَجَالَةً و بُجُولَةً: عمر رسیدہ ہونا، معزز ہونا، خوبصورت ہونا، شریف ہونا
أَبْجَلَه: خوش کرنا (۲) کفایت کرنا۔
بَجَّلَه: تعظیم کرنا، احترام کرنا (۲) بَجَلْ یعنی ہاں کہنا۔
الأَبْجَلُ: اونٹ اور گھوڑے کی ٹانگوں کے بالائی حصہ کی رگ، ہاتھ یا پیر کی رگ۔
البَجَالُ: قابل تعظیم (۲) موٹے جسم کا (۳) بڑے مرتبہ کا سردار۔
بَجَلْ: نَعَمْ، ہاں حرف جواب (۲) بمعنی حَسْبُ: بس، فقط۔
البَجَلُ: بہتان (۲) تعجب۔
البَجْلَةُ: اچھی ہیئت، شکل (۲) شرافت (۳) چھوٹا درخت۔
البَجِيلُ: البَجَال (۲) ہر موٹی شے (۳) بہت (۴) بری بات۔
•بَجَمَ ـِـ بَجْمًا و بُجُومًا: عدم قدرت اور ڈر کی وجہ سے خاموش ہو جانا (۲) سکڑنا، سمٹ جانا (۳) دیر کرنا۔
بَجَّمَ: بَجَمَ (۲) گھور کر دیکھنا۔
البِجَامَةُ: (اصل عربی مَنَامَة) ایک انگریزی لباس جو گھر میں پہنا جاتا ہے۔
البَجْمُ: بڑی جماعت، بڑا گروہ (۲) جھاؤ کے درخت کا پھل۔
•بَجَّنَ: کیل ٹھوکنا۔

ب ـــ ح

•بَحْبَحَ: وسیع ہونا (۲) باغ باغ ہونا (۳) اطمینان سے ٹھیرنا (۴) گھر کے بیچ میں آنا
تَبَحْبَحَ: بَحْبَحَ۔
ـــ فی المَجْدِ وغیرہ: عظمت میں آگے بڑھنا۔
بَحْبَاحِ: کسی چیز کے ختم ہونے کو بتانے کیلئے استعمال ہوتا ہے
البَحْبَاحُ: فراخ، یکساں وسیع و عریض۔
البَحْبَحِيُّ: وسیع اخراجات والا۔
البُحْبُوحَة: ہر شے کا درمیانی حصہ، عمدہ حصہ۔ ج: بَحَابِيح۔
بَحْبُوحٌ: شریف الطبع۔
مُبَحْبِحٌ: فراخ، آرام دہ۔
•بَحُتَ الشيءُ ـُـ بُحُوتَةً و بَحْتًا: خالص ہونا۔
بَاحَتَه الوُدَّ: خالص تعلق رکھنا۔
ـــ فلانًا بما عِندَه: کسی کو اپنی بات بتا دینا۔
البَحْتُ: خالص جس میں کسی غیر کی آمیزش نہ ہو۔ شرابٌ بَحْتٌ: خالص شراب۔ خُبْزٌ بَحْتٌ: روکھی روٹی۔ رجُل بَحْتٌ: خالص النسب۔ حَرٌّ او بَرْدٌ بَحْتٌ: سخت۔
•البُحْتُرُ: پستہ اور گٹھے ہوئے جسم والا، ج: بَحَاتِر۔
•بَحَثَ الأرضَ و فيها ـَـ بَحْثًا: کھودنا، کھود کر تلاش کرنا۔
ـــ الشيءَ و عنه: تلاش کرنا، جستجو کرنا
ـــ الأمرَ و فيه: غور و فکر کرنا۔
ـــ عنه: چھان بین کرنا، تحقیق کرنا۔
باحِثٌ، بَحَّاثٌ، بَحَّاثَة: محقق۔
بَاحَثَه فی الشيءِ: کسی سے بحث و مباحثہ کرنا
ابتَحَثَه و تَبَحَّثَه و استَبْحَثَه و عنه: تلاش کرنا، جستجو کرنا۔
تَباحثًا: باہم بحث و مباحثہ کرنا، تبادلہ خیال کرنا۔
البَحَاثَة: وہ مٹی جس میں کوئی چیز تلاش کی جائے۔
البَحْثُ: تحقیق، ریسرچ، غور و خوض، مطالعہ، تحقیق و ریسرچ کا ماحصل (۲) کان جس میں دھات تلاش کی جائے (۳) بڑا سانپ ج: بُحُوثٌ، أَبْحاثٌ۔
البُحْثَةُ: بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک مٹی کے اندر کوئی چیز چھپا دیتا ہے۔ دوسرا اسے تلاش کرتا ہے ج: بُحَثٌ۔
البَحُوث: وہ چوپایہ جو پیروں سے مٹی کو کریدتا اور اپنے پیچھے اڑاتا ہے۔
البَحُوث: سورہ براءت کا نام۔
البَحِيثُ: راز۔
مَبْحَثٌ: موضوع تحقیق، موضوع مطالعہ، بحث، تحقیق ج: مباحِث۔
مُبَاحَثَة: استدلال، گفتگو، مناظرہ، مقابلہ کلام۔
•بَحْثَرَه: بکھیرنا، منتشر کرنا، برباد کرنا۔
تَبَحْثَرَ: بکھرنا، منتشر ہونا، برباد ہونا۔
•بَحَّ ـَـ بَحَحًا و بَحَاحَةً و بُحُوحَةً و بُحَاحًا: آواز کا موٹا ہونا، گلا پڑنا یا خراب ہونا، گلوگیر ہونا۔
أَبَحُّ: جس کا گلا یا آواز بیٹھی ہوئی ہو م: بَحَّاء ج: بُحٌّ۔
أَبَحَّهُ: آواز بھاری کر دینا، گلا بٹھا دینا۔
ـــ الصِّياحُ وغیرہ: چیخنے سے اس کی آواز بیٹھ گئی۔
الأَبَحُّ: موٹا، بھاری آواز والا باجے کا رد (۲) بہت گودے والی ہڈی ج: بُحٌّ۔
البُحَاحُ و البُحَّة: آواز کا بھاری پن، گلے کا

بیٹھا ہوا ہونا۔
•بَحْدَلَ: تیز چلنا، مونڈھے کا جھکنا۔
•بَحَرَ الْاَرْضَ ــ بَحْرًا: پھاڑنا، گڑھے کو کشادہ کرنا، اونٹنی یا بکری کا کان چیرنا۔
بَحِرَ ــ بَحَرًا: مبہوت ہونا، سمندر کو دیکھ کر خوف زدہ ہونا (۲) بیماری سے پیاس بڑھنا اور پانی سے نہ بجھنا (۳) دوڑنے کی کوشش کرنا مگر نہ دوڑ سکنا۔ هو بَحِرٌ و بَحِيرٌ۔
أَبْحَرَ: سمندر میں سفر کرنا (۲) پانی کا کھارا ہونا (۳) زمین میں پانی جمع ہونے کی جگہیں زیادہ ہونا (۴) کسی کی ناک کی سرخی کا زیادہ ہونا۔
تَبَحَّرَ: جگہ کا کشادہ اور پھیلا ہوا ہونا۔
ــ فی العِلم: ماہر ہونا، علم کے تمام گوشوں سے واقف ہونا۔
ــ فی المال: دولت مند ہونا۔
ــ الخَبَرَ: خبر دریافت کرنا۔
اِسْتَبْحَرَ: کشادہ اور پھیلا ہوا ہونا (۲) علم اور دولت میں صاحب وسعت ہونا (۳) شاعر اور خطیب کا کلام وسیع ہونا۔
البَاحِرُ: بے وقوف جو بول کر خوف زدہ اور مبہوت ہو جائے (۲) فضول گو (۳) جھوٹا (۴) بہت سرخ۔
الباحِرَة: (۱) باحِر کی مؤنث (۲) بہت دودھ والا جانور ج: بَوَاحِر۔
البَاحُورُ: چاند (۲) گرمی کی شدت (ماہ جولائی کی)
البَاحُوراءُ: ماہ جولائی کی شدید گرمی۔
البِحارَة: کشتی رانی، جہاز رانی (۲) ملاحی۔
البَحّارُ: ملاح، کشتی اور جہاز چلانے والا ج: بَحّارَة۔
البَحْرُ: سمندر، دریا (۲) متبحر عالم (۳) مشہور آدمی (۴) بہت دوڑنے والا گھوڑا ج: اَبْحُرٌ و بُحُورٌ و بِحارٌ۔
البَحْرُ الاَبْيَضُ: دریائے روم، بحر روم۔
البَحْرُ الاَحْمَرُ: دریائے قلزم، بحر قلزم۔
البَحْرُ الاَطْلَانْطِيقُ: بحر اٹلانٹک جو افریقہ اور امریکہ کے درمیان واقع ہے۔
بَحْرُ الظُّلُمات: بحر اوقیانوس۔
البَحْرُ المُحِيطُ: بحر کاہل جو پانچ براعظموں کو محیط ہے۔
فی بحرِ کذا: دوران، اثناء۔
البَحَرُ: سل، ایک بیماری جس میں شدت کی پیاس لگتی ہے۔
البُحْرَانُ: بحران، سراسیمگی، دیوانگی کی حالت، بخار وغیرہ میں اچانک پیدا ہونے والا تغیر۔
البَحْرَة: کشادہ زمین (۲) نشیبی زمین (۳) پانی کا خام تالاب (جوہڑ) (۴) وسیع باغیچہ ج: بِحار و بِحَرٌ۔
البَحْرِيُّ: ملاح، جہاز راں (۲) سمندر سے متعلق، سمندری۔
البَحْرِيَّة: سمندری فوجی بیڑا، بحری طاقت، نیوی۔
البُحَيْرَة: جھیل ج: بُحَيْرَات۔
البَحِيرَة: کان کاٹ کر چھوڑی ہوئی اونٹنی۔
•بَحْشَلَ: ناچنا، حبشیوں کی طرح ناچنا۔
البَحْشَلُ: کالا موٹا آدمی ج: بَحَاشِل

ب ـــ خ

•بَخٍ و بَخْ: واہ واہ، شاباش، بَخٍ بَخٍ یا بَخْ بَخْ: واہ واہ شاباش۔
•بَخْبَخَ بَخْبَخَةً و بَخْباخًا: گرمی سے بچنا (دوپہر کو نہ چلنا)۔
ــ لَحْمُه: ڈھیلا پڑ جانا۔
ــ البَعِيرُ: اونٹ کا بولنا، اونٹ کے منہ میں جھاگ بھر جانا۔
ــ فلانٌ: بَخْ بَخْ کہنا۔
ــ فی النَّوم: خراٹے لینا۔
تَبَخْبَخَ: گرمی کی شدت کم ہو جانا (۲) بکری کا اپنی جگہ پر ٹھہر جانا (۳) گوشت کا ڈھیلا پڑ جانا۔
البَخْباخُ: ڈھیلے پیٹ والا جس کی کھال پھیل گئی ہو۔
•البَخْتُ: قسمت، نصیب ج: بُخُوت (فَتْح البَخْت: قسمت بتانا)۔
كِتَابُ فتح البَخْت: نجومی کی کتاب جس سے وہ لوگوں کو ان کا نصیب بتاتا ہے۔ فاتِح البَخْت: نجومی، جوتشی۔
قليل البَخْت: کم نصیب، بدنصیب۔
البُخْتُ: خراسانی اونٹ و: بُخْتِيّ ج: بَخَاتِيّ و بَخَاتٍ و بَخَاتِي۔
البَخَّات: بختی اونٹ والا۔
البَخِيتُ و المبخوت: قسمت والا، خوش قسمت۔
•بَخْتَرَ فی مَشْيه بَخْتَرَةً: اترا کر چلنا (۲) جھومنا، مٹکنا۔
تَبَخْتَرَ: بَخْتَرَ۔
البَخْتَرِيُّ: اترا کر چلنے والا، جھومنے اور مٹکنے والا۔
البَخْتَرِيَّة: بَخْتَرِی کی مؤنث (۲) اتراہٹ (مَشَى مِشْيَةَ البَخْتَرِيَّة: اترا کر چلنا)۔
•بَخَّ ــ بَخًّا فی النوم: خراٹے لینا۔
ــ الماءَ: پانی ٹپکانا۔
بُخَّيْخَة: پچکاری، سرنج۔
بُخَّيْخَة رَشّاشَة: آب پاش (حمام کا)
بُخَّيْخَة الحَدائِق: باغبانی کا آب پاش
بُخَّيْخَة العُطُور: گلاب پاش۔
•بَخْدَجَ فی مِشْيَتِه: قدم جوڑ کر کے چلنا۔
البَخْدَجُ: موٹا ج: بَخَادِج۔
•بَخَرَ الماءُ ــ بَخْرًا و بُخارًا: بھاپ بن جانا (بَخَرَ الإناءُ: برتن میں سے بھاپ نکلنا)۔
بَخِرَ الفَمُ ــ بَخَرًا: منہ سے بدبو آنا، گندہ

دہن ہونا۔
اَبْخَرُ: بدبودار منہ والا م: بَخْراءُ ج: بُخْرٌ
أَبْخَرَه إِبْخَارًا: بھاپ بنا دینا (۲) گندہ دہن بنا دینا۔
بَخَّرَ له: خوشبو لگانا۔
___ علیه: بدبودار بنانا۔
___ الشيءَ: بھاپ نکالنا۔
___ بالبَخُور: دھونی دینا۔
___ ثیابَ المریض وغیرَها: صاف کرنا (جراثیم سے)۔
___ السائلَ: پانی وغیرہ کو بھاپ بنا کر اڑا دینا
تَبَخَّرَ: بھاپ بننا (۲) خوشبودار ہونا، دھونی دار ہونا، دھونی لینا۔
الباخِرَةُ: سمندری جہاز ج: بواخر۔
البُخَارُ: بھاپ، گیس، اسٹیم (۲) بو ج: أَبْخِرَة
میزان البُخار: اسٹیم دیکھنے کا آلہ۔
میزان ضَغْط البُخار: دخان پیما جو بوئلر میں لگا ہوتا ہے جس سے بھاپ کے دباؤ کی مقدار معلوم ہوتی ہے۔
بُخَارِيٌّ: دخانی، بھاپ دار۔
وَابُور بخاريّ: اسٹیم انجن۔
سَفِینة بخاریّة: دخانی کشتی، اسٹیمر
القوّة الدخانیة: اسٹیم پاور، دخانی طاقت۔
البَخْرُ: بنات بَخْرٍ: موسم گرما سے پہلے آنے والے چھوٹے چھوٹے بادل۔
البَخَرُ: منہ کی بدبو، بوئے دہن۔
البَخُورُ: دھونی، لوبان وغیرہ جس سے دھونی دی جائے۔
المَبْخَرَة: منہ میں بو پیدا کرنے والی چیز (۲) دھونی کی جگہ ج: مَباخر۔
المِبْخَرَة: عوددان، دھونی دان (۲) بھاپ کے ذریعہ صفائی کرنے کا آلہ ج: مباخر۔
بَخَزَ ـ بَخْزًا عینَه: آنکھ پھوڑنا۔
•بَخَسَ الکیلَ والمیزانَ: کم تولنا، کم ناپنا
(۲) کسی پر ظلم کرنا (۳) عیب لگانا۔
بَخَسَ عینَه: آنکھ پھوڑنا
___ فلانًا حقَّه: کسی کی حق تلفی کرنا، قیمت کم کرنا (هو باخِسٌ و هي باخِسَة)۔
بَخَّسَ مُخُّ العظم: کمزوری سے ہڈیوں کا گودا کم ہو جانا۔
تَباخَسَ القومُ: ایک دوسرے کو نقصان پہنچانا۔
الأباخِسُ: انگلیاں۔
البَخْسُ: کمی (ثَمَنٌ بَخْسٌ: کم قیمت)۔
•بَخَشَ ـ بَخْشًا: سوراخ کرنا۔
مِبْخَش: سوراخ کرنے کا آلہ۔
بَخْشِیش: انعام، بخشش ج: بَخَاشِیش
•بَخَصَ عینَه ـ بَخْصًا: آنکھ پھوڑنا یا نکالنا۔
بَخِصَ ـ بَخَصًا: فلانٌ: آنکھ کے اوپر یا نیچے گوشت کی گرہ پڑنے والا ہونا (هو أبْخَصُ و هي بَخْصاءُ) ج: بُخْصٌ۔
تبخّص: تیز نظروں سے دیکھنا۔
البَخَصُ: آنکھ کے اوپر یا نیچے نکلا ہوا غدہ (گوشت کی گانٹھ) (۲) پیروں یا انگلیوں کے پاس کا گوشت (۳) زخم کا خراب شدہ سفید گوشت (۴) کہنیوں کا گوشت، آنکھ کا گوشت۔
مبخوص القَدَمین: جس کے قدموں میں گوشت کم ہو۔
•بَخَعَ له ـ بَخْعًا و بُخُوعًا و بَخَاعًا و بَخَاعَةً: کسی کے سامنے ذلیل و خوار بننا، فرماں بردار ہونا۔
___ له بالطاعة او الحق: اقرار کرنا۔
___ نفسَه: ہلکان کرنا، غم یا غصہ سے خود کو گھلانا (۲) ذلیل کرنا، مغلوب کرنا۔
___ الأرضَ: مسلسل کاہنا۔
بَخَعَ البئرَ: پانی نکلنے تک کھدائی کرنا۔
___ له نُصْحَه: ہمدردی کرنا، اخلاص سے کام لینا۔
بَخِعَ له بالحق او الطاعة ـ بُخُوعًا: اقرار کرنا۔
•بَخَقَتْ عَیْنُه ـ بُخُوقًا و بَخْقًا: آنکھ پھوٹ جانا (هي باخِقَةٌ)۔
بَخَقَ عینَه ـ بَخْقًا: آنکھ پھوڑنا۔
بَخِقَتْ عینُه ـ بَخَقًا: آنکھ پھوٹنا (۲) آنکھ کا بھینگا ہونا۔
العَینُ بَخْقاءُ، أبْخَقُ: بھینگی یا پھوٹی آنکھ والا۔ ج: بُخْقٌ
•بَخِلَ ـ بَخَلًا و بُخْلًا و بُخُلًا: کنجوسی کرنا، موجود چیز کو خرچ نہ کرنا۔
باخِلٌ: کنجوسی کرنے والا ج: بُخَّلٌ۔
بَخُلَ ـ بَخَلًا و بُخْلًا و بُخُولًا: کنجوس ہونا۔ بَخِیلٌ ج: بُخَلاءُ۔
أَبْخَلَه إبْخالًا: کنجوس بنا دینا، کنجوس پانا
بَخَّلَه تبخیلًا: بخیل و کنجوس بنا دینا (۲) کنجوسی کا الزام لگانا۔
تَبَخَّلَ: کنجوسی کرنا، بخیل بننا۔
اسْتَبْخَلَه: بخیل سمجھنا۔
البَخَالُ و البَخَّال: انتہائی کنجوس۔
البَخَلُ: کنجوسی (۲) کنجوس (رجل بَخَلٌ)
المَبْخَلَة: کنجوسی کا سبب۔
•بَخْنَقَ بَخْنَقَةً المرأةَ: نقاب اڑھانا، برقع پہنانا۔
تَبَخْنَقَتِ المرأةُ: نقاب یا برقع اوڑھنا۔
البُخْنُقُ: نقاب، برقع ج: بَخانِق۔
المُبَخْنَقُ: وہ گھوڑا جس کی پیشانی کی سفیدی کانوں کی جڑ تک پھیلی ہو۔
•بَخَاغضبُه ـ بُخُوًّا: غصہ ٹھنڈا ہونا۔
أَبْخَى غَضَبَه: غصہ ٹھنڈا کر دینا۔
البَخْوُ: نرمی، ملائم پن (۲) خراب کھجور۔

ب ـــــ د

•بَدَأَ ـَ بَدْءًا و بَدْءَةً : پیدا ہونا، شروع ہونا (۲) منتقل ہونا ۔
ـــ الشيءَ : شروع کرنا، آغاز کرنا ۔
ـــ البئرَ : کنواں کھودنا ۔ هي بدِيٌّ ۔
ـــ يفعلُ كذا : کرنے لگا، شروع کردیا
بُدِئَ : چیچک یا خسرہ میں مبتلا ہونا (۲) بیمار ہونا (هو مَبْدُوءٌ) ۔
أَبْدَأَ : تعجب خیز کام کرنا ۔
ـــ الصبيُّ : بچہ کے دوسرے دانت نکلنا
ـــ من مكان الى آخر : منتقل ہونا ۔
ـــ الشيءَ : پیدا کرنا ۔
ـــ الشيءَ و به : شروع کردیا (أبْدَأَ في الامر و أعادَ) شروع کیا اور پھر چھوڑ دیا ۔
بَدَّأَ الشيءَ تَبْدِئَةً : مقدم کرنا، ترجیح دینا ۔
اِبْتَدَأَ الشيءَ و به : شروع کرنا ۔
ابتدائيٌّ : پرائمری ۔ ابتدائی ۔
تَبَدَّأَ : بمعنی بَدَأَ ۔
البَادِئُ : پہل کرنے والا، اول، آغاز کنندہ
بادِئُ الرأي : ابتدائی رائے جو بلا غور وفکر ہو
البَدْءُ : اول، شروع ہر چیز کا (فعلتُه بَدْءًا : میں نے اسے سب سے پہلے کیا) (۲) اول نمبر، سردار (۳) ذی رائے نوجوان، عاقل (۴) ذبیحہ کا اچھا حصہ ج : أبْداءٌ و بُدُوءٌ
البَدَاءُ : دیکھئے (بدو) ۔
البَدَاءَةُ : آغاز، پہل (ذلك البَدَاءَةُ : تمہاری ہی پہل ہے) ۔
البَدْأَةُ : ابتدائی حالت، ابتداء (۲) ذبیحہ کا عمدہ حصہ ۔
البَدَائِيُّ : پہل کرنے والا (۲) پیدائش کے بعد کا پہلا دور ۔
البَدَائِيَّةُ : دیکھئے (بدو) ۔

البَدَائِيَّةُ : پیدائش کے بعد کا پہلا دور، اول مرحلۂ تربیت ۔
البَدِيءُ : نیا کنواں (۲) عجیب بات، نئی بات، پہلی چیز (فعله بادِئَ بَدِيءٍ : سب سے پہلے کیا) (۳) مخلوق (۴) قوم کا اول سردار (۵) انوکھی چیز ج : بُدُوٌّ ۔
البَدِيئَةُ : بدیٔ کی مؤنث، پہلی حالت، ابتداء پیدائش (۲) بدیہی شے ج : بَدَايَا ۔
المَبْدَأُ و المبدأة : اصول، قاعدہ، بنیاد، سرچشمہ ج : مبادئُ ۔
مَبادئُ العلم وغيره : بنیادی قواعد واصول ۔
صاحِبُ المَبْدَأ : بااصول، کسی خاص اصول پر کاربند ۔
سامِيُ المبادئ : بلند اصول انسان
مَبْدَئِيٌّ : بنیادی، اصولی (۲) اصول پسند
مَبْدَئِيًّا : اصولی طور پر، بنیادی طور پر ۔
•بَدَحَتِ المرأةُ ـَ بَدْحًا : آوارگی کی چال چلنا ۔
بَدَحَ بالسرِّ ـَ بُدُوحًا : راز کھولنا ۔
ـــ الشيءَ بَدْحًا : تیر مارنا ۔
ـــ فلانا : نرم چیز مارنا ۔
ـــ بالعصا : لاٹھی مارنا ۔
تَبادَحُوا : ایک دوسرے کے نرم چیز مارنا (جیسے کوئی پھل وغیرہ) ۔
تَبَدَّحَتِ المرأةُ : بَدَحَت ۔ تبدّح السحابُ : بادل کا برسنا ۔
•بَدَّهُ ـُ بَدًّا : جدا کرنا، دور کرنا ۔
ـــ السرجَ او القتبَ : زین یا پالان کے نیچے گدا رکھنا ۔
بَدَّ ـَ بَدَدًا : زیادتی گوشت کی وجہ سے دونوں رانوں کے درمیان فاصلہ ہونا ۔
أَبَدَّ بينهم العطاءَ : ہر ایک کو اس کا

حصہ دینا (ح) ۔
أَبَدَّ يدَه اليه : ہاتھ بڑھانا ۔
ـــ بَصَرَه نحو شيء : دیکھتے رہنا ۔
بَادَّ القومُ في السفر مُبادَّةً و بِدادًا : ہر ایک کا کوئی چیز نکال کر اکٹھا کرکے خرچ کرنا
ـــ الشيءَ : کسی چیز کو کسی چیز کے بدلہ بیچنا ۔
بَدَّدَ الشيءَ تبديدًا : بکھیرنا، منتشر کرنا، برباد کرنا ۔
اِبْتَدَّ ابتدادًا : دو جوڑواں بچوں کا ایک ایک پستان سے دودھ پینا ۔
ـــ الرجلانِ احدًا بالضرب : کسی کو دو طرف سے گھیر کر مارنا ۔
تَبادَّ القومُ : دو دو کا گروپ بن کر نکلنا (۲) ایک کا دوسرے ہم پلہ سے آگے بڑھنا
تَبَدَّدَ : منتشر ہونا، بکھرنا، برباد ہونا (۲) حصے لینا ۔
ـــ الحَلْيُ الجاريةَ : کنیز کے سارے بدن پر زیورات ہونا ۔
اِسْتَبَدَّ به : کسی چیز میں منفرد ہونا، اپنے لئے خاص کرلینا (۲) مطلق العنان ہونا، خود مختار ہونا (۳) جانا ۔
ـــ الامرُ بفلان : کسی کام پر قابو نہ پاسکنا، قبضہ سے باہر ہونا ۔
ـــ بأميره : اپنے امیر پر غالب ہو جانا کہ وہ اس کے علاوہ کسی کی نہ سنے ۔
اِسْتِبْدادٌ : مطلق العنانی، خود مختاری، ظلم ۔
مُسْتَبِدٌّ : مطلق العنان، خود رائے، ظالم ۔
أَبادِيدُ : ذَهَبُوا ابادِيدَ : وہ منتشر ہو گئے
الأَبَدُّ : جس کی دونوں ٹانگوں میں فاصلہ ہو
البادُّ : ران کا اندرونی حصہ جو زین سے ملا ہوا ہو ۔
بَدادِ : مقابلہ کی آواز (یا قومُ بَدادِ بَدادِ : ایک ایک کو مقابلے کیلئے لو ۔
البَدادُ : مقابلہ (لقوا بَدادَهم : انہوں

نے اپنے مقابل افراد کو مقابلہ کیلئے لے لیا۔
البَدادُ: ہر چیز کا حصہ، زین کے نیچے کی گدی
البُدادُ: ہر چیز کا حصہ۔
البَدُّ: تھکان، تکلیف (۲) ہر چیز کا حصہ۔
البَدَدُ: ضرورت (۲) طاقت۔
البُدُّ: ہر شے کا حصہ (۲) بدلہ (۳) جدائی، چھٹکارا لا بُدَّ منه: اس سے چھٹکارا نہیں یعنی وہ ضروری ہے (۴) بُت یا بت خانہ ج: اَبْداد و بِدَدَةٌ۔
البِدُّ: ہر شے کا حصہ (۲) نظیر، نمونہ۔
البُدَّةُ: طاقت و توانائی۔
البُدَّةُ: ہر شے کا حصہ (۲) انتہا، مدت ج: بُدَدٌ
البِدَّةُ: البَدُّ ج: بِدَدٌ۔
البَدِيدُ: نظیر، مثال۔
البَدِيدَةُ: البَدِيدُ (۲) خورجین (جانور کی پیٹھ پر رکھا ہوا تھیلا)، بیابان۔
التَبْدِيدُ: برباد یا منتشر کرنا (۲) قانونی اصطلاح میں ضبط شدہ سامان میں نیلامی سے قبل تصرف کرنا۔
• بَدَرَ القمرُ ـُ بَدْرًا: چاند کا پورا ہو جانا۔
ـــ الی الشئ بُدُورًا: لپک کر جانا، دوڑنا۔
ـــ الی الزَّرع: اول وقت میں بونا۔
ـــ الامرَ فلانا و الیه: کسی چیز کا تیزی سے آنا۔
ـــ فلانا بالشئ: کوئی چیز کسی سے پہلے لانا۔
ـــ فلانا: سبقت لے جانا۔
أَبْدَرَ: پورے چاند کی روشنی میں ہونا (۲) چاند کی روشنی میں چلنا۔
ـــ الوَصِیُّ فی مال الیتیم: یتیم کے بالغ ہونے سے پہلے اس کا مال کھالینا۔
بادَرَ الیه مُبادَرَة و بِدارًا: جلدی کرنا، سبقت کرنا، پہل کرنا (۲) کسی سے آگے نکل جانا۔
اِبْتَدَرَتْ عيناه: آنکھوں سے آنسو جاری ہونا۔ اِبْتَدَرَ فلانًا بكذا: کسی پر کسی چیز میں سبقت لے جانا۔
اِبْتَدَرَ القومُ الشئَ: لوگوں کا کسی شے کی طرف دوڑنا۔
تَبادَرَ القومُ: ایک دوسرے کے مقابلہ میں تیز چلنا، سبقت لے جانا۔
البادِرُ: پورا چاند (۲) عجلت کرنے والا۔
البادِرَةُ: عجلت میں نکلی ہوئی بات، غصہ کی حالت میں منہ سے نکلی ہوئی غلط بات یا لغزش کلام (۲) ظاہر شے (۳) بدیہی چیز (۴) نوک (۵) علامت (۶) مونڈھے اور گردن کے درمیان کا گوشت ج: بوادِر۔ بوادِرُ الغضب: غصہ میں نکلی ہوئی ناسمجھی کی باتیں۔
البَدّارَةُ: لوہے کا جھرنا جس سے گیہوں کا بیج زمین میں ڈالا جاتا ہے۔
بَدْر: مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک وادی کا نام، اسی مقام پر جو غزوہ ہوا اسے غزوۂ بدر کہا جاتا ہے۔
البَدْرُ: چودھویں رات کا چاند (۲) مکمل لڑکا ج: بُدور و اَبْدار۔
البَدَرَى (استبقنا البَدَرَى): مقابلہ کی دوڑ لگانا۔
البَدْرَةُ: دس ہزار درہم کی تھیلی، مال کی تھیلی۔ ج: بِدَر و بُدور۔
البُدْرَةُ: پاؤڈر جو جسم پر ملا جائے۔
البَدْرِیُّ: غزوۂ بدر میں شریک ہونیوالا (۲) موسم سرما سے کچھ پہلے ہونے والی بارش (۳) اول وقت بچہ دینے والا چوپایہ (۴) اول وقت بوئی جانے والی کھیتی۔
المُبْتَدِرُ: شیر۔
بَدارِ: بمعنی اَسْرِعْ، جلدی کر۔
البَيْدَرُ: غلہ کا کھلیان ج: بیادِر۔
البَدْرومُ: دیکھئے (البدرون)۔
البَدْرُون: اصل عربی السَّرَبُ: زیر زمین تہ خانہ، پارکنگ گاہ یا اسٹور۔
• بَدَعَه ـَ بَدْعًا: بلانمونہ نئی چیز بنانا، ایجاد کرنا۔
بَدِيعٌ: موجد (۲) ایجاد کردہ۔
بَدَعَ البِئرَ: کنویں کو نیا بنانا، کنویں سے پانی نکالنا۔
بَدُعَ ـُ بَداعَةً و بُدُوعًا: انوکھا ہونا، بے مثال ہونا، هو بَدِيعٌ۔
أَبْدَعَ: نئی بات پیدا کرنا (۲) بدعت جاری کرنا (۳) سواری کا تھک جانا (۴) دلیل کا باطل ہونا۔
ـــ بفلانٍ: ضرورت پوری نہ کرنا، رسوا کرنا۔
ـــ بی فلانٌ: وہ میرے گمان کے مطابق نہیں، میں نے اس سے دھوکہ کھایا۔
ـــ الشئَ: ایجاد کرنا۔
أُبْدِعَتْ حُجَّتُهٗ: دلیل باطل ہو جانا۔
ـــ بفلانٍ: کسی کی سواری ہلاک ہو جانا یا تھک جانا اور ساتھیوں سے بچھڑ جانا
بَدَّعَه تبديعًا: بدعتی کہنا۔
اِبْتَدَعَ: بدعت کرنا، نئی چیز جاری کرنا (۲) ایجاد کرنا۔
تَبَدَّعَ: بدعت پیدا کرنا، بدعتی ہو جانا۔
اِسْتَبْدَعَه: بدعتی سمجھنا۔
الإِبْداعُ: عدم سے وجود میں لانا (خلق سے خاص)۔
الابْتِداعِيَّةُ: جدت پسندی۔
البادِعُ: انوکھا، انوکھی چیز۔
البِدْعُ: نیا، انوکھا، پہلے پہل کیا جانیوالا کام (ق) (۲) بھولا اور سیدھا آدمی (۳) ہر شے کی غایت ج: اَبْداع و بُدْع
البِدْعَةُ: بدعت (۲) کسی نمونہ کے بغیر بنی ہوئی چیز ج: بِدَعٌ۔
البَدِيعُ: موجد، بلانمونہ نئی چیز بنانے والا (ق) (۲) ایجاد کردہ شے ج: بَدائِع۔

عِلْمُ البَدِيْعِ : وہ علم جس سے تحسین کلام کے ضوابط معلوم ہوں۔
ھذا من البدائع : یہ انتہائی عجیب ہے۔
•بَدَلَ ـُ بَدْلاً : بدلنا، بدلہ میں لینا۔
بَدِلَ ـَ بَدَلاً : جوڑوں اور ہڈیوں میں درد ہونا۔
بَدِلٌ : جس کے درد ہو۔
أَبْدَلَهُ : بدلنا (۲) بدل بنانا (أَبْدَلَ الشيءَ بكذا)۔
بادَلَ الشيءَ بغيرِهِ مُبادَلَةً و بِدالاً : تبادلہ کرنا، تبادلہ میں لینا (۲) تبادلہ میں دینا۔
بَدَّلَ تَبْدِيلاً : بدلنا، صورت بدلنا (۲) کلام میں تحریف کرنا، پرانے کپڑے کی جگہ نیا کپڑا لینا (بَدَّلَ بالثَّوبِ القديمِ الثَّوبَ الجَدِيدَ)۔
ـــ الشيءَ شيئاً آخرَ : ایک شئے کو دوسری سے تبدیل کرنا۔ ادلا بدلا کرنا۔
ـــ من الشيءِ : بدل بنانا۔
تبديلُ السُّرعة : انجن کا گیر بدلنا۔
تبادلا : باہم تبادلہ کرنا (تبادُلُ الافكار) تبادلۂ خیالات۔
تَبَدَّلَ : بدل جانا۔
ـــ الشيءَ و به : بدل بنانا۔
ـــ الشيءَ بالشيءِ : بدلہ میں لینا۔
الأَبْدَالُ : و: بَدَلٌ زاہد اور تارک الدنیا لوگ۔ صوفیہ کے نزدیک ایک خاص طبقہ کا لقب جو سلوک کا خاص مرحلہ طے کرتے ہیں (جن کے ہاتھ میں ہفت اقلیم کا انتظام ہے)۔
البِدَالُ : پیڈل جس سے سائکل یا خراد کی مشین چلائی جائے۔
البَدَّالُ : اتنے مال والا کہ اسے بیچ کر ہی دوسرا مال خرید سکے (۲) پرچون فروش (اشیائے خوردنی تیل وشکر صابن وغیرہ بیچنے والا) (مصر کی عامی زبان میں اسے بَقّال کہتے ہیں) (۳) صراف، سکہ تبدیل کرنے والا۔
بَدَّالَةُ التليفون : ٹیلیفون اکسچینج۔
البَدَلُ : عوض، بدل (۲) شریف آدمی (۳) زاہد ج: أَبْدَال۔ نحو میں وہ تابع جو بلا واسطہ مقصود بالحکم ہو جیسے الخَلِيفَةُ الثاني عُمَرُ میں عُمَرُ (۴) الاؤنس، معاوضہ۔
البَدَلُ من الشيءِ : بدل، عوض (۲) شریف وکریم (۳) صوفیہ کے یہاں ابدال طبقہ کا ایک فرد ج: أَبْدَال۔
بَدَلُ الاشتِرَاكِ : اخبار یا رسالہ کا چندہ۔
بَدَلُ إقامةٍ : کرایہ قیام، الاؤنس خورد ونوش۔
بَدَلُ انتقالٍ : سفر کا الاؤنس۔
بَدَلُ سَفَرٍ : سفر کا کرایہ (الاؤنس)
بَدَلُ سَكَنٍ : کرایہ مکان (الاؤنس)
بَدَلُ ميدانٍ : فیلڈ الاؤنس۔
بَدَلاً من كذا : بجائے اس کے۔
بَدَلاتٌ : واحد: بَدَل: الاؤنس
بَدْلَةٌ : یونیفارم، سوٹ، کپڑوں کا جوڑا ج: بَدَلاتٌ۔
بَدْلَةُ رِجالٍ : مردانہ سوٹ۔
بَدْلَةُ نِساءٍ : زنانہ سوٹ۔
البَدِيلُ : بدل، عوض (۲) صوفیہ کے نزدیک أَبْدَال کا واحد ج: أَبْدَال و بُدَلاءُ (۳) سنیما کی اصطلاح میں غیر ملکی اداکار کا اپنی زبان میں پارٹ ادا کرنے والا۔
البَدِيلَةُ : متبادل طور پر تیار کی ہوئی شے جیسے مصنوعی ربڑ وغیرہ (۲) متبادل پرزہ، مشین یا سامان۔
التبدُّلُ : کیمیاوی عمل سے ایک مادہ کا دوسرے مادہ میں تبدیل ہو جانا۔
مُتَبادِلٌ : بدل، ایکسچینج کرنے والا۔
•بَدَنَ ـُ بَدْناً و بُدْناً و بُدُوناً : موٹا ہونا (هو بادِنٌ و هي بادِنَةٌ ج: بُدْنٌ و بُدَّنٌ (هي ايضاً بادِنٌ ج: بُدَّنٌ و بَوادِنُ)۔
بَدُنَ ـُ بَدانَةً و بَدَاناً : موٹا ہونا، موٹے بدن والا ہونا (هو و هي بَدِينٌ ج: بُدُنٌ)۔
بَدَّنَ تبديناً : بَدَنَ (۲) کمزور اور عمر رسیدہ ہونا (۲) جانور کو موٹا کرنا (۳) کسی کو زرہ پہنانا۔
بَدَنٌ : سر اور اطراف کے علاوہ حصۂ جسم، بدن، جسم (۲) چھوٹی زرہ (۳) کمر اور پیٹ پر ڈالا جانے والا کپڑا ج: أَبْدَان
البَدَنَةُ : اونٹنی یا گائے جس کی مکہ میں قربانی کی جائے (۲) بلا آستین وگریبان کرتا جسے بیچ سے کاٹ کر عورت پہنتی ہے ج: بُدْنٌ (ق)
المِبْدَانُ : کم خوری کے باوجود جلد موٹا ہونے والا۔
بَدانَةٌ : موٹاپا۔
بَدَنِيٌّ : جسمانی۔ رِياضَة بَدَنِيَّة : جسمانی ورزش۔ عُقُوبة بَدَنِيَّة : جسمانی سزا
بَدِينٌ : موٹا، بھاری جسم کا۔
•بَدَهَهُ ـَ بَدْهاً و بَدَاهَةً : اچانک آنا
ـــ فلاناً بكذا : کسی سے کوئی چیز شروع کرنا (هو بادِهٌ و هي بادِهَةٌ)۔
بادَهَهُ مُبادَهَةً و بِداهاً : بَدَهَهُ (بادَهَه بكذا)۔
بَدَّهَ تبديهاً : فی البدیہ عمدہ بات کرنا۔
ابْتَدَهَ الخُطْبَةَ و نحوَها : برجستہ تقریر کرنا، برجستہ بولنا۔
تبادَهَ القومُ الخُطَبَ و الأَشعارَ : باہم فی البدیہ اشعار وغیرہ سنانا۔

البَدَاهَة : ہرشے کا آغاز (۲) اچانک پیش آنے والا معاملہ (۳) برجستگی، بے ساختگی (۴) افکار وخیالات کا واضح و مؤثر ہونا۔

البَدِيهَة : البَدَاهَة (۲) ابتدا، (۳) ایسا علم جو بلا غور وفکر حاصل ہو (۴) اچانک پیش آمدہ صورت حال میں رائے کی درستگی۔

البَدِيهِيَّة : ایسا قضیہ جسے پختہ ومدلل کرنے کے لئے دیگر قضایا کی ضرورت نہ ہو۔

بَدِيهِيٌّ : ظاہر، واضح، جو محتاج بیان اور محتاج غور نہ ہو۔

المَبْدَه : حاضر جواب۔

•بَدَا ۔ بُدُوًّا و بَدَاءً : ظاہر ہونا، روشن ہونا (۲) بَدَا لَه فِي الأَمْرِ كذا : رائے قائم ہونا، خیال آنا، بات ذہن میں آنا۔

ــــ بَدْوًا و بَدَاوَةً : جنگل میں جانا، جنگل میں مقیم ہونا۔ هو بادٍ ج : بُدَّاء و بُدِيٌّ و بُدًّى۔

أَبْدَى الشيءَ و به : ظاہر کرنا۔

ــــ صَفْحَتَه : اختلاف ظاہر کرنا (۲) کسی کو جنگل میں روانہ کرنا۔

ــــ فِي مَنْطِقِه : بیجا بات کرنا اور حد سے بڑھنا۔

بادَى بَيْنَهُمَا : دونوں کا مقابلہ کرنا۔

ــــ فلانًا : کسی سے مقابلہ کرنا۔

ــــ فلانًا بالأمر : کسی کے سامنے بات ظاہر کرنا۔

اِبْتَدَى : جنگل میں جانا۔

تَبادَى : دیہاتیوں کی طرح ہونا۔

ــــ القومُ بالعَدَاوَةِ : لوگوں کا باہمی دشمنی ظاہر کرنا۔

تَبَدَّى : ظاہر ہونا، جنگل میں مقیم ہونا۔

البَادِي : جنگل میں مقیم۔

بَادِيَ الرأيِ : دیکھنے میں، بظاہر (ق)۔

البَادِيَة : مؤنث البادي (۲) کھلا جنگل (۳) جنگل کے رہنے والے ج : بَوَادٍ

بَدَوِيٌّ : بادِية کی طرف نسبت ہے خلاف قیاس، جنگلی۔

البَدَاة : ذہن میں آنے والی بات، رائے ج : بَدًا و بَدَوَات۔

ذو بَدَوَات و أبو البَدَوَات : جسے بہت سے خیال آئیں اور جو ان میں سے بہتر کا انتخاب کرے۔

البَدَاء : رائے کا ظہور عدم کے بعد (۲) رائے۔

البَدَائِيَّة : ایک جماعت جو اللہ کے لئے بَدَاء ثابت کرتی ہے (یعنی پہلے سے کوئی رائے معلوم نہ ہو اور پھر وہ ظاہر ہو)۔

البَدَاوَة : صحرائی زندگی، جنگلی پن، بدویت

البَدْو : خانہ بدوش عرب قبائل (۲) جنگلی یا دیہاتی لوگ۔

ب ــــ ذ

•بَذَأَ ۔ بَذْءًا و بَذَاءً : ناپسند کرنا، حقیر سمجھنا، مذمت کرنا (۲) بدزبان ہونا۔

ــــ عليه : مذمت کرنا، حقیر سمجھنا، بری بات کہنا (ح)۔

بَذِئَ ۔ بَذْءًا : بَذَأَ۔

بَذُؤَ ۔ بَذَاءَةً و بَذَاءً : بدزبان ہونا، بدکلام ہونا۔

بَذِيءٌ : برا، ناپسندیدہ (۲) بدزبان، بدکلام۔

بَذَاءَة : بدزبانی، بدکلامی۔

أَبْذَأَ : بدزبانی کرنا۔ هو مُبْذِئٌ۔

باذَأَه مُباذَأَةً و بِذاءً : کسی کے ساتھ بدکلامی کرنا، لڑائی کرنا۔

البَذَج : بکری کا بچہ ج : بِذْجَان۔

•بَذَحَه ۔ بَذْحًا : پھاڑنا، چیرنا۔

بَذَحَه بالرأي : رائے کو پختہ کرنا۔

بَذِحَتْ فَخِذُه ۔ بَذَحًا : سواری وغیرہ کی وجہ سے ان کی کھال اتر جانا۔

تَبَذَّح : السَّحَابُ : بادل کا برسنا۔

البَذَح : پھٹن ج : بُذُوح۔

•بَذَخَ ۔ بُذُوخًا : پہاڑ وغیرہ کا بلند و نمایاں ہونا۔ هو باذِخٌ ج : بَوَاذِخ و بُذَّخٌ (۲) شان والا ہونا (۳) فخر کرنا، ناز کرنا (۴) اونٹ کا زور سے بولنا۔ هو باذِخٌ و بَذَّاخٌ۔

بَذِخَ ۔ بَذَخًا : شان والا ہونا، متکبر ہونا

باذَخَه : کسی کے سامنے فخر کرنا، بڑائی ظاہر کرنا

تَبَذَّخَ : بَذِخَ۔

البَيْذَخ : موٹی عورت۔

باذِخٌ و بَذِخٌ : بلند (۲) بڑی شان والا، اترانے والا (۳) متکبر ج : بُذَخاء و بُذَّخٌ۔

•بَذَّه ۔ بَذًّا : غالب ہونا، فوقیت لے جانا، آگے بڑھ جانا۔

بَذَّ ۔ بَذَذًا و بَذَاذَةً : حال خراب ہونا، ہیئت بگڑنا۔

بَاذَّه مُباذَّةً : مقابلہ میں غالب ہونا، سبقت لے جانا (باذّه الشيءَ)۔

اِبْتَذَّه منه : غلبہ پاکر کوئی چیز حاصل کرنا، بٹورنا، لوٹنا۔

بَاذٌّ و بَذٌّ : بدحال، بدہیئت۔

بَذَاذَة : پراگندگی، شکستہ حالی۔

•بَذَرَ الحبَّ ۔ بَذْرًا : بیج ڈالنا، بونا (۲) پھیلانا (۳) مال کو فضول خرچ کرنا (۴) بات کا افشا کرنا، پھیلانا۔

بَذِرَ ۔ بَذَرًا : کھیتی کا بڑھنا (۲) فضول خرچ ہونا (۳) بسیارگو ہونا (۴) راز افشا کرنا

بَذَّرَ تبذيرًا : مال کو بیجا خرچ کرنا (۲) آدمی کو آزمانا (ق)۔

تَبَذَّرَ : بکھرنا، منتشر ہونا۔

اِسْتَبْذَرَ: بادل کا تیزی سے آکر برس جانا۔
البَذَارَةُ: آل اولاد (۲) برکت، بڑھوتری۔
البَذْرُ: بیج (۲) پودا (۳) نسل ج: بُذُور و بِذَارٌ۔
البَذْرَةُ: ایک دانہ، گٹھلی، بیج (۲) علم النباتات میں وہ تولیدی مادہ جس سے پھل تیار ہوتا ہے۔
البَذُوْرُ: چغل خور ج: بُذُرٌ۔
البَذَيْرَةُ: ابتدائی دانہ (مکمل ہونے سے قبل) وہ نباتاتی جسم جس میں جرثومی خلیہ ہوتا ہے جو تلقیح نباتی کے بعد بَذْرَة بنجاتا ہے۔
البَيْذَارُ: باتونی، فضول گو۔
التِّبْذَارَةُ: مال کو فضول خرچی سے برباد کرنے والا۔
المُبَذِّرُ: فضول خرچ۔
•بَذْرَقَ بَذْرَقَةً: حفاظت کرنا، نگرانی کرنا
البَذْرَقَةُ: محافظین قافلہ جو آگے رہتے ہیں (۲) پہرہ داری کی اجرت (۳) مسافر کو دیا جانے والا امان۔
•بَذَعَهُ ـَ بَذْعًا: ڈرانا (۲) برتن کا ٹپکنا
أَبْذَعَهُ: ڈرانا، خوف زدہ کرنا۔
البَذْعُ: برتن سے ٹپکا ہوا پانی۔
البَذَعُ: ڈر، خوف۔
المَبْذُوْعُ: خوف زدہ۔
ابْذَعَرَّتِ الخَيْلُ: کسی چیز کی تلاش میں دوڑنا (۲) لوگوں کا منتشر ہو جانا۔
البَاذَقُ و البَاذِقُ: انگور کا شیرہ۔
البَاذِقَةُ: پیادہ لوگ۔
البَيْذَقُ: سفر کا راہ نما، پیادہ ج: بَيَاذِق
المُبَذِّقَةُ: جس شخص کا قول عمل سے بہتر ہو۔
•ابْذَقَرَّ: منتشر ہونا، بکھرنا۔
•بَذَلَهُ ـُ بَذْلًا: خرچ کرنا، بطیب خاطر دینا۔ هو بَاذِلٌ و بَذَّال و بَذُول و مِبْذَالٌ (۲) کام کے وقت کا لباس پہننا۔
بَذَلَ جُهْدَهُ و وُسْعَهُ: کوشش کرنا۔
بَذَلَ نَفْسَهُ: قربانی دینا، جان کی بازی لگانا۔
ابْتَذَلَ: پرانے کپڑے پہننا (۲) کپڑے وغیرہ کو استعمال کر کے خراب کرنا، ناجائز طور پر استعمال کرنا، حقارت سے کام لینا۔ ثوبٌ مُبْتَذَلٌ: ہر وقت کے استعمال کا کپڑا یا کثرتِ استعمال سے خراب شدہ کپڑا۔ کلامٌ مُبْتَذَلٌ: گھٹیا درجہ کی بات، گھسی پٹی بات۔
تَبَذَّلَ: غیر سنجیدہ اور بے وقار ہونا، چھچھورا ہونا۔
اسْتَبْذَلَهُ: خرچ کرانا (۲) قربانی چاہنا۔
البَذْلُ: خرچ (۲) داد و دہش۔ بَذْلُ اليَمِيْنِ: بقدرِ استطاعت خرچ۔
بَذْلُ الذَّاتِ: جاں بازی، تندہی۔
البِذْلَةُ: اوپری پوشاک، بوقت کام پہننے کے کپڑے ج: بِذَلٌ۔
بِذْلَةُ ثِيَابٍ: سوٹ، کپڑوں کا جوڑا۔
بِذْلَةُ السَّهْرَةِ: شام کا لباس۔
بِذْلَةُ العَمَلِ و الشُّغْلِ: کام کے وقت کا لباس۔
بِذْلَةٌ رَسْمِيَّةٌ: سرکاری ڈریس، وردی
المِبْذَلُ و المِبذلة: البِذْلَةُ (۲) پرانا کپڑا، مستعمل کپڑا ج: مباذِل۔
مباذِلُ الرَّجلِ و المرأة: گھر میں یا کام کے وقت پہننے کے کپڑے۔
مُبْتَذَلٌ: مستعمل، حقیر، پھٹا پرانا کپڑا، گھسا پٹا۔
مَبْذُولٌ: خرچ شدہ، صرف شدہ۔
•بَذُمَ ـُ بَذَامَةً و بَذْمًا: مضبوط ہونا (۲) محتاط و پختہ رائے ہونا۔
ثوب بذمٌ: دبیز کپڑا۔
بُذْمٌ: رائے کی پختگی، دور اندیشی، مستقل مزاجی۔
بَذِيْمٌ: مستقل مزاج آدمی، کسی رائے پر جم جانے والا۔
•بَذَأَ ـَ بَذْوًا و بَذَاءً: بداخلاق ہونا۔
ـــ بذا عليه و أبذى: کسی کے ساتھ بدکلامی اور بدزبانی کرنا۔
بَذُوَ ـُ بَذَاوَةً و بَذَاءً و بَذَاءَةً: بَذَا۔ بَذِيٌّ: بدکلام، بداخلاق۔

ب ــــ ر

•بَرَأَ ـَ بَرْءًا: پیدا کرنا۔ بارِئٌ: خالق۔
بَرِئَ ـَ بَرْءًا و بُرْءًا: صحتیاب ہونا۔
ـــ من فلان: چھٹکارا پانا، الگ ہونا، بری الذمہ ہونا (۲) الزام یا عیب سے پاک ہونا۔
ـــ الجُرحُ: زخم کا بھر جانا۔ هو بارِئٌ ج: براء۔
بَرُؤَ ـُ بُرْءًا و بَرْءًا و بُرُوءًا: بری ہونا، سبکدوش ہونا (۲) صاف دل ہونا، نیک نیت ہونا، بے قصور ہونا۔ رَجُلٌ بَرِيْءٌ: بے عیب اور بے قصور آدمی۔
عَمَلٌ بَرِيْءٌ: پاک و صاف کام۔
طِفْلٌ بَرِيْءٌ: معصوم بچہ۔ بَرِيْءُ الذِّمَّةِ: قرض سے سبکدوش ج: بِرَاءٌ و بَرَاءٌ و بُرَآءُ و أَبْرَاءٌ و أَبْرِيَاءُ۔
أَبْرَأَ: مہینہ کے پہلے دن میں داخل ہونا، خدا کا بیمار کو شفا دینا (۲) اپنے مطالبہ سے کسی کو سبکدوش کرنا۔
بَارَأَ مُبَارَأَةً و بِرَاءً: اپنے شریک سے الگ ہونا، خاوند کا بیوی سے بالرضا جدائی اختیار کر لینا۔
بَرَّأَهُ من كذا تَبْرِئَةً: بری کرنا، بے قصور و بے گناہ ٹھیرانا، سبکدوش کرنا (۲) بیمار کو صحتیاب بنانا (ق)۔

تَبَارَأَ الشَرِيكَانِ: علیحدگی اختیار کرنا۔
تَبَرَّأَ من کذا: چھٹکارا پانا، سبکدوش ہونا، اظہارِ برات کرنا، علیحدگی اختیار کرنا (ق)۔
اِسْتَبْرَأَ من: پاکی حاصل کرنا یا چاہنا (۲) قرض وغیرہ سے چھٹکارا چاہنا۔
ـــ الشيءَ: انتہائی کھود کرید کرنا تاکہ شبہ ختم ہوجائے۔
البَرَاءُ: برأت (۲) بالکل بری، الگ تھلگ (ق)
البَرَاءَةُ: چھٹکارا، صفائی، بیزاری، اظہار بے تعلقی (۲) لائسنس (۳) کسی ملک میں سفیر کو کام کرنے کا اجازت نامہ (۴) موجد کو دیا جانے والا اسناد سٹیفکٹ۔
البُرْأَةُ: شکاری کی پناہ گاہ ج: بُرَأٌ۔
البُرْءُ و البُرُوءُ: شفا، صحتیابی۔
البَرِيئَةُ و البَرِيَّةُ: مخلوق ج: بَرَايَا
• بَرْأَلَ ابْرَأَلَ و تَبَرْأَلَ: لڑائی کے لئے تیار ہونا (۲) آمادۂ شر ہونا۔
البُرَائِلُ: کبوتر کی گردن کے بال (۲) گھاس
ابو بُرَائِلٍ: مرغ۔
• البَرْبَخُ: پانی کا راستہ، پختہ مٹی کی نالی ڈرین، سیوریا پائپ ج: بَرَابِخ۔
• بَرْبَرَتِ الدَّلْوُ: پانی میں ڈول پڑنے کی آواز ہونا (۲) شیر وغیرہ کا دھاڑنا، غصہ میں الٹی سیدھی باتیں کرنا۔ بَرْبَار: شیر
بِرْبِرْ: بکری کو چارہ کے لئے بلانے کی آواز۔
البَرْبَرُ: ایک قوم جس کی اکثریت شمالی افریقہ کے پہاڑوں میں آباد قبائل پر مشتمل ہے ج: بَرَابِرُ و بَرَابِرَة۔
بَرْبَرَة: بڑبڑانا، بک بک کرنا، فضول باتیں کرنا، جھک کرنا۔
بَرْبَرِيٌّ: بربر قوم کا فرد (۲) وحشی۔
بَرْبَرِيَّة: وحشی پن۔
• البَرْبَطُ: ستار جس میں چھ تار ہوتے ہیں (ج) (۲) مرغابی کا سینہ ج: بَرَابِط۔
• البَرْبُوتُ: سفید شکر۔
البَرْتُ و البُرْتُ: ماہر راہبر (۲) کلہاڑی۔

• البُرْتُقَالُ: موسمی، نارنگی، سنگترہ۔ بُرْتُقَالِيٌّ: نارنجی رنگ کا۔
• بَرْتَكَة: پھاڑنا۔
• بُرْتُمَانٌ: مرتبان۔
• بَرِثَ ـ بَرَثًا: خوش حالی کی زندگی بسر کرنا
• بُرْثُنٌ: درندہ کا پنجہ، چنگل ج: بَرَاثِنُ۔
بَرَاثِنُ الاستعمار: سامراجی پنجے۔
البَرْثُ: ہموار زمین۔
البُرْثُنَة: شوکت وقوت۔
• بَرَجَ ـ بُرُوجًا: بلند ونمایاں ہونا۔
بَرِجَتِ العَيْنُ ـ بَرَجًا: آنکھ کی سفیدی کا سیاہی کو گھیرنا (۲) کسی کی بھنوؤں کے درمیان کا فاصلہ زیادہ ہونا۔ هو أبرج و هي بَرْجَاءُ ج: بُرْج۔
بَرَّجَ و أَبْرَجَ: برج بنانا۔
تَبَرَّجَتِ المَرْأَةُ: غیرشوہر کے سامنے زیبائش کرنا۔
ـــ السماءُ: آسمان کا ستاروں سے مزین ہونا
الابْرِيجُ: دودھ بلونے کا آلہ ج: أَبَارِيج
البَارِجَةُ: شریر (۲) برج و الاجهاز، جنگی جہاز (مع)۔
البُرْجُ: قلعہ، محل (۲) گنبد (۳) فصیل پر بنا ہوا برج (۴) رکن (۵) آسمان کے بارہ برجوں میں سے کوئی برج ج: بُرُوج
البَرَجُ: خوب رو ج: أَبْرَاج۔
التَّبَارِيجُ: نباتات کے پھول۔
• البُرْجُدُ: دھاری دار موٹی چادر ج: بَرَاجِد
• البُرْجَاسُ: نیزے کی نوک پر رکھا ہوا نشانہ ج: بَرَاجِيس۔
• البُرْجُلُ: پرکار، دائرہ کش۔
• بَرْجَمَ الكلامُ: بات کا سخت ہونا۔
البُرْجُمَةُ: انگلی کا جوڑ ج: بَرَاجِم۔
• البُرْجُوَازِيَّة: متوسط طبقہ، مقابل مزدور طبقہ۔
• بَرِحَ ـ بُرُوحًا و بَرَحًا: غصہ ہونا (۲) پرندہ کا دیکھنے والے کی دائیں جانب

سے بائیں طرف کو گزرنا (علامت بدفالی)
بَرِحَ ـ بَرَحًا و بَرَاحًا و بُرُوحًا، المكان و منه: الگ ہونا، ہٹنا۔
مابَرِحَ يَفْعَلُ كذا: برابر کرتا رہا (۲) کھلی جگہ میں آنا۔
بَرِحَ الخَفَاءُ: پوشیدگی ختم ہونا۔
أَبْرَحَ الشيءَ: جگہ سے ہٹانا۔
ـــ الشيءُ فلانًا: پسند آنا۔
ـــ فلانًا: عزت کرنا۔
ـــ به: تکلیف دینے پر مصر ہونا۔
ـــ ه: تعجب میں ڈالنا۔
بَارَحَ بِرَاحًا: جگہ کو چھوڑنا، ہٹنا (۲) اظہار کرنا۔
بَرَّحَ الله عنه: تکلیف یا مصیبت دور کرنا۔
ـــ به فلانٌ: کسی کو تکلیف دینے پر مصر ہونا۔
ـــ به الضَّرْبُ: کسی کو سخت چوٹ لگنا۔
ضربه ضربًا مُبَرِّحًا: اسے بری طرح پیٹا۔
ـــ الامرُ بفلانٍ: مصیبت میں ڈالنا۔
ـــ فلانًا: تھکانا، پریشان کرنا۔
بُرِّحَت به الحُمّى: اسے سخت بخار ہوا
تَبَرَّحَ: ہٹنا، الگ ہونا۔
البَارِحُ: موسم گرما کی گرم ہوا، گزرا ہوا وقت
البَارِحَةُ: بارح کی مؤنث (۲) گزشتہ رات
البارحة الاولى اول البارحة: گزشتہ سے پیوستہ رات۔
بَرَاحِ: آفتاب کا نام۔ لا بَرَاحَ: بےشک۔
البَرَاحُ: بے آب وگیاہ، کشادہ زمین (۲) واضح بات (۳) ناپسندیدہ رائے۔
البَرْحُ: سخت تکلیف، سختی ومصیبت۔
لَقِيَ منه بَرْحًا بارحًا: اس کی طرف سے سخت تکلیف پہنچی۔ بَنَاتُ بَرْح: مصائب وتکالیف۔
بَرْحَى: نشانہ خطا ہونے کے وقت بولا جانے والا لفظ جس سے اظہار افسوس ہو مَرْحَى کی ضد جو صحیح نشانہ کے وقت بولا

جاتا ہے برائے خوشی وتعجب ۔
البُرَحَاءُ : سختی، مصیبت ۔
بُرَحَاءُ الحُمّٰی : بخار کی تیزی، شدت ۔
البُرْحَةُ : ہر شے کا بہتر حصہ، عمدہ حصہ ۔
البَرِيحُ : تھکن ۔
التَّبَارِيحُ : مصائب، سختیاں ۔
تباريج الشوق : آتشِ اشتیاق ۔
مُبَرِّحٌ : اذیت رساں، اَلَمٌ مُبَرِّحٌ : سخت درد
• بَرَدَ ـُ بَرْدًا و بُرُودًا : ٹھنڈا ہونا (۲) سست پڑ جانا (۳) مرجانا (۴) کام کا آسان ہو جانا (۵) تلوار کا اچٹ جانا (۶) ٹھنڈا کرنا (۷) پانی سے تر کرنا، برف ملانا (۸) لوہے وغیرہ کو ریتی سے گھسنا (۹) ٹھنڈا سرمہ لگانا ۔
ـــ بَرِيدًا : ڈاک روانہ کرنا
ـــ حَقُّه علی فلان : حق ثابت ہونا ۔
ـــ ہ : حوصلہ پست کرنا ۔
بَرِدَ ـَ بَرَدًا : ٹھنڈا ہو جانا (۲) زمین پر اولے پڑنا ۔
بُرِدَ القومُ : لوگوں کو ٹھنڈک لگ جانا، زکام ہو جانا ۔
أَبْرَدَ : موسم سرما میں داخل ہونا، دن کے آخری حصہ میں داخل ہونا (۲) کسی کو قاصد بنا کر بھیجنا (۳) ٹھنڈا کر کے لانا (۴) ٹھنڈا کر دینا (۵) روٹی کو پانی سے تر کرنا (۶) سست اور پست حوصلہ بنانا ۔
ـــ بِرِسَالةٍ : ڈاک کے ذریعہ خط بھیجنا
بَرَّدَ له : أَبْرَدَ ۔
ـــ عنه : تخفیف کرنا، ہلکا کرنا (۲) ٹھنڈا کرنا (۳) کھانے وغیرہ کو ریفریجریٹر میں رکھنا
ـــ الشيءُ فلانًا : پست حوصلہ کرنا، سست بنا دینا ۔
اِبْتَرَدَ : ٹھنڈے پانی سے غسل کرنا (۲) پیٹ کی ٹھنڈک کے لئے پانی پینا ۔
تَبَرَّدَ : ٹھنڈا ہو جانا، ٹھنڈک چاہنا، سست و پست حوصلہ ہونا (۲) ٹھنڈک کے لئے غسل کرنا (۳) تکلیف وغیرہ کا ہلکا ہو جانا ۔
اِسْتَبْرَدَ الشيءَ : ٹھنڈا محسوس کرنا (۲) عليه لسانه : کسی کے سامنے ریتی کی طرح زبان چلانا، زبان درازی کرنا
الأَبْرَدَانِ : صبح وشام (۲) سایۂ اصلی و ظلی
الإِبْرِدَةُ : پیٹ کی ٹھنڈک ۔
البارِدُ : ٹھنڈا (۲) خوشگوار (۳) سست و کاہل بے حس، کند ۔
بارِدُ الطَّبْعِ : نرم مزاج ۔
البارِدَةُ : بارد کی تانیث (۲) خریداری میں نفع ۔ (غنيمةٌ) باردةٌ : بلا محنت حاصل ہونے والا مال ۔ (حرب) باردة : سرد جنگ (ح) ۔
البُرَادَةُ : لوہے وغیرہ کا برادہ ۔
البِرَادَةُ : لوہے وغیرہ کی گھسائی کا کام یا پیشہ
البُرْدُ : زکام ۔
البُرْدُ : اوڑھنے کی دھاری دار چادر ج: أَبْرَاد و أَبْرُدٌ و بُرُود ۔
البَرْدُ : اولا، اولے ۔
البَرِدُ : اولوں کا حامل بادل ۔
بَرَدَى : دمشق کی بڑی نہر ۔
البُرَدَاءُ : سردی سے آنے والا بخار (الحُمّٰی الباردة) (الحُمّٰی النافضة) ۔
البَرْدَانِ : الأَبْرَدَانِ ۔
البُرْدَةُ : اوڑھنے کی دھاری دار چادر ج : بُرَد و بُرَدٌ ۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں کہا گیا قصیدۂ مدحیہ ۔
البَرَدَةُ : ایک اولا (۲) بدہضمی ۔
البَرْدِيُّ : ایک قسم کا پودا نرکل کی طرح کا جس سے قلم بنایا جاتا تھا ۔
البُرْدِيُّ : عمدہ کھجوروں کی ایک قسم ۔
البَرَّادُ : لوہے وغیرہ کی گھسائی کا کام کرنے والا (۲) واٹر کولر ۔
برّاد الشاي : چائے دان ۔
البَرَّادَةُ : برّاد کی تانیث (۲) ریفریجریٹر (ثلّاجة) ۔
البَرَّادية : پانی ٹھنڈا کرنے کا بکس، واٹر کولر
البَرُودُ : ٹھنڈک پہنچانے والی شے (۲) ٹھنڈا سرمہ (۳) ٹھکا ہوا کپڑا ۔
البَرُودُ : پٹاخوں وغیرہ کا بارود ۔
بَرُودة و بارُودَة و بارودٌ : بارود (۲) رائفل، بندوق ۔ بارود أَبْيَض : پوٹاشیم
البَرِيدُ : ڈاک (۲) پوسٹ مین (۳) قاصد پیام رساں، راستہ کی دو منزلوں کا درمیانی فاصلہ ۔
بَرِيدٌ جَوِّيٌّ : ایرمیل، ہوائی ڈاک ۔
بَرِيدٌ عادِيٌّ : عام ڈاک ۔
أُجْرَةُ البَرِيد : پوسٹیج، محصول ڈاک
طابَعُ البريد : ٹکٹ ۔ صُنْدُوقُ البَرِيد : لیٹر بکس ۔ خَتْمُ البَرِيد : ڈاک مہر
مَكْتَبُ البَرِيد : پوسٹ آفس، ڈاک خانہ ج : بُرُدٌ ۔
بَرِيدِيٌّ : ڈاک کا، ڈاک خانہ کا ۔
التَّبْرِيدُ : کسی سیال شے کے ذریعہ حرارت نوئی پیدا کرنے کا طریقہ ۔
المِبْرَدُ : ریتی (۲) رندا ۔
كليل او متثلم : کند ریتی ۔
ـــ حاد : تیز دھار والا رندا ۔
ـــ نصفُ دائرة : کمان دار رندا ۔
مُبَرِّدٌ : خوش گوار، ٹھنڈا کرنے والا ۔
• البَرْدَعَةُ : زین کی طرح جانور کی پیٹھ پر رکھا جانے والا کپڑا، کمبل وغیرہ ج : بَرَادِع ۔
• البَرْذَعَةُ : بَرْدَعَة ج : بَرَاذِع ۔
البَوَّامُ : بولنے والا الّو۔
•بَانَه ـُ بَوْنًا : اخلاق و مروّت میں کسی سے بڑھ جانا۔
البَانُ : ایک لمبا درخت جس کے پتے بید کے پتوں جیسے ہوتے ہیں اور اس کے بیج سے خوشبودار تیل نکالا جاتا ہے۔
البِوَانُ : خیمہ کا ستون ج: أَبْوِنَةٌ و بُوْن و بُوَنٌ۔
البَوْنُ و البُونُ : دو چیزوں کا درمیانی فاصلہ۔
•بَاهَ ـُ بَوَاهًا : شور مچانا (۲) جانور کا دبلا ہو جانا۔
ـــ له ـُ بَوْهًا : سمجھنا، تاڑنا۔
ـــ فلانًا : لعنت بھیجنا۔
اِسْتَبَاهَ السَّيلُ الشَّجَرَةَ : سیلاب کا درخت کو جڑ سے اکھاڑ دینا۔
اِسْتَبْيَهَ الرَّجُلُ : دیوانہ ہونا۔
البَاهُ و الباهة : نکاح، جماع۔
البُوهُ : الّو جیسا لیکن اس سے چھوٹا جانور (۲) شکرا جس کے پر جھڑ گئے ہوں۔
البُوهَةُ : کمزور و کم عقل (۲) دوات میں ڈالی جانے والی خشک روئی (ڈالنے کے بعد لِیقة کہا جاتا ہے) (۳) ہوا سے اڑنیوالی مٹی اور دیگر ذرات۔
•البَوُّ : اونٹنی کا بچہ (۲) مردہ بچہ کی بھس بھری کھال جسے اونٹنی کے سامنے کھڑا کرتے ہیں (دودھ نکالتے وقت) (۳) راکھ (۴) بے وقوف ج: أَبْوَاءٌ۔
البَوِّيُّ : بے وقوف۔
•البُويَة : پالش، روغن، پینٹ۔
البُويَجِيُّ : پالش کرنے والا۔
البِيئَة : ماحول۔ دیکھئے (ب و أ)

ب ـــــ ی

•بَابَ ـِ بَيْبًا : حوض کی نالی کھودنا۔
البِيبُ و البِيبَة : حوض میں پانی جانے کا راستہ (۲) وہ سوراخ جس سے حوض کا پانی خارج کیا جاتا ہے۔
بَيَّادَة : پیدل فوج۔ بَيَّادِيٌّ : پیدل فوج کا سپاہی۔
•بَات ـِ بَيْتًا و بَيَاتًا و مَبِيتًا و مَبَاتا و بيتوتةً : رات گزارنا (۲) کسی چیز پر رات گزرنا۔ هو بائِت (خبزٌ بائِت و شرابٌ بائِتٌ) (۳) شادی کرنا۔
ـــ في مكانٍ : رات کو قیام کرنا۔ بَاتَ يفعلُ كذا : رات میں کام کرنا، یا بوقت شب کام کرنے لگا۔
ـــ به و عنده : کسی کے پاس مقیم ہونا
أَبَاتَه : رات گزروانا۔
بَيَّتَ : البَيْتَ : گھر بنانا (۲) الشيءَ : رات گزروانا، باسی کرنا (۳) رات کے وقت سازش کرنا، کسی کام کو انجام دینا (۳) رات کے وقت کسی بات کی تدبیر کرنا (ق) (۴) رات کو نیت کرنا۔ (ح)
ـــ رأيَه : غور کرنا اور دماغ میں پکانا۔
ـــ القومَ : اچانک حملہ کرنا۔
ـــ النَّخلةَ : چھٹائی کرنا۔
تَبَيَّتَ : گھر بنانا (۲) رات گزرنا (۳) رات کو کوئی کام انجام پانا (۴) رات کو کسی بات پر غور ہونا (۵) چھٹائی ہونا (۶) عورت کے لئے مکان اور شوہر ہونا (۷) سونے سے کچھ دیر قبل کھانا کھانا (۸) الرجلَ عن حاجته : ضرورت یا کام سے روک دینا۔
البَيَاتُ : بَيَاتًا : اچانک بوقت شب (کسی کام کا ہونا) شب خون، رات کے وقت کا حملہ۔
البَيْتُ : گھر، رہائش گاہ، اقامت گاہ (۲) خاندان (۳) خانہ کعبہ (۴) قبر (۵) بیت اللہ: مسجد (۶) بَيْتُ الرجُل : بیوی، کنبہ (۷) بَيتُ الشِّعرِ : دو مصرعوں کا مجموعہ (۸) بَيْتُ القصيد : قصیدہ کا بہترین شعر ج: أَبْيَات و بُيُوت۔ جج: بُيُوتَاتٌ (عموماً اعلیٰ خاندان کے لئے) (هو جاري بَيْتَ بَيْتَ : وہ میرا بہت قریبی پڑوسی ہے)
البَيْتُ التِجارِيّ : کمرشیل ہاؤس، تجارتی گھر
بَيْتِيٌّ : گھریلو، خانگی، پالتو، خاندانی، گھر کا بنا ہوا
البِيتُ : روزی۔
البِيتَةُ : رات گزارنے کی ہیئت (۲) روزی۔
البَيُّوتُ : ہر وہ چیز جس پر رات گزری ہو، (باسی) وہ معاملہ جس کی فکر میں صاحب معاملہ رات گزارے۔
البَيُّوتَةُ : نہ گرنے والے دانت، مضبوط دانت
•المُسْتَبِيتُ : فقیر۔
المَبِيتُ : گھر، شب گزاری کا مقام۔
•بَيَّحَ بالأمرِ : خفیہ طور پر بتانا۔
البَيْحَانُ : اپنا راز کھولنے والا۔
•بَادَ ـِ بَيْدًا و بَيَادًا و بُيُودًا و بَيْدُودَةً : ہلاک ہو جانا، ختم ہو جانا (۲) سورج غروب ہونا۔
أَبَادَه : ہلاک کرنا، تباہ کرنا۔
البَيْدُ : خراب کھانا۔
البَيْدَاءُ : جنگل ج: بِيدٌ۔
البَيْدَانَةُ : جنگلی گدھی۔
بَيْدَ : (۱) بمعنی غیرَ، ہمیشہ أنَّ اور اس کے مدخول علیہ کی طرف مضاف ہو کر استعمال ہوتا ہے۔ بَيْدَ أنَّ : لیکن، مگر، پھر بھی، تاہم، اس کے باوجود۔
فُلان كثير المَالِ بَيْدَ أنَّه بَخِيلٌ
(۲) بمعنی من اجل جیسے بَيْدَ أنِّي من قريش : اس وجہ سے کہ میں قریش میں سے ہوں۔
المُبِيدُ : مہلک۔ مُبِيدُ الحَشَرَات : کیڑا مار دوا۔

•بَیْدَرَ الحِنْطَةَ وغیرھا: کھلیان میں غلہ کاڈھیر لگانا۔
البَیْدَرُ: کھلیان، خرمن ج: بَیَادِرُ۔
•البَیْدَقُ و البَیْذَقُ: سفر کا راہ نما (۲) پاپیادہ سپاہی ج: بَیَادِقُ و بَیَادِقَة۔
بَیْدَقُ الشِّطْرَنج: شطرنج کا پیادہ۔
•البَیْرَقُ: بڑا پرچم، جھنڈا ج: بَیَارِقُ۔
بَیْرَقْدَار: علم بردار۔
•البَیْرَمُ: دیکھئے (برم)۔
•البیرو قراطِیَّة: نوکرشاہی، افسرشاہی، اہل کاروں کا راج۔
•بَازَ ـ بَیْزًا و بُیُوزًا: ہلاک ہونا۔
ـــ عنه: الگ ہونا۔
البَیْزَارُ: شکاری جانوروں کو شکار کی تربیت دینے والا (۲) کاشت کار ج: بَیَازِرَة۔
البَیْزَارَةُ: بیزار کی تانیث (۲) موٹا ڈنڈا۔
البَیْزَرُ: موٹا ڈنڈا (۲) دھوبی کی کپڑا کوٹنے کی موگری ج: بَیَازِرُ۔
البَیْزَرَة: کاشت کاری، شکاری پرندوں کی تربیت۔
•بَاسَ ـ بَیْسًا: اکڑنا، بڑا بننا، تکلیف پہنچانا۔
•باضَت الدَّجاجَةُ وغیرھا ـ بَیْضًا: انڈے دینا۔ ھی بائِضٌ ج: بوائِض۔ وھی بَیُوضٌ ج: بُیُضٌ و بِیضٌ۔ وھی بَیَّاضَة۔ باضَتْ یدُہ او رِجلُه: سوج کر انڈے کی طرح ہو جانا۔
ـــ الارضُ: گھاس اگانا۔
ـــ السَّحَابُ: بادل کا برسنا۔
ـــ الحَرُّ: گرمی کا سخت ہونا۔
ـــ العودُ: لکڑی کا خشک ہونا۔
ـــ بالمکان: قیام کرنا۔
ـــ منه: بھاگنا۔
ـــ القومَ: حدود میں داخل ہونا (۲) بیخ کنی کرنا۔

باضَ فلانًا: گورے پن میں کسی سے بڑھ جانا۔ بایَضَه فَبَاضَه: گورے پن میں مقابلہ کیا اور غالب آگیا۔
اَبَاضَ: گورا ہونا۔
ـــ الرجلُ و المرأةُ: گوری اولاد جننا
ـــ الکلأُ: گھاس کا خشک ہو جانا۔
ـــ القومَ: سفیدی میں غالب آنا۔
اَبْیَضَ الرجُلُ و المرأةُ: گورا ہونا۔
بایَضَه: گورے پن میں مقابلہ کرنا (۲) اعلانًا کہنا۔
بَیَّضَ: سفید لباس پہننا (۲) العینُ: بینائی ختم ہو جانا (۳) سفید کرنا (۴) سفیدی کرنا (۵) کپڑا دھونا (۶) مسودہ صاف کرنا (۷) برتن پر قلعی کرنا (۸) برتن کو بھرنا
ـــ الوَجْهَ: روشن کرنا، خوش کرنا، عزت بخشنا۔
اِبْتَاضَ: خود پہننا (۲) قوم کی محفوظ جگہ میں داخل ہونا (۳) فنا کرنا۔
اِبْیَضَّ: سفید ہونا (۲) چہرہ کا روشن ہونا، کھل پڑنا۔
اِبْیَاضَّ: بتدریج سفید ہونا۔
الاَبْیَضُ: سفید، گورا چٹا (۲) چاندی (۳) تلوار۔ وَجه اَبْیَضُ: بے داغ، صاف چہرہ۔ ھو رَجُل اَبْیَضُ: باعزت آدمی۔ موت اَبْیَضُ: اچانک آنے والی موت ج: بِیضٌ۔
الاَبْیَضَان: پانی اور دودھ (۲) روٹی اور پانی (۳) چربی اور جوانی۔ ما رأیتُه مُذْ اَبْیَضَان: مذ یومان او شھران
قرطاس اَبیض: وہائٹ پیپر۔
البَیْت الابیض: وہائٹ ہاؤس۔
البَیَاضُ: سفیدی (۲) دودھ (۳) انڈے کی سفیدی (۴) دریائے نیل کی ایک مچھلی (۵) کاغذ (۶) چربی (۷) ایسی کھال جس پر بال نہ ہوں (۸) ایسی زمین جہاں

عمارت نہ ہو (۹) ذات جیسے لا یُفارِقُ بیاضِی بیاضَه۔
البَیْضَاءُ: ابیض کی تانیث (۲) آفتاب (۳) گیہوں (۴) دیگچی، ہانڈی (۵) شکاری کا جال۔ اللَّیلة البَیْضاءُ: روشن رات جس میں اول سے آخر تک چاند نکلا ہو۔ الکَتِیبَةُ البَیْضاءُ: چمکدار ہتھیاروں سے لیس دستہ۔ الارضُ البَیْضاء: کوری زمین جہاں روئیدگی نہ ہو۔ الحُجَّة البَیْضاء: مضبوط دلیل۔ الیَدُ البَیْضاء: بے ضرر و بے خطر بڑی نعمت۔ سَوداء و بَیْضاء: اچھا اور برا کلمہ۔ ابوالبَیْضاء: اسود کی کنیت۔ امّ البَیْضاء: دیگچی۔
البَیْضَةُ: خود (۲) خصیہ (۳) انڈا (۴) انڈے جیسی سوجن (۵) باعصمت گوری عورت (۶) کسی شے کی اصل۔ بَیْضَةُ القوم: احاطہ یا محفوظ جگہ۔ بَیْضَةُ الدار: مکان کا بیچ۔
اَفْرَخَتْ بَیْضَتُه: اس کا راز کھل گیا
فلان بَیْضَةُ البَلَد: سربرآوردہ۔
بَیْضَةُ النَّھار: دن کی روشنی۔ بَیْضَة السَّنامِ: کوہان کی چربی۔ بَیْضَة الصَّیف: گرمی کی شدت ج: بَیْضٌ جج: بُیُوض۔
البَیَّاضُ و المُبَیِّضُ: انڈے بیچنے والا۔
المُبَیِّضُ: قلعی گر (۲) مکانات پر چونا قلعی کرنے والا (۳) دھوبی۔
المُبَیِّضَةُ: ایک ثنوی فرقہ جو مقنع کا متبع تھا سفید کپڑے پہنتا تھا (۲) خلافت عباسیہ کے خلاف بغاوت کرنے والی ہر جماعت۔
المُبَیِّضَةُ و التَبْیِیضَةُ: صاف کی ہوئی مسودّہ کی کاپی۔
•بَیْطَرَ الدَّابَّةَ: علاج کے لئے چوپائے کا پیر (سم) چیرنا۔
تَبَیْطَرَ: چوپاؤں کا معالج بننا یا بننے کی کوشش کرنا

البَیْطَارُ: جانوروں کا معالج۔ عالمِ بَیطار: ماہر معالج ج: بیاطیرُ۔
البَیْطَرُ: البَیْطَارُ ج: بیاطِرَة۔
البَیْطَرَة: جانوروں کے علاج کا پیشہ۔
•بَاظَ ـِ بَیْظًا: دبلے پن کے بعد موٹا ہوجانا۔
البَیْظُ: چیونٹی کے انڈے۔
•بَاعَهُ الشیءَ ـِ بَیْعًا و باعَه منه وله ـِ بیعًا و مَبیعًا: فروخت کرنا۔ بَاعَ علیه کذا: مرضی کے خلاف بیچنا۔ بَاعَ علی بیع اخیه: سودے کو خراب کرنے کے لئے معاملۂ بیع میں دخیل ہونا۔ بَاعَ بالقَطّاعِي: خردہ میں بیچنا۔ باعَ بالجُملة: تھوک بیچنا۔ بَاعَ بالمنادَاة: آواز لگاکر بیچنا۔ بَاعَ بالمزاد: نیلام کرنا۔
أَبَاعَه: فروخت کرانا، فروختگی کے لئے پیش کرنا
بَایَعَه مُبَایَعَةً و بیاعًا: خرید و فروخت کا معاملہ کرنا۔
ـــ فلانا علی کذا: کسی سے کسی بات کا معاہدہ کرنا، بیعت کرنا۔ بُویِعَ لـه بالخِلافة: خلافت کو تسلیم کرنا، کسی کے ہاتھ پر خلافت کی بیعت کرنا۔
اِبْتَاعَـه: خریدنا۔
ـــ له الشیءَ: خریداری میں کسی کا نائب بننا، کسی کی طرف سے خریداری کرنا۔
اِنْبَاعَ: بکنا، فروخت ہونا (۲) پھیلنا و رواج پانا۔
تَبَایَعَا: باہم خرید و فروخت کرنا، بیع و شرا کا معاملہ کرنا۔
اِسْتَبَاعَ: بکوانا، کسی سے یہ خواہش کرنا کہ وہ اسے فروخت کردے۔
البِیَاعَة: سامانِ فروختگی ج: بِیَاعات۔
البَیْعُ: فروخت، خرید، فروختگی۔ ج: بُیُوعٌ۔
البَیْعَةُ: فروختگی کا کام، فروختگی کا معاملہ، عہد و پیمان۔
البِیْعَةُ: کلیسا، یہودیوں کا عبادت خانہ
ج: بِیَعٌ و بِیَعَات و بِیْعَاتٌ۔
البَائِعُ و البَیَّاعُ: تاجر، سوداگر۔ بَائِع متجوّل: پھیری لگاکر بیچنے والا۔
البَیُوعُ: خرید و فروخت کا ماہر۔
البَیِّعُ: بیچنے والا، خریدنے والا، بھاؤ کرنے والا، ماہر فروخت ج: بَیعاءُ و أَبْیِعاءُ
مُبَایَعَة: بیعت، عہد و پیمان، عقدِ بیع۔
مَبِیع: قابلِ فروخت شے (۲) منڈی۔
مُبَاعٌ: قابلِ فروخت۔
مُبْتَاع: خریدی ہوئی چیز (۲) خریدار۔
•بَاغَ الدمُ و نحوُه ـِ بَیْغًا: خون وغیرہ میں حدت پیدا ہونا۔
ـــ فلانٌ: ہلاک ہونا۔
تَبَیَّغَ الدمُ بفلانٍ: خون کا جوش مارنا۔
ـــ الماءُ: پانی کا جوش مارنا (۲) دودھ کا زیادہ ہونا۔
ـــ علیه الامرُ: مشتبہ ہونا۔
البَیْغُ: خون کی بہتات کے باعث ہونٹوں کی سرخی۔
•بَیْقَرَ: انتقالِ مکانی کرنا، دیہات سے شہر میں منتقل ہونا (۲) تھک کر چور ہوجانا (۳) ہلاک ہوجانا (۴) خراب کرنا، بگاڑنا۔
ـــ فی ماله: مال کو تیزی سے برباد کرنا (۵) مال جمع کرنے کی حرص ہونا (۶) شک کرنا (۷) حیران ہونا۔
ـــ الفرسُ: گھوڑے کا اگلے پیروں پر کھڑا ہونا۔
ـــ فی العَدْوِ: سر جھکاکر دوڑنا۔
ـــ المکانَ: مستقر بنانا، قیام گاہ بنانا۔
تَبَیْقَرَ: فی الشیءِ: توسع سے کام لینا۔
البَیْقَرُ: کپڑا بُننے والا ج: بَیَاقِر۔
البَیْقَرَةُ: دیگ۔
الأُبَیْقِر: بے فیض آدمی۔
•بَیْكَ، بِك: اعزازی لقب جو نام کے اخیر میں لگایا جاتا ہے۔
•البِیکارُ: پرکار۔
بِیکَةُ النُّورِ الکهربائی: قمقمہ، بلب۔
•البَیْلَسَان و البَلَسَان: ایک خوشبودار درخت جس سے تیل نکالا جاتا ہے، روغنِ بلسان۔
•البَیْلَمُ: بیرم، سبل، سابر، جبل (۲) ایک قسم کا پودہ نرکل کی طرح کا جس سے قلم بنایا جاتا ہے
البِیمَارِستان: ہسپتال (معرب)۔
•بَانَ منه وعنه ـِ بَیْنًا و بُیُونًا و بَیْنُونَةً: الگ ہونا، دور ہونا۔
بانت المرأةُ عن زوجها و منه: طلاق لے کر الگ ہوجانا۔ هی بائِنٌ۔
ـــ الفَتاةُ: شادی ہونا۔
ـــ فلانٌ: روانہ ہونا۔
ـــ النّخلةُ و نحوها: کھجور وغیرہ کا خوب لمبا ہونا۔
ـــ الوَلدُ بالبَائِنة بیونا: لڑکے کا بائنہ کے لئے خاص ہونا۔
ـــ الشیءُ بیانًا: نمایاں اور واضح ہونا۔
ـــ الشیءَ: واضح کرنا۔ هو بائِن و بیّن: ظاہر، واضح۔
ـــ الشیءَ بَیْنًا: جدا کرنا، کاٹنا۔ بـانَ صاحِبَه: ساتھی کو چھوڑ دینا۔ هـو ـــ بائِن: ساتھ چھوڑنے والا۔
أَبَانَ الشیءُ: ظاہر و واضح ہونا۔
ـــ فلانٌ: فصیح اللسان ہونا۔
ـــ الشیءَ: جدا کرنا، واضح کرنا، نمایاں کرنا
ـــ ابنتَه: شادی کرنا۔
ـــ ولَده بمال: اپنی اولاد کے لئے مال کو خاص کرنا۔
إِبَانَة: فصاحت، وضاحت۔
بایَنَه مبایَنةً: الگ ہوجانا، ساتھ چھوڑنا (۲) مخالفت کرنا۔
بَیَّنَ: ظاہر اور واضح ہونا۔
ـــ الشجرُ: درخت پر پتے نکلنا۔

بَیَّنَ القَرْنُ : سینگ نکلنا ۔
ــــ الشیءَ تَبیینا و تِبیانًا : بیان کرنا، واضح کرنا۔
ــــ البنتَ : شادی کرنا ۔
ــــ المرأۃَ : طلاق دینا ۔
تَبَایَنَا : ایک دوسرے سے الگ ہونا۔ تبایَنَ ما بینہما : ایک دوسرے کو چھوڑنا، الگ ہونا۔ تبایَنَ اللّفظان : دو لفظوں کے مدلول کا مفہوم الگ الگ ہونا جیسے انسان اور فرس (گھوڑی)۔
تَبَیَّنَ الشیءُ : ظاہر ہونا، واضح ہونا ۔
ــــ الشیءَ : غور کرنا، پتا لگانا، معلوم کرلینا
تَبَیَّنَ فی اَمرہ : اپنے معاملہ میں پختہ رہنا
اِستَبَانَ الشیءُ : ظاہر اور واضح ہونا۔
ــــ الشیءَ : پہچان لینا، حقیقت معلوم کرنا، وضاحت چاہنا۔
البائِن : ظاہر و واضح (۲) جدا (۳) طلاق بائنہ جس میں بلا نکاح ثانی رجعت نہیں ہوتی
البَائِنَۃ : وہ مال جو اولاد میں سے کسی ایک کے لئے مخصوص کیا جائے (۲) انگریزوں کے یہاں وہ مال جو بوقت شادی لڑکی کے لئے مخصوص کیا جائے جہیز (۳) گہرا کنواں ۔
البَانُ : دیکھئے (بون) ۔
البَانَۃ : دیکھئے (بون) ۔
البَیَانُ : ثبوت (۲) وضاحت (۳) فصاحت (۴) فصیح کلام (۵) بیان جس سے کسی معاملہ یا صورتِ حال کا انکشاف ہو (۶) تفصیل، رپورٹ (۷) لائحہ عمل، پروگرام ج : بیانات (۸) وہ علم جس سے ایک مفہوم کو مختلف طریقوں (تشبیہ ومجاز کنایہ) سے ادا کرنا معلوم ہو (۹) پیانو، ایک قسم کا باجہ ۔

بَیان رَسمِیّ : سرکاری اعلان ۔
حُسن البیان : فصاحت ۔
البَیانِلّا : آلہ موسیقا جسے مغنّی اپنی کمر پر رکھ کر گھماتا ہے ۔
البَیانیّۃ : غالی شیعوں کی ایک جماعت جو بیان بن سمعان التمیمی کی پیروکار ہے اور دولت اُمویہ کے آخری دور میں ظہور پذیر ہوئی۔ اس کا عقیدہ ہے کہ اللہ کی روح بعض انسانوں میں حلول کرجاتی ہے اس لئے وہ بھی خدا ہی کی طرح قابل تقدیس ہیں ۔
بَینَ : درمیان، درمیان میں، ظرف مبہم جو دو اسموں یا زیادہ کی طرف مضاف ہوتا ہے۔ جیسے جلَستُ بین محمد و علی یا ایسے لفظ کی طرف مضاف ہوتا ہے جو دو اسموں کے قائم مقام ہو جیسے عَوانٌ بَینَ ذلك اور جلَستُ بینَ القوم۔ کبھی اس کے اخیر میں الف یا ما کا اضافہ کیا جاتا ہے جیسے بَینَا اور بَینَما، اس صورت میں یہ ابتدائے کلام میں آتا ہے اور ظرف زمان مفاجأۃ کے معنی میں آتا ہے۔ جیسے بَینا و بَینَما انا کنتُ اقرأُ قَرَعَ البابَ : جس وقت میں کتاب پڑھ رہا تھا اچانک دروازہ کھٹکھٹایا گیا ۔
بَینا و بَینَما : جب، جب کہ، اسی اثنا میں کہ ۔
بَینَ بَینَ : مبنی بر فتح، متوسط، درمیانہ، بین بین۔ جیسے : ھذا الشیءُ لیس بجیّد و لا بَرِدیءٍ و لکنّہ بَینَ بَینَ ۔
البَینُ : جدائی، فاصلہ (۲) وصل، ملاپ۔

ذات البَین : رشتہ، قرابت، تعلق، جوڑ۔ محبت و عداوت۔ فیما بینہم : باہم، آپس میں۔
غُراب البَین : بدشگون کوّا جسے جدائی کی علامت سمجھا جاتا تھا ۔
البِینُ : گوشہ (۲) ستاروں اور زمین کے درمیان کا فاصلہ (۳) فاصلہ حدنگاہ ۔
البَیُّون : کشادہ اور گہرا کنواں ۔
البَیِّنُ : واضح، ظاہر (۲) فصیح اللّسان شگفتہ بیان ج : اَبیِناءُ و بُیَناءُ و اَبیَانٌ ۔
البَیِّنَۃ : حجت، شہادت، واضح دلیل ج : بَیِّنات ۔
علی بَیِّنَۃ من کذا : پوری واقفیت کے ساتھ ۔
اَبیَنُ : واضح ترین ۔
مُبِین : واضح، فصیح، غیر مشتبہ (۲) فاصل ۔
تبایُن : تناقض، تضاد، اختلاف، دو چیزوں کا ایک دوسرے کے برعکس ہونا ۔
تبایُن الآراء : اختلاف رائے ۔
•بَاہَ لہ ۔ بَیہًا : تاڑلینا، سمجھ لینا ۔
•البَیہَس : دیکھئے (ب ہ س) ۔
•بَیَّاہ تَبییًا و تَبیِیَۃً : واضح کرنا (۲) خوش کرنا، عجلت کے ساتھ پسندیدہ چیز پیش کرنا (۳) بہتر جگہ دینا ۔
حَیّاكَ اللہ و بَیّاك : خدا تم کو سلامت اور خوش رکھے ۔
تَبَیَّاہ : قصد کرنا ۔
البَیُّ : نامعلوم النسب۔ ھو ھَیُّ بنُ بَیٍّ، اَیُّ ھَیِّ بنِ بَیٍّ ھو؟ : یعنی وہ کون ہے، اس کی کیا اصل ہے؟
البَیَّان : مجہول النسب۔ ھو ھَیّان بنُ بَیّانٍ، اس کا نسب معلوم نہیں ۔

بابُ التاء

•التَّاءُ: حروف ہجائیہ کا تیسرا حرف۔
(۱) برائے تانیث، جیسے کاتب سے کاتبۃ کَتَبَ سے کَتَبَتْ، فعل کے ساتھ تائے مفتوحہ (کھلی ہوئی) لکھی جاتی ہے۔ اور اسم کے اخیر میں مربوطہ (گول) ہوتی ہے اسے بار تانیث بھی کہا جاتا ہے کیونکہ اس پر وقف کرنے کی صورت میں ہا کی آواز ہوتی ہے۔
(۲) کسی وصف میں مبالغہ کے لئے، جیسے علّامۃ، فہّامۃ۔
(۳) برائے وحدت، جیسے شَجَرَۃ مقابل شجر جنس جمع۔
(۴) صرف اللّٰہ اور رب کے ساتھ قسم کیلئے بھی مستعمل ہے، جیسے قالوا: تاللّٰہِ، تَرَبِّی، تَرَبِّ الکعبۃ۔
(۵) حرف محذوف کے بدلہ میں، جیسے زَنَادِقَۃ، زِندیق کی جمع۔
(۶) افعال کے وسط میں، جیسے اِقْتَتَلَ
(۷) اسمار کے اخیر میں، جیسے مَلکوت میں
(۸) اول کلمہ کے حرف محذوف کے عوض، جیسے عِظَۃ میں۔

تا: اسم اشارہ مفرد مؤنث کے لئے تثنیہ تانِ اور جمع اولاء ہے، کبھی اس پر یائے تنبیہ کا اضافہ کیا جاتا ہے، جیسے ھَاتانِ، ھؤُلاءِ، کبھی اخیر میں کاف کا اضافہ کیا جاتا ہے، جیسے تاكَ، تَلْكَ وتِيكَ وتِلْكَ، تثنیہ میں تانِكَ و تانِّكَ جمع کے لئے اولئكَ و اولاكَ و أُولالِكَ۔

ب ــــــ ا

•تَأْتَأَ تَأْتَأَةً و تَأْتاءً: تُتلانا، غرور یا بہادری کے باعث اکڑ کر چلنا۔
ـــــ الطفلُ: چلنا۔
التَأْتاءُ: توتلا۔
التَأْتَأَةُ: تتلاہٹ۔
•تَأَرَ علی العمَلِ ـ تَأْرًا: سُستا کر کام میں لگنا۔
ـــــ فلانًا: جھڑکنا۔ هو تائِر۔
أَتْأَرَه البصرَ: ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔
ـــــ اليه البصرَ: گھورنا، گھور کر دیکھنا
ـــــ فلانًا بالعَصا: لاٹھی یا ڈنڈا مارنا
التَأْرَةُ و التارَة: بار، دفعہ، کبھی، بعض اوقات ج: تارات و تِيَرٌ و تِئَرٌ و تِئار۔ فَعَلْتُ تارَةً هذا و تارَةً ذالكَ۔
التُؤْرورُ: مددگار سپاہی۔
•تَأَزَ الجُرحُ ـ تَأْزًا: زخم کا بھر جانا
ـــــ القومُ في الحَرب: لڑائی میں لوگوں کا ایک دوسرے کے قریب ہونا۔
•تَئِقَ الوِعاءُ و نَحْوُه ـ تَأَقًا: برتن وغیرہ کا بھر جانا۔
ـــــ فلانٌ: شکم سیر ہونا، سیراب ہو جانا
(۲) خوشی اور غم یا غصہ سے بھر جانا۔
ـــــ الصبيُّ: بچہ کا ہچکیاں لینا۔
ـــــ الفرسُ و نحوُه: چاق و چوبند اور تیز رفتار ہونا۔
تَئِقٌ: غصہ سے بھرا ہوا، شکم سیر، تیز رفتار، پھرتیلا م: تَئِقَةٌ (انت تَئِقٌ و انا مَئِقٌ فكيف نَتَّفِقُ) یعنی تجھے جلد غصہ آتا ہے اور مجھے جلد رونا آتا ہے اس لئے میرا اور تیرا کیا جوڑ۔
أَتْأَقَ الوِعاءَ: بھرنا۔
ـــــ القوسَ: کمان کو زور سے کھینچنا۔
المِتْأَقُ: تیز، جلد بدی پر آمادہ ہونیوالا۔
التَأَقَةُ: غصہ کی تیزی، بدی پر آمادگی۔
•أَتْأَمَتِ الحامِلُ: جوڑواں بچے جننا۔
مُتْئِمٌ: ایک وقت میں ایک سے زائد بچے جننے والی۔
تاءَمَ الفرسُ و نحوه: مسلسل دوڑنا۔
ـــــ اخاه: جڑواں بھائی کے ساتھ پیدا ہونا
ـــــ الثوبَ و نحوَه: دوسوتی بُننا۔
التُؤَامُ: سیپ۔
التُؤَامِيَّة: موتی۔
التُّؤْمُ و التَّئِيمُ و التَّوْءَمُ: جوڑواں بچہ، مشابہ چیز ج: توائِم و تُؤام، هما تَوءَمٌ، هما تَوءَمانِ: انسان کیلئے جمع سالم بھی استعمال ہوتی ہے۔
توائِمُ النُّجوم و اللّآلي: ستارے یا موتی جو باہم ملے ہوئے ہوں۔
التَّوءَمَة: بغیر جھپت کا چھوٹا پالان (عورتوں کے لئے) ج: تَوائِمُ۔
المِتْئامُ: جوڑواں بچے جننے والی عورت ج: مَتائِيم۔
ثوب مُتْئَمٌ: دوسوتی (کپڑا)۔
•تَتاءَنَ الصَّيدَ و له: دھوکہ سے شکار کرنا۔
ـــــ فلانًا: دھوکہ دینا۔
تَتَأَّنَ: تَتاءَنَ۔

ت ــــــ ب

•تَبَّ الشیءُ ــِ تَبًّا و تَبَبًا و تِبابًا و تَبِیبًا: کٹ جانا (۲) ہلاک ہونا (۳) نقصان اٹھانا۔ تَبَّتْ یدُہ و تَبًّا لہ: وہ ہلاک ہو (۴) بوڑھا اور کمزور ہونا۔
ـــ الحِمارُ و نَحوُہ: گدھے وغیرہ کی پیٹھ پر زخم پڑ جانا۔
ـــ الشیءَ ـُ تَبًّا: کاٹنا، ہلاک کرنا
أَتَبَّ: اللّٰہُ قوّتَہ: کمزور کرنا۔
تَبَّبَہٗ: ہلاک کرنا (۲) حق میں کمی کرنا (۳) نقصان پہنچانا (۴) تَبًّا لك کہہ کر بددعا کرنا۔
ـــ المُشاۃُ الطریقَ: کثرت آمد و رفت سے راستہ کو پختہ و ہموار کرنا۔
استَتَبَّ: الطریقُ: راستہ کا راہ گیر کے لئے نمایاں اور واضح ہونا۔
ـــ الامرُ: درست ہونا، سازگار ہونا، ہموار ہونا۔
ـــ الامنُ: امن قائم ہونا۔
تَبابٌ و تَبِیب: ہلاکت، کمزوری، نقصان
تَبٌّ و تِبَّۃ: سخت حالت۔
التابُّ: بوڑھا، کمزور۔ کنتُ شابًّا فصِرتُ تابًّا: میں جوان تھا بوڑھا ہو گیا
تَبْتَبَ الرجلُ: کمزور و بوڑھا ہونا۔
التَّابوتُ: لکڑی کا صندوق (۲) رہٹ کا ایک ڈول جس کے ذریعہ کنویں سے پانی نکالا جاتا ہے (۳) قدیم مصریوں کے یہاں لکڑی یا پتھر یا لوہے کا بڑا صندوق ہوتا تھا جس میں مردہ لاش رکھی جاتی تھی (۴) مجازا سینہ (ما أَوْدَعْتُ تابوتی شیئًا) ج: توابیت۔
التَّبوت: التابوت۔
•تَبَرَ الشیءُ ـُ تَبْرًا: ہلاک ہونا۔
ـــ الشیءَ: ہلاک کرنا، توڑنا۔
تَبِرَ ـَ تَبَرًا، و تَبارًا: ہلاک ہونا۔

تَبَّرَ الشیءَ: ہلاک کرنا، برباد کرنا۔
أُتْبِرَ عن: پیچھے ہٹنا، باز رہنا
التَّابورُ: فوجی دستہ ج: توابیر۔
التَّبارُ: ہلاکت۔
التِّبْرُ: سونے یا چاندی کا بغیر ڈھلا ہوا ڈلا یا ڈلے
التِّبْرِیرُ: ما أَصَبْتُ منہ تِبْرِیرًا: مجھے اس سے کچھ نہیں ملا۔
التِّبْرَۃ: بے ڈھلا سونے چاندی کا ایک ڈلا۔
التِّبْرِیَّۃُ: بالوں کی جڑوں کی بھوسی۔
المُتَبُورُ: ہلاک ہونے والا، ناقص۔
•تَبِعَ الشَّیءَ ـَ تَبَعًا و تُبوعًا و تَباعًا و تَباعَۃً: پیچھے چلنا، ساتھ چلنا، اتباع کرنا، تابع ہونا (۲) کسی کے بعد آنا (۳) ماتحت ہونا (۴) شاخوں کا ہوا کے ساتھ جھومنا۔
ـــ فلانًا بحقِّہ: کسی سے حق مانگنا۔
أَتْبَعَ الشیءَ شیئًا: تابع بنانا، لاحق کرنا
أَتْبَعَہ ایاہ: پیچھے لگانا، پیچھے چلانا، لاحق کرنا۔
أَتْبَعَ الشیءَ: تابع ہونا، پیچھے چلنا، بعد میں آنا۔
ـــ الدَّائِنَ علی فلانٍ: قرض خواہ کے قرض کو کسی کے حوالہ کرنا۔
ـــ فی کلامہ: ایک وزن پر دو ایسے لفظ لانا جن سے دوسرا پہلے کی تاکید ہو، جیسے ھو قسیم وَسِیمٌ۔
ـــ الماشِیۃَ و نحوُھا: چوپائے کا بچہ والا ہونا، مُتْبِع و مُتْبِعَۃ: بچوں والا چوپایہ۔
تابَعَہ مُتابَعَۃً و تِباعا: پیچھے چلتے رہنا (۲) کسی کام کو مسلسل کرنا، جاری رکھنا (۳) پختہ اور بہتر بنانا۔
ـــ بین الامور: لگاتار کرنا۔
ـــ الکلامَ: سلسلۂ کلام جاری رکھنا۔
ـــ فلانا بمالٍ لہ علیہ: کسی سے اپنے مال کا مطالبہ کرنا۔

تَابَعَ فلانا علی کذا: کسی سے موافقت کرنا، اتفاق کرنا
ـــ فلانا علی الامر: کسی کی معاونت کرنا۔
اتَّبَعَ الشیءَ: پیچھے چلنا اور کھوج لگانا، پیروی کرنا۔
ـــ الامامَ: اقتدا اور پیروی کرنا۔
ـــ القرآنَ و الحدیثَ: قرآن و حدیث پر عمل کرنا
ـــ فلانا بالدَّین: قرض کا مطالبہ کرنا
تَتَابَعت الاشیاءُ: ایک دوسرے کے بعد ہونا، لگاتار ہونا۔
ـــ الفرسُ: ڈلکی چال چلنا؟
تَتَبَّعَہ: تلاش کرنا، ٹوہ میں لگنا، پیچھے لگنا۔
استَتْبَعَہ: پیچھے چلانا، پیروی کرانا، تابع بنانا۔
الاتِّباعِیَّۃ: فن و ادب میں قدامت پسندی کا نظریہ۔
التَّابِع: لاحق، متصل (۲) محکوم و ماتحت (۳) شاگرد (۴) خادم (۵) مرید، چیلا ج: تُبَّع و تُبّاع و تَبَعَۃ و تَبَعٌ (۶) وہ لفظ جو اعراب میں ماقبل کے مطابق ہو (نحو)۔
التَّابِعَۃُ: تابع کی مؤنث ج: توابع۔
دَوْلَۃ تابِعَۃ لدَوْلۃٍ اخری: وہ حکومت جو اندرونی طور پر خود مختار اور بیرونی پالیسی میں کسی دوسری حکومت کے تابع ہو۔
التابِعِیُّ: وہ شخص جس کی ملاقات بحالت اسلام کسی صحابیِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوئی ہو اور خاتمہ ایمان پر ہوا ہو۔
التِّباعَۃُ: ڈانڈ، نتیجہ، ذمہ داری، کسی کام کا حرجانہ۔
لی قِبَلَ فلانٍ تِباعَۃ: میرا فلاں کے ذمہ تاوان ہے ج: تِباعات۔

التِّبْعُ: التابِعُ: عورتوں کا دلدادہ، عورتوں کے پیچھے لگنے والا (۲) چوپایہ کا بچہ ج: اَتْبَاع

التَّبَعُ: التابِعُ، واحد و جمع دونوں کے لئے ج: اَتْبَاع۔

التُّبَّعُ: سایہ (۲) شہد کی بڑی مکھی ج: تَبَابِع و تَبَابِيْعُ (۳) شاہان یمن کا قدیم لقب ج: تَبَابِعَة۔

التَّبِعَةُ: نتیجہ، ذمہ داری، انجام، ڈانٹ ج: تَبِعَات۔

التَّبَعِيَّةُ: تابعیت، پیروی، ماتحتی۔

بالتَّبَعِيَّةِ: ماتحتی میں، جانشینی میں، پیروی میں۔

التَّبِيْعُ: تابع، ماتحت (۲) طالب انتقام (ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ عَلَيْنَا بِهِ تَبِيْعًا، ق) (۳) خادم (۴) حق کا طالب (۵) گائے کا بچہ ج: تِبَاعٌ و تَبَائِعُ و أَتْبِعَةٌ ج: أَتَابِعُ و أَتَابِيْعُ۔

تِبَاعًا: بالتَّتَابُعِ: مسلسل، لگاتار۔

المُتَابَعَةُ: جائزہ، پیروکاری۔

الإتْبَاعُ: ماقبل کے ہم وزن کلمہ لانا جیسے كَثِيْرٌ بَثِيْرٌ۔

بالتَّتَابُعِ: مسلسل، پے درپے، باری باری

يُتْبَعُ (للكلام بَقِيَّة: باقی آئندہ) کی طرح ناتمام مضمون کے آخر میں لکھا جاتا ہے

تَوَابِع: نوکر چاکر، مصاحبین (۲) طفیلی (۳) وہ سیارے جو دوسروں کے گرد گھومتے ہیں۔

• التِّبْغُ و التَّبْغُ و التُّبْغُ: تمباکو۔

• تَبَلَ فلانا ـُ تَبْلًا: انتقام لینا۔

ـــ الدَّهْرُ القَوْمَ: زمانہ کا مصیبتیں ڈالنا

ـــ الحُبُّ فلانا: محبت کا دکھی بنادینا اور عقل زائل کردینا۔

مَتْبُول و تَبِيْل: جس کی عقل محبت کی وجہ سے زائل ہوگئی ہو اور بیمار ہوگیا ہو۔

ـــ الطَّعامَ: کھانے میں مسالا ڈالنا۔

ـــ الكَلَامَ: دلچسپ بنانا۔

أَتْبَلَه: تَبَلَه۔

تَبَّلَ الطَّعامَ: مسالا ڈالنا، نمک مرچ ڈالنا

تَوْبَلَ الطَّعامَ: مسالا ڈالنا، مسالا دار بنانا۔

ـــ الكلامَ: دلچسپ بنانا۔

التَّابِلُ: مسالا، (نمک مرچ وغیرہ) ج: تَوَابِل۔

التَّبَّال: مسالا بیچنے والا، مسالا فروش۔

التَّبْلُ: دشمنی، بدلہ، انتقام ج: تُبُول۔

التُّوبَالُ: دھات کے ریزے جو کوٹتے وقت اڑتے ہیں۔

التَّوْبَلُ: مسالا ج: تَوَابِل۔

مُتَبَّلٌ: مسالے دار، چٹپٹا۔

• تَبَنَ الماشِيَةَ ـِ تَبْنًا: جانور کو بھوسا کھلانا۔

تَبِنَ ـَ تَبَنًا و تَبَانَةً: سمجھدار ہونا، معاملات پر گہری نظر والا ہونا، تَبِنٌ: سمجھدار، باریک بیں۔

تَبَّنَ: سمجھدار ہونا، باریک بیں ہونا (۲) بھوسے کے ذخیرہ میں بھوسا رکھنا۔

فلانا: نیکر یا کچھا پہنانا (خاص بحری لباس)۔

اِتَّبَنَ: لنگوٹ یا جانگیا پہننا۔

التِّبَانَةُ: بھوسا بیچنے کا پیشہ۔

التَّبَانَةُ: ذہانت۔

التَّبَّانُ: بھوسا بیچنے والا ج: تَبَّانَة۔

التُّبَّانُ و التِّبَّانُ: لنگوٹ، جانگیا، نیکر ج: تَبَابِين۔

التِّبْنُ: بھوسا، جانوروں کا چارہ (۲) بڑا پیالہ، بادیہ ج: أَتْبَان۔

التِّبِنُّ: ہر چیز پر ہاتھ ڈالنے والا؟

التِّبْنِيُّ: بھوسا جیسا۔

المَتْبَنُ و المَتْبَنَةُ: بھوسا رکھنے کی جگہ، بھوسے کا کُندہ ج: مَتَابِن۔

ت ـــ ت

• تَتَرٌ: قوم تاتار جو بحر خزر چین اور ہندوستان کے درمیان آباد ہے و: تَتَرِيٌّ۔

تَتْرَى: دیکھئے (وت ر) پے در پے، لگاتار

التُّتُق: تمباکو (ترکی الاصل)۔

التُّتُن: پینے کا تمباکو۔

ت ـــ ج

• التِّجَابُ: چاندی کے ڈلوں کا پگھلا ہوا محلول جس میں ان کے ریزے باقی ہوں۔

التِّجْبَابُ: معدنیات کے ڈھیلوں میں چاندی وغیرہ کا ریشہ۔

• تَجَرَ ـُ تَجْرًا و تِجَارَةً: خرید و فروخت کرنا کسی چیز کی تجارت کرنا۔

تَاجَرَ فلانٌ فلانًا: کسی کے ساتھ مل کر تجارت کرنا۔

اِتَّجَرَ فی كذا: تجارت کرنا۔

التَّاجِرُ: تجارت پیشہ، سوداگر جس میں تجارت کی صلاحیت ہو (۲) کسی کام کا ماہر (۳) شراب فروش ج: تَجْرٌ و تِجَارٌ و تُجَّارٌ۔

تاجِرُ الجُمْلَةِ: تھوک فروش۔

تاجِرُ المُفَرَّقِ او القَطَّاعِي: پرچون فروش

التَّاجِرَةُ: تاجر عورت۔ سِلْعَةٌ تاجِرَةٌ: بازار میں چلنے والا سامان ج: تَوَاجِر۔

التِّجَارَةُ: سوداگری، تجارت کا پیشہ، کاروبار (۲) سامان تجارت۔

ـــ المحرَّمَة: ناجائز تجارت۔

المَتْجَرُ: تجارت گاہ ج: مَتَاجِر۔

بَلَدٌ مَتْجَرٌ: بڑی تجارت والا شہر

المَتْجَرَةُ: تجارتی مقام ج: مَتَاجِر۔

تِجَارِيٌّ: تجارت کا، تجارت سے متعلق۔

عُرْفٌ تِجَارِيٌّ: تجارتی طریقہ کار۔

سِرُّ تُجَّار: تاجروں کا سردار۔

ت ــــ ح

•تَحْتُ: (مقابل فَوْقٌ) نیچے کی جانب ۔
ج: تُحوت ۔
تَحْتَ كذا: نیچے، مضاف ہوکر استعمال ہوتا ہے ۔
ــ إشرافِ فلانٍ: زیرنگرانی ۔
التَّحْتُ: مدفون خزانہ (۲) کمینہ، رذیل آدمی
ج: تُحوت ۔
تَحْتَحَه تَحْتَحَةً: حرکت دینا ۔
تَحْتَانِيٌّ: نچلا، زیریں ۔
تحت رئاسة فلان: زیرصدارت ۔
تَتَحْتَحَ: حرکت کرنا، ہلنا ۔
التَّحْتَحَةُ: چلنے کی آواز ۔
•التَّحْتُرْبَةُ: مٹی کے نیچے کی مٹی کی تہ جس میں ہل ٹکتا ہے
•أَتْحَفَهُ الشيءَ و به: تحفہ دینا، قیمتی چیز دینا ۔
اِتَّحَفَهُ: تحفہ دینا ۔
التُّحْفَةُ: عمدہ اور قیمتی چیز ج: تُحَف ۔
المُتْحَفُ: عجائب گھر ج: مَتاحِف ۔
تحيّة: دیکھئے (ح ی) ۔

ت ــــ خ

•التَّخْتُ: (۱) کپڑوں کی الماری (۲) تخت شاہی (۳) موسیقاروں کی نشست گاہ (۴) گل دستہ
التَّخْتَةُ: تختۂ سیاہ، بینچ ۔
•تَخْتَخَ تَخْتَخَةً: تتلانا، ہکلانا (۲) کرم خوردہ ہونا ۔
التَّخْتَخَةُ: ہکلاپن، تتلاہٹ ۔
مُتَخَّت: گیلری، اونچا مقام ۔
التَّخْتَاخُ: ہکلا، توتلا ۔
•تَخَّ العجينُ و نحوه ـ تَخًّا و تُخُوخًا و تُخوخةً: آٹے وغیرہ میں خمیرا اٹھنا، پانی کی زیادتی سے نرم اور ڈھیلا ہوجانا ۔
تَخَّ فلانٌ: کھانے کی خواہش نہ ہونا ۔
أَتَخَّ العجينَ و نحوه: آٹے وغیرہ کو پتلا یا نرم کرنا ۔
التَّخُّ: ترش آٹا، خمیر اٹھا ہوا آٹا (۲) نرم اور پتلا گندھا ہوا آٹا (۳) کھلی ۔
•تَخِذَ ـ تَخْذًا المالَ: مال کمانا ۔
ــ فلانا صديقًا: کسی کو دوست بنانا
اِتَّخَذَ: دیکھئے (اخ ذ) ۔
•تَخَمَ ـ تَخْمًا: حد مقرر کرنا ۔
تَخِمَ ـ تَخَمًا و اتَّخَمَ: بدہضمی ہونا ۔
أَتْخَمَهُ الطعامُ: کھانے کا بدہضمی پیدا کرنا
تاخَمَ الموضعُ الموضعَ: ایک جگہ کا دوسری سے ملا ہوا ہونا، ملک سرحد کا ملنا
اِتَّخَمَ: دیکھئے (وخ م) ۔
التُّخُمُ: سرحد، دو زمینوں کے درمیان حد فاصل (۲) نشان راہ ج: تُخوم ۔
فلان طيّبُ التُّخوم: فلاں بہتر نسل کا ہے ۔
التُّخَمَةُ: دیکھئے (وخ م) ۔
مُتْخَمَةٌ: بدہضمی پیدا کرنے والا کھانا ۔
مَتْخُوم: جسے بدہضمی ہوگئی ہو ۔

ت ــــ د

•تُدْرُج: ملک فارس کی مرغی کی نسل کا ایک پرندہ ۔
•التُّدْرَأُ: هو ذو تُدْرَءٍ: بےخبری میں زبردست حملہ کرنے والا ۔ هو ذو تُدْرَئِهم: دفاع کرنے والا ۔

ت ــــ ر

•تراجيديا: ٹریجڈی، المناک حادثہ ۔
•تراخوما: ایک قسم کی آنکھ کی بیماری ۔
•تَرَبَ الشيءَ ـ تَرْبًا: مٹی ڈالنا ۔
ــ الجِلْدَ: مٹی ڈال کر ٹھیک کرنا ۔
تَرِبَ ـ تَرَبًا: مٹی لگ جانا، غبار آلود ہونا (۲) محتاج ہونا ۔
تَرِبَ المكانُ: کسی جگہ میں مٹی زیادہ ہونا ۔
مَكانٌ تَرِبٌ: زیادہ مٹی والی جگہ ۔
ــ الرِّيحُ: گرد اڑانا، ہوا کا خاک آلود ہونا
ــ فلان: غریب و محتاج ہونا ۔ هو تَرِبٌ و هي تَرِبٌ و تَرِبَةٌ ۔
بددعا کے لئے کہا جاتا ہے: تَرِبَتْ يَداهُ: وہ مفلس ہوجائے، اس کو گھاٹا ہو ۔ حدیث شریف میں ہے "فاظفر بذاتِ الدِّين تربت يداك"
أَتْرَبَ فلانٌ: غریب ہونا، مال دار ہونا ۔
ــ الشيءَ: مٹی ڈالنا، مٹی ملادینا ۔
تارَبَهُ: دوستی کرنا، ہم سری کرنا، دوست و ہم پلہ ہونا، ہم عصر ہونا ۔
تَرَّبَ: مال دار ہونا (۲) کسی شے پر مٹی ڈالنا ۔
تَرَّبَ الكتابَ: لکھے ہوئے پر مٹی چھڑکنا ۔
تَتَرَّبَ: مٹی میں لت پت ہونا، خاک آلود ہونا
التَّرائِبُ: سینہ کا بالائی حصہ، سینہ کی ہڈی و: تَرِيبَةٌ ۔
التُّرابُ: مٹی ج: أَتْرِبَةٌ و تِرْبانٌ ۔
التُّرْبُ: مٹی (۲) چرخے کی وہ نلکی جس پر کتا ہوا دھاگا لپیٹا جاتا ہے ۔
التِّرْبُ: ہم عمر، ہم پلہ، بچپن کا دوست ۔ اکثر استعمال مؤنث کے لئے ہوتا ہے ج: أَتْراب ۔
التَّرْباءُ: مٹی، زمین ۔
التُّرْبَةُ: مٹی (۲) زمین کی اصل (۳) قبر (۴) مٹی کی وہ تہ جس پر ہل کا لوہا ٹکتا ہے
ج: تُرَب ۔
التُّرَبِيُّ: قبروں کی حفاظت کرنے والا ۔
التُّرابِيُّ: مٹی جیسا، مٹیالا ۔
التُّرْبِيَّةُ: سرخ رنگ کا گیہوں ۔
التَّرِبَةُ: انگلیوں کے کنارے
ج: تَرِبات ۔

مَتْرَبَة : فقر وفاقہ، غربت وافلاس ۔
•تَرْبَسَ البابَ : دروازہ کو چٹخنی سے بند کرنا
التِّرْبَاسُ : چٹخنی ج : تَرَابِيس ۔
التَّرْبَسُ : نباتات کو لگنے والا چھوٹا کیڑا ۔
•تَرْبَنَة : کھوپڑی کا آپریشن کرنا ۔
تِرْبَان : کھوپڑی میں سوراخ کرنے کا آلہ ج : تَرَابِين ۔
•التُّرْبِين : ایک آلہ جس کے ذریعہ ہوا، بھاپ اور دباؤ والے پانی کی طاقت کو میکانیکی طاقت میں تبدیل کیا جاتا ہے ۔
•تَرْتَرَ : بدن کا ڈھیلا ہو جانا (۲) گفتگو کا نرم ہو جانا (۳) زیادہ بولنا، بے کار اور جلدی جلدی بولنا ۔
— الشيءَ : ہلانا ۔
تَتَرْتَرَ : ہل جانا، ڈگمگا جانا ۔
التُّرْتُور : دیکھئے (تُورُور) ج : تَرَاتِير ۔
التَّرَاتِر : سختیاں، مصائب ۔
التَّرْتَرَة : چرب زبانی، حرکت ۔
•تُرَاث : دیکھئے (ورث) ۔
•تَرِجَ ـ تَرَجًا : پوشیدہ ہونا، چھپنا ۔
تَرِجَ ـ تَرَجًا : کسی کام کا دشوار ہونا
تَرَّجَ الثَّوبَ : تیز سرخ رنگ میں رنگنا ۔
التُّرُجّ : الأُتْرُجّ : بڑا لیموں ۔
التَّرِيجُ : مضبوط اعصاب والا ۔
•تَرْجَمَ الكلامَ : وضاحت کرنا ۔
— لفلانٍ : کسی کی سوانح لکھنا یا حالات بیان کرنا ۔
— الكلامَ الى لغة : کسی زبان میں ترجمہ کرنا
— من لغة الى لغة اخرى : ایک زبان سے دوسری زبان میں ترجمہ کرنا
التُّرْجُمان : ترجمان، ٹرانسلیٹر ج : تَرَاجِم و تَرَاجِمَة ۔
التَّرْجَمَة : تَرْجَمة فلان، سوانح حیات ج : تراجم ۔
ترجمة كِتاب : کتاب کا دیباچہ ۔

المُتَرْجِم : ترجمان، ترجمہ کرنے والا ۔
المُتَرْجَم : ترجمہ کیا ہوا ۔
•تَرِحَ ـ تَرَحًا : رنجیدہ ہونا (۲) بے فیض ہونا
تَرِحٌ : غمگین (۲) بے فیض ۔
أَتْرَحَه و تَرَّحه : رنجیدہ کرنا ۔
تَتَرَّحَ : رنجیدہ ہونا ۔
التَّرَح : رنج، غم، غربت، محتاجی ج : أَتْرَاح
المَتَارِحُ : اسباب غم ۔ کہتے ہیں تَرَّحَتْهُ المَتَارِحُ : غموں نے اسے رنجیدہ کر دیا
المَتْرَحُ : من العيش : سخت زندگی، درد بھری زندگی (۲) کم پانی والی رَو یا چشمہ ۔
المِتْرَاح : اونٹنی جس کا دودھ جلد ختم ہو جائے ج : مَتَارِيح ۔
•التَّارِيخ : دیکھئے (ارخ) ۔
التَّرَخُ : شگاف ۔
تَرَخَ ـ تَرْخًا : دھات کو جوڑ لگانا ۔
•تَرَّ العُضْوُ و نحوُه ـ تَرًّا و تُرُورًا : عضو کا الگ ہو جانا، کٹ جانا ۔
— فلان عن بلادِه : وطن سے دور ہو جانا ۔
— عن قومه : قوم سے الگ ہو جانا ۔
— النَّواةُ و نحوُها : گٹھلی وغیرہ کا کوٹتے وقت اچٹ جانا ۔
— الرجُل : جسم کا بھر جانا، ہڈیوں کا تر ہونا (۲) بھوک وغیرہ کی وجہ سے ڈھیلا اور سست ہو جانا ۔
— الحيوانُ : پیٹ خالی ہو جانا ۔
— العُضوَ : عضو کاٹنا ۔
تَرَّ ـ تَرَارَةً : الرجُلُ : جسم کا بھر جانا اور ہڈیوں کا تر ہونا ۔
أَتَرَّ العُضوَ و نحوَه : عضو وغیرہ کو کاٹنا
— الشيءَ : کسی شے کو دور کرنا ۔
الأُتْرُورُ : التورور (۲) چھوٹا بچہ ج : أَتَارِير
التَّرُّ : جڑ، اصل، معمار کا سوت جسے باندھ کر چنائی سیدھی کی جاتی ہے ۔ کہتے ہیں : لأُقِيمَنَّكَ على التَّرِّ : میں تجھے سیدھے راستہ پر ڈال دوں گا، سیدھا کر دوں گا ۔
التَّرَارَة : مستی، شہوت ۔
تُرّی : کٹا ہوا ہاتھ ۔
•تَرَزَ ـ تَرْزًا و تُرُوزًا : گاڑھا ہونا، خشک ہونا ۔
— لَحمُه : گوشت کا سخت ہو جانا، بڑھ جانا ۔
— فلانٌ : بھوکا ہونا (۲) مر جانا ۔
— أَذْنَابُ الإبِل : اونٹ کی دم کے بال جھڑ جانا ۔
— فلانًا : پچھاڑنا ۔
تَرِزَ اللَّحمُ ـ تَرَزًا : سخت ہونا ۔
— الماءُ وغيره تَرَزًا : پانی وغیرہ کا جم جانا ۔
أَتْرَزَه : خشک کرنا ۔
التِّرَازُ و التُّرَازُ : اچانک آنے والی موت ۔
التَّرْزِيّ : درزی (درزی کا معرب) ۔
التَّارِزُ : سخت، مضبوط ۔ کہتے ہیں : ان عَجِينَكم لَتَارِزٌ : تمہارا خمیر (اصل) سخت ہے (۲) خشک چیز، بے جان شے ۔
•تَرِسَ ـ تَرَسًا : بھرنا (برتن وغیرہ) ۔
تَرَّسَ : ڈھال سے کسی کو مسلح کرنا یا ڈھال لگانا، ڈھال سے بچاؤ کرنا ۔
تَتَرَّسَ و اتَّرَسَ : ڈھال لگانا یا پہننا، ڈھال سے بچاؤ کرنا ۔
أَتْرَسَ البابَ : دروازہ بند کرنا ۔
التَّارِسُ : ڈھال پہننے والا، ڈھال سے مسلح ۔
التِّرَاسَة : ڈھال سازی ۔
التَّرَّاس : ڈھال سے مسلح (۲) ڈھال بنانے والا
التُّرْس : ڈھال ج : أَتْرَاس و تِرَاس و تِرَسَة و تُرُوس (۲) دروازہ کے پیچھے لگا ہوا لوہا یا لکڑی مضبوطی سے بند کرنے کے لئے (۳) گھڑی وغیرہ کی کمانی ۔

الترسة: سمندری کچھوا۔
المِتراس: دشمن سے بچاؤ کی رکاوٹ، مورچہ ج: متاریس۔
المِترس: ڈھال، دروازہ بند کرنے کی لکڑی جو پیچھے لگائی جاتی ہے ج: متارِس۔
تمترس: مورچہ بند ہونا۔
بالترس: برعکس۔
الترسانة: میگزین، اسلحہ خانہ، جہاز سازی کا کارخانہ ج: ترسانات۔
•ترص الشیءُ ـُ تراصةً: صحیح و درست ہونا (۲) تیز ہونا (۳) سیدھا ہونا
تارِصٌ و تریصٌ: صحیح، درست، سیدھا، ترازو کا ٹھیک ہونا۔ حدیث میں ہے:
(لو وُزِنَ رجاءُ المؤمن وخوفُه بمیزانٍ تریصٍ ما زاد احدُهما علی الآخر)۔
أترصه و ترّصه: صحیح کرنا (۲) سیدھا اور برابر کرنا (۳) ترازو کو ٹھیک کرنا۔
المُترصات: سیدھے نیزے۔
•ترعه عن قصده ـَ ترعًا: باز رکھنا، روکنا۔
ترِعَ ـَ الاناءُ و نحوه ترعًا: بھرجانا (۲) برائی کی طرف بڑھنا (۳) کم عقل ہونا۔
ــ الی کذا: کسی چیز کی طرف لپکنا، عجلت کرنا۔
ترَعَ ـَ ترعًا: روکنا، باز رکھنا۔
أترعَ الإناءَ: برتن کو بھرنا۔
ترّعَ البابَ: دروازہ بند کرنا۔
اتّرعَ الإناءُ: برتن کا بھرجانا۔
تترّعَ: تیز ہونا، جلدی کرنا۔
ــ الیه بالشرّ: بدی کے ساتھ کسی کی طرف لپکنا۔
ترِعٌ و تریعٌ: کم عقل، شرپسند، برائی کی طرف لپکنے والا۔
الأترعُ: وادی کو بھر دینے والا سیلاب۔

سیرٌ أترعُ: تیز رفتار۔
الترِعُ: بھرا ہوا برتن۔
الترعةُ: نہر (آب پاشی وغیرہ کی) حوض یا آب پاشی کی نہر کا دہانہ (۲) دروازہ (۳) زینہ کی سیڑھی (۴) اونچی جگہ پر لگا ہوا باغیچہ ج: تُرَع۔
ترعةُ ایراد: آب پاشی کی نہر جو کسی جگہ سے کاٹ کر لائی جائے۔
الترّاع: زبردست رَو، سیلاب (۲) دربان
ترعةُ تصریف: پانی نکالنے کی نہر۔
•ترِفَ النباتُ ـَ ترفًا: ہرا بھرا ہونا۔
ــ فلان: خوش حال و آسودہ ہونا (۲) ابھرے ہوئے ہونٹ والا ہونا۔
أترفَ فلانٌ: سرکشی پر برقرار رہنا۔
ــ فلانا: عیش پرست بنانا۔
ــ النعمةُ فلانا: آسودگی کا کسی کو مغرور بنا دینا، آسودگی کی بنا پر نازک مزاج بنانا۔
ترّفه: عیش پرست بنا دینا، مغرور و سرکش بنانا (۲) کسی کو بہتر غذا دینا۔
تترّفَ: عیش وعشرت والا ہونا، عیش پرست ہونا۔
استترفَ: مال ودولت کی بنا پر مغرور ہوجانا، سرکش ہوجانا۔
الترفةُ: نعمت، آسائش، آسودگی (۲) وہ عمدہ چیز جو دوست کے لئے خاص کی جائے (۳) عمدہ کھانا (۴) اوپر کے ہونٹ میں پیدائشی ابھار (۵) پانی پینے کا برتن ج: تُرَف۔
ترِفٌ و تریف: آسودہ اور خوش حال (۲) جس کے اوپر کے ہونٹ میں قدرتی ابھار ہو۔ أترف م: ترفاء۔
ترَف: آسودہ حالی۔
مُترَفٌ و مُترّفٌ: آسودہ حال سرمایہ دار، نازپروردہ، عیش وعشرت کا پروردہ،

مغرور و سرکش۔
•الترفاس: کھمبی، اروی کی طرح گول پودا جو زمین کے نیچے پیدا ہوتا ہے، اسے کاٹ کر کھایا جاتا ہے۔
•ترَقَ فلانًا ترقاةً: ہنسلی پر مارنا، کہتے ہیں: ضربتُه فترقیتُه۔
الترقوة: ہنسلی کی ہڈی، مجازًا گلا، یہ دو ہڈیاں ہوتی ہیں ج: تراقٍ۔ بلغت الروحُ التراقیَ: روح گلے میں آگئی، دم بلب ہوگیا، قرب موت سے کنایہ۔
•ترَكَ ـُ تركًا و تِركانًا: چھوڑنا، نظرانداز کرنا، دست بردار ہونا (۲) ترکہ میں چھوڑنا، جیسے ترك المیتُ مالا (۳) غفلت برتنا (۴) ترکه یفعل کذا: اسے ایسا کرنے دیا۔
ترَكَ إرثًا: ترکہ چھوڑنا۔
ترَكَ و شأنه: آزاد چھوڑنا، دخل نہ دینا، وقت پر ساتھ نہ دینا۔
ترَكَ فلانٌ ـُ تركًا: ایسی عورت سے شادی کرنا جس سے کوئی شادی نہ کرتا ہو
تاركه البیعَ وغیرَه و فیه: چھوڑنے پر مصالحت کرنا، عارضی طور پر چھوڑ دینا
اتّركَ الشیءَ: چھوڑ دینا۔
تراكِ: اسم فعل امر بمعنی اُترُكْ: چھوڑ۔
تتاركوا الأمرَ بینهم: باہم چھوڑنے پر متفق ہونا۔
التریكة: انڈے کا خول جس سے بچہ نکل گیا ہو (۲) لوہے کا خود ج: ترائك۔
التَّرْكة و التِّرْكة: مردہ کا ترکہ، مال وراثت چھوڑی ہوئی چیز۔
التریك: خوشہ جس کے پھل توڑ لئے گئے ہوں۔
التریكة و التریك: گھر بیٹھی ہوئی عورت جس سے کوئی شادی نہ کرتا ہو (۲) متروک باغیچہ جس کی خبرگیری نہ کی جاتی ہو (۳) وہ

ٹیکس جو ایسے شخص کو چھوڑ دیا گیا ہو جس کی کھیتی پر کوئی آفت آگئی ہو ج: ترائك و تریك و تُرك.
تُركیا: ملک ترکی.
تُركيٌّ: ترکی کا باشندہ ج: تُرك ج: أتْراك
تَرّاك: بہت چھوڑنے والا.
تارِك: چھوڑنے والا، غفلت و لاپرواہی برتنے والا، مالِ وراثت چھوڑنے والا.
مُتارَكة: عارضی صلح، التوا رجنگ.
• التَّرام: ٹرام گاڑی جو پٹریوں پر بجلی سے چلتی ہے، ٹراموے.
عَرَبَةُ التَّرام: ٹرام گاڑی (بس نما گاڑی جس کے پہیے لوہے کے ہوتے ہیں اور لوہے کی پٹری پر بجلی سے چلتی ہے.
• تَرمَسَ: لڑائی جھگڑے سے بھاگ جانا، فرار اختیار کرنا.
التُّرمُس: ایک قسم کا پودا جس کے بیج کڑوے ہوتے ہیں اور پانی میں بھگو کر استعمال کئے جاتے ہیں.
التِّرمُس: تھرماس جس کے ذریعہ ٹھنڈی یا گرم سیال شئے کو محفوظ رکھا جاتا ہے.
التُّرمُسَةُ: التُّرمس کا واحد (۲) تہ خانہ، سرنگ ج: تَرامِس.
تَرمُوجِراف: ایک آلہ جس کے ذریعہ فضا کی گرمی ریکارڈ کی جاتی ہے.
تَرمُوجرام: دھات کی تختی جس پر فضا کی گرمی ریکارڈ کی جاتی ہے.
تَرمُومِتر: تھرمامیٹر، حرارت پیما، بدن وغیرہ کی سوفیصد حرارت معلوم کرنے کا آلہ جسے ڈاکٹر اور طبیب استعمال کرتے ہیں.
• تَرِهَ ـَ تَرَهًا: فضول و بے کار کاموں میں لگ جانا، لغویات میں پڑنا (۲) بکواس کرنا.
التُّرَّهُ: باطل، لغو.
التُّرَّهَةُ: جنگل (۲) چھوٹا راستہ جو بڑے راستہ میں سے نکلا ہو (۳) باطل و لغو کام (۴) بکواس.

التُّرَّهات: مصائب (۲) چھوٹے فرعی راستے (۳) لغویات.
• تَرِيَ ـَ تَرْيًا: کام میں سستی کرنا، ڈھیلا پڑنا.
أَتْرَى: بہت سے کام کرنا کہ ہر دو کاموں کے درمیان فصل ہو.
• التِّرياق: زہر کو بے اثر کرنے والی دوا.

ت ــــ س

• تَسَعَ القومَ ـِ تَسْعًا: اپنے کو ملا کر نو بنا دینا (۲) نواں حصہ لینا، نواں بن جانا.
ــــ الشيءَ: نواں حصہ لینا. کہتے ہیں: هو تاسِعُ ثمانية: وہ نواں ہے.
ــــ الحَبْلَ: رسی کو نو بل دینا، نو بٹ دینا.
أَتْسَعَ القومُ: (لوگوں کا) تعداد میں نو ہو جانا (۲) لوگوں کے اونٹوں نے نو دن پانی پیا.
ــــ العَدَدَ: عدد کو نو کر دینا.
التّاسُوعاء: ماہ محرم کی نویں تاریخ.
التُّسْعُ و التسيع: نواں حصہ ج: أَتْساعٌ
التِّسْعَةُ: نو (معدود جمع اور تذکیر و تانیث میں عدد اس کے برعکس ہوتا ہے جیسے تِسعةُ ابوابٍ، تِسعُ ساعات، تسعةَ عشرَ رجلا، تِسعَ عشرةَ امرأةً ج: تِسعات).
التاسع: نواں، التاسِعة: نویں (عدد ترتیبی)
التاسع عشر: انیس واں.
تسعون: نوے (معدود مفرد اور مذکر و مؤنث کے لئے عدد یکساں ہوتا ہے جیسے: تسعون رجلا، تِسعُون امرأةً).
تُساعَ: نو نو. کہتے ہیں: جاء القومُ تُساعَ: لوگ نو نو کی تعداد میں آئے (غیر منصرف).
تُساعِيّ: نو کا مجموعہ.
تُساعية و تِسعوية: نو یا نوے کے عدد سے متعلق.
التُّساعيُّ: نو والا.

مَتسُوع: نو لڑیوں سے بٹی ہوئی رسی.

ت ــــ ش

• تَشْرِين: سریانی سال کے دو مہینوں کا نام تَشرين الاوّل: اکتوبر.
تشرينُ الآخر: نومبر ج: تشارين.
• تشيكو سلوفاكيا: چیکوسلواکیہ، ملک کا نام.

ت ــــ ع

• تَعِبَ ـَ تَعَبًا: تھکنا (۲) محنت کرنا (۳) مشقت میں پڑنا.
ــــ منه: اکتا جانا. هو تَعِبٌ.
أَتْعَبَ القومُ: قوم کے مویشی کا تھک جانا.
ــــ الانسانَ و الحيوانَ: تھکا دینا (۲) مشقت میں ڈالنا (۳) اونٹنی کو تیزی سے ہکانا.
التَّعَبُ: تھکان، مشقت.
المَتْعَب و المَتعَبَةُ: مشقت، تھکن کا سبب ج: متاعِب.
• تَعْتَعَت الدّابَّةُ في الرمل: جانور کا ریت میں لوٹ لگانا.
تَعْتَعَ فلانٌ في كلامِه: ہکلانا، ہکلا کر بولنا.
ــــ الشيءَ: زور سے ہلانا، جھنجھوڑنا (۲) اکھاڑنا.
تَتَعْتَعَ في كلامه: ہکلا کر بولنا، رک رک کر بولنا.
التَّعاتِع: بری افواہیں.
• تَعَسَ ـَ تَعْسًا: پھسل کر منہ کے بل گرنا (۲) ہلاک ہونا. هو تاعِس.
ــــ اللّٰهُ فلانًا: ہلاک کرنا. هو مَتْعُوس
تَعِسَ ـَ تَعَسًا: ہلاک ہونا (۲) منہ کے بل گرنا (۳) بدنصیب ہونا. حدیث میں ہے "تَعِسَ عبدُ الدينا روالدرهمِ" مثال مشہور ہے. تَعِسَت العَجَلَةُ.

أَتْعَسَه : ہلاک کرنا، بدنصیب بنانا ۔
التَّعْسُ : بدی، ہلاکت، بدنصیبی، تنزل (۲) دوری بددعا کے طور پر کہا جاتا ہے "تَعْسًا لَهٗ" وہ برباد ہو
التَّعَاسَةُ : ہلاکت، بدنصیبی، شقاوت ۔
التَّعْسَةُ : ٹھوکر، منہ کے بل افتادگی ۔
تَعِسٌ وتَعِيْسٌ وتَاعِسٌ : بدنصیب، شقی، منہ کے بل گرنے والا ۔
مَتْعَسَةٌ : سببِ ہلاکت، منہ کے بل گرنے کی جگہ ۔
هٰذَا الْأَمْرُ مَنْحَسَةٌ و مَتْعَسَةٌ : یہ بات باعثِ نحوست و ہلاکت ہے ۔
• التَّعَلُ : حلق کی گرمی، سوزش ۔

ت ـــــ غ

• تَغِبَ الشيءُ ـَـ تَغَبًا : عیب دار ہونا (۲) خراب ہونا، میلا ہونا (۳) ہلاک ہونا
ـــ الحیوانُ : جانور کا بھوکا ہونا ۔
أَتْغَبَه : ہلاک کرنا، میلا اور خراب کرنا ۔
التَّغْبُ : میل کچیل (۲) عیب (۳) تباہی، ہلاکت (۴) بھوک (۵) فساد و بگاڑ ۔
التَّغْبُ و التَّغْبَةُ : عیب، خرابی ۔ کہتے ہیں "ما فیه تَغْبَةٌ"، اس میں کوئی عیب نہیں ۔
التَّغِبُ : عیب دار (۲) فاسد و خراب (۳) ہلاک ہونے والا، بھوکا ۔
• تَغْتَغَ المتكلِّمُ : ٹوٹے ہوئے دانت والے کا غیر واضح بولنا، صاف نہ بولنا ۔
ـــ الكلامَ : بار بار بات کہنا اور واضح نہ کرسکنا، غیر واضح بات کرنا ۔
ـــ الضَّحِكَ : ہنسی کو چھپا لینا ۔
• تَغَرَ ـِـ تُغُورًا : پھٹنا، شق ہونا ۔
ـــ السَّحَابُ و العِرْقُ : بادل کا پھٹنا ۔ اور رگ سے خون جاری ہونا ۔ تَغَرَت القِرْبَةُ : مشکیزہ کا پھٹنا ۔
ـــ القِدْرُ تَغَرَانًا : ہانڈی کا ابلنا، دیگچی میں جوش آنا ۔
تَغَرَ الجُرْحُ : زخم سے خون بہنا ۔
جُرْحٌ تَغَّارٌ : بہت خون بہانے والا زخم ۔

ت ـــــ ف

• تَفِئَ ـَـ تَفَئًا : غضبناک ہونا، تیز ہونا ۔
التَّفِيْئَةُ : کسی شے کا وقت اور زمانہ ۔
• تَفْتَفَ : صفائی کے بعد میلا ہو جانا ۔
ـــ الرجلُ : مرد کا عورتوں کی باتیں سننا ۔
التَّفْتَافُ : عورتوں کی باتیں سننے والا آدمی
• تَفِثَ ـَـ تَفَثًا : میلا کچیلا ہونا، تیل نہ ڈالنے اور بال نہ منڈانے کے باعث بالوں میں میل جم جانا ۔ هو تَفِثٌ ۔
قَضَى تَفَثَه : میل کچیل دور کیا، صفائی اختیار کی ۔
تَفَّثَ الدمُ المكانَ : خون سے کسی جگہ کا لت پت ہونا، خون کا کسی جگہ کو آلودہ کرنا ۔
التَّفَثُ : میل کچیل، گندگی، پراگندگی کی کیفیت جو ترک دُہن اور ترک غسل وغیرہ کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے اور جس کا ازالہ مناسک حج میں سے ہے قرآن پاک میں ہے "ثُمَّ لْيَقْضُوْا تَفَثَهُمْ وَ لْيُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ" ۔
تَفِثٌ : میلا کچیلا، پراگندہ ۔
• أَتْفَحَه : کسی کو سیب دینا ۔
التُّفَّاحُ : سیب ج : تفافیح ۔
التُّفَّاحَةُ : (کولہے میں) ران کا سرا (۲) سیب کا ایک دانہ ۔
المَتْفَحَةُ : سیب کا باغ ج : مَتَافِح ۔
• أَتْفَرَ الطَّلْحُ : کونپل نکلنا ۔ الشجرُ مُتْفِرٌ : درخت کونپل والا ہے ۔
التَّفِرَةُ : کونپل (۲) درخت کے نیچے اگنے والی گھاس (۳) اوپر کے ہونٹ کا گڑھا ۔
تافِرٌ و تَفِرٌ و تَفْرَان : میلا، گندا آدمی ۔
• تَفَّ ـُـ تَفًّا : تھوکنا، تھوتھو کرنا ۔
تَفَّفَه : تف کہنا ۔
ـــ الأظافِرَ : ناخنوں کا میل صاف کرنا ۔
التُّفُّ : ناخنوں کا میل ج : تِفَفَةٌ (۲) تُف، گندی اور ناگوار چیز کو دیکھ کر تف کہا جاتا ہے ۔
التِّفافُ : نباتات کی ایک قسم ۔
التِّفافَةُ : تھوک ۔
التَّفَّافُ : گھٹیا درجہ کا، رذیل ۔
التِّفَّانُ : کسی چیز کا وقت، کہتے ہیں : أتَيْتُكَ بِتِفَّانه او على تِفَّانِه : میں فلاں چیز کے موقع پر تمہارے پاس آیا ۔
التُّفَّةُ : بلی جیسا جانور جو شکار کرتا ہے اور گوشت کھاتا ہے ۔
• تَفَلَ ـِـ تَفْلًا : تھوکنا ۔
ـــ فی أُذُنِه : کان میں کہنا ۔
ـــ الماءَ : برا لگنے کی وجہ سے پانی کو منہ سے نکال دینا ۔
تَفِلَ ـَـ تَفَلًا : بدبودار ہو جانا، خوشبو یا تیل میں رکھا رہنے کی بنا پر بدبو ہو جانا ۔ هو تَفِلٌ، هو و هی مِتْفال ۔
أَتْفَلَه : بدبودار کرنا ۔
التُّفْلُ و التُّفال : تھوک، جھاگ ۔
التُّتْفُل : لومڑی یا لومڑی کا بچہ ۔
التِّفْلُ : کم، معمولی ۔ ما اصابَ منه الا تِفْلًا : اسے اس کے پاس معمولی سی چیز ملی ۔
تَفِلٌ، مِتفال : بدبودار ۔
المَتْفَلَة : اگال دان، پیک دان ج : مَتافِل
• تَفَنَه ـِـ تَفْنًا : دھتکارنا، نکال دینا
التِّفَّان : تِفَّانُ شيءٍ : کسی چیز کا موسم، وقت ۔
التَّفْنُ : میل ۔
• تَفِهَ ـَـ تَفَهًا و تُفُوها و تَفاهَةً :

کم ہونا (۲) کم عقل ہونا (۳) خسیس الطبع ہونا (۴) ذلیل ہونا (۵) پھیکا اور بے مزہ ہونا، بے لطف ہونا (۶) گھٹیا درجہ کا ہونا۔

أَتْفَهَ فِي الْعَطَاءِ: کم دینا، دینے میں کمی کرنا، کہتے ہیں. أَعْطَيْتَ فَأَتْفَهْتَ: تم نے دیا مگر کم دیا۔

التَّافِهُ و التَّفِهُ: (۱) پھیکا (۲) بے مزہ (۳) قلیل (۴) ذلیل، حقیر، گھٹیا۔

التَّفَاهَةُ: بے لطفی (۲) پھیکا پن (۳) حقارت، گھٹیا پن۔

التُّفَةُ: بجّو، سیاہ گوش۔

ت ـــــ ق

• التِّقْدَةُ: دھنیا، زیرہ (۲) مصالحہ۔

• التِّقْرَةُ: مصالحہ، مسالا۔

• تَقِعَ ـَ تَقَعًا: بھوکا ہونا۔

التَّقَعُ: بھوک. جوع تَقِعٌ: شدید بھوک

• تَقِنَ ـُ تَقَانَةً و أَتْقَنَ الرجلُ: ماہر ہونا، حاذق وکامل ہونا۔

أَتْقَنَهُ: مضبوط وپختہ کرنا (۲) مہارت حاصل کرنا. هو يُتْقِنُ اللُّغَةَ: اسے زبان میں مہارت حاصل ہے. قرآن میں ہے "صُنْعَ اللهِ الَّذِي أَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ"۔

تَقَّنَ الأرضَ: زمین کو کیچڑ ڈال کر طاقتور بنانا

تَتَقَّنَتِ البِيرُ: کنویں سے کیچڑ دار گارا نکلنا۔

التِّقْنُ: ماہر وحاذق آدمی (۲) طبیعت (۳) کیچڑ جو کنویں سے نکلتا ہے (۴) وہ گارا جو خشک ہو کر تڑخ گیا ہو (۵) بچا ہوا گدلا پانی۔

التِّقْنُ: حاذق وہنرمند آدمی، ماہر وہوشیار ج: أَتْقَانٌ۔

التَّقِنُ: ماہر وہوشیار۔

التِّقْنَةُ: حوض وغیرہ میں بچا ہوا گدلا پانی۔

التَّقَانَةُ: کمال، ہوشیاری، پختگی، ہنرمندی

الإتْقَانُ: پختگی، مہارت، خوبی، بے عیبی۔

بِإِتْقَانٍ: مہارت کے ساتھ، پختگی کے ساتھ، ہوشیاری کے ساتھ، خوبی کے ساتھ۔

المُتْقِنُ: پختہ کار، ماہر وحاذق آدمی۔

المُتْقَنُ: مستحکم ومضبوط، بے عیب۔

• تقي: دیکھئے (و ق ی)۔

• تَقِّي: غلہ کا بیج بونا۔

تقاوِی: غلہ کا بیج۔

ت ـــــ ك

• اتَّكأَ: دیکھئے (و ك ء)۔

• تَكْتَكَ الفَرَسُ: گھوڑے کا اس طرح چلنا جیسے آگ یا کانٹوں پر چل رہا ہو۔

ـــ البِطِّيخَ و نحوه: کچلنا، روندنا۔

تَكْتَكَتِ السَّاعَةُ: گھڑی کا ٹک ٹک کرنا۔

التَّكْتِيكُ: فنی ترکیب (۲) میدان میں فوج کے لئے جنگی پلان بنانا۔

التَّكْتَكَةُ: گھڑی کی ٹک ٹک۔

• تَكَّ ـِ تُكُوكًا: بے وقوف ہونا (۲) دبلا ہونا (۳) ہلاک ہونا. هو تَاكٌّ ج: تُكَّاكٌ۔

ـــ الشيءَ تَكًّا: کاٹنا۔

ـــ البِطِّيخَ و نحوه: پیروں سے کچلنا۔

تَاكَّ ـُ تَكًّا: روندتے ہوئے چلنا (۲) کاٹنا (۳) بندوق کو بھرنا۔

الرجلَ: شراب کا کسی کو مدہوش کر دینا۔

اسْتَتَكَّ التِّكَّةَ و بها: پاجامہ میں کمربند ڈالنا۔

ـــ بالحرير وغيره: ریشم وغیرہ کا کمربند بنانا۔

التَّكُّ: موسیقی کا نغمہ۔

التِّكَّةُ: ازاربند، کمربند ج: تِكَكٌ۔

التَّكِيكُ: وہ آدمی جس کی کوئی رائے نہ ہو۔

المِتَكُّ: ازاربند ڈالنے کی سلائی ج: مَتَاكُّ۔

• التَّكِيَّةُ: تکیہ، صوفیا کی خانقاہ (ترکی لفظ)

التِّكِّيُّ: ازاربند بیچنے والا۔

• تكأ: (و ك أ) میں دیکھئے۔

• تكل: دیکھئے (و ك ل)۔

ت ـــــ ل

• التَّلَبُ: گھاٹا، ہلاکت. کہتے ہیں. تبًّا له و تَلَبًا: اس کا برا ہو۔

التَّوْلَبُ: ایک سال کی عمر کا گدھا ج: تَوَالِب. أم تولب: گدھی (۲) لومڑی کا بچہ ج: تَوَالِب۔

التِّلِبَّائِيُّ: دو الگ الگ شخصوں کے ذہن میں بیک وقت ایک خیال آنا۔

المَتَالِبُ: ہلاکت گاہیں۔

• تَلْتَلَ: سخت ہو جانا (۲) سختی سے جانور کو ہکانا (۳) کسی شے کو زور سے ہلانا، جھنجھوڑنا (۴) پریشان کرنا۔

التُّلاتِلُ: گوشت سے فربہ آدمی۔

التَّلْتَلَةُ: سختی (۲) کھجور کے شگوفہ کا غلاف جو پانی پینے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ج: تَلاتِل۔

• تَلَدَ الشيءُ ـِ تُلُودًا: پرانا ہونا، زمانۂ قدیم سے کسی چیز کا ہونا۔

ـــ ماشيةُ فلانٍ: کسی کے پاس جانور کی نسل چلنا ـــ وراثت میں ملنا۔

ـــ الرجلُ بالمكان و في القوم ـُ تُلُودًا: مقیم ہونا، قیام پذیر ہونا۔

تَلِدَ بالمكان و في بني فلانٍ ـَ تَلَدًا: قدیم سے رہنا۔

تَلِدَ فلانٌ عندنا: اس کے ماں باپ ہمارے یہاں پیدا ہوئے۔

أَتْلَدَ الرجلُ: قدیم مال والا ہونا، موروثی مال والا ہونا. مال مُتْلَدٌ و خُلُقٌ مُتْلَدٌ: مال قدیم، پرانی عادت۔

تَلَّدَ الرَّجُلُ: اکٹھا کرنا اور محفوظ رکھنا۔

التِّلادُ: اصلی پرانا مال، موروثی جائداد۔

التَّلْدُ : قدیم اصل مال ج: تُلود و تِلادٌ۔
التُّلْدُ : مال موروثی (۲) عقاب کا چوزہ ج: أتلاد و تِلاد۔ التِّلْدَ۔ التَّلَدُ ج: أتْلاد۔
التَّلِيدُ : موروثی مال ج: أتْلاد و تُلَداء۔
امرأة تَلِيدٌ : باحیثیت خاتون ج: تَلائِد و تُلُدٌ۔
التَّلِيد و المُتْلَدُ : موروثی، قدیم، وہ لڑکا یا جانور جسے جوانی کے وقت سے حاصل کیا گیا ہو۔
التَّالِدُ : قدیم، موروثی، قیام پذیر۔
• التِّلِسْكُوب : ٹیلی اسکوپ، بڑی دوربین جس سے آسمان کے ستاروں کو دیکھا جاتا ہے۔
• تَلَعَ الحيوانُ و الانسانُ ـَ تَلْعًا و تُلوعًا : کسی پوشیدگی سے سر باہر نکالنا یا نکلنا۔
تَلِعَ الرجُل ـَ تَلَعًا : دراز گردن والا ہونا (۲) دراز قامت ہونا۔ تَلِعَ عنقُه : گردن لمبی ہونا۔
الأَتْلَعُ : دراز قامت، دراز گردن م: تَلْعاءُ ج: تُلْعٌ۔
• تَلُعَ الرجُلُ تَلَاعًا : دراز قامت یا دراز گردن ہونا۔ هو تَلِيع و عُنُقٌ تَلِيع۔
أَتْلَعَ : انسان اور حیوان کا دراز گردن ہونا، دراز قامت ہونا۔
ـــ الرجلُ : گردن لمبی کرنا۔
ـــ المرأةُ الحسناءُ : خوب رو عورت کا اظہار حسن کے لئے سر اٹھانا۔ هي مُتْلِعٌ
تَتالَعَ في مَشيه : سر اٹھا کر اور گردن لمبی کرکے چلنا۔
تَتَلَّعَ في مشيه : سر اور گردن اٹھا کر چلنا (۲) اونٹ کا کھڑے ہونے کے لئے گردن دراز کرنا (۳) آدمی کا اٹھنے کے لئے سر اٹھانا (۴) آگے بڑھنا۔
ـــ للأمر : کسی کام کے لئے سامنے آنا۔
اِسْتَتْلَعَ للخَبَر : خبر وغیرہ جاننے کیلئے سر اٹھانا

التَّلْعَة : بلند زمین (۲) اوپر سے نیچے کو پانی بہنے کی جگہ (۳) وادی کا کشادہ دہانہ۔ کہتے ہیں۔ ما أخاف الّا سيل تَلْعَتي : یعنی مجھے چچا کی اولاد اور رشتہ داروں کے علاوہ کسی کا خوف نہیں۔
فلانٌ لا يُوثَقُ بِسَيْلِ تَلْعَتِه : اس کے کسی قول و فعل پر بھروسہ نہیں کیا جاسکتا ج: تَلْعٌ و تِلاعٌ۔
تَلِيعٌ و أتْلَعُ : اونچی گردن والا۔
مُتَتالِع : گردن اونچی رکھنے والا۔
مُسْتَتْلِع لكذا : متلاشی، کھوج لگانیوالا
• التِّلِغْراف : تار، ٹیلی گراف، ٹیلی گرام۔
ـــ اللّاسِلْكِيّ : وائرلیس ٹیلی گراف (۲) برقی آلہ پیام رسانی۔
التَّلْغَفَة : تار دینا، ٹیلی گرام بھیجنا۔
تَلْغَفِيٌّ : ٹیلی گرام یا تار سے متعلق۔
تِلِغافِيٌّ : (عامل التِّلِغراف) تار بابو۔
• تَلِفَ ـَ تَلَفًا : ہلاک و برباد ہونا، ضائع ہونا (۲) خراب ہونا۔ ذهبت نفسُه تَلَفًا : اس کی جان بے کار گئی
أتْلَفَه : ضائع کرنا، ہلاک و برباد کرنا، خراب کرنا، نقصان پہنچانا۔ کہتے ہیں : فلان مُخْلِفٌ مُتْلِفٌ : فلاں کماؤ اور سخی ہے
التَّلَفَةُ : زبردست پہاڑی سلسلہ جس پر چڑھنے سے جان کا خوف ہو۔
المِتْلافُ : فضول خرچ، ضائع کنندہ، ضرر رساں ج: مَتالف۔ کہتے ہیں : فُلان مِخْلافٌ مِتْلافٌ : بہت کمانے اور خرچ کرنے والا۔
المَتْلَفُ : مصدر میمی۔ بربادی، ضیاع، برباد وضائع ہونے کی جگہ یا سبب (۲) ایسا بیابان جہاں انسان ہلاک ہوجائے ج: مَتالِف۔
المِتْلَفُ : فضول خرچ، برباد کنندہ ج: مَتالف
المَتْلَفَةُ : بربادی، تباہی یا اس کا سبب ج: مَتالف۔
المُتْلِفُ : برباد وضائع کرنے والا، مفسد، ضرر رساں۔
التَّلَفُ : ضیاع، نقصان، خرابی، بگاڑ وفساد۔
التَّلِيفَةُ : نقصان، خرابی، فساد۔
• تِلِفِزْيُونٌ : (المِبصار) ٹیلی ویژن۔
تَلْفَزَة : ٹیلی ویژن، غائب بینی۔
تِلْفازٌ : ٹیلی ویژن آلۂ غائب بینی۔
• التِّلِفُون : (الهاتف) ٹیلیفون ج: تلفونات۔
تَلْفَنَ : ٹیلیفون کرنا۔
مخابرة تِلِفُونِيَّة : بذریعہ ٹیلیفون پیغام رسانی۔
• تلقا : دیکھئے (ل، ق ی)۔
• تِلكَ : وہ۔ اسم اشارہ واحد مؤنث بعید کیلئے کبھی مخاطب کی رعایت کرتے ہوئے کاف بدل جاتا ہے جیسے دو کے لئے تلکما اور جمع کے لئے تِلكم و تلكنّ۔ تلك کا تثنیہ تانِك اور جمع اولئك جمع مذکر و مؤنث سب کے لئے ہے۔
• تَلَّ فلانٌ ـُ تَلًّا : گرنا (۲) پانی یا پسینہ کا ٹپکنا۔
ـــ فلانًا : پچھاڑنا، گرانا، گردن اور رخسار کے بل لٹانا۔ قرآن پاک میں ہے "وتَلَّه لِلْجَبِين"
ـــ الناقةَ : اونٹنی کو بٹھانا۔
ـــ الماءَ و نحوَه : پانی وغیرہ کو ٹپکانا یا ڈالنا
ـــ الشيءَ في يدِ فلانٍ : ہاتھ میں دینا۔
ـــ اليه : کسی کی طرف دھکیلنا۔ هو متلول و تليل (دوسرے کی جمع) تَلّى۔
أتَلَّ : پانی ٹپکانا (۲) جانور کو باندھنا کھینچنا۔
تَلَّلَه : زمین پر گرانا۔
التَّلَالُ : گمراہی۔ کہتے ہیں۔ الضَّلال ابنُ التَّلال : انتہائی گمراہی۔

التَّلَالَةُ: گمراہی۔ کہتے ہیں۔ جاء بالضَّلالة و التَّلالَة: اس نے بڑی گمراہی اختیار کی
التَّلُّ: ٹیلہ، بلند زمین، چھوٹی پہاڑی، کھنڈر ج: تِلال و تُلول و أَتْلال۔
التُّلُّ: باریک کپڑا جس کے اندر سے نظر آئے
التَّلِيلُ: گردن ج: أَتِلَّة وتُلُلٌ و تَلائِلُ۔
التَّلَلُ: تری۔
التِّلَّة و التَّلَّة: لیٹنے کی حالت، گرنے کی حالت۔ کہتے ہیں۔ فی خِلْقه تَلَّة: اس کی سرشت میں سستی ہے۔
المِتَلُّ: طاقتور آدمی (۲) سیدھا نیزا (۳) وہ چیز جس سے زمین پر گرایا جائے۔
المَتْلُول: پیدائشی مضبوط و مستحکم۔
التُّلْي: ذبح کی ہوئی بکری۔
التَّلوليُ: دیر سے کہنا ماننے والا، جلد قابو میں نہ آنے والا
•التِّلِيسَةُ: کھجور کے پتوں کی بنی چھوٹی ٹوکری
•التِّلامُ: زمین پر ہل کے ذریعہ پڑی ہوئی لکیر ج: تُلُمٌ۔
التَّلَمُ: التِلام ج: أَتْلام۔
التِّلْمُ: کاشت کار، ہل چلانے والا (۲) سنار (۳) سنار کی لمبی دھونکنی (۴) سنار کا لڑکا ج: تِلام۔
•التَّلْمُودُ: ان یہودی تعلیمات وروایات کا مجموعہ جو مذہبی لوگوں سے منقول ہوں، یہودیوں کی مذہبی کتاب۔
•تَلْمَذَ و تَتَلْمَذَ لفلانٍ و عندَه: کسی کا شاگرد بننا۔
ـــــ فلانًا: شاگرد بنانا۔
التِّلْمِيذُ: شاگرد، خادم، استاذ، مرید، چیلا (۲) مدرسہ کا طالب علم، چھوٹا طالب علم ج: تلامِيذ و تلامِذَة۔
تلميذ فی مدرسة عالية: ہائی اسکول کا طالب علم۔
تلميذ فی مدرَسة حَرْبِيَّة: فوجی اسکول کا طالب علم۔

تلميذ فی التمرين: مبتدی، ٹریننگ اسٹوڈنٹ۔
تلميذٌ داخِلِيٌّ: دارالاقامہ میں رہنے والا طالب علم۔
تلميذٌ خارِجِيٌّ: بورڈنگ سے باہر رہنے والا طالب علم (۲) غیر ملکی طالب علم۔
•تَلِهَ ـَ تَلَهًا: ضائع ہونا (۲) حیران و پریشان ہونا (۳) خوف یا رنج یا عشق کی وجہ سے عقل زائل ہو جانا۔ رجُل تالِهُ العَقل: مخبوط الحواس، بے عقل ج: تُلَّه۔
ـــــ الشیءَ و عنه: بھول جانا، بھٹکنا۔
تُلِهَ: عقل زائل ہونا۔ هومتلوه۔ مَتلوهُ العقل: مخبوط الحواس، بے عقل جس کی عقل زائل کر دی گئی ہو۔
أَتْلَهَ الشیءَ: ضائع کرنا، برباد کرنا (۲) حیران و پریشان کرنا (۳) عقل زائل کرنا
ـــــ فلانا الشیءَ: ذہن سے نکال دینا، بھٹکا دینا۔
تَلَّهَه الهمُّ او الخوف او العِشق: رنج، خوف یا عشق کی وجہ سے کسی کا بے عقل ہو جانا، حواس گم ہو جانا۔
اتَّلَهَ: پریشان ہونا، متردد ہونا، کشمکش و پیچ میں ہونا۔
تَتَلَّه: اتَّلَه۔
المَتْلَهُ: ہلاکت خیز جنگل بیاباں، ہلاکت گاہ ج: مَتالِه۔
المَتْلَهَة: ہلاکت گاہ، سبب ہلاکت ج: مَتالِه
التَّالِهُ: حیران، پریشان، مخبوط الحواس۔
تاله العَقل: بے عقل، کودن۔
المُتَلَّه: بے عقل، مخبوط الحواس۔
•تَلَا ـُ تُلُوًّا: پیچھے آنا، نقش قدم پر چلنا، تابع ہونا، پیروی کرنا (۲) کسی چیز کے نتیجہ میں کوئی بات پیدا ہونا (۳) پیچھے رہ جانا (۴) جانور کا بچہ خریدنا۔
ـــــ فلانا: کام میں کسی کا تابع ہونا۔

تَلَا الابلَ وغيرها: دھتکارنا، دور کرنا۔
ـــــ صَديقه: دوست کو چھوڑ دینا۔
ـــــ ه: پیچھے چلنا۔
ـــــ عنه: چھوڑنا۔
ـــــ الكتابَ وغيرَه تِلاوَةً: پڑھنا، پڑھ کر سنانا۔
ـــــ الكتابَ و السُّنَّةَ: کتاب وسنت کا اتباع کرنا۔
الخبَرَ: خبر دینا۔ هو تالٍ۔
تَلَاه ـِ تَلْيًا: پیچھے چلنا، پیروی کرنا۔
تَلِيَ ـَ تَلًّى: پیچھے رہ جانا۔
ـــــ من كذا قَدْرٌ: باقی رہنا، جیسے تَلِيَ من الشهر يومٌ: مہینہ کا ایک دن باقی رہ گیا۔
أَتْلَتِ المُرْضِعُ: دودھ چھڑانے کے وقت بچہ کا ماں کے ساتھ لگنا۔ هي مُتْلٍ و مُتْلِيَة ج: مَتالٍ۔
أَتْلاه: تابع بنانا، کسی سے آگے نکل جانا۔
ـــــ الشیءَ شيئًا: کسی چیز کو کسی چیز کے پیچھے لگانا۔ کہتے ہیں۔ أَتْلَاه اللّٰهُ أَطْفالًا: اللہ نے اس کے پیچھے بچوں کو چلایا۔
ـــــ الشیءَ: کسی شے پر نظر رکھنا، پیروی کرنا
ـــــ فلانا على فلانٍ بحَقٍّ: حق کو کسی پر محول کر دینا، کسی کے ذمہ کر دینا۔
ـــــ الشیءَ و من الشیءِ: باقی رکھنا، بچانا
ـــــ فلانًا: امن کی ضمانت دینا۔
تَالَاه فی عَمَله: تابع ہونا، شریک ہونا، ساتھ دینا۔ کہتے ہیں۔ تالی فلانٌ المُغَنّی: فلاں نے گانے والے کے ساتھ گایا۔
تَلَّیَ: نماز کے لئے کھڑا ہونا (۲) منت پوری کرنا (۳) عمر کی آخری رمق میں ہونا (۴) مر جانا
ـــــ الشیءَ: تابع ہونا۔
ـــــ الشیءَ شيئًا: تابع بنانا، پیچھے لگانا، ساتھ جوڑنا۔ کہتے ہیں۔ تَلَّیَ الفَرِيضَةَ

نَافِلَةً: اس نے فرض کے بعد نفل کو ملالیا۔
تَلِيَّ الماءَ: پانی نکالنا۔
ـــ الدَّينَ: بقایا قرض طلب کرنا۔
ـــ الإِناءَ: برتن کو بھرنا۔
تتالت الامورُ: یکے بعد دیگرے ہونا، آگے پیچھے ہونا، پے در پے ہونا۔ کہتے ہیں: جاءت الخيلُ تتاليا: گھوڑے پے در پے آئے۔
تَتَلَّى به: پیچھے پڑنا یا پیچھے چلنا (۲) بہت سا مال اکٹھا کرنا۔
ـــ الشيءَ: تلاش کرنا، پیچھے پیچھے چلنا۔
ـــ حَقَّه حتّى استوفاه: اپنے حق کا تقاضا کرنا اور وصول کر لینا۔
ـــ الشيءَ: باقی رکھنا، بچانا۔ جیسے تتلّى حقَّه عند فلانٍ: کسی کے پاس اپنا حق چھوڑ دینا۔
استَتْلَى: امن کی ضمانت چاہنا۔
ـــ فلانًا: کسی کو پیچھے چلنے کے لئے کہنا (۲) کسی کا انتظار کرنا اور تابع بنانا۔
ـــ فلانا شيئًا: کسی کے کوئی چیز تابع کرنا
التَّالِي: دوڑ کے گھوڑوں میں سے چوتھے نمبر کا گھوڑا ج: تَالِيات (۲) مناطقہ کی اصطلاح میں قضیہ شرطیہ کا دوسرا جزء۔
التِّلاءُ: امن کی ضمانت جو مسافر کو دی جاتی تھی (۲) ذمہ۔
التَّلِي: قرض وغیرہ کا بقیہ حصہ۔
التُّلاوَةُ: قرض وغیرہ کا بقیہ (۲) ذمہ۔
الِتلْوُ: تِلْوُ كل شئ مَرَّة تِلْوَ المَرَّة: بار بار، تابع، ہر وہ چیز جو دوسری شے کے پیچھے یا اس کے تابع ہو (۲) مادہ جانور کا بچہ جو دودھ چھڑانے کے بعد اس کے پیچھے لگا رہتا ہے ج: اَتْلاَءٌ۔
التِّلْوَةُ: جو ہمیشہ کسی کا تابع بنا رہتا ہو، ساتھ لگا رہتا ہو۔

التَّلِيُّ: بہت قسمیں کھانے والا (۲) بہت مال دار۔
التَّلِيَّةُ: قرض وغیرہ کا بقیہ (۲) بعد جیسے وَقَعَ كذا تَلِيَّةَ كذا: وہ اس کے بعد ہوا۔
التَّوالِي: سرین (۲) گھوڑوں اور اونٹوں کی دمیں اور ٹانگیں (پچھلے حصے) (۳) جسم کے پوشیدہ حصے (۴) بعد والے ستارے۔ و: تَالِيَة، وتَالٍ۔
المُتَالِي: گویّے کی آواز میں آواز ملانے والا، سُر میں سُر ملانے والا۔
التَّالِي: تابع (۲) پچھلا (۳) بعد میں آنے والا (۴) تلاوت کرنے والا (۵) اگلا، آئندہ۔
بالتَّالِي: لہذا (۶) نتیجہ کے طور پر، بات، اس کے بعد (۷) اونٹوں کو ہانکنے والا۔

ت ـــــ م

•تُمْباك: پینے کا تمباکو۔
•تَمْتَمَ الكلامَ: مُنہ ہی میں اس طرح بولنا کہ تا اور میم کی آواز معلوم ہو، صاف نہ بولنا، تتلا کر بولنا۔
التَّمْتَام: صاف بات نہ کرنے والا۔
•تَمَرَهُ ـــ تَمْرًا: کھجور کھلانا یا کھجور دینا۔
تَمِرَت نفسُه بكذا ـــ تَمَرًا: دل خوش ہونا۔
أَتْمَرَ الرُّطَبُ: کھجور کا تمر یعنی خشک کھجور بن جانا۔
ـــ النَّخْلَةُ: کھجور کے درخت پر لگی ہوئی کھجوروں کا خشک ہو جانا، تمر بن جانا، درخت کا پھل دار ہونا۔
ـــ الرجُلُ: بہت کھجوروں والا ہونا۔
ـــ فلانا: پختہ یا خشک کھجور کھلانا۔
تَمَّرَ الرُّطَبَ والنَّخْلُ: تر کھجور کا خشک ہو جانا۔
ـــ فلانًا: خشک کھجور کھلانا۔

تَمَّرَ الرُّطَبَ: کھجور کو خشک کرنا، چھوہارا بنانا۔
ـــ اللَّحْمَ: گوشت کی بوٹیاں کر کے سکھانا۔
تَتَمَّرَ: خشک کھجور کھانا (۲) تر کھجور کا خشک ہو جانا۔
ـــ اللَّحْمُ: خشک ہو جانا۔
التَّامِرُ: کھجوروں والا۔
التَّامور و التامورة: دیکھئے تأمور (أ م ر)
التَّمَارِي: ایک قسم کا درخت۔
التَّمْرُ: خشک کھجور، چھوہارا ج: تُمور و تُمْرَان (یہ جمع اس وقت ہے جب کہ تمر سے اس کی انواع مراد ہوں)۔
التَّمْرُ الهندِيّ: املی۔
التَّمَّارُ: کھجور فروش۔
المَتْمُورُ: جسے کھجور کا توشہ دیا گیا ہو۔
التُّمَّرُ: ایک چھوٹا پرندہ جو کھجور کھاتا ہے۔
التُّؤْمَرِي: دیکھئے (ا م ر)۔
التُّؤْمورُ: دیکھئے (ا م ر)۔
•التِّمْسَاحُ: مگرمچھ، گھڑیال ج: تَمَاسِيح
دُموعُ التَّماسيح: مگرمچھ کے آنسو، کنایہ ہے جھوٹی شفقت سے۔
•تَمَشَ ـــ تَمْشًا: اکٹھا کرنا، جمع کرنا۔
•تَمَكَ ـــ تَمْكًا و تُموكًا السَّنامُ: اونٹ کے کوہان کا لمبا ہونا اور چربی سے بھرا ہوا ہونا۔ تمكت الناقةُ و تَمَكَ البناءُ: لمبا اور بلند ہونا۔
ـــ الحُسْنُ: حسن کا کامل ہونا۔
أَتْمَكَ الكلأُ الحيوانَ: گھاس کا جانور کو موٹا کر دینا۔ کہتے ہیں: أَتْمَكَ الرَّبيعُ السَّنامَ۔
التَّامِك: کوہان (۲) بڑے کوہان والی اونٹنی، بلند عمارت ج: تَوامِك۔
•التَّامُول: پان، پان کا درخت۔
•تَمَّ ـــ تِمًّا و تَمامًا: مکمل ہونا، پورا ہونا، کامل ہونا، انجام پانا، کام ختم ہو جانا

(۲) ٹھوس اور سخت ہونا۔ تَمَّ خَلْقُهُ: هو تامّ و تَمِيم۔
تَمَّ على الأمر: برقرار رہنا، جاری رکھنا
ــــ عليه و به: مکمل کرنا۔
ــــ الى موضع كذا: پہنچنا۔
تَمَّ عنه العينَ ـ تَمًّا: تعویذ کے ذریعہ نظر بد کے اثر کو دور کرنا۔
أَتَمَّ: (۱) پودے کا لمبا ہونا اور کلی نکلنا (۲) چاند کا بھرپور ہونا، کامل ہونا۔
ــــ الى موضع كذا: جانا۔
ــــ الشيءَ: مکمل کرنا، پورا کرنا، انجام دینا، ختم کرنا۔
ــــ فُلانًا: کلہاڑی دینا۔ أَتَمَّتِ الحاملُ: ولادت کا وقت قریب ہونا، حمل کا زمانہ پورا ہو جانا۔
مُتِمٌّ: قریب الولادت یا کامل الحمل عورت
تَمَّمَ الشيءَ: مکمل کرنا۔
ــــ الصبيَّ: بچہ کے تعویذ باندھنا۔
ــــ على الجريح: زخمی کا کام تمام کر دینا
ــــ على الجُند والطلاب وغيرهم: حاضری لینا۔
تَتَامَّ القومُ: قوم کے سب افراد کا آجانا کہتے ہیں: تَتَامُّوا اليه: اس کے پاس سب اکٹھے ہو گئے۔
اِسْتَتَمَّ الشيءَ: مکمل کرنا (۲) مکمل کرانا۔
ــــ النعمةَ بالشكر: نعمت کی تکمیل چاہنا۔
التَّتِمَّةُ: تکملہ، وہ چیز جس سے کوئی شے مکمل ہو جائے۔
التَّمامُ: مکمل، پورا، تکملہ۔ لَيلةُ التَّمام: چودہویں رات جس میں چاند پورا ہوتا ہے
بَدْرُ تِمامٍ و بَدْرٌ تَمامٌ: پورا چاند
لَيلُ التِّمام: سال کی سب سے زیادہ لمبی رات۔
بالتَّمام: بالکل، سراسر، پوری طرح۔
التُّمامةُ: بقیہ ہر چیز کا۔

التِّمامةُ: تکملہ۔
التِّمُّ: مکمل اور پوری چیز (۲) کلہاڑی (۳) بیلچہ، کدال ج: تِمَم و تِمَمة۔
التَّمَمُ: کامل الخلقت۔
تَمِيمٌ: نجد کا ایک قبیلہ۔
التَّمِيمةُ: تعویذ ج: تَمائم و تَمِيم۔
التَّمّ و التِّمّ و التُّمّ: کمال، اختتام، تمامیت۔
التّامّ: کامل، پورا م: التامّة۔
المُتَمّ: ناف کی رگ کا سرا۔
• تَمُّوز: دسواں سریانی مہینہ مقابل جولائی (رومی مہینہ)۔
• تَمِهَ اللحمُ واللبنُ ونحوهما ـ تَمَهًا و تَماهةً: بگڑنا، بدبو ہو جانا، ذائقہ بدل جانا۔ هو تَمِهٌ۔
المِتْماهُ: وہ چوپایہ جس کا دودھ دوہنے کے بعد خراب ہو جاتا ہو۔

ت ــــ ن

• تَنَأَ بالمكان ـ تُنُوءًا و تَناءةً: قیام کرنا، ٹھیرنا۔ تَنَأَ على الأمر و فيه: جمنا اور مضبوطی سے قائم رہنا۔
التّانَبُول: پان (اليقطين الهندي)
التِّنْبال: پست قامت ج: تَنابِيل و تَنابِلة
التِّنْبالةُ: التنبال ج: تنابيل۔
التِّنْبُول: التِّنْبال ج: تنابيل۔
التَّنْبَلُ: التانبول: پان (۲) سست (ترکی لفظ)۔
• تَنْتَلَتِ البيضةُ: انڈے کا گندا، خراب ہو جانا۔
تَنْتَلَ الرجلُ: صفائی کے بعد میلا ہو جانا (۲) عقل مندی کے بعد بے عقل ہو جانا
التِّنْتالُ: چھوٹا، پست قامت ج: تناتيل
التِّنْتالةُ: چھوٹا، پست قامت ج: تناتِل
التِّنْتِيلُ: چھوٹا، پست قامت ج: تناتيل

• تَنْتَنَ: دوستوں کو چھوڑ کر غیروں کے ساتھ لگ جانا۔
التَّنْتَنةُ: کپڑوں پر زینت کے لئے بنایا ہوا جال
• التَّنُّوب و التَّنُّوج: ایک قسم کا درخت جس کی لکڑی صنوبر جیسی ہوتی ہے استعمال کی جاتی ہے اور اسے برائے زینت بھی استعمال کیا جاتا ہے۔
• التَّنْجَرةُ: ہانڈی (۲) دیگ۔
• تَنَخَ بالمكان ـ تُنُوخًا: قیام کرنا، ٹھیرنا
ــــ على الأمر و فيه: جم جانا، مضبوطی سے قائم رہنا۔
تَنِخَ ـ تَنَخًا: بدہضمی ہوجا۔ تَنِخَت نَفْسُه: بسیار خوری کی وجہ سے طبیعت کا بے چین ہونا، قے ہونے کے قریب ہونا، جی متلانا۔ هو تَنِخ و تانِخ۔
أَتْنَخَه: بدہضمی کا سبب بننا، بدہضمی میں مبتلا کرنا۔ أَتْنَخَه الطعامُ: اسے کھانا ہضم نہیں ہوا۔
تانَخَه في الحرب ونحوها: مقابلہ پر جمے رہنا۔
تَنَّخَ بالمكان: ٹھیرنا، قیام کرنا۔
التَّنّار: تنور بنانے والا۔
التَّنُّور: تندور، روٹی پکانے کی بھٹی ج: تنانير
التَّنُّورة: پیٹی کوٹ۔
التَّنْضُب: دیکھئے (ن۔ ض۔ ب)۔
• التِّنِس: ٹینس۔ ایک کھیل جو جال باندھ کر چھوٹی گیندوں اور تانت کے بلوں سے کھیلا جاتا ہے۔
تِنِس المائدة: ٹیبل ٹینس۔
مِضْرَب التنس: تانت کا بنا ہوا بلّا، ریکٹ۔
مَلْعَب تِنِس: ٹینس کھیلنے کا میدان
• التَّنُوفةُ: جنگل بیاباں ج: تنائف۔
• التَّنَكةُ: ٹین کنستر (۲) قہوہ بنانے کا برتن، کیتلی (ترکی لفظ) ج: تَنَكات۔

التَّنكِي : ٹین سائز۔
•التَّنُّوم : ایک درخت جس کے پھل میں ارنڈ کے سے دانے ہوتے ہیں، شترمرغ اور ہرن وغیرہ کھاتے ہیں۔
•أَتَنَّ : دور ہونا (۲) نشوونما سے روکنا۔
تَأَنَّ بين شيئين : مقابلہ کرنا، اکٹھا کرنا۔
تَانَّ بينهما : مقابلہ کرنا۔
التِّنُّ : مثل، ہمسر، ہم پلہ (۲) شخص ج : أَتْنان۔
التِّنِّينُ : بڑی مچھلی (۲) اژدہا، آسمان میں ایک جگہ کا نام۔
التُّنُّ : ایک چھوٹی مچھلی۔

ت ــــ ہ

•تَه تَه : اونٹ کو اکسانے کے الفاظ (۲) کتے کو بلانے کے الفاظ۔
تَهاتِه : لکنت، جھوٹ، بکواس۔
تَهْتَهَ : بات کرتے ہوئے تہ تہ کہنا (لکنت کی بنا پر) (۲) اول فول بکنا، الٹی سیدھی باتیں کرنا۔
تَتَهْتَهَ : تَهْتَهَ۔
التَّهْتَهَةُ : بولنے میں لکنت جیسی کیفیت۔
•التَّيْهُورُ : سمندر کی بلند موج (۲) وادی و پہاڑ کے بالائی اور نچلے حصہ کے درمیان کی جگہ (۳) ہموار جگہ (۴) ریت کا کنارہ جو جلد گرجائے (۵) مغرور آدمی ج : تَياهِير و تَياهِر۔
•تَهِمَ ــَ اللَّبَنُ و اللَّحمُ : تَهَمًا : بگڑ جانا، خراب ہوجانا۔
ـــ الرجلُ : بدبودار ہونا (۳) آدمی کی بے بسی اور لاچاری ظاہر ہونا۔
ـــ البعيرُ : اونٹ کا چراگاہ سے مانوس نہ ہونا اور نہ چرنا (۲) لو لگنے کی وجہ سے دبلا ہوجانا۔
تَهِمَ الحرُّ : ہوا بند ہونے کی وجہ سے گرمی کا سخت ہونا۔ فهو تَهِمٌ۔
أَتْهَمَ : تہامہ میں آنا۔
ـــ البلدَ : ملک کی آب و ہوا کا موافق نہ آنا
تاهَمَ : تہامہ کے علاقہ میں آنا۔
اتَّهَمَهُ : دیکھئے (و ہ م)۔
تَتَهَّمَ : تاهَمَ۔
تِهامَةُ : مکہ معظمہ والا علاقہ، وہ نشیبی علاقہ جو ساحل سمندر اور حجاز و یمن کے پہاڑوں کے درمیان واقع ہے ج : تَهائِم۔ نسبت کے لئے کہا جاتا ہے تِهامِيٌّ و تَهامٍ۔
التَّهَمُ : سمندر سے ملی ہوئی زمین۔
التَّهَمَةُ : شہر، قصبہ۔
التَّهَمَةُ : بدبو۔
التُّهَمَةُ : دیکھئے (و ہ م)۔
المِتْهامُ : تہامہ کے علاقہ میں بہت آنیوالا

ت ــــ و

•تابَ ــُ تَوْبًا و تَوْبَةً و مَتابًا و تابَةً : توبہ کرنا، گناہ سے باز آنا هو تائب و توّاب۔
ـــ اللّٰهُ على عبده : توبہ کی توفیق دینا، معاف کرنا۔ فاللّٰه تَوّابٌ و العبد تائِبٌ : قرآن حکیم میں ہے "انَّه كانَ تَوّابًا"۔
ـــ الى اللّٰه : گناہوں پر پشیمان ہو کر اللہ کی طرف رجوع ہونا۔
ـــ عن مَعْصِيَة : گناہ سے باز آنا۔
ـــ عن عَمَل : کسی کام کو چھوڑنا۔
استَتابَه : توبہ کرانا۔
التَّوْبَةُ : اعتراف گناہ، ندامت و رجوع اور گناہ دوبارہ نہ کرنے کے عزم کا نام توبہ ہے (۲) گناہوں پر پشیمانی اور اس سے باز رہنے کا عزم، توبہ کہتے ہیں
التَّوبَةُ تُذْهِبُ الحَوْبَةَ : توبہ گناہ کو مٹا دیتی ہے۔
تائِبٌ : توبہ کنندہ، پشیمان، گناہ سے باز آنے والا۔
تَوّابٌ : بہت توبہ کرنے والا (بندہ) (۲) معاف کرنے والا، توبہ قبول کرنے والا، توبہ کی توفیق دینے والا (خدا)۔
•تُوت : قبطی سال کا پہلا مہینہ جو ستمبر کے ثلث ثانی کے ابتداء میں آتا ہے۔
التُّوت (الشامي او الاسود) : شہتوت۔
ـــ الشوكِيُّ : رس بھری (دیکھی جیسا پھل)
توتُ العُلَّيق : جنگلی شہتوت، رس بھری۔
التُّوتِياء : وہ پتھر جس کا سرمہ بنایا جاتا ہے (۲) زنک، سلفیٹ۔
تُوتيا حَمْراء : تانبے کا زنگ، کاپر اکسائڈ
توتيا زَرْقاء : نیلا تھوتھا۔
توتيا مَعْدِنِيَّة : جست جو آنکھوں میں لگایا جاتا ہے۔
المَتْوَتَة : وہ جگہ جہاں توت یا شہتوت کی پیداوار زیادہ ہو۔
•تاجَ ــُ تَوجًا : تاج پہننا۔
تَوَّجَه : تاج پہنانا (۲) سردار بنانا، سر پر تاج رکھنا۔
تَتَوَّجَ : تاج پہننا (۲) سردار بننا۔
التّائِجُ : تاجدار۔
التاجُ : تاج (۲) سہرا ج : تیجان و أتْواج
تاج العَمُود : ستون کا بالا حصہ، مینا کاری والا۔
تاج القَلَنْسُوة : ٹوپی کا پھندنا۔
مُسْتَعْمَرَةُ التاج : شاہی علاقہ جو براہ راست بادشاہ کے کنٹرول میں ہو۔
التَّتْويج : تاج پوشی۔
التّاجي : ایک تاج نما شریان جو دل کو غذا بہم پہنچاتی ہے۔
التُّوَيج : (علم نباتات میں) پھول کا اندرونی

غلاف۔
التُّوَيْجِيَّة: پھول کے غلاف کا ایک ٹکڑا۔
المُتَوَّج: تاج دار، تاج پوش۔
التُّوَجُ و التَّونجُ: کالنسی کا مجسمہ۔
•تَاحَ لہ ـُ توحًا: تیار ہونا، مہیا ہونا، مقدر ہونا۔ دیکھئے (ت ی ح)۔
أَتَاحَه: مہیا کرنا، مقدر کرنا، تیار کرنا۔
أَتَاحَ الفُرصةَ: موقع دینا۔
المُتَاح: ممکن الحصول، مقدر کیا ہوا۔
•تاخ ـُ توخًا و تَوَخًا: انگلی کا کسی نرم چیز میں گھس جانا۔
•تَارَ ـُ الماءُ تورًا: پانی کا بہنا۔
أَتَارَ اليه الرَّمْيَ: بار بار تیر مارنا۔
ـــ اليه النَّظَر: بار بار دیکھنا۔
تاوَرَه: بار بار آنا، لوٹ کر آنا۔
التَّارَةُ: وقت، مدت ج: تِير۔
التَّوْرُ: قاصد (۲) پانی پینے کا برتن ج: أتوار
التَّوْرَاةُ: حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل کی ہوئی آسمانی کتاب، توراۃ۔ اہل کتاب کے نزدیک حضرت موسیٰؑ کے پانچ اَسْفار کا نام ہے۔ نصاریٰ کے نزدیک عہد قدیم کا نام ہے۔
التَّورَةُ: عاشقوں کے درمیان بھیجی جانیوالی کنیز
التَّيَّارُ: بجلی، کرنٹ، تیز لہر، ہوا کا جھونکا، طوفان، پانی کا ریلا، دھارا، آدمیوں کا ریلا، انبوہِ کثیر، حالات کا رخ ج: تَيَّارَات دیکھئے (ت ی ر)۔
•تَازَ ـُ توزًا: کسی چیز کا سخت ہو جانا۔
•التَّوس: طبیعت۔
•تَاعَ ـُ توعًا: روئی کے ٹکڑے سے گھی یا مکھن اٹھانا۔
التَّيُّوع: وہ بوٹی جسے کاٹنے سے دودھ نکلے
•تافَ بَصَرُه ـُ توفًا: مسلسل دیکھنا (۲) نظر دھندلا ہونا۔
ـــ بصرُه عن كذا: نگاہ ہٹ جانا۔

التَّافَة و التَّوفة و التُّوفة: عیب، حاجت، سستی۔ کہتے ہیں: ما فيه تافَة: اس میں کوئی عیب یا سستی نہیں۔
التَّوِيفَة: سستی، کاہل۔
•تَاقَ ـُ تَوقًا و تَوَقَانًا و تُؤُوقًا و تِيَاقَةً: الشيءَ: دلچسپی لینا، خواہش کرنا، مشتاق ہونا۔
ـــ الى الشئ تَوَقَانًا و توقًا: کسی کام کے لئے چست ہونا، جلدی کرنا۔
ـــ عليه: کسی کے ساتھ ہمدردی کرنا اور اس کی بھلائی کا خواہش مند ہونا۔
ـــ منه: محتاط ہونا۔
ـــ من المرَض: صحت یاب ہونا اور کمزور رہنا۔ هو تائِق: ج: تَوَقَة
تَتَوَّقَ الى الشئ: مشتاق ہونا، دیکھنے کے لئے بیتاب ہونا، خواہش مند ہونا، دلچسپی لینا۔
تَوق و تَوَقَان: خواہش، اشتیاق، شوق
تائِق و تَوَّاق: بہت خواہش مند، مشتاق
•تَالَ ـُ تَولًا: جادو کا علاج کرنا (۲) جادو کرنا۔
ـــ به: مصیبت میں پڑنا۔
التَّال: کھجور کے چھوٹے درخت۔
التَّوَلَة: جادو، ٹوٹکا (۲) محبت کا تعویذ جو بیوی اپنے خاوند کے لئے کراتی ہے۔
التُّوَلَة و التِّوَلَة: زبردست مصیبت، غم۔
التَّوِيلَة: گھر بار سمیت لوگوں کی جماعت۔
•التَّوْلَبُ: دیکھئے (ت ل ب)۔
•التَّوْلَجُ: دیکھئے (و ل ج)۔
•تَوَّمَ الصَّبِيَّةَ: بچی کے کان میں بالی ڈالنا
التُّومَة: بالی جس میں بڑا دانہ پڑا ہوا ہو (۲) موتی (۳) موتی جیسا چاندی کا دانہ (۴) شترمرغ کا انڈا ج: تُوَمٌ و تُومٌ۔

أُمُّ تُومَة: سیپ، سیپی۔
مُتَوَّمٌ: مالا یا بالی پہنے ہوئے۔
توم: اصل ثوم: لہسن۔
تومان: ایک ایرانی سکہ۔
تاوَنَ الصَّيْدَ وله: دھوکہ دینے کے لئے شکار کے کبھی دائیں طرف آنا کبھی بائیں، شکار کو گھیرنا۔ دیکھئے (ت ان)۔
التُّونَةُ: بڑی مچھلی جس کی لمبائی کبھی کبھی ۴ میٹر تک ہو جاتی ہے اسے تازہ یا تیل میں رکھ کر کھایا جاتا ہے۔
تَتَاوَنَ و تَتَاءَنَ الصَّيدَ: شکار کو ہر طرف سے گھیرنا، حملہ کرنا۔
•تَاهَ في المفازة ـُ تَوْها و تُوْهًا: راستہ بھولنا، بھٹکنا، جنگل میں ہلاک ہو جانا، (۲) پریشان پھرنا (۳) عقل کا توازن کھو بیٹھنا
تَوَّهَهُ و أَتَاهَهُ: ہلاک کرنا، گمراہ کرنا، بے عقل بنا دینا، پریشان و سرگرداں کر دینا۔
التُّوهُ و التَّوْه: ہلاکت۔ فَلَاة تُوهٌ: جنگل بیاباں، بے آب و گیاہ جنگل جہاں آدمی بھٹک جائے، جو ہلاکت کا سبب ہو ج: أَتْوَاهٌ ج: أَتَاوِيهُ۔
التَّوهان: فاسد العقل۔
•أُتْوِيَ: تنہا آنا۔
ـــ الرجلَ: ہلاک کرنا۔
ـــ المالَ: مال کو برباد کرنا۔
التَّوُّ: اکیلا۔ کہتے ہیں: وجَّه من خَيله بالف تَوٍّ: اس نے اپنے گھوڑوں میں سے ایک ہزار گھوڑے روانہ کئے۔ جاءَ تَوًّا: کسی رکاوٹ کے بغیر آیا (۲) وہ رسّی جسے ایک بٹ دیا گیا ہو (بخلاف زَوّ) کہتے ہیں: كان الحَبْلُ تَوًّا فصارَ زَوًّا: رسّی ایک بٹ کی تھی اب دو بٹ والی ہو گئی، کنایہ ہے طاقتور ہو جانے سے (۳) نکما آدمی جو دنیا کے لئے کچھ کرتا ہو اور نہ آخرت کے لئے (۴) کوہان دار عمارت

ج: أَتْوَاء ۔
التَّوَّةُ : رات یا دن کا کوئی حصہ۔
تَوًّا : براہ راست (۲) ابھی (۳) فوراً ۔
الْمَتْوَاة : سبب ہلاکت، سبب نقصان۔ الشُّحُّ مَتْوَاة : کنجوسی باعث نقصان ہے ج: متاوہ ۔
•تَوَى البَعِيرَ ـِ تَيًّا : اونٹ کو صلیب نما نشان لگانا۔ هو مَتْوِيّ ۔
تَوِيَ ـَ تَوًى : مال کا برباد ہونا (۲) آدمی کا ہلاک ہونا (هو تَوٍ و تاوٍ) کہتے ہیں: لَا تَوَى عليه : اسے کوئی نقصان نہیں۔
التَّوَى : گردن یا ران پر لگا ہوا داغ (صلیب نما) (۲) ہلاکت و بربادی ۔
التَّوَاءُ : التَّوَى ۔

ت ـــــ ى

•التياتر : تھیٹر، تماشہ، تماشہ گاہ (معرب)۔
•تِي : واحد مؤنث کے لئے اسم اشارہ ۔
•تاحَ له الشيءُ ـِ تَيْحًا : تیار ہونا، مقدر ہونا ۔
ــــ له الأمرُ : آسان ہونا۔
ــــ في مِشْيَتِه : جھومنا، جھومتے ہوئے چلنا۔
أَتَاحَ الشيءَ : مقدر کرنا، تیار کرنا، فراہم کرنا
التَّيِّحَانُ و التَّيَّحَانُ : فضول کاموں میں مشغول رہنے والا، لایعنی امور میں پھنس کر تکلیفیں اٹھانا (۲) مصائب کا شکار رہنے والا، آفات و مصائب کو مول لینے والا (۳) تیز دوڑنے والا گھوڑا (۴) وہ گھوڑا جو چلنے میں چست اور دونوں طرف جھکتا ہو
التَّيَّاح : وہ گھوڑا جو چلنے میں چست رہتا ہو اور دونوں طرف جھکتا ہو ۔
المِتْيَاح : ہر کام میں پیش پیش رہنے والا اور فضول کاموں میں الجھنے والا (۲) مقدر کیا ہوا معاملہ ۔

المِتْيَح : فضول کاموں میں پھنس کر مصائب میں مبتلا ہونے والا (۲) چست اور دونوں طرف مائل ہونے والا گھوڑا۔
•التَّيْدُ : نرمی، آہستگی۔ کہتے ہیں: تَيْدَكَ يا هذا : ارے آہستہ چل، نرمی برت
تَيْدَكَ فلانًا : فلاں کے ساتھ نرمی کر اور سہولت دے ۔
•التِّيرُ : وہ شہتیر جس پر چھت کی کڑیاں رکھی جاتی ہیں (۲) تکبر و غرور۔
التَّيَّار : تیز لہر، دھارا (۲) تیز اور (فرس تيّار) پانی کی طرح دوڑنے والا گھوڑا (۳) مغرور و متکبر (۴) بجلی کا کرنٹ (۵) ہوا کا جھونکا (۶) رو، طوفان (۷) ندی وغیرہ کا بہاؤ (۸) حالات کا رخ (۹) خوشی وغیرہ کی لہر (۱۰) لوگوں کا ریلا ج: تَيَّارات ۔
تارة : دیکھئے تَأَرَ (ت ء ر) ۔
•تازَ ـِ تَيْزًا و تَيَزَانًا : سخت ہونا (۲) موٹا اور کھردرا ہونا۔
ــــ السَّهْمُ في الرَّمِيَّة : تیر کا چھوٹنے کے وقت حرکت کرنا۔
ــــ فلانًا : غلبہ پانا، مغلوب کر دینا ۔
تَايَزَه : غلبہ پانا ۔
تَتَيَّزَ في مِشْيَتِه : اس طرح چلنا جیسے اوپر سے نیچے کو آرہا ہو، بھاری قدموں سے چلنا ۔
•تِسْ تِسْ : بکرے کو بلانے کے لئے اکسانے کی آواز۔
•تَاسَ الجَدْيُ ـِ تَيْسًا : بکری کے بچہ کا بکرا بن جانا۔
تَيِسَت العَنْزُ ـَ تَيَسًا : بکری کے سینگوں کا بکرے کے سینگ کی طرح لمبا ہونا۔ هي تَيْسَاءُ ۔
تَايَسَه : دھکے دینا، دھکیلنا۔
تَيَّسَ فرسَه : سدھانا اور قابو میں کرنا
ــــ فلانًا عن كذا : کسی چیز سے ہٹانا اور قول کو باطل کرنا۔
تَتَايَسَ الماءُ : پانی کی موجوں کا باہم ٹکرانا
اسْتَتْيَسَتِ العَنْزُ : بکری کا بکرے جیسا ہو جانا ۔
التَّيْسُ : بکری یا ہرن کا ایک سالہ بچہ (۲) بکرا (۳) بے عقل آدمی ج: تُيُوسٌ و أَتْيَاس و أَتْيُسٌ و تِيَسَة۔ لحية التَّيس: ایک نبات جس کی جڑوں کو پکا کر کھایا جاتا ہے۔
المَتْيُوسَاء : بکروں کا جھنڈ ۔
التَّيْسِيَّة و التيسوسِيَّة : بکرے جیسی طبیعت ۔
التَّيَّاس : بکروں والا، بکریوں والا ۔
الأَتْيَسُ : بکرے جیسا، بے وقوف ۔
•تَاعَ الجَمَدُ و نحوُه ـِ تَيْعًا و تَيَعًا و تَيَعَانًا : منجمد چیز کا پگھل کر بہہ جانا (۲) پانی وغیرہ کا زمین پر پھیل جانا۔
ــــ الدَّمُ و القَيْءُ : خون نکلنا، قے ہونا
ــــ السُّنْبُلُ : خوشوں میں بعض کا سوکھ جانا اور بعض کا تر رہنا، رطب و یابس ہونا۔
ــــ بالشيءِ : ہاتھ سے پکڑنا۔
ــــ إلى الشيءِ : مشتاق ہونا۔
ــــ إلى فلان : کسی کے پاس دوڑ کر جانا۔
ــــ السَّمْنَ و مثلَه : گھی یا مکھن کو روٹی کے ٹکڑے سے اٹھانا۔
ــــ الطريقَ : راستہ طے کرنا۔
أَتَاعَ : فلان : قے کرنا۔
ــــ قيئَه و دمَه : قے یا خون کو نکالنا
تَايَعَ على الشرِّ : شر اور فساد پر آمادہ ہونا، شر کی طرف دوڑنا۔
تَتَيَّعَ بالشيءِ : ہاتھ سے اٹھانا۔ ہاتھ میں لینا۔ السَّمْنَ و نحوَه : گھی وغیرہ کو روٹی کے ٹکڑے سے اٹھانا (۲) في الأمر : کسی کام پر اصرار کرنا۔

تَتَابَعَ الجَمَلُ فی مِشْیَتِهٖ : اونٹ کا چلتے وقت اپنے الواح کو ہلانا۔
ـــ السَّکْرَانُ : نشہ والے کا خود کو گرا دینا۔
ـــ فلان فی الشَّرِّ و علیه : شر اور فساد میں کود پڑنا یا اس کی طرف دوڑ پڑنا۔
ـــ فی الامر : کسی معاملہ میں الجھنا، گھسنا۔
ـــ للقیام : کھڑا ہونے کے لئے اٹھنا۔
ـــ القومُ فی الارض : سختی و پریشانی کے باعث دور دور ہو جانا۔
ـــ الریحُ بالیَبِیْس و وَرَق الشَّجر : ہوا کا خشک چیزوں اور پتوں کو اڑا کر لیجانا
ـــ الامرَ : لوگوں کے برخلاف روش اختیار کرنا۔
اِتَّایَعَ : مثل تتایع۔
تَتَیَّعَ الماءُ و نَحوُہٗ : بہنا۔
ـــ فلان : برائی کی طرف دوڑنا۔
ـــ الی الشَّرّ : برائی اور فساد کی طرف دوڑنا
ـــ فی الأمر : کسی کام پر لگے رہنا، الگ نہ ہونا
الأَتْیَعُ : بے دوقوفی میں عجلت کرنے والا (۲) وہ جگہ جہاں ریت چمکتا ہو۔
التَّاعَةُ : بھینس کا گاڑھا ٹکڑا، ولادت کے وقت نکلنے والے گاڑھے دودھ کا موٹا ٹکڑا۔
التَّیْعُ : وہ چیز جو پگھل کر زمین پر بہے۔
التَّیِّعُ و التَّیِّعان : بدی طرف دوڑنے والا، بدی پر جلد آمادہ ہونے والا۔
التِّیعَةُ : چالیس بکریاں۔ علی التِّیْعَة شاۃٌ (ح)
• التَّیْفُود : ٹائیفیڈ، بخار کی ایک قسم، موتی جھارا۔
• التَّیفُوس : محرقہ دماغی بخار جس میں جسم پر ارغوانی رنگ یا سرخ سرخ دانے نکل آتے ہیں اور عموماً ہذیان بھی طاری ہو جاتا ہے۔
• تِیل : ایک قسم کا پودا جس کے ریشوں سے رسّیاں اور بوریاں بنائی جاتی ہیں۔
• تَامَ ـِ تَیْمًا : لوگوں سے الگ ہونا۔
ـــ الهوی و الحَبِیبُ فلانا : محبت یا محبوب کا کسی کو دیوانہ بنا دینا، غلام بنالینا
أَتَامَ : گھریلو بکری کو ذبح کرنا۔
تَیَّمَهٗ : محبت یا محبوب کا کسی کو غلام بنالینا، دیوانہ کر دینا۔
اِتَّامَ : أَتَامَ۔
التَّیْمُ : غلام۔ عرب کہتے تھے : تیمُ الله و تیمُ اللّات تَیْم : ایک عرب قبیلہ کا نام۔
التَّیْمَاءُ : جنگل بیاباں۔ ارض تَیْماء : بنجر اور مہلک زمین (۲) برج جوزا کے ستاسے (۳) شمالی عرب میں ایک جگہ کا نام۔
التِّیْمَةُ : وہ بکری جو گھر میں رہتی ہو، جنگل میں نہ چرتی ہو اور گھر ہی میں دوہی جاتی ہو (۲) بچہ کے گلے میں ڈالا جانے والا گنڈا یا تعویذ (۳) وہ بکری جو قحط کی حالت میں ذبح کی جائے (۴) ہر وہ بکری جو دوسرے نصاب زکات تک چالیس کے بعد ہو۔
مُتَیَّم : اسیر عشق، فاسد العقل۔
• التِّیْنُ : انجیر، درخت انجیر و : تِیْنَةٌ۔
التین الشوکی : گولر۔
التَّیَّان : انجیر فروش۔
المَتَانَةُ : أَرْضٌ مَتَانَة : بہت انجیروں والی زمین۔
المَتْیَنَةُ : انجیر کا باغ ج : مَتَاین۔
• تَاهَ ـِ تَیْهًا و تِیهًا و تَیَهَانًا : مغرور ہونا۔ هو تائه و تَیّاه۔
ـــ فی الارض : بھٹکنا، سرگشتہ پھرنا۔ هو تائه و تَیَّاه و تَیْهان و تَیِّهان و تَیِّهان۔
تَاهَ بصرُہٗ : ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔
ـــ بصرُہ عنه : نگاہ ہٹ جانا۔
ـــ فِکْرُہٗ : ذہن منتشر ہونا، خیال بٹنا۔
أَتَاهَهٗ : گمراہ کرنا، بھٹکانا، توجہ ہٹانا۔
تَیَّهَهٗ : گمراہ کرنا۔
ـــ الشیئَ : ضائع کرنا، تباہ کرنا۔
تَیَّهَ نفسَه : پریشان کرنا۔
ـــ الفکر : توجہ ہٹانا۔
الأَتْیَهُ : بلدٌ أَتْیَهُ : وہ شہر جس کا راستہ نہ ملتا ہو۔
التِّیْهُ : چٹیل میدان جہاں پانی نہ ہو اور نہ راہ نمائی کا کوئی نشان ہو۔ أَرْضٌ تِیهٌ : بھٹکنے کی جگہ ج : أَتْیَاه ج ج : أَتَاوِیه۔
التِّیهُ : غرور، تکبر، عیب، اکڑ۔
التَّیْهَاء : التِّیه۔
التَّیْهَانُ و التَّیِّهان : نڈر جو معاملات میں دخل دینے کی جرات رکھتا ہو (۲) بہادر (۳) مغرور و متکبر (۴) بہادر اونٹ۔
المَتَاهَة : چٹیل میدان، بھٹکنے کی جگہ۔
المَتْیَه من الأرض : چٹیل میدان۔
المِتْیَه من الأرض : چٹیل زمین۔
ـــ من الرجال : بہت بھٹکنے والا، بہت مغرور۔
المَتْیَهَةُ و المِتْیَهَةُ : چٹیل زمین۔
التائه : مغرور، گمراہ، سرگشتہ، پراگندہ ذہن، پریشان خیال۔
• التَّیْهُور : دیکھئے (ت ہ ر)۔
• التِّیُوقراطِیَّة : ایسا نظام حکومت جس میں دینی اور دنیوی دونوں اقتدار حکمراں کے پاس ہوں۔

بابُ الثاء

الثاء: حروف ہجائیہ کا چوتھا حرف۔

ث ــــــ ء

ثَئِبَ ـ ثَئَبًا: جمائی لینا۔
ثَاءَبَ: جمائی لینا، جمائی آنا۔
تَثَاءَّبَ: جمائی لینے کی کوشش کرنا (۲) خبروں کی جستجو کرنا (۳) اونگھنا۔
الثُّؤَباء و التثاؤُب: جمائی۔
الثُّؤَباء: ڈھیلاپن، بھاری پن (سستی کی وجہ سے)
الأَثْأَبُ: انجیر کے درخت کے مانند بھاری بھرکم درخت جو وادیوں کے بیچ میں پیدا ہوتا ہے
ثَأْثَأَ: غصہ کا ٹھنڈا ہونا۔
ـــ عن الشئ: باز رہنا
ـــ عنه الغَضَبَ: غصہ کو ٹھنڈا کرنا۔
ـــ النارَ: آگ بجھانا۔
ـــ الحیوانَ: جانور کو پانی پلانا (۲) پیاسا رکھنا۔
ـــ منه: ڈرنا۔
تَثَأْثَأَ: غصہ ٹھنڈا ہونا (۲) آگ بجھنا۔
ـــ عن الامر: باز رہنا۔
ـــ منه: ڈرنا، مرعوب ہونا۔
• ثَأَجَ ـ ثَأْجًا و ثُؤَاجًا: بکری یا بھیڑ کا ممیانا۔
• ثَئِدَ النَّبْتُ و المکانُ ـ ثَأَدًا: شبنم سے تر ہونا، سرسبز و شاداب ہونا۔ هو ثَئِد و ثَئِید۔
ـــ اللَّیلَةُ: رات کا ٹھنڈا ہونا۔
ـــ الإنسانُ: ٹھنڈ لگ جانا۔
ـــ الفَخِذُ: ران کے گوشت کا بھر جانا۔
الثَّأَدُ: ٹھنڈک (۲) اوس، شبنم (۳) تر مٹی (۴) تروشاداب پودا (۵) برا کام۔
الثَّأْدَاءُ: بے عقل لونڈی۔
الثَّأَدَةُ: بھاری جسم کی عورت، فربہ عورت۔
ثَئِدٌ و ثَئِید: تر، سرسبز، ٹھنڈا، مرغوب
• ثَأَرَ ـ القَتیلَ و به ـ ثَأْرًا: بدلہ خون لینا، مقتول کے خون کا مطالبہ کرنا، انتقام لینا۔ ثَأَرَ الثَّأْرَ: اس نے بدلہ لے لیا
ـــ القاتِلَ: قاتل کو مار ڈالنا، قتل کا بدلہ لینا۔
ـــ بفلانٍ: کسی کو بدلہ کے لئے قبول کرلینا
ـــ حَمِیْمَه و بحَمِیمِه: اس نے اپنے دوست کا بدلہ لیا یعنی رشتہ دار کے قاتل کو قتل کردیا۔ رشتہ دار کو مَثئور اور مَثئورٌ به کہا جائے گا اور دشمن جسے قتل کیا گیا ہے مَثئورٌ اور مثئور منه کہا جائے گا۔
أَثْأَرَ: خون کا بدلہ لے لینا۔ أَثأَرَ من فلانٍ: اس سے اپنے مقتول کے خون کا بدلہ لے لیا۔
اثَّأَرَ: أَثْأَرَ۔
اسْتَثْأَرَ: اپنے مقتول کا بدلہ لینے کے لئے کسی سے مدد مانگنا۔
الثَّائِرُ: وہ شخص جو خون کا بدلہ لئے بغیر نہ رہے، خون کے بدلہ کا طالب، انتقام لینے والا (۲) بپھرا ہوا (۳) کینہ ور، خون کا پیاسا (۴) باغی۔ حدیث میں ہے "أنا له یا رسولَ اللهِ المَوتُور الثائِرُ" (حدیث ابن سلمہ، یوم خیبر)۔
الثَّأْرُ: خون کا بدلہ، جرم کا بدلہ، انتقام (۲) خون (۳) رشتہ دار کا قاتل ج: أَثْآر و ثَأَرات و ثارات۔
الثَّأْرُ المُنِیمُ: خون کا وہ تسلی بخش بدلہ جس کے بعد طالب خون کو سکون ہو جائے۔
الثَّأْرِیُّ: انتقامی۔
عاطفة ثأرِیَّة: انتقامی جذبہ۔
• ثَئِطَ اللَّحْمُ ـ ثَئَطًا: گوشت خراب ہوجانا، کیچڑ کا بدبودار ہوجانا۔
ـــ الرجلُ: زکام ہوجانا۔ هو مَثئُوط
الثُّؤَاط: زکام۔
الثَّأْطَة: بدبودار کیچڑ ج: ثَأْط، مشہور ہے: ثَأْطَةٌ مُدَّت بِمَاءٍ: کیچڑ کو پانی ڈال کر بڑھا دیا گیا، ایسے موقع پر بولتے ہیں جب ایک خرابی کے ساتھ دوسری خرابی پیدا ہوجائے۔
أَثْأَطُ: بے وقوف م: ثَأْطَاءُ۔
• ثَأْلَلَهُ المَرَضُ ثَأْلَلَةً: بیماری کا جسم پر مسّے پیدا کر دینا۔
تَثَأْلَلَ جَسَدُه: جسم پر مسّے نکل آنا۔
الثُّؤْلُولُ: مسّہ، چنے کے برابر ٹھوس پھنسی (۲) پستان کا سرا ج: ثآلیل۔
• ثَأَى الخَرْزَ ـ ثَأْيًا: کوڑی وغیرہ کو چیرنا
ـــ الادیمَ: کھال کو چیرنا، پھاڑنا۔
أَثْأَى فیهم: لوگوں میں کشت خون کرانا۔
ثَئِيَ الخَرْزُ ـ ثَأًى: کوڑی کا چر جانا، پھٹ جانا۔
الثَّأْيُ و الثَّأَى: کمزوری (۲) سوراخ (۳) زخم کا نشان (۴) خرابی۔ کہتے ہیں: رَأَبَ الثَأَیَ و رتَقَه: فاسد کو ٹھیک کرنا۔ حدیث عائشہؓ جس میں وہ اپنے والد کی صفت بیان کرتی ہیں، مذکور ہے "وَرَأَبَ

التأیٰ "
اِثْبَأَجَّ السِّقاءُ و نحوہ : مشک کا بھر جانا
___ الرجلُ : آدمی کا بھاری بھرکم اور ڈھیلا ہونا۔

ث ___ ب

• ثَبَّ ـِ ثَبًّا : جم کر بیٹھنا۔
___ الأمرُ : پورا ہو جانا۔
• ثَبَتَ ـُ ثَبَاتًا و ثُبُوتًا : جمنا، ٹھیرنا، ثابت قدم رہنا، مضبوط و مستحکم ہونا، قائم رہنا (۲) ثابت وظاہر ہونا، محقق ہونا، پایۂ ثبوت کو پہنچنا۔
ثَبُتَ ـُ ثَبَاتَةً و ثُبُوتَةً : باوقار ہونا، مستقل مزاج ہونا۔ ھو ثَبْتٌ و ثَبِيتٌ
أَثْبَتَ الأمرَ : ثابت و واضح کرنا، پایۂ ثبوت کو پہنچانا۔
___ الکتابَ : رجسٹرڈ کرنا، درج کرنا۔
___ الحقَّ : حق کو دلیل سے ثابت کر دینا۔
___ الشيءَ : اچھی طرح جاننا (۲) برقرار رکھنا۔ قرآن پاک میں ہے "یَمْحُو اللّٰهُ ما یَشَاءُ و یُثْبِتُ"
___ فلانًا : قید کرنا، باندھنا۔ قرآن پاک میں ہے "وإذ یَمْکُرُ بِكَ الَّذِینَ کَفَرُوا لِیُثْبِتُوكَ أو یَقْتُلُوكَ أو یُخْرِجُوكَ" نیز مشورۂ قریش والی حدیث میں ہے "إذا أصبح فَأَثْبِتُوه بالوَثَاقِ" اور حدیث ابی قتادہ میں ہے "فطَعَنْتُه فأَثْبَتُّه"
___ الرُّمْحَ : نشانہ پر گاڑ دینا۔
ثَبَّتَ : ثابت و واضح کرنا (۲) جمانا، پختہ کرنا (۳) درج کرنا (۴) محقق و مؤکد کرنا، دلائل سے ثابت کرنا، کسی کے خلاف جرم ثابت کرنا (۵) دل مضبوط کرنا، بہادر بنانا (۶) ثابت قدم رکھنا۔ قرآن پاک میں ہے "یُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِینَ آمَنُوا بالقَوْلِ الثَّابِتِ"
تَثَبَّتَ : جمنا، پختہ رہنا، ثابت ہونا، محقق ہونا، مضبوط ہونا (۲) غور و فکر سے جاننا۔
تَثَبَّتَ فی الأمر : تحقیق کرنا، غور و فکر سے کام لینا، احتیاط سے کام لینا۔
___ من الأمر : وثوق حاصل کرنا، ثبوت حاصل کر لینا۔
اِسْتَثْبَتَ فی الأمر و الرأی : تحقیق کرنا، وثوق حاصل کرنا، ثبوت حاصل کرنا، چھان بین کرنا۔
___ أحدًا : کسی سے ثبوت مانگنا۔
الثُّبَاتُ : دَاءٌ ثُبَاتٌ : صاحب فراش بنانے والی بیماری (۲) بہادر شہسوار جس کا حملہ خطا نہ کرتا ہو۔
الثِّبَاتُ : بند یا ڈوری جس سے کوئی چیز باندھی جائے۔
الثَّبْتُ : بہادر، مضبوط دل والا (۲) پختہ رائے دانشور۔
فُلان ثَبْتُ الخُصُومَةِ : وہ دشمنی واختلاف میں سنجیدہ رہتا ہے۔
الثَّبَتُ : حجت، برہان، ثبوت، دلیل (۲) دلائل کی کتاب (۳) کتاب کی فہرست۔
ثَبَتُ المُحَدِّث : وہ کتاب جس میں محدث اپنے شیوخ کے اسماء اور اپنی مرویات کو جمع کرتا ہے۔ رَجُل ثَبَتٌ : قابل اعتماد آدمی جسے حجت بنایا جا سکے ج : أَثْبَات
ثَبْتٌ و ثابت و ثَبِیت : پختہ، مضبوط، ثابت قدم۔
ثابِتٌ : پختہ، مضبوط (۲) قائم، مستقل مزاج، باقی، برقرار (۳) واضح اور محقق (۴) غیر منقول (۵) غیر متحرک (۶) تسلیم شدہ۔
___ الجأْشِ : حوصلہ مند، بیباک۔
___ الجَنانِ : حوصلہ مند، بے باک۔
___ العَزْمِ : پختہ عزم کا انسان۔
___ القلبِ : نڈر، بہادر۔
لون ثابت : پختہ رنگ۔ مِلْك ثابت : غیر منقولہ جائداد۔ قول ثابت : محقق بات
ثابتة : ایک جگہ قائم رہنے والا ستارہ، سیارہ کی ضد ج : ثَوابت۔
إثْبات : دلیل، ثبوت (۲) ایجاب، نفی کی ضد (۳) عارضی ملازم کا استقلال۔
إثْباتُ الذّاتیّة : شناخت کرانا، شخصیت منوانا۔
إثْبات و تثبیت : پختگی، مضبوطی، برقراری
المُثْبَتُ : غیر منفی۔ رَجُل مُثْبَتٌ : صاحبِ فراش (۲) بندھا ہوا۔ شَيءٌ مُثْبَت : ناقابل حرکت۔
تثبیت : عارضی ملازم کا استقلال (۲) منظوری، ثبوت، تسلیم۔
• ثَبَجَ ـُ ثُبُوجًا و ثَبْجًا : پاؤں کی انگلیوں پر بیٹھنا۔
___ الکلامَ و الخطَّ ثَبْجًا : کلام یا تحریر کو غیر واضح کرنا، صاف نہ لکھنا، صاف نہ بولنا، گھسیٹواں لکھنا۔ خطٌّ ثَبِجٌ و مُثَبَّجٌ : گھسیٹواں تحریر، غیر واضح تحریر
ثَبِجَ ـَ ثَبَجًا : درمیانی حصہ کا بڑا ہونا۔ رَجُل أَثْبَجُ : جس کا درمیانی جسم بڑا ہو م : ثَبْجَاء ج : ثُبْجٌ۔
ثَبَّجَ الراعی بالعصا : چرواہے کا لاٹھی کو پیٹھ پر رکھ کر دونوں ہاتھ اس کے پیچھے رکھنا۔
تَثَبَّجَ : ثَبَّجَ۔
اِثْبَأَجَّ : السِّقاءُ : مشک کا بھر جانا (۲) آدمی کا موٹا اور ڈھیلا ہونا۔
الثَّبَجُ : ہر چیز کا ابھرا ہوا درمیانی حصہ (۲) بڑا حصہ (۳) کندھے اور پیٹھ کے درمیان کا حصہ ج : أَثْبَاج و ثُبُوج۔ اسی سے ہے۔ ثَبَجُ البَحْرِ و الصَّدْرِ و الظَّهْرِ و الأَکَمَة : سمندر کا درمیانی اور بڑا حصہ، سینہ کا ابھرا ہوا حصہ، پیٹھ کا ابھرا ہوا حصہ، ٹیلہ کا بالائی حصہ (۴) رات بھر بولنے والا ایک پرندہ۔

الثَّبَجَةُ: شریفوں اور رذیلوں کے بین بین رہنے والی۔
الأَثْبَجُ: چوڑی پیٹھ والا، کبڑا۔
مُثَبَّجٌ: بے ڈول لمبے قد کا آدمی۔
• اثْبَجَرَّ: بوقت خوف دھکی میں آجانا۔
• ثَبَرَ فلانٌ ـُـ ثَبْرًا و ثُبُورًا: ہلاک ہونا۔ قرآن پاک میں ہے "لَا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُورًا وَاحِدًا وَادْعُوا ثُبُورًا كَثِيرًا"
ـــ الشيءَ: برباد کرنا۔
ـــ فلانًا: نامراد و ناکام بنانا، دھتکارنا، لعنت کرنا، ہلاک کرنا۔
ـــ عن الشيءِ: روکنا، باز رکھنا۔ هو مَثْبُورٌ قرآن پاک میں ہے "وَإِنِّي لَأَظُنُّكَ يَا فِرْعَوْنُ مَثْبُورًا"
ـــ البحرُ: سمندر میں جزر کی کیفیت پیدا ہونا یعنی پیچھے ہٹ آنا برخلاف مَدّ۔
ثَبِرَتِ القُرْحَةُ ـَـ ثَبَرًا: زخم کا پھٹ کر بہہ جانا۔
ثَبَّرَه: ہلاک کرنا (۲) دھتکارنا۔
ـــ عن كذا: روکنا، باز رکھنا۔
ثابَرَ على الأمرِ مثابَرَةً: قائم رہنا، پابندی سے لگے رہنا، مداومت کرنا، ڈٹے رہنا۔
تَثَابَرُوا في الحَرْبِ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا، ٹوٹ پڑنا۔
الثِّبَارُ: هو على ثِبَارِ امرٍ: وہ فلاں کام کی انجام دہی کا نگراں ہے۔
الثَّبْرَةُ: چونے جیسی مٹی جہاں درخت کی جڑ پہنچ کر رک جاتی ہے (۲) پہاڑ کے اندر تالاب نما گہرا حصہ۔
ثُبُورٌ: ہلاکت، بربادی۔
مُثَابَرَةٌ: ثابت قدمی، جماؤ، ہمیشگی، پابندی۔
مُثَبَّرٌ: محروم، نامراد (۲) روکا ہوا، باندھا ہوا۔

• ثَبَطَ على الأمرِ ـُـ ثَبْطًا: باخبر ہونا، کسی کام کے لئے کھڑا ہونا۔
ـــه على الأمرِ: باخبر کرنا (۲) کسی کام پر کھڑا کرنا۔
ـــ عن الشيءِ: روکنا، کسی چیز تک پہنچنے نہ دینا۔
ـــ الرجلَ: قید کرنا، روکنا، جانے نہ دینا
ثَبِطَ ـَـ ثَبَطًا: کمزور ہونا، بھاری ہونا، کسی کام میں اناڑی ہونا۔ هو ثَبِطٌ ج: أَثْبَاطٌ و ثِبَاط۔
أَثْبَطَهُ المَرَضُ: بیماری کا لگا رہنا، الگ نہ ہونا۔
ثَبَّطَهُ عن الأمرِ: باز رکھنا، روکے رکھنا۔ قرآن پاک میں ہے "وَلٰكِنْ كَرِهَ اللهُ انْبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ"
ـــ العَزْمَ: حوصلہ پست کرنا۔
تَثَبَّطَ: توقف کرنا، دیر کرنا۔
ـــ عن كذا: رکنا، باز رہنا۔
الثَّبِطُ: کمزور، بے وقوف (۲) بھاری ج: أَثْبَاطٌ۔
مُثَبِّطُ العَزْمِ: حوصلہ شکن۔
مُثَبَّطُ العَزْمِ: پست حوصلہ۔
• ثَبَقَتِ العَيْنُ ـِـ ثَبْقًا: آنکھ سے تیزی کے ساتھ آنسو نکلنا۔
ـــ النَّهْرُ: نہر کا پانی چڑھ جانا اور تیز چلنا
الثَّبْقُ: سیلاب زدہ علاقہ ج: ثُبُوقٌ۔
• ثَبَنَ الثَّوبَ ـِـ ثَبْنًا: پلّا یا کنارہ موڑ کر سینا۔
ـــ في الثوبِ: کپڑے کے پلہ میں کوئی چیز لینا، کپڑے کو موڑ کر اس میں کوئی چیز رکھ لینا۔ حضرت عمرؓ سے منقول ہے "إذا مَرَّ أحدُكم بحائطٍ فليأكلْ منه و لا يَتَّخِذْ ثِبانًا: تم میں سے کوئی باغ کے پاس سے گزرے تو اس کا پھل کھا تو لے لیکن پلّے میں بھر کر نہ لائے۔
ثَبَنَ الشيءَ: کوئی چیز پلّے میں بھرنا۔
أَثْبَنَ في ثوبِه: کپڑے کے پلّہ میں بھرنا۔
الثِّبَانُ: پلّہ، دامن، کپڑے کا مڑا ہوا حصہ جس میں کوئی چیز رکھی جائے ج: ثُبُنٌ۔
الثُّبْنَةُ: جھولی یا دامن مڑا ہوا جس میں کوئی چیز رکھی جائے، برتن جس میں کوئی پھل محفوظ کیا جائے ج: ثُبَنٌ۔
الثَّبِينُ: الثِّبانُ ج: أَثْبِنَةٌ۔
المَثْبَنَةُ: عورتوں کا سنگاری تھیلا ج: مَثَابِن
• ثَبَى الشيءَ ـِـ ثَبْيًا: جمع کرنا، اکھٹا کرنا۔
ثَبَّى المرءُ: اپنے باپ کے منصوبہ پر عمل کرنا (۲) مجمع یا فوج کو گروہوں پر تقسیم کرنا۔
ـــ المالَ: مال کو محفوظ کرنا اور بڑھانا۔
ـــ الشخصَ: بار بار تعریف کرنا، داد دینا
ـــ اللهُ النِّعَمَ لــه: اللہ کا کسی پر اپنی نعمتوں کو مکمل کرنا، زیادہ سے زیادہ نعمتوں سے نوازنا۔
الثُّبَةُ: جماعت، گروہ، خاص طور پر گھڑ سواروں کی جماعت ج: ثُبُونٌ و ثُبَاتٌ۔ قرآن پاک میں ہے "فَانْفِرُوا ثُبَاتٍ أَوِ انْفِرُوا جَمِيعًا"

ث ــــــ ت

• ثَتَمَ بما في بطنه ـُـ ثَتْمًا: پیٹ میں موجود شے کو نکال دینا۔
ـــ الخَرْزَ: سلائی خراب کرنا۔
انْثَتَمَ: پیٹ کی چیزوں کا باہر نکل آنا (۲) سلائی خراب ہونا۔
ـــ الرجلُ: زبان سے گندی بات نکالنا۔
تَثَتَّمَ: بمعنی انثتم۔
ـــ الثوبُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا، پھٹنا۔
ـــ اللَّحْمُ: گوشت کا پک کر زیادہ گل جانا۔
• الثَّتَى: کھجور کا چھلکا (۲) خراب کھجور (۲) باریک بھس بھس کا چورہ، وہ باریک

چیزیں جو بوری میں بھری جائیں۔
الثَّتاةُ: کھجور کا چھلکا، خراب کھجور۔
الثَّتیُ: الثَّتَی۔

ث ــــ ج

•ثَجْثَجَ الماءَ: پانی بہانا، ڈالنا۔
تَثَجْثَجَ الماءُ: پانی بہنا، گرنا۔
•ثَجَّ الماءُ ـِ ثُجوجًا: پانی کا بہنا، گرنا۔ هو ثاجٌّ۔
ـــ الماءَ و نحوَه ـُ ثَجًّا: بہانا، هو مَثجوجٌ۔
انثَجَّ الماءُ: بہنا۔
الثَّجّاج: (۱) فلش (واٹر) (۲) زور سے برسنے یا بہنے یا گرنے والا پانی۔ قرآن پاک میں ہے "وأنزلنا من المُعصِراتِ ماءً ثَجّاجًا"۔
الثَّجَّة: وہ باغ جس میں حوض یا پانی جمع ہونے کی جگہیں ہوں (۲) بارش کے پانی سے پیدا ہونے والا گڑھا۔
الثَّجوجُ: بہت برسنے یا بہنے والا۔
عین ثَجوج: بہت پانی والا چشمہ۔
الثَّجیجُ: سیلاب، رو (اِکْتَظَّ الوادی بثَجیجه) وادی سیلاب کے پانی سے بھر گئی۔
المِثَجُّ من المطر: بہت برسنے والا پانی (۲) زور آور خطیب۔ حسنؓ نے ابن عباسؓ کے بارے میں کہا "انّه کان مِثَجًّا"۔
•ثَجَرَ التَّمرَ ـُ ثَجْرًا: کھجور کو بسر (گدر کھجور) کی گٹھلی کے ساتھ ملانا۔ حدیث میں ہے "لا تَثْجُروا و لا تَبْسُروا"۔
ثَجِرَ الشئُ ـَ ثَجَرًا: چوڑا اور موٹا ہونا هو ثَجِرٌ و أثْجَرُ۔
ثَجَّرَه: وسیع کرنا، چوڑا کرنا۔ فی لحمه تَثجیرٌ: اس کے گوشت میں نرمی ہے۔
الأثْجَرُ: موٹا تیر ج: ثُجْرٌ۔
الثُّجْرُ و الثَّجْرُ: چوڑا اور موٹا۔
الثُّجْرَةُ: درمیان شئے، گلے کے قریب کا حصہ (۲) زمین کا نشیبی گڑھا (۳) پیٹھ کے اوپر کا حصہ۔ حدیث میں ہے "انّه اَخذ بثُجْرةِ صبیٍّ به جنونٌ" اس نے ایک دیوانہ بچہ کی پیٹھ کے اوپر کا حصہ پکڑا (۴) کسی پودے کا الگ ہوا ٹکڑا ج: ثُجَرٌ۔
الثَّجیرُ: تلچھٹ (۲) ہر چیز کا پھوک جو انگور وغیرہ نچوڑنے کے بعد باقی رہتا ہے۔
المُثَجَّرُ: بانس۔
•ثَجِلَ ـَ ثَجَلاً الرجلُ: بڑے اور ڈھیلے پیٹ والا ہونا۔
ـــ المَزادةُ: توشہ دان کا کشادہ ہونا۔ هو اَثْجَلُ و هی ثَجْلاءُ ج: ثُجْلٌ
تَثَجَّلَ الشئَ: بھاری بھر کم بنانا، ضخیم کرنا
الأثْجَلُ: بڑے پیٹ والا (۲) وادی یا رات کا درمیانی حصہ یا اکثر حصہ۔
•ثَجَمَه ـُ ثَجْمًا: جلدی سے روکنا۔
ثَجِمَ ـَ ثَجَمًا: جلدی میں باز آنا۔
أثْجَمَتِ السَّماءُ: تیزی کے ساتھ مسلسل برسنا۔
تَثَجَّمَتِ السَّماءُ: أثْجَمَتْ۔
•ثَجا ـُ ثَجْوًا: خاموش ہونا۔

ث ــــ ح

•ثَحْثَحَ: گلے میں آواز اٹکنا۔
الثَّحْثَحَةُ: گلے میں اٹکی ہوئی آواز۔

ث ــــ خ

•ثَخُنَ ـُ ثُخونةً و ثَخانةً: موٹا اور دبیز ہونا، سخت اور کرخت ہونا هو ثَخین۔
أثْخَنَ فی الأمرِ: مبالغہ کرنا، حد سے بڑھنا۔
أثْخَنَ فی الأرض: خوب جنگ کرنا، اچھی طرح لڑنا، کشتے کے پشتے لگا دینا، خونریزی کرنا۔ قرآن پاک میں ہے "ما کان لِنَبیٍّ أن یکونَ له أسْرٰی حتّٰی یُثْخِنَ فی الأرضِ"۔
ـــ فلانًا الأمرُ: کسی چیز کا کسی پر سوار اور مسلّط ہونا، جیسے غم یا بیماری وغیرہ کا، کمزور اور نڈھال کر دینا۔
ـــ الشئَ مَعرِفةً: اچھی طرح جاننا۔
ـــ فلانًا الجِراحُ: فلاں کو زخم نے نیم جاں کر دیا۔
اِثَّخَنَ: کمزور و سست ہونا، نیم جاں ہونا۔
اسْتَثْخَنَ منه الشئُ: بیماری وغیرہ کا کسی پر غالب و مسلط ہونا۔ کہتے ہیں: "اسْتَثْخَنَ منه النومُ والمرضُ والاِعیاءُ" نیند یا بیماری یا تکان نے اس کا برا حال کر دیا۔
الثَّخَنُ: نیند یا بیماری یا تکان کی وجہ سے بھاری پن۔
الثَّخَنةُ: الثَّخَنُ۔
الثِّخَنُ و الثُّخونةُ: موٹاپا، بھاری پن۔
الثَّخانةُ و الثَّخانیّةُ: سخت کرختگی (۲) توپ یا نلکی کا اندرونی قطر۔
ثَخینٌ: بھاری، موٹا، گاڑھا، سخت ج: ثُخَناءُ۔
مُثْخَنٌ: موٹی عورت۔

ث ــــ د

•ثَدَغَ ـَ ثَدْغًا راسَه: سر پھوڑنا، کچلنا۔
انْثَدَغَ: کچلا جانا، سر پھوٹ جانا۔
•ثَدَقَ المطرُ ـُ ثَدْقًا: بارش کا زور سے ہونا۔
ـــ السَّحابُ: بادل کا زور سے برسنا۔

ثَدَقَ الوادي: وادی کا سیلاب سے بھرنا۔
ـــ بطنَ الشّاةِ: بکری کا پیٹ چاک کرنا۔
ـــ الخيلَ: گھوڑوں کو چھوڑنا دوڑنے کیلئے
اَنْثَدَقَ: پیٹ کا ڈھیلا ہونا (۲) پیٹ کا چاک ہونا (۳) گھوڑوں کا چھوٹنا۔
ـــ عليه: حملہ آور ہونا۔
ثادِق: زور کی بارش یا سیلاب۔
•ثَدَّمَ الإبريقَ: کیتلی پر چھلنی رکھنا۔
الثِّدامُ: چھلنی، فلٹر، صافی۔
الثَّدَمُ: بے وقوف، جواب دینے سے عاجز۔
•ثَدِنَ اللّحمُ ـَ ثَدَنًا: بو پیدا ہونا، خراب ہو جانا۔
ـــ فلان: پر گوشت اور بھاری بدن کا ہونا (۲) پیدائشی نقص ہونا۔ هو ثَدِنٌ۔
أَثْدَنَ: چھوٹا کرنا۔
ثُدِّنَ الرجلُ: گوشت زیادہ ہوکر ڈھیلا پڑ جانا، بھاری ہونا۔
مُثَدَّن: پر گوشت، بھاری۔
ثُدِّنَت المرأةُ: عورت کا لحیم اور بے ڈول ہونا۔ هي مُثَدَّنة۔
•ثداه ـِ ثَدْوًا و ثَدْيًا: تر کرنا، بھگونا
•ثَدِيَ ـَ ثَدًى: تر ہونا، بھیگنا۔
ثَدِيَت المرأةُ: عورت کا بڑی پستان والی ہونا۔ هي ثَدْياءُ۔
ثَدّاه تَثْدِيَةً: غذا دینا۔
الثَّدْيُ: پستان مرد اور عورت کا ج: أَثْدٍ و ثُدِيٌّ۔
الثَّدْياءُ: بڑے پستان والی عورت۔

ث ـــ ر

•ثَرَبَه ـِ ثَرْبًا و ثَرَّبَه: ملامت کرنا، فعل کی مذمت کرنا، شرم دلانا۔
ـــ المريضَ: بیمار کے کپڑے اتارنا۔
أَثْرَبَ الكبشُ و نحوُه: مینڈھے وغیرہ کی چربی بڑھ جانا۔
أَثْرَبَ فلانٌ: بخشش کم ہو جانا (۲) دیتے ہوئے کو جتانا۔
ـــ فلانًا: ملامت کرنا، فعل بد پر شرم دلانا۔
ثَرَّبَ: خراب کرنا، گڑبڑ کرنا۔
ـــ فلانًا و عليه: ملامت کرنا، گناہ پر شرم دلانا۔ قرآن پاک میں ہے "لا تَثْرِيبَ عليكم اليوم"
ثَرَّبَ عليهم و ثَرَّب عليهم فعلَهم: فعل کی مذمت کرنا۔
الثَّرْبُ: آنتوں کے اوپر کی جھلی۔ ج: ثُرُوبٌ و أَثْرُبٌ
•ثَرْثَرَ في الشيءِ: زیادتی اور گڑبڑی کرنا
ـــ في الكلامِ: فضول بولنا، بکواس کرنا۔
ـــ الشيءَ: تباہ کرنا، تیرہ و تار کرنا۔
الثَّرْثار: جھکی، باتونی، فضول بولنے والا، بہت بولنے والا۔ حدیث میں ہے "أَبْغَضُكم إليَّ الثَّرثارون المُتَفَيْهِقُون"
الثَّرْثَرَةُ: بکواس، باتیں بنانے کا مرض، فضول گوئی، بے فائدہ کلام، بے فائدہ عمل۔
•ثَرَدَ الخبزَ ـُ ثَرْدًا: روٹی چور کر شوربے میں بھگونا، ثرید بنانا۔ هو ثارِدٌ و الخبزُ ثَرِيدٌ و مَثْرُودٌ۔
ـــ الذَّبِيحَةَ: جانور کو پتھر یا ہڈی یا کھنڈے لوہے سے ذبح کرنا کہ گردن کی دونوں رگوں کو کاٹے بغیر وہ مر جائے اوداج گردن میں دو رگیں ہوتی ہیں جن کو ذبح کرنے والا کاٹتا ہے تو روح نکل جاتی ہے۔ ان کو کاٹے بغیر ذبح نہیں ہوگا قتل ہوگا۔
ـــ الثوبَ: رنگ میں بھگونا، رنگنا: حدیث عائشہؓ ہے "فأخذتُ خمارًا لها قد ثَرَدَتْهُ بزعفران"
ـــ المطرُ الأرضَ: زمین پر بارش کا چھینٹا پڑنا۔
الأرضُ المَثْرُودَةُ: وہ زمین جس پر معمولی بارش ہوئی ہو۔
ثَرِدَتْ شَفَتُه ـَ ثَرَدًا: ہونٹ پھٹنا۔
ـــ الرجلُ من المَعْرَكَة: لڑائی سے زخمی اور بے دم ہو کر نکلنا کہ رمق باقی رہے۔
أَثْرَدَ الخبزَ: ثَرَدَه۔
ثَرَّدَ: جانور کو رگیں کاٹے بغیر مار ڈالنا۔
الثَّرَدُ: ہونٹوں کی پھٹن۔
الأَثْرَدُ: پھٹے ہوئے ہونٹوں والا۔
الثَّرْدُ: معمولی بارش۔
الثَّرِيدُ: ثرید، روٹی کو چور کر شوربے میں بھگو کر بنایا ہوا ایک قسم کا کھانا (۲) شراب کا جھاگ۔
المِثْرادُ: وہ آلہ جس سے جانور کو ہلاک کیا جائے۔
المِثْرَدَةُ: ثرید کا پیالہ، ڈونگا۔
•ثَرَّ السائلُ ـِ ثَرًّا و ثُرُورًا: کثیر اور زیادہ ہونا۔
ثَرَّت البئرُ: کنویں کا زیادہ پانی والا ہونا۔
ثَرَّت السَّحابةُ و العينُ: زیادہ پانی والا ہونا۔
ـــ الشاةُ و الناقةُ: زیادہ دودھ والی ہونا۔ هي ثارَّةٌ و ثَرَّةٌ و ثَرُورٌ و ثَرّارَةٌ۔
ـــ الطَّعْنَةُ: نیزہ کے زخم کا زیادہ خون والا ہونا۔ هي ثَرَّةٌ۔
ثَرَّ الشيءَ ثَرًّا: تہس نہس کرنا، تتر بتر کرنا، شیرازہ بکھیرنا۔
ثَرَّت السحابةُ ماءَها: بادل پورا برس گیا۔
ثَرَّرَ المكانَ: تر کرنا، چھڑکاؤ کرنا۔
الثَّرُّ من الخيلِ: تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
ـــ من الرجالِ: بہت بولنے والا۔
الثّارَّةُ: بہت باتونی عورت۔
الثَّرّارَةُ: بہت پانی والا چشمہ۔
•الثَّرْطُ: سرزنش۔
•ثَرِعَ ـَ ثَرَعًا: طفیلی ہونا، بغیر بلائے

دعوت میں جانا۔
• الثُّرْعُلَةُ : مرغ کی گردن کے پر۔
• الثُّرْعَامَةُ : باغ کے رکھوالی کی جھونپڑی یا جگہ
• الثُّرْعُلُ : لومڑی۔
• ثَرَمَهُ ـِ ثَرْمًا : منہ پر مار کر دانت توڑ دینا (۲) دانت کو جڑ سے نکال دینا۔
ثَرِمَ ـَ ثَرَمًا الرجلُ : دانت ٹوٹنا، دانت کا جڑ سے اکھڑ جانا۔ أَثْرَمُ : جس کا دانت ٹوٹ گیا ہو م : ثَرْمَاءُ ج : ثُرْمٌ حدیث میں ہے "نَهَى أن يُضَحَّى بالثَّرْمَاءِ"
اَثْرَمَه : ثَرَمَه۔
انْثَرَمَ : ٹوٹے ہوئے دانتوں والا ہونا۔ هو مُنْثَرِمٌ۔
انْثَرَمَت الثَّنِيَّةُ : اگلے چار دانتوں کا کچھ حصہ ٹوٹ جانا۔ فالثَّنِيَّةُ ثَرْمَاءُ۔
الأَثْرَمُ : ٹوٹے ہوئے دانتوں والا (۲) علم عروض کی ایک اصطلاح جس میں قبض اور خرم دونوں جمع ہوتے ہیں۔
الأَثْرَمَان : لیل ونہار (۲) زمانہ اور موت۔
الثُّرْمَان : ایک درخت جس کے پتوں کو اونٹ اور بکریاں کھاتی ہیں۔
• ثَرْمَدَ الطَّعَامَ : کھانے کو خراب کرنا، اچھی طرح نہ پکانا۔
• الثُّرْمُطَةُ : کیچڑ، دل دل، گیلی مٹی۔
• ثَرْمَلَ الطَّعَامَ : کھانا بے ڈھنگے طریقہ پر کھانا کہ ہاتھ آلودہ ہو جائیں اور کھانا اِدھر اُدھر گر جائے۔
ـــ عَمَلَه : کام کو خوبصورتی سے نہ کرنا۔
الثُّرْمُلَةُ : مادہ لومڑی (۲) اوپر کے ہونٹ کے بیچ کا ڈھلاؤ۔
• ثریوم : وزنی مٹیالے رنگ کا تابکار دھاتی عنصر۔
• ثَرَا المالُ ـُ ثَرَاءً : مال کا بڑھنا۔
ـــ القومُ : تعداد بڑھنا۔
ـــ القومُ نُظَرَاءَهُم : قوم کا اپنے ہم پایہ لوگوں پر مال اور تعداد میں فوقیت لے جانا۔
ثَرَى المَطَرُ التُّرابَ ـِ ثَرْيًا : بارش کا مٹی کو تر کرنا۔
ـــ الأَمْرُ فلانا و فيه : سختی اور فساد کو کم کرنا۔
ثَرِيَ ـَ ثَرَاءً : مال دار ہونا، دولت مند ہونا۔ هو ثَرٍ و ثَرِيٌّ و ثَرْوَان وهي ثَرْوَى۔
ـــ التُّرابُ : مٹی کا نمناک ہونا، ملائم و تر ہونا۔
ـــ بكذا : کسی چیز سے مالا مال ہو کر دوسروں سے بے نیاز ہو جانا۔
ـــ بالشيءِ : خوش ہونا۔
أَثْرَى الرجُلُ : مال دار و دولت مند ہونا هو مُثْرٍ۔
ـــ الأَرْضُ : زمین کی تری کا زیادہ ہونا، زمین کا بہت تری والا ہونا۔ هي مُثْرِيَةٌ۔
ـــ المَطَرُ : زمین کو تر کر دینا۔
ـــ ما بين الرَّجُلَين : تعلق و پاسداری پر قائم رہنا۔
ثَرَّى الرَّجُلُ : زمین یا تر مٹی پر پاؤں رکھنا
ـــ فلانًا : پانی چھڑکنا۔
ـــ اللهُ القومَ : اللہ کا قوم کی تعداد کو بڑھا دینا۔
ـــ الرجُلُ المالَ : مال کو بڑھانا۔
الثَّرَى : خیر (۲) زمین، تری، تر مٹی ج: أثراء قرآن پاک میں ہے "له ما في السمٰوات و ما في الأرض وما بينهما وما تحت الثرى" کہا جاتا ہے : لا تُوبِس الثَّرَى بيني و بينك : مجھ سے مقاطعہ نہ کر
الثَّرَاءُ : مال و دولت۔
الثَّرْوَةُ : مال کثیر، دولت، مال و دولت، لوگوں کا انبوہ کثیر۔ حدیث میں ہے: "ما بعث اللهُ نبيًّا بعد لوط الا في ثَرْوَةٍ من قومه" علم الاقتصاد میں ثروت اس مال کو کہتے ہیں جو قابل تملیک و تقویم ہو یعنی جس کی قیمت لگائی جا سکے اور اس کی مقدار محدود ہو۔
الثَّرْوَة القومِيَّة : اسٹیٹ یا ملک کے پیداواری ذرائع کے مجموعہ کو کہا جاتا ہے۔
الثُّرَيَّا : ثور کی شکل میں ستاروں کا مجموعہ، ستاروں کا مجموعہ (۲) جھاڑ فانوس جو زینت کے لئے آویزاں کیا جاتا ہے ج : ثُرَيَّات۔
مُثْرٍ : دولت مند، مالا مال۔
المَثْرَاةُ : مال کی کثرت کا سبب اور ذریعہ۔
ثَرِيٌّ : دولت مند، مال دار ج : أَثْرِيَاء۔
الثَّرْوَانُ : دولت مند، مال دار۔

ث ـــ ط

• ثَطَّ ـِ ثَطًّا و ثُطُوطًا : ہلکی یا چھدری داڑھی والا ہونا، ہلکی بھوں والا ہونا (۲) بھاری پیٹ والا اور سست ہونا هو ثَطٌّ۔
ثَطَّ ـُ ثَطًّا : پاخانہ کرنا۔
• ثُطِعَ : زکام ہونا۔
ثُطَاع : زکام۔
• ثَطَا الصَّبِيُّ ـُ ثَطْوًا و ثَطَاةً : بچہ کا چلنے کے لئے پہلی بار قدم اٹھانا۔ هو يمشي الثَّطَا : وہ بچہ کی طرح چلتا ہے۔

ث ـــ ع

• ثَعَبَ الماءَ و الدمَ وغيرَه ـَ ثَعْبًا : پانی یا خون بہانا۔ حدیث میں ہے: "يجيءُ الشَّهيدُ يومَ القيامة وجُرحُه يَثْعَبُ دَمًا"
ـــ الغارةَ على : حملہ کرنا، یورش کرنا۔
انْثَعَبَ الماءُ و الدمُ : پانی یا خون وغیرہ کا جاری ہونا، بہنا۔ حدیث سعد

میں ہے: "فقطعت نَساه فانثعبت جَدِيَّةُ الدَّمِ"
انثعَبَ المطرُ: بارش کا ریلا آنا، زور سے برسنا۔
ـــ الماءُ: پانی کا بہنا۔
الأُثعُوبُ: زور سے بہنے والا پانی یا خون وغیرہ
الثَّعبُ: وادی کا نالہ ج: ثُعبان۔
الثُّعبانُ: اژدہا، سانپ ج: ثعابین "فالقٰی عصاہ فاذا ھی ثعبانٌ مُّبین" (قرآن کریم)۔
الثُّعبَةُ: زہریلا گرگٹ جس کے کاٹے سے آدمی نہیں بچتا وہ ہمیشہ منہ کھولے رہتا ہے ج: ثُعَبٌ۔
الثَّعُوبُ: صفرا، صفراوی حالت، پت۔
المَثعَبُ: پرنالہ (۲) حوض وغیرہ کی نالی، پانی کی گذرگاہ ج: مثاعِبُ۔
• ثَعثَعَ الرجلُ: ہکلا کر بولنا، بولتے وقت ثا اور عین زیادہ نکالنا (۲) مسلسل قے کرنا کہتے ہیں: ثَعثَعَ بِقيئِه: اس نے پے در پے قے کی۔
الثَّعثَعُ: موتی (۲) سیپ (۳) لال اون۔
• ثَعجَرَ الماءَ و نحوَه: پانی وغیرہ گرانا۔
اِثعَنجَرَ الماءُ وغیرہ: پانی وغیرہ کا گرنا، بہنا۔
اِثعَنجَرَتِ العینُ دمعًا و السَّحابةُ قطرًا: آنکھ سے آنسو گرا، بادل سے بارش ہوئی۔
ـــ الجفنةُ: پیالہ ثرید سے بھر گیا (۲) پیالہ کا روغن باہر آگیا
المُثعَنجِرُ: بڑا سیلاب۔
ـــ من البحرِ: سمندر کا درمیانی حصہ حدیث علیؓ ہے "یحملها الأخضر المُثعَنجِرُ"
• الثَّعدُ: تازہ کھجور (۲) تازہ سبزی (۳) کریم
ثَرِيٌّ ثَعدٌ: نرمی۔ ماله ثَعدٌ ولا مَعدٌ: اس کے پاس نہ تھوڑا مال ہے نہ

زیادہ۔
• ثَعِرَ ـ ثَعَرًا: مسّوں والا، پھنسیوں والا ہونا۔ ھو ثَعِرٌ۔
أثعَرَ: خبروں کی جستجو کرنا اور غلط بیانی کرنا۔
الثَّعرُ: ببول کے درخت سے نکلا ہوا گوند جیسا مادہ، ببول کا زہریلا عرق (یہ زہر قاتل ہوتا ہے، اس کا ایک قطرہ اگر آنکھ میں گر جائے تو آدمی درد کی تاب نہ لا کر مر جاتا ہے ج: أثعار۔
ثَعرَرَ الأنفُ: ناک کا پھٹ جانا، ناک میں سفید دانے نکل آنا۔
الثَّعارِیرُ: ناک کی پھٹن (۲) ایک قسم کا پودا۔
الثُّعرُورُ: موٹی بڑی والا آدمی (۲) ناک میں پیدا ہونے والا سفید دانہ (۳) کھیرا، چھوٹی ککڑی ج: ثعاریر۔ حدیث میں ہے "یخرج قوم من النار فینبتون کما تنبت الثعاریر"
• ثَعِطَ الماءُ و اللَّحمُ ـ ثَعَطًا: بدل جانا، بدبودار ہو جانا۔
ـــ الجلدُ: کھال کا پھٹ جانا اور سڑ جانا
ـــ الشَّفةُ: ہونٹ کا سوجنا اور پھٹ جانا۔ ھو ثَعِطٌ و ھی ثَعِطةٌ۔ خراب انڈے کو کہا جاتا ہے: بیضةٌ ثَعِطةٌ۔
ثَعَّطَه: توڑنا، چورا کرنا۔
الثَّعیطُ: مٹی اور ریت کے ذرات۔
• ثَعَّ ـ ثَعًّا: قے کرنا۔
انثعَّ: منہ سے قے آنا (۲) ناک یا زخم سے خون بہنا۔
• ثَعِلَت أسنانُه ـ ثَعَلًا: ایسے دانتوں والا ہونا جو ایک دوسرے پر چڑھے ہوئے ہوں۔ ھی ثَعلاءُ ج: ثُعلٌ۔
ـــ السِّنُّ: دانت کا دوسرے دانتوں کے

نظام سے الگ ہونا۔
ثَعِلَت ذات الضَّرعِ: تھن والے جانور کے تھن کے کئی منہ ہونا۔
الثَّعولُ: بھاری ساز و سامان والا لشکر (۲) وہ جانور جس کے تھن کے کئی سر ہوں۔
أثعَلَ: مہمانوں کا بہت ہونا (۲) کسی کام کا مشکل ہونا۔
ـــ علیه: ناراض ہونا۔
الثَّعلُ و الثُّعلُ و الثُّعلول: زائد دانت جو دیگر دانتوں سے الگ ہو (۲) زائد از ضرورت چیز۔
الثُّعالُ م: ثُعالةٌ: لومڑی (۲) کیڑا لگی ہوئی کھال۔
المَثعَلَة ارض مَثعَلَة: بہت لومڑیوں والی زمین ج: مَثاعِل۔
• ثَعلَبَ المکانُ ثَعلَبةً: کسی جگہ پر لومڑیوں کا زیادہ ہونا۔
ـــ الرجلُ: بزدل ہونا، لومڑی کی کنی کاٹنا، لومڑی کی طرح مکار ہونا۔
تَثَعلَبَ: ثَعلَبَ۔
الثَّعلَبُ: لومڑی جو مکر و فریب میں ضرب المثل ہے (۲) نیزہ کے پھل کی نوک (۳) قلم لگایا جانے والا پودا جو اکھاڑ لیا گیا ہو (۴) گذرگاہِ آب، حوض وغیرہ کی نالی
داء الثَّعلب: بال جھڑنے کی بیماری۔ عِنَبُ الثَّعلب: مکو (ایک بوٹی کا نام)۔ ج: ثعالِب۔
الثَّعلَبةُ: مادہ لومڑی (۲) بال جھڑنے کی بیماری۔
الثُّعلُبانُ: لومڑی، لومڑی کا نر (۲) چالاک آدمی (۳) دم کی ہڈی (۴) سُرین۔
مکان مُثعلِب و ارض مُثعلِبة:

بہت لومڑیوں والی جگہ۔
الثَّعْلَبِيَّةُ: گھوڑے کی لومڑی کی طرح دوڑ۔

ث ــــ غ

•ثَغَبَ ـــ ثَغْبًا: الشاةَ: ذبح کرنا۔
ــــ الرجلَ بالرُّمح: نیزہ مارنا۔
ثَغِبَ ـــ ثَغَبًا الجمدُ: منجمد چیز کا پگھلنا۔
ــــ الدمُ: خون کا بہنا۔
تَثَغَّبَتِ اللِّثَةُ بالدم: مسوڑھے سے خون بہنا۔
الثَّغَبُ و الثَّغْبُ و الثُّغْبانُ: پگھلی ہوئی چیز (۲) وہ تالاب جو دامن کوہ یا سایہ میں ہو اور اس پر دھوپ نہ پڑتی ہو ج: أَثْغابٌ و ثُغْبانٌ۔
•ثَغْثَغَ الطِّفْلُ فی الشئ: دانت نکلنے سے پہلے بچہ کا کسی چیز پر منھ مارنا (منھ سے کاٹنا)۔
ــــ کلامَه و فی کلامِه: گفتگو مرتب اور صاف نہ کرنا، اپنی باتوں کو خلط ملط کرنا۔ ھو ثَغْثاغٌ۔
•ثَغَرَ الجِدارَ و نَحوَه ـــ ثَغْرًا: شگاف ڈالنا، دراڑ ڈالنا، رخنہ ڈالنا۔
ــــ فلانًا: کسی کے دانت توڑ دینا۔
ــــ سِنَّه: دانت نکالنا۔
ــــ الثُّلْمَةَ: شگاف یا رخنہ بند کرنا۔
ــــ الإناءَ: برتن کو توڑنا یا سوراخ کرنا۔
ثُغِرَ الغُلامُ ثَغْرًا: اگلے دو دانت ٹوٹ جانا ھو مثغور۔
أَثْغَرَ الغُلامُ: بچہ کے دانت نکل آنا۔
اِثَّغَرَ الغُلامُ: بچہ کے دانت نکل آنا، ابراہیم نخعی کی حدیث میں ہے "کانوا یُحِبُّون ان یُعَلِّمُوا الصبیَّ الصلاۃَ اذا اثَّغَرَ"
الثَّغْرُ: پہاڑ وغیرہ کا درہ، کشادہ جگہ، منفذ (۲) سرحد دشمن سے ملک کو محفوظ کرنے کی جگہ۔ اس لئے ساحل سمندر پر واقع شہر کو ثغر کہا جاتا ہے (۳) منھ (۴) اگلے دانت (۵) بندرگاہ ج: ثُغُور۔
الثُّغْرَةُ: رخنہ، شگاف، درہ (۲) ہنسلی ہڈیوں کے درمیان کا گڑھا ج: ثُغَر۔
الثُّغُورُ: سرحدات۔
المَثْغَرُ: منفذ، مسوڑھا، راستہ، دشمن کے ملک کی سرحد۔
•الثِّغْرِبُ: زرد دانت۔
•ثَغِمَ اللَّونُ ـــ ثَغَمًا: ثغام کی طرح سفید ہونا۔ ھو ثاغِمٌ۔
ــــ الکَلْبُ: کتے کا خونخوار ہونا۔ ھو ثَغِمٌ۔
أَثْغَمَ الوادی: وادی میں شجر ثغام پیدا ہونا۔
ــــ الرأسُ: سر کا ثغام کی طرح سفید ہونا
ــــ الإناءَ: برتن کنارہ تک بھرنا۔
ــــ الطَّعامُ الآکِلَ: بدہضمی کر دینا۔
ثاغَمَها: چومنا، بوسہ لینا۔
الثّاغِمُ: سفید۔
الثَّغامَةُ: ایک درخت جو پہاڑ کی چوٹی پر اگتا ہے اور اس کا پھل اور پھول سفید ہوتے ہیں۔ اور جب وہ خشک ہو جاتا ہے تو اس کی سفیدی بڑھ جاتی ہے ج: ثَغامٌ۔
•ثَغَتِ الشّاةُ و نحوُها: ـُـ ثُغاءً: بکری یا بھیڑ کا ممیانا، آواز نکالنا۔
أَثْغَی الشاةَ و نحوَها: بکری کی آواز نکلوانا۔
الثّاغی: کہتے ہیں: ماله ثاغٍ و لا راغٍ: اس کے پاس نہ کوئی بکری ہے اور نہ کوئی اونٹ۔ یعنی وہ مفلس ہے۔
الثّاغِيَةُ: کہتے ہیں: ماله ثاغِيَةٌ و لا راغِيَةٌ: نہ اس کے پاس بکری ہے اور نہ اونٹنی، یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
الثَّغْيَةُ: بھوک، قحط۔ اصاب الحیَّ ثَغْيَةٌ: قبیلہ قحط میں مبتلا ہو گیا۔

ث ــــ ف

•ثَفَأَ القِدْرَ ـــ ثَفْأً: دیگچی کے جوش کو کم کرنا، حرارت کم کرنا۔
الثُّفَّاءَةُ: رائی کا دانہ ج: ثُفّاءٌ: حدیث میں ہے "ماذا فی الأمَرَّیْنِ من الشِّفاءِ: الصَّبِرِ و الثُّفّاءِ"
•ثَفَّدَ الثَّوبَ وغیرہ: استر لگانا۔
ــــ الدِّرعَ: زرہ کو لباس کے نیچے پہننا یا زرہ کے نیچے کوئی کپڑا لگانا۔
الثَّفافِيدُ: کپڑوں کے استر (۲) تہ بہ تہ بادل
•أَثْفَرَ الدّابَّةَ: جانور کو دمچی کسنا وہ چمڑے کا تسمہ باندھنا جو دم کے پیچھے سے نکالا جاتا ہے (۲) پیچھے سے ہانکنا۔
ثَفَّرَ الدابَّةَ: جانور کو پیچھے سے ہانکنا۔
اِسْتَثْفَرَ ثوبَه و به: لنگوٹ باندھنا یا کسنا کشتی وغیرہ کے لئے۔
ــــ الحائضُ: حائضہ عورت کا کرسف باندھنا "أنّه أمرَ المُسْتَحاضةَ أن تَسْتَثْفِرَ (ح)
الثَّفَرُ: دمچی چمڑے کا وہ تسمہ جو زین کے پیچھے لگا ہوتا ہے اور اسے دم کے نیچے سرین سے باندھا جاتا ہے ج: أَثْفارٌ۔
الثُّفْرُ: درندوں اور پنجہ والے جانوروں کی فرج ج: ثُفُور و ثِفارٌ۔
•الثُّفْرُوقُ: کھجور کی بیندی ج: ثَفارِیقُ
•ثَفَلَ الماءُ و نحوُه ـُـ ثَفْلاً: پانی وغیرہ کی گاد کا نیچے بیٹھ جانا، نتھرنا۔
ــــ الرَّحَی: چکی کے نیچے چمڑا یا کپڑا بچھانا۔
ــــ الشئَ: یک بارگی بکھیر دینا۔
أَثْفَلَ الماءُ و نحوُه: گاد بیٹھنا، نتھرنا۔
ثافَلَ القومُ: اناج یا روٹی یا کھجور پر اکتفا کرنا۔
ثَفَّلَ الرَّحَی: چکی کے نیچے چمڑا یا کپڑا بچھانا۔

تَثَفَّلَ الشیءَ : ثفال کی طرح اپنے نیچے کچھ بچھانا۔
ـــ فلانًا عِرقُ سُوءٍ وبه عِـرقُ سُوءٍ : عزت وشرافت سے گرانا۔
ـــ بعِرقِ سُوءٍ : کم نسلی کی بنا پر عزت و شرافت میں نیچا ہونا۔
ـــ فلانًا : کسی سے بلند ہونا
ـــ المُصارِعُ قِرنَه : پہلوان نے اپنے مقابل کو چت کر دیا۔
ـــ اُستَه : بیٹھنا۔
الثَّافِلُ : پانی وغیرہ کے نیچے بیٹھی ہوئی گاد۔
الثِّفالُ : چکی کے نیچے والا چمڑا یا کپڑا جس پر آٹا گرتا ہے۔ حدیث علیؓ میں ہے "وتَدُقُّهم الفِتَنُ دَقَّ الرَّحَى بثِفالِها" (۲) چکی کا نچلا پتھر ج: ثُفُلٌ۔
الثَّفالُ : سست رفتار جانور۔
الثُّفالُ : چکی کا نچلا پتھر، چکی کے نیچے کا پاٹ۔
الثُّفلُ : آٹا پیستے وقت چکی کے نیچے رکھا جانے والا چمڑا (یا کپڑا) (۲) تلچھٹ، پھوک، گاد (۳) بدوؤں کے یہاں دودھ کے علاوہ کھائی جانے والی غذا جیسے اناج، کھجور، روٹی وغیرہ۔ حدیث میں ہے "مَن کان مَعَه ثُفلٌ فلیَصطَنِع" ج: أثفال۔
الثُّفَلُ : الثِّفالُ ج: أثفال۔
•ثَفِنَتْ یدُه ـ ثَفَنًا : کام کرنے کی وجہ سے ہاتھ کا موٹا اور خشک ہو جانا۔ هی ثَفِنَةٌ وهو ثَفِنُ الیدِ۔
ـــ الدّابّةُ : جانور کے کولہوں کا سخت ہو جانا، جانور کے گھٹنے میں تکلیف ہونا هی ثَفِنَةٌ۔
أثفَنَ العَمَلُ یدَه : کام کا ہاتھ کو موٹا اور سخت کر دینا، سکھا دینا۔
ثافَنَ الرجلَ : ہم نشین وہم راز ہونا۔
الثَّفِنَةُ : گھٹنا (۲) جسم کا وہ حصہ جیسے جانور زمین پر ٹیکتا ہے تو وہ موٹا اور سخت ہو جاتا ہے یا سوکھ جاتا ہے۔ علی بن حسینؓ کے بارہ میں کہا گیا "ذو الثَّفِنات" کیونکہ سجدہ کے اعضا کثرت سجود سے سخت ہو گئے تھے۔ کہتے ہیں: خوی البعیرُ علی ثَفِناتِه : اونٹ بیٹھ گیا۔
الثَّفِنَةُ من الانسان : زانو۔
ـــ من الخَیلِ : گھوڑے کے زانو کا باطنی حصہ ج: ثَفِنات۔
ثَفِنَة : لوگوں کی جماعت پر بھی بولا جاتا ہے
•ثفاه ـ ثَفیًا : پیچھے پیچھے چلنا۔
ـــ القومَ : پیچھا کرنا۔
أثفَى القِدرَ و نحوَها : ہنڈیا کو چولھے پر رکھنا یا ہنڈیا کے لئے چولھا تیار کرنا دیکھیے (اث ف) (۲) تین عورتوں کا شوہر ہونا۔
ثَفَّی القِدرَ و نحوَها : أثفاها۔
الأُثفِیَّةُ : چولھے کا پایہ ج: أثافِیُّ وأثافٍ
الأثافی : تین پائے جن پر ہنڈیا رکھی جائے، چولھا۔ هو ثالثةُ الأثافی : تین میں کا ایک یا تیسرا۔
المُثَفِّی : وہ آدمی جس کی تین یا زائد بیویاں مر چکی ہوں۔
المُثَفّاةُ : وہ عورت جس کے تین یا زائد شوہر مر چکے ہوں۔

ث ـــــ ق

•ثَقَبَتِ النارُ ـ ثُقوبًا و ثَقابةً : آگ کا روشن ہونا۔
ـــ الزَّندُ : چقماق یا لائٹر سے چنگاری نکلنا
ـــ الکوکبُ و نحوُه : ستارے وغیرہ کا چمکنا۔ هو ثاقبٌ۔ قرآن پاک میں ہے "وما أدراكَ ما الطّارِقُ النَّجمُ الثاقبُ"
ـــ الذِّکرُ : کسی کی شہرت ہونا۔
ـــ الرائحةُ : مہک پھیلنا یا پیدا ہونا۔
ثَقَبَ رَأیُه : رائے درست ہونا۔
ـــ العُودُ : شاخ کا تر ہو کر نرم ہو جانا۔
الجابِیَۃُ : جابی کی مؤنث (۲) حوض جس میں پانی اکٹھا کیا جائے ج: جَوابٍ ۔ قرآن پاک میں ہے: "وجِفانٍ کالجَوابِ"

الجَبا : حوض میں جمع کیا ہوا پانی (۲) حوض اور کنویں کے چاروں طرف کی مٹی ج: أجْباءٌ

جِبایَۃُ الأموالِ والضرائبِ : مال اور ٹیکس کی وصولیابی ۔

المَجْبَی : خراج، ٹیکس ۔

ج ـــ ث

•اجْثَألَّ الشَّعْرُ والرِّیشُ : بال اور پروں کا کھڑا ہونا، پھیلنا ۔

ـــ الطائرُ : پرندہ کا بالوں کو کھڑا کرنا ،

اجْثَأَلَّ النَّبَاتُ: گھاس لمبی اور گھنی ہونا۔
ـــ فلانٌ: ناراض ہوکر آمادۂ جنگ ہونا
ـــ الشيءُ: پیش آنا، سامنے آنا۔
• جَثَّ النَّحْلُ ـُ جَثًّا: مکھیوں کا بھنبھنانا
ـــ الشيءَ: اکھاڑنا، بیخ کنی کرنا۔
ـــ العَسَلَ: شہد کو موم سمیت لینا۔
جُثَّ: گھبرانا۔
اجْتَثَّ: منقطع ہونا (۲) اکھڑنا
ـــ الشيءَ: اکھاڑنا۔ قرآن پاک میں ہے: "ومَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيثَةٍ اجْتُثَّتْ من فوقِ الأرضِ"
انجثَّ: منقطع ہونا (۲) اکھڑنا۔
الجَثُّ: موم (۲) شہد میں مکھیوں کے ملے ہوئے پر وغیرہ۔
الجُثُّ: چھوٹی جھاڑی وغیرہ (۲) مری ہوئی ٹڈی یا شہد کی مردہ مکھی۔
الجُثَّةُ: جسم، مردہ جسم، لاش ج: جُثَثٌ و أَجْثَاث۔
الجَثِيثَةُ: کھجور کا پودا ج: جَثِيثٌ۔
المُجْتَثُّ: شعر کی بحروں میں سے ایک بحر جو عہد عباسی سے مشہور ہوئی اور بعد کے اکثر شعرا نے اسی بحر پر اشعار کہے۔ اس بحر پر ایک مصرع کا وزن حسب ذیل ہوتا ہے۔
مستفعلن، فاعلاتن
المِجْثَاثُ: کھرپا ج: مجاثيثُ۔
المِجَثَّةُ: کھرپا ج: مَجَاثُّ۔
• جَثْجَثَ البَرْقُ: دیر تک بجلی کا چمکنا۔
تَجَثْجَثَ الشَّعْرُ والنَّبَاتُ: بالوں کا یا پودوں کا بکثرت ہونا، بڑھنا۔
ـــ الطَّائِرُ: پروں کو جھٹکنا۔
الجُثَاجِثُ: گنجان بال یا گھاس وغیرہ۔
الجَثْجَاثُ: الجُثَاجِثُ (۲) ایک پودا جس کا پھول خوشبودار زرد رنگ کا ہوتا ہے۔

• جَثَلَتْهُ الرِّيحُ ـُ جَثْلًا: ہوا کا کسی چیز کو اڑا کر لے جانا۔
جَثُلَ الشَّجَرُ والنَّبَاتُ والشَّعْرُ ـُ جَثَالَةً وجُثُولَةً: لمبا اور گاڑھا یا گنجان ہونا۔
جَثِيلٌ و جَثْلٌ: لمبا اور گنجان، گھنا۔
اجْثَأَلَّ: دیکھئے (جَثَأَلَ)۔
الجُثَالَةُ: درخت کے بکھرے ہوئے پتے
الجَثْلَةُ: کالی اور بڑی چیونٹی ج: جَثْلٌ۔
• الجَاثِلِيقُ: مشرقی عیسائیوں کا ایک فرقہ کالاٹ پادری ج: جَثَالِقَةٌ
• جَثَمَ الحيوانُ والإنسانُ ـِ جُثُومًا: جانور یا انسان کا زمین سے چمٹنا یا زمین سے سینہ کو لگانا (۲) اپنی جگہ پر رہنا، الگ نہ ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَأَصْبَحُوا فِي دِيَارِهِمْ جَاثِمِينَ"
ـــ الطعامُ على المِعْدَةِ: غذا کا معدہ پر بھاری ہونا۔
ـــ اللَّيْلُ: رات آدھی گزر جانا، آدھی رات ہونا۔
ـــ العِذْقُ: کھجور کے خوشہ پر کھجور (بُسر) کا بڑا ہونا۔
ـــ الزَّرْعُ: پودے کا زمین سے نکلنا اور کھڑا ہوجانا۔ هو جَثِمٌ وجَثَّمٌ
ـــ فلانٌ الترابَ ونحوه جَثْمًا: مٹی وغیرہ کو سمیٹنا۔
جَثَّمَهُ: اتنا گھونٹنا کہ دم نکل جائے، گھونٹ کر مار دینا (۲) کسی شے کو نشانہ بنا کر تیر مارنا۔ حدیث میں ہے: "انّه صلى الله عليه وسلم نَهَى عن المُجَثَّمَةِ: وهى الشاة تُرمى بالحجارة حتى تموت"
تَجَثَّمَ الطائرُ أُنْثَاهُ: نر پرندہ کا مادہ پر چڑھنا۔

الجَاثُوم: سینے پر محسوس ہونے والا دباؤ جس کے باعث آدمی حرکت نہ کرسکے (۲) بھیانک خواب۔
الجُثَّامُ: الجاثوم۔
الجَثَّامَةُ: ڈل، سست و کاہل (۲) سینے کا دباؤ۔
الجُثَمُ: الجاثوم۔
الجُثْمَانُ: جسم، بدن (۲) ذات، شخص۔
جُثْمَانُ المَيِّتِ: لاش، بے روح جسم۔
الجَثْمَةُ: جھاڑی۔
الجُثَمَةُ: ڈل، کاہل و سست، پٹرپل۔
المَجْثَمُ: پرندہ کا آشیانہ ج: مجاثِم۔
• جَثَا ـُ جَثْوًا وجُثُوًّا: دوزانو بیٹھنا، گھٹنوں کے بل بیٹھنا (۲) انگلیوں کے بل کھڑا ہونا۔ هو جاثٍ۔ قرآن پاک میں ہے: "وتَرَى كُلَّ أُمَّةٍ جاثِيَةً" ج: جِثِيٌّ وجُثِيٌّ۔ قرآن پاک میں ہے: "ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا" (جُثِيًّا بھی ایک قرأت ہے) (۳) جھکنا۔
ـــ الإبِلَ ونحوها جَثْوًا: اونٹوں وغیرہ کو جمع کرنا۔
أَجْثَاهُ: گھٹنوں کے بل بٹھانا، انگلیوں کے بل کھڑا کرنا۔
جَاثَى فُلَانٌ فُلَانًا: گھٹنے سے گھٹنا ملا کر بیٹھنا۔
ـــ رُكْبَتَهُ الى رُكْبَتِهِ: گھٹنے سے گھٹنا ملانا۔
جَثَّاهُ: أَجْثَاهُ۔
تَجَاثَوْا مُجَاثَاةً وجِثَاءً: (دونوں مصدر خلاف قیاس ہیں) لڑائی میں ایک دوسرے کے سامنے گھٹنوں کے بل بیٹھنا۔
الجَثَاءُ و الجُثَاءُ: شخص (۲) جزا، بدلہ (۳) مقدار (۴) تخمینہ، تقریبا، جیسے عَدَدُهم جَثَاءُ مائةٍ: ان کی تعداد

تقریباً سو ہے۔
الجَثْوَة و الجُثْوَة: مٹی کا ڈھیر (۲) قبر (۳) جسم، لاش (۴) انگارہ ج: جُثًی وجِثًی

ج ——— ج

• جَحْجَحَ: لپکنا، پہل کرنا (۲) اپنی قوم کے سردار کے محاسن پر فخر کرنا (۳) مناقب اور کارنامے بیان کرنا (۴) لوٹنا، سرنگوں ہونا۔
— فُلانةٌ: عورت کا بلند پایہ شخص کو جنم دینا۔
— عن الشیئِ: رکنا، باز رہنا۔
الجَحْجَاحُ: معزز و سخی سردار ج: جَحَاجِحُ و جحاجِحَة۔
الجَحْجَحُ: الجحجاح ج: جَحَاجِحُ۔
الجُحْجُحُ: مینڈھا، بکرا ج: جَحَاجِحُ۔
• جَحَّه ـُ جَحًّا: کھینچنا، کھینچ کر نکالنا (۲) بچھانا۔
أَجَحَّتِ السَّبُعَةُ و الكَلْبَةُ و نحوهما: درندہ یا کتیا کا حاملہ ہو کر پیٹ بڑا ہونا اور ولادت قریب ہونا۔ هي مُجِحٌّ و مُجِحَّةٌ ج: مَجَاحُّ۔ أَجَحَّتِ المرأةُ بھی کہا جاتا ہے یعنی عورت حاملہ ہو گئی اور پیٹ بڑا ہو گیا۔ حدیث میں ہے: "انّه صلى الله عليه وسلم مرَّ بامرأةٍ مُجِحٍّ فسأل عنها۔ فقالوا: هذه أمَةٌ فُلانٍ"
انجَحَّ النباتُ على الأرضِ: گھاس کا زمین پر پھیلنا۔
الجُحَّةُ: زمین پر پھیلا ہوا درخت ج: جُحَجٌ۔
• جَحَدَ الأمرَ و به ـَ جَحْدًا و جُحودًا: دانستہ انکار کرنا، جھٹلانا قرآن پاک میں ہے: "وجَحَدُوا بِها واستَيْقَنَتْها أنفسُهم" (۲) ناشکری کرنا (۳) کفر کرنا۔

جَحَدَ فلانًا حَقَّه و بِحَقِّه: حق کو نہ ماننا، تسلیم نہ کرنا، کسی کے حق کا منکر ہونا۔
جَحِدَ ـَ جَحَدًا: غربت یا کنجوسی کی بنا پر بے فیض ہونا۔ هو جَحِدٌ و جَحْدٌ۔ هو أجْحَدُ و هي جَحْداءُ ج: جُحْدٌ۔
— العامُ: خشک سالی ہونا، کسی سال بارش کم ہونا۔
— الأرضُ: زمین کا خشک اور بے فیض ہونا۔
— النَّبَاتُ: پودوں یا گھاس کا کم ہونا اور لمبا نہ ہونا۔
— العَيْشُ: زندگی تلخ اور اجیرن ہونا
— فلانًا: کسی کو بخیل پانا۔
أَجْحَدَ: مفلس ہو جانا، فیض کم ہونا۔
— فلانًا: بخیل پانا۔
الجُحُودُ: انکار، تکذیب، کفر۔
لامِ الجُحُود: نحویوں کی اصطلاح میں وہ لام ہے جو مضارع منصوب پر تاکید نفی کے لئے آتا ہے اور اس سے پہلے کان منفی بہ ما یا یکون منفی بہ لم ہوتا ہے جیسے "وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيهِمْ" "لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ" ان دونوں آیتوں میں لِيُعَذِّبَهُم اور لِيَغْفِرَ لَهُم میں لام ماکان اور لم یکن کی تاکید کے لئے ہے یعنی ایسا ہو ہی نہیں سکتا کہ آپ اُن لوگوں میں ہوں اور اللہ ان کو عذاب دے۔ ایسا ہو ہی نہیں سکتا کہ اللہ انکی مغفرت کر دے۔
جَحْدٌ و جَحِدٌ و أجْحَدُ: معمولی قیمت کا، حقیر۔
جاحِدٌ: منکر، مکذب، ہٹ دھرم
• جَحْدَرَه: پچھاڑنا (۲) لڑھکانا۔

تَجَحْدَرَ: لڑھکنا (۲) پھڑپھڑانا۔
— الطائرُ: پرندہ کا حرکت کرنا اور اڑ جانا، پھڑپھڑا کر اڑنا۔
الجَحْدَرُ: کوتاہ قامت، پست قد ج: جَحَادِرُ۔
• جَحْدَلَ فُلانٌ: غربت کے بعد مالدار ہونا۔
— المالَ وغيرَه: مال وغیرہ جمع کرنا۔
— الوِعاءَ: برتن کو بھرنا۔
— فلانًا: پچھاڑنا یا باندھنا۔
— الدابَّةَ: چوپائے کو کرایہ پر دینا۔
الجَحْدَلُ: ہٹا کٹا موٹا تازہ جوان۔
الجُحْدُلُ: الجَحْدَلُ۔
• جَحَرَ الضَّبُّ و نَحْوُه ـَ جَحْرًا: گوہ یا سانپ وغیرہ کا اپنے سوراخ میں گھس جانا۔
— الحَيَوانُ وغيرُه: پیچھے رہ جانا، دیر سے آنا۔
— الخَيْرُ: بھلائی کا نہ پہنچنا، پیچھے رہ جانا۔
— العامُ: کسی سال کا خشک ہونا، بارش نہ ہونا۔
— عَيْنُه: آنکھ کا دھنس جانا۔
— الحيوانَ: جانور کو اس کے بل یا سوراخ میں گھسانا۔
أَجْحَرَ القَوْمُ: قحط کا شکار ہونا۔
— العامُ: سال کا خشک ہونا بے بارش ہونا
— الضَّبَّ و نَحْوَه: گوہ وغیرہ کو سوراخ (بل) میں داخل کرنا۔
أَجْحَرَتِ السَّنَةُ النَّاسَ: خشک سالی کا لوگوں کو پریشانی اور تنگی میں ڈالنا۔
أَجْحَرَه إليه: اپنی طرف آنے کے لئے مجبور کرنا
اِجْتَحَرَ جُحْرًا: بل بنانا۔
اِنْجَحَرَ: سوراخ (بل) میں داخل ہونا۔
تَجَحَّرَ: انْجَحَرَ۔
الجُحْرُ: بل، بھٹ، کھوہ، چھوٹے جانوروں اور کیڑوں وغیرہ کے رہنے کا سوراخ،

حشرات الارض کے رہنے کی جگہ ج: جُحُورٌ وأَجْحَارٌ وجِحَرَةٌ.

الجاحِرُ: قافلہ سے بچھڑ کر پیچھے رہ جانے والا

الجَوَاحِر: وہ جانور جو اپنے گلہ سے بچھڑ کر پیچھے رہ جائیں.

الجَحْرَةُ: قحط سالی، خشک سال.

المَجْحَرُ: پناہ گاہ، کمین گاہ ج: مَجَاحِرُ.

•جَحَشَ عنه ـَ جَحْشًا: الگ ہوجانا، کنارہ کش ہونا. هو جَاحِش و جَحِيشٌ.

ـــ الجلدَ: کھال کو کھرچنا، خراش پیدا کرنا، چھیلنا. حدیث میں ہے: "أَنَّه صلى الله عليه وسلّم سَقَطَ من فرسٍ فجُحِشَ شِقُّه"

ـــ فلانا: مار ڈالنا.

جَاحَشَ عن نفسه وغيره مُجَاحَشَةً وجِحَاشًا: دفاع کرنا اور لڑنا. کہتے ہیں: فلانٌ يُجَاحِشُ عن خَيْطِ رَقَبَتِه: وہ اپنے نفس کا دفاع کرتا ہے. حدیث میں ہے: "بُعْدًا لَكُنَّ و سُحقًا، فعَنْكُنَّ أُجَاحِشُ" قیامت کے دن اعضاء کے شہادت دینے کے بیان میں یہ حدیث ہے

ـــ القومَ: لوگوں سے مزاحمت کرنا، ٹکرانا.

ـــ الأَمْرَ: کسی کام کو بار بار کرنا، پریکٹس کرنا.

الجَحْشُ: گدھے کا بچہ ج: جِحَاشٌ. خود رائے آدمی کی مذمت میں کہا جاتا ہے: هو جُحَيْشُ وَحْدِه.

الجُحْشَةُ: گدّی (۲) اون یا اونٹ کے بال جن کو ہاتھ پر لپیٹ کر کاتا جاتا ہے ج: جِحَاش.

•جَحَظَت عينُه ـَ جُحُوظًا: آنکھ کا ابھرے ہوئے ڈھیلے والی ہونا.

جحظَ اليه: گھور کر دیکھنا. العَيْنُ جاحِظةٌ.

الجاحِظُ: جس کی آنکھ کا ڈھیلا ابھرا ہوا ہو جس کی آنکھ باہر کو نکلی ہوئی ہو ج: جُحَّظٌ (۲) عمرو بن بحر متوفی ۲۵۵ھ. حدیث عائشہؓ میں ہے: "وأنتم يومئذٍ جُحَّظٌ تنتظرون الغَدْوَةَ"

جَحَظَ اليه عمَلَه جَحْظًا: کسی کو کام میں خرابی دکھانا.

جَحَّظَ: گھورنا، تاکنا. جَحَّظَ اليه بَصَرَه: گھور کر دیکھنا.

تجاحَظَ في كلامه: جاحظ جیسا کلام کرنا

الجاحِظَةُ: آنکھ کا ڈھیلا. الجَاحِظتان: دونوں ڈھیلے.

الجاحِظِيَّةُ: معتزلہ متکلمین کا ایک فرقہ جو جاحظ کی طرف منسوب ہے.

الجِحَاظُ: آنکھ کی پتلی، آنکھ کا ڈھیلا، آنکھ کا حلقہ.

•جَحَفَ ـَ جَحْفًا فُلَانٌ مع فُلَانٍ: مانوس و مائل ہونا.

ـــ له: جانب دار ہونا.

ـــ الشيءَ: (۱) چھیلنا (۲) لینا (۳) برباد کرنا (۴) بہالے جانا.

ـــ لهم الطَّعامَ: کھانا نکالنا.

ـــ الكُرَةَ من وجه الأرضِ: بلّے سے گیند روکنا.

ـــ الشيءَ برجله: لات مارنا، لات مار کر پھینکنا.

جُحِفَ الرَّجُلُ: پیٹ کی بیماری لاحق ہونا، ہیضہ ہونا.

جَاحَفَ الشيءَ: لینا، سب کا سب لے لینا

ـــ الرجلَ و به: مزاحمت کرنا، ٹکرانا.

ـــ ه: قریب ہونا.

ـــ عنه: دفاع کرنا.

أَجْحَفَ به: لے جانا (۲) کسی کو سخت نقصان پہنچانا، ہلاک و برباد کرنا.

أَجْحَفَ بهم الدَّهْرُ: زمانہ نے ان کو برباد کر دیا، أُجْحِفَ بهم الفَقْرُ: غربت کا کسی کو مفلس بنا دینا. حضرت عمرؓ کی حدیث میں ہے: "انّما فرضْتُ لقومٍ أَجْحَفَتْ بهم الفاقةُ"

أَجْحَفَ بهم فلانٌ: کسی کا لوگوں کو ناقابل برداشت کام کا پابند کرنا، ناقابل برداشت بوجھ یا ذمہ داری ڈالنا.

ـــ بالطَّريق: قریب ہونا.

ـــ السَّيلُ به: سیلاب کا بہالے جانا.

أُجْحِفَ به: اس پر ظلم کیا گیا، ناقابل برداشت بوجھ ڈالا گیا.

اِجْتَحَفَ ماءَ البئرِ: کنویں کا سارا پانی نکال دینا.

ـــ الكُرَةَ من وجه الأرض: گیند کو اٹھانا، چھیننا.

ـــ الشيءَ: لوٹنا.

تَجَاحَفُوا الكُرَةَ بينهم: کھلاڑیوں کا گیند کو ہاکی سے لڑھکا کر ایک دوسرے سے چھیننا. حدیث میں ہے: "خُذوا العطاءَ ما كان عطاءً فاذا تَجَاحَفَتْ قُرَيْشٌ المُلْكَ بينهم فارفُضُوه"

ـــ في القتال: لاٹھیوں اور تلواروں سے لڑنا.

الجُحَافُ: ہیضہ، بلغمی سے دستوں کی بیماری (۲) موت. سَيلٌ جُحَافٌ: عام تباہی مچانے والا سیلاب.

الجِحَاف: لڑائی.

الإِجْحَاف: حمایت، بے جا طرف داری (۲) ظلم.

الجُحْفَةُ: گھی کا ٹکڑا (۲) مروڑ (۳) حوض کے اطراف میں بچا ہوا پانی ج: جِحَاف

الجُحُفَةُ: حوض کے اطراف میں بچا ہوا پانی (۲) مٹھی بھر کھانا وغیرہ (۳) مکہ اور مدینہ

کے درمیان ایک مقام کا نام ج: جُحَفٌ
المُجْحِفَةُ: مصیبت، لڑائی۔
•جَحْفَلَه: پچھاڑنا، تیر مارنا۔
تَجَحْفَلَ القومُ: لوگوں کا اکٹھا ہونا۔
الجَحْفَلُ: بڑا لشکر، بڑے مرتبہ کا آدمی
ج: جَحافِل۔
الجَحْفَلَةُ: کھر والے جانوروں کا ہونٹ
ج: جَحافِل۔
•جَحَلَه ـَ جَحْلاً: پچھاڑنا۔
جَحَّلَه: بری طرح پچھاڑنا۔
الجُحَالُ: زہر قاتل۔
الجَحْلُ: ہر بڑی شے (۲) گرگٹ (۳) گوہ کا بچہ، گبریلا (۴) شہد کی مکھیوں کی رانی (۵) بڑی مشک ج: جُحول وجُحْلان
الجَيْحَل: بڑی چٹان، پہاڑ، ہر بڑی چیز
•جَحَمَ النارَ ـَ جَحْمًا: آگ بھڑکانا، آگ روشن کرنا۔
ــــ الرجلُ عينيه: آنکھ کھولنا اور جھپکانا
ــــ ه عن كذا: روکنا، باز رکھنا۔
جَحِمَتِ النارُ ـَ جَحْمًا وجَحَمًا وجُحومًا: آگ بھڑکنا، تیز ہونا۔
ــــ العَيْنانِ: آنکھوں کا انتہائی سرخ اور بڑی ہونا۔ هو أَجْحَمُ وهي جَحْماءُ
ج: جُحْمٌ۔
أَجْحَمَ عنه: رکنا، باز رہنا۔
ــــ الرجلَ وغيره: ہلاک کرنے کے قریب ہونا۔
جَحَّمَه بعَيْنِه: گھور کر دیکھنا، گھورنا۔
تجاحَمَ وتَجَحَّمَ: تنگ ہونا، بخل اور لالچ کی بنا پر جلنا۔
الجَاحِمُ: دہکتا ہوا انگارہ، بھڑکتا ہوا شعلہ (۲) انتہائی گرم جگہ۔ جاحِمُ الحربِ: جنگ کا بیچ، گھمسان کی جنگ۔ نار جَاحِمَةٌ: تیز آگ۔ عين جاحِمَةٌ: گھورنے والی آنکھ۔

الجُحامُ: آنکھ کی بیماری جس سے آنکھ ورم آلود ہو جاتی ہے (۲) کتے کے سر میں ہونے والی بیماری جس کے لئے داغ دیا جاتا ہے۔
الجَحْمَةُ: بھڑکتی ہوئی آگ۔
الجُحْمَةُ: بھڑکتی ہوئی آگ (۲) آگ کی بھڑک ج: جُحَـمٌ۔
الجَحِيمُ: بھڑکتی ہوئی آگ، انتہائی گرم جگہ، دوزخ، جہنم کے ناموں میں سے ایک نام۔ قرآن پاک میں ہے: "قالوا ابْنُوا له بُنْيانًا فَأَلْقُوه في الجَحِيمِ"
الأَجْحَم: سرخ آنکھوں والا، سوجی ہوئی آنکھوں والا۔
•الجَحْمَرِشُ: بھاری بدشکل عورت (۲) بوڑھی عورت (۳) بڑی عمر کا اونٹ
ج: جَحامِرُ۔
•جَحَنَ ـَ جَحْنًا: غربت یا بخل کی بنا پر اہل وعیال پر تنگی کرنا، خوراک وغیرہ میں کمی کرنا۔
جَحِنَ ـَ جَحَنًا وجَحانَة: خوراک کی کمی یا خرابی سے نشوونما کمزور ہونا۔
هو جَحِن۔ کہاوت ہے: عَجَبٌ من أن يَجِيءَ من جَحِنٍ خيرٌ
ایسے شخص کے بارہ میں کہا جاتا ہے جس سے کسی کو کوئی نفع نہیں پہنچتا۔
أَجْحَنَ على عياله: اہل وعیال کے خرچ میں تنگی کرنا۔
الجَحِنُ: کمزور پیاسا پودا (۲) کمزور نشوونما والا، پستہ قد۔
•جَحَا بالمكان ـُ جَحْوًا: قیام کرنا، ٹھہرنا۔
ــــ الشيءَ: جڑ سے اکھاڑنا۔
اِجْتَحَى الشيءَ: جڑ سے اکھاڑنا۔
جُحَا: ایک شخص جس کی طرف مزاحیہ کہانیاں

منسوب کی جاتی ہیں۔ نام ابو الغصن دُجَين بن ثابت۔
الجَحْوَة: ایک قدم۔

ج ـــــ خ

•جَخَّ برِجله ـُ جَخًّا: پیروں سے خاک اڑانا۔
ــــ في صلاته: نماز میں بوقت سجدہ پیٹ اوپر کرنا اور دونوں بازوؤں کو کشادہ کر دینا حدیث میں ہے: "أنّه كان اذا سَجَدَ جَخَّ"
ــــ: تھکان سے ہاتھ پاؤں ڈھیلے چھوڑ کر زمین پر بیٹھ جانا (۲) ڈینگ مارنا (۳) ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔
•جَخَا برِجله ـُ جَخْوًا: پیروں سے مٹی اڑانا۔
ــــ الكُوزَ: کوزہ کو اوندھا کرنا، برتن کو اوندھا کرنا۔
جَخَّى الشيخُ: کبڑا ہونا (بوڑھے آدمی کا)
ــــ الرجلُ في سُجُوده: سجدہ میں شانوں کو کھولنا۔
ــــ على المِجْمَر: انگیٹھی پر دھونی لینا
ــــ: اعتدال واستقامت سے ہٹنا۔
ــــ اللَّيْلُ: رات کا گزر جانا، اخیر ہونا۔
ــــ الكوزُ: اوندھا ہونا۔
ــــ النُّجُومُ: ستاروں کا قریب الغروب ہونا
تجَخَّى الكُوزُ: کوزہ کا اوندھا ہونا۔
ــــ الرجلُ على الجَمْر: انگاروں پر دھونی لینا۔

ج ـــــ د

•جَدَبَ المكانُ ـِ جَدْبًا: کسی جگہ بارش نہ ہونا اور خشک ہو جانا، قحط زدہ ہونا۔
ــــ الشيءَ: عیب نکالنا، برائی کرنا۔ حدیث

میں ہے:"جَدَبَ لنا عُمَرُ السَّمَرَ بعد عَتَمَةٍ"

جَدِبَ المکانُ ـَ جَدَبًا: بارش نہ ہونے سے خشک ہونا۔

جَدُبَ المکانُ ـُ جُدُوبَةً: بارش نہ ہونے سے خشک ہوجانا، قحط زدہ ہونا، ھو جَدْبٌ وجَدِیبٌ وھی جَدْبٌ وجَدْبَةٌ وجَدُوبٌ۔

أَجْدَبَ المکانُ: بارش نہ ہونے کی وجہ سے کسی مقام کا خشک ہوجانا، قحط زدہ ہونا

أَجْدَبَتِ السَّنَةُ: قحط سالی ہونا۔

أَجْدَبَ القومُ: لوگوں کا قحط میں مبتلا ہونا، تنگی وپریشانی میں ہونا۔ کہاوت ہے:"من أَجْدَبَ انْتَجَعَ" محتاج کے لئے کہا جاتا ہے۔

ــــ الأرضَ: قحط زدہ یا خشک پانا۔

ــــ فلانًا: کسی کے پاس مہمان بننا اور اس کے پاس ضیافت نہ پانا، بخیل یا روکھا پانا، مہمان نواز نہ پانا۔

جادَبَتِ الإبلُ العامَ: اونٹوں کا خشک سالی میں ہونا اور پرانا بچا کھچا چارہ کھا کر گزر کرنا

جَدَّبَه: کمزور کرنا (۲) عیب دار کرنا۔

تَجَدَّبَه: بوجھل محسوس کرنا (۲) معیوب خیال کرنا۔

تَجَدَّبَ المکانُ: بارش نہ ہونے سے خشک ہونا۔

الأَجْدَبُ: قحط زدہ اور خشک مقام یا سال ج: جُدْبٌ۔

الجَدْبُ: قحط، خشک سالی، سختی (۲) عیب

مکان جَدْبٌ: قحط زدہ جگہ م: أرض جَدْبَةٌ: خشک زمین۔

الجَدُوبُ و الجَدِیبُ: خشک اور قحط زدہ

المِجْدابُ: بنجر زمین ج: مجادیبُ۔

•اِجْتَدَثَ: قبر بنانا۔

الجَدَثُ: قبر؛ أَجْدَاث۔ قرآن پاک میں ہے:"وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَإِذَا هُم مِّنَ الْأَجْدَاثِ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يَنسِلُونَ"

•الجَدْجَدُ: ہموار سخت زمین۔

الجُدْجُدُ: ٹڈی جیسا ایک جانور جو رات کو بولتا ہے، جھینگر (۲) آنکھ کی پتلی میں نکلنے والی پھنسی ج: جَدَاجِدُ

•جَدَحَ السَّوِيقَ في الماء ونحوه ـَ جَدْحًا: ستو کو پانی یا دیگر سیال چیز میں خوب ملانا، گھولنا۔ کہاوت ہے: جَدَحَ جُوَيْنٌ من سَوِيقِ غیرِه: جوین نے دوسرے کے ستو کو خوب گھولا (یعنی لوگوں کو خوب دیا) ایسے شخص کے بارے میں ہے جو دوسروں کے مال میں سخاوت کرتا ہو جیسے اردو میں مشہور ہے حلوائی کی دوکان دادا جی کی فاتحہ۔

ــــ الشرابَ: شربت کو چمچے وغیرہ سے گھولنا

أَجْدَحَ السَّوِيقَ: ستو گھولنا۔

جَدَّحَه: گھولنا، حرکت دینا۔

اِجْتَدَحَ: "

المِجْدَحُ: ستو وغیرہ گھولنے کا آلہ، لکڑی کی گھوٹنی (ایک لکڑی جس کے سرے پر کئی لکڑیوں کا پیالہ نما گول دائرہ ہوتا ہے جس سے ستو یا لسی وغیرہ کو ہلایا جاتا ہے) (۲) ایک ستارہ کا نام ج: مَجادِيحُ۔

المِجْدَاحُ: سمندر کا کنارہ ج: مجاديح

مَجادِيحُ السَّماء: آسمان کے پچھڑ

أَرْسَلَتِ السَّماءُ مجادِيحَ الغَيثِ: آسمان نے خوب پانی برسایا (بارش کے پچھڑوں کو چھوڑ دیا)۔

•جَدَّ ـِ جَدًّا: بلند رتبہ ہونا۔ قرآن پاک میں ہے:"وَأَنَّهُ تَعَالَىٰ جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَلَا وَلَدًا"

جَدٌّ بمعنی مرتبہ وعظمت۔ حدیث میں ہے:"تبارك اسمُك وتعالىٰ جَدُّك"

(۲) بانصیب ہونا، قسمت والا ہونا۔

جَدَّ فُلانٌ جِدًّا: سنجیدہ ہونا۔

جَدَّ في الأمرِ: محنت وکوشش کرنا (۲) تحقیق وجستجو کرنا۔

ــــ الشيءُ ـِ جِدَّةً: وجود میں آنا (۲) نیا ہونا۔

جَدَّ الشيءَ ـُ جَدًّا وجِدَادًا: کاٹنا مَجْدُود وجَدِيد: کاٹا ہوا۔

ــــ النَّخلَ: پھل توڑنا، کھجوریں توڑنا۔

جَدَّ بالشيءِ ـَ جَدًّا: پالینا۔ جَدِدْتُ بالخيرِ: مجھے بھلائی مل گئی۔

ــــ الثَّدْيُ أو الضَّرْعُ جَدَدًا: پستان یا تھن کا خشک ہونا۔ ھو أَجَدُّ جَدَّت الشاةُ ونحوُها: دودھ کم ہوجانا، تھن کا خشک ہوجانا۔ ھی جَدَّاءُ ج: جُدٌّ۔ سَنَةٌ جَدَّاء: قحط کا سال۔

جُدَّ الرجلُ: بانصیب ہونا۔ مَجْدُود: بانصیب۔

أَجَدَّ فلانٌ: محنتی ہونا، کوشش کرنے والا ہونا (۲) سنجیدہ ہونا (۳) ہموار زمین پر چلنا۔

ــــ في الأمرِ: کوشش ومحنت کرنا۔

ــــ الطَّرِيقُ: راستہ کا ہموار ہونا۔

ــــ النَّخلُ: کھجور کا پھل توڑنے کا وقت آنا، موسم آنا۔

ــــ الشيءَ: وجود میں لانا، پیدا کرنا۔

ــــ ثوبًا: نیا لباس پہننا۔ کہتے ہیں:"أَبْلِ وأَجِدَّ واحمدِ الكاسِيَ" کپڑا پہن کر پرانا کرو اور نیا پہن کر پہنانے والے کا شکر ادا کرو۔

ــــ السَّيرَ: تیز چلنا۔

ــــ أمرَه بكذا: کسی شے سے اپنے معاملہ کو پختہ کرنا۔

جَادَّہ فی الْاَمْرِ: جھگڑنا، کسی سے حیل وحجت کرنا، تحقیق کرنا۔

جَدَّدَ الشیٔ: نیا کرنا، تازہ کرنا، از سرِ نو کرنا، دوبارہ کرنا۔

ـــ العَہْدَ: زمانہ کی تجدید کرنا، پہلی حالت پر واپس لانا۔

ـــ ثوبًا: نیا لباس پہننا۔

ـــ اَمْرًا: خوب تحقیق کرنا۔

تَجَدَّدَ الشیٔ: نیا ہونا (۲) پہلی حالت پر واپس آنا۔

ـــ الضَّرْعُ: تھن کا خشک ہو جانا۔

اِسْتَجَدَّ الشیٔ: نیا ہونا۔

ـــ الشیٔ: نیا کرنا یا نیا پانا۔

ـــ الثوبَ: نیا کپڑا پہننا۔

الاَجَدُّ: خشک سال (۲) بہت بانصیب۔

الاَجَدَّان: لیل ونہار، رات ودن۔

الجَادُّ: سنجیدہ، بردبار، واقعیت پسند، واقعی (۲) محنتی۔

الجَادَّۃ: راستہ کا بیچ (۲) شاہ راہ، بڑی سڑک ج: جَوَادُّ۔

الجَدَادُ: کھجور کے پھل توڑنے کا موسم۔

الجُدَادَۃُ: جُدَادَۃُ النَّخْلِ وغیرہ: کھجور کا توڑا ہوا پھل۔

الجَدُّ: دادا (۲) نانا ج: اَجْدَادٌ وجُدُودٌ وجُدُودَۃ (۳) رزق (۴) مرتبہ، پوزیشن حدیث میں ہے "واذا اَصحابُ الجَدِّ مَحْبُوسُونَ" (۵) نہر کا کنارہ ج: اَجْدَاد وجُدُود (۶) قسمت، کہاوت ہے: "جَدُّكَ يَرْعَىٰ نَعَمَكَ" اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو زیادہ محرومیت کا شکار ہوتا ہو ج: جُدُود۔ نیز کہا جاتا ہے۔ عَثَرَ جَدُّہٗ اَوتَعِسَ جَدُّہٗ: وہ نقصان میں رہا یا وہ ہلاک ہوا۔

جَدُّ الحِنْطَۃِ: گیہوں میں تبدیلی پیدا ہونے سے ایک خاص قسم گیہوں کی۔

الجِدُّ: روئے زمین (۲) نہر کا کنارہ (۳) کسی شے کی کثرت ومبالغہ کو بیان کرنے کے لئے بمعنی بہت۔ جیسے، فلانٌ محسِنٌ جِدًّا۔ ھذا خَطَرٌ جِدُّ عَظِیمٍ ای عَظِیمٌ جِدًّا۔ نصب مصدریت کی بنا پر ہے (۴) محنت (۵) کوشش (۶) سنجیدگی، واقعیت۔

مِن جِدٍّ: سنجیدگی سے، واقعیت کے ساتھ۔

الجُدُّ: کنارہ (کسی بھی شے کا) نہر کا کنارہ ج: اَجْدَاد (۲) بہت پانی والا کنواں (۳) کم پانی والا کنواں (۴) ساحل (۵) بڑی قسمت والا آدمی ج: جُدُّون۔

الجَدَدُ: ہموار زمین۔ حدیث میں ہے: "کان (عمر) لا یبالی ان یُصَلِّی فی المکان الجَدَدِ" کہاوت ہے: مَن سَلَكَ الجَدَدَ اَمِنَ العِثَارَ جو ہموار راستہ پر چلتا ہے وہ ٹھوکر نہیں کھاتا۔ طلبِ عافیت کے موقع پر کہا جاتا ہے۔

الجَدَّۃُ: دادی، نانی ج: جَدَّات۔

الجَدَّاء: اونٹ یا بکری جس کے کان کٹے ہوئے ہوں (۲) وہ عورت جس کے پستان چھوٹے ہوں (۳) قحط زدہ سال (۴) خشک جنگل۔

الجَدَّادُ: الجھے ہوئے دھاگے یا رسیاں یا شاخیں جو ایک دوسرے میں گتھی ہوئی ہوں۔

الجُدَّۃ: نشانی، علامت (۲) نہر کا کنارہ (۳) کسی شے کا وہ حصہ جو باقی ماندہ سے رنگ میں الگ ہو (۴) راستہ، گھاٹی، دھبا۔ جُدَّۃُ السَّمَاء وجُدَّۃُ الجَبَلِ ج: جُدَد: قرآن پاک میں ہے: "وَمِنَ الجِبَالِ جُدَدٌ بِیضٌ وحُمْرٌ مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُہَا وغَرَابِیبُ سُودٌ" جُدَّۃُ الحِمَارِ: گدھے کی پشت پر پڑا ہوا نشان۔

الجِدَّۃ: روئے زمین (۲) کتے کے گلے میں پڑا ہوا پٹّا ج: جِدَد (۳) نیاپن۔

الجَدِّیُّ: بڑا بانصیب۔

الجَدِیدُ: نیا، موجودہ زمانہ کا، حال کا بنا ہوا، تازہ (۲) بڑا (آدمی) (۳) موٹی گٹھی (۴) غیر متوقع دولت (۵) ایک قسم کا پرانا سکہ، نصیبہ ور (۶) کٹا ہوا (۷) روئے زمین ج: اَجِدَّۃ وجُدُدٌ وجُدَدٌ۔

الجَدِیدَان: رات اور دن۔

الجَدِیدَۃ: جدید کی مؤنث۔ جدیدتا السَّرجِ والرَّحْلِ: نمدہ جو زین کے نچلے حصہ سے ملا ہوا ہوتا ہے۔

المُجِدُّ: محنتی، سرگرم، کوشش کرنے والا۔

المُجَدَّد: مختلف دھاگوں والا کپڑا، دھاری دار کپڑا۔

المُجَدِّد: ہر صدی کے اوائل میں پیدا ہونے والا وہ مصلح جو مسلمانوں میں مروج بدعات کی اصلاح کرتا ہے۔

المَجْدُود: قسمت والا۔

الجُدْجُد: کرکٹ ج: جَدَاجِد۔

الجُدْجَد: سخت اور ہموار میدان۔

جَدَرَ ـُ الجُدَرِیُّ فی البَدَنِ جَدْرًا: چیچک نکلنا۔

ـــ النَّبْتُ: موسم بہار میں نباتات کے سرے نکلنا، کونپلیں نکلنا۔

ـــ عُنُقُ الحِمَارِ ـُ جُدُورًا: گدھے کی گردن کا ورم آلود ہونا۔

ـــ الرَّجُلُ: دیوار کی اوٹ میں ہونا۔

ـــ الشیٔ جَدْرًا: گھیرنا، احاطہ کرنا۔

جَدِرَ ـَ جَدَرًا: چیچک میں مبتلا ہونا۔

ـــ ظہرُہ: کمر پر پھنسیاں نکلنا۔

ـــ یدُہ: کام کی وجہ سے آبلہ پڑنا، زخم ہو جانا۔

جَدِرَ الكَرْمُ: انگور کی بیل میں دانے پڑجانا اور پتے نکلنے کے قریب ہونا۔
جَدُرَ بكذا و له ـُ جَدَارَةً: لائق و اہل ہونا۔
ـــ النَّبْتُ: پودے کی کونپل نکلنا۔
جُدِرَ الرجُلُ: چیچک میں مبتلا ہونا۔ هو مَجْدُورٌ۔
أَجْدَرَ النَّبْتُ: کونپل نکلنا۔ کہتے ہیں: أَجْدَرتِ الأرضُ: زمین میں کونپلیں نکلنا۔
ـــ الشَجَرُ: درخت پر چنے کے جیسے پھل آنا۔
جَدَّرَ النَّبْتُ: جَدَرَ۔
ـــ الشجَرُ: أَجْدَرَ۔
ـــ الكَرْمُ: جَدِرَ۔
ـــ البناءَ: عمارت پر پلاسٹر کرنا، پختہ کرنا، دیوار بنانا۔
جُدِّرَ: چیچک زدہ ہونا۔ مُجَدَّرٌ: چیچک زدہ۔
اِجْتَدَرَ: الجِدارَ: دیوار بنانا۔
الجِدَارُ: دیوار ج: جُدُرٌ قرآن پاک میں ہے: "أَوْمِنْ وَرَاءِ جُدُرٍ"۔
الجِدَارِيُّ: الساقِط الجِدارِيُّ: دیوار کا گرا ہوا بڑا حصہ۔
الجَدْرُ: دیوار، گھیرا ج: جُدْرَان (۲) دیوار کی جڑ۔ حدیث میں ہے: "اسقِ أرضَكَ حتى يبلُغَ المَاءُ الجَدْرَ" اپنی زمین میں اتنا پانی دو کہ وہ جڑ تک پہنچ جائے (۳) ایک قسم کی ریگستانی نبات ج: جُدورٌ۔
الجُدَرُ: حلق کی ورم (۲) پیدائشی پھوڑا (بدن پر) یا چوٹ اور زخم کی وجہ سے بن جانے والا پھوڑا، رسولی، پھنسی، مار کا نشان (۳) کونپل و: جَدَرَة و جُدَرَةٌ ج: أَجْدَارٌ (۴) کھاد، گوبر کا ڈھیر۔
الجَدَرَةُ: کھجور کے پھول میں پڑنے والا بیج (۲) بکریوں کا باڑہ ج: جَدَرٌ۔

الجُدَرِيُّ: چیچک۔
الجَدِيرُ: احاطہ کی ہوئی جگہ، دیوار سے گھرا ہوا باغ۔
الجديرُ بكذا أو له: لائق، اہل ج: جُدَرَاء۔
الجَدِيرَةُ: اینٹوں یا پتھروں کا باڑہ (۲) مزاج، فطرت۔
الجَدَارَةُ: لیاقت، اہلیت، صلاحیت۔
المِجْدَارُ: وہ لکڑی وغیرہ جو کھیت میں جانوروں کو ڈرانے کے لئے کھڑی کی جاتی ہے۔ دھوکا۔
المَجْدَرَةُ: وہ جگہ جہاں چیچک پھیلی ہوئی ہو (۲) لائق ہونا۔
المَجْدُورُ: چیچک زدہ (۲) اہل، لائق۔
المُجَدَّرَةُ: مسور کی کھچڑی۔
• جَدَسَ الأَثَرُ ـُ جُدُوسًا: نشان مٹنا۔
ـــ الشيءُ: خشک اور سخت ہو جانا۔ هو جَادِس۔
ـــ الأَرْضُ: زمین کا بنجر ہونا۔ هي جادِسٌ و جادسَة ج: جَوَادِس
• جَدَعَهُ ـَ جَدْعًا: ناک کاٹنا یا بدن کا کوئی حصہ کاٹنا۔ جَدَعَ أنفَه بھی کہا جاتا ہے۔ کہاوت ہے: "ولِأَمْرٍ ما جَدَعَ قَصِيرٌ أنفَه" کوتاہ قد نے کسی نہ کسی سبب سے اپنی ناک کاٹی ہے، ایسی چیز کے لئے استعمال کیا جاتا ہے جو کسی امر مخفی کے لئے ذریعہ بنے۔ نیز بددعا میں کہا جاتا ہے۔ جَدْعًا له: اس کی ناک کٹے یعنی وہ عیب دار ہو
ـــ ه (۲): قید کرنا (۲) جیل میں ڈالنا۔
ـــ عيالَه: اہل و عیال پر خرچ میں تنگی کرنا
ـــ الصَّبِيَّ: بچہ کو خراب غذا دینا۔
جَدِعَ ـَ جَدَعًا: کٹی ہوئی ناک والا ہونا، جسم کے کٹے ہوئے حصہ والا ہونا

هو أَجْدَع و هي جَدْعاء ج: جُدْعٌ کہاوت ہے: "أَنفُكَ منكَ وإن كان أَجْدَعَ" تمہاری ناک تمہاری ہی ہے خواہ وہ کٹی ہوئی کیوں نہ ہو، اپنا اپنا ہی ہوتا ہے خواہ وہ برا ہی کیوں نہ ہو۔
جَدِعَ الغلامُ: بچہ کی غذا کا خراب ہونا، بچہ کا خراب غذا والا ہونا۔
ـــ الفَصِيلُ: جانور کے دودھ چھڑاتے ہوئے بچہ کا خراب غذا والا ہونا یا کم عمری میں سواری کئے جانے کی بنا پر کمزور ہونا هو جَدِعٌ۔
أَجْدَعَهُ: خراب غذا دینا۔
جادَعَه مُجادَعَة: جھگڑنا، گالی گلوچ کرنا۔
جَدَّعَ: جَدَعَ۔
ـــ فلانا: جَدْعًا (بددعا کے لئے) کہنا۔ یعنی اللہ تجھے عیب دار کرے۔
ـــ النَّباتَ: پودوں کو اوپر اور اطراف سے کاٹنا۔
تجادَعَا: باہم جھگڑنا، لڑنا، ایک دوسرے کو گالی دینا۔ کہاوت ہے: "تَرَكْتُ البلادَ تَتَجادَعُ أَفاعِيها" میں نے ملک کو اس حال میں چھوڑا کہ وہاں کے شریر لوگ ایک دوسرے سے لڑ رہے تھے
الجَدْعُ: ناک وغیرہ کٹے ہونے کی حالت۔
الجَدِعُ: معمولی غذا سے پلا ہوا بچہ۔
الجُدَاعُ: موٹی اور سخت گھاس (۲) وہ چراگاہ جس میں گھاس وغیرہ کم ہو۔
الجَدَعَةُ: کٹنے کے بعد ناک یا دیگر عضو کا بچا ہوا حصہ (۲) کاٹنے کی جگہ۔
جَدَاعِ: سخت سال، خشک سالی۔ کہتے ہیں: "أَجْحَفَتْ بِهِم جَدَاعِ" ان کو خشک سالی نے برباد کیا۔
المِجْدَعُ: ناک یا عضو کاٹنے کا آلہ۔

الأَجْدَعُ: شیطان (۲) کٹی ہوئی ناک والا، کٹے ہوئے عضو والا م: جَدْعَاءُ ج: جُدْعٌ۔

المُجَدَّعُ: وہ نباتات جس کی بالیدگی رک جائے (۲) کٹے ہوئے کانوں والا گدھا۔

•جَدَفَ الطائِرُ ـِ جَدْفًا و جُدُوفًا: پرندہ کا کٹے ہوئے پروں کو پیچھے کی طرف ہلاکر اڑجانا۔

ـــ الرَّجُلُ فی سیرہ جَدْفًا: چلتے ہوئے دونوں ہاتھ مارنا نیز چلتے ہوئے ہاتھ ہلانا۔

ـــ المرأةُ: چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا

ـــ الظَّبْیُ: ہرن کا چھوٹے قدموں سے چلنا۔

ـــ الحادِی: شتربان کا حُدی (اونٹ کو ہکانے کا گانا) میں آواز کو بار بار کاٹنا۔

ـــ السَّماءُ بالثَّلْج: آسمان سے برف گرنا

ـــ المَلَّاحُ السَّفِینةَ و بالسَّفِینَةِ: کشتی کو چپو سے کھینا۔

ـــ الشیءَ: کاٹنا۔

جُدِفَتْ یدُہ: ہاتھ کاٹا جانا۔ کہتے ہیں: "اِنَّه لَمَجْدُوفٌ علیه العَیْشُ" اس کی زندگی اس کے لئے اجیرن ہے۔

أَجْدَفُوا: شور غل مچانا۔

جَدَّفَ بالنِّعْمَةِ: کفرانِ نعمت کرنا۔ حدیث میں ہے: "لا تُجَدِّفُوا بِنِعْمَةِ اللّٰه" اللہ کی نعمت کی ناشکری نہ کرو۔

ـــ المَلَّاحُ: ملاح کا چپو سے ڈونگا چلانا۔

ـــ علی اللّٰه: خدا کے متعلق کفریہ اور گستاخانہ کلمات کہنا۔

ـــ علی فلان: تنگی اور پریشانی میں ڈالنا

الأَجْدَفُ: کوتاہ، پست قامت۔

الجادُوفُ: ڈول بندھی لکڑی جس سے پانی زمین سے اٹھاکر کھیت میں ڈالا جاتا ہے اسے مصر کی عامی زبان میں شادوف کہتے ہیں۔ اس کی اصل عربی المِنْزَفَة ہے

الجَدَفُ: وہ شراب جو ڈھکی ہوئی نہ ہو یا وہ شراب جس کے برتن کا منھ بند نہ کیا گیا ہو (۲) شراب کے جھاگ یا تنکے وغیرہ جو پھینکے جائیں (۳) قبر ج: أَجْداف

الجَدَفَةُ: شور و غل (۲) دوڑنے کی آواز

المِجْدافُ: چپو، کشتی چلانے کا آلہ (۲) پرندے کا بازو ج: مَجادِیف۔

التجدیف: چپو سے کشتی چلانا (۲) ناشکری، کلمۂ کفر ج: تجادیف۔

تجدِیفِیٌّ: کفرآمیز (۲) چپو دار۔

مَرکَبُ التَّجدیف: چپو سے چلائی جانے والی کشتی۔

المُجَدِّفُ: ناشکرا، کلمۂ کفر کہنے والا۔

المَجْدُوف: کٹے ہوئے عضو والا (۲) بخیل

الجُدافِیُ والجَدَافاءُ: غنیمت۔

•جَدَلَ الغُلامُ و ولَدُ الظَّبیـة وغیرها ـُ جُدُولًا: آدمی یا ہرن وغیرہ کے بچہ کا طاقتور ہونا اور اپنی ماں کے ساتھ لگنا۔ ھو جادِل۔

ـــ الحَبُّ فی السُّنْبُل: خوشہ میں دانہ پڑنا یا سخت ہونا۔

ـــ الشیءُ: سخت ہونا۔ ھو جَدِلٌ و جَدَلٌ۔

ـــ الحَبْلَ ـِ جَدْلًا: رسی کو بٹ دینا، بٹنا، مضبوط کرنا۔

ـــ الشَّعرَ: بالوں کو گوندھا۔

الحَبْلُ المَجْدُول: خوب بٹی ہوئی رسّی۔

رَجُلٌ مجدولُ الخَلْقِ: گٹھے ہوئے مضبوط بدن کا آدمی۔

جاریةٌ مَجْدُولَةُ الخَلْقِ: خوش نما کاٹھی کی عورت۔

ـــ الرَّجُلَ: پچھاڑنا (۲) غالب ہونا لڑائی میں۔ جادَلَه فَجَدَلَه: وہ اس سے جھگڑا پھر اس پر غالب ہوگیا۔

جَدِلَ ـَ جَدَلًا: بہت جھگڑالو ہونا۔ ھو جَدِلٌ و مِجدالٌ و مِجْدَل

جَدِلَ الشیءُ: مضبوط ہونا۔ ھو أَجْدَل وھی جَدْلاءُ۔ کہتے ہیں: ساعِدٌ أَجْدَلُ: مضبوط بل دار بازو۔ ساق جَدْلاءُ: مضبوط پنڈلی۔ و دِرْعٌ جَدْلاءُ: مضبوط بنی ہوئی زرہ ج: جُدْلٌ۔

أَجْدَلَتِ الظَّبْیَةُ: ہرنی کے ساتھ اس کے بچہ کا چلنا۔

جادَلَه مجادَلَةً و جِدالًا: جھگڑنا، بحث کرنا، کٹ حجتی کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وجادِلْهُم بالَّتِی ھِیَ أَحْسَنُ"

جَدَّلَه: پچھاڑنا۔ حضرت علی کی حدیث ہے: "وَقَفَ علی طلحةَ وھو قتیل فقال: أَعْزِزْ عَلَیَّ ابا محمدٍ أن أَراکَ مُجَدَّلًا تحتَ نُجُومِ السَّماءِ"

جَدَّلَ الشَّعرَ: بالوں کو گوندھنا، چوٹی بنانا۔

اِجْتَدَلَ الغُلامُ: لڑکے کا طاقتور ہونا اور ماں کے ساتھ چلنا۔

اِنْجَدَلَ: پچھڑنا۔

تجادَلا فی الأمرِ: باہم جھگڑنا۔

تَجَدَّلَ: پچھڑنا، بچھا جانا۔

الأَجْدَلُ: شِکرا ج: أَجادِلُ۔ حدیث مطرّف میں ہے: "یَهْوِی هُوِیَّ الأَجادِلِ"

الأَجْدَلِیُّ: الأَجْدَلُ۔

الجَدالُ: کچی کھجور جب ہری اور گول ہوجائے

الجَدالَةُ: زمین، باریک ریت والی زمین۔

الجَدّالُ: کچی کھجور بیچنے والا (۲) پنجرے میں کبوتر کو بند کرنے والا (۳) بہت جھگڑالو۔

الجَدَلُ: بحث، حجت بازی، جھگڑا، نزاع، مناظرہ، فلاسفہ کے یہاں بحث کا خاص طریقہ، مسلم مناطقہ کے یہاں جدل اس قیاس کو کہتے ہیں جو مشہور و مسلمہ قضایا سے مرکب ہو،

يَقْبَلُ الجَدَلَ: قابل نزاع وبحث۔
لا يقبلُ الجَدَلَ: ناقابل نزاع وبحث۔
الجَدْلُ: عضو، جوڑ (۲) مضبوط ہڈی۔ حدیث عائشہ میں ہے: "العقيقةُ تُقْطَعُ جُدُولًا لا يُكسَرُ لها عَظْمٌ"
الجِدْلُ: الجَدْل ج: أَجْدَالٌ وجُدُولٌ
الجَدْلَةُ: ہاون دستہ (مِدَقَّةُ الهاوَن)
الجَدَلِيُّ: بحث ومباحثہ سے متعلق، جھگڑالو (۲) مناطقہ کے نزدیک وہ شخص جو ایسا قیاس بحث میں استعمال کرے جو مشہور ومسلم قضایا سے مرکب ہو (۳) وہ کبوتر جو چھوٹے پَر کی بنا پر مشکل سے اڑتا ہو۔
الجَدَلِيُّون: اصحاب جَدَل جیسے یونان میں سفسطائی اور مسلمانوں میں معتزلہ (۲) منطقی استدلال کرنے والے۔
الجَدْوَلُ: دیکھئے (ج د ول)
الجَدِيلُ: چمڑے کی بٹی ہوئی لگام، اون کی بٹی ہوئی لگام (۲) بٹی ہوئی رسّی (۳) پٹی ج: جُدُلٌ۔
الجَدِيلَةُ: بانس کی کھپچیوں کا بنا ہوا پنجرہ (۲) قبیلہ (۳) گوشہ (۴) حالت (۵) طریقہ، راستہ (۶) رائے کی پختگی (۷) بالوں کی چٹیا، زلف، گیسو ج: جدائل کہتے ہیں: رَكِبَ جَدِيلةَ رَأْيِه: وہ اپنے ارادہ پر قائم رہا۔
الجِدَالُ: جھگڑا، نزاع، بحث، کٹ حجتی، بحثا بحثی۔
الجَدَالَةُ: زمین۔
المُجَادَلَةُ: علم مناظرہ میں ایسی بحث جس کا مقصد اظہار حق کے بجائے مقابل کو الزام دینا اور خاموش کرنا ہو (۲) مباحثہ مع دلائل۔
المِجْدَلُ: بلند وبالا محل، قلعہ (۲) جھگڑالو آدمی ج: مَجَادِل۔
المَجْدَلُ: لوگوں کی جماعت۔

المَجْدُولُ: بنا ہوا، گتھا ہوا، گوندھا ہوا (۲) چھریرے بدن کا آدمی۔ شَعْرٌ مجدول: گوندھے ہوئے بال۔
حَبْلٌ مَجْدُولٌ: بٹی ہوئی رسّی۔
•جَدَمَ ـُ جَدْمًا: النخلةُ: کھجور کے درخت کا پھل دار ہو کر خشک ہو جانا النَّخلةُ جادِمَةٌ۔
ـــ الشيءَ: کاٹنا۔
انْجَدَمَ: کٹ جانا۔
الجُدَامُ: کھجور کی شاخ کی جڑ۔
الجُدَامَةُ: گیہوں وغیرہ کی بالیں جو پوری نہ ٹوٹیں اور آدھی باقی رہ جائیں۔
الجُدَامِيَّةُ: بہت شاخوں والا کھجور کا درخت۔
الجَدَمَةُ: الجُدَامَةُ (۲) پست قامت مرد یا عورت ج: جَدَمٌ (۳) دانے کا بالائی چھلکا۔
•الجَدْوَلُ: کول، آب پاشی کی چھوٹی نہر (۲) نقشہ، خانوں دار چارٹ (۳) فہرست (۴) اخبار کا کالم ج: جَدَاوِل
جَدْوَلُ الأعمالِ: ایجنڈا، بحث طلب امور کی فہرست۔
جَدْوَلُ تحويلٍ: شرح مبادلہ کی فہرست
جدول حِسَابِيٌّ: گوشوارہ حساب۔
جَدْوَلُ الضَّرْبِ: پہاڑا۔
جَدْوَلُ القضايا: فہرست مقدمات
قَلَمُ جَدْوَلٍ: ڈرائنگ پن۔
•جَدَنَ ـُ جَدْنًا وأَجْدَنَ: غربت کے بعد مالدار ہونا۔
الجَدَنُ: خوش آوازی۔
جَدْوَنُ الدَّرَّاجَةِ: سائیکل کا ہینڈل
•جَدَا فلانًا وعليه: ـُ جَدْوًا و جَدًا: دینا، تحفہ دینا۔
ـــ فلانًا: عطیہ، بخشش مانگنا۔
جَدَاهُ ـِ جَدْيًا: عطیہ طلب کرنا۔

أَجْدَى الشيءُ: نفع دینا، مفید ہونا۔ هذا يُجْدِي: یہ نفع بخش ہے۔ وهذا لا يُجدِيك: یہ تم کو فائدہ نہ دے گا۔
ـــ فلانٌ: عطیہ یا تحفہ پانا۔
ـــ الجُرْحُ: زخم سے خون بہنا۔
ـــ عنه: مستغنی کرنا، فائدہ پہنچانا۔
ـــ فلانًا وعليه: دینا۔
جَدَّى الرَّحْلَ والسَّرْجَ: پالان یا زین کے نیچے گدا رکھنا۔
اِجْتَدَاه واستَجْدَاه: بخشش یا عطیہ مانگنا
الجَادِي: ٹڈی جو ہر شے کو کھا لیتی ہے (۲) عطیہ مانگنے والا یا دینے والا۔
الجادِيُّ والجادِياءُ: زعفران۔
الجَدَا: عطیہ، بخشش (۲) نفع (۳) ہمہ گیر بارش۔ حدیث میں ہے: "اللّٰهُمَّ اسْقِنا غَيْثًا غَدَقًا وجَدًا طَبَقًا" نیز کہا جاتا ہے: خيرُ فلانٍ جَدًا: فلاں کا فیض عام ہے۔
الجَدَاءُ: نفع، فائدہ۔
الجُدَاءُ: حسابی ضرب کا نتیجہ، حاصل جیسے تین کو تین سے ضرب دینے کا حاصل نو۔
الجِدَايَةُ: ہرن کا چھ ماہ کا بچہ جو توانا ہو گیا ہو، نر اور مادہ دونوں کیلئے ج: جَدَايا
الجَدْوَى: فائدہ (۲) ہمہ گیر بارش (۳) عطیہ، بخشش (۴) عطیہ، تحفہ۔ مثل ہے: "شَغَلَتْنِي شِعابي جَدْوَايَ" مجھے اپنوں (اہل وعیال) نے دوسروں پر بخشش کرنے سے روک دیا۔
الجَدْيُ: بکری کا بچہ ج: أَجْدٍ وجِدَاءٌ وجِدْيَان (۲) آسمان کے ایک برج کا نام جو دلو کے قریب ہوتا ہے۔
الجَدْيَةُ: پالان یا زین کے نیچے کی گدی ج: جَدْي وجَدَيات۔
الجُدَي: قطب کے نزدیک ایک ستارہ جس سے قبلہ معلوم کیا جاتا ہے۔

الجَدِيَّةُ: بہتا ہوا خون، خون کا فوارہ۔ حدیث سعد میں ہے: "قال: رَمَيتُ يومَ بدرٍ سُهَيْلَ بنَ عَمْرٍو فقطعتُ نَساه فانبعثت جَدِيَّةُ الدَّم" میں نے بدر کی لڑائی میں سُہیل ابن عمر کے نیزہ مار کر ان کے کولہے کا پٹھا کاٹ دیا تو اس سے خون کا فوارہ چھوٹ گیا۔ (۲) چہرہ کا رنگ (۳) مشک کا ٹکڑا (۴) گوشہ (۵) زین اور کجاوہ کے نیچے رکھے جانے والی گدی ج: جَدَايا۔

الاستِجداء: بھیک، بھیک مانگنا۔

الإِجْداءُ: نفع رسانی۔

الأَجْدَى: زیادہ نفع بخش، سودمند۔

ج ـــــ ذ

•اجذَأَرَّ النَّبتُ: پودے یا نبات کا اگنا مگر لمبا نہ ہونا۔

فلانٌ: گالی دینے کے لئے کھڑا ہونا۔

•جَذَبَ الشَّهرُ ـِ جَذْبًا: مہینہ کا اکثر حصہ گزر جانا۔

ـــ الشيءَ: کھینچنا (۲) اپنی جگہ سے ہٹانا (۳) پھیلانا۔

ـــ الماءَ من الإِناء: پانی کو برتن کے منھ سے لینا۔

ـــ الرَّضِيعَ: شیرخوار بچہ کا دودھ چھڑانا۔

ـــ فلانٌ حَبْلَ وَصلِه: کسی سے تعلق منقطع کرنا۔

ـــ المرأةُ خاطِبَها: عورت کا اپنے منگیتر کو رد کر دینا۔

ـــ النَّاقةُ ـ الأَتانُ لَبَنَها من ضَرعِها جِذابًا: اونٹنی یا گدھی کا اپنے دودھ کو تھن سے اوپر چڑھا لینا۔ هي جاذِبَة وجاذِبٌ: کم دودھ والی اونٹنی ج: جواذِب وهي جَذُوب ج: جِذابٌ۔

ـــ إليه: اپنی طرف کسی کو مائل کرنا۔

جَذَبَ إليه النَّظَرَ: اپنی طرف توجہ مبذول کرانا۔

ـــ القلبَ: دل موہ لینا، فریفتہ بنالینا۔

جاذَبَ الشيءَ: اپنی جگہ سے ہٹانا۔

ـــ فلانًا الشيءَ: کسی سے کسی چیز کی کھینچ تان کرنا، کسی سے کسی چیز کے لینے میں جھگڑنا۔

اجْتَذَبَ الشيءَ: کھینچنا، پھیلانا، لوٹنا، چھیننا۔

انْجَذَبَ: پھیلنا، کھچنا۔

ـــ القومُ في السَّير وبهم السَّيرُ: لپکنا، جلدی کرنا، دور تک چلے جانا۔

تَجاذَبُوا الشيءَ: ایک دوسرے سے چھیننا، چھینا جھپٹی کرنا۔

ـــ أطرافَ الحديث: باہم تبادلۂ خیال کرنا، مختلف قسم کی باتیں کرنا، اِدھر اُدھر کی باتیں کرنا۔

التَّجاذُبُ المغناطيسيُّ: دو ایسے مقناطیسی قطبوں کا ایک دوسرے سے قریب ہونا جو مختلف النوع ہوں۔

تجذَّبَ الشيءُ: پھیلنا۔

ـــ اللَّبنَ: دودھ پینا۔

الجاذِبيَّة: کشش، جاذبیت، کھینچنے کی طاقت وقوت۔ کہتے ہیں: فلان له جاذِبيَّة: فلاں میں ایسی کشش ہے کہ وہ دوسرے کو اپنی طرف مائل کر لیتا ہے (۲) مقناطیس میں اس کشش کا نام ہے جو چند اجسام کو ملانے اور رگڑنے سے پیدا ہوتی ہے (۳) نیچے کی طرف یا مرکز کی طرف مائل ہونے کی قوت، کسی چیز کی طرف کشش ثقل کی وجہ سے مائل ہونے کی قوت۔

جاذبيَّةُ الثِّقل: کشش زمین۔

جاذبيَّة مَغْنَطِيسيَّة: مقناطیسی قوت

جاذبيَّة جِنسيَّة: جنسی میلان وکشش۔

الجاذِبُ: پرکشش، دل فریب، دل کش، جاذب نظر (۲) کم دودھ والی اونٹنی ج: جواذب۔

الجاذِبَة: جاذب کی مؤنث (۲) علم نباتات میں وہ نبات جس سے خوشبودار تیل نکالا جاتا ہے۔ (علم ریاضی میں) وہ قوت جو ایک رخ پر حرکت کرنے والے جسم پر اثر انداز ہوتی ہے اور اسے عمودی سرعت عطا کرتی ہے۔

الجَذْبُ: کشش کھچاؤ، قوت جاذبہ (۲) صوفیہ کی اصطلاح میں ایسی کیفیت کو کہتے ہیں جس میں انسان کا دل مخلوق کے احوال سے بے خبر ہو کر مکمل طور پر عالم بالا سے متعلق ہو جاتا ہے، بعض صوفیا نے اس کو وَجد سے بھی تعبیر کیا ہے (۳) علم ریاضی میں قوت جذب کو کہتے ہیں اور وہ وہ قوت ہے جس کے ذریعہ ایک جسم دوسرے ایسے جسم پر اثر انداز ہوتا ہے جس سے کوئی ظاہری تعلق نہیں ہوتا۔

الجَذَبَة: کھجور کے درخت کا گودا یا گوند ج: جَذَب وجِذاب۔

الجَذْبَة: ٹکڑا ج: جِذابٌ (۲) لمبی مسافت (۳) چرخے کے ایک چکر میں کتنا ہوا دھاگا ج: جَذَبات۔

الجَذابُ: موت کا اسم علم۔

الجَذَّاب: بہت پرکشش۔

شخصيَّة جَذَّابَة: پرکشش شخصیت۔

المَجذُوب: کھینچا ہوا، پھیلا یا ہوا (۲) مجنون (۳) حالت جذب اور وجد میں رہنے والا۔ صوفیا کی اصطلاح میں اس شخص کو کہا جاتا ہے جسے معرفت حق نے اللہ کے ساتھ اس طرح وابستہ کر دیا ہو کہ اسے منجانب اللہ کسی ریاضت ومجاہدہ

کے بغیر بلا کلفت کمالات حاصل ہو جائیں

• جَذَّهُ ـُ جَذًّا : توڑنا، کاٹنا هو جَذِیذٌ و مجذوذٌ. قرآن پاک میں ہے: "عَطَاءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ"

ـــ الشیئَ عن الشیئِ : الگ کرنا۔

ـــ النَّخلَ جَذًّا و جِذاذًا : درخت خرما کے پھل توڑنا۔

ـــ فی السَّیرِ : تیز قدموں سے چلنا۔

جَذَّذَه : کاٹنا، توڑنا۔

ـــ القومَ : لوگوں سے اپنی پیروی کو کہنا مگر کسی کا پیروی نہ کرنا۔

انْجَذَّ : ٹوٹ جانا، کٹ جانا۔

تَجَذَّذَ : ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔

الجُذاذُ : توڑا ہوا ٹکڑے کیا ہوا قرآن پاک میں ہے: "فَجَعَلَهُمْ جُذَاذًا إِلَّا كَبِيرًا لَهُمْ"

الجِذاذُ : الجُذاذُ۔

الجُذاذةُ : تراشہ (۲) سونے کا ٹکڑا (۳) چاندی کا چھوٹا ٹکڑا، ریزہ (۴) لیبل، سلپ، پرچی جس پر معلومات درج ہوں ج: جُذاذٌ۔

الجَذّاءُ : ٹوٹا ہوا دانت۔ یَدٌ جَذّاءُ : کٹا ہوا ہاتھ۔ رَحِمٌ جَذّاءُ : منقطع رشتہ

الجُذَّةُ : تن پوش۔ کہا جاتا ہے۔ ما علیه جُذَّةٌ : اس کے بدن پر ایسا کپڑا نہیں ہے جو اس کو چھپا سکے (۲) ٹکڑا۔

الجَذِیذُ : کٹی اور ٹوٹی ہوئی شئے کا ٹکڑا ج: جُذاذ۔

الأَجَذُّ : کٹا ہوا ٹکڑا م: جَذّاء۔

المِجَذُّ : سلائی کا سرا یا اس لوہے کا کنارہ جس پر چرخی گھومتی ہے ج: مَجاذُّ۔

• جَذَرَ الشیئَ ـُ جَذْرًا : جڑ سے اکھاڑنا (۲) کاٹنا۔

أَجْذَرَه : جَذَرَه۔

انْجَذَرَ : کٹ جانا، جڑ سے اکھڑ جانا۔

الجُوذَرُ : دیکھئے (ج أذر)

الجَذْرُ : ہر شئے کی جڑ، اصل ج: جُذور (۲) علم الحساب میں وہ عدد جس کو اتنے ہی عدد سے ضرب دے کر حاصل نکالا جائے جیسے سو کا جذر دس ہے، کیونکہ دس کو دس سے ضرب دیں گے تو سو حاصل ہوگا علی ہذا القیاس۔ (۳) گائے کا سینگ (۴) علامۃ الجَذْر (√‾‾)۔

الجُذَیْرُ : نباتات اور حیوانات کی باریک عضوی ساخت جو بال جیسی ہوتی ہے (۲) جانور کا پٹھا (۳) نباتات کی وہ باریک شاخ جس پر جڑ ختم ہوتی ہے۔

المُجْذِرُ : بچہ والی گائے۔

المَجْذُور : علم ریاضی میں وہ مقدار جو علامت جذر (√‾‾) کے تحت ہو۔

• جَذَعه ـَ جَذْعًا : ملنا، رگڑنا۔

ـــ الدابّةَ : جانور کو بغیر چارہ کے روک کے رکھنا۔

ـــ الرَّجُلَ : روکنا، قید کرنا۔

ـــ الرجلُ عِیالَه : اہل وعیال کو خبر گیری سے محروم کرنا۔

ـــ بین البَعِیرَین : دو اونٹوں کو ایک رسی میں باندھنا۔

أَجْذَعَ الفَصِیلُ وغیرُه : جوان ہونا گائے وغیرہ کے بچہ کا دو سال کا ہو کر تیسرے سال میں لگنا، اونٹ کے بچہ کا چار سال کا ہو کر پانچویں میں لگنا، بکری کے بچہ کا آٹھ یا نو ماہ کا ہو جانا۔

تَجاذَعَ : نوجوان ظاہر کرنا۔

الجَذَعُ : من الرجالِ : نوجوان، کمسن، نوعمر۔ حدیث میں ہے: "یالَیْتَنی فیها جَذَعٌ"

ـــ من الإبل : اونٹ کا وہ بچہ جس کی عمر کا پانچواں سال شروع ہو چکا ہو۔

الجَذَعُ من الخَیلِ والبَقَرِ : گھوڑے یا گائے کا وہ بچہ جس کی عمر کا تیسرا سال شروع ہو گیا ہو۔

ـــ من الضَّأنِ : بکری کا وہ بچہ جو آٹھ یا نو ماہ کا ہو گیا ہو ج: جِذاعٌ وجِذْعانٌ کہتے ہیں: فُلانٌ فی هذا الأمرِ جَذَعٌ : فلاں اس معاملہ میں مبتدی ہے، نوآموز ہے۔ أَعَدْتُ الأمرَ جَذَعًا : میں نے اس معاملہ کو نیا کر دیا ہے جیسا تھا ویسا کر دیا ہے۔

أُمُّ الجَذَعِ : مصیبت، آفت۔

الأَزلَمُ الجَذَعُ : شیر (۲) زمانہ۔

الجِذْعُ : کھجور کے درخت کا تنہ، درخت کا تنہ ج: أَجْذاعٌ وجُذُوعٌ (۲) دھڑ، سر پیر اور ہاتھ کے علاوہ بقیہ جسم۔

الجِذْعِیُّ : تنہ سے متعلق۔

شَجرةٌ جِذْعِیّةٌ : تناور درخت۔

الجِذَعُ : ذَهَبَ القومُ جِذَعَ مِذَعَ : لوگوں کا تتر بتر ہونا، منتشر ہونا۔

المُجَذَّعُ : بے اصل اور بے ثبات چیز۔

• جَذَفَ الإنسانُ فی مَشْیِه والطائرُ فی طَیَرانِه ـِ جَذْفًا : تیزی سے چلنا، تیزی سے اڑنا۔

ـــ المرأةُ : عورت کا چھوٹے قدموں سے چلنا

ـــ السَّماءُ : آسمان سے برف گرنا۔

ـــ الشیئَ : کاٹنا۔

أَجْذَفَ الطائرُ والمرأةُ : تیز اڑنا، چھوٹے قدموں چلنا

انْجَذَفَ و تَجَذَّفَ : لپکنا، جلدی کرنا، تیز رفتاری سے چلنا۔

المِجْذافُ : کشتی چلانے کا چپو (۲) بازو ج: مَجاذِیفُ۔

• جَذَلَ ـُ الشیئُ جُذُولًا : قائم رہنا سیدھا کھڑا ہونا۔

جَذِلَ ـَ جَذَلًا : خوش ہونا۔ هو جَذِلٌ وجَذْلانُ۔ هی جَذْلَی

ج: جِذَالٌ و جُذْلَانٌ۔
أَجْذَلَهُ: خوش کرنا۔
اِجْتَذَلَ: خوش ہونا۔
تَجَاذَلُوا: باہم کینہ ودشمنی رکھنا۔
اِسْتَجْذَلَ: قائم رہنا، سیدھا کھڑا ہونا
الجِذْلُ: درخت کا تنہ۔ اثر میں ہے: "يُبْصِرُ اَحَدُكُم القَذَى فِي عَيْنِ اَخِيهِ و لا يُبْصِرُ الجِذْلَ فِي عَيْنِهِ" تم میں سے بعض اپنے بھائی کی آنکھ کے تنکے کو دیکھتے ہیں مگر ان کو اپنی آنکھ کا شہتیر نظر نہیں آتا۔ کہتے ہیں: عَادَ الشيءُ الى جِذْلِهِ: شے اپنی اصل پر لوٹ آئی (۲) پہاڑ کی چوٹی (۳) وہ لکڑی جو خارش زدہ اونٹوں کو اپنا بدن رگڑنے کے لئے گاڑی جاتی ہے۔ کہتے ہیں: إِنَّهُ لَجِذْلُ حِكَاكٍ: یہ کھجلانے کی لکڑی ہے۔ هو جُذَيْلُهَا المُحَكَّكُ: وہ صائب الرائے ہے، وہ شخص جس کی رائے سے لوگ مطمئن ہوں۔ فُلانٌ جِذْلُ إِبِلٍ او غَنَمٍ: وہ اونٹوں یا بکریوں کو اچھی طرح چراتا اور ان کی نگہداشت کرتا ہے۔ ج: أَجْذَالٌ و جِذَالٌ و جُذُولٌ۔
جَذِلٌ و جَذْلَانُ: خوش۔
•جَذَمَهُ ـِ جَذْمًا: کاٹنا۔ هو مَجْذُومٌ وجَذِيمٌ۔
جَذِمَ ـَ جَذَمًا ويَدُهُ: ہاتھ کٹ جانا، ٹنڈا ہو جانا، آدمی کا کٹے ہوئے ہاتھ یا کٹی ہوئی انگلیوں والا ہونا۔ هو أَجْذَمُ و هي جَذْمَاءُ ج: جُذْمٌ۔
جُذِمَ الرَّجُلُ: کوڑھی ہونا۔ هو مَجْذُومٌ
أَجْذَمَ يَدَهُ: ہاتھ کاٹنا۔
— عن الشيءِ: رکنا، باز رہنا۔
— عليه: پختہ ارادہ کرنا۔
— السَّيْرَ: رفتار تیز کرنا

جَذَّمَهُ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
اِنْجَذَمَ: کٹنا، منقطع ہونا۔
تَجَذَّمَ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
الجُذَامُ: کوڑھ، ایسی بیماری جس میں اعضائے جسم گل سڑ کر الگ ہونے لگتے ہیں۔
الجُذَامَةُ: من الزَّرْعِ: کٹی ہوئی کھیتی کا بقایا۔
الجِذْمُ: اصل، جڑ، تنہ۔ جِذْمُ الشَّجَرَةِ۔ جِذْمُ الرَّجُلِ: اہل و عیال، کنبہ۔ حدیث میں ہے: "لَم يكن رجلٌ من قريشٍ الا له جِذْمٌ في مكةَ"۔ جِذْمُ الأَسْنَانِ: دانتوں کی جڑ، دانت اگنے کی جگہ۔ جِذْمُ الحَائِطِ: دیوار کا بقیہ حصہ ج: أَجْذَامٌ و جُذُومٌ۔
الجَذْمَةُ: ہاتھ کاٹنے کی جگہ۔
الجِذْمَةُ: کسی چیز کا ٹکڑا جس کی جڑ باقی رہے، کٹے ہوئے درخت کا باقی ماندہ تنہ۔ کہتے ہیں: رأيتُ من يَدِهِ جِذْمَةَ حَبْلٍ۔ نیز کہا جاتا ہے: رأيتُ عنده جِذْمَةً من النَّاسِ: میں نے اس کے پاس لوگوں کی ایک جماعت دیکھی ج: جِذَمٌ (۲) چابک۔
الجُذْمَةُ: ٹنڈاپن، کوڑھ۔
الأَجْذَمُ: ہاتھ یا انگلی کٹا ہوا آدمی م: جَذْمَاءُ و جَذْمَى۔ کہتے ہیں: هُوَ أَجْذَمُ الحُجَّةِ: اس کے پاس نہ دلیل ہے اور نہ طاقت بیان (۲) کوڑھی۔
الجَذِيمَةُ: ایک قبیلہ کا نام (۲) ایک بادشاہ کا نام۔
المَجْذُومُ: کوڑھی۔
المُجَذَّمُ: کوڑھی، ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا۔

المِجْذَامُ: رَجُلٌ مِجْذَامٌ: معاملات میں اٹل، فیصلہ کن بات کرنے والا (۲) دوستی کو جلد ختم کر دینے والا۔ رَجُلٌ مِجْذَامُ الرَّكْضِ في الحربِ: جنگ میں پھرتی دکھانے والا ج: مَجَاذِيمُ۔
المِجْذَامَةُ: المِجْذَامُ ج: مَجَاذِيمُ۔
•جَذَا ـُ جَذْوًا و جُذُوًّا: قائم رہنا، کھڑا رہنا۔ جَذَا مَنخراه: اس کی ناک کے نتھنے کھڑے ہو گئے۔
— الرَّجُلُ: دونوں گھٹنوں کے بل بیٹھنا۔
— الرجلُ: انگلیوں کے بل کھڑا ہونا۔ هو جَاذٍ ج: جِذَاءٌ۔
— السَّنَامُ: کوہان کا چربی دار ہونا۔
جَذَاهُ عنه ـِ جَذْيًا: روکنا، باز رکھنا
أَجْذَى الشَّيءُ: سیدھا کھڑا ہونا، کھڑا رہنا۔ هو مُجْذٍ۔ حدیث میں ہے: "مَثَلُ المُنَافِقِ مثل الأَرْزَةِ المُجْذِيَةِ على الأرضِ حتى يكونَ انجعافُها بمَرَّةٍ"۔
— الفَصِيلُ: اونٹ کے بچے کے کوہان کا چربی دار ہونا۔
— الإنسانَ وغيرَه عن كذا: روکنا، باز رکھنا۔
— الحَجَرَ: پتھر کو اٹھانا۔ حدیث ابن عباسؓ میں ہے: "مَرَّ بقومٍ يُجْذُونَ حَجَرًا" وہ ایسے لوگوں کے پاس سے گزرے جو پتھر اٹھا رہے تھے۔
— طَرْفَه: نگاہ سیدھی کر کے سامنے کی طرف ڈالنا۔
تَجَذَّى الرجلُ: آدمی کا پورے دن مشغول رہنا۔
— الحَمَامُ بالحَمَامَةِ: کبوتر کا بولتے وقت دم کو زمین پر گھسیٹنا، مور کا مورنی کے سامنے دم گھسیٹتے ہوئے چلنا۔
تَجَاذَى القومُ حَجَرًا: لوگوں کا پتھر کو اٹھانے

کے لئے اس کے نیچے لکڑی دینا۔
اِجْذَوَی : انگلیوں کے بل کھڑا ہونا۔
اِجْذَوْذَی : سیدھا ہونا، سیدھا کھڑا ہونا (۲) کجاوہ یا مکان پر برقرار رہنا (۳) انکساری کرنا، ذلیل و خوار بننا۔
الجاذی : وہ آدمی جس کے دونوں ہاتھ کا فاصلہ کم ہو، اناڑی، ناپختہ۔
الجاذِیَةُ : جاذی کی مؤنث (۲) وہ اونٹنی جس کا دودھ بوقت ولادت کم ہو۔
الجَذَاةُ : بڑے درخت کی جڑ ج: جِذاء
الجِذْوَةُ : دہکتا ہوا انگارہ ج: جِذاء و جُذًا۔ قرآن پاک میں ہے: "لعلّی آتیکم منها بخبر او جذوة من النار لعلّکم تصطلون"
کہتے ہیں: فلان جذوۃُ شرٍّ : وہ فساد کی آگ بھڑکاتا ہے۔
الجِذْيُ : اصل، جڑ۔
المِجْذَاءُ : مِجذاءُ الطائر: چونچ

ج ـــــ ر

• جَرُؤَ ـ جُرْأَةً و جَرَاءَةً علی الشیٔ کسی چیز کی ہمت کرنا، جسارت کرنا (۲) دلیر ہونا۔ هو جَرِیءٌ ج: جُرَآءُ و أَجْرِئَاءُ۔
جَرَّأَهُ : دلیر بنانا، ہمت دلانا۔
اِجْتَرَأَ علیه : جرأت کرنا، دلیری دکھانا، جسارت کرنا۔
تَجَرَّأَ : دلیر بننا، دلیری دکھانا۔
اِسْتَجْرَأَ : دلیری ظاہر کرنا، ظاہری طور پر دلیر بننا۔
الجُرْأَةُ و الجَرَاءَةُ : بہادری، دلیری، بے باکی (۲) بے حیائی، ڈھٹائی۔
الجَرِیئَةُ : جری کی مؤنث (۲) درندوں کا شکار کرنے کی وہ جگہ جہاں اینٹوں وغیرہ کا گھر بنا کر اس کے سوراخ پر پتھر یا تختہ رکھا جاتا ہے جب درندہ اندر کھانے کے لئے گھستا ہے تو تختہ یا پتھر سوراخ پر گر جاتا ہے ج: جَرَائِیُّ۔
الجِرِّیئَةُ : گلا، حلق (۲) پرندہ کا پوٹا (۳) شکار کرنے والی۔
الجِرِّیَّةُ : گلا، حلق۔
• اِجْرَأَشَّ : دبلے پن کے بعد توانا ہونا (۲) اونٹوں کا موٹا ہونا اور پیٹ بھر جانا۔ هی مُجْرَئِشَّةٌ۔
• الجُرَائِضُ : شیر (۲) بڑا اور کڑیل اونٹ ج: جَرَائِض۔
• جِرَافِیت : کوئلہ اور لوہے سے ملی ہوئی دھات جو پنسل میں استعمال کی جاتی ہے
• جِرام : گرام (ایک وزن)
• جرامفون : گرامفون، ایک باجہ۔
• الجَرَانِیتُ : مختلف رنگوں کا سخت پتھر جس کے ستون وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔
• جَرِبَ ـ جَرَبًا : خارش زدہ ہونا، خارش میں مبتلا ہونا۔ هو أَجْرَبُ و هی جَرْبَاءُ ج: جُرْبٌ و جِرَابٌ و هو جَرِبَانٌ و هی جَرْبَی ج: جِرَابٌ و جَرْبَی۔
ـــ السَّیْفُ : تلوار کا زنگ آلود ہونا۔ هو أَجْرَبُ۔
أَجْرَبَ الرَّجُلُ : آدمی کے اونٹوں کا خارش زدہ ہونا۔
جَرَّبَه تجریبًا و تَجْرِبَةً : بار بار آزمانا، تجربہ کرنا۔
جَرَّبَ الأَمْرَ : کسی کام کو بار بار کر کے دیکھنا، کوشش کرنا۔
ـــ الرَّجُلَ : اکسانا، ورغلانا۔
رَجُل مُجَرِّبٌ : تجربہ کار آدمی، آزمودہ کار۔
رَجُل مُجَرَّبٌ : آزمایا ہوا، تجربہ کر کے دیکھا ہوا۔
تَجَرَّبَ : آزمایا ہوا ہونا، آزمایا جانا۔
جَوْرَبَ و تَجَوْرَبَ : دیکھئے (ج و ر ب)
التَّجْرِبَةُ : تجربہ، آزمائش، جانچ، کسی کام کو کر کے دیکھنا تا کہ اس میں نقص باقی نہ رہے، پہلی کوشش، سائنس میں کسی شے یا صورت حال کی ایسی جانچ اور مطالعہ کو کہا جاتا ہے جو کڑی باریکی اور خاص نظام کے تحت ہو اور جس سے کوئی انکشاف یا نتیجہ برآمد کیا جائے ج: تَجَارِبُ۔
الجِرَابُ : چمڑے کا تھیلا جس میں زاد راہ وغیرہ رکھا جائے، خورجین (۲) غلاف، کیس (۳) کنویں کا اندرونی حصہ (۴) خصیتین کی تھیلی ج: أَجْرِبَةٌ و جُرُبٌ
جراب السیف : تلوار کی میان۔
جِرابُ الفَرْد : پستول کیس۔
الجُرَابُ : خالی کشتی۔
الجَرَبُ : خارش، کھجلی کا مرض (۲) عیب (۳) زنگ۔
الجَرْبَاءُ : أَجْرَبُ کی مؤنث (۲) قحط زدہ زمین (۳) آسمان۔
الجُرُبَّانُ : گریبان (۲) تلوار کی میان (۳) دھار۔
الجِرِبَّانُ : گریبان۔
الجِرْبَةُ : کھیت (۲) وہ چمڑا جو پانی کو پھیلنے سے روکنے کے لئے کنوئیں کے کنارہ پر رکھا جائے ج: جِرَبٌ۔
الجِرْبِیَاءُ : شمال کی ٹھنڈی ہوا۔
الجَرِیبُ : کھیت (۲) مٹی ملی ہوئی کنکریاں (۳) ایک پیمانہ جو چار قفیز کے برابر ہوتا ہے اور ایک قفیز ایک سو چوالیس ہاتھ کی لمبائی اور وزن میں بارہ صاع کے برابر ہوتا ہے ج: أَجْرِبَةٌ و جُرْبَان۔

الجَوْرَبُ : دیکھئے (ج ورب)
• الجُرْبُزُ : دھوکہ باز ج: جَرَابِزَة .
• الجِرِّيث : بام مچھلی، سانپ کی شکل کی مچھلی .
• تَجَرْثَمَ : الرجلُ : سمٹ کر ایک جگہ لگے رہنا (۲) اوپر سے گرنا .
___ الشیءَ : کسی شے کا سب سے بڑا حصہ لینا .
اِجْرَنْثَمَ القومُ : لوگوں کا اکھٹے ہو کر ایک جگہ جمے رہنا .
___ الرجلُ : اوپر سے گرنا .
الجُرْثُومَةُ : اصل، جڑ، تخم، جرم، بیج، جس سے کسی شے کا آغاز ہو (۲) درختوں کے گرد جمع شدہ مٹی (۳) چیونٹیوں کا گھر یا ان کی بستی (۴) علم الاحیاء میں حیوان یا نباتات کے اس جز کو کہتے ہیں جس میں دوسرے جانور یا نباتات کو جنم دینے کی صلاحیت ہو جیسے دانہ یا بیضہ یا خلیہ ج : جَرَاثِیم .
• جَرِجَتِ الإبلُ المَرْعَیٰ ـَ جَرَجًا : اونٹوں کا چراگاہ کو چرجانا .
جَرِجَ ـَ جَرَجًا : بے چین و مضطرب ہونا (۲) انگوٹھی کا ڈھیلا ہونے کی بنا پر انگلی میں ادھر ادھر کو ہونا .
سِکِّینٌ جَرِجُ النصل : ڈھیلے پھل والی چھری
___ الرجُلُ : راستہ کے بیچ میں چلنا، سخت زمین میں چلنا . الرجُل جَرِجٌ و هی جَرِجَةٌ .
___ الأرضُ : زمین کا سخت ہونا .
جَرَّجَه : پریشان و بے چین کرنا (۲) پھسلانا
___ السیارةَ : موٹر کو گیرج میں رکھنا .
الجَرَجَةُ : راستہ کا بیچ (۲) سخت زمین ج : جَرَجٌ .
الجُرْجَةُ : خرجی، ایک برتن یا تھیلا جس کا منہ چھوٹا اور نچلا حصہ چوڑا ہوتا ہے اس میں زادِ راہ رکھا جاتا ہے ج : جُرَجٌ

الجِراج (مع) : گیرج، موٹر کھڑی کرنے کی جگہ .
• جَرْجَرَ : الجملُ : اونٹ کا بلبلانا، گھٹی ہوئی آواز نکالنا . هو جَرْجَار و جِرْجِرٌ و جُرَاجِرٌ .
___ الماءُ : پانی کی آواز نکلنا .
___ الشرابَ فی الحلقِ : حلق میں پینے کی چیز غرغر کرنا .
___ النارُ : آگ کی آواز نکلنا .
___ فلانًا الشرابَ : کسی کو اس طرح مسلسل پلانا کہ آواز آنے لگے .
___ الماءَ فی الحلقِ : غرغرہ کرنا .
تَجَرْجَرَ الماءَ : پانی کو غٹ غٹ پینا، آواز کے ساتھ پینا، غرغرہ کرنا .
الجُراجِرُ : جوف، اندرونی حصہ، ماء جُرَاجِرٌ : بہت آواز دینے والا پانی
الجَرْجارُ : گرج، بادل کی آواز (۲) راکٹ
الجَرْجَرُ : غلہ گاہنے کی مشین ج : جَرَاجِرُ
الجِرْجِرُ : لوبیا، چنا .
الجَرْجارَةُ : چکی .
الجِرْجِیرُ : ایک قسم کی ترکاری (۲) راکٹ
• الجِرْجِسُ : کیچڑ (۲) مچھر .
• جَرْجَمَ الطعامَ جَرْجَمَةً : کھانا سب کا سب کھالینا
___ الشرابَ : مشروب کو سارا کا سارا پی لینا .
___ الرجُلَ : پچھاڑنا .
___ البیتَ : منہدم کرنا .
تَجَرْجَمَ : پچھڑ کر گرنا .
___ فی الأکل و الشراب : زیادہ کھانا اور پینا .
___ فی مکانه : اپنی جگہ پر رہنا .
• جَرَحَه ـَ جَرْحًا : زخمی کرنا، کاٹنا، زخم ڈالنا . هو جَرِیحٌ ج : جَرْحَیٰ .
___ ه بلسانه : گالی دینا، توہین کرنا، عیب بیان کرنا .
جَرَحَ الإحساسَ : جذبہ کو ٹھیس پہنچانا .
___ الشهادةَ او الوصیةَ : سند یا وصیت میں کوئی نقص نکالنا یا بے ضابطہ قرار دینا .
___ الشاهدَ : گواہ میں خامی نکال کر رد کر دینا .
___ الشیءَ : کمانا . قرآن پاک میں ہے : "وهو الذی یتوفاکم باللیل ویعلم ما جرحتم بالنهار"
فلانٌ یجرحُ لعیاله : فلاں اپنے کنبہ کے لئے کمائی کرتا ہے .
جَرِحَ ـَ جَرَحًا : زخمی ہونا (۲) گواہی یا روایت کا نامعتبر ہونا .
جَرَّحَه : سخت زخم لگانا، خوب زخمی کرنا .
جَرَّحُوه بأنیابٍ و أضراسٍ : اسے خوب لعن طعن کیا .
اِجْتَرَحَ الشیءَ : حاصل کرنا، کمانا (۲) جرم وغیرہ کا ارتکاب کرنا . اسی معنی میں زیادہ استعمال ہے . قرآن پاک میں ہے : "أم حسب الذین اجترحوا السیئات"
فلانٌ یجترحُ لعیاله : فلاں اپنے اہل و عیال کے لئے کمائی کرتا ہے .
استَجْرَحَ الشاهدُ : گواہ کا ناقابلِ اعتبار ہونا . کہتے ہیں : کثرت هذه الأحادیث و استجرحت : ان احادیث میں قابلِ اعتبار اور صحیح کم ہیں .
الجارحُ : کمائی کرنے والا (۲) زخم لگانے والا (۳) طنز کرنے والا (۴) تکلیف دہ (۵) فاسد بنانے والا
انتقادٌ جارحٌ : سخت تنقید، طنزیہ تنقید .

الجارِحَةُ: کام کرنے والا عضو بدن جیسے ہاتھ پیر (۲) شکار کرنے والا درندہ یا پرندہ یا کتا (۳) چھری ج: جوارِح . جَوارِحُ اللَّیلِ و النَّہار: دن رات کے مصائب قرآن پاک میں ہے: "وما عَلَّمْتُم مِنَ الجَوارِحِ مُکَلِّبِیْنَ"

الجِراحَةُ: زخم (۲) سرجری، جسم کو کاٹ تراش کر علاج کرنے کا پیشہ، جرّاحی (۳) سرجری آپریشن ج: جَرائِح .

الجِراحِیُّ: جراح یا جرّاحی یا سرجری سے متعلق عَمَلِیَّةٌ جِراحِیَّةٌ: سرجری آپریشن.

غرفةٌ جِراحِیة: آپریشن روم.

الجُرحُ: زخم، چوٹ ج: جُرُوح وجِراح

الجُرْحَةُ: روایت یا شہادت کی وجہ بطلان

الجَرّاحُ: جراح، آپریشن کرنے والا، سرجن

الجَرِیْحُ: زخمی، زخم خوردہ.

المَجْرُوحُ: زخمی (۲) باطل کیا ہوا قول یا گواہی وغیرہ.

•جَرَدَہ ـــ جَرْدًا: چھیلنا، چھلکا اتارنا (۲) بدن سے کپڑے اتارنا، برہنہ کرنا (۳) کھال کے بال اڑا دینا.

ـــ الجَرادُ الأرضَ: ٹڈی کا زمین پر اُگی ہوئی چیز کا صفایا کرنا.

ـــ الشیءَ: خول اتارنا.

ـــ القَحطُ الأرضَ: قحط کا زمین کو چٹیل بنا دینا.

ـــ السَّیفَ من غِمدِہ: میان سے تلوار نکالنا.

ـــ القُطنَ: روئی کو دھننا.

ـــ القومَ: لوگوں سے مانگنا اور ان کا انکار کرنا یا ناگواری سے دینا.

ـــ ما فی المَخزَنِ او الحانُوت: گودام یا دوکان کا چٹھا بنانا. یعنی سامان کو شمار کرنا یا سامان کی فہرست بنانا یا سامان کی قیمتوں کا حساب لگانا.

جَرِدَ ـــ جَرَدًا: جسم کا بالوں سے خالی ہونا. ھو أجْرَد ج: جُرْدٌ

اہل جنت سے متعلق حدیث میں ہے: "جُرْدٌ مُرْدٌ مُتَکَحِّلُونَ" (۲) جگہ کا ہریالی اور نبات سے خالی ہونا ھو أجْرَدُ وجَرِدٌ وجَرْدٌ و أرضٌ جَرِدَةٌ وجَرْداءُ: نبات سے خالی زمین.

سَماءٌ جَرْداءُ: صاف آسمان جس میں بادل نہ ہو.

ـــ شَعْرُ الفَرَسِ: گھوڑے کے بالوں کا پتلا اور چھوٹا ہونا. ھو أجْرَدُ.

ـــ الرجُلُ: ٹڈیاں کھانے کی وجہ سے جلد پر پھنسیاں نکل آنا. ھو جَرِدٌ.

ـــ الثوبُ: پُرانا ہونا.

ـــ الشہرُ او الیومُ: پورا ہونا. ھو أجْرَد وجَرِیدٌ.

جُرِدَ الرجُلُ: ٹڈیاں کھانے سے پیٹ میں درد ہونا.

ـــ الزَّرعُ: کھیت کو ٹڈیوں کا چرجانا فالزَّرعُ مَجرُودٌ ، أرضٌ مَجرُودَةٌ: بہت ٹڈیوں والی زمین

جَرَّدَہ: چھلکا یا خول اتارنا.

ـــ فلانًا الثوبَ و من الثوبِ: کسی کے کپڑے اتارنا، برہنہ کرنا.

جَرَّدَ الکتابَ: کتاب کے اعراب کو ختم کرنا، بے اعراب رکھنا.

ـــ الجِلدَ: کھال کے بال اڑانا.

ـــ السیفَ من غِمدِہ: تلوار میان سے نکالنا.

ـــ القَحطُ الأرضَ: خشکی کا زمین کو بنجر بنا دینا.

تَجَرَّدَ من ثوبہ وعنہ: برہنہ ہونا

ـــ من شیءٍ: الگ ہونا، نجات پانا.

تَجَرَّدَ لأمرٍ: کسی کام کے لئے فارغ ہونا

ـــ السیفُ من الغِمد: تلوار کا میان سے نکلنا.

اِنجَرَدَ من ثوبہ: برہنہ ہونا.

ـــ الإبلُ من او بارِھا: اونٹوں کے بالوں کا جھڑنا.

ـــ السُّنبُلَةُ: خوشہ کا غلاف سے باہر آنا

ـــ الثوبُ: بوسیدہ ہونا.

ـــ شَعْرُ الفَرَس: بالوں کا چھوٹا ہونا.

ـــ فی سیرہ: تیز چلنا، چلنے میں کوشش کرنا.

ـــ بہ السَّیرُ: چلتے رہنا، بہت چلنا.

ـــ الفَرَسُ: دوڑ میں آگے بڑھ جانا.

الأجْرَدُ: بے نبات زمین (۲) بے بالوں کا آدمی، گنجا، سرمنڈا (۳) چھوٹے بالوں والا گھوڑا، دوڑنے والا گھوڑا. لَبَن أجْرَدُ: بے جھاگ دودھ. قَلبٌ أجرَدُ: صاف دل جس میں غل وغش نہ ہو.

رُمِیَ فلانٌ علی أجْرَدِہ: فلاں کی پیٹھ پر تیر مارا گیا ج: أجارِد.

التَّجرِیدُ: کسی شے کو اس کی صفت یا تعلق سے ذہنی طور پر الگ کرکے اصل پر اعتماد کرنا اور نتیجہ نکالنا (۲) فعل کو کسی قید سے الگ کرنا، جیسے قَرَنَ کے معنی سینگ مارنا اگر سینگ کو الگ کر دیا جائے تو معنی صرف مارنے کے باقی رہیں گے (۳) علیحدگی، بے تعلقی (۴) دنیا سے دوری و بیزاری (۵) تخفیف، برطرفی.

التَّجرِیدِیَّةُ: فنی اعتبار سے ایک نیا رجحان جس کی رو سے فنکار اپنے تصور اور فکر کو کسی خاص موضوع کا پابند ہوئے بغیر مختلف رنگوں یا نغموں میں پیش کرتا ہے (۲) فوجی دستہ، فوجی حملہ.

الجارُود: سَنَةٌ جارُودٌ: انتہائی

خشک سال۔
رجل جارودٌ: منحوس آدمی۔
الجارودیّةُ: غالی شیعہ فرقہ زیدیہ کی ایک جماعت جو ابو الجارود زیاد بن المنذر الہمدانی کی طرف منسوب ہے
الجرادُ: ٹڈی (اسم جمع) و: جرادة.
مثل مشہور ہے: ما أدری أیّ الجرادِ عارَه: ایسی چیز کے بارہ میں کہا جاتا ہے جس کے چلے جانے کی خبر نہ ہو۔
الجُرادةُ: چھیلن، چھلکا۔
الجرداءُ: أجرد کی مؤنث۔ أرض جرداءُ: چٹیل زمین۔ صخرة جرداءُ: چکنی چٹان۔ ناقة جرداءُ: بسیار خور اونٹنی۔
الجَرَدُ: بنجر، بے سبزہ زمین ج: أجارِد۔
الجَرْدُ: ڈھال (۲) باقی ماندہ مال (۳) بے گیاہ زمین۔
جردُ الأشیاءِ والبضائعِ: سامان یا اسٹاک کا جائزہ اور اس کی لسٹ، تجارتی چٹھا۔
الجَرْدةُ: پرانی چادر، پرانا گھسا ہوا کپڑا
الجرّادُ: لصٌّ جرّاد: لوگوں کے کپڑے اتار کر لوٹنے والا چور (۲) تانبے یا پیتل کے برتنوں پر قلعی کرنے والا۔
الجرودُ: ناقة جرودٌ: بسیار خور اونٹنی
الجریدُ: کھجور کی ٹہنی جس کے پتے اتار لئے گئے ہوں۔
الجریدةُ: کھجور کی ٹہنی (۲) بقایا مال (۳) گھوڑ سواروں کا رسالہ (دستہ) (۴) رجسٹر جس میں فوج کے راشن یا تنخواہ وغیرہ کا اندراج ہوتا ہے (۵) اخبار، نیوز پیپر (۲) گوشوارہ حساب فہرست اشیا ج: جرائد۔
المَجْرَدُ: روئی دھننے کا کارخانہ یا جگہ۔
المِجْرَدُ: روئی دھننے کی مشین۔

مِجرد الأسنان: دانتوں کا برش۔
المجرودُ: چٹیل (۲) صاف کیا ہوا (۳) گوشت اتاری ہوئی ہڈی (۴) بہت ہڈیوں والی (زمین)۔
المجرّدُ: مزید کی ضد (۲) وہ فعل جس میں زائد حروف نہ ہوں (۳) زوائد سے الگ کیا ہوا (۴) مرکّب کا مقابل (۵) عریاں (۶) برطرف کیا ہوا (۷) محض، خالص (۸) وہ چیز جس کا ادراک صرف ذہن سے کیا جائے۔
بمجرّدِ کذا: محض اس وجہ سے، محض اس بات پر۔
بمجرّدِ أنّ: صرف اس لئے کہ۔
• جردبَ الطعامَ و علیه: پورا کھانا کھا لینا (۲) بائیں ہاتھ سے دوسرے کو روک کر خود دائیں ہاتھ سے کھانا۔ هو جردبان و جردبیّ۔ اسی سے کہاوت ہے: لا تجعلْ شمالك جردبانًا: یعنی حریص نہ بن۔
• الجَرْدَقُ: موٹی روٹی، ڈبل روٹی۔
• الجردلُ: بالٹی، ڈول ج: جرادِل۔
• جردمَ فلانٌ: جلدی کرنا، تیزی دکھانا (۲) زیادہ بولنا۔ هو جردمٌ۔
— فی الطعام: جردبَ۔
— السّتّینَ من السّنین: عمر کے ساٹھ سال سے تجاوز کرنا۔
— ما فی الإناء: برتن کا سارا کھانا کھا لینا۔
الجردمُ: سبز سر والی سیاہ ٹڈی۔
• جرذتِ القرحةُ ـُ جرذًا: زخم کا (سوج کر) گلٹی بنجانا۔
جرِذتِ القرحةُ ـَ جرذًا: زخم کا سوج کر گلٹی بنجانا۔
— الفرسُ: گھوڑے کی ایڑی کے اوپر ورم ہونا۔

أجرذه إلى الشیءِ: کسی چیز پر مجبور کرنا۔
— فلانًا: کسی کو اپنے سے اس طرح الگ کرنا کہ وہ دوسرے کی پناہ لے
جرّذ الشجرةَ: درخت کی گانٹھیں چھیلنا۔
جرّذه الدهرُ: تجربہ کار بنا دینا۔
الأجرذُ: پاؤں کے انگوٹھوں کو قریب کر کے چلنے والا۔
الجرذُ: جانور کی کوچ (ایڑی کے اوپر کا حصہ) کا ورم۔
الجُرَذُ: بڑا چوہا، جنگلی چوہا ج: جِرذان
الجرِذةُ: أرض جرِذة: بہت چوہوں والی زمین۔
• المجرّذُ: آزمودہ کار۔
• جرّتِ الماشیةُ ـُ جرًّا: جانور کا چلتے ہوئے چرنا۔
— الحاملُ: حاملہ عورت کے حمل کا وقت سے زیادہ ہونا۔
— ولدَها و به: اس نے بچہ کو زیادہ دنوں تک حمل میں رکھا۔ هی جرورٌ۔
جرّ الشیءَ: کھینچنا، گھسیٹنا (۲) سبب بننا۔ کہتے ہیں: جرّ النارَ إلی قرصِه: ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو خود کو دوسروں پر ترجیح دیتا ہو۔
— النّاقةَ: چرتی ہوئی اونٹنی پر سوار ہونا
— الإبلَ: اونٹوں کو آہستہ ہانکنا۔
— الفصیلَ: اونٹنی کے بچہ کی زبان چیرنا کہ وہ دودھ نہ پی سکے۔
الخیلُ الأرضَ بسنابکِها: گھوڑوں کا زمین پر اپنے کھروں کے نشان ڈالنا۔
— علی نفسِه و غیرِه جریرةً: کسی جرم یا گناہ کا ارتکاب کرنا، اپنے حق میں یا دوسرے کے حق میں برا کرنا۔
— الکلمةَ: لفظ کو کسرہ دینا یعنی زیر لگانا
أجرّتِ البئرُ: کنویں کا گہری تلی والا ہونا۔

أَجَرَّ البَعِيْرَ: لگام اونٹ کی گردن میں ڈال کر چھوڑ دینا۔

—— الفَصِيْلَ: جَرَّہ۔

—— لِسانَہ: بات کرنے سے روکنا۔

—— فُلاناً الرُّمْحَ: کسی کے نیزہ گھسا کر زخم میں چھوڑ دینا۔ أَجَرَّ الرُّمْحَ بھی کہا جاتا ہے۔

—— فُلاناً أَغانِيَّہ: کسی کو اپنا ایک نغمہ سنا کر پھر مسلسل نغمے سنانا

—— فلاناً الدَّيْنَ: کسی پر واجب قرض کو موخر کر دینا۔

جارَّہ: کسی سے ٹال مٹول کرنا، وقت بڑھاتے رہنا۔ حدیث میں ہے: "لا تُجارَّ أَخاكَ ولا تُشارَّہ"

جَرَّرَہ وبہ: کھینچنا، گھسیٹنا۔

انْجَرَّ: کھنچنا، گھسٹنا۔

—— الماشيةُ: جَرَّت۔

اجْتَرَّ البَعِيْرُ: اونٹ کا جگالی کرنا۔

—— الشيءَ: کھینچنا۔

اسْتَجَرَّ الفَصِيْلُ عن الرَّضاعِ: اونٹ کے بچے کے منھ یا سارے جسم میں پھوڑا پھنسی نکلنا اور اس کی وجہ سے دودھ چھوڑ دینا۔

—— لِفُلانٍ: کسی کا تابع ہونا۔

—— الشيءَ: کھینچنا۔

الأَجَرّانِ: انسان اور جنات، کہتے ہیں: جاءَ بِجَيْشِ الأَجَرَّيْنِ۔

الجارَّۃُ: پانی پر جانے کا راستہ۔ الإبل الجارَّۃُ: کام کرنے والے اونٹ۔ حدیث میں ہے: "لا صَدَقَۃَ فی الإبلِ الجارَّۃِ" نیز کہتے ہیں لاجارَّۃَ لی فی ھذا: اس میں میرا کوئی فائدہ نہیں کہ مجھے اس سے دلچسپی ہو۔

الجارُوْرُ: وہ نہر یا نالہ جو سیلاب سے پیدا ہو۔

الجِرارۃُ: کوزہ گری، کمہار کا پیشہ۔

جَرَّ: کتنے کو ڈانٹنے کے لئے یہ لفظ قدیم مصریوں کے یہاں بولا جاتا تھا۔

الجَرُّ: اعراب کی ایک قسم کسرہ کی حالت۔ ھَلُمَّ جَرًّا: علی ہٰذا القیاس، اسی طرح یا اسی پر دوسروں کو بھی قیاس کرو۔ کسی فعل کے تسلسل وارتباط کو بتانے کے لئے آتا ہے۔ کہتے ہیں: کان عاماً أوَّلَ کذا وکذا وھَلُمَّ جَرًّا۔ (۲) ہل میں باندھی جانے والی رسی (۳) گڑھا۔

الجَرّاءُ: فَعَلَ ذلك من جَرّائِكَ وجَرّاكَ: اس نے وہ کام تمہاری وجہ سے کیا۔

الجَرّارُ: بڑا عظیم الشان۔ عَسْکَرٌ جَرّارٌ: لاتعداد اور بڑی فوج (۲) کوزہ گر، کمہار (۳) ٹریکٹر (۴) میز کی دراز (۵) بہت کھینچنے والا ج: جَرّاراتٌ۔

الجَرّارۃُ: کمہاری (۲) رسا جس سے گھوڑا گاڑی کو کھینچتا ہے (۳) زرد رنگ کا بہت زہریلا بچھو جو اپنی دم گھسیٹ کر چلتا ہے (۴) کھینچنے کا آلہ، مشین۔

الجَرَّۃُ: مٹی کا گھڑا ج: جَرٌّ وجِرارٌ (۲) ہرن کے شکار کا لکڑی کا ایک آلہ۔ مثل مشہور ہے: "ناوَصَ الجَرَّۃَ ثم سالَمَھا" ایسے شخص کے بارہ میں کہا جاتا ہے جو کسی معاملہ میں پریشان ہو پھر اسی سے مطمئن ہو جائے (۳) اونٹ کی جگالی (اونٹ اپنے پیٹ میں سے غذا نکال کر چباتا ہے پھر اسے نگل لیتا ہے (۴) بھوبھل میں پکائی ہوئی روٹی (۵) گھسیٹنے کا طریقہ۔

الجِرَّۃُ: خانہ بدوش لوگ (۲) اونٹ کے منھ کا وہ لقمہ جسے وہ چارہ ملنے تک چباتا رہتا ہے (۳) کھر اور سم والے جانوروں کا معدہ (۴) جگالی ج: جِرَرٌ۔ ھو لا يَكْظِمُ على جِرَّتِہ: وہ اپنے راز کو نہیں چھپاتا ہے۔

الجُرَّۃُ: غلہ بونے (بیج ڈالنے) کا سوراخ دار برتن (۲) ہرن کے شکار کا لکڑی کا پھندا ج: جُرٌّ۔

الجَرُوْرُ: سرکش جانور، بے قابو گھوڑا۔ حدیث ابن عمرؓ میں ہے: "أنَّہ فَتَحَ مَكَّۃَ وَمَعَہٗ فَرَسٌ جَرُوْرٌ" (۲) گہرا کنواں ج: جُرُرٌ۔

الجَرِيْرُ: رسی، جانور کو کھینچنے کی رسی ج: أَجِرَّۃٌ وجُرّانٌ۔

الجَرِيْرَۃُ: گناہ، جرم۔ مشہور ہے: فی الجَرِيْرَۃِ تَشْتَرِكُ العَشِيْرَۃُ: تعاون وہمدردی پر اکسانے کے لئے بولا جاتا ہے۔ نیز کہتے ہیں: فَعَلْتُ ذٰلِكَ مِن جَرِيْرَتِكَ: یہ میں نے تمہاری وجہ سے کیا ہے۔

المِجَرُّ: چھت کے شہتیر کے سروں کو روکنے والا حصہ یا لکڑی یا دیوار کا نکلا ہوا حصہ جس پر شہتیر کا سرا ٹیکا جائے۔

المَجَرَّۃُ: کہکشاں۔

المَجْرُوْرُ: وہ لفظ جس پر حرف جر داخل ہو (۲) کھینچی جانے والی چیز۔

• جَرَزَ ـُـ جَرْزًا: جلدی جلدی کھانا۔

—— الشيءَ: کاٹنا، جڑ سے اکھاڑنا، بیخ کنی کرنا۔ جَرَزَ الشَّجَرَۃَ والعَدُوَّ۔

—— الجرادُ الأرضَ: ٹڈی کا زمین کو نبات سے خالی کر دینا۔

—— الزَّمانُ فلاناً: زمانہ کا کسی کو ہلاک کر دینا، نیست ونابود کرنا۔

—— فلاناً: چرکہ لگانا، چھیڑ کر غصہ دلانا۔

—— فلاناً بالشَّتْمِ: گالی دینا۔

جَرِزَتِ الأَرْضُ ـَـ جَرَزًا: زمین کا بنجر ہونا (۲) گھاس چری ہوئی ہونا۔

جَرُزَ ـُـ جَرَازَةً : پیٹو اور بسیار خور ہونا یا تیز کھانے والا ہونا۔ ھو و ھی جَرُوزٌ۔
أَجْرَزَتِ الْأَرْضُ : بنجر ہو جانا۔
ـــ النَّاقَةُ : دبلا ہونا۔
أَجْرَزَ الْقَوْمُ : بنجر زمین میں واقع ہونا، قحط زدہ ہونا۔
جَارَزَہ : نازیبا مذاق کرنا، چھیڑ خانی کرنا
تَجَارَزَا : ایک دوسرے کے ساتھ نازیبا کلام کرنا یا نازیبا فعل کرنا، قول و فعل سے ایک دوسرے کو زک پہنچانا۔
الجارِزُ : امرأة جارِزٌ : بانجھ عورت
سُعالٌ جارِزٌ : سخت کھانسی۔
الجارِزَةُ : جارِزٌ کی تانیث۔ أَرْضٌ جارِزَةٌ : خشک اور سخت زمین جس کے قریب ریت ہو ج: جَوارِز۔
الجُرازُ : تیز تلوار (۲) بہت کھانے والا اونٹ
الجَرَزُ : خشک سال، قحط کا سال (۲) بدن (انسان کا) انسان کا سینہ یا بیچ کا حصہ (۳) اونٹ کی پیٹھ کا گوشت ج: أَجْرازٌ۔ (طَوَى أَجْرازَہ) وہ سست پڑ گیا۔
الجِرْزُ : اونٹ کے بالوں یا بکریوں کی کھال کا بنا ہوا زنانہ لباس (۲) موٹی پوستین ج: جُرُوزٌ۔
الجُرُزُ : بنجر زمین، قحط زدہ زمین۔ قرآن میں ہے: "أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا نَسُوقُ الْمَاءَ إِلَى الْأَرْضِ الْجُرُزِ" (۲) لوہے کا ستون، کھمبا ج: أَجْرازٌ۔
سَنَةٌ جُرُزٌ : خشک سال۔
الجَرْزُ : خشک زمین ج: جِرَزَة۔
الجَرْزَةُ : بیخ کنی، ہلاکت۔ جَرَزَ کا مصدر مَرَّۃ یعنی کاٹنے اور جڑ سے اکھاڑنے کا ایک دفعہ کا فعل۔ کہتے ہیں: "لَنْ تَرْضَى شَانِئَةٌ إِلَّا بِجَرْزَةٍ" وہ بغض وحسد کی بنا پر (اسے) تباہ کئے بغیر مان ہی نہیں سکتی۔
الجُرْزَةُ : گٹھا، بنڈل ج: جُرَزٌ۔
المِجْرَازُ : بے آب و گیاہ جنگل، چٹیل میدان
المَجْرُوزُ : بنجر زمین، وہ زمین جس کی گھاس کاٹ لی گئی ہو۔
• جَرَسَ الطَّائِرُ ـِـ جَرْسًا : پرندہ کا بولنا، آواز نکالنا۔
ـــ الكَلامَ : ترنم سے پڑھنا، بات کرنا۔
ـــ البَقَرَةُ وَلَدَها : گائے کا اپنے بچہ کو چاٹنا۔
ـــ النَّحْلُ نَوْرَ الشَّجَرَةِ : شہد کی مکھیوں کا پودے کی کلیوں کو چاٹنا۔
ـــ الثَّورُ البَقَرَةَ : بیل کا گائے کو سینگ چبھانا۔
أَجْرَسَ : آواز نکالنا، کسی شے کی آواز نکلنا، پرندہ کے اڑنے کی (سرسراہٹ) آواز ہونا (۲) زیور کا جھنکار پیدا کرنا، چلتے وقت زیور کی جھن جھناہٹ ہونا (۳) شتربان کی اونٹ ہکاتے وقت حدی کی آواز نکلنا۔
ـــ الجَرَسَ و بِه : گھنٹی بجانا۔
جَرَّسَ بِالقَوْمِ : لوگوں کی باتیں اڑانا، بدنام کرنا۔
ـــ الدَّهْرُ فلانًا : زمانہ کا کسی کو تجربہ کار بنانا۔ حدیث عمر میں ہے: "قال له طلحة : قد جَرَّسَتْكَ الدُّهُورُ" تم کو زمانے نے آزمودہ کار بنا دیا۔
رَجُلٌ مُجَرَّسٌ : آزمودہ کار آدمی
ـــ الأُمُورَ و جَرَّسَتْهُ : اسے معاملات کا تجربہ ہو گیا۔
ناقَةٌ مُجَرَّسَةٌ : سدھائی ہوئی اونٹنی۔
تَجَرَّسَ بِشَيْءٍ : کسی چیز کو ترنم سے ادا کرنا نغمہ سرائی کرنا۔
الجارُوسُ : پیٹو، بہت کھانے والا۔
الجَرْسُ : کسی شے کا حصہ (۲) آواز، ہلکی آواز۔ حدیث میں ہے: "أَقْبَلَ القَوْمُ يَدِبُّونَ و يُخْفُونَ الجَرْسَ" (لوگ دبے پیروں آئے وہ اپنی آواز کو چھپا رہے تھے)
جَرْسُ الحَرْفِ : نغمہ۔ کہتے ہیں: سَمِعْتُ جَرْسَ الطَّيْرِ : میں نے پرندہ کے چونچ مارنے کی آواز سنی ج: جُرُوسٌ
الجِرْسُ : آواز، ہلکی آواز۔
الجَرَسُ : آواز، حرکت (۲) گھنٹا (۳) گھنٹی ج: أَجْراسٌ۔
جَرَسُ الخَطَرِ : خطرہ کی گھنٹی۔
ـــ المَوتِ : ماتی گھنٹی جس کے ذریعہ موت یا دفن کا اعلان کیا جاتا ہے۔
جَرَسٌ کَہرَبِیٌّ : بجلی کی گھنٹی۔
الجُرْسَةُ : غیر انسانی حرکت کی مذمت، اور اس کا اعلان۔
الجِرْسَةُ : شرم، بدنامی۔
الجَرْسَةُ : تجربہ کاری۔
الجَرِسَةُ : أَرْضٌ جَرِسَةٌ : وہ زمین جس کی مٹی کھودتے یا پلٹتے وقت آواز نکلتی ہو۔
الجارِسَةُ : گھاس کھانے والا کیڑا۔
المُجَرَّسُ : تجربہ کار۔
• جَرَشَهُ ـِـ جَرْشًا : چھیلنا (۲) کھجانا۔
ـــ الجِلْدَ : کھال کو چکنا کرنے کے لئے ملنا رگڑنا۔
ـــ رأسَه بالمُشْطِ : سر میں کنگھا پھیر کر میل کچیل نکالنا، سر کی خشکی نکالنا۔
ـــ الشَّيْءَ : ہلکا کوٹنا (۲) دالوں کو دلنا۔
المَجْرُوشُ : ہلکا کوٹا ہوا، دلا ہوا۔

جَرَّشَ رَأْسَه بالمُشْطِ: سر میں کنگھا کر کے بال کھجا کر میل کچیل نکالنا۔
اِجْتَرَشَ لِعِيالِه: بال بچوں کیلئے کمائی کرنا
ـــ الشیءَ: اچکنا۔
الجُرَاشَةُ: خشکی وغیرہ جو سر کو کھجلانے یا کنگھا کرنے سے جھڑتی ہے (۲) دَلْیا، دلے ہوئے گیہوں وغیرہ۔
الجَارُوْشَةُ: چکی، دلنے کی مشین ج: جَوَارِيش۔
الجُرْشُ: کسی چیز کا حصہ (۲) کراری چیز کھانے کی آواز ج: أَجْرَاشٌ و جُرُوْشٌ۔
الجِرْشُ و الجُرْشُ من اللَّيل: رات کا ایک حصہ۔
الجِرِشَّى: نفس۔ كَرِيمُ الجِرِشَّى: کریم النفس۔
الجَرِيشُ و المَجْرُوش: دَلْیا، دلی ہوئی یا ادھ کٹی چیز۔ رَجُل جَرِيشٌ: پختہ کار آدمی، سخت گیر و فیصلہ کن۔
•جَرِيشام: قانون جَرِيشام: ایک سیاسی اقتصادی قانون جس کی رو سے خراب سکّے اچھے سکوں کا چلنا موقوف کر دیتے ہیں
•جَرَضَه ـُ جَرْضًا: گلا گھونٹنا۔
جَرَضَ بِرِيقِه ـِ جَرْضًا: لعاب نگلنا
جَرِضَ بِرِيقِه ـَ جَرَضًا: غصہ یا تکلیف کے باعث بتکلف تھوک نگلنا (۲) اچھو ہونا (حلق میں پانی وغیرہ اٹک جانا) کہتے ہیں: جَرِضَ عَلَيَّ رِيقَه: اس نے مجھ پر غصہ کی وجہ سے تھوک نگلا
جَرِضَ بِنَفْسِه: ہلاک ہونے کے قریب ہونا۔
ـــ فلان: غصہ ہونا (۲) گلا گھٹنا۔ هو جَرِيض ج: جَرْضَى۔
أَجْرَضَه بِرِيقِه: تھوک نگلوانا، اچھو ہونے کا سبب بننا، اچھو لگوانا۔

الجَرَائِضُ: دیکھئے (ج رأض)
الجُرَاضُ: بڑا اونٹ (۲) اپنے بچہ پر مہربان اونٹنی۔
الجَرِيْضُ: اچھو (۲) وہ جس کو اچھو ہو گیا ہو (۳) غصّہ سے موت کے قریب ہونے والا (۴) شکستہ دل، بہت غمگین ج: جَرْضَى (۵) غم و غصہ۔ مثل مشہور ہے: حَالَ الجَرِيْضُ دُوْنَ القَرِيْضِ: قریض خوشی کو کہتے ہیں یعنی خوشی میں غم حائل ہو گیا ایسے موقع پر بولا جاتا ہے جب کسی کام میں کوئی رکاوٹ پیدا ہو۔ أَفْلَتَ جَرِيْضًا: وہ آدھ مُوا ہو کر نکل بھاگا۔ مات جَرِيْضًا: وہ غمگین مرا۔
الجُرَاضِمُ: بہت کھانے والا، موٹا تازہ۔
•جَرِعَ الماءَ وغَيْرَه ـَ جَرْعًا: پانی وغیرہ کا گھونٹ بھر لینا، یکبارگی پی لینا (۲) نگلنا۔
جَرِعَ الحَبْلُ ـَ جَرَعًا: رسّی کے ایک بل کا نمایاں ہونا۔ فهو جَرِعٌ
ـــ الماءَ و نَحوَه: پانی وغیرہ کا گھونٹ بھرنا۔
ـــ الغَيْظَ: غصہ کو پی جانا۔
أَجْرَعَ الحَبْلَ و الوَتَرَ: رسّی یا تانت کے ایک بل کو موٹا اور نمایاں کرنا۔
اجرعت النَّاقَةُ: اونٹنی کا کم دودھ والی ہونا۔ فالناقة مُجرِع ج: مَجَارِع و مَجَارِيع۔
جَرَّعَه الماءَ: گھونٹ گھونٹ کر کے پلانا
ـــ غُصَصَ الغَيْظِ: بار بار غصہ دلایا مگر اس نے ضبط کر لیا۔
اِجْتَرَعَ الماءَ: گھونٹ بھرنا یا پانی پی جانا
تَجَرَّعَ الماءَ وغيرَه: ایک ایک گھونٹ پینا، گھونٹ بھرنا، کسی چیز کو برا سمجھتے ہوئے تھوڑا تھوڑا پینا۔ قرآن پاک میں ہے: "يَتَجَرَّعُه ولا يَكَادُ يُسِيغُه" وہ اسے (ناگواری سے) تھوڑا تھوڑا پئے گا اور ایسا لگتا ہے کہ وہ اس کے حلق سے نہیں اترے گا۔
تَجَرَّعَ الغَيْظَ و غُصَصَ الغَيْظِ: غصہ کو پی جانا، ضبط کر لینا۔
الأَجْرَعُ: ریتیلے میدان کے مشابہ زمین ج: أَجَارِع۔
الجَرْعَاءُ: الأَجْرَعُ ج: جَرْعَاوات۔
الجَرْعَةُ: ایک دفعہ پینا، ایک گھونٹ (فعل) ریتیلی زمین ج: جِرَاعٌ۔
الجَرَعَةُ: ریتیلی زمین ج: جَرَعٌ۔
الجُرَعَةُ من الماءِ: گھونٹ بھر پانی، پانی کی وہ مقدار جو منہ میں آ جائے ج: جُرَعٌ
الجُرْعَةُ: گھونٹ ج: جُرَعٌ۔
الجُرَيْعَةُ: چھوٹا گھونٹ۔
•جَرِفَ الإنسانُ ـَ جَرَفًا: بسیار خور ہونا، حریص ہونا۔
ـــ الشيءَ: کل یا اکثر حصہ کا صفایا کر دینا، پانی کا کسی چیز کو بہا لے جانا۔ جیسے جَرَفَ السَّيْلُ الوادِيَ: سیلاب نے وادی کے کناروں کو ختم کر دیا (۲) کھرچنا، صاف کرنا
ـــ الدَّهْرُ القومَ: ہلاک کرنا۔
ـــ الطِّينَ: مٹی کو اڑا دینا۔
ـــ البَعِيْرَ: اونٹ کے جسم پر داغ لگانا۔
أَجْرَفَ المَكَانُ: کسی جگہ پر زبردست سیلاب آنا۔
ـــ الرَّجُلُ: گھنی گھاس میں اونٹوں کو چرانا۔
جَرَّفَه: جَرَفَه۔
اِجْتَرَفَه: جَرَفَه۔
تَجَرَّفَه: جَرَفَه۔
انجرف: صفایا ہونا۔
الجَارُوْفُ: بھنگیوں اور صفائی کرنے والوں کا پنجر جو کھرچنے کے لئے جھاڑو کے ساتھ رکھتے ہیں، بیلچہ، پھاوڑا۔
الجُرَافُ: صفایا کر دینے والی شے جو ہر چیز

کوے جائے جیسے سَیلٌ جُرَافٌ و موت جُرَافٌ: بھیانک موت۔
رَجُلٌ جُرَافٌ: بہت کھانے والا، سب ہڑپ کر جانے والا۔
الجَرْفُ: مال کثیر، دھن دولت (۲) گھنی گھاس، سبزہ (۳) اونٹ کی ران یا بدن پر لگا ہوا داغ۔
الجُرْفُ: دریا کا کھوکھلا کنارہ وادی کا وہ حصہ جس کے نیچے پانی نے گڑھا کر دیا ہو یا کھوکھلا کر دیا ہو۔ یہ چونکہ جلد گر جاتا ہے اس لئے ہر نا قابل بھروسہ شے کو بھی جُرُف سے تعبیر کرتے ہیں ج: أَجْرَاف و جِرَفَة۔
الجُرُفُ: الجُرْفُ۔ قرآن پاک میں ہے: "أَفَمَنْ أَسَّسَ بُنْيَانَهُ عَلَى تَقْوَى مِنَ اللهِ وَ رِضْوَانٍ خَيْرٌ أَمَّنْ أَسَّسَ بُنْيَانَهُ عَلَى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ" ج: أَجْرَافٌ وجُرُوفٌ۔
الجَرْفَةُ: اونٹ کے جسم کا داغ۔
الجَارِفُ: صفایا کر دینے والا، ڈھا دینے والا، کھوکھلا کر دینے والا، ہمہ گیر تباہی مچانے والا۔ سَيلٌ جَارِفٌ و طَاعُونٌ جَارِفٌ و موجٌ جَارِفٌ۔
المِجْرَفُ: بیلچہ، پھاوڑا، کدال۔ بَنَانٌ مِجْرَفٌ: جلدی جلدی کھانا اٹھانے والی انگلیاں ج: مَجَارِف۔
المُجَرَّفُ: وہ شخص جو انقلاب زمانہ سے تہی دست ہو گیا ہو۔
المِجْرَفَةُ: کفچہ، پلی، ڈوئی ج: مَجَارِف۔
الجَرَّافُ: بہت تیزی سے بہالے جانے والا۔
الجَرَّافَةُ: کدال، بیلچہ، پھاوڑا۔
الجَرُوفُ: بیلچہ، کفچہ۔
• جَرْفَسَه: پچھاڑنا، سختی سے باندھنا۔
جِرْفَاس و جُرَافِس: شیر۔
• جَرِلَ ـَ جَرَلاً المكانُ: جگہ کا سخت اور پتھریلا ہونا۔

الجَرَلُ و الجَرِلُ: سخت اور پتھریلی زمین ج: أَجْرَال۔
الجَرْوَلُ: پتھریلی زمین ج: جَرَاوِل۔
الجِرْيَالُ و الجِرْيَالَةُ: شراب، خالص رنگ۔
• جَرَمَ ـِ جَرْمًا: جرم کرنا۔
ـــ نفسَه وقومَه وجَرَمَ عليهم واليهم: ارتکاب جرم کرنا، خود کو یا اپنی قوم کو اپنے جرم سے نقصان پہنچانا
ـــ لأهلِه: کمائی کرنا۔
ـــ الرَّجُلَ: جرم کرانا، مجرم بنانا قرآن پاک میں ہے: "لا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ عَلَى أَنْ لا تَعْدِلُوا اعْدِلُوا هُوَ أَقْرَبُ لِلتَّقْوَى" کسی قوم کی دشمنی تم سے یہ جرم نہ کرائے کہ تم انصاف نہ کرو۔ انصاف کرو کہ یہی تقوی سے قریب تر ہے۔
ـــ الشيءَ: کاٹنا۔
ـــ النَّخلَ ونحوَه ـِ جَرْمًا و جِرامًا: پھل توڑنا، کھجوری سے کھجوریں اتارنا۔
جَرُمَ ـُ جَرَامَةً: بڑے جرم والا ہونا، بڑا مجرم ہونا۔
جَرِمَ لَونُه ـَ جَرَمًا: رنگ صاف ہونا (۲) درخت کی گری ہوئی کھجوریں کھانا۔
أَجْرَمَ: مجرم ہونا، جرم کا مرتکب ہونا۔
ـــ عليهم واليهم: کسی کے خلاف جرم کرنا۔
ـــ النَّخْلُ و التَّمْرُ: کھجور کے توڑنے کا وقت ہو جانا۔
ـــ الرَّجُلَ: مجرم بنانا اسی سے پڑھا گیا ہے: "ولا يُجْرِمَنَّكُمْ"
جَرَّمَ السَّنَةَ: سال پورا کرنا۔
ـــ أحدًا: مجرم گرداننا۔

جَرَّمَ الشيءَ: بالکل کاٹ ڈالنا۔
اِجْتَرَمَ لأهلِه: اہل وعیال کیلئے کمائی کرنا
ـــ الشيءَ: کاٹنا۔
ـــ الذَّنبَ: جرم کا مرتکب ہونا۔
تَجَرَّمَ: پورا ہونا، گذر جانا۔ تَجَرَّمَت ـــ السَّنَةُ: سال گزر گیا۔
ـــ اللَّيلُ: رات گذر گئی۔
ـــ عليه: کسی کو کسی جرم کے ساتھ متہم کرنا، مجرم ٹھیرانا۔
جَرَمَ: لا جَرَمَ: یقیناً، ضرور، بے شک۔ لا جَرَمَ لآتِيَنَّ: یقیناً میں آؤں گا (۲) گناہ، قصور۔
الجَرَامُ: گٹھلی، خشک کھجوریں، چھوہارا۔
الجِرَامُ: گرام، کیلوگرام کا ہزارواں حصہ۔
الجُرَامَةُ: توڑتے وقت گری ہوئی کھجوریں (۲) ٹہنی پر چھوڑی ہوئی کھجوریں (۳) توڑی ہوئی خراب کھجوریں۔
الجِرْمُ: جسم، باڈی، ڈل (۲) رنگ (۳) ستارہ (۴) آسمان ج: أَجْرَام و جُرُوم و جُرُم۔
الجَرْمُ: چھوٹی کشتی، ڈونگا (۲) گرم ملک۔
جِرْمُ الصَّوتِ: آواز کی بلندی۔
الجُرْمُ: گناہ، جرم، قصور ج: أَجْرَام و جُرُوم۔
الجَرِمَةُ: الجُرْمُ۔
الجَرِمَةُ: توڑی ہوئی گدر کھجور (۲) کھجور توڑنے والے لوگ۔
الجَرِيمُ: توڑی ہوئی کھجور (۲) چھوہارا (۳) وہ چیز جس سے گٹھلیوں کو کوٹا جائے (۴) بڑے سائز کا، بڑے جسم والا (۵) گٹھلی۔
الجَرِيمَةُ: ہر وہ فعل منفی ہو یا مثبت جس پر قانوناً سزا دی جائے۔ قانونی خلاف ورزی، جرم، گناہ ج: جَرائم (۲) وہ شخص جو اپنے اہل وعیال کے لئے کمائی

کرتا ہو (رَجُلٌ جَرِيمَةٌ) (۳) گٹھلی۔
الجُرُوم: گرم ممالک۔ طرُوم کی ضد (ٹھنڈے ممالک)
الأَجْرَامُ الفَلَكِيَّةُ: آسمانی ستارے، آسمانی جسم۔
الجَارِمُ: خشک کھجوریں اکٹھی کرنے والا (۲) اہل خانہ کے لئے کمائی کرنے والا ج: جُرَّام۔
المُجْرِمُ: گناہ گار، قابل گرفت وسزا (۲) فِعلٌ مُجْرِمٌ: مجرمانہ فعل۔
• جَرْمَزَ الشيءُ: سکڑنا، سمٹنا۔
—— عن الجواب: جواب نہ دینا، فرار اختیار کرنا۔
اِجْرَمَّزَ: جَرْمَزَ۔
—— العَامُ: شروع سال کے بجائے درمیان سال میں بارش ہونا۔ هو عامٌ مُجْرَمِّزٌ۔
تَجَرْمَزَ: اکٹھا ہونا۔
—— اللَّيلُ: گزر جانا۔
—— عَلَيهِم: گر پڑنا۔
الجَرَامِيزُ: جَرَامِيزُ الإنسانِ: انسان کے اعضا جسم یا جسم۔ کہتے ہیں: جَمَعَ جَرَامِيزَهُ: کودنے کے لئے بدن کو سمیٹنا، داؤں لگانا۔ حدیث عمر میں ہے: "أنَّه كَانَ يَجْمَعُ جَرَامِيزَهُ و يَثِبُ على الفَرَسِ": حضرت عمرؓ اپنے بدن کو سمیٹ کر گھوڑے پر اُچھل کر بیٹھتے تھے۔
رَمَى الأَرْضَ بِجَرَامِيزِهِ و أَرْوَاقِهِ: زمین پر خود کو ڈالنا۔
ضَمَّ فُلانٌ اليه جَرَامِيزَهُ: اپنے لباس کو سمیٹ کر چلنا۔
أَخَذَ الشيءَ بِجَرَامِيزِهِ: کل شئے کو لے لینا۔
جَمَعَ له جَرَامِيزَهُ: تیار ہونا، کہیں جانے کا عزم کرنا۔

الجُرْمُوزُ: باغیچہ یا صاف میدان میں بنا ہوا حوض جہاں سے پانی بہتا ہو (۲) چھوٹا گھر (۳) گڑھا (۴) بھیڑیے کا بچہ ج: جَرَامِيزُ۔
• الجُرْمُقَانِيُّ: ج: جَرَامِقَةٌ: عجم کے وہ لوگ جو اوائل اسلام میں موصل (عراق کا شہر) میں آباد ہوئے۔
الجُرْمُوقُ: چھوٹا موزہ جو بڑے موزہ کے اوپر پہنا جائے (المنجد وغیرہ میں اس کے برعکس لکھا ہے لیکن المعجم میں اسی طرح ہے) چمڑے کے موزہ پر کپڑے کا چھوٹا موزہ سلوا کر برائے حفاظت پہنا جاتا ہے (۲) ساق پوش جو ٹخنے سے پنڈلی تک ہوتا ہے
• جَرَنَ ـُ جُرُونًا: کسی کام کا عادی اور مشاق ہونا۔ جَرَنَتْ يَدُهُ على العَمَلِ و جَرَنَتِ الدَّابَّةُ۔
—— الثوبُ و الدِّرْعُ و الأَدِيمُ: کپڑا، زرہ اور چمڑے کا بوسیدہ ہونا اور گل جانا۔ هو جَارِنٌ ج: جَوَارِن و هو جَرِينٌ۔
أَجْرَنَ الحَبَّ و التَّمرَ: غلہ اور کھجور کو کھلیان میں رکھنا۔
جَرَّنَ السَّوطَ: کوڑے کو نرم اور چکنا کرنا
—— الحَصِيدَ: غلہ کا ڈھیر لگانا۔
اِجْتَرَنَ: کھلیان بنانا۔
الجَارِنُ: مٹے ہوئے نشانات والا راستہ (۲) پرانا سامان (۳) سانپ کا بچہ۔
الجِرَانُ: اونٹ وغیرہ کی گردن کا اندرونی حصہ ج: أَجْرِنَةٌ و جُرُنٌ۔ کہتے ہیں: أَلْقَى فُلانٌ على هٰذا الأَمرِ جِرَانَهُ: فلاں نے خود کو اس کام کا خوگر بنا لیا، اس پر قابو پا لیا۔ أَلْقَى البَعِيرُ جِرَانَهُ: اونٹ بیٹھ گیا۔ و ضَرَبَ الإسلامُ بِجِرَانِهِ: اسلام برپا اور مضبوط ہو گیا۔ حدیث عائشہؓ میں

ہے: "حَتَّى ضَرَبَ الحَقُّ بجِرانِه" أَلْقَى عليه جِرَانَهُ: اس پر اپنا بوجھ ڈال دیا۔
الجُرْنُ: کھلیان، غلہ اکٹھا کرنے کی جگہ (۲) وہ جگہ جہاں پھلوں کو خشک کیا جاتا ہے (۳) پانی کا حوض (۴) موسلی (۵) ہاون دستہ (۶) کھرل ج: أَجْرَان
الجَرِينُ: الجُرْنُ ج: أَجْرِنَةٌ و جُرُنٌ
المِجْرَنُ: الجُرْنُ (۲) بسیار خور آدمی (۳) سَفَرٌ مِجْرَنٌ: دور دراز کا سفر۔
المُجَرَّنُ: نرم و چکنا کیا ہوا کوڑا۔
• جَرُؤَ الشيءَ: ظاہر کرنا، اعلان کرنا۔
تَجَرَّهَ: ظاہر و آشکارا ہونا۔
جَرَاهِيَةٌ: شور و شغب، بھیڑ۔
جَرْهَةٌ: سطح، پہلو، جانب۔
جَرْهَدَ و اجْرَهَدَّ: تیز چلنا۔
جِرْهَاس: بڑا اور طاقتور شیر۔
جُرْهُم: عرب کے ایک قدیم قبیلہ کا نام۔
جِرهام و جُراهِم: شیر، بڑا اونٹ، بڑا پہاڑ
جرهام: چاق و چوبند آدمی۔
• أَجْرَتِ الشَّجَرَةُ: پودے پر کلیاں نکلنا، پھل کا آغاز ہونا۔
—— الكَلْبَةُ: کتیا کا بچوں والی ہونا۔
الجِرْوُ: ابتداءً نکلا ہوا پھل (۲) خم دار پھل جیسے ککڑی وغیرہ (۳) کتے کا پلا، ہر درندہ کا چھوٹا بچہ ج: جِراءٌ و أَجْرٍ و أَجْرَاءٌ
الجِرْوَةُ: مادہ بچہ کتیا یا درندہ کا (۲) چھوٹے قد کی اونٹنی مشہور ہے: ضَرَبَ لذلك الأَمرِ جِرْوَتَه او جِرْوَةَ نَفْسِه: خود کو اس امر پر قابو یافتہ کر لیا۔ و ضَرَبْتُ جِرْوَتِي عنه أو عليه: میں نے اس کی طرف سے صبر کر لیا یعنی اس پر خاموش ہو گیا اور برداشت کر لیا۔
مُجْرٍ و مُجْرِيَةٌ: پلوں والی کتیا یا درندہ (۲) پھل والا درخت۔

• جَرَى الفَرَسُ و نَحوُه ـِ جَرْيًا و جِرَاءً: دوڑنا۔
— السَّفِينَةُ و الشَّمسُ و النُّجُومُ: کشتی، آفتاب اور ستاروں کا چلنا۔ مثل مشہور ہے: جَرْيُ المُذَكِّيَاتِ غِلَابٌ: اس شخص کے بارہ میں کہا جاتا ہے جس کی اپنے ہم عصروں اور ہم پایہ افراد پر فوقیت بیان کی جائے۔
— الماءُ و نحوُه جَرْيًا و جَرَيَانًا و جِرْيَةً: بہنا، رواں ہونا، جاری ہونا، تیز چلنا۔ کہتے ہیں: جَرَى الوادي فَطَمَّ على القَرِيِّ: شر کے حد سے تجاوز کر جانے پر بولا جاتا ہے۔
— الى: دوڑنا، دوڑ کر جانا، لپک کر جانا
— له الشيءُ: جَرْيًا: برقرار رہنا۔
— الشيءُ: واقع ہونا، چالو ہونا۔
جرى فلانٌ مَجْرَى فُلانٍ: فلاں کا حال فلاں جیسا ہے۔
— الدَّرسُ و الامتِحانُ: ہونا، واقع ہونا۔
— الحَديثُ بين: بات چیت ہونا، بات چلنا۔
— الحُكمُ: فیصلہ نافذ ہونا۔
— مجراه: قائم مقام ہونا، نقش قدم پر چلنا۔
أَجْرَى الماءَ: بہانا۔
— السَّفينةَ: چلانا۔
— فلانًا في حاجَتِه: اپنی ضرورت کے لئے بھیجنا۔
— عليه كذا: برقرار رکھنا، جاری رکھنا۔
— الدرسَ و الحديثَ و الكلامَ: سبق پڑھانا، گفتگو کرنا۔
— الحُكمَ: نافذ کرنا۔
— فلانًا: دوڑانا۔

أُجْرَى العادةَ: رواج دینا۔
— له الحسابَ: کسی کا حساب کھولنا، درج رجسٹر کرنا۔
— عليه الحِسابَ: کسی کے ذمہ بقایا نکالنا۔
— الأمرَ: معاملہ کو نافذ کرنا، کرنا۔
— له الرِّزقَ: الاؤنس دینا، روزینہ دینا۔
— الكلمةَ: منصرف بنا دینا۔
جَارَاهُ مُجارَاةً و جِراءً: کسی کے ساتھ دوڑنا (۲) دوڑ میں مقابلہ کرنا۔
في الشيءِ: ساتھ دینا، موافقت کرنا۔
— ه في الحديث: بات چیت میں مقابلہ کرنا، آگے بڑھنا۔
جَرَّاهُ: کسی کو اپنا وکیل یا ضامن بنانا۔
تَجارَوْا: في الحديث: مناظرہ کرنا۔
— في الأمرِ: متفق ہونا۔
— : دوڑ میں مقابلہ کرنا، ایک دوسرے کے ساتھ چلنا، دوڑنا۔
— في أهوائِهم: خواہشات میں ایک دوسرے کا ہم نوا ہونا۔
الدَّيْنُ و الرَّهْنُ يَتَجارَيانِ: قرض اور رہن دونوں یکساں ہیں۔
اسْتَجْرَاهُ: دوڑلگوانا، دوڑانا (۲) ساتھ چلنے کے لئے کہنا (۳) وکیل و ضامن بنانا
إجْرَاءٌ: نفاذ، اجرا، کارروائی۔
— قانونيٌّ: ضابطہ کی کارروائی۔
— قَضَائِيٌّ: عدالتی کارروائی۔
إجْرَاءَاتٌ: کارروائی، کارروائیاں، اقدامات۔
إجْراءَاتٌ قانونِيَّةٌ: قانونی چارہ جوئی
إجْرَائِيٌّ: کارروائی سے متعلق، انتظامی۔
— إدارِيَّةٌ: انتظامی کارروائی۔
• الإجْرِيَّا: رُخ، جہت (۲) عادت۔ کہتے ہیں: الكَرَمُ من إجْرِيَّاهُ (۳)

دوڑ ج: أَجَارِيّ۔ کہتے ہیں: الفَرَسُ ذو أَجَارِيّ: گھوڑے کو دوڑ کے بہت سے فن آتے ہیں۔
الإجْرِيَّاءُ: الإجْرِيَّا۔
الإجْرِيَّةُ: عادت، مزاج۔
الجَارِي: رواں (۲) موجودہ۔
الحِسَابُ الجاري: کھلا حساب، کرنٹ اکاؤنٹ۔
الحِسَابُ الجَارِي بفَوائِدَ: کرنٹ اکاؤنٹ مع سود۔
الثَّمَنُ الجَارِي: خرید و فروخت کا آزادانہ بھاؤ جو کمپٹیشن (مقابلہ) میں متعین ہو
الجارِيَةُ: باندی (۲) کم سن عورت، لڑکی، (۳) نوکرانی (۴) آفتاب (۵) کشتی۔ قرآن پاک میں ہے: ”حَمَلْنَاكُمْ في الجَارِيَةِ“ (۶) ہوا (۷) سانپ ج: جَوَارٍ۔
الجَرَى: بچپن۔
الجَرْيُ: دوڑ۔
الجَرَيَانُ: بہاؤ، پانی کی لہر، وقوع۔
من جَرْيِ العادَةِ: رواج کے مطابق
الجَرَاءُ: فَعَلْتُ ذلك من جَرَائِكَ: میں نے یہ تمہارے لئے یا تمہاری وجہ سے کیا ہے۔
الجَرَايَةُ: بچپن، جوانی (۲) وکالت۔
الجِرَايَةُ: وظیفہ، راشن (۲) وکالت، نیابت ج: جِرَايَاتٌ۔
بطَاقَاتُ الجِرايَاتِ: راشن کارڈ۔
الجِرِيَّاءُ: عادت، طبیعت۔
الجَرِيُّ: وکیل، قائم مقام (اس میں واحد و جمع اور مذکر و مؤنث سب برابر ہیں) (۲) قاصد۔ حدیث ام اسماعیل علیہ السلام میں ہے: ”فأرسَلُوا جَرِيًّا“ (۳) مزدور اجرت پر کام کرنے والا (۴) ضامن ج: أَجْرِيَاءُ۔
الجِرِّيُّ و الجِرِّيثُ: بام مچھلی۔

الجِرِیَّۃُ: پوٹا۔

المَجْرَی: (۱) دوڑ (۲) رفتار (۳) دھارا (۴) گذرگاہ (۵) نالی (۶) بہنے کی جگہ، راستہ (۷) شعری اصطلاح میں روی مطلق کے حروف کی حرکت (۸) اصطلاح نحو میں اواخر کلمات کے احوال و احکام اور ان شکلوں کو کہتے ہیں جو کلمہ اختیار کرتا ہے جیسے جاری مجری صحیح۔ صحیح کی شکل پر ہونے والا لفظ، ج: مَجَارٍ۔

مَجْرَی البول: پیشاب کی نالی۔

ـــ الحیاۃ: زندگی کا دھارا، رخ۔

ـــ الماء: پانی کا بہاؤ۔ دھارا۔

ـــ الھواء: ہوا کا رخ۔

ـــ الأحوال: حالات کا رخ، رفتار۔

المَاجَرَیَات: واقعات وحوادث۔ کہتے ہیں: بَیْنَھُمْ مُنَاظَرَات و ماجَرَیاتٌ یَطُوْلُ شَرْحُہا۔

•الجِرْیَالُ: لاکھ۔ ایک قسم کا لال گوند جسے پگھلا کر مہر لگائی جاتی ہے۔

ج ـــ ز

•جَزَأَتِ الإبِلُ ـَ جَزْءًا و جُزُوءًا: اونٹوں کا بغیر پانی کے چارہ پر اکتفا کرنا۔

ـــ بالشیءِ: اکتفا کرنا۔

جَزَأَ الشیءَ جَزْءًا: حصے کرنا، مختلف اجزا پر تقسیم کرنا، ایک جز لینا۔

ـــ الشَّیءَ: باندھنا۔

ـــ الشِّعْرَ: شعر کے دو جز حذف کردینا۔

أَجْزَءَ القومُ: لوگوں کا ایسا ہونا جن کے اونٹ صرف تر چارہ پر اکتفا کرتے ہوں۔

ـــ المرأۃُ: عورت کا بچیاں جننا۔ المُجْزِیءُ والمُجْزِئَۃُ: بچیاں جننے والی عورت۔

ـــ المرعیٰ: چراگاہ کا ہرا بھرا اور گھنا ہونا

ـــ عنہ مُجْزَأُ فلان و مُجْزَأَتَہ: کفایت کرنا، کسی کو کسی کا نفع پہنچانا۔ حدیث سہل میں ہے: "ما أَجْزَأَ مِنَّا الیومَ أحدٌ کما أجزأ فلانٌ" آج فلاں کی طرح کسی نے ہمیں فائدہ نہیں پہنچایا، کوئی کافی نہیں ہوا۔

أَجْزَءَ الشیءُ فلانًا: کفایت کرنا۔ ھو مُجْزِیءٌ۔

أَجْرٌ مُجْزِیءٌ: معقول اجرت، کفایت بھر اجرت۔

ـــ الإبلَ: اونٹوں کو پانی کے بغیر چارہ پر کفایت کرانا۔

ـــ السِّکِّینَ: چھری یا چاقو میں دستہ لگانا

ـــ من الشیءِ جُزْءًا: ایک جز یا حصہ لینا۔

ـــ الخاتَمَ فی إصْبَعِہ: انگوٹھی کو انگلی میں داخل کرنا۔

جَزَّأَہُ: تقسیم کرنا، اجزا بنانا، ٹکڑے کرنا

ـــ الإبلَ: اونٹوں کو صرف چارہ پر گزارا کرانا، پانی نہ پلانا۔

ـــ الشِّعْرَ: نظم کے دو جز حذف کردینا

ـــ السِّکِّینَ: چھری یا چاقو میں دستہ لگانا۔

اِجْتَزَأَ بہ: اکتفا کرنا۔

تَجَزَّأَ بہ: اکتفا کرنا۔

ـــ الإبلَ: أَجْزَأَھا۔

ـــ الشیءُ: تقسیم ہوجانا، اجزا اور ٹکڑے ہوجانا۔

الجازِیءُ: کافی۔ ھذا رَجُلٌ جازِئُکَ من رَجُلٍ: یہ آدمی تمہارے لئے ایک آدمی کے بجائے کافی ہے۔

الجازِئَۃُ: وہ کھجور کا درخت جسے پانی کی ضرورت نہ ہو ج: جَوَازِیءُ۔

التَّجْزِئَۃُ: خوردہ۔ أَثْمَانُ التَّجْزِئَۃِ: خوردہ قیمتیں جن پر عام لوگ اشیا خریدتے ہیں۔ تاجِرُ التَّجْزِئَۃِ: خوردہ فروش، تھوک فروش کی ضد

الجَزْءُ: کفایت۔ کہتے ہیں: ما لِفُلانٍ جَزْءٌ: فلاں کے لئے کفایت نہیں ہے یعنی اس کی ضرورت پوری نہیں ہوتی۔

الجُزْءُ: حصہ، ٹکڑا، پرزہ، جز ج: أَجْزَاءٌ

الجُزْءُ الّذی لا یَتَجَزّیٰ: جزء لایتجزّیٰ متکلمین کے نزدیک وہ جوہر ہے جو کسی قسم کی تقسیم قبول نہیں کرتا نہ باعتبار خارج اور نہ باعتبار وہم اور نہ عقلی طور پر فرض کیا جاسکتا ہے، تمام اجسام جزء لایتجزّیٰ کے افراد سے ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کے مرکب ہوتے ہیں۔

الجُزْءُ الکَسْرِیُّ: علم ریاضی میں وہ کسری جز ہے جو عشری کسر کی شکل پر رکھا جائے

الجُزْأَۃُ: (۱) چھری اور چاقو کا دستہ (۲) دُم کی جڑ (۳) وہ لکڑی جس کے ذریعہ انگور کی بیل اوپر اٹھائی جاتی ہو ج: جُزَأٌ

الجُزْئِیُّ: (۱) جزوی (۲) معمولی (۳) سطحی (۴) فرعی (۵) کلی کی ضد۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ جزئی حقیقی: وہ وہ ہے جس کا تصور اس میں وقوع شرکت سے مانع ہو۔ جیسے علی یا احمد۔ دوسری قسم جزئی اضافی ہے وہ وہ ہے جو اپنے سے زیادہ عام کے تحت مندرج ہو جیسے انسان بنسبت حیوان کے انسان خود کلی ہے لیکن حیوان جو اس سے زیادہ عام کلی ہے وہ اس کے تحت آکر اس کے مقابلہ میں جزئی بن گیا اس کو جزئی اضافی کہتے ہیں۔

الجُزْئِیَّۃُ: (۱) حرکت جزئیہ (۲) جزئیت یعنی جزئی ہونا۔

المَجْزَأُ و المَجْزَأَۃُ و المُجْزَأُ و المُجْزَأَۃُ: بقدر کفایت حصہ۔ کہتے ہیں: أَجْزَأَ مُجْزَأَ فُلانٍ: وہ فلاں کا قائم مقام ہوا۔

المُجْزِیءُ: وہ کھانا جو آسودگی عطا کردے۔

الأَجْزَائِیُّ: کیمسٹ، انگریزی دوا فروش۔

الأَجْزَائِيَّةُ : فارمیسی، دواخانہ۔
الجَوَازِي : وہ نیل گائے جو تر گھاس کھا کر پانی سے بے نیاز ہو جائے۔
•الجِزْبُ : حصہ، ٹکڑا ج: أَجْزَابٌ۔
•جَزَحَ ـَ جَزْحًا : (۱) اپنے کام پر جانا (۲) ہرن کا پناہ گاہ میں داخل ہونا۔
ـــ له من مَالِه : اپنے مال میں سے کسی کو وافر حصہ دینا۔
الجَزْحُ : عطیہ۔
الجُزْدَانُ : جزدان، تھیلی، بٹوا۔
•جَزَرَ المَاءُ عن الأَرْضِ ـُ جَزْرًا : پانی کا خشک ہو جانا یا پیچھے ہٹ جانا۔
ـــ البَحْرُ و النَّهْرُ : سمندر یا دریا کا پانی اتر جانا یا پیچھے ہٹ جانا۔
ـــ الشَّيءَ : کاٹنا۔
ـــ الجَزُورَ : (قابل ذبح) اونٹ کو ذبح کرنا، مجازاً کسی بھی جانور کو ذبح کرنا، هو جَزَّارٌ و جَزِّيرٌ۔
ـــ العَسَلَ : شہد نکالنا۔
ـــ النَّخْلَةَ : کھجور کو کاٹنا۔
أَجْزَرَ البَعِيرُ : اونٹ کے ذبح کا وقت آجانا یعنی قابل ذبح ہونا۔
ـــ النَّخْلُ : کھجور کے کاٹنے کے وقت کا قریب ہونا۔
ـــ الشَّيْخُ : بوڑھے کے مرنے کا وقت قریب ہونا۔
ـــ فلانًا : کسی کو قابل ذبح بکری دینا، یا ذبح کرنے کے لئے دینا۔ حدیث میں ہے: "بَعَثَ بَعْثًا فَمَرُّوا بِأَعْرَابِيٍّ له غَنَمٌ فقالوا أَجْزِرْنَا" وہ وفد ایک دیہاتی کے پاس سے گزرا جس کے پاس بکریاں تھیں تو اس سے کہا کہ ہمیں ذبح کرنے کے لئے بکری دے دے۔
ـــ ه جَزُورًا : کسی کو ذبح کرنے کے لئے اونٹ دینا۔

اِجْتَزَرَ الجَزُورَ : اونٹ کو ذبح کرنا۔
ـــ القَومَ جَزُورًا : لوگوں کے لئے اونٹ ذبح کرنا یا قابل ذبح اونٹ دینا۔
اِنْجَزَرَ البَحْرُ و النَّهْرُ : سمندر یا دریا کا پیچھے ہٹنا یا اتر جانا۔
تجازرا : ایک دوسرے کو گالی دینا، ذلیل کرنا۔
تَجَزَّرُوهم و اجْتَزَرُوهم في القتال : میدان کارزار میں دشمن کے آدمیوں کو درندوں کی خوراک کے لئے چھوڑنا۔
الجِزَارَةُ : گوشت فروشی یا ذبح کرنے کا پیشہ، قصاب کا پیشہ۔
مَحَلُّ الجِزارة : قصاب کی دکان
الجُزَارَةُ : اونٹ یا ذبح کئے ہوئے جانور کے تین حصے ہاتھ، پیر، سر (سری پائے) جن کو قصاب ذبح کرنے کے بعد اجرت میں لے لیتا ہے (۲) ذبح کی اجرت۔ حدیث میں ہے: "و لا أُعْطِي منها شيئًا في جُزَارَتِهَا" میں قربانی کے جانور میں سے کوئی حصہ اس کی اجرت ذبح کے طور پر نہیں دیتا۔ کہتے ہیں: فَرَسٌ ضَخْمُ الجُزَارَةِ : موٹے ہاتھ پیر اور ان کے بہت پٹھوں والا گھوڑا۔
الجَزْرُ : ذبح (۲) سمندر کے پانی کا اتار۔ مد کے مقابلہ میں جزر (بھاٹا) المَدُّ و الجَزْرُ : اتار چڑھاؤ۔
الجِزَرُ : گاجر۔
الجَزَرُ : گاجر (۲) قابل ذبح بکری۔ جَزَرُ السِّبَاعِ : وہ گوشت جسے درندے کھاتے ہیں (۳) وہ زمینیں جہاں سے پانی ہٹ جاتا ہو، سمندر کا مد ختم ہو کر جزر ہوتا ہو (۴) وہ ٹکڑے جو پرندوں اور درندوں کے کھانے کے لئے چھوڑ دیئے گئے ہوں۔

الجَزَرَةُ : پپیے وغیرہ کی ٹینٹو۔
الجَزَّارُ : قصاب، گوشت کاٹنے یا فروخت کرنے والا، جانور ذبح کرنے والا (۲) کاٹنے والا۔
الجَزُورُ : قابل ذبح اونٹنی (لفظ مؤنث ہے) ج: جَزَائِر و جُزُرٌ۔ هٰذِه جَزُور سَمِينَةٌ : یہ فربہ اونٹنی ہے۔
الجَزِيرَةُ : جزیرہ، وہ خشکی جس کے اردگرد پانی ہو ج: جَزَائِر و جُزُرٌ (۲) عراق اور شام کے درمیان دجلہ اور فرات کے درمیان کا حصہ (۳) اندلس۔
جَزِيرَةُ العَرَبِ : ملک عرب۔
الجَزَائِر : شمال مغربی افریقہ کا ایک عرب ملک اس کے دار الحکومت کا نام بھی الجَزَائِر ہے۔
الجَزَائِرُ الخالدات : بحر اوقیانوس کے مغرب میں چھ جزیرے۔
المَجْزَرُ : مذبح، ذبح خانہ ج: مَجَازِر حدیث عمرؓ میں ہے: "اتقوا هذه المَجَازِرَ فانَّ لها ضَرَاوَةً كَضَرَاوَةِ الخَمْرِ"
المَجْزَرَةُ : المَجْزَرُ ج: مَجَازِر۔
•جَزَّ ـُ النَّخْلُ و نحوه جَزًّا : کھجور کے پھل توڑنے کا وقت آجانا۔
ـــ النَّخْلَةَ جَزًّا و جِزَازًا : پھل توڑنا
ـــ الصُّوفَ و نَحْوَه : اون وغیرہ کو کاٹنا یا کترنا۔
جَزَّ التَّمْرُ ـِ جُزُوزًا : کھجور کا خشک ہونا۔
أَجَزَّ النَّخْلُ و نَحْوُه : جَزَّ۔
ـــ القَوْمُ : لوگوں کی بکریوں کا اون وغیرہ کاٹنے کی عمر کو پہنچنا۔
ـــ التَّمْرُ : کھجوروں کا خشک ہونا۔
ـــ فلانًا : کسی کے لئے بکری کی اون مقرر کرنا، دینا۔

اِجْتَزَّ الصُّوفَ و نَحوَہ : اون وغیرہ کترنا کاٹنا۔

اِسْتَجَزَّ : النمرَ و الصُّوفَ : کاٹنے کا وقت آجانا۔

الجَازَّۃُ : القُوَّۃُ الجَازَّۃ : علم ریاضی میں وہ طاقت ہے جو متعدد طاقتوں کے ایک تناسب سے کسی چھڑ کے سرے پر اثر انداز ہونے کے وقت ظاہر ہوتی ہے۔

الجِزَازُ : فصل کی کٹائی اور تڑائی کا وقت، اُون کترنے کا وقت، پھل توڑنے کا وقت

الجُزَازُ : ہر چیز کا کاٹا ہوا یا کترا ہوا حصہ، کٹی اور کتری ہوئی اون کے ٹکڑے (۲) کسی چیز کا بقایا اور گرا ہوا حصہ (۳) رات کا حصہ

الجُزَازَۃُ : کترن، تراشہ، ٹکڑا۔

الجِزُّ : کتری ہوئی اون۔

الجِزَّۃُ : سال کے اندر پیدا ہونے والی بکری کی اون، بھیڑ کی کتری ہوئی اون ج: جِزَزٌ وجَزَائِز۔ مثل ہے: رُبَّ جِزَّۃٍ علی شَاۃٍ سُوءٍ : بخیل مال دار کے لئے بولا جاتا ہے۔

الجَزُوزُ : بکرے یا بکری کی کاٹی ہوئی اون۔

الجَزُوزَۃُ : وہ بکری جس کی اون اتاری جائے ج: جَزَائِز۔

الجَزِیزُ : کترا ہوا، کاٹا ہوا۔

الجَزِیزَۃُ : اون کا گچھا۔

الجَزَّازُ : اون کترنے یا کاٹنے والا۔

المِجَزُّ : کترنے یا کاٹنے کا آلہ، اون کترنے کی قینچی ج: مَجَازّ۔

المَجْزُوزُ : تراشا ہوا، کترا ہوا، بے اون کا۔

• جَزَعَ الوَادِیَ ـَ جَزْعًا : وادی کو عرض میں چل کر طے کرنا۔

ـــ الشیءَ : کاٹنا، ٹکڑے کرنا۔

ـــ الحَبلَ : رسی کو بیچ سے کاٹنا۔

ـــ لہ من مالہ : کسی کو اپنے مال میں سے حصہ دینا۔

جَزِعَ ـَ جَزَعًا و جُزُوعًا : گھبرا جانا، کسی آفت و تکلیف سے گھبرانا، بے برداشت ہونا، مایوس ہونا، پریشان ہونا، بیتاب ہونا، ڈرنا۔ مثل ہے: "من جزِعَ الیومَ من الشرِّ ظَلَمَ" ایسے وقت کہا جاتا ہے جب کوئی کام خراب ہونے کے بعد ٹھیک ہو گیا ہو یعنی آج کوئی ایسا شر نہیں جس سے گھبرایا جائے جو گھبرائے گا وہ زیادتی کرے گا۔

أَجْزَعَہ : گھبرا دینا، بے صبرا بنا دینا، پریشان کرنا، ڈرانا۔

جَزَّعَ البُسْرُ و الرُّطَبُ وغیرُھما : کھجوروں کا نیم پختہ ہونا۔

ـــ الحَوضُ : حوض میں ذرا سا پانی رہ جانا، کم پانی والا ہونا۔

ـــ النَّوَی : گٹھلیوں کو ایک دوسرے سے رگڑنا (تا آنکہ رگڑنے کی جگہ سفید ہو جائے اور باقی حصہ اپنے رنگ پر رہے)

ـــ فلانًا : کسی کا ڈر یا گھبراہٹ دور کرنا، تسلی دینا۔

ـــ الشیءَ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) پتھر جیسا نقشہ بنانا۔

ـــ الحائطَ وغیرَہ : ماربل لگانا، ابری چپکانا۔

اِجْتَزَعَہ : کاٹنا (۲) ٹکڑے اور حصے کرنا۔

اِنْجَزَعَ : بیچ سے کٹنا، ٹوٹنا۔ انجزعَ الحَبلُ و العَصَا : ٹکڑے ہونا۔

تَجَزَّعَ : ٹکڑے ٹکڑے ہونا (۲) کھجور کا نیم پختہ ہونا۔

ـــ السَّیفُ و السَّھمُ : تلوار اور تیر کا ٹوٹ جانا۔

ـــ القومُ الشیءَ : باہم تقسیم کر لینا۔ حدیث میں ہے: "فتفرَّقَ النَّاسُ الی غُنَیمَۃٍ فتجزَّعوھا" لوگ تھوڑے سے مال غنیمت کی طرف دوڑے اور اسے تقسیم کر لیا۔

الجَازِعُ : دو چیزوں کے درمیان عرض میں رکھی ہوئی لکڑی جس پر کوئی چیز رکھی جائے۔

الجُزَاعُ : چوپاؤں کو ہلاک کرنے والی گھاس۔

الجَزْعُ : سنگ سلیمانی (۲) ماربل (۳) عقیق ایک قیمتی پتھر جو سرخ رنگ کا ہوتا ہے اور جس پر مختلف رنگوں کی دھاریاں ہوتی ہیں (۴) وادی کا موڑ، وادی کا بیچ ج: أَجْزَاعٌ

الجُزْعُ : انجن کا دُھرا جس پر پہیا گھومتا ہے۔

الجُزْعَۃُ : تھوڑی شے ج: جُزَعٌ۔

الجِزْعَۃُ : الجُزْعَۃُ (۲) رات کا ایک حصہ (۳) درختوں کا جھرمٹ ج: جِزَعٌ۔

الجَزَعُ : گھبراہٹ، بے چینی، پریشانی، بے صبری۔

الجَزِعُ و الجَازِعُ والجَزُوعُ : بیتاب، پریشان، گھبرایا ہوا۔ ضد صَبُور۔

المُجَزَّعُ : مرمریں، سنگ مرمر جیسا (۲) سفید و سیاہ رنگوں سے بنا ہوا (۳) نیم پختہ (۴) تھوڑے پانی والا حوض (۵) سفید و سرخ گوشت۔

الوَرَقُ المُجَزَّعُ : ابری، وہ کاغذ جس پر سفید و سیاہ نقوش بنائے گئے ہوں، یا مختلف رنگوں سے نقش بنائے گئے ہوں۔

المُجَزَّعُ من أَوتَارِ العود : سارنگی کے وہ تار جن کے کچھ حصے باریک اور کچھ موٹے ہوں۔

المِجْزَاعُ : بہت بے صبرا، جلد گھبرا جانے والا۔

• جَزَفَ لہ فی الکَیلِ ونحوہ ـِ جَزْفًا : پیمانہ سے زیادہ دینا۔

جَزَفَ الشیءَ ـُ جَزْفًا : اندازہ سے بیچنا یا خریدنا، اٹکل و اندازہ سے کام کرنا (۲) خطرہ میں پڑنا، خود کو خطرہ میں ڈال کر کوئی کام کر گزرنا۔

جَازَفَ : اٹکل و اندازہ سے فروخت کرنا۔

جَازَفَ بنَفسِه: خود کو خطرہ میں ڈالنا، خطرہ میں پڑنا۔
— فی کلامه: بے تکی باتیں کرنا، بے سوچے سمجھے بولنا۔
اِجْتَزَفَ الشئَ: اندازہ اور اٹکل سے خریدنا
الجُزَافُ: تخمینی شے جس کا وزن یا ناپ معلوم نہ ہو، بے تکی چیز یا بے تکی بات، بے تکا پن۔
جُزَافًا: (۱) اٹکل سے (۲) بے تکے پن سے (۳) بے سوچے سمجھے۔ تَكَلَّمَ جُزافا: اوٹ پٹانگ باتیں کرنا۔
الجُزَافَة: الجُزَافُ۔
الجِزْفَة: کسی شے کا ٹکڑا یا حصہ (۲) چوپایوں کا گلہ۔
الجَزُوفُ: ولادت کی حد سے گزر جانے والی حاملہ عورت۔
الجَزَّاف: شکاری، مچھیرا۔
المِجْزَفَة: مچھلی پکڑنے کا جال۔
المُجَازِفُ: ناعاقبت اندیش، خطرہ مول لینے والا، من چلا۔
المُجَازَفَة: ناعاقبت اندیشی، بے پروائی۔
• جَزَلَه ـِ جَزْلًا: کاٹنا، دو ٹکڑے کرنا، حدیث میں ہے: "لمّا انتهى الى العُزّى ليقطعها فجزلها باثنتين"
— من ماله: اپنے مال کا کوئی حصہ دینا،
جَزَلَ القَتَبُ غاربَ البَعيرِ: پالان کا اونٹ کی پیٹھ پر زخم پیدا کر دینا۔
جَزِلَ البَعيرُ وغاربُه ـَ جَزَلًا: اونٹ کا زخمی پیٹھ والا ہونا۔ هو أَجْزَل وهي جَزْلاء ج: جُزْلٌ۔
— الرأيُ: رائے کا خراب ہونا۔ هو جَزِلٌ۔
جَزُلَ ـُ جَزَالَةً: بڑا ہونا (۲) زیادہ ہونا
— اللفظُ: لفظ کا مؤثر و مستحکم ہونا۔
— فلانٌ: پختہ رائے ہونا۔ جَزْلٌ وجَزِيلٌ: پختہ رائے۔
— المَنْطِقُ: گفتگو کا فصیح و سلیس ہونا۔

أَجْزَلَه: کاٹنا، دو ٹکڑے کرنا۔
أَجْزَلَ له العطاءَ وفيه ومنه: خوب دینا، دل کھول کر دینا، بخشش کرنا۔
اِسْتَجْزَلَه: صائب الرائے پانا، کسی شے کو بڑا اور زیادہ پانا یا سمجھنا، کلام کو فصیح بنانا
الجِزَالُ: کھجور کی تڑائی کا وقت۔
الجَزْلُ: ہر شے بڑی اور زیادہ (۲) خشک اور بڑی لکڑیاں۔ حدیث میں ہے: "اجمعوا له حطبا جزلا" (۳) سخی اور فیاض، فراخ دل (۴) کلام فصیح ج: أَجْزَال۔
الجَزِيلُ: بہت (۲) بڑا (۳) سلیس و فصیح (۴) فیاض۔ الشكر الجزيل: بہت بہت شکریہ (۵) عمدہ رائے والا۔
الجَزْلَةُ: ٹکڑا، سلائس (۲) دودھ کا مشکیزہ ج: جِزال۔
الجِزْلَةُ: ٹکڑا ج: جِزَلٌ۔ حدیث دجّال میں ہے: "يضرب رجلا بالسيف فيقطعه جِزْلَتَين"
الجَزَالَةُ: کثرت، زیادتی (۲) فصاحت۔
جَزَالَةُ المَنْطِق: خوش بیانی، فصاحت کلام
الجَوْزَلُ: کبوتر کا بچہ ج: جَوَازِل۔
الجُزْلَانُ: بٹوا، پرس۔
• جَزَمَ ـِ جَزْمًا: دن رات میں ایک مرتبہ کھانا (۲) شکم سیر ہو کر ایک دفعہ کھانا۔
— عليه: خاموش ہونا، پختہ ارادہ کرنا۔
— عنه: بے بس ہونا، عاجز ہونا۔
— الشئَ: کاٹنا۔
— الأمرَ: قطعی بنانا، قطعی فیصلہ کرنا، تہیہ کرنا، عزم کرنا۔
— اليمينَ: قسم پوری کرنا، پختہ قسم کھانا۔
— عليه بكذا او كذا: لازم کرنا۔
— النَّخْلَ: کھجور کے پھل کا اندازہ لگانا، درخت کو سنوارنا۔
— الكلمةَ: آخر حرف کو ساکن کرنا، آخر میں حرف علت یا نون اعرابی ہو تو اسے گرا دینا۔
جَزَمَ القِرْبَةَ: بھرنا۔
جَزَّمَ عليه: پختہ ارادہ کرنا (۲) خاموش ہونا۔
— عنه: عاجز و بے بس ہونا۔
اِجْتَزَمَ النَّخْلَ: کھجور کے پھل خریدنا۔
— الشئَ: کاٹنا۔
— جِزْمَةً من المال: مال کا حصہ لینا۔
اِنْجَزَمَ و تَجَزَّمَ: کٹنا (۲) پختہ ہونا، قطعی ہونا (ہڈی) کا ٹوٹ جانا، لکڑی کا ترخ جانا، ساکن ہونا۔
— على: خاموش ہو جانا۔
الجِزَامُ: کھجور توڑنے کا وقت۔
الجَزْمُ: قطعیت، عزم، یقین، پختگی (علم نحو میں) حرف کا سکون یا حذف۔
قَلَمٌ جَزْمٌ: برابر قط والا قلم۔
أَمرٌ جَزْمٌ: قبل از وقت پیش آنے والا معاملہ۔
الجِزْمُ: کھجور وغیرہ کا حصہ۔
الجَزْمَةُ: ایک وقت کا کھانا، ایک خوراک (۲) بوٹ جوتا۔
— برباط: تسمہ دار جوتا، فیتے دار جوتا۔
— بأزرار: بٹنوں دار جوتا، بٹن بوٹ۔
— اللمّاعة: پالش دار جوتا۔
— المكشوفة: کھلے ہوئے ٹخنے والا جوتا۔
الجَزْماتي: جوتا بنانے والا، مرمت کرنے والا۔
الجِزْمَةُ: ٹکڑا، حصہ (۲) دس یا اس سے کم چوپاؤں کا گلہ ج: جِزَم۔
الجَازِمُ: قطعی، یقینی، لازمی، پختہ، جزم دینے والا عامل (۲) سیراب اونٹ (۳) بھرا ہوا مشکیزہ۔
الجَزْمِيَّة: فلاسفہ کا ایک عقیدہ جس کا حاصل یہ ہے کہ عقل کو یقین تک پہنچنے پر قدرت حاصل ہے، نیز بطور طنز ایسے لوگوں کو بھی کہا جاتا ہے جو کسی تحقیق کے بغیر یقین و اعتقاد قائم کر لیتے ہیں۔

• جَزَى الشيءُ ـِ جَزاءً: کافی ہونا، فائدہ پہنچانا۔ قرآن پاک میں ہے: "واتَّقُوا یومًا لا تَجْزِی نَفْسٌ عن نَفْسٍ شَیْئًا"
—مَجْزَى فُلانٍ و مَجْزاتَه: قائمقام ہونا۔
—فلانا بکذا و علیه: بدلہ دینا، انعام دینا، کہا جاتا ہے: انّما یَجْزِی الفتی لَیْسَ الجَمَلُ: یعنی تم کو عقلمند ہی بدلہ دے سکتا ہے بے وقوف نہیں۔
جزاه عنه: بدلہ دینا۔
—فلانًا حَقَّه: کسی کا حق ادا کرنا۔
أَجْزَى عنه: بدلہ دینا، بدل بننا۔
أُجْزَى عنه مُجْزَى فُلانٍ و مُجْزاتَه: کسی کا قائمقام ہونا۔
جَازَاه: بدلہ دینا، ثواب دینا (۲) سزا دینا۔
اِجْتَزَاه: بدلہ چاہنا۔
تَجَازَى الدَّیْنَ: قرض وصول کرنا۔ هو مُتَجازٍ۔ حدیث میں ہے: "انَّ رجلًا کان یُدایِنُ النَّاسَ و کان له کاتِبٌ و مُتَجازٍ"
الجازی: کافی۔ کہتے ہیں: هذا رجُلٌ جَازِیْكَ من رَجُلٍ: تمہارے لئے یہ شخص کافی اور بس ہے۔
الجَازِیَة: ثواب، سزا ج: جَوازٍ۔
الجَزَاءُ: بدلہ، ثواب، سزا۔
الجَزاءُ النَّقدِیّ: نقدی جرمانہ۔
الجَزائِیّ: تعزیری، قابل سزا، سزا کا۔
الجِزْیَةُ: زمین کا خراج، لگان، وہ ٹیکس جو اسلامی حکومت غیر مسلموں پر لگاتی ہے یا وہ ٹیکس جو ایک ریاست یا حکمراں دوسرے کو ادا کرے۔ قرآن پاک میں ہے: "حَتّٰی یُعْطُوا الجِزْیَةَ عن یَدٍ و هُم صَاغِرُون" ج: جِزًی و جِزْیٌ و جِزاءٌ۔

المُجَازَاة: بدلہ، انعام، سزا۔

ج ــــ س

• جَسَأَ ـَ جَسْئًا و جُسُوْءًا و جُسْأَةً: خشک ہونا، سخت ہونا، کھردرا ہونا۔
جَسَأَ النَّبْتُ: پودا خشک ہوگیا۔
جَسَأَت یَدُه من العَمَلِ: کام کے باعث ہاتھوں کا سخت اور کھردرا ہوجانا۔
—الماءُ و نحوُه: پانی وغیرہ کا منجمد ہوجانا
—الشَّیْخُ: انتہائی بوڑھا ہوجانا۔ هو جاسِئٌ۔
الجاسِئُ: الجِسْمُ الجاسِئُ: علم ریاضی میں وہ جسم ہے کہ کسی بھی مؤثر طاقت کی بنا پر اس کے اجزا کے درمیان کا فاصلہ نہ بدلے (۲) خشک، سخت، کھردرا، موٹا
الجسوءُ البَسِیْطُ: علم ریاضی میں سرکنے یا اپنی جگہ سے ہلنے کی لچک کا نام ہے۔
الجاسِیاءُ: ٹھوس پن اور دبازت، موٹاپن، کرختگی۔
الجَسْءُ: سخت کھال، جما ہوا پانی۔
الجُسْأَة: کرختگی، سختی۔
• جَسَدَه ـُ جَسْدًا: بدن پر مارنا۔
جَسِدَ الدَّمُ ـَ جَسَدًا: خشک ہونا
—الدَّمُ به: خون کا چپک جانا۔ هو جَسِدٌ و جاسِدٌ و جَسِیْدٌ۔
أَجْسَدَ الثَّوْبَ و نحوَه: کپڑے وغیرہ کو زعفران یا تیز زرد یا تیز سرخ رنگ میں رنگنا۔ الثَّوْبُ مُجْسَدٌ ج: مَجاسِد حدیث ابی ذرؓ میں ہے: "انَّ امرأتَه لَیْسَ عَلَیْها اثَرُ المَجَاسِدِ۔"
جَسَّدَ الثوبَ و نحوَه: زعفران وغیرہ سے رنگنا۔
—الشَّیْءَ: مجسم کرنا، بروئے کار لانا، عملی جامہ پہنانا۔

تَجَسَّدَ: زعفران سے رنگا ہوا ہونا (۲) مجسم ہونا، بروئے کار آنا، جسم بن جانا (۳) مضبوط ہونا
الجِسَادُ: خشک خون (۲) زعفران وغیرہ (۳) ہر وہ رنگ جو انتہائی زرد یا انتہائی سرخ ہو۔
الجُسَادُ: جسم یا پیٹ کا درد۔
الجَسَدُ: بدن، جسم۔ قرآن پاک میں ہے: "فأَخْرَجَ لَهم عِجْلًا جَسَدًا له خُوارٌ" (۲) زعفران ج: أَجْسَاد۔
الجَسِیْدُ: خشک خون، جما ہوا خون۔
المُجْسَدُ: بدن سے لگا ہوا کپڑا جیسے بنیان یا کرتا ج: مَجاسِد۔
المُتَجَسِّد: ذی جسم، بدن دار۔
المُجَسَّدُ: مجسم، مشخص۔
الصَوت المُجَسَّدُ: نغمات کے ساتھ پیدا کی جانے والی آواز۔
• جَسَرَ ـُ جُسُوْرًا و جَسَارَةً: دلیر و بہادر ہونا، باہمت ہونا۔ هو جَسُرٌ و جَسُوْر ج: جُسُرٌ و هی جَسُوْر و جَسُوْرة ج: جُسُر و جَسَائِر۔
—القومُ: پل باندھنا، پل بنانا۔
—علی الشیءِ: ہمت کرنا، اقدام کرنا، کر گزرنا۔
—المَفَازَةَ: جنگل بیابان کو پار کرنا۔
جَسَّرَه: دلیر و بہادر بنانا، ہمت دلانا، نڈر بنانا
اِجْتَسَرت الرُّکَّابُ المفازَةَ: قافلہ کا جنگل بیابان کو پار کرنا۔
—السفینةُ البَحْرَ: جہاز کا سمندر کو پار کرنا۔
تَجاسَرَ: ہمت و جرأت سے کام لینا، ہمت کر کے آگے بڑھنا، غرور سے سر اونچا کرنا۔
—علیه: اقدام کرنا، کر گزرنا۔
—له بالعَصَا و نحوِها: کسی کو لاٹھی ڈنڈا دکھانا۔
الجِسْرُ: پل (۲) نہر کا کنارہ (۳) دو زمینوں کے درمیان حد فاصل ج: أَجْسُرٌ و جُسُوْرٌ۔

الجِسْرُ المُتَحَرِّك: اٹھاؤ پل، وہ پل جو وقت ضرورت ہٹایا جاسکے۔
الجِسْرُ العَائِمُ: کشتیوں کا بنایا ہوا پل، پل تختہ
الجِسْرُ المُعَلَّق: جھولا پل، بے ستون پل جو لٹکا رہے۔
جِسْرُ البَنَّاء: مچان جس پر کھڑے ہو کر تعمیر کی جاتی ہے۔
جِسْرُ البِناء: کاڑر، شہتیر، چھت کی ڈاٹ
الجَسْرُ: بدن کا بھاری بھرکم عضو (۲) ڈیل ڈول کا آدمی (۳) بڑا اونٹ ج: جُسُور۔
الجَسْرَةُ: ڈیل ڈول کی عورت، گٹھے ہوئے بازوؤں والی لڑکی۔
الجاسِرُ: بہادر، دلیر، نڈر، باہمت ج: جُسَّارٌ م: الجاسِرَة۔
الجَسُورُ: دلیر، باہمت، بہادر ج: جُسُرٌ۔ شوخ، بے ادب، بے باک۔
الجَسَارَةُ: شوخی، بے ادبی (۲) دلیری، بہادری، بے باکی، نڈر پن۔
الجَسَّارُ: لمبا تڑنگا آدمی یا اونٹ (۲) دلیر، تیز، من چلا، بہت شوخ و بے ادب۔
•جَسَّ الأَرْضَ ـُ جَسًّا: زمین کو روندنا۔
ـــ الخَبَرَ: تحقیق کرنا، پتہ لگانا، ٹوہ لگانا، سراغ لگانا۔
ـــ الشيءَ: ٹٹول کر دیکھنا۔
ـــ الشَّخْصَ: کسی کو پہچاننے کے لئے گھور کر دیکھنا، جانچنا، تفتیش کرنا، کھوج لگانا۔
ـــ النَّبْضَ: نبض دیکھنا۔
اِجْتَسَّه: ٹوہ لگانا، سراغ لگانا، جستجو کرنا۔
ـــ الإِبِلُ الكَلَأَ: اونٹ کا گھاس کو منہ لگانا۔
تَجَسَّسَ الخَبَرَ: کھود کرید کرنا، سراغ لگانا، ٹوہ میں رہنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلَا تَجَسَّسُوا"
تَجَسَّسَ فُلَانًا و منه: کسی کی ٹوہ میں رہنا، جاسوسی کرنا۔
ـــ عليه: تفتیش کرنا، سراغ لگانا۔

الجَاسَّةُ: حاسّہ ج: جَوَاسٌّ۔
الجَاسُوسُ: جاسوس، سراغ رساں ج: جَوَاسِيس۔
الجَسَّاسُ: بہت سراغ لگانے والا، زبردست جاسوس (۲) شیر۔
الجَسِيسُ: جاسوس۔
المَجَسُّ: نبض چھونے کی جگہ، ہاتھ لگانے کی جگہ، سینہ۔ فلان ضَيِّقُ المَجَسِّ: تنگ دل ج: مَجَاسّ۔ مثل ہے: أَفْوَاهُهَا مَجَاسُّهَا: ایسے وقت بولا جاتا ہے جب کہ اشیا کے ظاہر سے ان کے باطن کا پتہ لگایا جاسکے۔ افواهها میں ضمیر ابل کی طرف ہے جب اونٹ اچھی طرح چارہ کھا لیتے ہیں تو ان کی طرف دیکھنے والے کو ان کے موٹے پن کی حقیقت صرف دیکھ کر ہی معلوم ہو جاتی ہے
المِجَسُّ والمِجَسَّةُ: نبض دیکھنے کا آلہ (۲) کسوٹی، جانچ پڑتال کا ذریعہ یا آلہ ج: مَجَاسّ۔
•جَسَعَ ـَ جُسوعًا: عن العطاء: باز رہنا، رک جانا۔
الجاسِعُ: دور دراز کا سفر۔
•جَسُمَ ـُ جَسَامَةً: تناور اور موٹا و مضبوط ہونا، زبردست ہونا، ڈیل ڈول کا ہونا، بھاری بھرکم ہونا، لمبا تڑنگا ہونا، جسم والا ہونا۔ هو جَسِيمٌ ج: جِسَامٌ۔
جَسَّمَ: تناور بنانا، بڑا اور بھاری بھرکم بنانا، کسی بات یا شے کو بڑھا چڑھا کر پیش کرنا، مجسم کرنا۔
تَجَسَّمَ: جسم دار ہونا، بدن والا ہونا، بڑا اور مضبوط ہونا، معاملہ کا بڑھ جانا۔
ـــ الشيءُ في العين: کسی شے کا تصور اور خیال آنا۔
ـــ الشيءَ: بھاری اور بڑی چیز کو اختیار کرنا (۲) قصد کرنا (۳) منتخب کرنا (۴) تناور ہونا، بڑا بننا۔
تَجَسَّمَ من الكَرَم: فیاضی و سخاوت کا پتلا ہونا۔
الجُسَّامُ: جسامت والا، ڈیل ڈول کا م: جُسَّامَة۔
الجِسْمُ: بدن، ڈھانچہ، باڈی، ہر وہ چیز جس میں ابعاد ثلاثہ (طول، عرض، عمق) پائے جائیں، انسان حیوان اور نبات کا قابل ادراک فرد، فلاسفہ کے نزدیک ہر مادی جوہر کو کہتے ہیں جو کسی چیز میں ہو اور اس میں ثقل و امتداد پایا جاتا ہو، روح کا مقابل جرجانی نے جسم کی تعریف میں کہا ہے کہ وہ ایسا جوہر ہے جو ابعاد ثلاثہ کو قبول کرتا ہو ج: أَجْسَامٌ و جُسُومٌ و أَجْسُمٌ۔
علم ریاضی میں اجسام خفیفہ وہ اجسام ہیں کہ اگر ان کو کسی سیال شے میں آزاد چھوڑ دیا جائے تو اس کی سطح پر تیرنے لگیں گے۔ اور وہ اجسام جو مکمل طور پر چکنے ہوتے ہیں وہ اجسام ہیں جن کے مابین ٹکراؤ کی طاقت مفقود ہو جائے، ان کا رد عمل عمودی شکل میں نمودار ہوتا ہے۔
الجُسْمُ: بڑے امور (۲) دانشور لوگ و: جَسِيمٌ۔
الجُسْمَانُ: جسم، بدن۔
الجُسْمَانِيُّ: جسمانی، بدنی۔ رجل جُسْمَانِيٌّ: بھاری بھرکم آدمی، قوی الجثہ شخص۔
الجِسْمِيُّ: جسمانی، بدنی۔
الجَسِيمُ: تناور، طاقتور، زبردست، بھاری بھرکم (۲) ٹیلہ جس پر پانی چڑھا ہوا ہو۔
الجَسَامَةُ: ضخامت، تناوری، بھاری پن، (۲) اہمیت۔
الأَجْسَمُ: بہت بڑا، زیادہ تناور، بہت بھاری بھرکم۔
المُجَسَّمُ: ٹھوس، مکعب و مربع، ہر وہ چیز جس میں طول و عرض اور عمق پایا جائے یا

طول وعرض اور دبازت پائی جائے (۲) ہرم کی چوٹی کا نمونہ یعنی وہ نقطہ جس پر تین یا زیادہ کنارے منتہی ہوں۔
الجُسَّان: دف بجانے والے و: جاسِنٌ۔
الجُسْنَةُ: ایک گول مچھلی۔
•جَسَا ـُ جَسْوًا وجُسُوًّا: خشک ہونا، سخت اور موٹا ہونا، کھردرا ہونا۔
ـــ الماءُ: پانی کا جمنا۔
ـــ الشَّيخُ: بہت بوڑھا ہونا۔
جَسِيَ ـَ جُسُوًّا و جَسًا: جَسَا۔
جَاسَاه: دشمنی کرنا۔
الجاسِياءُ: دیکھئے (ج س أ)

ج ـــــ ش

•جَشَأَتْ نفسُه ـَ جُشُوءًا وجَشْئًا وجُشَاءً: جی متلانا، قے آنے کو ہونا (۲) من حزن او خوف: دل گھبرانا۔
ـــ البلادُ بأهلها: ملک نے باشندوں کو باہر نکال دیا۔
ـــ البِحارُ بأمواجها: سمندروں نے موجوں کو باہر پھینک دیا، سمندروں میں تلاطم آگیا۔
ـــ الرِّياضُ بريّاها: باغیچوں کی خوشبو باہر نکل گئی، باغیچوں کی خوشبو دور تک پھیل گئی۔
ـــ اللّيالي بظُلَمِها: راتوں کی تاریکیاں بڑھ گئیں۔
ـــ المِعْدَةُ: امتلا کی وجہ سے ڈکار آنا۔
ـــ الغَنَمُ و نحوُها: حلق سے آواز نکالنا۔
ـــ الأَرْضُ: زمین کا بہت پودے اُگانا۔
ـــ البَحْرُ: سمندر کا ہیجان میں آنا۔
ـــ اللَّيلُ: تاریک ہونا۔
ـــ الوَحْشُ: تمام جنگلی جانوروں کا ایک دم نکل پڑنا۔
ـــ العَدُوُّ: دشمن کا تیار ہوکر آنا۔
ـــ القومُ: ایک شہر سے دوسرے شہر میں جانا

جَشَأَ علي نفسه: تنگی میں پڑنا۔
ـــ عن الطَّعامِ: بدہضمی کی وجہ سے کھانے سے نفرت ہونا۔
ـــ علينا النِّعَمُ: نعمتوں کا اچانک حاصل ہونا
جَشَّأَت المِعْدَةُ و جَشَّأَ الرَّجُلُ: ڈکار لینا۔
اِجْتَشَأَتْهُ البِلادُ: ملک کا راس نہ آنا، اِجْتَشَأَ البِلادَ بھی کہا جاتا ہے۔
تَجَشَّأَت المِعْدَةُ: معدہ پُر ہونے کی وجہ سے ڈکار آنا، تَجَشَّأَ الرجُلُ بھی کہا جاتا ہے۔ کہاوت ہے: تَجَشَّأَ لُقْمانُ من غير شِبَعٍ: لقمان نے شکم پُر ہوئے بغیر ڈکار لی، ایسے شخص کے بارہ میں کہا جاتا ہے جو خلاف واقعہ اپنی خوبی ظاہر کرتا ہو۔
تَجَشَّأَ الفَجْرُ: طلوع فجر کے وقت ہوا کا چلنا۔
الجَشْءُ: بہت (۲) ہلکی کمان ج: أَجْشاء۔
الجُشَاءُ: ڈکار (۲) سمندر کا جوش (۳) رات کی تاریکی۔
الجُشْأَةُ: ڈکار (۲) صبح کے وقت کی ہوا
الجُشَأَةُ: ڈکار (۲) طلوع فجر کے وقت کی ہوا (۳) بہت ڈکار والا (۴) بہت غم والا
•جَشَبَ ـُ جَشْبًا: موٹا اور کھردرا ہونا
ـــ الطَّعامُ: کھانے کا بلا سالن ہونا، بدمزہ ہونا۔ هو جَشِبٌ و مِجْشابٌ۔
ـــ الحَبَّ: غلہ کو دلنا، موٹا پیسنا، دلیا بنانا
ـــ الشَّبابُ: جوانی کو ختم کرنا۔
جَشِبَ الشيءُ و الطَّعامُ ـَ جَشَبًا: موٹا اور بدمزہ ہونا۔
ـــ الرَّجُلُ: موٹی غذا والا ہونا هو جَشِبٌ۔
حدیث میں ہے: "أنَّهُ صلى الله عليه وسلم كان يأكل الجَشِبَ من الطَّعامِ" آپ معمولی کھانا کھاتے تھے۔
جَشُبَ ـُ جُشُوبَةً وجَشابَةً:

موٹی اور معمولی غذا والا ہونا۔
جَشُبَ الكلامُ: گفتگو کا روکھا ہونا۔
رجُل جَشِبٌ: روکھی باتیں کرنے والا، سخت کلام کرنے والا۔
الجَشُوبُ: اکھڑ اور تند مزاج عورت۔
المِجْشابُ: موٹا بدن۔
المُجْشَبُ: موٹے جسم والا اور بہادر۔
المُجَشَّبُ: معمولی زندگی والا، سادہ زندگی والا
•جَشَرَ الصُّبحُ ـُ جُشُورًا: پو پھٹنا، صبح ہونا۔
ـــ الدَّوابَّ جَشْرًا: چوپاؤں کا چراگاہ میں ٹھیرانا۔
ـــ عن أهله: رنڈوا ہو جانا، بلا بیوی رہ جانا
ـــ الدَّوابَّ: جانوروں کو چراگاہ لے جانا (۲) جانوروں کو گھر کے قریب چرانا۔
ـــ الشيءَ: چھوڑنا۔
جَشِرَ الإناءُ ـَ جَشَرًا: میلا ہونا، هو جَشِرٌ۔
ـــ السّاحِلُ جَشَرًا و جَشارَةً: ساحل کے کیچڑ کا سوکھ کر سخت ہو جانا، کنارہ کی مٹی کا خشک ہوکر ڈھیلے بن جانا۔
ـــ الرجُلُ و البَعيرُ: آدمی اور اونٹ کو خشک کھانسی ہو جانا اور آواز موٹی اور خراب ہو جانا۔ جَشِرَ صَوتُه بھی استعمال ہوتا ہے۔ هو أَجْشَرُ و هي جَشْراءُ ج: جُشْرٌ۔
جُشِرَ: خشک کھانسی ہو جانا۔ هو مَجْشُورٌ۔
جَشَّرَه: چھوڑنا۔
ـــ الإناءَ: برتن کو خالی کر دینا۔
ـــ الدَّوابَّ: جانوروں کو (مواشی) کو چراگاہ لے جانا۔
تَجَشَّرَ: مواشی کا چراگاہ میں ہونا۔
ـــ بَطْنُه: پیٹ پھولنا۔
الجاشِرُ: آزاد جانور جو جہاں چاہے جائے۔
الجاشِرِيَّةُ: نصف النہار (۲) پو پھٹنے کا

وقت تڑکا (۳) صبح کو پینا۔ الشَّربَةُ الجاشِرِيَّةُ: صبح کا پینا۔ شَرِبْتُ الجاشِرِيَّةَ بھی کہا جاتا ہے۔

الجُشَارُ: کھانسی، بیٹھی ہوئی آواز، کھانسی کی وجہ سے کھردری آواز۔

الجَشَرُ: وہ کھردرے پتھر جو سمندر میں کنکریوں یا سیپیوں سے مل کر بن جاتے ہیں۔

الجَشَرُ: الجَشْرُ: وہ مواشی جو چراگاہ میں چرتے رہیں اور اپنے مالکان کے پاس واپس نہ آئیں (۲) وہ لوگ جو اونٹوں کے پاس چراگاہ میں قیام کریں اور گھر واپس نہ ہوں (۳) معمولی درجہ کے لوگ (۴) موسم بہار کی ترکاریاں (۵) گیہوں کا اندرونی چھلکا۔

الجُشْرَةُ: الجُشَار (۲) زکام۔

الجَشَّارُ: اس چراگاہ کا مالک جس میں مواشی مقیم ہوں۔

الجَشِيرُ: بڑا پیالہ (۲) بڑا بورا یا گٹھا ج: أَجْشِرَة و جُشُرٌ۔

المِجْشَرُ: حوض جس کا پانی استعمال نہ ہو (گندگی کی بنا پر) ج: مَجَاشِر۔

الأَجْشَرُ: کھانسنے والا، بیٹھی ہوئی آواز والا۔

• جَشَّ القومَ ــُ جَشًّا: لوگوں کا اجتماعی طور پر کوچ کرنا۔

ــــ الحَبَّ: غلہ کو دلنا، کوٹنا، ھو مَجشوش و جَشِيش۔

ــــ الحَيوانَ وغيرَه بالعصا: ڈنڈا وغیرہ مارنا، لاٹھی مارنا۔

ــــ الباكي دَمعَه: آنسو نکالنا۔

ــــ المكانَ: جگہ کو صاف کرنا اور جھاڑو دینا

ــــ البئرَ: کنویں سے کیچڑ نکالنا اور صاف کرنا

جَشَّ الصَّوتُ ــِ جَشَشًا و جُشَّةً: و جَشَّ الرَّجُلُ وغيرُه: آواز بیٹھ جانا۔ هو أَجَشُّ و هي جَشَّاء ج: جُشٌّ۔

أَجَشَّتِ الأَرضُ: زمین کا گھنے گھاس والی ہونا، بہت نباتات والی ہونا۔

أَجَشَّ الحَبَّ: غلہ کو موٹا پیسنا، دلنا۔

اِجتَشَّتِ الأَرضُ: أَجَشَّت۔

الجَشَشُ: موٹی اور بیٹھی ہوئی آواز، بھاری آواز۔

الجَشُّ: پتھریلی جگہ، سخت جگہ (۲) وسط شے

الجُشُّ: الجَشّ (۲) رات کا حصہ ج: جشاش۔

الجَشَّاءُ: کنکریلی نرم زمین جو کھجور بونے کے لائق ہو (۲) تلی۔ حدیث ابن عباس میں ہے: "ما آكُلُ الجَشَّاءَ من شَهوتِها و لكن لِيَعلَمَ أهلُ بيتي أنَّها حلالٌ"

الجُشَّانُ: الجَشّ۔

الجَشَّةُ: لوگوں کی ایک جماعت جو ایک ساتھ کسی جگہ سے بہتر جگہ جائے۔

الجُشَّةُ: الجَشَّةُ (۲) آواز کی کرختگی، بھدا پن، ناک سے نکلنے والی آواز۔

الجَشِيشُ: المجشوش: دلیا۔

الجَشِيشَةُ: دلیا جس میں گوشت یا کھجور کو پکایا جائے۔ حدیث میں ہے: "أنَّه صلى الله عليه وسلم أَولَمَ على بعضِ أزواجه بجَشِيشَةٍ"

الجَامِحُ: سرکش، ضدی، ہٹی، من چلا، بے لگام، بے مہار.
الجُمَّاحُ: بے پھل کا تیرگول سرکا جس سے تیراندازی سکھائی جاتی ہے (۲) وہ تیر یا چھڑ جس کی نوک پر گارا رکھ کر پرندہ کے مارا جاتا ہے (۲) جنگ کے شکست خوردہ لوگ ج: جَمَامِيحُ (۴) پردار گیند.
الجَمُوحُ: منہ زور اور سرکش گھوڑا (۲) بہت ضدی اور ہٹی، من چلا یا خودسر آدمی.
• الجُمَّحْلُ: سیپ کے اندر کا کیڑا.
الجِمَاحُ: سرکشی، خودسری (۲) خواہش نفس.
كَبَحَ جِمَاحَه: ضد اور ہٹ کو ختم کرنا، خواہش نفس پر یا سرکشی پر قابو پانا.
• جَمَخَ ـَ جَمْخًا: تکبر کرنا، فخر کرنا. هو جامِخٌ ج: جُمَّخٌ و هو جَمُوخٌ و جِمِّيخٌ و جَمَّاخ: متکبر، مغرور.
ــــ الصَّبِيُّ: اچھلنا.
ــــ الصِّبْيَانَ: بچوں کا بانس کی نلکیوں کو ایک دوسرے پر پھینک پھینک کر کھیلنا.
ــــ الخَيْلَ و الكِعَابَ: گھوڑوں اور بانس کی نلکیوں کو زور سے چھوڑنا.
جَامَخَه: فخر میں مقابلہ کرنا.
انْجَمَخَ كَعْبُ اللَّعِب: کھیل کی (بانس کی) نلکی کا سیدھا ہوجانا.
الجامِخُ: متکبر، مغرور.
• جَمَدَ ـُ الماءُ و السَّائِلُ جَمْدًا و جُمُودًا: جم جانا، خشک ہونا. هو جامد و جَمْدٌ.
ــــ عَيْنُه: آنسو خشک ہوجانا. فهي جَامِدَة و جَمُودٌ.
ــــ النَّاقَةُ أو الشَّاةُ: دودھ ختم ہوجانا.

جَمَدَ الأَرْضُ: زمین کا بے آب ہونا، پانی نہ برسنا.
ــــ السَّنَةُ: خشک سال ہونا، سال میں پانی نہ برسنا. فهي جامِدَة و جَمَادٌ.
ــــ فُلانٌ: بخیل ہونا. جَمَدَتْ يدُه و كَفُّه: بخیل ہونا. هو جَامِدُ الكَفِّ و جَمَادُ الكَفِّ.
ــــ حَقُّ فُلانٍ: حق واجب ہونا.
ــــ الشيءَ جَمْدًا: کاٹنا.
أَجْمَدَ فُلانٌ: ماہ جمادی (اول یا ثانی) میں داخل ہونا (۲) کسی کے بخل میں اضافہ ہونا، بہت بخیل ہونا (۳) مال و دولت ختم ہونا، فقیر ہونا.
حَقَّ فُلانٍ: حق واجب کرنا، ثابت کرنا.
جَمَّدَ: جمانا (۲) جمنے کے قریب ہونا.
جَامَدَه مُجَامَدَةً: قریب ہونا، پڑوس میں ہونا. هو مُجَامِدِی: وہ میرا پڑوسی ہے.
الجَمْدُ و الجَمَدُ: جما ہوا پانی، مصنوعی برف یا آسمانی برف (۲) سخت اور بلند زمین (۳) پتھر ج: أَجْمَاد و جِمَادٌ.
الجُمُدُ: سخت اور بلند زمین ج: جِمَادٌ و أَجْمَادٌ.
الجَمَادُ: کائنات کی تیسری قسم (حیوان، نبات، جماد) بے جان اور بے حس چیز ج: جَمَادات.
جَمَادِ: بخیل کو بطور مذمت کہا جاتا ہے: جَمَادِ له. یعنی وہ بخیل ہی رہے، (اس کی ضد حمادِ له ہے جو سخی کی تعریف میں کہا جاتا ہے کہ وہ سخی ہی رہے)
جُمَادَى: عربی مہینہ کے نام ایک جمادی الاولیٰ اور دوسرا جمادی الآخرہ. چونکہ عربوں کے یہاں سال کے پانچویں اور چھٹے مہینوں میں سردی کی وجہ سے پانی جم جاتا تھا اس لئے وہ ان دونوں مہینوں کو جمادی کہتے تھے. مثل مشہور ہے: شَهْرَا رَبِيعٍ كَجُمَادَى البُؤْسِ یعنی اس کے لئے موسم بہار کے دو خوشگوار مہینے بھی ایسے ہی سخت ہیں جیسے جمادی کے مہینے، ایسے شخص کے بارہ میں کہا جاتا ہے جو اچھی اور بری ہر حالت میں شاکی رہتا ہو جمادی بمعنی منجمد. کہتے ہیں: "ظَلَّتْ العينُ جُمادَى" آنکھ منجمد رہی آنسو نہیں نکلے ج: جَمَادَيات.
الجَامِدُ: خشک، جما ہوا، بے جان، بے حس و حرکت (۲) دو زمینوں یا مکانوں کے درمیان حد فاصل ج: جَوَامِد.
جامِدُ المالِ و ذائبُه: صامته و ناطقه یعنی ذی روح اور غیر ذی روح اشیا.
الجَمَّادُ: سيف جَمَّاد: تیز تلوار.
• جَمَرَ الفَرَسُ ـِ جَمْرًا: گھوڑے کا بیڑی کے ساتھ اچھلنا.
ــــ فلانًا: آگ یا انگارے دینا (۲) ہٹانا.
ــــ ـِ جَمْرًا: آگ دہکانا، جلانا.
أَجْمَرَ القَوْمُ: اکھٹا ہونا.
ــــ الفَرَسُ: بیڑی کے ساتھ اچھلنا.
ــــ الدَّابَّةُ: چوپائے کا دوڑ کر چلنا.
ــــ فلانٌ بينَ يَدَی فُلانٍ: کسی کے سامنے تیز چلنا.
ــــ اللَّيْلَةُ: رات میں چاند کا نکلا رہنا.
ــــ ثوبَه: کپڑے کو عود سے دھونی دینا.
ــــ المرأةُ: چٹلا (چونڈا) باندھنا، بالوں کو اکھٹا کرکے گدی کے پیچھے باندھنا. أُجْمِرَتْ شَعْرَها بھی کہا جاتا ہے.
ــــ الرَّجُلُ شَعْرَه: بالوں کی زلف بنانا، زلفیں چھوڑنا.
ــــ الأمرُ بني فُلانٍ: کسی بات کا تمام افراد کے لئے ہونا.
ــــ الخَيْلَ: دبلا کر دینا.
ــــ الجِمارُ الخُفَّ و الحَافِرَ: کنکریوں

کا جانور کے کھروں اور سموں کو سخت کر دینا۔

جَمَّرَ القومُ : جمع ہونا۔
— الحاجُّ : حاجی کا کنکریاں مارنا (رمی جمار کرنا)
— الرَّجُلُ : کھجور کے بیچ کا حصہ کاٹنا۔ نیز جَمَّرَ الرجلُ النَّخلَ بھی کہا جاتا ہے۔
— المرأةُ : چٹلا بنانا، بال گوندھ کر پیچھے ڈالنا، جَمَّرَت شَعرَھا بھی کہا جا تا ہے۔
— الشیئَ : مکمل طور پر سمیٹنا، اکٹھا کرنا، نیز جَمَّرَ ھُمُ الأمْرُ بھی کہا جاتا ہے۔
— الأميرُ الجَيْشَ : فوج کو سرحد پر مامور کر کے گھروں کی واپسی روک دینا۔
— اللَّحمَ أو الخُبْزَ : گوشت یا روٹی کو انگاروں پر رکھنا۔
— الثَّوبَ : دھونی دینا۔

اِجْتَمَرَ بالمِجْمَرَةِ : عود وغیرہ کی دھونی دینا۔

تَجَمَّرَ القومُ : لوگوں کا جمع ہونا۔
— الجَيشُ : دشمن کی سرحد پر محبوس ہونا۔
— بالمِجْمَرَةِ : عود وغیرہ کی دھونی لینا

اِسْتَجْمَرَ القومُ : أَجْمَرُوا۔
— الجَيْشُ : بمعنی تَجَمَّرَ۔
— الرجُلُ : ڈھیلوں سے استنجا کرنا۔
— بالمِجْمَرَةِ : عود کی دھونی لینا۔

الجَامُورُ : کھجور کے درخت کا گوند یا اندر کا گودا و: جامُورَة (۲) قبر (۳) سر۔

الجَمَارُ : جماعت، گروہ۔ کہتے ہیں: عَدَّ فلانٌ إبِلَه جَمارًا : اونٹوں کو گروہ گروہ کر کے گنا

الجِمارا : (یہود کے نزدیک) مِشْنی کی شرح اور اس کا تکملہ۔ مِشْنی عبرانی زبان میں یہودیوں کے فقہ کی کتاب کا نام۔

جُمَارَى : کہتے ہیں: جاءَ القومُ جُمارَى : سب کے سب۔

الجَمْرَةُ : دہکتا ہوا انگارہ۔ کہاوت ہے: لولَمْ تَمْرَةٌ لقالَ جَمْرَةٌ۔ اختلاف خواہشات کے موقع پر کہا جاتا ہے (۲) کنکری (۳) جمرہ وہ کنکری جو حج میں منٰی کے اندر تین مقامات پر پھینکی جاتی ہے ج: جَمَرات (۴) سخت تاریکی (۵) متحد ہونے والے لوگ جو ایک طاقت بن گئے ہوں۔ کہتے ہیں: ھُم جَمْرَةٌ : وہ مضبوط و طاقتور لوگ ہیں۔ ج: جَمْرٌ وجِمارٌ و جَمَرات۔ مثل مشہور ہے: هَرِق على جَمْرِك ماءً : اپنے غصہ کو ٹھنڈا کرو (۶) علم طب میں جلد اور اس کے تحتانی انسجہ میں پیدا ہونے والی سوزش کو کہتے ہیں (۷) پتھر (۸) سرخ جواہرات۔

الجُمَّارُ : کھجور کے درخت کا گوند جو چربی کی طرح سفید ہوتا ہے و: جُمَّارَة۔ کہاوت ہے: جُمَّارَةٌ تُؤْكَلُ بالهُلَّاس۔ معنی یہ ہیں: کھجور کے درخت کی چربی (گوند) کو سل کی بیماری میں کھایا جا رہا ہے۔ اس مال کے بارہ میں کہا جاتا ہے جو محنت سے کمایا جائے پھر اس کا وارث نادان شخص بن جائے (۲) علم نباتات میں نباتات کے اس گودے کو کہتے ہیں جس میں نرم و نازک جھلیاں ہوتی ہیں۔

الجَمِيرُ : لوگوں کے اکٹھا ہونے کی جگہ (۲) گوندھے ہوئے بال۔

ابنُ جَمِيرٍ : تاریک رات، وہ چاند جو آخر ماہ تک برقرار رہے۔ ابنا جَمِيرٍ : دن اور رات

الجَمِيرَةُ : بالوں کی چوٹی (۲) بالوں کی لٹ، گچھا، زلف ج: جَمائِر۔

المِجْمَرُ : عود دان، دھونی دان (۲) عود وہ لکڑی جس کی دھونی دی جائے ج: مجامِر

المِجْمَرَةُ : انگیٹھی ج: مَجامِر۔ عود سوز، عود دان

المُجْمَرُ : وہ چیز جس سے دھونی دی جائے۔

• الجُمْرُك : کسٹم، ڈیوٹی، چنگی جو باہر سے آئے سامان پر لی جاتی ہے۔ اس کی اصل گُمْرُك اور یہ ترکی لفظ ہے، فصیح عربی لفظ اس کے لئے مَكْس ہے (۲) چنگی خانہ، کسٹم ہاؤس۔

رُسُومٌ جُمْرُكِيَّةٌ : کسٹم ڈیوٹی، چنگی، محصول۔

• جَمَزَ الفرسُ و نحوُه ـِ جَمْزًا و جَمَزَى : تیز رفتاری سے چلنا جو دوڑنے کے قریب ہو (۲) اچھلنا کودنا (۳) انسان کا تیز چلنا۔
— فلانٌ في الأرضِ : جانا، سیر کرنا۔
— فلانًا و به : مذاق کرنا، مذاق اڑانا۔

الجُمْزُ : کھجور کے درخت کی بچی ہوئی شاخیں ج: أَجْمَاز و جُمُوز۔

الجُمْزَةُ : نباتات کا وہ خول جس میں دانہ پیدا ہوتا ہے (۲) کھجوروں یا پنیر کا ڈھیر، بڑی مقدار ج: جُمَز۔

الجَمَّازُ : کودنے اور تیز چلنے والا جانور۔

الجُمَّازَةُ : تنگ آستینوں والا جبہ (اون کا) حدیث میں ہے: "أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم توضَّأَ فضاقَ عن يَدَيه كُمَّا جُمَّازَةٍ كانت عليه"

الجَمَّازَةُ : رکشا جیسی ایک گاڑی۔

الجُمَّيزُ : گولر (درخت اور پھل) و: جُمَّيزَةٌ

الجُمَّيزَى : گولر۔

• جَمَسَ السَّمْنُ و نحوُه ـُ جَمْسًا و جُمُوسًا : گھی وغیرہ کا جم جانا۔
— النَّبْتُ : نبات کا خشک ہو جانا، سخت ہو جانا۔ هو جامِس۔ حدیث عمرؓ میں ہے: "لمَّا سُئِلَ عن فأرَةٍ وقَعت في سَمْنٍ: إن كان جامِسًا أُلْقِيَ ما حولَه وأُكِلَ وإن كان مائعًا أُرِيقَ كلُّه"

جَمُسَ السَّمْنُ و نحوُه ـُ جُمُوسَةً : خشک ہو جانا، جم جانا۔ هو جَمِيس۔

الجَامُوسُ : بھینس ج: جَوَامِيس۔

الجَماسِيَّةُ : لَيلةٌ جُماسِيَّةٌ : ٹھنڈی رات جس میں پانی جم جاتا ہے۔

الجَمْسَةُ: آگ۔

الجُمْسَةُ: سوکھی کھجور، چھوہارا، پکنے کے باوجود سخت باقی رہنے والی کھجور (۲) اونٹوں کا گلہ ج: جُمَشٌ

الجَمْشُ: بدمزاج آدمی، اجڈ آدمی۔

الجَمَسْتُ: ایک قیمتی پتھر۔

• جَمَشَ نَبَاتَ الأَرْضِ ـُ جَمْشًا: گھاس کاٹنا۔

ــ رأسَه: سرمونڈنا۔ جَمَشَ شَعْرَه: بال کاٹنا۔

ــ النُّورَةُ الشَّعْرَ: چونے کا بالوں کو صاف کر دینا، بال صفا صابن کا بالوں کو صاف کر دینا۔

ــ الجِسْمَ: بدن کو جلانا۔

ــ الضَّرْعَ: انگلیوں کے سروں سے تھن دبا کر دوہنا۔

ــ المرأةَ: عورت سے عشق و محبت کرنا چٹکیاں لے کر یا گدگدی اٹھا کر۔ هو جامِش و جَمَّاش۔

جَمَشَتْهُ المرأةُ: عورت کا عشق و محبت کرنا

جَمَّشَه: گدگدانا، گدگدی کرنا۔

جَمَّشَ المرأةَ: عشق لڑانا، محبت کرنا، گدگدی کرنا۔

الجُمُوشُ: بال صفا پاؤڈر، بال مونڈنے کی دوا۔

سَنَةٌ جَمُوشٌ: ایسا سال جس میں نباتات ختم ہو جائیں۔

الجَمِيشُ: بال صفا دوا، پاؤڈر (۲) بے نبات زمین۔

الجَمْشُ: آہستہ آواز۔

• جَمَعَ المُتَفَرِّقَ ـَ جَمْعًا: منتشر چیزوں کو یکجا کر کے اکٹھا کرنا۔ کہاوت ہے: "تَجْمَعِينَ خِلابَةً و صُدُودًا" تمہارے اندر خوشامد اور روگردانی دونوں عادتیں ہیں۔ ایسے شخص کے بارہ میں کہا جاتا ہے جس میں دو بری عادتیں ہوں۔

جَمَعَ اللّٰهُ القُلُوبَ: دلوں کو ملا دینا، جوڑ دینا۔ هو جامِع و جَمُوعٌ و مِجْمَع و جَمَّاع۔ مفعول کے لئے کہا جائے گا مجموع و جَمِيع۔

ــ القومُ: دشمنوں کے مقابلہ کے لئے جمع ہونا، قرآن پاک میں ہے: "إِنَّ النَّاسَ قد جَمَعُوا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ"۔

ــ أمرَه: پختہ ارادہ کرنا۔

ــ عليه ثِيابَه: اپنے کپڑے پہننا۔

ــ الجارِيَةُ الثِّيابَ: لڑکی کا جوان ہو کر جوان عورتوں کا لباس پہننا۔

ــ الأرقامَ: حساب جوڑنا، حساب لگانا۔

ــ الأعْدادَ: میزان لگانا، جمع کرنا۔

ــ الكتابَ: کتاب تصنیف کرنا۔

ــ الجَمْعِيَّةَ: میٹنگ بلانا، اجلاس بلانا۔

ــ الحُرُوفَ: کمپوز کرنا۔

جُمِعَتِ الجُمُعَةُ: جمعہ کی نماز ہونا۔

ماجَمَعْتُ بامرأةٍ و ما جَمَعْتُ عن امرأةٍ: میں نے ہم بستری نہیں کی۔

أَجْمَعَ القومُ: متفق ہونا۔

ــ الأرضُ: زمین کا قحط زدہ ہونا، بنجر ہونا۔

ــ القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔

ــ المُتَفَرِّقَ: منتشر چیزوں کو یکجا کرنا، اکٹھا کرنا۔

ــ الأمرَ: پختہ کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَأَجْمِعُوا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوا صَفًّا"

ــ الأمرَ و عليه: عزم کرنا، پختہ ارادہ کرنا۔ حدیث میں ہے: "من لَمْ يُجْمِعِ الصِّيامَ من اللَّيلِ فلا صِيامَ له"۔

ــ الشيءَ: تیار کرنا (۲) خشک کرنا، سکھانا۔

ــ فلانًا: مانوس بنانا۔

ــ الإبِلَ: اونٹوں کو اکٹھا کر کے ہانکنا۔

ــ المَطَرُ الأرضَ: بارش کا زمین کے ہر نرم و سخت حصہ پر پھیل جانا۔

جامَعَ المرأةَ: صحبت کرنا، ہم بستری کرنا۔

ــ فلانًا على أمرِ كذا: کسی معاملہ میں کسی کے ساتھ ہونا۔

جَمَّعَ النَّاسُ: جمعہ کی نماز ادا کرنا۔

ــ الدَّجاجَةُ: مرغی کا پیٹ میں انڈوں کو جمع رکھنا۔

ــ المُتَفَرِّقَ: بکھری چیز کو اکٹھا کرنا۔

اِجْتَمَعَ: اکٹھا ہونا، جمع ہونا، یکجا ہونا۔

ــ الرَّجُلُ: کسی کی داڑھی کا ہموار ہونا اور پوری حد کو پہنچنا۔

ــ الماشي: چلنے والے کا لپکنا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت میں ہے: "كان إذا مَشٰى مَشٰى مُجْتَمِعًا"

ــ به: ملنا، ملاقات کرنا۔

ــ اللَّجْنَةُ و المَجْلِسُ: میٹنگ ہونا، اجلاس ہونا۔

تَجَمَّعَ: سمٹنا، اکٹھا ہونا، بھیڑ لگنا۔

اِسْتَجْمَعَ القومُ: لوگوں کا ہر طرف سے آنا۔

ــ السَّيْلُ: سیلاب کا ہر جگہ سے آ کر اکٹھا ہونا

ــ البَقْلُ و نحوُه: سبزی وغیرہ کا خشک ہو جانا۔

ــ للجَرْيِ او للقَفْزِ: دوڑنے یا کودنے کے لئے داؤں لگانا، تیار ہونا۔

ــ الرَّجُلُ: جوان ہونا اور مکمل ہونا۔

ــ له أُمُورُه: ہر پسندیدہ شے حاصل ہو جانا، مرضی کے مطابق کام ہونا۔

ــ قُواه: طاقت یکجا کرنا، خود کو تیار کرنا۔

ــ الفَرَسُ جَرْيًا: گھوڑے کا پوری طاقت سے دوڑنا۔

أَجْمَعُ: سب، سارے، عموم کی تاکید کے لئے جیسے: جاءَ القومُ أَجْمَعُهُم و بِأَجْمَعِهِم: لوگ سب کے سب آئے اور جیسے: نِلْتُ حَقِّي أَجْمَعَه و بِأَجْمَعِه: میں نے اپنا پورا پورا حق حاصل کر لیا ج: أَجْمَعُون۔

الإِجْمَاعُ: اتفاق رائے (عوام یا خواص کا کسی مسئلہ پر ایسا اتفاق ہونا جسے اس کی صحت کی دلیل سمجھا جائے۔ فقہائے اسلام اجماع اس اتفاق رائے کو کہتے ہیں جو کسی دینی معاملہ میں کسی زمانہ کے مجتہدین کی جانب سے ہوا اور وہ اسلامی قانون سازی کی چار بنیادوں میں سے ایک سمجھا جاتا ہے۔ یعنی کتاب، سنت، قیاس، اجماع

إِجْمَاعًا و بالإِجْمَاع: بالاتفاق۔

إِجْمَاعِيٌّ: بالاتفاق (۲) اجماع سے متعلق۔

الإِجْتِمَاعُ: علم الاجتماع علم معاشرت، عمرانیات وہ علم جس میں انسانی جماعتوں کے نشوونما ان کے مزاج اور ان کے قوانین و نظامہائے حیات سے بحث کی جاتی ہے۔ کہتے ہیں: رجل اجْتِماعِيٌّ: سوشل آدمی جو لوگوں سے اختلاط بکثرت رکھتا ہو اور معاشرتی زندگی کے آداب سے واقف ہو۔

الاجتماعيُّ: سوشل، معاشرتی، عمرانی۔

الحَياةُ الاجتماعِيَّة: سوشل زندگی معاشرتی زندگی۔

الشُّئونُ الاجتماعِيَّة: معاشرتی معاملات۔

المُساواة الاجْتِماعِيَّة: معاشرتی برابری

النِّظامُ الاجْتِماعِيُّ: معاشرتی نظام، اصول معاشرت۔

الهَيئَةُ الاجتماعِيَّة: انسانی سوسائٹی

الجامِعُ: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک نام (۲) جامع مسجد اسے مسجد الجامع بھی کہا جاتا ہے۔ أَمْرٌ جامِعٌ: ایسا اہم کام جس کی وجہ سے لوگ جمع ہوں۔ قرآن پاک میں ہے: "وإذا كانوا معه على أَمْرٍ جامِعٍ لَم يَذْهَبُوا حَتّى يَسْتَأذِنُوه" (۳) مشترکہ جامعیت والا، ہمہ گیر۔ كلام جامِعٌ: پر مغز کلام، ایسا کلام جس کے الفاظ کم اور معانی زیادہ ہوں۔ أَتانٌ جامِعٌ: پہلے حمل والی گدھی ج: جَوامِع۔

الجامِعَة: یونیورسٹی، ایسا بڑا تعلیمی ادارہ جس میں متعدد علوم و فنون کے ذیلی ادارے اور شعبے ہوں (۲) ہتھکڑی جس کے ذریعہ دونوں ہاتھ گردن کے ساتھ باندھ دیے جائیں۔

قِدْرٌ جامِعَة: دیگ، دیگچا۔

جَمَعَتْهُم جامِعَةٌ: ان کو ایک مشترکہ اہم کام نے یکجا کر دیا۔

كَلِمَة جَامِعَة: معنی خیز لفظ، مطلب خیز اور جامع بات یا تقریر ج: جَوامِع حدیث میں ہے: "أُوتِيتُ جَوامِعَ الكَلِم"

الجِماعُ: ہر چیز کی جڑ اور بنیاد (۲) میزان

الخَمْرُ جِماعُ الإِثْم: شراب گناہ کی بنیاد ہے۔

هٰذا البابُ جِماعُ هٰذِهِ الأَبْواب: یہ باب ان تمام ابواب کو جامع ہے۔

فلانٌ جِماعٌ لبَنِي فُلانٍ: فلاں شخص فلاں قبیلہ کی پناہ گاہ ہے اور ان کا کرتا دھرتا ہے۔

قِدْرٌ جِماعٌ: دیگ، بڑا دیگچہ۔ کہتے ہیں: اسْتَأْجَرَ الأَجِيرَ جِماعًا و مُجامَعَةً: مزدور کو ہر جمعہ کو مزدوری ادا کی یا دینا طے کیا۔

الجَماعَة: جماعت، گروہ، لوگوں کا گروپ (۲) درختوں کا جھنڈ ج: جماعات۔

الجَماعِيُّ: جماعتی۔

الجَماعِيَّة: سوشلزم، ایک اقتصادی نظام جو پیداواری دولت کو شخصی ملکیت کے بجائے حکومت کی ملکیت قرار دیتا ہے ہر فرد کی ملکیت اسی حد تک تسلیم کرتا ہے جس حد تک اسے خرچ کی ضرورت ہے (۲) بین الاقوامی قانون میں المُعاهَدَةُ الجماعية اس معاہدہ کو کہتے ہیں جو دو سے زیادہ حکومتوں کے درمیان ہو۔

الجَمْعُ: مجمع، ہجوم (۲) جماعت، گروہ (۳) لشکر (۴) وہ کھجور کا درخت جو ایسی گٹھلی سے اُگے جس کی قسم معلوم نہ ہو (۵) مختلف قسم کی ملی جلی کھجوریں (۶) لاکھ جسے پگھلا کر مہر لگائی جاتی ہے (۷) جمع۔ تقسیم کی ضد ج: جُمُوع۔

يَومُ الجَمْعِ: قیامت کا دن۔

يَومُ جَمْعٍ: عرفہ کا دن۔ أَيّامُ جَمْعٍ: منیٰ کے دن۔

الجُمْع: کل، پورا۔ ضَرَبَه بجُمْعِ يَدِه: اسے پورے ہاتھ سے مارا، اسے مکا مارا۔ کہتے ہیں: أَعْطاه مِنَ الدَّراهِم جُمْعَ الكَفِّ: اسے مٹھی بھر درہم دیے۔ أَخَذَ بجُمْعِ ثِيابِه: اس کے تمام کپڑے پکڑ کر کھینچ لئے۔ أَمْرُهم بجُمْعٍ: ان کا معاملہ راز میں ہے۔ ذَهَبَ الشَّهْرُ بجُمْعٍ: سارا مہینہ گزر گیا۔

الجَمْعاء: بوڑھی اونٹنی (۲) صحیح سالم چوپایہ ج: جُمْع۔

جَمْعاء: مؤنث کی عمومی تاکید کیلئے استعمال ہوتا ہے، جیسے: جاءت القَبِيلَةُ جَمْعاءُ ج: جُمَعُ۔ جاءت القَبِيلَةُ جُمَعُ۔

الجُمْعَةُ: مجموعہ، مٹھی بھر، مٹھی۔ جُمْعَة من تَمْرٍ: کھجور کا گچھا اور مٹھی بھر کھجور (۲) تعلق و محبت۔ کہتے ہیں: أَدامَ اللهُ جُمْعَةَ ما بَيْنَكُما: اللہ تم دونوں کے تعلق کو قائم رکھے (۳) جمعہ کا دن۔

الجُمُعَةُ و الجُمْعَة: جمعہ کا دن ج: جُمَع۔

الجُمّاعُ من كل شيءٍ: اصل الاصول، بنیاد، کل، مجموعہ (۲) مختلف قبائل کے ملے جلے لوگ

جُمّاعُ الجَسَدِ: سر۔ جُمّاعُ الثُّرَيّا: کہکشاں

کے ستارے۔

الجَمْعِيَّةُ: جماعت جو مخصوص اغراض ومقاصد کی حامل ہو۔ انجمن، سوسائٹی، ایسوسی ایشن، تنظیم (۲) کارپوریشن اسمبلی ج: جَمْعِيَّاتٌ۔

الجمعية التعاونيّة: کوآپریٹو سوسائٹی، انجمن امداد باہمی۔

الجَمْعِيَّةُ التَّشْرِيْعِيَّةُ: قانون ساز اسمبلی

الجَمْعِيَّةُ التأسيسيّةُ: تاسیسی اسمبلی

الجَمْعِيَّةُ الرِّفاهيّةُ: ویلفیئر سوسائٹی، فلاحی انجمن۔

الجَمْعِيَّةُ العامَّةُ: جنرل اسمبلی۔

الجَمْعِيَّةُ العامَّةُ للأُمَمِ المُتَّحِدَةِ: اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی۔

الجَمْعِيَّةُ العُمُومِيَّةُ: جنرل اسمبلی۔

جَمْعِيَّةٌ للبناء: بلڈنگ سوسائٹی۔

جَمْعِيَّةُ المُحَامِيْن: بار ایسوسی ایشن، انجمن وکلا۔

الجَمْعِيَّةُ المَدَنِيَّةُ: سول سوسائٹی۔

الجَمْعِيَّةُ النِّسائيَّةُ: انجمن خواتین۔

الجَمْعِيَّةُ الوَطَنِيَّةُ: نیشنل اسمبلی، قومی اسمبلی

جمعيّاتُ الانْتاجِ التَّعاوُنِيَّة: کوآپریٹو پیداواری سوسائٹیاں۔

جَمْعِيَّاتُ التَّسْلِيفِ التَّعاوُنِيَّةُ: قرضہ کی کوآپریٹو سوسائٹیاں۔

الجَمِيْعُ: سب، کل برائے تاکید لفظی۔ جاؤوا جميعا، رأيتهم جَمِيْعًا، حَمَلْتُ عليهم جَمِيْعًا۔ أخَذْتُ حَقِّي جميعَه۔

حَيٌّ جَمِيْعٌ: پورا قبیلہ یا محلہ۔

قَوْمٌ جَمِيْعٌ: پوری قوم، تمام لوگ۔

رَجُلٌ جَمِيْعٌ: مکمل آدمی، کامل الخلقت

هو جَمِيْعُ الرأي: وہ صائب الرائے ہے

هو جَمِيْعُ السِّلاح: وہ مکمل ہتھیاروں والا ہے۔

نَاقَةٌ جَمِيْعٌ: پیٹ میں بچہ رکھنے والی اونٹنی (۲) لشکر۔

المُجْتَمَعُ: اجتماع گاہ، جلسہ گاہ، میٹنگ (۲) معاشرہ، سوسائٹی، سماج ج: مُجْتَمَعَات

المَجْمَعُ: اجتماع گاہ، جمع ہونے یا جمع کرنے کی جگہ (۲) تحقیقی علمی ادارہ، اکیڈمی (۳) مجلس ج: مَجَامِعُ۔

المَجْمَعُ العِلْمِيُّ: اکیڈمی، لٹریری ادارہ۔

المَجْمَعِيُّ: اکیڈمیکل، لٹریری ادارہ سے متعلق

المُجَمَّعُ: کمپلیکس۔

المُجَمِّعُ: داعی جلسہ، کنوینر (۲) کمپوزیٹر۔

المَجْمَعَةُ: جلسہ گاہ ج: مَجَامِعُ۔

المُجْمَعَةُ: صاف ستھری تقریر۔

المَجْمُوعُ: ٹوٹل، میزان، کل، حاصل، مجموعہ۔

المَجْمُوعَةُ: یکجا کی ہوئی چیز، گروپ، سیٹ، مجموعہ ج: مَجْمُوعَات۔

• جَمَلَ الشَّيءَ ـُ جَمْلاً: اکٹھا کرنا، جمع کرنا۔

— الشَّحْمَ: چربی کو پگھلانا۔

جَمُلَ ـُ جَمَالاً: خوبصورت ہونا، بھلا ہونا (۲) خوش اخلاق ہونا هو جَمِيْل ج: جُمَلَاءُ و هي جَمِيْلَةٌ ج: جَمَائِلُ۔

أَجْمَلَ الرَّجُلُ: بہت اونٹوں والا ہونا۔

— فِي الطَّلَبِ: اعتدال کے ساتھ مانگنا۔ حدیث میں ہے: "أَجْمِلُوا فِي طَلَبِ الرِّزْقِ فَإِنَّ كُلًّا مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ"

— الشَّيءَ: اکٹھا کرنا، جمع کرنا۔

— الحِسابَ: اعداد جمع کرنا، میزان لگانا۔

— الكلامَ وفيه: بات کو مختصر کرنا، اجمالاً ذکر کرنا۔

— الصَّنِيْعَةَ وفيها: عمدگی کے ساتھ کام کرنا، اچھی طرح انجام دینا۔

جَامَلَه: حسن سلوک کرنا (۲) ظاہراً اچھی طرح پیش آنا، اظہار تعلق کرنا۔

جَمَّلَه: خوبصورت بنانا، عمدہ اور بہتر بنانا، بطور دعا کہا جاتا ہے: جَمَّلَ اللهُ عليكَ: اللہ تم کو خوش صورت وسیرت بنائے۔

— الأميرُ الجَيْشَ: فوج کو روکے رکھنا۔

اِجْتَمَلَ: پگھلی ہوئی چربی کھانا یا ملنا۔

— الشَّحْمَ: چربی کو پگھلانا۔

تَجَمَّلَ: خوبصورت بننا، آراستہ ہونا، سنگار کرنا، میک اپ کرنا (۲) پگھلی ہوئی چربی کھانا (۳) مصائب پر صبر کرنا (۴) اظہار حسن کرنا (۵) خوش اخلاق بننا۔

اِسْتَجْمَلَ: اونٹ کا پورا ہو جانا، جوان ہو جانا

— الشيءَ: خوبصورت سمجھنا، پسند کرنا۔

الجامِلُ: اونٹوں کا گلہ، ریوڑ (چرواہوں اور مالکوں سمیت) (۲) رَجُلٌ جامِلٌ: اونٹوں والا آدمی۔

الجَمَالُ: حسن، خوبصورتی، خوش اخلاقی (۲) صبر وتحمل۔ کہتے ہیں: جَمَالَكَ: صبر کر، برداشت سے کام لے۔ جَمَالَكَ أن لا تَفْعَلَ هذا: تم یہ کام نہ کرو اس سے بہتر کام کرو۔

الجُمَالُ: انتہائی حسین۔

الجُمَالِيُّ: من الإبِلِ و النَّاسِ: تندرست و توانا آدمی یا اونٹ (۲) لمبا اونٹ۔

الجَمَلُ: اونٹ (بڑا) دو کوہان والے کو بھی جمل کہتے ہیں۔ مثل مشہور ہے: ما اسْتَتَرَ من قَادَ الجَمَلَ: جو اونٹوں کو لے چلے گا وہ پوشیدہ نہیں رہ سکتا۔ اس شخص کے بارہ میں کہا جاتا ہے جو ایسا کام کرے جس کا چھپنا ممکن نہ ہو۔

اتَّخَذَ اللَّيْلَ جَمَلاً: اُس شخص کیلئے کہا جاتا ہے جو رات میں کام کرتا ہے۔ گویا

وہ رات پر سوار ہوا اور سویا نہیں ج: جُمْلٌ و أَجْمَالٌ و جِمَال و أَجْمُلٌ و جِمَالة ج: جِمَالات و جَمَائِل (۲) موٹی رسّی (۳) سمندری مچھلی۔
جَمَلُ البَحْرِ: وہیل مچھلی۔
جَمَلُ اليَهُود: گرگٹ۔
الجُمَّلُ: موٹی رسّی۔
الجُمْلُ: موٹی رسّی (۲) گروہ، جماعت۔
الجُمْلَانَة: بلبل۔
الجُمْلَة: ہر چیز کا مجموعہ، کل، سارا، تھوک (۲) رقم (۳) مقدار۔ أَخَذَ الشيءَ جُمْلَةً: اس نے پوری چیز لے لی۔
باعَه جُمْلَةً: اس نے اسے تھوک میں بیچا، سب کا سب فروخت کر دیا (۲) اہل بلاغت اور نحویوں کے یہاں جملہ اس کلام کو کہتے ہیں جو مسند اور مسند الیہ پر مشتمل ہو ج: جُمَلٌ۔
جُمْلَةً و بالجُمْلَةِ: سب کا سب، تھوک، یکبارگی۔ البيعُ بالجُمْلَة: تھوک فروشی، ہول سیل۔ تاجرُ الجُمْلة و التّاجر بالجُمْلَة: تھوک فروش، ہول سیلر۔
الجَمَّالُ: شتربان، ساربان (۲) اونٹ کا مالک ج: جَمَّالَة۔
الجُمَّال: بہت زیادہ حسین یہ لفظ بمقابلہ جُمال بلیغ ہے۔
الجُمَّلُ: موٹی رسّی۔
حِسَابُ الجُمَّل: حساب الجد یعنی وہ حساب جس میں حروف ابجد میں سے ہر حرف کے لئے ایک ہزار تک مخصوص ترتیب کے ساتھ اعداد مقرر کئے جاتے ہیں اور اس سے شعرا تاریخیں نکالتے ہیں۔
الجُمْبُلُ: بلبل۔
الجَمُولُ: موٹی عورت (۲) چربی پگھلانے والا ج: جُمُلٌ۔

الجَمِيلُ: پگھلا کر جمائی ہوئی چربی (۲) احسان، حسن سلوک۔
مَعْرِفَةُ الجَمِيل: احسان شناسی
نُكْرَانُ الجَمِيل: احسان فراموشی
العارف بالجميل: احسان شناس
ناكِرُ الجَميل: احسان فراموش۔
الجُمَيْلُ: بلبل ج: جِمْلَان۔
الإِجْمَالُ: اختصار۔
إِجْمَالاً و بالإِجْمَال: مختصر طور پر۔
المُجْمَلُ: مختصر، خلاصہ (۲) تصویر کا دھندلا خاکہ جس میں مختلف کیفیات ملحوظ رکھی گئی ہوں۔
•جَمَّ ـــ جَمًّا و جُمومًا: بہت ہونا (۲) اکٹھا ہونا۔
جَمَّتِ البِئْرُ: کنویں سے پانی نکالنے کے بعد بھر جانا، پانی کا کم نہ ہونا، زیادہ ہونا۔
ـــ الفَرَسُ وغيرُه جَمًّا و جَمَامًا: گھوڑے وغیرہ کا سستا کر تازہ دم ہو جانا
ـــ العَظْمُ: ہڈی پر گوشت چڑھ جانا۔ هو جَامٌّ۔
ـــ الفَرَسُ جَمامًا: گھوڑے کا جفتی نہ کرنا اور طاقت جمع رہنا۔
ـــ الأَمْرُ: قریب ہونا، وقت آجانا۔
ـــ الماءُ و نَحوُه: اکٹھا ہونے دینا، پانی کو بڑھنے دینا۔
ـــ الإِنَاءَ و المِكْيَالَ و نَحوَهما: برتن یا پیمانہ کو اتنا بھرنا کہ وہ چھلک جائے، لبالب کرنا۔ هو جَمَّام و جَمَّانٌ و هي جَمَّى۔
القَصْعَةُ الجَمَّى: چھلکتا ہوا پیالہ۔
جَمَّ العَظْمُ ـــ جَمَمًا: ہڈی پر بہت گوشت ہونا۔ جَمَّ الرَّجُلُ وجَمَّتِ المرأةُ: مرد اور عورت کا بہت گوشت دالا ہونا۔

جَمَّ الكَبْشُ و النَّعْجَةُ و نَحوُهما: مینڈھے اور مینڈھی کا بے سینگ ہونا۔
کہاوت ہے: عند النِّطَاحِ يُغْلَبُ الكَبْشُ الأَجَمُّ: لڑائی کے وقت بے سینگ مینڈھے پر قابو پالیا جاتا ہے ایسے شخص کے بارہ میں کہا جاتا ہے جو اپنے ساتھی پر اپنی تیاری سے قابو پالیتا ہے۔
ـــ الرَّجُلُ: بلا ہتھیار جنگ میں کود پڑنا۔
ـــ البِنَاءُ: عمارت کا بالکنی کے بغیر ہونا۔
ـــ السَّطْحُ: چھت کا بلار کاوٹ ہونا۔ هو أَجَمُّ و هي جَمَّاءُ ج: جُمٌّ۔
أَجَمَّ الإِنْسَانُ و الفَرَسُ و نحوُهما: تھکان اتارنا، تازہ دم ہونا۔
ـــ الأَمْرُ: قریب ہونا، وقت آجانا جیسے أَجَمَّتِ الحاجَةُ و أَجَمَّ الفِراقُ۔
ـــ الماءَ و نحوَه: پانی وغیرہ کو جمع ہونے دینا۔
ـــ الإِنَاءَ و المِكْيَالَ: برتن اور پیمانہ کو لبالب بھرنا۔
ـــ الإنسانَ و الفرسَ وغيرَهما: آرام کرانا۔ تازہ دم بنانا۔ کہتے ہیں: أَجِمَّ نَفْسَكَ و أَجْمِمْها۔
ـــ فُلانٌ لِسانَه من الكلام: کلام ترک کرکے زبان کو آرام دینا۔
جَمَّمَ النَّبَاتُ: پودوں کا کھڑا ہونا اور بکثرت ہونا۔
ـــ المرأةُ: (مردوں کی طرح) زلفیں بنانا۔
ـــ شَعْرَه: بالوں کا گچھا بنانا۔ حدیث میں ہے: "لَعَنَ اللهُ المُجَمِّماتِ من النِّساء"
ـــ الإِنَاءَ و المِكْيَالَ و نحوَهما: لبالب بھرنا۔
تَجَمَّمَ النَّبْتُ: پودے کا گنجان ہونا (۲) پیمانہ کا بھر جانا۔
اسْتَجَمَّ: اکٹھا ہونا، گھنا ہونا، بہت ہونا۔

اسْتَجَمَّ الأرْضُ: زمین پر روئیدگی کا نمودار ہونا، پودوں سے بھر جانا۔
—الإنسانُ و الفَرَسُ و غيرُهما: ستانا، تازہ دم ہونا۔
—الشيءَ: اپنی حالت پر آنے دینا۔
—البِئرَ: کنویں کو پانی سے بھرنے دینا۔
—الفرَسَ و نَفْسَه: آرام دینا۔
الجِمَامُ: آرام۔
الجُمَامُ: برتن میں بھری ہوئی چیز (۲) لبالب بھرا ہوا برتن یا پیمانہ۔
الجَمَامَةُ: آرام۔
الجَمُّ: کثیر، بہت۔ قرآن پاک میں ہے: "وَ تُحِبُّونَ المَالَ حُبًّا جَمًّا" (۲) بڑی مقدار یا بڑی تعداد ج: جِمَامٌ و جُمُوم۔ جاءُوا جَمًّا غفيرًا و جَمَّ الغفيرِ و الجَمَّ الغفيرَ: وہ بڑی تعداد میں آئے۔
الجَمَمُ: ہر بڑی مقدار والی چیز، بڑی تعداد (۲) لبالب بھرا ہوا برتن یا پیمانہ (۳) سینہ
الجَمَّاءُ: خود (۲) بڑی تعداد۔ جاءُوا الجَمَّاءَ الغفيرَ و جَمَّاءَ الغفيرِ: وہ سب بڑی تعداد میں اکٹھے ہو کر آئے۔
الجُمَّانِيُّ: بڑی لمبی زلفوں والا، بہت بالوں والا۔
الجَمَّةُ: جَمٌّ کی مونث۔ جَمَّةُ البِئرِ و نحوِها: کنویں کا وہ پانی جو نکالنے کے بعد لوٹ آئے۔ پانی سے بھرا ہوا کنواں
جَمَّةُ السَّفِينَةِ: کشتی کا وہ حصہ جس میں سوراخوں سے آنے والا پانی جمع ہو جائے۔
جاءُوا فی جَمَّةٍ: وہ دیت لینے کے لئے اکٹھے ہو کر آئے ج: جِمَام۔
الجُمَّةُ: پیشانی کے گھنے بال (۲) مونڈھوں تک لٹکی ہوئی زلفیں (۳) پانی کی بڑی مقدار ج: جُمَمٌ و جِمَام۔ کہا جاتا ہے: جاءُوا فی جُمَّةٍ: وہ دیت لینے کے لئے اکٹھے ہو کر آئے۔
الجَمُومُ: بڑی مقدار والی شے۔
بِئرٌ جَمُومٌ: بہت پانی والا کنواں۔
فرسٌ جَمُومُ العَدْوِ: مسلسل دوڑنے والا گھوڑا، بار بار دوڑنے والا۔
الجَمِيمُ: کثیر، بہت زیادہ، گھنا، گنجان، بہت زیادہ پودے جو زمین کو ڈھانپ لیں
الأجَمُّ: بے سینگ کا جانور (۲) بلا نیزہ لڑنے والا (۳) بے کنگرے والی عمارت
م: جَمَّاء ج: جُمٌّ۔
المَجَمُّ: پانی ٹھہرنے کی جگہ (۲) سینہ۔
فلان واسِعُ المَجَمِّ: کشادہ دست، فراخ دل۔
فلان ضَيِّقُ المَجَمِّ: تنگ دل، تنگ دست ج: مَجَامٌّ۔
المَجَمَّةُ: سبب راحت۔ حدیث تلبینہ میں ہے: "فإنّها مَجَمَّة" آرام کا ذریعہ ہے
الجُمَانُ: موتی (۲) چاندی کا ڈھالا ہوا موتی (۳) عورتوں کے لئے ایک طرح کا زیبائشی چمڑا جس پر موتی جڑے ہوئے ہوں
و: جُمانَةٌ۔
• جَمْهَرَ الشيءَ: اکٹھا کرنا، جمع کرنا۔
—القبرَ: قبر پر مٹی ڈال کر ڈھانک دینا، ڈھیر لگانا۔
—الكلامَ: بات کو مجمل رکھنا، واضح نہ کرنا
—له الخبرَ و إليه و عليه: تھوڑی بات بتانا اور مطلب کو چھپا لینا (۲) بات کا بیشتر حصہ بتا دینا۔
تَجَمْهَرَ عليه: کسی کے سامنے بڑا بننا۔
—الناسُ: لوگوں کا اکٹھا ہونا۔
الجُمَاهِرُ: بڑا، بھاری بھرکم۔
الجَمْهَرَةُ: ہر چیز کا بڑا حصہ، کل، مجموعہ ج: جَمَاهِر۔
الجُمْهُورُ: ہر چیز کا بڑا حصہ (۲) ریت کا ٹیلہ (۳) بیشتر، عوام، بیشتر لوگ، ہجوم، مجمع ج: جَمَاهِير۔ جَمَاهِيرُ النَّاسِ، معزز لوگ۔
الجُمْهُورَةُ: ریت کا تودہ ج: جَمَاهِير
الجُمْهُورِيُّ: عوامی، پبلک کا، سب کا، (۲) نشہ آور شراب۔
الحُكْمُ الجُمْهُورِيُّ: جمہوری حکومت عوامی حکومت۔
الجُمْهُورِيَّةُ: ری پبلک، عوامی حکومت جو ان لوگوں کے ہاتھ میں ہوتی ہے جن کو عوام منتخب کرتے ہیں اور وہ مقررہ نظام کے مطابق محدود وقت کے لئے ہوتی ہے
المُجَمْهَرُ: پیدائشی طور پر مضبوط و مستحکم۔
المُجَمْهَرَات: سات قصیدے جن کا درجہ عربوں کے یہاں سبع معلقات کے بعد ہے۔
• تَجَمَّى: جمع ہونا، اکٹھا ہونا۔ کہا جاتا ہے: تَجَمَّوا عليه۔
الجَمَا: ہر شے کی ذات (۲) جسم، سائز (۳) مقدار (۴) ابھار (۵) پشت (۶) زمین پر ابھرا ہوا پتھر (۷) بدن پر نمایاں ورم۔
الجُمَاءُ: الجَمَا۔
الجُمَاءَةُ: الجَمَاء۔

ج ــــ ن

• جَنَأَ ـَ جُنُوءًا: کبڑا ہونا، جھکا ہوا ہونا۔
—عليه: کسی پر اوندھا ہو جانا۔
—فی عَدْوِه: تیزی سے چل کر اوندھا ہو جانا
جَنِئَ ـَ جَنَأً: کبڑا ہونا (پیدائشی طور پر)
—الكَبْشُ و نحوُه: مینڈھے وغیرہ کے سینگوں کا پیچھے کی طرف مڑا ہوا ہونا
هو أجْنَأُ و هي جَنْآءُ ج: جُنْءٌ
أجْنَأَ عليه: کسی پر اوندھا ہونا۔
—الشيءَ: موڑنا، ٹیڑھا کرنا۔
جَانَأَ عليه: اوندھا ہونا۔
اجْتَنَأَ عليه: اوندھا ہونا۔

تَجَانَأَ علیه: اوندھا ہونا۔
الأَجْنَأُ: کبڑا (۲) جس کا مونڈھا سینہ پر جھکا ہوا ہوا۔
المُجْنَأُ: ڈھال۔
المُجْنَأَۃُ: قبر کا گڑھا۔
•جَنَبَ فُلانٌ فی بنی فلانٍ ـُ جَنَابَۃً: کسی کے پاس مسافر بن کر ٹھیرنا۔
— الرِّیحُ جُنوبًا: جانب جنوب سے ہوا چلنا یا جانب جنوب جانا۔ کہتے ہیں: جَنَبَتْ ریحُھما: وہ دونوں باہم متفق اور مخلص ہیں۔
— الیه جَنَبًا: مشتاق ہونا۔
— الشیءَ: بچنا، دور ہونا (۲) بچانا، الگ رکھنا، دھکا دینا۔
— فلانا: پہلو پر مارنا، پہلو کو توڑنا۔
— البَعِیرَ: اونٹ کے پہلو پر داغ لگانا۔
— البَیتَ و نحوَہ جَنْبًا: گھر پر پردہ ڈالنا۔
— الأَرضَ: کھرپے یا بیلچے سے زمین کو برابر کرنا۔
— الفرسَ او الأسیرَ جَنَبًا: اپنی برابر لے کر چلنا، ایک پہلو سے ہانکنا۔
— فلانا الشیءَ جَنْبًا و جُنوبًا و جَنابَۃً: بچانا، الگ رکھنا۔ قرآن پاک میں ہے: "واجْنُبْنِي و بَنِيَّ أَنْ نَعْبُدَ الأَصْنامَ"
جَنِبَ ـَ جَنَبًا: دور ہونا، الگ ہونا (۲) پہلو کے درد میں مبتلا ہونا (۳) پہلو کی طرف جھکنا (۴) لنگڑا کر چلنا (۵) شدت پیاس سے تڑپنا (۶) بے چین ہونا۔
— الیه: مشتاق ہونا۔ هو جَنِبٌ۔
— الرِّیحُ: جانب جنوب سے یا جنوب کی طرف ہوا چلنا۔
— فلانٌ: جنبی ہونا، ایسی حالت (ناپاکی) میں ہونا کہ غسل فرض ہو۔
جَنُبَ ـُ جَنَابَۃً: دور ہونا (۲) قریب ہونا
هو جَنِیبٌ (۳) جنبی ہونا۔
جُنِبَ: پہلو کے درد میں مبتلا ہونا (۲) نمونیا میں مبتلا ہونا (۳) جنوبی ہوا لگنا۔ کہتے ہیں: جُنِبَ القومُ او الزَّرعُ: لوگوں یا کھیتی کو جنوبی ہوا لگی۔ هو مَجْنوبٌ۔
أَجْنَبَ عنه: دور ہو جانا، دور رہنا۔
— الرجلُ: جُنبی ہونا (۲) جنوبی ہوا کی زد میں آنا۔
— الرِّیحُ: جانب جنوب سے ہوا آنا یا جانا
— فلانًا الشیءَ: الگ کرنا، ہٹانا، بچانا۔
جَانَبَه: کسی کے پہلو میں چلنا (۲) دور کرنا۔ کہاوت ہے: قد جانَبَ الرَّوْضَ و أَهْوَی لِلجَرَلِ۔ اس شخص کو کہا جاتا ہے جس نے خیر کو چھوڑ کر شر کو اختیار کیا ہو۔
جَنَّبَ القومُ: لوگوں کے جانوروں کا دودھ خشک ہو جانا اور قحط میں مبتلا ہو جانا۔
— الشیءَ او الفرسَ: پہلو میں (برابر میں) چلنا۔
— فلانا الشیءَ: دور رکھنا۔
اِجْتَنَبَ الشیءَ: بچنا، دور رہنا، پہلوتہی کرنا، کنارہ کش ہونا۔
— الفرسَ و نحوَہ: پہلو کی طرف سے کھینچنا۔
— الرَّجُلُ و المرأۃُ: جنبی ہونا۔
تَجَانَبَ الغِلمانُ: بچوں کا آنکھ مچولی کھیلنا۔
— الشیءَ: بچنا، دور رہنا، پہلوتہی کرنا، گریز کرنا۔
تَجَنَّبَ: جنبی ہونا۔
— الشیءَ: بچنا، گریز کرنا، پہلوتہی کرنا، کنارہ کش ہونا۔ هو مُتَجَنِّبٌ له۔
اِسْتَجْنَبَ: جنبی ہونا۔
الأَجْنَبُ: پرایا، غیر (۲) نافرمان ج: أَجَانِب
الأَجْنَبِیُّ: پرایا، غیر، بے تعلق، بے خبر (۲) غیر ملکی (۳) پردیسی ج: أَجَانِب۔ کہتے ہیں: هو أَجْنَبِیٌّ من هذا الأَمْرِ: وہ اس معاملہ سے لاتعلق ہے، ناواقف و بے خبر ہے۔
الجَانِبُ: پہلو (۲) سمت (۳) گوشہ۔ کہتے ہیں: إنْ جانِبٌ أَعْیاكَ فَالْحَقْ بِجَانِبٍ: یعنی اگر کام کی کسی ایک جہت سے تم ناامید ہو گئے ہو تو جتی سے کام لو دوسری جہت میں مصروف عمل ہو جاؤ (۴) گھر کا صحن، محلہ کا چوک ج: جَوَانِب۔ إِنَّهُ لَمُنْتَفِخُ الجَوَانِبِ: وہ مغرور ہے (۵) پردیسی، پرایا (۶) حقیر جس سے گریز کیا جائے (۷) سرکش ج: جُنَّابٌ (۸) عمارت کا حصہ (۹) مقدار (۱۰) حیثیت۔
جانِبٌ عظیم: بڑی حیثیت، زبردست قدر و منزلت۔
رقیقُ الجانب: نرم مزاج، رحم دل۔
عظیم الجانب: بلند رتبہ، بلند حیثیت
متعدِّدُ الجوانب: متعدد گوشوں والا
الجانِبِیُّ: یک طرفی، بغلی، پہلو دار۔
الجَنَابُ: گوشہ۔ کہتے ہیں: مَرُّوا یَسِیرُونَ بِجَنَابَیْهِ: وہ اس کے دونوں حصوں سے گزر رہے (۲) گھر کا صحن (۳) محلہ (۴) حفاظت
کہتے ہیں: انا فی جَنابِ فُلانٍ: میں فلاں کی حفاظت و کفالت میں ہوں۔ فلان رَحْبُ الجَنابِ و خَصِیبُ الجنابِ: سخی ج: أَجْنِبَۃٌ (۵) لقب تعظیمی۔ جَنابُکم: آپ، آنجناب۔
الجُنَابُ: پہلو کا درد یا پھوڑا، نمونیا۔
الجِنَابُ: گھوڑے کا تسمہ یا ڈوری۔
فَرَسٌ طوعُ الجِنابِ: فرماں بردار گھوڑا۔
الجُنَابَی: ایک کھیل جس میں ایک بچہ دوسرے سے الگ رہنے کی کوشش کرتا ہے تاکہ وہ اسے پکڑ نہ سکے۔

الجَنَاباءُ : الجُنابَى ۔ آنکھ مچولی جیسا کھیل۔
الجَنَابَةُ: ناپاکی کی حالت، جماع یا خروج منی کے باعث پیدا ہونے والی حاجت غسل۔ کہتے ہیں: فلانٌ اغْتَسَلَ مِن الجَنَابَةِ۔ (۲) گوشہ۔ کہتے ہیں: مَرُّوا يَسِيْرُوْن جَنَابَتَيْه و قعدوا جَنَابَتَيْه: اس کے اردگرد چلے یا بیٹھے۔
الجَنْبُ : پہلو، سمت، گوشہ، کنارہ (۲) بدل و مقابلہ، سلسلہ۔ کہتے ہیں: هذا قليل فی جَنْبِ مَوَدَّتِكَ، ما ذا فَعَلْتَ فی جَنْبِ حَاجَتِی۔ قرآن پاک میں ہے: "يَاحَسْرَتَا على ما فَرَّطْتُ فی جَنْبِ اللّٰهِ" ہائے افسوس اس کوتاہی پر جو میں نے اللہ کے حق کے سلسلہ میں کی ج: جُنُوبٌ و أَجْنَابٌ۔
جَارُ الجَنْبِ : پہلو بہ پہلو رہنے والا۔
الصَّاحِبُ بالجَنْبِ : سفر و حضر کا ساتھی رفیق، ہمدم۔
أَعْطَاهُ الجَنْبَ : تابع و فرماں بردار ہونا
ذو الجَنْبِ : جس کے پہلو میں درد ہو۔
ذَاتُ الجَنْبِ : نمونیا۔
جَنْبًا لِجَنْبٍ : پہلو بہ پہلو۔
على جَنْبٍ : ایک طرف، علیحدہ۔
الجَنَبُ : پست قامت (۲) گھوڑ دوڑ میں گھوڑے سوار کا اپنے گھوڑے کے پہلو میں دوسرا گھوڑا رکھنا کہ وہ پہلا سست پڑ جائے تو دوسرے کو دوڑائے۔
الجُنُبُ : دور۔ قرآن پاک میں ہے: "فَبَصُرَتْ بِه عن جُنُبٍ وهُمْ لا يَشْعُرُوْنَ" (۲) نزدیک (ضد) (۳) پردیسی پڑوسی میں قیام کرنے والا۔ (جَارُ الجُنُبِ وجَارٌ جُنُبٌ) رفیق سفر (۴) سرکش، نافرمان (۵) جُنبی جس پر غسل فرض ہو (اس میں مفرد و جمع اور مذکر و مؤنث سب برابر ہیں) ج: أَجْنَابٌ۔

الجَنْبَةُ : کسی چیز کا کنارہ، گوشہ (۲) پرہیز، علیحدگی۔ حدیث میں ہے: "عليكم بالجَنْبَةِ فانّها عفافٌ" (۳) پتوں دار اور شاداب درخت (۴) درختوں اور سبزیوں کے درمیان اگنے والی گھاس۔
الجَنَبَةُ : کنارہ، گوشہ۔
الجُنَبَةُ : بہت بچنے والا، بہت گریزاں۔
الجُنَّابُ : پہلو بہ پہلو رہنے والا ساتھی۔
الجَنَّابِيَّةُ : کھاڑی جو راستے کے دائیں بائیں ہوتی ہے۔
الجَنُوبُ : جانب جنوب مقابل شمال (۲) جنوبی ہوا۔ ريحُهما جَنُوبٌ: یعنی وہ دونوں خالص دوست ہیں۔
الجَنِيبُ : گھوڑے وغیرہ کے برابر لے جایا جانے والا (۲) الگ رکھا جانے والا (۳) مخلص دوست (۴) فرماں بردار (۵) لنگڑا کر چلنے والا، (۶) پردیسی (۷) کھجور کی ایک عمدہ قسم (۸) نمونیا کا مریض ج: جُنُبٌ۔
الجَنِيبَةُ : کوتل گھوڑا، لگام سے کھینچا جانے والا جانور (۲) وہ اونٹنی جو کسی کو اس لئے دی جائے کہ وہ اس کے مالک کے لئے اس پر بیٹھ کر کھانا وغیرہ لائے ج: جَنَائِبُ۔
أَطَاعَتْ جَنِيبَتُه : فرماں بردار ہونا (۲) اونٹ کے برابر میں لدا ہوا بوجھ۔ یہ دو ہوتے ہیں (جَنِيبتان) کہا جاتا ہے۔ فلانٌ تُقَادُ الجَنَائِبُ بين يَدَيْه : یعنی وہ بہت بڑا آدمی ہے۔
المَجْنَبُ : بہت بھلائی یا برائی بہت خیر و شر ج: مَجَانِبُ۔
المِجْنَبُ : المَجْنَبُ (۲) پردہ (۳) ڈھال (۴) دو ملکوں کی سرحد (۵) کھرپا جس سے مٹی صاف کی جائے، کدال ج: مَجَانِبُ
المُجَنِّبَةُ : فوج کا ہراول دستہ۔
المُجَنَّبَةُ : من الجيش: فوج کا دایاں یا بایاں بازو (هما مُجَنِّبَتَان) حدیث میں ہے: "انّه صلى اللّٰه عليه وسلم بَعَثَ خالِدَ بن الوليد يومَ الفتحِ على المُجَنِّبَةِ اليُمْنَى والزبيرَ على المُجَنِّبَةِ اليُسْرَى"۔
المُجَانِبُ : کنارہ کش، علیحدہ۔
المُجَانَبَةُ و التجنُّبُ و الاجتِنَابُ : کنارہ کشی۔

• تَجَنَّثَ : غیر قوم میں سے ہونے کا دعویٰ کرنا (۲) چھپانے کے لئے کسی چیز پر لیٹ جانا۔
ــــ الطائرُ : پرندہ کا بازو پھیلا کر بیٹھنا۔
ــــ عليه : کسی سے محبت کرنا، کسی پر شفقت کرنا۔
الجِنْثُ : تلاہٹ (۲) جنس یعنی قوم یا نسب (۳) درخت کا تنا ج: أَجْنَاثٌ و جُنُوثٌ۔
الجِنْثِيُّ : لوہار (۲) عمدہ قسم کا لوہا (۳) تلوار (۴) زرہ ج: أَجْنَاثٌ۔
• الجِنْجِنُ : سینے کی ہڈی ج: جناجِن۔
الجَنْجَنَةُ و الجِنْجِنَةُ : الجِنْجِنُ ج: جناجِن۔
الجُنْجُونُ : الجِنْجِنُ ج: جناجين
• جَنَحَ ـَ جَنْحًا و جُنُوحًا : جھکنا، ایک پہلو پر جھکنا۔
ــــ اليه وله : مائل ہونا، کسی کے ساتھ لگنا۔
ــــ السَّفِيْنَةُ : کشتی کا تھوڑے پانی میں زمین سے لگ جانا۔
ــــ الطائرُ : اترتے وقت پرندہ کا بازو ٹوٹ جانا۔
ــــ الرَّجُلُ : فرماں بردار ہونا۔
ــــ اللَّيلُ : رات کا آنے یا جانے کے قریب ہونا۔
ــــ الحيوانُ فی سَيرِه : تیز دوڑتے وقت جانور کا گردن کو آگے کی طرف جھکانا۔

جَنَحَ الظَّلامُ: تاریکی کا آنے یا جانے کے قریب ہونا۔
— علی مِرْفَقَیه فلانٌ: کہنیوں کو زمین پر رکھ کر سہارا لینا یا تکیہ پر کہنیاں رکھ کر سہارا لینا۔
— علی الشیءِ: کسی شے پر اس طرح جھکنا کہ سینہ اس کے قریب ہو جائے اور دونوں ہاتھ اس پر مصروف ہوں۔
— ان یأکل کذا: کسی شے کے کھانے کو گناہ سمجھنا۔
— الطائرَ وغیرَہ جَنْحًا: بازو پر مارنا یا بازو توڑ دینا۔
جُنِحَ: بازو ٹوٹ جانا، پسلی ٹوٹ جانا۔
أَجْنَحَ الشیءَ: جھکانا، مائل کرنا۔
جَنَّحَه: بازو لگانا۔
جَنَّحَ الرجُلَ: الزام لگانا، گناہ کی طرف منسوب کرنا۔
— المخالفةَ او الجنایةَ: خلاف ورزی یا جرم کو قابل سزا سمجھنا، گناہ سمجھنا۔
اِجْتَنَحَ الإنسانُ: بازو ٹوٹ جانا، پسلی ٹوٹ جانا۔
— السَّفینةُ: کشتی کا زمین سے لگ جانا۔
— الرَّجُلُ علی رَحْلِه: دونوں ہاتھوں پر اوندھا ہو کر تکیہ کی طرح سہارا لینا۔ حدیث میں ہے: "مَرِضَ رَسُولُ اللّٰه صَلَّی اللّٰه علیه وسَلَّم فوجد خِفَّةً فاجْتَنَحَ علی اُسامةَ حتی دخلَ المَسْجِدَ"
— فی السُّجُود: سجدہ میں ہتھیلیاں ٹیک کر بازو اٹھا لینا اور پہلوؤں سے الگ رکھنا۔
— الحیوانُ فی سَیرِہ: ایک پہلو پر جھکنا۔
— الشیءَ: جھکانا۔
تجنَّحَ: مُطاوِع جَنَّحَ۔
— فی السُّجود: سجدہ میں ہتھیلیاں زمین پر رکھنا اور بازو اوپر اٹھا لینا۔

اِسْتَجْنَحَ اللیلُ: رات آ جانا۔
— فلانا: مائل کرنا، مہربان کرنا۔
الجانِحُ: پہلو، جانب، سائڈ ج: جَوانِح۔
الجانِحَةُ: سینہ کے قریب چھوٹی پسلی ج: جَوانِح۔
الجَنَاحُ: بازو، پہلو (۲) شانہ (۳) بغل (۴) عمارت کا حصہ جیسے جَناحُ القَصْرِ (۵) مجموعہ، سیٹ (۶) ہر وہ شے جو جوڑائی میں ترتیب سے لگائی جائے (۷) فٹ بال کے گیارہ کھلاڑیوں میں سے ایک۔ یہ أَیمن اور أَیسر دو جناح ہوتے ہیں سائڈر (۸) پناہ گاہ ج: أَجْنِحَة و أَجْنُحٌ۔ قرآن پاک میں ہے: "اُولی أَجْنِحَةٍ مَثْنٰی و ثُلاثَ ورُباعَ"
جَناحا الرَّحَی: چکی کے دو پاٹ۔
— النَّصْلِ: پھلکے کی دو دھاریں۔
— العَسْکرِ: لشکر کے دو بازو۔
— الوادی: وادی کے دو نالے۔
فلانٌ فی جَناحِ فُلانٍ: وہ فلاں کی حفاظت میں ہے۔
هو علی جَناحِ سَفَرٍ: سفر کے لئے تیار۔
رَکِبَ جَناحَیْ طائرٍ: وطن سے جدا ہونا۔
رَکِبَ جَناحَیْ نَعامَةٍ: کسی کام کی کوشش کرنا اور اس کا اہتمام کرنا۔
هو فی جَناحَیْ طائرٍ: وہ پریشان ہے۔
خَفَضَ له جَناحَه: کسی کے سامنے عاجزی اختیار کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "واخْفِضْ لَهُما جَناحَ الذُّلِّ من الرَّحْمَةِ"
مُفَصَّلَة بِجَناحٍ: کوارٹر کا لمبا قبضہ۔
فُلان مَقصُوصُ الجَناح: عاجز و بے بس۔
الجُناحُ: گناہ، جرم، گناہ کا رجحان (۲) غم و صدمہ (۳) کسی شے کا مجموعہ یا حصہ۔

أنا إلیك بِجُناحٍ: میں تمہارا بہت مشتاق ہوں۔
الجَناحِیَّةُ: غالی شیعوں کا ایک گروہ جو عبداللہ ابن معاویہ ابن عبداللہ ابن جعفر ذوالجناحین کا ہم نوا ہے۔
الجِنْحُ: گوشہ (۲) پناہ (۳) کنارہ (۴) حصہ۔
— من اللیلِ: رات کا ایک حصہ (۲) رات کی تاریکی۔
تَحْتَ جِنْحِ الظَّلامِ: رات کی سخت تاریکی میں۔
— من الطریقِ: راستہ کی ایک جانب، کنارہ۔
الجُنْحُ من اللیلِ: رات کا ایک حصہ۔
الجُنْحَةُ: مجرمانہ فعل، قابل سزا جرم۔
المَجْنَحَةُ: پالان کے اگلے حصہ پر ڈالا جانے والا چمڑا ج: مَجانِح۔
المُجَنَّحُ: بازو دار۔
• جَنَّدَ الجُنُودَ: فوج بھرتی کرنا، فوج کو اکھٹا کرنا۔
— فلانا: فوج میں بھرتی کرنا، سپاہی بنانا
تجَنَّدَ: بھرتی ہونا، سپاہی بننا (۲) فوج بنانا
الجُنادِیُّ: وہ کپڑے جو دیوار پر لگائے جائیں (۲) غالیچہ کی ایک قسم۔ حضرت سالمؓ کی حدیث میں ہے: "سَتَرْنا البَیْتَ بِجُنادِیٍّ أَخْضَرَ فدخَلَ ابو ایّوبَ، فلما رآہ خرَجَ إنکارًا له"
الجُنْدُ: فوج، لشکر (۲) اعوان و انصار ج: أَجْناد و جُنُود۔
الجَنَدُ: سخت زمین (۲) مٹی جیسا پتھر، ٹھیکرا۔
الجُنْدِیُّ: فوجی سپاہی ج: جُنْد۔
الجُنْدِیَّةُ: فوجی ملازمت، سپاہ گری، فوجی نظام
التَّجْنِید: بھرتی، فوجی بھرتی (۲) یکجائیت۔
تَجْنِید اجْبارِیّ: لازمی بھرتی۔
— العُمّالِ و الصُّنّاعِ: مزدوروں اور

کاریگروں کی بھرتی۔
تَجْنِیدُ الطّاقات: صلاحیتوں کا استعمال، توانائیوں کا استعمال۔
• الجُنْدُبُ: ایک قسم کی ٹڈی جو آواز نکالتی ہے اچھلتی اور اڑتی ہے ج: جَنادِب
عربوں کی کہاوت ہے: صَرَّ الجُنْدُبُ یعنی معاملہ سخت اور تشویشناک ہو گیا۔
أُمُّ جُنْدُب: دھوکا اور ظلم۔ کہتے ہیں: رَكِبَ أُمَّ جُنْدُبٍ: دھوکہ دیا یا ظلم کیا۔
وَقَعَ بِأُمِّ جُنْدُب: ظلم کرنا اور غیر قاتل کو قتل کرنا۔
الجِنْدَب: الجُنْدُبُ۔
• جَنْدَرَ الثَّوبَ ونَحوَه: کپڑے وغیرہ کی چمک دمک بحال کرنا (۲) لکڑی کی مشین سے کپڑے کو صاف کرنا اور پھیلانا۔
ـــ الکتابَ: کتاب کے مٹے ہوئے حرفوں پر قلم پھیر کر ابھارنا۔
الجَنْدَرَةُ: لکڑی کی مشین جس سے کپڑوں کو صاف کیا جاتا ہے اور سلوٹیں نکالی جاتی ہیں
• جَنْدَفْلِي: دیکھئے ج، م، ح، ل۔
• جَنْدَلَه: پچھاڑنا۔
• الجُنادِلُ: مضبوط و باعظمت آدمی ج: جَنادِل
الجَنْدَلُ: نہر کے بہاؤ کی وہ جگہ جہاں پتھر ہوتے ہیں اور پانی زور سے بہتا ہے۔
کہاوت ہے: جَنْدَلَتانِ اصْطَكَّتا: دو ہم پلہ آدمی ٹکرا گئے (۲) چٹان ج: جَنادِل
• الجُنّارُ: چنار کا درخت۔
• جَنَزَ الشيءَ ـِ جَنْزًا: چھپالینا، ڈھانپ لینا، اکٹھا کرنا۔
ـــ المَيِّتَ: میت کو چارپائی پر رکھنا، تابوت میں رکھنا، مردہ پر نماز پڑھنا۔ جُنِزَ: مرنا، جنازہ نکالنا۔
جَنَّزَ المَيِّتَ: جَنَزَ۔
الجِنازَةُ: مردہ (۲) مردہ کا تابوت یا چارپائی، جنازہ (۳) اندوہناک بات۔ کہاوت ہے: ضُرِبَ حتى تُرِكَ جِنازَةً۔ وطُعِنَ في جِنازَتِه: مرجانا ج: جَنائِز
الجَنائِزِيُّ: جنازہ کے سامنے قرأت کرنیوالا۔
اللَّحْنُ الجَنائِزِيُّ: جنازہ کے سامنے بجائی جانے والی دھن۔
الجُنّازُ: نماز جنازہ یا جنازہ کا جلوس۔
• الجَنْزِيرُ: زنجیر۔
جَنْزَرَ الشيءُ: زنگ لگنا۔
ـــ الشيءَ: زنجیر میں جکڑنا۔
الجِنْزارُ: زنگار (تانبے وغیرہ کا)
الجِنْزارِيُّ: زردی مائل نیلا۔
• جَنِسَتِ الرُّطَبَةُ ـَ جَنَسًا: کھجور کا خوب پک جانا کہ وہ سب ایک جنس معلوم ہونے لگیں۔
جَنِسَ الماءُ ونَحوُه ـَ جَنَسًا: پانی وغیرہ کا جم جانا۔
جانَسَه: ہم جنس ہونا، ہم شکل ہونا، ہم قوم ہونا، ہم نشیں ہونا، بے تکلف ہونا۔
جَنَّسَ الأشياءَ: الگ الگ قسمیں بنانا (۲) ہم جنس و ہم شکل بنانا، جنس بنانا
تَجَنَّسَ: جنس بن جانا، نوع یا قسم میں داخل ہونا، قومیت اختیار کرنا۔
تَجانَسا: دونوں کا یکساں ہونا، ہم شکل و ہم نوع ہونا، ہم قوم ہونا، باہم مشابہ ہونا۔
التَّجْنِيسُ: تجنيس الكُسُور: علم ریاضی میں حسابی کسور کو ایسی کسور میں منتقل کرنا جن کا مقام ایک ہو۔
التَّجانُسُ: مشابہت، ہم قومیت، ہم نوعیت
الجِناسُ: علم بدیع کی اصطلاح میں دو لفظوں کا تمام یا اکثر حرفوں میں یکساں ہونا اور معنی کے لحاظ سے الگ الگ ہونا۔
الجِنْسُ: اصل، نوع، قسم، صنف (۲) قوم (۳) منطق کی اصطلاح میں وہ کلی ہے جو ایسے بہت سے افراد پر بولی جائے جن کی اصل مختلف ہو وہ نوع کے مقابلہ میں عام ہے۔ جیسے حیوان کہ وہ جنس ہے اور اس کے تحت انسان نوع ہے (۴) علم الاحیاء میں انسان کی ہر دو صنفوں مذکر و مؤنث کو کہا جاتا ہے، پس مرد ایک صنف ہے جس کے مقابلہ میں عورت دوسری صنف ہے (۵) نر اور مادہ کا جنسی ملاپ، جفتی ج: أجْناس وجُنُوس۔
الجِنْسِيُّ: جنس یا قسم یا قوم کی طرف منسوب قومیت سے متعلق۔
الجِنْسِيَّةُ: قومیت، حق شہریت، نیشنلٹی، خواہ اصل ہو یا حاصل کردہ یہ ایک قانونی حق شہریت اور تعلق ہے جو کسی فرد کو کسی ملک کے ساتھ حاصل ہوتا ہے، اصلاً ہو یا حاصل کیا ہوا ہو۔
الجِنِّيسُ: ایک مچھلی جس کا رنگ سفید و زرد ہو
الجَنِيسُ: قدیم شہری، پرانا ملکی، اپنی جنس میں اصل
المُتَجانِسُ: ہم شکل، ایک نوع کا۔
المُجانِسُ: مشابہ، بے تکلف، ہم نشین۔
المُجانَسَةُ: مشابہت، یکسانیت، ہم نشینی۔
• جَنَشَ إليه ـُ جَنْشًا: متوجہ ہونا (۲) کودنا۔
ـــ منه: گھبرانا۔
• جَنَصَ: ڈر کر بھاگنا۔
ـــ ببَصَرِه: گھورنا۔
ـــ به: بھر جانا۔
• جَنَفَ ـِ جُنُوفًا: الگ ہونا (۲) ظلم کرنا۔
ـــ عليه وعنه: الگ ہونا۔
ـــ فيه: ظلم کرنا، زیادتی کرنا۔
ـــ عليه: دوکاندار کا کسی سے زیادہ قیمت مانگنا ناک میں دم کرنا۔
ـــ عن الطَّريق: راستہ سے ہٹنا۔
جَنِفَ ـَ جَنَفًا: جَنَفَ۔ قرآن پاک میں ہے: "فَمَنْ خافَ من مُوصٍ جَنَفًا"

اوإثمًا فأصلح بينهم فلا إثم عليه" هو جَنِفٌ۔

جَنِفَ الرَّجُلُ: ایک پہلو کا دوسرے سے الگ ہونا، ہٹ جانا (۲) کبڑا ہونا۔ ھو أَجْنَفُ وھی جَنْفاء ج: جُنْفٌ۔

أَجْنَفَ: زیادتی کرنا (۲) الگ ہونا۔

ــ فلانًا: کسی کے ساتھ فیصلہ میں زیادتی کرنا۔

جَانَفَ القومَ: الگ تھلگ رہنا، قطع تعلق کرلینا۔

لَجَّ فی جِنافٍ قبیحٍ: اہل وعیال سے قطع تعلق کرلینا۔

تَجَانَفَ لہ: مائل ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "فمن اضطرّ فی مخمصۃٍ غیر متجانفٍ لإثمٍ فإنّ اللہ غفورٌ رحیمٌ"

ــ عنہ: الگ ہونا۔

ــ لہ والیہ: مائل ہونا۔

ــ فی مِشْیَتِہ: اکڑ کر چلنا، مٹک کر چلنا۔

الأَجْنَفُ: کبڑا، کوزپشت م: جَنْفاءُ ج: جُنْفٌ۔

قَدَحٌ أَجْنَفُ: بڑا پیالہ۔

الجُنافِیُّ: اکڑ کر چلنے والا، مٹک کر چلنے والا۔

الجَنَفُ: ظلم، زیادتی۔

المُجْنِفُ: خَصْمٌ مُجْنِفٌ: ظالم دشمن۔

•جنقہ ـِ جَنْقًا: منجنیق سے حملہ کرنا۔ ھو جانِقٌ۔

جَنَّقَہ: جَنَقَہ۔

الجَنَّقُ: منجنیق چلانے والے (۲) منجنیق سے پھینکے جانے والے پتھر۔

المَنْجَنِيقُ: پتھر پھینکنے کی مشین، آلہ ج: مَنْجَنِيقات ومَجانِق ومَجانيق۔

•الجُنْكُ: طنبور، ایک قسم کا باجا، جھانجھ۔

الجُنْكِيُّ: جھانجھ (باجا) بجانے والا۔

جَنَّكَ: لڑائی کا زوروں پر آجانا۔

•جَنَّ ـُ جَنًّا: چھپنا۔

ــ اللیلُ ـُ جِنًّا وجُنونًا وجِنانًا: تاریک ہونا۔

جَنَّ الظلامُ: اندھیرا سخت ہوجانا۔

ــ الشیءَ وعلیہ: ڈھانپنا، چھپانا۔ قرآن پاک میں ہے: "فلمّا جنّ علیہ اللیلُ رأى کوکبًا"

ــ المیّتَ: کفن دینا، قبر میں رکھنا۔

جُنَّ جَنًّا وجُنونًا وجِنّۃً ومَجَنّۃً: عقل زائل ہونا، دیوانہ ہوجانا۔ جُنَّ جُنونُہُ: وہ بالکل پاگل ہوگیا۔

ــ بہ ومنہ: انتہائی حیرت زدہ ہوناکہ پاگل سا ہوجائے۔

أَجَنَّ: بمعنی جَنَّ۔

ــ الشیءُ عنہ: چھپ جانا۔

أَجَنَّتِ المرأۃُ جَنینًا: عورت کے پیٹ میں بچہ ہونا۔

أَجَنَّ الشیءَ: چھپانا۔

ــ فلانًا: دیوانہ بنادینا۔

ــ المیّتَ: کفن دینا، قبر میں رکھنا۔ حدیث میں ہے: "ولِیَ دفنَ رسولِ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وإجنانَہ علیٌّ والعبّاسُ"

ــ اللہُ فلانًا: پاگل بنادینا۔

ــ الشیءَ صدرُہ: دل میں چھپانا۔

جَنَّنَہ: بمعنی أَجَنَّہ (۲) برہم کرنا۔

اِجْتَنَّ: چھپنا، پوشیدہ ہونا۔

تَجانَّ وتَجانَنَ: دیوانگی ظاہر کرنا، پاگل بننا۔ تجانّ علیہ بھی کہا جاتا ہے۔

تَجَنَّنَ: جَنَّنَ کا فعل مطاوع۔ چھپ جانا، دیوانہ ہوجانا، دیوانہ بن جانا۔ قبر میں اترنا، کفن پہننا۔ تجنّن علیہ بھی کہا جاتا ہے۔

استجنَّ: پاگل سمجھنا (۲) چھپ جانا۔ استجنّ بہ وفیہ واستجنّ منہ بھی کہا جاتا ہے۔

التَّجْنِینُ: جناتی کلام کہتے ہیں: ھو ینطِق بالتَّجنین: وہ جناتی کلام کرتا ہے۔ عجیب وغریب اور وحشت ناک باتیں کرتا ہے۔

الجانُّ: جن۔ قرآن پاک میں ہے: "لم یطمثهنّ إنسٌ قبلهم ولا جانٌّ" (۲) ایک قسم کا سفید وزردی مائل سانپ جو کاٹتا نہیں۔ قرآن پاک میں ہے: "فلمّا رآها تهتزّ کأنّها جانٌّ ولّی مدبرًا" ج: جِنّان وجَوانّ۔ حدیث شریف میں ہے: "ان فیها جِنّانًا کثیرًا"

الجَنانُ: ہر شے کا جوف، اندرونی حصہ (۲) دل ج: أَجْنانٌ۔ کہاوت ہے: اذا قرح الجَنانُ بکت العینانِ: جب دل زخمی ہوجاتا ہے تو آنکھیں روتی ہیں (۳) پوشیدہ بات (۴) پردہ، آڑ۔

جَنانُ النّاسِ: بہت سے لوگ جو کسی کے لئے آڑ بن جائیں۔

جَنانُ اللیلِ: سخت تاریکی۔

الجِنُّ: انسان کے بالمقابل پوشیدہ مخلوق و: جِنّیٌّ م: جِنّیّۃٌ۔ کہتے ہیں: بات فلانٌ ضیفَ جِنٍّ: فلاں نے ویران جگہ رات گزاری۔

ــ من کلّ شیءٍ: ہر شے کی ابتدا، شدت، چستی۔

جِنُّ الشَّبابِ: چڑھتی جوانی، عنفوان شباب۔

ــ النَّبات: نباتات کا پھول یا کلی۔

ــ اللیل: تاریکی۔

ــ النّاس: لوگوں کی جماعت۔

الجَنَنُ: پردہ، آڑ (۲) قبر (۳) کفن (۴) پوشیدہ چیز (۵) مردہ ج: أَجْنانٌ۔

الجَنَّۃُ: باغ جس میں کھجور اور دیگر قسم کے درخت ہوں مطلقًا باغ (۲) جنت، آخرت کی نعمتوں کا گھر، مومنوں کا ٹھکانا ج: جِنان۔

الجِنَّۃُ: جنون، دیوانگی، آسیب کا اثر۔ قرآن پاک

میں ہے "أمّ به جِنّة" (۲) جن۔ قرآن پاک میں ہے: "من الجِنّةِ و النّاس" (۳) جنوں کی ایک جماعت (۴) ہر شے کا ابتدائی حصہ۔

الجُنّةُ: ڈھال (۲) ڈھانکنے کی چیز (۳) نقاب (۴) ذریعہ حفاظت۔ جیسے کہتے ہیں: الصَّومُ جُنّة بروزہ خواہشات نفسانی سے بچنے کا ذریعہ ہے ج: جُنَنٌ۔

الجُنُونُ: دماغی خلل، دیوانگی، بیوقوفی (۲) جوش (۳) جُنون فی أمرمن الامور کسی ایک کام کی دھن، لگن۔

جُنونِيٌّ: دیوانہ، دیوانہ وار۔

الجَنِينُ: قبر (۲) پوشیدہ چیز (۳) رحم مادر میں رہنے والا بچہ۔ اصطلاح اطبا میں حمل کا وہ ابتدائی تخم جو آٹھویں ہفتہ تک رہتا ہے پھر حمل کہلاتا ہے، علم الاحیا میں دانہ میں پیدا ہونے والی پہلی روئیدگی ج: أَجِنّة و أَجْنُنٌ۔

الجَنِينَةُ: عورت کی کوٹ نما پوشاک۔

الجُنَيْنَةُ: باغیچہ ج: جُنَيْنَات۔

جُنَيْنَةُ الحيوانات: چڑیا گھر۔

المِجَنُّ: ڈھال۔ قَلَبَ فُلانٌ مِجَنَّه: شرم وحیا کو بالائے طاق رکھ کر من مانی کرنا۔ قَلَبَ لَه ظَهرَ المِجَنّ: دوستی کے بعد کسی سے دشمنی کرنا (۲) کمان ج: مَجَانٌّ۔

المِجَنّةُ: ڈھال ج: مَجَانٌّ۔

المَجَنّةُ: جنون، دیوانگی، بے عقلی (۲) چھپنے کی جگہ (۳) وہ زمین جہاں جنات زیادہ ہوں ج: مَجَانٌّ۔

المَجْنُونُ: دیوانہ، پاگل، بے وقوف ج: مَجانِين۔

المَجْنُونَةُ: کھجور کا بہت زیادہ لمبا درخت (۲) پاگل و دیوانی عورت ج: مَجانِين۔

•جَنَى ـِ جِنَايَةً: جرم کرنا، گناہ کرنا۔

—— على نَفْسِه: اس نے اپنے حق میں برا کیا۔

جَنَى على قومه: اس نے اپنے لوگوں کے حق میں جرم کیا، ان کو اپنے جرم سے نقصان پہنچایا۔

جَنَى الذَّنْبَ على فُلان: کسی کو آمادۂ گناہ کرنا، جرم میں ملوث کرنا۔

جَنَى الثَّمَرَةَ و نحوَها جَنًى وجَنْيًا: پھل توڑنا۔

—— الشيءَ: حاصل کرنا، نتیجہ پانا، خوشہ چینی کرنا

—— الثَّمَرَةَ لفلانٍ وجَنَى الثَّمَرَةَ فلانًا: کسی کو پھل توڑ کر دینا، فائدہ پہنچانا۔

—— الذَّهَبَ: سونے کو کان سے نکالنا۔

هو جانٍ ج: جُنَاةٌ وجُنَّاءُ۔

جَنِيَ ـَ جَنًى: کبڑا ہونا۔ هو أَجْنَى و هي جَنْوَاء۔

أَجْنَى الثَّمَرُ: پھل توڑنے کا وقت آنا۔

—— الشَّجَرُ: درخت کا پختہ پھل والا ہونا۔

—— الأرضُ: زمین کا زیادہ پھلوں والی ہونا

—— اللهُ الماشيةَ: اللہ کا چوپایے کے لئے گھاس پیدا کرنا۔

—— فلانًا الثَّمَرَ: کسی کو پھل توڑنے کا موقع دینا۔

جَانَى عليه: کسی کے خلاف جھوٹا الزام لگانا

اجْتَنَى الثَّمَرَةَ و نحوَها: پھل وغیرہ توڑنا

—— العَسَل: شہد اکٹھا کرنا۔

—— ماءَ المَطَرِ: بارش کا پانی اکٹھا کر لینا

تَجَنَّى عليه: ناکردہ گناہ کا الزام لگانا، کہتے ہیں: تجنّی علیه جِنايةً: اس پر بے بنیاد الزام لگایا۔

—— الثمرةَ و نحوَها: پھل وغیرہ توڑنا۔

الجَانِي: مجرم، گناہ گار، قصوروار (۲) حاصل کرنے والا (۳) پھل توڑنے والا (۴) کھجور کے درخت قلم لگانے والا (۵) جمع کرنے والا ج: جُنَاةٌ۔

الجَنَى: چنا ہوا پھل، حاصل شدہ شے، کہتے ہیں: هذا جَنَايَ وخِيارُه فيه۔ ایسے شخص کے بارہ میں کہا جاتا ہے جو اپنے دوست کو اپنی بہتر چیز میں ترجیح دے (۲) گھاس (۳) انگور (۴) تر کھجور (۵) شہد (۶) تسبیح کے دانے (۷) سونا، ج: أَجْنٍ و أَجْنَاءُ۔

الجِنَايَةُ: قابل سزا جرم، گناہ، قصور، خطا، بدعنوانی ج: جنایا

الجَنِيُّ: تازہ توڑا ہوا پھل۔

الجَنِيَّةُ: گناہ، قصور (۲) ریشم کا کپڑا۔

المَجْنَى: جس جگہ سے پھل توڑا جائے جیسے درخت وغیرہ ج: مجانٍ۔

مَجْنِيٌّ عليه: مظلوم، مصیبت زدہ، نقصان رسیدہ۔

•جنه:

الجُنَيْهُ: گنی، اشرفی، مساوی اسٹرلنگ تقریبًا۔

الجُنَيهُ الانجليزى: (ذهب) گنی، اشرفی ج: جُنَيْهات۔

الجُنَيهُ الانجليزى: (الاسترلينى) اسٹرلنگ پاؤنڈ۔

الجُنَيهُ المصرى: مصری پاؤنڈ۔

ج ــــ ه

•الجاهِبُ: أتاه جاهِبةً: وہ کھلے طور پر آیا

الجَهْبُ: بھاری اور بدنما چہرہ۔

المِجْهَبُ: بے شرم ج: مَجَاهِب۔

•الجِهْبَاذُ: ماہر نقاد، کھرے کھوٹے کو پرکھنے کا ج: جَهَابِذَةٌ۔

الجِهْبِذُ: الجِهْباذ ج: جَهَابِذَةٌ۔

•الجَهْبَلُ: بڑے سر والا (۲) عمر رسیدہ (۳) بڑا پہاڑی بکرا ج: جَهَابِل۔

الجَهْبَلَةُ: بدشکل اور بھدی عورت۔

•جَهَثَ ـَ جَهْثًا: ڈر یا غصہ یا غایت خوشی

کی وجہ سے لرزنا، اچھلنا۔ ھو جاھث و جَہْثَانٌ۔
• جَہْجَہَ الأَبْطَالُ: جنگ میں شہسواروں کا چیخنا۔
— بالسَّبُعِ: درندہ کو روکنے کیلئے للکارنا، حدیث میں ہے: "أَنَّ رَجُلاً مِنْ أَسْلَمَ عَدَا عليه ذِئْبٌ فانتزعَ شاةً من غنمِه فجَهْجَهَ الرَّجُلُ" نیز کہا جاتا ہے: جَہْجَہَ بالإبلِ: اونٹ کو پکارنا، آوازیں لگانا۔
— الرَّجُلَ: کسی بات سے روکنا۔
تَجَہْجَہَ عن: باز رہنا، رک جانا۔
• جَہَدَ ـَ جَہْدًا: کوشش کرنا، طاقت لگانا۔ قرآن پاک میں ہے: "و أَقْسَمُوا باللّٰه جَہْدَ أَيْمَانِهِم"
— فی الأمرِ: کوشش کرنا، محنت کرنا، طاقت لگانا، حصول مقصد تک کوشاں رہنا (۲) تھک جانا، مشقت میں پڑجانا۔
— بفلانٍ: آزمانا۔
— فلانًا: مشقت میں ڈالنا، تھکا دینا (۲) مانگنے میں ضد کرنا، اصرار کے ساتھ سوال کرنا
— الدَّابَّةَ: طاقت سے زیادہ بوجھ لادنا۔
— المَرَضُ او التَّعَبُ او الحُبُّ فلانًا: بیماری یا مشقت یا محبت کا کسی کو لاغر وکمزور بنا دینا۔
— اللَّبَنَ: دودھ میں پانی ملانا (۲) دودھ میں سے پورا مکھن نکالنا۔
— الطَّعامَ: خواہش ہونا، خوب کھانا۔
— الماشِيَةُ المَرْعَى: چوپائے کا چراگاہ میں خوب چرنا۔ ھو جاھِدٌ و المفعول مَجْہُودٌ و جَہِيدٌ۔
— المالَ: مال کو ادھر ادھر کرنا، لٹا دینا۔
جُہِدَ النَّاسُ: قحط میں مبتلا ہونا۔ ھم مَجہودون۔
جَہِدَ العَيْشُ ـَ جَہَدًا: زندگی کا تنگ ہونا، گزر بسر مشکل ہونا۔ ھو جَہِدٌ۔
أَجْہَدَ: محنت ومشقت میں پڑنا (۲) کمزور جانور والا ہونا۔
— الأرضُ: زمین کا ابھرنا۔
— له الطريقُ و الحقُّ: راستہ یا حق واضح ہونا۔
— الشیءُ: گڈمڈ ہوجانا، خلط ملط ہوجانا۔
— الشَّيْبُ فيه: تیزی سے بڑھاپا آنا۔
— العَدُوُّ عليه: پوری دشمنی کرنا، طاقت بھر دشمنی کرنا۔
— فلانٌ فی الأمرِ: محتاط ہونا۔
— له الشیءُ و الأمرُ: ممکن ہونا، قابو میں آنا۔
— فلانًا: مشقت میں ڈالنا، تھکا دینا۔
— الدَّابَّةَ: جانور پر طاقت سے زیادہ بوجھ لادنا۔
— احدًا علی فعلٍ: مجبور کرنا۔
— مالَه: مال کو برباد کرنا، ادھر ادھر کرنا۔
— الطعامَ: کھانے کی خواہش کرنا۔
جَاهَدَ العَدُوَّ مُجاهَدَةً و جِهادًا: دشمن سے لڑنا۔
— فی الأمرِ: پوری طاقت لگانا، پوری کوشش کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَ جَاهِدُوا فی اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهِ" اللہ کی راہ میں بھرپور جہاد کرو، کوشش کرو۔
اِجْتَہَدَ: پوری کوشش کرنا، محنت کرنا۔
تَجاهَدَ: اِجْتَہَدَ۔
اِسْتَجْہَدَ فی الأمرِ: غور وفکر کرنا۔
الاِجْتِہادُ: فقہی اصطلاح میں فقیہ (ماہر فقہ) کی اس آخری کوشش کا نام ہے جو کسی معاملہ میں حکم شرعی کا ظن غالب حاصل کرنے کے لئے کی جائے (۲) مطلقا کوشش، جدوجہد، محنت۔
الجَہادُ: ہموار زمین (۲) جنگل (۳) سخت زمین
أَرْضٌ جَهادٌ: حدیث میں ہے: "أَنَّه صلى الله عليه وسلم نَزَلَ بأَرضٍ جَهادٍ" (۴) جھاؤ کا پھل ج: جُہُدٌ
الجِہادُ: (شرعا) ان کفار سے لڑائی جو ذمی نہ بنائے گئے ہوں (۲) جدوجہد، بھرپور کوشش۔
جِہادِيٌّ: جنگی، لڑائی سے متعلق۔
الجِہادِيَّةُ: ملٹری سروس، فوجی ملازمت۔
الجُہَادَی: جُہادَاكَ ان تفعلَ كذا: تم زیادہ سے زیادہ ایسا کر سکتے ہو۔
الجَہْدُ: مشقت، محنت، کوشش، طاقت، قدرت۔ جَہْدٌ جاهِدٌ: زبردست کوشش، آخری کوشش (۲) فلسفہ میں ہر وہ سرگرمی جو عاقل انسان جسمانی یا عقلی طور پر کسی مقصد کے لئے دکھاتا ہے۔
جَہْدُ البَلاءِ: کثرت عیال، غربت، عیال داری۔
الجُہْدُ: طاقت، قدرت۔ قرآن پاک میں ہے: "والَّذِين لا يَجِدُونَ إلَّا جُہْدَهُمْ" (۲) تھوڑی چیز جس پر کم مایہ آدمی کی زندگی بسر ہو۔
جُہْدُ المُقِلِّ: کم مایہ آدمی کی طاقت کے بقدر۔ حدیث صدقہ میں ہے: "أَيُّ الصَّدَقَةِ أَفْضَلُ؟ قال جُہْدُ المُقِلِّ"
بَذَلَ جُہْدَه و مَجْہُودَه: پوری طاقت لگانا۔
الجَہْدانُ: تھکا ماندہ، مشقت میں پڑا ہوا۔
الجُہَيْدَی: الجَہْدُ۔ کہتے ہیں: لَأَبْلُغَنَّ جُہَيْدَايَ فی هذا الأمرِ: اس معاملہ میں پوری کوشش کروں گا۔
المُجْتَہِدُ: اس ماہر فقہ کو کہتے ہیں جو حکم شرعی کے ظن کے حصول میں آخری سے آخری کوشش کرے۔ اصول فقہ میں اس کی شرائط مقرر ہیں (۲) محنتی، جفاکش۔
المَجْہُودُ: طاقت، قدرت، محنت
المُجاهِدُ: اللہ کی راہ میں لڑنے والا، فوجی سپاہی
• جَہَرَ الشیءُ ـَ جَہْرًا: ظاہر آشکارا ہونا۔

جَهَرَ بالكلام و نحوه جَهْرًا و جِهَارًا: ظاہر کرنا، اعلان کرنا، بآنگ دہل کہنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وإن تَجْهَرْ بالقَوْلِ فإنَّه يَعْلَمُ السِّرَّ وأخْفَى"

—الكلامَ: زور سے بات کرنا، آواز کے ساتھ بولنا فالكلامُ و نحوُه جَهِير۔

—الصَّوتَ و به: آواز نکالنا۔ هو جَهِير۔ و جَهِيرُ الصوت: بلند آواز والا

—الشيءَ: بلا حجاب دیکھنا (۲) تخمینہ اور اندازہ لگانا۔

—الشَّمْسُ فلانًا: چکاچوند کرنا کہ دیکھ نہ پائے۔

—الأرْضَ: اٹکل سے زمین پر چلنا۔

—الجَيْشَ و القومَ: فوج یا لوگوں کا زیادہ نظر آنا۔

—الشيءُ فلانًا: کسی کو کوئی چیز شاندار دکھائی دینا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اوصاف کے سلسلہ میں حضرت علیؓ کی حدیث میں ہے: "لَمْ يَكُنْ قَصِيرًا ولا طَوِيلًا وهو إلى الطُّولِ أقْرَبُ. مَن رآه جَهَرَه"

—فلانٌ البِئْرَ: کنویں کو کیچڑ نکال کر صاف کرنا (۲) کنویں کو خالی کرنا (۳) کنویں کو اتنا کھودنا کہ پانی نکل آئے۔

—السِّقاءَ: دودھ کے مشکیزہ کو بلو کر مکھن نکالنا۔

—القومَ: اچانک صبح کے وقت آنا۔

جَهِرَ ــَـ الإنسانُ وغيرُه جَهَرًا: سورج کی وجہ سے چندھیا جانا اور نظر نہ آنا نہ دیکھ سکنا۔ جَهِرَتِ العَيْنُ: آنکھ کا چکاچوند ہونا، چندھیا جانا۔

—فلانٌ: بھری ہوئی آنکھ والا ہونا (۲) ایسا بھینگا ہونا کہ بھلا معلوم ہو۔

—الفَرَسُ: پیشانی کی سفیدی کا چہرہ تک آنا

—الإنسانُ جُهُورَةً و جَهَارَةً: جسم کا مکمل ہونا اور خوش نما ہونا۔ هو أجْهَر و هي جَهْرَاءُ ج: جُهْرٌ۔

جَهُرَ الصَّوتُ ــُـ جُهُورَةً و جَهَارَةً: بلند ہونا۔

—فلانٌ: جسمانی طور پر مکمل ہونا اور خوش نما ہونا۔ هو جَهِيرٌ۔

أجْهَرَ: اعلان کرنا، ظاہر کرنا۔

—بالكلام و نحوه: کلام یا کوئی بات بآواز بلند کرنا۔ أجْهَرَه بھی کہتے ہیں۔

—بالقِراءةِ: زور سے یا بلند آواز سے پڑھنا۔

—فلانٌ: بلند آواز ہونا، بلند آوازی میں مشہور ہونا۔

جاءَ بِبَنِينَ ذَوِي جَهَارَةٍ: وہ خوب رو اولاد کا باپ بنا۔

جَاهَرَه بالعَدَاوةِ: کسی سے کھلی دشمنی کرنا، دشمنی ظاہر کرنا۔

—بالأمْرِ: کسی کے سامنے کوئی بات کھولنا۔ کہاوت ہے: مُجَاهَرَةً إذا لَمْ أجِدْهُ مُخْتَتَلًا: اگر مجھے دھوکہ دے کر مطلوبہ چیز نہیں ملتی تو میں اعلانا اسے حاصل کرتا ہوں۔

جَهْوَرَ فلانٌ: زور سے بولنا۔

—الصَّوتُ: بلند ہونا۔

رجل جَهْوَرِيٌّ: بلند آواز آدمی۔

صوت جَهْوَرِيٌّ: بلند آواز۔

—الحَدِيثَ و به: ظاہر کرنا۔

تَجَاهَرَ: اپنے کو بلند آواز ظاہر کرنا (۲) اپنے کو بھینگا ظاہر کرنا (۳) کھلی فضا میں آنا۔

—بالأمْرِ: کسی بات کو ظاہر کرنا۔

اجْتَهَرَ الشيءَ: کھلے طور پر دیکھنا۔

—الجَيْشَ و القومَ: فوج یا لوگوں کو زیادہ دیکھنا یعنی ان کا نظر میں زیادہ معلوم ہونا۔

—فلانًا: شاندار معلوم ہونا، کسی کو باعظمت محسوس کرنا۔

—الشيءُ: شاندار دکھائی دینا۔

اجْتَهَرَ البِئرَ: کنویں کا کیچڑ نکالنا، خالی کرنا۔

الجِهَارُ: لَقِيَه جِهَارًا: وہ اس سے کھلے طور پر ملا۔

الجَهَارَةُ: آواز کی بلندی، حسن منظر۔

الأجْهَرُ: چوندھا، دن کا اندھا۔

الجَهْرُ: آشکارا پن، اعلان، اشاعت، اظہار۔ كَلَّمَه جَهْرًا: اس نے اس سے صاف لفظوں میں بات کی (۲) زمانہ کا ایک حصہ (۳) پورا سال۔

جَهْرًا: علی الاعلان۔ ضد سِرًّا۔

الجَهْرِيُّ: عام، کھلا ہوا، ظاہر۔

الصَّلوةُ الجَهْرِيَّةُ: جہری نماز جس میں قرات بآواز بلند کی جائے۔

جَهْرِيًّا: اعلانیہ، علی الاعلان۔

الجُهْرُ: جُهْرُ الرَّجُلِ: ہیئت، شکل و صورت ما أحْسَنَ جُهْرَه و ما أسْوَأَ جُهْرَه۔

الجَهْرَاءُ من الأرض: ہموار و کھلی زمین جس میں درخت و جھاڑ جھنکاڑ نہ ہوں (۲) قوم کے فاضل افراد (۳) لوگوں کی جماعت (۴) ہموار چوڑا ٹیلہ۔

الجَهْرَةُ: ظاہر۔ جَهْرَةً: ظاہری طور پر، علانیہ رآه جَهْرَةً: اسے صاف واضح طور پر دیکھا قرآن پاک میں ہے "لَنْ نُؤْمِنَ لَكَ حَتّى نَرَى اللهَ جَهْرَةً"

الجَهْوَرُ: بلند اور قوی آواز والا۔

الجَهْوَرُ: جری اور آگے بڑھنے والا۔

الجَهْوَرِيُّ: بلند آواز شخص۔ الصوت الجَهْوَرِيُّ: بلند آواز۔

الجَهْوَرِيُّ: صَوت جَهْوَرِيٌّ: بلند آواز

الجَهِيرُ: وَجْهٌ جَهِيرٌ: خوش نما اور روشن چہرہ (۲) بھلائی اور حسن سلوک کے لائق ج: جُهَراءُ (۳) خالص دودھ جس میں پانی کی آمیزش نہ ہو۔

الجَهِيرَةُ: بخلاف سَرِيرَة۔ آدمی کا ظاہر۔

جَهِيْرَتُه و سَرِيْرَتُه: ظاہر و باطن ج: جَهَائِر۔
الجوهر: دیکھئے جوهر۔
المِجْهَارُ: علی الاعلان بات کہنے کا عادی، زور سے بولنے والا، صاف بات کرنے والا (۲) بھونپو۔
—— الكهربِيُّ: میکروفون، لاؤڈ اسپیکر ج: مَجَاهِيْرُ۔
المِجْهَرُ: میکروسکوپ، آواز رساں ج: مَجَاهِر
المُجْهِرُ: خوردبین ج: مُجْهِرَاتٌ۔
المُجْهِرُ الكَهْرَبِيُّ: الیکٹرک خوردبین جس میں چھوٹی سی چھوٹی چیز بجلی کے کرنٹ کے ذریعہ ایک لاکھ گنا سے زیادہ نظر آتی ہے۔
التَّشْرِيْحُ المُجْهِرِيُّ: خوردبینی تجزیہ
المَجْهُوْرُ: آواز کی ایک قسم جس کے ساتھ صوتی تار حلق منظم طور پر حرکت کرتے ہیں، حروف مجہورہ انیس ہیں جن کا مجموعہ یہ ہے ظَلَّ قَوَّ رَبَضَ اِذْ غَزَا جُنْدٌ مُطِيْعٌ۔
• جَهَزَ على الجَرِيْحِ ـَـ جَهْزًا: زخمی کا کام تمام کرنا، جلدی سے قتل کر دینا۔
أَجْهَزَ على الجَرِيْحِ: جَهَزَ۔ حضرت ابن مسعودؓ کی حدیث میں ہے: "أَنَّه أَتَى عَلَى أَبِي جَهْلٍ و هو صَرِيْعٌ فأَجْهَزَ عَلَيْه"
جَهَّزَه: تیار کرنا، سامان ضرورت دینا۔ قرآن پاک میں ہے: "فلمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ"
—— فلانا بشيءٍ: زاد راہ دینا، سامان ضرورت دینا، ساز و سامان سے لیس کرنا، مہیا کرنا
—— المَيِّتَ: مردہ کے کفن دفن کا انتظام کرنا۔
—— العَرُوْسَ: دولہن کا سامان تیار کرنا، جہیز دینا۔
تَجَهَّزَ لِلأمر: کسی کام کے لئے تیار ہونا۔
—— بشيءٍ: سامان سے لیس ہونا۔
الجَهَازُ: جَهَازُ الرَّاحِلَة: اونٹنی پر لدا ہوا سامان۔

الجِهَازُ: سامان ضرورت۔ جِهَازُ العَرُوْسِ: دولہن کی ضرورت کا سامان، جہیز۔ جِهَازُ المُسَافِرِ: سامان سفر۔ جِهَازُ الجَيْشِ: فوج کا اسلحہ وغیرہ۔ جِهَازُ المَيِّتِ: مردہ کا کفن وغیرہ (۲) نظام، سسٹم، ڈھانچہ۔ جِهَازُ التَّنَفُّسِ: نظام تنفس۔ جِهَازُ الهضم: نظام ہضم (۳) نظام ترکیبی (۴) مشین جیسے جِهَازُ التَّقْطِيْرِ: عرق کشید کرنے کی مشین۔ جِهَازُ التَّبْخِيْرِ: بھاپ بنانے کی مشین (۵) لوگوں کی مخصوص جماعت جو خاص اور اہم کام انجام دے۔ جِهَازُ الحكومة: سرکاری مشینری۔ جَهَازُ الدِّعَايَةِ: پروپیگنڈہ مشینری۔ جِهَازُ بَوْلِيٍّ: پیشاب کی نالی۔ جِهَازُ الجاسُوسِيَّةِ: جاسوسی نظام ج: أَجْهِزَةٌ۔ أَجْهِزَةُ الإِعلام: ذرائع ابلاغ جیسے ریڈیو ٹیلیویژن وغیرہ۔
الجَهِيْزُ: صوت جَهِيْزٌ: تیز آواز۔
فَرَسٌ جَهِيْزٌ: پھرتیلا گھوڑا۔
فَرَسٌ جَهِيْزُ الشَّدِّ: تیز دوڑنے والا
الجَهِيْزَةُ: بھیڑیے کی مادہ (۲) ریچھ کی مادہ (۳) ریچھ کا بچہ (۴) ایک عورت کا نام جس نے ایک قتل کے معاملہ کو اپنے ایک جملہ سے ختم کر دیا تھا۔ واقعہ یہ ہے کہ دو قبیلوں میں سے ایک نے دوسرے کے آدمی کو قتل کر دیا تو لوگ دونوں میں دیت کے ذریعہ صلح کرانے کے لئے جمع ہوئے اس وقت جہیزہ نے کہا: انَّ القَاتِلَ قد ظَفِرَ به بَعْضُ اولياءِ المَقْتُوْلِ یعنی مقتول کے کسی وارث نے قاتل کا کام تمام کر دیا۔ فقال بَعْضُهم: قَطَعَتْ جَهِيْزَةُ قَوْلَ كُلِّ خَطِيْبٍ: یعنی جہیزہ نے ایسی بات کہہ کر فیصلہ کر دیا کہ اب کسی خطیب کی تقریر بھی کام نہ دے گی۔ یہ ایسے شخص کے بارہ میں کہا جاتا ہے جو لوگوں کے کسی معاملہ کو اچانک کسی بات سے ختم کر دے۔

• جَهَشَتْ نَفْسُه ـَـ جَهَشَانًا وجَهْشًا و جُهُوْشًا: رونے کے لئے تیار ہونا یعنی کے قریب ہونا، رونا آنا، رونے کے آثار نمایاں ہونا۔
—— الصَّبِيُّ الى أُمِّه: ماں کے پاس بچہ کا ڈر کر بھاگنا اور رونے کے قریب ہونا۔
—— فلانٌ إلى فُلانٍ: کسی کے پاس روتے ہوئے فریاد لے کر جانا۔ حدیث میں ہے: "أَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عليه وسلم) كانَ بالحُدَيْبِيَّة فأَصابَ أَصْحَابَه عَطَشٌ۔ قالوا: فَجَهَشْنَا الى رَسُوْلِ الله (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيه و سلَّم)۔
—— لِلشَّوق و للحُزن و للبكاءِ: آمادہ اور تیار ہونا۔
—— الى القَوم: آنا۔
—— من أَرْضٍ الى ارضٍ: ایک علاقہ سے دوسرے علاقہ میں دوڑ کر جانا۔ هو جَهُوْشٌ۔
—— من الشَّيءِ: بھاگنا۔
—— إليه نفسُه: قے آنے کو ہونا، جی متلانا۔
جَهِشَ الصَّبِيُّ الى امّه ـَـ جَهَشَانًا وجَهْشًا و جُهُوْشًا: جَهَشَ۔ ماں کے پاس ڈر کر جانا۔
أَجْهَشَ للبكاء و بالبُكاءِ: رونے کا ارادہ کرنا، رونے کے قریب ہونا۔ حدیث میں ہے: "فسَابَّنِي فأَجْهَشْتُ بالبكاءِ"
—— اليه نَفْسُه: جی متلانا، قے آنا۔
—— فلانًا عن الأمر: کسی کام سے بھگانا۔
الجَهْشَةُ: لوگوں کا گروہ، رونے کے قریب ہوتے وقت کا آنسو۔
الجَهُوْشُ: تیز رفتار۔

•جَهَضَ فُلَانًا ـَ جَهْضًا: غالب ہونا۔
جَهَضَه عن الأمْر: غالب ہوکر کسی کام سے روک دینا۔
أَجْهَضَت الحامِلُ: عورت کا حمل ساقط ہوجانا، اسقاط ہونا۔ أَجْهَضَت جَنِينًا بھی کہا جاتا ہے۔ حدیث میں ہے: "فَأَجْهَضَت جَنِينَهَا" فهِيَ مُجْهِضٌ و مُجْهِضَةٌ ج: مجَاهِضُ و مجَاهِيضُ والوَلَدُ مُجْهَضٌ و جَهِيضٌ۔
—— الجارِحَ عن صَيْدِه: شکاری کو شکار سے روکنا۔
—— ه عن مكانه: جگہ سے ہٹانا۔
—— ه عن الأمْر: جلدی سے ہٹا دینا، دور کرنا۔ حدیث میں ہے: "فَلْيُجْهِضُوهُم من أَثْقَالِهِم يومَ أُحُدٍ"
جَاهَضَه عنه: رکاوٹ ڈالنا، روکنا۔ محمد ابن مسلمہ کی حدیث میں ہے: "قَصَدَ يَومَ أُحُدٍ رَجُلًا، قال فجَاهَضَنِي عنه أبو سفيانَ"
الإجْهَاضُ: چار ماہ سے کم کا اسقاطِ حمل۔
الجَاهِضُ: کوہان وغیرہ کا بلند حصہ۔
الجاهِضَة: یک سالہ گدھے کا بچہ ج: جَوَاهِضُ
الجَهَاضُ: پیلو کے پھل۔
الجِهْضُ: ساقط شدہ بچہ، ناتمام بچہ۔
الجَهَّاضَة: بوڑھی اونٹنی۔
الجَهِيضُ: الجِهْضُ۔
المِجْهَاضُ: وہ عورت جسے کثرت سے اسقاط ہوتا ہو، ناتمام بچہ پیدا ہوتا ہو ج: مَجَاهِيضُ
المُجْهِضُ: وہ عورت جس کا حمل ساقط ہوگیا ہو (۲) مُسقِطِ حمل، موجب اسقاطِ حمل۔
•تَجَهْضَمَ: تکبر کرنا، غرور کرنا
—— الفَحْلُ على أقْرانه: سانڈ کا اپنے ہم جنسوں پر سینے کو اوپر کرلینا۔
الجَهْضَمُ: بڑے سر اور گول چہرے والا (۲) پھولے ہوئے پہلوؤں والا (۳) شیر (۴) جس کا درمیانی حصہ موٹا ہو۔

•جَهِلَت القِدْرُ ـَ جَهْلًا: ہانڈی کا خوب جوش مارنا، زور سے اُبال آنا۔ تحلّمت کی نقیض۔
—— فُلانٌ على غَيْرِه جَهْلًا وجَهَالَةً: بے وقوفی دکھانا، اجڈ پن دکھانا۔ قرآن پاک میں ہے: "قالُوا أَتَتَّخِذُنا هُزُوًا قَالَ أَعُوذُ باللهِ أَنْ أَكُونَ من الجَاهِلين"
—— الشيءَ و به: ناواقف ہونا، لاعلم ہونا۔
—— الرَّجُلُ: جاہل ہونا، ان پڑھ ہونا۔
—— الحَقَّ: حق کو نہ پہچاننا، پامال کرنا۔ هو جاهِلٌ ج: جُهَّال و جَهَلَةٌ و جُهَّلٌ وجُهَلاءُ۔ هو جَهُول ج: جُهُلٌ والمفعول مَجْهولٌ۔
أَجْهَلَه: جاہل بنانا، لاعلم رکھنا (۲) جاہل پانا
جَهَّلَه: جاہل قرار دینا (۲) جہالت میں رکھنا، لاعلم و ناواقف رکھنا یا بنانا یا قرار دینا، حدیث میں ہے: "إنّكُم لَتُجَهِّلُونَ و تُبَخِّلون و تُجَبِّنُونَ"
جَاهَلَه: کسی سے گالی گلوچ کرنا، اجڈ پن سے پیش آنا۔
اجْتَهَلَه الغَضَبُ والأَنَفَةُ: غصہ اور بڑائی کا کسی کو بے وقوف و نادان بنا دینا۔ حدیث افک میں ہے: "ولكن اجْتَهَلَتْه الحَمِيَّةُ"
تَجَاهَلَ: ناواقف بننا، لاعلمی کا اظہار کرنا، نادان و بے وقوف بننا۔
اسْتَجْهَلَهُ: جاہل و بے وقوف سمجھنا، لاعلم پانا، بے وقوف بنانا، حقیر سمجھنا۔ حدیث ابن عباسؓ میں ہے: "من اسْتَجْهَلَ مُؤمنًا فعليه إثْمُه"
—— الرِّيحُ الغُصْنَ: ہوا کا ٹہنی کو ہلانا۔
الجَاهِل: نادان، ناواقف، بے علم، بے وقوف ج: جُهَّال (۲) شیر۔

الجَاهِلِيَّةُ: جہالت و گمراہی کی وہ حالت جس پر عرب قبل الاسلام قائم تھے۔ قرآن پاک میں ہے: "وقَرْنَ فی بُيُوتِكُنَّ ولا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الجاهِلِيَّةِ الأُولىٰ" (۲) دو رسولوں کے درمیان کا وقفہ۔
الجَهْلُ: نادانی، ناواقفیت، بے خبری، بے وقوفی، اہل کلام کی اصطلاح میں کسی شے کے بارے میں اس کی حقیقت کے برعکس اعتقاد رکھنا۔
الجَهْلُ البَسيط: ایسی شے سے ناواقف رہنا جس کا علم ہونا چاہیے۔
الجَهْلُ المركَّب: خلاف واقع کسی شے کا پختہ اعتقاد رکھنا۔
الجَيْهَلُ: وہ لکڑی جس سے انگارے کریدے جائیں (۲) بڑی چٹان۔
الجَيْهَلَة: وہ لکڑی جس سے انگارے کریدے جائیں۔
الجَهُولُ: ناتجربہ کار، سادہ، بے وقوف، لاعلم۔
المِجْهَالُ: سبک رفتار اونٹنی۔
المَجْهَلُ: گمنام جگہ، نامعلوم مقام ج: مجَاهِل
المِجْهَلُ: الجَيْهَلَة۔
المَجْهَلَة: سبب لاعلمی، سبب جہالت۔ حدیث میں ہے: "الوَلَدُ مَبْخَلَةٌ مَجْبَنَةٌ مَجْهَلَةٌ"
المِجْهَلَةُ: الجَيْهَلَة۔
المَجْهُول: نامعلوم، غیر معروف (۲) وہ فعل جس کا فاعل معلوم و مذکور نہ ہو۔
المَجْهُولَة: غیر حاملہ اونٹنی (۲) وہ زمین جس پر کوئی نشان یا پہاڑ نہ ہوں۔
•جَهَمَه ـَ جَهْمًا: ترش روئی سے پیش آنا، کسی کو دیکھ کر منہ بنا لینا، بد کلامی کرنا۔ کہتے ہیں: جَهَمَنِي بما أكْرَه: وہ میرے ساتھ نامناسب طریقہ سے پیش آیا۔
جَهَمَه ـَ جَهْمًا: ترش روئی سے پیش آنا۔

جَهُمَ ـُ جَهَامَةً و جُهُومَةً: ترش رو ہونا، ناک بھوں چڑھانا، منہ چڑھنا، ناگواری سے شکن پڑنا۔ هو جَهْمٌ و جَهِيْمٌ.
أَجْهَمَتِ السَّمَاءُ: آسمان پر بے بارش بادل آنا۔
اِجْتَهَمَ: رات کے آخری تاریک حصے میں داخل ہونا یا اس میں چلنا۔
تَجَهَّمَه و لَه: ترش روئی یا بدکلامی سے پیش آنا۔ حدیث میں ہے: "إلى من تَكِلُني؟ إلى عَدُوٍّ يَتَجَهَّمُني"
ـــ الأَمَلُ فلانًا: کسی کی امید پوری نہ ہونا
الجَهَامُ: بے پانی کا بادل۔ کہتے ہیں: جاءَنِي من هذا الأمرِ بجَهَامٍ: اس معاملے میں مجھے کوئی مفید چیز نہیں ملی۔
الجَهَامَةُ و الجُهُومَةُ: ترش روئی، بدمزاجی۔
الجَهْمَةُ: دیگ۔
الجُهْمَةُ: آخری رات کی تاریکی۔
الجَهْمِيَّةُ: مرجئہ خوارج کا ایک فرقہ جو جہم ابن صفوان کی طرف منسوب ہے۔
الجَهُومُ: عاجز و لاچار مرد۔
الجَيْهُمَانُ: زعفران۔
• جَهَنَ ـُ جُهُونًا: نزدیک ہونا۔
الجُهَانَةُ: نوجوان لڑکی۔
الجَهْنُ: ترش روئی۔
الجُهْنَةُ: آخری شب کی تاریکی۔
جُهَيْنَةُ: قضاعہ کا ایک قبیلہ۔ کہتے ہیں: فلان جُهَيْنَةُ الأَخْبارِ: فلاں کو صحیح خبریں معلوم ہیں۔
• الجِهِنَّامُ: انتہائی گہرائی (۲) انتہائی گہرا کنواں۔
جَهَنَّمُ: دوزخ، آگ کا ایک نام جس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ جس کو چاہیں گے عذاب دیں گے۔
بِئْرٌ جَهَنَّمُ: گہرا کنواں۔
جَهَنَّمِيٌّ: مہلک (۲) دھماکہ دار (۳) شیطانی۔

جَهَنَّمِيَّةٌ: ایک قسم کی نبات جسے زینت کے لئے باغیچوں میں لگایا جاتا ہے۔
• جَهِيَتِ السَّمَاءُ ـَ جَهًى: آسمان کا کھل جانا، بادل چھٹ جانا۔
ـــ البَيْتُ: گھر کا اجڑ جانا۔
ـــ فلانٌ: گنجا ہو جانا۔ هو جَاهٍ و أَجْهَى.
أَجْهَتِ السَّمَاءُ: جَهِيَتْ.
ـــ القومُ: لوگوں کے لئے آسمان صاف ہو جانا۔
ـــ الطَّرِيقُ: راستہ صاف ہو جانا۔ کہتے ہیں: أَجْهَى له الطريقُ والأَمْرُ.
ـــ الخِبَاءُ: خیمہ کا بلا حجاب ہونا۔
ـــ فلانٌ عليه: کسی کے ساتھ بخل کرنا
ـــ المَرْأَةُ على زوجها: حاملہ نہ ہونا۔
ـــ البَيْتَ و الطَّرِيقَ: نمایاں اور واضح کرنا۔
جَاهَاه: کسی کے مقابلہ میں فخر کرنا۔
تَجَاهَى الرَّجُلَانِ: باہم فخر کرنا۔
الجَاهِي: اعلانیہ۔ أَتَاه جَاهِيًا: وہ اس کے پاس کھلے طور پر آیا۔
الجَهْوَةُ: جھاڑی۔
الأَجْهَى: گنجا (۲) بے چھت کا گھر (۳) صاف آسمان۔

ج ـــ و

• جَابَ الطَّيْرُ ـُ جَوْبًا: پرندہ کا لوٹ پڑنا۔
ـــ فلانٌ الشيءَ: کاٹنا، بیچ میں سے کاٹنا، چیرنا، پھاڑنا (۲) جوتے کو لمبائی میں کاٹنا۔
ـــ الصَّخْرَةَ: چٹان میں سوراخ کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَثَمُودَ الَّذِينَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ"
ـــ الأَرْضَ و الفَلاةَ و البِلادَ: چل کر طے کرنا، سیر و سیاحت کرنا۔
جَابَ الخَبَرُ البِلادَ: خبر کا پھیلنا۔
ـــ الظَّلامَ: تاریکی میں داخل ہونا۔
أَجَابَتِ الأَرْضُ: زمین کا کسی شے کو اگانا
أَجَابَ فلانٌ فلانًا: جواب دینا۔
أَجَابَ عن السُّؤَالِ و عليه: جواب دینا۔
ـــ طَلِبَتَه: درخواست منظور کرنا (۲) فرمائش کو پورا کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَإِنِّي قَرِيبٌ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ"
جَاوَبَه مُجَاوَبَةً و جِوَابًا: ایک دوسرے کو جواب دینا۔
ـــ على و عن شيءٍ: کسی بات کا جواب دینا۔
جَوَّبَ القَمَرُ: روشن ہونا یا کرنا۔
ـــ على فُلانٍ بتُرْسٍ: کسی کو ڈھال سے بچانا
ـــ الشيءَ: کھوکھلا کرنا، بیچ سے کاٹنا۔ حضرت علیؓ کی حدیث میں ہے: "أَخَذْتُ إهابًا مَعْطُونًا فَجَوَّبْتُ وَسَطَه وأَدْخَلْتُه في عُنُقِي"
ـــ المَطَرُ الأَرْضَ: بارش کا کسی جگہ ہونا اور کسی جگہ نہ ہونا۔
اِجْتَابَ الشيءَ: پھاڑنا۔
ـــ البِئْرَ: کھودنا۔
ـــ الأَرْضَ و الفَلاةَ و البِلادَ: طے کرنا، عبور کرنا۔
ـــ القَمِيصَ: کرتا پہننا۔ حدیث میں ہے: "أَتَاه قَوْمٌ مُجْتَابِي النِّمَارِ"
ـــ الظَّلامَ: تاریکی میں داخل ہونا۔
اِنْجَابَ: پھٹنا، کٹنا، چرنا۔
ـــ السَّحَابُ: بادلوں کا چھٹ جانا۔ حدیث میں ہے "فانْجَابَ السَّحَابُ عن المَدِينَةِ حتى صَارَ كالإِكْلِيلِ"
ـــ الظَّلامُ: تاریکی کا دور ہو جانا۔ انجاب عنه

بھی کہا جاتا ہے۔
انْجَابَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا دوہنے کے لئے گردن کو دراز کرنا۔
تجَاوَبَ القَومُ: ایک دوسرے کو جواب دینا۔
اسْتَجَابَه: جواب دینا۔
استَجَابَ لـه: لبیک کہنا، کہا ماننا، قبول کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فليَسْتَجِيبُوا لي"
ـــ اللّٰهُ فُلانًا و منه و له: دعا قبول کرنا حاجت پوری کرنا۔
استَجْوَبَه: جواب طلب کرنا، عدالت میں ملزم یا گواہ کا بیان لینا، پارلیمنٹ میں کسی وزیر سے جواب طلب کرنا، وضاحت طلب کرنا (۲) جواب دینا، لبیک کہنا۔
الجَابَةُ: جواب۔ کہتے ہیں: أسَاءَ سَمْعًا فأسَاءَ جَابَةً: اس نے غلط سنا اور غلط جواب دیا۔
الجَوَابُ: جواب (۲) پیغام، خط ج: أجْوِبَة (۳) پرندوں کے اڑنے کی آواز۔ بنا رکعبہ کی حدیث میں ہے: "فَسَمِعْنا جَوابًا من السَّماء فاذا بطَائِرٍ أعْظَم من النَّسْر" (۴) موسیقی کا ایک نغمہ۔
الجَوْبُ: زنانہ قمیص (۲) ڈھال (۳) بڑا ڈول ج: أجْوَاب (۴) قسم۔ کہتے ہیں: فی فلانٍ جَوْبانِ من خُلُق لا يثْبُتُ على خُلُق واحِدٍ۔
الجَوْبَةُ: بادلوں یا پہاڑوں کے درمیان کا خلا، فاصلہ (۲) کھلی جگہ جہاں عمارت نہ ہو (۳) گول بڑا گڑھا (۴) گھروں کے درمیان خالی جگہ (۵) آمد و رفت کی جگہ جہاں درخت کم ہوں (۶) ڈھال ج: جُوَبٌ
الجَوَّابُ: بہت گھومنے والا، سیاح۔
جَوَّابُ آفاق: جہاں گرد، سیاح۔
الإجَابَةُ: جواب ج: اجابات۔
الاستِجَابَةُ: قبولیت، منظوری، بہتر رد عمل
اجابَةً لشئ او على شئ: کسی چیز کے جواب میں۔
استِجابةً لكذا: لبیک کہتے ہوئے۔
إجابةً لِلطَّلَب: فرمائش پوری کرتے ہوئے۔
المِجْوَابُ: پنچ، چھیدنے یا سوراخ کرنے کا آلہ (۲) بانس وغیرہ چیرنے کی چھری۔
المِجْوَبُ: چاقو، کاٹنے کا آلہ (۲) ڈھال (۳) عورت کے پہننے کا کرتا۔
المَجُوبَةُ: جواب۔
•جَوِثَ ـَ جَوَثًا: پیٹ کا اوپر سے بڑا ہونا اور نیچے سے ڈھیلا ہونا۔ رَجُلٌ أجْوَثُ و هي جَوثَاءُ ج: جُوْثٌ۔
•جَاحَ فلانٌ ـُ جَوْحًا: کسی کے رشتہ دار کا مال تباہ و برباد ہو جانا (۲) سیدھے راستہ سے ہٹنا۔
ـــ الجَائِحَةُ المالَ: کسی آفت کا مال کو تباہ کر دینا۔
ـــ الجَائِحَةُ النَّاسَ: کسی آفت کا لوگوں کو ہلاک و برباد کر دینا، مال و متاع تباہ کر دینا۔ حدیث میں ہے: "أعَاذَكم اللّٰهُ من جَوحِ الدَّهْرِ"
أجَاحت الجائِحَةُ المالَ: تباہ و برباد کرنا
جَوَّحَ رِجْلَه: پاؤں کو ننگا کرنا۔
اجْتَاحَ: بیخ و بن سے اکھاڑ پھینکنا، صفایا کرنا
ـــ الجَائِحَةُ المالَ: آفت کا مال کو تباہ کر دینا۔
الأجْوَحُ من كل شئ: وسیع و کشادہ هي جَوْحَاء ج: جُوْحٌ۔
الجائحَةُ: مصیبت، آفت، حادثہ۔ وہ مصیبت جو آدمی کے مال و متاع کو بالکلیہ تباہ کر دے ج: جَوَائح۔ فقہاء اسلام کی اصطلاح میں اس آفت سماوی کو کہتے ہیں جس کے باعث کل یا بعض پھل ضائع ہو جائیں۔
السَّنَةُ الجائحَةُ: قحط کا سال۔
الجَوحُ: ہلاکت، تباہی (۲) شامی خربوزہ۔
الجَوْحَةُ: الجَائِحَة۔
المِجْوَحُ: بیخ و بن سے اکھاڑنے والی شے ج: مَجَاوِحُ۔
•جَاخَ السَّيلُ الوَادِيَ ـُ جَوْخًا: سیلاب کا وادی کے کناروں کو کاٹ دینا۔
جَوَّخَ السَّيلُ الوَادِيَ: جاخه۔
ـــ فلانًا: پچھاڑنا، اکھیڑنا۔
تَجَوَّخَتِ البِئرُ: کنویں کا گر جانا۔
ـــ القَرْحَةُ: زخم پھٹ کر مواد نکلنا۔
الجُوْخُ: سیاہ رنگ کی نفیس بانات، اونی کپڑا ج: أجْوَاخ۔
الجُوْخَةُ: گڑھا (۲) اونی کپڑے کا ٹکڑا، پوری آستین کی قمیص۔
•جَادَ ـُ جُوْدَةً: عمدہ ہونا، بہتر ہونا (جَادَ المَتَاعُ و جَادَ العَمَلُ) هو جَيِّدٌ ج: جِيادٌ و جَيَائِد۔
ـــ الرَّجُلُ: اچھی بات کرنا یا اچھا کام کرنا۔ هو مِجْوَادٌ (بطور مبالغہ)۔
ـــ الفَرَسُ: گھوڑے کا اعلیٰ نسل کا ہونا۔
ـــ فی عَدْوِه: تیز رفتار ہونا۔ هو و هي جَوَادٌ۔ کہاوت ہے: "إنَّ الجَوَادَ قَد يَعْثُرُ" کبھی عمدہ گھوڑا بھی ٹھوکر کھا جاتا ہے اس شخص کے بارے میں جو ہمیشہ اچھا کام کرنے کا عادی ہو لیکن کبھی اس سے غلط کام ہو جائے۔
ـــ فلانٌ جُودًا: سخی ہونا، سخاوت کرنا۔
ـــ بمَالِه: مال لٹانا، مال میں سخاوت کرنا۔
ـــ بنَفْسِه جَوْدًا و جُئُودًا: جان دیدینا، جان قربان کرنا۔
ـــ بنَفْسِه عند الموت: مرنے کے قریب ہونا۔
ـــ المَطَرُ: بارش کا زوردار ہونا۔
ـــ العَيْنُ: آنسوؤں کی بارش ہونا، آنسو جاری ہونا۔
ـــ المَطَرُ الأرْضَ: زمین پر خوب پانی برسنا۔

جَادَ المَطَرُ القَومَ: سب لوگوں کی زمین پر بارش ہونا۔ حدیث میں ہے: "تَرَكْتُ أَهلَ مَكَّةَ وقد جِيدُوا"

—— الهَوَى فُلَانًا: محبت کا غالب ہونا، مشتاق بنانا۔

جَادَهُ النُّعَاس: نیند کا غلبہ ہونا۔ هو جَائِد ج: جُوْد والمَفعولُ مَجُود۔

—— فُلَانًا: سخاوت میں کسی سے آگے بڑھنا، غالب ہونا۔ جَاوَدَه فَجَادَه: اس نے سخاوت میں مقابلہ کیا اور وہ غالب آگیا۔

هو جَوادٌ ج: جُود و أَجْوَاد و جُودَة و جُودَاء و أَجَاوِدُ و هي جَوَاد ج: جُود۔

جِيدَ فُلَانٌ جُوَادًا: پیاسا ہونا۔ جِيدَ مِنَ العَطَشِ بھی کہا جاتا ہے۔ هو مَجُودٌ (٢) ہلاکت کے قریب ہونا۔ کہتے ہیں: إِنِّي لَأُجَادُ إِلَى لِقَائِهِ: میں اس کی ملاقات کا مشتاق ہوں فأنا مَجُود۔

أَجَادَ: اچھی بات کہنا، اچھا کام کرنا۔

—— الشيءَ و فيه: بہتر بنانا، عمدہ کرنا۔

—— فُلَانٌ: عمدہ گھوڑے والا ہونا۔ هو مُجِيدٌ۔ حدیث میں ہے: "باعَدَه اللهُ من النَّارِ سَبْعِينَ خَرِيفًا لِلْمُضَمِّرِ المُجِيدِ"

—— فُلَانَةٌ: عمدہ قسم کا بچہ جننا۔ أَجَادَت به و أَجَادَ به أَبَوَاهُ بھی کہا جاتا ہے

—— فلانًا: کسی کو سخی اور فیاض پانا۔

—— فُلَانًا النَّقْدَ و الثِّيَابَ: کسی کو عمدہ قسم کے روپے یا کپڑے دینا۔

—— الجَوْدُ الأَرْضَ: زمین پر زوردار بارش ہونا۔

—— فلانًا: مار ڈالنا۔

أَجْوَدَ: عمدہ بات کہنا، عمدہ کام کرنا (٢) عمدہ گھوڑے والا ہونا۔

—— الشيءَ و فيه: بہتر اور عمدہ بنانا۔

جَاوَدَه: سخاوت میں غالب آنا۔

جَوَّدَ الفَرَسُ فِي عَدْوِهِ: تیز دوڑنا۔

—— الشيءَ: عمدہ اور بہتر بنانا۔

تَجَاوَدُوا فِي الشيءِ: عمدگی میں مقابلہ کرنا کہ کس کا کام اچھا ہے، سخاوت میں مقابلہ کرنا۔

—— فِي المُحَاوَرَةِ: یہ مقابلہ کرنا کہ کس کی دلیل عمدہ اور بہتر ہے۔

تَجَوَّدَ فِي العَمَلِ: کاریگری دکھانا، فن کاری دکھانا۔

—— الشيءَ: پسند کرنا اور عمدہ ہونے کی خواہش کرنا۔

اِسْتَجَادَ الشيءَ: پسند کرنا، عمدہ سمجھنا یا عمدہ ہونے کی خواہش کرنا (٢) اچھا پانا

—— الفَرَسَ: گھوڑے کو عمدہ نسل کا چاہنا

—— فُلَانًا: سخاوت چاہنا، بخشش چاہنا۔

التَّجَاوِيد: زبردست بارشیں۔

الجَادِيُّ: زعفران۔

الجَوَادُ: عمدہ نسل کا گھوڑا ج: جِيَادٌ (٢) سخی، فیاض۔ رَجُلٌ جَوَادٌ و امرأةٌ جَوَادٌ ج: أَجْوَاد۔

الجَوَّاد: سخی، فیاض۔

الجُوَادُ: اونگھ، نیند (٢) پیاس۔

الجَوْدُ: موسلادھار بارش۔ حدیث استسقا میں ہے: "لَمْ يَأْتِ أَحَدٌ مِن نَاحِيَةٍ إِلَّا حَدَّثَ بِالجَوْدِ"

الجُودَةُ: عمدگی، خوبی، صلاحیت (٢) پیاس

الجُودُ: سخاوت، فیاضی۔

الجَيِّدُ: عمدہ، بہتر، خوش گوار۔

جَيِّدٌ جِدًّا: بہت بہتر۔ امتحان میں کامیابی کا اعلیٰ درجہ۔

جَيِّدًا: اچھی طرح، عمدہ طریقہ پر۔

• جَارَ يَجُورُ جَوْرًا: مدد یا پناہ کا طالب ہونا۔

—— الطَّرِيقُ: راستہ کا پتا نہ چلنا۔

—— الأَرْضُ: زمین کی گھاس وغیرہ کا دراز ہونا

جَارَ عن القَصْدِ و الطَّرِيقِ: راستہ یا مقصد سے ہٹنا۔

—— من شيءٍ: کنارہ کش ہونا۔

—— في حُكْمِه: غیر منصفانہ فیصلہ کرنا، غلط فیصلہ کرنا۔

جَارَ عليه: زیادتی اور ظلم کرنا، کسی کے بارہ میں غلط فیصلہ کرنا، ناحق پریشان کرنا۔

هو جَائِرٌ ج: جَوَرَة و جَارَة۔ جَوْرٌ بھی جائر کے معنی میں آتا ہے۔

أَجَارَه: پناہ دینا، مدد کرنا۔

—— من فُلَانٍ: نجات دلانا۔ قرآن پاک میں ہے: "هو يُجِيرُ و لا يُجَارُ عليه"

—— اللهُ من عذابه: اللہ اسے اپنے غضب سے محفوظ فرمائے۔

—— المَتَاعَ: محفوظ کرنا۔

—— فُلَانًا عن الطَّرِيقِ: راستہ سے ہٹانا

—— على القومِ فلانٌ: لوگوں پر فلاں کی حمایت چل گئی یعنی وہ محفوظ ہو گئے۔

جَاوَرَه مُجَاوَرَةً و جِوَارًا: ساتھ رہنا، پڑوس میں رہنا، کسی کو پڑوسی بنا کر حمایت وحفاظت کرنا۔

—— المَسْجِدَ: اعتکاف کرنا۔

—— المدينةَ: قریب ہونا، پڑوسی ہونا۔

—— الشيءَ: مشابہ ہونا، لگ بھگ ہونا۔

—— رَبَّه: اپنے رب سے جا ملنا، وفات پانا

—— القومَ و فيهم: پڑوسی بن کر فائدہ اٹھانا۔

جَوَّرَه: ظالم قرار دینا (٢) عمارت وغیرہ کو گرانا۔

—— فلانًا: پچھاڑنا۔

اِجْتَوَرَ: باہم پڑوسی ہونا۔

تَجَاوَرَ القَوْمُ: باہم پڑوسی ہونا۔

تَجَوَّرَ: ظالم قرار پانا، پچھڑ جانا، منہدم ہو جانا۔

—— على فِرَاشِه: بستر پر لیٹنا۔

—— خِبَاءُ اللَّيْلِ: تاریکی چھٹ جانا۔

اسْتَجَارَ بِفُلَانٍ: پناہ میں آنا، پناہ لینا، مدد چاہنا۔

— فلانًا: پناہ چاہنا، حفاظت چاہنا، قرآن پاک میں ہے: "وإن أحدٌ من المشركين استجارك فأجره"۔

— أحدًا من فلانٍ: کسی سے بچنے کے لئے کسی کی پناہ چاہنا۔

الجارُ: پڑوسی۔ کہاوت ہے: وقد يُؤخذُ الجارُ بذنبِ الجار۔ (۲) شریک کار جائداد یا تجارت میں ساجھی (۳) پناہ دینے والا (۴) پناہ چاہنے والا، حفاظت میں آنے والا (۵) وہ شخص جو کسی کی پناہ میں ہو۔ پناہ یافتہ (۶) خاوند (۷) بیوی (۸) حلیف، معاہد (۹) مددگار ج: جِيرَة و جِيران و أجْوار۔

الجوارُ: گہرا اور بہت پانی (۲) گھر کا صحن۔

الجِوارُ: پڑوس، قرب (۲) امان وعہد (۳) مدد

الجَوْرُ: ظلم وزیادتی (۲) ظالم ج: جَوَرَة و جُورَة۔ کہتے ہیں: عنده من المال الجَوْرُ: اس کے پاس غیر معمولی دولت ہے

الجِوَرُّ: ٹھوس اور سخت۔ بَعِيرٌ جِوَرٌّ: بھاری بھرکم اور زور سے بولنے والا اونٹ۔

سَيْلٌ جِوَرٌّ: زبردست سیلاب۔

غَيْثٌ جِوَرٌّ: گرج دار بارش۔

مالٌ جِوَرٌّ: بہت مال۔

الجَوّارُ: ہل چلانے والا، انگور یا کھجور کے باغ میں کام کرنے والا۔

الجائِرُ: ظالم، من مانی کرنے والا، بے اصول، قانون شکن۔ ج: جَوَرَة و جارَة۔

المُجاوِرُ: پڑوسی، قریب، متصل (۲) یونیورسٹی کا طالب علم (خاص طور پر جامعہ ازہر کا)

المُجِيرُ: محافظ، مددگار، نجات دہندہ۔

المُجارُ: جسے پناہ دی گئی ہو، امان میں آنے والا

•جَوْرَبَه جَوْرَبَةً: پائتابہ یا موزہ پہنانا

تَجَوْرَبَ: موزہ یا پائتابہ پہننا۔

الجَوْرَبُ: موزہ، پائتابہ ج: جَوارِبُ و جَوارِبَة۔

الجَوْرَبُ القَصِيرُ: ہاف موزہ۔

•جازَ القولُ ـُ جَوْزًا وجَوازًا و مَجازًا: بات کا چل جانا، مان لیا جانا، جائز ہونا۔

— العَقْدُ وغيرُه: درست ہونا، جائز ہونا۔

— الدِّرهَمُ: درہم (سکّہ) کا چل جانا۔

— المَوضِعَ وبه: جگہ سے گزرنا، پار کرنا

— بِفُلانٍ المَوضِعَ: کسی کو جگہ سے پار کرانا، گزارنا (۲) کسی کو پیچھے چھوڑ کر آگے بڑھ جانا۔

— الامتحانَ: امتحان پاس کرنا۔

— الشِّدَّةَ: سختی اور مصیبت سے گزرنا

أجازَ على اسمِه: نام پر نشان لگانا۔

— الشّاعرُ في القصيدةِ: شاعر کا اپنے اشعار میں حرف روی کے بعد والے حرف کی حرکت کو مختلف کرنا (۲) حرف روی کے ہجا میں اختلاف کرنا یعنی یکساں نہ کرنا۔

— في الشِّعرِ: بیت بازی میں شعر کے آخری حصہ کی تکمیل کرنا۔

— الشيءَ: جائز قرار دینا۔

— الموضعَ: گزرنا، پار کرنا۔

— فلانًا الموضعَ: پار کرانا۔

— العَقْدَ وغيرَه: نافذ کرنا۔

— الرّأيَ والأمرَ: نافذ کرنا، روا رکھنا، حدیث میں ہے: "إنّي لا أُجِيزُ اليومَ على نفسي شاهِدًا إلّا منّي"۔

— لِفلانٍ ما صَنَعَ: کسی کی بات یا فعل کو گوارا کرنا، درست مان لینا۔

— فُلانًا: کسی کو اتنا پانی دینا جس سے وہ ایک چشمہ سے دوسرے چشمہ تک پہنچ جائے (۲) انعام دینا۔ حدیث میں ہے: "أجِيزُوا الوَفْدَ بنحوِ ما كنتُ أُجِيزُهم" أجازَه بجائزة بھی کہا جاتا ہے۔

أجازَ العالِمُ تِلمِيذَه: روایت حدیث کی اجازت دینا، سند دینا (۲) اجازت دینا

أجازَ الحَبْلَ: رسّی کو مضبوط نہ بٹنا کہ جس سے اس کے حصے ایک دوسرے پر چڑھ جائیں۔

جاوَزَ عن ذنبِه: گناہ یا جرم کو معاف کرنا۔

— الطَّريقَ ونحوَه مُجاوَزَةً وجِوازًا: گزر جانا، پار کرنا۔

جَوَّزَ لهم دَوابَّهم: ایک ایک جانور کو ہانک کر پار کرانا۔

— الشيءَ: جائز و مباح قرار دینا۔

— الدَّراهِمَ: درست سمجھنا، کھوٹ وغیرہ کے باوجود لے لینا۔

— الرأيَ والأمرَ: جائز اور درست قرار دینا (۲) نافذ کرنا۔

— لهم الدَّوابَّ: پانی پلانا۔

اجْتازَ: چلنا (۲) گزرنا (۳) پار کرنا۔

تَجاوَزَ عن الشيءِ: درگذر کرنا، چشم پوشی کرنا

— عن الرَّجُلِ: معاف کرنا۔

— عن الذَّنبِ: گناہ پر گرفت نہ کرنا، درگذر کرنا۔

— في الشيءِ: حد سے بڑھنا، افراط سے کام لینا

— الموضعَ: گزرنا، پار کرنا۔

تَجَوَّزَ في الأمرِ: توسع سے کام لینا، برداشت سے کام لے کر چشم پوشی کرنا۔

— عن الرَّجُلِ: معاف کرنا، درگذر کرنا۔

— في الصَّلوٰةِ: رخصت سے کام لینا، تخفیف کرنا۔ حضرت علی کی حدیث میں ہے: "تَجَوَّزُوا في الصَّلوٰةِ"۔

— في الكلامِ: مجاز بولنا، حقیقت کو چھوڑ کر مجاز سے کام لینا۔

— الدَّراهِمَ: سکّوں کو کھوٹ کے باوجود لے لینا۔

اسْتَجَازَ : اجازت طلب کرنا، رخصت چاہنا۔
ـــــ فلانًا: کسی سے روایت کرنے کی اجازت چاہنا (۲) کسی سے اتنا پانی مانگنا جس کے سہارے ایک چشمہ سے دوسرے چشمہ تک جاسکے (۳) کسی سے کھیتی یا جانوروں کو پانی پلانے کی درخواست کرنا۔

الجَائِزُ : جائز، مباح (۲) وہ پیاسا جو لوگوں کے پاس سے گزرے خواہ اسے پانی پلایا گیا ہو یا نہ پلایا گیا ہو، پارکنندہ (۳) اجازت شدہ (۴) قابل برداشت (۵) شہتیر جس پر چھت کی کڑیاں رکھی جائیں ج: أَجْوِزَة وجِيزَان وجُوزَانٌ و جَوَائِزُ۔

الجَائِزَةُ : انعام، عطیہ (۲) پانی کا ایک گھونٹ (۳) پانی کی وہ مقدار جس کے ذریعہ مسافر دو چشموں کے درمیان کا فاصلہ طے کرے ج: جَوَائِز۔ جَوَائِزُ الأَمْثَال والأَشْعَار وہ کہاوتیں یا اشعار جو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوں۔

الجَازُ: گیس، مٹی کا تیل ج: جازات۔
لَمْبَةٌ جَازٍ: گیس کی لالٹین۔

الجَوَاز: اباحت، جواز (۲) لائسنس (۳) پاسپورٹ (۴) اتنا پانی جس سے مسافر راستہ طے کرے (۵) اتنا پانی جس سے کھیتی یا مویشی کو سیراب کیا جائے۔

جَوَازُ السَّفَر: پروانۂ راہ داری، پاسپورٹ ج: أَجْوِزَة و جَوَازَات۔

الجَوْزُ: کسی چیز کا درمیانی حصہ، بیچ، حضرت علیؓ کی حدیث میں ہے: "انّه قامَ من جَوْزِ اللَّيلِ يُصَلِّي" (۲) اخروٹ یا اخروٹ کی لکڑی جو فرنیچر میں استعمال ہوتی ہے و: جَوْزَة۔

الجَوْزُ الأَرْقَم: مونگ پھلی۔
جَوْزُ جُنْدُم: سنگھاڑا، شکرقندی
جَوْزُ صَنَوْبَر: چلغوزہ۔
جَوْزُ الطِّيب: جائفل۔

الجَوْزُ المَاثِل: دھتورا۔
جَوْزُ الهِنْد: ناریل ج: أَجْوَاز
جَوْزُ القَزّ: کرم خانہ، ابریشم کا کویا
الجَوْزَاءُ: آسمان کے ایک برج کا نام۔

الجَوْزَةُ : جوز کا واحد۔ ایک اخروٹ (۲) پانی ایک مرتبہ پینے کی مقدار (۳) پانی کی وہ مقدار جس کے ذریعہ مسافر ایک چشمہ سے دوسرے چشمہ تک کا فاصلہ طے کرے (۴) چھوٹے انگوروں کی ایک قسم (۵) حقہ، تمباکو نوشی کا پائپ

جَوْزَةُ التَّدْخِين: حقہ، تمباکو نوشی کا پائپ
الجَوْزِيُّ: اخروٹ نما۔
الجُوزِيُّ: گاڑی بان۔

الجِيزُ: وادی کا ایک کنارہ (۲) محلہ۔ کہتے ہیں: نَزَلْنا جِيزَ بَنِي فُلَانٍ۔

الجِيزَةُ : پانی کی ایک مقدار جس کے ذریعہ مسافر ایک چشمہ سے دوسرے چشمہ تک جاسکے (۲) گوشہ (۳) وادی کا کنارہ ج: جِيَزٌ و جِيَزٌ۔

الإِجازة: لائسنس، پرمٹ، اجازت (۲) رخصت (۳) سند۔ إجازةُ غِياب: رخصت اتفاقی۔

الإِجازةُ المَرَضِيَّة: رخصت بیماری۔
الإِجازةُ العِلْمِيَّة: سند، ڈگری۔
فُلَانٌ غائِبٌ بالإِجازَة: فلاں رخصت پر ہے۔

المَجَازُ: گذرگاہ، پار کرنے کی جگہ۔
ـــــ من الكلام: وہ بات جو اپنے معنیٰ وضعی سے ہٹ کر کسی اور مفہوم میں استعمال کی جائے کسی مناسبت کی وجہ سے۔

المَجَازَةُ: گزرگاہ۔ مَجَازَةُ النَّهر: پل
أَرْضٌ مَجَازَةٌ: وہ زمین جس میں اخروٹ کے درخت بکثرت ہوں۔

المَجَازِي: غیر حقیقی۔
المُجَازُ: جسے روایت حدیث کی اجازت حاصل ہو، فاضل، فارغ التحصیل، سند یافتہ۔

المُجَازُ في الأَدَب: فاضل ادب۔
المُجِيزُ: دوسرے کے کاموں کا منتظم جیسے ولی وغیرہ یا کارندہ۔

• جَاسَ ـُ جَوْسًا و جَوَسَانًا: آمد و رفت رکھنا، گھومنا۔
ـــــ خِلَالَ الدِّيَار: فساد انگیزی کے لئے شہروں میں گھومنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَجَاسُوا خِلَالَ الدِّيَار"۔

ـــــ الحَارِسُ: رات کو پہرہ کے لئے گھومنا، جاسوسی کرنا۔
ـــــ الشَّيءَ: تجسس کرنا، ٹوہ لگانا (۲) پیروں سے روندنا (۳) چھان بین کرنا، سراغ لگانا

اجْتَاسَ: جاسوسی کے لئے آنا جانا، جاسوسی کرنا
جَاسَاهُ: دشمنی کرنا، اندر کی بات نکالنا۔
الجَوَّاسُ: لوگوں میں گھس کر فساد پھیلانے والا (۲) شیر۔

• الجَوْسَقُ: چھوٹا محل (۲) قلعہ ج: جَوَاسِق
• جَاشَ ـُ جَوْشًا: پوری رات چلنا۔
تَجَوَّشَ اللَّيلُ: رات کا کچھ حصہ گزر جانا۔
ـــــ فلانٌ: قدرے دبلا ہوجانا۔
الجَوْشُ: سینہ (۲) درمیانی حصہ، بیچ (۳) رات کا بڑا حصہ۔
الجُوشُ: سینہ۔

• الجَوْشَنُ: سینہ (۲) زرہ ج: جَوَاشِن
• جَاطَ ـُ جَوْطًا و جَوَطَانًا: اکڑ کر چلنا۔
جَوَّطَ: زرع ہونا، بے صبر ہونا (۲) کوشش کرنا
تَجَوَّطَ: کوشش کرنا۔
الجُوَاطُ: دل برداشتگی، بے صبری۔
الجَوَّاطُ: اکڑ کر چلنے والا (۲) اجڈ، اکھڑ (۳) بسیار خور۔
الجَوَّاطَة: اسم مبالغہ جَوَّاط۔

• جَاعَ ـُ جَوْعًا و جَوْعَةً و مَجَاعَةً: بھوکا ہونا، بھوک لگنا، فاقہ مست ہونا،

بھوکوں مرنا. کہاوت ہے: " تجوعُ الحرّةُ ولا تأكلُ بثديَيها" ایسے شخص کے بارہ میں کہا جاتا ہے جو خود کو گھٹیا ذرائع آمدنی سے محفوظ رکھتا ہو.

جاعَ الحيُّ: قحط زدہ ہونا، مفلس ہونا.

— اليه: مشتاق ہونا، خواہشمند ہونا.

بطنٌ جائعٌ و وجهٌ مدهونٌ: فریبی اور جھوٹے کے بارہ میں کہاوت ہے

هو جائعُ القِدر: بے مایہ، مفلس

هو جائع ج: جِياعٌ وجُوّعٌ وجُيّعٌ

هي جائعةُ الوِشاح: پتلے پیٹ والی ج: جوائع. هو جوعان و هي جَوعىٰ ج: جِياع و جَياعىٰ.

أجاعه: بھوکا پیاسا رکھنا، فاقہ مستی میں ڈالنا.

— قِدرَه: پورا نہ بھرنا.

جوّعه: بھوکا رکھنا، فاقہ میں مبتلا کرنا. مثل مشہور ہے: جوِّعْ كلبَك يتبعْك: کمینوں کے ساتھ حقارت کا معاملہ کرو تو وہ تمہارے ساتھ رہیں گے.

تجوّعَ: بھوکا رہنا، فاقہ میں مبتلا ہونا. کہتے ہیں: تجوّعْ للدّواءِ: یعنی کھانا کم کھاؤ.

استجاعَ: ہر وقت کچھ نہ کچھ کھانا یا کھانے کی خواہش رکھنا.

الجُوعُ: بھوک، فاقہ. کہاوت ہے: رُبَّ جُوعٍ مَريءٌ: یعنی ظلم نہ کرو ورنہ سوء ہضم میں مبتلا ہو جاؤ گے، انجام خراب ہوگا.

المَجاعُ: بھوک لگا دینے والا فاصلہ. کہتے ہیں: هو من موضع كذا على قدرِ مَجاعِ الشّبعان: وہ اتنی دور سے آیا ہے کہ وہاں سے چل کر شکم سیر کو بھوک لگ آتی ہے.

المَجاعة: قحط سالی، قحط ج: مَجائع.

المَجُوعة: قحط ج: مَجاوِع.

المُجوعةُ: قحط.

• جافه ـ جوفًا: پیٹ پر مارنا.

— الصَّيدَ: شکار کے پیٹ میں نیزہ گھسانا گروہ آر پار نہ ہو. جافَ فلانًا بطعنةٍ: کسی کے پیٹ پر نیزہ مارنا

جافت الطّعنةُ فلانًا: کسی کے پیٹ پر نیزہ لگنا. حدیث میں ہے: "في الجائفةِ ثُلُثُ الدّيةِ" جائفة: پیٹ میں لگنے والا نیزہ.

— الدّواءُ فلانًا: دوا کا پیٹ میں پہنچنا

جَوِفَ ـ جوفًا: کھوکھلا ہونا، خالی ہونا، جوف (پیٹ) والا ہونا (۲) بڑے خول والا ہونا.

أجْوَفُ: کھوکھلا (۲) جس کا اندرونی حصہ کشادہ ہو. حدیث عمران میں ہے: "کان عُمَرُ أجوفَ جليدًا" ج: جُوفٌ و جُوفانٌ وهي جَوفاءُ ج: جُوفٌ.

أجافه الطّعنةَ و بها: پیٹ میں نیزہ مارنا

— البابَ: دروازہ بند کرنا. حدیث حج میں ہے: "أنّه دخل البيتَ وأجافَ البابَ"

جوّفَ الشيءَ: کھوکھلا کرنا (۲) خول دار بنانا، جوف دار بنانا.

— الصَّيدَ: شکار کے پیٹ میں نیزہ مارنا.

اجتافه: جوف (پیٹ یا خول) میں داخل ہونا

تجوّفَ: کھوکھلا ہونا (۲) خول میں داخل ہونا کسی چیز کے پیٹ میں داخل ہونا.

استجافَ: کشادہ ہونا.

— الشيءَ: کشادہ پانا یا کھوکھلا پانا، برتن، مُستجاف: کشادہ برتن.

استجوفَ: استجافَ.

الأجوفان: پیٹ اور فرج (شرمگاہ عورت)

التجويف: زمین دوز گڑھا، کھوکھلا حصہ، سوراخ ج: تجاويف.

الجائفُ: شانہ سے مونڈھے تک گزرنے والی ایک رگ ج: جوائف.

الجائفةُ: اندر تک پہنچنے والی چوٹ (۲) بڑا عیب ج: جوائف.

الجُوافُ: دستوں کی بیماری جو عام طور پر بڑھاپے میں ہوتی ہے.

الجُوافةُ: ایک معمولی قسم کی مچھلی ج: جُواف حدیث مالک بن دینار میں ہے: "أكلتَ رَغيفًا و رأسَ جُوافةٍ فعلى الدّنيا العَفاءُ" (۲) امرود، لغت عامیہ میں جوافه بفتح میم استعمال

الجَوفُ: پیٹ، ہر چیز کا اندرونی کھوکھلا حصہ ج: أجواف.

— من اللّيل: رات کا آخری تہائی حصہ. حدیث میں ہے: "قيل له أيُّ اللّيلِ أسمعُ؟ قال: جوفُ اللّيلِ الآخرِ"

— من الأرض: کشادہ نشیبی زمین (۲) وادی ج: أجواف.

الأجوفُ: کھوکھلا (۲) کشادہ (۳) بڑا شیر (۴) وہ فعل جس کا عین کلمہ حرف علت ہو اگر وہ واؤ ہو تو أجوف واوی، یا ہو تو أجوف یائی کہلاتا ہے م: جوفاء ج: جُوف

المَجُوفُ: بڑے پیٹ والا، بڑے جوف والا (۲) بزدل آدمی گویا اس کے اندر دل نہیں.

المُجَوَّفُ: کھوکھلا (۲) جس میں دل نہ ہو، بزدل.

• جَوِقَ ـ جَوَقًا: موٹی گردن والا ہونا (۲) ٹیڑھے منہ والا ہونا. جَوِقَ الوجهُ: منہ کا ٹیڑھا ہونا. هو أجوقُ و هي جَوقاءُ ج: جُوقٌ. و هو جَوِقٌ.

جوّقَ القومُ عليه: کسی پر لوگوں کی آوازیں اٹھنا.

— النّاسَ: لوگوں کو جمع کرنا.

تجوّقَ: اکٹھا ہونا.

— فلانٌ: مختلف لوگوں کو اکٹھا کرنا.

الجَوقُ: مجمع، لوگوں کی بھیڑ ج: أجواق.

الجَوقةُ: مجمع، بھیڑ ج: جوقات.

المُجَوَّقُ: ٹیڑھے جبڑوں والا.

• جَالَ التُّرَابُ ـُ جَوْلًا و جَوْلَةً و جَوَلَانًا و جُئُولًا: ابھرنا، بلند ہونا، مثل مشہور ہے: للبَاطِلِ جَوْلَةٌ ثُمَّ يَضْمَحِلُّ۔

—النِّطَاقُ: پیٹی یا پٹکے کا ڈھیلا ہونے کے باعث اِدھر اُدھر کو ہونا.

—فِی الأَرْضِ: گھومنا، پھرنا، چکر لگانا، گشت لگانا، دورہ کرنا.

—القومُ فی الحَرْبِ جَوْلَةً: لوٹ لوٹ کر حملہ کرنا.

—بسَيْفِهِ: تلوار گھمانا، پٹا کھیلنا۔ هو جائِلٌ و جَوَّالٌ.

الأَمْرُ فی نَفْسِه: ڈانوا ڈول ہونا.

—الشیءَ: چھانٹنا، منتخب کرنا.

أَجَالَه و بِه: گھمانا، چکر لگوانا، دورہ کرانا، گشت کرانا.

—القومُ الرأیَ فیما بَیْنَهم: لوگوں کا باہم تبادلۂ خیال کرنا.

أَجِلْ جَائِلَتَكَ: تم اپنا کام کر جاؤ تردد نہ کرو.

جَاوَلَه: دھتکارنا، پیچھے ہٹانا، دھکے دے کر نکالنا، پیچھا کرنا.

جَوَّلَ البِلادَ و فيها تجويلاً و تَجْوالاً: خوب گھومنا، خوب چکر لگانا، پھیری لگانا.

تَجَوَّلَ: گھومنا، پھیری لگانا.

البائعُ المُتَجَوِّلُ: پھیری والا.

حَظْرُ التجوّلِ: کرفیو.

فَرْضُ حَظْرِ التجوّلِ: کرفیو لگانا.

اِجْتَالَ فی البِلادِ: گشت لگانا، چکر لگانا

—من الشیءِ: منتخب کرنا، پسند کرنا.

—القومَ: لوگوں کو ان کے ارادہ سے باز رکھنا.

—الشَّيْطَانُ فُلانًا: شیطان کا کسی کو اپنے جال میں پھنسانا اور گمراہ کرنا. حدیث میں ہے: "اِنَّ اللّٰهَ تعالٰی قال: اِنّی خَلَقْتُ عِبادی حُنَفاءَ فاجْتالَتْهُمُ الشَّيْطَانُ"

اجتال الماشِيَةَ: چوپائے کو ہکانا، لے جانا

انْجَالَ التُّرَابُ: مٹی کا اڑنا، اونچا ہونا

—فی البِلادِ: گھومنا.

تَجاوَلُوا فی الحَرْبِ: ایک دوسرے پر حملہ کر کے پیچھے دھکیلنا.

اسْتَجَالَه الشَّيْطَانُ: گمراہ کرنا، جال میں پھنسانا.

—الماشِيَةَ: ہکانا، لے جانا.

—الرِّيحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادلوں کو منتشر کر دینا.

—فُلانٌ السَّحَابَ: بادل کو دیکھنا کہ ہوا اسے اِدھر اُدھر لے جا رہی ہے.

الجَالُ: کنویں یا وادی وغیرہ کا کنارہ (۲) پختہ ارادہ ج: أَجْوَال.

الجَوْلُ: زمین پر اڑنے والی مٹی وغیرہ (۲) بڑی جماعت، بھاری دستہ (۳) جانوروں کا بڑا گلہ ج: جُوْلٌ و أَجْوَال.

الجُولُ: کنویں یا وادی کا کنارہ (۲) زمین پر اڑنے والی مٹی یا کنکریاں (۳) جانوروں کا بڑا گلہ (۴) کنویں کے نیچے کی چٹان (۵) کھیت، میدان ج: أَجْوَال.

الجَوْلانُ: زمین پر اڑنے والی مٹی وغیرہ (۲) گولان، شام کے ایک پہاڑی سلسلہ کا نام.

الجَوْلانِیّ: يومٌ جَوْلانِیٌّ: بہت گرد و غبار والا دن۔ رَجُلٌ جَوْلانِیٌّ: سب کا خیر خواہ اپنے اور پرائے ہر ایک کے لئے نفع رساں اور ہر ایک کا ہمدرد.

الجَوَّالُ: جہاں گشت، بہت گھومنے والا

البائعُ الجَوَّالُ: پھیری لگا کر بیچنے والا، پھیری والا.

الجَوَّالَةُ: سیاح، بہت سفر کرنے والا، بہت گھومنے والا، ورزشی کھیلوں کی ٹیم جو شہروں میں گھومتی ہو (۲) موٹر سائکل

الجَوْلَةُ: گشت، دورہ، سفر، راؤنڈ، پھیرا، چکر ج: جَوْلاتٌ.

الجُوَيْلُ: ہوا سے اڑنے والا کوڑا کرکٹ.

المَجَالُ: میدان کار، جولان گاہ (۲) گنجائش (۳) دائرۂ عمل، سرگرمی کا مرکز (۴) موقع ج: مَجَالاتٌ.

لم يَبْقَ له مَجَالٌ فی هذا الأَمْرِ: اس کام میں اس کے لئے کوئی گنجائش باقی نہیں رہی.

المِجْوَلُ: گھریلو کرتا. حدیث عائشہؓ میں ہے: "كانَ النَّبِیُّ صلی اللّٰه علیه وسلم اذا دَخَلَ علينا لَبِسَ مِجْوَلاً" (۲) سفید کپڑا جیسے وہ آدمی ہاتھ میں لیتا ہے جس کے پاس جوا کھیلنے والے اپنے تیر اکٹھا کرتے ہیں (۳) ڈھال (۴) کھرا سکہ (۵) چاندی، چاندی کا بنا ہوا چاند جو ہار کے بیچ میں ہوتا ہے (۶) پازیب (۷) گوکھرو (۸) تعویذ ج: مَجَاوِل.

• الجُوَالِقُ: بوری، بڑا تھیلا ج: جَوَالِق و جَوَالِيق. عام لوگ اسے شُوال کہتے ہیں.

• جَامَ ـُ جَوْمًا: کوئی چیز مانگنا اچھی یا بری

الجَامُ: گلاس، پیالہ، جام شراب اسی معنی میں زیادہ استعمال ہے.

صَبَّ عليه جَامَه: غصہ اتارنا، عتاب نازل کرنا.

صَبَّ عليه جَامَ غَضَبِه: عتاب نازل کرنا ج: جامات و أَجْوام و جُوم.

الجَامَةُ: جام، پیالہ ج: جَام و جَامات

الجَوْمُ: ہم مشرب ہم چرواہا یا چرواہے.

• جَانَ ـُ جَوْنًا و جُوْنَةً: کالا ہونا.

الجَوْنُ: کالا (۲) سفید (۳) روشنی (۴) تاریکی

(۵) سرخی مائل سیاہ ج: جُون (۲) کمان کا کنارہ۔ جونان: کمان کے دو کنارے۔
الجَوْنَاءُ: سورج (۲) ہانڈی (۳) کالی اونٹنی
الجَوْنَةُ: سورج (۲) پانی کا برتن جس پر روغن ملا ہوا ہو۔
الشَّمْسُ جَوْنَةٌ: آفتاب تیز روشنی والا ہے۔
الجُوْنَةُ: سیاہی (۲) جھاڑی (۳) عطار کی عطر رکھنے کی کپی۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت والی حدیث میں ہے: "فوجدت لِيده بَرْدًا وريحًا كأنما أخرجها من جُونَةِ عَطَّارٍ" ج: جُوَنٌ۔
الجَوَانِيُّ: دیکھئے (جوو)
الجُوْنِيُّ: سیاہ (۲) سیاہ پیٹ و بازو والا طائر قطا۔
•جَاهَ فلانًا بمكروهٍ ـُ جَوْهًا: برائی سے پیش آنا۔
تَجَوَّهَ فُلانٌ: بلند مرتبہ بننے کی کوشش کرنا، بڑا بننا، جاہ پسند ہونا۔
الجَاهُ: مرتبہ، حیثیت، پوزیشن۔
عَرِيقُ الجاه: بلند رتبہ، بلند حیثیت
الجاهَةُ: الجاه۔
•الجَوْهَرُ: کسی شے کی حقیقت، ذات (۲) قیمتی پتھر جس کے نگینے وغیرہ بنائے جاتے ہیں، اصطلاح فلسفہ میں وہ شے جو قائم بالذات ہو، عرض (یعنی وہ جو کسی دوسرے کے ساتھ قائم ہو) کا مقابل۔ و: جوهرة ج: جواهر
الجَوْهَرِيُّ: جوہر ساز، جوہر فروش، نگینہ یا زیورات بنانے والا یا بیچنے والا۔
•جَوِيَ ـَ فُلانٌ جَوًى: سینہ کی تکلیف میں مبتلا ہونا (۲) تنگ دل ہونا (۳) طویل بیماری میں مبتلا ہونا (۴) سوزش غم یا سوزش عشق میں مبتلا ہونا۔ هو جَوٍ مصدر بطور صفت بھی استعمال ہوتا ہے جیسے: هو وهي وهما وهم وهن جَوًى۔
جَوِيَ الماءُ: پانی کا سڑ جانا، بدبودار ہو جانا۔ حدیث یأجوج و ماجوج میں ہے: "فتجوى الأرضُ من نتنهم"
ــــ البَلَدَ و منه و عنه: راس نہ آنے کی بنا پر ناپسند کرنا۔
جَاوَى الإبلَ و بها: اونٹ کو پانی کے لئے بلانا۔
جَوَّى السِّقاءَ و نحوه: مشک وغیرہ میں رفو کرنا۔
اِجْتَوَى الطَّعامَ: ناپسند کرنا، موافق نہ ہونا۔
ــــ البَلَدَ: قیام پسند نہ کرنا۔ حدیث عُرَیْنَہ میں ہے: "قَدِمُوا المَدِينَةَ فاجْتَوَوها"
ــــ القومَ: بغض رکھنا۔
اِسْتَجْوَى البَلَدَ: قیام ناپسند کرنا۔
الجِوَاءُ: کشادہ وادی (۲) گھروں کے درمیان کھلی جگہ (۳) وہ چیز جس پر ہنڈیا رکھی جائے
الجِواءَةُ: وہ چیز (چمڑا یا کپڑا وغیرہ) جس پر ہنڈیا رکھی جائے تاکہ تلی سے دوسری چیز خراب نہ ہو۔
الجَوُّ: فضا، خلا (۲) ماحول، گرد و پیش (۳) آب و ہوا (۴) کھلی جگہ۔ قرآن پاک میں ہے: "أَلَمْ يَرَوْا إِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرَاتٍ فِي جَوِّ السَّمَاءِ" (۵) کشادہ نشیبی زمین (۶) ہر چیز کا پیٹ یا اندرونی حصہ ج: أجواء و جواء
الجَوَّةُ: ہر چیز کا خلا، اندرونی حصہ (۲) کشادہ اور نشیبی زمین، زمین کا ٹھوس ٹکڑا۔
الجُوَّةُ: مشک وغیرہ کا پیوند (۲) پہاڑ کے اندر کا گڑھا۔
جَوَّانِيُّ الشَّيءِ: ہر چیز کا اندرونی حصہ اس کا مقابل بَرَّانِيٌّ ہے۔ حدیث سلمان ؓ میں ہے: "ان لكلِّ امرئٍ جَوَّانيًّا و بَرَّانيًّا، فمن أصلح جَوَّانِيَّهُ أصلح الله بَرَّانِيَّهُ"
جَوًّا: فضائی راستہ سے، ہوا میں۔
الجَوِّيُّ: فضائی، ہوائی، خلائی۔
الأُسْطُول الجَوِّيّ: ہوائی بیڑا۔
الظَّاهِرَةُ الجَوِّيَّة: فضائی مظہر، فضائی صورت حال۔
علم الظَّواهِر الجَوِّيَّة: علم کائنات الجو
الأَجْوَائِيُّ: ماہر موسمیات۔
الجَوَى: سوزش غم، سوزش عشق۔
الجاوِيُّ: لوبان۔

ج ـــ ی

•جَاءَ ـِ جَيْئًا و مَجِيئًا و جَيْئَةً: آنا۔ جاءه و جاء اليه۔ دونوں استعمال ہیں۔
ــــ بالشيءِ: لانا۔
ــــ الغَيْثُ: بارش ہونا۔
ــــ الأَمْرُ: پیش آنا، واقع ہونا۔ هو جاءٍ و جَيَّاءٌ۔
ــــ الأَمْرَ: کوئی کام کرنا۔
جَايَأَه فجاءه: آنے میں مقابلہ کرنا اور غالب ہونا۔
ــــ الجُرْمَ: ارتکاب کرنا۔
ــــ طِبْقَ مَرَامِه: مقصد میں کامیاب ہونا۔
أَجَاءَ فلانًا: لانا۔
ــــ فلانًا الى كذا: پناہ میں لانا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَأَجَاءَهَا المَخَاضُ إِلَى جِذْعِ النَّخْلَةِ" مثل مشہور ہے: شرٌّ ما أجاءك الى مُخَّةِ عُرْقُوبٍ: ایسے شخص کے بارہ میں کہا جاتا ہے جو بہت

مجبور ہو۔

أَجَاءَ النَّعْلَ: جوتا گانٹھنا۔

—— المرأةُ ثوبَها علی خدَّيْهَا: عورت کا اپنے رخساروں پر اپنا کپڑا ڈالنا۔

جَايَأَهُ مُجَايَأَةً وجِيَاءً: کثرت سے آنے میں غالب ہونا، کسی کی آمد کے ساتھ آمد ہونا۔

—— فلانًا: ملاقات کر کے گزر جانا۔

جَيَّأَ القِربةَ و نحوَها: مشک میں پیوند لگانا، گانٹھنا۔

الجايِئَةُ: زخم سے نکلنے والا خون یا پیپ

الجِيَاءُ: وہ چیز جس پر ہنڈیا رکھی جائے جس سے نیچے کا فرش وغیرہ خراب نہ ہو

الجِيَاءَةُ: الجِيَاءُ۔

الجِيْئَةُ: زخم کا مواد، کچ لہو (۲) ٹکی، پیوند یعنی چمڑے کا ٹکڑا جس سے جوتا گانٹھا جائے (۳) چمڑے کا تسمہ جس کے ذریعہ سلائی کی جائے (۴) ایک دفعہ آمد

جِيئَةً و ذُهوبًا: آتے جاتے۔

جِيئَةُ البطنِ: ناف سے پیڑو تک کا حصہ۔

الجِيئَةُ: آنے کی ہیئت، نوعیت کہتے ہیں جِئْتَنا جِيئَةً مُبارَكةً۔

•جَابَ القَمِيصَ و نحوَه ـِ جَيْبًا: کرتے وغیرہ میں گریبان بنانا۔

جَيَّبَ القَمِيصَ و نَحْوَه: جاب۔

جَيْبُ القَمِيصِ و نحوه: گریبان ج: جُيُوب و أَجْيَابٌ۔ قرآن پاک میں ہے: "وليَضرِبنَ بخُمُرِهِنَّ علیٰ جُيُوبِهِنَّ"

جَيْبُ الثَّوبِ: جیب، پاکٹ (۲) دل ج: جِيَاب و جُيُوب۔

جَيْبُ الأرضِ: زمین کے اندر جانے کا راستہ۔

ناصِحُ الجَيْبِ: دیانت دار۔

الجَيْبِيُّ: پاکٹ کا، پاکٹ سائز، جیب میں رکھا جانے والا۔

الجَيْبَةُ: جیبی کتاب۔

•جَيِدَ ـَ (يَجْيَدُ و يَجَادُ) جَيَدًا: لمبی گردن والا ہونا، گردن کا دراز اور خوبصورت ہونا۔ هو أَجْيَدُ و هي جَيْدَاءُ ج: جُودٌ۔

الجِيْدُ: گردن، گردن کا اگلا حصہ، گردن کا حصہ جہاں ہار پہنا جاتا ہے (۲) چھوٹا کوٹ ج: أَجْيَاد و جُيُود۔

•جَيِرَ ـَ (يَجْيَرُ) جَيَرًا: پستہ قد اور موٹا ہونا۔

جَيَّرَه: چونہ پھیرنا، قلعی کرنا، چونہ کی استر کاری کرنا۔

—— الحَوْضَ: حوض کو گہرا کرنا۔

الجَايِرُ: حلق یا سینہ کی سوزش جو بھوک یا غصہ کے باعث پیدا ہو۔

جَيْرِ: حرف جواب بمعنی نعم۔ ہاں (۲) قسم کے لئے جیسے جَيْرِ لا أَفْعلُ: واقعۃً نہیں کروں گا۔

جَيْرَ: حرف جواب بمعنی نعم۔ ہاں۔

الجِيْرُ: بغیر بجھا چونہ، گچ۔ الجِيرُ المُطْفَأُ: بجھا ہوا چونہ۔

إطفاءُ الجِيرِ بالماءِ: چونے کو بجھانا۔

ماءُ الجِيرِ: آب چونہ۔

الجَيَّارُ: چونہ فروش، چونہ ساز (۲) سینہ یا حلق کی سوزش۔

الجَيَّارَةُ و ثمينُ الجِيرِ: چونہ کی بھٹی

جِيرِيٌّ: چونہ کا۔

الجِيْرَةُ: پڑوس۔

•الجِيزُ و الجِيزَةُ: دیکھئے (ج۔و۔ز)

•جَاشَ الماءُ ـِ جَيْشًا و جُيُوشًا و جَيَشَانًا: ابل کر بہنا، زور سے نکل کر بہنا۔

جَاشَ البحرُ: سمندر کا جوش میں آنا، سمندر میں طوفان آنا۔

—— بالأمواجِ: ٹھاٹھیں مارنا۔

—— الوادي: وادی کا پانی دور تک پھیل جانا

—— الميزابُ: پرنالہ سے زور کے ساتھ پانی گرنا۔

—— العينُ: آنکھ میں آنسو بھر جانا۔

—— الفَرَسُ: گھوڑے کا بدکنا، ہاتھ لگانے سے ایڑیوں کے بل کھڑا ہو جانا۔

—— القِدْرُ: ہنڈیا یا دیگچی میں اُبال آنا۔

—— الحَرْبُ: جنگ کا شدت اختیار کرنا، جنگ کے شعلے بھڑکنا۔ حدیث میں ہے: "ستكونُ فتنةٌ لا يَهْدأُ منها جانبٌ إلّا جاشَ جانبٌ"

—— نفسُه: جی متلانا، قے آنے کو ہونا۔ حدیث میں ہے "كأنَّ نفسي جاشَتْ"

—— نفسُ الجبانِ: بزدل کا بھاگنے کے لئے تیار ہونا۔

—— الصَّدْرُ: غصہ سے سینہ کھولنا، طیش میں آنا۔

—— الهَمُّ في صَدْرِه: سینہ میں غم کی آگ بھڑکنا۔

جاشَتْ إليه نفسُه: کسی چیز کے لئے دل دھڑکنا، دل باہر کو آنا، دل کا کسی چیز کے لئے تقاضا کرنا۔

جَيَّشَ: فوجیں تیار کرنا، جمع کرنا۔

تَجَيَّشَتْ نفسُه: جی متلانا۔ حدیث میں ہے: "جاؤا بلحمٍ فتجيَّشت أنفسُ أصحابِه"

استَجَاشَتِ القِدْرُ: دیگچی میں ابال آنا

استَجَاشَ فلانًا: کسی سے فوج مانگنا، فوجی مدد چاہنا۔ عامر بن فہیرہ کی حدیث میں ہے: "فاستجاشَ عليهم عامرُ بنُ الطُّفَيلِ"

الجَيْشُ: فوج، فوجی سپاہی ج: جُيُوش۔

جَیْشُ الخَلَاص: نجات دہندہ فوج۔
جَیَشَان: جوش، جوش غضب، طیش (۲) اُبال (۳) اضطراب (۴) امتلائی کیفیت (۵) جوانی۔
الجائش: مشتعل، مضطرب، بپھرا ہوا۔
جائش النَّفْس: مائل بہ متلی، بے چین۔
• جَاضَ ـِ جَیْضًا: اکڑ کر چلنا، اترا کر چلنا
ـــ عن الشیئ: بچنا، الگ رہنا۔
ـــ فی القِتَال: لڑائی سے بھاگنا۔ ھو جَائِض و جَیَّاض۔
جَایَضَہُمْ: شان و شوکت میں مقابلہ کرنا۔
جَیَّضَ عن الشیئ: پہلوتہی کرنا، بچنا۔
الجِیَضِّی: متکبرانہ چال۔
• جَافَتِ المَیْتَۃُ ـِ جَیْفًا: لاش کا سڑنا۔

جَیَّفَتِ المَیْتَۃُ: لاش کا سڑنا، بدبودار ہونا حدیث بدر میں ہے: "أَتُکَلِّمُ أُنَاسًا جَیَّفُوا"۔
جَیَّفَ فُلَان: گھبرانا، ڈرنا۔
ـــ فلانا: مارنا۔
اِجْتَافَت و انجافت المَیْتَۃُ: جافت۔
الجِیْفَۃُ: سڑی ہوئی لاش۔ حدیث ابن مسعود میں ہے: "لا اَعرِفَنَّ اَحَدَکُم جِیفَۃَ لیلٍ قُطْرُبَ نَہارٍ"۔ میں تم میں سے کسی کو اس شخص کی طرح نہ پاؤں جو دن بھر دنیا کمانے کے لئے دوڑ دھوپ کرتا ہو اور رات بھر لاشۂ بے جان کی طرح محو خواب رہتا ہو اور آخرت کی اُسے کوئی فکر نہ ہو۔
ج: جِیَف جج: أَجْیاف۔

• الجِیلُ: قوم (۲) نسل جیسے: عرب، ترک، رومی (۳) قبیلہ، خاندان (۴) طبقہ، جماعت (۵) ہم عصر (۶) ایک صدی، ایک زمانے کے لوگ (۷) تہائی صدی جس میں لوگ باہم مل جل کر رہیں ج: أَجْیال۔
جِیلاً بَعْدَ جِیلٍ: نسلاً بعد نسل، ایک سے دوسری نسل میں۔
الأَجْیال القادِمۃ: آئندہ نسلیں۔
جیولوجیا و جیولوجیَّۃ: جیالوجی، علم طبقات الارض۔
• جَیَّمَ جِیمًا: جیم بنانا۔
الجِیم: حروف ہجائیہ کا پانچواں حرف ج: جِیمات (۲) مست اونٹ ج: أَجْیام۔

بابُ الحَاء

الحَاءُ: حروفِ ہجائیہ کا چھٹا حرف۔

ح ــــ ا

• حَأْحَأَ بالحِمارِ: حا حا کہہ کر گدھوں کو تیز چلانا۔

ح ــــ ب

• حَبَّ الإنسانُ والشيءُ ـِ حُبًّا: محبوب وپسندیدہ ہونا۔ حَبَّتْ إليه: اس کے دل میں اس کی محبت پیدا ہوگئی۔
ــ فُلانًا: محبت کرنا، چاہنا۔
ــ الشيءَ: پسند کرنا۔
ــ الإنسانُ والشيءُ ـُ حُبًّا: محبوب وپسندیدہ ہونا۔ حَبُبْتَ إليَّ: میرے دل میں تمہاری محبت پیدا ہوگئی ہے، تم میرے محبوب ہو۔
حُبَّ به: اسے اس سے محبت ہوگئی، وہ اسے پیارا ہے۔
ما أَحَبَّه إليَّ: وہ مجھے کتنا عزیز ہے کتنا محبوب ہے۔
ــ فُلانًا: محبت کرنا، چاہنا۔ متعدی معنی أَحَبَّ باب افعال سے زیادہ استعمال ہوتا ہے۔
أَحَبَّ الزَّرْعُ: کھیتی میں دانہ پڑنا۔
ــ شیئًا: پسند کرنا، چاہنا۔
ــ فلانًا: چاہنا، محبت کرنا۔ هو مُحِبٌّ وهي مُحِبٌّ و مُحِبَّةٌ۔
حَابَّه مُحَابَّةً: محبت رکھنا، دوستی رکھنا
حَبَّبَ الزَّرْعُ: دانہ پڑنا۔
ــ الشيءَ إليه: محبوب ومرغوب بنانا، پسندیدہ بنانا۔ قرآن پاک میں ہے: "ولكنَّ اللهَ حَبَّبَ إليكُمُ الإيمانَ"
حَبَّبَ السِّقاءَ ونحوَه: مشکیزہ وغیرہ بھرنا۔
ــ الدَّواءَ ونحوَه: دوا وغیرہ کی گولیاں بنانا۔
تَحَابُّوا: باہم محبت وتعلق رکھنا۔ حدیث میں ہے "تَهادَوْا تَحَابُّوا"
تَحَبَّبَ إليه: محبوب وپسندیدہ ہونا (۲) اظہارِ محبت کرنا۔
ــ الماءُ ونحوُه: پانی وغیرہ میں بلبلے اٹھنا۔
ــ السِّقاءُ: مشکیزہ بھر جانا۔
اِسْتَحَبَّهُ: پسند کرنا۔
ــ على كذا: ترجیح دینا۔ قرآن پاک میں ہے: "اسْتَحَبُّوا الكُفْرَ على الإيمانِ"
الحَابُّ: نشانہ کے قریب پہنچنے والی شے ج: حَوَابُّ۔
الحَبَابُ: سطحِ آب پر نمایاں ہونے والی لکیریں، چھوٹی لہریں (۲) بلبلے طَفَا الحَبَابُ على الشَّرابِ: شراب پر بلبلے اٹھنے لگے (۳) شبنم (۴) غایت، انتہا۔ کہتے ہیں: حَبَابُكَ ان تفعلَ كذا۔
الحُبَابُ: دوستی، تعلق (۲) سانپ۔
أُمُّ حُبابٍ: دنیا۔
الحُبَابَةُ: ایک سیاہ آبی کیڑا ج: حُبَاب
الحَبُّ: دانہ، بیج، دانہ کے مشابہ چیز، گولی، پھنسی ج: حُبُوبٌ۔
حَبُّ الغَمامِ: اولے۔ حَبُّ المُزْنِ: اولے
حَبُّ المالِ: لالچی۔
حَبُّ الفَنا: رات کا سایہ۔
حَبُّ القِلْي: باقلا، سیم۔
حَبُّ النِّيلِ: کالا دانہ، گرداب۔
حَبُّ الصِّبا: ایک جلدی بیماری۔
حَبَّاتُ العِقْدِ: ہار یا تسبیح کے دانے۔
حَبُّ القُرِّ: اولے و: حَبَّةٌ ج: حُبُوبٌ وحَبَّاتٌ۔
الحُبُّ: محبت، دوستی، تعلق، میلان، جذبہ، خواہش (۲) پانی رکھنے کا برتن جیسے مٹکا وغیرہ ج: أَحْبابٌ وحِبَبَةٌ وحِبابٌ
"حُبًّا وكَرامَةً": خیر مقدمی الفاظ جیسے بسر وچشم، بطیب خاطر، دل وجان سے۔
حُبُّ الذَّاتِ: خود پسندی، خود غرضی۔
حُبُّ الوَطَنِ: وطن دوستی۔
مَرِيضُ الحُبِّ: بیمارِ عشق، عاشق۔
واقِعٌ في حُبِّ شيءٍ: گرفتارِ محبت
حُبُّ الانتقامِ: جذبۂ انتقام، انتقام پسندی
حُبِّيٌّ: دوستانہ، عاشقانہ، عشقیہ۔
حُبِّيًّا: دوستانہ طور پر۔
الحِبُّ: محبوب (۲) عاشق، دوست ج: أَحْباب وحِبّان وحِبَبَةٌ (۲) گھاس کا بیج (۳) جنگلی سبزیاں (۴) کانوں کی بالی یا بُندا۔
الحَبَبُ: بلبلا، لہر (۲) ہموار لگے ہوئے دانت، سلیقہ سے لگے ہوئے دانت، خوبصورت دانت۔
الحَبَّةُ: حَبٌّ کا مفرد، ایک دانہ، ایک عدد، ایک رتی (وزن) یا دو جو کے برابر

وزن .
حَبَّةُ القَلْبِ: سودائے دل، روح قلب.
الحَبَّةُ الحُلْوَة: تخم بادیان .
الحَبَّةُ الخَضْراء: وہ دانے جس کا قہوہ بنایا جاتا ہے.
الحَبَّةُ السَّوداءُ: کلونجی.
حَبَّةُ الغَمامِ او القُرِّ: اولہ.
حَبَّةُ العَين: آنکھ کی پتلی .
حَبَّةُ البَرَكَة: دیکھئے (برك)
الحِبَّةُ: گھاس کے بیج، جنگلی سبزیوں کا بیج. حدیث اصحاب نار میں ہے: " فَيَنْبُتون كما تَنْبُتُ الحِبَّةُ في حَمِيلِ السَّيْلِ" (۲) مختلف قسم کے دانے یا بیج .
الحُبَّةُ: انگور کا بیج (۲) محبوب، محبوبہ ج: حُبَبٌ.
الحُبُّ: محبت، دوستی، عشق (۲) بڑا مٹکا یا گھڑا ج: حِبابٌ و حِبَبَةٌ.
الحَبِيبُ: محبوب، دوست، عاشق ج: أَحِبَّاءُ و أَحِبَّةٌ و هي حَبِيبَةٌ ج: حَبائِبُ.
المُحِبُّ: عاشق، فریفتہ، دل دادہ.
المُحِبُّ لِذاتِه: خودغرض، خودرائے.
المَحَبَّةُ: تعلق، دوستی، چاہت، دلچسپی.
المُسْتَحَبُّ: وہ ہے جسے شارع نے واجب نہ کرتے ہوئے اس کی طرف ترغیب دلائی ہو.
حَبَّذا الأمْرُ: دیکھئے (حبذ)
• حَبْتَرَ الجِسْمُ: دبلا ہونا .
الحُباتِرُ و الحَبْتَرُ: کوتاہ قد ج: حَباتِرُ
• حَبَجَ ـِ حَبْجًا: لاٹھی سے مارنا.
حَبِجَ ـَ حَبَجًا: سوجے ہوئے پیٹ والا ہونا
الحَبَجُ: سدّہ یا پیٹ کے فضلات.
تَحَبْجَرَتِ الأمْعاءُ: آنتوں کا پیچیدہ ہونا
• حَبْحَبَ: خرابی غذا سے کمزور ہو جانا .
ـــ الماءُ: تھوڑا تھوڑا بہنا، آہستہ بہنا.

حَبْحَبَتِ النّارُ: آگ کا بھڑکنا .
الحُباحِبُ: جگنو، رات کو چمکنے والا کیڑا.
نارُ الحُباحِب: آگ کی چنگاریاں جو پتھر وغیرہ کی رگڑ سے نکلتی ہیں.
أُمُّ حُباحِب: جگنو.
• حَبَّذا: کلمہ تعریف، بہت خوب، کیا خوب کہتے ہیں: حَبَّذا الأمْرُ و الرَّجُلُ و الرَّجُلانِ و الرِّجالُ و المَرْأَةُ و المَرْأَتانِ و النِّساءُ.
حَبَّذَ فلانًا: حَبَّذا کہنا، تعریف کرنا، شاباش کہنا.
ـــ الأمْرَ: سراہنا، پسند کرنا.
• حَبَرَهُ ـُ حُبُورًا: خوش کرنا، کیف و سرور بخشنا. قرآن پاک میں ہے: "أُدْخُلوا الجَنَّةَ أَنْتُمْ وَ أَزْواجُكُمْ تُحْبَرُونَ"
ـــ البُرْدَ حَبْرًا: چادر وغیرہ کو کاڑھنا، بیل بوٹے بنانا، مزین کرنا، آراستہ کرنا
حَبِرَ ـَ حَبَرًا: خوش و خرم ہونا، شگفتہ رو ہونا.
ـــ الأرْضُ: زرخیز ہونا.
ـــ الجُرْحُ: زخم کا اچھا ہونا اور نشان باقی رہنا.
ـــ الأسْنانُ: دانتوں کا زرد ہونا، هُوَ حَبِرٌ و هي حَبِرَةٌ.
أَحْبَرَتِ الأرْضُ: زرخیز ہونا.
ـــ الضَّرْبَةُ جِلْدَهُ و بِهِ: چوٹ کا جلد پر نشان ڈالنا .
حَبَّرَهُ: خوش کرنا (۲) آراستہ کرنا، خوشنما بنانا. جیسے حَبَّرَ الشِّعْرَ و الكلامَ و الخَطَّ. حضرت ابوموسیٰ اشعری کی حدیث میں ہے: "لو علمتُ أنّك تَسْمَعُ لِقِراءَتِي لَحَبَّرْتُها تَحْبِيرًا"
ـــ الدَّواةَ: دوات میں روشنائی ڈالنا

حَبَّرَ الكِتابَ: لکھنا.
ـــ الرَّسْمَ: نقشہ کو روشنائی سے پختہ کرنا.
تَحَبَّرَ: مزین ہونا، بادل کا ظاہر ہو کر پھیل جانا
الحابُورُ: محفل سرور (اوباش لوگوں کی) ج: حَوابِيرُ.
الحِبارُ: کام کی وجہ سے ہاتھوں کی خشکی (۲) جلد پر رگڑ وغیرہ کا نشان، خراش ج: حُبُرٌ.
الحُبارَى: سرخاب، ایک پرندہ ج: حُبارَيات.
الحَبْرُ: عالم، پوپ، یہودیوں کا عالم.
سِفْرُ الأَحْبار: دیکھئے (سفر)
الحِبْرُ: عالم، پوپ (۲) روشنائی، سیاہی ج: أَحْبار و حُبُورٌ. الحِبْرُ الأعْظَمُ: یہودیوں کا سب سے بڑا عالم.
الحِبْرُ السِّرِّيُّ: خفیہ روشنائی .
حِبْرُ إعْلامٍ او تَمْرِيك: مارکنگ انک نشان ڈالنے کی روشنائی .
قَلَمُ حِبْرٍ: فونٹن پن .
الحِبَرَةُ: ایک قسم کی دھاری دار یمنی چادر (۲) ایک ریشمیں چادر جسے اوڑھ کر عورتیں مصر میں باہر نکلتی تھیں ج: حِبَرٌ.
الحَبْرَةُ: خوشی، نعمت.
الحِبْرَةُ: دانتوں پر جمی ہوئی زردی (۲) درخت کی گانٹھ.
الحَبِيرُ: نقش و نگار والا ملائم کپڑا یا چادر کڑھی ہوئی خوش نما چادر (۲) رنگ برنگ بادل.
الحَبّارُ و الحِبْرِيُّ: روشنائی فروش.
المِحْبَرَةُ: دوات (۲) قلم دان ج: مَحابِرُ.
الحَبَرْكَى: لمبی کمر اور چھوٹی ٹانگوں والا.
• حَبَسَهُ ـِ حَبْسًا: قید کرنا، قبضہ میں رکھنا.
ـــ الشيءَ و المالَ على كذا: وقف کرنا

یعنی کسی شے سے منفعت تو حاصل کرنے کا حق ہو لیکن نہ اس کی بیع کی جا سکے اور نہ اس میں وراثت جاری ہو سکے۔
حَبَسَ نَفْسَه علی کذا: خود کو کسی کام کے لئے وقف کرنا۔
حَبَسَه عن کذا: روکنا۔
ــــ الشَّیْءَ بالشَّیْءِ: ڈھانپنا، چھپانا۔
هو مَحْبُوسٌ و حَبِیْسٌ۔
ــــ حَبْسًا احتیاطِیًّا: حوالات میں رکھنا، بند کر دینا، پیش بندی کے لئے قید کرنا۔
أَحْبَسَه: حَبَسَه۔
حَبَّسَه: حَبَسَه۔
اِحْتَبَسَ: قید ہونا، رکنا، بند ہونا، وقف ہو جانا۔
ــــ الإنسانَ وغیرَه: قبضہ میں رکھنا، قید کرنا۔
ــــ فُلانٌ الشَّیْءَ: اپنے لئے کوئی چیز خاص کرنا۔
تَحَبَّسَ فی الکلام: بات کرتے ہوئے اٹکنا۔
ــــ علی کذا: کسی شے کے لئے وقف ہو جانا۔
حَابَسَه مُحَابَسَةً: روکے رکھنا، حراست میں رکھنا۔
اِسْتَحْبَسَ: راہب بننا۔
الحَابِسُ: روکنے والا، حراست میں رکھنے والا (۲) حوض نما گڑھا وغیرہ جس میں پانی روکا گیا ہو۔ زِقٌّ حَابِسٌ: پانی روکنے والی مشک۔ کَلَأٌ حَابِسٌ: بہت سی گھاس جس کی وجہ سے مویشی وہاں جمع رہیں ج: حَوَابِس۔
الحَابِسَةُ: حابس کا مؤنث (۲) وہ اعلیٰ نسل کے اونٹ جن کو گھر میں باندھ کر رکھا جائے۔
الحُبَاسَةُ: پانی جمع کرنے کی حوض نما جگہ ج: حَبَائِس۔
الحُبَّسُ: پیادہ فوج۔
الحَبْسُ: قید، رکاوٹ (۲) قید خانہ ج: حُبُوس۔
الحَبْسُ الاحتیاطِیُّ: حوالات، حراست
الحِبْسُ: پانی روکنے کی ڈاٹ یا دروازہ ج: أَحْبَاس۔
الحُبْسَةُ: زبان کا ثقل، گفتگو میں رکاوٹ جس سے بات صاف نہ ہو سکے۔
الحَبِیْسُ: المحبوس۔ قیدی، جہاد کے لئے وقف کیا ہوا گھوڑا (۳) گوشہ نشین تارک الدنیا، راہب ج: حُبُسٌ و هی حَبِیْسَةٌ ج: حَبَائِس۔
المَحْبَسُ: مویشیوں کے چارہ کا کٹہرا ج: مَحَابِس۔
المِحْبَسُ: چارہ کا کٹہرا (۲) پلنگ پوش (۳) پانی کی ڈاٹ یا ٹونٹی ج: مَحَابِس
المَحْبَسَةُ: قید خانہ، زاہدوں کی خانقاہ ج: مَحَابِس۔
• حَبَشَ لَه ـِ حَبْشًا: جمع کرنا (۲) بھرا کر بھرنا (۳) کپڑے میں روئی یا اون بھرنا۔
ــــ لِأَهْلِه: اہل و عیال کے لئے کمائی کرنا، گزر بسر کا سامان فراہم کرنا۔
أَحْبَشَت المَرْأَةُ بولَدِها: حبشی جیسا لڑکا جننا۔
حَبَّشَ لَه: حَبَشَ: اکٹھا کرنا، یکجا کرنا، بھرا کر بھرنا۔
اِحْتَبَشَ الشَّیْءَ: اکٹھا کرنا۔
تَحَبَّشَ القَوْمُ: لوگوں کا اکٹھا ہونا کہتے ہیں: تَحَبَّشُوا علیه: اس کے پاس جمع ہو گئے۔
الأُحْبُشُ: حبشی، سوڈان کی ایک نسل ج: أَحَابِش۔
الأُحْبُوشُ و الأُحْبُوشَةُ: مختلف نسلوں کے لوگ ج: أَحَابِیْش۔ أَحَابِیْشُ قُرَیْشٍ: قبیلہ قریش، کنانہ اور خزاعہ کے وہ لوگ جنہوں نے مکہ کے حُبْشِی نامی پہاڑ کے نزدیک اکٹھے ہو کر عہد و پیمان کیا تھا۔
الحُبَاشَةُ: جمع کی ہوئی چیزیں (۲) مختلف نسلوں کے لوگ۔
الحُبَاشِیَةُ: عقاب۔
الحَبَشُ: حبشی لوگ، سوڈان کی ایک نسل، ملک حبشہ کے رہنے والے و: حَبَشِیٌّ ج: حُبْشَانٌ۔
الحَبَشَةُ: ملک حبشہ، حبشہ کے رہنے والے
بِلادُ الحُبْشَان: اتھوپیا (مشرقی افریقہ کا ایک ملک)
الحَبَشِیَّةُ: حبشی کی مؤنث۔
رَوْضَةٌ حَبَشِیَّةٌ: باغیچہ جس کا رنگ پودوں کی کثرت کے باعث سبز یا سیاہی مائل ہو۔
تَحْبِیْشَةٌ: بھرن، وہ چیز جو گدے وغیرہ میں بھری جائے ج: تحابیش۔
• حَبَضَ الوَتَرُ ـِ حَبْضًا: تانت کا زور کی حرکت سے آواز دینا۔
ــــ بالوَتَر: کمان کے تانت کو زور سے کھینچ کر چھوڑنا جس سے آواز پیدا ہو۔
ــــ القَلْبُ و العِرْقُ: دل یا رگ کا زور سے حرکت کرنا پھر رک جانا۔
ــــ الشَّیْءُ حُبُوضًا: کم ہونا۔
ــــ السَّهْمُ: تیر کا نشانہ پر نہ جانا، قریب ہو کر گر جانا۔
ــــ الأَمْرُ: باطل ہو جانا، حق ساقط ہونا، پامال ہونا، جیسے حَبَضَ حَقُّه۔
ــــ فُلانٌ: کسی کا لوگوں کے نیک گمان کے برخلاف ظاہر ہونا (۲) بخیل ہونا (۳) کنویں کے پانی کا کم ہو جانا۔

حَبِضَ الشَّيْءُ او السَّهْمُ او العِرْقُ ـَ حَبَضًا: زور سے حرکت کے بعد ٹھیر جانا، بے ترتیب حرکت کرنا۔
أَحْبَضَ الرَّامِي السَّهْمَ: تیر کو نشانہ سے ہٹانا، تیرانداز کا نشانہ غلط ہونا۔
ـــ البِئْرَ: کنویں کا پانی ختم کردینا۔
ـــ الحَقَّ: حق کو غلط اور باطل ٹھیرانا، تلف کرنا
الحُبَاضُ: کمزوری۔
الحَبَضُ: کمزور آواز (۲) زندگی کی رمق (۳) رگ کی تیز حرکت، دھڑکن۔ کہتے ہیں: ما به حَبَضٌ و لا نَبَضٌ: اس میں کوئی حس وحرکت نہیں۔
المِحْبَضُ: دُھنیے کی کمان (۲) شہد نکالنے کی لکڑی یا وہ لکڑی جس سے مکھی یا بھڑ کو ہٹایا جائے (۳) سارنگی کا تار ج: مَحَابِض
•حَبِطَ عَمَلُه ـِ حَبْطًا و حُبُوطًا: باطل ہونا، بے نتیجہ ہونا، رائگاں جانا، ضائع ہونا۔
حَبِطَتِ الدَّابَّةُ ـَ حَبَطًا: ناموافق چارہ یا زیادہ کھانے سے پیٹ پھول جانا، اپھارہ ہونا۔ حدیث میں ہے: "وإنّ ممّا يُنْبِتُ الرَّبِيعُ ما يَقْتُلُ حَبَطًا او يُلِمُّ" اس لالچی کے بارہ میں کہا جاتا ہے جو جمع کرنے اور خرچ نہ کرنے کا عادی ہو۔
حَبِطَ البَطْنُ: پیٹ کا پھول جانا۔
ـــ الجِلْدُ: ورم آلود ہونا۔
ـــ الجُرْحُ: اچھا ہونے کے بعد نشان باقی رہنا۔
ـــ مَاءُ البِئْرِ: کنویں کا پانی خشک ہوجانا
ـــ العَمَلُ: بے کار و بے نتیجہ ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "لَئِنْ أَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ" حَبِطَ دَمُه: خون کا رائگاں ہونا۔
أَحْبَطَ مَاءُ البِئْرِ: کنویں کا پانی خشک ہوجانا
أَحْبَطَ عَمَلَه و دَمَه: رائگاں اور ضائع کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَأَحْبَطَ اللّٰهُ أَعْمَالَهُمْ"
الحُبَاطُ: ناموافق غذا کھانے یا زیادہ کھانے سے پیٹ کا درد۔
الحَبَطُ: زخم یا مار کا نشان، سوجن۔
•حَبَقَ فُلانٌ ـِ حُبَاقًا: گوز مارنا، ریح خارج کرنا۔
ـــ فُلانًا ـِ حَبْقًا: چھڑی رسّی یا کوڑے سے مارنا۔
حَبَّقَ المَتَاعَ: سامان کو مضبوطی سے باندھنا
أَحْبَقَ: تابعدار ہونا۔
تَحَابَقُوا عليه: بداخلاقی سے پیش آنا، بے وقوفی کا برتاؤ کرنا، گالی گلوچ کرنا
الحَبَقُ: تیز خوشبودار نبات، ریحان، پودینہ (۲) کم عقل آدمی۔
حَبَقُ البَقَرِ: بابونہ۔
حَبَقُ الرَّاعِي: ایک کڑوی بوٹی جو بطور دوا استعمال کی جاتی ہے۔
حَبَقُ الشُّيُوخِ: ایک تیز خوشبودار پودا جو مسالہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے، پودینہ کوہی۔
حَبَقُ التِّمساحِ و حَبَقُ الماءِ: آبی پودینہ۔
حَبَقُ الفِيلِ و حَبَقُ الفَتَى: مرزنجوش، ایک میٹھی بوٹی۔
الحِبِقِّي: تیز رفتار۔
الحِبِقَّةُ: پست قامت۔
الحُبَقُ: کم عقل، تنگ نظر م: حُبَقَةٌ
الحَبِقُ: بے کار و بے فیض آدمی م: الحَبِقَةُ۔
•حَبَكَ الشَّيْءَ ـُ حَبْكًا: مضبوط کرنا
ـــ الثَّوْبَ: عمدہ بُننا۔
ـــ الجورب: موزہ بننا۔
ـــ الحَبْلَ: رسّی کو مضبوطی سے بٹنا، خوب بٹ دینا۔
حَبَكَ العُقْدَةَ: گرہ کو مضبوط کرنا
ـــ الأَمْرَ: بہتر تدبیر کرنا۔
ـــ الكِتَابَ: کتاب کی جلد بنانا۔
حَبَّكَ الشَّيْءَ: مضبوط و پختہ کرنا۔
ـــ الشَّعْرَ: بالوں کو بل دینا، گھونگھریالے بنانا۔
ـــ الثَّوْبَ: کپڑے کو دھاری دار بُننا۔
ـــ الرِّيحُ الرَّمْلَ و الماءَ: ریت یا پانی میں لہریں پیدا کرنا۔
احْتَبَكَ الشَّيْءَ: مضبوط کرنا۔
تَحَبَّكَ: پٹی کو مضبوط باندھنا (۲) کمربستہ ہونا۔
الحِبَاكُ: ریت یا پانی میں ہوا سے پیدا ہونے والی لہر (۲) بانس کا بنا ہوا کٹہرا
حِبَاكُ الثَّوْبِ: کپڑے کا کنارہ جسے موڑ کر سیا جائے۔
حِبَاكُ الحَمَامِ: کبوتر کے بازو کے اوپر کی سیاہی ج: حُبُكٌ۔
الحُبْكَةُ: کمربند، پٹی، ازار باندھنے کی جگہ (۲) پاجامے کا نیفہ جس میں ازار بند ہوتا ہے ج: حُبَكٌ۔
الحَبِيكَةُ: مضبوط کی ہوئی شے (۲) پانی یا ریت میں پیدا ہونے والی لہر (۳) ستاروں کے درمیان کا راستہ ج: حُبُكٌ۔ قرآن پاک میں ہے: "والسَّمَاءِ ذَاتِ الحُبُكِ"
المَحْبُوكُ: مضبوط بنا ہوا۔ فَرَسٌ مَحْبُوكٌ: مضبوط و طاقتور گھوڑا۔
حَبْكَةُ الرِّوَايَةِ: ناول کا پلاٹ، خاکہ۔
•حَبَلَه ـُ حَبْلًا: رسّی سے باندھنا، باندھنا
ـــ الصَّيْدَ: جال لگا کر شکار کرنا، پھندا لگا کر پکڑنا۔
حَبَلَتْ فُلانَةُ فُلانًا: عورت کا کسی کو اپنے دام محبت میں پھنسانا اور مسحور کرنا۔
حَبِلَتِ الأُنْثَى ـَ حَبَلًا: حاملہ ہونا۔ھی

حَابِلَة ج: حَبَلَة و هي حُبْلیٰ
ج: حَبَالیٰ۔
حَبِلَ الزَّرْعُ: خوشوں کا دانوں سے بھر جانا۔
— فُلَانٌ من الشَّراب: شکم سیر ہونا۔
أَحْبَلَه: باندھنا۔
— الأُنثیٰ: حاملہ بنانا، گابھن کرنا۔
حَبَّلَ الزَّرْعُ: کھیتی کا گھنا اور گنجان ہونا
— الشَّعْرَ: بالوں کو گوندھنا۔
— الأُنثیٰ: حاملہ بنانا، گابھن کرنا۔
اِحْتَبَلَ الصَّيْدَ: شکار کرنا (پھندے یا جال سے) اِحْتَبَلَهُ المَوتُ بِحَبَائِلِه: موت نے اسے اپنے پھندوں سے جکڑ لیا۔
اِحْتَبَلَتْ فُلَانَةٌ فُلَانًا: عورت کا کسی کو دام عشق میں پھنسانا۔
تَحَبَّلَتِ الدَّابَّةُ: چوپائے کے پیروں کا رسّی میں پھنس جانا۔
تَحَبَّلَ الصَّيْدَ: پھندے یا جال سے شکار کرنا۔
الأُحْبُولُ و الأُحْبُولَةُ: بوجھ (۲) پھندا شکاری کا جال ج: أَحَابِيل۔
الحَابِلُ: پھندا لگا کر شکار کرنے والا، کہاوت ہے: یا حَابِلُ اذْكُرْ حَلًّا: ایسے شخص کے بارہ میں کہا جاتا ہے جسے معاملات کے نشیب و فراز پر بصیرت حاصل ہو۔
اختلط الحَابِلُ بالنَّابِلِ: معاملات کے بگڑنے اور افراتفری ہونے کے وقت بولا جاتا ہے۔
ثَارَ الحَابِلُ بالنَّابِلِ و ثَارَ الحَابِلُ علی النَّابِلِ: فساد پھیلنے کے وقت بولا جاتا ہے۔
الحَابُول: وہ رسّی جس کے ذریعہ درخت خرما پر چڑھتے ہیں ج: حَوَابِيل۔
الحِبَالَةُ: پھندا، شکاری کا جال (۲) بوجھ

ج: حَبَائِل۔
حَبَائِلُ المَوت: اسباب موت۔
الحَبَّالُ: رسّی ساز (۲) رسیاں بیچنے والا
ج: حَبَّالَة۔
الحَبْلُ: رسّی، رسّا، ڈوری، سُتلی (۲) رگ۔ فُلان يَحْطِبُ في حَبْلِ فُلانٍ: وہ فلاں کی مدد کرتا ہے وَصَلَ فلانٌ حَبْلَ فُلانٍ: اپنی بیٹی سے شادی کرنا (۳) ریتی نما ریت کی دھاری (۴) دوڑ میں چھوڑنے سے پہلے گھوڑوں کے کھڑا ہونے کی جگہ (۵) ذمّہ، عہد و پیمان (۶) امان۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللهِ جَمِيعًا"۔ بیعت انصار کی حدیث میں ہے: "إنَّ بَيْنَنَا و بَيْنَ القَوم حِبَالًا و نحن قاطعوها" (۷) رکاوٹ۔
حَبْلُ الوَرِيد: گردن کی ایک رگ اس سے قرب و نزدیکی کو بیان کیا جاتا ہے۔ جیسے قرآن حکیم میں ہے: "وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيه من حَبْلِ الوَرِيد"۔
حَبْلُ العَاتِق: گردن اور مونڈھے کے درمیان کا پٹھا۔ کہاوت ہے: هُوَ علی حَبْلِ ذِرَاعِك: وہ چیز تمہارے بس میں ہے۔
حَبْلُ الفَقَار: کمر میں اول سے آخر تک پھیلی ہوئی رگ۔
الحَبْلَانِ: لیل و نہار، شب و روز۔
الحَبْلَانُ: بھرا ہوا، پُر۔
الحَبَلُ: ہر وہ شے جو کسی ظرف میں ہو، تخم، حمل۔ حَبَلٌ للبطن: بچہ۔ حَبَلٌ لِلصَّدَف: موتی۔ حَبَلٌ للزُّجَاجَة شراب یا مشروب ج: أَحْبَال۔
الحَبَلَةُ: انگور کی بیل، انگور کی بیل کی شاخ ج: حَبَل۔
الحُبْلَةُ: لوبیے وغیرہ جیسی ترکاری۔

الحُبْلیٰ و حَبْلَانَة: حاملہ۔
المَحْبِلُ: رحم ج: مَحَابِل۔
المَحْبَلُ: رحم (۲) مدت حمل، وقت حمل،
ج: مَحَابِل۔
المُحْتَبَلُ: چوپائے کی ٹانگ کا کھر سے ملا ہوا حصہ جس پر رسّی باندھی جاتی ہے۔
• حَبِنَ ـ حَبَنًا: پیدائشی طور پر یا کسی بیماری سے بڑے پیٹ والا ہونا۔
— القَدَمُ و نحوُها: بھاری پیر والا ہونا، پیر وغیرہ کا زیادہ گوشت والا ہونا
— عليه: کسی پر بہت غصہ آنا۔ هو أَحْبَنُ و هي حَبْنَاءُ ج: حُبْنٌ۔
أَحْبَنَه الطَّعَامُ او الدَّاءُ: کھانے یا بیماری کا پیٹ کو پھلا دینا۔
الحَبَنُ: ایک بیماری جس سے پیٹ سوج جاتا ہے۔ پیٹ کی سوجن۔ استسقا
الحِبْنُ: پھوڑا (۲) بندر ج: حُبُون۔
الحَبْنُ: کنیر کا درخت (ایک تلخ اور زہریلا درخت)۔
الحَبْنَاءُ: انڈا نہ دینے والی کبوتری ج: حُبْنٌ۔
الحِبْنَةُ: پھوڑا (۲) بندر ج: حِبَنٌ۔
الحَبِينُ: الحَبَنُ۔
• حَبَا الصَّبِيُّ ـ حَبْوًا: بچہ کا گھسٹنا، سرین کے بل سرکنا۔
— البَعِيرُ: اونٹ کا تھکنے یا بندھا ہونے کی وجہ سے زمین پر گھسٹنا۔
— الشيءُ: قریب ہونا۔
— السَّحَابُ: بادل کا گہرا اور زمین سے قریب ہونا۔
— السَّهْمُ: تیر کا زمین سے لگ کر نشانہ تک پہنچنا۔
— فُلَانٌ الخَمْسِينَ: پچاس سال کے قریب ہونا۔
— فلانًا حِبَاءً و حَبْوَةً: دینا، عطا کرنا،

بحتنا۔ حَبَاهُ العَطَاءَ و بہ دونوں طرح کہا جاتا ہے۔

أَحْبَى الرَّامِي: تیرانداز کا نشانہ خطا کرنا۔

حَابَاه مُحَابَاةً و حِبَاءً: طرف داری کرنا

ـــ فی البَيْعِ و غيره: سہولت دینا، نرمی برتنا۔

احْتَبَى: حَبْوَہ باندھنا، سرین کے بل بیٹھ کر گھٹنے کھڑے کر کے ان کے گرد سہارا لینے کے لئے دونوں ہاتھ باندھ لینا یا کمر اور گھٹنوں کے گرد کپڑا باندھنا۔ (عرب لوگ اکثر اس طرح بیٹھا کرتے تھے)۔

ـــ بالثَّوبِ: کپڑے کو سرین کے بل بیٹھ کر اور پنڈلیوں کے اردگرد باندھنا، حبوہ بنانا

الحَبَا: زمین سے قریب گھنا بادل۔

الحِبَاءُ: عطیہ، ہدیۂ تکریم (۲) عورت کا مہر ج: أَحْبِيَة۔

الحُبَة: انگور کا دانہ ج: حُبًّا۔

الحُبْوَة: وہ نشست جس میں آدمی سرین کے بل بیٹھ کر اپنی دونوں رانوں سے پنڈلیاں ملا کر گھٹنے کھڑے کر لیتا ہے اور ہاتھ پنڈلیوں پر باندھ لیتا ہے (۲) وہ کپڑا جس کا حبوہ بنایا جائے یعنی مذکورہ طریق پر بیٹھ کر کمر اور پنڈلیوں کے گرد کوئی کپڑا وغیرہ باندھ لیا جائے ج: حُبًى۔

ح ـــــ ت

•حَتَأَ ـ حَتْئًا: گھور کر دیکھنا، ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔

ـــ الشيءَ: پختہ کرنا۔

ـــ الجدارَ: دیوار کو بالکل سیدھا چننا۔

ـــ العُقْدَةَ: گرہ مضبوط لگانا۔

ـــ الثَّوبَ: پختہ سلائی کرنا (دوسری سلائی کرنا)

ـــ الكِساءَ و نحوَه: کمبل وغیرہ کے جھالر کو بٹنا، پھندنا بنانا۔

ـــ الحِمْلَ عن الدَّابَّة: بوجھ اتارنا۔

أَحْتَأَ الشيءَ: حَتَأَه۔

الحِتْءُ: کپڑے کا بٹا ہوا کنارہ۔

الحَتِيْءُ: ایک قسم کا ستّو۔

•حَتَّ الوَرَقَ عن الشَّجَرِ ـ حَتًّا: درخت کے پتے جھڑنا، چھال گرنا۔

ـــ الشيءَ: گرانا، ڈالنا

ـــ الشَّجَرَ: درخت کی چھال اتارنا۔

ـــ الله مالَه: اللہ نے اس کا مال ختم کر دیا اور اسے مفلس بنا دیا۔

ـــ الشيءَ عن الثَّوبِ: کپڑے کو رگڑ کر کوئی چیز صاف کرنا، دور کرنا۔

أَحَتَّ الشَّجَرُ: درخت کا سوکھ جانا اور پتے گر جانا۔ فالشَّجَرُ مُحِتٌّ۔

انحَتَّ الوَرَقُ عن الشَّجَرِ: پتے جھڑنا

ـــ الشَّعْرُ: بال جھڑنا۔

تَحَاتَّ الشيءُ: بکھر جانا (۲) چھل جانا۔

تَحَاتَّتْ أَسْنَانُه: دانتوں کا کھوکھلے ہو کر گر جانا۔

ـــ الشَّجَرُ: درخت کے پتے جھڑنا۔

ـــ الوَرَقُ عن الغُصْنِ: شاخ کے پتے گرنا۔ تحاتَّتِ الشَّجَرَة: پتے جھڑنا

تحاتَّتْ عنه ذُنُوبُه: گناہ جھڑنا۔

الحُتَاتُ و الحُتَاتَةُ من كل شيءٍ: برادہ، چورہ، ریزہ، بچی کھچی چیز۔

الحُتَاتُ: ایسی لاغری جو چوپائے کو لاحق ہوتی ہے اور اس کا گوشت سوکھ جاتا ہے بال جھڑ جاتے ہیں۔

الحَتُّ: تیز رفتار۔ فَرَسٌ حَتٌّ: تیز رفتار گھوڑا (۲) مردہ ٹڈی (۳) باہم نہ چپکنے والی کھجوریں ج: أَحْتَاتٌ۔ ما فی يَدِي منه حَتٌّ: میرے ہاتھ میں اس کا کچھ بھی نہیں۔

تَرَكُوهم حَتًّا بَتًّا اوحَتًّا فَتًّا: انہوں نے ان کو ہلاک کر دیا۔

الحَتَتُ: پت جھڑ کی بیماری جو درخت کو لاحق ہوتی ہے۔

الحُتَّة: چھال، چھلکا (۲) ریزہ، ٹکڑا۔

الحَتُوْتُ و المِحْتَاتُ: وہ کھجور کا درخت جس کی نیم پختہ (گدر) کھجوریں گر گئی ہوں

•حَتَّى: تک، تاکہ، یہاں تک کہ، نیز، بھی، حرف جر انتہاء غایت کے لئے جیسے (حَتَّى مَطْلَعِ الفَجْرِ) (۲) عاطفہ برائے غایت جیسے (قَدِمَ الحُجَّاجُ حَتَّى المُشَاةُ) (۳) برائے ابتداء یعنی اس کے مابعد کلام مستأنف ہوتا ہے جیسے شاعر کا قول:

"فوا عجبا حَتَّى كليبٌ تَسُبُّنِي"

(۴) بمعنی کَیْ جب کہ مضارع مستقبل سے پہلے واقع ہو۔ جیسے قرآن پاک میں ہے:

"وَلَا يَزَالُونَ يُقَاتِلُونَكُم حَتَّى يَرُدُّوكُم عن دِيْنِكُم" کبھی اِلَّا کے معنی میں آتا ہے جیسے شاعر کا قول:

لَيْسَ العَطَاءُ من الفُضُولِ سَمَاحَةً
حَتَّى تَجُوْدَ و مالَدَيك قَلِيْلُ

حَتَّامَ: اس کی اصل حَتَّى مَا ہے۔ کب تک

حَتَّى مَتَى: کب تک۔

•حَتْحَتَ الوَرَقَ عن الشَّجَرِ: پتے جھاڑنا

ـــ الشيءَ: چورا کرنا۔

تَحَتْحَتَ: پتے گرنا (۲) چورا ہونا۔

•حَتِدَ ـ حَتَدًا: صحیح الاصل ہونا۔ هو حَتِدٌ و هي حَتِدَة۔

حَتَّدَه: خالص وعمدہ ہونے کی بنا پر لینا اختیار کرنا۔

الحَتُوْدُ: خشک نہ ہونے والا چشمہ ج: حُتُدٌ۔ عَيْنٌ حُتُدٌ بھی کہا جاتا ہے۔

المَحْتِدُ: اصل۔

كَرِيْمُ المَحْتِدِ: شریف النسل، عالی ظرف۔ کہتے ہیں: رَجَعَ الی مَحْتِدِه: وہ اپنی اصل پر لوٹ گیا ج: مَحَاتِد۔

•حَتَرَ فُلانًا ـ حَتْرًا: کسی کے کھانے یا

عطیہ میں کمی کرنا ۔
حَتَرَ لہ شیئًا : کم دینا ۔
— اَھلَہ : اہل وعیال پر خرچ کی تنگی کرنا یا خرچ سے محروم کرنا ۔
— الشیءَ : مضبوط کرنا ۔
— العُقْدَۃَ : گرہ کو مضبوط کرنا ۔
— الحَبْلَ : رسی کو مضبوط بٹنا ۔
— الشیءَ : گھور کر دیکھنا ۔
— الخِبَاءَ و نحوَہ : خیمہ وغیرہ کو زمین سے ملانا ۔
أَحْتَرَ : کم فیض وبخشش والا ہونا ۔
— علی نَفْسِہ و أَھلِہ : اپنے یا اپنے اہل وعیال کے خرچ میں کمی کرنا
— فُلانًا : کسی کے رزق کو روک لینا، محروم کر دینا ۔
حَتَّرَ لِلنَّاسِ : تعمیر مکان کے موقع پر کھانا کھلانا
— الخِبَاءَ و نحوَہ : خیمہ وغیرہ کو نیچے سے ملانا ۔
الحِتَارُ : چوکٹا، فریم، گھیرا (۲) کنارہ، کونا ۔
حِتَارُ الظُّفْرِ : ناخن کے ارد گرد کا گوشت ۔
الحِتْرُ : تھوڑی چیز (۲) تھوڑا عطیہ (۳) خیمہ وغیرہ کا وہ حصہ جو زمین سے ملایا جائے جب کہ وہ اوپر اٹھ گیا ہو یا سکڑ گیا ہو ۔
الحُتْرَۃُ : الحِتْرُ (۲) وہ کھانا جو لوگوں کو کھلانے کے لئے بوقت تعمیر مکان تیار کیا جائے ۔
الحَتِیرَۃُ : دیکھئے حثیرۃ (ح، ث، ر)
حَتْرَشَ : ٹڈیوں کا کھانے میں آواز نکالنا
تَحَتْرَشَ : لوگوں کا اکٹھا ہونا ۔
حُتْرُوشٌ : ہلکا پھلکا اور چھوٹا بچہ ۔
• حَتْرَفَ : بکھیر دینا ۔
تَحَتْرَفَ : بکھر جانا ۔
• الحَتْفُ : ہلاکت، موت ۔ کہتے ہیں: "مَاتَ فُلانٌ حَتْفَ أَنْفِہ و حَتْفَ أَنْفَیْہ : (کسی ضرب یا قتل وغیرہ کے بغیر) اپنی موت مرنا، طبعی موت مرنا، مات حَتْفَ فِیہ بھی کہا جاتا ہے یعنی اس کی روح مقتل سے نہیں بلکہ ناک یا منہ سے نکلی ہے (قدیم عربوں کے خیال کے مطابق) ج: حُتُوف ۔
حَیَّۃٌ حَتْفَۃٌ : مہلک سانپ
• الحُتْفُل : شوربے کی تلچھٹ، دیگچی میں بچے ہوئے گوشت کے ریزے ۔ کہتے ہیں: فُلانٌ من الحُتْفُلِ : وہ گھٹیا لوگوں میں سے ہے ۔
• حَتَكَ ـِ حَتَكَانًا : چھوٹے اور تیز قدموں سے چلنا ۔
— علی وَجْہِ کذا : متوجہ ہونا ۔
— الطَّائِرُ الحَصَی و الرَّمْلَ بِجَنَاحَیْہ حَتْكًا : پرندے کا کنکریوں یا ریت کو بازوؤں سے کریدنا ۔
— الرَّجُلُ الشیءَ : چھان بین کرنا، کھود کرید کرنا ۔
تَحَتَّكَ فی مَشْیِہ : تیز اور چھوٹے قدموں سے چلنا ۔
الحَوْتَكُ : دبلا اور پستہ قد ۔
• حَتَمَ بکذا ـِ حَتْمًا : فیصلہ کرنا، حکم لگانا ۔
— الأَمْرَ : مضبوط کرنا ۔
— علیہ الأَمْرَ : لازم کرنا ۔
الحَتْمُ : لازم، مضبوط، قطعی ج: حُتُوم ۔
أَحْتَمَ من طَعَامِہ : کھانا بچانا ۔
انْحَتَمَ الأَمْرُ : یقینی اور لازم ہونا، ضروری ہونا ۔
حَتَّمَ الأَمْرَ : لازم کرنا ۔
تَحَتَّمَ الأَمْرُ : یقینی اور لازم ہونا، ضروری ہونا ۔
— فُلانٌ : دسترخوان کا بچا ہوا کھانا کھانا
— الأَمْرَ : اپنے پر لازم کرلینا ۔
الحَاتِمُ : قاضی، فیصلہ کرنے والا (۲) کوّا (قدیم زمانہ میں عربوں کے اعتقاد کے مطابق جب وہ بولتا تھا تو جدائی کا فیصلہ کرتا تھا) ۔
الحُتَامَۃُ : دسترخوان کا بچا ہوا کھانا (۲) کھاتے وقت گرنے والے ریزے ۔
الحَتْمُ : فیصلہ "کَانَ عَلَی رَبِّكَ حَتْمًا مَقْضِیًّا" (۲) خالص وبے غبار (۳) یقین پختگی ۔
الأَخُ الحَتْمُ : حقیقی بھائی ۔
حَتْمًا : یقینًا، لازمی طور پر ۔
الحَتَمَۃُ : قَارُورَۃٌ حَتِمَۃٌ : شکستہ شیشی
الحَتْمِیُّ : لازمی، قطعی، یقینی ۔
الحَتْمِیَّۃُ : قطعیت، لزوم، وجوب، یقین
المَحْتُومُ و المُحَتَّمُ : شدنی، لازمی، ضروری طے شدہ، مقررہ ۔
• حَتَنَتِ السِّہَامُ ـُ حَتَنًا : تیروں کا یکساں اور لگاتار نشانہ پر لگنا ۔
حَتِنَ الحَرُّ : گرمی کا مسلسل سخت ہونا
— الیَوْمُ : دن کے اول وآخر کا گرمی میں برابر ہونا ۔ فالیومُ حَاتِنٌ ۔
أَحْتَنَ فی رَمْیِہ : کسی کے تیروں کا ایک جگہ گرنا ۔
حَاتَنَ فلانٌ فُلانًا : برابر ہونا، برابر کرنا
احْتَتَنَ الشیءُ : بالکل برابر ہونا، ہر جگہ سے برابر ہونا ۔
تَحَاتَنَتِ الرِّیَاحُ : ہواؤں کا لگاتار چلنا ۔
— الأَشیاءُ : یکساں اور برابر ہونا ۔
تحاتنت السِّہَامُ والدُّمُوعُ ۔
— القَوْمُ فی الرَّمْیِ : تیراندازی کے مقابلہ میں برابر رہنا ۔
الحَاتِنُ : برابر، یکساں، ایک جیسا ۔
الحَتْنُ : برابر، ہم پلہ، جوڑی دار ج: أَحْتَان ۔
الحَتْنَی : برابر اور ایک جیسے (جمع کیلئے)
وَقَعَتِ النَّبْلُ حَتْنَی : تیر برابر گرے
• حَتَا ـُ حَتْوًا : تیز دوڑنا ۔

حَتَّى الثَّوبَ : بخیہ کرنا، پختہ سلائی کرنا
— هُدْبَ الكِساءِ : چادر وغیرہ کی گوٹ کو موڑ کر سینا، ترپنا۔
حَتَّى الثَّوبَ و هُدْبَ الكِساءِ ـِ حَتْيًا: کپڑے یا گوٹ کو موڑ کر سینا۔
— الشَّرابَ : شراب خوب پینا۔ هو حاتٍ
أَحْتَى الثَّوبَ و هُدْبَ الكِساءِ: حَتَّاه، الثَّوبُ و الكِساءُ مُحْتًى۔
فَرَسٌ مُحْتَاةُ الخَلْقِ : مضبوط ہاتھ پیر کا گھوڑا۔
الحَاتِي : بہت پینے والا۔
الحَتِيُّ : ایک قسم کا ستّو جو کھجور جیسے درخت کے پھلوں کا بنتا ہے (۲) کھجور کے چھلکے یا بچے ہوئے ریزے۔

ح ـــــ ث

•حَثَّه ـُ حَثًّا : برانگیختہ کرنا۔
— على : آمادہ کرنا، ابھارنا، اکسانا۔
أَحَثَّه على كذا : حَثَّه۔
حَثَّثَ فُلانٌ : کسی کو جلدی نیند آنا۔
— فلانا على : اکسانا۔
احْتَثَّه : حَثَّه۔
تَحَاثَّ القَومُ على شيءٍ : ایک دوسرے کو اکسانا۔
اسْتَحَثَّه : جوش دلانا، بھڑکانا، ترغیب دینا۔
الحِثَاثُ : جلد آنے والی ہلکی نیند، جھپکی۔
الحِثَاثَةُ : آنکھ کی گرمی اور کھٹک۔
الحَثُّ : ہر کٹی ہوئی چیز (۲) بھُس (۳) روکھی روٹی (۴) موٹا پسا ہوا ستّو (۵) کوڑا کرکٹ
الحِثِّيثَى : الحَثُّ۔
الحَثُوثُ : جلد باز، تیز گام، تیز۔
الحَثِيثُ : جلد باز، تیز۔ قرآن پاک میں ہے: "يُغْشِي اللَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُه حَثِيثًا" کہتے ہیں: وَلَّى حَثِيثًا: الٹے پیروں بھاگا ج: حِثَاث۔
المَحَثَّةُ : فَرَسٌ جَوادُ المَحَثَّةِ: اکسانے پر تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
المَحْثُوثُ و المُسْتَحَثُّ : آمادہ، مشتعل
•حَثْحَثَ البَرْقُ : بجلی کوندنا۔
— الشيءَ : ہلانا، تحریک پیدا کرنا۔
— فُلانا على الشيءِ : اکسانا، کسی بات پر آمادہ کرنا۔
الحَثْحَاثُ : حَيَّةٌ حَثْحَاثٌ: مسلسل حرکت کرنے والا سانپ۔
سَيْرٌ حَثْحَاثٌ : تیز رفتار (۲) جلد آنے والی نیند۔
الحُثْحُوثُ : اکساہٹ، اشتعال، برانگیختگی، جلد بازی سے کام لینے والا۔ کہا جاتا ہے: كَتِيبَةٌ حُثْحُوثٌ: تیز رو دستہ
•حَثِرَ ـَ حَثَرًا : موٹا اور دانہ دار ہونا، جلد کا پھنسیوں والا ہونا۔ حَثِرَ جِلْدُه۔ حَثِرَ الدَّواءُ : دوا کا دانہ دار ہونا، گاڑھا ہونا، گولی بن جانا
حَثِرَت العَيْنُ : آنکھ کا دکھنا اور موٹا ہو جانا، پلکوں میں سرخ دانے نکل آنا، موٹے پوٹے والی ہو جانا۔
— أُذُنُه : اچھی طرح نہ سننا۔
حَثِرَ الدَّقِيقُ : آٹے کی پپڑیاں بن کر بکھر جانا۔
— اللِّسانُ : منہ کا ذائقہ خراب ہونا۔
— فُؤادُه : کسی بات کو محفوظ نہ رکھنا
هو حَثِرٌ وهي حَثِرَةٌ وهو أَحْثَرُ وهي حَثْراءُ۔
أَحْثَرَ النَّخْلُ : کھجور پر (پکنے سے قبل) ابتدائی انگور کے دانوں جیسے پھل نمودار ہونا۔
حَثَّرَ الدَّواءَ : دوا کی گولیاں بنانا۔
الحَثَرُ : آشوب چشم وغیرہ کی وجہ سے چبھن (۲) انگور کی کلی، انگور کا دانہ جو ابھی ظاہر ہوا ہو (۲) تلچھٹ۔
الحَثَرَةُ : انگور کا دانہ (۲) آنکھ کا بال، آنکھ کی سوزش۔
الحُثَارَةُ : تلچھٹ، کوڑا کرکٹ۔
الحَثِيرَةُ : وہ کھانا جو عمارت کی تکمیل کے بعد تیار کیا جائے۔
المُحَثَّرُ : رَجُلٌ مُحَثَّرُ الأَنْفِ : موٹی ناک والا
•حَثْرَبَ الماءُ : گدلا ہونا۔
حَثْرَبَت البِئْرُ : کنویں کا گدلا ہونا۔
الحُثْرُبُ : گدلا پانی (۲) کھرچن جو دیگچی کی تہ میں لگ جاتی ہے۔
•الحَثْرَفَةُ : آنکھ کی سرخی اور کھٹک۔
•حَثْرَمَت الشَّفَةُ : ہونٹ کا موٹا ہونا
الحُثَارِمُ : وہ شخص جس کی ناک کے نیچے اور ہونٹ کے اوپر والا گڑھا کشادہ ہو۔
الحِثْرِمَةُ : ناک کے نیچے اور ہونٹ کے اوپر کا دائرہ (چھوٹا گڑھا) (۲) ناک کا کنارہ
•الحَثَافِيرُ : کسی شے کا کل یا مجموعہ۔ کہتے ہیں: أَخَذَه بِحَثَافِيرِه : اسے کل کا کل لے لیا۔
الحُثْفُرُ : تیل وغیرہ کی گاد، تلچھٹ (۲) گرے پڑے اور ذلیل لوگ۔ ج: حَثَافِر۔
الحَثْفَرَةُ : تلچھٹ، برتن کی گاد۔
•حَثِلَ ـَ حَثَلًا : بدحال ہونا (۲) موٹے پیٹ والا ہونا۔
أَحْثَلَه : بدسلوکی کرنا۔ أَحْثَلَت الأُمُّ وَلَدَها : اچھی طرح دودھ نہ پلانا۔
أَحْثَلَ اللهُ فُلانًا : بدحال کر دینا، تباہ حال کرنا۔
الحُثَالَةُ : ہر شے کا خراب بقیہ حصہ (۲) بھوسا بھوسی (۳) تلچھٹ، بچی ہوئی خراب کھجور (۴) ادنیٰ درجہ کے لوگ۔
الحَثْلُ : بدحالی، خراب تغذیہ، دودھ پلانے کی خرابی۔
الحِثْلُ : دبلا، کمزور۔
الحَثِيلُ : خراب غذا سے پلا ہوا بچہ، کمزور دبلا۔

الحِثْلَةُ: حوض کا تھوڑا پانی۔
• الحَثْمَةُ: ٹیلہ، اونچا راستہ (۲) ناک کا بانسہ، ناک کی ٹھنڈی ج: حِثام۔
الحُثْمَةُ: بند (ڈیم) میں پانی گرنے کی جگہ۔
الحَوْثَمُ: متوسط لمبائی والا انسان یا حیوان
• حَثَا التُّرابُ و نحوه ـُ حَثْوًا: مٹی وغیرہ اڑ کر آنا یا کسی پر گرنا۔
ـــ التُّرابَ: مٹی ڈالنا۔ حَثَا علیه التُّرابَ۔
ـــ فی وَجْهِهِ التُّرابَ: کسی پر سبقت لے جانا۔
ـــ له: کسی کو تھوڑی چیز دینا۔
ـــ فی وَجْهِهِ الرَّمادَ: شرمندہ کرنا۔
ـــ الماءَ: چلو بھرنا، ہاتھ سے پانی لینا
• حَثِيَ التُّرابُ و نحوه ـِ حَثْيًا: حثا۔
ـــ له حَثًا: مٹی وغیرہ ڈالنا، گرانا۔
أَحْثَاه: بھوسا بنا دینا، ریزے بنا دینا، مٹی کے ذرات اڑانا۔
احْتَثَى التُّرابَ: حَثَاه۔
اسْتَحْثَوا: ایک دوسرے پر مٹی ڈالنا۔
الحَاثِيَاءُ: چوہے نما جانور کا بل یا اس کے بل کی مٹی ج: حَوَاثِي۔
الحَثَا: گرائی ہوئی یا پھینکی ہوئی مٹی (۲) غلہ وغیرہ کا بھوسا یا بھوسی (۳) کھجور کے چھلکے و: حَثَاة۔
الحَثِيُّ: الحَثَا۔
الحَثْوَاءُ: أَرْضٌ حَثْوَاءُ: بہت مٹی والی زمین۔
الحَثْوَةُ: مٹی وغیرہ کی بھری ہوئی مٹھی۔
الحَثْيَةُ: الحَثْوَةُ۔

ح ـــ ج

• حَجَأَ به ـَ حَجْئًا: کسی چیز کو پکڑ کر خوش ہونا۔
حَجَأَ الیه: پناہ لینا۔
ـــ عنه: رکنا۔
تحَجَّأَ به: لے کر یا پکڑ کر خوش ہونا۔
المَحْجَأُ: پناہ گاہ۔
• حَجَب بَيْنَهُما ـُ حَجْبًا: رکاوٹ بننا، حائل ہونا۔
ـــ الشیءَ: چھپانا، ڈھانپنا۔
ـــ فلانًا: وراثت سے محروم کرنا۔
ـــ الأَمِيرَ: حاکم کا دربان بننا۔
حَجَّبَ الشیءَ: چھپانا، روکنا۔
احْتَجَبَ: چھپ جانا، پردہ یا اوٹ میں ہونا (۲) اخبار یا رسالہ کا بند ہو جانا، (۳) غائب ہو جانا۔
تَحَجَّبَ: احْتَجَبَ۔
اسْتَحْجَبَه: دربان بنانا۔
الحَاجِبُ: پردہ، نقاب، آڑ ج: حُجُب (۲) دربان ج: حَجَبَة و حُجَّاب (۳) بھوں، ابرو (آنکھ کے اوپر کی ہڈی مع گوشت) حاجبان (۴) ہر شے کا کنارہ اور گوشہ (۵) گیٹ کیپر، چوکیدار۔ حاجِبُ للمَحْكَمَة: دربان عدالت ج: حَوَاجِب۔ حَوَاجِبُ الشَّمْس: شعاعیں۔ حواجِبُ الصُّبْح: صبح کا ابتدائی حصہ۔
الحِجَابُ: پردہ، رکاوٹ، آڑ، پارٹیشن کی دیوار (۲) تعویذ (۳) پہاڑ کا بالائی حصہ ج: حُجُب۔
ـــ الحَاجِزُ: سینہ اور پیٹ کے درمیان فصل کرنے والا حصہ۔
حَاجِبُ آلَة التَّصْوِير: کیمرہ کا پردہ
الحِجَابَةُ: دربانی، چوکیداری۔
الحَجْبُ: رکاوٹ (۲) حق وراثت سے محرومی (کل سے ہو یا بعض سے) یہ محرومی دوسرے شخص کی موجودگی کی بنا پر ہوتی ہے اس کی دو قسمیں ہیں:
حَجْبُ نُقصان: وہ صورت جس میں مکمل طور پر محرومی نہ ہو بلکہ زیادہ سے زیادہ حصہ لے کر کم سے کم حصہ تک محروم کیا جائے۔
حَجْبُ حِرمان: وہ صورت جس میں مکمل طور پر محروم کیا جائے اور کچھ وراثت نہ ملے۔
الحَجَبَةُ: کولہے کا سرا جو کوکھ سے ملا ہوا ہو وہ دو ہوتے ہیں (حَجَبَتان) ج: حَجَبٌ۔
المُحَجَّبُ: چھپایا ہوا، پوشیدہ۔
المَحْجُوبُ: پوشیدہ (۲) وراثت سے محروم
• حَجَّ الیه ـُ حَجًّا: کسی کے پاس آنا۔
ـــ المكانَ: کسی جگہ کا قصد کرنا، جانا، مقامات مقدسہ کی زیارت کرنا۔
ـــ البَيْتَ الحَرَامَ: عبادت کے لئے مسجد حرام میں جانا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَ لِلّٰهِ علی النَّاسِ حِجُّ البَيْتِ"
ـــ بنو فُلانٍ فُلانًا: ایک قبیلہ والوں کا کسی کے پاس بکثرت آمد و رفت رکھنا۔
ـــ الجُرْحَ: زخم کی گہرائی ناپ کر دیکھنا (برائے علاج)۔
ـــ فُلانًا: دونوں ابروؤں پر چوٹ لگانا (۲) دلیل کے ذریعہ کسی پر غالب آنا، کہتے ہیں: حَاجَّه فَحَجَّه: کسی سے بحث کی اور اس پر دلیل کے ذریعہ غالب آ گیا۔
أَحَجَّ فُلانًا: کسی کو حج کرانا، حج کے لئے بیت اللہ بھیجنا۔
حَاجَّه مُحَاجَّةً و حِجَاجًا: جھگڑنا، بحث و مباحثہ کرنا، حجت بازی کرنا، کٹ حجتی کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِي حَاجَّ إِبْرَاهِيمَ فِي رَبِّهِ"
احْتَجَّ علیه: دلیل قائم کرنا، اعتراض کرنا،

استدلال کرنا، کسی سے احتجاج کرنا یعنی
اس کے فعل پر اظہار ناگواری کرنا اور
آڑے آنا.
تَحَاجُّوا: ایک دوسرے پر دلیل لانا، باہم
جھگڑا کرنا.
اِسْتَحَجَّ فلانا: دلیل طلب کرنا.
الحَاجُّ: حاجی، حج کے ارکان ادا کرنے والا
ج: حُجَّاجٌ و حَجِیجٌ. کبھی بلا ادغام
حاجِجٌ بھی کہا جاتا ہے.
الحَاجَّةُ: حاج کی مؤنث (۲) کان کی لو.
الحِجَاج من کل شیئٍ: کنارہ، گوشہ (۲)
ابرو کی ہڈی ج: أَحِجَّةٌ.
حِجاجَا الشَّیئِ: دو جانب، دو بازو.
الحَجُّ: اسلام کے پانچ ارکان میں سے ایک،
مقررہ مہینوں میں بغرض عبادت بیت اللہ
شریف میں جانے کا نام حج ہے.
الحَجُّ الأکْبَرُ: وہ حج جس سے پہلے
وقوف عرفہ ہو۔ قرآن پاک میں ہے: "وَأَذَانٌ
مِنَ اللّٰہِ وَرَسُولِہٖ إِلَی النَّاسِ
یَوْمَ الحَجِّ الأکْبَرِ"
الحَجُّ الأَصْغَرُ: وہ حج جس میں وقوف
عرفہ نہ ہو اسے عمرہ بھی کہا جاتا ہے.
الحَجَّةُ: ایک حج (۲) کان کی لو (۳) کان میں ڈالا
جانے والا مہرہ یا موتی، بالی.
الحُجَّةُ: دلیل، برہان (۲) بیع نامہ (۳)
قابل وثوق عالم (۴) ثبوت، معذرت،
اصطلاح محدثین میں وہ عالم حدیث جس
کو متن اور سند کے ساتھ تین سو حدیثیں
معلوم ہوں اور وہ ان حدیثوں کے راویوں
کے احوال سے جرح و تعدیل اور تاریخ
کے اعتبار سے واقف ہو ج: حُجَجٌ
و حِجَاج.
الحِجَّةُ: حج (۲) ایک دفعہ کا حج.
حِجَّةُ الوَدَاعِ: رسول اکرم صلی اللہ
علیہ وسلم کا آخری حج بیت اللہ، سال.
ج: حِجَجٌ. قرآن پاک میں ہے: "عَلَی
أَنْ تَأْجُرَنِی ثَمَانِیَ حِجَجٍ"
ذو الحِجَّة: قمری سال کا آخری
مہینہ، حج کا مہینہ ج: ذَوَاتُ الحِجَّة
المِحْجَاجُ: بہت حجت کرنے والا، کٹ حجتا،
بہت جھگڑالو (۲) زخم کی گہرائی ناپنے کی
سلائی جو طبیب استعمال کرتا ہے.
المَحَجَّةُ: سیدھا راستہ ج: مَحَاجُّ.
المُحْتَجُّ: معترض، عذردار، استدلال کنندہ.
• حَجْحَجَ عن الشیئِ: رکنا، باز رہنا،
عاجز و بے بس ہو جانا. کہا جاتا ہے:
حَمَلُوا عَلَیْنَا ثُمَّ حَجْحَجُوا.
• حَجَرَ عَلَیْہ ـُ حَجْرًا: پابندی لگانا،
روکنا، حکم امتناعی جاری کرنا، تصرف
سے روکنا، شرعًا مال میں تصرف کرنے
سے روکنا.
ـــ علیه الأمرَ: کسی کام سے روکنا.
ـــ الشیئَ علی نَفْسِه: کسی چیز کو اپنے
لئے مخصوص کر لینا.
حَجَّرَ الأرضَ و علیها و حولَها:
زمین پر پتھروں وغیرہ سے قبضہ کا
نشان بنانا.
ـــ الشیئَ: پتھر جیسا سخت بنانا (۲) تنگ
بنا دینا. حدیث میں ہے: "حَجَّرْتَ
وَاسِعًا"
اِحْتَجَرَ الحَیَوانُ: جانور کے پیٹ کا
سخت ہو جانا.
ـــ بفلانٍ: پناہ لینا، پناہ میں آنا.
ـــ الأرْضَ و علیها و حولَها: زمین
پر پتھر وغیرہ سے قبضہ کے نشان بنانا.
ـــ الشیئَ: گود میں لینا.
ـــ الشیئَ علی نفسه: کسی شے کو
اپنے لئے خاص کرنا.
تَحَجَّرَ: پتھر جیسا ہونا، سخت ہونا.
ـــ المکانُ: کسی جگہ کا بہت پتھروں والی
ہونا.
تَحَجَّرَ علی فلانٍ: کسی کے لئے تنگی
پیدا کرنا.
ـــ الجُرْحُ: زخم کا بھر جانا.
ـــ الرَّجُلُ: اپنے لئے حجرہ بنانا.
ـــ الشیئَ: تنگ کر دینا. کہتے ہیں:
تَحَجَّرَ واسِعًا.
اِسْتَحْجَرَ الطِّینُ: پتھر بن جانا.
ـــ الرَّجُلُ: حجرہ بنا لینا.
ـــ علیه: ڈھٹائی کرنا اور مذاق اڑانا.
الحَاجِرُ: وہ زمین جس کے اطراف اونچے اور
درمیانی حصہ نشیبی ہو (۲) ایسا نشیب جس
میں پانی رک جائے. حاجِرُ العَیْنِ:
آنکھ کا خانہ ج: حُجْرَان.
الحَاجُورُ: الحاجِر (۲) حرام ج: حَوَاجِیرُ
الحَاجُورَة: ایک قسم کا کھیل جو بچے کھیلتے ہیں،
زمین پر ایک دائرہ بنا کر اس میں ایک
بچہ کھڑا ہوتا ہے اور بقیہ بچے اسے پکڑنے
کے لئے اس کے چاروں طرف کھڑے
ہو جاتے ہیں.
الحِجَارُ: رکاوٹ (۲) کمرہ کی دیوار.
الحَجَّارُ: تاجر سنگ (۲) سنگ تراش.
الحَجْرُ: محرومی، رکاوٹ، شرعًا کسی کو جنون
یا کم عقلی یا کم عمری کی بنا پر تصرف کرنے
سے روکنے کا نام ہے (۲) گوشہ (۳)
آدمی کی گود (۴) آنکھ کا حلقہ.
فُلانٌ فی حَجْرِہ: فلاں اس کی
حفاظت میں ہے.
الحِجْرُ: گوشہ (۲) گود (۳) حفاظت و حمایت
ھو فی حِجْرِ فُلانٍ: وہ فلاں کی
حفاظت میں ہے. قرآن پاک میں ہے:
"وَرَبَائِبُکُمُ اللَّاتِی فِی حُجُورِکُم
مِن نِسَائِکُمُ اللَّاتِی دَخَلْتُم
بِہِنَّ" (۴) عقل و خرد. قرآن پاک میں ہے:
"ھَل فِی ذٰلِکَ قَسَمٌ لِذِی حِجْرٍ"

(۵) گھوڑی ج: حُجُور و أَحْجَارٌ (۶) خانۂ کعبہ کا شمالی گوشہ جو حطیم میں داخل ہے (۷) آدمی کا سامنے والا کپڑا۔

الحَجَرُ: پتھر، ڈھیلا، پتھر کی چٹان ج: أَحْجَارٌ و حِجَارَة۔

حَجَرُ البَلَاط: ٹائل، فرش کا پتھر۔

حَجَرُ عَثْرَة: سخت رکاوٹ۔

طِبَاعَةُ الحَجَر: پتھر کی چھپائی، لیتھوگرافی۔

الأَحْجَارُ الكَرِيمَة: قیمتی نفیس پتھر جیسے یاقوت ہیرے وغیرہ۔

الحَجَرُ الأَسْوَدُ: خانۂ کعبہ کے ایک گوشہ پر لگا ہوا سیاہ پتھر جسے حجّاج بوقت طواف بوسہ دیتے ہیں۔

حَجَرُ الطِّبَاعَة: وہ پتھر جس پر لکھ کر چھپائی کی جاتی تھی۔

الحَجِرُ: بہت پتھروں والا۔ مکان حَجِرٌ: پتھریلی جگہ۔

الحَجَرِيُّ: پتھریلا، پتھر جیسا، سنگ لاخ۔

الحُجُرُ: ناخن کے اردگرد کا گوشت۔

الحَجْرَةُ: گوشہ۔ قَعَدَ حَجْرَة: وہ گوشہ میں بیٹھ گیا۔ حَجْرَتَا الطَّرِيق: راستہ کی دو جانبیں ج: حَجْرٌ و حَوَاجِر۔

الحُجْرَة: کمرہ، گھر کا زیریں کمرہ (۲) جانوروں کا باڑہ ج: حُجَرٌ۔ حُجْرَتَا العَسْكَر: فوج کے دو بازو میمنہ اور میسرہ۔

الحَنْجَرَة: دیکھئے (ح ن ج ر)

المَحْجَرُ: پہاڑ میں پتھر نکالنے کی جگہ، پتھر کی کان

المَحْجِرُ: آنکھ کا خانہ ج: مَحَاجِر۔

المِحْجَرُ: المَحْجَرُ (۲) ممنوعہ علاقہ ج: مَحَاجِر

المِحْجَرُ الصِّحِّيُّ: قرنطینہ، قید طبی کا مقام۔

• حَجَزَ بَيْنَهُمَا ـِ حَجْزًا: حائل ہونا، رکاوٹ بننا۔

ـــ الشَيْءَ: روک لینا، محفوظ کرنا، ضبط کرنا، ریزرو کرنا، قرق کرنا۔

حَجَزَ فُلَانًا عن الأَمْر: کسی کام سے روکنا۔

ـــ القَاضِي على المال: کسی کے دعوے کی بنیاد پر مال میں تصرف پر پابندی لگانا جب تک کہ صاحب مال مطالبہ ادا نہ کرے

حُجِزَ: ازار باندھنے کی جگہ تکلیف ہونا۔

حَجِزَ ـَ حَجَزًا: آنتوں کا سکڑنا جس کے نتیجے میں خورد و نوش زیادہ نہ ہو سکے۔

أَحْجَزَ: حجاز میں آنا۔

حَاجَزَه: لڑائی جھگڑے سے باز رہنے کا مطالبہ کرنا۔ کہاوت ہے: "إن أَرَدْتَ المُحَاجَزَةَ فقَبْلَ المُنَاجَزَة"

احْتَجَزَ: رُکنا۔ مخصوص و محفوظ ہونا، ریزرو ہونا، مسدود ہونا (۲) حجاز میں آنا۔

ـــ بالإزار: کمر پر ازار باندھنا۔

ـــ بالحِصن وغيره: قلعہ بند ہونا۔

ـــ من كذا: بچنا، کترا جانا۔

ـــ لَحْمُه: گوشت کا اکٹھا ہو جانا۔

ـــ الشَيْءَ: گود میں اٹھانا۔

انْحَجَزَ: رکنا۔

ـــ عنه: باز رہنا، چھوڑنا

تَحَاجَزَ القَومُ: ایک دوسرے کو باز رکھنا اور الگ ہو جانا (۲) ایک دوسرے کی کمر پکڑنا۔

تحاجَزَت العِبَارَاتُ: عبارتوں کا گتھا ہوا ہونا، ایک دوسرے سے مربوط ہونا۔

تحَجَّزَ: کمر پر پٹی باندھنا۔

الحَاجِزُ: رکاوٹ، آڑ، روک، پارٹیشن، لکڑی کی دیوار جو کمروں میں کھڑی کی جاتی ہے، فاصل (۲) لوگوں کے درمیان حق کا فیصلہ کرنے والا (۳) تلوار کی دھار ج: حَجَزَة۔

الحِجَازُ: روک، آڑ، فاصل (۲) پٹی، کمربند، چوپائے کے پیر باندھنے کی رسّی (۳) گانے کا ایک سُر (۴) تہامہ اور نجد کے درمیان عرب کا ایک علاقہ۔

حَجَازَ يْكَ: ان کے درمیان مسلسل فاصلہ رکھو۔

الحُجْزُ: گوشہ (۲) قبیلہ جس کی پناہ لی جائے

الحُجْزَةُ: کمر پر ازار باندھنے کی جگہ (۲) پاجامہ کا کمربند باندھنے کی جگہ (۳) کمر (۴) نیفہ

أَخَذَ بحُجْزَته: اس کی پناہ لی اور مدد چاہی۔

رَجُلٌ طَيِّبُ الحُجْزَة: پاکدامن۔

رَجُلٌ شَدِيدُ الحُجْزَة: انتہائی جفاکش اور محنتی۔

كَلَامٌ آخِذٌ بَعْضُه بحُجَزِ بَعْضٍ: مربوط کلام ج: حُجَزٌ۔

الحَجْزُ: قبضہ، قرق (۲) ریزرویشن (۳) رکاوٹ

المُتَحَجَّز: ازار باندھنے کی جگہ۔

• حُجِفَ: اسہال یا مروڑ میں مبتلا ہونا۔

الحُجَافُ: بدہضمی یا خراب غذا کی وجہ سے آنے والے اسہال (۲) سخت مروڑ۔

الحَجَفَةُ: چمڑے کی ڈھال جس میں لکڑی اور تانت نہ ہو۔

الحَجِيفُ: پیٹ کے اندر سے نکلنے والی آواز

• حَجَلَ ـِ حَجْلًا و حَجَلَانًا: ایک پیر اٹھا کر دوسرے پر چلنا۔

ـــ المُقَيَّدُ: بندھے ہوئے پیروں سے کودنا قیدی کا دونوں پاؤں اٹھا کر کودنا۔

ـــ عَيْنُه ـُ حُجُولًا: آنکھ کا دھنسا ہوا ہونا۔

مَرَّ يَحْجِلُ في مِشْيَتِه: اترا کر چلنا۔

حَجِلَت الدَّابَّةُ: حَجَلًا: چوپائے کا سفید پنڈلیوں والا ہونا۔

أَحْجَلَ الدَّابَّةَ: جانور کے ایک پیر کو باندھنا اور ایک کو کھلا چھوڑنا۔

حَجَّلَ: حَجَلَ۔

ـــ عَيْنُه: آنکھ اندر ہونا۔

ـــ في وُضُوئِه: ہاتھ کے ساتھ کچھ بازو اور

پیر کے ساتھ کچھ حصہ پنڈلی کا دھونا۔
حَجَّلَ العروسَ: دولہن کے لئے کپڑوں سے آراستہ پردہ لگانا۔
— الدَّابَّةَ: پیروں میں رسی باندھنا۔
— المرأةُ بَنانَها: انگلیوں کو رنگنا۔
— أمْرَه: کسی معاملہ کو مشہور کرنا، کہتے ہیں: أمرٌ أغرُّ مُحَجَّلٌ: مشہور ترین معاملہ۔
— فی مَشْیِه: اترا کر چلنا، لنگڑا کر چلنا۔
التَّحْجِیلُ: گھوڑے کے پیروں کی سفیدی۔
مُحَجَّلُ القَوائِمِ: وہ گھوڑا جس کی ٹانگوں میں سفیدی ہو۔
الحِجْلُ: پازیب، عورت کے پاؤں کا زیور (٢) بیڑی (٣) گھوڑے کی ٹانگ کی سفیدی ج: أحْجال و حُجُول۔ ربّاتُ الحِجال: عورتیں۔
الحَجْلَةُ: بچوں کا ایک کھیل۔ زمین پر چوخانے بنا کر ایک پیر سے پتھر وغیرہ کو ان کے اندر سے نکالتے ہیں۔
الحَجَلَةُ: گنبد نما کپڑوں سے آراستہ کیا ہوا دولہن کا کمرہ۔ گھر کے اندر دولہن کے لئے لگایا ہوا پردہ ج: حَجَلٌ و حِجَال (٢) ایک پرندہ (چکور) کبوتر جیسا جس کے پیر اور چونچ سرخ ہوتے ہیں اور عمدہ گوشت ہوتا ہے۔
المُحَجَّلُ: وہ جانور جن کے پیروں میں بیڑی کی جگہ سفید اور وہ پازیب نما ہو۔
ثوبٌ مُحَجَّلٌ: وہ کپڑا جو پاؤں کی سفیدی تک پہنچا ہوا ہو۔ أمرٌ أغرُّ مُحَجَّلٌ: مشہور بات۔
الیومُ المُحَجَّلُ: خوشی و مسرت کا دن۔
• حَجَمَ فَمَ الحیوانِ ـِ حَجْمًا: جانور کے منہ پر جالی لگانا کہ وہ کاٹ نہ سکے حَجَمَ الحیوانَ بھی کہا جاتا ہے۔
— فلانًا عن الأمرِ: روکنا، باز رکھنا۔

حَجَمَ الصَّبِیُّ ثَدْیَ أُمِّه: پستان کو چوسنا۔
حَجَمَتِ الحَیَّةُ فُلانًا: سانپ کا ڈسنا
حَجَمَ المریضَ ـُ حَجْمًا: پچھنا لگانا یعنی سینگی کے ذریعہ خراب خون چوسنا، سینگی لگانا۔
أحْجَمَ الثَّدْیُ: پستان کا ابھرنا۔
— فُلانٌ عن الشیءِ: پیچھے ہٹنا، باز رہنا۔
— المرأةُ الصَّغِیرَ: عورت کا بچہ کو پہلی دفعہ دودھ پلانا۔
حَجَّمَ فلانا و إلیه: گھور کر دیکھنا۔
احْتَجَمَ: پچھنے لگوانا۔
الحِجامُ: چھینکا یا جالی جو جانور کے منہ پر اس لئے لگائی جائے کہ وہ کاٹ نہ سکے
الحِجامَةُ: الحِجام (٢) پچھنے لگانے کا پیشہ۔
الحَجَّامُ: پچھنے لگانے والا۔
الحَجْمُ: ہر چیز کا ڈول، سائز، ضخامت، مقدار جسامت ج: حُجُوم
المَحْجَمُ: پچھنے لگانے کی جگہ ج: مَحاجِم
المِحْجَمُ: سینگی، پچھنے لگانے کا آلہ (٢) وہ شیشی جس میں فاسد خون جمع کیا جائے ج: مَحاجِم۔
المِحْجَمَةُ: المِحْجَمُ۔
• حَجَنَ العُودَ ـِ حَجْنًا: موڑنا۔
— الشیءَ: چمٹی سے کھینچنا۔
— الدَّابَّةَ: جانور کو نوک دار چیز سے چرکا لگانا۔
— فلانًا عن الشیءِ: روکنا، باز رکھنا۔
حَجِنَ ـَ حَجَنًا و حُجْنَةً: مڑنا، ٹیڑھا ہونا۔ حَجِنَ أنْفُه: اس کی ناک کا بانسہ منہ کی طرف جھکا ہوا ہے۔
— الشَّعْرُ: بالوں کے کناروں کا مڑنا، گھونگھریالے ہونا۔
حَجَنَ بالدَّارِ: قیام کرنا۔
— علیه و به: بخل کرنا۔ هو حَجِنٌ و أحْجَنُ و هی حَجِنَة و حَجْناءُ۔
حَجَّنَه: حَجَنَه۔
احْتَجَنَ علیه: محروم کرنا۔
— الشیءَ: موڑنا یا کانٹے وغیرہ سے کھینچنا (٢) اپنی طرف لانا (٣) اپنے لئے خاص کرنا
— المالَ: مال اکٹھا کرنا۔
— مالَ غیرِه: دوسرے کا مال چرانا اور لوٹنا۔
تَحَجَّنَ: ٹیڑھا ہونا۔
التَّحْجِینُ: اونٹ پر لگی ہوئی ٹیڑھی نشانی۔
الحُجْنَةُ: ٹیڑھ (٢) چرخے کا تکلا (٣) وہ چیز جو اپنے لئے منتخب اور خاص کی گئی ہو۔
الحَجْنَةُ: ایک قسم کی نبات جو دریاؤں کے اطراف پر اگتی ہے اور گنے جیسی ہوتی ہے
الحَجُونُ: سست و کاہل (٢) وہ حملہ جس میں دشمن پر خلاف حقیقت جہت ظاہر کی جائے۔ الشوط الحجون: لمبا چکر۔ سِرْنا شَوْطًا حَجُونًا: ہم نے لمبا چکر لگایا (٣) مکہ کے ایک پہاڑ کا نام۔
الأحْجَنُ: ٹیڑھا۔
المِحْجَنُ: ہر وہ چیز جس کا سرا مڑا ہوا ہو، خم دار ڈنڈا، اسٹک (٢) پرندہ کی چونچ ج: مَحاجِن۔
فُلانٌ مِحْجَنُ مالٍ: فلاں شخص مال کو صحیح استعمال کرتا ہے، اچھا بندوبست کرتا ہے۔
المِحْجَنَةُ: المِحْجَن ج: مَحاجِن۔
• حَجَا ـُ حَجْوًا: ٹھہرنا، رکنا۔
— بالمکانِ: قیام کرنا، ٹھہرنا۔
— بالشیءِ: بخل کرنا۔
— فلانًا کذا: کسی کے بارہ میں کوئی گمان کرنا

حَجَا الشيءَ: محفوظ کرنا اور تھامنا۔
— فلانًا: منع کرنا۔
— الأمرَ: محض گمان پر دعویٰ کرنا اور یقین نہ رکھنا۔ حَجَا بفُلان خيرًا: کسی کے بارہ میں نیک ظن ہونا۔
— الشيءَ: قصد کرنا، ارادہ کرنا۔
— الرِّيحُ السَّفِينَةَ: ہوا کا کشتی کو چلانا۔
— فلانًا: پہیلیاں سنانے میں کسی پر غالب آجانا۔
حَجِيَ به ـــ حَجًا: فریفتہ ہونا اور ساتھ لگے رہنا۔
— اليه: پناہ لینا۔ هو حَجٍ وحَجِيٌّ۔
أَحْجَى بالشيءِ: فریفتہ ہونا۔
ما أحجاه بالشيءِ: وہ کس قدر اس کے لائق ہے!
حَاجَاه مُحَاجَاةً و حِجَاءً: بحث ومباحثہ کرنا اور پہیلیاں کہنے میں غالب آنا، مغالطہ آمیز بات کہنا۔
اِحْتَجَى: پہیلی یا چیستاں کو سمجھنا۔
— الشيءَ: یاد رکھنا۔
تَحَاجَوا: باہم پہیلیاں کہنا و بوجھنا۔
تَحَجَّى: پناہ گاہ میں رہنا، بخل کرنا۔
— بالمكان: کسی جگہ پر پہلے پہنچ کر براجمان ہونا
— بالشيءِ: دل دادہ ہونا۔
— فلانٌ بظَنِّه: کسی چیز کا یقین نہ کرنا، محض گمان کرنا۔
— للشيءِ: تاڑنا، سمجھنا۔
— الشيءَ: قصد و ارادہ کرنا۔
اِسْتَحْجَى اللَّحْمُ: جانور کو لاحق کسی بیماری کی وجہ سے گوشت کی بو بدل جانا۔
الأُحْجُوَّةُ: مغالطہ آمیز بات، پہیلی، چیستاں، معمہ ج: أَحَاجِيُّ۔
الأُحْجِيَّةُ: معمہ یا پہیلی جس کے حل کرنے میں لوگ مقابلہ کرتے ہیں ج: أَحَاجِيّ۔
الحَجَا: پناہ گاہ (۲) پردہ (۳) ٹیلہ (۴) کنارہ، گوشہ ج: أَحْجَاء۔
الحِجَا: عقل، دانائی، ہوشیاری (۲) پردہ ج: أَحْجَاء۔
الحَجْوَى: چیستاں گوئی۔
الحُجَيَّا: الأُحْجِيَّةُ: پہیلی، چیستاں گوئی
حُجَيَّاك ما هذا: تم اسے سمجھو۔

ح ـــ د

• حَدَأَه ـــ حَدْءًا: ہٹانا، پھیر دینا۔
حَدِئَ بالمكان ـــ حَدَءًا: قیام کرنا اور جم جانا۔
— اليه: پناہ لینا۔
— عليه: مسلسل شفقت و ہمدردی کرنا۔
کہتے ہیں: حَدِئَت المرأةُ على وَلَدِها: ماں اپنے بچہ پر مہربان ہوئی۔
الحَدَأَةُ: دو نوک والی کدال (۲) تیر کا پھل ج: حَدَأٌ و حِدَاء۔
الحِدَأَةُ: چیل ج: حِدَأ و حِدَاء و حِدْآن۔
• حَدِبَت الأرضُ ـــ حَدَبًا: زمین کے کچھ حصہ کا ابھرا ہوا ہونا۔
حَدِبَ الرَّجُلُ: کبڑا ہونا، کوز پشت ہونا، ٹیڑھا ہونا، جھکا ہوا ہونا۔ حَدِبَ ظَهْرُه: کمر کا جھکا ہوا ہونا۔ هو أَحْدَبُ و هي حَدْبَاء ج: حُدْبٌ۔
— عليه: مہربان ہونا، کسی پر مائل ہونا۔
— المرأةُ على وَلَدِها: ماں کا بچہ پر مہربان ہونا اور اس پر شفقت کے باعث دوسری شادی نہ کرنا (پہلے خاوند کے مرنے کے بعد) الرَّجُلُ حَدِبٌ و المرأةُ حَدِبَةٌ۔
أَحْدَبَه اللهُ: کبڑا بنا دینا، جھکانا۔
حَدَّبَه اللهُ: کبڑا بنا دینا، کمر جھکا دینا۔
حَدَّبَ الرَّسَّامُ الخَطَّ: لائن کو ابھارنا، ایسی لکیریں بنانا جن میں (فکری) گہرائی نہ ہو۔
تَحَادَبَ: کبڑا ہونا، جھکا ہوا ہونا، کبڑا بننا، (جان بوجھ کر)۔
تَحَدَّبَ: کبڑا ہو جانا، کوب نکل آنا (۲) ابھار والا ہونا۔
— عليه: مہربان ہونا۔
— المرأةُ على وَلَدِها: بچہ پر شفقت کے باعث اس کے باپ کے بعد دوسرے سے شادی نہ کرنا۔
احْدَوْدَبَ: کبڑا ہونا، ٹیڑھا ہونا، ابھرا ہوا ہونا۔
الأَحْدَبُ: کبڑا، کوز پشت ج: حُدْبٌ (۲) أَمرٌ أَحْدَبُ: مشکل ترین معاملہ (۳) کہنی کی ہڈی کے اوپر کی ایک رگ۔
الحَدِبُ: کبڑا، کوز پشت
الحَدَبُ: بلند زمین۔ قرآن پاک میں ہے: "وَهُم مِّن كُلِّ حَدَبٍ يَنسِلُونَ" (۲) کوب، کمر کا ابھار، کبڑا پن۔
حَدَبُ الماءِ: پانی کی موج۔
الحَدَبُ من الشِّتَاءِ: سردی کی شدت ج: أَحْدَاب و حِدَاب۔
الحَدْبَاءُ: دَابَّةٌ حَدْبَاءُ: وہ جانور جس کی کمر کی ہڈیاں نمایاں ہوں۔
سَنَةٌ حَدْبَاءُ: سخت سال، مصیبت کا سال۔
حَالَةٌ حَدْبَاءُ: بے چینی اور بے قراری کی کیفیت۔
الحَدَبَةُ: ٹیلہ، اونچی زمین (۲) کبڑا پن، کوب، پیٹھ کا ابھار۔
• حَدَثَ ـــ حُدُوثًا و حَدَاثَةً: نیا ہونا، اگر قَدُمَ کے ساتھ ذکر کیا جائے تو حَدُثَ بضم الدال کہا جاتا ہے جیسے أَخَذَه ما قَدُمَ و ما حَدُثَ: اس پر اس کے نئے اور پرانے غم سوار ہو گئے۔
— الأمرُ حُدُوثًا: پیش آنا، واقع ہونا، پیدا ہونا، ہونا۔

حَدَثَ الرَّجُلُ: حدث ہونا یعنی ایسی بات پیش آنا جس سے طہارت زائل ہو جائے

ـــ الشَّيْءَ: ایجاد کرنا، اختراع کرنا، سبب بننا، وجود میں لانا۔ قرآن پاک میں ہے: لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ أَمْرًا ۔

ـــ السَّيْفَ و نحوه: تلوار وغیرہ کو صاف کرنا، جلا دینا۔

حَادَثَه: بات چیت کرنا، مکالمہ کرنا۔

ـــ السَّيْفَ و نحوه: جلا دینا، صاف کرنا

حادَثَ قَلْبَه بِذِكْرِ اللّٰهِ: دل پر اللہ کا ذکر جاری رکھنا۔

حَدَّثَ: کلام کرنا، خبر دینا، بیان کرنا (۲) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث بیان کرنا

ـــ بالنِّعْمَةِ: اظہار نعمت کرنا، نعمت پر شکر ادا کرنا۔

ـــ فُلَانًا الحَدِيْثَ و به: کسی سے حدیث بیان کرنا، خبر دینا۔

ـــ عن فلان: روایت کرنا۔

تَحَدَّثَ: بولنا، گفتگو کرنا۔ تَحَدَّثَ اليه بھی کہا جاتا ہے۔

ـــ به و عنه: بیان کرنا، کسی سے روایت یا کوئی بات نقل کرنا۔

تَحَادَثَ القَوْمُ: باہم کلام کرنا۔

اِسْتَحْدَثَه: پیدا کرنا، وجود میں لانا، ایجاد کرنا (۲) نیا سمجھنا، نیا پانا۔

الأَحْدَاثُ: ابتدا سال کی بارشیں۔

الأُحْدُوثَةُ: کہانی جو لوگوں میں مشہور ہو، حکایت، افسانہ، کہاوت (۲) ہنسی کی بات

صَارَ فُلَانٌ أُحْدُوثَةً: فلاں لوگوں کے لئے موضوع سخن بن گیا ج: أَحَادِيْثُ۔

الحَادِثُ: نیا ضد قديم (۲) نئی چیز، نو پید پیش آمدہ بات، واقعہ ج: حَوَادِثُ۔

الحَادِثَةُ: واقعہ، سانحہ، مصیبت، واردات ج: حَوَادِث۔

الحَدَاثَةُ: نو عمری، نوجوانی (۲) نیا پن، تازگی، ابتدا، جدّت۔

أَخَذَ الأَمْرَ بِحَدَاثَتِه: کسی معاملہ کو ابتدا سے لینا۔

الحَدَثُ: نوعمر (۲) واقعہ، سانحہ (۳) غیر معمولی بات (۴) اصطلاح فقہا میں حَدَث اس نجاست حکمیہ کو کہتے ہیں جس سے وضو، غسل اور تیمم ختم ہو جاتا ہو (۵) بدعت۔

حَدَثُ الدَّهْرِ: آفت زمانہ، مصیبت ج: أَحْدَاث۔

الحِدْثُ: بسیار گو، قصہ گو (۲) شیریں گفتار کہتے ہیں: فُلَانٌ حِدْثُ فُلَانٍ وحِدْثُ نِسَاءٍ و حِدْثُ مُلُوكٍ۔

الحَدَثَانِ: شب و روز، لیل و نہار۔

حَدَثَانُ الدَّهْرِ: آفات و مصائب زمانہ

الحِدْثَانُ: ابتدا، آغاز۔ حِدْثَانُ الشَّبَابِ: نوجوانی۔ حِدْثَانُ الأَمْرِ: معاملہ کی ابتدا۔

الحِدِّيْثُ: بہت کلام کرنے والا۔

الحِدِّيْثَى: خبر، بات۔ سَمِعْتُ حِدِّيْثَى حَسَنَةً: میں نے بہتر بات سنی۔

الحَدِيْثُ: نیا ج: حِدَاث وحُدَثَاء بات، کلام، گفتگو، خبر، روایت، کہانی، مضمون (۲) نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام (۳) اصطلاح محدثین میں ہر وہ قول یا فعل یا تقریر جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب ہو۔ تقریر وہ قول اور فعل ہے جس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سکوت فرمایا اور اس پر نکیر نہیں فرمائی۔

هو حديثُ عَهْدٍ بكذا: اسے حال ہی میں اس سے واقفیت ہوئی ہے

الحَدِيْثُ ذو شُجُونٍ: بات سے بات نکلتی ہے (بات شاخوں والی ہے)
ج: أَحَادِيث۔

عِلْمُ الحَدِيْثِ: وہ علم ہے جس کے ذریعہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال، افعال اور احوال معلوم ہوں۔

حَدِيْثُ خُرَافَةٍ: بیہودہ بات۔

الحَدِيْثُ السائرُ: مقولہ، مشہور بات

حديثًا: حال ہی میں۔

المُحْدَثُ: وہ نئی بات جس کا ثبوت کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اجماع امت میں نہ ہو (۲) بدعت ج: مُحْدَثَات۔

المُحْدِثُ: علم وفن کا مجدّد۔

المُحْدَثُونَ: علما اور ادباء متاخرین۔ ضد متقدمین۔

الشُّعَرَاءُ المُحْدَثُونَ: شعراء متاخرین

المُحَدِّثُ: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کا راوی، حدیث بیان کرنے والا (۲) خبر دینے والا، بیان کرنے والا۔

المُحَدَّثُ: جس کا گمان صحیح ہو۔

المُتَحَدِّثُ: بولنے والا۔

المُتَحَدِّثُ بِلِسَانِ فُلَانٍ: ترجمان۔

• حَدَجَه ـــ حَدْجًا: کسی پر حنظل (اندرائن کا پھل) پھینکنا۔

ـــ فلانًا بِسَهْمٍ و نَحْوِه: تیر وغیرہ مارنا

ـــ بِبَصَرِه: گھور گھور کر دیکھنا، ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔ حدیث میں ہے: "حَدِّثِ النَّاسَ ما حَدَجُوكَ بِأَبْصَارِهِمْ" (۲) شک کی نگاہ سے دیکھنا (۳) نفرت کی نگاہ سے دیکھنا۔ کہتے ہیں: حَدَجَهُ بذَنْبِ غيره: تہمت لگانا۔

ـــ البَعِيْرَ: اونٹ پر کجاوہ باندھنا۔

حَدَجَ فُلَانًا بِبَيْعِ سوءٍ أو متاعِ سَوْءٍ: کسی کو خراب چیز فروخت کرنا اور نقصان پہنچانا۔

أَحْدَجَت شَجَرَةُ الحَنظَل: حنظل کا پھل آنا۔
ـــ البَعِيرَ: اونٹ پر کجاوہ باندھنا۔
حَدَّجَ بِبَصَرِه: گھور کر دیکھنا، تیز نظروں سے دیکھنا (۲) کسی شے کو اچھی طرح دیکھ لینا
الحِدْجُ: بوجھ (۲) عورتوں کی سواری جیسے کجاوہ، ڈولی ج: حُدُوج و حُدُج۔
الحُدُجُ: حنظل ناپختہ چھوٹا خربوزہ، اندرائن
الحَدَجُ: الحُدُج (۲) قطا کے مشابہ پرندہ
حُدَيجٌ: ابو حُدَيج: لقلق پرندہ۔
حِداجَة: عورتوں کی ایک سواری ج: حَدائج
المِحْدَجُ: اونٹ کو داغ لگانے کا آلہ۔
• حَدَّ السَّيفُ ونحوُه ـِ حِدَّةً: تیز ہونا، دھار دار ہونا۔
ـــ الرَّائحةُ: خوشبو تیز ہونا۔
ـــ الرَّجُلُ: چست و توانا دل ہونا، تیز طرار ہونا۔
ـــ على غيره: غصہ ہونا، سخت سست کہنا
ـــ في مُعامَلاتِه: ناسمجھ ہونا۔
ـــ المرأةُ على زوجها حِدادًا: شوہر کی موت پر سوگ منانا۔
ـــ السَّيفَ ونحوَه ـُ حَدًّا: تلوار یا چھری کو تیز کرنا، دھار رکھنا۔
ـــ بَصَرَه إليه: متنبہ انداز میں دیکھنا۔
ـــ الأرضَ: حد بندی کرنا، چک بندی کرنا
ـــ الشيءَ من غيره: ممتاز کرنا
ـــ فلانا عن الأمرِ: باز رکھنا۔
ـــ الجاني: مجرم کو سزا دینا، حد جاری کرنا
ـــ الشيءَ: مقرر کرنا، حد مقرر کرنا، کم کرنا
ـــ من شيءٍ: روک لگانا، تخفیف کرنا، تحدید کرنا، روک تھام کرنا۔
حُدَّ فلانٌ حَدًّا: کسی کے رزق میں کمی ہونا
أَحَدَّت المرأةُ: سوگ منانا۔ هي مُحِدٌّ۔
ـــ السَّيفَ والسِّكِّينَ ونحوَهما: تلوار وغیرہ کو تیز کرنا۔
أَحَدَّ بَصَرَه إليه: گھور کر دیکھنا۔
حادَّت الأرضُ الأرضَ: دو زمینوں کا سرحد میں ملا ہوا ہونا۔ حادَّ فُلانٌ فُلانًا: دشمنی کرنا (۲) پڑوس میں ہونا (۳) غصہ دکھانا اور نافرمانی کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "أَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّه من يُحادِدِ اللهَ ورَسُولَه فَأَنَّ له نارَ جَهَنَّمَ خالِدًا فيها"۔
حَدَّدَ على الشيءِ: حد مقرر کرنا۔
ـــ على فُلانٍ: پابندی لگانا، کسی کو تصرف سے روکنا۔
ـــ إليه وله: قصد کرنا۔
ـــ السَّيفَ ونحوَه: تلوار وغیرہ کو تیز کرنا، دھار بنانا۔
ـــ الشيءَ من غيره: الگ کرنا۔
ـــ الشيءَ: مقرر کرنا، محدود کرنا۔
ـــ ثَمَنَ السِّلْعَةِ: سامان تجارت کا نرخ مقرر کرنا۔
ـــ زَمَنَ المُقابَلَةِ: ملاقات وغیرہ کا وقت مقرر کرنا۔
ـــ السُّلطانُ إقامةَ فُلانٍ: سلطان کا کسی کو خاص جگہ رہنے کا پابند کرنا۔
ـــ العِبارَةَ أو معنى اللَّفْظِ: وضاحت کرنا، بیان کرنا۔
احْتَدَّ: چھری وغیرہ کا تیز ہونا، غصہ ہونا، تیز ہو جانا۔
ـــ في الكلام على فلان: سخت کلامی سے پیش آنا، تیزی سے بات کرنا۔
تَحادُّوا: ایک دوسرے پر برسنا، غصہ کرنا، باہم تیزی ہو جانا۔
تَحَدَّدَ: متعین ہو جانا، مقرر ہونا۔
اسْتَحَدَّ: چھری تیز کرنا (۲) دھاردار آلہ (استرے) سے شرمگاہ کے بال صاف کرنا
حُدادُكَ أن تَفْعَلَ كذا: تم زیادہ سے زیادہ ایسا کرنے کی کوشش کرو۔
الحِدادُ: ماتمی لباس، سوگ، ماتم۔ الحِداد القوميُّ: قومی سوگ۔
الحِدادَةُ: آہن گری، لوہے کا پیشہ۔
الحَدُّ: سرحد، کسی چیز کی حدود، چہار دیواری، انتہا، آخری حصہ، کنارہ (۲) دھار، تیزی، شراب وغیرہ کی تیزی، جوش (۳) غضبی کیفیت غصہ (۴) تعریف، کسی چیز کی ماہیت پر دلالت کرنے والا قول (۵) مجرم کے لئے شرعاً واجب ہونے والی مخصوص سزا ج: حُدود۔
حُدُودُ اللهِ تعالى: وہ امور جن کو اللہ نے اپنے اوامر و نواہی کے ذریعہ مقرر کیا ہے۔
وَضَعَ حَدًّا لكذا: کسی بات کو ختم کرنا۔
شيءٌ لا حَدَّ له: بے شمار، غیر متناہی۔
على حَدٍّ سَوِيٍّ: برابر، یکساں، ایک درجہ میں۔ على الحدِّ الأدنى: کم سے کم درجہ میں۔ على الحَدِّ الأقصى: زیادہ سے زیادہ، بہت سے بہت، بڑے سے بڑے درجہ میں۔
لِحَدِّ كذا: اس حد تک۔
لِحَدِّ الآن: اب تک۔
ـــ الأدنى: کم سے کم درجہ۔
ـــ الأقصى: آخری حد، آخری درجہ۔
ـــ الحَدُّ الدَّوليُّ: بین الاقوامی سرحد
ـــ الفاصل: خط فاصل۔
الحَدَدُ: ممنوع، باطل و لغو۔ کہتے ہیں: أَمْرٌ حَدَدٌ۔ نیز کہا جاتا ہے: دُونَ ما سألتَ عنه حَدَدٌ: تم نے جو پوچھا ہے اس کے ورے ممانعت ہے لا حَدَدَ عنه: اس کی ممانعت نہیں۔ مالي عن هذا الأمرِ حَدَدٌ: مجھے اس کے سوا چارہ نہیں وحَدَدًا أن يكونَ كذا: خدا نہ کرے ایسا ہو۔
الحَدّادُ: لوہار، لوہا فروخت کرنے والا (۲) دربان (۳) جیلر، افسر جیل۔

الحِدَّةُ: شدت، جوش، تیزی، درشتگی، غصہ۔ أَخَذَتْه حِدَّةُ الغَضَبِ: اسے سخت غصہ آگیا۔ هو معروفٌ بِحِدَّةِ التفكير: وہ گہری سوچ میں مشہور ہے۔
حِدَّة التوتّر: تناؤ اور کشیدگی میں زیادتی
بِحِدَّةٍ: تیزی سے، درشتی کے ساتھ۔
الحَدِيدُ: لوہا، لوہے کی سلاخ ج: حَدَائِد (۲) تیز۔
الحَدِيدُ الخام: خام لوہا۔
الحَدِيدُ الزَّهْر: ڈھلا ہوا لوہا۔
الحَدِيدُ الصُّلْب: سخت لوہا۔
الحَدِيدُ المطاوِع: نرم لوہا۔
الحَدِيدُ المَسْبُوك: پگھلا ہوا لوہا۔
فُلَانٌ حَدِيدُ فُلَانٍ: وہ اس کا پڑوسی ہے۔
حَدِيدَة: لوہے کا ٹکڑا۔
دارِی حَدِيدَةُ دارِك: میرا گھر تیرے گھر سے ملا ہوا ہے۔ الحَدِيدَة قد حَمِيَتْ: معاملہ آخری حد کو پہنچ گیا۔
الحَدِيدِيّ: لوہے کا، آہنی۔
الحَدَائِد: لوہے کا سامان۔
تاجِرُ الحَدَائِد: لوہے کا سامان بیچنے والا۔
التَحْدِيدُ: حدبندی، تعریف، احاطہ، پابندی، تقیید ج: تَحْدِيدَات۔
المَحْدُودُ: تنگ، محدود، غیر وسیع، محروم۔
تفكيرُه مَحْدُود: اس کا ذہن چھوٹا ہے۔
المُحْتَدّ: ناراض، غضبناک۔
•حَدَرَ الشيءُ ــِ حَدْرًا: موٹا اور سخت ہونا۔
ــــ الرَّجُلُ: موٹا اور مضبوط ہونا۔
ــــ جِلْدُه: ورم آلود ہونا، سوجنا۔
ــــ العَيْنُ: آنکھ پر ورم ہونا، آنکھ کا ڈھیلا باہر کو آنا۔
حَدَرَ الشيءَ حُدُورًا: اوپر سے نیچے اتارنا، جھکانا، ڈھلوان بنانا۔
ــــ الحَجَرَ: پتھر کو لڑھکانا۔
ــــ العَيْنُ الدَّمْعَ و بالدَّمْعِ: آنسو بہانا۔
ــــ الدَّواءُ البَطْنَ: دوا کا اسہال لانا، پیٹ کو چلانا اور صاف کر دینا۔
ــــ السَّفِينَةَ في الماءِ: کشتی کو پانی میں اتارنا۔
ــــ الثَّوبَ: چنٹ دے کر یا کنارہ کو بٹ دے کر کپڑے کی لمبائی کم کرنا۔
ــــ القراءَةَ و الأذانَ: جلدی پڑھنا، جلدی اذان واقامت کہنا۔
ــــ الضَّرْبُ الجِلْدَ: ضرب کا کھال کو متورم کرنا۔
حَدِرَت العَيْنُ ــَ حَدَرًا: آنکھ کا بھینگا ہونا۔ حَدِرَ الرَّجُلُ: بھینگی آنکھ والا ہونا۔ هو أَحْدَرُ و هي حَدْرَاء ج: حُدْرٌ۔
أَحْدَرَ جِلْدُه: ورم آلود ہونا۔
ــــ الشيءَ: نیچے اتارنا، جھکانا، گھوم دار بنانا۔
ــــ الثَّوبَ: کپڑے کا کنارہ چننا، ترپنا۔
ــــ القراءَةَ و المشيَ: جلدی کرنا۔
حَدَّرَ جِلْدُه: متورم ہونا۔
ــــ الشيءَ: نیچے اتارنا، ڈھلوان بنانا
ــــ القِراءَةَ والأذانَ والإقامَةَ: پڑھنے اور اذان واقامت میں جلدی کرنا
انْحَدَرَ: ڈھلکنا، نیچے اترنا۔
ــــ جِلْدُه: متورم ہونا۔
تَحادَرَ: اترنا، ڈھلان سے گرنا، پھسلنا۔
تَحَدَّرَ: بھر جانا اور موٹا ہو جانا (۲) ڈھلکنا، نیچے اترنا، آنسو کا ڈھلکنا۔
ــــ الشيءُ: سامنے آنا۔
الأُحْدُور: وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز نیچے آئے
الحادِرُ: بھرے ہوئے جسم کا، موٹا (۲) دیکھنے میں اچھا خوش خلقت (۳) سخت، مضبوط رُمْحٌ حادِرٌ: سخت نیزہ (۴) گنجان، اکٹھا حَيٌّ حادِرٌ: آباد گنجان محلہ یا قبیلہ (۵) بہت، کثیر۔ عَدَدٌ حادِرٌ: بڑا عدد، بڑی تعداد (۶) بلند۔ جَبَلٌ حادِرٌ: بلند پہاڑ (۷) شیر۔
الحادِرَةُ: حادر کی مونث۔ غلام حَادِرة بھی کہا جاتا ہے بمعنی حادِر۔
الحادُورُ: ڈھلوان جگہ جہاں سے کوئی چیز نیچے اتر کر آئے (۲) کان کی بالی (۳) اسہال لانے والی دوا ج: حَوادِير۔
الحَدْرُ: سخت زمین۔
رَجُلٌ حَدْرٌ: جلدباز آدمی۔
الحَدَرُ: ڈھلوان زمین، نشیب۔
الحَدْرَاء: اونچی ڈھلوان جگہ جہاں سے کوئی چیز نیچے آئے۔
الحَدْرَة: آنکھ کی پلک کے اندر یا باہر پیدا ہونے والی پھنسی یا زخم جس سے آنکھ سوج جاتی ہے۔
الحَدُور: ڈھلوان جگہ، نشیب، وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز اتر کر آئے (۲) ڈھلان میں گرنے والی پانی کی مقدار۔
المُنْحَدَرُ: وہ ڈھلوان جگہ جہاں سے کوئی چیز نیچے آئے، جھکا ہوا، نشیبی۔
المُتَحَدِّرُ: نشیبی، جھکا ہوا۔
الأَحْدَرُ: پر گوشت گھوڑا (۲) ایک چیز کو دو دیکھنے والا آدمی، مؤنث حَدْرَاء۔
الحيدر: شیر، پست قد۔
•حَدْرَجَ الشيءَ: لڑھکانا (۲) چکنا کرنا۔
ــــ الحَبْلَ وغيرَه: رسی وغیرہ کو مضبوط کرنا خوب بٹ دینا۔
الحَدْرَجُ: چھوٹا۔ کہتے ہیں: ما بالدّارِ من حَدْرَجٍ: گھر میں کوئی نہیں،

ج: حَدَارِج ۔
الحُدْرُجُ : چکنا ۔
الحُدْرُوجُ : چکنا ۔
المُحَدْرَجُ : کوڑا ۔
• حَدَسَ فِي الأَرْضِ ـُ حَدْسًا : اٹکل واندازہ سے چلنا ۔
ـــ فِي السَّيْرِ : اٹکل کے ساتھ تیز چلنا ۔
ـــ فِي الأَمْرِ و نَحْوِه : اٹکل واندازہ سے کام کرنا، اندازہ کرنا ۔
ـــ الشَّيْءَ : تخمینہ لگانا، تاڑلینا، جلد سمجھ لینا، اندازہ لگانا ۔
ـــ عَلٰى فُلَانٍ ظَنَّهُ : کسی کو اپنے گمان کے خلاف پانا اور اس سے وابستہ امید پوری نہ ہونا ۔
ـــ الكَلَامَ عَلٰى عَوَاهِنِه : کسی بات کو بلا تحقیق کہنا ۔
ـــ الشَّيْءَ بِرِجْلِه : پیروں سے روندنا ۔
ـــ فُلَانًا بِسَهْمٍ و نَحْوِه : کسی کے تیر وغیرہ مارنا ۔
ـــ النَّاقَةَ و بِهَا : اونٹنی کو بٹھانا (۲) بٹھانا اور گلے پر چھری مارنا ۔
ـــ الشَّاةَ : بکری کو ذبح کرنے کے لئے لٹانا ۔
ـــ الرَّجُلَ : پچھاڑنا ۔
ـــ بِهِ الأَرْضَ : زمین پر پٹخ دینا ۔ هو حَادِسٌ و المَفْعُول مَحْدُوسٌ و حَدِيسٌ ۔
تَحَدَّسَ الأَخْبَارَ و عَنْهَا : خبروں کی کھوج لگانا خفیہ طور پر خبروں کی ٹوہ لگانا ۔
الحَدْسُ : ذکاوت، دانائی، جلد سمجھنے کی صلاحیت فراست (۲) اندازہ، اٹکل ۔
الحَدْسِيَّةُ : ایک مکتب فکر جو علم و معرفت کا مدار ذکاوت و فراست کو قرار دیتا ہے ۔
الحَدْسِيَّاتُ : فراست و دانائی سے معلوم کی ہوئی چیزیں ۔
الحَدِيسُ و المَحْدُوسُ : پچھاڑا ہوا ۔
المَحْدِسُ : مطلب، تحقیق کا موضوع ۔

• حَنْدَسَ و تَحَنْدَسَ : رات کا تاریک ہونا ۔
• حَدَقَ المَرِيضُ و نَحْوُه ـِ حُدُوقًا : بیمار وغیرہ کا دونوں آنکھیں کھول کر دیکھنا، گھورنا، نظر جما کر دیکھنا اور جھپکنا ۔
ـــ بِهِ : احاطہ کرنا، گھیرنا ۔
ـــ فُلَانًا حَدْقًا : آنکھ کی سیاہی پر مارنا
ـــ الشَّيْءَ بِعَيْنَيْهِ : دیکھنا ۔ حَدَقَ إِلَيْهِ بھی کہا جاتا ہے ۔
أَحْدَقَتِ الأَرْضُ : زمین کا باغ بن جانا ۔
أَحْدَقَ بِهِ : گھیرنا، چاروں طرف سے گھیر لینا، گھیرے میں لینا ۔
ـــ بِهِ الخَطَرُ : اس کو خطرہ لاحق ہوگیا ۔
أُحْدِقَتْ بِهِ الشَّدَائِدُ : اسے سختیوں نے گھیر لیا ۔
حَدَّقَ بِهِ : گھیرنا، گھراؤ کرنا، چاروں طرف سے گھیرنا ۔
ـــ إِلَيْهِ النَّظَرَ : گھور کر دیکھنا ۔
احْدَوْدَقَ بِهِ القَوْمُ : لوگوں کا کسی کو گھیر لینا ۔
الحَدَقَةُ : آنکھ کی سیاہی ج : حَدَقٌ و حِدَاقٌ ج : أَحْدَاقٌ ۔ کہتے ہیں : هو مِن رُمَاةِ الحَدَقِ : یعنی ماہر تیر انداز ہے ۔
تَكَلَّمْتُ عَلٰى حَدَقِ القَوْمِ : ان کے سامنے میں نے بات کی ۔
الحَدِيقَةُ : باغ، باغیچہ، پھل دار درختوں والی زمین، وہ کھجوروں کا باغ جس کی چہار دیواری ہو ج : حَدَائِقُ ۔
حَدِيقَةُ الحَيَوَانَاتِ : چڑیا گھر ۔
حديقة عُمُومِيَّةٌ : باغ عام، پبلک گارڈن
حَادِقُ الطَّعْمِ : نمکین، چٹپٹا ۔
المُحْدِقُ : محیط (۲) تیز ۔
الخَطَرُ المُحْدِقُ : زبردست خطرہ ۔
• حَدَلَ عَلَيْهِ ـِ حَدْلًا و حُدُولًا : کسی پر ظلم کرنے کے لئے مائل ہونا ۔

حَدَلَ السَّطْحَ : رولر کے ذریعہ ہموار کرنا، رولر پھیرنا ۔
حَدِلَ ـَ حَدَلًا : غیر متوازن کندھوں والا ہونا یعنی ایسا ہونا کہ ایک کندھا دوسرے سے بلند ہو (۲) مائل اور جھکا ہوا ہونا (۳) آنکھ کا گری ہوئی پلکوں والی ہونا (۴) کسی ایک طرف کو جھک کر چلنا (۵) ٹیڑھی گردن والا ہونا (پیدائشی طور پر یا کسی بیماری کی وجہ سے) هو أَحْدَلُ و هي حَدْلَاءُ ۔
ـــ عَلَيْهِ : کسی پر ظلم کے لئے مائل ہونا ۔
حَادَلَه : چالاکی برتنا، فریب دینا ۔
تَحَادَلَ الرَّامِي : تیرانداز کا کمان پر جھکنا ۔
ـــ فِي مِشْيَتِه : جھوم کر چلنا ۔
الأَحْدَلُ : زیادہ دشوار (۲) ایک خصیہ والا ۔
الحَدْلُ : هو رَجُلٌ حَدْلٌ و حُكْمٌ حَدْلٌ : غیر منصفانہ ۔
الحِدْلُ : گردن کا درد ۔
الحُدَالُ : چکنا و ہموار ۔
الحَوْدَلَةُ : ٹیلہ ۔
• حَدَمَه ـِ حَدْمًا : آگ میں تپانا، تیز گرم کرنا، سورج کی گرمی سے تپانا ۔
ـــ الدَّمَ : گہرا سرخ کرنا (تا آنکہ سیاہ ہو جائے)
حَدِمَتِ النَّارُ ـَ حَدْمًا و حَدَمَةً : آگ کا دہکنا، بھڑکنا، لپٹیں اٹھنا ۔
أَحْدَمَتِ النَّارُ و الحَرَارَةُ : آگ یا گرمی کا تیز ہونا ۔
أَحْدَمَ فُلَانًا : غصہ دلانا، تاؤ دلانا ۔ کہتے ہیں : ما أَدْرِي ما أَحْدَمَهُ : نہ معلوم اسے کس وجہ سے غصہ آیا ۔
احْتَدَمَ : گرم ہونا، جوش مارنا، تیز ہونا، کھولنا، بھڑکنا ۔
احْتَدَمَتِ الحَرَارَةُ و النَّارُ : گرمی یا آگ کا تیز ہونا ۔
تَحَدَّمَ : جلنا، تیز و گرم ہونا ۔

الحَدَمَةُ: آگ بھڑکنے کی آواز۔
الحِدَامُ: غیظ وغضب۔
• حَدَا الإبِلَ و بِهَا ـُ حُدَاءً: اونٹ کو ہنکانا اور حُدی (اونٹ کو ہنکانے کا گانا) کے ذریعہ تیز چلنے پر اکسانا۔
ــــ فُلَانًا عَلَى كذا: آمادہ کرنا، اکسانا۔
ــــ الشيئَ حَدْوًا: پیچھے لگنا یا پیچھے چلنا، تابع ہونا۔ کہتے ہیں: لَا أَفْعَلُ ذٰلِكَ مَا حَدَا اللَّيْلُ النَّهَارَ: جب تک دن کے بعد رات آتی رہے گی (دنیا قائم رہے گی) میں یہ کام نہ کروں گا۔
ــــ الشيئَ ـِ حَدْوًا: قصداً کرنا، جستجو کرنا
احتدى الشيئَ: بعد میں آنا، تابع ہونا۔
تَحَدَّى الشيئَ: تابع ہونا۔
ــــ فُلَانًا: چیلنج کرنا، کسی معاملہ میں مقابلہ کی دعوت دینا۔
الأُحْدُوَّةُ و الأُحْدِيَّةُ: گانا ج: أَحَادِيُّ وہ گانا جو اونٹوں کو ہانکنے کے لئے گایا جائے
الحَادِي: حدی خواں، مخصوص گانے کے ذریعہ اونٹوں کو ہنکانے والا ج: حُدَاة۔
حادِي النَّجْمِ: فلک، چاند کی ایک منزل۔
الحُدَاءُ: اونٹوں کے ہانکنے کا گیت۔
الحَدَى: کہا جاتا ہے: لَا أَفْعَلُه حَدَى الدَّهْرِ: میں اسے کبھی نہ کروں گا۔
الحَدْوَاءُ: شمالی ہوا (کیونکہ وہ بادلوں کو ہنکاتی ہے)۔
الحُدَيَّا: مقابلہ، جھگڑا (۲) ایک آدمی۔ کہا جاتا ہے: هٰذا حُدَيَّا هٰذا: یہ اس کا ہم پلہ اور مقابل ہے۔ و أَنَا حُدَيَّاكَ فِي هٰذا الأَمْرِ: اس معاملہ میں میں تمہارا مقابل ہوں۔ تم مجھ سے تنہا مقابلہ کرو

ح ـــــ ذ

حَذَّهُ ـُ حَذًّا: جلدی سے کاٹنا۔
• حَذَّ الشيئُ ـِ حَذَذًا: آخری حصہ کٹ جانا (۲) ہلکا ہو جانا۔ کہتے ہیں: حَذَّ ذَنَبُ الدَّابَّةِ: جانور کی دم ہلکی ہو گئی (۳) تیز رفتار ہونا۔ کہا جاتا ہے: حَذَّ فِي سَيْرِهِ وحَذَّ فِي كَلَامِهِ وحَذَّ فِي عَمَلِهِ: تیز ہونا۔
الأَحَذُّ: الساچکنا جیسے پکڑا نہ جا سکے۔
سَيْفٌ أَحَذُّ: تیز کاٹنے والی تلوار۔
أَمْرٌ أَحَذُّ: سخت ناگوار بات، یا زود اثر یا جلد کامیاب ہونے والا۔
قَلْبٌ أَحَذُّ: زود حس، جلد ادراک کرنے والا۔
فُلَانٌ أَحَذُّ: خستہ حال، غریب و مفلس ج: حُذٌّ۔
الحَذَّاءُ: رَحِمٌ حَذَّاءُ: قطع تعلق۔
عَزِيمَةٌ حَذَّاءُ: پختہ ارادہ۔
قَصِيدَةٌ حَذَّاءُ: مقبول عام نظم (عمدگی کی بنا پر)
حَاجَةٌ حَذَّاءُ: جلد پوری ہونے والی ضرورت۔
وَلَّتِ الدُّنْيَا حَذَّاءَ مُدْبِرَةً: دنیا جلد ختم ہو گئی اور دنیا والوں کو اس سے کچھ نہ ملا ج: حُذٌّ۔
الحَذَذُ: علم عروض میں بحر کامل کی وتد کے سقوط کو کہتے ہیں جس کے بعد وزن مُفَاعَلَتُنْ فَعِلُنْ رہ جاتا ہے۔
الحُذَّةُ: ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے: أَعْطَاهُ حُذَّةً مِنَ اللَّحْمِ: اسے گوشت کا ٹکڑا دیا۔
• حَذِرَ ـَ حَذَرًا: چوکنا اور چوکس ہونا
ــــ الشيئَ و منه: ڈرنا اور بچنا، محتاط ہونا۔ هو حَاذِرٌ و حَذِرٌ والشيئُ مَحْذُورٌ و مَحْذُورٌ منه۔
حَاذَرَهُ مُحَاذَرَةً وحِذَارًا: ایک کا دوسرے سے بچنا، محتاط رہنا، ڈرتے رہنا۔
حَذَّرَهُ الشيئَ و منه: متنبہ کرنا، محتاط بنانا، ڈرانا۔ قرآن پاک میں ہے:
"وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَه"
الحَاذُورَةُ: رَجُلٌ حَاذُورَةٌ: بہت محتاط بہت چوکنا۔
حَذَارِ: اسم فعل امر ہے بمعنی اِحْذَرْ وحَذَارِ مِن كذا: اس سے بچو، چوکنا رہو۔
حَذَارَيْكَ زَيْدًا وحَذَارَيْكَ: تم کو زید سے برابر محتاط و چوکس رہنا چاہئے
الحَذَرُ: احتیاط، پرہیز، ڈر، بچاؤ۔
حَذَرَكَ زَيْدًا: زید سے ڈرو۔
اِنَّه لَابْنُ حَذَرٍ و أَحْذَارٍ: وہ بہت محتاط ہے (۲) آنکھ کا بوجھل پن جو کسی بیماری کی وجہ سے ہو ج: أَحْذَار
الحَذُرُ: رَجُلٌ حَذُرٌ: بہت محتاط و ہوشیار۔
الحِذْرِيَةُ: حِذْرِيَةُ الدِّيكِ: مرغ کی گردن کے پر ج: حَذَارَى وحَذَارٍ
الحَذِيرُ: ڈرانے والا، تنبیہ کرنے والا، محتاط و چوکنا کرنے والا۔
الحَذِرُ و الحَاذِرُ: چوکنا، محتاط، ہوشیار۔
المَحْذُورُ: قابل احتراز شئے۔ وہ چیز جس سے ڈرا جائے اور محتاط رہا جائے، قابل احتیاط۔
المَحْذُورَةُ: خوف، مصیبت، بڑی آفت (۲) چیخ (۳) شب خون مارنے والے گھوڑے (۴) لڑائی۔
الحُذَارِيَّاتُ: ڈرانے والے۔
الحِذْرِيَانُ: چوکنا۔
الحُذُرَّى: باطل۔
• حَذَفَ الشيئَ ـِ حَذْفًا: تراشنا، کنارہ کی طرف سے کاٹنا۔ کہتے ہیں: حَذَفَ الحَجَّامُ الشَّعْرَ: بال کترنا (۲) گرانا۔
ــــ بِالعَصَا و نَحْوِهَا: لاٹھی یا ڈنڈا پھینک کر مارنا۔
حَذَفَه بِجَائِزَةٍ: انعام دینا۔
ــــ الكَلِمَةَ و العِبَارَةَ: کم کرنا، مٹانا،

قلم زد کرنا، گرانا، حذف کرنا۔
حَذَّفَ الشئَ : برابر کرنا۔ کہتے ہیں : حَذَّفَ الحجّامُ الشَّعْرَ۔
ــــ الخَطِیبُ الکلامَ : صاف ستھرا اور مہذب بنانا، حشو و زائد نکالنا۔
اِحْتَذَفَ الثَّوبَ و نَحْوَہ : کپڑے وغیرہ کا ایک حصہ کاٹنا۔
الحُذَافَۃُ : تراشہ، حذف کی ہوئی چیز (۲) تھوڑی شے، بچی ہوئی چیز۔ کہتے ہیں : فی رَحْلِه حُذَافَۃٌ : اس کے کجاوہ میں تھوڑا سا کھانا ہے۔
الحَذَفُ : کالی چھوٹی بھیڑیں جن کے نہ بال ہوں اور نہ دم اور کان ہوں (۲) چھوٹی بطوں کی ایک قسم (۳) کھیتی کے پتے۔
الحَذْفَاءُ : أُذُنٌ حَذْفَاءُ : ایسے چھوٹے کان جو کٹے ہوئے دکھائی دیتے ہوں۔
الحِذْفَۃُ : کپڑے وغیرہ کا تراشہ، ٹکڑا۔
الحَذْفُ و الإِضافَۃُ : کمی بیشی۔
المَحْذُوفُ : علم عروض کی اصطلاح میں وہ جز جس کے آخر سے سبب خفیف ساقط ہو گیا ہو جیسے فُعِلَنْ کے بجائے فَعِلْ۔
• حَذَفَرَہ حَذْفَرَۃً و حِذْفَارًا : بھرنا۔
الحِذْفَارُ و الحُذْفُورُ : جانب، کنارہ، گوشہ ج : حَذَافِیرُ۔ أَخَذَ الشئَ بِحَذَافِیرِہ اس نے کل کا کل لے لیا، سب لے لیا۔
• حَذَقَ الخَلُّ و نَحْوُہ ـ حُذُوقًا : سرکہ وغیرہ کا انتہائی تیز ہونا، ترش ہونا۔
ــــ الخَلُّ و نَحْوُہ اللِّسَانَ : سرکہ وغیرہ کی ترشی کا زبان کو کاٹنا، لگنا۔
ــــ فلانٌ الشئَ حِذْقًا : کاٹنا۔
ــــ العَمَلَ و فیه : کسی کام کو کرتے کرتے ماہر ہو جانا۔ هو حَاذِقٌ ج : حُذَّاقٌ و الشئُ مَحْذُوقٌ و حَذِیقٌ۔
أَحْذَقَه : ماہر بنانا (۲) ترش کر دینا۔
أَحْذَقَ الحَرُّ اللَّبَنَ : گرمی کا دودھ کو کھٹا کر دینا۔
اِنْحَذَقَ : منقطع ہو جانا۔
تَحَذَّقَ : ماہر بن جانا، مہارت ظاہر کرنا
الحِذْقَۃُ : ٹکڑا ج : حِذَق۔
الحاذِقُ : باکمال، ماہر، ہوشیار ج : حُذَّاقٌ۔
الحِذَاقُ : بہت تیز و ترش سرکہ (۲) ماہر و ہوشیار۔
الحَذِیقُ : کٹا ہوا۔
الحُذَاقَۃُ : کھانے کی تھوڑی مقدار۔
الحُذَاقِیُّ : تیز دھار دار چھری (۲) ترش ترین۔ رَجُلٌ حُذَاقِیٌّ : واضح اور مدلل بات کرنے والا۔
• حَذِلَتِ العَیْنُ ـ حَذَلًا : زیادہ رونے سے آنکھ کا سرخ ہو جانا (۲) آنکھ کی پلکیں گرنا۔ العَیْنُ حَذِلَۃٌ و حَذْلَاءُ۔
أَحْذَلَ البُکاءُ او الحَرُّ العَیْنَ : رونے یا گرمی سے آنکھ کا سرخ ہو جانا یا پلکوں کا گرنا
تَحَذَّلَ علیه : مہربان ہونا۔
الحَذَالُ : سرخ رنگ کا گوند (۲) کھجور کے شگوفہ میں پیدا ہونے والی گوند نما چیز، چاول وغیرہ کی بھوسی۔
الحُذْلُ : جڑ (۲) ازار باندھنے کی جگہ، کرتے کے دامن کی گولائی۔
هو فی حُذْلِ أُمِّه : وہ اپنی ماں کی گود میں ہے۔ یعنی پرورش میں ہے۔
• حَذْلَقَ : ڈینگ مارنا، حقیقت سے زیادہ کمال و ہوشیاری دکھانا، شیخی مارنا۔
تَحَذْلَقَ : ڈینگ مارنا، شیخی مارنا۔
هو یَتَحَذْلَقُ فی کلامه : باتیں بنانا ظرافت دکھانا۔
الحِذْلِقُ من الرِّجال : ڈینگیں مارنے والا، گپیں مارنے والا۔
الحَذْلَقَۃُ : دعوائے علم و ہنر، ڈینگ، اظہار ظرافت۔
• حَذْلَمَ : لڑھکنے کی طرح تیز چلنا۔
ــــ الشئَ : لڑھکانا۔
ــــ العُودَ : لکڑی کو چھیلنا۔
ــــ السِّقاءَ : مشک کو بھرنا۔
تَحَذْلَمَ : بمعنی حَذْلَمَ (۲) باادب ہونا
الحُذْلُومُ : ہلکا اور سبک رفتار آدمی۔
• حَذَمَه ـ حَذْمًا : کاٹنا، تیزی سے کاٹنا هو حَاذِمٌ و حَذِیمٌ۔
ــــ فی کذا حَذْمًا و حَذَمَانًا : تیز رفتار ہونا۔ حَذَمَ فی قِرَاءَتِه و حَذَمَ فی مِشْیَتِه و حَذَمَ فی طَیَرَانِه : تیز پڑھنا تیز چلنا، تیز اڑنا۔ قال عُمَرُ رض "اذا أَذَّنْتَ فَتَرَسَّلْ و اذا أَقَمْتَ فَاحْذِمْ"
الحَذِمُ : تیز۔ سیف حَذِمٌ : تیز تلوار۔
الحُذَمُ : چالاک چور (۲) تیز رو خرگوش۔
الحُذَمُ : ٹھگنا اور چھوٹے قدموں والا۔
الحِذْیَمُ : تیز تلوار وغیرہ (۲) ماہر۔
الحَذَمُ : بازو کٹے پرندے کی اڑان۔
حَذَامِ : یمامہ کی ایک عورت جس کی نظر بہت تیز تھی اور زرقاء الیمامہ کہلاتی تھی۔
الحُذَامُ : سست و کاہل، سست رو۔
• حَذَا النَّعْلَ ـ حَذْوًا : جوتے کو کسی نمونہ پر کاٹنا۔ حَذَا النَّعْلَ بالنَّعْلِ : ایک جوتے کو دوسرے کے برابر کاٹنا۔
حَذَا فُلانٌ حَذْوَ فُلانٍ : نقش قدم پر چلنا، برابری کرنا، نقل کرنا، اتباع کرنا
ــــ لِفُلانٍ نَعْلًا : جوتا تیار کرنا۔
ــــ فُلانًا شَیئًا : کوئی چیز دینا۔
ــــ الجِلْدَ و نَحْوَہ ـ حَذْیًا : چمڑے کو کاٹنا۔
ــــ الشَّرابُ لسانَه : شراب کا زبان کو تیزی کی بنا پر کاٹنا۔ الفاعل حاذٍ و المَفْعُول مَحْذِیٌّ۔
ــــ فلانًا بلسانه : عیب لگانا،

مذمت کرنا۔

أَحْذَاهُ : دینا۔ حدیث میں ہے: "مَثَلُ الجَلِيسِ الصَّالِحِ مَثَلُ الدَّارِيِّ، اِن لَمْ يُحْذِكَ مِنْ عِطْرِه عَلِقَكَ مِن رِيحِه."

أَحْذَاهُ طَعْنَةً : اس کو سخت نیزہ مارا۔

حَاذَاهُ مُحَاذَاةً وحِذَاءً : مقابل ہونا، برابر ہونا۔

اِحْتَذَى : جوتا بنانا۔

—الحِذَاءَ : جوتا پہننا۔

—مِثَالَ فُلَانٍ او علی مِثَالِه او بِه: نقش قدم پر چلنا، کسی کی طرح کام کرنا۔

تَحَاذَى القَوْمُ الشَّيْءَ : باہم تقسیم کرنا۔

اِسْتَحْذَاهُ : جوتا مانگنا، بنوانا (۲) بخشش طلب کرنا۔ اِسْتَحْذَيْتُه فَحَذَانِي : میں نے اس سے عطیہ مانگا اس نے مجھے دیا۔

الحَاذِي : جفت پوش، جوتا پہننے والا۔

الحِذَاءُ : جوتا (۲) گھوڑے کی نعل (۳) اونٹ کا موزہ۔ حِذَاءُ الشَّيْءِ : مقابل۔

دَارِي بِحِذَاءِ دَارِكَ : میرا مکان تمہارے مکان کے سامنے ہے۔

حِذَاء طويل : بوٹ، جوتا۔ حِذاء قَصِير : شوز جس میں ٹخنا کھلا رہتا ہے۔

الحُذَاوَةُ : چمڑے کی کترن جو کاٹنے کے وقت گرتی ہے۔

الحُذَايَةُ : مال غنیمت کا حصہ۔

الحَذَّاءُ : جفت ساز، جوتا بنانے والا، جفت فروش، جوتوں کا تاجر۔

الحِذْوَةُ : چمڑے کی کترن (۲) گوشت کا پارچہ۔

الحُذَيَّا : الحُذَايَةُ ، خوشخبری دینے کا عطیہ۔ هو حُذَيَّاكَ : وہ تمہارا مقابل ہے۔

الحَذِيَّةُ : عطیہ۔

المِحْذَى : چمڑا کاٹنے کا اوزار ج: مَحَاذٍ۔

المِحْذَاءُ : طعنہ زن، لوگوں کی آبرو سے کھیلنے والا، لوگوں پر کیچڑ اچھالنے والا۔

ح ـــــ ر

• حَرَبَه بالحِرْبَة ـــ حَرْبًا : نیزہ مارنا

حَرَبًا : سب کچھ لوٹ لینا۔ حَرَبَ فُلَانًا مَالَه : فلاں کا سارا مال لوٹ لیا۔ الفاعل حارِبٌ والمفعول محروبٌ ج: مَحَارِيبُ، هو حرِيبٌ ج: حَرْبَى حُرَبَاءُ۔

حَرِبَ ـــ حَرَبًا : لٹے ہوئے مال والا ہونا (۲) آگ بگولا ہونا، غضبناک ہونا (۳) وَا حَرَبَاه کہنا (ہائے لٹ گیا، ہلاک ہوگیا) (۴) کتے کا کاٹا ہوا ہونا۔ هو حَرِبٌ ج: حَرْبَى۔

أَحْرَبَ النَّخْلُ : کھجور کا شگوفہ نکلنا (النَّخْلُ مُحْرِبٌ)۔

—الرَّجُلُ النَّخْلَ : کھجور کے درخت میں شگوفہ کا قلم لگانا۔

—الحَرْبَ : جنگ چھیڑنا۔

—فُلَانًا : مال غنیمت کا پتہ دینا۔

حَارَبَه مُحَارَبَةً وحِرابًا : جنگ کرنا، لڑنا۔

—اللّٰهَ : نافرمانی کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "إِنَّمَا جَزَاءُ الَّذِينَ يُحَارِبُونَ اللّٰهَ وَرَسُولَه وَيَسْعَوْنَ فِي الأَرْضِ فَسَادًا أَنْ يُقَتَّلُوا"

حَرَّبَ السِّنَانَ ونَحْوَه : نیزے وغیرہ کے پھل کو تیز کرنا۔

—فُلَانًا : ناراض کرنا۔

—فُلَانًا على فُلَانٍ : کسی کو کسی کے خلاف اکسانا۔

اِحْتَرَبُوا : باہم جنگ کرنا۔

اِحْتَرَبَ فلانًا : نیزہ مارنا۔

تَحَارَبُوا : باہم لڑنا، جنگ کرنا، برسرپیکار ہونا۔

اِحْرَنْبَى اِحْرِنْبَاءً : دل میں شر رکھتے ہوئے غصے کے قریب ہونا، تیار ہونا (۲) چت لیٹ کر اپنی ٹانگیں آسمان کی طرف اٹھانا۔

اِحْرَنْبَى المَكانُ : جگہ کا کشادہ ہونا۔

الحَرْبُ : لڑائی، جنگ (مؤنث سماعی کبھی بمعنی قتال مذکر بھی استعمال ہوتا ہے)۔

الحَرْبُ الأَهْلِيَّةُ : خانہ جنگی، اندرونی لڑائی

الحَرْبُ البَارِدَةُ : سرد جنگ (جس میں ہر فریق کھلی لڑائی کے بجائے دوسرے کو مکر و چالاکی سے نقصان پہنچانے کی تدبیریں کرتا ہے) ج: حُرُوب۔

إِعلانُ الحَرْبِ على فُلَانٍ : کسی کے خلاف اعلان جنگ کرنا۔ قَامَت الحَرْبُ على سَاقٍ : معاملہ سنگین اور ناقابل حل ہو جانا۔

رَجُلٌ حَرْبٌ : بہادر، لڑاکا۔

وحَرْبٌ لي وعَلَيَّ : دشمن (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے) أَنَا حَرْبٌ لِمَن يُحَارِبُنِي۔

الحَرْبِيُّ : جنگی، فوجی۔

الحَرَبُ : ہلاکت و مصیبت، افسوس اور غم ظاہر کرنے کے لئے کہا جاتا ہے واحرباہ : ہائے افسوس (۲) کھجور کا شگوفہ جو ابھی جھلی میں ہو۔

الإِنْتَاجُ الحربِيُّ : دفاعی پیداوار۔

المَدْرَسَةُ الحَرْبِيَّةُ : ملٹری اسکول

وَزِيرُ الحَرْبِيَّةِ : وزیر جنگ۔

الحِرْبَاءُ : گرگٹ، چھپکلی کی شکل کا ایک زہریلا جانور جو رنگ بدلتا رہتا ہے اور اس کی پیٹھ پر دھاریاں ہوتی ہیں تلون مزاجی میں بطور مثل مشہور ہے۔ هو يَتَلَوَّنُ تَلَوُّنَ الحِرْبَاءِ ج: حَرَابِيُّ۔

الحَرْبَةُ : برچھی، نیزہ، نیزہ کی نوک ج: حِرَاب (۲) دین کا فساد، خرابی۔

حَرْبَةُ البُنْدُقِيَّةِ : سنگین

الحَرَّابُ: سنگین بردار۔

الحَرَّابَةُ: بہت لوٹ مار کرنے والی فوجی جماعت کہتے ہیں: كَتِيبَةٌ حَرَّابَةٌ۔

الحَرِيبَةُ: آدمی کا وہ مال جس سے گزر بسر کی جاتی ہے (۲) جنگ میں لوٹا ہوا مال ج: حَرَائِبُ۔

المِحْرَابُ: بالاخانہ، گھر کی اچھی جگہ۔ قرآن پاک میں ہے: "فَخَرَجَ عَلَى قَوْمِهِ مِنَ المِحْرَابِ" (۲) محل۔ قرآن پاک میں ہے: "يَعْمَلُونَ لَهُ مَا يَشَاءُ مِن مَحَارِيبَ" (۳) گھر کا صدر مقام یا ابتدائی حصہ جہاں معزز لوگ بیٹھتے ہیں (۴) مسجد میں امام کے کھڑے ہونے کی جگہ۔ رَجُلٌ مِحْرَابٌ: بہادر آدمی ج: مَحَارِيبُ۔

المِحْرَبُ: بہادر آدمی۔

المَحْرُوبَة: امْرَأَةٌ مَحْرُوبَةٌ: وہ عورت جس کا بچہ چھین لیا گیا ہو۔

• حَرَتَه ـُ حَرْتًا: زور سے ملنا (۲) دانتوں سے کاٹ کر کھانا (۳) گولائی میں کاٹنا۔

حَرِتَ الرَّجُلُ ـَ حَرَتًا: بدمزاج ہونا۔

الحُرَتَةُ: بسیار خور۔

• حَرَثَ الأَرْضَ ـُ حَرْثًا: زمین میں ہل چلانا، زمین کو بونا، کھیتی کرنا۔

ـــ النَّارَ: آگ کو دہکانے کے لئے کریدنا۔

ـــ الدَّابَّةَ و نَفْسَه: تھکا کر چور کردینا۔

ـــ الشيءَ: کسی بات کی کھود کرید کرنا، توجہ دینا۔

ـــ القَوْسَ: کمان میں تانت کی جگہ بنانا، تانت فٹ کرنا۔

ـــ المالَ: مال اکٹھا کرنا۔

ـــ الخُبْزَ: روٹی کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

أَحْرَثَ الدَّابَّةَ و نَفْسَه: بہت تھکانا۔

احْتَرَثَ الأَرْضَ و المالَ: ہل چلانا، مال جمع کرنا، کمانا۔

الحَارِثُ: ابو الحَارِث: شیر کی کنیت۔

الحَرَاثُ: کمان میں تانت لگانے کی جگہ ج: أَحْرِثَةٌ۔

الحِرَاثُ: بے تراشا تیر (۲) کمان میں تانت کی جگہ (دونوں کناروں کا وہ فاصلہ جس میں تانت بندھا ہوتا ہے (۳) تیر کے پھل کی جڑ ج: أَحْرِثَةٌ۔

الحِرَاثَةُ: کاشت کاری، کھیتی باڑی۔

الحَرْثُ: کھیتی۔ قرآن پاک میں ہے: "وَيُهْلِكَ الحَرْثَ و النَّسْلَ" (۲) مزروعہ زمین ہل چلائی، جوتی ہوئی زمین (۳) وہ راستہ جس میں کثرتِ آمد و رفت کی بنا پر گرد و غبار ہو۔

حَرْثُ الدنيا: دنیا کی کمائی، مال و اولاد وغیرہ

حَرْثُ الآخرة: باقی رہنے والا عمل صالح، اجر و ثواب۔

الحَرَّاثُ: کاشتکار۔

المِحْرَاثُ و المِحْرَثُ: ہل (۲) لوہے کی وہ سلاخ یا چمٹی جس سے آگ کریدی جائے هو مِحْرَاثُ حَرْبٍ: وہ جنگ کی آگ بھڑکانے کا عادی ہے ج: مَحَارِيثُ۔

المِحْرَاث البُخَارِيُّ: ٹریکٹر۔

سِكَّةُ المِحْرَاث: ہل میں لگا ہوا دھا لوہا۔

الحَرِيثَة: کمائی ج: حَرَائِثُ۔

• حَرَجَ أَنْيَابَه ـِ حَرْجًا: غیظ و غضب سے دانت پیسنا۔

حَرِجَ ـَ الصَّدْرُ حَرَجًا: تنگ ہونا، پریشان ہونا۔

ـــ العَيْنُ: آنکھ کا دھنس جانا۔

ـــ اليه: تنگی کی بنا پر کسی کی پناہ لینا۔

ـــ الشيءُ: ڈرنا، پریشان ہونا۔ هو حَرِجٌ۔

ـــ الرجلُ: مجرم ہونا۔

ـــ المَوْقِفُ: صورتِ حال نازک ہونا۔

أَحْرَجَ فی يَمِينِه: قسم توڑنا۔

أَحْرَجَ فلانًا: تنگی اور پریشانی میں ڈالنا، گناہ میں مبتلا کرنا۔

ـــ الشيءَ على فُلانٍ: محروم کرنا۔

ـــ فلانًا الى كذا: کسی بات پر مجبور کرنا۔

أَحْرَجَ الرَّجُلُ: نازک پوزیشن میں ہونا، پریشانی میں ہونا۔

حَرَّجَ الشيءَ: ممنوع و حرام قرار دینا۔ حدیث میں ہے: "اللّٰهُمَّ إِنِّي أُحَرِّجُ حَقَّ الضَّعِيفَيْنِ: اليَتِيمِ و المَرْأَةِ"۔

ـــ عليه: کسی پر تنگی کرنا، پریشان کرنا۔

ـــ فی الأمر: کسی بات پر اڑنا، اصرار کرنا۔

ـــ الحَيَوانَ: جانور کے گلے میں ہار ڈالنا۔

ـــ علی الأمر: عزم و فیصلہ کرنا۔

تَحَرَّجَ: تنگی اور پریشانی سے بچنا یا تنگی اور پریشانی سے بچانے والا کام کرنا۔ کہتے ہیں: تَحَرَّجَ أَنْ يَفْعَلَ كذا و تَحَرَّجَ منه۔

الحَارِجُ: گنہگار۔

الحَرَاجُ: مَزَاد: نیلام۔

الحَرَجُ: گھنے درختوں والی جگہ جس سے پار ہونا دشوار ہو (۲) دبلی اونٹنی (۳) گٹھے ہوئے بھاری جسم کی اونٹنی (۴) انتہائی تنگ و سخت۔ قرآن پاک میں ہے: "يَجْعَلْ صَدْرَهُ ضَيِّقًا حَرَجًا" (۵) گناہ۔ قرآن پاک میں ہے: "لَيْسَ عَلَى الأَعْمَى حَرَجٌ"

حَدِّثْ عنه و لَا حَرَجَ: تم اس کے متعلق بے خوف بات کہو۔

الحَرِجُ: نازک، تنگ، تنگی، ممانعت، تنگی اور پریشانی میں ہونے والا، نازک پوزیشن والا جو کسی اقدام سے ڈرتا ہو۔

الحِرْجُ: شکاری کا جال (۲) کوڑی (۳) جانور کے گلے کا ہار (۴) بکریوں کا ریوڑ، بھیڑوں کا گلہ ج: حِرَاج و أَحْرَاج و حِرَجَة

الحَرَجَة: گھنے درختوں کا جھنڈ جس سے پار ہونا دشوار ہو (۲) دو درختوں کے درمیا

کا درخت جس پر دیمک نہ پہنچے ج: حَرَجٌ وحِرَاجٌ۔
الحَرُوجُ مِن النُّوق: پرگوشت جسامت والی اونٹنی۔
الحَرِيجُ: تنگ۔ مكان حَرِيجٌ: تنگ جگہ
المِحْرَاجُ: لَيْلَةٌ مِحْرَاجٌ: انتہائی ٹھنڈی رات۔
المُحْرِجَةُ: پختہ قسم جس سے مفر ممکن نہ ہو۔
المُحَرِّجُ: تنگی اور پریشانی میں ڈالنے والا، پریشان کن۔ المُحَرِّجات: تنگی میں ڈالنے والی قسمیں۔
• الحَرْجُوجُ: جسیم اور لمبی اونٹنی (۲) ہوشیار اور باحوصلہ اونٹنی (۳) سخت ٹھنڈی ہوا ج: حَرَاجِيجُ۔
• الحَرْجَفُ: خشک اور تیز وٹھنڈی ہوا۔
لَيْلَةٌ حَرْجَفٌ: ٹھنڈی ہوا والی رات
• حَرْجَلَ: دائیں بائیں دوڑنا (۲) نماز وغیرہ میں صف کو پورا کرنا۔
الحَرْجَلَةُ: گھوڑوں کا گلہ ج: حَرَاجِل جاءوا حَرَاجِلَةً: وہ اپنے گھوڑوں پر آئے۔
• حَرْجَمَ الدَّوَابَّ: جانوروں کو ایک دوسرے پر گرتے ہوئے اکھٹا کرنا۔ کھدیڑ کر جمع کرنا
احْرَنْجَمَ القَومُ والدَّوَابُّ: لوگوں اور چوپاؤں کا اکھٹا ہونا۔
— فُلانٌ: کسی کام کو ارادہ کرنے کے بعد نہ کرنا
• حَرَدَ ـِ حَرْدًا: ارادہ کرنا۔ قرآن پاک میں حرد کی یہی تفسیر کی گئی ہے: "وغَدَوْا على حَرْدٍ قَادِرِيْنَ"
— فلانٌ عن قومه حُرُوْدًا: الگ ہو جانا اور تنہا رہ جانا۔
حَرِدَ عَلَيه ـَ حَرَدًا: ناراض وغصہ ہونا (۲) ناراض ہو کر ناراض کرنے والے پر دانت پیسنا۔ هو حَرِدٌ وحَارِدٌ وحَرْدَانٌ۔
— الدَّابَّةُ: پیدائشی طور پر یا کسی بیماری کی وجہ سے پٹھے کا خشک ہونا اور اس کی وجہ سے لڑکھڑا کر چلنا۔ هي حَرْدَاء
حَرِدَ فُلانٌ: بوجھ زیادہ ہونے کی بنا پر چل نہ سکنا۔
أَحْرَدَ فی السَّيْرِ: دوڑنا، تیز چلنا۔
— فُلانًا: کسی کو الگ کرنا اور ایک طرف کر دینا۔
حَارَدَت الإِبِلُ: اونٹوں کا دودھ کم ہو جانا یا ختم ہو جانا۔
حَارَدَت السَّنَةُ: خشک سالی ہونا۔
— حالُ فُلانٍ: حالت خراب ہونا۔
حارَدَ الرَّجُلُ: فیاضی کے بعد بخیل ہو جانا۔
حَرَّدَ فُلانٌ: جھونپڑی میں پناہ لینا۔
— الشیءَ: ٹیڑھا کرنا۔
— الكُوخَ: جھونپڑی یا چھپر کو کوہان دار بنانا بیچ میں اٹھا ہوا بنانا۔
— الشیءَ: پورے پر روغن یا پالش کرنا۔
انْحَرَدَ: الگ تھلگ ہونا
— النَّجْمُ: ستارہ ٹوٹ کر گرنا۔
تَحَرَّدَ: ایک طرف ہو جانا، ہٹ جانا۔
الأَحْرَدُ: وہ اونٹ یا جانور جس کی ٹانگوں کے پٹھے خشک ہو گئے ہوں اور اس کی چال ڈانواڈول ہو۔
رَجُلٌ أَحْرَدُ: کمینہ اور بخیل۔
أَحْرَدُ اليَدَيْنِ: بخیل وکمینہ۔
الحَرْدُ: رَجُلٌ حَرْدٌ: کنارہ کش، لوگوں سے الگ تھلگ رہنے والا ج: حِرَادٌ۔
الحَرَدُ: ایک بیماری جو اونٹ کے پٹھوں میں پیدا ہوتی ہے اور اس کی چال یکساں نہیں رہتی۔
الحَرُوْدُ: کم دودھ والی اونٹنی یا وہ اونٹنی جس کے دودھ نہ اترتا ہو ج: حُرُدٌ
الحَرِيْدُ: الگ تھلگ، گوشہ نشین، کنارہ کش
رَجُلٌ حَرِيْدٌ: تنہا اور اکیلا آدمی۔
حَيٌّ حَرِيد: وبَيْتٌ حَرِيْدٌ: الگ تھلگ اور ایک کنارہ پر واقع ہونے والا محلہ یا مکان ج: حِرادٌ وحُرَدَاءُ۔
• حَرْدَبَ حَرْدَبَةً: پھرتیلا ہونا۔
الحِرذَون: گرگٹ جیسا ایک جانور۔ نرگوہ۔
• حَرَّ الماءُ والهَوَاءُ وغيرُهما ـِ حَرَارَةً: گرم ہونا۔ هو حَارٌّ۔ حَرَّ القَتْلُ: سخت خونریزی ہونا۔
— فُلانٌ حَرًّا: حریرہ پکانا، آٹے کا حلوا بنانا
— الشیءَ ـُ حَرًّا: گرم کرنا۔
حَرَّ الرَّجُلُ ـَ حِرَّةً وحَرَارَةً: پیاسا ہونا۔ هو حَرَّانُ وهي حَرَّى۔
— كَبِدُه: پیاس یا غم سے جگر میں خشکی آجانا
الكَبِدُ حَرَّى ج: حِرَارٌ وحَرَارَى۔
— العَبْدُ حَرَارًا: غلام کا آزاد ہونا۔
— فُلانٌ حُرِّيَّةً: آزاد نسل ہونا۔
أَحَرَّ الشیءُ: گرم ہونا۔
— الشیءَ: گرم کرنا۔
أَحَرَّ اللّٰهُ صَدْرَه: پیاسا بنانا۔
حَرَّرَه: آزاد کرنا۔ حَرَّرَ رَقَبَتَه بھی کہا جاتا ہے
— الوَلَدَ: اللہ کی خوشنودی وعبادت اور مسجد کی خدمت کے لئے خاص کرنا قرآن پاک میں ہے: "رَبِّ اِنِّی نَذَرْتُ لَكَ ما فی بَطْنِي مُحَرَّرًا"
— الكتابَ وغيرَه: اصلاح کرنا اور اسکی لکھائی (خط) کو عمدہ بنانا، لکھنا۔
— الصَّحِيْفَةَ والمَجَلَّةَ: اخبار یا رسالہ کو ایڈٹ کرنا، اخبار یا رسالہ کی ادارت کرنا
— الوَزْنَ: وزن کی تحقیق کرنا، ٹھیک کرنا۔
— الرَّمْيَ: نشانہ کو پختہ بنانا۔
اسْتَحَرَّ: گرم یا سخت ہونا۔
— القَتْلُ: سخت خونریزی ہونا۔
— فُلانَةً: کسی عورت سے حلوا بنوانا۔
تَحَرَّرَ: آزاد ہونا، رہائی پانا، قید سے چھوٹنا، خودمختار ہونا، کسی عہد وغیرہ کا پابند نہ ہونا
الأَحَرُّ: هو أَحَرُّ منه حُسْنًا: وہ اس سے زیادہ حسین ونازک ہے۔

الحَارُّ: گرم۔
ـــ من العَمَل: سخت ودشوار کام، کہاوت ہے: وَلِّ حَارَّها من تَوَلّٰى قَارَّهَا: حکومت کی آسائشوں سے جو شخص لطف اندوز ہو مشکلات بھی اس کے سپرد کرد۔
الحَرَارَة: گرمی، گرمائی، تپش (۲) کوئی چیز کھانے سے منہ کی جلن، سوزش، درد کی وجہ سے دل کی سوزش، دل کی آگ۔
الحَرَارِيُّ: الطُّوبُ الحَرَارِيُّ: گرمی سے بچاؤ کے لئے بنائی ہوئی خاص قسم کے بلاک یا کھپریل۔
الحَرَارِيَّاتُ: گرمی روکنے والے اجزا اور سطح پر لگائے جانے والا مسالہ جو گرمی کا مقابلہ کرتا ہے۔
الحَرُّ: الحَرَارَة ج: حُرُورٌ۔
الحُرُّ: خالص، ہر قسم کی آمیزش سے پاک، اصلی جیسے ذَهَبٌ حُرٌّ: خالص سونا پیتل کی آمیزش سے پاک، وفَرَسٌ حُرٌّ: اصیل گھوڑا۔ سَاق حُرٌّ: نرقمری (۲) آزاد (۳) شریف ج: أَحْرَار م: حُرَّة ج: حَرَائِر (۴) ہر شے کا افضل اور عمدہ حصہ (۵) کچی کھائی جانے والی سبزی (۶) چہرہ، چہرہ کا ظاہری حصہ کہتے ہیں: لَطَمَ حُرَّ وَجْهِه۔ (۷) عمدہ کلام یا فسل۔ کہتے ہیں: هذا من حُرِّ الكلام: یہ عمدہ کلام ہے۔ ما هٰذَا مِنكَ بِحُرٍّ: تمہاری یہ بات اچھی نہیں۔
حُرُّ الأَرْض: زمین کا اچھا حصہ، روئے زمین۔
حُرُّ الدَّار: گھر کا بیچ۔
حُرُّ الفِكْر: آزاد خیال آدمی۔
حُرُّ الوجه: چہرہ کا ظاہری حصہ، رخسارہ۔
الحَرَّارُ: ریشم فروش (۲) ریشم ساز۔
الحَرَّة: کالے پتھر والی زمین جو جلی ہوئی دکھائی دے ج: حِرَارٌ (۲) چھوٹی پھنسی (۳) مدینہ منورہ کے باہر ایک زمین کا نام یزید بن معاویہؓ کے زمانہ میں اسی مقام پر لڑائی ہوئی جسے وَقْعَةُ الحَرَّة کہا جاتا ہے۔
الحُرَّة: آزاد عورت (مقابل الأَمَة)
سَحَابَة حُرَّةٌ: بہت برسنے والا بادل۔
الحُرِّيَّة: آزادی (مقابل غلامی) (۲) صفائی اصالت، شرافت (۳) خود مختاری عدم پابندی (۴) رہائی، چھوٹ، غلامی دنائت اور ہر قسم کی رذیل صفت اور آمیزش سے پاک وصاف ہونے کی حالت (۵) علم اقتصادیات کا ایک مسلک جس کی رو سے بین الاقوامی تجارت ہر قسم کی پابندی اور کسٹم وغیرہ سے آزاد ہوتی ہے۔
الحَرُورُ: آفتاب کی گرمی تپش۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمَا يَسْتَوِي الأَعْمٰى وَالبَصِيرُ وَلَا الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّورُ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الحَرُورُ" (۲) دائمی گرمی (۳) آگ ج: حَرَائِر۔
الحَرُورِيَّة: خوارج کا ایک فرقہ جو کوفہ کے قریب مقام حَرَوْرَاء کی طرف منسوب ہے اسی مقام پر حضرت علیؓ کی مخالفت میں ان کا پہلا اجتماع ہوا تھا۔ یہ فرقہ دین میں بے انتہا متشدد تھا بعد میں یہ دین سے الگ ہو گیا۔
الحَرِيرُ: ریشم، سلک، ریشمی کپڑا۔
الحَرِيرُ الصِّنَاعِيُّ: مصنوعی ریشم۔
الحَرِيرَةُ: ریشمی کپڑے کا ٹکڑا (۲) آٹے اور دودھ گھی سے بنایا ہوا کھانا۔ حلوا۔
الحَرِيرِيُّ: ریشمی، ریشم بنانے والا یا بیچنے والا (۲) ادب کی کتاب المقامات الحَرِيرِيَّة کے مصنف کا لقب۔
المِحَرُّ: پٹرا (میڑا) جتے ہوئے کھیت کو ہموار کرنے کا آلہ جسے دو بیل کھینچتے ہیں ج: مَحَارُّ (۲) تھرمامیٹر۔
المَحْرُورُ: گرم، غضبناک۔
المُحَرِّرُ: اڈیٹر، رائٹر، مصنف۔
التَّحرِيرُ: ادارت، تصنیف، لکھائی۔
رَئِيسُ التَّحْرِير: چیف اڈیٹر، مدیر اعلیٰ۔
• حَرَزَه ـُ حَرْزًا: حفاظت کرنا، اکھٹا کرنا۔
حَرِزَ ـَ حَرَزًا: محتاط ہونا، بچنا، پرہیزگار ہونا۔
حَرُزَ ـُ حَرَازَةً: محفوظ ہونا، مضبوط ہونا
أَحْرَزَ الشيءَ: حفاظت کرنا، جمع کرنا، حاصل کرنا۔ أَحْرَزَ قَصَبَ السَّبْقِ فِي أَمْرٍ: کسی کام میں کسی پر سبقت حاصل کرنا، بازی لے جانا۔
ـــ مالَه: وقت ضرورت کے لئے مال جمع کرنا۔
ـــ المَكَانَ المَتَاعَ: کسی جگہ سامان رکھنا۔
ـــ النَّجاح في أمر: کامیابی حاصل کرنا۔
ـــ فلانا: پناہ دینا۔
حَرَّزَ الشيءَ: خوب حفاظت کرنا، اکھٹا کرنا۔
احْتَرَزَ من كذا: بچنا، محتاط رہنا۔
تَحَرَّزَ منه: بچنا، محتاط رہنا۔
اسْتَحْرَزَ: حفاظت یا پناہ میں ہونا، محفوظ جگہ میں ہونا۔
الحَارِزُ: حِرْزٌ حَارِزٌ: مضبوط جگہ جہاں پہنچ مشکل ہو۔ حدیث دعا ہے: "اللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا فِي حِرْزٍ حَارِزٍ"
الحِرْزُ: محفوظ مقام، حفاظت گاہ، قلعہ (۲) ذریعہ حفاظت (۳) تعویذ، بچاؤ کا ذریعہ (۴) حصہ ج: أَحْرَاز۔
الحَرَزُ: ہر وہ شے جس کی حفاظت کی جائے۔
الحَرَزَةُ: بہتر اور منتخب مال۔
الحَرِيزُ: مضبوط ومحفوظ۔ حِرْزٌ حَرِيزٌ: مضبوط قلعہ یا پناہ گاہ۔
الحَرِيزَة: نفیس شے جو محفوظ رکھی جائے، فروخت نہ کی جائے ج: حَرَائِز۔
• حَرَسَه ـُ حَرْسًا وحِرَاسَةً: حفاظت کرنا، پہرہ دینا، محفوظ رکھنا، بچانا، نگرانی

کرنا، کبھی بطور طنز چوری کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے کہاوت ہے: "مُحتَرِسٌ مِن مِثلِه و هو حَارِسٌ" ایسے شخص کے بارہ میں کہا جاتا ہے جو خود بہت برا ہو اور وہ دوسروں میں عیب نکالتا ہو۔ ترجمہ: وہ حفاظت کرنے والا ہونے کے بھی (چور ہونے کی وجہ سے) اپنے جیسے سے بچتا ہے۔

حَرِسَ ـَ حَرَسًا: لمبے عرصہ تک جینا، زیادہ عمر پانا۔ هو أحْرَسُ و هي حَرْسَاءُ ج: حُرْسٌ۔

أحْرَسَ بالمكان: زیادہ عرصہ قیام کرنا (۲) کسی جگہ محفوظ ہونا۔

احْتَرَسَ منه: بچنا، محفوظ رہنا۔

تَحَرَّسَ منه: بچنا، محفوظ رہنا۔

الاحْتِرَاسُ: احتراز، احتیاط (۲) علم معانی میں اس لفظ کو کہتے ہیں جو کسی کلام سے خلاف مراد مفہوم کے وہم کا ازالہ کرے۔

الحِراسَة: حفاظت، پہرہ، نگرانی، پہرہ داری
وُضِعَ فُلانٌ تَحتَ الحِراسَةِ: فلاں کو مال وغیرہ میں تصرف سے روک دیا گیا۔

الحِراسَة التَّحَفُّظِيَّة: پراپرٹی کسٹوڈین، کسٹوڈین۔

الحِراسَة القَضائِيَّة: ضبطی، قرقی۔

الأحْرَسُ: ٹھوس عمارت (۲) پرانی چیز جس پر عرصۂ دراز گزر گیا ہو۔

الحَرْسُ: زمانہ، زمانۂ دراز۔ کہتے ہیں: مَضَى عليه حَرْسٌ من الدَّهر ج: أحْرُسٌ۔

الحَرَسُ: محافظ دستہ، پہرہ دار۔ قرآن پاک میں ہے: "وَ أنَّا لَمَسْنَا السَّمَاءَ فَوَجَدْنَاهَا مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيدًا و شُهُبًا" باڈی گارڈ، حفاظتی دستہ۔

الحَرَسُ الشَّخْصِيُّ: باڈی گارڈ۔

حَرَسُ المَلِك: شاہی باڈی گارڈ۔

الحَرَسُ الوَطَنِيُّ: نیشنل گارڈ۔

الحَرَسَان: رات اور دن۔

الحَرَسِيُّ: محافظ (حَرَس کا واحد)

الحَرِيسَة: زیر حفاظت علاقہ (۲) جانوروں کا باڑا ج: حَرَائِسُ۔

المَحْرُوسَة: محفوظ جگہ (۲) وصف غالب کے طور پر قاہرہ کا نام (جو مصر کا دار الحکومت ہے)

• حَرَشَه ـِ حَرْشًا: کھسوٹنا، خراش لگانا، رگڑ لگانا۔

ـــ الدَّابَّةَ: لاٹھی وغیرہ سے جانور کو دوڑانے کے لئے چرکا لگانا۔

ـــ الضَّبَّ: شکار کو پکڑنے کے لئے اکسانا۔ کہا جاتا ہے: "أتُعَلِّمُنِي بِضَبٍّ أنا حَرَشْتُه" (جس گوہ کو میں نے اکسایا ہے تم مجھے اس کی خبر دے رہے ہو) یہ بات ایسے شخص کے بارہ میں کہی جاتی ہے جو کسی ایسی چیز کے بارہ میں کسی کو باخبر کرنا چاہے جو خود اس سے واقف ہو۔

ـــ الإنْسَانَ و الحَيوانَ: انسان یا جانور کو اکسانا۔

ـــ بين القَوم: لوگوں میں فساد کرانا، ایک دوسرے کے خلاف بھڑکانا۔

حَرِشَ الشيءُ ـَ حَرَشًا: کھردرا ہونا۔ هو أحْرَشُ و هي حَرْشَاءُ ج: حُرْشٌ۔ حَرِشٌ بھی اسم صفت ہے۔

حَرُشَ ـُ حُرُوشَةً: کھردرا ہونا۔

أحْرَشَ الضَّبَّ: شکار کو پکڑنے کے لئے اکسانا۔

حَارَشَه: لڑنا، لڑائی کرنا۔

حَرَّشَ بين القوم: لڑائی کرانا، ایک دوسرے کے خلاف بھڑکانا۔

ـــ الإنسانَ و الحيوانَ: اکسانا، بھڑکانا، اشتعال دلانا، فساد پر آمادہ کرنا۔

احْتَرَشَ الضَّبَّ: حَرَشَه۔

ـــ فلانًا: دھوکہ دینا۔

ـــ الشيءَ: جمع کرنا۔

ـــ لعياله: اہل وعیال کے لئے کمائی کرنا۔

تَحَرَّشَ به: بھڑکانے اور اکسانے کے لئے مقابلہ پر آنا، در پے ہونا، پیچھے پڑنا۔

الحَارِشُ: ایک بیماری جو گائے کے منہ میں پیدا ہوتی ہے اور ورم و زخم ہو جاتا ہے۔

الحَرْشُ: نشان، زخم کا وہ نشان جس پر اچھا ہونے کے بعد بال نہ اگتے ہوں (۲) دھوکہ فریب ج: حِراش۔

الحَرْشاءُ: ناقة حَرْشاء: خارش زدہ اونٹنی (۲) ایک قسم کی گھاس جسے چوپائے رغبت سے کھاتے ہیں ج: حُرْشٌ۔

الحَرِيشُ: ج: حُرُشٌ: کنسلائی، کنکھجورا (۲) ایک دریائی جانور (۳) گینڈا۔

الحَرِيشَة: کہتے ہیں: أخْرَجْتُ له حَرِيشَتِي: میں نے اس کے لئے اپنی مملوکہ ہر چیز سامنے کر دی۔

التَّحْرِيش: شرانگیزی، فساد انگیزی۔

الحَرِشُ: کھردرا، وہ شخص جس کو نیند نہ آئے۔

الحَرَّاشُ: من الحيّات: بڑا ناسیاہ سانپ

الأحْرَشُ: کھردری گوہ، کھردرا دینار ج: حُرْش۔

المِحْرَاشُ: بڑے سر والا ڈنڈا ج: مَحَارِيشُ۔

• الحَرْشَفُ: مچھلی کے چھلکے (جسم پر گول گول پتڑیاں) (۲) ہتھیار کو چاندی وغیرہ سے دی جانے والی زینت (۳) چھوٹے چھوٹے بچے (چرند اور پرند کے) (۴) وہ ٹڈی جس کے پر نہ نکلے ہوں (۵) کمزور لوگ یا بوڑھے۔

ـــ من الجَيش: پیادہ فوج (۲) ایک کھردری نبات۔ دیکھئے (خرشوف) ج: حَرَاشِف

الحُرْشُفُ: سخت زمین، ناہموار زمین۔

• حَرَصَ ـِ حِرْصًا: لالچی ہونا۔

حَرَصَ علی الشیءِ: کسی چیز کا لالچ کرنا، کسی چیز کی بے انتہا خواہش رکھنا (۲) انتہائی توجہ دینا۔
— علی الرَّجُل: کسی پر مہربان ہونا اور نفع پہنچانے کی کوشش کرنا، اچھی طرح خیال رکھنا۔ قرآن پاک میں ہے: "لَقَدْ جَاءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ أَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ"
— الشیءَ: چیرنا، پھاڑنا (حَرَصَتِ الشَّجَّةُ الجِلْدَ: زخم نے جلد کو پھاڑ دیا) (حَرَصَ القَصَّارُ الثَّوْبَ: دھوبی نے دھوتے ہوئے کپڑا پھاڑ دیا)۔
— الجِلْدَ ونحوَه: چھیل دینا، صاف کردینا (حَرَصَ المَطَرُ وَجْهَ الأرضِ) و (حَرَصَتِ الماشِیَةُ المَرْعٰی) مویشی نے گھاس کھا کر چراگاہ کو صاف کر دیا، کچھ نہ چھوڑا۔ هو حارِصٌ ج: حُرَّاصٌ۔ وهي حارصة ج: حَوارِص۔
حَرَّصَه علیه: کسی چیز کا انتہائی خواہش مند بنا دینا، مشتاق بنانا۔
— الشیءَ: خراش لگانا، رگڑنا، چھیلنا۔
اِحْتَرَصَ الرَّجُلُ: کسی چیز کے حصول کی کوشش کرنا، کوشاں ہونا۔
تَحَرَّصَ الشیءَ: کسی چیز کے لئے مناسب وقت کی تاک میں رہنا۔ کہتے ہیں: هو یَتَحَرَّصُ غَداءَهم وعَشاءَهُم: وہ ان کے صبح وشام کے کھانے کے وقت کی تاک میں رہتا ہے۔
الحارِصَةُ: معمولی زخم جو تھوڑا سا کھال کو چیر دیتا ہو۔
الحِرْصُ علی الشیءِ: توجہ، شوق، نگہداشت
الحَرْصَةُ: کپڑے کی پھٹن (۲) وہ زخم جو ہلکا سا جلد کو پھاڑ دے
الحِرْصِیان: کھال کا اندرونی رخ (۲) جھلی جو کھال اتارنے کے بعد گوشت کے اوپر رہتی ہے۔
الحَرِیْصَةُ: وہ زخم جو جلد کو پھاڑ دے۔
الحِرْصُ: لالچ، بدنیتی، بخل
• حَرَضَ ـُ حُرُوْضًا: تھک کر چور ہوجانا، لاغر وکمزور ہوکر مرنے کے قریب ہوجانا۔
— الرَّجُلُ: اخلاق یا عقل یا مسلک خراب ہوجانا۔
— الشیءُ: فاسد کرنا، خراب کرنا۔
حَرِضَ الثَّوْبُ ـَ حَرَضًا: کپڑے کے نقش ونگار پرانے ہوجانا۔ فالثَّوْبُ حَرِضٌ۔
— فُلانٌ: کسی کے معدہ کا خراب ہونا، خراب معدہ والا ہونا (۲) رنج وغم سے گھل جانا (۳) عُصْفُر (ایک قسم کی نبات جس سے سرخ رنگ نکلتا ہے) جمع کرنا۔
حَرُضَ ـُ حَرَاضَةً: بمعنی حَرِضَ۔ هو حَرِیْضٌ۔
أَحْرَضَ فُلانٌ: کسی کے بری اولاد پیدا ہونا۔ هو مُحْرِضٌ۔
— الحُبُّ ونحوُه فُلانًا: محبت یا غم واندوہ کا کسی کو گھلا دینا، بدحال کردینا۔
حارَضَ علی العَمَلِ: پابندی کرنا۔
حَرَّضَهُ علی الشیءِ: اکسانا، آمادہ کرنا، ابھارنا، مشتعل کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "یٰاَیُّهَا النَّبِیُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَی الْقِتَالِ"
— الثَّوبَ: سرخ رنگ کی نبات سے رنگنا۔
تَحارَضُوا علیه: کسی بات پر ایک دوسرے کو بھڑکانا، اکسانا۔
الأَحْرَضُ: وہ شخص جس کی آنکھ کے کنارے ٹوٹے ہوئے ہوں۔
الإِحْرِیْضُ: ایک بوٹی جس سے ریشم وغیرہ کو رنگا جاتا ہے۔ اس کا رنگ سرخ ہوتا ہے (۲) گرا ہوا آدمی جس میں اٹھنے کی طاقت نہ ہو (۳) بے فیض و بے نفع آدمی ج: أَحَارِیض۔
الحارِضَةُ: بیمار وخراب آدمی، وہ آدمی جس میں کوئی اچھائی نہ ہو۔
الحَرَّاضُ: اُشنان بنانے والا (ایک ایسی نبات ہے جس کی لکڑی کی راکھ جما کر ہاتھ وغیرہ دھونے کے کام میں لاتے ہیں)۔
الحَرَّاضَةُ: حَرَّاض کی مؤنث: اُشنان جلانے اور مسالا بنانے کی جگہ (۲) اُشنان یا اس کے مسالے کی مارکیٹ۔
الحَرَضُ: انتہائی بیمار۔ قرآن پاک میں ہے: "تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْکُرُ یُوْسُفَ حَتّٰی تَکُوْنَ حَرَضًا" (۲) کمزور آدمی جس میں لڑنے کی طاقت نہ ہو (۳) سیدھا سادہ آدمی جس سے نہ نفع کی توقع ہو اور نہ اس کے شر کا خوف (۴) کپڑے کا پلا، کنارہ اور اس کے نقش ونگار ج: أَحْرَاض وحُرْضان وحِرَضَة۔
الحَرِضُ: بیمار یا کمزور آدمی ج: أَحْرَاض۔
الحُرُضُ: اُشنان (ایک گھاس) اشنان یا اس کا پاؤڈر جسے بطور صابن استعمال کیا جاتا ہے (۲) چونا بنانے کا پتھر۔
الحِرْضَةُ: ایسا خراب آدمی جس کے پاس لوگ نہ آتے ہوں۔ ناقابل تعلق ج: حِرَض۔
الحُرْضَةُ: جو آدمی صرف دوسرے ہی کے پاس گوشت کھاتا ہو (نہ اپنا خریدتا ہو اور نہ خود کھاتا ہو)۔
التَّحْرِیْض: اشتعال۔
التَّحْرِیْضِیّ: اشتعال انگیز۔
المُحَرِّض: اشتعال انگیز۔
المِحْرَضَةُ: اشنان رکھنے کا برتن یا اشنان کا پاؤڈر رکھنے کا برتن۔
• حَرَفَ عنه ـِ حَرْفًا: الگ ہونا، منحرف ہونا (۲) ٹیڑھا ہونا۔

حَرَفَ لِعِيالِه : ہر طریقہ اور پیشہ سے اپنے اہل وعیال کے لئے روزی کمانا ۔

—— الشيءَ عن وَجْهِهِ ـ ہٹانا ، منحرف کرنا ، اصل سے ہٹادینا ، رخ پھیر دینا ۔

حَرُفَ الشيءُ حَرَافَةً : منہ اور زبان کو کاٹنے والا ہونا ، تیز ہونا ۔

حُرِفَ فُلانٌ فی مالِه : کسی کا کچھ مال ضائع ہوجانا ۔

أَحْرَفَ : غربت کے بعد مالدار ہوجانا (۲) اہل و عیال کے لئے کدو کاوش کرنا (۳) بھلائی یا برائی کا بدلہ دینا ۔

—— النَّاقَةَ وغيرَها : دبلا کر دینا ۔

حارَفَ الجُرْحَ : زخم کو زخم پیما سے ناپنا ، سلائی ڈال کر گہرائی دیکھنا ۔

—— فُلانًا : کسی کے ساتھ اس کے پیشہ میں سلوک کرنا (۲) بدلہ اور انعام دینا (۳) کسی سے اچھائی میں مقابلہ کرنا ۔

حُورِفَ فُلانٌ : کسی کے لئے رزق مقدر کیا جانا ۔

—— كَسْبُه : کسی کی کمائی میں تنگی پیدا کیا جانا ۔

حَرَّفَ الشيءَ : ٹیڑھا کرنا ۔

—— القَلَمَ : قلم کو ٹیڑھا کاٹنا ۔

—— الكَلامَ : کلام رد و بدل کر کے اصل سے ہٹا دینا ، مختلف کر دینا ۔ قرآن پاک میں ہے : "يُحَرِّفُونَ الكَلِمَ عن مَوَاضِعِه"

—— المعنى : مقصد کلام کو بگاڑنا ۔

احْتَرَفَ : پیشہ اختیار کرنا ۔

—— لأهْلِه : اہل وعیال کے لئے کمائی کرنا ۔ هو مُحْتَرِف ۔

انْحَرَفَ : ٹیڑھا ہوجانا (۲) اصل سے ہٹ جانا ، منحرف ہونا ۔

—— مِزاجُه : طبیعت کا اعتدال سے ہٹنا ، طبیعت خراب ہوجانا ۔

—— صِحَّتُه : صحت بگڑنا ۔

—— الى فُلانٍ : کسی کی طرف مائل ہونا ۔

—— عن فلانٍ : الگ اور بے تعلق ہونا ۔

تَحَرَّفَ عنه : بمعنی انحرف ۔

—— لِعِيالِه : اہل وعیال کے لئے کمائی کرنا

الحَرَافَةُ : کھانے کی ترشی اور تیزی ، چرپراپن جو زبان کو کاٹے ۔ (فيه حرافة) اس میں بہت تیزی اور چرپراہٹ ہے ۔

الحِرِّيفُ : تیزی والا ، چرپرا ، ترشی دار ۔

بَصَلٌ حِرِّيفٌ : جھل والا پیاز ۔

الحَرْفُ : کنارہ ، نوک ۔ کہتے ہیں : فُلان على حَرْفٍ من أَمْرِه : یعنی وہ معاملہ کی ایسی سطح پر ہے کہ اگر اسے وہ پسند نہ آیا تو وہ بہت جلد اس سے الگ ہوجائے گا جیسا کہ کنارہ پر رہنے والا جلدی سے الگ ہوجاتا ہے اسی سے ہے قرآن پاک میں ہے : "ومن النّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ على حَرْفٍ" خوشی کی حالت میں تو اللہ کی عبادت کرتے ہیں مگر مصیبت میں نہیں (۲) دبلے اور سخت چوپائے (۳) ان حروف ہجائیہ میں سے ہر ایک جن سے مل کر کلمہ بنتا ہے (۴) حروف معانی میں سے ایک یعنی وہ حرف جو اجزاء کلام مربوط کرتا ہے ۔ حروف معانی کا ایک حرف کبھی ایک ہی ہوتا ہے ۔ جیسے واو یا فا یا ل وغیرہ اور کبھی دو یا تین سے مرکب ہوتا ہے جیسے من ، الی وغیرہ (۵) وہ حرف جو کلمہ کی تین قسموں اسم ، فعل ، حرف میں سے ایک ہے (۶) کلمہ ۔ کہتے ہیں : هذا الحَرْفُ لَيْسَ فی لسانِ العَرَبِ (۷) زبان ، لہجہ ۔ حدیث میں ہے : "نَزَلَ القُرآنُ على سَبْعَةِ أَحْرُفٍ" (۸) طریقہ (۹) چہرہ (۱۰) دھار ج : أَحْرُفٌ و حُرُوف ۔

حَرْفُ الجَبَلِ : پہاڑ کا نوکیلا سرا ۔

حَرْفٌ مَطْبَعِيٌّ : ٹائپ ۔

الحُرْفُ : تلخی ، چرپراپن ، ترشی (۲) رائی ۔

الحِرْفَةُ : پیشہ ، ہنر (۲) عادت ۔ کہتے ہیں : حِرْفَتُه ان يَّفْعَلَ كذا ؛ ج : حِرَفٌ ۔

الحِرْفَةُ اليَدَوِيَّةُ : ہاتھ کا ہنر ۔

الحِرْفَةُ الشَّرِيفَةُ : معزز پیشہ ۔

الحَرْفِيُّ : ٹائپ کا ، حرف سے متعلق ۔

حَرْفِيًّا : لفظ بہ لفظ ۔

التَّرْجَمَةُ الحَرْفِيَّةُ : لفظ بہ لفظ ترجمہ ۔

الحِرَفِيُّ : پیشہ ور ، وہ شخص جو اپنی روزی کسی مسلسل اور دائمی کام سے کماتا ہو ۔

الحَرِيفُ : ہم پیشہ ج : حُرَفَاء ۔

المُحَارَفُ : مبارک کا مقابل یعنی وہ شخص جو طلب رزق میں ناکام اور محروم ہو ۔

المِحْرَافُ : زخم کی گہرائی ناپنے کی سلائی ج : محاريف و مَحَارِف ۔

المِحْرَفُ : المِحراف ۔

المُنْحَرِفُ : ٹیڑھا ، اصل سے ہٹا ہوا (۲) علم ریاضی میں ایک چہار گوشہ شکل جس میں دو متوازی ضلع نہ پائے جائیں ۔ شِبْهُ المُنْحَرِف : وہ چہار گوشہ شکل جس میں دو متوازی اضلاع پائے جائیں ۔

المُحْتَرِفُ : پیشہ ور ۔

الانحِرَافُ : کنارہ کشی ، علیحدگی ، جھکاؤ ۔

انحِرافُ المِزاجِ : ناسازی طبع ۔

• حَرَقَ الحَدِيدَ ـ حَرْقًا : رگڑنا ۔

حَرَقَه بالمِبْرَدِ : ریتی رگڑنا ۔

—— أَنْيابَه : دانت پیسنا ، دانتوں کو رگڑنا ۔

هو يَحرُقُ عليه الأُرَّمَ : وہ اس پر دانت پیستا ہے ۔

—— القَصَّارُ الثَّوبَ : دھوبی کا کپڑے پر کوٹنے کا نشان ڈالنا ۔

—— النَّارُ الشيءَ : جلانا ، جلنے کا نشان ڈالنا ، جھلس دینا ۔

—— الطعامُ الفَمَ : کھانے کا منہ کو جلادینا ۔

—— الجلدَ : گرم پانی یا سیال گرم چیز کا جلد پر گرنا ۔ الفاعل حارِق و حَرِيق والمفعول مَحرُوق و حَرِيق ۔

حَرِقَ ـ حَرَقًا : کولہے کے پٹھے کا کٹ جانا ۔

حَرِقَ الثَّوبُ: کپڑے کا کوٹنے کی وجہ سے پھٹ جانا اور ٹکڑا الگ ہو جانا۔
— الشَّعْرُ و الرِّيشُ: بال و پر کا ٹوٹ کر گر جانا۔
— اللِّحْيَةُ: داڑھی کے بیچ کے بال چھوٹے ہونا۔
— فُلانٌ: اطرافِ جسم (ہاتھ پیر اور سر) کا پھٹ جانا۔ هو حَرِقٌ۔
حُرِقَ: کولہے کے پٹھے کا پھٹ جانا۔ هو مَحْرُوقٌ۔
أَحْرَقَتِ النَّارُ الشيءَ: جلانا أَحْرَقَه بالنَّارِ بھی کہا جاتا ہے۔
أَحْرَقَ الشيءَ: بھسم کرنا، جلا ڈالنا، فنا کرنا
— الحَرِيقَةَ: گاڑھا سوپ تیار کرنا۔
— فُلانًا: تکلیف پہنچانا۔
— باللِّسانِ: کسی میں عیب نکالنا، مذمت کرنا۔ کہتے ہیں: أَحْرِقْ لنا من هذه القَصَبَةِ نارًا: ہمیں آگ کے انگارے دو۔
حَرَّقَتِ النَّارُ الشيءَ: جلا دینا۔ حَرَّقَه بالنَّارِ بھی کہا جاتا ہے۔
— المَرْعَى الإبِلَ: چراگاہ کا اونٹوں کو پیاسا کر دینا۔
اِحْتَرَقَ الشيءُ: جل جانا، جھلسنا، فنا ہونا۔
تَحَرَّقَ الشيءُ: جل جانا۔
— النَّارُ: آگ کا بھڑک اٹھنا۔
— القَلْبُ: سوزش ہونا۔
— الفَمُ: گرم کھانے سے منھ کا جل جانا۔
الحَارِقُ: درندہ کا دانت
الحارِقُ المُتَعَمِّدُ: دانستہ آگ لگانے والا۔
الاحتراق: سوزش۔
الحَارِقَةُ: درندہ (۲) آگ (۳) وہ پٹھا جو کولہے اور ران کے سرے کو ملاتا ہے وہ (حارقتان) دو ہوتے ہیں۔ کہتے ہیں: امرأة حارِقة: پڑوسی عورتوں کو سب و شتم کرنے والی عورت۔

الحَارُوقَةُ: تیز تلوار۔
الحِراقُ: وہ آلہ جس کے ذریعہ کھجور کے درخت کا قلم لگایا جاتا ہے (۲) ہر چیز کو خراب کرنے والا، مفسد مزاج آدمی۔
نَارٌ حِراقٌ: صفایا کر دینے والی آگ
رَمْيٌ حِراقٌ: سخت قسم کی تیر اندازی۔
الحُرَاقُ: کھجور کی پیوند کاری کا آلہ (۲) وہ چیز جس نے آگ پکڑ لی ہو جیسے کپڑے کا ٹکڑا وغیرہ (۳) ہر چیز میں خرابی پیدا کرنے والا (۴) انتہائی کھارا پانی (۵) تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ نارٌ حُراقٌ: ہر چیز کو جلا کر فنا کر دینے والی آگ۔
الحُرَاقَةُ: آگ پکڑنے والی چیز جیسے کپڑے کا ٹکڑا وغیرہ۔
الحَرَّاقُ: سوزاں، گرم۔
الحُرَّاقُ: الحُرَاقَةُ (۲) تیز دوڑنے والا گھوڑا (۳) انتہائی کھارا پانی۔
الحَرَّاقَةُ: وہ چیز جو جلد پر صفائی کی غرض سے رکھی جائے (۲) جنگی جہاز جس سے دشمن پر بم برسائے جائیں یا تیر برسائے جائیں، تورپیڈو، سبک رفتار کشتی، جہاز ج: حَرَّاقات۔
الحَرَّاقَاتُ: کوئلے کی بھٹیاں۔
الحَرْقُ: جلنے کا نشان، داغ، جلن، سوزش ج: حُرُوقٌ۔
حَرْقُ أَجْسَادِ الموتى: مردے جلانا، مردہ سوزی۔
الحَرَقُ: آگ (۲) آگ کی لپٹ، وہ نشان جو کپڑے پر آگ سے یا دھوبی کے کوٹنے سے پڑ جائے۔
الحُرْقَانُ: چلتے وقت دونوں رانوں کا ٹکرانا
الحُرْقَةُ: گرمی، سوزش، جلن، گرم یا مرچ والے کھانے سے منھ کی چرچراہٹ یا جلن غم اور محبت کی ٹیس اور دل کی سوزش۔
الحَرْقُوَةُ: حلق میں تالو کے اوپر کا حصہ۔
الحَرِيقُ: آگ، جلتی ہوئی آگ، آگ کا شعلہ، آگ کی لپٹ (۲) آگ زنی، آتش زنی، ایسی آگ جو بطور آفت نباتات وغیرہ کو جلا ڈالے۔
الحَرِيقَةُ: گرمی (۲) گاڑھے شوربے (سوپ) کی ایک قسم ج: حَرائِقُ۔
المُحْرِقُ: سوزاں۔
المَحْرَقُ: محرقةُ عودٍ: عود دان، مرگھٹ، مردے جلانے کی جگہ۔
المِحْرَقُ: ریتی۔
المُحْرَقَةُ: وہ قربانی جسے اظہار بندگی کے لئے جلا دیا جاتا تھا ج: مُحْرَقات۔
المَحْرُوقات: ایندھن۔
الحَرْقَدَةُ: نرخرہ کی گرہ۔
الحِرْقِدَةُ: زبان کی جڑ (۲) اعلیٰ نسل کے اونٹ ج: حَرَاقِدُ۔
• حَرْقَصَ في كلامه و مشيه: بات کرنے یا چلنے میں میانہ روی اختیار کرنا، مناسب انداز میں چلنا اور بولنا، قدم ملا کر چلنا، مربوط کلام کرنا۔
— النَّسْجَ: گھٹی ہوئی بنائی کرنا۔
الحُرْقُوصُ: پسو جیسا ایک کیڑا (۲) کوڑے کا سرا (۳) خام کھجور کی گٹھلی ج: حَرَاقِيصُ۔
• الحَرْقَفَةُ: سرین کی ہڈی کا سرا ج: حَرَاقِفُ
الحُرْقُوفُ: لاغر جانور۔
• حَرَكَ ـُ حَرْكًا: کاندھے کے بالائی حصہ میں تکلیف ہونا (۲) ادائگی حق سے انکار کرنا (۳) سوال پر مصر ہونا، سوال کرنے میں ضد کرنا۔
— الحَيَوانَ أو الإنْسانَ: جانور یا آدمی کے مونڈھے کے سرے کو ضرر پہنچانا۔
— الحَارِكَ: مونڈھے کے سرے کو کاٹ دینا۔
— فُلانًا بالسَّيفِ: تلوار سے کسی کی گردن اڑانا یا کسی دوسرے حصۂ جسم پر ضرب لگانا۔
— صَيْدُ البَحْرِ ـُ حَرْكًا: سمندری شکار کا کم ہونا۔
حَرِكَ ـَ حَرَكًا: عورت کے کام کا نہ ہونا،

نامرد ہونا۔ ھو حَرِيك۔
حَرُكَ ـُ حَرْكاً و حَرَكَةً: ہلنا، متحرک ہونا۔
حَرَّكَهُ: ہلانا، حرکت دینا، الٹ پلٹ کرنا، دیگچی وغیرہ میں چمچہ چلانا (۲) مضطرب کرنا، اسٹارٹ کرنا۔
ــــ علی أمرٍ: اکسانا، آمادہ کرنا۔
ــــ العَواطِفَ: جذبات بھڑکانا، جوش دلانا
ــــ الشَّهِيَّةَ: رغبت دلانا، خواہش پیدا کرنا، بھوک لگانا۔
ــــ الحَرْفَ و الكَلِمَةَ: زبر زیر پیش لگانا
تَحَرَّكَ: زور سے ہلنا، حرکت میں آنا۔
تحرُّكُ العَواطِف: جوش آنا، جذبات مشتعل ہونا۔
تَحَرُّكاتٌ: نقل وحرکت۔
الحَارِكُ: مونڈھے کا بالائی حصہ۔
الحَرَاكُ: حرکت، ما به حَرَاكٌ: اس میں دم نہیں، بے حس وحرکت ہے۔
الحَرِكُ: غُلام حَرِكٌ: چالاک و پھرتیلا لڑکا، تیز و چلبلا بچہ۔
الحَرَكَةُ: حرکت، جنبش، چہل پہل، ٹریفک (۲) تحریک (۳) سرگرمی (۴) علم الصوت میں آواز پر طاری ہونے والی کیفیت کا نام ہے اور وہ ہیں زبر زیر پیش ان کا مقابل سکون ہے۔
الحرَكَةُ الإِصلاحية: اصلاحی تحریک۔
حركَةُ الأَعْمال: سرگرمی۔
حرَكَةٌ انفِصالِيَّةٌ: علیحدگی پسندانہ تحریک
حرَكَةٌ بَهْلَوانية: کرتب۔
حرَكَةٌ تجارِيَّةٌ: تجارتی سرگرمی۔
حركَةُ التحرير: تحریک آزادی۔
حرَكَةُ التحرُّرِ الوطَنِيّ: قومی تحریک آزادی۔
حرَكَةٌ تَصْحِيحِيَّةٌ: تحریک تصحیح۔
حركَةٌ تقدُّمِيَّةٌ: ترقیاتی تحریک۔
حرَكَةٌ عَسْكَرِيَّةٌ: فوجی نقل وحرکت۔
حَرَكَةُ عِصْيانٍ: تحریک نافرمانی۔

حرَكَةُ العِصْيان المَدَنِي: تحریک سول نافرمانی۔
الحرَكَةُ النِّسائِيَّةُ: تحریک نسواں۔
الحرَكَةُ الوطَنِيَّةُ: قومی تحریک۔
حرَكَةُ المُرُور: ٹریفک، آمدورفت۔
المِحْرَاكُ: کریدنی، آگ کریدنے کی سلاخ وغیرہ، فتنہ انگیز آدمی ج: مَحَارِيكُ
المَحْرَكَةُ: سر کی جڑ سے ملا ہوا گردن کا بالائی حصہ، گردن کا جوڑ (جہاں سے وہ کاٹی جاتی ہے)۔
المُحَرِّكُ: حرکت آفریں (۲) سبب، باعث (۳) انجن، موٹر ج: مُحَرِّكات
مُحَرِّكُ الآلَةِ: اسٹارٹر۔
المُحَرِّكُ الحرارِيُّ: تھرمل انجن۔
مُحَرِّكُ دِيزِل: ڈیزل انجن۔
المُحَرِّكُ الكَهْرَبائِيُّ: بجلی کا انجن، الیکٹرک موٹر۔
مُحَرِّكٌ للفِتَن: فساد انگیز۔
• الحَرْكَكَةُ: کولہے کا وہ حصہ جو بیٹھتے وقت زمین سے لگتا ہے ج: حَرَاكِكُ وحَرَاكِيكُ۔
الحُرْكُوكُ: کندھا (۲) اکھڑ اور طاقتور آدمی۔
• حَرَمَ فلانا الشيءَ ـِ حِرْمانًا: محروم رکھنا، کسی چیز سے روکنا، محروم کرنا۔
حَرُمَ عليه كذا حُرْمًا و حُرُمًا و حُرْمَةً: کسی کے لئے کوئی چیز حرام وممنوع ہونا۔
ــــ الصَّلاةُ حُرْمًا: نماز کا ممنوع ہونا۔
حَرِمَ فی القِمار: جوئے میں ہارنا۔
أَحْرَمَ الرَّجُلُ: حرم میں داخل ہونا (۲) بلد حرام (مکہ معظمہ) میں داخل ہونا (۳) شہر حرام میں داخل ہونا (۴) کسی عہد وپیمان کا پابند ہونا۔
ــــ بفُلانٍ: حفاظت کے لئے کسی کی

پناہ گاہ میں جانا۔
أَحْرَمَ بالصَّلوٰة: نماز شروع کرنا۔
ــــ عن الشيءِ: رکنا، باز رہنا۔
ــــ بالحَجِّ أو العُمْرة: احرام باندھنا یعنی ایسے کام کو شروع کرنا کہ جس کی وجہ سے بعض وہ چیزیں جو پہلے حلال تھیں حرام ہو جاتی ہیں۔
ــــ فلانا: کسی کو جوئے میں ہرا دینا۔
حَرَّمَ الشيءَ عليه و على غيره: حرام و ناجائز بنانا، حرام وممنوع قرار دینا۔
تَحَرَّمَ منه بحُرْمَةٍ: کسی کی پناہ میں آکر محفوظ ہونا۔
ــــ فُلانٌ بفُلانٍ: گھل مل کر رہنا، باہمی احترام کا پختہ ہونا۔
ــــ بطَعامه و مُجالَسَتِه: کسی کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے اور کھانے پینے کی بنا پر اس کی کوئی ایسی چیز لینا ممنوع ہو جانا جس کا پہلے لینا جائز تھا۔
اِسْتَحْرَمَ الشيءَ: حرام و ناجائز سمجھنا۔
الحَرامُ: ناجائز، حرام، ممنوع (۲) مقدس، لائق احترام۔
البيتُ الحَرامُ: خانہ کعبہ۔
المَسْجِدُ الحرامُ: وہ مسجد جس میں خانہ کعبہ ہے۔
البَلَدُ الحَرامُ: مکہ معظمہ۔
الشَّهْرُ الحَرامُ: ماہ حرام، ان چار مہینوں میں سے ایک جن میں عرب جنگ و جدال کو حرام قرار دیتے تھے۔ یہ چار مہینے: ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب ہیں۔ قرآن پاک میں ہے: "إِنَّ عِدَّةَ الشُّهُورِ عِندَ اللهِ اثنا عَشَرَ شَهْرًا فی كتابِ اللهِ يومَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ و الأَرْضَ مِنها أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ"
حَرامُ اللهِ لا أَفْعَلُ كذا: خدا کی

قسم میں ایسا نہ کروں گا۔
الحَرَامِیُّ: حرام کار۔
الحَرَمُ: حرم مکہ، مکہ معظمہ کا محفوظ و مقدس مخصوص احاطہ ج: أحرام۔
الحَرَمان: مکہ و مدینہ۔
حَرَمُ الرَّجُل: قابل حفاظت شے جس کا دفاع کیا جائے، مجازاً بیوی۔
الحُرْمَةُ: واجب الرعایت حق صحبت یا عہد و ذمہ داری جس کو پامال کرنا درست نہ ہو (۲) عورت (۳) بیوی (۴) عدم جواز، ممانعت (۵) تقدیس، عظمت و عزت (۶) دبدبہ، رعب ج: حُرَم و حُرُمات۔
الحِرْمُ: حرام (۲) وہ واجب کام جس کا چھوڑنا جائز نہ ہو ج: حُرُم (۳) احرام کا زمانہ۔
الحُرْمُ: حج کا احرام، حِلّ کی ضد۔
الحِرمانُ: محرومی۔
الحَرِيمُ: جس کی بے حرمتی نہ کی جائے، قابل احترام و تقدس چیز یا جگہ (۲) متعلقات جیسے گھر یا مسجد کی متعلقہ جگہیں (۳) محرم کالباس۔
حريم الدَّار: گھر کا احاطہ جس میں اس کی ضروریات ہوں اور جہاں دروازہ لگایا جائے۔
حريم الرَّجُل: گھر کی عورتیں۔
حَرِيمُ المَسْجِد: مسجد کا احاطہ۔
حَرِيمُ البِئر: کنویں کا احاطہ، کنویں کی منڈیر ج: أحرام۔
الحُرُم: آدمی کی بیویاں (۲) الأشهر الحُرُم: چار حرمت والے مہینے جن میں عرب قتل و قتال نہیں کرتے تھے۔ وہ چار مہینے ذیقعدہ، ذی الحجہ، محرم اور رجب ہیں۔
الحَرِيمَة: ہر وہ مرغوب شے جس سے محرومی ہو

المُحَرَّمُ: قابل احترام و تقدس (۲) وہ سرکش اونٹ جس پر سواری مشکل ہو (۳) عربی مہینوں کا پہلا مہینہ (۴) خام چمڑا، وہ کھال جس کی دباغت نہ کی گئی ہو یا دباغت مکمل نہ ہوئی ہو (۵) وہ کوڑا جو ابھی نرم نہ ہوا ہو (۶) ناک کی پھنگل (۷) اجڈ و اکھڑ آدمی۔
المَحْرَم: ناجائز کام، جرم (۲) قابل حرمت و عزت شے (۳) وہ مرد یا عورت جو ایک دوسرے کے لئے محرم ہوں یعنی قرابت کی وجہ سے نکاح جائز نہ ہو اور ان میں پردہ نہ ہو (۴) اللہ تعالیٰ کی طرف سے حرام کی ہوئی چیز ج: مَحَارِم۔
مَحَارِمُ اللَّيل: رات کے خطرات و خدشات
المُحْرِمُ: احرام باندھنے والا (۲) کسی کی پناہ یا حفاظت میں آنے والا۔
المِحْرَمُ: احرام کے کپڑے۔
المَحْرَمَة و المَحْرُمَة: وہ عہد و پیمان یا حق جس کی پامالی جائز نہ ہو (۲) بیوی، اہل و عیال ج: مَحَارِم۔
المَحْرَمَة: دستی، جیبی رومال (عامیہ)
المَحْرُومُ: بدنصیب جو اپنی مطلوبہ شے سے محروم رہے۔
الإِحرام: حاجی کا لباس جو ایک چادر اور ایک تہبند پر مشتمل ہوتا ہے۔
•حَرِمَدَ فِي الأَمْر: اصرار اور ضد کرنا۔
الحَرْمَدُ: سیاہ کیچڑ، بدبودار کیچڑ۔
•حَرْمَزَةً: لعنت کرنا۔
تَحَرْمَزَ: ہوشیار ہونا۔
•الحِرْمَاسُ: چکنا (۲) سخت و ٹھوس ج: حَرَامِيسُ۔
الحِرْمِسُ: الحِرماس (۲) سَنَة حِرْمِسٌ: قحط کا سال ج: حَرَامِس
•الحَرْمَلُ: اسپند، ایک بوٹی جو بطور دوا استعمال ہوتی ہے اور اس سے دھونی دی جاتی ہے۔

الحَرْمَلَة: ایک ڈھیلی اور چھوٹی پوشاک جسے گلے کے چاروں طرف مونڈھوں اور کمر پر ڈال لیتے ہیں، آگے سے کھلی ہوئی ہوتی ہے۔
•حَرَنَتِ الدَّابَّةُ ـُ حِرَانًا وحُرُونًا: چوپائے کا چلنے کے وقت رک جانا اور الٹا ہٹنا، ہٹ کرنا۔
حَرَنَ فُلانٌ بالمكان: کسی جگہ سے نہ ہٹنا، مقیم ہو جانا۔
ـــ العَسَلُ فِي الخَلِيَّة: شہد کا چھتے سے اس طرح چمٹ جانا کہ نکالنا دشوار ہو
ـــ فلانٌ فِي البَيع: فروخت میں قیمت پر اڑ جانا کمی بیشی نہ کرنا۔ هو وهي حَرُونٌ ج: حُرُن۔
المِحْرَانُ: وہ مکھی جو شہد کو نہ چھوڑتی ہو یا جو اس میں مر جائے ج: مَحَارِين۔
•احْرَنْبَى: دیکھئے (ح ر ب)
• حَرَابه ـُ حَرًا: لائق ہونا، مناسب ہونا۔ هو حَرِيٌّ بكذا: وہ اس کے لائق ہے۔ هو ما أَحْرَى به: وہ اس کے لئے کتنا موزوں ہے ج: أَحْرِيَاءُ وهي حَرِيَّة ج: حَرَايا۔
حَرَى الشيءُ ـِ حَرْيًا: کم ہونا۔
ـــ عليه: ناراض اور غصہ ہونا۔
ـــ الشيءَ: کسی چیز کی طرف رخ کرنا، بمعنی عسى: حَرَى ان يكونَ ذٰلك: ممکن ہے کہ یہ بات ہو۔
أَحْرَاهُ: کم کرنا۔
تَحَرَّى بالمكان: ٹھیر جانا۔
ـــ فِي الأُمُور: متعدد امور میں سے زیادہ بہتر کو اختیار کرنا۔
ـــ الشيءَ: قصد کرنا (۲) رخ کرنا (۳) چاہنا، طلب کرنا (۴) تحقیق و جستجو کرنا، تحرّى عنه بھی کہا جاتا ہے۔

الأحْرَى: افضل، زیادہ بہتر، زیادہ لائق۔
الحَرَا: مصدر بمعنی حَرِيّ۔
هم حَرًا أن يفعلوا كذا: وہ ایسا کرنے کے لائق ہیں۔
الحَرَى: بمعنی الحَرَا (۲) گوشہ، جانب (۳) ہرنوں کا مسکن (۴) شور، آواز
ج: أحْرَاء۔
الحَرَاوَةُ: چرچراہٹ، کسی چیز کی تیزی جو زبان کو لگتی ہو جیسے نمک وغیرہ کی تیزی یا مرچوں کی تیزی۔
الحَرْوَةُ: الحَرَاوَة (۲) حلق کی سوزش (۳) سینہ اور سر میں درد یا غصہ کی بنا پر گھٹن وسوزش (۴) انتہائی بدبو۔

ح ز

•حَزَأَ الإبلَ ونحوها حَزْأً: اونٹوں وغیرہ کو جمع کرکے ہانکنا۔
ـــ السَّرابُ الشَّخْصَ: نمایاں کرنا۔
احْزَوْزَأَ: اکٹھا ہونا۔
ـــ الطَّائِرُ: پرندہ کا پروں کو سمیٹ کر انڈوں سے الگ ہو جانا۔
•حَزَبَ الأمرُ ـ حَزْبًا: سخت وسنگین ہونا۔
ـــ الأمرُ فلانًا: درپیش ہونا اور مصیبت بن جانا۔ حدیث میں ہے: "كانَ رسولُ الله صلَّى الله عليه وسلم إذا حَزَبَهُ أمرٌ صَلَّى" ومن دعائه اللَّهُمَّ أنتَ عُدَّتي إن حُزِبْتُ: هو حازِبٌ ج: حُزُبٌ وهي حازِبة ج: حَوَازِب۔ وهو حَزِيبٌ أيضًا:
حَزَبَ القرآنَ: قرآن کا ایک حصہ مقرر کرکے پڑھنا۔
حَازَبَ فلانًا: مدد کرنا (۲) ہم جماعت ہونا، پارٹی میں شریک ہونا۔
حَزَّبَ النَّاسَ: لوگوں کی پارٹیاں بنانا، گروہ بنانا۔
ـــ القرآنَ: قرآن کریم کے حصے مقرر کرنا جن میں سے کسی ایک کی روزانہ تلاوت کرنا۔
تَحَازَبَ القومُ: گروہ درگروہ ہونا، پارٹیاں بننا۔
ـــ عليه: کسی کے خلاف باہم تعاون کرنا
تَحَزَّبَ القومُ: مختلف گروہ بننا، پارٹیوں میں تقسیم ہونا (۲) پارٹی بندی ہونا، ایک جماعت یا ایک پارٹی بننا۔
الحَازِبُ: سخت معاملہ ج: حَوَازِب۔
الحِزْبُ: پارٹی، طاقتور جماعت، ایسی جماعت جس میں یکساں اغراض ومقاصد کے لوگ شامل ہوں۔ قرآن پاک میں ہے: "كُلُّ حِزْبٍ بما لَدَيْهِم فَرِحُونَ"
حِزْبُ الرَّجُلِ: اعوان وانصار۔ قرآن پاک میں ہے: "أُولَئِكَ حِزْبُ اللهِ"
(۲) حصہ (۳) ورد، وظیفہ، وہ نماز یا تلاوت یا دعا جس کو معمول بنایا جائے (۴) سخت زمین ج: أحْزَاب۔
الحِزْبُ الاشتِرَاكِيّ: سوشلسٹ پارٹی۔
الحِزْبُ الشُّيُوعِيّ: کمیونسٹ پارٹی۔
الحِزْبُ الشَّعْبِيّ: جنتا پارٹی، عوامی پارٹی
الحِزْبُ الطَّائِفِيّ: فرقہ پرست پارٹی۔
التَّحَزُّبُ: پارٹی بندی، گروہ بندی۔
المُتَحَزِّبُ: پارٹی بند، گروہ بند، پارٹی باز
الحِزْبَاءَةُ: سخت زمین ج: حَزَابِيّ۔
•حَزْحَزَ الشيءَ: ہلانا، اپنی جگہ سے ہٹانا
ـــ القومَ: لوگوں کو صف بندی کے وقت آگے پیچھے کرنا۔
تَحَزْحَزَ عن الشيءِ: ہٹنا، الگ ہونا۔
الحَزْحَزَةُ: درد یا خوف یا غصہ کے باعث دل میں ہونے والی دکھن، دل کی دکھن یا چبھن۔
•حَزَرَ اللَّبَنُ وغيرُه ـ حُزُورًا: دودھ وغیرہ کا کھٹا ہونا۔
ـــ الوَجْهُ: چہرہ کا شکن آلود ہونا۔
ـــ الشيءَ حَزْرًا: تخمینہ کرنا، اندازہ لگانا۔
هو حَازِرٌ۔
الحَزْرَاءُ: کھٹا دودھ وغیرہ۔
الحَزْرَةُ: کسی شے کا بہتر حصہ۔ جیسے حَزْرَةُ المالِ۔ کہتے ہیں: هذا حَزْرَةُ نفسي: میری چیزوں میں سب سے بہتر یہ ہے ج: حَزَرَات۔ حدیث میں ہے: "لا تأخُذوا من حَزَرَاتِ أنفُسِ النَّاسِ شيئًا"
الحَزْوَرُ: سخت جگہ (۲) طاقتور نوجوان لڑکا ج: حَزَاوِرَة۔
الحَزْوَرَةُ: سدھی ہوئی اونٹنی (۲) چھوٹا ٹیلہ۔
الحَزَوَّرُ: طاقتور لڑکا (۲) طاقتور آدمی۔
المَحْزَرَة والحَزْرُ: تخمینہ، اندازہ۔
حَزِيرَان: نواں سریانی مہینہ جس کا مقابل رومی مہینہ جون ہے۔
الحَزِيرَةُ: بہترین وعمدہ مال ج: حَزَائِر۔
•حَزَّه ـ حَزًّا: کاٹنا مگر الگ نہ کرنا، شگاف کرنا۔
ـــ الشيءُ في صدرِه أو قلبِه: دل پر اثر کرنا، دل میں چبھنا۔
أحَزَّ على كَرَمِ فلانٍ وشَرَفِه: عزت وشرف میں اضافہ کرنا۔
حَزَّزَهُ: زیادہ کاٹنا یا شگاف دینا (۲) دانتوں کے کناروں کو تیز کرنا
حَازَّهُ مُحَازَّةً وحِزَازًا: جائزہ لینا (۲) دور کی بات نکال کر لانا، تلاش کرنا۔
احْتَزَّهُ: کاٹنا، شگاف کرنا (۲) گردن اڑانا کہتے ہیں: احْتَزَّ السَّيَّافُ رأسَه۔
التَّحْزِيزُ: نوکیلا پن۔ کہا جاتا ہے: في أسنانِه تَحْزِيزٌ: آری کے دندانوں کی طرح اس کے دانتوں میں تیزی ہے۔

الحَزَازُ : دل کی ٹیس یا درد جو غم یا غصہ وغیرہ کی وجہ سے ہو (۲) کھانے کی وجہ سے ہونے والا معدہ کا درد (۳) سر کی بھوسی جو خشکی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے اور سر کو تکلیف دیتی ہے (۴) داد ج: حَزَازَات (۵) ہر کام میں شدت برتنے والا، سخت آدمی، تیز ہانکنے والا.

الحَزَازِيُّ : تکلیف دہ کھانا (۲) سخت آدمی.

الحَزَزُ : سختی.

الحَزُّ : لکڑی وغیرہ میں شگاف (۲) دو سخت زمینوں کے درمیان کا نشیب (۳) سخت کلام آدمی، بیہودہ گو (۴) وقت.

الحَزَّازُ : دل کا درد، دل کی تکلیف (۲) سخت آدمی.

الحَزَّازَاتُ : تکلیف دہ باتیں.

الحُزَّةُ : گوشت کا پارچہ (۲) قاش (۳) نیفہ، ازار باندھنے کی جگہ ج: حُزَزٌ.

الحَزَّةُ : تکلیف دہ حالت، درد دل، ٹیس

الحَزِيزُ : سخت و اکھڑ آدمی، سخت گفتار آدمی، چالاک و مغرور آدمی (۲) نشیب دو سخت زمینوں کے درمیان (۳) نوکیلے پتھروں والی زمین ج: أَحِزَّة.

المَحَزُّ : کاٹنے اور شگاف کرنے کی جگہ. کہاوت ہے: تَكَلَّم فأَصَابَ المَحَزَّ: اس نے گفتگو کی اور مخاطب کو قائل کر دیا.

المِحَزُّ : کاٹنے اور شگاف دینے کا اوزار (۲) رَجُلٌ مِحَزٌّ: سخت و تیز طرار آدمی.

• حَزَقَ القومُ به ـِ حَزْقًا: کسی کے گرد بھیڑ لگانا.

ـــ الشيءَ : دبا کر نچوڑنا، دبا کر ڈالنا، دبانا. کہتے ہیں: حَزَقَ الخُفُّ الرِّجْلَ: جوتے یا موزے نے پیر کو دبایا (۲) تنگ کرنا.

ـــ فُلانًا : تنگی اور پریشانی میں ڈالنا.

ـــ الأَسِيرَ : قیدی کے ہاتھ پیر کس کر باندھنا

حَزَقَ الرِّبَاطَ و نَحْوَه : پٹی یا رسی کو زور سے باندھنا، کسنا.

أَحْزَقَه : روکنا، منع کرنا.

تَحَزَّقَ : سمٹنا، یکجا ہونا، سکڑنا.

ـــ فُلانٌ : بخل کرنا، اپنی چیز کو بخل کی وجہ سے نہ دینا.

الحَازِقُ : وہ شخص جس کا جوتا تنگ ہونے کی بنا پر پیر کو دباتا ہو. کہاوت ہے: لا رَأْيَ لِحَاقِنٍ و لا لِحَازِقٍ: پیشاب روکنے والے اور تنگ جوتا پہننے والے کی رائے کا کوئی اعتبار نہیں.

الحَازِقَةُ : حازِق کی مؤنث (۲) ہر شے کا مجموعہ، جماعت ج: حَوَازِق.

الحِزَاقُ : پٹی (۲) موٹا کنگن.

الحَزَقُ : رَجُلٌ حَزَقٌ : کنجوس آدمی.

الحِزْقَةُ : ہر شے کا مجموعہ، آدمیوں اور جانوروں کا گروہ، جماعت ج: حِزَقٌ کہتے ہیں: تَتَابَعُوْا كَأَنَّهُمْ حِزَقٌ الجَرَاد : وہ اس طرح لگاتار آئے جیسے ٹڈیوں کے گروہ، دل.

الحُزُقُ : قدم ملا کر چلنے والا ٹھنگنا آدمی (۲) بد اخلاق آدمی (۳) کنجوس آدمی.

الحُزُقَّةُ : الحُزُقُ.

الحَزِيقَةُ : ہر چیز کا ٹکڑا ج: حَزَائِق.

الحَازُوقَةُ : ہچکی.

• حَزَكَه ـِ حَزْكًا : لپیٹنا، دبانا.

ـــ بالحَبْلِ : گٹھا بنا کر رسی سے باندھنا

احْتَزَكَ بالثَّوب : کپڑے میں لپٹنا.

• حَزَمَه ـِ حَزْمًا : باندھنا، بنڈل بنانا، پیکٹ بنانا، پیک کرنا.

ـــ الدَّابَّةَ : پٹی کسنا.

ـــ رأيَه أو أَمْرَه وفيه : پختگی پیدا کرنا، محتاط رائے رکھنا، محتاط معاملہ کرنا، دور اندیشی سے کام لینا.

هو حَازِمٌ ج: حَزَمَة.

حَزِمَ ـَ حَزَمًا : سینہ میں کوئی چیز پھنس جانا (۲) بڑے پیٹ والا ہونا. هو أَحْزَمُ و هي حَزْمَاءُ ج: حُزْمٌ.

حَزُمَ ـُ حَزَامَةً : محتاط و دور اندیش ہونا، مستقل مزاج ہونا هو حزيم ج: حُزَمَاءُ.

أَحْزَمَه : پٹی لگانا، پٹی کسنا.

ـــ فلانا : کسی کو محتاط و مستقل مزاج پانا

حَزَّمَه : مضبوط باندھنا، مضبوطی سے پیک کرنا.

احْتَزَمَ الرَّجُلُ : کمر پر پٹی باندھنا.

تَحَزَّمَ : پٹی باندھنا.

ـــ للأَمْرِ : تیار ہونا.

ـــ في أَمْرِه : احتیاط سے کام لینا، دور اندیشی سے کام لینا.

الأَحْزَمُ : سخت و ٹھوس بلند زمین.

الحِزَامُ : پٹی، پیکنگ کی رسی وغیرہ ج: حُزُمٌ.

شَدَّ للأَمْرِ حِزَامًا : تیار و آمادہ ہونا

حِزَامُ الطَّرِيق : راستہ کا بیچ، سیدھا راستہ

أَخَذَ فُلانٌ حِزَامَ الطَّرِيْق : سیدھے راستہ پر چلنا، ٹھیک چلنا.

مِشْبَكُ الحِزَام : پٹی کا کلپ.

الحَزْمُ : الأَحْزَمُ (۲) پیکنگ (۳) عزم، احتیاط و دور اندیشی.

الحَزَمُ : سینہ کا اچھو، سینہ میں اٹکا ہوا پانی یا کھانا.

الحُزْمَةُ : گٹھڑی، بنڈل، پیکٹ ج: حُزَمٌ.

الحُزُمَّةُ : ٹھنگنا، گٹھیلے بدن کا آدمی.

الحَزِيمُ : پٹی باندھنے کی جگہ.

حَزِيمُ الصَّدْرِ : سینہ کا بیچ. شَدَّ لِهٰذا الأَمْرِ حَزِيمَهٗ : کام کے لئے تیار و کمر بستہ ہونا ج: حُزُمٌ و أَحْزِمَة.

الحَیْزُومُ: سخت وٹھوس زمین (۲) سینہ یا سینہ کا درمیانی حصہ ج: حَیَازِم۔ کہتے ہیں: اُشْدُدْ لِلْأَمْرِ حَیَازِیْمَكَ: تم اس کام پر جم جاؤ۔
المِحْزَمُ، المِحْزَمَةُ: پیٹی ج: مَحَازِم۔
المَحْزَمُ: پیٹی کسنے کی جگہ۔
الحازِمُ: محتاط، دوراندیش۔
•حَزَنَ الأَمْرُ فُلَانا ـُ حَزْنًا: غمگین کرنا، رنج پہنچانا، رنجیدہ کرنا قرآن پاک میں ہے: "یٰأَیُّهَا الرَّسُوْلُ لَا یَحْزُنْكَ الَّذِیْنَ یُسَارِعُوْنَ فِی الْکُفْرِ"
هو مَحْزُوْنٌ وحَزِیْن: رنجیدہ۔
حَزِنَ المَكَانُ ـَ حَزَنًا: جگہ کا کھردرا اور سخت ہونا۔
ــ الرَّجُلُ حَزَنًا وحُزْنًا: رنجیدہ اور غمگین ہونا۔ حَزِنَ له و عَلَیه کہا جاتا ہے۔ قرآن پاک میں ہے: "الحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ أَذْهَبَ عَنَّا الحَزَنَ"
ابْیَضَّتْ عَیْنَاهُ من الحُزْنِ۔ هو حَزِنٌ وحَزِیْن (رنجیدہ) ج: حُزَنَاء و هو حَزْنَان ج: حَزَانَی۔
حَزُنَ المَكَانُ ـُ حُزُوْنَةً: جگہ کا کھردرا اور سخت ہونا۔
المَكَانُ حَزْنٌ: جگہ سخت ہے، کھردری ہے
أَحْزَنَ المَكَانُ: سخت ہونا، کہتے ہیں: أَحْزَنَ بِهِمُ المَنْزِلُ: مکان کا راس نہ آنا۔
ــ فُلَانٌ: سخت جگہ میں ہونا (۲) سرکش جانور پر سوار ہونا۔
ــ الأَمْرُ فُلَانًا: غمگین و رنجیدہ کرنا، مغموم کرنا۔
حَزَّنَ القارِئُ فی قِرَاءَتِه: باریک آواز سے پڑھنا۔
ــ الأَمْرُ فُلَانًا: مغموم کرنا، رنج پہنچانا۔
تَحَازَنَ: غمگین ہونا، اظہار غم کرنا۔

تَحَزَّنَ لَه و عَلَیه: دردمند ہونا، کسی کے غم میں شریک ہونا۔
الحُزَانَةُ: اہل وعیال، متعلق و ماتحت لوگ جن کی تکلیف سے رنج ہو (۲) باعث غم چیز۔
الحَزْنُ: سخت جگہ (۲) قابو میں نہ آنے والا جانور (۳) اکھڑ مزاج آدمی ج: حُزُوْنٌ
الحُزْنُ: رنج وغم، سوگ ج: أَحْزَان۔
الحَزِنُ والحَزِیْنُ: رنجیدہ، غمگین ج: حُزَنَاء۔
الحَزْنَانُ: غمگین، رنجیدہ ج: حَزَانَی۔
الحَزَایِنِیُّ: ماتمی، سوگی۔
المُحْزِنُ: غمناک، اندوہ ناک، تکلیف دہ، رنج دہ۔
رِوَایَةٌ مُحْزِنَة: داستان غم، دردناک کہانی۔
•حَزَا ـُ حَزْوًا: پیش گوئی کرنا۔
ــ الشَّیْءَ: تخمینہ کرنا، اندازہ لگانا۔
ــ الطَّیْرَ: پرندہ کو ڈانٹنا۔
أَحْزَی بالشَّیْءِ: جاننا۔
ــ علیه فی السِّلْعَةِ: کسی کے لئے سامان کی قیمت بڑھانا۔
تَحَزَّی: پیش گوئی کرنا۔
الحازِی: پیشین گوئی کرنے والا، کاہن کہاوت ہے: علی الحَازِی هَبَطْتَ: تم ایک باخبر کے پاس آئے ہو۔
الحَزَّاءُ: کاہن، پیشین گوئی کرنے والا۔

ح ـــــ س

•حَسَبَ المَالَ ونَحْوَه ـُ حِسَابًا وحُسْبَانًا: مال وغیرہ کا حساب کرنا، شمار کرنا (۲) اندازہ لگانا۔ هو حَاسِبٌ والمفعول مَحْسُوْبٌ وحَسَبٌ۔
حَسِبَ ـَ حَسَبًا: بیماری کی وجہ سے جلد کا سفید ہو جانا۔ هو أَحْسَبُ و هی حَسْبَاءُ ج: حُسْبٌ۔
حَسِبَ الشَّیْءَ کذا ـِ حِسْبَانًا: گمان کرنا، کسی چیز کو کچھ سمجھنا، اعتبار کرنا، خیال کرنا
حَسُبَ الانسانُ ـُ حَسَبًا: شریف النسب ہونا، خاندانی شرافت والا ہونا۔ هو حَسِیْبٌ ج: حُسَبَاء۔
حَسَّبَ حِسَابَ الشَّیْءِ: حساب کرنا۔
ــ النَّجْمَ: ستاروں کے ذریعہ حساب لگانا۔
أَحْسَبَ: حَسْبِی کہنا (میرے لئے کافی ہے بس)
ــ الشَّیْءُ فُلَانًا: کافی ہونا۔
ــ فُلَانٌ فُلَانًا: اتنا کھلانا یا پلانا کہ وہ حَسْبِی (بس) کہے۔ کہتے ہیں: أَعْطَاه فَأَحْسَبَ: اس نے خوب دیا۔
حَاسَبَه مُحَاسَبَةً و حِسَابًا: حساب کتاب کرنا، حساب فہمی کرنا، حساب لینا (۲) انعام دینا۔
حَسَّبَه: کسی کے نسبی شرف کو مشہور کرنا، اوصاف ومناقب بیان کرنا۔
احْتَسَبَ بکذا: اکتفا کرنا۔
ــ علی فلانٍ الأَمْرَ: کسی کی کوئی بات ناپسند کرنا۔
ــ الأَمْرَ: گمان کرنا، خیال کرنا قرآن پاک میں ہے: "وَیَرْزُقْه من حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ" (۲) اہمیت دینا، حیثیت دینا: فُلَانٌ لَا یُحْتَسَبُ به: اس کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔
ــ الأَجْرَ علی اللّٰهِ: اللہ سے ثواب کی امید رکھنا۔
ــ فُلَانٌ وَلَدَه: اپنی اولاد کی وفات پر ثواب کی توقع کے ساتھ صبر کرنا۔
ــ ما عندَ فُلانٍ: آزمانا۔ شاعر کہتا ہے:
تَقُوْلُ نِسَاءٌ یَحْتَسِبْنَ مَوَدَّتِی
لِیَعْلَمْنَ ما أُخْفِی ویَعْلَمْنَ ما أُبْدِی
تَحَاسَبَا: ایک کا دوسرے سے حساب لینا،

باہم حساب کتاب کرنا
تَحَسَّبَ الأَمْرَ: جاننے کی کوشش کرنا، معلوم کرنا (۲) قناعت کرنا (۳) تکیہ لگانا (۴) اپنا تحفظ کرنا۔
ــــ الرَّجُلَ: پہچاننا اور دوست بنالینا۔
الحِسَابُ: حساب، شمار (۲) اندازہ، تخمینہ (۳) بہت اور کافی۔ قرآن پاک میں ہے: "جَزَاءً مِّنْ رَبِّكَ عَطَاءً حِسَابًا"
يوم الحساب: روزِ قیامت۔
عِلْمُ الحِسَاب: علم اعداد و شمار۔
الحِسَابُ الجاري: کرنٹ اکاؤنٹ، کھلا حساب، دو فریقوں کے درمیان دائمی معاملات میں ہونے والا معاہدہ۔
الحِسَابُ المفتوحُ: چالو حساب۔
حِسَابُ الأُسْتَاذ: لیجرا کاؤنٹ۔
حِسابُ اعتمادٍ: کریڈٹ اکاؤنٹ۔
حِسَابُ ايدَاعٍ: ڈپازٹ اکاؤنٹ۔
حِسابٌ جارٍ بفَوائد: کرنٹ اکاؤنٹ مع سود۔
حِسابُ الجُمَل: ابجد ہوز کا حساب۔
حِسابُ سُلْفَةٍ: پیشگی رقم کا حساب۔
حِسَاب الصُّنْدُوق: کیش اکاؤنٹ، حساب خزانہ۔
حِسَابٌ مُسَدَّدٌ: بند حساب، چکتا حساب
حِسَابٌ غَيْرُ مُسَدَّدٍ: کھلا حساب۔
حسَابٌ مُجَمَّدٌ: منجمد حساب۔
حِسابُ المُطَالَبَات: کلیم اکاؤنٹ۔
حِسابَاتٌ: اندازے، حسابات۔
حِساباتٌ خِتَامِيَّة: فائنل (آخری) حساب
حِساباتٌ مُعَلَّقَة: پینڈنگ حسابات، التوا میں پڑے ہوئے حساب۔
حِساباتٌ مَوقُوفَة: منجمد حسابات۔
على الحِسَاب: علی الحساب، بطور قرض۔
على حِسابِ فُلانٍ: فلاں کے خرچ پر، فلاں کے حساب میں۔

دَفْعُ الحِسَابِ الى: حساب چکانا، ادائگی کرنا۔
الحَسَبُ: کسی چیز کی مقدار یا تعداد۔ الأَجْرُ بِحَسَبِ العَمَل۔
على حَسَب كذا: کسی چیز کی مقدار یا تعداد کے مطابق (۲) شرافت خاندانی۔
الحُسْبَانُ: شمار، اندازہ (۲) تدبیر دقیق۔ قرآن پاک میں ہے: "الشَّمْسُ والقَمَرُ بِحُسْبَانٍ" (۳) کڑک (۴) اولہ۔ قرآن پاک میں ہے: "ويُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا من السَّمَاءِ فَتُصْبِحَ صَعِيدًا زَلَقًا"
الحِسْبَةُ: حساب (۲) تدبیر۔ فلانٌ حَسَنُ الحِسْبَةِ في الأَمْر: فلاں معاملہ کی اچھی تدبیر کرتا ہے (۳) ایک احتسابی منصب جو اسلامی حکومتوں میں زندگی کے معاملات و آداب کی نگرانی کے لئے ہوتا تھا۔
نظامُ الحِسْبَة: نظام احتساب و نگرانی عام، اس نظام کے تحت اشیاء کے نرخوں کی نگرانی بھی آتی تھی۔
حِسْبَةً: اللہ سے اجر کی توقع رکھتے ہوئے۔
فَعَلَ كذا حِسْبَةً: فلاں نے یہ کام محض اللہ سے اجر کی توقع پر کیا ہے (بندوں سے بدلہ لینے کے لئے نہیں)
الحَاسِبُ: شمار کنندہ، محاسب، اکاؤنٹنٹ، بک کیپر۔
الحَاسِبُ الالكتروني: الیکٹرونک کمپیوٹر۔
الحاسِبُ الآلِيّ: کمپیوٹر۔
آلةٌ حَاسِبَةٌ: حسابی مشین، کیلکولیٹر۔
المُحَاسِبُ: حساب کرنے والا، محاسب، اکاؤنٹنٹ۔
المحاسِبُ القانُونِيُّ: آڈیٹر حسابات، حسابات کی جانچ کرنے والا۔
المُحَاسَبَة: حساب کتاب، حسابی جائزہ،

حساب کا کام، اکاؤنٹنگ۔
المُحْتَسِبُ: نظام حسبہ کا ذمہ دار، عوام کی زندگی کے معاملات کی نگرانی کرنے والا۔
الحَسِيبُ: اللہ تعالیٰ کا ایک نام (۲) محاسب (۳) کافی۔ قرآن پاک میں ہے: "وكَفَىٰ باللهِ حَسِيبًا" (۴) صاحب شرف و نسب ج: حُسَبَاء۔
الاحتِسَابُ: جانچ پڑتال (۲) شمار۔
ــــ بشيءٍ: قناعت۔
• حَسْبَلَ: حَسْبِيَ اللهُ کہنا۔
• حَسْحَسَ للشيءِ: دردمند ہونا، ہمدردی کرنا۔
ــــ اللَّحْمَ ونَحْوَه: گوشت وغیرہ کو سینکنے کے لئے انگاروں پر رکھنا۔
تَحَسْحَسَ للقِيَام: کھڑا ہونے کے لئے تیار ہونا، حرکت کرنا۔
الحَسْحَاسُ: پھرتیلا آدمی۔
• حَسَدَهُ ـُ حَسَدًا: حسد کرنا، کسی کی خوش حالی پر جلنا اور اس کی تمنا کرنا کہ اس کی نعمت و خوش حالی دور ہو کر اسے مل جائے۔ حَسَدَهُ النِّعْمَةَ و حَسَدَهُ عَلَيها بھی کہا جاتا ہے۔ عربوں کا مقولہ ہے: حَسَدَنِيَ اللهُ إذا كُنْتُ أَحْسُدُكَ: اگر میں تجھ پر حسد کروں تو اللہ تعالیٰ مجھے عذاب دیں۔
أَحْسَدَهُ: کسی کو حاسد پانا۔
تَحَاسَدَا: ایک دوسرے پر حسد کرنا۔ حدیث میں ہے: "لا تَحَاسَدُوا وَ لَا تَبَاغَضُوا و لا تَدَابَرُوا وكونوا عِبَادَ اللهِ اخوانًا"
الحَاسِدُ: دوسرے کی خوشی اور نعمت کو دیکھ کر جلنے والا ج: حُسَّادٌ و حُسَّدٌ و حَسَدَةٌ۔
الحَسُودُ: انتہائی حاسد، حاسد ج: حُسُدٌ
المَحْسَدَةُ: جس چیز پر حسد کیا جائے۔ جیسے

مال وجاہ (۲) حسد کا سبب ج: مَحَاسِد
کہا جاتا ہے: المَحْسَدَةُ مَفْسَدَةٌ: حسد
کی جانے والی چیز باعث فساد ہوتی ہے۔
• الحَسْدَلُ: (القُرَادُ) چیچڑی۔
• حَسَرَ الشیءُ ـُ حُسُورًا: کھل جانا
(منکشف ہونا)۔
ـــ الغُصْنَ ـُ حَسْرًا: ٹہنی کو چھیلنا۔
ـــ القومُ فلانًا: لوگوں نے فلاں کو مانگ مانگ
کر خالی ہاتھ کر دیا۔
ـــ الدَّابَّةَ و نَحْوَها: جانور وغیرہ تھکا کر
دبلا کر دینا۔
ـــ الشیءَ عن الشیءِ: الگ کرنا، کسی شے
کو کسی شے سے الگ کرکے کھول دینا جیسے
حَسَرَ كُمَّهُ عن ذِرَاعِهِ: اس نے
آستین کو کہنی سے ہٹایا، کہنی کھل گئی۔
حَسَرَت الجارِيَةُ خِمارَها عن
وَجْهِهَا: کنیز کا آنچل ہٹا کر چہرہ کھول دینا۔
حَسِرَ فُلَانٌ ـَ حَسَرًا: افسوس کرنا۔
ـــ علی الشیءِ: حسرت کرنا، کف افسوس
ملنا، پچھتانا۔ هو حَسْرَانُ و هي
حَسْرَى۔
حَسَرَ البَصَرُ ـِ حَسَارَةً: نگاہ کا تھکا ہوا
ہونا، عاجز ہونا۔ قرآن پاک میں ہے:
"يَنْقَلِبْ إِلَيْكَ البَصَرُ خَاسِئًا
و هو حَسِيرٌ"
أَحْسَرَ الدَّابَّةَ: زیادہ ہنکا کر تھکا دینا۔
حَسَّرَ الطَّيْرُ: پرندوں کے پر جھڑنا۔
ـــ الطَّيْرَ: پرندوں کے پر گرانا۔
ـــ الحَيَوَانَ: تھکا ڈالنا۔ جیسے حَسَّرَه
السَّيْرُ۔
ـــ فُلانًا: حسرت میں ڈالنا (۲) تذلیل کرنا اور
تکلیف پہنچانا۔
انْحَسَرَ: کھل جانا۔
ـــ الماءُ عن الساحِلِ: پانی کا ساحل سے
ہٹ جانا۔

ـــ الشیءُ عن شیءٍ: سرک جانا، ہٹ جانا
ـــ الطَّيْرُ: پرندہ کے پرانے بال گر کر نئے
نکل آنا۔
تَحَسَّرَ الشَّعْرُ: بال گر جانا۔
ـــ الطَّيْرُ: پرندہ کا پروں کو جھاڑ دینا۔
ـــ علی الشیءِ: افسوس کرنا، کف افسوس
ملنا، پچھتانا۔
تَحَسَّرَت فُلَانَةُ: چہرہ کھولنا۔
اسْتَحْسَرَ: تھکنا اور اکتا جانا۔ قرآن پاک
میں ہے: "لا يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ
عِبَادَتِهِ و لا يَسْتَحْسِرُونَ"
الحَاسِرُ: (من الجُنُودِ) بے زرہ اور بے ڈھال
فوجی سپاہی (۲) برہنہ سر۔ حَاسِرُ
الرَّأْسِ بھی کہا جاتا ہے۔ (۳) برہنہ عورت
ج: حُسَّرٌ و حَوَاسِرُ۔
الحَسَارُ: مویشی کے کھانے کا ایک گھاس۔
الحَسْرَةُ: انتہائی افسوس، پچھتاوا، انتہائی
رنج (کسی گزری ہوئی چیز پر) قرآن پاک
میں ہے: "يا حَسْرَةً علی العِبَادِ
ما يأتيهم من رَسُولٍ إلا كانوا
به يَسْتَهْزِءُونَ" يا حَسْرَتَا: ہائے
افسوس۔ قرآن پاک میں ہے: "يا حَسْرَتَا
عَلَى ما فَرَّطْتُ فِي جَنْبِ اللهِ"
المَحْسَرُ: عورت کا کھلا ہوا جاذب حصہ بدن
چہرہ وغیرہ (۲) طبیعت، مزاج۔ کہتے ہیں:
فُلانٌ كريم المَحْسَرِ: نیک طبیعت
ہے ج: مَحَاسِرُ۔ أَرْضٌ عَارِيَةُ
المَحَاسِرِ: بے گیاہ زمین۔ وہ زمین جس
میں گھاس نہ ہو۔
• حَسَّ الشیءَ ـُ حَسًّا: جڑ سے اکھیڑنا۔
ـــ البَرْدُ الزَّرْعَ: اولوں کا کھیتی کو تباہ
کر دینا۔
ـــ الجَرَادُ الأَرْضَ: ٹڈی کا زمین کو
گھاس کھا کر چٹیل کر دینا۔
ـــ رَأْسَ الذَّبِيحَةِ: مذبوح جانور کے

سر کو آگ پر رکھ کر بال صاف کرنا۔
حَسَّ عنه الغُبَارَ: گرد صاف کرنا (کھریرے
کے ذریعہ)۔
ـــ الحِصانَ: گھوڑے کے جسم کی مالش کرنا،
کھریرا پھیرنا۔
ـــ فلانًا: سر قلم کرنا، مار ڈالنا۔ قرآن پاک
میں ہے: "و لَقَدْ صَدَقَكُمُ اللهُ
وَعْدَهُ إِذْ تَحُسُّونَهُم بِإِذْنِهِ"
ـــ الشیءَ و به حَسًّا و حَسِيسًا: محسوس
کرنا۔
ـــ النُّفَسَاءُ: زچگی والی عورت کا ولادت کے
درد میں مبتلا ہونا۔
ـــ له ـِ حِسًّا: کسی کے ساتھ ہمدردی
کرنا، شریک احساس ہونا۔
أَحَسَّ الشیءَ و به: جاننا، معلوم کر لینا،
قرآن پاک میں ہے "فلمّا أَحَسَّ عِيسَى
مِنْهُمُ الكُفْرَ قال مَن أَنْصَارِي
إلى اللهِ" (۲) محسوس کرنا۔ قرآن پاک میں
ہے: "هَلْ تُحِسُّ مِنْهُم من أَحَدٍ"
انْحَسَّ: منقطع ہونا۔
ـــ شَعْرُهُ: بالوں کا جھڑنا، گرنا (۲) دانت ٹوٹ
جانا۔
تَحَسَّسَ الخَبَرَ: دریافت کرنا، ٹوہ لگانا،
خبریں معلوم کرنا، پتہ لگانا۔ قرآن پاک میں
ہے: "يا بَنِيَّ اذْهَبُوا فَتَحَسَّسُوا
من يُوسُفَ و أَخِيهِ"
ـــ للقومِ: لوگوں کے حالات جاننے کی
کوشش کرنا اور ان کے اقوال جمع کرنے
کی کوشش کرنا۔
ـــ الشیءَ: ٹٹولنا۔
الإِحْسَاسُ: شعور، جذبہ، قابلیت، تاثر
ج: إحساسات و أَحَاسِيسُ۔
الحَاسَّةُ: کھیتی وغیرہ پر آنے والی آفت۔
سَنَةٌ حَاسَّةٌ: شدید قحط کا سال۔
أَصَابَتْهُم سَنَةٌ حَاسَّةٌ: ان پر سخت

قحط کا سال آیا (۲) حاسہ انسان یا حیوان میں محسوس کرنے یا دریافت کرنے کی فطری قوت جس کے ذریعہ وہ اپنے جسم پر پیدا ہونے والے تغیرات کا ادراک کرتا ہے یہ پانچ قوتیں (حواس ہیں) حاسّۂ بَصَر: دیکھنے کی قوت۔ حاسّۂ سمع: سننے کی قوت۔ حاسّۂ شمّ: سونگھنے کی قوت۔ حاسّۂ ذوق: چکھنے کی قوت، حاسّۂ لمس: چھو کر دیکھنے کی قوت۔ ان پانچوں قوتوں کو حواسِ ظاہرہ کہا جاتا ہے ج: حَوَاسّ۔

حَوَاسُّ الأَرْض: زمین کی پانچ آفتیں سردی، اولہ، ٹڈی، ہوا، مویشی۔ مَرَّتْ بالقوم حَوَاسُّ: قوم پر سخت سال گزرے۔

حَسَاسِ: تلاش کے بعد کوئی چیز نہ ملنے پر یہ لفظ کہا جاتا ہے۔

الحَسَاسَات: ناپسندیدہ چیزوں کی وجہ سے احساسِ انقباض۔

الحَسَاسُ: معمولی حرکت، اثر، آہٹ۔ کہتے ہیں: ذَهَبَ فُلانٌ فلا حَسَاسَ به: اس کے جانے کا پتہ بھی نہیں چلا۔ حَسَاسُ الحُمّٰى: بخار کا اثر جو ابتداءً ہوتا ہے۔

الحُسَاسُ: ریزے (۲) پتھر کے چھوٹے ٹکڑے (۳) بحرین کی چھوٹی مچھلیاں جن کو سکھایا جاتا ہے۔ کہتے ہیں: رَجُلٌ ذو حُسَاسٍ: بداخلاق آدمی، منحوس آدمی۔

الحسَاسَة: قابلیتِ تأثر۔

حَسِّ: اچانک ہونے والے درد کے وقت بولا جاتا ہے۔

الحَسُّ: کہا جاتا ہے: جِئْ بِهٰذَا الشَّيْءِ من حَسِّك و بَسِّك: جس طرح یا جہاں سے بھی ہو اس چیز کو لاؤ۔ نیز لَآخُذَنَّ هٰذَا الشَّيْءَ بِحَسٍّ او بَسٍّ: میں یہ چیز سختی سے یا نرمی سے لے کر رہوں گا۔

الحِسُّ: آہٹ، ہلکی آواز (۲) حواسِ خمسہ کے ذریعہ ادراک (۳) شعور، احساس (۴) کھیتی کو تباہ کر دینے والی سردی (۵) زچہ عورت کو ہونے والا درد (۶) بخار کا ابتدائی اثر (۷) حلفیہ بیان (۸) رپورٹ

الحَسُّ: احساس، شعور (۲) حیلہ۔

الحِسَّةُ: حالت۔ هو فی حِسَّةِ سُوْءٍ: وہ خراب حالت میں ہے۔

الحِسِّيُّ: معنوی کی ضد، حواسِ خمسہ میں سے کسی ایک کے ذریعہ محسوس ہونے والی شے۔

الحَسُوْسُ: سخت قحط کا سال۔

الحَسِيْسُ: حِس، ہلکی آواز۔ قرآن پاک میں ہے: "لا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا وَ هُمْ فِيْمَا اشْتَهَتْ أَنْفُسُهُمْ خَالِدُوْنَ" (۲) مقتول (۳) حساس

الحَسَّاسُ: باشعور، احساس مند (۲) نازک۔

الحَسَّاسِيَّةُ: نزاکت، دکھتی رگ (۲) قابلیت تاثر

المَحَسَّةُ: سبب ہلاکت و بربادی۔ کہتے ہیں: البَرْدُ مَحَسَّةُ النَّبَاتِ والكَلَإِ

المِحَسَّةُ: کھریرا جس سے گھوڑے وغیرہ کے بدن پر پھیر کر گرد و غبار صاف کیا جاتا ہے۔

المَحْسُوْسُ: قابل ادراک یا قابل احساس شے ج: محسوسات۔ حواسِ خمسہ میں سے کسی ایک کے ذریعہ محسوس کی جانے والی اشیا۔ ضد مَعْنَوِيَّات۔

الأَرْضُ المَحْسُوْسَةُ: ٹڈی یا اولوں سے تباہ شدہ زمین۔

• حَسَفَ الشيءَ ـِ حَسْفًا: چھیلنا، کھرچنا (۲) کھجور وغیرہ کو صاف کرنا، چھلکے وغیرہ اتارنا (۳) بکریوں کو ہانکنا (۴) کھیتی کاٹنا۔

حَسِفَ عليه ـَ حَسَفًا: کسی سے بغض و کینہ رکھنا۔

حُسِفَ فُلانٌ: ذلیل ہونا۔

أَحْسَفَ التَّمْرَ: اچھی کھجوروں کو خراب کھجوروں میں ملانا۔

حَسَّفَه: کھجوروں کو صاف کرنا۔

ـــ شاربه: مونچھیں کاٹنا۔

انْحَسَفَ: ریزہ ریزہ ہو جانا۔ کہتے ہیں: انْحَسَفَ الشيءُ فی يَدِي: وہ چیز میرے ہاتھ میں ریزہ ریزہ ہو گئی۔

تَحَسَّفَ: حَسَّفَ کا مطاوع، چھل جانا، صاف ہو جانا (۲) اونٹ کے بال جھڑنا۔

ـــ فُلانٌ: سب کچھ کھا جانا، کچھ نہ چھوڑنا

الحُسَافُ: ہر چیز کا بقایا یا خراب حصہ جو پھینک دیا جائے (۲) دسترخوان پر بچے ہوئے ریزے یا بکھرے ہوئے ٹکڑے۔

الحُسَافَةُ: خراب کھجوریں یا کھجوروں وغیرہ کے چھلکے (۲) ہر چیز کا پھینکا جانے والا حصہ (۳) رذیل لوگ۔ حُسَافَةُ المَاءِ: تھوڑا پانی (۴) غصہ (۵) دشمنی۔

الحَسَفُ: کانٹے۔

الحَسِيْفَةُ: غصہ (۲) بغض و عناد، کینہ، دشمنی کہا جاتا ہے: رَجَعَ بِحَسِيْفَةِ نَفْسِه: وہ ناکام واپس ہوا ج: حَسَائِف۔

• حَسِكَ المكانُ ـَ حَسَكًا: جگہ کا کانٹے دار گھاس والا ہونا۔

ـــ رأسُه: سر کا گھنگھریالے بالوں والا ہونا

ـــ الدَّابَّةُ: جانور کا چارہ کھانا، دانہ چبانا۔

ـــ عليه: دشمنی رکھنا، ناراض ہونا۔ هو حَسِكٌ۔

أَحْسَكَ النَّبَاتُ: پودوں میں کانٹے پیدا ہونا۔

ـــ الدَّابَّةَ: چارہ کھلانا۔

حَسَّكَ فُلانٌ: بخل کرنا۔ کہا جاتا ہے:

فُلانٌ مُصَرَّدٌ مُحَسَّكٌ: فلاں آدمی دست کش اور بخیل ہے۔
الحُسَاكَةُ: کینہ، بغض، دشمنی۔
الحَسَكُ: پودا جس پر خاردار پھل لگتا ہے جو بکریوں وغیرہ کے جسم سے چمٹ جاتا ہے اسی سے کہا جاتا ہے: حَسَكُ السَّعْدَان اور كَأَنَّ جَنْبَه على حَسَكِ السَّعْدَان: وہ بے چین و مضطرب ہے (۲) نوکیلا لوہا۔
حَسَكٌ و حَسَكَةٌ: کانٹا (۲) دشمنی، کینہ (۳) بدمزاج۔
___ السَّمَكِ: مچھلی کی ہڈی، مچھلی کا کانٹا و: حَسَكَةٌ۔
___ السُّنْبُلَةِ: خوشہ کی نوک۔
الحَسِيكَةُ: دشمنی، بغض وکینہ (۲) دانتوں سے چبایا جانے والا چارہ جیسے جو وغیرہ ج: حَسَائِكُ۔
• حَسَلَ من الشيءِ ـُ حَسْلاً: خراب حصہ چھوڑنا۔
___ الدَّابَّةَ: تیز ہانکنا۔
___ بِفُلانٍ: کسی کا حصہ کم کرنا۔ حُسِلَ بہ بھی کہا جاتا ہے۔
حَسَّلَ بِنَفْسِه: خود کو رذالت میں ڈالنا، دنائت اختیار کرنا۔
احْتَسَلَ: گوہ کے بچہ کا شکار کرنا۔
الحُسَالَةُ: ہر چیز کا بچا کھچا خراب حصہ (۲) جو وغیرہ کی بھوسی (۳) چاندی کا برادہ۔
حُسَالَةُ النَّاس: گرے پڑے نچلے درجہ کے لوگ۔
الحَسْلُ: ہرا بیر۔
الحِسْلُ: گوہ کا بچہ جو ابھی انڈے سے نکلا ہو ج: أَحْسَال و حُسُول و حِسَلَة و حِسْلَان۔ کہاوت ہے: لا آتِيكَ سِنَّ الحِسْلِ: میں تمہارے پاس کبھی نہیں آؤں گا (گوہ کے بچہ کا دانت مرتے وقت تک نہیں ٹوٹتا ہے یعنی جب تک اس کا دانت باقی ہے نہیں آؤں گا)۔
ابو حِسْل و ابو حسيل: گوہ۔
الحَسِيلُ: ہر چیز کا گھٹیا حصہ (۲) پالتو گائے کے بچے۔ اس کا اطلاق واحد پر بھی ہوتا ہے کہتے ہیں: اشْتَرَى بَقَرَةً بِحَسِيلِها ج: حُسُلٌ۔
الحَسِيلَةُ: حَسِيل کا واحد (۲) حُسالہ بقایا، خراب حصہ۔
هو من حَسِيلَةِ النَّاسِ: وہ گھٹیا لوگوں میں سے ہے۔
• حَسَمَ فُلانٌ ـِ حَسْمًا: کام کا عادی ہونا، کام کو مسلسل کرنا۔
___ الشيءَ: کاٹنا۔
___ الدَّاءَ: دوا سے بیماری دور کرنا۔
___ العِرْقَ: رگ کو کاٹ کر خون روکنے کے لئے داغ دینا۔
___ عنه الأَمْرَ: دور کرنا، دفع کرنا۔
___ على فُلانٍ غَرَضَه: کسی کو مقصد تک نہ پہنچنے دینا۔
حَسَمَتِ الأُمُّ طِفْلَها: ماں کا بچہ کو دودھ پینے سے روکنا، دودھ چھڑانا۔
الأَحْسَمُ: تجربہ کار، معاملات کو سوچ سمجھ کر طے کرنے والا۔
الحَاسِمُ: قطعی، فیصلہ کن۔ رَأْيٌ حَاسِمٌ: آخری اور قطعی رائے۔ مَوْقِفٌ حَاسِمٌ: فیصلہ کن موقف، فیصلہ کن موقف یا پالیسی۔
الحُسَامُ: تیز تلوار۔ حُسَامُ السَّيْفِ: تلوار کی دھار۔
الحُسُومُ: نحوست (۲) منحوس و نامبارک۔
أَيَّامٌ حُسُومٌ و لَيَالٍ حُسُومٌ: نامبارک دن یا راتیں۔ قرآن پاک میں ہے: "سَخَّرَها عَلَيْهِم سَبْعَ لَيَالٍ وَ ثَمَانِيَةَ أَيَّامٍ حُسُومًا"
المَحْسَمَةُ: کاٹنے کا ذریعہ یا سبب۔ هٰذا مَحْسَمَةٌ لِلدَّاءِ: یہ بیماری ختم کرنے کا ذریعہ ہے۔
المَحْسُومُ: وہ بچہ جس کا دودھ چھڑا دیا گیا ہو یا ناقص غذا کا شکار ہو۔
• حَسُنَ ـُ حُسْنًا: بہتر اور اچھا ہونا، حسین ہونا۔ هو حَسَنٌ و هي حَسْنَاءُ ج: حِسَانٌ (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے یہ جمع ہے)۔
أَحْسَنَ: اچھا کرنا، اچھا کام کرنا، نیکی کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "إِنْ أَحْسَنْتُمْ أَحْسَنْتُمْ لِأَنْفُسِكُمْ"
___ الشيءَ: اچھا بنانا۔ قولہ تعالیٰ: وَصَوَّرَكُمْ فَأَحْسَنَ صُوَرَكُمْ (۲) پختہ کرنا۔
___ إليه و به: اچھا برتاؤ کرنا، کسی کے ساتھ حسن سلوک کرنا، احسان کرنا۔
حَاسَنَهُ: اچھا معاملہ کرنا۔
___ به النَّاسَ: لوگوں کے مقابلہ میں جمال و خوبی پر فخر کرنا، مقابلہ کرنا۔
حَسَّنَ الشيءَ: خوبصورت و عمدہ بنانا، آراستہ کرنا (۲) کسی کو ترقی دینا، حالت سدھارنا۔
تَحَسَّنَ: سدھرنا، درست ہونا (۲) آراستہ اور خوبصورت ہو جانا
اسْتَحْسَنَهُ: پسند کرنا، اچھا سمجھنا۔
الأَحْسَنُ: سب سے بہتر، افضل۔ قرآن پاک میں ہے: "الَّذِينَ يَسْتَمِعُونَ القَوْلَ فَيَتَّبِعُونَ أَحْسَنَه" ج: أَحَاسِن
حدیث شریف میں ہے: "إِنَّ أَقْرَبَكُم مِنِّي مَجَالِسَ يَومَ القِيامَةِ أَحَاسِنُكُم أَخْلَاقًا"
الإِحْسَانُ: اچھا برتاؤ، نیک عمل۔
الاسْتِحْسَانُ: پسندیدگی (۲) اصطلاحاً قیاس کو ترک کر کے لوگوں کیلئے آسان تر

حکم کواپنانا ۔
التَّحْسِيْنُ : اصلاح ج: تَحْسِيْنَات ۔
التَّحَاسِيْنُ : زیب وزینت و: تَحْسِيْن ۔
الحُسَانُ : بہت حسین، جمیل ۔
الحُسَّانُ : بہت حسین وجمیل ۔
الحَسَنُ : اصطلاح محدثین میں وہ حدیث جس کا تخریج کنندہ معلوم ہو اور اس کے راوی مشہور ہوں (۲) بہتر، عمدہ، اچھا ۔
الحُسْنُ : جمال، حسن، خوبی ج: مَحَاسِن (خلاف قیاس) (۲) کہنی سے متصل ہڈی ۔
الحُسْنٰی : أَحْسَنُ کی تانیث ۔ بہتر، عمدہ ۔ "وَلِلّٰهِ الأَسْمَاءُ الحُسْنٰی" (۲) اچھا انجام ۔ قرآن پاک میں ہے: "فَلَهُ جَزَاءُ الحُسْنٰی" ج: الحُسَن ۔
الحُسْنَيَانِ : کامیابی اور راہ خدا میں شہادت قرآن پاک میں ہے: "قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَا إِلَّا احدى الحُسْنَيَيْنِ" کہاوت ہے: حُسَيْنَاهُ و حُسَيْنَاؤُهُ أَنْ يَّفْعَلَ كَذَا : اس کی کوشش اور مقصد یہ ہے کہ ایسا کرے ۔
الحَسَنَةُ : نیکی قول ہو یا فعل ۔ ضد سَيِّئَة بھلائی، نیک عمل یا نیک بات ج: حَسَنَات قرآن پاک میں ہے: "مَنْ جَاءَ بِالحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا" (۲) صدقہ (۳) جلد کا ایک نشان جو اسے خوش نمائی عطا کرتا ہے (۴) نعمت قرآن پاک میں ہے: "فَإِذَا جَاءَتْهُمُ الحَسَنَةُ قَالُوا لَنَا هٰذِهٖ"
المَحْسَنَةُ : ذریعہ خوش نمائی، سبب جمال ۔
المَحَاسِن : خوبیاں، بدن کے نظر آنے والے خوبصورت حصے ۔
• حَسَا الطَّائِرُ المَاءَ ـُ حَسْوًا : چونچ سے پانی پینا ۔
ـــ الرَّجُلُ الحَسَاءَ و نَحْوَهُ : شوربا وغیرہ تھوڑا تھوڑا پینا، چسکی لینا ۔

أَحْسَاهُ الحَسَاءَ : تھوڑا تھوڑا پلانا ۔
حَاسَاهُ الشَّرَابَ : کسی کو اپنے ساتھ پینے میں شریک کرنا ۔ کہاوت ہے : حَاسَيْتُهُ كَأْسًا مُرَّةً : میں اس کا شریک درد ہوا ۔
حَسَّاهُ الحَسَاءَ و نَحْوَهُ : کسی کو شوربا یا سوپ پلانا (تھوڑا تھوڑا) ۔
احْتَسَى الحَسَاءَ : شوربے وغیرہ کو تھوڑا تھوڑا پینا ۔ کہتے ہیں: احْتَسَى أَنْفَاسَ النَّوْمِ : محو خواب ہونا ۔
ـــ ما فی نَفْسِهِ : کسی کی آزمائش کرنا، دل کی بات کا پتہ چلانا ۔
ـــ سَيْرَ الفَرَسِ و الجَمَلِ و النَّاقَةِ : رفتار کی آخری حد کو جانا ۔
تَحَاسَيَا : ایک دوسرے کو شوربا وغیرہ پلانا ۔ کہتے ہیں: تَحَاسَوْا كُئُوسَ المَنَايَا : انہوں نے باہم جام فنا نوش کیا، ہلاک ہو گئے ۔
تَحَسَّى الحَسَاءَ : تھوڑا تھوڑا پینا، چسکیاں لینا ۔
الحَسَا و الحَسَاءُ : عرق وغیرہ (۲) شوربا، سوپ ج: أَحْسَاء و أَحْسِيَة ۔
الحَسْوُ : بمعنی الحَسَا ۔ يَوْمٌ كَحَسْوِ الطَّيْرِ : بہت چھوٹا دن ۔ نَوْمٌ كَحَسْوِ الطَّيْرِ : کم اور غیر مسلسل نیند ۔
الحُسْوَةُ : گھونٹ، منہ بھر پینے کی چیز (۲) تھوڑی چیز (۳) چونچ بھر پانی (۴) چسکی ۔ کہاوت ہے : سَقَانِي مِثْلَ حُسْوَةِ الطَّائِرِ : اس نے مجھے بہت تھوڑا پلایا ۔ لَمْ يَبْقَ فِي الإِنَاءِ إِلَّا حُسْوَةٌ ج: حُسًا ۔
الحَسْوَةُ : مصدر مرۃ ۔ ایک دفعہ پینا (۲) گھونٹ، چسکی ج: حَسَوَات ۔
الحَسِيَّةُ : پی جانے والی شے، عرق شوربا وغیرہ ۔
• حَسِيَ الحِسْىَ ـَ حَسْيًا : نرم زمین کو پانی نکالنے کے لئے کھودنا ۔

حَسِيَ ما فی نَفْسِهِ : دل کی بات کا پتہ چلانا، آزمانا
حَسَّى و احْتَسَى الحِسْىَ : حَسَاه ۔
الحِسْىُ و الحَسَى : دل دل زمین جہاں پانی جمع رہتا ہو (۲) جما ہوا وہ ریت جس کے نیچے سخت زمین ہو جب بارش ہوتی ہے تو ریت پانی کو خشک نہیں ہونے دیتا اور اس کے نیچے والی ٹھوس سطح پانی کو زمین میں جذب نہیں ہونے دیتی ۔ جزیرۃ العرب کے مشرق میں سعودیہ کے صوبے "أحساء" میں ایسا ہی ہے ج: حِسَاءٌ و أَحْسَاءٌ ۔

ح ــــــ ش

• حَشَأَهُ بالعَصَا أو السَّوْطِ ـَ حَشْئًا : پیٹ یا پہلو پر ڈنڈا یا کوڑا مارنا ۔
ـــ بِسَهْمٍ : پیٹ میں تیر مارنا ۔
ـــ النَّارَ : آگ جلانا ۔
المِحْشَأَةُ : پٹکا، ایک چھوٹا سفید کپڑا جس کو بطور ازار استعمال کیا جاتا ہے ج: مَحَاشِئ
• حشب ۔ أَحْشَبَهُ : غصہ دلانا ۔
احْتَشَبُوا : جمع ہونا، اکٹھا ہونا ۔
الحَشِيْبُ : گاڑھا کپڑا (۲) شم کے اندر کی ہڈی
• حَشْحَشُوا : اٹھنے کے لئے حرکت کرنا (۲) گتھم گتھا ہو کر حرکت کرنا (۳) منتشر ہونا ۔
حَشْحَشَ النَّارُ الشَّيْءَ : آگ کا کسی چیز کو جلا دینا ۔
تَحَشْحَشُوا : حَشْحَشُوا ۔
• حَشَدَ الزَّرْعُ ـِ حَشْدًا : کھیتی کا پورے طور پر اگ آنا ۔
ـــ النَّاقَةُ و نَحْوُهَا : تھنوں میں دودھ کا بہت زیادہ ہونا ۔
ـــ القَوْمُ او الجُنْدُ ـِ حُشُودًا : لوگوں یا سپاہیوں کا اکٹھا ہونا اور آپسی تعاون کے لئے چاق چوبند ہونا ۔
ـــ القَوْمَ او الجُنْدَ ـُ حَشْدًا : جمع کرنا (خاص مقصد کے لئے) ۔

حَشَدَ الأَشياءَ: ڈھیر لگانا، اکٹھا کرنا۔ کہتے ہیں: حَشَدَ لِهٰذَا الأَمْرِ جَمِيعَ قُوَاهُ: اس نے اس کام کے لئے اپنی توانائیاں صرف کر دیں۔
بِتُّ فِي لَيْلَةٍ تَحْشُدُ عَلَيَّ الهُمُومَ: میں نے ایک رات ایسی گزاری جس میں مجھ پر غموں کا ہجوم تھا۔
حَشَدُوا: کسی خاص کام کے لئے جمع ہونا۔
حْتَشَدُوا: کسی کام کے لئے جمع ہونا، اکٹھا ہونا۔
حْتَشَدَ فُلَانٌ فِي كَذَا: کسی کام کی بہترین تیاری کرنا۔ کہاوت ہے: جَاءَ فُلَانٌ مُحْتَفِلًا مُحْتَشِدًا: وہ پوری طرح تیار ہو کر آیا۔
ـــ القَوْمُ عَلَى الأَمْرِ: کسی کام کے لئے تعاون کے ساتھ جمع ہونا۔
ـــ القُوَّاتُ عَلَى الحُدُودِ: فوجوں کا سرحد پر جمع ہونا۔
تَحَاشَدُوا و تَحَشَّدُوا: احْتَشَدُوا۔
حَشَّدَ: اکٹھا کرنا، ڈھیر لگانا۔
الحَاشِدُ: بھرا ہوا، گنجان۔ عِذْقٌ حَاشِدٌ: پھل یا دانوں سے بھرا ہوا خوشہ، گچھا، بھرپور تیاری والا۔ کہتے ہیں: فُلَانٌ حَافِدٌ حَاشِدٌ: فلاں خدمت و ضیافت میں نہایت مستعد ہے۔ حَشْدٌ حَاشِدٌ: زبردست ہجوم ج: حُشَدٌ و حُشَّدٌ۔
الحَشَادُ: ہموار و نشیبی جگہ ایسی جگہ جہاں سے تھوڑی سی بارش میں پانی بہنے لگے۔ کہتے ہیں: وادٍ حَشَادٌ، أَرْضٌ حَشَادٌ۔
الحَشْدُ و الحَشَدُ من النَّاسِ: لوگوں کا گروہ، مجمع، ہجوم ج: حُشُودٌ۔
الحَشِيدُ: (من الرِّجَالِ) کسی کی مدد میں بے دریغ مال خرچ کرنے والا، آخری سے آخری مدد و کوشش کرنے والا۔
ـــ: (من الأَمْكِنَةِ) الحَشَادُ

الحَشُدُ من العُيُونِ: وہ آنکھ جس سے برابر پانی چلتا رہے۔
الحَشُودُ: وہ اونٹنی جس کے تھن میں جلد دودھ اکٹھا ہو جاتا ہو، وہ اونٹنی جو پہلی ہی جفتی میں حاملہ ہو جائے۔
المَحْشُودُ: کہا جاتا ہے فلانٌ مَحْفُودٌ ومَحْشُودٌ: اپنی قوم میں قابل احترام و اطاعت جس کی خدمت کے لئے ہر وقت سب تیار رہتے ہوں۔
• حَشَرَ هم ـِـ حَشْرًا: جمع کرنا اور لے چلنا۔ کہتے ہیں: حَشَرَ اللّٰهُ الخَلْقَ حَشْرًا: قبروں سے اٹھا کر (زندہ کر کے) لے چلنا۔
ـــ الجَدْبُ النَّاسَ: قحط کا لوگوں کو شہروں میں جانے کیلئے مجبور کرنا۔
ـــ الجَدْبُ المَاشِيَةَ: قحط کا مویشی کو ہلاک کر دینا۔
ـــ (۲) دبانا (۳) لبالب بھرنا۔
ـــ عن وَطَنِهِ: جلا وطن کرنا، ترک وطن پر مجبور کرنا
حَشِرَ الشَّيْءُ ـَـ حَشَرًا: چپکنا (۲) میلا ہونا۔ هو حَشِرٌ۔
حُشِرَ فِي رَأْسِهِ: بڑے سر والا ہونا۔
ـــ فِي بَطْنِهِ: بڑے پیٹ والا ہونا۔
حَشَّرَهُ: اکٹھا کرنا اور ایک دوسرے کو ترکیب و ترتیب کے ساتھ ملا دینا۔
احتشَرَ فِي أَحَدِ أَعْضَائِهِ: عضو کا بھاری اور بڑا ہو جانا۔
انْحَشَرَ: اکٹھا ہونا (۲) قبروں سے نکل کر چلنا۔
تَحَشَّرَ: ٹھٹھ لگنا، مجمع لگنا۔
الحَاشِرُ: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ناموں میں سے ایک نام (۲) لوگوں کو اکٹھا کرنے والا۔ قرآن پاک میں ہے: "و أَرْسِلْ فِي المَدَائِنِ حَاشِرِينَ"

(۲) محصل تاوان، ٹیکس وغیرہ وصول کرنے والا۔
الحَشْرُ: اجتماع، ہجوم، بھیڑ (۲) روز قیامت مخلوق کا اجتماع (۳) جماعت۔ أُذُنٌ حَشْرٌ و آذانٌ حَشْرٌ: چھوٹے اور نازک کان۔ سِلاحٌ حَشْرٌ: نازک اور دھار دار ہتھیار۔ سَهْمٌ حَشْرٌ و سِهَامٌ حَشْرٌ: وہ تیر جن کے پر برابر ہوں (یہ مصدر ہے اس لئے مفرد و جمع مذکر و مؤنث برابر ہیں ج: حُشُورٌ۔ يومُ الحَشْرِ: روز قیامت۔
الحَشَرُ ـــ الحُشْرُ: بھوسی، چھانس ج: أَحْشَار (لغت یمانی)
الحَشَرَةُ: کیڑا، کوڑا (زمین پر چلنے والا) چھوٹا جانور جیسے بچھو وغیرہ یا چوپایا اور گوہ وغیرہ علم الحیوانات میں ہر وہ مخلوق جو تین مرحلوں سے گزرتی ہو (جیسے پہلے انڈا پھر چھوٹا کیڑا پھر پروانہ) ج: حَشَرٌ۔
المَحْشَرُ: اکٹھا ہونے یا کرنے کی جگہ (۲) میدان حشر جہاں روز قیامت سب کو اکٹھا کیا جائے گا (۳) صدری نما ایک لباس ج: مَحَاشِر۔
المَحْشَرَةُ: وہ گھاس جو کھیتی کاٹنے کے بعد زمین پر رہ جاتا ہے (۲) سبزہ زار۔ کہتے ہیں: أَرْسِلُوا دَوَابَّهُمْ إِلَى المَحْشَرَةِ ج: مَحَاشِرُ۔
• حَشْرَجَةٌ: حلق میں آواز کو غرغرانا (۲) موت کے وقت حلق میں سانس گھٹنے کی آواز کہتے ہیں: حَشْرَجَ المُحْتَضَرُ عند الموتِ حَشْرَجَتْ رُوحُهُ فِي صَدْرِهِ: وہ مرنے کے قریب ہو گیا۔
الحَشْرَجُ: پہاڑ کا وہ گڑھا جس میں پانی رک جائے اور صاف ہو (۲) کنکریلی زمین کا پانی جو دکھائی نہ دیتا ہو لیکن تھوڑا کھودنے

سے نکل آتا ہو (۳) آبخورہ یا پانی کی ٹھلیا جس میں پانی ٹھنڈا کیا جائے (۴) ناریل ج: حَشَارِجُ۔

•حَشَّ الشیءُ ـِ حَشًّا: خشک ہونا، سوکھنا، اسی سے ہے: حَشَّ الجَنِینُ: بچہ کا پیٹ میں سوکھ جانا (۲) ہاتھ وغیرہ کا سوکھ جانا اور شل ہو جانا (حرکت نہ کرنا) یا پتلا ہو جانا۔

ـــ الحَشِیشَ و نَحوَہ ـُ حَشًّا: گھاس کاٹ کر اکھٹا کرنا۔

ـــ الماشِیَةَ: چوپائے کو گھاس ڈالنا، اسی سے کہاوت ہے: أَحُشُّكَ وَ تَرُوثُنِی: (میں تجھے گھاس دیتا ہوں اور تو مجھے لید دیتا ہے) ایسے شخص کے بارہ میں کہا جاتا ہے جو نیکی کا بدلہ بدی سے دیتا ہو۔

ـــ النَّارَ: آگ کے لئے ایندھن اکھٹا کرنا (۲) آگ کو سلگانے کے لئے کریدنا۔

ـــ الحَرْبَ: جنگ کی آگ بھڑکانا۔

ـــ شَیْئًا بشَیءٍ: ایک شے کو دوسری سے تقویت پہنچانا۔ کہتے ہیں: حَشَشْتُ النَّارَ بالوَقُودِ: میں نے آگ کو ایندھن ڈال کر تیز کیا۔ حَشَّ الحَرْبَ بِالسِّلَاحِ: جنگ کی آگ کو ہتھیاروں سے بھڑکایا۔ حَشَّ السَّہْمَ بالرِّیْشِ: تیر کو پر لگا کر مضبوط کیا۔ حَشَّ مالَ فُلَانٍ بمَالِ غیرہ: اس کے مال کو دوسرے کے مال سے بڑھایا۔

أَحَشَّ المَکَانُ: جگہ کا گھاس والا ہونا (۲) بہت گھاس والا ہونا۔

ـــ الشیءُ: خشک ہونا، سوکھ جانا۔

ـــ الکَلَأُ: گھاس کا سوکھ جانا (۲) گھاس کے کاٹنے کا وقت آجانا۔

ـــ فُلَانًا: کسی کو گھاس کاٹنے اور اکھٹا کرنے میں مدد دینا (۲) آگ جلانے میں مدد دینا۔

أَحَشَّ اللّٰہُ یَدَہ: (برائے بددعا) خدا اس کا ہاتھ شل کر دے۔

أَحَشَّ الحامِلُ الجَنِینَ: حاملہ عورت کے بطن سے سوکھا بچہ پیدا ہونا۔

احْتَشَّ الحَشِیشَ: گھاس کاٹ کر اکھٹا کرنا۔

ـــ للنَّارِ: آگ جلانے کے لئے ایندھن اکھٹا کرنا۔

اسْتَحَشَّ: لاغر ہونا، دبلا ہونا۔ کہتے ہیں: اسْتَحَشَّ الجَنِینُ فی الرَّحِمِ: و اسْتَحَشَّتْ یَدُہ۔

ـــ فُلَانٌ: لعاب دہن خشک ہونا اور پیاس لگنا۔

الأُحْشُوشُ: رحم مادر میں سوکھا ہوا بچہ ج: أَحَاشِیش۔

الحِشَاشُ: گھاس کی گون (۲) ہر شے کا کنارہ، جانب۔ یہ دو ہوتے ہیں ان کو حِشَاشَان کہا جاتا ہے ج: حُشُشٌ و أَحِشَّة۔

الحُشَاشَی: کہتے ہیں: حُشَاشَاكَ أَن تَفْعَلَ کذا: تم زیادہ سے زیادہ یہ کر سکتے ہو۔ یعنی یہ تمہاری کوشش کا منتہا ہے۔

الحُشَاشَةُ: بیمار کے آخری سانس، دم واپسیں۔ اسی سے ہے: ما بَقِیَ من الشَّمْسِ الَّا حُشَاشَةُ نَازِعٍ: سورج کی صرف اتنی روشنی باقی ہے جتنا نزع والے کا سانس۔ وما بَقِیَ منَ المُرُوءَةِ الَّا حُشَاشَةُ مُحْتَضَرٍ: صرف اتنی مروت باقی رہ گئی ہے جتنا کہ مرنے والے کا آخری سانس (بطور تشبیہ استعمال ہوتا ہے)۔

الحُشُّ: الأُحْشُوشُ (۲) باغ (۳) کھجور کے درختوں کا جھرمٹ (۴) بیت الخلاء (۵) وضو خانہ ج: حُشُوشٌ وحِشَّانٌ۔

الحُشَّةُ: پہاڑ کی زبردست چوٹی جس پر گھاس اگ آتی ہے اور سفید ہو جاتی ہے ج: حُشَشٌ۔

الحَشَّاشُ: گھسیارا، گھاس کاٹنے والا، یا بیچنے والا (۲) بھنگ پینے والا۔

الحُشَّاشُ: گھاس کاٹنے کا اوزار، درانتی وغیرہ۔

الحَشَّاشُونَ: سات اماموں کو ماننے والے اسماعیلی شیعوں کا ایک فرقہ جس کی بنیاد حسن بن صباح نے ڈالی تھی۔

الحَشِیشُ: خشک گھاس (۲) ہری گھاس جو کاٹا جائے و: حَشِیشَةٌ ج: حَشَائِش (۲) نشہ آور گھاس، بھنگ۔

الحَشِیشَةُ: گھاس کا گچھا۔

حَشِیشَةُ التَّخدِیر: بھنگ۔

المِحَشُّ: گھاس کاٹنے کی درانتی (۲) آگ کریدنی، وہ لکڑی یا لوہے کی چھڑ جس سے آگ کو تیز کرنے کے لئے کریدا جائے فُلَانٌ مِحَشُّ حَرْبٍ: فلاں جنگ کی آگ بھڑکانے والا ہے یعنی اس کا ماہر ہے۔ فُلَانٌ مِحَشُّ الکَتِیبَة: فلاں بہادر آدمی ہے (۳) اون کا بنا ہوا بورا یا تھیلا جس میں گھاس بھری جائے ج: مَحَاشُّ۔

المِحَشَّةُ: المِحَشُّ (۲) وہ ڈنڈا جو پتے جھاڑنے کے لئے شاخوں پر مارا جائے ج: مَحَاشُّ۔

•حَشَفَ ـِ حَشْفًا: خشک ہو کر سکڑ جانا

حَشَفَ الضَّرْعُ: تھن کا خشک ہو جانا۔ ھو حَشِفٌ وحَشِیفٌ۔

أَحْشَفَ: حَشَفَ۔

ـــ النَّخلُ: کھجور کے درخت پر خراب پھل آنا، کھجور کے پھل کا پکنے سے پہلے سوکھ جانا۔

حَشَّفَ: آنکھیں بند کر کے پلکوں کے بیچ سے دیکھنا، چندھیا کر دیکھنا۔

تَحَشَّفَ: حَشَفَ ـ فُلَانٌ: پرانا کپڑا پہننا

تحشّفت أوبارُ الإبلِ: اونٹوں کی اون کا اڑ کر بکھر جانا۔

استحشفَ: حشفَ (۲) تحشّفَ۔

— الأنفُ: ناک کی نرم ہڈی کا سوکھ جانا جس سے ناک کی حرکت طبعی ختم ہو جاتی ہے (۲) الضرعُ: تھن کا سکڑ جانا۔

الحُشافةُ: تھوڑا سا پانی۔

الحَشَفُ: من التمرِ: خراب کھجوریں جو پکنے سے پہلے سوکھ جاتی ہیں ان میں نہ گٹھلی ہوتی ہے اور نہ گودا نہ جھلی نہ مٹھاس، کہاوت ہے: أحشفًا و سوءَ كِيلَةٍ: (خراب کھجوریں تو دے ہی رہے ہو تول بھی پورا نہیں) ایسے شخص کے بارہ میں جس میں بیک وقت دو بری عادتیں موجود ہوں جیسے چغل خور تو ہو ہی چوری بھی کرتے ہو (۲) سوکھا پستان یا تھن (۳) سوکھی روٹی۔

الحَشِفُ: تمرٌ حَشِفٌ: بہت خراب کھجوریں۔

الحَشَفَةُ: عضو مخصوص کا اگلا حصہ جو ختنہ کے بعد کھال کٹنے سے کھل جاتا ہے (۲) انسان یا اونٹ کے حلق کا زخم (۳) سمندر میں کھڑی چٹان ج: حِشاف (۴) کھیتی کاٹنے کے بعد بچی ہوئی جڑیں، دھانسے (۵) خشک خمیر (۶) بڑی بوڑھی عورت ج: حَشَفٌ و حِشاف۔

الحَشِيفُ: پرانا بوسیدہ کپڑا ج: حُشُفٌ۔

• حَشَكَ القومُ ـِ حُشُوكًا: اکٹھا ہونا، ٹھٹ لگنا۔

— القوسُ السهمَ: کمان کا تیر کو دور پھینکنا

— كُلُّ ذاتِ لَبَنٍ: پستان یا تھن میں دودھ اکٹھا ہونا، دودھ سے بھر جانا۔

— النخلةُ: کھجور پر زیادہ پھل آنا۔

— السحابُ: بادل کا پانی سے بھرا ہوا ہونا۔

— السماءُ: آسمان سے خوب پانی برسنا۔

— الريحُ: ہوا کا تیز ہونا۔

— فلانٌ الناقةَ: اونٹنی کو اس لئے بغیر دوہے چھوڑنا کہ اس کے تھن میں دودھ اکٹھا ہو جائے۔

حَشَكَ ـُ الحيوانُ حَشْكًا: جانور کا جو وغیرہ چبانا۔ هو حَشِكٌ۔

أحشكَ الدابّةَ: جو کا چارہ کھلانا۔

تحشّكَ الضرعُ: تھن کا دودھ سے بھر جانا

الحِشاكُ: بکری کے بچے کے منہ میں باندھی جانے والی لکڑی جس سے وہ دودھ نہ پی سکے ج: حُشُكٌ و أحشِكَةٌ۔

الحَشْكَةُ: بارش کی بوچھاڑ۔ ایک دفعہ کی بارش۔

الحَشَكَةُ: لوگوں کی بھیڑ، گروہ۔ کہتے ہیں: جاءَ القومُ بحَشَكَتِهِم: لوگ اپنے لاؤ لشکر کے ساتھ آئے ج: حَشَكٌ۔

الحَشُوكُ: ناقةٌ حَشُوكٌ: وہ اونٹنی جس کے تھن میں جلد دودھ اکٹھا ہو جاتا ہو ج: حُشُكٌ۔

الحَشِيكَةُ: جو۔ کہتے ہیں: عَلَفَ دابّتَه حَشِيكَةً۔

• حَشَلَ ـُ حَشْلًا: کم کرنا (۲) ذلیل کرنا (۳) تکلیف پہنچانا۔

الحَشْلُ: حقیر و ذلیل، گھٹیا چیز۔

• حَشَمَ فلانٌ ـِ حُشُومًا: منقبض ہونا و شرمانا حَشَمَ من كذا بھی بولتے ہیں۔
(۲) لاغری کے بعد موٹا ہونا کہتے ہیں: حَشَمَتِ الدوابُّ في أوّلِ الربيعِ: جانوروں کا موسم بہار کے شروع میں چارہ کھا کر موٹا ہونا۔

— فلانًا حَشْمًا: ناراض کرنا، نفرت دلانا، کھانے سے منقبض ہونے والے کو کہا جاتا ہے: ما الذي حَشَمَكَ؟ کس شے نے تم کو متنفر کر دیا۔

حَشِمَ ـَ حَشَمًا: شرمندہ ہونا (۲) ناراض ہونا

أحشَمَه: حَشَمَه۔

حَشَّمَهُ: ناراض کرنا، غصہ دلانا۔

احتَشَمَ: شرمانا (۲) باوقار رہنا یعنی زندگی میں معتدل اور قابل تعریف روش اختیار کرنا۔

احتشمَ بأمره: توجہ دینا۔

تحشّمَ منه: ناگواری محسوس کرنا اور شرمانا، ناراض ہونا، شرمندہ ہونا۔

— الشيءَ: بچنا، الگ رہنا۔

الحَشَمُ: کسی کے متعلقین، رشتہ دار، پڑوسی، خدام، ہمراہی، شریک غم و غصہ رہنے والے ج: أحشامٌ۔

الحُشْمَةُ: قرابت، رشتہ داری (۲) عورت۔

الحِشْمَةُ: شرم، حیا، وقار، انقباض، تمیز۔

الحُشُومُ: سکڑاؤ۔ کہتے ہیں: في يَدَيْهِ حُشُومٌ۔

الحَشِيمُ: باوقار، بارعب، باحیا (۲) پڑوسی ج: حُشَماءُ۔

المُحتَشِمُ: باوقار، باحیا، منقبض، غضبناک، باوضع۔

الاحتِشامُ: حیا، وقار، ندامت، تمیز، غصہ، وضع داری، رکھ رکھاؤ۔

• حَشِنَ الوعاءُ و نحوُه ـَ حَشَنًا: برتن وغیرہ کا دودھ یا چکنائی لگی رہنے سے بدبودار ہو جانا، بساند پیدا ہونا۔

— فلانٌ: دل میں بغض و کینہ رکھنا۔ هو حَشِنٌ۔

أحشنَ الوعاءُ و نحوُه: برتن کا نہ دھونے سے بدبودار ہو جانا۔

حاشنَه: کسی کے ساتھ گالم گلوچ کرنا۔

تحشّنَ: حَشِنَ۔

الحِشانُ: بدبودار برتن، بساند والا برتن۔

الحِشْنَةُ: کینہ، بغض۔

• الحَشْوَرُ: مضبوط اور گٹھے ہوئے جسم کا جانور ج: حَشاوِرُ و حَشْوَرَةٌ۔

الحَشْوَرَةُ: حَشْوَرٌ کی تانیث (۲) چالاک بڑھیا ج: حَشاوِرُ۔

• حَشَا الوسادةَ و نحوَها ـُ حَشْوًا: تکیہ وغیرہ میں روئی وغیرہ بھرنا۔

حَشَا فُلَانًا: آنتوں پر مارنا۔ حَشَاهُ سَہْمًا: اس کی آنتوں پر تیر مارا۔
حَشِيَ السِّقَاءُ ـَ حَشًى: مشکیزہ میں دودھ کا اس طرح چپک جانا جیسے بدن پر کھال جس سے بدبو ہو جاتی ہے۔
ـــ فُلَانٌ: آنتوں میں درد ہونا (۲) دمہ کی بیماری ہو جانا۔ هوحَشٍ وحَشْيَان وهي حَشِيَةٌ و حَشْيَا۔
حُشِيَ فُلَانٌ غَيظًا و كِبْرًا: غصہ اور بڑائی سے بھرنا۔ اسی سے ہے: حُشِيَ فُلَانٌ نَفسًا لَجُوْجَةً وحُشِيَ بها: فلاں آدمی ہٹ دھرم اور مغرور ہے
أَحْشَاهُ: دینا۔ کہاوت ہے: أَتَيْتُه فَمَا أَجَلَّنِي و مَا أَحْشَانِي: اس نے چھوٹی بڑی کوئی چیز نہیں دی۔
حَاشَا فلانًا من القَومِ: مستثنیٰ کرنا، بچانا۔ کہتے ہیں: شَتَمْتُهُم وَمَا حَاشَيْتُ مِنْهُم اَحَدًا۔ نیز کہا جاتا ہے: حَاشَى لِلّٰهِ و حَاشَ لله: اللہ کی پناہ۔ براءت ظاہر کرنے کے لئے کہا جاتا ہے۔ یعنی اللہ ہی نے اس سے مجھے روکا ہے
حَشَّى الكِتَابَ: کتاب پر حاشیہ چڑھانا۔
احْتَشَى: بھر جانا (روئی وغیرہ سے)، احْتَشَى من الطعامِ وغیرہ بھی بولا جاتا ہے یعنی کھانے وغیرہ سے بھر جانا، شکم سیر ہو جانا
ـــ المَرأةُ الحَشِيَّةَ و بها: گدّے کو اُوڑھ لینا۔
انْحَشَى: صَوتٌ فی صَوتٍ و حَرْفٌ فی حَرْفٍ: آواز کا آواز میں یا حرف کا حرف میں مل جانا۔
تَحَاشَى عَن كذا: بچنا، پاک رہنا، کنارہ کش ہونا۔
تَحَشَّت المَرأَةُ: عورت کا سرین کو بڑا کرنے کے لئے گدّی باندھ لینا۔
تَحَشَّى من فُلَانٍ: برائی سے بچنے کے لئے کسی سے دور رہنا، کنارہ کش ہونا۔
تَحَشَّى فی بَنِي فُلَانٍ: کسی کے گرد لوگوں کا اکھٹا ہونا اور اس کا ان کی پناہ میں آنا۔
ـــ فُلَانًا: مستثنیٰ کرنا۔
حَاشَا: کلمہ برائے استثناء، سوا، علاوہ۔ کبھی یہ حرف ہوتا ہے اور کبھی فعل اگر اسے فعل قرار دیا جائے تو یہ اپنے مابعد کو بربنائے مفعولیت نصب دیتا ہے جیسے ضَرَبْتُهُم حَاشَا زَيْدًا۔ اور اگر حرف مانا جائے تو یہ کسرہ دے گا یعنی حاشَا زَيْدٍ کہا جائے گا۔ یہ کلمہ برائے تنزیہ بھی استعمال ہوتا ہے یعنی کسی بری چیز سے مستثنیٰ کرنے کے لئے۔ اور خبردار کرنے کے لئے بھی جیسے حَاشَالَكَ اَنْ تَفْعَلَ كذا: خبردار تم ایسا نہ کرنا۔ حَاشَا لِلّٰه: خدا نخواستہ۔
الحَاشِيَةُ: گوٹ، کنارہ (۲) حاشیہ کتاب، نوٹ (۳) خدام (۴) اہل وعیال، مصاحبین ومتعلقین۔ کہتے ہیں: هؤلاء حَاشِيَتُه (۵) چھوٹے اونٹ ج: حَوَاشٍ۔ عَيْشٌ رَقِيقُ الحَوَاشِي: خوش گوار زندگی۔ كَلَامٌ رَقِيقُ الحَوَاشِي: لطیف گفتگو۔ رَجُلٌ رَقِيقُ الحَوَاشِي: ملنسار آدمی۔
رِجَالُ الحَاشِيَةِ: مصاحبین و مقربین، خدام۔
الحَاشِيَتَان: ابن المخاض اور ابن اللبون۔
حَاشِيَتَا الثَّوب: کرتے وغیرہ کے دو پلّے۔
الحَشَا: پیٹ کے اندر کی چیزیں جیسے جگر، تلی، اوجھ وغیرہ۔ مجازاً پیٹ (۲) کوکھ (۳) آنتیں (۴) دمہ (سانس کی گھٹن) (۵) گوشہ (۶) حفاظت، پناہ۔ أَنَا فی حَشَاه: میں اس کی حفاظت میں ہوں ج: أَحْشَاءٌ
الحَشَاةُ: أَرْضٌ حَشَاةٌ: کالی اور بیکار زمین۔
الحَشْوُ: بھراؤ، بھرتی یعنی وہ چیز جو کسی شئے کے اندر بھری جائے جیسے تکیہ میں روئی (۲) چھوٹے اونٹ (۳) ناقابلِ بھروسہ لوگ (۴) زائدبات جس کا کوئی فائدہ نہ ہو، بیکار اور فضول باتیں (۵) حَشْوُ الرَّجُلِ: نفس (۶) شعر کے غیرضروری اجزا۔
الحُشْوَةُ: چربی کے علاوہ پیٹ کی اندرونی چیزیں (۲) بکری کا پیٹ (۳) گھٹیا لوگ۔
الحَشْوَةُ: الحُشْوَةُ۔
الحَشْوِيَّةُ و الحَشَوِيَّةُ: حَشَا یا حَشْو کی طرف نسبت۔ بھراؤ سے متعلق، یا بھراؤ کا، آنتوں سے متعلق یا آنتوں کا (۲) ایک ظاہر پرست فرقہ جو جسمیت باری کا قائل ہے۔
الحَشْوِيُّ: فضول باتیں کرنے والا۔
الحَشِيُّ: آنتوں یا پیٹ کے درد کا مریض (۲) خشک (۳) خراب ہو جانے والا پودا وغیرہ
الحَشِيَّةُ: گدّا (۲) روئی کی گدی جس کو عورت اپنے سرین پر اس لئے باندھتی ہے کہ وہ بڑا نظر آئے ج: حَشَايا۔

ح ـــــ ص

• حَصَأَ الرَّضِيعُ ـَ حَصْئًا: بچہ کا سیر ہو کر دودھ پینا
ـــ من الماءِ: سیراب ہونا۔
أَحْصَأَهُ: سیراب کرنا۔
• حَصَبَهُ ـِ حَصْبًا: پتھر یا کنکر مارنا۔
ـــ المكانَ: کسی جگہ کنکریاں بچھانا یا پتھر وغیرہ بچھانا۔
ـــ النَّارَ بالحَصَب: آگ میں اسے تیز کرنے کے لئے لکڑیاں ڈالنا۔
ـــ فی الأَرْضِ: چلنا، جانا۔
ـــ منه: کسی سے آگے بھاگنا۔
ـــ فُلانًا عن كذا: باز رکھنا، دور کرنا۔
حَصِبَ الطِّفْلُ ـَ حَصَبًا: بچے کے کھسرا نکلنا جس میں تیز بخار اور شدید نزلہ ہوتا ہے

اور باریک دانے بھی نکلتے ہیں۔ مَحْصُوْبٌ: وہ بچہ جس کے خسرہ نکلی ہوئی ہو۔
أَحْصَبَ الفَرَسُ وغیرُہ: گھوڑے کا کنکریاں اڑاتے ہوئے تیز دوڑنا۔
ـــ فُلانا عن كذا: دور کرنا، باز رکھنا۔
حَصَّبَ الحَاجُّ: حاجی کا مقام مُحَصَّب میں رات کا کچھ حصہ گزارنا۔
ـــ المكانَ: کسی جگہ کنکریاں بچھانا۔
حُصِّبَ الطِّفلُ: بچہ کا خسرہ میں مبتلا ہونا۔
تَحَاصَبَا: ایک دوسرے پر کنکریاں مارنا۔
تَحَصَّبَ: حَصَّبَ کا مطاوع۔ کنکریوں والا ہونا، کنکریاں لگنا، دور ہونا، باز رہنا۔
ـــ الطَّيْرُ: پرندہ کا دانہ کی تلاش میں جنگل کی طرف جانا۔
الحَاصِبُ: مَكَانٌ حَاصِبٌ: پتھریلی جگہ، کنکریوں والی جگہ (۲) آندھی جو مٹی اور کنکریاں اڑائے۔ قرآن پاک میں ہے: "إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِبًا إِلَّا آلَ لُوطٍ" (۳) برف بار بادل۔
الحِصَابُ: رمی جمار کی جگہ (وہ جگہ جہاں حاجی شیطان کو کنکریاں مارتے ہیں)۔
الحَصَبُ: کنکریاں، سنگریزے (۲) جلانے کی لکڑیاں (۳) ایندھن جو آگ میں ڈالا جائے قرآن پاک میں ہے: "إِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِن دُوْنِ اللهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ"
الحَصِبُ: مَكَانٌ حَصِبٌ: کنکریلی جگہ۔
رِيحٌ حَصِبَةٌ: کنکریاں اڑانے والی ہوا۔
لَبَنٌ حَصِبٌ: ٹھنڈک کی وجہ سے جما ہوا دودھ جس سے مسکہ نہ نکلے۔
الحَصْبَاءُ: کنکریاں، سنگ ریزے۔
الحَصْبَةُ: سنگ ریزے (۲) خسرہ کا مرض۔
لَيْلَةُ الحَصْبَةِ: ایام تشریق کے بعد والی رات۔
الحَصَبَةُ: حَصَبٌ کا مفرد۔ کنکری، سنگ ریزہ (۲) خسرہ کی بیماری۔

المَحْصَبَةُ: کنکریلی زمین۔ أَرْضٌ مَحْصَبَةٌ: بہت کنکریوں والی زمین (۲) وہ زمین جہاں کثرت سے خسرہ نکلتی ہو۔
المُحَصَّبُ: مقام منیٰ میں کنکریاں مارنے (رمی جمار) کی جگہ۔
• حَصْحَصَ: اس طرح چلنا جیسے بیڑیاں پہننے والا چلتا ہے (۲) زمین میں جانا چلنا (۳) تیز چلنا تیز جانا (۴) کسی کام میں غلو کرنا، مبالغہ سے کام لینا (۵) مٹی کو کریدنا، دائیں بائیں کو ہلانا پلٹنا۔
ـــ الشيءُ: پوشیدگی کے بعد ظاہر ہونا (کہتے ہیں: حَصْحَصَ الحَقُّ)۔
ـــ البَعِيرُ: اونٹ کا بوجھ لے کر اٹھنے کے لئے گھٹنے ٹیکنا۔
ـــ بفُلانٍ: کسی کو چمٹنا اور پیچھے پڑنا۔
ـــ الشيءَ: الٹ پلٹ کرنا۔
ـــ الشيءَ في الشيءِ: کسی شے کو دوسری میں ہلا کر ایک کرنا۔
ـــ البَعِيرُ الأَرْضَ: اونٹ کا اپنے سینہ سے کنکریوں کو ہٹانا تاکہ بیٹھنے کے لئے نرم جگہ نکل آئے۔
تَحَصْحَصَ: حَصْحَصَ کا مُطاوِع (۲) زمین سے لگ کر سیدھا ہو جانا
ـــ الوَبَرُ ونَحوُہ: اونٹ کے بالوں کا کھال سے الگ ہو کر بکھر جانا۔
الحَصْحَاصُ: مٹی (۲) سَيْرٌ حَصْحَاصٌ: تیز رفتار۔
الحُصْحُصُ والحُصْحُوصُ (من الرِّجال): نکتہ رس آدمی، باریک بیں۔
• حَصَدَ الزَّرْعَ والنَّبَاتَ ـِ حَصْدًا وحَصَادًا: درانتی سے کاٹنا۔
ـــ القَومَ بالسَّيفِ: تلوار سے مار ڈالنا، مار مار کر بیخ و بن سے ختم کر دینا۔
ـــ الشيءَ: نتیجہ اور پھل پانا۔
حَصِدَ الحَبْلُ ونَحوُہ ـَ حَصَدًا: رسی وغیرہ کا

مضبوط ہونا، مضبوط بٹا ہوا ہونا۔ هو حَصِدٌ وأَحْصَدُ وهي حَصْدَاءُ۔
وَتَرٌ أَحْصَدُ: مضبوط بٹا ہوا تانت۔
دِرْعٌ حَصْدَاءُ: مضبوط اور تنگ حلقوں والی زرہ۔
أَحْصَدَ الزَّرْعُ: کھیتی کٹنے کا وقت آجانا۔
ـــ الحَبْلَ ونَحوَہ: رسی کو مضبوط بٹنا، مضبوط بنانا۔
احْتَصَدَ الزَّرْعَ ونَحوَہ: کھیتی وغیرہ کاٹنا۔
اسْتَحْصَدَ: مضبوط و مستحکم ہونا۔
ـــ الزَّرْعُ وغيرُہ: کھیتی وغیرہ کی کٹائی کا وقت آجانا۔
تَحَصَّدُوا: ایک دوسرے سے تقویت پانا۔
الحَصَادُ: کھیتی کی کٹائی۔ قرآن پاک میں ہے: "وَآتُوا حَقَّهُ يَوْمَ حَصَادِهِ" (۲) فصل کاٹنے کا وقت (۳) کٹی ہوئی کھیتی (۴) درخت کا پھل۔
الحَصَدُ: مضبوط بٹائی (زرہ، رسی، تانت وغیرہ کی) مستحکم بناوٹ۔
الحَصْدَاءُ من الشَّجَرِ: بہت پتوں والے درخت ج: حُصْدٌ۔
الحاصِدُ: کھیتی کاٹنے والا، پھل یا نتیجہ پانے والا، نفع اٹھانے والا۔
الحَصِيدُ: کٹی ہوئی کھیتی، پیداوار۔ قرآن پاک میں ہے: "فَأَنْبَتْنَا بِهِ جَنَّاتٍ وَحَبَّ الحَصِيدِ" ج: حَصَائِدُ۔
الحَصِيدَةُ: الحَصِيدُ (۲) کھیت (۳) کھیتی کاٹنے کے بعد بچی ہوئی جڑیں جن تک درانتی نہیں پہنچی ج: حَصَائِدُ۔
حَصَائِدُ الألْسِنَةِ: فضول باتیں، بے فائدہ کلام۔ حدیث میں ہے: "وهل يَكُبُّ النَّاسَ في النَّارِ على مناخرهم إلا حَصَائِدُ أَلْسِنَتِهِمْ"
المِحْصَدُ: درانتی، کھیتی کاٹنے کا اوزار یا مشین ج: مَحَاصِدُ۔

الْمُحْصَدُ : رَجُلٌ مُحْصَدُ الرَّأْيِ: پکی رائے آدمی .

• حَصَرَتِ النَّاقَةُ ـُ حَصْرًا: اونٹنی کے پیشاب کا سوراخ تنگ ہونا. النَّاقَةُ حَصُور. حَصَرَ الْإِحْلِيلُ بھی کہا جاتا ہے .

—— البَعِيْرَ : اونٹ کے پیر میں رسّی باندھنا

—— ه المَرَضُ او الخَوْفُ : محصور کرنا، نکلنے سے روکنا، کام میں رکاوٹ بننا.

—— فُلَانًا: روکنا، قید کرنا، تنگی میں ڈالنا. هو مَحْصُورٌ و حَصِيْرٌ .

—— الشيءَ: احاطہ کرنا، منحصر کرنا، محدود کرنا (۲) شمار کرنا.

—— المكانَ: گھیرنا، محاصرہ کرنا.

—— كَلِمَةً او عبارةً : بریکٹ میں کرنا، قوسین میں کرنا.

حَصِرَ ـَ حَصَرًا: تنگ دل ہونا (۲) بخیل ہونا (۳) شرم یا مجبوری کی بنا پر کسی چیز سے محروم رہنا. حَصِرَ القَارِئُ: قاری قرأت پر قادر نہ ہوا.

—— علی فُلَانٍ: کسی کو اپنی بھلائی سے محروم کرنا.

—— بالسِّرِّ: راز کو چھپانا.

—— عن الشيءِ: مجبوری کی بنا پر محروم رہنا هو حَصُورٌ.

—— النَّاقَةُ : اونٹنی کا مقید ہونا.

حُصِرَ فُلَانٌ : قبض ہونا یعنی فضلات کا پیٹ میں رک جانا. هو مَحْصُورٌ.

أَحْصَرَ البَعِيْرَ : پیر میں رسّی باندھنا ، مقید کرنا.

—— فُلَانًا: محصور کرنا، قید کرنا. أَحْصَرَهُ المَرَضُ و أَحْصَرَهُ الخوفُ : بیماری یا خوف نے اسے محصور کر دیا (ایک جگہ روک دیا). قرآن پاک میں ہے: "فَإِنْ أُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ"

أُحْصِرَ فُلَانٌ : قبض میں مبتلا ہونا. أُحْصِرَ بِغَائِطِهِ او بَوْلِهِ : پیشاب یا پاخانہ کا رک جانا، بند پڑنا. أُحْصِرَ عليه غَائِطُهُ او بَوْلُهُ بھی کہا جاتا ہے.

حَاصَرَهُ : احاطہ کرنا، محاصرہ کرنا، چاروں طرف سے گھیرنا.

اِحْتَصَرَ البَعِيْرَ: پیر میں رسّی باندھنا.

الحِصَارُ: جانور کے پیر کی رسّی، قید (۲) محاصرہ، وہ جگہ جہاں انسان کو گھیرا جائے، احاطہ، گھیرا (۳) موسیقی کا ایک نغمہ (۴) شہر یا قلعہ کی فصیل ج: حُصُرٌ و أَحْصِرَةٌ . رَفْعُ الحِصَارِ: محاصرہ ختم کرنا. فَرْضُ الحِصَارِ علی: محاصرہ قائم کرنا.

الحَصْرُ: قید، رکاوٹ (۲) انحصار (۳) محاصرہ، احاطہ (۴) عربی اصطلاح میں کسی حکم کو کسی ایک کے لئے ثابت کرنا اور اس کے سوا سے نفی کرنا. اسی کو قَصْرٌ بھی کہا جاتا ہے (۵) مناطقہ کے نزدیک قضیہ کے محصورہ ہونے کو کہتے ہیں قضیہ محصورہ یعنی قضیہ مسوّرہ. قضیہ مسوّرہ وہ قضیہ ہے جس میں سور مذکور ہو اور حکم کل کے افراد پر ہو.

الحَصْرُ العَقْلِيُّ : اثبات و نفی میں دائر و سائر ہونے والا حکم جیسے ہم کہیں کہ العَدَدُ إِمَّا زَوْجٌ و إِمَّا فَرْدٌ . عدد عقلاً یا تو جفت ہو گا یا طاق. بالحَصْرِ: ٹھیک ٹھیک، تحقیقی طور پر.

عَلَامَةُ الحَصْرِ: بریکٹ [ ]

يَفُوقُ الحَصْرَ: بے شمار، لاتعداد.

الحُصْرُ: پیشاب یا پاخانہ کا بند.

الحَصُورُ: طاقت کے باوجود خواہشاتِ نفس سے باز رہنے والا، پاکیزہ و بلند کردار. قرآن پاک میں ہے: "أَنَّ اللهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيَى مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ مِنَ اللهِ وَ سَيِّدًا وَ حَصُورًا".

الحَصِيْرُ: تنگ دل آدمی (۲) بخیل و کنجوس (۳) کھجور وغیرہ کے پتوں سے بُنی ہوئی چٹائی، بوریا (۴) مجلس، لوگوں کی قطار (۵) قید (۶) مانع، رکاوٹ. قرآن پاک میں ہے: "وجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكَافِرِيْنَ حَصِيْرًا" ج: حُصُرٌ و أَحْصِرَةٌ.

الحَصِيْرَةُ : چٹائی، بوریا.

حَصِيْرَةُ الشُّبَّاكِ : چق، چلمن.

حَصِيْرَةٌ خَشَبِيَّةٌ : لکڑی کا سائبان.

المَحْصُوْرَةُ : أَرْضٌ مَحْصُوْرَةٌ: پانی برسی ہوئی زمین.

المِحْصَرَةُ: اونٹ کا گدیلا.

المُحْتَصَرُ: شیر.

• حَصْرَمَ فُلَانٌ : بخیل و کنجوس ہونا.

—— الوعاءَ: لبالب بھرنا.

—— الشيءَ: تنگ بنا دینا.

—— الحَبْلَ و نَحْوَهُ : رسّی وغیرہ کو مضبوط کرنا.

تَحَصْرَمَ : حَصْرَمَ .

الحِصْرِمُ: کچا پھل (۲) ہر شے کی ردی اور خراب قسم (۳) رَجُلٌ حِصْرِمٌ: کنجوس و بے فیض آدمی.

• حَصَّ الفَرَسُ وغَيْرُهُ ـُ حَصًّا و حُصَاصًا: تیز دوڑنا.

—— الشَّعْرَ حَصًّا : بال مونڈنا.

—— الشيءَ: زائل کرنا. حَصَّتِ البَيْضَةُ رَأْسَهُ: خود نے اس کے بالوں کو اتنا گھسا کہ وہ جھڑنے کے قریب ہو گئے.

—— فُلَانًا كذا من المال: کسی کا مال میں کوئی حصہ مقرر کرنا، حصہ دینا.

حَصَّ الشَّعْرُ ـَ حَصَصًا: بالوں کا جھڑنا. حَصَّ فُلَانٌ: فلاں کے بال جھڑ گئے. حَصَّتْ لِحْيَتُهُ: اس کی داڑھی کے بال کم ہو گئے. حَصَّ الطَّائِرُ و حَصَّ جَنَاحُهُ: بال یا پروں کا کم ہونا اور

بکھر جانا۔ فہو أحصّ وھی حصّاءُ ج: حُصٌّ۔

أحصّهٗ: حصہ دینا۔

حاصّه مُحاصّةً وحِصاصًا: باہم حصے تقسیم کرنا، ہر ایک کا اپنا حصہ لینا، کسی سے اپنا حصہ تقسیم کرانا، حق لینا۔

حصّص الشیئَ: حصے کرنا۔

ــــ الشیئُ: ظاہر ہونا۔

انحصّ: بال گرنا، جھڑنا۔

تحاصّوا الشیئَ: کسی چیز کو آپس میں تقسیم کرنا، اپنے اپنے حصے لینا۔

الأحصّ: رَجُلٌ أحصُّ: جس کے سر پر بال کم ہوں یا بڑھتے نہ ہوں۔

یَومٌ أحصُّ: سخت سردی والا اور صاف آسمان والا دن۔

سَیفٌ أحصُّ: بے اثر تلوار۔

الحصّاءُ: سَنَةٌ حصّاءُ: خشک سال، بے فائدہ سال۔ رِیحٌ حصّاءُ: صاف ہوا جس میں گرد و غبار نہ ہو۔

الحاصّةُ: بال جھڑنے کی بیماری۔ کہاوت ہے: بَینَهُم رَحِمٌ حاصّةٌ: ان کے تعلقات خراب ہیں ج: حَوَاصُّ۔

الحُصَاصَةُ: بیل پر بچے ہوئے انگور۔

الحُصُّ: سرخ رنگ کی ایک گھاس جس سے رنگائی کی جاتی ہے (۲) زعفران ج: حُصُوصٌ و أحصاصٌ۔

الحِصّةُ: حصہ، حق ج: حِصَصٌ (۲) تعلیمی وقفہ

الحِصّةُ الدّراسیّةُ: پیریڈ، حصۂ تعلیم۔

الحَصِیصُ: جھڑے ہوئے بال یا پر۔ فَرَسٌ حَصِیصٌ: وہ گھوڑا جس کے پاؤں کے پچھلے حصے اور دم کے بال کم ہوں (۲) تعداد کہتے ہیں: حَصِیصُ القومِ کذا۔

الحَصِیصَةُ: اکٹھا کئے ہوئے مونڈے ہوئے بال یا چونٹے ہوئے بال ج: حصائصُ۔

• حَصِفَ الرّجلُ او جِلدُهٗ ـَ حَصَفًا: خشک خارش میں مبتلا ہونا۔ ھو حَصِفٌ۔

حَصُفَ الشیئُ ـُ حَصَافَةً: عمدہ اور مستحکم ہونا (کوئی نقص نہ ہونا)

ــــ فلانٌ: صائب الرائے ہونا، دانشمند اور ذی عقل ہونا۔ ھو حَصِیفٌ۔

أحصَفَ الفرسُ و نحوُهٗ: گھوڑے وغیرہ کا قدم ملا کر تیز دوڑنا۔

ــــ الشیئَ: مضبوط و مستحکم کرنا جیسے أحکمَ الحائکُ نسجَ الثّوبِ: بنکر نے کپڑے کو ٹھونک کر بُنا۔

ــــ الحرُّ فلانًا فی جلدِهٖ: کسی کی جلد پر گرمی سے دانے نکلنا۔

ــــ الشیئَ عن کذا: دور کرنا، ہٹانا۔

استحصَفَ الشیئُ: عمدہ اور مضبوط ہونا کہتے ہیں: استحصَفَ الحبلُ و استحصَفَ الرّأیُ۔

ــــ القومُ: لوگوں کا اکٹھا ہونا۔

ــــ علیه الزّمانُ: زمانہ کا سختی کرنا۔

الحَصَفُ: خشک کھجلی (۲) چھوٹی پھنسیاں (۳) گرمی کے دانے۔

الحَصَافَةُ: اصابت رائے، دانش مندی، دوراندیشی، پختگی۔

الحَصِفُ والحَصِیفُ: دانشمند، ذی رائے، عقل مند، پختہ کار (۲) بے نقص و بے خلل شئے۔

المِحصَافُ: تیز رو چوپایہ ج: مَحَاصِیفُ۔

المِحصَفُ و المُحصِفُ: المِحصَافُ ج: مَحَاصِیفُ۔

• حَصَلَ ـُ الشیئُ حُصُولًا: حاصل ہونا (۲) باقی بچنا (۳) واقع ہونا، ثابت ہونا۔ ما حَصَلَ فی یدی شیئٌ منه: اس میں سے کوئی چیز میرے ہاتھ نہ آئی۔

ــــ علیه کذا: واجب ہونا، قائم و ثابت ہونا۔

ــــ علی شیئٍ: پانا، حاصل کرنا۔

حَصَلَ له کذا: پیش آنا، واقع ہونا۔ ماحصّلتُ منه علی شیئٍ: میں نے اس سے کچھ نہ پایا۔ ماذا حصلَ له: اسے کیا بات پیش آئی۔

حَصِلَ ـَ حَصَلًا الدّابّةُ: جانور کا کنکریا کھانے سے درد شکم ہونا۔

أحصَلَ النّخلُ: کھجور کا نیم پختہ پھل والا ہونا

حَصَّلَ الشیئَ و الأمرَ: الگ کرنا، ایک شئے کو دوسری سے چھڑانا۔ کہتے ہیں: حَصَّلَ الذّهبَ من حَجَرِ المَعدِنِ و حَصَّلَ البُرَّ مِنَ التِّبنِ (۲) اکٹھا کرنا، جمع کرنا (۳) حاصل کرنا۔ حَصَّلَ العلمَ والمالَ۔

ــــ الکلامَ: کلام کو اصل پر لوٹانا، نتیجہ نکالنا، خلاصہ نکالنا (۲) کلام کو اپنے مفاد کے مطابق بنانا۔

ــــ النّخلُ: کھجور کا نیم پختہ پھل والا ہونا۔

تحصّلَ: جمع ہونا، وصول ہونا (۲) حاصل اور نتیجہ نکلنا۔ تحصّلَ من المُناقشةِ کذا: مباحثہ کا یہ حاصل نکلا۔

الحاصِلُ: جوہر، معدنی پتھر سے چھڑایا ہوا سونا چاندی (۲) خلاصہ۔ حاصِلُ الموضوعِ: خلاصۂ کلام (۳) علم الحساب میں جمع یا ضرب کا نتیجہ (۴) اسٹور، مخزن ج: حَوَاصِلُ۔ (۵) میزان، مجموعی رقم (۶) مختصر یہ کہ (۷) پیداوار۔

حاصلات زراعیّة: زرعی پیداوار۔

الحُصَالَةُ: غلہ کا کوڑا کرکٹ جو صاف کرنے کے بعد بچتا ہے۔

الحَصّالَةُ: حَصّالةُ النُّقودِ: روپیہ جمع کرنے کا بکس، صندوقچہ وغیرہ، سیونگ بکس

الحَصَلُ: پختہ کھجور جو زیادہ نہ پکی ہو، نیم پختہ کھجور (۲) شگوفہ، کھجور کا گابھا (۳) چاول وغیرہ کا بھوسا، تلچھٹ (۴) گیہوں وغیرہ میں ملا ہوا کالا دانہ جسے الگ کیا جاتا ہے۔

اَلحُصُول : یافت، وقوع۔
اَلحَصِیْلُ : حاصل شدہ مال وغیرہ۔
اَلحَصِیْلَةُ : حاصل شدہ مال وغیرہ، ماحصل جیسے حَصِیْلَةُ الضَّرَائِب وحَصِیْلَةُ الأَرْبَاح (۲) بقیہ (۳) نتیجہ (۴) مجموعہ (۵) پیداوار۔
حَصِیْلَةُ المَال: آمدنی۔ حَصِیْلَةُ الجَمع: ٹوٹل، میزان، حاصل جمع ج: حَصَائِل
اَلمُحَصِّل: سونا یا چاندی کو کان کے پتھر سے الگ کرنے والا (۲) کان سے مٹی نکالنے والا (۳) مُحصّل، وصول کنندہ۔
اَلمَحْصُول: پیداوار (۲) آمدنی (۳) نتیجہ، خلاصہ، ج: مَحصُولات۔ کہتے ہیں: مالفلان مَحصُولٌ و لا مَعْقُول: اسے نہ عقل ہے نہ سلیقہ۔
اَلمَحصَل: چھلنی ج: مَحَاصِل۔
اَلتَّحصِیْلُ : کامیابی، تکمیل، وصولیابی۔
• حَصَمَ الشیءَ ـِ حَصْمًا: کوٹنا (۲) گھوڑے کا گوز کرنا۔
اِنْحَصَمَ العُودُ: لکڑی وغیرہ کا ٹوٹ جانا۔
اَلحَصِیْمُ : چھوٹے سنگ ریزے، کنکریاں۔
اَلمِحْصَمَةُ : لوہے کی موسلی (کوٹنے والی موسلی)
• حَصُنَ المکانُ ـُ حَصَانَةً: مضبوط و محفوظ ہونا۔ هو حَصِیْنٌ۔
ـــ المرأةُ حِصْنًا و حَصَانَةً: پاکدامن ہونا (۲) شادی شدہ ہونا۔ هی حَصَانٌ ج: حُصُنٌ۔
أَحْصَنَ الرَّجُلُ: شادی شدہ ہونا (۲) پاک دامن ہونا۔ هو مُحْصَنٌ و هی مُحْصَنَةٌ۔ قرآن پاک میں ہے: "والمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَاءِ"
ـــ الفَرَسُ: گھوڑی کا نر (گھوڑا) جننا فالفَرَسُ مُحْصِنٌ۔
ـــ الشیءَ: محفوظ کرنا، حفاظت کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "والَّتِی أَحْصَنَتْ فَرْجَهَا"

أَحْصَنَ المَرْأَةَ: عورت کی شادی کرنا۔
حَصَّنَ الشیءَ : أَحْصَنَه۔
ـــ الإنسانَ والحَیَوانَ من المَرَضِ: انسان یا حیوان کو بیماری سے بچانے کے لئے احتیاطی تدبیر کرنا۔
تَحَصَّنَ: مضبوط و مستحکم ہونا (۲) حفاظتی تدبیر کرنا۔
ـــ بالحِصْنِ: قلعہ بند ہونا، قلعہ میں محفوظ ہونا۔
ـــ المرأةُ : پاک دامن ہونا۔
ـــ المُهْرُ: (گھوڑے کے) بچہ کا پورا گھوڑا بن جانا۔
الحاصِنُ و الحَاصِنَةُ: پاک دامن عورت (۲) شادی شدہ عورت۔
الحِصَانُ : گھوڑا ج: حُصُنٌ و أَحْصِنَةٌ۔
الحَصْنَاءُ: (من النِّسَاء) پاک دامن عورت۔
التحصِیْنُ : مضبوطی، تقویت (۲) قلعہ بندی ج: تَحْصِیْنَات۔
الحِصْنُ: قلعہ، محفوظ مقام ج: حُصُونٌ و أَحْصَانٌ و حِصَنَةٌ۔
ابو الحِصْن: لومڑی کی کنیت۔
الحَصِیْنُ : محفوظ و مستحکم۔
الحُصَیْنُ : ابو الحُصَیْن : لومڑی کی کنیت
المِحْصَنُ : الحِصْنُ (۲) ٹوکری (۳) تالا۔
خَطُّ التَّحْصِیْن : دفاعی لائن، مورچہ
• حَصَاهُ ـُ حَصْوًا : روکنا۔
الحَصْوُ : پیٹ کا مروڑ۔
• حَصَاهُ ـِ حَصْیًا: کسی کو کنکریاں مارنا یا کسی پر کنکریاں پھینکنا۔
حَصِیَتِ الأَرْضُ ـَ حَصًی: زمین کا کنکریوں والی ہونا۔ هی حَصِیَةٌ۔
حُصِیَ الرَّجُلُ: پتھری کا مریض ہونا۔ هو مَحْصِیٌّ۔
أَحْصَی الشیءَ: شمار کرنا، مقدار جاننا۔
ـــ الکتابَ: کتاب یاد کرنا۔

حَصَّی الشیءَ: بچانا، حفاظت کرنا۔
تَحَصَّی: بچنا، محفوظ ہونا۔
اِسْتَحْصَی: عقل کا پختہ ہونا۔
إِحْصَاءَات: اعداد و شمار۔
إِحْصَاءُ النُّفُوس: مردم شماری۔
إِحْصَائِیٌّ : اعداد و شمار کا، مردم شماری سے متعلق۔
الاِحْصَائِیَة : مردم شماری، اعداد و شمار۔
الحَصَی: کنکریاں، پتھر کے ٹکڑے (۲) بڑی تعداد۔
الحَصَاةُ : پتھری، سنگ ریزہ، کنکری ج: حَصًی و حُصِیٌّ (۲) مثانہ میں پیشاب کی وہ گاد جو پتھری بن جاتی ہے۔ کہتے ہیں: مَالَهُ حَصَاةٌ و لا أَصَاةٌ: اس کی کوئی رائے نہیں ہے کہ وہ اسے اختیار کرے
حَصَاةٌ بَوْلِیَّة: وہ پتھری جو پیشاب کے راستہ نکلتی ہے۔
حَصَاةُ اللِّسَان: زبان کی طلاقت، روانی، زبان درازی۔
الحَصِیُّ : پختہ عقل والا۔
المَحْصَاةُ: أَرْضٌ مَحْصَاة: بہت کنکریوں والی زمین۔

ح ـــــ ض

• حَضَأَتِ النَّارُ ـَ حَضْئًا: آگ کا لپٹیں مارنا، سلگنا۔ حَضَأَتِ الحَرْبُ: جنگ کے شعلے بھڑکنا۔
ـــ النَّارَ: سلگانا، بھڑکانا، تیز کرنا۔ حَضَأَ الحَرْبَ: جنگ کی آگ بھڑکائی۔
ـــ الحوادِثُ الهُمُومَ: واقعات کا غموں کو تازہ کرنا۔
أَحْضَأَ النَّارَ: سلگانا، تیز کرنا۔
الحَضَاءُ: آگ کی لپٹ۔
الحَضِیُّ : أَبْیَضُ حَضِیٌّ: انتہائی سفید
المِحْضَأُ: آگ کریلنی، کریدنی، چمٹی، آگ کو تیز کرنے کے لئے کریلنے کی لکڑی یا چمٹی وغیرہ۔

•حَضَبَ النَّارَ ـِ حَضْبًا: سلگانے کے لئے آگ پر لکڑیاں ڈالنا، ایندھن ڈالنا۔ حَضَبَ الحَرْبَ: جنگ کی آگ بھڑکانا۔
أَحْضَبَتِ القَوْسُ: کمان سے آواز نکلنا۔
ـــ النَّارَ: آگ میں ایندھن ڈالنا (تیز کرنے کے لئے) أَحْضَبَ الحَرْبَ: جنگ کو بڑھاوا دینا۔
تَحَضَّبَ الرَّجُلُ: دور کا آسان راستہ چھوڑ کر قریب کا دشوار گزار راستہ اختیار کرنا۔
الحِضْبُ و الحُضْبُ: کمان کی آواز۔
الحَضَبُ: ایندھن، اسی بنا پر حضرت ابن عباسؓ نے حَطَبُ جَهَنَّم کے بجائے حَضَبُ جَهَنَّمَ پڑھا ہے۔
المِحْضَبُ: آگ کریدنی، چھڑی جس سے ہلا کر آگ کو سلگایا جائے۔
•حَضَجَ عن الطَّرِيق ـُ حَضْجًا: راستہ سے ہٹنا۔
ـــ بالشئ الأَرْضَ: زمین پر پٹخنا۔ حَضَجَ بفُلانٍ الأَرْضَ: کسی کو زمین پر پچھاڑنا
ـــ البَعِيرُ حِمْلَه و بحِمْلِه: اونٹ کا بوجھ کو اتار پھینکنا۔
حَضَّجَ كلامَه و به وفيه: کلام میں خامی چھوڑنا اور اسے کسی ایک رخ پر لے جانا۔
انْحَضَجَ البَعِيرُ و نَحْوُه: اونٹ وغیرہ کا ایک پہلو پر بیٹھنا (۲) اونٹ کا بیٹھنا۔
ـــ الرَّجُلُ: لیٹنا (۲) زمین وغیرہ پر دراز ہونا (۳) غصہ سے خود کو زمین پر پٹخنا۔
الحِضْجُ: زمین کی لگی ہوئی چیز (۲) حوض کی تہ میں جمی ہوئی مٹی (۳) چوپاؤں کے پانی پینے کے بعد بچنے والی گاد ج: أَحْضَاجٌ۔
رَجُلٌ حِضْجٌ: اقدام کرنے والا آدمی۔
الحِضاج: بھری ہوئی بڑی مشک۔
الحَضِيجُ: حَضِيجُ الوَادِي: وادی کا کنارہ، گوشہ۔
المِحْضَاجُ: دھلائی کے وقت کپڑا کوٹنے کی موگری (۲) آگ کریدنے کی لکڑی یا لوہا، کریدنی۔
المِحْضَجُ: راستہ سے ایک طرف ہونے والا۔
المِحْضَجَةُ: المِحْضَاجُ۔
•حَضَرَ فُلانٌ ـُ حِضَارَةً: شہر میں مقیم ہونا۔
ـــ الغائِبُ حُضُورًا: آنا، حاضر ہونا۔
ـــ الشئُ: موجود ہونا۔
ـــ الصَّلاةُ: نماز کا وقت آجانا۔
ـــ عن فُلانٍ: کسی کے قائمقام ہو کر آنا۔
ـــ المَجْلِسَ و نَحْوَه: مجلس وغیرہ میں شریک ہونا (۲) عدالت میں پیش ہونا۔
ـــ الأَمْرُ فُلانًا: کسی کو کوئی بات پیش آنا قرآن پاک میں ہے: "كُتِبَ عَلَيْكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ المَوْتُ إِنْ تَرَكَ خَيْرًا الوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ والأَقْرَبِيْنَ" (۲) دل میں آنا۔
ـــ الأَمْرَ بخَيْرٍ: کسی معاملہ میں اچھی رائے رکھنا، نیک نیت ہونا۔
أَحْضَرَ الفَرَسُ او الرَّجُلُ: تیز دوڑنا۔ الرَّجُلُ و الفَرَسُ مِحْضَارٌ و مِحْضِيْرٌ ج: محاضِيْرُ۔
ـــ الشئَ: لانا، حاضر کرنا۔
ـــ الشئَ فُلانًا: کسی کے پاس کوئی چیز لانا۔ قرآن پاک میں ہے: "وأُحْضِرَتِ الأَنْفُسُ الشُّحَّ" دل کنجوسی کی طرف مائل ہو گئے۔
ـــ ذِهْنَه لِلأَمْرِ: ذہن کو متوجہ کرنا، مرکوز کرنا۔
حَاضَرَ القَوْمَ: بروقت ذہن میں جو بات آئے وہ کہنا، حاضر جوابی سے کام لینا، کلام میں مقابلہ کرنا، غالب آنا۔ فُلانٌ حَسَنُ المُحَاضَرَة: فلاں اچھا حاضر جواب اور خوش گفتار ہے (۲) اپنے حق کے لئے لڑ کر اسے وصول کرنا (۳) علمی تقریر کرنا، لکچر دینا۔
حَاضَرَ خَصْمَه: لڑنے جھگڑنے کے لئے اپنے مقابل کے ساتھ گھٹنوں کے بل بیٹھنا۔
ـــ غَيْرَه حِضارًا: کسی کے ساتھ دوڑنا۔
حَضَّرَه: تیار کرنا۔ حَضَّرَ الدَّرْسَ و حَضَّرَ الدَّوَاءَ و حَضَّرَ الأَدَوَاتِ اللَّازِمَةَ لِلتَّجَارِب: تجربات کے لئے ضروری سامان تیار کرنا، بنانا (۲) متمدن بنانا۔
احْتَضَرَ المَجْلِسَ: حاضر ہونا، شریک ہونا۔
ـــ المكانَ: آنا، پہنچنا۔ قرآن پاک میں ہے: "كُلُّ شِرْبٍ مُحْتَضَرٌ" اس کے مستحقین وہاں آتے ہیں (۲) شہر میں رہنا۔
احْتُضِرَ: موت آجانا۔
تَحَضَّرَ: آنا، پہنچنا (۲) تیار ہونا (۳) متمدن ہونا، شہری زندگی کے آداب و اخلاق اختیار کرنا۔
اسْتَحْضَرَه: طلب کرنا، حاضر کرانا، منگانا۔
ـــ الفَرَسَ: دوڑانا۔
ـــ فُلانٌ المَسَائِلَ: یاد کرنا، ذہن میں لانا۔
الحَاضِرُ: پانی کے قریب مستقل قیام پذیر لوگ (۲) وہ محلہ جس کے کسی کسی مکان میں لوگ اکھٹے ہوں (۳) شہری، شہر میں رہنے والا (۴) زمانۂ حال (۵) موجود، ضد غائب (۶) شریک ج: حُضُورٌ و حُضَّارٌ و حُضَّرٌ (۷) وہ جگہ جہاں جنات آباد ہوں، بیٹھک۔ فُلانٌ حَاضِرُ الجَوَاب و حَاضِرُ البَدِيْهَة: حاضر جواب، ذہین و چالاک۔ حاضِرُ الذِّهْن و الفِكْر: حاضر دماغ۔
الحَاضِرَة: موجود لوگ (۲) حَاضِرَةُ الشَّئ: قریب و نزدیک والی چیز۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاسْأَلْهُم عن القَرْيَةِ الَّتی كانَتْ حَاضِرَةَ البَحْرِ" (۳) شہری علاقہ یا آبادی والا علاقہ جس میں شہر قصبات

و دیہات شامل ہیں اس کا مقابل بَادِیَة (جنگل) ہے۔

التِّجَارَةُ الحَاضِرَةُ: نقدانقدی تجارت جس میں نقد فروختگی ہو۔ قرآن پاک میں ہے: "إِلَّا أَنْ تَكُونَ تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيرُونَهَا بَيْنَكُمْ" حَاضِرَةُ البِلَادِ: پایۂ تخت، دارالحکومت ج: حَوَاضِر۔

الحِضَارُ: چوپاؤں کے دوڑنے کی ایک قسم (کودتے ہوئے دوڑنا) (۲) مضبوط اور بہتر رفتار اونٹنی (۳) سفید اونٹ، اس میں واحد وجمع برابر ہیں (۴) کنیز کے چہرہ پر لگی ہوئی خوشبو۔

الحَضَارَة: تمدن، شہریت، شہری زندگی (۲) تہذیب (بداوۃ کی ضد) شہری زندگی میں علمی ادبی فنی اور معاشرتی ترقیات کا مظہر۔

الحَضَرَ: آبادی جس میں شہر قصبات اور دیہات شامل ہیں (۲) شہری لوگ، باشندگان شہر (۳) جو سفر کے لائق نہ ہوں (۴) حالت قیام مقابل سفر۔

الحَضَرِيُّ: شہری۔

الحَضِرُ: طفیلی جو لوگوں کے کھانے کے وقت میں تاک میں رہتا ہو، مقیم، سفر کا ارادہ رکھنے والا۔

الحُضُرُ: اچھل کر لگائی جانے والی دوڑ۔

الحَضْرَاءُ: کھانے پینے میں عجلت کرنے والی اونٹنی۔

الحَضْرَةُ: موجودگی۔ جیسے كَلَّمْتُهُ بِحَضْرَةِ فُلَانٍ: میں نے اس سے فلاں کے سامنے یا موجودگی میں بات کی (۲) قرب، نزدیکی جیسے كُنْتُ بِحَضْرَةِ الدَّارِ۔

حَضْرَةُ الرَّجُلِ: صحن۔ حَضْرَةُ فُلَانٍ: (مضاف الیہ کی تبدیلی کے ساتھ) بطور مجاز اعزاز کے لئے بولا جاتا ہے۔ بمعنی آپ، جناب، موصوف۔ قال حَضْرَةُ فُلَانٍ: أَذِنَ حَضْرَتُهُ، هل تَأْذَنَ حَضْرَتُكُمْ (۲) شہر (۳) تعمیراتی سامان جیسے اینٹ چونا وغیرہ۔

الحَضُورِيُّ: ملک یمن کے شہر حضور سے لایا ہوا کپڑا۔

الحَضِيرَةُ: لڑائی کے لئے تیار لوگوں کی جماعت (۲) مقدمۃ الجیش، کھجوروں کا کون، تھیلا وغیرہ (۳) کھجوریں پھیلانے کی جگہ ج: حَضَائِر وحَضِيرٌ۔

المِحْضَارُ: تیز دوڑنے والا ج: مَحَاضِير۔

مَحَاضِيرُ العَرَبِ: دوڑنے میں مشہور کچھ عرب لوگ مثل الشَّنْفَرَى، اور سُلَيك ابنُ السُّلَكَة۔

المَحْضَرُ: چشمۂ آب (۲) پانی کے مقام پر آکر آباد ہونے والے (۳) ریکارڈ، دستاویزات کا مجموعہ (۴) روئداد جلسہ وغیرہ، کارروائی (۵) کاموں کی رپورٹ جیسے مَحْضَرُ الشُّرْطَة: پولس رپورٹ۔ مَحْضَرُ وَقَائِعِ الجَلْسَة: روئداد یا کارروائی ٹنگ ج: مَحَاضِر۔ فُلَانٌ حَسَنُ المَحْضَرِ: غائب کا ذکر خیر کرنے والا۔

المُحْضِرُ: عدالت میں مقدمہ والوں کو آواز لگانے والا اہل کار (۲) سمن لانے والا، سمن تعمیل کرانے والا۔ مُحْضِرُ المَحْكَمَة بھی کہا جاتا ہے۔

المُحَضِّرُ: دوائیں وغیرہ تیار کرنے والا، تجربہ گاہ میں مددگار افسر جو نرس کے معلم کو اشیا ضروریہ فراہم کرتا ہے۔

المُحَضَّرُ: تیار کردہ: المُحَضَّرَات: مصنوعات

المَحْضُورُ: جلد خراب ہونے والی چیز۔

مكان مَحْضُورٌ: وہ جگہ جہاں جنات آباد ہوں (۲) آسیب زدہ۔

اِسْتِحْضَارٌ: طلبی، مراجعت۔

التَّحْضِيرُ: تیاری۔ لَجْنَةُ التَّحْضِيرِ: تیاری کمیٹی۔

تَحْضِيرِيٌّ: تمہیدی، تیاری سے متعلق۔

اللَّجْنَةُ التَّحْضِيرِيَّةُ: استقبالیہ کمیٹی، تیاری کمیٹی۔

المُحَاضِرُ: لکچرار، علمی موضوع پر تقریر کرنیوالا۔

المُحَاضَرَةُ: لکچر، علمی تقریر (۲) حاضر جوابی ج: مُحَاضَرَات۔

المُحْتَضَرُ: لب دم، جس کی موت آگئی ہو۔

• حَضْرَمَ في كلامه: اعرابی غلطی کرنا۔

ـــ الشيءَ: مخلوط کردینا، ملا دینا (۲) درخت کی چھال اتارنا (۳) کمان کو مضبوط کرنا۔

الحَضْرَمِيُّ: حضرموت کا رہنے والا ج: حَضَارِمَة

الحَضْرَموت: ملک یمن کے قریب ایک جگہ کا نام

• حَضَّه على الأَمْرِ حَضًّا: کسی کام کیلئے خوب زور دینا، ابھارنا، اکسانا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلَا يَحُضُّ عَلَى طَعَامِ المِسْكِينِ"

حَاضَّ فُلَانٌ فُلَانًا: ایک دوسرے کو ابھارنا آمادہ کرنا۔

حَضَّضَه على الأمرِ: خوب ابھارنا، اکسانا، آمادہ کرنا۔

تَحَاضُّوا: ایک دوسرے کو ابھارنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلَا تَحَاضُّونَ على طَعَامِ المِسْكِينِ"

التَّحْضِيضُ: علم نحو میں حروف تخصیص میں سے کسی حرف کے ذریعہ کسی کام کے لئے ابھارنا آمادہ کرنا، وہ حروف یہ ہیں: هَلَّا، أَلَّا، أَلَا، لولا، لَوْمَا۔

الحَضَضُ: کہتے ہیں: ما عنده حَضَضٌ ولا بَضَضٌ: اس کے پاس کچھ نہیں۔

الحِضِّيضَى: حَضٌّ کا اسم مصدر، اکساہٹ، ترغیب۔

الحَضِيضُ: پست زمین، پہاڑ کی زیریں زمین (۲) کھڈ، گڑھا (۳) پستی اوج کی ضد (۴) علمار فلک کے نزدیک اوج کا مقابل نقطہ جو

چاند کی اعلیٰ منزل ہے۔

الحَضِيْضَةُ : کہتے ہیں: أَخْرَجْتُ اليه حَضِيْضَتي و بَضِيْضَتي : میرے پاس جو کچھ تھا اس کے سامنے رکھ دیا۔

• حَضَنَه ـُ حَضْنًا و حَضَانَةً : گود میں لینا، سینے سے لگانا۔

حَضَنَ الطَّائِرُ البَيْضَ : انڈے سینا (بچے نکالنے کے لئے انڈوں پر بیٹھنا)۔

ـــــ الرَّجُلُ الصَّبِيَّ : نگہداشت کرنا، پرورش کرنا۔ هو حَاضِنٌ ج: حَضَنَةٌ و حُضَّانٌ و هي حَاضِنَةٌ ج: حَوَاضِن

ـــــ عن كذا : الگ کرنا۔

حَضنت اَلمرأةُ أو الناقةُ أو الشاةُ ـِ حَضانًا : بڑے چھوٹے پستان یا تھن والی ہونا۔ هي حَضُونٌ۔

أَحْضَنَ الطَّائِرُ البَيْضَ : انڈوں پر (بچے نکالنے کے لئے) بٹھانا۔

ـــــ الرَّجُلَ و به : ذلیل کرنا۔

ـــــ بحَقّه : حق مار لینا۔

اِحْتَضَنَ الشيءَ : گود میں لینا۔

ـــــ الأَمْرَ : ذمہ داری لینا، نگہداشت کرنا، اپنانا

الحَاضِنَةُ : دایہ (ماں کے مرنے کے بعد بچہ کی پرورش کرنے والی عورت) آیا (۲) پرندہ جو اپنے بچہ کی پرورش کرے (۳) وہ کھجور کا درخت جس کے خوشوں کی جڑیں چھوٹی ہوں ج: حَوَاضِن۔

الحَضَانَةُ : پرورش، بچوں کی نگہداشت (۲) دایہ گری، پرورش کا کام یا پیشہ۔ دُوْرُ الحَضَانَةِ : پرورش گاہیں جہاں چھوٹے بچوں کی تربیت کی جاتی ہے۔

الحِضْنُ : گود (سینہ سے بغل اور پہلو تک کا حصہ) (۲) کونہ، گوشہ، کنارہ (ہر شے کا) (۳) انسان اور جانور کا مسکن یا پناہ گاہ۔ کہتے ہیں: ما زَالَ يَقْطَعُ أَحْضَانَ الأَرْضِ : وہ اطراف عالم میں گھومتا رہا۔ صَنَعَ الطَّائِرُ عُشًّا في حِضْنِ الجَبَلِ : پرندہ نے پہاڑ کے گوشہ میں گھونسلا بنایا۔

الحَضْنُ و الحُضْنَةُ : پرورش، انڈے سینے کا عمل۔ أَصْبَحَ بحُضْنَةِ سُوْءٍ : وہ مصیبتوں میں پھنس گیا۔

المُحْتَضَن : الحِضْنُ۔

المِحْضَنُ : پرندہ کے انڈے سینے کی جگہ ج: مَحَاضِن۔

• حَضَا النَّارَ ـُ حَضْوًا : آگ کو کریدنا۔

المِحْضَأُ : کریدنے کی لکڑی، کریدنی۔

ح ـــــ ط

• حَطَأَ به الأَرْضَ ـَ حَطْئًا : پچھاڑنا۔

ـــــ الرَّجُلَ : کمر پر کھلا ہوا ہاتھ مارنا۔

ـــــ الشيءَ و به : پھینکنا (۲) ہٹانا، حَطَأَ بفُلانٍ عن رَأْيِه : کسی کو اپنی رائے سے ہٹا دینا۔

الحِطْءُ : برتن میں بچا ہوا پانی (۲) کھجور وغیرہ کی اتنی مقدار جو آدمی کمر پر اٹھا سکے۔

الحَطِئُ : ذلیل و حقیر آدمی۔

الحُطَيْئَةُ : پستہ قد (۲) بدشکل۔

• حَطَبَ ـِ حَطْبًا : ایندھن جمع کرنا۔

ـــــ في حَبْلِ فُلانٍ : مدد دینا، کسی کی خواہش پر چلنا۔

ـــــ بفُلانٍ و عليه : چغلی کھانا، شکایت کرنا۔ کہتے ہیں: حَطَبَ عَلَيْنَا بخَيْرٍ : وہ ہمارے پاس خبر لایا۔

ـــــ الحَطَبَ : لکڑیاں جمع کرنا۔

ـــــ المالَ : مال جمع کرنا۔

ـــــ القَوْمَ : لوگوں کے لئے لکڑیاں جمع کیں۔

ـــــ النَّارَ : آگ کے لئے لکڑیاں جمع کیں۔

ـــــ الماشِيَةُ الحَطَبَ و نَحْوَه : چوپاؤں نے لکڑیاں وغیرہ چریں۔

ـــــ العِنَبَ : انگور کی سوکھی شاخیں کاٹنا۔

هو حاطِبٌ ج: حُطّاب۔ و هي حاطِبَةٌ ج: حَوَاطِب۔ فُلانٌ حاطِبُ لَيْلٍ : رطب و یابس کلام کرنیوالا، ناسمجھی کی بنا پر خود کو نقصان پہنچانے والا۔

حَطِبَ المَكانُ ـَ حَطَبًا : بہت ایندھن (لکڑیوں) والی جگہ ہونا۔ المكانُ حَطِيْبٌ۔

ـــــ فُلانٌ : سوکھ کر لکڑی کی طرح ہو جانا، دبلا ہونا۔ هو حَطِبٌ و أَحْطَبُ و هي حَطْبَاءُ۔

أَحْطَبَ المَكانُ : کثیر لکڑیوں والا ہونا۔ فالمكانُ مُحْطِبٌ۔

ـــــ الكَرْمُ و نَحْوُه : انگور کی بیل وغیرہ کا ایندھن ہو جانا، جلانے کے قابل ہو جانا۔

اِحْتَطَبَ الحَطَبَ : لکڑیاں یا ایندھن اکٹھا کرنا۔

ـــــ الماشيةُ الحَطَبَ : مویشی کا ایندھن کو چرنا۔

ـــــ المَطَرُ الزَّرْعَ : بارش کا کھیتی کی جڑوں سے اکھاڑ دینا۔

الحاطِبُ : دیکھئے حَطَبَ کے تحت۔

اِسْتَحْطَبَ الكَرْمُ : انگور کی بیل کے بالائی حصوں کا سوکھ کر کاٹنے کے قابل ہو جانا۔

الحِطَابُ : ہر سال کاٹا جانے والا انگور کی بیل کا بالائی حصہ۔

الحَطَبُ : سوکھے ہوئے درخت اور پودے جو ایندھن کا کام دیں، جلانے کی لکڑیاں (۲) درخت عضا کے کانٹے۔ ایندھن ج: أَحْطاب۔ کہتے ہیں: فُلانٌ يَمْشِي بَيْنَ القَوْمِ بالحَطَبِ : چغل خوری کرنا اور لڑائی کرانا۔

الحَطَّابُ : لکڑہارا، لکڑیاں جمع کرنے والا۔ ج: حَطَّابَة۔

الحَطُوبَةُ : لکڑیوں کی گٹھری۔

المِحْطَبُ : کلہاڑا، لکڑیاں کاٹنے کا اوزار۔

• حَطْحَطَ في عَمَلِه او مَشْيِه : تیزی دکھانا، جلدی کرنا (۲) نیچے اترنا۔

•حَطَرَه ـُ حَطْرًا: پچھاڑنا۔
ـــ القَوْسَ: تانت چڑھانا۔
ـــ بِالنَّبْلِ: تیر مارنا۔
الحَاطُورَةُ: سَيْفٌ حَاطُورَةٌ: تیز تلوار۔
•حَطَّتِ الدَّابَّةُ ـُ حِطَاطًا: چوپائے کا کسی ایک پہلو پر زور دے کر دوڑنا۔
حَطَّ ـُ حَطًّا: گرنا، اترنا، کم ہونا۔
ـــ السِّعْرُ: بھاؤ گرنا۔
ـــ فِي عِرْضِ فُلَانٍ: کسی کی ذات کو مجروح کرنا، عزت کو نقصان پہنچانا۔
ـــ من قَدْرِه: حیثیت ختم کرنا، گھٹانا، پوزیشن خراب کرنا، وقار کو مجروح کرنا۔
ـــ الوَجْهُ: چہرے پر مہاسے نکلنا، پھنسیاں نکلنا۔
ـــ الشيءَ: رکھنا، گرانا، ڈالنا، نیچے اتارنا۔
ـــ السِّعْرَ: بھاؤ گرانا، کم کرنا، سستا کرنا۔
ـــ رَحْلَه: قیام کرنا۔
ـــ وِزْرَه: بوجھ اتارنا، بوجھ کم کرنا۔
ـــ الدَّيْنَ و منه: قرض کو کم کرنا، اس کا کچھ حصہ چھوڑ دینا۔
ـــ وَرَقَ الشَّجَرِ و نَحوِه: درخت وغیرہ کے پتے جھاڑنا۔
ـــ الجِلْدَ: پالش کرنا، لوہے سے رگڑ کر چمکانا (۲) لائنیں ڈالنا اور نقش و نگار بنانا۔
أَحَطَّ وَجْهُهُ: حَطَّ۔ مہاسے دار ہونا۔ فالوجه مُحِطٌّ۔
احْتَطَّهُ: حَطَّه۔
انْحَطَّ: نیچے اترنا، ڈھلان سے نیچے آنا۔
ـــ الصِّحَّةُ: تندرستی گرنا۔
اسْتَحَطَّ شَيْئًا من كذا: کم کرانا۔ کہتے ہیں: استحطّ فُلَانًا وِزْرَه: کسی سے اپنا بوجھ کم کرانا (۲) نیچے اترنے کی درخواست کرنا۔
الحُطَائِطُ: چھوٹا اور پستہ قد آدمی (۲) سرخ چھوٹی چیونٹی۔

الأَحَطُّ: کم حیثیت، کم درجہ کا۔
الحَطُّ: کمی، کٹوتی، چھوٹ۔
الحُطَاطُ: بدبو، سڑنے کی بو۔
الحَطَاطُ: مکھن، مسکہ (۲) مہاسے، چہرے کی پھنسیاں۔
الحَطَاطَةُ: حطاط کا مفرد، چھوٹی کنیز۔
الحِطَّةُ: طلب مغفرت۔ قرآن پاک میں ہے: وادْخُلُوا البَابَ سُجَّدًا وَّقُولُوا حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطَايَاكُمْ" (۲) بے عزتی، اہانت۔ کہتے ہیں: في عَمَلِه هٰذا حِطَّةٌ لَهُ۔
الحَطُوطُ: اترنے کی جگہ (۲) درختوں کا جھنڈ۔
الحَطِيطُ: چھوٹا اور پستہ قد آدمی۔ حَطِيطُ الكَعْبِ: وہ عورت جس کے ٹخنے کی ہڈی چربی کی زیادتی کی بنا پر نمایاں نہ ہو۔
الحَطِيطَةُ: کمی، چھوٹ، حساب کے مجموعہ سے گھٹائی ہوئی رقم، رعایت ج: حَطَائِطُ
المَحَطُّ: پڑاؤ کی جگہ، اترنے کی جگہ، قیام کی جگہ (۲) اسٹیشن۔ مَحَطُّ الكَلَامِ: کلام کا مقصود بالذات مفید حصہ ج: مَحَاطُّ۔
مَحَطُّ الأَنْظَارِ: مرکز توجہات۔
المَحَطَّةُ: اسٹیشن ج: مَحَطَّات۔
مَحَطَّةُ الإِذَاعَةِ اللَّاسِلْكِيَّةِ: براڈ کاسٹنگ اسٹیشن، ریڈیو اسٹیشن۔
مَحَطَّةُ الأَرْصَادِ الجَوِّيَّةِ: مرکز موسمیات
مَحَطَّةُ إِطْلَاقِ مَرْكَبَاتِ الفَضَاءِ: خلائی اسٹیشن۔
مَحَطَّةُ بنزين: پٹرول پمپ۔
مَحَطَّةُ التَّصْدِيرِ: ڈسپیچنگ اسٹیشن، مرکز روانگی مال۔
مَحَطَّةُ تَوْلِيدِ القُوَّةِ الكَهْرَبَائِيَّةِ: بجلی گھر پاور اسٹیشن، ہاؤس، پلانٹ۔
مَحَطَّةُ السِّكَّةِ الحَدِيدِيَّةِ: ریلوے اسٹیشن۔
مَحَطَّةُ الطَّيَرَانِ: المَطَارُ: ہوائی اڈہ۔

مَحَطَّةُ الطَّاقَةِ: توانائی پلانٹ۔
مَحَطَّةُ المِيَاهِ: واٹر ورکس۔
مَحَطَّةٌ نَوَوِيَّةٌ: ایٹمی پاور ہاؤس۔
المِحَطُّ: چمڑے پر پھول بنانے کا آلہ، گودنے کا آلہ ج: مَحَاطُّ۔
المِحَطَّةُ: المِحَطُّ ج: مَحَاطُّ و مَحَطَّاتٌ۔
المَحْطُوطُ: تیز کی ہوئی تلوار (۲) پالش کی ہوئی کھال، چمڑا۔
المُنْحَطُّ: کم، پست، کم درجہ، گرا ہوا۔
المَحْطُوطَةُ: جَارِيَةٌ مَحْطُوطَةُ المَتْنَيْنِ: دراز قامت حسین عورت۔
•حَطَمَ الشيءَ ـِ حَطْمًا: توڑنا۔
حَطَمَه الكِبَرُ: بڑھاپے نے اس کی کمر توڑ دی۔
حَطَمَ الأَسَدُ المَاشِيَةَ: شیر نے مویشی کو پھاڑ ڈالا۔
ـــ المَرْأَةُ زَوْجَهَا: عورت کا اپنے خاوند کے بڑھاپے تک ساتھ رہنا۔
ـــ النَّاسُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا: ایک دوسرے کو دھکا دینا۔
ـــ الرِّيحُ الشيءَ: ہوا کا کسی چیز کو فنا کر دینا۔ هو و هي حَطُومٌ۔
حَطِمَ ـَ حَطَمًا: بیماری یا بڑھاپے کی وجہ سے کمزور ہونا، دبلا ہونا۔ هو حَطِمٌ۔
ـــ الدَّابَّةُ: چوپائے کے پیروں میں بیماری پیدا ہونا۔
أَحْطَمَتِ الأَرْضُ: زمین میں سوکھے نباتات کی کثرت ہونا۔
حَطَّمَهُ: توڑ ڈالنا، چکنا چور کرنا، ریزہ ریزہ کرنا، چورہ چورہ کرنا۔
انْحَطَمَ: ٹوٹ جانا، چورہ ہونا۔
ـــ النَّاسُ عليه: کسی کے پاس بھیڑ لگانا، ٹوٹ پڑنا۔
تَحَطَّمَ: چکنا چور ہونا، ریزہ ریزہ ہونا، ٹوٹ جانا
ـــ الأَرْضُ: انتہائی خشکی کی بنا پر مٹی کے

ریزے ریزے ہو جانا۔
تَحَطَّمَ البَيْضُ عن الفِرَاخِ: انڈے ٹوٹ کر ان میں سے چوزے نکلے۔
ـــ عليه غَيْظًا: کسی پر غصہ سے بھڑک اٹھنا، غصہ میں آگ بگولا ہونا۔
الحَاطُومُ: انتہائی خشک سال (۲) ہاضم دوا (۳) ہاضم پانی۔
الحُطَامُ: کسی چیز کا چورہ، ریزے (۲) ٹوٹی ہوئی سوکھی گھاس یا پودے وغیرہ۔
ـــ من الدُّنيا: دنیا کا سامان۔
الحَطَمُ: ایک بیماری جو چوپائے کے پیروں میں ہوتی ہے۔
الحُطَمُ: بے درد و ظالم چرواہا (۲) پہاڑ کی تنگ جگہ جہاں لوگ ایک دوسرے سے ٹکرائیں (۳) پہاڑ کا کٹا ہوا کنارہ۔
الحُطْمُ: بسیار خور جس کا پیٹ نہ بھرتا ہو۔
الحَطَمَةُ: سیلاب کا ایک ریلا۔
الحِطْمَةُ: چورا، ملبہ ج: حِطَمٌ۔
الحُطَمَةُ: بے درد و ظالم چرواہا (۲) بسیار خور جس کا پیٹ نہ بھرتا ہو (۳) اونٹوں اور بکریوں کا بڑا ریوڑ جو اپنے کھروں سے زمین کے نباتات وغیرہ کا چورا کر ڈالے (۴) تیز آگ، دوزخ۔
الحُطَمِيَّةُ: بھاری اور چوڑی زرہ جو تلواروں کو توڑ ڈالے (حُطَمَة ابن مُحارب کی طرف نسبت ہے جو عبدالقیس قبیلہ سے تعلق رکھتا تھا اور تلوار سازی کا کام تھا)۔
الحَطِيمُ: ابتدا ر سال کی بچی ہوئی سوکھی گھاس (۲) خانہ کعبہ کے باہر میزاب کے سامنے کی ایک دیوار۔
• حَطَا الشيءَ ـُ حَطْوًا: زور سے ہلانا۔
احْطَوْطَى: پھولنا۔
الحَطَا: بڑا کھٹمل۔
الحَطْوَاء: سرخ رنگ کی بھیڑ۔

ح ـــ ظ

• حَظِبَ ـَ حَظَبًا: مٹاپے سے پھولنا، پست قامت اور بڑے پیٹ والا ہونا هو حَظِبٌ۔
الحُظُبُّ: ٹھنگنا پیٹل آدمی (۲) تنگ ظرف، اجڈ، اکھڑ مزاج (۳) بخیل۔
الحِنظَبُّ: الحُظُبُّ۔
• حَظَرَ الرَّجُلُ ـُ حَظْرًا و حِظَارًا: باڑہ بنانا۔
ـــ الشيءَ: روکنا، اپنے لئے مخصوص کرنا۔
ـــ الماشِيَةَ: باڑے میں بند کرنا۔
ـــ عليه: پابندی لگانا۔
ـــ عليه الشيءَ: کسی کے لئے کوئی چیز ممنوع قرار دینا۔
أُحْظَرَ: دوسرے کے لئے باڑہ بنانا۔
حَظَّرَ: سختی سے روکنا۔
احْتَظَرَ: اپنے لئے باڑہ یا احاطہ بنانا۔ قرآن پاک میں ہے: "إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَكَانُوا كَهَشِيمِ الْمُحْتَظِرِ"
ـــ بكذا: حفاظت اور پناہ میں آنا۔
الحَظِرُ: کانٹے۔ کہتے ہیں: وَقَعَ فى الحَظِر الرَّطْب: ایسے معاملہ میں الجھنا جس کی طاقت نہ ہو۔ جاءَ بالحَظِر الرَّطْب: انتہائی جھوٹ بات کہنا۔ أَوْقَدَ فى الحَظِرِ الرَّطْب: لوگوں میں چغلیاں لگانا۔
الحِظَارُ: رکاوٹ، آڑ، لکڑی کی دیوار جو کمرے میں پارٹیشن کے لئے کھڑی کی جائے (۲) احاطہ، چہار دیواری (۳) گھری ہوئی زمین۔
الحَظِيرَةُ: مویشیوں کا باڑہ، وہ مکان جس میں مویشی سردی وغیرہ سے حفاظت کے لئے بند کئے جائیں (۲) کھجوروں کی بوری ج: حَظَائِر و حِظَارٌ۔
حَظِيرَةُ القُدْسِ: جنت۔ کہاوت ہے: إِنَّه لَنَكِدُ الحَظِيرَة: وہ کنجوس بے فیض ہے۔ حظيرة الاسلام: دائرۂ اسلام
المِحْظَارُ: ہرے رنگ کی مکھی جو کاٹتی ہے۔
المَحْظُورُ: ممنوع، ناجائز ج: مَحْظُورَات۔
• حَظَّ ـَ حَظًّا: خوش نصیب ہونا، نصیبہ ور ہونا، صاحب قسمت ہونا۔ هو مَحْظُوظٌ و حَظِيظٌ۔
أَحَظَّ: بمعنی حَظَّ (۲) مال دار ہونا۔
الحَظُّ: نصیب، قسمت (۲) حصہ (۳) خوش نصیبی، نیک بختی (۴) فراخی مال (۵) خوشی ج: حُظُوظٌ و أَحُظٍ جج: أَحَاظٍ۔
لِحُسن الحَظّ: خوش قسمتی سے۔
لِسُوء الحَظّ: بد قسمتی سے۔
الحَظِّيُّ و المَحْظُوظُ: خوش نصیب (۲) صاحب قسمت (۳) خوش اور مگن۔
• حَظَلَ فُلانٌ ـُ حَظَلانًا: درد یا غصہ کی وجہ سے ٹھہر ٹھہر کر چلنا ـ المشىَ۔
ـــ فُلانًا ـُ حَظْلًا: روکنا، حرکت کرنے سے باز رکھنا۔
ـــ عليه: تنگی پیدا کرنا، تنگ کرنا۔ هو حاظِلٌ و حَظُولٌ و حَظَّالٌ۔
حَظِلَ فُلانٌ ـَ حَظَلًا: سست ہونا، درد یا غصہ کی وجہ سے ٹھہر ٹھہر کر چلنا۔
ـــ البَعِيرُ: اونٹ کا کثرت سے حنظل (اندرائن) کھا کر بیمار ہو جانا۔
ـــ النَّخْلَةُ: کھجور کی شاخوں کا خراب ہو جانا هو حَظِل و هى حَظِلَةٌ ج: حَظَالَى۔
أَحْظَلَ المكانُ: جگہ بہت اندرائن والی ہو گئی
• حَظَا فُلانٌ ـُ حَظْوًا: آہستہ چلنا۔
حَظِيَ عِنْدَ النَّاسِ ـَ حُظْوَةً وحِظْةً: لوگوں میں مقبول ہونا۔
ـــ بالرِّزقِ: رزق کا حصہ پانا۔
ـــ بالشيءِ: پانا، حاصل کرنا۔
ـــ بالحُضُور و المُثُولِ لَدَى فُلان:

شرف باریابی حاصل کرنا، تقرب حاصل کرنا
هو حَظِيٌّ و هي حَظِيَّةٌ ج: حَظَايا۔
أَحْظَاهُ: مقرب بنانا، اپنے نزدیک کسی کی حیثیت بلند کرنا۔
— بكذا: کسی کو کسی چیز سے نوازنا، حصہ دار بنانا، حصہ دینا۔
— فلانا على فُلانٍ: فوقیت دینا، ترجیح دینا۔
اِحْتَظَى: بلند رتبہ ہونا، نصیبہ ور ہونا۔
الحِظَةُ: (۱) پوزیشن، رتبہ (۲) رزق کا حصہ، نصیب ج: حِظًا و حُظًا و حِظَاءٌ۔
الحَظْوَةُ: (۱) بے پرکا تیر، کمزور آدمی کے لئے کہتے ہیں: انما نَبْلُكَ من حِظَاءٍ (۲) درخت کی جڑ (۳) چھوٹی شاخ (۴) مرتبہ، مقام و پوزیشن، تقرب (۵) کریڈٹ۔
نَالَ حَظْوَةً عِنْدَهُ: اس کے یہاں تقرب حاصل کرلیا، مرتبہ حاصل کرلیا۔
الحُظْوَةُ: الحَظْوَةُ (۲) چھوٹا تیر جس سے بچے تیر اندازی کی مشق کرتے ہیں ج: حِظَاءٌ۔
"إِحْدَى حُظَيَّاتِ لُقْمَانَ" ایک کہاوت ہے جس میں حُظَيَّات حُظَيَّة کی جمع ہے یہ ایسے شخص کے بارہ میں ہے جس کا شر مشہور ہو پھر اس سے کسی خیر کا ظہور ہو۔
الحِظْوَةُ۔ الحُظْوَةُ۔ الحِظَةُ۔ ج: حِظًا وحُظًا و حِظَاءٌ۔
الحُظُوَا: آہستہ چال۔
الحَظِيُّ: خوش نصیب، لوگوں میں مقبول، مقرب
الحَظِيَّةُ۔ المَحْظِيَّةُ: محبوب عورت جو دوسری عورتوں کے مقابلہ میں قابل ترجیح ہو ج: حَظَايا و مَحْظِيَّاتٌ۔
الحَظَى: جوں۔ واحد حَظَاةٌ۔
الحِظْلُ: حصہ ج: أَحْظٍ جج: أَحَاظٍ۔

ح ـــــ ف

• حَفْ حَفْ: اسم الصوت جس کے ذریعہ مرغیوں کو ڈرایا جاتا ہے۔
• حَفَأَهُ ـَ حَفْئًا: پچھاڑنا۔ حَفَأَ به الأرضَ بھی کہا جاتا ہے۔
اِحْتَفَأَ الحَفَأَ: بردی کھجور کو جڑ سے اکھاڑ دینا۔
الحَفَأُ: ایک عمدہ قسم کی کھجور۔
• حَفْحَفَ جَنَاحُ الطَّائِرِ و الرَّمِيَّةُ و النَّارُ: پرندہ کے بازو یا تیر یا آگ کی آواز نکلنا۔
— الرَّجُلُ: تنگ دست ہونا، بے روزگار ہونا، تنگی معاش میں مبتلا ہونا۔
• حَفَدَ الرَّجُلُ و نَحْوُهُ ـِ حَفْدًا و حَفَدَانًا: پھرتیلا ہونا، کام کو جلدی کرنا۔ هو حَافِدٌ ج: حَفَدَةٌ و حَفَدٌ۔ وهو حَفِيدٌ ج: حُفَدَاءُ۔
— فلانا: مدد دینا، خدمت کرنا، خدمت کے لئے مستعد ہونا۔
أَحْفَدَ الرَّجُلُ: حَفَدَ۔
— الظَّلِيمُ: شترمرغ کا تیز چلنا۔
— فلانا: کسی کو خادم دینا۔
— الدَّابَّةَ: دوڑانا۔
اِحْتَفَدَ: حَفَدَ۔ سَيْفٌ مُحْتَفِدٌ: تیز تلوار۔
الحَافِدُ: (۱) مدد (۲) خادم (۳) پوتا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَجَعَلَ لَكُمْ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ بَنِينَ وَحَفَدَةً" (۴) نقش و نگار بنانے والا، نقاش ج: حَفَدَةٌ وحَفَدٌ و أَحْفَادٌ۔
الحَفَدُ: حافد کی جمع (۲) نقش و نگار۔
الحَفِيدُ: پوتا ج: حُفَدَاءُ۔
المِحْفَدُ: کپڑے کے بیل بوٹے (۲) اونٹوں کے چارہ کا کنڈ، یا برتن۔
المَحْفِدُ: المِحْفَدُ (۲) جڑ۔ مَحْفِدُ الرَّجُلِ: آدمی کی اصل (۳) کوہان کی جڑ۔
• حَفَرَ الشَّيْءَ ـِ حَفْرًا: گڑھا کرنا، کھودنا
حَفَرَ الطريقَ: راستہ میں چلنے کا نشان ڈالنا
— عنه: تلاش کرنا (نکالنے کے لئے) جیسے حَفَرَ عن الكنزِ و الأثرِ۔
— ثَرَى فُلانٍ: کسی کے معاملہ کی تحقیق کرنا اور اس سے واقف ہونا۔ حَفَرَتْ أَسْنَانُهُ: دانتوں کی جڑیں خراب ہوجانا
حَفِرَ فُوهُ: دانتوں کی جڑیں کھوکھلی ہوگئیں۔
— حُفْرَةً: گڑھا کھودنا (۲) کسی کو نقصان پہنچانے کی تدبیر کرنا۔
— الكتابةَ: عبارت یا حروف کندہ کرنا
— ثَقْبًا: سوراخ کرنا۔
— بِئْرًا: کنواں کھودنا۔
— المَرَضُ فُلانًا: کمزور کردینا۔
أَحْفَرَ فُلانٌ: پھاوڑا یا کدال سے کام کرنا۔
— الصَّبِيُّ و الحَيَوانُ: بچہ یا جانور کے دودھ والے دانت گرنا۔
— فُلانًا الشيءَ: کسی کو کوئی چیز (کنواں وغیرہ) کھودنے میں مدد دینا۔
حَافَرَ: زیادہ کھودنا، گہرائی تک کھودنا مثل مشہور ہے: هو أَرْوَغُ مِن يَرْبُوعٍ مُحَافِرٍ: دھوکہ سے بچ کر نکلنے والے کے لئے کہا جاتا ہے کہ وہ ایسا ہے جیسے جنگلی چوہا کہ گہری کھدائی کرکے اپنے پکڑنے والے کو راستہ نہیں دیتا۔
اِحْتَفَرَ بكذا: گڑھا کرنا۔
— عن الشيءِ: تلاش کرنا۔
— الشيءَ: تہ تک پہنچنا۔
تَحَفَّرَ السَّيْلُ: سیلاب کا زمین میں گڑھے ڈالنا
— البِئْرُ: کنویں کے اوپر اور نیچے کے کنارے کھوکھلے ہوجانا۔
اِسْتَحْفَرَ النَّهْرُ و نَحْوُهُ: نہر وغیرہ کی کھدائی کا وقت آجانا۔
الحَافِرُ: جانور کا کھر (بمنزلہ قدم انسان) ج: حَوَافِرُ۔ انسان کے قدم کے لئے بھی

بوقت مذمت حافر بولا جاتا ہے۔
وَقَعَ الحَافِرُ على الحَافِرِ: دو کاموں کی موافقت کے لئے بولا جاتا ہے۔
فُلَانٌ يَمْلِكُ الخُفَّ و الحَافِرَ: اس کے پاس بہت مال و دولت ہے۔
طَرِيْقٌ وَطِئَهُ كُلُّ خُفٍّ و حَافِرٍ: مانوس و جانا پہچانا راستہ۔
بَلَدٌ مَمَرُّ العَسَاكِرِ و مَدَقُّ الحَوَافِرِ: ایسا ملک جس سے ہر راہ گیر گزرتا ہو، جو سب کے لئے عام گذرگاہ ہو۔
الحَافِرَة: حافر کی مؤنث (۲) کھدی ہوئی زمین (۳) پہلا راستہ یا جگہ کہتے ہیں: رَجَعَ الى حَافِرَتِه: وہ جس جگہ یا راستہ سے آیا تھا وہاں لوٹ گیا (۴) پہلی حالت (حیات قبل از موت) قرآن پاک میں ہے: "أَئِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِی الحَافِرَة"
رَجَعَ فِی حَافِرَتِه: بوڑھا ہو جانا۔
الحِفَارَةُ: کھدائی کا پیشہ، کھدائی، نقش و نگاری
الحَفَرُ: کھدائی (۲) کھدی ہوئی شے (۳) نقش (۴) بہت چوڑا کنواں (۵) کھدائی کی جگہ سے نکلی ہوئی مٹی (۶) دبلا پن (۷) دانتوں کی زردی (۸) دانتوں کی جڑوں کا کھوکھلا پن
ج: أَحْفَارٌ ج: أَحَافِير۔
الحِفْرَاةُ: غلہ اڑانے کا آلہ، چھاج وغیرہ (۲) کدال، کھودنے کا آلہ (۳) ایک گھنگھریالے پھل اور کانٹوں والا درخت جس کے سفید پھول ہوتے ہیں اور وہ سخت زمین میں پیدا ہوتا ہے۔
الحُفْرَةُ: گڑھا ج: حُفَرٌ۔
الحَفَّارُ: کھدائی کرنے والا، کھدائی کا پیشہ کرنے والا، گورکن (۲) نقاش جو لکڑی وغیرہ پر نقش کھودتا ہے (۳) ایک قسم کا بھونرا جو اپنے دونوں سینگوں سے زمین کھودتا ہے۔
الحَفَّارَةُ: کھدائی مشین جس سے زمین کھود کر پٹرول وغیرہ تلاش کیا جاتا ہے۔

الحَفِيْرُ: مقررہ مقدار سے کشادہ کنواں (۲) قبر
الحَفِيْرَةُ: الحَفِير (۲) آثار قدیمہ کی تلاش کے لئے کھودی جانے والی جگہ ج: حَفَائِر۔
المُحَافِرُ: وہ آدمی جس کے پاس کچھ نہ ہو۔
المِحْفَارُ: کدال، بیلچہ، کھودنے کا آلہ۔
● حَفَزَهُ ـِ حَفْزًا: پیچھے سے دھکیلنا، دھکا دینا۔ جیسے حَفَزَتِ القَوْسُ السَّهْمَ و اللَّيْلُ يَحْفِزُ النَّهَارَ۔
ـــ فلانا إلى أمرٍ: کسی کام کیلئے آمادہ کرنا، ابھارنا۔
حَفَزُوْا عَلَيْهِم الخَيْلَ والرِّكَابَ: ان کے پاس گھوڑے اور اونٹ بھیجے۔
ـــ فُلَانًا بالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔ هو حَافِزٌ و هي حَافِزَة ج: حَوَافِز و هو و هي حَفُوْزٌ ج: حُفُزٌ۔
حَافَزَه: کسی کے زانو سے زانو ملا کر بیٹھنا، بالمقابل بیٹھنا۔
تَحَفَّزَ فِی جِلْسَتِه: اس طرح بیٹھنا کہ اٹھنے کے لئے تیار ہو (۲) داؤ لگانا، سمٹ کر بیٹھنا، کودنے کے لئے تیار ہونا۔
ـــ فِی مَشْيِه: دوڑ کر چلنا، تیزی سے چلنا۔
ـــ لِلأَمْرِ: کسی کام کے لئے آمادہ ہونا، تیار ہونا۔
احْتَفَزَ: تَحَفَّزَ۔
الحَافِزُ: محرک، داعی، سبب ج: حَوَافِز۔
الحَفَّازُ: کیمیاوی تبدیلی میں وہ مادہ جو عاملانہ کردار ادا کرتا ہے، وہ عامل جو خود متاثر ہوئے بغیر عمل و ردعمل میں تبدیلی کی تحریک پیدا کرتا ہے۔
● حَفَشَ السَّيْلُ ـِ حَفْشًا: سیلاب کا ہر طرف سے آکر ایک جگہ اکٹھا ہونا۔
ـــ الفَرَسُ: گھوڑے کا بار بار اچھی طرح دوڑنا۔
ـــ السَّمَاءُ: آسمان کا زور سے برس کر صاف ہو جانا۔

حَفَشَ النَّاسُ عليه: کسی کے پاس ہجوم کرنا
ـــ فی الأمرِ: کوشش و محنت کرنا۔
ـــ المَطَرُ الأَرْضَ: بارش کا زمین پر روئیدگی ظاہر کرنا۔
ـــ لِفُلَانٍ الوُدَّ: کسی کی دوستی اور تعلق میں کسر نہ اٹھا رکھنا۔
ـــ السَّيْلُ الوَادِيَ: سیلاب کا وادی کو بھر دینا۔ فهو حَافِشٌ و هي حافشة و هو و هي حَفُوْشٌ۔
الحَافِشَةُ: پانی کے بہاؤ کی جگہ ج: حَوَافِش
حَفَّشَ و تَحَفَّشَ الرَّجُلُ: خیمہ یا جھونپڑے میں رہنا۔
الحِفْشُ: معمولی گھر جس کی چھت زمین سے قریب ہو، بدویوں کا چھوٹا گھر یا خیمہ (۲) صندوقچہ وغیرہ جس میں عورت اپنا ضروری سامان رکھتی ہے (۳) سوت وغیرہ رکھنے کی ٹوکری (۴) پرانی چیز ج: أَحْفَاش۔ أَحْفَاشُ الأَرْضِ: گوہ وغیرہ۔
● حَفَصَ الشيءَ ـِ حَفْصًا: اکٹھا کرنا۔
ـــ من يده: کسی چیز کو ہاتھ سے پھینک دینا۔
الحُفَاصَةُ: ذخیرہ، جمع کردہ اشیا
الحَفْصُ: چھوٹا گھر (۲) چمڑے کا تھیلا (۳) شیر کا بچہ ج: أَحْفَاص و حُفُوْص۔
أَبُو حَفْصٍ: شیر کی کنیت۔
الحَفَصُ: بیر وغیرہ کی گٹھلی۔
حَفْصَةُ: بجو (۲) گدھ۔ أُمُّ حَفْصَةَ: گدھ، مرغی۔
المِحْفَصَةُ: چمڑے کا تھیلا ج: مَحَافِص۔
● حَفَضَ العُوْدَ و نَحْوَه ـِ حَفْضًا: موڑنا، ٹیڑھا کرنا۔
ـــ الشيءَ: ڈالنا۔
حَفَّضَ الشيءَ من يده: ہاتھ سے چھوڑنا، ڈالنا۔

الحَفَضُ : گھر کا سامان (۲) بالوں کا خیمہ (۳) وہ سامان جو لادنے کے لئے تیار کیا گیا ہو
ج: أَحْفَاض و حِفاض۔
الحَنِيْنَذَةُ : شہد کی مکھیوں کا چھتا جس میں مکھیاں شہد بنا رہی ہوں۔
• حَفِظَ الشيءَ ـَ حِفْظًا : حفاظت کرنا، محفوظ کرنا، محفوظ رکھنا، خراب ہونے سے بچانا۔
ـــ الكتابَ و نَحوَه : زبانی یاد کرنا۔
ـــ في البَالِ : ذہن میں رکھنا، یاد رکھنا۔
ـــ المأكولاتِ في عُلَبٍ : اشیاءِ خوردنی کو ڈبوں میں پیک کرنا۔
ـــ العَهْدَ : عہد و پیمان کو ملحوظ رکھنا، خیال رکھنا۔
ـــ العِلْمَ و الكَلامَ : منضبط کرنا، محفوظ کر لینا۔ هو حافِظٌ و حَفِيْظٌ۔ اسی سے ہے : مَنْ حَفِظَ حُجَّةٌ على مَنْ لَمْ يَحْفَظْ : حافظ بمقابلِ غیر حافظ قابلِ تسلیم و اعتماد ہے۔
أَحْفَظَه : ناراض کرنا۔
حَافَظَ على الشيءِ مُحافَظَةً و حِفاظًا : حفاظت کرنا، خیال رکھنا، توجہ دینا (۲) پابندی کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "حَافِظُوا عَلَى الصَّلَوَاتِ و الصَّلوٰةِ الوُسْطٰى"
ـــ عن : دفاع کرنا، حفاظت کرنا۔ کہتے ہیں: هو يُحَافِظُ عَنِ المَحَارِمِ : وہ قابلِ احترام چیزوں کا دفاع کرتا ہے، عزت و آبرو کی حفاظت کرتا ہے۔ هو ذو مُحَافَظَةٍ و حِفَاظٍ : وہ خوددار ہے۔
حَفَّظَه العِلْمَ و الكَلامَ : یاد کرانا، ازبر کرانا۔
احْتَفَظَ : ناراض ہونا۔
ـــ الشيءَ و به لِنَفْسِه : اپنے لئے خاص کر لینا، محفوظ کر لینا۔
تَحَفَّظَ عن الشيءِ و منه : بچنا، احتیاط برتنا، احتراز کرنا۔

تَحَفَّظَ به : توجہ دینا، دیکھ بھال کرنا۔
ـــ الكِتابَ : تھوڑا تھوڑا خوب یاد کرنا۔
ـــ عليه : بچانا، محفوظ رکھنا۔
ـــ في قَوْلِه و رَأْيِه : اپنی بات یا رائے میں قید لگانا مطلق نہ چھوڑنا۔
اسْتَحْفَظَه الشيءَ : کسی سے اپنی چیز کی حفاظت کرانا (۲) کسی چیز میں کسی پر اعتماد کرنا یا کسی کے پاس کوئی چیز بطور امانت محفوظ کرانا۔ قرآن پاک میں ہے: "بِمَا اسْتُحْفِظُوا مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ"
الحَافِظُ : پہرہ دار، محافظ (حَافِظُ العَيْنِ) جس پر نیند کا غلبہ نہ ہوتا ہو (۲) سیدھا اور واضح راستہ (۳) حافظ قرآن جسے پورا قرآن پاک ازبر یاد ہو (۴) وہ محدث جسے احادیث نبویہ کی بہت بڑی تعداد زبانی یاد ہو (۵) اعمال لکھنے والا فرشتہ
ج: حُفَّاظٌ و حَفَظَةٌ۔
الحَافِظَةُ : حافظہ، ایک ایسی قوت جو قوتِ وہمیہ کی ادراک کردہ اشیا کو محفوظ کر لیتی ہے اسی کو ذاکِرَة بھی کہتے ہیں (۲) بستہ یا بیگ وغیرہ جس میں کاغذات محفوظ کئے جائیں۔
الحِفَاظُ : حفاظت، دفاع (۲) وفا رعہد۔
الحِفْظَةُ : غصہ، غضب (۲) غیرت۔ هو ذو حِفْظَةٍ : وہ غیور آدمی ہے اپنی شرافت وعزت کا دفاع کرتا ہے۔
التَّحَفُّظُ : احتیاط، تحفظ۔
الحَفِيْظُ : اللہ جل شانہ کی صفات میں سے ایک صفت (۲) امین۔ قرآن پاک میں ہے: "قَالَ اجْعَلْنِي عَلَى خَزَائِنِ الأَرْضِ إِنِّي حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ" (۳) محافظ، ذمہ دار۔ قرآن پاک میں ہے: "فَمَا أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا" (۴) حدودِ خداوندی کا پاسبان۔ قرآن پاک میں ہے: "هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ أَوَّابٍ حَفِيْظٍ"

الحَفِيْظَةُ : غصہ (۲) غیرت (۳) تحفظ، احتیاط و احتراز (۴) بچہ کے گلے میں ڈالا جانے والا تعویذ ج: حَفَائِظ۔
حَفِيْظَةُ النفوسِ : پیدائش سارٹیفکٹ۔
أَهْلُ الحَفَائِظ : عزت و آبرو کے محافظ
المُحَافِظُ : نگراں، کسی ادارہ کا ذمہ دار (۲) کلکٹر (۳) گورنر (۴) پرانے طرز کا آدمی، روایت پسند آدمی۔
مُحَافِظُ العَاصِمَة : گورنر دارالحکومت۔
مُحَافِظُ القِطَارِ : ریلوے گارڈ۔
مُحَافِظُ المَصْرِفِ : بنک کا گورنر۔
مُحَافِظُ المَدِيْنَةِ : حاکم شہر۔
المُحَافِظُ على التَّقَالِيْدِ : رسم و رواج کا پابند، قدیم روایات کا حامل۔
المُحَافِظُ عَلَى المَوَاعِيْدِ : اوقات کا پابند۔
المِحْفَظَةُ : کتابوں کا بستہ یا بیگ، پورٹ فولیو (۲) روپے رکھنے کا بٹوا ج: مَحَافِظ۔
المُحْفَظَةُ : حرمت، وہ قابلِ احترام شے جس کی پامالی ناقابلِ برداشت ہو۔
المَحْفُوْظَاتُ : کاغذات کا ذخیرہ، ریکارڈ (۲) وہ آیات و احادیث یا اشعار و حکم جو بچوں کو یاد کرائے جائیں۔
• حَفَّتِ الأَرْضُ ـِ حُفُوْفًا : زمین کی سبزی کا خشک ہو جانا۔
حَفَّ الطَّعَامُ : خشک و بے چکنائی ہونا۔
ـــ عَيْشُهُ : زندگی کا تنگ و غیر آسودہ ہونا۔ کہتے ہیں: هُوَ في حُفُوْفٍ من العَيْشِ : اس کی زندگی تنگ و غیر آسودہ ہے۔
ـــ شَعْرُه و رَأْسُهُ : تیل نہ لگانے سے بالوں کا یا سر کا پراگندہ ہونا۔
ـــ السَّمْعُ : سماعت کا بالکلیہ ختم ہو جانا۔
ـــ الشيءُ حَفِيْفًا : ہلکی آواز پیدا ہونا جیسے تیر کی ہوا سے ٹکرا کر ہوا کی آواز یا پرندوں کے اڑتے وقت ہوا سے بازوؤں کے ٹکرانے کی آواز، آگ جلنے کی آواز۔

حَفَّ الشیءَ ـُ حَفًّا و حِفَافًا: چھیلنا (۲) گھیرنا، احاطہ کرنا۔ حَفَّ الشیءُ بالشیءِ وحَوْلَه و من حوله: کسی چیز کا کسی شے کو چاروں طرف سے گھیرنا۔
ـــ الشَّیءَ بالشَّیءِ: گھرنا جیسے الطریق محفوف بالمخاطر۔ حدیث شریف میں ہے: "حُفَّتِ الجَنَّةُ بالمَکارِہ"
ـــ فُلانًا: توجہ دینا، تعریف کرنا۔
ـــ شَعْرَہ و لِحْیَتَه و شَارِبَه: ہلکا کرنا، تراشنا۔
حَفَّتِ المَرْأَةُ وَجْهَهَا: عورت کا اپنے چہرہ کے بال صاف کرنا۔
حَفَّتْهُ الحَاجَةُ: ضرورت لاحق ہونا۔
أَحَفَّ رَأْسَهُ: سر کو عرصہ تک تیل نہ لگانا۔
ـــ الحَیَوَانَ: اتنا دوڑانا کہ دوڑنے کی آواز سنائی دے۔
ـــ الثَّوبَ: کپڑا بننا۔
ـــ فُلانًا: برائی سے یاد کرنا۔
حَفَّفَ فُلانٌ: تنگ حال وتنگ دست ہونا
ـــ المَرْأَةُ وَجْهَهَا: چہرہ کو خوب آراستہ کرنا
ـــ الشیءُ الشَّیءَ: گھیرنا اور حَفَّفَ الشیءَ بالشَّیءِ بھی کہا جاتا ہے۔
ـــ الثَّوبَ: کپڑا بننا۔
اِحْتَفَّ النَّبتَ: پودے وغیرہ کو کاٹنا۔
ـــ الطَّعَامَ: سارا کھانا کھالینا، ہڑپ کرلینا، صفایا کرجانا۔
ـــ المَرْأَةُ وَجْهَهَا: عورت کا کسی سے اپنے چہرہ کو صاف کرانا۔
اِسْتَحَفَّ الشیءَ: کاٹنا، اکھاڑ پھینکنا۔
اِسْتَحَفَّ أَمْوَالَهُم: ان کے مال و دولت کا صفایا کر دیا۔
الحَافُّ: گھیرنے والا، گھیرا ڈالنے والا۔ قرآن پاک میں ہے: "وتَرَی المَلائِکَةَ حَافِّینَ مِنْ حَوْلِ العَرْشِ" (۲) روکھی روٹی (۳) خشک روٹی (۴) سخت نظر لگانے والا۔

ماله حافٌّ ولا رافٌّ: اس کی دیکھ بھال کرنے والا کوئی نہیں۔
الحَافَّةُ و الحَافَةُ: کنارہ۔
الحِفَافُ: احاطہ، دائرہ، گھیرا۔ فُلانٌ أَصْلَعُ له حِفَافٌ: وہ گنجا ہے، چاروں طرف بالوں کا دائرہ ہے۔ حِفَافَا الشیءِ: دو جانبیں، دو کنارے، دو پہلو۔ حِفَافَا الرَّأْسِ، حِفَافَا الإناءِ۔ حِفَافَا الجَبَلِ۔
ـــ من الرَّمْلِ: ریت کا ٹکڑا ختم ہونے کی جگہ ج: أَحِفَّةٌ۔
جَاءَ علی حِفَافِ ذٰلِكَ: وہ اس کے وقت پر آیا۔
کَانَ الطَّعَامُ حِفَافَ مَا أَکَلُوا: کھانا ان کی خوراک کے بقدر تھا نہ کم تھا نہ زیادہ
الحُفَافَةُ: جھڑے ہوئے بال (۲) بچا ہوا چارہ۔
الحَفُّ: وہ چوڑی لکڑی جس سے بنائی کے وقت تانے کو بانے سے ملایا جاتا ہے ج: حُفُوفٌ۔
هو حَفٌّ بِنَفْسِه: وہ اپنی دیکھ بھال رکھتا ہے۔
جَاءَ علی حَفِّه: وہ اس کے نشان قدم پر آیا یا اس کے وقت پر آیا۔
الحَفَفُ: ضرورت (۲) تنگ دستی، زندگی کی عسرت۔
طَعَامٌ حَفَفٌ: تھوڑا کھانا۔
مَعِیشَةٌ حَفَفٌ: عسرت کی زندگی۔
جَاءَ علی حَفَفِ ذٰلِكَ: وہ اس کے وقت پر آیا۔
هو علی حَفَفِ الشَّیءِ، و الأَمْرِ: وہ اس چیز سے الگ یا ایک طرف ہے۔
الحَفَّافُ: بال صاف کرنے والا (۲) ٹھوڑی کے نیچے سے تالو تک کا نرم گوشت۔

الحَفَّانُ: چھوٹے جانور و: حَفَّانَةٌ (۲) نوکر چاکر (۳) کناروں تک بھرا ہوا برتن
الحَفَّةُ: کاٹا ہوا حصہ (۲) بننے والے کا ایک اوزار یا وہ لکڑی جس پر وہ بنا ہوا کپڑا لپیٹتا ہے (۳) اہل وعیال کے بقدر رزق۔
الحِفَّةُ: وہ تلوار نما بانس جس کو جولاہا تانے پر مارتا ہے ج: حِفَفٌ۔
الحَفِیفُ: سرسراہٹ، درخت کے پتوں کی آواز، پرندہ کے اڑنے کی آواز، آگ جلنے کی آواز (۲) سوکھی گھاس۔
المِحَفَّةُ: پالکی جس میں عورت بیٹھتی ہے، ڈولی (۲) اسٹریچر، بیمار یا مردے کو لے جانے کی گاڑی ج: مَحَافُّ۔
المَحْفُوفُ: گھرا ہوا (۲) محتاج (۳) تنگ حال، معاشی طور پر پریشان۔
• حَفَلَ المَاءُ و اللَّبَنُ ـِ حُفُولًا: پانی یا دودھ کا اکٹھا ہونا۔
ـــ القَوْمُ: لوگوں کا جمع ہونا، کسی خاص مقصد سے اکٹھا ہونا۔
ـــ الدَّمْعُ: آنسوؤں کا بہت ہونا۔
ـــ السَّمَاءُ: آسمان سے خوب بارش ہونا۔
ـــ الشَّیءُ بالشَّیءِ: بھر جانا جیسے حَفَلَ الوَادِي بالسَّیْلِ وحَفَلَ النَّادِي بالقَوْمِ۔
ـــ اللَّبَنَ فی الضَّرْعِ و المَاءَ فی المَکَانِ ـِ حَفْلًا: اکٹھا کرنا، بھرنا۔
ـــ الشَّیءَ و الأَمْرَ و به: اہتمام کرنا، توجہ دینا۔
حَفَّلَ اللَّبَنَ فی الضَّرْعِ و المَاءَ فی المَکَانِ: اکٹھا کرنا۔
ـــ النَّاقَةَ و نَحْوَهَا: اونٹنی وغیرہ کا کچھ دنوں تک دودھ نہ نکالنا تاکہ وہ تھنوں میں جمع ہو جائے۔
ـــ الشَّیءَ: جِلا دینا، زینت بخشنا۔
ـــ الجَارِیَةَ: آراستہ کرنا۔

احْتَفَلَ الشئُ : جمع ہونا، اکھٹا ہونا جیسے احتفَلَ القَومُ فی المَکان واللَّبَنُ فی الضَّرْعِ (۲) ظاہر اور نمایاں ہونا۔
ــــ القَوْمُ : لوگوں کا مجلس یا محفل جمانا۔
ــــ الطَّرِیْقُ : راستہ کا واضح ہونا۔
ــــ المَرأَۃُ : عورت کا آراستہ ہونا۔
ــــ بالأَمْرِ : اہتمام کرنا، توجہ دینا۔
ــــ بیَومٍ او عِیْدٍ : دن یا جشن منانا۔
ــــ بفُلانٍ : اعزاز و اکرام کرنا، خیر مقدم کرنا۔
تَحَفَّلَ المَجْلِسُ : مجلس کے شرکا کا زیادہ ہونا، محفل کا بھرا ہوا ہونا۔
ــــ المرأۃُ : عورت کا سنگار کرنا، آراستہ ہونا۔
الحَافِلُ : بھرا ہوا، بھرپور۔ ضَرعٌ حَافِلٌ باللَّبن۔ مَکَانٌ حَافِلٌ بالناس۔
ــــ بالأَمْر : توجہ دینے والا ج : حُفَّلٌ۔
الحَافِلَۃُ : حَافِلٌ کی تانیث، بھری ہوئی (۲) بس، بڑی موٹر جس میں عام لوگ کرایہ پر سفر کرتے ہیں ج : حَافِلات۔
الحُفَالُ : جمع شدہ دودھ (۲) بڑا مجمع۔
الحَفْلُ : من کل شئٍ : جمع شدہ شے (۲) لوگوں کا بڑا مجمع۔ کہتے ہیں : عندَہ حَفْلٌ مِّنَ النَّاسِ۔ جَمْعٌ حَفْلٌ : بہت بڑا مجمع۔ هو ذُو حَفْلٍ : وہ بڑے اہتمام والا ہے۔
الحَفْلَۃُ و الاحْتِفَالُ : اجلاس، جلسہ، تقریب، اجتماع (۲) زینت، سجاوٹ (۳) اہتمام و توجہ (۴) کسی کام کی بڑی اہمیّت۔
حَفْلَۃُ استقبال : استقبالیہ جلسہ یا پارٹی، خیر مقدمی جلسہ۔ أَقَامَ لفلان حفْلَۃَ استقبال۔
حَفْلَۃُ توزِیْعِ الجَوَائِز : جلسۂ تقسیم انعام
حَفْلَۃُ توزِیْعِ الشَّہادَات : جلسۂ تقسیم اسناد
حَفْلَۃُ الدَّفْن : اجتماع تدفین۔
حَفْلَۃُ الشَّای : ٹی پارٹی، چائے کی دعوت۔
حَفْلَۃُ العُرس : تقریب شادی۔

هو ذو حَفْلَۃٍ : وہ بڑی توجہ و اہتمام والا ہے۔
اَخَذَ لِلأَمْرِ حَفْلَتَہ : کوشش سے انجام دینا۔
جَاءُوا بحَفْلَتِہِمْ : وہ سب کے سب آئے۔
الحَفِیلُ : کثیر، بہت جیسے جَمْعٌ حَفِیْلٌ۔
الاحْتِفَالُ : جلسہ، تقریب، جلوس (۲) اہمیت
المُحْتَفِلُ : دن وغیرہ منانے والا، تقریب کرنیوالا۔
المُحْتَفَلُ : مجلس، جائے اجتماع۔ مُحْتَفَلُ الشئ : بڑا حصہ۔
المَحْفِلُ : مجلس، محفل ج : مَحَافِل۔
المَحَافِلُ الدُّوَلِیَّۃُ : بین الاقوامی مجالس۔
• حَفَنَ الشئَ ـِ حَفْنًا : مٹھی بھرنا، مٹھی سے لینا (۲) دونوں ہاتھ بھر کر لینا، دو دستہ مٹھی بھرنا جیسے حَفَنَ الدَقِیقَ والتُّرابَ۔
ــــ لَہُمْ : ان میں سے ہر ایک کو مشت بھر دیا۔
ــــ لِفُلانٍ حَفْنَۃً : تھوڑا دینا۔
ــــ المَاءَ علی رَأْسِہ : ہاتھ بھر کر پانی کو سر پر ڈالنا
حَفِنَ ـَ حَفَنًا : چلتے وقت دونوں پیروں کو اس طرح پلٹنا جیسے ان سے مٹی اڑاتا ہو۔
احْتَفَنَ من الشَّئ : بہت سا حصہ لینا، زیادہ لینا
ــــ الشَّئَ : اپنے لئے لینا۔
ــــ الشَّجَرَۃَ : اکھاڑنا۔
ــــ فُلانًا : کسی کو دونوں ہاتھ زانو کے نیچے ڈال کر اٹھانا۔
الحَفْنَۃُ۔ الحُفْنَۃُ : تھوڑی مقدار، مٹھی بھر، بھری ہوئی مٹھی، دو دستہ یا دونوں ہاتھ کی مٹھی (۲) گڑھا ج : حُفَنٌ۔
المِحْفَنُ : بہت مٹھی بھرنے والا ج : مَحَافِن۔
حفاہ، وحفابہ ـُ حَفْوًا : عزت کرنا (۲) دینا (۳) بالوں کو بہت چھوٹا کرنا۔
• حَفِیَ ـَ حَفًا : برہنہ پا ہونا۔ حَفِیَ من نَعْلِہ و حَفِیَتْ قَدَمُہ (۲) چلنے سے پیر میں تکلیف ہو جانا۔ هو حَافٍ ج : حُفَاۃٌ وهی حافِیَۃٌ ج : حَوَافٍ۔

حَفِیَ القدَمُ و الخُفُّ و الحَافِرُ : زیادہ چلنے سے گھس جانا۔ هو حَفٍ وحَافٍ۔
ــــ بفُلانٍ حِفَاوَۃً : خیر مقدم کرنا، اکرام کرنا
ــــ الیہ فی الوَصِیَّۃ : کسی کا حصہ زیادہ کرنا هو حَافٍ وحَفِیٌّ۔
أَحْفٰی فُلانٌ : کسی کے جانور کا چلنے سے پتلا ہونا، ایسے جانور والا ہونا۔ رَجُلٌ مُحْفٍ : جس کے جانور کے پیر چلنے سے گھس گئے ہوں۔
ــــ الشئَ : جڑ سے اکھاڑنا، بالکل صاف کرنا۔ جیسے أَحْفَی النَّبَاتَ وشَارِبَہ۔
ــــ فُلانًا : برہنہ پا کر دینا (۲) بار بار سوال کرکے پریشان کرنا۔ أَحْفَی السُّؤَالَ و أَحْفَی الکَلَامَ و فِیہِما : سوال یا بات کو بار بار کرنا اور حد سے بڑھ جانا۔
حَافَاہُ : کسی سے جھگڑنا۔
احْتَفَی : ننگے پیر چلنا۔
ــــ فُلانًا و بہ : اکرام کرنا، خیر مقدم کرنا۔
ــــ الشئَ : جڑ سے اکھاڑنا جیسے احْتَفَی النَّبْتَ و الشَّعَرَ۔
تَحَفَّی بفُلانٍ : اکرام و اعزاز کرنا۔
ــــ الیہ فی الوَصِیَّۃ : کسی کو زیادہ حصہ دینا۔
اسْتَحْفَی عن الشَّئ : زبردست کھوج لگانا، کھود کرید کرنا، حد سے زیادہ پوچھ تاچھ کرنا۔
الحَفَا : برہنہ پائی (۲) زیادہ چلنے سے کھریا سم یا پیروں کی گھسائی۔
الحَافِی : برہنہ پا (۲) بہت اکرام کرنے والا ج : حُفَاۃٌ۔
الحَفِیُّ : مکمل علم رکھنے والا (۲) لطیف و شفیق قرآن پاک میں ہے : "إِنَّہٗ کَانَ بِیْ حَفِیًّا" (۳) سوال میں مبالغہ کرنے والا ج : حُفَوَاءُ۔

ح ـــ ق

•حَقَبَ الحَقِيبَةَ و نَحْوَهَا ـُ حَقْبًا: بیگ یا اٹیچی اٹھانا.
حَقِبَ الشَّيْءُ ـَ حَقَبًا: بند ہوجانا، رک جانا (۲) پیچھے ہوجانا، تاخیر ہوجانا.
حَقِبَتِ السَّمَاءُ وحَقِبَ المَطَرُ: بارش نہیں ہوئی یا بارش میں دیر ہوگئی.
ـــ العَامُ: سال کا خشک ہوجانا، بارش نہ ہونا.
ـــ عَطَاءُ فُلَانٍ: فیض بند ہوگیا.
ـــ أَمْرُ النَّاسِ: لوگوں کا معاملہ التوا میں پڑگیا.
ـــ المَعْدِنُ: کان میں کچھ نہ رہنا.
ـــ الحَيَوَانُ: جانور کا پیشاب رک جانا، پیشاب کا بند پڑجانا. هو أَحْقَبُ و هي حَقْبَاءُ ج: حُقْبٌ.
أَحْقَبَ البَعِيرَ: کوکھ کے قریب پٹی باندھنا (۲) بیگ کا تسمہ باندھنا.
ـــ الرَّجُلَ أو الزَّادَ أو المَتَاعَ: پیچھے سوار کرنا یا رکھنا.
احْتَقَبَ الشَّيْءَ: أَحْقَبَهُ (۲) ذخیرہ کرنا.
ـــ خَيْرًا أو شَرًّا: خیر یا شر کا حامل ہونا.
ـــ الإِثْمَ: گناہ کا ارتکاب کرنا.
اسْتَحْقَبَ الشَّيْءَ: احْتَقَبَهُ.
الأَحْقَبُ: گورخر جس کے پیٹ پر سفیدی ہو، مؤنث حَقْبَاءُ ج: حُقْبٌ.
الحاقِبُ: پاخانہ روکنے والا.
الحِقَابُ: ناخن کی جڑ میں نظر آنے والی سفیدی (۲) عورت کی کمر کا پٹکا یا پٹی جس میں زیور لٹکاتی ہے ج: حُقُبٌ.
الحَقَبُ: وہ پٹی جو اونٹ کی کوکھ کے قریب ہوتی ہے (۲) وہ تسمہ جو بیگ وغیرہ پر باندھا جاتا ہے ج: أَحْقَابٌ و أَحْقُبٌ وحُقُبٌ.

الحُقْبُ و الحُقُبُ: لمبا عرصہ، تقریبًا اسّی سال یا اس سے زیادہ. قرآن پاک میں ہے: "لَا أَبْرَحُ حَتَّى أَبْلُغَ مَجْمَعَ البَحْرَيْنِ أَوْ أَمْضِيَ حُقُبًا" ج: حِقَابٌ و أَحْقَابٌ. قرآن پاک میں ہے: "لَابِثِينَ فِيهَا أَحْقَابًا".
الحِقْبَةُ: (من الدَّهر) مطلق زمانہ، عرصہ (۲) سال ج: حِقَبٌ وحُقُوبٌ.
الحَقِيبَةُ: بیگ، اٹیچی، ٹرنک (۲) سامان یا توشہ رکھنے کا تھیلا، خرجین (۳) کجاوہ کے پیچھے رکھی جانے والی ہر شے (۴) سرین ج: حَقَائِبُ. احْتَقَبَ فُلَانٌ حَقِيبَةَ سَوْءٍ: برائی کا حامل ہونا.
•حَقَدَ عليه ـِ حَقْدًا وحِقْدًا: کسی سے بغض وعداوت رکھنا، کینہ رکھنا، موقع پاکر نقصان پہنچانے کا ارادہ کرنا (۲) حسد کرنا. هو حاقِدٌ ج: حَقَدَةٌ وهو وهي حَقُودٌ ج: حُقُدٌ.
حَقِدَ المَطَرُ و السَّمَاءُ حَقَدًا: بارش نہ ہونا.
ـــ المَعْدِنُ: کان میں کچھ نہ رہنا.
أَحْقَدَ فُلَانٌ: کان میں کوئی چیز نہ پانا.
ـــ فُلَانًا: حاسد اور کینہ ور بنانا.
تَحَاقَدُوا: ایک دوسرے سے کینہ رکھنا.
احْتَقَدَ المَعْدِنُ: کان کا خالی ہونا.
ـــ المَطَرُ: بارش نہ ہونا.
ـــ فُلَانٌ على فُلَانٍ: بغض رکھنا، کینہ رکھنا.
تَحَقَّدَ عليه: حَقَدَ.
الحِقْدُ: چھپی دشمنی، کینہ، بغض ج: أَحْقَادٌ وحُقُودٌ.
الحَقِيدَةُ: الحِقْدُ ج: حَقَائِدُ.
•حَقَرَ الشَّيْءَ ـِ حَقْرًا و حُقْرَةً وحِقَارَةً و مَحْقَرَةً وحُقْرِيَّةً: ذلیل وحقیر سمجھنا، ذلیل کرنا. هو مَحْقُورٌ وحَقِيرٌ ج: حِقَارٌ.
حَقُرَ ـُ حَقْرًا وحَقَارَةً: ذلیل ہونا، بے قیمت اور معمولی ہونا. هو حَقِيرٌ.
أَحْقَرَهُ: حَقَرَهُ.
حَقَّرَهُ: خوب ذلیل کرنا، بہت ذلیل سمجھنا.
احْتَقَرَهُ و اسْتَحْقَرَهُ: ذلیل وحقیر سمجھنا، حقارت کی نظر سے دیکھنا.
المَحْقَرَةُ: حقارت کا سبب ج: مَحَاقِرُ.
المُحَقَّرَاتُ: صغائر، چھوٹے گناہ و: مُحَقَّرَةٌ.
•حَقِطَ ـَ حَقَطًا: پھرتیلا ہونا. هو حَقِطٌ.
الحَقِطَةُ: کوتاہ قد عورت، پھرتیلی عورت.
•الحَيْقُطُ و الحَيْقُطَانُ: تیز، نر تیتر. م: حَيْقُطَانَةٌ.
•حَقَفَ الشَّيْءُ ـُ حُقُوفًا: خم کے ساتھ لمبا ہونا، خم دار ہونا.
ـــ الحَيَوَانُ: جانور کا خم دار ریت کے تودہ میں بیٹھنا (۲) جسم کو ٹیڑھا کرکے بیٹھنا.
احْقَوْقَفَ الشَّيْءُ: لمبا اور ٹیڑھا ہونا.
احْقَوْقَفَ الظَّهْرُ و الرَّمْلُ، و احقوقف الهِلَالُ: خم دار اور ٹیڑھا ہونا.
الأَحْقَفُ: پتلے پیٹ والا.
الحِقْفُ: خم دار اور لمبا ریت کا سلسلہ ج: أَحْقَافٌ و حُقُوفٌ.
المُحْقَفُ: کھانے پینے کو ترک کرنے والا ج: مَحَاقِفُ.
•حَقَّ الأَمْرُ ـِ حَقًّا و حَقَّةً و حُقُوقًا: صحیح ہونا، ثابت ہونا، سچا ہونا. قرآن پاک میں ہے: "لِيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَيَحِقَّ القَوْلُ عَلَى الكَافِرِينَ" (۲) واجب وضروری ہونا. جیسے يَحِقُّ عَلَيْكَ أَنْ تَفْعَلَ كَذَا. مناسب وجائز ہونا جیسے يحقّ لك ان تفعل كذا.
هو حَقِيقٌ بِكَذَا: وہ اس کے لائق ہے،

اس کا اہل ہے۔
حَقِيقٌ عَلَيَّ ذٰلِكَ: وہ میرے ذمے ہے
أَنَا حقيق عَلَى كَذَا: مجھے اس کی خواہش ہے، میں اس کا متمنی ہوں۔
حَقَّ الصَّغِيرُ من الإبل حِقًّا و حِقَّةً: عمر کے چوتھے سال میں داخل ہونا۔
—— الأَمْرَ ـ حَقًّا: یقین کرنا (۲) سچا سمجھنا یا پانا (۳) ثابت کرنا، حقیقت بنانا جیسے حَقَقْتُ حَذَرَ فلانٍ: میں نے وہ کر دکھایا جس سے وہ بچتا تھا۔
و حَقَقْتُ ظَنَّه: اس کے گمان کو حقیقت بنا دیا۔ حقیقت سے واقف ہونا۔
—— فُلانًا: لڑائی میں کسی پر غالب آنا (۲) وسطِ سر یا مونڈھے پر مارنا۔
—— العُقْدَةَ: گرہ کو مضبوط کرنا۔
—— الطَّرِيقَ: راستہ کے بیچ میں چلنا۔
حُقَّ لَه أن يَفْعَلَ كَذَا: اسے ایسا کرنا ضروری اور لازم ہے۔ قرآن پاک میں ہے: ”وَ أَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ“
حَقَّ ـ حَقًّا: گھوڑے کا دوڑنے میں اگلی ٹانگوں کی جگہ پچھلے پاؤں رکھنا۔
أَحَقَّ فُلانٌ: حق کہنا (۲) حق پر ہونا، بات کا سچا ثابت ہونا۔
—— الأَمْرَ: حق پانا، یقین کرنا، ثابت و لازم کرنا۔ أُحِقَّ عليه القَضَاءُ: اس کے ذمہ قضا کو لازم کیا۔
—— حَزْرَهُ و ظَنَّه: اندازہ یا خیال کو صحیح ثابت کرنا، حقیقت بنا دینا۔
—— فُلانًا على الحَقِّ: کسی کو حق پر غالب کرنا یا قائم رکھنا۔
—— الشَّيءَ: مضبوط و مستحکم بنانا۔
—— الرَّمِيَّةَ: تیر کو نشانہ پر مار کر شکار کو مار ڈالنا
حَاقَّه مُحَاقَّةً و حِقَاقًا: حق پر ہونے میں جھگڑنا کہ ہر ایک اپنے کو حق پر ثابت کرے (اس کا استعمال اکثر غائب کے صیغوں میں

ہوتا ہے)۔
مَا لَهُ فِي هٰذا حِقَاقٌ: اس کا اس میں کوئی جھگڑا نہیں۔
فُلانٌ نَزِقُ الحِقَاقِ: فلاں آدمی چھوٹی چھوٹی باتوں پر جھگڑتا ہے۔ (نَزِق: وہ آدمی جسے جلد غصہ اور طیش آتا ہو)۔
بَلَغَتِ الجارِيَةُ نَصَّ الحِقَاقِ: لڑکی کامل العقل ہوگئی۔
حَقَّقَ الأَمْرَ: حقیقت و واقعہ بنا دینا، ثابت کرنا، سچا کر دکھانا، بروئے کار لانا، پایۂ ثبوت کو پہنچانا۔
—— القَولَ و القَضِيَّةَ: چھان بین کرنا، جانچ کرنا۔
—— الظَّنَّ: خیال و گمان کو صحیح ثابت کرنا۔
—— الشَّيءَ و الأَمْرَ: مضبوط و مستحکم بنانا
كَلَامٌ مُحَقَّقٌ: پختہ اور مدلل کلام۔
—— الثَّوبَ: مضبوط بنائی کرنا یا اچھی طرح رنگنا۔
—— الثَّوبَ وغَيْرَه: بیل بوٹے بنانا (خاص شکل کے)۔
—— تَقَدُّمًا: ترقی کرنا۔
—— نَجَاحًا: کامیابی حاصل کرنا۔
—— هَدَفًا: مقصد حاصل کرنا۔
—— الأَمَلَ: امید بر لانا۔
—— القَوْلَ بالفِعل: قول کو عملی جامہ پہنانا۔
—— مَعَ فُلانٍ فِي قَضِيَّةٍ: تفتیش کرنا، بیان وغیرہ لینا جیسے پولیس ملزمان سے پوچھ تاچھ کرتی ہے۔
احْتَقَّ الرَّجُلَانِ: باہم لڑنا اور ہر ایک کا اپنے لئے حق پر ہونے کا دعویٰ کرنا۔
—— الشَّيءَ و الأَمْرَ: مضبوط کرنا۔
—— الطَّعْنَةَ: اتنا جما کر نیزہ مارنا کہ آر پار ہو جائے۔
—— به الطَّعْنَةُ: اس کے اتنا زور سے

نیزہ لگا کہ وہ آر پار ہو گیا۔
احْتَقَّ الصَّيْدَ: شکار پر نشانہ ایسا لگانا کہ وہ مر جائے۔
انْحَقَّتِ العُقْدَةُ: گرہ کا سخت ہونا۔
تَحَاقًّا: باہم لڑنا اور حق پر ہونے کا دعویٰ کرنا
تَحَقَّقَ الأَمْرُ: واقع اور ثابت ہونا، سچا ہونا، یقینی ہو جانا، پایۂ ثبوت کو پہنچ جانا۔
—— الأَمْرَ: یقین کر لینا، حقیقت جان لینا۔
اسْتَحَقَّ الشَّيءَ و الأَمْرَ: مستحق ہونا، حقدار ہو جانا، لازم کر لینا۔
—— الإِثْمَ: گناہ کی سزا واجب ہونا قرآن پاک میں ہے: ”فَإِنْ عُثِرَ عَلَى أَنَّهُمَا اسْتَحَقَّا إِثْمًا“
—— الدَّيْنُ: قرض کی مدت پوری ہو جانا۔
يَسْتَحِقُّ الاهْتِمَامَ: قابل توجہ۔
يَسْتَحِقُّ الدفعَ: قابل ادائگی۔
يَسْتَحِقُّ الذِّكْرَ: قابل ذکر۔
الاسْتِحْقَاقُ: حق داری، صلاحیت، اہلیت، حق واجب۔
التَّحْقِيقُ: چھان بین (۲) تفتیش، جواب طلبی۔
إِجْرَاءُ التَّحْقِيقِ مع أَحَدٍ: کسی سے تفتیش و پوچھ تاچھ کرنا۔
تَحْقِيقٌ قَضَائِيٌّ: عدالتی تحقیقات۔
تحقيقُ كتابٍ: کتاب کی علمی چھان بین کر کے اسے صحیح اور اصل شکل پر لانا، آڈٹ کرنا۔
تَحْقِيقُ الهَمْزَةِ: ہمزہ کو تلفظ میں پورے طور پر ظاہر کرنا۔
التَّحَقُّقُ: وقوع، ثبوت۔
الحَاقُّ: ہر شے کا درمیان، بیچ جیسے حَاقُّ الطَّرِيقِ، حَاقُّ الرَّأسِ، حَاقُّ العَيْنِ، حَاقُّ الشِّتَاءِ ج: حَوَاقُّ۔
هُوَ رَجُلٌ حَاقُّ الرَّجُلِ: وہ مکمل مردانگی والا ہے۔
هو شُجَاعٌ حَاقُّ الشُّجَاعِ: وہ کامل الشجاعت آدمی ہے۔ اس لفظ کا تثنیہ

اور جمع نہیں آتے۔
هُوَ فِی حَاقٍّ من هٰذَا الأمر: وہ اس معاملہ سے پریشانی میں ہے۔
لَقِيتُه عِندَ حَاقِّ بابِ المَسْجِدِ: میں اس سے مسجد کے دروازہ کے پاس ملا
الحَاقَّةُ: حَاقٌّ کی تانیث (۲) آفت، مصیبت (۳) روز قیامت ج: حَوَاقٌّ۔
هُوَ رَجُلٌ حَاقَّةُ الرَّجُلِ: وہ کامل مرد ہے۔
هو شُجَاعٌ حَاقَّةُ الشُّجَاعِ: وہ بہادری میں کامل ہے۔ بلا تثنیہ و جمع استعمال ہوتا ہے۔
الحَقُّ: باری تعالیٰ کا ایک نام (۲) ثابت، صحیح وغیر مشکوک۔ قرآن پاک میں ہے: "إِنَّهُ لَحَقٌّ مِثْلَ مَا أَنَّكُمْ تَنْطِقُونَ" (۲) سچا، ٹھیک، صحیح، واقع کے مطابق۔ بطور صفت استعمال ہوتا ہے۔ جیسے قَولٌ حَقٌّ۔ کہتے ہیں: هو العَالِمُ حَقُّ العَالِمِ: وہ زبردست عالم ہے۔
هو حَقٌّ بكذا: وہ اس کا حق دار یا اس کے لائق ہے (۲) فرد یا جماعت کا واجب حصہ، حق کلیم ج: حُقُوقٌ و حِقَاقٌ۔
الحَقُّ مَعَكَ: تم حق پر ہو۔ الحَقُّ عَلَيكَ: تم حق پر نہیں ہو۔
حُقُوقُ اللّٰهِ: اللہ کے لئے جو کام ہم پر لازم ہیں۔
حُقُوقُ العِبادِ: وہ تمام کام جو بندوں کو ایک دوسرے کے لئے کرنے ضروری ہیں
حُقُوقُ الدَّارِ: مکان کے متعلقہ عمارتیں جن سے انسانی ضرورتیں پوری ہوتی ہیں۔
كُلِّيَّةُ الحُقُوقِ: لا کالج۔
حَقُّ الاقتِرَاحِ: حق رائے دہی۔
حَقُّ الاعتِرَاضِ: ڈیٹو پاور، حق اعتراض
حَقُّ التَّصْوِيتِ: ووٹ دینے کا حق، ووٹنگ پاور۔
حَقُّ تقريرِ المَصِيرِ: حق خود ارادیت۔
حَقُّ النَّقْضِ: حق تنسیخ، ویٹو۔
الحِقُّ: وہ اونٹ جو عمر کے چوتھے سال میں آ گئے ہوں اور ان پر لدان اور سواری ممکن ہو ج: أَحُقٌّ و حِقَاقٌ جج: حُقُقٌ۔
الحُقُّ: برتن، ظرف (۲) ہاتھی دانت یا کانچ کی ڈبیا (۳) سوراخ، بل (۴) وہ گڑھا جس میں ران کا سرا ہوتا ہے (۵) کولہے کا وہ سرا جس میں ران کی ہڈی ہوتی ہے (۶) بازو کا سرا (۷) مونڈھے کے سرے کا گڑھا (۸) سرین کا سرا (۹) ہموار زمین (۱۰) پست زمین (۱۱) گول زمین (۱۲) ہر شے کا بیچ ج: أَحْقَاقٌ و حِقَاقٌ و حُقُوقٌ۔
حُقُّ الإِبْرَةِ و المَلَّاحِينَ: قطب نما، سمت نما۔
الحَقَّانِيُّ: حق پرست۔
الحَقَّةُ: حصہ مقررہ۔ کہتے ہیں: هٰذِهِ حَقَّتِي (۲) حقیقت الامر، واقعہ (۳) آفت۔
الحِقَّةُ: حصہ مقررہ۔ جیسے هٰذه حِقَّتِي (۲) بمعنی الحِقُّ مذکور یا چوتھے سال میں داخل ہونے والی اونٹنیاں (۳) چھوٹا درخت ج: حِقَقٌ و حِقَاقٌ۔
الحُقَّةُ: الحُقُّ ج: حُقَقٌ و حِقَاقٌ۔
الحَقِيقُ بالأَمْرِ: کسی کام کے لائق، موزوں۔
هو حَقِيقٌ أَنْ يَفْعَلَ كَذَا: اس کے لئے ایسا کرنا موزوں ہے۔ ایسے ہی کہتے ہیں: حَقِيقٌ بِهِ أَنْ يَفْعَلَ كَذَا
حَقِيقٌ عليه كذا: اس کے لئے ایسا کرنا ضروری ہے، اسے ایسا کرنا چاہئے۔
قرآن پاک میں ہے "حَقِيقٌ عَلَىٰ أَنْ لَا أَقُولَ عَلَى اللّٰهِ إِلَّا الحَقَّ"۔
هو حَقِيقٌ على كذا: وہ اس کا حریص و خواہش مند ہے۔ گزشتہ آیت میں عَلَىٰ کے بجائے عَلَيَّ بھی ایک قراءت ہے۔
الحَقِيقَةُ: یقینی طور پر ثابت شدہ چیز، امر واقع، صداقت، اصل (۲) اہل لغت کے یہاں وہ لفظ جو اپنے اصلی معنی میں استعمال کیا گیا ہو (۳) پرچم ج: حقائق۔
حَقِيقَةُ الشَّيءِ: خالص و اصل ذات۔
حَقِيقَةُ الأَمْرِ: وہ بات جس کا یقین ضروری ہو
حَقِيقَةُ الرَّجُلِ: واجب الحمایت شے جس کا دفاع کرنا ضروری ہو۔ کہتے ہیں: فُلَانٌ يَحْمِي الحَقِيقَةَ۔
المَحْقُوقُ: لائق، موزوں، حق دار۔ هو مَحْقُوقٌ أَنْ يَفْعَلَ كَذَا (۲) وہ آدمی جس پر کسی کا حق واجب ہو۔
المُسْتَحَقُّ: حق واجب الوصول، مطالبہ ج: مُسْتَحَقَّاتٌ۔
مُسْتَحَقُّ الدَّفْعِ: واجب الادا۔

• حَقَلَ ـِ حَقْلًا: بونا، کھیتی کرنا۔
حَقِلَتِ الماشِيَةُ ـَ حَقَلًا: (مٹی ملا پانی پینے یا مٹی ملی سبزی کھانے سے) چوپائے کا درد شکم میں مبتلا ہونا۔
أَحْقَلَ الزَّرْعُ: کھیتی میں شاخیں نکلنا۔ (فالزَّرْعُ مُحْقِلٌ)۔
ــــ الأَرْضُ: زمین کا کھیت بن جانا۔ فالأرض مُحْقِلَةٌ: قابل کاشت ہونا۔
ــــ الرَّجُلَ فِي الرُّكُوبِ: سوار کا سواری کی پیٹھ سے چپٹنا۔
حَاقَلَهُ: کسی کو پکنے سے پہلے کھڑی کھیتی فروخت کرنا (۲) زمین کسی کو بٹائی پر دینا یعنی وہ کاشت کرے گا جس کو زمین دی جا رہی ہے اور مالک کھیتی میں سے مقررہ حصہ لے گا۔
احْتَقَلَ: اپنا کھیت بنانا۔

الحاقِلُ : کاشت کار ۔

الحُقَالُ : ایک بیماری (درد) جو مٹی لا ہوا گھاس وغیرہ کھانے سے چوپاؤں کو ہوتی ہے ۔

الحَقْلُ : قابل کاشت زمین (۲) کھیت (۳) کھیتی ہری بھری (۴) کھلا میدان (۵) کام کا میدان یا جگہ ج: حُقول ۔

حَقْلُ البِتْرول : وہ زمین جہاں سے پٹرول نکالا جائے ۔

حَقْلُ التَّجارِب : تجربہ کا میدان ۔

حَقْلُ التَّعلِیم : تعلیمی میدان ۔

حَقْلُ الدَّعْوۃ : میدان تبلیغ ۔

حَقْلُ العَمَل : کام کا میدان ۔

حَقْلٌ من صَحِیفَۃٍ : اخبار کا کالم ۔

الحَقْلِيُّ : کھیت سے متعلق ، میدانی ، میدان کا ۔

المَحْصُولاتُ الحَقْلِیَّۃ : زمینی پیداوار

الحَقْلَۃُ : کھیت کا ایک حصہ (۲) حُقال ، بیماری ج: أحْقَالٌ ۔

المَحْقَلَۃُ : کھیت ج: مَحاقِل ۔

• الحِقْلِدُ : بد خلق واجڈ آدمی ۔

الحَقْلَدُ : بخیل ، کنجوس (۲) کمزور (۳) گنہگار (۴) بغض وکینہ ۔

• الحَقِیمُ : گوشۂ چشم جو کنپٹی سے ملا ہوا ہوتا ہے وہ دو ہوتے ہیں (حقیمان) ج: أحْقِمَۃ

• حَقَنَ الماءَ واللَّبَنَ فی القِرْبَۃِ ـِ حَقْنًا : مشکیزہ میں پانی یا دودھ جمع کرنا اور روک لینا ۔

ـــ الإناءَ بالماءِ وغیرِہ : برتن کو پانی سے بھرنا ۔

ـــ بَوْلَہ : پیشاب روکنا ۔

ـــ دَمَ فُلانٍ : خون کی حفاظت کرنا ، بہنے نہ دینا ، جان بچانا ، زندگی کی حفاظت کرنا ۔

ـــ ماءَ وَجْھِہ : آبرو بچانا ، عزت کی حفاظت کرنا ، سوال کی ذلت سے بچانا ۔

ـــ اللَّبَنَ فی القِرْبَۃِ : مکھن نکالنے کے لئے دودھ کو مشکیزہ میں ڈالنا ۔ فاللَّبَنُ مَحْقُونٌ وحَقِینٌ ۔

حَقَنَ فُلانًا : انجکشن لگانا ، سرنج یا کسی آلہ سے جسم میں دوا داخل کرنا ، پچکاری لگانا ۔

حَقَنَہ حُقْنَۃً دَوائِیَّۃً : دوا کا انجکشن لگانا ۔

احْتَقَنَ : اکٹھا ہونا اور نہ نکلنا جیسے احْتَقَنَ الماءُ واللَّبَنُ و احْتَقَنَ الدَّمُ والبَوْلُ : خون کا اکٹھا اور منجمد ہونا ، پیشاب کا رک جانا ۔

ـــ العُضْوُ : کسی عضو کا پانی یا خون اکٹھا ہو کر رکنے سے پھول جانا جیسے احْتَقَنَ الکَبِدُ : جگر بڑھ گیا ۔ و احْتَقَنَتِ الکُلْیَۃُ : گردہ کا پھول جانا ۔

ـــ الضَّرْعُ : تھن پھول جانا ۔

ـــ المَرِیضُ : بیمار کو پیشاب کا بند پڑنا اور اس کی وجہ سے حقنہ یا سلائی وغیرہ کا علاج کرانا ۔

الحَاقِنُ : وہ شخص جس کا پیشاب بند ہو گیا ہو ۔ کہتے ہیں : لا رَأْیَ لِحاقِنٍ (۲) انجکشن لگانے والا ، حقنہ سے علاج کرنیوالا

الحاقِنَۃُ : حاقِن کی تانیث (۲) معدہ (۳) دونوں ہنسلیوں کا درمیانی گڑھا ۔ تہدید کے موقع پر کہا جاتا ہے لَأُلْحِقَنَّ حَواقِنَکَ بِذَواقِنِکَ ۔

الحُقْنَۃُ : جماؤ ، بندش (۲) وہ دوا جو بیمار کی مقعد سے فضلہ نکالنے کے لئے چڑھائی جائے (۳) انجکشن ، وہ دوا جو بذریعہ سرنج یا پچکاری مریض کے جسم میں داخل کی جائے ج: حُقَنٌ (۴) سرنج یا پچکاری ۔

الحَقَنَۃُ : درد شکم ج: أحْقانٌ ۔

المِحْقانُ : وہ شخص جو پیشاب کو روکے رکھے اور پھر زیادہ پیشاب کرے ج: مَحاقِینُ ۔

المِحْقَنُ : پچکاری (۲) سرنج ، انجکشن کی سوئی (۲) وہ برتن جس میں دودھ وغیرہ اکٹھا کیا جائے ج: مَحاقِنُ ۔

• حَقاہُ ـُ حَقْوًا : کوکھ پر مارنا ، کمر پر مارنا ۔

ـــ الشَّیءُ فُلانًا : کوکھ یا کمر پر لگنا ۔ کہتے ہیں : نَزَلَ فی الماءِ حَتّٰی حَقاہ : وہ کمر تک پانی میں اترا ۔ ھو مَحْقُوٌّ و مَحْقِيٌّ ۔

حَقِيَ ـَ حَقًا : کوکھ میں درد محسوس کرنا ۔ ھو حَقٍ ۔

حُقِيَ : کوکھ میں درد محسوس کرنا ، بسیار خوری کی وجہ سے درد شکم میں مبتلا ہونا ۔ ھو مَحْقُوٌّ و مَحْقِيٌّ ۔

تَحَقّٰی : حَقِيَ ۔

الحِقاءُ : إزار (تہبند یا چادر) (۲) ازار باندھنے کی جگہ (۲) خالی گوشت کھانے سے ہونے والا پیٹ کا درد (۳) گھوڑے کی جھول کا تسمہ ۔ ج: أحْقِیَۃٌ ۔

الحَقْوُ : کوکھ ، کمر ۔ أخَذَ بِحَقْوِہ و عاذَ بِحَقْوِہ : پناہ میں آنا ۔

حَقْوُ الجَبَلِ : دامن کوہ ۔

حَقْوا الثَّنِیَّۃِ : ثنیہ (سامنے کے دو دانت) کے دو کنارے (۲) ازار بند ۔ کہتے ہیں : رَمٰی بِحَقْوِہ : اس کی چادر اتار دی ج: أحْقاءٌ ۔

ح ـــــ ک

• حَکَأَ العُقْدَۃَ ـَ حَکْئًا : گرہ مضبوط لگانا حَکاھا بالتخفیف بھی کہا جاتا ہے ۔

أحْکَأَھا و أحْکاھا : حَکَأھا ۔

احْتَکَأَ : احْتَکَأَتِ العُقْدَۃُ : گرہ سخت ہونا ۔

ـــ الأمْرُ فی صَدْرِہ او نَفْسِہ : کسی بات کا دل میں بیٹھ جانا کہ کوئی شک باقی نہ رہے ۔ کہتے ہیں : لو احْتَکَأَ لی أمْری لَفَعَلْتُ کذا : اگر مجھے شروع ہی میں یہ بات معلوم ہو جاتی تو میں ایسا کرتا ۔

ـــ العُقْدَۃَ : گرہ کو سخت کرنا ۔

الحُکَأۃُ : موٹی چھپکلی (۲) بڑا گرگٹ ج: حُکَأٌ و حُکا ۔

الحَكَاءَةُ: الحَكَاءَةُ ج: حُكَاءٌ.

•حَكَرَهُ ـِ حَكْرًا: زیادتی کرنا(۲)مذمت کرنا(۳)بدسلوکی کرنا۔ ھو حَكِرٌ۔

ـــ السِّلَعَ: سامان کو بلاشرکت غیرے اپنے لئے خاص کرنا(۲)سامان کو اس لئے روکنا کہ بوقت گرانی بیچ کر اس سے زیادہ نفع اٹھایا جائے۔

ـــ السُّوقَ: بازار سے اشیاء کو اس لئے غائب کرنا کہ بوقت گرانی بیچا جائے۔

حَكِرَ فُلَانٌ ـَ حَكَرًا: ضدی اور جھگڑالو ہونا۔

ـــ بِرَأْيِهِ: خود سر ہونا، اپنی رائے کے آگے کسی کی رائے نہ ماننا۔

ـــ السِّلْعَةَ: بوقت گرانی بیچنے کے لئے روکنا۔

حَاكَرَهُ: لڑائی جھگڑا کرنا۔

احْتَكَرَ السِّلْعَةَ: ذخیرہ اندوزی کرنا، گراں بیچنے کے لئے روکنا۔

تَحَكَّرَ فُلَانٌ علی الشَّيْءِ: کف افسوس ملنا، پچھتانا۔

ـــ السِّلْعَةَ: احْتَكَرَ.

الحَاكُورَةُ: پائیں باغ، وہ زمین جو مکانات کے پاس درخت بونے کے لئے مخصوص کی جائے۔

الحَكِرُ: ضدی، جھگڑالو(۲)خود سر(۳)ذخیرہ اندوز

الحُكْرُ: تھوڑی چیز ج: أَحْكَارٌ.

ـــ التِّجارَةُ : تجارت ناکام ہونا، کاروبار ٹھپ ہوجانا۔

أَحْمَقَ : بے وقوف اولاد والا ہونا۔ هو مُحْمِقٌ۔

ـــ به : کسی کو بے وقوف کہنا، کسی کی بے وقوفی ذکر کرنا۔

ـــ فُلانًا : بے وقوف پانا۔

حَامَقَه : کسی کے ساتھ خود بھی بے وقوف بنجانا، بے وقوفی میں ساتھ دینا۔

حَمَّقَهُ : بے وقوف ٹھیرانا، بے وقوف بنانا

انْحَمَقَ : بے وقوف ہونا (۲) بے سوچے چلے جانا۔

ـــ الثَّوبُ : پرانا اور بوسیدہ ہونا۔

تَحامَقَ : خود کو بے وقوف ظاہر کرنا، بیوقوف بننا۔

تَحَمَّقَ : بے وقوف بننے کی کوشش کرنا۔

اسْتَحْمَقَ : حَمُقَ۔

ـــ فلانًا : بیوقوف پانا۔

الأُحْمُوقَةُ : بے وقوفی کا کام یا بے وقوفی کی بات (۲) انتہائی بے وقوف آدمی۔

الحَماقُ و الحُماقُ : چیچک یا خسرہ۔

الحَمْقاءُ : أَحْمَق کی تانیث۔

البَقْلَةُ الحَمْقاءُ : خرفہ کا ساگ بَقْلَةُ الحَمْقاء بھی کہتے ہیں۔

الحَمُّوقَةُ : انتہائی بے وقوف۔

حَمِقٌ و حَمْقان : کم داڑھی والا، بیوقوف

حَمْقان : آپے سے باہر۔

الحَماقَةُ : بے وقوفی، کم عقلی۔

المِحْماقُ : بے وقوف بچے جننے والی عورت ج: مَحامِيق۔

المُحْمِقاتُ : وہ روشن راتیں جن میں چاند نکلا رہتا ہے۔

المَحْمُوقُ : چیچک زدہ۔

• حَمَكَ الدَّلِيلُ ـ حَمْكًا : راہبر کا بہتر راہنمائی کرنا۔

الحَمَكُ : وہ راہبر لوگ جو جنگلوں میں گھستے چلے جائیں (۲) ہر چھوٹی اور معمولی چیز (۳) ہر شے کی اصل اور فطرت۔

• حَمَلَتِ المَرْأَةُ ـ حَمْلًا : حاملہ ہونا۔

ـــ المرأةُ جَنِينَها و به ـ حَمْلًا : بچہ کا عورت کے پیٹ میں ہونا هي حامل و حامِلَةٌ۔

ـــ الشَّجَرَةُ : درخت پر پھل آنا۔

حَمَلَ على نفسِه في السَّيْرِ : چلتے رہنے سے خود کو تھکا دینا۔

حَمَلَ على بَنِي فُلانٍ : ہنگامہ کرنا، حملہ بولنا

ـــ عنه : کسی کی بات کو برداشت کرنا۔ هو حَمُولٌ۔

ـــ عنه و به حَمالَةً : ذمہ دار ہونا، ضامن و کفیل ہونا۔ هو حامل و حَمِيلٌ۔

ـــ عليه في الحَرْبِ وغيرها : کسی پر حملہ کرنا، حملہ آور ہونا۔

ـــ الحِمْلَ على ظَهْرِ الدّابَّةِ : حَمْلًا و حُمْلانًا : لادنا، بوجھ لادنا۔ هو مَحْمُولٌ و حَمِيلٌ (جس پر بوجھ لادا گیا)۔

ـــ الشيءَ على الشيءِ : کسی حکم میں ایک شے کو دوسری کے ساتھ ملانا، محمول کرنا جیسے حَمَلَ كلامَه على الاغْتِياب۔

ـــ فُلانًا على أَمْرٍ : اکسانا، آمادہ کرنا۔

ـــ عليه الحِقْدَ : کسی کے خلاف دل میں کینہ رکھنا، بغض کرنا۔

ـــ الغَضَبَ : غصہ کا اظہار کرنا۔

ـــ عليه ذَنْبَهُ : گنہگار ٹھیرانا۔

ـــ فُلانًا : کسی کو سواری کا جانور دینا، سواری دینا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلَا عَلَى الَّذِينَ إِذَا مَا أَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَا أَجِدُ مَا أَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ"

ـــ القُرآنَ و نَحْوَه : یاد کرنا (۲) حامل قرآن ہونا، قرآن پر عمل کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "مَثَلُ الَّذِينَ حُمِّلُوا التَّوْرَاةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ أَسْفَارًا"

ـــ العِلْمَ : نقل کرنا، علم پر عمل کرنا۔

ـــ على عاتِقِه : ذمہ داری ڈالنا۔

أَحْمَلَتِ المَرْأَةُ و النّاقَةُ : عورت یا اونٹنی کے بغیر حمل کے دودھ اتر آنا (۲) بکثرت ولادت ہونا۔

أَحْمَلَ فُلانًا الحِمْلَ : کسی کو بوجھ اٹھانے

میں مدد دینا ۔

حَمَّلَه الشیئَ و الأَمْرَ: کسی پر کوئی چیز لادنا یا کوئی ذمہ داری ڈالنا۔

اِحْتَمَلَ القَوْمُ: کوچ کرنا، لوگوں کا روانہ ہونا

ـــ الأمْران یَکُوْنَ کذا: کسی بات میں کوئی احتمال یا جواز ہونا۔

ـــ الشیئَ و الأمْرَ: برداشت کرنا، صبر و تحمل سے کام لینا۔ کہتے ہیں: احتَمَلَ ما کان مِنْه: اس کی بات سے چشم پوشی کی اور معاف کر دیا۔

ـــ فُلانٌ الصَّنِیْعَةَ: کسی اچھے فعل پر شکریہ ادا کرنا۔

ـــ الغَضَبُ فُلانًا: غصہ کا کسی کو آپے سے باہر کر دینا۔

اُحْتُمِلَ: غصہ سے رنگ بدل جانا، غصہ سے بے قابو ہو جانا (۲) قریب اور ممکن ہونا۔

تَحَامَلَ علی فُلانٍ: ظلم و زیادتی کرنا، انصاف نہ کرنا (۲) ناقابل برداشت کام کا پابند بنانا، مشقت میں ڈالنا۔

ـــ الشیئَ و فیه و به: صعوبت و مشقت کے باوجود کسی بات کو اپنے ذمہ لینا، کسی معاملہ میں مشقت اٹھانا۔ تَحَامَلَ فی مَشْیِه: وہ مشکل اور مشقت سے چلا۔

ـــ الزَّمانُ عن فُلانٍ: زمانہ کا ساتھ نہ دینا، ناموافق ہونا۔

ـــ الرَّجُلانِ الشیئَ: بوجھ اٹھانے میں ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

تَحَمَّلَ القَوْمُ: کوچ کرنا۔

ـــ فُلانٌ: برداشت اور ہمت سے کام لینا، برداشت کرنا۔

ـــ بفُلانٍ علیه فی الشَّفَاعَةِ و الحَاجَةِ: سفارش یا ضرورت میں کسی پر اعتماد کرنا۔ تَحَمَّلَ الحَمَالَةَ: کسی کی طرف سے دیت یا جرمانہ کا ضامن ہونا

ـــ الأَمْرَ: کسی کام کی ذمہ داری لینا، کسی کام میں مشقت اٹھانا۔

تَحَمَّلَ شَهادَةَ فُلانٍ: کسی کی طرف سے گواہی دینا۔

اِسْتَحْمَلَ البَعِیْرُ وغیرُه: بوجھ اٹھانے کے قابل ہونا۔

ـــ فُلانٌ: برداشت کرنا۔

ـــ فُلانًا: کسی سے بوجھ اٹھانے کے لئے کہنا، بوجھ اٹھوانا۔

ـــ فُلانًا نَفْسَه: کسی کو اس کے معاملات کا ذمہ دار بنانا۔

حَامِلٌ: اسٹینڈ ج: حوامل۔ اٹھانے والا، عامل، صاحب علم وغیرہ۔

ـــ السَّبُّورة: تختہ سیاہ کا اسٹینڈ، وہ لکڑی کا مثلث جس پر اسے رکھتے ہیں، ج: حوامل۔ کسی شے کو اٹھانے والی لکڑی یا لوہا وغیرہ۔

حامل البُوْلِیسة: پالیسی ہولڈر، معاہدہ کے تحت روپیہ لینے والا۔

حامل الحَرْف: ٹائپ رائٹر میں لگا ہوا ٹائپ بار۔

حامل الحَقِیبَةِ الدِّبْلُوماسِیَّة: سفارتی نامہ بر۔

حامِل الرسائل: نامہ بر۔

حامِل السَّنَد: مالی استحقاق کی سند رکھنے والا۔

حَامِلُ الشَّرِیْط: ٹائپ رائٹر میں ربن کیریر

حامِل شَهادَةٍ جامِعِیَّة: گریجویٹ، فاضل۔

حَامِلُ شِیْكٍ: چیک بردار۔

حَامِلُ العَلَم: پرچم بردار۔

حَامِلُ الصَّوارِیخ: راکٹ بردار جہاز۔

الحَامِلَةُ: حامل کی تانیث (۲) انگور وغیرہ رکھنے کی زنبیل یا ٹوکری (۳) جولاہے کے کرگہ کی وہ لکڑی جس پر دھاگے اٹکے ہوئے ہوتے ہیں۔

حَامِلَةُ الطَّائِرات: طیارہ بردار بحری جہاز جس پر بہت سے جہاز کھڑے ہوتے اور اس سے اڑتے ہیں (وہ ایک قسم کا سمندری ہوائی اڈہ ہوتا ہے) ج: حَوَامِل۔

حَوَامِلُ الشیئ: پائے، ٹانگیں (۲) پیروں اور ہاتھوں کے پٹھے۔

الحَمَالُ: اپنے ذمہ لیا ہوا تاوان یا خون بہا ج: حُمُلٌ۔

الحَمَالَةُ: الحَمَال۔

الحِمَالَةُ: تلوار وغیرہ کا پٹا یا پیٹی۔ پرتلہ جس میں اسے لٹکاتے ہیں ج: حَمَائِل (۲) قلی گری، حمالی کا پیشہ۔

الحُمَالة: قلی یا حمال کی مزدوری۔

الحَمْلُ: حمل (عورت) (۲) درخت کا پھل (۳) بوجھ۔ فُلانٌ حَمْلٌ عَلی أهْلِه (وہ اپنی طویل بیماری کے باعث اہل خانہ کے لئے بوجھ ہے) (۴) اونٹ پر عورتوں کے بیٹھنے کا ہودج (۵) وہ اونٹ جس پر ہودج لگا ہوا ہو ج: أحْمَال و حُمُول و حِمَال۔

الحِمْلُ: بوجھ، لدان (۲) ہودج (۳) پالکی والا اونٹ (۴) علم ریاضیات میں وہ بھاری وزن یا جسم جسے مشینوں سے کھینچا جائے ج: أحْمَال و حُمُول۔

الحَمَلُ: بکری کا بچہ ج: حُمْلان و أحْمَال (۲) آسمان کا ایک برج (ربیعی برجوں میں سے ایک) (۳) بہت بارش والا بادل۔

الحُمْلانُ: وہ چوپایہ جس پر لدا یا لادے جائیں (۲) قلی یا حمال کی مزدوری۔

الحِمْلَةُ و الحُمْلَةُ: برداشت (۲) ایک جگہ سے دوسری جگہ کوچ۔

الحَمَّالُ: قلی، باربردار۔

الحِمَالَةُ و حَمَّالَةُ القَنْطَرَة: پل کے ستون۔

الحَمُولُ: بہت بردبار، دانش مند، صابرو جفاکش۔

الحَمِيلُ: لاوارث بچہ جسے اٹھا کر لوگ پرورش کریں (۲) وہ قیدی جو بار بار مختلف جگہوں پر لے جایا جائے (۳) اجنبی (۴) اٹھائی ہوئی چیز (۵) بے پالک (۶) ضامن (۷) سیلاب کا کوڑا کرکٹ (۸) پیٹ کا بچہ۔

الحَمِيلَةُ: حَمِيل کی تانیث (۲) تلوار لٹکانے کا پٹا یا پیٹی، پرتلہ ج: حَمَائِل

هو حَمِيلَةٌ عَلَيْنَا: وہ ہمارے اوپر بوجھ ہے۔

المَحمِلُ: پالکی، ڈولی (۲) چوپائے کے دو طرف لٹکے ہوئے تھیلے جن پر بوجھ رکھا جاتا ہے (۳) انگور وغیرہ کی ٹوکری ج: مَحَامِل۔

ما على البَعِيرِ مَحْمِلٌ: اونٹ پر سامان لادنے کی جگہ نہیں ہے۔

ما على فُلانٍ مَحْمِلٌ: فلاں قابل اعتماد نہیں ہے۔

المُحَمَّلُ: لدا ہوا، بوجھل، بھاری۔

المَحْمُولُ: نزد مناطقہ قضیہ کے اس جز کو کہتے ہیں جو نحویوں کے نزدیک جملہ میں مسند کہلاتا ہے (۲) قابل برداشت (۳) بلند (۴) بوجھ یا وزن جیسے مَحْمُولُ المُرَكَّب (۵) وہ شے جو کسی حکم میں شریک کی گئی ہو جیسے قوله مَحْمُولٌ على السَّهْوِ۔

المُحْتَمَلُ: قابل برداشت، جائز، ممکن۔

من المُحْتَمَلِ أنَّ أو أنْ: ممکن ہے کہ، اغلب یہ ہے کہ۔

يُحْتَمَلُ: قابل برداشت (۲) ممکن، ناقابل یقین

لا يُحْتَمَلُ: ناقابل برداشت، ناقابل امکان۔

المُحْتَمَلَاتُ: امکانات۔

• حَمْلَجَ الحَبْلَ: رسی کو مضبوط بٹنا۔

الحِمْلَاجُ: مضبوط بٹی ہوئی رسی (۲) سنار کی پھونکنی (۳) بیل یا ہرن کا سینگ ج: حَمَالِيجُ۔

• حَمْلَقَ: دونوں آنکھیں کھولنا، آنکھیں پھاڑ کے دیکھنا (۲) گھور کر دیکھنا، حَمْلَقَ إليه بھی کہتے ہیں۔

حِمْلَاقُ العَيْنِ و حُمْلُقُها و حُمْلُوقُها: پپوٹوں کا اندرونی حصہ جہاں سرمہ لگایا جاتا ہے ج: حَمَالِيقُ۔

• حَمَّ التَّنُّورَ ونحوه ـُ حَمًّا: تنور وغیرہ کو گرم کرنا (آگ جلا کر)۔

ـــ الماءَ ونحوه: پانی وغیرہ گرم کرنا۔

ـــ الشَّحْمَ ونحوه: پگھلانا۔

ـــ الأمرُ فلانًا: مغموم بنانا، فکر میں ڈالنا۔

ـــ اللهُ كذا: مقدر کرنا۔

ـــ حَمَّهُ: کسی کی طرح قصد کرنا۔

ـــ الماءُ ونحوه ـَ حَمَمًا: پانی وغیرہ گرم ہونا۔ هو أحَمُّ و هي حَمَّاءُ ج: حُمٌّ۔

ـــ الشيءُ: کالا ہونا (۲) گھڑے وغیرہ کا جل کر کالا ہو جانا۔

حُمَّ حُمَامًا: بخار میں مبتلا ہونا۔

ـــ الأمرُ حَمًّا: کسی بات کا مقدر کیا جانا، منجانب اللہ فیصلہ کیا جانا۔

ـــ الشيءُ: قریب ہونا۔

ـــ لفلانٍ كذا: کسی بات کا مقدر ہونا۔

أحَمَّتِ الأرضُ: کسی علاقہ میں بخار پھیلنا۔

أحَمَّ الشيءُ: قریب ہونا، موجود ہونا۔

ـــ الماءَ ونحوه: گرم کرنا۔

ـــ الطِّفلَ ونحوه: گرم پانی سے نہلانا۔

ـــ اللهُ فلانًا: بخار میں مبتلا کرنا۔

ـــ الأمرُ فلانًا: مغموم بنانا، غم میں ڈالنا۔

ـــ اللهُ كذا: مقدر کرنا، قسمت میں لکھنا۔

ـــ الشيءَ: کالا کر دینا۔

حَامَّ فلانًا: کسی کے قریب ہونا، کسی سے مطالبہ کرنا، مانگنا۔

حَمَّمَتِ الأرضُ: زمین کی روئیدگی کا سبزو سیاہی مائل ہونا۔

حَمَّمَ الغُلامُ: لڑکے کی داڑھی نکلنا۔

ـــ الرَّأسُ: سر مونڈانے کے بعد بال اُگنا۔

ـــ الماءَ و نحوه: گرم کرنا۔

ـــ الرَّجُلَ: کوئلہ سے منہ کالا کرنا۔

احْتَمَّ: بے قرار ہونا، مغموم ہونا۔

ـــ عَيْنَهُ: (بے خوابی کی تکلیف) نیند نہ آنا

ـــ لفلانٍ: کسی پر غصہ ہونا، تیز ہونا۔

تَحَمَّمَ: کالا ہونا (۲) غسل کرنا۔

اسْتَحَمَّ: حمام میں جانا (۲) نہانا، غسل کرنا (۳) پسینہ والا ہونا۔

الحَامَّةُ: گھر کے خاص افراد (۲) عمدہ اونٹ ج: حَوَامُّ۔

الحَمَامُ: کبوتر ج: حَمَائِم۔

حَمَامُ الزَّاجِلِ: (دیکھئے زجل)

الحِمَامُ: موت کا فیصلہ (۲) قسمت (۳) موت۔

الحُمَامُ: تمام جانوروں کا بخار (۲) شریف سردار۔

راعي الحَمامِ و ساقُ الحَمامِ: دو پودوں کے نام۔

الحَمَامَةُ: حَمَامٌ کا واحد، ایک کبوتر (نر اور مادہ دونوں کے لئے) ج: حَمَائِم۔

الأحَمُّ: گرم۔ مؤنث: حَمَّاءُ ج: حُمٌّ۔

الحَمُّ: پگھلائی ہوئی چربی (۲) پگھلی ہوئی چربی کا بچا ہوا حصہ (۳) عمدہ نسل کا اونٹ۔

حَمُّ الظَّهِيرَةِ: دوپہر کی سخت گرمی۔

ـــ الشيءِ: اکثر یا بڑا حصہ کہتے ہیں: مَا لَهُ حَمٌّ و لا رَمٌّ: اس کے لئے تھوڑا یا بہت کچھ نہیں ہے۔

مَا لَكَ عن ذلكَ حَمٌّ و لا رَمٌّ: اس کے سوا تمہارے لئے چارہ نہیں۔

مَا لَهُ حَمٌّ و لا سَمٌّ غَيْرُكَ: آپ کے علاوہ اور کسی سے اس کو کوئی دلچسپی نہیں۔

الحُمَمُ: کوئلہ (۲) راکھ (۳) آگ سے جلی ہوئی ہر شے و: حُمَمَةٌ۔

الحُمَّى: بخار۔

حُمّٰی ثالثۃ: باری سے آنے والا لرزہ کا بخار
حُمّٰی بارِدَۃ و نافضۃ: لرزہ کے ساتھ ہونے والا بخار۔
حُمّٰی التہابیَّۃ: تپ محرقہ۔
حُمّٰی التَّیفُود: ٹائیفوئڈ۔
حُمّٰی خبیثۃ: سخت بخار۔
حُمّٰی الدِّقّ: ٹی بی، دق۔
حُمّٰی دائمَۃ و لَازِمَۃٌ: ہمیشہ رہنے والا بخار۔
حُمّٰی الصَّفْرَاء: زرد بخار، تپ زرد۔
حُمّٰی عُفُوْنِیَّۃ: وہ بخار جو مادہ کے تعفن سے پیدا ہو۔
الحَمَّامُ: حمام، غسل خانہ (۲) غسل کی ٹب (۳) غسل ج: حَمَّامات۔
الحَمَّامِیُّ: حمام کا مالک جو اجرت لے کر غسل کراتا ہے (۲) حمام کا ملازم، دیکھ بھال کرنے والا۔
الحَمَّۃُ: گرم پانی کا چشمہ جس سے برائے صحتیابی غسل کیا جائے ج: حَمٌّ و حِمَام۔
الحُمَّۃُ: بخار (۲) سیاہی اور سرخی کے بین بین رنگ، سیاہی (۳) ہر مقدر و فیصل شدہ چیز، اسی سے ہے حُمَّۃُ الفراق ج: حُمَمٌ و حِمَامٌ
الحِمَّۃُ: موت، پسینہ ج: حِمَمٌ۔
الحَمِیْمُ: انگارے جن سے دھونی دی جائے (۲) سخت گرمی (۳) وہ بارش جو شدید گرمی کے بعد ہوتی ہے (۴) کھولتا ہوا گرم پانی۔ قرآن پاک میں ہے: "لَا یَذُوْقُوْنَ فِیْہَا بَرْدًا وَلَا شَرَابًا إِلَّا حَمِیْمًا وَ غَسَّاقًا" (۵) پسینہ (۶) رشتہ (۷) گہرا دوست۔
الحَمِیْمُ بالحاجۃ: اپنی ضرورت کا دھنی ج: أَحِمَّاءُ۔
الحَمِیْمَۃُ: حَمِیْم کا مؤنث (۲) گرم پانی (۳) گرم کیا ہوا دودھ (۴) عمدہ نسل کا اونٹ

ج: حَمَائِم۔
المَحَمُّ: پیتل وغیرہ کا برتن جس میں پانی یا اور کوئی چیز گرم کی جائے ج: مَحَامُّ۔
المَحْمُوْمُ: بخار میں مبتلا۔
المَحَمَّۃُ: وہ زمین یا علاقہ جہاں بخار پھیلا ہوا ہو۔
طَعَامٌ مَحَمَّۃٌ: وہ کھانا جسے کھا کر بخار ہو جائے ج: مَحَامٌّ۔
المُسْتَحَمُّ: غسل خانہ، حمام۔
الیَحْمُوْمُ: بہت گرم۔ قرآن پاک میں ہے: "وظِلٍّ من یَّحْمُوْمٍ لَّا بَارِدٍ وَ لَا کَرِیْمٍ" (۲) ہر سیاہ شے (۳) گرم کالا دھواں (ہر شے کا) (۴) کبوتر کی ایک قسم جس کا پیٹ، گردن، سر اور سینہ سیاہ ہوتا ہے چھوٹی چونچ اور چھوٹے پیر ہوتے ہیں۔ ج: یَحَامِیْمُ۔
نَبْتٌ یَحْمُوْم: ہرا سیاہی مائل تر پودا۔
الحَمْنَانُ: چھوٹی چیچڑیاں (۲) طائف کے انگوروں کی ایک قسم جو سیاہ سرخی مائل ہوتی ہے اور دانے کم اور چھوٹے ہوتے ہیں (۳) بڑے دانوں کے درمیان چھوٹے دانے۔
المَحْمَنَۃُ: وہ زمین جہاں انگوروں کی مذکورہ قسم پیدا ہوتی ہے۔
• حَمَتِ الشَّمْسُ او النَّارُ ـُ حُمُوًّا: دھوپ یا آگ کا تیز ہونا۔
حَمَا المَرِیْضَ ـُ حَمْوَۃً: بیمار کا پرہیز کرانا، نقصان دہ چیزوں سے روکنا۔
حَمَی الشیءَ فُلَانًا ـِ حَمْیًا وحِمَایَۃً: حفاظت کرنا، بچانا وحَمَاہ من الشیءِ: محفوظ رکھنا، بچانا۔
ـــ المَرِیْضَ ـِ حِمْیَۃً: نقصان دہ چیزوں سے بیمار کو روکنا، پرہیز کرانا۔ کہتے ہیں: حَمَی المَرِیْضَ مایَضُرُّہٗ۔
حَمِیَتِ الشَّمْسُ و النَّارُ والحَدِیْدَۃُ وغَیْرُھا ـَ حَمْیًا و حَمِیًّا و

حُمُوًّا: تیز اور گرم ہونا۔
حَمِیَ الوَطِیْسُ: جنگ کے شعلے بھڑکنا، لڑائی سخت ہونا، معاملہ کا سنگین ہونا۔
ـــ الفَرَسُ: گھوڑے کا گرم ہو کر پسینہ آجانا۔
ـــ علیہ: خفا ہونا، غصہ ہونا۔
ـــ من الشَّیءِ حَمِیَّۃً: کسی بات پر غیرت آنا اور اس کے لئے تیار نہ ہونا، کسی کام کا کرنا ناگوار ہونا۔
ـــ غَضَبُہ وحَمِیَ فی الغَضَب: غضبناک ہونا۔
أَحْمَی الشَّیءَ: گرم کرنا۔
ـــ المَکَانَ: جگہ کو محفوظ یا ممنوعہ علاقہ قرار دینا کہ اس میں جانا ناجائز ہو (۲) محفوظ یا قابل حفاظت پانا۔
حَامَی عنہ مُحَامَاۃً و حِمَاءً: دفاع کرنا، حمایت کرنا، وکالت کرنا، پیروی کرنا۔
ـــ علی ضَیْفِہ: مہمان کی اچھی طرح خاطر کرنا، آؤ بھگت کرنا۔
احْتَمَی فی الحَرْب: لڑائی میں پر جوش ہونا۔
ـــ المَرِیْضُ عَمَّا یضرُّہ: بیمار کا نقصان دہ چیزوں سے بچنا، پرہیز کرنا۔
ـــ من فُلَان: بچنا، بچ کر رہنا۔
ـــ بہ: پناہ لینا، حفاظت میں آنا۔
تَحَامَاہُ: بچنا، دور رہنا، کنارہ کش ہونا۔
الحامی: پرانا سانڈ، وہ اونٹ جو لمبے عرصہ تک مالکان کے پاس رہے اور اس سے دس حمل قرار پائے ہوں، ایسے اونٹ کو عرب لوگ بتوں کے نام پر آزاد کر دیتے تھے کہ جہاں چاہے چرے۔ قرآن پاک میں ہے: "ما جَعَلَ اللّٰہُ من بَحِیْرَۃٍ و لا سَائِبَۃٍ وَّ لَا وَصِیْلَۃٍ وَّ لَا حَامٍ" (۲) شیر (۳) کتا

(۴) محافظ ج: حُمَاۃٌ (۵) گرم، تپتا ہوا (۶) تیز۔ تِبْغٌ حَامٍ: تیز تمباکو۔
حامی الطَّبع: مشتعل مزاج۔
حامِی الوطیس: انتہائی گرم۔
الحَامِیَۃ: حامی کا مؤنث (۲) محافظ دستہ جو جنگ میں اپنے لوگوں یا شہر کی حفاظت پر مامور ہو (۳) پہریدار جو جنگ میں اپنے لوگوں کی حفاظت کرے۔ فُلَانٌ علی حامِیَۃ القَومِ: وہ آخری آدمی جو بوقت شکست لوگوں کی حفاظت کا کام انجام دے (۴) دہکتی ہوئی آگ۔ قرآن پاک میں ہے: "نَارٌ حَامِیَۃٌ"۔ شَمْسٌ حَامِیَۃٌ: چلچلاتی ہوئی دھوپ۔ حَدِیْدَۃ حَامِیَۃ: تپتا ہوا لوہا۔
حَمَا المَرْأۃِ: سسر، خاوند کی طرف کے مرد رشتہ دار۔
حَمَا الرَّجُل: مرد کے سسر، بیوی کے باپ اور دوسرے مرد رشتہ دار۔ ج: أَحْمَاءٌ۔
الحِمَی: محفوظ جگہ، ممنوعہ علاقہ (۲) وہ چراگاہ جس میں دوسرے لوگوں کو چرانے کی اجازت نہ ہو (۳) حفاظت گاہ۔
حِمَی اللّٰه: اللہ تعالیٰ کے وہ احکام و حدود جن کی پاس داری ضروری اور خلاف ورزی جرم ہو۔
الحَمَاۃُ: حَمَا کی تانیث۔ خوش دامن، ساس شوہر یا بیوی کی ماں یا اس کی رشتہ دار عورتیں (۲) پنڈلی کا عضلہ۔
الحُمَۃُ: بچھو وغیرہ کا ڈنک (۲) ڈنک مارنے والے جانور کا زہر۔
حُمَۃ البَرْدِ: سردی کی شدت ج: حُمًی وحُمَاتٌ۔
حَمْوٌ: حَمْوُ الرَّجُل والمَرْأۃ: خاوند یا بیوی کا سسر۔
حَمْوُ الشَّمْس: سورج کی گرمی، تمازت۔

حُمُوَّۃُ الألَمِ: درد کی شدت۔
حَمْيُ الشَّمْسِ: سورج کی گرمی، دھوپ کی تیزی۔
الحِمْیَۃُ: پرہیز (۲) وہ کھانا جس سے بیمار کا پرہیز کرایا جائے (۳) محفوظ چیز۔
طَعَامُ الحِمْیَۃ: پرہیزی کھانا۔
الحَمِیُّ: وہ مریض جس کو مضر چیز سے پرہیز کرایا گیا ہو (۲) محفوظ چیز (فعیل بمعنی مفعول) (۳) وہ شخص جو ظلم گوارا نہ کرے (فعیل بمعنی فاعل) کہتے ہیں: حَمِیُّ الأنْفِ و أنْفٌ حَمِیٌّ: خوددار
حُمَیَّا: ہر شے کی شدت اور سختی، تمازت، تپش، حدت، غصہ کا جوش۔ کہتے ہیں: لا تُکَلِّمْه فی حُمَیَّا غَضَبِه (۲) جوانی کا جوش (۳) شراب کی تیزی (۴) شراب هو شَدِیدُ الحُمَیَّا: وہ شریف النفس اور خوددار آدمی ہے۔
الحَمِیَّۃُ: غیرت (۲) جوش (۳) نخوت، خودداری، ننگ و عار، تیج، ضد۔ قرآن پاک میں ہے: "اِذْ جَعَلَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا فِی قُلُوْبِہِم الحَمِیَّۃَ حَمِیَّۃَ الجَاهِلِیَّۃِ" (۴) عزت و دین کی حفاظت اور دفاع کا جذبہ۔
الحِمَایَۃ: حفاظت، نگرانی، حراست۔
الحِمَایَۃُ الدَّوْلِیَّۃُ: بین الاقوامی نگرانی۔
المُحَامَاۃُ: وکالت، مقدمہ کی پیروی، طرف داری (۲) قانون دانی، بیرسٹری، پیشۂ وکالت۔
المُحَامِی: وکیل عدالت، کسی ایک فریق کا وکیل، حمایت کنندہ، طرف دار۔
المُحَامِی الشَّرْعِیُّ: قانون داں، بیرسٹر، وکیل۔
المَحْمِیُّ: محفوظ، محروسہ (۲) شیر۔
• تَحَمْیَرَ: حمیری زبان بولنا (۲) بدمزاج ہونا

ح ــــــ ن

• حَنَأَ المَکَانُ ـَ حَنْئًا: سرسبز ہونا، گھنا ہونا۔
حَنَّأَ لِحْیَتَه تَحْنِئَۃً: داڑھی یا سر کو مہندی سے رنگنا، مہندی کا خضاب لگانا
حَنَّأَ فُلَانًا: فلاں کو خضاب لگایا۔
تَحَنَّأَ: مہندی سے رنگا ہوا ہونا۔
الحِنَّاءُ: مہندی کے پتے۔ واحد حِنَّاءَۃٌ۔
الحِنَّاءُ الأحْمَرُ: اسٹرابری کا پودا۔
حِنَّاءُ قُرَیش: کائی۔
حِنَّاء مَجنون: نیل کا پودا۔
حَطَبُ الحِنَّاء: چوب حنا، مہندی کی لکڑی۔
شَجَرُ الحِنَّاء: بید کی ایک قسم کا درخت
ابو الحِنَّاء: ایک سرخ سینے والا پرندہ۔
• حَنِبَ الفَرَسُ ـَ حَنَبًا: گھوڑے کی پنڈلیوں کا ٹیڑھا ہونا (۲) دونوں ٹانگوں کے بڑے فاصلہ والا ہونا۔ هو أحْنَبُ وهی حَنْبَاءُ ج: حُنْبٌ۔
حَنَّبَ الفَرَسُ: حَنِبَ۔
ـــ الکِبَرُ فُلَانًا: بڑھاپے کا کسی کو جھکا دینا، کبڑا بنا دینا۔
تَحَنَّبَ: کمان کی طرح مڑا ہوا ہونا، ٹیڑھا ہونا، جھکا ہوا ہونا، کبڑا ہونا۔
ـــ علَیه: مہربان ہونا۔
المُحَنَّبُ: کبرسنی کی وجہ سے کبڑا آدمی، ٹیڑھی پنڈلیوں والا۔
• حَنْبَرَ: پالے کا سخت ہونا۔ احتبر البردُ۔
• حَنْبَشَ: ناچنا، کودنا (۲) تالی بجانا (۳) باتیں کرتے ہوئے ہنسنا (۴) لڑکے کا کھیلنا۔
• حَنْبَلَ: لوبیا کھانا (۲) پرانی پوستین یا پرانا موزہ پہننا۔
تَحَنْبَلَ: سر جھکنا (۲) حنبلی مذہب کا پیروکار ہونا۔

الحَنَابِلُ: وَتَرٌ حُنَابِل: مضبوط تانت۔
الحَنْبَلُ: پست قد (۲) بڑے پیٹ والا (۳) پرانی پوستین۔
الحُنْبُلُ: لوبیا۔
الحَنْبَلِيُّ: امام احمد ابن حنبل کے مذہب کا پیرو ج: حَنَابِلَة۔
الحِنْبَالُ: پرگوشت، فربہ، بہت زیادہ گفتگو کرنے والا۔
• الحَانُوتُ: شراب کی بھٹی، دوکان (۲) تجارتی دوکان ج: حوانیت۔
الحَانُوتِيُّ: دوکان دار (۲) دوکان سے متعلق، دوکان کا۔
• الحَنْتَفُ: پکانے کے لئے صاف کی ہوئی ٹڈی وغیرہ۔
الحُنْتُوفُ: خارش یا سوزش کی وجہ سے داڑھی نوچنے والا۔
• الحَنْتَمُ: ہر سیاہ یا سبز چیز (۲) سیاہ ٹھیکرا (۳) ہرے رنگ کا گھڑا جس میں نبیذ تیار کی جاتی تھی (۴) کالے بادل (۵) حنظل کا درخت ج: حَنَاتِم۔
• حَنِثَ فِي يَمِينِه ـ حِنْثًا: قسم توڑنا اور گناہ گار ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِب بِهِ وَلَا تَحْنَثْ" هو حانث (۲) حق چھوڑ کر باطل کو اختیار کرنے والا۔
أَحْنَثَه: قسم تڑوانا، جھوٹی قسم کھلوانا۔
حَنَّثَه: حانث بنانا، قسم تڑوانا۔
تَحَنَّثَ: عبادت کرنا، عبادت گزار ہونا (۲) قسم توڑنے کے گناہ سے بچنے کا کام کرنا، توبہ کرنا، گناہ سے بچنا (۳) بت پرستی چھوڑنا۔
الحِنْثُ: گناہ، قرآن پاک میں ہے: "وَكَانُوا يُصِرُّونَ عَلَى الحِنْثِ العَظِيمِ" (۲) شرک (۳) جھوٹی قسم۔ کہتے ہیں: بَلَغَ الغُلَامُ الحِنثَ: لڑکا بالغ ہوگیا۔

المَحَانِثُ: گناہوں کے مواقع۔ و: مَحْنَثٌ
• حَنَجَ الشَيْءَ ـ حَنْجًا: منھ کے بل جھکانا۔
ـــ الحَبْلَ: مضبوط بٹنا۔
ـــ كَلَامَه: بات کو گھمانا کہ صاف نہ سمجھی جائے۔
ـــ الخَبَرَ: خبر کو چھپانا۔
حَنَجَت له حَاجَةٌ: ضرورت پیش آنا۔
أَحْنَجَ الشيءُ: جھکنا، ٹیڑھا ہونا۔
ـــ فُلَانٌ: چلتے ہوئے مڑ کر پیچھے کی طرف دیکھنا (۲) پرسکون ہونا
ـــ الفَرَسُ: چھریرے بدن کا ہونا۔
ـــ فُلَانٌ فِي كَلَامِه: کلام میں عجلت کرنا، جلدی جلدی بولنا۔
ـــ الشيءَ: جھکانا۔
ـــ كلامه: کلام پیچیدہ اور ناقابل فہم بنانا، گھما پھرا کر باتیں کرنا۔
ـــ الخَبَرَ وغَيْرَهُ: چھپانا۔
اِحْتَنَجَ الشيءُ: جھکنا۔
الحِنْجُ: اصل، جڑ ج: أَحْنَاج۔
• حَنْجَرَتْ عَيْنُه: آنکھ کا اندر دھنس جانا
حَنْجَرَ الحَيَوَانَ: ذبح کرنا، گلا کاٹنا۔
الحَنْجَرَةُ: گلا، نرخرہ، سانس کی نالی ج: حَنَاجِر۔
الحُنْجُورُ: گلا، نرخرہ (۲) چھوٹی ٹوکری (۳) عطر وغیرہ کی شیشی ج: حَنَاجِير۔
• حَنْجَفٌ و حُنْجُفٌ: کولہے کا سرا۔
الحُنَاجِلُ: گٹھے ہوئے بدن کا پستہ قد شخص۔
الحِنْجِلُ من النساء: شور مچانے والی بدزبان موٹی عورت ج: حَنَاجِلُ۔
حَنْحَنَ عليه: کسی کی طرف سے ڈرنا۔
ـــ الجَوزُ وغيرُه: اخروٹ کی گری کا خراب ہونا
• الحُنْدُرَةُ والحُنْدُورَةُ: آنکھ کی پتلی۔ کہتے ہیں: هو على حُنْدُرَةِ عَيْنِه: وہ اس کے نزدیک قابل توجہ ہے۔

• تَحَنْدَسَ الرَّجُلُ: کمزور ہونا اور گر جانا (۲) رات کا تاریک ہونا۔
حَنْدَسَ اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا (۲) کمزوری کی وجہ سے گر جانا۔
الحِنْدِسُ: تاریکی (۲) انتہائی تاریک رات۔
أَسْوَدُ حِنْدِسٌ: گہرا سیاہ ج: حَنَادِسُ۔ الحَنَادِس: آخر ماہ کی تین راتیں۔
• الحَنْدَقُوقُ: لمبا اور غیر متوازن آدمی (۲) بے وقوف (۳) کنول ایک پھول اس کے لئے عربی لفظ ذُرَق ہے۔
• حَنْدَل: پست قد، بونا۔
• حَنَذَ الحَرُّ ـ حَنْذًا: گرمی کا سخت ہونا۔
ـــ العِجْلَ: گائے وغیرہ کے بچے کو آگ پر یا گرم پتھروں پر رکھ کر بھوننا، فالعِجْلُ مَحْنُوذٌ وحَنِيذ وحَنْذٌ۔
ـــ له: پانی کم اور شراب زیادہ دینا۔
ـــ الشَّمْسُ الشيءَ: جھلس دینا اور پگھلا دینا۔
ـــ الفَرَسَ حَنْذًا و حِنَاذًا: ایڑ لگانا اور ایک یا دو دفعہ دوڑا کر اس پر جھول ڈالنا تا کہ اسے پسینہ آجائے۔ فالفرسُ مَحْنُوذٌ و حَنِيذٌ۔
أَحْنَذَ: پانی کم اور مشروب زیادہ رکھنا۔
اِسْتَحْنَذَ: دھوپ میں لیٹ کر بدن پر کپڑا ڈالنا تاکہ پسینہ آجائے۔
حَنَاذِ: آفتاب کا نام، سورج۔
الحَنَذَةُ: سخت گرمی۔
الحِنْذِيَانُ: شریر اور بدزبان۔
الحَنِيذُ: گرم پانی (۲) خطمی وغیرہ جس کے ذریعہ دھلائی کی جائے (۳) خوشبودار مرہم (۴) روغن دار شے (۵) بھنا ہوا گوشت یا بکری وغیرہ کا بچہ۔ قرآن پاک میں ہے:

"فما لبث ان جاء بعجل حنيذ"

الحِنْذِيْذُ: بہت پسینہ والا۔

•حَنَرَ الحَنِيْرَةَ ـُ حَنْرًا: کمان بنانا، محراب بنانا (۲) کمان کو موڑنا۔

حَنِيْرَة: کمان (۱) بغیر تانت کی کمان (۳) دیوار کی محراب (۴) محراب نما طاق (۵) روئی دھنے کا آلہ، مشین (۶) ہر قوس نما چیز ج: حَنَائِر۔

حضرت ابوذرؓ سے روایت ہے: "لو صلّيتم حتّى تصيروا كالحنائر ما نفعكم ذلك حتّى تحبّوا آل رسول الله"

•حَنِسَ ـَ حَنَسًا: گھمسان کی جنگ میں ڈٹے رہنا۔ هو حَنِسٌ۔

الحُنُسُ: خداترس اور پرہیزگار لوگ۔

الحَوْنَسُ: سنجیدہ اور دلیر آدمی جس کے ساتھ نہ کوئی زیادتی کرے اور نہ اسے اپنی جگہ سے ہٹا سکے۔

•حَنَشَه الحَنَشُ ـِ حَنْشًا: حنش (سانپ) کا کسی کو ڈس لینا۔

ـــ اَحَدًا: ہانکنا اور دھتکارنا، دور کرنا (۲) غصہ دلانا۔

ـــ الصَّيْدَ: شکار کرنا۔

ـــ فُلانًا: ورغلانا، اکسانا۔

حُنِشَ: کسی کے نسب کو مجروح کرنا۔ هو مَحْنُوشٌ۔

اَحْنَشَهُ عن الأمرِ: جلدی کرانا۔

الحَنَشُ: ایک سیاہ رنگ کا بڑا سانپ جو زہریلا نہیں ہوتا (۲) گرگٹ یا چھپکلی جس کا سر سانپ کے سر کے مشابہ ہو ج: اَحْنَاشٌ۔

المُحَنَّشُ: رَجُلٌ مُحَنَّشٌ: محنتی اور کمائی کرنے والا۔

•حَنَطَ الزَّرْعُ و نَحْوُه ـُ حُنُوطًا: کھیتی کا پک جانا۔

ـــ الأدِيمُ ـِ حَنْطًا: جلد کا سرخ ہوجانا

حَنَطَ فُلانٌ: لمبا سانس لینا۔ هو حانِطٌ۔

حَنِطَ الرَّجُلُ ـَ حَنَطًا: بڑی اور گھنی داڑھی والا ہونا۔ هو اَحْنَطُ۔

اَحْنَطَ الزَّرْعُ و نَحْوُه: کھیتی وغیرہ کا پک جانا، کاٹنے کے قابل ہوجانا، فالزَّرْعُ و نَحْوُه مُحْنِطٌ۔

ـــ المَيِّتَ: مردہ کو حنوط (خوشبو وغیرہ) لگانا، دوا وغیرہ لگا کر محفوظ کرنا۔

حَنَّطَ المَيِّتَ: مردہ کو خوشبو وغیرہ لگانا (۲) دوا اور مصالحہ لگا کر لاش کو محفوظ کرنا، ممی بنانا۔

تَحَنَّطَ من الحِنْطَةِ: گیہوں کھانا۔

اِسْتَحْنَطَ فُلانٌ: کسی کا موت سے نڈر ہونا اور دنیا کا اس کی نظر میں حقیر ہوجانا۔

الحَانِطُ: جھاؤ کے درخت کا پھل (۲) گیہوں والا (۳) بہت گیہوں والا۔

رَجُلٌ حانِطٌ: وہ آدمی جس کی کھیتی کے کاٹنے کا وقت آگیا ہو۔

اَحْمَرُ حانِطٌ: گہرا سرخ۔

الأحْنَطُ: بڑی اور گھنی داڑھی والا۔

الحِنَاطُ: وہ خوشبوئیں جو مردہ کے کفن اور بطور خاص مردہ کے جسم پر لگائی جاتی ہیں جیسے مشک، عنبر، صندل اور کافور وغیرہ۔

الحِنَاطَةُ: گیہوں فروشی (۲) مردوں کو خوشبو لگانے کا کام، حنوط لگانے کا پیشہ۔

الحِنْطَةُ: گیہوں ج: حِنَطٌ۔

الحِنْطِيُّ: وہ شخص جو بہت گیہوں کھاتا ہو (۲) وہ شخص جس کا رنگ گندمی ہو (۳) پستہ قد۔

الحَنَّاطُ: گیہوں فروش (۲) مردوں کو حنوط لگانے والا۔

الحَنُوطُ: الحِنَاطُ۔

الحَنُوطِيُّ: حنوط بیچنے والا (۲) مردوں کو تیار کرنے والا، تجہیز کرنے والا۔

التَّحْنِيطُ: قدیم مصریوں کے یہاں انسان کی لاش کو آلائش صاف کرکے مختلف مسالوں کے ذریعہ محفوظ رکھنے کا طریقہ تھا۔

الحِنْطَأْوُ والحِنْطَأْوَةُ: بڑے پیٹ والا، پست قد۔

•الحُنْظُبَاءُ و الحُنْظَبَاءُ: نرٹڈی (۲) نرگبریلا

الحُنْظُوبُ: موٹی اور بدہیئت عورت۔

الحِنْظَابُ: بدخو، پست قد۔

•حَنْظَلَتِ الشَّجَرَةُ: درخت کے پھل کا حنظل کی طرح کڑوا ہونا۔

الحَنْظَلُ: اندرائن، اندرائن کا درخت جس کا پھل نارنگی جیسا مگر اندر سے انتہائی تلخ ہوتا ہے۔

•حَنَفَ عن الشيءِ ـِ حَنْفًا: ہٹنا، ایک طرف کو جھکنا۔

حَنِفَ الرَّجُلُ ـَ حَنَفًا: ٹیڑھے پاؤں والا ہونا۔ حَنِفَتْ رِجْلُه: پیر کا اندر کی طرف مڑا ہوا ہونا۔ رَجُلٌ اَحْنَفُ: جس کے پیر اندر کی طرف مڑے ہوئے ہوں۔

رِجْلٌ و يَدٌ حَنْفَاءُ: ٹیڑھا پیر یا ہاتھ ج: حُنْفٌ۔

حَنَّفَهُ: ٹیڑھے پاؤں والا کر دینا۔ کہتے ہیں: ضَرَبْتُ فُلانًا على رِجْلِه فَحَنَّفْتُها۔ هو اَحْنَفُ و هي حَنْفَاءُ۔

تَحَنَّفَ: بتوں کی پرستش سے الگ ہوجانا اور خدا پر ایمان لاکر اس کی عبادت کرنا، ملت اسلامیہ (حنیفیہ) کا پیرو ہونا (۲) امام ابوحنیفہؒ کے مذہب کا پیرو ہونا، حنفی المسلک ہونا۔

ـــ الى الشيءِ: مائل ہونا۔

الحَنْفَاءُ: کمان (۲) اسنزا (۳) گرگٹ (۴) آبی کچھوا (۵) ٹیڑھا پیر (۶) کنیز جو کبھی سست ہو اور کبھی چست (۷) ایک سمندری مچھلی۔

الحَنَفِيُّ: حنفی مذہب کا پیرو ج: اَحْنَافٌ۔

الحَنَفِيَّةُ: امام ابوحنیفہؒ کے پیروکار (۲) پانی کی ٹونٹی ج: حَنَفِيَّات۔
حَنَفِيَّةُ حَرِيق: فائر پلگ۔
الحَنِيفُ: برائی چھوڑ کر اچھائی کی طرف آنے والا (۲) غلط راہ سے ہٹ کر سیدھی راہ پر آنے والا، ہر مذہب سے الگ ہو کر اسلام کو ماننے اور اس پر ثابت قدم رہنے والا (۳) حاجی (۴) عبادت گزار (۵) چھوٹا (۶) ختنہ کیا ہوا (۷) مسلمان۔ اگر حنیف کی صفت مُسلم لائی جائے تو حاجی (حج کرنے والا مراد ہوتا ہے) جیسے قرآن پاک میں ہے: "وَلٰكِنْ كَانَ حَنِيفًا مُسْلِمًا" اور اگر صفت مُسلم ہو تو مراد مسلمان ہوگا۔ جیسے "فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ حَنِيفًا" (۸) وہ شخص جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دین پر تھا (زمانہ جاہلیت میں یعنی حج کرتا تھا ختنہ کراتا تھا اور بتوں سے الگ رہتا تھا ج: حُنَفَاء۔
الحُنَفَاء: عربوں کی ایک جماعت جو بت پرستی کا عقیدہ نہیں رکھتی تھی ان ہی میں سے امیہ بن ابی الصّلت ہے۔
الدِّينُ الحَنِيفُ: وہ سیدھا مذہب جس میں کوئی کجی نہیں اور وہ اسلام ہے۔
الحَنِيفِيَّةُ: ملتِ اسلام (۲) اسلام کی طرف مکمل میلان اور دوسری طرف سے یکسوئی کہا جاتا ہے: مِلَّةٌ حَنِيفِيَّةٌ (۳) تلوار کی ایک قسم جو احنف ابن قیس کی طرف منسوب ہے کیونکہ اسی نے اسے سب سے پہلے بنایا۔
أَحْنَفُ: ٹیڑھے پاؤں والا۔
• حَنِقَ عَلَيْهِ ـَ حَنَقًا: کسی پر انتہائی غضبناک ہونا، دانت پیسنا، برہم ہونا۔
هو حَنِقٌ وحَنِيقٌ۔
أَحْنَقَ: مسلسل کینہ رکھنا، دل میں دشمنی چھپائے رکھنا (۲) پیٹھ کا پیٹ سے لگ جانا، دبلا ہو جانا۔
أَحْنَقَ السَّنَامُ: کوہان کا پتلا اور چھریرا ہونا۔
ـــ البَعِيرُ: اونٹ موٹا ہونا، بہت چربی والا ہونا۔
ـــ الزَّرْعُ: کھیتی کے ریشے پھیل جانا۔
ـــ فُلَانًا: غصہ دلانا، برہم کرنا۔ المُحْنَقُ والحَنِيقُ: جیسے غصہ دلایا گیا ہو۔
الحَنِيقُ: موٹا ج: حُنُقٌ۔
الحَنَقُ: سخت غصہ (۲) کینہ۔
الحَنِقُ: غضبناک (۲) کینہ ور۔
• حَنَكَتِ الأُمُّ الصَّبِيَّ ـُ حَنْكًا: کوئی چیز چبا کر بچے کے تالو کو لگانا۔
حَنَكَ فُلَانٌ الدَّابَّةَ: چوپائے کو لگام دینا۔
ـــ التَّجَارِبُ الرَّجُلَ حَنْكًا وحَنَكًا: تجربہ کار بنانا، سمجھدار بنانا۔ فالرَّجُلُ مَحْنُوكٌ وحُنُكٌ۔
ـــ الشَّيْءَ: سمجھنا، پختہ کرنا۔
أَحْنَكَتْهُ التَّجَارِبُ: تجربہ کار بنانا، آزمودہ کار بنانا، سمجھدار بنانا۔
أَحْنَكَ فلانا عن الأمْرِ: ہٹانا، باز رکھنا
حَنَّكَتِ الأُمُّ الصَّبِيَّ: چبائی ہوئی چیز بچے کے تالو کو ملنا۔
حَنَّكَ فُلَانٌ الدَّابَّةَ: چوپائے کے تالو کے اوپر برائے علاج کوئی سلائی وغیرہ لگا کر خون نکالنا۔
ـــ السِّنُّ والتَّجَارِبُ الرَّجُلَ: بڑھاپے یا تجربات کا کسی کو دانا اور عقلمند بنانا۔
احْتَنَكَ الدَّابَّةَ: چوپائے کے نچلے جبڑے میں کھینچنے کے لئے رسّی باندھنا (۲) چوپائے کے منہ پر ڈھاٹا باندھنا۔
ـــ التجاربُ الرَّجُلَ: حَنَّكَتْهُ۔
ـــ الرَّجُلُ: عقل مند اور شائستہ ہونا۔
ـــ الشَّيْءَ: جڑ سے اکھاڑنا، صفایا کر دینا
جیسے احْتَنَكَ الجَرَادُ الأَرْضَ: ٹڈیوں نے زمین کی روئیدگی کا صفایا کر دیا، زمین کو چاٹ لیا۔
احْتَنَكَ ما عِنْدَ فُلَانٍ: کسی کا سب کچھ لے لینا۔
ـــ فُلَانًا: غالب آنا اور اپنی طرف مائل کر لینا۔ قرآن پاک میں ہے: "لَأَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهُ إِلَّا قَلِيلًا"
اسْتَحْنَكَ: تھوڑی خوراک کے بعد زیادہ خوراک والا ہو جانا۔
ـــ الشَّجَرُ: جڑ سے اکھڑ جانا۔
الحَانِكُ: أَسْوَدُ حَانِكٌ: کالا سیاہ، (من قبیل الابدال)
الحِنَاكُ: لگام کی رسّی (۲) وہ رسّا جو گھوڑے وغیرہ کی ٹھوڑی اور سر پر باندھا جائے۔ ج: حُنُكٌ۔
الحَنَكُ: تالو (۲) منہ کے اندر کا بالائی حصہ (۳) ٹھوڑی (۴) نیچے کا جبڑا۔ وہ حَنَكَان ہیں (۵) چونچ (۶) راہ گیروں کی وہ جماعت جو کسی جگہ یا شہر سے آب و دانہ حاصل کرے ج: أَحْنَاك۔
الحُنْكُ والحِنْكُ والحُنْكَةُ: تجربہ (۲) معاملات کی بصیرت، رائے کی پختگی ج: أَحْنَاك۔
الحُنُكُ: رَجُلٌ حُنُكٌ: وہ دانا اور باہمت آدمی جسے تجربات نے پختہ کار بنا دیا ہو، امْرَأَةٌ حُنُكٌ وحُنُكَةٌ۔
الحَنِيكُ: تجربہ کار بزرگ (۲) بسیار خور ج: حُنُكٌ۔
المِحْنَكُ: الحِنَاكُ ج: مَحَانِكُ۔
المُحَنَّكُ: تجربہ کار، آزمودہ کار، عقل مند، صاحب بصیرت۔
• حَنْكَلَ فِي المَشْيِ: بھاری قدموں سے آہستہ آہستہ چلنا۔
الحُنْكُلُ: پست قد (۲) بدمزاج اکھڑ آدمی (۳) کمینہ ج: حَنَاكِل۔

الحَنْكَلَةُ: کالی بدشکل عورت (۲) بدمزاج اکھڑ عورت۔ ج: حَنَاكِلُ۔
الحَنْكَلِيْسُ: ایک قسم کی مچھلی جسے فصیح عربی میں الجِرِّيُّ کہتے ہیں۔
•حَنَّ ـِ حَنِيْنًا: آواز نکالنا۔ حَنَّتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا اپنے بچہ کے اشتیاق میں آواز نکالنا۔
حَنَّتِ الرِّيَاحُ: ہواؤں کا اونٹ کی سی آواز نکالنا۔
— القَوْسُ: تانت کھینچتے وقت کمان سے آواز نکلنا۔
— العُوْدُ: بربط (ایک باجا) بجاتے وقت آواز نکلنا۔
— الرَّجُلُ: خوشی یا تکلیف کی وجہ سے آواز نکالنا۔
— اليه: مشتاق ہونا۔
— عليه: مہربان ہونا، شفقت کرنا۔
حَنَّه ـُ حَنًّا: پھیرنا، باز رکھنا۔ کہتے ہیں:
• حُنَّ عَنِّي شَرَّكَ: اپنے شر کو مجھ سے دور رکھو۔•
أَحَنَّ فُلَانٌ القَوْسَ: کمان سے آواز نکالنا
حَنَّنَ الشَّجَرُ: درخت پر کلیاں آنا، شگوفہ دار ہوجانا (۲) پنیر کا سڑ جانا۔ کہاوت ہے: ما حَنَّنَ عَنِّي: وہ مجھ سے نہ الگ ہوا اور نہ کوئی کوتاہی کی۔
تَحَانَّ القَوْمُ: باہم مشتاق ہونا۔
تَحَنَّنَ عليه: ترس کھانا، کسی پر ترس آنا۔
اسْتَحَنَّ الى الشَّيْءِ: مشتاق ہونا۔
— الشَّوْقُ فُلَانًا: شوق کا کسی کو خوشی میں مست کردینا۔
التَّحْنَانُ: انتہائی اشتیاق، بڑھا ہوا شوق (۲) مہربانی۔
الحَانُّ: مشتاق، بہت خوش۔
الحَانَّةُ: اونٹنی۔ کہاوت ہے: مَا لَهُ حَانَّةٌ وَلَا آنَّةٌ: اس کے پاس نہ اونٹنی ہے نہ بکری۔
الحَنَانُ: ماں کی ممتا، محبت وشفقت، ترس، مہربانی، رحم دلی۔ قرآن پاک میں ہے: "وحَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا"
حَنَانُ الأُمِّ الى الوَلَدِ: بچہ کے لئے ماں کی تڑپ۔
حَنَانَكَ وحَنَانَيْكَ: میں تیری رحمت ومہربانی چاہتا ہوں (۲) رزق اور خیر وبرکت جو مہربانی اور رحمت کا نتیجہ ہو۔
حَنَانَ اللهِ، مَعَاذَ اللهِ: اللہ کی پناہ۔
الحَنَّانُ: رحیم، بے حد مہربان، اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے ایک صفت (۲) فراخ دل جو اپنے سے کنارہ کرنے والے پر متوجہ ہو (۳) وہ تیر جو انگلیوں سے گھماتے وقت آواز دے (۴) واضح راستہ۔
عُوْدٌ حَنَّانٌ: مست بنانے والا بربط (باجا)۔
الحَنَّانَةُ: وہ عورت جو اپنے بچہ کے لئے تڑپتی ہو، اس کی دید کی مشتاق ہو یا اپنے پہلے خاوند کو یاد کرکے رنجیدہ ہو (۲) آواز نکالنے والی کمان۔
الحِنُّ: جنوں کا قبیلہ۔
الحَنَّةُ: حَنَّةُ الرَّجُلِ: بیوی (۲) پسندیدگی (۳) اونٹ کی بلبلاہٹ، گرج۔
الحِنَّةُ: رحم دلی، ترس۔
الحَنُوْنُ: مہربان، بے حد مشفق (۲) وہ عورت جو اپنے چھوٹے بچوں کی پرورش کی خاطر دوسرا نکاح کرے (۲) وہ ہوا جس کے چلنے کی آواز اونٹ کی آواز سے مشابہ ہو (۳) آواز نکالنے والی کمان (۴) غمگین بر بنائے شوق۔
الحَنِيْنُ: تڑپ، حد سے بڑھا ہوا شوق، ولولہ۔
الحَنِيْنُ الى الوَطَنِ: اشتیاق وطن، وطن کی محبت ویاد۔
حُنَيْنٌ: مکہ معظمہ اور طائف کے درمیان ایک وادی (۲) ایک موچی کا نام جو بطور ضرب المثل مشہور ہے۔ کہتے ہیں: رَجَعَ بِخُفَّيْ حُنَيْنٍ: وہ خالی ہاتھ آیا۔
المُتَحَنِّنُ عَلَى: کسی پر ترس کھانے والا۔
الحِنَّانُ: مہندی۔
•حَنَا عَلَيْه ـُ حُنُوًّا: شفقت کرنا، مہربان ہونا۔
— المَرْأَةُ على وَلَدِهَا: بیوہ عورت کا اپنے بچوں پر اس درجہ شفیق ہونا کہ وہ ان کی وجہ سے دوسری شادی نہ کرے اور ان پر پوری طرح متوجہ رہے (۲) مائل ومتوجہ ہونا۔
— الشَّيْءَ: موڑنا، کمان دار بنانا، جھکانا۔
حَنَا رَأْسَه خَجَلًا: شرمندگی سے سر جھکانا۔
حَنَى العُوْدَ وغيرَه ـِ حَنْيًا وحِنَايَةً: موڑنا (۲) چھیلنا۔
— يَدَ الرَّجُلِ: آدمی کا ہاتھ موڑنا۔
— القَوْسَ: کمان بنانا (۲) کمان میں تانت باندھ کر موڑنا۔ الفاعِلُ حَانٍ و المَفْعُولُ مَحْنُوٌّ و مَحْنِيٌّ۔
أَحْنَى عليه: مائل ہونا، متوجہ ہونا۔
انْحَنَى: مڑنا، کبڑا ہونا، کمر جھکنا۔ انْحَنَى احترامًا: تعظیماً جھکنا۔
— خُضُوعًا: انکسارًا جھکنا۔
تَحَنَّى: انْحَنَى
— على فُلَانٍ: مہربانی کرنا، احسان کرنا
الأَحْنَى: کوزپشت، کبڑا۔ هي حَنْوَاءُ ج: حُنْوٌ۔
الحَانَاةُ: شراب کی دکان یا کارخانہ۔
حَانَوِيٌّ: شراب کی دوکان کا یا اس سے متعلق

الحَانَةُ: شراب خانہ۔
الحَانِيُّ: شراب کی دوکان والا (۲) دوکان دار۔
الحَانُوتُ: دوکان، شراب کی دوکان ج: حَوَانِيت
الحَانِيَةُ: الحَانَاةُ (۲) وہ اونٹ اور بکریاں جو گردنیں موڑ لیتی ہیں ج: حَوَانٍ۔
الحَانِيَّةُ: حانیٌّ کی تانیث (۲) شراب (۳) شراب بنانے یا بیچنے والے۔
الحِنْوُ: ٹیڑھا عضو جیسے پسلی وغیرہ (۲) جانب، طرف (۳) وادی کا موڑ (۴) ابرو کے نیچے کی ہڈی ج: أَحْنَاء و حُنِيٌّ۔ أَحْنَاءُ الامور: پیچیدہ امور، معاملات کے گوشے، پہلو۔
الحَنْوُ: ٹیڑھا پن، کبڑا پن۔
الحِنْوَانِ: دو مڑی ہوئی لکڑیاں جو گیہوں کی منتقلی کے لئے جال میں لگی ہوتی ہیں۔
الحَنْوَاءُ من الغَنَم: گردن موڑنے والی بکریاں (۲) کوزپشت اونٹنی۔
الحَنِيَّةُ: کمان (۲) محراب ج: حَنِيٌّ وحَنَايَا۔ کہاوت ہے: خَرَجُوا بالحَنَايَا يَبْتَغُونَ الرَّمَايَا: وہ تیراندازی کے لئے کمانیں لے کر نکلے۔ ابنُ الحَنِيَّة: کمان۔
الحَوَانِي: تمام پسلیوں میں سب سے لمبی پسلی (انسان کے ہر دو جانب دو دو پسلیاں ہوتی ہیں۔ واحد: حَانِيَة۔
الأَحْنَى: کبڑا، جھکا ہوا م: حَنْوَاءُ وحَنْيَاء
المَحْنِيَّةُ: وادی کا موڑ۔
المُنْحَنَى: وادی یا راستے کا موڑ۔
المُنْحَنِي: جھکا ہوا۔

ح ـــــــ و

• حَابَ ـُ حَوْبًا: گنہگار ہونا۔
ـــ بکذا: ارتکاب کرنا، جرم کرنا۔
أَحْوَبَ إِحْوَابًا: گناہ میں مبتلا ہونا یا گناہ کی طرف مائل ہونا۔
حَوَّبَ فُلانٌ: کسی کے مال کا ضائع ہو کر پھر مل جانا۔
حَوَّبَ بالإِبِل: حوب حوب کہہ کر اونٹوں کو ڈانٹنا۔
تَحَوَّبَ: گناہ چھوڑنا، گناہ سے بچنا (۲) کفارۂ سیئات کے لئے عبادت گزار ہونا۔
ـــ من القَبِيح: بری بات یا فعل سے بچنا۔
ـــ من الشَّيْءِ: کسی بات پر پچھتانا اور تکلیف محسوس کرنا۔
ـــ في دُعَائِه: گڑگڑا کر دعا کرنا، دعا میں عاجزی ظاہر کرنا۔
ـــ الأُمُّ على وَلَدِها: شفقت کرنا
الحَوْبُ: وحشت (۲) ضرورت و مسکنت
الحُوبُ: گناہ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَهُمْ إِلَى أَمْوَالِكُمْ إِنَّهُ كَانَ حُوبًا كَبِيرًا" (۲) ہلاکت، وبال۔
الحَوْبَاءُ: جان، نفس ج: حَوْبَاوَات۔
الحَوْبَةُ: وہ رشتہ دار جن کی نافرمانی سے آدمی گنہگار ہو جیسے والدین (۲) گناہ (۳) ضرورت، حاجت (۴) غم و مصیبت (۵) حالت۔
الحُوبَةُ: گناہ (۲) ماں کی طرف کی رشتہ داری، قرابت (۳) کمزور عورت یا مرد ج: حُوَبٌ۔
• حَاتَ الطَّائِرُ على الشَّيْءِ وبه ـُ حَوْتَانًا وحَوْتًا: منڈلانا، اردگرد چکر لگانا۔
حَاوَتَهُ: دھوکہ دینا، دھوکہ دے کر نکلنے کی کوشش کرنا (۲) مشورہ کرنا۔
الحَائِتُ: بہت ملامت کرنے والا۔
الحُوتُ: مچھلی چھوٹی ہو یا بڑی (۲) مچھلیوں کی طرح کا پستان والا جانور (ایک جنس)۔ صَاحِبُ الحُوت: حضرت یونس علیہ السلام کا لقب ج: حِيتَان
و أَحْوَات (۳) آسمان کا ایک برج۔
فَمُ الحُوت: برج حوت میں ایک ستارہ کا نام۔
الحَوِيتُ: دھوکہ باز۔
الحَوْتَاءُ: ڈھیلے گوشت اور بڑی کوکھ والی عورت۔
• حَوْتَكَ الرَّجُلُ: ٹھگنے آدمی کی طرح چلنا۔
الحَوْتَكُ: دبلا پست قد آدمی۔
• أَحَاثَه: حرکت دینا (۲) منتشر کرنا۔
ـــ الخَيْلُ الأَرْضَ: گھوڑوں کا زمین پر پیر مارنا اور کوٹنا۔
ـــ فُلانٌ الأَرْضَ: زمین کرید کر اس میں کوئی چیز تلاش کرنا۔
اسْتَحَاثَه: نکالنا (۲) مٹی میں گم ہو جانے والی چیز کو تلاش کرنا۔
ـــ فُلانٌ الأَرْضَ: أَحَاثَها۔
حَاثِ بَاثِ: کہتے ہیں: تَرَكَهُم حَاثِ بَاثِ: اس نے انہیں منتشر و متفرق حالت میں چھوڑا۔ تَرَكْتُ الأَرْضَ حَاثِ بَاثِ: زمین کو اس حال میں چھوڑا کہ گھوڑوں نے اسے کرید ڈالا تھا۔
حَوْثُ: بمعنی حَيْثُ (ایک لغت)۔
الحَوْثُ: جگر اور اردگرد کا حصہ (۲) جگر کی رگ۔
حَوْثَ بَوْثَ: کہتے ہیں: تَرَكْتُهُم حَوْثَ بَوْثَ و حَوْثًا بَوْثًا: ان کو میں نے منتشر اور بکھرا ہوا چھوڑا۔
الحَوْثَاءُ: جگر اور اس کے اردگرد کا حصہ۔
الحَوْثَمُ: متوسط لمبائی والا آدمی یا جانور۔
• حَاجَ ـُ حَوْجًا: ضرورت مند ہونا، غریب ہونا۔
ـــ اليه: محتاج ہونا۔
أَحْوَجَ إِحْوَاجًا: حَاجَ۔
ـــ اليه: محتاج ہونا۔
ـــ فُلانًا الى كذا: کسی چیز کا محتاج بنانا۔

أَحْوَجَ فلانًا: غریب ومحتاج بنا دینا۔
حَوَّجَ به عن الطَّرِيْقِ: راستہ سے ہٹا دینا، دور کر دینا۔
اِحْتَاجَ: الشیءَ والیه: ضرورت مند ہونا، محتاج ہونا، ضرورت پیش آنا۔
ـــ الیه: مائل ہونا، کسی کی طرف مڑنا۔
تَحَوَّجَ: اشیاء ضرورت تلاش کرنا، روزی تلاش کرنا۔ فُلَانٌ خَرَجَ يَتَحَوَّجُ: فلاں تلاش معاش میں نکلا (۲) یکے بعد دیگرے ضرورت کی چیز تلاش کرنا۔
ـــ إلیه: محتاج ہونا، کسی چیز کی ضرورت پیش آنا۔
الحَائِجُ: ضرورت مند، غریب۔
الحَائِجَةُ: حَائِج کی تانیث (۲) ضرورت کی شے جسے انسان تلاش کرتا ہے، ج: حَوَائِج۔ ضروریات۔
الحَاجَةُ: ضرورت، ضرورت کی چیز (۲) غربت (۳) غرض ج: حاجات و حَاجٌ۔
حاجات المنزل: گھر کا سامان۔
حَاجیات: لوازم، سامان۔
الحَوْجُ: غربت، غریبی (۲) سلامتی۔ حَوْجًا لَكَ: ٹھوکر کھانے والے کو کہتے ہیں تم بچو خدا تم کو سلامت رکھے۔
الحَوْجَاءُ: حاجت، ضرورت، خواہش کہتے ہیں: كَلَّمَهُ فَمَا رَدَّ عَلَیه حَوْجَاءَ وَلَا لَوْجَاءَ: اس نے اسے نہ اچھا جواب دیا اور نہ برا۔ نیز کہتے ہیں: ما فی صَدْرِی حَوْجَاءُ و لَا لَوْجَاءُ: میرے دل میں نہ کوئی شک ہے اور نہ شبہ۔
المُحْتَاجُ: ضرورت مند (۲) مفلس، غریب۔
المَحَاوِيْجُ: ضرورت مند لوگ، غریب لوگ۔
المُحَوْجَبُ: بڑی بڑی ابرو والا۔
الاِحْتِيَاجُ: محتاجی (۲) غربت و افلاس، ضرورت۔

• الحَوْجَلَةُ: موٹے پیندے والی شیشی، چوڑے منہ والی شیشی ج: حَوَاجِل۔
• حَادَ عنه ـُ حَوْدًا: ایک طرف ہونا، الگ ہونا۔
حَاوَدَتْهُ الحُمّٰى مُحَاوَدَةً: بخار کا لوٹ لوٹ کر آنا۔ کہتے ہیں: هـو يُحَاوِدُنا بالزِّيَارَةِ: وہ وقتاً فوقتاً ہم سے ملاقات کرتا ہے، وہ وقتاً فوقتاً ملاقات کرتا رہتا ہے۔
ـــ فی الأَمْرِ: غور و فکر کرنا۔
• حَاذَ عَلَیه ـُ حَوْذًا: حفاظت کرنا، دیکھ بھال کرنا۔
ـــ الشَّیءَ: گھیرنا (۲) غلبہ پانا۔
ـــ الدَّوَابَّ: چوپاؤں کو سختی سے ہانکنا
ـــ العَرَبِيَةَ: گاڑی چلانا۔
أَحْوَذَ وأَحْوَذَ السَّیْرَ: تیز چلنا۔
ـــ الدَّوَابَّ: تیز ہنکانا۔
ـــ الشیءَ: جمع کرنا اور سمیٹنا۔
ـــ القَصِیدَةَ: نظم کو قاعدہ کے مطابق بنانا۔
اِسْتَحْوَذَ علی الشَّیءِ: قابض ہونا، قبضہ کرنا۔
ـــ علی فُلَانٍ: غالب ہونا، دل و دماغ پر قبضہ جمانا۔ قرآن پاک میں ہے: "إِسْتَحْوَذَ عَلَيْهِم الشَّيْطَانُ فَأَنْسَاهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ"
الأَحْوَذِيُّ: تمام معاملات میں چاق و چوبند اور قابو یافتہ (کہ کوئی چیز اس کی صلاحیت و قدرت سے باہر نہ ہو) (۲) ہر کام میں چست و پھرتیلا (۳) واقف کار۔
الحَاذُ: پیٹھ۔ فُلَانٌ خَفِيفُ الحَاذِ: جس کی پیٹھ اہل و عیال کی ذمہ داریوں سے بوجھل نہ ہو کم مال اور کم افرادی کنبہ والا (۲) ایک ترش پودا جو ریتیلی اور ہموار زمینوں میں پیدا ہوتا ہے اور اونٹ کی خوش گوار غذا ہے ج: أَحْوَاذٌ۔
الحِوَاذُ: بعد، دوری۔
الحَوْذَانُ: ایک خوش مزہ پودا جس کا پھول سرخ رنگ کا ہوتا ہے۔
الحُوْذِيُّ: دوڑانے والا (۲) کوچ وان، گاڑی بان
الحُوَيْذُ: الأَحْوَذِيُّ۔
• حَارَ ـُ حَوْرًا و حُئُوْرًا: لوٹنا، واپس ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "إِنَّهُ ظَنَّ أَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ" حَارَ اليه: اس کے پاس لوٹا۔
ـــ الشیءُ: کم ہونا۔ کہتے ہیں: حَارَ بَعْدَ مَا كَارَ: زیادتی کے بعد کمی ہوگئی، زیادہ ہونے کے بعد کم ہوگیا۔ اسی سے ہے: أَعُوْذُ بِاللهِ من الحَوْرِ بَعْدَ الكَوْرِ۔ مايَحُوْرُ و ما يَبُوْرُ: وہ نہ بڑھتا ہے نہ کم ہوتا ہے۔
ـــ الغُصَّةُ: پھندے کا اپنی جگہ سے سرک جانا، گلے میں پھنسے ہوئے لقمہ کا نیچے اتر جانا۔
ـــ الشیءُ: مندا ہونا۔
ـــ الماءُ فی الغَدِیْرِ: تالاب میں پانی کا متحرک رہنا۔
ـــ فی أَمْرِہ: متردد ہونا، کسی ایک رائے پر نہ جمنا، حیران ہونا۔
ـــ الثَّوبَ: کپڑے کو دھو کر سفید کر دینا۔
حَوِرَتِ العَیْنُ ـَ حَوَرًا: آنکھ کی سفیدی کا زیادہ سفید اور سیاہی کا زیادہ سیاہ ہونا اور پتلی کا گول اور پلکوں کا باریک اور اس کے آس پاس کا سفید ہونا (۲) پوری آنکھ کا سیاہ ہونا (جیسے گائے اور ہرن کی آنکھیں ہوتی ہیں)۔
حَوِرَتِ المَرْأَةُ وحَوِرَ الظَّبْیُ: عورت اور ہرن کا سیاہ آنکھ والی ہونا۔ هـو أَحْوَرُ و هی حَوْرَاءُ ج: حُوْرٌ۔

أَحَارَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بچہ والی ہونا۔
أَحَارَ الجَوَابَ: جواب دینا۔ کہتے ہیں: سَأَلَه فَلَمْ يُحِرْ جَوَابًا۔
ـــ الغُصَّةَ: اٹکے ہوئے لقمہ کو نیچے اتارنا۔
حَاوَرَه مُحَاوَرَةً وحِوَارًا: گفتگو کرنا، مباحثہ کرنا، سوال وجواب کرنا۔ قرآن پاک میں ہے "قَالَ لَه صَاحِبُهٗ وهو يُحَاوِرُهٗ"
حَوَّرَ الثَّوبَ او الدَّقِيقَ: سفید کرنا۔
ـــ الأَدِيمَ: چمڑے کو سرخ رنگنا۔
ـــ القُرْصَ: ٹکیا کو یا روٹی کو بیلن سے پھیلا کر گول کرنا۔
ـــ الدَّابَّةَ و نَحْوَهَا: جانور کو گول داغ لگانا، داغنا۔
ـــ الخُفَّ و نَحْوَه: چمڑے کے موزے یا جوتے میں سرخ تلا لگانا۔
ـــ الخُبْزَةَ و نَحْوَهَا: روٹی وغیرہ گول کرنا
حَوَّرَ اللّٰهُ فُلَانًا: خدا کا کسی کو محروم کرنا اور مال میں کمی کردینا۔
ـــ فُلَانٌ الكَلَامَ: بدل دینا۔
تَحَاوَرُوا: باہم بات چیت کرنا، بحث کرنا۔ قرآن پاک میں ہے "واللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا"
احْوَرَّ: سفید ہوجانا (۲) گول ہوجانا (۳) آنکھ کا انتہائی سفید یا کالا ہونا۔
اسْتَحَارَه: بولنے کے لئے کہنا، جواب لینا۔
الأَحْوَرِيُّ: سفید اور ملائم یا نازک۔
الحَائِرُ: حیران و متردد (۲) دبلا، کمزور۔
الحَائِرَةُ: حائر کی تانیث کہتے ہیں: ما هُوَ إلَّا حَائِرَةٌ من الحَوَائِرِ: اس میں کوئی خیر نہیں۔
الحَارَةُ: محلہ، گلی، بڑا گھر، رہائش گاہ ج: حارات۔ حَارَةُ البُخَارِ: اسٹیم چھوٹنے کی نالی۔
الحُوَارُ: اونٹنی کا بچہ وقت ولادت سے دودھ چھڑانے تک ج: أَحْوِرَة۔
الحِوَارُ: گفتگو، بات چیت، ردوقدح، بحث ومباحثہ (۲) خاص موضوع پر مکالمہ (۳) انٹرویو۔
إجْرَاءُ حِوَارٍ مَعَ فُلَانٍ: کسی سے انٹرویو لینا۔
الحَوَارِيُّ: دھوبی، کپڑے دھوکر سفید کرنے والا (۲) مخلص ومنتخب بے عیب آدمی (۳) ساتھی اور حامی ومددگار ج: حَوَارِيُّون۔ الحَوَارِيَّةُ: شہری عورت۔ الحَوَارِيُّوْنَ: حضرت عیسٰی علیہ السلام کے صحابی، انصار و مددگار۔
الحُوْرُ: ہلاکت (۲) کمی۔ کہتے ہیں: إنَّه فِى حُوْرٍ و بُوْرٍ: اسے کوئی اچھا کام نہیں آتا، وہ گمراہی میں ہے۔ البَاطِلُ فِى حُوْرٍ: باطل ہمیشہ نقصان میں رہتا ہے (۳) حَوْرَاء کی جمع (۴) ایک سفید لکڑی (۵) جنت کی خوبصورت اور سیاہ چشم عورتیں و: حَوْرَاءُ۔
الحَوَرُ: آنکھ کی سفیدی اور سیاہی کی شدت (۲) بنات نعش (قطب شمالی میں نظر آنے والے سات ستاروں) میں سے تیسرا۔ (۳) ایک پاؤڈر جو سیسہ کو جلا کر بنایا جاتا ہے اور عورتیں زینت کے لئے چہرے پر ملتی ہیں (۴) گالے ج: أَحْوَار (۵) چمڑا جو لال رنگ میں رنگ کر ٹوکریوں پر چڑھایا جاتا ہے (۶) سفید باریک چمڑے جن کے جامہ دان بنائے جاتے ہیں۔
الحَوْرَاءُ: گورے رنگ کی عورت (۲) جانور کی آنکھ کے چاروں طرف لگایا ہوا داغ ج: حُوْرٌ۔ جنت کی حسین اور سیاہ چشم عورتیں۔
الحُوْرِيَّةُ: پری (ایک خیالی اور افسانوی خوبصورت لڑکی جو سمندروں نہروں اور جنگلات میں نظر آتی ہے) (۲) خوبصورت عورت، حسینہ، حور۔ حُوْرِيَّةُ الماءِ: سمندری پری (۳) ناتمام کیڑا جو بیضہ سے کیڑے کے پہلے مرحلہ میں آیا ہو۔
الحُوَّارَى: میدہ، سفید آٹا، نشاستہ، ہر وہ کھانا جو سفید کیا گیا ہو (۲) چونا، سفیدی۔
الحَوِيْرُ: دشمنی، کشاکش (۲) جواب۔ کہتے ہیں: كَلَّمْتُه فما رَدَّ إلَيَّ حَوِيْرًا: میں نے اس سے بات کی تو اس نے کوئی جواب نہیں دیا۔
المَحَارُ: مرجع۔
المَحَارَةُ: طشتری (۲) تالو (۳) کمی، واپسی کی جگہ (۴) سیپی وغیرہ (۵) کان کا اندرونی حصہ جوف (۶) اونٹ کے کھر کا کنارہ (۷) مونڈھے کا وہ گڑھا جس میں بازو کا سرا گھومتا ہے (۸) کولہے کا وہ گڑھا جس میں ران کا سرا گھومتا ہے (۹) سانس کی نالی (۱۰) کرنی، مجھولا، معمار کا ایک اوزار جس سے مسالہ لگایا جاتا ہے اور پلاسٹر کیا جاتا ہے۔
المِحْوَرُ: دھرا، لوہے کی وہ موٹی سلاخ یا لاٹ جس پر پہیا یا چرخی گھومتی ہے۔ مِحْوَرُ العَجَلَة (۲) نان بائی کے لوہے کی وہ چھڑ جس کے ذریعہ تنور سے روٹی نکالتا ہے (۳) بیلن جس سے آٹے کے پیڑے کو پھیلا کر روٹی بنائی جاتی ہے۔ مِحْوَرُ الخَبَّازِ (۴) قطب، مدار، مرکز، وہ خط مستقیم جو کرۂ ارض کے دونوں قطبوں کو ملاتا ہے۔ مِحْوَرُ الأَرْضِ۔ اسی سے ہے: مِحْوَرُ الإِبْزِيْمِ: بکسوے کا محور ج: مَحَاوِر۔ کہتے ہیں: قَلِقَتْ مَحَاوِرُهٗ: اس کے معاملات دگرگوں ہوگئے۔
المَحُوْرَةُ: جواب۔ كَلَّمْتُه فَمَا رَدَّ إلَيَّ

مَحُوْرَةً: میں نے اس سے بات کی اس نے کوئی جواب نہیں دیا۔
المَحُوْرَةُ: جواب۔
المُحَاوَرَةُ: گفتگو، بات چیت، بحث ومباحثہ، مکالمہ۔
المِحْوَارُ: ٹیڑھی چھڑی۔
• حَازَ فُلَانٌ ـُ حَوْزًا: خراماں چلنا۔
ـــ الشَّیْءَ ـُ حِیَازَةً: اکٹھا کرنا، قبضہ میں لینا، حاصل کرنا۔ کہتے ہیں: حَازَ المَالَ والعَقَارَ۔ حَازَهُ الیه: اپنی طرف کرنا، اپنے لئے خاص کرنا۔
ـــ الدَّوَابَّ حَوْزًا: نرمی سے ہانکنا (۲) نرمی سے ہانک کر پانی کی طرف لیجانا۔
حَوَّزَ الدَّوَابَّ الی الماء: چوپاؤں کو پانی کی طرف ہانکنا۔
ـــ الأمْرَ: کسی کام کو پختہ کرنا، اچھی طرح انجام دینا۔
اِحْتَازَه: اپنانا، مالک ہونا۔ اِحْتَازَه الی نَفْسِه: اپنے لئے خاص کرنا۔
اِنْحَازَ: مطاوع حَازَ: یکجا ہونا، سمٹ آنا، جمع ہونا، دشمن سے شکست کھاکر بھاگنا۔
ـــ الیه: مائل ہونا، طرف دار ہونا (۲) قبضہ میں آنا، جانب دار ہونا، شامل ومدغم ہونا۔
ـــ القَوْمُ: جانب دار ہونا، کسی کو اپنا مرکز ومرجع بنا لینا۔
ـــ علی الشئ: متوجہ ہونا۔
ـــ عنه: الگ ہونا، دور ہونا۔
تَحَاوَزُوْا فی الحَرْبِ: جنگ میں ہر ایک پارٹی کا دوسری سے الگ ہوجانا۔
تَحَوَّزَ: چوپاؤں کا پانی کی طرف جانا (۲) کام کا پختہ ہونا۔
ـــ الرَّجُلُ: ارادہ کے وقت اٹھنا بھاری ہونا (۲) ٹھیرنا، توقف کرنا (۳) پیچ وتاب کھانا، الٹ پلٹ ہونا (۴) سانپ کا کنڈل مارنا۔
تَحَوَّزَ عنه: ایک طرف ہونا۔
اِسْتَحَازَهُ: مالک ہونا، قبضہ میں لینا۔
الأحْوَزُ: پھرتیلا ڈرائیور نرمی ویکسانیت سے چلانے والا۔
الأحْوَزِیُّ: الأحْوَزُ (۲) سیاہ (۳) کاموں میں پھرتیلا اور اچھے طریقہ پر انجام دینے والا، ماہر (۴) سنجیدہ کار، ٹھوس کام کرنے والا۔
الاِنْحِیَازُ: شمولیت، انضمام، طرف داری، جانب داری۔
عَدَمُ الاِنْحِیَازِ: غیر جانب داری
سِیَاسَةُ عَدَمِ الاِنْحِیَازِ: غیر جانب دارانہ پالیسی۔
التَّحَیُّزُ: طرف داری۔
الحَائِزُ: مالک، پانے اور حاصل کرنے والا۔
الحَائِزُ علی الشَّهَادَةِ: سند یافتہ
الحَوْزُ: سَوْقٌ حَوْزٌ: آہستہ یا تیز چلانا (۲) قبضہ، ملکیت (۲) احاطہ کی ہوئی جگہ جس میں دوسرے کا کوئی دخل اور حق نہ ہو (۳) اچھا یا برا مزاج، فطرت بری یا اچھی (۴) ایک درخت کا نام۔
الحَوْزَاءُ: سب افراد کو متحد کرنے والی لڑائی۔
الحَوْزَةُ: کونہ، گوشہ (۲) حَوْزَةُ الرَّجُلِ: ملکیت، قبضہ (۳) چھوٹے دانوں کے انگور (۴) بادشاہ کے بیٹھنے کی جگہ (۵) کسی سلطنت کا اندرونی علاقہ۔
حَوْزَةُ الإسْلَامِ: اسلامی حدود اور اس کے گوشے۔
الحَوْزِیُّ: لوگوں سے الگ تھلگ فروکش ہونے والا (۲) مدبر جو کاموں کو ہوشیاری سے انجام دے (۳) سنجیدہ کار۔
الحُوَیْزَاءُ: اپنے ساتھی سے چھپایا ہوا ذخیرہ۔
الحَوَّازُ: الحائز کا مبالغہ۔ کہتے ہیں الإثْمُ حَوَّازُ القُلُوبِ: گناہ دلوں پر قابو پالیتا ہے۔
الحِیَازَةُ: قبضہ، ملکیت (۲) مال وجائداد جو آدمی کی ملکیت میں ہو (۳) کاشت والی زمین۔
الحَیِّزُ: متحد مجمع (۲) جگہ (۳) دائرہ (۴) وہ جگہ جسے جسم گھیرے ہوئے ہو (۵) حفاظت۔ هو فی حَیِّزِ فُلَانٍ: وہ فلاں کی حفاظت میں ہے۔
ـــ من الدَّارِ: گھر سے متعلقہ ضروری اجزا جیسے غسل خانہ وباورچی خانہ وغیرہ
حَیِّزُ الوُجُوْدِ: منصۂ شہود۔ ظَهَرَ الکِتَابُ الی حَیِّزِ الوُجُوْدِ۔
المُتَحَیِّزُ: جگہ گھیرنے والا (۲) جانب دار، طرف دار۔
المُنْحَازُ الی: مائل، طرف دار، مدغم، شامل۔
• حَاسَ الرَّجُلُ ـُ حَوْسًا: بہادر اور ثابت قدم ہونا۔ هو حَائِسٌ وحَوَّاسٌ۔
ـــ الأمْرُ فُلَانًا: کسی پر کسی بات کا غلبہ ہوجانا، گرفت میں لینا جیسے کہتے ہیں: بَلْ تَحُوْسُكَ فِتْنَةٌ۔
ـــ القَوْمُ البَلَدَ: فساد پھیلانا۔
ـــ الذِّئْبُ الغَنَمَ: بھیڑیے کا بکریوں میں گھس کر ان کو منتشر کردینا۔ کہاوت ہے: حَمَلَ علی القَوْمِ فَحَاسَهُمْ: اس نے لوگوں پر حملہ کرکے انکو بھگا دیا یا ان کی توہین کی۔ نیز کہا جاتا ہے:

حَاسَهُمْ خَطْبٌ كَرِيْهٌ: بڑی مصیبت کا آگھیرنا۔
حَاسَتِ الفِتْنَةُ فُلَانًا: جذبۂ فساد کا دل میں پیدا ہونا اور آمادہ بہ فساد کرنا۔
ـــهُ على الفِتنة: فساد پر آمادہ کرنا۔
کہتے ہیں حَاسُوْا العَدُوَّ ضَرْبًا: دشمن پر ضرب کاری لگانا۔
ـــ المَرْأَةُ ذَيْلَهَا: عورت کا دامن کو کھینچے اور گھسیٹتے ہوئے چلنا۔ کہتے ہیں: هُمْ يَحُوْسُوْنَ ثِيَابَهُمْ: وہ کپڑوں کا زیادہ استعمال کرکے خراب کرتے ہیں۔
ـــ الغَارَةُ: حملہ اور یورش کا پھیل جانا۔
ـــ القَوْمَ: لوگوں سے میل ملاپ کرنا (۲) روندنا (۳) ذلیل کرنا۔
حَوِسَ ـَ حَوَسًا: دلیر اور بہادر ہونا (۲) اپنی جگہ کامیابی تک ڈٹے رہنا (۳) خوراک بڑھنا اور پیٹ نہ بھرنا۔ هو أَحْوَسُ و هي حَوْسَاءُ ج: حُوْسٌ۔
حَاوَسَتِ المَرْأَةُ الرِّجَالَ: عورت کا مردوں سے اختلاط رکھنا۔
تَحَوَّسَ فِي الكَلَامِ: تیاری اور جرأت سے بات کرنا (۲) سستی کرنا، دیر لگانا اور رکنا (۳) دلیری دکھانا۔
اِسْتَحْوَسَ: دیر کرنا اور رکنا۔
أَحْوَسُ: دلیر، اٹل (۲) بھیڑیا ج: حُوْسٌ۔
الأَحْوَسِيُّ: برقرار۔ کہتے ہیں: غَيْثٌ أَحْوَسِيٌّ: مسلسل بارش۔
الحَائِسُ: بہادر، ثابت قدم ج: حُوَّسٌ۔
خُطُوبٌ حُوَّسٌ: مصیبتیں۔ کہتے ہیں: حَاسَتْهُمُ الخُطُوبُ الحُوَّسُ: ان کو مصیبتوں نے گھیر لیا۔
الحَوْسَةُ: سوسائٹی، اجتماعیت، میل ملاپ
الحُوَاسَةُ: غنیمت (۲) ضرورت (۳) یورش (۴) خون کا مطالبہ کرنے والی قرابت (۵) مختلف لوگوں کی جماعت۔

الحَوَّاسُ: جنگ میں لوگوں کے نام لے کر پکارنے والا۔ کہاوت ہے: إِنَّهُ لَحَوَّاسٌ غَوَّاسٌ: وہ رات میں خوب بلاتا اور مطالبہ کرتا ہے۔
الحُوَيْسَاءُ: رشتہ داری۔
•حَاشَ الدَّوَابَّ ـُ حَوْشًا: چوپاؤں کو اکٹھا کرکے ہنکانا۔
ـــ القَوْمُ الصَّيْدَ: شکار کو پکڑنے کے لئے ہر طرف سے گھیرنا، ایک دوسرے کی طرف بدکانا۔
ـــ الصَّيْدَ عَلَيْهِ: شکار کو کسی کی طرف بدکانا، شکار کرنے میں مدد دینا۔
ـــ اللِّصَّ و نَحْوَهُ: چور وغیرہ کو پکڑلینا اور چوری سے باز رکھنا۔
أَحَاشَ الصَّيْدَ: حَاشَهُ و أَحَاشَ الصَّيْدَ عليه۔
أَحْوَشَ الصَّيْدَ: حَاشَهُ و أَحْوَشَ الصَّيْدَ عليه و أَحْوَشَهُ الصَّيْدَ: شکار کرنے میں مدد دینا۔
حَاوَشَهُ على الأَمْرِ: کسی کام کے لئے برانگیختہ کرنا، بھڑکانا۔
ـــ الرَّجُلُ البَرْقَ و المَطَرَ: بجلی اور بارش سے جہاں کہیں ہو دور رہنا۔
حَوَّشَ المَالَ و نَحْوَهُ: مال وغیرہ جمع کرنا، برائے ضرورت محفوظ رکھنا، بچت کرنا (۲) بہادر ہونا (۳) تیار ہونا۔
اِحْتَوَشَ القَوْمُ الصَّيْدَ: لوگوں کا شکار کو پکڑنے کے لئے ہر طرف سے گھیرنا۔
ـــ الشيءَ و عَلَيْهِ: چاروں طرف سے گھیر کر بیچ میں کرلینا۔
اِنْحَاشَ: مطاوع حَاشَ، جمع ہونا (۲) شکار کا گھر جانا، خود پھندے میں پھنس جانا، اونٹوں کا اکھٹا ہونا اور چلنا۔
ـــ عنه: الگ ہونا، بدکنا، بھاگنا۔ کہتے ہیں: فُلَانٌ لا يَنْحَاشُ عن شيءٍ: فلاں کسی بات کی پرواہ نہیں کرتا۔

تَحَاوَشُوْا الشيءَ بينهم: کسی شے کو اپنے بیچ میں لے لینا۔
تَحَوَّشَ منه: شرم کرنا، شرمانا۔
ـــ عنه: دور ہونا، الگ ہونا۔
ـــ المَرْأَةُ من زوجها: عورت کا بیوہ ہوجانا (ہمیشہ کے لئے دور ہوجانا)۔
الحَائِشُ: درختوں کا جھنڈ خاص کر کھجور کے درختوں کا جھنڈ (۲) پیر کے تلوے کے قریب ایک پھٹن۔
الحُوَاشَةُ: ضرورت (۲) گناہ اور ہر قابل شرم فعل (۳) رشتہ داری (۴) دوستی۔
الحَوْشُ: گھر کا صحن، چوک، احاطہ (۲) جانوروں کی باڑہ نما جگہ جہاں جانور اور دیگر اشیا کو محفوظ کیا جائے۔
الحُوْشُ: جنگلی اونٹ۔
رَجُلٌ حُوْشُ الفُؤَادِ: تیز فہم آدمی، مضبوط دل کا آدمی۔
الحُوْشِيُّ من الكلام: نامانوس اور عجیب کلام
ـــ من اللَّيالي: خوفناک تاریک رات۔
رَجُلٌ حُوْشِيٌّ: وحشی قسم کا آدمی جو لوگوں سے ملتا جلتا نہ ہو۔
المَحَاشُ: گھر کا سامان، گھر کے لئے جمع کیا ہوا سامان۔
الحَوْشَبُ: وہ ہڈی جو جانور کے کھر میں پنڈلی اور پٹھے کے درمیان ہوتی ہے (۲) شکم کے اندر کا حصہ (۳) کلائی کی ہڈی (۴) خرگوش (۵) گائے وغیرہ کا بچہ (۶) پتلے پیٹ والا (۷) بڑے پیٹ والا جس کے دونوں پہلو پھولے ہوئے ہوں (۸) لوگوں کا گروہ۔
الحَوْشَبَةُ: لوگوں کا گروہ، جماعت۔
الحَوْشَكَةُ: گھر وغیرہ کی طرف سے آنے والا شور، مختلف اور غیر مفہوم آوازیں۔
•حَاصَ الثَّوْبَ و نَحْوَهُ ـُ حَوْصًا: سلائی کرنا، دور دور ٹانکے لگانا،

لمبے لمبے ٹانکے لگانا، ٹکندے ڈالنا، سلنگے بھرنا۔

حاص بين الشيئين: تنگ بنادینا۔
— حولَ كذا: چاروں طرف گھومنا۔
— الأديمَ: کھال کو ٹھیک کرنا۔

حَوِصَ الرَّجُلُ ـَ (يَحْوَصُ) حَوَصًا: گوشۂ چشم کا اتنا تنگ ہونا کہ سلا ہوا معلوم ہو، تنگ گوشۂ چشم والا ہونا (۲) ایسا ہونا کہ ایک آنکھ تنگ اور دوسری ٹھیک ہو هو أحْوَصُ و هي حَوْصَاءُ ج: حُوصٌ۔

حَاوَصَهُ: چوری سے آنکھ کے ایک گوشہ سے دیکھنا، کن انکھیوں سے دیکھنا۔

احْتَاصَ فِي الأمْرِ: محتاط ہونا۔

الأحْوَصُ: چھوٹی آنکھوں والا م: حَوْصَاء ج: حُوصٌ۔

الحِوَاصُ: لکڑی کی سوئی، سینے کا آلہ۔

الحَوْصُ: سلی ہوئی چیز (۲) مروڑ، قولنج۔ کہاوت ہے: لَأَطْعَنَنَّ فِي حَوْصِه: میں اس کے سیے ہوئے کو ادھیڑ ڈالوں گا اور اس نے جو ٹھیک کیا ہے میں اسے خراب کر ڈالوں گا۔ مَا طَعَنْتُ فِي حَوْصِه: میں اس کا ارادہ کرنے میں کامیاب نہیں ہوا۔

الحِيَاصَةُ: جانور کا تنگ، وہ تسمہ جو گھوڑے کے سرین کے گرد گاڑی کھینچنے کے لئے باندھا جاتا ہے۔

• حَوْصَلَ الطَّائِرُ: پرندے کا اپنے پوٹے (معدے) کو بھرنا۔
— الإنْسَانُ وغَيْرُهُ: آدمی وغیرہ کے پیٹ کا نچلا حصہ باہر کو نکل آنا۔

الحَوْصَلُ و الحَوْصَلَةُ: پوٹا جو پرندہ کے لئے انسان کے معدہ کی جگہ ہوتا ہے (۲) گھر کا اسٹور، وہ کمرہ جس میں خورد ونوش وغیرہ کا سامان رکھا جاتا ہے (۳) حوض کی نچلی سطح جس میں پانی رہتا ہے (۴) وہ بکری جس کے پیٹ کا وہ حصہ بڑا ہو جو ناف سے اوپر ہوتا ہے ج: حَوَاصِل

الحَوْصَلَةُ: پوٹا پرندہ کا وہ اندرونی حصہ جس میں پہلے غذا پہنچتی ہے۔ پھر معدہ میں جاتی ہے (۲) انسان وغیرہ کا مسانہ تک پیٹ کا زیریں حصہ (۳) حوض کی نچلی سطح، تلی (۴) وہ بکری جس کا پیٹ بڑا ہو۔ نَاقَةٌ ضَخْمَةُ الحَوْصَلَةِ: بڑے پیٹ والی اونٹنی (۵) روپے وغیرہ رکھنے کا ڈبہ نما ظرف (دیکھئے: ح ص ل)۔ ج: حَوَاصِل۔

• حَاضَ المَاءَ ـُ حَوْضًا: پانی جمع کرنا، گھیرنا۔

حَوَّضَ: حوض بنانا۔
— المَاءَ: پانی جمع کرنا۔
— الأرْضَ: کھیت میں سینچائی کے لئے کیاریاں بنانا۔
— حَوْلَه: چاروں طرف گھومنا، چکر لگانا۔

احْتَاضَ: حوض بنانا۔

اسْتَحْوَضَ فُلانٌ: حوض بنانا۔
— المَاءُ: پانی جمع ہوجانا (حوض یا حوض نما گڑھے میں)۔

الحَوْضُ: پانی جمع ہونے کی جگہ (۲) پانی کا تالاب (۳) پانی کی ٹنکی (۴) بند جس میں پانی روکا جائے (۵) ہاتھ دھونے کا بیسن (۶) زمین یا کھیتی کا محدود حصہ۔

حَوْضُ التَّنْشِيفِ: واش بیسن، ہاتھ دھونے کا طشت جو دیوار میں لگایا جاتا ہے۔

حَوْضُ بِنَاءِ السُّفُنِ: بحری جہازوں کا یارڈ۔

الحَوْضُ مِنَ الأُذُنِ: کان کا اندرونی حصہ۔

حَوْضُ البَحْرِ: سمندر کے ساحل پر واقع ممالک یا شہر۔

حَوْضُ النَّهْرِ: نہر کے آس پاس کا علاقہ جس میں نہر کا پانی چلتا اور سیراب کرتا ہے۔ کچھار کا علاقہ۔

الحَوْضُ الجَافُّ: وہ سمندری مستقل حصہ جس کا پانی نکال دیا گیا ہو اور اس میں جہازوں کی مرمت ہوتی ہو، بحری جہازوں کا یارڈ ج: أحْوَاض وحِيَاض وحِيْضَانٌ۔

حَوْضُ السُّفُنِ: وہ گودی جہاں جہاز کھڑے ہوتے ہیں۔

المُحَوَّضُ: حوض (۲) کھجور کے گرد وہ گڑھا جس میں پانی بھرا جائے، سینچائی۔

• حَاطَ القَوْمُ بِالبَلَدِ ـُ حَوْطًا و حَيْطَةً و حِيطَةً و حِيَاطَةً: گھراؤ کرنا، گھیرنا، احاطہ کرنا۔ حَاطَتْ بِهِ الخَيْلُ: گھوڑوں نے اسے گھیر لیا۔
— الصَّبِيَّ: بچہ کے پیٹ پر نظر بد سے بچانے کے لئے پڑھا ہوا ڈورا باندھنا۔
— الشَّيءَ: حفاظت کرنا، دیکھ بھال کرنا۔

أحَاطَ الحَائِطَ: دیوار بنانا۔
— القَوْمُ بِالبَلَدِ: لوگوں کا شہر کے گرد گھیرا ڈالنا، گھیرنا۔ نیز اسی معنی میں أحَاطَتْ بِهِ الخَيْلُ بھی کہا جاتا ہے
— بِالأمْرِ: کسی بات کا پورا علم رکھنا، پوری طرح واقف ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "أحَطْتُ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهِ" "وَاللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطٌ"
— الشَّيءَ: حفاظت کرنا (۲) ہر طرف سے گھیرنا
— بِالقَوْمِ: روکنا۔ قرآن پاک میں ہے: "إلَّا أنْ يُحَاطَ بِكُمْ"
— فُلانًا عِلْمًا: خبر دینا، اطلاع دینا۔
— الخَطِيئَةُ بِفُلانٍ: گناہ کا کسی پر مسلط ہوجانا اس سے بچ نہ سکنا۔

أُحِيطَ بِفُلانٍ: ہلاکت کے قریب ہونا۔

أُحِيطَ بالشيئ: ہلاک ہو جانا، برباد ہو جانا. قرآن پاک میں ہے: "و أُحِيطَ بِثَمَرِه"
حَاوَطَهٗ: کسی سے ایسے معاملہ پر مصر ہونا جس سے وہ انکار کرتا ہو (کسی کام کے لئے کسی کو) گھیرنے کی کوشش کرنا.
حَوَّطَ حَائِطًا: دیوار بنانا.
ـــ كَرْمَه: انگور کی بیل کو دیوار سے گھیرنا، چہار دیواری کرنا.
ـــ الصَّبِيَّ: بچے کے پیٹ پر حفاظت کیلئے پڑھا ہوا دھاگا باندھنا.
ـــ حَوْلَ الشَّيْئِ: مٹی ڈال کر ہر طرف سے گھیرنا
ـــ حَوْلَ الأَمْرِ: چکر لگانا.
ـــ الشَّيْئَ: حفاظت کرنا، دیکھ بھال کرنا، نگرانی کرنا.
اِحْتَاطَ لِلأَمْرِ: محتاط ہونا، مصلحت اندیشی سے کام لینا.
ـــ على الشيئ: نگرانی کرنا.
ـــ لِنَفْسِه: اپنے کو محفوظ رکھنا، اپنے بارہ میں احتیاط برتنا.
ـــ به الخَيْلُ: گھوڑوں کا کسی قوم وغیرہ کو گھیر لینا.
تَحَوَّطَهٗ: حفاظت کرنا، دیکھ بھال کرنا. کہتے ہیں: فُلَانٌ يَتَحَوَّطُ أَخَاه حِيْطَةً حَسَنَةً: فلاں اپنے بھائی کی اچھی طرح حفاظت کرتا ہے.
اِسْتَحَاطَ فِي الأَمْرِ: انتہائی احتیاط سے کام لینا، سوچ بوجھ سے کام لینا، احتیاط برتنا (غایت درجہ).
الاِحْتِيَاطُ: تحفظ، سمجھ بوجھ.
الحَجْزُ الاِحْتِيَاطِيُّ: ضبطی مال وغیرہ جو برائے احتیاط ہو.
الاحتياطِيُّ: محفوظ، ریزرو سرمایہ.
المال الاحْتيَاطِيُّ: محفوظ سرمایہ، ریزرو فنڈ
اِحْتِيَاطِيُّ أَغْذِيَة: کھانے کا ریزرو اسٹاک
احتياطِيُّ البنك: بنک کا ریزرو سرمایہ.

التَّحْوِيْطَةُ: الحَوْطُ.
الحَائِطُ: دیوار (۲) باغ ج: حِيطَانٌ و حَوَائِطُ.
الحُوَاطَةُ: غلہ وغیرہ محفوظ کرنے کی کوٹھڑی
الحَوْطُ: وہ دھاگا جس میں سیپ یا چاندی وغیرہ کے مہرے پڑے ہوئے ہوتے ہیں اور وہ دو رنگ کا بٹا ہوا ہوتا ہے نظر بد سے بچانے کے لئے بچہ کے پیٹ اور کمر پر باندھا جاتا ہے (۲) چاندی کا بنا ہوا چاند
الحِوَطُ: فرائض کے دراہم کی کمی کو پورا کرنے والی چیزیں (اذا نقصت الدَّراهِمُ في الفرائض) هَلُمَّ حِوَطَهَا یعنی وہ چیز دو جس سے دراہم کی کمی کو پورا کیا جائے.
الحَوْطَةُ: احتیاط.
الحُوَطَةُ: ایک کھیل جس میں کھلاڑی ایک دوسرے کے گرد گھومتے ہیں.
الحُوَّاطُ: حُوَّاطُ الأَمْرِ: کسی کام کی بنیادی چیزیں جن پر اس کا مدار ہو، مدار کار.
الحَوَّاطُ: بہت حفاظت کرنے والا (۲) گاؤں کا ٹیکس جمع کرنے والا.
الحَيْطَةُ و الحِيطَةُ: احتیاط (۲) شفقت و مہربانی. کہتے ہیں: لَدَى فُلَانٍ حِيْطَةٌ لَكَ: تمہارے لئے فلاں کے دل میں شفقت ہے.
الحَيِّطُ: رَجُلٌ حَيِّطٌ: اپنے اہل و عیال کی دیکھ بھال کرنے والا، دوستوں کا خیال رکھنے والا.
المَحَاطُ: حفاظت گاہ جہاں مال یا لوگوں کی حفاظت کی جائے، باڑہ، باڑ.
المُحِيطُ: بڑا سمندر جو خشکی کو گھیرے ہو، (۲) دائرہ کا خط، دائرہ (۳) ماحول، گردوپیش (۴) سطح جسم ج: المُحِيطَات.
المُحِيطِيُّ: سطحی.
المُحِيطُ الهادي: بحر الکاہل.

المُحِيطُ الهندي: بحر ہند.
البَحْرُ المُحِيطُ: بحر اوقیانوس.
• حَافَ فُلَانٌ الشيئَ ـــ حَوْفًا: کسی شے کے کنارہ پر ہونا.
حَوَّفَهٗ: کنارہ پر کرنا.
ـــ النَّبَاتُ المَكَانَ: کسی جگہ کے چاروں طرف گھاس اگنا.
تَحَوَّفَ: کنارہ پر آنا یا ہونا.
ـــ الشيئَ: کسی شے کو اس کے کناروں سے لینا، کنارہ لینا (۲) کم کرنا.
الحَافَّةُ و الحَافَةُ: کنارہ، طرف، پہلو (۲) ضرورت (۳) زندگی کی سختی ج: حَافَات. حَافَّتَا الوادي: وادی کے دو کنارے.
الحَوْفُ: گوشہ، جانب، کنارہ (۲) بچی کے پہننے کی فراک (بے آستین کرتا) ج: أَحْوَافٌ
• حَوْفَزَ الصَّبِيَّ: بچہ کو دونوں ٹانگوں کے کناروں (پیروں) پر بٹھا کر اوپر اٹھانا.
• حَاقَ البَيْتَ و نَحْوَه ـــ حَوْقًا: گھر میں جھاڑو دینا اور رگڑ کر چمکانا.
ـــ به: گھیرنا، احاطہ کرنا.
حَوَّقَ عَلَيْه: کسی سے غیر واضح اور بے ربط گفتگو کرنا. حَوَّقَ عليه كلامَه بھی کہا جاتا ہے.
ـــ رأسَه: سر کو نیچ سے مونڈنا.
اِحْتَاقَ مَالَه من وَرَائِه: مال اڑا دینا، ختم کر دینا.
الحُوَاقَةُ: جھاڑو سے نکلا ہوا کوڑا، جھاڑن
الحَوْقُ: بڑا مجمع.
الحَوْقَةُ: بڑا مجمع.
الحُوْقُ: گول چوکھٹا، گھیرا.
المِحْوَقَةُ: جھاڑو ج: مَحَاوِق.
• حَوْقَلَ حَوْقَلَةً و حِيْقَالًا: دونوں کوکھ پر دونوں ہاتھ رکھنا (بڑھاپے وغیرہ کی وجہ سے سہارے کے لئے)، قدم ملا کر تیز چلنا (۲) تھک کر کمزور ہو جانا (۳) لاحول

ولا قوّة الا بالله کہنا۔

حَوْقَلَ الشئَ أو فلانا: دھکیلنا، دھکا دینا۔

الحَوْقَلُ: کمزور عمر رسیدہ آدمی۔

الحَوْقَلَةُ: لمبی گردن کی بوتل (جو پانی پلانے کے لئے ہوتی ہے) (۲) لاحول ولاقوة الا بالله کہنا۔ ج: حَوَاقِلُ۔

• حَاكَ الشئُ فی صَدْرِهِ او قلبه ـُ حَوْكًا: دل میں بیٹھنا، جمنا، اسی سے ہے: "الإِثْمُ ما حَاكَ فی صَدْرِكَ وكَرِهْتَ ان يَّطَّلِعَ عليه النَّاسُ: گناہ وہ ہے جو تمہارے دل میں جگہ کرلے اور تم یہ نہ چاہو کہ لوگ اس سے باخبر ہوں)۔

ـــ الثَّوبَ حِيَاكَةً: بننا۔

ـــ المَطَرُ الرَّوْضَ: بارش کا باغ کے پودوں اور پھولوں کو بڑھانا، شاداب کرنا

ـــ الشاعِرُ: شاعر کا قصیدہ (نظم) تیار کرنا

أَحَاكَ: ما أَحَاكَ سَيْفُه: تلوار کاٹ نہیں سکی۔ ما أَحَاكَتْهُ أَسْنَانِي و ما أَحَاكَتْ فيه: اسے میرے دانتوں نے نہیں کاٹا، میرے دانتوں نے اس پر اثر نہیں کیا۔

حَوَّكَه: پہچاننا۔

تَحَوَّكَ بالثَّوبِ: کپڑے کا حبوہ بنانا یعنی کمر اور پنڈلیوں سے سہارے کیلئے باندھ کر اکڑوں بیٹھنا۔

الحَوْكُ: شکل، نمونہ۔ کہتے ہیں: هٰذا علی حَوْكِ ذاكَ: یہ شکل یا عمر میں اُس جیسا ہے (۲) جنگلی تلسی (۳) بُنا ہوا کپڑا۔

الحَوْكَةُ: شباہت۔ کہتے ہیں: هُمْ ناسٌ لَيْسَ عَلَيهِم حَوْكَةُ هٰؤلاء القَوْمِ: وہ ایسے لوگ ہیں کہ ان سے ان لوگوں کو کوئی مشابہت نہیں۔

الحِيَاكَةُ: بنائی، پارچہ بافی، پارچہ بانی کی صنعت۔

إِبْرَةُ الحِيَاكَةِ: بننے کی سلائی۔

نَوْلُ الحِيَاكَةِ: بننے کی مشین۔

المَحْوَكَةُ: لڑائی۔ کہتے ہیں: تَرَكْتُهُم فی مَحْوَكَةٍ: میں نے ان کو لڑتے ہوئے چھوڑا۔

المَحَاكَةُ: کھڈی (بننے کی مشین) کا رکھ، جولاہے کے بننے کی جگہ۔

الحَائِكُ: جلاہا، بُنکر، کپڑا بننے والا۔ ج: حَوَكَة وحَاكَةٌ۔

الحَائِكَةُ: حائك کی مؤنث ج: حَوَائِكُ

• حَالَ الشئُ ـُ حَوْلًا: کسی شے پر ایک سال گزرنا (۲) بدل جانا (ایک حال سے دوسرے حال میں) جیسے حَالَ اللَّوْنُ وحَالَ العَهْدُ (۳) سیدھا ہونے کے بعد ٹیڑھا ہوجانا

ـــ الحَوْلُ: سال پورا ہوجانا۔

ـــ فی ظَهْرِ دابَّتِه و عليه: جانور پر کود کر سوار ہونا۔ حَالَ علی الفَرَسِ: وہ گھوڑے پر سیدھا بیٹھ گیا۔

ـــ عن ظَهْرِ دابَّتِه: سواری سے گرجانا

ـــ عن العَهْدِ: عہد وپیمان سے پھرجانا

ـــ الشئُ بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ ـُ حَوْلًا و حَيْلُولَةً: حائل ہوجانا، رکاوٹ بننا، دوچیزوں کو الگ الگ کرنا۔

ـــ النَّخْلَةُ حُئُولًا: کھجور کے درخت پر ایک سال چھوڑ کر پھل آنا۔

ـــ النَّاقَةُ: نر کا اونٹنی سے جفتی کرنا اور اس کا حاملہ نہ ہونا۔

ـــ القَوْسُ: کمان ٹیڑھی ہوجانا۔

ـــ الدَّارُ وحِيلَ بها: گھر پر بہت سے سال گزرنا۔

ـــ الی مَكَانٍ: کسی جگہ منتقل ہونا۔

ـــ الشَّخْصُ: متحرک ہونا۔

ـــ حِيلَةً و مَحَالًا: حیلہ کرنا، بہانہ کرنا

حَوِلَتْ عَيْنُه او طَرْفُه ـَ (تَحْوَلُ) حَوَلًا: آنکھ کا ترچھا ہونا، بھینگا ہونا۔ هو أَحْوَلُ و هی حَوْلاءُ ج: حُوْلٌ۔

أَحْوَلَ الشئُ: کسی شے پر ایک سال گزر جانا۔ أَحْوَلَ الصَّبِیُّ: بچہ ایک سال کی عمر کا ہوگیا۔

ـــ الدَّارُ: گھر کا بدل جانا، بہت سال گزر جانا (۲) اہل خانہ کو گھر سے غائب ہوئے ایک سال گزر جانا۔ فالدارُ مُحِيْلَة

ـــ بالمكان: کسی جگہ ایک سال قیام کرنا۔

ـــ الرَّجُلُ: محال بات کہنا۔

ـــ المَرْأَةُ او النَّاقَةُ: مادہ کے بعد نر جننا یا اس کے برعکس۔ فالمرأةُ والنَّاقَةُ مُحْوِلٌ۔

ـــ عَيْنَه: بھینگی بنادینا، ترچھا کردینا۔

أَحَالَ: کسی چیز پر پورا سال گزر جانا۔

ـــ الدَّارُ: گھر کا بدل جانا اور اس پر کئی سال گزر جانا (۲) گھر والوں کا ایک سال قبل گھر سے غائب ہونا فالدَّارُ مُحِيلَة

ـــ عليه الحَوْلُ: سال گزر جانا۔

ـــ الشئُ او الرَّجُلُ: ایک حال سے دوسرے حال میں آجانا، بدل جانا، حالت بدل جانا۔

ـــ المَرْأَةُ او النَّاقَةُ: بچے کے بعد بچی جننا، نر کے بعد مادہ جننا یا اس کے برعکس

ـــ بالمكان: کسی جگہ ایک سال قیام کرنا۔

ـــ الرَّجُلُ: کسی کی اونٹنیوں کا غیر حاملہ رہنا (۲) اپنے کلام میں دو متضاد باتیں جمع کرنا (۳) محال بات کہنا (۴) حیلہ کرنا۔

ـــ النَّاقَةُ: اونٹنی کا حاملہ نہ ہونا (اونٹ سے جفتی کے باوجود)۔

ـــ عليه بالكلامِ: بات چیت کے لئے متوجہ ہونا۔

ـــ عليه بالسَّوْطِ: کوڑا لے کر مارنے کیلئے

کسی کی طرف متوجہ ہونا۔
أَحَالَ علیه: کمزور سمجھنا اور ذلیل کرنا (۲) کاغذ وغیرہ کسی کے پاس منتقل کرنا۔
— فی ظهرِ دابّتِه و علیه: سواری کے جانور پر کود کر سوار ہونا۔
— الغَرِیْمَ الی غَرِیْمٍ آخَرَ: قرض خواہ کو اپنے بجائے دوسرے شخص (اپنے قرض دار) کے سپرد کرنا کہ وہ قرض ادا کرے۔ اپنے ذمہ واجب قرض کو دوسرے کے ذمہ کرنا۔
— الشیءَ الی: منتقل کرنا، مرسل کرنا۔
— العَمَلَ الی فُلانٍ: کسی کے کوئی کام سپرد کرنا، متعلق کرنا (۲) کسی پر محول کرنا
— القاضی القَضِیَّةَ الی مَحْکَمَةِ الجِنَایَاتِ: قاضی یا مجسٹریٹ کا کسی مقدمہ کو عدالت فوج داری میں بھیجنا۔
— المَسْأَلَةَ علی فلانٍ: کسی معاملہ کو دوسرے کے حوالہ کرنا۔
— فُلانًا علی المَعَاشِ: پنشن دینا۔
— الماءَ فی الجَدْوَلِ: پانی کول یا چھوٹی معاون نہر میں چھوڑنا۔
— علیه الماءَ: کسی پر پانی انڈیلنا۔
— الأمرَ علی فلانٍ: کسی معاملہ کو کسی پر منحصر کرنا۔
— عَیْنَهٗ: آنکھ کو بھینگی اور ترچھی کرنا۔
حَاوَلَ الأَمْرَ مُحَاوَلَةً و حِوَالًا: کوشش کر کے دیکھنا، دھوکہ یا حیلہ سے لینے کی کوشش کرنا، ارادہ کرنا۔
حَوَّلَ الشَّیءَ: بدلنا، ایک حالت یا صفت سے دوسری حالت یا صفت میں لے آنا (۲) ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا، پلٹنا، بدلنا۔
— فُلانٌ الشیءَ الی غیرِه: دوسرے کی طرف منتقل کرنا، حالت بدلنا، جیسے حَوَّلَ الصَّحْرَاءَ الی جَنَّةٍ فَیحاءَ۔

(۲) گھمانا پھرانا۔
حَوَّلَ الأَرْضَ: زمین کو ایک سال چھوڑ کر بونا تاکہ وہ طاقتور ہو جائے۔
— الأَمْرَ: محال بنانا۔
— الشیءَ و الرَّجُلَ عن کذا: ہٹانا، دور کرنا۔
— خَطَّ السَّیْرِ: لائن بدلنا، راستہ بدلنا۔
— النُّقُوْدَ: منی آرڈر کرنا۔
اِحْتَوَلَهُ القَوْمُ: اپنے بیچ میں لینا۔
اِحْتَالَ الشَّیءُ: کسی چیز پر ایک سال گذرنا۔
— فُلانٌ: کوئی چیز چال اور حیلہ سے لینا، چال چلنا، حیلہ کرنا، تدبیر کرنا۔
— الأَرْضُ: زمین پر بارش نہ ہونا۔
— علیه: دھوکہ دینا۔
— علیه بالدَّیْنِ: قرض کسی کے ذمہ کر دینا کہ وہ ادا کرے۔
تَحَوَّلَ: منتقل ہونا (ایک جگہ سے دوسری جگہ یا ایک حالت سے دوسری حالت میں) (۲) بدل جانا۔
— عنه: پھر جانا، کسی کی طرف سے رخ پھیر کر دوسرے کی طرف کر لینا۔
— فُلانًا بالنَّصِیْحَةِ و الوَصِیَّةِ و المَوْعِظَةِ: کسی کے پند و نصیحت قبول کرنے کی توقع رکھنا۔ کَانَ الرَّسُوْلُ صلی اللّٰه علیه یَتَحَوَّلُنَا بالمَوْعِظَةِ (ایک دوسری روایت میں یتخوّلنا خاء سے ہے)۔
اِسْتَحَالَ الشَّیءُ: بدل جانا (۲) سیدھا ہونے کے بعد ٹیڑھا ہو جانا (۳) ایک حالت یا صفت سے دوسری حالت یا صفت میں منتقل ہونا۔
— الکَلَامُ: کلام کا اپنی اصل سے ہٹ جانا
— الشیءُ و الفِعْلُ: محال و ناممکن ہونا
الاِحْتِیَالُ: دھوکہ دہی، مکر، حیلہ گری۔
الأَحْوَلُ: بھینگی آنکھ والا (۲) زیادہ حیلہ باز

م: حَوْلاءُ ج: حُوْلٌ۔
التَّحَاوِیْلُ: وقفہ جاتی عمل۔ کہتے ہیں: هٰذِهِ امْرَأَةٌ لَا تَلِدُ إِلَّا تَحَاوِیْلَ: یہ عورت ایک سال جنتی ہے دوسرے سال نہیں۔ هٰذِهِ أَرْضٌ لَا تُزْرَعُ إِلَّا تَحَاوِیْلَ: یہ زمین ایک سال بوئی جاتی ہے دوسرے سال نہیں۔
التَّحَوُّلُ: تبدیلی، موڑ، رخ کی تبدیلی (۲) خرابی۔
التَّحَوُّلُ الجِذْرِیُّ: بنیادی تبدیلی۔
التَّحَوُّلَاتُ: انقلابات، تبدیلیاں۔
التَّحْوِیْلَةُ: ریل کی پٹری بدلنے والی چابی۔
التَّحْوِیْلُ: سپردگی، حوالگی (۲) منتقلی (۳) رقم کا ڈرافٹ، منتقل کردہ رقم۔
تَحْوِیْلُ الانْتِبَاهِ عن کذا: توجہ ہٹانا۔
تَحْوِیْلٌ بالبریدِ: روانگی بذریعہ ڈاک۔
تَحْوِیْلُ الحکمِ الی نظامٍ: حکومت کو کسی نظام میں تبدیل کرنا۔
تَحْوِیْلُ السُّلْطَةِ الی: حوالگی اختیارات سپردگی اقتدار۔
تَحْوِیْلُ العُمْلَةِ: تبدیلی سکہ۔
الحَائِلُ: تغیر پذیر (۲) اونٹنی کا فوری پیدا شدہ بچہ (۳) حاملہ نہ ہونے والی ہر مادہ امْرَأَةٌ حَائِلٌ و نَاقَةٌ حَائِلٌ و نَخْلَةٌ حائِلٌ ج: حُوَّلٌ و حُوْلٌ و حِیَالٌ۔
الحَالُ: موجودہ وقت (جس میں تم موجود ہو) (۲) وہ کپڑا جس میں گھاس اکٹھا کیا جائے (۳) دودھ (۴) بچوں کی دو پہیے کی گاڑی جس سے وہ چلنا سیکھتے ہیں (۵) گرم راکھ (۶) کالی مٹی (۷) گھوڑے کی پشت کا بیچ۔ حَالُ الدَّهْرِ: انقلاب۔
حَالُ الشیءِ: صفت، کیفیت، حالت۔
حَالُ الانسانِ: انسان کے مختلف احوال و کیفیات (۸) سائنس میں حرارت و

برودت اور یبوست و برودت کی کیفیت کے سریع الزوال ہونے کا نام ہے (۹) علم نفسیات میں اس کیفیت طارئہ کا نام جو ابھی پختہ نہ ہوئی ہو، تغیر پذیر ہو (۱۰) علم نحو میں زمانۂ حاضر (۱۱) فاعل کی حالت بوقت صدورِ فعل اور مفعول کی حالت بوقت وقوعِ فعل، فاعل اور مفعول میں سے جس کی حالت بیان کی جائے وہ ذوالحال ہے (۱۲) فن بلاغت میں اس امر کو کہتے ہیں جو کلام کو فصیح اور مخصوص طریقہ اور کیفیت کے مطابق لانے کا داعی اور سبب ہو، اسی کو مقتضاے حال کہتے ہیں ج: أحْوَال و أحْوِلَة.

الأحْوَالُ الشَّخْصِيَّة: پرسنل لا شخصی قانون. دَفْتَرُ الأحْوَال فی مَرْكَزِ البُولِيس: ریکارڈ، احوال شخصی کا ریکارڈ.

الحَالَةُ: الحَالُ. کیفیت، حالت، پوزیشن.

بِحَالَتِه الرَّاهِنَة: موجودہ حالت یا صورت میں.

و الحَالَةُ هَذِهِ: درآں حالیکہ.

حالة الاحْتِضار: حالت نزع.

الحالَةُ الاجتماعِيَّة: معاشرتی پوزیشن یا حالت، سوشل اسٹیٹس.

حَالَةُ الطَّوارِی: ہنگامی صورتِ حال، ایمرجنسی.

الحَالَةُ العَصَبِيَّةُ: جذباتی کیفیت.

الحَالَةُ المُتَرَدِّيَةُ: بگڑتی ہوئی صورتِ حال، گرتی ہوئی پوزیشن.

حَالَةٌ مَيْئُوسٌ مِنها: مایوس کن حالت

حَالَةٌ نَفْسِيَّةٌ: ذہنی کیفیت.

الحالِيُّ: موجودہ.

حَالَمَا: جونہی، جب.

حَالاً: ابھی ابھی، فوراً، فی الحال، جلد ہی.

حَالِيًّا: آج کل، حال ہی میں.

الحَالآتِي: ابن الوقت.

الحَوالُ: ارد گرد. قَعَدَ حَوالَ الشئ.

رأيتُ النَّاسَ حَوالَيْهِ: میں نے لوگوں کو اس کے چاروں طرف گھومتے ہوئے دیکھا.

حَوالُ الدَّهْرِ: تغیر، انقلاب.

الحِوالُ: دو چیزوں کے درمیان آڑ، رکاوٹ، حائل.

الحَوالَةُ: مقروض کی اپنے غیر کی طرف منتقلی (۲) حوالگی، منتقلی، ایک نہر سے دوسری میں پانی کی منتقلی (۳) قرض خواہ کو لکھ کر دیا ہوا تمسک جس کے ذریعہ وہ قرض وصول کرنے کا مجاز ہو (۴) ضمانت (۵) گواہی (۶) ہنڈی، وہ رقعہ جس کے ذریعہ مال ایک جہت سے دوسری جہت کی طرف منتقل کیا جائے (۷) منی آرڈر.

الحَوَالِيُّ و الحُوَالِيُّ: بڑا چال باز، انتہائی مکار.

الحَوْلُ: حرکت (۲) تغیر (۳) سال ج: أحْوَال (۴) مہارت، دور بینی، بصیرت (۵) صلاحیتِ کار، صحیح طور پر انجام دہی کی قدرت. لَا حَوْلَ و لا قُوَّةَ الا باللهِ: طاقت و قدرت صرف اللہ ہی کے لئے ہے.

—— من الشئ: اطراف، چہار جانب کہتے ہیں: رأيتُ النَّاسَ حَوْلَه و حَوْلَيْه و أحْوالَه: میں نے لوگوں کو اس کے چاروں طرف دیکھا.

حَوالِيٌّ و حُوَّلٌ و حُوَلِيٌّ: حیلہ ساز، چالاک.

حَوَالَيْ و حَوْلَ: تقریباً.

الحُوَلُ: دو چیزوں کے درمیان حائل چیز (۲) انتہائی چال باز.

الحِوَلُ: ہوشیاری، مہارت، بصیرت، دور بینی، صلاحیتِ کار (۲) زمین میں وہ لمبا شگاف یا گڑھا جس میں ایک لائن سے کھجور کے درخت لگائے جاتے ہیں (۳) ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقلی. کہاوت ہے: هَذَا من حِوَلِ الدَّهْرِ: یہ عجائبات زمانہ میں سے ہے. لاحِوَلَ عنه: اس سے مفر نہیں.

الحَوَلُ: حائل چیز، دو چیزوں کے درمیان آڑ (۲) بھینگا پن.

الحِولاءُ: اونٹنی کی وہ نال جو بوقت پیدائش بچہ کے ساتھ باہر آتی ہے اور اسے کاٹ دیا جاتا ہے (۲) بوقت پیدائش بچہ کے سر پر نکلنے والا پانی.

الحُوَلاءُ: حُوَلاءُ الدَّهْرِ: عجائبات زمانہ

الحَوَلانُ: الحُوَلاءُ.

الحُوَلَةُ: انتہائی چال باز (۲) عجیب و غریب شے. کہتے ہیں: هَذَا من حُوَلَةِ الدَّهْرِ.

الحَوَلَةُ: الحُوَلَة.

الحَوْلِيُّ: شم والا یا غیر شم والا جانور جس پر ایک سال گزر گیا ہو. مُهْرٌ حَوْلِيٌّ: گھوڑے کا ایک سالہ بچہ. و نَبْتٌ حَوْلِيٌّ: یک سالہ پودا ج: حَوالِيُّ و حَوالِيَّة.

الحَوَّال: وہ چھوٹی نہر جس کے ذریعہ پانی ایک طرف سے دوسری طرف جائے.

الحُوَّلُ: تلون مزاج آدمی جو ایک حالت پر قائم نہ رہتا ہو (۲) انتہائی چالاک، زبردست حیلہ گر.

الحِيالُ: وہ ڈوری جو اونٹ کی اگلی پٹی سے پچھلی پٹی تک بندھی ہوئی ہو (۲) سامنا

حِيالَ كذا: کسی چیز کے سامنے، بالمقابل.

الحِيلَةُ: تدبیر، ترکیب (۲) چال (۳) دھوکہ

چالاکی، ہوشیاری، ایسا ماہرانہ طریقہ جو ظاہر سے ہٹ کر مقصد تک پہنچنے کی حکمت عملی پر مبنی ہو ج: حِيَلٌ و حِوَلٌ۔
الحَيَّال : مدبّر، حیلہ گر، صاحب حیلہ۔
الحَيِّلُ : وہ آدمی جس پر کام محوّل کیا جائے، منتقل کیا جائے، جس کے ذمہ کوئی ادائگی کی جائے (۲) وہ شخص جس کے لئے منتقلی کی جائے، حوالہ کیا جائے۔
الحَيِّلَان : جس کے ذریعہ اور جس کے لئے رقم محول کی جائے۔
المِحَالُ : صلاحیت کار، بصیرت، مہارت و ہوشیاری۔ قرآن پاک میں ہے "وهُوَ شَدِيدُ المِحَالِ" (ایک قرأت کے مطابق)
المُحَالُ : ناممکن، مشکل (۲) ٹیڑھا (۳) ہر وہ چیز جس کا نتیجہ فساد اور بگاڑ ہو جیسے کسی جسم میں حرکت و سکون کا جمع ہونا سبب فساد ہے (۴) وہ کلام جو اصل چھوڑ کر دوسری ہیئت اختیار کر گیا ہو یا بگڑا ہوا کلام۔
المَحَالَةُ : حیلہ، تدبیر، چال (۲) رہٹ نما ایک آلۂ سیرابی (۳) رولر، بڑا بیلن جس کے ذریعہ زمین ہموار کی جاتی ہے، گارڈن رولر جس کے ذریعہ گھاس کاٹ کر ہموار کی جاتی ہے ج: مَحَالٌ و مَحَاوِلُ۔
لَا مَحَالَةَ منه : یہ ناگزیر ہے، یقیناً ضرور، بیشک۔
المُحَاوَلَةُ : کوشش۔
المِحْوَالُ : کلام کو اصل سے بہت بدل لینے والا یا بگاڑنے والا، بے ہودہ گو۔
المُحَوِّلُ : سکہ بدل لینے والا (۲) منتقل کرنیوالا (۳) بجلی کا وولٹیج گھٹانے اور بڑھانے کا سوئچ (۴) ریلوے قینچی جس کے ذریعہ گاڑی ایک لائن سے دوسری لائن پر منتقل ہو جاتی ہے (۵) منی آرڈر بھیجنے والا (۶) رقم بھیجنے یا دینے والا (۷) ڈرافٹ یا چیک کے ذریعہ رقم بھیجنے والا (۸) سوئچ مین جو پٹری کو قینچی لگا کر بدلتا ہے۔
المُحَوِّلَةُ : (مفتاح خطّ السّير) ریلوے قینچی جو پٹری بدلتی ہے
المِحْوَلْجِيُّ : سوئچ مین، قینچی لگا کر پٹری بدل لینے والا۔
المُحَوَّلُ لَهُ : المُحَالُ : وہ شخص جسے چیک دیا گیا ہو، جس کے لئے اپنے بجائے ادائگی کا دوسرے کو ذمہ دار بنا یا گیا ہو۔
المُحَوَّلُ اليه : جس کی طرف منتقل کی گئی ہو، ٹرانسفر کیا گیا ہو۔
المُحَوَّلُ عليه : رقم پانے والا، جس کے نام منی آرڈر کیا گیا ہو یا ڈرافٹ بھیجا گیا ہو (۲) وہ شخص جس کے ذمہ رقم کی ادائگی کی گئی ہو۔
المُحْتَالُ : حیلہ ساز، مکار۔
المُحِيلُ : بے اولاد شخص (۲) وہ عورت جو لڑکے کے بعد لڑکی جنے یا اس کے برعکس۔
المُسْتَحِيلُ : باطل (۲) ناممکن (۳) بیہودہ، حقیقت سے ہٹا ہوا۔
• حَوْلَقَ حَوْلَقَةً : لا حول و لا قوّة الا باللّٰه کہنا۔
• حَامَ حَوْلَ الشئَ و عليه ـُ حَوْمًا و حَوَمَانًا : منڈلانا، اردگرد گھومنا۔ حدیث میں ہے: "مَنْ حَامَ حَوْلَ الحِمَى يُوشِكُ أَنْ يَقَعَ فِيه" جو شخص گناہوں کے قریب ہوگا تو وہ ان کے ارتکاب کے نزدیک پہنچ جائے گا۔
ـــ الشئَ : چاہنا، مقصد بنانا۔
ـــ على قَرَابَتِه : رشتہ داری کا خیال رکھنا، مہربانی کرنا۔
ـــ الحَيَوَانُ حَوْمًا : پیاسا ہونا۔ هو حَائِمٌ ج: حَوَائِم و حُوَّمٌ و هِيَ حَائِمَةٌ ج: حَوَائِم۔
حَوَّمَ فِي الأَمْرِ : مسلسل نظر رکھنا، مشغول رہنا۔
الحَوْمُ : لاتعداد اونٹوں کی ڈار، بڑا گلہ۔
الحُوْمُ : سر چکرا دینے والی پرانی شراب۔
الحَوْمَةُ : پانی، ریت یا سمندر کا بڑا حصہ (۲) لڑائی کی سخت جگہ، شدت۔
حَوْمَةُ الوَغَى : معرکۂ کارزار۔
حَوْمَةُ القِتَالِ : لڑائی کی شدت۔
الحُومَةُ : بلور۔
الحُومَانَةُ : سخت زمین، ج: حَوْمَانٌ۔
الحَوْمَلُ : ہر شے کا اول حصہ، آغاز (۲) رو، سیلاب جس میں کوڑا نہ ہو (۳) پانی سے بھرا ہوا سیاہ بادل ج: حَوَامِل
• تَحَوَّنَ : ذلیل ہونا (۲) ہلاک ہونا۔
الحَانَةُ : شراب خانہ۔
• حَوَى الشئَ ـِ حَوَايَةً : مالک ہونا (۲) قبضہ کرنا (۳) جمع کرنا، سمیٹنا (۴) مشتمل ہونا۔ الكِتَابُ يَحْوِي موضوعاتٍ هَامَّةً۔
ـــ الحَيَّةَ : سانپ کو منتر وغیرہ کے ذریعہ قبضہ میں کرنا۔
حَوِيَ الشئُ ـَ حَوًى و حُوَّةً : سبزی مائل سیاہ ہونا یا سیاہی مائل سرخ ہونا یا ہو جانا۔
ـــ شَفَةُ الرَّجُلِ : ہونٹ سرخ سیاہی مائل ہونا۔
ـــ النَّبَاتُ : گہرے سبز رنگ کی وجہ سے سیاہ ہو جانا۔ هو أَحْوَى و هي حَوَّاءُ ج: حُوٌّ۔ قرآن پاک میں ہے: "فَجَعَلَه غُثَاءً أَحْوَى"
حَوَّى الشئَ : سمٹنا۔
ـــ الشئُ : سمٹنا، (لازم و متعدی)۔
ـــ حَوِيَّةً : اینڈوا بنانا، کپڑے کو گول لپیٹ کر سر پر بوجھ اٹھانے کے لئے رکھنا

اِحْتَوَی الشیءَ و عَلَیه : حاوی ہونا، مشتمل ہونا (۲) قبضہ کرنا، قبضہ میں لینا، احاطہ میں لینا، روک لگانا۔

ـــ حَوِیًّا: اینڈوا بنانا۔

تَحَوَّی : سکڑنا، سکڑ کر گول ہوجانا (۲) سمٹنا۔

تَحَوَّت الحَیَّةُ: سانپ کا کنڈلی مارنا

الحاوی: سپیرا، سانپوں کو منتر وغیرہ کے ذریعہ قبضہ میں کرنے والا، بازی گر (۲) مداری، طرح طرح کی حرکتیں اور کرتب دکھانیوالا ج: حُوَاۃٌ۔ جِرَابُ الحاوی: مداری کا جھولا۔

الحَاوِیَاءُ: حَاوِیَاءُ البَطْن: آنتیں ج: حَوَایَا۔

الحَاوِیَةُ: حاوی کی تانیث، آنتیں ج: حَوَایَا۔

الحِوَاءُ: وہ جگہ جو کسی شے کو اپنے احاطہ میں لئے ہوئے ہو (۲) پاس پاس گھروں کا مجموعہ ج: أَحْوِیَةٌ۔

الحُوُّ: سرخ چیونٹی جسے نمل سلیمان علیہ السلام کہا جاتا ہے۔

الحُوَّةُ: سبزی مائل یا سرخی مائل سیاہی (۲) وادی کا کنارہ۔

حَوَّاءُ: تمام انسانوں کی ماں اُمّ البشر حضرت حوّا

الحُوَّاءَةُ: گھر میں پڑا رہنے والا آدمی (۲) ایک سیاہ رنگ کی سبزی۔

الحَوِیُّ: ہر شے کی گولائی (۲) اونٹوں کے پانی پینے کا چھوٹا حوض یا جوہڑ، استحقاقی مالک، بطور استحقاق قابض۔

الحَوِیَّةُ: وہ کمبل یا کمبل نما کپڑا جس میں گھاس بھر کر عورتوں کی سواری کے لئے اونٹ کے کوہان کے گرد رکھا جاتا ہے (۲) اینڈوا، وہ کپڑے کا ٹکڑا جسے مزدور گول روئی سی بنا کر بوجھ اٹھانے کے لئے سر پر رکھتے ہیں (۳) وہ ٹھوس چکنی زمین جس کو پانی جمع کرنے کے لئے مٹی اور پتھروں سے گھیر دیا جاتا ہے، حوض (۴) آنتیں ج: حَوَایَا "ومِنَ البَقَرِ وَالغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَیْهِمْ شُحُومَهُمَا إِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُورُهُمَا أَوِ الحَوَایَا" کہاوت ہے: المَنَایَا علی الحَوَایَا۔ اس آدمی کے بارہ میں جو خود اپنی ہلاکت کا سامان کرتا ہے۔ حَوِیَّةُ حِبَالٍ: رسّی کا گولا۔

الحَیَّةُ: سانپ جس کی بہت سی قسمیں ہوتی ہیں ج: حَیَّات۔

المُحْتَوِی و الحاوی: مشتمل، قبضہ میں کئے ہوئے۔

المُحْتَوَی: پانی کے قریب بنے ہوئے اون کے خیمے (۲) قبضہ میں کی ہوئی چیز۔

المُحْتَوَیَات: مشتملات، مندرجات جیسے مُحْتَوَیَاتُ المَجَلَّة۔

مُحْتَوَیَاتُ الکتاب: مضامین۔

المَحْوَی: المُحْتَوَی۔

المَحْوَاۃُ: أَرْضٌ مَحْوَاۃٌ: بہت سانپوں والی زمین۔

المُحَوَّی: المحتوی۔ المسمار المحوی: پیچ کابلا

ح ـــــ ی

• حَیْثُ: ظرف مکان جملوں کی طرف مضاف ہو کر استعمال ہوتا ہے معنی جہاں، جس جگہ، چونکہ (۲) اس کے ساتھ کبھی ماکافّہ لگاتے ہیں اس وقت اس میں شرط کے معنی پیدا ہو جاتے ہیں اور یہ دو فعلوں کو جزم دیتا ہے جیسے حَیْثُمَا تَذْهَبْ أَذْهَبْ۔ جہاں کہیں تم جاؤ گے میں بھی جاؤں گا۔ کبھی ظرف زمان بھی ہوتا ہے بمعنی جب اور جس وقت جیسے شاعر کے قول:

حَیْثُمَا تَسْتَقِمْ یُقَدِّرْ لَكَ اللّٰــ
ــهُ نجاحًا فی غابِرِ الأَزْمَانِ

بِحَیْثُ: باعتبار، بلحاظ، اس طرح کہ۔

بِحَیْثُ أَنَّ: اس طور پر کہ، اس حیثیت سے کہ۔

من حَیْثُ: جہاں سے۔ من حَیْثُ أَنَّ: اس طرح پر کہ، اس حیثیت سے کہ۔

حَیْثُ کَانَ: جہاں بھی ہو، جیسا بھی ہو۔

حَیْثُمَا: جہاں کہیں۔

حَیْثُمَا اتَّفَقَ: جس طرح ہو سکے، جس طرح ممکن ہو۔

حَیْثِیَّةٌ: حیثیت، اعتبار، لحاظ۔

من هذه الحَیْثِیَّة: اس حیثیت سے، اس اعتبار سے، اس لحاظ سے۔

حَیْثُ أَنَّ: چونکہ (حیثیات)

• حاجَ ـِ حَیْجًا: ضرورت مند ہونا، غریب و محتاج ہونا۔

أَحَاجَت الأَرْضُ: زمین کا (حاج نامی) کانٹے دار پودے اگانا۔

الحَاجُ: ایک کانٹے دار پودا۔

• حَیْجَمَ الرَّجُلُ: اپنے سے سرگوشی کرنا۔

• حَادَ عن الشیءِ ـِ حَیْدًا و حَیَدَانًا: ہٹنا، الگ ہونا، کنارہ کش ہونا، غیر جانبدار ہونا۔

حَادَ بِه عن الطَّرِیقِ: راستہ سے ہٹانا۔

أَحَادَه عن الشیءِ: ہٹانا، علیحدہ کرنا، کنارہ کش کرنا۔

ـــ الرَّجُلَ: غیر جانب دار۔

حَایَدَه مُحَایَدَةً: الگ رہنا، کنارہ کش ہونا (۲) کسی سے جھگڑا نہ کرنا۔

حَیَادِ: کہتے ہیں حِیدِی حَیَادِ: باز رہ (اس آدمی سے کہا جاتا ہے جو فرار اختیار کر رہا ہو یا جو اپنی رائے پر جما ہوا ہو)۔

الحِیَادُ: غیر جانب داری، کنارہ کشی، (ضد: انحیاز)۔

الحِیادُ الإیجابِیُّ: مثبت غیر جانب داری یعنی یہ کہ کوئی ملک برسرپیکار ممالک میں سے

کسی ایک کی حمایت نہ کرتے ہوئے امن عامّ
کے لئے تمام ممالک سے تعاون کی راہ پر گامزن
ہو۔ شُقَّةُ حِيادٍ: غیرجانب دار علاقہ
دو ملکوں کے درمیان۔ هو على الحِياد:
وہ غیرجانب دار ہے۔ سِياسَةُ الحِياد:
غیرجانب دارانہ پالیسی۔
الحَيْدُ: کسی شے کا ابھرا ہوا گوشہ۔ حَيْدُ
الجَبَل أو حَيْدُ الرأس: پہاڑیا
سر کا باہر کو نکلا ہوا حصہ (۲) نظیر، مثل (۳)
بہت ٹیڑھی پسلی ج: أَحْيادٌ و حُيُودٌ
(۴) پہاڑی بکرے کے سینگ کی گرہ۔
الحَيَدُ: بوقتِ ولادت جنین کا پیٹ سے بمشکل
نکلنا، سختیِ ولادت۔
الحِيدُ: مثل، نظیر۔
الحَيَدَى: متکبرانہ چال۔ حِمارٌ حَيَدَى:
بدکنے اور جلد بھڑکنے والا گدھا (جو اپنے
سایہ سے بھی دور بھاگتا ہو)۔
الحَيَدانُ: جانور کے چلنے سے اڑنے والی
کنکریاں۔
الحَيْدَةُ: نظیر۔ کہتے ہیں: ما نَظَرَ إلَيَّ
إلا نَظَرَ الحَيْدَةِ (۲) پہاڑی بکرے کے
سینگ کی گرہ۔ کہتے ہیں: ضَرَبَه على
حَيْدَةِ رأسِه أو حَيْدِه و على
حَيْدَتَيْ رأسِه (هما الحَيْدَتان
في جانِبَيْه) سر پر مارنا ج: حِيَدٌ۔
الحَيِّدُ: حِمارٌ حَيِّدٌ: بھڑکیلا اور شریر
ہونے کی بنا پر اپنے سایہ سے بہت
بدکنے والا گدھا۔
المَحِيدُ: ہٹنے کی جگہ، مفر۔ کہتے ہیں: ما لَكَ
مَحِيدٌ عن هذا: تم کو اس سے مفر
نہیں، تم اس سے نہیں بچ سکتے۔
المُحايِدُ: غیرجانب دار، کنارہ کش، الگ تھلگ
الدُّوَلُ المُحايِدَةُ: غیرجانبدار ممالک
• حارَ بَصَرُه ـــ حَيْرًا و حَيْرَةً و
حَيَرانًا: نگاہ کا چکاچوند ہونا یعنی جس
شئے کو دیکھا جائے وہ نہ دیکھی جاسکے اور
نگاہ لوٹ آئے) هو حائِرٌ وحَيْرانُ
و هي حَيْرَى ج: حَيارَى۔
حارَ فُلانٌ: بھٹکنا، راستہ بھول جانا۔
ـــ في الأمْرِ: حیران و پریشان ہونا۔
ـــ الماءُ: پانی کا جمع ہو کر چکر کاٹنا۔
حَيَّرَهُ: حیران کرنا، پریشان کرنا، شک میں
ڈالنا، گم گشتہ راہ کرنا۔
تَحَيَّرَ: پریشان ہونا، حیران ہونا، شک میں
پڑنا (۲) بادل کا ایک جگہ رک کر خوب
برسنا۔
ـــ الماءُ: پانی کا زور سے چکر لگانا۔ کہتے ہیں:
تَحَيَّرَ الماءُ في المكانِ و تَحَيَّرَ
في السَّحابِ: اندر اندر گھومنا۔
ـــ الإناءُ و المَكانُ بالماءِ: پانی
سے بھر جانا۔
اِسْتَحارَ الرَّجُلُ أو الماءُ: کسی جگہ چکر
لگانا اور وہیں رہنا، پریشان ہونا،
راستہ نہ پانا۔
ـــ المَكانُ و الإناءُ بالماءِ ونَحْوِه:
پانی وغیرہ سے بھر جانا۔
ـــ المَكانَ و بِمَكانٍ كذا: چند روز
کسی جگہ قیام کرنا۔
ـــ السَّحابُ: بادل کا ایک جگہ جم جانا اور
خوب برسنا۔
اِسْتَحْيَرَ الشَّرابُ وغيرُه: پینے کی
چیز کا آسانی سے حلق سے اتر جانا۔
الحائِرُ: پریشان، گم گشتہ راہ (۲) گھومنے
اور چکر لگانے والا، متردد، حیرت زدہ
(۳) ہموار جگہ جس کے کنارے
ابھرے ہوئے ہوں اور اس
میں پانی جمع رہتا ہو (۴) باغ ج:
حِيرانٌ و حُورانٌ۔
الحارِيّ: کبھی نہیں (نفی کے لئے) لا آتِيه
حارِيَّ الدَّهْرِ أو حارِيَّ دَهْرٍ:
میں اس کے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔
الحَيْرُ: باغ نما زمین یا باڑہ نما جگہ، ممنوعہ
یا محفوظ علاقہ۔
الحارَةُ: محلہ۔
الحِيَرُ: بہت اہل وعیال یا بہت مال۔ کہتے
ہیں: لا آتِيه حِيَرَ الدَّهْرِ: میں
اس کے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔
الحِيرَةُ: تردد و پریشانی۔ کہتے ہیں: أصْبَحَت
الأرضُ حِيرَةً: زمین سرسبز و سبزی والی ہو گئی
الحَيْرَةُ: حیرانی، پریشانی، تردد۔
الحَيِّرُ: آسمان پر چھائی ہوئی گھٹا، ٹھیرے
ہوئے بادل۔
الحَيْرانُ: م: حَيْرَى ج: حَيارَى۔
حیرت زدہ، پریشان۔
المَحارَةُ: سیپی (۲) پانی جمع ہونے کی جگہ
(دیکھئے: ح-و-ر)۔
المُتَحَيِّرُ: حیران و پریشان، متردد (۲) جما ہوا۔
الكَواكِبُ المُتَحَيِّرَةُ: سیارے۔
المُسْتَحِيرُ: طَرِيقٌ مُسْتَحِيرٌ: گم
کر دینے والا راستہ، جس سے کسی جہت
میں نکلنا دشوار ہو (۲) حرکت نہ کرنے والا
بادل۔
المُسْتَحِيرَةُ: جَفْنَةٌ مُسْتَحِيرَةٌ: بہت
مرغن بادیہ، پیالہ۔
• حازَ ـــ حَيْزًا: (دیکھئے: ح-و-ز)
اونٹوں کو ہانکنا۔
تَحَيَّزَ الرَّجُلُ: کھڑے ہونے میں دیر لگنا
(۲) جگہ بنانا (۳) سانپ کا کنڈلی مارنا۔
ـــ إليهم: طرف دار ہونا، ہم نوا ہونا،
قرآن پاک میں ہے: "وَمَنْ يُوَلِّهِمْ
يَوْمَئِذٍ دُبُرَهُ إِلَّا مُتَحَرِّفًا
لِقِتَالٍ أَوْ مُتَحَيِّزًا إِلَىٰ فِئَةٍ فَقَدْ
بَاءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللَّهِ" نیز کہتے ہیں: هو
مُتَحَيِّزٌ لِفُلانٍ: حمایتی، ہم نوا۔
حَيَّزَ: لکیریں کھینچنا۔

حَیْزٌ: دھاری، لکیر ج: أَحْیَاز۔
الحِیَازَةُ: دیکھئے: ح۔و۔ز۔
الحَیِّزُ: دیکھئے: ح۔و۔ز۔
حَیْزَبُون: بڈھی عورت۔
•حَاسَ الحَیْسَ ـِ حَیْسًا: کھجور پنیر اور گھی کا حلوا بنانا۔
ــــ الشئَ: ایک شے کو دوسری میں ملانا۔
ــــ الحَبْلَ: رسّی کو ڈھیلے بل دینا، ڈھیلا بٹنا۔
حَیَّسَ الحَیْسَ: حَاسَه۔
الحَیْسُ: خراب کام (۲) کھجور، پنیر (یا ستو) اور گھی ملاکر بنایا ہوا کھانا۔ شاعر کہتا ہے:
واذا تکونُ کَرِیْهَةٌ أُدْعٰی لها
و اذا یُحَاسُ الحَیْسُ یُدْعٰی جُندبُ
جب مصیبت اور لڑائی کا وقت آتا ہے تو مجھے بلایا جاتا ہے اور حیس تیار ہوتا ہے تو اس کے لئے جندب کو مدعو کیا جاتا ہے۔ ایسے شخص کے بارہ میں بطور مثل بولا جاتا ہے جسے مصیبت میں یاد اور خوش حال میں فراموش کیا جاتا ہو۔
•حَاشَ ـِ حَیْشًا: گھبرانا، گھبراہٹ میں لپکنا۔
ــــ الوَادِی: وادی کا لمبا ہونا۔
ــــ فُلانًا: ڈرانا، گھبرا دینا۔
تَحَیَّشَتْ نَفْسُه: گھبرانا، پیچھے کو ہٹنا۔
الحَیْشُ: جماعت، گروہ۔
الحَیْشَانُ: سہما ہوا، خوف زدہ۔
•حَاصَ عنه ـِ حَیْصًا وحَیَصَانًا و مَحِیصًا: الگ ہونا، فرار ہونا۔
ــــ القَوْمُ: لوگوں کا فرار ہونے کے لئے ایک چکر کاٹنا۔
حَایَصَهُ: دھوکہ سے پکڑنا، غالب آنا۔
ــــ المَوْتَ: موت سے بھاگنے کی کوشش کرنا۔
انْحَاصَ: الگ تھلگ ہونا۔
تَحَایَصَ عنه: الگ ہونا، بچنا، کنارہ کش ہونا۔

حَاصِ: وَقَعَ القَوْمُ فی حَاصِ بَاصِ: تنگی و پریشانی میں پڑنا۔
حَیْصَ و حَیْصِ: وقع القومُ فی حَیْصَ بَیْصَ و حَیْصِ بَیْصِ: مصیبت و پریشانی میں پڑنا۔
حِیصَ: وَقَعَ القَوْمُ فی حِیصَ بِیصَ: مصیبت و پریشانی میں پڑنا۔
الحِیَاصَةُ: دیکھئے (ح۔و۔ص) کمر پر باندھنے کی مرصع پیٹی۔
الحَیُوصُ: دَابَّةٌ حَیُوصٌ: بہت بدکنے والا جانور، سرکش جانور۔
المَحِیصُ: چھٹکارا، راہ فرار۔ مالہ عنه مَحِیصٌ: اس کے لئے کوئی مفر نہیں۔
•حَاضَتِ المَرْأَةُ ـِ حَیْضًا: حیض آنا (ماہواری خون آنا) هی حَائِضٌ ج: حَوَائِضُ و حُیَّضٌ، وحَائِضَة ج: حَوَائِضُ (۲) حیض کی عمر کو پہنچنا، جوان و بالغ ہو جانا۔
حَاضَ شَجَرُ السَّمُرِ: ببول کے درخت سے خون جیسا پانی نکلنا۔
حَیَّضَ المَاءَ: بہانا۔
تَحَیَّضَتِ المَرْأَةُ: ماہواری خون آنا (۲) ایام حیض میں نماز چھوڑنا اور انقطاع حیض کا انتظار کرنا (۳) خود کو حائضہ سمجھنا (۴) حائضہ جیسا کام کرنا۔
اسْتُحِیضَتِ المَرْأَةُ: مستحاضہ ہونا یعنی ایام حیض کے معمول سے زیادہ خون آنا
الحِیَاضُ: حیض کا خون۔
الحَیْضُ: وہ خون جو عورت کے رحم سے ہر ماہ متعینہ ایام میں آتا ہے۔
الحِیضَةُ: حیض کا چیتھڑا، کرسف (۲) حیض کا خون ج: حِیَضٌ۔
المَحِیضُ: حیض۔ قرآن پاک میں ہے: "ویسأَلُونَكَ عن المَحِیضِ قُلْ هُوَ أَذًی"

•الحَیْطَةُ: دیکھئے (ح و ط)
الحِیطَةُ: " "
الحَیِّطُ: " "
المُحِیطُ: " "
•حَیْعَلَ المُؤَذِّنُ: مؤذن کا حیّ علی الصلوٰة کہنا۔
•حَافَ علیه ـِ حَیْفًا: ظلم کرنا، ظلم و ستم ڈھانا۔ قرآن پاک میں ہے: "أم یَخَافُونَ أَن یَحِیفَ اللهُ علیهم ورسولُه"
ــــ الأَبُ: باپ کا اولاد کے ساتھ نابرابری کرنا، کسی کو کم کسی کو زیادہ دینا۔ هو حَائِفٌ ج: حَافَة و حُیَّفٌ و حُیُوفٌ۔
حَیِفَ المَکَانُ و الأَرْضُ ـَ (یَحِیفُ) حَیَفًا: کسی جگہ بارش نہ ہونا۔ فالمکانُ أَحْیَفُ و الأرضُ حَیْفَاءُ ج: حُوفٌ
تَحَیَّفَ الشَّیْءَ: کنارہ سے لے کر اسے کم کرنا کہاوت ہے: تَحَیَّفَتْهُمُ السَّنَةُ: پیداوار میں کمی ہونا
الحَائِفُ: ظالم و جابر ج: حُیَّفٌ۔
حَائِفُ الجَبَلِ: پہاڑ کا کنارہ۔
الحَافُ: زبان کے نیچے کی ہرے رنگ کی رگ وہ دو ہوتی ہیں (حافان)۔
الحَافَةُ: کنارہ، جانب ج: حِیَف وحِیَفٌ
الحَیْفُ: ظلم و ستم (۲) پتھر کی نوک ج: حُیُوفٌ
الحِیفَةُ: کنارہ، جانب (۲) تیر اور کمان بنانے اور چھیلنے کی چھری ج: حِیَفٌ۔
•حَاقَ به الشَّیْءُ ـِ حَیْقًا وحُیُوقًا و حَیَقَانًا: گھیرنا، احاطہ کرنا۔
ــــ به الأَمْرُ: لازم ہو جانا، ضروری ہو جانا۔
ــــ فیه السَّیْفُ: تلوار کا نشان ڈالنا، اثر کرنا۔
ــــ الشَّیْءَ: رگڑنا، ملنا۔ فالشیءُ مَحِیقٌ و مَحْیُوقٌ۔

أَحَاقَ بِهِ الشَّيْءُ: گھیرنا، احاطہ کرنا۔
أَحَاقَ اللّٰهُ بِهِمْ مَكْرَهُمْ: اللہ نے انکے مکر کو ان کے لئے مصیبت بنا دیا جو ان کو گھیرے ہوئے ہے۔
حَايَقَهُ: کسی سے بغض وحسد رکھنا۔
اِحْتَاقَ عَلَى الشَّيْءِ: محتاط ہونا۔
اَلْحَاقُّ و الحَاقُّ: حَاقُّ الجُوعِ: بھوک کی شدت۔
الحَيْقُ: غلط کام کا برا نتیجہ، مصیبت۔
الحَيِّقُ: الحَيْقُ۔
• الحَيْقَرُ: کمزور یا کمینہ ج: حَيَاقِر۔
• حَاكَ فِي كَذَا ـِ حَيْكًا: اثر کرنا، نشان ڈالنا۔ کہتے ہیں: حَاكَ السَّيْفُ فِي فُلَانٍ و حَاكَ القَوْلُ فِي القَلْبِ۔
ـــ المُدْيَةُ: چھری کا کاٹنا۔
ـــ فِي مِشْيَتِهِ حَيَكَانًا: اترا کر چلنا، متکبرانہ چال چلنا (۲) زمین پر چلنے کا دباؤ پڑنا، زور دے کر چلنا۔ کہتے ہیں: جَاءَ يَحِيكُ: وہ دونوں ٹانگوں کو جوڑا کرتے ہوئے آیا (ایسے جیسے ان دونوں پر گوشت زیادہ ہو اور اس وجہ سے ان کو الگ الگ کر کے چل رہا ہو)۔
ـــ الثَّوْبَ: بننا۔ هو حَائِكٌ وحَيَّاكٌ و هي حَيَّاكَةٌ وحَيَكَى و حِيكَى و حَيْكَانَةٌ وحِيكَانَةٌ۔
أَحَاكَ فِيهِ السَّيْفُ و نَحْوُهُ: حَاكَ
اِحْتَاكَ بِثَوْبِهِ: کپڑے کا حبوہ بنانا یعنی کمر اور پنڈلیوں سے باندھ کر بیٹھنے کیلئے سہارا لینا۔
تَحَايَكَ: جَاءَ يَتَحَايَكُ و يَتَحَيَّكُ: وہ اتراتا ہوا آیا۔
تَحَيَّكَ: تَحَايَكَ۔
الحِيَاكَةُ: بنائی، بنائی کا پیشہ۔ دیکھئے: (ح و ك)۔
• حَالَ المَاءُ ـِ حَيْلًا: وادی کے بیچ میں پانی اکٹھا ہونا (۲) بدلنا (۳) گھوڑی کا گرمی میں ہونا۔
تَحَايَلَ عَلَى الرَّجُلِ او الشَّيْءِ: مقصد برآری کے لئے کسی کے ساتھ ماہرانہ طرز اختیار کرنا، تدبیر کرنا۔
تَحَيَّلَ: اپنے کاموں میں حیلہ وتدبیر سے کام لینا۔
الحِيَالُ: دیکھئے (ح و ل)۔
الحَيْلَةُ: بکریوں کا ریوڑ (۲) پہاڑ کے اطراف سے ٹوٹ کر گر جانے والے پتھر جو نیچے پہنچ کر بہت ہو جائیں۔
الحَيْلُ: وادی میں جمع شدہ پانی (۲) طاقت۔ ج: أَحْيَالٌ وحُيُولٌ۔
عَلَى حَيْلِهِ: اپنے حال پر۔
الحِيلَانُ: غلّہ گاہنے کا آلہ۔
الحِيَالُ: دیکھئے (ح و ل)
الحَيِّلُ: " "
المُحِيلُ: " "
المُسْتَحِيلُ: " "
• حَانَ الأَمْرُ ـِ حَيْنًا وحَيْنُونَةً: کسی کا وقت آجانا۔ کہتے ہیں: حَانَتِ الصَّلَاةُ وحَانَ حِينُ الشَّيْءِ۔
ـــ لَهُ أَنْ يَفْعَلَ كَذَا: اس کے لئے یہ کام کرنے کا وقت آگیا۔
ـــ الرَّجُلُ: آدمی کا وقت آجانا یعنی ہلاک ہو جانا۔ حَانَ حِينُ النَّفْسِ بھی کہا جاتا ہے (۲) راہ راست پر نہ آنا۔
حَانَتِ الفُرْصَةُ: موقع ملنا۔
أَحَانَ الشَّيْءُ: لمبا عرصہ گزرنا۔
ـــ الشَّيْءَ: ہلاک کرنا۔
أَحْيَنَ القَوْمُ: لوگوں کے اپنے مقصد تک پہنچنے کا وقت آجانا۔
ـــ الإِبِلَ: اونٹنی کے دودھ نے یا بوجھ لادنے کا وقت آجانا۔
ـــ بِالمَكَانِ: کچھ وقت قیام کرنا۔
حَايَنَهُ مُحَايَنَةً وحِيَانًا: وقتاً فوقتاً کسی سے معاملہ کرنا۔
حَيَّنَهُ: کسی کے لئے وقت مقرر کرنا۔
ـــ اللّٰهُ فُلَانًا: ہدایت کی توفیق نہ دینا۔
تَحَيَّنَ الشَّيْءَ: کسی چیز کے وقت کا انتظار کرنا
تَحَيَّنَ الفُرْصَةَ: موقع کی تاک میں رہنا۔
ـــ فرصةَ العَمَلِ: کام کے لئے موقع کی تلاش میں رہنا۔
ـــ غَفْلَتَهُ: کسی کی غفلت سے فائدہ اٹھانا
الحَائِنُ: بے وقوف، آنے والا وقت۔
الحَائِنَةُ: حائن کی تانیث، بے وقوف عورت (۲) ہلاکت خیز مصیبت ج: حَوَائِنُ۔
الحِينُ: موقع، وقت، زمانہ کا ایک حصہ کم ہو یا زیادہ، طویل ہو یا مختصر۔ قرآن پاک میں ہے: "فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتَّى حِينٍ" "وَلَاتَ حِينَ مَنَاصٍ" (۲) زمانہ ج: أَحْيَانٌ جج: أَحَايِينُ۔
حِينًا: کبھی۔ أَحْيَانًا: کبھی کبھی۔
إِلَى حِينٍ: کچھ عرصہ کے لئے، ایک عمر تک۔ فِي حِينٍ او فِي حِينِهِ: بروقت۔ حِينًا بَعْدَ حِينٍ: موقع بموقع۔
حِينَمَا: جب۔
حِينَئِذٍ: اس وقت، تب۔
حِينَذَاكَ: اُس وقت۔
الحَيْنُ: ہلاکت (۲) آزمائش و مصیبت کہاوت ہے: إِذَا حَانَ الحَيْنُ حَارَتِ العَيْنُ: جب ہلاکت قریب ہو جاتی ہے تو آنکھ دیکھنا بند کر دیتی ہے
الحِينَةُ و الحَيْنَةُ: کہتے ہیں: مَا أَلْقَاهُ إِلَّا الحِينَةَ بَعْدَ الحِينَةِ: وقتاً فوقتاً ہی میں اس سے ملتا ہوں۔ نیز کہا جاتا ہے: هو يَأْكُلُ الحَيْنَةَ: وہ دن رات میں ایک دفعہ کھاتا ہے۔

حَیِنَةُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے دوہنے کا وقت۔
الحَیَانُ: وقت، موقع۔
• حَیِیَ ۔ حَیَاةً و حَیَوَانًا: زندہ رہنا، نشوونما والا ہونا۔ حَیَّ یَحیَا بھی کہا جاتا ہے۔ ھو حَیٌّ۔
—القَومُ: لوگوں کی حالت اچھی ہونا۔
—الطَّرِیقُ: راستہ کا واضح ہونا۔
—من القَبِیحِ: بری بات پر شرم آنا۔
—من الرَّجُلِ: کسی سے شرمانا اور خاموش رہنا۔ ھو حَیِیٌّ۔
أَحیَا القَومُ: زندگی حاصل کرنا، رزق وغیرہ میں اضافہ ہونا اور جانوروں کا اچھی حالت میں ہونا۔
—النَّاقَةُ: اونٹنی کے بچہ کا زندہ رہنا فالناقة مُحیٍ و مُحیِیَةٌ۔
—اللّٰهُ فُلَانًا: زندہ رکھنا، زندگی عطا کرنا (۲) جان ڈالنا۔
—اللّٰهُ الأَرضَ: اللہ کا زمین کو شاداب کر دینا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَسُقنَاهُ إِلَی بَلَدٍ مَّیِّتٍ فَأَحیَینَا بِهِ الأَرضَ بَعدَ مَوتِهَا"
—الرَّائِدُ الأَرضَ: متلاشی آدمی نے زمین کو زرخیز اور شاداب پایا
—فُلَانٌ الشَّیءَ: تازہ کرنا، متحرک بنا دینا۔
—فُلَانٌ اللَّیلَ: شب بیداری کرنا یعنی رات کو سونے کے بجائے عبادت کرنا۔
—حَفلَةً: محفل جمانا، رات کو پارٹی دینا
—الذِّکرَ و الذِّکرَی: یاد منانا۔

حَیَّاهُ اللّٰهُ: اللہ نے اسے زندگی عطا کی (۲) اللہ اسے زندہ رکھے (دعائیہ) کہتے ہیں: حَیَّاكَ و بَیَّاكَ۔ حَیَّا الخَمسِینَ: پچاس سال کے قریب ہونا۔
—اللّٰهُ القَومَ بِحَیًا: اللہ کا کسی قوم کی بارش سے مدد کرنا۔
—فُلَانٌ فُلَانًا: زندہ رہنے کی دعا دینا، حَیَّاكَ اللّٰهُ کہنا، سلام کرنا۔
—النَّارَ بالنَّفخِ: پھونک مار کر آگ سلگانا۔
حَایَا القَومُ بَعضُهُم بَعضًا: ایک دوسرے کو سلام کرنا، حَیَّاكَ اللّٰهُ کہنا
—النَّارَ بالنَّفخِ: آگ کو پھونک مار کر سلگانا۔
—الصَّبِیَّ: بچہ کو غذا دینا۔
—فُلَانًا: روح پھونکنا، جان ڈالنا۔
تَحَایَا القَومُ: باہم سلام کرنا اور حَیَّاكَ اللّٰهُ کہنا۔
تَحَیَّا منه: منقبض ہونا اور کنارہ کش ہونا
اِستَحیَا الأَسِیرَ: قیدی کو قتل نہ کرنا، زندہ چھوڑنا۔ قرآن پاک میں ہے: "یُذَبِّحُونَ أَبنَاءَکُم وَیَستَحیُونَ نِسَاءَکُم"
—فُلَانٌ فُلَانًا: کسی کا کسی سے شرمانا استحیاہ و استحیا منه بھی کہا جاتا ہے۔
التَّحِیَّةُ: سلام، سلامی ج: تَحِیَّات۔
التَّحِیَّةُ العَسکَرِیَّةُ: فوجی سلام۔
الحَیَا: شادابی (۲) بارش۔

الحَیَاءُ: شرم وحیا، وقار و سنجیدگی (۲) کھر اور سُم والے جانوروں کی فرج (۳) تر و تازگی۔
الحَیَاةُ: زندگی، نشو و نما، بقا (۲) منفعت (۳) جمادات کے مقابلہ میں حیوانات ونباتات میں پائی جانے والی تمام حرکات اور نشو ونما کی خصوصیات جیسے تغذیہ، نشوونما اور تناسل وغیرہ جو انسان وحیوان دونوں میں ہیں جمادات میں نہیں۔
الحَیَاةُ الاجتِمَاعِیَّةُ: اجتماعی (سوشل) زندگی۔
عِلمُ الحَیَاةِ: بیالوجی۔
الحَایِي: سانپوں والا۔
الحَیَوَانُ: جانور، ذی روح ج: حَیَوَانَات
الحَیَوَانُ: زندگی۔
حَیَوِیٌّ: زندگی سے متعلق، حیات بخش، زندگی کے لئے ناگزیر۔
الحَیَوِیَّةُ: قوتِ حیات، زندگی کی توانائی
الأَعضَاءُ الحَیَوِیَّةُ: وہ اعضا جو زندگی کے لئے ناگزیر ہوں۔
الحَيُّ: زندہ (۲) زندہ دل (۳) باقی (۴) فعال متحرک (۵) تازہ (۶) محلہ ج: أَحیَاءٌ۔
حَيَّ: آ۔ حَيَّ علی کذا و الی کذا: جلدی سے آ۔ اسی سے ہے حَيَّ علی الصَّلوٰة: نماز کے لئے جلدی آؤ۔
حَیَّهَلْ و حَیَّهَلَا و حَیَّهَلًا۔
المُحَیَّا: چہرہ۔
المُستَحِي: شرمیلا۔

بَابُ الخَاء

خ ــــ أ

• الخاءُ: حروفِ ہجائیہ کا ساتواں حرف۔

• الخاتُون (ف): معزز عورت، بیگم، لیڈی
ج: خَواتِین (۲) خانقاہ (ف)۔

خ ــــ ب

• خَبَأَہٗ ـَ خَبْئًا: چھپانا (۲) رکھنا، محفوظ کرنا۔

أَخْبأَہٗ: خَبَأَہٗ۔

أَخْبأَ الجَارِیَۃَ: لڑکی کو شادی ہونے تک پردے میں رکھنا۔

أَخْبأَ مُسْتَقْبَلَہ: کسی کے مستقبل کو تاریک بنانا۔

خَابَأَہٗ: پہیلی کہنا، چیستاں بنا دینا۔

خَبَّأَہٗ: چھپا دینا۔

ــــ الجَارِیَۃَ: لڑکی کو شادی تک پردے میں رکھنا۔

اِخْتَبأَ: چھپنا، پوشیدہ ہونا۔

ــــ الشیئَ: چھپانا (۲) ذخیرہ کرنا، حضرت عثمانؓ کی روایت میں ہے: "إِخْتَبَأْتُ عِنْدَ اللہِ خِصالاً: إِنّی لَرَابِعُ الاسلام، وکذا وکذا"۔

ــــ لہ خَبِیْئًا: کوئی چیز چھپا کر اس کے بارے میں سوال کرنا۔

تَخَبَّأَ: پوشیدہ ہونا، چھپنا۔

ــــ خِبَاءً: پشم یا اون یا بالوں کا خیمہ بنانا۔

الخَابِیَۃ: پانی یا شراب کا مٹکا، بڑا مرتبان
ج: الخَوَابِی (خَابِیَۃ اور خَوَابِی کی اصل خَابِئَۃ اور خَوَابِئ (ہمزہ کے ساتھ) ہے، تخفیف کے لئے ہمزہ کی تسہیل کر دی گئی ہے)۔

بِنْتُ الخَابِیَۃ: شراب۔

الخَبْءُ: پوشیدہ چیز، چھپائی ہوئی چیز۔

خَبْءُ الأَرْضِ: نباتات۔

ــــ السَّماء: بارش۔ قرآن پاک میں ہے: "الَّذِی یُخْرِجُ الخَبْءَ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الأَرْضِ" کہا جاتا ہے: أَخْرَجَ خَبْءُ السَّماءِ خَبْءَ الارض: آسمان کی بارش نے زمین پر روئیدگی پیدا کی۔

بِالخَبْءِ: پوشیدہ طور پر۔

الخِبَاءُ: پشم یا اون یا بالوں کا خیمہ جو دو یا تین ستونوں پر لگایا جاتا ہے (۲) گھر حدیث میں ہے: "أَنَّہ أَتَی خِبَاءَ فَاطِمَۃَ" (۳) کلی کے اوپر کی جھلی، غلافِ شگوفہ (۴) بھوسی، بالی میں گیہوں یا جو کا چھلکا ج: أَخْبِیَۃ (أَخْبِیَۃ کی اصل أَخْبِئَۃ ہے، تخفیف کیلئے ہمزہ کی تسہیل کر دی گئی ہے)۔

الخُبَأَۃ: چھپائی ہوئی چیز (۲) جمع کردہ مال

الخُبَأَۃ: امرأۃٌ خُبَأَۃٌ: پردہ نشین عورت، ایسی عورت جو گھر میں چھپ کر بیٹھی رہتی ہے۔ امرأۃٌ خُبَأَۃٌ طُلَعَۃٌ: جو کبھی پردے میں رہتی ہے اور کبھی باہر نکلتی ہے (۲) بیٹی۔ کہتے ہیں: "خُبَأَۃٌ خَیْرٌ مِنْ یَفَعَۃِ سَوْءٍ": خانہ نشین لڑکی، لاخیرے لڑکے سے بہتر ہے۔

الخَبِیءُ: الخُبَأَۃ (۲) وہ شے جسے چھپا کر اس کے بارے میں سوال کیا جائے۔

الخَبِیئَۃ: پوشیدہ رکھی ہوئی چیز۔ حدیث میں ہے: "أُطْلُبُوا الرِّزْقَ فِی خَبَایَا الأَرْض" یہاں "خَبَایَا الأَرْض" سے یا تو زمین کے بیج مراد ہیں یا اس کی کانیں۔ پہلی صورت میں حدیث کا مقصد زراعت کی ترغیب دینا اور دوسری میں کان کنی پر آمادہ کرنا ہوگا (۲) سٹور میں رکھے ہوئے بیج (۳) راز ج: خَبَایَا۔

المَخْبَأ: پناہ گاہ، کمین گاہ، وہ جگہ جہاں فضائی حملوں سے بچنے کے لئے پناہ لی جاتی ہے
ج: مَخَابِئ۔

مَخَابِئُ الأَسْلِحَۃ: اسلحہ کے ناجائز ذخیرے۔

المُخْبَأَۃ (من الجَوَارِی): پردہ نشین لڑکی جس کی ابھی شادی نہ ہوئی ہو۔

المُخَبَّأَۃ (من الجَوَارِی): المُخْبَأَۃ۔

مَخْبُوء و مُخَبَّأ: پوشیدہ، چھپایا ہوا۔

المَخْبَأَۃ: چھپایا ہوا خزانہ۔

• خَبَّ ـُ خَبًّا و خَبَبًا و خَبِیبًا: دوڑنا، حدیث میں ہے: "أَنَّہ کانَ اذا طافَ خَبَّ ثلاثًا"

ــــ الفَرَسُ: گھوڑے کا دوگامہ چلنا، ایک طرف کے دو پیر ساتھ اٹھا کر چلنا۔

ــــ فلانٌ فی الأَمْرِ: جلدی کرنا۔

ــــ النَّبَاتُ: پودے کا بلند ہونا، دراز ہونا، بڑھنا۔

ــــ البَحْرُ خَبًّا و خِبَابًا: سمندر کا جوش مارنا۔

خَبَّ ـ خِبًّا: دھوکہ دینا، خیانت کرنا، مکار و دغاباز ہونا۔ هو خَبٌّ ج: خُبوب۔ حدیث میں ہے: "لَا يَدْخُلُ الجنَّةَ خَبٌّ وَلَا خَائِنٌ" کہتے ہیں: لَيْسَ أَمِيْرُ القوم بالخَبِّ الخَدِع۔

ــــ فی الأَرْض: زمین میں دھنس جانا۔

أَخَبَّ الدَّابَّةَ: جانور کو دوگامہ چلانا۔

خَبَّبَه: دھوکہ دینا، خراب کرنا۔ کہا جاتا ہے: خَبَّبَ عَبْدًا أو أَمَةً لِغَيْرِه: اس نے دوسرے کے غلام یا باندی کو خراب کردیا۔ خَبَّبَ على فلانٍ زَوْجَه أو صَدِيْقَه: اس نے فلاں کی بیوی یا دوست کو خراب کر ڈالا۔ حدیث میں ہے: "من خَبَّبَ امرأةً أو مَمْلُوكًا على مُسْلم فليس مِنّا"

اِخْتَبَّ: جلدی کرنا۔

ــــ الدَّابَّةُ: دوگامہ چلنا، دُلکی چال چلنا۔

ــــ من ثوبه خُبَّةً: ہاتھ پر پٹی باندھنے کے لئے کپڑے سے ٹکڑا پھاڑنا۔

الخَابُّ: رشتہ داری، ازدواجی رشتہ ج: خَوَابُّ۔ کہتے ہیں: لِي فِيهِم خَوَابُّ: میری ان سے رشتہ داریاں ہیں۔

الخَبُّ: دو سخت زمینوں کے درمیان نرم قطعۂ زمین (۲) زمین سے لگی ہوئی ریت کی دھاری (۳) فتنہ و فساد ج: أَخْبَاب کہتے ہیں: أَصَابَهُم الخَبُّ: ان کو آندھی کے جھونکوں اور موجوں کے تھپیڑوں نے گھیر لیا۔

الخُبُّ: پٹی جیسا لمبا چیتھڑا جسے کپڑے سے پھاڑ کر ہاتھ پر باندھا جاتا ہے (۲) درخت کی چھال (۳) پست زمین (۴) جنگلی ہاتھی ج: خُبوب و أَخْبَاب۔ کہتے ہیں: ثَوْبٌ أَخْبَابٌ: پھٹے پرانے کپڑے۔

الخَبَّةُ و الخِبَّةُ: پٹی جیسا کپڑے کا چیتھڑا، دھجی، ٹکڑا ج: خِبَبٌ۔ کہتے ہیں: ثَوْبٌ خِبَبٌ: پھٹے پرانے کپڑے

الخُبَّةُ: الخَبَّةُ (۲) وادی کا درمیانی نشیبی حصّہ (۳) درمیانہ درجہ کی زمین جو نہ زرخیز ہو نہ بنجر (۴) وہ جگہ جہاں پانی جمع ہوتا ہے اور پھر اس کے گرد سبزیاں اگ آتی ہیں (۵) ریت کا لمبا قطعہ یا بدلی کی دھاری ج: خُبَب۔

الخَبَب: دوگامہ چال، نرم دُلکی چال۔ کہتے ہیں: مَشَى خَبَبًا۔

الخَبِيْب: وادی کا درمیانی حصّہ (۲) لمبا گڑھا۔

الخَبِيْبَة: الخَبَّة (۲) وادی کا وسطی حصّہ (۳) گوشت کا لمبا ٹکڑا (۴) ریت یا بدلی کی دھاری ج: خَبائِب۔

ثَوْبٌ خَبائِب: بوسیدہ اور پرانے کپڑے۔

الخَبَّاب: مکار، دغاباز، فریبی۔

المَخَبَّة: وادی کا درمیانی حصّہ۔

• خَبَتَ المكانُ ـ خَبْتًا: پست ہونا، نشیب میں ہونا۔

ــــ ذِكْرُه: نام مٹنا، چرچا مٹ جانا۔

أَخْبَتَ: پست و کشادہ زمین کا قصد کرنا (۲) پست و کشادہ زمین میں قیام کرنا (۳) اظہارِ عجز و انکساری کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَأَخْبَتُوا إِلَى رَبِّهِمْ" دوسری جگہ ہے: "وَبَشِّرِ المُخْبِتِيْنَ"

ــــ إليه: مطمئن ہونا، بے خوف ہونا۔

ــــ ذِكْرُه: شہرت ختم ہونا، نام مٹ جانا

الخَبْتُ مِن الأَرْض: پست و کشادہ زمین، نشیبی زمین جس میں ریت ہو (۲) گہری اور دراز وادی جس میں نباتات ہوں ج: خُبوت و أَخْبات۔

الخَبْتَةُ: تواضع، عاجزی، انکساری، فروتنی۔

الخَبِيْت: کوئی حقیر چیز، بُری چیز۔

• خَبُثَ الشيءُ ـ خُبْثًا و خَبَاثةً و خَبَاثِيَةً: پلید و ناپاک ہونا، ردی اور خراب ہونا، ناپسندیدہ اور قابلِ نفرت ہونا (۲) پیٹ کا ابھرا ہوا ہونا۔

ــــ فلانٌ: بدباطن ہونا، بدطینت ہونا، مکار اور شرارتی ہونا۔ هُوَ خَبِيْث ج: خُبَثاء و خُبُث و خَبَثَة و أَخْبَاث جج: أَخَابِيْثُ۔ هي خَبِيْثَة ج: خَبَائِثُ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبَاتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الخَبَائِثَ"

خَبُثَتْ نَفْسُه: جی متلانا، جی بھاری ہونا حدیث میں ہے: "فَأَصْبَحَ يَوْمًا وهو خَبِيْثُ النَّفْس"

خَبُثَ بالمَرْأَة: زنا کرنا۔

أَخْبَثَ الشيءُ: خَبُثَ۔

ــــ فلانٌ: خَبُثَ (۲) بُرائی یا بدکاری کا ارتکاب کرنا (۳) بُری صحبت اختیار کرنا، بُروں کے ساتھ رہنا (۴) خبیث اور بُری اولاد کو جنم دینا۔

ــــ فلانًا: بُرائی سکھانا (۲) بُرائی کی طرف منسوب کرنا۔

ــــ فلانٌ القَوْلَ: بُری بات کہنا۔

تَخَابَثَ: خباثت کا مظاہرہ کرنا، شرارت کرنا

تَخَبَّثَ: بُرا بن جانا، بہ تکلّف شرارت کرنا

اسْتَخْبَثَ: خباثت کرنا، شرارت کرنا۔

ــــه: بُرا سمجھنا، کسی کو خبیث اور بدطینت پانا۔

الأَخْبَثَان: پیشاب و پاخانہ۔ حدیث میں ہے: "لا يُصَلِّي أَحَدُكُمْ وهو يُدَافِعُ الأَخْبَثَيْن" (۲) بے خوابی و پریشانی۔

الخُبث و الخَباثة: بدباطنی، کمینہ پن، کینہ، شرارت، بُرائی، ناپاکی ۔

خَباثِ: عورت کو گالی دینے کے لئے کہا جاتا ہے: یا خَباثِ: او بدکار عورت! (صرف ندا کی شکل میں استعمال ہوتا ہے)

خُبَثُ: مرد کو گالی دینے کے لئے کہا جاتا ہے: یا خُبَثُ: اے بدکار! او شرارتی! (صرف ندا کی شکل میں استعمال ہوتا ہے)

الخَبث: میل جو لوہے وغیرہ کو بھٹی میں تپانے یا کوٹنے کے وقت نکلتا ہے، سونے چاندی لوہے وغیرہ کا کھوٹ۔ حدیث میں ہے: "إنّ الحُمّٰی تَنفِی الذُّنُوبَ کما یَنفِی الکِیرُ الخَبثَ" (۲) ہر بے فائدہ چیز (۳) نجاست، ناپاکی۔ حدیث میں ہے: إذا بلغَ الماءُ قُلّتَینِ لَمْ یَحمِلْ خَبثًا" ج: أخْبَاث (۴) خام دھات کو عام دھات میں ڈھالتے ہوئے اس میں سے الگ کیا گیا میل کچیل، پگھلی ہوئی دھاتوں کا تفالہ۔

خَبثُ البُرکان: لاوا جو آتش فشاں پہاڑ سے نکلتا ہے۔

الخَبِیث: بدباطن، کمینہ، بدطینت، اذیت رساں (۲) گندا، بُرا، گھٹیا، ردی، ناپسندیدہ، ہر خراب چیز (۳) نجس، ہر حرام چیز (۴) طنز کرنے والا۔

خَبِیثُ الرَّائحة: بدبودار۔

الخِبِّیث: بڑا شریر، انتہائی خبیث (صیغہ مبالغہ)۔

الخِبثة: حرام، ممنوع۔ کہتے ہیں: سَبْیٌ لا خِبثةَ فیه: ایسا قیدی جس میں کوئی برائی نہیں ہے۔ یعنی اس کو ایسی قوم سے گرفتار کیا گیا ہے جس کو کسی سابقہ معاہدے کی وجہ سے یا اصلاً آزاد ہونے کی وجہ سے غلام بنانا جائز نہیں ہے (۲) زنا۔ کہتے ہیں: هو ابنُ خِبثةٍ: وہ حرام زادہ ہے۔

الخَبائث: بُرے کام، گندی چیزیں جنہیں کھایا نہ جائے۔

المَخبَثة: باعثِ خرابی، فساد کا سبب۔ کہتے ہیں: الكُفرُ مَخبثةٌ لِنفسِ المُنعِم: ناشکری محسن کی دل شکنی کا سبب بنتی ہے۔

طعامٌ مَخبَثةٌ: ایسا کھانا جس سے جی متلائے (۲) حرام کھانا۔

مَخبَثانُ: کہتے ہیں: یا مَخبَثانُ: او خبیث! (برائے مذکر و مؤنث) یا مَخبثانةُ: او خبیث عورت (برائے مؤنث)

• خَبْخَبَ الشيءُ خَبخبةً وخَبخابًا: ڈھیلا ہونا، ہلنا، حرکت کرنا۔ هو خَبخاب۔

— فلانٌ: پیٹ ڈھیلا ہونا (۲) دھوکہ دینا، بے وفائی کرنا۔

— من الظَّهِیرة: دوپہر میں سفر چھوڑ کر سائے میں پڑا رہنا۔

تَخَبْخَبَ الشيءُ: ڈھیلا ہونا، حرکت کرنا

— بدنُه: موٹاپے کے بعد دُبلا ہونا۔

— الحرُّ: گرمی کی شدت میں کمی آنا۔

• خَبَرتِ الناقةُ ـُ خُبورًا: اونٹنی کا دودھ زیادہ ہونا۔

— الشيءَ خُبرًا و خُبرةً و مَخبَرةً: آزمانا، تجربہ کرنا، جانچنا (۲) کسی چیز کو تجربے سے جان لینا، حقیقتِ حال سے پوری طرح باخبر ہونا۔ هو خابِرٌ۔ کہتے ہیں: مِن أینَ خَبَرتَ هذا الأمرَ؟: تمہیں یہ بات کہاں سے معلوم ہوئی۔ نیز کہتے ہیں: لَأَخبُرَنَّ خُبرَك: میں تمہاری حقیقت جان کر رہوں گا۔

خَبَرَ الطعامَ: کھانے کو مرغن بنانا۔

— الأرضَ: زمین جوتنا۔

خَبِرَتِ الأرضُ ـَ خَبَرًا: زمین میں گڑھوں کا کثرت سے ہونا۔ نیز کہتے ہیں: خَبِرَ المکانُ۔ هو خَبِرٌ۔

خَبُرَ الشيءَ: جاننا۔

خَبُرَتِ الناقةُ ـُ خُبورًا: اونٹنی کا دودھ زیادہ ہونا۔

— الرجلُ: تجربہ کار ہونا، ماہر ہونا، واقف کار ہونا۔

— الأمرَ و به: خُبرًا و خُبرةً و مَخبُرةً: آزمانا، تجربہ کرنا (۲) کسی شے کی حقیقت سے پورے طور پر واقف ہونا۔

أخبَرَه بکذا: خبر دینا، آگاہ کرنا، بتانا۔

— الناقةَ: اونٹنی کو زیادہ دودھ والی پانا

خابَرَه: بٹائی پر کھیتی کرنا (۲) باہم گفتگو اور بحث کرنا، خبروں کا تبادلہ کرنا، ایک دوسرے کو خبریں سُنانا (۳) مراسلت کرنا، رابطہ قائم رکھنا۔

خَبَّرَه بکذا: خبر دینا، علم میں لانا، بتانا۔

اختَبَرَ الشيءَ: جانچنا، آزمانا، تجربہ کرنا (۲) حقیقتِ حال سے باخبر ہونا۔

— الرجلَ: امتحان لینا، ٹسٹ کرنا۔

تَخابَرا: ایک دوسرے کو خبر دینا۔

تَخابَرَ معه: گفتگو کرنا، بات چیت کرنا۔

تَخَبَّرَ القومُ خُبرةً (شاةً): بکری خرید کر اسے ذبح کرکے آپس میں تقسیم کرنا۔

— الخبرَ: خبر دریافت کرنا، معلومات کرنا

— ه عن شيءٍ: سوال کرنا، تحقیق کرنا

— الشيءَ: کسی چیز کی حقیقت سے اچھی طرح باخبر ہونا۔ حدیث حدیبیہ میں ہے: "أنّه بعثَ عَینًا من خُزاعةَ یَتَخبَّرُ له خَبَرَ قُرَیشٍ"

اِسْتَخْبَرَہ: کسی سے خبر دریافت کرنا، معلومات کرنا۔

الأَخْبَارِیّ: مورخ، تاریخ داں "الأَخْبَار" کی طرف منسوب ہے۔

الخَابُور: ایک قسم کا درخت جس کے پھول پیلے، خوش رنگ و خوبصورت اور خوشبودار ہوتے ہیں (۲) لکڑی کی کھونٹی (۳) ایک ندی کا نام جو راس العین اور فرات کے درمیان ہے۔

الخَبَارُ: درخت کی جڑوں میں جمع شدہ مٹی (۲) جڑیں (۳) نرم زمین جس میں جانور کے پیر دھنس جائیں مثل ہے: "مَنْ تَجَنَّبَ الخَبَارَ، أَمِنَ العِثَارَ"۔

الخَبَّارَة: جڑاؤ پٹی۔

الخَبُّور: شیر۔

الخَبَرُ: خبر، حادثہ، اطلاع، نوٹس (۲) ایسی بات جو بذات خود صدق و کذب دونوں کا احتمال رکھتی ہو۔ ج: أَخْبار جج: أَخَابِیْر

وکالۃُ الأَخْبار: خبر رساں ایجنسی، نیوز ایجنسی۔

الخِبْرُ: بٹائی پر کھیتی کرنا (۲) بہت دودھ دینے والی اونٹنی (۳) بڑا مشکیزہ یا توشہ دان ج: خُبُور۔

الخَبْرُ: پہاڑ میں پانی جمع ہونے کی جگہ (۲) کھیتی (۳) بیری اور اراک کا درخت اور ان کے آس پاس کی گھاس (۴) زیادہ دودھ دینے والی اونٹنی (۵) بڑا مشکیزہ یا توشہ دان ج: خُبُور۔

الخُبْرُ: تجربہ، آزمائش، علم۔ کہتے ہیں: صَدَّقَ الخَبَرَ الخُبْرُ: تجربے نے سنی ہوئی خبر کی تصدیق کر دی۔

الخَبْرَاءُ: ہموار اور نشیبی زمین جہاں بیری اور اراک کے درخت اگتے ہیں (۲) بڑا توشہ دان یا مشکیزہ ج: الخَبَارِی والخَبْرَاوَات

الخَبِرَةُ: وہ ہموار و نشیبی زمین جہاں بیری اور اراک کے درخت اگتے ہیں ج: خَبِرٌ۔

الخُبْرَةُ: ہر وہ چیز جو پیش کی جائے (۲) خوراک، حصہ، وہ مقدار جو آدمی کھانے سے لیتا ہے (۳) خوراک جو آدمی اپنے اہل و عیال کے لئے خریدے۔ کہتے ہیں: اِجْتَمَعُوا علی خُبْرَتِہ: لوگ اس کے کھانے پر جمع ہوئے (۴) زاد راہ جو مسافر اپنے توشہ دان میں لے جاتا ہے (۵) مرغن اور کثیر المقدار ثرید (۶) سالن (۷) بڑا پیالہ (۸) بکری جسے مختلف لوگ مل کر خریدیں اور اسے ذبح کر کے اپنی ادا کردہ قیمتوں کے مطابق آپس میں اس کا گوشت بانٹ لیں۔

الخِبْرَةُ: تجربہ، مہارت، واقفیت، صلاحیت۔

خِبْرَةٌ فَنِّیَّةٌ: ٹیکنیکل تجربہ یا صلاحیت

خِبْرَةٌ قِتَالِیَّةٌ: جنگی تجربہ، جنگی مہارت

الخُبُور: کہتے ہیں: أَخْبَرَه خُبُورَه: اسے اپنا راز یا اپنی معلومات بتا دیں مثل ہے: أَخْبَرْتُه خُبُورِی و شُقُورِی و فُقُورِی: میں نے اسے اپنے راز، اپنی پریشانیاں اور اپنی آرزوئیں بتا دیں

الخَبِیر: اللہ تعالی کا نام: سب کچھ جاننے والا (۲) واقف، باخبر، دانا، آگاہ۔ قرآن پاک میں ہے: "فَاسْأَلْ بِه خَبِیْرًا" مثل ہے: عَلَی الخَبِیْرِ سَقَطْتَ۔ (۳) بصیرت رکھنے والا، تجربہ کار، آزمودہ کار، واقف کار، ماہر فن (۴) مخبر، جاسوس ج: خُبَرَاء (۵) کسان (۶) نباتات، گھاس (۷) اونٹ کے بال (۸) گرے ہوئے بال (۹) اونٹ کے منہ کا جھاگ ج: خَبَائِر۔

خَبِیْرٌ إِدَارِیٌّ: انتظامی امور کا ماہر

خَبِیْرٌ مُحَاسِبٌ: ماہر حسابات، اکاؤنٹنٹ۔

خَبِیْرٌ مُعَایِن: سروے کرنے والا، سروئیر

الخَبِیْرَة: بکری جسے مختلف لوگ مل کر خریدیں اور اسے ذبح کر کے اپنی ادا کردہ قیمتوں کے حساب سے آپس میں اس کا گوشت بانٹ لیں (۲) عمدہ اون جو ابتدا میں کاٹا جائے

الاخْتِبَار: امتحان، آزمائش، ٹسٹ، جانچ پڑتال، تحقیق، کھوج، چیکنگ۔

اختبارٌ سَخِیْفٌ: بے ہودہ جانچ۔

الاسْتِخْبَار: خبر رسانی، سراغ رسانی۔

استخبارات: اطلاعات۔

استخبارات سُوقِیَّة: بازاری خفیہ اطلاعات۔

المُخَابَرَة: بٹائی پر کھیتی کرنا، بایں طور کہ مالک کسان کو کاشت کے لئے کوئی زمین دے اور کسان کے لئے پیداوار کا کچھ حصہ مثلاً تہائی یا چوتھائی مقرر کر دے۔ حدیث میں ہے: "أَنَّه نَهَى عن المُخَابَرَة" (۲) سراغ رسانی، جاسوسی، انٹلی جینس، اطلاع رسانی ج: مُخَابَرَات۔

ــــ التِّلِیفُونِیَّة: بذریعہ ٹیلیفون اطلاع رسانی۔

ــــ العَسْکَرِیَّة: فوجی محکمہ سراغ رسانی۔

ــــ المَرْکَزِیَّة: مرکزی انٹلی جینس۔

المُخَابَرَاتُ العَامَّة: جنرل انٹلی جینس۔

ــــ الحَرْبِیَّة: محکمہ اطلاعات جنگ، جنگی محکمہ سراغ رسانی۔

المُخَابِر: جاسوس، سراغ رساں۔

المِخْبَار: جس سے کوئی چیز جانچی جائے، جانچ کا آلہ (۲) ایک آلہ جو سائنسی تحقیقات میں استعمال کیا جاتا ہے۔

المَخْبَر: باطن۔ کہتے ہیں: طَابَقَ مَخْبَرُه مَنْظَرَه: اس کا ظاہر و باطن ایک ہے (۲) تجربہ گاہ ج: مَخَابِر۔

المُخْبِر: اخبار کو خبریں پہنچانے والا، خبر رساں، رپورٹر (۲) مخبر، جاسوس، سراغ رساں۔

مُخْبِرُ الشُّرْطَة: پولیس رپورٹر۔
المَخْبَرانِيُّ: پاک باطن، نیک طینت۔
المَخْبَرَة: باطن، اندرون۔
المِخْبَرَة: المخبار: ٹیسٹر، آلۂ جانچ۔
المُخْتَبِر: تجربہ کار، ماہر، اکسپرٹ۔
المُخْتَبَر: تجربہ گاہ، لیباریٹری، وہ جگہ جہاں سائنسی تجربات کئے جاتے ہیں ج: مُخْتَبَرات۔
• خَبَزَ الخُبْزَ ـِ خَبْزًا: روٹی پکانا۔ هو مَخْبُوز و خَبِيز۔
ـــ القومَ: روٹی کھلانا۔ کہتے ہیں: خَبَزْتُهم و تَمَرْتُهم: میں نے انہیں روٹی اور کھجور کھلائی۔
ـــ البعيرُ الأرضَ: اونٹ کا زمین پر ہاتھ مارنا (جس طرح نان بائی روٹی پر ہاتھ مارتا ہے)۔
ـــ فلانٌ الشيءَ: کسی چیز پر زور سے ہاتھ مارنا۔
ـــ الدابّةَ: جانور کو تیز ہنکانا، زبردستی چلانا۔
خَبِزَ ـَ خَبَزًا: گوشت کا ڈھیلا ہونا اور حرکت کرنا۔
اِخْتَبَزَ الخُبْزَ: روٹی پکانا، روٹی بنانا۔
اِنْخَبَزَ المكانُ: جگہ کا پست ہونا، نشیب میں واقع ہونا۔
تَخَبَّزَه: پاؤں سے مارنا۔ کہتے ہیں: تَخَبَّزَتِ الإبلُ العُشْبَ: اونٹوں نے گھاس کو پاؤں سے روندا۔
الخابِز: روٹی والا جس کے پاس روٹی ہو۔
الخُبازَى و الخُبّازَى و الخُبّاز و الخُبَيْز: خبازی (نباتات کی ایک قسم جس کے پتّے بطورِ دوا استعمال ہوتے ہیں، اور اس کی ایک قسم کے پتّے پکا کر کھائے بھی جاتے ہیں)۔

الخِبازَة: نان بائی کا پیشہ۔
الخَبّاز: نان بائی، تنور والا م: خَبّازَة۔
الخُبّازِيّ: ایک کیمیاوی رنگ جو خبازی کے رنگ کے مشابہ ہوتا ہے (فنِ تصویر و نقشہ کشی کی اصطلاح ہے)۔
الخُبّازِيّات: جنس خبازی سے تعلق رکھنے والے پودے، مثلاً جنس، پٹوا، خطمی، فرنگی وغیرہ۔
الخُبْز: روٹی، چپاتی، بریڈ۔ قرآن پاک میں ہے: "وقال الآخرُ إنّي أراني أحمِلُ فوقَ رأسي خُبْزًا" ج: أخْباز۔
خُبْزُ الغُراب: ایک لمبی اور روٹی کے مانند چوڑی نباتات۔
خُبْزُ المَشايِخ: پیالہ نما پھولوں کے درخت جو بہت جلد پھل لاتے ہیں۔
خُبْزٌ إفْرَنْجِيّ: ڈبل روٹی۔
خُبْزٌ مُضاعَف: ڈبل روٹی۔
الخَبْز: پست اور نشیبی زمین۔
الخَبِيز: پکی ہوئی روٹی (۲) ثرید۔
المَخْبَز: روٹی کا تنور، روٹی کی دکان، بسکٹوں کا تنور، بیکری ج: مَخابِز۔
• خَبَسَ الشيءَ ـِ خَبْسًا: لے لینا (۲) بطورِ غنیمت حاصل کرنا۔
ـــ فلانًا حقَّه أو مالَه: کسی کا حق یا مال چھین لینا، مار لینا، ظلماً لے لینا۔ هو خابِس و خَبّاس و خَبُوس۔
اِخْتَبَسَ و تَخَبَّسَ الشيءَ: خَبَسَه۔
ـــ فلانًا حقَّه: کسی کا حق ظلماً چھین لینا، ہڑپ کر جانا، حق تلفی کرنا۔
الخابِس و الخَبّاس و الخَبُوس: شیر (۲) ظلم کرنے والا، کسی کا حق مار کھانے والا۔
الخُباسَاء: مالِ غنیمت۔
الخُباسَة: غنیمت (۲) ناحق اور ظلماً لی ہوئی چیز۔

• خَبَشَه ـُ خَبْشًا و تَخَبَّشَه: سمیٹنا، اِدھر اُدھر سے جمع کرنا (۲) حاصل کرنا۔ هو خابِش و خَبّاش۔
ـــ الأشياءَ من هُنا و هُناك: اِدھر اُدھر سے چیزیں حاصل کرنا اور جمع کرنا، بکھری ہوئی چیزوں کو سمیٹنا۔
الخُباشَة: کھانا وغیرہ جو اِدھر اُدھر سے جمع کیا جائے (۲) مختلف قوموں یا قبیلوں کی جماعت ج: خُباشات۔
خُباشاتُ العَيْش: ضروریاتِ زندگی (کھانا وغیرہ) جو اِدھر اُدھر سے جمع کی جائیں۔
• خَبَصَه ـِ خَبْصًا: ملانا، مخلوط کرنا۔ هو مَخْبُوص و خَبِيص۔
خَبَّصَ الخَبِيصَ: کھجور اور گھی کا حلوا بنانا (۲) اسراف سے کام لینا (۳) الجھانا (۴) پھلوں کا رس نکالنا (۵) کھانے میں بدتہذیبی برتنا (۶) دل دل میں ہاتھ پاؤں مارنا۔
اِخْتَبَصَ: کھجور اور گھی کا حلوا بنانا (۲) حلوا کھانا۔
ـــ الضَّيْفُ: مہمان کا کھجور اور گھی کا حلوا طلب کرنا۔
تَخَبَّصَ: کھجور اور گھی کا حلوا بنانا۔
الخَبِيص: کھجور اور گھی یا بالائی سے تیار کی ہوئی مٹھائی یا حلوہ ج: أخْبِصَة۔
الخَبِيصَة: حلوے کا ایک ٹکڑا۔
الخَبْصَة: حلوہ (۲) جھگڑا، اُلجھا ہوا کام (۳) اسراف۔
المِخْبَصَة: کڑاہی یا پتیلی جس میں حلوے کو اُلٹ پلٹ کیا جائے (۲) حلوے کو اُلٹنے پلٹنے کا چمچہ ج: مَخابِص۔
• خَبَطَ ـِ خَبْطًا: جہاں ہو وہیں پڑ کر سو رہنا
ـــ البابَ و على البابِ: دروازہ کھٹکھٹانا
ـــ الشيءَ: سختی سے روندنا۔ کہتے ہیں: خَبَطَ البعيرُ الأرضَ بيديه۔

خَبَطَ فلانًا: زور سے مارنا۔
___ اللَّيْلَ: رات میں بے راہ چلنا، دھکے کھانا، بے ڈھنگے پن سے چلتے رہنا۔ کہتے ہیں: فلانٌ يَخْبِطُ فی عَمْياءَ، و فلانٌ يَخْبِطُ خَبْطَ عَشْواءَ: وہ بے سوچ سمجھے کام کرتا ہے، بے ہدایت و بصیرت کام کرتا ہے۔
___ فلانًا: کسی سے جان پہچان یا کسی رشتے اور واسطے کے بغیر احسان طلب کرنا۔ (۲) جان پہچان یا کسی رشتے اور واسطے کے بغیر احسان کرنا۔ کہتے ہیں: خَبَطَ فیهم بِخَيْرٍ: اس نے انہیں نفع پہنچایا۔
___ الشَّيْطانُ فلانًا: شیطان کا آدمی کو خبطی اور دیوانہ بنا دینا۔
___ البَعِيْرَ: اونٹ کے چہرے یا ران پر چوڑائی میں داغ لگانا۔
___ القومَ بِسَيْفِهٖ: تلوار سے مارنا۔
___ الشَّجَرَةَ بِالمِخْبَطِ: ڈنڈے سے درخت کے پتّے جھاڑنا۔ هو خابِط۔
خُبِطَ فلانٌ: کسی مرض میں مبتلا ہونا (۲) زکام میں مبتلا ہونا۔ هو مَخْبُوط
اِخْتَبَطَتِ البِلادُ: ملک میں فتنہ وفساد اور لوٹ مار ہونا۔
اِخْتَبَطَ الشجرةَ: درخت سے پتّے جھاڑنا۔ حضرت عمرؓ کی روایت میں ہے: "لَقَدْ رَأَيْتُنِی بِهٰذا الجَبَلِ أَحْتَطِبُ مَرَّةً و أَخْتَبِطُ أُخْرىٰ"
___ فلانا و مَعْرُوْفَ فلانٍ: کسی سے جان پہچان یا رشتہ وقرابت کے بغیر مانگنا۔ حضرت عامرؓ کی حدیث میں ہے: "و قِيلَ له فی مَرَضِهِ الذی ماتَ فيه: قَدْ كُنْتَ تَقْرِی الضَّيْفَ و تُعْطِی المُخْتَبِطَ"
___ البَعِيْرُ الشَّوْكَ: اونٹ کا خار دار گھاس کھانا۔
اِخْتَبَطَ الأَرْضَ بِيَدَيْهِ: روندنا، زور سے مارنا۔ هو مُخْتَبِط۔
تَخَبَّطَتِ البِلادُ: ملک میں فتنہ وفساد برپا ہونا۔
تَخَبَّطَ الشیءَ: روندنا، کچلنا۔
___ الشيطانُ فلانًا: شیطان کا دیوانہ اور خبطی بنا دینا۔ قرآن پاک میں ہے: "لَا يَقُوْمُوْنَ إِلَّا كَما يَقُوْمُ الَّذِی يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطانُ مِنَ المَسِّ"
___ البَعِيْرُ الأرضَ بيديه: اونٹ کا زمین کو روندنا، زور سے ہاتھ مارنا۔
الخابِطُ: (۱) سر کی تکلیف (۲) اونٹ۔ کہتے ہیں: ما لَهُ خابِطٌ و لا ناطِحٌ: اس کے پاس اونٹ ہے نہ بیل۔ یعنی کچھ نہیں ہے۔ نیز کہتے ہیں: لا أَدْرِی أَیُّ خابِطِ لَيْلٍ او أَیُّ خابِطِ اللَّيْلِ هُوَ: میں نہیں جانتا وہ رات کو آنے والا کون ہے۔
هُوَ خابِطُ عَشْوَةٍ: وہ جاہل اور اناڑی ہے۔
الخَباطُ: گرد وغبار۔
الخِباطُ: چہرے کا نشان (۲) ران پر چوڑا نشان ج: خُبُط۔
الخُباطُ: دیوانگی، مرگی (۲) زکام۔
الخُبّاطُ: ایک قسم کی مچھلی۔
الخَبَطُ: درخت سے جھاڑے ہوئے پتّے۔ حدیث میں ہے: "خَرَجَ فی سَرِيَّةٍ إلى أرضِ جُهَيْنَةَ، فَأَصابَهُم جُوعٌ فَأَكَلُوا الخَبَطَ، فَسُمُّوا جَيْشَ الخَبَطِ" (۲) کوئی گرائی ہوئی چیز
الخِبْطُ: حوض میں بچ رہنے والا تھوڑا پانی۔
الخَبْطَةُ: ایک ضرب، ایک جھپک (۲) زکام (۳) تالاب یا برتن کا بچا ہوا پانی (۴) تھوڑی چیز، حقیر چیز، باقی ماندہ (۵) زیادہ بارش جو آہستہ برسے (۶) دیوانگی۔ کہتے ہیں: عَلىٰ فلانٍ خَبْطَةٌ جَمِيلَةٌ، و عليه خَبْطَةٌ من الجَمالِ: اس پر خوبصورتی کا اثر ہے، اس میں کچھ حسن ہے۔
الخِبْطَةُ: مارنے کی کیفیت (۲) تالاب یا برتن کا باقی ماندہ پانی (۳) تھوڑی چیز۔
___ من اللَّيْلِ: رات کا ایک حصّہ۔ کہتے ہیں: كانَ ذلك بَعْدَ خِبْطَةٍ مِنَ اللَّيْلِ: یہ واقعہ رات کے کچھ حصّے کے بعد ہوا
___ من كُلِّ شیءٍ: حصّہ، ٹکڑی، جماعت کہتے ہیں: جاءُوا خِبْطَةً خِبْطَةً: وہ ایک ایک ٹکڑی یا ایک ایک جماعت کی شکل میں آئے ج: خِبَط۔
الخُبْطَةُ: تالاب یا برتن کا بچا ہوا پانی ج: خُبَط
الخَبُوطُ: فَرَسٌ خَبُوطٌ: زمین پر پاؤں مار کر چلنے والا گھوڑا۔
حاكِمٌ خَبُوطٌ: ظالم حکمراں۔
الخَبِيْطُ: دہی جس میں دودھ ڈال کر دونوں کو ملا دیا گیا ہو (۲) حوض جسے اونٹوں نے پاؤں مار مار کر گرا دیا ہو (۳) چھوٹا حوض (۴) حوض میں بچا ہوا تھوڑا سا پانی ج: خُبُط
المِخْبَطُ والمِخْبَطَةُ: ڈنڈا وغیرہ جس سے درخت کے پتّے جھاڑے جائیں (۲) موگری، گرز ج: مَخابِطُ۔
• خَبَعَ الصبیُّ ـَ خُبُوعًا: بچہ کا روتے روتے سانس رکنا۔
___ بالمكان: قیام کرنا۔
___ فی المكان: داخل ہونا۔
___ الشیءَ: چھپانا۔
الخِباعُ: بمعنی "الخِباءُ" (بنی تمیم کی لغت)۔
الخُبَعَةُ: روئی کا ٹکڑا۔
جارِيَةٌ خُبَعَةٌ طُلَعَةٌ: وہ لڑکی جو کبھی خود کو چھپائے اور کبھی ظاہر کرے۔ یعنی کبھی پردے میں رہے اور کبھی باہر نکلے۔
• خَبَقَ فلانًا ـِ خَبْقًا: کسی کو خود اس کی

نظر میں ذلیل وحقیر بنا دینا۔
خَبَقَ: گوز کرنا۔
تَخَبَّقَ الشیئُ: بلند ہونا، اونچا ہونا۔
الخَبْقَة: کشادہ زمین۔
الخِبَقّ (من الانسان و الدّوابّ): لمبا (۲) کود کر چلنے والا، تیز رفتار، لمبے لمبے ڈگ بھرنے والا۔
الخِبِقّی: تیز چال۔
— من الدّوابّ: تیز رفتار اور لمبے ڈگ بھرنے والا جانور۔
هُوَ يَمْشِي الخِبِقّي: وہ بہت تیز چلتا ہے۔
الخِبِقّاءُ: بداخلاق عورت۔
الخِبِقّةُ (من الدّوابّ): الخِبِقّي (۲) پست قامت (مذکر ومؤنث دونوں کے لئے)۔
• خَبَلَ عَنْ فِعْلِ أَبِيْهِ ــ خَبْلاً: باپ کے فعل سے کوتاہی کرنا۔
— الشيءَ: پیچیدگی پیدا کرنا، رکاوٹ ڈالنا، الجھا دینا۔
— الانسانَ و الحیوانَ: اعضا کو کاٹ کر یا کسی اور طرح بے کار در ناکارہ بنا دینا
— يَدَه: ہاتھ کو شل کر دینا، ناقابل عمل بنا دینا۔
— فُلاناً: دیوانہ بنا دینا، عقل ودل تباہ کر دینا۔ کہتے ہیں: خَبَلَه الحُزْنُ، و الحُبُّ، و الدّهْرُ، و الشَّيْطانُ. (۲) پریشان کرنا۔
خَبَلَ الحُبُّ قَلْبَه: محبت نے اس کا دل تباہ کر دیا۔
— فلانا عن كذا: روکنا، باز رکھنا۔
خَبِلَ ــ خَبَلاً و خَبَالاً: دیوانہ ہونا، عقل خراب ہوجانا، دماغ میں خرابی آنا، ذہنی توازن کھو بیٹھنا (۲) بیماری کی وجہ سے یا کٹ جانے کے سبب کسی عضو کا ناکارہ ہوجانا۔
خَبِلَت يَدُه: ہاتھ شل ہوجانا، لُنجا اور اپاہج ہوجانا۔ هو خَبِلٌ و أَخْبَلُ هي خَبْلاءُ ج: خُبْلٌ۔
أَخْبَلَه: اونٹنی وغیرہ عاریۃً دینا۔
خَبَّلَه: عقل تباہ کر دینا، دیوانہ بنا دینا (۲) پیچیدگی پیدا کرنا، الجھا دینا۔
اخْتَبَلَ: عقل زائل ہونا (۲) کوئی عضو ناکارہ ہونا۔
— فلاناً: خَبَلَه۔
— ه عن كذا: روکنا، باز رکھنا۔
— الدّابّةُ: جانور کا اپنی جگہ نہ ٹھہرنا
اخْتُبِلَ: پاگل ہونا، دیوانہ ہونا۔
تَخَبَّلَ: خَبِلَ۔
— يَدُه: ہاتھ کا لُنجا اور ناکارہ ہونا
اسْتَخْبَلَه (ناقةً او نَحْوَها): اونٹنی وغیرہ عاریۃً مانگنا۔
الخابِلُ: فسادی، شیطان، جن۔ کہتے ہیں: مَسَّه الخابِلُ: اس کو جن نے پاگل کر دیا۔
الخابِلان: رات اور دن۔
الخَبالُ: خرابی، نقصان (۲) ہلاکت، تباہی۔ قرآن پاک میں ہے: "لَوْ خَرَجُوا فِيْكُمْ ما زادُوْكُمْ إِلّا خَبالاً" (۳) زہرِ قاتل (۴) اہلِ جہنم کی ۔ حدیث میں ہے: "مَنْ شَرِبَ الخَمْرَ سقاه اللّٰهُ من طِيْنَةِ الخَبالِ يَوْمَ القِيامَة" (۵) بوجھ۔ کہا جاتا ہے: هُوَ خَبالٌ على أَهْلِه: وہ اپنے گھر والوں پر بوجھ ہے (۶) تھکن، تکلیف، مشقت۔
الخَبْلُ: جنون، دیوانہ پن (۲) پریشانی (۳) زخم (۴) فتنہ وفساد، کشت وخون حدیث میں ہے: "بَيْنَ يَدَيِ السّاعَةِ خَبْلٌ" (۵) قرض، عاریۃً لینا (۶) اعضا کی خرابی، ہاتھ پاؤں کی تباہی فالج، لُنجاپن۔ "وَقَعَ في خَبْلِه" وہ پشیمان ومتحیر ہوا (۷) (عروض) زحاف کی ایک قسم جس میں مستفعلن میں سے سین اور تا کو یا اسی طرح مفعولات کے فا اور واو کو گرا دیا جاتا ہے۔ یوں یہ دونوں فعلتن اور فعلات کی طرف منقول ہوجاتے ہیں۔
الخُبْلُ: عقل کی خرابی۔ "وَقَعَ في خُبْلِه" پشیمان ومتحیر ہونا۔
الخَبَلُ: عقل کی خرابی، پاگل پن (۲) اعضا کی خرابی، فالج، لُنجاپن (۳) انسان (۴) جنّات (۵) زخم (۶) مشکیزہ، پانی سے بھرا ہوا مشکیزہ (۷) ایک پرندہ جو ساری رات ایک ہی آواز لگاتا رہتا ہے، اور اس کی آواز اُلّو کی آواز کے مشابہ ہوتی ہے
دَهْرٌ خَبِلٌ: بگڑا ہوا زمانہ۔
الخُبْلَةُ و الخُبُولُ: عقل یا اعضا کی خرابی۔
مُخَبِّلٌ: زمانہ۔
المُخَبَّلُ: دیوانہ، ٹھرڈلا، آسیب زدہ (۲) پریشان (۳) پیچیدہ، الجھا ہوا (دعا وغیرہ)
المَخْبُولُ: ذہنی طور پر کمزور، بے وقوف، احمق۔
• خَبَنَ الثوبَ و نحوَه ــ خَبْناً و خِباناً: کپڑے کو موڑ کر سینا۔
— الشيءَ: چھپانا (۲) گرانا۔
— الطَّعامَ: قحط کی وجہ سے کھانے کو چھپانا، سٹور میں ڈال دینا۔
— الشاعِرُ: شاعر کا خَبن استعمال کرنا (دیکھئے: خَبْن)۔
أَخْبَنَ: کپڑے کی تہہ میں کوئی چیز چھپانا، پاجامے کے نیفے میں چھپانا۔
اخْتَبَنَ الشيءَ: کپڑے کی تہہ میں چھپانا۔
الخَبْنُ: (عروض) ارکان میں سے دوسرے جزو ساکن کو حذف کرنا جیسے: مستفعلن میں سے سین کو۔

الخُبْنَةُ (من الثوب و السراويل): کپڑے یا پاجامے کا موڑ کر سلا ہوا حصہ، تہہ، دامن، نیفہ (۲) خوراک جو کپڑے کی تہہ میں لی جائے (۳) ہر وہ چیز جو انسان گود میں یا بغل میں دبا کر لے جائے. حضرت عمرؓ کی حدیث میں ہے: "إذا مَرَّ أَحَدُكُمْ بِحَائِطٍ فَلْيَأْكُلْ مِنْه ولا يَتَّخِذْ خُبْنَةً" (۴) برتن جس میں کوئی چیز رکھ کر لے جائی جائے ج: خُبَن.

الخُبُنُّ (من الرجال): سکڑے ہوئے اعضا والا آدمی.

• خَبَتِ النَّارُ ـُ خَبْوًا و خُبُوًّا: آگ کا ٹھنڈا ہونا، بجھنا. قرآن پاک میں ہے: "مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنَاهُمْ سَعِيرًا".

ـــ الحَرْبُ و الحِدَّةُ: جنگ یا جوش کا دھیما پڑنا، سرد پڑنا. کہتے ہیں: خَبَا لَهَبُهُ: اس کے غصہ کا جوش دھیما پڑ گیا، غصہ فرو ہو گیا.

أَخْبَى: خیمہ بنانا.

ـــ خِبَاءً: خیمہ لگانا، نصب کرنا.

ـــ الكِسَاءَ: کپڑے کا خیمہ بنانا.

ـــ النَّارَ: آگ کو ٹھنڈا کرنا، بجھانا.

خَبَّى خِبَاءً وكِسَاءً: خیمہ بنانا یا لگانا.

تَخَبَّى فلانٌ: خیمہ بنانا.

ـــ خِبَاءً وكِسَاءً: خیمہ بنانا یا لگانا.

اسْتَخْبَى خِبَاءً: خیمہ لگا کر اس میں داخل ہونا.

الخَابِيَةُ: دیکھئے (خ - ب - أ).

الخِبَاءُ: دیکھئے (خ - ب - أ).

خ ـــــ ت

• خَتَأَهُ ـَ خَتْأً: روکنا، منع کرنا، باز رکھنا.

اخْتَتَأَ: ذلیل و خوار ہونا، ذلت کے مارے روپوش ہونا (۲) ڈر کے مارے رنگ بدل جانا.

ـــ له: فریب دینا.

ـــ منه: شرم یا خوف کی وجہ سے چھپ جانا (۲) ڈرنا، گھبرانا.

اخْتَتَأَ الشيءَ: اُچک لینا، لے بھاگنا.

المُخْتَتِئَة: مَفَازَةٌ مُخْتَتِئَةٌ: وسیع و عریض اور سنسان جنگل جس میں راستوں کا پتہ نہ چلتا ہو.

• خَتَّ ـِ خَتًّا: گھٹیا ہونا، خسیس ہونا، نکما ہونا. هو خَتِيت.

ـــ فلانًا ـُ خَتًّا: کسی کو پے در پے نیزہ مارنا.

خَتَّ ـَ خَتَتًا: بدن سست ہونا، کمزور اور ڈھیلا پڑنا.

أَخَتَّ: ذلیل و خوار ہونا، سر نیچا ہونا (۲) باپ کے ذکر پر شرمندہ اور خاموش ہو جانا.

ـــ القولُ فلانًا: کسی بات سے کسی کو دکھ پہنچنا، شرمندگی ہونا، کسی بات پر خاموش ہو جانا.

ـــ فلانًا وحَظَّ فلانٍ: حصہ کم کرنا، کم حصہ دینا.

الخَتَت: بدن کی سستی.

الخَتِيت: خسیس، گھٹیا، نکما، ناقص.

• خَتَرَتْ نَفْسُه ـُ خَتْرًا وخُتُورًا: جی متلانا، جی بگڑنا.

ـــ فلانًا: دغا کرنا، سخت بے وفائی کرنا، زبردست دھوکہ دینا. حدیث میں ہے: "مَا خَتَرَ قَوْمٌ بالعَهْدِ إلَّا سُلِّطَ عليهم العَدُوُّ". هو خَاتِر وخَتِير وخَتُور وخَتَّار خِتِّير. قرآن پاک میں ہے: "وَمَا يَجْحَدُ بِآيَاتِنَا إِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُورٍ".

خَتِرَ ـَ خَتَرًا: مرض، دوا، زہر یا کوئی مشروب پینے کی وجہ سے سن اور بے حس ہونا، کمزور اور ڈھیلا پڑنا. هو خَتِرٌ.

خَتَّرَهُ الشرابُ وغيرُه: جی بگاڑ دینا، سست بنا دینا، اعضا ڈھیلے کر دینا.

تَخَتَّرَ: کسی مشروب وغیرہ سے بدن سست ہونا، ڈھیلا پڑنا، کمزور ہونا (۲) دماغ میں خرابی آنا، ذہن مختل ہونا (۳) سست رفتاری سے چلنا، کاہل اور سست آدمی کی طرح چلنا.

الخَتْر و الخُتُور: سخت بے وفائی، بدعہدی، غداری.

• خَتْرَبَ الشيءَ: کاٹنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا.

• خَتْرَمَ خَتْرَمَةً: گھبراہٹ یا لاچاری کے سبب خاموش رہنا، بات نہ کر سکنے کی وجہ سے چپ رہنا.

• خَتَعَ ـَ خَتْعًا و خُتُوعًا: فرار ہونا.

ـــ في الأَرْض: دور تک نکل جانا.

ـــ على القوم: اچانک حملہ کرنا (۲) اندھیرے میں صحیح راستے پر چلنا. کہتے ہیں: خَتَعَ الدَّلِيلُ بالقَوْمِ: راہبر نے اندھیرے میں رہنمائی کی.

ـــ الفَحْلُ خَلْفَ الإِبِل: سانڈ کا معتدل چال چلنا.

ـــ السرابُ: سراب کا معدوم ہو جانا، نابود ہو جانا. هو خَاتِع وخَتُوع.

انْخَتَعَ في الأَرْض: زمین میں دور تک نکل جانا.

الخَتِعُ والخُتَعُ و الخُتَعَةُ (من الأَدِلَّاء): عمدہ رہنما، ماہر راہبر (جو چلتے ہوئے نہ رکتا ہو نہ بھولتا ہو)

الخَتِيعُ: چالاک، ہوشیار (۲) مصیبت.

الخَتِيعَةُ: چمڑے کا چھوٹا ٹکڑا جس سے تیرانداز انگوٹھا ڈھانکتے ہیں، چمڑے یا ربڑ کا غلاف ج: خِتَاع.

الخَوْتَعُ: نہایت عمدہ راہبر (۲) خرگوش کا بچہ (۳) ایک قسم کی بڑی مکھی.

الخَوْتَعَةُ: پست قامت آدمی.

• خَتْعَرَ: (سراب کا) معدوم ہو جانا.

الخَیْتَعُور: متغیر اور معدوم ہو جانے والی چیز، ایک حال پر برقرار نہ رہنے والی چیز (۲) سراب (۳) دُنیا (کیوں کہ وہ زائل و فانی ہے) (۴) لعابِ آفتاب، ایک چیز جو سخت دھوپ میں مکڑی کے جالے جیسی نظر آتی ہے (۵) بھونرا (۶) بھیڑیا (کیوں کہ وہ بے وفا ہوتا ہے) بھوت، جن (کیوں کہ وہ صورت بدلتا ہے)۔ کہتے ہیں: امرأۃٌ خَیْتَعُور: بے وفا عورت، ہرجائی (۷) بے وفا، رنگ بدلنے والا (۸) مصیبت۔

• خَتَلَه ـُ خَتْلًا و خَتَلَانًا: فریب دینا، بے خبری میں دھر لینا۔ حضرت حسن کی روایت میں ہے: "و صِنفٌ تَعَلَّمُوہ للاستِطَالَة و الخَتْل" (علم حاصل کرنے والوں کے اوصاف واقسام کے بارے میں یہ روایت ہے)۔

— فی الحَرْب: چکّر دینا، اس طرح پہنچنا کہ پتہ نہ چلے۔ حدیث میں ہے: "کَأَنّی أنظُرُ الیه یَخْتِلُ الرجلَ لِیَطْعَنَه"

— الصَّیْدَ: شکار کے لئے گھات میں بیٹھنا، زمین پر لیٹنا، تاک میں لگنا۔ هو خَاتِل و خَتُول و خَتَّال۔

خَاتَلَه: فریب دینا، چکّر دینا۔ خَاتَلَ الصَّیَّادُ: شکاری کا اس طرح دبے پاؤں چلنا کہ شکار کو آہٹ نہ پہنچے۔

اِخْتَتَلَ: چوری سے راز وغیرہ سُننا۔ کہتے ہیں: اِخْتَتَلَ لِأَسْرَارِ القَوْم"

— فُلانًا: فریب دینا، دھوکہ دینا۔

تَخَاتَلُوا: ایک دوسرے کو دھوکہ دینا۔

الخَتْل: چوری چھپے سُننے کی جگہ (۲) خرگوش کا بِل۔

الخَتْلَة: دیوار کا کونہ۔

الخَتَّال: بڑا دھوکے باز م: خَتَّالَة۔

الخَوْتَل (من الرّجال): دانا، ہوشیار، شاطر، خوش بیان، ظریف الطبع۔

• خَتَمَ النَّحْلُ ـِ خَتْمًا و خِتَامًا: شہد کی مکھی کا چھتّہ کو شہد سے بھر دینا۔

خَتَمَ علی الطّعام و الشراب و غیرهما: برتن کے منہ کو مٹی یا موم وغیرہ سے بند کرنا، هو مَخْتُوم: قرآن پاک میں ہے: "یُسْقَوْنَ مِنْ رَحِیْقٍ مَخْتُوم"

— علی فَمِه: منہ بند کرنا، بولنے سے روک دینا۔ قرآن پاک میں ہے: "اَلْیَوْمَ نَخْتِمُ علی أفْوَاهِهِمْ و تُکَلِّمُنَا أیْدِیْهِمْ"

— علی قَلْبِه: بے سمجھ بنا دینا، دل پر مہر لگا دینا۔ قرآن پاک میں ہے: "خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ و عَلٰی سَمْعِهِمْ و علی أبْصَارِهِمْ غِشَاوَۃٌ"

— الشیءَ و علیه: مہر لگانا۔ کہتے ہیں: خَتَمَ الکتابَ و نَحْوَه، و خَتَمَ علیه: کتاب وغیرہ پر مہر لگائی۔

— بالشَّمْعِ الأحْمَر: لاکھ کی مہر لگانا۔

— بَابَه علی فلانٍ: کسی پر دروازہ بند کرنا، اعراض کرنا۔

— بَابَهُ له: کسی کو دوسرے پر ترجیح دینا۔

— الزَّرْعَ و علیه: کھیتی کو جوتنے اور بونے کے بعد پہلی بار سینچنا۔

— الشیءَ و العَمَلَ: ختم کرنا، مکمل کرنا، فارغ ہونا، آخر تک پہنچ جانا۔ کہتے ہیں: خَتَمَ القُرآنَ و نَحْوَه۔

— اللّٰهُ له بالخَیْرِ: اللہ اس کا انجام بخیر کرے۔

خَتَّمَه: اچھی طرح ختم کرنا (۲) مہر لگانا۔

— صاحِبَه: انگوٹھی پہنانا۔

اِخْتَتَمَ الشیءَ: مکمل کرنا، پورا کرنا، انجام تک پہنچانا۔

تَخَتَّمَ الخَاتَمَ و به: انگوٹھی پہننا۔ کہتے ہیں: تَخَتَّمَ بالعَقِیْق: اس نے عقیق کی انگوٹھی پہنی۔

تَخَتَّمَ بِعِمَامَتِه: عمامہ باندھنا۔

— بِأمْرِه: چھپانا۔

— عن الشیءِ: غافل بن جانا، دھیان نہ دینا اور چُپ رہنا۔

الخَاتَامُ: مہر، مہر کرنے کا آلہ (۲) انگوٹھی ج: خَوَاتِیْمُ۔

الخَاتَمُ: مہر (۲) انگوٹھی (۳) پردۂ بکارت کہتے ہیں: "زُفَّتْ الیه بِخَاتَمِهَا، و بِخَاتَمِ رَبِّهَا" (۴) گُدّی کا گڑھا۔ کہتے ہیں: اِحْتَجَمَ فلانٌ فی خَاتَمِ القَفَا۔ (۵) گھوڑے کی ٹانگوں کے چند سفید بال۔

— من کُلِّ شیءٍ: آخری حصّہ، آخری کڑی۔ قرآن پاک میں ہے: "و لٰکِنْ رَسُوْلَ اللّٰهِ و خَاتَمَ النَّبِیّٖنَ"

الخَاتِمَة (من کُلِّ شیءٍ): انجام، خاتمہ، انتہا، نتیجہ ج: خَوَاتِیم و خَاتِمَات۔

الخَاتِیَام: مہر، انگوٹھی۔

الخِتَامُ: مٹی یا لاکھ جس سے مہر لگائی جائے۔ قرآن پاک میں ہے: "خِتَامُه مِسْكٌ" (۲) پردۂ بکارت۔ کہتے ہیں: "زُفَّتْ إلَیْه بِخِتَامِهَا" ج: خُتُم۔

— من کُلِّ شیءٍ: خاتمہ، انجام، اختتام، لاسٹ، پچھلا حصّہ، اخیر، انتہا۔

— فی الخِتَام۔ خِتَامًا: اخیر یا آخر میں۔

خِتَامِیٌّ: آخری، انتہائی، اختتامی، فائنل

الخَتَّامَة: اسٹامپنگ پیڈ، مہر کی سیاہی کی ڈبیہ

الخَتْمُ: مہر کا نشان، مہر، سیل، اسٹامپ (۲) شہد کے چھتے کے منہ، شہد۔

خَتْمُ البَرِیْد: ڈاک کی مہر

ختم التاریخ: تاریخ کی مہر، ڈیٹر، ڈیٹ اسٹامپ۔

خَتْمُ الوَقْت: ٹائم اسٹامپ۔

خَتْمُ الإلْغاء: منسوخ کرنے کی مہر

خَتْمُ المَطّاط: ربڑ اسٹامپ۔

خَتْمٌ بالشَّمْعِ: لاکھ کی مہر۔
حَبَّارَةُ الخَتْمِ: اسٹامپ پیڈ۔
الخَتْمَة: ایک ختم۔ خَتْمَةُ القرآن: ختم قرآن
الخَتْمُ: مہر، انگوٹھی (۲) شہد (۳) پیمانہ۔
الخَيْتَام: مہر، انگوٹھی (۲) پردہ بکارت۔ کہتے ہیں: زُفَّتْ اليه بخَيْتَامِها۔
المُخَتَّم (من الخيل): وہ گھوڑا جس کی ٹانگوں میں ہلکی سی سفیدی ہو (دھبوں جیسی)۔
المَخْتُوم: مہر لگا ہوا (۲) سربمہر، سیل بند (۳) پیمانہ جیسے صاع وغیرہ۔
مِلْحٌ مَخْتُوم: چٹان کا نمک۔
•خَتَنَ ـِ خُتُونًا و خُتُونَةً: شادی کرنا، داماد بننا۔
ـــ الصبيَّ خَتْنًا وخِتانًا و خِتَانَةً: ختنہ کرنا۔ هو مَخْتُون۔
خَتَنَ الصَّبِيَّةَ: بچی کا ختنہ کرنا۔ هو و هي خَتِين۔
ـــ الشيءَ: کاٹنا۔
ـــ الرجلَ: فریب دینا۔
خَاتَنَ فلانًا: داماد بنانا، شادی کرنا۔
ـــ الرجلَ: دھوکہ دینا۔
إِخْتَتَنَ الصبيُّ: ختنہ شدہ ہونا۔
ـــ الصبيَّ: ختنہ کرنا۔
الخِتَانُ: بچہ یا بچی کا وہ مقام جو کاٹا جاتا ہے کہتے ہیں: بَرِيَ خِتَانُه۔ (۲) ختنہ (۳) ختنہ کی تقریب میں بلانا۔
الخِتَانَة: ختنہ کرنے کا فن یا پیشہ
الخَتَن: ہر وہ رشتہ دار جو عورت کی طرف سے ہو، جیسے سسر، سالا، اسی طرح داماد یا بہنوئی۔ حدیث میں ہے "عَلِيٌّ خَتَنُ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم" ج: أَخْتَان م: خَتَنَة۔
الخَتِين و المَخْتُون: ختنہ شدہ۔
عَامٌ مَخْتُون: خشک سال۔

•خَثَا ـُ خَثْوًا: غم یا بیماری کی وجہ سے نڈھال اور شکستہ دل ہونا۔
ـــ اللَّيْلُ: رات کا بے حد تاریک ہونا۔
ـــ العُقَابُ و غيرُها: جھپٹنا، حملہ کرنا
ـــ فلانًا: دھوکہ دینا، بے خبری میں حملہ کرنا۔
ـــ عن الأمرِ: رکنا۔
ـــ الثوبَ: جھالر کو بٹ دینا۔
أَخْتَى: سامان کو ایک ایک کر کے بیچنا، تھوڑا تھوڑا فروخت کرنا۔
اخْتَتَى: غم یا بیماری کی وجہ سے شکستہ دل ہونا
الخَتِيُّ: پیہم نیزہ زنی، پے در پے نیزہ مارنا
المَخْتُوُّ: پھٹے پرانے کپڑے۔

خ ـــ ث

•خَثَّثَه: جمع کرنا (۲) مرمت کرنا، درست کرنا
اخْتَثَّ: شرم کرنا، شرمانا۔
الخُثُّ: کوڑا کرکٹ جسے سیلاب چھوڑ جائے اور خشک ہو جائے ج: أَخْثَاث۔
الخَثَّة و الخُثَّة: شکستہ لکڑیوں کا مٹھا جس سے آگ سلگائی جاتی ہے۔
•خَثَرَ اللَّبَنُ و الدَّمُ و نحوُهما ـُ خَثْرًا و خَثَرًا و خُثُورًا و خَثَرَانًا: گاڑھا ہونا، جم جانا، غلظت آنا، دودھ کا دہی بن جانا۔
خَثُرَتْ نَفْسُه: جی متلانا، طبیعت سست ہونا۔
ـــ فلانٌ: سستی اور کمزوری محسوس کرنا۔ کہتے ہیں: هو خَاثِرُ النَّفْسِ و خَاثِرُ العِظَامِ۔ اسْتَيْقَظَ فلانٌ خَاثِرَ النَّفْسِ: ایسی حالت میں بیدار ہوا کہ طبیعت سست تھی (۲) پیٹ کا ابھرنا، اٹھنا۔
خَثُرَ اللَّبَنُ و نحوُه، و النَّفْسُ ـُ خَثَارَةً و خُثُورَةً: گاڑھا ہونا، جم جانا (۲) جی متلانا، طبیعت سست ہونا
هو خَثِر، و هو خَثِيرُ النَّفْسِ ج: خُثَرَاءُ و خَثْرَى۔
أَخْثَرَ فلانٌ: سستی اور کمزوری محسوس کرنا۔
ـــ اللبنَ: گاڑھا کرنا، دہی جمانا۔
ـــ الزُّبْدَ: مکھن کو پگھلائے بغیر چھوڑ دینا۔
مثل ہے: مَا يَدْرِي أَيُخْثِرُ أَمْ يُذِيبُ: اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو تردد اور پس و پیش میں مبتلا ہو۔
خَثَّرَ اللبنَ: جمانا، گاڑھا کرنا، دہی جمانا۔
تَخَثَّرَ: گاڑھا ہونا، جم جانا۔
التَّخَثُّرُ التَّاجِيُّ: اکلیلی شرایین میں خون، بستگی، کورونری، رگوں میں انجماد خون۔
الخُثَارُ (من كل شيءٍ): کسی چیز کا باقی ماندہ حصہ، تلچھٹ۔
خُثَارُ المَائِدَةِ: بچا کچا کھانا، دسترخوان کے ریزے۔
الخُثَارَة: بچی کھچی چیز، تلچھٹ، بچا ہوا گاڑھا دودھ۔ کہتے ہیں: ذَهَبَ صَفْوُه و بَقِيَتْ خُثَارَتُه: اس کا صاف اور عمدہ حصہ ختم ہو گیا اور تلچھٹ باقی رہ گئی۔
الخَاثِر و المُخَثَّر: منجمد، بستہ، دہی بنا ہوا
الخَاثِرَة: خون کا ٹھیکا (۲) لوگوں کی جماعت
•الخُثَارِمُ: موٹے ہونٹ والا (۲) فال لینے والا
الخِثْرِمَة: ناک کا نرم حصہ جب کہ سخت ہو جائے (۲) بالائی ہونٹ کے نیچ کا دائرہ ج: خَثَارِم۔
•خَثْعَمَه: خون سے آلودہ کرنا۔ خَثْعَمَ القَوْمُ: پیچھے نہ ہٹنے کا عہد کرنا، ایک دوسرے کی مدد کرنے کا معاہدہ کرنا، (اس کی اصل یہ ہے کہ لوگ اکٹھے ہو کر

جانور ذبح کرتے تھے، اور دل کھول کر کھاتے تھے، پھر اس کا خون جمع کر کے اس میں زعفران اور خوشبو ملاتے تھے، اور پھر اسی خون میں ہاتھ ڈال کر معاہدہ کرتے تھے۔

تَخَثْعَمَ: خون سے آلودہ ہونا۔

الخَثْعَمُ و المُخَثْعَمُ: شیر۔

•الخَثْلَةُ و الخَثَلَةُ: پیڑو۔ کہتے ہیں: طَعَنَه فِی خَثْلَةِ بَطْنِه: اس کے پیڑو میں نیزہ مارا ج: خَثَلات۔

الخَثْلَةُ: موٹی عورت۔

•خَثِمَ ـَ خَثَمًا: چوڑا ہونا، پھیلا ہوا ہونا کہتے ہیں: خَثِمَ المِعْوَلُ، و خَثِمَ السَّيْفُ، وخَثِمَ أَنْفُه، وخَثِمَ رأْسُ أُذُنِه، وخَثِمَ خُفُّ النَّاقَةِ: گول اور چوڑا ہونا۔ هو خَثِمٌ وخَثِيمٌ و أَخْثَمُ، هي خَثْماء ج: خُثْمٌ۔

ـــت أَخْلافُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے تھنوں کا بند ہونا۔

خَثَمَ أَنْفَه ـِ خَثْمًا: ناک کو کچل دینا۔

خَثَّمَه: چوڑا کرنا۔

الخَثَمُ و الخُثْمَةُ: کان یا ناک وغیرہ کا چوڑا پن۔

•خَثَى البَقَرُ أو الفِيلُ ـِ خَثْيًا: گوبر کرنا۔

أَخْثَى: گوبر جلانا۔

الخَثْوُ و الخَثْوَةُ: پیٹ کا نچلا حصہ جب کہ ڈھیلا ہو۔

الخَثْواءُ: وہ عورت جس کے پیٹ کا نچلا حصہ ڈھیلا اور لٹکا ہوا ہو۔

الخَثَى و الخِثْيُ: گوبر (۲) جلانے کا سوکھا گوبر ج: أَخْثاء و خُثِيٌّ۔

خ ــــــ ج

•خَجَأَ ـَ خُجُوءًا: شکستہ خاطر ہونا (۲) گھر میں چپکے سے داخل ہونا، فرار ہو کر داخل ہونا۔

خَجَأَ اللیلُ: رات کا ختم ہونا، گزر جانا، اختتام کو پہنچنا۔

ـــ فلانًا خَجْئًا: مارنا۔

خَجِئَ ـَ خَجَأً: بدکلامی کرنا، گندی اور فحش بات کہنا (۲) شرمانا، شرم کرنا۔ هو خَجِئٌ۔

أَخْجَأَه: اصرار سے مانگنا، سوال میں اصرار کر کے اکتا دینا۔

تَخاجَأَتِ المَرْأَةُ: عورت کا اپنا پچھلا حصہ پیچھے کو نکالنا، ابھارنا۔

ـــ فلانٌ: آہستہ چال چلنا جس میں اتراہٹ ہو (۲) دیر لگانا۔

الخُجَأَةُ: موٹا اور بھاری بھرکم آدمی سست آدمی (۲) احمق، بے وقوف (۳) بے چین، پریشان۔

•خَجَّ ـُ خُجُوجًا: پیچ دار ہونا۔ کہتے ہیں: خَجَّ ساعِدُه: کلائی کا گٹھا ہوا ہونا۔

ـــت الرِّيحُ: ہوا کا پیچ کھاتے ہوئے یا تیز چلنا۔ هِيَ خاجَّةٌ و خَجُوجٌ۔

ـــ بِرِجْلِه خَجًّا: چلتے ہوئے پاؤں سے دھول اڑانا، خاک اڑانا۔

ـــ الشيءَ: ہٹانا، دھکا دینا۔ کہتے ہیں: خَجَّتِ الرِّيحُ السَّفِينَةَ: ہوا کے تیز جھونکوں نے کشتی کا رخ پھیر دیا۔

ـــ بِسَلْحِه: پاخانہ کرنا۔

ـــ الشيءَ: پھاڑنا، چیرنا۔

ـــ العُودَ: لکڑی چیرنا۔

ـــ المرأةَ: جماع کرنا۔

اخْتَجَّ فی سَيْرِه: پیچ کھاتے ہوئے تیز چلنا۔

الخَجِيجُ: خَجِيجُ الرِّيحِ: ہوا کے چلنے کی آواز۔

رِيحٌ خَجُوجٌ: تیز ہوا، آندھی۔

•خَجْخَجَ: چھپانا۔

خَجْخَجَ الرجلُ: دل کی بات ظاہر نہ کرنا۔

ـــت الرِّيحُ: انتہائی تیز چلنا، پیچ کھاتے ہوئے چلنا۔

الخَجْخاجَةُ: بے وقوف، احمق۔

•الخَجْفُ و الخَجِيفُ: اوچھا پن۔

•خَجِلَ ـَ خَجَلًا و خَجْلَةً: شرمانا، شرمندہ ہونا، شرم آنا۔

ـــ الحيوانُ: دلدل میں پھنس کر حیران و پریشان کھڑا رہنا، الجھ جانا۔ کہتے ہیں: خَجِلَ فلانٌ بأَمْرِه: وہ الجھ گیا، اور اسے سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا کرے۔ وہ اکتا گیا اور پریشان ہو گیا۔

ـــ فلانٌ: زچ ہونا، تنگ آنا، پریشان ہونا، تنگ دل ہونا (۲) خوش ہونا، خوشی سے اترانا۔

ـــ النباتُ: پودے کا زیادہ اور گنجان ہونا۔ کہتے ہیں: خَجِلَ الوادِي: وادی کا سرسبز ہونا۔

ـــ فی طَلَبِ الرِّزْقِ: تلاش رزق میں سست ہونا۔

ـــ بالحِمْلِ: وزن سے بوجھل ہونا اور ہلنا۔ کہتے ہیں: خَجِلَ علی فَرَسِه: گھوڑے پر حرکت کرنا، ہلنا۔

ـــ الثوبُ و نحوه: کپڑے وغیرہ کا فراخ اور ڈھیلا ہونا، جسم پر حرکت کرنا۔ کہتے ہیں: ثوبٌ خَجِلٌ، وجُلٌّ خَجِلٌ۔

ـــ الشيءُ: خراب ہونا۔ کہتے ہیں: خَجِلَ الثوبُ: پرانا اور بوسیدہ ہونا۔ هو خَجِلٌ۔

أَخْجَلَ النباتُ: پودے کا لمبا اور گنجان ہونا۔

ـــ فلانًا: شرمندہ کرنا، شرم دلانا (۲) رسوا کرنا (۳) پریشان کرنا، زچ کرنا، اکتا دینا۔

ـــ الثوبَ و نحوه: کپڑے کو لمبا اور کشادہ کرنا کہ جسم پر حرکت کرنے لگے۔

خَجَّله: شرمندہ کرنا (۲) رسوا کرنا، بدنام کرنا۔
اِختَجَله: شرمندہ کرنا۔
انْخَجَل: شرمندہ ہونا۔
الخَجَل: شرم، جھجک (۲) رسوائی، الجھن، پریشانی
الخَجِل و الخَجْلان: شرمیلا، شرمندہ (۲) پریشان۔
الخَجُول: شرمیلا، ڈرپوک۔
المُخْجِل: رسوا کن، شرمناک، باعث شرم۔
الخَوْجَلَی: عورتوں کی چال جس میں لچک اور نازوادا ہو۔ کہتے ہیں: هِيَ تَمْشِي الخَوْجَلَی۔

خ ـــ د

•خَدَبَ ـُ خَدْبًا: جھوٹ بولنا۔
ـــ فُلانًا: نوچنا، گوشت اور کھال چاک کردینا۔ کہتے ہیں: خَدَبَه بالسَّيف: اس کو تلوار سے مارا۔ خَدَبَتْه الحيَّةُ: اس کو سانپ نے ڈس لیا۔
خَدِبَ الشيءُ ـَ خَدَبًا: دراز اور کشادہ ہونا۔ کہتے ہیں: خَدِبَت الضَّربةُ او الطَّعنةُ، وخَدِبَت الدِّرْعُ، وخَدِبَ اللسانُ: نیزے وغیرہ کے گھاؤ کا سخت اور کشادہ ہونا، زرہ کا لمبا ہونا، زبان لمبی ہونا۔
ـــ السيفُ: تلوار کا کاٹنا۔
ـــ فلانٌ: بے ہودگی کرنا، ڈھٹائی کے ساتھ سر پر سوار ہونا۔ هو خَدِب و أَخْدَب۔ هي خَدْباء ج: خُدْبٌ
تَخَدَّبَ: لمبا اور کشادہ ہونا۔ کہتے ہیں: تَخَدَّبَ اللسانُ، و تَخَدَّبَ السَّيفُ، و تَخَدَّبَ فلانٌ (۲) درمیانی چال چلنا۔
الخَادِبَة: سخت گھاو، شدید چوٹ ج: خَوادِب۔
الخَدَب: لمبا پن، بے وقوفی، بے ہودگی، خفیف الحرکتی۔ کہتے ہیں: فی لِسانِه خَدَبٌ: اس کی زبان سے اوچھاپن اور حماقت ٹپکتی ہے۔
الخَدِب و الأَخْدَب: لمبا، بے وقوف، بے ہودہ۔
سَيْفٌ خَدِبٌ: کاٹنے والی تلوار۔ ضَرْبَةٌ او طَعْنَةٌ خَدِبَةٌ و خَدْباء: نیزے وغیرہ کا سخت اور کشادہ گھاؤ، گہرا زخم۔
الخِدَبّ: موٹا اور بھاری بھرکم آدمی (۲) کوئی بھی بھاری بھرکم چیز۔ کہتے ہیں: رجُلٌ خِدَبٌّ، وسَنامٌ خِدَبٌّ۔ جَمَلٌ خِدَبٌّ: سخت و ٹھوس، طاقتور اور بھاری بھرکم اونٹ۔
الخَدّاب: بڑا جھوٹا۔
الخَيْدَب: صاف اور سیدھا راستہ ج: خَيادِب۔
الخَيْدَبة: طریقہ، طور طریق، روش۔ کہتے ہیں: أَقْبَلَ عَلى خَيْدَبَتِه، تَرَكْتُه وخَيْدَبَتَه: میں نے اس کو اس کی روش یا اس کے خیال پر چھوڑ دیا۔ ج: خَيادِب
•خَدَجَ ـِ خِداجًا: ناقص ہونا، ادھورا ہونا۔
ـــت الحامِلُ: وقت سے پہلے بچہ جننا (چاہے بچہ تام الخلقت ہو) هي خادِج و خَدُوج ج: خَوادِج وخَدائِج والولدُ مَخْدوج وخَدُوج وخَديج وخِدْج۔
ـــ الزَّنْدُ: چقماق سے آگ نہ نکلنا۔
أَخْدَجَت الحامِلُ: وقت سے پہلے بچہ جننا۔ هي مُخْدِج ومُخْدِجَة والولدُ مُخْدَج۔
أَخْدَجَ الزَّنْدُ: چقماق سے آگ نہ نکلنا
ـــت الشَّتْوَةُ: جاڑوں میں بارش کم ہونا۔
أَخْدَجَ الشيءُ: ناقص و ناتمام ہونا، ادھورا ہونا۔
ـــ الشيءَ: کمی کرنا، نامکمل چھوڑنا۔ کہتے ہیں: أَخْدَجَ التَّحِيَّةَ۔ حضرت علیؓ کی حدیث میں ہے: "لا تُخْدِجِ التَّحِيَّةَ"۔ أَخْدَجَ الصلاةَ: اچھی طرح نماز نہ پڑھنا، بعض ارکان میں کمی کرنا۔ أَخْدَجَ أَمْرَه: ٹھیک طور پر انجام نہ دینا۔
خَدَّجَت الحامِلُ: وقت سے پہلے بچہ پیدا کرنا، بے وقت حمل گرا دینا۔
الخَدِيج: نباتات یا حیوانات کا وہ عضو جو غیر تام الخلقت ہو یا تام الخلقت ہو مگر اپنا وظیفہ انجام نہ دیتا ہو (بیالوجی)
المِخْدَاج: وہ عورت جو ہمیشہ قبل از وقت حمل گرا دیتی ہو ج: مَخادِيج
•خَدَّ الأرضَ ـُ خَدًّا: زمین پھاڑنا، زمین کو ہل کے ذریعہ کھودنا۔ کہتے ہیں: خَدَّ السيلُ الارضَ و في الارض: سیلاب نے زمین میں گڑھا کھود دیا۔ خَدَّ فلانٌ أُخْدُودًا: فلاں نے گڑھا کھودا۔ خَدَّ جِسْمَه بِنابِه: کچلی سے اس کا جسم پھاڑ ڈالا، زخمی کر دیا۔
ـــ البعيرَ: اونٹ کے کلے پر نشان ڈالنا
ـــ الشيءَ: نشان ڈالنا، نشان چھوڑنا، نقش چھوڑنا۔ کہتے ہیں: خَدَّ الفَرَسُ الارضَ بحَوافِره: گھوڑے نے زمین پر کھر کے نشان چھوڑے۔ خَدَّ فيه الضَّرْبُ: چوٹ کا نشان چھوڑنا
خادَّه: کام میں مزاحم ہونا، مزاحمت کرنا، آڑے آنا۔
خَدَّدَ لَحْمُ الفرسِ: گھوڑے کا دبلا ہونا، دبلا ہونے کی وجہ سے گوشت

پر جھرّی پڑنا۔
خَدَّدَ الفَرَسَ: دبلا اور لاغر بنانا۔ کہتے ہیں: خَدَّدَه الفَقْرُ و سوءُ الحال، وخَدَّدَ السَّيْرُ لَحْمَ الفَرس۔
تَخَادًّا: ایک دوسرے کی مزاحمت کرنا۔
تَخَدَّدَ لَحْمُه: دُبلا ہونا، دبلا ہونے کے سبب گوشت کا جھرّی دار ہونا۔
—— الجِلْدُ و نَحْوه: سکڑ جانا، سمٹ جانا، جھرّی پڑجانا۔
—— القومُ: لوگوں کا منقسم ہونا، مختلف گروہوں میں بٹ جانا۔
الأُخْدُودُ: لمبا گڑھا، خندق۔ ضَرْبَةٌ أُخْدُودٌ: سخت مار جو جلد پر نشان چھوڑ جائے ج: أَخَادِيْدُ۔ کہتے ہیں: فی ظَهْرِه أَخَادِيْدُ السِّياط: اس کی پیٹھ پر کوڑوں کے نشانات ہیں۔
الخَدُّ: گال، رخسار (مذکر)۔ مثل ہے: تَرَكْتُه على مِثْلِ خَدِّ الفَرَس: میں نے اسے ایک صاف اور سیدھے راستے پر چھوڑا (۲) ہر چیز کا کنارہ، پہلو۔ خَدُّ الهَوْدَجِ: ہودج کی دائیں یا بائیں جانب (۳) لوگوں کی جماعت۔ کہتے ہیں: مَضَى خَدٌّ من النّاس: ایک صدی گزر گئی ج: خُدُود (۴) لمبا گڑھا (۵) چھوٹی نہر (۶) راستہ ج: أَخِدَّة وخِدَاد و خِدَّان۔
الخُدَّة: رخسار (۲) لمبا گڑھا (۳) گڑھا ج: خُدَد۔
المِخَدُّ: کھلی، تثنیہ: مِخَدّان: دونوں کھلیاں۔
المِخَدَّة: تکیہ جس پر رخسار رکھے جاتے ہیں (۲) گدّا (۳) ہل کا پھل ج: مَخَادُّ۔
•خَدَرَ ــُ خَدْرًا: چھپنا، پردہ نشین ہونا، پردہ کرنا۔ کہتے ہیں: خَدَرَت المرأةُ۔
خَدَرَ الأَسَدُ: شیر کا اپنی ماند میں پڑا رہنا
—— بالمكان: مقیم ہونا، قیام کرنا۔
—— حیران ہونا، حیرت میں پڑنا (۲) ریوڑ سے پیچھے رہ جانا۔
—— الشيءَ: چھپانا، پردہ کرنا۔ کہتے ہیں: خَدَرَ الهَوْدَجَ: ہودج پر پردہ ڈال دیا۔ خَدَرَ المرأةَ: پردہ کرانا، پردے میں بٹھانا، گھریلو ضروریات کی تکمیل کے لئے باہر نکلنے سے روک دینا۔ هو خَادِر. هو و هي خَدُور۔
خَدِرَ ــَ خَدَرًا: سُن ہونا۔ کہتے ہیں: خَدِرَ من الشَّراب أو الدَّواء، وخَدِرَ جِسْمُه، وخَدِرَتْ عِظامُه، وخَدِرَتْ يَدُه أو رِجْلُه۔
—— ت عَيْنُه: تنکا پڑ جانے سے آنکھ کا بھاری ہونا۔
—— الحَرُّ أو البَرْدُ: گرمی یا سردی کا سخت ہونا۔
—— اليومُ: دن کا سخت گرمی اور حبس والا ہونا، دن میں گرمی سخت ہونا اور ہوا بند ہونا۔
—— اللّيلُ و المكانُ: تاریک ہونا۔ هو خَدِرٌ و أَخْدَرُ. هي خَدْرَاءُ ج: خُدْرٌ۔
أَخْدَرَ: پردہ نشین ہونا، پردہ کرنا۔ کہتے ہیں: أَخْدَرَتِ المرأةُ، و أَخْدَرَ الأَسَدُ۔ (۲) رات میں داخل ہونا (۳) بادل اور بارش کا کسی پر چھا جانا۔
—— بالمَكَان: قیام کرنا۔ أَخْدَرَ فی أَهْلِه ومع أَهْلِه بھی کہتے ہیں۔
أَخْدَرَ الشيءَ: چھپانا۔ أَخْدَرَ المرأةَ: پردے میں رکھنا، پردہ نشین بنا دینا۔ کہتے ہیں: أَخْدَرَه الليلُ: اسے رات نے چھپا لیا۔ أَخْدَرَ العَرِيْنُ الأَسَدَ: کچھار نے شیر کو چھپا لیا۔
خَدَّره: چھپانا۔ کہتے ہیں: خَدَّرَ المرأةَ: عورت کو پردے میں بٹھا دیا۔ خَدَّرَ الهَوْدَجَ: ہودج پر پردہ ڈال دیا۔ خَدَّرَت الظَّبْيَةُ وَلَدَها: ہرنی نے اپنے بچے کو چھپا لیا۔
—— سُن کر دینا، نشہ پیدا کرنا۔ کہتے ہیں: خَدَّره الشَّرابُ، وخَدَّره المرضُ۔ خَدَّرَتْه المَقاعدُ: اس شخص کے لئے کہتے ہیں جس کے پاؤں دیر تک بیٹھنے سے سُن ہو جائیں۔
اخْتَدَرَ به: چھپنا، پردہ کرنا۔
—— المرأةُ: عورت کا باپردہ ہونا۔
تَخَدَّرَ: چھپنا، پردہ کرنا۔ کہتے ہیں: تَخَدَّرت المرأةُ۔ (۲) سُن ہونا، بے حس ہو جانا۔
الأُخْدُور: الخِدْرُ ج: أَخَادِيْرُ۔
الأَخْدَرِيّ: گورخر۔
التَّخْدِيْرُ الكُوكايِيْنِيّ: کوکین کے ذریعہ کسی عضو یا مقام کو سُن اور بے حس کرنا، قوت احساس کو مردہ کرنا (طب)
الخَادِر: کاہل، سست، حیران۔
الخُدَارِيُّ: سیاہ، سخت سیاہ۔ کہتے ہیں: ليلٌ خُدَارِيّ، سحابٌ خُدَارِيّ، شَعْرٌ خُدَارِيّ، بَعيرٌ خُدَارِيّ، عُقَابٌ خُدَارِيَّة، ناقةٌ خُدَارِيَّة۔
الخِدَار: شیر کی جھاڑی۔
الخَدَّارة: ایک مچھلی جس کے چھونے سے ہاتھ بے حس و حرکت معلوم ہوتا ہے۔
الخُدْرِيّ: ایک قسم کا سیاہ جنگلی گدھا، گورخر م: خُدْرِيَّة۔

الخِدرُ: ہر وہ چیز جو چھپالے جیسے گھر وغیرہ، پردہ (۲) گھر کے ایک گوشہ میں عورت کیلئے لگا ہوا پردہ، خاتون کی خلوت گاہ (۳) شیر کی جھاڑی ج: خُدور و أَخْدَار۔ ذَوَاتُ الخُدُورِ: پردہ نشین عورتیں، مستورات۔

الخَدَر: چھپی ہوئی تاریک جگہ (۲) بادل (۳) بارش (۴) بے حسی، بے حس وحرکت ہونا، احساس مُردہ ہونا، خواہ پورے جسم کا یا کسی خاص مقام کا، یہ بے حسی کبھی کسی نفسیاتی یا عضویاتی حالت کا نتیجہ ہوتی ہے (فلسفہ)

الخَدِر: تاریک رات (۲) سُن، بے ہوش، بے حس وحرکت۔

الخَدِرَةُ: تازہ کھجور جو پکنے سے پہلے درخت سے گر جائے۔ کہتے ہیں: لَيْسَ لَهُ حَشَفَةٌ و لا خَدِرَةٌ: اس کے پاس نہ تازہ کھجور ہے اور نہ خشک و ردی کھجور۔ یعنی اس کے پاس کچھ نہیں ہے۔ (۲) ایسی کھجور جس کے اندر کا حصّہ سیاہ اور بدبودار ہو جائے۔

الخَدْرَة: بارش کی ایک کھیپ۔

الخُدْرَة: بے حسی، بے ہوشی (۲) سخت تاریکی

المُخَدِّر: سُن کرنے یا ہوش گم کرنے والی چیز، جیسے بھنگ، افیم وغیرہ، خواب آور دوا، نشہ آور چیز ج: مُخَدِّرات۔

المُخَدِّرات: منشیات، نشہ آور اشیا۔

المُخَدَّرَة: پردہ نشین عورت، گھر میں رہنے والی باپردہ لڑکی۔

• الخَدَرْنَق: نر مکڑی (۲) بڑی مکڑی ج: خَدَارِنُ۔

• خَدَشَ الجِلْدَ و نحوه ـــ خَدْشًا: خراش لگانا، نوچنا، کھسوٹنا۔

ـــه: پارہ پارہ کرنا (۲) عیب لگانا، مجروح کرنا۔

خَدَشَ سُمْعَتَه: شہرت کو مجروح کرنا۔

خَادَشَ فلانٌ فلانًا: مُخَادَشةً و خِدَاشًا: ایک دوسرے کو نوچنا، کھسوٹنا۔

خَدَّشَه: خَدَشَه۔ کہتے ہیں: وَقَعَ فی الأرض تَخْدِيشٌ: زمین پر تھوڑی سی بارش ہوئی۔

ـــ الآذانَ: سمع خراشی کرنا۔

الخَدْشُ: خراش، جلد پر خراش کا نشان ج: خُدُوش۔ حدیث میں ہے: "مَنْ سَأَلَ وهو غَنِيٌّ جاءَتْ مَسْأَلَتُه يومَ القيامةِ خُدُوشًا فی وَجْهِه"

الخَدُوش: پسّو (۲) مکھی (۳) بھولا۔

المُخَادِش: بلّی، بلا۔

المُخَدِّش: بلا (۲) گردن یا جانوروں کے کھُر کا وہ حصّہ جہاں سے کاٹا جاتا ہے۔

إبْنَا مُخَدِّش: دونوں کندھوں کے کنارے۔

• خَدَعَ ـَـ خَدْعًا: ایک حالت سے دوسری حالت میں تبدیل ہونا، رنگ بدلنا۔ کہتے ہیں: خَدَعَ فلانٌ: اس نے دوسرے کے اخلاق و عادات اختیار کیے۔ خَدَعَ خُلُقُه بھی کہتے ہیں۔

خَدَعَ رَأْيُه: خیال بدلنا۔ هو خَادِعُ الرأیِ: وہ متلوّن مزاج ہے یعنی ایک خیال پر برقرار نہیں رہتا۔

خَدَعَ الدَّهْرُ: زمانہ بدلنا۔

خَدَعَت الأمورُ: حالات کا بدلنا اور مختلف ہونا۔

سُوقٌ خَادِعَةٌ: گھٹتی بڑھتی مارکیٹ، اُتار چڑھاؤ والا بازار۔

ـــ: چھپ جانا۔ کہتے ہیں: خَدَعَ الضَّبُّ: گوہ اپنے بل میں گھس گئی۔ حدیث میں ہے: "رَفَعَ رجلٌ إلی عُمَرَ ما أَهَمَّه من قَحْطِ المَطَرِ فقال: قَحَطَتِ السَّماءُ و خَدَعَت الضِّبَابُ و جاعَتِ الأَعْرابُ"

خَدَعَ الظَّبْيُ: ہرن کا چھپنے کے لئے اپنی پناہ گاہ میں داخل ہونا۔

خَدَعَ الثَّعْلَبُ: لومڑی کا چھپ جانا، چکما دینا۔

خَدَعَ الطریقُ: راستہ کا غیر معلوم ہونا۔

خَدَعَتِ الشمسُ: سورج کا چھپ جانا، غروب ہونا۔

خَدَعَت العَيْنُ: آنکھ کا اندر کو دھنس جانا (۲) نیند نہ آنا۔ کہتے ہیں: ما خَدَعَتْ بِعَيْنِه نَعْسَةٌ: اسے نیند نہیں آئی۔

خَدَعَ الشيءُ: خراب ہونا۔ کہتے ہیں: خَدَعَ الطعامُ: کھانا خراب ہو گیا۔

خَدَعَ الرِّيقُ: لعابِ دہن کا بدبودار ہونا۔

خَدَعَتِ السُّوقُ: بازار کا مندا پڑنا

ـــ: کم ہونا۔ کہتے ہیں: خَدَعَ الرجلُ: اس کی دولت کم ہو گئی۔

خَدَعَ خَيْرُ فلانٍ: داد و دہش کم ہونا، عطیہ دینے سے رکنا۔

خَدَعَ الزَّمَانُ: بارش کم ہونا۔

خَدَعَ المَطَرُ: بارش کا کم ہونا۔

ـــ فلانًا خَدْعًا و خُدْعةً و خَدِيعَةً: دھوکہ دینا، فریب دینا، چال چلنا۔ قرآنِ پاک میں ہے: "وإنْ يُرِيدُوا أنْ يَخْدَعُوكَ فإنَّ حَسْبَكَ اللهُ"

ـــ الشیءَ خَدْعًا: چھپانا، پوشیدہ رکھنا

ـــ الدَّابَّةَ: جانور کو چارہ پانی کے بغیر قید کرنا، محبوس کرنا۔

ـــ فلانًا: کسی کی رگِ اَخْدَع کو کاٹ دینا۔ دیکھیے (الأَخْدَع)۔

ـــ الثوبَ خَدْعًا: کپڑے کو موڑنا، تہہ کرنا۔

هو خَادِع و خَدَّاع و خَدَّاعَة.
هو و هی خَدُوع ج: خُدُع.
أَخْدَعَه: چھپانا، پوشیدہ کرنا۔
— فُلانًا: کسی کو دغابازی اور فریب کاری پر اُکسانا۔
خَادَعَه مُخَادَعَةً و خِدَاعًا: دھوکہ دینا، دھوکہ دینے کی کوشش کرنا قرآن پاک میں ہے "اِنَّ الْمُنَافِقِیْنَ یُخَادِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ"۔
— العَیْنَ: آنکھ کو دھوکہ دینا، آنکھوں دیکھی بات میں شک ڈالنا۔ خِدَاعُ الْبَصَر: فریبِ نظر۔
انْخَدَعَ: دھوکہ کھانا، فریب میں آنا (۲) خود کو فریب خوردہ ظاہر کرنا اور فی الواقع نہ ہونا
— الشیءُ: چھپ جانا۔ کہتے ہیں: انْخَدَعَ الضَّبُّ: گوہ اپنے بل میں چھپ گئی۔
انْخَدَعَتِ السُّوقُ: بازار کا مندا پڑنا، ٹھپ پڑنا۔
تَخَادَعَا: ایک دوسرے کو دھوکہ دینا۔
تَخَادَعَ فُلانٌ: خود کو فریب خوردہ ظاہر کرنا
تَخَدَّعَ: دھوکہ دینے کی کوشش کرنا۔
اخْتَدَعَه: دھوکہ دینا۔
الأَخْدَعُ: گردن کی ہر دو جانب دو پوشیدہ رگوں میں سے ایک۔ تثنیہ: الأَخْدَعَان حدیث میں ہے "أَنَّه احْتَجَمَ علی الأَخْدَعَیْنِ والکاهل"۔ کہتے ہیں: لَأُقِیْمَنَّ أَخْدَعَیْكَ: میں تجھے سیدھا کر دوں گا، تیرے تکبر کو مٹا دوں گا فلانٌ شَدِیْدُ الأَخْدَع: وہ بڑا سرکش اور اکڑباز ہے۔
الخَادِعُ: طَرِیْقٌ خَادِع: وہ راستہ جو کبھی دکھائی دے اور کبھی گم ہو جائے۔ کہتے ہیں: دِیْنَارٌ خَادِع: ناقص اور کھوٹا دینار ج: خَوَادِعُ۔ سِنُوْنَ خَوَادِعُ: کھوٹے اور نکمے سال جن میں پیداوار اور منفعت کم ہو۔
الخَادِعَة: بڑے دروازے میں چھوٹا دروازہ بڑے دروازہ کی کھڑکی (۲) کوٹھری جو بڑے گھر کے اندر ہو، چھوٹا کمرہ ج: خَوَادِع۔
الخَدِیْعَة: دھوکہ، فریب، چال، چکمہ ج: خَدَائِع۔
الخِدَاع: دھوکہ دہی، فریب کاری، حیلہ گری، نفاق۔ خِدَاعِیّ: پُرفریب۔
الخَدِعُ: دھوکہ باز، فریب کار۔ کہتے ہیں: رجلٌ خَدِعٌ، و ضَبٌّ خَدِع۔
الخُدْعَة: چال، دھوکہ، مکر و حیلہ (۲) بہت دھوکہ کھانے والا آدمی۔ کہتے ہیں: الحَرْبُ خُدْعَةٌ: جنگ دھوکہ ہے، یعنی دھوکہ اور فریب جنگی تدبیروں اور چالوں میں سے ہے۔ یا جنگ کو دھوکہ دیا جاتا ہے، کیوں کہ جب ایک فریق دوسرے کو دھوکہ دے گا تو گویا جنگ ہی کو دھوکہ دیا گیا۔ (خُدْعَةٌ لَطِیْفَة: عمدہ چال)
الخَدْعَة: ایک بار دھوکہ دینا، ایک چال کہتے ہیں: الحَرْبُ خَدْعَةٌ: جنگ ایک چال کا نام ہے، یعنی ایک چال میں جنگ ختم ہو جاتی ہے اور اس کا فیصلہ ہو جاتا ہے۔
الخُدَعَة: بڑا دھوکے باز۔ کہتے ہیں: الحَرْبُ خُدَعَةٌ: یعنی جنگ جنگ بازوں کو دھوکہ دیتی ہے۔
الخَدُوعُ: ایسی اونٹنی وغیرہ جو کبھی دودھ دے اور کبھی دودھ اوپر چڑھا لے (۲) ایسا راستہ جو کبھی نظر آئے اور کبھی گم ہو جائے ج: خُدُع۔
الخَیْدَع: دھوکہ باز، فریبی، مکار۔ کہتے ہیں: رجلٌ خَیْدَعٌ، ذِئْبٌ خَیْدَعٌ، طَرِیْقٌ خَیْدَعٌ (۲) سراب، چمکتی ہوئی ریت جو دور سے پانی معلوم ہو۔
المُخَدَّع: تجربہ کار جو بار بار دھوکہ کھا چکا ہو
المُخْدَع: کوٹھری جو بڑے گھر کے اندر ہو، چھوٹا کمرہ، چھپر الماری، نعمت خانہ ج: ج: مَخَادِع۔
المَخْدُوع: فریب خوردہ۔
• خَدَفَ ـِ خَدْفًا: چھوٹے چھوٹے قدم رکھ کر تیز چلنا (۲) عیش کرنا، عیش و عشرت کی زندگی گزارنا۔ کہتے ہیں: "خَدَفَ فی الخِصْب"
— الشیءَ: کاٹنا۔ کہتے ہیں: خَدَفَ الثوبَ۔
— تِ السَّمَاءُ بالثَّلْج: آسمان کا برف گرانا۔
اخْتَدَفَه: کاٹنا، پھاڑنا (۲) اچک لینا، لوٹ لینا۔
الخَدْفُ: کشتی کا پتوار۔
الخِدْفَة: کسی چیز کا ٹکڑا، حصہ۔ کُنَّا فی خِدْفَةٍ من النّاس: ہم لوگوں کی ایک جماعت کے ساتھ تھے۔ مَرَّتْ خِدْفَةٌ من اللَّیْل: رات کا ایک حصہ گزر گیا ج: خِدَف۔
• خَدِلَ ـَ خَدَلًا: سُن ہو جانا۔
— خَدَلًا و خَدَالَةً و خُدُولَةً: پُر گوشت ہونا، جسم یا عضو کا بھرا ہوا ہونا کہتے ہیں: خَدِلَ الغُلامُ، خَدِلَتِ المَرْأَةُ، خَدِلَتِ السَّاقُ، خَدِلَتِ الذِّرَاع۔ هو أَخْدَل، هی خَدْلاءُ ج: خُدْل۔
الخَدْلُ: پُر گوشت، صحت مند۔ کہتے ہیں: غُلامٌ خَدْلٌ، امرأةٌ خَدْلَة، ساقٌ خَدْلَة۔
هی خَدْلَةُ السَّاقِ والمُخَلْخَل: اس کی پنڈلیاں بھری بھری ہیں ج: خِدَال۔

الخَدَلُ (۲): انگور کے چھوٹے دانے جو کسی وبا یا پانی کی کمی کی وجہ سے ٹھٹھر گئے ہوں۔

• الخَدَلَّج: جس کے بازو اور پنڈلیاں پُرگوشت ہوں (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے) هي خَدَلَّجَة بھی کہتے ہیں

• خَدَمَه ـُ خِدْمَةً: خدمت کرنا، کسی کا کام کرنا، کسی کی ضرورت پوری کرنا۔ هو و هي خادم ج: خَدَمٌ و خُدّام ۔ هي خادمة۔

ـــ الأرضَ: زمین کو قابل کاشت بنانا۔

ـــ العَدُوَّ: دشمن کے لئے کام کرنا۔

أَخْدَمَه: کسی کو خادم دینا۔

خَدَّمَه: کسی کو خادم دینا۔

ـــ البعيرَ: اونٹ کے گٹے پر چمڑے کا پٹا باندھنا۔

ـــ المرأةَ: عورت کو پازیب پہنانا۔

تَخَدَّمَ خادمًا: نوکر رکھنا، خادم بنانا۔

اِخْتَدَمَ: اپنی خدمت کرنا۔

ـــ فلانًا: خدمت کرانا، خدمت لینا، کسی سے خدمت طلب کرنا۔

اِسْتَخْدَمَه: خادم بنانا، نوکر رکھنا، خدمتگار بنانا (۲) خدمت لینا، کسی سے خدمت طلب کرنا، کام لینا (۳) کسی سے خادم مانگنا (۴) استعمال کرنا، کام میں لانا۔

ـــ في: ملازم ہونا، نوکر ہو جانا، خدمت پر مامور ہونا۔

ـــ الشِدّةَ: سختی سے کام لینا۔

ـــ العُنْفَ: تشدد برتنا۔

ـــ القُوّةَ: طاقت استعمال کرنا۔

ـــ النُّفُوذَ: اثر و رسوخ استعمال کرنا۔

ـــ السُّلْطاتِ: اختیارات سے کام لینا۔

ـــ الهِرَاوَاتِ: لاٹھی چارج کرنا۔

ـــ الشيءَ سلاحًا ضدّ كذا: کسی چیز کو بطور ہتھیار استعمال کرنا۔

الأَخْدَم: گھوڑا جس کے پاؤں پر سفید داغ ہو م: خَدْمَاء۔

الخَدْماء: بکری جس کی ایک ٹانگ سفید اور باقی سیاہ ہو

الخَادِم: نوکر، خدمت گار، نوکرانی، کاریگر م: خَادِمَة۔

الخَدّام: الخادم (صیغۂ مبالغہ) م: خَدّامة۔

الخِدْمَة: کام، خدمت، مدد، سروس، نوکری، ملازمت (۲) صلاحیت، کارکردگی (۳) تنخواہ ج: خِدْمَات۔

خِدْمَةٌ ذاتِيّة: سیلف سروس۔

خِدْمَةٌ مَدَنِيّة: سول سروس۔

خِدْمَةٌ وَطَنِيّة: نیشنل سروس۔

خِدْمَةٌ جَوّيّة: فضائی سروس۔

خِدْمَةٌ عَسْكَرِيّة: فوجی سروس۔

خِدْمَةٌ مَنْزِلِيّة: گھریلو کام کاج۔

خِدْمَةٌ تَعْوِيضِيّة: معاوضہ کا کام

في خِدْمَتِكُمْ: آپ کے تابع۔

خَارِجَ الخِدْمَة: ڈیوٹی سے باہر، ڈیوٹی پر نہیں۔

الخَدْمَة: دن یا رات کا وقت۔

الخَدَمَة: مضبوط حلقہ، لوگوں کی جماعت کہتے ہیں: فَضَّ اللّٰهُ خَدَمَتَهُمْ: خدا نے ان کا شیرازہ منتشر کر دیا، فارس کے سرداروں سے گفتگو کے دوران حضرت خالد بن الولید نے فرمایا: "الحمدُ للّٰه الذي فَضَّ خَدَمَتَكُمْ" (۲) چمڑے کا مضبوط پٹا جو اونٹ کے گٹے پر باندھا جاتا ہے، چمڑے کا تسمہ (۳) بیڑی، ہتھکڑی (۴) پازیب۔ مثل ہے: كالمَمْهُورَةِ إِحْدَى خَدَمَتَيْهَا: حماقت بیان کرنے کے لئے بولی جاتی ہے (۵) پنڈلی کہتے ہیں: أَبْدَتِ الحَرْبُ عن خِدامِ المُخَدَّرات: یعنی جنگ تیز ہو گئی ج: خَدَم و خِدَام۔

الخَدُوم: الخادم (صیغۂ مبالغہ)۔

الخَدِيم: نوکر، غلام م: خَدِيمَة۔

المُخَدَّم: مالدار آدمی جس کے بہت سے نوکر چاکر ہوں۔ کہتے ہیں: قَوْمٌ مُخَدَّمُون (۲) عورت یا اونٹ کے تسمہ باندھنے کی جگہ، پازیب پہننے کی جگہ (۳) تسمہ، پاجامے میں نیچے باندھنے کی ڈوری گیٹس (۴) ہموار۔

المُخَدِّم: دوسروں کو نوکر دلانے والا، ملازمت اور روزگار دلانے والا، روزگار ایجنٹ۔

المُخَدَّمَة: تسمہ باندھنے کی جگہ، پازیب پہننے کی جگہ۔

المَخْدُوم: آقا، مولیٰ، مخدوم۔ كِتَابٌ مَخْدُوم: وہ مقبول کتاب جس کی لوگ شرحیں اور حاشیے لکھیں۔

المَخْدُومِيّة: آقائی، مخدوم ہونا۔

المُسْتَخْدَم: سرکاری ملازم، دفتری ملازم، کارکن (۲) مستعمل ج: مُسْتَخْدَمُون: اسٹاف، عملہ۔

• خَادَنَه: دوستی کرنا۔ هو مُخَادِن، و خِدْن ج: خُدَنَاء۔ حضرت علیؓ کی حدیث میں ہے: إن احْتَاجَ إلى مَعُونَتِكُم فَشَرُّ خَلِيلٍ والأَمُّ خَدِينٍ۔

الخِدْن: دوست، یار، ساتھی (۲) ہمراز، یار غار، گہرا دوست (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے) ج: أَخْدان۔ قرآن پاک میں ہے: "وَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ مُحْصَنَاتٍ غَيْرَ مُسَافِحَاتٍ وَلَا مُتَّخِذَاتِ أَخْدَانٍ" دوسری جگہ ہے: "وَلَا مُتَّخِذِي أَخْدَانٍ"

الخُدَنَة: بہت دوستی کرنے والا، یار باش۔

• الخِدِيو و الخُدَيوِيّ: (ترکی) والسرائے گورنر، مصر کے سابقہ فرماں رواؤں کا

لقب جو سلطانِ ترکی کے تابع ہوتے تھے
الخِدِیوِیَّة: ترکوں کی طرف سے مصر کے حاکم کا منصب۔

خ ــــــ ذ

•خَذَأَ لہ ـَ خَذْأً و خُذُوْءًا: مطیع ہونا، فرماں بردار ہونا، پابندِ احکام ہونا۔
خَذِئَ لہ ـَ خَذَأً و خُذُوءًا و خَذَاءَةً: خَذَأَ۔ ھو خَذِئٌ۔
أَخْذَأَہٗ: تابعدار بنانا، زیر کرنا، پابندِ احکام بنانا۔
اِسْتَخْذَأَ لہ: خَذِئَ۔
•خَذَّ الجُرْحُ ـِ خَذًّا و خَذِیْذًا: زخم سے پیپ بہنا۔
أَخَذَّ الجُرْحُ: خَذَّ۔
•خَذْرَفَ الحیوانُ: جلدی کرنا، تیز چلنا، کنکریاں اڑاتے ہوئے تیز بھاگنا (۲) جانور کے پیروں کا گھومنا۔
ـــ الرَّحی: چکی کے سوراخ میں لکڑی رکھنا
ـــ السیفَ و نَحْوَہٗ: تیز کرنا، دھار رکھنا
ـــ فلانًا بالسَّیْفِ: کسی کے جسم کے اطراف کو تلوار سے کاٹنا۔
ـــ الاناءَ: برتن کو بھرنا۔
تَخَذْرَفَ الثَّوْبُ: کپڑا پھٹنا۔
ـــ النَّوَی فلانًا: کسی کا دوری سے دوچار ہونا
الخَذْرَفَة: کپڑے کا ٹکڑا۔
الخِذْرَاف: موسم بہار کا پودا جو موسم گرما میں سوکھ جائے۔
الخُذْرُوف: پھرکی، چکری، لٹو (۲) تشبیہًا ہر تیز رفتار چیز (۳) لکڑی جو چکی کے اوپری سوراخ میں رکھی جاتی ہے (۴) اونٹوں کا گلہ جو دوسروں سے علاحدہ ہو گیا ہو (۵) ہر وہ چیز جو کسی چیز سے الگ ہو گئی ہو ج: خَذَارِیف۔ کہتے ہیں: ترکتْ السیوفُ رأسَہ خَذَارِیفَ: تلواروں نے اس کے سر کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے رکھ دیے

•خَذَعَ اللَّحْمَ و ما لا صَلابةَ فیہ ـَ خَذْعًا: گوشت، کدو یا پھل وغیرہ کو مختلف جگہ سے اس طرح کاٹنا کہ پھانکیں الگ نہ ہوں، قیمہ کرنا، قاشیں تراشنا۔
خَذَّعَہ: خَذَعَہ۔ کہتے ہیں: فلانٌ خَذَّعَتْہ السیوفُ: اس کو تلواروں نے چھید ڈالا ہے یعنی بار بار جنگ میں شریک ہونے کی وجہ سے اس کے جسم پر تلوار کے بے شمار گھاؤ ہیں۔
ـــ الشیءَ: کسی شے کے اطراف کو کاٹنا کہتے ہیں: خَذَّعَ الشَّجَرَةَ: اس نے درخت کے اطراف کاٹے۔
تَخَذَّعَ اللَّحْمُ و نحوُہٗ: گوشت وغیرہ کا اس طرح کٹنا کہ کوئی حصہ دوسرے سے جدا نہ ہو۔
خِذَع: کہتے ہیں: ذَهَبُوا خِذَعَ مِذَعَ: وہ ہر طرف بکھر گئے، ادھر ادھر چلے گئے۔
الخَذْعَة: گوشت وغیرہ کا ٹکڑا۔
الخَذِیْعَة: ایک قسم کا کھانا جو قیمہ سے تیار کیا جاتا ہے۔
المُخَذَّع: بھنا ہوا گوشت۔
المِخْذَعَة: چھری، چاقو ج: مَخَاذِع
•خَذْعَبَ و خَذْعَلَ البِطِّیخَ و نحوہ: خربوزے وغیرہ کی پھانکیں کرنا
•خَذَفَتِ الدابّةُ ـِ خَذْفًا و خَذَفَانًا: جانور کا اتنا تیز چلنا کہ آس پاس سے کنکریاں اڑیں۔
ـــ بہ خَذْفًا: پھینکنا۔
ـــ بالحَصَی و بالنَّوَی: کنکری یا گٹھلی کو بیچ کی دو انگلیوں میں رکھ کر پھینکنا۔
خَذَفَ بِبَوْلِہٖ: رک رک کر پیشاب کرنا، ٹکڑے ٹکڑے کر کے پیشاب کرنا۔

خَذَفَ الشیءَ: کاٹنا۔ ھو و ھی خَذُوف ج: خُذُف۔
تَخَاذَفَتْ عیناہ بالدُّموع: آنکھوں کا تیزی سے آنسو بہانا۔
الخَذَّافَة: سُرین۔
الخَذُوف: تیز رفتار جانور جو دوڑتے ہوئے کنکریاں اڑائے، وہ جانور جو پیٹ تک پاؤں اٹھا کر چلے ج: خُذُف۔
المِخْذَفَة: غلیل یا گوپھن وغیرہ جس میں کنکریاں رکھ کر پرندوں وغیرہ کو مارا جائے ج: مَخَاذِف۔
•خَذَقَ ـِ خَذْقًا: بیٹ کرنا۔
ـــ الدابةَ: جانور کو تیز چلانے کے لئے مارنا، چھڑی وغیرہ کھبونا۔
الخَذْق: پرندوں کی بیٹ، جانور کی لید۔ قُبَاث بن اَشْیَم کی حدیث میں ہے: "قِیلَ لہ: أَنتَ أَکْبَرُ أَمْ رسولُ اللّٰہ؟ فقال: هو أکبرُ مِنِّی و أنا أَقْدَمُ منہ فی المیلاد، و أنا رأیتُ خَذْقَ الفِیلِ أَخْضَرَ مُحِیلًا"۔
•خَذَلَ ـُ خَذْلًا و خِذْلانًا: جدا ہونا، بچھڑ جانا۔
خَذَلَتِ الظَّبْیَةُ و نَحْوُھا: ہرنی کا ریوڑ سے بچھڑ جانا (۲) ہرنی کا اپنے بچہ کی نگہبانی کرنا، بچہ کو چھوڑ کر نہ ہٹنا ھی خَاذِل و خَذُول۔
فلانٌ خَذُولُ الرِّجْلِ: وہ شخص جس کی ٹانگوں نے کمزوری یا کسی بیماری یا نشہ کے باعث کام کرنا چھوڑ دیا ہو۔
ـــ فلانًا و عنہ: مدد سے ہاتھ کھینچ لینا، دست بردار ہونا، دست کش ہونا، بے یار و مددگار چھوڑ دینا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَإِنْ یَخْذُلْکُمْ فَمَنْ

ذَا الَّذِی یَنْصُرُکُمْ مِنْ بَعْدِہٖ"۔ حدیث میں ہے: "اَلْمُؤْمِنُ اَخُو الْمُؤْمِنِ لَا یَخْذُلُہ" (۲)۔ بے نقاب کرنا، بھرم کھولنا، بھانڈا پھوڑنا۔

خَذَلَہُ اللّٰہُ: خدا نے اُسے رسوا کردیا

أَخْذَلَتِ الظَّبْیَۃُ و نحوھا: ہرنی کا اپنے بچہ کی حفاظت و نگہبانی کرنا۔

خَاذَلَہ: مدد سے ہاتھ کھینچ لینا۔

خَذَّلَہ: پسپائی اور جنگ بندی پر آمادہ کرنا

ـــ عنہ أَصْحَابَہ: مدد نہ دینے کی ترغیب دینا، مدد سے ہاتھ کھینچنے پر اُکسانا۔

اِنْخَذَلَ: تنہا رہ جانا، بے یارو مددگار رہ جانا

تَخَاذَلَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کی مدد نہ کرنا، باہم امداد سے ہاتھ کھینچ لینا، پیچھے ہٹنا۔

ـــتْ رِجْلَاہُ: پاؤں کمزور ہونا۔

ـــتِ الظَّبْیَۃُ: أَخْذَلَتْ۔

الخُذَلَۃ: مدد سے ہاتھ کھینچنے والا (صیغہ مبالغہ) مثل ہے: أَنَا عُذَلَۃٌ، و أَخِیْ خُذَلَۃٌ، وکلانا لَیْسَ بِابْنِ أَمَۃٍ: اس شخص کے بارے میں بولی جاتی ہے جو تمہاری مدد چھوڑ دے اور تم اسے ملامت کرو۔

الخَذُول: وہ مادہ جانور جو دوڑ رہا کے وقت اپنی جگہ سے نہ ہلے (۲) ریوڑ سے بچھڑا ہوا ہرن

• خَذَمَ الحیوانُ وغیرہ ـِ خَذَمَانًا: جلدی کرنا، تیز چلنا۔

ـــ الصَّقْرُ: باز کا پنجہ مارنا۔

ـــ الشیءَ خَذْمًا: جلدی سے کاٹنا۔ کہتے ہیں: خَذَمَہ بالسَّیْفِ۔

خَذِمَ ـَ خَذَمًا: جلدی کرنا، تیز چلنا۔ کہتے ہیں: خَذِمَ الفَرَسُ وخَذِمَ الظَّلِیْمُ۔

ـــ فلانٌ: فراخ دل اور نیک طبیعت ہونا، عالی ظرف ہونا۔ ھو خَذِمُ العَطَاءِ: وہ فیاض اور سخی ہے۔

خَذِمَ الشیءُ: تیز اور دھار دار ہونا۔ کہتے ہیں: خَذِمَ السَّیْفُ (۲) کٹ جانا کہتے ہیں: خَذِمَتِ النَّعْلُ و خَذِمَتِ الدَّلْوُ۔

ـــ فلانٌ خَذْمًا: کٹ جانا، جُدا ہونا (۲) نشہ میں ہونا، مست ہونا۔ ھو خَذِمٌ۔ ھو وھی خَذِیْمٌ

أَخْذَمَ: ذلت کا اقرار کرنا، چپ ہو جانا، ٹھنڈا پڑنا، پُرسکون ہو جانا۔

ـــ الشَّرَابُ: نشہ چڑھانا، مست کرنا۔

ـــ النَّعْلَ: چپل کے تسمے یا اس کے اوپر کی پٹی کو ٹھیک کرنا۔

خَذَّمَہ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا، کہتے ہیں خَذَّمَ أُذُنَہ

تَخَذَّمَ: جلدی سے کاٹنا۔

ـــ الشیءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ کہتے ہیں: تَخَذَّمَ الشجرۃَ۔

ـــ الشیءُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

ـــ فلانٌ: کٹ جانا، جدا ہونا۔

اِخْتَذَمَ: تیز دھار ہونا، قاطع ہونا۔

ـــ الشیءَ: کاٹنا۔

الخَذُوم: کاٹنے والی تلوار ج: خُذُم

الخُذَامَۃ: کسی چیز کا ٹکڑا۔

الخَذْمَاءُ: شَاۃٌ خَذْمَاءُ: بکری جس کے کان کا کنارہ کٹا ہوا ہو۔

المِخْذَم: تیز تلوار، سیفِ قاطع ج: مَخَاذِم۔

• خَذَا ـُ خَذْوًا: ڈھیلا ہونا۔

ـــ لَحْمُہ: گوشت کا گٹھا ہوا ہونا۔

خَذِیَ ـَ خَذًی: خَذَا (۲) لٹکے ہوئے کان والا ہونا ھو أَخْذَی، ھی خَذْوَاءُ ج: خُذْوٌ۔

ـــ الرَّجُلُ: کمزور اور ذلیل ہونا۔

أَخْذَاہ: تابعدار بنانا، زیر کرنا۔

اِسْتَخْذَی: تابع فرمان ہونا، ماتحت ہونا

الخَذَا: کان کا چہرے کی طرف لٹکا ہوا ہونا، خواہ پیدائشی طور پر یا بیماری کی وجہ سے۔ نخعی کی حدیث میں ہے: "إِذَا کَانَ الشَّقُّ أَوِ الخَرْقُ أو الخَذَا فِی أُذُنِ الأُضْحِیَۃِ فَلَا بَأْسَ" (۲) ایک کیڑا جو جانور کی لید کے ساتھ نکلتا ہے

الخُذَاوِیَّۃ: کم سننے والا کان۔

خ ـــ ر

• خَرِیءَ ـَ خَرْءًا و خِرَاءً و خِرَاءَۃً و خُرُوءًا: بیٹ کرنا، لید کرنا، پاخانہ کرنا۔ ھو خَارِیءٌ۔ خَرِئَتْ بینھم الضَّبُعُ: ان کے درمیان دشمنی ہو گئی۔

الخُرْء: بیٹ (پرندے کی)، لید، پاخانہ ج: خُرُوءٌ و خُرْآن۔ خُرْءُ الحَمَام: جامن کا درخت۔ خُرْءُ الدَّجَاجَۃ: ریتلی بوٹی۔

الخِرَاء: بیٹ، لید، پاخانہ۔

المَخْرَأَۃ و المَخْرُؤَۃ: پاخانہ کی جگہ، بیت الخلاء ج: مَخَارِیءُ۔

• خَرَبَ ـُ خَرْبًا: چور ہونا ھو خَارِب ج: خُرَّاب۔

ـــ الشیءَ: سوراخ کرنا، پھاڑنا۔

ـــ دِیْنَہ: دین خراب کرنا، دین کے بارے میں شک پیدا کر دینا۔

ـــ الدُّنْیَا: کوئی کسر اٹھا نہ رکھنا۔

ـــ الشیءَ: کسی چیز کو بے کار و بے سود بنا دینا، برباد کرنا، اجاڑنا۔

ـــ فلانًا: کان کے سوراخ پر مارنا۔

ـــ الشیءَ و بہ ـِ خَرْبًا وخِرَابَۃً و خُرُوبًا: چُرا لے جانا۔

خَرِبَ ـَ خَرَبًا و خَرَابًا: بے کار و بے سود ہو جانا۔

ـــ المکانُ: ویران ہونا، اجڑنا، برباد ہونا۔ مثل ہے: "إذا اصْطَلَحَ الفَأْرَۃُ

والسَّنّورُ خَرِبَ دُكّانُ العَطّار: دو خائنوں کے باہمی اشتراک و تعاون کے وقت کہا جاتا ہے۔ هو خَرِبٌ، و هو ایضًا خَرَابٌ ج: أَخْرِبَة

خَرِبَ الحیوانُ: پھٹے ہوئے کان والا ہونا، هو أَخْرَب، هی خَرْبَاء ج: خُرْب۔

أَخْرَبَه: ویران کرنا، اجاڑنا، تباہ و برباد کرنا

—— فلانًا: کسی کو چور پانا۔

—— المکانُ: خالی ہونا، اجڑنا، ویران ہونا

خَرَّبَه: ویران کرنا، اجاڑنا، منہدم کرنا، تباہ و برباد کرنا۔

—— المَزَادَةَ و نَحْوَها: ہینڈل بنانا۔

تَخَرَّبَ: ویران ہونا، منہدم ہونا، اجڑنا۔

—— الدُّوْدُ الشَّجَرَةَ: کیڑے کا درخت کو کھا جانا۔

اِسْتَخْرَبَ: ویران ہونا، اجڑنا، برباد ہونا۔

—— فلانٌ: مصیبت سے شکستہ دل ہونا۔

—— الیه: مشتاق ہونا، آرزو مند ہونا۔

—— السِّقاءُ: مشکیزہ کا سوراخ دار ہونا۔

الأَخْرَبُ: پھٹے ہوئے کان والا (۲) علم عروض میں وہ جزء جس میں خرب داخل ہو جائے۔

الخُرَابَة: ہر گول اور کشادہ سوراخ (۲) کھجور کی چھال کی رسی (۳) پتھر کی پلیٹ جس میں سوراخ کر کے رسی باندھی جاتی ہے

خُرَابَةُ الإِبْرَة: سوئی کا ناکہ۔

خُرَابَةُ الوَرِك: سرین کا گڑھا۔

الخَراب: ویران، غیر آباد، تباہ شدہ، اجاڑ، ج: أَخْرِبَة و خِرَب۔

الخُرْبُ: چرواہے کا توشہ دان، تھیلا۔

—— من الإِبْرَة: سوئی کا ناکہ (۲) (عروض) مفاعیلن میں زحافات خرم اور کف کا اجتماع اس طرح وہ فاعیل رہ جاتا ہے تو اسے مفعول کی طرف پھیر دیا جاتا ہے۔

الخُرْب: چرواہے کا توشہ دان (۲) سوئی کا سوراخ (۳) ریت کے بلند ٹیلہ کا آخری سرا جہاں جھاؤ اُگتے ہیں۔

الخَرَب: گھوڑے کی کوکھ کا گڑھا (۲) گھوڑے کی کہنی کے بیچ میں بکھرے ہوئے بال (۳) نر تغدار (ایک پرندہ) ج: خِراب و أَخْرَاب و خِرْبان۔ فلانٌ خَرَبٌ: وہ بزدل ہے (۴) (فن عروض میں) بمعنی: الخَرْب۔

الخَرِب: پہاڑ کا باہر نکلا ہوا کنارہ (۲) ویران جگہ (۳) مرمت طلب (۳) بزدل۔

هو خَرِبُ العِظامِ: اس کی ہڈیوں میں گودا نہیں، یعنی بزدل ہے

هو خَرِبُ الجَوْفِ: وہ خالی پیٹ اور بھوکا ہے۔

هو خَرِبُ الأَمانَةِ: اس میں امانت داری نہیں ہے۔

الخَرْبَاء: وہ بکری جس کے کان پھٹے ہوئے ہوں۔

أُذُنٌ خَرْبَاءُ: کان جس کی لو میں سوراخ ہو۔

الخِرِبّان: بزدل آدمی۔

الخَرْبَة: چھلنی (۲) عیب (۳) شرم گاہ (۴) لغزش (۵) رسوائی، بدنامی (۶) بری بات۔ کہتے ہیں: مَا خَرَّبَ علیه خَرْبَةً (۷) مذہبی خرابی۔ هُوَ صَاحِبُ خَرْبَةٍ: اس کے اندر دینی خرابی ہے۔ کہتے ہیں: ما رأینا من فلانٍ خَرْبَةً فی دِینِه: ہم نے اس میں کوئی مذہبی خرابی نہیں پائی ج: خَرَبات۔

الخُرْبَة: ہر گول اور کشادہ سوراخ۔ کہتے ہیں: فی أُذُنِه، أَو سِقائِه، او أَدِیمِه خُرْبَةٌ: اس کے کان یا اس کے مشکیزہ یا اس کی کھال میں سوراخ ہے۔

خُرْبَةُ المَزَادَة: مشک کا قبضہ۔

خُرْبَةُ الوَرِك: سرین کا گڑھا۔

خُرْبَةُ الإِبْرَة: سوئی کا ناکہ۔

ما فیه خُرْبَةٌ: اس میں کوئی خرابی یا عیب نہیں ہے۔

ما رأینا فی فلانٍ خُرْبَةً: ہم نے اس میں کوئی شک کی بات نہیں دیکھی۔ (۲) چرواہے کا تھیلا ج: خُرَب و أَخْرَاب و خُرُوب۔

الخِرْبَة: ویران جگہ، کھنڈر ج: خِرَب۔ حدیث میں مسجد نبوی کی تعمیر کے سلسلہ میں ہے: "کانَ فیه نَخْلٌ و قُبُورُ المُشْرِکِینَ و خِرَبٌ، فأَمَرَ بالخِرَبِ فسُوِّیَتْ"

الخَرْبَة: مصیبت (۲) جرم۔ حدیث میں ہے: "الحَرَمُ لا یُعِیذُ عاصِیًا و لا فارًّا بخَرْبَة"

ما فیه خَرْبَةٌ: اس میں کوئی عیب نہیں ہے۔

الخَرِبَة: ویران جگہ، کھنڈر ج: خَرِبٌ کہتے ہیں: وَقَعُوا فی وَادِی خَرِبَاتٍ: وہ ہلاکتوں کی وادی میں پھنس گئے۔

الخَرُّوب: کیرب، ایک درخت جس کے پھل کھائے جاتے ہیں اور مویشی کے چارہ کے بھی کام آتے ہیں۔

الخَرُّوبَة: کیرب کا دانہ جس سے سنار وزن کرتے ہیں، گیہوں کے دانے کا چوبیسواں حصہ۔

التَّخَارِیب: شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کے چھتے کے سوراخ و: تَخْرُوب۔

المُخْرِب و المُخَرِّب: تباہ کن، تخریبی، اجاڑنے والا، تباہ کرنے والا۔

الخِرْبِز: خربوزہ، حضرت انسؓ کی حدیث میں ہے: "رأیتُ رسولَ اللّٰه صلّی اللّٰه علیه و سلم یَجْمَعُ

بَيْنَ الرُّطَب و الخُربُز" (مع)

•خَرْبَشَ الشيءَ: خراب کرنا، بگاڑ دینا، کوئی کام ٹھیک طور پر انجام نہ دینا۔

—الکتابَ: بدخط لکھنا، بے پروائی سے لکھنا، زید بن اخزم الطائی کی روایت میں ہے: "سمعتُ ابنَ دُوَادٍ يقول: كان كتابُ سُفْيَانَ مُخَرْبَشًا"

الخِرْبَاش: اختلاط اور شور و شغب۔ ج: خَرَابِيش۔

خرابيشُ الخطِّ: خط کی بگاڑی ہوئی جگہیں۔

خَرَابيشُ الدَّجَاجَة: مرغی کے کریدنے کے نشانات۔

•خَرْبَصَ الاشياءَ: اشیاء کو ایک دوسرے سے الگ کرنا، جدا جدا کرنا (۲) مختلف چیزوں کو ملا دینا (۳) دھاگوں کو الجھا دینا۔

—المالَ: مال کو لے کر چپت ہو جانا۔

—الدابةُ الزَّرْعَ ونحوه: جانور کا کھیتی چر جانا، ہڑپ کر جانا۔

الخَرْبَصة: جوان اور پُر گوشت عورت۔

•خَرْبَقَ فی مَشْيِه خَرْبَقَةً وخِرْبَاقًا: چلنے میں جلدی کرنا۔

خَرْبَقَ النَّبْتُ: پودوں کا ایک دوسرے سے ملا ہوا ہونا۔

—الشيءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) پھاڑنا

—العَمَلَ: کام خراب کرنا، بگاڑنا۔

اِخْرَنْبَقَ: زمین سے چمٹنا (۲) غائب ہونا، روپوش ہونا (۳) خاموش ہو کر سر جھکا لینا۔ کہتے ہیں: مُخْرَنْبِقٌ لِيَنْبَاعَ: وہ حملہ کرنے کے لئے خاموش ہے۔ اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو طویل خاموشی اختیار کرے اور بے توجہ نظر آئے، لیکن فی الواقع وہ کوئی چال سوچ رہا ہو اور حملہ کرنے کی تاک میں ہو۔

الخِرْبَاق: لمبی اور بھاری بھر کم عورت (۲) تیز چلنے والی عورت۔

الخَرْبَق: ایک قسم کی گھاس جس کی پتیاں بارتنگ کے مشابہ ہوتی ہیں۔

الخُرْبِق: حوض یا ٹنکی جس میں پانی جمع کیا جائے۔

•خَرَتَ الطريقُ به الى كذا ـُ خَرْتًا وخُرُوتَةً: راستہ کا کسی جگہ پہنچا دینا۔

—الشيءَ: چیرنا یا سوراخ کرنا۔

—الارضَ: زمین کے خفیہ راستوں سے واقف ہونا۔

خَرِت ـَ خَرَتًا: ہوشیار راہبر ہونا، راہبری میں ماہر ہونا۔

الخَرْتُ: سوراخ۔ خَرْتُ الأُذُن: کان کا سوراخ۔ خَرْتُ الإِبْرَة: سوئی کا ناکہ۔ عمروؓ بن العاص کی حدیث میں ہے: "قال لَمَّا احْتُضِر: كأنّما أتنفّسُ من خَرْتِ إبْرَة" "وقعوا فی مضايقَ مثلِ أخْرَاتِ الإبَر" یعنی وہ ایسی مصیبتوں میں پھنس گئے جن سے نکلنے کا راستہ نہیں ہے۔ سَلَكَ بِهِم أخْرَاتَ المَفَاوِز: جنگل کے خفیہ اور تنگ راستوں پر لے جانا۔ زَادَ خَرْتُ القَوْم: لوگوں کا مقام و مرتبہ سے خوش نہ ہونا۔ قَلِقَ خَرْتُ فلانٍ: کام خراب ہونا، معاملہ خراب ہونا۔

— (۲): سینہ کے پاس کی چھوٹی پسلی ج: أخْرَات وخُرُوت۔

الخُرْتُ: سوراخ (۲) تیز رفتار بھیڑیا یا کتا۔

الخُرْتَة: سوراخ (۲) ہودہ کا چھلا ج: خُرَتٌ وخُرَت ج ج: أخْرات

الخِرِّيت: ہوشیار اور ماہر راہبر کہتے ہیں: هو فی هذا الأمر خِرِّيتٌ، و هُوَ خِرِّيتُ هذا الأمر: وہ اس معاملہ کا ماہر ہے۔ ہجرت کی حدیث میں ہے: "فاستأجَرَ رجُلًا من بنی الدِّيل هادِيًا خِرِّيتًا" ج: خَرَارِيت۔

الخَرْتِيت: (۱) گینڈا، ایک سمندری جانور

المَخْرَت: صاف، سیدھا اور کھلا ہوا راستہ ج: مَخَارِت۔

المَخْرُوت: جس کا کان، ناک یا ہونٹ پھٹا ہوا ہو۔

•خَرِثَتِ المرأةُ ـَ خَرَثًا: عورت کی کوکھ کا موٹا اور گوشت کا ڈھیلا ہونا، هي خَرْثاء ج: خُرُث۔

الخُرْثاء: سرخ چیونٹی۔

الخُرْثِيّ: گھر کا سامان، ردی اور گھٹیا سامان یا مال غنیمت۔ خُرْثِيُّ الكلام: بے فائدہ گفتگو۔ کہتے ہیں: فلانٌ يَسْمَعُ خُرْثِيَّ الكلامِ۔ ج: خَرَاثِيّ۔

•خَرَجَ ـُ خُرُوجًا: نکلنا، باہر آنا، نمودار ہونا، ابھرنا۔

خَرَجَتِ السَّمَاءُ: آسمان کا صاف اور بادلوں سے خالی ہونا۔

خَرَجَتْ خَوَارِجُ فلانٍ: نجابت و شرافت ظاہر ہونا۔

—من الأمر أو الشدّة: فارغ ہونا، چھٹکارا پانا۔

—من دَيْنِه: قرض چکا دینا، بری الذمہ ہونا۔

—عليه: سامنے آنا، لڑنے کے لئے نکلنا۔

—على السلطان أو الحكومة: بغاوت کرنا، علم بغاوت بلند کرنا۔

—على القانون: خلاف ورزی کرنا، قانون شکنی کرنا۔

خَرَجَ عنهم: الگ ہونا، مخالف ہونا۔
— فی العِلْم او الصِّناعة: ماہر ہونا، گریجویٹ ہونا، سندِ فراغ حاصل کرنا
— السَّحابُ: بادل کا پھیلنا اور بکھرنا۔
— بہ: نکالنا، ابھارنا۔ هو خارِج و خَرّاج۔
خَرِجَ ـَ خَرَجًا: دو رنگ کا ہونا، دو طرح کا ہونا۔ خَرِجَت الارضُ: زمین پر کسی جگہ روئیدگی ہونا اور کسی جگہ نہ ہونا۔
— العامُ: سال کے کچھ حصّہ میں بارش ہونا اور کچھ حصہ میں قحط پڑنا۔
— النَّعامُ خَرَجًا و خُرْجَةً: شترمرغ کی سفیدی میں سیاہی کی آمیزش ہونا، سیاہ و سفید رنگ کا ہونا۔
— الشَّاةُ: بکری کی کوکھ اور ٹانگوں کا سفید ہونا۔ هو أَخْرَج، هی خَرْجاء ج: خُرْجٌ۔
أَخْرَجَ فلانٌ: خراج ادا کرنا (۲) ایسے شترمرغ کا شکار کرنا جس کی سفیدی میں سیاہی کی آمیزش ہو۔ کہتے ہیں: أَخْرجت الرَّاعِیَةُ المَرْتَعَ: جانور نے چراگاہ کا کچھ حصّہ چرلیا اور کچھ یوں ہی چھوڑ دیا۔ أَخْرَجَ النَّاسُ: لوگوں پر ایسا سال آنا جس کا نصف حصّہ شاداب و زرخیز ہو اور نصف خشک اور قحط زدہ ہو۔
— الشیءَ: نکالنا (۲) پھینکنا، بھیجنا (۳) دھتکارنا (۴) حذف کرنا (۵) مستثنیٰ کرنا (۶) تیار کرنا (۷) وجود میں لانا، منظرِ عام پر لانا۔
— المَجَلَّةَ: رسالہ تیار کرنا۔
— الرِّوایةَ او المَسْرحِیَّةَ: ناول یا ڈرامے کو تھیٹر یا پردے پر لانا، منظرِ عام پر لانا۔

أَخْرَجَ الحدیثَ: حدیث کو صحیح سندوں سے نقل کرنا۔
— الرَّغاوَی: جھاگ نکالنا۔
— لِسانَه: زبان نکالنا۔
— ریحًا: ہوا چھوڑنا۔ أَخْرَجَه خَرْجَةً عَظِیمَةً: کسی کا دھوم دھام سے جنازہ نکالنا۔
خارَجَ عَبْدَه: غلام سے ماہوار مقررہ رقم کی ادائگی کا معاملہ کر کے اسے آزاد چھوڑ دینا۔
خَرَّجَه فی العِلْم والصِّناعَة: سکھانا، ٹریننگ دینا، طالبِ علم کو تیار کرنا (۲) فاضل بنانا، سندِ فضیلت عطا کرنا، گریجویٹ بنانا۔ المتعلِّمُ: خَرِیْجٌ و خِرِّیْجٌ۔
— دَفْعَةً من کذا: کھیپ تیار کرنا۔
— الولَدَ: بچہ کو تربیت دینا، با ادب بنانا
— خَیْلَه: گھوڑے کو سدھانا۔
— الارضَ: زمین پر خراج مقرر کرنا۔
— المسئلةَ: مسئلہ کی وجہ بیان کرنا، توجیہ کرنا۔
— الشیءَ: کسی چیز کو دو رنگوں سے رنگنا۔ کہتے ہیں: "النُّجُومُ تُخَرِّجُ اللَّیلَ"۔ خَرَّجت الراعیةُ المَرْتعَ: چراگاہ کا کچھ حصّہ چرلینا اور کچھ بے چرا چھوڑ دینا۔
خَرَّجَ الغلامُ لَوْحَه: بچّہ کا تختی سے کچھ حصّہ کو بے لکھا چھوڑ دینا۔
خَرَّجَ فلانٌ عَمَلَه: کام کو مختلف اور متنوع کر دینا۔
اخْتَرَجَ: دُور نکلا ہونا۔
— الشیءَ: نکالنا۔ حدیث میں ہے: فَاخْتَرَجَ تَمَراتٍ مِنْ قِرْبَةٍ (۲) استنباط کرنا، ایجاد کرنا، دریافت کرنا۔

اخْتَرَجَ فُلانًا: کسی سے نکلنے کیلئے کہنا
تَخارَجَ القومُ: ہر ایک کا برابر برابر خرچ نکال کر دینا۔
— الشُّرَکاءُ: جائداد کو آپس میں تقسیم کر لینا۔ ابن عباسؓ کی حدیث میں ہے: "لا بأسَ أن یَتَخارَجَ القومُ فی الشَّرِکةِ تکونُ بینهم"۔
— عن حقٍّ: دست بردار ہونا، کسی حق کو چھوڑنا۔
تَخَرَّجَ فی فَنٍّ کذا: ماہر ہونا، تربیت یافتہ ہونا (۲) علم حاصل کرنا، تعلیم پانا۔
— فی مَدْرَسَةٍ: کسی مدرسہ کا فاضل یا سند یافتہ ہونا، سندِ فراغ حاصل کرنا، گریجویٹ ہونا۔
اخْرَجَّ و اخْراجَّ النَّعامُ: شترمرغ کا سیاہ و سفید رنگ کا ہونا، سفید رنگ میں سیاہی کی آمیزش ہونا۔
اسْتَخْرَجَه: نکالنا، کسی سے نکلنے کے لئے کہنا۔
— الشیءَ: استنباط کرنا، اخذ کرنا۔
— المسئلةَ: مسئلہ حل کرنا۔
— الشیءَ من المَعْدِنِ: مٹی صاف کرنا
اسْتُخْرِجَتِ الأَرْضُ: زمین کا بیج ڈالنے یا پودا لگانے کے لئے تیار کیا جانا۔
— المَعادِنَ: دھات نکالنا۔
— الکتابَ: ترجمہ کرنا۔
الإِخْراج: برطرفی (۲) تیاری۔
التَّخْرِیجُ: گریجویشن (۲) عرب کے لڑکوں کا ایک کھیل جس میں خَراجِ خَراجِ (نکالو، نکالو) کہا جاتا ہے۔ ایک لڑکا ہاتھ میں کوئی چیز لیتا ہے اور سب سے کہتا ہے کہ میرے ہاتھ میں جو چیز ہے اسے نکالو۔
التَّخارُجُ: دست برداری، دست کشی۔

الخَارِج: کسی چیز کا ظاہری حصّہ (۲) باہر نکلنے والا۔
خَارِجًا: باہر، باہر کی جانب۔
فی الخَارِج: باہر، بیرونِ ملک۔
خَارِجِیّ: بیرونی، پردیسی، غیر ملکی۔
خَارِجَ الخِدْمَة: ڈیوٹی سے باہر۔
خارِجَ دائِرَةِ الاختصاص: دائرۂ اختیار سے باہر۔ خَارِجٌ عن الموضوع: خارج از بحث۔ خَارِجَ البِلاد: بیرونِ ملک۔ خَارِجٌ عن النِّطاق: دائرے سے باہر۔ خَارِجٌ علی الحِزْب: پارٹی کا باغی۔
الخَارِجِیُّ: اپنے ہم جنسوں اور ہم عمروں سے سبقت لے جانے والا (۲) ذاتی قابلیت سے سرداری حاصل کرنے والا جس کی سرداری قدیمی اور خاندانی نہ ہو۔ کہتے ہیں: فَرَسٌ خَارِجِیٌّ: ایسا گھوڑا جس کی نسل عمدہ نہ ہو مگر خود عمدہ ہو ج: خَارِجِیَّة۔ (۳) بادشاہ یا حکومت کا باغی، جماعت سے منحرف، کسی نظریہ کا مخالف (۴) فرقۂ خوارج کا فرد۔ وِزَارَةُ الخارِجِیَّة: وزارتِ خارجہ، ملک کے ان معاملات کی نگراں وزارت جن کا تعلق بیرونی ممالک سے ہو
الخَرَاجُ: زمین کی پیداوار، اناج۔ کہتے ہیں: هذه التُّفَّاحَةُ طَیِّبٌ رِیْحُها و طَیِّبٌ خَرَاجُها: اس سیب کی خوشبو بھی عمدہ ہے اور ذائقہ بھی عمدہ ہے (۲) زمین کا محصول یا ٹیکس جو لوگوں سے لیا جاتا ہے (۳) جزیہ جو ذمّیوں سے لیا جاتا ہے (۴) ایک کھیل (دیکھیے التَّخْرِیج) البِلادُ الخَرَاجِیَّة: صلح کے ذریعہ فتح کیے گئے وہ علاقے جن کے باشندوں کی زمینوں سے حسبِ شرائط خراج وصول کیا جائے۔
ج: أَخْرَاج و أَخْرِجَة جج: أَخَارِیج

الخُرَاج: الخَرَاج (۲) پھوڑے پھنسیاں، دُنّل، آبلے (۳) (اطبّاء کے نزدیک) کسی مخصوص مقام پر پیپ جمع ہو جانا ج: أَخْرِجَة و خِرْجَان و: خُرَاجَة ج: خُرَاجَات۔
الخَرَّاج: رَجُلٌ خَرَّاجٌ وَلَّاجٌ: حیلہ گر، بہت ہوشیار۔
الخَرْجُ: زمین کی پیداوار۔ خَــرْجُ السَّحَاب: پانی جو بادل سے نکلتا ہے (۲) خرچ، ضد: دَخْل (۳) خراج، زمین کا سالانہ ٹیکس۔ خَرْجُ الجُنْدِیِّ: سپاہی کا راشن۔ خَرْجُ الجَیْب: جیب خرچ۔ خَرْجُ الكَعْب: ردّی، کوڑا کرکٹ ج: أَخْرَاج و خُرُوج۔ خَرْجُ المَشْنَقَة: پھانسی کا سزاوار۔ هذا خَرْجُكَ: یہ تمہارے مناسبِ حال ہے۔
الخُرْج: تھیلی، خورجی، بال یا کھال کا دو بوریوں والا تھیلا جو سامان رکھنے کیلئے سواری کی پشت پر رکھا جاتا ہے ج: خِرَجَة و أَخْرَاج۔
الخَرْجَة: ایک دفعہ کا نکلنا (۲) جھروکا، فوجی دستوں کی تاخت (۳) ابھار خَرْجَةٌ فی بِنَاء: عمارت کا ابھار یا پھولن۔
الخَرْجِیَّة: جیب خرچ، خرچ، روزی۔
الخُرَجَة: بہت نکلنے والا۔ کہتے ہیں: رَجُلٌ خُرَجَةٌ وُلَجَةٌ: بڑا ہوشیار حیلہ گر
الخَرُوج: لمبی گردن والا (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے) فَرَسٌ خَرُوجٌ: ایسا گھوڑا جو اپنی لمبی گردن سے لگام کی ہر رسّی کو توڑ دیتا ہے۔
الخُرُوج: (علم قافیہ میں) حرفِ مد جو آزاد قافیے میں ہائے وصل کے بعد ہوتا ہے (۲) پھوڑا، ابھار، آنتوں کا ورم۔

یَوْمُ الخُرُوج: قیامت کا دن (۲) عید کا دن، سُوَید کی حدیث میں ہے: "دَخَلَ علی عَلِیٌّ فی یومِ الخروج فإذا بَیْنَ یدیه فَاثُورٌ علیه خُبْزُ السَّمْرَاء و صَحِیْفَةٌ فیها خَطِیْفَة"
سِفْرُ الخُرُوج: تورات کی ایک کتاب کا نام۔
الخَرِیج: ایک کھیل (دیکھیے: التَّخْرِیج)
الخِرِّیج: باہر و تربیت یافتہ (۲) سند یافتہ، فاضل، فارغ التحصیل، گریجویٹ۔
خِرِّیجُ جَامِعَة: یونیورسٹی کا فاضل
خِرِّیجُ كُلِّیَّة: کالج کا ڈگری یافتہ۔
الخَوَارِج: ایک اسلامی فرقہ جس نے حضرت علیؓ کے خلاف بغاوت کی تھی (۲) باغی لوگ، خلفاء وغیرہ کے باغیوں کو بھی خوارج کہا جاتا ہے
المَخْرَج: نکلنے کی جگہ، باہر نکلنے کا دروازہ (ضد: مَدْخَل) گزرگاہ (۲) کھڑکی، روشن دان (۳) بھاگنے کا راستہ، راہِ فرار (۴) پاخانہ کا مقام ج: مَخَارِج کہتے ہیں: هو یَعْرِفُ مَوَالِجَ الأُمور و مَخَارِجَها: یعنی وہ واقف کار اور آزمودہ کار ہے (۵) حلق سے حرف کے نکلنے کی جگہ (تجوید و صرف) (۶) (ریاضی کی قدیم اصطلاح) ڈی نومینیٹر، نسب نما، مقسوم علیہ، کسی کسر کی مقدار جیسے عموماً لکیر کے نیچے لکھا جاتا ہے جس سے اس کی قسم یا ان مساوی اجزا کا اظہار ہوتا ہے جس میں واحد کو تقسیم کیا گیا ہو۔
المُخَرِّج: تخریج کرنے والا، حوالہ تلاش کرنیوالا
ــــ السِّیْنَمَائِیّ: فلم کا پروڈیوسر، فلم ساز۔
ــــ المَسْرَحِیّ: ڈرامہ کا پروڈیوسر
خَرْخَرَ الماءُ و نَحْوُه: پانی بہنے کی آواز ہونا
ــــ النَّائِمُ: خراٹے لینا۔
ــــ المُخْتَنِقُ: گلا گھونٹے جانے کے وقت

خرخر کی آواز ہونا۔
خَرْخَرَ النَّمِرُ أو السِّنَّوْرُ: چیتے یا بلی کا خُرخُر کرنا۔
تَخَرْخَرَ بَطْنُه: پیٹ کا موٹاپے کی وجہ سے ہلنا۔
ـــ الرجلُ: لاغری کے سبب ہلنا۔
ـــ المَرْأَةُ: عورت کا موٹاپے کے بعد لاغر ہونا۔
الخَرْخَار: تیز بہتا ہوا پانی۔
الخَرْخَر: پانی اور ہوا کی آواز
الخِرْخِرُ: بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔
رَجُلٌ خِرْخِرٌ: ایسا آدمی جو عمدہ اور نرم و ملائم خوراک، پوشاک اور بستر استعمال کرے ج: خَرَاخِر۔
الخُرْخُور: الخِرْخِر۔ ج: خَرَاخِير
•خَرِدَ ـَ خَرَدًا: دیر تک خاموش رہنا، طویل خاموشی اختیار کرنا (۲) کم بولنا۔
خَرِدَت اللُّؤلُؤَةُ: موتی کا ناسفتہ یعنی غیر سوراخ شدہ ہونا۔
خَرِدَت الفتاةُ: لڑکی کا پختہ جوانی کے دور سے گزر جانے کے باوجود باکرہ ہونا۔
ـــ فلانٌ: نہایت شرمیلا ہونا۔
ـــ صوتُه: شرم کی وجہ سے آواز کا نرم اور پست ہونا (۲) دیر تک خاموش رہنا
هو خَارِد ج: خُرَّد. هي خَرِيد وخَرِيدَة وخَرُود ج: خُرُد وخَرَائِد۔
أَخْرَدَ الفتى: شرم سے خاموش ہونا۔
ـــ الرجلُ الى اللّهو: کھیل کی طرف مائل ہونا، راغب ہونا۔
أَخْرَدَتِ الفتاةُ و تَخَرَّدَتْ: لڑکی کا مکمل جوان ہو جانے کے باوجود باکرہ ہونا
الخُرْدَة و الخُرْدَوَات (مع): خردہ اشیا متفرق سامان، معمولی اسبابِ تجارت
(۲) عورتوں کا ضروری سامان (د)
الخُرْدِيّ: خردہ فروش، بساطی، معمولی تاجر
الخَرُود: شرمیلی عورت (۲) باکرہ لڑکی، دوشیزہ۔
الخَرِيد: الخَرُود۔ کہتے ہیں: صَوتٌ خَرِيدٌ: شرمیلی آواز، نرم اور آہستہ آواز جس میں حیا کا اثر ہو۔
الخَرِيدَة: شرمیلی عورت (۲) دوشیزہ (۳) موتی جس میں سوراخ نہ کیا گیا ہو، ناسفتہ موتی۔
•خَرْدَقَ العملَ: کام خراب کرنا (فصیح خَرْبَقَ ہے)۔
أَمْرٌ مُخَرْدَق: بگڑا ہوا کام۔
عِنَبٌ مُخَرْدَق: معمولی پکے ہوئے انگور
الخُرْدُق: چیرہ ج: خَرَادِق (د)
الخُرْدِيق: گوشت کا شوربا (مع)
•خَرْدَلَ اللَّحْمَ و نحوَه: گوشت کے لمبے لمبے ٹکڑے کرنا، الگ الگ کرنا (۲) چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا۔
ـــ الطَّعامَ: عمدہ اور لذیذ حصہ کھانا۔
ـــ فلانًا: پچھاڑنا، زمین پر ڈال دینا۔ هو مُخَرْدَل۔
ـــ ت النَّخْلَةُ: درخت سے کھجوروں کا کثرت سے جھڑنا اور باقی ماندہ بچی کھجوروں کا بڑا ہونا۔ هي مُخَرْدِل و مُخَرْدِلَة۔
الخَرْدَل: رائی (اس کے بیج دوا کے طور پر استعمال ہوتے ہیں اور کھانے کے مصالح میں بھی ڈالے جاتے ہیں) و: خَرْدَلَة: رائی کا دانہ۔ کہتے ہیں: ما عندي من كذا خَرْدَلَةٌ: میرے پاس اس میں سے کچھ نہیں ہے۔ قلت اور چھوٹاپن بیان کرنے کیلئے کہا جاتا ہے: ما عندي خَرْدَلَةٌ من كذا۔ (۲) گوشت کا ٹکڑا
ج: خَرَادِل۔
الخُرْدُولَة: گوشت کا بڑا اور بھرپور ٹکڑا
ج: خَرَادِيل۔
•خَرْذَلَ: بمعنی خَرْدَلَ۔
•خَرَّ الماءُ والرِّيحُ ـِ خَرًّا و خَرِيرًا و خُرُورًا: پانی بہنے یا ہوا کے چلنے کی آواز ہونا۔
ـــ النَّائِمُ: خراٹے لینا۔
ـــ النَّمِرُ و العُقَابُ و الهِرَّةُ: چیتے، باز اور بلی کا آواز نکالنا، خُرخُر کرنا
ـــ البناءُ خَرًّا و خُرُورًا: عمارت کا اوپر سے نیچے آواز کے ساتھ گرنا، ڈھے جانا۔
ـــ الشیءُ: گرنا، نیچے گرنا، زمین پر گرنا۔
ـــ سَاجِدًا: سجدہ میں گرنا قرآن پاک میں ہے: و رَفَعَ أَبَوَيْهِ على العَرْشِ وخَرُّوا له سُجَّدًا"
ـــ لِوَجْهِهِ: منہ کے بل گرنا۔
ـــ فلانٌ: خوش حال ہونا، عیش کرنا، (۲) گزرنا (۳) مرجانا۔
ـــ فلانٌ على فلان: انجان جگہ سے حملہ کرنا، اچانک حملہ کر دینا۔ هو خارٌّ و خَرُورٌ و خَرَّار۔
ـــ القومُ: ایک شہر سے دوسرے شہر منتقل ہونا۔ هم الخُرَّار و الخَرَّارَة۔
ـــ الماءُ الأرضَ خَرًّا: پانی کا زمین کو پھاڑ دینا، زمین میں شگاف ڈال دینا هو خَارٌّ۔
أَخَرَّه: گرا دینا۔ کہتے ہیں: ضَرَبَه بالسَّيْفِ فَأَخَرَّه: اسے تلوار سے مار گرایا۔
انْخَرَّ: گرنا، گر پڑنا۔
ـــ الرَّجُلُ: اعضا کا ڈھیلا ہونا، سست پڑنا۔
الخَرَّارَة: بہتا چشمہ، آبشار (۲) پھرکی (۳) موت کی کھڑکھڑاہٹ (۴) ایک پرندہ

ج: خَرَّار۔
الخُرْتُ: کان کی جڑ (۲) چکّی کا سوراخ جس میں گیہوں وغیرہ ڈالتے ہیں (۳) زمین جس میں سیلاب نے شگاف کر دیا ہو ج: خِرَرَۃ۔
الخَرُّور: شگاف دار زمین (۲) خالص نسل کی بلّی (۳) بلّی کی آواز۔
الخَرِیْر: تیز پانی بہنے کی آواز، پرندے کے بازوؤں کی پھڑپھڑاہٹ، ہوا کی سرسراہٹ خرّاٹے وغیرہ (۲) دو ٹیلوں کے درمیان پست جگہ ج: أَخِرَّۃ۔
الخِرِّیْر: برما، سوراخ کرنے کا آلہ۔
الخِرِّیَان: بزدل آدمی۔
•خَرَزَ الجِلْدَ ونحوہ ـِـُ خَرْزًا: چمڑے کو سُتالی سے سینا، سینے کے لئے سوراخ کرنا۔
خَرِزَ ـَـ خَرَزًا: پختہ اور مضبوط کرنا، منظم کرنا۔
خَرَّزَہ: مہروں اور گھونگھوں سے آراستہ اور مزیّن کرنا۔
الخِرَازَۃ: موچی کا پیشہ۔
الخَرَّاز: موچی (۲) مہرے بنانے والا۔
الخَرَزَۃ: ڈورے میں پرویا ہوا گھونگا، مہرہ، (شیشہ وغیرہ کا) سوراخ دار دانہ، تسبیح کا دانہ، پتھر کا نگ، منقش نگینہ (۲) بے پتوں کا ترشی دار پودا جو ایک ہاتھ لمبا ہوتا ہے۔
ج: خَرَزٌ وخَرَزَات۔
خَرَزُ الظَّهْرِ: ریڑھ کی ہڈی کے منکے
خَرَزُ الرَّقَبَۃِ: گردن کی ہڈی کے منکے
خَرَزَۃُ البِئْرِ: کنویں کی مینڈھ۔
خَرَزَۃُ العَیْنِ: دوربین یا عینک کا شیشہ۔
خَرَزَاتُ المَلِكِ: تاجِ شاہی کے جواہرات۔

الخُرْزَۃ: سوراخ اور راس کا دھاگا (۲) دو سوراخوں کے بیچ کی سلائی۔ مَثَل ہے: جَمَعَ بَیْنَ سَیْرَیْنِ فِی خُرْزَۃٍ: اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو ایک حاجت کے ضمن میں دو حاجتوں کا سوال کرے ج: خُرَز۔
الخَرِیز: جوڑوں کی سرسراہٹ۔
المُخَرَّز: طَائِرٌ مُخَرَّزٌ: وہ پرندہ جس کے بازوؤں پر چتیاں پڑی ہوں۔
المِخْرَاز: موچی کی سُتالی ج: مَخَارِیز۔
المِخْرَز: سُتالی ج: مَخَارِز۔
•خَرَسَ النُّفَسَاءَ ـُـ خَرْسًا: زچّہ کے لئے کھانا (اچھوانی) تیار کرنا (۲) زچّہ کو اس کی خوراک دینا، اچھوانی کھلانا
خَرِسَ ـَـ خَرَسًا: گونگا ہونا، زبان بند ہونا، بے آواز ہونا، بولنے سے عاجز ہونا۔
ـــ الجَمَلُ: اونٹ کے منہ سے جھاگ کے ساتھ ہلکی آواز نکلنا۔
ـــ الکَتِیبَۃُ: فوجی دستہ کا خاموشی سے روانہ ہونا کہ ہتھیاروں اور فوجیوں کی آواز نہ سنائی دے۔
ـــ اللَّبَنُ: دودھ کا گاڑھا ہونا کہ انڈیلنے پر کوئی آواز نہ ہو۔
ـــ السَّحَابُ: بادل کا گرج اور چمک سے خالی ہونا۔
ـــ المَاءُ: پانی بہنے کی آواز نہ ہونا۔
ـــ الجَبَلُ: پہاڑ سے آواز کی بازگشت نہ ہونا۔
ـــ الأرضُ: زمین کا قابلِ کاشت نہ ہونا۔ ھو أَخْرَسُ، ھی خَرْسَاء ج: خُرْسٌ وخُرْسَان
ـــ فُلانٌ: مٹکے سے پینے کی وجہ سے رات کو نیند نہ آنا۔ ھو خَرِسٌ۔
أَخْرَسَ اللّٰہُ فلانًا: گونگا بنانا۔

أَخْرَسَہ: خاموش کرنا۔
أَخْرَسَتِ الأَرْضُ: زمین کا ناقابلِ کاشت ہونا۔
خَرَّسَ علی النُّفَسَاءِ: زچّہ کو اس کی خوراک دینا۔
ـــ النُّفَسَاءَ: زچہ کے لئے اچھوانی بنانا۔ خَرَّسَ عن النُّفَسَاءِ بھی کہتے ہیں (۲) زچّہ کو اچھوانی کھلانا۔
تَخَارَسَ: گونگا بن جانا، بناوٹی گونگا بننا
تَخَرَّسَتِ المَرْأَۃُ: عورت کا اپنے لئے اچھوانی بنانا۔ مَثَل ہے: تَخَرَّسِی یا نَفْسُ لا مُخَرِّسَۃَ لَكِ یعنی تو اپنا کام خود ہی کر، کوئی دوسرا کرنے والا نہیں۔
اسْتَخْرَسَتِ الأرضُ: زمین کا ناقابلِ زراعت ہونا۔
الأَخْرَس: گونگا، بے آواز (۲) خاموش بادل یا فوج۔ لَبَنٌ أَخْرَسُ: جما ہوا دودھ۔ کہتے ہیں: وَلَّانِي عُرْضًا أَخْرَسَ أَمْرَسَ: یعنی اس نے مجھ سے منہ موڑ لیا اور بات نہیں کی۔
الخِرَاس: تقریبِ ولادت کا کھانا، بچّہ کی پیدائش پر دعوت۔
الخَرَّاس: مٹکے بنانے والا یا بیچنے والا (۲) شراب بیچنے والا۔
الخَرْسُ: مٹکا۔ کہتے ہیں: سَمِنَ حتّی صارَ کالخَرْسِ: موٹا ہو کر مٹکے جیسا ہو گیا ج: خُرُوس۔
الخُرْس: الخِرَاس ج: أَخْرَاس
الخِرْس: مٹکا (۲) ناقابلِ کاشت زمین۔
الخَرَس: گونگاپن (۲) خاموشی۔
الخَرْسَاء: سانپ (۲) مصیبت (۳) بادل جس میں گرج اور چمک نہ ہو ج: خُرْس
الخُرْسَۃ: کھانا یا سوپ جو زچّہ کے لئے تیار کیا جاتا ہے، اچھوانی۔ حدیث میں

کھجور کے بارے میں آیا ہے: "ھی صُمْتَۃُ الصَّبِیِّ وخُرْسَۃُ مَرْیَمَ"

الخَرُوس: زچّہ جس کے لیے اچھوانی تیار کی جائے (۲) لڑکی جو پہلی بار حاملہ ہو (۲) کم رودہ دینے والی۔

الخَرْسٰی: نہ بلبلانے والا اونٹ۔

• تَخَرْسَنَ: ملک خُراسان میں آنا (۲) خراسان میں قیام کرنا (۳) خُراسانی بننا، عادات وخصائل میں خراسانیوں جیسا ہونا۔

الخَرَسانَۃ: کنکریٹ، ریت اور سیمنٹ۔

___ المُسَلَّحَۃ: آر سی سی مع لوہا۔

• خَرَشَ من الشیئَ ـِ خَرْشًا: لینا، لے لینا، چھیننا، جھپٹ لینا۔ کہتے ہیں: فُلانٌ یَخْرِشُ من فلانٍ الشیئَ۔

___ لِأَھْلِہٖ: بال بچوں کے لیے کمانا، روزی حاصل کرنا۔

___ الجَسَدَ: ناخن لگانا، خراش لگانا، کھسوٹنا۔

___ البَعِیْرَ و الغُصْنَ: اونٹ کو یا ٹہنی کو مڑی ہوئی چھڑی سے اپنی طرف کھینچنا، حضرت ابوبکر کی حدیث میں ہے: "أنَّہٗ أفَاضَ وھو یَخْرِشُ بَعِیْرَہٗ بِمِحْجَنِہٖ"

___ الدَّابَّۃَ: جانور کی جلد پر لوہے کے داغ جیسا لمبا نشان لگانا، ٹھپّا لگانا۔

___ الذُّبابُ فلانًا: مکھی کا کاٹنا۔

خَارَشَہٗ مُخَارَشَۃً و خِرَاشًا: ایک دوسرے کو نوچنا کھسوٹنا، چھینا جھپٹی کرنا، خراش لگانا (۲) زبردستی لے لینا، چھین لینا۔

___ الکَلْبُ: کتّے کا کاٹنے والا ہونا۔

___ الکَلْبَ: کتّے کو برانگیختہ کرنا۔

خَرَّشَ الزَّرْعُ: خوشہ نکل آنا، بالی کا اوپری کنارا نکل آنا۔

___ الجَسَدَ: خراش لگانا۔

خَرَّشَ الغُصْنَ: ٹہنی کو ٹیڑھی چھڑی سے کھینچنا۔

اِخْتَرَشَ الجَرْوُ: حملہ کرنا، جھپٹا مارنا۔

___ منہ الشیئَ: چھیننا، زبردستی لے لینا

___ لِأَھْلِہٖ: کمانا، روزی کمانا۔

___ الجَسَدَ: خراش لگانا۔

___ الشیئَ: لینا، حاصل کرنا۔

تَخَارَشَتِ الکِلابُ و السَّنَانِیْرُ: کتّوں بلیوں کا ایک دوسرے پر حملہ کرنا اور نوچنا پھاڑنا۔

الخِرَاش: لوہے کے داغ جیسا لمبا نشان جو جانور کی جلد پر ہوتا ہے ج: أَخْرِشَۃٌ

الخُرَاشَۃ: بُرادہ۔ لِیْ عِنْدَہٗ خُراشَۃٌ: میرا اس کے ذمّہ معمولی حق ہے۔

الخَرْش: گھر کا بُرا ناردّی سامان (۲) ایسا آدمی جو ڈر، بھوک یا پہرے کی وجہ سے کم سوئے ج: خُرُوش۔

الخَرَش: گھر کا بُرا ناردّی سامان ج: خُرُوش۔

الخِرْشاء: ٹوٹے ہوئے انڈے کا بالائی چھلکا (۲) انڈے کا باریک چھلکا جو اوپری چھلکے کے اندر ہوتا ہے (۳) سانپ کی کینچلی (۴) دودھ کا جھاگ، دودھ کے اوپر کی باریک بالائی (۵) شہد کا موم اور اس میں پڑی ہوئی مُردہ مکھیاں (۶) بلغم، سینہ سے نکلنے والی لیس دار رطوبت (۷) غبار، گرد۔ کہتے ہیں: طَلَعَتِ الشَّمْسُ فِی خِرْشاءٍ (۸) ہر کھوکھلی چیز جو پھولی ہوئی ہو اور اس میں شگاف اور سوراخ ہوں ج: خَرَاشِیُّ۔

الخَرَشَۃ: مکھی ج: خَرَش۔

المِخْرَاش: لکڑی جس سے چمڑے میں سوراخ کیا جاتا ہے، سُتالی (۲) مُڑے ہوئے سر کی چھڑی یا ڈنڈا ج: مَخَارِیْش۔

المِخْرَش: المِخْرَاش: حدیث میں ہے: "ضَرَبَ رَأْسَہٗ بِمِخْرَشٍ" ج: مَخَارِش۔

المِخْرَشَۃ: المِخْرَاش ج: مَخَارِش۔

• خَرْشَبَ عَمَلَہٗ: کام کو اچھی طرح نہ کرنا، ادھورا کام کرنا، کام خراب کرنا۔

الخُرْشُب: لمبا اور موٹا آدمی۔

• الخُرْشَعَۃ: پہاڑ کی چھوٹی چوٹی ج: خَرَاشِع۔

• خَرْشَفَ القومُ: لوگوں میں نقل وحرکت ہونا اور گفتگو کا خلط ملط ہونا۔

الخُرْشَاف: سخت زمین جس میں چلنا دشوار ہو

الخُرْشُفَۃ: سخت زمین جس پر چلنا دشوار ہو (۲) مخلوط کلام، بے تکی گفتگو۔

الخُرْشُوف: ہاتھی چک (ایک خاردار پودا جس کی جڑ کو پکا کر کھایا جاتا ہے)۔

• خَرْشَمَ الرَّجُلُ: چہرے پر ناگواری کے آثار پیدا کرنا، منہ بگاڑنا۔

اِخْرَنْشَمَ: دل ہی دل میں بڑا بننا (۲) سکڑا ہوا ہونا، اعضا کا ایک دوسرے سے ملا ہوا ہونا (۳) رنگت بدل جانا اور گوشت کم ہو جانا۔

الخِرْشَمّ: جَبَلٌ خِرْشَمٌّ: خشک اور سخت پہاڑ۔

الخِرْشَمَّۃ: سخت زمین۔ أَرْضٌ خِرْشَمًّا: خشک اور سخت زمین۔

الخُرْشُوم: وادی یا ہموار زمین پر جھکی ہوئی پہاڑ کی چوٹی یا نوک (۲) بڑا پہاڑ (۳) سخت زمین ج: خَرَاشِیْم۔

• الخُرْشَنَۃ: ایک قسم کا دریائی پرندہ جس کا قد معمولی مرغابی سے چھوٹا مگر چونچ بڑی ہوتی ہے۔

• خَرَصَ ـُ خَرْصًا: جھوٹ بولنا۔ قرآن پاک میں ہے: "قُتِلَ الخَرّاصُوْنَ"

___ الشیئَ: اٹکل وانداز سے بات کہنا، اٹکل چلانا، قیاس دوڑانا، تخمینہ کرنا

اندازہ لگانا۔ کہتے ہیں: خَرَصَ النَّخلَ
والکَرْمَ: کھجور کے درخت یا انگور کی
بیل پر کھجور یا انگور کی مقدار و تعداد کا
تخمینہ کرنا۔ حدیث میں ہے: "أَنَّه
صلى اللّٰهُ عليه وسلّم أَمَرَ
بالخَرْصِ في النَّخْلِ والكَرْمِ
خاصّةً" هو خارِص ج: خُرّاص
برائے مبالغہ: خَرّاص۔
خَرَصَ النَّهْرَ: بند باندھنا۔
ــــ الشيءَ خِراصةً: درست کرنا، مرمت کرنا
خَرِصَ ـَ خَرَصًا: بھوک اور سردی سے
دوچار ہونا۔ هو خَرِصٌ۔
اخْتَرَصَ: جھوٹ بولنا (۲) توشہ دان میں رکھنا
ــــ القولَ: بات گھڑنا۔
ــــ عليه: تہمت لگانا، بہتان باندھنا۔
تَخَرَّصَ: جھوٹ بولنا، جان بوجھ کر غلط بات کہنا
ــــ القولَ: بات گھڑنا۔
ــــ عليه: الزام لگانا، تہمت لگانا، افترا
پردازی کرنا۔
الخارِصِين: توتیا، جست۔
الخَرّاص: جھوٹا، افترا پرداز، اٹکل و اندازہ
سے بات کہنے والا۔
الخِرَاص: نیزہ (۲) نیزہ کا پھل ج: خُرُص۔
الخَرْصُ: الخِرَاص ج: أَخْرَاص (۲)
اندازہ۔ کہتے ہیں: کَمْ خَرْصُ أَرْضِكَ:
تمہاری زمین کا تخمینہ کیا ہے۔
الخِرْص: الخِراص (۲) سونے یا چاندی کا کڑا
یا انگوٹھی (۳) ایک دانے والی کان کی
بالی (۴) مٹکا (۵) ٹوکری، کنڈی (۶) مضبوط
اور طاقتور اونٹ ج: أَخْرَاص وخِرْصان
الخُرْص: الخِراص (۲) زرہ (۳) توشہ دان
(۴) ٹہنی، کھجور کی شاخ (۵) سونے یا چاندی
کی انگوٹھی یا کڑا۔ حدیث میں ہے: "أَنَّ
النبيَّ صلّى اللّٰهُ عليه وسلّم
وَعَظَ النِّساءَ وحَثَّهُنَّ على الصَّدقة
فَجَعَلَت المَرْأَةُ تُلْقِي الخُرْصَ
والخاتَمَ" (۶) ایک دانے والی کان
کی بالی (۷) شہد نکالنے کی لکڑی ج: أَخْرَاص
وخُرْصان۔
الخُرْصَة: زچہ کا کھانا، اچھوانی (۲) رخصت
(۳) حصہ ج: خُرَص۔
الخَرِيص: الخِراص (۲) حوض نما کشادہ
گڑھا جس میں دریا کا پانی بہہ کر آتا ہے
اور پھر دریا میں واپس چلا جاتا ہے (۲)
ٹھنڈا پانی۔ ماءٌ خَرِيصٌ بھی کہتے
ہیں (۳) درختوں کی جڑوں میں جمع شدہ
پانی (۴) دریا یا سمندر کا رخ یا کنارہ
(۵) سمندر کا جزیرہ، ٹاپو۔
المِخْرَص: الخِراص (۲) خنجر (۳) شہد
نکالنے کی لکڑی ج: مَخَارِص۔
• خَرَطَ الشَّجَرَ أَوْ وَرَقَ الشَّجَرِ
ـِـُـ خَرْطًا: درخت کے پتے ہاتھ سے
کھینچ کر اتارنا۔ مثل ہے: دُونَ ذٰلِكَ
خَرْطُ القَتَادِ: اس وقت بولتے ہیں
جب کسی کام کے راستے میں کوئی رکاوٹ ہو
ــــ العُنْقُودَ: ہاتھ کی ساری انگلیوں سے
انگور کے دانے کھینچنا۔
ــــ الدَّواءُ فلانًا: دست لگا دینا۔
ــــ الإبِلَ في المَرْعَى: اونٹ کو چراگاہ میں
چھوڑنا۔
ــــ البازِيَ: باز کو شکار پر چھوڑنا۔
ــــ تابِعَه على النّاس: اپنے ماتحت
یا نوکر کو لوگوں کی ایذا رسانی کیلئے چھوڑ دینا
ایذا رسانی کی اجازت اور چھوٹ دینا۔
ــــ العُودَ والخَشَبَ والمَعْدِنَ:
خراد پر چڑھانا، خراد سے برابر اور ہموار کرنا
ــــ الأشياءَ: تھیلے میں رکھنا، سمیٹنا اور
جمع کرنا۔
ــــ الحَدِيدَ: لوہے کو ستون کے مانند
لمبا کرنا۔
خَرَطَ البعيرُ وغيرُه: لید کرنا۔ خَرَطَه
البَقْلُ: دست لگا دینا۔
ــــ في حديثِه: جھوٹ بولنا۔
ــــ في الأمرِ: خودسری اور من مانی کرنا۔
هو خَرُوط۔ حدیث علیؓ میں ہے:
"أَتَاهُ قَوْمٌ بِرَجُلٍ فقالوا: إنَّ
هٰذا يَؤُمُّنا ونَحْنُ له كارِهُونَ،
فقال له عليٌّ: إنَّكَ لَخَرُوطٌ"
ــــ الرجلَ في الأمرِ: کسی کام پر لگانا۔
ــــ الدّابَّةُ ـُـ خِراطًا: جانور کا ہٹ
کرنا، رسی چھڑا کر بھاگنا۔
ــــ المَرْأَةُ: عورت کا خودسر اور بدچلن ہونا،
سرکش اور بے لگام ہونا۔ هي خَرُوطٌ
ج: خُرُطٌ۔
خَرِطَت اللَّبُونُ ـَ خَرَطًا: جانور کے
تھن سے جما ہوا دودھ نکلنا (۲) دودھ
کے ساتھ زرد رنگ کا پانی نکلنا (بیماری
کی وجہ سے یا تری پر بیٹھے رہنے کی وجہ سے)
ــــ فلانٌ: اچھو لگنا، کھانے سے پھندا لگنا۔
أَخْرَطَ الخَرِيطَةَ: چمڑے کا تھیلا بنانا۔
ــــ اللَّبُونُ: خَرِطَتْ۔
خَرَّطَ الدَّواءُ فلانًا: دست لگا دینا،
اسہال پیدا کرنا۔
اخْتَرَطَ في البُكاءِ: پھوٹ پھوٹ کر رونا
ــــ العُنْقُودَ: خوشۂ انگور کو منہ میں رکھ
کر اس کی ٹہنی کو بغیر دانے کے نکالنا۔
ــــ السَّيْفَ: تلوار سونتنا، تلوار میان سے
نکالنا۔ صلاۃ الخوف کی حدیث میں ہے:
"فَاخْتَرَطَ سَيْفَه"
انْخَرَطَ الصَّقْرُ: باز کا شکار پر ٹوٹ پڑنا،
پل پڑنا۔
ــــ جِسْمُه: لاغر ہونا، دبلا ہونا۔
ــــ الدّابَّةُ: ہٹ کرنا، رسی چھڑا کر بھاگنا
ــــ الفَرَسُ وغيرُه في العَدْوِ: تیز دوڑنا
ــــ في الأمرِ: خودسری کرنا، من مانی کرنا۔

انخرط فی سلكِ كذا: منسلک ہونا، لڑی میں پرو دیا جانا۔
— فی العمل: منہمک ہو جانا، کسی کام میں لگ جانا۔
— فی المکان: کسی جگہ میں جلدی سے داخل ہونا۔
— من المکان: کسی جگہ سے نکلنا۔
— بطنُه: دست جاری ہونا، اسہال کی شکایت ہونا۔
— علیه بالقبیح: کسی کی طرف فحش گوئی کے ساتھ متوجہ ہونا، بدزبانی سے پیش آنا
تخرّط فی الأمر: خودسری اور من مانی کرنا
استخرط فی البکاء: پھوٹ پھوٹ کر رونا
الإخریط: ایک نبات جو اونٹ کا پاخانہ پتلا کر دیتی ہے۔
الخِراطة: خراد کا کام یا پیشہ۔
الخُراطة: بُرادہ (۲) آنتوں میں موجود تھوڑا پانی۔ خُراطةُ الأمعاء: دائمی اسہال آنتوں سے خارج ہونے والا مادہ۔
الخرّاط: خراد کا کام کرنے والا (۲) بڑا جھوٹا۔
الخرّاطة: پٹی کوٹ۔
الخَرَط: ایک بیماری جس میں جانور کے تھن سے بندھا ہوا دودھ نکلتا ہے۔
الخِرط: جما ہوا یا بندھا ہوا دودھ جس کے اوپر زرد رنگ کا پانی ہوتا ہے۔
الخَرُوط: منہ زور جانور ج: خُرُط (۲) بے وقوفی سے ہر کام میں دخل دینے والا۔
الخریطة: چمڑے وغیرہ کا تھیلا جو اوپر سے بند ہوتا ہے، سپاہی یا مسافر کا تھیلا، بیگ (۲) جغرافیائی نقشہ، میپ (۳) نقشہ، چارٹ۔ اس کو خارِطة بھی کہتے ہیں ج: خرائط۔ خریطةُ لمدینةٍ: شہر کا نقشہ۔ خارِطةٌ تنظیمیّةٌ: تنظیمی چارٹ۔
المِخراط: بکری یا اونٹنی جس کے تھن سے جما ہوا دودھ نکلتا ہو (۲) خراد کرنے کی مشین ج: مخاریط۔
المِخرط و المِخرطة: خراد کرنے کی مشین ج: مخارط۔
المَخرُوط: مخروط، گاجر کی شکل (علم ہندسہ) (۲) لمبا چہرہ، تھوڑی داڑھی والا۔
مخروطیُّ الشکل: مخروطی شکل کا، گاجر کی شکل کا۔
• الخَرطُوش: کارتوس (ترکی لفظ ہے) و: خرطوشة۔
• الخِرطِیط: منقش بازوؤں والی تیتری ج: خراطیط۔
• خرطمة: سونڈ پر مارنا (۲) ٹیڑھا کرنا۔
اخرنطم: تکبر سے ناک بلند کرنا، تکبر کرنا (۲) غصہ سے سونڈ موڑنا، غضبناک ہونا۔
الخُراطِم: عمر دراز عورت۔
الخُرطُوم: ناک (۲) ناک کا اگلا حصہ، سونڈ کہتے ہیں: خرطومُ الفیلِ و خرطومُ الخنزیرِ۔ وسَمه علی الخُرطوم: ذلیل کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "سَنَسِمُه علی الخُرطوم"
خرطومُ الماء: پانی کا پمپ (۳) تیز شراب، جلد نشہ لانے والی شراب ج: خراطیم۔ خراطیمُ القوم: سرداران قوم۔
الخُرطُمانِیّ: بڑی سونڈ والا۔
• الخَراطِین: لمبے کینچوے جو دریا کی مٹی میں ہوتے ہیں۔
• خرَع الشیءَ ـَ خرعًا: پھاڑنا۔
خرِع الشیءُ ـَ خرعًا و خراعةً: نرم اور ڈھیلا ہونا، کمزور ہونا (۲) ٹوٹنا۔
— الرَّجُلُ: ڈھیلے جوڑوں والا ہونا، ڈھیلے جسم کا ہونا، سست ہونا۔
— فلانٌ: خوف زدہ ہونا، ہوش اڑنا۔ ابو سعید خدری رضی کی حدیث میں ہے: "لو سمِع أحدُکم ضغطةَ القبرِ لخرِع" هو خرِعٌ و خریعٌ۔ هی خرِعةٌ و خریعٌ و خریعةٌ۔
خرُع ـُ خراعةً و خروعةً: خرِع۔ هو خریع، هی خریعة۔
خُرِع ـ خُراعًا: تندرست آدمی کا اچانک مر جانا (۲) دیوانہ ہونا۔
خرّع الثوبَ: کپڑے کو کسم سے رنگنا۔
اخترعه: پھاڑنا (۲) ایجاد کرنا، پیدا کرنا، نئی چیز بنانا (۳) فوری طور پر کوئی کام کرنا، بے ساختہ اور برجستہ کلام کرنا (۴) گھڑنا، کہانی گھڑنا۔
— فلانا: خیانت کرنا، خورد برد کرنا، دھوکے سے مال لے لینا۔
— الدّابّةَ: کسی کو بیگار کے طور پر چند دن کے لیے جانور دینا اور پھر واپس لے لینا۔
انخرع: پھٹنا (۲) ڈھیلا اور نرم ہونا۔
— الرجلُ: حقیر اور کمزور ہونا، دماغی یا جسمانی اعتبار سے کمزور ہونا، سست ہونا۔
— له: جھکنا۔
— العضوُ: عضو کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔
— القناةُ: پھٹنا، ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
تخرّع: انخرع۔
الاختراع: ایجاد، انکشاف ج: اختراعات
الخُراع: اونٹنی کی پشت کی شکستگی (جس کی وجہ سے وہ ایک جگہ بیٹھ رہتی ہے)۔
الخَراعة: آوارگی، بدکاری۔
الخرّاعة: ڈراونا (کھیتوں میں پرندوں کو ڈرانے کے لیے جو شکل بنا دیتے ہیں)۔
الخِرْبِع: کسم کا پھل، کسم کے دانے۔
الخَرع: بکری کے کان کا شگاف (جو علامت

کے لیے ہوتا ہے)۔

الخِرْوَع: ہر کمزور پودا جو مڑ جائے (۲) ارنڈ کا درخت، درختِ بیدانجیر۔ زَیْتُ الخِرْوَع: رینڈی کا تیل، کسٹرآئل۔

الخَرُوع: آوارہ عورت، بدکار و بدچلن عورت (۲) نرم و نازک عورت جو نزاکت سے لچک کر چلتی ہو۔ عَیْشٌ خَرُوع: خوش حال زندگی۔

الخِرْوَعَة: کہتے ہیں: امْرَأَةٌ خِروعَة: خوبصورت، نازک اندام عورت۔

الخَرِیع: (۱) الخِرْیَع (۲) الخَرُوع (۳) اونٹنی جس کی پشت میں شکستگی ہو (۴) ہر وہ چیز جو جلد اور آسانی سے ٹوٹ جائے، نازک، کمزور، پلپلا۔ رجلٌ خَرِیع: کمزور آدمی، ڈھیلا اور سست آدمی (۵) اونٹ کا لٹکا ہوا ہونٹ۔

الخَرِیْعَة: الخَرُوع۔

المُخْتَرِع: موجد، بانی، اختراع کنندہ۔

•الخَرْعَب: لمبی اور نرم شاخ جو نوخیز اور نوعمر ہو، لچک دار ٹہنی (۲) جوان، نازک اندام اور متناسب الاعضاء عورت ج: خَرَاعِبُ

الخُرْعُوب: الخَرْعَب (۲) لمبا اور خوبصورت جسم کا اونٹ (۳) لمبا اور دُبلا آدمی (۴) زیادہ دودھ دینے والی اونٹنی ج: خَرَاعِیْبُ۔

الخُرْعُوبَة: الخَرْعَب (۲) کھیرا یا چربی کا ٹکڑا ج: خَرَاعِیْبُ۔

•خَرَفَ فی بُسْتَانِہ ـُ خَرْفًا: موسم خریف میں پھل توڑنے کے وقت باغ میں قیام کرنا

ـــ الثَّمَرَ خَرْفًا و خِرَافًا: فصلِ خریف میں پھل توڑنا، پھل چننا۔ ھو مَخْرُوف و خَرِیْف۔

ـــ النَّخْلَ: کھجور چننا۔

ـــ المَاشِیَةُ: موسم خریف میں مویشی کے چرنے کا سبزہ اُگ آنا۔

خَرِفَ ـَ خَرَفًا: بڑھاپے کے باعث سٹھیا جانا (۲) کم عقل ہونا، مخبوط الحواس ہونا۔ ھو خَرِفٌ، ھی خَرِفَةٌ۔

خَرُفَ الرجلُ ـُ خَرَفًا و خَرَافَةً: بڑھاپے سے سٹھیا جانا، فاسد العقل ہونا۔

خُرِفَ: موسم خزاں کی بارش سے سیراب ہونا۔ کہتے ہیں: خُرِفَ القومُ و خُرِفَت الأرضُ۔

أَخْرَفَ: موسم خریف میں داخل ہونا۔

ـــ الدَّابَّةُ: موسم خریف میں بچہ جننا ھی مُخْرِف۔

ـــ النخلُ: کھجوروں کے توڑنے کا وقت آجانا، کھجوروں کا پک جانا، توڑنے کے قابل ہوجانا۔

ـــ الذُّرَةُ: مکئی کا خوب لمبا ہوجانا۔

ـــ القومُ بمکانِ کذا: کسی جگہ موسم خریف میں قیام کرنا۔

ـــ الکِبَرُ الرَّجُلَ: بڑھاپے کا آدمی کی عقل خراب کردینا، فاسد العقل بنادینا

ـــ فلانًا نَخْلَةً: کسی کو موسم خریف میں پھل چننے کے لئے کھجور کا درخت دینا

خَارَفَہ مُخَارَفَةً و خِرَافًا: کسی سے موسم خریف کے دوران معاملہ کرنا (۲) موسم خریف میں کوئی چیز کرایہ پر لینا۔

خَرَّفَہ: کسی کو فاسد العقل قرار دینا، سٹھیایا ہوا قرار دینا۔

اِخْتَرَفَ الثَّمَرَ: پھل چننا، موسم خریف میں پھل توڑنا۔

الخَارِف: کھجور کے درختوں کی نگرانی کرنے والا ج: خُرَّاف۔

الخِرَاف: موسم خریف میں پھل توڑنے کا وقت، پھل چننے کا زمانہ۔

الخُرَافَة: چنا ہوا پھل (۲) بے سروپا بات جو سننے میں بھلی لگے، جھوٹ و دروغ، وہمی اور خیالی چیز (۳) کم عقلی کی بات، غلط اور بیہودہ عقیدہ (۴) افسانہ جو لوگوں میں مشہور ہو، خرافات ج: خُرَافَات۔

الخُرَافِیّ: من گھڑت، بے سروپا، بے حقیقت، مبنی بر اوہام (۲) لغو و بیہودہ، لایعنی (۳) ناقابلِ اعتبار۔

الخَرَف: سٹھیاپا، مخبوط الحواسی، بے عقلی۔

الخَرِف: سٹھیایا ہوا، مخبوط الحواس، کم عقل۔

الخُرْفَة: چنا ہوا میوہ۔ حدیث میں ہے: "النَّخْلَةُ خُرْفَةُ الصَّائِمِ"

الخَرُوف: بکری کا بڑا بچہ (چھ ماہ کا) (۲) مینڈھا، دُنبہ (۳) بچھڑا۔ ھی خَرُوفَة ج: خِرَاف و أَخْرِفَة و خِرْفَان۔ مثل ہے: کالخَرُوف، أَیْنَمَا اتَّکَأَ اتَّکَأَ علی صُوفٍ: خوش حال اور آسودہ حال آدمی کے بارے میں بولی جاتی ہے

الخَرُوفَة: کھجور کا پھل دار درخت جس سے تازہ کھجوریں توڑی جائیں ج: خَرَائِف

الخَرِیف: موسم خزاں، فصلِ خریف، پت جھڑ کا زمانہ (۲۱ ستمبر سے ۲۱ دسمبر تک) (۲) موسم خزاں کی بارش (۳) اوائل سرما کی پہلی بارش (۴) تازہ کھجور جو فصلِ خریف میں چُنی جائے۔ لَبَنٌ خَرِیْفٌ: تازہ دودھ جس کو دوہے ہوئے زیادہ وقت نہ گزرا ہو

الخَرِیْفَة: الخَرُوفَة ج: خَرَائِف۔

المَخْرَف: باغ، وہ جگہ جہاں موسم خزاں میں قیام کیا جائے ج: مَخَارِف۔

المِخْرَف: چھوٹی ٹوکری جس میں فصل خریف کے عمدہ اور تازہ پھل چن کر ڈالے جاتے ہیں۔ حدیث میں ہے: "أَنَّہ أَخَذَ مِخْرَفًا فَأَتَی عِذْقًا" ج: مَخَارِف

المَخْرَفَة: باغ (۲) کھجور کے درختوں کی دو قطاروں کے درمیان کا راستہ (۳) صاف و سیدھا راستہ ج: مَخَارِف۔

•خَرْفَجَہ: کشادہ کرنا۔ کہتے ہیں: عَیْشٌ

مُخَرْفَج: کشادہ اور آسودہ زندگی۔
سَرَاوِیْلُ مُخَرْفَجَۃٌ: کشادہ اور ڈھیلے ڈھالے لباس۔ حضرت ابو ہریرہؓ کی حدیث میں ہے: "اَنَّہٗ کَرِہَ السَّرَاوِیْلَ الْمُخَرْفَجَۃَ"
خَرْفَجَ فلانًا: کسی کو عمدہ کھانا کھلانا۔
—— الشیءَ: بہت لے لینا، زیادہ مقدار میں لے لینا۔
الخُرَافِج: آسودہ حالی، کشادگی و خوشحالی (۲) موٹا۔ کہتے ہیں: نَبْتٌ خُرَافِج: ملائم اور تر و تازہ سبزہ۔
الخِرْفَاج: آسودہ حالی، خوش حالی۔
الخُرْفُج: الخِرْفَاج۔ خَرُوفٌ خُرْفُجٌ: موٹا بکرا۔
الخِرْفِیْج: آسودگی، خوش حالی۔
• خَرْفَشَ الشیءَ: ملانا، خلط ملط کرنا۔
—— فی الکلام: اول فول بکنا۔
• الخُرْفُعُ: روئی جو کوپل میں خراب ہو گئی ہو۔
الخِرْفِع: دُھنی ہوئی روئی۔
• الخَرْفَق: خردلِ فارسی۔
• خَرَقَ فی البیت ـُـ خُرُوقًا: مسلسل قیام رکھنا، قیام کرنے کے بعد نہ ٹلنا، لگاتار رہنا۔
—— الشیءَ ـِـ خَرْقًا: پھاڑنا (۲) سوراخ کرنا
—— البناءَ و فی البناء: روشن دان کھولنا، کھڑکی کھولنا۔
—— الارضَ: طے کرنا، عبور کرنا، کنارے تک پہنچنا۔ قرآن پاک میں ہے: "اِنَّکَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الجِبَالَ طُوْلًا"
—— الکَذِبَ: جھوٹ گھڑنا، جھوٹی بات بنانا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَخَرَقُوْا لَہٗ بَنِیْنَ وَ بَنٰتٍ بِغَیْرِ عِلْمٍ سُبْحَانَہٗ"
—— العَادَۃَ: فوق العادت کام کرنا (۲) عادت کے خلاف کرنا، رسم و عادت توڑنا۔
خَرَقَ حُرْمَتَہٗ: بے حرمتی کرنا، بے عزتی کرنا، آبروریزی کرنا۔
—— فلانًا بالرُّمحِ: کسی کو نیزہ مارنا۔
—— الرجلُ: جھوٹ بولنا۔
—— الرِّیحُ: ہوا کا تیز چلنا۔
خَرِقَ ـَـ خَرَقًا: بے وقوف ہونا (۲) اعتدال سے کام نہ کرنا (۳) حیران و پریشان ہونا (خوف یا شرم کی وجہ سے) حواس باختہ ہونا، خوف زدہ ہونا، ھو خَرِق، ھی خَرِقَۃٌ۔ حضرت فاطمہؓ کی شادی والی حدیث میں ہے: "فَلَمَّا اَصْبَحَ دَعَاھَا فَجَاءَتْ خَرِقَۃً مِنَ الحَیَاءِ" کہتے ہیں: خَرِقَ الظَّبْیُ أو الطَّائِرُ: ہرن یا پرندے کا شکاری کو دیکھ کر دہشت زدہ ہو کر زمین سے چپٹ جانا اور خوف کے مارے اٹھنے یا اڑنے کے قابل نہ ہونا، اٹھنے اور اڑنے سے عاجز ہونا۔
—— بالشیءِ: کسی چیز سے ناواقف ہونا اور اسے اچھی طرح نہ کرنا، بے ہنری کے باعث ادھورا کام کرنا۔
—— فی البیت: لگاتار قیام رکھنا۔ ھو أَخْرَقُ، ھی خَرْقَاءُ ج: خُرْقٌ
خَرُقَ ـُـ خُرْقًا: بے وقوف ہونا، بے ہنر ہونا۔
—— بالشیءِ: کسی چیز سے ناواقف ہونا اور اسے عمدگی سے انجام نہ دینا، ادھورا کرنا۔
أَخْرَقَہُ الفَزَعُ: حواس باختہ کر دینا، دہشت زدہ کر دینا، ششدر و پیچ اور گومگو کی حالت پیدا کر دینا۔
خَرَّقَ الثوبَ وغیرَہ: پھاڑنا، چاک کرنا، کھونچا لگانا۔
خَرَّقَ الکَذِبَ: بہت جھوٹ گھڑنا۔
—— الرجلُ: بہت جھوٹ بولنا۔
اِخْتَرَقَ الثوبَ و نَحْوَہٗ: پھاڑنا۔
—— القومَ: لوگوں کے بیچ سے گزرنا، مجمع کو چیر کر نکلنا۔
—— الشیءَ: کسی چیز کو پار کرنا، پاس کرنا، کراس کرنا، چیر کر نکلنا۔
—— دَارَ فلانٍ: اپنی ضرورت کے لیے کسی کے گھر کو راستہ بنا لینا۔
—— الارضَ: زمین میں ایک طرف کو بغیر راستہ کے چلنا۔
—— الکَذِبَ: جھوٹ گھڑنا۔
—— الخَیْلُ مَا بَیْنَ القُرَی والشَّجَرِ: گھوڑوں کا بستیوں اور درختوں کے درمیان سے نکلنا۔
اِنْخَرَقَ الشیءُ: پھٹنا۔
—— الرِّیحُ فی الأرضِ: ہوا کا بے تُندھ چلنا، کسی ایک رُخ پر نہ چلنا (۲) ہوا کا تیز چلنا۔
تَخَرَّقَ: پھاڑنا، پھاڑ ڈالنا، چاک کرنا۔
—— فی الکَرَمِ: بے انتہا سخاوت کرنا۔
—— الکَذِبَ: جھوٹ گھڑنا۔
—— الرِّیحُ: ہوا کا تیز چلنا۔
الأَخْرَقُ: بے وقوف۔ بَعِیْرٌ أَخْرَقُ: ایسا اونٹ جس کے پاؤں سے پہلے پاؤں کا کنارہ زمین پر پڑتا ہو۔
الخَارِق: آر پار، پھاڑنے والا۔ سَیْفٌ خَارِق: تیز تلوار (۲) خلافِ معمول، غیر معمولی، عجیب، حیرت انگیز (۳) (متکلمین کے یہاں) ایسا امر جو مقتضائے عادت کے خلاف ہو۔ اگر اس کے ساتھ تحدّی اور چیلنج بھی ہو تو اس کو "معجزہ" کہتے ہیں۔
خَارِقُ الطَّبِیْعَۃِ: مخالفِ فطرت۔
خَارِقُ العَادَۃِ: فوق العادت۔
الخُرَّق: ایک قسم کا پرندہ ج: خَرَارِق۔

الخِرِّیق: ہوشیار اور فیاض نوجوان، سخی، امداد کرنے والا، شاہ خرچ۔
الخَرْق: (دیوار وغیرہ میں) سوراخ، پھٹن، شگاف (۲) بے آب و گیاہ زمین، چٹیل مقام، بیابان (۳) کشادہ اور کھلی سرزمین جس میں تیز ہوائیں چلتی ہیں ج: خُرُوق۔ وَسَّعَ الخَرْقَ: اس نے سوراخ بڑھا دیا یعنی بُرائی کو اور زیادہ کر دیا۔
الخِرْق: الخِرِّیق ج: أَخْرَاق وخِراق و خُرُوق۔
الخُرْق: جہالت، اناڑی پن (۲) بے وقوفی، رائے کی کمزوری۔ حدیث میں ہے: "الرِّفْقُ یُمْنٌ و الخُرْقُ شُؤْمٌ" نَوْمَةُ الخُرْق: چاشت کے وقت کی نیند (کیونکہ اس وقت سونا بے وقوفی کی علامت ہے)۔
الخُرُق: جہالت، بے وقوفی، رائے کی کمزوری
الخَرِقُ: راکھ۔
الخَرْقَاء: کشادہ اور کھلی زمین جس میں تیز ہوائیں چلتی ہیں (۲) تیز ہوا، ایسی ہوا جو کسی ایک رخ پر برقرار نہیں رہتی (۳) بے ہنر عورت جو دست کاری وغیرہ نہ جانتی ہو مثل ہے: تَحْسَبُهَا خَرْقَاءَ وهي صَنَاعٌ۔ (۴) ایسی اونٹنی جو چلتے ہوئے ٹھیک سے پاؤں نہ رکھتی ہو۔ أُذُنٌ خَرْقَاءُ: کان جس میں آر پار سوراخ ہو۔ شَاةٌ خَرْقَاءُ: بکری جس کے کان میں گول سوراخ ہو یا جس کے کان کے بیچ کا حصہ کنارے کے پاس سے کٹا ہوا ہو
الخِرْقَة: پُرانے پھٹے ہوئے کپڑے کا ٹکڑا، دھجی، چیتھڑا، چندی ج: خِرَق۔
الخِرْقَةُ الشَّرِیفَة: چوغا۔
الخَرَقَة: چیتھڑا، جھاڑن (۲) باقلہ کا پودا۔
الخَرُوق: ٹھنڈی ہوا، نرم ہوا۔
الخَرِیق: پست زمین جس میں سبزہ ہو اور وہ ایسی دو زمینوں کے درمیان واقع ہو جن میں سبزہ نہ ہو (۲) ٹھنڈی اور تیز ہوا (۳) ہلکی نرم ہوا جو مسلسل نہ چلے (۴) وادی کا کشادہ حصّہ، وادی کا کنارہ (۵) پانی کے بہنے کی جگہ جو گہری نہ ہو (۶) بچہ دانی جس میں سوراخ ہو گیا ہو اور اب اس میں حمل نہ ٹھیر سکتا ہو ج: خَرَائِق وخُرُق۔
الاخْتِرَاق: آر پار ہونا، نفوذ ہونا، گھسنا، پھٹنا۔ خَاصِّيَّةُ الاخْتِرَاق: اثر پذیری، نفوذ پذیری، صلاحیتِ نفوذ
المُخْتَرَق: گزرگاہ۔ مُخْتَرَقُ الرِّيَاح: ہواؤں کے چلنے کی جگہ، کھلی زمین جہاں تیز ہوائیں چلتی ہیں، ہوا کے گزرنے کی جگہ۔ مَكَانٌ خَاوِي المُخْتَرَق: وہ جگہ جہاں کوئی چلنے والا نہ ہو۔
المُنْخَرِق: تیز رفتار۔
المِخْرَاق: خوبصورت جسم کا آدمی (لمبا ہو یا نہ ہو) (۲) تجربہ کار۔ کہتے ہیں: هو مِخْرَاقُ حَرْبٍ: وہ جنگ کا ماہر ہے (۳) سخی، فیاض (۴) تلوار (۵) رومال وغیرہ جس کو بٹ کر بچے ایک کھیل میں اس سے مارتے یا ڈراتے ہیں (۶) سانڈ، جنگلی بیل ج: مَخَارِيق۔
المَخْرَق: لمبا چوڑا بیابان جس میں تیز ہوائیں چلتی ہیں ج: مَخَارِق۔ مَخَارِقُ الجِسْم: جسم کے منافذ، جیسے منہ، ناک وغیرہ۔
المَخْرَقَة: جھوٹ، گھڑی ہوئی بات۔
المَخْرُوق: محروم القسمت جسے کبھی آسائش و فراخی نصیب نہیں ہوتی۔
هُوَ مَخْرُوقُ الكَفِّ بِالنَّوَال: وہ فیاض و سخی ہے۔
• خَرْقَلَ: بے احتیاطی سے تیر اندازی کرنا۔
—— فی رَمْیِهِ السَّهْمَ: احتیاط اور سلیقہ سے تیر چلانا۔
• خَرَمَ الشيءَ ـِ خَرْمًا: سوراخ کرنا، بیچ کرنا (۲) پھاڑنا، شگاف کرنا (۳) کاٹنا۔
—— فلانًا: نتھنوں کی بیچ کی ہڈی کو چھیدنا یا پھاڑ دینا (۲) کسی کے ناک کے کنارے کو اس طرح پھاڑنا کہ اسے نکٹا نہ کہا جا سکے۔
—— الإِبْرَة: سوئی کا ناکہ توڑنا۔
—— فی وَعْدِه: وعدہ خلافی کرنا۔
—— من كذا: کم کرنا۔ کہتے ہیں: مَا خَرَمَ من الحَدِيثِ حَرْفًا: اس نے گفتگو سے ایک حرف بھی کم نہیں کیا۔ حضرت سعدؓ کی حدیث میں ہے: "ما خَرَمْتُ من صَلَاةِ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم شَيْئًا"
—— الوَبَاءُ و نحوُه القومَ: نیست و نابود کرنا، استیصال کرنا، مٹا دینا، صفایا کر دینا
—— الرَّامِي القِرْطَاسَ: نشانہ پر تیر مارنا لیکن سوراخ نہ ہونا۔
—— عن الطَّرِيقِ: راستہ سے ہٹ جانا۔ کہتے ہیں: ما خَرَمَ الدَّلِيلُ عن الطَّرِيقِ: راہبر راستہ سے نہیں ہٹا۔
خَرَمَتْهُ الخَوَارِمُ: وہ مر گیا۔
—— الشاعرُ البيتَ: شاعر کا فَعُولُن سے فاء کو یا مفاعلتن یا مفاعیلن سے میم کو حذف کر دینا۔ البيتُ مَخْرُومٌ۔
خَرِمَ ـَ خَرَمًا: نتھنوں کے بیچ کی ہڈی کا چھدا ہوا ہونا (۲) کان کا پھٹا ہوا ہونا، پھٹے ہوئے کان والا ہونا۔ هو أَخْرَمُ، هي خَرْمَاء۔
خَرُمَ ـُ خَرَامَةً: شوخ و بے باک ہونا، بے حیا ہونا۔ هو خَرِيمٌ ج: خُرَمَاء
خَرَّمَ الشيءَ: سوراخ کرنا، پھاڑنا، شگاف ڈالنا (۲) کاٹنا۔ حدیث میں ہے: "إنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى أَن يُضَحَّى بالمُخَرَّمَةِ الأُذُنِ"

یعنی آپؐ نے کٹے ہوئے کان والے جانور کی قربانی سے منع فرمایا۔

خَرَّمَ : (۱) کسی کام کے لیے مختصر راستہ اختیار کرنا۔

ـــ حِسَابَه : (۱) حساب غلط ہونا۔

اُخْتُرِمَتْهُ الْمَنِيَّةُ : موت کا کسی کو آن لینا، ہلاک کرنا۔ اُخْتُرِمَه الْمَرَضُ : کمزور کر ڈالنا، لاغر اور نڈھال کر دینا۔

ـــ الْوَبَاءُ و نحوُه القَوْمَ : ہلاک و برباد کرنا، نیست و نابود کرنا، صفایا کر دینا۔ اُخْتُرِمَ عَنَّا : وہ مر گیا، ہم سے چھن گیا۔

اِنْخَرَمَ : (کان یا ناک وغیرہ) چھد جانا، پھٹ جانا (۲) کٹ جانا۔

ـــ العَامُ و نحوُه : گزر جانا، ختم ہونا۔

ـــ القَوْمُ : فنا ہونا، نیست و نابود ہونا حدیث میں ہے: "يُرِيدُ أَنْ يَنْخَرِمَ ذٰلِكَ الْقَرْنُ"

ـــ الكِتَابُ : ناقص ہونا، کچھ اوراق کا غائب ہونا۔

تَخَرَّمَ : پھٹنا، ٹوٹنا۔

ـــ فُلَانٌ : خُرَّمی ہونا، بابک خرمی کا پیروکار ہونا۔

ـــ زَبَدُ فُلَانٍ أَوْ زَنْدُه : غصہ ٹھنڈا ہونا۔

ـــ أَنْفُه : غصہ ٹھنڈا ہونا، فرو ہونا۔

جَاءَ يَتَخَرَّمُ زَنْدُه أَوْ زَبَدُه :

ـــ الوَبَاءُ و نحوُه القَوْمَ : ہلاک و برباد کرنا، نیست و نابود کرنا۔

التَّخْرِيمَة : (۱) مختصر راستہ، شارٹ کٹ

الأَخْرَم : ٹیلہ جو کسی نشیب میں اترتا ہو (۲) شعر جس میں خرم واقع ہوا ہو یعنی فعولن سے فا کو یا مفاعلتن یا مفاعیلن سے میم کو حذف کر دیا ہو (۳) تالاب (۴) شاہ روم کا لقب ج: خُرْم۔ رَجُلٌ أَخْرَمُ الرَّأْيِ : کمزور رائے۔

الأَخْرَمَان : اوپر کے جبڑے کے ہر دو طرف دو سوراخ دار ہڈیاں۔

أَخْرَمَا الكَتِفَيْنِ : بازوؤں کی طرف سے مونڈھوں کے دونوں سرے (۲) مونڈھوں کے نیچے کے دونوں کنارے جو مونڈھوں کی گلٹیوں کو گھیرے ہوئے ہیں ج: أَخَارِم۔

الخَرَّامَة : برما، پنچنگ مشین، چھیدنے یا سوراخ کرنے کا اوزار۔

الخُرَّم : خوش گوار زندگی (۲) بنفشی رنگ کا لوبیا جیسا ایک پودا۔

الخُرَّمِيَّة : بابک خُرَّمی کے پیروکار جو تناسخ، حلول اور اباحیت یعنی جنسی آزادی کے قائل ہیں۔ (خُرَّم، ایران کے ایک شہر کا نام ہے جس کی طرف یہ لوگ منسوب ہیں)

الخَرْم : پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک ج: خُرُوم

الخُرْم : سوراخ۔ خُرْمُ الإِبْرَة : سوئی کا ناکہ۔ خُرْمُ الأَكَمَة : ٹیلے کا آخری سرا، ٹیلے کی نوک کا آخری کنارہ۔ ج: خُرُوم۔

الخَرْمَاء : ٹیلہ جو کسی نشیب میں اترتا ہو (۲) ٹیلہ جس پر چڑھنا ممکن نہ ہو (۳) بکری جس کا کان عرض میں پھٹا ہوا ہو أُذُنٌ خَرْمَاء : چھدا ہوا کان (۴) جھوٹ۔

الخُرْمَانُ : جھوٹ۔

الخَرْمَان : ایک قسم کی مچھلی جس کا منہ برچھے کی طرح اور کانٹے سبز ہوتے ہیں۔

الخَرَمَة : ناک کا وہ حصہ جو چھیدا جاتا ہے۔

الخَوْرَم : لہسن وغیرہ کے ڈھیر۔

الخَوْرَمَة : ناک کا اگلا حصہ، بانسہ (۲) دونوں نتھنوں کا درمیانی حصہ، نتھنوں کے بیچ کی ہڈی (۳) چٹان جس میں شگاف ہوں ج: خَوْرَم۔

المَخْرِم : پہاڑ یا ریت میں راستہ ج: مَخَارِم۔ ہجرت کی حدیث میں ہے: "مَرَّا بِأَسْلَمَ الأَشْجَعِيِّ، فَحَمَلَهُمَا عَلَى جَمَلٍ وَ بَعَثَ مَعَهُمَا دَلِيلًا وَ قَالَ : أُسْلُكْ بِهِمَا حَيْثُ تَعْلَمُ مِنْ مَخَارِمِ الطُّرُقِ" مَخْرِمُ الأَكَمَة : ٹیلے کی نوک کا آخری سرا۔ مَخْرِمُ الجَبَل : پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔

مَخْرِمُ السَّيْف : تلوار کا کنارہ۔ يَمِينٌ ذَاتُ مَخَارِمَ : ایسی قسم جس سے بچ نکلنے کے راستے ہوں۔ مَخَارِمُ اللَّيْل : رات کی ابتدائی گھڑیاں۔

المُخَرَّم : سوراخ دار، چھدا ہوا۔

• خَرْمَدَ : اپنے گھر میں قیام کرنا، خانہ نشین ہونا (۲) خاموش ہو کر گردن جھکا لینا۔

• اِخْرَمَّسَ : خاموش ہونا (۲) جھکنا، مطیع ہونا، زیر ہونا۔

الخِرْمِس : تاریک رات۔

• خَرْمَشَ العَمَلَ او الكِتَابَ : خراب کرنا، بگاڑنا (۲) ناخنوں سے پھاڑنا۔

• اِخْرَمَّصَ : اِخْرَمَّسَ۔ (اِخْرَنْمَصَ اِخْرِنْمَاصًا (بلا ادغام) بھی کہا جاتا ہے)

• خَرْمَلَ وَبَرُ البَعِيرِ : موٹاپے کی وجہ سے اونٹ کے بالوں کا گرنا۔

تَخَرْمَلَ الثَّوْبُ : کپڑے کا پھٹنا، ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

الخِرْمِلُ : لوگوں کی بڑی جماعت، بہت سارے لوگ (۲) بے وقوف عورت (۳) لمبی ناک والی عورت (۴) بڑھیا، انتہائی بوڑھی عورت (۵) سن رسیدہ اونٹنی ج: خَرَامِل۔

• الخُرْنُوب : کیرب کا درخت۔ خُرْنُوبُ الشَّوْك : کانٹے دار کیرب کا درخت۔

• خَرْنَفَه بالسَّيْف : تلوار سے مارنا۔

الخُرَانِف : لمبا (آدمی)۔

الخِرْنِفُ : زیادہ دودھ والی اونٹنی (۲) موٹی اونٹنی (۳) روئی ج : خَرَائِف ۔
الخِرْنِفَة : خاردار درخت کا پھل ج : خَرَائِف ۔
•خَرْنَقَت الأرضُ : زمین میں خرگوش کے بچوں کا نکلنا یا کثرت سے ہونا۔
— النّاقةُ : اونٹنی کی کوہان کے دونوں کناروں پر چربی کا جمع ہو کر ٹکڑوں کی شکل میں ابھر آنا (خرگوش کے بچوں کی مانند)۔
الخِرْنِق : خرگوش کا بچہ (۲) جوان خرگوش (مذکر و مؤنث دونوں کے لیے) ج: خَرَانِق
الخَوَرْنَقُ : "نعمان اکبر" کے محل کا نام جو عراق میں تھا (۲) بادشاہ کے کھانے پینے کی مجلس (۳) ایک قسم کا پودا۔

خ ـــــ ز

•خَزِبَ الجِلْدُ ـ خَزَبًا : جلد کا سوجنا یا پھول جانا (بغیر درد کے) (۲) جلد کا موٹا ہونا کہ ورم آلود معلوم ہو۔
— النّاقةُ و الشّاةُ : اونٹنی یا بکری کے تھنوں کا سوجنا (۲) دودھ کے نکلنے کا راستہ تنگ ہونا (۳) تھنوں کا خشک ہونا اور ان میں دودھ کم ہونا۔ هو خَزِبٌ و أخْزَبُ ـ هي خَزْبَاءُ۔
تَخَزَّبَ الجِلْدُ : خَزِبَ ۔
الخَزَبُ : ٹھیکرا، پکی ہوئی مٹی (بمعنی الخزف)
الخِزْبَاءُ : باغ کی مکھیاں ۔
الخُزَيْبَةُ : سونے کی کان ۔
الخَوْزَبُ : اونٹنی یا بکری کے تھن کا ورم ۔
الخَيْزَبُ : نرم گوشت :
الخَيْزَبَانُ : نرم گوشت (۲) شتر مرغ کا نر بچہ
الخَيْزَبَةُ : نرم گوشت کا ایک ٹکڑا ۔
المِخْزَابُ : اونٹ جس کی کھال ہمیشہ سوج جاتی ہو یا موٹی ہو جاتی ہو، کہ دیکھنے والا اسے ورم آلود سمجھے ۔
•تَخَزْبَزَ علینا : بڑا بننا، بڑائی جتانا، تکبّر کرنا ۔
الخَازِبَازُ و الخِزْبَازُ : باغ کی مکھیاں (۲) ان کی بھنبھناہٹ (۳) ایک بیماری جو اونٹ کی گردن میں ہوتی ہے (۴) بلی ۔
•خَزِجَ ـ خَزَجًا : بھاری بھرکم ہونا، موٹا تازہ ہونا۔ هو خَزِجٌ و خَزِيجٌ
المِخْزَاجُ : انتہائی موٹا اونٹ ۔
•الخُزَاخِزُ و الخُزَخُزُ : موٹے عضلات کا تندرست وطاقتور آدمی ۔
•خَزَرَ ـ خَزْرًا : چالاک ہونا (۲) کن انکھیوں سے دیکھنا، گوشۂ چشم سے دیکھنا ۔
خَزِرَت العَيْنُ ـ خَزَرًا : آنکھ کا پیدائشی طور پر تنگ اور چھوٹا ہونا (۲) آنکھ کا بھینگا ہونا، ترچھا ہونا ۔
— النَّظَرُ : نگاہ کا ایک جانب معلوم ہونا ۔
— فلانٌ : آنکھ کھولنا اور بند کرنا، آنکھ جھپکانا (۲) آدمی کا اس طرح دیکھنا کہ جیسے وہ گوشۂ چشم سے دیکھ رہا ہو ۔ هو أخْزَرُ، هي خَزْرَاءُ ج: خُزْرٌ
خَزَّرَ الشَّيْخُ عَيْنَيْهِ : بوڑھے آدمی کا پلکوں کو بھینچ کر دیکھنا تاکہ زیادہ نظر آئے، پلکیں سکیڑنا، آنکھیں بھینچنا۔ خَزَّرَ الشابُّ عَيْنَيْهِ : جوان آدمی کا مکاری سے آنکھیں بھینچنا ۔
— الشيءَ : تنگ کرنا ۔
تَخَازَرَ : نگاہ تیز کرنے کے لیے آنکھیں سکیڑنا، پلکیں سمیٹنا یا بھینچنا (۲) گوشۂ چشم سے دیکھنا (۳) بھینگا بن جانا ۔
الخَزَرُ : آنکھ کی تنگی، بھینگا پن (۲) ایک تنگ آنکھوں والی قوم جو بحر خزر (کیسپین) کے کنارے آباد ہے (۳) مرغن سوپ ۔
بَحْرُ الخَزَرِ : بحر خزر، بحر کیسپین ۔
الخَزْرَةُ : درد کمر، پیٹھ کا درد ۔
الخُزَرَةُ : الخَزْرَةُ ۔
الخُزْرَةُ : سخت بھینگا پن جس میں آنکھ کی پتلی کنپٹی والے گوشے کی طرف الٹ جاتی ہے ۔
الخَزِيرُ : ایک کھانا جو قیمہ اور آٹے سے تیار کیا جاتا ہے (۲) چربی اور آٹے کا سوپ ۔
الخَزِيرَةُ : الخَزِيرُ ۔ حضرت عتبانؓ کی روایت میں ہے : "أنّه حبسه النبيّ صلى الله عليه وسلم على خَزِيرَةٍ تُصْنَعُ له"
الخَوْزَرَى و الخَيْزَرَى : نازو ادا کی چال (۲) ایسی چال جس میں اتراہٹ ہو
الخَيْزُرَانُ : ہر نرم لکڑی (۲) ایک درخت جو کھجور کے درخت کے مشابہ ہوتا ہے اور شرق الہند میں پایا جاتا ہے، اس کی لمبی جڑیں زمین میں پھیلی ہوتی ہیں اور اس کی شاخیں نرم اور لکڑیاں چکنی ہوتی ہیں ج: خَيَازِر ۔ کہتے ہیں : كأنّ قَدَّها غُصْنُ بانٍ أو قَضِيبُ خَيْزُرانٍ ۔ (۳) بانس، نرسل (۴) کشتی کا پتوار ۔
الخَيْزُرَانَةُ : کشتی کا پتوار (۲) بانس کی لاٹھی، چھڑی، بید، قمچی ۔
•خَزْرَبَ الكلامَ : بات کا گڈمڈ ہونا، غیر واضح ہونا ۔
•خَزْرَجَتِ الشاةُ وغيرُها : لنگڑا ہونا، لنگڑا کر چلنا ۔
الخَزْرَجُ : جنوبی ہوا (۲) ٹھنڈی ہوا (۳) شیر (۴) انصار کی ایک شاخ کا نام (دوسری شاخ اوس ہے)۔
•خَزْرَفَ في مِشْيَتِهِ : ہاتھوں کو اوپر نیچے ہلاتے ہوئے چلنا ۔
الخِزْرَافَةُ : کمزور دل اور پست ہمت آدمی (۲) ایسا آدمی جو مجلس میں بیٹھنے کے آداب سے ناواقف ہو (۳) باتونی،

خوش طبع ۔

•خَزَّه بِسَهْمٍ أو بِرُمْحٍ ـُ خَزًّا: تیر یا نیزہ مارنا، آر پار کردینا، کچوکا مارنا، چبھونا، گڑونا، گھونپنا۔ کہتے ہیں: خَزَّه بِبَصَرِه: اس نے اس کو اپنی نگاہ میں رکھا، وہ اس کی نظر میں آگیا۔

ـــ الحائِطَ: دیوار کے اوپر کانٹے بچھانا تاکہ اس پر کوئی چڑھ نہ سکے۔ خَزَّ الحائِطَ بالشَّوْكِ بھی کہا جاتا ہے۔

خَزَّ التَّمْرُ ـِ خَزًّا: کھجور کا قدرے ترش ہونا۔ هو خَازٌّ۔

اِخْتَزَّه بِسَهْمٍ أو رُمْحٍ: تیر یا نیزہ مارنا، کچوکا لگانا، چبھونا، بھونکنا۔

اِخْتَزَّه بِبَصَرِه: خَزَّه ببصره۔

ـــ فلانًا: کسی کو مجمع سے اٹھا کرلے جانا۔

ـــ بَعِيرًا من الإبِلِ: اونٹوں کے گلّہ سے ایک اونٹ کو ہنکا لے جانا اور باقی کو چھوڑ دینا۔

الخَزُّ: اون اور ریشم کا بنا ہوا کپڑا (۲) خالص ریشم کا بنا ہوا کپڑا، ریشم ج: خُزُوز۔

الخُزَز: نر خرگوش (۲) خرگوش کا بچہ ج: خِزَاز وأخِزَّة وخِزَّان۔

الخَزَّاز: ریشم فروش، ریشم کے کپڑے بیچنے والا (۲) ریشم کے کپڑے بنانے والا۔

الخَزِيز: انتہائی خشک عَوْسَج (ایک خاردار پودا یا جھاڑی)۔

المَخَزَّة: أرْضٌ مَخَزَّةٌ: زمین جس میں کثرت سے خرگوش ہوں۔

•خَزَعَ عن أصْحَابِه ـَ خَزْعًا: پیچھے رہ جانا۔

ـــ من فلانٍ: وقار گرانا، حیثیت کم کرنا، بے عزتی کرنا، برا بھلا کہنا۔

ـــ الشيءَ: کاٹنا۔

ـــ منه شيئًا: لینا، لے لینا۔

خَزَّعَ اللَّحْمَ: گوشت کے ٹکڑے کرنا۔

خَزَّعَ الشيءَ: کاٹنا، پھاڑنا، ٹکڑے کرنا۔

ـــ فلانًا ظَلَعٌ في رِجْلِه: لنگڑے پن کا چلنے سے روک دینا۔

اِخْتَزَعَه عن القَوْمِ: قوم سے کاٹ دینا، جدا کردینا۔

ـــ فلانًا عِرْقُ سُوْءٍ: خاندانی خرابی کا آدمی کو بلند مراتب تک پہنچنے سے روک دینا۔

ـــ منه شيئًا: لینا، لے لینا۔

اِنْخَزَعَ الشيءُ: کٹنا۔

ـــ الحَبْلُ: رسّی کا بیچ سے کٹ جانا۔

ـــ مَتْنُ الرَّجُلِ: بڑھاپے اور کمزوری کے باعث کمر جھک جانا۔

ـــ العُودُ: لکڑی کا ٹوٹ کر دو ٹکڑے ہونا

تَخَزَّعَ عن أصْحَابِه: ساتھیوں سے پیچھے رہ جانا۔

ـــ اللَّحْمَ: گوشت کے ٹکڑے کرنا۔

ـــ منه شيئًا: لینا، لے لینا۔

ـــ القومُ الشيءَ: کسی چیز کے ٹکڑے کرکے آپس میں بانٹ لینا۔ قربانی کے بارے میں حضرت انسؓ کی حدیث میں ہے: "فَتَوَزَّعُوهَا أو تَخَزَّعُوهَا"

الخُزَاع: موت۔

الخُزَاعَة: کسی چیز کا ٹکڑا۔

الخِزْعَة: گوشت کا ٹکڑا۔

الخَزْعَة: ایک پاؤں کا لنگڑاپن۔ کہتے ہیں: بِفُلانٍ خَزْعَةٌ: وہ ایک پاؤں سے لنگڑا ہے۔

الخَزُوع: رَجُلٌ خَزُوعٌ: لوگوں کا مال لے لینے والا۔

المِخْزَاع: الخَزُوع۔

المُخَزَّع: جس کے عادات واخلاق میں بہت زیادہ تضاد واختلاف ہو۔

•الخَزْعَبَل: خوش طبعی کی بات جس سے ہنسی آئے۔

الخُزَعْبِل: افسانہ جو عام طور پر مشہور ہو، بے حقیقت بات، داستان، فرضی قصہ کہانی، دیو کہانی۔

الخُزَعْبَلَة والخُزَعْبِيلَة: ہنسی کی بات، لطیفہ، چٹکلا، خندہ انگیز بات۔ کہتے ہیں: هَاتِ بَعْضَ خُزَعْبِيلاتِكَ: اپنے کچھ لطیفے یا کہانیاں سناؤ۔

•خَزَعَلَ الماشِي: لنگڑے پن کی وجہ سے پاؤں جھاڑنا، لنگڑانا۔

ـــ الضَّبُعُ: بجّو کا لنگڑا کر چلنا، لنگڑاپن کر چلنا۔

الخَزْعَال: لنگڑاپن۔ نَاقَةٌ بِهَا خَزْعَالٌ: اونٹنی جو لنگڑا کر چلتی ہے۔

الخُزْعَالَة: خوش طبعی، دل لگی، کھیل کود۔

الخُزَعْل: بجّو۔

•خَزَفَ في مَشْيِه ـِ خَزْفًا: ہاتھ کو اوپر نیچے ہلاتے ہوئے چلنا۔

ـــ الثوبَ: پھاڑنا، چاک کرنا، چیرنا۔

الخَزَّاف: کمہار، مٹی کے برتن بیچنے یا بنانے والا

الخَزَف: ٹھیکرا، پکی ہوئی مٹی، مٹی کے پکے ہوئے برتن۔

الخَزَفِيّ: کمہار (۲) پختہ مٹی کا بنا ہوا۔ آنِيَةٌ خَزَفِيَّةٌ: مٹی کے برتن۔

•خَزَقَ السَّهْمُ ـِ خَزْقًا وخُزُوقًا: تیر کا شکار کے جسم میں گھس جانا، آر پار ہونا

ـــ الرجلُ أو الطَّائِرُ: پاخانہ کرنا، بیٹ کرنا۔

ـــ السَّهْمُ القِرْطَاسَ: تیر کا نشانہ میں گھسنا، آر پار ہونا۔ هو خَازِقٌ ج: خَوَازِق۔

ـــ فلانًا بالنَّبْلِ: تیر مارنا۔ سلمہ بن الاکوعؓ کی حدیث میں ہے: "فَإذَا كُنْتُ في الشَّجْرَاءِ خَزَقْتُهُمْ بالنَّبْلِ"

ـــ فلانًا بالرُّمْحِ: آہستہ سے نیزہ مارنا۔

ـــ الشيءَ في الأرْضِ: زمین میں گاڑنا۔

ـــ الأرْضَ: زمین کو پھاڑنا۔

خَرَقَ فلانًا بِعَيْنِهِ: کسی کو گھورنا، تیز نظروں سے دیکھنا۔
اِخْتَرَقَ السَّيْفُ: تلوار کا نیام سے نکلنا، تلوار کا بے نیام کے ہونا۔
اِنْخَرَقَ الشيءُ: زمین میں گڑ جانا (۲) پھٹ جانا، چھد جانا۔
ـــ الشيءُ الحادُّ في الشيءِ: دھار دار چیز کا کسی چیز میں گھس جانا، گڑ جانا۔
تَخَرَّقَ الشيءُ: پھٹنا، چھد جانا، سوراخ دار ہو جانا۔
الخَارِق: نیزہ کا دھار دار پھل مثل ہے: إنَّه لَأَنْفَذُ من الخارِق: انتہائی تجربہ کار اور معاملات کی تہہ میں گھس جانے والے کے بارے میں کہا جاتا ہے۔
الخَارُوق: ایک لمبا نکیلا ڈنڈا جس کو مجرم کے مقعد میں داخل کر کے گذشتہ زمانوں میں سُولی دی جاتی تھی (۲) نکیلی چھڑی، نوکدار لکڑی ج: خَوَارِيق۔
الخُرُق: أَرْضٌ خُرُقٌ: زمین جس پر پانی نہ ٹھہرتا ہو۔
الخَرُوق: نَاقَةٌ خَرُوقٌ: اونٹنی جو زمین کو پیروں سے کھودتے ہوئے چلتی ہو، یا چلتے ہوئے جس کا پاؤں الٹ جاتا ہو جس کی وجہ سے زمین میں شگاف پڑ جاتا ہو۔
المِخْرَق: ڈنڈا جس کے کنارے پر ایک دھار دار اور نوکیلی کیل ہوتی ہے اور وہ کچی کھجوروں کو گٹھلیوں کے بدلے میں بیچنے والے کے پاس ہوتا ہے (بائع کے پاس ایسے بہت سارے ڈنڈے ہوتے ہیں۔ معاملہ کی شکل یہ ہوتی ہے کہ ایک بچہ گٹھلیاں لے کر آتا ہے اور بائع سے ڈنڈا لے کر یہ شرط لگاتا ہے کہ میں اس ڈنڈے سے اتنی بار کھجوروں کو ماروں گا۔ اب اتنی بار مارنے پر جتنی کھجوریں ڈنڈے کی نوک میں کھب کر آ جاتی ہیں وہ بچہ کی ہو جاتی ہیں، چاہے کم ہوں یا زیادہ، اور نشانہ خطا ہونے کی صورت میں بچہ کو کچھ نہیں ملتا اور اس کی گٹھلیاں ضائع ہو جاتی ہیں)۔
المِخْرَقَة: نیزہ، برچھی۔
• خَزَلَ الشيءَ ـِ خَزْلًا: کاٹنا۔ کہتے ہیں: ضَرَبَه فَخَزَلَه نِصْفَيْن: مار کر اس کے دو ٹکڑے کر دیئے۔
ـــ فلانًا عن حَاجَتِه: روکنا، ضرورت پوری نہ کرنے دینا۔
ـــ الشيءَ: مذمت کرنا، عیب لگانا۔
خَزِلَ الرجلُ ـَ خَزَلًا: پیٹھ کی ہڈی کا ٹوٹا ہوا ہونا، ٹوٹی ہوئی کمر والا ہونا هو أَخْزَل ج: خُزْل۔
ـــ المرأةُ في مِشْيَتِهَا: عورت کا ٹھک کر اور بوجھل ہو کر چلنا۔ هي خَزْلَاء ج: خُزْل۔
اِخْتَزَلَ: لنگڑا ہونا، لنگڑا کر چلنا۔
ـــ بِرَأْيِه: علاحدہ رائے رکھنا، اپنی رائے میں منفرد ہونا، خود رائے ہونا۔
ـــ الشيءَ: کاٹنا، الگ کر دینا، انصار کی حدیث میں ہے: "وقَدْ دَفَّتْ دَافَّةٌ منكم يُرِيدُون أن يَخْتَزِلُونا من أَصْلِنَا" (۲) عیب لگانا، مذمت کرنا۔
ـــه عَنْ قَوْمِه: قوم سے الگ کر دینا، کاٹ دینا۔
ـــ الكلامَ: کلام کو مختصر کرنا، شارٹ کرنا (۲) اشاروں میں کلام کرنا۔
ـــ الوَدِيعَةَ: امانت میں خیانت کرنا۔
اِنْخَزَلَ: کٹنا، الگ ہونا، علاحدہ ہونا۔ اُحُد کی حدیث میں ہے: "اِنْخَزَلَ عَبْدُ اللهِ ابنُ أُبَيّ من ذلك المَكَان"۔
ـــ في كَلَامِه: سلسلۂ کلام منقطع کرنا۔
اِنْخَزَلَتِ المرأةُ في مِشْيَتِهَا: عورت کا ٹھک کر اور بوجھل ہو کر چلنا۔
ـــ فلانٌ عن الأَمْر: پیچھے ہٹنا، ہمت ہارنا۔
ـــ عَنْ جَوَابِ ما قُلْتُ له: جواب سے لاپرواہی برتنا، جواب نہ دینا، بات کو ٹال جانا۔
تَخَزَّلَ السَّحَابُ: بادل کا آہستہ آہستہ پیچھے ہٹنا۔
ـــ المرأةُ: عورت کا ٹھکتے ہوئے گراں باری سے چلنا۔
الاِخْتِزَال: اختصار، مختصر نویسی۔
كِتَابَةُ الاِخْتِزَال: فنِ مختصر نویسی، شارٹ ہینڈ، اسٹینوگرافی۔
كَاتِبُ الاِخْتِزَال: مختصر نویس، اسٹینوگرافر، شارٹ ہینڈ کلرک۔
الأَخْزَل: لنگڑا (۲) اونٹ جس کی کوہان بالکل ختم ہو گئی ہو۔
الخَزْلُ (في الشِّعْر): زحاف کامل کی قسم جس میں متفاعلن کا الف ساقط ہو جاتا ہے اور تا ساکن ہو جاتی ہے۔
الخُزْلَة: پُشت کی شکستگی، شکستگی کمر (۲) بحر کامل اور وافر میں متفاعلن اور مفاعلتن کی تا کا گر جانا۔
الخُزَلَة: رَجُلٌ خُزَلَةٌ: مقصد سے روک دینے والا۔
الخَوْزَلَى: ایسی چال جس میں اتراہٹ اور بوجھل پن ہو۔
الخَيْزَل والخَيْزَلَى: الخَوْزَلَى۔
• خَزْلَبَ الحَبْلَ أو اللَّحْمَ: رسّی یا گوشت کو تیزی سے کاٹنا۔
• خَزَمَه ـِ خَزْمًا: چبھونا، چوکا مارنا، پھاڑنا (۲) سوراخ کرنا۔ کہتے ہیں: خَزَمَ الكِتَابَ: کتاب میں سوراخ کیا۔

خَزَمَ شِرَاكَ النَّعْلِ: جوتے کے تسمہ میں سوراخ کر کے باندھنا۔
ـــ البَعِيْرَ: اونٹ کی ناک میں سوراخ کرنا (۲) ناک میں نکیل ڈالنا۔
ـــ أَنْفَ فلانٍ: تابع بنالینا، رام کرنا، ناک میں نکیل ڈالنا۔
ـــ الجرادَ فی العُود: ٹڈیوں کو لکڑی میں پرونا۔
خَازَمَهُ الطَّرِيقَ مُخَازَمَةً وخِزَامًا: دو مختلف راستوں سے چل کر ایک جگہ آکے ملنا۔
خَزَّمَه: چھونا (۲) سوراخ کرنا (۳) ناک میں نکیل ڈالنا۔
تَخَازَمَ الجَيْشَانِ: دو لشکروں کا ایک دوسرے کے مقابل آنا، مڈبھیڑ ہونا۔
تَخَزَّمَ الشَّوْكُ فِي رِجْلِه: پاؤں میں کانٹا چبھنا۔
الأَخْزَم: نر سانپ - أخـــزم: حاتم طائی کے باپ یا دادا کا نام۔ مثل ہے: شِنْشِنَةٌ أَعْرِفُهَا مِنْ أَخْزَمَ: اُس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو بدخلقی میں اپنے باپ کے مشابہ ہو۔
الخِزَام: کہتے ہیں: لَقِيْتُه خِزَامًا: میں اس سے رو برو ملا، یعنی قریب سے ملا
خِزَامُ الأَنْفِ: ناک کا چھلا، نتھ، نکیل
الخُزَامَى: لیونڈر، ایک خوشبودار پودا جس کے پھول اور شاخیں انتہائی خوشبودار ہوتی ہیں۔ و: خُزَامَاة۔
خُزَامَى صَفْرَاء: سنبل کی قسم کا ایک پودا جس کے پھول زرد رنگ کے ہوتے ہیں
الخِزَامَة: بالوں کا حلقہ جو اونٹ کی ناک کے سوراخ میں ڈالا جاتا ہے اور اس سے لگام کو باندھا جاتا ہے۔ جَعَلَ فِي أَنْفِ فُلَانٍ الخِزَامَةَ: اس کو تابع بنالیا اور رام کرلیا۔ خِزَامَةُ النَّعْلِ: باریک چمڑا جو دو تسموں کے درمیان باندھا جاتا ہے ج: خَزَائِم۔
الخَزَّامُ: اس درخت کی چھال بیچنے والا جس سے رسیاں بنائی جاتی تھیں۔
الخَزْمُ: شعر کے شروع میں ایسی زیادتی جسے تقطیع شعری میں نظرانداز کیا جائے یہ زیادتی ایک حرف سے لے کر چار تک ہوتی ہے۔
الخَزَمُ: ایک درخت جس کی چھال سے رسی بنائی جاتی تھی (۲) کھجور کے درخت جیسا ایک درخت جس کے پتوں سے عورتوں کی ٹوکریاں بنائی جاتی تھیں
الخَزُومَةُ: (قبیلہ ہذیل کے استعمال میں) گائے (۲) بڑی عمر کی پستہ قد گائے ج: خَزَائِم وخُزُمٌ وخَزُومٌ۔
المُخَزَّمُ: پرندے (۲) شتر مرغ۔
خَزَنَ اللَّحْمُ والطَّعَامُ ـُ خَزْنًا وخُزُونًا: گوشت یا کھانے کا بدل جانا اور بدبو ہو جانا۔
ـــ الشَّيْءَ خَزْنًا: اسٹور میں رکھنا، خزانہ میں رکھنا، جمع کرنا، ذخیرہ کرنا۔
ـــ لِسَانَهُ: زبان کو روکے رکھنا، حفاظت کرنا (غلط بات سے)
ـــ السِّرَّ: راز چھپانا۔
ـــ عنه العَطَاءَ: کسی کے عطیہ اور بخشش کو روکنا، نہ دینا۔ هو خَازِنٌ ج: خَزَنَة و هي خَازِنَة ج: خَوَازِن، والمفعول مَخْزُونٌ وخَزِينٌ (فعیل بمعنی مفعول)۔
أَخْزَنَ: غربت کے بعد مالدار ہو جانا۔
اِخْتَزَنَ الشَّيْءَ: خَزَنَه۔
ـــ الطَّرِيقَ: راستہ کو مختصر کرنا، مختصر راستہ اختیار کرنا۔
ـــ السِّرَّ: راز چھپانا، محفوظ رکھنا۔
خَزَّنَ القطار الحَدِيدِيَّ: ریل گاڑی کو بند کرنا۔
اِسْتَخْزَنَهُ الشَّيْءَ: کسی سے جمع کرانا، ذخیرہ کرانا، خزانہ یا گودام میں رکھوانا۔
الخِزَانَةُ: جمع کرنے کی جگہ، الماری، سیف، نعمت خانہ، اسٹور، خزانہ ج: خَزَائِن۔ قرآن پاک میں ہے: "وَإِنْ مِّنْ شَيْءٍ إِلَّا عِنْدَنَا خَزَائِنُهُ" (۲) اسٹور کی نگرانی کا کام (۳) خزانچی گری۔
خِزَانَةُ الثِّيَابِ: کپڑوں کی الماری یا کمرہ۔
خِزَانَةُ الإِنْسَانِ: قلب، دل۔
خِزَانَةُ الاِحْتِرَاقِ: فائر بکس (میکانک اور انجینیری کی اصطلاح)۔ وہ اندرونی خلا جس میں ایندھن سے احتراقی حرارت پیدا ہوتی ہے۔
خِزَانَةُ السِّلَاحِ: اسلحہ خانہ۔
الخَازِنُ: خزانچی، اسٹور کیپر، گودام کا محافظ و منتظم ج: خَزَنَةٌ۔
الخَزَّانُ: خزانچی (۲) ذخیرہ کرنے والا (۳) زبان (۴) پختہ کھجوریں جن کے اندرونی حصے سیاہ ہو جائیں (۵) آبی ذخیرہ، پانی کم ہو یا زیادہ، حوض، تالاب، ٹینک، ٹنکی، بند، ڈیم جیسے: خَزَّان أَسْوَان: اسوان ڈیم۔
الخَزْنُ: ذخیرہ اندوزی۔
الخَزْنَةُ: گنجینہ، نعمت خانہ، برتنوں وغیرہ کی الماری۔
الخَزِينَةُ: تجوری (روپے وغیرہ رکھنے کی سیف) (۲) خزانہ، بیت المال ج: خَزَائِن
خَزِينَةُ الحُكُومَةِ: سرکاری خزانہ۔
المَخْزَنُ: گودام، اسٹور، مال خانہ، سامان خانہ (۲) دوکان ج: مَخَازِن۔
أَمِينُ المَخْزَنِ: اسٹور کیپر، سامان خانہ یا مال خانہ کا منتظم۔
مَخَازِنُ الطَّرِيقِ: مختصر راستے۔
خَزَا فُلانًا ـُ خَزْوًا: سیاست سے

کسی پر غالب آنا، زیر کرنا۔
خَزَا الدَّابَّةَ: جانور کو سدھانا اور ورزش کرانا، دوڑانا۔
___ نَفْسَهٗ: خود پر قابو پانا اور نفس کو خواہش سے روکنا۔
___ الشيءَ: مالک ہونا۔
___ الفَصِيْلَ: اونٹنی یا گائے کے بچے کی زبان کھینچ کر چیر دینا۔
___ فلانًا ـ خَزْيًا: کسی کے مقابلہ میں زیادہ ذلیل وخوار ہونا۔ کہتے ہیں: خَازَاہ مُخَازَاةً فخزاه يَخْزِيه: اس نے رسوائی میں مقابلہ کیا تو وہ اس سے زیادہ رسوا ہوا۔
خَزِیَ ـ خِزْيًا وخِزْيَةً: گرفتار مصیبت ہونا اور رسوا ہونا، ذلیل وخوار ہونا (۲) ہلاک ہونا۔ هو خَزٍ وخَزِيٌّ۔
___ فُلانٌ خَزًى وخَزَابَةً: شرمانا۔
___ فلانًا ومنه: شرم کرنا۔ هو خَزْيَانُ وهي خَزْيَا ج: خَزَايَا۔ حدیث میں ہے: "غَيْرَ خَزَايَا ولا نَدَامَى۔" مؤنث کے لیے خَزْيَانَة بھی بولا جاتا ہے۔
أَخْزَاهُ: ذلیل کرنا، رسوا کرنا، شرمندہ کرنا قرآن پاک میں حضرت لوطؑ کا اپنی قوم سے خطاب نقل کرتے ہوئے کہا گیا ہے: "فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ فِیْ ضَيْفِیْ۔"
خَازَی فلانٌ فلانًا: برائیوں میں کسی سے آگے بڑھ جانا۔
الخِزْيَةُ: مصیبت (۲) بری عادت جس سے شرم کی جائے۔ حضرت شعبیؒ کی حدیث میں ہے: "فَأَصَابَتْنَا خِزْيَةٌ لَمْ نَكُنْ فِيهَا بَرَرَةً أَتْقِيَاءَ وَلَا فَجَرَةً أَقْوِيَاءَ۔"
الخِزْيُ: رسوائی، بدنامی، شرمندگی، عار۔

المَخْزَاةُ: ذلت، رسوائی ج: مَخَازِی۔ مخازی خِزْیِ اور خَزًی کی بھی جمع ہو سکتی ہے۔ خلاف قیاس جیسے مَحَاسِن حُسن کی جمع اور مَشَابِه شَبَه کی جمع۔
المَخْزِیُّ: بدنام، رسوا، ذلیل وخوار، شرمندہ۔
المُخْزِی: رسواکن، بدنام کن، قابل شرم
المُخْزِيَةُ: قَصِيدَة مُخْزِيَة: انتہائی عمدہ نظم جس کے قائل کو أَخْزَاهُ اللّٰه (برنبائے محبت واستعجاب) کہا جائے جیسے اچھا اور انوکھا کام کرنے والے کو قَاتَلَكَ اللّٰه کہا جاتا ہے ظاہر میں بددعا ہے حقیقت میں استعجاب ہے۔

خ ـــــ س

خَسَأَ البَصَرُ ـ خَسْئًا وخُسُوْءًا: نگاہ کا چندھیا جانا، نگاہ کا کسی شے کو نہ دیکھ سکنا اور تھک جانا۔ قرآن پاک میں ہے: "ثُمَّ ارْجِعِ البَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ إِلَيْكَ البَصَرُ خَاسِئًا وهُوَ حَسِيْرٌ۔"
___ الكَلْبُ وغَيْرُهٗ: دور ہو جانا، دھتکارا جانا، ذلیل ہونا۔ کہتے ہیں: اخسَأْ عَنِّی: میرے پاس سے دور ہو۔ قرآن پاک میں ہے: "قَالَ اخْسَئُوا فِيهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ۔" "فَلَمَّا عَتَوْا عَمَّا نُهُوا عَنْهُ قُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خَاسِئِيْنَ۔"
___ الكَلْبَ وغَيْرَهٗ: دھتکارنا، دور بھگانا
خَاسَأَ القَوْمُ: ایک دوسرے کے پتھر مارنا
انْخَسَأَ البَصَرُ: تھکنا، عاجز ہونا، چندھیا جانا۔
___ الكَلْبُ: دور ہونا، دھتکارا جانا۔

تَخَاسَأَ القَوْمُ: خَاسَأَ۔
الخَاسِئُ: دھتکارا جانے والا کتا جسے قریب نہ آنے دیا جائے (۲) گھٹیا اور حقیر وذلیل
الخَسِيءُ: گھٹیا اون۔
خَسَرَ التاجِرُ ـ خَسْرًا وخُسْرًا وخَسَارَةً وخُسْرَانًا: نقصان اٹھانا، تجارت میں گھاٹا ہونا، مال کم ہو جانا۔
___ فُلانٌ: ہلاک ہونا (۲) گمراہ ہونا، بھٹکنا، هو خَاسِرٌ وخَسِيْرٌ وهي خَاسِرَة وخَسِيْرَة۔
___ الشيءَ: کم کرنا یا کم رکھنا جیسے خَسَرَ الكَيْلَ: پورا نہ ناپنا۔ خَسَرَ المِيزَانَ: پورا نہ تولنا۔
خَسِرَ التَّاجِرُ ـ خَسْرًا وخَسَرًا وخُسْرًا وخَسَارًا وخُسْرَانًا: تجارت میں گھاٹا ہونا، نقصان اٹھانا۔ هو خَسِرٌ۔ خَسِرَتْ تِجَارَتُهٗ: اس کی تجارت میں گھاٹا ہوا، ناکام ہونا۔
___ فُلانٌ: بھٹکنا (۲) ہلاک ہونا۔
___ الشيءَ: نقصان اٹھانا، کسی چیز سے ہاتھ دھو لینا، کسی کے پاس سے کوئی چیز ضائع ہو جانا، برباد ہو جانا۔ کہتے ہیں: خَسِرَ مَالَهٗ۔ قرآن پاک میں ہے: "الَّذِيْنَ خَسِرُوْا أَنْفُسَهُمْ وأَهْلِيْهِمْ يَوْمَ القِيَامَةِ" "خَسِرَ الدُّنْيَا والآخِرَةَ ذٰلِكَ هُوَ الخُسْرَانُ المُبِيْنُ"
أَخْسَرَ فُلانٌ: نقصان ہونا، کسی کو گھاٹا ہونا
___ الشيءَ: کم کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَإِذَا كَالُوْهُمْ أَوْ وَزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ"
أَخْسَرَهٗ فِی تِجَارَتِهٖ: تجارت میں نقصان کرانا (ضد: أَرْبَحَهٗ)۔
خَسَّرَ الشيءَ: کم کرنا (۲) نقصان کرانا (۳) نقصان والا کہنا۔

خَسَّرَ فُلَانًا: خیر سے دور کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَمَا تَزِيدُونَنِي غَيْرَ تَخْسِيرٍ" (۲) ہلاک کرنا۔ خَسَّرَهُ سُوءُ عَمَلِهِ: اس کی بدعملی نے اسے ہلاک کر دیا۔

الخَاسِرُ: ناکام (ضد: رَابِح) گھاٹے میں رہنے والا، تجارت میں نقصان اٹھانے والا (۲) گمراہ (۳) برباد۔

الخُسْرُ و الخَسَارَةُ و الخُسْرَان: نقصان (۲) ہلاکت (۳) گمراہی۔

الخَنَاسِيرُ: گمراہی (۲) ہلاکت (۳) غداری، بدعہدی (۴) کمینگی۔

الخَنْسَرَى: الخَنَاسِيرُ۔

الخَيْسَرَى: گمراہی (۲) ہلاکت (۳) دنائت (۴) غداری، بدعہدی۔ رَجُلٌ خَيْسَرَى: نقصان اٹھانے والا (۵) وہ شخص جو کسی کی دعوت اس ڈر سے قبول نہ کرے کہ اسے بھی کھلانا پڑے گا۔

المُخَسِّرُ: ضرر رساں (۲) خلاف مفاد (۳) موجب خسارہ (۴) برباد کنندہ، مہلک

•خَسَّ الرَّجُلُ ـُ خَسًّا: گھٹیا کام کرنا، ذلیل حرکت کرنا۔

ـــ النَّصِيبُ: حصہ کم ہونا۔

ـــ النَّصِيبَ: حصہ کم کرنا۔

ـــ الرَّجُلُ ـِ خِسَّةً و خَسَاسَةً: بے وقعت ہونا، کم درجہ ہونا۔

ـــ فِعْلُهُ و قَوْلُهُ و رَأْيُهُ: فعل، قول اور رائے کا بے وقعت ہونا، گھٹیا ہونا

ـــ الشَّيءُ خَسَاسَةً: کم وزن ہونا کہ جس سے دوسری شے کے برابر نہ ہو، بے وقعت ہونا، گھٹیا ہونا۔ هو خَسِيسٌ ج: أَخِسَّاءُ و خِسَاسٌ و هي خَسِيسَةٌ ج: خَسَائِسُ و خِسَاسٌ۔

أَخَسَّ فُلَانٌ: گھٹیا اور ذلیل حرکت کرنا۔

أَخَسَّ فُلَانًا: کسی کو بے وقعت پانا۔

ـــ نَصِيبَهُ: حصہ کم کرنا۔

خَسَّسَ نَصِيبَهُ: حصہ کم کرنا۔

تَخَاسُّوهُ: آپس میں کسی شے کا لین دین کرنا (۲) ایک دوسرے سے پہلے پہنچنے کی کوشش کرنا، اس کی طرف سبقت کرنا

اِسْتَخَسَّهُ: رذیل و کمینہ سمجھنا یا پانا۔

ـــ نَصِيبَهُ: حصہ کم کرنا۔

الخُسَاسُ: شَيءٌ خُسَاسٌ: بے وقعت اور گھٹیا چیز

الخِسَاسُ: دائر سائر۔ هٰذِهِ الأُمُورُ خِسَاسٌ بَيْنَهُمْ: یہ معاملات ان کے درمیان چلتے رہتے ہیں۔

الخَسَاسَةُ: دنائت، رذالت، کمینگی (۲) بخل۔

الخُسَاسَةُ: تھوڑا مال، گھوڑے کو بہلانے کا تھوڑا سا چارہ۔

الخَسُّ: ایک خاص قسم کی سبزی جس کے چوڑے پتے ہوتے ہیں اور اسے کچا کھایا جاتا ہے۔

خَسُّ البَقَرِ: جنگلی خس۔

خَسُّ الحِمَارِ: ایک جنگلی گھاس۔

خَسُّ الكَلْبِ: گوکھرو، ایک گھاس۔

الخُسَّانُ: غروب نہ ہونے والے ستارے جیسے جدی، فرقدین اور بقیہ بنات نعش اور وہ سب ستارے جو بنات نعش کے ساتھ قطب کے ارد گرد گھومتے ہیں۔

الخَسِيسُ: رذیل، کمینہ، بے وقعت (۲) بخیل (۳) تھوڑا۔ خَسِيسَةُ الوجه: بدشکل۔

الخَسِيسَةُ: کمینی حرکت کہتے ہیں: رَفَعَ من خَسِيسَتِهِ: کسی کے ساتھ ایسا سلوک کرنا جو اس کے لئے باعث سربلندی ہو حدیث میں ہے: "أَنَّ فَتَاةً دَخَلَتْ عَلَيْهَا فقالت إِنَّ أَبِي زَوَّجَنِي من ابنِ أَخِيهِ و أَرَادَ أَنْ يَرْفَعَ بِي خَسِيسَتَهُ" خَسَائِسُ الأُمُورِ: حقیر باتیں۔

خَسِيسَةُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے وہ دانت جو چھٹے سال سامنے کے دو دانت گر جانے کے بعد نکلتے ہیں۔

المُسْتَخِسُّ: بدشکل۔

•خَسَفَتِ الأَرْضُ ـِ خَسْفًا و خُسُوفًا: زمین کا دھنس جانا، اپنے اوپر والی چیزوں سمیت دھنس جانا۔

خَسَفَ اللّٰهُ بِهِمُ الأَرْضَ: اللہ نے ان کو زمین میں دھنسا دیا، غائب کر دیا قرآن پاک میں ہے: "فَخَسَفْنَا بِهِ وَبِدَارِهِ الأَرْضَ: ہم نے اسے اور اس کے گھر کو زمین میں دھنسا دیا (اُن سمیت زمین کو دھنسا دیا)

ـــ عَيْنُ الماءِ: پانی کے چشمے کا گہرائی میں چلا جانا، نیچے اتر جانا۔

ـــ العَيْنُ: آنکھ کا نکل جانا۔

ـــ العَيْنَ: آنکھ کو نکال دینا۔

ـــ القَمَرُ: چاند کو گہن لگنا، روشنی ختم ہو جانا یا کم ہو جانا۔

ـــ الشَّيءُ: پھٹ جانا۔

ـــ الشَّيءَ: پھاڑ دینا۔

ـــ السَّقْفُ: چھت کا گر جانا۔

ـــ الشَّيءُ خَسْفًا: کم ہونا۔

ـــ البَدَنُ: دبلا ہونا۔

ـــ اللَّوْنُ: بدل جانا۔

ـــ فُلَانٌ: بھوکا ہونا (۲) بیماری کی وجہ سے کمزور ہونا۔ هو خَاسِفٌ ج: خُسُفٌ و هي خَاسِفَةٌ ج: خَوَاسِفُ۔

ـــ فُلَانًا: ذلیل کرنا، کسی کی طبیعت کے خلاف کام کرانا۔

ـــ الشَّيءَ: کاٹنا۔

ـــ البِئْرَ: پتھریلی زمین میں کنواں کھودنا

کہ اس کا پانی ہمیشہ بڑی مقدار میں
جاری رہے۔ ھی خَسِیفٌ ج:
أَخْسِفَة وخُسُفٌ۔ وھی خَسُوفٌ
ایضًا ج: خُسُفٌ۔
خَسَفَ لِلشُّعَرَاءِ عَیْنَ الشِّعْرِ: شعرا
کے لئے شعرگوئی کی راہ کھولنا، آسان
کردینا، شعرا کو شعر کے مطالب اور
اس کے فنون سے پوری طرح واقف کرانا۔
— الحَیَوَانَ: جانور کو بغیر خوراک کے
قید رکھنا۔
أَخْسَفَتِ العَیْنُ: آنکھ کی بینائی غائب
ہوجانا۔ کہتے ہیں: حَفَرَ فَأَخْسَفَ:
اس نے کنواں کھودا تو پانی کو گہرائی میں
اترا ہوا پایا۔
— بِفُلَانٍ: زمین دھنسا دینا۔
انْخَسَفَتِ الأَرْضُ: دھنس جانا۔
— العَیْنُ: آنکھ کی بینائی کا ختم ہوجانا۔
الأَخَاسِیفُ: نرم زمین، زمین کے نرم حصے
الخَاسِفُ: ہلکا اور چھریرا لڑکا (۲) بیماری
کی وجہ سے لاغر (۳) بھوکا۔
الخَسْفُ: ذلت۔ کہتے ہیں: سَامَ فُلَانًا
الخَسْفَ وسَامَهُ خَسْفًا: کسی
کے ساتھ ذلت کا سلوک کرنا، ذلیل
کرنا۔ شَرِبَ عَلَی الخَسْفِ:
بغیر کھائے پیا۔ بَاتَ فُلَانٌ الخَسْفَ
وعَلَی الخَسْفِ: بھوکا رہ کر رات
گزاری (۲) ظلم وزیادتی (۳) عیب۔
حضرت علی کی حدیث میں ہے: "مَنْ
تَرَكَ الجِهَادَ أَلْبَسَهُ اللّٰهُ
الذِّلَّةَ وسِیمَ الخَسْفَ" (۴)
کنویں کے پانی کا سوت (۵) اخروٹ
و: خَسْفَةٌ۔
الخَسِیفُ: پتھریلی زمین میں کھودا ہوا کنواں
(۲) بہت دودھ دینے والی اونٹنی (۳) اندر
دھنسی ہوئی آنکھ (۴) نکلی ہوئی آنکھ
(۵) وہ اٹھنے والا بادل جو پانی سے بھرا ہوا
ہو ج: أَخْسِفَةٌ وخُسُفٌ۔
الخَسِیفَةُ: عیب۔
•خَسَقَ السَّهْمُ ـِ خَسْقًا وخُسُوقًا:
تیر کا نشانہ پر گڑ جانا یا پار ہوجانا خَسَقَ
السَّهْمُ الرَّمِیَّةَ بھی کہا جاتا ہے۔
— النَّاقَةُ الأَرْضَ خَسْقًا: اونٹنی کا
اپنے پیروں سے زمین پر نشان ڈالنا
فَالنَّاقَةُ خَسُوقٌ۔
الخَسَّاقُ: بہت جھوٹا۔
الخَسْقَةُ: کہتے ہیں: إِنَّهُ لَذُو خَسَقَاتٍ
فِی البَیْعِ: وہ بیع کو کبھی نافذ کردیتا
ہے اور کبھی اس سے رجوع کرلیتا ہے۔
الخَیْسَقُ: بِئْرٌ خَیْسَقٌ وقَبْرٌ
خَیْسَقٌ: بہت گہرا کنواں یا گہری قبر۔
•خَسَلَهُ ـُ خَسْلًا: دور کرنا، جلاوطن کرنا
(۲) ذلیل کرنا (۳) پھینک دینا۔
الخُسَالَةُ: ردی چیز، ہر خراب چیز۔
الخَسِیلُ: حقیر، ہر گھٹیا چیز ج: خَسَائِل
وخِسَالٌ۔
— مِنَ القَوْمِ: کمینے اور رذیل لوگ۔
الخَسِیلَةُ: الخَسِیلُ۔
الخُسَّلُ والخُسَّالُ: رذیل (۲) کمزور۔
المَخْسُولُ والمُخَسَّلُ: رذیل کیا ہوا،
گھٹیا درجہ کا۔
•خَسَمَ: جھگڑا چکانا۔
•خَسَنَ۔ أَخْسَنَ: شرم سے گڑ جانا۔
•خسي۔ أَخْسَاهُ: طاق یا جفت کنکریوں
سے کسی کے ساتھ کھیلنا۔
خَاسَاهُ: أَخْسَاهُ۔
تَخَاسَی اللَّاعِبَانِ: طاق یا جفت کنکریوں
یا اخروٹ وغیرہ سے کھیلنا۔
— القَوْمُ: ایک دوسرے پر کنکریاں پھینکنا۔
— الدَّابَّةُ بِالحَصَی: چوپائے کا
کنکریوں کو پیروں سے پھینکنا۔
الخَسَا: فرد، طاق عدد۔ کہتے ہیں: خَسًا او
زَكًا: طاق یا جفت ج: المَخَاسِیُّ
والأَخَاسِیُّ (خلاف قیاس)
الخَیْسِیُّ: کمبل (۲) اون کا بنا ہوا خیمہ۔

خ ــــ ش

•خَشَبَه ـِ خَشْبًا وخَشَّبَ الشَّیْءَ
بالشَّیْءِ: ملانا، مخلوط کرنا۔
— السَّیْفَ: تلوار کو ڈھالنا (۲) چمکانا (۳)
تیز کرنا۔ ھو مَخْشُوبٌ وخَشِیبٌ
— النَّبْلَ والقَوْسَ: تیر یا کمان کو ابتدائی
طور پر تیار کرنا (جس میں کوئی صفائی یا
خوبی نہ ہو)۔
— الشِّعْرَ او الكَلَامَ او العَمَلَ: وقتی
طور پر کسی خوبی کے بغیر جیسا ممکن ہو کرنا۔
خَشِبَ ـَ خَشَبًا: سخت اور دبیز ہونا
(۲) لکڑی کی طرح سخت ہوجانا۔
— العَیْشُ: زندگی کا سادہ اور معمولی ہونا
فھو خَشِبٌ وأَخْشَبُ وھی
خَشِبَةٌ وخَشْبَاءُ ج: خُشْبٌ
اِخْتَشَبَ السَّیْفَ والشِّعْرَ: بے تکلف
جیسا ممکن ہو بنانا۔
تَخَشَّبَتِ الإِبِلُ: اونٹوں کا سوکھا
چارہ چرنا۔
اِخْشَوْشَبَ: دین میں پکا اور بے لچک
ہونا، زندگی کے تمام احوال (کھانا، رہنا
لباس وغیرہ) میں سادہ اور بامشقت
ہونا، سادہ وجفاکشی کی زندگی گزارنا۔
— فِی عَیْشِهِ: زندگی میں سخت اور
بامشقت ہونا، تنگی اور سختی کی زندگی
گزارنا تاکہ بہادری معلوم ہو۔
الخَشَابُ: أَرْضٌ خَشَابٌ: ایسی سخت
وخشک زمین جس پر پانی نہ ٹھیرتا ہو۔
الخَشْبَاءُ: الخَشَابُ۔
الخَشَبُ: لکڑی، موٹی لکڑی، شہتیر۔

کہاوت ہے: لِسَانٌ من رُطَبٍ ويَدٌ من خَشَبٍ: اس شخص کے بارہ میں جس کی زبان میٹھی اور کام مضبوط ہو (۲) نباتات کی ایک مضبوط قسم، پودوں اور درختوں کی جڑوں اور تنوں میں پایا جانے والا ٹھوس مادہ۔ خَشَب کی انواع بہت ہیں ج: خُشْبٌ و خُشُبٌ و خُشْبَانٌ۔ حدیث میں ہے "خُشُبٌ بِاللَّيْلِ صُخُبٌ بِالنَّهَارِ"

الخَشَبَةُ: ایک لکڑی، لکڑی کا تختہ یا بڑا ٹکڑا، شہتیری۔

الخَشَبِيُّ: لکڑی کا، لکڑی کا بنا ہوا۔

الخَشَّابُ: لکڑی کا تاجر، لکڑی بیچنے والا (۲) لاٹھی سے لڑنے والا ج: خَشَّابَة کہتے ہیں: خَرَجَتْ إليهم الخَشَّابَةُ يَدُقُّونَهُمْ: لاٹھی باز ان کو پیٹنے کیلئے نکلے۔

الخَشِبُ: کھردرا، کٹھن۔ عَيْشٌ خَشِبٌ: تنگی کی زندگی۔

الخَشِيبُ: ہر کھردری اور موٹی چیز، غیر آراستہ چیز (۲) خشک (۳) بلا پالش (۴) لمبا سخت مزاج آدمی، لمبا اور سخت طبیعت والا موٹا اونٹ (۵) حال ہی کی ڈھالی ہوئی تلوار یا کمان (۶) سادہ اور گھٹیا چیز ج: خُشُبٌ و خَشَائِبُ۔

الخَشِيبَةُ: فطرت، طبیعت۔

المخشاب: پست قد آدمی۔

المُتَخَشِّبُ: لکڑی کی مانند سخت۔

المُخَشَّبُ: لکڑی کا بنا ہوا۔

بَيْتٌ مُخَشَّبٌ: لکڑی کا مکان۔

خَشْتَقُ: کتان، بغلی جیب ج: خَشَاتِق۔

• خَشْخَشَ السِّلَاحُ وغيرُه خَشْخَشَةً: ہتھیاروں یا زیورات وغیرہ کی جھنکار (حرکت کرنے کی آواز سنائی دینا) نئے کپڑے سے آواز نکلنا (خَشْخَشَ الثَّوْبُ الجديد)

خَشْخَشَ فی الشیءِ: اندر گھس کر غائب ہو جانا۔ کہتے ہیں: خَشْخَشَ فُلَانٌ بينَ الشَّجَرِ والقومِ۔

___ السِّلاحَ وغيرَهُ: ہتھیار وغیرہ ہلا کر آواز نکالنا۔

___ الشیءَ فی الشیءِ: داخل کرنا، گھسانا

تَخَشْخَشَ الشیءُ: آواز نکلنا، ہتھیار وغیرہ کی آواز نکلنا (۲) دھماکہ ہونا۔

___ فی الشیءِ: داخل ہو کر غائب ہو جانا کہتے ہیں: تَخَشْخَشَ فی الشَّجَرِ۔

الخَشْخَاشُ: وہ لوگ جو ہتھیاروں اور زرہوں سے لیس ہوں (۲) لوگوں کا بڑا مجمع، ہجوم (۳) ہر وہ چیز جس کو رگڑنے سے آواز پیدا ہو (۴) پوست، پوست کا پودا جس سے افیون نکالی جاتی ہے۔ واحد: خَشْخَاشَةٌ۔

• خَشَرَ فُلانٌ ـِ خَشْرًا: کھانے کا حریص ہونا (۲) دسترخوان پر معمولی اور غیر مفید چیزوں کو چھوڑ دینا۔

___ الشیءَ: کسی شے کے خراب حصہ کو ہٹا دینا (۲) ردی اور بیکار کر دینا۔ فالشیءُ مَخْشُورٌ۔

خَشِرَ ـَ خَشَرًا: حریص و ندیدا ہونا (۲) بزدلی سے بھاگ جانا۔

الخُشَارُ والخُشَارَةُ: نیچے درجہ کے لوگ (۲) سمندر کا جھاگ، کوڑا کرکٹ (۳) وہ جو جس کے اندر دانہ نہ ہو۔ حدیث میں ہے: "إذَا ذَهَبَ الخِيَارُ وبَقِيَتْ خُشَارَةٌ كَخُشَارَةِ الشَّعِيرِ لا يُبَالِي بِهِمُ اللهُ بَالَةً" (۴) دسترخوان پر بچی ہوئی ردی اور معمولی چیزیں، بچا کھچا کھانا (۵) ہر شے کا خراب اور ردی حصہ۔

الخاشِر: ردی چیز ج: خاشِرَة۔

خَاشِرَةُ الناسِ: رذیل لوگ۔

مَخَاشِرُ المِنْجَلِ: درانتی کے دندانے۔

• خَشْرَبَ فی العَمَلِ: کام کو ادھورا کرنا

• خَشْرَمَت الضَّبُعُ: بجو کا کھاتے وقت آواز نکالنا۔ چپڑ چپڑ کرنا۔

الخَشْرَمُ: شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کا دَل واحد: خَشْرَمَةٌ (۲) شہد کی مکھیوں کی رانی (ملکہ) شہد کی مکھیوں کا چھتا حدیث میں ہے: "لَتَرْكَبُنَّ سَنَنَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ ذِرَاعًا بِذِرَاعٍ حَتّٰى لو سَلَكُوا خَشْرَمَ دَبْرٍ لَسَلَكْتُمُوهُ" (۳) ناک کی ہڈی کا نرم و باریک حصہ (۴) چھوٹا پہاڑ (۵) نرم پتھر جن سے چونا بنایا جاتا ہے ج: خَشَارِمُ

• خَشَّ السَّحَابُ ـُ خَشًّا: تھوڑی بارش برسانا۔

___ الرَّجُلُ: گزر جانا، اندر جا کر نکل جانا

___ فی الشیءِ: گھسنا، داخل ہونا۔ کہتے ہیں: خَشَّ فی القومِ وفی الدَّارِ

___ البَعِيرَ: اونٹ کی ناک میں خشاش ڈالنا (اونٹ کی ناک میں ڈالی جانے والی لکڑی جس سے لگام کو باندھا جاتا ہے)

___ فُلَانًا: کسی کے نیزہ مارنا۔

أَخَشَّ البَعِيرَ: ناک میں خشاش ڈالنا۔

اخْتَشَّ من الأرضِ: کیڑے مکوڑے کھانا۔

انْخَشَّ فی الشیءِ: داخل ہونا، اندر گھسنا انْخَشَّ فی القومِ وفی الشَّجَرِ۔

الخَشَاشُ: کیڑے، مکوڑے، حشرات الارض (۲) پرندے و: خَشَاشَةٌ (۳) عمدہ اور ہلکی چادر (۴) زندہ دل اور ہوشیار آدمی (۵) ہر نازک اور لطیف شے۔ حضرت عائشہؓ کی حدیث میں ہے جس میں وہ اپنے والد کی صفت بیان کرتی ہیں: "خَشَاشُ المَرْآةِ والمَخْبَرِ" ان کا ظاہر و باطن لطیف

یعنی پاکیزہ تھا۔

الخِشَاشُ: اونٹ کی ناک میں ڈالی جانے والی لکڑی (جس سے لگام کو باندھا جاتا ہے) (۲) پہاڑی سانپ، بڑا اژدہا (۳) پرندے وغیرہ و: خِشَاشَةٌ (۴) ہر خراب چیز (۵) چالاک و ہوشیار پختہ کار آدمی (۶) اون وغیرہ کا بُنا ہوا بوری نما تھیلا۔ خشاشا الشیئ: کسی شے کے دو کنارے ج: أَخِشَّةٌ۔

الخُشَاشُ: حشرات الارض، کیڑے مکوڑے (۲) پرندے (۳) شہوت والے اونٹ (۴) بہادر (۵) خراب چیز ج: أَخِشَّةٌ

الخِشَاشَةُ: اونٹ کی ناک میں ڈالی جانے والی لکڑی۔

الخَشُّ: پا پیادہ لوگ و: خاشٌّ۔ (خلافِ قیاس) (۲) کالا سانپ (۳) کھردری چیز (۴) تھوڑی بارش۔

الخُشُّ: ٹیلہ ج: أَخْشَاشٌ۔

الخَشَّاءُ: شہد کی مکھیوں اور بھڑوں کا چھتا (۲) گارے اور کنکریوں والی زمین ج: خَشَّاوَات و خَشَاشِیّ۔

الخُشَّاءُ: کان کے پیچھے ابھری ہوئی باریک ہڈی۔

الخُشَیْشُ: چھوٹا سا ہرن (۲) ٹیلہ۔

المِخَشُّ: نڈر، رات کی تاریکی سے نہ ڈرنے والا، بہادر و جری۔ کہتے ہیں: ھو مِخَشٌّ لَیْلٍ: رات کی تاریکیوں اور اس کی ہولناکیوں سے نہ ڈرنے والا (۲) ملنسار اور بے تکلف آدمی جو لوگوں کے ساتھ اٹھتا بیٹھتا اور کھاتا پیتا ہو (۳) دلیر گھوڑا۔

• خَشَعَ ــَ خُشُوعًا: عاجزی دکھانا، انکساری کرنا، خود کو چھوٹا اور بے حیثیت بنانا (۲) پست اور ذلیل ہونا (۳) ڈرنا حدیث جابرؓ میں ہے: "أَنَّه أَقْبَلَ عَلَیْنَا فَقَالَ أَیُّکُمْ یُحِبُّ أَنْ یُّعْرِضَ اللّٰهُ عنه؟ قَالَ: فَخَشَعْنَا" (۴) آواز کا پست کرنا، پست آواز ہونا (۵) نگاہ نیچی کر لینا۔

خَشَعَ بِبَصَرِه: نگاہ کو جھکانا، نیچی کرنا۔

ــــ لِرَبِّه: پروردگار کے سامنے جھکنا، اظہار عجز کرنا۔

ــــ صَوْتُهُ: آواز پست ہونا، ہلکی ہو جانا قرآن پاک میں ہے: "وَخَشَعَتِ الْأَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ إِلَّا هَمْسًا"

ــــ بَصَرُهُ: نگاہ نیچی ہو جانا، نگاہ میں ٹھہراؤ نہ رہنا۔

ــــ الشَّیْئُ: پُرسکون ہو جانا، ٹھہر جانا۔

ــــ الوَرَقُ و نَحْوُهُ: پتوں وغیرہ کا مرجھا جانا۔

ــــ الأَرْضُ: بارش نہ ہونے سے زمین کا خشک ہو جانا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمِنْ اٰیَاتِه أَنَّكَ تَرَى الْأَرْضَ خَاشِعَةً فَإِذَا أَنْزَلْنَا عَلَیْهَا الْمَاءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ"

ــــ الكَوْكَبُ: ستارہ کا غروب ہونے کے قریب ہونا۔

ــــ الشَّمْسُ: سورج کو گہن لگنا، سورج کی روشنی ختم ہو جانا یا کم ہو جانا۔

ــــ السَّنَامُ: کوہان کی چربی کم ہو جانا۔

اِخْتَشَعَ: انکساری کرنا (۲) نگاہ نیچی کر لینا (۳) پست آواز ہونا۔

تَخَشَّعَ: گڑگڑانا، عاجزی دکھانا، خاکساری دکھانا، نگاہ نیچی کر لینا، ڈرا ہوا اور سہما ہونا۔

تَخَاشَعَ: خاکساری و فروتنی کا مظاہرہ کرنا

الخَاشِعُ: عاجزی دکھانے والا، آواز پست کرنے والا جس کی آواز پست ہو، نگاہ نیچی کرنے والا، ڈرنے والا، جھکنے والا، گڑگڑانے والا ج: خُشَّعٌ و الخُشُوع ج: خُشَّعٌ۔ وہ جگہ جس کی مٹی نرم ہونے کی بنا پر اڑ جائے اور نشانات مٹ جائیں، وہ جگہ جس کا کوئی راستہ نہ مل سکے، وہ جگہ جہاں گرد و غبار کے باعث کوئی جائے قیام نہ ہو۔

الخِشْعَةُ: مردہ ماں کے پیٹ سے نکالا ہوا زندہ بچہ ج: خِشَعٌ۔

الخُشْعَةُ: سخت زمین کا ٹکڑا، زمین سے تھوڑا ابھرا ہوا ٹیلہ۔

• خَشَفَ ــِ خَشْفًا و خُشُوفًا و خَشَفَانًا: آواز نکلنا (۲) زمین میں غائب ہو جانا (۳) رات میں گھومنا۔

ــــ فی الأَرْضِ: کسی علاقہ میں جانا۔

ــــ فی الشیئ: داخل ہونا، گھسنا۔

ــــ فی السَّیْرِ: تیز چلنا، لپکنا۔

ــــ البَرْدُ: سردی کا سخت ہونا۔

ــــ الماءُ: پانی کا جم جانا۔

ــــ الثَّلْجُ: سخت سردی میں برف پر چلتے وقت برف کی حرکت کی آواز سنائی دینا

ــــ الدَّلِیْلُ بالقوم خَشَافَةً: راہبر کا لوگوں کو لے کر چلنا اور رہنمائی کرنا۔

ــــ المَرْأَةُ بالوَلَدِ خَشْفًا: عورت کا بچہ کو پھینک دینا۔

ــــ رَأْسَهُ: پتھر مار کر سر پھوڑنا۔

خَشِفَ البَعِیْرُ ــَ خَشَفًا: اونٹ کے پورے جسم پر خارش ہو جانا، خارش کی وجہ سے اونٹ کی کھال کا خشک ہو جانا

ــــ الشیئُ: خشک ہونا۔ ھو أَخْشَفُ ج: خُشْفٌ۔

أَخْشَفَتِ الظَّبْیَةُ: ہرنی کا بچہ والی ہونا فہی مُخْشِفٌ۔

خَاشَفَ السَّهْمُ: تیر کے نشانہ پر لگنے سے آواز نکلنا۔

ــــ الی کذا: دوڑ کر جانا، سبقت کرنا۔

خَاشَفَ فِی ذِمَّتِہ : اپنے عہد کو توڑنا، بدعہدی میں جلدی کرنا۔

خَشَّفَ الدَّلِیلُ بِالْقَوْمِ : راہ نمائی کرنا

الخُشَّافُ : منقیٰ، انجیر وغیرہ دیگر پھلوں سے تیار کیا ہوا شربت (پانی میں بھگو کر یا جوش دے کر) (یہ فارسی خوش آب کا معرب ہے)

الخَشَفُ : حرکت (۲) آواز ج: أَخْشَافٌ و خُشُوفٌ۔

الخِشْفُ : ہرنی کا نوزائیدہ بچہ (نر ہو یا مادہ) ج: خُشُوفٌ و خِشَفَۃٌ

الخَشْفُ : ناہموار کھردری برف۔

الخَشَفَۃُ : حرکت (۲) آہٹ، آواز، حدیث میں ہے۔ حضورؐ نے حضرت بلالؓ سے فرمایا: "ما عَمَلُكَ؟ فإنّي لا أرانِي أَدْخُلُ الجَنَّةَ فأسمعُ الخَشَفَةَ إلّا رأيتُكَ" تمہارا وہ کون سا عمل ہے جس کی وجہ سے میں جب بھی جنت میں جاتا اور آوازیں سنتا ہوں تو تم کو دیکھتا ہوں (۳) بجو کی آواز (۴) زمین پر سانپوں کے رینگنے کی آواز۔

الخُشْفُ : ذلت۔

الخَشْفُ : معمولی قسم کی اون (۲) سخت یا نرم برف (۳) سبز رنگ کی مکھی۔

الخَشُوفُ : بے دھڑک معاملات میں پڑنے والا، دخل دینے والا (۲) رات کو بے خوف خطر سفر کرنے والا (۳) تیز تلوار ج: خُشُفٌ

الخَشِیفُ : جما ہوا بستہ (۲) نرم (۳) کھردری برف کہ سخت سردی میں اس پر چلنے سے قدموں کی آواز سنائی دیتی ہے (۴) خشک زعفران (۵) کنکریلی زمین میں کنکریوں کے نیچے دو چار روز چل کر غائب ہو جانے والا پانی (۶) تیز تلوار ج: خُشُفٌ۔

الخُشَّافُ : چمگادڑ۔

المَخْشَفُ : پانی جمنے کی جگہ، برف بننے کی جگہ

المِخْشَفُ : ماہر راہ بر (۲) شیر (۳) رات کے وقت چلنے میں بہادر (۳) بے دھڑک کاموں میں حصہ لینے والا یا دخل دینے والا ج: مَخَاشِفُ۔

● الخُشْکَارُ : بھورے رنگ کی غیر صاف شدہ آٹے کی روٹی (فارسی) آٹا ملا ہوا بھوسا

الخُشْکُنَانُ : میٹھی ٹکوری یا ٹکی، شیرمال خالص گیہوں کے آٹے کی ڈبل ٹکیہ جس میں گھی، شکر، بادام، پستہ وغیرہ بھر کر تیار کیا جاتا ہے۔

● خَشَلَہُ ـُ خَشْلاً : نیچا دکھانا، ذلیل کرنا۔

ـــ الشَّرَابَ و نَحْوَہُ : شربت وغیرہ کو صاف کرنا۔

خَشِلَ ـَ خَشَلاً : الثَّوْبُ : پرانا ہونا، بوسیدہ ہونا۔

ـــ الرَّجُلُ : لڑائی کے وقت کمزور پڑ جانا ھو خَشِلٌ۔ کہتے ہیں: رَجُلٌ خَشِلٌ فَشِلٌ : کمزور و ناکارہ آدمی

خَشَّلَہ : تحقیر و تذلیل کرنا (۲) ہاتھوں میں کنگن اور پیروں میں پازیب پہنانا۔

تَخَشَّلَ : ذلیل ہونا، انکساری برتنا، (۲) سرنگوں ہونا (۳) زمین کا پست ہونا

الخَشْلُ : گھٹیا اور ردی چیز (۲) انڈے کا خول (۳) ہاتھ پیر کے زیورات (پازیب و کنگن کے سرے، نوکیں یا ان زیورات کے ٹوٹے ہوئے کنارے (۴) گوگل کا پھل (جو کھجور کے مشابہ ہوتا ہے) ردی گوگل یا خشک گوگل یا تر یا چھوٹا یا گوگل کی گٹھلیاں (۵) پتھر جس پر تاریخ لکھی جائے (۶) کھوکھلی چیز۔

الخَشَلُ : ردی چیز (۲) بنیاد۔

الخَشْلُ و الخَشِلُ : کمزور آدمی۔

الخَشِیلُ : خشک کوڑا کرکٹ۔

المِخْشَلَۃُ : چھلنی ج: مَخَاشِلُ۔

● خَشَمَہُ ـِ خَشْمًا : ناک کی ہڈی توڑنا ناک کا بانسا توڑنا۔

خَشِمَ الإِنْسَانُ ـَ خَشَمًا : ناک کا بیماری سے خراب ہو کر سونگھنے کے قابل نہ رہنا (۲) چوڑی ناک والا ہونا (۳) بدبودار ناک والا ہونا۔

ـــ الأَنْفُ : بیماری کی وجہ سے ناک کا بدبودار ہو جانا۔

ـــ فُلاَنٌ خَشَمًا و خُشَامًا : کسی کی ناک کے نتھنوں کا ختم ہو جانا اور سانس کا راستہ بند ہو جانا۔ فھو أَخْشَمُ وھی خَشْمَاءُ ج: خُشْمٌ۔

خُشِمَ : ناک کی ایسی بیماری میں مبتلا ہونا جس سے سونگھنے کی قوت ختم ہو جائے۔

خُشِمَ فُلاَنٌ : اس میں سونگھنے کا حاسہ ختم ہو گیا۔

أَخْشَمَ : بدبودار ناک والا ہونا (۲) بدبودار ہو جانا۔

خَشَّمَ اللَّحْمُ و نَحْوُہُ : گوشت وغیرہ بدبودار ہو جانا۔

ـــ خَیْشُومَہ : ناک کا بانسا توڑنا۔

ـــ الشَّرَابُ فُلاَنًا : شراب کا کسی کو (ناک سے دماغ تک بو سرایت کرنے کی بنا پر) نشہ میں لانا۔

تَخَشَّمَ فُلاَنٌ : شراب کے نشہ میں ہونا (اس بنا پر کہ اس کی تیزی ناک سے دماغ تک سرایت کر گئی)۔

ـــ اللَّحْمُ : گوشت کا خراب ہو کر بدبودار ہو جانا۔

الخُشَامُ : ناک کے اندر کی بیماری جس سے سونگھنے کی صلاحیت ختم ہو جاتی ہے (۲) بڑی ناک (۳) بہت بڑا پہاڑ (۴) بڑی ناک والا آدمی (۵) شیر (ناک بڑی ہونے کی بنا پر)۔

الخَشَمُ : ناک کی بیماری (۲) ناک (۳) ناک کی ریزش جو نتھنوں سے بہتی رہے۔

الخِشْمُ: ناک (۲) منہ۔ کَسَرَ خِشْمَتَه: ذلیل ورسوا کرنا۔
الخُشْمَةُ: شراب کی مستی۔
الخَيْشُومُ: ناک کی جڑ، ناک کا بانسا، ناک کا نتھنا ج: خَيَاشِيمُ۔
• خَشُنَ ــُ خُشُونَةً و خَشْنًا و خَشَانَةً و خُشْنَةً و مَخْشَنَةً: کھردرا اور سخت ہونا۔ هُوَ خَشِنٌ ج: خُشُنٌ۔ و هو خَشِنٌ ج: خُشْنٌ و خِشَانٌ۔ و هو أَخْشَنُ و هي خَشْنَاءُ ج: خُشْنٌ۔ کہاوت ہے: خَشُنَ صَدْرُهُ عليه: ناراض ہونا، غصہ ہونا۔
خَاشَنَهُ: کسی کے ساتھ سخت برتاؤ کرنا (ضد: لاینه) سختی سے پیش آنا۔
خَشَّنَهُ: کھردرا اور سخت کرنا۔
ـــ صَدْرَهُ: بھڑکانا، غصہ دلانا۔
تَخَاشَنُوا: اکھڑ بننا، قول وعمل میں کرختگی کا اظہار کرنا۔
تَخَشَّنَ: کرختگی میں اضافہ ہونا، سخت وکھردرا ہوجانا (۲) کھردرا یا موٹا اور سخت کپڑا پہننا (۳) سخت بات کرنا، کرختگی سے بولنا (۴) موٹا اور معمولی کھانا کھانا (۵) معمولی اور خشک زندگی گزارنا (۶) سادگی اور سختی کا عادی ہوجانا۔
اسْتَخْشَنَهُ: کھردرا اور سخت پانا۔
اخْشَوْشَنَ: تَخَشَّنَ۔
الخَشِنُ: کھردرا، سخت، گاڑھا، موٹا، معمولی، سادہ، خشک۔
خَشِنُ الأَخْلَاقِ: بدمزاج، بداخلاق، سخت مزاج، اکھڑ ج: خِشَانٌ
خَشِنُ الجَانِبِ: ایسا سخت آدمی جس پر قابو نہ پایا جاسکے۔
الخَشْنَاءُ: كَتِيبَةٌ خَشْنَاءُ: کثیر ہتھیار والا دستہ، احد کی لڑائی سے متعلق حدیث میں ہے "فإذا بكتيبة خشناء" (۲) ایک ریشہ دار کھردری سبزی جو باقلہ کی ایک قسم ہے ج: خُشْنٌ
الخُشُونَةُ: کرختگی، سختی، کھردراپن، اکھڑپن، خشکی، موٹاپن
الخَيْشَنُ: موٹے سرکا، بھدّا۔
• خشو۔ خَشَتِ النَّخْلَةُ ــُ خَشْوًا: کھجور بھدی اور خراب پھل آنا۔
الخَشَا: پالا پڑنے سے سیاہ ہوجانے والی کھیتی
الخَشَاءُ: سخت زمین جس پر کچھ اُگتا نہ ہو
الخَشْوُ: ردی کھجوریں۔
الخَشِيُّ: بٹری ہوئی سوکھی گھاس (۲) سوکھا گوشت۔
• خشاه ــَ خَشْيًا: کسی کے مقابلہ میں زیادہ خائف ہونا۔
خَشِيَ ــَ خَشْيَةً: ڈرتے رہنا، ڈر ہونا، کھٹکا ہونا، اندیشہ ہونا۔ جیسے: خَشِيَ أَنْ يَسْقُطَ۔
ـــ فُلَانًا و منه: خَشْيًا و خَشْيَةً و خَشَاةً: ڈرنا۔ کہاوت ہے: إِنَّما أَخْشَى سَيْلَ تَلْعَتِي (میں اپنے نالہ کے سیلاب سے ڈرتا ہوں) اس شخص کے بارہ میں جو اپنے رشتہ داروں کا شاکی اور ان سے خائف ہو۔ (۲) دل میں تعظیم وہیبت رکھتے ہوئے ڈرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "إِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ العُلَمَاءُ" کبھی فعل کے بعد با بھی لائی جاتی ہے جیسے: خَشِيَ بِأَنْ يَمُوتَ هو خَاشٍ وخَشٍ و خَشْيَان و هي خَشْيَا ج: خَشَايَا (۳) امید کرنا حدیث میں ہے۔ حضرت ابن عباس رضی نے فرمایا: "لَقَدْ كَثُرَتْ مِنَ الدُّعَاءِ بِالموتِ حَتّى خَشِيتُ أَنْ يَكُونَ ذلك أَسْهَلَ لَكَ عِنْدَ نُزُولِه" (۴) ناپسند کرنا۔
خَاشَاهُ: ایک دوسرے پر ٹالنا (۲) ڈر میں مقابلہ کرنا۔
خَشَّاهُ: خوف زدہ کرنا، ڈرانا۔ کہاوت ہے: لَقَد كُنتَ وما أُخَشَّى بِالذِّئْبِ۔
تَخَشَّى فُلَانٌ: خوف زدہ ہونا، کھٹکا اور ڈر ہونا۔
ـــ فُلَانًا: کسی سے ڈرنا۔
اخْتَشَى: شرمانا۔
الخَشْيَةُ: ڈر، اندیشہ، رعب۔
خَشْيَةَ أَنْ و بِأَنْ: اس ڈر سے کہ، مبادا کہ، ایسا نہ ہو کہ۔
الخَشِيُّ: خشک گھاس۔
خَاشٍ و خَشْيَانُ: خائف، خائف رہنے والا، اندیشہ رکھنے والا۔
الأَخْشَى: زیادہ خوفناک۔ هذا المكان أَخْشَى من غيره۔

خ ـــــ ص

• خَصِبَ المكانُ ــَ خِصْبًا: ہرا بھرا ہونا، سرسبز ہونا، شاداب ہونا، سبزہ کی کثرت ہونا، زرخیز ہونا۔ هو خَصِبٌ و خَصِيبٌ و هو و هي مِخْصَابٌ
أَخْصَبَ المكانُ: خَصِبَ۔
ـــ القَوْمُ: لوگوں کا خوش حال ہونا، لوگوں میں فراخی ہونا، ارزانی ہونا۔
ـــ جَنَابُ فُلَانٍ: کسی کا فیض اور نفع زیادہ ہونا۔
ـــ فُلَانٌ: شاداب جگہ پانا اور اس میں منتقل ہوجانا۔
ـــ اللّٰهُ المَوْضِعَ: زرخیز بنانا، سبزہ زار بنا دینا۔
اخْتَصَبَ المكانُ: أَخْصَبَ۔
الإِخْصَابُ: علم الاحیاء میں مذکر (نر) مادّہ کا مؤنث (مادہ) مادّہ میں ملانا۔

الخِصَابُ : کھجور کا بہت پھل دار درخت۔
الخَصْبُ : الخِصابُ (۲) کھجور کا شگوفہ یا پھل۔
الخِصْبُ : زرخیزی، شادابی، ارزانی، فراخی، خوش حالی، سبزہ کی کثرت ج: أَخْصَابٌ
الخَصِيبُ : رَجُلٌ خَصِيبٌ : بہت فیض رساں آدمی، بہت مال دار۔
المُخْصِبُ : شاداب و سرسبز (۲) مال دار (۳) زرخیز بنانے والا، نباتات کو نشوونما دینے والی شے جیسے کھاد وغیرہ۔
المُخَصِّبُ : کھاد فطری یا مصنوعی جو کیمیاوی طریقہ پر بنا کر کھیت میں ڈالا جاتا ہے۔
•خَصَرَہ ـُ خَصْرًا : کوکھ پر مارنا۔
خَصِرَ ـَ خَصَرًا : ٹھنڈا ہونا، یا ٹھنڈک کا بڑھ جانا (۲) سردی کی وجہ سے ہاتھ پیروں وغیرہ میں تکلیف ہونا۔
خُصِرَ : کوکھ یا کمر کی تکلیف میں مبتلا ہونا۔ کمر میں درد ہونا۔
أَخْصَرَہٗ : ٹھنڈا کرنا۔ أَخْصَرَ القَرُّ أَنَامِلَهُ : سردی نے اس کی انگلیوں کو ٹھنڈا کر دیا۔
خَاصَرَہٗ : کوکھ یا کمر پر ہاتھ رکھنا (۲) ایک دوسرے کی کوکھ پر ہاتھ رکھ کر ساتھ ساتھ چلنا (۳) ہر ایک کا الگ الگ راستہ پر چل کر کسی جگہ مل جانا۔
خَصَّرَ الثَّوْبَ أَوِ النَّعْلَ : کپڑے یا چپّل کے کناروں کو باریک کرنا۔
اِخْتَصَرَ فلانٌ : کوکھ پر ہاتھ رکھنا (۲) ہاتھ میں لاٹھی لینا، لاٹھی پکڑنا۔
___ المِخْصَرَةَ : لاٹھی پکڑنا۔
___ بالمِخْصَرَةِ : لاٹھی پر ٹیک لگانا۔
___ قَطْعَ الشَّيْءِ و فیه : جڑ سے نہ کاٹنا۔
___ الطریقَ : قریب ترین راستہ اختیار کرنا
___ الکلامَ : بات کو مختصر کرنا، اختصار سے کام لینا۔
___ الشَّيْءَ : فاضل حصّہ حذف کر دینا، مختصر کر دینا۔
تَخَاصَرَ : اپنی کوکھ پر ہاتھ رکھنا۔
___ الشَّخْصَانِ : ایک دوسرے کی کوکھ پر ہاتھ رکھ کر چلنا۔
تَخَصَّرَ : پہلو پر ہاتھ رکھنا۔
___ بالإِزَارِ : تہبند باندھنا۔
___ بالمِخْصَرَةِ : لاٹھی کو ہاتھ میں لینا، لاٹھی پکڑنا۔
الأَخْصَرُ : مختصر، چھوٹا۔ هذا أَخْصَرُ من ذالك و أَقْصَرُ : یہ اُس سے چھوٹا اور مختصر ہے۔
الخَاصِرَةُ (من الانسان) : پہلو (سرین کی جڑ سے پسلیوں کے نیچے تک کا درمیانی حصّہ) الخَاصِرَتَانِ : دونوں پہلو ج: خَوَاصِر (۲) کوکھ کا درد۔
الخِصَارُ : کمربند، تہبند (کیوں کہ اسے کمر پر باندھا جاتا ہے) ج: خُصُرٌ۔
الخَصْرُ (من الانسان والحیوان) : کمر، کوکھ۔ خَصْرُ الرَّمْلِ : ریت کا درمیانی حصّہ، ریتیلی زمین سے گزرنے والا راستہ۔ خَصْرُ القَدَمِ : پاؤں کے تلوے کا گہرا حصّہ جو زمین سے نہ لگے۔
خَصْرُ السَّهْمِ : تیر کا درمیانی حصہ ج: خُصُور۔
الخَصَرُ : ٹھنڈ، سردی۔
الخَصِرُ : يَوْمٌ خَصِرٌ : سرد دن۔
الخُصَيْرَى : کمی، اختصار، حذف، کسی شے کا فاضل حصّہ حذف کر دینا۔
المِخْصَرَةُ : لاٹھی، چھڑی وغیرہ جس پر ٹیک لگایا جائے (۲) چھڑی جس سے تقریر اور گفتگو کے دوران اشارہ کیا جائے (بادشاہ اور مقررین اسے استعمال کرتے تھے) (۳) بینڈ ماسٹر کی چھڑی جس کے اشارے سے وہ باجا بجنے کے وقت ہدایات کرتا رہتا ہے ج: مَخَاصِر۔ مَخَاصِرُ الطریقِ : قریب ترین راستے۔
المُخَصَّرُ : باریک کمر والا۔ قَدَمٌ مُخَصَّرَةٌ : پاؤں جس کا پنجا اور ایڑی زمین پر لگے اور تلوا زمین پر نہ لگے۔ کہتے ہیں : هو مُخَصَّرُ القَدَمَيْن۔
المَخْصُورُ : جس کی کمر میں درد ہو۔ رَجُلٌ مَخْصُورُ البَطْنِ : دُبلے پیٹ والا، پتلی کمر والا۔ مَخْصُورُ القَدَمِ : چھوٹے پاؤں والا۔
•خَصَّ الشيءَ ـُ خُصُوصًا : خاص ہونا۔
___ فلانًا : کسی کو زیادہ چیز دینا۔
___ فلانًا بکذا خَصًّا و خُصُوصًا و خُصُوصِيَّةً و خِصِّيصَى : خصوصیت دینا، مخصوص کرنا، خاص کرنا، ترجیح دینا۔ خَصَّهٗ بِوُدِّهِ : اپنی محبت صرف اسی کو دی۔
___ کذا لنفسه : اپنے لئے مخصوص کرنا، چن لینا۔
___ بہ : متعلق ہونا، وابستہ ہونا، اختیار حاصل ہونا۔
خَصَّہٗ : متعلق ہونا، حق ہونا، حصہ ہونا، هذا لا يَخُصُّنِي : یہ مجھ سے متعلق نہیں، مجھے اس سے دلچسپی نہیں۔ (لَا يَخُصُّكَ أَنْ تَجْلِسَ المَجْلِسَ)
هو خَاصٌّ ج: خَوَاصٌّ، و خُصَّان۔
هي خَاصَّةٌ ج: خَوَاصٌّ۔
خَصَّ ـَ خَصَاصًا و خَصَاصَةً : مفلس و نادار ہونا، محتاج ہونا۔
أَخَصَّہٗ بہ : مخصوص کرنا، خاص کرنا۔
أَخَصَّ فلانٌ فلانًا و بہ : کسی کا کسی کے ساتھ خاص ہو جانا۔
خَصَّصَ الشيءَ : محدود کرنا، خاص مقصد کے لئے متعین کرنا۔
___ فلانًا بالشيءِ : کسی کیلئے مخصوص کرنا، خصوصیت دینا، منفرد کرنا۔

اِخْتَصَّ الشیءُ : خاص ہونا۔
ــــ فلانٌ : مفلس ومحتاج ہونا۔
ــــ بہ : منفرد ہونا، متعلق ہونا۔
ــــ الشیءَ : انتخاب کرنا، چننا۔
ــــ فلانًا بکذا : خاص کرنا، مخصوص کرنا قرآن پاک میں ہے: "اللہ یَخْتَصُّ برحمتِہ من یّشاء"
ــــ الشیءَ لِنَفْسِہ : اپنے لئے خاص کرنا، چُن لینا۔
تَخَصَّصَ : خاص ہونا، مخصوص ہو جانا۔ کہتے ہیں: خَصَّصَہ فَتَخَصَّصَ۔
ــــ الرجلُ : خواص میں سے ہونا۔
ــــ بہ، و لہ : منفرد ہونا، انفرادیت حاصل کرنا۔
ــــ فی علمِ کذا : امتیاز حاصل کرنا، مہارت حاصل کرنا، کسی علم کا ماہر خصوصی ہونا۔
اِسْتَخَصَّہ : خاص سمجھنا، خواص میں شمار کرنا (۲) منتخب کرنا، چُن لینا۔
الاِخْتِصَاص : عدالتی اختیارات (۲) اختیارات، دائرۂ اختیار ج: اِخْتِصَاصَات۔
الاِخْتِصَاصِیّ والاِخْصَائِیّ : کسی فن کا ماہر، ماہر خصوصی، اسپیشلسٹ۔
الخَاصَّۃ : خواص، خاص لوگ، چیدہ وبرگزیدہ لوگ۔ ضد: العامّۃ (۲) اپنے لئے خاص کی ہوئی چیز۔ خاصّۃُ الشیءِ: خاصیت، مخصوص صفت جو دوسرے سے ممتاز بنائے، صفتِ ممیّزہ ج: خَوَاصّ۔ خَوَاصُّ العقاقیر: جڑی بوٹیوں کی قوت وتاثیر۔ خاصّۃً: خصوصی طور پر، خاص کر۔ کہتے ہیں: بِخَاصَّۃِ فلانٌ: یعنی خاص کر فلاں۔
الخَاصِّیَّۃ : خصوصیت، خاصیت (دوا وغیرہ کی)

الخَصَاصَۃ : محتاجی، تنگ دستی، مفلوک الحالی قرآن پاک میں ہے: "وَیُؤْثِرُوْنَ علی أنفُسِہِمْ ولوکانَ بِہِمْ خَصَاصَۃٌ" (۲) (دروازہ وغیرہ کا) شگاف، رخنہ، جھری، سوراخ۔ حدیث میں ہے: "أنّ أعرابیًّا أتی باب النبیّ صلی اللہ علیہ وسلّم فألقمَ عینَہ خَصَاصَۃَ الباب" ج: خَصَاص وخَصَائِص
الخُصَاصَۃ : انگور کی وہ شاخ جس کے دانے پانی نہ پہنچنے کی وجہ سے چھدرے اور کمزور نکلے ہوں (۲) چھوٹے چھوٹے گچھے جو انگور توڑ لینے کے بعد بیل پر رہ جاتے ہیں (۳) تھوڑا، قلیل (۴) تھوڑی سی شراب ج: خُصَاص۔
الخُصّ : لکڑی یا بانس کی جھونپڑی، لکڑی کی چھت کا مکان، گھونسلا (۲) شراب بیچنے والے کی دکان چاہے بانس کی نہ ہو (۳) ریشم کے کیڑوں کی پرورش ج: أَخْصَاص و خِصَاص و خُصُوص۔
الخِصِّیْص : مخصوص ترین، بہت خاص۔
الخِصِّیَّۃ : مخصوص صفت، خاصیت۔
الخُصُوص : خصوصیت، خاص ہونا۔ ضد: العُمُوم۔ کبھی لاسیّما کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے: یُعْجِبُنِی فلانٌ خُصوصًا عِلْمَہ وأدَبَہ (۲) تعلق، نسبت، سلسلہ۔ مِن خُصوصِ وبِخُصوصِ کذا: فلاں چیز کے بارے میں، سلسلے میں، فلاں چیز سے متعلق۔
من ھذا الخُصوص : اس نسبت سے، اس تعلق سے۔
علی الخُصوص، خُصوصًا : خاص طور پر۔

خُصُوصِیّ : مخصوص، محدود۔ ضد عُمُوم (۲) ذاتی، شخصی، پرائیویٹ۔
الخُصُوصَۃ : کیفیتِ خصوص، حالتِ خصوص۔
الخُصُوصِیَّۃ : خاصیت، خصوصیت۔
الخَصِیْصَۃ : امتیازی وصف، صفتِ ممیّزہ، کمال، امتیاز ج: خَصَائِص
المَخْصُوص : خاص، اسپیشل، پرائیویٹ۔
قِطارٌ مخصوص : اسپیشل ٹرین۔
المُتَخَصِّص (فی کذا) : کسی علم وفن کا ماہر خصوصی، فاضل، اسپیشلسٹ۔
• خَصَفَ النَّعْلَ ـِ خَصْفًا : جوتا سینا، جوتے میں پیوند لگانا، حدیث میں ہے: "أنّہ کان (صلی اللہ علیہ وسلم) یَخْصِفُ نَعْلَہ"
ــــ العُرْیَانُ الوَرَقَ علی بَدَنِہ : ننگے کا بدن پر پتے چپکانا۔ قرآن پاک میں ہے: "وطَفِقَا یَخْصِفَانِ عَلَیْہِمَا من وَرَقِ الجَنَّۃ"۔
ــــ علی نَفْسِہ ثوبًا : اپنے کپڑے کے دونوں سروں کو لکڑی یا دھاگے سے ملانا۔
ــــ الشیءَ الی الشیءِ : ملانا، ضم کرنا، چڑھانا۔
ــــ الکَتِیْبَۃَ : لشکر میں اضافہ کرنا۔ ھو خَاصِف وخَصَّاف، ھی مَخْصُوفَۃ وخَصِیْف۔
ــــ الناقۃُ خَصْفًا وخِصَافًا : اونٹنی کا نویں مہینے میں، یا سال پورا ہونے پر، یا اس کے ایک ماہ بعد بچہ دینا۔ ھی خَصُوف ج: خَصَائِف
خَصِفَ ـَ خَصَفًا : مٹیالے رنگ کا ہونا، راکھ کے رنگ جیسا رنگ ہونا۔
ــــ الشّاۃُ والفَرَسُ : بکری یا گھوڑے کی کوکھ کا سفید ہونا۔ ھو أَخْصَفُ، ھی خَصْفَاء ج: خُصْفٌ۔

أَخْصَفَ العُرْيَانُ الوَرَقَ علی بَدَنِه: خَصَفَه.
خَصَّفَ: بدمزاج ہونا، بدخلق ہونا (۲) تکلّف میں مقدور سے زیادہ کے لئے کوشش کرنا، کوئی کام بادلِ ناخواستہ کرنا.
ـــ فلانًا: بہت بُرا بھلا کہہ دینا.
ـــ الشَّیْبُ فلانًا: بڑھاپے کا نصف بال سفید کر دینا.
ـــ العُرْیَانُ الوَرَقَ علی بَدَنِه: خَصَفَه.
اِخْتَصَفَ العُرْیَانُ بالوَرَقِ علی بَدَنِه: خَصَفَه.
ـــ النَّاقَةُ: اونٹنی کا خَصُوف ہو جانا. (خَصُوف اس اونٹنی کو کہتے ہیں جو نو یا دس مہینے میں، یا سال پورا ہونے پر، یا اس کے ایک ماہ بعد بچہ دے دے).
تَخَصَّفَ العریانُ الورقَ علی بَدَنِه: خَصَفَه.
خِصَاف: ایک مشہور گھوڑے کا نام.
الخَصَّاف: موچی (۲) بڑا جھوٹا.
الخَصُوفُ: جُوتا.
الخَصَفَة: چمڑے کا ٹکڑا جس سے جوتے کو سیا جاتا ہے (۲) جوتے کے تلے کی ہر تہ ج: خِصَاف
الخُصْفَة: جوتے کا سوراخ ج: خُصَف.
الخَصَفَة: کھجور رکھنے کی ٹوکری جو کھجور کے پتوں سے بنائی جاتی ہے (۲) انتہائی موٹا اور گاڑھا کپڑا ج: خَصَفٌ و خِصَاف
الخَصِیْف: راکھ (۲) راکھ جیسا رنگ (۳) تازہ دودھ ملا ہوا دہی (۴) سِلا ہوا جوتا (۵) ہر وہ چیز جس میں دو رنگ ملے ہوئے ہوں، سیاہ وسفید رنگ کا، سلیٹی رنگ کا. کہتے ہیں: حَبْلٌ خَصِیْفٌ، و رَمَادٌ خَصِیْفٌ، و کَتِیْبَةٌ خَصِیْفٌ.

الخَصِیْفَة: دو ملے ہوئے رنگوں والی چیز کہتے ہیں: کَتِیْبَةٌ خَصِیْفَةٌ (کیونکہ لوہا سفید ہوتا ہے اور اس کا زنگ سیاہ) (۲) جوتے کے تلے کی ہر تہ، پرت (۳) دہی جس میں تازہ دودھ ملایا گیا ہو ج: خَصِیف و خَصَائِف.
المِخْصَف: موچی کی سُتالی (۲) موچی ج: مَخَاصِف.
المَخْصُوف: شَاةٌ مَخْصُوفَةٌ: سیاہ وسفید رنگ کی بکری.
•خَصَلَ السَّهْمُ ـُ خَصْلًا و خِصَالًا وخَصْلَةً: تیر کا نشانہ کے قریب گرنا.
ـــ الهَدَفَ أو الغَرَضَ أو القِرْطَاسَ: نشانہ پر لگا دینا، ٹھیک نشانہ پر مارنا.
ـــ الشيءَ: کاٹنا، جدا کرنا.
ـــ غَیْرَه: تیر اندازی میں بازی جیتنا، غالب آنا.
ـــ القومَ: فائق ہونا، فضیلت اور مرتبہ میں بڑھ جانا.
أَخْصَلَ: ٹھیک نشانہ پر مارنا. کہتے ہیں: رَمٰی فَأَخْصَلَ: یعنی دو بار مسلسل نشانہ پر مارا.
خَاصَلَه خِصَالًا و مُخَاصَلَةً: تیر اندازی میں مقابلہ کرنا.
خَصَّلَ الشيءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا.
ـــ الشَّجَرَ و نَحْوَه: درخت کو چھانٹنا، شاخیں تراشنا.
ـــ البَعِیْرَ و نحوَه: اونٹ کے لئے درخت کی لٹکی ہوئی شاخوں کا گچھا کاٹنا.
تَخَاصَلَ القومُ: باہم مقابلہ کرنا (۲) تیر اندازی میں باہم شرط لگانا، شرط باندھ کر تیر اندازی کرنا.
الخَصَل: شرط جو تیر اندازی میں لگائی جائے کہتے ہیں: أَحْرَزَ أو أَصَابَ خَصَلَه: یعنی وہ بازی جیت گیا ج: خُصُول.

الخَصْلَة: عادت (اچھی ہو یا بُری) حدیث میں ہے: "کَانَتْ فیه خَصْلَةٌ من خِصَالِ النِّفَاقِ" (۲) گچھا (۳) کانٹے دار لکڑی (۴) نرم وتر لکڑی کا کنارہ ج: خِصَال.
الخُصْلَة: بالوں کا گچھا، چوٹی (۲) گچھا (۳) کانٹے دار لکڑی (۴) درخت کی نرم شاخ (۵) لٹکے ہوئے درخت کا کنارہ (۶) گوشت کا ٹکڑا، لوتھڑا ج: خُصَل.
الخَصَلَة: تر شاخ کا کنارہ (۲) کانٹے دار لکڑی یا شاخ ج: خَصَل.
الخَصِیْل: دُم.
الخَصِیْلَة: گوشت کا ٹکڑا، بڑا ہو یا چھوٹا (۲) بالوں کا گچھا ج: خَصِیل و خَصَائِل
المِخْصَال: درانتی ج: مَخَاصِیل.
المِخْصَل: کاٹنے والی تلوار وغیرہ، شمشیر بُرّاں ج: مَخَاصِل.
•خَصَمَه ـِ خَصْمًا و خِصَامًا و خُصُومَةً: جھگڑے میں غالب آنا، توڑ کرنا، مغلوب کرنا.
ـــ من الثَّمَن (د ل): دوسرے کے مقابلہ کے لئے قیمت میں کمی کر دینا، مقابلہ کرنا.
خَصِمَ ـَ خَصَمًا و خِصَامًا: جھگڑے میں ماہر ہونا (۲) جھگڑنا. هو خَصِمٌ
أَخْصَمَ فلانًا: کسی کو دلیل سمجھانا (تاکہ وہ نزاع میں اپنے مخالف کو مغلوب کر دے)
خَاصَمَه مُخَاصَمَةً و خِصَامًا: جھگڑا کرنا. هو مُخَاصِم، و خَصِیم ج: خُصَمَاء و خُصْمَان.
اِخْتَصَمَ القومُ: باہم جھگڑنا.
تَخَاصَمُوا: باہم جھگڑا کرنا.
الأُخْصُوم: بوری یا تھیلے کا قبضہ ج: أَخَاصِیم.
الخَصْم: مقابل، مخالف، حریف، فریق، جھگڑالو (تثنیہ، جمع اور مؤنث کے لئے

بھی مستعمل ہے) قرآن پاک میں ہے: "وَ هَلْ أَتَاكَ نَبَأُ الْخَصْمِ إِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ" کبھی تثنیہ اور جمع بناکر بھی استعمال کرتے ہیں. قرآن پاک میں ہے: "هٰذَانِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوا فِي رَبِّهِمْ" ج: خُصُوم

الخَصْم: ڈسکاؤنٹ، کمیشن، قیمت میں کمی۔ (علم حساب کی اصطلاح ہے)۔

الخُصْم: جانب، گوشہ، ہر چیز کا کنارہ (۲) تھیلے وغیرہ کا کونہ (۳) سوراخ، کشادگی (۴) وادی کا دہانہ۔ جب معاملہ بہت خراب اور سنگین ہو جائے تو کہتے ہیں: لا يُسَدُّ منه خُصْمٌ إِلَّا انْفَتَحَ منه خُصْمٌ: یعنی ایک سوراخ بند نہیں ہوتا کہ دوسرا کھل جاتا ہے۔ سہل بن حنیف کی حدیث میں ہے: "هٰذَا أَمْرٌ لا يُسَدُّ منه خُصْمٌ إِلَّا انْفَتَحَ علينا منه خُصْمٌ" ج: خُصُوم و أَخْصَام۔ أَخْصَامُ العَيْنِ: آنکھ کے کنارے جن سے پلکیں ملتی ہیں۔

الخَصِم: جھگڑے کا ماہر چاہے جھگڑا نہ کرے (۲) جھگڑنے والا۔ قرآن پاک میں ہے: "بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُونَ" ج: أَخْصَام۔

الخِصَام و الخُصُومَة: نزاع، جھگڑا، دشمنی۔

•الخَصِين: کلہاڑی (مذکر و مؤنث دونوں طرح مستعمل ہے) ج: خُصُن و أَخْصُن

•خَصَاه ـِ خَصْيًا و خِصَاءً: خصی کرنا، فوطے نکال دینا۔ هو خاصٍ، ذالك مَخْصِيّ و خَصِيّ (۲) عضو تناسل کاٹنا، ہیجڑا بنانا۔

خَصِيَ: فوطوں میں درد ہونا۔ کہتے ہیں: كان جَوَادًا فَخَصِيَ: وہ مالدار تھا پھر نادار ہو گیا۔

اخْتَصَاه: خصی کرنا، ہیجڑا بنانا۔

الخُصْي: فوطہ، خصیہ (۲) کھال جس میں خصیہ ہوتا ہے۔ تثنیہ: خُصْيَان۔

الخِصْي: (یا کی تخفیف کے ساتھ) جس کے فوطوں میں درد ہو۔

الخَصِيّ: جس کے خصیے نکال دیے گئے ہوں، خصی، آختہ، ہیجڑا، نامرد ج: خِصْيَة و خِصْيَان۔

الخُصْيَة: فوطہ، خصیہ۔ تثنیہ: خُصْيَتَان ج: خُصًى۔

خُصَى الثَّعْلَب: سیٹا یرین (ایک پودا)

خُصَى الكَلْب: آرچس (ایک پودا)

خُصَى الدِّيك: گونددنی جیسے ایک درخت کے سفید اور چھوٹے پھل۔

خُصْيَةُ البَحْر: کیسٹوریم (ایک پودا)

خُصْيَةُ هِرْمَس: مرکری (ایک پودا)

المَخْصَى: خصی کا وہ حصہ جہاں سے کاٹا جاتا ہے

خ ـــ ض

•خَضَبَ ـِ خَضْبًا و خُضُوبًا: رنگدار ہونا، رنگین ہونا۔

ـــ الشَّجَرُ: سرسبز ہونا۔

ـــ الأَرضُ: زمین سے سرسبز پودے اگنا۔

ـــ الماشيةُ: جانور کا سبزہ چرنا۔

ـــ الشيءَ خَضْبًا و خِضَابًا: رنگنا، خضاب کرنا۔ هو خَاضِب، والشيءُ مَخْضُوب و خَضِيب۔

خَضِبَ الشجرُ و نحوُه ـَ خَضَبًا و خُضُوبًا: سرسبز ہونا۔

أَخْضَبَتِ الأَرضُ: زمین کا سرسبز ہونا، زمین سے سبزہ اگنا۔

خَضَّبَه: رنگنا، خضاب کرنا۔

اخْتَضَبَ: رنگین ہونا، خضاب شدہ ہونا۔

تَخَضَّبَ: مہندی وغیرہ کا خضاب کرنا۔

ـــ بالدِّماءِ: خون میں لت پت ہونا۔

تَخَضَّبَتِ الأرضُ: زمین کا سرسبز ہونا۔

اخْضَوْضَبَ: سرسبز ہونا۔

الخَاضِب (من البَهَائِم): سبزہ چرنے والا جانور م: خَاضِبَة ج: خَوَاضِب۔

الخِضَاب: وہ چیز جس سے خضاب کیا جائے، مہندی، رنگ۔

الخَضْبُ: درخت کی سرسبزی (۲) بارش کے بعد نیا اگا ہوا سبزہ ج: خُضُوب

الخُضَبَة: بہت مہندی لگانے والی عورت

الخَضُوب: بارش کے بعد تازہ اگا ہوا سبزہ

الخَضِيب: خضاب شدہ، مہندی لگایا ہوا، رنگا ہوا۔ كَفٌّ خَضِيبٌ: رنگی ہوئی ہتھیلی۔

المِخْضَب: لگن، کپڑے دھونے اور رنگنے کا برتن ج: مَخَاضِب۔ حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے مرض الموت کے دوران فرمایا: "أَجْلِسُونِي فِي مِخْضَبٍ فَاغْسِلُونِي"

المِخْضَبَة: المِخْضَب ج: مَخَاضِب۔

المَخَاضِب: خضاب اور حیض کے چیتھڑے

•خَضْخَضَ الشيءَ: ہلانا، حرکت دینا، ہچکولے دینا۔

ـــ الأرضَ: زمین کو الٹ پلٹ کرنا (تاکہ نرم ہو جائے اور جب پانی پہنچے تو پودا اگائے)

تَخَضْخَضَ: خَضْخَضَه کا فعل مطاوع: ہلنا، الٹ پلٹ ہونا۔

الخُضَاخِض: ایسی جگہ جہاں پانی اور درخت کثرت سے ہوں (۲) بڑے پیٹ والا موٹا آدمی یا اونٹ ج: خَضَاخِض۔

الخَضْخَاض: ایک قسم کا سیاہ اور سیال "تارکول" جس سے خارش زدہ اونٹوں کو لیپ کرتے ہیں۔

الخُضْخُض: پچھوا اور پُروا کے درمیان کی ہوا ج: خَضَاخِض۔

الخُضَخِض: الخُضْخُض۔

• خَضَدَ ــِ خَضْدًا: کوئی تر چیز کھانا۔ جیسے گاجر، مولی، ککڑی وغیرہ۔
ــــ الشیءَ: جدا کئے بغیر توڑنا (۲) کاٹنا (۳) موڑنا۔
ــــ الشَّجَرَ: درخت کے کانٹے اتارنا قرآن پاک میں ہے: "وأَصْحابُ الیَمِیْنِ فی سِدْرٍ مَخْضُوْدٍ"
ــــ الشَّوْکَ: درخت سے کانٹے نکالنا۔
خَضَدَ شَوْکَةَ فُلانٍ: اس کی طاقت ختم کردی، غرور توڑ دیا۔ ھو مَخْضُوْد و خَضِیْد۔
خَضِدَ ــَ خَضَدًا: نرم ہونا۔
ــــ الثَّمَرُ: پھلوں کا پچک کر سکڑ جانا، پژمردہ ہونا، مرجھا جانا۔ احنف کی حدیث میں کوفہ اور اس کے پھلوں کے بارے میں آیا ہے: "تَأْتِیْهِم ثِمَارُهم لَمْ تَخْضَدْ"
ــــ النَّبْتُ: پودے کا کمزور ہونا۔ ھو خَضِد۔
أَخْضَدَ المُهْرُ: (گھوڑے کے بچہ کا) مستی میں لگام کا لوہا کھینچنا۔
خَضَّدَہ: کاٹنا (۲) توڑنا (۳) موڑنا۔
اخْتَضَدَ الشیءَ: مڑنا۔
ــــ البَعِیْرَ: اونٹ کے نکیل ڈال کر اس پر سوار ہونا۔
انْخَضَدَ: ٹوٹنا (۲) مڑنا، خم دار ہونا۔
ــــ الثَّمَرُ: پھلوں کا پھٹ جانا، پارہ پارہ ہونا
تَخَضَّدَ: انْخَضَدَ۔
الخَضَاد: ایک نرم درخت جس میں کانٹے نہیں ہوتے (۲) اعضا کا درد جس میں بدن ٹوٹتا ہے اور سستی پیدا ہوتی ہے، جوڑوں کا درد
الخَضَد: درخت کی کاٹی ہوئی یا ٹوٹی ہوئی لکڑیاں (۲) بغیر کانٹوں کا ایک نرم درخت (۳) اعضا کا درد جس میں بدن ٹوٹتا ہے اور سستی محسوس ہوتی ہے۔

خَضَدُ السَّفَرِ: سفر کی تھکان۔
المِخْضَد: موڑنے یا توڑنے کا اوزار ج: مَخَاضِد (۲) بہت کھانے والا، پیٹو۔
المَخْضُود: کمزور و عاجز جو اٹھنے کے قابل نہ ہو (۲) لاجواب، دلیل سے عاجز۔
• خَضَرَ الرجلُ النَّخْلَ ــُ خَضْرًا: کھجور کے درخت کو کاٹنا۔
خَضِرَ ــَ خَضَرًا و خُضْرَةً: سبز ہونا ہرا ہونا۔
ــــ الزَّرْعُ: سرسبز و شاداب ہونا ھو خَضِرٌ و أَخْضَرُ، ھی خَضْراء ج: خُضْرٌ
أَخْضَرَہ: سبز بنا دینا۔
ــــ الرَّيُّ الزَّرْعَ: پانی کا کھیتی کو سرسبز کر دینا
خَاضَرَہ: کسی کو پکنے سے پہلے ہی سبز پھل بیچ دینا۔
خَضَّرَہ: سبز کرنا، ہرا بنا دینا۔
ــــ الأَرْضَ: زمین میں گیہوں یا مکئی کے بیج ڈالنا۔
اخْتَضَرَہ: کسی چیز کو سبز ہونے کی حالت ہی میں کاٹ لینا۔ کہتے ہیں: اخْتَضَرَ الشَّجَرَ، و اخْتُضِرَ الکَلأُ: جب کوئی بحالتِ نوجوانی مرجاتا ہے تو کہتے ہیں: قد اخْتُضِرَ (۲) کاٹنا جڑ سے کاٹ دینا (۳) سبز ہونے کی حالت میں کھانا، کچا کھانا۔ کہتے ہیں: اخْتَضَرَ الفَاکِهَةَ: اس نے سبز کچا پھل کھایا
ــــ الحِمْلَ: بوجھ اٹھانا۔
اخْضَرَّ: سبز ہونا (۲) سرسبز و شاداب ہونا
ــــ الکَلأُ: گھاس کا سبز رہتے ہوئے کٹ جانا۔
ــــ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ اخْضَرَّتِ الظُّلْمَةُ: تاریکی کا شدید ہونا۔
اخْضَارَّ: رفتہ رفتہ سبز ہونا، بتدریج ہرا ہونا۔
اخْضَوْضَرَ: اخْضَرَّ۔
الأَخَاضِر: سونا، گوشت اور شراب۔
الأَخْضَر: سبز، ہرا (۲) کچا، ناپختہ۔
مَاءٌ أَخْضَرُ: پانی جو صاف ہونے کی وجہ سے سبز نظر آتا ہے۔
شَابٌّ أَخْضَرُ: نوجوان جس کے داڑھی نکل چکی ہو۔
الأَمْرُ بَیْنَنَا أَخْضَرُ: ہمارا معاملہ نیا نیا ہے۔
أَخْضَرُ الجَنَاحَیْنِ: رات۔ کہتے ہیں: جَنَّ علیه أَخْضَرُ الجَنَاحَیْنِ، و طَارَ عَنَّا أَخْضَرُ الجَنَاحَیْنِ۔
فُلانٌ أَخْضَرُ: فلاں شخص بہت داد و دہش کرنے والا ہے، سخی اور داتا ہے
أَخْضَرُ القَفَا: کالی عورت کا لڑکا۔
أَخْضَرُ البَطْنِ: جولاہا (کیونکہ بنتے ہوئے کرگہ کی لکڑی سے اس کا پیٹ کالا ہو جاتا ہے۔
أَخْضَرُ النَّوَاجِذِ: کاشتکار (کیونکہ وہ سبزیاں کھاتا ہے) ج: خُضْرٌ کہتے ہیں: ھُمْ خُضْرُ المَنَاکِبِ: یعنی وہ انتہائی شادابی و خوش حالی سے بہرہ ور ہیں۔ الأَخْضَرَان: گھاس اور درخت
الأُخَیْضِر: سبز مکھی (۲) آنکھ کی ایک بیماری
الخُضَار: نئی سبزی (۲) دودھ جو بہت زیادہ پانی ملانے کی وجہ سے سبز ہو گیا ہو۔ و: خُضَارَة۔
خُضَارَةُ: (الف لام کے بغیر) سمندر (کیونکہ اس کا پانی سبز ہوتا ہے)۔
الخُضَارَةُ: سبز ترکاریاں۔
الخُضَارِيّ: جنگلی مرغابی جس کو الفَارِیَّة بھی کہتے ہیں (۲) کوے کی قسم کا سبزی مائل زرد رنگ کا ایک پرندہ جس کو

أُخَيل بھی کہتے ہیں۔
الخَضُر: سبز ہونے کی حالت میں کاٹی ہوئی چیز۔ کہتے ہیں: خَضُرًا لكَ ومَضُرًا: یعنی آپ کے لئے سیرابی و شادابی کی فراوانی ہو۔
الخِضُر: رائگاں۔ کہتے ہیں: ذَهَبَ دَمُه خِضُرًا مِضُرًا: اس کا خون رائگاں گیا۔ أَخَذَه خِضُرًا مِضُرًا: اس کو بغیر کسی مشقت کے لے لیا۔
الخَضَر: کھجور کے درخت کی سبز ٹہنی (۲) غلّہ کی پیداوار کا سبز حصّہ۔
الخَضِر: تازہ ہری کھیتی (۲) سرسبز مقام، سبزہ زار (۳) کھجور کا درخت۔
الدُّنيَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ: دنیا شیریں اور سرسبز ہے۔
ذَهَبَ دَمُه خَضِرًا مَضِرًا: اس کا خون رائگاں گیا۔
أَخَذَه خَضِرًا مَضِرًا: اسے تازہ اور نرم ہونے کی حالت میں یا بلاقیمت لے لیا۔
هو لكَ خَضِرًا مَضِرًا: وہ تمہارے لئے خوش گوار اور رچتا پچتا ہے۔
الخَضْرَاء: سبز ترکاری، تازہ سبزی ج: خَضْرَاوات۔ حدیث میں ہے: "ليس فى الخَضْرَاوَاتِ صَدَقَةٌ" کہتے ہیں: لا أَبادَ اللّٰهُ خَضْرَاءَ هُمْ: خدا ان کی اصل مٹادے، یا ان کی خوش حالی و شادابی مٹادے (۲) کالی عورت۔ حارث کی حدیث میں ہے: "أَنَّه تَزَوَّجَ امْرَأَةً فَرَآها خَضْرَاءَ فَطَلَّقَها" (۳) قوم کا بڑا حصّہ، اکثریت۔ فتح مکہ کی حدیث میں ہے: "أُبِيدَتْ خَضْرَاءُ قُرَيْشٍ" (۴) آسمان، کیونکہ اس کا رنگ نیلگوں ہے۔ حدیث میں ہے: "ما أَظَلَّتِ الخَضْرَاءُ ولا أَقَلَّتِ الغَبْرَاءُ أَصْدَقَ لَهْجَةً من أَبِى ذَرٍّ" (۵) بڑا لشکر۔ فتح مکہ کی حدیث میں ہے: "مَرَّ رسولُ اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم فى كَتِيبَتِه الخَضْرَاء" (۶) ڈول جو کثرتِ استعمال سے سبز ہو گیا ہو۔
المَوَدَّةُ بيننا خَضْرَاءُ: ہمارا تعلق قدیم اور گہرا ہے۔
خَضْرَاءُ الدِّمَن: سبزہ جو کوڑے پر اُگ آتا ہے۔ یہ لفظ ایسی چیز کیلیے بطور کنایہ استعمال ہوتا ہے جس کا ظاہر اچھا ہو اور باطن بُرا۔ حدیث میں ہے: "إِيَّاكُمْ وخَضْرَاءَ الدِّمَن. قيل وماذاك يا رَسُولَ اللّٰه؟ فقال: المَرْأَةُ الحَسْنَاءُ فى المَنْبِتِ السُّوْء"
الخُضْرَة: ہرا رنگ ج: خُضَر و خُضُر (۲) سبز ترکاری (۳) نرمی و تازگی۔
—— (فى أَلْوَان النَّاس): گندم گوں رنگ، گندم گونی۔
—— (فى أَلْوَان الخَيْل): مٹیالا رنگ جس میں سیاہی ملی ہوئی ہو۔
الخُضَرِيّ والخَضْرَجِيّ: سبزی فروش
الخَضَّار: سبزی فروش۔
الخُضَّار: مرغابی کی قسم کا ایک پرندہ۔
الخُضَّارَى: کھیتی کیوں کہ وہ ہری ہوتی ہے (۲) ایک جنگلی درخت۔
الخَضُور: سبز، ہرا۔
الخَضِير: سبز، ہرا (۲) سبز ترکاری (۳) تازہ گوبر (۴) سمندر۔
الخَضِيرَة: کھجور کا ایک درخت جس کی ناپختہ کھجوریں سبز رہتے ہوئے گر جاتی ہیں (۲) ایک پودا جو ہمیشہ سبز رہتا ہے ج: خَضَائِر (۳) ایسی عورت جس کا ہر حمل پورا ہونے سے پہلے ساقط ہو جاتا ہے۔
الخُضَيْرِيّ: ایک قسم کی چڑیا جس کے پَر سنہرے اور سبز ہوتے ہیں۔
بَطٌّ خُضَيْرِيّ: جنگلی بطخ۔
المِخْضَار: الخَضِيرَة ج: مَخَاضِير۔
المِخْضَر: پنجہ، پرندہ کا ناخن ج: مَخَاضِر۔
المَخْضَرَة: سرسبز مقام، سبزہ زار۔
أَرْضٌ مَخْضَرَةٌ: سرسبز زمین۔
اليَخْضُور: سبزایہ، سبزینہ، کلوروفل، پودوں اور پتوں کو سبز رنگ دینے والا مادہ (بائیولوجی)۔
اللا يَخْضُورِيّ: کلوروفل مادہ سے خالی نباتات۔
• خَضْرَبَ الماءُ ونحوه: پانی کا موج مارنا، لہریں لینا۔
الخُضَارِب: لہر لینے والا پانی ج: خَضَارِب۔
المُخَضْرَب: فصیح و بلیغ آدمی جو اسلوب بدل بدل کر گفتگو کرتا ہو۔
• الخِضْرِيج: ایسی جگہ جہاں خربوزہ کثرت سے ہوتا ہے، خربوزوں کی فالیز ج: خَضَارِيج۔
• خَضْرَعَ البَخِيلُ: بخیل کا تکلف سے سخاوت کرنا، بخیل کا سخی بننا۔
تَخَضْرَعَ البَخِيلُ: خَضْرَعَ۔
الخُضَارِع: تکلف اور بے دلی سے سخاوت کرنے والا بخیل۔
• خَضْرَفَ: بہت بوڑھا ہونا، بڑھاپے کی وجہ سے جلد کا لٹک جانا۔
• خَضْرَمَ الأُذُنَ: کان کا کنارہ یا آدھا حصّہ کاٹ کر الگ کر دینا یا اسے جھولتا ہوا چھوڑ دینا۔ خَضْرَمَ الحَيَوَانَ بھی کہتے ہیں۔ هو مُخَضْرِمٌ، و المَفْعُولُ مُخَضْرَم۔ حدیث میں ہے: "أَنَّه خَطَبَ النَّاسَ يَوْمَ النَّحْرِ على نَاقَةٍ مُخَضْرَمَةٍ"
—— الشيءَ: ملانا، پھینٹنا۔
تَخَضْرَمَ الزُّبْدُ: مکھن کا ٹھنڈک کی وجہ سے

بکھر جانا اور نہ جمنا۔

الخُضَارِمُ : زیادہ پانی (۲) فیاض وسخی اور مصیبتیں جھیلنے والا سردار ج: خَضَارِمُ

الخَضَارِمَـةُ : ایک قوم جو ایران سے آکر شام میں بس گئی و: خَضْرَمِيٌّ۔

الخِضْرِمُ : کوئی بھی چیز جو بہت زیادہ ہو (۲) بہت پانی والا کنواں یا سمندر (۳) بہت داد ودہش کرنے والا آدمی ج: خَضَارِمُ وخَضَارِمَـةُ وخِضْرِمُوْنَ۔

الخُضْرُمُ : میٹھے اور کھاری کے درمیان کا پانی (۲) گوہ یا اُس کا بچہ ج: خَضَارِمُ۔

المُخَضْرَمُ : غیر مختون (۲) جس نے جاہلیت اور اسلام دونوں زمانوں کو دیکھا ہو (۳) جس نے مطلقاً دو زمانے پائے ہوں (۴) سیاہ فام جس کا باپ گورا ہو (۵) جس کا نسب مشکوک ہو (۶) گھٹیا خاندان کا آدمی (۷) مخلوط النسل کا۔

لَحْمٌ مُخَضْرَمٌ : ایسا گوشت جس کے بارے میں معلوم نہ ہو کہ نر کا ہے یا مادہ کا۔

طَعَامٌ مُخَضْرَمٌ : ایسا کھانا جو نہ شیریں ہو نہ تلخ، درمیانی کھانا۔

المُخَضْرِمُ : جاہلیت اور اسلام دونوں زمانوں کو دیکھنے والا (۲) مطلقاً دو زمانوں کو دیکھنے والا (ہو)۔

• خَاضَّهُ : بیع بالعوض کرنا، کوئی چیز دے کر کوئی چیز خریدنا، تبادلہ کرنا۔

خَضَّضَ الأَمَـةَ : باندی کو چھوٹے سفید مُہروں سے آراستہ کرنا۔

الخَضَاضُ : احمق، بے وقوف آدمی (۲) معمولی زیور۔ ما علیها خَضَاضٌ : اس کے جسم پر کوئی زیور نہیں ہے (۳) ہرن یا بلّی کے گلے کا پٹا (۴) قیدی کی بیڑی (۵) روشنائی۔

الخِضَاضُ : روشنائی۔

الخَضَاضَةُ : احمق، بے وقوف۔

الخَضَضُ : چھوٹے چھوٹے سفید مُہرے جو باندیاں پہنتی ہیں (۲) قسم قسم کے کھانے (۳) بے ہودہ اور بے کار گفتگو۔

الخَضِيضُ : غبار آلود اور پانی سے تر جگہ (۲) ایسی جگہ جہاں پانی اور درخت کثرت سے ہوں۔

• خَضَعَ ــَـ خَضْعًا و خُضُوعًا و خُضْعَانًا : جھکنا، فروتن ہونا، عاجزی کرنا، تواضع کرنا، سرافگندہ ہونا (۲) تابع ہونا، مطیع وفرماں بردار ہونا، پابندِ احکام ہونا، ماتحت ہونا۔

ـــ النَّجْمُ : ستارہ کا قریب الغروب ہونا

ـــ لـه : کسی کے لئے نرم گفتار ہونا۔

ـــ فی سَيْرِهِ : گردن اٹھا کر تیز چلنا۔

ـــ الكلامَ لـه : نرمی وآہستگی سے گفتگو کرنا۔ حضرت عمرؓ کی حدیث میں ہے : " أَنَّ رَجُلاً فی زَمَانِه مَرَّ بِرَجُلٍ وامْرَأَةٍ قد خَضَعَا بينهما حَدِيثًا فضربه حتّى شَجَّه "

ـــ الشيءَ خَضْعًا : جھکا دینا، جھکا ہوا بنا دینا، خمیدہ کر دینا۔ کہتے ہیں : خَضَعَه الكِبَرُ : بڑھاپے نے اس کو خمیدہ گردن بنا دیا۔

خَضِعَ ــَـ خَضَعًا : جھکا ہوا ہونا۔ حضرت زبیر کی حدیث میں ہے : " أنّه كان أَخْضَعَ " کہتے ہیں : خَضِعَ عُنُقُه : اس کی گردن پیدائشی طور پر جھکی ہوئی ہے (۲) ذلت وپستی پر راضی ہونا۔ هو أَخْضَعُ، هي خَضْعَاءُ ج : خُضْعٌ۔

أَخْضَعَ فلانٌ : عورت سے نرمی سے گفتگو کرنا۔

ـــ الشيءَ : جھکانا، عاجز کرنا (۲) مطیع وفرماں بردار بنانا، زیر کرنا، ماتحت بنانا۔

خَاضَعَه : کسی سے نرمی وآہستگی کے ساتھ گفتگو کرنا۔

خَضَّعَ اللَّحْمَ : گوشت کے ٹکڑے کرنا۔

ـــ الرجلَ : پابندِ احکام بنانا، زیر کرنا، تابع بنانا، ماتحت بنانا۔

اِخْتَضَعَ : عاجز ہونا، عاجزی کرنا، فروتن ہونا، تابع ہونا۔

ـــ الصَّقْرُ و نحوه : باز کا شکار پر حملہ کے لئے سر جھکانا۔

ـــ فی سَيْرِهِ : تیز چلنا۔

تَخَضَّعَ : بہ تکلف عاجزی کرنا، بناوٹی خاکساری ظاہر کرنا (۲) اظہارِ عجز کرنا، گڑگڑانا۔

الخَضْعَةُ : کوڑوں کے پڑنے کی آواز۔ کہتے ہیں : سمعت للسِّيَاطِ خَضْعَةً و للسُّيُوفِ بَضْعَةً : میں نے کوڑوں کے پڑنے اور تلواروں کے کاٹنے کی آواز سنی۔

الخُضَعَةُ : ہر ایک کا فرماں بردار، سب کی ماننے والا (۲) دوسروں کو مغلوب ومطیع کرنے والا (۳) کھجور کا درخت جو گٹھلی سے پیدا ہوتا ہے ج : خُضَعٌ۔

الخَضُوعُ : تابع، فرماں بردار، پابندِ احکام، ماتحت، عاجز (۲) بہت جھکنے والا، دبیل ج : خُضُعٌ۔

الخَضِيعَةُ : جانور کے پیٹ سے سنائی دینے والی آواز (۲) سیلاب وغیرہ کی آواز ج : خَضَائِعُ۔

الخَيْضَعُ (من الرجال) : ذلت پر راضی رہنے والا آدمی، دبیل۔

الخَيْضَعَةُ : لڑائی وغیرہ کا شور (۲) معرکہ جنگ (۳) گرد وغبار (۴) جنگی خود، آہنی ٹوپ، ہیلمٹ۔

• خَضَفَ الطَّعَامَ ــِـ خَضْفًا :

کھانا کھانا۔ ھو خَاضِفٌ وخَضُوف و مِخْضَف۔
خُضَافًا و خَضَفًا: گوز کرنا۔ ھو خَضُوف وخَضِيف وخَضَّاف
الأَخْضَف: سانپ۔
الخَضَف: خربوزہ (۲) ککڑی (۳) چھوٹا کدو
المَخْضَفَة: شراب۔
• خَضِلَ ـَ خَضَلًا: تر ہونا، مرطوب ہونا، نم ہونا (۲) خوشگوار ہونا۔ ھو خَضِلٌ و خَاضِلٌ وأَخْضَلُ هي خَضْلاء ج: خُضْلٌ۔
ـــ الدُّرَّةُ: موتی کا پانی کے قطرہ کی طرح صاف ہونا۔
أَخْضَلَ: خَضِلَ۔
ـــ الشيءَ: تر کرنا، بھگونا۔ حدیث انصار میں ہے: "فبكَوا حتّى أَخْضَلُوا لُحاهم"
خَضَّله: تر کرنا۔ حدیثِ سُلیم میں ہے: "قال: خَضِّلِي قَنَازِعَكِ" یعنی اپنے بالوں کو پانی اور تیل سے تر کرو۔
اِخْضَلَّ: تر ہونا۔ حضرت عمر کی حدیث میں ہے: "فبكى حتّى اخْضَلَّتْ لِحْيَتُه"
ـــ الليلُ: رات کا تاریک ہونا (۲) خوش گوار ہونا، سرد و خوش گوار ہونا
اِخْضَأَلَّ: تر ہونا۔
ـــ الشجرُ: درخت کا ٹہنیوں اور پتوں والا ہونا، ہرا بھرا ہونا۔
اِخْضَالَّ: اِخْضَأَلَّ۔
اِخْضَوْضَلَ: تر ہونا۔ حضرت قُسّ کی حدیث میں ہے: "مُخْضَوْضِلَةٌ أَغْصَانُها"
الخَضْل: عمدہ موتی، پانی کے قطروں کی طرح شفاف موتی۔ ایک عورت ایک آدمی کو لے کر حجاج کے پاس آئی اور کہا: تَزَوَّجَنِي هذا على أَنْ يُعْطِيَنِي خَضْلًا نبيلا۔ (۲) ایک قسم کے گہرے۔
الخُضْلَة: سرسبزی و شادابی، تروتازگی (۲) آسودگی، آسائش، عیش و آرام (۳) نرم و گداز عورت (۴) بیوی (۵) قوس قزح ج: خُضُلَّات۔
الخُضُلَّات: بے بنیاد و لچر باتیں۔ کہتے ہیں: دَعْنِي من خُضُلَّاتِكَ یعنی اپنی بے سروپا باتیں اپنے پاس رکھو۔
الخَضِيلَة: ہرا بھرا باغ ج: خَضَائِل
المُخْضَل و المُخْضَلُ: آسودہ حال، عیش و آرام کی زندگی گزارنے والا۔
الخَضْلَاف: کوکل کا درخت۔
• خَضَمَه ـِ خَضْمًا: کاٹنا (۲) منہ بھر کے یا ڈاڑھ کے کنارے سے کھانا
خَضَمَ له من مَالِه: اس کو اپنے مال میں سے کچھ دیا۔
خَضِمَه ـَ خَضْمًا: کھانا (منہ بھر کے یا آخری ڈاڑھوں سے) حضرت علی کی حدیث میں ہے: "فَقَامَ اليه بَنُو أُمَيَّةَ يَخْضَمُونَ مَالَ اللهِ خَضْمَ الإِبِلِ نَبْتَةَ الرَّبِيعِ"
أَخْضَمَ الماءُ: پانی کا نہ شیریں ہونا اور نہ تلخ و تیز ہونا۔
ـــ له من العطاء: زیادہ دینا، خوب دینا۔
ـــ فلانًا: کسی کا رزق وسیع کرنا۔
خَضَّمَه: کسی کا رزق وسیع کرنا، روزی میں وسعت دینا۔
اِخْتَضَمَه: کاٹنا (۲) کھانا۔
الخُضَام: وہ چیز جو ڈاڑھ کے کنارے سے کھائی جائے۔
الخُضَامَة: الخُضَام۔
الخُضَمَة: بہت کھانے والا، مذکر و مؤنث دونوں کے لئے، حضرت مغیرة کی حدیث میں ہے: "بِئْسَ لَعَمْرُ اللهِ زوجُ المَرْأَةِ المسلمة خُضَمَةٌ حُطَمَةٌ"
الخِضَمّ: بڑا سمندر (۲) بڑا گروہ، زبردست مجمع (۳) شمشیر بُراں (۴) بھاری بھرکم گھوڑا (۵) سردار (۶) بہت سخی آدمی (۷) پتھر جس پر سان رکھتے ہیں۔
الخُضُمَّة: کسی چیز کا بڑا حصہ (۲) کہنی کی ہڈی (۳) درمیان، وسط۔ کہتے ہیں:
ـــ فلانٌ في خُضُمَّةِ قومِه (وہ اپنی قوم کے درمیانی لوگوں میں ہے۔
الخَضِيمَة: سبزہ، سبز و مرطوب پودا یا گھاس (۲) سرسبز زمین (۳) بغیر بھوسی کے اُبالے ہوئے گیہوں جن میں دودھ اور لونگ و شکر وغیرہ ملا کر کھاتے ہیں، ایک قسم کی مٹھائی، دلیا ج: خَضَائِم۔
• خَضَنَ الجَمَلَ و نحوَه ـُ خَضْنًا: اونٹ وغیرہ پر سامان لادنا (۲) جانور کو سدھانا، قابو میں کرنا۔
ـــ الشيءَ: پھیرنا، موڑنا۔
خَاضَنَ القومُ مُخَاضَنَةً وخِضَانًا: ایک دوسرے پر لعن طعن کرنا، باہم گالی گلوچ کرنا۔
ـــ المرأةَ: عشقیہ باتیں کرنا۔
المِخْضَن: جانوروں کو سدھانے والا۔ ج: مَخَاضِن۔

خ ـــ ط

• خَطِئَ ـَ خَطَأً و خِطْأً: غلطی کرنا (۲) عمدًا غلطی کرنا، گناہ کرنا، جرم کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "قالوا يا أبانا

اسْتَغْفِرْلَنَا ذُنُوبَنَا إِنَّا كُنَّا خَاطِئِيْنَ ۔"

خَطِئَ السَّهْمُ الهَدَفَ : تیر کا نشانہ پر نہ لگنا ۔ هو خَطِئٌ و خَاطِئٌ، هي خَاطِئَةٌ ج: خَوَاطِئُ ۔ مثل ہے: "من الخَوَاطِئِ سَهْمٌ صَائِبٌ" اس وقت کہتے ہیں جب کوئی شخص بار بار غلطی کرے اور ایک بار ٹھیک کام کر دے ۔

أَخْطَأَ : غلطی کرنا، چُوک جانا، راہِ صواب سے دور ہو جانا ۔ حدیث میں ہے: "من اجْتَهَدَ فَأَخْطَأَ فله أَجْرٌ ۔"

___ فلانٌ : قصدًا یا بھول کر گناہ کرنا، قصور کرنا، جرم کرنا ۔

___ الهدفَ و نحوه : نشانہ پر نہ لگنا ۔

أَخْطَأَ نَوْءُكَ : مثل ہے، اس شخص کے بارے میں کہتے ہیں جو کوشش کرے اور حاصل نہ کر سکے ۔

خَطَّأَه تَخْطِئَةً و تَخْطِيئًا : غلط قرار دینا، غلطی کی طرف منسوب کرنا ۔

تَخَاطَأَ له : غلطی کا مظاہرہ کرنا ۔

___ الشيءَ : غلطی کرنا ۔ تَخَاطَأَهُ النَّبْلُ : تیر کا نشانہ پر نہ لگنا، نشانہ سے ہٹ جانا ۔

تَخَطَّأَه : غلطی کرنا (۲) غلط قرار دینا ۔ تَخَطَّأَ له بھی کہتے ہیں (۳) نشانہ پر نہ لگنا ۔

اسْتَخْطَأَتِ الأُنْثَى : مادہ کا حاملہ نہ ہونا ۔

الخِطْءُ : گناہ، ارادی گناہ ۔ قرآن پاک میں ہے: "إِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْئًا كَبِيرًا" ج: أَخْطَاء ۔

الخَطَاءُ : غلطی، چُوک (۲) غلط (ضد: صواب) ج: أَخْطِئَة ۔

الخَطَأُ : الخَطَاءُ ۔ حدیث میں ہے: "رُفِعَ عن أُمَّتِي الخَطَأُ و النِّسْيَان" ج: أَخْطَاءٌ ۔

الخَطَّاءُ : بہت غلطی کرنے والا (۲) بہت گناہ کرنے والا، بڑا خطاکار ۔

الخَطِيئَةُ : گناہ، ارادی گناہ، جرم ج: خَطَايَا

الخَاطِئُ : غلط (۲) غلط کار، گنہگار ۔

المُخْطِئُ : غلطی کرنے والا، غلطی پر، غلط کار

• خَطَبَ الناسَ و فيهم و عليهم ـُ خَطَابَةً و خُطْبَةً : تقریر کرنا، لیکچر دینا، خطبہ دینا، وعظ کہنا ۔

___ فُلَانَةً، خَطْبًا و خِطْبَةً : پیغامِ نکاح دینا، نسبت کرنا، منگنی کرنا ۔

___ الفتاةَ الى أَهْلِهَا : گھر والوں سے لڑکی کا ہاتھ مانگنا، شادی کا پیام دینا

___ كذا : مانگنا، طلب کرنا ۔ کہتے ہیں: خَطَبَ وُدَّهُ ۔ هو خَاطِبٌ ج: خُطَّابٌ ۔ مثل ہے: ذَهَبَ خَاطِبًا فَتَزَوَّجَ ۔

خَطِبَ ـَ خَطَبًا و خُطْبَةً : ٹیالے یا زرد رنگ کا ہونا جس میں سبز یا سرخ رنگ کی آمیزش ہو ۔ هو أَخْطَبُ، هي خَطْبَاء ج: خُطْبٌ

خَطُبَ ـُ خَطَابَةً : مقرر ہونا ، خطیب ہونا، واعظ ہونا ۔

أَخْطَبَ : خَطِبَ ۔

___ فلانًا : پیغامِ نکاح قبول کرنا ۔

___ الشيءُ فلانًا : کسی چیز کا کسی سے قریب ہونا ۔ کہتے ہیں: أَخْطَبَهُ الصَّيْدُ : شکار اس سے قریب ہو گیا، زد میں آ گیا ۔

___ الحَنْظَلُ : اندرائن کا زرد ہونا اور اس پر سبز دھاریاں پڑنا ۔

___ الحِنْطَةُ : گیہوں کا رنگ پکڑنا، رنگین ہونا ۔

خَاطَبَه مُخَاطَبَةً و خِطَابًا : بات چیت کرنا، مخاطب کرنا (۲) خط و کتابت کرنا ۔ خَاطَبَه فى الأَمْرِ : کسی سے کسی سلسلہ میں گفتگو کرنا ۔

خَطَّبَه : پیغامِ نکاح قبول کرنا ۔ حدیث میں ہے: "إِنَّه لَحَرِيٌّ إِنْ خَطَبَ أَنْ يُخَطَّبَ"

اخْتَطَبَ المَرْأَةَ : عورت کو شادی کا پیغام دینا، لڑکی کی منگنی کرنا ۔

___ فلانًا : کسی کو کسی عورت سے شادی کی دعوت دینا ۔

تَخَاطَبَا : باہم گفتگو کرنا، بات چیت کرنا (۲) مراسلت کرنا ۔

الخِطَابُ : گفتگو ۔ قرآن پاک میں ہے: "فَقَالَ أَكْفِلْنِيهَا و عَزَّنِي فى الخِطَاب" (۲) پیغام (۳) خط ج: خِطَابَات ۔

فَصْلُ الخِطَاب : کلامِ فیصل، قطعی اور فیصلہ کن گفتگو ۔ قرآن پاک میں ہے: "و آتَيْنَاهُ الحِكْمَةَ و فَصْلَ الخِطَاب"

فَصْلُ الخِطَاب : وہ حکم یا فیصلہ جو دلیل یا قسم کی بنیاد پر دیا جائے ۔ (۲) قوتِ فیصلہ، عدالتی سمجھ، فیصلہ کرنے میں مہارت (۳) أَمَّا بَعْدُ کہنا (۴) حق و باطل کے درمیان فیصلہ کرنا (۵) ایسی گفتگو جو نہ زیادہ مختصر ہو اور نہ بہت طویل ہو، فصیح و بلیغ کلام ۔

تَاءُ الخِطَاب : تائے خطاب جیسے "أَنْتَ" کی تاء ۔

كَافُ الخِطَاب : کافِ خطاب جیسے "لَكَ" کی کاف ۔

الخِطَابُ المَفْتُوح : کھلا خط (جو حکام اور اربابِ اقتدار کے نام علانیہ طور پر لکھا جاتا ہے) ۔

الخَطَابَةُ : منطقیین کے یہاں وہ قیاس ہے جو مقبول اور مظنون باتوں سے مرکب ہو ۔

الخَاطِب : شادی کا پیام دینے والا (۲)

رشتہ کرنے والا۔
الخَاطِبَة: رشتہ کرانے والی عورت (۲) پیغامِ نکاح دینے والی۔
الخَطْبُ: حال، حالت۔ قرآن پاک میں ہے: "قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ أَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ" (۲) پریشانی، تکلیف (۳) حادثہ، مصیبت ج: خُطُوْبٌ۔
الخِطْب: منگیتر لڑکی (۲) منگنی کرنے والا مرد، منگیتر لڑکا ج: أَخْطَاب۔
خِطْبٌ: اس لفظ کے ذریعہ اہلِ عرب زمانۂ جاہلیت میں شادی کرتے تھے مرد کہتا کہ: خِطْبٌ تو اس سے کہا جاتا: نِكْحٌ۔
الخُطْبَة: مٹیالا، یا پیلا رنگ جس میں سبز یا سرخ رنگ کی آمیزش ہو (۲) تقریر، وعظ، خطبہ (۳) گفتگو۔ خُطْبَةُ الكِتَاب: کتاب کا ابتدائی حصہ، دیباچہ ج: خُطَبٌ۔
الخِطْبَة: پیغامِ شادی، منگنی، سگائی (۲) منگیتر لڑکی۔
الخَطَّاب: بہت تقریر کرنے والا (۲) منگنی کرنے والا۔
الخَطَّابِيَّة: روافض کا ایک فرقہ جو ابو الخطّاب الاسدی کی طرف منسوب ہے۔ یہ لوگ اپنے ہم مذہب کے حق میں اپنے مخالف کے خلاف جھوٹی گواہی دینے کو جائز قرار دیتے ہیں۔
الخَطِيْب: عمدہ مقرر، خوش بیان (۲) خطیب، واعظ جو مسجد وغیرہ میں خطبہ، وعظ یا تقریر کی خدمت انجام دیتا ہے (۳) قوم کا ترجمان (۴) شادی کا طالب، شادی کا پیغام دینے والا ج: خُطَبَاءُ۔
الخَطِيْبَة: عورت جس کی منگنی ہو چکی ہو، منگیتر۔

• خَطَرَ ـِ خَطَرَانًا: ہلنا (۲) جھومنا (۳) ڈانوا ڈول ہونا۔
ـــ فی مَشْيِه ـِ خَطْرًا و خَطَرَانًا: ہاتھوں کو ہلا کر چلنا (۲) اکڑ کر چلنا، اترا کر چلنا۔
ـــ بِذَنَبِه: دُم ہلانا، دُم کو بار بار اُٹھانا اور گرانا یا دائیں بائیں حرکت دینا (۲) اونٹ کا دُم کو بار بار اٹھانا اور رانوں پر مارنا۔
ـــ بِسَيْفِه: تلوار کو غرور سے چلانا۔
هو خَاطِر ج: خَوَاطِر، وهو خَطَّار۔
ـــ له الأَمْرُ ـُ خُطُوْرًا: سامنے آنا، سوجھنا۔
ـــ ت الحوادث: پیش آنا۔
ـــ بباله، وفيه، وعليه خَطْرًا و خُطُوْرًا: دل میں آنا۔
ـــ الشيطانُ بين الانسان وقلبه شیطان کا دل میں وسوسے ڈالنا۔ سجدۂ سہو کی حدیث میں ہے "حَتّٰى يَخْطِرَ الشَّيْطَانُ بين المرء و قلبه"
خَطُرَ ـُ خَطَرًا و خُطُوْرًا و خُطُوْرَةً: عالی مرتبہ ہونا، مہتم بالشان ہونا، اہم ہونا، سنگین ہونا۔ هو خَطِيْر۔
أَخْطَرَ: خود کو کسی کا ہمسر سمجھ کر مقابلہ کے لئے نکلنا اور لڑنا۔
أَخْطَرَ فلانٌ لی و أَخْطَرْتُ له: ہم نے باہم شرط رکھی، بازی لگائی۔
ـــ فلانًا و له: کسی کی مرضی کے مطابق شرط یا بازی رکھنا۔
ـــ المَرَضُ و نحوه فلانًا: خطرے میں ڈالنا، زندگی اور موت کے بیچ میں لٹکا دینا۔
ـــ الشیئَ: کسی چیز کو شرط پر رکھنا۔

أَخْطَرَ بباله، وعليه، و فيه: یاد دلانا (۲) اکڑ کر چلنے والا بنانا۔
ـــ فلانًا: باخبر کرنا، اطلاع دینا، متنبہ کرنا، نوٹس دینا۔
خَاطَرَ به: خطرے میں ڈالنا خطرہ مول لینا
ـــ بنفسه: جان کو خطرے میں ڈالنا، جان کی بازی لگانا، جان جوکھوں میں ڈالنا۔
ـــ فلانًا على كذا: بازی لگانا، شرط بدنا۔
خَطَّرَ: شرط کا روپیہ لینا، بازی حاصل کرنا، شرط جیتنا۔
ـــ الشَّعْرَ: بالوں کو خِطْر گھاس سے رنگنا، خضاب کرنا۔
تَخَاطَرَا على كذا: باہم شرط لگانا، شرط بدنا، بازی لگانا۔
ـــ الفُحُولُ بِأَذْنَابِها: سانڈوں کا ایک دوسرے پر حملہ کرنے کے لئے دُم ہلانا۔
الإِخْطَار: تنبیہ، اعلان، دھمکی، نوٹس، نوٹیفکیشن۔
الخَاطِر: خیال جو دل میں آئے، فکر، تصور، آئیڈیا، رائے، نظریہ، رجحان (۲) دل، طبیعت ج: خَوَاطِر۔
لِأَجْلِ خَاطِرِه: اس کی دل داری کے لئے۔
راعى خاطِرَه: پاسِ خاطر رکھنا، لحاظ کرنا۔
كَسَرَ خَاطِرَه: دل شکنی کرنا۔
جَبَرَ خَاطِرَه: ڈھارس بندھانا، دل جوئی کرنا۔
تَبَادُلُ الخَوَاطِر: تبادلۂ خیال کرنا
تَوَارُدُ الخَوَاطِر: ہم خیال ہونا، اتفاقًا ایک خیال پر ہونا، توارد ہونا۔
عن طِيبِ خاطر: بطِيبِ خاطر۔

خَاطِرَكُمْ : خدا حافظ۔
سريع الخاطر: حاضر جواب، ذہین، طبّاع۔
مكسور الخاطر: شکستہ دل، رنجیدہ۔
الخَاطِرَة : الخَاطِر ج: خَوَاطِر۔
الخَطْر : متحرک بادل جو سامنے ظاہر ہو (۲) ڈھیر سارے اونٹ (۳) اونٹ کے سرین پر پیشاب اور مینگنیوں کا جما ہوا میل (۴) اہلِ شام کا غلّہ کا ایک بڑا پیمانہ ج: خُطُور و أَخْطَار۔
الخِطْر : ایک گھاس جسے بطور خضاب استعمال کرتے ہیں (۲) بہت پانی ملا ہوا دودھ (۳) شاخ (۴) بہت سارے اونٹ (۵) اونٹ کے سُرین پر پیشاب اور مینگنیوں کا جما ہوا مَیل ج: أَخْطَار
الخَطَر : خطرہ، جوکھم (۲) بازی جس کی شرط لگائی جائے، شرط کا روپیہ (۳) بدلہ، معاوضہ (۴) حصّہ، وادی القریٰ کی حدیث میں ہے: "وكان لِعُثْمَانَ فيه خَطَرٌ و لعبد الرحمٰن خَطَرٌ" (۵) ہم مرتبہ، ہم پلّہ ج: أَخْطَار
الخَطِر : اترا کر چلنے والا (۲) خطرناک۔
الخَطْرَة : خیال، کھٹک ج: خَطَرَات۔
خَطْرَةً بَعْدَ خَطْرَةٍ : وقتاً فوقتاً، کبھی کبھی۔ کہتے ہیں: مَا أَلْقَاه إِلّا خَطْرَةً بَعْدَ خَطْرَةٍ : میں اس سے صرف کبھی کبھی ملتا ہوں۔
ما لَقِيْتُه إِلّا خَطْرَةً : میں اس سے صرف ایک بار ملا ہوں۔
الخَطَّار : گوپیا (۲) منجنیق، گوپھن (لڑائی میں پتھر پھینکنے کا ایک قدیم آلہ) (۳) پنڈولم (گھڑی کا) (۴) شیر (۵) عطر فروش (۶) نیزہ (۷) نیزہ مارنے والا، نیزہ زن (۸) زیتون سے بنایا ہوا خوشبودار تیل۔

مِسْكٌ خَطَّار : خوشبو انگیز مشک۔
الخَطَّارَة : اونٹوں کا باڑا
الخَطِير : اہم، مہتم بالشان، زبردست (۲) خطرناک (۳) عالی مرتبہ (۴) ہم پلّہ، ہم مرتبہ۔ کہتے ہیں: لَيْسَ لَه خَطِيرٌ : اس کا کوئی ہم پلّہ نہیں (۵) مہار (۶) رسّی۔ حضرت علی کی حدیث میں ہے: "أَنَّه أَشَارَ لِعَمَّار وقال: جُرُّوا له الخَطِيرَ ما انْجَرَّ لكم" (۷) لعابِ آفتاب، مکڑی کے جالے جیسی چیز جو چلچلاتی دھوپ میں فضا میں ناچتی ہوئی معلوم ہوتی ہے (۸) رات کی تاریکی ج: خُطُر۔
المُخْطِر: خطرناک۔
المُخَاطِر: بازی لگانے والا، خطرہ مول لینے والا، جانباز۔
المَخَاطِر: خطرے، جوکھم (اس کا مفرد نہیں ہے)
رُكُوبُ المَخَاطِر: خطروں میں کود پڑنا، خطرے مول لینا۔
•خَطَّ الوَجْهُ ـُ خَطّاً : چہرے کا دھاری دار ہونا۔
ـــ الوَجْهُ او الغُلامُ: رخسار پر بال نکلنا، چہرہ پر سبزہ آنا۔
ـــ الشَّارِبُ : مونچھیں نکل آنا۔
ـــ على الشيءِ : نشان لگانا، علامت بنانا۔
ـــ الخِطَّةَ : نشان لگا کر اپنے لئے مخصوص کرنا، اپنا ہونے کے لئے علامت لگانا۔
ـــ الشيءَ : لکیر کھینچنا، خط کھینچنا، لائن ڈالنا، خط لگانا۔
ما خَطَّ غُبَارَه : اس کی گرد کو بھی نہ پہنچا۔
فُلانٌ يَخُطُّ في الأَرْض: وہ اپنے معاملے میں غور و فکر کر رہا ہے۔

خَطَّ الكتابَ : سطریں بنانا، لکھنا۔
ـــه بقلمه أَو بيده : لکھنا۔
ـــ الرياحُ في الرَّمل او في الارض : ہوا کا ریت یا زمین پر دھاری ڈالنا۔
خَطَّطَه : لائن ڈالنا، لکیریں کھینچنا، سطریں بنانا، کالم بنانا۔
ـــ الارض و البلادَ : سروے کرنا، حد بندی کرنا، چک بندی کرنا۔
ـــ الارض بالمِحْرَاث : (بیج ڈالنے کے لئے) کھیت میں نالیاں بنانا، ابھری ہوئی لائنیں ڈالنا، کیاریاں بنانا۔
ـــ المكانَ : خاکہ بنانا، نقشہ بنانا۔
ـــ القُماشَ : کپڑے پر دھاری ڈالنا۔
ـــ الحَوَاجِبَ : طلاء سے ابروؤں کو رنگنا (۲) بھنووں کو خم دار بنانا۔
اخْتَطَّ الوَجْهُ : چہرے کا دھاری دار ہونا، رخساروں پر سبزہ آنا۔
ـــ الشيءَ : لکیریں کھینچنا، لائن ڈالنا۔
ـــ خُطَّةً : علامت لگانا، معین کرنا (۲) منصوبہ بنانا، اسکیم تیار کرنا، لائحہ عمل بنانا۔
التَّخْطِيط : (مصوّری و نقاشی کی اصطلاح) (۲) ملک کی اقتصادی، تعلیمی اور پیداواری ترقی کے لئے لائحہ عمل وضع کرنا، منصوبہ بندی، پلاننگ۔ تَخْطِيطُ الاراضِي : پیمائش زمینات، سروے
تَخْطِيطُ البُلْدَان : علمِ جغرافیہ۔
الخَطّ : سطر، لائن، لکیر (۲) کتابت، لکھائی، تحریر، رسم الخط (۳) ہر وہ جگہ جس پر نشان ڈال کر آدمی اپنے لئے خاص کر لے (۴) لمبا راستہ (۵) ہر لمبی چیز (۶) (حکماء کے نزدیک) وہ چیز جو طول میں انقسام کو قبول کرے (نہ کہ عرض

اور عمق ہیں) اس کا آخری درجہ نقطہ ہے

الخطّ البیانی: وہ خط جو کم از دو اشیا کے باہمی نسبت واضح کرے، گراف، ترسیم۔

خطّ الاستواء: خطِّ استوا، وہ فرضی خط جو کرۂ ارض کو شمالی اور جنوبی دو حصّوں میں تقسیم کرتا ہے (جغرافیہ)

خطّ الرَّجْعَة: وہ راستہ جو فوج کو ہیڈ کوارٹر تک پہنچاتا ہے۔ کہتے ہیں: قُطِعَ علیه خطّ الرَّجْعَة۔

خطّ النّار: میدانِ جنگ کا سامنے کا حصّہ، فائرنگ لائن۔

خطّ سِكّة الحدید: ریلوے لائن

فَنُّ الخطّ: فنِ خوش نویسی، خطاطی، خوش خطی۔

عِلمُ الخطّ: علم رمل، رمّالی ج: خُطوط۔

خُطوط الکفّ: ہاتھ کی لکیریں۔

الخُطوطُ البَرّیّة: زمینی راستے، خشکی کے راستے۔

الخُطوطُ الجَوّیّة: فضائی راستے، ایرلائنز۔

الخُطوطُ المائیّة: بحری راستے، دریائی راستے۔

الخطّ: لمبا راستہ، سڑک، شاہراہ (۲) محلّہ۔ ج: خُطوط و أخْطاط۔

الخِطّ: زمین وغیرہ کا وہ ٹکڑا جو آدمی اپنے لئے مخصوص کرے (۲) وہ جگہ جو تعمیر کے لئے مخصوص اور تیار کی گئی ہو ج: أخْطاط۔

الخَطّاط: کاتب، خوش نویس، ماہر خطاطی۔

الخُطّة: کام، خیال، مثل ہے: جاءَ فلانٌ و فی رأسِه خُطّةٌ: وہ آیا اس حال میں کہ اس کے سر میں کوئی سودا ہے، اس کے ذہن میں کوئی منصوبہ ہے۔ حدیث میں ہے: "إنّه قد عرضَ علیکم خُطّةَ رُشدٍ فاقبلوها" اس نے تمہارے سامنے ایک عمدہ لائحۂ عمل رکھا ہے، اسے قبول کرو (۲) طریقۂ کار (۳) منصوبہ، پلان، اسکیم، لائحۂ عمل ج: خُطَط۔

الخِطّة: الخِطّ ج: خِطَط۔ حدیث میں ہے: "أنّه أعطی النّساءَ خِطَطاً یسکُنّها فی المدینة" آپ نے مدینہ میں عورتوں کو رہائش کے لئے زمینیں دیں۔

الخَطّیّ: مقام "خط" کا نیزہ ("خط" بحرین کے ایک مقام کا نام ہے جہاں نیزے بکتے تھے)

الخَطوط: زمین پر ہلکے نشان چھوڑنیوالا (۲) ابروؤں کو رنگنے کا طلا یا پالش

الخَطیطة: زمین کا رتیلا حصّہ جس پر ماہر علم رمل آئندہ کے احوال معلوم کرنے کے لئے لکیریں کھینچتا ہے (۲) وہ زمین جس کے کچھ حصّہ پر بارش ہوئی ہو اور کچھ پر نہ ہوئی ہو

المِخْطاط: لکیروں اور لائنوں کو برابر کرنے کا آلہ، لکڑی کا رولر۔ ج: مَخاطیطُ۔

المِخَطّ: ہر وہ چیز جس سے لائن کھینچی جائے (۲) کپڑے پر دھاری ڈالنے کی لکڑی ج: مَخاطّ۔

المُخَطَّط: دھاری دار، نشان دار (۲) خوبصورت (۳) سروے کیا ہوا، پیمائش شدہ (۴) منصوبہ، پلاٹ۔

المَخْطوط: ہاتھ سے لکھا ہوا، مخطوطہ (غیر مطبوع) ج: مَخْطوطات۔

المَخْطوطة: قلمی نسخہ، مخطوطہ۔

•خَطَفَ ـِ خَطْفًا و خَطَفانًا: تیز چلنا، تیزی سے گزرنا۔

ـــ الشیءَ خَطْفًا: اچک لینا، کھینچ لینا، جھپٹّا مارنا (۲) غصب کرنا، چھین لینا۔

خَطَفَ المرأةَ: عورت کو اغوا کرنا۔

ـــ البرقُ البصرَ: بجلی کا نگاہ کو خیرہ کرنا (۲) اندھا کر دینا، بینائی چھین لینا

ـــ السَّمعَ: چوری سے سننا۔

خَطِفَ ـَ خَطْفًا: تیز چلنا۔

ـــ الشیءَ: اچکنا، جھپٹّا مارنا، چھین لینا قرآن پاک میں ہے: "إلّا مَن خَطِفَ الخَطْفَةَ فأتبَعَه شِهابٌ ثاقِبٌ"

خُطِفَ: دُبلا ہونا، لاغر ہونا۔ ھو مَخْطوف۔

أخْطَفَ: معمولی بیمار ہو کر جلدی سے چنگا ہو جانا۔

ـــ السَّهمُ: تیر کا نشانہ خطا کرنا۔

ـــ الحُمّی المریضَ و عنه: بخار کا اُتر جانا، زائل ہو جانا۔

ـــ المرضُ فلانًا: بیماری کا زور گھٹ جانا، ہلکا ہو جانا۔

ـــ الشیءَ: خطا کرنا، غلطی کرنا۔

ـــ لی من حدیثِه شیئًا: اس نے مجھ سے اپنی بات کا کچھ حصّہ بیان کیا پھر خاموش ہو گیا۔

اختَطَفَه: چھین لینا، کھینچ لینا، اُچک لینا۔ حدیث میں ہے: "إن رأیتمونا تختطفنا الطّیرُ فلا تبرحوا"

ـــ من حدیثه شیئًا: بات کا کچھ حصّہ بتا کر خاموش ہو جانا۔

تَخَطَّفَه: اُچک لے جانا، چھین لینا، لوٹ لینا، کھینچ لینا، اغوا کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "و یُتخَطّفُ النّاسُ من حولِهم" یعنی لوگ قتل کر دیئے جاتے تھے اور لوٹ لئے جاتے تھے۔

الأخْطَفُ: دُبلا، دُبلے پیٹ والا، لاغر۔

الخاطِف: تیر جو نشانہ خطا کر جائے (۲)

تیر جو زمین پر لگ کر نشانہ پر لگے (۳) بھیڑیا
خَاطِفُ ظِلِّه : ایک پرندہ جو اپنے سایہ کو شکار سمجھ کر اس پر جھپٹ پڑتا ہے ۔ هي خَاطِفَة ج: خَوَاطِف
الخَاطُوف : درانتی جیسا ایک اوزار جس کو جال میں باندھ کر ہرن وغیرہ کا شکار کرتے ہیں، ہرنوں کو پکڑنے کا پھندا (۲) اچکنے یا کھینچ لینے کا اوزار، آنکڑا۔ ج: خَوَاطِيف ۔
الخَطَّاف : بہت اچکنے والا (۲) چور، اُچکّا (۳) شیطان ۔
لِصٌّ خَطَّافٌ : ماہر چور، بڑا اُچکّا۔
خَطَّافٌ جَبَلِيٌّ : ابابیل کی قسم کا ایک پرندہ جس کے بازو بہت لمبے ہوتے ہیں اور بہت تیز اُڑتا ہے ۔
خَطَّافُ البَحْر : ایک قسم کا دریائی پرندہ جس کا قد معمولی مرغابی سے چھوٹا مگر چونچ بڑی ہوتی ہے ۔
الخُطَّاف : الخَاطُوف (۲) ہر ٹیڑھا لوہا جو چیزوں کو اُچکنے یا پکڑنے کے کام آئے، آنکڑا (۳) لوہے کا ٹک (۴) چنگل، پنجہ (۵) ابابیل پرندہ (۶) ابابیل کی قسم کا ایک پرندہ ج: خَطَاطِيف ۔
الخَطْفَة : جھپٹا (۲) عضو جس کو درندہ جھپٹا مار کر اتار لے (۳) عضو جس کو انسان کسی زندہ جانور سے کاٹ لے ۔ حدیث میں ہے: "أَنَّه صلى الله عليه وسلم نَهَى عن الخَطْفَة" یعنی آپؐ نے اس گوشت کو کھانے سے منع فرمایا ہے جو زندہ بکری وغیرہ سے کاٹ کر نکالا گیا ہو (۴) شیر خوار بچہ کا ایک بار چھاتی چوسنا ۔ حدیثِ رضاعت میں ہے: " لا تُحَرِّمُ الخَطْفَةُ والخَطْفَتَان "
مَا مِنْ مَرَضٍ إِلَّا وله خَطْفَةٌ: ہر بیماری ایک نہ ایک دن کم ہوتی یا دُور ہوتی ہے ۔
الخَطَفَى : تیز چال، تیز رفتاری ۔ هو يَمْشِي الخَطَفَى : وہ تیز تیز چلتا ہے ۔
الخَطِيفَة : چھینی ہوئی، لوٹی ہوئی، مغوبہ، مغصوبہ (۲) ایک قسم کا کھانا جو آٹے میں دودھ ملا کر پکاتے ہیں اور پھر چمچہ سے جلدی جلدی کھاتے ہیں ج: خَطَائِف ۔
المِخْطَف : الخَاطِف (۲) کانٹا، آنکڑا، لوہے کا ٹک ج: مَخَاطِف
•خَطِلَ ـَ خَطَلاً : ڈھیلا ہونا، بے ڈھنگا ہونا، بے ڈھب ہونا۔ (۲) جلدی کرنا اور غلط کرنا، جلد بازی میں غلط کر بیٹھنا (۳) احمق ہونا۔
—في كلامه : مہمل اور لغو باتیں کرنا، بے ہودہ گفتگو کرنا، بد کلامی و فحش گوئی کرنا۔ خَطِلَ كلامُه بھی بولتے ہیں۔
—في مَشْيِه : اکڑ کر چلنا، اترا کر چلنا، نازو انداز سے متکبرانہ چال چلنا هو خَطِلٌ و أَخْطَلُ، هي خَطْلَاء ج: خُطْلٌ ۔
أَخْطَلَ في كلامه : خَطِلَ ۔
تَخَطَّلَ : اکڑنا، اترا کر چلنا، تکبرانہ چال چلنا ۔
الخَطَّال : بدگو، بے ہودہ گو (۲) متّہم، بدنام ۔
الخَطَل : لغو و مہمل کلام، بکواس، گفتگو کے پریشان ۔ حضرت علیؓ کی حدیث میں ہے " فَرَكِبَ بِهِم الزَّلَل و زَيَّنَ لَهم الخَطَل " (۲) بیوقوفی (۳) جلد بازی ۔
الخَطِل : بے وقوف، بے ہودہ گفتگو کرنے والا (۲) تیزی سے نیزہ مارنے والا
رُمْحٌ خَطِلٌ : بے ڈول لمبا نیزہ ۔
سَهْمٌ خَطِلٌ : تیر جو نشانہ خطا کر جائے
ثَوْبٌ خَطِلٌ : موٹا کھردرا کپڑا جو لمبائی کی وجہ سے زمین پر گھسٹے ج: اخطال ۔
الخَيْطَل : کتا (۲) بلی (۳) ٹڈی دل (۴) مصیبت (۵) عطر فروش ۔
•خَطَمَه ـِ خَطْمًا : ناک پر مارنا (۲) نکیل ڈالنا، منہ بند چڑھانا، چھینکا چڑھانا۔ خَطَمَ أَنْفَه بھی کہتے ہیں۔
—بالخِطَام : لگام ڈالنا، نکیل ڈالنا۔
—أَنْفَ فلان : ظاہری عیب و رسوائی کا سبب بننا۔
—فلانًا بالكلام : خاموش کر دینا، مغلوب کرنا۔
—الجِلْدَ و نَحْوَه : کناروں سے سینا۔
—القَوْسَ بالوَتَر : کمان پر تانت چڑھانا
خَطَّمَه : خَطَمَه ۔
الأَخْطَم : لمبی ناک والا (۲) کالا ج: خُطْم
الخَاطِم : کہتے ہیں: فلانٌ خَاطِمُ بني فلان : وہ ان کا قائد و لیڈر ہے ۔
فلان خَاطِمُ أَمْرِهم : وہ ان کے معاملات کا منتظم ہے ۔
الخِطَام : لگام، مہار، اونٹ کی نکیل (۲) کمان کی تانت ج: خُطُم و أَخْطِمَة۔
وَضَعَ الخِطَامَ على أَنْفِ فلان : اس کو قابو میں کر لیا ۔
مَنَعَ خطامه : اطاعت وانقیاد سے باز رہنا ۔
الخَطَّام : مِسْكٌ خَطَّام : مشک جو اپنی تیز خوشبو سے ناک کو بھر دے ۔
الخَطْم : ناک، ناک کا اگلا حصّہ (۲) چونچ ج: خُطُوم و أَخْطَام ۔
الخِطْمِيّ : ایک نفع بخش بوٹی جو دوا کے طور پر استعمال ہوتی ہے (اس کے خشک پتوں کو کوٹ کر ان کے پانی سے سر دھویا جاتا ہے

اس سے سر بالکل صاف ہوجاتا ہے)
و: خِطْمِيَّة۔
المُخَطَّم: لگام ڈالنے کی جگہ (۲) گھوڑا جس کی ناک سے لے کر ٹھوڑی کے نیچے تک کا حصہ سفید ہو۔
المَخْطِم: ناک یا اس کا اگلا حصہ، چونچ، ج: مَخَاطِم۔
المِخْطَم: الخَطْم ج: مَخَاطِم۔
•خَطَا ـُ خَطْوًا: چلنا، قدم اٹھانا، ڈگ بھرنا۔
أَخْطَاه: چلانا، قدم اٹھوانا۔
خَطَّاه: أَخْطَاه۔
ـــعنه الشيءَ: دور کرنا، زائل کرنا، ہٹانا۔
اِخْتَطَى: چلنا، قدم اٹھانا، ڈگ بھرنا
ـــالشيءَ: پار کرنا، پھاند جانا، تجاوز کرنا
تَخَطَّاه و اليه: اِخْتَطَاه۔
الخَطْوَة: ایک قدم، ڈگ، قدم کی ایک حرکت (۲) دو قدموں کا درمیانی فاصلہ (تقریباً ۳۰ انچ) ج: خِطَاءٌ و خَطَوَات۔
الخُطْوَة: الخَطْوَة ج: خُطًى و خُطُوَات۔
بَيْنَ القَوْلَيْنِ خُطًى يَسِيرَةٌ: دونوں باتیں قریب قریب ہیں، دونوں میں معمولی فرق ہے۔
اتَّبَعَ خُطَاه: نقش قدم پر چلنا، پیروی کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "ولا تتّبعوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ" شیطان کے راستوں پر مت چلو۔
الخَطِيَّة: گناہ ج: خَطِيَّات۔

خ ـــــ ظ

•أَخَظَّ الرجلُ: پیٹ ڈھیلا ہونا، ڈھیلے پیٹ والا ہونا۔
•خَظَا لَحْمُه ـُ خُظُوًّا: گوشت کا گٹھا ہوا ہونا۔
أَخْظَى الرجلُ: موٹا ہونا۔
ـــالحيوانَ: موٹا کرنا۔
خَظَّاه: بڑا بنانا، بھاری بھرکم بنانا
الخَاظِي: موٹا، سخت، ٹھوس۔
قَدَحٌ خَاظٍ: موٹا پیالہ۔
الخَظَاة: گٹھی ہوئی، ٹھوس (کوئی بھی چیز ہو)۔
الخَظَوَان: رَجُلٌ خَظَوَانٌ: پرگوشت آدمی (جس کے جسم پر بہت گوشت ہو)
الخَظِي: گٹھا ہوا، گٹھے ہوئے جسم کا۔ کہتے ہیں: فَرَسٌ خَظٍ بَظٍ، امْرَأَةٌ خَظِيَةٌ بَظِيَةٌ۔

خ ـــــ ف

•خَفَتَ ـِ خَفْتًا و خُفُوتًا و خُفَاتًا: بے حرکت ہونا، سکون پذیر ہونا، خاموش ہونا، کمزور و مضمحل ہونا۔
ـــالمريضُ: بیمار کا خاموش ہوجانا، منہ بند ہوجانا، آواز بند ہوجانا، (۲) اچانک مرجانا۔
ـــصوتُه: آواز پست ہونا۔
ـــبصوتِه: آواز پست کرنا، دھیمی کرنا، پوشیدہ رکھنا۔
ـــبکلامِه: آہستہ گفتگو کرنا، پست آواز میں بولنا، خفیہ بات کرنا۔
ـــبقراءَتِه: آہستہ پڑھنا، پست آواز سے پڑھنا، چپکے چپکے پڑھنا، سرّی قرات کرنا۔ حضرت عائشہ کی روایت میں ہے: "قَالَتْ: رُبَّمَا خَفَتَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم بقراءتِه وربَّمَا جَهَرَ" هو خَفِيت۔
خَافَتَ بصوتِه: آواز پست کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا"
تَخَافَتَا: باہم سرگوشی کرنا، چپکے چپکے بات کرنا قرآن پاک میں ہے: "يَتَخَافَتُونَ بَيْنَهُمْ إِنْ لَبِثْتُمْ إِلَّا عَشْرًا"
ـــفلانٌ: بہ تکلف آہستہ بولنا، ضعف و سکون کا اظہار کرنا۔
الخَافِت: بادل جس میں پانی نہ ہو (۲) کمزور پودا جو لہلہانہ ہو ج: خوافت۔
صوتٌ خافتٌ: پست آواز، ہلکی اور دھیمی آواز۔
الخَفُوت: کمزور و لاغر عورت۔
•خَفِجَ ـَ خَفَجًا (اونٹ) ٹانگوں میں لڑکھڑاہٹ کی بیماری میں مبتلا ہونا (۲) ٹانگوں میں لڑکھڑاہٹ ہونا، گھٹنے کانپنا
ـــت رِجْلُه: پاؤں ٹیڑھا ہونا۔ هو أَخْفَجُ، هي خَفْجَاء ج: خُفْجٌ۔
تَخَفَّجَ: ٹیڑھا ہونا، مڑنا۔
الخُفَّجُ: اونٹوں کی ایک بیماری، گھٹنے کانپنے کی بیماری، ٹانگوں میں لڑکھڑاہٹ کی بیماری (۲) موسم ربیع کا ایک پودا جس کے پتے چوڑے ہوتے ہیں۔
الخَفِيج: کمزور، کمزور ٹانگوں والا (۲) پانی جو شیریں نہ ہو۔
•خَفْخَفَ: آواز کرنا، آواز پیدا ہونا، کھڑکھڑ کرنا۔
ـــالشيءُ: حرکت دینے سے آواز نکلنا، ہلانے سے کھڑکھڑ کی آواز سنائی دینا۔
الخَفْخَاف: ناک میں بولنے والا (جس کی آواز ناک سے نکلتی ہوئی معلوم ہو)، هو خَفْخَافُ الصَّوْتِ: وہ ناک میں بولتا ہے۔
•خَفَدَ ـِ خَفْدًا و خَفَدَانًا: تیز چلنا، لپکتے ہوئے چلنا۔

أَخْفَدَت الناقةُ و نَحْوُها: اونٹنی کا حاملہ نہ ہونے کے باوجود یہ ظاہر کرنا کہ وہ حاملہ ہے۔ هي مُخْفِد۔

—الحاملُ: ناتمام بچہ جننا (۲) مشکل سے بچہ جننا، شدید دردِ زہ کے بعد بچّہ جننا۔ هي مُخْفِد، و خَفُود (خلاف قیاس) ج: خُفُد و خَفَائِد۔

الخُفْدُد و الخُفْدُود: چمگادڑ (۲) چمگادڑ جیسا ایک دوسرا پرندہ۔

•خَفَرَهُ و به، و عليه ـِ خَفْرًا و خِفَارةً: حفاظت کرنا، پہرہ دینا (۲) پناہ دینا، امن دینا۔ هو خَافِر و خَفِير، و المفعول مَخْفُور و خَفِير۔

—بالعَهْد: عہد پورا کرنا، ایفائے عہد کرنا۔

—العَهْدَ و نحوه أو به، خَفْرًا و خُفُورًا: عہد توڑنا۔

—بفلانٍ: بے وفائی کرنا، دھوکہ دینا

خَفِرت الجاريةُ ـَ خَفَرًا: لڑکی کا انتہائی شرمیلا ہونا۔ هي خَفِرَة و خَفِير، و مِخْفَار ج: مَخَافِير

أَخْفَرَه: کسی کے لئے پہرہ دار مقرر کرنا (۲) کسی کے ساتھ محافظ بھیجنا (۳) کسی کے ساتھ بے وفائی کرنا۔

—العَهْدَ و نحوَه: عہد توڑ ڈالنا۔

خَفَّرَه: پہرہ دینا (۲) پناہ دینا (۳) چہار دیواری بنانا، احاطہ کرنا، فصیل دار بنانا۔

تَخَفَّرَ: بہت شرمیلا ہونا یا بننا۔

—به: پناہ لینا، پناہ مانگنا۔

اسْتَخْفَرَه و به: پناہ لینا، پناہ مانگنا (۲) کسی سے پہریدار بننے کی درخواست کرنا۔

الخَفَر: حیا، شرمیلاپن۔

الخَفِر: شرمیلا م: خَفِرَة۔

الخَفَارَة: ضمانت، ذمّہ (۲) عہد (۳) امان، پناہ (۴) حفاظت، پہرہ داری چوکیداری۔

الخُفَارَة: الخَفَارَة (۲) اُجرتِ پہرہ، چوکیداری کی تنخواہ۔

الخِفَارَة: الخَفَارة (۲) پہرہ داری کا پیشہ۔

الخَفِير: محافظ، چوکیدار ج: خُفَرَاءُ

المَخْفَر: چوکی جہاں محافظ رہتا ہے۔

مَخْفَرُ البُولِيس: پولیس چوکی، تھانہ۔

•خَفَسَ ـِ خَفْسًا: بدزبانی کرنا

—الشرابَ: بہت پانی ملانا۔

—البناءَ: عمارت کو منہدم کرنا۔

—فلانًا: پچھاڑنا (۲) مذاق اڑانا، ٹھٹھا کرنا۔

أَخْفَسَ: بدزبانی کرنا۔

—الشرابُ: جلد مست کردینا، تیزی سے نشہ چڑھانا۔

انْخَفَسَ: منہدم ہونا (۲) پچھڑنا۔

—الماءُ: پانی کا متغیر ہوجانا۔

تَخَفَّسَ: لیٹنا، چت لیٹنا۔

•خَفَشَه و به ـُ خَفْشًا: پھینکنا۔

—الانسانَ وغيره: پچھاڑنا۔

خَفِشَ ـَ خَفَشًا: دن میں کم نظر آنا، دونوندا ہونا (۲) کمزور نگاہ ہونا، تنگ آنکھ والا ہونا۔ خَفِشَت عينُه بھی کہتے ہیں۔ هو أَخْفَش، هي خَفْشَاء ج: خُفْش۔

خَفَّشَ: کمزور ہونا۔

—بالأرض: زمین سے چمٹنا۔

خَفَّشَ البناءَ: عمارت منہدم کرنا، ڈھا دینا۔

—الانسانَ وغيره: پچھاڑنا، پچھاڑ کر کچل دینا۔

الخَفَش: دونوندا (دن میں نظر نہ آنا) تیز روشنی میں کم نظر آنا۔

الخُفَّاش: چمگادڑ ج: خَفَافِيش

•خَفَضَ الشيءُ ـِ خَفْضًا: نرم ہونا، نرم و ہموار ہونا۔

—العَيْشُ: زندگی کا خوش حال و آسودہ ہونا۔

—بالمكان: قیام کرنا۔

—الشيءَ: پست کرنا، اُتارنا (۲) کم کرنا، کمی کرنا۔

—الطائرُ جَنَاحَه: پرندہ کا پرواز کم کرنے کے لئے بازو سمیٹنا۔

—المرأةُ صوتَها: آواز پست کرنا آہستہ بولنا۔

خَفَضَ فلانٌ جَنَاحَه للناس: لوگوں سے تواضع، نرم خوئی اور بردباری کے ساتھ پیش آنا۔ قرآنِ پاک میں ہے: "واخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ"

—الصَّبِيَّةَ خِفَاضًا: لڑکی کا ختنہ کرنا۔ حدیث میں ہے: "قال النبيُّ صلى الله عليه وسلم لِأُمِّ عَطِيَّةَ: إذا خَفَضْتِ فأَشِمِّي"

—الكلمةَ: زیر دینا، لفظ کے آخر میں زیر لگانا۔

خَفُضَ العيشُ ـُ خَفْضًا: زندگی کا آسودہ وکشادہ ہونا، خوش حال ہونا۔ هو خَفْض و خَفِيض و خَافِض و مَخْفُوض۔

خَفَّضَ الشيءَ: پست کرنا (۲) کم کرنا۔

خَفِّضْ عَلَيْكَ أَمْرَكَ : فکر نہ کرو، زیادہ اثر نہ لو۔ حدیثِ افک میں ہے کہ حضرت ابوبکرؓ نے حضرت عائشہؓ سے فرمایا: "خَفِّضِي عليك"۔
خَفِّضْ عليك جَأْشَكَ : گھراؤ مت اطمینان رکھو، دھیرج رکھو، خاطر جمع رکھو
اِخْتَفَضَ الشيءُ : پست ہونا، نیچا ہونا، کم ہونا۔
___السِّعْرُ : بھاؤ گرجانا۔
___الصَّبِيَّةُ : لڑکی کا ختنہ ہوجانا، ختنہ شدہ ہونا۔
اِنْخَفَضَ الشيءُ : اِخْتَفَضَ۔
تَخَفَّضَ الشيءُ : اِنْخَفَضَ۔
التَّخْفِيضُ : کمیشن، قیمت میں خاص کمی، رعایت ج: تَخْفِيضَات۔
الخَافِضُ : آسان و آرام دہ، کہتے ہیں: هو خَافِضُ الجَنَاحِ، وخَافِضُ الطَّيْرِ: وہ باوقار اور متحمل مزاج ہے۔
الخَافِضَةُ : لڑکیوں کا ختنہ کرنے والی۔
أَرْضٌ خَافِضَةُ السُّقْيَا : آسانی سے سیراب ہوجانے والی زمین۔
لَيْلَةٌ خَافِضَةٌ : رات جس میں چلنا اور سفر کرنا آسان ہو۔
الخَفْضُ : آسودہ حالی (۲) نشیبی زمین ج: خُفُوض (۳) کسرہ، زیر (علم نحو)
المُنْخَفِض : پست، نیچا۔
المَخْفُوض : پست۔ ضد: مَرْفُوع۔
• خَفَعَ فلانٌ ـَ خَفْعًا و خُفُوعًا: بھوک یا بیماری سے کمزور ہونا (۲) بھوک یا بیماری کی وجہ سے بیہوش ہونا، چکرا کر گرنا۔
خَفَعَ على فِراشِه : بھوک یا بیماری سے بستر پر پڑے رہنا۔
___مفاصِلُه : جوڑ ڈھیلے ہونا۔

خَفِعَ ـَ خَفَعًا : بھوک یا بیماری کے سبب پیٹ اندر کو دھنس جانا (۲) کمزور و ناتواں ہونا۔ هو أَخْفَعُ، هي خَفْعَاءُ ج: خُفْعٌ۔
أَخْفَعَه المرضُ او الجُوعُ : پچھاڑ دینا، صاحبِ فراش بنا دینا، چکرا کر گرا دینا۔
اِنْخَفَعَ فلانٌ : کمزور و ناتواں ہونا (۲) بے ہوشی کے قریب ہونا۔
___على فراشِه : بھوک یا بیماری کے سبب بستر پر پڑے رہنا۔
___كَبِدُه : بھوک کی وجہ سے جگر میں بل پڑنا، جگر کا ڈھیلا ہونا۔
___رِئَتُه : بیماری کی وجہ سے پھیپھڑا پھٹ جانا۔
___النَّخْلَةُ : جڑ سے اکھڑ جانا۔
الخُفَاع : پھیپھڑے کی ایک بیماری جس سے پھیپھڑا پھٹ جاتا ہے۔
• خَفَّ الشيءُ ـِ خَفًّا و خِفَّةً : ہلکا ہونا۔
___الميزانُ : ترازو کے پلڑے کا اونچا ہونا، اوپر اٹھنا۔
___المَطَرُ و نحوه : بارش کم ہونا
___القومُ خُفُوفًا : قوم کا گھٹنا، افراد کی تعداد کم ہونا۔
خَفَّ فلانٌ على القُلُوب : دل اس سے مانوس ہوگئے۔
___عَقْلُه : کم عقل ہونا، بے وقوف ہونا، خفیف العقل ہونا۔
___ت حَالُه : خستہ حال ہونا۔
___اليه خَفًّا، وخِفَّةً، وخُفُوفًا : لپکنا، اڑ کر جانا، دوڑ کر جانا۔
___عن المكان : جلدی سے کوچ کرنا، تیزی سے سرک جانا۔ هو خِفٌّ و خفيف۔

فلانٌ خِفٌّ : وہ قوی اور پھرتیلا ہے
أَخَفَّ الرَّجُلُ : (سفر یا حضر میں) ہلکا پھلکا ہونا، کم سامان والا ہونا، سبک حال ہونا (۲) خستہ حال ہوجانا (۳) ہلکے پھلکے مویشیوں والا ہونا۔
___فلانًا : طیش دلانا، جہالت پر اکسانا، ایسا کرنا کہ آدمی ضبط کا دامن چھوڑ کر خفیف الحرکتی پر اتر آئے۔
تَخَافَّ : پھرتی سے کام کرنا۔
خَفَّفَ الشيءَ : ہلکا کرنا (۲) کمی کرنا (۳) ملائم بنانا (۴) معتدل بنانا۔
___الثوبَ : کپڑے کو باریک بنانا، باریک بُنائی کرنا۔
___الحَرْفَ : مشدّد نہ کرنا۔
___كَثافَةَ المَزِيج : گاڑھی چیز میں ملا کر ہلکا یا پتلا کرنا۔
___العقوبةَ : سزا میں تخفیف کرنا۔
___مَابه : ڈھارس بندھانا، غم ہلکا کرنا۔
___عنه : چارہ سازی کرنا، آرام پہنچانا، تکلیف دور کرنا، سکون بخشنا۔
تَخَفَّفَ الشيءُ : ہلکا ہونا۔
___من الشيءِ : بوجھ کم کرنا، ہلکا پھلکا ہونا
___خُفًّا : چمڑے کا موزہ پہننا۔
اِسْتَخَفَّه : ہلکا کرنا (۲) ہلکا سمجھنا (۳) بھڑکانا، مشتعل کرنا۔
___به : حقیر سمجھنا، ذلیل سمجھنا (۲) ذلیل کرنا، توہین کرنا، تذلیل کرنا۔
التَّخْفِيف : (علم تجوید و صرف میں) ہمزہ کی ادائیگی میں تخفیف کرنا (ہمزہ کو ساقط کرکے، یا اسے حرفِ مد یا یا یا واؤ سے بدل کر، یا اس کو بین بین یعنی ہمزہ کے مخرج اور اس کی حرکت والے حرف کے مخرج کے درمیان پڑھنا)
التَّخْفِيفَة : ناکافی لباس، جانگیا۔
الخُفَاف : زود فہم، ذہین و ہوشیار
الخَفَّاف : چرمی موزے بنانے والا (۲)

پیچھے والا۔
الخُفُّ: (اونٹ یا شترمرغ کی) ٹاپ، قدم (۲) قدم کا وہ حصّہ جو زمین سے لگے (۳) چرمی موزہ۔ "رَجَعَ بِخُفَّی حُنَیْن" مثل ہے جو مایوس ہوکر ناکام و نامراد لوٹنے کے وقت بولی جاتی ہے (۴) باف بوٹ، سلیپر ج: خِفَاف و أَخْفَاف۔
الخِفُّ: ہر ہلکی چیز، ہلکا، معمولی (۲) تھوڑی سی جماعت۔
الخِفَّةُ: ہلکاپن (۲) پھرتیلاپن۔
خِفَّةُ الیَد: ہاتھ کی صفائی، نظر بندی، شعبدہ، مداری کا کھیل
ألعَابُ خِفَّةِ الیَد: شعبدہ بازی بازی گری۔
الخَفِیفُ: ہلکا (۲) لطیف، سبک (ہوا وغیرہ) (۳) پتلا، مہین، باریک۔
خَفِیفُ الرُّوح: خوش مزاج، ملنسار۔
خفیفُ القَلْب: ذکی، ہوشیار، تیز فہم۔
خفیف العقل: بے وقوف، کم عقل۔
خَفِیفُ ذات الید: تنگ دست
خفیف الید: پھرتیلا، چابک دست
خفیف الرِّجل: تیز رفتار، سبک رو
خَفِیفُ الحَرَکة: چست، پھرتیلا، چاق چوبند۔
خفیف الظَّہر: کم اولاد والا، کم ذمہ داریوں والا۔
خَفِیفُ العَارِضَیْن: ہلکی داڑھی والا۔
شَایٌ خَفِیف: ہلکی چائے۔
دُخَّانٌ خَفِیفٌ: ہلکا تمباکو۔
—: شعر کی ایک بحر کا نام جو قدیم و جدید دور میں یکساں طور پر رائج ہے۔ اس کا ایک مصرع اِس وزن پر ہوتا ہے:
فاعِلاتُن مُستفعِ لُن فاعِلاتُن
• خَفَقَ الشیءُ ـِ خَفْقًا و خُفُوقًا و خَفَقَانًا: ہلنا، حرکت میں آنا، پھڑپھڑانا۔
— القلبُ: دل دھڑکنا۔
— الطَّائِرُ: اُڑنا۔ ھو خافِق و خَفُوق۔
— العَلَمُ: پرچم ہلنا، لہلہانا۔
— البرقُ: بجلی کوندنا۔
— النجمُ، و الشمسُ، والقمرُ: غروب ہونا، ڈوبنا، ڈھلنا۔
— فلانٌ: سو جانا۔
— اللیلُ: رات کا زیادہ حصّہ گزر جانا
— الحیوانُ: دبلا ہونا، لاغر ہونا۔
ھو خَفِق و خُفَق ج: خِفَاق۔
— المکانُ: خالی ہونا۔
— السھمُ: تیر کا تیزی سے جانا۔
— فلانٌ فی البلاد: سفر کرنا۔
— النعلَ خَفْقًا: جوتے کا آواز دینا، جوتے سے آواز نکلنا، چرکنا
— البیضَ وغیرہ: ہلانا، پھینٹنا، انڈے کی زردی کو سفیدی میں ملانا
— فلانًا بالسَّوْطِ و نحوہ: کوڑے وغیرہ سے آہستہ مارنا۔
أَخْفَقَ: ہلنا، متحرک ہونا، حرکت کرنا
— الطائِرُ: پرندہ کا بازو پھڑپھڑانا
— النجومُ: ستاروں کا مائل بہ غروب ہونا، قریب الغروب ہونا۔
— القومُ: زادِ راہ ختم ہو جانا۔
— فلانٌ: تنگ دست ہونا، محتاج ہو جانا (۲) اپنی حاجت پوری کرنے میں ناکام رہنا، حاجت طلب کرنا اور نہ پانا، ناکام ہونا۔
أَخْفَقَ سَعْیُہ: کوشش ناکام ہونا
أَخْفَقَ فلانًا: پچھاڑنا۔
— برأسِہ: اونگھ سے سر ہلانا، جھونکے کھانا۔
— بثوبِہ: کپڑا ہلاکر اشارہ کرنا۔
خَفَّقَ نَعْلَیْہ: ایک جوتے کو دوسرے پر مارنا۔
اِخْتَفَقَ الشیءُ: ہلنا، لہلہانا، پھڑپھڑانا متحرک ہونا۔
الخَافِقُ: پرچم، جھنڈا (۲) افق، مشرق یا مغرب کا کنارہ۔
خَافِقُ العَیْن: دھنسی ہوئی آنکھ والا ج: خَوَافِق و خَافِقَات۔
الخافِقان: مشرق و مغرب (۲) شمس و قمر۔
خَوَافِقُ السَّماء: چہار سمت (شمالی، جنوبی، مشرقی، مغربی) (۲) ہوا چلنے کی چاروں سمتیں۔
الخَفَّاق: بہت حرکت کرنے والا۔
رَجُلٌ خَفَّاقُ القَدَم: جس کے پاؤں کا اگلا یا نچلا حصّہ چوڑا ہو۔
الخَفَّاقَة: امرأةٌ خَفَّاقَةُ الحَشَا: پتلی کمر والی عورت۔
الخَفَقَان: کسی بیماری یا محنت یا تاثر کی وجہ سے دل کی دھڑکن تیز ہو جانا (۲) دل کی دھڑکن۔
المَخْفَق: ہموار زمین جس میں سراب چمکتا ہے، ریگستان، سراب۔
المِخْفَق: چوڑی تلوار۔
المِخْفَقَة: کوڑا وغیرہ جس سے مارا جائے
مِخْفَقَةُ البَیْض: انڈا پھینٹنے کا آلہ۔
المَخْفُوق: پاگل، دیوانہ۔

•خفَا البرقُ ـُ خَفْوًا و خُفُوًّا: بجلی چمکنا۔ حدیث میں ہے: "أنّه سأل عن البرق فقال: أخفوًا أم وميضًا"
ـــ الشئَ: ظاہر ہونا، نمودار ہونا۔
خَفِيَ له ـَ خِفْوَةً: چھپ جانا۔ کہتے ہیں: يأكل كذا خِفْوَةً: وہ چھپ کر کھا رہا ہے۔
•خَفَي البرقُ ـِ خَفْيًا: بجلی کا بادل میں چمکنا۔
ـــ الشئَ: چھپانا (۲) ظاہر کرنا، باہر نکالنا۔ کہتے ہیں: خَفَي المطرُ الفأرَ: بارش نے چوہے کو بل سے نکال دیا۔ حدیث میں ہے: "أنّه كان يَخْفِي صوتَه بآمين" آپ زور سے آمین کہتے تھے۔
خَفِيَ الشئُ ـَ خَفَاءً و خِفْيَةً و خُفْيَةً: پوشیدہ ہونا (۲) غائب ہونا۔ خَفِيَ عليه بھی کہتے ہیں: هو خافٍ و خَفِيٌّ، هي خافِيَة ج: خَفَايا۔ هو خَفِيُّ البطن: وہ پچکے ہوئے پیٹ والا ہے۔
أخْفَى الشئَ: پوشیدہ کرنا، چھپانا۔
خَفَّى الشئَ: أخْفَاه۔
اِخْتَفَى الشئُ: پوشیدہ ہونا، روپوش ہونا، غائب ہونا۔ اِخْتَفَى منه بھی کہتے ہیں۔
ـــ دَمَ فلانٍ: خفیہ طور پر قتل کرنا۔
ـــ الشئَ: ظاہر کرنا، باہر نکالنا۔
ـــ المیّتَ: قبر کھود کر کفن نکالنا۔
ـــ البئرَ: کنواں کھودنا۔
تَخَفَّى: چھپنا، روپوش ہونا، پوشیدہ ہونا۔
اِسْتَخْفَى: تَخَفَّى۔
الخَافِي: جن۔

الخَافِيَة: جن (۲) پوشیدہ چیز، پوشیدہ بات، راز (۳) پرندے کے چار پروں میں سے ایک پر جو بازو سمیٹنے کے وقت چھپ جاتا ہے ج: خَوَافٍ۔
أرضٌ خافِيَة: جنوں کی سرزمین
الخَفَاء: پوشیدگی (۲) پوشیدہ چیز، راز (۳) پست زمین۔
بَرِحَ الخَفَاءُ: بات کھل گئی، پردہ اٹھ گیا۔
الخِفَاء: غلاف، پردہ، تن پوش، سرپوش (۲) چادر جو عورت کپڑوں کے اوپر اوڑھتی ہے، اوڑھنی ج: أخْفِيَة۔
أخْفِيَةُ النَّوْر: کلی کے غلاف، پنکھڑیاں۔
أخْفِيَةُ الكَرَى: آنکھیں۔
الخَفِيَّة: کنواں جس میں پانی ہو (۲) گنجان جھاڑی (۳) راز ج: خَفَايا۔
به خَفِيَّةٌ: اس پر آسیب ہے، جن کا اثر ہے، جنون کا اثر ہے۔
المُخْتَفِي: پوشیدہ (۲) کفن چور۔

خ ـــ ق

•خَقْخَقَ الفارُ و نحوه: کھولنے کی آواز آنا، سنسنانا۔
•خَقَّ القارُ و نحوه ـِ خَقًّا و خَقَقًا و خَقِيقًا: تارکول کا جوش کھانا، کھولنے کی آواز ہونا، سنسنانا۔
ـــ البَكَرَةُ خَقًّا: چرخی کے سوراخ کا چوڑا ہونا، چرخی کا ڈھیلا ہونا۔
ـــ في الأرض: زمین میں گہرا گڑھا کھود دینا۔
أخَقَّتِ البَكَرَةُ: خَقَّتْ۔

الأُخْقُوق: گڑھا، گہرا گڑھا ج: أخَاقِيق۔
الخَقُّ: زمین کا شگاف، گہرا گڑھا، عبدالملک بن مروان نے ایک جاگیر پر اپنے مقرر کردہ عامل کو خط میں لکھا: "أمّا بعدُ: فلا تَدَعْ خَقًّا من الأرض و لا لَقًّا إلّا سَوَّيْتَه و زرعته" (۲) وادی، خشک شدہ تالاب ج: أخْقَاق و خُقُوق۔
•خَقَّنَ القومُ الخاقانَ على أنفسهم: بادشاہ بنانا، اپنے اوپر شہنشاہ مقرر کرنا۔
الخَاقَان: (ترکی لفظ ہے) ترکی بادشاہ کا لقب ج: خَوَاقِين۔

خ ـــ ل

•خَلَأَ الانسانُ ـَ خُلُوءًا: آدمی کا کسی جگہ ٹھہرے رہنا، اپنی جگہ سے نہ ٹلنا۔ هو خالِئٌ۔
ـــتِ الناقةُ ـَ خَلْئًا و خِلَاءً و خُلُوءًا: اونٹنی کا ہٹ کرنا، اَڑ جانا، نہ چلنا، ایک جگہ کھڑا ہو جانا، اپنی جگہ سے نہ سرکنا۔ حدیث میں ہے: "أنّ ناقةَ النبيّ صلى الله عليه وسلّم خَلَأَتْ به يوم الحُدَيْبِيَة فقالوا: خَلَأَتِ القَصْوَاءُ، فقال صلى الله عليه وسلم: ما خَلَأَتْ، وما هو لها بخُلُقٍ، ولكن حَبَسَها حابِسُ الفيل" هي خالِئٌ و خَلُوءٌ۔
خَالَأَ القومُ مُخَالَأَةً و خِلَاءً: ایک چیز کو چھوڑ کر دوسری چیز میں مشغول ہو جانا۔
ـــ القومَ: قوم سے الگ تھلگ رہنا، دور ہونا، پہلو بچانا۔

• خَلَبَ الشیءَ ـُ خَلْبًا: چنگل سے پکڑنا، پنجہ مارنا، ناخن مارنا۔
ـــ النبات: پودے کو کاٹنا۔
ـــ الجلدَ و نحوَہ: خراش لگانا، ناخن مارنا، کھسوٹنا، زخمی کرنا۔
ـــ الحیّۃُ فلانًا: سانپ کا منھ مارنا، ڈسنا، کاٹ لینا۔
ـــ فلانًا، خَلْبًا و خَلابًا و خِلابَۃً: دل موہ لینا، گرویدہ بنانا، دامِ فریب میں پھنسانا، کلام کے ذریعہ متاثر کرنا، نرم کلامی سے فریفتہ کرنا۔ ھو خَالِب (ج: خُلَبَاء و خَلَبَۃ) و خَلّاب و خَلَبُوت، ھی خَالِبَۃ (ج: خَوَالِبُ) و خَلّابَۃ و خَلُوبٌ و خَلَبُوت و خَلِبَۃٌ۔
خَلِبَ ـَ خَلَبًا: بے وقوف ہونا، ادھورا اور بے ڈھنگا کام کرنا۔ ھو أَخْلَب ھی خَلْبَاء ج: خُلْبٌ۔
أَخْلَبَ الماءُ: پانی کا گدلا ہونا، کیچڑ دار ہونا۔
خَالَبَ فلانًا: دھوکہ دینا، دامِ فریب میں پھنسانا، گرویدہ کرنا۔
خَلَّبَ الشیءَ: پنجوں کی تصویریں بنانا، نقش ونگار سے مزین کرنا (۲) گارے سے لپائی کرنا۔
اِخْتَلَبَ فلانًا: خَلَبَہ۔
اِسْتَخْلَبَ الشیءَ و النّباتَ: چنگل سے پکڑنا (۲) کاٹنا۔
الخِلَابَۃ: نرم اور چکنی چپڑی باتوں کے ذریعہ دھوکہ دینا، چکمہ دینا، لبھانا۔ حدیث میں ہے کہ آپؐ نے ایک آدمی سے فرمایا: "إذا بَایَعْتَ فَقُلْ لا خِلَابَۃَ"
الخُلْب: کھجور کے درخت کا گودا (۲) کھجور کے درخت کی چھال (۳) کھجور کی چھال اور روئی وغیرہ سے بنائی ہوئی باریک و مضبوط رسّی (۴) کیچڑ (۵) انگور کے پتے و: خُلْبَۃ۔
الخِلْبُ: الخُلْب (۲) چنگل، پنجہ، ناخن (۳) دل اور جگر کے درمیان کی جھلی۔ اپنے انتہائی عزیز ومحبوب شخص سے کہتے ہیں: أنتَ بَیْنَ کَبِدِی و خِلْبِیْ۔
خِلْبُ نِسَاءٍ: نرم باتوں سے عورتوں کا دل موہ لینے والا آدمی، البیلا، بانکا، چھیلا ج: أَخْلَاب۔
الخُلَّب: بادل جو گرجے چمکے اور بارش کی امید دلائے مگر پھر چھٹ جائے اور نہ برسے۔ ـــ کہتے ہیں: بَرْقٌ خُلَّبٌ، البَرْقُ الخُلَّبُ، بَرْقُ خُلَّبٍ، بَرْقُ الخُلَّبِ: بجلی جو چمکے مگر بارش نہ ہو (۲) آدمی جو وعدہ تو کرے مگر پورا کرکے نہ دکھائے کہتے ہیں: إنّما أنتَ کَبَرْقِ خُلَّبٍ"
الخَلّاب: دلکش، جاذبِ نظر، پُرفریب
المِخْلَب: جانور کا پنجہ، شکاری پرندے کا ناخن، چنگل (۲) سادہ درانتی جس میں دندانے نہ ہوں ج: مَخَالِب و مَخَالِیبُ۔
• الخُلْبُوب: دھوکہ باز، چالباز، چکمہ دینے والا۔
• خَلْبَسَہ: فریفتہ کرنا، دل چھین لینا، خَلْبَسَ قَلْبَہ بھی کہتے ہیں۔
الخَلابِس: نرم اور چکنی چپڑی بات (۲) جھوٹ۔
الخَلابِیْس: جھوٹی اور بے بنیاد باتیں (۲) بے ترتیب چیزیں (۳) کمینہ اور رذیل لوگ۔
• خَلْبَصَ: فرار ہونا، بھاگنا۔
الخَلَبُوص: گوریّے کے رنگ کا اس سے چھوٹا ایک پرندہ (۲) جیب کترا۔
• خَلَجَ الشیءُ ـِ خَلْجًا و خُلُوجًا و خَلَجَانًا: ہلنا، ڈولنا، حرکت کرنا
ـــ العینُ: آنکھ کا حرکت کرنا، پھڑکنا۔
ـــ فی مِشْیَتِہ: جھومنا، لڑکھڑاتے ہوئے چلنا۔ ھو خالِج، ھی خَلُوج۔
ـــ الشیءَ خَلْجًا: کھینچنا، کھینچ کر نکالنا چھین لینا (۲) حرکت دینا، ہلانا، جھنجھوڑنا
ـــ الرَّضِیعَ: دودھ چھڑانا۔
ـــ عَیْنَیْہ و بعینیہ: آنکھ کو حرکت دینا، آنکھ سے اشارہ کرنا، آنکھ مارنا
ـــہ أمْرٌ: مشغول کرنا، پریشان کرنا پھانسنا۔ کہتے ہیں: خَلَجَتْہ أُمورُ الدُّنیا: دنیا کے بکھیڑوں نے اسے پھنسا لیا۔
ـــہ بالسیف: تلوار سے مارنا۔
ـــ رُمْحَہ: نیزے کو ایک جانب سے کھینچنا۔
خَلِجَ ـَ خَلَجًا: محنت یا زیادہ چلنے اور تھکنے سے گوشت اور ہڈیوں میں درد ہونا، ہڈیوں کا درد کرنا۔
ـــ الخِبَاءُ: خیمہ کا کونہ خراب ہونا، ٹیڑھا ہونا، بگڑنا۔ ھو أَخْلَجُ، ھی خَلْجَاء ج: خُلْجٌ۔ ھو خَلِیْج ج: خِلَاجٌ۔
أَخْلَجَ الشیءُ: کھنچنا، کھنچ جانا۔
ـــ الشیءَ: کھینچنا، کھینچ کر نکالنا۔
ـــ حاجِبَیْہ: بھنویں مٹکانا۔
خَالَجَ الأمرُ فلانًا: سوچ میں ڈالنا، سوچ میں غرق کرنا، محوِ خیال کرنا، الجھا دینا، خلجان میں ڈالنا۔
ـــہ شَکٌّ: شک پیدا ہونا۔
ـــ فلانًا الشیءَ: کسی سے کسی چیز کے بارے میں جھگڑنا۔
تَخَلَّجَ الشیءُ: ہلنا، حرکت کرنا، مضطرب

ہونا، متحرک ہونا۔
تَخَلَّجَ من الشیءِ: کسی چیز کا کسی چیز سے نکلنا، متفرّع ہونا۔
ـــ الشیءَ: کھینچنا، کھینچ کر نکالنا۔
اِخْتَلَجَ الشیءُ: تَخَلَّجَ (۲) لرزنا، تھرتھرانا، ہلنا، کانپنا۔
ـــ القَلْبُ: اختلاجِ قلب ہونا۔
ـــ الأَمْرُ فی صدرہ: دل میں کوئی بات کھٹکنا، خلجان ہونا، تشویش میں ڈالنا۔
ـــ لَحْمُہ: کمزور ولاغر ہونا، گوشت کا سکڑ جانا۔
ـــ الشیءَ: کھینچنا، کھینچ کر نکالنا۔
ـــ خَلِیجًا: خلیج کھودنا۔
ـــ رُمْحَہ: نیزے کو کھینچنا۔
تَخَالَجَہ: کھینچنا، کھینچا تانی کرنا۔
تَخَالَجَتْہ الہُمُومُ: افکار میں غلطاں وپیچاں ہونا۔
الخَلِیجُ: کھاڑی، خلیج (۲) چھوٹی نہر جو بڑے دریا سے کاٹ کر نکالی جائے (۳) رسّی ج: خُلُجٌ و خُلْجَان۔
الخَالِجَۃُ: خیال، کھٹکا، دھڑکا، اندیشہ خطرہ، وسوسہ ج: خَوَالِج۔
المَخْلَجُ: شاہراہِ عام سے نکلا ہوا راستہ ج: مَخَالِج۔ حدیث میں ہے: "تَنْکُبُ المَخَالِجُ عن وضحِ السَّبِیلِ"۔
•خَلْخَلَ الشیءَ: حرکت دینا، ہلا کر ڈھیلا کرنا، جھنجھوڑنا۔
ـــ المرأۃَ: عورت کو پازیب پہنانا۔
ـــ العَظْمَ: ہڈی نوچنا، ہڈی کا گوشت اتارنا۔
تَخَلْخَلَ: کھوکھلا ہونا، غیر منضمّ الاجزا ہونا، اجزا کا باہم پیوستہ نہ ہونا، ڈھیلا ہونا (۲) پازیب پہننا۔

تَخَلْخَلَ الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔
الخَلْخَال: پازیب ج: خَلَاخِیلُ۔
ثَوْبٌ خَلْخَالٌ: باریک کپڑا۔
الخَلْخَل: پازیب ج: خَلَاخِل۔
ثَوْبٌ خَلْخَلٌ: باریک کپڑا۔
المُخَلْخَل: پنڈلی، پنڈلی کا وہ حصّہ جس پر پازیب پہنتے ہیں۔
•خَلَدَ ـُ خُلْدًا وخُلُودًا: ہمیشہ رہنا، برقرار رہنا۔ کہتے ہیں: خَلَدَ فی السِّجْن، و فی النَّعِیم۔
ـــ فلانٌ: عمر دراز ہونے کے باوجود بوڑھا نہ ہونا، بڑھاپا اور کمزوری نہ آنا۔
ـــ بالمکان: دیر تک قیام کرنا۔
أَخْلَدَ فلانٌ: عمر رسیدہ ہونے کے باوجود بوڑھا نہ ہونا۔
ـــ بالمکان: طویل قیام کرنا۔
ـــ بفلان: چمٹنا، ہمیشہ ساتھ رہنا
ـــ الیہ: مائل ہونا، جھکنا، راغب ہونا، ملتفت ہونا (۲) اعتماد کرنا، تکیہ کرنا، دنیا کی مذمّت کے سلسلہ میں حضرت علیؓ کی حدیث میں ہے: "مَنْ دَانَ لہا و أَخْلَدَ الیہا"۔
ـــ الشیءَ: ہمیشہ رکھنا، برقرار رکھنا، دوام عطا کرنا، حیاتِ ابدی بخشنا
خَلَّدَہ: ہمیشہ رکھنا، دوام عطا کرنا، حیاتِ ابدی بخشنا۔
خَلَّدَہ فی السِّجْن: عمر بھر قید میں رکھنا۔
ـــ ذِکْرَہ: یادگار بنا دینا، یاد قائم رکھنا، زندہ جاوید بنانا۔
ـــ الفتاۃَ او الفتی: کنگن یا بالی پہنانا۔ قرآن پاک میں ہے: "یطوف علیہم وِلْدَانٌ مُخَلَّدُونَ"۔
الخُلْد: چنڈول (ایک پرندہ جس کو فارسی میں چکاوک کہتے ہیں۔ یہ بھورے مٹیالے رنگ کا ہوتا ہے اور اس کی پچھلی انگلیاں بڑی ہوتی ہیں) (۲) چھچھوندر (۳) کنگن (۴) بالی۔ دَارُ الخُلْد: جنّت۔
الخَلَد: دل، خیال، ذہن۔ کہتے ہیں: لم یَدُرْ فی خَلَدی کذا: یہ بات میرے دل میں نہیں آئی ج: أَخْلَاد۔
الخَلَدَۃُ: بالی ج: خِلَدَۃٌ۔
الخَالِد: دوامی، لازوال، لافانی۔
الخُلُود: دوام، ہمیشگی۔ دَارُ الخُلُود: جنّت، بہشت۔
الخَوَالِد: پہاڑ (۲) چٹانیں (۳) دیگ کے پائے، چولھے کے پتھر جن پر دیگ رکھتے ہیں۔
المُخْلِد: جس پر دیر سے بڑھاپا آئے، چاق وچوبند بوڑھا آدمی (۲) بہت بوڑھا ہونے کے باوجود جس کے دانت نہ گرے ہوں۔
•خَلَسَ الشیءَ ـِ خَلْسًا: دھوکے سے چھین لینا، جھپٹا مار کر چھین لینا، اچک لینا، لوٹنا، غبن کرنا، خورد برد کرنا۔ کہتے ہیں: خَلَسَہ إیّاہ: اس کو اس سے چھین لیا۔ ھو خَالِس و خَلَّاس۔
رَجُلٌ خَلَّاس: بہادر اور چوکنّا آدمی
خَلِسَ ـَ خَلَسًا: گندمی رنگ کا ہونا، گندم گوں ہونا۔ ھو أَخْلَسُ، ھی خَلْسَاء ج: خُلْسٌ۔ حدیث میں ہے: "سِرْ حَتّی تأتیَ فَتَیَاتٍ قُعْسًا، و رِجالًا طُلْسًا، ونساءً خُلْسًا"۔
أَخْلَسَ شَعْرُہ: بالوں کا کچھ سفید اور سیاہ ہونا، کھچڑی ہونا۔ ھو مُخْلِس و خَلِیس۔
ـــ الارضُ و النباتُ: پودوں کا کچھ سبز

ہونا اور کچھ خشک ہونا، خشک اور تر گھاس کا ملا جلا ہونا۔
أَخْلَسَ الأرضُ: زمین کا کچھ سبزہ اگانا، کچھ ہریالی ہونا۔
خَالَسَہُ الشیءَ مُخَالَسَۃً وخِلاسًا: چھین لینا، دھوکے سے جھپٹا مار کر چھین لینا۔
ــــ فلانًا: موقع پا کر کسی پر سبقت لے جانا۔
اِخْتَلَسَ الشیءَ: خَلَسَہ۔
تَخَالَسَ القومُ الشیءَ: باہم چھین جھپٹ کرنا، ایک دوسرے سے چھیننا۔ هُمَا یَتَخَالَسَانِ أنفُسَهُمَا: دونوں ایک دوسرے پر غلبہ پانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ہر ایک دوسرے کے قتل کے درپے ہے۔
تَخَلَّسَ الشیءَ: خَلَسَہ۔
الخَالِسُ: مَوْتٌ خَالِسٌ: اچانک موت، موت جو بے خبری میں آ پکڑے حدیث میں ہے: "بَادِرُوا بالأعمال مَرَضًا حَابِسًا أو مَوْتًا خَالِسًا"
الخِلاسِیُّ: وَلَدٌ خِلاسِیٌّ: بچہ جس کے ماں باپ میں سے ایک گورا ہو اور ایک کالا۔ مخلوط یورپی اور حبشی نسل کی اولاد۔
دَجَاجٌ خِلاسِیٌّ: ایک ہندوستانی اور ایک ایرانی مرغا مرغی سے پیدا شدہ مرغی کا بچہ۔
الخَلْسُ: کچھ خشک اور کچھ تر گھاس، ملی جلی گھاس۔
الخُلْسَۃُ: جھپٹی ہوئی چیز (۲) موقع، مناسب موقع۔
خُلْسَۃً: خفیہ طور پر، دھوکے سے
الخَلِیسُ: طَعْنَۃٌ خَلِیسٌ: نیزہ وغیرہ سے کیا ہوا وار جو حملہ آور نے اپنی مہارت سے جھکمہ دے کر کیا ہو۔

ھو خَلِیسٌ: وہ بہادر اور چوکنا ہے ج: خُلُس۔
الخَلِیسَۃُ: درندہ کے منہ سے چھڑایا ہوا جانور جو ذبح کرنے سے پہلے مر جائے۔ حدیث میں ہے: "أنَّه نَہٰی عن الخَلِیسَۃ" (۲) چھینی ہوئی چیز۔
المُخْتَلِس: اچکا، غبن کرنے والا، فریبی
خَلَصَ ـُـ خُلوصًا وخَلاصًا: خالص ہونا، کھرا ہونا، صاف ہونا
ــــ من وَرْطَتِہ: نجات پانا، چھٹکارا پانا، آزاد ہونا، رہائی پانا۔
ــــ من القومِ: قوم سے جدا ہونا، الگ تھلگ ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَلَمَّا اسْتَيْأَسُوا منه خَلَصُوا نَجِيًّا" خَلَصَ بِنَفْسِہ بھی کہتے ہیں۔
ــــ الی الشیءِ: پہنچنا، کسی نتیجہ تک پہنچنا۔ ھو خَالِصٌ ج: خُلَّص
خَلِصَ العظمُ ـَـ خَلَصًا: ہڈی کا گوشت میں ٹوٹ جانا، چورا ہونا (ایسا ہاتھ اور پاؤں کی ہڈیوں میں ہوتا ہے)۔
أَخْلَصَ العظمُ: ہڈی میں گودا زیادہ ہونا، ہڈی کا زیادہ گودا والا ہونا۔
ــــ الشیءَ: خالص بنانا، صاف کرنا، میل صاف کرنا، کھوٹ اور آمیزش سے پاک کرنا۔
ــــ ولہ النَّصِیحَۃَ: سچی ہی خواہی کرنا، سچا خیر خواہ ہونا۔
ــــ ولہ الحُبَّ: خالص محبت کرنا، بے لوث محبت کرنا۔
ــــ لِلّٰہ دِیْنَہ: خلوص نیت سے خدا کی عبادت کرنا، دین میں ریاکاری نہ کرنا، سچے دل سے اور نام و نمود

کے بغیر دین پر عمل کرنا۔
أَخْلَصَ فُلانًا: سچا دوست بنانا، ہمراز بنانا
ــــ السَّمْنَ وغیرَہ: خلاصہ نکالنا، مغز اور جوہر نکالنا۔
خَالَصَہُ: خلوص برتنا، بے لوث تعلق رکھنا
خَالَصَہُ الوُدَّ: خالص دوستی رکھنا
خَالَصَ اللّٰہَ دِیْنَہ: دین میں مخلص ہونا، عبادت میں اخلاص برتنا۔
ــــ الدَّائِنُ المَدِیْنَ: مقروض کو قرض سے سبکدوش کرنا، قرض معاف کرنا۔
خَلَّصَ الشیءَ: خالص بنانا، صاف کرنا، کھوٹ اور آمیزش سے پاک کرنا، (۲) جدا کرنا، دوسرے سے الگ کرنا
ــــ فلانًا: نجات دلانا، جان بچانا، آزاد کرانا، آزاد کرنا۔
خَلَّصَہُ اللّٰہُ: خدا نے اسے مصیبت وغیرہ سے نجات دی۔
ــــ علی البَضَائِعِ: (۱) سامان کا کسٹم دینا، کسٹم دے کر مال چھڑانا
تَخَالَصَ القومُ: باہم خلوص برتنا، ایک دوسرے سے بے لوث تعلق رکھنا
تَخَلَّصَ: نجات پانا، آزاد ہونا، رہائی پانا (۲) جدا ہونا۔
اِسْتَخْلَصَہ: مخلص بنانا، ہم راز بنانا (۲) مخلص سمجھنا (۳) منتخب کرنا، چن لینا خاص کرنا (۴) آزاد کرانا، واگزار کرانا
ــــ: نتیجہ نکالنا، خلاصہ اور جوہر نکالنا۔
الإخْلاصُ: مکھن جو تلچھٹ سے جدا کر لیا جائے۔
کَلِمَۃُ الاخلاص: کلمۂ توحید۔
سُوْرَۃُ الاخْلاص: سورۂ قل ھو اللّٰہ احد۔
الخَالِص: خالص، بے کھوٹ، صاف (۲) آزاد (۳) صاف رنگ۔
خَالِصُ الأُجْرَۃ: محصول، فیس۔

خالصُ أُجرَةِ البريد: محصول ڈاک۔

خالصُ الطَوِيَّة: صاف دل، صاف گو، راست باز، کھرا، بےلاگ

هو خالِصٌ لك: وہ تمہارے لئے جائز و حلال ہے۔

الخَالِصَة: مخصوص کی ہوئی چیز۔ کہتے ہیں: هذا الشيءُ خالصةٌ لك: یہ چیز تمہارے لئے مخصوص ہے۔ قرآن پاک میں ہے "وَقَالُوا مَا فِي بُطُونِ هٰذِهِ الْأَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِذُكُورِنَا" (۲) مخلص دوست۔

الخَلاص: نجات، چھٹکارا (۲) جس چیز سے جھگڑے کا تصفیہ اور خاتمہ ہوجائے باعث مخلصی، وجہ نجات (۳) مثل شے جس سے شے کی تلافی ہوجائے، تلافی، حدیث شریح میں ہے: "أنّه قضى في قوسٍ كسرها رجلٌ بالخلاص" (۴) مزدور کی مزدوری

الخِلاص: کھجور سے بنایا ہوا شیرہ (۲) خالص گھی (جسے پکا کر تلچھٹ نکال لی گئی ہو) (۳) خالص سونا چاندی وغیرہ (جسے آگ میں تپا کر کھوٹ صاف کر لیا گیا ہو)

الخُلاصَة: مغز، خلاصہ، جوہر، اصل جوہر (۲) ست (دواؤں وغیرہ کا) خُلاصَةُ الكلام: گفتگو کا نچوڑ، حاصل گفتگو۔

الخِلصُ: گہرا دوست، محرم راز، دم ساز هو خِلصي: وہ میرا یار غار ہے۔

الخُلَصان: گہرا اور مخلص دوست، ہم راز (واحد و جمع دونوں کے لئے)

الخَلَصَة: ذُو الخَلَصَة: ایک گھر جسے بنی خثعم کا کعبۂ یمانی کہا جاتا تھا۔ اس میں الخَلَصَة نامی ایک بت تھا، اس لئے اسے ذُو الخَلَصَة کہتے تھے۔

الخُلُوص: خالص پن، کھراپن (۲) راست بازی، صاف دلی، نیک نیتی (۳) کھجور سے تیار کردہ شیرہ (۴) تلچھٹ جو گھی اور دودھ کی تہہ میں بیٹھ جاتی ہے۔

الخَلِيص: خالص، بےکھوٹ (۲) صاف (رنگ وغیرہ)

المُخَالَصَة: وثیقہ جس میں قرض خواہ، قرض دار کے بری الذمہ ہوجانے کا اعتراف کرتا ہے، بریت نامہ، وثیقۂ وصول یابی۔

المُخلِص: وفادار، صاف دل، سچا، نیک نیت۔

المُخَلِّص: نجات دہندہ (عیسائیوں کے عقیدے کے مطابق حضرت عیسیٰؑ)

• خَلَطَ الشيءَ بالشيءِ ـِ خَلْطًا: ملانا، آمیزش کرنا (اس آمیزش کے بعد کبھی تمیز ممکن ہوتی ہے جیسا کہ حیوانات میں ہے، اور کبھی ممکن نہیں ہوتی، جیسا کہ بعض سیال چیزوں میں ہے)۔

ـــ وَرَقَ اللَّعِب وغيره: تاش کے پتوں کو پھینٹنا، گڈمڈ کرنا، خلط ملط کرنا

ـــ القَومَ: گھل مل جانا، قوم میں شامل ہوجانا، کھپ جانا۔

ـــ في الكلام: لغو و بیہودہ کلام کرنا۔

خالَطَه مُخالَطَةً وخِلاطًا: مل جل کر رہنا، ساتھ رہنا (۲) میل جول رکھنا، صحبت رکھنا، راہ و رسم رکھنا، ربط ضبط رکھنا (۳) مخلوط ہونا، مل جانا

خالَطَه الدَّاءُ: بیماری کا لاحق ہونا، اثر جمالینا۔

خُولِطَ في عَقلِه: دماغ میں خرابی آنا، دماغ کو عارضہ لاحق ہونا۔

خَلَّطَ الشيءَ بالشيءِ: ملانا، آمیزش کرنا، خلط ملط کرنا۔

ـــ في أمرِه: کام خراب کرنا، بگاڑنا۔

ـــ في كلامِه: بکواس کرنا، اول فول بکنا۔

ـــ المريضُ: بدپرہیزی کرنا۔

اختَلَطَ عقلُه: دماغ میں خرابی ہونا، عقل خراب ہونا۔

ـــ الشيءُ بالشيءِ: مل جانا، مخلوط ہونا، گڈمڈ ہونا۔

اختَلَطُوا في الحديث: نونک جھونک کرنا۔

"اختَلَطَ الخاثِرُ بالزُّبّاد": عمدہ ردی سے مل گیا۔ یہ مثل اُن لوگوں کے بارے میں بولی جاتی ہے جو بے سدھ و مبتلائے حماقت ہوجائیں یا اچھے برے کی تمیز نہ کرسکیں۔

تَخَالَطَ الشيئانِ: دو چیزوں کا رل مل جانا، گڈمڈ ہونا۔

ـــ القومُ في الحَرب: باہم گتھم گتھا ہونا، گھمسان کی جنگ ہونا۔

الخِلْطُ: ہر وہ چیز جو دوسری چیز سے ملے (۲) مل جل چیز، کھچڑی، مخلوط (۳) ملی ہوئی سیال چیز، آمیزہ ج: أخلاط۔

أخلاطُ الطِّيب: مختلف قسم کی خوشبوؤں کا مجموعہ، عطر مجموعہ۔

أخلاطُ الدَّواء: مختلف دواؤں کا مجموعہ یا مخلوط، معجون مرکب۔

رَجُلٌ خِلْطٌ: (۱) مخلوط النسب کا آدمی (۲) بےوقوف (۳) لوگوں سے میل جول رکھنے والا اچا پلوس آدمی۔

أخلاطٌ من النّاس: مختلف قسم کے لوگوں کا مجمع، مخلوط مجمع (۲) عوام، ادنیٰ لوگ، معمولی اور گھٹیا درجے کے لوگ۔

أَخْلَاطُ الانسان : اخلاطِ اربعہ : (۱) صفرا (۲) بلغم (۳) خون (۴) سوداء (طبّ قدیم)
الخَلِط : لوگوں سے میل جول رکھنے والا خوشامدی انسان۔
الخُلْطَة : میل جول، اختلاط (۲) شراکت، حصّہ داری۔
الخِلْطَة : صحبت، اختلاط، میل جول۔
الخَلِيْط : مختلف النوع چیزوں کا مجموعہ، معجونِ مرکّب۔
ــــ : (واحد و جمع دونوں کے لئے) میل جول رکھنے والا۔ اس کا اطلاق شریکِ کار، حصّہ دار، ساتھی، مخلص پڑوسی، خاوند اور چچازاد بھائی پر ہوتا ہے ج: خُلَطَاءُ و خُلُط۔
المِخْلَاط : بہت میل جول رکھنے والا (۲) چیزوں کو اس طرح خلط ملط کرنے والا کہ سننے اور دیکھنے والے دھوکا کھا سکیں۔
المِخْلَط : المِخْلَاط ج: مَخَالِط۔
• خَلَعَ الشیءَ ـَ خَلْعًا : اتارنا (کپڑا یا جوتا وغیرہ) نکالنا، کھینچنا۔
ــــ سِنًّا : دانت نکالنا، اکھاڑنا۔
ــــ المِفْصَلَ : جوڑ الگ کرنا، ہڈی اتار دینا
ــــ علیه ثوبًا : خلعت یا لباس عطا کرنا۔
ــــ الوالی العامِلَ : معزول کرنا، عہدے سے ہٹانا۔
ــــ الشَّعْبُ المَلِكَ : تخت سے اُتارنا۔
ــــ فلانٌ ابنَه : بیٹے کو عاق کرنا، بیٹے سے اپنی لاتعلقی کا اعلان کرنا (تاکہ اس کے جرم میں باپ نہ پھنسے)۔
ــــ القلبَ : دل دہلا دینا، دہشت زدہ کر دینا، ہیبت بٹھا دینا۔
ــــ دَابَّتَه : جانور کو آزاد چھوڑ دینا، بندش سے آزاد کر دینا۔
ــــ الرِّبْقَةَ من عُنُقِه : عہد شکنی کرنا، معاہدہ کی خلاف ورزی کرنا۔
ــــ یَدَه مِنْ طَاعَتِه : اطاعت سے ہاتھ کھینچ لینا، بغاوت کرنا۔
خَلَعَ عِذَارَه : شرم و حیا کو خیرباد کہنا، خواہش کا بندہ بننا۔
ــــ امرأتَه خُلْعًا : مال کے عوض بیوی کو طلاق دینا۔
ــــ الزَّرْعُ خَلَاعَةً : پتّے نکلنا اور دانے آنا (۲) پتّے جھڑنا۔
خُلِعَ : آدمی کی ایڑی کے اوپر کے موٹے پٹھے کا مڑ جانا یا ٹیڑھا ہونا۔
خَلُعَ ـُ خَلَاعةً : بے حیا ہونا، آوارہ اور بدچلن ہونا، خواہشاتِ نفس کا بندہ ہونا۔ ھو خَلِیْع۔
خَالَعَ فلانٌ فلانًا : جُوا کھیلنا۔
ــــت زَوْجَها : شوہر سے مال کے بدلے طلاق کا مطالبہ کرنا، خُلع کا مطالبہ کرنا۔
خَلَّعَه : کھینچنا، اتارنا، اکھاڑنا (۲) ڈھیلا کرنا۔
تَخَالَعَ الزَّوْجَانِ : میاں بیوی کا خُلع پر رضامند ہونا، مال کے بدلے جُدائی اختیار کرنا۔
ــــ القومُ : باہم عہد شکنی کرنا۔
تَخَلَّعَ : ڈھیلا ہونا۔
ــــ فی مَشْیِه : مونڈھوں اور ہاتھوں کو ہلاتے ہوئے اور ہاتھوں سے اشارہ کرتے ہوئے چلنا۔
ــــ القَوْمُ : خفیہ طور پر چلے جانا، کھسک لینا۔
ــــ فی الشراب : شراب کا عادی ہونا، بلانوش ہونا، بہت شراب پینا۔
اخْتَلَعَ الشیءَ : نکال لینا، کھینچ لینا، اکھاڑنا
ــــ مالَ فلان : کسی کا مال لے لینا۔
ــــت الزَّوْجَةُ : بیوی کا خلع یافتہ ہونا، مال دے کر طلاق لے لینا۔
انْخَلَعَ : اکھڑ جانا، (ہڈی وغیرہ) اُتر جانا، اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔
انْخَلَعَ من الشیءِ : کسی چیز سے نکل جانا، آزاد ہو جانا۔
الخَالِع : خُلع یافتہ عورت، مال دے کر طلاق لینے والی ج: خَوَالِع (۲) ایڑی کے اوپر کے موٹے پٹھے (کونچ) کا مڑ جانا یا ٹیڑھا ہونا۔ جُبْنٌ خَالِع : سخت بزدلی۔ شَجَرٌ خالِعٌ : خشک درخت جس کے پتّے جھڑ گئے ہوں۔
الخُلَاع : دیوانگی، نیم دیوانگی (۲) گھبراہٹ جس سے دل میں وسوسے آئیں۔
الخَلْعُ : جوڑ کا اپنی جگہ سے الگ ہوئے بغیر ہٹ جانا (۲) بے ہڈی کا گوشت جسے پکا کر اور سرکہ میں جوش دے کر چمڑے کے برتن میں رکھ کے سفر میں ساتھ لے جایا جاتا ہے۔
الخُلْعُ : شوہر کا بیوی سے مال لے کر طلاق دینا، خُلع
الخُلْعَة : عمدہ مال (۲) خُلع، مال کے عوض طلاق (۳) کمزوری ج: خُلَعٌ۔
الخِلْعَة : اُتارا ہوا کپڑا وغیرہ (۲) لباس، خلعت، پوشاک جو بطور انعام دی جاتی ہے۔ کہتے ہیں: خَلَعَ علیه خِلْعَةً : اسے خلعت سے نوازا (۳) عمدہ مال ج: خِلَعٌ۔
الخَلِیع : آوارہ، بے حیا، بدچلن (۲) معزول، علاحدہ کیا ہوا (۳) عاق کیا ہوا، خاندان سے الگ کیا ہوا جس کے جُرم کی ذمہ داری اہلِ خاندان پر نہ ہو (۴) جوئے میں ہار جانے والا ج: خُلَعَاء۔
ــــ من الثیاب و نحوها : پُرانا اور بوسیدہ (کپڑا)
الخَوْلَع : الخُلَاع (۲) خوش نصیب جُوئے باز (۳) بہت جرائم کرنے والا لڑکا (۴) بھیڑیا (۵) بے وقوف (۶) سرکہ میں جوش دیا ہوا

گوشت جو سفر میں ہمراہ رکھا جاتا ہے (۷) ایک بیماری جو اونٹنی اور گائے کے بچّوں کو لاحق ہوتی ہے۔

الْمُخَلَّعُ: کمزور دست آدمی، اکھڑے ہوئے جوڑوں والا، وہ شخص جس کا سارا بدن یا اس کا کچھ حصہ بے حس ہو (۲) پاگل، دیوانہ۔

شِواءٌ مُخَلَّعٌ: بے ہڈی کا بھنا ہوا گوشت، قیمہ۔

الْمَخْلُوعُ: معزول، علاحدہ کیا ہوا۔

رَجُلٌ مَخْلُوعُ الفُؤاد: دہشت زدہ، سخت گھبرایا ہوا۔

• خَلَفَ الشیءُ ـُ خُلوفًا: بدل جانا، خراب ہونا۔

خَلَفَ الطعامُ: کھانے کا ذائقہ بدل گیا۔ خَلَفَ فَمُ الصَّائم: روزہ دار کے منھ کی بو متغیر ہو گئی۔ حدیث میں ہے: "لَخُلوفُ فَمِ الصَّائِم أطيَبُ عِندَ الله من رِيحِ المِسْك"

ـــ فلانٌ: بے وقوف ہونا۔

ـــ عن الشیءِ: منھ موڑنا، اعراض کرنا

خَلَفَتْ نفسُه عن الطّعام: بیماری کی وجہ سے کھانے کو جی نہ چاہنا۔

خَلَفَ عن خُلُقِ أبِيه: باپ کے عادات و اخلاق سے ہٹ جانا۔

ـــ فلانًا، خَلْفًا: کسی کے پیچھے ہونا، پیچھے رہنا (۲) کسی کو پیچھے سے پکڑنا۔

ـــ عن أصْحَابِه: پیچھے رہ جانا۔

خلفه بِخَيْرٍ او بِشَرٍّ: کسی کا پیٹھ پیچھے بھلائی یا بُرائی سے تذکرہ کرنا۔

خَلَفَ له بالسَّيْف: پیچھے سے آکر تلوار کا وار کرنا۔

ـــ الثوبَ: کپڑے کی مرمّت کرنا، بوسیدہ حصّہ کو بیچ سے کاٹ کر ٹانکے بھرنا۔

ـــ فلانًا خَلَفًا و خِلافَةً: جانشین ہونا، قائم مقام ہونا، خلیفہ ہونا۔

خَلَفَ على فلانةٍ: ایسی عورت سے شادی کرنا جس کی پہلے بھی شادی ہو چکی ہو۔

خَلِفَ ـَ خَلَفًا: کسی ایک کروٹ پر جھکا ہوا ہونا (۲) بھینگا ہونا۔ هو أخْلَفُ، هي خَلْفاء ج: خُلْفٌ۔

ـــ الناقةُ: اونٹنی کا حاملہ ہونا۔ هي خَلِفَةٌ ج: خَلِفات و خَلِفٌ۔

أخْلَفَ الزرعُ والشجرُ: پہلے پتّے جھڑنے کے بعد دوسرے پتّے نکلنا، پہلے پھلوں کے بعد دوسرے پھل آنا۔ خزیمہ السّلمی کی حدیث میں خشک سالی کے بعد ہریالی و شادابی کا ذکر کرتے ہوئے آیا ہے: "حتّى آلَ السُّلامَى و أخْلَفَ الخُزامَى"

ـــ الطَّائرُ: پرندے کے پہلے پَروں کے بعد دوسرے پَر نکلنا۔

ـــ فلانٌ لنفسه: ایک چیز کے ضائع ہونے کے بعد دوسری کو اس کے قائم مقام کرنا۔ دُعا دیتے ہوئے کہتے ہیں: "أخْلَفَ اللهُ لك و عليك خَيْرًا" خدا تمہیں ضائع شدہ چیز کا بہتر بدل دے۔

ـــ الشجرُ: درخت کا پھل نہ لانا۔

ـــ الغَيْثُ: امید دلانے کے بعد نہ برسنا۔

ـــ الشیءُ: خراب ہونا، بُو بدل جانا۔

ـــ الشیءَ: پیچھے کرنا، پیچھے لگانا، پیچھے بھیجنا، پیچھے ڈالنا، پیچھے ہٹانا۔

أخْلَفَ يَدَه الى الشیءِ: پیچھے سے لینے کے لئے ہاتھ بڑھانا۔

ـــ وعدَه و بوعده: وعدہ خلافی کرنا

ـــ عليه: معاوضہ دینا۔

خَالَفَ عنه مُخَالَفَةً و خِلافًا: پیچھے رہنا۔ حدیث میں ہے: "فَخَالَفَ عنّا عليٌّ و الزُّبير"

خَالَفَ الى الشیءِ: پیچھے سے آنا۔

ـــ عن الأمْرِ: عدول کرنا، انحراف کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَلْيَحْذَرِ الَّذِينَ يُخَالِفُونَ عن أمْرِه أنْ تُصِيبَهُمْ فِتْنَةٌ أوْ يُصِيبَهُمْ عَذَابٌ ألِيمٌ"

ـــه الى الأمْرِ: کسی کے برخلاف کسی چیز کا قصد کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمَا أُرِيدُ أنْ أُخَالِفَكُمْ إلى مَا أنْهَاكُمْ عَنْه"

ـــ الشیءَ: مخالفت کرنا، خلاف ہونا، نافرمانی کرنا، (قانون یا اصول کی) خلاف ورزی کرنا، پامال کرنا۔

ـــ بين الشيئين: فرق کرنا، ایک دوسرے کی ضد بنانا۔

خَلَّفَ بناقته: اونٹنی کے ایک تھن کو باندھنا۔

ـــ فلانًا: پیچھے چھوڑنا (۲) جانشین بنانا، وارث چھوڑنا (۳) مؤخر کرنا، پیچھے کرنا۔

ـــ الشیءَ: وراثت چھوڑنا۔

تَخَالَفَا: ایک دوسرے کی مخالفت کرنا، باہم مخالف ہونا (۲) ایک دوسرے کی ضد ہونا، باہم مختلف ہونا۔

تَخَلَّفَ: پیچھے رہنا، دوسرے کے مرنے کے بعد باقی رہنا۔

ـــ عنه: پیچھے رہ جانا، بچھڑ جانا۔

ـــ القومَ: قوم کو پیچھے چھوڑ کر آگے نکل جانا۔

اخْتَلَفَ الشيئانِ: مختلف ہونا، باہم فرق ہونا۔

ـــ فلانٌ: ہیضہ (کالرا) میں مبتلا ہونا۔

ـــ الى المكان: آنا جانا، آمد و رفت رکھنا۔

ـــ الشیءَ: پیچھے کرنا (۲) پیچھے سے پکڑنا۔

ـــ فلانًا: جانشین ہونا، خلیفہ ہونا۔

اِسْتَخْلَفَہٗ: اپنا جانشین بنانا، قائم مقام بنانا
التَّخَالِیف: مختلف قسم کے رنگ۔
التَّخَلُّف: پسماندگی، پچھڑاپن۔
الخَالِف: کمزور و بیمار آدمی جسے کھانے کی خواہش نہ ہوتی ہو۔ کہتے ہیں: أَصْبَحَ فلانٌ خَالِفًا۔ رَجُلٌ خالِف: جھگڑالو آدمی۔
الخَالِفَة: گھر کے پچھلے حصّہ کا ستون (۲) گھر میں بیٹھی رہنے والی عورت (۳) جنگ میں شریک نہ ہونے والا (۴) جھگڑالو، بہت اختلاف کرنے والا (۵) خراب آدمی، بے وقوف (۶) نکھٹو، نکمّا آدمی (تا برائے مبالغہ ہے) ج: خَوَالِف۔
الخِلاف: بید کا درخت (۲) اختلاف، ناموافقت۔
جاءَ خِلافَه: اس کے بعد آیا۔ قرآن پاک میں ہے: "وإِذًا لا یَلْبَثُونَ خِلافَكَ إِلَّا قَلِیلًا"
الخِلافَة: نیابت، قائم مقامی (۲) امامت، خلافت۔
الخَلْفُ: پیٹھ (۲) لکڑی میں سوراخ کرنے کا آلہ (۳) کلہاڑی کی دھار، کلہاڑی یا استرے وغیرہ کا سرا (۴) ایک صدی کے بعد آنے والی صدی (۵) نالائق اولاد۔ قرآن پاک میں ہے: "فَخَلَفَ مِن بَعْدِهِم خَلْفٌ أَضَاعُوا الصَّلاةَ واتَّبَعُوا الشَّهَوَاتِ" (۶) غلط اور بے کار بات۔ مثل ہے: سَكَتَ أَلْفًا ونَطَقَ خَلْفًا: اس شخص کے بارے میں کہتے ہیں جو دیر تک خاموش رہے اور جب بولے تو غلط بولے (۷) گھر کے پیچھے جانوروں کو باندھنے کی جگہ ج: أَخْلاف وخُلُوف (۸) پیچھے، (قُدَّام کی ضد)۔

الخُلْف: وعدہ پورا نہ کرنا، وعدہ خلافی (۲) وہ محال امر جو عقل و منطق کے منافی ہو (علم فلسفہ)۔
الخِلْفُ: مختلف، ضد، مختلف الصفات کہتے ہیں: رَجُلانِ خِلْفَانِ، و امْرَأَتانِ خِلْفانِ (۲) سب سے چھوٹی اور سب سے باریک پسلی (۳) تھن کی نوک، بھٹنی (۴) اونٹنی کا تھن ج: أَخْلاف و خُلُوف۔
الخَلَف: بدل، عوض (۲) لائق بیٹا، نیک اولاد، سچّا جانشین (۳) پسماندگان ضد: سَلَفٌ۔
الخِلْفَة: اختلاف، ناموافقت۔ القومُ خِلْفَةٌ: قوم کے افراد باہم مختلف ہیں أَبْنَاؤُهُ خِلْفَةٌ: اس کے بچوں میں نصف لڑکے ہیں اور نصف لڑکیاں (۲) وہ چیز جو سوار کے پیچھے لٹکائی جائے (۳) ایک چیز کے بعد آنے والی چیز (جیسے وہ شاخ جو درخت کے تنے میں اس کے سوکھنے کے بعد نکلتی ہے) قرآن پاک میں ہے: "وجَعَلَ اللَّيْلَ والنَّهَارَ خِلْفَةً" یعنی رات و دن کو یکے بعد دیگرے آنے جانے والا بنایا (۴) دھجّی، کپڑے کا ٹکڑا جس سے بوسیدہ کپڑے میں پیوند لگاتے ہیں (۵) ہر چیز کا باقی ماندہ حصّہ۔ کہتے ہیں: "أَكَلَ طَعَامًا فَبَقِيَتْ فِي فِيهِ خِلْفَةٌ" "وبَقِيَتْ خِلْفَةٌ من النَّهارِ" "وفي الإناءِ خِلْفَةٌ من ماءٍ" (۶) کھانے سے معدہ خراب ہونا، ہیضہ۔ أَخَذَتْهُ خِلْفَةٌ: اسے ہیضہ ہوگیا۔
الخُلْفَة: اختلاف، مخالفت (۲) عیب، خرابی۔
—— من الطَّعام: کھانے کا آخری مزہ۔

الخَلْفِيَّة: (تصویر، فوٹو یا ڈرامہ کا) پس منظر، بیک گراؤنڈ۔
الخَلِیف: راستہ، دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ (۲) اونٹنی کی بغل کے نیچے کا حصّہ (۳) کپڑا جس کے بیچ کے بوسیدہ حصّہ میں پیوند لگایا گیا ہو ج: خُلُف (۴) پیچھے رہ جانے والا (۵) جانشین ج: خُلَفاء۔
الخَلِیفَة: جانشین، قائم مقام (۲) سب سے بڑا بادشاہ، مسلمانوں کا سب سے بڑا امیر (تا مبالغہ کی ہے) ج: خُلَفاء و خَلائِف۔
المُخَالَفَة: نافرمانی، خلاف ورزی، قانون شکنی، جرم (۲) معمولی جرم جس پر قانوناً زیادہ سے زیادہ ایک ہفتہ کی قید یا ایک مصری پاؤنڈ کے جرمانہ کی سزا ملتی ہے۔
المِخْلاف: بڑا وعدہ خلاف (۲) صوبہ، ڈسٹرکٹ ج: مَخَالِیف۔
المُخَلَّف: باقی ماندہ، متروکہ چیز۔
المُخَلَّفات: باقیات، متروکہ سامان یا اشیا۔
المَخْلَفَة: وہ زمین جہاں بید کے درخت بکثرت ہوں ج: مَخَالِف۔
• خَلَقَ الثوبُ والجلدُ وغیرُهما ــُ خُلُوقًا: پرانا ہونا، بوسیدہ ہونا
—— الجلدَ والثوبَ ونحوَهما، خَلْقًا: کاٹنے سے پہلے ناپنا، اندازہ کرنا فُلانٌ یَخْلُقُ ثُمَّ یَفْرِی: وہ پہلے ناپتا ہے پھر کاٹتا ہے۔ یعنی پہلے سوچ کر فیصلہ کرتا ہے پھر عمل کرتا ہے۔
—— الشیءَ: پیدا کرنا۔
—— اللهُ العالَمَ: ایجاد کرنا، پیدا کرنا، عدم سے وجود میں لانا۔
—— القولَ: جھوٹ گھڑنا۔ قرآن پاک میں

ہے: "اِنَّمَا تَعبُدُونَ من دُونِ اللّٰه اَوثَانًا و تَخلُقُونَ اِفکًا"

خَلَقَ الشیءَ: چکنا کرنا، ملائم کرنا، ہموار کرنا۔

خَلِقَ الثوبُ والجِلدُ وغیرھما ـــ خَلَقًا: پُرانا ہونا، بوسیدہ ہونا۔

ـــ الشیءُ: چکنا و ملائم ہونا، ہموار ہونا ھو اَخلَقُ، ھی خَلقاء ج: خُلقٌ۔

خَلُقَ الثوبُ و الجلدُ وغیرھما ـــ خَلاقَةً: پُرانا و بوسیدہ ہونا

ـــ الشیءُ: چکنا ہونا، ملائم ہونا۔

ـــ فلانٌ بکذا و لہ: لائق ہونا، سزاوار ہونا۔ ھو خَلیق، ج: خُلَقاء، ھی خَلِیقَة ج: خَلائِق۔

ـــ فلانٌ: اچھے اخلاق کا ہونا (۲) عمدہ جسمانی ساخت والا ہونا۔ ھو و ھی خَلیق۔

اَخلَقَ الثوبُ و الجلدُ وغیرھما: پُرانا و بوسیدہ ہونا۔

ـــ فلانٌ: بوسیدہ کپڑوں والا ہونا۔

اَخلَقَ شَبابُ فلان: اس کی جوانی ختم ہو گئی۔

ـــ الشیءَ: پُرانا کرنا، بوسیدہ کرنا۔

ـــ فلانًا: کسی کو بوسیدہ کپڑا دینا یا پہنانا۔ اَخلَقَه ثوبًا بھی کہتے ہیں۔

ـــ السائلُ ماءَ وجہِه: اپنے آپ کو رُسوا کرنا، بھیک مانگ کر عزت گنوا بیٹھنا۔

ـــ له السِّرَّ: راز بتا دینا۔

اَخلِقْ به ـــ ما اَخلَقَه: کیا ہی خوب ہونا، اس کے لئے کتنا مناسب اور بہتر ہوتا۔ (کہتے ہیں: اَخلِقْ به وما اَخلَقَه اَن یَفعَلَ کذا)۔

خَالَقَه مخالقةً وخِلاقًا: کسی کے ساتھ اُسی کے جیسا برتاؤ کرنا (۲) خوش اخلاقی کا برتاؤ کرنا۔

خَلَّقَه: چکنا کرنا، ہموار کرنا، برابر کرنا (۲) عمدہ ساخت والا ہونا (۳) (زعفران سے بنی ہوئی) خوشبو لگانا۔

اِختَلَقَ الشیءَ: عمدہ ساخت والا بنانا

ـــ القولَ: جھوٹ گھڑنا۔

تَخَلَّقَ: بناوٹی خلیق بننا، بہ تکلف خوش خلقی کا مظاہرہ کرنا۔

ـــ بخُلُق کذا: کوئی اخلاق و عادت اختیار کرنا، اپنانا۔

ـــ القولَ: بات گھڑنا، جھوٹ گھڑنا۔

اِخلَولَقَ الثوبُ و الجلدُ وغیرھما: پُرانا و بوسیدہ ہونا۔

ـــ الشیءُ: چکنا و ملائم ہونا، ہموار ہونا (۲) قریب ہونا، متوقع ہونا۔ کہتے ہیں: اِخلَولَقَتِ السَّحابةُ اَن تُمطِر: امید ہے کہ بادل برس جائے۔

اِخلَولَقَ بَعدَ تَفَرُّقٍ: بکھرنے کے بعد جُڑ گیا۔

الأَخلَاق (علم الاَخلاق): اخلاقیات، علم الاخلاق۔

الأَخلَاقِیّ: اخلاقی (جو اصولِ اخلاق یا معاشرے کے ضوابطِ اخلاق کے مطابق ہو)

لَا اَخلَاقِیّ: غیر اخلاقی۔

الأَخلَقُ: شیءٌ اَخلَقُ: ٹھوس اور گٹھی ہوئی چیز جس پر کوئی چیز اثر انداز نہ ہو۔ ھو اَخلَقُ من المال: وہ مال سے خالی یعنی فقیر ہے۔ ھو اَخلَقُ بکذا: وہ اس کے لئے زیادہ لائق و موزوں ہے۔

الخَالِق: اللہ تعالیٰ کا ایک نام (۲) پیدا کرنے والا، موجد، کسی سابقہ نمونہ کے بغیر کوئی چیز ایجاد کرنے والا۔

رَجُلٌ خالِق: فنکار و ہنرمند آدمی، موجد۔

الخَلاق: (خیر و بھلائی کا) حصّہ، نصیب۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلَقَدْ عَلِمُوا لَمَنِ اشتَرَاهُ مَالَه فی الآخِرَةِ من خَلَاقٍ"

فلانٌ لا خَلاقَ له: اسے بھلائی سے کوئی دلچسپی و رغبت نہیں۔

الخِلاق: ایک قسم کی خوشبو جس کا بیشتر حصّہ زعفران ہوتا ہے۔

الخُلقَانِیّ: پُرانے کپڑے فروخت کرنے والا۔

الخَلقاء: هَضبَةٌ خَلقاء: چکنا ٹیلہ جس پر گھاس نہ ہو۔

خَلقَاءُ الشیءِ: سطح، کسی چیز کا چکنا حصّہ۔ کہتے ہیں: خَلقَاءُ الجَبهَة و خَلقاءُ الظَّهر (۲) آسمان ج: خَلقَاوَات۔

الخَلقُ: مخلوق (۲) جماعتِ انسان، لوگ (۳) ہر چکنی چیز ج: خُلُوق۔

الخَلَق: پُرانا، بوسیدہ (کپڑا وغیرہ) (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے) مثل ہے: لا جدیدَ لمن لا خَلَقَ له۔ ج: خُلقان و اَخلاق۔ ثوبٌ اَخلَاقٌ بھی کہتے ہیں۔

الخُلُق: عادت، طبعی خصلت، طبیعت، مزاج، فطرت ج: اَخلَاق۔

الخَلَقَة: پُرانا چیتھڑا۔

الخَلِقَة: سَحابةٌ خَلِقَة: بادل جس میں بارش کے آثار ہوں۔

الخِلقَة: فطرت (۲) پیدائشی ہیئت۔

خِلقِیّ: پیدائشی، طبعی، فطری۔

عَیبٌ خِلقِیّ: پیدائشی عیب۔

الخَلُوق: الخِلاق۔

الخَلِیقَة: مخلوقِ خدا، خلقِ خدا (۲) فطرت،

طبیعت ج: خَلِیق و خَلَائِق (۳) جماعتِ انسان۔
المُخْتَلِق: موجد، اختراع کنندہ۔
المُخْتَلَق: من گھڑت، ساختہ، جعلی، بناوٹی، بے حقیقت۔
المَخْلَقَة: کہتے ہیں: هو مَخْلَقَةٌ للخَيْرِ، و بالخَيْرِ، و من الخَيْرِ: وہ خیر کے لائق ہے، خیر کے اہل ہے (واحد جمع اور مذکر و مونث سب کے لئے)۔
المَخْلُوقة: قَصِيدةٌ مَخْلُوقَةٌ: وہ قصیدہ جو قصیدہ گو کے علاوہ کسی کی طرف منسوب ہو۔
•خَلَّ ـِ خَلًّا وخُلُولًا: خرابی آنا، بگاڑ پیدا ہونا (۲) شگاف ہونا۔
ـــ العَسْكَرُ: لشکر میں ابتری پیدا ہونا، تتر بتر ہونا، غیر مربوط ہونا۔
ـــ لَحْمُه: گوشت کم ہونا، دُبلا ہونا۔
ـــ فلانٌ: محتاج ہونا، فقیر ہونا۔ خَلَّ إليه بھی کہتے ہیں۔
ـــ فی دُعَائِه: خاص کرنا۔
ـــ الإبلَ ـُ خَلًّا: اونٹ کو (چرنے کے لئے) میٹھی گھاس کی طرف ہانکنا۔
ـــ الشیءَ: سوراخ کرنا۔
ـــ أَسْنَانَه: دانتوں میں خِلال کرنا۔
ـــ الكِساءَ وغيرَه: کپڑے کے کناروں کو سمیٹ کر پن لگانا۔
ـــ فلانًا بالرُّمح: کسی کو نیزہ مارنا۔
ـــ الفَصِيلَ: (دودھ پینے سے روکنے کے لئے) اونٹ کے بچّے کی زبان یا ناک میں لکڑی ڈالنا۔
أَخَلَّ: کسی کے اونٹوں کا میٹھی گھاس چرنا
ـــ الأرضُ: زمین میں میٹھی گھاس کا بکثرت ہونا۔
ـــ النَّخْلَةُ: کھجور کے درخت پر کچّی کھجوریں آنا۔
أَخَلَّ بالمكان و بمركزه وغيره: غائب ہو جانا، چھوڑ کر چلا جانا۔
ـــ بالشیءِ: کوتاہی کرنا (۲) خلل ڈالنا (۳) کسی کام کو برے طریقہ سے انجام دینا۔
أَخَلَّ الوالی بالثُّغُور: سرحدوں پر فوجیں کم کر دینا۔
أَخَلَّ بفلان: بے وفائی کرنا، مدد نہ کرنا (۲) پورا حق نہ دینا۔
أَخَلَّ بالأمْنِ: امن شکنی کرنا۔
أَخَلَّ بالعَهْدِ: عہد شکنی کرنا۔
ـــ فلانٌ: محتاج ہونا۔
ـــ الإبلَ: اونٹوں کو میٹھی گھاس چرانا هو مُخِلٌّ۔ مثل ہے: جَاءُوا مُخِلِّينَ فَلَاقُوا حَمْضًا: اس وقت بولتے ہیں جب کوئی دھمکی دیتا ہوا آئے اور اسے اپنے سے زیادہ سخت آدمی سے پالا پڑ جائے۔
ـــ فلانًا الی كذا: محتاج بنا دینا کہتے ہیں: ما أَخَلَّكَ اللهُ الی هذا۔
خَالَّه مُخَالَّةً و خِلالًا: دوستی کرنا، دوست بنانا۔ خَالَلَهُ بغیر ادغام کے بھی مستعمل ہے۔
خَلَّلَ الشرابُ: خراب ہونا، ترش ہونا (۲) سرکہ بن جانا۔
ـــ الخَمْرَ: سرکہ بنانا۔
ـــ البُسْرَ وغيرَه: (کچّی کھجور وغیرہ کا) اچار ڈالنا، دھوپ میں رکھنے کے بعد سرکہ ڈال کر مرتبان میں رکھ دینا
ـــ فلانٌ: سرکہ بنانا، سرکہ تیار کرنا۔
ـــ بين الشيئين: کشادگی پیدا کرنا، فصل کرنا۔
ـــ اللِّحْيَةَ والأصَابِعَ: ڈاڑھی اور انگلیوں کے بیچ سے پانی گزارنا۔
خَلَّلَ أَسْنَانَه: دانتوں میں خلال کرنا۔
ـــ الزَّرْعَ: کھیتی کو دیکھتے رہنا اور اس میں جو چیز نہ اُگے اس کی جگہ دوسری لگا دینا۔
ـــ فی دُعَائِه: مخصوص کرنا۔
اِخْتَلَّ العَصِيرُ: رَس کا سرکہ بن جانا۔
ـــ فلانٌ: سرکہ بنانا۔
ـــ الابلُ: اونٹوں کا میٹھی گھاس چرنا۔
ـــ فلانٌ: کسی کے اونٹوں کا میٹھی گھاس چرنا (۲) فقیر و محتاج ہونا۔
ـــ العَقْلُ: عقل خراب ہونا۔
ـــ جِسْمُ فلان: دُبلا ہونا، جسم پر گوشت کم ہو جانا۔
ـــ الأمْرُ: خرابی آنا، کمزوری آنا، بگاڑ پیدا ہونا۔
اِخْتَلَّ النِّظَامُ: نظام خراب ہونا، انتظام میں ابتری پیدا ہونا۔
ـــ فلانٌ: سخت پیاسا ہونا۔
ـــ إليه: محتاج ہونا، ضرورت مند ہونا
ـــ النَّخْلَةُ: درختِ کھجور پر کچّی کھجوریں آنا۔
ـــ فلانًا وغيرَه بِسَهْمٍ: تیر چبھونا۔
تَخَلَّلَ الشیءُ: گھسنا، پار ہونا، نفوذ کرنا، درمیان سے نکلنا (۲) دو چیزوں یا دو زمانوں کے درمیان آنا۔
ـــ الثوبُ: کپڑے کا بوسیدہ و باریک ہونا
ـــ فلانٌ بَعْدَ الأكلِ: خلال استعمال کرنا، دانتوں سے کھانے کے اجزا نکالنا۔
ـــ المَطَرُ: بارش کا کسی کسی جگہ برسنا، کہیں بارش ہونا اور کہیں نہ ہونا۔
ـــ فی وُضُوئِه: انگلیوں یا ڈاڑھی کے درمیان پانی پہنچانا۔
ـــ النَّبِيذَ: سرکہ بنا دینا۔
ـــ الشیءَ: سوراخ کرنا۔
ـــ فلانًا: کسی کو پے در پے نیزہ مارنا۔

تَخَلَّلَ الدِّيارَ : شہروں کے بیچ گزرنا۔
ـــ القومَ : قوم میں شامل ہو جانا، وسط میں پہنچ جانا۔
ـــ الرُّطَبَ: کھجور کے درختوں کی شاخوں کے درمیان کھجور تلاش کرنا۔
ـــ البعيرُ الكَلأَ بلسانه: اونٹ کا گھاس کو زبان سے لپیٹنا۔
هو يتخلّلُ الكلامَ بلسانه: وہ منہ پھاڑ پھاڑ کر بات کرتا ہے۔
الخَلال: کچّی کھجوریں جو ابھی پکنا شروع ہوئی ہوں۔
الخِلال: دو چیزوں کے بیچ کی کشادگی
جَاسُوا خِلالَ الدِّيارِ: وہ گھروں کے درمیان گھومے پھرے (۲) لکڑی جو دودھ پینے سے روکنے کے لئے اونٹ کے بچہ کے منہ میں لگا دی جائے (۳) سیخ، دانت صاف کرنے کا تنکا، خلال (۴) لکڑی یا پن جس سے کپڑے کے کناروں کو جوڑا جائے، آل پن (۵) دانتوں میں پھنسے ہوئے کھانے کے ریزے ج: أَخِلَّة۔
خِلالَ كذا، في خِلالِ كذا: دوران میں، درمیان۔
الخُلال: کھجور کے درخت کی شاخوں میں تلاش کی جانے والی کھجوریں۔
الخَلالة: سچّی دوستی، دلی دوستی۔
الخُلالة: سچّی دوستی (۲) کھجور کی شاخوں میں اٹکی ہوئی کھجوریں (۳) دانتوں میں پھنسے ہوئے کھانے کے ریزے (۴) دانتوں سے خلال کر کے نکالے ہوئے ریزے۔ بخیل کے بارے میں کہتے ہیں: هو يأكلُ خُلالَتَه: وہ دانتوں سے نکالے ہوئے ریزے بھی کھا جاتا ہے
الخَلَل: دو چیزوں کے بیچ کی کشادگی، شگاف
هو خَلَلَهم: وہ ان کے درمیان ہے
جاسَ خَلَلَ الدِّيار: وہ شہروں کے درمیان گھوما پھرا۔ (۲) بگاڑ، خرابی، عیب (۳) انتشار، ابتری، پراگندگی
في رأيه خَلَلٌ: اس کی رائے پراگندہ وغیر مربوط ہے ج: خِلال۔
الخَلّال: سرکہ فروش، اچار فروش (۲) سرکہ یا اچار بنانے والا۔
الخَلّ: سرکہ ج: خُلول۔ الخَلُّ و الخَمرُ: بھلائی اور برائی۔ ما عنده خَلٌّ و لا خَمرٌ: اس کے پاس نہ اچھی چیز ہے نہ بری، نہ نیکی ہے نہ بدی (۲) ترش یا نمکین پودا (۳) ریگستانی راستہ ج: أَخُلٌّ و خِلالٌ (۴) کپڑے کی چٹن (۵) بوسیدہ کپڑا (۶) گردن کی ایک رگ جو سر سے ملی ہوئی ہے (۷) کم پروں والا (۸) لاغر دبلے جسم کا۔
أُمُّ الخَلّ: شراب۔
الخِلّ: گہرا دوست، جگری دوست (مذکر ومؤنث دونوں کے لئے) ج: أَخلال
الخَلّة: کشادگی، رخنہ، چھوٹا سوراخ، میّت کو دعا دیتے ہوئے کہتے ہیں: اللّٰهمَّ اسْدُدْ خَلَّتَه: اے اللہ مرحوم کا خلا پُر کر دے (۲) محتاجی، مفلسی۔ فلانٌ ذو خَلّةٍ: وہ کسی چیز کا ضرورت مند یا خواہش مند ہے (۳) راستہ (۴) ریت کا ایک ذرّہ (۵) عادت خصلت۔ کہتے ہیں: فيه خَلَّةٌ حَسَنةٌ او خَلّةٌ سَيِّئةٌ ج: خِلال (۶) کھٹی شراب، مزہ بدلی ہوئی شراب ج: خَلٌّ۔ امرأةٌ خَلّةٌ: دبلی پتلی یا ہلکی پھلکی عورت۔
الخِلّة: دانتوں میں پھنسے ہوئے کھانے کے ریزے (۲) چمڑا منڈھی ہوئی تلوار کی میان (۳) تلوار کی میان رکھنے کا کپڑا جس پر سونے وغیرہ کے نقش ونگار بنے ہوتے ہیں (۴) ہر منقش چمڑا ج: خِلَلٌ و خِلال۔
الخُلّة: ہر وہ گھاس، پودا یا بوٹی جس میں مٹھاس ہو (ضد: الحَمْض) (۲) ایک کانٹے دار درخت (۳) ایسی زمین جہاں ترش پودے نہ ہوں ج: خُلَل (۴) دلی دوستی، سچّی اور گہری محبت (۵) دوست (مذکر ومؤنث اور واحد وجمع سب کیلئے مستعمل ہے)۔
خُلّةُ الانسان: آدمی کے گہرے تعلق والے لوگ، دوست، یار، احباب۔
خُلّةُ الرَّجُل: بیوی ج: خِلال۔
الخُلُول: أُمُّ الخُلُول: سیپ کی قسم کا ایک دریائی جانور۔
الخَليل: دلی دوست، گہرا دوست (۲) خیر خواہ، ہمدرد (۳) کمزور بدن والا۔ جِسمٌ خَليل: لاغر اور نحیف ونزار بدن۔ رَجُلٌ خَليل: مفلس وفقیر آدمی ج: أَخِلّاء و خُلّان۔ هي خَليلة ج: خَلائل۔
المُخَلَّل: کھیرا، زیتون وغیرہ جس میں نمک ملا کر پھر سرکہ ڈال کر کھاتے ہیں (۲) اچار (۳) مربّہ ج: مُخَلَّلات۔
• خالَمَه: دوستی کرنا۔
خالَمَ المرأةَ: عشق کرنا، عشقیہ باتیں کرنا۔
خَلَّمَه: منتخب کرنا، چننا، اختیار کرنا۔
اختَلَمَه: خَلَّمَه۔
الخالِم: ہموار۔
الخِلْم: ہرنی کے پناہ لینے کی جگہ، پناہ گاہ (۲) بکری کی آنت کی چربی یا جھلّی (۳) گہرا دوست۔ هو خِلْمُ نِساءٍ: وہ عورتوں کا دل دادہ ہے (۴) زبردست، عظیم ج: خُلوم و أَخلام و خُلَّم۔
الخِلْمة: إبلٌ خِلْمةٌ: آسودگی اور فراخی

سے چرنے والے اونٹ۔
• خَلَا المکانُ والإناءُ وغیرھُما۔ خُلُوًّا و خَلَاءً: خالی ہونا۔
خَلَا فلانٌ: فارغ ہونا، تنہا ہونا
خلا من الھمّ: غم سے خالی ہونا، بے فکر ہونا۔
خلا المکانُ من أھلِه و عن أھلِه: جگہ کا خالی ہونا، ویران ہونا۔
—فلانٌ من العَیب: بری ہونا، پاک ہونا، عیب نہ ہونا۔
خلا فلانٌ من الذَمّ: وہ الزام سے بری ہو گیا۔
ھو منه خَلَاءٌ: وہ اس سے بری اور پاک ہے۔
افْعَلْ کذا وخَلَاكَ ذَمٌّ: تم ایسا کرو تمہاری گرفت نہیں ہوگی۔
—الشیءُ: گزر جانا۔ خَلَا شَبابُه: اس کی جوانی کے دن گزر گئے۔ حضرت جابرؓ کی حدیث میں ہے: "تَزَوَّجتُ امرأةً قد خلا منها" فَعَلْتُه لِخَمْسٍ خَلَوْنَ من الشَّھر: میں نے یہ کام مہینہ کی پانچویں تاریخ کو کیا۔
—فلانٌ: مرجانا (۲) کسی جُرم یا گناہ سے بری ہونا، بری الذمّہ ہونا۔
—فلانٌ به و الیه و مَعَه، خَلْوًا و خَلْوَةً و خُلُوًّا و خَلَاءً: کسی کے ساتھ خلوت میں ہونا، کسی سے تنہائی میں ملاقات کرنا۔
خَلَا بنفسه: تنہا ہونا، تخلیہ میں ہونا، خلوت میں جانا۔
اخْلُ بأمْرِك: اپنے کام کے لئے وقف ہو جاؤ، تنہائی و یکسوئی کے ساتھ انجام دو۔

اخْلُ مَعِیَ حتّی أُکَلِّمَكَ: مجھ سے خلوت میں ملو تاکہ میں تم سے بات کروں۔
خَلَا لأمْرٍ: کسی کام کے لئے وقف ہونا۔
—علی الطّعام خَلَاءً: اکتفا کرنا۔ کہتے ہیں: خلا علی اللّحم او علی اللّبن: اس نے صرف گوشت یا دودھ پر اکتفا کیا، یعنی اس کے ساتھ کوئی اور چیز ملا کر نہیں کھائی۔
—علیه: اعتماد کرنا، تکیہ کرنا۔
—به: مذاق کرنا، فریب کرنا، مایوس کرنا، مدد وغیرہ سے محروم کر دینا۔
أَخْلَی المکانُ والاناءُ وغیرھُما: خالی ہونا، فارغ ہونا۔
—الرجلُ: تنہا ہونا، تنہائی میں ہونا
—المرأةُ: عورت کا بے شوہر ہونا۔
—له الشیءُ: کسی کے لئے کوئی چیز خالی ہونا، (میدان وغیرہ) خالی ہونا
—بفلان: خلوت میں ہونا، کسی سے تنہائی میں ملنا، کسی کے ساتھ تنہا ہونا
أَخْلَی بنفسه: خلوت میں ہونا، تخلیہ میں جانا۔
أَخْلِ بأمْرِك: اپنے کام کیلئے وقف ہو جاؤ۔
—علی بَعْضِ الطّعام: اکتفا کرنا۔ کہتے ہیں: أَخْلَی علی اللّبن و نَحْوِه۔
—المکانَ والإناءَ وغیرھما: خالی کرنا (۲) خالی پانا۔
لا أَخْلَی اللّٰهُ مَکانَكَ: خدا آپ کو سلامت رکھے (دعائیہ جملہ)
خَالَی فُلانًا: چھوڑ دینا (۲) مخالفت کرنا (۳) مقابلہ کرنا (۴) صلح کرنا۔
—العَدُوَّ: صلح و آشتی ختم کرنا۔
خَلَّی الأمْرَ: چھوڑنا۔

خَلَّی عنه، خَلَّی سَبِیلَه: رہا کرنا، آزاد کرنا، چھوڑ دینا۔
خَلَّی بَیْنَھُمَا: دونوں کو اکٹھا چھوڑ دینا
—فلانٌ مکانَه: مرجانا۔
تَخَالَی القومُ: باہم دوست اور حلیف ہونے کے بعد دشمن ہو جانا۔
تَخَلَّی عن الأمْرِ و منه: دست بردار ہونا، چھوڑنا۔
—فلانٌ: فارغ ہونا (۲) قضائے حاجت کے لئے میدان کی طرف جانا۔
—خَلِیَّةً: اپنے لئے شہد کا چھتّا تیار کرنا
اسْتَخْلَی المکانُ والإناءُ وغیرھما: خالی ہونا۔
—فلانٌ: تنہائی میں عبادت کرنا۔
—فلانًا: تنہائی میں ملنے کی درخواست کرنا۔
—به: کسی سے تنہائی میں ملنا۔
—فلانًا: کسی سے کہنا کہ مجھے تنہا چھوڑ دو
—فلانًا مَجْلِسَه: نشست خالی کرنے کی درخواست کرنا۔
اخْلَوْلَی: پابندی سے دودھ پینا (۲) دودھ پی کر گزر اوقات کرنا۔
الاختلاء: تنہائی۔ علی اختلاء: تنہائی میں انفرادی طور پر۔
الخَالِی: کنوارا۔ الخالیة: کنواری۔ کہاوت ہے: الذِّئْبُ خالِیًا أَسَدٌ: بھیڑیا تنہا ہو تو شیر ہوتا ہے۔ ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو اپنی رائے یا مذہب یا سفر میں منفرد ہو (۲) ویران خالی۔ أَخْلاء۔
الخالی من العمل: بیکار۔
الخالی من الغرض: بے فائدہ۔
الخالی من العراقیل: بے روک ٹوک
الخَلَاءُ: انّه لَحُلْوُ الخَلَا: وہ شیریں گفتار ہے۔

الخَلَاءُ: خلا، کھلی ہوئی فضا (۲) وضو خانہ (۳) خلوت گاہ یا خالی جگہ جہاں کوئی نہ ہو۔ أَنَا منه خَلَاءٌ: میں اس سے بری ہوں۔ نَحْنُ منه خَلَاءٌ: ہم اس سے الگ ہیں (۴) دیہات۔
الخِلَالَةُ: اسٹیپلر جس سے چند کاغذات کو ملا کر تار کا ٹانکا لگایا جاتا ہے ج: خَلَائِلُ۔
الخِلْوُ: خالی، بے غم، فارغ البال (مذکر ومؤنث اور تثنیہ وجمع کے لئے) فُلَانٌ خِلْوٌ من هذا الأَمْرِ: فلاں کا اس معاملہ سے کوئی تعلق نہیں (۲) اکیلا آدمی جس کی بیوی نہ ہو ج: أَخْلَاءٌ۔
الخَلْوَةُ: تنہائی کی جگہ، علیحدگی۔
الخَلْوَةُ الصَّحِيحَةُ: فقہ اسلامی میں بیوی کے ساتھ تنہائی میں ہو کر دروازہ بند کرنا
خَلْوَةُ المَلْهَى: سینما گھر کا بکس، علیحدہ کمرہ۔
الخَلَوِيُّ: دیہاتی۔
الخَلِيُّ: شہد کی مکھیوں کا چھتا (۲) بے فکر، بے غم۔ کہاوت ہے: وَيْلٌ للشَّجِيِّ من الخَلِيِّ: بے غم آدمی کے مقابلہ میں غمگین آدمی کے لئے ہلاکت ہے (۳) مجرد واکیلا جس کی بیوی نہ ہو۔
الخَلِيَّةُ: شہد کی مکھیوں کا چھتا (۲) وہ اونٹنی جو دوہنے کے لئے چھوڑ دی گئی ہو (۳) وہ اونٹنی جس کا بچہ نہ رہا ہو اور دوسرا بچہ سامنے کر کے دودھ نکالا جاتا ہو (۴) آزاد اونٹنی جو جہاں چاہے چرے (۵) بلا ملاح چلنے والی کشتی (۶) بڑی کشتی جس کے پیچھے چھوٹی کشتی چلتی ہو ج: خَلَايَا (۷) بے شوہر اور بے اولاد عورت ج: خَلِيَّات (۸) طلاق کے کنایہ کا لفظ، عورت سے کہا جاتا ہے: انتِ خَلِيَّةٌ: اس لفظ سے اگر طلاق کی نیت کی جائے تو وہ واقع ہو جائے گی ج: خَلِيَّات۔

الخَلِيَّةُ: علم الاحیا میں نباتات وحیوانات کی جسمانی ترکیب کی ایک اکائی جو بہت چھوٹی ہوتی ہے اور عام طور پر آنکھ سے دکھائی نہیں دیتی۔
المُخَالِي: عَدُوٌّ مُخَالٍ: وعدہ خلاف یا عہد شکن دشمن۔
المِخْلَاءُ: نَاقَةٌ مِخْلَاءٌ: بچہ سے الگ کی جانے والی اونٹنی۔
المِخْلَاةُ: توبرا، گھاس کا تھیلا جو جانور کے گلے میں لٹکا دیا جاتا ج: مَخَالٍ۔
المُخَلَّاةُ من النُّوقِ: المِخْلَاءُ۔
• خَلَى الخَلَى ـــ خَلْيًا: گھاس کاٹنا، گھاس توڑنا۔
ـــ الخَلَى في المِخْلَاةِ: توبرے میں گھاس اکٹھی کرنا۔
ـــ الماشِيَةَ: مویشی کے لئے گھاس توڑنا۔
ـــ الفَرَسَ: گھوڑے کے منہ میں لگام دینا۔
ـــ اللِّجَامَ عن الفَرَسِ: گھوڑے کی لگام اتارنا۔
ـــ القِدْرَ: ہانڈی وغیرہ کے نیچے لکڑیاں ڈالنا۔
أَخْلَتِ الأَرْضُ: زمین کا بہت گھاس والی ہونا۔
ـــ القِدْرَ: ہانڈی کے نیچے بطور ایندھن گوبر وغیرہ ڈالنا۔
ـــ الدَّابَّةَ: تر گھاس کھلانا۔
ـــ اللهُ الماشِيَةَ: خدا کا مویشی کیلئے اس کے کھانے کی گھاس اگانا۔
ـــ الفَرَسَ: گھوڑے کے منہ میں لگام ڈالنا۔
ـــ فلانا عن البَلَدِ: شہر بدر کرنا۔
اِخْتَلَى السَّيْفُ: تلوار کا کاٹنا۔
ـــ الخَلَى: گھاس اکھاڑنا، کاٹنا۔

اخْتَلَى رأسَه: سر کاٹنا۔ حدیث میں ہے "إذا اخْتُلِيَتْ في الحَرْبِ هَامُ الأكابِرِ" جب جنگ میں بڑوں کے سر کاٹ دیئے جائیں کھوپڑیاں اتار دی جائیں۔
الإخْلَاءُ: انخلا، اخراج، دیس نکالا، جلاوطنی (۲) خاتمہ۔
إخْلَاءُ المَسْئُولِيَّةِ: ذمہ داری کا خاتمہ، سبکدوشی۔
الخَلَى: گھاس، تر و تازہ گھاس پودے وغیرہ۔ واحد: خَلَاةٌ ج: أَخْلَاءٌ۔
المِخْلَاءُ: گھاس کھودنے کا اوزار کھرپا۔

خ ـــــ م

• الخَمِيت: موٹا۔
• خَمِجَ ـــ خَمَجًا: کمزوری یا بیماری کی وجہ سے سست ہونا۔
ـــ اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔
ـــ التَّمْرُ: کھجور کا خراب ہو جانا۔
ـــ دِينُهُ او خُلُقُهُ: کسی کا دین یا اخلاق بگڑ جانا۔ هو خَمِيجٌ۔
ـــ فُلانا: کسی کا برائی سے نام لینا۔
المُخَمَّجُ: رَجُلٌ مُخَمَّجُ الأَخْلَاقِ: بد اخلاق آدمی۔
الخُمْخُمُ: ایک چھوٹا سمندری جانور۔
الخِمْخِمُ: ایک خاردار گھاس۔
• خَمَدَتِ النَّارُ ـــ خَمْدًا وخُمُودًا: آگ کی آنچ یا شعلہ ختم ہونا، مدہم ہو جانا آگ کا ٹھنڈا ہو جانا، بجھ جانا۔
ـــ فُلانٌ: خاموش ہو جانا، ٹھنڈا اور پرسکون ہو جانا۔
ـــ المَرِيضُ: بیمار کا بے ہوش ہونا (۲) مر جانا۔
ـــ الحُمَّى: بخار ہلکا ہو جانا، اتر جانا۔
خَمِدَ ـــ خَمَدًا: خَمَدَ۔

أَخْمَدَ الرَّجُلُ: خاموش و پرسکون ہونا، ٹھنڈا ہونا کسی بات پر جم جانا۔
—النَّارَ: آگ کی آنچ کم کرنا، مدہم کرنا (۲) ٹھنڈا کرنا، بجھانا۔
—أَنْفَاسَ فُلَانٍ: زندگی کا چراغ گل کرنا۔
—الشَّيْءَ: زائل کرنا، خاتمہ کرنا۔
—الصَّوتَ: آواز دبانا، بند کرنا (۲) دھیما کرنا۔
—الهِمَّةَ: حوصلہ پست کرنا۔
الخامِدُ: خاموش، ساکن وصامت (۲) دھیما، مدہم (۳) ٹھنڈا، بجھا ہوا۔ قوم خَامِدون: بجھی ہوئی راکھ کی طرح فنا ہوجانے والے لوگ۔ قرآن پاک میں ہے: "إِنْ كَانَتْ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً فَإِذَا هُمْ خَامِدُونَ" (۴) پست (۵) جامد، بے حس و حرکت
الخُمُودُ: خاموشی (۲) جمود (۳) پست ہمتی
الخَمُّودُ: آگ دبانے کا گڑھا یا بجھانے کا گڑھا۔
• خَمَرَ منه ـُ خَمْرًا: کسی چیز سے شرمانا۔
—فلانًا: کسی سے شرم کرنا (۲) شراب پلانا
—الشَّيْءَ: چھپانا، پوشیدہ کرنا۔
—العَجِينَ ونحوَهُ: گندھے ہوئے آٹے میں خمیر ملانا (۲) آٹے کو گوندھنے کے بعد بہتر بنانے کے لئے کچھ دیر چھوڑ دینا۔
خَمِرَ ـَ خَمَرًا: گھمیر چڑھنا، چکر آنا، شراب کا نشہ ہونا (۲) کوئی بیماری لاحق ہونا۔ هو خَمِرٌ۔
—المَكَانُ: بہت شراب والی جگہ ہونا کسی مقام پر شراب کی کثرت ہونا۔
—الشَّيْءُ: کیفیت بدل جانا۔
—عنه: چھپ جانا، پوشیدہ ہوجانا۔

خَمِرَ عنه الخَبَرُ: کسی سے خبر چھپی رہنا۔
—على فُلَانٍ: کسی سے کینہ رکھنا۔
خُمِرَ: خمار آلود ہونا، شراب کے نشہ میں چور ہونا۔ هو مَخْمُورٌ۔
أَخْمَرَ: شراب میں ڈوبا ہوا ہونا (۲) بہت شراب والا ہونا۔
—المَرْأَةُ: عورت کے پاس اوڑھنیاں ہونا۔
—الجَارِيَةُ: لڑکی کا اوڑھنی اوڑھنے کا وقت آجانا، عمر ہوجانا۔
—الأَرْضُ: کسی خطہ کا بہت شراب والا ہونا۔
—على فُلَانٍ: کسی سے کینہ رکھنا۔
—الخَمْرَ: شراب بنانا۔
—الشَّيْءَ: چھپانا۔ أَخْمَرَتْهُ الأَرْضُ عنه ومنه وعليه: زمین نے اس کو چھپالیا۔ یعنی وہ فوت ہوکر زمین کی آغوش میں چلا گیا (۲) پوشیدہ رکھنا، دل میں چھپانا۔ جیسے: أَخْمَرَ الشَّهَادَةَ: گواہی وغیرہ کو پوشیدہ رکھنا (۳) کسی چیز سے غافل رہنا (۴) دل میں رکھنا۔ جیسے: أَخْمَرَ فُلَانٌ على فُلَانٍ ظِنَّةً: کسی کا کسی کے خلاف دل میں برائی یا بدگمانی رکھنا۔
—فُلَانًا: دھوکہ دینا۔
—العَجِينَ: آٹے میں خمیر ملانا۔
خَامَرَ به: چھپنا، آڑ میں ہونا۔
—فُلَانٌ: کسی کا آزاد شخص کو غلام بتا کر فروخت کرنا، دھوکہ دینا۔
—الشَّيْءَ: اختلاط رکھنا، ساتھ لگا رہنا
—فُلَانٌ فُلَانًا: کسی سے اختلاط رکھنا
—فُلَانًا دَاءٌ: کسی کو بیماری لاحق ہونا
—فلانًا شَكٌّ: کسی کے دل میں شبہ پیدا ہونا، تردد ہونا۔
—المَكَانَ: کسی جگہ قیام کرنا، برقرار رہنا

بزدل ڈرپوک آدمی کے بارہ میں کہاوت ہے: خَامِرِي أُمَّ عَامِرٍ: اے امّ عامر (بجو) تو ایک ہی جگہ رہ۔
خَمَّرَ: شراب بنانا۔
—الشَّيْءَ: ڈھانکنا۔ جیسے: خَمَّرَتِ المَرْأَةُ رَأْسَهَا بالخِمَارِ۔
—المَكَانَ: کسی جگہ برقرار رہنا۔
—العَجِينَ ونحوَهُ: آٹے میں خمیر ڈالنا، خمیری بنانا (۲) آٹا گوندھ کر عمدہ کرنے کے لئے کچھ دیر چھوڑ دینا۔
اِخْتَمَرَتِ المَرْأَةُ بالخِمَارِ: اوڑھنی اوڑھنا۔
—الفِكْرَةُ: دماغ میں خیال پکنا۔
—الخَمْرُ: شراب میں ابال اٹھنا، جھاگ اٹھنا، تیزی آجانا۔
—العَجِينُ: آٹے میں خمیر اٹھنا، خمیر بن جانا۔
تَخَمَّرَتِ المَرْأَةُ بالخِمَارِ: اوڑھنی یا دوپٹا اوڑھنا۔
—بالخُمْرَةِ: عورت کا چہرے پر خوشبو ملنا
اِسْتَخْمَرَ الرَّجُلَ: غلام بنانا (یہ یمنی استعمال ہے)
الخَمَّارُ: من النَّاسِ: لوگوں کی جماعت، کثرت، اجتماعیت۔
الخُمَارُ (من الناس) الخَمَارُ دَخَلَ فُلَانٌ فی خُمَارِ النَّاسِ: کسی کا ایسی جگہ داخل ہونا جو لوگوں سے چھپائے (۲) شراب کا نشہ، گھمیر۔
—(من الخَمْرِ) وہ شراب جس کے پینے سے درد سر اور گھمیر وغیرہ کی شکایت ہو، شراب کا نشہ۔
الخِمَارُ: چھپانے والی چیز، عورت کا دوپٹا، اوڑھنی (۲) عمامہ، پگڑی۔ حدیث میں ہے: "أَنَّهُ كَانَ يَمْسَحُ على الخُفِّ والخِمَارِ" ج: أَخْمِرَةٌ وخُمُرٌ و

خَمْرٌ-

الخَمْرُ: انگور وغیرہ کا نشہ آور رس۔ شراب (لفظ مؤنث ہے کبھی مذکر بھی آتا ہے) کہاوت ہے: خَمْرُ اَبِی الرَّوْقَاءِ لَیْسَت تُسْکِرُ: ابوالروقا کی شراب میں نشہ نہیں ہے اس مال دار کے بارہ میں جس کا کسی پر کوئی احسان و کرم نہ ہو (۲) انگور (۳) ہر نشہ آور مشروب ج: خُمُورٌ۔

الخِمْرُ: کینہ۔

الخَمَرُ من النَّاسِ: لوگوں کی بھیڑ، مجمع، کثرت (۲) درخت یا عمارت یا پہاڑ کی اوٹ جو چھپنے کا ذریعہ ہو۔ تَوَارَی الصَّیْدُ عنی فی خَمَرِ الوادی: شکار مجھ سے وادی کی اوٹ میں ہو گیا چھپ گیا (۳) گھنے درخت، درختوں کا جھنڈ (۴) پوشیدگی۔ جَاءَنَا عَلَی خَمَرٍ: وہ ہمارے پاس چپکے سے آپہنچا، ہماری بے خبری میں آگیا۔

الخَمَرَۃُ: الخَمَرُ (۲) لوگوں کی بھیڑ، کثرت

الخَمَرَۃُ: خوشبو۔

الخُمْرَۃُ: انسان پر شراب کا نشہ (۲) چہرے کے رنگ کی صفائی کے لئے عورتوں کے منہ پر ملنے کی مرکب خوشبو (۳) آٹے میں ملانے کا خمیر (۴) شرابِ انگور کی گاد، تلچھٹ (۵) خوشبو۔ وَجَدْتُ خُمْرَۃَ الطِّیْبِ: مجھے خوشبو کی مہک آئی (۵) کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی دھاری دار چٹائی۔

الخِمْرَۃُ: خوشبو۔ اِمْرَأَۃٌ طَیِّبَۃُ الخِمْرَۃِ: خوشبو سے معطر خاتون (۲) سر ڈھانکنے کا کپڑا۔ کہاوت ہے: اِنَّ العَوَانَ لَا تُعَلَّمُ الخِمْرَۃَ: جوان کو اوڑھنی کا استعمال نہیں سکھایا جاتا یعنی تجربہ کار کو کسی کے بتانے کی ضرورت نہیں۔

الخَمْرِیُّ: شراب جیسا سیاہ و سرخی مائل رنگ

الخَمَّارُ: شراب فروش۔

الخَمَّارَۃُ: شراب خانہ، شراب فروخت کرنے کی جگہ۔

الخِمِّیرُ: بکثرت شراب پینے والا، بڑا شرابی۔

الخَمِیرُ: خمیر۔ اٹھا ہوا آٹا۔

الخَمِیرَۃُ: آٹے میں خمیر اٹھانے کے لئے اٹھے ہوئے آٹے کی ٹکیہ، خمیر بنانے کا مسالا

خَمِیرَۃُ اللَّبَنِ: دہی جمانے کا تھوڑا کھٹا دودھ، جامن۔

المُخْتَمِرَۃُ: سفید بکری یا سفید گھوڑی

المُخَمَّرَۃُ: سفید سر والی بکری

المُسْتَخْمِرُ: بڑا شرابی، شراب کا خوگر۔

• خَمَسَ المَالَ ـُ خَمْسًا: مال میں سے پانچواں حصہ لینا۔

—— فُلَانًا: کسی کے مال کا پانچواں حصہ لینا۔

—— القَوْمَ ـِ خَمْسًا: جماعت کا پانچواں فرد ہونا۔

—— الحَبْلَ: رسی کو پانچ بل دینا۔

أَخْمَسُوا: پانچ ہو جانا۔

—— فُلَانٌ: کسی کے اونٹوں کا پانی پر پانچویں دن آنا۔

خَمَّسَ: کوئی چیز پانچ نفری یا پانچ رکنی بنانا، پنج گوشہ بنانا (۲) پانچ کے عدد میں ضرب دینا۔

—— الشِّعْرَ: نظم کے ہر قطعہ کو پانچ مصرعوں کا بنانا۔

—— الأَرْضَ: پانچویں دن زمین کو سیراب کرنا۔

الأَخْمَاسُ: خِمْسٌ کی جمع۔ ھما فی بُرْدَۃٍ أَخْمَاسٍ: وہ دونوں یمن کی خِمْس نامی چادروں میں ہیں یعنی دونوں متحد اور باہم متفق ہیں۔

فُلَانٌ ضَرَبَ أَخْمَاسًا لِأَسْدَاسٍ اس نے مکر و فریب کیا (عدد دیں مغالطہ دینا)۔

خُمَاسَ: جَاءُوا خُمَاسَ: وہ پانچ پانچ آئے۔

الخَمَاسِینُ: موسم بہار کی گرم خشک خاک آلود ہوائیں جو مصر میں عام طور پر چلتی ہیں۔

الخُمَاسِیُّ: پانچ بالشت کا لڑکا یا کپڑا (۲) پانچ رکنی (۳) پنج گوشہ۔

خُمَاسِیُّ الزَّوَایَا: پنج گوشہ۔

خُمَاسِیُّ السطوح: پنج پہلو۔

خُمَاسِیُّ الورقات: پانچ ورقی۔

خُمَاسِیُّ الحُرُوف: پنج حرفی۔

الخَمْسُ: پانچ (مؤنث کے لئے) ھٰؤُلَاءِ خَمْسُ نِسْوَۃٍ۔

الخِمْسُ: پانچواں حصہ (۲) یمنی چادروں کی ایک قسم (۳) وہ جنگل جس میں پانی دور ہو اور دشواری کی بنا پر اونٹ پانی کے لئے پانچویں دن آتے ہوں (۴) پانی کی پانچویں دن کی باری (یعنی درمیان میں تین دن خالی ہوں) ج: أَخْمَاسٌ

الخُمْسُ والخُمُسُ: پانچواں حصہ (۱/۵) ج: أَخْمَاسٌ۔

الخَمْسَۃُ: پانچ (مذکر کے لئے) ھٰؤُلَاءِ خَمْسَۃُ رِجَالٍ۔

خَمْسَۃُ أَضْعَافٍ: پانچ گنا۔

الخَمِیسُ: پانچواں حصہ (۲) ہفتہ کا پانچواں دن ج: أَخْمِسَۃٌ و أَخْمِسَاءُ و أَخَامِسُ (۳) لشکر جرار جو پانچ اہم دستوں پر مشتمل ہوتا ہے: مقدمہ، قلب، میمنہ، میسرہ، ساق۔ مقولہ ہے: ما أدری أَیُّ خَمِیسِ النَّاسِ ھو؟ خدا جانے وہ لوگوں کی جماعت میں کونسا فریق ہے (۴) پانچ ہاتھ لمبا کپڑا یا بھالا (لاٹھی والا نیزہ)۔

يَوْمُ الخَمِيْس : جمعرات کا دن۔

المَخْمَسُ : جَاءوا مَخْمَسَ : وہ پانچ پانچ آئے۔

المُخَمَّسُ : علم ہندسہ میں وہ شکل جس کے پانچ اضلاع ہوں۔ پانچ رکنی۔

النَّجْمَةُ المُخَمَّسَةُ : پانچ شاخا ستارہ۔

المَخْمُوْسُ : پانچ ہاتھ لمبا نیزہ (بھالا)

• خَمَشَ وَجْهَهُ ـُ خَمْشًا و خُمُوْشًا : چہرا نوچنا، کھسوٹنا، ناخن مارنا۔

ــــ فُلانًا : کسی کی کھال کھسوٹنا، ناخن مار کر زخمی کرنا، خراش لگانا۔

خَمَّشَهُ : بری طرح نوچنا، بری طرح کھسوٹنا۔

تَخَمَّشَ : خراش آنا، ناخن لگنا، کھال چھلنا۔

ــــ القَوْمُ : لوگوں میں ہل چل ہونا۔

الخَامِشَةُ : چھوٹی نالی ج : خَوَامِشُ۔

الخُمَاشَةُ : وہ معمولی زخم یا جرم جس پر کوئی مقررہ دیت (بدلہ) نہ ہو (۲) رگڑ، خراش ج : خُماشَات۔

الخَمْشُ : خراش، رگڑ ج : خُمُوشٌ۔

• خَمَصَ البَطْنُ ـُ خَمْصًا و خُمُوصًا و مَخْمَصَةً : پیٹ خالی ہونا، اندر کو ہو جانا، بھوکا ہونا۔

ــــ الجُوعُ فُلانًا : بھوک کا کسی کو کمزور کر دینا اور پیٹ کو اندر گھسا دینا۔ هو خَمِيْصٌ ج : خِماصٌ هي خَمِيْصَةٌ ج : خِمَاصٌ و خَمَائِصُ

ــــ الجُرْحُ خَمْصًا و خُمُوصًا : زخم کی سوجن اتر جانا۔

خَمِصَ بَطْنُهُ ـَ خَمَصًا : پیٹ خالی ہونا، بھوکا ہونا۔ هو خَمْصَان و هي خَمْصَانَةٌ ج : خِماصٌ۔

خَمِصَ القَدَمُ : پاؤں کے نچلے حصہ (تلوے) کا زمین سے اٹھا رہنا۔ هو أَخْمَصُ و هي خَمْصَاءُ ج : خُمْصٌ۔

خَمُصَ البَطْنُ ـُ خُمْصًا و خَمَاصَةً : پیٹ خالی ہونا۔ هو خَمِيْصٌ ج : خِمَاصٌ۔ هي خَمِيْصَةٌ ج : خِمَاصٌ و خَمَائِصُ۔

تَخَامَصَ عنه : کنارہ کش ہونا۔ کہتے ہیں : تَخَامَصْ له عن حَقِّه : اسے اس کا حق دے دو۔

ــــ اللَّيْلُ : رات کی تاریکی تڑکے میں ہلکی ہو جانا۔

انْخَمَصَ الجُرْحُ : زخم کی سوجن اتر جانا۔

الأُخْمَصُ : تلوا، پاؤں کا نچلا بیچ کا حصہ جو زمین کو نہیں لگتا ج : أَخَامِصُ۔

الخُمْصَانُ : خالی پیٹ والا۔ هي خُمْصَانَة ج : خِمَاص۔

الخَمِيْصُ : خالی پیٹ۔ خَمِيْصُ البَطْنِ : بھوکا۔

الخَمِيْصَةُ : دھاری دار سرخ یا سیاہ کرتا یا کپڑا۔ حدیث میں ہے : جِئْتُ اليه وعليه خَمِيْصَةٌ۔

المَخْمَصَةُ : بھوک۔ مقولہ ہے : رُبَّ مَخْمَصَةٍ شَرٌّ من التُّخَمِ : بعض دفعہ کی بھوک بدہضمی سے زیادہ نقصان دہ ہوتی ہے۔

• خَمَطَ اللَّبَنُ والخَمْرُ والوِعَاءُ و نحوها ـُ خَمْطًا و خُمُوطًا : دودھ، شراب یا برتن وغیرہ کی بو اچھی ہونا۔ هو خَامِطٌ و خَمِيْطٌ۔

ــــ اللَّبَنَ و الخَمْرَ و نَحْوَهُما : دودھ یا شراب وغیرہ کو برتن میں رکھنا

خَمَطَ اللَّحْمَ : گوشت بھوننا، نیم پخت رکھنا

ــــ الحَمَلَ والجَدْيَ و نَحْوَهُما : بکری وغیرہ کے بچہ کی کھال اتار کر بھوننا هو خَمِيْط : بھنا ہوا۔

خَمِطَ اللَّبَنُ و الخَمْرُ والوِعَاءُ و نحوها ـَ خَمَطًا : خَمَطَ۔

ــــ الأَرْضُ : زمین کا اچھی فضا والی ہونا۔

ــــ الرَّجُلُ : تکبر کرنا، غصہ ہونا۔

تَخَمَّطَ الرَّجُلُ : تکبر کرنا، مغرور ہونا (۲) طیش میں آنا، غصہ سے بھڑک اٹھنا (۳) زبردستی کرنا غالب آنا (۴) سخت غصہ ہونا۔

ــــ الفَحْلُ : سانڈ کا بڑبڑانا، بلبلانا۔

ــــ البَحْرُ : سمندر کا موجیں مارنا، تلاطم خیز ہونا۔

الخَمْطُ : خوشبودار (۲) پیلو کا پھل (۳) ہر درخت کا تھوڑا لگا ہوا پھل (۴) کھٹا (دودھ وغیرہ) (۵) ہر کڑوی چیز (۶) ہر تلخ گھاس۔

الخَمْطَةُ : عمدہ ہوا والی زمین (۲) مشکیزہ کی بو (۳) انگور وغیرہ کے پھول کی بو (۴) ابتدائی ترشی والی شراب جس میں تیزی نہ آئی ہو۔

الخَمْطَةُ من السِّقَاء : مشکیزہ کی بو۔

الخَمَّاطُ : گوشت بھوننے والا۔

الخَمِيْطُ : کھال اتار کر بھونا ہوا بکری کا بچہ

• خَمَعَ ـَ خَمْعًا : لنگڑا کر چلنا۔

الخامعة : بجو ج : خوامع۔

الخُمَاعُ : لنگڑاہٹ۔

الخَمْعُ : بھیڑیا، چور ج : أَخْمَاع۔

• خَمَلَ المَنْزِلُ ـُ خُمُوْلًا : مکان کے نشانات مٹ جانا۔

ــــ الرَّجُلُ : آدمی کا گمنام ہونا۔

ــــ ذِكْرُه وصِيْتُهُ : نام و نمود باقی نہ رہنا۔

گمنام ہونا۔

خَمَلَ الصَّوتُ: آواز پست ہوجانا، کم ہوجانا۔ ھو خامل۔ حدیث میں ہے: "اُذکُرُوا اللّٰهَ ذِکرًا خامِلًا" خدا کا ہلکی آواز سے ذکر کرو۔ دل سے یاد کرو۔

ــــ الرَّجُلُ صَوتَهُ خَملًا: آواز کو پست کرنا، ہلکا کرنا، چھپانا۔

ــــ البُسْرَ: خام کھجور کو نرم کرنے کے لئے مٹکوں میں رکھنا۔

خُمِلَ: جوڑوں کی بیماری میں مبتلا ہونا۔

أَخْمَلَتِ الأَرضُ: زمین کا بہت گنجان درختوں والی ہونا۔

ــــ الحَائِكُ الثَّوبَ: کپڑے کو روئیں دار بننا، جھالر نکالنا۔

ــــ اللّٰهُ فُلانًا: خدا کا کسی کو گمنام کرنا۔

اِختَمَلَ: عمدہ گھاس چرنا۔

الخَامِلُ: سست و بے حس، ڈل، بے عقل

خامل الذِّکر: گمنام ج: خَمَلَةٌ و خُمَّلٌ۔

الخُمَالُ: جوڑوں کی بیماری، جانوروں کی ٹانگوں کی بیماری جس سے لنگ پیدا ہوجاتا ہے۔

الخَمَالَةُ: شتر مرغ کے پر۔

الخَمَلُ: شتر مرغ کے پر (۲) رواں (۳) چادر کے جھالر (۴) جھالردار چادر۔

خَمَلُ المِعْدَةِ: معدہ کی اندرونی سطح کو ڈھانکنے والے ریشے۔

الخُمْلُ: مخلص دوست۔

الخُمْلَةُ: چادر، جھالردار چادر۔

الخِمْلَةُ: چادر (۲) آدمی کا باطن، سرشت، خصلت۔

الخَمِیلُ: چادر (۲) ملائم (خوراک جیسے ثرید) (۳) گھنا (بادل) (۴) جھالردار (کپڑا) (۵) سیاہ (کپڑا)

الخَمِیلَةُ: شتر مرغ کے پر (۲) چادر ج: خَمِیلٌ (۳) گھنے درختوں کا جنگل جس کے اندر سے باہر کی یا باہر سے اندر کی چیز دکھائی نہ دے (۴) بہت درختوں والی زمین (۵) خوشگوار عمدہ زمین جس پر جابجا جھالروں کی طرح درخت اُگے ہوئے ہوں (۶) گھنا باغ ج: خَمَائِلُ۔

خَمَّ اللَّحْمُ ـِ خَمًّا و خُمُومًا: بھنے ہوئے یا پکے ہوئے گوشت میں بدبو ہوجانا (۲) ہلکی بو پیدا ہونا (بالکل خراب نہ ہونا)۔

ــــ اللَّبَنُ: دودھ کا اس کے برتن کی بو سے خراب ہوجانا۔ مثل مشہور ہے: ھو السَّمْنُ لا یَخِمُّ (وہ ایسا گھی ہے جو خراب نہیں ہوتا) یعنی ایسے شخص کے لئے جس کی ہمیشہ تعریف کی جاتی ہو۔

ــــ فُلانٌ: پھوٹ پھوٹ کر رونا۔

ــــ البَیتَ ـُ خَمًّا: جھاڑو دینا۔

ــــ البِئرَ: کنویں کو صاف کرنا۔

ــــ قَلبَهُ: دل، کینہ کپٹ اور بغض و حسد سے پاک کرنا، صاف کرنا۔ ھو خامٌّ و المَفعولُ مَخمُومٌ۔ حدیث میں ہے: "سُئِلَ أَيُّ النَّاسِ أَفضَلُ؟ قالَ: الصَّادِقُ اللِّسَانِ المَخمُومُ القَلبِ" رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا کہ افضل کون شخص ہے؟ آپ نے فرمایا جو زبان کا سچا اور پاک دل ہو۔

ــــ النَّاقَةَ: اونٹنی کا دودھ نکالنا۔

ــــ الشَّیءَ: کاٹنا۔

ــــ فُلانًا بِثَنَاءٍ حَسَنٍ: کسی کی پیٹھ پیچھے خوب تعریف کرنا۔ فُلانٌ یَخُمُّ ثِیَابَ فُلانٍ: فلاں فلاں کو خوب سراہتا ہے۔

خُمَّ الدَّجَاجُ: مرغی کو کابک میں بند کیا جانا۔

ــــ الخُمُّ: مرغی کا کابک صاف کیا جانا۔

أَخَمَّ اللَّحمُ و اللَّبَنُ: گوشت اور دودھ میں بو ہوجانا۔

اُخْتُمَّ البَیتُ او البِئرُ: گھر یا کنواں صاف کرنا

ــــ الشَّیءُ: کاٹنا۔

تَخَمَّمَ ما علی الخِوَانِ: دسترخوان کے بچے ہوئے ٹکڑے وغیرہ کھانا۔

الخُمَامَةُ: کنویں وغیرہ سے نکالا ہوا کوڑا مٹی وغیرہ (۲) جھاڑو سے نکالا ہوا کوڑا (۳) دسترخوان کا بچا ہوا کھانا، بکھرے ہوئے ٹکڑے اور ریزے۔

الخِمُّ: درختوں اور پھلوں سے خالی باغ۔

الخُمُّ: مرغیوں کا ڈربا، کابک (۲) مرغیوں کے انڈے دینے اور چوزے نکالنے کیلئے بنا ہوا بانس کا ڈربا ج: خِمَمَةٌ۔

الخَمِیمُ: کاہل و سست آدمی (۲) تازہ دوہا ہوا دودھ (۳) ممدوح، قابل ستائش

المِخَمَّةُ: جھاڑو ج: مَخَامُّ۔

خَمَنَ الشَّیءَ ـُ خَمْنًا: اندازہ کرنا۔ کسی چیز کے بارہ میں محض خیال اور ذہن سے کوئی بات کہنا۔ تخمینہ کرنا، اندازاً کسی چیز کی قیمت لگانا۔

خَمَّنَ الشَّیءَ: خَمَنَهُ فالشَّیءُ مُخَمَّنٌ

الخَمَنُ: بدبو، تعفن۔

الخَمَّانُ: بہت اندازے اور تخمینے لگانے والا (۲) گھٹیا درجہ کا آدمی (۳) کمزور نیزہ

الخَمَّانَةُ: نیزے کا کمزور حصہ۔

خ ــــ ن

خَنِبَ فُلانٌ ـَ خَنَبًا: ناک کی بیماری میں مبتلا ہوجانا، گنگنا ہونا، ناک میں بولنا (۲) ہلاک ہوجانا (۳) لنگڑا ہوجانا۔

أَخْنَبَ : ہلاک ہوجانا (۲) ہلاک کرنا۔
ــــ رِجْلَہٗ : پاؤں کو کمزور کرنا یا کاٹ دینا
اختنبوا: سب کا ہلاک ہوجانا۔
تَخَنَّبَ : ناک کو پھلانا، تکبر کرنا۔
الخَنَابُ : لمبا تڑنگا آدمی (۲) بے وقوف اور دڑگوں آدمی (جو کبھی کچھ کرتا ہو کبھی کچھ۔
الخَنَابَةُ : برا نشان، برا اثر (۲) بدی۔
الخِنْبُ : پنڈلی اور ران کے ملنے کا نچلا حصہ (۲) گھٹنے کا نچلا حصہ (۳) ہر دو پسلیوں اور ہر دو انگلیوں کے درمیان کا فصل ج: أَخْنَابٌ۔
الخَنَبُ : ناک کی ایک بیماری جس سے آدمی کوئی بات ناک میں گھا کر کرتا ہے، گنگناہٹ۔
الخَنَبَاتُ والخُنُبَاتُ: جھوٹ اور فریب۔ ھو ذو خَنَباتٍ: وہ کبھی کام ٹھیک کرتا ہے اور کبھی خراب۔
الخَنْبَةُ : فساد و بگاڑ۔
الخِنَّابُ : لمبا تڑنگا آدمی (۲) بہت موٹی ناک والا آدمی۔
الخِنَّابَةُ: ناک کا بڑا بانسا مجازاً ناک کی پھنگل۔
الخِنَّابَتانِ : ناک کی دونوں جانبیں، دونوں نتھنے۔ حضرت زید بن ثابت رضی کی حدیث میں ہے: "وَفِي الخِنَّابَتَيْنِ إذا خُرِمَتَا، قال: في كل واحدة ثلث دية الأنف"، یعنی ناک کی دیت کا ایک ثلث ناک کے دونوں نتھنوں میں سے ہر ایک میں واجب ہے اگر ان کو چھید دیا جائے (۲) تکبر، غرور۔
الخِنَّبُ : لمبا تڑنگا آدمی۔
المَخْنَبَةُ : ترک تعلق، چھوٹ چھٹاؤ۔
• خَنْبَسَ : مال غنیمت تقسیم کرنا۔
الخُنَابِسُ : قدیم مضبوط و پائیدار (۲) شیر أَسَدٌ خُنَابِسٌ : دلیر و قوی شیر ج: خَنَابِسُ (۳) بدشکل موٹا آدمی۔

لَيْلٌ خُنَابِسٌ : انتہائی تاریک رات
الخُنَابِسَةُ : وہ مادہ جس کا حمل نمایاں ہوگیا ہو۔
الخَنْبَسُ : الخُنَابِسُ۔
الخَنْبَسَةُ : شیر کی چال (۲) شیر کی دلیری
الخَنْبُوسُ : آگ دینے والا پتھر، چقماق کا پتھر۔
• خَنَثَ السِّقَاءَ ـِ خَنْثًا : مشک کے منھ کو اوپر کی طرف موڑ کر اندر کی جانب سے پانی پینا۔
ــــ فُلانًا: کسی کا ٹھٹھا اڑانا، مذاق اڑانا۔
خَنَثَ لَه بأَنْفِه: ناک چڑھا کر کسی کا مذاق اڑانا۔
• خَنِثَ الرَّجُلُ ـَ خَنَثًا: ہیجڑا ہونا ہیجڑوں کی طرح حرکتیں کرنا، بدن کو ڈھیلا کرکے بل کھانا، لچکنا۔ ھو خَنِث۔
خَنَّثَهُ: مخنث (ہیجڑا) بنانا۔
ــــ کَلامَهُ: ہیجڑوں کی طرح یا زنخوں کی طرح نرم آواز سے باتیں کرنا۔
ــــ الشَّيْءَ: موڑنا، جھکانا۔
اِخْتَنَثَ السِّقَاءَ: خنثه۔
اِنْخَنَثَ الرَّجُلُ: ہیجڑا بنجانا۔
ــــ السِّقَاءُ: مشک میں سلوٹیں پڑنا۔
ــــ العُنُقُ: گردن ترچھی ہوجانا۔
تَخَنَّثَ الرَّجُلُ: ہیجڑا بنجانا۔
ــــ فی کَلامِه: ہیجڑوں کی طرح بولنا، لچک دار باتیں کرنا۔
ــــ الرَّجُلُ وغيرُه: کمزوری کے باعث گرپڑنا۔
ــــ الشَّيْءُ: مڑجانا، لچک کھانا۔
خَنَاثِ: عورت کو بطور گالی پکارکر کہا جاتا ہے: یا خَنَاثِ: اے ٹھٹکنے اور لچکنے والی۔
الخُنَاثَةُ: مخنث۔

الخِنْثُ : بکھرا ہوا گروہ (۲) کپڑے کی ایک شکن ج: أَخْنَاثٌ و خِنَاثٌ۔
طَوَى الثَّوبَ على أَخْنَاثِه و خِنَاثِه: کپڑے کو اس کی سابقہ تہوں پر لپیٹا، کسی کام کو اسی طریقہ پر کرنا جو اس کے لئے مقرر ہو۔ القَى اللَّيْلُ أَخْنَاثَهُ على الأرض: رات نے زمین پر تاریکی کے اثرات ڈال دیئے (۲) گوشۂ دہن (باچھ) کا اندرونی حصہ جو ڈاڑھ سے ملا ہوتا ہے
خُنَثُ: گالی دینے کے لئے مرد کو کہا جاتا ہے: یا خُنَثُ: اے زنخے!
الخُنْثَى: ہیجڑا، زنخا۔ حیوانات و انسان میں نر اور مادہ دونوں مادّوں کی آمیزش، ایسے ہی بعض پھولوں میں نر اور مادہ دونوں کا مادہ پایا جاتا ہے ج: خَنَاثَى و خِناث۔
الخُنُوثَةُ: خُنثى سے بنایا ہوا مصدر، ہیجڑاپن، زنخاپن (۲) علم الاحیا میں خنوثت کے معنی یہ ہیں کہ کوئی شخص و فرد اپنی حقیقت و اصل میں کسی ایک جنس (نر یا مادہ) سے ہو اور اس میں دوسری جنس کی صفات نمایاں ہوں۔
المِخْنَاثُ: امرأة مِخناث: بل کھاتے ہوئے ناز سے چلنے والی عورت ج: مَخَانِيث۔
الخَنْجَرُ: چھرا، کٹار ج: خَنَاجِر۔
الخِنْجَرُ: الخَنْجَرُ ج: خَنَاجِرُ۔
الخَنْجَرِيرُ: (من المياه) بھاری پانی ہلکا کھارا پانی۔
• خَنْخَنَ فُلانٌ: ناک میں بولنا۔
• الخُنْدُبُ: بدمزاج آدمی۔
• الخَنْدَرِيسُ: شراب (۲) پرانی شراب تمر خَنْدَرِيسٌ: پرانی کھجور۔ حِنطَةٌ خَنْدَرِيسٌ: پرانا گیہوں۔

•الخُنْدُعُ: ایک قسم کی ٹڈی ۔
الخُنْدُعُ: خسیس وکمینہ ذات ۔
•خَنْدَقَ: خندق کھودنا یا کھدوانا۔ (لازم ومتعدی) خَنْدَقَ الخَنْدَقَ: خندق کھودنا، کھدجانا۔
الخَنْدَقُ: کسی جگہ کے چاروں طرف کھودا ہوا گڑھا، کھائی (۲) میدان جنگ میں سپاہیوں کی دشمن کے حملہ سے حفاظت کے لئے کھودا ہوا گہرا اور لمبا گڑھا (۳) وادی ج: خَنَادِقُ ۔
•تَخَنْدَذَ: شوخ و بے حیا ہونا (۲) بہادر اور زور آور ہونا۔
الخِنْذِيذُ: بلیغ الکلام شاعر (۲) قادر الکلام خطیب و مقرر (۳) باوقار سردار (۴) عربوں کے ادب اور تاریخ سے واقف باخبر عالم (۵) وہ بہادر جس پر حملہ کی کوئی راہ نہ نکل سکے (۶) بڑا فیاض و سخی (۷) بدزبان اور گالی گلوچ کا عادی (۸) سانڈ (۹) لمبا تڑنگا گھوڑا (۱۰) لمبا اور بلند و بالا پہاڑ ج: خَنَاذِيذُ ۔
•خَنِزَ اللَّحْمُ وغيرُه ـَ خَنَزًا: گوشت کا بدبودار ہونا، سڑ جانا۔ هو خَنِزٌ۔ حدیث میں ہے: "لَوْلَا بَنُوا اِسْرَائِيْل مَا أَنْتَنَ لَحْمٌ و لا خَنِزَ الطَّعَامُ" اگر بنواسرائیل نہ ہوتے تو نہ گوشت سڑا کرتا اور نہ کھانا خراب ہوا کرتا۔
الخَنْزُوَانُ: بندر (۲) نرخنزیر۔
الخُنْزُوَانُ و الخُنْزُوَانَةُ و الخُنْزُوَانِيَّةُ والخُنْزُوَةُ: غرور۔
الخُنَّازُ: چھپکلی (۲) وہ یہودی جنہوں نے گوشت کا ذخیرہ کیا یہاں تک کہ وہ خراب ہوگیا۔
الخَنُوزُ: میدان جنگ میں فوج کی آخری لائن (۲) بجو اسے ام خنوز بھی کہا جاتا ہے۔

الخَنِيزُ: روغن دار روٹی کا ثرید۔
•خَنْزَرَ: سور کی سی حرکت کرنا (۲) کن انکھیوں سے دیکھنا۔
ـــ الشيءُ: موٹا ہونا، سخت ہونا
الخَنَازِيرُ: گردن کی بیماری خنازیر جس سے گلے میں گلٹیاں نکل آتی ہیں
الخَنْزَرَةُ: پتھر توڑنے کا بڑا ہتھوڑا۔
الخِنْزِيرُ: سور ج: خَنَازِير۔
•خَنَسَ ـِ خَنسًا و خُنُوسًا و خِناسًا: پیچھے ہونا۔ خَنَسَ الطَّرِيقُ عنهم: راستہ ان کے پیچھے رہ گیا اور وہ آگے بڑھ گئے۔
ـــ فُلانٌ من بَيْنِهِمْ: فلاں ان سے الگ ہوکر پیچھے رہ گیا۔
ـــ فُلانًا: پیچھے چھوڑنا یا پیچھے کرنا۔
ـــ فُلانٌ: پیچھے رہ جانا، نظروں سے چھپ جانا۔
ـــ به: کسی کو چھپا دینا (۲) غائب کردینا
ـــ الكوكبُ: ستارہ کا چھپ جانا، غائب ہوجانا۔ هو خَانِسٌ ج: خُنَّسٌ۔
ـــ النَّخْلَةُ: درخت خرما کا گابھا لگنے سے (تلقیح سے) رہ جانا، اس کا اثر قبول نہ کرنا۔
ـــ من مَالِه: کسی مال میں سے کچھ لینا۔
اِصْبَعَهُ: انگلی پکڑنا۔
خَنِسَ ـَ خَنَسًا: چپٹی ناک اور ناک کے ابھرے کنارہ والا ہونا۔ هو أَخْنَسُ و هي خَنْسَاءُ ج: خُنْسٌ۔
ـــ القَدَمُ: پاؤں کا چپٹے تلوے والا ہونا۔
أَخْنَسَهُ: کسی کو پیچھے چھوڑ کر آگے بڑھ جانا۔
ـــ عنه حَقَّهُ: کسی کا حق روک لینا یا بالکل غائب کردینا۔
خَنَّسَهُ: أَخْنَسَهُ۔
اِخْتَنَسَ: پیچھے ہونا۔
انْخَنَسَ عنه: پیچھے ہونا (۲) لوٹنا۔
تَخَنَّسَ: مطاوع خَنَّسَهُ: کسی سے پیچھے رہ جانا اور اس کا آگے بڑھ جانا۔
ـــ به: چھپانا، غائب کرنا۔
الأَخْنَسُ: شیر (۲) چیچڑی۔
الخُنَاسُ: کھیتی کو بڑھنے سے روکنے والی ایک بیماری جس سے وہ لمبی نہیں ہوتی۔
الخَنْسَاءُ: جنگلی گائے، نیل گائے۔
الخُنَّسُ: بہت سے ہرن، ہرنوں کا مسکن، ہرنوں کی پناہ گاہ۔
الخَنَّاسُ: شیطان (لوگوں کو دھوکہ دینے کے لئے نظروں سے بالکل دور رہنے والا اور جو بندۂ خدا اس کے قریب میں نہ آئے تو پیچھے بھاگنے والا، خنس میں چھپنے اور پیچھے ہونے کے معنی سے مذکورہ مناسبت ہے۔
الخُنَّسُ: متحرک ستارے (۲) پانچ روشن ستارے: زُحَل، المشتري، المِرِّيخ، الزُّهَرَة، عُطَارِدُ۔
اللَّيالِي الخُنَّسُ: آخری مہینہ کی تین راتیں جن میں چاند ظاہر نہیں ہوتا۔
الخِنَّوْسُ: شیر۔ أَسَدٌ خِنَّوْسٌ: بہادر شیر (۲) خنزیر کا بچہ۔
الخَنُوسُ: فَرَسٌ خَنُوسٌ: سیدھا چلتے چلتے دائیں بائیں مڑکر چلنے والا گھوڑا (نر اور مادہ دونوں کے لئے) ج: خُنُسٌ۔
الخِنِّيسُ: فریبی، حیلہ گر۔
•الخِنْسِرُ: کمینہ (۲) چالاک۔
الخَنْسَرِيُّ: کمینگی، دنارت (۲) دھوکہ (۳) گمراہی (۴) ہلاکت۔

الخِنْسِيْرُ: کمزور آدمی، چالاک آدمی ج: خَنَاسِيْرُ۔

• الخِنَّوْصُ: ہر چھوٹی چیز (۲) خنزیر کا بچہ (۳) شیر ببر کا بچہ۔

الخِنْصَرُ: چھوٹی انگلی، چھنگلیا، چھنگلی ج: خَنَاصِرُ۔ فُلَانٌ تُثْنٰى به او اليه الخَنَاصِرُ: وہ شخص جو معزز ہونے کے باعث اپنے ہمسروں کے ساتھ زیر بحث آنے کے وقت نقطۂ آغاز سخن ہو۔

هٰذَا أَمْرٌ تُعْقَدُ عليه الخَنَاصِرُ: یہ معاملہ اہم اور قابل توجہ ہے۔

• خَنَطَهُ ـ خَنْطًا: رنج اور دکھ دینا

خَنْطَتَ: اکڑ کر چلنا۔

الخِنْطِيْرُ: بہت بڑھیا جس کی پلکیں لٹک گئی ہوں۔

الحَنْظَلُ: بلی (۲) مصیبت (۳) قطار، ڈار (۴) ٹڈی دل۔

• خَنَعَ فُلَانٌ ـ خَنْعًا و خُنُوعًا: برا کام کرکے اس پر شرمانا اور سر نیچا کرنا

ـــ الى المَرْأَةِ: بدکاری کے لئے عورت کے پاس آنا۔

ـــ لَهُ واليه خُنُوعًا: کسی کے سامنے عاجزی اور انکساری کرنا۔

ـــ الى الأَمْرِ والشيءِ: مائل ہونا، متوجہ ہونا، مشغول ہونا۔

ـــ به: کسی سے دھوکہ کرنا، بے وفائی کرنا۔

ـــ فُلَانٌ النِّسَاءَ: عورتوں میں گھل مل کر رہنا، عشق و محبت کرنا۔ هو خَانِعٌ ج: خَنَعَةٌ۔ هي خَنوع ج: خُنُعٌ۔

أَخْنَعَتْهُ اليه الحَاجَةُ: ضرورت کا کسی کو کسی کے سامنے حقیر و ذلیل کر دینا۔

خَنَّعَهُ: کلہاڑی سے کاٹنا۔

ـــ الجَمَلَ: اونٹ کو سدھانا، قابو میں کرنا۔

الخَنَاعَةُ: ذلت و خواری۔

الخُنْعَةُ: مجبوری (اضطرار) (۲) بدکاری (۳) غداری، بے وفائی ج: خُنَعَات

فُلَانٌ ذو خُنَعَاتٍ: فلاں بد طینت آدمی ہے۔

الخُنْعَةُ: بدکاری (۲) شک و شبہ۔

اطَّلَعْتُ منه على خُنْعَةٍ: میں اس کی بدکاری سے واقف ہوگیا (۳) خالی جگہ، الگ جگہ۔ لَقِيْتُهُ بِخُنْعَةٍ فَقَهَرْتُهُ: میں اس سے الگ جگہ میں ملا اور میں نے اس کو زیر کر دیا۔

الخُنُوعُ: عاجزی، انکساری۔

• خَنَفَ ـ خَنْفًا و خُنُوفًا: غرور سے ناک چڑھانا۔

ـــ بأَنْفِه عن فُلَانٍ: کسی سے منہ پھیرنا، ناک چڑھانا۔

ـــ المَرْأَةُ صَدْرَهَا: ہاتھوں سے سینہ پیٹنا، سینہ کوبی کرنا۔

ـــ الرَّجُلُ: غصہ ہونا، ناراض ہونا۔

ـــ الفَرَسُ و نَحْوُهُ خَنْفًا و خِنَافًا: گھوڑے وغیرہ کا دوڑتے ہوئے اپنے سوار کی طرف منہ کرنا (۲) پھرتی اور مستی کی وجہ سے اگلی ٹانگوں کو کسی ایک جانب کرنا۔

ـــ البَعِيْرُ خِنَافًا: اونٹ کا چلتے ہوئے اپنے اگلے کھر کو دائیں طرف کر لینا، نشاط کی بنا پر ناک کو لگام سے پھیر لینا (۲) نرم کلائیوں والا ہونا۔

ـــ فُلَانٌ النَّاقَةَ خَنْفًا: اونٹنی کو چار انگلیوں سے دوہنا اور انگوٹھے کا سہارا لینا۔

خَنَفَ الأُتْرُجَّ و نَحْوَهُ بالسِّكِّيْن: ترنج وغیرہ کو چھری سے کاٹنا۔ هو خَانِفٌ ج: خَوَانِف و هو و هي خَنُوفٌ ج: خُنُفٌ۔

خَنِفَ الصَّدْرُ او الظَّهْرُ ـ خَنَفًا: سینہ یا کمر کا ایک حصہ اندر گھسا ہوا ہونا۔ هو أَخْنَفُ۔

الخِنَافُ: گھوڑوں کے بازوؤں کی ایک بیماری۔

الخِنْفَةُ: ترنج وغیرہ کا ٹکڑا۔

الخَنْفَةُ: الخِنْفَةُ۔

الخَنِيْفُ: بہت ردی لشر، خراب کتان (۲) لشر کا سفید و موٹا کپڑا (۳) بہت دودھ والی اونٹنی (۴) راستہ ج: خُنُفٌ۔

المِخْنَافُ: وہ آدمی جس کے ہاتھ سے کھیتی اور کھجور کے درخت کی اصلاح زیادہ کارآمد نہ ہوتی ہو (۲) وہ اونٹ جو اونٹنی کو حاملہ نہ کر سکے۔

• خَنْفَسَ عن القَوْمِ: لوگوں سے نفرت کی بنا پر الگ ہو جانا۔

ـــ من الأَمْرِ: کسی کام سے پیچھے ہٹنا۔

الخُنْفُسَاءُ: بھونرا، گبریلا۔ مثل ہے: الخُنْفُسَاءُ اذا مُسَّتْ نَتَّنَتْ: بھونرا اگر ہلایا جائے تو اس سے بدبو آتی ہے۔ بدباطن آدمی کے لئے بولا جاتا ہے کہ جب اس سے واسطہ پڑتا ہے تو اس کی بدباطنی سامنے آجاتی ہے ج: خُنْفُسَاوَات و خَنَافِسُ۔

الخُنْفُسُ: نر بھونرا، اس کی مادہ خُنْفُسَةٌ و خُنْفُسَاءُ (۲) بڑا بھونرا۔

• خَنَقَهُ ـ خَنْقًا: گلا گھونٹنا، سانس روکنا، گلا گھونٹ کر دم نکال دینا۔ الفاعل خَانِقٌ و المَفْعُول مَخْنُوقٌ و خَنِقٌ و خَنِيْقٌ: مؤنث باضافہ تا، نا نیث۔

خَنْقَةُ الوَقْتِ : وقت کو تنگ کرنا، ٹال دینا، ضائع کر دینا۔
ــــ الرَّايَةَ : پرچم سرنگوں کرنا۔
خَنَّقَهُ : خَنْقَهُ ۔
ــــ فُلَانٌ الأَرْبَعِيْنَ : چالیس برس کی عمر کے قریب ہونا۔
ــــ الإِنَاءَ وَنَحْوَهُ : بھرنا۔
ــــ السَّرَابُ الجِبَالَ : سراب کا پہاڑوں کی چوٹیوں کو چھونے کے قریب ہونا۔
اِخْتَنَقَ : دم گھٹ کر مر جانا۔
ــــ الفَرَسُ : گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کا کانوں کی جڑوں تک پھیلنا۔
اِنْخَنَقَ : دم گھٹ کر مر جانا۔
ــــ الشَّاةُ : بکری کا گلا خود گھٹ جانا۔
الاِخْتِنَاقُ : سانس کی بندش، گھٹن۔
الاختناقُ الدَّمَوِيُّ : خون کی بندش۔
اختناق الرَّحِمِ : عورتوں کی ایک بیماری جس میں رحم کا منہ بند ہو جاتا ہے۔
الخَانِقُ : دو پہاڑوں کے درمیان تنگ گھاٹی (۲) یمنی زبان میں، گلی کوچہ۔
خَانِقُ النَّمِرِ : ایک مہلک پودا جس کے صرف پانچ پتے ہوتے ہیں۔
خَانِقُ الذِّئْبِ : ایک پودا جس سے نشہ آور زہریلا مادہ نکالا جاتا ہے۔ اسے خَانِقُ النَّمِر بھی کہتے ہیں۔
الخَانِقَاه : خانقاہ، صوفیوں کا مرکز اصلاح
الخُنَاقُ : سانس رکنے کی بیماری، گلے کی ایک بیماری (کنٹھ روگ)
الخِنَاقُ : گلے کا ہار، مالا (۲) گردن (۳) گلا گھونٹنے والی چیز۔ أَخَذَ بِخِنَاقِهِ: اس کی گردن پکڑ لی۔
ضَيِّقُ الخِنَاقِ عليه : کسی کا ناطقہ بند کرنا، دشواری پیدا کرنا، زندگی دو بھر کرنا۔
تَضَيَّقَ الخِنَاقُ على فُلَانٍ : کسی کا ناطقہ بند ہونا، جینا دشوار ہونا۔
الخِنَاقَةُ : گلے کا پھندا۔ أَخَذَ السَّبُعَ بِالخِنَاقَةِ : درندہ کو پھندا ڈال کر پکڑ لیا۔
الخُنَاقِيَّةُ : ایک بیماری جو انسانوں اور جانوروں کے حلق میں ہو جاتی ہے، پرندوں کے سر یا حلق میں ہوتی ہے کبھی گھوڑوں میں بھی ہو جاتی ہے، زیادہ کبوتروں میں ہوتی ہے۔
الخَنَّاقُ : گلا گھونٹنے کا ماہر یا عادی۔
الخُنَّاقُ : الخُنَاق ج: خَوَانِيق۔
المُخْتَنَقُ : تنگ جگہ۔
المِخْنَقَةُ : گلے کی مالا۔
المُخَنَّقُ : گلے میں پھندا ڈالنے کی جگہ۔ غُلَامٌ مُخَنَّقُ الخِصْرِ: پتلی کمر والا لڑکا۔
• خَنَّ فُلَانٌ ـِ خَنِيْنًا: رونے یا ہنسنے کی آواز ناک سے نکلنا (۲) آواز نکالے بغیر رونا۔
ــــ فُلَانٌ القَوْمَ ـُ خَنًّا: قبیلہ کے احاطہ کو روندنا، اس کی حرمت کو پامال کرنا۔
ــــ مَالَهُ : مال لے لینا۔
ــــ وِعَاءَ التَّمْرِ وغَيْرِهِ : کھجور وغیرہ کو برتن سے تھوڑا تھوڑا نکالنا۔
خَنَّ ـَ خَنَنًا وخَنِيْنًا وخُنَّةً: ناک میں بولنا، گنگنا ہونا۔ هو أَخَنُّ وهي خَنَّاءُ ج: خُنٌّ۔
خُنَّ البَعِيْرُ : اونٹ کو ناک کی بیماری ہونا۔ هو مَخْنُوْنٌ۔
أَخَنَّهُ : کسی کی عقل زائل کرنا۔ هو مَخْنُوْنٌ (برخلاف قیاس ہے ورنہ اسم مفعول مُخَنٌّ ہونا چاہئے تھا)۔
اِسْتَخَنَّتِ البِئْرُ: کنویں میں بدبو ہو جانا
الخَنَانُ : خوش حالی، آسودگی۔
الخُنَانُ : زکام کی طرح ناک کی بیماری (۲) پرندوں کے حلق اور آنکھ کی بیماری (۳) اونٹوں کا زکام۔
الخُنُّ : مرغیوں کا دڑبہ۔
الخِنُّ : خالی کشتی۔
الخُنَّةُ : گنگناہٹ۔
الخَنِيْنُ : ناک کے نتھنوں کے غدود جن سے سانس رکتا ہے۔
المَخَنَّةُ : گنگناہٹ (۲) وادی کی تنگ جگہ (۳) ناک (۴) ناک کی پھنگل، کنارہ (۵) بلند جگہ سے پانی گرنے کی جگہ (۶) راستہ کا شروع حصہ (۷) کھلا راستہ (۸) وسط مکان (۹) صحن (۱۰) مَخَنَّةُ القَوْمِ : لوگوں یا قبیلہ کا محفوظ احاطہ فُلَانٌ مَخَنَّةٌ لِفُلَانٍ : وہ فلاں کے لئے کھانے (رزق) کا ذریعہ اور سبب ہے۔
المِخَنَّةُ : ناک کی آواز، گنگناہٹ۔ سَنَةٌ مَخَنَّةٌ : زرخیزی اور شادابی کا سال۔
• خَنَا فُلَانٌ ـُ خَنْوًا وخَنًا : بدزبانی کرنا، بیہودہ بات کرنا۔
ــــ في كَلَامِهِ : فحش کلام کرنا۔
ــــ الجِذْعَ وغَيْرَهُ ـِ خَنْيًا: درخت کی جڑ کاٹنا۔
خَنِيَ على فُلَانٍ في مَنْطِقِهِ ـَ خَنًى: کسی کے ساتھ بدکلامی کرنا۔
أَخْنَى : خراب کرنا، بگاڑنا۔ أَخْنَى عليه: کسی کے خلاف فساد انگیزی کرنا۔
ــــ الجَرَادُ : ٹڈیوں کے انڈے بہت ہونا
ــــ المَرْعَى : چراگاہ کا بہت گھاس والی ہونا
ــــ عليه في مَنْطِقِهِ : کسی کے ساتھ بیہودہ کلام کرنا، برا بھلا کہنا۔
ــــ عليه الدَّهْرُ : کسی پر زمانہ طویل ہونا

(۲) زمانہ کا کسی کو تباہ و برباد کرنا۔
أَخْنَى بِهِ: کسی کو بے یار و مددگار چھوڑنا عہد شکنی کرنا، بے وفائی کرنا۔ حدیث میں ہے: "واللهِ ما كان سَعْدٌ لِيُخْنِيَ بِابْنِه فِي شِقَّةٍ مِن تَمْرٍ" واللہ ایسا نہیں ہو سکتا تھا کہ سعد اپنے بیٹے کو کھجور کے آدھے حصہ میں تنہا اور بے وفائی کے ساتھ چھوڑ دیتے یعنی جس جگہ حفاظت ممکن ہی نہ تھی وہاں کیسے چھوڑ دیتے۔
الخَنَا: فحش گوئی، بدکلامی۔
خَنَا الدَّهْرِ: آفات و مصائب زمانہ
الخُنْوَةُ: دھوکہ، بے وفائی (۲) بانس کے بنے ہوئے گھر میں درمیانی خلا۔

خ ـــــ و

• خَابَ ـُ خَوْبًا: غریب و محتاج ہونا
الخَوْبَةُ: بارش سے تر دو زمینوں کے بیچ میں خشک زمین جس پر پانی نہ برسا ہو (۲) بھوک (۳) قحط، فاقہ مستی
أَصَابَتْهُمْ خَوْبَةٌ: وہ قحط کی زد میں آ گئے۔ فاقہ کشی کا شکار ہو گئے
ثعلب بن ثعلبہ کی حدیث میں ہے:
أصاب رسولَ الله صلى الله عليه وسلم خَوْبَةٌ فَاسْتَقْرَضَ مِنِّي طَعَامًا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو قحط کا سامنا ہوا تو آپ نے مجھ سے غلہ قرض طلب فرمایا۔
• خَاتَ البَازِي او العُقَابُ ـُ خَوْتًا: باز یا عقاب کے شکار پر حملہ آور ہونے سے پھڑپھڑاہٹ کی آواز سنائی دینا۔
ــــ فُلانٌ: عہد شکنی کرنا، وعدہ خلافی کرنا (۲) جمع کیا ہوا غلہ کم ہونا (۳) عمر رسیدہ ہونا۔

خَاتَ الشيءَ: چھین لینا، اچک لینا۔
ــــ فُلانًا: دھتکارنا، بھگا دینا۔
ــــ مَالَهُ: کسی کے مال میں کمی کرنا۔
خَاوَتَ طَرْفَهُ دوني: اس نے مجھ سے نگاہ بچا لی، چرا لی۔
خَوَّتَ البَازِي: دیکھئے: (خات)
ــــ الطَّائِرُ: پرندہ کا چھپنا۔
ــــ الشيءُ: کسی چیز میں سے آواز نکلنا۔
اخْتَاتَ الحَدِيثَ: بات کے کچھ حصہ کو تھوڑا تھوڑا یاد کرنا۔
إنَّهُمْ يَخْتَاتُونَ اللَّيْلَ: وہ رات کو سفر کرتے اور ڈاکہ ڈالتے ہیں۔
ــــ الذِّئبُ الشَّاةَ: بھیڑیے کا بکری کو دھوکہ دے کر پکڑ لانا، چرا لینا۔
ــــ البَازِي او العُقَابُ: (خات)
انْخَاتَ البَازِي او العقابُ: (خات)
تَخَوَّتَ الشيءَ: چھین لینا، اچک لینا۔
ــــ الحَدِيثَ: کلام کو تھوڑا تھوڑا یاد کرنا۔
ــــ مَالَهُ: مال کو کم کرنا۔
الخَائِتَةُ: عقاب جس کے شکار پر ٹوٹ پڑنے کی آواز سنائی دے۔
• الخَوْتَعُ والخَوْتَعَةُ: دیکھئے خَتَعَ
• الخَوْتَلُ: دیکھئے: (ختل)
• خَوِثَ ـَ خَوَثًا: بڑے اور ڈھیلے پیٹ والا ہونا۔ هو أَخْوَثُ و هي خوثاء
ــــ البَطْنُ والصَّدْرُ: سینہ اور پیٹ کا بھرا ہوا ہونا۔
الخَوْثَاءُ: بھرے ہوئے بدن کی نرم و نازک نو عمر لڑکی۔
الخَوْجَلَى: دیکھئے (خجل)
• أَخَاخَ العُشْبُ: گھاس کم اور پوشیدہ ہونا۔

الخَوْخُ: آڑو یا پلم کا درخت یا پھل۔ واحد: خَوْخَةٌ۔
الخَوْخَةُ: روشندان (۲) بڑے پھاٹک کے اندر چھوٹا دروازہ (۳) دو مکانوں کے درمیان راستہ۔
• خَوَّدَ: کچھ کھانا پالینا۔ خَوَّدَ شيئًا من الطَّعَامِ: کچھ کھانا حاصل کر لیا۔
ــــ البَعِيرُ وغيرُه: اونٹ وغیرہ کا تیز چلنا۔
تَخَوَّدَ الغُصْنُ: ٹہنی کا جھومنا (۲) جھکنا
الخَوْدُ: نازک اور اچھے جسم کی نوجوان عورت ج: خُوْدٌ و خَوْدَاتٌ۔
• خَاوَذَ عنه مُخَاوَذَةً و خِوَاذًا: ہٹ جانا، الگ ہو جانا۔
ــــ فُلانًا إلى الشيءِ: کسی طرف جانے اور آنے میں ایک دوسرے کے برعکس ہونا یعنی ایک کا جانا اور دوسرے کا آنا یا اس کے برخلاف کسی چیز کے پاس آمد و رفت ہونا۔
ــــ الحُمَّى فُلانًا: کسی کو بار بار بخار آنا۔ مقولہ ہے: خَاوِذُوا وِرْدَكُمْ تُرْوُوا نَعَمَكُمْ: پانی کے حوض پر باری باری آیا جایا کرو تو اپنے اونٹوں کو سیراب کر سکو گے یعنی ایک دن ایک فریق پانی پر آئے اور دوسرے دن دوسرا فریق تو اس طرح دونوں کے اونٹ سیراب ہو سکیں گے۔
تَخَاوَذُوهُ: کسی سے معاہدہ کرنا۔
تَخَوَّذَهُ: کسی پر نگاہ رکھنا، کسی کی دیکھ ریکھ کرنا۔
الخُوْذَانُ: فُلانٌ من خُوْذَانِ القَوْمِ: فلاں اپنی قوم کا معمولی اور بے حیثیت آدمی ہے۔ ذَهَبَ

فی خُوذانِ الخَامِل: باکمال لوگوں سے نکل کر پیچھے رہ گیا اور معمولی لوگوں میں جا ملا۔
الخُوذَةُ: ہیلمیٹ، خود ج: خُوَذٌ
• خَارَ الثَّوْرُ ـُ خُوَارًا و خُوَارًا: گائے بیل کا آواز نکالنا
ـــ فُلَان خُؤُورًا: سست و کمزور ہونا۔ هو خائِرٌ و خَوَّارٌ۔
ـــ الحَرُّ والبَرْدُ: گرمی اور سردی کم ہوجانا۔
ـــ فُلانا خَورًا: کسی کی دُبر کو زخمی کرنا چوٹ لگانا۔
ـــ عَزْمُهُ: ارادہ کمزور ہونا، ہمت کا جواب دیدینا۔
ـــ قُوَّتُه: ہمت پست ہونا، طاقت کا جواب دے جانا۔
خَوِرَ الرَّجُلُ ـَ خَوَرًا: خَارَ۔
خَوَّرَ فُلانٌ: خَارَ۔
ـــ فُلانًا: کمزور وڈھیلا قرار دینا۔
تَخَاوَرَت الثِّيرَانُ: بیلوں کا مل کر چیخنا۔
اسْتَخَارَ الرَّجُلَ: کسی سے کرم و مہربانی چاہنا، رحم کی درخواست کرنا۔
ـــ الضَّبُعَ: بجو کے بل کے سوراخ میں لکڑی لگانا تاکہ وہ دوسری طرف سے نکل جائے۔
الخَائِرُ: سست، نڈھال۔
خَائِرُ العَزْمِ: پست ہمت۔
الخُوَارُ: گائے بیل، بکری اور ہرن کی آواز۔ تیروں کی آواز۔
الخَوْرُ: دو بلندیوں کے درمیان نشیبی زمین (۲) سمندر میں پانی گرنے کا مقام (۳) خلیج۔
الخُورُ: وہ عورتیں جو فساد طبع اور کم عقلی کی بنا پر انتہائی شکی ہوں (اس کا واحد نہیں)

الخَوْرَانُ: دبر، پچھلا حصہ، لید نکلنے کی جگہ ج: خوارین و خورانات
الخَوَّارُ: پتلا اور خوبصورت (اونٹ) ج: خَوَّارات (۲) فَرَسٌ خَوَّارُ العِنانِ: قابو میں رہنے والا تیز رفتار گھوڑا (۳) بہت شعلہ دینے والی (چقماق) ج: خُورٌ
رَجُلٌ خَوَّارٌ: پست حوصلہ آدمی
الخَوَّارَةُ: بہت دودھ والی اور آسانی سے دودھ دے جانے والی اونٹنی (۲) بہت پھل لانے والا کھجور کا درخت (۳) نرم و ہموار زمین ج: خُورٌ۔
• الخَوْرَمة: دیکھئے (خرم)
• الخَوَرْنَقُ: دیکھئے (خرنق)
• خَازَه ـُ خَوْزًا: کسی کی دیکھ بھال کرنا (۲) دشمنی کرنا۔
• الخَازِبَاز: دیکھئے (خزبز)
• الخَوْزَبُ: دیکھئے (خزب)
• الخَوْزَرَى: دیکھئے (خزر)
• الخَوْزَلَى: دیکھئے (خزل)
• خَاسَت الجِيفَةُ ـُ خَوْسًا: مردار کی بو پھیلنا، سڑنا۔
ـــ البِضَاعَةُ: سامان مندا ہونا۔
ـــ العَهْدَ و به: عہد شکنی کرنا۔
ـــ بالوَعْدِ: وعدہ خلافی کرنا۔
ـــ بِفُلانٍ: کسی سے بے وفائی کرنا۔
خَوَّسَ الشَّيْءَ: کم کرنا، گھٹانا۔
ـــ الإبِلَ: ایک ایک کرکے اونٹوں کو پانی پر بھیجنا۔
• خَاشَ فُلانٌ ـُ خَوْشًا: لوگوں کی بھیڑ میں گھس جانا (۲) لوٹنا۔
ـــ فُلانًا بالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔
ـــ الشَّيْءَ: کوئی چیز برتن میں بھرنا۔
ـــ منه كذا: کسی چیز میں سے کچھ لینا۔

خَاشَ التُّرَابَ وغيرَه في الوِعَاء: کسی چیز میں مٹی وغیرہ بھرنا۔ جیسے: خَاشَ التُّرَابَ في الجُوَالِقِ: بورے میں مٹی بھرنا۔
خَاوَشَ الشَّيْءَ: اٹھانا، بلند کرنا۔
ـــ جَنْبَهُ عن الفِرَاشِ: بستر سے اٹھنا۔
خَوَّشَ فُلانًا حَقَّهُ: حق میں کمی کرنا
تَخَوَّشَ بَدَنُهُ: دبلا ہوجانا، کمزور ہوجانا۔
ـــ فُلانٌ: موٹاپے کے بعد دبلا ہوجانا
ـــ الشَّيْءُ: کم ہوجانا۔
ـــ الشَّيْءَ: کم کرنا۔
الخَوْشُ: انسان وغیرہ کی کوکھ۔
الخُوشَانُ: ایک قسم کی ترش گھاس، ترش سبزی جو کھائی جاتی ہے۔
• الخَوْشَقُ: خوشہ میں باقی رہ جانے والی کھجوریں (۲) ہر خراب و ردی چیز ج: خَوَاشِقُ۔
• خَاصَ العَطَاءَ ـُ خَوْصًا: بخشش وعطیہ میں کمی کرنا۔
خَوِصَ ـَ خَوَصًا: چھوٹی اور دھنسی ہوئی آنکھ والا (۲) ایک چھوٹی اور ایک بڑی آنکھ والا ہونا۔ هو أخْوَصُ وهي خَوْصَاءُ۔
ـــ البِئْرُ: کنویں میں پانی گہرا ہونا اور اس سے سیرابی میں مشکل ہونا۔
ـــ الشَّاةُ: سفید بکری کی ایک آنکھ سیاہ اور دوسری سفید ہونا۔
أخْوَصَت النَّخْلَةُ: کھجور کے درخت میں پتے نکلنا۔ پتوں دار ہونا۔
ـــ الخُوصُ: کھجور کے پتے نکلنا۔
ـــ الشَّجَرُ: درخت پر پتے نکلنا
أخَاصَت النَّخْلَةُ: أخْوَصَت۔
خَاوَصَ مُخَاوَصَةً: آنکھوں کو ذرا

چھوٹا کر کے تیر کی طرح تیز نگاہ ڈالنا
خَاوَصَ فُلَانٌ: فروختگی میں مقابلہ کرنا
خَاوَصَۃُ البَیعِ بھی کہتے ہیں۔
خَوَّصَتِ الفَسِیلَۃُ: کھجور کے پودے کی شاخیں نکل جانا۔
۔۔۔النَّخلَۃُ: درختِ خرما کے پتے نکل آنا
۔۔۔الأَرضُ: زمین کا ارطی نامی پودے کے پتوں والی ہونا۔
۔۔۔الشَّجَرُ: درختوں پر تھوڑے تھوڑے پتے نکلنا۔
۔۔۔رَأسُہُ: سر کے بال سفید ہونا، بڑھاپے کا اثر ظاہر ہونا۔
۔۔۔فیہ الشَّیبُ و خَوَّصَۃٌ: کسی پر بڑھاپا آجانا (۲) سیاہ اور سفید بالوں کا برابر ہوجانا۔
۔۔۔فُلَانٌ: کسی کا پہلے شریفوں کا اکرام کرنا پھر رذیلوں کا۔
۔۔۔التَّاجَ: کھجور کے پتوں جیسے سونے کے پتروں سے تاج کو آراستہ کرنا۔
۔۔۔العَطَاءَ: بخشش کم کرنا۔ کہتے ہیں:
خَوِّصْ مَا أَعطَاكَ: تم کو جو ملے وہ لے لو (خواہ قلیل ہو) اگر کوئی شخص اچھا اور خراب مال دونوں ملا کر دیتا ہو تو کہتے ہیں: إِنَّہ لَیُخَوِّصُ من مالِہ۔
تَخَاوَصَ: خَاوَصَ۔
۔۔۔النُّجُومُ: غبار وغیرہ یا مائل بغروب ہونے کی وجہ سے ستاروں کا چھوٹا ہونا۔
تَخَوَّصَ منہ: کوئی چیز یکے بعد دیگرے لینا، تھوڑا تھوڑا لینا۔
۔۔۔العَطِیَّۃَ: عطیہ تھوڑا ہونے کے باوجود لے لینا۔
اِخوَاصَّتِ الشَّاۃُ: خَوِصَتْ۔
الأَخوَصُ: چھوٹی آنکھوں والا۔

الخَوصُ: تھوڑی چیز۔
الخُوصُ: کھجور و ناریل وغیرہ کے پتے۔ واحد: خُوصَۃ۔ مثل مشہور ہے: اُرضَ من العُشبِ بالخُوصَۃِ: گھاس میں کھجور کا ایک پتہ بھی ملے تو اس پر خوش ہو یعنی اگر تھوڑی چیز بھی میسر آئے تو اس پر قناعت کرو۔
الخَوصَاءُ: رِیحٌ خَوصَاءُ: انتہائی گرم ہوا جس کی شدت سے آنکھیں چندھیا جائیں۔ ظَہِیرَۃٌ خَوصَاءُ: سب سے زیادہ گرم دوپہر۔
الخَوَّاصُ: کھجور کے پتے بیچنے والا (۲) کھجور کے پتوں کی چیزیں (ٹوکریاں وغیرہ) بنانے والا۔
الخِیَاصَۃُ: کھجور کے پتوں کی تجارت یا صنعت۔
المُخَوَّصُ: کھجور کے پتے کی شکل پر بنی ہوئی چیز۔
• خَاضَ القَومُ فی الحَدِیثِ ـُ خَوضًا: لوگوں کا باتوں میں لگنا، گفتگو میں مشغول ہونا
۔۔۔فُلَانٌ بالفَرَسِ خَوضًا و خِیَاضًا: گھوڑے کو پانی پر لانا۔
۔۔۔المَاءَ: پانی میں گھسنا
۔۔۔الأَمرَ و فیہ: کسی معاملہ میں گھس جانا، کود پڑنا، سرگرم ہونا۔
۔۔۔البَاطِلَ و فیہ: ناحق باتوں میں مشغول رہنا۔
۔۔۔الشَّرَابَ فی الإِنَاءِ: برتن میں شراب ڈال کر ہلانا۔
۔۔۔فُلَانًا بالسَّیفِ: کسی کے پیٹ میں تلوار نیچے سے اوپر کو نکال دینا
۔۔۔حَرَكَۃً: کسی تحریک میں سرگرم ہونا۔
خَاضَ اللَّیلَ: رات کی تاریکی سے بے پرواہ ہو کر رات کو چلنا۔
۔۔۔المَنَایَا: ہلاکتوں میں گھسنا۔
۔۔۔النَّارَ و الحَرِیقَ: جلتی آگ میں کود پڑنا۔
۔۔۔فی تَفصِیلَاتِ المَوضُوعِ: مسئلہ کی تفصیلات میں جانا۔
أَخَاضَ القَومُ: قوم کے گھوڑوں کا پانی میں گھسنا۔
أَخَاضُوا خَیلَہُم المَاءَ و فیہ: قوم کا اپنے گھوڑوں کو پانی میں گھسانا۔
خَاوَضَہُ فی البَیعِ: بیع میں کسی سے مقابلہ کرنا، آڑے آنا۔
۔۔۔الفَرَسَ: گھوڑے کو پانی پر لانا
خَوَّضَ المَاءَ و الشَّرَابَ فی الإِنَاءِ: برتن میں پانی یا شراب ڈال کر ہلانا
۔۔۔بالسَّیفِ فی بَطنِ فُلَانٍ: پیٹ میں زور سے تلوار دے کر نیچے سے اوپر نکال دینا۔
اِختَاضَ المَرعَی: چراگاہ کا گھنی گھاس والی ہونا۔
۔۔۔بالفَرَسِ: گھوڑے کو پانی پر لانا
۔۔۔المَاءَ: پانی میں گھس جانا۔
تَخَاوَضُوا فی الحَدِیثِ: گفتگو میں مشغول ہونا۔
تَخَوَّضَ: توقف یا کوشش کر کے گھسنا۔
۔۔۔المَاءَ: پانی میں گھسنا۔
الخَوَّاضُ: بے دھڑک کودنے اور گھسنے والا۔
الخَوضَۃُ: موتی۔
الخَیِّضُ: سَیفٌ خَیِّضٌ: نرم اور سخت لوہے کی بنی ہوئی تلوار۔

المَخَاضُ: دریا میں کم پانی کی جگہ جہاں سے
پیادہ اور سوار گزرتے ہوں، دریائی
گذرگاہ۔
المَخَاضَةُ: المخاض ج: مَخَاضٌ
و مَخَاوِض۔
المِخْوَضُ: شراب کو ہلانے اور ملانے
کا آلہ۔
• تَخَوَّطَ فُلَانًا: کسی کے پاس وقتاً فوقتاً
آنا۔
الخُوطُ: نرم و لچکدار ٹہنی (۲) ہر طرح
کی ڈنڈی (۳) پھرتیلا اور دراز قد اور شاندار
آدمی ج: خِيطَان۔
• خَوَّعَ مَالَهُ: مال کم ہو جانا۔
— مَالَهُ و منه: مال میں کمی کرنا۔
— فُلَانًا بالضَّرْبِ: بار بار کر کسی کا
بھوسہ نکال دینا، نڈھال کر دینا
— دَيْنَه: قرض ادا کر دینا۔
— السَّيْلُ الوَادِيَ: سیلاب کا
وادی کے کناروں کو گرا دینا۔
تَخَوَّعَ فُلَانٌ: کھنکھار کے تھوکنا۔
— الشيءَ: کم کرنا۔
الخُوَاعُ: خرّانٹوں کی سی آواز، خرّاٹے
کی آواز۔
الخُوَاعَةُ: بلغم جو منہ سے نکالا جائے
الخَوْعُ: پہاڑوں میں نمایاں رہنے والا
سفید پہاڑ (۲) وادی کا موڑ (۳)
وادی کا سرسبز زمین میں حصہ ج:
أَخْوَاعٌ۔
• خَافَ ـَ خَوْفًا و مَخَافَةً و
خِيفَةً: ڈرنا یعنی ناگوار بات کے
وقوع اور خوش گوار شے کے ضیاع
سے گھبرانا۔
— منه: گھبرانا، ڈرنا۔
— عَلَيه: کسی کی جان جانے اور نقصان
ہونے یا ضائع ہونے کا خطرہ ہونا،
جیسے: أَخَاف عليه السقوط:
مجھے اس کے گرنے کا ڈر ہے۔
خَافَ عَلَى كذا: کسی بات کا خوف
اور خطرہ ہو رہنا۔ أَخَافُ عَلَى
هذا الوَضْعِ: مجھے اس صورتِ
حال کا ڈر ہے کہ کہیں وہ نقصان دہ
نہ ہو جائے۔ هو خَائِفٌ ج:
خُوَّف و خُيَّفٌ و المفعول
مَخُوفٌ اور مَخُوف منه۔
— فُلَانٌ: گھبرانا (۲) جاننا، یقین کرنا
قرآن پاک میں ہے: "وَإِنِ امْرَأَةٌ
خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا نُشُوزًا او
إِعْرَاضًا" اور اگر کوئی عورت ڈرے
اپنے خاوند کی زیادتی و بدسلوکی یا جی
پھر جانے سے۔
أَخَافَ الطَّرِيقُ او الثَّغْرُ إِخَافَةً
و إِخَافًا: راستہ یا سرحد کا پرخطر
ہونا۔
— فلانًا الأَمْرُ و غيرُه: کسی
بات کا کسی کو خوف زدہ کرنا۔
— فُلَانًا الأَمْرَ: کسی کو کسی بات سے
ڈرانا۔
— فُلَانًا او الشيءَ: خوفناک و
مخدوش بنانا۔
خَاوَفَهُ: ہر ایک کا اپنے ساتھی کو ڈرانا
خَوَّفَهُ: ڈرانا، خوف زدہ کرنا۔
— ـهُ الأَمْرَ: کسی کو کسی بات سے
ڈرانا۔
— فُلَانًا او الشيءَ: خوفناک و
مخدوش بنانا۔ مَا كَانَ الطَّرِيقُ
مَخُوفًا فَخَوَّفَهُ السَّبُعُ:
راستہ مخدوش نہیں تھا لیکن درندہ
نے اسے خوفناک یا مخدوش بنا دیا
تَخَوَّفَ: مطاوع خَوَّفَهُ: ڈرنا،
خدشہ ہونا (۲) مخدوش و خوفناک
ہونا۔
تَخَوَّفَ عَلَيه شَيْئًا: کسی کے بارے میں
کسی بات کا خطرہ ہونا یا کسی کی طرف
سے تشویش میں مبتلا ہونا، مطمئن نہ
ہونا۔
— فُلَانًا على كذا: کسی سے کسی
سلسلہ میں ڈر اور خطرہ ہونا۔
— الشيءَ: کم کرنا۔ جیسے: تَخَوَّفَهُ
حَقَّهُ: اس کے حق کو کم کر دیا۔
— فُلَانًا او الشيءَ: خوفناک بنانا
(ایسا کر دینا کہ لوگ ڈرنے لگیں)۔
الخَافُ: رَجُلٌ خَافٌ: بہت ڈرپوک
الخَوَافُ: شور، غل غپاڑا۔
الخَوْفُ: انسان کے دل میں ایک انفعالی
کیفیت جو کسی مکروہ چیز کے وقوع
اور محبوب شے کے فوت ہو جانے
کی توقع کی بنا پر پیدا ہوتی ہے،
ڈر، خوف، خدشہ، گھبراہٹ (۲)
لڑائی، جنگ۔ قرآن پاک میں ہے:
"فَإِذَا ذَهَبَ الخَوْفُ سَلَقُوكُمْ
بِأَلْسِنَةٍ حِدَادٍ" جب خوف دور
ہو جاتا ہے تو وہ تم لوگوں کو تیز طرار
زبانوں سے تکلیف پہنچاتے ہیں۔
الخَائِفُ على شيءٍ: غیر مطمئن۔
الخَوَّافُ: بہت ڈرپوک۔
المُتَخَوِّفُ: خوف زدہ۔
المُخِيفُ: خوفناک، ڈراؤنا۔
المُخَوِّفُ: بھیانک، خوفناک۔
• خَوِقَ المَكَانُ ـَ خَوَقًا: جگہ کا
کشادہ ہونا۔
— المَرْأَةُ: نازک اور دراز قد ہونا
(۲) بے وقوف ہونا۔
— فُلَانٌ: کانا ہونا (ایک آنکھ کی
روشنی ختم ہو جانا)
— البَعِيرُ: اونٹ کو خارش ہونا۔ هو

أَخْوَقُ و هي خَوْقَاءُ ج: خُوقٌ
أَخَاقَ الرَّجُلُ: زمین کی سیاحت کرنا۔
خَوَّقَ القُرْطَ: کان کی بالی کو بڑا کرنا۔
انْخَاقَ المَكَانُ: کشادہ ہونا۔
تَخَوَّقَ القُرْطُ: کان کی بالی کا بڑا ہونا
ـــ عنه: دور ہو جانا۔
الخَاقُ: جنگل کا طول۔
الخَوْقُ: سونے یا چاندی کا کڑا (۲) کان کا کڑا۔ مثل مشہور ہے: خَوْقٌ من السَّامِ بِجِيدٍ أَوْقَصَ: چاندی کا کڑا چھوٹی اور شکستہ گردن میں پڑا ہوا ہے۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو اپنی ذات میں خسیس و دنی ہو لیکن اس کے آباء و اجداد شریف و معزز ہوں، ان کو چاندی کے حلقہ سے تشبیہ دی گئی ہے۔
خَالَ فُلَانٌ علی أَهْلِه ـُ خَوْلاً و خِيَالاً: اہل و عیال کی پرورش و کفالت کرنا، ان کے معاملات کا بندوبست کرنا۔
ـــ الماشِيَةَ: مویشیوں کی اچھی طرح دیکھ بھال کرنا۔ هو خَائِلٌ ج: خُوَّالٌ۔
ـــ فلانٌ خولاً: تکبر کرنا۔ حدیث طلحہؓ میں ہے آپ نے حضرت عمرؓ سے فرمایا کہ: إِنَّا لا نَنْبُو فی يَدِكَ وَلا نَخُولُ عَلَيْكَ: ہم نہ تو تمہاری اطاعت میں پیچھے رہیں گے اور نہ تمہارے سامنے تکبر کریں گے۔
خَالَ ـَ خَوْلاً: تنہائی کے بعد افرادی نعمت سے مالا مال ہونا (یعنی اسے منجانب اللہ غلام، باندیاں، خدام و مصاحبین عطا ہو جانا)۔
أَخَالَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کے تھن میں دودھ ہونا۔
ـــ فيه خَالاً من الخَيْرِ: اس نے اس میں نیکی اور بھلائی کو بھانپ لیا۔
أَخْوَلَ: بہت ماموؤں والا ہونا۔ أَخْوَلَهُ غَيْرُهُ: دوسرے نے اسے بہت ماموؤں والا بنا دیا۔ هو مُخْوِلٌ۔
رَجُلٌ مُعَمٌّ مُخْوَلٌ: معزز چچاؤں اور ماموؤں والا آدمی۔
خَوَّلَهُ الشَّيْءَ: کسی کو از راہ کرم کوئی چیز دینا (۲) سپرد کرنا (۳) کسی چیز کا اختیار دینا۔
ـــ شَيْئًا الی فُلانٍ: کسی کو کوئی چیز دینا۔
ـــ فلانًا السُّلْطَةَ: کسی کو اقتدار سونپنا۔
ـــ فلانًا الصَّلاحِيَّاتِ: اختیارات دینا۔
تَخَوَّلَ خَالاً: کسی کو ماموں بنانا (۲) کسی کو ماموں کہہ کر پکارنا۔
ـــ فُلانًا: دیکھ بھال کرنا، نگرانی کرنا۔
ـــ ه بالمَوْعِظَةِ: نصیحت سے کسی کی نگہداشت کرنا، ذہنی تربیت کرنا۔
ـــ الرِّيحُ الأَرْضَ: ہوا کا زمین پر بروقت چلنا۔
ـــ فی بنی فُلانٍ خالاً من الخَيْرِ: کسی قبیلہ میں خیر کے آثار محسوس کرنا
اسْتَخْوَلَ و إِسْتَخَالَ فی بنی فُلانٍ و إِسْتَخْوَلَهُمْ: کسی قبیلہ کے لوگوں کو اپنے خالو بنا لینا۔
اسْتَخْوَلَهُمْ وفيهم: غلام و خدام بنالیا
الأَخْوَلُ: کہتے ہیں: جاؤُوا الأَوَّلَ فالأَوَّلَ ثم تَفَرَّقُوا أَخْوَلَ أَخْوَلَ: وہ ترتیب سے آئے اور پھر متفرق ہو کر پھیل گئے۔
تَطَايَرَ الشَّرَرُ أَخْوَلَ أَخْوَلَ: شعلے مختلف جگہوں پر پھیل گئے۔
التَّخْوِيلُ: سپردگی۔
الخَائِلُ: نگراں، محافظ و منتظم ج: خَوَل
الخَالُ: ماموں ج: أَخْوَالٌ و خُؤُولٌ (۲) وہ چیز جس میں خیر کے آثار نظر آئیں (۳) فوج کا جھنڈا۔
الخَالَةُ: ماں کی سگی بہن، خالہ۔
الخُؤُولَةُ: (اس مصدر سے فعل نہیں آتا) ننھیال، ننھیالی رشتہ۔
بيني و بَيْنَ فُلانٍ خُؤُولَةٌ: میرے اور اس کے درمیان ننھیالی رشتہ ہے (ماموں پھوپھی کی اولادیں)
الخَوَلُ: چوپاؤں، غلاموں، باندیوں اور حشم و خدم پر مشتمل اللہ کا عطیہ (واحد، جمع، مذکر و مؤنث سب کیلئے)
الخَوْلَةُ: ہرنی۔
الخَوَلِيُّ: لوگوں کے معاملات کا مدبر و منتظم (۲) مویشیوں کا اچھا رکھوالا (۳) کھیت کے مزدوروں کا افسر ج: خَوَلٌ۔
الخَوَلِيُّ: مویشیوں کا اچھا رکھوالا، کھیت یا باغ کا چوکیدار ج: خَوَلٌ۔
• الخَوْلَعُ: دیکھئے (خلع)
• خَامَ ـُ خَوْمَانًا: ناموافق ہونا، وبائی ہونا، مہلک ہونا۔
أَخَامَ الفَرَسُ و نَحْوُهُ: گھوڑے کا کسی ایک ٹانگ کو کھر کے کنارہ پر اٹھانا یا تین ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔
خَوَّمَ علی فَرَسِه: زین کے کپڑے کو اوپر کی طرف اٹھا کر اس میں رکاب باندھنا۔
الخَامُ: خام، کچا، ناپختہ، غیر صاف شدہ۔
ـــ (من الأَمْكِنَةِ) مضر صحت آب و ہوا والی جگہ، وبائی جگہ (۲) ترو تازہ گھاس (۳) بے دھلا کپڑا۔ ثَوْبٌ خامٌ بھی کہتے ہیں (۴) ہر وہ چیز جو ابھی نئی

اور قابل اصلاح ہو۔ جیسے دھوکر یا پکاکر یا صاف کر کے قابل استعمال بنایا جائے۔ جیسے خام تیل، خام چونا، خام اشیاء خوردنی۔

الخَامَةُ: ابتدائی مواد، خام مادہ جو ابھی اپنی فطری حالت پر ہو اور اس کو قابل استعمال بنانے کے لئے زیر عمل نہ لایا گیا ہو۔

• خَانَ الشیءَ ـُ خَوْنًا وخِیَانَةً و مَخَانَةً: خیانت کرنا، غبن کرنا، کمی کرنا، بے ایمانی کرنا۔ ھو خَائِنٌ و خائنۃ (تاء مبالغہ) ج: خَانَةٌ و خُوَّان و خَوَنَةٌ۔ وھو خَوَّانٌ وھو و ھی خَئُون۔

ـــ الحقَّ والعَہْدَ: حق کا انکار کرنا۔

ـــ العَہْدَ وفیہ: عہد شکنی کرنا۔

ـــ الأمَانَةَ: امانت ادا نہ کرنا یا اسے پورا نہ دینا۔

ـــ فُلانًا: کسی کے ساتھ دھوکہ کرنا، غداری کرنا، بے وفائی کرنا۔

ـــ النَّصِیحَةَ: نصیحت میں مخلص نہ ہونا۔

خَانَهُ سَیْفُهُ: تلوار کا نشانہ سے اچٹ جانا۔

خَانَتْهُ رِجْلَاهُ: اس کی ٹانگوں نے جواب دے دیا، چلنے پر قادر نہ رہا۔

خَانَتْهُ الذَّاكِرَةُ: اس کے حافظہ نے ساتھ نہ دیا، اس کو یاد نہیں آیا۔

خَانَهُ ظَهْرُهُ: وہ کمزور ہو گیا، اسی مناسبت سے کہتے ہیں: إنّ فی ظَهْرِهِ لَخَوْنًا: اس کی کمر میں ضعف ہے۔

خَانَ الرِّشَاءُ الدَّلْوَ: رسی نے ڈول کا ساتھ چھوڑ دیا، وہ ٹوٹ گئی۔

خَانَهُ الدَّهْرُ: زمانہ نے اس کے ساتھ بے وفائی کی، آسودگی کو سختی و عسرت میں بدل دیا۔

خَانَتْهُ عَیْنُهُ: اس نے اچٹتی نگاہ سے دیکھا یا شک آمیز نگاہ سے دیکھا۔

خَوَّنَ الشیءَ و منه: کسی چیز کو بہت کم کرنا، تھوڑا تھوڑا کم کرنا، گھٹانا۔

ـــ فُلانًا: خائن بنانا، خائن قرار دینا (۲) نگرانی کرنا۔

اختانَهُ: کسی کے ساتھ خیانت و دھوکہ کرنا (۲) دھوکہ دینے کی کوشش کرنا۔

ـــ المَالَ: مال میں خیانت کرنا، مالک کو پورا نہ پہنچانا۔

ـــ النَّفْسَ: اپنے نفس کے ساتھ خیانت کرنا یعنی اسے اس کے حق سے محروم رکھنا۔ قرآن پاک میں ہے: "عَلِمَ اللّٰهُ أنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُونَ أنْفُسَكُمْ" اللہ کو معلوم ہے کہ تم خیانت کر کے گناہ میں اپنے کو مبتلا کر رہے تھے۔

تَخَوَّنَ: خائن اور بد دیانت بن جانا۔

ـــ الشیءَ: تھوڑا تھوڑا کم کرنا۔

ـــ حَقَّهُ وتَخَوَّنَهُ حَقَّهُ: کسی کے حق کو تھوڑا تھوڑا کم کرنا۔

ـــ الدَّهْرُ فُلانًا: زمانہ کا کسی کو آسودگی سے سختی میں بدل دینا۔

ـــ فُلانًا: کسی پر خیانت کا الزام لگانا (۲) کسی کی خیانت و غلطی کو پکڑنے کی کوشش کرنا، تلاش و ٹوہ میں لگنا۔

الخَائِنُ: غدار، دھوکہ باز، بد دیانت ج: خَوَنَةٌ۔

الخَائِنَةُ: بمعنی الخیانۃ (فاعلۃ کے وزن پر مصدر ہے جیسے عافیۃ و عاقبۃ) قرآن پاک میں ہے: "یَعْلَمُ خَائِنَةَ الأعْیُنِ وَمَا تُخْفِی الصُّدُورُ" وہ آنکھوں کی خیانت (یعنی دزدیدہ نگاہ اور بدنگاہی) کو جانتا ہے ایسے ہی دلوں کی حالت کو بھی جانتا ہے (۲) بڑا خائن اس معنی میں یہ مبالغہ کی تاء کے ساتھ صفت ہے۔ مصدر نہیں۔

الخَانُ: ہوٹل، سرائے، مسافر خانہ (۲) دوکان (۳) تجارت گاہ، منڈی (۴) حاکم (۵) امیر (یہ لفظ معرب غیر عربی ہے)

الخَانَةُ: خانہ، درجہ۔ جیسے: خَانَةُ العَشَرَاتِ: دہائیوں کا خانہ۔ خانة المِئَاتِ: سو کا خانہ (معرب)

الخِوَانُ: دسترخوان ج: أخْوِنَةٌ وخُوُنٌ وأخَاوِینُ۔

الخَوَّانُ: بڑا بے ایمان، زبردست خیانت کا عادی (۲) زمانہ (۳) سامان رسد (خوراک وغیرہ) ختم ہو جانے کا دن (۴) زمانہ جاہلیت میں ربیع الاول کے مہینہ کا نام ج: أخْوِنَةٌ۔

• الخَوُّ: بھوک (۲) شہد (۳) اچھی فضا والی کشادہ وادی۔

الخَوُّ: شہد۔

الخَوَّةُ: خالی زمین جہاں درخت وغیرہ کچھ نہ ہوں۔

• خَوَی المَكَانُ والبَیْتُ وغیرُهما ـِ خَیًّا وخَوَاءً وخَوًی و خُوِیًّا و خَوَایَةً: کسی جگہ یا مکان کا اپنے مکینوں یا دوسری اندر کی چیزوں سے خالی ہونا۔

خَوَی بَطْنُهُ من الطَّعَامِ: پیٹ خالی ہونا۔ خَوِیَ رَأسُهُ من الدَّمِ لِكَثْرَةِ الرُّعَافِ: نکسیر کی کثرت سے دماغ کا خون سے خالی ہو جانا۔

ـــ فُلانٌ: مسلسل بھوکا رہنا۔

ـــ البَیْتُ: گھر کے رہنے والوں کا ہلاک

ہوجانا اور اس کا خالی رہنا۔
خَوَی السَّحَابُ: بادل کا برس کر چلا جانا۔
—— النُّجُومُ: ستاروں کا گر جانا اور بارش نہ ہونا۔
—— الحَامِلُ: حاملہ کا بچہ پیدا ہونے سے پیٹ خالی ہوجانا (۲) حاملہ کا ولادت کے وقت کچھ نہ کھانا۔
—— الزَّنْدُ: چقماق کا آگ نہ دینا۔
—— الشَّیْءَ خَیًّا: اچک لینا۔ جیسے: خَوَاہُ السَّبُعُ: اسے درندہ نے اچک لیا۔
—— فُلَانًا: کسی کے پاس جانا، قصد کرنا۔
خَوِیَ المَکَانُ و البَیْتُ وغیرھما ـَ خَوًی و خَیًّا و خَوَاءً و خُوِیًّا و خَوَایَۃً: خالی ہونا۔
أَخْوَی: بھوکا ہونا۔
—— السَّحَابُ و النُّجُومُ و الزَّنْدُ: خَوَی۔
—— المَاشِیَۃُ: مویشی کا آخری عمر کو پہنچنا۔
—— الشَّیْءَ: خَوَاہُ۔
—— ما عِندَ فُلَانٍ: کسی کے پاس سے سب کچھ لے لینا۔
خَوَّی: خالی ہونا (۲) پیٹ کا اندر کو گھس جانا۔
—— السَّحَابُ: خَوَی۔
—— البَعِیرُ: اونٹ کا بیٹھنے میں پیٹ کو زمین سے اونچا رکھنا۔
—— المُصَلِّی فی سُجُودِہِ: نمازی کا سجدہ میں پیٹ کو زمین سے اوپر رکھنا اور بازوؤں کو پہلوؤں سے الگ رکھنا۔
—— الطَّائِرُ: پرندے کا بیٹھتے وقت بازو پھیلانا اور پنجوں کو کھولنا۔
—— المَاشِیَۃُ: مویشی کا آخری عمر کو پہنچنا (۲) بہت موٹا ہوجانا۔
خَوَّی النُّجُومُ: ستاروں کا بے بارش رہنا (۲) غروب کے قریب ہونا۔
—— المَرْأَۃَ وَلَہَا: عورت کے لئے زچگی والا کھانا تیار کرنا۔
—— المَرِیضَۃَ: مریضہ کو برائے علاج گڑھے میں آگ جلا کر اس پر بٹھانا۔
اِخْتَوَی فُلَانٌ: کسی کی عقل زائل ہوجانا۔
—— الشَّیْءَ: چھین لینا، اچکنا۔
—— مَا عِندَ فُلَانٍ: کسی کے پاس کا سب کچھ لے لینا۔
—— الفَرَسَ: گھوڑے کی اگلی پچھلی ٹانگوں کے درمیان نیزہ مارنا۔
الخاوی: خالی۔
خاوی البطن: بھوکا۔
الخَاوِیَۃُ: چالاک وہوشیار (تا برائے مبالغہ)
الخَوِی: نکسیر۔
الخَوَاءُ مِنَ الأَرْضِ: کشادہ زمین (۲) زمین وآسمان کے درمیان کا خلا (۳) دو چیزوں کے درمیان کا خلا (۴) گھوڑے کی اگلی پچھلی ٹانگوں کے درمیان کا خلا، چوپاؤں کے تھن اور پیشاب گاہ کے درمیان کی جگہ ج: أَخْوِیَۃٌ
الخُوَاءُ: شہد۔
الخَوَاۃُ: چوپاؤں کے تھن اور پیشاب گاہ کے درمیان کی جگہ (۲) آواز۔ سَمِعْتُ خَوَاۃَ الرِّیحِ: میں نے ہوا کی آواز سنی۔
الخَوَایَۃُ: آواز۔ سَمِعْتُ خَوَایَۃَ الطَّائِرِ: میں نے پرندے کے بازوؤں کے پھڑ پھڑانے کی آواز سنی۔ سَمِعْتُ خَوَایَۃَ المَطَرِ: میں نے بارش برسنے کی آواز سنی۔ سَمِعْتُ خَوَایَۃَ الخَیْلِ: میں نے گھوڑوں کی دوڑ کی آواز سنی (۲) نیزہ کا خول (۳) کجاوہ کا اندرونی حصہ (۴) دو ہاتھوں یا دو پیروں کے درمیان کا خلا۔
الخَوِیُّ: نرم زمین (۲) دو پہاڑوں کے درمیان نشیبی زمین (۳) کشادہ اور ہموار وادی (۴) خالی پیٹ آدمی۔
الخَوِیَّۃُ: چوپاؤں کے تھن اور پیشاب گاہ کا درمیانی فاصلہ (۲) زچہ کا کھانا۔

خ ـــ ی

• خَابَ ـِ خَیْبَۃً: محروم رہنا، محروم کیا جانا، ناکام ونامراد ہونا، فیل ہونا (۲) نقصان اٹھانا، گھاٹے میں رہنا۔ ھو خَائِبٌ۔
—— سَعْیُہُ: کوشش رائگاں ہونا۔
—— أَمَلُہُ: امید پر پانی پھرنا۔
خَیَّبَہُ: ناکام ونامراد بنانا، محروم رکھنا، امید کو پورا نہ کرنا۔
—— أَمَلَہُ: کسی کی امید پر پانی پھیرنا۔
—— مَسْعَاہُ: کوشش کو ناکام کرنا۔
—— طَلَبَہُ: درخواست رد کرنا۔
الأَخْیَبُ: ناکام (۲) جوئے کے ان تین تیروں میں سے ایک کا نام جن کا کوئی حصہ نہیں ہوتا۔ بَاءَ بِالقِدْحِ الأَخْیَبِ: وہ اَخْیَب نامی تیر لے کر لوٹا یعنی اسے کچھ نہیں ملا۔
الخَیْبَۃُ: ناکامی، نامرادی، محرومی۔
خَیْبَۃً لَہُ: بددعا، وہ ناکام ہو۔
الخَیَّابُ: قِدْحٌ خَیَّابٌ: آگ نہ دینے والا چقماق۔ سَعْیُہُ فی خَیَّابِ بنِ ھَیَّابٍ: اس کی کوشش گھاٹے میں ہے۔
• خَاتَ ـِ خَیْتًا و خُیُوتًا: آواز نکلنا
—— مَالَہُ: مال کو تھوڑا تھوڑا کم کرنا۔

اُخْتَاتَهُ: اچکنا، چھیننا۔ جیسے اخْتَاتَهُ الصَّقْرُ: شکرے نے اسے جھپٹ لیا
الخَیْتام: دیکھئے (ختم)
• الخَیْدَع: دیکھئے (خدع)
• خَارَ ــِ خَیْرًا وخِیَارَةً: اچھا اور بھلا ہونا (۲) مفید ہونا (۳) مال دار ہونا، صاحبِ خیر ہونا، فیض رساں ہونا۔
ــ لَهُ فِی الْأَمْرِ: کسی کے لئے کسی کام میں بھلائی کرنا، نفع پہنچانا، کسی کو اس کے فائدہ کی چیز دینا۔
ــ فُلانًا: بھلائی اور نفع رسانی میں کسی سے بڑھ جانا۔ خَایَرَهُ فَخَارَهُ: اس نے فلاں سے بھلائی اور کرم میں مقابلہ کیا تو اس پر فوقیت لے گیا۔
ــ الشَّیْءَ خَیْرًا و خِیَرًا و خِیَرَةً و خِیْرَةً: چھانٹنا، چننا، انتخاب کرنا
ــ الشَّیْءَ عَلَی غَیْرِہ: ایک شے کو دوسری پر ترجیح دینا۔
خَایَرَهُ فِی کَذَا: بہتری میں کسی سے مقابلہ کرنا۔
خَیَّرَ بَیْنَ الْأَشْیَاءِ: دو چیزوں میں سے ایک کو دوسری پر ترجیح دینا یا ایک کو منتخب کرنا۔
ــ الشَّیْءَ عَلَی غَیْرِہ: ایک کو دوسری پر ترجیح و فوقیت دینا۔
ــ فُلانًا: کسی کو انتخاب کرنے یا چننے کا حق دینا۔
ــ فُلانًا بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ: کسی کو دو میں سے ایک کو پسند کرنے کا اختیار دینا۔
اِخْتَارَهُ: پسند کرنا، منتخب کرنا، چننا۔
ــ الشَّیْءَ عَلَی غَیْرِہ: ترجیح دینا۔
تَخَایَرُوا فِی کَذَا: بھلائی اور نفع رسانی یا نیکی میں باہم مقابلہ کرنا، باہم مل کر کسی کو زیادہ بہتر قرار دینا۔
تَخَیَّرَهُ: منتخب کرنا، چن کر بہتر لینا۔
اِسْتَخَارَهُ: طالبِ خیر ہونا۔ اسْتَخِرِ اللهَ یَخِرْ لَكَ: تم خدا سے خیر طلب کرو وہ تم کو خیر عطا کرے گا۔
ــ اللهَ: خدا سے دعا کرنا کہ وہ اسے وہ چیز عطا کرے جو اس کے لئے مفید و نافع ہو۔
ــ الشَّیْءَ: چننا، چھانٹنا، انتخاب کرنا۔
الاِخْتِیَار: اختیار، مرضی، پسند، رضا۔
اِخْتِیَارًا: رضامندی سے، بطیبِ خاطر۔
الاِخْتِیَارِیّ: پسند کا، مرضی کا، غیر لازمی (اجباری)۔
الاِسْتِخَارَةُ: کسی معاملہ میں خیر طلبی (۲) مخصوص نماز کے بعد خدا سے یہ دعا کرنا کہ اس کے لئے فلاں معاملہ میں جو بات باعثِ خیر ہو اس کی راہنمائی فرمائے۔ اس سلسلہ میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے یہ دعا منقول ہے: "اللّٰهُمَّ خِرْ لِی وَ اخْتَرْ لِی"۔
الخِیَارُ: دو چیزوں میں سے بہتر چیز کی طلب و انتخاب (۲) اختیار۔ هو بالخِیَار: اسے اختیار یا حقِ انتخاب ہے (۳) چنیدہ اور منتخب شے (مفرد و مذکر وغیرہ سب کے لئے) (۴) کھیرا (موٹی ککڑی جیسا)
خِیَارُ شَنْبَر: املتاس، خیار شنبر، ایک قسم کی پھلی جو مسہل وغیرہ کے لئے طب میں استعمال کی جاتی ہے۔
الخَیْرُ: اسم تفضیل خلاف قیاس۔ بمعنی: زیادہ اچھا، زیادہ بہتر، زیادہ مفید، زیادہ نیک۔ خیر ہر اس چیز کو کہتے ہیں جو حسن لذاتہ ہو یعنی خوبی اور بہتری اس کی ذات میں ہو اور اس میں ذاتی لذت ذاتی نفع اور ذاتی خوش بختی ہو۔ بھلائی، خوبی (۲) نیکی، خوش بختی (۳) برکت (۴) نفع، فائدہ (۵) مال و دولت، بہت اور عمدہ مال۔ قرآن پاک میں ہے: "إِنْ تَرَكَ خَیْرَا نِ الْوَصِیَّةُ لِلْوَالِدَیْنِ وَالْأَقْرَبِیْنَ" (۶) صاحبِ خیر، فیض رساں (۷) باعثِ برکت (۸) بہت دولت مند بہت نفع بخش (۹) نیک۔ لَنِعْمَ أَبِیكَ الخَیْرُ: تمہارے صاحبِ خیر باپ کی قسم ج: خِیَارٌ و أَخْیَارٌ و خُیُورٌ
الأَخْیَارُ و خِیَارُ النَّاسِ: نیک اور منتخب لوگ۔
الخَیْرَات: نعمتیں، منافع۔
خَیْرَاتُ الْأَرْضِ: زمین کی پیداوار
خَیْرًا حَسَنًا: کسی کو اثبات میں جواب دینے کے لئے کہا جائے گا۔ بہت ٹھیک ہے۔
الخِیرُ: کرم، فراخ دلی (۲) شرف و عزت (۳) طبیعت، فطرت (۴) اصل النسل، ج: أَخْیَارٌ۔
الخِیْرَةُ: پسندیدہ اور منتخب شے۔
هَذِهِ خِیْرَتِی: یہ میری پسندیدہ شے ہے (۲) ہر افضل و اعلیٰ شے۔
فُلانَةُ الخِیْرَةُ مِنَ النِّسَاءِ: فلاں عورت اعلیٰ اور ممتاز خاتون ہے
الخِیَرَةُ: انتخاب و اختیار۔ قرآن پاک میں ہے: "وَرَبُّكَ یَخْلُقُ مَا یَشَاءُ وَ یَخْتَارُ مَا كَانَ لَهُمُ الخِیَرَةُ": تیرا رب جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور منتخب کرتا ہے۔ انہیں کوئی اختیار اور تجویز کا حق نہیں (۲) منتخب چیز۔
الخِیْرَةُ: الخِیَرَةُ۔
الخِیرِیُّ: دوا میں کام آنے والی ایک پھولوں والی بوٹی۔

الخَیرِیُّ: رفاہی، عام لوگوں کے فائدہ کا، خیراتی ۔

الخَیرِیَّۃُ: افضلیت، عمدگی، بہتری ۔

الخَیِّرُ: بہتر (۲) محسن، نفع رساں (۳) نیک (۴) نیکی اور بھلائی کرنے والا، سخی و فیاض ج: خِیارٌ۔

المُختارُ: منتخب، پسندیدہ، چنیدہ (۲) ڈائجسٹ، منتخب مضامین پر مشتمل رسالہ

المُختارات: منتخب مضامین پر مشتمل کتاب

• الخَیزُبُ: دیکھئے (خزب)

• الخَیزَبان: دیکھئے (خزب)

• الخَیزُران: دیکھئے (خزر)

• الخَیزَل: دیکھئے (خزل)

• الخَیزَلی: دیکھئے (خزل)

• خَاسَ الشیئُ ـِ خَیسًا: بدل جانا خراب ہو جانا، بدبودار ہو جانا، جیسے: خَاسَ الطَّعامُ و خاست الجیفَۃُ۔

— البَیعُ: فروخت میں کمی آنا، بازار مندا ہونا۔

— فُلانٌ: ذلیل ہو جانا۔

— فُلانًا: ذلیل کرنا، تابع بنانا۔

— الدَّابَّۃَ: چوپائے کو سدھانا، قابو میں کرنا۔

— العَہدَ و بہ و فیہ خَیسًا و خَیَسانًا: عہد و پیمان کی خلاف ورزی کرنا، عہد شکنی کرنا۔

— فُلانًا: کسی کو وعدہ کی ہوئی چیز سے کم دینا۔

خَیَّسَ: انتہائی ذلیل و پریشان حال ہونا

— الشیئَ: نرم کرنا۔

— الدَّابَّۃَ: چوپائے کو قابو میں کرنا، سدھانا۔

— فُلانًا: ذلیل کرنا، اپنے قابو میں کرنا (۲) کسی مقام پر روک کے رکھنا، قید کرنا۔

خَیَّسَہُ فی السِّجن: جیل خانہ میں ڈالنا۔

خَیَّسَ الإبلَ: اونٹوں کو ذبح کرنے کے لئے روکے رکھنا۔

تَخَیَّسَ: گوشت و چربی چڑھنا، موٹاپا ظاہر ہونا۔

الأخیَسُ: خِیسٌ أخیَسُ: گنجان و گھنے درخت، شیر کی مضبوط جھاڑی۔ جاءَ فی عَدَدٍ أخیَسَ: وہ بڑی تعداد کے ساتھ آیا۔

الخَیسُ: خیر، فیض و نفع۔ مَالَہُ قَلَّ خَیسُہُ؟ (۲) غم (۳) گمراہی (۴) جھوٹ۔

الخِیسُ: گھنے اور گنجان درخت، جھاڑی (۲) شیر کا مسکن ج: أخیاسٌ (۳) دودھ

الخِیسَۃُ: گھنے درخت، شیر کا مسکن ج: خِیَس.

المُخَیِّسُ: جیل (چونکہ وہ قیدیوں کیلئے باعث ذلت و کلفت ہوتی ہے)۔

المُخَیَّسُ: جیل، قیدخانہ (۲) جانور کو سدھانے کی جگہ۔

• الخَیسَری: دیکھئے (خسر)

• خَاشَ ـِ خَیوشَۃً: پتلا ہونا

ما فی الوِعاء خَیشًا: برتن کی چیز نکالنا۔

خَیَّشَہُ: کھوٹ پر سونے کا ملمع کرنا۔

— الشیئَ بالخَیش: کسی چیز پر ٹسر کا دبیز کپڑا چڑھانا، کینوس چڑھانا۔

الخَیّاشُ: کینوس (ٹسر کا دبیز کپڑا) بیچنے والا۔

الخَیشُ: معمولی ٹسر یا دبیز بنے ہوئے کپڑے ج: أخیاش و خُیوشٌ۔ پٹ سن کے ریشے سے بنے ہوئے موٹے کپڑے، یا بورے اور تھیلے وغیرہ (۲) کمینہ آدمی۔ رَجُلٌ خَیشُ العَمَلِ: کام میں مستعد آدمی۔ الخَیشَۃُ: بوری، بڑا تھیلا (۲) خیمہ۔

المُخَیَّشُ: سونا چڑھی ہوئی اور کھوٹ بھری ہوئی چیز، مصنوعی چیز۔

• الخَیشُومُ: دیکھئے (خشم)

• خَاصَ الشیئُ ـِ خَیصًا: کم ہونا ہو خَائِصٌ۔

خَیِصَ ـَ خَیَصًا: ایک چھوٹی اور ایک بڑی آنکھ والا ہونا (۲) ایک سیدھے اور ایک ٹیڑھے کان والا ہونا۔

— الکَبشُ: مینڈھے کا ایک سینگ ٹوٹا ہوا ہونا (۲) ایک سینگ اٹھا ہوا اور ایک دبا ہوا ہونا، سر سے ملا ہوا یا چہرے پر لٹکا ہوا ہونا) ہو أخیَصُ و ہی خَیصَاء ج: خِیصٌ۔

الخَائِصُ: تھوڑا عطیہ۔

الخِیاصَۃُ: دیکھئے (خوص)

الخَیِّصُ: الخَائِصُ۔ نِلتُ منہ خَیصًا خَائِصًا: مجھے اس سے تھوڑی سی چیز ملی۔

الخَیصَاءُ: معمولی عطیہ۔

الخَیصَی: تھوڑی چیز، کسی چیز کے ٹکڑے۔ فی المَرعَی خَیصَی من العُشبِ: چراگاہ میں جگہ جگہ تھوڑی گھاس ہے۔ فی المکانِ خَیصَی من الرِّجال: کسی جگہ لوگوں کی منتشر ٹکڑیاں ہیں۔ اجتمعَ خَیصَاہم: وہ سب اکٹھے ہوگئے ان کا بکھرا ہوا شیرازہ یکجا ہوگیا۔

الخَیصَانُ من المال: مال کا تھوڑا حصہ۔

الخَیِّصُ: دیکھئے (خوص)

• خَاطَتِ الحَیَّۃُ ـِ خَیطًا: سانپ کا زمین پر تیزی سے رینگنا۔

— فُلانٌ: جلدی سے گزر جانا۔

خَاطَ فِی السَّیْرِ: چلتے رہنا (۲) کسی طرف متوجہ ہوئے بغیر سیدھے چلتے رہنا۔
ـــ إِلَیْهِ: کسی کے پاس سے گزر جانا۔
ـــ الی مَقْصِدِه: اپنی منزل کی طرف جانا۔
ـــ الثَّوْبَ خَیْطًا وخِیَاطَةً: دھاگے سے سینا۔
ـــ الدِّرْعَ: زرہ بننا۔
ـــ البَعِیْرَ بالبَعِیْرِ: دو اونٹوں کو ملانا۔ هو خَائِطٌ و خَیَّاطٌ وخَائِطٌ والمَفْعول مَخِیْطٌ و مَخْیُوطٌ۔
خَیِطَ ـَ خَیَطًا: لمبی ناک اور لمبی گردن والا ہونا (۲) سفیدی و سیاہی ملا ہونا هو أَخْیَطُ و هی خَیْطَاءُ ج: خِیْطٌ۔
ـــ الإِبِلُ: اونٹوں کی مسلسل لمبی قطار لگنا۔
خَیَّطَ الثَّوْبَ: خَاطَهُ۔
ـــ الشَّیْبُ رَأْسَهُ و فی رَأْسِه و خَیَّطَ رَأْسَه: سر میں بڑھاپے کی سفید دھاریاں پڑنا۔
اختاطَ الثوبَ: سینا۔
ـــ الیه: کسی کے پاس جانا، گزرنا۔
تَخَیَّطَ رَأْسُهُ: سفید دھاگوں کی طرح سر میں بڑھاپا نمایاں ہونا۔
الخِیَاطُ: سلائی کی سوئی وغیرہ۔
سَمُّ الخِیاط: سوئی کا سوراخ (ناکہ) قرآن پاک میں ہے: "حَتّٰی یَلِجَ الجَمَلُ فِی سَمِّ الخِیَاطِ"
الخِیَاطَةُ: سلائی، سلائی کا پیشہ، درزی گری، ٹیلرنگ۔
مَاكِنَة و مَاكِینَةُ الخِیَاطَةِ: سلائی مشین۔
الخَیْطُ: سلائی کا دھاگا (۲) بنائی کا سوت (۳) پیک کرنے کی پتلی ڈوری (۴) پرونے کی لڑی ج: خُیُوطٌ و أَخْیَاطٌ و خُیُوطَةٌ۔
الخَیْطُ الأَبْیَضُ: دن کی سفیدی
الخَیْطُ الأَسْوَدُ: رات کی سیاہی۔ قرآن پاک میں ہے: "حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَکُمُ الْخَیْطُ الأَبْیَضُ مِنَ الْخَیْطِ الأَسْوَدِ مِنَ الفَجْرِ" تاآنکہ رات کی سیاہی ختم ہو کر فجر کی سفیدی ظاہر ہو۔
خَیْطُ الرَّقَبَةِ: حرام مغز (وہ گودا جو ریڑھ کی ہڈی اور پشت کے مہروں میں ہوتا ہے)۔ دَافَعَ عن خَیْطِ رَقَبَتِه: اس نے اپنے خون کی حفاظت کی۔
خَیْطٌ من النَّعَامِ و البَقَرِ والجراد: شتر مرغ اور گایوں کا ریوڑ، ٹڈیوں کا دل ج: خِیْطَانٌ۔
خَیْطُ البَاطِلِ: دھوپ کی تیزی کے وقت روشن دان سے اندر داخل ہوتے دکھائی دینے والے باریک ذرات (۲) مکڑی کے منہ سے نکلنے والا باریک تار۔ کہتے ہیں: هو أَدَقُّ من خَیْطِ باطِلٍ: وہ آسان بات یا آسان معاملہ ہے۔
خَیْطُ البَنَّاءِ: معمار کا موٹا سوت جو چنائی سیدھی رکھنے کیلئے استعمال کرتا ہے ج: خِیْطَانٌ۔
الخَیْطَةُ: باریک ریشہ سے بنی ہوئی عمدہ اور نازک ڈوری (۲) چھتہ سے شہد نکالنے والے کی رسی سے مربوط ڈوری جسے رسی کے ذریعہ اوپر چڑھتے وقت کھینچتا ہے اور رسی اوپر کو اٹھتی جاتی ہے (۳) شہد نکالنے والے کا اونی لباس جو مکھیوں سے بچاؤ کے لئے پہنتا ہے (۴) میخ۔ لا آتیكَ الا الخَیْطَةَ: میں تمہارے پاس صرف ابھی آؤں گا
خَاطَ إِلَیْهِم خَیْطَةً: وہ ان کے پاس صرف ایک دفعہ آیا یا گزرا۔
الخَیَّاطُ: درزی، ٹیلر۔
الخَیَّاطِیَّةُ: ابوالحسن بن ابی عمرو الخیاط کے پیروکار جو تقدیر اور معدوم شے کی تعیین نیز اس کا کوئی نام دینے کے قائل تھے۔
المَخِیْطُ: راستہ، گذرگاہ۔ مَخِیْطُ الحَیَّةِ: سانپ کے رینگنے کی جگہ (۲) پیٹ کی اندرونی جلد کے سمٹنے کی جگہ۔ آنتوں کے قریب ابھرا ہوا حصہ (۳) سلا ہوا۔
المِخْیَطُ: سلائی کا آلہ جیسے سوئی وغیرہ۔
المُخَیَّطُ: سلا ہوا۔
• خَیِفَ الإِنْسَانُ وغَیْرُهُ ـَ خَیَفًا: ایک نیلی آنکھ اور ایک سیاہ آنکھ والا ہونا
ـــ النَّاقَةُ: اونٹنی کے تھن کا ڈھیلا اور پھیلا ہوا ہونا۔ هو أَخْیَفُ و هی خَیْفَاءُ ج: خِیْفٌ و خُوفٌ۔
أَخَافَ: منیٰ کے مقام خیف میں مقیم ہونا۔
أَخْیَفَ: أَخَافَ۔
ـــ السَّیْلُ الحَیَّ: سیلاب کا کسی قبیلہ کو بلند مقام پر ٹھہرنے کے لئے مجبور کرنا۔
خَیَّفَ مَنْزِلاً: کسی مقام پر پڑاؤ ڈالنا۔
ـــ عن القِتَالِ: جنگ سے پیچھے ہٹ جانا
ـــ المَرْأَةُ أَوْلَادَهَا و بِهِم: عورت کا رنگ برنگی اولاد جننا (جو صورتوں اور مزاجوں میں مختلف ہوں) (۲) عورت کی اولاد کا اخیافی ہونا (مختلف شوہروں سے ہونا)۔
خُیِّفَ المَالُ بَیْنَهُم: مال ان میں تقسیم کر دیا گیا۔
ـــ الأَمْرُ بَیْنَهُم: معاملہ کا ذمہ داران سب کو بنا دیا گیا، ہر ایک اپنا مقررہ

فریضہ انجام دے گا۔
اِخْتَافَ: أَخَافَ۔
تَخَيَّفَتِ الدَّوَابُّ فِي الْمَرْعَى: چوپاؤں کا چراگاہ میں مختلف سمتوں میں رخ ہونا۔
ــــ الشَّيْءُ الوانًا: کسی شے کا رنگ برنگ ہوجانا یا رنگ بدلتے رہنا۔
الْأَخْيَافُ مِنَ النَّاسِ: مختلف اخلاق و عادات اور مختلف رنگ وروپ کے لوگ۔ فَالنَّاسُ أَخْيَافٌ (۲) هُمْ أَخْيَافٌ، وہ اخیافی بھائی ہیں یعنی ان کی ماں ایک اور باپ مختلف ہیں۔
الْخَيْفُ: پانی کے بہاؤ سے بلند اور پہاڑ سے کچھ نیچے کا مقام، دامن کوہ (۲) گوشہ، کونہ، دودھ سے خالی تھن کی لٹکی ہوئی کھال ج: أَخْيَافٌ و خُيُوفٌ۔
الْخَيْفَانَةُ: سفید و زرد دھاریوں والی ٹڈیاں (۲) وہ ٹڈیاں جن کے پر صحیح طور پر نہ نکلے ہوں (۳) پہلے سال کی پیدا وار سرخ دبلی اونٹنی۔ نَاقَةٌ خَيْفَانَةٌ: تیز رو اونٹنی۔ فَرَسٌ خَيْفَانَةٌ: چھریرے بدن کا گھوڑا (ٹڈی سے مشابہ کیا گیا) ج: خَيْفَان۔
جَرَادٌ خَيْفَانٌ: مختلف رنگوں کی ٹڈیاں۔ رَأَيْتُ خَيْفَانًا مِنَ النَّاسِ: میں نے لوگوں کا ہجوم دیکھا۔
الْخَيْفَةُ: چھری (۲) شیر کا مسکن۔
• خَالَ فُلَانٌ ـ خَيْلًا: تکبر کرنا، مغرور ہونا (۲) تاڑنا، بھانپنا۔
ــــ الْفَرَسُ وَغَيْرُهُ: گھوڑے کا لنگڑا کر چلنا۔
ــــ الشَّيْءَ خَيْلًا و خَيْلَانًا: گمان کرنا، خیال کرنا، کچھ سمجھنا۔ جیسے: إِخَالُكَ رَاضِيًا: میں تم کو خوش سمجھ رہا ہوں۔

مقولہ ہے: مَنْ يَسْمَعْ يَخَلْ: جو لوگوں کی باتیں (عیوب وغیرہ) سنتا ہے وہ کچھ گمان ضرور کرتا ہے (یعنی اس کے دل میں ان کے متعلق برا خیال وجذبہ پیدا ہوتا ہے) واحد متکلم کا صیغہ أَخَالُ اور إِخَالُ دونوں طرح آتا ہے۔
خَالَ الشَّيْءَ: جاننا، واقف ہونا۔
خِيلَ الرَّجُلُ: بدن پر کالے مسّوں والا ہونا۔ هو مَخِيلٌ ومَخُولٌ و مَخْيُولٌ۔
أَخَالَتِ السَّمَاءُ لِلْمَطَرِ: آسمان کا برسنے کے قریب ہونا۔
ــــ النَّاقَةُ: اونٹنی کے تھن میں دودھ اکٹھا ہونا۔
ــــ فُلَانٌ لِلْخَيْرِ: کسی میں خیر واحسان کے آثار دکھائی دینا۔
ــــ الْأَرْضُ بِالنَّبَاتِ: زمین کا سبزہ زار ہونا، ہرا بھرا ہونا۔
ــــ عَلَيْهِ الشَّيْءُ والْأَمْرُ: کسی کیلئے کوئی بات یا معاملہ دشوار و پیچیدہ بنجانا۔
ــــ فُلَانٌ: ایسا بادل دیکھنا جس کے متعلق برسنے کا گمان ہو۔
ــــ السَّحَابَةَ: بادل کو برسنے کے قریب دیکھنا۔
ــــ فِيهِ الْخَيْرَ: اس میں خیر کے آثار دیکھنا۔
أَخْيَلَتِ السَّمَاءُ: برسنے کے لئے تیار ہونا، ابر آلود ہوکر کڑک اور گرج شروع ہونا۔
ــــ فُلَانٌ لِلذِّئْبِ: بھیڑیے کو دھوکہ دینے کے لئے کوئی ڈراونی چیز نصب کرنا (تاکہ مویشیوں کو نقصان نہ پہنچائے)۔

أَخْيَلَ السَّحَابَةَ: بادل کو برسنے والا سمجھنا۔
خَايَلَتِ السَّمَاءُ: أَخْيَلَتْ۔
ــــ السَّحَابَةُ: بادل کے برسنے کی توقع ہونا۔
ــــ فُلَانٌ فُلَانًا: خوبی میں مقابلہ کرنا، باہم فخر کرنا، اپنی اپنی خوبیاں بیان کرنا۔
خَيَّلَتِ السَّمَاءُ: برسنے کے قریب ہونا۔
ــــ السَّحَابُ: بادل آکر نہ برسنا۔
ــــ عَلَى الْمَيِّتِ: مردہ پر کپڑا ڈالنا۔
ــــ عَلَيْهِ كَذَا: کسی پر کوئی چیز مشتبہ کرنا
ــــ فُلَانٌ عَلَى فُلَانٍ: کسی پر تہمت لگانا۔
ــــ عَنْهُ: دفاع کرنا، ہٹانا، روکنا۔
ــــ الشَّيْءَ: کسی کا دل میں خیال لانا۔
ــــ إِلَيْهِ كَذَا: کسی کو کسی چیز کا خیال دلانا، تصور کرانا، کسی کے سامنے کسی کی شبیہ اور صورت لانا۔
ــــ الْخَيْرَ فِي فُلَانٍ: کسی میں خیر کے آثار محسوس کرنا، ذہانت سے تاڑ لینا
خُيِّلَ إِلَيْهِ كَذَا: اسے ایسا خیال ہوا
خُيِّلَ لِي أَنَّكَ حَاضِرٌ: مجھے ایسا خیال یا گمان ہوا کہ تم موجود ہو۔
خُيِّلَ إِلَيْهِ أَنَّهُ كَذَا: اسے یہ خیال ہو کہ فلاں چیز ایسی ہے۔ قرآن پاک میں ہے: يُخَيَّلُ إِلَيْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ أَنَّهَا تَسْعَىٰ انہیں ایسا محسوس ہونے لگا کہ ان کے جادو سے وہ (رسیاں اور لاٹھیاں) دوڑ رہی ہیں۔
اِخْتَالَتِ السَّحَابَةُ: أَخَالَتْ۔
ــــ فُلَانٌ: تکبر کرنا، غرور کرنا، اترانا۔
ــــ فِي مِشْيَتِهِ: اکڑ کر چلنا، جھوم جھوم کر چلنا، اتراتے ہوئے چلنا۔
ــــ الْأَرْضُ بِالنَّبَاتِ: زمین کا ہرا بھرا اور سرسبز ہونا۔
تَخَايَلَ لَهُ الشَّيْءُ: کوئی چیز کسی کے لئے

مشابہ اور یکساں ہونا۔
تَخَايَلَتِ الأَرْضُ: زمین کے سبزہ کا چرنے کے قابل ہو جانا اور پھول کھل جانا
ــ فُلَانٌ: بڑا بننا، تکبر کرنا (۲) خود کو بڑا سمجھنا، خود پسندی کا شکار ہونا
ــ القَوْمُ: باہم فخر کرنا، ایک دوسرے کے سامنے اپنی خوبی اور بڑائی بیان کرنا۔
خَيَّلَتِ السَّمَاءُ: برسنے کے قریب ہونا
ــ الشَّيءُ: رنگین ہونا۔
ــ الشَّيءُ لَه: کسی چیز کا مشابہ اور یکساں ہونا، کسی چیز کا خیال آنا، صورت ذہن میں آنا۔
ــ لَه خَيَالُهُ: کسی کے سامنے کسی کی تصویر آنا، خیال آنا۔
ــ الرَّجُلُ: تکبر کرنا۔
ــ الأَرْضُ: زمین کا ہرا بھرا ہونا۔
ــ الخَيْرَ فِي فُلَانٍ: کسی میں ذہانت سے بھلائی کے آثار محسوس کرنا۔
ــ الشَّيءَ: تصور کرنا، ذہن میں خیال لانا۔ تَخَيَّلَهُ فَتَخَيَّلَ لَه: اس نے اس کا تصور کیا تو اس کے سامنے اس کی تصویر آگئی۔
ــ الرَّجُلُ فِي مِشْيَتِهِ: اکڑ کر چلنا۔
تَخَالَ السَّحَابَ: بادل کو برستا ہوا سمجھنا۔
خَتيَالُ: تکبر، غرور، اترانا ہٹ، اکڑ۔
خَيَلَ: اکڑ باز، متکبر (۲) بدن پر کالے داغ یا تلوں والا (اس کا کوئی فعل نہیں) ج: خِيْلٌ (۳) بڑائی، خود پسندی (۴) گردن کی ایک طرف کی رگ (۵) ہرے رنگ کا ایک پرندہ جس کے بازوؤں پر دوسرے رنگ کا دھبا ہوتا ہے (۶) شِقِرّاق نامی ایک منحوس پرندہ جس سے بری فال لیجاتی تھی۔ عربوں میں کہاوت تھی: اَشْأَمُ مِن اَخْيَلَ: اَخیل پرندہ سے زیادہ منحوس (۷) شاہین ج: أَخَايِل و خِيْلٌ۔
الخَائِلُ: اکڑ باز یا مغرور جوان ج: خَالَةٌ
رَجُلٌ خَائِلُ مَالٍ: مال کا بہترین منتظم۔
الخَالُ: چوپائے کی لنگ کی قسم سے ایک بیماری (۲) گھٹا، چھائے ہوئے بادل (۳) بجلی (۴) غرور۔ رَجُلٌ خَالٌ: مغرور آدمی (۵) بارش سے خالی بادل
رَجُلٌ خَالٌ: فراخ دل آدمی۔
رَجُلٌ خَالُ مَالٍ: مال کا اچھا منتظم (۶) کالی دھاریوں کی سرخ یمنی چادر (۷) وہ جگہ جہاں کوئی اپنا نہ ہو (۸) امیر کے لئے بلند کیا جانیوالا پرچم (۹) کسی شے کا مالک جیسے من خالُ هذا الفَرَسِ (۱۰) بدن کے کالے مسّے یا تل (سیاہ نکتہ) (۱۱) بدن اور قلب کا کمزور (۱۲) چھوٹا ٹیلہ (۱۳) بہت بڑا پہاڑ (۱۴) بہت بڑا موٹا اونٹ ج: خِيلَانٌ وَ أَخْيِلَةٌ۔
الخَالَةُ: امرأة خَالَة: مغرور عورت
الخَيَالُ: گمان، خیال، وہم، تصور، ذہن میں گھومنے والی چیز (۲) وہمی اور خیالی کوئی چیز (۳) سوتے اور جاگتے میں نظر آنے والی کوئی وہمی صورت (۴) آئینہ میں دکھائی دینے والی صورت (۵) سائے کی طرح نظر آنے والی پرچھائیں (۶) کھیت میں پرندوں کو ڈرانے کے لئے نصب کیا جانے والا بانس جس پر سیاہ کپڑا ڈال دیا جاتا ہے (مصنوعی انسان) (۷) بکریوں کے باڑہ میں بھیڑیئے کو ڈرانے کے لئے کھڑا کیا جانے والا مصنوعی انسان (۸) زمین میں حد بندی کا نشان جسے پار کرنا ممنوع ہو (۹) اشیا کا تصور کرنے والی ایک قوت ج: أَخْيِلَة و خِيلَان۔
الخَيَالِيُّ: توہماتی، غیر حقیقی، وہمی، خیالی۔
الخَيَالَة: شخص (دکھائی دینے والی کوئی ذات) (۲) خیال (۳) سوتے یا جاگتے میں نظر آنے والی کوئی وہمی صورت۔
الخَيْلَاءُ: امْرَأَةٌ خَيْلَاءُ: وہ عورت جس کے بدن پر بہت سیاہ تل ہوں (اس کا کوئی فعل نہیں)
الخُيَلَاءُ: تکبر، بڑائی، خود پسندی، اترانا ہٹ
الخَيْلُ: بڑائی، خود پسندی (۲) گھوڑے (اس لفظ سے اس کا واحد نہیں) (۳) گھوڑے سواروں کی جماعت ج: أَخْيَال و خُيُولٌ۔
الخَيْلِيُّ: گھوڑوں سے متعلق۔
الخِيْلُ: ہینگ۔
الخِيْلَةُ: بڑائی، خود پسندی۔
الخَيَّال: گھوڑوں کا مالک، گھوڑا سوار، شہ سوار ج: خَيَّالَةٌ۔
الخَيَّالَةُ: وہ آلہ یا مشین جو لوگوں کے سامنے منظر کشی کرتی ہے، سینما۔
دار الخَيَّالَة: سینما گھر۔
المُخْتَالُ: اکڑ باز، مغرور و متکبر، خود پسند
المَخِيْلُ: وہ شخص جس کے بدن پر بہت مسّے ہوں۔
المَخِيْلُ لِلخَيْرِ: بھلائی اور نیکی کا اہل۔
المَخِيْلَةُ: گھوڑوں کا اصطبل (۲) گمان أَخْطَأَتْ فِيه مَخِيْلَتِي: اس کے بارہ میں میرا گمان غلط ثابت ہوا (۳) گھن گرج والا بادل جس کے برسنے کا گمان ہو (۴) بڑائی، غرور۔ فُلَانٌ ذو مَخِيْلَةٍ: فلاں مغرور و متکبر ہے۔
ج: مَخَايِل۔

المخَايل: آثار و علامات (معنی مجازی)
ظَهرت فيه مَخايلُ النَّجابَة: اس میں خاندانی شرافت کے آثار نمایاں ہوئے (۲) بارش کی امید دلانے والے بادل یا بارش سے ڈرانے والے بادل۔
المَخيُولُ: بدن پر بہت تلوں والا (۲) وہ اونٹ جس کی پیٹھ پر شاہین ٹوٹ پڑا ہو اور زخمی کر دیا ہو۔ رَجُلٌ مَخيُولٌ: وہ شخص جو خوف سے دیوانہ ہو گیا ہو۔
المُخَيَّلُ: نفس کی سجھائی ہوئی بات
فلانٌ يَمضى على المُخَيَّل: فلاں اپنے نفس کی سجھائی ہوئی بات پر چلتا ہے یعنی بے یقینی و شبہے کی حالت میں رہتا ہے۔
المُخَيِّلُ: توہم خیز، خیال دلانے والی شے
المُخَيِّلَةُ: انسان میں ودیعت کی ہوئی وہ قوت جو اشیاء کی تصویر کھینچتی ہے اور شکلیں سامنے لاتی ہے۔ قوت متخیلہ آئینۂ عقل۔
• خَامَ فُلانٌ ـِ خَيمًا: قیام کرنا (۲) کسی کے خلاف دسیسہ کاری میں ناکام رہنا اور خود پھنس جانا۔
ـــ الأرضُ خَيمانًا: کسی علاقہ کی آب و ہوا خراب ہونا۔

خامَ عن القِتالِ و فيه خَيمًا و خَيمانًا و خُيومًا: ڈر کر لڑائی سے پیچھے ہٹ جانا، بھاگ جانا۔
ـــ رِجلَهُ: پاؤں اٹھانا۔
أخَامَت الدَّابَّةُ: چوپائے کا تین ٹانگوں پر کھڑا ہو کر چوتھی کو موڑ لینا۔
ـــ الرَّجُلُ و الدَّابَّةُ إحدَى رِجلَيه او في إحدَى رِجلَيه: انسان یا چوپائے کا ایک ٹانگ اوپر اٹھانا۔
أخَامَ الخَيمَةَ: خیمہ نصب کرنا۔
أخْيَمَ الخَيمَةَ: خیمہ نصب کرنا، ڈیرہ لگانا ڈیرہ ڈالنا۔
خَيَّمَ القومُ: قبیلہ یا قافلہ کا خیمہ زن ہونا، کسی جگہ خیموں کے ساتھ پڑاؤ ڈالنا۔
ـــ فُلانٌ: کسی جگہ قیام پذیر ہونا، خیمہ زن ہونا۔
ـــ بِالمكانِ و فيه: پڑاؤ ڈالنا، قیام کرنا، دھرنا دینا۔
ـــ اللَّيلُ: رات کا ڈیرے ڈال دینا، ہر طرف تاریکی پھیلا دینا۔
ـــ الرَّائحةُ بِالمكانِ و بالثَّوب: کسی جگہ یا کپڑے میں بو سما جانا، بس جانا۔
ـــ الوَحشِيُّ في كِناسِه: جنگلی جانور کا اپنی جھاڑی سے نہ نکلنا۔

خَيَّمَ الخَيمَةَ: خیمہ نصب کرنا، ڈیرہ ڈالنا۔
ـــ الشيءَ: کوئی چیز خیمہ کی طرح استعمال کرنا۔
ـــ المِسكَ و نَحوَه: مشک وغیرہ کو کسی چیز سے ڈھانکنا تاکہ اس میں خوشبو مہک جائے۔
تَخَيَّمَ القومُ: خیمہ میں داخل ہونا، خیمہ میں قیام کرنا۔
ـــ الرِّيحُ الطَّيِّبَةُ في الثَّوب: کپڑے میں خوشبو بس جانا، خوشبو مہکنا۔
ـــ مَكانَ كذا: کسی جگہ خیمہ گاڑنا۔
ـــ بالمكان: کسی جگہ خیمہ گاڑنا۔
الخامُ: دیکھئے (خوم)
الخامَةُ: دیکھئے (خوم)
الخِيمُ: تلوار کا جوہر (۲) خصلت و فطرت (۳) اصل۔
الخَيمَةُ: بانس پھونس وغیرہ کا سایہ کے لئے بنایا ہوا گھر، جھونپڑی (۲) ڈیرہ خیمہ، سوتی یا اونی کپڑے کا بنا یا ہوا عارضی گھر جو بلیوں اور لکڑیوں پر کھڑا کیا جاتا ہے (۳) مکان، قیام گاہ ج: خَيمَات و خِيام و خِيَم و خَيم۔
الخِيمِيُّ: خیمہ ساز۔
الخَيَّام: خیمہ ساز۔
المُخَيَّم: خیمے لگانے کی جگہ، کیمپ ج: مُخَيَّمات۔

بابُ الدّال

الدّال: حروف ہجا کا آٹھواں حرف۔ اس کا مخرج نوکِ زبان اور ثنایا عُلیا کی جڑ ہے۔ تلفظ زور اور سختی سے کیا جاتا ہے۔ دال سے بابِ افتعال کی تا رکو چند جگہوں پر بدل دیا جاتا ہے جبکہ فا کلمہ زا ہو جیسے ازتیاد سے ازدیاد اور اِزْتَجَرَ سے اِزْدَجَرَ (۲) جبکہ فا کلمہ ذال ہو جیسے اذتکر سے ادّکر (ذال کو دال سے اور تا کو دال سے بدل کر ادغام کر دیا گیا (۳) جبکہ دال ہو جیسے ادْتَرَأَ سے ادَّرَأَ اور ادْتَفَعَ سے ادَّفَعَ۔

د ـــــ أ

دَأَبَ فِي الْعَمَلِ وغیرہ ـَ دَأْبًا و دَأَبًا و دُؤُوبًا: کسی کام کو تندہی سے کرتے رہنا، محنت و کوشش کرنا، جانفشانی سے کام کرنا۔
ـــ الشيءَ دَأْبًا: عادت بنا لینا، کسی چیز کو معمول بنانا۔
ـــ الدَّابَّةَ: زور سے ہنکانا، تیز ہنکانا۔
هو دَائِبٌ هو وهي دَءُوبٌ
دَأَّبَ العَمَلَ وغیرہ: ہمیشہ لگے رہنا، ہمیشہ کرنا۔
ـــ فلانًا: کسی سے جانفشانی کے ساتھ کام کرانا، کسی کو کسی کام کا عادی بنا دینا۔
ـــ الدَّابَّةَ: تیز ہانکنا، دوڑانا۔
الدَّأْبُ و الدَّأَبُ: پختہ عادت، معمول (۲) حالت، کام۔ کہتے ہیں: مَا زَالَ هٰذَا دَأْبَهُ۔ قرآن پاک میں ہے: "مِثْلَ دَأْبِ قَوْمِ نُوحٍ وَّ عَادٍ وَّ ثَمُوْدَ"
دَائِب: ایک عادت یا معمول پر رہنے والا۔
دَائبون: ایک دستور پر چلنے والے۔
الدَّائِبَان: لیل و نہار (۲) چاند و سورج
الدَّئِبُ: تھکا ماندہ۔
الدَّءُوبُ: بہت عادی، جفاکش، معمول کا پکا۔
• دَأَثَ ـَ دَأْثًا: گندا ہونا، میلا ہونا (۲) بھاری ہونا۔
ـــ الشيءَ: گندا کرنا، میلا کرنا۔
الدَّئِثُ: دائمی دشمنی، کینہ ج: أَدْآثٌ۔
الدَّأْثَاءُ: بے وقوف باندی ج: دَآثٍ۔
ابنُ دَأْثَاء: بے وقوف آدمی۔
الدَّئِثَانُ: گلا، حلق۔
الدَّوْثِيُّ: الدَّيُّوثُ: بے غیرت آدمی
• دَأْدَأَ دَأْدَأَةً و دِئْدَاءً: بہت تیز دوڑنا، تیز چلنا، لپکنا، بچہ کا چلنا شروع کرنا۔
ـــ في أَثَرِهِ: کھوج لگانے کے لئے کسی کے پیچھے لگنا۔
ـــ القَوْمُ: لوگوں کا بھیڑ لگا کر شور و غل مچانا۔
ـــ الشيءَ: ہلانا، لڑھکانا (۲) ڈھانپنا، ٹھیرانا۔
تَدَأْدَأَ: مطاوع دَأْدَأَ: ہلنا، ڈھک جانا، اکٹھا ہو جانا، بھیڑ لگانا، تیز رفتار ہونا، لڑھکنا۔ حدیث احد میں ہے: "فَتَدَأْدَأَ عن فَرَسِهِ" وہ گھوڑے کے اوپر سے لڑھک کر گر گئے۔
تَدَأْدَأَ عن كذا: ہٹ جانا، ایک طرف سے دوسری طرف کو ہو جانا۔
ـــ في مَشْيِهِ: لڑکھڑاتے ہوئے چلنا، جھومتے ہوئے چلنا۔
ـــ القَوْمُ: بھیڑ لگا کر شور مچانا۔
الدَّأْدَاءُ: مہینہ کا آخری دن۔ لَيْلَةٌ دَأْدَاءُ: انتہائی تاریک رات ج: دَآدِئُ۔ حدیث میں ہے: "لَيْسَ عُفْرُ اللَّيَالِي كَالدَّآدِي" روشن راتوں کا طول تاریک راتوں جیسا نہیں ہے۔
الدِّئْداءُ: الدَّأْدَاءُ ج: دَآدِئُ۔
الدُّؤْدُءُ: الدَّأْدَاءُ ج: دَآدِئُ۔
الدَّأْدَأَةُ: الدَّأْدَاءُ ج: دَآدِئُ (۲) دایہ
• الدَّارصِينِيُّ: دارچینی۔
• دَأَظَ ـَ دَأْظًا: بھر جانا (برتن وغیرہ) (۲) موٹا ہونا۔
ـــ فلانًا: کسی کو پیٹ بھرے پر کھانے کیلئے مجبور کرنا (۲) ناراض کرنا، غصہ دلانا (۳) گلا گھونٹنا۔
ـــ الفَرْحَةَ: زخم کو مواد نکالنے کے لئے دبانا
ـــ المَتَاعَ في العَيْبَةِ: بیگ یا تھیلے میں سامان کو دبا کر بھرنا۔
ـــ الوِعَاءَ: برتن کو بھرنا۔
• دَأَلَ ـَ دَأْلًا و دَأَلَانًا و دَأَلَى: بھاری قدموں سے رک رک کر چلنا۔
ـــ الصَّيْدَ وغيره و له: دھوکہ دینا، چال چلنا۔
دَاءَلَهُ: کسی کے ساتھ دھوکہ اور فریب کرنا۔
الدُّؤَالَةُ: لومڑی (علم جنس)۔

الدَّأْلُ: بھیڑیا (۲) نیولے جیسا ایک چھوٹا جانور۔
الدُّئِلُ: گیدڑ۔
الدَّأْلَانُ: بھیڑیا (۲) گیدڑ۔
الدُّؤْلُولُ: مصیبت (۲) ناگوار بات۔ ج: دَآلِيلُ۔
•دَأَمَ الحَائِطَ ـَ دَأْمًا: مضبوط کرنا، ٹیک لگانا (۲) دھکا دے کر ایک دم گرانا
تَدَاءَمَ عَلَيْهِ الشَّيْءُ: سلسلہ لگ جانا ڈھیر لگ جانا، ڈھانپ لینا۔
ـــ الشَّيْءُ فُلَانًا: کسی کے پاس چیزوں کا بکثرت آنا، ڈھیر لگ جانا۔
تَدَأَّمَهُ الشَّيْءُ: ڈھیر لگ جانا، بکثرت جمع ہونا (۲) سوار ہونا اوپر چڑھ جانا۔
الدَّأْمُ: ہر ڈھانپنے والی چیز۔
الدَّأْمَاءُ: سمندر۔
•دَءَا ـَ دَأْوًا: بوجھل آدمی کی طرح چلنا، آہستہ آہستہ چلنا۔
ـــ لِلصَّيْدِ: شکار کو فریب دینے کے لئے چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا۔
دَأَى ـَ دَأْيًا: دَءَا۔
الدَّأْيَةُ: مونڈھے اور پیٹھ کی گول ہڈیوں میں سے ایک (۲) پسلیوں سے سینہ کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ (۳) دایہ، ماں کے سوا بچہ کو پرورش کرنے والی عورت (۴) کمان میں تیر کی جگہ (۵) اونٹ کے جسم کی وہ جگہ جو پالان کے کنارہ سے چھل جاتی ہے۔ اسی سے کوے کو ابنُ دَأْيَةٍ کہتے ہیں چونکہ وہ اونٹ کے اس زخم پر کثرت سے آتا ہے۔
الدَّايَةُ: دایا، پرورش کرنے والی عورت

د ــــــ ب

•دَبَأَ ـَ دَبْئًا: ٹھہرنا، پرسکون ہونا۔
ـــ فُلَانًا: لاٹھی یا ڈنڈا مارنا۔
دَبَّأَهُ وعَلَيْهِ: ڈھانپنا چھپانا۔
•دَبَّ ـِ دَبًّا و دَبِيبًا: رینگنا، بچہ کا ہاتھ پیر زمین پر رکھ کر گھسٹنا گھسٹ کر چلنا، آہستہ آہستہ چلنا، سرکنا۔ کہتے ہیں: هو أَكْذَبُ مَنْ دَبَّ وَدَرَجَ: وہ زندوں اور مردوں میں سب سے زیادہ جھوٹا ہے۔
دَبَّتْ عَقَارِبُهُ: اس کی چغل خوریاں اثر انداز ہو گئیں۔ اس کی شرارتیں بڑھ گئیں۔ کہاوت ہے "أَعْيَيْتَنِي مِنْ شُبٍّ إِلَى دُبٍّ ومن شُبَّ إلى دُبَّ" تو نے مجھے جوانی سے لے کر بڑھاپے تک پریشان کیا (اصل عبارت یوں ہے۔ أَعْيَيْتَنِي مُذ شَبَبْتُ إِلَى أَنْ دَبَبْتُ على العَصَا) (۲) جاری ہونا۔
ـــ الشَّيْءُ فِي الشَّيْءِ: سرایت کرنا جیسے دَبَّ الشَّرَابُ فِي الجَسَدِ: کسی چیز کی لہر دوڑنا۔
ـــ الشِّقَاقُ بَيْنَهُمْ: اختلاف پیدا ہونا، پھوٹ پڑ جانا۔
ـــ الفَسَادُ: بگاڑ پیدا ہونا۔
دَبَّ الإِنْسَانُ والحَيَوَانُ ـَ دَبَبًا و دَبَابًا: بہت بالوں والا یا (جانور کا) بہت اون والا ہونا، ریچھ جیسا ہو جانا۔ کہتے ہیں: دَبَّ وَجْهُهُ وجَسَدُهُ: اس کے چہرہ اور بدن پر بہت بال ہو گئے۔ فهو أَدَبُّ وهي دَبَّاءُ ج: دُبٌّ۔ دَبِبٌ بھی اسم صفت ہے۔
أَدَبَّهُ: آہستہ آہستہ چلانا (۲) اثر انداز بنانا (۳) جاری کرنا۔ کہتے ہیں: أَدَبَّ إِلَى أَرْضِهِ جَدْوَلًا: وہ نہر وغیرہ سے اپنی زمین تک چھوٹی نہر نکال کر لے گیا۔
أَدَبَّ الحَاكِمُ البِلَادَ: حاکم نے ملک میں (اپنے عدل و انصاف سے) چہل پہل پیدا کر دی (لوگ بے خوف چلنے لگے)۔
ـــ عَلَيْهِم عَقَارِبَهُ: اس نے ان کے خلاف ریشہ دوانیاں شروع کر دیں، وحَرَّشَ عَلَيْهِمْ أَقَارِبَهُمْ اور رشتہ داروں کو ان کے خلاف بھڑکا دیا۔
الدَّابُّ: رینگنے والا، سرایت کرنے والا۔
الدَّابَّةُ: زمین پر چلنے والا جانور، اکثر استعمال اس چوپائے پر ہوتا ہے جو سواری یا بوجھ لادنے کے کام آتا ہے۔ مویشی، چوپایا ج: دَوَابُّ۔ تصغیر دُوَيْبَّةٌ
دَابَّةُ الأَرْضِ: زمین کا وہ چوپایہ جس کے متعلق قرآن پاک میں ذکر ہے کہ وہ قیامت سے پہلے نکلے گا۔
أَدَبُّ: چہرہ پر زیادہ روئیں والا م: دَبَّاءُ ج: دُبٌّ۔ (۲) بہت بالوں والا اونٹ۔
الدُّبُّ: ریچھ ج: دِبَابٌ و دِبَبَةٌ م: دُبَّةٌ۔
الادِّعاءُ: مقدمہ جو عدالت میں دائر کیا جائے (۲) زعم، خیال (۳) الزام۔

ادّعاء المرض: بیماری کا بہانہ۔

الدَّاعِی: دَاعِی اللَّبَنِ: وہ دودھ جو تھن میں اس لئے چھوڑ دیا جائے کہ اس کی وجہ سے مزید دودھ اتر آئے (۲) سبب، محرک ج: دَوَاعٍ (۳) کنوینر، داعی ج: دُعاةٌ۔

الدَّاعِیَةُ: مبلغ دین یا کسی نظریہ اور مسلک کا داعی و مبلغ (تا مبالغہ کی ہے)

(۲) بدکار عورت جو اپنی طرف بلائے
(۳) سبب، محرک ۔ ھو دَاعِیَۃٌ اِلیٰ
کذا: وہ اس بات کا محرک ہے
ج: دَوَاعٍ ۔
دَاعِیَۃُ اللَّبَنِ: تھن میں بچا ہوا دودھ
جس کے ذریعہ مزید دودھ آجائے ۔
اَصَابَتْہُ دَوَاعِی الدَّھْرِ: اس پر
زمانہ کی گردشیں آئیں، مصیبتیں آئیں ۔
ھو سَلِیْمُ دَوَاعِی الصَّدْرِ: وہ
نیک جذبات انسان ہے (۲) دعوت و
تبلیغ ۔ کہتے ہیں: دَعَاہُ بِدَاعِیَۃِ
الاِسْلَامِ: اس نے اسے
اسلام کی دعوت دی، اسلام کی تبلیغ کی ۔
الدُّعَاءُ: وہ قول جس سے اللہ تعالیٰ کو پکارا
جائے، دعا، پکار ج: اَدْعِیَۃٌ ۔
الدَّعَاوَۃُ: دعوی، زعم، مقدمہ ۔
الدِّعَایَۃُ: پروپیگنڈہ، کسی نظریہ، مسلک
یا رائے کی دعوت بذریعہ تحریر و تقریر ۔
الدَّعَّاءَۃُ: (مبالغہ) بہت دعا کرنے والا (۲)
انگشت شہادت ۔
الدَّعْوَۃُ: کھانے پینے کی دعوت ۔ نَحْنُ
فِی دَعْوَۃِ فُلَانٍ ۔ کُنَّا فِی دَعْوَۃِ
فُلَانٍ: ہم فلاں کی ضیافت میں تھے، یا
فلاں کے یہاں مدعو تھے (۲) دعوی (۳)
بلاوا (۴) تبلیغ، مذہب یا کسی نظریہ کی ترغیب
ھو مِنِّی دَعْوَۃَ الرَّجُلِ: اس کے
اور میرے درمیان اتنا ہی فاصلہ ہے
یا قرب ہے جتنا کہ میرے اور اس
شخص کے درمیان جسے میں بلاتا ہوں ۔
جیسے کہتے ہیں: ھو مِنِّی رَمْیَۃَ السَّھْمِ:
وہ مجھ سے اتنا دور ہے جتنا تیر کا نشانہ ۔
لِبَنِی فُلَانٍ الدَّعْوَۃُ علی غیرھم:
عطیہ لینے کے لئے فلاں قبیلہ کے لوگوں ہی
سے دعا کی ابتدا ہوتی ہے ج: دَعَوَاتٌ ۔
الدَّعْوَی: دعوی، مقدمہ، نالش، زعم،
قول ۔ دَعْوَی فُلَانٍ کذا: فلاں
آدمی کا یہ کہنا ہے یا خیال و زعم ہے
ج: دَعَاوَی و دَعَاوٍ ۔ عدالتی اصطلاح
میں وہ قول (دعوی) ہے جس کے ذریعہ
انسان کسی پر اپنا حق ثابت کرنے کی
درخواست کرتا ہے ۔
الدُّعْوِیُّ: یہ منفی استعمال ہوتا ہے ۔ جیسے
مَا بِالدَّارِ دُعْوِیٌّ: گھر میں کوئی
بلانے والا نہیں ہے ۔
الدَّعِیُّ: لے پالک، متبنّی ج: اَدْعِیَاءُ
قرآن پاک میں ہے: "وَمَا جَعَلَ
اَدْعِیَاءَکُمْ اَبْنَاءَکُمْ" (۲) غیر باپ
کی طرف منسوب (۳) مشکوک النسب
(۴) مدعو (کھانے وغیرہ پر) ۔
الْمَدْعَاۃُ: دعوت جیسے: نَحْنُ فِی
مَدْعَاۃِ فُلَانٍ ۔ (۲) طعام ضیافت،
دعوت طعام (۳) سبب، باعث ج:
مَدَاعٍ ۔
لَہٗ مَدَاعٍ و مَسَاعٍ: اس کے جنگی
مناقب اور خوبیاں ہیں ۔
الْمُدَّعِی و الْمُدَّعَی علیہ: مدعی علیہ،
جس کے خلاف مقدمہ دائر کیا جائے،
دعوی کیا جائے ۔ الْمُدَّعَی علیہ
مَدَنِیًّا: دیوانی مدعا علیہ ۔ الْمُدَّعَی
علیہ جِنَائِیًّا: فوجداری مدعا علیہ
جس کے خلاف فوجداری مقدمہ قائم ہو
الْمُدَّعِی: دعوی کرنے والا، نالش کرنیوالا
مقدمہ دائر کرنے والا ۔
مُدَّعٍ بِالْحَقِّ الْمَدَنِیِّ: دیوانی مقدمہ
دائر کرنے والا ۔

د ـــــ غ

• دَغْدَغَ فُلَانًا: گدگدی کرنا، یعنی
کسی کی بغل یا پیٹ یا پیر کے تلوے
پر ہنسانے کی غرض سے انگلیوں کو حرکت دینا
دَغْدَغَ فُلَانًا بِکَلِمَۃٍ: کسی کو کڑی بات کہہ
کر مجروح کرنا، طعنہ دینا ۔
ـــ عِرْضَہٗ: کسی کی آبرو کو ٹھیس پہنچانا،
نسب میں عیب نکالنا ۔
الدَّغْدَغَۃُ: گدگدی ۔
الْمُدَغْدَغُ: جس کے گدگدی کی جائے
(۲) مطعون، معیوب النسب ۔
• دَغَرَ فِی البَیْتِ ـ دَغْرًا: داخل ہونا
ـــ علیہ: کسی کے پاس اچانک پہنچ جانا
(۲) حملہ آور ہونا ۔
ـــ فُلَانًا: دھکا دینا، دھکیلنا (۲) دبا کر مار
دینا (۳) خراب غذا دینا (۴) بچہ کو دودھ
پلانا اس طرح کہ وہ سیر نہ ہو ۔
ـــ الشَّیْءَ: ملانا، خلط ملط کرنا ۔
ـــ الْمَرْأَۃُ الصَّبِیَّ: عورت کا بچہ کے حلق
میں تالو کو ابھارنے کے لئے انگلی ڈالنا،
ایسا حلق کی درد کی وجہ سے کیا جاتا ہے ۔
حدیث میں ہے: "قَالَ لِاُمِّ قَیْسٍ
عَلَامَ تَدْغَرْنَ اَوْلَادَکُنَّ بِھٰذِہِ
الْعُلُقِ"
تَدَغَّرَ: عادی ہونا ۔
الدَّاغِرُ: حقیر و ذلیل (۲) فسادانگیز، بدطینت
ج: دُغَّارٌ ۔
الدَّغْرَۃُ: کوئی چیز چھین لینا، اچک لینا ۔
حدیث علیؓ میں ہے: "لا قَطْعَ فِی
الدَّغْرَۃِ"
الدَّغْرَی: کہتے ہیں: دَغْرَی لا صَفَّی:
ان پر دھاوا بول دو، ان کے ساتھ
صف بستہ نہ ہو ۔
الْمَدْغَرَۃُ: گھمسان کی جنگ جس میں ایک
دوسرے پر پل پڑنے کی آواز لگائی جائے
اور دَغْرَی اس کا شعار اور نعرہ ہو
الدُّغْرُوْرُ: شریر اور بداخلاق ۔
• دَغْرَقَ الماءَ: پانی کو اچھالنا، زور سے
ڈالنا ۔ دَغْرَقَ علیہ الماءَ: اس پر

پانی انڈیل دیا۔
دَغْرَقَ مَالَه : مال کو بے دریغ اور فضول خرچ کرنا۔
___ المَاءَ : پانی کو گدلا کرنا جیسے دَغْرَقَت قَدَمُه المَاءَ۔
___ الشَّيءَ : پردہ ڈالنا۔
الدَّغْرَقُ : بہت پانی، گدلا پانی۔ عَيْشٌ دَغْرَقٌ : فراخ زندگی۔ عَامٌ دَغْرَقٌ : زرخیز سال۔
•دَغَشَ ــ دَغْشًا : تاریکی میں داخل ہونا
___ عليه : حملہ کرنا، اچانک لوٹ پڑنا۔
أَدْغَشَ : دَغَشَ۔
دَاغَشَ : پیاس کی وجہ سے پانی کے اردگرد چکر لگانا (۲) کسی چیز کو عنایت شوق میں دوسروں سے بچا کر طلب کرنا (۳) دلیری کے ساتھ تاریکی میں چلنا۔
___ المَاءَ : پانی کو جلدی جلدی پینا (۲) تھوڑا سا پینا۔
___ فلانًا : کسی شے میں کسی سے مزاحمت کرنا
تَدَاغَشَ القَوْمُ : دھکم دھکا ہونا، لڑائی یا شور و شغب میں گتھم گتھا ہو جانا۔
الدَّغَشُ : تاریکی۔
الدَّغْشَةُ : تاریکی۔
الدُّغَيْشَةُ : تاریکی۔
•دَغِصَ ــ دَغَصًا : کھانے سے بھرا ہوا ہونا بکثرت کھانا، غصہ سے بھر جانا (۲) اونٹوں کا گٹھلیاں وغیرہ بکثرت کھانا کہ گلے میں پھنس جائے اور جگالی نہ کرسکے (۳) چوپایہ کا خوب موٹا ہونا۔ هو دَغِصَانُ و هي دَغْصَى ج: دَغَاصَى
أَدْغَصَه : غصہ سے بھر دینا۔
___ المَوْتُ : موت کا اچانک آجانا۔
دَاغَصَ في العَمَلِ : کام میں عجلت اور تیزی برتنا۔ اَخَذْتُه مُدَاغَصَةً : میں نے اسے غلبہ پاکر پکڑ لیا۔

الدَّاغِصَةُ : گھٹنے کے سرے پر گھومنے والی گول ہڈی، گھٹنے کی چپنی (۲) گھٹنے کی کھال کے نیچے کی چربی (۳) گٹھا ہوا گوشت۔ کہتے ہیں: سَمِنَ فُلَانٌ حتى كَأَنَّهُ دَاغِصَةٌ (۴) صاف اور پتلا پانی ج: دَوَاغِصُ
•دَغَفَ الشَّيءَ ــ دَغْفًا : اچھی طرح لینا یا پکڑنا۔
___ الحَرُّ فُلَانًا : گرمی کا تکلیف پہنچانا، پریشان کرنا۔
دُغْفَاءُ : ابو دُغْفَاءَ : بیوقوف کی کنیت
•دَغْفَقَ المَطَرُ دَغْفَقَةً و دِغْفَاقًا : بارش کا ابتداء میں زور سے برسنا۔
___ المَاءَ : خوب پانی ڈالنا۔
___ مَالَهُ : مال کو پانی کی طرح بہانا، خوب خرچ کرنا۔
الدَّغْفَقُ : بہایا ہوا پانی۔ عَيْشٌ دَغْفَقٌ : فراخ زندگی۔ عَامٌ دَغْفَقٌ : زرخیز سال، خوشحالی کا سال
•الدَّغْفَلُ : فراخ آسودہ۔ عَيْشٌ دَغْفَلٌ و عَامٌ دَغْفَلٌ : خوشحالی کا سال (۲) بہت پر (۳) زمانہ کی نرمی و خوشحالی (۴) ہاتھی یا بھیڑیے کا بچہ۔
الدَّغْفَلِيُّ : خوش حالی والا، آسودگی والا
•دَغَلَ القَانِصُ ــ دَغْلًا : شکاری کا شکار کو دھوکا دینے کے لئے کسی جگہ میں چھپنا (۲) مشتبہ آدمی کی طرح داخل ہونا
___ في الرِّيبَةِ : شک میں پڑنا۔
أَدْغَلَ المَكَانُ : جگہ کا گھنے درختوں والی ہونا یا پوشیدہ ہونا۔
___ الأرضُ : زمین کا گھنے درختوں والی ہونا
___ فُلَانٌ : کسی کا گھنے درختوں میں غائب ہو جانا
___ بِفُلَانٍ : بے وفائی کرنا، غداری کرنا دھوکہ سے مار ڈالنا (۲) کسی کی چغلی کھانا
___ الأَمْرَ و فيه : معاملہ کو بگاڑنا، بات بگاڑنا، خراب کرنا۔

الدَّاغِلُ : دل میں دشمنی رکھتے ہوئے بظاہر اچھا معاملہ کرنے والا، غدار و مکار (۲) پوشیدہ۔ مَكَانٌ دَاغِلٌ : پوشیدہ جگہ
الدَّاغِلَةُ : زبردست کینہ، پوشیدہ عداوت و کینہ (۲) کسی کے عیب یا خیانت کی جستجو کرنے والے۔
الدَّغَلُ : کسی کام کو خراب کر دینے والا عیب، خرابی، فساد (۲) گھنے درختوں کا جھنڈ جس میں دھوکہ دینے کے لئے آدمی چھپ جائے (۳) وہ جگہ جہاں اچانک مار دیئے جانے کا ڈر ہو، خطرہ کی جگہ (۴) اونچی چھت (۵) وادی (۶) روندی ہوئی زمین ج: اَدْغَالٌ و دِغَالٌ۔
الدَّغِيلَةُ : الدَّغَلُ۔
المَدْغَلُ : وادی کا نشیبی حصہ جبکہ اس میں گنجان درخت ہوں ج: مَدَاغِلُ۔
•دَغَمَ الحَرُّ و البَرْدُ ــ دَغْمًا : گرمی اور سردی کا اپنے اپنے وقت پر ہمہ گیر ہونا
___ الحَرُّ او البردُ القَوْمَ دَغْمًا و دَغَمَانًا : سردی یا گرمی کا لوگوں کو خوب لگنا۔
___ الغَيْثُ الأرضَ : بارش کا زمین کے ہر حصہ پر برسنا۔
___ أَنْفَهُ : ناک توڑ دینا۔
___ الإِنَاءَ : برتن کو ڈھانپنا۔
دَغِمَ الحَرُّ و البَرْدُ ــ دَغْمًا : دَغَمَ
___ الفَرَسُ وغيرُه دَغَمًا و دُغْمَةً : گھوڑے کا سیاہ ناک والا ہونا (۲) چہرہ کا سیاہی مائل ہونا (بقیہ بدن کے برخلاف) هو أَدْغَمُ و هي دَغْمَاءُ ج: دُغْمٌ۔
أَدْغَمَ فُلَانٌ : لوگوں کے مقابلہ میں اس ڈر سے عجلت کرنا کہ وہ اس پر سبقت نہ لے جائیں اور لقمہ بغیر چبائے کھا لینا۔

أَدْغَمَ الطَّعَامَ: نگل لینا۔
ـــ الحَرُّ و البَرْدُ القَوْمَ: سردی یا گرمی کا لوگوں کو لگنا۔
ـــ الشَّیْءَ: سیاہ کرنا۔ أَدْغَمَهُ اللّٰهُ: اللہ اس کا منہ کالا کرے اور اسے ذلیل ورسوا کرے۔
ـــ الشَّیْءُ فُلَانًا: کسی کو بات ناگوار گزرنا بری لگنا۔
ـــ الشَّیْءَ فِی الشَّیْءِ: ایک چیز کو دوسری میں داخل کرنا جیسے: أَدْغَمَ اللِّجَامَ فِی فَمِ الدَّابَّةِ و أَدْغَمَ الفَرَسَ اللِّجَامَ۔
ـــ الحَرْفَ فِی الحَرْفِ: ایک حرف کو دوسرے میں مدغم کرنا یعنی ملا کر ایک کر دینا۔
ادَّغَمَه فیه: مدغم کرنا، ادغام کرنا، ادَّغَمَ الحَرْفَ فِی الحَرْفِ۔
ادْغَامَّ الفَرَسُ: گھوڑے کا سیاہ ناک والا ہونا۔
الأَدْغَمُ: سیاہ ناک والا (۲) ناک میں بولنے والا ج: دُغْمٌ و دُغْمَانٌ۔
الدُّغَامُ: گلے کا درد۔
الدُّغْمَانُ: کالا، کالا اور با عظمت۔
• دَغْمَرَهُ: ملانا، مخلوط کرنا۔
ـــ علیه الخَبَرَ: کسی سے خبر چھپانا۔
فِی خُلُقِه دَغْمَرَةٌ: اس کے مزاج اور اخلاق میں خرابی ہے، وہ بد اخلاق و بدمزاج ہے۔
الدُّغْمُرِیُّ: بدمزاج۔ خُلُقٌ دُغْمُرِیٌّ: کمینی عادت، بد اخلاقی۔
الدُّغْمُورُ: رَجُلٌ دُغْمُورٌ: بداخلاق
المُدَغْمَرُ: پوشیدہ۔ رَجُلٌ مُدَغْمَرُ الخُلُقِ: صاف طبیعت نہ رکھنے والا، جس کی طبیعت میں کھوٹ ہو۔
• المُدَغْمَسُ من الأُمُورِ: پوشیدہ امور
حَسَبٌ مُدَغْمَسٌ: مخلوط یا مشتبہ نسب۔
• دَغَنَ اليَوْمُ ــُـ دَغْنًا و دُغُونًا: دن کا سیاہ و تاریک ہونا۔
الدُّغْنَةُ: سیاہی، تاریکی۔
دُغَیْنَةُ: بے وقوف کا نام۔

د ـــــ ف

• دَفِئَ من البَرْدِ ــَـ دَفَأً و دَفَاءً و دَفَاءَةً: (سردی میں) گرم ہونا، گرمائی حاصل کرنا (سورج یا لحاف واگ وغیرہ سے) گرم لباس پہننا، هو دَفِئٌ و هي دَفِئَةٌ۔ دَفْآنُ و هي دَفْأَی۔ دونوں کی جمع: دِفَاءٌ۔
ـــ دَفَأً: مونڈھے کا سینے کی طرف ابھرا ہوا ہونا۔ الرَّجُلُ أَدْفَأُ و هي دَفْأَی
دَفُؤَ من البَرْدِ ــُـ دَفَاءَةً۔ دَفِئَ۔ دَفُؤَ يَوْمُنَا و دَفُؤَتْ لَيْلَتُنَا۔
أَدْفَأَتِ الإِبِلُ على مائةٍ: اونٹوں کا سو سے زیادہ ہو جانا۔
ـــ فُلَانًا: (سردی کے بعد) گرم کرنا، گرم کپڑا پہنانا یا اوڑھانا۔ أَدْفَأَهُ الثَّوْبُ (۲) خوب بخشش کرنا، کسی کو خوب دینا
ـــ القَوْمَ: لوگوں کو اکٹھا کرنا۔
ـــ الجَرِیحَ: زخمی کو مار ڈالنا، کام تمام کر دینا۔
دَافَأَ الجَرِیحَ: أَدْفَأَهُ۔
دَفَّأَهُ: أَدْفَأَه۔ گرم کرنا، گرمی پہنچانا (۲) عطیہ خوب دینا۔
ادَّفَأَ: گرم لباس پہننا، گرم ہو جانا (سردی سے)
ـــ بالثَّوْبِ: کپڑے سے گرمائی حاصل کرنا
تَدَفَّأَ: ادَّفَأَ۔
اسْتَدْفَأَ: ادَّفَأَ۔
الدِّفَاءُ: گرمائی دینے والی چیز، ہر وہ شے جس سے (سردی دور کرنے کے لئے) گرمائی حاصل کی جائے۔
الدِّفْءُ: گرمی، گرمائی، سینک (برد کی نقیض) ہر وہ چیز جو گرمائی پہنچائے۔ قرآن پاک میں ہے: "والأَنْعَامَ خَلَقَهَا لَكُمْ فِيهَا دِفْءٌ و مَنَافِعُ و مِنْهَا تَأْكُلُونَ"۔ ما عَلَیْهِ دِفْءٌ: اس کے پاس گرم کپڑا نہیں ہے (۲) دیوار کی اوٹ کہتے ہیں: اقْعُدْ فِی دِفْءِ هٰذَا الحَائِطِ۔ (۳) اونٹوں کے بچے اور ان سے حاصل ہونے والی منفعت کی چیزیں (۴) عطیہ۔
الدَّافِئُ: گرم۔
الدَّفَّایَةُ و الدَّفَّاءَةُ: اسٹوو، انگیٹھی۔
الدَّفَّایَةُ الكَهْرَبَائِيَّةُ: ہیٹر۔
الدَّفِیءُ: گرم، گرم لباس پہنے ہوئے، گرم کپڑا اوڑھے ہوئے۔
الدَّفِیئَةُ: شیشے کا کمرہ جس میں نباتات کو پرورش کیا جاتا ہے اور اسے مصنوعی طریقہ پر گرم کیا جاتا ہے۔
المَدْفَأَةُ: أَرْضٌ مَدْفَأَةٌ: گرم زمین۔
المِدْفَأَةُ: انگیٹھی یا اسٹوو یا گرم کرنے کا آلہ یا مشین ج: مَدَافِئُ۔
المُدْفِئَةُ: إِبِلٌ مُدْفِئَةٌ: بہت چربی اور بہت اون والے اونٹ جو اپنے سانس سے ایک دوسرے کو گرم کر دیں۔
• الدَّفْتَرُ: کاپی، نوٹ بک ج: دَفَاتِرُ۔
الدَّفْتَرُ الكَبِیرُ: رجسٹر۔
دَفْتَرُ الأحوال (فی مرکز البولیس) رجسٹر ریکارڈ جرائم وغیرہ کا۔
دَفْتَرُ أُسْتَاذٍ: لیجر، نام دار کھاتہ۔
دفتر أستاذ التكاليف: کاسٹ لیجر، لاگت رجسٹر۔
دَفْتَرُ أَخْذِ الصُّوَرِ: ڈپلی کیٹ لیٹر بک، نقول خطوط کا رجسٹر۔
دفترُ أُسْتَاذِ المَبِيعَاتِ: سیلز لیجر، بکری کھاتہ

دَفْتَرُ اَوَامِرِ شِرَاءٍ: آرڈر خریداری بک
دَفْتَرُ البضاعَةِ الوَارِدَةِ: آمدہ سامان کا رجسٹر۔
دَفْتَرُ البَوَّابَةِ: گیٹ بک۔
دَفْتَرُ تَسْجِيلِ الطَّلَبَاتِ: آرڈر بک۔
دَفْتَرُ التسليمِ: ڈلیوری بک، رجسٹر حوالگی اشیا۔
دَفْتَرُ التَّشْرِيفَاتِ: پروٹوکول بک۔
دَفْتَرُ حِسَابٍ: رجسٹر حسابات، اکاؤنٹ بک
دَفْتَرُ حِسَابِ البنكِ: پاس بک۔
دَفْتَرُ الحُضُورِ: رجسٹر حاضری۔
دَفْتَرُ الرَّسَائِلِ: رجسٹر مراسلات۔
دَفْتَرُ الشَّكْوَى: شکایت بک، کمپلینٹ بک
دَفْتَرُ شِيكَاتٍ: چیک بک۔
دَفْتَرُ الصَّفِّ: کلاس بک، رجسٹر حاضری۔
دَفْتَرُ الصُّنْدُوقِ: کیش بک۔
دَفْتَرُ قَيْدٍ: ریکارڈ۔
دَفْتَرُ مَحَاضِرِ الجَلَسَاتِ: رجسٹر کارروائی
دَفْتَرُ المَخْزَنِ: اسٹور بک، رجسٹر اندراج اشیا صرف۔
دَفْتَرُ مَلْحُوظَاتٍ: نوٹ بک۔
دَفْتَرُ مَوَاعِيدَ: اپائنٹمنٹ بک۔
دَفْتَرُ وَقَائِعِ الجَلْسَةِ: رجسٹر کارروائی
دَفْتَرُ يَوْمِيَّةٍ: روزنامچہ۔
الدَّفْتَرْدَارُ: (ترکی لفظ) منصرم مالیات، محاسب۔
الدَّفْتَرْخانَةُ: محافظ خانہ۔
دَفْدَفَ: جلدی کرنا۔
—— الطائرُ: پرندہ کا زمین سے قریب ہو کر اڑنا
—— الدُّفُوفَ: جلدی جلدی بجانا۔
الدفادف: دفادفُ الأرضِ: زمین کے ابھرے ہوئے حصے۔ و: دَفْدَفَةٌ۔
• دَفَرَهُ ـَ دَفْرًا: گدی یا سینہ کے بل دھکا دینا۔
دَفِرَ ـَ دَفَرًا: ذلیل ہونا۔
—— اللَّحْمُ او الطَّعَامُ: گوشت یا کھانے میں کیڑے پڑ جانا۔
دَفِرَ الشيءُ: بدبودار ہو جانا۔ هو دَفِرٌ و هي دَفِرَةٌ۔ هو اَدْفَرُ و هي دَفْرَاءُ۔
اَدْفَرُ: بدبودار بغل والا ہونا، گندہ بغل ہونا
دَفَارِ: (مبنی علی الکسر) دنیا (۲) کنیز، کنیز کو ناگواری سے کہا جاتا ہے یا دَفَارِ بدبو والی، استعمال ندا کے موقع پر زیادہ ہے۔ اُمُّ دَفَارِ: دنیا، بڑی آفت
• دَفَعَ الی فلانٍ ـَ دَفْعًا: پہنچنا۔ طَرِيقٌ يَدْفَعُ الی مكان كذا: راستہ جو فلاں جگہ جاکر ختم ہوتا ہے، یا فلاں جگہ پہنچتا ہے۔
—— عن الموضعِ: روانہ ہونا۔
—— القومُ: لوگوں کا ایک دم آنا، ایک ساتھ آنا۔
—— الشيءَ: ہٹانا، دھکیلنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُم بِبَعْضٍ لَفَسَدَتِ الارْضُ" دَفَعْتُهُ عَنِّي: میں نے اسے اپنے پاس سے ہٹا دیا۔
—— عنه الشيءَ: دور کرنا، دفع کرنا، ازالہ کرنا۔ دَفَعَ عنه الاَذَى والشَّرَّ
—— اليه الشيءَ: لوٹانا، واپس کرنا، ادا کرنا۔ جیسے: دَفَعَ اِلَيْهِ الثَّمَنَ۔
—— القولَ بالحُجَّةِ: دلیل سے کسی بات کا رد کرنا۔
—— فُلانًا الی كذا: کسی بات پر مجبور کرنا، آمادہ کرنا۔
—— فُلانًا: دھکا دینا، دھکیلنا۔
دَافَعَ عنه مُدَافَعَةً و دِفَاعًا: دفاع کرنا، حمایت کرنا، بچاؤ کرنا، وکالت کرنا، صفائی پیش کرنا، مقدمہ میں پیروی کرنا، کسی کی کامیابی کی کوشش کرنا۔
دَافَعَ عنه الاَذَى: تکلیف دور کرنا۔
—— فُلانًا فی حَاجَتِهِ: کسی کے حق یا مطالبہ میں ٹال مٹول کرنا، ادائیگی نہ کرنا۔ (۲) مزاحمت کرنا۔ هو سَيِّدُ قومِهِ غَيْرَ مُدَافَعٍ: وہ بلا مزاحمت و بلا مقابل اپنی قوم کا سردار ہے۔
—— الرَّجُلُ امرَ كذا: کسی معاملہ سے دلچسپی ہونا، دلدادہ ہونا۔
دَفَّعَهُ: دَفَعَهُ۔ دھکا دینا، ہٹانا۔ هو مُدَفَّعٌ۔ رَجُلٌ مُدَفَّعٌ: ذلیل، جس کے نسب کا انکار کیا گیا ہو، اگر وہ ضیافت چاہے تو اس کی ضیافت نہ کی جائے بخشش چاہے تو بخشش نہ دی جائے (۲) وہ غریب و فقیر آدمی جسے ہر آدمی دھکے دے اور اپنے پاس سے دور کرے۔ ضَيْفٌ مُدَفَّعٌ: ایسا مہمان جسے کوئی قبول نہ کرے اور اہل محلہ میں سے ہر ایک دوسرے پر ٹال دے۔
اِنْدَفَعَ: مطاوع دَفَعَ۔ دھکلنا، دھکا کھانا تیزی سے آنا یا جانا (۲) زائل ہونا، دور ہونا
—— فی الامرِ: ہمہ تن مصروف ہونا۔
—— فی الحَدِيثِ: بات کرتے رہنا، گفتگو جاری رکھنا۔
—— الفَرَسُ: تیز چلنا، تیز رو ہونا۔
—— السَّيْلُ: رو آنا، سیلاب آنا۔
—— الشيءُ: ریلا آنا، زور سے آنا۔ جیسے: اِنْدَفَعَ الهَوَاءُ من النَّافِذَةِ۔
تَدَافَعَ السَّيْلُ: رو آنا، سیلاب آنا۔
—— القومُ: ایک دوسرے کو دھکا دینا، دھکم دھکا ہونا، باہم مزاحمت کرنا۔
—— القومُ الشيءَ: لوگوں کا کسی چیز کو اپنے اپنے ساتھیوں سے ہٹانا۔
تَدَفَّعَ السَّيْلُ: اِنْدَفَعَ۔
اِسْتَدْفَعَ اللّٰهَ السُّوءَ: اللہ سے کسی تکلیف یا برائی کے ازالہ کی درخواست کرنا۔

الدَّافِعُ: بچہ پیدا ہونے سے پہلے افراز ہونے والا دودھ، دھکا دینے والا، ادائیگی کرنیوالا

دَافِعُ الضَّرَائِبِ: ٹیکس دینے والا (۲) محرک، سبب ج: دوافع۔

الدَّوافِع: وادی کے نشیبی حصے۔

الدَّفْعُ: جواب دعویٰ، مقدمہ کی اپیل جس میں مدعیٰ علیہ کی جانب سے اس کے خلاف مقدمہ میں کئے گئے فیصلہ کی تردید کرنے والی بات کا ذکر ہو ج: دُفُوعٌ (۲) ازالہ (۳) ادائیگی (۴) رد۔

الدَّفْعَةُ: دھکا (۲) ادائیگی کی ایک قسط (۳) سامان وغیرہ کی کھیپ (۴) ردعمل (۵) دفعہ ج: دَفَعَات۔

الدُّفْعَةُ: بارش کی بوچھاڑ (۲) ایک دم نکلنے والی پانی کی ایک مقدار۔ دُفْعَةً: یکمشت۔ جیسے: أَعْطَاهُ أَلْفًا دُفْعَةً (۳) کھیپ ج: دُفَعٌ۔

الدَّفَّاعُ: بہت زور سے دھکیلنے والا، تیز وتند، تیز رو۔

الدُّفَّاعُ: زبردست سیلاب (۲) لوگوں کا ریلا، بھیڑ۔

الدِّفَاعُ: بچاؤ، حفاظت، ڈیفنس۔

الدِّفاعُ عن النَّفْسِ: اپنا بچاؤ۔

الدِّفاعُ عن اَحَدٍ: حمایت، صفائی

الدِّفاعُ فی القَضَاءِ: مقدمہ میں کسی کی پیروی، ملزم کی پیروی۔

مُحامِی الدِّفاع: وکیل مقدمہ، پیروکار۔

الدِّفاعُ المَدَنِیُّ: سول ڈیفنس، شہری حفاظت وسلامتی۔

الدِّفاعُ الوَطَنِیُّ: نیشنل ڈیفنس، قومی سلامتی۔

الدِّفاعُ الشَّرْعِیُّ: وہ حق حفاظت جو فرد کو قانون دیتا ہے کہ اگر اسے اپنے جان ومال یا دوسرے کے جان ومال کے نقصان کا ڈر ہو تو وہ خطرہ دور کرنے کے لئے ضروری طاقت کا استعمال کر سکتا ہے۔

وِزَارَةُ الدِّفَاعِ: ملکی سلامتی اور تحفظ سے متعلق وزارت، ڈیفنس منسٹری۔

الدِّفَاعِیّ: دفاع سے متعلق ضد: هُجُومِی

الدَّفُوعُ: بہت ہٹانے یا دھکا دینے والا (۲) لات مارنے والا جانور (۳) دودھ لگاتے وقت لات مارنے والی اونٹنی۔

المَدْفَعُ: پانی کا دھارا، بہاؤ کی جگہ، ج: مَدَافِع۔

المِدْفَعُ: دھکیلنے کا آلہ (۲) توپ ج: مَدَافِع۔

رَجُلٌ مِدْفَعٌ: بہت ہٹانے والا، دھکیلنے والا۔

المِدْفَعِيَّةُ: توپ خانہ۔

المَدْفوع: ہٹایا ہوا، دھکیلا ہوا، ادا کیا ہوا، زائل کیا ہوا۔

المَدْفوع اليه: جس کو ادائیگی کی گئی، پانے والا، وصول کرنے والا۔

المَدْفوع علی عَمَلٍ او الی اَمْرٍ: کسی کام کے لئے مجبور۔

• دَفَّ لَه الأَمْرُ ـ دَفًّا: ممکن ہونا، آسان ہونا۔

ـــ الطَّائِرُ: پرندہ کا پر پھڑپھڑانا یعنی اپنے دونوں پہلوؤں پر بازوؤں کو مارنا یا زمین پر کھڑے ہو کر اپنے دونوں بازو ہلانا۔ حدیث میں ہے "کُلْ مَا دَفَّ ولاتأکُلْ ما صَفَّ"

دَفَّتِ الجَمَاعَةُ او الإِبِلُ ـ دَفًّا و دَفِيفًا: سبک رفتار سے چلنا۔

ـــ العُقَابُ: عقاب کا زمین سے قریب ہو کر اڑنا۔

دَفَّ الشَّيءَ ـ دَفًّا: جڑ سے اکھاڑنا، تباہ کر دینا۔

أَدَفَّ الطَّائِرُ: دَفَّ۔

أَدَفَّتْ عليه الأُمُورُ: کسی پر کاموں کا ہجوم رہنا، تسلسل رہنا۔

دَافَّهُ مُدَافَّةً و دِفَافًا: کام تمام کر دینا، مار ڈالنا (زخمی کو)

دَفَّفَ: لپکنا، جلدی کرنا۔

ـــ فُلَانًا: مار ڈالنا (زخمی کو)

ـــ الدُّفُوفَ: دف بنانا، ڈھپڑی بنانا۔

تَدَافَّ القَوْمُ: لوگوں کی بھیڑ لگنا، دھکم دھکا ہونا۔

اسْتَدَفَّ الطَّائِرُ: دَفَّ۔

ـــ الأَمْرُ: کسی کام کا ٹھیک اور اطمینان بخش ہونا۔ کہتے ہیں: اسْتَدَفَّ لَه الأَمْرُ: معاملہ اس کے لئے ٹھیک ہو گیا، اس کی بات ٹھیک ہو گئی۔

ـــ بالمُوسَى: استرہ سے مونڈنا۔

الدَّافَّةُ: دشمن کی طرف پیش قدمی کرنے والا لشکر (۲) شہر در شہر گھومنے والی جماعت شہر کا رخ کرنے والے بدو لوگ، خانہ بدوش قوم۔

الدَّفُّ: ہر چیز کا پہلو یا چہرہ۔ کہتے ہیں: بَاتَ يَتَقَلَّبُ على دَفَّيهِ: اس نے پہلو بدلتے ہوئے رات گزاری۔ رَمَاهُ اللهُ بِذَاتِ الدَّفِّ: اللہ اسے ذات الجنب (نمونیا) میں مبتلا کرے (۲) بلند زمین یا ریت کا ٹیلہ ج: دُفُوف۔

الدُّفُّ: ڈھولکی، ڈھپڑا، طبلہ ج: دُفُوفٌ

الدَّفَّافُ: طبلہ ساز، طبلہ فروش۔

الدَّفَّةُ: پہلو، سامنے کا حصہ، چہرہ۔ بَاتَ يتقلّبُ عَلَى دَفَّتَيهِ: کنارہ۔ دَفَّتَا المُصْحَفِ: قرآن کی جلد کے دو پٹھے۔ کہتے ہیں: حَفِظَ ما بَيْنَ الدَّفَّتَيْنِ: اس نے پورا قرآن پاک یاد کر لیا۔

دَفَّتَا الطَّبْلِ: ڈھول کے دونوں طرف منڈھا ہوا چمڑا جس پر ضرب لگا کر بجاتے ہیں

دَفَّةُ المَرْكَب والسَّفِينة: کشتی کا پتوار، وہ لکڑی کا آلہ جس کے ذریعہ کشتی کو دائیں بائیں چلاتے ہیں۔
دَفَّةُ الكِتاب: کتاب کا کور، جلد۔ دَفَّتا الكتاب: کتاب کی جلد کے دونوں پٹھے
دَفَّةُ الباب او الشُّبَّاك: دروازہ یا کھڑکی کا تختہ، پٹ۔ دَفَّتا الباب: دروازہ کے دونوں کواڑ، پٹ، پلّے۔
دَفَّةُ البلاد: اِدارَةُ دَفَّةِ البِلاد: ملک کا نظم ونسق چلانا۔
اِدارَةُ دَفَّةِ الشَّيء: پہیا گھمانا۔
الدَّفُوفُ (من الطَّير): زمین سے قریب ہوکر اڑنے والا پرند (بوقت حملہ) کہتے ہیں: عُقَابٌ دَفُوفٌ۔
• دَفَقَ الماءَ ونَحوَهُ ـُ دَفْقًا: پانی گرانا، زور سے ڈالنا، زور سے بہانا۔ فالماءُ مَدْفوقٌ و دَافِقٌ (مدفوق على المجاز او ذو دفق على النسب) دَفَقَ اللهُ رُوحَه: اللہ اسے موت دے۔
ـــ الكُوزَ: کوزہ کا ایک دم پانی گرانا، کوزہ کو اونڈیلنا۔
دَفِقَ ـَ دَفَقًا: پیٹھ کا جھک جانا۔
ـــ البَعِيرُ: اونٹ کا پہلو سے باہر نکلی ہوئی کہنی والا ہونا۔
ـــ الفَمُ: دانتوں کا باہر کو نکلا ہوا ہونا۔
ـــ الهِلالُ: لنگڑا دکھائی دینا۔
ـــ النَّهرُ او الوادِي: وادی کا پانی کناروں سے باہر نکلنا۔ فالوَادِي اَدْفَقُ وهي دَفْقاءُ ج: دُفْقٌ۔
أَدْفَقَ الكُوزَ: ٹنگ کو اونڈیلنا۔
دَفَّقَ الماءَ ونَحوَهُ: پانی وغیرہ زور سے بہانا۔ دَفَّقَتْ كَفَّاهُ النَّدَى: اس نے خوب داد ودہش کی۔
اِنْدَفَقَ الماءُ ونَحْوُه: مطاوع دَفَقَ: زور سے بہنا یا ابلنا، پانی کا چشمہ یا فوارہ سے نکلنا، جوش کے ساتھ نکلنا۔
تَدَفَّقَ الماءُ ونَحوُهُ: مطاوع دَفَّقَ: اُبلنا، زور اور جوش کے ساتھ پانی وغیرہ کا نکلنا۔
ـــ الأُتُنُ: گدھیوں کا تیز چلنا۔ فُلانٌ يَتَدَفَّقُ فِي البَاطِلِ: فلاں باطل کی طرف خوب دوڑتا ہے۔ تَدَفَّقَ حِلْمُ فُلانٍ: فلاں کی بردباری جاتی رہی، صبر باقی نہ رہا۔
اِستَدْفَقَ الكُوزُ: کوزہ (ٹنگ) کا ایک دم خالی ہوجانا۔
الأَدْفَقُ: سَيْرٌ اَدْفَقُ: تیز رفتار۔
الدُّفْقَةُ: یکبارگی، ایک دفعہ، ایک کھیپ جاؤا دُفْقَةً وَاحِدَةً: وہ سب ایک ہی مرتبہ آئے (۲) ایک مرتبہ جوش سے نکلا ہوا پانی وغیرہ۔
الدَّفْقُ: بہاؤ، اُبال، جوش (پانی وغیرہ کا)
صُنْدُوقُ الدَّفْقِ: فلش بکس جس سے پانی گرایا جاتا ہے۔
الدَّافِقُ: زور اور جوش سے نکلنے والا پانی وغیرہ، چشمہ سے نکلنے والا پانی، جاری، رواں۔
الدَّفُوقُ: تیز رفتار اونٹ وغیرہ۔
المُتَدَفِّقُ: جاری، رواں، ابلتا ہوا، تیزی اور جوش سے نکلنے والا، باہر کو نکلے ہوئے دانتوں والا اونٹ، تیز رفتار
• الدَّفْلُ: کاڑھا قطران یا زفت۔
الدِّفْلَى: کنیر، ایک تلخ وزہریلا پودا اور اس کا پھل۔
• دَفَنَتِ الإبلُ ـِ دَفْنًا: تیز چلنا، جدھر منہ اٹھے ادھر چلنا، بے مقصد چلنا۔
دَفَنَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا پانی پینے کے لئے جاتے وقت اونٹوں کے بیچ میں رہنا۔
ـــ الشيءَ: چھپانا، دفن کرنا، زمین میں گاڑنا هو مَدْفونٌ و دَفِينٌ دَفَنْتَ نَفْسَكَ فِي حَيَاتِكَ: تم نے خود کو گمنام کرلیا۔
ـــ الحديثَ: بات کو راز میں رکھنا، چھپانا۔
اِدَّفَنَ العَبْدُ: آقا سے ڈر کر بھاگنا، یا کام کی محنت ومشقت سے گھبرا کر بھاگنا، مگر شہر سے نہ نکلنا۔
ـــ الشيءَ: چھپانا، دفن کرنا۔
تَدَفَّنَ: مدفون ہونا، چھپ جانا، زمین میں گڑ جانا، اونٹ کا تیز چلنا۔
تَدَافَنَ القَومُ: ایک دوسرے سے چھپانا۔
دَافِنُ الأَمرِ: کسی بات کا باطن، اندرونی حالت۔
الدَّفْنُ: گمنام آدمی، غیر معروف آدمی (۲) زمین میں چھپایا جانا، قبر میں اتارا جانا ج: اَدْفَانٌ۔
الدِّفْنُ: مدفون، پوشیدہ، زمین میں گڑا ہوا (۲) چشمہ، حوض، یا کنواں (پوشیدہ) اَبْيَاتٌ دِفْنٌ: مبہم اور دقیق اشعار ج: اَدْفَانٌ و دِفَانٌ و دُفُنٌ۔
الدَّفُونُ: بلاضرورت جدھر منہ اٹھے ادھر چلنے والا، بے مقصد چلنے والا (۲) کام سے اکتا کر بھاگنے والا غلام (جو شہر سے نہ نکلے) یا آقا کے ڈر سے بھاگ جانے والا غلام (۳) وہ اونٹنی جس کی عادت پانی پینے کے لئے جاتے وقت اونٹوں کے بیچ میں رہنے کی ہو۔
حَسَبٌ دَفُونٌ: غیر معروف نسب۔
الدَّفِينُ: مدفون، زمین میں دبا ہوا ج: دُفَنَاءُ و دُفُنٌ (۲) چاول میں دبا کر پکایا ہوا گوشت۔ دَاءٌ دَفِينٌ: چھپی ہوئی بیماری جس کی اذیت ابھی ظاہر

نہ ہوئی ہو۔ کہتے ہیں: فی فُلانٍ دَاءٌ
دَفِینٌ: ایسی بیماری جس کا فساد ظاہر ہونے
تک پتا نہ چلے۔ ھو دَفِینُ المُرُوءَۃِ:
وہ بے مروت ہے۔ اِمرَأۃٌ دَفِینٌ:
چھپی ہوئی عورت ج: دَفنٰی۔
الدَّفِینَۃُ: دفن کی ہوئی چیز، زمین میں دبایا
ہوا خزانہ ج: دَفَائِن۔
المَدفِنُ: قبرستان (۲) دفن کرنے کی جگہ
ج: مَدَافِن۔
•الدِّفنِسُ والدِفنَاسُ: بے وقوف، کمینہ
(۲) بخیل (۳) بھاری بھرکم عورت۔
•دَفَا الجَرِیحَ ـُ دَفوًا: زخمی کو جلدی
سے مار ڈالنا۔
•دَفِیَ ـَ دَفًا: کبڑے پن کی وجہ سے جھکا ہوا
ہونا۔ ھو اَدفٰی و ھی دَفوَاءُ۔
ـــ الوَعِلُ وکُلُّ ذِی قَرنٍ: پہاڑی
بکرے اور ہر سینگ والے جانور کے
سینگوں کا پیچھے کی طرف کو مڑا ہوا ہونا
ـــ العُقَابُ: عقاب کی چونچ کا مڑا ہوا ہونا۔
ـــ الطَّائِرُ: پرندہ کے بازو کا لمبا ہونا۔
ـــ الشَّجَرَۃُ: درخت کی شاخوں کا بڑا
اور جھکا ہوا ہونا۔ فالشَّجَرَۃُ دَفوَاءُ
حدیث میں ہے: "اَنَّہ اَبصَرَ شَجَرَۃً
دَفوَاءَ تُسَمّٰی ذَاتَ اَنوَاطٍ"
اُدفِیَ الظَّبیُ: ہرن کے سینگوں کا لمبا اور کانوں
کی طرف جھکا ہوا ہونا۔
ـــ الجَرِیحَ: زخمی کو جلدی سے ختم کردینا۔
دَافَی الجَرِیحَ: دَفَاہُ۔
تَدَافَی البَعِیرُ: اونٹ کا جھومتے ہوئے
چلنا۔
الدَّفوَاءُ: لمبی گردن والی عمدہ نسل کی اونٹنی

د ـــــ ق

•دَقدَقَ القَومُ: شور مچانا۔
ـــ الدَّوَابُّ: چوپاؤں کے سموں کی آواز
سنائی دینا۔
دَقدَقَ الشَّیئَ: خوب کوٹنا، بار بار کھٹکھٹانا
الدَّقدَقَۃُ: سموں کی آواز، شور وغل۔
•دَقدَسَ: جانچ پڑتال کرنا، تجسس کرنا۔
•دَقِرَ ـَ دَقَرًا: سرسبز و شاداب ہونا۔
ـــ النَّبَاتُ: نباتات کا بکثرت اور ترو تازہ
ہونا۔
ـــ فُلَانٌ من الطَّعَام: کھانے سے
پُر ہو جانا، شکم سیر ہونا۔
دَقَرَ ـُ دَقرًا: جذبات کو مجروح کرنا۔
دَقَّرَہ: روکنا (دروازہ) کو لکڑی کی (موسل)
چٹخنی لگانا، مؤخر کرنا۔
الدَّقَرُ والدَّقرَیٰ: خوش نما باغ،
سرسبز باغ جس میں خوب نباتات
اُگے ہوں۔
الدِّقرُ: لکڑی کی (موسل) چٹخنی۔
الدِّقرَارَۃُ: بری عادت، چغل خوری۔
رَجُلٌ دِقرَارَۃٌ: چغل خور آدمی،
(۲) جھگڑالو (۳) گندی باتیں، خراب گفتگو
کہتے ہیں: جَاءَ بالدَّقَارِیرِ: اس
نے بری باتیں کیں (۴) تیز و چالاک
آدمی (۵) ٹھگنا آدمی ج: دَقَارِیر۔
الدُّقرَانُ: وہ لکڑیاں جن پر انگور کی بیل
چڑھائی جاتی ہے۔ واحد: دُقرَانَۃ
•دَقَسَ الوَتِدُ فِی الاَرضِ ـِ
دَقسًا و دُقُوسًا: میخ کا زمین میں
گھس جانا۔
ـــ فُلَانٌ فِی البِلَادِ: ملک میں گھسنا،
اندر تک چلے جانا۔
ـــ خَلفَ العَدُوِّ: دشمن کا پیچھا کرکے
حملہ کرنا۔
ـــ الجَرَادُ النَّبَاتَ: نباتات کے اندر
گھس کر اس کا صفایا کردینا۔
ـــ البِئرَ: کنویں کو بھرنا۔
•دَقِعَ ـَ دَقَعًا: غربت و ذلت کی بنا پر
خاک نشین ہو جانا۔ حدیث میں ہے حضور
صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں سے مخاطب
ہوکر فرمایا: "اِنَّکُنَّ اِذَا جُعتُنَّ
دَقِعتُنَّ" (۲) معمولی گزارہ پر قناعت
کرنا (۳) غربت کی بنا پر زندگی کا اجیرن
ہونا (۴) طلب معاش میں نچلی سطح پر
اتر آنا۔
دَقِعَ الفَصِیلُ: اونٹ کے بچے کا دودھ سے
بدہضمی میں مبتلا ہونا۔ ھو اَدقَعُ و
ھی دَقعَاءُ ج: دُقعٌ۔
اُدقِعَ: زمین اور مٹی سے لگ جانا، ذلیل و
رسوا ہونا (۲) کمائی میں نچلی سطح پر اتر
آنا (۳) انتہائی غریب ہو جانا۔ فَقرٌ
مُدقِعٌ: رسوا کن غریبی، انتہا درجہ
کی غربت۔
ـــ لَہ و اِلَیہِ فِی الشَّتمِ: خوب گالیاں
دینا، برا بھلا کہنے میں احتیاط نہ کرنا۔
ـــ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا، انتہائی غربت
میں مبتلا کر دینا۔
الاَدقَعُ: مٹی۔ جُوعٌ اَدقَعُ: سخت بھوک
الدَّاقِعُ: گھٹیا درجہ کا کام کرنے والا، ذلت آمیز
کام کرنے والا۔
الدَّقَاعُ: مٹی۔
الدَّقعَاءُ: مٹی، وہ زمین جس میں گھاس
نہ ہو، بنجر زمین۔
الدَّقعَی: کہتے ہیں: رَأَیتُ القَومَ صَفقَیَ دَقعَی
میں نے لوگوں کو زمین سے لگا ہوا پایا یعنی
ذلیل وفاقہ مست۔
الدَّوقَعَۃُ: غربت، غریبی (۲) ذلت (۳)
مصیبت و سختی۔ رَمَاہُ اللہ بالدَّوقَعَۃ
خدا اسے ذلیل کرے۔
الدَّیقُوعُ: سخت بھوک۔
المُدقِعُ: فَقرٌ مُدقِعٌ: انتہائی فقر،
رسوا کن غربت (۲) مٹی سے لگا ہوا، ذلیل
(۳) وہ اونٹ جو نباتات کو کھا کر بقیہ کو

زمین کے برابر کردے ج: مَدَاقِيعُ۔

•دَقَّ الشَّيءُ ـِ دِقَّةً: چھوٹا ہونا، باریک ہونا، مہین ہونا، نازک ہونا (۲) گھٹیا اور حقیر ہوجانا (۳) گہرا اور پرپیچ ہونا جس کا مطلب ذہین ترین لوگ ہی سمجھ سکیں۔ هو دَقِيقٌ۔

ـــ القَلْبُ: دل دھڑکنا۔

ـــ السَّاعَةُ: گھڑی کا بجنا (۲) وقت بتانا

دَقَّ الشَّيءَ ـُ دَقًّا: توڑنا، کوٹنا، چورہ کرنا، باریک کرنا، پیسنا (۲) ظاہر کرنا کہتے ہیں: "دَقُّوا بَيْنَهُمْ عِطْرَ مَنْشِمٍ" انہوں نے ایک دوسرے کی عیب کشائی کی۔

ـــ البَابَ: دروازہ کھٹکھٹانا۔

ـــ الطَّبْلَ و الجَرَسَ: ڈھول وغیرہ بجانا

ـــ المِسْمَارَ فِي الشَّيءِ: کیل ٹھونکنا۔

أَدَقَّ: معاملات کی باریکی میں جانا (۲) باریکیاں نکالنا، گہرے اور چھپے ہوئے مطالب تک پہنچنا۔ کہتے ہیں: ما أَدَقَّنِي وَ مَا أَجَلَّنِي: اس نے مجھے نہ تھوڑا دیا نہ زیادہ

ـــ الشَّيءَ: باریک بنانا، دقیق اور گہرا بنانا

دَاقَّهُ فِي الحِسَابِ: کسی سے حساب و کتاب میں باریکیاں نکالنا، ایک ایک پائی یا ایک ایک جز کا حساب کرنا۔

دَقَّقَ الشَّيءَ: خوب باریک کرنا، خوب کوٹنا (۲) آٹا بنا دینا۔

ـــ فِي الشَّيءِ: باریک بینی سے کام لینا، باریکیاں نکالنا۔

ـــ الحِسَابَ: حساب کی چھان بین کرنا، حساب چیک کرنا۔

ـــ النَّظَرَ فِي الشَّيءِ: اچھی طرح جائزہ لینا، اچھی طرح چھان بین کرنا۔

تَدَاقًّا: باریک بینی میں باہم مقابلہ کرنا۔

اِسْتَدَقَّ الشَّيءُ: باریک ہونا، پتلا ہونا۔ دپہلی رات کے چاند کا) بہت باریک ہونا۔

اِسْتَدَقَّ الشَّيءَ: چھوٹا سمجھنا۔

اِنْدَقَّ: کٹ جانا، باریک ہوجانا، پس جانا، کھلنا، بجنا۔

الدُّقَاقُ و الدُّقَاقَةُ: چورا، ریزے، سفوف (۲) عمدہ آٹا۔

الدِّقُّ: باریک (ضد: غليظ) (۲) تھوڑی اور چھوٹی چیز۔ اَخَذْتُ دِقَّهُ و جِلَّهُ: میں نے اس کی چھوٹی اور بڑی دونوں چیزیں لے لیں۔ کہاوت ہے: الإِبِلُ تَرْعَىٰ دِقَّ الشَّجَرِ: اونٹ چھوٹے چھوٹے درختوں کو بھی کھا لیتے ہیں۔

حُمَّى الدِّقِّ: تپ دق، وہ بخار جو ٹھہر جاتا ہے اور پھیپھڑے متاثر ہوجاتے ہیں۔

الدَّقَّةُ: الدُّقَاقَةُ (۲) مسالے اور مسالوں میں ملائی جانے والی چیزیں (بیج وغیرہ) (۳) نمک اور سیاہ مرچ وغیرہ ملے ہوئے (۴) خالص کوٹا ہوا نمک۔

الدَّقَّاقُ: مسالے پیسنے والا (۲) آٹا بیچنے والا (۳) باجہ بجانے والا (۴) باریک بین۔

الدَّقَّاقَةُ: دَقَّاق کی تانیث (۲) موگری یا موسلی جس سے چاول وغیرہ کوٹے جائیں۔ السَّاعَةُ الدَّقَّاقَةُ: کلاک، آواز دینے والی بڑی گھڑی، گھنٹا۔

الدَّقَقَةُ: عیوب ظاہر کرنے والے لوگ

الدَّقَّةُ: ایک ضرب، ایک دفعہ بجنے یا لگنے یا کوٹنے کی آواز، دل کی دھڑکن گانے کی دُھن، دروازہ کی کھٹکھٹا

دَقَّاتُ القَلْبِ و السَّاعَةِ: دل یا گھڑی کی ٹک ٹک، دھڑکنیں، آوازیں۔

الدِّقَّةُ: باریکی، باریک بینی (۲) نزاکت (۳) گہرائی، پوشیدگی (۴) پتلاپن، چھوٹاپن خست۔

دِقَّةُ النَّظَرِ: باریک بینی۔

الدَّقُوقُ: آنکھوں میں ڈالنے کا سفوف۔

الدَّقُوقَةُ: وہ جانور جو کٹی ہوئی کھیتی کو گاہیں۔

الدَّقِيقُ: باریک (ضد: غليظ) مہین، پتلا (۲) نازک (۳) گہرا، غامض جسے آسانی سے نہ سمجھا جا سکے (۴) بے فیض آدمی (۵) معمولی اور حقیر بات (۶) آٹا، ج: أَدِقَّةٌ و أَدِقَّاءُ و دِقَاقٌ و دَقَائِقُ۔

الدَّقِيقَةُ: منٹ (۲) طول و عرض ناپنے کا پیمانہ، درجہ کے ساٹھویں حصہ کے برابر ج: دَقَائِقُ۔ دَقَائِقُ الأُمُورِ: نازک معاملات، گہرے اور مشکل امور۔

الدَّقِيقِيُّ: آٹا بیچنے والا۔

الدَّقِيَّةُ: تانبے یا پیتل کی دیگچی۔

المِدَقُّ و المِدَقَّةُ: غلہ کوٹنے کی موسلی، لوہے یا لکڑی کی موسلی ج: مَدَاقُّ۔

المُدُقُّ: المِدَقُّ۔

المُسْتَدَقُّ: ہر چیز کا باریک، پتلا، نازک حصہ (۲) کلائی کا پتلا حصہ۔

المُدَقَّقَةُ: قیمہ۔

المَدْقُوقُ: کٹا ہوا، پسا ہوا، تپ دق کا مریض۔

•دَقَلَ جِسْمُهُ ـُ دَقْلًا: بدن کا کمزور ہونا۔

ـــ فُلَانًا: محروم کرنا یا رکھنا، روکنا (۲) ناک یا منہ پر مارنا۔

أَدْقَلَتِ الشَّاةُ: بھیڑ بکری کا دبلی اور کمزور ہونا۔

ـــ النَّخْلُ: کھجور کا ردی پھل والا ہونا۔

ـــ فُلَانٌ: آدمی کا چھوٹے بچے والا ہونا۔

دَوْقَلَ فُلَانٌ: کھانے وغیرہ کی کسی چیز کا

مخصوص کرنا۔

دَوْقَلَ الشیئَ: لینا اور رکھ لینا (۲) اپنے لئے مخصوص کرلینا۔

الدَّقَلُ: ردی کھجور، سب سے زیادہ خراب کھجور (۲) کشتی کے بیچ میں لگی ہوئی لکڑی جس پر بادبان کو لگایا جاتا ہے بادبان کا ڈنڈا یا بلّی جسے الصّادی کہا جاتا ہے ج: أدقال۔

الدَّقِلَةُ: شاة دَقِلَةٌ: کمزور اور دبلی بھیڑ و بکری ج: دِقَالٌ۔

الدَّقِيلَةُ: الدَّقِلَةُ ج: دِقال و دَقَائِل۔

الدَّوقَلُ: وہ ڈنڈا یا بلّی جس پر بادبان لگایا جاتا ہے ج: دَوَاقِل۔

•دَقَمَه ـُـ دَقْمًا: اچانک دھکا دینا (۲) سینہ پر مار کر دھکا دینا (۳) دانت توڑنا

دَقِمَ ـَـ دَقَمًا: اگلے دانت ٹوٹنا۔ أَدْقَمُ: جس کے اگلے دانت ٹوٹے ہوئے ہوں۔

أَدْقَمَ فَاهُ: کسی کے اگلے دانت توڑ دینا۔

الدَّقْمُ: قرض وغیرہ کا سخت بوجھ اور پریشانی۔

الدَّقَمَةُ: منھ کا اگلا حصہ۔

•دَقَنَ فی لَحْيه ـُـ دَقْنًا: ٹھوڑی پر مکّا مارنا (۲) روکنا، محروم کرنا۔

الدَّقَنُ: ٹھوڑی۔

الدِّيقَانُ: چولہے کے تین پتھر۔

•دَقِيَ الفَصِيلُ ـَـ دَقًى: اونٹ وغیرہ کے بچہ کا زیادہ دودھ پینے سے پیٹ خراب ہونا اور پتلی لید کرنا۔ هو دَقٍ و دَقِيٌّ و دَقْوَان و هي دَقْوَى ج: دَقَايا۔

د ـــــ ک

•الدكتاتوريّة: ڈکٹیٹر شپ مطلق العنانیت عوام کی مرضی کے بغیر کسی فرد یا جماعت کا اپنی رائے کے موافق حکومت کرنا۔

الدِّكتاتور: ڈکٹیٹر۔

الدُّكتُور: ڈاکٹر (علمی ڈگری والا)

ـــ فی الطب: معالج ڈاکٹر۔

ـــ فی الحُقُوق: ڈاکٹر آف لا۔

•دَكْدَكَ الحُفْرَةَ: گڑھے کو مٹی سے بھرنا (۲) پائجامہ میں کمربند ڈالنا،

تَدَكْدَكَتِ الجِبَالُ: پہاڑوں کا گر کر ہموار ہو جانا، دیوار میں سوراخ کرنا۔

الدَّكْدَاكُ و الدِّكْدِكُ: قدرے سخت زمین (۲) مٹی چڑھا ہوا ریت ج: دَكَادِك۔

•ادَّكر: دیکھئے اذکر۔

•دَكْزَه: ایڑ لگانا، دھکا دینا۔

•دَكَسَ التُّرَابَ ـُـ دَكْسًا: مٹی ڈالنا

ـــ الوِعَاءَ: برتن کو دبا دبا کر بھرنا۔

دَكِسَ ـَـ دَكَسًا: مٹی وغیرہ کا تہ بہ تہ ہونا

تَدَاكَسَ: بہت ہونا (۲) بد اخلاق ہونا

الدَّاكِسُ: پیچھے رہ جانے والا ہرن۔

الدَّكَاسُ: اونگھ (۲) تہ بہ تہ چربی، ڈھیر لگی ہوئی کھجوریں، چوپاؤں وغیرہ کا ریوڑ۔

الدَّكِيسَةُ: لوگوں کا گروہ۔

الدَّوكَسُ: بہت، کثیر۔ نَعَمٌ دَوْكَسٌ، مَالٌ دَوْكَسٌ (۲) لوگوں کا جم گھٹ۔

•دَاكَشَ: تبادلہ کرنا۔ دَاكَشَةَ الشیئَ دَكِيشٌ و دَكِيشَةٌ: تبادلہ، ادل بدل کا معاملہ۔

أَدْكَشُ: کمزور نگاہ والا۔ م: دَكْشَاءُ ج: دُكْشٌ۔

الدَّكَشُ: ناقابل قبول چیز۔

•دُكِعَ الحَيَوَانُ: جانور کو کھانسی ہو جانا

الدُّكَاعُ: گھوڑوں اور اونٹوں کی کھانسی

•دَكَّهُ ـُـ دَكًّا: کوٹنا (۲) دھکیلنا، دھکا دینا، منہدم کرنا، اجاڑ و ویران کرنا۔

دَكَّ البِنَاءَ و نَحْوَهُ: عمارت کو گرا کر زمین کے برابر کر دینا۔

ـــ الأَرْضَ: زمین کے نشیب و فراز کو دور کر کے ہموار کر دینا۔ قرآن پاک میں ہے: "كَلَّا إِذَا دُكَّتِ الأَرْضُ دَكًّا دَكًّا"

دَكَّه المَرَضُ و دَكَّتْهُ الحُمَّى: بیماری یا بخار نے اسے کمزور کر دیا۔

ـــ الدَّابَّةَ: چوپائے کو چلا کر تھکا دینا۔

ـــ البِئْرَ: کنویں کو پاٹنا، بند کر دینا۔

ـــ التُّرَابَ: مٹی کو دبا کر برابر کر دینا۔

ـــ التُّرَابَ علی المَيِّتِ: مردہ پر مٹی ڈالنا

دَكَّ الطَّرِيقَ بالحَصَى: راستہ پر کنکریاں کوٹ کر ہموار کرنا۔

دَكَّ البَعِيرُ ـَـ دَكَكًا: اونٹ کا کوہان ختم ہو جانا۔

ـــ الفَرَسُ: گھوڑے کی لمبائی کا چھوٹا اور پیٹھ کا بڑا ہونا۔ فالفَرَسُ أَدَكُّ و هي دَكَّاءُ ج: دُكٌّ۔

تَدَاكَّ عَلَيه القَوْمُ: کسی کے پاس لوگوں کا بھیڑ لگانا، ہجوم ہونا۔

تَدَاكَّتْ عَلَيهِم الخَيْلُ: ان کو گھوڑوں نے گھیر لیا، ان پر گھوڑوں نے چڑھائی کی۔

انْدَكَّ: مطاوع دَكَّ: منہدم ہو جانا (۲) زمین کا برابر ہو جانا، ہموار ہونا (۳) ریت کا تہ بہ تہ ہونا (۴) کنویں کا پٹ جانا (۵) چوپائے کا چل کر تھک جانا۔

ـــ السَّنَامُ: کوہان کا پیٹھ کے برابر ہو جانا۔

الدَّكَّاءُ: ہموار کی ہوئی زمین (۲) نرم یا تہ مٹی کا ٹیلہ۔

الدَّكُّ: مٹی کا پشتہ، ہموار زمین یا ہموار ریت۔ مَكَانٌ دَكٌّ: ہموار جگہ ج: دُكُوكٌ و دِكَاكٌ۔

الدَّكَّاكُ: بہت کوٹنے والا، بہت پیسنے یا روندنے والا۔

الدَّكُّ: مضبوط و بھاری بھر کم آدمی ج: دِكَكَةٌ

الدَّکَّانُ: دیکھئے دکن ۔
الدَّکَّۃُ: ہموار ریت (۲) چبوترہ (۳) لکڑی کی لمبی کرسی، بینچ (۴) بندوق کی بارود
الدِّکَّۃُ: ازار بند۔
المِدَکُّ: دُرمٹ، کوٹنے کا آلہ، سڑک کوٹنے کی مشین (۲) قوی ہیکل آدمی
المِدَکَّۃُ: کوٹنے کی مشین۔ اَمَۃٌ مِدَکَّۃٌ: کام میں مضبوط وچست باندی۔
الاَدَکُّ: چپٹی پیٹھ والا گھوڑا (۲) بغیر کوہان کا اونٹ۔
• دَکَلَ الطِّینَ ـُ دَکْلاً: لپائی کے لئے ہاتھ سے گارا اکٹھا کرنا
— الشَّیْءَ: پیروں سے ملنا، روندنا۔
ہو مَدْکُولٌ و دَکِیلٌ۔
دَکَّلَ الدَّابَّۃَ: چوپایے کو مٹی میں لوٹ لگوانا۔
تَدَکَّلَ: مغرور ہونا، خود کو بڑا سمجھنا۔
تَدَکَّلَ عَلَیْنَا فُلَانٌ: فلاں نے ہم سے نخرے و چونچلے کرکے عزت حاصل کی۔
— عنہ: دیر کرنا، عمداً سستی کرنا۔
الدُّکْلَۃُ: وہ معزز لوگ جو بادشاہ کی بات پر بھی لبیک نہ کہیں (اپنی عزت کے باعث) (۲) پتلا گارا۔
دُکْلَۃٌ من کذا: کسی چیز کا ٹکڑا، یا بقیہ
• دَکَمَہُ ـُ دَکْمًا: بعض کو بعض پر رکھ کر کوٹنا (۲) بعض کو بعض سے ملانا۔
— اَنْفَ فُلَانٍ: کسی کی ناک توڑنا۔
— فُلَانًا: کسی کی مزاحمت کرنا، آڑے آنا
— فُلَانًا فی صَدْرِہ: سینہ پر مار کر دھکا دینا۔
دَکَمَ فُلَانًا بِرَأْسِہ: کسی کے نرخرہ پر سینگ مارنا۔
تَدَاکَمَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو دھکا دینا۔
دَکَنَ المَتَاعَ ـُ دَکْنًا: سامان کو ترتیب سے تہ بہ تہ لگانا۔
دَکِنَ ـَ دَکَنًا و دُکْنَۃً: سیاہی مائل ہونا۔
— الثَّوْبُ: میلا ہونا (۲) مٹیالا ہونا۔
ہو اَدْکَنُ و ہی دَکْنَاءُ
ج: دُکْنٌ۔
ثَرِیْدَۃٌ دَکْنَاءُ: بہت مسالوں والا ثرید۔
اَدْکَنَ: دَکِنَ۔
دَکَّنَ المَتَاعَ: ترتیب سے لگانا، تہ بہ تہ لگانا۔
— الدُّکَّانَ: دکان لگانا۔
— الشَّیْءَ: مٹیالا اور سیاہی مائل بنانا
الدُّکَّانُ: دکان (۲) چبوترہ ج: دَکَاکِیْنُ۔
الدُّکَّانِیُّ: دکان دار۔
الدُّکْنَۃُ: سیاہی مائل رنگ، مٹیالا رنگ۔

د ـــ ل

• الدَّالِبُ: نہ بجھنے والا انگارہ۔
الدُّلْبُ: چنار کا درخت جو خوبصورتی کے لئے لگایا جاتا ہے۔
الدُّولَابُ: دیکھئے: دولاب۔
المَدْلَبَۃُ: زمین جس میں چنار کے درخت زیادہ ہوں
• الدِّلْتَا: ڈیلٹا، دریا کے دہانے کے قریب اس کی مختلف سمتوں میں پھوٹنے والی شاخوں کے درمیان سیلابی قطعۂ زمین جسے اکثر دوسری شاخیں کاٹتی ہوئی گزرتی ہیں۔
• دَلَثَ ـِ دَلِیثًا: چھوٹے چھوٹے تیز قدم اٹھانا۔
اِدَّلَثَ الشَّیْءَ: ڈھانپنا۔
— القَطِیْفَۃَ: مخملی چادر سے سر اور بدن ڈھانپنا۔
اِنْدَلَثَ: لپکنا، تیز چلنا (۲) بغیر کسی طرف توجہ کئے چلے جانا (۲) بے سوچے سمجھے بڑھنا۔ کہتے ہیں: اِنْدَلَثَ عَلَیْنَا یَشْتِمُ: وہ ہمیں گالیاں دیتا چلا گیا۔
تَدَلَّثَ: زبردستی گھسنا، کود پڑنا۔ کہتے ہیں: تَدَلَّثَ فیہ و عَلَیْہ۔
الدِّلَاثُ: تیز رفتار اونٹ یا اونٹنی وغیرہ (واحد وجمع دونوں کے لئے) کبھی جمع دُلُثٌ بھی آتی ہے۔
المَدَالِثُ: سرحدی جنگی مقامات۔
مَدَالِثُ الوَادِیْ: وادی سے پانی کے تیزی کے ساتھ بہنے کے مقامات۔ واحد: مَدْلَثٌ۔
• دَلَجَ السَّاقِیْ ـُ دُلُوْجًا: کنویں سے پانی کا ڈول نکال کر حوض میں ڈالنا (۲) دودھ نکالنے کے بعد پیالوں میں منتقل کرنا
ہو دَالِجٌ ج: دُلَّجٌ۔
— بِحِمْلِہ دَلْجًا و دُلُوْجًا: کسی بھاری چیز کو مشقت کے ساتھ لے کر اٹھنا۔
ہو دَلُوْجٌ۔
اَدْلَجَ القَوْمُ: ابتدائی شب میں سفر شروع کرنا۔
اِدَّلَجَ القَوْمُ: رات کے آخری حصہ میں سفر شروع کرنا (۲) پوری رات چلنا۔
الدَّلَجَانُ: ٹڈی دل۔
الدُّلْجَۃُ: ابتدائی رات کا سفر (۲) پوری رات کا سفر۔ حدیث میں ہے: "عَلَیْکُمْ بِالدُّلْجَۃِ فَاِنَّ الاَرْضَ تُطْوٰی بِاللَّیْلِ" تم رات کو سفر کیا کرو کیونکہ رات میں زمین کی مسافت مختصر ہو جاتی ہے۔
الدَّوْلَجُ: زمین دوز گھر اور بھٹ (جو آر پار نہ ہو) (۲) درختوں کی جڑ میں بنا ہوا گھر، جانوروں کا مسکن (۳)

بڑے گھر کے اندر بنا ہوا چھوٹا گھر ج: دَوَالِجُ ۔
اَلْمَدْلَجُ: کنویں اور حوض کے درمیان کی جگہ۔
اَلْمُدْلِجُ: سیہی۔ اَبُو مُدْلِج بھی کہتے ہیں
اَلْمَدْلَجَۃُ: اَلْمَدْلَجُ (۲) جنگلی جانوروں کا گھر (۳) بڑا برتن جس میں دودھ نکالا جائے، دودھ کا بڑا ڈبا۔
اِلْمِدْلَجَۃُ: ڈول (۲) دستہ والا بڑا ڈبا جو دودھ فروش رکھتے ہیں۔
•دَلَحَ ـَـ دَلْحًا و دَلَحَانًا: بوجھ کی وجہ سے کوئی چیز اٹھا کر آہستہ آہستہ چلنا۔
دَلَحَت السَّحَابَۃُ: بادل کا پانی کے بوجھ کی وجہ سے سست رفتاری سے چلنا۔ السَّحَابَۃُ دَالِحٌ ج: دُلَّحٌ و دَوَالِحُ و ھی دَلُوحٌ ج: دُلُحٌ
تَدَالَحَ الرَّجُلَانِ الشیءَ بَیْنَہُمَا: دو آدمیوں کا کسی چیز کے ایک ایک سرے کو پکڑ کر اٹھانا، لکڑی پر کوئی چیز رکھ کر دو آدمیوں کا ایک ایک طرف سے پکڑ کر اٹھانا۔ حدیث میں ہے: "اَنَّ سَلْمَانَ وَاَبَا الدَّرْدَاءِ اشْتَرَیَا لَحْمًا فَتَدَالَحَاہُ بَیْنَہُمَا عَلٰی عُوْدٍ"
•دَلِخَ ـَـ دَلَخًا: موٹا ہونا۔ ھو دَلِخٌ و دَلُوخٌ۔
ـــ الاِنَاءُ: برتن کا بھر کر بہہ پڑنا، چھلکنا۔
اَلدَّالِخُ: موٹا تازہ آدمی۔
اَلدُّلَاخُ: (من النساء) بڑے سرین والی عورت ج: دِلَاخٌ۔
اَلدُّلَخَۃُ: اَلدُّلَاخُ۔
اَلدَّلُوخُ: بہت پھل لانے والا کھجور کا درخت (۲) موٹا ج: دُلُخٌ۔
•دَلْدَلَ اَعْضَاءَہٗ: چلتے ہوئے اعضاءِ جسم کو ہلانا۔

تَدَلْدَلَ الشیءُ: ہلنا (۲) لٹکتے ہوئے ہلنا
ـــ فی مَشْیِہٖ: لڑکھڑاتے ہوئے چلنا۔
اَلدُّلْدُلُ: کانٹوں دار ایک کاٹنے والا جانور، سیہی جانور کی ایک قسم (۲) بڑا کام۔
اَلدُّلْدُوْلُ: اَلدُّلْدُلُ۔
• دلس۔ اَدْلَسَ القَوْمُ: لوگوں کا ایسی زمین میں پہنچنا جہاں دوبارہ روئیدگی شروع ہوئی ہو۔
اَدْلَسَت الاَرْضُ: موسم گرما کے اخیر میں زمین کا سرسبز ہونا (۲) زمین کی گھاس ختم ہو جانے کے بعد دوبارہ روئیدگی شروع ہونا۔
دَالَسَہٗ مُدَالَسَۃً و دِلَاسًا: دھوکہ دینا، ظلم و زیادتی کرنا۔ کہتے ہیں: ھو لا یُدَالِسُ و لا یُوَالِسُ: وہ نہ دھوکہ دیتا ہے اور نہ خیانت کرتا ہے
دَلَّسَ البَائِعُ: بائع کا خریدار سے سودے کے عیب کو چھپانا، دھوکہ دینا۔
ـــ فُلَانٌ لِفُلَانٍ فی البَیْعِ و فی کُلِّ شیءٍ و دَلَّسَ علیہ: فریب سے کام لینا، تلبیس کرنا۔
ـــ المُحَدِّثُ فی الاِسْنَادِ: حدیث بیان کرنے والے کا اپنے معاصر سے ایسی روایت کرنا جو اس سے نہ سنی ہو لیکن بیان اس طرح کرے کہ گویا اس نے اس سے سنی ہے، یا محدّث کا اپنے شیخ کا ایسا نام لینا جس سے وہ مشہور نہ ہو۔
ـــ الاِبِلُ: اونٹوں کا بچے کھچے گھاس کو کھاتے رہنا۔
اِنْدَلَسَ: پوشیدہ ہونا۔
تَدَلَّسَ الرَّجُلُ: چھپنا۔
ـــ الشیءُ: پوشیدہ ہونا۔
ـــ الدَّابَّۃُ: چراگاہ میں تھوڑا چرنا، تھوڑی سی گھاس کو صاف کر جانا۔

تَدَلَّسَ فُلَانٌ الطَّعَامَ: تھوڑا تھوڑا کھانا۔
اَلدُّلْسُ: دھوکہ، فریب۔ کہتے ہیں: مالی فیہ وَلْسٌ و لا دَلْسٌ: اس میں میں نے نہ دھوکہ کیا ہے اور نہ خیانت۔
اَلدَّلَسُ: وہ زمین جس میں گھاس صاف ہو جانے کے بعد دوبارہ اگ آئی ہو (۲) وہ پودا جس پر موسم گرما کے اخیر میں پتے نکل آئیں (۳) بچی ہوئی گھاس (۴) تاریکی (۵) دھندلا پن ج: اَدْلَاسٌ۔
اَلدُّلْسَۃُ: تاریکی۔
اَنْدُلُس: ملک اسپین۔
•دَلَصَت الدِّرْعُ ـُـ دَلَاصَۃً: زرہ کا نرم ہونا۔
ـــ الشَّیْءُ: چمکانا، سونے کا ملمع کرنا۔
ـــ المَرْاَۃُ جَبِیْنَہَا: عورت کا اپنی پیشانی کے بال صاف کرنا۔
دَلِصَ ـَـ دَلَصًا: پھسلنا (۲) چمکنا، جھلملانا۔ ھو اَدْلَصُ و ھی دَلْصَاءُ ج: دُلْصٌ
ـــ النَّاقَۃُ: بڑھاپے کی وجہ سے اونٹنی کے دانت ٹوٹ جانا (۲) موٹاپے کی وجہ سے اون جھڑنا۔ ھی دَلِصَۃٌ و دَلْصَاءُ۔
اَدْلَصَت الحَامِلُ الجَنِیْنَ: حاملہ کا جنین کو ڈالنا۔ اسقاط ہو جانا۔
دَلَّصَ الشَّیْءَ: چکنا کرنا۔ کہتے ہیں: دَلَّصَ السَّیْلُ الحَجَرَ۔
ـــ الدِّرْعَ: زرہ کو ملائم کرنا (۲) سونے کا پانی پھیرنا۔
ـــ المَرْاَۃُ جَبِیْنَہَا: عورت کا پیشانی کے بال اڑانا۔
اِنْدَلَصَ الشَّیْءُ من یَدِہٖ: ہاتھ سے پھسل کر نکل جانا، گر جانا۔
ـــ الشَّیْءُ عن الشَّیْءِ: الگ ہو جانا۔
اَلدِّلَاصُ: چکنا ملائم اور چمکدار۔ دِرْعٌ دِلَاصٌ ج: دِلَاصٌ و دُلُصٌ۔

الدَّلِصُ: چکنا ملائم اور چمک دار (۲) ہموار زمین ج: دِلَاصٌ۔
الدَّلِصَةُ: ہموار زمین۔ ناقة دَلِصَةٌ: وہ اونٹنی جس کے بال (اون) جھڑ گئے ہوں ج: دِلَاصٌ۔
الدَّلَاصُ: چکنی ملائم چمک دار چیز۔ ناقة و أَرضٌ دَلَاصٌ۔
الدَّلِيصُ: نرم چکنی چمک دار چیز (۲) چمک (۳) سونے کا پانی ج: دُلُصٌ۔
• دَلَظَ فی سَيْرِه ـِ دَلْظًا: تیزی سے گزرنا، جلدی جلدی کرنا۔
ـــ الهَضْبَةُ بالمَاءِ: پہاڑی سلسلہ سے پانی ابلنا۔
ـــ فُلَانًا: سینہ پر مار کر دھکیلنا (۲) مارنا هو دَالِظٌ و المَفْعُول مَدْلُوظٌ و دَلِيظٌ۔
دَالَظَهُ مُدَالَظَةً و دِلَاظًا: دھکیلنا، مدافعت کرنا۔
انْدَلَظَ المَاءُ: زور سے پانی نکلنا، بہنا
الدِّلَظَى: طاقتور و بہادر آدمی جس کے سامنے جنگ میں ٹھیرا نہ جا سکے۔
الدَّلَظُّ: زور سے دھکیلنے والا۔
الدَّلِيظُ: حکام کے دروازہ سے دھکیلا جانے والا شخص جس کی بات سنی نہ جائے
• دَلَعَ اللِّسَانُ ـَ دُلُوعًا: پیاس کی شدت اور زیادہ تھکان سے زبان کا منہ سے نکل کر ڈھیلا ہو جانا، زبان باہر نکل آنا۔
ـــ النَّارُ: آگ کی لو اٹھنا۔
ـــ اللِّسَانَ: زبان نکالنا۔
أَدْلَعَ لِسَانَهُ: زبان باہر نکالنا۔ کہتے ہیں: أَدْلَعَهُ العَطَشُ و نَحْوُه۔
ادَّلَعَ اللِّسَانُ: (پیاس یا تکلیف کے باعث) زبان کا باہر نکل کر ڈھیلا پڑ جانا۔
انْدَلَعَ اللِّسَانُ: ادَّلَعَ۔ کہتے ہیں: انْدَلَعَ السَّيْفُ مِن غِمْدِه: تلوار میان سے باہر ہو گئی۔ انْدَلَعَ بَطْنُ المَرْأَةِ: عورت کا پیٹ بڑا ہو کر ڈھیلا ہو جانا۔ انْدَلَعَتْ نَارُ الحَرْبِ: جنگ کے شعلے بھڑک اٹھے
الأَدْلَعُ: وہ گھوڑا جو دوڑتے وقت زبان باہر نکال لیتا ہے۔
الدَّالِعُ: بے وقوف۔ أَحْمَقُ دَالِعٌ: بہت بے وقوف۔
الدَّلُوعُ: ناقةٌ دَلُوعٌ: اونٹوں کے آگے رہنے والی اونٹنی (۲) راستہ۔
الدُّلَّاعُ: گونگا، سمندری سیپی۔
المُدَلَّعُ: نازو نعمت میں پلا ہوا۔
الدَّلِيعُ: کشادہ راستہ۔ طَرِيقٌ دَلِيعٌ: ہموار راستہ جس میں اتار چڑھاؤ نہ ہو ج: دَلَائِعُ۔
الدَّوْلَعُ: الدَّلِيع ج: دَوَالِعُ۔
• دَلَفَ ـِ دَلْفًا و دُلُوفًا و دَلَفَانًا: آہستہ چلنا، سرکنا، چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا۔ جیسے: دَلَفَ الشَّيْخُ و دَلَفَ الحاملُ بحِمْلِه۔
ـــ اليه: کسی کے نزدیک ہونا، کسی کے پاس آنا۔
أَدْلَفَ له القَوْلَ: کسی کو سخت بات کہنا
ـــ الكِبَرُ فُلَانًا: بڑھاپے کا کسی کو آہستہ چلانا (بڑھاپے کی وجہ سے آہستہ چلنا)۔
انْدَلَفَ اليه: کسی کے پاس آہستہ چل کر پہنچنا، قریب ہونا۔
ـــ عليه: گرنا۔
تَدَلَّفَ اليه: انْدَلَفَ۔
الدَّالِفُ: آہستہ آہستہ چلنے والا، سرکنے والا (۲) نشانہ کے قریب اچٹ کر گر جانے والا تیر (۳) بوجھ لے کر چھوٹے قدموں سے چلنے والا (۴) وہ بڑی عمر کا آدمی جسے بڑھاپے نے دوسروں کا تابع کر دیا ہو ج: دُلَّفٌ و دُلُفٌ۔
الدِّلُفُ: بہادر۔
الدَّلُفُ: بوجھ لے کر اٹھنے والی اونٹنی۔
الدَّلُوفُ: تیز رفتار عقاب (۲) بڑھاپے کی وجہ سے آہستہ چلنے والا اونٹ (۳) بہت بار آور کھجور کا درخت ج: دُلُفٌ۔
الدُّلْفِينُ: ایک قسم کی بڑی مچھلی جس کیلئے اصل عربی لفظ دُخَسٌ ہے۔
• دَلَقَ ـُ دُلُوقًا: تیزی سے نکلنا۔ جیسے دَلَقَ السَّيْفُ من غِمْدِه: تلوار ایک دم میان سے باہر ہو گئی۔
ـــ الخَيْلُ: گھوڑوں کا پے در پے نکلنا۔
ـــ الشیءَ دَلْقًا: باہر نکالنا۔ جیسے: دَلَقَ السَّيْفَ من غِمْدِه: تلوار سونتنا۔
دَلَقَ البَعِيرُ شِقْشِقَتَهُ: اونٹ نے آواز نکالی۔
ـــ الغَارَةَ عَلَيْهِم: ہلہ بولنا، یورش کرنا، حملہ کرنا۔
ـــ البَابَ: دروازہ کو زور سے کھولنا۔
أَدْلَقَه: دَلَقَه۔
انْدَلَقَ الشیءُ: زور سے نکلنا۔ کہتے ہیں: طَعَنَهُ فَانْدَلَقَتْ أَحْشَاءُ بَطْنِه: اس نے اس کے نیزہ مارا تو اس کی آنتیں باہر نکل آئیں۔
ـــ السَّيْلُ: سیلاب کا زور شور سے آنا اور تباہی مچانا، انْدَلَقَتِ الخَيْلُ: گھوڑوں کا بہت تیزی کے ساتھ نکل پڑنا۔
ـــ البَابُ: دروازہ کھلتے ہی اپنی جگہ پر لوٹ آنا (جیسے اسپرنگ والا دروازہ)۔
تَدَلَّقَ: دھکا لگنا (۲) زور سے نکلنا یا بہنا۔
تَدَلَّقَ السَّيْلُ: سیلاب کا تیزی سے آنا۔ تَدَلَّقَتِ الخَيْلُ: گھوڑوں کا امنڈ آنا۔
اسْتَدْلَقَ السَّيْفَ من غِمْدِه: تلوار

میان سے نکالنا، سونتنا۔
الاَدْلَقُ: وہ شخص جس کے دانت زیادہ عمر ہو جانے سے گر گئے ہوں اور منہ میں سے پانی باہر آجاتا ہو۔ ھی دَلْقَاءُ۔
الدَّالِقُ: پیش رو، سبقت لے جانیوالا (۲) میان سے آسانی کے ساتھ نکلنے والی تلوار
الدَّلَقُ: بلّی جیسا لمبی کمر کا ایک جانور جس کی کھال لبادہ بنانے کے کام آتی ہے۔
الدَّلِقُ: تیزی اور آسانی سے نکلنے والی تلوار
الدَّلُوقُ: الاَدْلَقُ (۲) سخت یورش۔
• دَلَكَتِ الشَّمْسُ ـُ دُلُوكًا: سورج کا ڈھل جانا (وسط آسمان سے جانب غروب ہٹنا) قرآن پاک میں ہے: "اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ" ھی دَالِكٌ و دَالِكَۃٌ۔
ـــ السُّنْبُلُ دَلْكًا: دانوں سے چھلکا الگ ہو جانا۔ کہتے ہیں: دَلَكْتُ السُّنْبُلَ حتی انْفَرَكَ قِشْرُہٗ عن حَبِّہٖ: میں نے گیہوں وغیرہ کی بالوں (خوشوں) کو اتنا رگڑا کہ ان کے دانوں سے چھلکے الگ ہو گئے۔
ـــ الشَّیْءَ: رگڑنا، ملنا، کھرچنا، گھسنا۔
ـــ الجَسَدَ: جسم کو ملنا، دبانا، مساج کرنا۔
ـــ الثَّوبَ: کپڑے کو دھونے کیلئے ہاتھوں سے ملنا۔
ـــ الوَجْہَ و نَحْوَہٗ بالطِّیبِ: چہرہ وغیرہ پر خوشبو ملنا۔
ـــ الدَّھْرُ فُلَانًا: زمانہ کا کسی کو آزمودہ کار بنانا۔
ـــ غَرِیْمَہٗ: قرض خواہ کو ٹالنا۔
ـــ عَقِیْبَہٗ لِلاَمْرِ: کسی کام کے لئے تیار ہونا۔
دُلِكَتِ الاَرْضُ: زمین کی گھاس وغیرہ کھالیا جانا
دَالَكَ فُلَانًا: کسی کے ساتھ برداشت سے کام لینا (۲) قرض خواہ کو ٹالنا۔ ھو مُدَالِكٌ

دَلَّكَ الشَّیْءَ: خوب رگڑنا، خوب ملنا۔
ـــ المَرِیْضَ: بیمار کے جسم کو نرم کرنے کے لئے ملنا۔
ـــ الجَسَدَ: جسم یا ڈھانچہ کو صاف کرنے کے لئے خوب رگڑنا، گھسنا، مالش کرنا
تَدَلَّكَ الرَّجُلُ: غسل کے وقت بدن کو ملنا۔
ـــ بالطِّیبِ: خوشبو ملنا، لگانا۔
الدَّلَكُ: سورج کے زوال (ڈھلنے) کا وقت (۲) غروب آفتاب کا وقت۔
الدَّلَّاكُ: تیمارداری کے لئے بدن کی مالش کرنے والا یا صفائی اور چستی لانے کے لئے بدن کو ملنے والا۔
الدَّلُوْكُ: جسم کو لگانے کی خوشبو یا ملنے کی دوا۔
الدُّلُوْكُ: زوال آفتاب۔
الدَّلِیْكُ: ہواؤں سے اڑنے والی مٹی (۲) ثرید جیسا کھانا جو مکھن اور دودھ کے ساتھ بنایا جاتا ہے (۳) تجربہ کار اور آزمودہ روزگار آدمی ج: دُلُكٌ
الدَّءْلُوك: بڑا معاملہ ج: دَآلِیك۔
المِدْلَكُ و المِدْلَكَۃُ: ملنے یا رگڑنے کا آلہ۔
المُدَالِكُ: چھچھورا آدمی جو چھوٹی باتوں سے احتراز نہ کرتا ہو۔
المُدَلِّكُ: مالش کرنے والا، مساج کرنے والا۔
المُدَلَّكُ: رگڑا ہوا (۲) تجربہ کار۔
المَدْلُوكُ: تجربہ کار (اسفار کی بنا پر) (۲) البَعِیْرُ المَدْلُوكُ: نرم گھٹنوں والا اونٹ۔
• دَلَّ علیہ و الیہ ـُ دِلَالَۃً: کسی بات کی راہنمائی کرنا، بتانا، اطلاع دینا۔ دَلَّہٗ علی الطَّرِیْقِ و نحوہٖ: راستہ بتانا، کسی بات کا پتہ دینا۔ الفاعِل دَالٌّ و المَفعُول مَدْلُولٌ۔

دَلَّتِ المَرْأَۃُ علی زَوْجِھا ـِ دَلًّا: عورت کا اپنے خاوند کو نخرہ دکھانا (دل میں محبت رکھنا اور بظاہر مخالفت کرنا) ناز کرنا۔ کہتے ہیں: ما دَلَّكَ عَلَیَّ؟ میرے سامنے تم کو کس بات نے جری بنایا؟
أَدَلَّ عَلَیْہِ: کسی پر بہت ناز کرنا، لاڈ پیار کرنا (کسی کی محبت پر اعتماد کرتے ہوئے اپنی بات میں غلو کر جانا)۔
ـــ علیہ بِصُحْبَتِہٖ: کسی کی موجودگی میں گستاخی اور جرأت بیجا کا مظاہرہ کرنا، کسی کے سامنے مچلنا۔
ـــ الرَّجُلُ علی اَقْرَانِہٖ: اپنے ساتھیوں کو اچانک آپکڑنا۔
ـــ البازی علی صَیْدِہٖ: شکرہ کا شکار پر اوپر سے اچانک لوٹ پڑنا۔
ـــ الذِّئْبُ: بھیڑیے کا دبلا ہو جانا۔
ـــ بالطَّرِیْقِ: راستہ سے واقف ہونا۔ ھو مُدِلٌّ۔
دَلَّلَہٗ: تربیت کی خامی اور کمی کے باعث گستاخ بنا دینا، لاڈ پیار میں بگاڑ دینا
ـــ علی المَسْأَلَۃِ: دلیل قائم کرنا۔
ـــ علی السِّلْعَۃِ: سامان کو نیلام کرنے کیلئے بولی لگانا، قیمت میں اضافہ کے لئے فروختگی کا اعلان کرنا۔
اِنْدَلَّ المَاءُ: پانی کا اوپر گرنا۔
تَدَلَّلَتِ المَرْأَۃُ علی زَوْجِھا: شوہر کو نخرے دکھانا، ناز کرنا۔
تَدَلَّلَ الرَّجُلُ علیہ: کسی کے سامنے جری اور گستاخ ہونا۔
اِسْتَدَلَّ عَلَیْہِ: کسی بات کی راہنمائی چاہنا۔
ـــ بالشَّیْءِ علی الشَّیْءِ: ایک شے کو دوسری کے لئے دلیل بنانا، استدلال

کرنا۔ هو اسْتَدَلَّ على جوازِ الشيءِ بحديث كذا: اس نے جواز پر فلاں حدیث سے استدلال کیا

الأَدَلُّ: احسان جتانے والا۔

الدَّالُّ على شيءٍ: راہنما، پتہ دینے والا، مشیر۔

الدَّالَّةُ: دالّ کی تانیث (۲) ناز، نخرہ، جرأت، گستاخی۔

الدَّلَالُ: ناز و نخرہ، لاڈ پیار، عورت کی عمدہ و پرمزاح باتیں۔

الدَّلَالَةُ: راہنمائی، ہدایت (۲) لفظ کا وہ مفہوم جس کا وہ بولنے کے وقت مقتضی ہو بوقت تکلم لفظ سے صراحۃً سمجھ میں آنے والا مفہوم ج: دَلَائِل و دَلَالَات۔

الدِّلَالَةُ: دلّالی کا پیشہ، دلّالی کی اجرت، کاٹھنگ، کاٹنگ فیس (۲) نیلامی، آڑھت (۳) علامت، نشان، لوٹکن۔

الدَّلُّ: وقار و سنجیدگی کی کیفیت۔ امْرَأةٌ ...: اپنے شکل پر ناز کرنے والی عورت

الدَّلَّال: نیلام کرنے والا، نیلامی کا اعلان کرنے والا (۲) دَلّال، بائع اور مشتری کے درمیان واسطہ بننے والا۔

الدِّلِّيلَى: الدَّلِيل۔

الدَّلِيلُ: دلیل، حجت (۲) ثبوت (۳) علامت (۴) فہرست اشیاء ج: أَدِلَّة (۵) گواہ (۶) راہنما، گائیڈ بک ج: أَدِلَّة و أَدِلَّاءُ

دَلِيلُ البَلَد: ڈائرکٹری۔ وہ کتاب جس میں اہل شہر کے نام اور پتے لکھے ہوتے ہیں۔

دَلِيلُ السُّفُن: پائلٹ، جہاز راں۔

الدَّلِيلَةُ: کھلی دلیل، کھلا راستہ۔

المُدِلُّ: اپنے اوپر بھروسہ کرنے والا۔

المُدِلُّ بالشَّجاعة: دلیر، جری۔

• دَلِمَ ـَ دَلَمًا الشيءُ: چکنا اور بہت سیاہ ہونا۔

ــــ الرَّجُلُ: آدمی کا لمبا اور کالا ہونا۔

ــــ شِفاهُه: ہونٹوں کا لٹک جانا۔

هو أَدْلَمُ وهي دَلْمَاءُ۔

اِدْلَامَّ الشيءُ: بہت کالا ہونا۔

ــــ اللَّيلُ: رات کا بہت تاریک ہونا، سخت اندھیرے والی ہونا۔

الدَّلَامُ: سیاہی (۲) سیاہ۔

الدُّلَمُ: ہاتھی۔

الدُّلَّمُ: سانپ کا بچہ، سپولیا ج: أَدْلَامٌ

الدُّلْمَاءُ: قمری مہینہ کے اخیر کی رات۔

الدُّلْمَةُ: ہاتھی کا رنگ۔

الدَّيْلَمُ: دیلمی لوگ جو آذربائجان کے قرب و جوار میں رہتے تھے (۲) مصیبت (۳) دشمن۔

اِدْلَمَّسَ اللَّيلُ: بہت تاریک ہونا۔ فاللَّيلُ مُدْلَمِّسٌ۔

الدَّلَامِسُ: بہت تاریک (۲) مصیبت و آفت۔

الدُّلَمِسُ: الدَّلَامِسُ۔

الدِّلْمِسُ: مصیبت۔

• دَلْمَصَ الشيءَ: چمکانا۔

تَدَلْمَصَ رأسُه: سر کا اڑے ہوئے بالوں والا ہونا۔

الدَّلَامِصُ: بھڑک دار و چمک دار جیسے ذَهَبٌ دُلَامِصٌ۔

• دَلَهَ ـُ دَلْهًا: تسلی پانا (۲) خون کا رائگاں جانا۔

دَلِهَ ـَ دَلَهًا و دَلْهًا و دُلُوهًا: غم یا عشق وغیرہ کی وجہ سے کھوئے ہوئے دل والا ہونا، دیوانہ ہوجانا۔ جیسے: دَلِهَتْ فُلانةٌ على وَلَدِها: فلانی اپنے بچہ کے غم میں دیوانی ہوگئی۔

هو دَلِهٌ و هي دَلِهَةٌ۔

دَلِهَتِ النَّاقةُ عن إلفِها و وَلَدِها: اونٹنی کا اپنے بچہ پر شفقت نہ کرنا، متوجہ نہ ہونا۔ هي دَلُوهٌ۔

دَلَّهَهُ الحُبُّ و العِشقُ: محبت یا عشق کا کسی کو وارفتہ کردینا، پریشان و سرگشتہ کردینا۔ هو مُدَلَّهٌ۔

تَدَلَّهَ: پریشان و سرگشتہ ہونا۔

الدَّالِهُ و الدَّالِهَةُ: (من الرِّجال) کمزور طبیعت والا۔

المُدَلَّهُ: غم یا عشق سے پاگل، دیوانہ عشق محبت۔

اِدْلَهَمَّ الظلامُ: اندھیرا گھپ ہونا۔

ــــ اللَّيلُ: رات کا بہت تاریک ہونا۔ هو مُدْلَهِمٌّ۔

ــــ الرَّجُلُ: بڑا ہوجانا، بوڑھا ہوجانا۔

الدَّلْهَمُ: تاریک (۲) بھیڑیا (۳) نیتر (۴) عشق و غم سے دیوانہ۔

الدِّلْهَامُ: شیر (۲) پختہ آدمی۔

المُدْلَهِمُّ: سیاہ ترین، انتہائی تاریک۔

المُدْلَهِمَّةُ: فَلَاةٌ مُدْلَهِمَّةٌ: جنگل بیابان جس میں نشانات نہ ہو۔

• دَلَا الدَّلْوَ و بِها ـُ دَلْوًا: کنویں میں ڈول ڈالنا (پانی بھرنے کے لئے) (۲) بھرے ہوئے ڈول کو نکالنے کے لئے کھینچنا۔

ــــ فلانًا: کسی کے ساتھ مہربانی اور نرمی کرنا، اچھا سلوک کرنا۔

ــــ بفلانٍ الى فلانٍ: کسی کی کسی سے سفارش کرنا۔

ــــ النَّاقةَ: اونٹنی کو آہستہ چلانا۔

ــــ حاجتَه: اپنی ضرورت کی چیز طلب کرنا

دَلِيَ ـَ دَلًى: پریشان ہونا۔

أَدْلَى: ڈول کو بھرنے کے لئے کنویں میں ڈالنا۔

أَدْلَى الشيءَ في المَهْوَاةِ: کسی چیز کو گہری جگہ میں چھوڑنا، لٹکانا۔

ــــ فلانٌ في فلانٍ: کسی کے متعلق بری بات

کہنا، برائی کرنا۔
أَدْلَی فُلَانٌ بِحُجَّتِه: دعویٰ کے لئے دلیل پیش کرنا۔
___ فُلَانٌ بِرَحِمِه: رشتہ داری کو ذریعہ بنانا اور سفارش کے لئے استعمال کرنا
___ الی الحَاكِم بِرِشْوَةٍ: حاکم کو رشوت دینا
___ الیه بِمَالِه: اپنا مال دینا، قرآن پاک میں ہے: "وَلَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ وَ تُدْلُوا بِهَا إِلَى الْحُكَّامِ"
___ الی المَيِّت بِالبُنُوَّة: میت کی طرف بیٹا ہونے کی نسبت کرنا۔
___ الی الصَّحِیفَة بِبَیانٍ: اخبار کو بیان دینا۔
___ دَلْوَهُ فی الشیء: کسی کام میں حصہ لینا (فائدہ حاصل کرنے کے لئے)۔
___ لِفُلَانٍ بِنَصِیحَتِه: کسی کو نصیحت کرنا۔
دَالَاهُ: خاطرداری کرنا، دل جوئی کرنا، ہمدردی کرنا۔
دَلَّی الدَّلْوَ: ڈول ڈالنا۔
___ الشیءَ فی المَهْوَاةِ: گہری جگہ میں کوئی چیز چھوڑنا، لٹکانا۔
___ فُلَانًا بِغُرُورٍ: دھوکہ میں ڈالنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَدَلَّاهُمَا بِغُرُورٍ"
تَدَلَّی: قریب ہونا (۲) ڈول کا لٹکنا (۳) پھل کا درخت سے نیچے کو لٹکنا (۴) بلندی سے اترنا، گھوڑے سے اترنا۔
___ عَلَیهِم مِن أَرضِ کَذا: کسی علاقہ سے لوگوں کے پاس آ پہنچنا۔ کہتے ہیں: مِن أَینَ تَدَلَّیتَ عَلَینا؟
___ فی المَهْوَاةِ: گڑھے یا غار میں اترنا۔
اِدْلَوْلَی: تیز چلنا، جلدی کرنا، لپکنا۔
الدَّالِی: نیچے اترنے والا (۲) کُردوں کے قبیلہ کا ایک فرد ج: دُلَاة (۳) نیم پختہ کھجور جسے رُطَب بنجانے کے بعد کھایا جائے۔
الدَّالِیَةُ: ڈول وغیرہ (۲) ڈول کے سرے پر لگی ہوئی لکڑی جس سے رسّی باندھی جاتی ہے (۳) رہٹ (جس کے ذریعہ پانی نکال کر زمین کو سینچا جاتا ہو اسے ساقیہ اور ناعورة کہتے ہیں (۴) وہ زمین جسے ڈول سے سینچا جاتا ہو ج: الدَّوَالِی۔
الدَّوَالِی: ہلکے سیاہ انگور جن کے خوشے بڑے بڑے ہوتے ہیں اور ان کا منقی بنایا جاتا ہے (۲) ایک بیماری جس سے پنڈلیوں کی رگیں پھول جاتی ہیں۔
الدَّلَاةُ: چھوٹا ڈول ج: دَلًا۔ ڈولچی
الدَّلْوُ: ڈول (۲) بالٹی (مؤنث ہے۔ کبھی مذکر بھی استعمال ہوتا ہے) ج: دِلَاءٌ و دُلِیٌّ و أَدْلٍ (۳) آسمانی برجوں میں سے ایک برج کا نام۔
• دَلِیَ ـ دَلًی: حیران ہونا۔
تَدَلَّی: قریب ہونا۔
___ لَه: کسی کے سامنے عاجزی کرنا۔

د ــــــــ م

• دَمِثَ المکانُ وغیرُه ـ دَمَثًا: جگہ کا نرم و ہموار ہونا۔ هو دَمِث و هي دَمِثَةٌ ج: دِمَاثٌ۔ و هو و هي دَمْثٌ ج: أَدْمَاث و دِمَاثٌ۔
دَمُثَ الرَّجُلُ ـ دَمَاثَةً و دُمُوثَةً: نرم خو ہونا، نرم مزاج ہونا، خوش اخلاق ہونا۔ هو دَمِیثٌ ج: دِمَاثٌ۔
أَرضٌ دَمِیثَةٌ: نرم زمین ج: دَمَائِث
خُلُقٌ دَمِثٌ: نرم مزاج و عادت۔
فُلَانٌ دَمِثُ الأَخلَاقِ: فلاں خوش اخلاق آدمی ہے۔
دَمَّثَ الشیءَ بِیَدِه: ہاتھ سے نرم کرنا۔
___ المَضْجَعَ: بستر کو صاف کرنا، بچھانا، سونے کی جگہ کو ٹھیک کرنا۔
___ الحَدِیثَ لِفُلَانٍ: کسی بات کا ابتدائی حصہ بتانا تاکہ پوری بات یاد آجائے۔
___ الأَخلَاقَ: اخلاق کو نرم کرنا، عمدہ بنانا
الدَّمْثَاءُ: نرم و ہموار زمین۔
• دَمَاثَةُ الأَخلَاقِ: خوش خلقی، نرم مزاجی
• دَمَجَ اللَّیلُ ـ دُمُوجًا: تاریک ہونا
___ الحَیَوانُ: قدم ملا کر تیز چلنا۔ دَمَجَ البَعِیرُ و نَحوُه و الأَرنَبُ فی عَدْوِها۔
___ الشیءُ فی الشیءِ: ایک شئے کا دوسری میں پیوست ہوجانا، گڑ جانا۔
___ فی البَیتِ و فی الکِنَاسِ: آدمی کا گھر میں اور جانور کا اپنے گھونسلے یا مسکن میں جم کر بیٹھ جانا۔
___ الأَمرُ: معاملہ کا ٹھیک اور درست ہونا
___ علی القوم: بلا اجازت پہنچ جانا۔
___ المَاشِطَةُ الشَّعرَ دَمجًا: خادمہ کا بالوں کو گوندھنا، چوٹی کرنا۔
أَدْمَجَ الشَّیءَ: کپڑے میں لپیٹنا (۲) دوسری چیز میں مدغم کردینا۔
___ الحَبلَ: رسّی کو باریک بٹ دے کر مضبوط کرنا۔
___ الأَمرَ: معاملہ کو پختہ کرنا۔
___ المَاشِطَةُ الشَّعرَ: خادمہ کا بالوں کو گوندھنا، چوٹی بنانا۔
___ فُلَانٌ الفَرَسَ: گھوڑے کو دبلا کردینا
___ کَلَامَه: بات کو پختہ اور سنجیدہ طریقہ پر کرنا، کلام کو اچھے انداز میں پیش کرنا یا مبہم کرنا۔
دَامَجَهُ: دل داری کرنا۔

دَامَجَ فُلَانًا علی الْاَمْرِ وغیرہ: کسی سے کسی بات پر متفق ہونا۔
— فلانًا علیہم: کسی کو لوگوں سے ملا دینا، لوگوں میں ضم کرنا۔
اِدَّمَجَ الشیءُ فی الشیءِ: مدغم ہوجانا، پیوست ہوجانا۔
— الفَرَسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا۔
اِنْدَمَجَ الشیءُ فی الشیءِ: دَمَجَ۔
تَدَامَجُوا علی فُلَانٍ: لوگوں کا کسی پر ہجوم کرکے آنا۔
— علی شیءٍ: کسی بات پر متفق ہونا۔
تَدَمَّجَ فی ثیابہ: اپنے کپڑوں میں لپٹ جانا۔
الدَّامِجُ: اکٹھا، یکجا۔ لَیْلٌ دَامِجٌ: تاریک رات۔
الدُّمَاجُ: مضبوط و مستحکم، ٹھیک۔ صُلْحٌ دُمَاجٌ و اَمْرٌ دُمَاجٌ۔
الدَّمْجُ: چوٹی، گندھے ہوئے بال۔
الدِّمْجُ: ہم جولی، دوست۔
الدَّمَجَۃُ: طریقہ۔ ھو علی تِلْکَ الدَّمَجَۃِ: وہ اُس طریقہ پر ہے۔
الدُّمَیْجَۃُ: نکما آدمی، گھر میں پڑا رہنے والا اور بہت سونے والا آدمی۔
المُدَامَجَۃُ: معاملات طے کرنے والا (۲) پگڑی
المُدْمَجُ: جوے کا تیر (۲) مضبوط جسم کا آدمی
• دَمْدَمَ علیہ: غصہ ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَدَمْدَمَ عَلَیْہِمْ رَبُّہُمْ بِذَنْبِہِمْ" غصہ سے بات کرنا، بڑبڑانا
— القَوْمَ و عَلَیْہِمْ: پیس ڈالنا، ہلاک کردینا۔
— الشیءَ: برباد کرنا، جڑ سے اکھاڑ دینا۔
— علیہ القَبْرَ و ما اَشْبَہَہ: قبر وغیرہ کو اوپر سے برابر کردینا۔
تَدَمْدَمَ الجُرْحُ: زخم کا بھر جانا۔
الدُّمَادِمُ: ایک سیّال روغنی مادہ جو صنوبر وغیرہ کے درخت سے حاصل کیا جاتا ہے
الدِّمْدِمُ: سوکھی گھاس۔
• دَمَرَ فُلَانٌ ـُ دُمُورًا و دَمَارًا: ہلاک ہونا۔ ھو دَامِرٌ۔
— عَلَیْہِم دُمُورًا: بلا اجازت کسی کے پاس پہنچنا (۲) بری نیت سے یکایک پہنچنا۔ حدیث میں ہے: "من یَسْبِقْ طَرْفُہُ اسْتِئْذَانَہُ فَقَدْ دَمَرَ"
دَامَرَ اللَّیْلَ: رات جاگ کر گزارنا۔
دَمَّرَ الشیءَ: ہلاک و برباد کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "تُدَمِّرُ کُلَّ شَیْءٍ بِاَمْرِ رَبِّہَا"
— القَوْمَ و عَلَیْہِمْ: ہلاک کرنا، تباہی مچانا۔ قرآن پاک میں ہے: "دَمَّرَ اللّٰہُ عَلَیْہِمْ وَ لِلْکَافِرِیْنَ اَمْثَالُہَا"
الدَّمَارُ: ہلاکت و بربادی، تباہی۔ حَلَّ بِہِمِ الدَّمَارُ: تباہی آنا۔
تَدْمُرُ: ملک شام میں دمشق سے کچھ فاصلہ پر واقع ایک شہر کا نام۔
التَّدْمُرِیُّ: موٹا جنگلی چوہا، سخت گوشت
ما فی الدار تَدْمُرِیٌّ: گھر میں کوئی یا کچھ نہیں ہے۔
المُدَمِّرُ: تباہ کن، مہلک۔
المُدَمِّرَۃُ: تباہ کن بحری جہاز ج مُدَمِّرَات
• دَمَسَ الظَّلَامُ ـِ دَمْسًا و دُمُوسًا: تاریکی کا سخت ہوجانا۔
— اللَّیْلُ: رات کا سخت تاریک ہونا۔ ھو دَامِسٌ۔
— المَوْضِعُ: جگہ کا نام و نشان نہ رہنا۔
— بَیْنَہُمْ: لوگوں میں صلح کرانا۔
— الشیءَ دَمْسًا: ڈھانپنا۔
— علیہ الخَبَرَ: خبر چھپانا، پوشیدہ رکھنا۔
— فُلَانًا فی الاَرْضِ: زمین میں دفن کرنا (زندہ یا مردہ)۔
دَمِسَتْ یَدُہُ ـَ دَمَسًا: ہاتھ کا گندگی میں آلودہ ہونا۔
اَدْمَسَ اللَّیْلُ: دَمَسَ۔
— الشیءَ: دَمَسَہ۔
دَامَسَہُ: کسی سے اپنے دل کی بات پوشیدہ رکھنا۔
دَمَّسَ الشیءَ: کسی شے کو دوسری کے نیچے چھپانا۔
— فُلَانًا: زندہ یا مردہ دفن کرنا (۲) گندگی میں لت پت کرنا، گندہ کرنا۔
— الخَمْرَ: شراب کو مٹکے میں بند کرنا۔
— قِدْرَ الفُوْلِ: فول کے دیگچے کو بھوبھل میں پکنے کے لئے رکھنا (اُپلوں کی آگ میں رکھنا)۔
اِنْدَمَسَ الرَّجُلُ: تہ خانہ میں داخل ہونا۔
تَدَمَّسَتِ المَرْاَۃُ کَذَا: عورت کا گندگی وغیرہ سے آلودہ ہوجانا۔
الاُدْمُوسُ: لَیْلٌ اُدْمُوسٌ: تاریک ترین رات۔
الدَّامِسُ: چھپانے والا (۲) تاریک۔
الدَّامُوسُ: شکاری کے چھپنے کی جگہ ج: دَوَامِیْسُ۔
الدِّمَاسُ: ہر چھپانے اور ڈھانکنے والی چیز (۲) مشکیزہ پر ڈالی جانے والی چادر
الدَّمَّسُ: شخص۔ دور سے دکھائی دینے والی آدمی جیسی صورت۔
الدُّمُسُ: اہم اور بڑے معاملات۔ کہتے ہیں: "جَاءَھُمْ بِاُمُوْرٍ دُمُسٍ" (غالبًا دَامِسٌ کی جمع ہے)
الدِّمْسُ: تنور کی گرم راکھ، بھوبھل، جانوروں کی لید یا گوبر وغیرہ جس میں بھس ملا کر جلایا جاتا ہے۔
الدَّمَسُ: ہر ڈھکی ہوئی چیز۔
الدَّمِیْسُ: ہر ڈھکی ہوئی چیز۔

الدِّيمَاسُ : تہ خانہ، اندھیری سرنگ (۲) حمّام ج: دَيَامِيسُ و دَمَامِيسُ

المُدَمِّسُ : قیدخانہ، جیل۔

المُدَمَّسُ : وہ برتن وغیرہ جس میں شہد کی چکناہٹ لگی ہو (۲) دیگچی وغیرہ کو بند کرکے بھاپ سے پکایا ہوا فول (لوبیا)۔

• الدُّمُسْتُقُ : اہل روم کے فوجی کمانڈر کا لقب ج: دَمَاسِق۔

• دَمِشَ ۔ فُلَانٌ دَمَشًا: گرمی یا کسی دوا کی وجہ سے بوکھلا جانا، ہیجان میں ہونا۔ هو دَمِشٌ۔

أَدْمَشَهُ : لپیٹنا (۲) مدغم کرنا۔

دَمَّشَهُ : أَدْمَشَه۔

• دَمْشَقَ فِي الشيءِ : عجلت کرنا۔

—العَمَلَ و نَحوَه : کام وغیرہ کو بعجلت مکمل کرنا، کام کی انجام دہی میں عجلت کرنا۔ کہتے ہیں : دَمْشَقَ الشِّوَاءَ: گوشت کو ہلکا سا بھوننا۔

—الشيءَ : آراستہ کرنا، سجانا۔

الدُّمَاشِقُ : بہت تیز رفتار، عجلت پسند

الدَّمْشَقُ : بہت تیز رفتار، پھرتیلا۔

دِمَشْقُ و دِمِشْقُ : شام کا مشہور شہر (دارالسلطنت)۔

تَدَمْشَقَ : دمشق شہر میں ہونا، دمشقی ہونا

• دَمَصَ ـُ دَمْصًا : جلدی کرنا۔

—الأُنْثَى : عورت یا مادہ جانور کا ناتمام بچہ جننا۔

دَمِصَ رَأْسُهُ ـَ دَمَصًا : گنجا ہونا، کسی جگہ کم اور کسی جگہ زیادہ بالوں والا ہونا۔ هو أَدْمَصُ وهي دَمْصَاءُ ج: دُمْصٌ۔

الدُّومَصُ : لوہے کا خود۔

• دَمَعَتِ العَيْنُ ـَ دَمْعًا و دَمَعَانًا: آنکھ سے آنسو جاری ہونا، اشکبار ہونا۔ عَيْنٌ دَامِعَة : اشک بار آنکھ۔

دَمَعَتِ الشَّجَّةُ : زخم سے خون بہنا۔

دَمَعَ المَطَرُ : پانی برسنا۔

—الجَفْنَةُ : بادیہ (بڑے پیالہ) کا لبالب بھر کر روغن بہنا۔

—الثَّرَى او المكانُ : نمناک مٹی یا کسی جگہ سے شبنم کے سے قطرے نکلنا۔ هو دَامِعٌ و دَمَّاعٌ۔

—البَعِيرَ : اونٹ کی آنکھ کے قریب آگ کا داغ دینا۔

أَدْمَعَ الإِنَاءَ : لبالب بھرنا۔

الدَّامِعُ : اشک بار، آنسوؤں سے لبریز۔

الدَّمَّاعُ : مٹی یا جگہ جس سے پانی رستا ہو (۲) اونٹ کی آنکھ کے قریب لگایا ہوا داغ (چھوٹی سی لکیر)۔

الدُّمَاعُ : چہرہ پر آنسوؤں کا نشان (۲) آب چشم جو بڑھاپے یا بیماری کی وجہ سے جاری ہو۔

الدَّمْعُ : آنسو ج: أَدْمُعٌ و دُمُوعٌ۔

الدَّمِعُ : امرأة دَمِعَةٌ : جلد رو پڑنے والی عورت، بہت آنسو بہانے والی عورت۔

الدَّمْعَانُ : قَدَحٌ دَمْعَانٌ : لبالب بھرا ہوا پیالہ۔

الدَّمْعَةُ : ایک آنسو ج: دَمْعٌ ج: أَدْمُعٌ و دُمُوعٌ۔ شَرِبَ دَمْعَةَ الكَرْمِ : اس نے شراب پی۔

الدَّمَّاعُ : يَوْمٌ دَمَّاعٌ : پھوار (ہلکی بارش) والا دن۔

الدُّمَّاعُ : انگور کی بیل سے نکلنے والا رس (۲) بوقت پیدائش بچہ کے سر کا ہلتا ہوا حصہ۔

الدَّمُوعُ : عَيْنٌ دَمُوعٌ : بہت آنسو بہانے والی آنکھ۔ ثَرًى دَمُوعٌ : وہ تر مٹی جس سے پانی نکل رہا ہو یا نکلنے کے قریب ہو۔

الدَّمِيعُ : (من الرِّجال) جلد رو پڑنے والا، بہت آنسو بہانے والا ج: دَمْعَى و دُمَعَاء۔ مَرْأَةٌ دَمِيعٌ : جلد رو پڑنے والی عورت ج: دَمْعَى و دَمَائِعُ۔

المَدْمَعُ : آنسو بہنے کی جگہ۔ مجازاً آنکھ (۲) آنکھ کے گوشوں میں آنسو جمع ہونے کی جگہ ج: مَدَامِعُ۔

• دَمَغَ فُلَانًا ـَ دَمْغًا : ایسی چوٹ لگانا جس کا زخم دماغ تک پہنچ جائے (۲) بھیجا نکال دینا۔ هو وهي دَمِيغٌ ج: دَمْغَى۔

—الشَّمْسُ فُلَانًا : آفتاب کی گرمی کا کسی کے دماغ کو تکلیف دینا۔

—فُلَانًا : غالب ہونا، برتری حاصل کرنا۔

—الحَقُّ البَاطِلَ : حق کا باطل کو مٹا دینا۔ قرآن پاک میں ہے "بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهُ"

—المَعْدِنَ و نَحوَهُ : دھات وغیرہ پہ نشان ڈالنا یا کسی خاص شکل میں ڈھالنا۔

—الحَيَوَانَ : جانور کو داغ لگانا۔

—الشيءَ : مہر لگانا۔

أَدْمَغَ الطَّعَامَ : بغیر چبائے کھانے کو نگل جانا

—فلانا الى كذا : کسی کو کسی شے کا محتاج بنانا۔

دَمَّغَ الثَّرِيدَ : ثرید وغیرہ کو روغن ملا کر ملائم کرنا، مرغن کرنا۔

الدَّامِغَةُ : دماغ تک پہنچنے والا زخم جس سے آدمی مر جاتا ہے (۲) دو کھڑی لکڑیوں کے بیچ میں لگائی ہوئی لکڑی جس سے مشک کو لٹکایا جاتا ہے (۳) وہ لوہا جس سے پالان کا پچھلا حصہ باندھا جاتا ہے (۴) حُجَّةٌ دَامِغَةٌ : ناقابل تردید دلیل۔

الدَّامُوغُ و الدَّامُوغَةُ : زخم ڈالنے والی

چیز، توڑنے والی چیز۔
الدِّمَاغُ: دماغ، بھیجا (۲) سرج: اَدْمِغَةٌ
الدَّمْغَةُ: مہر۔
دَمْغَةُ المَسْکُوکَات: سکوں پرلگی ہوئی سرکاری مہر (جس سے وزن کی تصدیق ہوتی ہے)۔
• دَمَقَ ــُـ دُمُوقًا: بلااجازت اچانک داخل ہونا۔ کہتے ہیں: دَمَقَ علی القوم و فی المکان۔
ـــ القَومُ فی الخَمرِ: شراب پر ٹوٹ پڑنا اور خوب پینا۔
ـــ الشیءَ: اچکنا۔
ـــ الشیءَ فی غیرہ: ایک شئے کو دوسری میں داخل کرنا، مدغم کرنا۔ فالشیءُ مَدمُوقٌ و دَمِیقٌ۔
ـــ فاہ: دانت توڑنا۔
دَمَّقَ العَجِینَ: گوندھے ہوئے آٹے پر سوکھا آٹا لگانا تاکہ وہ ہاتھ کو نہ چپکے، خشکی لگانا۔
اِندَمَقَ رَأسُ الفَخِذِ: ران کے سرے کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔
ـــ فیہ و منہ: نکلنا۔
الدَّمَقُ: انسان کو ہرطرف سے گھیرنے والی برفیلی ہوا جو ہلاک کرنے کے قریب ہو۔
• دَمْقَسَ الثَّوبَ: ریشم کا کپڑا بننا۔ فالثَّوبُ مُدَمقَسٌ۔
الدِّمَقَاسُ و الدِّمَقسُ: ریشم۔
امرؤ القیس کا شعر ہے:
فَظَلَّ العَذَارَی یَرتَمِینَ بِلَحمِہَا
وشَحمٍ کَہُدّابِ الدِّمَقسِ المُفَتَّلِ
• دَمَكَ فی مَشیِہ ــُـ دُمُوكًا: جلدی کرنا، تیز چلنا۔
ـــ الشیءُ: چکنا ہونا۔
ـــ الشَّمسُ فی الجَوِّ دَمْكًا: سورج کا بلند ہونا۔

دَمَّكَ الشیءَ: پیسنا۔
ـــ الرِّشَاءَ: رسّی کو بٹنا۔ الفاعل: دَامِكٌ و دَمُوكٌ والمفعول مَدمُوكٌ۔
الدَّمُوكُ: رَحًی دَمُوكٌ: تیز پیسنے والی چکی ج: دُمُكٌ۔
المِدْمَاكُ: چنائی میں اینٹوں کا ایک ردّا (۲) معمار کا سوت (ڈوری) جس کے ذریعہ اینٹوں کا ردّا سیدھا کیا جاتا ہے (۳) پتھر وغیرہ توڑنے کا آلہ۔
المِدْمَكُ: بیلن (جس سے روٹی کو بڑھایا جاتا ہے)۔
• دَمَلَ الدُّمَّلَ ــُـ دَمْلًا و دَمَلَانًا: پھوڑے کا علاج کرنا۔
ـــ الأرضَ: زمین کو کھاد ڈال کر درست کرنا۔ ھو دَامِلٌ و دَمَّالٌ۔
ـــ القومَ: لوگوں کے ساتھ گھل مل جانا اور ان کی باتوں کو اپنا لینا۔
ـــ بین القوم: صلح کرانا۔
دَمِلَ جُرحُہُ ــَـ دَمَلًا: زخم بھر جانا، اچھا ہوجانا۔
أَدْمَلَ الأرضَ: زمین میں کھاد ڈالنا۔
دَامَلَہُ: کسی کے ساتھ معاملہ ٹھیک کرنے کے لئے نرمی سے پیش آنا۔
اِدَّمَلَ الجُرحُ: زخم بھر جانا۔
اِندَمَلَ الجُرحُ: زخم اچھا ہونے کے قریب ہونا۔
ـــ المَرِیضُ: بیمار کا مرض یا زخم اچھا ہونے کے قریب ہونا۔
تَدَامَلَ القَومُ: باہم صلح کرنا۔
تَدَمَّلَتِ الأرضُ: زمین کا کھاد ڈالنے سے بہتر ہوجانا، زمین میں کھاد پڑجانا۔
الدِّمَالُ: کھاد (۲) پرانی بدبودار کھجوریں (۳) کھجور جو پکنے سے پہلے ہی خراب اور سیاہ ہوگئی ہو (۴)

سمندر سے آیا خس و خاشاک، کوڑا کرکٹ۔
الدَّمَّالُ: کھاد ڈالنے والا۔
الدُّمَلُ والدُّمَّلُ: پھوڑا، دنبل ج: دَمَامِلُ و دَمَامِیلُ۔
• دَمْلَجَ الشیءَ دَمْلَجَةً و دِملاجًا: ملانا اور برابر کرنا۔
دُمْلِجَ جِسمُہُ: بدن گٹھے ہوئے گوشت والا ہونا، بدن کا ٹھکا ہوا ہونا
الدُّمْلُجُ و الدُّمْلُوجُ: بازوبند (بہی ایک زیور) (۲) چکنا پتھر ج: دَمَالِجُ و دَمَالِیجُ۔
• دَمْلَجَ: لڑھکانا۔
• دَمْلَقَ الشیءَ: برابر کرنا، چکنا کرنا۔
الدُّمْلُوقُ و الدُّمَالِقُ: گول اور چکنا ج: دَمَالِیقُ۔
• دَمْلَكَ الشیءَ: چکنا اور گول کرنا۔ ھو مُدَملَكٌ۔
تَدَمْلَكَ الشیءُ: چکنا اور گول ہونا۔
الدُّمْلُوكُ: گول سیاہ پتھر ج: دَمَالِیكُ
• دَمَّ ــُـ دَمَامَةً: بدشکل ہونا، جسم کا چھوٹا اور بھدا ہونا (۲) برا ہونا۔
ھو دَمِیمٌ ج: دِمَامٌ و ھی دَمِیمَةٌ ج: دِمَامٌ و دَمَائِمُ۔
ـــ علی الشیءَ: ڈھانپ دینا جیسے دَمَّ علیہ القبرَ۔
ـــ الوَجہَ: منھ پر پاؤڈر وغیرہ ملنا۔
ـــ الثَّوبَ: کپڑے کو کسی رنگ میں رنگنا۔
ـــ البَیتَ: گھر پر پلاسٹر یا سفیدی کرنا، قلعی کرنا۔
ـــ السَّفِینَةَ: کشتی یا جہاز پر روغن تار (تارکول) ملنا۔
ـــ العَینَ الوَجِعَةَ: دکھتی ہوئی آنکھ پر لیپ کرنا۔
ـــ الصُّدغَ: بال جلاکر اور روغن میں ملاکر کنپٹی پر ملنا۔

دَمَّ الاَرْضَ : زمین کو ہموار کرنا۔
— الکَمْأَۃَ : سانپ کی چھتری کو مٹی سے ڈھانکنا۔
— الیَرْبُوْعُ فَمَ جُحْرِہ : یربوع کا مٹی سے اپنے بل کو بند کرنا۔
— جُحْرَہ : جانور کا اپنے بھٹ کو صاف کرنا۔
— فُلَانًا : مکمل طور پر سزا دینا (۲) سر کچلنا دَمَّ رَأْسَہٗ بھی کہا جاتا ہے (۳) مارنا
— القَوْمَ : لوگوں کا کچومر نکالنا، ہلاک کر دینا۔
دُمَّ الجَسَدُ : بدن پر گوشت چڑھ جانا کہ ہڈیاں چھپ جائیں۔ دُمَّ وَجْہُہٗ بھی کہا جاتا ہے۔
دَمَّ ــَـ دَمَامَۃً : بدشکل ہونا، بدنما جسم کا ہونا، حقیر ہونا۔ ھو دَمِیْمٌ ج : دِمَامٌ وھی دَمِیْمَۃٌ ج : دِمَامٌ و دَمَائِمُ۔
أَدَمَّ فُلَانٌ : بدخلقت بچہ والا ہونا (۲) برا فعل کرنا۔
الدَّامَاءُ : جنگلی چوہے کا بل (۲) وہ مٹی جسے چوہا اندر سے نکال کر اپنے بل کا راستہ اس سے بند کرتا ہے ج : دَوَامُّ۔
الدِّمَامُ : سرخی جو عورتیں چہرہ پر خوشنمائی کے لئے استعمال کرتی ہیں (۲) پالش وغیرہ ہر وہ چیز جو ملی جائے۔ جیسے پاوڈر چونا رنگ وغیرہ۔
الدَّمُّ : الدَّمُ۔ دیکھئے دم ی۔
الدَّمَّۃُ : مینگنی، چیونٹی، جوں، بلّی۔
الدَّیْمُوْمُ والدَّیْمُوْمَۃُ : جنگل بیابان جہاں پانی نہ ہو۔
المِدَمَّۃُ : دندانوں دار لکڑی کا آلہ جس سے زمین کو ہموار کیا جاتا ہے
• دَمَنَ الاَرْضَ ــُـ دَمْنًا : زمین کو کھاد ڈال کر درست کرنا۔
دَمِنَ قَلْبُہٗ ــَـ دَمْنًا : دل میں بغض رکھنا، کینہ در ہونا کہتے ہیں: دَمِنَ فُلَانٌ علی فُلَانٍ۔
— علی الشَّیْءِ : پابند ہونا، پابندی سے کرنا۔
أَدْمَنَ الشَّرَابَ وغیرَہ : شراب وغیرہ کا عادی اور پابند ہونا۔
— الاَمْرَ وعلیہ : کسی کام کو ہمیشہ کرنا، پابند وعادی ہو جانا۔
دَمَّنَت المَاشِیَۃُ المَکَانَ : چوپائے کا کسی جگہ کو غلاظت گاہ بنا دینا، گوبر و مینگنیاں کرنا۔
— المَاءَ : مویشی کا پانی میں پیشاب کرنا۔
— القَوْمُ الموضعَ : لوگوں کا کسی جگہ کو کالا اور گندا کر دینا، کوڑی کا ڈھیر بنا دینا۔
— بَابَہٗ : کسی کے دروازہ پر پڑ جانا، الگ نہ ہونا۔
تَدَمَّنَ المَکَانُ والمَاءُ : جگہ یا پانی میں اونٹوں اور بکریوں کی مینگنیاں پڑنا، لید اور مینگنیوں سے جگہ یا پانی کا گندا اور خراب ہو جانا۔
الاَدْمَانُ : کھجور کے درخت کا تعفن اور سیاہی۔
الدَّمَانُ : کھاد، گوبر وغیرہ غلاظت (۲) راکھ۔
الدَّمَّانُ : زمین میں کھاد ڈالنے والا۔
الدَّمُوْنُ : برا، خراب، بدشکل۔
الدِّمْنُ : کھاد، غلاظت۔
فُلَانٌ دِمْنُ مَالٍ : فلاں مال کا محافظ ہے اس سے الگ نہیں ہوتا
الدِّمْنَۃُ : لوگوں کے چھوڑے ہوئے نشانات (۲) گھر کے نشانات (۳) کوڑی خانہ (وہ جگہ جہاں گوبر وغیرہ اور دوسری غلاظت ڈالی جائے)۔ (۴) پانی کے حوض کے پاس مٹی میں ملی ہوئی اونٹوں کی مینگنیاں (۵) حوض میں بچا ہوا پانی ج : دِمَنٌ و دِمْنٌ (۶) پرانا بیٹھا ہوا دل میں کینہ۔ فُلَانٌ دِمْنَۃُ مَالٍ : فلاں مال کا حریص ومحافظ ہے۔
مُدْمِنُ شَیْءٍ : کسی چیز کا عادی اور پابند
مُدْمِنُ خَمْرٍ : شراب کا عادی۔
مُدْمِنُ تَدْخِیْنٍ : تمباکو نوشی کا عادی
• دَمِہَ الرملُ ــَـ دَمَہًا : ریت کا سخت گرم ہونا۔ دَمَہَتْہُ الشَّمْسُ : دھوپ کا جھلس دینا۔
• دَمِیَ الجُرْحُ ــَـ دَمًی و دَمْیًا : زخم کا خون آلود ہونا، خون نکلنا اور نہ بہنا۔ فالجُرْحُ دَمٍ۔
أَدْمَی فُلَانًا : مار کر خون نکالنا، خون آلود کرنا۔
أَدْمَاہ : اس کی ناک سے خون بہا دیا۔
— الجُرْحَ : زخم سے خون نکالنا۔
دَمَّی الجُرْحَ : أَدْمَی۔
— لہ : خون بہا کر کسی کا تقرب حاصل کرنا
— الشَّیْءَ : سجانا، گڑیا جیسا بنا دینا۔
— الشَّاۃَ : بکری کو چرا کر خوب موٹا کر دینا۔
— الفَتَاۃَ : لڑکی کو آراستہ اور پیراستہ بنانا۔ کہتے ہیں: خُذْ مَا دَمَّی لَکَ : تم جو چاہو لے لو۔
اسْتَدْمَی الرَّجُلُ : خون ٹپکنا۔
— الاَنْفُ : نکسیر جاری ہونا، ناک سے خون بہنا۔
— غَرِیْمَہٗ : قرض دار سے نرمی کے ساتھ اپنا قرض وصول کرنا۔
الدَّامِی : خونی، خون آلود، خون چکاں۔
مَعْرَکَۃ دَامِیَۃ : خونی لڑائی،

زبردست خون خرابہ۔
دَامِی الشَّفَتَیْنِ: وہ شخص جس کے ہونٹوں میں خون جھلکتا ہو، بعض کے نزدیک اس شخص کو کہتے ہیں جو اپنے مطالبہ پر اٹل ہو۔
الدَّامِیَۃُ: سر کا زخم جس سے خون نکلے اور نہ بہے۔
الدَّمُ: خون ج: دِمَاءٌ و دُمِیٌّ۔
دَمُ الاَخَوَیْنِ: ایک دوا کا نام۔ درخت سے نکلنے والا سیال سرخ مادہ
دَمُ العِفْرِیْتِ: سرخ رنگ کا ایک سوتی کپڑا۔
حَجَرُ الدَّمِ: خون کی پتھری جو بدن میں پیدا ہو جاتی ہے۔
دَمُہٗ من ثَوْبِ فُلَان: وہ اس شخص کا قاتل ہے۔
اتِّصَال الدَّمِ: رشتہ خون، قرابت
رَجُلٌ ذُوْ دَمٍ: خون کا دعویدار۔
الدَّمَوِیُّ: خونی، خون سے متعلق۔ مَعْرَکَۃ دَمَوِیَّۃٌ: خونی واردات۔
الدَّمَۃُ: خون کا ٹکڑا۔
الدُّمْیَۃُ: گڑیا، ہاتھی دانت وغیرہ کی بنی ہوئی تصویر، تراشا ہوا حسین بت اس سے حسن میں تشبیہ دی جاتی ہے ج: دُمًی۔
المُدَمّٰی: گہرا سرخ۔ ثَوْبٌ مُدَمًّی۔ (۲) وہ تیر جسے تیرانداز ایک دوسرے پر پھینکتے ہیں۔

د ــــــ ن

•دَنِیَٔ ـ دَنَأً: جھکے ہوئے سر اور مڑے ہوئے سینہ والا ہونا، کبڑا ہونا۔ ھو اَدْنَأُ وھی دَنْأَی۔
•دَنُؤَ ـ دُنُوْءًا و دَنَاءَۃً: رذیل و کمینہ ہونا، تنگ ظرف ہونا، گھٹیا ہونا۔
اَدْنَأَ: کمینی حرکت کرنا، گھٹیا بات کرنا۔
تَدَنَّأَ: دَنُؤَ۔
ـــ فُلَانٌ نَفْسَہ: کمینگی پر اتر آنا۔
الدَّنِیْءُ: رذیل و کمینہ، گھٹیا درجہ کا، کم ظرف، خسیس ج: دُنَآءُ و اَدْنِیَاءُ و اَدْنَاءٌ
الدَّنِیْئَۃُ: کمینگی، عیب، گھٹیا درجہ کی بات ج: دَنَایَا۔
الدَّنِیَّۃُ: الدَّنِیْئَۃُ۔
الاَدْنَأُ: کبڑا (۲) انتہائی کمینہ م: دَنْأَی
•دَنَجَ ـ الاَمْرَ دِنَاجًا: کسی کام کو پختگی سے کرنا۔
•دَنَحَ ـ دُنُوْحًا: سر جھکانا (۲) ذلیل ہونا۔
الدِّنْحُ: عیسائیوں کا ایک تہوار (حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ظہور کا تہوار) جو ۶ جنوری کو منایا جاتا ہے۔
•دَنَخَ ـ دَنْخًا: بوجھ کی وجہ سے بھاری قدموں سے چلنا۔
دَنَّخَتِ الکُرَۃُ: گیند کا پچک جانا۔
ـــ الرَّجُلُ: منکسر المزاج ہونا۔
•دَنْدَنَ الرَّجُلُ: غیر مفہوم اور ہلکی آواز سے بات کرنا، گنگنانا۔
ـــ الذُّبَابُ: مکھیوں کا بھنبھنانا۔
ـــ فُلَانٌ: کسی جگہ آمد و رفت رکھنا، آنا جانا۔
الدِّنْدِنُ: گنگناہٹ، بڑبڑاہٹ، بھنبھناہٹ
•دَنَّرَ الوَجْہُ: چہرہ کا دینار کی طرح چمکنا۔
ـــ الذَّھَبَ: سونے کا دینار بنانا۔ دَنَّرَ الدَّنَانِیْرَ بھی کہتے ہیں۔
ـــ الثَّوْبَ: کپڑے پر دینار جیسے نقش ونگار بنانا
دُنِّرَ فُلَانٌ: مالدار اور بہت دیناروں والا ہونا
تَدَنَّرَ وَجْھُہٗ: چہرہ کا چمکنا۔
الدِّیْنَارُ: سونے کا قدیم سکہ (۲) موجودہ عراقی پونڈ (۳) رقم (۴) بعض عرب ملکوں کے پچاس قرشوں کے برابر (۵) برابر انگریزی پونڈ
حَشِیْشَۃُ الدِّیْنَار: دیکھئے حشش
دِیْنَارِیٌّ: دینار جیسا، دینار سے متعلق۔
المُدَنَّرُ: دینار کی شکل کا بنا ہوا بیل بوٹا۔
•دَنِسَ ثَوْبُہٗ ـ دَنَسًا و دَنَاسَۃً: کپڑے کا میلا ہونا، گندگی اور غلاظت میں آلودہ ہو جانا۔
ـــ عِرْضُہٗ و خُلُقُہٗ: آبرو یا اخلاق کا عیب دار ہونا۔ ھو دَنِسٌ ج: اَدْنَاسٌ۔
دَنَّسَہٗ: میلا کرنا، خراب کرنا، عیب دار کرنا۔
ـــ عِرْضَہٗ: آبرو کو بٹہ لگانا۔
تَدَنَّسَ: میلا ہونا، غلاظت میں بھر جانا، عیب دار ہونا۔
الدَّنِسُ: میلا، عیب دار۔
الدَّنَسُ: میل کچیل، گندگی ج: اَدْنَاسٌ
التَّدْنِیْسُ: بے حرمتی، بے عزتی۔
جَرِیْمَۃُ تَدْنِیْسِ الاَشْیَاءِ المُقَدَّسَۃِ: جرم بے حرمتی۔
المَدَانِسُ: گندگی کی جگہیں۔
•دَنَعَ ـ دُنُوْعًا و دَنَاعَۃً: کمینہ ہونا، بے فیض و بے خیر ہونا۔
دَنِعَ ـ دَنَعًا: بھوکا ہونا، کمینہ ہونا۔
اَدْنَعَ الرَّجُلُ: صلحاء کی راہ پر چلنا۔
رَجُلٌ دَنَعَۃٌ: بے فیض و بے خیر آدمی
الدَّنَعُ: اونٹ کا وہ گوشت جسے ذبح کرنے والا پھینک دیتا ہے (۲) رذیل لوگ۔
•دَنِفَ المَرِیْضُ ـ دَنَفًا: بیماری کا شدید ہو جانا، مرنے کے قریب ہو جانا ھو دَنِفٌ ج: اَدْنَافٌ۔ وھو وھی وھم دَنَفٌ۔
ـــ الشَّمْسُ: سورج کا زرد اور چھپنے کے قریب ہونا۔
ـــ الاَمْرُ: کسی چیز کا قریب ہو جانا۔
اَدْنَفَ المَرِیْضُ: دَنِفَ۔ اَدْنَفَہُ المَرَضُ: بیماری نے اسے مرنے کے قریب کر دیا۔
الدَّنَفُ: سخت بیماری (۲) وہ بیمار جسے

سخت بیماری لاحق ہو (۳) سورج کا غروب

الدَّنِفُ: لبِ دم۔

•دَنَقَ ـُ دُنُوقًا: باریک بیں ہونا، باریکیاں نکالنا۔

دَنَّقَ وَجْهُهُ: چہرہ پر بیماری یا تکان کا اثر ظاہر ہونا، چہرہ اترا ہوا ہونا۔

ــــ الشَّمْسُ: غروب ہونے کے قریب ہونا۔

ــــ البَخِيلُ: کنجوس آدمی کا اخراجات میں تنگی کرنا (۲) حسابی باریکیاں نکالنا؛ آنہ پائی کا حساب لینا۔

ــــ فی مُعَامَلَاتِه: اپنے معاملات کی چھان بین کرنا۔

الدَّانِقُ: درہم کا چھٹا حصہ (ایک قدیم چاندی کا سکہ) (۲) دبلا، نظروں سے گرا ہوا ج: دَوَانِق و دوانیق۔

الدَّوانيقيُّ: معاملات اور حسابات کی تدقیق وچھان بین کرنے والا، اسی مناسبت سے ابو جعفر منصور کو اس نام سے پکارا گیا

•دَنْقَسَ: عاجزی وانکساری سے سر جھکا دینا (۲) دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا۔

•دَنْقَعَ الرَّجُلُ: غریب و مفلس ہونا۔

•دَنَّ الذُّبَابُ و نَحْوُه ـِ دَنِينًا: مکھی وغیرہ کا بھنبھنانا۔

ــــ فُلَانٌ: گنگنانا، غیر مفہوم بات کرنا۔

دَنَّ الرَّجُلُ ـَ دَنَنًا: کوزپشت ہونا، جھکی ہوئی کمر والا ہونا۔ هو أَدَنُّ و هي دَنَّاءُ ج: دُنٌّ۔

ــــ البَيْتَ: گھر کی چھت ڈالنا۔

أَدَنَّ بالمكانِ: قیام کرنا۔

دَنَّنَ: دَنَّ۔

الدِّنَانَةُ: کوزہ گری، مٹکے اور صراحیاں بنانے کا کام، کمہارگیری، مٹکا سازی، صراحی سازی۔

الدَّنُّ: مٹکا، مٹی کا بڑا برتن (جو زمین پر بغیر گڑھے کے نہ ٹک سکے) ج: دِنَانٌ۔

الدَّنَّانُ: مٹکے بنانے والا۔

الدِّنَّةُ: چیونٹی کی طرح کا ایک کیڑا۔

•دَنَا منه و اليه و له ـُ دُنُوًّا و دَنَاوَةً: نزدیک ہونا، قریب آنا، هو دَانٍ ج: دُنَاةٌ۔

أَدْنَى الشيءَ: قریب کرنا۔

ــــ الشيءُ: قریب ہونا۔

ــــ الحَامِلُ: حاملہ عورت یا مادہ کا ولادت کے قریب ہونا۔ هي مُدْنٍ و مُدْنِيَةٌ

ــــ السِّتْرَ او الثَّوبَ: پردہ یا کپڑا لٹکانا۔ قرآن پاک میں ہے: "قُلْ لِأَزْوَاجِكَ وبَنَاتِكَ يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيبِهِنَّ"

دَانَاهُ: کسی سے قربت حاصل کرنا، نزدیک آنا

ــــ بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ: دو چیزوں کو ملانا، قریب کرنا۔

ــــ القَيْدَ فی الدَّابَّةِ: چوپائے کی بیڑی کو تنگ بنانا، کس کر باندھنا۔

دَنَّى: أَدْنَى۔

تَدَانَى القَوْمُ: باہم قریب ہونا۔

تَدَنَّى فُلَانٌ: آہستہ آہستہ قریب ہونا، کہتے ہیں: بَعِيدٌ يَتَدَنَّى خَيْرٌ من قريب يتبَعَّدُ۔

اسْتَدْنَاهُ: نزدیک لانا، قریب کرنا، اپنے پاس بلانا۔

الأَدْنَى: قریب تر، بہت نزدیک۔

الحَدُّ الأَدْنَى: کم سے کم درجہ۔

الدَّانِي: نزدیک (۲) لٹکا ہوا، نیچے کو جھکا ہوا۔

الدَّانِيَةُ: م: تانيث الدَّاني۔ فلانٌ فی دُنيا دَانِيَةٍ: وہ مزے کی زندگی گزار رہا ہے۔

الدُّنَا: الدُّنيا کی جمع۔ خیر یا شر جو بھی آدمی کے قریب ہو۔

الدُّنيا: تانيث الأَدْنَى۔ جہان، دنیا، عالم انس وجن، موجودہ زندگی (اُخری کی ضد) (۲) کمینی، کم درجہ، قریبی قُصْوَى کی ضد، کہتے ہیں: هو ابن عَمِّي دُنْيَا و دُنْيًا: وہ میرا قریبی چچازاد بھائی ہے۔ هو يَعِيشُ فی دُنْيَا الأَحْلَامِ: وہ خوابوں کی دنیا میں رہتا ہے۔ دُنْيَا السُّرُورِ: خوشی کا عالم ج: دُنًى۔

دُنًى: هو ابن عمّي دُنًى و دُنًى: قریبی رشتہ کا بھائی ہے۔

د ـــــ ہ

•دَهْ دَهْ: اونٹ کو ڈانٹنے کے الفاظ۔

دَهٍ دَهٍ: کہتے ہیں إِلَّا دَهٍ فَلَا دَهٍ: اگر یہ بات اب نہ ہوئی تو پھر کبھی نہ ہوگی، یعنی اگر تم نے اس موقع کو چھوڑ دیا تو یہ کبھی ہاتھ نہ آئے گا۔

•الدَّهْبُ: شکست خوردہ لشکر۔

•دَهْبَلَ: دوسرے سے آگے بڑھنے کیلئے بڑے بڑے لقمے بنانا (۲) بڑا لقمہ نگل لینا۔

•دَهَثَهُ ـَ دَهْثًا: ہاتھ سے دھکا دینا، ہٹانا (۲) بہت زور سے روندنا۔

الدَّهْثَمُ: پیروں سے روندی ہوئی نرم جگہ (۲) نرم مزاج آدمی۔ رَجُلٌ دَهْثَمُ الخُلُقِ بھی کہتے ہیں (۳) سخی (۴) مضبوط اونٹ (۵) سمندر۔

•دَهْدَقَ فی ضِحْكِه دَهْدَقَةً: بری طرح ہنسنا (۲) بہت ہنسنا۔

ــــ القِطْعَةَ من اللَّحْمِ: گوشت کی بوٹی کا دیگچی میں ابالتے وقت اوپر نیچے ہونا۔

ــــ الشيءَ دَهْدَقَةً و دِهْدَاقًا: توڑنا۔

ــــ اللَّحْمَ: گوشت کی بوٹیاں بنانا اور ہڈیاں توڑنا۔

الدِّهْدَاقُ: بری ہنسی (۲) پکتے ہوئے پانی کا ابال (۳) تیز رفتاری (اونٹ وغیرہ کی)

• دَهْدَمَ البِناءَ: عمارت کو ڈھانا اور ملبہ کو الٹ پلٹ کر دینا۔
تَدَهْدَمَ: منہدم ہو جانا، ملبہ کا ڈھیر لگنا۔
• دَهْدَهَ الحَجَرَ: پتھر کو لڑھکانا۔
ــــ الشیءَ: توڑ کر اوپر نیچے کر دینا۔
تَدَهْدَهَ: الٹ پلٹ ہو جانا، ٹوٹ کر ڈھیر لگ جانا۔
الدَّهْدَاهُ: چھوٹے اونٹ (۲) اونٹوں کی بڑی تعداد ج: دَهَادِهُ۔
الدَّهْدَهَانُ: سو سے زائد کی تعداد میں اونٹ (۲) بڑے اونٹ۔
الدَّهْدَهَةُ: الدَّهْدَهَانُ۔
• دَهْدَى الحَجَرَ دَهْدَاةً و دِهْدَاءً: پتھر کو لڑھکانا، پتھروں کو اوپر نیچے کرنا، ڈھیر لگانا۔
تَدَهْدَى الحَجَرُ: پتھروں کا لڑھکنا، ڈھیر لگنا۔
• دَهَرَ القَوْمَ وبِهِم أَمْرٌ ـَ دَهْرًا: لوگوں پر آفت آ جانا، بری صورتِ حال سے دوچار ہونا۔ دَهَرَهُمُ الجَزَعُ: ان پر گھبراہٹ طاری ہو گئی۔
دَاهَرَهُ مُدَاهَرَةً و دِهَارًا: لمبے اور غیر معینہ عرصہ تک کسی سے کوئی معاملہ کرنا۔
اِسْتَأْجَرَه مُدَاهَرَةً: ہمیشہ کیلئے کسی سے کوئی چیز کرایہ پر لینا۔
• دَهْوَرَ الشیءَ: گڑھے میں گرا دینا، پستی کی طرف لانا۔
ــــ كَلَامَه: مسلسل بولتے رہنا۔
ــــ الحَائِطَ: دیوار کو دھکا دیکر گرا دینا۔
تَدَهْوَرَ: گڑھے میں گرنا، پستی کی طرف آنا (۲) کسی چیز کا اکثر ٹوٹ کر گر جانا۔
ــــ الشَّیءُ: بلندی سے پستی کی طرف آنا۔
ــــ الحَالَةُ: حالت خراب ہونا، بگڑنا۔
تَدَهْوَرَ اللَّيْلُ: رات کا اکثر حصہ گزر جانا۔
الدَّاهِرُ: دَهْرٌ دَاهِرٌ: طویل عرصہ (۲) سخت (۳) لَا آتِیه دَهْرَ الدَّاهِرِینَ: میں اس کے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔
الدَّاهِرَةُ: داھر کی تانیث۔ لمبی مدت کے لئے کہتے ہیں: إنها لداهرة الطول۔
الدَّهَارِيرُ: گذشتہ زمانہ کا اول حصہ (اس کا واحد نہیں) کہتے ہیں: كَانَ هٰذَا فِی دَهْرِ الدَّهَارِيرِ (۲) مصائب و انقلابات زمانہ۔ دَهْرٌ دَهَارِيرُ: سخت زمانہ۔ دُهُورٌ دَهَارِيرُ: مختلف ادوار مختلف زمانے۔
الدَّهْرُ: زمانۂ دراز (۲) دنیوی زندگی کا پورا زمانہ (۳) ایک ہزار سال (۴) ایک لاکھ سال (۵) مصیبت و آفت (۶) ہمت و ارادہ (۷) مقصد۔ کہتے ہیں: مَا دَهْرِی بِكَذَا: اس سے میرا کوئی مقصد نہیں۔ ما دَهْرِی كَذا: میرا ایسا کوئی ارادہ نہیں (۸) عادت (۹) غلبہ ج: أَدْهُرٌ و دُهُورٌ۔ كَانَ ذٰلِكَ دَهْرَ النَّجْمِ: یہ بات اس وقت کی ہے جب اللہ نے ستاروں کو پیدا کیا یعنی قدیم اور ابتدائی زمانہ کی ہے۔
بَنَاتُ الدَّهْرِ: مصائب زمانہ۔
تَصَارِيفُ الدَّهْرِ: انقلابات زمانہ۔
الدَّهَرُ: الدَّهْرُ: ج: أَدْهَارٌ۔
الدَّهْرِيُّ: رَجُلٌ دَهْرِيٌّ: دہریہ جو آخرت پر یقین نہ رکھتا ہو اور زمانہ کے بقا کا قائل ہو۔
الدُّهْرِيُّ: پرانا، عمر رسیدہ (۲) ماہر و ہوشیار، حاذق۔
الدَّهْوَرِيُّ: سخت و مضبوط آدمی۔
الدَّهِيرُ: دَهْرٌ دَهِيرٌ: سخت زمانہ۔
• دَهْرَجَ: تیز چلنا، لپکنا۔
• دَهِسَ المَكَانُ ـَ دَهَسًا: جگہ کا نرم ہونا
ــــ المَرْأَةُ: عورت کا بڑے سرین والی ہونا۔
دَهِسَ العَنْزُ و الرَّمْلُ: بکری یا ریت کا سیاہی مائل ہونا۔ هو أَدْهَسُ و هی دَهْسَاءُ ج: دُهْسٌ۔
دَهُسَ ـُ دَهَاسَةً و دُهُوسَةً: نرم خو ہونا۔
أَدْهَسَ: نرم جگہ پر چلنا، اترنا، ٹھیرنا۔
اِدْهَاسَّ النَّبْتُ و الأَرْضُ والعَنْزُ: روئیدگی، زمین اور بکری کے رنگ کا ہلکا سرخ و سبزی مائل ہونا (ایسے رنگ کا ہونا جو نباتات کی ابتدائی روئیدگی کے وقت ہوتا ہے)۔
الدَّهَاسُ: نرم جگہ (جس میں نہ تو ریت ہو اور نہ گارا اور مٹی) (۲) ہر وہ شے جو بہت نرم ہو۔ رَجُلٌ دَهَاسٌ: نرم مزاج آدمی۔ اِمْرَأَةٌ دَهَاسٌ: بڑے سرین والی عورت۔
الدَّهْسُ: نرم جگہ (۲) وہ زمین جس پر نہ زمین کا رنگ غالب ہو اور نہ نباتات کا بلکہ ایسا رنگ جو ابتدائی روئیدگی میں ہوتا ہے (۳) وہ پودا جس پر ہرا رنگ غالب نہ ہو ج: أَدْهَاسٌ۔
الدُّهْسَةُ: ریت کا رنگ جس پر ہلکی سی سیاہی ہو۔
الدَّهَاسَةُ: نرم خوئی، خوش اخلاقی۔
الدَّهَّاسُ: نرم مزاج، خوش خلق۔
الدَّهْوَسُ: شیر۔
• دَهَشَهُ خَطْبٌ ـَ دَهْشًا: کسی سنگین بات کا ہوش اڑا دینا، پریشانی میں ڈالنا۔
دَهِشَ ـَ دَهَشًا: پریشان ہونا، حیران ہونا، ہوش اڑنا، ہکا بکا رہ جانا، مدہوش ہونا (عشق و محبت یا گھبراہٹ یا حیا کی وجہ سے)۔ هو دَهِشٌ۔
دُهِشَ: حیران و پریشان ہونا، حیرت میں پڑنا، ششدر رہ جانا۔ هو مَدْهُوشٌ۔
أَدْهَشَهُ الحَيَاءُ و غَيْرُهُ: حیران و پریشان کرنا، ہوش اڑانا، تحیر زدہ کرنا،

حواس باختہ کرنا۔
دَهَّشَ : دَهِشَ۔
الدَّهْشَةُ : حیرت، خوف، پریشانی، تعجب۔
المُدْهِشُ : حیران کن، پریشان کن، تعجب خیز، ہوش ربا۔
المَدْهُوشُ : مبہوت، حیران و ششدر۔
• دَهْشَرَ الرَّجُلُ : پھرتی کے ساتھ کشتی لڑنا، جھگڑا کرنے میں تیزی دکھانا۔
___ الاَمْرَ : کسی کام کو نرمی برتے بغیر کرنا۔
الدَّهْشَرَةُ : بڑی اونٹنیاں۔
• دَهَفَ الشَّيءَ ــَـ دَهْفًا : خوب گرفت کرنا
أَدْهَفَ الشَّيءَ : دَهَفَه۔
الدَّاهِفُ : زیادہ چلنے سے عاجز و درماندہ ہو جانے والا۔
الدَّاهِفَةُ : داهف کی تانیث۔
• دَهَقَ الكَاسَ ــَـ دَهْقًا و دِهَاقًا : پیالہ یا گلاس بھرنا، جام کو چھلکانا۔
___ المَاءَ : پانی کو زور سے انڈیلنا۔
___ الشَّيءَ : توڑنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) زور سے نچوڑنا (۳) ہاتھ سے دبا کر دیکھنا۔
___ فُلانًا : مارنا۔
أَدْهَقَ الكَاسَ و المَاءَ : جام کو لبالب بھرنا، پانی کو زور سے گرانا۔
___ فُلانًا : کسی سے عجلت کرانا۔
دَهَّقَ الشَّيءَ : تنگ اور چھوٹا کرنا (۲) نچوڑنا (۳) توڑنا۔
ادَّهَقَت الحِجَارَةُ : پتھروں کا باہم جڑ جانا اور مضبوط ہونا۔
___ الشَّيءَ : توڑنا (۲) نچوڑنا۔
الدِّهَاقُ : كَأْسٌ دِهَاقٌ : چھلکتا ہوا جام، بھرا ہوا پیالہ (۲) پینے والوں کیلئے لگاتار چلنے والا جام (۳) صاف و شفاف۔
مَاءٌ دِهَاقٌ : بہت پانی۔
الدَّهَقُ : شکنجہ جس میں پنڈلی کو سزا کے لئے کسا جاتا ہے (۲) شکنجہ میں کھچوانے کی سزا۔

الدَّهْقَةُ : مال کی ایک مقدار۔
• دَهْقَنَ فُلَانٌ : مال دار ہونا۔
___ القَوْمُ فُلانًا : لوگوں کا کسی کو سردار (پردھان) بنانا۔
___ الطَّعَامَ : کھانے کو ملائم کرنا۔
تَدَهْقَنَ الرَّجُلُ : سردار بننا، چودھری بننا (۲) مال دار ہونا (۳) عقلمند بننا۔
الدِّهْقَانُ : گاؤں کا مکھیا، چودھری، پردھان (۲) صوبہ کا گورنر (۳) تجربہ کار اور ماہر منتظم (۴) جاگیردار (۵) تاجر ج : دَهَاقِنَةٌ و دَهَاقِينُ۔
• دَهَكَ الشَّيءَ ــَـ دَهْكًا : پیسنا، توڑنا، ضائع کرنا۔
___ الارض : پیروں سے روندنا۔
الدَّهُوكُ : چکی ج : دُهُكٌ۔
• تَدَهْكَرَ فُلَانٌ : لڑھکتے ہوئے چلنا، لڑکھڑاتے ہوئے چلنا۔
___ المَرْأَةُ : عورت کا مٹکنا۔
___ عَلَيه : کسی پر تیزی کے ساتھ جھپٹنا، کود پڑنا۔
الدَّهْكَرُ : پست قد۔
• تَدَهْكَمَ : کسی سنگین معاملہ میں کود پڑنا
___ علی فُلَانٍ : کسی کے سامنے بڑا بننا، زور دکھانا۔
الدَّهْكَمُ : بوڑھا کھوسٹ۔
• الدَّاهِلُ : پریشان و حیران (یہ لفظ مقلوب ہے اصل ذَالِهٌ ہے)۔
الدَّهْلُ : تھوڑی چیز (۲) تھوڑا وقت کہتے ہیں : مَضَى مِنَ اللَّيْل دَهْلٌ۔ بَقِي دَهْلٌ من اللَّيْل : رات کا تھوڑا حصہ باقی رہ گیا۔
الدِّهْلِيزُ : ڈیوڑھی، گھر اور دروازہ کے درمیان کا راستہ (۲) محراب ج : دَهَالِيزُ۔ اَبْنَاءُ الدَّهَالِيزِ : گذرگاہوں سے اٹھائے جانے والے بچے۔

• دَهَمَهُ اَمْرٌ ــَـ دَهْمًا : اچانک کوئی بات پیش آنا، اچانک کسی معاملہ کا سر پر آپڑنا (۲) ڈھانپنا، گھیر لینا۔
___ القَوْمُ فُلانًا : لوگوں کا کسی کے پاس اکٹھے ہوکر اچانک آپہنچنا۔
دَهِمَ ــَـ دُهْمَةً : سیاہ ہونا۔
___ الإبِلُ : اونٹوں کی سفیدی غائب ہوکر بھورا رنگ تیز ہوجانا، سیاہی مائل ہونا۔ هو اَدْهَمُ و هي دَهْمَاءُ ج : دُهْمٌ۔
___ فُلانًا اَمْرٌ دَهْمًا : دَهَمَه۔
أَدْهَمَهُ : مجبور کرنا، پریشانی اور تکلیف میں ڈالنا۔
دَهَّمَت النَّارُ القِدْرَ : آگ کا دیگچی یا ہانڈی کو سیاہ کرنا۔
ادْهَمَّ الفَرَسُ : گھوڑے کا سیاہ ہونا
ادهَمَّت القِدْرُ : ہانڈی کا سیاہ ہونا۔
ادْهَامَّ الشَّيءُ : سیاہ ہونا۔
___ الزَّرْعُ : کھیتی پر آب پاشی کی وجہ سے قدرے سیاہی آجانا۔ قرآن پاک میں ہے : " مُدْهَامَّتَان " وہ دونوں غایت سبزی کی بنا پر کالے ہوگئے ہیں۔
الاَدْهَمُ : سیاہ فام، کالا (۲) گھر کے پرانے نشانات ج : دُهْمٌ (۳) قید، بیڑی ج : اَدَاهِم۔
الدُّهَامُ : سیاہ۔
الدَّهْمُ : بڑی تعداد۔ کہتے ہیں : جَاءَ دَهْمٌ مِنَ النَّاسِ۔ جَيْشٌ دَهْمٌ : بڑا لشکر۔ کہتے ہیں : مَا اَدْرِيْ اَيُّ الدَّهْمِ هُوَ : خدا معلوم وہ کونسی مخلوق ہے (۲) بہت بڑی مصیبت، ہلاکت خیز معاملہ ج : دُهُومٌ۔

الدَّهْمَاءُ: تانيث الادهم (۲) قمری مہینہ کی ۲۹ ویں رات (۳) خالص سرخ رنگ کی بھیڑ۔ حَدِيْقَةٌ دَهْمَاءُ: سیاہی مائل سرسبز و شاداب باغ (۴) عوام النّاس (۵) آدمی کا چہرہ مہرہ (۶) ایک گھاس جو ڈنٹھل اور پتوں دار ہوتی ہے اور اس پر سرخ پھول آتے ہیں ان سے چمڑے کی دباغت بھی کی جاتی ہے ج: دُهْمٌ۔

الدُّهْمَةُ: سیاہی (۲) اونٹوں کا گہرا بھورا رنگ جو سیاہی مائل ہو۔

الدُّهَيْمُ: بے وقوف۔ الدُّهَيْمُ و أُمُّ الدُّهَيْمِ: مصیبت و آفت۔

الدُّهَيْمَاءُ: مصیبت، آفتِ زمانہ، بھیانک مصیبت۔

• الدَّهْمَثَةُ: اَرْضٌ دَهْمَثَةٌ: نرم زمین

الدُّهْمُوْثُ: شریف و کریم آدمی۔

• دَهْمَجَ الرَّجُلُ او البَعِيْرُ: قدم ملا کر تیز چلنا۔

— الهَرِمُ: بوڑھے آدمی کا اس طرح چلنا جیسے بیڑی پڑا ہوا چلتا ہے، آہستہ آہستہ چلنا (۲) غیر متوازن طور پر چلنا۔

— الخَبَرَ: خبر میں اپنی طرف سے اضافہ کرنا

الدَّامِجُ: قدم ملا کر تیز چلنے والا (۲) دیو ہیکل چیز (۳) دو کوہان والا اونٹ۔

الدَّهْمَجُ: بڑے ڈیل ڈول والی چیز (۲) نرم و کشادہ

• دَهْمَسَ الأَمْرَ: اخفا میں رکھنا، چھپانا۔

— فُلَانًا: کسی سے سرگوشی کرنا، راز کی بات کرنا (۲) حملہ کر کے زیر کرنا۔

• دَهْمَقَ فِي الشَّيْءِ: عجلت کرنا۔

— الشَّيْءَ: توڑنا، ریزے کرنا۔

— الطَّحِيْنَ: آٹے کو باریک کرنا، میدہ بنانا۔

دَهْمَقَ الطَّعَامَ: کھانے کو عمدہ اور لذیذ بنانا، کھانے کی چیز کو خوب گلانا۔

— الفَاتِلُ الوَتَرَ: تانت بنانے والے کا تانت کو اول سے آخر تک یکساں بٹنا۔

— الكَاتِبُ الكِتَابَ: کتاب کو منقح کرنا، بہتر بنانا۔

— القَدَّاحُ القِدَاحَ: تیر ساز کا تیروں کو بہتر بنانا، نقائص دور کرنا۔ (۲) تیروں کو چیرنا۔

— الكَلَامَ: خوش اسلوبی سے کلام کرنا

الدُّهَامِقُ: نرم مٹی۔ اَرْضٌ دُهَامِقٌ: نرم و پتلی زمین

• دَهَنَتِ النَّاقَةُ ـُ دَهَانَةً و دِهَانًا: اونٹنی کا دودھ کم ہو جانا۔

— فُلَانٌ دَهْنًا: دو رخا ہونا، منافق ہونا۔

— فُلَانًا: کسی کے ساتھ نفاق برتنا۔

— الشَّعْرَ و الرَّأْسَ وغيرهما: بالوں یا سر وغیرہ کو تیل ملنا، مالش کرنا۔

— المَطَرُ الأَرْضَ: بارش کا زمین کو ہلکا سا تر کرنا۔

— فُلَانٌ الأَرْضَ: زمین کو ٹھیک کرنا (کاشت وغیرہ کے لئے) زمین میں کھاد ڈالنا۔

— فُلَانًا بالعَصَا: کسی کو لاٹھی یا ڈنڈے سے مارنا۔

دَهُنَتِ النَّاقَةُ ـُ دَهَانَةً و دِهَانًا: کم دودھ والی ہونا۔ هي دَهِيْنٌ ج: دُهُنٌ۔

أَدْهَنَ: خلاف ضمیر بات کہنا یا کرنا (۲) دھوکا دینا، فریب دینا، چبا چبا کر بات کرنا۔

— في الأَمْرِ: کسی معاملہ میں نرمی برتنا۔

أَدْهَنَ عليه: باقی رکھنا۔

— الجِلْدَ: چمڑے کو تیل لگا کر نرم کرنا

— فُلَانًا: نرمی برتنا، دل داری کرنا، خوشامد کرنا۔

دَهَّنَ الرَّأْسَ و الشَّعْرَ وغيرهما: تیل ملنا، مالش کرنا۔

دَاهَنَهُ مُدَاهَنَةً و دِهَانًا: باطن کے خلاف ظاہر کرنا، مداہنت کرنا، چاپلوسی کرنا، حق پوشی کرنا (۲) دھوکا اور فریب دینا (۳) میٹھی میٹھی باتیں ملانا، ظاہری طور پر خوش کرنا۔

ادَّهَنَ: تیل سے تر ہونا، تیل لگ جانا، چکنا ہونا۔ ادَّهَنَ بالدُّهْنِ۔

تَدَهَّنَ: تیل ملنا۔

اِدْهَانَّ: ادَّهَنَ۔

تَمَدْهَنَ: تیل کی شیشی لینا۔

الدَّاهِنُ: لِحْيَةٌ دَاهِنٌ: تیل لگی ہوئی داڑھی۔

الدِّهَانُ: پھسلواں جگہ (۲) چکنا راستہ (۳) سرخ چمڑا (۴) روغن یا تیل یا پالش وغیرہ جو کسی چیز پر مل جائے، پینٹ۔

الدَّهَّانُ: تیل یا روغن فروش، روغن ساز روغن گر، تیلی (۲) پینٹر (۳) تیل کی گاد۔

الدَّهْنُ: تھوڑی سی بارش جس سے زمین کچھ تر ہو جائے ج: دِهَانٌ۔

الدِّهْنُ: درندوں کے لئے ایک مہلک درخت۔

الدُّهْنُ: حیوانات اور نباتات میں پایا جانے والا ایک منجمد چکنا مادہ، چکناہٹ یہی مادہ جب سیال ہو جاتا ہے تو اسے تیل کہا جاتا ہے۔ تیل، روغن (۲) مرہم (۳) ہلکی بارش جس سے زمین کچھ تر ہو جائے ج: اَدْهَانٌ و دِهَانٌ۔

الدَّهْنَاءُ: صحرا، بیابان (۲) سرخ گھاس جس سے دباغت دی جاتی ہے۔

الدُّهْنَةُ: تھوڑا سا تیل۔ هو طَيِّبُ الدُّهْنَةِ: وہ خوشبودار ہے۔
الدَّهِينُ: شَعْرٌ دَهِينٌ ولِحْيَةٌ دَهِينٌ: تیل لگی ہوئی داڑھی۔ رَجُلٌ دَهِينٌ: کمزور آدمی۔ أَتَى بِأَمْرٍ دَهِينٍ: اس نے معمولی کام کیا۔ ظَنَّ بنا ظَنًّا دَهِينًا: اس نے ہمارے بارہ میں اچھا گمان قائم نہیں کیا۔
المُدْهُنُ: تیل کی شیشی (۲) تیل ملنے کا آلہ روغن کرنے کا برش ج: مَدَاهِنُ
المُدْهُنَةُ: تیل کی شیشی، تیل کی کپی (۲) پہاڑ کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے (۳) سیلاب کی وجہ سے پیدا ہونے والا گڑھا ج: مَدَاهِنُ۔
المُدَاهَنَةُ: چاپلوسی، نفاق۔
المُدَاهِنُ: مداہنت کرنے والا، دو رخا، حق پوش، چاپلوس، باطن کے خلاف اظہار کرنے والا۔
المُدْهِنُ: روغن دار، چربی دار۔
المُدَهَّنُ: خوش حال۔ قَوْمٌ مُدَهَّنُونَ: خوش حال لوگ۔
دَهْوَرَ: دیکھئے: دھر۔
تَدَهْوَرَ: دیکھئے: دھر۔
الدَّهْوَرِيُّ: دیکھئے: دھر۔
• دَهَاهُ ـُ دَهْوًا: بڑی آفت میں مبتلا کرنا، مصیبت میں ڈالنا (۲) عقلمند وہوشیار قرار دینا۔
ـــ الدَّاهِيَةُ: مصیبت آنا۔
دَهَاهُ ـَ دَهْيًا و دِهَايَةً: مصیبت میں ڈالنا۔ ما دَهَاكَ؟ تم پر کیا آفت آئی (۲) چالاک وہوشیار قرار دینا (۳) تنقیص کرنا، عیب نکالنا۔
• دَهِيَ ـَ دَهَاءً و دَهَاءَةً و دَهْيًا: صاحب بصیرت ہونا، چالاک وہوشیار ہونا، معاملہ فہم ہونا۔ هو دَاهٍ ج: دُهَاةٌ و دَهٍ ج: دَهُونَ
دَهُوَ الرَّجُلُ ـُ دَهَاءً: زیرک وعقلمند ہونا۔ هو دَهِيٌّ ج: أَدْهِيَاءُ و دُهَوَاءُ۔
أَدْهَى الرَّجُلُ: عقلمند اولاد والا ہونا۔
ـــ فُلَانًا: کسی کو چالاک یا عیار پانا، زیرک و عقلمند پانا۔
دَاهَاهُ: مصیبت میں ڈالنا۔
دَهَّاهُ: ہوشیار و چالاک قرار دینا یا بنانا۔
تَدَهَّى: دَهِيَ۔
الدَّاهِي: شیر۔
الدَّاهِيَةُ: رَجُلٌ دَاهِيَةٌ: بصیرت والا، معاملہ فہم، زیرک وہوشیار، دور اندیش، چالاک وعیار، حیلہ ساز (۲) آفتِ کبری، مصیبت ج: دَوَاهٍ۔ دواهي الدَّهْرِ: آفات ومصائب زمانہ۔
الدَّهَاءُ: عقل، ہوشیاری، چالاکی، عیاری، غضب کی سوجھ بوجھ، بصیرت
الدَّهْوُ: عقل۔
الدَّهْوَاءُ: دَاهِيَةٌ دَهْوَاءُ: زبردست مصیبت۔
الدُّهْوِيَّةُ: دَاهِيَةٌ دُهْوِيَّةٌ: زبردست مصیبت۔
الدَّهْيُ: ناگوار اور تکلیف دہ بات۔
الدَّهْيَاءُ: دَاهِيَةٌ دَهْيَاءُ: زبردست مصیبت۔

د ـــــ ء

• دَاءَ الرَّجُلُ ـَ دَوْءًا و دَاءً و دَاءَةً: بیمار ہونا۔ هو دَاءٌ ج: أَدْوَاءٌ و هي دَاءٌ و دَاءَةٌ۔ کہتے ہیں: قد دِئْتَ يا رَجُلُ: ارے تو بیمار ہو گیا ہے۔
أَدَاءَ الرَّجُلُ: بیمار ہونا۔ أَدَاءَ جَوْفُه: اس کے پیٹ میں درد ہوا۔
ـــ فُلَانًا: بیمار کر دینا۔
ـــ فُلَانًا: شک پیدا کرنا، شک وشبہ میں ڈالنا۔
ـــ فُلَانٌ: شک وشبہ میں پڑنا۔
أَدْوَءَ الرَّجُلُ: أَدَاءَ۔
الدَّاءُ: ظاہری یا باطنی بیماری، ظاہری یا باطنی خرابی، عیب۔
فُلَانٌ مَيِّتُ الدَّاءِ: فلاں آدمی اپنے ساتھ برائی کرنے والے سے بغض نہیں رکھتا ج: أَدْوَاءٌ۔
دَاءُ الأَسَدِ: بخار، جذام۔
دَاءُ الظَّبْيِ: تندرستی و پھرتی
دَاءُ المُلُوكِ: نقرس کی بیماری، گٹھیا۔
دَاءُ الكَرَمِ: قرض وغربت۔
دَاءُ الضَّرَائِرِ: دائمی فتنہ۔
دَاءُ البَطْنِ: زبردست فتنہ وفساد۔
دَاءُ الذِّئْبِ: بھوک۔
دَاءُ الفِيلِ: فیل پا کی بیماری۔
دَاءُ الأَرْضِ: گرنے کی بیماری۔
دَاءُ الثَّعْلَبِ: سر کے بال گرنے کی بیماری۔
دَاءُ الحَيَّةِ: کھال اور سر کے بال گرنے کی بیماری۔
دَاءُ الكَلْبِ: کتے کے کاٹنے سے پیدا ہونے والی بیماری۔
به دَاءُ ظَبْيٍ: اسے کوئی بیماری نہیں
الدَّيِّءُ: بیمار۔

د ـــــ و

• الدُّوبَارَةُ: دوہرا دھاگا یا ڈورا جس سے سلائی کی جائے (فارسی لفظ)۔
• الدَّوبَلُ: دیکھئے: دبل۔
• دَابَ ـُ دَوْبًا: کوشش کرنا۔

یادُوب: قریب قریب۔
دُوبِیا: ڈبل انٹری کا حساب کتاب۔
• دُوْنَةٌ: شکست، رنج، توڑ۔
• داجَ ــُـ دَوْجًا: خدمت کرنا۔
الدَّاجَةُ: چھوٹی ضرورتیں (۲) فوج کے خدمتگار۔
الدُّوَاجُ والدَّوَّاجُ: موٹا کوٹ۔
• داحَت الشَّجَرَةُ ــُـ دَوْحًا: درخت کا بڑا اور بھاری بھرکم ہونا۔ هي دَاحِيَةٌ ج: دَوَائِحُ۔
ـــ بَطْنُه: پیٹ کا بڑا اور نیچے کو لٹکا ہوا ہونا۔
دَاحَتْ سُرَّتُه: ناف کا ابھرا ہوا یا بڑا ہونا۔
دَوَّحَ مَالَهُ: مال لٹانا، ادھر ادھر کرنا
انْدَاحَ بَطْنُه: پیٹ پھول کر لٹکنا۔
تَدَوَّحَ بَطْنُهُ: انْدَاحَ۔
الدَّاحُ: گل کاری، نقش ونگار، بیل بوٹے (۲) پھول دار کپڑا (۳) نقش ونگار جس سے بچے کھیلتے ہیں (۴) مضبوط بٹا ہوا ہاتھ کا کنگن (۵) ایک قسم کی زرد سیال خوشبو۔
الدَّاحَةُ: نقش ونگار والے کپڑے (۲) دنیا۔
الدَّوْحُ: بالوں سے بنا ہوا خیمہ، گھر۔
الدَّوحَةُ: بڑا اور پھیلا ہوا درخت ج: دَوْحٌ ج ج: أَدْوَاحٌ۔ هو من دَوحَة الكَرم: وہ شریف النسل ہے (۲) بڑا سائبان۔
الدَّوَّاحُ: عِذْقٌ دَوَّاحٌ: بھاری اور لمبی شاخ، کھجور کا بڑا اور بہت لمبا خوشہ۔
• داخَ الرَّجُلُ او البَعِيرُ ــُـ دَوْخًا: تابع اور عاجز ہونا (۲) سر چکرانا۔
ـــ النَّاسَ: لوگوں کو ذلیل کرنا، تابع بنانا
ـــ البِلَادَ: ملک یا شہروں پر قبضہ کرنا، تسلط قائم کرنا۔
أَدَاخَ الرَّجُلَ او البَعِيرَ: تابع بنانا، قبضہ میں کرنا، ذلیل کرنا۔
دَوَّخَ الرَّجُلَ او البَعِيرَ: أَدَاخَه۔
ـــ الوَجَعُ رَأْسَهُ: درد کا سر میں چکر لانا، سر چکرا دینا۔
ـــ الحَرُّ فُلانًا: گرمی کا کسی کو کمزور کر دینا
ـــ المَكَانَ: کسی جگہ گھومنا۔
ـــ البِلَادَ: ملک سے مکمل طور پر واقف ہونا، اس کے ہر راستہ کو جان لینا، ملک پر اقتدار حاصل کرنا۔
الدَّائِخُ: تاریک۔ لَيْلٌ دَائِخٌ۔
رَجُلٌ دَائِخٌ: سر چکرایا ہوا آدمی۔
• دادَ الطَّعَامُ و نَحْوُهُ ــُـ دَوْدًا: کھانے وغیرہ میں کیڑے پڑ جانا۔ فالطَّعامُ دَائِدٌ۔
دِيْدَ الطَّعَامُ: کیڑے پڑ جانا۔ هو مَدُودٌ
أَدَادَ الطَّعَامُ: دَادَ۔
دَوَّدَ الطَّعَامُ: دَادَ۔
ـــ الصَّبِيُّ: بچہ کا جھولے سے کھیلنا۔
الدُّوَادُ: چھوٹے کیڑے (۲) تیز رفتار آدمی
الدُّودَةُ: لمبوترا چھوٹا کیڑا جو روئی وغیرہ کے پتوں میں پیدا ہو جاتا ہے۔ کیڑا ج: دُودٌ و دِيدَانٌ (۲) وہم، شوخی
الدَّوْدَاةُ: بچہ کا جھولا، جھولے کی آواز (۲) شور و غل ج: دَوَادٍ۔
دُودَةُ القَزِّ: ریشم کا کیڑا
الزَّائِدَةُ الدُّودِيَّةُ: اپینڈکس، زائد آنت۔
الْتِهابُ الزَّائِدة الدُّودِيَّة: زائد آنت میں سوزش پیدا ہونا، درد ہونا۔
الدُّودِيُّ: کیڑے دار، کیڑوں سے متعلق۔
الدِّيدَان: کیڑے۔ دَوَاءٌ طَارِدٌ لِلدِّيدَانِ: کیڑے مار دوا۔
المَدُودُ و المُدَوَّدُ: کیڑے پڑا ہوا، کرم خوردہ، کیڑا لگا ہوا۔
• دَارَ ــُـ دَوْرًا و دَوَرَانًا: چکر لگانا، کسی چیز کے ارد گرد گھومنا، گشت کرنا، گھومنا (۲) جہاں سے آیا وہاں واپس جانا۔
ـــ حَوْلَه و به و عليه: کسی کے پاس چکر لگانا۔ فُلَانٌ يَدُورُ على أَرْبَع نِسْوَة: فلاں شخص چار عورتوں کی نگہداشت کرتا ہے۔
ـــ الفَلَكُ فی مَدَارِه: فلک کا اپنے مدار میں گھومتے رہنا۔
دَارَت المَسْأَلَةُ: مسئلہ زیر بحث رہنا، کوئی ایک فیصلہ نہ ہو پانا، جس نقطہ سے بحث شروع ہو وہیں لوٹ آنا۔
ـــ عليه الدَّوَائِرُ: مصائب آنا، آفتیں آنا
ـــ العِمَامَةُ حَوْلَ رَاسِه: سر پر پگڑی باندھنا۔ فهو دَائِرٌ و دَوَّارٌ۔
دِيرَ به و عليه: چکر آنا۔ هو مَدُورٌ به
أَدَارَ حَوْلَ الشَّيءِ: دَارَ۔
ـــ عن الأَمْرِ: کسی کو کسی کام سے روکنا، ہٹانا۔
ـــ فُلَانًا على الأَمْرِ: کسی سے کوئی کام کرانا۔
ـــ العَمَلَ: کام چلانا، انجام دینا، انتظام کرنا
ـــ الشَّيءَ: گھمانا (۲) گول بنانا، گردش میں رکھنا۔
ـــ العِمَامَةَ حَوْلَ رَأْسِه: سر پر پگڑی باندھنا۔
ـــ التِّجَارَةَ: کاروبار چلانا، تجارتی لین دین کرنا۔
ـــ الرَّأيَ و الأَمْرَ: زیر بحث لانا، احاطہ میں لانا۔
ـــ الشُّئُونَ و الأُمُورَ: انتظام کرنا۔
ـــ المَدْرَسَةَ و المَتْجَرَ: چلانا، انتظام کرنا۔
ـــ الجَامِعَةَ: یونیورسٹی کا منتظم ہونا، وائس چانسلر ہونا۔

أَدَارَ الرَّأْسَ: سر میں گھمیر پیدا کرنا، سر چکرا دینا۔
أُدِيرَ بِهِ: چکر آنا۔ هُوَ مُدَارٌ بِهِ۔
دَاوَرَهُ مُدَاوَرَةً وَ دِوَارًا: کسی کے ساتھ گھومنا۔
— الأُمُورَ وَ عَلَيْهَا: معاملات پر بحث و مباحثہ کرنا۔ کہتے ہیں: دَاوَرْتُ الرَّجُلَ عَلَى الأَمْرِ: میں نے اس شخص سے فلاں معاملہ پر بحث کی، حجت بازی کی۔ حدیث اسرا میں ہے: "قَالَ لَهُ مُوسَى: لَقَدْ دَاوَرْتُ بَنِي إِسْرَائِيلَ عَلَى أَدْنَى مِنْ هَذَا فَضَعُفُوا" میں نے بنی اسرائیل سے اس سے بھی معمولی بات پر مباحثہ کیا مگر وہ عاجز ہو گئے جواب نہ دے سکے۔
دَوَّرَهُ: گول کرنا (۲) گھمانا، چکر دینا۔
دَوَّرَ بِهِ: گھمانا (۳) سر چکرانا۔
— السَّاعَةَ: گھڑی میں چابی دینا۔
تَدَيَّرَ المَكَانَ: رہائش گاہ بنا لینا۔
تَدَوَّرَ الشَّيْءُ: گول ہو جانا۔
اسْتَدَارَ: کسی شے کے ارد گرد گھومنا، چکر لگانا (۲) گھوم کر پہلی جگہ لوٹنا۔ حدیث میں ہے: "إِنَّ الزَّمَانَ قَدِ اسْتَدَارَ كَهَيْئَتِهِ يَوْمَ خَلَقَ اللهُ السَّمٰوَاتِ وَ الأَرْضَ"
— القَمَرُ: چاند کا روشن ہونا۔
— بِهِ: احاطہ کر لینا، علم میں لے آنا جیسے: اسْتَدَارَ فُلَانٌ بِمَا فِي قَلْبِي۔
الإِدَارَةُ: انتظام، نظم و نسق، ایڈمنسٹریشن، مینجمنٹ (۲) انتظامیہ، حکومت (۳) محکمہ (۴) دفتر۔
رَئِيسُ الإِدَارَةِ: افسر انتظامیہ۔
مَرْكَزُ الإِدَارَةِ: انتظامیہ کا صدر دفتر
اسْتِدَارَةٌ: گولائی۔

الإِدَارِيُّ: انتظامی، محکمہ جاتی، دفتری۔
الشُّئُونُ الإِدَارِيَّةُ: انتظامی امور
التَّدْوِرَةُ: گھوم دار دریت (۲) مجلس۔
الدَّائِرُ: جاری، گھومتا ہوا، چکردار۔
الدَّائِرَةُ: گول، چکر، چھلّا، گھیرا، حلقہ، احاطہ (۲) جغرافیائی تقسیم کا خطّہ، علاقہ، زون (۳) دفتر (۴) گیسو کی جگہ (بالوں کا گھنگر) (۵) ناک کا نچلا حصّہ (۶) مصیبت (۷) شکست (۸) غلہ گاہنے کی لکڑی جسے بیل کھینچتے ہیں (۹) وہ خط مستقیم جو دائرہ کو دو برابر کے حصوں میں تقسیم کرے اور مرکز دائرہ سے گزرتا ہوا جائے۔ ج: دَوَائِر۔
دَائِرَة انْتِخَابِيَّة: حلقۂ انتخاب، شہر کا ایک حصہ یا متعدد علاقوں کا وہ مجموعہ جس سے پارلیمنٹ یا اسمبلی کے لئے کوئی نمائندہ منتخب کیا جاتا ہے۔
دَائِرَةُ رَأْسِ الإِنْسَانِ: سر کے کنارہ پر بکھرے ہوئے بال۔
دَائِرَةُ المَعَارِف: انسائکلوپیڈیا، کسی ایک علمی موضوع یا مختلف علمی موضوعات سے متعلق تمام تفصیلی معلومات کا مجموعہ جسے عام طور پر حروف تہجی پر ترتیب دیا جاتا ہے جیسے: دائرۃ المعارف (الموسوعة) الاسلامیّة و دَائِرَة المَعَارِف (الموسوعة) الفقهيّة: اسلامی یا فقہی معلومات کا انسائکلوپیڈیا۔
الدَّوَائِرُ: دفاتر، حلقے (۲) مصائب۔
الدَّوَائِرُ الحُكُومِيَّةُ: سرکاری دفاتر
الدَّوَائِرُ الرَّسْمِيَّةُ: سرکاری حلقے۔
الدَّوَائِرُ السِّيَاسِيَّةُ: سیاسی حلقے۔
الدَّوَائِرُ الدِّينِيَّةُ: مذہبی حلقے۔
دَائِرِيٌّ: حلقہ دار، دائرہ نما حلقہ نما۔
الدَّارُ: صحن دار مکان، گھر، رہائشی مکان (۲) شہر (۳) قبیلہ ج: أَدْوُرٌ وَ دِيَارٌ وَ دِيَارَةٌ وَ دُورٌ۔ دِيَارَة کی جمع دِيَارَات۔
دار الإِسْلَام: مسلمانوں کا ملک جہاں ان کا اقتدار قائم ہو۔
دَارُ الحَرْب: غیر مسلموں کا ملک جہاں اسلامی اقتدار قائم نہ ہو۔
دَارُ الآثَار: میوزیم، عجائب گھر۔
دار التَّمْثِيل: تھیٹر، تماشا گاہ، سینما گھر۔
دَارُ السَّلَامِ: جنت۔ قرآن پاک میں ہے: "لَهُمْ دَارُ السَّلَامِ" (۲) شہر بغداد
دَارُ الصِّنَاعَة: کارخانہ۔
دار صینیّ: دار چینی۔
دَارُ الضَّرْب: ٹکسال، سکہ ڈھالنے کی جگہ
دَارُ العِلْم: اکیڈمی، علمی ادارہ۔
دار العُلُوم: تعلیمی ادارہ، یونیورسٹی۔
دَارُ الفَنَاء: دنیا۔
دَارُ البَقَاء: آخرت۔
دَارُ القَضَاء: عدالت۔
دَارُ القَرَار: جنّت۔
دَارُ الكُتُب: لائبریری، کتب خانہ۔
دَارُ الكُتُب القَومِيَّة: نیشنل لائبریری۔
الدَّارِيُّ: گھر میں پڑا رہنے والا جسے فکر معاش تک نہ ہو۔ کہتے ہیں: مَا بِالدَّارِ دَارِيٌّ: گھر میں کوئی نہیں (۲) وہ اونٹ جو اپنے گھر سے نکل کر اونٹوں کے ساتھ نہ چرتا ہو۔ هِيَ دَارِيَّةٌ (۳) بادبان سے لگا ہوا ملّاح (۴) عطر فروش۔ حدیث میں ہے: "مَثَلُ الجَلِيسِ الصَّالِحِ مَثَلُ الدَّارِي، إِنْ لَمْ يُحْذِكَ مِنْ عِطْرِهِ عَلِقَكَ مِنْ رِيحِهِ" نیک ہم نشین کی مثال اس عطر فروش کی سی ہے کہ اگر وہ تم کو اپنے عطر میں سے کچھ نہ دے تو کم از کم اس کی خوشبو تم تک پہنچ ہی جائے گی۔

الدَّارَةُ: الدَّارُ۔ محل، گھر (۲) حلقہ (۳) چاند کا ہالہ (۴) ریت کا گول دائرہ (۵) چہار دیواری کیا ہوا احاطہ (۶) پہاڑوں کے درمیان کی کشادہ زمین ج: دُوْرٌ و دَارَاتٌ۔

دَارَاتُ الْعَرَبِ: عرب کی ایک سو دس سے زائد وہ نرم اور سفید زمینیں جن میں خوشبودار نباتات اگتی ہیں ان ہی میں سے مشہور جگہ دَارَةُ جُلْجُلٍ ہے۔

الدُّوَارُ: الدَّوَرَانُ: سر کا چکر، گھیر۔

الدَّوَّارُ: بہت گھومنے والا (۲) پازیب (پیر کا ایک زیور) (۳) سائیکل پیڈل۔ البَابُ الدَّوَّارُ: گھومنے والا دروازہ۔

دَوَّارُ الشَّمْسِ: سورج مکھی۔

الدَّوْرُ: باری، نمبر، بخار کی باری (۲) منزل (جو ایک دوسرے پر ہو) (۳) پارٹ، حصہ، کردار (۴) کاموں کا سلسلہ (۵) چکر، عمامہ کا ایک پھیر۔ کہتے ہیں: انْفَسَخَ دَوْرُ عِمَامَتِه: اس کی پگڑی کا پھیر کھل گیا (۶) مناطقہ کے نزدیک دو چیزوں میں سے ہر ایک کا دوسری پر موقوف ہونا ج: أَدْوَارٌ۔

الدَّوْرُ الأَرْضِيُّ: گراؤنڈ فلور، عمارت کی نچلی (زمینی) منزل۔

الدَّوْرُ الإيجابِيُّ: مثبت رول، کردار۔

الدَّوْرُ البُطُولِيُّ: بہادرانہ کردار۔

دَوْرُ التَّجْرِبَةِ: تجرباتی دور۔

الدَّوْرُ الحَاسِمُ: فیصلہ کن کردار، زبردست پارٹ۔

الدَّوْرُ الطَّلِيعِيُّ: راہنمایانہ کردار، قائدانہ کردار۔

الدَّوْرُ العُلْوِيُّ: مکان کی بالائی منزل

الدَّوْرُ النَّشِيطُ: مؤثر کردار۔

لَعِبَ دَوْرًا فِي كَذَا: پارٹ ادا کرنا، کردار ادا کرنا۔

الدَّوْرَةُ: ایک چکر، ایک پھیر عمامہ وغیرہ کا، ایک گشت (۲) مصیبت، تکلیف (۳) سیزن، سیشن، میعادی اجلاس۔

الدَّوْرَةُ الدَّمَوِيَّةُ: دوران خون۔

الدَّوْرَةُ الزِّرَاعِيَّةُ: کھیت کی چند حصوں میں تقسیم جن میں سے ہر ایک میں کوئی خاص چیز بوئی جائے

دَوْرَةُ الأُمَمِ المُتَّحِدَةِ: اقوام متحدہ کا اجلاس۔

دَوْرَةُ البَرْلَمَانِ۔ دَوْرَةُ انْعِقَادِ مَجْلِسِ النُّوَّابِ۔ دَوْرَةُ المَجْلِسِ النِّيَابِيِّ: سال کا میعادی اجلاس، پارلیمنٹ کا اجلاس۔

دَوْرَةُ المِيَاهِ: بیت الخلا غسل خانہ وغیرہ

الدَّوْرَةُ التَّدْرِيبِيَّةُ: تربیتی کورس

الدَّوْرَةُ الطَّارِئَةُ: ہنگامی اجلاس۔

الدَّوْرِيُّ: وقفہ جاتی (۲) گشتی۔ مختلف اوقات میں چکر لگانے والا۔

الدُّورِيُّ: گھر میں گھومنے والی چڑیا جو سال میں کبھی کبھی گھونسلا بناتی ہے۔

دَوْرِيًّا: وقفہ کے ساتھ، گشتی طور پر

الدَّوْرِيَّةُ: گشتی دستہ، رات کے پہرہ داروں کی پارٹی۔

رِيحٌ دَوْرِيَّةٌ: مان سون۔

نَشْرَةٌ أو مَطْبُوعَةٌ دَوْرِيَّةٌ: میعادی نشریہ یا اشاعت جو سال میں وقت مقررہ پر ہو۔

الدَّوَّارُ: بہت گھومنے والا۔ کہتے ہیں: الزَّمَانُ دَوَّارٌ بالإنسانِ: زمانہ انسان کو مختلف حالات میں گھماتا رہتا ہے۔ چلتا، پھرتا، متحرک بائِعٌ دَوَّارٌ: پھیری والا تاجر۔ (۲) خانہ کعبہ، بیت اللہ الحرام (۳) سائنس میں کسی بھی مشین کا وہ جز جس میں گھومنے کی صلاحیت ہو۔

الدُّوَّارُ: ریت کا گول ٹیلہ جس کے گرد جنگلی جانور گھومتے ہیں (۲) کعبہ، بیت اللہ الحرام (۳) مکان ج: دَوَاوِيرُ۔

الدَّوَّارَةُ: ناک کے نیچے کا دائرہ (۲) پرکار (دو شاخوں دار دائرہ ناپنے یا بنانے کا آلہ (۳) پیٹ کا آنتوں والا حصہ، اوجھ (۴) سر کا گول حصہ (۵) غیر متحرک اور نہ گھومنے والی چیز۔ دَوَّارَةُ الهَوَاءِ: ہوا کا رخ بتانے والا پنکھا۔

الدُّوَّارَةُ: ہر متحرک اور گھومنے والی چیز (۲) ریت کا گول ٹیلہ جس کے گرد جنگلی جانور گھومتے ہیں (۳) تلوں کا تیل نکالنے کا آلہ (۴) پیٹ یا سر کا گول حصہ۔

الدَّوَّارِيُّ: بہت گھومنے والا کہتے ہیں: الدَّهْرُ بالإنسانِ دَوَّارِيٌّ: زمانہ انسان کو خوب چکر دیتا ہے یعنی مختلف حالات میں رکھتا ہے۔

الدَّيْرُ: عیسائی خانقاہ ج: أَدْيِرَةٌ۔

الدَّيَّارُ: کہتے ہیں: ما بالدَّارِ دَيَّارٌ: گھر میں کوئی نہیں (۲) راہب۔

الدَّيُّورُ: کہتے ہیں: ما بِالدَّارِ دَيُّورٌ: گھر میں کوئی نہیں۔

الدِّيرَةُ: ریت سے بنی گولائی ج: دِيَرٌ۔

الدَّوَرَانُ: چکر، روانی۔

الدُّولَارُ: ڈالر۔

المَدَارُ: مدار، محور، قطب، وہ چیز جس پر کوئی شے گھومے۔ پہیے کا دھرا (۲) خط سرطان (۳) وہ راستہ جس پر سیارے آفتاب کے گرد گھومتے ہیں یا سیاروں کے گرد چاند کے گھومنے کا راستہ۔

مَدَارُ الحَدِيثِ: موضوع گفتگو، نقطہ بحث۔

مَدَارُ الأَرْضِ: وہ فلک جس میں زمین آفتاب کے گرد گھومتی ہے۔

مَدَارُ الأَمْرِ: مرکزی نقطہ جس پر کسی شے

کا دار و مدار ہو۔
علی مَدارِ السَّنَةِ : تمام سال۔
المُدارَةُ : چمڑے کا بڑا ڈول، چرس جس سے آبپاشی کی جاتی ہے (۲) پھول دار چادر یا تہبند جس پر گول گول دائرے بنے ہوں۔
المُدَوَّرُ : گول، دائرہ نما۔
المُدَوِّرُ : گھمانے والا، چکر دینے والا۔
المُداوِرُ : زمانہ ساز، زمانہ شناس، زمانہ کے ساتھ چلنے والا۔
المُدِيرُ : منتظم، ناظم، منیجر، مہتمم، کلکٹر۔
مُدِيرُ عَمَلٍ : ڈائرکٹر۔
مُدِيرُ شَرِكَةٍ وغيرها : کمپنی وغیرہ کا منیجر۔
مُدِيرُ البَلَدِيَّةِ : چیرمین۔
مُدِيرُ مَدْرَسَةٍ : مدرسہ کا ناظم یا مہتمم
مُدِيرُ جامِعَةٍ : یونیورسٹی کا وائس چانسلر
مُدِيرُ جَماعَةٍ : ناظم جماعت، سکریٹری
المُدِيرُ العامُّ : ناظم اعلیٰ، جنرل منیجر، ڈائرکٹر جنرل۔
المُدِيرِيَّةُ : ضلع، دفتر افسر انتظامیہ، ڈائرکٹریٹ، کلکٹریٹ۔
المُسْتَدارُ : فلک۔
مُسْتَدارُ الحَدِيثِ : موضوع گفتگو۔
• داسَ الشَّيءَ بِرِجْلِهِ ـُ دَوْسًا و دِياسًا و دِياسَةً : پیروں سے خوب روندنا، مسلنا، کچلنا۔
ــــ الزَّرْعَ او الحَصِيدَ او الحَبَّ : کھیتی یا غلہ کو گاہنا (بھوسے سے دانوں کو الگ کرنا) کہتے ہیں: داسَ الحَصِيدَ لِيَخْرُجَ الحَبُّ منه: اس نے کٹی ہوئی کھیتی کو گاہا تاکہ اس سے دانے نکل آئیں۔
ــــ السَّيْفَ و نَحْوَهُ : تلوار یا اس جیسی چیز کو مانجھ کر چمکانا، پالش کرنا۔

داسَ الحَدِيقَةَ : باغ کی گوڑائی کر کے اسے درست کرنا۔
ــــ فُلانًا : ذلیل کرنا (۲) دھوکا دینا، چال چلنا۔ هو دائِسٌ وهي دائِسَةٌ۔
أَداسَ الحَبَّ : داسَهُ۔
دَوَّسَ الطَّرِيقَ : راستہ پر بکثرت چلنا۔
انْداسَ الحَبُّ وغيرُه : گاہا جانا (۲) مسلا جانا، پامال ہونا۔
داوَسَ القَوْمُ بَعْضُهُم بَعْضًا فِي القِتالِ : جنگ میں ایک دوسرے کو کچلنا۔
الدَّوائِسُ : کہتے ہیں: أَتَتْهُمُ الخَيْلُ دَوائِسَ : ان کے پاس لگاتار گھوڑے آئے۔
الدَّوَّاسَةُ : لوگوں کا گروہ، جماعت۔
الدَّوَّاسُ : کسی بھی فن کا ماہر (۲) بہادر آدمی (جو اپنے ہم جولیوں یا ہم پلہ لوگوں کو زیر کر دے)
الدَّوَّاسَةُ : ناک (۲) بائیسکل یا مشین وغیرہ کا پیڈل جس کے ذریعہ حرکت دی جائے (۳) کرگہ میں جولاہے کی وہ لکڑی جس پر وہ پیر مارتا ہے (۴) پائدان (جو دروازہ پر پیر یا جوتے صاف کرنے کے لئے رکھا جاتا ہے)
الدَّوْسَةُ : عیسائیوں کا ایک تہوار (جس میں مویشیوں کو پامال کیا جاتا ہے)
الدَّوِيسَةُ : لوگوں کا گروہ۔
الدِّيِّسُ : زبردست بہادر (جو اپنے ہر مقابل کو پامال کر دے) ج: دِيَسَةٌ (۲) پانی میں اگنے والی ایک گھاس جس سے چٹائیاں بنی جاتی ہیں۔
الدِّيسَةُ : بہادر ترین عورت (۲) گھنا جنگل ج: دِيَسٌ و دِيَسٌ۔
المَداسُ : سینڈل یا چپل (جوتوں کی ایک قسم) ج: أَمْدِسَةٌ۔
المَداسَةُ : کھیتی گاہنے کی جگہ، کھلیان۔
المِدْوَاسُ : کھیتی یا غلہ گاہنے کی مشین (یا کوئی بھی ذریعہ) ج: مَداوِيسُ
المِدْوَسُ : گاہنے کا آلہ (۲) تلوار صیقل کرنے کا آلہ یا پتھر ج: مَداوِسُ۔
المِدْوَسَةُ : ریتی (یا صیقل کرنے کا اوزار) کا لکڑی کا دستہ یا وہ لکڑی جس پر صیقل کرنے والے پتھر کو فٹ کیا جاتا ہے ج: مَداوِسُ۔
• الدَّوَاسِرُ : دیکھئے: د س ر۔
الدَّوْسَرُ : " "
الدَّوْسَرَةُ : " "
الدَّوْسَرِيُّ : " "
الدَّوْسَرانِيُّ : " "
• الدَّوْسَقُ : دیکھئے: د س ق۔
• داشَ فُلانٌ ـُ دَوْشًا : کسی کی بینائی کا رات میں ٹھیک کام نہ کرنا، چوندھیانا
دَوِشَ الرَّجُلُ ـَ دَوَشًا : خراب آنکھ والا ہونا۔
دَوِشَتْ عَيْنُهُ : آنکھ کا بیماری وغیرہ کی وجہ سے خراب ہو جانا، چوندھیانا، کمزور نگاہ ہونا، بھینگا ہونا۔ هو أَدْوَشُ و هي دَوْشاءُ۔ ج: دُوشٌ۔
الدَّوَشُ : خیرگی، چوندھیاہٹ، آنکھ کا چھوٹا پن، بھینگا پن۔
• الدَّوْطَةُ : (فرنگیوں کے یہاں) وہ مال جو دولہن دولہا کو دیتی ہے۔
• داغَ ـُ دَوْغًا : اچھلتے ہوئے دوڑنا۔
ــــ القَوْمُ : لوگوں کا عام طور پر کسی بیماری میں مبتلا ہونا۔
ــــ الطَّعامُ : اشیاء خوردنی کا ارزاں ہونا
داغَةُ الحَرِّ : گرمی کا کسی چیز کو خراب کرنا۔
الدَّوْغَةُ : بے وقوفی (۲) سردی، بیماری کا پھیلاؤ۔

•دَافَ الدَّوَاءَ او الطِّيبَ ـُ دَوْفًا: دوا یا خوشبو کو کسی چیز میں ملانا۔ دَافَهُ فی الماءِ وبه: دوا یا خوشبو کو پانی میں ملانا، بھگونا، ترکرنا (۳) پیسنا، باریک کرنا، انڈے پھینٹنا۔ هو مَدُوفٌ و مَدْوُوفٌ۔

أَدَافَ الدَّوَاءَ: دَافَهُ۔

الدُّوفَانُ: جسمانی دباؤ، ایک قسم کی بیماری جس میں آدمی محسوس کرتا ہے کہ کوئی اس کو دبا رہا ہے، عام طور پر ایسی صورت مرگی کے دورہ سے قبل ہوجاتی ہے

•دَاقَ فُلَانٌ ـُ دَوْقًا و دَوَاقَةً: بے وقوف ہونا، بے وقوفی کی وجہ سے ہلاک ہوجانا۔

ـــ الحَيَوَانُ: جانور کا دبلا ہوجانا۔

ـــ الفَصِيلُ من اللَّبَن عن أُمِّه: جانور کے دودھ پیتے بچہ کا بد ہضمی کی وجہ سے ماں کا دودھ چھوڑ دینا۔

ـــ الطَّعَامَ: کھانے کو چکھنا۔

دِيقَتِ الغَنَمُ: بکری کو نہ کھانے کی بیماری لاحق ہونا۔ هي مَدُوقَةٌ۔

أَدَاقُوا به: انہوں نے اس کا احاطہ کیا۔

دَوَّقَهُ: بے وقوف بنانا۔

انْدَاقَ بَطْنُهُ: پیٹ پھولنا۔

تَدَوَّقَ: بے وقوف بن جانا۔

الدَّائِقُ: مَتَاعٌ دَائِقٌ مَائِقٌ: بے قیمت سامان (ارزانی یا مانگ نہ رہنے کے باعث) م: دَائِقَةٌ۔

الدُّوقُ: ردی پن، بے قیمتی (۲) بے وقوفی (۳) فرنگیوں کے یہاں ایک اعلیٰ تعظیمی لقب ڈیوک۔ نواب، رئیس اعظم۔

الدُّوقَانِيَّةُ: بگاڑ، خرابی، بے وقوفی۔

الدُّوقَةُ: الدُّوقانية۔

الدُّوقِيَّةُ: چھوٹی ریاست، جاگیر جس کا امیر ڈیوک ہوتا ہے۔

•الدَّوْقَعَةُ: دیکھئے: دقع۔

•دَوْقَل و الدَّوْقَلُ: دیکھئے: دق ل۔

الدَّوْقَلَةُ: دیکھئے: (دق ل)۔

دَاكَ القَوْمُ و نَحْوُهُمْ ـُ دَوْكًا و دَوْكَةً و مَدَاكًا: لوگوں کا مضطرب و بے چین ہونا، غلطاں و پیچاں ہونا (۲) بیمار ہونا۔

ـــ الطِّيبَ والشيءَ دَوْكًا: بہت باریک اور مہین کرنا، کوٹنا اور پیسنا۔

ـــ فُلَانًا: پانی میں کسی کو غوطہ دینا (۲) مٹی میں لت پت کرنا (۳) قید کرنا۔

تَدَاوَكَ القَوْمُ: لڑائی دنگے میں ایک دوسرے کو تنگ کرنا۔

الدَّوْكُ: ایک قسم کی سمندری سیب

الدَّوْكَةُ: شر، نزاع کہتے ہیں: هُمْ وَقَعُوا فی دَوْكَةٍ۔

الدُّوكَةُ: بیماری۔ شر، نزاع، اختلافات

المَدَاكُ: خوشبو وغیرہ پیسنے یا رگڑنے کا پتھر، سِل۔

المِدْوَكُ: خوشبو پیسنے کا بٹا یا موسلی ج: مَدَاوِكُ۔

الدَّوْكَسُ: دیکھئے: (د ك س)۔

•دَالَ الدَّهْرُ ـُ دَوْلًا و دَوْلَةً: زمانہ کا حال بدلنا، زمانہ کا بدلتے رہنا۔

ـــ الأَيَّامُ: دنوں کا پلٹنا، زمانہ کا بدلنا۔

دالت الأيّام بكذا: زمانہ نے اس کو پلٹ دیا۔ اس کے دن بدل گئے۔

دَالَتْ له الدَّوْلَةُ: اس کے دن بدل گئے۔ وہ زمانہ کی گردش میں آگیا۔

ـــ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

ـــ بَطْنُه: پیٹ کا ڈھیلا ہو کر زمین کے قریب ہوجانا، لٹکنا۔

ـــ فُلَانٌ دَوْلًا و دَالَةً: مشہور ہونا

أَدَالَ الشيءَ: گھمانا، کبھی کسی کو دینا کبھی کسی کو، باری باری دینا۔

أَدَالَ فُلَانًا عَلَى فُلَانٍ او منه: کسی کے مقابلہ میں کسی کی مدد کرنا، حمایت کرنا، فتحیاب اور کامیاب بنانا، غالب کرنا، وفد ثقیف والی حدیث میں ہے: نُدَالُ عَلَيْهِم و يُدَالُونَ عَلَيْنَا۔

دَاوَلَ كذا بَيْنَهُمْ: لوگوں میں کسی شے کو چلانا، دائر سائر کرنا۔ کبھی ان کو دینا اور کبھی اُن کو کہتے ہیں: دَاوَلَ اللهُ الأَيَّامَ بَيْنَ النَّاسِ: اللہ نے لوگوں میں زمانہ کو ادل بدل کیا کبھی ان کے حق میں اور کبھی اُن کے حق میں کیا۔ قرآن پاک میں ہے: "تِلْكَ الأَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ" ہم ان دنوں کو لوگوں کے درمیان ادلتے بدلتے رہتے ہیں۔

دَاوَلَ الأَمْرَ: سوچ بچار کرنا، بحث کرنا۔

دَوَّلَ دَالًا: دال (حرف) لکھنا۔

ـــ شيئًا: رواج دینا۔

ـــ مَدِينَةً و غيرَها: بین الاقوامی بنا دینا

انْدَالَ القَوْمُ: لوگوں کا ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔

ـــ الشيءُ: لٹکنا۔ انْدَالَ البَطْنُ: پیٹ کا لٹکنا۔

ـــ ما فی بَطْنِه: پیٹ کی آنتیں وغیرہ (نیزہ زنی سے) باہر نکل آنا۔

تَدَاوَلَتِ الأَيْدِي الشيءَ: مختلف ہاتھوں کا کسی چیز کو باری باری لینا، استعمال میں آنا۔

تَدَاوَلَ الشيءُ: رواج پانا، چلن ہونا، سرکولیشن ہونا، دائر سائر ہونا۔

ـــ العُمْلَةُ: سکہ کا چلنا۔

تَدَاوَلَ النَّاسُ الأَمْرَ: سوچ بچار کرنا، بحث و گفتگو کرنا۔

تَدَاوَلَتْهُ الأَلْسُنُ: چرچا ہونا، زبانوں پر آنا۔

اسْتَدَالَ الأَيَّامَ وغيرَها: زمانہ کو اپنے

موافق بنانے کی خواہش یا کوشش کرنا
غلبہ حاصل کرنے کی خواہش کرنا۔
الدَّالُ : دال (حروف ہجائیہ میں سے آٹھواں حرف) یہ مذکر و مؤنث دونوں طرح مستعمل ہے ج: اَدْوَالٌ (۲) موٹی عورت۔
دَالُ النَّهرِ : نہر کی شاخوں کے درمیان دال کی شکل کے پختہ موڑ یا رکاوٹیں جو پانی کے بہاؤ کی لائی ہوئی مٹی سے بن جاتے ہیں۔ یونانی زبان میں اسے دِلْتا کہتے ہیں۔
الدَّالَةُ : شہرت، مشہور ج: دال۔
الدَّوَالِی : طائف کے سرخی مائل کالے انگور (۲) علم طب میں وریدوں (خاص رگوں) میں پیدا ہونے والی غلظت اور طول کا نام جس کی وجہ سے خون پیچھے کی طرف نہیں جاری ہوتا۔
دَوَالَیْكَ : (تثنیہ اور اضافت کے ساتھ) برائے مبالغہ و تکثیر۔ یکے بعد دیگرے اور باری باری۔ کہتے ہیں: هَكَذَا دَوَالَيْكَ : اسی طرح اور الی آخرہ۔
الدَّوْلُ : مروج نیز۔
الدَّوْلَةُ : غلبہ و اقتدار (۲) سلطنت و حکومت (۳) ملک (۴) ریاست جس کا اپنا نظام حکومت ہو (۵) زمانہ کا دور پھیر، انقلاب، گردش (۶) فی الحَرْبِ بين الفِئَتَيْنِ : جنگ کے دو گروہوں میں باری باری شکست (۷) پرندہ کا پوٹا (معدہ) (۸) شکاری پرندہ (۹) چڑیوں کی آواز، چہچہاہٹ۔
—— من البطن : پیٹ کی ایک جانب (۲) ناف ج: دُوَلٌ۔
صاحبُ الدَّوْلَة۔ دَوْلَةُ فُلَانٍ: وزیر اعظم کا لقب تعظیم۔
الدُّوْلَةُ : غلبہ (۲) ادل بدل ہونے والی چیز کبھی کسی کے پاس کبھی کسی کے پاس آنے جانے والی شے جیسے مال اور اقتدار، دست گرداں چیز قرآن پاک میں ہے: "كَيْ لَا يَكُونَ دُولَةً بَيْنَ الْأَغْنِيَاءِ مِنْكُمْ" تاکہ وہ مال صرف تمہارے مال داروں ہی کے درمیان باری باری گھومتا نہ رہے قرآن کریم میں فئی (وہ مال جو دشمنوں سے لڑے بغیر ہاتھ آئے) میں اللہ، رسول، اہل قرابت یتیموں، مسکینوں اور مسافروں کے حقوق قائم فرمائے گئے ہیں اور اس کی وجہ مندرجہ بالا قول باری تعالیٰ میں یہ بتائی گئی ہے کہ وہ مال صرف امیروں ہی میں دائر سائر نہ رہنا چاہیئے اس میں سب کے حقوق ہیں۔
الدَّوْلِیُّ : ریاستی، ملکی، قومی۔
الدُّوَلِیُّ : بین الاقوامی، عالمی، انٹرنیشنل
الدُّوَلُ العُظْمٰی : بڑی طاقتیں، بڑے ممالک۔
الدُّوَلُ المُتَقَدِّمَةُ : ترقی یافتہ ممالک
الدُّوَلُ النَّامِيَةُ : ترقی پذیر ممالک۔
الدُّوَلُ المُتَخَلِّفَةُ : پس ماندہ ممالک۔
الدُّوَلُ الأَعْضَاءُ : ممبر ممالک۔
الدُّوَلُ الشَّقِيقَةُ : پڑوسی یا برادر ممالک۔
الدُّوَلُ الصَّدِيقَةُ : دوست ممالک
دُوَلُ عَدَمِ الانْحِيَازِ : غیر جانبدار ممالک۔
الدُّوَلُ الغَيْرُ المُنْحَازَةِ : غیر جانب دار ممالک۔
الدُّوَلُ المُحَايِدَةُ : غیر جانب دار ممالک۔
الدُّوَلُ المُصَدِّرَةُ : برآمد کرنیوالے ممالک
الدُّوَلُ المُنْتِجَةُ : پیداواری ممالک۔
الدُّوَلُ المُصَنِّعَةُ او الصِّنَاعِيَّةُ : صنعتی ممالک۔
الدُّوَلُ المُنْحَازَةُ : جانب دار ممالک۔
دُولْتَنْلُو : (ترکی لفظ۔ متروک) وزیر کا تعظیمی لقب، عالیجناب۔
الدَّوِيلُ : سوکھی گھاس جس پر ایک دو سال کا عرصہ گزر گیا ہو (۲) خراب اور بیکار گھاس۔
المُدَاوَلَةُ : عدالتی اصطلاح میں مقدمہ پر بحث و جرح، مخصوص گفتگو ج: مُدَاوَلَات۔
المُتَدَاوَلُ : رائج، مستعمل، مسلسل۔
• الدُّولَابُ : کھیتی میں پانی دینے کا رہٹ جسے بیل چلاتے ہیں (۲) وزن اٹھانے کی مشین، چرخی (۳) کپڑوں کی الماری ج: دَوَالِيبُ۔
• الدَّوْلَجُ : دیکھئے (دل ج)۔
• الدَّوْلَعُ : دیکھئے (دل ع)۔
• دَامَ الشَّیْءُ ـُ دَوْمًا و دَوَامًا : ہمیشہ رہنا، قائم و برقرار رہنا، پائیدار ہونا۔ (۲) گھومنا، حرکت کرنا (۳) ساکن ہونا۔ کہتے ہیں: دَامَ غَلَيَانُ القِدْرِ : دیگچی کا جوش ختم ہوگیا (۴) ٹھہرنا۔ حدیث میں ہے: "اَنَّهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى اَنْ يُبَالَ فِي المَاءِ الدَّائِمِ" (۵) رک جانا اور کھڑا ہونا۔
—— الحَيَوَانُ : جانور کا تھک جانا
—— المَطَرُ : بارش کا لگاتار ہونا۔
—— الدَّلْوُ و نَحْوُهَا : ڈول وغیرہ کا بھر جانا۔
مَادَامَ : افعال ناقصہ میں سے ہے۔ اپنے مابعد والے فعل یا حکم کی بقا تک سابقہ فعل کی نفی یا اثبات پر دلالت کرتا ہے جیسے: لا اَجْلِسُ مَا دُمْتَ قَائِمًا۔ أَوْصَانِي بِالصَّلَاةِ وَالزَّكَوةِ مَادُمْتُ حَيًّا۔
دِيمَ بِهِ : اس کے سر میں چکر پیدا ہوئی، اس کو چکر آ گیا۔
أَدَامَتِ السَّمَاءُ : آسمان سے پانی برسنا۔

أَدَامَ الشيءَ: پرسکون بنا دینا، ٹھہرا دینا (۲) دوام چاہنا (۳) کسی شے میں غور کرنا
— القِدْرَ: دیگچی کے جوش (ابال) کو پانی وغیرہ ڈال کر ختم کر دینا (۲) دیگچی کو خالی ہونے کے بعد چولہے پر باقی رکھنا۔
— الدَّلْوَ و نَحْوَها: ڈول وغیرہ کو بھرنا
— السَّهْمَ: تیر کو انگوٹھے پر رکھ کر مارنا۔
أُدِيمَ به: دِيمَ به۔
دَاوَمَ علی شیءٍ: پابندی کرنا، مسلسل کرنا، کسی شے پر برقرار رہنا۔
— الشيءَ: دوام اور بقا چاہنا (۲) غور و فکر کرنا۔
دَوَّمَت السَّمَاءُ: مسلسل ہلکی بارش ہونا، جھڑی لگنا۔
— الطَّائِرُ: پرندہ کا فضا میں چکر لگانا (۲) بازو ہلائے بغیر اڑنا۔
— الشَّمْسُ: سورج کا آسمان میں گھومنا
— عَيْنُهُ: آنکھ کی پتلی گھومنا۔
— فُلانٌ او البَعِيرُ: منہ میں زبان کو پھرانا تا کہ لعاب خشک نہ ہو۔
— الكِلابُ: کتوں کا دور تک دوڑنا۔
— الشيءَ: گھمانا، چکر دینا۔ کہتے ہیں: دَوَّمَ العِمَامَةَ: پگڑی کے سر پر پھیرے دینا۔
— الصَّبِيُّ الدُّوَّامَةَ: بچہ کا لٹو پھرانا، لٹو سے کھیلنا۔
— الخَمْرُ شارِبَها: شراب کا پینے والے کو مدہوش کر کے چکرا دینا۔
— الزَّعْفَرانَ: زعفران کو پانی میں گھولنا، حل کرنا۔
— المَرَقَةَ: شوربے میں اتنا روغن ڈالنا کہ اوپر تیر جائے۔
— القِدْرَ: دیگچی یا ہانڈی کے جوش کو پانی ڈال کر کم کرنا۔
— الشيءَ: کسی چیز کو تر کرنا۔
تَدَوَّمَ: انتظار کرنا۔

اسْتَدَامَ الشيءَ: برقرار رکھنا، دوام چاہنا (۲) کسی چیز میں توقف کرنا۔
— الشيءُ: برقرار رہنا، ہمیشہ رہنا۔
— فُلانٌ: کسی کام میں حد سے بڑھنا (۲) انتظار کرنا، نگاہ رکھنا۔ کہتے ہیں:
اسْتَدَامَ ما عِنْدَ فُلانٍ: فلاں کے پاس جو چیز ہے وہ اس پر نگاہ رکھے ہوئے ہے۔
— الطَّائِرُ: پرندہ کا چکر لگانا۔
— الأَمْرَ: کسی کام کو آہستہ آہستہ کرنا، ٹھیر ٹھیر کر کرنا۔
— عاقِبَةَ الأَمْرِ: کسی کام کے انجام کا انتظار کرنا۔
— غَرِيمَهُ: قرض دار کو ڈھیل دینا، نرمی کا برتاؤ کرنا۔
— فُلانٌ اللهَ نِعْمَةَ فُلانٍ: اللہ سے کسی کی خوشحالی کی بقا کے لئے دعا کرنا۔
الدَّائِمُ: مستقل، برقرار، ہمیشہ رہنے والا مسلسل، منجمد، لازوال موقت کی ضد۔
دائِمِيٌّ: دائمی، مستقل۔
دَائِمًا: ہمیشہ۔
الدَّوَامُ: ہمیشگی، بقا، تسلسل (۲) دفتر وغیرہ میں ملازم کی ڈیوٹی کا وقت
الدُّوَامُ: سر کا چکر، گھمیر، دوران سر۔
الدَّوْمُ: دوام، ہمیشگی، بقا۔ کہتے ہیں:
ما زالت السَّماءُ دَوْمًا دَوْمًا: بارش مسلسل ہوتی رہی، آسمان سے برابر پانی برستا رہا (مصدر وصفی معنی میں ہے) (۲) مصر میں پیدا ہونے والا ایک خاص درخت جس کا پھل سیب جتنا اور سرخ رنگ کا ہوتا ہے (۳) کسی بھی قسم کے بڑے بڑے درخت۔
الدُّوَّامَةُ: لٹو، پھرکی جسے بچے گھما کر کھیلتے ہیں ج: دُوَّامٌ (۲) سمندر یا نہر کا درمیانی حصہ جس میں موجیں اٹھتی ہیں (چونکہ وہ تیزی سے گھومتی ہیں اس لئے ان کی شکل لٹو جیسی ہو جاتی ہے)۔
الدِّيمَةُ: ہلکی اور برابر ہونے والی بارش جھڑی ج: دِيَمٌ۔
الدَّيُّومُ: الدَّائِمُ۔
المُدَامُ: مسلسل بارش (۲) شراب۔
المُدَامَةُ: شراب۔
المُدَاوَمَةُ: پابندی۔
المِدْوَامُ والمِدْوَمُ: ہانڈی یا دیگچی وغیرہ کا جوش ٹھنڈا کرنے کا ذریعہ (پانی یا ڈوئی وغیرہ)
ج: مَدَاوِيمُ ومَدَاوِمُ۔
المُدِيمُ: جس کی ناک سے خون جاری ہو۔
المَدِيمُ: وہ جگہ جہاں مسلسل بارش ہو۔
• دانَ ـُ دَوْنًا و دُونًا: گھٹیا ہونا، حقیر و معمولی ہونا (۲) کمزور ہونا۔
— له: فرماں بردار ہونا، کسی کے سامنے عاجز ہونا۔
أُدِينَ: دانَ۔
دَوَّنَ الدِّيوانَ: رجسٹر بنانا (۲) دفتر قائم کرنا (۳) دیوان (مجموعۂ اشعار) تیار کرنا۔
— الشيءَ: مدون کرنا، درج کرنا، قلمبند کرنا، نوٹ کرنا۔
— الكُتُبَ: کتابوں کو اکٹھا کرنا اور مرتب کرنا۔
تَدَوَّنَ: مطاوع دَوَّنَ۔ درج ہونا، مرتب ہونا، مدون ہونا، اکٹھا ہونا، (۲) مکمل طور پر مستغنی ہونا، مال دار و بے فکر ہونا۔
الدُّونُ: خسیس، گھٹیا، حقیر، بے وقعت۔
دُونَ: ظرف مکان منصوب۔ مضاف الیہ کے مطابق اس کے معنی مختلف ہیں۔
(۱) نیچے جیسے: دُونَ قَدَمِكَ بِساطٌ: تمہارے پیروں کے نیچے فرش ہے۔

(۲) اوپر جیسے: السَّمَاءُ دُوْنَكَ: آسمان تمہارے اوپر ہے۔
(۳) پیچھے جیسے: جَلَسَ الوَزِيْرُ دُوْنَ الأَمِيْرِ: وزیر امیر کے پیچھے بیٹھا۔
(۴) سامنے جیسے: سَارَ الرَّائِدُ دُوْنَ الجَمَاعَةِ: راہبر جماعت کے آگے چلا
(۵) غیر، سوا جیسے: يَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ: اس کے سوا وہ معاف کردے گا۔
(۶) پہلے جیسے: دُوْنَ قَتْلِ الأَسَدِ أَهْوَالٌ: شیر مارنے سے پہلے بہت سے خطرات ہیں۔ حَالَ الشَّيْءُ دُوْنَهُ: وہ چیز اس کی راہ میں حائل ہوگئی۔
(۷) کم، کم درجہ جیسے: هٰذَا الشَّيْءُ دُوْنَ كَذَا: یہ چیز اُس سے کم درجہ ہے۔
(۸) اسم فعل بمعنی لے۔ (اس صورت میں اس کی اضافت کاف زائدہ کی طرف ہوتی ہے) دُوْنَكَ الدِّرْهَمَ: تم درہم لو۔
(۹) ڈرانے کے لئے۔ خبردار۔ جیسے: آقا اپنے خادم سے کہے: دُوْنَكَ عِصْيَانِي: خبردار میری خلاف ورزی نہ کرنا۔
(۱۰) بغیر جیسے: مَرَّ دُوْنَ أَنْ يَنْظُرَ إِلَيْهِ: وہ اس کی طرف دیکھے بغیر گزر گیا۔
دُوْنَ أَنْ و مِنْ دُوْنِ أَنْ: بغیر اسکے کہ
الدِّيْوَانُ: رجسٹر جس میں فوجیوں اور تنخواہ داروں وغیرہ کے نام درج کئے جاتے ہیں (۲) دفتر (۳) دفتر کے محررین (۴) شاعر کے اشعار کا مجموعہ (۵) عدالت کچہری (۶) امور انتظامیہ کا مرکز (۷) صوفہ (۸) ریلوے کمپارٹمنٹ ج: دَوَاوِيْنُ۔
الدِّيْوَانُ المَلَكِيُّ: شاہی دفتر۔

الدِّيْوَانُ العَالِي المَلَكِيُّ: شاہی کیبنٹ، مجلس وزراء۔
الدِّيْوَانِيُّ: دفتری، دیوان سے متعلق۔
الخَطُّ الدِّيْوَانِيُّ: ترکی عہد کا دفتری رسم الخط۔
• دَاهَ ـُ دَوْهًا: حیران ہونا۔
تَدَوَّهَ الشَّيْءُ: بدل جانا۔
ــــ الأَمْرَ: کسی کام میں لگ جانا۔
• دَوِيَ ـَ فُلَانٌ دَوًى: بیمار ہونا، سل کا مریض ہونا (۲) اندرونی بیماری کی وجہ سے ہلاک ہوجانا (۳) کینہ رکھنا (۴) بے وقوف ہونا (۵) اندھا ہونا۔
هو دَوٍ وهي دَوِيَةٌ وهو وهي وهم دَوًى۔
ــــ صَدْرُهُ: دل میں بغض وکینہ رکھنا۔
ــــ الأَرْضُ: کسی سرزمین میں مصائب اور بیماریوں کا ہونا۔
أَدْوَى فُلَانٌ: بیمار کے ساتھ رہنا۔
ــــ فُلَانًا: بیمار کردینا (۲) علاج کرنا۔
دَاوَى المَرِيْضَ ونَحْوَهُ مُدَاوَاةً ودِوَاءً: علاج کرنا، دوا دارو کرنا، دوا دینا۔
ــــ الفَرَسَ: گھوڑے کی اچھے چارے اور اچھی ٹریننگ کے ذریعہ نگہداشت کرنا۔
دَوَّى الرَّعْدُ: گرج ہونا، گرج کی آواز آنا
ــــ الفَحْلُ: اونٹ یا سانڈ کی آواز گونجنا
ــــ الطَّائِرُ: بغیر بازو ہلائے پرندہ کا اڑنا
ــــ الكَلْبُ فِي الأَرْضِ: کتے کا زمین پر گھومنا، چکر لگانا۔
ــــ الرَّجُلُ فِي الأَرْضِ: انسان کا زمین پر چلنا، جانا۔
ــــ بِالشَّيْءِ: کسی چیز کے پاس سے گزرنا
ــــ اللَّبَنُ والمَرَقُ: دودھ یا شوربے پر جھلی آجانا، باریک تہ جم جانا، پپڑی آجانا۔
دَوَّى المَاءُ: پانی پر گرد وغبار کی تہ سی جم جانا
ــــ الطَّعَامُ: کھانے میں اضافہ ہوجانا۔
ــــ فُلَانًا: کسی کو بالائی یا پپڑی دینا۔
ادَّوَى: بالائی یا پپڑی کھانا۔
تَدَاوَى: دوا لینا، اپنا علاج کرانا۔ کہتے ہیں: تَدَاوَى بِدَوَاءٍ۔
الدَّاوِيُّ: لَبَنٌ دَاوٍ: بالائی دار دودھ
الدَّاوِيَةُ: بیابان، جنگل۔
الدَّاوِيَّةُ: الدَّاوِيَةُ۔
الدَّايَةُ: دودھ پلانے والی (ماں کے علاوہ) عورت (۲) بچہ جنانے والی دائی (۳) بچہ کو پرورش کرنے والی دایہ، انّا۔
الدَّوَى: بیماری (۲) تپ دق، سل (۳) سینہ کی بیماری (۴) سامان کا مخفی عیب (۵) پٹریل آدمی جو اپنی جگہ سے نہ ہٹتا ہو کہتے ہیں: تَرَكْتُ فُلَانًا وَمَا بِهِ دَوًى: میں نے فلاں کو بے دم چھوڑا۔
الدَّوَاءُ: دوا، علاج ج: أَدْوِيَةٌ۔
الدَّوَاةُ: دوات (۲) حنظل، انگور اور خربوزہ کا چھلکا ج: دَوًى و دُوِيٌّ۔
الدِّوَايَةُ: دودھ کی بالائی (۲) شوربے پر جمی ہوئی پپڑی۔ مَرَقَةٌ دِوَايَةٌ: زیادہ گھی والا شوربہ (۳) دانتوں پر جما ہوا سبزی مائل میل۔
الدَّوُّ: بڑا جنگل (۲) ہموار زمین۔
الدَّوِّيُّ والدَّوِّيَّةُ: جنگل، بیابان۔
الدَّوِيُّ: گرج کی آواز، بادل کی گرج، گونج (۲) مکھی وغیرہ کی بھنبھناہٹ (۳) سنسناہٹ ہلکی آواز (۴) ہوا چلنے کی آواز (۵) کان کی جھنجھناہٹ (۶) مطلقًا آواز (۷) گڑگڑاہٹ کہتے ہیں: ما بالدَّارِ دَوِيٌّ: گھر میں کوئی نہیں ہے۔ دَاءٌ دَوِيٌّ: سخت بیماری۔
الدَّوِيَّةُ: أَرْضٌ دَوِيَّةٌ: قیام کے لئے

نا موافق زمین، بیماریوں والی زمین۔

د ـــــ ی

•الدَّيِّئُ : دیکھئے (دوأ)۔
•الدَّيْبُوبُ : دیکھئے (دبّ)۔
•دَاثَ ـِ دَيْثًا و دِيَاثَةً : نرم ہونا، آسان ہونا۔
ـــ فُلَانٌ : بے غیرت و بے حیا ہو جانا۔
هو دَيُّوثٌ (یا کی تشدید کے بغیر)
دَيَّثَ فُلَانٌ : دیوث ہونا (اہل وعیال کے سلسلہ میں بے غیرت وحمیت ہونا)
ـــ الطَّرِيقَ : راستہ کو خوب چل کر ہموار کرنا۔
ـــ الشَّيْءَ : آسان اور نرم بنانا۔ جیسے : دَيَّثَت الْمِطْرَقَةُ الْحَدِيدَ: ہتوڑے کا لوہے کو نرم کر دینا۔
ـــ الْجِلْدَ فِي الدِّبَاغِ و الرُّمْحَ فِي الثِّقَافِ : دباغت میں چمڑے کو ملائم کرنا اور صیقل کرنے میں نیزہ کو لچکدار بنانا۔
ـــ الْحَيَوَانَ و الإِنسانَ : انسان اور جانور کو قابو میں کرنا، زیر کرنا، سدھا کر اور تربیت دے کر تابع بنانا۔
تَدَيَّثَ : مطاوع دَيَّثَ۔ (۲) اپنے اہل کی دلالی کرنا، قرمساقی کرنا، بے غیرت ہو جانا، دیوث ہونا۔
الدَّيْثَانُ : آدمی پر پڑنے والا بوجھ، آفت۔
الدَّيْثَانِيُّ : الدَّيْثَانُ۔
الدَّيُّوثُ : وہ آدمی جسے اپنے اہل وعیال کے سلسلہ میں غیرت وحمیت نہ ہو (۲) بھڑوا، اپنے اہل کی دلالی کرنے والا۔
•الدَّيَاجِي : دیکھئے (دجا)
•الدَّيْجُوجُ : 〃 (دجّ)
•الدَّيْجُورُ : 〃 (دجر)
•الدَّيْجُورِيُّ : دیکھئے (دجر)
•الدَّيْحَانُ : 〃 (دحن)
•الدَّيْحَسُ : 〃 (دحس)
•الدَّيْخَسُ : 〃 (دخس)
•الدَّيْدَبُ : 〃 (ددب)
•الدَّيْدَبَانُ : 〃 (ددب)
•الدَّيْدَنُ : 〃 (ددن)
•تَدَيَّرَ المكانَ : 〃 (دور)
•الدَّيْرُ : راہب خانہ، راہبوں کی خانقاہ ج: أَدْيَارٌ و دُيُورَةٌ۔
رَأْسُ الدَّيْرِ : عیسائی خانقاہ کا منتظم۔
الدَّيْرَانِيُّ و الدَّيَّارُ : عیسائی خانقاہ کو آباد رکھنے والا راہب۔
الدَّيُّورُ۔ الدَّيِّرَةُ۔ المُدِيرُ۔ المُدِيرِيَّةُ: دیکھئے (دور)
•الدَّيْسَةُ۔ الدِّيسَةُ : دیکھئے (دوس)
•الدَّيْسَقُ : دیکھئے (دسق)
•الدَّيْسَمُ : 〃 (دسم)
الدَّيْسَمَةُ : 〃 (دسم)
•دِيسَمْبَرُ : رومی (عیسوی) مہینوں میں سے بارہواں مہینہ، سریانی زبان میں اسی مہینہ کو کانون الاوّل کہتے ہیں، دسمبر۔
•دَاصَ ـِ دَيْصًا و دَيَصَانًا : ٹیڑھا ہونا (۲) ایک طرف ہونا (۳) لڑائی سے بھاگنا (۴) فرار اختیار کرنا (۵) پھرتیلا اور چست ہونا (۶) کسی چیز کے گرد گھومنا، (۷) افسران کے پیچھے پیچھے رہنا (۸) بلندی کے بعد خسیس و گھٹیا ہونا۔
ـــ ما تَحْتَ يَدِهِ : ہاتھ کے نیچے کی چیز کا حرکت کرنا۔
ـــ عن الطَّرِيقِ : راستہ سے ہٹنا۔
ـــ السَّمَكَةُ في الماءِ : مچھلی کا پانی میں غوطہ لگانا۔
انْدَاصَ الشَّيْءُ : ہاتھ میں سے نکل جانا۔
انْدَاصَ الشَّيْءُ من اليَدِ : ہاتھ سے چیز گر گئی یا نکل گئی۔
ـــ بِالشَّرِّ : کسی پر اچانک کوئی مصیبت لانا
الدَّائِصُ : چور، ڈاکو ج: دَاصَةٌ۔
الدَّيَّاصُ : موٹا آدمی جسے موٹاپے کی وجہ سے قبضہ میں نہ لیا جا سکے، وہ شخص جس پر جسمانی مضبوطی کی وجہ سے قابو نہ پایا جا سکے، مضبوط پٹھوں والا۔
الدَّيَّاصَةُ : لحیم وشحیم عورت (۲) پست قد عورت۔
الدَّيْقُوعُ : دیکھئے (دقع)
•الدِّيكُ : مرغا ج: دُيُوكٌ و أَدْيَاكٌ و دِيَكَةٌ (۲) موسم بہار (۳) گھوڑے کے کان کے پیچھے ابھری ہوئی ہڈی۔
المُدَاكَةُ : أَرْضٌ مُدَاكَةٌ : بہت مرغوں والی زمین۔
المَدْيَكَةُ : أَرْضٌ مَدْيَكَةٌ : بہت مرغوں والی زمین۔
•الدَّيْلَعُ : دیکھئے (دلع)
•الدِّيمَاسُ : 〃 (دمس)
•الدِّيمَةُ : 〃 (دوم)
•الدِّيمُقْرَاطِيَّةُ : ڈیموکریسی، سیاسی طور پر اس نظام حکومت کو کہتے ہیں جس میں اقتدار اعلیٰ عوام کے ہاتھ میں ہوتا ہے۔ جمہوریت (۲) اجتماعی (سوشل) طور پر اس نظام زندگی کو کہتے ہیں جو مساوات کی اور آزادی رائے وفکر کی بنیاد پر قائم ہو۔
الدِّيمُقْرَاطِيُّ : جمہوری، عوامی، مساویانہ، ڈیموکریٹ۔
•دَانَ ـِ دِينًا و دِيَانَةً : جھکنا، ذلیل وخوار ہونا (۲) فرماں بردار ہونا۔
ـــ لَهُ : کسی کے سامنے اظہار عجز کرنا،

فرماں برداری کرنا۔
دَانَ لہ منہ: کسی کا کسی سے انتقام لینا، قصاص لینا۔
— بکذا: مذہب بنانا، لائق عبادت ماننا
— بِدِینٍ: کسی مذہب کو اپنانا، اختیار کرنا۔ ھو دَیِّنٌ۔
— فُلَانًا دَیْنًا: کسی کو قرض دینا۔
— فُلَانٌ: قرض لینا۔ ھو دائِنٌ بمعنی مَدِیْنٌ (۲) کسی کا زیادہ مقروض ہونا (۳) کسی خیر یا شر کا عادی ہونا۔
— فُلَانًا دِینًا و دَیْنًا: زیر کرنا، ذلیل کرنا، تابع بنانا۔ دَانَ فُلَانٌ نَفْسَہٗ: فلاں نے خود کو ذلیل کرلیا (۲) کسی کو بری بات پر آمادہ کرنا، اکسانا (۳) حساب کرنا یا حساب لینا (۴) قیادت وراہنمائی کرنا (۵) انعام دینا کہتے ہیں: دَانَہٗ بفعلہ: اسے اس نے اپنے فعل سے بدلہ دیا (۶) خدمت کرنا (۷) بھلائی کرنا (۸) مالک ہونا۔
أَدَانَ: قرض دار ہونا (۲) قرض دار کرنا۔
— فُلَانًا: قرض دینا (۲) قرض لینا۔
دَایَنَہٗ مُدَایَنَۃً و دِیَانًا: کسی سے قرض کا معاملہ کرنا، لین دین کرنا (۲) انعام دینا، بدلہ دینا (۳) کسی کے پاس مقدمہ لے جانا، مقدمہ چلانا۔
دَیَّنَہٗ: قرض دینا (۲) کسی کو اپنے مذہب وعقیدے پر چھوڑنا (۳) تصدیق کرنا۔
— فُلَانًا الشیءَ: مالک بنانا۔ کہتے ہیں:
دَیَّنَ فُلَانًا القَوْمَ: فلاں کو قوم کا حاکم ووالی بنایا۔
ادَّانَ: مقروض ہونا (۲) بہت قرض دار ہونا
— القَوْمُ: لوگوں کا قرض کا لین دین کرنا یا باہم ادھار تجارت کرنا۔
تَدَایَنَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے سے ادھار کا معاملہ کرنا، ادھار لینا اور دینا۔
تَدَیَّنَ: مقروض ہونا، دین دار ہونا، (۲) دین دار ہونا۔
— بکذا: کسی چیز کا معتقد ہونا، مذہب اختیار کرنا۔
الدِّیْوَانُ: دیکھئے (د و ن)
اِسْتَدَانَ: مقروض ہونا، کسی سے قرض لینا
الدَّائِنُ: قرض دار (۲) قرض خواہ۔
الدِّیَانَۃُ: مذہب ج: دِیَانَات۔
الدَّیْنُ: قرض جو مدت معینہ کے ساتھ ہو، بلا مدت معینہ کو عربی میں قَرض کہیں گے دَین نہیں۔ (۲) مطلقًا قرض، ادھار (۳) فروخت شدہ شے کی قیمت (۴) ہر وہ چیز جو سامنے موجود نہ ہو (۵) موت ج: اَدْیُنٌ و دُیُوْنٌ۔
الدِّیْنُ: مذہب، عقیدہ، ہر وہ طریقہ جس کے ذریعہ خدا کی عبادت کیجائے (۲) ملت (شریعت) (۳) اسلام (۴) تین باتوں کا مجموعہ: (۱) دل سے اعتقاد (۲) زبان سے اقرار اور (۳) ارکان پر اعضاء وجوارح سے عمل۔ اس مجموعہ کا نام دین ہے۔ (۵) طرز عمل، سیرت (۶) عادت (۷) حالت (۸) شان (۹) پرہیزگاری (۱۰) حساب (۱۱) ملک (۱۲) سلطان، حکم بااختیار (۱۳) فیصلہ (۱۴) حکومت واقتدار (۱۵) تدبیر (۱۶) جزا، بدلہ (۱۷) معاملہ (۱۸) تابعداری (۱۹) قسم، نوعیت ج: اَدْیُنٌ و دُیُوْنٌ و اَدْیَانٌ۔
قَوْمٌ دِیْنٌ: مقروض یا قرض خواہ لوگ
الدِّیْنَۃُ: دین (۲) قرض (۳) عبادت (۴) اطاعت وفرماں برداری ج: دِیَنٌ کہتے ہیں: رَأَی فُلَانٌ بِفُلَانٍ دِیْنَۃً: فلاں نے فلاں میں موت کا سبب دیکھا
الدَّیَّانُ: اللہ تعالیٰ کا نام (۲) فیصلہ کرنے والا، قاضی (۳) حکمران (۴) اچھا یا برا بدلہ دینے والا (۵) حساب لینے والا (خدا) (۶) قہّار، قہر وغضب والا۔
المِدْیَانُ: بہت قرض دینے والا (۲) بہت قرض لینے والا۔ امرأۃ مِدْیَانٌ بھی کہتے ہیں ج: مَدَایِیْنُ۔
المَدِیْنُ: قرض دار (جس کے ذمہ قرض ہو) (۲) بندہ۔
مَدِیْنٌ لَہٗ بکذا: کسی بات میں کسی کا احسان مند۔
• دَیْ دَیْ: اونٹ کو ہانکنے کی آواز۔
الدَّایَۃُ: دیکھئے (د و ی)
الدِّیْنَامِیکَا: حرکت سے بحث کرنیوالا علم
• الدَّیْوُمُ: دیکھئے (د و م)

بابُ الذّال

ذ ـــــ أ

•الذّالُ: حروف ہجائیہ میں سے نواں حرف اس کا مخرج نوک زبان اور ثنایا علیا کے اطراف کے درمیان ہے۔

ذا: یہ مفرد مذکر کے لئے اسم اشارہ ہے۔ اس کے آخر میں کبھی کاف خطاب (حرفی) کا اضافہ کیا جاتا ہے اور وہ مخاطب کے احوال کے مطابق بدلتا رہتا ہے۔ جیسے: ذَاكَ۔ ذَاكِ ذَاكُمْ۔ ذَاكُنَّ اور کبھی شروع میں ہائے تنبیہ بڑھائی جاتی ہے، کبھی اس کے ساتھ ساتھ آخر میں کاف خطاب بھی آجاتا ہے۔ جیسے: هَذَا۔ هَذَاكَ۔ اور کبھی ہائے تنبیہ اور کافِ خطاب کے درمیان لامِ بُعد لایا جاتا ہے۔ کہتے ہیں۔ ذَلِكَ اس صورت میں ہائے تنبیہ شروع میں نہیں لائی جاتی (۲) بمعنی صاحب بھی مستعمل ہے دیکھئے (ذو) (۳) بمعنی الّذی جیسے: مَنْ ذا فی الدّار۔

هَذَا: یہ۔ واحد مذکر قریب کے لئے۔

هَذَان: تثنیہ مذکر قریب کے لئے۔

هَذِهِ: واحد مؤنث قریب کے لئے۔

هاتان: تثنیہ مؤنث قریب کے لئے۔

ذَاكَ و ذَلِكَ: واحد مذکر بعید کے لئے۔

ذَانِكَ: تثنیہ مذکر بعید کے لئے۔

تِلْكَ: واحد مؤنث بعید کے لئے۔

تَانِكَ: تثنیہ مؤنث بعید کے لئے۔

هٰؤُلَاءِ: جمع مذکر و مؤنث قریب کے لئے۔

اُولٰٓئِكَ: جمع مذکر و مؤنث بعید کیلئے۔

اِذْ ذَاكَ: تب، اس وقت۔

لماذا: کیوں، کس لئے۔

ذَات: ذو کی تانیث۔ صاحب، والی۔

ذَاتُ مالٍ و ذَاتُ اَفْنَانٍ: مال والی، شاخوں والی قرآن پاک میں ہے: "ولِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّه جَنَّتَانِ۔ فَبِاَیِّ آلَاءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبَانِ۔ ذَوَاتَا اَفْنَانٍ" ذَوَاتَا ذات کا تثنیہ ہے ج: ذَوَات۔ جَنّاتٌ ذَوَاتُ اَفْنَانٍ۔ ذواتُ الاربع: چوپائے

ذَات البَیْن: آپسی حالت۔ اَصْلِح ذَاتَ بَیْنِہِمْ۔

ذات شَفَۃٍ: لفظ۔ ما کَلَّمْتُه ذَاتَ شَفَۃٍ: میں نے اس سے ایک لفظ نہیں کہا۔

ذَاتُ الشیٔ: حقیقت، خاصیت۔

ذَاتَ الشِّمَالِ: جانب شمال (ظرف) شمال کی جہت میں۔ جَلَسَ ذَاتَ الشِّمَالِ۔

ذَاتُ البَطْنِ: بچہ۔ وَضَعَت المَرْأَۃُ ذَاتَ بَطْنِہا۔

ذَاتَ مَرَّۃٍ: ایک دفعہ۔ لَقِیْتُه ذَاتَ مَرَّۃٍ۔

ذَاتَ یَوْمٍ: ایک روز۔ لَقِیْتُه ذاتَ یَوْمٍ۔

ذَاتُ الیَد: مملوکہ اشیاء، مال۔

ذاتَ الیَمِیْن: دائیں طرف۔ جَلَسَ ذَاتَ الیَمِیْنِ۔

ذَاتِیٌّ: ذات سے متعلق، خلقی، پیدائشی۔

عَیْبٌ ذَاتِیٌّ: پیدائشی عیب۔

الذَّاتُ: ذات، شخصیت، وجود، ہستی، نفس۔

جَاءَ فُلَانٌ بِذَاتِه: فلاں خود آیا، اپنے آپ آیا۔

عَرَفَه من ذَاتِ نَفْسِه: اس نے اس کی سیرت اور باطنی حالت کو جان لیا۔

جَاءَ من ذاتِ نَفْسِه: وہ طبعی طور پر آیا، وہ اپنی خوشی سے آیا۔

ذَاتُ الصَّدْرِ: انسان کی پوشیدہ حالت دل کی بات یا حالت۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ"

ذَاتُ الرِّئَۃِ: نمونیا، پھیپھڑوں کی سوزش۔

ذَاتُ الجَنْب: ورم غشاء الرئۃ، سینے کی جھلی میں سوزش جس کے ساتھ اکثر بخار اور سانس کی دشواری ہوتی ہے۔

ذَاتِیٌّ: شخصی، ذات سے متعلق، اپنی، خلقی، پیدائشی، آٹومیٹک۔

حَرَکَۃٌ ذَاتِیَّۃٌ: خود اپنی حرکت جو کسی غیر سے مستعار نہ لی گئی ہو۔

نَقْدٌ ذَاتِیٌّ: شخصی تنقید، ایک شخص کی ذاتی رائے۔

•ذَأَبَ فُلَانٌ ــَ ذَأْبًا: بھیڑیے کی طرح آنا۔ (ایک طرف سے ڈر ہو تو وہ بچ کر دوسری طرف سے آتا ہے)۔

ـــ فی السَّیْرِ: تیز چلنا، لپکنا۔

ـــ الرِّیْحُ الشَّیَٔ: ہوا کا کسی شے کو ہر طرف سے گھیرنا۔

ـــ الشَّیَٔ: اکٹھا کرنا (۲) برابر کرنا۔

ذَأَبَ الدَّابَّةَ : چوپائے کو ہانکنا ۔
—— فُلَانًا : ذلیل کرنا (۲) دھتکارنا (۳) خوف دلانا، ڈرانا، گھبرانا ۔
—— الغُلَامَ : لڑکے کی زلفیں بنانا ۔
ذُئِبَ : بھیڑیے سے ڈرنا (۲) کسی کی بکریوں میں بھیڑیے کا گھس جانا ۔
ذَئِبَ ـــ ذَأَبًا : بھیڑیے کی طرح مکار وچالاک ہونا (۲) بھیڑیے سے خوف زدہ ہونا (۳) کسی بھی چیز سے ڈرنا ۔
ذَؤُبَ ـــ ذَآبَةً : خباثت وچالاکی میں بھیڑیے جیسا ہونا ۔
أَذْأَبَتِ الأَرْضُ : زمین (علاقہ) میں بھیڑیے ہونا (۲) کسی بھی چیز سے ڈرنا ۔
—— فِي السَّيْرِ : تیز چلنا ۔
—— الغُلَامَ : لڑکے کی زلفیں بنانا ۔
ذَأَّبَهُ : زلفوں دار بنانا (۲) خوف زدہ کرنا
تَذَاءَبَتِ الرِّيحُ : ہوا کا اِدھر اُدھر سے چلنا ۔
—— الرِّيحُ الشَّيْءَ : ہوا کا کسی شے کو اِدھر سے اُدھر لے جانا، اٹھائے پھرنا
تَذَأَّبَ : بھیڑیا بن جانا (بھیڑیے جیسا بنجانا چالاکی اور خباثت میں) ۔
—— الرِّيحُ الشيءَ : ہوا کا کسی چیز پر ہر طرف سے آنا ۔
—— فُلَانًا : خوف زدہ کرنا، گھبرانا ۔
اِسْتَذْأَبَ : بھیڑیا بن جانا، بھیڑیے جیسا ہو جانا ۔
الذُّؤَابَةُ : ہر شے کا بالائی حصہ ۔ فُلَانٌ ذُؤَابَةُ قَومِه : فلاں اپنی قوم میں نمایاں اور بلند آدمی ہے (۲) کنارہ جیسے : ذُؤَابَةُ السَّوْطِ و ذُؤَابَةُ العِمَامَةِ (۳) پیشانی کے بال ۔ جَاءَ فُلَانٌ وَقَدْ فُتِلَتْ ذُؤَابَتُهُ : فلاں شخص ایسی حالت میں آیا کہ اس کی کوئی رائے باقی نہیں رہی (۴) تلوار کو لٹکانے کا حلقہ ج : ذَوَائِبُ (۵) بالوں کی لٹ، گیسو، زلف (۶) تسمہ ۔
الذِّئْبُ : بھیڑیا ج : أَذْؤُبٌ وذِئَابٌ وذُؤْبَانٌ ۔ کہاوت ہے : الذِّئْبُ خَالِيًا أَسَدٌ : بھیڑیا تنہائی میں شیر ہوتا ہے ایسے شخص کے بارہ میں کہ جو اپنی رائے یا مذہب یا سفر میں یگانہ ہو (۲) دوسری کہاوت ہے : مَنِ اسْتَرْعَى الذِّئْبَ فَقَدْ ظَلَمَ : جو بھیڑیے کو نگراں بنائے گا وہ ظلم کرے گا یعنی یہ ظلم یا تو بکریوں پر ہوگا کہ وہ ان کو پھاڑ کھائے گا یا خود بھیڑیے پر اس لئے کہ اسے ایسے کام پر لگایا گیا ہے جو اس کے مزاج کے خلاف ہے، یہ ایسے شخص کے بارہ میں کہا جاتا ہے جو کسی بددیانت کو کسی کا نگراں بنائے (۳) أَكَلَهُمُ الذِّئْبُ : ان پر قحط آیا (۴) فُلَانٌ مِن ذُؤْبَانِ العَرَبِ : فلاں عرب کے قاتل ڈاکوؤں میں سے ہے ۔
دَاءُ الذِّئْبِ : بھوک ۔ أَظْفَارُ الذِّئْبِ : آسمان کے چند چھوٹے ستارے ۔
الذِّئْبَةُ : بھیڑیے کی مادہ ۔
المَذْأَبَةُ : أَرْضٌ مَذْأَبَةٌ : بہت بھیڑیوں والی زمین ۔
• ذَأَتَ ـــ ذَأْتًا : گلا گھونٹنا ۔
• ذَأَجَ ـــ ذَأْجًا و ذَئِجَ ـــ ذَأَجًا : گھونٹ لینا (۲) مشکیزہ کو پھاڑنا، چڑیا کو ذبح کرنا ۔
ذَئِجَ الوَرْدُ ـــ ذَأَجًا : گلاب کا پیازی رنگ کا ہونا ۔
اِنْذَأَجَ : مشکیزہ کا پھٹ جانا ۔
• ذَئِرَ ـــ ذَأَرًا : غضبناک ہونا، ناک چڑھانا (۲) ہاتھا پائی کے لئے تیار ہونا
ذَئِرَ بالأَمْرِ : شوقین اور عادی ہونا ۔
—— الشَّيْءَ : برا سمجھنا اور الگ ہو جانا ۔ هو وهي ذَائِرٌ و ذَئِرٌ ۔
—— عَلَيهِ : سینہ زوری کرنا، نافرمانی کرنا ۔ جیسے : ذَئِرَتِ المَرْأَةُ على بَعْلِها هي ذَئِرٌ و ذَائِرٌ ۔ حدیث میں ہے : "ذَئِرْنَ عَلَى أَزْوَاجِهِنَّ" ۔
أَذْأَرَهُ إِلَيهِ : مجبور کرنا ۔
—— على فُلَانٍ : کسی کو غصہ دلانا، ناراض کرنا ۔
—— بِه : کسی چیز کے لئے اکسانا کسی کے خلاف بھڑکانا ۔
ذَاءَرَتِ النَّاقَةُ : اونٹنی کا اپنے بچہ سے (بوقت ولادت) الگ ہونا ۔
—— المَرْأَةُ : عورت کا اپنے شوہر کی نافرمانی کرنا اور الگ ہونا ۔ هي مُذَائِرٌ ۔
الذَّئَارُ : مٹی ملا ہوا گوبر ۔
• ذَأَطَ ـــ ذَأْطًا : ذبح کرنا، گلا گھونٹنا (۲) برتن کو بھرنا ۔
• ذَأَفَ ـــ ذَأْفًا و ذَأَفَانًا : مرجانا ۔
—— الجَرِيحَ و عليه ذَأْفًا و ذَأَفًا : زخمی کو فوراً مار ڈالنا ۔
اِنْذَأَفَ : دل کی حرکت بند ہونے سے مرجانا ۔
الذُّؤَافُ : زہر قاتل ۔ مَوْتٌ ذُؤَافٌ : اچانک آنے والی موت ۔
الذَّأْفَانُ : موت ۔
• ذَأَلَ ـــ ذَأْلًا و ذَأَلَانًا : پھرتی اور تیزی کے ساتھ اترا کر چلنا (۲) دوڑنا ۔
—— فُلَانًا : دھتکارنا، ذلیل کرنا، تحقیر کرنا ۔
تَذَاءَلَ : چھوٹا بننا، حقیر بنجانا ۔
ذُؤَالَةُ : گیدڑ، بھیڑیا (علم جنس) ج : ذُؤْلَانٌ و ذِئْلَانٌ ۔
المِذْأَلُ : تیز و پھرتیلا ۔
• ذَأَمَ ـــ ذَأْمًا : عیب لگانا، عیب نکالنا، تحقیر کرنا (۲) دھتکارنا ۔

أَذْأَمَهُ: ڈرانا، خوف زدہ کرنا۔
الذَّأْمُ: عیب۔
الذَّأْمَةُ: کہتے ہیں: ما سَمِعْتُ لَه ذَأْمَةً: میں نے اس کا کوئی لفظ نہیں سُنا۔

ذ ــــ ب

• ذَبَّ ـِ ذَبًّا: کسی ایک جگہ نہ ٹھیرنا (۲) رنگ اڑ جانا، رنگ بدل جانا۔
ــ جِسْمُه: بدن کا دبلا اور مرجھایا ہونا
ــ شَفَتُه ذَبًّا و ذَبَبًا و ذُبُوبًا: پیاس کی شدت یا کسی اور سبب سے ہونٹ کا خشک اور مرجھایا ہونا۔ ذَبَّ لِسَانُه: زبان خشک ہو جانا۔
ــ الغدِيرُ والنَّبَاتُ ذَبًّا و ذُبُوبًا: تالاب یا نبات کا سوکھ جانا۔
ــ الذُّبَابَ وغَيْرَه ـُ ذَبًّا: مکھیوں کو ہٹانا، بھگانا، اڑانا۔
ــ عنه: دفع کرنا، روکنا، ہٹانا، بچاؤ کرنا، نقصان رفع کرنا۔ هو ذَابٌّ وذَبَّابٌ
ذُبَّ المَكَانُ: کسی جگہ بہت مکھیاں ہونا۔ أَرْضٌ مَذْبُوبَةٌ: مکھیوں والی زمین۔
ــ الحَيَوَانُ: جانور کی ناک میں مکھی گھس جانا (۲) پاگل ہو جانا۔ هو مَذْبُوبٌ وهي مَذْبُوبَةٌ۔
أَذَبَّ المَكَانُ: کسی جگہ کا بہت مکھیوں والا ہونا۔ هو مُذِبٌّ۔
ذَبَّبَ: ذَبَّ (۲) زور سے ہٹانا۔
ــ فِي السَّيْرِ: تیز چلنا۔
ــ النَّهَارُ: دن کا صرف تھوڑا سا حصہ باقی رہ گیا۔
ــ الدَّابَّةَ: چوپائے کو تیز ہانکنا۔
الذُّبَابُ: مکھی، بھڑ (ہر نوع کی) ذُبَابَةٌ مَنْزِلِيَّةٌ: گھروں میں رہنے والی مکھی ذُبَابَةُ الفَاكِهَةِ: پھل پر بیٹھنے والی مکھی۔ ذُبَابَةُ اللَّحْمِ: گوشت پر بیٹھنے والی مکھی ج: أَذِبَّة و ذِبَّانٌ (۲) جنون (۳) طاعون (۴) نحوست
فُلَانٌ ذُبَابٌ: فلاں اذیت رساں ہے
أَصَابَه ذُبَابُ هذا الأَمْرِ: وہ اس معاملہ میں نقصان میں مبتلا ہوا
ذُبَابُ العَيْنِ: آنکھ کی پتلی۔ کہتے ہیں: هو أَعَزُّ من ذُبَابِ العَيْنِ: وہ بہت زیادہ عزیز ہے۔
ذُبَابُ السَّيْفِ: تلوار کے دونوں طرف کی دھار۔
الذُّبَابَةُ: ایک مکھی، ایک بھڑ (۲) ہر چیز کا بقیہ۔ کہتے ہیں: على فُلَانٍ ذُبَابَةُ دَيْنٍ: فلاں پر قرض کا بقایا ہے۔ به ذُبَابَةٌ من جوعٍ: ابھی اس کی بھوک باقی ہے۔ صَدَرَتِ الإِبِلُ وبِهَا ذُبَابَةٌ من عَطَشٍ: اونٹ پانی پی کر چلے گئے اور ابھی ان کی پیاس باقی تھی۔
ذُبَابَةُ الإِبِلِ: ایک قسم کا مچھر جو اونٹ کو رک رک کر آنے والے بخار میں مبتلا کر دیتا ہے۔
الذَّبُّ: سانڈ، بھینسا، جنگلی بیل۔
بَعِيرٌ ذَبٌّ: ایک جگہ نہ ٹھیرنے والا اونٹ۔
المَذَبَّةُ: أَرْضٌ مَذَبَّةٌ: مکھیوں والی زمین، علاقہ ج: مَذَابٌّ۔
المِذَبَّةُ: مکھیاں اڑانے کا پنکھا، مورچھل ج: مِذَبَّات و مَذَابُّ۔
• ذَبَحَه ـَ ذَبْحًا: گلا کاٹنا، ذبح کرنا (۲) قربانی کرنا (۳) کاٹنا۔
ــ الشَّيْءَ: پھاڑنا، چیرنا، سوراخ کرنا جیسے: ذَبَحَ الدَّنَّ۔
ذَبَحَه الظَّمَأُ: پیاس کا کسی کو نڈھال کر دینا۔
ذَبَحَتْه العَبْرَةُ: آنسو کا کسی کا گلا گھونٹ دینا۔
ــ فُلَانًا لِحْيَتُه: ڈاڑھی کا ٹھوڑی کے نیچے لٹکنا۔
ذَبَّحَ: بہت یا اچھی طرح کاٹنا (۲) ذبح کرنا۔
اِذَّبَحَ: قربانی یا ذبح کے لئے جانور منتخب کرنا۔
تَذَابَحُوا: آپس میں کٹ مرنا، ایک دوسرے کا خون بہانا۔
الذَّابِحُ: اونٹ کی گردن میں حلق پر داغ لگانے کا آلہ۔
الذُّبَاحُ: حلق کی سوزش اور ورم۔
الذِّبْحُ: ذبح کیا جانے والا جانور (۲) قربانی کا جانور۔ قرآن پاک میں ہے: "وَفَدَيْنَاهُ بِذِبْحٍ عَظِيمٍ"
الذُّبَحَةُ الصَّدْرِيَّةُ: سینے کا درد اور سخت گھٹن جس سے مر جانے کا احساس ہو
الذَّبِيحُ: مذبوح، ذبح کیا ہوا، مقتول (۲) قربانی کا جانور، لائق قربانی ج: ذَبْحَى و ذَبَاحَى۔
الذَّبِيحَةُ: مذبوح، ذبح کیا ہوا جانور (۲) قربانی، قربانی کا جانور ج: ذَبَائِحُ
المَذْبَحُ: ذبح خانہ (۲) قتل و خون ریزی (۳) غیر مسلموں کی عبادت گاہوں کی قربان گاہ (۴) گلا۔
مَذْبَحُ السَّيْلِ: پانی کی نالی (جو بقدر ایک بالشت اور اس سے کچھ زائد ہو)۔
مَذْبَحُ الكَنِيسَةِ: گرجا کی قربان گاہ ج: مَذَابِحُ۔
المِذْبَحُ: ذبح کرنے کا آلہ، چھری وغیرہ
المَذْبَحَةُ: قصائی کا پیشہ، قتل و خون، خون ریزی۔
المَذَابِحُ الدَّمَوِيَّةُ: قتل و غارت گری
• ذَبْذَبَ الشَّيْءُ المُعَلَّقُ في الهَواءِ: ہلنا، لہلہانا۔

ذَبْذَبَ فُلَانٌ: متردد ہونا، دو چیزوں یا دو آدمیوں میں کسی ایک سے تعلق و مصاحبت ثابت نہ ہونا۔
ـــ الشَّیْءَ: ہلانا، حرکت دینا۔
ـــ فُلَانًا: متردد بنا دینا، مذبذب کردینا نہ ادھر ہونا نہ اُدھر۔ قرآن پاک میں ہے "مُذَبْذَبِیْنَ بَیْنَ ذٰلِكَ لَآ اِلٰی هٰٓؤُلَآءِ وَلَآ اِلٰی هٰٓؤُلَآءِ"
تَذَبْذَبَ: مذبذب ہونا، متردد ہونا (۲) ہلنا، الہانا۔
الذَّبْذَبُ: زبان۔
الذُّبْذُبُ: ہودج یا اونٹ کے گلے میں لٹکایا جانے والا سجاوٹ کا کپڑا وغیرہ ج: ذَبَاذِبُ۔
الذَّبْذَبَةُ: کپڑے کا جھالر (۲) ہودج یا اونٹ کے گلے میں لٹکایا جانے والا زینت کا کپڑا وغیرہ ج: ذَبَاذِبُ (۲) علم ہندسہ اور علم ریاضی میں وہ مسافت جسے متحرک جسم اضطرابی حرکت کے ساتھ طے کرتا ہے اور نقطۂ بعید سے محور کے ایک جانب جاکر دوبارہ اپنی جگہ پر آجاتا ہے۔
الْمُذَبْذَبُ: متردد، ڈانواں ڈول۔
•ذَبَرَ ـِ ذَبَارَةً: دیکھنا اور محسوس کرلینا۔
ـــ الْخَبَرَ: خبر کو سمجھ جانا۔
ـــ الْكِتَابَ ذَبْرًا: کتاب لکھنا یا کتاب کو ہلکے ہلکے یا تیز پڑھنا۔
ـــ الْقِرَاءَةَ: آہستہ آہستہ پڑھنا۔
ذَبِرَ عَلَیْهِ ـَ ذَبَرًا: غصہ ہونا۔ هُوَ ذَبِرٌ وَهِیَ ذَبِرَةٌ۔
ذَبَّرَ الْكِتَابَ: کتاب لکھنا یا پڑھنا (آہستہ یا تیز)۔
ـــ الثَّوْبَ: کپڑے پر بیل بوٹے بنانا۔
الذَّبْرُ: کہتے ہیں: فُلَانٌ لَا ذَبْرَ لَه: فلاں آدمی بے زبان ہے (یعنی اتنا کمزور ہے کہ اس کی زبان سے لفظ نکلتا ہی نہیں) (۲) کتاب ج: ذُبُورٌ
الْمِذْبَرُ: قلم۔
•ذَبَلَ النَّبَاتُ ـُ ذَبْلًا وَذُبُولًا: نباتات کا مرجھا جانا، کملانا۔
ـــ الْفَمُ: منہ کا لعاب خشک ہوجانا، ہونٹوں کا خشک ہوجانا (بیماری یا پیاس کی وجہ سے)۔
ـــ الْاِنْسَانُ وَالْحَیَوَانُ: دبلا پتلا ہونا (۲) پژمردہ ہونا۔
ـــ السِّرَاجَ ذَبْلًا: چراغ کی بتی ٹھیک کرنا۔
أَذْبَلَه: مرجھا دینا (۲) دبلا اور کمزور کردینا، پژمردہ کردینا۔
ـــ بِالشَّیْءِ: جھکانا۔
تَذَبَّلَ: پیچ و تاب کھانا (۲) مٹکنا (۳) ناز و انداز سے چلنا (۴) لڑکھڑانا۔
ـــ فُلَانٌ: ایک کے علاوہ سب کپڑے اتارنا۔
الذَّابِلُ: (رُمْحٌ ذَابِلٌ): پتلا نیزہ (۲) دبلا (۳) مرجھایا ہوا، پژمردہ، کملایا ہوا ج: ذُبَّلٌ وَذُبُلٌ وَذَبْلٌ۔
الذَّابِلَةُ: دبلی، مرجھائی ہوئی۔
عَیْنٌ ذَابِلَةٌ: مستانہ آنکھ۔
الذُّبَالَةُ: فتیلہ، بتی (چراغ وغیرہ کی) ج: ذُبَالٌ۔
الذَّبْلُ: بڑی یا بحری کچھوے کی کھال اور اس کا سخت خول جس کی کنگھیاں اور کنگن بنائے جاتے ہیں۔
الذَّبْلَةُ: گوبر، اونٹ کی مینگنی (۲) سکھا دینے والی ہوا۔
الذُّبْلَةُ: پیاس یا بیماری کی وجہ سے آنے والی ہونٹوں کی خشکی۔
الذَّبِیْلُ: مصیبت، انوکھی چیز۔ کہتے ہیں: أَتَانَا بِالذَّبِیْلِ: وہ ہمارے پاس ایک ناگہانی مصیبت لے کر آیا۔

ذ ـــ ج

•ذَجَّ ـُ ذَجًّا: سفر سے واپس آنا، پانی پینا۔
ـــ فُلَانًا: تھپڑ مارنا۔
ـــ الْخَشَبَ: لکڑی چیرنا۔
ـــ الْفُلْفُلَ: مرچ کوٹنا۔

ذ ـــ ح

•ذَحَجَتْهُ الرِّیْحُ ـَ ذَحْجًا: ہوا کا کسی چیز کو ادھر سے ادھر اڑانا۔
ـــ الشَّیْءَ: چھیلنا۔
ـــ الْأَدِیْمَ: چمڑے کو رگڑنا، ملنا۔
ـــ الْمَرْأَةُ بِوَلَدِهَا: عورت کا بوقت ولادت بچہ کو پھینک دینا۔
أَذْحَجَتِ الْمَرْأَةُ عَلٰی وَلَدِهَا: بچہ کی نگہداشت کرنا اور اس کے باپ کے مرجانے کے بعد دوسری شادی نہ کرنا۔
•ذَحَّ فُلَانًا ـُ ذَحًّا: طمانچہ مارنا۔
ـــ الشَّیْءَ: کوٹنا (۲) چیرنا۔
•ذَحْذَحَ: چھوٹے قدموں سے تیز چلنا۔
ـــ الرِّیْحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اڑانا
الذَّحْذَاحُ: ٹھگنا اور توندل۔
•الذَّحْلُ: کینہ، بغض (۲) بدلہ، انتقام ج: أَذْحَالٌ وَذُحُولٌ۔
الذِّحْلُ: کینہ ج: أَذْحَالٌ۔

ذ ـــ خ

•ذَخَرَ الشَّیْءَ ـَ ذَخْرًا وَذُخْرًا: وقت ضرورت کے لئے محفوظ کرنا، ذخیرہ کرنا، اسٹاک کرنا۔
ـــ لِنَفْسِهِ حَدِیْثًا: اپنے لئے کسی اچھی بات کو یاد رکھنا۔

اِدَّخَرَ الشَّیءَ : جمع کرنا، ذخیرہ کرنا۔ اِذَّخَرَ بھی کہا جاتا ہے۔ یہ اصل میں اِذْتَخَرَ (باب افتعال سے ہے)۔
ـــ فُلَانٌ نُصْحًا من فُلَانٍ: نصیحت حاصل کرنا۔
الدَّاخِرُ: ذخیرہ کنندہ، اسٹاکسٹ (۲) موٹا۔
الذُّخْرُ: ذخیرہ، جمع شدہ چیز ج: اَذْخَارٌ وقت ضرورت کے لئے محفوظ ذخیرہ۔
الذَّخِیْرَۃُ: ذخیرہ، اسٹاک، جمع کردہ مال واسباب (۲) فنڈ (۳) سرمایہ (۴) سامان جنگ (گولہ بارود) ج: ذَخَائِرُ
المَذَاخِرُ: آنتیں، پیٹ کے نچلے حصے، جانوروں کے معدے اور پیٹ کے وہ حصے جہاں چارہ اور پانی جمع ہوتے ہیں۔ کہتے ہیں: مَلَأَتِ الدَّابَّۃُ مَذَاخِرَهَا: چوپائے نے اپنا پیٹ بھر لیا۔ تَمَلَّأَتْ مَذَاخِرُ فُلَانٍ: فلاں شکم سیر ہوگیا۔ جَمَعَ لَهُمْ فِیْ مَذَاخِرِهِ عَدَاوَۃً: اس نے اپنے دل میں ان کے لئے دشمنی چھپائے رکھی۔

ذ ـــ ر

• ذَرَأَ شَعْرُہٗ ـَ ذَرَأً: کنپٹی کے بالوں کا سفید ہونا (بڑھاپے کی علامت)۔
ـــ اللّٰہُ الخَلْقَ: اللہ کا مخلوق کو پیدا کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَھُوَ الَّذِیْ ذَرَأَکُمْ فِی الْاَرْضِ وَاِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ"
ـــ فُلَانٌ الشَّیْءَ: زیادہ کرنا، تعداد بڑھانا۔ قرآن پاک میں ہے: "جَعَلَ لَکُمْ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ اَزْوَاجًا وَّمِنَ الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا یَذْرَؤُکُمْ فِیْهِ"
ـــ الاَرْضَ: زمین میں بیج ڈالنا۔
ذَرِئَ ـَ ذَرَءًا: کنپٹی کی سفیدی والا ہونا بڑھاپے میں داخل ہونا۔ ذَرِئَ رَأْسُہٗ بھی کہتے ہیں۔ ھو اَذْرَأُ و ھی ذَرْآءُ۔
أَذْرَأَہٗ: ڈرانا (۲) غصہ دلانا۔
ـــ الی کذا: کسی بات پر مجبور کرنا۔
ـــ فُلَانًا و بِالشَّیءِ: دلدادہ بنانا۔
ـــ فُلَانًا بِصَاحِبِهِ: ساتھی کے خلاف بھڑکانا۔
الذُّرْأَۃُ: بڑھاپے کی علامت، کنپٹی کے بالوں کی سفیدی۔
الذَّرْءُ: تھوڑی مقدار۔ کہتے ہیں: بَلَغَنِیْ ذَرْءٌ مِنْ خَبَرٍ: مجھے کچھ پتا چلا ہے، کچھ خبر ملی ہے۔
ذِرْءَ ذِرْءَ: بکریوں کو دوہنے کے لئے بلانے کی آواز۔
الذَّرْآنِیُّ: مِلْحٌ ذَرْآنِیٌّ: انتہائی سفید نمک۔
الذَّرِیْءُ: زَرْعٌ ذَرِیْءٌ: وہ کھیتی جس کا حال ہی میں بیج ڈالا گیا ہو۔
الذُّرِّیَّۃُ: نسل (اس کی اصل ذُرِّیْئَۃٌ ہے، ہمزہ کو مخفف کردیا گیا)۔ ج: ذَرَارِیُّ۔ دیکھئے (ذ ر ر)۔
• ذَرَبَ السَّیْفَ وَنَحْوَہٗ ـِ ذَرْبًا: تلوار وغیرہ کو تیز کرنا، دھار بنانا۔
ذَرِبَ السَّیْفُ ـَ ذَرَبًا و ذَرَابَۃً: تلوار کا تیز اور دھاردار ہونا۔
ـــ لِسَانُہٗ: زبان کا گندہ اور خراب ہونا فحش گو ہونا، جو منہ میں آئے کہہ دینا۔ حدیث حذیفہؓ میں ہے: "کُنْتُ ذَرِبَ اللِّسَانِ عَلٰی اَھْلِیْ فقلت: یا رَسُوْلَ اللّٰہِ (صلی اللہ علیہ وسلم) اِنِّی لَأَخْشٰی اَنْ یُدْخِلَنِی النَّارَ۔ فقال رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم: فَاَیْنَ اَنْتَ مِنَ الْاِسْتِغْفَارِ؟"
ـــ فُلَانٌ: کسی کا عجز لسانی کے بعد فصیح اللسان ہونا، خوش گفتار ہوجانا۔
ذَرِبَ اَنْفُہٗ: ناک سے ریزش ٹپکنا، ناک بہنا۔
ـــ الجُرْحُ: زخم کا سڑ کر پھیل جانا۔
ـــ مِعْدَتُہٗ: معدہ کا خراب ہوجانا۔ ھو ذَرِبٌ ج: ذُرُبٌ و ھی ذَرِبَۃٌ ج: ذَرِبَاتٌ۔
اَذْرَبَ فُلَانٌ: بے زبانی کے بعد خوش گفتار ہوجانا (۲) خراب زندگی والا ہونا۔
ذَرَّبَ السَّیْفَ وَنَحْوَہٗ: ذَرَبَہٗ (۲) تلوار کو زہر آلود کرکے تیز کرنا۔
ـــ فُلَانًا: جوش دلانا، بھڑکانا۔
ـــ المَرْأَۃُ طِفْلَهَا: عورت کا بچہ کو اٹھاکر پیشاب پاخانہ کرانا۔
الذُّرَابُ: زہر۔
الذَّرَبُ: اسہال، دستوں کی بیماری۔
الذَّرِبُ: بدزبان، فحش گو (۲) تیز طرار (بدزبان آدمی) تیز (تلوار) (۳) فصیح زبان والا (۴) دستوں کا مریض (۵) موچی کی رانپی
الذِّرْبُ: زبان دراز۔ مؤنث ذِرْبَۃٌ (۲) گردن کا غدود (۳) جگر کی ایک بیماری جو دیر میں جاتی ہے۔
الذِّرْبَۃُ: غدود ج: ذِرَبٌ (۲) تیز زبان عورت۔
المِذْرَبُ: زبان۔
الذَّرَبِیُّ: عیب۔
الذَّرَبِیَّۃُ: مصیبت۔
الاَذْرَبِیُّ: آذربائجان کی طرف خلاف قیاس نسبت۔ آذربائجان کا باشندہ۔
• ذَرَحَ الطَّعَامَ ـَ ذَرْحًا: کھانے کو زہریلے کیڑے کا سفوف ملاکر زہریلا کرنا
ـــ الشَّیْءَ: ہوا میں اڑانا۔
ذَرَّحَ لَبَنَہٗ: دودھ کو زیادہ کرنے کے لئے پانی ملانا۔
ـــ اِدَاوَتَہٗ: مشکیزہ کی بو دور کرنے کیلئے

مٹی ملنا۔
ذَرَّحَ الشیءَ فی الرِّیح: ہوا میں اڑانا
—— الزَّعفرانَ وغیرہ فی الماءِ: پانی میں زعفران وغیرہ ملانا۔
الذُّرَّاحُ: ایک سرخ رنگ کا مکھی کے برابر کیڑا جس میں کالے نقطے پڑے ہوتے ہیں اس کی بعض اقسام کو پکڑ کر سکھایا اور سفوف بنایا جاتا ہے، اطبا بعض امراض میں اس کا استعمال کرتے ہیں ج: ذَرَارِیحُ۔
الذَّرِاحُ: پانی ملا ہوا دودھ۔
الذَّرِیحَةُ: پھیلا ہوا پہاڑ (۲) ٹیلہ ج: ذَرَائِحُ۔
الذَّرِیحِیُّ: اَحْمَرُ ذَرِیحِیٌّ: تیز سرخی۔
• ذَرَّت الشَّمسُ ـُ ذُرُورًا: سورج طلوع ہونا، سورج کی پہلی کرن نظر آنا
—— النَّبتُ: پودے کا اگنا۔
—— لَحمُه: کمزور و لاغر ہونا، گھٹنا۔
—— فُلانٌ: پیشانی کے بالوں کا سفید ہونا
—— الشَّیءَ ـُ ذَرًّا: پھیلانا، بکھیرنا، چھڑکنا۔ ذَرَّ الذَّرُورَ: پاؤڈر چھڑکنا
—— اللّٰهُ عِبَادَهُ فی الأرض: اللہ کا بندوں کو زمین میں پھیلانا۔
—— الحَبَّ فی الاَرضِ: زمین میں بیج ڈالنا۔
—— الاَرضُ النَّبَاتَ: زمین کا پودے اگانا۔
—— عَینَهُ بالذَّرُورِ: آنکھ میں سرمہ لگانا
—— الجُرحَ: زخم پر پاؤڈر چھڑکنا۔
الذَّرَارُ: غصہ۔
الذُّرَارَةُ: چھڑکی ہوئی چیز کا بکھرا ہوا حصہ (۲) برادہ۔
الذَّرُّ: نسل (۲) چھوٹی چیونٹیاں (۳) سورج کی شعاع میں نظر آنے والے ذرّات۔
الذَّرَّةُ: کسی بھی عنصر کا سب سے چھوٹا جزجو کیمیائی ترکیب پا سکے، ایٹم، جوہر، ناقابل تقسیم جز (۲) ریزہ، خاک کا ذرہ ج: ذَرَّات۔
ذَرَّةٌ کَهرَبِیَّةٌ: برقی پارہ۔
مثقال ذَرَّةٍ: ذرہ برابر۔
الذَّرُورُ: آنکھ میں ڈالا جانے والا سفوف یا پسی ہوئی دوا (۲) زخم پر چھڑکی جانے والی دوا، سفوف، پاؤڈر (۳) کھانے پر چھڑکا جانے والا نمک وغیرہ (۴) خوشبودار پاؤڈر (۵) برادہ ج: اَذِرَّةٌ
ذَرُورُ الاَسنَانِ: ٹوتھ پاؤڈر، دانتوں کا منجن۔
الذَّرُورُ المَعدِنیُّ: ابرق۔
ذَرُورِیٌّ: پاؤڈر جیسا ملائم۔
الذَّرِیرَةُ: الذَّرُورُ۔
الذُّرِّیَّةُ: نسل انسانی، اولاد، عورتیں اور بچے۔ حدیث میں ہے: "اَنَّهُ (صلی اللّٰهُ علیه وسلم) رَأی امْرَأَةً مقتُولَةً فقال: ما کانت هذه تقاتِل الحقَ خالدًا فقل له: لا تَقتُلُ ذُرِّیَّةً وَلا عَسِیفًا"
الذَّرِّیُّ: ایٹمی، جوہری (۲) جزءلایتجزّی کا۔ نیوکلیائی
الطَّاقَةُ الذَّرِّیَّةُ: ایٹمی توانائی۔
النَّظَرِیَّةُ الذَّرِّیَّةُ: نظریہ جوہر، یہ نظریہ کہ عناصر ایسے غیر تقسیم پذیر اجزاء مادہ پر مشتمل ہیں جو اپنا مخصوص وزن اضافی رکھتے ہیں اور مختلف اشیاء کے جوہر جب ترکیب پاتے ہیں تو ایک خاص تناسب کے ساتھ ملتے ہیں اور ان کا یہ تناسب وہی ہوتا ہے جس میں عناصر اور مرکبات کیمیاوی ترکیب پاتے ہیں (انگلش اسٹینڈرڈ ڈکشنری)
المُفَاعِلُ الذَّرِّیُّ: ایٹمی ری ایکٹر۔
المِذَرَّةُ: چھڑکنے کا آلہ، غلہ ہوا میں اڑانے کی مشین یا آلہ۔
• ذَرَعَ فُلانٌ ـَ ذَرْعًا: ہاتھ (بازو) پھیلانا۔
—— الفَرَسُ والبَعِیرُ فی سَیرِہ: گھوڑے یا اونٹ کا چلنے میں اگلی ٹانگوں کو لمبا کرنا۔ ذَرَعَ یَدَہ بھی کہتے ہیں۔
—— لَهُ عند اَحَدٍ: کسی کی کسی کے پاس سفارش کرنا۔
—— البَعِیرَ: اونٹ کی اگلی ٹانگ پر مارنا (۲) آگ کا داغ لگانا۔
—— فُلانًا: پیچھے سے ہاتھ ڈال کر گلا گھونٹنا
—— الثَّوبَ وغَیرَہ: کپڑے وغیرہ کو ذراع (ہاتھ) یا گز سے ناپنا۔ کہتے ہیں: ذَرَعَه بِذِرَاعِه۔
—— البَعِیرَ: سوار ہونے کے لیے اونٹ کی ذراع پر پاؤں رکھنا۔
—— الطَّرِیقَ: راستہ ناپنا، جلدی جلدی طے کرنا۔ ذَرَعَت النَّاقَةُ الفَلَاةَ: اونٹنی نے جلدی جلدی جنگل کو طے کیا۔
—— القَیءُ فُلانًا: قے کا غلبہ ہونا، قے آنے کو ہونا، منہ تک آجانا۔ حدیث میں ہے: "مَن ذَرَعَه القَیءُ فلا قَضَاءَ عَلَیه"
—— الدَّابَّةُ الدَّابَّةَ ذَرْعًا: تیز قدمی میں چوپائے کا چوپائے پر غالب آنا۔ کہتے ہیں: ذَارَعْتُها فَذَرَعْتُها۔
ذَرِعَ ـَ ذَرَعًا: دن رات چلنا۔ هو ذَرِعٌ (۲) شر میں زبان دراز ہونا (۳) لالچی ہونا
—— رِجلاهُ: پیروں کا تھک کر چور ہو جانا۔
—— الیه: کسی کے پاس سفارشی ہونا۔
ذَرُعَ ـُ ذَرَاعَةً: کشادہ قدموں والا ہونا
—— المَوتُ: موت کا پھیل جانا، کثرت سے ہونا۔ هو ذَرِیعٌ۔
—— المَرأَةُ: کام میں عورت کے ہاتھوں کا

ہلکا اور پھرتیلا ہونا۔ ھی ذَرَاعٌ و ذِرَاعٌ۔
أَذْرَعَ : ہاتھ سے پکڑنا، کسی چیز کو ہاتھ سے گھیر کر پکڑنا۔
ـــ فُلَانٌ : بہت بولنا، بولتے چلے جانا۔ أَذْرَعَ فی الکلام بھی کہتے ہیں۔
ـــ القَیْئَ : قے کرنا، باہر نکالنا۔
ـــ ذِرَاعَیْه : جُبّہ وغیرہ سے اپنے دونوں بازوؤں کو نکالنا۔
ذَارَعَتِ الدَّابَّةُ وغیرُھا الطَّرِیْقَ: چوپائے وغیرہ کا راستہ طے کرنے کیلئے اپنے بازوؤں کو پھیلا دینا۔
ـــ صَاحِبَهُ : قدم اٹھانے میں اپنے ساتھی سے مقابلہ کرنا۔
ـــ فُلَانًا : مل جل کر رہنا۔
ـــ فُلَانًا الشَّیْئَ : کسی چیز کو ذراع سے ناپ کر فروخت کرنا (نہ گن کر اور نہ اندازہ سے)۔
ذَرَّعَ المَطَرُ: بقدر ذراع بارش کا زمین میں اترنا۔
ـــ فُلَانٌ : خوشخبری دینے یا خطرہ سے ڈرانے کے لئے دونوں ہاتھ اوپر اٹھانا
ـــ فی مَشْیِه : چلنے میں دونوں ہاتھوں سے مدد لینا اور ان کو ہلانا۔ ذَرَّعَ بِیَدَیْه بھی کہتے ہیں۔
ـــ فی السِّبَاحَةِ : تیرنے میں اپنے دونوں ہاتھوں (بازوؤں) کو پھیلانا۔
ـــ البَعِیْرَ و لَهُ : اونٹ کی زائد نکیل کو بازو سے باندھ کر مقید کرنا۔
ـــ فُلَانًا: پیچھے سے ہاتھ لا کر کسی کا گلا گھونٹنا (۲) مار ڈالنا۔
ـــ له شَیْئًا من خَبَرِه :اس نے اپنی کوئی خبر دی، اپنی کوئی بات بتائی
ـــ فُلَانٌ بَیْنَنَا هَذَا : فلاں ہمارے درمیان اس بات کا سبب بنا۔

اِنْذَرَعَ : آگے بڑھنا، بڑھتے چلے جانا۔
ـــ فی السَّیْرِ: پھیل کر چلنا۔
تَذَارَعُوا الطَّرِیْقَ :راستہ کو تیزی سے طے کرنے میں باہم مقابلہ کرنا۔
تَذَرَّعَ البَعِیْرُ :اونٹ کا چلنے میں بازو پھیلانا۔ تَذَرَّعَ فی السَّیْرِ بھی کہا جاتا ہے۔ پھیل کر چلنا۔
ـــ فُلَانٌ :بہت بولنا، بولتے رہنا۔ تَذَرَّعَ فی الکلام بھی کہا جاتا ہے
ـــ بِذَرِیْعَةٍ : ذریعہ اور وسیلہ بنانا، واسطہ بنانا۔
اِسْتَذْرَعَ بالشَّیْئِ :کسی چیز کی آڑ لینا ذریعہ بنانا۔
الأَذْرَعُ : فصیح تر، انتہائی خوش گفتار
هو أَذْرَعُ منه : وہ اس سے زیادہ خوش گفتار ہے۔ کہتے ہیں: قَتَلُوْهُمْ أَذْرَعَ قَتْلٍ :انہوں نے ان کو تیزی سے قتل کیا۔ ھی أَذْرَعُهُنَّ لِلمِغْزَلِ : وہ چرخہ چلانے میں اُن سب عورتوں میں زیادہ پھرتیلی اور ماہر ہے۔
الذِّرَاعُ : ہر جانور کا ہاتھ۔ گائے اور بکری کا ذراع پنڈلی سے اوپر کا حصہ ہوتا ہے۔ اونٹ کا اور دوسرے سُم والے جانوروں کا ذراع پنڈلی کے پتلے حصہ کے اوپر سے شروع ہوتا ہے۔ کہاوت ہے: لا تُطْعِمِ العَبْدَ الکُرَاعَ فَیَطْمَعَ فی الذِّرَاعِ :غلام کو پنڈلی (کا گوشت) نہ کھلاؤ ورنہ وہ ذراع (کا گوشت) کھانے کی خواہش کرے گا (یعنی اس کو اپنی حد سے نہ بڑھنے دو)۔
انسان کا ذراع کہنی کے سرے سے درمیانی انگلی کے سرے تک ہوتا ہے۔ یہ نیم گز اور ہاتھ بھر کے معنی میں ہاتھ کا ناپ بھی ہے جیسے: ذِرَاعٌ من الثوب أو الأرضِ: ایک ذراع کپڑا یا زمین۔ اور لمبائی ناپنے کے قدیم پیمانے کا نام بھی، اس کی انواع میں مشہور الذراع الهاشمیة ہے جو ۳۲ انگلیوں کے برابر یا ۶۴ سینٹیمیٹر ہوتا ہے۔
ملک شام میں ذراع کا مطلب ۶۸ ملیمیٹر ہوتا ہے مصر میں ذراع بلدی ۵۸ ملیمیٹر، ذراع استانبولی ۶۷۵ ملیمیٹر، ذراع ھِنداز ه ۶۵۶ ملیمیٹر، ذراع معماری تقریبًا ۷۵ ملیمیٹر ہوتا ہے عراق میں ذراع حلبی تقریبًا ۶۸ ملیمیٹر اور ذراع بغدادی یا ذراع بلدی تقریبًا ۸۰ ملیمیٹر ہوتا ہے۔
اردو دائرہ معارف اسلامیہ کے مطابق: فقہی لحاظ سے ذراع چار قبضات (واحد: قُبضة) کے برابر ہے اور قبضة اس پیمائش کو کہتے ہیں جو ہاتھ کی چاروں انگلیوں (سبابة، وسطی، بنصر اور خنصر) کو پہلو بہ پہلو ملا کر رکھنے سے حاصل ہوتا ہے۔ یہ چھ اصبع کے برابر ہوتا ہے اور ہر ایک اصبع کی چوڑائی چھ جو (شعیرہ) کے مساوی ہے، جب انہیں ساتھ رکھا جائے۔ اسلامی ممالک میں مختلف قسم کے ذراعوں کی اچھی خاصی تعداد رائج تھی، سرسری طور پر انہیں مندرجہ ذیل چار پیمانوں کے تحت رکھا جا سکتا ہے، شرعی ذراع، سیاہ ذراع، شاہی ذراع، اور بزازی ذراع ان سب کی پیمائش میں اختلاف کی بنا وہ نیل پیما ہے جو ۲۴۷ / ۸۶۱ء میں الروضة کے جزیرے میں رائج ہوا اور جس کی پیمائش اوسطًا ۵۴ / ۵۴ سینٹی میٹر ہے۔
ـــ بمعنی مذروع یعنی ذراع سے ناپا ہوا بھی مستعمل ہے۔ ذراع مؤنث ہے اور کبھی مذکر کے طور پر بھی استعمال کرتے ہیں ج: أَذْرُعٌ و ذُرْعَانٌ۔
ذراع القناة: نہر کا بالائی حصہ۔ کہتے ہیں:
هو علی حَبْلِ الذِّرَاعِ :وہ تیار ہے۔
ضاق بالأَمْرِ ذِرَاعًا :تنگ آجانا، برداشت سے باہر ہونا۔
فُلَانٌ واسِعُ الذِّرَاعِ :وسیع الظرف
مالی به ذِرَاعٌ :میرے اندر اس کی طاقت نہیں۔
الذَّرْعُ : پیمائش، مقدار (۲) طول۔ قرآن پاک

میں ہے: "ذَرْعُهَا سَبْعُونَ ذِرَاعًا"
(۳) طاقت، سکت۔ ضاق به ذَرْعِي:
اس شے کی میرے اندر طاقت نہیں (۴)
وسیع الظرف۔ کہتے ہیں: اَبْطَرْتُ فُلَانًا
ذَرْعَهُ: میں نے اسے اس کی طاقت سے
زیادہ کا پابند کیا (۵) امید (۶) جنگلی گائے
کا بچہ ج: ذِرْعَان۔
الذَّرِعُ: آڑ جس کے پیچھے شکاری چھپتا ہے۔
الذَّرِعُ: زبان دراز (۲) رات دن پھرنے والا
(۳) اچھا ساتھی م: ذَرِعَة۔
الذُّرْعَة: ذریعہ، وسیلہ۔
الذَّرُوعُ: سبک رفتار کشادہ قدم گھوڑے
اور اونٹ۔
الذَّرِيعُ: الذَّرُوعُ (۲) مَوْتٌ ذَرِيعٌ
(۳) پھیلی ہوئی موت یا جلد آنے والی
موت، کثرت اموات جس کے نتیجہ
میں دفن کرنا بھی دشوار ہو۔ اَمْرٌ ذَرِيعٌ:
وسیع معاملہ۔ فَشَلٌ ذَرِيعٌ: بدترین
ناکامی (۴) سفارشی۔ انا ذَرِيعٌ لَه
عِنْدَه: میں اس کے لئے اس سے سفارش
کرنے والا ہوں (۵) تیز رفتار۔
الذَّرِيعَة: تیر انداز کے مشق کرنے کا حلقہ
(۲) آڑ جس کے پیچھے شکاری چھپتا ہے
(۳) سبب اور ذریعہ ج: ذَرَائِعُ۔
المِذْرَاعُ: چوپائے کی ٹانگ (۲) آگے نکلنے
والا گھوڑا (۳) وادی کا کنارہ۔
— من المِصْر: شہر سے متصل چھوٹے گاؤں
ج: مَذَارِعُ و مَذَارِيعُ۔
المُذَرَّعُ من النَّاسِ: دوغلی نسل کا عرب
جس کی ماں عربی ہو اور باپ غیر عربی
(۲) وہ شخص جس کی ماں باپ سے زیادہ
معزز اور اعلیٰ نسب ہو (۳) وہ بیل جس
کی پنڈلیوں پر سیاہ داغ ہوں (۴)
جس کے سینہ پر نیزہ وغیرہ مارا گیا ہو اور
خون ٹانگوں پر بہہ گیا ہو۔

المِذْرَعُ مِنَ الدَّابَّةِ: چوپائے کے
دونوں گھٹنوں اور بغل کے درمیان
کا حصہ ج: مَذَارِعُ۔
• ذَرَفَ الدَّمْعُ ـِ ذَرْفًا و ذُرُوفًا
و ذَرِيفًا: آنسو بہنا۔
— العَيْنُ: آنکھ سے آنسو جاری ہونا۔
— العَيْنُ دَمْعَهَا: آنکھ کا آنسو بہانا
فالدَّمْعُ مَذْرُوفٌ و ذَرِيفٌ
ذَرِفَ الدَّمْعُ ـَ ذَرَفًا: آنسو بہنا۔
ذَرَّفَتِ العَيْنُ دَمْعَهَا تَذْرِيفًا و
تَذْرَافًا و تَذْرِفَةً: آنکھ کا آنسو
گرانا۔
— على الخَمْسِينَ من السِّنِينَ
وغيرها: پچاس سال وغیرہ سے
زیادہ کا ہونا۔
— فُلَانًا الشَّيْءَ: کسی کو کسی چیز سے
باخبر کرنا۔
ذَرَّفَهُ المَوْتَ: موت کو کسی کے قریب
لانا، کسی کو موت کے قریب لانا۔
اسْتَذْرَفَ الضَّرْعُ: تھن سے دودھ
ٹپکنا اور دودھ نکالنے کا تقاضا ہونا۔
— الشَّيْءَ: ٹپکانا۔
الذَّرَّافُ: تیز رو۔
المَذْرَفُ: آنکھ کے آنسو نکلنے کی جگہ ج:
مَذَارِفُ۔
• ذَرَقَ الطَّائِرُ ـُ ـِ ذَرْقًا و ذُرَاقًا:
و ذَرَقَ بِسَلْحِهِ: بیٹ کرنا۔
كَلَامٌ يُذْرَقُ عليه: قابل نفرت
کلام۔
— على النَّاسِ: لوگوں سے فحش گوئی کرنا
أَذْرَقَ الطَّائِرُ: ذَرَقَ۔
— الأَرْضُ: زمین کا (ذرق گھاس
اگانا)۔
ذَرَّقَ اللَّبَنَ بالماءِ: دودھ میں پانی ملانا
الذُّرَاقُ و الذَّرْقُ: پرندہ کی بیٹ۔

الذُّرَقُ: ایک قسم کی گھاس یا پودا۔
• ذَرَا ـُ ذَرْوًا: ہوا میں اڑ کر بکھر جانا (۲)
گرنا۔ ذَرَا فُوهُ: اس کے دانت گر گئے
— فُلَانٌ: تیزی سے گزرنا۔
— نَابُه: دانت کی نوک ٹوٹ جانا۔ ذَرَا
حَدُّ نَابِه بھی کہتے ہیں۔
— اليه: قصد کرنا، اوپر اٹھنا۔
— الرِّيحُ التُّرَابَ ذَرْوًا و ذَرْيًا:
ہوا کا مٹی کو اڑانا۔
— الحَبَّ: غلہ کو ہوا میں اڑانا (بھوسے سے
دانہ الگ کرنے کے لئے)
— الخَلْقَ ذَرْوًا: مخلوق کو پیدا کرنا۔
أَذْرَتِ الرِّيحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اڑانا
— العَيْنُ الدَّمْعَ: آنکھ کا آنسو بہانا۔
— الشَّيْءَ: ڈالنا، گرانا۔ جیسے: أَذْرَتِ
الدَّابَّةُ رَاكِبَهَا۔
— الشيءَ عن الشَّيءِ: الگ کرنا۔
— رَأْسَه بالسَّيْفِ: تلوار سے سر اڑا دینا۔
ذَرَّتِ الرِّيحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اڑانا۔
ذَرَّى تُرَابَ المَعْدِنِ: دھات میں سونا
تلاش کرنا۔
— الحَبَّ: غلہ کو ہوا میں اڑانا۔
— فُلَانًا: تعریف کرنا (۲) حفاظت کرنا۔
تَذَرَّى القَطِيعُ: ڈار (ریوڑ) کا اکٹھا ہو کر
ایک دوسرے کی آڑ لینا یا درخت کی
آڑ لینا (۲) بھوسے کا غلہ سے الگ ہونا۔
— بالشيءِ: چھپنا، آڑ لینا، پناہ لینا۔ جیسے:
تَذَرَّى فُلَانٌ بالحائط وغیرہ
من البَرْدِ و الرِّيحِ: ہوا یا سردی
سے بچنے کے لئے دیوار وغیرہ کی آڑ لینا۔
— بِفُلَانٍ: پناہ میں آنا، حفاظت میں ہونا
— الذِّرْوَةَ: چوٹی پر چڑھنا۔
— بني فُلَانٍ و فيهم: قبیلہ کے کسی
اعلیٰ خاندان میں شادی کرنا۔
اسْتَذْرَى: تَذَرَّى۔

الذّارِیات: (واحد: ذَارِیَةٌ) ہر چیز کو اڑا کر لے جانے والی آندھیاں، بہت بچے جننے والی عورتیں۔
الذَّرَا: آڑ، پناہ، حفاظت۔ اَنَا فی ذَرَا فُلانٍ: میں فلاں کی حفاظت میں ہوں (۲) گرا ہوا آنسو (۳) ہوا میں اڑائی ہوئی چیز۔
اِنّه لکریمُ الذَّرا: وہ شریف الطبع ہے
الذَّرِی: ہوا میں اڑائی ہوئی چیز (۲) بہایا ہوا آنسو۔
الذُّرَاوَةُ: ہوا میں اڑ کر گرا ہوا بھوسہ یا کوئی اور شے (۲) ٹوٹی ہوئی ٹہنیاں (۳) کوڑا۔
الذَّرْوُ: کہتے ہیں: بَلَغَنِی عَنْه ذَرْوٌ من قَولٍ: مجھے اس کی بات کا کچھ حصہ معلوم ہوا۔
اَخَذَ فی ذَرْوٍ مِنَ الحَدِیثِ: اس نے اشارۃً بات کی، وضاحت نہیں کی۔
الذُّرَةُ: مکئی (ایک غلہ) مکئی کا دانہ۔
الذُّرْوَةُ: چوٹی، بلندی ج: ذُرًا۔ کہتے ہیں: هو فی ذُرْوَةِ النَّسَبِ: وہ اعلیٰ نسب کا ہے۔ عَلَا ذُرْوَةَ الشَّرَفِ: وہ عزت کے اعلیٰ مقام پر پہنچ گیا۔
اَقْبَلَتْ ذُرَا اللَّیْلِ: رات کا آغاز ہو گیا۔
الذَّرِیُّ: ٹپکے ہوئے آنسو۔
الذَّرَی: حفاظت۔
المِذْرَی: سہ شاخہ یا چہار شاخہ لکڑی جس سے غلہ ہوا میں اڑاتے اور کریدتے ہیں (جِنْلی) ج: مَذَارٍ۔
المِذْرَوَانِ: ہر چیز کے دو کنارے۔ کہتے ہیں: جَاءَ یَنْفُضُ مِذْرَوَیْهِ: وہ اپنے مونڈھوں کو ہلاتا ہوا آیا یعنی اکڑتا یا دھمکی دیتا ہوا آیا۔ قَنَّعَ الشَّیْبُ مِذْرَوَیْهِ: بڑھاپے نے اس کی کنپٹیوں کو سفید کر دیا۔
المِذْرَاةُ: المِذْرَی۔

ذ ــــــ ع

• تَذَعَّبَتْهُ الجِنُّ: جنوں کا کسی کو خوف زدہ کرنا۔
اِنْذَعَبَ الماءُ: پانی کا مسلسل بہتے رہنا۔
الذُّعْبَانُ: جوان بھیڑیا۔
• ذَعَتَ ـَ ذَعْتًا: سختی سے گلا گھونٹنا، خاک آلود کرنا۔
• ذَعَجَه ـَ ذَعْجًا: زور سے دھکیلنا
الذَّعَاعُ: فرقے۔ واحد: ذَعَاعَةٌ۔
• ذَعْذَعَ: زور زور سے ہلانا، جھنجھوڑنا
ذَعْذَعَتِ الرِّیحُ الشَّجَرَ: ہوا کا درخت کو ہلا ڈالنا۔
ـــ التُّرَابَ: مٹی کو ہوا میں اڑا کر بکھیرنا
ـــ فُلانٌ المَالَ وغَیْرَہٗ: مال وغیرہ کو لٹانا، برباد کرنا۔
ذَعْذَعَهُمُ الدَّهْرُ: زمانہ نے ان کو جھنجھوڑ ڈالا۔ ذَعْذَعَتْهُمُ النَّوَائِبُ: مصائب نے ان کو ہلا ڈالا۔
ـــ السِّرَّ والخَبَرَ: راز یا خبر بتانا
تَذَعْذَعَ المَالُ وغَیْرُہٗ: مال وغیرہ کا تباہ و برباد ہونا۔
ـــ البِنَاءُ: عمارت کا ہل جانا، گر جانا
ـــ الشَّعْرُ: بالوں کا گرنا، جھڑنا، چھدرے ہونا۔
الذَّعَاذِعُ: کھجور کے بکھرے ہوئے درخت۔ تَفَرَّقُوا ذَعَاذِعَ: وہ منتشر ہو گئے، اِدھر اُدھر ہو گئے (۲) ردی کھجور کے درخت۔
الذَّعْذَاعُ: چغل خور، راز افشا کرنے والا
• ذَعَرَ ـَ ذَعْرًا: خوف زدہ کرنا، گھبرا دینا۔
ذَعِرَ ـَ ذَعَرًا: خوف زدہ ہونا، سہمنا هو ذَعِرٌ۔
أَذْعَرَہٗ: ذَعَرَہٗ۔
تَذَعَّرَ: خوف زدہ ہونا، گھبرا جانا۔
اِنْذَعَرَ: ڈرنا، سہمنا، گھبرا جانا۔
الذَّاعِرُ: خوف زدہ، سہما ہوا، گھبرایا ہوا۔ حدیث میں ہے: "لَا یَزَالُ الشَّیْطَانُ ذَاعِرًا مِنَ المُؤمِنِ" (۲) عیب دار رَجُلٌ ذَاعِرٌ: عیب دار آدمی۔ ج: ذُعَّارٌ۔
الذُّعْرُ: خوف، دہشت، گھبراہٹ، سراسیمگی۔
الذُّعَرَةُ: ایک چڑیا جتنا پرندہ جو اپنی دم ہر وقت ہلاتا رہتا ہے (ہر وقت سہما رہتا ہے) اس کے مختلف ملکوں میں مختلف نام ہیں۔ مصر میں اسے اَبُو فَصَادَة۔ شام میں ام سَکَعْکَع اور عراق میں زِیطَة و زَطْزَاطَة کہتے ہیں (۲) سرین۔
الذَّعُورُ: خوف زدہ اور سراسیمہ (۲) وہ عورت جسے تہمت اور فحش بات سے ڈرایا جائے۔
• ذَعَطَ ـَ ذَعْطًا: تیزی سے ذبح کرنا، اچانک مارنا۔
• ذَعَفَ ـَ ذَعَفَانًا: مرنا۔
ـــ فُلانًا ذَعْفًا: سم قاتل پلانا، کسی کو زہر دینا۔
ـــ الطَّعَامَ: کھانے میں زہر ملانا۔ هو مَذْعُوفٌ۔
أَذْعَفَه: فورًا مار ڈالنا۔
اِنْذَعَفَ: ہکا بکا رہ جانا، ششدر رہ جانا (۲) دل کٹا جانا۔
الذُّعَافُ: زہر قاتل ج: ذُعُفٌ۔
مَوْتٌ ذُعَافٌ: جلد آنے والی موت۔

الذُّعْفُ: زہر قاتل۔ حَيَّةٌ ذُعْفُ اللُّعَاب: انتہائی زہریلا سانپ جس کا کاٹا ہوا فوراً ہی مرجائے۔
الذُّعَافُ: اچانک آنے والی موت۔
المَذْعُوفُ: زہر ملا ہوا۔ طَعَامٌ مَذْعُوفٌ: زہر ملا ہوا کھانا۔
• ذَعَقَ ـَ ذَعْقًا: چیخنا، چلانا۔
ذَعَقَه: ڈرانا۔ دَاءٌ ذُعَاقٌ: مہلک بیماری
• ذَعِلَ ـَ ذَعَلًا: انکار کے بعد اقرار کرنا
ذِعْلِبٌ و ذِعْلِبَةٌ: تیز رفتار اونٹنی، شتر مرغ، کپڑے کا کنارہ یا وہ ٹکڑا جو پھٹ کر لٹک جائے، معمولی ضرورت۔
الذُّعْلُوقُ: چالاک لڑکا، چھوٹا پرندہ۔
• ذَعِنَ ـَ ذَعْنًا: تابع ہونا، فرمانبردار ہونا۔
أَذْعَنَ و أُذْعِنَ له: فرمانبردار ہونا، ماتحتی تسلیم کرنا، عاجز و درماندہ ہوجانا
ـــ بالحَقِّ: حق کو مان لینا۔
المِذْعَانُ: بڑا فرمانبردار اور مسکین طبع انسان یا اونٹ، جلد بات ماننے والا
الإِذْعَانُ: انقیاد و اطاعت، تسلیم۔
المُذْعِنُ: مطیع، فرمانبردار۔

ذ ـــ ف

• ذَفِرَ النَّبْتُ ـَ ذَفَرًا: نباتات کی بہتات ہونا۔
ـــ الشَّيءُ: کسی شے کی خوشبو یا بدبو کا تیز ہونا۔ هو ذَفِرٌ وهي ذَفِرَةٌ۔
هو أَذْفَرُ و هي ذَفْرَاءُ ج: ذُفْرٌ۔ مِسْكٌ أَذْفَرُ و ذَفِرٌ: انتہائی تیز مہکنے والی مشک۔ رَجُلٌ أَذْفَرُ و ذَفِرٌ: بدبودار آدمی۔
رَوْضَةٌ ذَفِرَةٌ: مہکتا ہوا باغیچہ۔
اِسْتَذْفَرَ بالأَمْرِ: کسی کام کا پختہ ارادہ کرنا اور اس میں سخت ہونا۔

الذِّفْرَى: کان کے پیچھے کی ابھری ہوئی ہڈی ج: ذَفَارَى۔ وہ ہڈیاں دو ہوتی ہیں، هما ذِفْرَيَان۔
• ذَفَّ الطَّائِرُ ـِ ذَفًّا و ذَفِيفًا و ذَفَافَةً: پرندہ کا تیز اڑنا۔
ـــ الأَمْرُ ذَفِيفًا: ممکن ہونا، قابو میں آنا۔
ـــ على الجَرِيحِ ذَفًّا و ذَفَفًا و ذِفَافًا: زخمی کا کام تمام کرنا، فوراً مار ڈالنا۔
ـــ الطاعُونُ فلانًا: طاعون کا ہلاک کرنا۔
ـــ في الأَمْرِ: عجلت کرنا، عجلت سے کام لینا۔
أَذَفَّ الجَرِيحَ: ذَفَّ عليه۔
ذَافَّ الجَرِيحَ و عَلَيه و لَه مُذَافَّةً و ذِفَافًا: فوراً مار ڈالنا
ذَفَّفَ فُلانٌ جِهَازَ رَاحِلَتِه: سواری کے سامان کو ہلکا کرنا۔
ـــ فُلانًا و عَلَيه: زخمی کو فوراً مار ڈالنا
حدیث ابن مسعودؓ میں ہے: "فَذَفَّفْتُ على أَبِي جَهْلٍ"
نیز کہتے ہیں: ذَفَّفَهُ بالسَّيْفِ: تلوار سے اس کا کام تمام کر دیا۔
ذَفَّفَت بِهِم الدَّوابُّ: چوپاؤں کا تیزی کر چلنا۔
اسْتَذَفَّ الأَمْرُ: ممکن ہونا، آسان ہونا۔
الذَّفَافُ: کہتے ہیں: مَا ذَاقَ ذَفَافًا: اس نے کچھ نہیں چکھا، تھوڑی چیز۔
الذِّفَافُ: زہر قاتل (۲) تھوڑی چیز۔ مَا ذَاقَ ذِفَافًا: اس نے کچھ نہیں چکھا ج: أَذِفَّة و ذُفُفٌ۔
الذَّفُّ: زمین پر جوتے کی آواز۔ کہتے ہیں: سَمِعْتُ ذَفَّ نَعْلِه۔
الذُّفُّ: تھوڑا۔ مَاءٌ ذُفٌّ: تھوڑا پانی۔
الذَّفَفُ: الذُّفُّ۔
الذَّفِيفُ: تھوڑا (۲) تیز و پھرتیلا۔ مَوْتٌ ذَفِيفٌ: اچانک آنے والی موت۔ سَيْفٌ ذَفِيفٌ: تیز تلوار۔ صَلاةٌ ذَفِيفَةٌ كَأَنَّهَا صَلاةُ المُسَافِرِ: ہلکی نماز (۲) سیہی (جانور۔ نر)
المُذَفَّفُ: تیز اور ہلکا۔ سَهْمٌ مُذَفَّفٌ۔

ذ ـــ ق

• ذَقَنَ فُلانٌ على يَدِه او على عَصَاه ـُ ذَقْنًا: کسی کا ٹھوڑی کو ہاتھ پر یا عصا پر رکھ کر ٹیک لگانا۔
ـــ فُلانًا: کسی کی ٹھوڑی پر مارنا۔
ذَقَنَت الدَّابَّةُ: چوپائے کا چلتے وقت ٹھوڑی کو نیچے کر لینا۔
ذَقِنَ ـَ ذَقَنًا: لمبی ٹھوڑی والا ہونا۔ هو ذَقِنٌ و هي ذَقِنَةٌ۔
ـــ الدَّلْوُ: ڈول کا کنارہ قدرے مڑا ہوا ہونا۔
ذَقَّنَ على يَدِه و على عَصَاه: ہاتھ یا عصا پر ٹھوڑی رکھنا، ٹیک لگانا۔
الذَّاقِنَةُ: گلے کا ابھرا ہوا کنارہ (۲) ٹھوڑی کے نیچے کا حصہ، ٹینٹوا (۳) پیٹ کے نیچے کا حصہ (ناف تک) (۴) گلے کا گڑھا (۵) فن موسیقی میں لکڑی کا وہ ٹکڑا جس پر باجا بجانے کے وقت ٹھوڑی رکھی جاتی ہے ج: ذَوَاقِن
الذَّقَنُ: ٹھوڑی۔ کہاوت ہے: "مُنْتَقِلٌ اسْتَعَانَ بِذَقَنِه: (بھاری آدمی نے اپنی ٹھوڑی سے مدد لی) ایسے شخص کے بارہ میں جو اپنے سے زیادہ کمزور اور کم درجہ آدمی سے مدد چاہتا ہے

ج: اَذْقَانٌ و ذُقُونٌ (۲) مجازًا
داڑھی کو بھی کہتے ہیں۔

الذَّقُونُ: دَلْوٌ ذَقُونٌ: وہ ڈول
جس کا کنارہ قدرے مڑا ہوا ہو۔

ذَقَنُ الشَّيْخِ: لکڑی کا کیڑا۔

الذِّقْنُ: بہت بوڑھا۔

ذ ـــــ ك

•ذَكَرَ الشَّيْءَ ـُ ذِكْرًا و ذُكْرًا
و ذِكْرَى و تَذْكَارًا: یاد کرنا (دل
اور زبان سے) یاد رکھنا، ذہن میں
لانا، مستحضر کرنا، بھولنے کے بعد یاد
آجانا یا زبان پر آنا۔

ــــ فُلَانَةَ: کسی عورت کو پیغام نکاح دینا
حدیث علیؓ میں ہے: "إِنَّ عَلِيًّا
يَذْكُرُ فَاطِمَةَ" (۲) کسی کے ساتھ
منگنی کا اشارہ کرنا، صراحتًہ نہ کہنا۔

ــــ اللّٰهَ: اللہ کا ذکر کرنا، اس کی تعریف
کرنا، نام لینا۔

ــــ النِّعْمَةَ: نعمت پر شکر کرنا۔

ــــ النَّاسَ: لوگوں کی غیبت کرنا، پیٹھ
پیچھے برائی کرنا۔

ــــ الشَّيْءَ: عیب نکالنا۔ قرآن کریم میں
ہے: "أَهٰذَا الَّذِي يَذْكُرُ
آلِهَتَكُمْ"

ــــ الشَّيْءَ لَهُ: کسی کو کوئی بات بتانا،
واقعہ بیان کرنا۔

ــــ الحَقَّ: حق محفوظ رکھنا، پامال نہ کرنا

ذَكِرَ ـَ ذَكَرًا: اچھی یاد اور اچھے
حافظہ والا ہونا۔ هو ذَكِرٌ و هي
ذَكِرَةٌ۔

أَذْكَرَتِ المَرْأَةُ وغيرُها: (نر) بچہ
جننا۔ هي مُذْكِرٌ۔

ــــ فُلَانَةُ: عورت کا عادت وخصلت
میں مرد جیسی ہونا۔

أَذْكَرَتِ الحَقَّ عليه: کسی پر اظہار
حق کرنا، کسی کے سامنے اعلانِ حق کرنا

ــــ فُلَانًا الشَّيْءَ: یاد دلانا۔

ذَاكَرَه فِي الأَمْرِ: کسی مسئلہ پر بات چیت
کرنا، مذاکرہ کرنا۔

ــــ دَرْسَه: سبق یاد کرنا، مطالعہ کرنا،
کسی کے ساتھ مل کر یاد کرنا، سبق کا
تکرار کرنا۔

ذَكَّرَ السَّيْفَ والفَأْسَ ونحوَهما:
تلوار وغیرہ کی نوک پر فولاد کا ٹکڑا لگانا

ــــ الكَلِمَةَ: (ضد: أَنَّثَها) لفظ کو
مذکر رکھنا یا مذکر بنانا۔

ــــ النَّاسَ: وعظ ونصیحت کرنا۔

ــــ فُلَانًا الشَّيْءَ و بِه: کوئی بات
یاد دلانا۔

اِذَّكَرَه: ذَكَرَه۔ اِذْدَكَرَه و
اِدَّكَرَه بھی مستعمل ہے۔

تَذَاكَرُوا فِي الأَمْرِ: کسی مسئلہ پر
باہم گفتگو کرنا۔

ــــ الشَّيْءَ: یاد کرنا، بھولنے کے بعد
یاد آنا۔

تَذَكَّرَتْ فُلَانَةُ: عورت کا مرد کے
مشابہ ہونا (عادت وخصلت میں)

ــــ الشَّيْءَ: یاد کرنا۔

اِسْتَذْكَرَ فُلَانًا: کسی کی انگلی پر یاد دہانی
کا ڈورا باندھنا۔

ــــ الشَّيْءَ: یاد کرنا۔

ــــ الكِتَابَ: یاد رکھنے کے لئے غور
ومطالعہ کرنا۔

الذَّاكِرَةُ: حافظہ، یادداشت، ذہن، دماغ، سابقہ
معلومات وتجربات کو یاد رکھنے کی
قوت وقدرتِ نفس۔

التَّذْكَارُ: یاد، یادگار۔ تَذْكَارًا
لِكَذَا: فلاں چیز کی یاد میں۔

التَّذْكِرَةُ: یاددہانی، یاددہانی کا ذریعہ
قرآن پاک میں ہے: "كَلَّا إِنَّهَا تَذْكِرَةٌ"
(۲) ٹکٹ (۳) پاس (۴) کارڈ ج: تَذَاكِر

تَذْكِرَةُ إِيَابٍ: واپسی کا ٹکٹ۔

تَذْكِرَةُ بَرِيدٍ: ڈاک ٹکٹ۔

تَذْكِرَةُ حَجْزٍ: ریزرویشن ٹکٹ۔

تَذْكِرَةُ دُخُولٍ: پاس، داخلہ کا ٹکٹ

تَذْكِرَةُ ذَهَابٍ وإِيَابٍ: ٹکٹ
آمد ورفت۔

تَذْكِرَةُ سَفَرٍ: (یک طرفہ) ٹکٹ۔

تَذْكِرَةٌ طِبِّيَّةٌ: ڈاکٹری یا معالجاتی نسخہ

تَذْكِرَةٌ مَجَّانِيَّةٌ: پاس آمد ورفت

تَذْكِرَةُ مُرُورٍ: پاس (۲) پاسپورٹ

تَذْكِرَةٌ مَفْتُوحَةٌ: اوپن ٹکٹ جس سے
کسی بھی جگہ کا سفر کیا جا سکے۔

تَذْكِرَةُ نِصْفِ أُجْرَةٍ: آدھا ٹکٹ۔

تَذْكِرَةُ هُوِيَّةٍ: شناختی کارڈ۔

تَذْكَرِيٌّ: بکنگ کلرک، ٹکٹ دینے والا۔

شُبَّاكُ التَّذَاكِرِ: ٹکٹ کھڑکی۔

مَحَلُّ صَرْفِ التَّذَاكِرِ: بکنگ آفس،
ٹکٹ گھر۔

الذِّكْرُ: تذکرہ (۲) شہرت (۳) اللہ کی یاد،
نماز، دعا (۴) قرآن حکیم۔

ذِكْرُ الدَّيْنِ: قرض کا وثیقہ ج: ذُكُورٌ
و أَذْكَارٌ۔

الذُّكْرُ: یاد۔

الذُّكْرَةُ: کلہاڑی وغیرہ کی دھار پر لگایا
جانے والا فولاد کا ٹکڑا (۲) شہرت،
انسان یا تلوار کی تیزی۔

الذَّكَرُ: خلاف الأنثى، نر، مرد (۲) انسان
کا عضو تناسل (۳) عمدہ اور مضبوط لوہا

رَجُلٌ ذَكَرٌ: خوددار اور مضبوط و
بہادر آدمی۔ مَطَرٌ ذَكَرٌ: تیز اور
سخت بارش۔ قَوْلٌ ذَكَرٌ: پختہ
اور ٹھوس بات۔ شِعْرٌ ذَكَرٌ:
جان دار شعر ج: ذُكُورٌ و ذُكُورَةٌ

و ذِکَارٌ و ذِکَارَةٌ و ذُکْرَانٌ۔
الذَّکِرُ: مضبوط یادداشت والا۔ اِمْرَأَةٌ ذَکِرَةٌ: مردنما عورت۔
الذُّکُورَةُ: خلاف الأنوثة: مردمی، نر ہونے کی صفت۔
ذُکُورُ البَقْل: وہ ترکاریاں جو سخت اور تلخ ہوگئی ہوں۔
الذِّکْرٰی: یاد، یادگار (۲) نصیحت۔ ج: ذِکْرَیَات۔
الذَّکِیرُ: رَجُلٌ ذَکِیرٌ: اچھی یادداشت والا، قوی الحافظہ (۲) عمدہ لوہا۔
المِذْکَارُ: نرینہ اولاد والا یا والی، وہ مرد وعورت جن کے عموماً نرینہ اولاد ہوتی ہو
أَرْضٌ مِذْکَارٌ: نر پودے اگانے والی زمین۔ فلاةٌ مِذْکَارٌ: ہولناک جنگل جس میں گھسنے کی صرف مرد ہی ہمت کرسکیں۔
المُذْکِرُ: زبردست مصیبت جس کا مقابلہ صرف باہمت مرد ہی کرسکیں۔ طَرِیقٌ مُذْکِرٌ: پرخطر راستہ۔ یومٌ مُذْکِرٌ: ہولناک دن۔
المُذَکِّرُ: ناصح، یاد دلانے والا۔
المُذَکَّرُ: ضد: مؤنث۔ نر، مذکر (۲) ٹھوس اور مضبوط۔ طَرِیقٌ مُذَکَّرٌ: پرخطر راستہ۔ سَیْفٌ مُذَکَّرٌ: تیز وچمکدار تلوار۔
المُذَکَّرَةُ: مردوں کے مشابہ عورت (عادت وخصلت میں)۔
المُذَکِّرَةُ: یادداشت، نوٹ (یاد دلانے والی چیز) میمورنڈم (مسائل پر مشتمل بیان جو کسی حاکم وغیرہ کو پیش کیا جائے) گشتی مراسلہ (۲) نوٹ بک۔
المُذَکِّرَةُ التَّفْسِیرِیَّةُ: کسی قانون کا مقدمہ اور تمہید جس میں قانون بنانے کی وجہ تحریر کی گئی ہو۔

المُذَکِّرَةُ الشَّفَوِیَّةُ: زبانی نوٹ، یا غیر دستخط شدہ تحریری نوٹ۔
المَذْکُورُ: مشہور، زبان زد۔
• ذَکَتِ النَّارُ ـُ ذُکُوًّا و ذَکًا و ذَکَاءً: آگ جلنا، بھڑکنا، تیز ہونا۔
ـــ الشَّمْسُ: آفتاب کی تمازت بڑھنا، سورج کی گرمی کا بہت زیادہ ہونا
ـــ الحَرْبُ: جنگ کے شعلے بھڑکنا۔
ـــ الرِّیحُ: بو کا تیز ہونا (اچھی ہو یا بری)۔
ـــ المِسْکُ: مشک کا مہکنا۔ هو ذَاكٍ و ذَکِیٌّ۔
ـــ فُلَانٌ ذَکَاءً: ذہین و ہوشیار ہونا، زود فہم ہونا۔
ـــ عَقْلُه: عقل کا تیز ہونا۔
ـــ الشَّاةَ و نَحْوَها ذَکَاءً: بکری وغیرہ کو ذبح کرنا۔ هی ذَکِیٌّ۔
• ذَکِیَ فُلَانٌ ـَ ذَکًا: ہوشیار ہونا، ذہین ہونا۔ هو ذَکِیٌّ ج: أَذْکِیَاءُ۔
ذَکُوَ فُلَانٌ ـُ ذَکَاءً و ذَکَاوَةً: ہوشیار وذہین ہونا، زود فہم ہونا۔ هو ذَکِیٌّ ج: أَذْکِیَاءُ۔
أَذْکَی النَّارَ: آگ روشن کرنا، تیز کرنا۔
ـــ الحَرْبَ: جنگ کی آگ بھڑکانا۔
ـــ عَلَیْهِم العُیُونَ: جاسوس بھیجنا، جاسوسی کرانا۔
ـــ السَّمَاءُ: آسمان کا بار بار پانی برسانا۔
ذَکّٰی فُلَانٌ: تجربات کی بنا پر ہوشیار ومعاملہ فہم ہونا (۲) عمر رسیدہ ہونا (۳) بھاری بدن کا ہونا۔
ـــ الفَرَسُ: گھوڑے کے زخموں پر ایک یا دو سال گزر رہے ہوئے ہونا (۲) چھلانگ لگا کر دوڑنا بند ہوجانا، پختہ کار ہوجانا۔ کہاوت ہے: جَرْیُ

المُذَکِّیَاتِ غِلَابٌ: مذکّی یعنی کامل اور عمر رسیدہ گھوڑوں ہی میں مقابلہ ہوتا ہے۔ ایسے شخص کے بارہ میں جو اپنے ہم عمروں پر فوقیت لے جانے میں ممتاز سمجھا جاتا ہو۔
ذَکَّی النَّارَ: آگ بھڑکانا۔
ـــ الشَّاةَ و نَحْوَها: بکری وغیرہ کو ذبح کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمَا أَکَلَ السَّبُعُ إِلَّا مَا ذَکَّیْتُمْ"
اِسْتَذْکَتِ النَّارُ: آگ بھڑکنا، جلنا۔
الذَّکَا: دہکتا ہوا انگارہ۔
الذَّکَاءُ: آگ کی لپٹ (۲) شعلہ، جلتا ہوا انگارہ (۳) ذہانت وہوشیاری۔ ایک ایسی قوت جس کے ذریعہ انسان تحلیل وتجزیہ فرق وامتیاز کرنے کے علاوہ مختلف احوال وکوائف میں اپنے کو ڈھالنے پر قادر ہو۔
ذُکَاءُ: آفتاب۔ ابنُ ذُکَاءٍ: صبح۔
الذَّکَاةُ: ذبح یا نحر ذکّی کا اسم مصدر ہے۔ حدیث میں ہے: ذَکَاةُ الجَنِینِ ذَکَاةُ أُمِّه: پیٹ کے بچہ کا ذبح ماں ہی کا ذبح ہے (۲) ہر شے کا تتمہ، پوری چیز۔
الذُّکْوَةُ: ایندھن، ہر وہ چیز جس سے آگ جلائی جائے (۲) دہکتا ہوا انگارہ
الذَّکِیَّةُ: آگ جلائی جانے والی چیز، ایندھن۔
الذَّکِیَّةُ: نارٌ ذَکِیَّةٌ: بھڑکتی ہوئی آگ، دہکتی ہوئی آگ۔
المُذْکِی: بہت بارش برسانے والا بادل۔
المُذَکِّی من الخیل: وہ گھوڑا جو عمر میں پورا اور طاقت میں کامل ہو۔

ذ ـــ ل

• ذَلِفَ ـَ ذَلَفًا: الأنفُ: ناک کا چھوٹا ہونا اور ناک کی نوک کا برابر ہونا (۲)

چھوٹا اور باریک ہونا (۳) چھوٹا اور موٹا ہونا۔ هو آذْلَفُ۔ ذَلِفَ الرَّجُلُ بھی کہتے ہیں۔ رَجُلٌ ذَلِفٌ و اَنْفٌ ذَلِفٌ ج: ذُلْفٌ۔

• ذَلَقَ اللِّسانُ ـَ ذَلاقَةً: زبان کا تیز طرار ہونا۔

ـــ السِّكِّيْنَ و نحوَه: چھری وغیرہ تیز کرنا۔

ـــ الصَّوْمُ وغيرُهُ فُلانًا: روزہ وغیرہ کا کسی کو کمزور کرنا۔

ذَلِقَ السِّنانُ و اللِّسانُ: زبان یا نیزے کی انی (پھل) کا تیز ہونا۔ هو أذْلَقُ ج: ذُلْقٌ۔ ذَلِقَ اللِّسان: فصیح زبان والا۔

ـــ السِّراجُ: چراغ جلنا۔

ـــ فُلانٌ: بے چین و مضطرب ہونا۔

ـــ من العَطَشِ: پیاس کی وجہ سے لب دم ہونا۔ حدیث میں ہے: "اَنَّه ذَلِقَ يَوْمَ اُحُدٍ من العَطَشِ" هو ذَلِق و هي ذَلِقَةٌ۔

ذَلُقَ اللِّسَانُ ـُ ذَلاقَةً: زبان کا تیز ہونا، فصیح ہونا۔ اللِّسانُ ذَلِقٌ و ذَلْقٌ۔

أذْلَقَ في الرَّمي: تیراندازی میں تیزی دکھانا

ـــ السِّكِّيْنَ و نحوَه: چھری وغیرہ تیز کرنا۔

ـــ الصَّوْمُ وغيرُه فُلانًا: روزہ وغیرہ کا کسی کو کمزور کرنا۔ کہتے ہیں: أذْلَقَني قَوْلُه حتى تَضَوَّرْتُ: اس کی بات نے مجھے اتنا دکھ پہنچایا کہ میں تڑپ اٹھا

ـــ فُلانًا: بے چین کرنا، پریشان کرنا۔

ـــ السِّرَاجَ: چراغ جلانا، روشن کرنا

ـــ الضَّبَّ: گوہ کے بل میں پانی ڈال کر اسے نکالنا۔

ذَلَّقَ السِّكِّيْنَ و نَحْوَهُ: تیز کرنا۔

ذَلَّقَ الفَرَسَ: دبلا کرنا، چھریرے بدن کا بنانا۔

ـــ اللَّبَنَ: دودھ میں پانی ملانا۔

ـــ الضَّبَّ: گوہ کے بل میں پانی ڈال کر اسے نکالنا۔

انْذَلَقَ: دھار دار ہونا، تیز ہونا۔ حدیث جابرؓ میں ہے: "فكسرت حَجَرًا وحَسَرْتُه فَانْزَلَقَ"

الذَّلْقُ: لِسَانٌ ذَلْقٌ: تیز اور فصیح زبان (۲) ہر چیز کی دھار (۳) تیزی (۴) چرخی کے محور کی جگہ جس میں محور گھومتا ہے۔

الذُّلُقُ: فصیح و تیز زبان۔ حدیث میں ہے: "اذا كانَ يومُ القيامة جَاءت الرَّحِمُ فتَكَلَّمت بلِسَانٍ طُلَقٍ ذُلَقٍ تقولُ: اللّٰهُمَّ صِلْ من وَصَلَني واقْطَعْ مَن قَطَعَني"

الذَّلْقَةُ: ہر چیز کی تیزی۔

ذَلِقُ اللِّسان: فصیح و بلیغ، تیز طرار۔

ذَلاقَة اللِّسان: زور زبان، فصاحت

الذَّوْلَقُ (من كلّ شئ): دھار، تیزی۔

ذَوْلَقُ اللِّسانِ والسِّنانِ: زبان اور نیزہ کے پھل، دھار، تیزی۔

المِذْلاقَةُ من النُّوق: تیز رفتار اونٹنی

• تَذَلْذَلَ: ڈھیلا پڑنا، ڈانواڈول ہونا

الذُّلْذُلُ و الذِّلْذَالُ: لمبے کرتے کا نچلا حصہ ج: ذَلاذِل کہتے ہیں: شَمِّرْ ذَلاذِلَكَ لِهٰذَا الأمْرِ: تم اس کام کے لئے کمربستہ ہو جاؤ۔ فَرَسٌ خَفِيفُ الذَّلاذِل: ہلکی دم والا گھوڑا۔ لَحِقْنَا ذَلاذِلَ من النَّاسِ: لوگوں میں جو پیچھے تھے ہم ان سے جا ملے۔

• ذَلَّ ـِ ذُلًّا و ذِلَّةً و مَذَلَّةً: ذلیل ہونا، حقیر ہونا، بے وقعت ہونا، کمزور ہونا۔ هو ذَلِيْلٌ و هي ذَلِيْلَة ج: اَذِلّاءُ و اَذِلَّةٌ و ذِلال۔

ـــ له: کسی کے سامنے جھکنا، تابع ہونا۔

ـــ الدَّابَّةُ: جانور کا سدھا ہوا ہونا، اشارہ پر چلنے والا ہونا۔

ذَلَّ له الشئُ: قابو میں آنا۔ کہتے ہیں: ذَلَّتْ لَه القَوَافِي: قافیے اس کے لئے آسان ہو گئے۔ هو وهي ذَلُولٌ ج: ذُلُلٌ۔ کہتے ہیں: سَقَاهُم الله ذُلُلَ السَّحَاب: اللہ ان پر ایسے بادل برسائے جن میں بجلی ہو نہ کڑک یعنی اللہ ان کا کام بغیر کلفت پورا کرا دیں۔ حدیث میں ہے: "اللّٰهُمَّ اسْقِنَا ذُلُلَ السَّحَابِ"

أذَلَّ فُلانٌ: ذلیل ساتھیوں والا ہونا۔

ـــ فُلانًا: ذلیل کرنا، حقیر و ذلیل پانا، بے عزتی کرنا۔

ذَلَّلَهُ: زیر کرنا، قابو میں کرنا، تابع بنانا (۲) نرم و ہموار کرنا (گھوڑے کو) سدھانا۔

ـــ الصِّعابَ: مشکلات پر قابو پانا۔

ذُلِّلَ الكَرْمُ: انگور کے خوشے نیچے لٹکا دیئے گئے۔ قرآن پاک میں ہے: "وَ ذُلِّلت قُطُوفُها تَذْلِيْلًا"

تَذَلَّلَ: مطاوع ذَلَّلَ: تابع ہو جانا، قابو میں ہو جانا، نرم و ہموار ہو جانا، انکساری کرنا، عاجزی اختیار کرنا۔

اسْتَذَلَّهُ: أذَلَّه۔ بے عزت کرنا، قابو میں کرنا

الذُّلُّ: کمزوری، نرمی (۲) بے عزتی۔

الذِّلُّ: الذُّلُّ۔

ـــ من الطَّرِيق: کثرت آمد و رفت سے ہموار ہونے والا راستہ ج: أذْلالٌ۔ دَعْهُ على أذْلالِه: وہ

جیساہے ایسا ہی رہنے دو۔
أَذْلَالُ النَّاس: حقیر و بے وقعت لوگ (۲) سب سے آخری یا پیچھے کے لوگ ہے۔
الذَّلُولُ: مسکین و فرماں بردار، قابو میں آیا ہوا۔ کہتے ہیں: رَكِبُوْا كلَّ صَعْبٍ و ذَلُولٍ فی اَمْرِهم: انہوں نے اپنے معاملہ میں ہر دشواری کا سامنا کیا اور اس پر قابو پایا (۲) ہموار راستہ۔ قرآن پاک میں ہے: "فَاسْلُكِي سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلاً" (۳) سدھایا ہوا جانور۔
الذَّلِيلُ: بے وقعت، بے عزت، ذلیل وحقیر، کمزور۔ بَيْتٌ ذَلِيلٌ: وہ مکان جس کی چھت زمین سے قریب ہو ج: اَذِلَّة۔
المُذَلَّلُ: ہموار (طَرِيقٌ مُذَلَّلٌ) شَجَرَةٌ مُذَلَّلَة: سب کے کام آنے والا درخت، جس کے پھل سب کھا سکیں۔

ذ ـــــ م

• ذَمَرَ الاَسَدُ ـُ ذَمْرًا: شیر کا دہاڑنا، چنگھاڑنا۔
ـــ فُلَانٌ: غضبناک ہونا، غصہ میں بھرنا حدیث میں ہے: "فَجَاءَ عُمَرُ ذامِرًا"
ـــ النَّارُ: آگ روشن ہونا، آگ روشن کرنا۔
ـــ فُلَانا علی الاَمْرِ: کسی کام میں محنت کے لئے اکسانا۔
ذَمَّرَه: اکسانا، ہمت دلانا، حوصلہ افزائی کرنا۔ حدیث میں ہے: "اَلَا وَاِنَّ الشَّيْطَانَ قد ذَمَّرَ حِزْبَه"
ـــ الاَمْرَ: قدر کرنا، قدر کی نگاہ سے دیکھنا۔
تَذَامَرُوا: ایک دوسرے کو لڑائی کے لئے ابھارنا، ایک دوسرے کو ملامت کرنا صلاۃ الخوف کی حدیث میں ہے: "فَتَذَامَرَ الْمُشْرِكُوْنَ وقَالوا: هَلَّا كُنَّا حَمَلْنَا عَلَيْهِم وهُم فی الصَّلٰوة"
تَذَمَّرَ: خود کو کسی گزشتہ بات پر ملامت کرنا (۲) غصہ میں بھر جانا۔
ـــ عَلَيه: کسی کے ساتھ بری طرح پیش آنا اور دھمکی دینا۔
الذِّمَارُ: قابل حفاظت شے جس کا دفاع لازم ہو۔ جیسے بیوی یا اپنی آبرو وغیرہ هو حَامِي الذِّمارِ: وہ اپنے گھر یا اپنی آبرو کا محافظ ہے۔ هو اَمْنَعُ ذِمَارًا منك: وہ تم سے زیادہ خوددار و محافظ عزت ہے۔
الذَّمَارَةُ: بہادری۔
الذِّمْرُ: بہادر (۲) خوش مزاج و دانشمند (۳) بڑا مددگار (۴) چالاک ج: اَذْمَارٌ
الذَّمِرَةُ: آواز۔
الذَّمِيْرُ: الذِّمْرُ ج: اَذْمَارٌ
المُذَمَّرُ: کندھا، گردن اور اس کے آس پاس کا حصہ۔ کہتے ہیں: بَلَغَ الاَمْرُ المُذَمَّرَ: معاملہ سنگین ہوگیا۔
المُذَمِّرُ: حاملہ اونٹنی کو ہاتھ لگا کر یہ جاننے والا کہ پیٹ میں نر ہے یا مادہ
• ذَمَلَ البَعِيرُ ـُ ذُمُوْلًا وذَمِيلًا و ذَمَلَانًا: اونٹ کا تیز و سبک چلنا هو ذَامِلٌ وهی ذَامِلَةٌ ج: ذَوَامِل و هو وهی ذَمُوْلٌ ج: ذُمُلٌ و ذُمْلٌ۔
ذَمَّلَه: تیز و سبک چال سے چلانا۔
• ذَمَّ الاَنْفُ ـِ ذَمِيمًا: ناک کی ریزش بہنا۔
ـــ الوَجْهُ: چہرہ پر گرمی وغیرہ سے سیاہ دانے پیدا ہونا۔
ذَمَّ فُلَانًا ـُ ذَمًّا و مَذَمَّةً: برائی کرنا، عیب نکالنا۔ هو مَذمومٌ و ذَمٌّ و ذَمِيمٌ۔
أَذَمَّ: قابل مذمت کام کرنا۔
ـــ البِئْرُ: کنویں کا پانی کم ہو جانا۔
ـــ الدَّابَّةُ: چوپائے کا سست رفتار رہنا یا پیچھے رہ جانا یا چلتے چلتے رک جانا۔ کہتے ہیں: اَذَمَّت الدَّوَابُّ بالرَّكْبِ: چوپاؤں نے قافلہ کو پیچھے کر دیا (اپنی سست رفتاری سے) حضرت حلیمہ سعدیہ کی حدیث میں ہے: "فَخَرَجْتُ علی اَتَانِی تلك فَلَقَدْ اَذَمَّتْ بالرَّكْبِ"
ـــ المَكَانُ و نَحْوُه: قحط زدہ ہونا۔
ـــ بكذا: حقیر و قابل مذمت سمجھنا۔
ـــ بفُلَانٍ: کسی کو مذموم و قابل مذمت بنا کر چھوڑنا۔
ـــ لفُلَانٍ علی فُلَانٍ: کسی کے لئے کسی سے عہد لینا، ذمہ لینا۔
ـــ فُلَانًا: پناہ دینا (۲) مذموم پانا۔ کہتے ہیں: بَلَوْتُه فَاَذْمَمْتُهُ: میں نے اسے آزمایا تو برا پایا۔
ذَمَّمَه: خوب مذمت کرنا، بہت زیادہ برائی کرنا۔
تَذَامُّوا: ایک دوسرے کی برائی کرنا۔
تَذَمَّمَ: مذمت اور برائی سے بچنا اور اس سے شرم محسوس کرنا۔
ـــ لِصَاحِبه: اپنے ساتھی سے کئے عہد کا پابند رہنا۔
ـــ بفُلَانٍ: کسی کو عہد و امان کا ذریعہ بنانا
استَذَمَّ اليه: کسی کے ساتھ ایسا فعل کرنا جس پر وہ اس کی مذمت کرے۔
ـــ بفُلَانٍ: کسی کو قابل مذمت بنا کر چھوڑنا۔

الاَذَمّ: وہ جانور جو تھک کر کھڑا ہو جائے یا سست اور پیچھے رہ جائے۔

الذّامّ: عیب۔

الذِّمَامُ: عہد و پیمان (۲) امان و حفاظت (۳) ضمانت و کفالت (۴) حق (۵) حرمت و عزت ج: اَذِمَّةٌ۔

الذَّمَامَةُ: الذِّمامُ۔ شرم وحیا (۲) خوف ملامت و مذمت۔ حدیث موسیٰ وخضر علیہما السلام میں ہے: "اَخَذَتْهُ من صاحِبِه ذَمامَةٌ"۔

الذَّمامَةُ: بقیہ۔

الذِّمامَة: الذِّمامُ۔

الذَّمُّ: رَجُلٌ ذَمٌّ: برا آدمی ج: ذُمُومٌ (۲) عیب، مذمت، برائی، تنقید۔

الذَّمَّةُ: ذمّ کا مصدر مرّة۔ ایک دفعہ کی مذمت۔

بِئْرٌ ذَمَّةٌ: کم پانی والا کنواں۔ حدیث براء میں ہے: "فَاَتَيْنَا على بِئْرٍ ذَمَّةٍ فَنَزَلْنَا فيها" ج: اَذِمٌّ و ذِمامٌ۔

الذِّمَّةُ: عہد و پیمان، ذمہ داری، امان، حفاظت و ضمانت۔ حدیث میں ہے: "المُسْلِمُونَ تَتَكافَأُ دِماؤُهُمْ ويَسْعَى بِذِمَّتِهِمْ اَدْناهُمْ" (۲) قرض (۳) امن (۴) عزت و حرمت (۵) حق۔ حدیث میں ہے: "فَاِنَّ مَنْ تَرَكَ صَلاةً مَكْتُوبَةً مُتَعَمِّدًا فَقَدْ بَرِئَتْ منه ذِمَّةُ اللّٰه" جس نے قصداً فرض نماز چھوڑی اس سے اللہ بری الذمہ ہے۔ اس کا اب کوئی حق نہیں (۲) فقہا کے یہاں ذمّہ اس مفہوم کا نام ہے جس کے ذریعہ انسان کسی حق کا مستحق یا اس کی ادائگی کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ جیسے کہا جائے فی ذِمَّتی لَكَ كذا: میرے ذمہ تمہارے لئے فلاں چیز ہے یعنی میں اس کے دینے کا پابند اور تم اسے لینے کے حق دار ہو ج: ذِمَمٌ۔

اَهْلُ الذِّمَّة: اہل کتاب یا جو ان کے قائم مقام ہوں ان میں سے وہ لوگ جن کے ساتھ مسلمانوں نے کوئی معاہدہ کیا ہو اور اپنے ذمّہ ان کا کوئی حق قائم کیا ہو (یا دارالاسلام میں جزیہ دے کر رہنے والے غیر مسلم)

فی ذِمَّتِه: اس پر واجب، اس کی ذمہ داری ہے۔

علی ذِمَّتی و فی ذِمَّتی: میری ذمہ داری پر۔

بَرَّأَ ذِمَّتَه: اس نے اپنی ذمہ داری پوری کر دی۔ وہ بری الذمہ ہو گیا۔

الذِّمِّيُّ: وہ شخص جس سے معاہدہ کر کے اس کے جان و مال عزت و آبرو اور مذہب کی حفاظت کا ذمہ لیا گیا ہو۔ هي ذِمِّيَّةٌ۔

الذَّمِيمُ: برا، قابل مذمت، کم پانی والا کنواں (۲) ناک کی ریزش (۳) گرمی یا خارش سے منہ پر نکلنے والے سیاہ دانے یا چھوٹی پھنسیاں۔ واحد: ذَمِيمَةٌ۔ رات کو درختوں پر گرنے والی وہ شبنم جس پر مٹی جم گئی ہو ج: ذِمامٌ۔

الذَّمِيمَةُ: کم پانی والا کنواں (۲) دائمی بیماری جو باہر نکلنے سے مانع ہو۔ ج: ذِمامٌ۔

المُذِمُّ: رَجُلٌ مُذِمٌّ: بے حس و حرکت آدمی۔ اَمْرٌ مُذِمٌّ: معیوب کام

المَذَمَّةُ: مذمت، برائی (۲) حق، عزت وحرمت۔

قَضَى مَذَمَّتَه: اس نے اس کے ساتھ بھلائی کی تاکہ وہ اس کی مذمت نہ کرے۔

اَخَذَتْنِي مِنْهُ مَذَمَّةٌ: مجھے اس کے قابل مذمت فعل سے حیا آئی

رَجُلٌ ذُو مَذَمَّةٍ: لوگوں پر بوجھ بننے والا آدمی۔

المُذَمَّمُ: مَكانٌ مُذَمَّمٌ: عزت وحرمت والی جگہ۔

• ذَمِهَ اليَوْمُ ـَ ذَمَهًا: دن کا سخت گرم ہونا۔

ــــ الحَرُّ: گرمی کا سخت ہونا۔

ــــ الرَّجُلُ بالحَرِّ: آدمی کا گرمی کی شدت سے بوکھلا جانا۔

أَذْمَهَتْهُ الشَّمْسُ: دھوپ کا کسی کو بوکھلا دینا، دماغ پگھلا دینا۔

• ذَمِيَ المَذْبُوحُ ـِ ذَمْيًا و ذَماءً و ذَمَيانًا: ذبح کئے ہوئے میں حرکت باقی رہنا۔

ــــ المَرِيضُ: بیمار کا حالت نزع میں ہونا اور اس کا دراز ہونا۔

ــــ الرَّجُلُ و غَيْرُه: جلدی کرنا، تیز ہونا

ــــ الشَّيءُ: کسی چیز سے بدبو آنا۔

ــــ الرَّائِحَةُ الكَرِيهَةُ فُلانًا: بدبو کا کسی کو تکلیف دینا۔

ــــ لِفُلانٍ من كذا شَيْءٌ: حاصل ہونا۔ کہتے ہیں: خُذْ منه ما ذَمَى لَكَ۔

أَذْمَاهُ: مار کر لب دم کرنا ذرا سی رمق چھوڑ دینا)۔

اِسْتَذْمَى الشَّيءَ: طلب کرنا، چاہنا۔

ــــ ما عِنْدَ فُلانٍ: کسی کے پاس کوئی چیز تلاش کر کے لے لینا۔

الذَّمِّي: بدبو۔

الذَّمَاءُ: مذبوح وغیرہ میں باقی ماندہ روح (زندگی کی رمق) کہاوت ہے: هو اَطْوَلُ ذَماءً مِنَ الضَّبِّ:

اس کا دم گوہ سے بھی زیادہ دیر تک اٹکا رہا. یعنی وہ بہت سخت جان ہے (۲) دل کی مضبوطی.
المَذْمَاةُ: شکار جس میں تیر لگنے کے بعد جان باقی رہے.

ذ ـــــ ن

• ذَنَبَه ـِ ذَنْبًا: دم پر مارنا (۲) پیچھے چلنا اور دم کی طرح لگے رہنا، نشان قدم نہ چھوڑنا. السَّحَابُ يَذْنِبُ بَعْضُه بَعْضًا: بادل ایک دوسرے کے پیچھے لگے رہتے ہیں.
ـــ الاَرْضَ: زمین میں نالیاں بنانا.
اَذْنَبَ: گناہ کرنا، جرم کرنا، غلطی کرنا، گناہ گار ہونا. هو مُذْنِبٌ.
ذَنَّبَ: دم پھیلانا.
ـــ الضَّبُّ: گوہ کا (شکار کیلئے اس کا پیچھا کیا جانے پر) دم بل سے باہر نکالنا اور سر چھپالینا.
ـــ البُسْرُ: نیم پختہ کھجور کا نیچے کی طرف سے پک جانا.
ـــ الجَرَادُ: ٹڈی کا انڈے دینے کیلئے اپنی دم کو زمین میں گاڑدینا.
ـــ الحَارِشُ الضَّبَّ: شکاری کا گوہ کی دم کو پکڑنا.
ـــ الشَّیْءَ: دم لگانا، دم دار بنانا.
ـــ العِمَامَةَ: عمامہ کا شملہ چھوڑنا.
ـــ الكِتَابَ: کتاب میں تتمہ یا ضمیمہ لگانا
تَذَنَّبَ المُعْتَمُّ: عمامہ باندھنے والے کا شملہ چھوڑنا (شملہ دار عمامہ باندھنا)
ـــ عليه: کسی کے ساتھ بدسلوکی کرنا، زیادتی کرنا.
ـــ الطَّرِيْقَ و نحوه: پچھلے حصے سے آنا.
اِسْتَذْنَبَ الاَمْرُ: پورا ہوجانا، قائم ہوجانا.
اسْتَذْنَبَ الدَّابَّةَ: جانور کے چلتے وقت اس کی دم کے پاس رہنا
ـــ فلانًا و حيوانًا: پیچھے لگے رہنا، الگ نہ ہونا.
ـــ فُلانًا: کسی کو مجرم و گنہگار پانا یا مجرم و گنہگار ٹھیرانا.
الاَذْنَبُ: لمبی دم والا.
الذِّنَابُ: ہر چیز کا پچھلا حصہ. کہتے ہیں: نَظَرَ اليه بذِنَابِ عَيْنِه (۲) اونٹ کی دم کو باندھنے کی رسّی (جس کی وجہ سے وہ سوار کو دم سے آلودہ نہیں کرتا) (۳) زمین میں پانی اترنے کا راستہ.
الذُّنَابَى: دم، کہتے ہیں: هُمْ ذُنَابَى فُلانٍ: وہ فلاں کے دم چھلے ہیں، پچھلگو ہیں.
الذُّنَابَةُ: تابع (۲) ہر چیز کا پچھلا حصہ (۳) وادی کا آخری سرا (جہاں پانی جاکر رک جاتا ہے) ج: ذَنَائِبُ.
الذَّنْبُ: گناہ، جرم، غلطی.
الذَّنَبُ: دم (۲) ہر چیز کا پچھلا حصہ. کہتے ہیں: نَظَرَ اليه بذَنَبِ عَيْنِه: اس نے گوشۂ چشم سے دیکھا (۳) کوٹے کا سرا.
ضَرَبَ فُلانٌ بذَنَبِه: قائم ہونا، ثابت قدم ہونا.
رَكِبَ ذَنَبَ الرِّيْحِ: ہوا سے باتیں کرنا یعنی اتنا تیز دوڑنا کہ پکڑا نہ جاسکے.
رَكِبَ ذَنَبَ البَعِيْرِ: معمولی چیز جو مل جائے اس پر قناعت کرنا.
اتَّبَعَ ذَنَبَ اَمْرٍ فَائِتٍ: گزشتہ بات پر کف افسوس ملنا.
بَيْنَهُمَا ذَنَبُ الضَّبِّ: ان دونوں کے درمیان عداوت ہے.
حَدِيْثُه طَوِيْلُ الذَّنَبِ: اس کی بات نہ ختم ہونے والی اور دراز ہے
وَلَّتْهُ الخَمْسُوْنَ ذَنَبَهَا و وَلَّى الخَمْسِيْنَ ذَنَبًا: پچاس سال کی عمر سے تجاوز کرنا.
هو ذَنَبٌ لفُلانٍ: وہ فلاں کا تابع ہے، دم چھلا ہے، پچھلگو ہے ج: اَذْنَابٌ و ذِنَابٌ. هو من اَذْنَابِ النَّاسِ: وہ گھٹیا درجہ کا آدمی ہے.
ذَنَبُ الثَّعْلَبِ: لومڑی کی دم کی شکل کا پودا.
ذَنَبُ الثَّوْرِ: بیل کی دم کی شکل کا پودا.
ذَنَبُ الخَيْلِ: گھوڑے کی دم کی شکل کا پودا جو تر زمین میں پیدا ہوتا ہے.
الذَّنَبَةُ: وادی کا پچھلا سرا.
الذَّنُوْبُ: گھنی اور لمبی دم والا. يَوْمٌ ذَنُوْبٌ: پر فتن دن (۲) بڑا ڈول (۳) حصہ. کہتے ہیں: لَه ذَنُوْبٌ من كذا: اس کا فلاں چیز میں بڑا حصہ ہے. قرآن پاک میں ہے: "فَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا مِثْلَ ذَنُوْبِ اَصْحَابِهِمْ" (۴) قبر (۵) مینڈھے کی چکتی کا گوشت ج: اَذْنِبَةٌ و ذَنَائِبُ.
الذُّنَيْبَاءُ: ایک قسم کی گھاس جو چاول کے ساتھ اُگ آتی ہے.
الذُّنَيْبَةُ: پھولوں کی ایک قسم (۲) دم
المِذْنَبُ: لمبی دم (۲) بڑا چمچہ، کفگیر (۳) پانی کی نالی ج: مَذَانِبُ.
المُذَنَّبُ: دم دار ستارہ (۲) دم دار.
• ذَنَّ ـِ ذَنِيْنًا و ذَنَنًا: بہنا. جیسے ذَنَّتِ العَيْنُ و ذَنَّ الاَنْفُ.
ـــ البَرْدُ: سردی کا سخت ہوجانا.
ـــ فی مِشْيَتِه: کمزوری کے ساتھ

چلنا۔ کہتے ہیں: مازَالَ یَذِنّ فی حَاجَتِه: وہ برابر آہستگی کے ساتھ اپنی ضرورت میں لگا رہا۔
ذَنّ ـَ ذَنَنًا: بہتی ہوئی ناک والا ہونا۔ هو اَذَنُّ و هی ذَنَّاءُ ج: ذُنٌّ.
امْرَأَةٌ ذَنَّاءُ: وہ عورت جس کا حیض بند نہ ہوتا ہو۔ قَرْحَةٌ ذَنَّاءُ: نہ بھرنے والا زخم۔
ذَانّ فُلَانًا علی حَاجَتِه: کسی سے اپنی ضرورت کا طالب ہونا۔
الذُّنَانُ: ناک کی ریزش، رینٹ۔
الذُّنَانَةُ: ضرورت (۲) بقیہ۔ کہتے ہیں: عَلَيْه من دَيْنِه ذُنَانَةٌ: اس پر اس کے قرض کا کچھ حصہ باقی ہے۔
الذَّنَنُ: گندگی (۲) گاد۔
الذَّنِيْنُ: الذنان۔

ذ ـــــ ہ

• ذِهٖ: واحد مؤنث کے لئے اسم اشارہ۔ اس کے شروع میں ھا بھی بڑھاتے ہیں۔ جیسے ھَذِہٖ۔
• ذَهَبَ ـَ ذَهَابًا و ذُهُوبًا و مَذْهَبًا: جانا (۲) گزرنا (۳) مرنا، مٹنا۔ جیسے: ذَهَبَ الاَثَرُ۔
ـــ به: کسی کے ساتھ جانا (۲) لے جانا، زائل کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ وَ تَرَكَهُمْ فِیْ ظُلُمَاتٍ لَّایُبْصِرُوْنَ"
ذَهَبَت به الخُيَلَاءُ: غرور نے اس کا وقار ختم کر دیا۔
ـــ عنه: چھوڑنا۔
ـــ عليه كذا: بھول جانا۔
ـــ اليه: متوجہ ہونا، مناسب سمجھنا، رائے قائم کرنا، اختیار کرنا۔ ذَهَبَ الی قَوْلِ فُلَانٍ: کسی کا قول لینا، اختیار کرنا۔
ذَهَبَ مَذْهَبَ فُلَانٍ: کسی کا اتباع کرنا۔
ـــ فی الدِّیْن مَذْهَبًا: مذہب میں اپنی کوئی رائے قائم کرنا، بدعت جاری کرنا۔
ـــ الشیءُ فی الشَّیْءِ: خلط ملط ہونا، مل جانا۔ هو ذَاهِبٌ و ذَهُوْبٌ.
ـــ اَدْرَاجَ الرِّيَاحِ: فنا ہونا۔
اَذْهَبَه: زائل کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ" (۲) روانہ کرنا، چلانا (۳) سونے کا ملمع کرنا۔
أُذْهِبَ فُلَانٌ: حسن و جمال میں کامل ہوتا۔
ذَهَّبَهُ: سونے کا پانی پھیرنا، ملمع کرنا۔
تَمَذْهَبَ بِمَذْهَبٍ كذا: کوئی مسلک یا طریقہ اختیار کرنا۔
الذَّهَبُ: سونا ج: اَذْهَاب و ذُهُوْبٌ
الذَّهَبَةُ: سونے کا ٹکڑا۔
الذَّهَبِيَّةُ: وہ جہاز جس کے لنگر مستقل طور پر قیام کے لئے ڈال دیئے گئے ہوں۔
الذَّهِيْبُ: سونے کا ملمع کیا ہوا۔
المَذْهَبُ: طریقہ، روش (۲) اصل (۳) عقیدہ (۴) مسلک، ایک دین اور مذہب کے ماننے والوں کے درمیان جو راہ ایک جماعت اپنا لیتی ہے وہ مسلک کہلاتا ہے جیسے: مسلک اہل سنت والجماعت، مسلک اہل بدعت، اسلام کے اصحاب مذاہب چار امام ہیں۔ امام اعظم ابوحنیفہؒ امام شافعیؒ امام مالکؒ امام احمد ابن حنبل ہر ایک کے طریقہ اخذ و استنباط کا نام مذہب ہے۔ نیز اہل علم کے یہاں مذہب علمی اور فلسفی افکار و نظریات کا وہ مجموعہ ہے جو باہم مربوط ہو کر ایک منظم اکائی کی شکل اختیار کرے۔
ذَهَبَ مَذْهَبًا حَسَنًا: اس نے اچھا طریقہ اختیار کیا۔
مَا يُدْرَی لَهُ مَذْهَبٌ: اس کی اصل ہی معلوم نہیں ج: مَذَاهِب۔
المُذْهَبُ: سونے کا ملمع کیا ہوا۔ فَرَسٌ مُذْهَبٌ: وہ گھوڑا جس کی سرخی پر زردی نمایاں ہو ج: مَذَاهِب۔
المُذَهَّبُ: سونے کا ملمع کیا ہوا۔
المُذَهَّبَاتُ: زمانۂ جاہلیت کے سات قصیدے جو معلقات کے بعد دوسرے درجہ میں شمار ہوتے ہیں۔
• ذَهِرَ فوهُ ـَ ذَهَرًا: کالے دانتوں والا ہونا۔ هو اَذْهَرُ۔
• ذَهَلَه و عنه ـَ ذَهْلًا و ذُهُوْلًا: بھولنا، غافل ہو جانا، ذہن سے نکل جانا۔
ذَهِلَ ـَ ذُهُوْلًا: ہکا بکا ہو جانا، حواس باختہ ہونا، اوسان گم ہونا، ہوش اڑ جانا۔
ـــ الشیءَ و عنه: بھول جانا، غافل ہونا، ذہن سے نکلنا۔
أَذْهَلَهُ عن كذا: غافل کر دینا، ذہن ہٹا دینا۔
الذُّهْلُ من اللَّيْل: رات کا حصہ۔
الذُّهُوْلُ: غفلت، بھول، حواس باختگی۔
الذَّاهِلُ: غافل، حواس باختہ، ہکا بکا۔
المَذْهَلُ: سبب ذہول، سبب غفلت ج: مَذَاهِل کہتے ہیں: لی مَشَاغِلُ و مَذَاهِلُ: میری مصروفیات بھی ہیں اور غافل رکھنے والی چیزیں بھی ہیں۔
الذُّهْلُوْلُ: عمدہ گھوڑا (۲) عمدہ آدمی ج: ذَهَالِيْلُ۔
• ذَهِنَ ـَ ذَهَنًا: ذہین و سمجھدار ہونا۔

ذَهِنَ الشيءَ: سمجھنا، عقل میں آنا۔ ھو ذَھِنٌ وھی ذَھِنَۃٌ۔

ذَھَنَ قِرْنَہ ۔ ذَھْنًا: ذہانت میں اپنے مقابل پر فوقیت لے جانا۔

ذُھِنَ فُلَانٌ: کند ذہن ہونا۔ ھو مَذْھُوْنٌ۔

ذَھُنَ ۔ ذَھَانَۃً: ذہین ہونا، سمجھدار ہونا۔

ذَاھَنَہٗ: ذہانت میں مقابلہ کرنا، سمجھ بوجھ میں کسی پر فوقیت لے جانا۔

اِسْتَذْھَنَہٗ حُبُّ الدُّنیا: دنیا کی محبت کا کسی کے ذہن کو خراب کر دینا۔

الذِّھْنُ: سمجھ، عقل، ذہن، حافظہ ج: اَذْھَان۔ بطور صفت بھی مستعمل ہے جیسے: فُلَانٌ ذِھْنٌ: فلاں ذہن ودانش مند ہے (۲) طاقت ۔ کہتے ہیں: مَا بِرِجْلِی ذِھْنٌ: میرے پیر میں طاقت نہیں ہے۔ علمی اصطلاح میں ذہن مختلف نفسیاتی احوال کو محسوس کرنے والی طاقت کا نام ہے نیز ذہن کا اطلاق تفکیر اور اس کے ضوابط پر بھی ہوتا ہے اور اسی طرح ادراکِ اشیا کی استعداد محض کا نام بھی ذہن ہے۔

الذِّھْنُ والذُّھُنُ: دونوں مصدر ہیں۔ سمجھ، دانائی، عقل، ذہانت۔

•ذَھَا ۔ ذَھْوًا: تکبر کرنا، مغرور ہونا۔

ذ ــــــ و

•ذُوْ: والا، صاحب، مالک۔ یہ لفظ مضاف ہوکر استعمال ہوتا ہے۔ یہ اضافت اسم ظاہر کی طرف ہوتی ہے جو عموماً جنس ہوتا ہے اور ذو کے ذریعہ اُس اسم جنس کو صفت بنایا جاتا ہے۔ جیسے: ذُو مَالٍ رَجُلٌ کی صفت ہے اور مال اسم ظاہر ہے اور جنس ہے اس کی طرف ذو کو مضاف کیا گیا ہے۔ ذُوْ فَضْلٍ میں بھی یہی صورت ہے۔ ظرف کی طرف بھی مضاف ہوتا ہے۔ جیسے: اَتَیْتُہٗ ذَا صَبَاحٍ وذا مَسَاءٍ: یعنی میں اس کے پاس صبح کے وقت اور شام کے وقت آیا۔ نیز کہتے ہیں: جَاءَ مِن ذِی نَفْسِہ: وہ اپنی خوشی سے آیا۔ طَعَنَہٗ فخَرَجَ ذُوْ بَطْنِہ: اس نے اس کے نیزہ مارا تو اس کی آنتیں باہر آگئیں۔ سَمِعْتُ ذَا فِیہ: میں نے اس کا کلام سنا۔ اس کا تثنیہ ذَوَا اور جمع ذَوُوْن آتی ہے۔

کبھی ذُو (بنی طے کی لغت میں) بمعنی الَّذِی بھی آتا ہے جیسے شاعر کے قول: وبِئْرِی ذو حَفَرْتُ وذو طَوَیْتُ: میرا وہ کنواں جسے میں نے کھودا اور جسے میں نے پاٹا۔ یمن کے قدیم بادشاہوں کے القاب کے ساتھ بھی اس کو استعمال کیا جاتا تھا۔ جیسے: ذُو یَزَنٍ اور ذو الکَلَاعِ وغیرہ میں ج: اَذْوَاءٌ و ذَوُوْن۔

ذو الیَدِ اَحَقُّ: قبضہ والا زیادہ حقدار ہے۔

کَانَ ذٰلِکَ من ذِی قَبْلُ: یہ بات پہلے زمانہ میں یا پہلے سے تھی۔

ذُوْ اَلْفِ وَرَقَۃٍ: ایک سدا بہار پودا۔

ذو ثَلاثِ حَبَّاتٍ: ایک سیب جیسا پھل جسے سڑنے کے بعد کھایا جاتا ہے۔

ذُوْ خَمْسَۃِ اَجْنِحَۃٍ: ایک نوکیلے پتوں والی بیل۔

ذو خَمْسَۃِ اَصَابِعَ: ایک متبرک پودا

ذو البَطْن: انتڑیاں۔

ذُوْ القَرْنَیْن: ایک زبردست فاتح کا نام جس کا ذکر قرآن پاک میں آیا ہے

ذُوْ الکِفْل: ایک پیغمبر علیہ السلام کا نام ان کا ذکر قرآن پاک میں انبیاء علیہم السلام کے ضمن میں آیا ہے۔ ان کے نبی ہونے میں اختلاف بھی ہے۔

ذُوْ النُّوْن: مچھلی والا حضرت یونس علیہ السلام جو مچھلی کے پیٹ میں تھے۔

ذَوُوْ: ذُو کی جمع۔ ذَوُوْ فُلَانٍ: عزیز و اقارب۔

ذَوُوْ الاَرْحَام: رشتہ دار۔

•ذَابَ الشَّحْمُ والثَّلْجُ ونحوھما ۔ ذَوْبًا و ذَوَبَانًا: چربی یا برف وغیرہ جمی ہوئی اشیا کا پگھلنا، گھلنا۔

ـــ الجِسْمُ: دبلا ہونا، لاغر ہونا۔

ـــ فُلَانٌ: سمجھدار ہونے کے بعد بیوقوف ہوجانا۔

ـــ الشَّمْسُ: دھوپ تیز ہونا، سورج کی گرمی بڑھ جانا۔

ـــ لِفُلانٍ عَلَیہ حَقٌّ: حق ثابت ہوجانا

ـــ الدَّمْعُ: آنسو بہنا۔

اَذَابَ عَلَیْھِم العَدُوُّ: دشمن کا یورش کرنا، حملہ کرنا۔

ـــ المَالَ: دولت کو لٹانا۔

ـــ الشیءَ: پگھلانا۔ کہتے ہیں: اَذَابَہ الھَمُّ والغَمُّ: رنج و غم نے اسے گھلا ڈالا۔

ـــ حاجَتَہ: ضرورت پوری کرنا۔

ـــ اَمْرَہ: معاملہ کو ٹھیک کرنا۔ کہتے ہیں: فُلَانٌ ما یَدْرِی اَیُخْثِرُ اَمْ یُذِیْبُ: اسے پتہ نہیں کہ معاملہ کو بگاڑ رہا ہے یا ٹھیک کر رہا ہے۔

ذَوَّبَہ: گھلانا، پگھلانا۔

ـــ الغُلامَ: لڑکے کے گیسو بنانا۔

اسْتَذَابَہ: پگھلوانا (۲) باقی رکھنا (۳) ضرورت پوری کرنا

الإِذْوَابُ: وہ مکھن جس کا گھی بنایا جا رہا ہو۔ جب برتن میں آگ سے اتار کر رکھ دیا جائے گا تو سَمْن (گھی) کہلائے گا۔

الإِذْوَابَۃُ: الإِذْوَابُ۔

الذَّائِبُ: ھو ذَائِبُ النَّفْس: وہ بھاری ہے (۲) گھلا ہوا، پگھلا ہوا، محلول۔

الذَّابُ: عیب۔

الذَّوْبُ: پگھلی ہوئی چیز (۲) خالص شہد (۳) سونے کا پانی۔

الذَّوْبَۃُ: مصدر مرّہ۔ ایک دفعہ پگھلانا (۲) حماقت۔ کہتے ہیں: بہ ذَوْبَۃٌ: اس پر حماقت طاری ہے (۳) مال کا وہ حصہ جو آدمی بچا کر رکھتا ہے۔ حدیث میں ہے: "مَنْ اَسْلَمَ عَلَى ذَوْبَۃٍ او مأثُرَۃٍ فھی لہ": جو شخص مسلمان ہوا اور اس کے پاس بچا ہوا مال ہے تو وہ اسی کا ہے۔

المِذْوَبُ: پگھلانے کا برتن، کٹھالی ج: مَذَاوِبُ۔

المِذْوَبَۃُ: المِذْوَبُ (۲) کفگیر، بڑا چمچہ ج: مَذَاوِبُ۔

المُذِيبُ: پگھلانے والا، حل کنندہ۔

• ذَاجَ ـُ ذَوْجًا: جلدی کرنا۔

ـــ المَاءَ: پانی پینا۔

• ذَاحَ ـُ ذَوْحًا: تیز چلنا یا سختی سے چلنا

ـــ الإبِلَ و نَحْوَھا: اونٹوں وغیرہ کو سختی سے ہانکنا۔

ـــ الشیءَ: منتشر کرنا، برباد کرنا۔

ذَوَّحَ الشیءَ: ذَاحَہ۔

المِذْوَحُ: سختی برتنے والا۔

• ذَادَہ ـُ ذَوْدًا و ذِيَادًا: ہٹانا، دفع کرنا، دھتکارنا، دفاع کرنا۔ کہتے ہیں: ذَادَ عَن حُرَمِہ وَ وَطَنِہ: اس نے اپنی عزت وآبرو اور اپنے وطن کا دفاع کیا۔ ذَادَ عنہ الھَمَّ: اپنے غم کو دور کر دیا۔ ذَادَ الدَّوَابَّ عن المَوَارِدِ: چوپاؤں کو پانی کے گھاٹ سے کھدیڑ دیا۔ حدیث میں ہے: "و اَمَّا اخوا ننا بنو اُمَیَّۃ فقادَۃٌ ذَادَۃٌ"

أَذَادَہُ: دفع کرنے یا دفاع کرنے میں مدد کرنا۔

ذَوَّدَ الدَّابَّۃَ: چوپائے کو زور سے ہٹایا، دھکا دیا۔

الذَّوْدُ: تین سے دس تک کی اونٹوں کی قطار (مؤنث ہے) کہتے ہیں: خَمْسُ ذَوْدٍ (خَمْسٌ من الذَّوْدِ) حدیث میں ہے: "لَیْسَ فیما دُونَ خَمْسِ ذَوْدٍ من الإِبِل صَدَقَۃٌ" کہاوت ہے: "الذَّوْدُ اِلَى الذَّوْدِ اِبِلٌ" ایسی صورت میں کہا جاتا ہے جب تھوڑی چیز کو تھوڑی دوسری چیز کے ساتھ ملا دیا جائے اور وہ زیادہ ہو جائے ج: اَذْوَادٌ۔

المَذَادُ: چراگاہ۔

المِذْوَدُ: دفع کرنے کا ذریعہ یا آلہ (۲) زبان (۳) بیل کا سینگ (۴) زبردست دفاع کرنے والا۔ رَجُلٌ مِذْوَدٌ: وہ شخص جو اپنی آبرو کا زبردست محافظ ہو (۵) جانوروں کا تھان جہاں چارہ ڈالا جاتا ہے ج: مَذَاوِدُ و مَذَاوِيدُ۔

• ذَاطَہُ ـُ ذَوْطًا: اس طرح گلا گھونٹنا کہ زبان باہر نکل آئے۔

ـــ الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔

ذَاطَ ـ ذَيْطَانًا: دیکھیے ذ ی ط۔

ذَوِطَ ـَ ذَوَطًا: چھوٹی ٹھوڑی والا ہونا۔

الأذوط: چھوٹی ٹھوڑی والا۔

الذَّوْطَۃُ: زرد بیٹھ والی مکڑی ج: اَذْوَاطٌ

الذَّوَطُ: معمولی درجہ کے لوگ۔

• ذَاعَ ـُ ذَوْعًا مالَہ: دولت کو تباہ و برباد کرنا۔

• ذَاقَ الطَّعَامَ ـُ ذَوْقًا و ذَوَقَانًا و مَذَاقًا: ذائقہ چکھنا، چکھنا۔

ـــ العَذَابَ: سزا بھگتنا۔

ـــ النَّوْمَ: نیند کا مزہ لینا۔ کہتے ہیں: ما ذُقْتُ نَوْمًا: مجھے قطعًا نیند نہیں آئی۔

ـــ الشیءَ: تجربہ کرنا، پرکھنا۔ ھو ذَائِق و ذَوَّاق (۲) محسوس کرنا۔ ذَاقَتْہُ يَدِي: اسے میرے ہاتھ نے محسوس کیا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَذَاقُوا وَبَالَ اَمْرِھِمْ"

أَذَاقَ فُلانًا کذا: کسی کو چکھانا، مزہ بتانا

ـــ اللّٰہُ الخَوْفَ: کسی پر خوف وغیرہ طاری کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَاَذَاقَھَا اللّٰہُ لِبَاسَ الجُوعِ و الخَوْفِ"

تَذَوَّقَ الطَّعَامَ: بار بار چکھنا، مزے لینا

ـــ طَعْمَ الفِرَاقِ: جدائی کا مزہ چکھنا۔ دَعْنِی اَتَذَوَّقُ طَعْمَ فُلانٍ: مجھے فلاں کو آزمانے دو۔

اسْتَذَاقَ لَہُ الاَمْرُ: کسی بات کا قبضہ اور دسترس میں ہونا، آسان ہونا کہتے ہیں: لا یَسْتَذِیقُ لِی الشِّعْرُ اِلَّا فی فُلانٍ: فلاں شخص کے علاوہ کسی کے بارہ میں شعر کہنا میرے لئے آسان نہیں۔

ـــ الشیءَ: چکھنا، آزمانا۔

الذَّوَاقُ: ذائقہ، مزہ۔ ذَوَاقُہُ طَیِّبٌ:

اس کا ذائقہ اچھا ہے (۲) چکھی جانے والی چیز۔ کہتے ہیں: ماذُقْتُ ذَوَاقًا: میں نے کچھ نہیں چکھا۔

الذَّوْقُ: حواس خمسہ میں سے ایک حاسہ چکھنے کی قوت جو قدرت نے منھ میں پیدا کی ہے اور اس کا مرکز زبان ہے (۲) ادب اور فن میں ایسی مہارت یا ایسی معنوی حسّی قوت کہ جو اچھی اور بری چیز کو پرکھ کر انبساط وانقباض کی کیفیت پیدا کرتی ہے (۲) اصابتِ رائے، لیاقت (۳) مذاق (۴) خواہش (۵) سلیقہ۔

قِلَّةُ الذَّوْقِ: بے ذوق، بدذوق۔

حَسَنُ الذَّوْقِ لِلشِّعْرِ: شعر کا سلیقہ اور اس کے رموز سے واقف۔

المَذَاقُ: ذائقہ، مزہ۔ هو طَيِّبُ المَذَاقِ: وہ خوش ذائقہ ہے، اس میں ذوق وسلیقہ ہے۔

•ذَوَّلَ ذَالاً: حرف ذال لکھنا۔

الذَّالُ: حروف ہجائیہ میں نواں حرف (مذکر ومونث دونوں طرح مستعمل ہے) (۲) مرغے کی کلغی ج: اَذْوَال۔

الذَّوْلَقُ: دیکھئے (ذلق)

•ذَوِيَ العُودُ وغيرُه ـِ ذَيًّا و ذُوِيًّا: مرجھانا، کملانا، سوکھ جانا (۲) کمزور ہونا۔

ـــ عُودُ فُلَانٍ: بوڑھا ہونا۔ هو ذَاوٍ وهي ذَاوِيَةٌ۔

أَذْوَاهُ: مرجھا دینا، سکھا دینا، کمزور کردینا۔

الذُّوَاةُ: حنظل، خربوزہ اور انگور کا چھلکا ج: ذَوًى۔

ذ ـــ ی

•ذَيَّأَهُ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا، بوٹیاں کرنا (۲) گوشت کو پکانا کہ خستگی کی وجہ سے ٹوٹنے لگے۔

تَذَيَّأَ الجُرْحُ: زخم کا بگڑ جانا۔ تَذَيَّأَتِ القِرْبَةُ: مشکیزہ کے ٹکڑے ہونا۔

ـــ اللَّحْمُ: گوشت کا پک کر خستہ ہوجانا کہ لوٹ کر گرنے لگے (۲) گوشت کے خراب ہونے کی وجہ سے ٹکڑے ہوجانا۔

ـــ وَجْهُهُ: چہرہ کا ورم آلود ہونا۔

ذِي و هٰذِي و هٰذِهِ: اسم اشارہ واحد مونث قریب کے لئے۔ یہ۔

ذَيْتَ ذَيْتَ یا ذَيْتَ وذَيْتَ: ایسا ایسا، ایسا ویسا۔ جیسے: قُلْتُ له ذَيْتَ وذَيْتَ میں نے اس سے ایسا ایسا کہا۔ فَعَلْتُ ذَيْتَ ذَيْتَ: میں نے ایسا ایسا کیا۔

•ذَاجَ ـِ ذَيْجًا الماءَ: پانی پینا۔

ذَايَجَهُ: کسی کے ساتھ پینا۔

•أَذَاخَ بالمكانِ: کسی جگہ کا طواف کرنا، گرداگرد گھومنا۔

ذَيَّخَتِ النَّخْلَةُ: کھجور کے درخت میں قلم نہ لگنا اور پھل کے قابل نہ ہونا۔

الذِّيخُ: بہت بالوں والا نر بجّو ج: اَذْيَاخٌ و ذُيُوخٌ و ذِيَخَةٌ وهي ذِيخَةٌ ج: ذِيخَاتٌ (۲) دلیر بھیڑیا (۳) عمدہ گھوڑا (۴) کھجور کا خوشہ (۵) غرور، بڑائی (۶) ایک سرخ رنگ کا ستارہ۔

المَذْيَخَةُ: بھیڑیے۔

•ذَارَهُ يَذَارُ ذَيْرًا: ناپسند کرنا۔

الذَّيْرَةُ: مٹی ملا ہوا گوبر۔

•ذَاطَ فی مَشْيِهِ ـِ ذَيَطَانًا: چلتے ہوئے مونڈھوں کو حرکت دینا، بدن پر گوشت زیادہ ہونے کی بنا پر۔

•ذَاعَ الخَبَرُ وغيرُه ـِ ذَيْعًا و ذُيُوعًا و ذَيَعَانًا: شائع ہونا، پھیلنا، نشر ہونا هو ذَائِعٌ۔

ذَاعَ فی جِلْدِهِ جَرَبٌ: جسم میں خارش پھیل جانا۔

أَذَاعَهُ و بِهِ: شائع کرنا، نشر کرنا، اعلان کرنا، اناؤنس کرنا، پھیلانا۔ قرآن پاک میں ہے: "اِذَا جَاءَهُمْ اَمْرٌ مِّنَ الخَوْفِ او الجُوعِ اَذَاعُوا بِهِ" (۲) لے جانا (۳) سب کا سب لے لینا، ختم کردینا۔

ـــ السِّرَّ: راز کھولنا۔

ـــ بالرادیو: ریڈیو سے نشر کرنا۔

الإِذَاعَةُ: نشریہ، اعلان، اناؤنسمنٹ، شہرت، اشاعت۔

الإِذَاعَةُ: ریڈیو، ریڈیو نشریہ، براڈکاسٹنگ۔

مَحَطَّةُ الإِذَاعَةِ: ریڈیو اسٹیشن۔ دَارُ الإِذَاعَةِ

اذاعة (رادیو) عموم الهند: آل انڈیا ریڈیو۔

إِذَاعَات: افواہیں۔

ذَائِعٌ: عام، شائع۔ ذَائِعُ الصِّيتِ: شہرت یافتہ

المِذْيَاعُ: ریڈیو (سیٹ)، ذریعہ اور آلہ نشر۔ ڈھنڈورچی، بھونپو، وہ شخص جو ہر بات کو پھیلاتا ہو اور اس کے پیٹ میں نہ پچتی ہو (۲) میکروفون ج: مَذَايِيعُ۔

المُذِيعُ: اعلانچی، اناؤنسر، نشر کرنے والا۔

•الذَّيْفَانُ و الذِّيفَانُ: سم قاتل۔

•ذَالَ ـِ ذَيْلاً: دم دار ہونا (۲) لمبی دم والا ہونا (۳) دم کو پھیلانا یا کھینچنا

ـــ فُلَانٌ: مٹکنا، اتراتے ہوئے چلنا، تکبر سے دامن گھسیٹتے ہوئے چلنا۔

ذَالَ بذَنَبِهِ: دم کو اوپر اٹھانا۔

ـــ بثَوْبِهِ: کپڑے کو کھینچنا۔

ذَالَ الی فُلَانٍ: کسی سے بے تکلف ہونا۔
ـــ الشیئُ: حقیر و معمولی ہونا۔ ذالَت الفَرَسُ و ذالَت المَرْأَةُ: گھوڑے یا عورت کا لاپرواہی کی وجہ سے دبلا ہوجانا
ذالتْ حَالُه: حالت خراب ہونا، خستہ ہونا
أَذَالَه: دم لگانا، دم دار بنانا (۲) دم کو لمبا کرنا۔ أَذَالَت المرأةُ قِنَاعَها: عورت کا گھونگھٹ کو دراز کرنا (۳) کثرت استعمال سے فرسودہ کرنا، حقیر و بے قیمت بنا دینا۔ کہتے ہیں: أَذَال فَرَسَه وامْرَأتَه و غُلامَه
حدیث میں ہے: "نَهَى النَّبيُّ صَلَّى اللّٰهُ عليه وَسَلَّم عن إِذَالَةِ الخَيْلِ"
ـــ مَالَه: مال کو فضول خرچ کرنا، لٹانا
ذَيَّلَه: دم لگانا، دم دار بنانا، دم کو لمبا کرنا، بہت لمبا کرنا۔
ـــ الكِتَابَ: کتاب پر حاشیہ لکھنا، نوٹ لکھنا۔
ـــ الكَلَامَ: کلام میں تتمہ لگانا۔

ذَيَّلَه فی كلَامِه: گفتگو میں بے تکلف ہونا وقار باقی نہ رکھنا۔
تَذَايَلَت حَالُه: حال پتلا ہونا، پست ہونا، شکستہ ہونا۔
تَذَيَّلَت الدَّابَّةُ: چوپائے کا دم کو ہلانا۔
ـــ فُلَانٌ: غرور و اتراہٹ سے دامن گھسیٹنا (۲) بے وقار ہونا۔
ـــ الی فُلَانٍ: کسی سے بے تکلف ہونا
التَّذْيِيلُ: حاشیہ، تتمہ، ضمیمہ، علم معانی میں اس جملہ کو کہتے ہیں جو پہلے جملے کے ہم معنی ہو اور اسے تاکید کے لئے لایا جائے۔
الذَّيْلُ: دُم (۲) ہر چیز کا آخری حصّہ، کنارہ (۳) کپڑے کا دامن، نچلا حصہ (۴) ریت پر ہوا سے بنی ہوئی لکیر (۵) حاشیہ، تتمہ، ضمیمہ ج: أَذْيَالٌ و ذُيُولٌ۔
فُلَانٌ طَوِيلُ الذَّيْلِ: مال دار
هو فی ذَيْلٍ ذَائِلٍ: وہ ذلیل ہے

ذَيْلُ الصَّحِيفَة: اخبار کا نچلا حصّہ، آخری صفحہ۔
حَامِلُ الذَّيْلِ: دامن بردار۔
طَاهِرُ الذَّيْلِ: پاک دامن۔
مَقْطُوعُ الذَّيْلِ: دم بریدہ۔
ذَيْلِيٌّ: دم سے متعلق، حاشیہ یا تتمہ سے متعلق۔
قِصَرُ الذَّيْل: کوتاہ دامنی، کسی کام کی تکمیل نہ ہونے کے وقت بولا جاتا ہے
الذَّيَّال: لمبی دم والا (۲) ناز و انداز سے چلنے والا۔
الذَّيَّالُ بالثَّوب: کپڑے کو گھسیٹنے والا، مغرور آدمی۔
المُذَيَّلُ: دم دار (۲) حاشیہ دار، مع ضمیمہ و تتمہ۔
• ذَامَه ـِ ذَيْمًا و ذامًا: نقص نکالنا برائی کرنا۔ هو مَذِيمٌ۔
الذَّامُ: عیب۔ کہاوت ہے: لا تَعْدَمُ الحَسْنَاءُ ذَامًا: کوئی حسینہ عیب سے پاک نہیں ہے۔
الذِّيم: الذَّامُ۔

باب الرّاء

• الرّاءُ : حروف ہجائیہ کا دسواں حرف ۔

ر ـــــ أ ء

• الرّاتین : ایک قسم کا گوند جیسے تانبے وغیرہ کا ٹانکا لگانے میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

• راتینج : ایک گوند نما مادہ جو بعض درختوں کو چیرتے وقت نکلتا ہے ۔ اس میں تیل اور گوند ملا ہوا ہوتا ہے ۔

• راوَند : ایک دست آور گھاس ۔

• رَأَبَت الأرضُ ـــ رَأْبًا : زمین کی روئیدگی کا کاٹنے کے بعد دوبارہ سرسبز ہونا ۔

ـــــ الإناءَ : پھٹن یا تراخ کو درست کرنا، مرمت کرنا ۔

ـــــ الصَّدْعَ : دراڑ یا شگاف کو بھرنا ۔

ـــــ بَيْنَ القومِ : لوگوں میں صلح کرانا، اختلاف کی خلیج پاٹنا ۔

ـــــ الشيءَ : اکٹھا کر کے آہستہ سے باندھنا ھو رائِبٌ و رَآبٌ و مِرْأَبٌ ۔

الرِّئَابَةُ : ٹانکا لگانے کا کام، درز بند کرنا ۔

الرُّؤْبَةُ : برتن کی پھٹن میں لگایا جانے والا کسی چیز کا ٹکڑا، سوراخ بند کرنے کا مسالا، پیوند (۲) رات کا گزرا ہوا حصہ (۳) حاجت

المِرْأَبُ و الرَّآبُ و الرَّائِبُ : ٹانکا لگانے والا، اصلاح کرنے والا ۔

• رَأْبَلَ : ایک پہلو پر اس طرح جھک کر چلنا جیسے کسی چیز کو لینے کا قصد ہو ۔

تَرَأْبَلَ : چوری سے کام کرنا، چور بننا ۔

ـــــ القومُ : لوگوں کا بغیر فائدہ کے حملہ آور ہونا ۔

الرِّئْبَالُ : شیر (۲) خبیث بھیڑیا ۔ لِصّ رِئْبالٌ : نڈر اور شر پر آمادہ چور (۳) وہ شخص جسے اس کی ماں نے تنہا جنا ہو (یعنی وہ اپنی ماں کا اکیلا ہی ہو) (۴) گھنا اور لمبا پودا ج : رَآبِيلُ و رَآبِلَةٌ ۔

• رَأَدَ الضُّحىٰ ـــ رَأْدًا : وقتِ چاشت جس میں سورج بلند ہو گیا ہو اور دن چڑھ گیا ہو (۲) دن چڑھنا ۔

رَؤُدَ الغُصْنُ ـــ رُءُودَةً : ٹہنی کا انتہائی نرم و نازک ہونا (۲) ٹہنی کا جھومنا (دائیں بائیں ہلنا) لہلہانا ۔

ارْتَأَدَتِ الفَتَاةُ : لڑکی کا نازو انداز سے چلنا ۔

تَرَأَّدَ الضُّحىٰ : رَأَدَ ۔

تَرَأَّدَ الغُصْنُ : ہلنا، لہلہانا (دائیں بائیں حرکت کرنا) ۔

ـــــ الحَيَّةُ : سانپ کا چلتے ہوئے جھومنا

ـــــ الرِّيحُ : ہوا کا ادھر ادھر ہونا، چلنا ۔

ـــــ الرَّجُلُ فی قِيامِه : آدمی کا کھڑے ہوئے میں ہچکولے کھانا، کانپنا ۔

رَائِدُ الضُّحىٰ : بوقت چاشت بلند سورج اور چڑھا ہوا دن ۔

الرَّأْدُ : فَتَاةٌ رَأْدٌ : خوبصورت و خوش خوراک لڑکی ۔

رَأْدُ الضُّحىٰ : رائدہ (۲) رَأْدُ اللَّحْيِ : ڈاڑھی کی جڑ (ٹھوڑی کے نیچے) کان کے نیچے جبڑے کی اٹھی ہوئی ہڈی، ڈاڑھوں کی جڑ ج : أَرْآدٌ ۔

الرُّؤْدُ : غُصْنٌ رُؤْدٌ : سرسبز و تر و تازہ حال کی نکلی ہوئی شاخ (۲) پُر شباب لڑکی ج : أَرْآدٌ (۳) صبر و سکون، سنجیدگی (۴) ڈاڑھی کی جڑ، ڈاڑھوں کی جڑ (۵) شاخ کا کنارہ ۔

الرِّئْدُ : رِئْدُ الرَّجُلِ : ہم عمر آدمی، ہم عمر عورت ج : أَرْآدٌ (۲) پودا (۳) نازک شاخ ج : رِئْدَانٌ ۔

الرَّأْدَةُ : پُر شباب حسین لڑکی ۔

الرُّؤْدَةُ : پُر شباب حسین لڑکی (۲) صبر و سکون، سنجیدگی ۔

الرُّءُودَةُ : الرَّأْدَةُ ۔

• رَأْرَأَ : پتلی پھرا کر دیکھنا، گھورنا ۔

ـــــ المَرْأَةُ : عورت کا آئینہ دیکھنا ۔

ـــــ المَرْأَةُ بِعَيْنَيْهَا : عورت کا آنکھوں کو چمکانا ۔

ـــــ السَّحَابُ و السَّرَابُ : بادل اور سراب کا چمکنا ۔

ـــــ بِالغَنَمِ : بکریوں کو ارار کہہ کر بلانا ۔

ـــــ الحَيَوانُ بِذَنَبِه : جانور کا دم ہلانا

• رَأَسَ فُلَانٌ ـــ رَآسَةً و رِيَاسَةً و رِئَاسَةً : بلند رتبہ ہونا (۲) بڑا بننا (بڑا بننے کے لئے خواہش رکھنا اور کسی کے مقابل آنا)، صدر بننا، افسر بننا، لیڈر ہونا ۔

ـــــ القومَ و عَلَيْهِم : سربراہ بن جانا سرپرستی کرنا ۔

ـــــ فُلَانًا رَأْسًا : سر کو زخمی کرنا ۔ ھو مَرْؤُسٌ و رَئِيسٌ ۔

رُئِسَ رَأْسًا : سر میں تکلیف ہونا، درد سر کا مریض ہونا ۔ ھو مَرْءُوسٌ ۔

رَئِسَ ـَ رَأْسًا: بڑے سروالا ہونا۔ ھو أَرْأَسُ و ھی رَأْسَاءُ ج: رُؤْسٌ۔
رَاءَسَ: لڑائی میں پیچھے رہنا۔
رَأَّسَهُ عَلَيهِم: کسی کو لوگوں کا سربراہ بنانا، سردار بنانا، لیڈر بنانا، افسر بنانا۔
رَأَّسَ القَلَمَ: قلم کی نوک بنانا۔
ـــ الكِتَابَ: کتاب وغیرہ پر عنوان لگانا
اِرْتَأَسَ عَلَيهِم: سردار بنا، سربراہ ہونا، صدر ہونا، لیڈر ہونا۔
تَرَأَّسَ عَلَيهِم: اِرْتَأَسَ۔
ـــ الشيءَ: اوپر سے پکڑنا۔
ـــ الاجتماعَ وغيرَهُ: جلسہ وغیرہ کی صدارت کرنا۔
الرَّائِسُ: وادی کا سرا (۲) والی، نگران کار (۳) بڑھتا ہوا بادل (۴) وہ بڑا شکاری کتا جس سے شکار میں کتے آگے نہ بڑھتے ہوں ج: رَوَائِسُ۔
الرِّئَاسُ: رِئَاسُ السَّيفِ: تلوار کا دستہ (۲) کسی معاملہ کا اولین حصہ۔
الرِّئَاسَةُ: صدارت، سربراہی، لیڈری، افسری، سرداری۔
الرَّأَّاسُ: سری (جانوروں کے سر) بیچنے والا۔
الرَّأْسُ: ہر چیز کا بالائی حصہ، چوٹی، سرا (۲) سر (۳) دل (۴) دماغ (۵) سردار قوم، سربراہ (۶) سری (جانور کا سر جسے پکایا جاتا ہے) (۷) نوک (۸) کنارہ (۹) ابتدائی حصہ (۱۰) ایک فرد۔ کہتے ہیں: عندہ رَأْسٌ من الغَنَمِ: اس کے پاس ایک بکری ہے۔ عندہ خَمْسَةُ أَرْؤُسٍ: اس کے پاس پانچ عدد بکریاں ہیں ج: رُءُوسٌ و أَرْؤُسٌ۔
رَأْسُ السَّنَةِ و الشَّهرِ: سال یا مہینہ کا پہلا دن۔
على الرأسِ و العَينِ: بڑی خوشی سے
وُلِدَ على رأسِ اخيه: وہ اپنے بھائی کے فوراً بعد پیدا ہوا۔
من تحتِ راسِه: اسکی ذمہ داری پر
رَأْسُ العَمُودِ: کالم کا بالائی حصہ۔
ـــ القومِ: سردار قوم، لیڈر۔
رَأْسٌ برأسٍ: برابر، مساوی طور پر
رَأْسًا: براہ راست۔
رَأْسًا على عَقِبٍ: الٹا، اوندھا۔
رَأْسِيٌّ: عمودی شکل کا۔
رَأْسُ مَالٍ: سرمایہ، اصل رقم۔
الرَّأْسمَالِيَّةُ: سرمایہ داری، ایک اقتصادی نظام جو دولت کی شخصی ملکیت کے نظریہ پر قائم ہے۔
الرَّأْسمَالِيُّونَ: سرمایہ دار لوگ، سرمایہ دارانہ نظام کے حامل۔
الرُّؤَاسُ: بڑے سر والا۔
الرُّؤَاسِيُّ: الرُّؤَاسُ۔
الرَّئِيسُ: سردار قوم، صدر، سربراہ، افسر، نگراں، چیف ج: رُؤَسَاءُ۔
رَئِيسُ الإِدَارَةِ: ذمہ دار دفتر، چیف ایگزیکٹو، منتظم اعلیٰ۔
رَئِيسُ أَرْكَانِ الحَرْبِ: چیف آف اسٹاف، فوج کا اعلیٰ کمانڈر۔
رَئِيسُ البَلَدِيَّةِ: چیرمین، افسر بلدیہ
رَئِيسُ المَدْرَسةِ: مہتمم، ناظم۔
رَئِيسُ الجَامِعَةِ: چانسلر یونیورسٹی۔
رَئِيسُ القسمِ: صدر شعبہ۔
رَئِيسُ الوُزَرَاءِ: وزیر اعظم۔
رَئِيسُ العِصَابَةِ: گروہ کا سردار۔
رَئِيسِيٌّ: صدارتی، صدر سے متعلق، بنیادی، اہم، اول۔ البابُ الرَّئِيسِيُّ: صدر دروازہ۔ الشارعُ الرَّئِيسيُّ: مین روڈ، شارع عام۔
الأَعْضَاءُ الرَّئِيسِيَّةُ: وہ بنیادی اعضاء جسم جن میں سے کسی ایک کے فقدان سے انسان کا زندہ رہنا مشکل ہے یہ قلب، دماغ، جگر، پھیپھڑے اور گردے ہیں۔
المَسْأَلَةُ الرَّئِيسِيَّةُ: بنیادی مسئلہ
الرَّيِّسُ: الرَّئِيسُ۔
المِرْآسُ: دوڑ میں گھوڑوں سے آگے نکلنے والا (۲) برابر والے گھوڑوں کے سر پر کاٹنے والا گھوڑا ج: مَرَائِيسُ
المَرْؤُوسُ: ماتحت۔ ضد: رئیس محکوم۔
المَرْؤُوسِيَّةُ: ماتحتی۔
• رَأَفَ به ـَ رَأْفَةً: کسی پر مہربان ہونا، شفقت کرنا۔ ھو رَائِفٌ۔
رَئِفَ به ـَ رَأْفًا: رَأَفَ ھو رَئِفٌ۔
رَؤُفَ ـُ رَأْفَةً و رَآفَةً: رَأَفَ۔ ھو رَؤُوفٌ و رَؤُفٌ۔
تَرَاءَفُوا: ایک دوسرے پر رحم کرنا۔
تَرَأَّفَ به: کسی کے ساتھ شفقت کا معاملہ کرنا، مہربانی کرنا۔
اِسْتَرْأَفَهُ: رحم وکرم کی درخواست کرنا، طالب رحم وشفقت ہونا۔
الرَّأْفَةُ: رحم، مہربانی، شفقت۔
الرَّؤُوفُ: انتہائی شفیق، بڑا مہربان۔
• أَرْأَلَت النَّعَامَةُ: شترمرغ کا بچہ والا ہونا۔ ھی مُرْئِلٌ۔
رَاءَلَ: جلدی کرنا، تیزی دکھانا۔
اِسْتَرْأَلَ الرَّأْلُ: شترمرغ کے بچہ کا بڑا ہو جانا۔
ـــ النَّبَاتُ: پودے کا لمبا ہو جانا۔
الرَّأْلُ: شترمرغ کا بچہ (۲) شترمرغ کا یک سالہ بچہ ج: أَرْؤُلٌ و رِئَالٌ
الرَّاوُلُ: جانور کے دانتوں کی زیادتی، جانور کا لعاب دہن۔
الرُّؤَالُ: جانور کا لعاب دہن۔

•رَأَمَ ـَ الإِنَاءَ رَأْمًا: ٹانکا لگانا، مرمت کرنا۔

ــ الحَبْلَ: رسّی کو مضبوط بٹنا۔

رَئِمَ الجُرْحُ ـَ رَأْمًا: زخم کا بھرجانا

ــ الأُنْثَى وَلَدَهَا: مادہ کا اپنے بچہ سے محبت کرنا اور اس سے الفت ہونا۔ هِيَ رَائِمَةٌ و رَائِمٌ و رَءُومٌ۔ کہاوت ہے: ظِئْرٌ رَءُومٌ خَيْرٌ مِنْ أُمٍّ سَئُومٍ: مہربان دایہ لاپرواہ ماں سے بہتر ہے، بے توجہی اور لاپرواہی کے موقعہ پر کہا جاتا ہے کہ تم سے غیر اچھا

ــ الشيءَ: پسند کرنا، مانوس ہونا۔

أَرْأَمَهَا: مشفق و مہربان بنانا۔ کہاوت ہے: ثُكْلٌ أَرْأَمَهَا وَلَدًا: اولاد سے محرومی نے اسے لڑکے پر مہربان کردیا۔ نیز: أَرْأَمَ النَّاقَةَ عَلَى وَلَدِهَا و عَلَى وَلَدِ غَيْرِهَا: اس نے اونٹنی کو اس کے بچہ پر اور دوسری اونٹنی کے بچہ پر مہربان و مشفق بنادیا۔

ــ الجُرْحَ: زخم کو علاج سے مندمل کرنا۔

ــ الحَبْلَ: رسّی کو خوب بٹنا اور مضبوط کرنا

ــ فُلَانًا عَلَى الأَمْرِ: کسی کام کے لئے مجبور کرنا۔

رَاءَمَ الإِنَاءَ مُرَاءَمَةً: مرمت کرنا، ٹانکا لگانا۔

تَرَأَّمَتِ النَّاقَةُ: مہربان ہونا، اونٹنی کے دل میں بچہ کی محبت ہونا۔

ــ فُلَانًا: کسی پر رحم کرنا۔

الرَّأْمُ: اونٹ وغیرہ کے بچہ کی کھال جس میں بھوسہ بھرا ہوا ہو۔ وہ بچہ جس پر اس کی ماں کے علاوہ دوسرا جانور مہربان ہو ج: أَرْآم۔

الرِّئْمُ: سفید ہرن (۲) ہرن کا بچہ ج: أَرْآمٌ و آرَامٌ۔

الرِّئْمَةُ: ہرنی۔ حسین عورت کو حسن و نزاکت میں اس سے تشبیہ دیجاتی ہے۔

الرَّءْمَةُ: گوند وغیرہ چپکانے کا مسالا ج: رُءَمٌ۔

الرَّائِمُ و الرَّائِمَةُ: اپنے بچہ سے پیار کرنے والی اونٹنی۔

الرَّءَامُ: جانوروں کے منہ کا جھاگ۔

الرَّءُومُ: اپنے بچہ سے پیار کرنے والی اونٹنی

الرَّءُومُ لِلضَّيْمِ: ذلت پر راضی ہوجانیوالا

•رَآهُ يَرَاهُ و يَرْآهُ رَأْيًا و رُؤْيَةً: آنکھ سے دیکھنا، ادراک کرنا (۲) رائے رکھنا، اعتقاد و گمان کرنا، مناسب سمجھنا (۳) تدبیر کرنا۔ کہتے ہیں: یا تُرَى و هَلْ تُرَى: کیا تیرا یہ گمان ہے، دیکھئے کیا ہوتا ہے، کیا خیال ہے، کیا بات ہے؟ یہ تعجب کے وقت بولا جاتا ہے۔

أَرَأَيْتَ: مجھے بتاؤ تو سہی۔ أَلَمْ تَرَ: کیا تمہیں معلوم نہیں۔

ــ فُلَانًا: کسی کے پھیپھڑے پر مارنا، زخمی کرنا۔

ــ الرَّايَةَ: جھنڈا گاڑنا۔

ــ فِي مَنَامِهِ رُؤْيَا: خواب دیکھنا۔

ــ فلانا عالِمًا: کسی کو عالم سمجھنا، گمان کرنا۔

ــ الزَّنْدَ: چقماق سے آگ نکالنا۔

رُئِيَ رَأْيًا: پھیپھڑے پر زخم آنا۔

أَرْأَى: ذی رائے ہونا (۲) عقل مند ہونا (۳) پھیپھڑے کا مریض ہونا (۴) آئینہ دیکھنا (۵) آسیب زدہ ہونا، جن آنا (۶) ریاکاری کرنا، خلاف حقیقت مظاہرہ کرنا (۷) بہت خواب نظر آنا (۸) دیکھتے وقت آنکھوں کو خوب ہلانا۔

أَرَى اللهُ بِفُلَانٍ: کسی کے دشمن کو اس کا ایسا عیب بتانا جس سے وہ خوشی منائے۔

أَرَى فُلَانًا المِرْآةَ: کسی کو آئینہ دکھانا۔ دیکھنے کے لئے آئینہ دینا۔

ــ فُلَانًا الشيءَ: کسی کو کوئی چیز دینا۔

ــ وَجْهَ الصَّوَابِ: صحیح رخ یا راستہ دکھانا۔

رَاءَاهُ مُرَاءَاةً و رِءَاءً و رِيَاءً: کسی کے سامنے (خلاف حقیقت) صلاح و تقوی کا اظہار کرنا (۲) کسی سے مشورہ کرنا۔

ــ فُلَانٌ فُلَانًا: کسی کو ملاقات کرنے کے وقت دیکھنا۔

رَأَّاهُ تَرْئِيَةً: کسی کو (خلاف واقعہ) خیر و تقوی کا حامل دکھانا (۲) آئینہ دکھانا

اِرْتَأَى الشيءَ: دیکھنا (۲) غور کرنا، مناسب سمجھنا۔

ــ فِي الأَمْرِ: غور و فکر کرنا

ــ رَأْيًا فِي الأَمْرِ: کسی معاملہ میں کوئی رائے رکھنا، سوچنا۔

تَرَاءَى فُلَانٌ: شیشہ وغیرہ میں اپنا منہ دیکھنا۔ کہتے ہیں: تَرَاءَى فِي المِرْآةِ و نَحْوِهَا۔

ــ القَوْمُ: لوگوں کا ایک دوسرے کو دیکھنا۔

ــ لَهُ: دیکھنے کی کوشش کرنا۔

ــ لَهُ كذا: نظر آنا، مناسب معلوم ہونا۔

ــ الشيءَ: دیکھنا۔ حدیث میں ہے: "تَرَاءَيْنَا الهِلَالَ بِذَاتِ عِرْقٍ" ہم نے مقام ذات العرق میں چاند دیکھا (۲) کسی چیز پر نظر ڈالنا کہ وہ دکھائی دیتی ہے یا نہیں (۳) کسی کو بوقت ملاقات دیکھنا۔

تَرَأَّى لَهُ: دیکھنے کی کوشش کرنا۔

ــ فِي المِرْآةِ: شیشے وغیرہ میں دیکھنا۔

تَمَرْأَى فِي المِرْآةِ: آئینہ میں دیکھنا۔

اِسْتَرْأَى بِالمِرْآةِ: آئینہ دیکھنا۔

ــ الشيءَ: دیکھنا۔

اِسْتَرْاَی فلانًا: دکھلوانا، دیکھنے کے لئے کہنا (۲) مشورہ لینا (۳) ریاکار سمجھنا۔
الرَّایَۃ: جھنڈا ج: رَایَات۔
الرَّأْیُ: رائے (۲) تجویز (۳) خیال واعتقاد (۴) عقل (۵) تدبیر (۶) غور وفکر (۷) مشورہ (۸) نصیحت ج: آرَاءٌ (۹) اصولیوں کے نزدیک رائے قواعد مقررہ کے تحت احکام شرعیہ مستنبط کرنے کا نام ہے۔
رَأَیْتُہ رَأْیَ العَیْنِ: میں نے اسے بچشم خود دیکھا۔
الرِّیَاءُ والرِّئَاءُ: دکھاوا، تصنع، نفاق۔
الرِّئْیُ: شاندار کپڑا جسے اس کی خوبی دکھانے کے لئے پھیلایا جائے۔
رِئْیُ الشَّیْءِ: کسی چیز کا منظر، چہرہ (۲) حسین منظر۔ قرآن پاک میں ہے: "وَکَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِنْ قَرْنٍ هُمْ أَحْسَنُ أَثَاثًا وَرِئْيًا"
الرُّؤْیَا: خواب ج: رُؤًی۔
الرُّؤْیَۃُ: دیدار، آنکھ سے دیکھنا (۲) دل سے دیکھنا (۳) رمضان مبارک کی پہلی رات کو چاند دیکھنا۔ حدیث میں ہے: "صُوْمُوْا لِرُؤْیَتِہٖ" (۴) نظریہ۔ رُؤْیَۃ القاصِی: ٹیلیویژن۔
الرِّئَۃُ: پھیپھڑا (عضو تنفس) وہ دو ہوتے ہیں
الرِّئَوِیُّ: پھیپھڑے سے متعلق۔ القلبُ الرِّئَوِیُّ: پھیپھڑے کے بعض امراض میں قلب کے دائیں جانب کا بڑا ہوجانا۔
الرَّئِیُّ: وہ شاندار کپڑا جس کا حسن دکھانے کے لئے پھیلایا گیا ہو (۲) موکل وہ جن جو انسان کو نامعلوم چیزوں کی خبر دیتا ہو (۳) سردار قوم۔ کہتے ہیں: ھو رَئِیُّ قومہ (۴) بڑا سانپ۔
الرُّوَاءُ: بہار، رونق، ظاہری حسن وجمال (اس کی اصل رُؤَاءٌ ہے) کہتے ہیں: امْرَأَۃٌ لَہَا رُوَاءٌ: خوب رو عورت

المَرْأَی: منظر۔ کہتے ہیں: ھو مِنِّی بِمَرْأَی: وہ میری نگاہوں کے سامنے ہے۔
المَرْآۃ: المَرْأَی۔ کہاوت ہے: تُخْبِر عن مَجْهُوله مَرْآتُه: اس کا ظاہر باطن کا پتہ دیتا ہے۔
المِرْآۃ: آئینہ ج: مَرَاءٍ و مَرَایَا۔
المِرْآۃُ المُعَدِّنِیَّۃُ: ایک آلہ جراحی (۲) دوربین جو سرجری میں استعمال کیجاتی ہے
المُرَائِی: ریاکار، منافق۔

ر ــــــــ ب

•رَبَأَ فُلَانٌ ـَ رَبْئًا: بلند ہونا، بلندی پر پہنچنا (۲) کھانے کی مختلف اقسام جمع کرنا۔ کہتے ہیں: رَبَأَ فُلَانٌ لِفُلَانٍ (۳) بھاری قدموں سے چلنا، مشکل سے چلنا۔ رَبَأَ فی مِشْیَتِہ بھی کہا جاتا ہے
___ الأَرْضَ: صاف اور بلند ہونا۔
___ بِفُلَانٍ عن کذا: بلند کرنا، بے داغ قرار دینا، برائی سے الگ سمجھنا۔
رَبَأَ بِنَفْسِہ عن کذا: خود کو کسی فعل سے الگ رکھنا۔
___ فی الأَمْرِ: غور وفکر کرنا۔
___ الشَّیْءَ: بلند کرنا، اونچائی پر پہنچانا۔
___ المَالَ: مال کی حفاظت اور نگہداشت کرنا۔
___ القَوْمَ ولَہُم: لوگوں کا محافظ جاسوس بننا (جو اوپر چڑھ کر دشمن کو دیکھے اور اپنے لوگوں کو باخبر کرے) نگرانی کرنا۔
ما رَبَأْتُ رَبْأَہٗ: میں نے اس کی کوئی پرواہ نہیں کی۔
رَابَأَہٗ: کسی سے بچنا، احتیاط کرنا۔
___ فُلَانٌ فُلَانًا: ایک دوسرے کی حفاظت کرنا، نگاہ رکھنا۔
ارْتَبَأَ: بلند ہونا، بلندی پر پہنچنا۔

ارْتَبَأَ الجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔
الرَّبِیْءُ: پیش رو جو دشمن کا پتہ لگا کر اپنے لوگوں کو آگاہ کرتا ہے، ہراول دستہ ج: رَبَایَا۔
الرَّبِیْئَۃُ: ہراول دستہ۔
المَرْبَأُ: اوپر سے دشمن کو دیکھنے کی جگہ، ٹاور ج: مَرَابِئُ۔
المَرْتَبَأُ: المَرْبَأُ۔
•رَبَّ الوَلَدَ ـُ رَبًّا: پرورش کرنا، نگہداشت کرنا، اشیاء ضروریہ (غذا وغیرہ دینا اور مضرتوں سے بچانا) الفاعل رَابٌّ والمفعول مَرْبُوبٌ و رَبِیْبٌ۔ مؤنث کے لئے تا رتانیث بڑھا دی جائے۔
___ القَوْمَ: سربراہی کرنا، قیادت کرنا۔ حضرت ابن الزبیرؓ سے حضرت ابن عباسؓ کی گفتگو میں ہے: "لَأَنْ يَرُبَّنِي بَنُو عَمِّي أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ يَرُبَّنِي غَيْرُهُمْ"
___ الشَّیْءَ: اکٹھا کرنا (۲) مالک ہونا (۳) ٹھیک کرنا (۴) مضبوط کرنا۔ جیسے رَبَّ الأَمْرَ۔
___ النِّعْمَۃَ رَبًّا و رِبَابًا و رِبَابَۃً: نعمت کو بڑھانا اور محفوظ رکھنا۔
___ بالمکان: کسی جگہ جمے رہنا، الگ نہ ہونا
___ الدُّھْنَ: تیل کو عمدہ بنانا، خوشبودار بنانا۔
أَرَبَّتِ الرِّیْحُ: ہوا کا چلتے رہنا۔ أَرَبَّتِ ___ السَّحَابَۃُ: بادل کا برستے رہنا۔
___ بالمکان: مقیم رہنا، الگ نہ ہونا۔
رَبَّبَ الوَلَدَ والنِّعْمَۃَ: پرورش کرنا، محفوظ رکھنا۔
___ الثَّمَرَ: پھلوں کا مربا بنانا۔
ارْتَبَّ الوَلَدَ: رَبَّ۔
___ علی فُلَانٍ: نعمتوں سے نوازنا۔

تَرَبَّبَ القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔
ـــ الوَلَدَ: پرورش کرنا۔
ـــ الشیْءَ: کسی شے کی ملکیت کا دعویٰ کرنا (تربَّبَ الرَّجُلَ و الأَرْضَ)۔
التَّرْبِیبُ: قوام کو پانی جلا کر گاڑھا کرنا۔
الرَّابُّ: سوتیلا باپ (ماں کا دوسرا خاوند)
الرَّابَّةُ: سوتیلی ماں۔
الرَّبَابُ: سفید بادل۔ واحد: رَبَابَة (۲) ایک تار کا باجہ مثل سارنگی۔
الرِّبَابُ: عہد و پیمان۔
الرِّبَابَةُ: الرِّبَابُ (۲) تیروں کا مجموعہ گٹھا (۳) تیر باندھنے کی ڈوری۔
الرَّبُّ: پروردگار، اللہ تعالیٰ کا نام غیر اللہ کے لئے اس کا استعمال بلا اضافت نہیں ہوتا (۲) پرورش کنندہ، مربّی (۳) مالک (۴) آقا، سردار (۵) نگراں (۶) منتظم (۷) انعام دہندہ (۸) اصلاح کنندہ ج: أَرْبَابٌ و رُبُوبٌ۔
رَبُّ البَیْتِ: صاحب خانہ، منتظم خانہ۔
الرُّبُّ: شیرہ (کھجور وغیرہ پکا کر تیار کیا ہوا)۔
رُبُّ السَّمْنِ و الزَّیْتِ: گھی یا تیل کا گاڑھا کیا ہوا (۲) دونوں کی سیاہ گاد، تلچھٹ ج: رُبُوبٌ و رِبَابٌ۔
رُبَّ: حرفِ جر جو صرف نکرہ کو مجرور کرتا ہے اور زائد حرف کے حکم میں ہوتا ہے کسی لفظ سے متعلق نہیں ہوتا۔ اس کے اخیر میں مازائدہ لگا دیا جائے تو یہ اپنا عمل جر روک دیتا ہے اس وقت اسمائے معرفہ اور افعال پر بھی داخل ہو جاتا ہے، کبھی اسے مخفف کر دیا جاتا ہے اور کبھی اس کے آخر میں تاء تانیث بھی لگا دی جاتی ہے۔ یہ کبھی تقلیل اور کبھی تکثیر کے لئے آتا ہے جس کی تعیین سیاق کلام سے حسب موقع کی جاتی ہے۔
ـــ رُبَّمَا و رُبَمَا: شاید، ممکن ہے، بعض اوقات، بسا اوقات۔
الرَّبَبُ: بہت سا پانی، آبِ کثیر، آبِ شیریں۔
الرِّبِّیُّ: احسان و انعام (۲) ضرورت (۳) مضبوط گرہ (۴) بکری جس نے بچہ جنا ہو یا جس کا بچہ مر گیا ہو ج: رُبَابٌ (یہ جمع نادر ہے)۔
الرَّبَّابُ: جماعت۔
الرِّبَابَةُ: پرورش، عہد و پیمان، تیروں کا مجموعہ
الرُّبَّانُ: جہاز کا کپتان (۲) پوری چیز کہتے ہیں: أَخَذَ الشیْءَ بِرُبَّانِه۔
الرَّبَّانِیُّ: اللہ والا، خدا پرست (۲) علم و عمل میں کامل۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلٰكِنْ كُونُوا رَبَّانِيِّينَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُونَ الْكِتَابَ"۔
الرَّبَّةُ: رَبٌّ کی تانیث، صاحبہ، مالکہ۔ اضافت کے ساتھ جیسے: رَبَّةُ البَیْتِ (۲) بڑا مکان ج: رِبَابٌ (۳) عورت کی مورتی۔
الرِّبَّةُ: موسم گرما میں ہری رہنے والی گھاس یا نبات (۲) بڑا گروہ یا دس ہزار کی تعداد (۳) ایک پودا جس پر لوبیے جیسا پھل آتا ہے ج: رِبَبٌ و رِبَابٌ و أَرِبَّةٌ۔
الرُّبَّةُ: بڑا گروہ ج: رِبَبٌ و رِبَابٌ (۲) خوش گوار زندگی۔
الرُّبُوبِیَّةُ: پرورش، شان و صفت باری تعالیٰ (۲) آقائیت۔
الرِّبِّیُّ: لوگوں کا بڑا گروہ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَكَأَيِّنْ مِنْ نَبِيٍّ قَاتَلَ مَعَهُ رِبِّيُّونَ كَثِيرٌ" (۲) صابر و پرہیزگار عالم۔
الرَّبُوبُ: سوتیلا بیٹا (یعنی کسی کی بیوی کا وہ بچہ جو دیگر خاوند سے ہوا ہو) (۲) جنگلی گایوں کی قطار۔
الرَّبِیبُ: سوتیلا باپ یا بیٹا (۲) جس سے معاہدہ کیا گیا (۳) بادشاہ ج: أَرِبَّاءُ و أَرِبَّةٌ۔
الرَّبِیبَةُ: سوتیلی ماں، سوتیلی لڑکی (جو دوسرے خاوند سے ہو) (۲) بچہ کی دایا، انّا ج: رَبَائِبُ۔
المِرْبَابُ: بہت نباتات والی زمین، شاداب زمین۔
المَرَبُّ: المِرْبَابُ (۲) جگہ (۳) قیام گاہ، ملاقات گاہ۔
المُرَبَّبُ: مرَبّا (۲) وہ شخص جس پر انعام کیا گیا ہو۔
المُرَبِّیُّ: دیکھئے (ر ب و)
•رَبَتَ الصَّبِیَّ ـِ رَبْتًا: پرورش کرنا (۲) تھپکنا، تھپکی دے کر سلانا۔
رَبِتَ ـَ رَبَتًا: زبان بند ہو جانا۔
رَبَّتَ الصَّبِیَّ: بچہ کو تھپکی دینا، سلانے کے لئے تھپکنا۔
•رَبَثَه عن حَاجَتِه و أَمْرِه ـُ رَبْثًا: ضرورت وغیرہ سے روکنا، باز رکھنا۔ هو رَبُوثٌ و رَبِیثٌ
رَبَّثَه عن حاجته و أمره تربیثًا و تربیثةً: باز رکھنا، روکنا۔
ارتبثَ القَوْمُ: منتشر ہونا۔
ارْبَثَّ القَوْمُ: شیرازہ بکھرنا۔ کہتے ہیں: ارْبَثَّ أَمْرُهُمْ۔
تَرَبَّثَ فی سَیْرِه: رک رک کر چلنا
ارْبَاثَّ: بند ہو جانا، رک جانا۔
الرِّبِّیثَی: مانع، رکاوٹ۔
الرَّبِیثَةُ: رکاوٹ، قید۔ کہتے ہیں: فَعَلَ ذٰلِكَ له رَبِیثَةً ج: رَبَائِثُ۔ حدیث میں ہے: "تَعْتَرِضُ الشَّیَاطِینُ النَّاسَ یومَ الجُمُعَةِ بالرَّبَائِثِ" جمعہ کے روز شیطان لوگوں کے پاس رکاوٹیں لے کر آتے ہیں۔
•رَبَجَ ـُ رَبَاجَةً: کند ذہن ہونا۔

ھو رَبِیْجٌ و ھی رَبِیْجَۃ۔
أَرْبَجَ : پست قد اولاد والا ہونا۔
تَرَبَّجَ : کند ذہن ہونا، بے وقوف ہوجانا، پریشان و متحیر ہوجانا۔
ــــ الوالِدَۃُ علی وَلَدِھا : ماں کا اپنے بچہ میں مشغول ہونا اور اس کے باپ کے بعد دوسری شادی نہ کرنا۔
الرَّابِجُ : بھرپور اور سیراب۔
الرَّبَاجِیُّ : بھاری بھرکم (۲) دبیز اور گٹھیلا (۳) ڈینگ مارکرنے والا۔ شاعر کہتا ہے: وتَلْقَاہُ رَبَاجِیًّا فَخُوْرًا۔
• رَبِحَتْ تِجَارَتُہ ـــَ رِبْحًا و رَبَحًا و رَبَاحًا: کاروبار کا نفع بخش ہونا، تجارت کا کامیاب ہونا، تجارت میں نفع اٹھانا۔ جیسے: رَبِحَ التَّاجِرُ فی تِجَارَتِہ۔
أَرْبَحَتْ تِجَارَتُہ : تجارت کا نفع بخش ہونا۔
ــــ فُلَانًا علی بِضَاعَتِہ: کسی کو اس کے سامان پر نفع دینا۔ أَرْبَحَہُ بِبِضَاعَتِہ بھی کہتے ہیں۔
رَابَحَہ علی بِضَاعَتِہ: سامان پر کسی کو نفع دینا۔
تَرَبَّحَ : نفع کمانا، نفع چاہنا (۲) متحیر ہونا
الرَّابِحُ : نفع بخش، نفع حاصل کرنے والا، کامیاب۔
الرُّبَحُ : فروختگی کے لئے منگائے جانے والے اونٹ اور گھوڑے (۲) چربی (۳) اونٹ کے چھوٹے بچے۔ واحد: رَابِحٌ (۴) اونٹ کا چھوٹا بچہ ج: رِبَاحٌ۔
الرِّبْحُ : نفع، فائدہ، کامیابی، سود ج: أَرْبَاحٌ (۲) علم اقتصادیات میں اس فرق کو کہتے ہیں جو سامان کی لاگت اور اس کی فروختگی کی قیمت میں ہوتا ہے۔
الرِّبْحُ الإِجْمَالِیُّ: وہ تمام منافع جو مالک کاروبار صاحب عمل حاصل کرتا ہے۔
الرِّبْحُ الصَّافِی : خالص نفع، جو انتظامی اخراجات اور سرمایہ/اصل کے سود کے بعد حاصل ہو۔
الرِّبْحُ البَسِیْطُ : سود مفرد۔
الرِّبْحُ المُرَکَّبُ : سود مرکب۔
الرَّبِیْحُ : نفع بخش، کامیاب۔ مَتْجَرٌ رَبِیْحٌ: کامیاب دوکان۔
المُرَابَحَۃُ : (بَیْعُ المُرَابَحَۃِ) مال اصل پر مقررہ اضافے کے ساتھ بیع کرنا۔
أَعْطَاہُ مالًا مُرَابَحَۃً: کسی کو نفع کی باہمی تقسیم پر مال دینا
• رَبِخَ فی الرَّمْلِ ـــَ رَبْخًا : ریت میں مشکل سے چلنا۔
أَرْبَخَ الرَّمْلُ : ریت کا تہ بہ تہ ہونا۔
ــــ فلانٌ : مشکلات میں پڑنا۔
ــــ فُلَانٌ فی الرَّمْلِ: ریت میں مشکل سے چلنا
تَرَبَّخَ : سست و ڈھیلا ہونا۔ تَرَبَّخَ فی مَشْیِہ: ڈھیلا ہوکر چلنا۔
الرِّبِّیْخُ (من الرِّجَال): موٹا اور ڈھیلا آدمی۔
• رَبَدَ بالمَکَانِ ـــُ رَبْدًا و رُبُوْدًا: قیام کرنا۔
ــــ فُلَانًا رَبْدًا: قید کرنا، روکنا۔
ــــ التَّمْرَ: کھجور کو سکھانے کی جگہ پر اکھٹا کرنا۔
ــــ الإِبِلَ: اونٹوں کو باڑہ میں بند کرنا
رَبِدَ ـــَ رُبْدَۃً: سیاہی مائل خاکی رنگ کا ہونا۔ مٹیالا ہونا۔ ھو أَرْبَدُ و ھی رَبْدَاءُ ج: رُبْدٌ
ارْبَدَّ : رَبِدَ۔
ــــ وَجْھُہُ : چہرہ کا سرخ و سیاہی مائل ہونا (بوقت غضب)۔ خاکستری رنگ کا ہونا۔ عام أَرْبَدُ: قحط کا سال۔
دَاھِیَۃٌ رَبْدَاءُ: سخت مصیبت۔
تَرَبَّدَ: رَبِدَ۔
ــــ الرَّجُلُ: چہرہ پر شکن پڑنا، ترش رو ہونا۔
ــــ اللَّوْنُ: رنگ بدلنا۔
ــــ السَّمَاءُ: آسمان کا ابر آلود ہونا۔
ارْبَادَّ: ارْبَدَّ۔
الرُّبْدُ من السَّیْفِ: تلوار کا جوہر (۲) خوشنمائی، آب۔
الرُّبْدَۃُ: خاکستری رنگ۔
الرَّبِیْدُ: برتن میں تہ بہ تہ لگی ہوئی اور پانی چھڑکی ہوئی کھجوریں۔
الرَّبِیْدَۃُ: الماری یا بکس جس میں کتابیں اور رجسٹر وغیرہ محفوظ کئے جائیں ج: رَبَائِدُ۔
أَرْبَدُ: خاکستری رنگ کا، مٹیالا، بھورا (۲) قحط کا سال (۳) شیر (۴) ایک زہریلا سانپ م: رَبْدَاءُ ج: رُبْدٌ
المِرْبَدُ: اونٹوں کا باڑا، عراق میں اونٹوں کا ایک بازار تھا جسے مِرْبَدُ البصرہ کہتے تھے اس میں عرب شعرا کا اجتماع بھی ہوتا تھا (۲) کھجور سکھانے کی جگہ وغیرہ ج: مَرَابِدُ۔
• رَبَذَ ـــِ رَبْذًا: چلنے میں تیز قدم اور کام میں پھرتیلا ہونا۔
أَرْبَذَ الثَّوْبَ أو الحَبْلَ: کاٹنا۔
الرَّبَذَانِیُّ: جھکی اور بسیار گو آدمی۔
الرِّبْذَۃُ: حائضہ عورت کا خرقہ، سنار کا زیورات صاف کرنے کا کپڑا، ہر قسم کی مشین یا پرزہ صاف کرنے کا کپڑا۔ (عام طور پر مذکورہ تمام کاموں میں پرانے کپڑے کا ٹکڑا استعمال کیا جاتا ہے اسی کو عربی میں خرقہ اور اردو میں چیتھڑا کہتے ہیں (۲) ہر قسم کی گندی چیز (۳) نکما آدمی شیشی یا بوتل کی ڈاٹ ج: رِبَذٌ و رِبَاذٌ

الرَّبَذِیُّ: کمان کی تانت (۲) کوڑا۔
المِرْبَاذُ: جھکّی، فضول گو۔
• الرَّبْرَبُ: ہرنوں کی ڈار، جنگلی یا پالتو گایوں کا ریوڑ ج: رَبَارِبُ۔
• رَبُزَ الکَبْشُ ـُ رَبَازَةً: دنبے کا موٹا تازہ ہونا۔
ــــ الرَّجُلُ: سمجھ دار اور خوش مزاج ہونا هو رَبِيزٌ۔
رَبَّزَ القِرْبَةَ: مشکیزہ کو بھرنا۔
ارْتَبَزَ: اپنے فن میں ماہر و کامل ہونا۔
الرِّبِّيزُ: اپنے فن کا ماہر۔
• رَبَسَه بيده ـُ رَبْسًا: ہاتھ مارنا هو مَرْبُوسٌ و رَبِيسٌ۔
ــــ القِرْبَةَ و نَحْوَها: مشکیزہ وغیرہ کو بھرنا۔
ارْتَبَسَ: مخلوط ہو جانا (۲) گتھا ہوا یا ٹھکا ہوا ہونا۔
ــــ العُنْقُودُ: گچھے (خوشہ) کے دانوں کا گتھا ہوا ہونا۔
تَرَبَّسَ: آہستہ چلنا۔
ــــ فلانًا: کسی سے بزور مانگ کرنا۔
ارْبَسَّ فُلانٌ: کسی خطۂ زمین میں جانا، چلنا۔
ــــ أَمْرُ القَوْمِ: لوگوں کی حالت کمزور پڑ جانے کی وجہ سے شیرازہ بکھر جانا
الرِّبْسُ من الرجال: انتہائی چالاک آدمی (۲) بہت سا مال وغیرہ۔
الرَّبِيسُ: بہت سا مال وغیرہ (۲) فربہ دُنبہ (۳) بھرا ہوا گچھا (۴) بہادر آدمی۔
الرُّبَيْسَى: أُمُّ الرُّبَيْسِ: اژدہا، سانپ (۲) بطور کنایہ مصیبت کو بھی کہتے ہیں (۳) ٹھوس اور ٹھکا ہوا گٹھیلا
الرِّبِّيَاسُ: چقندر جیسی ایک کھٹی میٹھی سبزی
الرُّبَسَاءُ: مصیبت ج: رُبُسٌ
• رَبِشَتِ الأَرْضُ ـَ رَبَشًا: زمین کا مختلف رنگوں کی زیادہ گھاس والی ہونا، کہتے ہیں: رَبِشَتِ السَّنَةُ و رَبِشَ المَكَانُ: سال اور جگہ کا زرخیز ہونا۔
رَبِشَ الرَّجُلُ: مختلف رنگ والا ہونا۔ هو أَرْبَشُ و هي رَبْشَاءُ ج: رُبْشٌ۔
أَرْبَشَ الشَّجَرُ: درخت پر پتے آنا (۲) چنے جیسے پھل لانا، فالشَّجَرُ مُرْبِشٌ۔
الرَّبَشُ: کم عمروں کے ناخنوں میں ظاہر ہونے والی سفیدی۔
الأَرْبَشُ: مختلف رنگوں کا، مختلف رنگوں والی جگہ م: رَبْشَاءُ۔
• رَبَصَ بِفُلانٍ ـُ رَبْصًا: کسی کے لئے خیر یا شر کا منتظر رہنا (۲) گھات میں لگنا، تاک میں رہنا۔
رَبَصَ فُلانًا أَمْرٌ: کسی کو کوئی بات اچھی یا بری پیش آنا۔
تَرَبَّصَ: ناجائز ذخیرہ کرنا۔
ــــ بِه: کسی کی گھات میں رہنا (۲) نقصان پہنچانے کے لئے تاک میں رہنا (۳) کسی کے لئے اچھائی یا برائی کا انتظار کرتے رہنا۔ قرآن پاک میں ہے: "هَلْ تَرَبَّصُونَ بِنَا إِلَّا إِحْدَى الحُسْنَيَيْنِ"
ــــ بِسِلْعَتِه الغَلاءَ: اپنے سامان کے بھاؤ بڑھنے کا انتظار کرنا۔
ــــ عن كذا: کسی بات سے رک جانا
الرُّبْصَةُ: ملاجلا رنگ (۲) ادلتا بدلتا رنگ (۳) انتظار۔ کہتے ہیں: لي عَلَى هَذَا الأَمْرِ رُبْصَةٌ: مجھے اس معاملہ میں انتظار ہے۔
• رَبَضَتِ الغَنَمُ وغيرُها من الدَّوَابِّ ـِ رَبْضًا و رُبُوضًا: بکری وغیرہ کا گھٹنوں کے بل بیٹھنا۔
رَبَضَ الأَسَدُ على فَرِيسَتِه: شیر کا اپنے شکار کو حملہ کر کے دبوچ لینا
ــــ القِرْنُ على قِرْنِه: اپنے ہم پلہ کو دبوچ لینا۔
ــــ بالمكانِ: قیام کرنا۔
ــــ فلانًا ـُ رَبْضًا: کسی کی پناہ لینا
أَرْبَضَتِ الشَّمْسُ: دھوپ کا اتنا سخت ہونا کہ جانور گرمی کی شدت سے گھٹنوں کے بل بیٹھ جائیں۔
ــــ الرَّاعِي الغَنَمَ وغيرَها: چرواہے کا جانوروں کو بٹھا دینا۔
ــــ الشَّرَابُ القَوْمَ: شراب کا لوگوں کو زیادہ پینے کی وجہ سے مست اور بوجھل بنا کر زمین پر دراز ہونے کے لئے مجبور کر دینا۔ کہتے ہیں: أَرْبَضَهُمُ الإِنَاءُ: برتن نے ان کو سیراب کر دیا۔ حدیث ام معبد میں ہے: "أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم لما قال عندها دعا بإناءٍ يُرْبِضُ الرَّهْطَ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ام معبد کے یہاں قیلولہ فرمایا تو ایک ایسا برتن منگایا جو لوگوں کو سیراب کر دے
ــــ أَهْلَه: اہل وعیال کا خرچ اٹھانا۔
رَبَّضَ الرَّاعِي الغَنَمَ وغيرها من الدَّوَابِّ: أَرْبَضَها۔
ــــ فُلانًا بالمكان: کسی جگہ پر جما دینا، ٹھہرا دینا۔
تَرَبَّضَ الكَبْشُ عن الغَنَمِ: دنبے کا بھیڑوں سے الگ ہو کر بیٹھنا، ضعف کی وجہ سے بیٹھ جانا۔
ــــ بالمكان: قیام کرنا۔
الرَّابِضُ: شیر (۲) بیمار (۳) مقیم۔ أَسَدٌ رَابِضٌ و رَجُلٌ رَابِضٌ۔ کہتے

ہیں: كَلْبٌ جَوَّالٌ خَيْرٌ مِّنْ أَسَدٍ
رَابِضٍ: گھومتا ہوا کتا بیٹھے ہوئے
شیر سے بہتر ہے (یعنی اس کا خطرہ کم ہے)
ج: رُبُوضٌ۔

الرَّابِضَةُ: چپٹی ناک ج: رَوَابِضُ۔
فلانٌ ما تقومُ رابِضَتُه، ما
تقوم له رابِضَةٌ: فلاں کا تیر نشانہ
پر لگتا ہے یا وہ دیکھتا ہے تو نظر لگا
دیتا ہے۔

الرَّبْضُ: بیوی۔

الرَّبَضُ: بیوی یا ماں، بہن اور بیٹی وغیرہ
قریبی رشتہ دار جن کے قرب سے سکون
حاصل ہو۔ کہاوت ہے: رَبَضُكَ
مِنْكَ وإن كانَ سَمَارًا: یعنی
تمہارے ہمدرد درحقیقت تمہارے
عزیز و اقارب ہی ہیں خواہ وہ کوتاہی کیوں
نہ کرتے ہوں۔ حدیث نجبہ میں ہے:
"زَوِّجِ ابْنَتَه من رَجُلٍ و
جَهِّزْهَا وقَالَ: لا يَبِيتُ عَزَبًا
وعِنْدَ نا رَبَضٌ" وہ رات نہیں گزارے گا
کنوارے کی طرح جب کہ ہمارے پاس اس کے لئے بیوی
ہے (۲) آنتیں (۳) پیٹ کا اندرونی حصہ
(۴) بکریوں اور چوپاؤں کا باڑہ (۵) چوپاؤں
کا وہ حصہ جو بیٹھتے وقت زمین سے لگتا ہے
(۶) کسنے کی پیٹی، رسّی (۷) گوشہ، کنارہ
(۸) شہر کے اردگرد کا علاقہ اور ملحقہ عمارتیں
(۹) دودھ کی وہ مقدار جو آدمی کیلئے کافی ہو۔

الرِّبْضُ: گائے اور دیگر چوپاؤں کا گھٹنوں
کے بل بیٹھا ہوا ریوڑ ج: أَرْبَاضٌ۔

الرُّبْضُ: کسی چیز کا بیچ (۲) عمارت کی بنیاد
(۳) کسی چیز کا زمین سے لگا ہوا حصہ (۴)
بیوی (۵) بہت سے گھنے درخت ج: أَرْبَاضٌ۔

الرُّبُضُ: بیوی۔ رَجُلٌ رُبُضٌ عن
الحَاجَاتِ والأَسْفَارِ: وہ شخص
جو کسی ضرورت اور سفر کے لئے تیار نہ
ہوتا ہو، کاہل و پڑیل۔

الرِّبْضَةُ: لاش، ڈھیر ہوئی لاش (۲)
لوگوں کا گروہ (۳) بکریوں وغیرہ کا گلہ۔

الرُّبْضَةُ: اپاہج اور پڑیل آدمی (۲) ثرید
کا بہت بڑا ٹکڑا ج: رُبَضٌ۔

الرُّبَضَةُ: وہ آدمی جو عجز کے باعث ایک ہی جگہ پڑا رہے

الرَّبُوضُ: شَجَرَة رَبُوضٌ: بڑا درخت
سِلْسِلَة رَبُوضٌ: موٹی اور بھاری
زنجیر۔ حدیث ابی لبابہ میں ہے: "أنَّه
ارتَبَطَ بِسِلْسِلَةٍ رَبُوضٍ الى
أن تابَ اللهُ عليه" ابولبابہ ایک
موٹی اور بھاری زنجیر سے بندھے رہے
تاآنکہ اللہ نے ان کی توبہ قبول کر لی۔ دِرْعٌ
رَبُوضٌ: کشادہ زرہ۔ قَرْيَةٌ رَبُوضٌ:
کثیر آبادی والی بستی ج: رُبُضٌ۔

الرَّبِيضُ: چرواہوں سمیت باڑے میں
موجود بکریاں اور چوپائے (۲) پیٹ میں
آنتوں کے اکٹھا ہونے کی جگہ۔

الرُّوَيْبِضَة: معمولی اور کم عقل آدمی،
حدیث اشراط الساعہ میں ہے: "وأنْ
تَنْطِقَ الرُّوَيْبِضَةُ فی أمْرِ
العَامَّةِ"۔

المَرْبِضُ: ایک جگہ کا نام (۲) بکریوں اور
چوپاؤں کا باڑا ج: مَرَابِض۔

• رَبَطَ جَأْشُه ـُ رِبَاطَةً: مضبوط
دل کا ہونا کہ مصیبت میں نہ گھبرائے۔

ـــ الشَّیءَ ـِ رَبْطًا: باندھنا، ملانا،
جوڑنا، مربوط کرنا۔ هو مَرْبُوطٌ
و رَبِيطٌ۔

ـــ نَفْسَه عن كذا: باز رکھنا، روکنا

ـــ اللهُ علَى قَلْبِه بالصَّبْرِ: صبر
کی طاقت دینا، دل مضبوط کرنا۔ قرآن
پاک میں ہے (حضرت موسٰی علیہ السلام
کے قصہ میں) "إنْ كَادَتْ لَتُبْدِي
بِهِ لَوْلا أنْ رَّبَطْنَا على قَلْبِها
لِتَكُونَ مِنَ المُؤْمِنِين"

رَبَطَ الجُرْحَ: زخم پر پٹی باندھنا۔

ـــ على قلبه: دل مضبوط کرنا۔

ـــ اللِّسانَ: زبان بند کرنا، گونگا بنا دینا

رَابَطَ مُرَابَطَةً و رِبَاطًا: جمے رہنا، کسی
کام کو ہمیشہ کرنا اور اس سے الگ نہ
ہونا، پڑاؤ ڈالنا، سرحد پر مقیم ہونا۔

ـــ الجَيْشُ: فوج کا سرحد پر مقیم رہنا،
پڑاؤ ڈالنا۔ قرآن پاک میں ہے: "يَا أيُّهَا
الَّذِينَ آمَنُوا اصْبِرُوا وَصَابِرُوا
وَرَابِطُوا"

ارْتَبَطَ فی الحَبْلِ ونَحْوِه: رسّی وغیرہ
سے بندھنا۔

ـــ الشیءُ بكذا: ملنا، جڑنا، متعلق ہونا،
مربوط ہونا۔

ـــ الدَّابَّةَ وغيرَها: باندھنا، کہتے
ہیں فُلانٌ يرتَبِط من الدَّوابِّ
كذا رَأْسًا: فلاں کے پاس اتنے
جانور ہیں۔

ـــ فَرَسًا: گھوڑے کو سرحدی حفاظت
کے لئے تیار کرنا۔

تَرَابَطَ المَاءُ فی المكان: پانی کا ٹھہر جانا

ـــ الأفْرَادُ والأشْيَاءُ: افراد یا اشیا
کا ایک دوسرے سے ملنا، جڑنا

الارْتِبَاط: جوڑ، تعلق، ربط و ضبط۔

التَّرَابُطُ: علم فلسفہ میں ترابط اس تعلق کو
کہتے ہیں جو ایسی دو ادراک کردہ چیزوں
کے درمیان قائم ہو جو ذہن میں کسی بھی
سبب کی بنا پر ایک دوسری سے ملی
ہوئی ہوں۔

الرَّابِطُ: قیام پذیر۔

رَابِطُ الجَأْشِ: قوی القلب، نڈر، بہادر
متحمل مزاج۔ نَفَسٌ رَابِطٌ: لمبا چوڑا
سانس۔

الرَّابِطَةُ: رابطہ، جوڑ، تعلق (۲) جماعت یا

تنظیم جس میں متفق المقاصد لوگ جمع ہوں جیسے: رَابِطَةُ العَالَمِ الإِسْلَامِی، رَابِطَةُ الْأُدَبَاء۔ رَابِطَةُ الْقُرَّاء وغیرہ (۳) بندھے ہوئے جانور ج: رَوَابِط۔
الرِّبَاطُ: رسی، پٹی، ڈوری، جوتے وغیرہ کا تسمہ (۲) گھوڑوں کا اصطبل (۳) فقرا وغیرہ کی سرائے (۴) قیام گاہ (۵) دل (۶) گھوڑے (۷) صوفیا کی قیام گاہ۔
رِبَاطُ الحُجَّاج: حجاج کی قیام گاہ، مسافر خانۂ حجاج۔
رِبَاطُ الخَیْل: گھوڑوں کا اصطبل جو پانچ یا اس سے زیادہ کے لئے ہو۔ کہتے ہیں: له رِبَاطٌ من الخَیْل: اس کے پاس پانچ یا زائد گھوڑے ہیں۔
قَرَضَ رِبَاطَهُ: وہ مرگیا یا بیماری سے اچھا ہوگیا۔
جَاءَ وقَدْ قَرَضَ رِبَاطَه: وہ تھکا ماندہ آیا۔
رِبَاطُ الجَوَارِب: گیٹس۔
رِبَاطُ الرَّقَبَة: ٹائی (گلے میں لگائی جاتی ہے)
رِبَاطَةُ الجَأْش: تحمل، بہادری، دل کی مضبوطی۔
الرَّبْطُ: جوڑ، بندش (ضد: حل) علم فلسفہ میں وہ تعلق جو ادراک کردہ دو ایسی چیزوں کے درمیان ہو جو ذہن میں کسی بھی سبب سے ایک دوسرے کے ساتھ ملی ہوئی ہوں۔
الرَّبْطَةُ: بنڈل، گٹھڑی، بستہ ج: رَبَطَات
رَبْطَةُ السَّاق: عورتوں کا پنڈلی بند۔
الرَّبِیطُ: بندھا ہوا (۲) راہب (۳) زاہد حدیث میں ہے: "أنَّ رَبِیطَ بنی اسْرَائِیل قال: زَیْنُ الحَکِیْمِ الصَّمْت" (۴) خشک کھجور جس پر برتن میں رکھ کر پانی ڈالا جائے (۵) بھگوئی ہوئی نیم پختہ کھجور

رَبِیطُ الجَأْش: دلیر، بہادر، متحمل مزاج
الرَّبِیطَةُ: بندھے ہوئے جانور ج: رَبَائِط۔
المُرَابِطُ: مقیم، پڑاؤ ڈالے ہوئے۔
المُرَابِطَةُ: دشمن کی سرحد کے قریب پڑاؤ ڈالنے والے لوگ اور گھوڑے۔ المُرَابَطَة: پڑاؤ، دھرنا، قیام۔
المِرْبَطُ: جانوروں کو باندھنے کی رسی وغیرہ ج: مَرَابِط۔
المِرْبَطَةُ: المِرْبَط۔
المَرْبَطُ: اصطبل، گھوڑوں اور چوپاؤں کو باندھنے کی جگہ ج: مَرَابِط۔
المَرْبُوط: وابستہ، بندھا ہوا، جڑا ہوا۔
المُرْتَبِطُ بشیٔ: پابند، مربوط، متعلق
— بمَوعِدٍ او عَہْدٍ: پروگرام یا عہد کا پابند۔
•رَبَعَ الرَّبِیْعُ ـَ رُبُوعًا: موسم بہار آنا
— الإِبِلُ رَبْعًا: اونٹوں کا چراگاہ میں آزادی کے ساتھ گھومنا اور چارہ و پانی سے خواہش کے مطابق سیر ہونا (۲) اونٹوں کا چوتھے دن پانی پینا
— علیه الحُمّٰی: چوتھے دن بخار آنا
— بالمکان: ٹھیرنا، قیام کرنا۔
— فُلَانٌ: رک کر انتظار کرنا، مقید ہونا کہتے ہیں: ارْبَعْ عَلَیْكَ او علی نَفْسِكَ او علی ظَلْعِكَ: ٹھیرو اور انتظار کرو (۲) طاقت آزمائی کیلئے ہاتھ میں پتھر اٹھانا (۳) خوش حال و آسودہ ہونا۔
— عن شیٔ: رکنا، باز رہنا۔
— علی فُلَان: شفقت کرنا، مہربانی کرنا
— فُلَانًا: کسی کا چوتھائی مال لینا۔
— الدَّابَّةُ: لمبے قدموں سے دوڑنا۔
— الرَّجُلُ بالمکانِ وفی المَالِ: جگہ یا مال میں من مانی کرنا، حسب

خواہش تصرف کرنا۔
رَبَعَ الجَیْشَ: فوج سے مال غنیمت کا چوتھائی لینا، یہ زمانۂ جاہلیت میں لیا جاتا تھا۔
— الحِمْلَ: دو آدمیوں کا لاٹھی کے دونوں کنارے پکڑ کر یا دونوں ہاتھوں سے بوجھ اٹھانا۔
— الحَبْلَ: رسی یا آنت کو بٹنے میں چار بل دینا۔
— الثَّلَاثَةَ ـِ رَبْعًا: تین کے ساتھ مل کر چوتھا ہو جانا۔
— التِّسْعَةَ والثَّلَاثِیْن: انتالیس کے ساتھ خود کو شامل کرکے چالیس کردینا
رُبِعَ: چوتھے دن کے بخار میں مبتلا ہونا۔
أَرْبَعَ العَدَدُ: عدد کا چار ہوجانا یا چالیس ہوجانا۔
— القَوْمُ: موسم بہار میں داخل ہونا۔
— فُلَانٌ: پانی یا دیہات کی طرف جانا (۲) موسم بہار گزارنے کی جگہ مقیم ہونا۔
— الحَامِلُ: موسم بہار میں بچہ کو جنم دینا، وهی مُرْبِعٌ و مِرْبَاعٌ۔
— المَوْلُودُ: بچہ کی کچلی نکلنا یا گر جانا۔
— فُلَانٌ: کسی کے جوانی میں بچہ پیدا ہونا۔
— الغَنَمُ: بھیڑ کی عمر کا چوتھا سال شروع ہونا۔
— ذواتُ الحَافِرِ: کھر والے جانوروں کا پانچواں سال شروع ہونا۔
— الغَیْثُ: بارش کا کثرت کی وجہ سے لوگوں کو ان کے مقامات میں روک دینا، محبوس کرنا۔ فالغَیْثُ مُرْبِعٌ۔
— مَاءُ الرَّکِیَّةِ: کنویں کا پانی زیادہ ہوجانا
— الإِبِلَ: اونٹوں کو پانی پینے کے لئے آزاد چھوڑنا، جب چاہیں پئیں۔
— المَرِیْضَ: بیمار کی عیادت کے لئے چوتھے دن آنا۔ حدیث میں ہے: "أغِبُّوا فی

عیادۃِ المَرِیضِ و أَربِعُوا إلاّ أن یّکُونَ مَغلُوبًا"

رَابَعَ الحِمْلَ مُرَابَعَۃً و رِبَاعًا: رَبَعَہ۔

ـــ فُلانًا: کسی کے ساتھ مل کر ہاتھوں یا لاٹھی (مِربعہ) سے بوجھ اٹھانا (۲) چوتھائی پیداوار لینے پر کسی کی کاشت کرنا۔ کہتے ہیں: استأجرَہ مُرابعۃً و رِبَاعًا: زمین کو چوتھائی پیداوار کے بدلہ کرایہ پر لینا۔

رَبَّعَ الشَّیءَ: چوکور کرنا (۲) چار حصے کرنا (۳) چار گنا کرنا۔

ـــ فُلانٌ رِجلَیہ: چار زانو بیٹھنا، پھسکڑا مار کر بیٹھنا۔

اِرْتَبَعَ البَعِیرُ و نَحوُہ: موسم بہار کی گھاس کھانا (۲) موٹا ہونا (۳) تیز چلنا پیروں کو زمین پر مارتے ہوئے چلنا۔

ـــ الحَیَوانُ: جانور کی طاقت و صحت علاج وغیرہ سے بحال ہو جانا۔

ـــ بالمکان: کسی جگہ موسم بہار میں قیام کرنا۔

ـــ حَجَرًا و نحوَہ: پتھر وغیرہ کو اٹھا کر بلند کرنا۔

ـــ فُلانٌ أمرَ القَومِ: لوگوں کا امیر بننے کے لئے منتظر رہنا۔ حدیث مغیرہ میں ہے: "أنّ فُلانًا ارتَبَعَ أمرَ القَومِ"

تَرَبَّعَتِ المَاشِیَۃُ: موسم بہار کی گھاس کھانا۔

تربّعَ الجالِسُ: چہار زانو بیٹھنا، پھسکڑا مار کر بیٹھنا۔

ـــ المکانَ و بہ: کسی جگہ موسم بہار گزارنا۔

ـــ حَجَرًا و نَحوَہ: ارتَبَعَہ۔

اِسْتَرْبَعَ البَعِیرُ و نَحوُہ للسَّیرِ: اونٹ وغیرہ کا چلنے کی طاقت رکھنا۔

ـــ فُلانٌ بعَمَلِہ: کام پر قادر ہونا۔

ـــ الرَّملُ و نَحوُہ: ریت وغیرہ کا ڈھیر لگنا۔

اِسْتَرْبَعَ الغُبارُ و نَحوُہ: گرد وغیرہ کا اٹھنا۔

ـــ شیئًا: کسی چیز پر قادر ہونا، بس میں کرنا

الأَرْبَعُ: چار۔ أَربَعُ ساعاتٍ مثلاً: چاروں جیسے: الساعاتُ الأَربَعُ۔ ذَوَاتُ الأَربَعُ: چوپائے۔ الرِّیاحُ الأَربَعُ: چار سمتوں (مشرق و مغرب، شمال و جنوب) سے چلنے والی ہوائیں: الصَّبا۔ الدَّبُور۔ الشَّمالُ۔ الجَنُوبُ۔

الأَرْبِعاءُ: بدھ کا دن۔ تثنیہ: أَربِعاوان ج: أَربِعاوات۔

الأُرْبُعاءُ: قَعَدَ الأُرْبُعاءَ: چار زانو بیٹھنا، پھسکڑا مار کر بیٹھنا۔

الأُرْبُعا و الأُرْبُعاوَی: الأُرْبُعاءُ۔

الأَرْبَعَۃُ: چار۔ أَربَعَۃُ کُتُبٍ مثلاً (۲) چاروں جیسے: الکُتُبُ الأَربَعَۃُ

کہاوت ہے: جاءَ و عَیناہُ تَدمَعانِ بأَربَعَۃٍ: وہ چہار آنسو روتا ہوا آیا یعنی وہ زور زور سے روتا ہوا آیا۔

الأَرْبَعُونَ: چالیس، چالیسوں، چالیسواں (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے یکساں)۔

التَّرْبِیعُ فی الزِّراعَۃِ: چوتھی بار آبیاری چوتھا پانی جو کھیتی کو دیا جائے۔

التَّرْبِیعَۃُ: خانہ، کھیت کی کیاری۔

الرَّابِعُ: چوتھا (۲) پر بہار۔ رَبِیعٌ رابِعٌ: پر بہار فصل ربیع (جو زرخیز ہو)۔

رابِعَۃُ النَّہارِ: دوپہر، دن ڈھلے۔

رُبَاعَ: أَربَعَۃَ أَربَعَۃَ سے معدول ہے چار چار۔ جیسے: جاءَ القَومُ رُباعَ: چار چار آئے۔

الرَّبَاعُ: اچھی حالت، پوزیشن، حیثیت، خوش حالی۔ کہتے ہیں: ھُم علی رَباعِھِم: وہ اپنی سابقہ بہتر حالت و پوزیشن میں ہیں۔

الرِّبَاعُ: دیت، تاوان جو ایک قوم دوسری قوم کو ادا کرتی ہے۔

الرِّبَاعَۃُ: اچھی حالت، خوش حالی۔ حدیث میں ہے آپؐ نے مہاجرین و انصار کے بارہ میں تحریر فرمایا: "انّھُم أُمّۃٌ وَاحِدَۃٌ علی رِبَاعَتِھِم"

الرَّبَاعِیَۃُ: سامنے کے چار دانتوں اور کچلیوں کے درمیان والے دانت یہ چار ہوتے ہیں دو اوپر اور دو نیچے۔

الرُّبَاعِیُّ: چار اجزاء سے مرکب چیز، چہار اجزائی، چہار رکنی، چہار گوشہ (۲) علم ریاضی اور علم ہندسہ میں وہ شکل مستوی ہے جو چار مساوی ایسے اضلاع سے گھری ہوئی ہو کہ ہر دو متصل ضلع ایک نقطہ پر ختم ہوتے ہوں اس نقطہ کو راس کہا جاتا ہے (۳) شعراء کی اصطلاح میں وہ نظم ہے جو چند ایسی اکائیوں پر مشتمل ہو کہ ہر اکائی میں چار مستقل قافیے والے مصرع ہوں۔

رُبَاعِیُّ الأَحرُفِ: چار حرفی۔

رُبَاعِیُّ الأَضلاعِ: چہار پہلو۔

رُبَاعِیُّ الأرجُلِ: چار ٹانگوں والا۔

الرَّبَّاعُ: بہت زیادہ جائیدادیں خریدنے والا (۲) بطور طاقت آزمائی پتھر یا وزن دار چیز اٹھانے والا۔

الرَّبْعُ: مکان، حویلی جس میں متعدد چھوٹے چھوٹے مکانات ہوں (۲) مکان کا لان چاروں طرف کا کھلا حصہ (۳) محلہ (۴) موسم بہار گزارنے کا مقام (۵) متوسط قد کا آدمی (۶) ورزش جرّ اثقال (طاقت آزمائی کے لئے وزن اٹھانے کی ورزش)

الرَّبَعُ: میانہ قد۔

الرُّبْعُ: چوتھائی حصہ (۲) تین اعشاریہ ۴۳ گیلن کا ایک پیمانہ ج: أَربَاعٌ۔

اَلرُّبَعُ : موسمِ بہار میں پیدا ہونے والا اونٹ کا بچہ ج: رِباع و اَرْبَاعٌ - و ھی رُبَعَةٌ ج: رِبَاعٌ۔

اَلرِّبْعُ : حُمَّی الرِّبْع : چوتھے دن آنے والا بخار، اسے مَلَارِیا الرِّبْع بھی کہتے ہیں (۲) اونٹوں کی چوتھے دن پانی پینے کی باری۔

اَلرَّبْعَةُ : میانہ قد (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے) (۲) خوشبو کی ڈبیہ یا شیشی (۳) قرآن پاک کے الگ الگ تیس پارے۔

اَلرَّبَعَةُ : چولھے کے پتھروں کا درمیانی فاصلہ

اَلرِّبْعِيُّ : موسمِ بہار کا (۲) جوانی کی اولاد۔

اَلرُّبْعِيَّةُ : رِبْعِيَّةُ القوم : آغازِ سردی میں لوگوں کا کھانا پینا۔

اَلرَّبُوعُ : تقریباً ساڑھے تین گیلن دودھ دینے والی گائے ج: رُبُع و رَبَائِعُ۔

اَلرَّبِيعُ : موسمِ بہار (سردی اور گرمی کے درمیان کا موسم) (۲) ماہ ربیع الاول و ربیع الثانی (۳) موسمِ بہار کی بارش۔ حدیث میں ہے: "اِنَّ مِمَّا يُنْبِتُ الرَّبِيعُ ما يَقْتُلُ حَبَطًا او يُلِمُّ" (۴) چھوٹی نہر (۵) سرسبز پودے وغیرہ، ہریالی موسمِ بہار کی گھاس (۶) چوتھائی حصہ ج: اَرْبِعَاء و رِبَاعٌ و اَرْبِعَةٌ۔

ابو الرَّبِيع : ہدہد کی کنیت۔

اَلرَّبِيعِيُّ : موسمِ بہار کا۔

اَلرَّبِيعَةُ : وہ پتھر جسے ورزش اور طاقت آزمائی کے لئے اٹھایا جائے (۲) لوہے کی خود (۳) باغیچہ (۴) توشہ دان (۵) عطر دان جس میں دلہن کی خوشبو رکھی جاتی ہے۔ ج: رَبَائِع۔

اَلرَّوْبَعُ : کمزور اور کمینہ، ذلیل و کوتاہ قد (۲) اونٹ کے بچہ کو لگنے والی بیماری ج: رَوَابِع۔

اَلرَّوْبَعَةُ : اونٹ کے بچہ کی بیماری (۲) ٹھسکا چوزا، انوشست (۳) پست قد ج: رَوَابِع۔

اَلمِرْبَاعُ : مالِ غنیمت کا چوتھائی جو سردارِ قوم زمانہ جاہلیت میں فوج سے لیا کرتا تھا۔ حدیث میں ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عدی بن حاتم سے اس کے مسلمان ہونے سے قبل فرمایا: "اِنَّكَ لَتَأْكُلُ المِرْبَاعَ وهو لا يَحِلُّ لَكَ فی دِینِكَ" (۲) درمیانہ قد کا آدمی فصل ربیع میں بچہ دینے والا مویشی (۳) وہ جگہ جہاں اول ربیع میں سبزہ اگتا ہے ج: مَرَابِيعُ۔

اَلمُرَبَّعُ : چہار گوشہ، چوکور (۲) علمِ ہندسہ میں مربع وہ ہے جس کے چار مساوی اضلاع اور مساوی زاویے (کونے) ہوں (۳) جہاز کا لنگر (۴) زمین کا ٹکڑا، کھیت کی کیاری، خانہ ج: مُرَبَّعات۔

رَجُلٌ مُرَبَّعُ الحاجِبَيْن : گھنی بھوں والا آدمی کہ دیکھنے میں چار بھنویں لگتی ہوں۔

اَلمَرْبَعُ : موسمِ بہار گزارنے کی جگہ (۲) موسمِ بہار کی بارش ج: مَرَابِعُ۔

مَرْبَعُ الصَّيْد : شکار گاہ ج: مرابع۔

اَلمَرْبَعَةُ : جنگلی چوہوں والی زمین، بہت چوہوں والی زمین۔

اَلمُرْبِعُ : موسمِ بہار میں بچہ دینے والی اونٹنی (۲) بحری جہاز کا بادبان۔

اَلمِرْبَعُ و المِرْبَعَةُ : وہ لکڑی جس کے ذریعہ دونوں سرے سے دو آدمی پکڑ کر سامان لادتے ہیں ج: مَرَابِع۔

اَلمَرْبُوعُ : درمیانہ قد کا آدمی (۲) چوتھے دن کے بخار کا مریض۔ ھی مَرْبُوعَة ج: مَرَابِيعُ۔

اَليَرْبُوعُ : ایک قسم کا چھوٹا چوہا جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی لمبی ہوتی ہیں ج: يَرَابِيعُ۔

• رَبَغَ ـَ رَبْغًا : آسودہ زندگی گزارنا (۲) گستاخ و بدکار ہونا۔ هو رَبِغٌ و هی رَبِغَةٌ۔

رَبُغَ العَيْشُ ـُ رَبَاغَةً : زندگی کا آسودہ اور فراخ ہونا۔ هو رَبِيغ

أَرْبَغَ الشَّيْطَانُ فی قَلْبِه : دل میں برائی پیدا کرنا۔ حدیث میں ہے: "اِنَّ الشَّيْطَانَ قد أَرْبَغَ فی قلوبهم و عَشَّشَ" شیطان نے ان کے دلوں میں فساد پیدا کر کے اپنا گھر بنا لیا ہے۔

رَابِغ : بحرِ احمر کے ساحل پر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان ایک وادی کا نام جو حج کے احرام کی ایک میقات بھی ہے۔

اَلرَّابِغُ : عَيْشٌ رَابِغٌ : آسودہ اور فراخ زندگی۔ ربیع رَابِغٌ : سرسبز و شاداب فصلِ بہار۔

اَلرَّبْغُ : اچھا منظر (۲) باریک مٹی۔

اَلرُّبْغُ : آسودگی، خوش حالی۔ کہتے ہیں: أَخَذَهُ بِرُبْغِه : کسی کو اس کی خوش حالی ختم ہونے سے پہلے پکڑ لینا۔

• رَبَقَ ـِ رَبْقًا : پھندے دار رسی سے باندھنا۔

ــــ فُلَانًا فی الأمْر : کسی کام میں پھنسانا هو مَرْبُوقٌ و رَبِيقٌ۔ و هی مَرْبُوقَةٌ و رَبِيقَة۔

رَبَّقَه : زور سے پھندا ڈالنا، زور سے باندھنا

ــــ الرِّبْقَةَ : پھندا تیار کرنا۔

ــــ الكَلَامَ : بات بنانا، جھوٹ سے مزین کرنا

ــــ الخُبْزَ : روٹی کو مکھن وغیرہ لگانا۔

خُبْزَة مُرَبَّقَةٌ : روغنی روٹی۔

اِرْتَبَقَ فی الحِبَالَة : پھندے میں پھنسنا

اِرْتَبَقَ فُلَانٌ فی حِبالَتِه : وہ خود اپنے جال میں پھنس گیا۔

الرِّبْقُ : پھندوں والی رسّی جس سے جانوروں کو باندھتے ہیں (۲) رسّی کا حلقہ جس سے جانور کو باندھتے ہیں (۳) رسّی (۴) دھاگا ج: أَرْبَاقٌ و رِبَاق ۔

الرِّبْقَةُ : ایک پھندا ج: رِبَاق و رِبَقٌ ۔

حَلَّ رِبْقَتَه : پھندا کھولنا، کلفت یا اذیت دور کرنا۔ کہاوت ہے: لَا يَرْضَى الحُرُّ فِی رِبْقَةِ الذُّلِّ: شریف آدمی ذلت کا پھندا گوارا نہیں کرتا۔

الرُّبَيْقُ : أُمُّ الرُّبَيْقِ : سانپ (۲) سختی و مصیبت (۳) جنگ۔

الرَّبِيقُ : پھندے میں پھنسا ہوا جانور۔

المُرَبَّقَةُ : روغن دار روٹی۔

• رَبَكَ الشیءَ ــِـ رَبْكًا: مخلوط کرنا، ملانا

ـــ الرَّبِيكَةَ: کھجور اور مکھن کا مخلوط تیار کرنا۔

ـــ الثَّرِيدَ : ثرید تیار کرنا۔ کہتے ہیں: رَبَكَ لَه طَعَامًا: اس کے لئے کھانا تیار کیا۔ کہاوت ہے: عَرْثَانُ فَارْبُكُوا لَه: بھوکا ہے اس کے لئے کھانا تیار کرو۔

ـــ فُلَانًا: مشکل اور پیچیدگی ڈالنا، الجھن میں ڈالنا۔

ـــ الرَّجُلَ: کیچڑ میں دھنسا دینا۔

رَبِكَ ــَـ رَبَكًا: الجھن میں پڑنا، معاملہ کی پیچیدگی میں پڑنا، پریشان ہونا۔ ھو رَبِكٌ و رَبِيكٌ۔

ارْتَبَكَ الأمرُ: معاملہ کا پیچیدہ ہوجانا۔

ـــ فی الوَحلِ: کیچڑ میں دھنسنا، پھنسنا

ـــ فی الکلامِ: رک رک بولنا۔

ـــ الأمرُ: کسی معاملہ میں اس طرح پھنسنا کہ خلاصی نہ ہوسکے۔

الرَّبَكُ و الارتباك: پریشانی، الجھن

الرَّبِكُ: بے تدبیر، بے رائے، الجھا ہوا، متردد، پریشان۔

الرُّبَكُ : رَجُلٌ رُبَكٌ : اپنے معاملات میں الجھا ہوا۔

الرَّبِيكُ : الرُّبَكُ (۲) مبتلائے مصیبت، پریشان۔

الرَّبِيكَةُ : کھجور اور گھی کا مخلوط، کبھی اس میں اتنا پانی بھی ملا دیا جاتا ہے جو جذب ہوجاتا ہے (۲) گارا ملا ہوا پانی (۳) وہ مکھن جس میں دودھ باقی ہو اور الگ نہ ہوا ہو ج: رَبَائِكُ۔

المُرْبِكُ : پریشان کن۔

المُرْتَبِكُ: پیچیدہ۔

• رَبَلَ المَكَانُ ــُـ رَبْلًا: کسی جگہ کا تیز سبز رنگ کی گھنگرالی نبات والی ہونا۔

ـــ القَومُ: تعداد میں بڑھنا، پھلنا پھولنا (۲) زیادہ دولت والا ہونا۔

ـــ المَرْأَةُ: عورت کا گوشت بڑھ جانا

ارْتَبَلَ مالُه : مال میں اضافہ ہونا۔

تَرَبَّلَ الجِسْمُ : بدن کا موٹا ہونا اور بڑھنا۔

ـــ المَرْأَةُ: عورت پر گوشت چڑھنا، فربہ ہونا۔

ـــ شَجَرُ الرَّبْلِ: رَبْل نامی درخت پر پتے نکلنا۔

ـــ الظَّبْيُ : درخت رَبْل کے پتے کھانا یا پتے تلاش کرنا۔

ـــ الرَّجُلُ: شکار کرنا۔

ـــ الأَرْضُ: موسم خزاں کی آمد پر خشکی کے بعد زمین کا سرسبز ہوجانا۔

الرَّابِلَةُ : مونڈھے کا گوشت ج: رَوَابِل

الرَّبَالَةُ : فربہی۔

الرَّبْلُ : ایک انتہائی سبز پودا جس کی شاخوں پر گھنے پتے ہوتے ہیں اور اقحوانی شکل کا نوکدار پھول اس کے اوپر لگتا ہے، موسم خزاں کے پودے اور گھاس ج: رُبُولٌ (۲) فربہی، گوشت کی کثرت (۳) مال کی کثرت (۴) تعداد کی زیادتی۔

الرَّبَلُ : الرَّبْلُ۔

الرَّبَلَةُ : گوشت کا موٹا حصہ یا ٹکڑا (۲) ران کا اندرونی حصہ ج: رَبَلَات۔

الرِّبْيَلُ : ڈیل ڈول کا موٹا آدمی (۲) وہ ڈاکو جو تنہا چوری کرے۔ حدیث عمرو بن العاص رضؓ میں ہے: "أَنَّه قَالَ: انْظُرُوا لَنَا رَجُلًا يَتَجَنَّبُ بِنَا الطَّرِيقَ، فَقَالوا: ما نَعلَمُ إلا فُلَانًا فَإِنَّه كَانَ رِبْيَلًا فِی الجَاهِلِيَّةِ"

الرَّبِيلَةُ : موٹاپا، فربہی (۲) آسودگی اور خوش حالی۔

الرِّيْبَالُ و الرِّئْبَالُ: شیر (۲) بھیڑیا۔

لِصٌّ رِيْبَالٌ : دلیر چور جو چوری کی تاک میں لگا رہتا ہو (۲) گھنی اور لپٹی ہوئی لمبی گھاس (۳) وہ بچہ جسے اس کی ماں تنہا جنے (جو اپنی ماں کے اکیلا پیدا ہوا) ج: رَبَابِيل و رَبَابِلَة۔

الرِّيْبَالَةُ: بڑا شیر۔

الرَّبِيلُ : فربہ اونٹنی (۲) نازک عورت، نازونعمت میں پلی ہوئی عورت۔

المِرْبَالُ : وہ زمین جہاں پیچیدہ اور سبز گھاس اور پودے پیدا ہوتے ہوں، موسم خزاں کی سبزیوں والی زمین ج: مَرَابِيل۔

• أَرْبَنَه : بیعانہ دینا۔

الأُرْبُونُ : بیعانہ۔ قیمت کا وہ حصہ جو پہلے دے دیا جاتا ہے اور بوقت ادائیگی قیمت اسے وضع کرلیا جاتا ہے اور بیع مکمل ہوجاتی ہے۔

الرُّبَّانُ : کپتان (جہاز کا) (۲) ملاحوں کا نگران (۳) ہر شے کا بڑا حصہ اور مجموعہ ج: رَبَابِين

کہتے ہیں: أَخَذَه بِرُبَّانِه: اسے پورے کا پورا لے لیا۔

رُبَّانُ الشَّبَابِ : جوانی کا ابتدائی دور۔

کہتے ہیں: افعَلْ ذٰلِكَ برُبَّانِه: اس کام کو اس کے شروع ہی میں کر ڈالو

الرُّبَّانِيُّ: الرُّبّان۔

الرَّبُون: عربوں کی ایک لغت، بیعانہ۔

• رَبَا الشَيءُ ــُـ رَبْوًا و رُبُوًّا: بڑھنا، اضافہ ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "وتَرَى الأَرْضَ هَامِدَةً فَإِذا أَنْزَلْنَا عَلَيها المَاءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ" تم زمین کو مردہ پاؤ گے لیکن جب ہم اس پر پانی برسادیں گے تو اس میں جان پڑے گی اور وہ بڑھ جائے گی (پھول جائے گی) رَبَا المَالُ: مال میں اضافہ ہونا (۲) بلند ہونا۔

ــــ الفَرَسُ: دوڑ یا گھبراہٹ سے پھول جانا۔

ــــ الجُرحُ: زخم کا پھول جانا، سوج جانا۔

ــــ السَّوِيقُ ونَحوُهُ: ستو وغیرہ کا پانی پڑنے سے پھول جانا۔

ــــ في البَيتِ وفي بَني فُلانٍ: پرورش پانا (۲) سانس گھٹنے کی بیماری میں مبتلا ہونا، دمہ کا مریض ہونا۔

ــــ الرَّابِيَةَ ونَحوَها: ٹیلہ وغیرہ پر چڑھنا

رَبِيَ في بَني فُلانٍ ــَـ رَبْوًا و رُبُوًّا: پرورش پانا۔

أَرْبَى على الخَمسِينَ ونَحوِها: پچاس (وغیرہ) سے اوپر پہنچ جانا۔ جیسے: عُمرُه يُرْبِي على سِتِّين: اس کی عمر ساٹھ سال سے زائد ہے (۲) دیئے ہوئے سے زیادہ لینا (۳) سود کا لین دین کرنا (۴) ٹیلہ یا بلند جگہ پر کھڑا ہونا۔

ــــ الأَرضُ: زمین کا عمدہ ہونا۔

ــــ شَيئًا: بڑھانا، اضافہ کرنا۔

رَابَاهُ: نرمی کا برتاؤ کرنا، دل داری کرنا۔ (۲) سود کا معاملہ کرنا، سود پر روپیہ دینا۔

رَبَّاهُ: بڑھانا، پرورش کرنا (۲) تربیت کرنا، تعلیم و تربیت کی نگہداشت کرنا۔

رَبَّا الثَّمَرَ بالسُّكَّرِ: پھلوں کا مربّا بنانا اچار ڈالنا۔

تَرَبَّى: پرورش پانا، پڑھنا، تربیت پانا، تعلیم پانا۔

الأُرْبِيَّةُ: دیکھئے (أرب)

الرَّابِيَةُ: ٹیلہ ج: رَوَابٍ۔

الرِّبَا: زیادتی، اضافہ (۲) ناجائز نفع، بیاج، سود۔ شریعتِ اسلام میں ربا اس فاضل مال کو کہتے ہیں جو کسی عوض (بدل) کے بغیر معاملہ کا ایک فریق دوسرے سے طے شدہ شرط کے تحت حاصل کرے۔ علم الاقتصاد میں ربا اس رقم کو کہتے ہیں جو قرض لینے والا مقررہ شرائط کے مطابق اصل قرض کے علاوہ ادا کرتا ہے۔

الرِّبَوِيُّ: سودی۔

الرَّبَاءُ: احسان۔ کہتے ہیں: لِفُلانٍ على فُلانٍ رَبَاءٌ۔

الرِّبَاءُ: الرِّبا۔

الرَّبَاةُ والرَّبَاوَةُ: ٹیلہ۔

الرَّبْوُ: ٹیلہ (۲) دمہ کی بیماری۔

الرَّبْوَةُ: ٹیلہ (۲) دس ہزار یا اس سے کم و بیش کی تعداد پر مشتمل جماعت۔

المُرَبَّى: پھلوں کا مربّا ج: مُرَبَّيَات۔

ر ـــــ ت

• رَتَأَ ــَـ رُتُوءًا: قیام کرنا۔

ــــ البَعِيرُ رَتَأَنًا: اونٹ کا چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا۔

ــــ فُلانًا رَتْئًا و رُتُوءًا: گلا گھونٹنا۔

ــــ العُقْدَةَ: گرہ کو مضبوط کرنا۔

أَرْتَأَ: ہلکے ہلکے ہنسنا۔ أَرْتَأَ ضَحِكَه بھی کہتے ہیں۔

• رَتَبَ ــُـ رُتُوبًا: دشوار جگہ پر ٹھہر جانا، ثابت قدم رہنا (۲) سیدھا کھڑا ہونا (۳) مال دار رہنے کے بعد لوگوں سے مانگنا

رَتَبَ الشَيءَ: جمانا، ٹھہرانا، کھڑا کرنا۔

رَتَّبَه: جمانا، سلیقہ اور ترتیب سے رکھنا (۲) انتظام و تدبیر کرنا (۳) مرتبہ وار رکھنا یا لگانا۔

أَرْتَبَ: رَتَبَ۔

تَرَتَّبَ: مرتب ہونا، سلیقہ اور ترتیب سے لگنا۔

ــــ عليه كذا: نتیجہ نکلنا (۲) دار و مدار ہونا (۳) ثابت و قائم ہونا۔

الرَّاتِبُ: قائم و دائم۔ رِزْقٌ رَاتِبٌ: برقرار رہنے والا رزق (۲) روزینہ، تنخواہ، مشاہرہ، وظیفہ، پنشن۔ الرَّوَاتِبُ: سنن مؤکدہ ج: رَوَاتِب۔

الرَّتَبُ: سختی، دشواری (۲) قریب قریب چٹانوں میں سے ایک (۳) چھنگلیا اور اس کے برابر والی انگلی کے درمیان کا فاصلہ۔

الرُّتْبَةُ: درجہ، مرتبہ، منصب، عہدہ، حیثیت (۲) اعزازی ڈگری جو حکومت کی جانب سے کسی کو بطور اعزاز دی جاتی ہے ج: رُتَبٌ

الرَّتَبَةُ: زینہ کی سیڑھی (۲) متعدد اونچی نیچی چٹانوں میں سے ایک (۳) بلند زمین، ٹیلہ (۴) انگلیوں کے درمیان کا گیپ (۵) سختی، مصیبت ج: رَتَبٌ۔

المَرْتَبَةُ: درجہ، بلند درجہ، مرتبہ، عہدہ (۲) سخت مقام، حالتِ مشقت۔ حدیث میں ہے: "مَنْ ماتَ على مَرْتَبَةٍ من هَذِه المَرَاتِبِ بُعِثَ عليها" جس شخص کی موت ان سخت مقامات (عبادت) میں سے کسی مقام پر آئے گی اسے اسی مقام پر اٹھایا جائے گا یا اسی حالت میں قیامت کے دن لایا جائے گا (۲) علم الحساب میں وہ جگہ ہے جہاں کوئی عدد اپنی مخصوص قیمت کا حامل ہو جیسے:

مَرْتَبَةُ الآحاد: اکائیوں کی جگہ۔
مرتَبَةُ العَشَرَات: دہائیوں کی جگہ
ایسے ہی مَرْتَبَةُ المِئَات و الأُلُوف۔

العَدَدُ المَرْتَبِيُّ: وہ عدد جس سے کسی چیز (معدود) کا نمبری درجہ معلوم ہو جیسے پہلا، دوسرا، تیسرا۔ الأَوَّلُ، الثَّانِي والثَّالِث۔
المُرَتَّبُ: تنخواہ، وظیفہ ج: مُرَتَّبات۔

•رَتَّ ـَ رَتَتًا و رَتَّةً: ہکلا ہونا، تتلا ہونا۔ هو أَرَتُّ و هي رَتَّاءُ ج: رُتٌّ۔
أَرَتَّهُ اللهُ: تتلا اور ہکلا بنانا۔
الأَرَتُّ: ہکلا آدمی، تتلا آدمی ج: رُتٌّ۔
الرَّتُّ: سردار، صدر ج: رُتُوتٌ۔
الرُّتَّةُ: ہکلاہٹ، تتلاہٹ۔
الرُّتِّي: توتلی عورت، ہکلی عورت۔

•رَتَجَ الصَّبِيُّ ـُ رَتَجَانًا: بچہ کا چلنا (ابتداءً)۔
ـــ البابَ: دروازہ بند کرنا۔ هو أَرْتَجُ و هي رَتْجَاءُ ج: رُتْجٌ۔
رَتِجَ ـَ رَتَجًا: مقرر کا بولتے ہوئے رک جانا اور بات زبان پر نہ آنا۔
أَرْتَجَ البَحْرُ: سمندر میں تلاطم پیدا ہونا، ٹھاٹھیں مارنا اور پانی کا ہر چیز کو گھیر لینا۔
ـــ الدَّجاجَةُ: مرغی کا پیٹ انڈوں سے بھر جانا۔
ـــ السَّنَةُ: پورے سال قحط رہنا۔
ـــ الثَّلْجُ: برف کا ہر جگہ اور پیہم گرنا، برف باری ہونا۔
ـــ الخِصْبُ: ہر جگہ شادابی پھیلنا۔
ـــ الأَتَانُ: گدھی کا حاملہ ہونا۔
ـــ البابَ: دروازہ کا بند کرنا۔
أُرْتِجَ عَلَيْه: زبان بند ہو جانا، بولتے ہوئے رک کر کھڑا ہو جانا۔

الرِّتَاجُ: پھاٹک، بڑا دروازہ (۲) ہر قسم کا دروازہ ج: أَرْتُجٌ۔
الرِّتَاجَةُ: تنگ گھاٹی (۲) چٹان ج: رَتَائِجُ
الرَّتِجُ: سِكَّةٌ رَتِجٌ: بند گلی، وہ راستہ جو ایک طرف سے بند ہو۔
مال رَتِجٌ: وہ مال جس پر دست رس نہ ہو۔
الرَّتَجُ: بڑا دروازہ، پھاٹک ج: أَرْتاج
المَرَاتِجُ: تنگ راستے، گلیاں۔
المِرْتَاجُ: چٹخنی وغیرہ جس سے دروازہ بند کیا جائے ج: مَرَاتِيج۔

•رَتَخَ العَجِينُ و الطِّينُ ـُ رَتْخًا و رُتُوخًا: گندھے ہوئے آٹے یا گارے کا پتلا ہونا۔
ـــ بالمكان رُتُوخًا: قیام کرنا، ٹھیرنا۔
ـــ به: چمٹنا، چپکنا، متعلق ہونا۔
ـــ عن الأَمْر: الگ ہونا، پیچھے ہٹنا۔
أَرْتَخَ الحَجَّامُ: پچھنے لگانے والے کا جلد کو معمولی سا چیرنا۔
الرَّتْخُ: کھال کے اندر چھوٹے چھوٹے ریزے
الرَّتَخَةُ: سخت کیچڑ، دلدل، گارا۔

•رَتَعَ ـَ رَتْعًا: مویشی کا آزادی کے ساتھ شاداب جگہ میں چرنا، سیر ہو کر چارہ کھانا۔
ـــ الرَّجُلُ: خوش حال زندگی بسر کرنا۔
ـــ في لَحْمِه: غیبت کرنا، پیٹھ پیچھے برائی کرنا۔ هو رَاتِع ج: رِتَاعٌ و رُتَّعٌ
کہتے ہیں: خَرَجْنا نَلْعَب ونَرْتَع: ہم کھیلتے ہوئے اور مزے اڑاتے ہوئے چلے۔
ـــ الماشيةَ: مویشی چرانا۔
أَرْتَـعَ: سرسبز و شاداب جگہ میں آنا (۲) فراخی اور آسودگی میں ہونا۔
ـــ المَطَرُ: بارش کا مویشی کے لئے چارہ اگانا
ـــ المكانُ: کسی جگہ کا جانوروں کو سیر کرنا

أَرْتَعَ إبلَه: چرنے دینا، چرنے کیلئے چھوڑنا
الرَّتَّاعُ: اونٹوں اور مویشی کو لے کر شاداب جگہوں کی تلاش میں نکلنے والا، سبزہ زاروں کا متلاشی چرواہا۔
الرَّتْعَةُ: انتہائی شادابی و سرسبزی۔
المَرْتَعُ: شاداب چراگاہ ج: مَرَاتِع۔ زرخیز مقام، عمدہ مقام۔
المُرْتِعُ: آسودہ جسے تمام نعمتیں میسر ہوں۔
الأَرْتَاعُ من النَّاس: لوگوں کا بڑا گروہ یا ہجوم۔

•رَتَقَ الشيءَ ـِ رَتْقًا: ٹانکا لگانا، پیوند لگانا، مرمت کرنا، ٹوٹی ہوئی چیز کو جوڑنا، جوڑ سے جوڑ ملانا۔
رَتَقَ فَتْقَه: اس نے اس کی اصلاح کی۔ رَتَقَ فَتْقَهُم: ان کے درمیان صلح کرا دی۔
رَتِقَ الشيءُ ـَ رَتَقًا: جڑنا، سوراخ بند ہو جانا، مرمت ہو جانا۔ هو أَرْتَقُ۔
المَرأَةُ الرَّتْقَاءُ: بانجھ عورت ج: رُتْق۔
ارْتَتَقَ الشيءُ: رَتِقَ۔
الرِّتَاقُ: کنارے جڑے ہوئے دو کپڑے
الرَّتْقُ: پھٹن، درز، سوراخ۔ شَيْءٌ رَتْقٌ: پھٹی ہوئی اور ٹوٹی ہوئی چیز۔ قرآن پاک میں ہے: "أَوَلَمْ يَرَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّ السَّمٰوَاتِ و الأَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنَاهُمَا"
الرَّتَقَةُ: انگلیوں کے درمیان کا کھلا حصہ ج: رَتَقٌ۔

•رَتَكَ البَعِيرُ ـُ رَتْكًا و رَتَكَانًا: اونٹ کا چھوٹے چھوٹے قدموں سے دوڑنا یا دوڑنا۔
أَرْتَكَ الضَّاحِكُ: ہلکے ہلکے ہنسنا۔
ـــ البَعِيرَ: اونٹ کو پویا دوڑانا۔
•رَتِلَ ـَ رَتَلًا: ترتیب و سلیقہ سے ہونا،

مرتب وہموار ہونا۔ رَتِلَ الثَّغْرُ أو الأَسْنَانُ و رَتِلَ الكَلامُ۔ هو رَتِلٌ و هی رَتِلَةٌ۔

رَتَّلَ الشیءَ: مرتب کرنا، بہتر ترتیب دینا، سلیقہ سے جمع کرنا۔

ـــ الکلامَ: بات کو سلیقہ اور ترتیب سے ادا کرنا (۲) بہتر طریقہ پر پڑھنا کہ تمام الفاظ وحروف واضح ہو جائیں، ٹھیر ٹھیر کر پڑھنا قرآن پاک میں ہے: "ورَتِّلِ القرآنَ تَرْتِيلاً"، قرآن کو صاف صاف اور عمدہ طریقہ پر پڑھو۔ کہتے ہیں: ثَغر مُرَتَّلٌ: ہموار اور ترتیب سے لگے ہوئے دانت۔

تَرَتَّلَ فی کلامِه: ٹھیر ٹھیر کر صاف بولنا، خوش اسلوبی سے بولنا۔

الرَّتَلُ: ہر عمدہ چیز (۲) دانتوں کی سفیدی اور چمک (۳) گھوڑوں یا موٹروں وغیرہ کی لائن۔ ثَغْرٌ رَتَلٌ: ہموار اور خوبصورت دانت ج: أَرْتَال۔

الرِّتْلُ: ہر عمدہ چیز (۲) عمدہ کلام

الرُّتَيْلَى والرُّتَيْلاءُ: ایک قسم کی مکڑی۔

الأَرْتَلُ: اچھی ترتیب والا (۲) تتلا۔

الترتيل: خوش اسلوب قراءت۔

الترتيلة: گنگناہٹ، ترنم۔

•رَتِمَت المِعْزَى ـِ رَتْماً: بکری کا رَتَم (ایک گھاس) کھانا (۲) رتم گھاس کھاکر بیہوش ہو جانا۔

رَتَمَ فُلانٌ: جمنا، ٹھیرنا۔

ـــ فی بنی فلانٍ: پرورش پانا (۲) آہستہ بولنا۔ ما رَتَمَ بكلمةٍ: اس نے ایک لفظ زبان سے نہیں نکالا۔

ـــ الشیءَ: توڑنا (۲) چورا کرنا، کوٹنا۔ الفاعل رَاتِمٌ و المفعول مَرْتُوم و رَتِيم و رَتِمٌ۔

أَرْتَمَ الفَصِيلُ: اونٹ کے بچے کے کوہان میں چربی پیدا ہونا۔

أَرْتَمَ فلانٌ: انگلی میں یادداشت کے لئے دھاگا باندھنا۔ کہتے ہیں: أَرْتَمَ فُلاناً و أَرْتَمَ له: اس کی انگلی میں دھاگا باندھا۔

ارْتَتَمَ: انگلی پر یادداشت کا دھاگا باندھنا

تَرَتَّمَ: ارتتم۔

الرُّتَام: بوسیدہ چیز۔

الرَّتَمُ: ایک قسم کا پودا جو جنگل میں ہوتا ہے اور اسے زینت کے لئے بھی لگایا جاتا ہے (۲) آہستہ کلام (۳) راستہ (۴) کامل حیا (۵) بھرا ہوا ناشتہ دان۔

الرَّتَمَةُ: وہ دھاگا جو انگلی پر یادداشت یا کسی نشانی کے لئے باندھا جاتا ہے ج: رَتَمٌ۔

الرَّتِيمَةُ: الرَّتَمَةُ ج: رَتائِمُ۔

•رَتَنَ الشَّحْمَ بالعَجِينِ ـُ رَتْناً: گندھے ہوئے آٹے میں چربی یا گھی ملانا۔

المُرْتَنَةُ: چربی دار روٹی، روغنی روٹی ج: مَراتِن۔

•رَتَا الرَّجُلُ ـُ رَتْواً و رُتُوّاً: قدم اٹھانا۔

ـــ برأسه: اشارہ کرنا۔

ـــ بالدَّلْوِ: ڈول کو دھیرے دھیرے ڈالنا۔

ـــ الشیءَ: پھینک دینا (۲) ڈھیلا کرنا، ڈھیلا چھوڑنا۔

ـــ القلبَ: دل کو مضبوط کرنا۔ حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حسا کے بارے میں فرمایا: "إنّه يَرْتُو فؤادَ الحَزِينِ ويسرُو عن فؤادِ السَّقِيمِ" وہ (شوربا) غمگین کے دل کو مضبوط کرتا ہے اور بیمار کے دل کو تسکین دیتا ہے۔

ـــ الشیءَ اليه: ملانا، شامل کرنا۔

رُتِیَ: رُتِیَ فی ذَرْعِه: اسے کمزور کردیا گیا

الرَّاتِی: متبحر عالم ربانی ج: رُتاةٌ۔

الرَّتْوَةُ: قدم۔ حدیث فاطمہ رض میں ہے: "أنّها أقبلتْ الی النبیّ صلی اللہ علیه وسلم فقال لها: ادنی یا فاطمة، فدَنَوْتُ رَتْوَةً ثمّ قال ادنی یا فاطمة فدنوتُ رَتْوَةً" (۲) عزت وشرف میں اضافہ (۳) ڈھیلی گرہ (۴) تھوڑا سا وقت، لمحہ (۵) قطرہ (۶) حدنگاہ۔

الرُّتَيْنَةُ: لیمپ کی بنی ہوئی اور مسالا لگی ہوئی بتی جو صاف اور تیز روشنی دیتی ہے۔

ر ـــ ث

•رَثَأَ البعیرُ ـَ رَثْئاً: اونٹ کو مونڈھے کی بیماری لاحق ہونا۔

ـــ الغضبُ: غصہ کا ٹھنڈا ہونا۔

ـــ الشیءَ بالشیءِ: ملانا، مخلوط کرنا۔

ـــ اللَّبَنَ: دودھ میں کھٹا اس ملانا تاکہ وہ جم کر دہی بن جائے۔

ـــ فلاناً: کسی کو مارنا۔

رَثِئَ الكَبْشُ ـَ رُثْئاً و رُثَاءَةً: مینڈھے کا چنکبرا ہونا۔ هو أَرْثَأُ و هی رَثْآءُ ج: رُثْءٌ

أَرْثَأَ اللَّبَنُ: دودھ جم کر دہی بن جانا، گاڑھا ہونا۔

ارْتَثَأَ فی رأیه: رائے میں کمزور ہونا، کبھی کچھ اور کبھی کچھ کہنا۔

ـــ اللَّبَنُ: دودھ گاڑھا ہونا، جم جانا۔

ـــ الرَّثِيئَةَ: دہی پینا۔

الرَّثْءُ: ناسمجھی، بے وقوفی۔

الرَّثَأَةُ: بے وقوفی (۲) اونٹ کے کندھے کی بیماری۔

الرَّثِيئَةُ: بے وقوفی (۲) جامن، کھٹا دودھ جو میٹھے دودھ میں اسے جمانے کے لئے

ملایا جاتا ہے۔
المَرْثُوءُ: کم فہم (۲) کمزور دل ج: مَرَاثِئُ۔
رَثَّ الثَّوبُ وغیرُہ ـِ رَثَاثَةً و رُثُوثَةً: بوسیدہ اور پرانا ہونا۔ ھو أَرَثُّ و ھی رَثَّاءُ ج: رُثٌّ و ھو رَثٌّ و رَثِیثٌ ایضًا و ھی رَثِیثَةٌ و رَثَّةٌ ج: رِثَاثٌ۔
ــــ ھَیئَةُ الرَّجُلِ: خستہ و شکستہ حال ہونا۔
أَرَثَّ الثَّوبُ وغیرُہ: بوسیدہ ہونا، پرانا ہونا۔
ــــ الرَّجُلُ: خستہ حال ہونا۔
ــــ الثَّوبَ وغیرَہ: پرانا اور بوسیدہ ہونا کہتے ہیں: أَرَثَّ اللہُ ھیئةَ الرَّجُلِ: اللہ اس کا حال خراب کرے۔
ارتَثُّوا رِثَّةَ القَومِ: لوگوں کا ردی سامان اکٹھا کرنا اور اسے خرید لینا۔
ارتُثَّ فُلانٌ: اسے پیٹ کر شدید زخمی کر دیا گیا اور اس حال میں اٹھا کر لایا گیا کہ اس میں رمق باقی تھی پھر وہ مر گیا۔ ھو مُرتَثٌّ۔ حدیث کعب بن مالکؓ میں ہے: "أنَّہ ارتُثَّ یومَ أُحُدٍ فجاءَ بہ الزُّبَیرُ یَقُودُ بِزِمَامِ راحلتِہ"
الأَرَثُّ: کہنہ، بوسیدہ ج: رُثٌّ۔
الرَّثُّ: ردی سامان (۲) گھر کا خراب و ردی سامان ج: رِثَاثٌ۔
الرِّثَّةُ: الرَّثُّ (۲) بے وقوف عورت (۳) کمزور اور نچلے درجہ کے لوگ ج: رِثَثٌ و رِثَاثٌ۔
الرَّثِیثُ: وہ زخمی جس میں رمق باقی ہو ج: رِثَاثٌ۔
الرَّثَاثَةُ: پراگندگی، بوسیدگی، خستہ حالی
•رَثَدَ المَتَاعَ ـُ رَثْدًا: سامان کو تہ بہ تہ رکھنا یا ڈھیر لگانا۔

رَثَدَ الدَّجَاجَةُ بَیضَہَا: مرغی کا انڈوں کو سمیٹنا۔ ھو مَرثُودٌ و رَثِیدٌ۔
رَثِدَ المَاءُ ـَ رَثَدًا: پانی کا گدلا ہونا۔ ھو رَثِدٌ و ھی رَثِدَةٌ۔
أَرثَدَ المَاءُ: رَثِدَ۔
ــــ فُلانٌ: اتنی کھدائی کرنا کہ تر زمین تک پہنچ جائے۔
ــــ القَومُ: لوگوں کا قافلہ کی شکل میں مقیم ہو جانا۔
ارتَثَدَ المَتَاعَ: سامان کو اکٹھا کر کے رکھنا
الرَّثَدُ: لوگوں کی جماعت جو کسی جگہ مقیم ہو، اقامت گزیں قافلہ ج: أَرثَادٌ۔
الرَّثَدُ: ترتیب سے یا تہ بہ تہ رکھا ہوا سامان (۲) گھر کا ردی سامان (۳) کمزور اور معمولی لوگ۔ کہتے ہیں: ترکنَا علی المَاءِ رَثَدًا: ہم نے پانی کے پاس کمزور لوگوں کو چھوڑا ہے جن میں کسی کام کی طاقت نہیں ہے ج: أَرثَادٌ۔
الرِّثدَةُ: الرَّثَدُ ج: رِثَدٌ۔
المَرثَدُ: شریف النفس آدمی (۲) شیر ج: مَرَاثِدُ۔
•رَثِعَ ـَ رَثَعًا: حریص ولالچی ہونا (۲) تھوڑے یا معمولی عطیہ پر راضی ہو جانا (۳) برے لوگوں کی ہم نشینی کرنا (۴) کم ظرف ہونا۔ ھو رَاثِعٌ و رَثِعٌ و ھی رَاثِعَةٌ و رَثِعَةٌ۔
ارثَعَنَّ: کمزور اور ڈھیلا ہونا (۲) خطرہ کو برداشت نہ کرنا۔
ــــ المَطَرُ: بارش کا مسلسل ہونا، بہت ہونا۔
ــــ الشَّعَرُ: بالوں کا لٹکنا۔
المُرثَعِنُّ: زبردست سیلاب۔
•رَثَمَ أَنفَہُ او فَمَہُ ـِ رَثمًا: ناک یا منہ کو توڑ کر خون آلود کرنا۔ کہتے ہیں: رَثَمَ أَحَدَ أَعضاءِ جِسمِہ

رَثَمَت المَرأَةُ أَنفَہَا بالطِّیبِ: ناک پر خوشبو ملنا۔ الفاعل: رَاثِمٌ والمَفعُولُ مَرثُومٌ و رَثِیمٌ ج: رَثَائِمُ۔
رَثِمَ فُلانٌ ـَ رَثَمًا: زبان میں لکنت کی وجہ سے صاف نہ بولنا۔
ــــ الفَرَسُ: گھوڑے کی ناک کے سرے پر سفید داغ ہونا یا اوپر کے ہونٹ پر سفیدی ہونا۔
ــــ مَنسِمُ البَعِیرِ: اونٹ کی ناک کا خون چکاں ہونا۔ ھو رَثِمٌ و ھی رَثِمَةٌ۔ و ھو ایضًا أَرثَمُ و ھی رَثمَاءُ ج: رُثمٌ۔
رَثَّمَت الرِّثمَةُ الأَرضَ: تھوڑی اور ہلکی بارش ہونا۔
الرَّثَمُ: گھوڑے کی ناک کے سرے پر سفید داغ۔
الرِّثمَةُ: معمولی اور کم بارش ج: رِثَامٌ کہتے ہیں: بَلَغَہُ رَثمَةٌ من الخَبَرِ: اسے بات کا کچھ حصہ پہنچا۔
الرُّثَمَةُ: الرِّثمَةُ ج: رِثَامٌ
الرُّثمَةُ: گھوڑے کی ناک کے سرے پر سفید نشان یا بالائی ہونٹ پر سفید نشان۔
الرَّثِیمُ: رَثِیمُ الحَصَی: اونٹوں کے پیروں سے ٹوٹ جانے والی چھوٹی کنکریاں
المِرثَمُ: ناک ج: مَرَاثِمُ۔
المَرثِمُ: المِرثَمُ۔
•رَثَنَتِ الرِّثنَةُ الأَرضَ ـِ رَثنًا: زمین پر رک رک کر ہلکی بارش ہونا۔
رَثَّنَتِ الرِّثنَةُ الأَرضَ: رَثَنَتہَا۔
ترَثَّنَت المَرأَةُ: عورت کا منہ پر زعفران ملنا۔
الرِّثنَةُ: رک رک کر ہونے والی ہلکی بارش ج: رِثَانٌ۔
•رَثَاہُ ـُ رَثوًا و رِثَاءً: کسی کی خوبیاں

بیان کرکے رونا، میت کا مرثیہ پڑھنا، نوحہ کرنا۔
الرَّثِئُ: دودھ جو کھٹا دودھ ملانے سے گاڑھا ہو جائے اور دہی بن جائے۔
رَثَیَ المَیِّتَ ۔ رَثْیًا و رِثَاءً و رِثَایَةً و مَرْثَاةً و مَرْثِیَةً: مردہ پر رونا اور اس کے محاسن بیان کرنا (بیان کرکے رونا)۔ رَثَاہ بِقَصِیْدَةٍ: کسی کی موت پر مرثیہ کہنا۔ رَثَاہُ بِکَلِمَةٍ: کسی کی موت پر تعزیتی تقریر کرنا۔
ـــ لہ: کسی پر ترس کھانا، رحم کرنا (۲) اظہار غم کرنا۔ یُرْثیٰ لہ: قابل رحم۔
ـــ عنہ الحدیثَ رِثَایَةً: کسی سے کوئی بات نقل کرنا۔
رَثِیَ ۔ رَثْیًا و رَثْیً: ضعف لاحق ہونا، سستی پیدا ہونا (۲) جوڑوں کے درد میں مبتلا ہونا۔
رَثَّاہُ: مرنے کے بعد کسی کی تعریف کرنا۔
تَرَثَّاہُ: رَثَاہ۔ حدیث میں ہے: "أنه صلی اللّٰہ علیہ وسلم نَہیٰ عن التَّرَثِّی" آپ نے مردہ کے محاسن بیان کرکے رونے سے منع فرمایا ہے۔
الرَّثَّایَةُ: نوحہ کرنے والی عورت۔
الرَّثْیَةُ: ضعف، سستی (۲) خامی، نقص کہتے ہیں: فی أمرہ رَثْیَةٌ (۳) جوڑوں یا گھٹنوں کا درد (۴) بڑھاپے کا درد یا معذوری۔
الرَّثِیَّةُ: الرَّثْیَةُ۔
المَرْثَاةُ: نوحہ خوانی (۲) مرثیہ وہ اشعار یا کلمات جن کے ذریعہ مردہ پر اظہار غم کیا جائے ج: مَرَاثٍ
المَرْثِیَةُ: المَرْثَاةُ ج: مَرَاثٍ۔

ر ـــــــــ ج

• أَرْجَأَتِ الحَامِلُ: حاملہ کے وضع حمل کا وقت قریب ہونا۔
أَرْجَأَ الصَّائِدُ: شکاری کا شکار سے محروم رہنا۔
ـــ الأَمْرَ: مؤخر کرنا، ملتوی کرنا۔
المُرْجِئَةُ: ایک اسلامی فرقہ جو کسی مسلمان پر کوئی حکم نہیں لگاتا بلکہ اسے قیامت تک کے لیے مؤخر کرتا ہے۔ اس کا عقیدہ ہے کہ ایمان کے ساتھ معصیت کا کوئی نقصان نہیں۔ جیسا کہ کفر کے ساتھ نیکی کا کوئی فائدہ نہیں۔
• رَجِبَ ۔ رَجَبًا و رُجُوبًا: گھبرانا، شرمانا رَجَبَ منہ بھی کہتے ہیں۔
ـــ العُودُ: شاخ کا تنہا نکلنا۔
ـــ فُلَانًا رَجْبًا: کسی سے ڈرنا، مرعوب ہونا (۲) تعظیم کرنا۔
ـــ فُلَانًا بقولٍ سَیِّئٍ: کسی پر بری تہمت لگانا۔
أَرْجَبَ فُلَانًا: رَجَبَ۔
رَجَّبَ الرَّجُلُ: ماہ رجب میں کسی بت کے پاس جانور ذبح کرنا (یہ زمانۂ جاہلیت کی عبادت تھی)۔
ـــ الانسانَ وغیرَہ: بہت بڑا سمجھنا، تعظیم کرنا۔
ـــ النَّخْلَةَ: کھجور کے درخت کو سہارا دینے کے لئے ٹیکن کھڑی کرنا یا پایہ بنانا یا کھجور کے خوشوں کو پتوں سے باندھنا تاکہ وہ ہوا سے منتشر نہ ہوں۔ حدیث سقیفہ میں ہے: "أنا جُذَیْلُهَا المُحَکَّكُ و عُذَیْقُهَا المُرَجَّبُ" جذیل جذل کی تصغیر بمعنی تنہ اور عُذَیق عذق کی تصغیر ہے بمعنی کھجور مُحَکَّك: جس سے بدن رگڑا جائے۔ مرجب: وہ کھجور کا درخت جس کے نیچے ٹیک لگائی گئی ہو۔ میں اس کا وہ تنہ ہوں جس سے اونٹ کھجاتے ہیں اور وہ کھجور ہوں جس کے نیچے ٹیک لگی ہوئی ہے۔ یعنی میں مدد کرنے کے قابل ہوں۔ (۲) کھجور کے درخت کے چاروں طرف حفاظت کیلئے کانٹے لگانا۔
رَجَّبَ الکَرْمَ: انگور کی بیل کی شاخوں کو ہموار کرکے اپنی اپنی جگہ پر رکھنا۔
الأَرْجَابُ: انتڑیاں۔ اس کا واحد نہیں ہے۔ بقول بعض رَجَبٌ یا رُجْبٌ ہے۔
الرَّاجِبَةُ: رَوَاجِب کا مفرد: انگلیوں کے جوڑ
رَجَبٌ: قمری سال کا ساتواں مہینہ اور یہ أشہر حُرُم میں ہے۔ کہاوت ہے: عِشْ رَجَبًا تَرَ عَجَبًا یعنی تم رجب بعد رجب جیو یا پورے سال جیو ج: أَرْجَابٌ و رُجُوبٌ و رِجَابٌ۔
رَجَبَانِ: رجب و شعبان کے دو مہینے۔
الرُّجْبُ: سینہ کی طرف پسلی کا سرا ج: أَرْجَابٌ
الرُّجْبَةُ: کھجور کے درخت کو سہارا دینے کی ٹیکن لکڑی یا ستون (۲) شکار کرنے کی مچان یا اونچی عمارت ج: رُجَبٌ۔
الرَّجَبِیَّةُ: ماہ رجب میں بتوں کے نام ذبح کیا جانے والا جانور (زمانۂ جاہلیت میں) (۲) ماہ رجب میں رسول اکرم صلی اللّٰہ علیہ وسلم کے مدینہ کی زیارت۔
• رَجَّهُ ۔ رَجًّا و رَجَّةً: حرکت دینا، زور سے ہلانا، جھنجوڑ ڈالنا۔ قرآن پاک میں ہے: "إذا رُجَّتِ الأرضُ رَجًّا"
ـــ فُلَانًا عن الشَّیءِ: روکنا، منع کرنا۔
رَجَّ الشَّیءُ ۔ رَجَجًا: تھرتھرانا، بے قرار ہونا، حرکت کرنا۔ ھو أَرَجُّ و ھی رَجَّاءُ ج: رُجٌّ۔ نَاقَةٌ رَجَّاءُ: بڑے کوہان والی اونٹنی۔
أَرَجَّتِ الحَامِلُ: حاملہ کی ولادت قریب ہونا۔ ھی مُرِجٌّ و مُرِجَّةٌ۔
ارْتَجَّ: ہلنا، حرکت کرنا، لرزنا، دہلنا۔
ـــ البَحْرُ: متلاطم ہونا، موجزن ہونا۔

اِرْتَجَّ الكَلامُ: گفتگو کا الجھا ہوا ہونا، غیر واضح ہونا۔
ـــ الظَّلامُ: اندھیرا گُپ ہونا۔
الارْتِجاجُ: دماغی جھٹکا جو سر پر چوٹ وغیرہ سے لگتا ہے۔
الرَّجاجُ: کمزور لوگ یا اونٹ یا بکریاں۔ حدیث عمر بن عبدالعزیز میں ہے: "النَّاسُ رَجَاجٌ بَعْدَ هٰذَا الشَّيْخِ" واحد: رَجَاجَة۔
الرِّجاجة: شیر کا مسکن۔
الرَّجّاجَةُ: علم کیمیا میں تحریکی عمل کے لئے استعمال کیا جانے والا ایک آلہ۔
الرَّجَّةُ: رَجَّةُ القَوْمِ: لوگوں کی ملی جلی آوازیں۔
رَجَّةُ الرَّعْدِ: بادل کی گرج۔
ـــ الأرْضِ: جھٹکا، دہل۔
•رَجَحَ الشَّيْءُ ـَ رُجُوحًا و رُجْحَانًا و رَجَاحَةً: بھاری ہونا۔
رَجَحَهُ غَيْرُهُ: بھاری کرنا، وزن سے جھکانا۔
رَجَحَتْ إِحْدَى الكِفَّتَيْنِ الأُخْرَى: ترازو کے دو پلڑوں میں سے ایک دوسرے پر بھاری ہو گیا۔
ـــ فی مَجْلِسِه: وزن کی وجہ سے جم جانا، جلدی سے اٹھ نہ سکنا۔
ـــ عَقْلُه أو رَأْيُهُ: عقل اور رائے کا پختہ ہونا۔
ـــ الشَّيْءَ بيده: ہاتھ سے اٹھا کر وزن دیکھنا کہ کتنا ہے۔
ـــ كِفَّةُ المِيزَانِ له: کسی کے حق میں ترازو کا پلڑا بھاری ہونا۔
قَوْلٌ رَاجِحٌ: وزن دار بات۔ رَأْيٌ مَرْجُوحٌ: مرجوح رائے۔
أَرْجَحَهُ: راجح کرنا، وزنی قرار دینا، غالب بنانا
ـــ المِيزَانَ: ترازو کا ایک پلڑا جھکانا۔
أَرْجَحَ فُلانًا و له: کسی کو ترجیح دینا اور دوسرے کے مقابلہ میں زیادہ دینا
رَاجَحَهُ: وزنی ہونے میں مقابلہ کرنا۔ کہتے ہیں: رَاجَحَه فَرَجَحَهُ: اس نے اس سے وزن میں مقابلہ کیا تو اس پر غالب ہو گیا۔
رَجَّحَهُ: ترجیح دینا، دوسرے کے مقابلہ میں وزن دار بنانا (۲) مضبوط کرنا۔
ـــ علی فلان: کسی کو کسی پر فوقیت دینا
اِرْتَجَحَ الشَّيْءُ: بھاری اور وزنی ہونا (۲) مذبذب ہونا، ڈانواں ڈول ہونا ہچکولے کھانا۔
ـــ فی الارجوحة: جھولے میں جھولنا۔
اِرْتَجَحَتْ به الأُرْجُوحَةُ: جھولے نے اسے جھونٹا دیا، اس نے جھونٹا لیا۔
ـــ الرَّوَادِفُ: سرین کا حرکت کرنا۔
تَرَجَّحَ: ہلنا، ہچکولے کھانا۔ جیسے: تَرَجَّحَتْ به الأُرْجُوحَةُ۔
ـــ الرَّأْيُ عنده: کسی کے نزدیک رائے کا غالب و پختہ ہونا۔
الأُرْجُوحَةُ: جھولا (۲) پھسلنے یا جھولنے کا تختہ (۳) جنگل بیابان ج: أَرَاجِيحُ
الرَّاجِحُ: غالب، وزن سے جھکا ہوا، وزن دار (۲) قابل ترجیح، علم فلسفہ میں وہ شے جس کا وجود عدم پر اور صدق کذب پر غالب ہو۔
الرَّجَاحُ: امْرَأَةٌ رَجَاحٌ: بڑی سرین والی عورت (۲) باوقار عورت۔ كَتِيبَةٌ رَجَاحٌ: بھاری فوجی دستہ ج: رُجُحٌ
الرَّجَاحَة: بردباری، عقل کی پختگی، وزن وقار۔
الرُّجَّاحَةُ: جھولا (رسیوں کا)
الرُّجْحَانِيَّةُ: فلسفہ میں ایک مکتب فکر جس کی رائے ہے کہ ہم کبھی بھی یقینی حد تک نہیں پہنچ سکتے جو کچھ ہم جانتے ہیں وہ یقینی نہیں راجح اور غالب رائے ہے۔
المِرْجَاحُ: بردبار، باوقار (۲) بھاری پھلوں والا درخت، ہچکولے لے کر چلنے والا۔ جَمَلٌ مِرْجَاحٌ و ناقةٌ مِرْجَاحٌ ج: مَرَاجِيحُ۔
المَرْجُوحَةُ: جھولا ج: مَرَاجِيحُ۔
ارجحنّ: ایک طرف جھکنا، ہلنا، بھاری ہونا کہتے ہیں: ارجحنَّ الرِّدْفُ وارجحنَّت الرَّحَى (۲) پھیلنا، وسیع ہونا۔ جیسے: ارجحنَّ الجَيْشُ۔
•رَجَدَ القَمْحَ ـُ رَجْدًا و رِجَادًا: گیہوں کو گاہنے کے لئے کھلیان لے جانا۔ هو رَاجِدٌ و رَجَّاد۔
•رَجْرَجَ الشَّيْءُ: ہلنا، تھرتھرانا، لہلہانا۔
ـــ فُلانٌ: تھکنا، تھک کر چور ہونا۔
ـــ الشَّيْءَ: ہلانا، حرکت دینا۔
ـــ البِئْرَ: کنویں کی مٹی نکالنا۔
تَرَجْرَجَ الشَّيْءُ: ہلنا، تھرتھرانا، لہلہانا۔
الرَّجْرَاجُ: متحرک، لہراتا ہوا، موج زن۔ بَحْرٌ رَجْرَاجٌ: موج زن سمندر۔ نَاسٌ رَجْرَاجٌ: کمزور و بے عقل لوگ۔
الرَّجْرَاجَةُ: كَتِيبَةٌ رَجْرَاجَةٌ: لشکر جرار جس کا چلنا کثرت افراد کی بنا پر دشوار ہو۔ جَارِيَةٌ رَجْرَاجَةٌ: وہ کنیز جس کا گوشت اور سرین چلتے وقت ہلتے ہوں (۲) فالودہ۔
الرَّجْرَجُ: الرَّجْرَاج ج: رَجَارِجُ۔
الرِّجْرِجَةُ: حوض کا بچا ہوا گدلا پانی (۲) لعاب (۳) بڑا جنگی گروہ ج: رَجَارِجُ۔
•رَجَزَ الرَّاجِزُ ـُ رَجْزًا: رجزیہ اشعار پڑھنا۔ کہتے ہیں: رَجَزَ به: اسے رجزیہ اشعار سنائے۔ هو رَاجِزٌ و رَجَّازٌ و رَجَّازَةٌ۔
ـــ الرِّيحُ بَيْنَهُمْ: ہوا کا چلتے رہنا۔

رَجِزَ الجَمَلُ ـَ رَجَزًا: اونٹ کے اٹھتے وقت رجز بیماری کی وجہ سے ٹانگوں کا کپکپانا۔ ھو أَرْجَزُ و ھی رَجْزَاءُ ج: رُجْزٌ۔

رَاجَزَه: رجز یہ اشعار میں مقابلہ کرنا۔

رَجَّزَهٗ: رجز یہ اشعار سنانا۔

اِرْتَجَزَ الرَّاجِزُ: رجز یہ نظم کہنا۔

ـــ القَوْمُ: باہم رجز یہ اشعار سنانا۔

ـــ الرَّعْدُ: مسلسل گرج ہونا۔

تَرَاجَزَ القومُ: اِرْتَجَزُوا (۲) باہم جھگڑنا

تَرَجَّزَ الحَادِی: شتربان کا اونٹوں کو رجز پڑھکر ہانکنا۔

ـــ الرَّعْدُ: گرج کی آواز آنا۔

ـــ السَّحَابُ: بادل کا کثرتِ آب کی بنا پر آہستہ چلنا۔

الأُرْجُوْزَةُ: بحر رجز پر تیار کی ہوئی نظم ج: أَرَاجِیز (دیکھئے: رجز)

الرَّاجِزُ: رجز پڑھنے والا یا رجز یہ نظم بنانے والا۔

الرِّجَازَةُ: ہودج سے چھوٹی سواری (پالکی) جس پر عورتیں بیٹھتی ہیں (۲) ہودج کی زینت (سرخ اون وغیرہ) ج: رَجَائِز۔

الرَّجَّازُ: الرَّاجِزُ۔

الرِّجْزُ: گندگی، گناہ (۲) عذاب۔ قرآن پاک میں ہے: "لَئِنْ كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ" (۳) بتوں کی پرستش۔ قرآن پاک میں ہے: "وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ" (۴) شرک۔

رِجْزُ الشَّيْطَانِ: شیطانی وسوسہ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً لِيُطَهِّرَكُمْ بِهِ وَيُذْهِبَ عَنْكُمْ رِجْزَ الشَّيْطٰنِ" ج: أَرْجَازٌ۔

الرَّجَزُ: اونٹ کی ایک بیماری جس کی وجہ سے اٹھتے وقت اس کی رانوں کا گوشت تھرکتا ہے (۲) شعر کی ایک بحر کا نام (اوزان میں سے ایک وزن) اس کا اصل وزن چھ دفعہ مستفعلن ہے اس کی دو قسمیں ہیں: ایک مشطور اور دوسری منہوك۔

• رَجَسَ صَوْتُ الرَّعْدِ اوالجَيْشِ ـُ رَجْسًا: گرج کی گھٹی ہوئی زوردار آواز آنا، لشکر کی ملی جلی زوردار آواز آنا۔

ـــ البَعِيْرُ: اونٹ کا زور سے بلبلانا۔

ـــ السَّمَاءُ: آسمان کا زور زور سے گرجنا۔

ـــ فُلَانٌ: آب پیما آلہ سے پانی کا اندازہ کرنا۔

ـــ فُلَانًا عن الأَمْرِ ـِ رَجْسًا: روکنا، باز رکھنا۔ ھو رَاجِسٌ و رَجَّاسٌ

رَجِسَ ـَ رَجَسًا و رَجَاسَةً: نجس وناپاک ہونا (۲) برا فعل کرنا۔ ھو رَجِسٌ و ھی رَجِسَةٌ۔

رَجُسَ الشيءُ ـُ رَجَاسَةً: گندا ہونا، ناپاک ہونا۔

ـــ فُلَانٌ: بدکار ہونا، برا کام کرنا۔

أَرْجَسَ فُلَانٌ: آب پیما آلہ سے پانی کی مقدار جاننا۔

اِرْتَجَسَت السَّمَاءُ: گرجنا۔

ـــ البِنَاءُ: لرزنا، دہلنا۔ حدیث سطیح میں ہے: "لَمَّا وُلِدَ (صلی اللہ علیہ وسلم) اِرْتَجَسَ إِيْوَانُ كِسْرٰى"

ـــ أَمْرُهٗ: کسی کا معاملہ الجھنا، غیر واضح ہونا

الرَّجْسُ: زبردست آواز (۲) اونٹ کی بلبلاہٹ۔

الرِّجْسُ: گندگی، نجاست (۲) گندی اور ناپاک چیز (۳) گندا فعل، بدکاری، گناہ (۴) حرام (۵) لعنت (۶) کفر، (۷) عذاب۔ قرآن پاک میں ہے: "وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ"

رِجْسُ الشَّيْطَانِ: شیطانی وسوسہ، گندا خیال ج: أَرْجَاسٌ۔

المِرْجَاسُ: ایک کھوکھلا کیا ہوا پتھر جس کے ایک سرے پر رسّی باندھ کر کنویں میں لٹکایا جاتا ہے اس سے کیچڑ نکال کر کنویں کو صاف بھی کیا جاتا ہے اور اس سے پانی کی مقدار بھی معلوم کیجاتی ہے۔ پتھر کا آب پیما آلہ ج: مَرَاجِيْسُ

المَرْجُوْسَةُ: کہتے ہیں: هم فی مَرْجُوْسَةٍ من أَمْرِهِمْ: وہ اپنے معاملہ میں غلطاں وپیچاں ہیں، الجھے ہوئے ہیں۔

• رَجَعَ الشيءُ ـِ رُجُوْعًا و رِجَاعًا: فائدہ پہنچانا۔ کہتے ہیں: رَجَعَ فيه كلامی۔

ـــ فُلَانٌ من سَفَرِهٖ: لوٹنا، واپس آنا

ـــ الكلبُ فی قَيْئِهٖ: کتے کا اپنی قے کو کھالینا۔

ـــ فی هِبَتِهٖ: ہبہ کی ہوئی چیز کو واپس لینا۔

ـــ فی كلامه: کلام کے سابقہ حصہ کو دوبارہ زیر بحث لانا۔

ـــ اليه فی امر: کسی معاملہ میں کسی سے مشورہ کرنا۔

ـــ الی الأَمْرِ: کسی معاملہ پر توجہ دینا (۲) دوبارہ شروع کرنا، دوبارہ اختیار کرنا۔

ـــ الطَّيْرُ: پرندوں کا گرم مقامات سے ٹھنڈے مقامات میں آنا۔

ـــ عن الشيءِ: باز آنا، ترک کرنا۔

ـــ فُلَانًا عن الشيءِ واليه رَجْعًا و مَرْجِعًا و مَرْجِعَةً و رُجُوْعًا و رُجْعَانًا: واپس لانا، لوٹانا، قرآن پاک میں ہے: "فَإِنْ رَجَعَكَ اللّٰهُ

إِلٰى طَائِفَةٍ مِّنْهُمْ فَاسْتَأْذَنُوْكَ لِلْخُرُوْجِ "

رَجَعَ الشيءُ و الرَّجُلُ: لوٹنا، ہٹ جانا

__ الشيءَ رَجْعًا: لوٹانا۔ قرآن پاک میں ہے: فَارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ إِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَهُوَ حَسِيْرٌ "

__ عليه: مطالبہ کرنا۔

أَرْجَعَ فُلَانٌ: کوئی چیز لینے کے لئے دونوں ہاتھ پیچھے کی طرف جھکانا۔

__ الرَّجُلُ او الدَّابَّةُ: آدمی کا پاخانہ کرنا، چوپائے کا لید وگوبر کرنا۔

__ النَّاقَةُ: اونٹنی کا لاغری کے بعد موٹا ہو جانا۔

__ فی المُصِيبَةِ: مصیبت کے وقت انا للہ وانا الیہ راجعون کہنا۔

__ فُلَانًا: لوٹانا، واپس کرنا۔

__ بَيْعَتَه: اللہ کا کسی کی سوداگری کو نفع بخش بنانا۔

رَاجَعَ فُلَانًا فی أَمْرِه مُرَاجَعَةً و رِجَاعًا: کسی سے مشورہ لینا، رجوع کرنا۔

__ الكِتَابَ: کتاب کی طرف رجوع کرنا، کتاب دیکھنا۔

__ الكِتَابَ او الحِسَابَ: نظر ثانی کرنا، جانچ کرنا۔

__ زَوْجَتَه: طلاق کے بعد بیوی کو بحال کرنا

__ فُلَانًا الكَلَامَ: کسی سے سوال جواب کرنا، بحث ومباحثہ کرنا (۲) کسی سے کوئی بات دوبارہ کہلوانا۔

__ الطبيبَ: بیماری میں ڈاکٹر یا حکیم سے مشورہ لینا، معالج کو دکھانا۔

رَجَّعَ عند المُصِيبَةِ و فيها: انا للہ وانا الیہ راجعون کہنا۔

__ الدَّابَّةُ: جانور کا قدم اٹھانا۔

__ صَوْتَه و فيه: حلق میں آواز کو گھمانا

__ فُلَانٌ: اذان یا گانا گانے یا بانسری بجانے یا ترنم سے کوئی چیز پڑھتے وقت حلق میں آواز گھمانا، دہرانا۔

رَجَّعَ المُؤَذِّنُ فی أَذَانِه: مؤذن کا اذان میں ترجیع کرنا یعنی شہادتین (اشہد ان لا الہ الا اللہ اور اشہد ان محمدا رسول اللہ) کو آہستہ کہنے کے بعد دوبارہ زور سے کہنا۔

__ الحَمَامُ فی شَدْوِه و النَّاقَةُ فی حنينها: کبوتر اور اونٹنی کا آواز کو رک رک کر نکالنا۔

__ النَّقْشَ و الكِتَابَةَ: لکھائی یا نقوش پر بار بار سیاہی پھیرنا۔

__ الشيءَ: سابقہ حالت پر واپس لانا، لوٹانا۔

اِرْتَجَعَ على الغَرِيمِ و المُتَّهَمِ: قرض دار اور ملزم پر تقاضا کرنا۔

__ الشيءَ إليه: لوٹانا، واپس کرنا۔

__ به شيئًا: کوئی چیز بدلہ میں لینا۔

__ المَرْأَةَ: طلاق کے بعد عورت سے ازدواجی تعلق بحال کرنا۔

__ النَّاقَةَ: اونٹنی کو اسی جیسی اونٹنی کی قیمت پر خریدنا۔

__ المَرْأَةُ جِلْبَابَهَا: عورت کا چادر سے چہرہ اور جسم ڈھانکنا۔

تَرَاجَعَ القَوْمُ: لوگوں کا اپنی جگہ لوٹنا، پیچھے ہٹنا۔

__ القَوْمُ الكَلَامَ بَيْنَهُمْ: باہم گفتگو کرنا۔

تَرَجَّعَ فُلَانٌ: رَجَّعَ (۲) مصیبت کے وقت انا للہ پڑھنا۔ ضد: تقدّم۔

__ فی صَدْرِه كذا: دل میں کھٹکنا۔

__ النَّاقَةَ: اونٹنی کو اسی جیسی اونٹنی کی قیمت پر خریدنا۔

اِسْتَرْجَعَ عند المصيبة و فيها: مصیبت میں انا للہ پڑھنا۔

اِسْتَرْجَعَ الحَمَامُ فی شَدْوِه: کبوتر کا رک رک کر گانا، بولنا۔

__ الشيءَ: واپس لینا، واپسی کا مطالبہ کرنا (۲) گاڑی کو پیچھے ہٹانا (۳) گم شدہ کو حاصل کرنا۔

__ العافيةَ: تندرستی حاصل کرنا۔

__ الأمرَ: منسوخ کرنا۔

الرَّاجِعُ: شوہر کی وفات کے بعد اپنے میکے میں واپس آنے والی عورت ج: رَوَاجِع

الرَّاجِعَةُ: تالاب (۲) بخار کی ایک قسم جو بار بار ہوتا ہے ج: رَوَاجِع۔

الرِّيَاحُ الرَّوَاجِعُ: آتی جاتی رہنے والی ہوائیں۔

الرِّجَاعُ: لگام، لگام کا وہ حصہ جو اونٹ کی ناک پر پڑا ہوتا ہے۔ ج: أَرْجِعَةٌ و رُجُعٌ۔

الرَّجْعُ: گوبر، لید (۲) پیدائش کے وقت بچہ کے ساتھ نکلنے والی سنک جیسی رطوبت (۳) پانی (۴) بارش کے بعد بارش۔ قرآن پاک میں ہے: " وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الرَّجْعِ " (۵) فائدہ، نفع (۶) تالاب (۷) خط کا جواب (۸) صدائے بازگشت (۹) وہ زمین جس میں سیلاب دور تک پھیل جائے (۱۰) مونڈھے کا نچلا حصہ (۱۱) موسم بہار کی سبزی ج: رِجَاعٌ و رُجْعَانٌ۔

رَجْعُ البَصَرِ: جھپک، لمحہ۔

الرُّجْعٰى: واپسی۔ قرآن پاک میں ہے: " إِنَّ إِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى " (۲) خط کا جواب کہتے ہیں: جاءَ فی رُجْعٰى رِسَالَتِي۔

الرَّجْعَةُ: طلاق دینے والے کی مطلقہ کے پاس واپسی، (بلا نکاح بحالی تعلق زوجیت) واپسی (۲) جواب (۳) حشر (۴) ردعمل (۵) ان لوگوں کا عقیدہ جو مرنے کے بعد دنیا میں واپسی کے قائل ہیں، علم الاحیاء میں ظاہری موت کے بعد دوبارہ زندگی۔

الرُّجْعَةُ : خط کا جواب ۔
الرَّجْعِيُّ : رَجْعة کی طرف نسبت ہے ۔ رجعت پسند (۲) الطلاق الرَّجْعِيُّ : وہ طلاق جس میں بلا نکاح جدید بیوی سے رشتۂ زوجیت بحال کرنا جائز ہو
الأَثَرُ الرَّجْعِيُّ : دیکھئے (اثر)
الرَّجْعِيَّةُ : رجعت پسندی، قدامت پسندی (زمانہ کی تبدیلی کا ساتھ دینے کے بجائے قدیم افکار و روایات پر قائم رہنا)۔
الرَّجِيعُ : لید، گوبر (۲) رد کیا ہوا قول یا فعل
خَبَرٌ رَجِيعٌ و كَلَامٌ رَجِيعٌ : رد کئے جانے کے قابل خبر یا کلام ۔ حَبْلٌ رَجِيعٌ : وہ رسی جس کے بٹ کھول کر دوبارہ بٹا گیا ہو ۔ طَعَامٌ رَجِيعٌ : ٹھنڈا ہونے کے بعد دوبارہ گرم کیا ہوا کھانا ۔
بَعِيرٌ رَجِيعٌ : سفر سے تھک جانے والا اونٹ
سَفَرٌ رَجِيعٌ : بار بار کیا ہوا سفر (۲) موسم بہار کی ہریالی (۳) اونٹ کی جگالی (۴) بوسیدہ کپڑا (۵) پسینہ (۶) تالاب
ج : رُجُعٌ - رَجِيعُ الفَحْمِ : کوئلہ کی راکھ، بجھا ہوا کوئلہ ۔ رَجِيعُ الأَرُزِّ : چاول کی بھوسی ۔
الرَّجِيعَةُ : تھکی ماندی اور سفر سے اکتائی ہوئی اونٹنی ج : رَجَائِعُ ۔
المَرْجِعُ : رجوع، واپسی ۔ قرآن پاک میں ہے: "إِلَى اللهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ" (۲) جائے واپسی (۳) اصل، ماخذ، سرچشمہ (۴) مونڈھے کا نچلا حصہ (۵) مرجع علم، مرجع خلائق، وہ کتاب یا علم جس کی طرف علمی تحقیق کے لئے رجوع کیا جائے (۶) پناہ گاہ (۷) مراجعت ج : مَرَاجِعُ ۔
المُرَاجِعُ : مراجعت یا نظر ثانی کنندہ، جانچ کنندہ
مُرَاجِعُ الحِسَابَاتِ : آڈیٹر حسابات ۔
المُرَاجَعَةُ : نظر ثانی، جانچ (۲) مشورہ ۔

مُرَاجَعَةُ الكُتُبِ و الدُّرُوسِ : تکرار، مذاکرہ ۔
المُرْجِعَةُ : سَفْرَةٌ مُرْجِعَةٌ : خیر و ثواب کا سفر ۔
المَرْجُوعُ : ناقابل قبول، مردود ۔ ثَوْبٌ مَرْجُوعٌ : ناپسندیدہ کپڑا ۔ خَبَرٌ مَرْجُوعٌ : ناقابل یقین خبر ۔ نَقْشٌ مَرْجُوعٌ : دوبارہ سیاہی سے اجاگر کیا ہوا (۲) خط کا جواب (۳) واپس کیا ہوا سامان جو فروختگی سے بچ گیا ہو ج : مَرَاجِيعُ ۔
المَرْجُوعَةُ : المَرْجُوعُ ج : مَرَاجِيعُ ۔
• رَجَفَ ــُـ رَجْفًا و رُجُوفًا و رَجِيفًا و رَجَفَانًا : حرکت کرنا، زور زور سے ہلنا ۔
ـــ فُلَانٌ : بے چین و بے قرار ہونا، خوف کی وجہ سے مضطرب ہونا ۔
ـــ يَدُهُ : ہاتھ کا نپنا، لرزنا (بڑھاپے یا بیماری کی وجہ سے) ۔
ـــ القَلْبُ : دل کا بے قرار ہونا، دل گھبرانا
ـــ القَوْمُ : جنگ کے لئے تیار ہونا ۔
ـــ الأَرْضُ : بھونچال آنا، دہلنا، زلزلہ آنا
ـــ الرَّعْدُ : بادل میں گونج ہونا، گڑگڑاہٹ ہونا ۔
ـــ الأَسْنَانُ : دانتوں کا گر جانا ۔
ـــ البَحْرُ : سمندر کا موجیں مارنا، سمندر میں تلاطم ہونا ۔
ـــ الحُمَّى فُلَانًا : بخار کا کسی پر لرزہ طاری کرنا، کپکپا دینا ۔
ـــ الشَّيءُ : ہلا ڈالنا، جھنجھوڑنا ۔ هُوَ رَاجِفٌ و رَجَّافٌ و رَجُوفٌ
أَرْجَفَ : رَجَفَ ۔
ـــ القَوْمُ : لوگوں کا بری خبریں پھیلانا اور فتنہ و فساد کے تذکروں میں مشغول ہونا ۔ سنسنی خیز خبریں پھیلانا، افواہیں اڑانا ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَالْمُرْجِفُونَ فِي الْمَدِينَةِ" أَرْجَفُوا فِي الشَّيءِ و بِهِ : کسی بات کو غلط طریقہ پر اڑانا، بیان کرنا ۔
أُرْجِفَتِ الأَرْضُ : زمین میں زلزلہ آنا ۔
ـــ الرِّيحُ الشَّيءَ : ہوا کا جھنجھوڑنا، ہلانا
ارْتَجَفَ : لرزنا، ہلنا، کانپنا ۔
اسْتَرْجَفَ الرَّأْسَ : سر کو ہلانا ۔
الإِرْجَافُ : سنسنی خیز خبر، دہشت انگیز افواہ ج : أَرَاجِيفُ ۔ الأَرَاجِيفُ (فِي السُّوقِ التِّجَارِيَّةِ) بازار کی وہ افواہیں جو اشیا کے نرخوں پر اثر انداز ہوتی ہیں ۔
الرَّاجِفُ : لرزہ کا بخار (۲) ہلا دینے والا (۳) لرزاں، بے چین ۔
الرَّاجِفَةُ : راجف کی تانیث (۲) روز قیامت صور کا پہلا نفخہ (صور پھونکنے کی پہلی آواز یا راجفہ سے مراد وہ اجرام ساکنہ ہیں جن کی حرکت قیامت کے قریب تیز ہو جائے گی یا پہلا بھونچال) (بیضاوی و موضح القرآن) قرآن پاک میں ہے: "يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ" دیکھئے (ردف) ۔
الرَّجَّافُ : تلاطم خیز سمندر (۲) قیامت کا دن
الرَّجْفُ : الرَّجْفُ المُتَنَاظِرُ المُتَعَدِّدُ (علم طب میں) ان حرکاتی انقباضات کو کہتے ہیں جو چہرہ کے علاوہ تمام عضلات میں پیدا ہوتے ہیں ۔
الرَّجْفَةُ : جھٹکا، لرزہ، رعشہ، کپکپی، زلزلہ، بھونچال ۔ قرآن پاک میں ہے: "فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُوا فِي دَارِهِمْ جَاثِمِينَ"
رَجْفَةٌ تَشَنُّجِيَّةٌ : تشنجی دورہ ۔
الأَرَاجِيفُ : جھوٹی خبریں، افواہیں ۔
• رَجَلَهُ ــُـ رَجْلًا : پیر پر مارنا ۔

رَجَلَ الشَّاةَ: بکری کی ٹانگیں باندھنا، ٹانگیں باندھ کر لٹکانا۔
—— المَرْأَةُ وَلَدَهَا: بچہ کو اس طرح جننا کہ سر سے پہلے پیر باہر آئیں۔
—— الفَصِيلَ: اونٹ کے بچہ کو دودھ پینے کے لئے آزاد چھوڑنا۔
رَجِلَ ـَ رَجَلاً و رُجْلَةً: بڑے پیر والا ہونا (۲) پیدل چلنا (۳) چلنے کی طاقت رکھنا (۴) پیروں میں درد ہونا
—— الحَيَوَانُ: ایک پیر میں سفیدی والا ہونا۔ هو أَرْجَلُ وهي رَجْلَاءُ ج: رُجْلٌ۔
—— الشَّعْرُ: بالوں کا قدرے گھنگھریالا ہونا، (سبوطة اور جعودة کے درمیان) هو رَجِلٌ و رَجَلٌ ج: أَرْجَال
أَرْجَلَت المَرْأَةُ: نر بچہ جننا، هي مُرْجِلٌ۔
أَرْجَلَ فُلَانًا: پیدل چلانا (۲) مہلت دینا
—— الفَصِيلَ: اونٹ کے بچہ کو دودھ پینے کے لئے ماں کے پاس آزاد چھوڑنا
رَجَّلَهُ: مضبوط کرنا۔
—— الشَّعْرَ: بالوں کو سنوارنا، آراستہ کرنا (۲) کنگھا کرنا۔
—— المَرْأَةُ وَلَدَهَا: بچہ کو اس طرح جننا کہ سر سے پہلے اس کے پیر باہر آئیں۔
اِرْتَجَلَ: پیدل چلنا۔
—— برأيه: اپنی رائے پر چلنا۔
—— الطَّبَّاخُ: مٹی کی ہانڈی میں پکانا۔
—— النَّهَارُ: دن چڑھنا۔
—— الشَّاةَ: بکری کے پیر باندھنا یا پیر باندھ کر لٹکانا۔
—— الشيءَ: پیر کے نیچے رکھنا۔
—— الكَلَامَ: بے ساختہ بات کرنا، فی البدیہ کلام کرنا، برجستہ بولنا۔

تَرَجَّلَ: سواری سے اتر کر پیدل چلنا (۲) پیدل چلنا۔
—— المَرْأَةُ: عورت کا مردنما بننا، مردوں کے مشابہ ہونا۔
—— الشَّمْسُ او النَّهَارُ: دن چڑھنا آفتاب بلند ہونا۔ حدیث میں ہے: " فما ترجَّلَ النَّهَارُ حَتّٰى أُتِيَ بِهِم "
—— الشيءَ: پیروں کے نیچے کرنا۔
—— شَعْرَهُ: بالوں میں کنگھا کرنا۔
—— البِئْرَ وفيها: کنویں میں بغیر رسی وغیرہ لٹکائے اترنا۔
الأَرْجَلُ: رَجُلٌ أَرْجَلُ: بڑے پیر والا آدمی، ایک ٹانگ میں سفیدی والا جانور ج: رُجْلٌ۔ هو أَرْجَلُ الرَّجُلَيْنِ: وہ دونوں میں زیادہ طاقتور اور مضبوط ہے، یا اس میں دوسرے کی بنسبت زیادہ مردانگی ہے
الرَّاجِلُ: (ضد: فارس) پاپیادہ، پیدل چلنے والا ج: رِجَالٌ و رَجَّالَةٌ و رَجْلٌ و رُجْلَانٌ۔ کہتے ہیں: جاءت الخَيَّالَةُ والرَّجَّالَةُ: گھوڑا سوار اور پیادہ سب کے سب آئے
أَغَارَ عَلَيْهِم بِخَيْلِه ورَجِلِه: اس نے ان پر گھوڑ سوار اور پاپیادہ سپاہیوں سے حملہ کیا (۲) چغل خور۔
الرَّجِلُ: قدرے گھنگھریالے بالوں والا۔
الرَّجْلُ: پاپیادہ۔ اسم جمع راجل کی۔
الرِّجْلُ: ٹانگ، پیر ج: أَرْجُلٌ۔ کہاوت ہے: هو قائمٌ على رِجْلٍ: وہ پیش آمدہ پریشانی کا مقابلہ کرنے والا ہے۔ لا تَمْشِ برِجْلٍ مَن أَبَى: تم اس شخص سے مدد نہ مانگو جو تمہارے معاملات سے دلچسپی نہ رکھتا ہو۔ كَانَ ذٰلِكَ على رِجْلِ فُلَانٍ: یہ بات فلاں کے زمانہ میں ہوئی حدیث میں ہے: " لا أَعْلَمُ نَبِيًّا هَلَكَ على رِجْلِه مِنَ الجَبَابِرَةِ ما هَلَكَ على رِجْلِ مُوسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ " میرے علم میں کوئی نبی ایسا نہیں کہ جس کے دور میں اتنے سرکش لوگ ہلاک ہوئے ہوں جتنے موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں ہوئے۔
انْقَطَعَت الرِّجْلُ: راستہ راہ گیروں سے خالی ہو گیا (۲) گروہ، مجموعہ (۳) ٹڈی دل (۴) لشکر، فوج (۵) حصہ کسی بھی چیز کا ج: أَرْجَالٌ۔
رِجْلُ البَحْرِ: سمندر کی خلیج، کھاڑی۔
رِجْلُ القَوْسِ: کمان کا نچلا کنارہ۔
رِجْلُ الغُرَابِ: زمین پر پھیلنے والا اشکاف دار پتوں والا پودا یا بیل جسے پکا کر کھایا جاتا ہے۔
رِجْلُ الجَبَّارِ و رِجْلُ الجَوْزَاءِ: ستارے۔
رِجْلُ الأَسَدِ۔ رِجْلُ البَقَرَةِ۔ رِجْلُ الجَرَادِ۔ رِجْلُ الحَمَامَةِ۔ رِجْلُ الأَرْنَبِ۔ رِجْلُ العُصْفُورِ۔ رِجْلُ العُقَابِ: پودوں کے نام۔
رِجْلُ القِطِّ: مشق پیچاں کی بیل۔
الرَّجُلُ: مرد (۲) مرد کامل۔ هذا رَجُلٌ: یہ کامل مرد ہے (۳) انسان (۴) شوہر (۵) پاپیادہ۔ حدیث میں ہے: " فَإِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا أَوْ رُكْبَانًا " ج: رِجَالٌ و رَجْلَةٌ (جج) رجالات
الرِّجَالَاتُ: شخصیات، بڑے لوگ۔ هو من رِجَالَاتِ القَوْمِ: وہ سربرآوردہ لوگوں میں سے ہے۔
الرِّجْلَةُ: خرفہ کا ساگ (۲) پتھریلی زمین سے ہموار و نرم زمین میں آنے والا پانی کا نالہ۔

الرَّجُلَةُ: عورت۔ اِمْرَأَةٌ رَجُلَةٌ: مردوں جیسی رائے اور علمی صفات والی عورت حدیث میں ہے: "كَانَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا رَجُلَةَ الرَّأْيِ" حضرت عائشہؓ مردوں کی طرح صائب الرائے تھیں۔

الرَّجِلِيُّوْنَ: تیز دوڑنے والے۔ واحد: رَجِلِيٌّ

الرُّجُوْلَةُ و الرُّجُولِيَّةُ: مردانگی، بہادری مرد ہونے کی تمام صفات کا مجموعہ (۲) قوت مردانہ۔

الرَّجِيْلُ: پاپیادہ (۲) بہت چلنے والا۔

رَجُلٌ رَجِيْلٌ: چلنے میں مضبوط اور ثابت قدم۔ هِيَ رَجِيْلَةٌ۔

فَرَسٌ رَجِيْلٌ: وہ گھوڑا جسے پسینہ نہ آتا ہو۔

كَلَامٌ رَجِيْلٌ: فی البدیہہ کلام۔

المُرَجَّلُ: مردوں کی تصویروں والا۔ ثَوْبٌ مُرَجَّلٌ۔ جِلْدٌ مُرَجَّلٌ: ایک ٹانگ سے اتاری ہوئی کھال۔

المِرْجَلُ: مٹی کی پختہ ہانڈی (۲) پیتل وغیرہ کی دیگچی (۳) کنگھا ج: مَرَاجِلُ۔ کہتے ہیں: جَاشَتْ مَرَاجِلُهُ: وہ غضبناک ہوگیا (۴) بائلر، بھاپ وغیرہ بنانے کی مشین۔

المُرْتَجَلُ: برجستہ، بے ساختہ، فی البدیہہ

رَجَمَهُ ـُ رَجْمًا: پتھر مارنا، سنگسار کرنا، پتھروں سے مار ڈالنا (۲) گالی دینا (۳) لعنت بھیجنا (۴) دھتکارنا۔ قرآن پاک میں ہے: "لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ لَأَرْجُمَنَّكَ"۔

ـــ بالظَّنِّ: گمان کرنا، گمان سے بات کہنا۔

ـــ القَبْرَ: قبر پر پتھر کا کتبہ وغیرہ لگانا۔ هو مَرْجُوْمٌ و رَجِيْمٌ۔

رَاجَمَ فِي الكَلَامِ و العَدْوِ و الحَرْبِ: تیزی دکھانا، حد سے آگے بڑھنا۔

ـــ عن قَوْمِهِ: اپنے لوگوں کا دفاع کرنا اور ان کے لئے لڑنا۔

رَجَّمَ: گمان اور اٹکل سے بات کہنا۔

ـــ بالغَيْبِ: نامعلوم بات کہنا، اٹکل پچو بولنا۔

ـــ القَبْرَ: قبر پر پتھر نصب کرنا۔

اِرْتَجَمَ الشَّيْءُ: تہ بہ تہ ہونا، ڈھیر لگنا۔

ـــ القَوْمُ بالحِجَارَةِ: لوگوں کا ایک دوسرے پر پتھر پھینکنا۔

تَرَاجَمُوْا بالحِجَارَةِ: ایک دوسرے پر پتھر پھینکنا۔

ـــ بالكَلَامِ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔

اِسْتَرْجَمَهُ: سنگسار کرانا، کسی سے پتھر مارنے (رجم کرنے) کی درخواست کرنا۔ حدیث میں ہے: "جَاءَتْ امْرَأَةٌ تَسْتَرْجِمُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم"

الرِّجَامُ: وہ کھوکھلا کیا ہوا (ڈول نما) پتھر جسے کیچڑ نکالنے اور پانی ناپنے کیلئے کنویں میں ڈالا جاتا ہے (۲) کنویں کی من جس پر ڈول ڈالنے کی لکڑی وغیرہ نصب کی جاتی ہے (۳) کنویں کی منڈیر پر کھڑی ہوئی دو لکڑیاں جن کے بیچ میں ڈول ڈالنے کی چرخی لگی ہوئی ہوتی ہے۔ ان دونوں لکڑیوں کو رِجامان کہتے ہیں ج: رُجُمٌ۔

الرَّجْمُ: سنگساری، سنگ باری، خشت باری (۲) شرعًا زانی کو پتھر مار کر قتل کرنا ج: رُجُوْمٌ۔

رَجْمًا بالغيب: قَالَ ذٰلِكَ رَجْمًا بالغيبِ: اس نے یہ بات بلا دلیل و واقفیت کی، اٹکل پچو بات کی۔

الرَّجَمُ: قبر پر نصب کئے جانے والے پتھر (۲) قبر (۳) کنواں (۴) تنور ج: رِجَامٌ و رُجُوْمٌ۔

الرُّجُمُ: آسمان سے دکھائی دینے والے شعلے جو ٹوٹ کر گرنے والے ستارے دکھائی دیتے ہیں (۲) قبروں پر نصب کئے جانے والے پتھر۔

الرَّجْمَةُ: قبر پر نصب کیا جانے والا پتھر ج: رِجَامٌ و رُجَمٌ۔

الرُّجْمَةُ: الرَّجْمَةُ۔ (۲) دو کھیتوں کے درمیان بنی ہوئی لو ہے یا پتھر کی آڑ ج: رُجَمٌ و رِجَامٌ۔

المَرَاجِمُ: گالیاں، فحش باتیں واحد: مَرْجَمَةٌ کہتے ہیں: رَمَاهُ بِالمَرْجَمَةِ: اس نے اسے گالی دی۔

المِرْجَامُ: گوپیا جس سے پتھر پھینکے جاتے ہیں ج: مَرَاجِيمُ۔

المِرْجَمُ: مضبوط و طاقتور آدمی اور گھوڑا۔ رَجُلٌ مِرْجَمٌ و فَرَسٌ مِرْجَمٌ۔ لسان مِرْجَمٌ: تیز طرار زبان ج: مَرَاجِمُ۔

الرَّجِيْمُ: ملعون، راندۂ درگاہ، دھتکار کر نکالا ہوا، سنگسار کیا ہوا۔

• رَجَنَ بالمَكَانِ ـُ رُجُوْنًا: قیام کرنا۔

ـــ الحَيَوَانُ: جانور کا گھر میں پل جانا، مانوس ہو جانا۔ هو رَاجِنٌ و هي رَاجِنَةٌ و رَاجِنٌ۔

ـــ الدَّابَّةَ رَجْنًا: جانور کو گھر میں بند رکھنا اور چارہ اچھا نہ دینا جس سے وہ دبلا ہو جائے (۲) گھر میں روک کر چارہ کھلانا، چراگاہ نہ جانے دینا۔ حدیث عمر رضی اللہ عنہ میں ہے: "فَإِنَّ الرَّجْنَ لِلْمَاشِيَةِ عَلَيْهَا شَدِيْدٌ وَلَهَا مُهْلِكٌ": چوپائے کو گھر میں روکنا اس کے لئے شاق اور مہلک ہے

ـــ فُلَانًا: کسی سے شرم کرنا۔

أَرْجَنَ: رَجَنَ۔

ـــ الدَّابَّةَ: رَجَنَهَا۔

اِرْتَجَنَ الشَّيْءُ: بگڑ جانا، خراب

ہو جانا۔
ارْتَجَنَ الزُّبْدُ: مکھن کا پکانے سے صاف نہ ہونا اور بگڑ جانا۔
___ أَمْرُ القوم: گڑبڑ ہو جانا، گڈ مڈ ہونا
___ بالمکان: قیام کرنا۔
الرَّجِيْنُ: زہر قاتل۔
الرَّجِيْنَة: جماعت، گروہ ج: رَجَائِن۔
المُرجان: دیکھئے (مرج)
المَرْجُوْنَةُ: کھجور کے پتوں سے بنی ہوئی پٹاری جو نیچے سے کشادہ اور اوپر سے تنگ ہوتی ہے ج: مَرَاجِيْن۔ کہتے ہیں: هُمْ فِي مَرْجُوْنَةٍ: وہ کشمکش و پیچ اور الجھن میں ہیں کہ قیام کریں یا کوچ کریں۔
•رَجَاهُ ــ رَجْوًا و رُجُوًّا و رَجَاءً و رَجَاءَةً و رَجَاوَةً و مَرْجَاةً: امید کرنا، امید رکھنا، توقع رکھنا، درخواست کرنا۔ هو رَاجٍ والثانی او الشئ مَرْجُوٌّ و هي مَرْجُوَّة (۲) ڈرنا، اندیشہ رکھنا (یہ اکثر منفی استعمال ہوتا ہے) جیسے قرآن پاک میں ہے: "مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا" تم کو کیا ہو گیا کہ تم اللہ کی عظمت و جلال سے نہیں ڈرتے۔
رَجِيَ ــ رَجًا: بولتے بولتے رک جانا، بات کرنے پر قادر نہ رہنا۔
رُجِيَ عَلَيْهِ الكلام: کلام سے عاجز ہو جانا۔
أَرْجَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کے بچے کے نکلنے کا وقت قریب ہونا۔ هي مُرْجِيَة۔
أَرْجَى الأَمْرَ: کام کو مؤخر کرنا، ملتوی کرنا۔
___ الصَّيْدَ: شکار سے محروم رہنا۔
___ البِئْرَ: کنویں کی چوڑی فصیل بنانا جس کے دو کنارے ہوتے ہیں ایک باہر اور دوسرا کنویں کی جانب۔
رَجَّاهُ: امید لگانا، امید رکھنا۔
ارْتَجَاهُ: رَجَاهُ۔
تَرَجَّاهُ: امید رکھنا، توقع قائم رکھنا، امید قائم کرنا (۲) ڈرنا۔
الأُرْجُوَانُ: ارغوان، ایک حسین سرخ پھول والا پودا (۲) گہرے سرخ رنگ کا گوند (۳) سرخی (۴) سرخ رنگ کے کپڑے۔ أَحْمَرُ أُرْجُوَانِيٌّ: گہرا سرخ۔ الأُرْجُوَانِيُّ: سرخ، تیز سرخ۔
الأُرْجِيَّةُ: مؤخر اور ملتوی کیا ہوا معاملہ وغیرہ ج: أَرَاجِيُّ۔
الرَّاجِي: پر امید، امیدوار (۲) درخواست کنندہ۔
التَّرَجِّي: توقع، اچھی اور ممکن چیز کی توقع و امید۔
الرَّجَاءُ: درخواست، اپیل۔
الرَّجَا: کونہ، گوشہ، کنارہ، جانب۔ رَجَوَان: کنویں کے دو کنارے (جو چاروں طرف بنی ہوئی فصیل کے ہوتے ہیں) کہتے ہیں: رُمِيَ بِهِ الرَّجَوَانِ: اسے ہلاکتوں میں ڈال دیا گیا ج: أَرْجَاءُ۔
أَرْجَاءُ البِلَادِ: اطراف ملک۔ من أَرْجَاءِ البلاد: ملک کے گوشہ گوشہ سے۔
وَاسِعُ الأَرْجَاءِ: کشادہ ترین طویل و عریض۔
الرَّجِيَّةُ: کسی سے قائم کی ہوئی امید۔ کہتے ہیں: مَا لِي فِي فُلَانٍ رَجِيَّةٌ: مجھے فلاں شخص سے کوئی توقع نہیں ہے۔
المَرْجُوُّ: متوقع شئ۔

ر ــــ ح

•رَحِبَ المَكَانُ ــ رَحَبًا: جگہ کا کشادہ ہونا۔
رَحُبَ المَكَانُ ــ رُحْبًا و رَحَابَةً: کشادہ اور فراخ ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "حَتّٰى إِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ" رَحُبَ بِهِ المَكَانُ: اس کے لئے جگہ کشادہ ہو گئی۔ رَحُبَتْكَ الدَّارُ: مکان میں تمہارے لئے گنجائش اور فراخی ہے۔
رَحُبَكُمُ الأَمْرُ: تمہارے لئے اس معاملہ میں وسعت ہے۔ هو رَحْبٌ و رَحِيْبٌ و رُحَابٌ۔
أَرْحَبَ: فراخ و کشادہ ہونا۔
أَرْحَبَ الشَّيْءَ: کشادہ اور فراخ کرنا۔
رَحَّبَ المَكَانَ: کشادہ کرنا۔
___ فُلَانًا و بِهِ: خیر مقدم کرنا، خوش آمدید کہنا، کشادگی اور گنجائش کی طرف بلانا یعنی یہ کہنا کہ آپ کے لئے ہمارے پاس گنجائش اور فراخی ہے آئیے۔
تَرَاحَبَ: کشادہ ہونا (۲) آسودہ ہونا۔
الرُّحَابُ: کشادہ، بڑا۔ قِدْرٌ رُحَابٌ: بڑی، کشادہ دیگچی۔
الرَّحْبُ: کشادہ۔ مَكَانٌ رَحْبٌ و دَارٌ رَحْبَةٌ۔
رَحْبُ البَاعِ: سخی، کشادہ دست۔
رَحْبُ الصَّدْرِ: وسیع الظرف، شریف الطبع فراخ دل۔
رَحْبُ الذِّرَاعِ: سخی، فیاض (۲) طاقتور
رَحْبُ الرَّاحَةِ: کشادہ دست۔
رَحْبُ الفَهْمِ: انتہائی دانش مند، بڑی عقل والا۔
الرُّحْبَى: اونٹ کے پہلو میں سینہ کے اندر سب سے چوڑی پسلی۔ رُحْبَيَان: دو پسلیاں جو تمام پسلیوں سے اوپر بغل کے قریب ہوتی ہیں (۲) دل دھڑکنے کی جگہ۔
الرَّحْبَةُ: کشادہ زمین (۲) گھر کا صحن، کھلی جگہ جو مکانوں کے درمیان ہو ج: رِحَابٌ و رَحَبٌ۔
الرَّحَبَةُ: الرَّحْبَةُ ج: رَحَبٌ و رِحَابٌ
الرَّحِيْبُ: کشادہ (۲) بسیار خور ج: رُحُبٌ هي رَحِيْبَة ج: رَحَائِب۔
رَحِيْبُ الصَّدْرِ: وسیع الظرف، فراخ دل۔

رَحِیبُ الجَوف: پیٹل، بڑے پیٹ والا

رَحِیبُ الذِّراعِ و الباعِ: سخی، فیاض (۲) طاقتور۔

المَرْحَبُ: کشادگی، فراخی۔ مَرْحَبًا بِكَ: خوش آمدید۔ آپ کے لئے ہمارے پاس کشادگی ہے، آپ کھلی اور فراخ جگہ میں آئے۔ لَا مَرْحَبًا بِكَ: بددعا کے لئے، خدا کرے کہ تمہارے لئے جگہ تنگ ہو۔

مَرْحَبا: خوش آمدید (۲) بہت خوب۔

مَرْحَبَكَ اللّٰهُ و مَسْهَلَكَ: خدا آپ کو بہتر و فراخ جگہ میں اتارے۔

أَبو مَرْحَب: ظل کی کنیت۔

التَّرْحَابُ: خیر مقدم۔ بِتَرْحَابٍ: خوشی کے ساتھ، فراخ دلی کے ساتھ۔

التَّرْحِيبُ: خیر مقدم، خوش آمدید۔ كَلِمَةُ التَّرْحِيب: سپاس نامہ۔

التَّرْحِيبِيٌّ: خیر مقدمی۔

•رَحَّ الفَرَسُ ـَ رَحَحًا: گھوڑے کا چوڑے کھر والا ہونا (یہ وصف قابل تعریف ہے) (۲) پہاڑی بکری کا سم پھیلا ہوا ہونا۔

ـــ الرجلُ: آدمی کے تلوے کا اوپر اٹھا ہوا نہ ہونا (پھیلا ہوا ہونا کہ زمین سے لگ جائے) هو أَرَحُّ و هي رَحَّاءُ ج: رُحٌّ۔

الأَرَحُّ: ہموار تلوے والا کہ بیچ سے اٹھا ہوا نہ ہو برخلاف أَخْمَص)

رَحْرَحَ الرَّجُلُ: مقصد کے اخیر تک نہ پہنچنا مکمل طور پر مقصد حاصل نہ کر پانا۔

ـــ بالكلام: اشارۃً بات کہنا، واضح نہ کرنا۔

ـــ الخُبزَ: روٹی کو پھیلا کر بڑا کرنا۔ فالخُبزُ مُرَحْرَحٌ۔

ـــ الشيءَ عن فلانٍ: چھپانا۔

تَرَحْرَحَت الفَرَسُ: گھوڑے کا پیشاب کرنے کے لئے دونوں ٹانگوں کو کشادہ کرنا۔

الرَّحْرَاحُ و الرَّحْرَحُ و الرَّحْرَحَانُ: فراخ و کشادہ۔ إِنَاءٌ رَحْرَاحٌ: چھوٹی دیوار والا کشادہ برتن۔ حدیث میں ہے: "فَأُتِيَ بِقَدَحٍ رَحْرَاحٍ فَوَضَعَ فيه أَصَابِعَهُ" عَيْشٌ رَحْرَاحٌ: آسودہ زندگی۔

•رَحَضَ الثَّوبَ ـَ رَحْضًا: کپڑا وغیرہ دھونا۔ حدیث ابن ثعلبہ میں ہے: "سَأَلَ عن أَوَانِي المُشْرِكِين فقال اِنْ لَمْ تَجِدُوا غَيْرَهَا فَارْحَضُوهَا بالماءِ" الفاعل رَاحِض والمفعول مَرْحُوض و رَحِيض

حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا میں ہے: "اِسْتَتَابُوهُ حتى اذا ما تركوه كالثَّوبِ الرَّحِيضِ أَحَالُوا عليه فقتلوه"

رُحِضَ المَحْمُومُ رَحْضًا: بخار زدہ کا پسینہ میں شرابور ہونا۔

ـــ فُلانٌ: سخت پسینہ آنا۔

أَرْحَضَ الثَّوبَ: دھونا۔

أُرْحِضَ المَحْمُومُ: بخار والے کو سخت پسینہ آنا

رَحَّضَه: رَحَضَه۔ هو مُرَحَّضٌ: خوارج کے تذکرہ میں حضرت ابن عباسؓ کی حدیث میں ہے: "وعليهم قُمُصٌ مُرَحَّضَةٌ" ان کے بدن پر پسینہ میں بھیگے ہوئے کرتے تھے۔

اِرْتَحَضَ فُلانٌ: رسوا ہونا۔

الرُّحَاضَةُ: دھوون، دھونے کے بعد گرا ہوا یا بچا ہوا پانی۔

الرَّحْضُ: پرانا مشکیزہ (۲) کپڑا جو دھلتے دھلتے کمزور ہو گیا ہو۔

الرُّحَضَاءُ: بدن کو شرابور کر دینے والا پسینہ حدیث وحی میں ہے: "فَمَسَحَ عنه الرُّحَضَاءَ" (۲) بخار کے بعد آنے والا پسینہ (۳) پسینہ والا بخار۔

المِرْحَاضُ: غسل خانہ (۲) بیت الخلاء (۳) کپڑے دھونے کا تختہ یا جگہ (۴) کپڑا کو کوٹنے کی موگری ج: مَرَاحِيضُ۔

المِرْحَضَةُ والمِرْحَاضَةُ: وہ برتن جس میں وضو کیا جائے۔ ج: مَرَاحِيضُ۔

•الرَّحَاقُ: شراب (۲) صاف و خالص شراب۔

الرَّحِيقُ: الرَّحَاقُ۔ قرآن پاک میں ہے: "يُسْقَوْنَ مِن رَّحِيقٍ مَّخْتُومٍ" (۲) ایک قسم کی خوشبو۔ مِسْكٌ رَحِيقٌ: خالص مشک۔ حَسَبٌ رَحِيقٌ: خالص نسب۔

رَحِيقُ الأَزْهار: پھولوں کا رس جس کو کیڑے چوستے ہیں۔

رَحِيقُ الأَنْبَج وغيره: آم وغیرہ کا رس جو نکالا نہ گیا ہو، نکالنے کے بعد وہ عَصِير ہے۔

•رَحَلَ ـَ رَحْلًا و رَحِيلًا و تَرْحَالًا و رِحْلَةً عن المكان: روانہ ہونا، کوچ کرنا، سفر کرنا۔

ـــ البَعِيرَ: اونٹ پر کجاوہ رکھنا۔ هو مَرْحُولٌ و رَحِيلٌ (۲) اونٹ پر سوار ہونا۔ رُحِلَ بِمَكْرُوهٍ: اس پر مصیبت آئی۔ رَحَلَه بسَيْفِه: اس پر تلوار اٹھائی۔ حدیث میں ہے: لَتَكُفَّنَّ عن شَتْمِهِ او لَأَرْحَلَنَّكَ بسَيْفِي: یا تو اسے گالی دینے سے باز آجا ورنہ میں تجھ پر اپنی تلوار اٹھا لوں گا۔

ـــ له نَفْسَه: کسی کی ایذا رسانی کو برداشت کرنا۔

ـــ عن مكانٍ: ہجرت کرنا۔

أَرْحَلَ فُلانٌ: کسی کے پاس بکثرت سواری کے اونٹ ہونا۔ هو مُرْحِلٌ۔

ـــ الإبلُ: اونٹوں کا دبلے ہونے کے بعد فربہ اور سواری کے قابل ہونا۔

ـــ فُلانًا: روانہ کرنا، سفر پر بھیجنا (۲) سواری

کا جانور دینا، سوار کرنا۔
أَرْحَلَ الإِبلَ: اونٹوں کو سواری کیلئے سدھانا
رَاحَلَهُ: سفر میں کسی کی مدد کرنا۔
رَحَّلَه: روانہ کرنا، سفر پر بھیجنا۔
ـــ الإبلَ: اونٹوں پر کجاوے رکھنا۔
ـــ الثَّوْبَ: کجاووں جیسے نقش بنانا۔ حدیث میں ہے: "أَنَّه رصلى الله عليه وسلم) خرج ذات يوم وعليه مِرْطٌ مُرَحَّلٌ" آپ ایک روز باہر تشریف لائے تو آپ کے جسم مبارک پر کجاووں جیسے نقش کی چادر تھی۔
ـــ الحِسَابَ: حساب کو اگلے پرت پر اٹھانا (سلسلہ باقی رکھتے ہوئے)۔
اِرْتَحَلَ: روانہ ہونا۔
ـــ الی اللّٰہِ: خدا کو پیارا ہونا، دنیا سے رخصت ہونا۔
ـــ البَعِيْرَ: اونٹ پر کجاوہ رکھنا (۲) کجاوہ پر بیٹھنا، سوار ہونا۔
ـــ الطِفْلُ أَبَاهُ: بچہ کا باپ کی پیٹھ پر چڑھنا، چڈھی چڑھنا۔ حدیث میں ہے: "أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عليه وَسَلَّمَ سَجَدَ فَرَكِبَهُ الحَسَنُ فَأَبْطَأَ فِي سُجُوْدِهِ، فلما فَرَغَ سُئِلَ عنه فقال انّ ابني ارْتَحَلَنِي فَكَرِهْتُ أَنْ أُعْجِلَهُ"
تَرَحَّلَ: رَحَلَ (۲) نقل وحرکت کرنا، آمد ورفت رکھنا۔
ـــ الدَّابَّةَ: سوار ہونا۔
تَرَحَّلَه: کسی پر آفت لانا یا برائی کے ساتھ چڑھ جانا
اِسْتَرْحَلَهُ: کسی سے کجاوہ رکھوانا (۲) سواری کا جانور مانگنا۔
ـــ النَّاسَ نفسه: لوگوں کے سامنے خود کو اتنا گرانا کہ وہ اسے تکلیف پہنچانے لگیں۔
الرَّاحِلَةُ: سواری اور بار برداری کا اونٹ حدیث میں ہے: "تَجِدُوْنَ النَّاسَ بَعْدِي كَإِبِلٍ مائةٍ لَيْسَ فيها رَاحِلَةٌ" میرے بعد لوگوں کو (بکثرت) ایسے سواد نٹوں کے مانند پاؤ گے کہ ان میں سواری کا ایک اونٹ نہ ہو یعنی لوگ بکثرت ہوں گے لیکن نیک وصالح کوئی نہ ہوگا ج: رَوَاحِل۔ کہتے ہیں: مَشَتْ رَوَاحِلُه: وہ کمزور اور بوڑھا ہو گیا۔
الرَّاحِلُ: مسافر (۲) مہاجر۔ جانے والا۔
الرَّاحِلُ الی اللّٰہ: خدا کو پیارا ہونے والا، مرحوم، آنجہانی۔
الرَّاحُوْلُ: الرَّاحِلُ ج: رَوَاحِيل۔
الرِّحَالَةُ: زین (۲) چمڑے کی زین جس میں لکڑی نہ لگی ہو ج: رَحَائِلُ۔
الرَّحَّالُ: کجاوے بنانے والا (۲) بہت سفر کرنے والا۔
الرُّحَّالُ: العَرَبُ الرُّحَّالُ: وہ عرب لوگ جو ایک جگہ قیام پذیر ہونے کے بجائے اپنے مویشیوں کے ساتھ ان مقامات میں قیام کرتے ہیں جہاں بارش ہوتی ہے اور سبزہ اگتا ہے۔
الرَّحَّالَةُ: سیاح، کثیر الاسفار آدمی (تاء مبالغہ کی ہے)۔
الرُّحَّلُ: العَرَبُ الرُّحَّلُ: الرُّحَّال۔
الرَّحْلُ: کجاوہ (۲) سامان سفر رکھنے کا تھیلا وغیرہ (۳) رہائش گاہ (۴) سامان سفر حدیث میں ہے: "اِذَا ابْتَلَّتِ النِّعَالُ فَالصَّلٰوةُ فِي الرِّحَالِ" ج: أَرْحُلٌ ورِحَالٌ۔ حَطَّ فُلَانٌ رَحْلَه وأَلْقَى رَحْلَه: قیام کرنا۔
الرِّحْلَةُ: سفر، ٹور، مخصوص سفر، سیاحت وغیرہ کا سفر۔ قرآن پاک میں ہے: "رِحْلَةَ الشِّتَاءِ والصَّيْفِ" (۲) سفرنامہ (۳) پرواز (۴) دورہ (۵) چلنے کی طاقت۔
رِحْلَة جَوِّيَّة: فضائی سروس، ہوائی پرواز
رِحْلَة دَاخِلِيَّة للطَّيَران: اندرونی فضائی سروس، پرواز۔
رِحْلَة مُنْتَظِمَة: باضابطہ فلائٹ
رِحلة قَصِيرة: مختصر سفر۔
رِحْلَة مدرسيَّة: مدرسہ کا تفریحی سفر
بَعِيرٌ ذو رِحْلَةٍ: چلنے کے قابل اونٹ۔
الرُّحْلَةُ: منزل سفر، منتہا سفر۔ کہتے ہیں: "الكَعْبَةُ رُحْلَةُ المسلمين" انتم رُحْلَتِي: تمہارے سفر کی منزل ہو یعنی میرے پاس چل کر آئے ہو
عَالِمٌ رُحْلَةٌ: ایسا عالم جس کے پاس لوگ دور دراز سے سفر کر کے جائیں۔
بَعِيرٌ ذُوْ رُحْلَةٍ: چلنے کی طاقت رکھنے والا اونٹ۔
الرَّحُوْل: کثیر الاسفار آدمی (۲) سواری کا اونٹ۔
الرَّحُوْلَة: سواری کا اونٹ۔
الرَّحِيْلُ: سفر، روانگی (۲) سفر کے قابل طاقتور اونٹ۔
المُرْتَحَلُ: سفر، سفر کی منزل (۲) روانگی کی جگہ۔
المِرْحَلُ: طاقتور اونٹ۔
المَرْحَلَةُ: ایک دن کا سفر (۲) سفر کی دو منزلوں کے درمیان کا فاصلہ (۳) مسافت (۴) کسی کام کا ایک حصہ، دور، درجہ، منزل، اسٹیج ج: مَرَاحِل۔
المَرْحَلَة الابتدائيَّة: ابتدائی دور، ابتدائی سفر، پہلا درجہ۔
المَرْحَلِيُّ: مرحلہ وار ہونے والا، درجہ بدرجہ ہونے والا۔
مَرْحَلِيًّا: مرحلہ وار (کوئی کام کرنا)۔
قَطْعُ المَرْحَلَة: مسافت یا مرحلہ طے کرنا۔
•رَحِمَ فلانًا ـَ رَحْمَةً و رُحْمًا

و مَرْحَمَةً : کسی پر مہربان ہونا، شفقت کرنا، ترس کھانا، رحم کرنا (۲) معاف کرنا، مغفرت کرنا۔
رَحِمَتِ الْمَرْأَةُ رَحَمًا : عورت کا رحم کی تکلیف میں مبتلا ہونا (ولادت کے بعد)
ـــ السِّقَاءُ : مشک کا تیل وغیرہ نہ ملنے سے خراب ہو جانا۔
رَحِمَتِ الْمَرْأَةُ رَحما : رَحِمَت۔
رَحُمَتِ الْمَرْأَةُ رَحَامَةً : رَحِمَت۔
رَحَّمَ عَلَيْهِ : دعاء رحمت کرنا، رحمہ اللہ کہنا
تَرَاحَمَ الْقَوْمُ : ایک دوسرے پر مہربانی کرنا
تَرَحَّمَ عَلَيْهِ : دعاء رحمت کرنا، رحمہ اللہ کہنا
اِسْتَرْحَمَهُ : مہربانی اور شفقت کا خواستگار ہونا، رحم کی درخواست کرنا۔
الرَّاحِمُ : شَاةٌ رَاحِمٌ و عَنْزٌ رَاحِمٌ : متورم رحم والی بکری۔
الرُّحَامُ : وہ بکری وغیرہ جو بچہ جنے مگر اس کی جھلی نہ گرے (۲) رحم کی بیماری۔
الرَّحِمُ و الرَّحْمُ و الرِّحْمُ : بچہ دانی (۲) رشتہ، قرابت (مذکر و مونث) ج: أَرْحَام
ذَوُو الْأَرْحَام : رشتہ دار (۲) وہ رشتہ دار جو نہ عصبہ میں سے ہوں اور نہ ذوی الفروض میں سے جیسے بھتیجیاں اور چچازاد بہنیں۔
الرَّحَمُ : رحم کی ایک بیماری جس کی وجہ سے حمل نہیں رہتا۔
الرَّحْمٰنُ : بڑا مہربان، زبردست رحمت والا، یہ صرف اللہ تعالیٰ کا وصف خاص ہے غیر اللہ کے لئے یہ وصف جائز نہیں۔ یہ اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔ اس میں رحیم کی بہ نسبت زیادہ مبالغہ ہے۔ بعض علماء کا قول ہے کہ رحیم میں وہ رحمت ملحوظ ہے جو آخرت میں ہوگی صرف مومنوں کیلئے اور رحمٰن میں وہ رحمت ملحوظ ہے جو دنیا میں ہے اور مسلم و کافر سب کے لئے عام ہے۔
الرَّحْمَةُ : رحم، مہربانی، شفقت، ترس (۲) بھلائی، نعمت۔ قرآن پاک میں ہے "وَإِذَا أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّن بَعْدِ ضَرَّاءَ مَسَّتْهُمْ"
الرَّحَمُوتُ : رحم، مہربانی۔ کہتے ہیں: رَهَبُوتٌ خَيْرٌ لَكَ من رَحَمُوتٍ : تم کو ڈرایا جانا تم پر مہربانی کئے جانے سے بہتر ہے۔
الرُّحْمٰى : رحم، مہربانی، رحمت۔
الرَّحُومُ : بہت مہربان و مشفق (مذکر و مونث دونوں کے لئے) (۲) وہ عورت جس کے رحم میں تکلیف ہو۔
الرَّحِيمُ : بہت رحم والا، مشفق و مہربان، اسم باری تعالیٰ، خصوصی رحمت والا (جو مؤمنین پر آخرت میں ہوگی) ج: رُحَمَاءُ (۲) رحم کیا ہوا۔
الْمَرْحَمَةُ : رحمت، رحم، مہربانی۔ قرآن پاک میں ہے "وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ" ج: مَرَاحِمُ۔
• رَحَا الرَّحَى ـُ رَحْوًا : چکی بنانا۔
ـــ الرَّحَى و بِهَا : چکی چلانا۔
ـــ فلانًا : تعظیم کرنا۔
ـــ الحَيَّةُ : سانپ کا پیچ و تاب کھانا، کنڈل مارنا۔
رَحَا ـِ رَحْيًا : رَحَا۔
رَحَّى الإنسانُ الرَّحَى : چکی بنانا، ٹھیک کرنا
تَرَحَّتِ الحَيَّةُ : سانپ کا کنڈلی مارنا۔
الرَّحَى و الرَّحَا : چکی (آٹا پیسنے کی) ج: أَرْحٍ و أَرْحَاءٌ و رُحِيٌّ و أَرْحِيَةٌ (۲) سینہ (۳) ناخن کا چاروں طرف کا حصہ (۴) ڈاڑھ ج: أَرْحَاءٌ۔
رَحَى الحَرْب : جنگ کی شدت، گھمسان۔
دَارَتْ رَحَى الحَرْب : لڑائی چھڑ گئی
دَارَتْ عليه رَحَى الموت : وہ مرگیا (۲) اہل و عیال (۳) اونٹوں کی بھیڑ (۴) گول اونچی زمین۔
رَحَى القوم : سردار قوم۔
رَحَى السَّحَاب : گولائی والے بادل۔
الرَّحَوِيَّةُ : (میکانکس میں) جیک کی طرح کا وزن اٹھانے اور کھینچنے کا آلہ۔
الْمِرْحَى : چکی کا محور۔
مَرْحَى الحَرْب : میدان جنگ، حدیث سلیمان بن صرد میں ہے: "أَتَيْتُ عَلِيًّا حِينَ فَرَغَ من مَرْحَى الجمل"
مَرْحَى : دیکھئے (م ر ح)

ر ـــ خ

• رَخَّ العَجِينُ ـِ رَخًّا : گندھے ہوئے آٹے کا پتلا ہونا۔
رَخَّ الشيءَ ـُ رَخًّا : پیروں سے روند کر نرم کرنا، چوٹ مار کر نرم کرنا۔
ـــ الشَّرَابَ : شراب میں پانی کی آمیزش کرنا۔
رَخَّ ـَ رَخَخًا : نرم و گداز ہونا۔
أَرَخَّ الشيءَ : مبالغہ کرنا، زیادہ نرم یا زیادہ ڈھیلا کرنا۔
ـــ العَجِينَ : گندھے ہوئے آٹے میں پانی زیادہ کرنا، ڈھیلا رکھنا۔
ارْتَخَّ : ڈھیلا ہونا۔
ـــ رَأْيُهُ : رائے کا پختہ نہ ہونا، رائے میں جماؤ نہ ہونا، ڈھل مل ہونا۔
ـــ السَّكْرَانُ : نشہ والے کا نشہ زیادہ ہو جانا۔
ـــ العَجِينُ : آٹے کا پتلا یا ڈھیلا ہونا۔
ـــ الرَّجُلُ : آدمی کا ڈھیلا اور ڈانواڈول ہونا۔
الرَّخَاخُ : نرم، گداز، خستہ۔ أَرْضٌ رَخَاخٌ : نرم و کشادہ زمین۔ نَبَاتٌ رَخَاخٌ : کراری گھاس یا خستہ گھاس۔ عَيْشٌ رَخَاخٌ :

آسودہ زندگی۔
الرَّخُّ: نرم وخستہ گھاس (۲) ایک خیالی پرندہ جس کے اوصاف میں قدیم لوگوں نے بڑا مبالغہ کیا ہے (۳) شطرنج کا ایک مہرہ ج: رِخَاخٌ و رِخَخَةٌ۔
الرَّخَّاءُ: پھولی ہوئی نرم زمین جو پیروں سے دب جائے ج: رَخَاخِيُّ۔
الرَّخْرَاخُ: پتلا گارا یا پتلا گندھا ہوا آٹا۔
الرَّخْرَخُ: الرَّخْرَاخُ۔
•تَرَخَّشَ و ارْتَخَشَ: مضطرب ہونا۔
الرُّخْشَةُ: اضطراب۔
•رَخُصَ ـُ رَخَاصَةً و رُخُوصَةً و رُخْصَانًا: نرم ونازک ہونا، تروتازہ ہونا۔ هو رَخْصٌ و رَخِيصٌ۔
غُصْنٌ رَخْصٌ: تروتازہ شاخ۔
بَنَانٌ رَخْصٌ: نازک انگلیاں۔
ـــ السِّعْرُ رُخْصًا: بھاؤ گرنا، قیمت کم ہونا۔
ـــ الشيءُ: سستا اور ارزاں ہونا۔ هو رَخِيصٌ۔
أَرْخَصَ السِّعْرَ: قیمت کم کرنا، بھاؤ گرانا، سستا کرنا۔
ـــ الشيءَ: سستا پانا، سستا لگنا، سستا خریدنا۔
أَرْخَصَ لَه فی الأَمْرِ: سہولت وآسانی فراہم کرنا۔
رَخَّصَ لَه فی الأَمْرِ: آسان وسہل بنانا۔
ـــ لہ بکذا و فی کذا: اجازت دینا (ممانعت کے بعد)
ارْتَخَصَهُ: سستا سمجھنا (۲) سستا خریدنا۔
تَرَخَّصَ فی الأُمُورِ: معاملات میں دی ہوئی سہولت یا اجازت سے فائدہ اٹھانا رخصت پر عمل کرنا۔
اسْتَرْخَصَهُ: سستا سمجھنا (۲) اجازت چاہنا۔
الرُّخْصَةُ: کسی کام میں دی ہوئی سہولت وآسانی (۲) اجازت (۳) پرمٹ، لائسنس (۴) (شرعاً) امر اصلی کو تخفیف وتسہیل میں تبدیل کرنا۔ جیسے: صلاۃ المسافر۔ صلاۃ (نماز) کی اصل (چار رکعت والی نماز میں) چار ہی رکعت ہیں لیکن مسافر کی سہولت کے لئے ان کو دو کرکے تسہیل کردی گئی، اصل پر عمل کرنے کا نام عزیمۃ ہے اور دی ہوئی سہولت واجازت کا نام رخصۃ ہے۔ حدیث میں ہے "إِنَّ اللهَ جَلَّ ثَنَاءُهُ يُحِبُّ أَن يُؤْخَذَ بِرُخَصِهِ كما يُحب أَنْ تُؤتَى عَزَائِمُهُ" اللہ کو جس طرح عزیمتوں پر عمل کرنا پسند ہے اسی طرح رخصتوں کو اپنانا بھی پسند ہے۔ (۵) پانی پینے کی باری۔ کہتے ہیں: أَخَذَ رُخْصَتَه مِنَ المَاءِ: اس نے پانی کا اپنا حصہ لے لیا۔
رُخْصَةُ السَّيَّارَةِ: موٹر کا لائسنس۔ سَحْبُ الرُّخْصَةِ: لائسنس ضبط کرنا۔
الرَّخِيصُ: ارزاں، سستا (۲) نرم (۳) ملائم کپڑا۔
مَوْتٌ رَخِيصٌ: تکلیف دہ اور سخت موت۔
المُرَخَّصُ لہ: اجازت یافتہ، لائسنس دار
•رَخَفَ العَجِينُ و نحوُه ـُ رَخْفًا: گندھے ہوئے آٹے کا پتلا اور ڈھیلا ہونا هو رَاخِفٌ۔
رَخِفَ ـَ رَخَفًا: رَخَفَ۔ هو رَخِفٌ
رَخُفَ ـُ رَخَافَةً و رُخُوفَةً: رَخَفَ هو رَخْفٌ و رَخِيفٌ۔
أَرْخَفَ العَجِينَ: آٹے کو پتلا اور ڈھیلا کرنا۔
الرَّخْفُ: رنگ کی ایک قسم۔
الرَّخْفَةُ، صَارَ الماءُ رَخْفَةً: پانی کا پتلا گارا بنجانا (۲) ہلکا نرم پتھر ج: رِخَافٌ۔
•تَرَخَّلَ: بھیڑ کے مادہ بچوں کو پالنا
الرَّخَاخِيلُ: کھجور کی نبیذیں۔
الرِّخْلُ: بھیڑ کا مادہ بچہ ج: أَرْخُلٌ و رِخَال و رِخْلَانٌ۔
الرَّخِلُ و الرِّخْلَةُ: الرِّخْلُ۔
•رَخَمَ الصَّوْتُ والكلامُ ـُ رَخَمًا: آواز کا باریک ہونا، کلام کا نرم ہونا۔
ـــ النَّعَامَةُ والدَّجَاجَةُ بَيْضَهَا و عليه رَخْمًا و رَخَمًا و رَخَمًا: شتر مرغی، مرغی کا انڈوں پر بیٹھنا، انڈے سینا۔
ـــ المَرْأَةُ وَلَدَها رَخْمًا و رَخَمًا: بچہ سے لاڈ پیار کرنا، بچہ کو کھلانا۔
رَخِمَ السِّقاءُ و نحوُه ـَ رَخَمًا: مشک کا سڑ جانا، بدبودار ہونا۔
ـــ الفَرَسُ و نحوُه رَخَمًا و رُخْمَةً: گھوڑے کا سر سفید ہونا اور بقیہ جسم کالا ہونا۔ هو أَرْخَمُ و هي رَخْمَاءُ ج: رُخْمٌ۔
ـــ فُلانًا رَخَمًا و رَخْمَةً: مہربان ہو شفقت کرنا۔ أَلْقَى عليه رَخْمَتَه و رَخَمَه: کسی سے بھرپور محبت وتعلق رکھنا۔
رَخُمَ الصَّوْتُ والكلامُ ـُ رَخَامَة: آواز اور کلام کا نرم ہونا۔ فالصوت والكلامُ رَخِيمٌ۔
رَخُمَتِ المَرْأَةُ: عورت کا نازک وگداز ہونا هي رَخِيمَةٌ و رَخِيمٌ۔
أَرْخَمَتِ النَّعَامَةُ والدَّجَاجَةُ على بَيْضِها: انڈوں پر بیٹھنا، انڈے سینا هي مُرْخِمٌ و مُرْخِمَةٌ۔
رَخَّمَ الدَّجَاجَةَ: مرغی کو انڈوں پر بٹھانا
ـــ الشيءَ: نرم وآسان بنانا، ہلکا کرنا تلفظ کو آسان کرنے کے لئے کوئی حرف حذف کردینا۔ (علم النحو میں ترخیم)

ندا میں اسم کے آخری حرف کو تلفظ آسان کرنے کے لئے حذف کر دیا جائے (۳) آخری حصہ کاٹنا، دم کاٹنا۔
رَخَّمَ الْأَرْضَ: زمین پر سنگ مرمر بچھانا۔
ــ الْبَيْتَ: گھر کا فرش سنگ مرمر کا بنانا۔
الرُّخَامُ: سنگ مرمر۔ واحد رُخَامَةٌ۔
الرُّخَامَى: باد نسیم، ہلکی ہوا (۲) مویشیوں کا بھورے رنگ کا چارہ۔
الرَّخَمُ: گدھ ج: رُخُمٌ (۲) گاڑھا دودھ۔
الرَّخَّامُ: سنگ مرمر تراشنے اور صاف کرنے والا، سنگ مرمر فروخت کرنے والا۔
الأَرْخَمُ: وہ گھوڑا جس کا سر سفید اور باقی جسم کالا ہو م: رَخْماء ج: رُخْم۔
الرَّخْمُ والرَّخِيمُ: نرم، ہلکا۔
المُرَخَّمُ: دم بریدہ (۲) وہ اسم جس کا آخری حرف حذف کر دیا گیا ہو۔
•رَخَا العَيْشُ وغيرُهُ ـــ رَخَاءً: زندگی کا آسودہ اور خوش گوار ہونا۔
رَخِيَ الشَّيْءُ ـــ رَخًا و رَخَاءً: نرم ہونا، گداز ہونا۔
ــ العَيْشُ: آسودہ ہونا۔
رَخُوَ ـــ رَخَاوَةً و رَخَاءً و رِخْوَةً: رَخِيَ۔
أَرْخَى: خوش حال ہونا، آسودہ ہونا۔
ــ الفَرَسُ: تیز دوڑنا۔
ــ الشَّيْءَ: نرم کرنا، ڈھیلا کرنا (۲) لٹکانا، نیچے چھوڑنا (۳) کشادہ کرنا (۴) لمبا کرنا۔
ــ السِّتْرَ: پردہ وغیرہ چھوڑنا، لٹکانا۔
ــ عِمَامَتَهُ: مطمئن ہونا، بے خوف ہونا۔
ــ الزِّمَامَ: لگام کو ڈھیلا کرنا۔
ــ لَهُ القَيْدَ: بیڑی کو ڈھیلا کرنا۔
ــ لَهُ الزِّمَامَ و العِنَانَ: کام کرنے کی آزادی دینا، آزاد چھوڑنا، اپنے حال پر چھوڑنا۔
ــ الدَّابَّةَ و لَهَا: لگام ڈھیلی کرنا، جانور کو آزادانہ چلنے دینا۔
رَخَّى الشَّيْءَ بالشَّيْءِ: ملانا، مخلوط کرنا۔
رَاخَى: راخت الحامِلُ: حاملہ کے وضع حمل کا وقت قریب آنا۔
ــ الشَّيْءَ: نرم کرنا۔
ــ العُقْدَةَ: گرہ کو ڈھیلا کرنا۔
ــ خِنَاقَهُ: دور کرنا اور کلفت دور کرنا۔
تَرَاخَى: سست ہونا، ڈھیلا ہونا (۲) پیچھے رہنا، دیر کرنا۔
ــ عن الأَمْرِ: کسی کام سے پیچھے ہٹ جانا، کاہلی کی بنا پر چھوڑ دینا۔
تراخت السَّمَاءُ: بارش میں دیر کرنا، دیر سے برسنا، نہ برسنا۔
تَرَاخَى ما بَيْنَهُمَا: دو چیزوں کے درمیان دوری ہونا۔
اِسْتَرْخَى: ڈھیلا پڑنا، سست ہونا (۲) نرم ہونا (۳) پھیلنا اور کشادہ ہونا۔
ــ الأَمْرُ: تنگی اور پریشانی کے بعد کشادگی ہونا۔
ــ الرَّجُلُ: اعضاء کو ڈھیلے چھوڑ کر لیٹنا، ستانا۔
الأُرْخِيَّةُ: نرم کی ہوئی یا لٹکائی ہوئی چیز ج: أَرَاخِيّ۔
الرَّخَاءُ: کشادگی، آسودگی، خوش حالی۔ حدیث میں ہے: "اذْكُرِ اللّٰهَ فِي الرَّخَاءِ يَذْكُرْكَ فِي الشِّدَّةِ" تم فراخی و خوش حالی میں اللہ کو یاد رکھو وہ تم کو تمہاری مصیبت میں یاد رکھے گا
الرُّخَاءُ: نرم و ہلکی ہوا، خوش گوار ہوا قرآن پاک میں ہے: "وسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيحَ تَجْرِي بِأَمْرِهِ رُخَاءً حَيْثُ أَصَابَ"
الرَّخَاوَةُ: رَخَاوَةُ العَضَلِ الخِلْقِيَّةِ: بچوں کے عضلات کی ایک پیدائشی بیماری
الرِّخْوُ: نرم و خستہ (ہر شے) ایسے حروف کی صفت جن کے مخرج میں آواز قدرے رُک کر نکلتی ہے اور احتکا کی کیفیت پیدا ہوتی ہے اسے رَخَاوة کہتے ہیں جیسے س اور ز وغیرہ
الرِّخْوَة: حروف کی صفت، حروف رخوہ تیرہ ہیں: ث ۔ ح ۔ خ ۔ ذ ۔ ز ۔ ظا۔ ص ۔ ض ۔ غ ۔ ف ۔ س ۔ ش۔ اور ہ۔ فیہ رِخْوَة: اس میں ڈھیلا پن ہے۔
الرَّخِيُّ: عَيْش رَخِيٌّ: آسودہ اور فراخ زندگی۔
رَخِيُّ البَالِ: خوش حال، فارغ البال۔
المِرْخَاءُ: فَرَسٌ و نَاقَةٌ مِرْخَاءٌ: تیز گام، تیز دوڑنے والا گھوڑا یا اونٹنی۔
•رَخْوَدَ: آسودہ حال ہونا۔
الرِّخْوَدُّ: نرم و گداز۔ هو رِخْوَدٌّ: گداز جسم اور نرم ہڈیوں والا۔
رِخْوَدُّ الشَّبَابِ: نوجوان۔
الرِّخْوَدَةُ: ہڈیوں کی نرمی یہ علم طب میں ایک قسم کی بیماری ہے جو جسم میں کیلشیم اور فاسفورس کی کمی سے پیدا ہوتی ہے۔

ر ــــ د

•رَدَأَهُ بِهِ ـــ رَدْءًا: معاون و مددگار بنانا۔
ــ الحَائِطَ: دیوار کو سہارا دینا اور مضبوط کرنا، پشتہ لگانا۔
ــ الماشِيَةَ: مویشی کو عمدہ چارہ وغیرہ کھلا کر مضبوط و فربہ کرنا۔
ــ بِحَجَرٍ: پتھر مارنا۔
رَدُؤَ ـــ رَدَاءَةً: کمزور و لاچار ہو کر محتاج ہو جانا (۲) گھٹیا اور خراب ہونا (۳) کمینہ ہونا هو رَدِيءٌ۔

أَرْدَأَ: گھٹیا اور خراب کام کرنا (۲) ردی اور خراب چیز پانا۔
—— علی کذا: زیادہ ہونا، بڑھ جانا۔
—— الشیءَ: خراب کرنا، ردی بنا دینا۔
—— فُلانًا: مدد کرنا، معاون بننا۔
—— الحائطَ و نَحوَہٗ: دیوار وغیرہ کو پشتہ لگا کر مضبوط کرنا۔
—— السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔
تَرَادَءَ القَومُ: باہم تعاون کرنا۔
الرِّدْءُ: مددگار، معاون، پشت پناہ، قرآن پاک میں ہے (حضرت موسیٰ علیہ السلام کے قصہ میں) "فَأَرْسِلْهُ مَعِيَ رِدْءًا يُصَدِّقُنِي" (۲) سہارا طاقت، پشتہ (۳) جانور کے ایک طرف کا بھاری بوجھ ج: أَرْدَاءٌ۔
الرَّدِيءُ: خراب، گھٹیا، ردی (۲) کمینہ، کم ظرف ج: أَرْدِئَاءُ۔
رَدِيءُ التَّربِيَةِ: بدتہذیب۔
رَدِيءُ الطَّبْعِ: بدمزاج، بدفطرت۔
أَرْدَأُ: بدترین۔
الرَّدَاءَةُ: ضد: جودۃ۔ خرابی، گھٹیاپن، کم ظرفی۔
• تَرَدَّبَ بہ: لطف ومہربانی کرنا۔
—— علیہ: مہربان ہونا، شفقت کرنا۔
الإِرْدَبُّ: چوبیس صاع کے برابر غلہ ناپنے کا مصری پیمانہ۔ ایک صاع تین کلو ایک سو پچاس گرام کا ہوتا ہے (۲) نالی۔
الإِرْدَبَّةُ: چوبچہ (۲) پکی ہوئی مٹی کی کشادہ نالی (۳) سنک۔
الرَّدْبُ: کوچہ غیر نافذہ (وہ راستہ جو دوسری طرف پار نہ ہوتا ہو)۔
الرَّدَجُ: انسان یا جانور کے بچہ کے پیٹ سے قبل غذا ابتداء نکلنے والی کیٹ ج: أَرْدَاج
• البَرَنْدَجُ: دیکھئے (أَرَنْدَج)
• رَدَحَ ـَ رَدْحًا: برقرار رہنا، ثابت قدم رہنا، جم جانا۔
رَدَحَ بالمکان: قیام کرنا۔
—— الرَّجُلُ: ضرورت کو پالینا، ضرورت پوری ہونا۔
—— الشیءَ: پھیلانا۔
—— الرَّجُلَ: پچھاڑنا۔
—— البَیتَ: مکان پر گارے کا پلاسٹر کرنا
رَدُحَت المرأۃُ ـُ رَدَاحَۃً: بھاری وموٹے سرین والی ہونا۔
أَرْدَحَ البَیتَ: رَدَحَ۔
رَدَّحَ الشیءَ: پھیلانا، بچھانا۔
الرَّادِحُ: گارے کی لپائی کرنے والا (۲) ضرورت کو پالینے والا (۳) مقیم، ثابت قدم۔
الرَّادِحَۃُ: تانیث رادح (۲) مائدۃ رادحۃ: شاندار اور کثیر روٹیوں والا دسترخوان۔
الرَّدَاحُ: دَوحَۃٌ رَدَاحٌ: بہت بڑا درخت۔ جَفْنَۃٌ رَدَاحٌ: بڑا بادیہ۔ امْرَأَۃٌ رَدَاحٌ: بھاری اور موٹے کولہے والی عورت۔ کَتِیبَۃٌ رَدَاحٌ: لشکر جرار، فوج کی بھاری جمعیت۔ کَبْشٌ رَدَاحٌ: بھاری چکتی والا مینڈھا۔ بَیتٌ رَدَاحٌ: کشادہ گھر۔ جَمَلٌ رَدَاحٌ: بھاری وزن والا اونٹ۔ فِتْنَۃٌ رَدَاحٌ: زبردست فتنہ، زبردست فساد۔
الرِّدَاحَۃُ: درندوں کو شکار کرنے کی جگہ
الرَّدَاحَۃُ: الرِّدَاحَۃُ (۲) بھاری اور موٹے سرین والی عورت۔
الرَّدْحُ: ہلکا درد ج: أَرْدَاحٌ۔
الرُّدْحُ: لمبا عرصہ، عرصۂ دراز۔ أَقَامَ رَدْحًا من الدَّهرِ: اس نے طویل عرصہ تک قیام کیا۔
الرُّدْحَۃُ: لَكَ عنه رُدْحَۃٌ: تم اس سے الگ ہو سکتے ہو۔ تمہارے لئے اس سے الگ ہو کر فراخی ہے۔
الرَّدْحِيُّ: گاؤں کا پرچون فروش۔
الرَّدُوحُ: بھاری وموٹے کولہوں والی عورت ج: رُدُحٌ۔
المُرْتَدَحُ: گنجائش، وسعت۔
• رَدَخَ رَأْسَہٗ ـَ رَدْخًا: سر پر مارنا، سر پھوڑنا۔
الرَّدْخُ: زیادہ کیچڑ۔ الرَّدْخَۃُ: کیچڑ کا ایک حصہ۔
• رَدَّہٗ ـُ رَدًّا و تَرْدَادًا و رِدَّۃً: روکنا، ہٹانا، واپس کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَدَّ كَثِيرٌ مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَوْ يَرُدُّونَكُم مِّن بَعْدِ إِيمَانِكُمْ كُفَّارًا"
—— الیہ: لوٹانا۔
—— علی عَقِبِہٖ: دھکیلنا، الٹا ہٹانا۔
—— کیدَہٗ فی نَحرِہٖ: جیسے کو تیسا کرنا، کسی کی مکاری میں خود اس کو پھنسا دینا، چالاکی کا جواب چالاکی سے دینا، کسی کو اسی کے دام فریب میں پھنسا دینا۔
—— علیہ کذا: قبول نہ کرنا۔
—— علیہ: جواب دینا۔ رَدَّ علیہ السلامَ: سلام کا جواب دینا۔
—— علیہ القولَ: کسی کی بات کا رد کرنا یا اس سے نظر ثانی کرانا۔
—— الیہ جوابَہٗ: کسی کو جواب دینا، جواب بھیجنا۔
—— الیہ الحُکمَ: فیصلہ کسی کے سپرد کرنا
—— فُلانًا: کسی کو غلط کار ٹھیرانا۔
—— الشیءَ: کسی چیز کی حالت وکیفیت تبدیل کرنا۔ جیسے رَدَّ الطِّینَ خَزَفًا و رَدَّ وَجْہَہٗ الأَبیَضَ أَسْوَدَ۔
—— ما یَرُدُّ علیكَ ھذا: یہ چیز تم کو نفع نہ دے گی۔
—— الیہ الدَّینَ: قرض ادا کرنا۔

رَدَّہٗ علی القول: کسی بات کی تردید کرنا، جواب دینا۔
ــــ الباب: دروازہ بند کرنا۔
ــــ فلانًا عن عَزمِہ: ارادہ سے باز رکھنا، روکنا۔
شَیءٌ او قَولٌ لا یُرَدُّ: ناقابلِ تردید بات۔
أَرَدَّ: جوش میں آنا، مشتعل ہونا (۲) غصہ سے پھول جانا۔
ــــ البَحرُ: دریا کا موج زن ہونا، سمندر کا ٹھاٹھیں مارنا، کثرت سے موجیں اٹھنا
أَرَدَّت الشَّاۃُ: بکری کے تھن کا پھول جانا۔
أُرِدَّ فُلانٌ: حالت تجرد کا طویل ہونا، عرصہ تک بے بیاہا رہنا۔
رَادَّہٗ الشَیءَ: کسی کو کوئی چیز واپس کرنا۔
ــــ الکلامَ: بحث ومباحثہ کرنا۔
ــــ البَیعَ: بیع کو فسخ کرانا۔
رَدَّدَہٗ: بار بار لوٹانا، دوہرانا (۲) لوٹانا۔
ــــ الھُتَافَ: نعرہ لگانا۔
ــــ القولَ: بار بار کہنا۔
اِرتَدَّ: لوٹنا، واپس ہونا۔ اِرتَدَّ علی أثرِہٖ: الٹے پاؤں لوٹنا۔
ــــ الیہ: لوٹ کر جانا۔
ــــ عن طریقہ: اپنے راستہ سے ہٹ جانا
ــــ عن دِینِہٖ: مذہب کو چھوڑ کر دوسرا مذہب اختیار کرنا (۲) (شرعًا) مسلمان ہونے کے بعد کافر ہو جانا۔
ــــ الشیءَ: واپس لینا۔ جیسے اِرتَدَّ ھِبَتَہٗ۔
ــــ الی حالہ: اپنی حالت پر لوٹ آنا، قرآن پاک میں ہے "فَارتَدَّ بَصِیرًا" وہ نابینا ہونے کے بعد بینا ہو گئے۔
ــــ راجعا الی کذا: سابقہ حالت پر واپس آنا۔
ــــ الی الصَّواب: ہوش آجانا، عقل آجانا۔

تَرَادَّ: واپس لوٹنا، متردد ہونا، پیچھے ہٹنا
ــــ المُتَبَایِعَانِ البَیعَ: بیع کو فسخ کرکے ایک دوسرے سے اپنا دیا ہوا لے لینا
تَرَدَّدَ: لوٹنا، واپس ہونا، بار بار لوٹنا۔
ــــ فی الشیءِ: پس وپیش کرنا، تردد کرنا، ایک رخ پر نہ جمنا۔
ــــ فی الکلامِ: رُک رُک کر بولنا۔
ــــ فی الجواب: توقف سے جواب دینا، جواب دینے میں پس وپیش کرنا، جھجکتے ہوئے جواب دینا۔
ــــ الی مَجَالِسِ العِلمِ: علمی مجالس میں آمدورفت رکھنا۔
ــــ الی فُلانٍ: کسی کے پاس آنا جانا۔
اِستَرَدَّہٗ: واپس لینا (۲) جواب مانگنا۔
ــــ فلانا الشیءَ: کسی سے کوئی چیز واپس کرنے کو کہنا، واپسی کا مطالبہ کرنا۔
ــــ خَسَارَۃً: نقصان کا معاوضہ لینا یا مانگنا۔
الأَرَدُّ: زیادہ مفید۔ ھذا أَرَدُّ من ھذا۔
الرَّادُّ: وہ شخص جس کے چہرہ پر خوبصورتی کے ساتھ کچھ بدنمائی اور عیب ہو (۲) واپس کرنے والا (۳) باز رکھنے والا۔
الرَّادَّۃُ: تانیث الرَّادِّ (۲) فائدہ کہتے ہیں: ھذا اَمرٌ لا رَادَّۃَ فیہ او لہ: اس بات میں کوئی فائدہ نہیں ج: رَوَادُّ۔
الرَّدُّ: زبان کی رکاوٹ، لڑکھڑاہٹ (۲) خراب کوردی (۳) زمین کی پیداوار۔ کہتے ہیں: مَزرَعَۃٌ کَثِیرۃُ الرَّدِّ (۴) کھوٹا، ناقابل چلن جیسے دِرھَمٌ رَدٌّ (۵) خلاف سنت۔ حدیث میں ہے: "من عَمِلَ عَمَلًا لَیسَ علیہ أَمرُنا فھو رَدٌّ (۶) جواب (۷) تردید (۸) دفعیہ، رد، انکار (۹) ادائگی ج: رُدُودٌ۔
رَدُّ الباطل: باطل کا جواب اور انکار۔
رَدُّ الحقِّ: انکار حق۔
رَدُّ الفِعلِ: ردعمل، جوابی کارروائی۔
رَدًّا علی کذا: کسی چیز کے جواب میں، رد میں
الرِّدُّ: کسی چیز کی ٹیکن، سہارا ج: رُدُودٌ وأَردَادٌ
الرِّدَّۃُ: واپسی، لوٹنا، مڑنا (۲) عیب، خوشنمائی کے ساتھ قدرے بدنمائی (۳) ٹھوڑی کی پچکاہٹ (اندر کو دھنسا ہوا ہونا) (۴) چھالنس، کوڑا کرکٹ۔
الرِّدَّۃُ: واپسی کی نوعیت، ہیئت (۲) اصل یا سابقہ حالت پر واپسی (۳) ترک مذہب، اسلام کے بعد کفر پر واپسی (۴) ولادت کے قبل تھنوں کی پھلاوٹ (۵) آواز بازگشت (۶) ٹھوڑی کا دھنساؤ، پچکاہٹ (۷) بقیہ حصہ۔
حُرُوبُ الرِّدَّۃِ: ارتداد کے خلاف جنگیں جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں ہوئیں جبکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد کچھ عرب مرتد ہو گئے تھے (دین اسلام سے پھر گئے) انھوں نے ادائگی زکوٰۃ سے انکار کر دیا اور کچھ نے نماز کو بھی ترک کر دیا۔
الرَّدِّی: مطلقہ عورت۔
الرَّدِیدُ: رد کیا ہوا، ناقابل قبول (۲) بدنما۔ وَجہٌ رَدِیدٌ: عیب دار چہرہ (۳) برس کر پانی سے خالی ہو جانے والا بادل (۴) ٹھگنا ہوا پر گوشت عضو جسم ج: رُدُدٌ۔
الاِستِردَادُ: واپسی قبضہ کا دعویٰ (اصطلاح قانون میں) جس شخص سے کسی شے کا قبضہ چھین لیا گیا ہو اس کی طرف سے قبضہ دوبارہ دلانے کا دعویٰ کرنا۔
التَّردَادُ: تکرار۔

المُتَرَدِّدُ: گٹھا ہوا پست قد آدمی، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حلیۂ مبارکہ میں ہے: "لَيْسَ بِالطَّوِيلِ البَائِنِ ولا القصير المُتَرَدِّدِ"

المِرَدُّ: زبردست حملہ آور (۲) بار بار رد کرنے والا، ماہر ابطال (۲) مویشیوں کو باندھنے کی لمبی رسّی۔

المُرِدُّ: مدت تک تجرد کی زندگی گزارنے والا، عرصہ تک بیوی سے الگ رہنے والا ج: مَرَادٌّ۔ غضبناک۔

المُرَدِّدُ: اعادہ کرنے والا، قول یا نغمہ دہرانے والا۔

المُرَدَّدُ: حیران، پس و پیش کرنے والا۔

المَرْدُودُ: عرصہ تک سفر میں رہنے والا، عرصہ تک بیوی سے الگ رہنے والا (۲) رد کیا ہوا، نا قابل قبول، دھتکارا ہوا (۳) مفہوم۔

المَرْدُودَةُ: مطلقہ عورت۔ حضرت زبیرؓ کی حدیث (جوان کے وقف کردہ مکان کے بارے میں ہے) ہے: "وللمَرْدُودَةِ من بناتی أن تسكنها"

المُتَرَدِّدُ: پس و پیش میں پڑا ہوا، پریشان۔

•رَدَسَ ـِ رَدْسًا: کسی کے پتھر مارنا (۲) توڑنا، باریک کرنا، کوٹنا، اینٹ سے اینٹ بجانا۔

— برأسه: سر کو پکڑ کر دھکا دینا یا سینگ مارنا یا سر پر مارنا۔

— بالشیء: لے جانا، غائب کر دینا، کہتے ہیں: ما له أينَ رَدَسَ: نہ جانے وہ کہاں چلا گیا۔

— الدَّابَّةَ: جانور کو سدھانا اور قبضہ میں کرنا۔

— الحَجَرَ بالحَجَرِ: پتھر پر پتھر مارنا۔

— الحائطَ: دیوار کو ڈھانا۔

— الرَّجُلَ: ذلیل کرنا۔

تَرَدَّسَ: نیچے گرنا۔

المِرْدَاسُ: رگڑنے اور کوٹنے کی سخت اور چوڑی چیز یا آلہ، سڑک کوٹنے کا انجن، زمین ہموار کرنے کی مشین، اسٹیم رولر (۲) وہ پتھر جسے کنوئیں میں پانی کی مقدار جاننے کے لئے لٹکایا جائے (۳) سر ج: مَرَادِيسُ۔

المِرْدَسُ: المِرْدَاسُ ج: مَرَادِسُ

•رَدَعَهُ ـَ رَدْعًا: دھمکانا، ڈانٹنا، (۲) روکنا، باز رکھنا۔

— ثوبه بالزَّعْفران او الطِّيب: کپڑے پر زعفران یا خوشبو ملنا، لت پت کرنا۔

— الشَّيْءَ: کوٹنا۔ کہتے ہیں: رَدَعَهُ بالحَجَرِ: اس کی پتھر سے کٹائی کی، پتھر زور سے مارنا۔

— به الأرضَ: زمین پر پٹخنا۔

رَدِعَ رَدْعًا و رَدَعَةً و رُدَاعًا: زعفران کی طرح زرد ہو جانا (۲) بچھڑنا (۳) سہم جانا۔

— المَرِيضُ: بیمار کی بیماری لوٹ آنا (۲) پورے جسم میں درد ہو جانا۔ هو مَرْدُوعٌ (جس کے بدن میں درد ہو)

رَدَّعَهُ بالطِّيبِ: خوشبو خوب ملنا، لت پت کرنا۔ هو مُرَدَّعٌ۔

اِرْتَدَعَ: ڈانٹ کھانا (۲) زعفران یا خوشبو میں لت پت ہونا (۳) تیر کا نشانہ پر لگ کر ٹوٹ جانا کہتے ہیں: أَصَابَ السَّهْمُ الهَدَفَ فَارْتَدَعَ۔

— عن كذا: باز رہنا، رکنا۔

تَرَادَعُوا: ایک دوسرے کو روکنا۔

الأَرْدَعُ: وہ بکری یا بھیڑ جس کا سینہ کالا اور باقی جسم سفید ہو ج: رُدْعٌ۔

الرَّادِعُ: مانع، محافظ (۲) ڈانٹ، دھمکی یا دھمکی دینے والا، تہدید آمیز (۲) خوشبو لگا ہوا کرتا (۳) رکاوٹ ج: رَوَادِعُ۔

الرَّادِعُ النَّوَوِيُّ: نیوکلیائی محافظ و مزاحم۔

الرُّدَاعُ: لوٹ کر آنے والی بیماری (۲) پورے جسم کا درد۔

الرَّدَاعُ: خالص سرخ۔

الرَّدْعُ: ڈانٹ (۲) حفاظت (۳) ممانعت (۴) نیچے گرنے والی چیز کا زمین سے لگنے والا حصہ۔ رَكِبَ رَدْعَهُ: منہ کے بل زمین پر گرنا (۳) لوٹ کر آنے والی بیماری (۴) زعفران یا زعفران کا اثر یا خون کا دھبّا۔ کہتے ہیں: بالثَّوبِ رَدْعٌ من كذا: کپڑے پر فلاں چیز کے دھبے یا نشان ہیں۔

قُوّات الرَّدْعِ: امن فوج، محافظ فوج

الرَّدْعاءُ: أَرْدَعُ کی تانیث ج: رُدْعٌ۔

الرَّدِيعُ: بچھڑا ہوا (۲) بے وقوف (۳) وہ شخص جسے عود کرنے والی بیماری ہو (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے) (۴) زعفران یا خوشبو لگا ہوا کپڑا (۵) وہ نیزہ جس کا پھلکا گر گیا ہو۔

المِرْدَعُ: ضرورت میں نکلنے اور نا کام لوٹنے والا (۲) کاہل ملاح (۳) پست قد (۴) پھل گرا ہوا تیر (۵) وہ جس کا سرا کوٹ کر کشادہ کیا گیا ہو ج: مَرَادِعُ۔

•رَدِغَ المكانُ ـَ رَدَغًا: جگہ کا کیچڑ والا ہونا، بہت کیچڑ والی ہونا۔ هو رَدِغٌ۔

أَرْدَغَ المكانُ: بہت کیچڑ والا ہونا۔

— فلانٌ: کسی کا کیچڑ میں دھنسنا۔

ارتدغ فلانٌ: أَرْدَغَ۔

الرَّدْغَةُ: بہت کیچڑ ج: رِداغ و رَدَغ۔

المَرْدَغَةُ: ہرا بھرا باغیچہ (۲) گردن اور ہنسلی کے درمیان کا حصہ یا مونڈھے اور سینہ کی ہڈیوں کے درمیان کا گوشت یا سینہ کا گوشت۔ حدیث شعبی میں ہے: دَخَلْتُ علی مُصْعَبِ بن الزبيرؓ فدَنَوْتُ منه حتی وقعَتْ يدی علی

مَرَادِغِه"
جَمَلٌ ذو مَرَادِغَ : موٹا اونٹ۔
رَدَفَه ـُ رَدْفًا: کسی کے پیچھے سوار ہونا، پیچھے ہونا، پیچھے پیچھے چلنا۔
رَدِفَه أمرٌ: اچانک کوئی بات پیش آنا۔
رَدِفَهُ ـَ رَدْفًا: رَدَفَه۔ رَدِفَ له أمرٌ: اچانک کوئی بات پیش آنا۔ قرآن پاک میں ہے: " قل عَسَى أن يَّكُوْنَ رَدِفَ لَكم بعضُ الَّذِى تَسْتَعْجِلُوْنَ"
أَرْدَفَ : پے درپے ہونا، لگاتار ہونا، مسلسل ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: " فَاسْتَجَابَ لَكُمْ أَنِّي مُمِدُّكُم بِأَلْفٍ من الْمَلٰئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ"
ــــ فلانًا: پیچھے ہونا، تابع ہونا (۲) کسی کے بعد آنا (۳) کسی کے پیچھے سوار کرنا یا سوار ہونا۔ وائل ابن حجر کی حدیث میں ہے: " أَنَّ مُعَاوِيَةَ سَأَلَه أن يُرْدِفَه. وقد صَحِبَه فى طَرِيق. فقال: لَسْتُ من أَرْدَافِ الْمُلُوكِ" میں بادشاہوں کے پیچھے رہنے والوں میں سے نہیں ہوں۔
ــــ الشئَ بالشئِ : ایک چیز کو دوسری کے پیچھے کرنا یا بعد میں لانا۔
أَرْدَفَهُ الأمرُ: معاملہ درپیش ہونا، اچانک کوئی بات پیش آنا۔
رَادَفَت الدَّابَّةُ : پچھلے سوار کو گوارا کرنا اور برداشت کرنا۔
رَادَفَ فُلانًا : کسی کا تابع ہونا، پچھلا سوار بننا۔
اِرْتَدَفَ فُلانٌ : اپنے ساتھی کے پیچھے سوار ہونا۔
ــــ فُلانًا : سواری میں کسی کا تابع ہونا۔
تَرَادَفَا : ایک دوسرے کے پیچھے ہونا (۲) ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہونا (۳) باہم تعاون کرنا۔
تَرَادَفَتِ الكَلِمَتَانِ : دو لفظوں کا (ظاہری اختلاف کے ساتھ) ہم معنی ہونا، دو لفظوں میں ترادف ہونا۔
تَرَدَّفَهُ : کسی کا تابع ہونا، پیچھے سوار ہونا
اِسْتَرْدَفَه : کسی سے اس کے پیچھے سوار ہونے کی درخواست کرنا۔
التَّرَادُفُ : ایک دوسرے کے پیچھے ہونا، یکے بعد دیگرے ہونا۔
تَرَادُفُ الكَلِمَتَين : دو لفظوں کا ہم معنی یا قریب المعنی ہونا، لفظًا مختلف ہونا اور معنًی ایک ہونا۔
الرَّادِفَةُ : قیامت کے دن صور کا نفخۂ ثانیہ (صور پھونکنے کی دوسری آواز یا دوسرا بھونچال) قرآن پاک میں ہے: "يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ" (۲) سرین ج: رَوَادِفُ۔
الرِّدَافُ : پچھلے سوار کے بیٹھنے کی جگہ۔
الرُّدَافیٰ: سوار کے پیچھے سوار (۲) ردیف کی جمع (۳) حدی خواں (اونٹ کو گانا گاکر ہانکنے والے (۴) مددگار اعوان وانصار۔
جاءُوا رُدَافیٰ: وہ لگاتار آئے یا ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہو کر آئے۔
الرِّدَافَةُ : بادشاہ کی ہم رکابی (۲) بادشاہ کی قائم مقامی (ایک منصب)۔
الرِّدْفُ :سوار کے پیچھے سوار (۲) مسافر کا پیچھے رکھا ہوا سامان (۳) تابع (۴) ہر شئے کا پچھلا حصہ (۵) سرین (۶) چوپائے کا پٹھا اور انسان کا سرین (۷) کام کا انجام، نتیجہ (۸) چمکدار ستارہ جو ان چار ستاروں کے پیچھے ہوتا ہے جو کہکشاں کو قطع کرتے ہیں (۹) زمانۂ جاہلیت میں بادشاہ کا خلیفہ جو تخت پر اس کے دائیں بیٹھتا تھا اور اس کے بعد شراب پیتا تھا نیز جنگ کے زمانہ میں بادشاہ کی قائم مقامی کرتا تھا (شعر میں) روی سے قبل اور اس سے متصل حرفِ لین ومدّ ج: أَرْدَافٌ و رِدَافٌ۔
الرِّدْفَانِ : لیل ونہار، شب وروز (۲) کشتی کے پچھلے حصہ میں بیٹھنے والے دو ملاح۔
الرَّدِيفُ : سوار کے پیچھے سوار (۲) ریزرو فوج جسے برسرِ کار فوج سے (وقتِ ضرورت کام لینے کے لئے) علیٰحدہ کر کے محفوظ رکھا گیا ہو ج: أَرْدَافٌ و رُدَفَاءُ ورِدَافٌ و رُدَافیٰ (۳) وہ لفظ جو غزل یا قصیدہ وغیرہ کے مصرعوں یا بیتوں کے اخیر میں قافیے کے پیچھے بار بار آئے۔
• رَدَمَ الشئُ ـُ رَدْمًا : برقرار رہنا۔
ــــ الشَّجَرُ: درخت کا سوکھنے کے بعد ہرا بھرا ہونا۔
ــــ البَابَ ـِ رَدْمًا: دروازہ یا سوراخ وغیرہ کو بند کرنا۔
ــــ الثُّلْمَةَ : شگاف یا دراڑ کو پاٹنا، رخنہ بند کرنا، بھرنا۔
ــــ الحُفْرَةَ : گڑھے کو مٹی ڈال کر پاٹنا۔
ــــ الثَّوبَ : کپڑے میں پیوند لگانا، رفو کرنا (۲) دونوں سرے ملا کر سینا یا دو کپڑوں کو ملا کر سینا۔ هو مَرْدُومٌ و رَدِيْمٌ۔
أَرْدَمَ : برقرار رہنا۔ جیسے أَرْدَمَت عليه الحُمّٰى : اسے بخار چڑھا رہا۔
رَدَّمَ الثَّوبَ : رَدَمَه۔
ــــ الكلامَ : کلام کا جائزہ لے کر خامیاں دور کرنا، اصلاح کرنا۔
اِرْتَدَمَ : سوراخ یا دروازہ بند ہو جانا، گڑھا بھر جانا، پٹ جانا، کپڑا اجڑ جانا، سل جانا، کلام درست ہو جانا۔
تَرَدَّمَ الثَّوبُ : کپڑے کا بوسیدہ ہو کر پیوند

لگانے کے قابل ہونا۔
تَرَدَّمَتِ الخُصُومَةُ : دشمنی کا لمبا اور پرانا ہوجانا
ــــ المَرْأَةُ علی وَلَدِھا : ماں کا بچہ سے محبت کرنا، شفقت کرنا۔
ــــ الثَّوبَ : کپڑے میں پیوند لگانا۔
ــــ الکلامَ : کلام کی چھان بین کرنا اور تصحیح کرنا۔
ــــ فُلانًا : کسی کے پیچھے لگ کر کھوج لگانا۔
الأَرْدَمُ : ملاح، کشتی راں، ماہر ملاح ج: أُرْدُمُونَ۔
الرُّدَامُ : گوز (۲) نکما آدمی۔
الرَّدْمُ : گوز (۲) نکما آدمی (۳) دیوار کا ملبہ (۴) بڑا بند (بھاری روک) قرآن پاک میں ہے: "فَأَعِينُونِي بِقُوَّةٍ أَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا" مجھے طاقت بہم پہنچاؤ تاکہ میں تمہارے اور ان کے درمیان زبردست بند تعمیر کردوں۔ اسی سے ہے: رَدْمُ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ ج: رُدُومٌ (۵) بھراؤ، پٹاؤ، وہ چیز جسے بھر کر سوراخ یا شگاف بند کیا جائے۔
الرَّدَمُ : پرانا کپڑا۔ کہتے ہیں: صَارَ بَعْدَ الوَشْيِ فِي رَدَمٍ : خوشنمائی کے بعد پرانا ہوگیا۔
الرَّدِيمُ : الرَّدَمُ ج: رُدُمٌ۔
الرَّدِيمَةُ : تانیث الرَّدِيمِ (۲) دوہرا سلا ہوا کپڑا ج: رُدُمٌ
المُتَرَدَّمُ : پیوند یا رفو کی جگہ (۲) درست کیا جانے والا۔
• رَدَنَ ـُ رَدْنًا : سوت کاتنا یا چرخہ چلانا۔ کہتے ہیں: رَدَنَ الثَّوبَ : کاتے ہوئے سوت سے کپڑا بنانا۔
ــــ السِّلاحُ : ہتھیاروں کے اوپر نیچے رکھنے کی آواز ہونا۔
ــــ المَتاعَ : سامان کو ترتیب سے رکھنا۔

رَدَنَ ـِ رَدْنًا النارَ : آگ سلگانا۔
رَدِنَ الجِلْدُ ـَ رَدَنًا : کھال سکڑنا، سلوٹیں پڑنا۔ هو رَدِنٌ وهی رَدِنَةٌ۔
أَرْدَنَ : برقرار رہنا۔
ــــ العَرَقُ : پسینہ کا بدبودار ہونا۔
ــــ القَمِيصَ ونَحْوَهُ : کرتے میں آستین لگانا۔
رَدَّنَ القَمِيصَ ونَحْوَهُ : کرتے وغیرہ میں آستین لگانا۔
ارْتَدَنَ : تکلا بنانا۔
رُودِنَ : کمزور و ناتواں ہونا، تھک کر چور ہونا۔
الأُرْدُنُّ : سرخ ریشم کی ایک قسم۔
الرَّادِنُ : زعفران۔ أَحْمَرُ رَادِنِيٌّ : زردی مائل سرخی۔
الرُّدْنُ : آستین ج: أَرْدَانٌ وأَرْدِنَةٌ
الرَّدَنُ : کاتا ہوا سوت، دھاگا یا اس کی کوئی قسم (۲) ریشم یا ریشم کا کپڑا۔ (۲) پیدائش کے وقت بچے کے ساتھ نکلنے والی آلودگی ج: أَرْدَانٌ۔
الرُّدَيْنِيَّةُ : نیزہ۔ رُدَیْنہ نامی عورت کی طرف منسوب ہے جو نیزے ٹھیک کیا کرتی تھی۔
المِرْدَنُ : تکلا جو چرخہ میں لگا ہوتا ہے ج: مَرَادِنُ۔
المُرْدِنُ : عَرَقٌ مُرْدِنٌ : بدبودار پسینہ جو سارے جسم پر آیا ہوا ہو۔
لَيْلٌ مُرْدِنٌ : تاریک رات۔
• رَدَهَ فُلانٌ ـَ رَدْهًا : بہادری اور سخاوت وغیرہ کی وجہ سے قوم کی سربراہی کرنا۔
ــــ البَيْتَ ونَحْوَهُ : گھر وغیرہ بڑا اور شاندار بنانا۔
ــــ فُلانًا بحَجَرٍ ونَحْوِهِ : کسی کو پتھر وغیرہ مارنا۔

رَدَّهَ فُلانٌ : رَدَهَ۔
الرِّدْهُ (من الرِّجال) : سخت و مضبوط اور جھگڑالو آدمی جو کسی کے قابو میں نہ آتا ہو
الرَّدْهَةُ : عظیم الشان اور سب سے بڑا گھر (۲) وہ بڑا ہال جس میں مختلف کمروں کے دروازے کھلتے ہوں، لابی (۳) پہاڑی کی چوٹی (۴) سنگلاخ ٹیلہ نما جگہ (۵) پہاڑ یا چٹان میں پانی کا گڑھا (۶) پانی میں کھڑی ہوئی چٹان یا پانی میں ڈوبا ہوا پتھر (۷) پانی کا گھاٹ (۸) پگھلے ہوئے برف کا پانی ج: رَدْهٌ و رِدَاهٌ۔
• رَدَى الفَرَسُ ـِ رَدْيًا و رَدَيَانًا : گھوڑے کا زمین پر چلتے یا دوڑتے وقت سم مارنا۔
ــــ الغُرَابُ : کوے کا ایک پیر اٹھا کر ایک سے چلنا۔
ــــ الغُلامُ : بچہ کا ایک پیر اٹھا کر ایک سے کودنا (کھیل میں)
ــــ فُلانٌ : جانا۔ کہتے ہیں: مَا أَدْرِي أَيْنَ رَدَى۔
ــــ فِي البِئْرِ او النَّهْرِ : کنویں یا نہر میں گرنا۔
ــــ غَنَمُهُ : کسی کی بکریاں زیادہ ہونا۔
ــــ علی السِّتِّينَ من عُمْرِهِ : ساٹھ برس سے زیادہ کی عمر ہونا۔
ــــ الانسانَ وغيرَهُ بالحَجَرِ : انسان وغیرہ کو پتھر مارنا۔
ــــ الحَجَرَ بالحَجَرِ او المِعْوَلِ : پتھر کو توڑنے کے لئے پتھر یا ہتھوڑی مارنا۔
ــــ فُلانًا : کسی سے اس طرح ٹکرانا جس طرح پتھر سے ہتھوڑی ٹکراتی ہے۔
رَدِيَ ـَ رَدًى : ہلاک ہونا۔
ــــ فِي الهُوَّةِ : کھڈ یا غار میں گرنا۔ هو رَدٍ
أَرْدَى علی السِّتِّينَ : ساٹھ سال سے تجاوز کرنا

أَرْدَى فُلَانًا: گرانا (۲) ہلاک کرنا۔
رَادَى عنه: کسی کا دفاع کرنا، حمایت میں لڑنا
ـــــ على الأَمْرِ: کسی کام کا ارادہ کرنا۔
رَدَّاهُ تَرْدِيَةً: چادر اڑھانا (۲) نیچے گرانا (۳) ہلاک کرنا۔
ارْتَدَى الرِّدَاءَ و بِه: چادر اوڑھنا۔
تَرَادَوْا بالحِجَارَةِ: ایک دوسرے کو پتھر مارنا۔
تَرَدَّى: چادر اوڑھنا۔ تَرَدَّى بالرِّدَاءِ بھی کہتے ہیں۔
ـــــ فی المَهْوَاةِ: کھائی یا کھڈ وغیرہ میں گرنا، گڑھے میں گرنا (۲) بلندی سے گرنا۔
الرِّدَاءُ: چادر، بالائی لباس جیسے عبا اور جبہ وغیرہ (۲) نصف اعلیٰ کو ڈھانپنے والا کپڑا (۳) موتیوں کا ہار ج: أَرْدِيَة۔
رِدَاءُ الشَّمْسِ: آفتاب کا نور، حسن وجمال
رِدَاءُ الشَّبَابِ: جوانی کا جوبن، تروتازگی۔
خَفِيفُ الرِّدَاءِ: قرض اور عیال داری سے سبکدوش، جس کے ذمہ زیادہ یا بالکل قرض نہ ہو اور کنبہ بھی بڑا نہ ہو۔
هو غَمْرُ الرِّدَاءِ: بڑا صاحب خیر، فیاض وسخی۔
الرَّدَى: ہلاکت (۲) زیادتی، اضافہ۔
الرَّدَاةُ: چٹان ج: رَدًى۔
الرِّدْيَةُ: چادر اوڑھنے کا طرز۔ إِنَّه لَحَسَنُ الرِّدْيَةِ: اس کے چادر اوڑھنے کا طرز اچھا ہے۔ وہ خوش منظر ہے۔
المِرْدَى: پتھر، بھاری پتھر (۲) بہادر اور لڑاکو
مِرْدَى حَرْبٍ: جنگ جو آدمی۔ مِرْدَى خُصُومَةٍ: لڑائی کا خوگر ج: المَرَادِي
المِرْدَاةُ: پتھر توڑنے کا مضبوط پتھر یا آلہ (۲) مضبوط اونٹنی (۳) اونٹ یا ہاتھی کی ایک ٹانگ ج: المَرَادِي۔
المُرْدِيُّ: کشتی کا چپو (وہ لمبی لکڑی جس سے کشتی کو دھکیلا اور سرکایا جاتا ہے) ج: مَرَادِيُّ۔

ر ـــــ ذ

• رَذَّت السَّمَاءُ ـُ رَذَاذًا: پھوار برسنا (۲) بوندا باندی ہونا۔
باتت السَّمَاءُ تَرُذُّنَا: آسمان سے رات بھر پھوار برستی رہی، رات بھر ہمارے لئے بوندا باندی ہوتی رہی۔
أَرَذَّت السَّمَاءُ: رَذَّتْ۔ يَوْمٌ مُرِذٌّ: ہلکی بارش کا دن۔
الرَّذَاذُ: ہلکی بارش (۲) پھوار (جو دیکھنے میں غبار معلوم ہوتی ہے)
المِرْذَاذُ: سیال چیز کو پھوار کی طرح اڑانے کا آلہ
• الرَّوْذَقُ: بکری کا بچہ جس کی اون کو گرم پانی سے صاف کرکے بھونا جائے (۲) مسالا لگا کر بھونا ہوا گوشت ج: رَوَاذِق۔
• رَذَلَهُ ـُ رَذْلًا: ذلیل وحقیر سمجھنا، ناپسند کرنا، ٹھکرانا۔
رَذُلَ ـُ رَذَالَةً ورُذُولَةً: خراب وردی ہونا، کمینہ ہونا، گھٹیا ہونا۔
هو رَذْلٌ و رَذِيلٌ۔
أَرْذَلَ فُلَانٌ: کمینی حرکت کرنا، چھوٹی بات کرنا۔
ـــــ الشَّيْءَ: حقیر اور گھٹیا سمجھنا، برا سمجھنا۔
أَرْذَلَ الغَنَمَ: اس نے بکریوں کو خراب پاکر ٹھکرا دیا۔
ـــــ الصَّيْرَفِيُّ النُّقُودَ: صراف (سکہ بدلنے والے) کا سکّہ کو خراب بتانا اور نہ لینا
اسْتَرْذَلَهُ: خراب وگھٹیا سمجھنا۔
الأَرْذَلُ: بدترین، ہر خراب چیز، بہت گھٹیا، نچلے درجہ کا ج: أَرَاذِلُ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمَا نَرَاكَ اتَّبَعَكَ إِلَّا الَّذِينَ هُمْ أَرَاذِلُنَا"
أَرْذَلُ العُمُرِ: عمر کا آخری حصہ جس میں لاچاری بڑھ جاتی ہے اور دانائی جاتی رہتی ہے۔
الرُّذَالُ و الرُّذَالَةُ: الأَرْذَلُ۔
الرَّذْلُ: کمینہ، کم ظرف، نچلے درجہ کا، خراب، گھٹیا ج: أَرْذُلٌ و أَرْذَالٌ و رُذُلٌ و رُذَالٌ۔ ثَوْبٌ رَذْلٌ: میلا خراب کپڑا۔ دِرْهَمٌ رَذْلٌ: کھوٹا درہم۔
الرَّذِيلُ: حقیر، کمینہ، گھٹیا، خراب ج: رُذَلَاءُ و رِذَالٌ و رُذَالَى۔
الرَّذِيلَةُ: بری عادت وخصلت، کمینہ پن، گھٹیا پن (ضد: فضيلة) ج: رَذَائِل
• رَذَمَ ـِ رَذْمًا و رَذَمَانًا: لبالب بھرنا، بھر کر چھلک جانا۔ جیسے: رَذَمَ المِكْيَالُ
حدیث عطار (رابۃ کیل) میں ہے: "لا دَقَّ و لا رَذْمَ و لا زَلْزَلَةَ: پیمانہ نہ دبا ہوا ہو اور نہ چھلکتا ہوا اور نہ جھٹکا کھاتا ہوا۔
رَذِمَ ـَ رَذَمًا: رَذَمَ۔ هو رَذِمٌ۔ قِدْرٌ رَذِمَةٌ: لبالب بھری ہوئی دیگچی۔
أَرْذَمَ: رَذَمَ (۲) زائد ہونا۔ جیسے أَرْذَمَ على الخَمْسِينَ من عُمُرِه: اس کی عمر پچاس سال سے زیادہ ہو گئی۔
الرَّذَمُ: منتشر گروہ۔ کہتے ہیں: رَأَيتُ رَذَمًا من النَّاسِ۔
الرَّذُومُ: لبالب بھرا ہوا برتن وغیرہ۔
قَصْعَةٌ رَذُومٌ: لبریز پیالہ چھلکتا ہوا۔ عَظْمٌ رَذُومٌ: وہ ہڈی جس کا گودا اور عرق بہہ رہا ہو ج: رُذُمٌ۔
الرَّوْذَمَةُ: طاقتور غیر عربی النسل گھوڑے کی چال۔
• رَذِيَ ـَ رَذَاوَةً: کمزور ہونا (۲) بیماری سے نڈھال ہونا۔
ـــــ النَّاقَةُ: اونٹنی میں چلنے کی طاقت بالکل ختم ہو جانا، زمین سے نہ اٹھا جانا
هو رَذِيٌّ ج: رُذَاةٌ۔ هي رَذِيَّة ج: رَذَايَا۔

أَرْذَى فُلَانٌ: کسی کے اونٹ اور گھوڑوں کا نڈھال ہوجانا، چلنے کے قابل نہ رہنا۔
فھو مُرْذٍ۔
ـــ فُلَانًا: کسی کو کمزور گھوڑا یا اونٹ دینا جس میں چلنے کی طاقت نہ ہو (۲) نڈھال کردینا۔
ـــ نَاقَتَه: اونٹنی کو دبلا کر دینا اور پیچھے چھوڑنا۔
أُرْذِیَ الرَّجُلُ: بیماری سے نڈھال ہونا۔
المُرْذَی: خستہ حال، پس ماندہ آدمی، اچھوت

ر ـــ ز

• رَزَأَهٗ ــَ رُزْءًا و مَرْزِئَةً: مصیبت میں ڈالنا، رَزَأْتُهٗ رَزِیْئَةٌ: اس پر مصیبت آپڑی۔
رَزَأَ مَالَه: مال میں کچھ لے کر اس میں کمی کردینا۔
رَزِئَهٗ مَالَه ــَ رُزْءًا و مَرْزِئَةً: کسی کے مال میں کمی کردینا۔
رُزِئَ وَلَدَهٗ و بِوَلَدِه: کسی کا اولاد کی طرف سے صدمہ اٹھانا۔
رَزَّأَهٗ: کسی کے مال کا بہت سا حصہ لینا،
رَجُلٌ كَرِيْمٌ مُرَزَّءٌ: فیاض و سخی جس کے مال وغیرہ سے لوگ خوب فائدہ اٹھاتے ہوں۔
نَحْنُ قَوْمٌ مُرَزَّؤُنَ: ہم پر مصیبتیں آتی ہیں اور جو ہم میں اچھے اور مثالی ہیں ان کے صدمہ سے دوچار ہوتے ہیں۔
اِرْتَزَأَ الشَّیْءُ: کم ہونا۔
ـــ فُلَانًا مَالَه: کسی کے مال میں کچھ لے کر اسے کم کردینا، کسی کے مال کو نقصان پہنچانا۔
تَرَازَءُوا الأَمْوَالَ: ایک دوسرے کا مال لینا، مال کا باہم لین دین کرنا۔
الرُّزْءُ: مصیبت ج: أَرْزَاءٌ۔
الرَّزِيْئَةُ و الرَّزِيَّةُ: مصیبت ج: رزایا۔

المَرْزِئَةُ: مصیبت۔ کہتے ہیں: نَحْنُ وَفْدُ التَّهْنِئَةِ لَا وَفْدُ المَرْزِئَةِ: ہم خوشی و مسرت کے پیامبر ہیں نہ کہ مصیبت کے۔
• رَزَبَ على الأَرْضِ ــُ رَزْبًا: ایک جگہ سے چمٹے رہنا، الگ نہ ہونا۔
الإِرْزَبُّ: مضبوط و سخت ٹھگنا آدمی (۲) بڑا۔
الإِرْزَبَّةُ: گھن (بڑا ہتھوڑا) جس سے پتھر توڑے جاتے ہیں (۲) لوہے کی چھوٹی سلاخ، لوہے کا ڈنڈا ج: أَرَازِبُ۔
المِرْزَابُ: پرنالہ (۲) چھوٹی یا بہت بڑی کشتی ج: مَرَازِيْبُ
المَرْزُبَانُ: اہل فارس کا سردار (۲) بہادر و سربرآوردہ سوار (ایرانی بادشاہ کا نائب) ج: مَرَازِبَةٌ۔
المِرْزَبَّةُ: الإِرْزَبَّةُ ج: مَرَازِبُ
المِرْزَبَةُ: الإِرْزَبَّةُ ج: مَرَازِبُ۔
• رَزَحَ البَعِيْرُ ــَ رُزَاحًا و رُزُوْحًا: اونٹ کا نقاہت کی وجہ سے زمین پر پڑا رہنا، نقل و حرکت سے عاجز ہونا هو رَازِحٌ ج: رَوَازِحُ و رُزَّاحٌ و رَزْحَى و رَزَاحَى وهي رَازِحَةٌ ج: رَوَازِحُ۔
ـــ فُلَانٌ: کمزور ہونا اور ہاتھ میں کچھ نہ رہنا۔
ـــ فُلَانًا بالرُّمْحِ: کسی کو نیزہ مار کر زخمی کرنا، نڈھال کرنا۔
ـــ تَحْتَ حِمْلِه: بوجھ تلے دبنا۔
أَرْزَحَ الكَرْمَ: انگور کی گری ہوئی بیل کو اٹھانا۔
رَزَّحَهٗ: دبلا کردینا، رَزَّحَتْهُ الأَسْفَارُ: اسفار نے اسے دبلا کردیا۔ بَعِيْرٌ مُرَزَّحٌ مُطَلَّحٌ: تھکا ماندہ اونٹ

تَرَازَحَ: رَزَحَ۔
ـــ حَالُه: حالت خراب ہونا۔
المِرْزَاحُ من الإِبِلِ: کمزور و تھکا ہوا اونٹ ج: مَرَازِيْحُ۔
المَرْزَحُ: ہموار زمین۔ ج: مَرَازِحُ۔
المِرْزَحُ: وہ لکڑی جس پر انگور کی بیل کو اٹھایا جائے (۲) آواز ج: مَرَازِحُ۔
المِرْزَحَةُ: وہ لکڑی جس پر انگور کی الجھ کر گری ہوئی بیل کو اٹھایا جائے ج: مَرَازِحُ
المِرْزِيْحُ: آواز ج: مَرَازِيْحُ۔
• رَزَخَهٗ بالرُّمْحِ و نحوه ــَ رَزْخًا: نیزہ مارنا۔
المِرْزَخَةُ: نیزہ وغیرہ جو چبھایا جائے ج: مَرَازِخُ۔
• الرُّزْدَاقُ: چھوٹی آبادی جہاں بہت سے یکجائی گھر ہوں (۲) چھوٹی چھوٹی آبادیوں کا مجموعہ، دیہات۔
الرَّزْدَقُ: لوگوں یا درختوں کی قطار ج: رَزَادِقُ۔
• رَزْرَزَهٗ: ہلانا، جھنجھوڑنا۔
ـــ الحِمْلَ: بوجھ برابر کرنا، دو جانب وزن برابر کرنا۔
رَزَّتِ السَّمَاءُ ــِ رَزًّا: بارش سے آسمان کا گونجنا۔
ـــ الشَّیْءَ فی الشَّیْءِ: ایک کو دوسری میں پیوست کرنا۔ جیسے: رَزَّ المِسْمَارَ فی الحَائِطِ: دیوار میں کیل ٹھونکنا۔
ـــ الجَرَادَةُ ذَنَبَهَا فی الأَرْضِ: ٹڈی کا انڈے دینے کے لئے زمین میں دم گاڑنا۔
ـــ البَابَ: دروازہ میں کنڈا لگانا (وہ لوہے کا حلقہ جس میں قفل ڈالا جاتا ہے)۔
ـــ فُلَانًا: کسی کے نیزہ مارنا۔
أَرَزَّتِ الجَرَادَةُ: رَزَّتْ۔
رَزَّزَهٗ: جمانا، گاڑنا (۲) ہموار کرنا، تمہید قائم

کرنا، راہ ہموار کرنا۔ کہتے ہیں: رَزَّزْتُ أَمْرَكَ عِندَ فُلانٍ: فلاں کے پاس تمہارے معاملہ کی راہ نکالی۔ رَزَّزْتُ لَكَ الأَمْرَ: تمہارے معاملہ کی میں نے راہ ہموار کی، تمہارے معاملہ کو پختہ کیا۔

رَزَّ القِرطَاسَ: کاغذ کو چکنا کرنا، کاغذ پر پالش کرنا۔

— الطَّعامَ بالرُّزِّ: چاول کا کھانا تیار کرنا۔ طَعَامٌ مُرَزَّزٌ: چاول والا کھانا قِرطَاسٌ مُرَزَّزٌ: چکنا یا پالش کیا ہوا کاغذ۔

رَتَزَّ الشَّیءُ فی الشَّیءِ: ایک چیز کا دوسری میں پیوست ہونا۔ جیسے: ارْتَزَّ السَّهْمُ فی الهَدَفِ۔

— البَخِیلُ عِندَ السُّؤالِ: بخیل کا سوال کے وقت ٹس سے مس نہ ہونا، بخل پر قائم رہنا (۲) شرما جانا۔

الإِرْزِیزُ: گرج (۲) دور سے سنائی دینے والی آواز (۳) کپکپی اور تھرتھراہٹ (۴) چھوٹے اولے (۵) نیزہ کی چوٹ یا گڑا ہوا نیزہ (۶) لمبی آواز والا۔

الرَّزَازُ: سیسہ، واحد: رَزَازَةٌ۔

الرُّزُّ و الأُرْزُ: چاول، واحد: رُزَّةٌ و أُرْزَةٌ۔

الرِّزُّ: آواز (۲) خفی اور ہلکی آواز، دور سے آنے والی آواز (۳) کڑک، گرج (۴) نر اونٹ کی بلبلاہٹ (۵) پیٹ کا قراقر۔

الرِّزَازَةُ: چاول فروشی، چاول کی تجارت۔

الرَّزَّازُ: چاول فروش۔

الرَّزَّةُ: لوہے کا کنڈا (وہ حلقہ جس میں زنجیر اور تالا ڈالا جاتا ہے)

مِسْمَارُ رَزَّةٍ: حلقہ دار کیل، دو لو کی کیل۔

الرَّزِیزُ: آواز

المَرَزَّةُ: چاول اکٹھا کرنے کی جگہ ج: مَرَازُّ۔

•رَزِغَ ـَ رَزَغًا: کیچڑ میں دھنسنا، هو رَزِغٌ و هی رَزِغَةٌ۔

أَرْزَغَ: رَزِغَ۔

— الماءُ: پانی کم ہونا۔

— المُحْتَفِرُ: کنواں کھودنے والے کا کیچڑ تک پہنچنا، پانی کی تری تک پہنچنا۔

— المَطَرُ الأَرْضَ: زمین کو صرف تر کرنا۔

— فُلانًا: کسی میں عیب نکالنا، طعنہ دینا، ذات کو مجروح کرنا۔ أَرْزَغَ فی فُلانٍ: کسی کو اذیت پہنچانا اور اس کا خاموش رہنا (۲) حقیر و کمزور سمجھنا۔

ارْتَزَغَ: رَزِغَ۔

اسْتَرْزَغَهُ: کمزور سمجھنا۔

رَازَغَهُ: دھوکہ میں ڈالنا، بچ کر نکلنے کے لئے دھوکہ دینا، چکمہ دینا، چکمہ دینا۔

الرَّازِغُ: کیچڑ یا دل دل میں گرنے والا۔

الرَّزَغَةُ: دل دل، کیچڑ ج: رَزَغٌ و رِزَاغٌ۔

•رَزَفَ ـِ رَزْفًا و رَزِیفًا: آواز نکلنا

— الإِنسَانُ و الحَیَوانُ: گھبرا کر دوڑنا، چیخنا یا بلبلانا۔

— الأَمْرُ: قریب ہونا۔

— إِلَیهِ: کسی کی طرف بڑھنا، کسی کے آگے آنا۔

— الجَمَلُ: اونٹ کا بلبلانا، آواز نکالنا

— النَّاقَةُ: اونٹنی کا گھبرا کر تیز چلنا، اچھل کر چلنا۔

— الجَمَلَ: اونٹ کو دوڑانا، چلنے پر اکسانا۔ کہتے ہیں: أَرْزِفَ القَومُ: لوگوں کو جلد شکست دینا۔

رَزَّفَ الجَمَلُ: اونٹ کا آواز نکالنا، بولنا۔

الرَّزَّافَةُ: ملحقہ عمارت وغیرہ۔ رَزَّافَاتُ البَلَدِ: شہر کے اطراف و جوانب، قرب و جوار۔

•رَزَقَ ـُ رَزْقًا: روزی دینا، رزق بہم پہنچانا، خوراک پہنچانا۔ کہتے ہیں: رَزَقَ الطائِرُ فَرْخَهُ: پرندہ نے اپنے چوزہ کو دانہ کھلایا (خوراک دی) (۲) روزینہ دینا، راشن دینا۔ جیسے: رَزَقَ الأَمیرُ جُندَهُ۔

— فُلانًا: کسی کا شکریہ ادا کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "و تَجْعَلُونَ رِزْقَكُمْ أَنَّكُمْ تُكَذِّبُونَ"۔ رَزَقَهُ اللّٰهُ وَلَدًا: اللہ نے اسے بچہ عطا فرمایا۔

رُزِقَ فُلانٌ: رزق یا روزی روزینہ پانا، تنخواہ پانا۔

ارْتَزَقَ الجُندِیُّ وغَیرُهُ: سپاہی وغیرہ کا روزینہ یا راشن لینا۔

— اللّٰهَ: اللہ سے روزی مانگنا۔

اسْتَرْزَقَهُ: رزق و روزی مانگنا۔

الرَّازِقُ: رزق دینے والا، باری تعالیٰ کا ایک نام (اسماء حسنیٰ میں سے ہے)۔

الرَّازِقِیُّ: انگور کی ایک قسم، طائف کا لمبے دانے والا سفید انگور (۲) انگور کی شراب (۳) لشکر کا سفید لباس (۴) ہر باریک کپڑا یا لشکر (۵) کمزور۔

الرَّازِقِیَّةُ: رازقی کی تانیث۔ شراب (ملاحی انگور کی) (۲) لشکر کے سفید کپڑے

الرَّزَّاقُ: اسماء حسنیٰ میں سے ایک نام جو باری تعالیٰ کے لئے خاص ہے۔

الرَّزْقُ: روزی رسانی۔

الرِّزْقُ (بالکسر) روزی، رزق (۲) روزینہ، راشن (۳) خیر و بھلائی (۴) ماکولات و ملبوسات میں سے ہر قابل انتفاع چیز (۵) جوف میں پہنچنے والی

ہر قابل تغذیہ چیز۔ قرآن پاک میں ہے: "فَلْيَأْتِكُم بِرِزْقٍ مِّنْهُ"(۶) بارش (کیونکہ وہ سبب رزق ہے) (۷) عطیہ، بخشش (۸) تنخواہ، مشاہرہ، وظیفہ۔ کہتے ہیں: كَمْ رِزْقُكَ فِي الشَّهْرِ: آپ کی ماہانہ تنخواہ کیا ہے ج: أَرْزَاقٌ۔

الرَّزَقَةُ: روزینہ، تنخواہ ج: رَزَقَات۔

الرِّزْقَةُ: وہ غلہ اگانے والی زمین جس کی پیداوار کا نفع مسجد اور اس کے خدام کے لئے وقف ہو ج: رِزَقٌ۔

الرَّوَازِقُ: شکاری کتے اور شکاری پرندے

الْمُرْتَزِقَةُ: تنخواہ دار، وظیفہ خوار لوگ (سرکاری لوگ) الْجُنُودُ الْمُرْتَزِقَةُ: وہ فوجی جو کسی دوسرے ملک کے لئے اجرت پر لڑتے ہوں۔

الْمُرْتَزِقُ: نفع اٹھانے والا، منتفع، وظیفہ یاب رسد یاب۔

الْمُرْتَزَقُ: قابل انتفاع چیز۔

الْمَرْزُوقُ: آسودہ حال۔ رَجُلٌ مَرْزُوقٌ: خوش نصیب آدمی۔

•رَزَمَ ـُ رُزُومًا و رُزَامًا: زمین پر کھڑا رہنا (۲) نقاہت اور تھکان کی وجہ سے گر جانا اور ہلنے جلنے کے قابل نہ رہنا یا اپنی جگہ کھڑے ہو جانا اور حرکت کرنے کے قابل نہ رہنا۔

___ عَلَى قِرْنِهِ: اپنے مقابل پر غالب آنا اور اس پر سوار ہو جانا۔

___ الشِّتَاءُ رَزْمَةً: موسم سرما کا زیادہ سرد ہونا۔

___ الْحَيَوَانُ رَزْمًا: مرجانا۔

___ بِالشَّيْءِ: کسی چیز کو پکڑنا، تھامنا۔

___ الْأُمُّ بِهِ: ماں کا بچہ جننا۔

___ الشَّيْءَ: اکٹھا کرنا، بنڈل یا پیکٹ بنانا، گٹھڑی باندھنا، پیک کرنا۔

رُزِمَ رَزْمًا: بیماری لاحق ہونا۔ هُوَ مَرْزُومٌ و هِيَ مَرْزُومَةٌ۔

أَرْزَمَ: آواز نکالنا، جانور کا بولنا۔

أَرْزَمَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بچہ کی محبت میں آواز نکالنا، بچہ سے محبت کرنا۔

___ الرَّعْدُ أَرْزَمَتِ الرِّيحُ: گرج اور ہوا کی سخت آواز ہونا، گونجنا۔

رَازَمَ بَيْنَ الْأَشْيَاءِ و فِيهَا: دو چیزوں کو ملانا، یکجا کرنا یا یکے بعد دیگرے لینا جیسے: رَازَمَ فِي الطَّعَامِ: کھانے کی اقسام کو باری باری کھایا مثلاً کبھی دودھ کبھی گوشت کبھی روٹی اور سالن۔ رَازَمَتِ الْمَاشِيَةُ: دو چراگاہوں میں چرنا کبھی اس میں اور کبھی اس میں۔

___ الدَّارَ وغيرَها: گھر وغیرہ میں زیادہ دیر یا زیادہ عرصہ تک رہنا۔

رَزَّمَ: زمین پر جم جانا، کھڑے رہنا یا مقیم رہنا۔ رَزَّمَ الْقَوْمُ: لوگوں کا پڑاؤ ڈالنا، جگہ سے نہ ہٹنا، دھرنا دینا۔

___ الثِّيَابَ وغيرَها: کپڑوں وغیرہ کی گٹھڑیاں بنانا، بنڈل بنانا، کسی چیز کے پیکٹ بنانا۔

تَرَزَّمَ فِي الْأَمْرِ: کسی کام میں اس کے ضرر کی بنا پر پس و پیش کرنا۔

الرِّزَامُ: سخت و متشدد آدمی۔

الرَّزِمُ: وہ سخت بارش جس کی گرج ختم نہ ہو۔

الرَّزَمُ: پڑاؤ ڈالنے والا آدمی (۲) شیر۔

الرَّزْمَةُ: ایک وقت کا کھانا (خوراک)

الرِّزْمَةُ: گٹھڑی، بنڈل، پیکٹ، پارسل، پوٹلی، پڑیا، پڑا ج: رِزَمٌ۔

رِزْمَةُ ثِيَابٍ: کپڑوں کی گانٹھ، بنڈل۔

رِزْمَةُ وَرَقٍ: کاغذ کا رم، کاغذ کا پلندا۔

الرَّزَمَةُ: آواز، سخت آواز یا بچہ کی آواز، اونٹنی کی اپنے بچہ سے محبت کی آواز کہاوت ہے: لَا خَيْرَ فِي رَزَمَةٍ لَا دِرَّةَ مَعَهَا: اونٹنی کی اس محبت بھری آواز کا کوئی فائدہ نہیں جس کے ساتھ تھوڑا سا بھی دودھ نہ ہو۔ یعنی جو دوست کوئی فائدہ نہ پہنچا سکے تو اس کی دوستی بیکار ہے۔

الرَّزِيمُ: شیر کی آواز، دہاڑ۔

الْمِرْزَامُ: ہاتھ میں رکھنے کا ڈنڈا، چھوٹی لاٹھی ج: مَرَازِيمُ۔

الْمِرْزَمُ: چند ستاروں کے مجموعہ کا نام جن میں مشہور دو ہیں: العبور اور الغميصاء۔ أُمُّ مِرْزَمٍ: ہوا یا شمال کی ٹھنڈی ہوا جس کے ساتھ بارش اور سردی ہوتی ہے۔

•رَزَنَ بالمكانِ ـُ رُزُونًا: قیام کرنا

___ الشَّيْءَ رَزْنًا: کسی چیز کو ہاتھ میں لیکر وزن کا اندازہ کرنا یا ہلکا اور بھاری پن دیکھنا۔

رَزُنَ ـُ رَزَانَةً و رُزُونًا: سنجیدہ اور باوقار ہونا، بردبار ہونا، خاموش طبیعت ہونا۔

رَازَنَهُ: کسی سے دوستی کرنا۔

تَرَازَنَ الجبلانِ وغيرُهما: ایک دوسرے کا مقابل ہونا۔

تَرَزَّنَ فِي مَجْلِسِهِ: باوقار ہو کر بیٹھنا۔

الْأَرْزَنُ: ایک درخت جس کی لکڑی سخت ہوتی ہے اس کی لاٹھیاں اور ہاتھ کی مضبوط چھڑیاں بنائی جاتی ہیں۔

الرَّزَانُ: باوقار خاتون۔ امرأة رَزَانٌ: باوقار با عصمت خاتون جس کی نشست سنجیدہ اور باوقار ہو۔

الرَّزَانَةُ: سنجیدگی، وقار، بردباری۔

الرَّزْنُ: وہ بلند جگہ جس میں کہیں نشیب یا گڑھا ہو جہاں پانی اکٹھا ہو جاتا ہو ج: رُزُونٌ و رِزَانٌ (۲) علم کیمیا میں کسی آمیزہ کے اندر موجود مادہ کی مقدار اور اس کی صفائی کو جانچنا (۳) معدنیات

کی جانچ۔

الرِّزْنُ: گوشہ، کنارہ (۲) چٹان وغیرہ کا وہ گڑھا جس میں پانی اکٹھا ہو جاتا ہو ج: أَرْزَان.

الرِّزْنَةُ: جوہڑ، پانی اکٹھا ہونے کی جگہ، ج: رِزَانٌ۔

الرَّزِينُ: بھاری، وزن دار (۲) باوقار، بردبار، سنجیدہ، خاموش طبیعت۔

رَزِينُ الرَّاي: صائب الرائے م: رَزِينَةٌ ج: رِزَانٌ۔

الرَّوْزَنَة: دیوار میں بنا ہوا طاق۔

• الرُّوزْنَامَة: جنتری (۲) دفتر خزانہ جہاں سے تنخواہیں دی جاتی ہیں

• رَزَى ـــ رَزْيًا فلانا: کسی کا احسان مند ہونا۔

أَرْزَى إليه و أَرْزَى اليه ظَهْرَه: سہارا لینا، پناہ لینا۔

ر ـــــــ س

• رَسَبَ في الماءِ ـُ رَسْبًا و رُسُوبًا: پانی میں تہ تک غوطہ لگانا۔ تہ نشین ہونا

ـــ التِّلْمِيذُ في الامْتِحان: فیل ہونا

ـــ عَيْنَاهُ: آنکھوں کا دھنس جانا۔

أَرْسَبَ فُلانٌ: بھوک سے کسی کی آنکھوں کا اندر کو ہو جانا۔

ـــ فُلانًا: ناکام کرنا، فیل کرنا (۲) نیچے گرانا، تہ تک پہنچانا۔

الرَّاسِبُ: برباد (۲) فیل و ناکام (۳) راسخ و مضبوط۔ جَبَلٌ رَاسِبٌ (۴) تہ نشین

الرُّسَابَةُ: گاد، برتن یا نہر یا نالی میں جما ہوا کیچڑ وغیرہ۔

الرَّسُوبُ: اندر تک گھس جانے والی تیز تلوار (۲) بردبار آدمی ج: رُسُبٌ۔

المَرَاسِبُ: سہارے کی لکڑیاں، ستون وغیرہ (۲) مضبوط عمارتیں۔

المِرْسَبُ: تیز اور اندر گھس جانے والی تلوار ج: مَرَاسِبُ۔

• رَسْتٌ: موسیقی کے سات اصل مقامات میں کا پہلا۔

• الرُّسْتَاقُ: الرُّزْدَاقُ ج: رَسَاتِيقُ۔

• رَسِحَ ـَ رَسَحًا: ران اور کولھے کا پتلا ہونا، کم گوشت ہونا۔ هو أَرْسَحُ۔ وهي رَسْحَاءُ۔ کہتے ہیں: به رَسَحٌ: اس کے کولھے اور ران پتلے ہیں۔

أَرْسَحَهُ: کمزور کرنا، دبلے کولھے اور ران والا کرنا۔

الأَرْسَحُ: بھیڑیا ج: رُسْحٌ۔

مَرْسَحٌ: تھیٹر، تماشا گاہ، ڈرامے کا اسٹیج۔

الرَّسْحَاءُ: ہلکے سرین والی عورت ج: رُسْحٌ۔

• رَسَخَ ـــ رُسُوخًا: گڑ جانا، جم جانا، جڑ پکڑنا، راسخ ہونا، پیوست ہونا۔

ـــ الغَدِيرُ: تالاب کا خشک ہو جانا

ـــ المَطَرُ: بارش کے پانی کا زمین میں جذب ہو جانا۔

ـــ العِلْمُ في قلبه: علم کا راسخ ہونا، دل میں اتر جانا (شبہ باقی نہ رہنا)

له في العلم قَدَمٌ رَاسِخَةٌ: اس کو علم میں دسترس حاصل ہے۔

ـــ الشيءُ في النفس: جاں گزیں ہونا

ـــ في الذِّهن: ذہن نشین ہونا۔

أَرْسَخَهُ: مضبوط و پختہ کرنا، گاڑنا، دل میں اتارنا، جمانا۔

ـــ في العلم: علم میں پختہ اور ماہر بنانا

ـــ في الذِّهن: ذہن نشین کرنا۔

ـــ في النَّفْس: جاں گزیں کرنا۔

الرَّاسِخُ: گڑا ہوا، جما ہوا (۲) پختہ اور مضبوط، ثابت و قائم۔

ـــ في العلم: علم میں پختہ اور ماہر عالم ثقہ

الرَّاسِخُونَ في العِلْم: دین کا مضبوط علم رکھنے والے جن کو وحی الٰہی کے بارہ میں کوئی شبہ پیش نہ آتا ہو، جو کچھ اور جتنا کچھ نص قطعی سے ثابت ہوتا ہو اسے تسلیم کریں اور باقی کو اللہ پر چھوڑ دیں۔

الرُّسُوخُ: ٹھیراؤ، جماؤ، مضبوطی و پختگی۔

• رَسْرَسَ البَعِيرُ: اونٹ کا اٹھنے پر قادر ہونا

• رَسَّتِ الجَرَادَةُ ـُ رَسًّا و رَسِيسًا: ٹڈی کا انڈے دینے کے لئے دُم کو زمین میں گاڑ دینا۔

رَسَّ الشيءُ في الشيءِ: ایک کا دوسری میں پیوست ہو جانا، گھس جانا۔ کہتے ہیں: رَسَّ الغَرَامُ في قَلْبِه: اس کے دل میں محبت بیٹھ گئی۔ رَسَّ السَّقَمُ في جَسَدِه: بیماری اس کے جسم میں گھس گئی۔

ـــ بينَ القوم رَسًّا: لوگوں میں صلح کرانا۔

ـــ الشيءَ: کسی بات کو پرانا ہونے کی بنا پر بھول جانا (۲) گھسانا، دھنسانا۔

ـــ البِئْرَ: کنواں کھودنا۔

ـــ خَبَرَ القَوْم: لوگوں کے حالات جاننے کی کوشش کرنا، خبر گیری کرنا۔

ـــ له الخَبَرَ: کسی کو خبر دینا، کسی سے واقعہ بیان کرنا۔

ـــ المَيِّتَ: مردہ کو دفن کرنا۔

ـــ الحَدِيثَ في نَفْسِه: بات کو ذہن نشین کرنا۔ حدیث نخعی میں ہے: "انّه قال: إنّي لأَسْمَعُ الحَدِيثَ فأُحَدِّثُ به الخادِمَ أَرُسُّه في نَفْسي"

أَرَسَّ: داخل ہونا اور جم جانا۔ جیسے: أَرَسَّ السَّقَمُ في جَسَدِه۔

ـــ الشيءَ: کسی چیز کی علامت مقرر کرنا۔

رَسْرَسَ البَعِيرُ: اٹھنے پر قادر ہونا۔

ارْتَسَّ الخَبَرُ: بات پھیلنا، خبر پھیلنا۔

تَرَاشُّوا الخَبَرَ: آپس میں خفیہ طور پر بات بتانا
الأُرْسُوسَةُ: ٹوپی ج: أَرَاسِيْسُ۔
الرَّسُّ: دھات، کان (۲) پرانا کنواں (۳) قوم ثمود کا کنواں (۴) آغاز شے۔ کہتے ہیں: بہ رَسُّ الحُمَّی: اسے بخار شروع ہوا ہے، اس پر بخار کا پہلا حملہ ہے۔ رَسُّ الحُبِّ: محبت کا اثر۔ رَسٌّ من الخَبَرِ: خبر کا ایک حصہ یا ابتدائی حصہ ج: رِسَاسٌ۔
الرَّسَّةُ: مضبوط ستون (۲) خبر یا واقعہ کا ایک حصہ۔ کہتے ہیں: وَقَعَت فی النَّاسِ رَسَّةٌ من خَبَرٍ: لوگوں میں خبر کا ایک حصہ پہنچا۔
الرُّسَّةُ: ٹوپی۔
الرَّسِيْسُ: ابتدا، آغاز (۲) بقیہ، اثر، نشان۔ بہ رَسِيْسُ الحُمّٰی: اس پر بخار کا اثر ہے، بخار باقی ہے (۲) اپنی جگہ جمی ہوئی چیز (۳) ذہین و دانشمند رِيْحٌ رَسِيْسُ المَسِّ: خوش گوار و ہلکی ہوا۔

• رَسَعَت العَيْنُ ـَ رَسْعًا: آنکھ خراب ہوجانا، دونوں پلکوں کا مل جانا۔
رَسَعَ العُضْوُ: عضو (جوڑ) کا خراب اور ڈھیلا ہونا۔
ـــ الصَّبِيَّ وغَيْرَهٗ: نظر بد سے محفوظ کرنے کے لئے بچہ وغیرہ کے ہاتھ یا پاؤں میں مہر باندھنا۔
رَسِعَت العَيْنُ ـَ رَسَعًا: رَسَعَت۔ رَسِعَ فلانٌ: آنکھ خراب ہوجانا۔
ـــ بہ الشَّیئُ: چپک جانا، چمٹ جانا۔ ھو أَرْسَعُ و ھی رَسْعَاءُ ج: رُسْعٌ۔
رَسَّعَت عَيْنُهٗ: آنکھ خراب ہونا۔ رَسَّعَ فُلانٌ: فلاں کی آنکھ خراب ہوگئی (۲) اپنی جگہ جما رہا، نہ ہلا۔
رَسَّعَ الصَّبِيَّ: رَسَعَهٗ۔
ـــ الشیئَ: چپکانا، چمٹانا۔
الرَّسَاعَةُ: پلکوں کے چپکنے کی بیماری، آنکھ کی خرابی۔
الرِّسَاعَةُ: تلوار کے پرتلہ کا گوندھا ہوا تسمہ ج: رَسَائِعُ۔
الرَّسِيْعُ: چپکایا ہوا ج: رُسْعٌ۔
المُرَسَّعُ: وہ شخص جس کی آنکھ جاگنے (بے خوابی) کی وجہ سے پھول گئی ہو، ابل گئی ہو۔
المُرَسِّعُ: جس کی آنکھ میں خرابی اور پلکیں چپکنے کی تکلیف ہو۔
المُرَسِّعَةُ: المُرَسَّعُ۔ گھر پڑا رہنے والا آدمی۔ نکھٹو۔
المُرَسَّعَةُ: نظر بد سے بچانے کے لئے بچہ کی کلائی میں بندھا ہوا تعویذ۔
• رَسَغَ المَطَرُ ـَ رَسْغًا: بارش کا پانی ٹخنوں ٹخنوں ہوجانا۔
ـــ البَعِيْرَ و نَحْوَہ: اونٹ کی اگلی ٹانگ کے گٹے میں رسّی باندھنا۔
رَاسَغَهٗ مُرَاسَغَةً و رِسَاغًا: کشتی میں گٹے پکڑنا، گٹے پکڑ کر کشتی لڑنا۔
رَسَّغَ: کشادگی کرنا۔ کہتے ہیں: رَسَّغَ علیہ فی العَيْشِ: اس کی زندگی میں فراخی پیدا کی۔
ـــ فی الکَلَامِ: ظاہری طور پر بات کو پرکشش بنانا، باتیں بنانا۔
ـــ المَطَرُ: ٹخنوں ٹخنوں پانی برسنا۔
ارْتَسَغَ عَلَی عِيَالِہ: اہل و عیال پر فراخی کے ساتھ خرچ کرنا۔
الرِّسَاغُ: اونٹ یا دوسرے جانور کی اگلی ٹانگ کے گٹے میں باندھی جانے والی رسّی جس کا دوسرا سرا کھونٹے سے باندھ دیا جاتا ہے، رسّی۔
الرُّسْغُ: اگلے پیر میں باندھنے کی رسّی (۲) پہنچا، کلائی (۳) گٹا، ٹخنا (ہتھیلی اور بانہ کے درمیان کا جوڑ یا قدم اور پنڈلی کے درمیان کا جوڑ) ج: أَرْسُغٌ و أَرْسَاغٌ سَاعَةُ الرُّسغ: ہاتھ کی گھڑی۔
الرَّسَغُ: اونٹ کی ٹانگوں کا ڈھیلا پن۔
الرَّسِيْغُ: عَيْشٌ رَسِيْغٌ: فراخ و آسودہ زندگی۔ طَعَامٌ رَسِيْغٌ: وافر کھانا۔
المُرَسَّغُ: رَأْیٌ مُرَسَّغٌ: ناپختہ رائے، کمزور رائے۔
• رَسَفَ فی القَيْدِ ـِ رَسْفًا و رَسِيْفًا و رَسَفَانًا: بندھے ہوئے پیروں کے ساتھ آہستہ آہستہ چلنا۔
أَرْسَفَ الإِبِلَ: پیر بندھے ہوئے اونٹ کو ہانکنا۔
• رَسِلَ البَعِيْرُ ـَ رَسَلًا و رَسَالَةً: اونٹ کا سبک رفتار ہونا۔
ـــ الشَّعْرُ رَسَلًا: بالوں کا لمبا اور لٹکا ہوا ہونا۔
أَرْسَلَ الشیئَ: چھوڑنا۔ جیسے: أَرْسَلْتُ الطَّائِرَ من يَدِی (۲) نظرانداز کرنا (۳) بھیجنا۔
ـــ الکلامَ: بے روک ٹوک بات کرنا، آزادی سے کلام کرنا۔
ـــ الرَّسُوْلَ: قاصد بنا کر بھیجنا، پیغام دے کر بھیجنا، پیغمبر بنا کر بھیجنا۔
ـــ علیہ: مسلط کرنا۔ جیسے قرآن پاک میں ہے: "أَلَمْ تَرَ أَنَّا أَرْسَلْنَا الشَّيَاطِيْنَ عَلَی الکَافِرِيْنَ تَؤُزُّهُمْ أَزًّا"۔ أَرْسَلَ الکِلَابَ عَلَی الصَّيْدِ: کتوں کو شکار پر مسلّط کرنا یا شکار کیلئے چھوڑنا۔
ـــ الیہ کذا: کسی کو پیغام دینا، کسی کے پاس پیغام بھیجنا۔
ـــ الیہ رِسَالَةً: کسی کے نام خط بھیجنا۔
ـــ فی طَلَبِہ: کسی کی تلاش کرانا۔

رَاسَلَهُ فِى عَمَلِه: کسی کے کام میں ساتھ رہنا کہتے ہیں: رَاسَلَه الغِنَاءَ: وہ گانے میں اس کے ساتھ ساتھ رہا (یعنی گانے والے نے کچھ گایا تو اس نے بھی وہی گایا اور اس کی موافقت کی) (۲) کسی کے پاس قاصد یا پیامبر بھیجنا (۳) کسی سے خط وکتابت کرنا، کسی کے پاس خط بھیجنا۔

رَسَّلَ فِى القِرَاءَة: خوش اسلوبی سے پڑھنا، خوش الحانی اور حروف کی صحیح ادائیگی کے ساتھ پڑھنا۔ حدیث میں ہے: "کَانَ فِى کَلَامِه تَرْسِيلٌ" آپ کے کلام میں خوش الحانی اور وضاحت ہوتی تھی۔

تَرَاسَلَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو پیغام دینا یا ایک دوسرے کے پاس قاصد بھیجنا۔

تَرَسَّلَ: نرمی برتنا، ٹھہر ٹھہر کر (کام) کرنا، آہستہ آہستہ (کام) کرنا۔

— فِى کَلَامِه وقِرَاءَتِه ومَشْيِه: ٹھہر ٹھہر کر بولنا پڑھنا اور آہستہ آہستہ چلنا۔

— الکَاتِبُ: مؤلف یا مضمون نگار کا سجع وغیرہ سے آزاد ہو کر لکھنا۔

— فِى الرُّکُوبِ: سواری پر ٹانگیں پھیلا کر بیٹھنا اور ان پر اپنے کپڑے ڈال لینا۔

— فِى القُعُودِ: چوزانو بیٹھ کر ٹانگوں پر اپنا کرتا وغیرہ ڈالنا۔

اِسْتَرْسَلَ الشَّعْرُ: بالوں کا سیدھا اور لٹکا ہوا ہونا۔

— الشَّیْءُ: نرم ہونا، سہل ہونا۔

— اِلَيْه: کسی سے مانوس اور بے تکلف ہونا

— بِه: کسی پر بھروسا اور اعتماد کرنا۔

— فِى کَلَامِه وعَمَلِه: جاری رکھنا۔

الرَّاسِلَانِ: دونوں مونڈھے یا ان کی دو رگیں۔

الرِّسَالُ: اونٹ کی ٹانگیں واحد: رِسْلٌ۔

الرِّسَالَة: ہر بھیجی جانے والی چیز (۲) خط (۳) پیغام (۴) کسی ایک موضوع کے متعدد مسائل پر مشتمل رسالہ یا مختصر کتاب (۵) کسی فاضل یا گریجویٹ کا اعلیٰ ڈگری حاصل کرنے کے لئے نیا تحقیقی مقالہ (۶) پیغام خداوندی جو پیغمبر کے ذریعہ بندوں تک پہنچایا جائے ج: رَسَائِل۔

رِسَالَةُ الرَّسُول: پیغمبر کا منصب اور وہ مجموعۂ تعلیمات جن کی لوگوں میں تبلیغ کا پیغمبر کو حکم دیا جائے اور لوگوں کو ان پر آنے والی وحی کو تسلیم کرنے کی دعوت دی جائے۔

رِسَالَةُ المُصْلِح: مصلح (ریفارمر) کا مشن اور اصلاحی پیغام ج: رَسَائِل۔ اُمٌّ

رِسَالَة: گدھ (مادہ)

رِسَالَةُ الدُّکْتُورَاه: ڈاکٹریٹ کی ڈگری کے لئے لکھا جانے والا تحقیقی مقالہ، تھیسس۔

رِسَالَةُ تَفْوِيض: مختار نامہ، اتھارٹی لیٹر، وکالت نامہ۔

رِسَالَةُ تَقْدِيم: تعارف نامہ۔

رِسَالَة تَوصِيَة: سفارش نامہ۔

رسالة جَوِّيَّة: ایروگرام۔

رِسَالَة خَاصَّة: پرائیویٹ خط۔

رِسَالَة خَطِّيَة: دستی خط یا پیغام، ہوائی ڈاک سے آنے جانے والا خط۔

رِسَالَة عَاجِلَة: فوری پیغام۔

الرَّسَائِل الوَارِدَة: موصولہ خطوط۔

رِسَالَة شَفَوِيَّة: زبانی پیغام۔

رِسَالَة دَوْرِيَّة: سرکلر، گشتی مراسلہ۔

رِسَالَةُ المَاجِسْتِير: ایم اے کا مقالہ

الرَّسْلُ: نرم اور ڈھیلی چیز۔ شَعْرٌ رَسْلٌ: لٹکے ہوئے بال۔ بَعِيرٌ رَسْلٌ: سبک رفتار اونٹ۔ سَيْرٌ رَسْلٌ: ہلکی اور ڈھیلی چال۔

الرِّسْلُ: نرمی، توقف۔ کہتے ہیں: اِفْعَلْ ذٰلِكَ عَلَى رِسْلِك: وہ کام تم توقف اور آہستگی سے کرو جلدی نہ کرو۔ عَلٰى رِسْلِك: ذرا ٹھہرو، صبر و توقف کرو (۲) دودھ۔

الرَّسَلُ: اونٹوں اور بکریوں کی قطار، ریوڑ، گلہ (۲) لوگوں کا گروہ ج: أَرْسَالٌ۔ کہتے ہیں: جَاءَت الخَيْلُ والإِبِلُ أَرْسَالًا: گھوڑے اور اونٹ گروہ در گروہ آئے، قطار در قطار آئے۔ جَاءَ القَوْمُ أَرْسَالًا: لوگ گروہ در گروہ آئے۔

الرُّسُلُ: چھوٹی لڑکی جو ابھی اوڑھنی نہ اوڑھتی ہو، پردہ میں نہ بیٹھی ہو۔

الرَّسْلَةُ: رَسْلٌ کی تانیث (۲) نرمی و فراخی۔ کہتے ہیں: هو فِى رَسْلَةٍ من العَيْشِ: وہ آسودگی میں ہے (۳) کاہلی و سستی (۴) وہ عورت جس کی پنڈلیوں پر لمبے اور گھنے بال ہوں۔

الرِّسْلَةُ: نرمی، صبر و توقف۔ کہتے ہیں: افعل کذا علی رِسْلَتِك

جَاءُوا رِسْلَةً رِسْلَةً: وہ گروہ گروہ ہو کر آئے۔

الرَّسُولُ: قاصد، فرستادہ، پیغمبر، پیغامبر، قرآن پاک میں ہے "إِنَّا رَسُولُ رَبِّ العَالَمِينَ" (جمع و واحد اور مذکر و مؤنث سب کے لئے) ج: رُسُلٌ۔ أَرْسُلٌ (۲) پیغام، پیغامبری (۳) وہ فرشتہ جو اللہ کی جانب سے پیغام لے کر آئے (۴) شخصیت جو اللہ کی جانب سے شریعت (احکام و تعلیمات) لے کر آئے اور خود اس پر عمل پیرا ہو کر دوسروں کو اس کی تبلیغ و تلقین کرے۔

الرَّسِيلُ: الرَّسُول (۲) کشادہ (۳) آسان، نرم و سہل (۴) معمولی چیز (۵) میٹھا پانی (۶) وہ عورت جس کی پنڈلیوں پر لمبے اور گھنے بال ہوں۔

الرَّسِيلَة: أَلْقَى الکَلَامَ عَلٰى رُسَيْلَاتِه: بلا توقف اور بے سوچے کلام کرنا۔

المُرَاسِلُ: وہ عورت جو پیغام نکاح دینے والوں سے خط وکتابت کرلے یا وہ عورت جس کے شوہر نے طلاق وغیرہ کے ذریعہ اسے چھوڑ دیا ہو (۲) پنڈلیوں کے کثیر اور لمبے بالوں والی عورت (۳) وہ عمر رسیدہ عورت جس میں جوانی کے اثرات باقی ہوں۔

مُرَاسِلُ الصَّحِیْفَۃِ: اخبار کا نامہ نگار (اخبارات کو رپورٹیں اور خبریں بھیجنے والا)

المُرَاسَلَۃُ: خط وکتابت (۲) نامہ نگاری۔

المِرْسَالُ: الرَّسُوْلُ (۲) تیز رو اور سبک رفتار اونٹنی ج: مَرَاسِیْل۔

المُرْسَلُ: وہ نبی جسے شریعت دے کر بھیجا گیا ہو (۲) فرستادہ (۳) ارسال کردہ چیز (۴) اصطلاح محدثین میں وہ حدیث جس کی اسناد سے اس صحابی کو حذف کر دیا گیا ہو جس سے وہ حدیث لی گئی ہے۔ مثلاً کوئی تابعی یہ کہے: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔ اور اس صحابی کا نام نہ لے جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے۔

نَثْرٌ مُرْسَلٌ: وہ آزاد نثر جس میں سجع وقافیہ کی پابندی نہ ہو۔

شِعْرٌ مُرْسَلٌ: وہ شعر جس میں ایک ہی قافیہ کی پابندی نہ ہو۔

المُرْسَلَاتُ (فی القرآن) ملائکہ، فرشتے (۲) گھوڑے (۳) ہوائیں۔

المُرْسِلُ: (رقم) بھیجنے والا (۲) خط بھیجنے والا، پیغام بھیجنے والا۔

المُرْسَلُ الیہ: جس کے نام رقم بھیجی گئی، وصول کنندہ، پانے والا (۲) مکتوب الیہ۔

المُرْسَلَۃُ: تانیث المُرْسَل (۲) سینہ پر پڑا ہوا لمبا ہار۔

الإِرْسَالُ: روانگی، پیغام رسانی۔

الإِرْسَالِیَّۃُ: کسی مہم پر جانے والی ٹیم (۲) مشن، مذہب خصوصاً عیسائیت کی تبلیغ کا مشن (۳) مرسلہ سامان ج: إِرْسَالِیَات۔

• رَسَمَ فُلَانٌ ـُ رَسْمًا وَرَسَمَانًا: خوش رفتار ہونا، اچھی چال چلنا۔

— نَحْوَہٗ رَسْمًا: کسی کی طرف لپک کر جانا۔

— فِی الْأَرْضِ: زمین میں غائب ہونا۔

— عَلَی الْوَرَقِ: کاغذ پر نقشہ بنانا (۲) تصویر بنانا (۳) نقشہ کھینچنا (۴) ڈیزائن بنانا۔

— لِلْبِنَاءِ: عمارت کا نقشہ بنانا، نشان ڈالنا

— الْکِتَابَ: کتاب لکھنا۔

— الحَبَّ بِالرَّوْسَمِ: غلہ وغیرہ (کی بوریوں) پر ٹین وغیرہ میں کٹے ہوئے حروف کے ذریعہ نام وغیرہ چھاپنا (۲) مہر لگانا۔

— لہ کذا: کسی کو حکم دینا۔

— الشیءَ: تصویر بنانا، منظر کشی کرنا۔

— لہ بکذا: کسی کے لئے کوئی فرمان جاری کرنا۔

— الغَیْثُ الدِّیَارَ: بارش کا مکانات یا بستیوں کو ڈھا کر ان کے نشانات زمین پر چھوڑنا۔

— الأُسْقُفُ فُلَانًا: پادری کا کسی کو کنیسہ کے درجات میں سے کوئی درجہ دینا

رَسَمَتِ النَّاقَۃُ ـِ رَسِیْمًا: اونٹنی کا تیزی سے دوڑنا اور قدموں کی سختی سے زمین پر نشان ڈالنا۔

— خُطَّۃً: اسکیم بنانا۔

— خَرِیْطَۃً: چارٹ بنانا، نقشہ بنانا۔

— خُطَّۃَ المستقبلِ: مستقبل کا پلان بنانا

— خُطَّۃَ عَمَلٍ: طریقۂ کار بنانا۔

— سیاسۃً: پالیسی بنانا، حکمت عملی بنانا

أَرْسَمَ النَّاقَۃَ: اونٹنی کو تیز چلنے پر اکسانا، تیز دوڑانا۔

رَسَّمَ الثَّوْبَ: کپڑے پر ہلکی دھاریاں ڈالنا۔

ارتَسَمَ: نقش پڑنا، لائن پڑنا (۲) تعمیل حکم کرنا۔ کہتے ہیں: أَرْتَسِمُ مَرَاسِمَكَ: میں احکام کی پابندی کروں گا۔

— فُلَانٌ: اللہ اکبر کہہ کر تعوذ پڑھنا اور دعا کرنا۔

— المَسِیْحِیُّ: عیسائی کا کہنوت کے درجہ میں ترقی پانا۔

— الشیءُ فی الذِّھْنِ: ذہن میں نقش ہو جانا۔

ارتَسَمَتْ صُوْرَۃُ شیءٍ: کسی شے کی تصویر کھنچ جانا، بنجانا۔

تَرَسَّمَ فُلَانٌ: تعمیر کا نقشہ سوچنا کہ کہاں کھدائی کی جائے اور کہاں چنائی کی جائے

— الرَّسْمَ: نشان یا نقشہ کو دیکھنا۔

— المَنْزِلَ: مکان کے ڈیزائن پر غور کرنا۔

— القَصِیْدَۃَ: نظم یا قصیدہ کی ساخت پر غور کرنا کہ وہ کیسا اور کس طرح ہے۔

— الشَّیءَ: نامکمل طور پر کسی شے کو یاد کرنا یعنی ذہن میں دھندلا سا خاکہ آنا۔

الرَّاسِمُ: آب جاری ج: رَوَاسِمُ۔

الرَّوْسَمُ: وہ مہر جو غلے کے اوپر لگائی جاتی ہے ج: رَوَاسِیْمُ۔

الرِّسَامَۃُ: نقشہ سازی، ڈیزائن کاری۔

الرَّسَّامُ: نقشہ ساز، نقشہ نویس، ڈیزائنر، مصور، نقاش، آرکیٹکٹ۔

الرَّسْمُ: نقش، نقشہ (۲) تصویر، فوٹو (۳) نشان (۴) ڈیزائن (۵) بیان، احوال (۶) مروجہ طریقہ (۷) علم منطق میں اس تعریف کو کہتے ہیں جو کسی شے کے خصائص کے ساتھ کی جائے (یعنی کسی چیز کا خاصہ بیان کیا جائے۔ جیسے: الانسان حیوانٌ ضاحِكٌ میں ضاحك انسان کا خاصہ ہے (۸) ٹیکس، محصول، فیس، جیسے: رَسْمُ البَرِیْدِ، رَسْمُ القضایا: ڈاک کی فیس، اجرت، مقدمات وغیرہ کی

فیس (۹) محنتانہ۔ جیسے: رَسْمُ المُحَامِي: وکیل کی فیس (۱۰) کسی شے کا قلمی خاکہ اور تصویر (۱۱) رائلٹی (۱۲) چارج، فیس۔
الرَّسْمُ البَيَانِيُّ: دو یا زیادہ متغیر چیزوں کے درمیان ربط پیدا کرنے والا خط۔
الرَّسْمُ التَّقْرِيبِيُّ: کسی چیز کی وہ اجمالی شکل یا خاکہ جس میں اس کی کچھ علامات واضح کی گئی ہوں، مکمل تصویر نہ ہو۔ ج: أَرْسُمٌ و رُسُومٌ۔
الرَّسْمُ المُجْمَلُ: ابتدائی خاکہ یا ابتدائی ڈیزائن، اسکیچ۔
الرَّسْمُ بالأَلْوان: رنگین فوٹو یا ڈیزائن، رنگ کاری۔
قَلَمُ رَسْمٍ: ڈرائنگ پن، قلم نقاشی۔
وَرَقُ رَسْمٍ: ڈرائنگ پیپر (۲) باریک وشفاف کاغذ جس کے ذریعہ بیل بوٹے اتارے جاتے ہیں، بٹر پیپر۔
الرَّسْمُ الإِضَافِيُّ: زائد فیس، سرچارج
رَسْمُ انْتَاجٍ: پیداواری ٹیکس، ایکسائز ڈیوٹی
رَسْمُ انْتِقَالٍ: ٹرانسفر فیس۔
رَسْمُ الالتِحَاقِ: داخلہ فیس۔
رَسْمُ التَّامِين: انشورنس فیس۔
رَسْمُ تَسْجِيل: رجسٹری فیس۔
رَسْمُ الدُّخُول: داخلہ فیس۔
رَسْمُ دَمْغَةٍ: اسٹامپ فیس۔
رَسْمُ الصَّادِر: اکسپورٹ ڈیوٹی۔
رَسْمُ قَيْدٍ: رجسٹریشن فیس۔
الرَّسْمُ: چلنے کی خوبی۔
الرَّسْمِيُّ: سرکاری، آفیشیل، ضابطہ کا، قانونی
الدَّوَامُ الرَّسْمِيُّ: سرکاری اوقاتِ کار دفتری اوقات۔
رَجُلٌ رَسْمِيٌّ: سرکاری نمائندہ۔
الوَرَقَةُ الرَّسْمِيَّةُ: سرکاری رپورٹ جس میں افسر متعلقہ اپنے حدودِ اختیارات میں انجام پذیر ہونے والے کاموں کی تفصیل لکھتا ہے۔
العُقُودُ الرَّسْمِيَّةُ: سرکاری معاہدات ومعاملات جو افسران متعلقہ اپنے حدود اختیارات میں طے کرتے ہیں۔
الرُّسُومُ: رَسْمٌ کی جمع۔ فیس، محصول، چارج، ٹیکس۔
الرُّسُومُ المُحَدَّدَةُ: مقررہ فیس۔
رُسُومُ إِيدَاعٍ: ڈپازٹ فیس، رقم جمع کرنے اور محفوظ کرنے کی فیس۔
رُسُومُ المَحْكَمَةِ: کورٹ فیس۔
رُسُومُ المُرُورِ فی القناة: نہر پار کرنے کی فیس۔
رُسُومُ المِينَاءِ: پورٹ ٹیکس، بندرگاہ کی فیس۔
الرُّسُومُ التَّعْلِيمِيَّةُ: تعلیمی فیس۔
الرُّسُومُ الجُمْرُكِيَّةُ: کسٹم فیس، چنگی محصول۔
رُسُومٌ قَضَائِيَّةٌ: عدالتی فیس۔
الرُّسُومُ المَدْرَسِيَّةُ: اسکول فیس۔
الرَّسُومُ: ایک دن اور ایک رات چلتے رہنے والا (۲) وہ اونٹنی جس کے سخت قدموں کے نشان زمین پر پڑ جائیں ج: رُسُمٌ
الرَّوْسَمُ: مصیبت (۲) سکوں کو اجالنے کا مسالہ (۳) مہر یا وہ تختی جس میں حروف کاٹ کر تھیلوں وغیرہ پر رکھ کر رنگ کا برش پھیر دیتے ہیں جس سے کٹے ہوئے حروف کی جگہ رنگین نقوش نیچے اتر آتے ہیں اور ایک قسم کی مہر لگ جاتی ہے (۴) نشان یا علامت (۵) نشان لگانے کی مہر یا تختی ج: رَوَاسِمُ
المَرْسَمُ: مدارس وغیرہ کا ڈرائنگ کی مخصوص جگہ، کمرۂ نقاشی۔
المَرْسُومُ: سرکاری حکم، فرمانِ حکومت، سرکلر (۲) نقشہ، ڈیزائن (۳) سوچا سمجھا منصوبہ۔
المَرْسُومُ بِقَانُونٍ: قانونی فرمان، صدر جمہوریہ کا حکم، آرڈیننس ج: مَرَاسِيمُ و مَرَاسِمُ۔
المَرْسُومُ المَلَكِيُّ: فرمان شاہی ج: مَرَاسِيمُ
خُطَّةٌ مَرْسُومَةٌ: سوچی سمجھی اسکیم۔
المَرَاسِمُ: رسوم، آداب۔
المَرَاسِمُ الدِّينِيَّةُ: مذہبی رسوم۔
مَرَاسِمُ تسلُّمِ أوراقِ الاعتماد: سفارتی اسناد پیش کرنے کے آداب، پروٹوکول۔
المَرَاسِيمُ: المَرَاسِمُ۔ مقررہ اصول، احکام، رسم ورواج، پروٹوکول۔
مَرَاسِيمُ أداءِ اليَمِينِ: رسم حلف برداری کے آداب۔
• رَسَنَ الدَّابَّةَ ـِـ رَسْنًا: جانور کے سر پر اس کی نکیل یا لگام کو باندھ دینا (۲) جانور کو چرنے کے لئے آزاد چھوڑنا۔ کہتے ہیں: رَمَى بِرَسَنِهِ على غارِبِهِ: آزاد چھوڑنا۔
أَرْسَنَتِ الدَّابَّةُ: جانور کا قبضہ میں ہونا، فرمانبردار ہونا۔
أَرْسَنَ فُلانٌ بَعْدَ الطِّمَاحِ: کسی کا دماغ دار ہونے کے بعد زیر ہو جانا۔
ــــ الدَّابَّةَ: جانور کے گلے میں رسی ڈالنا، نکیل ڈالنا (۲) چرنے کے لئے آزاد چھوڑنا
الرَّاسَنُ: زنجبیل کے مشابہ ایک گھاس۔
الرَّسَنُ: ناک سے بندھی ہوئی لگام، گلے میں پڑی ہوئی رسی۔ کہتے ہیں: رُمِيَ بِرَسَنِهِ على غارِبِهِ: اس کی لگام کندھے پر ڈال دی گئی یعنی اسے آزاد چھوڑ دیا گیا ج: أَرْسَان و أَرْسُنٌ
المَرْسَنُ: ناک (۲) ناک کا وہ حصہ جس پر رسی باندھی جاتی ہے۔ کہتے ہیں: سَلِسُ مَرْسَنِهِ: وہ فرمانبردار ہے ج: مَرَاسِنُ کہتے ہیں: فَعَلْتُ ذٰلِكَ على رَغْمِ مَرْسَنِهِ: میں نے یہ بات اسے قابو میں کر کے کی، اس کی ناراضگی کے باوجود کی

ج: مَرَاسِن۔

•رَسَا الشَّیْءُ ــ رَسْوًا و رُسُوًّا: جم جانا، مضبوطی سے قائم رہنا۔

ـــ الجَبَلُ: پہاڑ کا زمین میں گڑا ہوا ہونا۔

رَسَتْ قَدَمُه: لڑائی وغیرہ میں پیر جمنا۔

ـــ السَّفِیْنَةُ: کشتی یا جہاز کا لنگر انداز ہونا، ساحل پر رک جانا۔

رَسَا بین القوم رَسْوًا: صلح کرانا۔

ـــ له رَسْوًا من الحَدِیْثِ: کسی سے بات کا کوئی حصہ ذکر کرنا۔

ـــ عنه الحَدِیْثَ: کسی سے روایت کرنا، حدیث نقل کرنا۔

ـــ الحَدِیْثُ فی النَّفْسِ: دل میں کوئی بات آنا۔

أَرْسَی الشَّیْءُ: جمنا، ٹھیرنا، لنگر انداز ہونا۔

ـــ الشَّیْءَ: جمانا، مضبوطی سے قائم کرنا۔

ـــ السَّفِیْنَةَ: کشتی یا جہاز کو ساحل پر ٹھیرانا، لنگر انداز کرنا۔

ـــ الوَتَدَ فی الأَرْضِ: زمین میں میخ گاڑنا کھونٹا گاڑنا، کھونٹی گاڑنا۔

ـــ الحَجَرَ: سنگ بنیاد رکھنا۔

الرَّاسِی: جما ہوا، گڑا ہوا، ٹھیرا ہوا، ثابت و قائم، لنگر انداز ج: رَوَاسٍ۔

الرَّاسِیَةُ: تانیث الراسی (۲) ایک جگہ گڑی ہوئی دیگ جس کو منتقل کرنا آسان نہ ہو۔ قرآن پاک میں ہے: "وَجِفَانٍ کَالْجَوَابِ وَ قُدُوْرٍ رَاسِیَاتٍ" جِبَالٌ رَاسِیَاتٌ: مضبوطی کے ساتھ جمے ہوئے پہاڑ۔

الرَّسْوُ: بات کا حصہ، ٹکڑا۔

الرَّسْوَةُ: ہاتھ میں پہننے کا کھلا ہوا کنگن جسے موڑ کر بند نہ کیا گیا ہو (۲) مہروں کا بنا ہوا کنگن ج: رَسَوَات۔

الرَّسِیُّ: خیمہ میں بیچ میں گڑا ہوا ستون (۲) خیر و شر میں ثابت قدم۔

المَرْسَی و المُرْسَی: بندرگاہ، کشتی یا جہاز کے (ساحل پر) ٹھیرنے اور لنگر انداز ہونے کی جگہ۔

مَرْسَی المَزَادِ: نیلامی میں جس پر بولی ختم ہو جائے اور وہ خریداری کا مستحق قرار دیا جائے۔

المِرْسَاةُ: لنگر جس سے جہاز یا کشتی کو ساحل پر روک کر کھڑا کیا جائے۔ ج: مَرَاسٍ

أَلْقَی القومُ مَرَاسِیَهم: لوگوں نے پڑاؤ ڈال لیا، قیام کر لیا۔

أَلْقَی السَّحَابُ مَرَاسِیَه: بادل ایک جگہ جم کر برسا۔

ر ـــ ش

•رَشَأَتِ الظَّبْیَةُ ــ رَشْئًا: ہرنی کا بچہ جننا۔

الرَّشَأُ: ہرن کا بچہ جب کہ وہ ہرنی کے ساتھ چلنے پھرنے کے قابل ہو جائے۔ ج: أَرْشَاءٌ (۲) قد آدم سے اونچا ایک درخت جس کے پتے ارنڈ کے پتوں جیسے ہوتے ہیں اس پر نہ پھل آتا ہے اور نہ اسے کھایا جاتا ہے (۳) ایک قسم کی گھاس جس سے چمڑے کی دباغت کی جاتی ہے۔ واحد: رَشَأَةٌ۔

الرُّشْبَةُ: خشک ناریل۔

•الرِّشْتَةُ: دودھ وغیرہ میں پکی ہوئی روغن دار آٹے کی سوکھی پٹیاں۔

•رَشَحَ العَرَقُ ــ رَشْحًا و رَشَحَانًا: پسینہ بہنا، پسینہ ٹپکنا۔

ـــ الجَسَدُ: بدن پر پسینہ آنا۔ رَشَحَ الجَسَدُ عَرَقًا: بدن سے پسینہ بہنا۔

رَشَحَتِ القِرْبَةُ بالماءِ: مشکیزہ سے پانی ٹپکا۔ لَمْ یَرْشَحْ له بشیءٍ: اس نے اسے کچھ نہیں دیا۔

ـــ الظَّبْیُ و نَحْوُه رَشْحًا و رُشُوْحًا: ہرنی کے بچہ کا پہلی بار اس کے ساتھ چلنا یا طاقتور ہو کر چلنا یا اچھلنا کودنا۔

رَشَحَ الإِنَاءُ: برتن ٹپکنا۔

ـــ الماءُ: پانی ٹپکنا، رسنا، بہنا۔

أَرْشَحَ: رَشَحَ۔

ـــ الأُمُّ: ماں کے ساتھ بچہ کا چلنا۔ فالأُمُّ مُرْشِحٌ۔

رَشَّحَهُ: پرورش کرنا، نشو ونما دینا۔

ـــ لِلشَّیْءِ: تیار کرنا، اہل اور لائق بنانا۔ حدیث خالد بن ولیدؓ میں ہے: "أَنَّه رَشَّحَ وَلَدَه لِوِلَایَةِ العَهْدِ" انہوں نے اپنے لڑکے کو ولیعہدی کا اہل قرار دیا۔

ـــ فُلَانًا لکذا: کسی چیز کا اہل قرار دینا، امیدوار اور کنڈیڈیٹ بنانا۔ جیسے: رَشَّحَه لوظیفة او عُضْوِیَّةٍ: اسے ملازمت یا رکنیت کا امیدوار بنایا۔

ـــ الرَّجُلَ لمنصب: کسی عہدہ یا منصب کے لئے کسی کا نام تجویز کرنا، امیدوار نامزد کرنا، اس کا اہل قرار دینا۔

ـــ الأُمُّ وَلَدَهَا: ماں کا بچہ کو چلنا سکھانا (۲) دودھ پیتے بچہ کو چلنے کے قابل اور طاقتور بنانا۔

ـــ الدَّابَّةُ المَوْلُوْدَ: جانور کا پیدائش کے بعد نو مولود بچہ کے جسم کی آلائش کو چاٹنا۔

ـــ المَاشِیَةَ و نَحْوَهَا: مویشیوں کی اچھی طرح نگہداشت کرنا۔

ـــ السائلَ: فلٹر یا قرنبیق کے ذریعہ سیال چیزوں کو صاف کرنا، نکھارنا۔

ـــ الماءَ: پانی ٹپکانا۔

ـــ الدَّوَاءَ: سیال دوا کو ٹپکانا۔

تَرَشَّحَ العَرَقُ و الماءُ: پسینہ ٹپکنا، پانی ٹپکنا۔

ـــ وَلَدُ الظَّبْیَةِ: ہرنی کے بچہ کا اس کے ساتھ چلنے کے قابل ہونا۔

تَرَشَّحَ فُلَانٌ لِكَذَا: کسی چیز کا اہل اور لائق ہونا، قادر ہونا۔

اِسْتَرْشَحَ النَّبْتُ: پودے یا روئیدگی کا بڑھنا، بلند ہونا۔

___الصَّغِيْرَ وَالنَّبْتَ: پرورش کرنا، بڑا کرنا۔

___النَّبْتَ: پودے کی حفاظت و پرورش کے لئے اس کے بڑے ہونے کا انتظار کرنا۔

التَّرْشِيْحُ: اہل بیان کے یہاں مشبہ بہ کے ساتھ اس کے مناسب (خاص صفت) کا ذکر کرنا ہے (۲) پانی وغیرہ کو صاف کرنا (۳) علم کیمیا میں سیال چیز میں ملے ہوئے ٹھوس اجسامی مادوں کو الگ کرنے کا عمل ہے۔

وَرَقَةُ التَّرْشِيْحِ: مسامانی کاغذ (جس پر پالش نہ کی گئی ہو) جسے پانی یا عرق کو ٹپکا کر صاف کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

الاِرْتِشَاحُ: (الاِرْتِشَاحُ الغَشْوَانِيُّ) کمزور یا بیمار انسجہ میں نیم نشہ آور مادہ کا جم جانا۔

الرَّاشِحُ: ہر ٹپکنے والی چیز، رسنے والا سیال مادہ ج: رَوَاشِحُ (۲) زمین پر چلنے اور رینگنے والا کیڑا مکوڑا۔ (۳) علم کیمیا میں وہ صاف و شفاف سائل جو عمل ترشیح کے بعد حاصل ہو (۴) ماں کے ساتھ چلنے کے قابل بچہ۔

الرَّشْحُ: پسینہ یا پسینہ کی طرح ٹپکنے والی چیز حدیث قیامت میں ہے: "حَتّٰى يَبْلُغَ الرَّشْحُ آذَانَهُمْ" (۲) نمی، رطوبت (۳) قطرہ (۴) زکام۔

الرَّشْحَةُ: قطرہ ج: رَشَحَات۔

الرَّشُوحُ: بِئْرٌ رَشُوحٌ: چلتا ہوا کنواں جس میں پانی نکلتا رہتا ہو۔

الرَّشِيْحُ: پسینہ، عرق وغیرہ (۲) زمین کی روئیدگی، پودے یا گھاس وغیرہ۔

المِرْشَحُ: زمین کے نیچے ڈالا جانے والا نمدہ (خوگیر) (۲) کرتی یا بنیان جو کرتے کے نیچے پسینہ جذب کرنے کے لئے پہنا جاتا ہے ج: مَرَاشِحُ۔

المِرْشَحَةُ: المِرْشَحُ (۲) عرق نکالنے کا آلہ

المُرَشَّحُ: ٹپکایا ہوا، صاف شدہ عرق یا سیال چیز۔

المُرَشِّحُ: قطرے قطرے ٹپکا کر صاف کرنے کا آلہ۔

___لِمَنْصِب او وَظِيْفَة: کسی منصب یا ملازمت وغیرہ کا امیدوار (۲) لائق اور اہل، کنڈیڈیٹ۔

• رَشَدَ ـُ رُشْدًا: راہ یاب ہونا، ہدایت پانا (۲) ہوش میں آنا (۳) سن بلوغ کو پہنچنا۔ هو رَاشِدٌ۔

رَشِدَ ـَ رَشَدًا و رَشَادًا: رَشَدَ۔ هو رَشِيْد۔

___أَمْرُهُ: معاملہ درست ہونا، اس میں کامیاب ہونا۔

أَرْشَدَهُ: راہنمائی کرنا، طریقہ اور راستہ بتانا، مشورہ دینا۔

أَرْشَدَهُ الى الأَمْرِ ولَه و عليه: راہنمائی کرنا۔

___اللّٰهُ: صحیح راستہ پر چلانا، ہدایت دینا

رَشَّدَهُ: راہنمائی کرنا، ہدایت دینا، راستہ بتانا۔

___القَاضِي الصَّبِيَّ: قاضی کا بچہ کو شرعًا بالغ اور مکلف قرار دینا۔

اِسْتَرْشَدَهُ: راہنمائی حاصل کرنا، ہدایت چاہنا، طریقہ معلوم کرنا، مشورہ لینا۔

___لَه: راستہ پانا، کسی چیز کی راہنمائی حاصل ہونا۔

الإِرْشَادُ: راہنمائی، ہدایت، تعلیم، مشورہ، وعظ و نصیحت ج: إِرْشَادَات۔

التَّرْشِيْدُ: سن بلوغ کو پہنچنے کا قاضی کا فیصلہ۔

الرَّاشِدُ: راہ حق پر سختی سے قائم رہنے والا جیسے خلیفۂ راشد (۲) راہ یاب، ہدایت یافتہ، کامیاب، بالغ، باہوش، باشعور۔

الرَّشَادُ: کاہو کا درخت جس کا روغن استعمال کیا جاتا ہے۔

حَبُّ الرَّشَاد: کاہو (۲) ہدایت، راست روی۔

الرَّشَادَةُ: ہاتھ میں آجانے کے بقدر پتھر ج: الرَّشَادُ۔

الرُّشْدُ: عقل، ہوش، شعور، بلوغ (۲) ہدایت، راست روی (فقہاء اسلام کے یہاں) دین میں راست روی کے ساتھ حد تکلیف کو پہنچنا اور اپنے مال کا انتظام و انصرام کرنے کے لائق ہونا۔ (قانون کی اصطلاح میں) سن بلوغ کو پہنچنا اور اپنے کاموں کو خود انجام دینے کے لائق ہونا۔

بَلَغَ الرُّشْدَ: بالغ ہونا، سن شعور کو پہنچنا، عقل و سمجھ کی عمر کو پہنچنا۔

فَقَدَ الرُّشْدَ: بے ہوش ہونا۔

الرِّشْدَةُ: هُوَ وَلَدُ رِشْدَةٍ او هو لِرِشْدَةٍ: وہ صحیح النسب ہے یا صحیح نکاح سے پیدا ہوا ہے۔ حدیث میں ہے: "من ادَّعَى وَلَدًا لِغَيْرِ رِشْدَةٍ فَلَا يَرِثُ و لا يُوْرَثُ"

الرَّشِيْدُ: اللہ تعالی کا نام، اسماء حسنی میں سے ہے (۲) صحیح اندازہ کرنے والا (۳) بالغ و عاقل (۴) ہدایت یافتہ، راہ راست پر قائم (۵) ہارون عباسی خلیفہ کا لقب (۶) مصر کا ایک قصبہ (۷) مصلح اور واعظ و مبلغ پیر م: رَشِيْدَةٌ۔

الرَّشِيْدِيَّة: دیکھئے: الرَّشْتَة۔

المَرَاشِدُ: مقاصد (۲) سیدھے راستے۔

المُرْشِدُ: واعظ، پیر، مصلح و مربی (۲) ابنائے

میں جہازوں کی راہنمائی کرنے والا، پولس
گائڈ۔
•رَشْرَشَ: ڈھیلا ہونا۔
—— البَعِيْرُ: اونٹ کا اچھی طرح بیٹھنے کے لئے
سینے سے زمین کو ٹٹولنا، رگڑنا۔
تَرَشْرَشَ: بہنا، ٹپکنا، بکھرنا، چھینٹے اڑنا۔
—— الشِّوَاءُ: بھنے ہوئے گوشت کی چکنائی
ٹپکنا۔
الرَّشْرَاشُ: نرم و ملائم، خستہ۔ خُبْزٌ
رَشْرَاشٌ: خستہ روٹی۔ عَظْمٌ رَشْرَاشٌ:
نرم ہڈی۔ شِوَاءٌ رَشْرَاشٌ: بھنا ہوا
فربہ گوشت جس سے پانی یا چربی ٹپک رہی
ہو۔ خُبْزَةٌ رَشْرَاشَةٌ۔
اَلرَّشْرَشُ: (من الخبز) خستہ روٹی،
واحد: الخُبْزَةُ الرَّشْرَشَةُ۔
•رَشَّتِ السَّمَاءُ ـُ رَشًّا: آسمان سے
پانی برسنا یا بوندیں آنا، پھوار برسنا۔
—— العَيْنُ: آنکھ سے پانی بہنا۔
أَرْضٌ مَرْشُوشَةٌ: بارش سے تر زمین۔
رَشَّ الثَّوْبَ و البَيْتَ: پانی چھڑکنا۔
رَشَّ عليه الماءَ بھی کہتے ہیں۔
—— الطَّرِيقَ و الأَرْضَ: پانی چھڑکنا،
چھڑکاؤ کرنا۔ رَشَّ الطَّرِيقَ بالماءِ۔
—— الحَائِطَ وغيرَه بالجِيْرِ: دیوار وغیرہ
پر چونا چھڑکنا، قلعی کرنا۔
—— الرَّصَاصَ عليه: گولیوں کی بارش کرنا،
گولیاں برسانا۔
أَرَشَّتِ السَّمَاءُ: رَشَّتْ۔
—— الطَّعْنَةُ ونَحْوُهَا: نیزہ وغیرہ کا خون بہانا
اور پھیلا دینا۔
—— الفَرَسَ ونَحْوَهُ: گھوڑے وغیرہ کو
دوڑا کر پسینہ نکال دینا۔
—— الفَصِيْلَ: اونٹ کے بچہ کی دم کو ملنا تاکہ
وہ دودھ پیئے۔
تَرَشَّشَ السَّائِلُ: سیال چیز کے چھینٹے اڑنا،
بکھرنا۔
اسْتَرَشَّ الفَصِيْلُ لِلرَّضَاعِ: اونٹ کے
بچہ کا اپنی ماں کی دونوں رانوں کے درمیان
دودھ پینے کے لئے گردن لمبی کرنا۔
الرَّشَاشُ: چھینٹیں۔ واحد: رَشَاشَةٌ۔
الرَّشُّ: چھینٹیں (۲) پھوار (ہلکی بارش)
ج: رِشَاشٌ۔ چھڑکاؤ۔ عَرَبَةُ الرَّشِّ:
چھڑکاؤ کی گاڑی۔
رَشَّةُ مَطَرٍ: بارش کی بوچھاڑ، چھینٹ، بوند
الرَّشَّاشُ: پانی وغیرہ چھڑکنے والا، چھڑکاؤ
کرنے والا۔
المِدْفَعُ الرَّشَّاشُ: مشین گن (جو
لگاتار گولیاں برسائے)
رَشَّاشَةٌ: آب پاش۔
رَشَّاشَةُ رَصَاصٍ: مشین گن۔
رَشَّاشَةُ الرَّوَائِحِ العِطْرِيَّةِ: خوشبو
وغیرہ چھڑکنے کی بوتل وغیرہ، گلاب پاش۔
المُرِشُّ: شِوَاءٌ مُرِشٌّ: بھنا ہوا گوشت
جس سے چربی یا روغن ٹپک رہا ہو۔
المِرَشَّةُ: پانی وغیرہ چھڑکنے کا آلہ۔ آب پاش
گلاب پاش ج: مَرَاشُّ۔
•رَشَفَ الماءَ ونَحْوَهُ ـِ رَشْفًا و
رَشِيفًا: پانی وغیرہ کو ہونٹوں سے چوسنا،
چسکیاں لینا۔ کہاوت ہے: الجَرْعُ
أَرْوَى و الرَّشْفُ أَنْقَعُ (گھونٹ
بھرنے سے سیرابی ہوتی ہے اور چسکی سے
صرف تری حاصل ہوتی ہے)
—— الإِنَاءَ: برتن کا پورا پانی پی لینا۔
رَشِفَهُ ـَ رَشْفًا و رَشَفَانًا: رَشَفَ۔
ارْتَشَفَهُ: چوسنا، چسکی لینا، چسکیاں لے کر پینا
تَرَشَّفَهُ: خوب چوسنا، مزے لے لے کر چوسنا
الرَّشْفُ: کسی سیال کی تھوڑی مقدار جسے
ہونٹوں سے چوسا جائے۔
حَوْضٌ رَشْفٌ: خالی حوض۔
الرَّشُوفُ: امرأة رَشُوفٌ: خوشبودار
منہ والی۔ رِيْقٌ رَشُوفٌ: خوشبودار
لعاب۔
الرَّشِيْفُ: حَوْضٌ رَشِيْفٌ: خالی حوض
المَرْشَفُ: چوسنے کی جگہ ج: مَرَاشِفُ۔
المِرْشَفُ: چوسنے کا آلہ ج: مَرَاشِفُ۔
•رَشَقَهُ ـُ رَشْقًا: تیر مارنا۔
—— بِبَصَرِهِ: کسی کو گھور کر دیکھنا۔
—— بِلِسَانِهِ: کسی پر زبان کا تیر چلانا، کسی
کے ساتھ زبان درازی کرنا، طعن و تشنیع
کرنا۔
—— بالقَلَمِ: لکھتے وقت قلم کی آواز نکالنا۔
رَشُقَ ـُ رَشَاقَةً: خوش قامت ہونا،
خوش نما قد و قامت والا ہونا، خوبصورت
ہونا، سنجیدہ اور پھرتیلا ہونا۔
—— فی عَمَلِهِ: چاق چوبند اور چابک دست
ہونا۔ هو رَشِيقٌ۔ رَجُلٌ رَشِيقٌ:
خوش طبع آدمی، چاق و چوبند آدمی۔ خَطٌّ
رَشِيقٌ: پاکیزہ خط، خوش نما لکھائی
ج: رِشَاقٌ۔ و هي رَشِيقَةٌ۔ فَتَاةٌ
رَشِيقَةُ القَوَامِ: خوش اندام لڑکی،
خوش وضع اور خوش قامت لڑکی۔
قَوْسٌ رَشِيقَةٌ: تیز تیر پھینکنے والی
کمان ج: رِشَاقٌ۔
أَرْشَقَ: نگاہ اٹھا کر گھورنا۔
—— الرَّامِي: تیر انداز کا ایک بار تیر چلانا۔
—— الظَّبْيَةُ: ہرنی کا گردن کو لمبا کرنا۔ هي
مُرْشِقٌ۔
—— الشَّيْءَ: تیر مارنا، پتھر مارنا۔
—— إليه النَّظَرَ: گھور کر دیکھنا۔
رَاشَقَهُ: ساتھ ساتھ چلنا۔ کہتے ہیں: رَاشَقَنِي
مَقْصِدِي: اس نے میری منزل تک
چل کر جانے میں میرا مقابلہ کیا۔
تَرَاشَقَ القَوْمُ: ایک دوسرے پر تیر چلانا،
باہم تیر اندازی کرنا۔
تَرَاشَقُوا بِأَلْسِنَتِهِمْ: ایک دوسرے پر

لعن طعن کرنا، ایک دوسرے کو ہدف بنانا

تَرَاشَقُوهُ بِأَعْيُنِهِمْ: ان سب نے اسے گھور کر دیکھا۔

تَرَشَّقَ فِي الأَمْرِ: کسی کام میں تیز و چابک دست ہونا۔

الأَرْشَقُ: جِيدٌ أَرْشَقُ: سیدھی کھڑی گردن۔

الرَّشَقُ: تیز تیر پھینکنے والی کھڑی کمان۔

الرِّشْقُ: تیراندازی کا ایک راؤنڈ (۲) تیر پھینکنے کا آلہ، کمان وغیرہ (۳) لکھتے وقت قلم چلنے کی آواز ج: أَرْشَاق۔

الرَّشِيقُ: سجیلا، خوش وضع، خوش قامت۔

الرَّشَاقَةُ: بلند قامتی، خوش نمائی۔

• رَقَمَهُ ـُ رَشْمًا: لکھنا، نقشہ بنانا۔ رَشَمَ إليه و عَلَيه: لکھنا۔

ـــ لِلحُبُوبِ المَجْمُوعَةِ: غلہ کے ڈھیر پر حفاظت کا نشان لگانا، مہر لگانا کہ کندہ حروف والی تختی کو رکھ کر اس پر رنگ پھیرنا تاکہ حروف کا نشان پڑ جائے۔

رَشِمَ ـَ رَشَمًا: نشان پڑنا، دھاریاں پڑنا هو أَرْشَمُ وهي رَشْمَاءُ ج: رُشْمٌ

أَرْشَمَ الشَّجَرُ: درخت پر پتے آنا۔

ـــ الأَرْضُ: زمین پر روئیدگی ابھرنا، سبزہ نمودار ہونا

ـــ المَهَاةُ: جنگلی گائے کا ہریالی دیکھ کر اسے چرنا۔

ـــ البَرْقُ: ہلکی بجلی چمکنا۔

أَرْتَشَمَ: برتن پر مہر لگانا۔

الأَرْشَمُ: داغ دار، دھبوں والا (۲) کتا (۳) ناگوار تھوڑی بارش (۴) طفیلی جو کھانے کی خوشبو سونگھنے اور اسے کھانے کا حریص ہو ج: رُشْمٌ۔

غَيْثٌ أَرْشَمُ: ناکافی اور غیر مفید بارش

عَامٌ أَرْشَمُ: کم پیداوار کا سال۔

الرَّوْشُومُ: مہر چھاپا ج: رَوَاشِيمُ۔

الرَّشْمُ: نشان (۲) زمین پر نمودار ہونے والی ابتدائی روئیدگی، ہریالی ج: أَرْشَامٌ

الرَّوْشَمُ: ابتدائی روئیدگی (۲) غلہ وغیرہ پر لگانے کی مہر یا وہ تختی جس میں حروف کو کاٹ کر رنگ سے نشان ڈالا جائے جیسے غلہ کی بوریوں وغیرہ پر لگاتے ہیں ج: رَوَاشِمُ۔ دیکھئے: رَوْسَم۔

المِرْشَمُ: الأَرْشَمُ ج: مَرَاشِمُ۔

• رَشَنَ ـُ رُشُونًا و رَشْنًا: ہر برے کام میں گھسنا (۲) طفیلی بننا، بن بلائے مہمان بننا (۳) کتے کا برتن وغیرہ میں منھ ڈالنا یا سر داخل کرنا تاکہ برتن میں موجود چیز کو لے سکے۔

الرَّاشِنُ: کھانے کی خوشبو سونگھنے اور تاک میں رہنے والا (۲) کاریگر کے شاگرد کو دیا جانے والا وظیفہ یا اجرت۔

الرَّوْشَنُ: پانی نکلنے کا دہانہ یا سوراخ، نہر کا وہ حصہ جہاں سے سیرابی کے لئے پانی لیا جائے۔

الرَّوْشَنُ: دیوار میں لگی ہوئی الماری (۲) طاق (۳) گیلری، بالکنی ج: رَوَاشِنُ

• رَشَا الفَرْخُ ـُ رَشْوًا: چوزہ کا اپنی ماں کی طرف سر بڑھانا۔

ـــ فلانًا: رشوت دینا۔

أَرْشَى الشَّجَرُ و الحَنْظَلُ: حنظل وغیرہ کے درختوں پر رسی کے مانند لمبی شاخیں نکلنا۔

ـــ القَوْمُ فِي دَمِ فُلانٍ: کسی کے خون میں شریک ہونا۔

ـــ القَوْمُ بِسِلاحِهِم فِيه: لوگوں کا کسی پر ہتھیار اٹھالینا۔

ـــ الدَّلْوَ و نَحْوَها: ڈول وغیرہ میں رسی باندھنا۔

ـــ الفَصِيلَ: اونٹ کے بچہ کو دودھ پلانا

رَاشَاهُ: مدد کرنا، پشت پناہی کرنا، میل جول رکھنا، کسی سے بنا کر رکھنا، نرمی اور دل داری کرنا۔

ارْتَشَى منه: رشوت لینا۔ ارتشى منه رَشْوَةً بھی کہتے ہیں۔

تَرَشَّاهُ: اپنے لئے نرم بنانا، ہمدردی حاصل کرنا۔ جیسے حاکم کو رشوت دے کر حاصل کی جاتی ہے۔

اسْتَرْشَاهُ: رشوت مانگنا۔

ـــ فِي حُكْمِهِ: اپنے کسی فیصلہ پر رشوت طلب کرنا۔

ـــ لَهُ: کسی کی مرضی کے مطابق چلنا، ہاں میں ہاں ملانا۔

ـــ الفَصِيلُ: اونٹ کے بچہ کا دودھ کی خواہش کرنا۔

ـــ مَا فِي الضَّرْعِ: تھن میں بھرے ہوئے دودھ کو نکالنا۔

الرِّشَاءُ: رسی یا ڈول وغیرہ میں بندھی ہوئی رسی (۲) حنظل اور یقطین کا ایک دھاگا۔ (۳) چاند کی منزلوں میں سے آخری منزل حوت میں ایک روشن ستارہ۔ اسے بَطن الحوت بھی کہتے ہیں ج: أَرْشِيَةٌ

الرَّشَاةُ: ایک دست آور بوٹی ج: رَشًا۔

الرِّشْوَةُ: رشوت، وہ رقم جو ابطال حق یا احقاق باطل یا اپنے مفاد کو پورا کرنے کے لئے کسی کو دی جائے۔ ج: رُشًا۔

الرَّشِيُّ: اونٹ کا بچہ۔

المُرْتَشِي: رشوت خور۔

الارْتِشَاءُ: رشوت خوری۔

ر ــــــ ص

• الرَّصَبُ: بیچ کی انگلی اور شہادت کی انگلی کے درمیان کی جڑ۔

• رَصَدَهُ ـُ رَصْدًا و رَصَدًا: کسی کی تاک میں لگنا، گھات میں بیٹھنا، نگاہ رکھنا۔

ـــ النَّجْمَ: ستاروں کو تاکنا، دیکھنا۔

رَصَدَہٗ بالخَیرِ وغیرہ: اچھی یا بری نیت سے کسی کی نگرانی کرنا، تاک میں رہنا۔
ـــ الشیءَ: نگرانی کرنا، حفاظت کرنا۔
رُصِدَتِ الأَرضُ: زمین پر بارش کا دونگرا پڑنا۔ الأَرضُ مَرصُودَۃٌ۔
أَرصَدَتِ الأَرضُ: زمین میں معمولی گھاس اور نمی ہونا جس سے مزید آئندہ اگنے کی امید ہو۔ یعنی زمین کا متوقع روئیدگی والی ہونا۔
أَرصَدَ الشیءَ لہ: کسی کے لئے کوئی چیز تیار کرنا۔ جیسے: أَرصَدَ الجَیشَ للقِتالِ والفَرَسَ للطِّرادِ: فوج کو لڑنے کے لئے اور گھوڑے کو مسلسل دوڑانے کے لئے تیار کرنا۔
ـــ لہ بالخَیرِ أو الشَّرِّ: برائی یا اچھائی کا بدلہ دینا۔
ـــ الحِسابَ: حساب پیش کرنا، تیار کرنا
ـــ الرَّقِیبَ: رقیب کو راستہ میں گھات لگانے کے لئے بٹھانا۔
رَاصَدَہٗ: نگرانی کرنا، تجسس کرنا۔
اِرتَصَدَہٗ: انتظار میں رہنا، نگاہ رکھنا۔
تَراصَدا: ایک دوسرے پر نگاہ رکھنا۔
تَرَصَّدَہٗ و لہ: تاک میں رہنا، گھات میں لگنا، نگرانی کرنا۔
الرَّاصِدُ: رقیب۔ کسی کی انتظار میں رہنے والا، نگراں، محافظ (۲) ستاروں کو دیکھنے والا، ماہر موسمیات، فضائی احوال کا ماہر (۳) شیر ج: رَصَدٌ و رُصَّادٌ و ھی رَاصِدَۃ۔ حَیَّۃ
رَاصِدَۃ: تاک میں رہنے والا سانپ۔
الرَّصَدُ: بارش کے بعد ہونے والی بارش واحد: رَصَدَۃٌ۔
رَصدُ الأَحوَالِ الجَوِّیَّۃِ: فضائی وموسمی حالات کی تحقیق وجائزہ۔

رَصدُ الطَّائِرَاتِ: ہوائی جہازوں کی نگرانی
الرَّصَدُ: راستہ (۲) معمولی گھاس اور معمولی بارش یا بارش کے بعد دوسری بارش (۳) نگاہ رکھنے والا، گھات لگانے والا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَمَن یَستَمِعِ الآنَ یَجِدْ لَہٗ شِہَابًا رَصَدًا" پھر جو کوئی اب سننا چاہے وہ پائے اپنے واسطے ایک انگارا گھات میں۔ "فَإِنَّہٗ یَسلُکُ من بَینِ یَدَیہِ و من خَلفِہٖ رَصَدًا" وہ چلاتا ہے اس کے آگے پیچھے پہرے دار۔ (اس میں مذکر و مونث اور واحد وجمع برابر ہیں) کبھی اس کی جمع أَرصَاد آتی ہے۔ ماہرین فلکیات کی اصطلاح میں رَصَد اس مقام کو کہتے ہیں جہاں کواکب کی حرکات کا تعین کیا جاتا ہے۔
الرَّصدَۃُ: بارش کا دونگرا، ایک دفعہ کی بارش ج: رِصادٌ۔
الرُّصدَۃُ: تلوار کے پرتلہ کا چاندی وغیرہ کا حلقہ (۲) ٹیلہ، اونچی جگہ ج: رُصَدٌ
الرَّصَدِیُّ: لٹیرا جو لوٹ کھسوٹ کے لئے راہ گیروں کی گھات میں بیٹھا رہے۔
الرَّصِیدُ: (سَبُعٌ) رَصِیدٌ: حملہ کے لئے داؤ لگانے والا درندہ (حَیَّۃٌ) رَصِیدٌ: راہ گیروں کی تاک میں رہنے والا سانپ (۲) محفوظ سرمایہ (بیلنس یعنی بنک میں امانت دار کا باقی ماندہ سرمایہ) (۳) اسٹاک، ذخیرہ (۴) مالی فنڈ (۵) اقتصادیات کی اصطلاح میں وہ سونا جو جاری کردہ نوٹوں کے زرِ ضمانت کے طور پر سرکاری خزانہ میں موجود ہو۔
رَصِیدُ البضائعِ: موجود سامان۔
رَصِیدُ الحِسَابِ: بیلنس۔
رَصِیدٌ دَائِنٌ: کریڈٹ بیلنس۔

رَصِیدُ الذَّھَبِ: محفوظ سونا۔
رَصِیدُ الصُّندُوقِ: کیش بیلنس، نقد سرمایہ
رَصِیدٌ مُستَحَقٌّ: واجب الادا سرمایہ۔
الرَّصِیدُ المَطلُوبُ: واجب الوصول سرمایہ
المِرصَادُ: نگرانی کا راستہ یا جگہ، تاک اور گھات لگانے کا راستہ یا جگہ۔ ھو لَکَ بالمِرصَادِ: وہ تمہاری تاک میں ہے، تمہارے انتظار میں ہے تاکہ تم اس سے بچ کر نکل سکو۔ قرآن پاک میں ہے: "إِنَّ رَبَّکَ لَبِالمِرصَادِ" ج: مَرَاصِیدُ۔
المَرصَدُ: رصدگاہ (ستاروں کی گردش دیکھنے کی جگہ، زلزلوں کو ریکارڈ کرنے کی جگہ، جنتر منتر) ج: مَرَاصِد (۲) انتظار و نگرانی کی جگہ یا راستہ، گھات کی جگہ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَخُذُوھُم واقعُدُوا لَھُم کُلَّ مَرصَدٍ"
المَرصُودُ: زیرِ نگرانی، جس پر نگاہ رکھی جائے
• رَصرَصَ فی المکانِ: جمنا، ٹھہرنا۔
ـــ الشیءَ: پختہ اور مضبوط کرنا، ایک کے ساتھ دوسرے کو ملا کر پختہ کرنا۔ جیسے: رَصرَصَ البِناءَ۔
الرَّصرَاصَۃُ: سخت زمین، چشمہ جاری کے ارد گرد جمے ہوئے پتھر۔
• رَصَّہٗ ـُ رَصًّا: ایک دوسرے کو ملانا، جوڑنا، مضبوط کرنا، مضبوطی کے ساتھ جوڑنا ھو مَرصُوصٌ و رَصِیصٌ قرآن پاک میں ہے: "إِنَّ اللہَ یُحِبُّ الَّذِینَ یُقَاتِلُونَ فی سَبِیلِ اللہِ صَفًّا کَأَنَّھُم بُنیَانٌ مَرصُوصٌ" (۲) سیسہ پلانا یا سیسہ کی پالش کرنا۔ فالشیءُ مَرصُوصٌ۔
رَصَّ ـَ رَصَصًا: ایک دوسرے سے ملنا، جڑنا
رَصَّتِ الأَسنانُ: دانتوں کا ترتیب کے ساتھ ملا ہوا ہونا۔ ہموار ہونا۔ ھو أَرَصُّ وھی رَصَّاءُ ج: رُصٌّ۔

رَصَّصَ: سوال میں بضد ہونا۔
___ الشَّیْءَ: سیسہ چڑھانا یا سیسہ کا بنانا (۲) برتن وغیرہ پر قلعی کرنا۔
___ المَرْأَةُ: نقاب یا پردہ ڈال کر صرف آنکھیں کھلی رکھنا۔
___ النِّقَابَ: عورت کا نقاب کو اتنا قریب کرنا کہ صرف آنکھیں دکھائی دیں۔
ارتَصَّتِ الأَشْیَاءُ: باہم ملنا، جڑنا، چمٹنا، پیوست ہونا۔
تَرَاصَّتِ الأَشْیَاءُ: گتھ متھ ہو جانا، جڑ جانا
تَرَاصَّ القَوْمُ: لوگوں کا لڑائی یا نماز میں ایک دوسرے سے مل کر کھڑا ہونا۔
ترَصَّصَتِ الأَشْیَاءُ: ارْتَصَّتْ۔
الرَّصَاصُ: سیسہ، رانگ (ایک قسم کی دھات) (۲) بندوق کی گولی، چھرا، پستول وغیرہ کی گولی۔ أَطْلَقَ علیه الرَّصَاصَ: گولی چلانا
قَلَمُ الرَّصَاص: پنسل۔ واحد: رَصَاصَة
الرَّصَاصِيُّ: سیسہ کے رنگ کا (سلیٹی رنگ کا) سیسہ کا یا سیسہ جیسا۔
المَغَصُ الرَّصَاصِيُّ: قبض کے ساتھ ہونے والا پیٹ میں شدید درد۔
الرَّصَّاصُ: بندوق کی گولیاں بنانے والا، سیسہ کا کام کرنے والا۔
الرَّصَّاصَةُ: پتھر، چشمۂ جاری کے گرد لگے ہوئے پتھر (۲) بخیل آدمی۔
الرَّصِيصُ: عورت کا نقاب جو آنکھوں کے قریب ہو (۲) مضبوط و پختہ، سیسہ پلائی ہوئی چیز
• رَصَعَ بالمکانِ ـَ رَصْعًا: قیام کرنا۔
___ الرَّجُلَ ونَحْوَهُ: ہاتھ سے مارنا، تھپڑ مارنا، زور سے نیزہ مارنا۔
___ الحَبَّ: دو پتھروں کو ملا کر غلہ کوٹنا، چکی میں پیسنا۔
رَصِعَ فُلانٌ ـَ رَصَعًا و رُصُوعًا: چوتڑ کو لہے والا ہونا، سرین اور ران کے کم گوشت والا ہونا۔ هو أَرْصَعُ و هي رَصْعَاءُ ج: رُصْعٌ۔

رَصِعَ الشَّيْءَ بِفَمِه: منہ سے چپک جانا۔
___ بالطِّيبِ: خوشبو سے مہکنا۔ هو رَاصِعٌ
أَرْصَعَه بالرُّمْحِ: رَصَعَه۔
رَصَّعَهُ: کسی شے پر ہیرے جواہرات یا موتی وغیرہ جڑنا، جواہرات سے آراستہ کرنا جیسے: رَصَّعَ التَّاجَ او السَّيْفَ بالجَوَاهِرِ (۲) بننا (۳) اندازہ کرنا۔
___ الطَّائِرُ العُشَّ: پرندہ کا گھونسلا بنانا
___ السَّيْرَ: تسمہ میں تہری گرہ لگانا۔
ارْتَصَعَ: چپکنا، دانتوں وغیرہ کا ملا ہوا ہونا، ہموار ہونا۔
___ الحَبَّ: غلہ کو دو پتھروں سے کوٹنا، چکی میں پیسنا۔
التَّرْصِيعُ: علم بدیع میں ترصیع یہ ہے کہ الفاظ کے اوزان برابر اور ان کے آخری حروف یکساں ہوں۔ جیسے قرآن پاک میں ہے: "اِنَّ اِلَیْنَا اِیَابَهُمْ ثُمَّ اِنَّ عَلَیْنَا حِسَابَهُمْ"
الرَّصِيعُ: قرآن پاک کے غلاف کا بٹن۔
الرَّصِيعَةُ: ہر وہ زیور وغیرہ جس سے کوئی شے آراستہ کی جائے، جڑاؤ زیور، تاج وغیرہ پر جڑنے کا گول زیور (۲) لگام کی گرہ (۲) دلیا (دلے ہوئے دانوں کو بھگو کر گھی ملا کر پکایا ہوا) (۳) زین یا تلوار کا پرتلہ ج: رَصَائِعُ۔
المِرْصَاعُ: بچوں کے کھیلنے کی لکڑی (۲) بچوں کے چلانے کا لٹو ج: مَرَاصِيعُ۔
المِرْصَعَانُ: خوشبو کوٹنے کی پتھر کی بڑی بڑی موسل۔
• رَصَفَ به الأَمْرُ ـُ رَصْفًا: لائق و مناسب ہونا۔ کہتے ہیں: هَذَا الأَمْرُ لا يَرْصُفُ بِكَ۔ هو رَاصِفٌ بِفُلانٍ: وہ فلاں کے لائق ہے۔
___ الشَّيْءَ: مضبوط کرنا، ملانا، جوڑنا۔ جیسے: رَصَفَ الحِجَارَةَ فی البِناءِ۔

رَصَفَ الطَّرِيقَ: راستہ کو پختہ کرنا۔
___ قَدَمَيْه: دونوں پیروں کو ملانا۔ و رَصَفَ ما بين قَدَمَيْه: دونوں پیروں کو قریب کرنا۔
___ السَّهْمَ: تیر کے پھل کو داخل کرنے کی جگہ تانت باندھنا۔ هو مَرْصُوفٌ و رَصِيفٌ
رَصِفَ ـَ رَصَفًا: ملنا، جڑنا (۲) دانتوں کا ہموار ہونا۔ هو رَصِفٌ و هي رَصِفَةٌ۔
رَصُفَ ـُ رَصَافَةً: پختہ اور مضبوط ہونا۔
___ الجَوَابُ: جواب کا پختہ اور ناقابل انکار ہونا۔
أَرْصَفَ فُلانٌ: چشمہ کے پانی ملی شراب والا ہونا۔
رَصَّفَهُ: رَصَفَه۔
ارْتَصَفَ: رَصِفَ۔ مُرْتَصِفُ الأَسْنَانِ: وہ شخص جس کے دانت ہموار اور قریب قریب ہوں۔
تَرَاصَفَ: رَصِفَ (۲) تَرَاصَفُوا فی الصَّفِّ: وہ لائن میں ایک دوسرے سے بالکل مل کر کھڑے ہوئے۔
تَرَصَّفَ: رَصِفَ۔
الرِّصَافُ: جڑے ہوئے پتھر۔ واحد: رَصَافَةٌ
الرِّصَافَةُ: وہ تانت جو تیر کے پھل کے داخل کرنے کی جگہ باندھی جاتی ہے (۲) بغداد کا ایک محلہ (۳) اطراف شہر کا سبزہ زار۔ ج: رَصَائِفُ۔
الرَّصَافَةُ: مضبوطی اور پختگی۔
الرَّصَفُ: جڑے ہوئے پتھر (۲) پانی روکنے کا بند، پشتہ (۳) تالاب کے پانے کا راستہ، پختہ راستہ۔ مَاءُ الرَّصَفِ: پہاڑ سے چٹان پر صاف ہو کر گرنے والا پانی۔
الرَّصَفَةُ: رِصَاف یا رصف کا واحد۔ حدیث مغیرہ میں ہے: "لَحَدِيثٌ من عَاقِلٍ أَحَبُّ إِلَيَّ من الشُّهْدِ بِمَاءِ الرَّصَفَةِ": عقل مند کی گفتگو مجھے اس

شہد سے زیادہ اچھی لگتی ہے جو چٹان پر گرے ہوئے شفاف پانی میں ملا ہوا ہو (۲) تیر کے پھل کو داخل کرنے کی جگہ بندھی ہوئی تانت (۳) گھٹنے کی ہڈی کا پٹھا وہ دو ہوتے ہیں ۔

الرَّصُوفَةُ: استقلال، ثابت قدمی ۔

الرَّصِيفُ: مضبوط و مستحکم ۔ رِصَاف یا رَصَف کا واحد (۲) بمعنی مَرْصُوف: پختہ ج: أَرْصِفَة ۔ اسکول کا ساتھی ۔

عَمَلٌ رَصِيفٌ: پختہ کار ۔

رَجُلٌ رَصِيفٌ: پختہ کار آدمی ۔

جَوَابٌ رَصِيفٌ: مدلل اور ناقابل تردید جواب ۔

هو رَصِيفُ فُلَانٍ: ہر کام کا ساتھی اور مقلد، دوست ۔

رَصِيفُ الشَّارِعِ: فٹ پاتھ، سڑک دونوں جانب پیدل چلنے کا پختہ راستہ یا چبوترہ ۔

رَصِيفُ المَحَطَّةِ: اسٹیشن کا پلیٹ فارم ج: أَرْصِفَة و رُصُفٌ ۔

المِرْصَافَةُ: ہتھوڑا، عذاب قبر سے متعلق حضرت معاذ بن جبلؓ کی حدیث میں ہے: "ضَرَبَه بِمِرْصَافَةٍ وسطَ رأسِه" ج: مَرَاصِيفُ ۔

المَرْصُوفُ و الرَّصِيفُ: گرم پتھر پر بھونا ہوا گوشت ۔

•أَرْصَقَهُ به: چپکانا، جوڑنا ۔ جَوْزٌ مُرْصَقٌ: ناریل جس کی گری چھلکے سے چپکی ہوئی ہو، نکالنا دشوار ہو ۔

ارْتَصَقَ به: چپکنا، جڑنا ۔ جیسے: جَوْزٌ مُرْتَصِقٌ ۔

•رَصَنَهُ ـُ رَصْنًا: مکمل کرنا، مضبوط کرنا

ــــ الدَّابَّةَ: لوہے کو تپا کر داغ لگانا ۔

ــــ بِاللِّسَانِ: گالی دینا ۔

رَصُنَ ـُ رَصَانَةً: مضبوط و مستحکم ہونا، جیسے: رَصُنَ البِنَاءُ (۲) سنجیدہ ہونا (۳) ثابت قدم ہونا (۴) مستقل مزاج ہونا ۔ كَلَامٌ رَصِينٌ ورأْيٌ رَصِينٌ: پختہ کلام، پختہ رائے ۔

أَرْصَنَهُ: مضبوط کرنا، پختہ کرنا، مکمل کرنا ۔

رَصَّنَ: مضبوط و پختہ کرنا ۔ رَصِّنْ لي هَذَا الخَبَرَ: مجھے اس خبر کو تحقیق سے بتاؤ ۔

ــــ الشَّيْءَ مَعْرِفَةً: اچھی طرح جاننا ۔

الرَّاصِنُ: مضبوط و مستحکم، قائم و ثابت ج: رَوَاصِن ۔

الرَّصِينُ: پختہ (۲) خیال رکھنے والا ۔ کہتے ہیں: فُلَانٌ رَصِينٌ بِحَاجَتِكَ: فلاں کو تمہاری ضرورت کا بڑا ہی خیال ہے م: رَصِينَة ۔

رَصِينُ الجَوْفِ: پیٹ میں درد کی جگہ ۔

الرَّصِينَانِ: گھٹنے کی ہڈیوں کے دو کنارے

المِرْصَنُ: داغ لگانے کا لوہا ۔

•رَصَاهُ ـُ رَصْوًا: مضبوط و پختہ کرنا ۔

أَرْصَى بالمَكَانِ: کسی جگہ برقرار رہنا، الگ نہ ہونا ۔

ر ـــــ ض

•رَضَبَ المَطَرُ ـِ رَضْبًا: بارش ہونا، لگاتار برسنا ۔

ــــ الرِّيقَ: لعاب (رال) کو نگلنا، چوسنا ۔

تَرَضَّبَ الرِّيقَ: لعاب کو آہستہ آہستہ نگلنا، چوسنا ۔

الرَّاضِبُ: لگاتار بارش (۲) بیر کے درخت کی ایک قسم ۔ واحد: رَاضِبَة

الرُّضَابُ: لعاب، منہ میں گھمایا ہوا اور چوسا ہوا لعاب، تھوک، رال (۲) شہد کا جھاگ (۳) درختوں پر پڑی ہوئی شبنم کی بوندیں (۴) اولے (۵) مشک کا چورا (۶) شکر (چینی) کے ٹکڑے، دانے

مَاءٌ رُضَابٌ: آب شیریں ۔

المَرْضَبُ: شیریں لعاب ج: مَرَاضِب ۔

•رَضَخَهُ ـَ رَضْخًا: پتھر سے کوٹنا، ریزہ ریزہ کرنا، توڑنا ۔ هو مَرْضُوخٌ و رَضِيخٌ ۔

ــــ الحَصَى و النَّوَى: سنگ ریزوں اور گٹھلیوں کو کوٹنا ۔

ــــ رأْسَه: سر کچلنا ۔

ارْتَضَخَ منه: کسی بات کا عذر کرنا، معذرت کرنا ۔

تَرَضَّخَ الخُبْزَ ونَحْوَهُ: روٹی وغیرہ کے ٹکڑے کرنا، چور کرنا ۔

الرَّضْخُ: تھوڑا عطیہ (۲) کٹی ہوئی گٹھلی کا گرا ہوا ریزہ ۔

بَلَغَنَا رَضْخٌ من خَبَرٍ: ہمیں تھوڑی سی خبر معلوم ہوئی ۔

الرُّضَخُ: کوئی ہوئی گٹھلیاں یا کوٹتے ہوئے گرنے والے ریزے ۔

الرَّضْخَةُ: کوٹتے وقت اچھلنے والی گٹھلی (۲) تھوڑی بارش

المِرْضَاخُ: گٹھلیاں کوٹنے کا پتھر ج: مَرَاضِيخ ۔

المِرْضَخَةُ: المِرْضَاخُ، ج: مَرَاضِخ ۔

•رَضَحَ ـَ رَضْحًا: گٹھلی وغیرہ توڑنا (۲) عاجزی کرنا (۳) مطیع ہونا ۔

ــــ الشَّيْءَ اليَابِسَ: سوکھی چیز کو توڑنا ۔

ــــ له من مَالِه: مال کا کچھ حصہ دینا ۔

ــــ للحَقِّ: حق کو مان لینا ۔

ــــ به الأَرْضَ: زمین پر پٹخنا ۔

رَضَخَت التُّيُوسُ رَضْخًا: بکروں کا آپس میں لڑنا، ایک دوسرے کے سینگ مارنا ۔

أَرْضَخَ له: بہت میں سے تھوڑا دینا (۲) فرماں برداری کرنا ۔

رَاضَخَ فُلَانٌ شَيْئًا: بادل ناخواستہ دینا

ــــ منه شَيْئًا: پانا، حاصل کرنا ۔

ــــ فُلَانًا: کسی کے ساتھ سنگ باری کرنا، کسی پر مسلسل پتھر مارنا ۔

ارتضخ: هو يرتضخ لكنةً أعجميةً: اس کی زبان میں عجمیت کا اثر ہے، یعنی عربیت کے ساتھ غیر عربیت ملی ہوئی ہے۔

تراضخوا بالسهام: ایک دوسرے کو تیر مارنا۔

ترضخ الخبز و نحوه: روٹی وغیرہ کو توڑ کر کھانا۔

—— الخبر: خبر کو سن کر یقین نہ کرنا۔

الرضاخة: معمولی عطیہ۔

الرضخ: تھوڑا عطیہ (۲) تھوڑی چیز (۳) غیر یقینی خبر۔

الرضخة: الرضخ۔

الرضوخ: اطاعت، عاجزی۔

الرضيخ: ٹوٹی ہوئی گٹھلی۔

الرضيخة: معمولی عطیہ۔ ج: رضائخ۔

المرضاخ: توڑنے کا پتھر (جس سے توڑا جائے یا جس پر توڑا جائے) ج: مراضيخ۔

المرضخة: المرضاخ ج: مراضخ۔

•رضرضة: ہلکا ہلکا کوٹنا، دلنا، توڑنا، چورہ کرنا، دردرا کرنا۔

ترضرض: چورہ ہونا، ریزہ ریزہ ہونا، (۲) ہلنا، تھرکنا۔

الرضراض: پانی کی نالی میں پڑی ہوئی چھوٹی کنکریاں (۲) بارش کی بوندیں۔

رجل رضراض: پر گوشت آدمی (۲) تھلتھلے جسم والا۔

ردف رضراض: پر گوشت سرین والا م: رضراضة۔

الرضراضة: زمین پر تھرکتی اور چمکتی ہوئی کنکریاں۔

الرضرض: پانی کی نالیوں میں پڑی ہوئی باریک کنکریاں۔

•رضه ـُ رضًّا: کوٹنا، دلنا، دردرا کرنا۔ هو مرضوض و رضيض۔

أرض: بوجھل اور سست رفتار ہونا۔

—— في الأرض: جانا۔

—— التعب وغيره العرق: تکان وغیرہ کا پسینہ نکال دینا۔

ارتض الشيء: ٹوٹ جانا، ریزہ ریزہ ہو جانا

رضض و ترضض: خوب کوٹنا، دلنا۔

الأرض: جم کر بیٹھنے والا، اپنی جگہ سے نہ ہلنے والا ج: رضض۔

الرضاض: کٹے ہوئے ٹکڑے، ریزے، چورہ۔

الرض: گٹھلی نکالی ہوئی اور توڑ کر دودھ میں بھگوئی ہوئی کھجور (۲) مکھن ملی ہوئی کھجور۔

المرضة: کھانے اور پینے کی وہ چیزیں جن سے پسینہ آجائے (۲) جما ہوا کھٹا دودھ (دہی)۔

المرضة: الرض (۲) کھٹا جما ہوا دودھ (دہی) (۲) توڑنے اور کوٹنے کا آلہ ج: مراض۔

•رضع ـُ رضاعةً: کمینہ اور بدذات ہونا۔ هو راضع و رضّاع۔

—— أمه ـَ رضعًا و رضاعًا و رضاعةً: ماں کا دودھ پینا۔ رضع الثدي او الضرع: پستان یا تھن سے دودھ پینا۔ هو يرضع الدنيا ويذمها: وہ دنیا سے فائدہ اٹھاتا ہے اور اسی کی برائی کرتا ہے۔

رضع ـِ رضعًا الأم: ماں کا دودھ پینا۔ هو رضع و هي رضعة۔

رضع ـُ رضاعةً: کمینہ ہونا۔ کہاوت ہے: لؤم و رضع: اس شخص کے بارہ میں جو تھن سے منھ لگا کر دودھ پیئے اس ڈر سے کہ اگر دودھ ہاتھ سے نکالے گا تو اس کی آواز سن کر کوئی اس سے مانگے گا۔

أرضعت الأم: دودھ پیتے بچہ والی ہونا۔

—— الولد: دودھ پلانا۔ هي مرضع و مرضعة ج: مراضع۔ قرآن پاک میں ہے: "وحرمنا عليه المراضع من قبل"

راضعه مراضعةً و رضاعًا: کسی کے ساتھ دودھ پینا (۲) دودھ پلانے کے لئے دایا (دودھ پلانے والی) کے حوالہ کرنا۔

—— الطفل: بچہ کا ایسی حالت میں ماں کا دودھ پینا جبکہ اس کے پیٹ میں بچہ ہو۔

ارتضعها: رضعها: ارتضع الثدي و الضرع: دودھ پینا۔

ارتضعت العنز: بکری کا خود اپنا دودھ پی لینا۔

تراضعا: دو بچوں کا ساتھ دودھ پینا۔

استرضع الولد: بچہ کے لئے دایہ (دودھ پلانے والی) تلاش کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وإن أردتم أن تسترضعوا أولادكم فلا جناح عليكم"

—— المرأة المولود: نومولود بچہ کا اپنی ماں یا دایہ سے دودھ پلانے کی خواہش کرنا۔

الراضع: بھکاری، لوگوں سے بھیک مانگنے والا (۲) خسیس و کمینہ (۳) دودھ پینے والا بچہ ج: رضّع و رضّاع (۴) دودھ والی عورت (نسب میں شریک)۔

الراضعة: بھکاری عورت (۲) کمینی ذلیل عورت (۳) دودھ والی (۴) بچہ کا سامنے والا دانت جس سے دودھ پینے میں وہ مدد لیتا ہے یا وہ ایام رضاعت میں گر جاتا ہے۔ وہ دو ہیں۔ راضعتان ج: رواضع

الرضاع: رضاعی اخوت۔ کہتے ہیں: بينهما رضاع اللبن: ان دونوں میں دودھ شریک بھائی ہونے کا رشتہ ہے۔ بينهما رضاع الكأس: ان دونوں میں شراب کی ہم نوشی ہے۔

الرضاعة: الرضاع (۲) پچھوائی اور دکھنی ہواؤں کے درمیان کی ہوا۔

الرَّضَّاعَةُ : بچہ کو دودھ پلانے کی شیشی، بوتل۔
الرَّضَعُ : چھوٹی شہد کی مکھیاں (۲) کمینگی۔ واحد رِضْعَةٌ۔
الرِّضْعُ : ایک درخت جس کے پتے اونٹ کھاتا ہے و: رِضْعَةٌ۔
الرَّضُوْعَةُ : المُرْضِعَةُ (اپنے بچہ کو دودھ پلانے والی)۔ شَاةٌ رَضُوْعَةٌ : دودھ پلانے والی بکری ج: رَضَائِعُ۔
الرَّضِيْعُ : دودھ پینے والا بچہ (شیرخوار) ج: رُضُعٌ (۲) دودھ شریک بھائی (۳) کمینہ ج: رُضَعَاء وھی رَضِيْعَةٌ ج: رَضَائِعُ۔
فُلَانٌ رَضِيْعُهُ : فلاں اس کا دودھ شریک بھائی ہے۔
هو رَضِيْعُ اللُّؤْم : وہ بڑا کمینہ اور کنجوس ہے۔
المُرْضِعُ : دودھ پلانے والی ماں (اس میں تارتانیث کی اس لئے ضرورت نہیں کہ دودھ پلانے کی صفت عورت کے لئے خاص ہے) (۲) دودھ پلانے کا پیشہ کرنے والی، دایہ۔
المُرْضِعَةُ : والمُرْضِعُ : دودھ پلانے کا پیشہ کرنے والی، دایا، رضائی ماں۔ مُرْضِع معنی وصفی پر دلالت کرتا ہے یعنی عورت بالفعل دودھ پلائے یا نہ پلائے وہ مُرْضِع ہے اور مُرْضِعَة معنی فعلی پر دلالت کرتا ہے کہ اگر عورت عملا دودھ پلا رہی ہے تو اس وقت وہ مُرْضِع ہونے کے ساتھ مُرْضِعَة بھی ہے ج: مَرَاضِعُ و مُرْضِعَات۔
المِرْضَعَةُ : دودھ پلانے کی شیشی و بوتل ج: مَرَاضِعُ۔
المَرَاضِيْعُ : کمینے۔
• رَضَفَهُ ـِ رَضْفًا : گرم پتھر پر بھوننا یا گرم کرنا یا پکانا (۲) گرم پتھر کا داغ لگانا۔
ــــ الوِسَادَةَ : تکیہ کو موڑنا، دوہرا کرنا۔
هو مَرْضُوفٌ و رَضِيْفٌ۔
رَضَّفَهُ : رَضَفَه (۲) غصہ دلانا، آگ بگولا کرنا۔
الرَّضْفَةُ : آگ یا دھوپ سے تپا ہوا پتھر ج: رَضْفٌ۔ کہاوت ہے: هُوَ عَلَى الرَّضْفِ : وہ مضطرب و پریشان ہے یا غضبناک ہے۔
مُطْفِئَةُ الرَّضْفِ : وہ بڑی مصیبت جو پہلی مصیبت کو بھلا دے (۲) وہ چربی جو گرم پتھر پر پگھل کر پتھر کو ٹھنڈا کر دے (۳) گھٹنے کے اوپر کی ہڈی۔
الرَّضَفَةُ : گھٹنے کی ہڈی ج: رَضَفٌ۔
الرَّضِيْفُ : گرم کیا ہوا پتھر یا بھونا ہوا گوشت وغیرہ۔
المِرْضَافَةُ : وہ گرم پتھر جس سے داغ دیا جائے ج: مَرَاضِيْفُ۔
• أَرْضَكَ عَيْنَيْهِ : آنکھوں کو کبھی کھولنا کبھی بند کرنا۔
• رَضَمَ ـِ رَضْمًا و رَضَمَانًا : بھاری قدموں سے دوڑنا، قدم ملا کر دوڑنا۔
ــــ بالمكانِ رَضْمًا و رُضُوْمًا : قیام کرنا، جم جانا، پڑا رہنا۔ هو رُضَمَةٌ۔
ــــ البَعِيْرُ و نَحْوُهُ بِنَفْسِه : اونٹ وغیرہ کا خود کو زمین پر ڈال دینا۔
ــــ الشَّيْءَ : ایک کو دوسرے سے ملانا، جوڑنا۔
ــــ البَيْتَ : پتھر کا مکان بنانا۔ رَضَمَ عليه الصَّخْرَ : اس پر پتھر لگائے۔ فالبَيْتُ مَرْضُوْمٌ و رَضِيْمٌ۔
ــــ المَتَاعَ و نَحْوَهُ : سامان وغیرہ کو ترتیب سے رکھنا (۲) توڑنا۔
ــــ به الأَرْضَ : سامان وغیرہ کو زمین پر پٹخنا۔
ــــ الأَرْضَ : زمین کو ہل چلا کر بونے کے قابل کرنا۔
ارْتَضَمَ الشَّيْءُ : ملنا، جڑنا (۲) ٹوٹنا، چورہ ہونا، سامان کا مرتب ہونا۔
الرُّضَامُ : معمولی گھاس یا ردی بدگی۔
الرَّضْمُ : سفید پتھر، اوپر نیچے جمی ہوئی بڑی چٹانیں، اوپر نیچے لگے ہوئے بڑے بڑے پتھر۔
الرَّضْمَةُ : پتھر، بڑی چٹان ج: رَضْمٌ و رِضَامٌ۔
المَرْضُوْمُ : پتھروں سے چنا ہوا (۲) ترتیب سے لگا ہوا (۳) توڑا ہوا۔
بِرْذَوْنٌ مَرْضُوْمُ العَصَبِ : غیر عربی گھوڑا جس کے پٹھے ایک دوسرے پر چڑھے ہوئے ہوں۔
• رَضَنَهُ ـِ رَضْنًا : تہ بہ تہ رکھنا، ترتیب سے لگانا، ملانا۔ هو مَرْضُوْنٌ و رَضِيْنٌ۔
• رَضَاهُ ـُ رَضْوًا : خوشنودی اور پسندیدگی میں کسی سے بڑھ جانا۔ کہتے ہیں: رَاضَانِي فَرَضَوْتُهُ : اس نے میری خوشی اور رضا چاہی تو میں اس کی خوشی چاہنے میں اس سے آگے بڑھ گیا۔
رَضِيَهُ و به و عَنْه و عَلَيه ـَ رِضًا و رِضَاءً و رِضْوَانًا و مَرْضَاةً : مان لینا، قبول کرنا، پسند کرنا، قرآن پاک میں ہے: "و رَضِيْتُ لَكُمُ الإِسْلَامَ دِيْنًا" رضامند ہونا۔
ــــ عنه : کسی سے خوش ہونا۔ ضد: سخط (ناراض ہونا)
رَضِيَهُ لـه : کسی کو کسی بات کا اہل ماننا، اچھا سمجھنا۔
رَضِيَ منه كذا : کسی کی کسی چیز پر اکتفا کرنا قناعت کرنا۔ هو رَاضٍ ج: رُضَاةٌ و هو رَضِيٌّ ج: أَرْضِيَاءُ۔ و هو رَضٍ ج: رَضُوْن۔ هي رَضِيَة۔ و الشَّيْءُ مَرْضِيٌّ و رَضِيٌّ۔
أَرْضَاهُ و أَرْضَى عنه : خوش کرنا (۲) قانع

اور مطمئن کرنا، رضامند کرنا۔
رَاضَاہُ مُرَاضَاۃً و رِضَاءً: موافقت کرنا، خوش کرنا، خوشنودی اور پسندیدگی میں مقابلہ کرنا۔ رَاضَانِی فَرَضَوْتُہ۔
رَضَّاہُ: خوش کرنا، رضامند کرنا۔
اِرْتَضَاہُ: پسند کرنا، منتخب کرنا۔ اِرْتَضَاہُ لِصُحْبَتِہٖ: اس نے اپنی معیت کے لئے پسند کیا یا معیت کے لئے موزوں ولائق سمجھا۔
تَرَاضَیَا: باہم رضامند ہونا، باہم متفق ہونا
—— شَیْئًا: کسی چیز کو دونوں کا پسند کرنا یا اس سے دونوں کا متفق ہونا۔
تَرَضَّاہُ: کسی کی خوشنودی چاہنا یا خوش کرنے کی کوشش کرنا یا کوشش کے بعد راضی کرلینا۔
اِسْتَرْضَاہُ: خوشنودی اور رضامندی چاہنا، رضامند کرنا کسی سے یہ خواہش کرنا کہ وہ اُسے خوش کرے۔
رَاضٍ: خوش، مطمئن، قانع۔
عِیْشَۃٌ رَاضِیَۃٌ: خوش گوار زندگی
اَلرِّضَا: خوشی، مرضی، رضامندی (۲) قناعت (۳) خوش، رضامند۔ ھو رِضًا و ھُمْ رِضًا (مصدر وصفی معنی ہیں واحد و جمع کے لئے ہے)۔
اَلرِّضَاءُ: اَلرِّضَا۔
اَلرَّضِیُّ: پسندیدہ، جس سے کوئی خوش ہو (۲) فرماں بردار (۳) مخلص دوست
اَلْمَرْضَاۃُ: اَلرِّضَا۔
اَلْمَرْضِیُّ: پسندیدہ جس سے کوئی خوش ہو، محبوب۔
اَلْمُرْضِیْ: خوش کن، مسرت بخش۔

ر ــــــ ط

رَطَأَہٗ ـَ رَطْئًا: کسی کو نقصان پہنچانا، پھنسانا۔
رَطِئَ ـَ رَطَأً: بے وقوف ہونا۔ ھو رَطِئٌ، ھی رَطِئَۃٌ۔
اِسْتَرْطَأَ: احمق ہونا۔
—— فلانًا: بے وقوف سمجھنا۔
• رَطَبَ البُسْرُ ـُ رُطُوبًا: کھجور کا تازہ اور پکی ہوئی ہونا، پک جانا۔
رَطَبَ الدَّابَّۃَ: ہرا چارہ کھانا۔
—— فُلَانًا رَطْبًا و رُطُوبًا: تازہ اور پختہ کھجور کھلانا۔
—— الدَّابَّۃَ: جانور کو ہری تازہ گھاس کھلانا یا برسیم نما گھاس کھلانا۔
رَطِبَ ـَ رُطُوبَۃً و رَطَابَۃً: تر ہونا، نم ہونا۔ ھو رَطْبٌ و ھی رَطْبَۃٌ
رَطِبَ لِسَانِی بِذِکْرِکَ: میں تمہارا ذکر خیر کرتا ہوں، رطب اللسان ہوں۔
—— فُلَانٌ رَطْبًا: رطب و یابس کلام کرنا جو دل میں آئے وہ کہنا صحیح ہو یا غلط۔
رَطُبَ ـُ رُطُوبَۃً و رَطَابَۃً: تر ہونا، نم ہونا (۲) نرم و نازک ہونا۔ ھو رَطْبٌ و رَطِیْبٌ۔
—— الھَوَاءُ رُطُوبَۃً: ہوا کا مرطوب ہونا، خوش گوار ہونا۔
—— البُسْرُ رَطَابَۃً: بسر کا رطب بنجانا، نیم پختہ کھجور کا پک جانا۔
اَرْطَبَ البُسْرُ: پک جانا، رُطَب بنجانا یا اس میں پختگی شروع ہو جانا۔
—— فُلَانٌ: بہت پختہ کھجوروں والا ہونا۔
—— النَّخْلُ: کھجور کے پھل کا پک جانا یا پکنے کا موسم آجانا۔
—— الاَرْضُ: ہرا بھرا ہونا، ہری گھاس والی یا زیادہ ہریالی والی ہونا۔
—— الثَّوْبَ وغَیْرَہٗ: تر کرنا، بھگونا۔
رَطَّبَ البُسْرُ: کھجور کا پکنا۔
—— الشَّیْءَ: خوب تر کرنا، خشکی رفع کرنا، بھگونا، خوش گوار بنانا۔
—— فُلَانًا: پختہ اور تازہ کھجوریں کھلانا۔
تَرَطَّبَ: بھیگنا، تر ہونا۔ کہتے ہیں: تَرَطَّبَ لِسَانِی بِذِکْرِکَ: میری زبان پر تمہارا ذکر خیر رہتا ہے۔ میں تمہارے لئے رطب اللسان رہتا ہوں۔
اَلرَّطْبُ: نرم و نازک، تروتازہ، تر، (ضد: یابس)
غُلَامٌ رَطْبٌ: نسوانی نزاکت والا لڑکا (۲) تروتازہ شاخ یا لکڑی ج: رُطُبٌ و رُطْبٌ۔
عَیْشٌ رَطْبٌ: خوش گوار زندگی، آسودہ زندگی۔
اَلرُّطْبُ: تروتازہ گھاس یا سبزی یا پودے وغیرہ۔
اَلرُّطْبَۃُ: تازہ گھاس یا سبزی وغیرہ کا ایک حصہ یا مقدار۔
اَلرُّطَبُ: پکی ہوئی تازہ کھجور (بُسر کے بعد اور تمر سے پہلے کا درجہ) درخت پر لگی ہوئی پختہ کھجوریں (جو خشک ہو کر تمر بنتی ہوں) ج: اَرْطَابٌ و رِطَابٌ۔ واحد: رُطَبَۃٌ۔
اَلرَّطْبَۃُ: مؤنث الرَّطْب۔ (۲) جاریۃ رَطْبَۃٌ: نازک یا بدکار لڑکی (۳) برسیم کی طرح کی ایک گھاس (۳) تازہ اور ہری سبزی جو کھائی جائے ج: رِطَابٌ۔
اَلرَّطِیْبُ: تر، مرطوب، بھیگا ہوا (۲) نرم و نازک۔ ھی رَطِیْبَۃٌ۔
عَیْشٌ رَطِیْبٌ: آسودہ اور فراخ زندگی
غُصْنٌ رَطِیْبٌ: تر شاخ، ٹہنی۔
رِیْشٌ رَطِیْبٌ: ملائم پر۔
اَلرُّطُوبَۃُ: تری، تازگی (ضد: جفاف و یبوسۃ) نمی۔
اَلتَّرْطِیْبُ: تازگی، ترائی، ازالۂ یبس و خشکی۔
اَلْمُرَطِّبُ: مفرح، خوش گوار، مسکن خشکی رفع کرنے والا۔
اَلْمُرَطِّبَاتُ: فرحت بخش مشروبات۔
اَلْمَرْطَبَۃُ: بِئْرٌ مَرْطَبَۃٌ: کھارے پانی کے کنوؤں کے بیچ میٹھا کنواں۔
• اَلرَّطْرَاطُ: حوض میں اونٹوں کا بچا یا ہوا پانی
• رَطَسَہٗ ـِ رَطْسًا: تھپڑ مارنا۔

ارْطَسَّتْ عَلَيْهِ الحِجَارَةُ: کسی پر پتھر پے پتھر پڑ جانا

• أَرَطَّ: بے وقوف ہونا (۲) شور و غل مچانا۔

— فی مَقْعَدِہٖ: اپنی جگہ جمے رہنا، الگ نہ ہونا۔

اسْتَرْطَّہٗ: بے وقوف سمجھنا۔

الرَّطِيطُ: شور و غل، چیخ و پکار (۲) بے وقوفی (۳) بے وقوف ج: رِطَاطٌ و رَطَائِطُ

• رَطَلَ ـُ رَطْلًا: روڑنا (۲) ہاتھ میں کوئی چیز اچھال کر وزن دیکھنا۔

أَرْطَلَ فُلَانٌ: سست و ڈھیلا ہونا (۲) لٹکے ہوئے کانوں والا ہونا (۳) کمزور لڑکے والا ہونا۔

رَاطَلَہٗ: کسی کو رِطْل سے ناپ کر سودا دینا

رَطَّلَ الشَّعْرَ: بالوں کو تیل لگا کر نرم کرنا حضرت حسنؓ کی حدیث میں ہے "لَوْ كُشِفَ الغِطَاءُ لَشُغِلَ مُحْسِنٌ بِإِحْسَانِهٖ و مُسِيْءٌ بِإِسَاءَتِهٖ عن تَجْدِيْد ثَوْب أو تَرْطِيْل شَعْرٍ"

— الشَّیْءَ: توڑنا، موڑنا، تہ کرنا (۲) لٹکانا، چھوڑنا۔

اسْتَرْطَلَہٗ: کسی سے رِطْل سے ناپ کر سودا دینے کو کہنا۔

الرِّطْلُ: ایک وزن یا پیمانہ مساوی: ۱۴ تولہ ڈیڑھ ماشہ (۴۹۸ گرام ۴۴ ملی گرام) رطل مختلف ملکوں میں مختلف وزن و مقدار کا ہوتا ہے۔ مصری رطل بارہ اوقیہ کے برابر ہے اور ایک اوقیہ بارہ درہم کے برابر ہے ایک درہم تین ماشہ اور ایک رتی سے قدرے زائد (یعنی ۳ گرام اور ۱۲ ملی گرام) (۲) نرم، ملائم (۳) ہر لچک والی چیز (۴) بڑا اور کمزور آدمی (۵) قریب البلوغ دبلا لڑکا (۶) بیوقوف (۷) تیز رفتار گھوڑا ج: أَرْطَالٌ۔ هو رِطْلٌ و هي رِطْلَةٌ ج: رِطَالٌ۔

الرِّطْلَةُ: تیز رفتار گھوڑی۔

• رَطَمَہٗ ـُ رَطْمًا: کیچڑ یا دل دل میں پھنسانا

— فی أَمْرٍ: کسی معاملہ میں الجھانا (۲) روکنا قید کرنا۔

رُطِمَ رَطْمًا: پیٹ میں حبس ہونا، ریاح یا فضلات کا رک جانا، قبض ہونا۔

أَرْطَمَ: خاموش ہونا۔

ارْتَطَمَ: کیچڑ یا دل دل میں دھنسنا، پھنسنا

— الشَّیْءُ: جم گھٹ ہونا، ڈھیر لگنا۔

— فیہ: پھنسنا، الجھن اور پیچیدگی میں پڑنا۔ حدیث علیؓ میں ہے "مَنِ اتَّجَرَ قَبْلَ أَنْ يَتَفَقَّهَ ارْتَطَمَ فِي الرِّبَا" ثُمَّ ارْتَطَمَ ثُمَّ ارْتَطَمَ" (جو سمجھ بوجھ کے بغیر تجارت کرتا ہے وہ سود کی دل دل میں اس طرح پھنستا ہے کہ اس میں آگے بڑھتا ہی چلا جاتا ہے)۔

— عَلَيْهِ الأَمْرُ: کسی کے لئے معاملات کا اس طرح الجھ جانا کہ وہ ان سے چھٹکارا نہ پا سکے۔

تَرَطَّمَ السَّلْحَ: پاخانہ روکنا۔

الرَّاطِمُ: کسی چیز کا پابند، کسی بات پر کاربند

الرُّطَامُ: اونٹ وغیرہ کا قبض۔

الرُّطْمَةُ: دلدل، پیچیدگی (۲) وہ پیچیدہ معاملہ جس میں پھنسا یا جائے۔ کہتے ہیں: وَقَعَ فِي رُطْمَةٍ: وہ ایسے کام میں پھنس گیا ہے جس کی کوئی راہ اسے معلوم نہیں۔

الرَّطُومُ: بے وقوف (۲) وہ عورت جس سے تنگی فرج کی بنا پر جماع نہ کیا جا سکے۔

الرَّطُومَةُ: الرُّطْمَةُ۔

• رَطَنَ الأَعْجَمِيُّ ـُ رِطَانَةً: عجمی آدمی کا عجمی زبان میں بات کرنا۔

— فُلَانٌ: عجمی زبان میں بولنا۔

— لَہٗ رَطْنًا و رَطَانَةً: کسی سے عجمی یا اجنبی زبان میں بات کرنا یا ایسی بات کرنا جو سمجھی نہ جا سکے۔

رَاطَنَہٗ مُرَاطَنَةً و رِطَانًا: کسی سے عجمی یا اجنبی زبان میں خطاب کرنا، مخاطب ہونا۔

تَرَاطَنَا: آپس میں عجمی زبان میں بات کرنا یا غیر مفہوم کلام کرنا۔

الرَّطَانَةُ: زبان کی اجنبیت، ابہام کلام۔

كَلَّمَہٗ بِالرَّطَانَةِ: عجمی (اجنبی) زبان یا نہ سمجھی جانے والی زبان میں بات کرنا، یعنی دو یا چند آدمیوں کا آپس میں ایسی گفتگو کرنا جسے ان کے علاوہ کوئی اور نہ سمجھ سکے۔

الرَّطَّانَةُ: اونٹوں کا قافلہ جن کے ساتھ مالکان ہوں۔

• الرُّطَيْنَى: سمجھ میں نہ آنے والی بات۔

• أَرْطَتِ الأَرْضُ: زمین میں أَرْطَى (ایک گھاس جس سے دباغت کی جاتی ہے) اگنا۔

الأَرْطَى: ایک گھاس جو ریت میں پیدا ہوتی ہے اور دباغت کے کام آتی ہے۔ واحد أَرْطَاةٌ۔

ر ـــــ ع

• رَعَبَ ـَ رُعْبًا: ڈرنا، گھبرانا۔ قرآن پاک میں ہے: "سَنُلْقِي فِي قُلُوبِ الَّذِينَ كَفَرُوا الرُّعْبَ" (۲) دھمکی دینا۔

— الوَادِي: وادی کا پانی سے بھر جانا۔

— الحَمَامَةُ: کبوتری کا آواز بلند کرنا۔

رَعَبَتْ فِي صَوْتِهَا: اس نے آواز بلند کی۔

— فُلَانًا: ڈرانا، خوف زدہ کرنا، مرعوب کرنا۔

— السَّنَامَ: کوہان کو کاٹنا۔

— الحَوْضَ: حوض بھرنا۔

— السَّهْمَ: تیر کے پھل کا مدخل توڑنا۔

أَرْعَبَہٗ: ڈرانا، مرعوب کرنا، رعب بٹھانا (۲) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

رَعَّبَتِ الحَمَامَةُ تَرْعِيبًا و تَرْعَابًا: کبوتری کا زور زور سے بولنا۔

رَعَّبَ فُلَانًا: مرعوب کرنا، خوف زدہ کرنا۔
ـــ السَّہْمَ: تیر کے پھل کے مدخل کو ٹھیک کرنا۔
اِرْتَعَبَ: ڈرنا، گھبرا جانا۔
الْأَرْعَبُ: پست قد (۲) بہت مرعوب ج: رُعْبٌ۔
الرَّاعِبُ: ڈرانے والا، ڈرا ہوا۔
• الرَّاعِبِیُّ: کبوتر کی ایک قسم جو بہت آواز بلند کرتا ہے۔ کہتے ہیں: حَمَامَۃٌ رَاعِبِیَّۃٌ۔
الرَّعَّابُ: جادوگر، مقفی نثر بولنے والا۔
الرَّعَّابَۃُ: بہت ڈرانے والا۔
الرَّعْبُ: دھمکی، انجام بد سے آگاہی (۲) عربوں کا مسجّع کلام، جادو منتر۔
الرُّعْبُ: تیر میں وہ سوراخ جس میں پھل (پھالا) لگایا جاتا ہے ج: رِعَبَۃٌ۔ ڈر، خوف، گھبراہٹ۔
الرَّعِیبُ: انتہائی بزدل جو کسی چیز کو دیکھتے ہی ڈر جائے۔ اسی کو رَعِیبُ الْعَیْنِ کہتے ہیں (۲) کوہان جس کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹے گئے ہوں (۳) فربہ، مچرب جس سے چکنائی ٹپک رہی ہو (۴) مختصر۔ سَنَامٌ رَعِیبٌ: موٹا چربی چڑھا ہوا کوہان ج: رُعُبٌ۔
التِّرْعَابَۃُ: بہت ڈرپوک، جلد گھبرا جانیوالا
التِّرْعِیبَۃُ: کوہان کا ٹکڑا ج: تِرْعِیبٌ و تَرَاعِیبُ۔
الْمُرْعِبُ: مرعوب کن، خوفناک، بھیانک۔
الْمَرْعَبَۃُ: خوفناک جگہ، ڈرنے اور گھبرانے کی جگہ (۲) اچانک گھبرا دینے والا حملہ (یعنی کوئی شخص کسی کے پاس ایک دم آکر بیٹھے اور وہ گھبرا جائے) ج: مَرَاعِبُ۔
• رَعْبَبَ: اتنا فربہ ہونا کہ چربی ٹپکنے لگے۔
الرُّعْبَبُ: کھجور کے پودے کی جڑ۔
الرُّعْبُوبُ: کمزور و بزدل (۲) پھرتیلی بے چین (۳) لمبی و گداز جسم لڑکی ج: رعابیب
الرُّعْبُوبَۃُ: الرُّعْبَبُ (۲) التِّرْعِیبَۃُ (۳) پرشباب خوش قامت لڑکی ج: رَعَابِیبُ
الرِّعْبِیبُ مِنَ النِّسَاءِ: پرشباب حسین لڑکی
الرِّعْبِیبُ: گداز جسم حسین لڑکی ج: رَعَابِیبُ۔
الْمُرَعْبَبُ: موٹا، چربی سے بھرا ہوا۔
• رَعْبَلَ: بے وقوف یا موٹی عورت سے شادی کرنا۔
ـــ الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا، پھاڑ ڈالنا، دھجیاں اڑانا۔ حدیث میں ہے: "أَنَّ أَهْلَ الْيَمَامَةِ رَعْبَلُوا فُسْطَاطَ خَالِدٍ بِالسُّيُوفِ"
ـــ اللَّحْمَ: گوشت کے پارچے بنانا تاکہ ان کی آگ پر سکائی جلد ہو جائے۔
تَرَعْبَلَ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا، دھجیاں اڑ جانا۔
الرَّعْبَلُ: بے وقوف یا پھٹے پرانے کپڑے پہننے والی عورت (۲) بھاری بھرکم۔ جَمَلٌ رَعْبَلٌ: لمبا تڑنگا اونٹ ج: رَعَابِلُ۔
الرَّعْبَلَۃُ: بے وقوف عورت۔ رِیحٌ رَعْبَلَۃٌ: کبھی کسی رخ پر اور کبھی کسی رخ پر چلنے والی ہوا ج: رَعَابِلُ۔
الرِّعْبِلَۃُ: پھٹا ہوا کپڑا ج: رَعَابِلُ۔
الرُّعْبُولَۃُ: چیتھڑا، پھٹا پرانا کپڑا یا اس کا ٹکڑا ج: رَعَابِیلُ۔ ثَوْبٌ رَعَابِیلُ: پھٹا پرانا کپڑا۔
• رَعَثَتِ الْعَنْزُ او الشَّاۃُ ـــ رَعْثًا: بھیڑ اور بکری کے کانوں کے اطراف کا سفید ہونا۔
ـــ الحیۃ فلانا: سانپ کا کسی کو ہلکا سا کاٹنا۔
رَعِثَتِ الْعَنْزُ أو الشَّاۃُ ـــ رَعَثًا: رَعَثَتْ (۲) کٹے ہوئے کانوں والا ہونا۔ ھو أَرْعَثُ وھی رَعْثَاءُ ج: رُعْثٌ۔
رَعَّثَهَا: عورت کو بالی پہنانا۔
ـــ الصَّبِیَّ: بچہ کو ہار وغیرہ پہنانا۔
دِیکٌ مُرَعَّثٌ: کلغی والا مرغ۔
هَوْدَجٌ مُرَعَّثٌ: رنگ برنگ کے جھالروں سے سجائی ہوئی (اونٹ) کی پالکی۔
اِرْتَعَثَتْ: بالیاں پہننا، ہار وغیرہ پہننا۔
تَرَعَّثَتْ: اِرْتَعَثَتْ۔
الْأُرْعُوثَۃُ: کنویں کا وہ پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی نکالا جاتا ہے ج: أَرَاعِیثُ۔
الرَّاعُوثَۃُ: الْأُرْعُوثَۃُ ج: رَوَاعِیثُ
الرَّعْثُ: بالی (کان میں پہننے کا حلقہ نما زیور) یا لٹکنے والا ہر زیور (۲) ہر سجاوٹ اور زینت کی چیز جو کسی چیز یا جگہ پر لٹکائی جائے ج: رِعَاثٌ۔
رَعْثُ الرُّمَّانِ: انار کا پھول یا شگوفہ۔
الرَّعْثَاءُ: شَاۃٌ رَعْثَاءُ: نیچے سے کٹے اور لٹکے ہوئے کانوں والی بکری (۲) لمبے دانوں والا انگور ج: رُعْثٌ۔
الرَّعْثَۃُ: الرَّعْثُ (بالی) حدیث میں ہے: "قالت أُمُّ زَیْنَبَ بنتُ نُبَیْطٍ: کنتُ أنا وأُختایَ فی حِجْرِ رسولِ اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فکان یُحَلِّینَا رِعَاثًا من ذھبٍ ولُؤْلُؤٍ" (۲) مرغ کی کلغی، بعض پرندوں کے سر پر ابھرا ہوا گوشت جسے تاج کہتے ہیں یا چونچ پر ابھرا ہوا حصہ جیسے مرغ اور کبوتر کے ہوتا ہے (۲) بکری کے کان کے نیچے کا کٹا ہوا اور لٹکا ہوا حصہ (۲) کھجور کی لکڑی کا پیالہ، گلاس ج: رِعَاثٌ و رِعَثَۃٌ۔
الرُّعْثَۃُ: الرَّعْثَۃُ ج: رُعَثٌ۔
• رَعَجَ الْبَرْقُ و نحوُہ ـــ رَعْجًا: بجلی کوندنا، چمکنا، لگاتار چمکنا۔
ـــ فُلَانًا: کسی کو مالدار بنانا۔

رَعِجَ ـَ رَعَجًا: بہت ہونا، مویشیوں کی کثرت ہونا۔

أَرْعَجَ البَرْقُ ونَحْوُهُ: بجلی چمکنا۔

ـــ فُلَانٌ: مالدار ہونا، صاحب وسعت ہونا (۲) بہت مویشی والا ہونا

ـــ فُلَانًا: بے کل و بے چین کرنا (۲) مالدار کرنا۔

اِرْتَعَجَ: بہت ہونا (۲) کانپنا، لرزنا۔

ـــ الوَادِي: وادی کا پانی سے بھر جانا۔

الرَّعَجُ: بہت بکریاں، بہت مویشی۔

•رَعَدَ السَّحَابُ ـُ رَعْدًا و رُعُودًا: بادل کا گرجنا۔ رَعَدَتِ السَّمَاءُ: آسمان میں گرج ہونا۔

ـــ فُلَانٌ: کسی کا دھمکی دینا۔ رَعَدَ لَهُ و بَرَقَ: اس نے اسے ڈرایا اور دھمکی دی

ـــ المَرْأَةُ: عورت کا بناؤ سنگار کرکے سامنے آنا۔

رَعِدَ رَعَدًا: مصیبت آنا (۲) لرزہ طاری ہونا

أَرْعَدَ: گرجنا (۲) کسی پر مصیبت آنا (۳) لرزہ طاری ہونا (۴) گرج سننا۔

ـــ لَهُ و أَبْرَقَ: کسی کو دھمکانا۔

ـــ فُلَانٌ: مانگنے میں بضد ہونا۔

ـــ فُلَانًا: کپکپا دینا، لرزا دینا، خوف دلانا

أُرْعِدَ فُلَانٌ: کپکپی اور لرزہ میں مبتلا ہونا یا گھبراہٹ سے کانپ جانا۔

اِرْتَعَدَ: کانپنا، لرزنا، بے چین ہونا۔

تَرَعَّدَ: کانپنا (۲) موٹاپے اور ڈھیلے پن سے ہلنا، تھرکنا۔

الرَّاعِدُ: گرجدار، کڑک دار۔ سَحَابٌ رَاعِدٌ و سَحَابَةٌ رَاعِدَةٌ: کہاوت ہے: رُبَّ صَلَفٍ تَحْتَ الرَّاعِدَةِ: کبھی پانی سے محرومی کڑک دار بادل سے ہوتی ہے۔ اس شخص کے بارہ میں جو باتیں زیادہ بناتا ہو اور فائدہ کم پہنچاتا ہو ج: رَوَاعِدُ۔

ذَاتُ الرَّوَاعِدِ: بڑی مصیبت۔

الرَّعْدُ: گرج، کڑک، گرجدار آواز، بجلی کی چمک کے بعد گونجنے والی آواز۔ کہاوت ہے: "جَاءَ بِذَاتِ الرَّعْدِ و الصَّلِيلِ" وہ بڑی آفت یا جنگ و قتال لے کر آیا (اس کا سبب بنا)، ج: رُعُودٌ۔ فِي كِتَابِهِ رُعُودٌ و بُرُوقٌ: اس کے خط میں بڑی دھمکیاں ہیں۔

الرِّعْدَةُ: کپکپی، لرزہ، تھرتھراہٹ۔

الرَّعَّادُ: انتہائی گرج دار بادل (۲) بسیار گو، بہت بولنے والا (۳) ایک قسم کی مچھلی جسے ہاتھ لگایا جائے تو ہاتھ کپکپانے لگتا ہے۔ یہ افریقہ کے دریاؤں میں عموماً اور دریائے نیل میں خاص طور پر بکثرت ہوتی ہے جسم قدرے گول ہوتا ہے

الرَّعَّادَةُ: مؤنث الرَّعَّاد۔ سَحَابَةٌ رَعَّادَةٌ: بہت کڑک گرج والی بدلی۔

رَجُلٌ رَعَّادَةٌ: بہت بولنے والا آدمی (تاء مبالغہ کی ہے) بے فیض آدمی۔

•رَعْدَدَ: ضد اور اصرار کے ساتھ مانگنا۔

تَرَعْدَدَ: کپکپی طاری ہونا۔

ـــ الشَّيْءُ: تھرتھرانا۔

الرِّعْدِيدُ: بزدل جو لڑائی میں خوف کی وجہ سے کانپتا ہو (۲) نازک لڑکی جس کا جسم گدازپن سے تھرکتا ہو (۳) ملائم گھاس، پودا، ج: رَعَادِيدُ۔

الرِّعْدِيدَةُ: بزدل اور جلد کانپ جانے والا مرد یا عورت۔ ج: رَعَادِيدُ۔

•رَعْرَعَ الشَّيْءَ: ہلانا، جھنجھوڑنا۔

ـــ اللّٰهُ الغُلَامَ: اللہ کا لڑکے کو جوان کرنا، نشوونما عطا کرنا۔

ـــ الدَّابَّةَ: جانور کو سدھانے کے لئے اس پر سوار ہونا۔

تَرَعْرَعَ الصَّبِيُّ: بڑھنا نشوونما پانا (۲) متحرک ہونا (۳) دس سال کے قریب قریب پہنچنا یا دس سال سے زیادہ کا ہونا جوان ہونا۔

تَرَعْرَعَتِ الأَسْنَانُ: دانتوں کا ہلنا۔

ـــ المَاءُ او السَّرَابُ: پانی یا سراب (چمکتی ہوئی ریت) کا موج زن ہونا، موجزن محسوس ہونا، لہریں مارنا، لہراتا ہوا نظر آنا۔

ـــ الشَّيْءُ: طاقتور اور مضبوط ہونا۔

الرَّعْرَاعُ: خوش قامت یا متوسط القامت نوجوان (۲) لمبی چھڑ، بانس (۳) بزدل۔

الرُّعْرُعُ: خوش قامت نوجوان، توانا جوان (۲) بزدل ج: رَعَارِعُ۔

الرُّعْرُوعُ: الرُّعْرُعُ ج: رَعَارِعُ۔

•رَاعَزَ: منقبض ہونا۔

ـــ فُلَانًا: ملامت کرنا، سرزنش کرنا۔

المَرْعَزُ: المِرْعِزَاءُ۔ المِرْعِزُّ، المِرْعِزِّي: بھیڑ کے بالوں کے نیچے کا رُواں۔

المُمَرْعَزُ: ثَوْبٌ مُمَرْعَزٌ: باریک بالوں یا رُوئیں سے بنا ہوا کپڑا وغیرہ۔

•رَعَسَ ـَ رَعْسًا و رَعَسَانًا: کانپنا، ہچکولا کھانا، جھٹکا کھانا (۲) تکان وغیرہ کی وجہ سے کمزور کی طرح چلنا (۳) کمزوری یا نیند یا سستی کی وجہ سے سر ہلانا۔ هو رَاعِسٌ و رَعَّاسٌ و هي رَاعِسَةٌ و رَعَّاسَةٌ و هو رَعُوسٌ و رَعِيسٌ و هي رَعُوسٌ أيضًا۔

أَرْعَسَهُ: کپکپا دینا، جھنجھوڑنا۔

اِرْتَعَسَ: کانپنا، تھرتھر کرنا، بے قرار ہونا، ڈگمگانا۔

تَرَعَّسَ: اِرْتَعَسَ۔

الرَّعَّاسُ: رُمْحٌ رَعَّاسٌ: ہلتا ہوا لہراتا ہوا نیزہ۔

الرَّعُوسُ: کمزوری یا نیند وغیرہ کی وجہ سے سر ہلانے والا، ڈگمگانے والا۔

نَاقَةٌ رَعُوسٌ: تیز رفتار پھرتیلی اونٹنی (جو ٹانگوں کو جلدی جلدی اٹھاتی ہو)

رُمْحٌ رَعُوسٌ: لچک دار زود اثر نیزہ۔

المِرْعَشُ: خسیس و حریص آدمی (جو ادھر ادھر سے لینے کا خواہش مند رہتا ہو) مانگ تانگ کر گزر بسر کرنے والا۔

•رَعَشَ ـ رَعْشًا و رُعَاشًا: کانپنا، لرزنا، بے قرار و بے چین ہونا۔

رَعِشَ ـ رَعَشًا: رَعَشَ۔ هو رَعِشٌ و هي رَعِشَةٌ۔

رُعِشَ: رعشہ پیدا ہونا، کپکپاہٹ ہونا۔ هو مَرْعُوشٌ و هي مَرْعُوشَةٌ۔

أَرْعَشَهُ: کپکپا دینا، لرزا دینا (۲) کسی کام کے لئے اکسانا، متحرک کرنا، جیسے: أَرْعَشَتْهُ الحَرْبُ۔ أُرْعِشَتْ يَدَاهُ: اس کے ہاتھوں میں رعشہ (کپکپاہٹ) پیدا ہوگیا۔

رَعَّشَهُ: أَرْعَشَهُ۔

اِرْتَعَشَ: لرزنا، کپکپانا، رعشہ پیدا ہونا (۲) بے چین و مضطرب ہونا، دگرگوں ہونا۔

الاِرْتِعَاشُ: لرزہ، کپکپاہٹ۔

ارتعاش شَيْخُوخِي: رعشۂ پیری۔

الرُّعَاشُ: کپکپی (۲) رعشہ (ایک بیماری جس کی وجہ سے سر یا ہاتھ وغیرہ کو مسلسل حرکت ہوتی رہتی ہے) بھیڑ یا بکری کو لاحق ہونے والی ایک اعصابی بیماری۔

الرُّعَاشِيُّ: الشَّلَلُ الرُّعَاشِيُّ: ایک اعصابی بیماری جس میں عضلات کی کمزوری کھچاوٹ اور درد پیدا ہوتا ہے

الرَّعِشُ: لرزاں، کپکپاتا ہوا، دگرگوں (۲) بزدل۔

ـــ الى القتال او المعروف: لڑائی یا بھلائی میں سبقت کرنے والا، عجلت باز

ظَلِيمٌ رَعِشٌ: تیز رفتار یا لمبی گردن والا شتر مرغ۔ مؤنث: رَعِشَةٌ۔

الرَّعْشَاءُ: دَابَّةٌ رَعْشَاءُ: تیز رفتار یا جھوم کر چلنے والی اونٹنی، لمبی گردن والی تیز رو اونٹنی ج: رُعْشٌ۔

الرَّعْشَةُ: کپکپی، لرزہ۔ رَعْشَةُ الحُمَّى: بخار کا لرزہ۔

الرُّعْشَةُ: کپکپی، کپکپاہٹ، جھرجھری (۲) تیزی، عجلت۔ به رُعْشَةٌ إِلَى لِقَاءِ العَدُوِّ: وہ دشمن کا مقابلہ کرنے کے لئے بیتاب ہے۔

الرَّعِيشُ: کپکپاتا ہوا، کانپتا ہوا، لرزاں۔

المُرْعَشُ: فضا میں منڈلانے والے کبوتر (ایک خاص قسم)

الرِّعْشِيشُ: بہت لرزاں، بہت کانپنے والا (۲) بزدل ج: رَعَاشِيشُ۔

•الرَّعْشَنُ: مُرْتَعِشٌ: رعشہ والا، لرزاں، ہلتا ہوا، کانپتا ہوا، کانپنے والا، جھوم کر چلنے والا، تیز رفتار اونٹ (۲) بزدل م: رَعْشَنَةٌ۔

•رَعَصَ ـ رَعْصًا: کانپنا، متحرک و مضطرب ہونا، انگڑائی لینا، سستی دور کرنے کے لئے جسم کو توڑنا، جھٹکنا۔ حدیث ابی ذرؓ میں ہے: "خَرَجَ بِفَرَسٍ لَهُ فَتَمَعَّكَ ثُمَّ نَهَضَ ثُمَّ رَعَصَ فَسَكَّنَهُ" وہ اپنے گھوڑے کو لے کر نکلے تو اس نے پہلے مٹی میں لوٹ لگائی پھر اٹھا اور جسم کو جھٹکا پھر انہوں نے اسے تھپکی دی۔

ـــ البَرْقُ: بجلی کا رک رک کر چمکنا۔

ـــ عَلَيْهِ جِلْدُهُ: کھال کا پھڑکنا، پھدکنا

ـــ الشَّيْءَ: ہلانا، جھٹکنا، جھٹکا دینا، کھینچنا۔

أَرْعَصَهُ: رَعَصَهُ۔

اِرْتَعَصَ: ہلنا، جھٹکا کھانا، انگڑائی لینا، پیچ و تاب کھانا (۲) کھال کا حرکت کرنا، پھڑکنا۔

ـــ البَرْقُ: بجلی چمکنا۔

ـــ عَلَيْهِ جِلْدُهُ: کھال کا پھڑکنا۔

ـــ السِّعْرُ: بھاؤ بڑھنا۔

ـــ الجَدْيُ: بکری کے بچہ کا اچھلنا، پھدکنا۔

تَرَعَّصَ: اِرْتَعَصَ۔

•رَعَضَ ـ رَعْضًا: ہلنا، کانپنا، انگڑائی لینا جھرجھری آنا۔

ـــ الشَّيْءَ: ہلانا، جھٹکا دینا۔

أَرْعَضَهُ: رَعَضَهُ۔

•رَعَظَ السَّهْمَ ـ رَعْظًا: تیر میں پیکان (پھل) لگانے کی جگہ بنانا (۲) تیر میں پیکان کے سوراخ کو توڑنا۔

ـــ بِالعَقَبِ: تیر پر تانت باندھ کر کسنا۔ هو مَرْعُوظٌ و رَعِيظٌ۔

أَرْعَظَهُ: تیر میں پھلکا لگانے کا سوراخ یا جگہ بنانا۔

ـــ فُلانًا عن الأمر: کام کا سست بنا دینا، ہمت توڑنا۔

رَعَّظَهُ: ہلانا، انگلی کو ہلا کر اس کی طاقت دیکھنا

ـــ الوَتِدَ: میخ کو اکھاڑنے کے لئے حرکت دینا۔

ـــ: سست بنا دینا، پست ہمت بنا دینا۔

تَرَعَّظَ: پست ہمت ہو جانا، میخ کا اپنی جگہ سے ہل جانا، ہلنا، بچ نکلنے کی کوشش کرنا۔

ـــ البَعِيرُ: اونٹ کا بوجھ لادتے وقت اِدھر اُدھر ہونا، بچنے کی کوشش کرنا۔

الرُّعْظُ: تیر میں پھلکا لگانے کا سوراخ ج: أَرْعَاظٌ۔ کہاوت ہے: إِنَّهُ لَيَكْسِرُ عَلَيْكَ أَرْعَاظَ النَّبْلِ غَضَبًا: (وہ تم پر تیروں کے ان سوراخوں کو توڑتا ہے جن میں پھل لگائے جاتے ہیں یعنی تم پر بری طرح غصہ اتارتا ہے)۔

•رَعَّ ـ رَعًّا: پرسکون ہونا، جوش ٹھنڈا ہونا

الرَّعَاعُ: (من الناس) معمولی درجہ کے لوگ واحد: رَعَاعَةٌ۔

الرَّعَاعَةُ: بے عقل اور بے دل آدمی (۲) شتر مرغ۔

•رَعَفَ الشَّيْءُ ـ رَعْفًا و رُعَافًا: بہنا،

آگے بڑھنا۔
رَعَفَ فُلَانٌ و رَعَفَ أَنْفُهُ: ناک سے خون جاری ہونا، نکسیر پھوٹنا۔
رَعَفَ غَضَبًا: اس کا غصہ بڑھ گیا۔
— بِفُلَانٍ الْبَابُ: دروازہ سے یکایک کسی کا اندر آجانا۔
— به: آگے بڑھانا۔
— السَّائِقَ: چلنے والے سے آگے نکل جانا هو رَاعِفٌ و رَعَّافٌ و هي رَاعِفَةٌ و رَعَّافَةٌ۔
أَرْعَفَ الْإِنَاءَ و نَحْوَهُ: برتن وغیرہ کو لبالب بھرنا۔
— الْقَلَمَ: قلم میں سیاہی زیادہ لگا دینا
اِرْتَعَفَ: آگے بڑھنا، آگے نکل جانا۔
اِسْتَرْعَفَ: ارتعف۔
— الشَّيْءَ: ٹپکانا۔ اِسْتَرْعَفَ الشَّحْمَةَ: چربی کو پگھلا کر روغن بنانا۔
— فُلَانًا: نکسیر جاری کرنا، ناک سے خون نکلوانا (۲) ناک کو زخمی کرکے خون جاری کر دینا خون آلود کر دینا۔
الْأُرْعُوفَةُ: کنویں کے کنارہ لگا ہوا پتھر جس پر کھڑے ہو کر آدمی پانی کھینچتا ہے یا کنویں کی تہ میں لگا ہوا وہ پتھر جس پر بیٹھ کر آدمی صفائی کرتا ہے یا ناک کی طرح کنویں کے اندر نکلا ہوا پتھر جسے ہٹایا نہ جا سکے ج: أَرَاعِيفُ۔
الرَّاعِفُ: ناک یا ناک کے بالنسہ کا حصہ (۲) پہاڑ کا نکلا ہوا سرا (۳) نیزہ ج: رَوَاعِفُ رِمَاحٌ رَوَاعِفُ: خونچکاں نیزے۔
الرُّعَافُ: نکسیر (۲) زبردست بارش۔
الرَّعَّافُ: فیاض وسخی۔
الرَّعُوفُ: ہلکی اور معمولی بارشیں۔
الرَّعِيفُ: وہ بادل جو بادل کے آگے آگے چلے
الْمَرَاعِفُ: ناک اور اس کے اطراف۔ کہاوت ہے: ما أَحْسَنَ مَرَاعِفَ أَقْلَامِهِ و مَقَاطِرَهَا: اس آدمی کی لکھائی کتنی حسین ہے۔
فَعَلْتُ ذلك على الرَّغْمِ من مَرَاعِفِهِ: میں نے وہ کام اس کی مرضی کے خلاف کیا۔
الْمَرْعُوفُ: نکسیر کا مریض۔
•رَعَقَتِ الدَّابَّةُ ـَ رَعْقًا و رُعَاقًا و رَعِيقًا: دوڑتے وقت پیٹ بولنا۔
الرُّعَاقُ: دوڑتے وقت جانور کے پیٹ سے نکلنے والی آواز۔
الرَّعِيقُ: الرُّعَاقُ۔
•رَعَلَهُ ـَ رَعْلًا: چاک کرنا، پھاڑنا، شگاف کو بڑا کرنا (۲) زور سے نیزہ مارنا۔
— بِالسَّيْفِ: کسی کو تلوار سے پکڑ کر مارنا۔
رَعِلَ ـَ رَعَلًا و رَعَالَةً: لمبا اور ڈھیلا ہونا لٹکا ہوا ہونا (۲) بے وقوف ہونا، کم عقل ہونا۔ کہاوت ہے: كُلَّمَا ازْدَدْتَ مَثَالَةً زَادَكَ اللّٰهُ رَعَالَةً: تو جتنا مالدار ہوگا و تنا ہی خدا تجھے کم عقل بنا دیگا بے وقوف کے بارہ میں کہا جاتا ہے۔ هو أَرْعَلُ و هي رَعْلَاءُ۔
أَرْعَلَتِ الْعَوْسَجَةُ: عوسجہ (بینگن کی طرح کا خاردار پودا) کا رواں نکلنا۔
أَرْعَلَ الرَّجُلَ و نَحْوَهُ: زور سے نیزہ مارنا۔
— الطَّعْنَةَ: نیزہ کی ضرب کو گہرا کرنا۔
رَعَّلَ الْكَرْمُ: انگور کی بیل کا کنارہ نکلنا۔
اِسْتَرْعَلَ: لڑائی پر جانے والے اگلے دستہ میں چلنا یا اس کی قیادت کرنا (۲) گروہ والا یا چھوٹے گروہ والا ہونا۔
— الْمَاشِيَةُ وغيرُها: مویشیوں کا گروہ در گروہ ہونا یا پے در پے آگے پیچھے چلنا۔ جَاءَ الْقَوْمُ مُسْتَرْعِلِينَ: لوگوں کا دوسروں سے آگے آگے آنا، پیش رو ہو کر آنا۔
الْأَرْعَلُ: بے وقوف (۲) لمبا اور لٹکا ہوا۔ ثَوْبٌ أَرْعَلُ: لمبا اور ڈھیلا لباس یا جس کے پلّے لٹکے ہوئے ہوں۔ عُشْبٌ أَرْعَلُ: لمبائی کی وجہ سے مڑ جانے والی گھاس۔
ضَرْبٌ أَرْعَلُ: ایسی ضرب کے گوشت کاٹ ڈالے۔ غُلَامٌ أَرْعَلُ: غیر مختون بچہ ج: رُعْلٌ۔
الرَّاعِلُ: کھجور کی ایک خراب قسم یا عمدہ قسم کی کھجور
الرَّعَّالُ: ناک سے بہنے والا مادہ خون یا ریزش وغیرہ۔
الرَّعْلُ: پہاڑ کا باہر نکلا ہوا کنارہ (۲) لباس، کپڑے۔ کہتے ہیں: مَرَّ يَجُرُّ رَعْلَهُ: وہ اپنے کپڑوں کو گھسیٹتا ہوا آگیا، چوپائے کے کان کی وہ کھال جسے چیر کر پیچھے کی طرف لٹکا دیا گیا ہو۔
الرُّعْلُ: انگور کی کونپلیں۔ واحد: رُعْلَةٌ۔
الرَّعْلَاءُ: بکری جس کا کان چیر دیا گیا ہو یا لمبے کان والی ج: رُعْلٌ۔
الرَّعْلَةُ: ہر اول دستہ، پیش رو جماعت، لوگوں کی ٹولی (۲) مادہ شتر مرغ (۳) اہل و عیال بال بچے یا بڑا کنبہ، زیر پرورش افراد۔ کہتے ہیں: تَرَكَ رَعْلَةً و عِيَالًا رَعْلَةً۔ (۴) چوپائے کے کان کی چھوٹی سی کھال جسے چیر کر پیچھے لٹکا دیا گیا ہو (۵) کھجور کا لمبا درخت۔ کہتے ہیں: نَخْلَةٌ رَعْلَةٌ۔ (۶) ایک قسم کا پودا جس کا پھل بینگن جیسا اور خاردار ہوتا ہے (۷) خراب قسم کی کھجور (۸) ختنہ میں کاٹی جانے والی کھال ج: رِعَالٌ۔
الرُّعْلَةُ: انگور کی بیل کی کونپل (۲) سر پر لگانے کا پھولوں کا تاج۔
الرُّعْلَةُ: أَبُو رُعْلَةَ: بھیڑیے کی کنیت۔
الرَّعْوَلِيُّ: شِوَاءٌ رَعْوَلِيٌّ: نیم پختہ یا نیم گلا ہوا گوشت۔
الرَّعِيلُ: تھوڑے افراد کی ٹولی مختصر جماعت (انسانوں کی یا گھوڑوں کی) جانوروں کا ریوڑ

پرندوں کا جھنڈ یا وہ جماعت یا دستہ جو سب سے آگے ہو۔ فُلانٌ مِنَ الرَّعِيلِ الأَوَّلِ: فلاں صف اول کا آدمی ہے ج: أَرْعَال و رِعَالٌ ج: أَرَاعِيلُ۔ أَرَاعِيلُ الرِّيَاحِ او السَّحَابِ: ابتدائی ہوائیں یا ابتدائی بادل یا ایک دوسرے کو دھکیلنے والے۔

المِرْعَلُ: تیز تلوار۔ سَيْفٌ مِرْعَلٌ ج: مَرَاعِلُ۔

المُرَعَّلُ: عمدہ مال۔

المُسْتَرْعِلُ: گلہ سے نکلا ہوا جانور (۲) گلہ بان۔

•رَعَمَ ـَ رَعْمًا و رُعَامًا: سنک (ناک کی ریزش) بہنا۔ هو و هي رَعُومٌ۔

ــــ المُخَاطُ: دبلے پن اور کمزوری کی وجہ سے ناک بہنا۔

ــــ الشيءَ رَعْمًا: نگاہ رکھنا، خیال رکھنا، نگرانی کرنا۔

ــــ الشَّمْسَ: سورج ڈوبنے کا انتظار کرنا

رَعُمَ ـُ رَعَامَةً: رَعَمَ۔

رَعَّمَهُ: ناک صاف کرنا، پونچھنا۔

الرَّعَّامُ: نگاہ کی تیزی جو کسی چیز کے دیکھنے اور تاکنے کے وقت ہوتی ہے۔

الرُّعَامُ: ناک (ریزش، رینٹ، سنک) (۲) ناک بہنے کی بیماری (۳) ایک متعدی ہلک مرض

الرِّعْمُ: چربی ج: رُعُومٌ و أَرْعَامٌ۔

أُمُّ رِعْمٍ: بجو کی کنیت۔

الرَّعُومُ: بہت دبلا (۲) ناک بہنے کا مریض۔

•رَعَنَ ـَ رُعُونَةً: ناسمجھ ہونا، اوچھا ہونا

ــــ الشَّمْسُ فُلانًا رَعْنًا: دھوپ کا دماغ پر اثر انداز ہونا اور اس کی وجہ سے نڈھال اور بے ہوش ہوجانا۔

رَعِنَ ـَ رَعَنًا و رُعُونَةً: رَعَنَ۔ هو أَرْعَنُ و هي رَعْنَاءُ ج: رُعْنٌ۔

رَعُنَ ـُ رَعَنًا و رُعُونَةً: ناسمجھ اور اوچھا ہونا۔

رُعِنَ: بے ہوش ہونا۔ هو مَرْعُونٌ۔

الأَرْعَنُ: ناسمجھ، اوچھا، اوچھی باتیں کرنے والا (کم ظرف اور کم ظرفی کی باتیں کرنے والا)۔

جَيْشٌ أَرْعَنُ: لشکر جرار (۲) ٹھاٹھیں مارتا ہوا لشکر۔

جَبَلٌ أَرْعَنُ: ابھرواں بلند کنارہ دار والا پہاڑ (یعنی ناک کی طرح ابھری ہوئی جس کی بہت سی شاخیں ہوں)۔

رَجُلٌ أَرْعَنُ: لمبی ناک والا ج: رُعْنٌ۔

الرَّعْنُ: دھوپ کا اثر (جانور کی کھوپڑی میں دھوپ کی گرمی سے پیدا ہونے والی اختباس کی کیفیت) ناک کی طرح ابھری ہوئی پہاڑ کی زبردست شاخ ج: رُعُونٌ و رِعَانٌ۔

الرَّعْنَاءُ: أَرْعَنُ کی تانیث ج: رُعْنٌ (۲) طائف کا سفید لمبے دانوں والا انگور (۳) بصرہ کا ایک نام (بصرہ ملک عراق کا مشہور شہر ہے)۔

الرَّعُونُ: سخت، بہت متحرک۔

الرُّعُونَةُ: اوچھا پن، ناسمجھی (۲) شدت و سختی (۳) اصطلاح صوفیہ میں خواہشات نفس اور تقاضائے طبیعت کا ساتھ دینے کا نام ہے۔

•رَعَا عنه ـُ رَعْوًا و رَعْوَى: باز رہنا، رکنا۔

ــــ فُلانًا رَعْوًا: باز رکھنا، روکنا، ڈانٹنا

ارْعَوَى عنه: رکنا، باز رہنا۔

الأُرْعَاوِيَّةُ: شاہی مویشی جن پر امتیازی نشانات ہوں۔

الأُرْعُوَةُ: ہل کا جوا جو بیلوں کے کندھے پر رکھا جاتا ہے۔

الرُّعَاوَى: لوگوں (مالکان) کے آس پاس چرنے والے اونٹ۔

الرَّعَاوِيَّةُ: بادشاہ کے چرنے والے خصوصی مویشی اور ان کے ساتھ دوسروں کے مویشی۔

•رَعَى الماشيةَ ـَ رَعْيًا و مَرْعًى: جانور کو چرانا۔

ــــ الحَيَوَانُ: جانور کا چرنا۔

ــــ النَّبَاتَ: گھاس چرنا۔

ــــ الشيءَ رَعْيًا و رِعَايَةً: خیال رکھنا، حفاظت کرنا، لحاظ کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا" (۲) نگرانی کرنا، ذمہ داری لینا، پرورش کرنا، انتظام کرنا۔

أَمْرَ الرَّعِيَّةِ: رعایا کا انتظام کرنا۔

ــــ لَهُ: پاس داری کرنا، خیال رکھنا، قرآن پاک میں ہے: "وَالَّذِينَ هُمْ لِأَمَانَاتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُونَ"۔

ــــ مَاشِيَةَ فلانٍ رَعْيًا: کسی کے مویشی چرانا۔

ــــ الماشيةُ رَعْيًا و مَرْعًى: مویشیوں کا خود چراگاہ میں جانا۔

أَرْعَتِ الأَرْضُ: زمین میں خوب چارہ ہونا، بہت چارے والی ہونا (زیادہ چراگاہ والی ہونا)۔ الأَرْضُ مُرْعِيَةٌ۔

أَرْعَى عليه: محفوظ رکھنا (۲) شفقت و مہربانی کرنا۔

ــــ إليه: توجہ سے سننا، دھیان دینا، کہتے ہیں: فُلانٌ لا يُرْعِي إلى قَوْلِ أَحَدٍ: وہ کسی کی بات پر دھیان نہیں دیتا۔

ــــ الماشيةَ: مویشی چرانا۔

ــــ اللهُ الماشيةَ: اللہ کا مویشیوں کیلئے چارہ اگانا۔

ــــ فُلانًا المكانَ: کسی کے لئے کسی جگہ کو چراگاہ بنانا۔

ــــ فُلانًا سَمْعَهُ: دھیان دینا، غور سے سننا

رَاعَاهُ مُرَاعَاةً: لحاظ کرنا، ملحوظ رکھنا، دیکھ بھال کرنا، نگرانی کرنا۔

رَاعَی الْأَمْرَ: معاملہ پر نظر رکھنا، اسکے نشیب و فراز پر نظر رکھنا (۲) حفاظت کرنا، محفوظ رکھنا (۳) کسی کے ساتھ چرنا۔ جیسے: رَاعَی الجَمَلُ الخَرُوفَ: اونٹ کا دنبہ کے ساتھ چرنا

___ فُلَانًا سَمْعَهٗ: توجہ دینا، بات کو غور سے سننا۔ هُوَ لَا يُرَاعِي إِلَيهِ: وہ اس کی طرف التفات نہیں کرتا۔

___ فُلَانًا: رعایت کرنا، پاس داری کرنا، پاس خاطر رکھنا۔

___ خَاطِرَهٗ: دل داری کرنا، پاس خاطر کرنا

___ الجَمِيلَ: ممنون کرم ہونا۔

رَعَاهٗ: کسی کو رَعَاكَ اللّٰهُ (اللہ تمہاری حفاظت فرمائے) کہنا۔

اِرْتَعَتِ المَاشِيَةُ: مویشی کا چرنا۔

___ المَاشِيَةُ الرِّعْيَ: مویشی کا چارہ کھانا

تَرَعَّتِ المَاشِيَةُ: چرنا۔

___ المَاشِيَةُ العُشْبَ: مویشی کا ہری گھاس کھانا۔

اِسْتَرْعَاهُ الشيءَ: کسی سے کسی شے کی حفاظت کرانا، نگرانی اور دیکھ بھال کرانا۔ کہاوت ہے: مَنِ اسْتَرْعَى الذِّئْبَ فَقَدْ ظَلَمَ: جو بھیڑیے سے نگرانی کرائے گا وہ (بکریوں پر) ظلم کرے گا۔ ایسے شخص کے بارہ میں کہا جاتا ہے جو بددیانت کو امانت سونپتا ہے یا نااہل کو کسی کام کا ذمہ دار بناتا ہے

___ الالتِفَاتَ: توجہ مبذول کرانا، باعث التفات ہونا۔

هذا مما يَسْتَرْعِي النَّظَرَ والسَّمْعَ: یہ بات قابل توجہ اور لائق التفات ہے۔

___ فُلَانًا المَاشِيَةَ: کسی سے مویشی چروانا

التُّرْعَايَةُ: آبائی چرواہا (یعنی جس کے آبا و اجداد کا پیشہ مویشی چرانا رہا ہو)۔

التِّرْعِيُّ: صحیح تربیت و مصرف کا محافظ۔ کہتے ہیں: إِنَّهٗ لَتِرْعِيُّ مَالٍ: اس کے پاس مال محفوظ رہتا ہے صحیح مصرف میں خرچ کرتا ہے اور اونٹوں کی اچھی طرح پرورش کرتا ہے

التِّرْعِيَّةُ: التِّرْعِيُّ۔

الرَّاعِي: چرواہا (۲) نگراں (۳) حاکم (۴) محافظ (۵) جاسوس ج: رُعَاةٌ و رُعْيَانٌ و رُعَاءٌ و رِعَاءٌ: قرآن پاک میں ہے: "حَتّٰى يُصْدِرَ الرِّعَاءُ وَأَبُونَا شَيْخٌ كَبِيرٌ"

رَاعِي البُسْتَانِ: ایک قسم کی ٹڈی جو اچھلتی ہے اور اڑتی پھرتی ہے۔

رَاعِي الجَوْزَاءِ و رَاعِي النَّعَائِمِ: دو ستارے۔

الرَّاعِيَةُ: مؤنث الرَّاعِي ج: رَوَاعٍ۔

رَاعِيَةُ الشَّيْبِ و رَوَاعِيه: بڑھاپے کی شروعات۔

___ الرأسِ: جوں۔

الرِّعَايَةُ: چرانے کا پیشہ، چرواہاگری، گلہ بانی (۲) حفاظت و نگرانی (۳) لحاظ و خیال (۴) توجہ (۵) حمایت و تائید (۶) سرپرستی

الرِّعَايَةُ الاجْتِمَاعِيَّةُ: معاشرتی تحفظ حقوق، سوشل ویلفیر۔

رِعَايَةُ الحَفْلِ: جلسہ کی صدارت۔

رِعَايَةٌ صِحِّيَّةٌ: حفظان صحت۔

رِعَايَةٌ طِبِّيَّةٌ: علاجی تحفظ، دیکھ بھال۔

رِعَايَةُ المَصَالِحِ: مفادات کی نگرانی۔

تَحْتَ رِعَايَةِ فُلَانٍ: زیرنگرانی، زیر اہتمام۔

رُعَاةُ الدِّينِ: دین کے پاسبان۔

الرَّعَوِيَّةُ: انسان کا کسی کی رعیت ہونا، رعایا ہونا (۲) رعیت کا (۳) ملکی حقوق، نیشنلٹی۔

الرَّعْيُ: چرائی (۲) حفاظت۔ رَعْيًا لَكَ (دعائیہ جملہ) خدا تمہاری حفاظت کرے۔

الرِّعْيُ: چارہ: مویشی کی گھاس ج: أَرْعَاءٌ۔

الرِّعْيَةُ: چرنے یا چرانے کی کیفیت، نوعیت حفاظت و گلہ بانی۔ کہتے ہیں: هو حَسَنُ الرِّعْيَةِ او سَيِّئُ الرِّعْيَةِ: وہ اچھی طرح چراتا ہے یا بری طرح چراتا ہے (۲) وہ زمین جس میں پتھر کی نوکیں ہل چلانے میں رکاوٹ بنتی ہوں (۳) قدرتی چراگاہ۔

الرَّعِيَّةُ: چرنے والے مویشی (۲) زیر حفاظت و نگرانی مویشی (۳) عوام الناس جو کسی حاکم یا منتظم کے ماتحت ہوں اور وہ ان کے معاملات کی دیکھ بھال اور انتظام و انصرام کرتا ہو۔ (پبلک، رعایا) محکوم لوگ، ماتحت جماعت ج: رَعَايَا۔

المُرَاعَاةُ: لحاظ، رعایت، پاس داری، حمایت

مُرَاعَاةُ النَّظِيرِ: اہل بدیع کے نزدیک یہ ہے کہ کسی شے کو اس کے مناسب چیزوں کے ساتھ جمع کر دیا جائے جن سے باہم تضاد نہ ہو جیسے: سوق (بازار) بيع (فروخت) دَلَّال کو ایک جگہ ذکر کیا جائے

مُرَاعَاةُ الحقوق: حقوق کی حفاظت۔

مُرَاعَاةُ الواجبات: فرائض کی پابندی۔

مُرَاعِي المواعِيدِ: پابند اوقات۔

المَرْعَى: چارہ، جانوروں کے کھانے کی ہریالی قرآن پاک میں ہے: "وَالَّذِي أَخْرَجَ المَرْعَى" کہاوت ہے: مَرْعًى وَلَا كَالسَّعْدَانِ: ایسی چیز کے بارہ میں بولا جاتا ہے جسے اس کے مشابہ چیزوں پر ترجیح دی جائے (۲) چراگاہ ج: مَرَاعٍ۔

المَرْعَاةُ: المَرْعَى۔

ر ـــــ غ

رَغِبَ فُلَانٌ ـ رَغْبًا و رَغْبَةً و رُغْبَةً: خواہش مند ہونا، خواہش کرنا (۲) آمادہ ہونا۔

___ اليه: مائل ہونا، مشتاق ہونا۔

___ في شيءٍ: چاہنا، پسند کرنا، خواہش کرنا، مشتاق ہونا (۲) دلچسپی رکھنا، دلچسپی لینا۔

رَغِبَ الیه فی کذا: عاجزانہ درخواست کرنا، کسی سے عاجزی کے ساتھ کوئی چیز چاہنا، مانگنا۔
— عن الشَّیءِ: کسی چیز سے کنارہ کش ہونا، چھوڑنا، نفرت کرنا، اعراض کرنا، بے توجہی اختیار کرنا۔
— بنَفْسِه عن الشَّیءِ: کسی چیز سے خود کو الگ رکھنا، معمولی بات سمجھ کر اس سے علیحدہ رہنا۔
— بنَفْسِه عن فُلانٍ: کسی پر اپنی برتری محسوس کرنا۔
— بفلانٍ عن کذا: کسی کو کسی چیز سے الگ رکھنا، اس کے لئے اس چیز کو برا سمجھنا
— الشَّیءَ و فیه: چاہنا، ارادہ کرنا۔ کہتے ہیں: رَغِبَ رَأْیُهُ أحْسَنَ الرُّغْبِ: فیاض و وسیع الخیال ہونا۔
رَغُبَ ـُ رَغَابَةً و رُغْبًا: کشادہ اور بڑا ہونا جیسے: رَغُبَ الوَادِی۔
— فُلانٌ: بسیار خور ہونا، ہر وقت کھانے کی فکر میں رہنا۔ هو رَغِیبٌ و رِغِبٌّ و هی رَغِیبَةٌ۔
— الأرْضُ: زمین کا نرم و کشادہ ہونا۔
أرْغَبَ فُلانٌ: صاحب وسعت اور بسیار خور ہونا۔
— فُلانٌ فُلانًا فی الشَّیءِ و إلَیهِ: کسی کو کسی چیز کا خواہش مند بنانا، کسی چیز کی ترغیب دینا، مشتاق بنانا، آمادہ کرنا
— فُلانٌ عَنْهُ: الگ رکھنا، بچانا۔
— الشَّیءَ: کشادہ کرنا۔ أرْغَبَ اللّٰهُ قَدْرَكَ: اللہ تعالیٰ تمہاری شان دوبالا کرے، قدر و منزلت بڑھائے۔
رَغَّبَهُ فیه: خواہش مند بنانا، ترغیب دینا، مشتاق بنانا (۲) خواہش پوری کرنا۔
ارْتَغَبَ الحِمْلُ: (سامان وغیرہ کا) وزنی ہونا بوجھل ہونا۔ هو مُرْتَغِبٌ۔

ارْتَغَبَ الشَّیءَ و فیه: چاہنا، خواہش کرنا
تَرَاغَبَ: کشادہ اور فراخ ہونا۔
— فیه: چاہنا، خواہش کرنا۔ تَرَاغَبُوا فی الخَیرِ: ایک دوسرے کے لئے بھلائی چاہنا۔
الرِّغَابُ: نرم زمین ج: رُغُبٌ۔
الرُّغُبُ: بہت پانی پینے (جذب کرنے) والی زمین۔
الرُّغْبَانَةُ: چپل کا تسمہ، جوتے کا تسمہ (۲) تسمہ کی جوتے کے نیچے لگنے والی گرہ۔
الرَّغْبَةُ: خواہش، میلان، شوق ج: رَغَبَات
الرَّغِیبُ: وَادٍ رَغِیبٌ: پانی بہت جذب کرنے والی وادی۔ رَجُلٌ رَغِیبٌ: لمبے لمبے ڈگ بھرنے والا، جلد فاصلہ طے کرنے والا۔ حِمْلٌ رَغِیبٌ: زیادہ بوجھ، بھاری لدان ج: رِغَابٌ و رُغُبٌ (۲) مرغوب و محبوب چیز۔
الرَّغِیبَةُ: رَغِیبٌ کا مؤنث۔ آرزو، مرغوب شے (۲) بڑا عطیہ، بہت بخشش ج: رَغَائِبُ فُلانٌ یُفِیدُ الغَرَائِبَ و یُفِیءُ الرَّغَائِبَ: فلاں بہت سخی ہے (قیمتی اور مرغوب چیزوں سے دوسروں کو فائدہ پہنچاتا ہے)۔
المَرْغَبُ: خواہش (۲) زندگی کا میدان ج: مَرَاغِبُ۔
المَرْغُوبَاتُ و المَرَاغِبُ: پسندیدہ چیزیں، خواہشات۔
المَرْغَبَةُ: المَرْغَبُ۔
•رَغَثَ أُمَّهُ ـَ رَغْثًا: ماں کا دودھ پینا۔
— فُلانًا: مانگ مانگ کر کسی سے سب کچھ لے لینا (۲) بار بار مانگنا۔
رُغِثَ رَغْثًا: مانگے جانے کی وجہ سے (داد و دہش کی کثرت کی وجہ سے) کسی کا سب کچھ ختم ہو جانا۔ هو مَرْغُوثٌ و هی مَرْغُوثَةٌ۔ فُلانٌ أمْوَالُهُ مَرْغُوثَةٌ

فَمَا لِأحَدٍ عِنْدَهُ مَغُوثَةٌ: اس کی ساری دولت مانگ مانگ کر ختم کر دی گئی اب اس کے پاس مدد کے لئے کچھ نہیں ہے
رُغِثَتِ المَرْأةُ: عورت کے پستان کی رگ میں تکلیف ہونا۔ هی مَرْغُوثَةٌ۔
أرْغَثَتْهُ: دودھ پلانا (ماں کا اپنے بچہ کو)
— فُلانًا: بار بار مانگنا (۲) بار بار نیزہ مارنا۔
ارْتَغَثَهَا: (بچہ کا اپنی ماں کا) دودھ پینا۔
الرَّغَاثُ: پانی کو بہت جذب کرنے والی زمین (بہت زیادہ بارش ہی سے اس پر پانی بہے ورنہ خشک ہو جائے)۔
الرُّغْثَاءُ: عورت کے پستان میں دودھ کی رگ (یہ لفظ مفرد ہے)
الرَّغُوثُ: دودھ پلانے والی۔ کہاوت ہے: فُلانٌ أکَلُ من بِرْذَوْنَةٍ رَغُوثٍ: فلاں آدمی دودھ پلانے والی ٹٹو گھوڑی سے بھی زیادہ کھاؤ ہے ج: رِغَاثٌ و رَغَائِثُ۔
المَرْغَثُ: انگلی میں انگشتری پہننے کی جگہ۔
•رَغِدَ العَیشُ ـَ رَغَدًا: زندگی کا خوش گوار ہونا، آسودہ اور فراخ ہونا۔ هو رَغْدٌ و رَاغِدٌ و أرْغَدُ۔
رَغُدَ العَیشُ ـُ رَغَدًا و رَغَادَةً: رَغِدَ۔ هو رَغْدٌ و رَغِیدٌ۔
أرْغَدَ: آسودہ حال ہونا، زندگی کی فراخی اور خوش گواری پانا۔
— عَیشَهُ: زندگی کو خوش گوار اور آسودہ بنانا۔
— المَاشِیَةَ: مویشی کو چرنے کے لئے آزاد چھوڑنا۔
اسْتَرْغَدَ العَیشَ: زندگی کے مزے لینا اور اسے فراخ و کشادہ پانا۔
ارْغَادَّ اللَّبَنُ: دودھ کا گاڑھا ہونا پوری طرح نہ جمنا۔
— فُلانٌ: کسی کی حالت بدل جانا، رنگ

بدل جانا اور بیماری یا غصہ یا کم خوابی کی بنا پر بے چینی اور سستی طاری ہونا۔
أَرْغَادُ النَّائِمِ: سونے والے کا جاگنا اور اس پر سستی کا اثر ہونا۔
ــــ فِي رَأْيِهِ: رائے میں متردد ہونا، جم کر فیصلہ نہ کرنا۔
ــــ الغَضْبَانُ: غصہ کی وجہ سے جواب نہ دے پانا۔
الرَّاغِدُ: آسودہ حال، آسودہ و فراخ زندگی والا۔ هي رَاغِدَة۔
الرَّغَدُ: فراخ و آرام دہ زندگی، آسودہ حالی قرآن پاک میں ہے: "فَكُلُوا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا"
هو في رَغَدٍ مِنَ العَيْشِ: وہ آسودہ زندگی گزار رہا ہے۔
عِيشَةٌ رَغَدٌ، خوش حالی کی زندگی آسودہ زندگی۔
الرَّغَادَةُ: آسودہ حالی، زندگی کی فراخی۔
الرَّغِيدُ: خوش گوار زندگی۔
الرَّغِيدَةُ: مونث: الرَّغِيد (۲) فرنی کی طرح دودھ اور آٹے کا پتلا حلوا (۳) مکھن ج: رَغَائِد۔
المَرْغَدَةُ: باغیچہ ج: مَرَاغِد۔
رَغْرَغَ العَيْشُ: رَغِدَ۔ آسودگی اور خوشحالی میں مست ہونا۔
ــــ فُلَانٌ: بھلائی میں ڈوبا ہوا ہونا۔
ــــ المَاشِيَةُ: جانوروں کا ہر روز جس طرح چاہیں پانی پر جانا (۲) ترش گھاس کھا کر (جو پانی کے گرد ہوتا ہے) پانی پینا۔
ــــ الإِبِلَ: اونٹوں کو ترش گھاس کھانے پر مجبور کرنا۔
ــــ الأَمْرَ: چھپانا۔
المُرَغْرَغُ: کچا سوت جسے پختہ نہ کیا گیا ہو۔
•رَغَسَت المَرْأَةُ ـَ رَغْسًا: بہت اولاد والی ہونا۔

رَغَسَ اللّٰهُ القَوْمَ: اللہ کا افراد قوم میں اضافہ کرنا اور ترقی دینا۔
ــــ اللّٰهُ المَالَ او الوَلَدَ: اللہ کا کسی کے مال و اولاد میں برکت دینا۔
ــــ اللّٰه فلانًا مَالًا او وَلَدًا كَثِيرًا: اللہ کا کسی کے مال و اولاد میں کثرت کے ساتھ برکت دینا۔
أَرْغَسَ اللّٰهُ المَالَ: رَغَسَهُ۔
أَرْغَسَهُ مَالًا: کسی کو بہت سامال دینا۔
ــــ نَفْسَهُ: خود کو خوش حال کرنا، اپنے دل کو خوش کرنا۔
رَغَّسَهُ: أَرْغَسَهُ۔
اِسْتَرْغَسَهُ: کمزور اور نرم سمجھنا۔
الرَّغْسُ: خیر و برکت، اضافہ و ترقی ج: أَرْغَاسٌ۔
الرِّغْسُ: ولادت کے وقت بچہ کے ساتھ نکلنے والی آلودگی (جیسے ناک کی ریزش) یا سر پر لگی باریک جھلی (۲) روئیدگی ج: أَرْغَاسٌ۔
المُرْغِسُ: فراخ زندگی۔
المَرْغُوسُ: وَجْهٌ مَرْغُوسٌ: کھلا ہوا مبارک چہرہ۔ رَجُلٌ مَرْغُوسٌ، صاحب خیر و برکت، آسودہ حال۔
المَرْغُوسَةُ: بہت جننے والی عورت (۲) الجھن، پیچیدگی۔ هم في مَرْغُوسَةٍ مِنْ أَمْرِهِمْ۔
•رَغَشَ عَلَيْهِ ـَ رَغْشًا: کسی کے خلاف ہنگامہ کرنا۔ کہتے ہیں: لا تَرْغَشْ عَلَيْنَا۔
•الرَّغِيغَةُ: بلوئے ہوئے دودھ کے جھاگ مکھن (۲) گرم کیا ہوا دودھ جس میں قلیل سے آٹا ملا دیا گیا ہو (یہ حالت نفاس والی عورت کے لئے بنایا جاتا تھا) (۳) کھجور کے شیرہ سے بنایا ہوا ایک کھانا (۴) پتلا گندھا ہوا آٹا (۵) نرم گھاس (۶) عمدہ زندگی۔

•رَغَفَ العَجِينَ وَنَحْوَهُ ـَ رَغْفًا: گندھے ہوئے آٹے وغیرہ کا پیڑا بنانا یا ٹکیہ بنانا (پکانے کے لئے)۔
رَغَّفَ: رَغَفَ۔
الرَّغِيفُ: روٹی، آٹے کی ٹکیہ ج: أَرْغِفَةٌ و رُغْفَانٌ و رُغُفٌ۔
•رَغَلَ أُمَّهُ ـَ رَغْلًا و رَغْلَةً: بچہ کا ماں کے دودھ کا جلدی سے ایک گھونٹ لے لینا، دودھ پینا۔
رَغِلَ ـَ رَغَلًا: بے ختنہ ہونا۔
أَرْغَلَ: بے موقع کام کرنا، غلط جگہ پر رکھنا، غلطی کرنا، بہکنا۔
ــــ الزَّرْعُ: کھیتی کے خوشوں میں دانہ پڑ جانا۔
ــــ فُلَانٌ: بچوں جیسی حرکتیں کرنا، بچوں جیسی باتیں کرنا۔
ــــ الأُمُّ المَوْلُودَ: ماں کا اپنے بچہ کو دودھ پلانا
ــــ الطَّائِرُ فَرْخَهُ: پرندہ کا اپنے بچہ کو دانہ کھلانا۔
ــــ المَاءَ: پانی زیادہ گرانا۔
ــــ إليه: مائل ہونا۔
الأَرْغَلُ: غیر مختون (۲) العَيْشُ الأَرْغَلُ: آسودہ زندگی۔
الأُرْغُولُ: دیکھئے: (ارغول)
الرِّغْلُ: ایک تلخ گھاس ج: أَرْغَالٌ۔
الرُّغْلَةُ: ماں کی بے خبری میں اچانک پیا ہوا دودھ۔
الرُّغْلَةُ: ختنہ کے وقت قطع کی جانے والی کھال ج: رُغَلٌ۔
الرَّغُولُ: شَاةٌ رَغُولٌ: بکری جو بھیڑ کا دودھ پیے۔ فُلَانٌ رِمٌّ رَغُولٌ: ہر چیز جو ہاتھ لگے کھا جانے والا ج: رُغُلٌ۔
•رَغَمَ ـَ رَغْمًا و مَرْغَمًا و مَرْغَمَةً: ذلیل ہونا (۲) ناپسندیدگی کی بنا پر حقیر و ذلیل ہونا۔
رَغِمَ أَنْفُهُ: ناپسند کرنا، اظہار ناگواری کرنا۔

حدیث میں ہے: "وإنْ رَغَمَ أنْفُ أبِي الدَّرْدَاءِ"

رَغَمَ الشيءَ: کسی چیز کو مٹی کے ساتھ ملا دینا، زمین سے لگانا، خاک آلود کرنا، نفرت کرنا

ــــ فُلانًا: مجبور کرنا، ذلیل کرنا۔

رَغِمَ ـَ رَغْمًا: مٹی سے لگ جانا (۲) ذلیل ہونا، عاجز و درماندہ ہونا۔ رَغِمَ أنْفُ فُلَانٍ کے بھی یہی معنی ہیں۔ حدیث معقل بن یسار میں ہے: "رَغِمَ أنْفِي لأمْرِ اللهِ: حکم الٰہی کے لئے میں سرنگوں اور درماندہ ہوں (۲) کسی بات پر مجبور ہونا۔ هو رَغِيمٌ ج: رُغَمَاءُ و رِغَامٌ وهي رَغِيمَةٌ ج: رَغَائِمُ۔

أرْغَمَهُ: مجبور کرنا، ذلیل کرنا، مغلوب کرنا، ناراض کرنا، خاک آلود کرنا۔ أرْغَمَ أنْفَهُ کے بھی یہی معنی ہیں۔

رَاغَمَ: علیحدگی اختیار کرنا، علیحدگی اختیار کر کے دشمن پر اتر آنا۔ کہاوت ہے: فُلَانٌ لا يُرَاغِمُ شَيْئًا اذا لَمْ يُعْوِزْهُ شَيءٌ: فلاں کی اگر کوئی چیز گم نہ ہو تو وہ قطعاً بے تعلقی اختیار نہیں کرتا۔

رَغَّمَهُ: رَغَمَهُ۔ ذلیل و خوار کرنا، خاک آلود کرنا دو سجدۂ سہو والی حدیث میں ہے: "کَانَتَا تَرْغِيمًا لِلشَّيْطَانِ" وہ دونوں شیطان کی تذلیل کے لئے ہیں (۲) کسی کو رَغْمًا کہنا (یعنی تم ذلیل ہو)۔

ــــ فُلَانٌ أنْفَهُ: عاجز و درماندہ ہونا، ذلیل و خوار ہونا۔

تَرَغَّمَ فُلانًا: کسی کی مرضی کے خلاف کام کرنا

الرَّاغِمُ: ذلیل (۲) مجبور، مغلوب۔

الرَّغَامُ: مٹی۔ ألْقَاهُ في الرَّغَامِ: ذلیل و خوار کرنا۔

الرُّغَامَى: ناک (۲) پھیپھڑے کی نالی (۳) جگر بڑھنے کی بیماری۔

الرُّغَامَةُ: ضرورت، خواہش و طلب۔

الرَّغْمُ: مٹی (۲) ذلت (۳) مجبوری (۴) ناگواری على رَغْمِهِ و عَلَى الرَّغْمِ مِنْهُ و رَغْمًا منه: اس کی ناگواری کے باوجود، اس کی مرضی کے خلاف۔

الرُّغْمُ: نفرت، ذلت، خواری، ناگواری۔ فَعَلَه عَلَى رُغْمِهِ: اس کی ناگواری کے باوجود اس نے وہ کام کیا۔

المُرَاغَمُ: جانے اور بھاگنے کی جگہ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمَنْ يُهَاجِرْ فِي سَبِيلِ اللهِ يَجِدْ فِي الأرْضِ مُرَاغَمًا كَثِيرًا وَسَعَةً" (۲) پناہ گاہ (۳) قلعہ۔

المِرْغَامُ: غصہ دلانے والا م: مِرْغَامَةٌ۔

المَرْغِمُ: ناک۔ کہاوت ہے: مَا لِي عن ذٰلِكَ مَرْغَمٌ: مجھے اس سے باز رکھنے والی کوئی چیز نہیں ج: مَرَاغِمُ۔

مَرَاغِمُ الإنْسَان: ناک اور اس کے اطراف۔

المَرْغَمَةُ: ضرورت۔ لي عِنْدَهُ مَرْغَمَةٌ: اس سے میری ضرورت وابستہ ہے (۲) ذلت و خواری ج: مَرَاغِمُ۔

• رَغَنَ إلَيه ـَ رَغْنًا: مائل ہونا، متوجہ ہونا (۲) کسی کی بات کو غور سے سننا اور اسے مان لینا۔

ــــ فيه: خواہش و لالچ کرنا۔

ــــ فُلَانٌ: مزے اڑانا، مزے سے کھانا پینا يَوْمُ رَغْنٍ: تفریح کا دن جس میں خوب مزے لے لے کر کھایا پیا جائے۔

أرْغَنَ: فرماں بردار ہونا۔

ــــ اليه: متوجہ ہونا، کسی کی بات کو غور سے سننا اور مان لینا۔

ــــ فُلانًا: لالچ دلانا۔

ــــ الأمْرَ: آسان کرنا۔

• الأرْغُنُ و الأرْغُون: ایک باجے کا نام، آرگن۔ دیکھئے (ارغن)

• رَغَا ـُ رَغْوًا: جھاگ دار ہونا، جھاگ آنا، بلبلے اٹھنا۔

ــــ البَعِيرُ و نَحْوُهُ رَغْوًا و رُغَاءً: اونٹ وغیرہ کا بلبلانا، چیخنا، شور مچانا۔

ــــ الصَّبِيُّ: بچہ کا بلبلانا، بہت زور سے رونا

ــــ الرَّعْدُ: گرج ہونا، بادل کا زور سے گرجنا، کڑکنا۔

ــــ فُلَانٌ: بہت بولنا۔

أرْغَى: جھاگ دار ہونا، بہت جھاگ اٹھنا۔

ــــ فُلَانٌ: غصہ سے منہ میں جھاگ اٹھنا، غیظ و غضب سے لال پیلا ہونا، چیخنا چلانا دھمکی دینا۔ کہتے ہیں: جِئْتُهُ فَمَا أرْغَى ولَا أثْغَى: میں اس کے پاس آیا مگر اس نے مجھے نہ بکری دی اور نہ اونٹنی (یعنی کچھ بھی نہ دیا)۔

ــــ البَعِيرَ و نَحْوَهُ: اونٹ وغیرہ کو بولنے پر اکسانا، غصہ دلانا۔

ــــ فُلانًا: مغلوب کرنا، ذلیل کرنا (۲) غصہ دلانا

ــــ فُلانًا الحَدِيثَ: کسی سے کم بات کرنا۔

رَغَّى الشيءُ: جھاگ اٹھنا (رَغَّى و أرْغَى و رَغَا اللَّبَنُ والصَّابُونُ)۔ اسی سے ہے كَلَامٌ مُرَغٍّ: مبہم اور غیر واضح بات

ــــ البَعِيرَ و نَحْوَهُ: أرْغَاهُ۔

ــــ فُلانًا: غصہ دلانا، ناراض کرنا۔

ارْتَغَى الرَّغْوَةَ: جھاگ پینا۔ کہاوت ہے: يُسِرُّ حَسْوًا في ارْتِغَاءٍ (وہ جھاگ کی آڑ لے کر اصل مشروب کو پی جاتا ہے، ایسے شخص کے بارہ میں کہا جاتا ہے جو ظاہر کچھ کرتا ہو اور عمل اس کے خلاف کرتا ہو) (۲) کف گیر یا چمچہ وغیرہ سے جھاگ اتارنا۔

تَرَاغَوْا: لوگوں کا مختلف جگہوں پر شور مچانا، اسی سے ہے تراغَتِ الرِّكَابُ: قافلوں میں شور مچا کوئی کہیں بول رہا ہے کوئی کہیں۔

ــــ عَلَيه: کسی کے خلاف ایک دوسرے کو چیخ چیخ کر بلانا۔ حدیث میں ہے: "إنَّهُمْ

وَاللهِ تَرَاغَوْا عليه فقتلوه"۔
الرَّاغِيَةُ: اونٹنی ۔ کہتے ہیں: مَالَهُ ثَاغِيَةٌ و لا رَاغِيَةٌ: اس کے پاس نہ بکری ہے نہ اونٹنی (۲) اونٹ کی بلبلاہٹ، اونٹ کے بولنے کی آواز۔ کہاوت ہے: كانت عَلَيْهِمْ كَرَاغِيَةِ الْبَكْرُ: وہ ان لوگوں کے لئے نحوست میں نوجوان اونٹ کی بلبلاہٹ کے مانند تھی جیسے کہ حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کے نومولود بچہ کی آواز ان کے لئے بدبختی و نحوست تھی ج: رَوَاغٍ۔
الرُّغَاءُ: اونٹ کی بلبلاہٹ، اونٹ کی آواز (۲) عام آواز۔ جیسے کہا جائے: سَمِعْتُ رُغَاءَ الرَّعْدِ۔ اسی سے ہے: أَتَاكَ خَيْرٌ لَهُ رُغَاءٌ: تمہارے پاس خوب دولت آئی (شور سے کثرت مراد لی گئی)۔
الرُّغَاوَى: جھاگ جو سیال چیزوں کو اچھالنے یا جوش دینے یا حل کرتے وقت اٹھتا ہے ج: رَغَاوَى۔
الرُّغَاوَةُ: الرُّغَاوَى ج: رَغَاوَى۔
الرَّغَّاءُ: بلند آواز یا بسیار گو آدمی، جوش سے بولنے والا۔
الرُّغْوَةُ: جھاگ، صابن کا ہو یا دودھ وغیرہ کا (۲) بلبلہ ج: رُغًى۔
المِرْغَاةُ: کف گیر یا چمچہ جس سے جھاگ اتارا جائے ج: مَرَاغٍ۔

ر ــــــ ف

•رَفَأَ الثَّوْبَ و نَحْوَهُ ـَ رَفْئًا و رِفَاءً: کپڑے میں رفو کرنا، پھٹی ہوئی جگہ کو ملا کر سینا۔
ـــ بَيْنَهُمْ: صلح کرانا۔ خَرَقَ ثَوْبَ الْمَوَدَّةِ بِالْإِسَاءَةِ و رَفَأَهُ بِالْإِحْسَانِ: کسی کے ساتھ بد سلوکی کر کے رشتۂ مودت کو توڑنا اور حسن سلوک کے ذریعہ اسے جوڑنا۔
رَفَأَ فُلَانًا: تسلی دینا، ڈھارس بندھانا، خوف کو دور کرنا (۲) دوستی و تعلق قائم کرنا۔
ـــ السَّفِينَةَ: جہاز یا کشتی کو ساحل یا بندرگاہ کے قریب لانا۔
أَرْفَأَتِ السَّفِينَةُ: کشتی یا جہاز کا ساحل سے قریب ہونا۔
ـــ فُلَانٌ إِلَيْهِ: مائل ہونا، کسی کی طرف رجحان ہونا۔
ـــ السَّفِينَةَ: کشتی یا جہاز کو کنارہ یا بندرگاہ کے قریب لانا۔
ـــ فُلَانًا: کسی کے ساتھ نرمی سے پیش آنا، دل داری کرنا۔
رَافَأَهُ مُرَافَأَةً و رِفَاءً: موافق ہونا، اتفاق کرنا، کنارہ لگانا۔ رَافَأَهُ فِي الْبَيْعِ: بیع میں کسی کے ساتھ نرمی برتنا۔
رَفَّأَهُ تَرْفِئَةً و تَرْفِيئًا: کسی کو "بالرفاء و البنين" کہہ کر دعا دینا (یہ دعا شادی کرنے والے کو دی جاتی ہے یعنی تم دونوں خاوند و بیوی میں خدا اتفاق و محبت قائم رکھے اور اولاد عطا کرے) شادی کی مبارک باد دینا۔
الرِّفَاءُ: اتحاد و اتفاق۔
الرِّفَاءَةُ: رفوگری، رفوگری کا پیشہ۔
الرَّفَّاءُ: رفوگر۔ هي رَفَّاءَةٌ۔
المَرْفَأُ: بندرگاہ، کشتی اور جہاز کے لنگر انداز ہونے کی جگہ ج: مَرَافِئُ۔
اليَرْفَئِيُّ: ڈر کر بھاگ جانے والا، ڈر سے بے قابو ہو جانے والا (۲) ہرن (۳) چرواہا بکریاں چرانے والا (۳) شتر مرغ، نر۔
ارْفَأَنَّ: کمزور و ڈھیلا ہونا (۲) جوش کے بعد پر سکون ہونا۔
ـــ غَضَبُهُ: غصہ ٹھنڈا ہونا۔
ـــ عَيْشُهُ: زندگی کا خوش گوار ہونا۔
الرَّفَأْنِينَةُ: زندگی کی آسودگی و فراخی۔
•رَفَتَ ـُ رَفْتًا: چورا ہونا، ریزہ ریزہ ہونا ٹوٹنا، کٹنا۔
ـــ الشيءَ: توڑنا، چورہ کرنا، ریزہ ریزہ کرنا، کوٹ کر باریک کرنا۔
تَرَفَّتَ: ٹکڑے ہونا، چورہ ہونا، ٹوٹنا۔
الرُّفَاتُ: ریزے، چورا، بوسیدہ چورا، قرآن پاک میں ہے: "وَقَالُوا أَئِذَا كُنَّا عِظَامًا وَ رُفَاتًا أَئِنَّا لَمَبْعُوثُونَ خَلْقًا جَدِيدًا"۔
الرُّفَتُ: توڑنے اور کوٹنے والا (۲) بھوسا، بھس۔
•رَفَثَ فِي كَلَامِهِ ـُ رَفْثًا و رُفُوثًا: فحش باتیں کرنا، فحش گوئی کرنا، گندی باتیں کرنا۔
رَفِثَ ـَ رَفَثًا: رَفَثَ۔
رَافَثَهُ: کسی کے ساتھ فحش کلامی کرنا۔
تَرَافَثُوا: باہم فحش کلامی کرنا۔
الرَّفَثُ: فحش گوئی (۲) جماع، عورت کے ساتھ صحبت خواہی۔ قرآن پاک میں ہے: "أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلَى نِسَائِكُمْ"۔
•رَفْحَهُ: شادی کی مبارک باد دینا۔
•رَفَدَهُ ـِ رَفْدًا و رِفَادَةً: سہارا دینا ٹیکی لگانا، تھامنا، سہارا دے کر روکنا، مضبوط کرنا۔
ـــ فُلَانًا: مدد کرنا (۲) دینا، عطا کرنا۔
ـــ الدَّابَّةَ و عَلَيْهَا: پالان، خوگیر یا نمدہ وگدگدا کپڑا جو پائے کی پیٹھ پر ڈالنا۔
رَافَدَهُ: مدد و اعانت کرنا۔
رَفَّدَ: قدرے لپک کر چلنا۔
ـــ القومُ فُلَانًا: کسی کو سردار بنانا اور اس کی تعظیم کرنا۔
ارْتَفَدَ مِنْهُ: کسی سے اپنا حصہ لینا۔

اِرْتَفَدَ مالاً : دولت کمانا۔
تَرَافَدُوْا : باہم تعاون کرنا۔
اِسْتَرْفَدَہٗ : کسی سے حصہ مانگنا، مدد چاہنا، بخشش چاہنا۔
التَّرْفِيْدُ : عورت کا سرین، سرین۔
الرَّافِدُ : بادشاہ کا قائم مقام جو اس کی عدم موجودگی میں امور مملکت کا انتظام کرے ج : رُفَّادٌ و رُفَّدٌ (۲) معاون نہر یا چھوٹی نہر جس کا پانی بڑی نہر میں جائے۔
الرَّافِدَانِ : دریا، دجلہ و فرات۔
الرَّافِدَةُ : ایک چھڑ یا وہ تمام چھڑیں جن کو جوڑ کر تعمیر کا ڈھانچہ تیار کیا جاتا ہے ج : رَوَافِدُ۔
الرِّفَادَةُ : زین یا کجاوہ کے نیچے رکھا جانیوالا نرم موٹا کپڑا، نمدہ، پالان (۲) زمانۂ جاہلیت میں غریب حجاج کی ضیافت (وہ مال جسے قریش کے لوگ اپنے مالوں میں سے نکال کر غریب حاجیوں کے لئے کھانے وغیرہ کا انتظام کرتے تھے) (۳) زخم پر باندھنے کی پٹی۔
الرَّفْدُ : حصہ (۲) بڑا بادیہ (پیالہ) (۳) دودھ نکالنے کا برتن۔ کسی کی موت پر کہتے ہیں: اُرِيْقَ رَفْدُ فُلانٍ۔ ج : اَرْفَادٌ و رُفُوْدٌ۔
الرِّفْدُ : حصہ (۲) بڑا پیالہ (۳) عطیہ، بخشش۔ قرآن پاک میں ہے: "بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ" برا ہے انعام میں دیا ہوا عطیہ حدیث میں ہے: "من اقْتِرَابِ السَّاعَةِ اَنْ يكُوْنَ الفَيْءُ رِفْدًا" فئی (مال) کو بطور عطیہ لوگوں کو دیا جانا قرب قیامت کی نشانی ہے۔ فئی وہ مال ہے جو کفار سے مسلمانوں کو بغیر جنگ کئے حاصل ہو، یہ بیت المال میں جمع ہو کر غریبوں اور یتیموں وغیرہ اہل حاجت پر صرف کیا جاتا ہے۔ اس مال کو بطور انعام لوگوں کو دیا جائے گا تو مستحقین محروم ہو جائیں گے (۴) امداد ج: اَرْفَادٌ و رُفُوْدٌ۔
الرِّفْدَةُ : لوگوں کا گروہ، جماعت ج : رِفَدٌ
الرَّفُوْدُ : بہت دودھ دینے والی وہ اونٹنی جو ایک دفعہ میں برتن کو بھر دے ج: رُفُدٌ و رَفَائِد۔
الرَّفِيْدَةُ : هو رَفِيْدَةُ صِدْقٍ : وہ مددگار ہے ج: رَفَائِد۔
الرَّوَافِدُ : چھت کی کڑیاں۔ واحد: رَافِدَة
الْمَرْفَدُ : امداد، مدد ج: مَرَافِدُ۔
الْمِرْفَدُ : بڑا پیالہ (۲) دودھ نکالنے کا برتن ج: مَرَافِدُ
الْمِرْفَدُ : وہ کپڑا یا گدی جس سے عورت اپنے سرین کو بڑا کرتی ہے (۲) بڑا پیالہ، بادیہ (۳) دودھ نکالنے کا برتن ج : مَرَافِدُ۔
• رَفْرَفَ الطَّائِرُ : پرندہ کا پروں کو ہلانا، پھڑ پھڑانا، کسی جگہ بیٹھنے کے لئے اس کے گرد پروں کو ہلانا، منڈلانا۔ حدیث میں ہے: "رَفْرَفَتِ الرَّحْمَةُ فَوْقَ رَأْسِہٖ" رحمتِ خداوندی اس کے سر پر منڈلا رہی ہے۔
ـــ العَلَمُ : پرچم کا لہلہانا۔
ـــ العَلَمَ : پرچم لہرانا۔
ـــ المَحْمُوْمُ : بخار والے کا کپکپانا، اُمّ السائب کی حدیث میں ہے: "اَنَّہ مَرَّ بِہا وهي تُرَفْرِفُ من الحُمّٰى، قَالَ: مالَكِ تُرَفْرِفِيْنَ"
ـــ الشيَّ : آواز دینا، بولنا۔
ـــ عليه : شفقت و مہربانی کرنا۔
ـــ العَيْنُ : آنکھ پھڑکنا۔
تَرَفْرَفَ : لہلہانا۔
الرَّفْرَافُ : بازو، پر (۲) شتر مرغ (نر) (۳) ایک قسم کی چڑیا جس کی دم ہر وقت ہلتی رہتی ہے اور وہ پانی میں اپنا سایہ دیکھ کر اس پر لوٹ پڑتی ہے۔
ثَغْرٌ رَفْرَافٌ : چمکدار دانت۔
الرَّفْرَفُ : مچان یا دیوار میں لگا ہوا تختہ وغیرہ جس پر سامان رکھا جاتا ہے (۲) شیڈ یا چھوٹا سائبان جو گھر کے آگے دھوپ سے بچنے کے لئے نکالا جاتا ہے (۳) موٹر کے پہیہ پر نکلا ہوا بازو (۴) خیمہ یا زرہ یا کرتے کا لٹکا ہوا حصہ، دامن (۴) کونا، جانب (۵) پردہ حدیثِ وفاۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم میں ہے: "فرفع الرَّفْرَفُ فرأينا وَجْهَهُ كَأَنَّہٗ وَرَقَةٌ تُخَشْخِشُ" (پردہ اٹھایا گیا تو ہم نے آپؐ کے چہرۂ انور کو دیکھا کہ وہ گویا برگ پر بہار ہے) (۶) بچھانے کا فرش، دری، چاندنی وغیرہ (۷) تکیہ۔
ثَوْبٌ رَفْرَفٌ : باریک کپڑا ج: رَفَارِف
رَفْرَفٌ خُضْرٌ : سبز کپڑے یا گدے۔ قرآن پاک میں ہے: "مُتَّكِئِيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ" وہ خوش نما سبز گدوں اور تکیوں پر ٹیک لگائے ہوئے ہوں گے۔
الرَّفْرَفَةُ : رَفْرَفٌ کا واحد۔ غالیچہ، خوش نما تکیہ۔ کہتے ہیں: اَقْعَدَنِي عَلٰى رَفْرَفَةٍ بين يَدَيْهِ ۔ ج : رَفَارِفُ۔
• رَفَسَ ـُ رَفْسًا و رِفَاسًا : لات مارنا۔
ـــ فُلانًا رَفْسًا و رُفُوْسًا : کسی کے سینہ پر لات مارنا۔
ـــ الدَّابَّةَ : چوپائے کے پیر میں رسّی باندھنا۔
ـــ الشيءَ : کوٹنا۔
الرِّفَاسُ : وہ رسی جو چوپائے کی اگلی ٹانگ میں اوپر تک باندھی جائے (جس سے وہ زمین سے اٹھی رہے)۔
الرَّفَّاسُ : چھوٹی دخانی کشتی (۲) کشتی کو گھمانے کی چرخی۔
الرَّفُوْسُ : دَابَّةٌ رَفُوْسٌ : لات مارنے والا جانور، مرکھنا جانور (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے) ج: رُفُسٌ (مذکر کیلئے) و رُفُسٌ و رَفَائِسُ (مؤنث کیلئے)

المِرْفَسُ : کوٹنے کا آلہ، موگری ج: مَرَافِسُ.

•رَفَشَ فِی الاَمْرِ ـُ رُفُوْشًا : کسی معاملہ میں کشادہ ہونا، وسعت سے کام لینا۔

ــ الحُبُوْبَ رَفْشًا : غلہ کو بیلچے سے اٹھانا یا سرکانا۔

ــ الطَّعَامَ : اچھی طرح کھانا۔

ــ الشَّیْءَ : کوٹنا، باریک کرنا۔

رَفِشَ ـَ رَفَشًا : بڑے اور چوڑے کان والا ہونا۔ ھو اَرْفَشُ و ھی رَفْشَاءُ۔ اَرْفَشُ الاُذُنَیْنِ و رَفْشَاءُ الاُذُنَیْنِ بھی کہتے ہیں۔ حضرت سلمان فارسیؓ کی حدیث میں ہے: "اَنَّہٗ کَانَ اَرْفَشَ الاُذُنَیْنِ" ج رُفْشٌ

اَرْفَشَ : مزے اڑانا، کھانے پینے اور مباشرت وغیرہ میں مشغول رہنا۔

ــ بالمکانِ : جم کر رہنا، الگ نہ ہونا۔

رَفَّشَ لِحْیَتَہٗ : داڑھی کو پھیلانا، پھیلا کر بیلچہ نما کر دینا۔

الرَّفْشُ : بے خوفی اور آسودگی کے ساتھ خورد ونوش۔ کہتے ہیں: وَقَعَ فِی الرَّفْشِ و الفَفْشِ : وہ عیش وعشرت اور عورتوں سے لطف اندوزی میں پڑ گیا (۲) وہ بیلچہ جس سے غلہ کو اٹھا کر اڑایا جائے کہاوت ہے: من الرَّفْشِ اِلَی العَرْشِ: (بیلچہ سے تخت شاہی پر) ایسے شخص کے بارہ میں کہا جاتا ہے جو گمنامی اور بے وقعتی سے نکل کر اعلیٰ مقام پر پہنچ جائے ج: رُفُوْشٌ و اَرْفَاشٌ۔

الرَّفَّاشُ : بیلچے سے غلہ کو سرکا کر تولنے والے کو دینے والا۔

المِرْفَشَۃُ : بیلچہ ج: مَرَافِشُ

•ارْتَفَصَ السِّعْرُ : بھاؤ بڑھنا۔ ارْتَفَصَتِ السُّوْقُ بِالغَلَاءِ : بازار میں گرانی ہو گئی

تَرَافَصُوا المَاءَ وغَیْرَہٗ و علیہ : پانی وغیرہ کو باری باری لینا۔

الرُّفْصَۃُ : موقع، پانی پینے کی باری (۲) لوگوں کا مشترکہ پانی ج: رُفَصٌ۔

الرَّفِیْصُ : ہم مشرب، پینے میں شریک۔

•رَفَضَ الوَادِی ـِ رَفْضًا و رُفُوْضًا : وادی کا کشادہ ہونا۔

ــ النَّخْلُ : کھجور کے خوشوں کا پھیلنا اور غلاف گر جانا۔

ــ المَاشِیَۃُ : مویشی کا چراگاہ میں ادھر ادھر پھیلنا اور تنہا تنہا چرنا۔

ــ الشَّیْءَ رَفْضًا : چھوڑنا، بچنا، کنارہ کش ہونا (۲) پھینکنا، ہٹانا (۳) ٹھکرا دینا (۴) توڑنا (۵) رد کرنا۔

ــ الطَّلَبَ : درخواست وغیرہ نامنظور کرنا

ــ القَضِیَّۃَ : مقدمہ خارج کرنا۔

ــ حَوَالَۃً مالِیَّۃً : منی آرڈر واپس کرنا

ــ المَاشِیَۃَ ـِ رَفْضًا : مویشی کو چراگاہ میں ان کے حال میں چھوڑ دینا۔

رَفَّضَ فِی القِرْبَۃِ و غَیْرِھا : مشکیزہ میں تھوڑا پانی چھوڑنا۔

تَرَفَّضَ : تتر بتر ہونا، بکھر جانا، منتشر ہونا، بہنا، پھیلنا، تعصب برتنا، رافضی ہونا۔

ارْفَضَّ : تَرَفَّضَ۔ الدَّمْعُ و العَرَقُ : آنسو بہنا، پسینہ بہنا یا ٹپکنا۔ براق والی حدیث میں ہے: "اِنَّہٗ اسْتَصْعَبَ عَلَی النَّبِیِّ (صلی اللہ علیہ وسلم) ثُمَّ ارْفَضَّ عَرَقًا و قَرَّ" نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو براق پر سواری کے وقت دشواری محسوس ہوئی پھر آپ کو پسینہ آیا اور جسم مبارک ٹھنڈا ہو گیا۔

ــ الوَجَعُ : درد زائل ہو جانا۔

اسْتَرْفَضَ الوَادِی : وادی کا کشادہ ہونا

الرَّافِضَۃُ : رَافِضٌ کا مونث (۲) سپاہیوں کی ایک جماعت جس نے اپنے افسر کے احکام کو ٹھکرا کر واپسی اختیار کی (۳) شیعوں کا ایک فرقہ جو صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی مذمت اور کردار کشی کو جائز سمجھتا ہے۔ رَافِضَہ اس لئے کہتے ہیں کہ انہوں نے حضرت زید بن علیؓ کی یہ بات ماننے سے انکار کر دیا تھا کہ وہ شیخین (حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمر فاروقؓ) کو ہدف ملامت و مذمت نہ بنائیں ج: رَوَافِض۔

الرَّافِضِیُّ : رافضہ کی طرف نسبت، مذہب رافضہ اختیار کرنے والا۔ متعصب، کٹر۔ م: رافِضِیَّۃٌ۔

الرُّفَاضُ : (من الشَّیْءِ) کسی چیز کا چورا، ریزے، ٹکڑے۔

الرِّفَاضُ : دائیں اور بائیں مڑنے والے راستے

الرَّفَضُ : سیال چیزوں کی تھوڑی مقدار (۲) خوراک جو بدن کے لئے ضروری ہو۔

الرَّفَضُ : ہر منتشر اور بکھری ہوئی چیز (۲) لوگوں کا گروہ (۳) برتن میں بچا ہوا پانی یا سیال چیز (۴) خوراک جو بقائے حیات کے لئے ضروری ہو (۵) کسی چیز کا کنارہ، حصہ ج: رُفُوْضٌ و رِفَاضٌ و اَرْفَاضٌ۔

فِی اَرْضِ کذا رُفُوْضٌ من کَلَاءٍ : فلاں زمین میں بکھری ہوئی گھاس ہے کچھ یہاں ہے تو کچھ دوسری جگہ ہے۔

رُفُوْضُ الاَرْضِ : غیر مملوکہ زمینیں۔ یا ناقابل ملکیت زمینیں۔

الرَّفْضُ : رَوَافِض کا عقیدہ (یعنی صحابۂ کرام اور شیخین پر طعن و تنقیص کا جواز۔

الرُّفَضَۃُ : بہت ٹھکرانے والا، بہت چھوڑنے والا۔ کہاوت ہے: ھو قُبَضَۃٌ رُفَضَۃٌ: وہ ایسا بہت کرتا ہے کہ چیزوں کو لیتا ہے اور پھر چھوڑ دیتا ہے۔

رَاعٍ قُبَضَۃٌ و رُفَضَۃٌ : مویشی کو حفاظت کے ساتھ ہانکنے والا اور پھر چرنے کے لئے آزاد چھوڑنے والا چرواہا۔

الرَّفَّاضُ : غیر مملوکہ زمینوں کی نگرانی کرنے والا۔ ھی رَفَّاضَۃٌ و ھم رَفَّاضَۃٌ

الرَّفِيْضُ: پسینہ (۲) ٹوٹا ہوا نیزہ، ٹوٹی ہوئی چیز (۳) نا منظور
المَرْفَضُ: پانی کا راستہ، پانی گرنے کی جگہ ج: مَرَافِض۔
الترفُّض: عصبیت، کٹرپن (۲) بکھرنا، ٹوٹنا۔
المَرْفُوْضُ: نامنظور، ٹھکرایا ہوا، واپس کیا ہوا۔
•رَفَعَ القَوْمُ ــَ رَفْعًا: لوگوں کا ملک میں بڑھنا، ترقی کرنا۔
ـــ البَعِيْرُ و نَحْوُهُ فِی سَيْرِهِ: اونٹ وغیرہ کا تیز چلنا، بہت چلنا۔
ـــ الشیءَ رَفْعًا و رِفَاعًا: اٹھانا، اوپر اٹھانا، بلند کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "ورفعنا فوقکم الطُّوْرَ"
ـــ البناءَ: عمارت کو اوپر لے جانا، لمبا کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وإذ یرفع إبراهيم القواعد من البيت وإسماعيل"
ـــ الشیءَ: اٹھانا، اٹھا کر لے جانا۔ جیسے: رَفَعَ الزَّرْعَ بَعْدَ الحَصَادِ الی الجُرْنِ: (کھیتی کاٹنے کے بعد کھلیان پر لے جانا) (۲) ہٹانا۔ کہتے ہیں: ارْفَعْ هٰذَا: اسے ہٹادو یا اٹھا کر لے جاؤ۔
هو لا یَرْفَعُ العَصَا عن عاتِقِه: (وہ اپنے کندھے سے لاٹھی نہیں ہٹاتا) یعنی وہ بہت سفر کرتا ہے یا وہ اپنے متعلقین کو سزا دینے میں بہت سخت ہے۔
ـــ یَدَهُ عن الشیءِ رَفْعًا: دست کش ہونا، رکنا۔
ـــ فُلانًا: شہرت دینا، ذکر خیر کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "ورفعنا لک ذکرک" (۲) رتبہ بڑھانا، فوقیت دینا، حیثیت دینا، عظمت دینا۔ قرآن پاک میں ہے: "ورفعنا بعضهم فوق بعض درجٰت" کہتے ہیں: هٰذا أمرٌ یَرْفَعُ الرَّأسَ: یہ بات باعث عزت وسربلندی ہے (۳)

آگے بڑھانا، تعارف کرانا۔ جیسے: رَفَعَهُ علی صاحبه فی المَجْلِس۔
ـــ رَفَعَ صَوْتَهُ: آواز بلند کرنا، آواز کو تیز کرنا۔
ـــ اللّٰهُ عَمَلَهُ: قبول کرنا۔
ـــ الشیءَ فی الصَّنْدُوقِ وغیرِہ: چھپانا
ـــ ذَاتُ اللَّبَنِ لَبَنَهَا: دودھ دینے والی کا دودھ کو روک لینا۔
ـــ فُلانًا الی الحاکمِ رَفْعًا و رِفعانًا: کسی کو حاکم کے سامنے مقدمہ کے لئے پیش کرنا۔
ـــ الشیءَ رُفْعَانًا: قریب کرنا۔
ـــ الی السُّلْطَانِ رَفِيْعَةً: بادشاہ کے سامنے ان کا کوئی معاملہ پیش کرنا۔
ـــ النَّاسُ الیه عُيُوْنَهُم: لوگوں کا نگاہیں اٹھا کر دیکھنا۔ کہتے ہیں: دَخَلْتُ عَلٰی فُلانٍ فَلَمْ یَرْفَعْ لِی رَأسًا: میں فلاں کے پاس گیا مگر اس نے میری طرف التفات نہ کیا۔
ـــ الی فُلانٍ تَقْرِيرًا عن کذا: رپورٹ پیش کرنا۔
ـــ الجَلْسَةَ: نشست یا میٹنگ برخاست کرنا۔
ـــ فُلانًا الی أَصْلِهِ: کسی کے نسب کو اس کی اصل تک لے جانا۔
ـــ الغطاءَ عن الشیءِ: انکشاف کرنا۔
ـــ عنه: تخفیف کرنا۔
ـــ الیه: پیش کرنا، سامنے کرنا۔
ـــ السِّعْرَ: بھاؤ بڑھانا۔
ـــ العَلَمَ: پرچم کشائی کرنا۔
ـــ الحَدِيْثَ: حدیث کی سند کو اس کے اول قائل تک پہنچانا۔ جیسے: رَفَعَ الحَدِيثَ الی النبیِّ صلی اللّٰه علیه وسلم۔ فالحدیث مَرْفُوْعٌ
ـــ الخَبَرَ: خبر پھیلانا۔
ـــ البَعِيرُ و نَحْوُهُ: اونٹ وغیرہ کو تیز چلانا، دوڑانا۔

رَفَعَ الکَلِمَةَ: (فی النحو) لفظ پر علامت رفع لگانا یا لفظ کو مرفوع بولنا۔
ـــ الحَاسِبُ الکَسْرَ: حساب والے کا کسر کو صحیح عدد بنانا۔
ـــ العُقُوبَةَ او الضَّرِيبَةَ: سزا یا ٹیکس کو معاف کرنا، ختم کرنا۔ هو مَرْفُوعٌ و رَفِيعٌ و هی مَرْفُوعَةٌ و رَفِيعَةٌ
فُلانٌ مَرْفُوعٌ عنه التَّکْلِيفُ: فلاں پر پابندئ حکم ختم کر دی گئی۔
رُفِعَ لَهُ الشَّخْصُ: دور سے کسی کا دکھائی دینا، کسی کو دور سے دیکھنا۔
رَفُعَ ـُـ رَفَاعَةً: بلند آواز ہونا۔
ـــ الثَّوبُ و الخَيْطُ: کپڑے یا دھاگے کا باریک ہونا۔
ـــ فُلانٌ رِفْعَةً و رِفَاعَةً: بلند رتبہ ہونا۔ رَفُعَ فی حَسَبِه و نَسَبِهِ: وہ حسب ونسب میں بلند ہے۔ هو رَفِيعٌ و هی رَفِيعَةٌ۔
رَافَعَهُ: رَفَعَهُ۔
ـــ الی الحاکمِ وغیرِہ: حاکم کے پاس شکایت یا مقدمہ لے جانا۔ کہتے ہیں: رَافِعَةٌ و خَافِضَةٌ: ہر طریقہ پر گھمانا، ہر پہلو پر دیکھنا۔
رَفَّعَ: ایسی دوڑ دوڑنا کہ ایک دوسرے سے زیادہ تیز ہو، خوب دوڑنا۔ رَفَّعَ فی عَدْوِه بھی کہتے ہیں۔
ـــ الشیءَ: پیش کرنا، آگے کرنا۔
ارْتَفَعَ: بلند ہونا (۲) آگے بڑھنا، پیش ہونا (۳) منتقل ہونا (۴) زائل ہونا، رفع دفع ہونا (۵) برخاست ہونا (۶) بڑھنا (۷) چڑھنا۔
ـــ السِّعْرُ: بھاؤ بڑھنا۔
ـــ الشیءُ: بلند کرنا، اٹھانا۔

تَرَافَعَا إِلَى الحَاكِمِ : دو شخصوں یا دو فریق کا حاکم کے پاس مقدمہ لے جانا۔

تَرَافَعَ المُحَامِي عَنِ المُتَّهَمِ أَمَامَ القَضَاءِ : وکیل کا ملزم کی پیروی کرنا، وکالت کرنا (عدالت میں)

تَرَفَّعَ : اِرْتَفَعَ (۲) اپنی برتری جتانا، خود کو بلند سمجھنا۔

ـــ عنه : برتری ظاہر کرتے ہوئے الگ ہونا، کسی چیز کو حقیر یا خراب سمجھ کر چھوڑنا، بچنا، دامن بچانا، احتراز کرنا۔

ـــ الشیءَ : رَفَعَ۔

اِسْتَرْفَعَ الشَّيءُ : کسی چیز کے اٹھائے جانے کا وقت آنا۔ جیسے : استرفع الخِوانُ : دسترخوان کے اٹھنے کا وقت آگیا

ـــ الشیءَ : اٹھوانا، بڑھوانا، ختم کرانا، بلند کرانا۔

الاِرْتِفَاعُ : بلندی (۲) ازالہ (۳) منسوخی، (۴) برخاستگی (۵) علم ہندسہ انجینرنگ میں ستون کے اوپر سے نیچے تک کی لمبائی کو کہا جاتا ہے۔

الاِرْتِفَاعُ والاِنْخِفَاضُ : نشیب و فراز

الرَّافِعُ : اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ایک نام (۲) رفع کا عامل۔

بَرْقٌ رَافِعٌ : چمکنے والی بجلی۔

نَاقَةٌ رَافِعٌ : تھنوں میں دودھ روکنے والی اونٹنی، دودھ نہ دینے والی۔

الرَّافِعَةُ : خبریں پھیلانے والا اور راز افشا کرنے والا گروہ (۲) اٹھانے کا آلہ، کرین جرِّ ثقیل۔

رَافِعَةٌ ضَخْمَةٌ : بھاری کرین ج : رَوَافِعُ۔

الرِّفَاعُ : کٹی ہوئی کھیتی کی کھلیان پر منتقلی (۲) کھیتی میں دانے کے موٹا ہونے کا وقت۔ کہتے ہیں : هٰذه أَيَّامُ رِفَاعٍ۔

الرُّفَاعَةُ : آواز کی کرختگی اور بلندی۔ کہتے ہیں : فِي صَوْتِهِ رُفَاعَةٌ : اس کی آواز میں بلندی ہے۔

الرَّفْعُ : (نحو میں) اعراب کی ایک قسم جس کی علامت ضمّہ (پیش ـُ) یا واؤ اس کا قائمقام ہوتا ہے۔ جیسے : فعل مضارع کے جن صیغوں میں نون اعرابی ہے ان پر علامت رفع ضمہ ظاہر نہیں ہوتا بلکہ بقاء نون علامت رفع اور حذف نون علامت نصب وجزم ہے (۲) روزہ کی نیت کرنے والا، فجر سے قبل کھانے پینے اور دیگر ممنوعات سے دست کشی (۳) بلندی، ازالہ، منسوخی، برخاستگی

رَفْعُ اليَدَيْنِ : کانوں تک ہاتھ اٹھانا۔

رَفْعُ اليد عن كذا : دست برداری۔

رَفْعُ المالِ : خاتمہ ٹیکس۔

الرَّفْعُ والخَفْضُ : نشیب و فراز۔

الرِّفْعَةُ : بلندی، بلندی مرتبہ، عزت۔

رِفْعَةُ مَقَامٍ : بلندی رتبہ۔

الرَّفِيعُ : اعلیٰ، عمدہ، نفیس (۲) باریک (۳) بلند (۴) بلند مرتبہ، بلند مقام (۵) شریف وباعزت۔

رَفِيعُ القَدْرِ : عالی مقام، بلند حیثیت۔

الرَّفِيعُ والوَضِيعُ : شریف و رذیل، اعلیٰ وادنیٰ، بلند و پست۔

الرَّفِيعَةُ : عدالت میں پیش شدہ مقدمہ حاکم کے سامنے پیش کیا ہوا معاملہ یا شکایت یا عرضی۔ کہتے ہیں : وَقَّعَ فِي الرَّفِيعَةِ كذا : اس نے پیش کردہ معاملہ میں ایسا ایسا لکھا یا دستخط کئے ج : رَفَائِعُ۔

المُرَافَعَةُ : دعویٰ دائر کرنے کی قانونی کارروائی، مقدمہ کی اپیل (۲) مقدمہ کی پیروی۔

قَانُونُ المُرَافَعَاتِ : وہ قانون جو عدالت میں دائر کئے جانے والے دعووں کے لئے طریقۂ کار اور ضابطوں کی تعیین کرتا ہے۔

المِرْفَاعُ : اوپر اٹھانے کا آلہ (۲) جیک جس سے موٹر کے پہیوں کو اوپر اٹھایا جاتا ہے اس کو المِرْفاعُ التُّرْسِيُّ یا المِرْفاعُ الذراعي کہتے ہیں۔

المِرْفاعُ المَائِيُّ : آبی کرین، وہ آلہ جس کے ذریعہ پانی کے دباؤ کے تحت وزن اٹھایا جاتا ہے۔

المَرْفَعُ : کرسی (یمنی اصطلاح) ج : مَرَافِع عیسائیوں کے یہاں مَرَافِع ان مقررہ ایام کو کہتے ہیں جو روزہ سے پہلے ہوتے ہیں۔

المِرْفَعُ : اٹھانے کا آلہ ج : مَرَافِعُ۔

المَرْفوعُ : منسوخ، معاف، برخاست، بلند (۲) حدیث مَرْفُوعٌ : وہ حدیث جس کی سند نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچی ہوئی ہو (قولی ہو یا فعلی)

صَوْتٌ مَرْفُوعٌ : بلند آواز (۲) وہ لفظ جس کا اعراب ضمہ ہو۔

• رَفِغَ ـَ رَفَغًا : بدن میں میل جمع ہونے کی جگہ کا کشادہ ہونا (۲) کسی کے گوشت کے اندر تکلیف ہونا۔ هو أَرْفَغُ وهي رَفْغَاءُ۔

رَفُغَ العَيْشُ ـُ رَفَاغَةً : آسودہ اور فراخ ہونا۔ هو رَافِغٌ ورَفِيغٌ۔

أَرْفَغَ : خوش گوار زندگی والا ہونا، آسودہ حال ہونا۔ هو مُرْفِغٌ۔

ـــ له العَيْشَ : زندگی کو خوش گوار و آسودہ بنانا۔

تَرَفَّغَ : آسودہ حال ہونا، خوش حال ہونا۔

الأَرْفَغُ : خوش گوار و آسودہ زندگی۔

الرَّفَاغَةُ والرَّفَاغِيَةُ : آسودگی، زندگی کی فراخی و خوش گواری۔

الرَّفْغُ : نرمی، آسانی (۲) فراخی و کشادگی،

(۳) زرخیز جگہ، شاداب جگہ (۴) قحط زدہ علاقہ (۵) بدن کا ہر وہ حصہ جہاں میل جمع ہو جاتا ہو (۶) کنارہ (۷) وادی کا کشادہ حصہ (۸) موٹی مٹی والی زمین ج: أَرْفُغٌ و رُفُوغٌ۔
الرُّفْغُ : بدن میں میل جمع ہونے کی جگہ ج: أَرْفُغٌ و رُفُوغٌ۔
الرُّفْغُنِيَةُ : زندگی کی فراخی، آسودہ حالی۔
المَرَافِغُ : ہاتھوں اور رانوں کی جڑیں (واحد نہیں ہے)۔
•رَفَّ ـِ رَفًّا و رَفِيفًا و رَفَّةً : پھڑکنا جیسے: رَفَّتِ العَيْنُ او الحَاجِبُ و الطَّائِرُ : پرندہ کا بازوں کو ہلانا، پھڑپھڑانا۔
ـــ النَّبَاتُ و نَحْوُه : سیرابی و شادابی سے لہلہانا۔
ـــ البَرْقُ و غَيْرُهُ : بجلی وغیرہ کا چمکنا۔
ـــ فُلَانٌ رَفًّا : بہت کھانا۔
ـــ لَه و اِلَيْه : خوشی سے جھومنا، کسی کو دیکھ کر چہرہ کھل جانا۔ کہتے ہیں: رَفَّ فُؤَادِي لِحَدِيْثِه : اس کی بات سے میرا دل خوش ہوا۔
ـــ القَوْمُ بِه : گھیرنا، گھیرا ڈالنا۔
ـــ عَلَيْه النِّعْمَةُ أَوِ السَّعَادَةُ : بھرپور آسودگی و شادمانی حاصل ہونا۔
ـــ لَه ـُ : کسی کے لئے کمائی کرنا (۲) کسی کی باعزت خدمت کے لئے کوشاں ہونا۔
ـــ فُلَانًا ـُ رَفًّا : دینا، کھلانا (۲) اعزاز و اکرام کرنا۔ کہاوت ہے: ذَهَبَ مَنْ كَانَ يَحُفُّهُ و يَرُفُّهُ : جو شخص اس کے ساتھ عزت و شفقت کا معاملہ کرتا تھا وہ رخصت ہوگیا۔ مَا لَهُ حَافٌّ وَلَا رَافٌّ : اس کا کوئی وارث نہیں ہے۔ کوئی دیکھ بھال کرنے والا نہیں۔
ـــ الطَّعَامَ : بہت زیادہ کھانا۔

رَفَّ البَقْلَ و نَحْوَهُ : سبزی وغیرہ کو منھ بھرے بغیر کھانا۔
ـــ الأُمَّ : ماں کا دودھ پینا۔
ـــ اللَّبَنَ : دودھ کا ہر روز پینا۔
ـــ الشَّيْءَ : چوسنا، چسکیاں لینا۔
ـــ المَرْأَةَ او شَفَتَيْهَا : عورت کے ہونٹ چوسنا۔
ـــ الدَّابَّةَ : چوپائے کو بھس کھلانا، بھوسا کھلانا۔
ـــ البَيْتَ و غَيْرَهُ : گھر وغیرہ کی کارنس نکالنا (۲) دیواروں میں سامان رکھنے کے تختے لگانا۔
ـــ الثَّوْبَ و غَيْرَهُ : (کپڑے کو لمبا کرنے کے لئے) دوسرے کے ساتھ ملا کر سینا۔
ـــ الثَّوْبُ و نَحْوُهُ ـــ رَفِفًا : کپڑے وغیرہ کا باریک ہونا۔ هو رَفِيفٌ۔
أَرَفَّتِ الدَّجَاجَةُ و نَحْوُهَا عَلَى بَيْضِهَا : مرغی وغیرہ کا انڈے سینا، انڈوں پر بازوں کو پھیلانا۔
أَرَفَّ الطَّائِرُ : پرندہ کا پھڑپھڑانا۔
ـــ العَلَمُ : جھنڈے کا لہلہانا۔
اِرْتَفَّ النَّبَاتُ : نباتات کا لہلہانا۔
ـــ البَرْقُ : بجلی کا چمکنا، کوندنا۔
الرُّفَافُ : باریک بھوسا۔
الرِّفَافَةُ : خود کے نیچے لگائی جانے والی چیز (گدی وغیرہ) ج: رَفَائِفُ۔
الرَّفُّ : کارنس (۲) دیوار سے لگا ہوا تختہ وغیرہ جس پر گھر کا سامان رکھا جاتا ہے، چھجلی (۳) دیوار سے لگی تختوں کی الماری (۴) طاق۔ کہتے ہیں: وَضَعَ الكُتُبَ عَلَى الرَّفِّ : اس نے کتابیں بالائے طاق رکھ دیں (۵) پرندوں کا جھنڈ (۶) ملائم کپڑا (۷) چوسا جانے والا لعاب (۸) سفری کھانا ج: رُفُوفٌ و رِفَافٌ۔
الرِّفُّ : ہر روز کا پینا (۲) ہر روز۔ کہتے ہیں:

أَخَذَتْهُ الحُمَّى رِفًّا : اسے روزکا بخار آیا۔
الرُّفُّ و الرُّفَّةُ : بھوسا، بھوسے کا چورا۔
الرَّفَّافُ : بہت چمک دار۔ ثَغْرٌ رَفَّافٌ : چمکدار دانت۔ و هي رَفَّافَةٌ۔ رَوْضَةٌ رَفَّافَةٌ : شاداب باغیچہ۔
الرَّفَّةُ : ایک دفعہ کی چمک، جھلملاہٹ (۲) عمدہ خوراک (۳) آنکھ یا ابرو کی پھڑپھڑاہٹ کہتے ہیں: هو يَتَفَاءَلُ مِن رَفَّةِ عَيْنِهِ اليُمْنَى و يَتَشَاءَمُ مِن رَفَّةِ اليُسْرَى : وہ اپنی دائیں آنکھ کی پھڑپھڑاہٹ سے اچھی فال لیتا ہے اور بائیں آنکھ کی پھڑپھڑاہٹ سے بری فال لیتا ہے۔
الرَّفِيفُ : چمک۔ کہتے ہیں: لِثَغْرِهَا رَفِيفٌ (۲) باریک۔ ثَوبٌ رَفِيفٌ : باریک کپڑا جس میں سے نظر آئے (۳) تازہ اور شاداب۔ شَجَرٌ رَفِيفٌ (۴) شادابی، سرسبزی۔ أَرْضٌ ذَاتُ رَفِيفٍ (۵) خیمہ کی چھت یا لٹکا ہوا جھالر وغیرہ۔
ذَاتُ الرَّفِيفِ : وہ باغات جنکے درخت اور پودے شادابی کی وجہ سے جھومتے ہوں (۲) وہ کشتیاں جن کو جوڑ کر پل بنایا گیا ہو۔
شَجَرَةٌ رَفِيفَةٌ : شبنم آلود پودا یا درخت۔
فَتًى رَفِيفُ الأَخْلَاقِ : خوش اخلاق نوجوان۔
•رَفَقَ بِه و لَه و عَلَيْه ـُ رِفْقًا و مَرْفَقًا : کسی کے ساتھ نرمی برتنا، رحم کرنا، مہربانی کرنا۔
ـــ فِي السَّيْرِ : درمیانہ چال چلنا۔
ـــ فُلَانًا : کسی کی کہنی پر مارنا۔
ـــ البَعِيرَ رَفْقًا : اونٹ کے بازو کو رسی سے باندھنا (تاکہ وہ بھاگ نہ سکے) هو رَافِقٌ و رَفِيقٌ۔
رَفُقَ فُلَانٌ ـُ رَفَاقَةً : ساتھی اور دوست ہونا۔ کہتے ہیں: كُنْتُ فِي

رَفَاقَةَ فُلَانٍ: میں فلاں کی معیت یا رفاقت میں تھا۔ ھو رَفِیق ج: رُفَقاء ھی رَفِیقَة ج: رَفَائِق۔

رَفُقَ بِہ ولہ وعلیہ رِفْقًا: رَفَقَ۔ رِفْقًا بِہ: اس پر رحم کرو، مہربانی کرو۔

رَفِقَ ـَ رَفَقًا: البَعِیرُ: اونٹ کا مڑی ہوئی کہنی والا ہونا۔

أَرْفَقَہُ: شفقت و نرمی برتنا (۲) نفع پہنچانا۔

ــــ الشیءَ بکذا: منسلک کرنا، نتھی کرنا۔

رَافَقَہُ مُرَافَقَةً و رِفَاقًا: ساتھ رہنا، ساتھ دینا، ساتھی ہونا۔

رافَقَہ فی السَّفَرِ: ہم سفر ہونا، رفیق سفر ہونا۔ رَافَقَتْہُ السَّلَامَةُ: وہ سلامتی کے ساتھ رہے یا سلامتی اس کے شریک حال ہو

شَیءٌ مُرَافِقٌ لکذا: کسی چیز کے ساتھ منسلک، وابستہ۔ و ھی مُرَافِقَةٌ۔

ارْتَفَقَ بِہ: فائدہ اٹھانا، مدد لینا۔

ــــ عَلَیہ: بھروسہ کرنا، ٹیک لگانا۔ کہتے ہیں: بِتُّ مُرْتَفِقًا: میں اپنی کہنی پر ٹیک لگا کر سویا۔ عَلَی سُؤْدَدِكَ ارْتَفِقُ: میں تمہاری سربراہی پر بھروسہ کرتا ہوں۔

ارْتَفَقَ القَومُ: لوگوں کا باہم دوست ہو جانا

تَرَافَقَا: وہ دونوں دوست بن گئے یا ساتھی بن گئے۔

تَرَفَّقَ بِہ: نرمی برتنا، رحم و مہربانی کرنا، ترس کھانا۔

ــــ علیہ: بھروسہ کرنا، سہارا لینا۔

ترفَّقَ بشَیءٍ: مدد لینا، فائدہ اٹھانا۔

اسْتَرْفَقَہُ: رفاقت و ہمراہی چاہنا (۲) رحم و کرم کی درخواست کرنا (۳) فائدہ اور نفع چاہنا۔ کہتے ہیں: اسْتَرْفَقْتُہُ فَأَرْفَقَنِی

الأَرْفَقُ: مفید۔ کہتے ہیں: ھَذَا الأَمْرُ أَرْفَقُ بِكَ۔

الرَّافِقُ بِہ و علیہ: مفید و نفع بخش۔

الرَّافِقَةُ: نرمی، مہربانی، شفقت۔ کہتے ہیں: أَوْلَاہُ رَافِقَةً: وہ اس کے ساتھ نرمی سے پیش آیا۔

الرِّفَاقُ: وہ رسّی جو اونٹ کے بھاگنے کے خوف سے اس کے بازو پر باندھی جائے ج: رُفُقٌ و أَرْفِقَةٌ۔

الرُّفَاقَةُ: ساتھیوں کی جماعت۔

الرَّفَاقَةُ: دوستی، معیت، ساتھ۔

الرَّفَقُ: مَاءٌ رَفَقٌ: آسانی سے دستیاب پانی۔

مَرْتَعٌ رَفَقٌ: عام چراگاہ جہاں سب جانوروں کا چرنا آسان ہو۔

حَاجَةٌ رَفَقُ البُغْيَةِ: آسانی سے پوری ہونے والی ضرورت۔

الرِّفْقُ: نرمی، نرم برتاؤ، مہربانی، رحم، شفقت، ترس، حسن سلوک۔

الرِّفْقَةُ: ساتھیوں کی جماعت ج: رِفَق و رِفَاقٌ جج: أَرْفَاقٌ۔

الرُّفْقَةُ: صحبت، معیت، ساتھ۔ کہتے ہیں: جَمَعَتْنِی و إِیَّاہُ رُفْقَةٌ وَاحِدَةٌ: ہم دونوں ایک ہی صحبت میں رہے۔

الرَّفِیقُ: مہربان، شفیق (ھو رَفِیق بِہ) (۲) ساتھی، دوست، ہم راہی، ہم پیشہ (مفرد و جمع دونوں کے لئے) (۳) خاوند، رفیق حیات (۴) محبوب (۵) کمیونسٹ معاشرہ کا ساتھی، کامریڈ، ہم وطن ج: رُفَقَاءُ و رِفَاق۔ مَرْتَع رَفِیقٌ: ہلکی چراگاہ۔ کہتے ہیں: ھَذَا الأَمْرُ رَفِیق بِہ و عَلَیہ: یہ کام اس کے لئے مفید ہے۔

الرَّفِیقَةُ: ساتھن، سہیلی، ہم پیشہ عورت (۲) بیوی، رفیقۂ حیات (۳) محبوبہ ج: رَفَائِق۔

المُرَافِق: ہم راہی، ہم رکاب، مصاحب، کسی افسر یا قائد کا اردلی۔

المُرْتَفَقُ: ہر قابل انتفاع چیز (۲) سہارا (۳) بیت الخلاء ج: مُرْتَفَقَاتٌ۔

المُرْتَفِقُ: حق انتفاع رکھنے والا (۲) استفادہ کرنے والا۔

مُرْفَقٌ بکذا: نتھی، منسلک، ہم رشتہ۔

المَرْفِقُ: ہر وہ چیز جس سے مدد لی جائے یا فائدہ اٹھایا جائے یا ضرورت پوری کی جائے (۲) سہارا، تکیہ (۳) کہنی ج: مَرَافِق

مَرَافِقُ الحَیَاة: ضروریات و لوازم زندگی

مَرَافِقُ المَدِینَة: شہری ضروریات جیسے: پانی بجلی ذرائع نقل و حمل وغیرہ۔

مَرَافِقُ المنزِل: ضروریات خانہ جیسے غسل خانہ پاخانہ باورچی خانہ وغیرہ۔

المِرْفَقُ: المَرْفِقُ۔ مِرْفَق الدَّارِ: گھر کی ناگزیر ضرورت کی چیز جیسے غسل خانہ پاخانہ باورچی خانہ وغیرہ (۲) کہنی ج: مَرَافِق

المِرْفَقَةُ: تکیہ (۲) گدا یا بستر کہتے ہیں: بِتُّ مُرْتَفِقًا و الرَّمْلُ مِرْفَقَتِی: میں کہنی پر ٹیک لگا کر اور ریت کو بستر بنا کر سویا ج: مَرَافِقُ۔

• رَفَلَ ـُ رَفْلًا و رُفُولًا و رَفَلَانًا: دامن گھسیٹتے ہوئے اترا کر چلنا، متکبرانہ چال چلنا۔

ــــ فی مَشْیِہ او فی قُیُودِہ و رَفَلَ فی ثَوبِہ: دامن گھسیٹتے ہوئے ناز و انداز سے چلنا، غرور و اتراہٹ سے چلنا۔ ھو رَافِل و ھی رَافِلَةٌ۔

ــــ البئرَ و نحوَھا: کنویں وغیرہ کو پانی سے بھرنا۔

رَفِلَ ـَ رَفَلًا: بے ڈھنگے پن سے کام کرنا، بے سلیقہ ہونا۔ ھو رَفِلٌ و أَرْفَلُ۔ ھی رَفْلاء۔

أَرْفَلَ: رَفَلَ (۲) أَرْفَلَ فی ثِیابِہ: لباس کو دراز کر کے اترا کر چلنا۔

ــــ ثَوبَہُ او إِزَارَہُ او ذَیلَہُ: کپڑے وغیرہ کو دراز کرنا، لٹکانا، ڈھیلا چھوڑنا۔

ــــ القَومُ فُلَانًا: تعظیم کرنا، قائد و سربراہ بنانا۔

رَفَّلَ: رَفَّلَ فی ثیابه او مَشْیه: نازوانداز سے چلنا، اکڑ کر چلنا۔
—— ثَوْبَه او إزَارَهُ او ذَیْلَهُ: پھیلانا، کشادہ کرنا۔
—— القَومُ فُلانًا: سردار بنانا۔ کہتے ہیں: رَفَّلَ المَلِكُ فُلانًا: بادشاہ کا کسی کو حاکم یا افسر بنانا (۲) تعظیم کرنا (۳) بادشاہ بنانا، مالک بنانا۔ کہتے ہیں: حَکَّمَ فُلانًا و رَفَّلَهُ: کسی کو حاکم بنانا اور بڑا رتبہ دینا۔
—— البِئرَ و نَحْوَها: کنویں کو بھرنا۔
تَرَفَّلَ فُلانٌ: رَفَلَ۔ اترا کر چلنا، اکڑ کر چلنا کہتے ہیں: ترفَّلَ فی ثِیابِه و مَشْیِه۔
—— عَلَیْهِم: لوگوں کا حاکم وافسر بننا۔
تَرْفَلَ فُلانٌ تَرْفَلَةً: اکڑ کر چلنا، اترا کر چلنا
التَّرْفِیْلُ: علم عروض میں سبب قافیہ میں زیادتی کا نام ہے جیسے لفظ تُنْ کا متفاعِلُن پر اضافہ کرکے کہا جائے مُتَفَاعِلاتُنْ۔
الرَّفَالُ: شَعْرٌ رَفَالٌ وثَوْبٌ رَفَالٌ: دراز بال یا دراز کپڑا ج: رُفُلٌ۔
الرِّفْلُ: دامن ج: رُفُولٌ و أرْفَالٌ۔
الرَّفَلُ: کنویں کے پانی کی بڑی مقدار ج: أرْفَالٌ
الرِّفَلُّ: لمبی دُم والا چوپایہ (۲) لمبے دامن والا کپڑا (۳) کشادہ کپڑا (۴) ڈھیلی کھال والا (۵) آسودہ اور پرکیف زندگی (۶) بہت گوشت والا۔ هی رِفِلَّةٌ۔ عِیشَةٌ رِفَلَّةٌ: فراخ زندگی۔
المِرْفَالُ: بہت اترانے والا، بہت اکڑنے والا، متکبر۔ رَجُلٌ مِرْفَالٌ و امْرَأَةٌ مِرْفَالٌ ج: مَرَافِیل۔
المِرْفَلَةُ: فراخ و ڈھیلا لباس جسے گھسیٹتے ہوئے اکڑ کر چلا جائے ج: مَرَافِلُ۔
•رَفَهَ ـ رَفْهًا و رُفُوهًا: خوش حالی اور کشادگی رزق حاصل ہونا، خوش حال ہونا۔ هو رَافِهٌ و هی رَافِهَةٌ۔
—— عَیْشُهُ: زندگی خوش گوار ہونا، آسودہ ہونا
رَفَهَ فُلانًا و به: رحم کرنا، شفقت کرنا۔
رَفُهَ ـ رَفَاهَةً و رَفَاهِیَةً: خوشحال ہونا، آسودہ حال ہونا۔ هو رَفِیْهٌ و رَافِهٌ۔
أرْفَهَ: رَفَهَ۔ کہتے ہیں: أرْفَهَ فُلانٌ: پوشش وخورد ونوش میں فراخی وآسودگی حاصل ہے (۲) مطمئن وفارغ البال ہونا۔ کہتے ہیں: أرْفِهْ عِنْدی: میرے پاس ٹھیرو اور آرام کرو (۳) بالوں میں کنگھی کرنا اور ہر روز تیل لگانا۔
أرْفَهَ الإبِلُ: اونٹوں کا حسب منشا پانی پر آنا۔
—— الإبِلَ: اونٹوں کو حسب منشا پانی پر آنے دینا۔
—— فُلانًا: خوش حال بنانا، آسودہ کرنا۔
رَفَّهَهُ: خوشحال بنانا، فارغ البال بنانا۔
رَفَّهَ نَفْسَه: دل جمعی کرنا، راحت پہنچانا، کہتے ہیں: رَفِّهْ عِنْدی: تم میرے پاس دل جمعی سے رہو۔
رَفَّهَ عنه: کلفت دور کرنا، بار خاطر ہلکا کرنا (۲) تھکان یا دل کی گھٹن دور کرنا، آرام پہنچانا، دل جوئی کرنا۔ رَفَّهَ عن أنْفَاسِه و رَفَّهَ من خِناقِه: کلفت دور کرنا۔
—— علیه: مہلت دینا، ڈھیل دینا۔
—— الإبِلَ: اونٹوں کو حسب منشا پانی پر آنے دینا۔
تَرَفَّهَ: خوشحال وآسودہ ہونا، فارغ البال ہونا۔
اسْتَرْفَهَ: ترَفَّهَ۔ کہتے ہیں: استَرْفِهْ عِنْدی: میرے پاس آرام وراحت سے رہو۔
الرَّفَاهَة والرَّفَاهِیَة: خوشحالی، آسودگی فارغ البالی، رزق کی فراوانی۔
الرَّفَاهِیَّةُ: خوشحالی، رفاہی۔
الرَّفَهَةُ: رحم وشفقت، مہربانی۔
الرُّفَهْنِیَةُ: الرَّفَاهَةُ۔ کہتے ہیں: فی رُفَهْنِیَةٍ من العَیْشِ: وہ مزے کی زندگی گزار رہا ہے۔
•رَفَا ـ رَفْوًا: شادی کرنا۔
—— الثَّوبَ و نَحْوَهُ: کپڑے وغیرہ کی مرمت کرنا، رفو کرنا، ملا کر سینا۔
—— الخَرْقَ: کپڑے کی پھٹن کو سینا، درست کرنا۔
—— فُلانًا: دلاسا دے کر خوف دور کرنا، تسلی دینا (۲) بھوک اور غربت کو دور کرنا۔
أرْفَتِ السَّفِینَةُ: کشتی یا جہاز کا ساحل سے قریب ہونا، لنگر انداز ہونا۔
أرْفَی إلَیه: مائل ہونا (۲) پناہ لینا۔
—— السَّفِینَةَ: کشتی یا جہاز کو ساحل کے قریب لانا، لنگر انداز کرنا۔
—— فُلانًا: دل جوئی کرنا۔
رَافَاهُ مُرَافَاةً و رِفَاءً: موافقت کرنا (۲) دل داری کرنا (۳) دوستی اور تعلق رکھنا
رَفَّی المُتَزَوِّجَ: شادی شدہ کو "بالرِّفاءِ والبَنِین" (میل ملاپ اور اولاد) کی دعا دینا۔
تَرَافَوا عَلَی الأمْرِ: کسی بات پر سب کا متفق ہونا، باہم مددگار ہونا۔
الرِّفَاءُ: اتحاد و یگانگت۔ شادی شدہ کو بطور دعا کہتے ہیں: بالرِّفاءِ والبَنِینْ (تم دونوں میں ملاپ اور اولاد حاصل ہو)
الرُّفَةُ: بھوسا۔ کہاوت ہے: أغْنَی من التُّفَةِ عَن الرُّفَةِ: کمینہ آدمی شکم سیر ہو جائے تو اس کے بارہ میں کہا جاتا ہے کہ وہ بھوسا (معمولی چیز) سے اتنا ہی بے نیاز ہے جتنا کہ طائر تُفہ (جو صرف گوشت کھاتا ہے) بھوسے سے بے نیاز ہے۔ یعنی کمینہ کا پیٹ بھر جائے تو وہ آپے سے باہر ہو جاتا ہے اپنی حیثیت کو بھول جاتا ہے۔
الرَّفَّاءُ: رفوگر۔ هی رَفَّاءَةٌ۔

الأَرْثَى: لمبے اور ڈھیلے کانوں والا م: رَثْوَاءُ۔

ر ـــــ ق

•رَقَأَ الدَّمْعُ و الدَّمُ ـَ رَقْئًا و رُقُوءًا: آنسو یا خون کا بند ہوجانا، خشک ہوجانا۔
ـــ دَمُ القَاتِلِ: خون بہا دیئے جانے سے قاتل کا خون معاف ہوجانا۔
ـــ بَيْنَهُمْ او ما بَيْنَهُمْ: صلح کرانا۔ کہتے ہیں: اِرْقَأْ على ظَلْعِكَ: تم اپنے اوپر رحم کرو اور طاقت سے زیادہ خود پر بوجھ نہ ڈالو یا تم پہلے اپنی اصلاح کرو۔
أَرْقَأَهُ: خون بند کرنا۔
ـــ العِرْقَ: رگ سے خون بہنے کو روکنا، رگ کا منہ بند کرنا۔
ـــ الدَّمْعَ ونحوَه: آنسو وغیرہ کو روکنا، خشک کردینا، بددعا کے طور پر کہا جاتا ہے: لا أَرْقَأَ اللّٰهُ دَمْعَتَه و لا أَرْقَأَ عَيْنَهُ: خدا کرے کہ اس کے آنسو کبھی بند نہ ہوں۔
ـــ دَمَ فُلانٍ: کسی کے خون کو محفوظ کرنا۔
الرَّقُوءُ: مصلح، صلح کرانے والا (۲) خون روکنے کی دوا وغیرہ۔ کہتے ہیں: سَكَّنَ النَّزْفَ بالرَّقُوءِ: دوا سے خون کا بہنا بند ہوگیا۔
الدِّيَةُ رَقُوءُ الدَّمِ: دیت (خون بہا) خون (قاتل کا قتل) روکنے کا ذریعہ ہے۔ قیس ابن عاصم نے اپنے لڑکے کو نصیحت کی تھی "لا تَسُبُّوا الإبِلَ فإنّ فيها رَقُوءَ الدَّمِ و مَهْرَ الكَرِيمَةِ: اونٹوں کو ذبح نہ کرو کیونکہ وہ قاتل کے خون کی حفاظت کا ذریعہ اور شریف عورت کا مہر بنتے ہیں۔
•رَقَبَهُ ـُ رَقْبًا و رُقُوبًا و رَقَابَةً: نظر رکھنا۔ قرآن پاک میں ہے "إنّي خَشِيتُ أنْ تَقُولَ فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِي إسْرَائِيلَ ولَمْ تَرْقُبْ قَوْلِي" مجھے ڈر تھا کہ آپ کہیں گے کہ تو نے بنی اسرائیل میں پھوٹ ڈال دی اور میری بات پر نظر نہ رکھی، نگاہ رکھنا، خیال رکھنا (۲) حفاظت کرنا، نگرانی کرنا۔ کہتے ہیں: ارْقُبْ فُلانًا فی اَهْلِهِ: اور حدیث میں ہے: "ارْقُبُوا مُحَمَّدًا فی اَهْلِ بَيْتِهِ" تاکنا، ستاروں کو دیکھنا (۳) بچنا، محتاط رہنا (۴) ڈرنا۔
رَقَبَهُ فُلانًا رَقْبًا: کسی کی گردن پر ضرب لگانا (۲) گلے میں رسی وغیرہ ڈالنا۔
رَقِبَ ـَ رَقَبًا: موٹی گردن والا ہونا۔ هو أَرْقَبُ و هي رَقْبَاءُ ج: رُقْبٌ۔
أَرْقَبَهُ دَارًا او أَرْضًا: کسی کو گھر یا زمین بطور رُقْبیٰ دینا۔ رُقْبیٰ دیکھئے۔
رَاقَبَهُ مُرَاقَبَةً و رِقَابًا: نگرانی کرنا، دیکھ بھال کرنا، ملحوظ رکھنا۔ کہتے ہیں: رَاقَبَ اللّٰهَ او ضَمِيرَهُ فی اَمْرِهِ: اس نے اپنے معاملہ میں اللہ کا خوف دل میں رکھا یا اپنے ضمیر کو ملحوظ رکھا۔ فُلانٌ لا يُرَاقِبُ اللّٰهَ فی اَمْرِهِ: فلاں اپنے معاملہ میں خوف خدا نہیں رکھتا، گناہ کا مرتکب ہوتا ہے انجام سے نہیں ڈرتا۔
ارْتَقَبَ: بلند ہونا، بلندی پر چڑھنا۔
ـــ الشَّیْءَ: منتظر رہنا، نگاہ رکھنا، گھات میں لگنا، تاک میں رہنا۔
تَرَقَّبَهُ: ارتقب۔
تَرَاقَبَا: ایک دوسرے کی نگرانی کرنا۔
الرِّقَابَةُ: نگرانی، حفاظت، دیکھ بھال، کتابوں یا اخبارات وغیرہ کی چھان بین، سنسر شپ (۲) اقتصادی اصطلاح میں اشیا و صرف کے نرخوں میں حکومت یا مرکزی بنک کی مداخلت۔
رِقَابَةٌ حُكُومِيَّةٌ: سرکاری نگرانی۔
رِقَابَةٌ صَارِمَةٌ: سخت نگرانی۔
رِقَابَةٌ على الصَّرْفِ: اشیا کے خرچ کی نگرانی۔
فَرَضَ الرِّقَابَةَ علی: نگرانی یا سنسر شپ قائم کرنا۔
رَفَعَ الرِّقَابَةَ عن: نگرانی اٹھانا، سنسر شپ ختم کرنا۔
رِقَابَةٌ قَضَائِيَّةٌ: عدالتی نگرانی۔
الرُّقْبَى: نگرانی (۲) ایک شخص کا دوسرے کو مکان یا زمین اس شرط پر دینا کہ دونوں میں سے جو پہلے مرجائے وہ مکان اور زمین زندہ رہنے والے کی ہوگی (اگر لینے والا پہلے مرگیا تو وہ زمین پھر دینے والے کی ہوجائیگی) اسی بنیاد پر ہر ایک دوسرے کی موت کا منتظر رہتا ہے۔
الرَّقَبُ: گردن کی موٹائی۔
الرِّقْبَةُ: نگرانی کی کیفیت و حالت۔ کہتے ہیں: هو حَسَنُ الرِّقْبَةِ: وہ اچھی نگرانی کرتا ہے۔ هو سَيِّئُ الرِّقْبَةِ: وہ اچھی نگرانی نہیں کرتا (۲) بچاؤ، تحفظ، احتیاط۔ کہتے ہیں: وَرِثَ مَالًا مِن رِقْبَةٍ: یعنی اسے آباؤ اجداد سے مال وراثت میں نہیں ملا بلکہ بربنائے قرابت اس شخص کا مال ملا جس کا باپ یا بیٹا نہیں تھا کہ جو اس کے وارث ہوتے (کلالہ وہ شخص ہے جس کے مرنے کے بعد اس کا باپ یا بیٹا نہ ہو جو اس کا وارث بن سکے بلکہ اس کے وارث اس کے قرابت دار ہوں۔ نیز کہتے ہیں: وَرِثَ مَجْدًا عن رِقْبَةٍ: اسے عظمت اہل قرابت سے ملی اس کے آباؤ اجداد عظمت والے نہیں تھے۔
الرُّقْبَةُ: وہ گڑھا جس میں چھپ کر چیتے کا شکار کیا جائے ج: رُقَبٌ۔
الرَّقَبَةُ: گردن (۲) ذات انسانی، شخص۔ (تَسْمِيَةٌ للشَّیْءِ بِاسْمِ بَعْضِهِ) (۳) غلام یا مکاتب (۴) موسیقی میں عود کے بکس کا بالائی حصہ ج: رِقَابٌ و رِقَبٌ۔

أَعْتَقَ رَقَبَةً : غلام یا باندی کو آزاد کرنا۔
أَعْتَقَ اللّٰهُ رَقَبَتَهُ : اللہ نے اسے چھٹکارا دلایا، نجات دلائی۔
رِبَاطُ الرَّقَبَة : ٹائی۔
الرَّقَّابَةُ : پہرہ دار، سامان وغیرہ کا محافظ۔
الرَّقُوبُ : وہ شخص جس کا بچہ باقی نہ رہتا ہو (۲) وہ عورت جس کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو (۳) کسب معاش سے معذور مرد و عورت (۴) وہ عورت جو وراثت یا دوسرا شوہر کرنے کے لئے اپنے شوہر کی موت کی منتظر ہو۔
أُمُّ الرَّقُوب : مصیبت۔
الرَّقِيبُ : اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ایک، وہ محافظ ذات جس سے کوئی چیز چھپی نہ رہے (۲) محافظ و نگہبان، پہرہ دار، تاک میں رہنے والا (۳) خیال رکھنے والا (۴) مقدمۃ الجیش، ہراول (۵) جوا کھیلنے والوں کا محافظ جو کھیل کی حدود کا خیال رکھتا ہے (۶) جوئے کے تیروں میں سے تیسرا تیر (۷) سنسر کرنے والا (کتب اور اخبارات و لٹریچر کی جانچ پڑتال کرنے والا تاکہ حکومت کے خلاف کوئی بات ہو تو اسے حذف کر دے یا داخلہ و اشاعت روک دے ج: رُقَبَاءُ (۸) ایک ستارہ کا نام ج: رُقُبٌ (۹) ایک زہریلا سانپ
هو رَقِيبٌ لِنَفْسِه : وہ خود اپنے کردار کا محافظ و ذمہ دار ہے۔
الْمُرَاقِبُ : نگراں، سپروائزر (۲) مشاہد، مبصر (۳) کنٹرولر (۴) اتالیق (۵) سپرنٹنڈنٹ (۶) اورسیر
مُرَاقِبُ المَطْبُوعَات : سنسر کرنے والا۔
مُرَاقِبُ الحِسَابَات : آڈیٹر حسابات۔
المُرَاقِبُ السِّيَاسِيُّ : سیاسی مبصر۔
المُرَاقِبُ العَامُّ : آڈیٹر جنرل۔

المُرَاقَبُ : زیر حراست (وہ بدمعاش آدمی جسے پولس نقض امن کے خوف سے اپنی نگرانی میں رکھے۔
المَرْقَبُ : نگرانی کی جگہ، اونچی جگہ جہاں سے نگرانی کی جائے، رصدگاہ، تعاقب کی جگہ، انتظارگاہ ج: مَرَاقِب۔
المِرْقَبُ : ستاروں اور اجرام فلکیہ کی دیکھ بھال کرنے کا آلہ۔ جیسے دوربین۔
مِرْقَبٌ فَلَكِيٌّ : رصدگاہ کی بڑی دوربین۔
المُتَرَقِّبُ : متوقع۔
•رَقَحَ ـَ رَقْحًا و رَقَاحَةً : کمائی کرنا کہتے ہیں : هو رَاقِحَةُ أَهْلِه : وہ اپنے اہل و عیال کے لئے روزی کماتا ہے
ـــ الشيءَ : انتظام کرنا، درست کرنا۔ هو مَرْقُوحٌ و رَقِيحٌ۔
رَقَّحَ مَالَهُ او عَيْشَهُ : مال یا زندگی کا بہتر نظام بنانا، انتظام کرنا۔
ارْتَقَحَ رَأْسُ المَالِ : تجارت وغیرہ کے ذریعہ سرمایہ کا بڑھنا۔
تَرَقَّحَ : کمائی کرنا، روزی کمانے کی تدبیر کرنا۔ کہتے ہیں : تَرَقَّحَ لِعِيَالِه۔
الرَّقَاحِيُّ : مال کو صحیح مصرف میں لگانے والا تاجر۔ هو رَقَاحِيُّ مالٍ : وہ مال کمانے والا اور اس کا اچھا منتظم ہے۔
هي رَقَاحِيَّةٌ۔
•رَقَدَ ـُ رَقْدًا و رُقُودًا و رُقَادًا : سونا (۲) لیٹنا (۳) مرنا۔ هو رَاقِد ج: رُقُودٌ و رُقَّدٌ۔
ـــ الحَرُّ و نَحْوُهُ : گرمی وغیرہ کا کم ہو جانا (۲) ہوا کا رک جانا۔
ـــ عن الأَمْرِ : غفلت برتنا یا پیچھے ہٹ جانا۔
ـــ عن الضَّيْفِ : مہمان کی خبرگیری نہ کرنا
ـــ السُّوقُ : بازار کا مندا ہونا، بند ہونا
ـــ الدَّجَاجَةُ على بَيْضِهَا : مرغی کا انڈے سینا۔

أَرْقَدَهُ : سلانا، لٹانا۔
ـــ الدَّوَاءُ و نحوُه : دوا وغیرہ کا کسی کو سلا دینا۔
ـــ المَكَانَ و به : کسی جگہ قیام کرنا۔
ـــ الدَّجَاجَةَ على البَيْض : مرغی کو انڈوں پر بٹھانا۔
رَقَّدَهُ : سلانا، لٹانا۔
تَرَاقَدَ : سویا ہوا ظاہر ہونا، بظاہر سو جانا۔
ـــ القَوْمُ على فُلانٍ : کسی کے خلاف ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
ارْقَدَّ : چلنے میں یا معاملات میں جلدی کرنا۔
اسْتَرْقَدَ فُلانٌ : کسی پر نیند کا غلبہ ہونا۔
التَّرْقِيد : ایک قسم کی چال۔
الرَّاقِدُ : سویا ہوا، لیٹا ہوا (۲) مردہ (۳) مندا (۴) پرسکون۔
الرَّاقُودُ : گہرا بڑا مٹکا۔
الرَّقْدَةُ : آدھے مہینہ یا اس سے کم مدت رہنے والی گرمی۔ کہتے ہیں : اصابَتْنَا رَقْدَةٌ من حَرٍّ : ہم سخت گرمی میں مبتلا ہوئے (۲) نیند۔
الرُّقَدَةُ و الیَرْقُودُ : ہر وقت سونے والا یا پڑا رہنے والا۔
الرَّقَدَانُ : بکری کے بچہ کی کُلیل، اچھل کود۔
الرُّقَاد : نیند (۲) آرام (۳) موت (۴) سکون (۵) مندا پن۔
الرَّقُودُ : امْرَأَةٌ رَقُودُ الضُّحَى : عیش و عشرت والی عورت جو دن چڑھے تک سوتی رہے ج: رُقُدٌ۔
المَرْقَدُ : خوابگاہ، آرام گاہ، بستر (۲) قبر۔ قرآن پاک میں ہے "یاوَيْلَنَا مَنْ بَعَثَنَا مِن مَّرْقَدِنَا" (۳) نیند ج : مَرَاقِدُ۔
المُرْقِدُ : خواب آور دوا جیسے افیون وغیرہ۔
•رَقْرَقَ المَاءَ وغَيرَهُ : پتلی دھار سے پانی

وغیرہ ڈالنا۔
رَقْرَقَ عَیْنَهُ: آنکھ سے آنسو بہانا۔
— الشَّرَابَ: شراب میں پانی ملانا۔ کہتے ہیں: رَقْرَقَ الخَمْرَ بالمَاءِ۔
— الثَّرِیْدَ بالدَّسَمِ: ثرید میں روغن ملانا۔
— الطِّیْبَ فی الثَّوْبِ وغَیْرِهِ: کپڑے وغیرہ پر خوشبو لگانا۔ رَقْرَقَ الثَّوْبَ بالطِّیْبِ بھی کہا جاتا ہے۔
تَرَقْرَقَ المَاءُ وغَیْرُهُ: پانی میں ہلکی لہریں اٹھنا، آہستہ آہستہ بہنا۔
— الدَّمْعُ فی العَیْنِ: آنکھ میں آنسو بھر آنا۔
— العَیْنُ: آنکھ کا اشکبار ہونا۔
— السَّرَابُ و نَحْوُهُ: سراب وغیرہ کا چمکنا، جھلکنا۔
— الشَّمْسُ فی طُلُوعِها و نَحْوِهِ: آفتاب کا بوقت طلوع وغیرہ گھومتا ہوا دکھائی دینا۔
— الحَیَوَانُ لِلسِّمَنِ و الهُزَالِ: جانور کا موٹاپے یا دبلے پن سے قریب ہونا یعنی آثار دکھائی دینا۔
الرُّقَارِقُ: چمک دار، لہراتا ہوا۔
— من المَاءِ: تھوڑا پانی۔
— من الشَّرَابِ و الثِّیَابِ: پتلا کپڑا یا شراب
من السُّیُوفِ: آب دار تلوار۔
الرَّقْرَاقُ: الرُّقَارِقُ (۲) چمک دار شے (۳) ڈبڈبانے والا آنسو (۴) آنے جانے والا بادل (۵) چمکتی ہوئی سراب (ریت)، ھی رَقْرَاقَةٌ
جَارِیَةٌ رَقْرَاقَةٌ: آبدار چہرے والی لڑکی۔
رَقْرَاقَةُ البَشَرَةِ: سفید و چمک دار جسم والی۔
• رَقَزَ ـُ رَقْزًا: ناچنا۔ الرَّقَّازُ: ناچنے والا۔
— العِرْقُ: رگ پھڑکنا۔
• رَقَشَهُ ـُ رَقْشًا: بیل بوٹے بنانا، سجانا، مزین کرنا، خوبصورت بنانا۔
رَقَشَ الکِتَابَ أو الکَلَامَ: لکھنا، نقطے لگانا۔
— الکتابَ أو الصَّفْحَةَ: سطریں کھینچنا۔
— النَّمَّامُ کلامَهُ او المُعَاتِبُ عِتَابَهُ: چغل خور یا ملامت گر کا اپنی چغل خوری یا ملامت کو مقصد برآری کیلئے حسین انداز میں پیش کرنا۔
رَقِشَ ـَ رَقَشًا و رُقْشَةً: رنگ برنگ کا ہونا، چتکبرا ہونا۔ هو أَرْقَشُ و هی رَقْشَاءُ ج: رُقْشٌ۔
رَقَّشَهُ: رَقَشَهُ (۲) سرزنش کرنا، ملامت کرنا۔
اِرْتَقَشُوا: مخلوط ہونا، گتھم گتھا ہونا۔ اِرْتَقَشُوا فی القِتَالِ وغَیْرِهِ۔
ارْتَقَشَ فُلانٌ: زیب و زینت کا اظہار کرنا
تَرَقَّشَ: مزین ہونا، سجنا۔ کہتے ہیں: هو یَتَرَقَّشُ لِلنَّاسِ: وہ لوگوں کے سامنے اظہار زینت کرتا ہے و تَرَقَّشَتِ المَرْأَةُ: عورت کا بناؤ سنگار کرنا، آراستہ ہونا۔
الرَّقْشُ: حسین خط، حسین لکھائی ج: رُقُوشٌ۔
الرَّقَاشُ: سانپ۔
الرَّقْشَاءُ: سانپ چتکبرا یا چتی دار (۲) گھاس میں پیدا ہونے والا چتی دار کیڑا
الرَّقْشَةُ: چتی دار رنگ، بھورا رنگ۔
• رَقَصَ ـُ رَقْصًا: ناچنا (۲) آوارہ پھرنا
— النَّبِیْذُ: نبیذ میں جوش آنا، جھاگ اٹھنا۔
— فی الکَلَامِ: جلدی جلدی بولنا۔
— الجَمَلُ رَقْصًا و رَقَصَانًا: اچھل اچھل کر چلنا اور دوڑنا۔
أَرْقَصَ فی سَیْرِهِ: ناچنا۔
أَرْقَصَ فُلانًا: نچانا، أَرْقَصَتِ المَرْأَةُ وَلَدَهَا: عورت نے اپنے بچہ کو نچایا۔
— فُلانٌ الدَّابَّةَ: جانور کو دوڑانا، تیز چلانا۔ کہتے ہیں: فَلَاةٌ مُرْقِصَةٌ: تیز چلانے اور دوڑانے والا جنگل یعنی ایسا خوفناک جنگل جسے دوڑ کر پار کرنا ضروری ہو۔ هذَا کَلَامٌ مُرْقِصٌ و قَصِیدَةٌ مُرْقِصَةٌ: وجد آفریں کلام یا نظم۔
رَقَّصَهُ: نچانا۔
تَرَقَّصَ: ناچنا، ڈانس کرنا (۲) وجد میں آنا، حال آنا۔ تَرَقَّصَتِ المَفَازَةُ: بیابان کا ریت چمکنا، لہریں مارنا (۲) تھرکنا، ہلکی ہلکی لہریں اٹھنا۔
رَاقَصَهُ: کسی کے ساتھ مل کر ناچنا، ڈانس کرنا
الرَّاقِصُ: ناچنے والا، حال کھیلنے والا، جھومنے والا۔
الرَّاقِصَةُ: ناچنے والی، ڈانس کرنے والی، رقاصہ۔ لَیْلَةٌ رَاقِصَةٌ و حَفْلَةٌ رَاقِصَةٌ: وہ رات یا محفل جس میں ناچ ہو۔
الرَّقْصُ: ناچ، ڈانس (ساز وغیرہ کے ساتھ مخصوص جذبات و احساسات کے اظہار کے لئے جسم کے کسی ایک حصہ یا تمام حصوں کو خاص طریقہ پر حرکت دینا)۔
الرَّقَصُ: بدکلامی۔ کہتے ہیں: سَمِعْتُ رَقَصَ النَّاسِ عَلَیْنَا: میں نے لوگوں کو ہمیں برا بھلا کہتے سنا (۲) عجلت و تیزی کہتے ہیں: فی کلامِهِمْ رَقَصٌ (۳) حال، شعر یا گانا وغیرہ سن کر ناچنے کی سی حالت۔
الرَّقْصَةُ: ڈانس یا اس کی کوئی قسم۔ ایک دفعہ کا ناچ ج: رَقَصَاتٌ۔
الرَّقَّاصُ: بہت ناچنے والا، ناچنے کا پیشہ کرنے والا (۲) گھڑی کا پنڈولم، بیلنس وہیل
الرَّقَّاصَةُ: رقاصہ، ناچنے والی (۲) وہ زمین

جس میں باوجود سیرابی کچھ نہ اُگتا ہو (۲) پنڈولم، بیلنس ویل۔
اَلْمَرْقَصُ: ناچ گھر، ڈانس کرنے کی جگہ، ڈانسنگ ہال ج: مَرَاقِصُ۔
اَلْمُرْقِصُ: نچانے والا، وجد میں لانے والا شعر وغیرہ۔
اَلْمَرْقَصَةُ: اَلْمَرْقَصُ ج: مَرَاقِصُ۔
•رَقَطَهُ ـُ رَقْطاً: سیاہ و سفید بندکیاں ڈالنا، چتّی دار بنانا۔
رَقِطَ ـَ رَقَطاً: بندکی دار ہونا، چتکبرا ہونا هو اَرْقَطُ و هِيَ رَقْطَاءُ ج: رُقْطٌ۔
رَقَّطَهُ: رَقَطَهُ۔
ـــ عَلَى ثوبه: دھبّے ڈالنا، چتیاں ڈالنا
تَرَقَّطَ: دھبّے پڑنا، چتیاں پڑنا، چھینٹے پڑنا۔
ارقَطَّ: تَرَقَّطَ۔
ـــ العَرْفَجُ وغَيْرُهُ: عرفج درخت کی سیاہی میں دھبے ہونا یا اس کی لکڑیوں میں ناخن جیسے ریشے ہونا۔
اِرْقَاطَّ: اِرْقَطَّ۔
الاَرْقَطُ: چیتا (۲) چتکبرا جانور ج: رُقْطٌ (۲) بندکی دار، چتّی دار۔
الرَّقْطُ: روشنائی وغیرہ کا دھبّا، چتکبرا پن ج: اَرْقَاطٌ۔
الرَّقْطَاءُ: اَرْقَطُ کی مؤنث (۲) ایک قسم کا سانپ، چتکبرا سانپ (۳) روغن دار ثرید یا سالن (جس پر روغن کے دھبّے (نزمرے) دکھائی دیں) ج: رُقْطٌ۔
الرُّقْطَةُ: دھبّا، چتی، بندکی (سیاہ و سفید یا ندرد و سرخ رنگ کا داغ) ج: رُقَطٌ
•رَقَعَ الشَّيْخُ و نَحْوُهُ ـَ رَقْعاً: (بوڑھے یا کمزور آدمی کا) ہتھیلیوں کا سہارا لے کر اٹھنا۔
ـــ فِي سَيْرِهِ: تیز چلنا۔ کہتے ہیں: ما رَقَعَ فُلَانٌ مَرْفَعاً: اس نے کچھ نہیں کیا۔
ـــ الثَّوْبَ و الحِذَاءَ و نَحْوَهُمَا: کپڑے اور جوتے وغیرہ پر ٹکّی لگانا، پیوند لگانا، مرمت کرنا۔
رَقَعَ البِنَاءَ و نَحْوَهُ: عمارت وغیرہ کو مضبوط کرنا۔
ـــ اُمُورَهُ و حَالَهُ: معاملات یا حالات کو سدھارنا۔
ـــ فُلَاناً: مارنا۔ کہتے ہیں: رَقَعَهُ بِكَفٍّ او بِسَوْطٍ: ہتھیلی یا کوڑے سے مارنا۔ رَقَعَهُ كَفّاً: ہاتھ سے مارنا
رَقَعَ الهَدَفَ بِسَهْمٍ: نشانہ پر تیر مارنا و رَقَعَ الاَرْضَ بِرِجْلِهِ: زمین پر پیر مارنا (۲) ہجو (برائی) کرنا، گالی دینا، برا بھلا کہنا۔ هو مَرْقُوعٌ و رَقِيعٌ۔
رَقُعَ ـُ رَقَاعَةً: بے وقوف ہونا، بے حیا ہونا۔ هو رَقِيعٌ ج: رُقَعَاءُ و هِيَ رَقِيعَةٌ۔ ج: رَقَائِعُ۔
اَرْقَعَ الثَّوْبُ وغَيْرُهُ: کپڑے وغیرہ کا قابلِ مرمت ہونا۔
ـــ فُلَانٌ: بے وقوفی کرنا۔
رَاقَعَ الخَمْرَ: شراب کا عادی ہونا۔
رَقَّعَهُ: رَقَعَهُ۔
ـــ البِنَاءَ وغَيْرَهُ: عمارت وغیرہ کو مستحکم کرنا۔
ـــ اَمْوَالَهُ او مَعِيشَتَهُ: مال یا روزی کا بہتر انتظام کرنا۔
ـــ الحَدِيثَ وغَيْرَهُ: کلام میں حذف و اضافہ کرنا، اصلاح کرنا۔
اِرْتَقَعَ: کہتے ہیں: ما اَرْتَقِعُ لَهُ او بِهِ: میں اس کی پرواہ نہیں کرتا۔ ما تَرْتَقِعُ مِنِّي بِرِقَاعٍ: تم میری نصیحت نہیں مانتے یا میرا کہا نہیں مانتے۔
تَرَقَّعَ: کمائی کرنا (۲) مضبوط ہونا (۳) درست ہونا۔ کہتے ہیں: اَرَى فِيهِ مُتَرَقَّعاً: میں اس میں سب و شتم کی جگہ پاتا ہوں اسے برا کہنے کی گنجائش ہے، وہ قابلِ مذمت ہے فِيهِ مُتَرَقَّعٌ: اس میں پیوند لگانے کی گنجائش ہے۔ قابل اصلاح ہے۔
اِسْتَرْقَعَ: پیوند لگانے یا مرمت کرنے کے لائق ہونا۔ کہتے ہیں: اِسْتَرْقَعَ الثَّوْبُ و اِسْتَرْقَعَتْ حَالُهُ: کپڑا یا حال قابل اصلاح ہے۔
الاَرْقَعُ: احمق (۲) آسمان دنیا (نچلا آسمان) ج: رُقْعٌ۔
التَّرْقِيعُ: جلدی پیوند کاری (زخم پر آپریشن کے بعد بدن کے کسی حصہ کی کھال کاٹ کر لگانا)
الرَّقَاعَةُ: کم عقلی، بے وقوفی (۲) بے حیائی۔
الرَّقَاعِيُّ: رَقَاعِيُّ مالٍ: مال کا منتظم، سرمایہ کو صحیح جگہ لگانے والا تاجر۔ هِيَ رَقَاعِيَّةٌ
الرَّقِيعُ: ساتواں آسمان۔
الرَّقْعَاءُ: بے وقوف عورت (۲) رنگ برنگ کی (۳) پتلی پنڈلیوں والی عورت ج: رُقْعٌ
الرُّقْعَةُ: وہ کپڑے وغیرہ کا ٹکڑا جس کو بطور پیوند لگایا جائے، پیوند۔ کہاوت ہے: الصَّاحِبُ كَالرُّقْعَةِ فِي الثَّوْبِ ان لَمْ تَكُنْ منه شَانَتْهُ فاطْلُبْهُ مُشَاكِلاً: ساتھی کپڑے کے پیوند کے مانند ہوتا ہے کہ اگر وہ اس کپڑے جیسا نہ ہو تو وہ کپڑے کو بدنما کر دیتا ہے۔ اسلئے اپنا ساتھی ہم جنس اور ہم رنگ بناؤ (تاکہ وہ تمہارے لئے باعث بدنامی نہ ہو) (۲) پرچہ، کاغذ وغیرہ کا ٹکڑا جس پر لکھا جائے (۳) قطعۂ زمین۔ رُقْعَةٌ من الكَلَاِمِ و العُشْبِ: گھاس کا ایک حصہ۔ کہتے ہیں: اَصَابَ رُقْعَةَ الهَدَفِ او الغَرَضِ: نشانہ پر لگنا۔
رُقْعَةُ الشَّطْرَنْجِ: شطرنج کی بساط، تختی۔
خَطُّ الرُّقْعَةِ: مراسلات کا خط جیسے

اردو میں نستعلیق ۔
الرُّقْعَةُ : ایک قسم کا بڑا درخت ج: رُقَعٌ ۔
رُقْعَةُ العنوان : چٹ، لیبل ۔
الرَّقِيْعُ : احمق (۲) آسمان ج: اَرْقِعَةٌ ۔
المَرْقَعُ : پیوند لگانے کی جگہ (۲) ساتواں آسمان کہتے ہیں: لا اَجِدُ فیه مَرْقَعًا لِلکَلام : اسے کچھ کہنے کی ضرورت نہیں ج: مَرَاقِع ۔
المُرَقِّعُ : پیوند کار، اصلاح کنندہ خطیب
مِرْقَعٌ : پرزور مقرر ج: مَرَاقِع ۔
المَرْقَعَةُ : اسٹینسل (مسالہ لگا ہوا کاغذ جس پر نوکدار قلم سے لکھ کر یا ٹائپ کرکے سائکلو اسٹائل پریس میں لگا کر چھپائی کی جاتی ہے ۔
المُرَقَّعُ : پیوند لگا ہوا، مرمت شدہ (۲) آزمایا ہوا آدمی ۔ ھی مُرَقَّعَةٌ ۔
المُرَقَّعَةُ : صوفیا کا لباس ۔
المُرْتَقَعُ : پیوند کی جگہ ۔
• رَقَّهُ ــُ رَقًّا : پتلا کرنا، باریک کرنا، ھو مَرْقُوقٌ و رَقِيْقٌ و ھی مَرْقُوقَةٌ و رَقِيْقَةٌ ۔
رَقَّ ــِ رِقًّا و رِقَّةً : باریک ہونا (ضد: غَلُظَ)، پتلا ہونا (ضد: ثَخُنَ)، نازک ہونا (۲) دبلا ہونا ۔ ھو رَقِيقٌ و ھی رَقِيقَةٌ ۔
ـــ عَظْمُهُ : ہڈی کا کمزور ہونا یا سڑ جانا ۔
ـــ عَدَدُهُ : عمر کم ہو جانا اور طاقت گھٹ جانا ۔
ـــ حَالُه : حال پتلا ہونا، مال کم ہونا ۔
ـــ : نرم اور آسان ہونا ۔
ـــ جانِبُهُ : نرم مزاج ہونا ۔
ـــ له : ترس آنا، رحم کرنا (۲) کسی کے سامنے عاجز و درماندہ ہونا، حقیر ہونا (۳) شرمانا
رَقَّ وَجْهُهُ : اسے شرم آگئی ۔
ـــ الحُرُّ : آزاد شخص کا غلام بن جانا یا غلامی میں داخل ہونا ۔ ھو و ھی و ھم رَقِيق ج: اَرِقَّاءُ و ھی رَقِيقَةٌ ج: رَقَائِقُ ۔
اَرَقَّ : رَقَّ ۔
ـــ الفَرَسُ و نَحْوُهُ : گھوڑے وغیرہ کا پتلے سم والا ہونا ۔
ـــ فُلانٌ : خستہ حال ہونا، مالی حیثیت کمزور ہونا، غریب ہونا ۔
ـــ به اخلاقه : انتہائی بخیل ہونا، کسی کو فائدہ نہ پہنچانا ۔
ـــ شَيْئًا : پتلا کرنا، باریک کرنا ۔
ـــ الحُرَّ : آزاد کو غلام بنانا ۔
ـــ قَلْبَهُ : دل نرم کرنا، وعظ و نصیحت کے ذریعہ دلوں میں نرمی پیدا کرنا ۔
ـــ العِنَبُ : انگور کا باریک چھلکے والا ہونا ۔
رَقَّقَ قَلْبَهُ : دل کو نرم کرنا، رحم دل بنانا ۔
ـــ کَلامَهُ : پاکیزہ اور خستہ کلام کرنا ۔
ـــ مَشْيَهُ : سبک رفتاری سے چلنا ۔
ـــ بَيْنَهُمَا او ما بَيْنَهُمَا : پھوٹ ڈالنا، بگاڑ پیدا کرنا ۔
تَرَاقَّ هَرِمُهُ : انتہائی پختہ رائے اور تجربہ کار ہونا ۔
تَرَقَّقَ : رَقَّ ۔
ـــ له : ترس آنا، رحم کرنا، شفقت کرنا (۲) سبک رفتاری سے چلنا ۔
ـــ اَحَدًا : کمزور و خوار بنا دینا ۔ کہتے ہیں: تَرَقَّقَتِ الحَسْنَاءُ فُلانًا : حسینہ نے فلاں کو اپنا غلام بنا لیا ۔
اِسْتَرَقَّ المَاءُ و نَحْوُهُ : پانی کا تھوڑا سا باقی رہنا اور باقی خشک ہو جانا ۔
ـــ اللَّيْلُ و غَيْرُهُ : رات وغیرہ کا اکثر حصہ گزر جانا ۔
ـــ الاَسِيْرَ : قیدی کا مالک بن جانا ۔
ـــ الحُرَّ : آزاد آدمی سے غلام جیسا سلوک کرنا ۔
الرَّقَاقُ : نرم مٹی والی پھیلی ہوئی ہموار و کشادہ زمین (۲) وہ جگہ جہاں سے پانی ہٹ گیا ہو یا خشک ہو گیا ہو ۔ اَرْضٌ رَقَاقٌ : نرم مٹی والی زمین ۔ يَوْمٌ رَقَاقٌ : گرم دن
الرُّقَاقُ : پتلا، باریک (۲) پتلی روٹی، چپاتی ۔ خُبْزٌ رُقَاقٌ بھی کہتے ہیں ۔ مَشَى مَشْيًا رُقَاقًا : آہستہ اور نرم رفتاری سے چلا ۔ واحد: رُقَاقَةٌ ۔
الرَّقُّ : لکھنے کا پتلا چمڑا (۲) سفید کاغذ کا تختہ (۳) وادی یا دریا کا ہلکا اور پتلا پانی (۴) بڑا کچھوا (۵) نر کچھوا (۶) مگرمچھ جیسا آبی جانور ج: رُقُوقٌ ۔
الرِّقُّ : باریک یا پتلی چیز (۲) بجانے کا ڈھپڑا، دُف (۳) غلامی (۴) کشادہ اور نرم زمین ۔ اَرْضٌ رِقٌّ بھی کہا جاتا ہے (۵) جانوروں کو آسانی سے حاصل ہونے والی یا آسانی سے کھائی جانے والی نرم شاخیں ج: رُقُوقٌ
رِقُّ التَّصْوِيرِ الشَّمْسِيِّ : فوٹو کی فلم ۔
اِلغَاءُ الرِّقِّ : خاتمۂ غلامی ۔
الرَّقُّ : پتلا پانی، وادی یا دریا کا ہلکا اور تھوڑا پانی ج: رُقُوقٌ ۔
الرِّقَّةُ : ہلکاپن، پتلاپن، کہتے ہیں: فی حَافِرِه رِقَّةٌ : اس کے سم میں ہلکاپن ہے (۲) کھانے کا پتلاپن، ہلکاپن (۳) نرم اور کشادہ زمین (۴) کمزوری کہتے ہیں: رَجُلٌ فیه رِقَّةٌ و فی عِظَامِه رِقَّةٌ (۵) قلت ۔ کہتے ہیں: فی مالِه رِقَّةٌ ۔
الرَّقَّةُ : الرَّقَاقُ (۲) کھادر ۔ وادی سے ملحق نشیبی زمین جہاں سیلاب یا بہاؤ کے وقت پانی بھر آتا ہے پھر وہاں سے ہٹ جائے یا خشک ہو جائے اور اس جگہ کاشت کی جائے ج: رِقَاقٌ ۔
الرِّقَّةُ : باریکی، پتلاپن ۔
رِقَّةُ الجَانِبِ : نرم مزاجی، تواضع و انکساری
ـــ الجِسْمِ : دبلاپن ۔

رِقَّةُ العَيْش: زندگی کی آسودگی۔
ـــ الطَّبع: شرافت طبع۔
ـــ القَلْب: رحم دلی، ترس۔
الرَّقِيقُ: باریک (۲) نازک ولطیف (۳) غلام (واحد وجمع سب کے لئے) ج: اَرِقَّاءُ م: رَقِيقَةٌ۔
رَقِيقُ الأَنْف: ناک کا نرم حصہ۔
رَقِيقُ الجانب: نرم مزاج، منکسرالمزاج
ـــ الجِسْم: دبلا پتلا، کمزور۔
ـــ الحالِ: خستہ حال، غریب۔
ـــ اللَّفْظ: شیریں گفتار، فصیح۔
ـــ العيش: آسودہ حال۔
ـــ القَلْب: نرم دل، رحم دل۔
الرَّقِيقان: ناک کے دونوں نرم کنارے۔
المَرَقُّ: ہرشے کا نرم اور باریک حصہ۔
مَرَقُّ الأَنْفِ: ناک کا نرم حصہ ج: مَرَاقٌّ۔
مَرَاقُّ البَطْنِ: پیٹ کے نیچے کا نرم حصہ۔ مَرَاقُّ الإِبِل و أَمْثالِها: میل جمع ہونے کی جگہ۔
المِرْقَاقُ و مِرْقَاقُ العَجِينِ: بیلن جس سے روٹی کو بیلا جاتا ہے ج: مَرَاقِيق۔
المُرَقَّقُ: پتلی بڑی چپاتی ج: مَرَاقِيق۔
المُرَقَّقُ: (بقلاوة) پیسٹری۔
المُسْتَرَقُّ من الشَّيْءِ: ہرشے کا نرم حصہ۔
•أَرْقَلَ فی سَيْرِه: تیز چلنا۔
ـــ الی کذا و فیه: کوشش اور عجلت کرنا هو مُرْقِلٌ۔
ـــ المَفَازَةَ: بیابان کو عبور کرنا۔
ـــ النَّخْلَةُ: کھجور کے درخت کا لمبا ہونا۔ هو وهي مُرْقِلٌ وهي مُرْقِلَةٌ ج: مَرَاقِلُ
الرَّاقُولُ: وہ رسّی جس کے ذریعہ کھجور پر چڑھا جائے ج: رَوَاقِيلُ۔
الرَّقْلَةُ: کھجور کا لمبا درخت ج: رِقَالٌ و رَقْلٌ۔
المِرْقَال: تیز رفتار، تیز گام۔ کہتے ہیں: جَمَلٌ مِرْقَالٌ و نَاقَةٌ مِرْقَالٌ۔ نیز کہتے ہیں: هو مِرْقَالٌ فی النَّوَازِلِ و الحُرُوبِ او اِلَيها: وہ مصائب وآفات جنگ میں ثابت قدم رہتا ہے ج: مَرَاقِيلُ۔
ابو المِرْقَال: کوے کی کنیت۔
•رَقَمَ الكِتَابَ و عليه و فيه ـُ رَقْمًا: لکھنا۔ کہتے ہیں: هو يَرْقُمُ عَلَى الماءِ: وہ پانی پر لکھتا ہے یعنی بیکار کام کرتا ہے یا انتہائی ذہانت ومہارت کا بے مثال کام کرتا ہے (۲) نقطے لگانا، حروف کو نمایاں کرنا۔
ـــ الشَّيْءَ: نمبر ڈالنا (۲) بیل بوٹے بنانا (۳) دھاریاں ڈالنا (۴) نقش بنانا، پھول بنانا۔
ـــ السِّلْعَةَ: سامان پر نشان لگانا، قیمت یا نوع معلوم کرنے کی علامت لگانا (۲) مہر لگانا۔
ـــ البَعِيرَ و غَيْرَهُ: اونٹ وغیرہ کو داغ لگانا۔
رَقِمَ ـَ رَقَمًا و رُقْمَةً: چتی دار ہونا، دھبّوں والا ہونا، داغ دار ہونا
رَقَّمَ الكِتَابَ و الثَّوْبَ: کتاب یا کپڑے پر دھاریاں ڈالنا، نقش بنانا (۲) نمبر ڈالنا (۳) نشان ڈالنا۔
الأَرْقَمُ: نر سانپ (۲) انتہائی موذی سانپ ج: اَرَاقِم۔
التَّرْقِيمُ: نمبرنگ (۲) علامت کاری (بوقت لکھائی کسی عبارت میں مخصوص علامات لگانا جن سے مفردات ومرکبات کا باہمی ربط اور اجزاء عبارت میں باہمی امتیاز معلوم ہوتا ہے۔ جیسے کاما، بریکٹ، واوین، قوسین، علامت استفہام وغیرہ)
الرَّقْمُ: نمبر (۲) نقش ونگار (۳) موٹی دھاری (۴) علامت (۵) مہر (۶) کپڑے وغیرہ پر لگی ہوئی قیمت وغیرہ کی چیٹ (۷) پھول دار یا دھاری دار کپڑا (۸) عدد جیسے ایک دو تین چار پانچ چھ سات آٹھ نو اور صفر (۹) علم موسیقی میں سارنگی کے منہ پر لگایا جانے والا چمڑا۔ کہتے ہیں: جَاءَ بالرَّقْمِ: وہ نمبر لایا یعنی بہت حاصل کیا ج: اَرْقَامٌ۔
الرَّقْمُ القِيَاسِيُّ: امتیازی نمبر یعنی وہ نمبر جس کے ذریعہ کوئی شخص اپنے مقابل پر فوقیت لے جائے اور ریکارڈ قائم کرے مثلاً اس نے دس منٹ میں ایک ہزار میٹر کا فاصلہ طے کیا جب کہ اس سے پہلے والے نے یہی فاصلہ پندرہ منٹ میں طے کیا تھا۔ اس طرح دس نمبر قیاسی نمبر ہوگا۔ کہتے ہیں: سَجَّلَ رَقْمًا قِيَاسِيًّا: اس نے ریکارڈ قائم کیا۔ الأَرْقَامُ القِيَاسِيَّةُ: (علم اقتصادیات میں) وہ اعداد ونمبرات جن کے ذریعہ ان تغیرات کا تقابل کیا جاتا ہے جو اقتصادیات (مثلاً نرخ اشیاء اور معاوضہ جات) پر رونما ہوتے ہیں۔
الرَّقْمَةُ: باغ (۲) وادی کا کنارہ یا وادی کی نشیبی جگہ جہاں پانی اکٹھا ہو (۲) خبازی (۳) چوپائے کی کہنی کے اندر پیدا ہونے والی ایک بیماری، سیاہ داغ (۴) علم موسیقی میں آلہ موسیقی قانون کا چوبی فریم
الرُّقْمَةُ: دھبّا، چتی، داغ۔
الرَّقِيم: کتاب، نوشتہ، کتبہ (۲) فلک (۳) اصحاب کہف کی بستی یا ان کے رہنے کا پہاڑ یا ان کا کتّا یا وادی یا چٹان یا وہ سیسے کی تختی جس پر اصحاب کہف کے نام، نسب، مذہب اور اس جگہ کا نام کندہ تھا جہاں سے وہ بھاگ کر آئے تھے یا دوات یا تختی کا نام۔ قرآن پاک میں ہے:

"اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحَابَ الْکَہْفِ و الرَّقِیْمِ کَانُوا من اٰیٰتِنَا عَجَبًا"
اَلْمُرَقِّمُ: تحریر کنندہ، نقاش۔
اَلْمِرْقَمُ: نقش و نگار کا قلم۔ قلم۔ کہتے ہیں: طَاحَ مِرْقَمُكَ او طَغَا: تمہارے قلم نے خطا کی، وہ لڑکھڑا گیا، وہ بہک گیا (۲) روٹی وغیرہ پر نقش کرنے کا آلہ (۳) داغ دینے کا آلہ (۴) نقش و نگار یا تصویر کشی کی رنگین موٹی پنسل جس میں موم جیسی آمیزش ہوتی ہے اور اس سے کھردرے کاغذ پر رنگ بھرے جاتے ہیں (۵) نمبر لگ مشین ج: مَرَاقِمُ۔
اَلْمَرْقُوْمُ: نوشتہ، درج کیا ہوا، لکھا ہوا۔ کِتَابٌ مَرْقُوْمٌ: واضح لکھی ہوئی کتاب (۲) دھاری دار (۳) داغ دار (۴) تھوڑی گھاس والی زمین۔
• رَقَنَتِ المَرْأَۃُ ـُ رَقْنًا: مہندی یا زعفران لگانا۔
ـــ الشَّعَرَ: بالوں پر مہندی یا زعفران کا خضاب کرنا۔
ـــ الشَّیْءَ: نقش و نگار بنانا، مزین کرنا۔ ھو مَرْقُوْنٌ و رَقِیْنٌ۔
اَرْقَنَ: زعفران کا لیپ کرنا یا خضاب کرنا۔
ـــ شَعْرَہُ وغَیْرَہُ: بالوں وغیرہ کو مہندی یا زعفران سے رنگنا۔
ـــ الطَّعَامَ ونَحْوَہُ: کھانے میں خوب روغن ڈالنا۔
رَقَّنَتِ المرأۃُ: رَقَنَتْ۔
ـــ الشَّیْءَ: مزین کرنا، نقش و نگار بنانا، نشان لگانا۔
ـــ الکِتَابَ: اچھے طریقہ سے لکھنا (۲) بین السطور کم کرنا یعنی دو سطروں کو قریب قریب کرنا۔
ـــ الخَطَّ: نقطے لگانا، حروف کو واضح کرنا
ـــ الثَّوْبَ بالزَّعْفَرَانِ: کپڑے کو زعفران سے رنگنا، مزین کرنا۔
اِرْتَقَنَ و تَرَقَّنَ: اَرْقَنَ۔

اَلْاِرْقَانُ: مہندی (۲) زعفران۔
اَلرَّاقِنُ: خوش رنگ۔ ھی رَاقِنَۃٌ ج: رَوَاقِنُ۔
اَلرِّقَانُ: مہندی، زعفران۔
اَلرَّقْنُ: گدھ کے انڈے۔ واحد: رَقْنَۃٌ۔
اَلرَّقُوْنُ: مہندی، زعفران۔
اَلرَّقِیْنُ: اَلرَّقِیْمُ (۲) درہم وغیرہ۔ کہاوت ہے: وِجْدَانُ الرَّقِیْنِ یُغَطِّی اَفْنَ الْاَفِیْنِ: مال کا حصول نادان کی نادانی کو بھی دور کر دیتا ہے۔
• رَقَا الطَّائِرُ ـُ رَقْوًا: اونچا ہونا، بلند ہونا (اڑتے ہوئے)۔
رَقَی المَرِیْضَ ونَحْوَہُ ـِ رَقْیًا و رُقِیًّا و رُقْیَۃً: اللہ کی پناہ میں دینا، تعویذ گنڈے سے علاج کرنا، جھاڑ پھونک کرنا، دم کرنا۔ کہتے ہیں: بِاسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْكَ و اللّٰہُ یَشْفِیْكَ: میں اللہ کے نام سے تیرا علاج کرتا ہوں اللہ تجھے شفا دیگا آسیب زدہ کا اثر زائل کرنا جن اتارنا کہتے ہیں: رَقَیْتُ فُلَانًا: میں نے فلاں کی خوشامد کی۔ رَقَاہُ: اس کے کینہ کو آہستہ سے نکال دیا (۲) منتر پڑھ کر علاج کرنا۔
رَقِیَ ـَ رَقْیًا و رُقِیًّا و رَقْیَۃً: چڑھنا۔ کہتے ہیں: رَقِیَ فی السُّلَّمِ: سیڑھی پر چڑھ گیا (۲) ترقی کرنا، بلند کرنا
ـــ الی القِمَّۃِ: چوٹی پر چڑھنا۔
ـــ الجَبَلَ و نَحْوَہُ: پہاڑ وغیرہ پر چڑھنا۔ کہتے ہیں: اِرْقَ عَلٰی ظَلْعِكَ: اپنی طاقت کے بقدر اوپر اٹھو۔
رَقَّاہُ: چڑھانا، اوپر اٹھانا (۲) ترقی دینا، بلندی پر پہنچانا، بطور دعا کہتے ہیں:

رَقَّاكَ اللّٰہُ اَعْلَی المَرَاتِبِ: خدا تم کو بلند ترین مقام پر پہنچائے (۲) ترقی یافتہ بنانا۔
رَقَّی العَامِلَ: کارکن کا درجہ (گریڈ) بڑھانا، ترقی دینا۔
ـــ فی الحَدِیْثِ: حدیث میں اپنی طرف سے اضافہ کرنا۔
ـــ عَلَیہِ البَاطِلَ: کسی کے متعلق ایسی بات کی نسبت کرنا جو اس نے نہ کہی ہو۔
اِرْتَقٰی: بلند ہونا، چڑھنا، ترقی کرنا۔ کہتے ہیں: اِرْتَقٰی فُلَانٌ مُرْتَقًی صَعْبًا: وہ دشوار جگہ پہ چڑھا۔
ـــ شَیْئًا و فیہ و اِلَیہ و عَلَیہ: کسی چیز پر چڑھنا۔
ـــ العَرْشَ: تخت نشین ہونا، تخت سلطنت پر بیٹھنا، مالک ہونا۔
ـــ فی السُّلَّمِ: سیڑھی کے ڈنڈوں پر چڑھنا
ـــ الی المَجْدِ: عظمت و بزرگی حاصل کرنا
ـــ بَطْنُہُ: پیٹ کا خوب بھر جانا۔
تَرَاقٰی: بلند ہونا، ترقی حاصل کرنا، اونچا بننے کی کوشش کرنا۔
ـــ اَمْرُھُمْ اِلَی الفَسَادِ: ان کا معاملہ خرابی پر پہنچ گیا۔
تَرَقّٰی: بلند ہونا، اوپر چڑھنا (۲) ترقی کرنا، ایک مرحلہ سے دوسرے مرحلہ میں پہنچنا۔ کہتے ہیں: مَا زَالَ یَتَرَقّٰی بہ الاَمْرُ حَتّٰی بَلَغَ غَایَتَہُ: اس کی بات آگے بڑھتی گئی حتی کہ وہ مقصد تک پہنچ گیا۔
ـــ العَامِلُ: کارکن یا ملازم کا گریڈ (درجہ) بڑھنا۔
ـــ فی العِلْمِ وغَیْرِہِ: علم وغیرہ میں درجہ بدرجہ آگے بڑھنا۔
ـــ شَیْئًا و فیہ و اِلَیہ و عَلَیہ: چڑھنا
اِسْتَرْقٰی فُلَانًا: کسی سے تعویذ لینا، دم کرنے کو کہنا۔ کہتے ہیں: اِسْتَرْقَیْتُہُ فَرَقَانِی۔

استرقی لہٗ: تعویذ گنڈا کرنے والے کو کسی کیلئے بلانا۔

الرّاقِی: عامل (تعویذ گنڈا کرنے والا) جھاڑ پھونک کرنے والا (۲) منتر وغیرہ سے علاج کرنے والا (۳) تعویذوں والا ج: رُقَاۃٌ ھی راقِیَۃٌ ج: رَوَاقٍ۔ مذکر کیلئے رَاقِیَۃ بھی آتا ہے (تا مبالغہ کی ہے)۔

الرَّقَّاءُ: زبردست عامل (تعویذ گنڈے اور جھاڑ پھونک کا ماہر) (۲) پہاڑوں وغیرہ پر بہت چڑھنے والا، چڑھنے کا ماہر ھی رَقَّاءَۃٌ۔

الرَّقْوُ: ریت یا مٹی کا ڈھیر۔

الرَّقْوَۃُ: ریت یا مٹی کا ڈھیر (۲) درجہ، سیڑھی ج: رُقًا۔

الرُّقْیَۃُ: تعویذ جس سے بیمار کا علاج کیا جاتا ہے (۲) مؤثر کلام جیسے پڑھ کر دم کیا جائے جیسے قرآن پاک کی آیت (۳) منتر وغیرہ۔ ج: رُقًی۔

المُرْتَقٰی: بلندی، بلند مقام۔

المَرْقَی: ترقی، چڑھنے کی جگہ، ترقی کا مقام ج: مَرَاقٍ۔

المِرْقَاۃُ: سیڑھی یا زینہ جس کے ذریعہ اوپر چڑھا جائے (۲) زینہ کی ایک سیڑھی، سیڑھی کا ایک ڈنڈا (۳) ذریعۂ ترقی یا وسیلہ اور ذریعہ جیسے: الجُوْدُ مِرْقَاۃُ الشَّرَفِ: سخاوت بلندی وعظمت کا ذریعہ ہے ج: مَرَاقٍ۔ کہتے ہیں: المَجْدُ صَعْبُ المَرَاقِی: عظمت مشکل سے حاصل ہوتی ہے

الارْتِقَاءُ: ترقی، بلندی، چڑھائی۔

ر ـــــ ک

•رَکَبَہٗ ـُ رَکْبًا: گھٹنے پر مارنا یا کسی کے گھٹنا مارنا۔

رَکِبَ ـَ رَکَبًا: بڑے گھٹنوں والا ہونا یا ایک بڑے گھٹنے والا ہونا۔ ھو اَرْکَبُ وھی رَکْبَاءُ ج: رُکْبٌ۔

رَکِبَ الشَّیءَ و عَلَیہ و فیہ رُکُوبًا و مَرْکَبًا: سوار ہونا۔ کہتے ہیں: رَکِبَ فی السَّفِینَۃِ: وہ کشتی میں بیٹھ گیا۔

رَکِبَ الدَّابَّۃَ و عَلَیْہَا: جانور پر سوار ہوا۔ رَکِبَ القِطَارَ: ریل گاڑی میں سوار ہوا۔ ھو رَاکِبٌ ج: رُکَّابٌ و رُکُوبٌ و رُکْبَانٌ۔

ـــ الاَھْوَالَ: مصائب میں مبتلا ہونا۔

ـــ اَثَرَہٗ او فُلَانًا او طَرِیْقَۃً: کسی کا پیچھا کرنا، کسی کے پیچھے چل کر اسے پالینا۔ حدیث ابو ہریرہؓ میں ہے: "فاِذَا عُمَرُ قَدْ رَکِبَنِی"

ـــ البَحْرَ: سمندر میں سفر کرنا۔

ـــ الذَّنْبَ: گناہ کرنا، جرم کرنا۔

ـــ رَأسَہٗ: بے سوچے سمجھے چلنا، بلا رہنمائی چلنا۔

ـــ الخَطَرَ: خطرہ مول لینا۔

ـــ ھَوَاہُ: اپنی خواہش کا تابع ہونا، من مانی کرنا۔

ـــ الھَوَاءَ: اڑنا، ہوائی سفر کرنا۔

رَکِبَہٗ بالمَکْرُوْہِ: کسی کو نقصان پہنچانا، کسی کے ساتھ بدسلوکی کرنا۔

ـــ الدَّیْنُ: مقروض ہونا، قرض چڑھنا

ـــ الشَّحْمُ: کسی پر چربی چڑھنا، موٹا ہونا

رُکِبَ فُلَانٌ: کسی کے گھٹنے میں تکلیف ہونا ھو مَرْکُوبٌ۔

اَرْکَبَ المُھْرُ و نَحْوُہٗ: گھوڑے کے بچہ کا سواری کے قابل ہونا۔ کہتے ہیں: دَابَّۃٌ مُرْکِبَۃٌ: سواری کے قابل جانور۔

ـــ فُلَانًا: سوار کرنا جیسے اَرْکَبَنِی خَلْفَہٗ۔ (۲) کسی کے لئے سواری کا انتظام کرنا۔

رَکَّبَہٗ: سوار کرنا، سوار کرانا۔

رَکَّبَ الشَّیءَ: جوڑنا، اجزا کو باہم ملا کر ایک کرنا

ـــ الفَصَّ فی الخَاتَمِ: انگوٹھی میں نگ جڑنا۔

ـــ السِّنَانَ فی الرُّمْحِ: نیزہ میں پھلکا لگانا

ـــ الکَلِمَۃَ او الجُمْلَۃَ: ترکیب کرنا، لفظ یا جملہ کو خاص ترتیب سے رکھنا کہتے ہیں: ھٰذَا تَرْکِیبٌ یَدُلُّ عَلٰی کَذَا: اس ترکیب یا ترتیب سے فلاں بات سمجھی جاتی ہے۔

ـــ الدَّوَاءَ و نَحْوَہٗ: دواؤں کا آمیزہ تیار کرنا، مکسچر بنانا، مرکبات بنانا۔

ـــ الحُرُوفَ الطِّبَاعِیَۃَ: کمپوز کرنا۔

ـــ الآلاتِ: مشینوں کی فٹنگ کرنا۔

اِرْتَکَبَ ذَنْبًا او قَبِیحًا: جرم یا برا کام کرنا

ـــ دَیْنًا او ارْتَکَبَہُ الدَّیْنُ: قرض تلے دبنا، مقروض ہونا۔

تَرَاکَبَ الشَّیءُ: ڈھیر لگنا، تہ بہ تہ ہونا۔

تَرَکَّبَ: من کذا و کذا: مرکب ہونا، جڑنا، باہم ملنا، ترکیب پانا۔

اِسْتَرْکَبَہٗ: کسی سے سوار کرنے کی درخواست کرنا، سواری مانگنا۔ کہتے ہیں: اِسْتَرْکَبْتُہٗ فَاَرْکَبَنِی۔

التَّرَاکُبُ: (علم نباتات میں) مادہ تغلیظ کے تہ بہ تہ ہونے کی بنا پر خلیہ نباتیہ میں دیوار کا اضافہ۔

التَّرْکِیبُ: علم فلسفہ میں اجزاء بسیط سے کسی شے کو مرکب بنانا اسی کا مقابل تحلیل ہے (۲) بناوٹ (۳) آمیزش (۴) جڑائی، فٹنگ، میک اپ (۵) تنصیب ج: تَرْکِیبَات۔

ترکیبُ الاَحْرُفِ الطِّبَاعِیَّۃِ: کمپوزنگ، حروف رصاصیہ کی جڑائی۔

ترکیبُ خَطٍّ ھَاتِفِیٍّ: ٹیلیفون لائن بنانا

ترکیبُ مُعَدَّاتٍ: آلات نصب کرنا۔

ترکیبُ التَّدْفِئَۃِ: ہیٹنگ فٹنگ، گرم

کرنے یا رکھنے کی مشین لگانا۔

الرَّاکِبُ: مسافر، پاسنجر، سوار۔ ضد ماشی و رَاجِل (۲) پہاڑ کی چوٹی (۳) کھجور کی چھوٹی شاخ جو چوٹی پر نیچے کو لٹکی ہوئی ہوتی ہے یا جسے بونے کے لئے الگ کر لیا گیا ہو۔

الرَّاکِبَۃُ: رَاکِب کی تانیث ج: رَوَاکِبُ۔ رَوَاکِبُ الشَّحْمِ: کوہان میں چربی کی لائنیں (۲) راکب۔ کھجور کی چھوٹی شاخ جو الگ کی گئی ہو، کھجور کا قلم۔

الرَّاکُوبُ: کھجور کا قلم (چھوٹی شاخ جو جڑ سے الگ ہو) ج: رواکِیبُ۔ رَوَاکِیبُ الشَّحْمِ: کوہان کی چربی، لائنیں۔

الرَّاکوبَۃُ من النَّخل: الرَّاکِبُ۔

الرِّکابُ: رکاب، زین میں لگا ہوا لوہے کا حلقہ جس میں پیر رکھا جاتا ہے وہ دو ہوتے ہیں (رِکابان) (۲) سواری کا اونٹ (۳) وہ اونٹ جس پر بوجھ لدا ہوا ہو، باربرداری کا اونٹ ج: رُکُبٌ و رَکَائِبُ۔ ھو یَمْشِی فی رِکابِہ: وہ اس کی معیت میں چلتا ہے۔ اس کے پیچھے پیچھے چلتا ہے۔

رِکابُ السَّحَابِ: ہوائیں۔

الرَّکْبُ: دس یا زیادہ سواروں کا قافلہ (۲) کارواں ج: اَرْکُبٌ و رُکُوبٌ۔

رَکْبُ الحیاۃ: کاروانِ زندگی۔

الرَّکَبُ: عانہ، پیڑو (۲) ران کی جڑ جس پر فرج کا گوشت ہوتا ہے (۳) گھٹنے کی سفیدی ج: رِکابٌ جج: اَرَاکِیبُ۔

الرُّکْبَانُ: رُکْبَانُ السُّنْبُلِ: خوشوں کی ابتدائی نوکیں۔

الرُّکْبَۃُ: گھٹنا، زانو ج: رُکَبٌ۔ کہتے ہیں: ھُمَا کَرُکْبَتَیِ البَعِیْرِ: وہ دونوں برابر ہیں۔

الرِّکِّیْبُ: کثرت سے سواری کرنے والا، ماہر سوار۔

الرَّکُوبُ: سواری، سواری کا جانور یا گاڑی وغیرہ۔ جَمَلٌ رَکُوبٌ و نَاقَۃٌ رَکُوبٌ: وہ اونٹ یا اونٹنی جس پر پالان وغیرہ کے نشان پڑے ہوئے ہوں۔ طَرِیْقٌ رَکُوبٌ: ہموار اور چلتا ہوا راستہ ج: رُکُبٌ

الرَّکُوبَۃُ: (من الدَّوَابّ) سواری کا جانور ج: رَکَائِبُ۔

الرَّکِیبُ: دوسرے کے ساتھ سوار ہونے والا۔ کہتے ہیں: ھو رَکِیبُ فُلانٍ (۲) جڑی ہوئی چیز جیسے انگوٹھی میں جڑا ہوا نگینہ (۳) کھیت (۴) وہ کھجور وغیرہ کے درخت جن کو لائن میں پانی کی گول وغیرہ کے کنارہ لگایا گیا ہو (۵) بڑی کیاری زمین کا ایک ٹکڑا جس کے کنارے بلند کر دیئے جاتے ہیں تاکہ اس میں پانی بھرا رہے) (۶) دو کیاریوں کے درمیان پانی کی گول، بڑی نالی (۷) باغ میں سینچائی کی گول (چھوٹی نہر)۔

المَرْکَبُ: سواری (کوئی بھی سواری) غالب استعمال کشتی اور جہاز کے لئے ہے ج: مَرَاکِبُ۔

یَوْمُ المَرْکَب: شاہی سواری کا دن (جس میں بادشاہ سیر و تفریح کے لئے نکلتا ہے)

المَرْکَبُ الشِّرَاعِیُّ: بادبانی کشتی۔

المَرْکَبَۃُ: گاڑی، گھوڑا گاڑی۔

مَرْکَبَۃُ تِرام: ٹرام گاڑی۔

مَرْکَبَۃُ الفَضَاءِ: خلائی گاڑی۔

المَرْکِبُ: اصل، نسب۔ کَرِیْمُ المَرْکِب: شریف النسب (۲) مخلوط (۳) مجموعۂ اجزاء جڑی ہوئی چیز۔ ضد: مَفْکُوکٌ۔ مرکب۔ ضد: بَسِیط۔

الجَھْلُ المُرَکَّبُ: جہل مرکب یہ ہے کہ کسی چیز سے ناواقف ہو اور اس سے بھی ناواقف ہو کہ وہ اسے نہیں جانتا ہے

الرِّبْحُ المُرَکَّبُ: سود مرکب۔

المُرَکَّبُ: (علم کیمیا میں) اس جسم متماثل کو کہتے ہیں جو مستقل خواص کے ساتھ ترکیب پاکر دو یا زیادہ ایسے عنصروں سے پیدا ہو جو کیمیاوی عمل سے ایک شے بن گئے ہوں۔

(علم منطق میں) اس ترکیب کو کہتے ہیں جس کا جز معنی کے جز پر دلالت کرے۔ جیسے: رَامِی الحِجَارَۃ: رامی کی دلالت پھینکنے والے انسان پر اور حجارۃ کی دلالت پتھروں پر ہے اور یہ دونوں لفظ اپنے اپنے معنی پر دلالت کرنے کے ساتھ ایک مرکب "رَامِی الحِجَارَۃ" کے دو جز ہیں۔

(علم کیمیا میں) مرکب ان مرکبات کے مجموعہ کو کہتے ہیں جو کربون جیسے چھوٹے چھوٹے ذرات سے مل کر بنتے ہیں اور جو زنجیر کی طرح ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہوتے ہیں۔

المَرْکُوبُ: سواری کا جانور یا گاڑی (۲) ایک قسم کا جوتا ج: مَرَاکِیبُ۔

• رَکَحَ اِلَیْہِ ـَ رَکْحًا و رُکُوحًا: مائل ہونا، ٹیک لگانا، سہارا لینا۔ حدیث عمرؓ میں ہے: "قَالَ لِعَمْرِو ابن العَاصِ: مَا اُحِبُّ اَنْ اَجْعَلَ لَکَ عِلَّۃً تَرْکَحُ اِلَیْھَا۔ رَکَحَ السَّاقِی عَلَی الدَّلْوِ: پانی نکالنے والے ڈول کو کھینچتے وقت اس پر ٹیک لگانا

اَرْکَحَ اِلَیْہِ: رَکَحَ۔

ـــ شَیْئًا اِلَیْہِ: اپنی طرف جھکانا، ٹکانا، سہارا دینا۔ جیسے: اَرْکَحَ ظَھْرَہُ اِلی کذا۔

ارْتَكَعَ الإِنَاءُ : برتن کا ثرید سے بھر جانا۔
ــــ الی الشیئ : سہارا لینا، مائل ہونا۔
تَرَكَّحَ بالمکانِ : ٹھیرنا (۲) پھیلنا، کشادہ ہونا (۳) گزربسر کے لئے اقدامات کرنا۔
الرُّكْحُ : کونہ، گوشہ، کنارہ (۲) صحن خانہ (۳) میدان، لان (۴) بنیاد (۵) راہب کا گھر ج: أَرْكَاحٌ و رُكُوحٌ۔
الرَّكْحَاءُ : ٹھوس اور بلند زمین ج: رُكَحٌ۔
الرُّكْحَةُ : میدان، لان (۲) صحن (۳) برتن میں بچا ہوا ثرید کا ٹکڑا ج: رُكَحٌ و رُكَحٌ۔
المِرْكَاحُ : چوپائے کی پیٹھ سے پیچھے کو سرک جانے والا۔ رَجُلٌ مِرْكَاحٌ بھی کہتے ہیں ج: مَرَاكِيحُ۔
•رَكَدَ ـُ رُكُودًا : ساکن ہونا، ٹھیرنا، جمنا، حرکت بند ہونا۔
ــــ السُّوقُ : بازار کا مندا ہونا، خرید و فروخت بند ہو جانا یا کم ہو جانا۔ هو رَاكِدٌ و هي رَاكِدَةٌ۔
ــــ المِيزَانُ : ترازو کا برابر ہونا۔
ــــ رِيحُهُمْ : ہوا اکھڑ جانا، دولت و اقتدار ختم ہو جانا۔
أَرْكَدَهُ : ٹھیرانا، جمانا، جوش و حرکت کم کرنا یا ختم کرنا۔
تَرَاكَدَ : رَكَدَ۔
الرَّاكِدُ : پرسکون، ٹھیرا ہوا، منجمد۔
الرَّاكِدَةُ : چولھے کی دیوار (أُثْفِيَّةٌ) ج: رَوَاكِدُ۔ رِيَاحٌ رَوَاكِدُ : ٹھیری ہوئی ہوائیں۔
الرُّكُودُ : ٹھیراؤ، سکون، مندا پن۔
الرَّكُودُ : ہمیشہ دودھ دینے والا جانور (۲) بھرا ہوا بڑا پیالہ وغیرہ۔
•رَكْرَكَ : کمزور ہونا (۲) بزدل ہونا۔
تَرَكْرَكَ المَخْضُ و نَحْوُهُ : دودھ بلونے کے برتن وغیرہ میں مکھن نکلنا۔

•رَكَزَ شَيْئًا فِي شَيْءٍ ـُ رَكْزًا : جمانا، گاڑنا، مرکوز کرنا، زمین میں گاڑنا، پیدا کرنا۔ جیسے: رَكَزَ السَّهْمَ فِي الأَرْضِ۔ رَكَزَ اللّٰهُ المَعَادِنَ فِي الأَرْضِ او الجِبَالِ: اللہ نے زمین میں دھاتوں کو پیدا کیا هذا شَيْءٌ مَرْكُوزٌ فِي العُقُولِ : یہ چیز عقلوں میں راسخ ہے۔
أَرْكَزَ المَنْجَمُ و نَحْوُهُ : کان وغیرہ میں معدنیات کا ذخیرہ ہونا۔
ــــ فُلَانٌ : دفینہ یا خزانہ پانا۔
ــــ صاحِبُ المَعْدِنِ : مالک کان کو چاندی وغیرہ کا زیادہ ذخیرہ ملنا، کان کا بہت ذخیرہ والی ہونا (۲) ہلکی آواز والا ہونا۔
رَكَّزَهُ : رَكَزَهُ (۲) مرکوز کرنا، جمانا، بھرپور کرنا، یکجا کرنا (۳) مرکزی بنانا۔
ــــ المَحْلُولَ : (کیمیا میں) گھلنے والی چیز کا گھلانے والی چیز سے تناسب زیادہ کرنا اس حد تک کہ اس میں کچھاوٹ نہ پیدا ہو
ــــ اللَّبَنَ : دودھ کو گاڑھا کرنا۔
ــــ فِكْرَهُ فِي كَذَا : اپنے خیال کو کسی شے میں منحصر کرنا، مرکوز کرنا۔
ــــ علی شَيْءٍ : زور دینا، مرکوز کرنا، جیسے: رَكَّزَ الانْتِبَاهَ علی كَذَا۔
ارْتَكَزَ : قائم ہونا، راسخ ہونا، جمنا، قرار پانا
ــــ علی شَيْءٍ : سہارا لینا۔
تَرَكَّزَ : مرکوز ہونا، راسخ ہونا، ٹھیرنا۔
الارْتِكَازُ : رسوخ، جماؤ، ٹھیراؤ۔
نُقْطَةُ الارْتِكَازِ : پایۂ ثبوت (۲) مرکز عمل (۳) مورچہ۔ کہتے ہیں: اتَّخَذَ الجَيْشُ مَدِينَةَ كَذَا نُقْطَةَ ارْتِكَازٍ۔
التَّرْكِيزُ : جماؤ، طبیعت کا جماؤ، کامل توجہ

الرِّكَازُ : خدا کا زمین میں پیدا کیا ہوا اصلی حالت میں معدنیات کا ذخیرہ (۲) گڑا ہوا خزانہ، دفینہ (۳) ماقبل اسلام مدفون خزانہ۔
الرِّكْزُ : ہلکی آواز۔ قرآن پاک میں ہے: "هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِنْ أَحَدٍ أَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا" ج: رُكُوزٌ و أَرْكَازٌ۔
الرِّكْزَةُ : ایک ذخیرہ یا ایک خزانہ، رِکاز کا واحد (۲) کھجور کا درخت جو دوسرے درخت کی جڑ میں پیدا ہو پھر اسے الگ کر کے دوسری جگہ لگایا جائے (۳) عقل کی پختگی، دانائی۔ کہتے ہیں: مَا رَأَيْتُ لَهُ رِكْزَةً او رِكْزَةَ عَقْلٍ میں نے محسوس کیا کہ اس میں عقل کی پختگی نہیں ہے ج: رِكَزٌ و رِكَازٌ۔
الرَّكِيزَةُ : بنیاد (۲) زمین میں دفن کردہ جواہرات کا ایک حصہ ج: رِكَازٌ و رَكَائِزُ (۳) علم موسیقی میں قانون (باجا) کا ٹیڑھی شکل کا ایک ٹکڑا۔
المُرْتَكِزُ : جما ہوا، گڑا ہوا، قائم، راسخ، مرکوز
المُرْتَكِزَةُ : خشک گھاس یا پودے کا تنا جس سے پتے اور شاخیں الگ ہو گئی ہوں۔
المَرْكَزُ : محور، دائرہ کے بیچ کا نقطہ، بنیادی نقطہ جہاں سے مساوی خطوط پیدا ہو کر دائرۂ محیط تک پہنچیں (۲) مستقر، سینٹر، مرکز (۲) حالت، پوزیشن، حیثیت (۳) عہدہ، مرتبہ (۴) پوسٹ، آسامی (۵) ڈسٹرکٹ، ضلع (مصری) (۶) چوکی (۷) اڈا، سہارا ج: مَرَاكِزُ۔
مَرْكَزُ الأَبْحَاثِ : مرکز تحقیقات۔
مَرْكَزُ أَبْحَاثِ الفَضَاءِ : فضائی تحقیقات کا مرکز۔
المَرْكَزُ الاجْتِمَاعِيُّ : سماجی پوزیشن (۲) سوشل اسٹیٹس، حیثیت۔
مَرْكَزُ الإِدَارَةِ : ہیڈ آفس، افسر انتظامیہ

کا صدر مقام۔
مَرْكَزُ إِدَارَةِ الطَّيَرَان : ہوا بازی انتظامیہ کا سینٹر، ایر لائنز آفس۔
مَرْكَزُ الأُسْتَاذ : پروفیسری کی پوسٹ یا پوزیشن۔
مَرْكَزُ الاقتِرَاع : پولنگ بوتھ۔
مَرْكَزُ البُولِيس : پولیس اسٹیشن۔
مَرْكَزُ التَّدْرِيب : ٹریننگ سینٹر۔
مَرْكَزُ التِّلِيفُون : ٹیلیفون ایکسچینج۔
مركَزُ التَّموِين : سپلائی سینٹر۔
مَرْكَزُ الخِلافَات : نقطۂ اختلاف۔
مَرْكَزُ رِعَايَةِ الشَّبَاب : یوتھ ویلفیر سینٹر، ادارہ رفاہیت نوجوانان۔
مَرْكَزٌ فَارِغٌ : خالی جگہ۔
مَرْكَزُ القُوَّة : پاور پوزیشن، طاقتور عنصر
المَرْكَزُ الرَّئِيسِيُّ : صدر دفتر، ہیڈ آفس
مَرْكَزُ القِيَادَة : کمانڈنگ آفس، ہیڈ کوارٹر۔
مَرْكَزٌ مَالِيٌّ : مالی پوزیشن۔
مَرْكَزُ تَفَرُّج : تماشہ گاہ۔
مَرْكَزُ الجُنْد : فوجی چوکی۔
المَرْكَزُ البَيْضِيُّ : دماغ کے نصف حصہ میں سفید بیضوی مادہ۔
المَرْكَزِيُّ : مرکزی جس کے ماتحت متعدد شاخیں ہوں (۲) درمیانی، مرکزی، سینٹرل بنیادی۔
المَصْرِفُ المَرْكَزِيُّ : مرکزی بینک۔
مَرْكَزُ الحكومة : دارالسلطنت۔
المَرْكَزِيَّةُ : مرکزیت، ایسا نظام جس میں پورا ملک (اپنے تمام صوبوں اور علاقوں کے ساتھ) ایک حکمراں کے ماتحت ہو۔ اس کی ضد اللَّامَرْكَزِيَّة ہے یعنی ایسا نظام جس میں ملک کے مختلف صوبوں وغیرہ کو اندرونی طور پر نیم خود مختاری حاصل ہو۔
المُرْتَكِز : ٹھوس، پختہ، جما ہوا۔

الكلامُ المُرَكَّز : جچی تلی بات، ٹھوس بات یا گفتگو۔
المَرْكُوز : پیوست، گڑا ہوا، ثابت وقائم
مَرَاكِزُ الأَسْنَان : دانت اگنے کی جگہ۔
• رَكَسَهُ ـُ رَكْسًا : پلٹنا، لوٹانا، پچھلی حالت پر لوٹانا۔
ـــ الرِّكَاسَ : اونٹ کی ناک میں رسّی ڈال کر کہنی سے باندھنا۔ رَكَسَ الجَمَلَ بالرِّكَاسِ بھی کہتے ہیں۔
أَرْكَسَتِ الجَارِيَةُ : لڑکی کا ابھرے ہوئے پستان والی ہونا۔
أَرْكَسَ فُلَانٌ الشيءَ : لوٹانا، پلٹنا۔ کہتے ہیں: أَرْكَسَهُ فِي الشَّرِّ: اسے شر میں پھنسا دیا۔ أَرْكَسَ اللّٰهُ العَدُوَّ : اللہ نے دشمن کو پلٹ دیا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاللّٰهُ أَرْكَسَهُم بِمَا كَسَبُوا" اللہ نے انہیں ان کی کرتوت کی بنا پر ان کی سابقہ حالت (کفر) پر لوٹا دیا۔
ـــ الثَّوبَ ونحوَهُ فِي الصِّبْغ : کپڑے کو رنگ میں بار بار ڈبونا۔
ارْتَكَسَ : اوندھا ہونا، پلٹ جانا۔ کہتے ہیں: ارْتَكَسَ فِي أَمْرٍ: کسی معاملہ میں اس طرح الجھنا کہ اس سے چھٹکارا نہ ہو (۲) بھیڑ میں پھنس جانا۔
ارْتَكَسَتِ الجَارِيَةُ : ابھرے ہوئے پستان والی ہونا۔
تراكَسَ : تہ بہ تہ ہونا۔ شَعْرٌ مُتَرَاكِسٌ : گتھے ہوئے بال۔
الرِّكَاسُ : وہ رسّی جو اونٹ کی ناک میں ڈال کر اس کی کہنی سے باندھ دیتے ہیں (سدھانے کے لئے تاکہ وہ قابو میں رہے) ج: رُكُسٌ و أَرْكِسَة
الرِّكَاسَةُ : میخ یا زمین میں گاڑا ہوا رسّی کا پھندا جس میں جانور باندھے جاتے ہیں ج: رَكَائِس۔
الرِّكْسُ : لوگوں کا گروہ، ہجوم (۲) گندگی (۳) پل (۴) شکستہ عمارت جس کی مرمت کی گئی ہو۔ بِنَاءٌ رِكْسٌ بھی کہا جاتا ہے ج: أَرْكَاس۔
الرَّكُوسِيَّةُ : نصاریٰ اور صابئین کے عقائد سے ملتا جلتا مذہب اور مسلک رکھنے والا فرقہ۔ حدیث عدی ابن حاتم میں ہے: "أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عليه وسلم، فقَالَ لَه: إنَّك من أَهلِ دين يُقَالُ لهم الرَّكُوسِيَّة"
الرَّكِيسُ : اوندھا (۲) کمزور (۳) گندا (۴) گوبر، لید (۵) لوٹایا ہوا، رد کیا ہوا۔
المَرْكُوسُ : واپس کیا ہوا، پلٹا ہوا، اوندھا، پیٹھ پھیرنے والا۔
• رَكَضَ ـُ رَكْضًا و رَكَضَةً : تیز دوڑنا کہتے ہیں: أَتَيْتُهُ رَكْضًا: میں اس کے پاس دوڑ کر آیا یا دوڑتا ہوا آیا (۲) ٹھوکر مارنا، پیر کو زمین پر مارنا۔ قرآن پاک میں ہے: "أُرْكُضْ بِرِجْلِكَ هٰذَا مُغْتَسَلٌ بَارِدٌ وَ شَرَابٌ" هو رَاكِضٌ و رَكَّاضٌ۔
ـــ منه : بھاگنا، فرار اختیار کرنا (۲) شکست کھانا۔ قرآن پاک میں ہے: "إِذَا هُمْ منها يَرْكُضُون"
ـــ الطَّائِرُ : پرندہ کا تیز اڑنا۔
ـــ النُّجُومُ و الكواكِبُ : ستاروں کا چلنا۔
ـــ الخَيْلُ : گھوڑوں کا زمین پر ٹھوکر مارنا۔
ـــ شَيْئًا : لات مارنا۔
ـــ الدَّابَّةَ : دوڑانے کے لئے جانور کو ایڑ لگانا، پیر مار کر دوڑانا۔
ـــ الأَرْضَ بِرِجْلِه : زمین پر ٹھوکر مارنا، پیر مارنا۔
ـــ الطَّائِرُ جَنَاحَيْه : پرندہ کا پھڑپھڑانا

کہتے ہیں: هو لا يركُضُ المِحجَنَ: وہ اپنا دفاع نہیں کرتا۔
رَكَضَ النّارَ: آگ کو لوہے کی سلاخ سے کریدنا۔
— القوسُ السّهمَ: کمان کا تیر کو پھینکنا
— العِرقُ: رگ کا پھڑکنا۔
أَركضَتِ الحامِلُ: حاملہ عورت کے پیٹ میں بچہ کا حرکت کرنا۔ هي مُركِضَةٌ و مُركِضٌ ج: مَراكِضُ۔
رَاكَضَهُ و رَاكَضَهُ الخَيلَ: گھوڑدوڑ میں کسی سے مقابلہ کرنا۔
ارتكَضَ: رَكَضَ۔ کہتے ہیں: ارتكَضوا في حَلبَةِ السِّباقِ: دوڑ کے میدان میں دوڑنا (۲) حرکت کرنا، تڑپنا، دھڑکنا، بے قرار ہونا۔ کہتے ہیں: ارتكَضَ الجنينُ في بطنِ أمِّه و ارتكَضَ قلبُه فزعًا: خوف سے اس کا دل دھڑکا
— فلانٌ في شُئونِه: کسی کا اپنے معاملات میں غلطاں و پیچاں ہونا۔
— الماءُ في البئرِ و نحوِها: کنویں وغیرہ میں پانی اکٹھا ہو کر لہریں مارنا۔
تَراكَضُوا: ایک ساتھ دوڑنا یا گھوڑوں کو ایک دوسرے کے ساتھ دوڑانا۔ کہتے ہیں: خرَجوا يَتراكَضونَ الخَيلَ: وہ گھوڑے دوڑاتے ہوئے نکلے۔ و تَراكَضوا إليهم خَيلَهم: وہ ان کے پاس گھوڑے دوڑاتے ہوئے گئے
الرَّكضُ: دوڑ، ریس (۲) ایڑ (۳) لات (۴) دھڑکن، حرکت۔
الرَّكضَةُ: ایڑ، دھکا، لات، حرکت۔
الرَّكوضُ و الرَّكّاضُ: انتہائی تیز دوڑنے والا، بہت حرکت کرنے والا۔ قوسٌ رَكوضٌ: تیزی کے ساتھ تیر پھینکنے والی کمان۔
المَركَضُ: دوڑنے کی جگہ (۲) جانور کے پہلو کی وہ جگہ جہاں پیر مارا جائے (ایڑ لگائی جائے) ج: مَراكِضُ۔ کہتے ہیں: قَعَدنا على مَراكِضِ الحَوضِ: حوض کے ان کناروں پر بیٹھے جہاں پانی ٹکراتا ہے۔
المِركَضُ: حرکت دینے والی چیز، آگ کریدنی (۲) آگ سلگانے کی چیز (۳) کمان کا کنارہ ج: مَراكِضُ۔
المِركَضَةُ: بہت دوڑنے والی (۲) گھوڑا جو زمین پر بہت پیر مارتا ہو (۳) کمان کا کنارہ وہ دو ہوتے ہیں: مِركَضَتانِ ج: مَراكِضُ۔
• رَكَعَ ـَ رَكعًا و رُكوعًا: جھکنا، احترامًا جھکنا، سر اور بدن کا جھکنا (گھٹنا زمین سے لگے یا نہ لگے) رَكَعَ الهَرِمُ و غيرُهُ: بوڑھے وغیرہ کا بڑھاپے یا کمزوری کی وجہ سے جھکنا۔
— المُصلّي: نمازی کا (قیام کے بعد) اتنا جھکنا کہ اس کی ہتھیلیاں گھٹنوں پر آجائیں اور کمر سیدھی ہو جائے، رکوع کرنا۔
— إلى اللهِ: اللہ کے سامنے عاجزی کے ساتھ جھکنا۔
— فلانٌ: بدحال ہونا، امیری کے بعد غریب ہو جانا۔ شاعر کہتا ہے:
لا تُهينُ الفقيرَ علّكَ أن تَركَعَ يومًا و الدّهرُ قد رَفَعَهُ
أركَعَهُ: جھکانا، رکوع کرانا۔
تَركَّعَ: نماز پڑھنا۔
الرَّكعَةُ: ایک دفعہ کا جھکنا (۲) نماز کا ہر قومہ جس کے بعد رکوع اور دو سجدے ہوں۔ رکعت کہتے ہیں: الصُّبحُ رَكعَتانِ والظُّهرُ أربَعُ رَكَعاتٍ (۲) زمین کا گڑھا۔
الرُّكوعُ: (في الصلاة) رکوع، قرأت کے قومہ کے بعد نمازی کا اتنا جھکنا کہ اس کی ہتھیلیاں گھٹنوں پر آجائیں اور کمر برابر اور سیدھی ہو جائے (۲) عجز و انکسار (۳) (توسعًا) نماز
الرّاكِعُ: رکوع کرنے والا (۲) (توسعًا) نماز پڑھنے یا عبادت کرنے والا ج: رُكَّعٌ و رُكوعٌ۔
• ارتَكَفَ الثَّلجُ: برف کا زمین پر گر کر جم جانا
الرَّكَفَةُ: ایک درخت کی جڑ جس سے دھونی دی جاتی ہے۔
• رَكَّ الشّيءُ ـِ رَكًّا و رَكاكَةً: کمزور ہونا، پھسپھسا ہونا۔ کہتے ہیں: اقطَعهُ من حيثُ رَكَّ: اسے اس جگہ سے کاٹو جو نرم یا کمزور ہو، لچر ہونا، اجزاء کلام کی ترکیب کا ناموزوں ہونا۔
— الغُلَّ في عُنُقِه ـُ رَكًّا: ہاتھ کو گردن سے باندھ دینا۔ کہتے ہیں: رَكَّ الأمرَ في عُنُقِه: کسی پر کسی کام کا بوجھ یا ذمہ داری ڈالنا۔
— الشّيءَ بيدِه: کسی چیز کو اس کا حجم دیکھنے کے لئے دبانا، دبا کر دیکھنا۔
— الأمرَ: کسی معاملہ کو دوسرے معاملات کے ساتھ ملانا، اکٹھا کر دینا۔
— السِّقاءَ: مشکیزہ کی مرمت کرنا۔
أَرَكَّتِ السّماءُ: آسمان کا ہلکی بارش برسانا۔
— الأرضُ: زمین پر ہلکی بارش ہونا۔ هي مُرِكَّةٌ و أُرِكَّتِ الأرضُ هي مُرَكَّةٌ: وہ زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو
رَكَّكَتِ السّماءُ: أَرَكَّت۔
ارتَكَّ: کم ہونا، کمزور و لچر ہونا (۲) تھرتھرانا، کانپنا (۳) صاف بات نہ کرنا۔
— في الأمرِ: شک کرنا۔
استَرَكَّهُ: کمزور سمجھنا۔
الأرَكُّ: بے حیثیت اور بے عقل۔
الرُّكاكُ: الأرَكُّ۔
الرُّكاكَةُ: وہ نکما آدمی جسے عورتیں کمزور و ناتواں سمجھتی ہوں (۲) وہ شخص جسے اپنے

اہل وعیال پر غیرت نہ آتی ہو، بے غیرت

الرَّكُّ: ہلکی بارش ج: أَرْكَاكٌ و رِكَاكٌ۔

الرَّكِّيُّ: بے فیض و بے نفع۔ کہتے ہیں: هُوَ شَحْمَةُ الرَّكِّيِّ: وہ جلد پگھلنے والی چربی ہے یعنی اس سے کسی کو نفع نہیں پہنچتا۔

الرَّكِيكُ: کمزور، لچر، پھسپھسا، بے جوڑ، بے ربط ج: رِكَاكٌ و رَكَكَةٌ۔

رَكِيكُ الأُسْلُوبِ: گھٹیا طرز واسلوب والا۔

رَكِيكُ العِلْمِ: بے علم، کم علم۔

رَكِيكُ العَقْلِ: کم عقل، نا سمجھ۔

رَكِيكُ اللَّفْظِ: پھسپھسا، بے ربط (کلام یا تحریر)۔

رَكِيكُ النَّسْجِ: کمزور بناوٹ والا۔

الرَّكِيكَةُ: مؤنث الرَّكِيكِ (٢) معمولی بارش (٣) وہ زمین جس پر معمولی بارش ہوئی ہو ج: رِكَاكٌ۔ عِبَارَةٌ رَكِيكَةٌ: بے تکی عبارت، پھسپھسا مضمون، ناموزوں الفاظ۔

المُرْتَكُّ: بظاہر بلیغ الکلام اور بوقت مقابلہ بے زبان (٢) سَكْرَانُ مُرْتَكٌّ: ایسا نشہ میں چور جس کی بات صاف نہ سمجھی جائے۔

الرَّكَاكَةُ: کمزوری، لچرپن، بوداپن، پھسپھساپن، بے ربطگی، ناموزونیت۔

•رَكَلَهُ ـُ رَكْلاً: لات مارنا، ایڑ لگانا۔

رَاكَلَهُ: ایک دوسرے کے لات مارنا۔

تَرَاكَلُوا: ایک دوسرے کو لات مارنا۔

تَرَكَّلَ بِمِجْرَفَتِهِ: کدال کو پیر مار کر زمین میں گھسانا۔

الرَّكْلَةُ: سبزی کا گٹھا۔

المَرْكَلُ: راستہ (٢) جانور کو ایڑ لگانے کی جگہ ج: مَرَاكِلُ۔ کہتے ہیں: فَرَسٌ نَهْدُ المَرَاكِلِ: بڑے پیٹ والا گھوڑا۔

المِرْكَلُ: سوار کا پاؤں ج: مَرَاكِلُ۔

•رَكَمَهُ ـُ رَكْمًا: ڈھیر لگانا، تہ بہ تہ لگانا، اکٹھا کرنا۔

ارْتَكَمَ: اکٹھا ہونا۔

تَرَاكَمَ: اکٹھا ہونا، ڈھیر لگنا، انبار لگنا۔

ـــ الأَشْغَالُ: کاموں کا ہجوم ہونا، اکٹھا ہونا۔

الرُّكَامُ: ریت وغیرہ کا ڈھیر

رُكَامٌ من سَحَابٍ: گھنے بادل۔ قَطِيعٌ رُكَامٌ: بڑا ریوڑ۔

الرُّكْمُ: تہ بہ تہ بادل، گھنے بادل۔

الرُّكْمَةُ: کیچڑ اور مٹی کا ڈھیر۔

مُرْتَكَمُ الطَّرِيقِ: سیدھا راستہ، شاہ راہ

المَرْكُومُ: ڈھیر لگا ہوا، تہ بہ تہ۔ سَحَابٌ مَرْكُومٌ: گھنا بادل۔

•رَكَنَ إِلَيْهِ ـَ رَكْنًا و رُكُونًا: کسی کی طرف مائل ہونا اور مطمئن ہونا، دل سے لگاؤ ہونا (٢) کسی پر بھروسہ کرنا، کسی کا سہارا لینا۔ يُرْكَنُ إليه: قابل اعتماد

رَكِنَ إِلَيْهِ ـَ رَكْنًا و رُكُونًا: رَكَنَ۔

ـــ في المنزل رَكْنًا: مقیم ہونا، الگ نہ ہونا۔

رَكُنَ ـُ رَكَانَةً و رَكَانِيَةً و رُكُونَةً: سنجیدہ اور باوقار ہونا۔ هُوَ رَكِينٌ و هِيَ رَكِينَةٌ۔

تَرَكَّنَ: مضبوط ہونا، باوقار ہونا یا بننا۔

رَكَّنَهُ: باوقار وسنجیدہ بنانا۔

أَرْكَنَ إِلَيْهِ: کسی پر بھروسہ کرنا۔

الأُرْكُونُ: گاؤں کا پردھان، مکھیا، چودھری

الرُّكْنُ: کونہ، گوشہ (٢) سہارا (٣) ستون (٤) جڑ، اصل، بنیاد (٥) کسی چیز کا وہ پہلو یا حصہ جس پر وہ قائم ہو اور وہ اس کیلئے سہارا ہو (٦) کسی شے کی حقیقت کے اجزاء میں سے ایک جزء۔ رُكْنُ الصَّلاةِ و رُكْنُ الوُضُوءِ۔ نماز اور وضو کا وہ جز جس کے بغیر اس کی تکمیل نہ ہو (٧) اہم معاملہ (٨) ملک وقوم اور فوج کی طاقت۔ قرآن پاک میں ہے "لَوْ أَنَّ لِي بِكُمْ قُوَّةً أَوْ آوِي إِلَىٰ رُكْنٍ شَدِيدٍ" کہتے ہیں: فُلانٌ رُكْنٌ من أَرْكَانِ قَوْمِهِ: فلاں اپنی قوم کے سربرآوردہ لوگوں میں سے ہے (٩) کسی موضوع کے ساتھ مخصوص ریڈیو پروگرام جیسے: رُكْنُ الرِّيفِ۔ رُكْنُ العُمَّالِ: دیہاتی پروگرام، لیبر پروگرام (١٠) فوجی امور کا ماہر، اعلیٰ لیاقت کا فوجی افسر ج: أَرْكَانٌ و أَرْكُنٌ۔

الرُّكَنُ: جنگلی چوہا۔

الأَرْكَانُ: عناصر اربعہ: آگ ہوا مٹی پانی

أَرْكَانُ الحَرْبِ: جنرل اسٹاف، فوج کے بڑے عہدے دار۔

رَئِيسُ الأَرْكَانِ: (فوجی نظام میں) چیف آف اسٹاف، فوج کا سب سے بڑا افسر

الرَّكِينُ: سنجیدہ، باوقار (٢) مضبوط و ثابت قدم۔

المِرْكَنُ: ٹب (جس میں کپڑے دھوئے جاتے ہیں) (٢) چھوٹا حوض ج: مَرَاكِنُ۔

•رَكَا على فُلانٍ ـُ رَكْوًا: کسی کو گالی دینا، برا کہنا، بُرے الفاظ سے ڈانٹنا۔

ـــ بالمكانِ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ: کسی جگہ بقیہ دن گزارنا۔

ـــ فُلانٌ: لمبا حوض کھودنا۔

ـــ الأَرْضَ: زمین کو کھودنا۔

ـــ الحَوْضَ: حوض کو ہموار کرنا۔

ـــ الأَمْرَ: کسی کام کو مضبوط و پختہ کرنا۔

ـــ عَلَيْهِ الحِمْلَ: بوجھ ڈالنا، زیادہ لادن کرنا۔

أَرْكَى على فُلانٍ: رَكَا۔

ـــ عَلَيْهِ الحِمْلَ: رَكَا عَلَيْهِ۔

ـــ إليه: کسی کی پناہ لینا۔

ـــ لهم جُنْدًا: کسی کے لئے فوج تیار کرنا،

سپاہی بھرتی کرنا۔
أَرْكَى فِى الْأَمْرِ: پیچھے ہٹنا، دیر کرنا۔
— الْأَمْرَ: مؤخر کرنا، دیر کرنا۔
راكَى عَلى كذا: بھروسہ کرنا۔
ارْتَكَى عَلَيْه: بھروسہ کرنا، سہارا لینا۔
الرَّكْوَةُ: چمڑے کا پانی پینے کا ڈونگا وغیرہ (۲) چھوٹا ڈول ج: رِكَاءٌ
الرَّكِيَّةُ: کنواں (جس میں پانی ہو) ج: رَكَايَا و رُكِيٌّ۔
الْمُرْتَكَى و الْمُرَاكِي: دیرپا، ثابت وقائم۔
الْمَرْكُوُّ: حوض۔

ر — م

•رَمَأَ ـَ رُمُوْءًا بالمكان: قیام کرنا۔
— الشَّيْءُ عَلَى كذا: زائد ہونا۔
— الْخَبَرَ: خبر کا اندازہ کرنا، گمان کرنا۔ کہتے ہیں: هَلْ رَمَأَ اليكَ خَبَرٌ؟
أَرْمَأَ إِلَيْه: قریب ہونا۔
— الشَّيْءُ عَلَى كَذَا: زائد ہونا، بڑھنا
مُرَمَّآت الأَخْبَار: گھڑے ہوئے واقعات، افسانے۔
•رَمَثَهُ ـُ رَمْثًا: درست کرنا (۲) ہاتھ سے پونچھنا۔
— الشَّيْءَ بالشَّيْءِ: ملانا، مخلوط کرنا۔
— الشيْءَ ـِ رَمْثًا: چرانا۔
رَمِثَ أَمْرُهُمْ ـَ رَمَثًا: معاملہ گڈمڈ ہونا، بات بگڑنا۔
— الإبِلُ: اونٹوں کا رمث (شامی کھٹے درخت) کے پتے کھا کر درد شکم میں مبتلا ہونا۔ هو رَمِثٌ و هي رَمِثَةٌ۔
أَرْمَثَ فِى مَالِه: مال کو باقی رکھنا۔
— الشَّيْءَ: بڑھانا، زیادہ کرنا (۲) نرم بنانا
رَمَّثَ عَلَى كَذَا: بڑھانا، اضافہ کرنا جیسے: رَمَّثَ عَلَى الخَمْسِيْنَ۔ رَمَّثَتْ غَنَمُهُ على المائة: اس کی بکریاں سو سے زیادہ ہوگئیں۔
رَمَّثَ الشَّيْءَ: ٹھیک کرنا۔
اسْتَرْمَثَ فِى مَالِه: باقی رکھنا۔
الرِّمْثُ: پھٹے پرانے کپڑے پہننے والا (۲) کمزور پیٹھ والا (۳) ایک ترش بڑی گھاس جو شام کے جنگلات میں زیادہ ہوتی ہے۔
الرَّمَثُ: دریا کو پار کرنے کے لئے چند لکڑیوں کو جوڑ کر بنایا ہوا تختہ (۲) پرانی رسّی (۳) دوھنے کے بعد تھن میں بچا ہوا دودھ ج: أَرْمَاثٌ و رِمَاثٌ کہتے ہیں: حَبْلٌ أَرْمَاثٌ: بوسیدہ رسّی۔
الرَّمَثَةُ: دوھنے کے بعد تھن میں بچا ہوا دودھ۔
الْمَرْمَثَةُ و الرِّمْثَاءُ: وہ زمین جس میں رمث نامی ترش گھاس پیدا ہوتی ہے۔
•رَمَجَ الطَّائِرُ ـُ رَمْجًا: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
رَمَّجَ ما كَتَبَ من السُّطُور: لکھے ہوئے کو خراب کر دینا۔
الرَّامِجُ: وہ الّو جس کا پیر شکار کے جال سے باندھ دیا جاتا ہے (اور اس کے ذریعہ جانوروں کا شکار کیا جاتا ہے)۔
الرِّمَاجُ: نیزہ کی گرہیں اور پورے۔
•رَمَحَ البَرْقُ ـَ رَمْحًا: بجلی کا جھلملانا، ہلکے ہلکے چمکنا۔
— فُلانًا: نیزہ مارنا۔
— الدَّابَّةُ فُلانًا رَمْحًا و رِمَاحًا: چوپائے کا کسی کو لات مارنا۔
رَامَحَهُ: نیزہ بازی میں کسی سے مقابلہ کرنا، نیزہ مارنا۔
تَرَامَحُوا: ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔
الرَّامِحُ: نیزے والا (اس کا فعل نہیں ہے) ثَوْرٌ رَامِحٌ: دو سینگوں والا بیل
السِّمَاكُ الرَّامِحُ: ایک ستارہ کا نام جس کے آگے ایک لمبی شعاع والا ستارہ ہوتا ہے (گویا وہ نیزہ بردار ہے جو آگے آگے چل رہا ہے)
الرِّمَاحُ. رِمَاحُ الجِنِّ: طاعون۔
رِمَاحُ العَقْرَبِ: بچھو کا ڈنک۔
الرِّمَاحَةُ: نیزہ سازی، نیزہ برداری
الرُّمْحُ: نیزہ (وہ ڈنڈا جس کے سرے پر نوکدار لوہا لگا ہوتا ہے) بَلَّم (۲) ہل (وہ لکڑی جس کے نیچے نوک دار لوہا لگا ہوتا ہے) ج: رِمَاحٌ و أَرْمَاحٌ۔ کہاوت ہے: كَسَرُوا بَيْنَهُمْ رُمْحًا: ان کے درمیان لڑائی ہوگئی۔ هم على بني فُلانٍ رُمْحٌ وَاحِدٌ: وہ فلاں قبیلہ کے مقابلہ میں متحد ہیں۔ أَخَذَتْ الإبِلُ رِمَاحَهَا: اونٹنیاں اپنا حسن دکھا کر یا دودھ دینا شروع کر کے ذبح کئے جانے سے بچ گئیں۔
الرَّمَّاحُ: نیزہ ساز (۲) نیزہ بردار۔
الرَّمَّاحَةُ: قَوْسٌ رَمَّاحَةٌ: مضبوط کمان جو زور سے تیر پھینکے (۲) کٹ کھنا جانور۔
الرَّمُوْحُ مِنَ الدَّوَابِّ: کٹ کھنا جانور۔
الرُّمَيْحُ: لاٹھی، عصا۔ کہتے ہیں۔ أَخَذَ رُمَيْحَ أَبِي سَعْدٍ: وہ بوڑھا ہو گیا۔
•أَرْمَخَ النَّخْلُ: کھجور کے درخت پر بُسْر کھجور آنا۔
— فُلانٌ: نرم پڑنا، ذلیل ہونا۔
— الدَّابَّةُ: چوپائے کا بوڑھا ہونا یا موٹا ہونا۔
الرِّمْخُ: درختوں کا جھنڈ۔
الرَّمَخُ: بُسْر۔ نئی اور تازہ کھجور و: رَمَخَةٌ
•رَمَدَ ـِ رَمْدًا و رَمَادَةً: ہلاک ہو جانا، راکھ ہو جانا۔
— الشَّيْءَ ـُ رَمْدًا: ہلاک و برباد کرنا، جلا کر راکھ کر دینا، تہس نہس کرنا۔
رَمِدَ ـَ رَمَدًا و رُمْدَةً: راکھ جیسے رنگ کا ہونا، ہلکا سلیٹی ہونا، خاکی ہونا۔

رَمِدَ العَیْنُ رَمَدًا: آنکھ دکھنا، آشوبِ چشم ہونا، آنکھ پھولنا۔ رَمِدَ فُلَانٌ: آشوبِ چشم کا مریض ہونا۔ ھو اَرْمَدُ و ھی رَمْدَاءُ ج: رُمْدٌ۔ ھو رَمِدٌ و ھی رَمِدَۃ۔

أَرْمَدَ: ہلاک ہونا (۲) محتاج وغریب ہونا۔

ــــ القَوْمُ: لوگوں کا قحط وخشک سالی سے دوچار ہونا۔

ــــ البُکَاءُ عَیْنَہٗ: رونے سے آنکھ پھول جانا۔

ــــ الشَّیْءَ: ہلاک وبرباد کرنا، راکھ جیسا کر دینا۔

رَمَّدَ الشَّیْءَ: راکھ میں دبانا (۲) برباد کرنا۔

ــــ الشِّوَاءَ: بکری کے بچہ کو انگاروں پر سینکنا (۲) راکھ (بھوبھل) میں دبانا۔

کہاوت ہے: شَوَی اَخُوْکَ حَتّٰی اِذَا اَنْضَجَ رَمَّدَ: تمہارے بھائی نے (گوشت کی) بھنائی کی جب وہ پک گیا تو اسے راکھ میں ڈال دیا۔ ایسے شخص کے بارہ میں بولا جاتا ہے جو کیے کرائے کام کو غارت کر دیتا ہو۔

اِرْمَدَّ: شترمرغ کی طرح دوڑنا۔

ــــ وَجْھُہٗ: چہرہ کا راکھ کے رنگ کا ہو جانا

ــــ العَیْنُ: آنکھ دکھنا، پھولنا۔

الاَرْمَدُ: مٹیالا اور میلا۔ کہتے ہیں: رَمَادٌ أَرْمَدُ: بہت باریک راکھ (۲) آشوبِ چشم کا مریض ج: رُمْدٌ۔

الرَّامِدُ: پرانا، بوسیدہ جس میں کچھ جان نہ رہی ہو۔

الرَّمَادُ: راکھ ج: اَرْمِدَۃ۔ ھو کثیرُ الرَّمَادِ: وہ کریم وسخی ہے (بطور کنایہ)

سُفِیَ الرَّمَادُ فی وَجْھِہٖ: اس کا چہرہ بدل گیا۔

الرَّمَادَۃُ: راکھ کی ایک مقدار (۲) ہلاکت۔

عَامُ الرَّمَادَۃِ: قحط کا سال ۱۸ھ جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں آیا تھا اور اس میں ہلاکت ہوئی تھی۔

الرَّمَادِیُّ: راکھ جیسا، سلیٹی رنگ کا، خاکی

الرَّمَدُ: آشوبِ چشم، آنکھ کی بیماری۔

عِلْمُ الرَّمَدِ: علم معالجہ چشم۔

الرِّمْدُ: خاک جیسا میلا کچیلا (۲) بدلے ہوئے رنگ کا پانی (۳) میلا کچیلا کپڑا۔

الرُّمْدُ: مچھر (۲) شترمرغ۔

الرَّمَدِیُّ: ماہر امراض چشم، آنکھوں کا ڈاکٹر

المَرْمَدُ: مرگھٹ، مردے جلانے کی جگہ۔

المُرْمَدُ و المُرَمَّدُ: آشوبِ چشم کا مریض

المُرَمَّدُ: بھوبل میں بھنا ہوا۔

•رَمْرَمَ الرَّجُلُ وغیرُہٗ: گراپڑا کھانا کھانا (صاف اور گندے کی تمیز کیے بغیر) حدیث ہرّہ میں ہے: "حَبَسْتُھَا فَلَا اَطْعَمْتُھَا وَلَا اَرْسَلْتُھَا تُرَمْرِمُ مِنْ خَشَاشِ الاَرْضِ" اس نے بلّی کو بند رکھا نہ اسے کھلایا اور نہ ہی اسے زمین کے کیڑے مکوڑے یا اس پر پڑی ہوئی چیزوں کو کھانے دیا۔

تَرَمْرَمَ: بولنے کے لیے منھ کھولنا اور نہ بولنا۔ کہتے ہیں: کَلَّمْتُہٗ فَمَا تَرَمْرَمَ بِحَرْفٍ: میں نے اس سے بات کی تو اس نے ایک حرف بھی زبان سے نہ نکالا۔

ــــ الشَّیْءُ: بکھر جانا، منتشر ہو جانا۔

الرَّمْرَامُ: موسم بہار کی گھاس۔

•رَمَزَ اِلَیْہِ ـُـ رَمْزًا: اشارہ کرنا، (ہونٹوں سے یا آنکھوں اور بھوؤں سے یا کسی اور چیز سے) قرآن پاک میں ہے: "قَالَ آیَتُکَ اَلَّا تُکَلِّمَ النَّاسَ ثَلَاثَۃَ اَیَّامٍ اِلَّا رَمْزًا" (۲) کنایہ کرنا۔

ــــ الظَّبْیُ رَمَزَانًا: ہرن کا اچھلنا کودنا

ــــ اِلَی الشَّیْءِ بکذا: کسی چیز کے ذریعہ کسی بات کا پتہ دینا۔

رَمَّزَ فُلَانًا بکذا: کسی کو کسی بات پر اکسانا

رَمُزَ ـُـ رَمَازَۃً: منقبض ہونا، گھٹن ہونا (۲) باوقار وسنجیدہ ہونا (۳) بہت متحرک ہونا (۴) قابل تعظیم وتکریم ہونا (۵) شریف النسب ہونا۔

ــــ فُؤَادُہٗ: دل گھٹنا۔ ھو رَمِیْزٌ۔

تَرَامَزُوْا: ایک دوسرے کی طرف اشارہ کرنا

تَرَمَّزَ: حرکت کرنا، بے چین ہونا، تڑپنا کہتے ہیں: تَرَمَّزَ من الضَّرْبَۃِ۔ وتَرَمَّزُوْا: وہ لوگ (جھگڑے یا قیام کے لیے) حرکت میں آئے (۲) تیار ہونا۔

اِرْمَأَزَّ: منقبض ہونا، متحرک ہونا (۲) اپنی جگہ سے ہٹ جانا، اپنی جگہ جمے رہنا (اضداد)

اِرْتَمَزَ: تَرَمَّزَ۔

الرَّامِزَۃُ: گھٹنے کے اندر کی چربی۔ ھما رَامِزَتَانِ۔

الرَّامُوْزُ: دریا، سمندر (۲) اصل (۳) نمونہ ج: رَوَامِیْزُ۔

الرَّمْزُ: اشارہ (۲) علامت، نشان، مارک (۳) علم بیان میں خفی کنایہ (۴) راہنما، دلیل ج: رُمُوْزٌ۔

الرُّمُزُ و الرُّمَزُ: اشارہ، منشا۔

رَمْزُ الحُرِّیَّۃِ: نشان آزادی۔

رَمْزٌ نَابِضٌ: زندہ علامت۔

الرَّمْزِیُّ: علاماتی، اشاراتی۔

الرَّمْزِیَّۃُ: علاماتی طریقہ (۲) الطَّرِیْقَۃُ الرَّمْزِیَّۃُ: فن شعر وادب کا ایک خاص طریقہ جس میں افکار وجذبات کی اشاراتی تعبیر باذوق افراد کیلئے برائے تکمیل ادھوری چھوڑ دی جاتی ہے۔

الرَّمَّازَۃُ: فاحشہ اور پیشہ ور عورت۔

کَتِیْبَۃٌ رَمَّازَۃٌ: لشکر جرار۔

الرَّمِیْزُ: باعظمت، قابل تکریم۔

•رَمَسَ المَیِّتَ ـِـ رَمْسًا: دفن کرکے

مٹی برابر کرنا ۔
رَمَسَ الشَّیءَ: نشان مٹا دینا۔ کہتے ہیں:
الرِّیحُ تَرمُسُ الآثارَ بِمَا تُثِیرُہُ: ہوا مٹی اڑا کر نشانات کو مٹا دیتی ہے ۔
ـــ القَبرَ: قبر کو ڈھانکنا، مٹی سے برابر کرنا
ـــ علیہ الخَبَرَ: کسی سے خبر چھپانا ۔
ـــ فُلانًا بِحَجَرٍ: کسی کے پتھر مارنا۔ ھو مَرمُوسٌ و رَمِیسٌ ۔
أَرمَسَ المَیّتَ: مردہ کو دفن کرنا ۔
ارتَمَسَ فِی المَاءِ: پانی میں سرنک غوطہ لگانا، ڈوبنا۔
الرَّامُوسُ: قبر ج: رَوَامِیسُ ۔
الرَّامِسُ: اڑنے والا جانور (۲) رات کو نکلنے والے جانور ج: رَوَامِسُ۔
الرَّامِسَۃُ: مٹی اڑا کر نشانات مٹانے والی ہوا ج: رَوَامِسُ ۔
الرَّمسُ: قبر (جو زمین کے برابر ہو) (۲) قبر پر ڈالی جانے والی مٹی (۳) دھیمی آواز ج: رُمُوسٌ و اَرمَاسٌ۔
المَرمَسُ: قبر کی جگہ۔
المَرمُوسَۃُ: کہتے ہیں: وَقَعُوا فِی مَرمُوسَۃٍ من اَمرِھِم: ان کا معاملہ گڑبڑ ہو گیا ۔
•رَمَشَ الشَّیءَ ـِـ رَمشًا: کسی چیز کو انگلیوں کے سروں سے پکڑنا ۔
ـــ بِیَدِہِ: ہاتھ لگا کر دیکھنا، چھونا ۔
ـــ فُلانًا بِحَجَرٍ وغیرِہ: پتھر وغیرہ مارنا
رَمِشَت عَینُہُ ـَـ رَمَشًا: آنکھ کے پپوٹوں کا سرخ ہو کر پانی جاری ہونا اور پلکوں کا چپک جانا۔ رَمِشَ فُلانٌ بھی کہتے ہیں۔ ھو اَرمَشُ و ھی رَمشَاءُ ج: رُمشٌ ۔
أَرمَشَ الشَّجَرُ: درخت پر پتے نکل آنا۔
ـــ فُلانٌ: رَمِشَ (۲) آنکھ کی کمزوری کی بنا پر بار بار جھپکانا (۳) آنکھ کی خرابی کے باعث پپوٹوں کا ٹھیک نہ ہونا ۔
الرَّمشُ: گل دستہ، چنبیل کا دستہ ۔
الرَّمَشُ: پپوٹوں کی سرخی، سیلان آب اور پلکوں کی چپکاہٹ، آنکھ کی ایک تکلیف ۔
المُرَامِشُ: دیکھتے وقت آنکھوں کو بار بار حرکت دینے والا ج: مَرَامِیشُ۔
المُرَمَّشُ: خراب آنکھوں والا جسکی پلکیں اچھی نہ ہوتی ہوں ۔
•رَمَصَت الدَّجَاجَۃُ ـُـ رَمصًا: مرغی کا بیٹ کرنا ۔
رَمَصَ فُلانٌ لِاَھلِہِ: بال بچوں کیلئے کمائی کرنا ۔
ـــ بَینَ القَومِ: لوگوں میں صلح کرانا ۔
ـــ اللّٰہُ مُصِیبَتَہُ: اللہ کا کسی کی مصیبت کو رفع کرنا ۔
ـــ الشَّیءَ: طلب کرنا، تلاش کرنا (۲) چھونا، ٹٹولنا ۔
رَمِصَت العَینُ ـَـ رَمَصًا: آنکھ کے گوشہ میں سفید میل آنا۔ رَمِصَ فُلانٌ بھی کہتے ہیں: ھو اَرمَصُ و ھِیَ رَمصَاءُ ج: رُمصٌ ۔
أَرمَصَۃُ الرَّمَدُ: آشوب چشم کی وجہ سے آنکھ سے سفید میل نکلنا ۔
الرَّمَصُ: آنکھ کا سفید میل جو گوشۂ چشم میں جمع ہو جاتا ہے ۔
الرُّمَیصَاءُ: الشِّعرَی الرُّمَیصَاءُ: ایک ستارے کا نام ۔
•رَمَضَ النَّصلَ ـِـ رَمضًا: نیزے کے پھل کو تیز کرنا ۔
ـــ الشَّاۃَ: بکری کو چاک کر کے اس کی کھال باقی رکھ کر بھوننے کے لئے گرم پتھروں پر ڈالنا اور اوپر سے آگ ڈال دینا
ـــ الرَّاعِی مَوَاشِیَہ: چرواہے کا بکریوں کو گرم جگہ میں یا سخت گرمی میں چرانا ۔
رُمِضَ فُلانٌ: گرم زمین کا کسی کے پیروں کو جلا دینا ۔
رَمِضَ ـَـ رَمَضًا: تپتی ہوئی زمین یا پتھروں پر چلنا ۔
ـــ الشَّیءُ: کسی چیز کی حرارت سخت ہونا ۔
رَمِضَت الاَرضُ: زمین پر تیز دھوپ پڑنا
رَمِضَت قَدَمُہُ: گرم زمین سے پیروں کا جلنا ۔
ـــ الیَومُ: دن کا بہت گرم ہونا ۔
ـــ الصَّائِمُ: پیاس کی شدت سے روزہ دار کا اندرونی حصہ جلنا، گرم ہونا ۔
ـــ الغَنَمُ: بکریوں کا سخت گرمی میں چرنا اور ان کے جگر کا زخم آلود ہو جانا ۔
ـــ لِلاَمرِ: کسی بات پر آگ بگولا ہونا۔ ھو رَمِضٌ و ھی رَمِضَۃٌ۔
اَرمَضَہُ الحَرُّ: گرمی کا کسی کو جلانا ۔
اَرمَضَ الشَّیءُ فُلانًا: کسی چیز کا کسی کو دکھ دینا، تڑپانا ۔
ـــ النَّصلَ: نیزے کے پھل کو تیز کرنا ۔
ـــ الرَّاعِی مَوَاشِیَۃَ: چرواہے کا اپنے مویشی کو گرمی میں چرانا یا گرم جگہ میں چرانا
رَمَّضَہُ: کسی کا تھوڑا انتظار کر کے چلتا ہونا ۔
ـــ الرَّاعِی مَوَاشِیَۃَ: چرواہے کا مویشی کو سخت گرمی یا گرم جگہ میں چرانا ۔
ـــ الصَّومَ: روزہ کی نیت کرنا ۔
ارتَمَضَ من کذا: کسی چیز کا کسی کے لئے سخت ہونا اور اسے بے چین کر دینا ۔
ـــ لہ: رنجیدہ ہونا ۔
ـــ من الحزن: غم کی آگ میں جلنا ۔
ـــ کَبِدُہُ: جگر خراب ہونا ۔
ـــ الفَرَسُ بِہ: گھوڑے کا کسی کو لے کر کودنا ۔
تَرَمَّضَت نَفسُہُ: جی متلانا، طبیعت کا مالش کرنا ۔

تَرَمَّضَ الصَّيْدَ: سخت گرمی میں شکار کرنا (یعنی شکار کے پیچھے اتنا دوڑنا کہ اس کے پیر گرمی کی شدت سے پھٹنے لگیں اور وہ آسانی سے قبضہ میں آجائے۔

الرَّمْضَاءُ: گرمی کی شدت، تپتی ہوئی زمین (۲) دھوپ کی تیزی سے تپ جانے والی زمین یا پتھر۔ کہاوت ہے: كالمُسْتَجِيْرِ من الرَّمْضَاءِ بالنَّارِ: وہ شخص اس کی طرح ہے جو گرمی کی شدت سے بچنے کے لئے آگ کی پناہ لے۔ ایسے شخص کے بارہ میں مشہور ہے جس میں دو بری عادتیں اور خرابیاں پائی جاتی ہوں ایک سے بچو تو دوسری اس سے زیادہ خطرناک ہے۔

رَمَضَانُ: ہجری سال کا نواں مہینہ ج: رَمَضَانات و رَمَاضِيْنُ۔

الرَّمَضُ: موسم خزاں سے قبل ہونے والی بارش جبکہ زمین گرم اور تپتی ہوئی ہوتی ہے۔

الرَّمَضِيُّ من السَّحَابِ و المَطَرِ: موسم گرما کے آخر اور خریف کے آغاز کی بارش اور بادل۔

المَرْمِضُ: بکری کو بھوننے کی جگہ۔

• رَمَطَهُ ـِ رَمْطًا: عیب نکالنا، طعنہ دینا

• رَمَعَ ـَ رَمْعًا و رَمَعَانًا: تھرکنا، پھڑکنا کہتے ہیں: رَمَعَ اَنْفُهُ من الغَضَبِ: غصہ سے ناک کو حرکت ہونا، پھڑکنا (۲) تیز چلنا۔

ـــ الاُمُّ بوَلَدِها: ماں کا بچہ کو ناتمام جننا (عورت کو اسقاط ہوجانا)

ـــ برأسِه او بيَدِه: سوال کے جواب میں نفی میں سر یا ہاتھ ہلانا۔

رُمِعَ و رَمِعَ ـَ رَمَعًا و أُرْمِعَ: ساقی کی پیٹھ میں ایسا درد ہونا جو اسے اپنے کام سے روک دے۔

رَمَّعَت السِّبَاعُ: درندوں کا ناتمام بچے دینا

رُمِّعَ: رُمِعَ۔

تَرَمَّعَ: ہلنا، پھڑکنا۔ کہتے ہیں تَرَمَّعَ اَنْفُهُ من الغَضَبِ: غصہ سے اس کی ناک پھڑکنے لگی، غصہ سے کانپنا۔

الرُّمَاعُ: ساقی کی کمر میں ہونے والا درد جو اسے کام سے روک دے (۲) پیٹ کی ایک بیماری جس کی وجہ سے چہرہ زرد ہوجاتا ہے

الرُّمْعَةُ: گھاس وغیرہ کا ایک حصہ، ٹکڑا۔

الرَّمَّاعَةُ: بچہ کا تالو (جو حرکت کرتا رہتا ہے)

اليَرْمَعُ: پھرکی (۲) دھوپ میں چمکنے والی سفید کنکریاں جو توڑنے سے ٹوٹ جائیں۔ واحد: يَرْمَعَةٌ۔ مغموم کے لئے کہتے ہیں: تركتُهُ يَفُتُّ اليَرْمَعَ: میں نے اسے کنکریاں توڑتے ہوئے چھوڑا۔

ارْمَعَلَّ: بہنا یا رستا رہنا۔ ارْمَعَلَّ الدَّمْعُ: آنسو بہتے رہے۔ و ارْمَعَلَّ الصَّبِيُّ: بچہ کی رال ٹپکتی رہی۔ ارْمَعَلَّ الشِّوَاءُ: تلے ہوئے گوشت سے روغن ٹپکتا سا۔

ـــ الثَّوْبُ: کپڑے کا بھیگنا۔

ـــ الاَدِيْمُ: چمڑے کا خوب تر ہوجانا

ـــ الاِبِلُ: اونٹوں کا تربتر ہوجانا۔

ـــ فُلانٌ: جلدی کرنا، تیز چلنا (۲) اندر کی طرف سانس لینا۔

• رَمَغَهُ ـَ رَمْغًا: ہاتھ سے ملنا، رگڑنا، چمڑے کو رگڑنا، ملنا۔

رَمَّغَ الطَّعَامَ: کھانے کو سالن سے تر کرنا۔

ـــ رَأْسَهُ: سر میں خوب تیل ڈالنا۔

ـــ الكَلامَ: چکنی چپڑی باتیں کرنا، جھوٹ و سچ ملاکر دل کش بنانا۔

• رَمَقَهُ ـُ رَمْقًا: دیکھنا، نگاہ ڈالنا۔

ـــ ببَصَرِه: ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا، دیکھتے رہنا۔

رَامَقَهُ مُرَامَقَةً و رِمَاقًا: دیکھنا، دیکھتے رہنا (۲) ترچھی نگاہ سے دیکھنا، دشمنی کی نگاہ سے دیکھنا (۳) کسی سے نفاق برتنا (۴) کسی کے شر سے بچنے کیلئے ہاں میں ہاں ملانا، اچھی طرح پیش آنا۔

رَامَقَهُ الاَمْرَ: ناتمام چھوڑنا، درستگی کا کچھ حصہ باقی رکھنا۔ کہتے ہیں: نَخْلَةٌ تُرَامِقُ بعِرْقٍ: یہ کھجور کا درخت نہ بڑھتا ہے نہ ختم ہوتا ہے۔

رَمَّقَهُ: ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا، دیر تک دیکھتے رہنا۔

ـــ فُلانًا بشَيْءٍ: کسی کے آخری سانس کو کسی شے کے ذریعہ باقی رکھنا، زندگی کی رمق باقی رکھنا۔

ـــ في الشَّيْءِ: کسی چیز کو اچھا نہ بنانا، اس میں پوری کوشش نہ کرنا۔

ـــ الكَلامَ: غلط بات کو حسین انداز میں پیش کرنا۔

ارْمَقَّ: کمزور ہونا (۲) خراب ہونا۔

ـــ الجِلْدُ: کھال کا باریک ہونا، پتلا ہونا۔

ـــ الطَّرِيْقُ: راستہ کا لمبا ہونا۔

تَرَمَّقَ الشَّرَابَ: تھوڑا تھوڑا پینا۔

الاَرْمَاقُ: حَبْلٌ اَرْمَاقٌ: بوسیدہ رسی۔

الرِّمَاقُ: بقدر سد رمق گزارہ۔

الرَّمَقُ: بقیہ سانس، سانس باقی رکھنے کے لائق گزارہ۔

الرَّمَقُ الاَخِيْرُ: زندگی کا آخری سانس۔

سَدَّ رَمَقَهُ: جان بچانا، سانس باقی رکھنا ج: اَرْمَاقٌ۔

الرَّمِقُ: عَيْشٌ رَمِقٌ: رمق باقی رکھنے والی چیز۔

الرُّمْقَةُ: الرِّمَاقُ۔

الرُّمُقُ: حاسدین (۲) وہ غریب لوگ جو معمولی سا گزارہ پاکر زندہ رہتے ہیں۔ واحد: رَامِقٌ و رَمُوْقٌ۔

الرَّمَّقُ: کمزور آدمی۔

المُرَامِقُ: آخری سانس لینے والا (۲) بے مروت (۳) بدمزاج۔

رَهْنٌ مُرَامِقٌ : ناقابل اعتماد رہن ۔
المُرْمِقُ : (من العَيْش) گھٹیا اور معمولی زندگی
المُرَمَّقُ : (من العَيْش) المُرْمِق ۔
•رَمَكَ في المكان وبه ـــ رُمُوكًا : کسی جگہ جم کر رہنا ، پڑاؤ ڈالنا ۔
ـــ في الطَّعَام : کھانا ناپسند کرنا اور اس کی کسی چیز کو خراب نہ سمجھنا ۔
أَرْمَكَهُ : ٹھیرانا ۔
ارْمَكَّ : نازک ہونا ، باریک ہونا ۔
ـــ الجَمَلُ : اونٹ کا خاکستری رنگ کا ہونا (۲) دبلا اور کمزور ہونا ۔
اسْتَرْمَكَ القَوْمُ : لوگوں کے نسب میں کھوٹ نکالا جانا ، عیب لگایا جانا ۔
الرَّامِكُ : کسی جگہ مقیم ، پڑاؤ ڈالے ہوئے ۔
الرَّامِكُ : ایک قسم کی خوشبو جس کا رنگ قدرے مٹیالا ہوتا ہے ۔
الرَّمَكَةُ : کمزور (۲) نسل چلانے کے لئے محفوظ رکھی جانے والی غیر عربی مضبوط گھوڑی ج : رَمَكٌ و رِمَاكٌ جج : أَرْمَاكٌ ۔
الرُّمْكَةُ : مٹیالا رنگ ، خاکی رنگ یا سیاہی مائل خاکی رنگ ۔
•رَمَلَ ـــ رَمَلًا و رَمَلَانًا : مونڈھے ہلاتے ہوئے تیز چلنا ، لپک کر چلنا ۔
ـــ النَّسْجَ رَمْلًا : کپڑے کو باریک بننا ۔
ـــ السَّرِيرَ : تخت کو جواہرات وغیرہ سے آراستہ کرنا ۔
ـــ الحصيرَ : چٹائی بننا (۲) جواہرات سے آراستہ کرنا ۔
أَرْمَلَ المَكَانُ : جگہ کا ریتیلا ہونا ۔
ـــ فُلانٌ : بے توشہ ہو جانا ، غریب و مفلس ہونا ۔ حدیث ام معبد میں ہے " وكان القَوْمُ مُرْمِلِينَ مُسْنِتِينَ " اور لوگ مفلس وقحط زدہ تھے ۔
ـــ المَرْأَةُ : عورت کے خاوند کا مرجانا ، بیوہ ہوجانا ۔
ـــ الرَّجُلُ : مرد کا بلا بیوی رہ جانا (بیوی کا مرجانا) ۔

أَرْمَلَ الحَبْلَ : رسّی کو لمبا کرنا ۔
ـــ الحَصِيرَ : چٹائی بننا ۔
ـــ الزَّادَ : زاد راہ کو ختم کر دینا ۔
رَمَّلَ الطَّعَامَ : کھانے کو خراب کرنے کیلئے اس میں ریت یا مٹی ڈال دینا ۔ حدیث الحُمُر الوَحْشِيَّة میں ہے : " أَمَرَ أَنْ تُكْفَأَ القُدُورُ وأَنْ يُرَمَّلَ اللَّحْمُ بالتُّرَابِ " حکم دیا کہ دیگچیوں کو اوندھا کر دیا جائے اور گوشت میں مٹی ملا دی جائے ۔
ـــ الثَّوْبَ : کپڑے کو خون میں لت پت کرنا
ـــ النَّسْجَ : باریک بنائی کرنا ۔
ـــ الكَلَامَ : بے بنیاد باتیں کرنا ، کذب بیانی کرنا ۔
ـــ الكَاتِبُ خَطَّهُ : لکھی ہوئی تحریر پر روشنائی خشک کرنے کے لئے مٹی چھڑکنا پاؤڈر چھڑکنا ۔
ارْتَمَلَ بالدَّمِ : خون میں لت پت ہونا ۔
تَرَمَّلَ : ارْتَمَلَ ۔
الأَرْمَلُ : محتاج ، غریب (۲) کنوارا (۳) رنڈوا (جس کی بیوی مرگئی ہو) (۴) بیوہ (جس کا خاوند مرگیا ہو) ج : أَرَامِل و أَرَامِلَة (۵) بے نفع اور خشک سال (۶) وہ بکری جس کا سارا جسم سفید ہو اور پیر کالے ہوں ج : رُمْلٌ ۔
الرَّمَّالُ : بنی ہوئی چیز ۔
أُمُّ رِمَالٍ : بجّو ۔
الرَّمْلُ : ریت ، پتھر کا چورا ، بجری (۲) سیاہی چوس پاؤڈر ج : رِمَالٌ ۔ ایک ریزہ : رَمْلَةٌ ج : أَرْمَال (۲) ایک خرافاتی علم جس میں نامعلوم باتوں کے متعلق بحث کی جاتی ہے
الرَّمْلُ الأَحْمَرُ : سرخی ، لال بجری ۔
الرَّمَلُ : معمولی بارش ج : أَرْمَالٌ (۲) شعر کا ایک بحر جس کا استعمال موجودہ دور میں بکثرت ہے ، اس میں ایک مصرعہ کا وزن حسب ذیل ہوتا ہے :
فاعِلاتن ۔ فاعِلاتن فاعِلُن (۳) کسی شے کی زیادتی ۔
الرَّمْلاءُ : (من السِّنِين) کم نفع اور کم بارش والا سال (۲) سفید بکری جس کے پیر سیاہ ہوں ۔
الرَّمْلِيُّ : ریتیلا (۲) وہ چیز جو ریت میں اگی ہو
الرَّمَّالُ علم رمل جاننے یا اس کا پیشہ کرنیوالا (۲) ریت فروخت کرنے والا ۔
المِرْمَلُ : چھوٹی بیٹری ۔
المِرْمَلَةُ : سیاہی چوس پاؤڈر رکھنے کی ڈبیا
•رَمَّ العَظْمُ ـِ رَمًّا و رِمَّةً و رَمِيمًا : بوسیدہ ہونا ، گلنا ۔
ـــ المَيِّتُ : مردہ کا جسم گل جانا ۔
ـــ الحَبْلُ : رسّی کے ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا ، گل جانا ۔
ـــ الشَّيْءَ ـُ رَمًّا و مَرَمَّةً : مرمت کرنا ، ٹھیک کرنا (۲) کھانا ۔
ـــ المَنْزِلَ : مکان کی مرمت کرنا ۔
رَمَّتِ الشَّاةُ الحَشِيشَ : بکری کا ہونٹوں سے گھاس کھانا ۔
أَرَمَّ العَظْمُ و المَيِّتُ : ہڈی اور مردہ کا گل جانا ۔
ـــ العَظْمُ : ہڈی میں گودا آجانا ، دبلی بکری کے بارہ میں کہتے ہیں : ما يُرِمُّ منها مَضْرِبٌ : بکری کی ہڈی توڑی جائے تو اس میں گودا نہ نکلے گا ۔
ـــ فلانٌ إلى اللَّهْوِ : کھیل یا تفریح میں لگنا (۲) خاموش ہونا ۔ حدیث میں ہے : " أيُّكُمُ المُتَكَلِّمُ بكذا وكذا ؟ فأَرَمَّ القَوْمُ "
رَمَّمَهُ : مرمت کرنا ، درست کرنا ۔
ارْتَمَّتِ الشَّاةُ الحَشِيشَ : بکری کا ہونٹوں سے گھاس کھانا ۔
ارْتَمَّ ما على الخِوَانِ : دسترخوان کا کھانا

صاف کردینا، چٹ کر جانا۔
تَرَمَّمَ العَظْمَ: ہڈی چچوڑنا، ہڈی کے اوپر کا گوشت کھانا، چھڑالینا۔
ـــ الشَّیْءَ: ٹھیک کرنے کی کوشش کرنا۔
اِسْتَرَمَّ الشَّیْءُ: قابل مرمت ہوجانا جیسے اِسْتَرَمَّ الجِدَارُ۔
الاَرْمَامُ: حَبْلٌ اَرْمَامٌ: پرانی اور بوسیدہ رسّی۔
التَّرْمِیْمُ: فن تصویر کشی میں کسی پھول وغیرہ کے اوپر باریک شفاف کاغذ رکھ کر پنسل پھیرنا تاکہ نیچے کا پھول اس شفاف کاغذ پر اتر آئے، پھول وغیرہ کی نقل کرنا (۲) پھول وغیرہ کی وہ نقل جو شفاف کاغذ پر اتر آئے۔
الرِّمَامُ: حَبْلٌ رِمَامٌ: بوسیدہ رسّی۔
الرُّمَامُ: خستہ اور بوسیدہ چیز (۲) نئی اگی ہوئی ترکاری۔
الرُّمَامَةُ: بقدر ضرورت گزارہ۔
الرِّمُّ: ترمٹی (۲) ہڈی کا گودا (۳) ہوا کے ساتھ اڑ کر یا پانی کے ساتھ آنے والی چیزیں۔
الرَّمُّ: غم، جماعت۔
الرَّمَّاءُ: نَعْجَةٌ رَمَّاءُ: بے داغ بکری بھیڑ۔
الرَّمَّامُ: گری پڑی ہر قسم کی چیزیں اٹھا کر کھاجانے والا۔
الرُّمَّةُ: پرانی رسّی کا ٹکڑا ج: رُمَمٌ و رُمَمٌ و رِمَامٌ (۲) اونٹ کے گلے میں باندھی جانے والی رسّی۔
بِرُمَّتِهِ: سب، کل۔ کہتے ہیں: اَعْطَاهُ الشَّیْءَ بِرُمَّتِهِ۔
الرِّمَّةُ: الرُّمَّةُ (۲) بوسیدہ ہڈیاں (۳) دیمک (۴) ہر دار چیونٹی ج: رِمَمٌ و رِمَامٌ۔
الرَّمِیْمُ: ہر بوسیدہ اور گلی سڑی چیز قرآن پاک میں ہے "ما تَذَرُ مِن شَیْءٍ اَتَتْ عَلَیْهِ اِلَّا جَعَلَتْهُ کَالرَّمِیْمِ": وہ جس چیز پر گزرتی تھی اس کو بوسیدہ اور گلی ہوئی شے کی مانند کر ڈالتی تھی۔
عَظْمٌ رَمِیْمٌ و عِظَامٌ رَمِیْمٌ و رَمَائِمُ: بوسیدہ ہڈیاں۔ قرآن پاک میں ہے: "یُحْیِی العِظَامَ وَهِیَ رَمِیْمٌ"
المَرَمَّةُ: ہر کھر دار جانور کا ہونٹ (۲) مرمت کی جگہ۔
• الرُّمَّانُ: انار۔ واحد: رُمَّانَةٌ: انار کا درخت۔
رُمَّانُ القَبَّانِ: تمبری ترازو پر لگا ہوا انار نما گولا جس کے ذریعہ وزن کا تعین معلوم کیا جاتا ہے۔
رُمَّانُ الاَنْهَارِ: ایک بوٹی جس کے ذریعہ وجع المفاصل کا علاج کیا جاتا ہے۔
الرُّمَّانَةُ: ناف اور اس کا ارد گرد (۲) عورت کی چھاتی (۳) فولاد کا گز۔
المَرْمَنَةُ: اَرْضٌ مَرْمَنَةٌ: بہت انار وں والی زمین۔
• رَمِهَ الیَوْمُ ـَ رَمَهًا: دن کا بہت گرم ہونا۔
• رَمَی الشَّیْءُ ـِ رَمَاءً: بڑھنا، زیادہ ہونا، جیسے: رَمَی المَالُ و رَمَی عَلَی الخَمْسِیْنَ مِن عُمُرِهِ۔
هُوَ یَرْمِی عَلَی صَاحِبِهِ: وہ اپنے ساتھی سے بڑھا ہوا ہے۔
ـــ الشَّیْءَ و بِهِ مِن یَدِهِ رَمْیًا و رِمَایَةً: ہاتھ سے ڈالنا، پھینکنا۔
ـــ اللّٰهُ لَهُ: (دعا) خدا اس کی مدد کرے اور کام بنائے۔
ـــ اللّٰهُ فِی یَدِهِ وغیرها مِنَ الاَعْضَاءِ: (بد دعا) خدا اسے بیکار کرے۔
ـــ فُلَانًا بِاَمْرٍ قَبِیْحٍ: کسی پر الزام لگانا، تہمت لگانا۔
رَمَی بِحَبْلِهِ عَلَی غَارِبِهِ: کسی کو آزاد چھوڑنا
ـــ بِهِ عَلَی البَلَدِ: کسی کو کسی شہر یا ملک پر مسلط کرنا، حاکم بنانا۔
ـــ البَلَدَ: شہر یا ملک کا قصد کرنا۔
ـــ الصَّیْدَ رَمْیًا و رَمْیَةً: تیر وغیرہ مارنا، نشانہ بنانا۔
ـــ بِقَذِیْفَةٍ: گولا مارنا۔
ـــ بِرَصَاصٍ: گولی مارنا۔
ـــ عَنِ القَوْسِ و عَلَیْهَا رَمْیًا و رِمَایَةً: کمان سے تیر چلانا۔
ـــ بِکَلَامِهِ اِلَی کَذَا: اپنی بات سے کسی چیز کا قصد کرنا، مقصد بنانا۔
ـــ بِشَرَرٍ: چنگاریاں یا شعلے نکالنا۔
اَرْمَی الشَّیْءُ: بڑھنا، زیادہ ہونا۔ جیسے: اَرْمَی عَلَی الخَمْسِیْنَ مِن عُمُرِهِ۔ کہتے ہیں: سَابَّهُ فَاَرْمَی عَلَیْهِ: اس کے ساتھ گالی گفتار ہوئی تو وہ اس سے آگے بڑھ گیا۔
ـــ فُلَانٌ الشَّیْءَ: پھینکنا۔ اَرْمَاهُ مِن یَدِهِ: ہاتھ سے چھوڑ دیا یا ٹال دیا۔
اَرْمَاهُ عَن فَرَسِهِ: اسے گھوڑے سے اتار پھینکا، نیچے گرادیا۔
ـــ بِهِ البِلَادُ: ملک نے اسے باہر نکال دیا
رَامَاهُ مُرَامَاةً و رِمَاءً: ایک دوسرے کو اٹھا پھینکنا، ایک دوسرے کے تیر مارنا (۲) کسی کے ساتھ تیر اندازی کرنا۔ کہاوت ہے: قَبْلَ الرِّمَاءِ تُمْلَأُ الکَنَائِنُ: تیر اندازی سے قبل ترکش میں تیر بھرے جاتے ہیں (کسی کام سے پہلے اسکی تیاری ضروری ہے)۔
ـــ عَن قَوْمِهِ: لڑائی لڑنا، دفاع کرنا۔
ارْتَمَی المُتَنَاضِلَانِ: تیر اندازوں کا باہم مقابلہ کرنا۔
ـــ بِهِ البِلَادُ: ملک کا کسی کو باہر نکال دینا،

جلاوطن کرنا۔
ارتمی الشیءُ: بڑھنا، زیادہ ہونا (۲) گر پڑنا رمی کا فعل مطاوع۔ رماہ فارتمی۔
ارتمی علی قدمیہ: کسی کے پیروں پر گر پڑنا۔
— الصید: شکار پر تیر چلانا۔
ترامی القومُ: ایک دوسرے کو تیر مارنا۔
— الی کذا: کسی چیز تک پہنچنا۔ جیسے: ترامی امرہُ الی الظفر او الی الخذلان: اس کا معاملہ کامیابی یا رسوائی پر ختم ہوا۔
— الجرحُ الی الفسادِ: زخم خراب ہو چلا۔
— الخبرُ الیَّ: مجھے خبر ملی، مجھ تک خبر پہنچی۔
— الشیءُ: برقرار رہنا، بڑھتے رہنا۔
— بینھم الشرُّ: ان میں لڑائی بڑھ گئی یا بڑھتی رہی۔
— السحابُ: بادلوں کا گھنا ہونا، تہ بر تہ ہونا
— البلادُ او الصحراءُ: وسیع اور پھیلا ہوا ہونا۔
— بہ البلادُ: ملک کا کسی کو باہر نکال دینا، جلاوطن کرنا۔
الرامی: تیرانداز، نشانہ باز۔
الرماءُ: زیادتی، سود۔
الرمایۃُ: تیراندازی (پیشہ)، نشانہ بازی۔
الرمیُ: عمر میں اضافہ۔
الرمیُّ: اضافہ، زیادتی۔ کہتے ہیں: فی ھذا رمیٌّ علی ما سمعتُ: اس خبر میں میرے سنے ہوئے سے کچھ زائد بات ہے (۲) موسم خریف کا موٹی موٹی بوندوں والا بادل ج: ارماءٌ و ارمیۃٌ و رمایا۔
الرمیۃُ: ایک دفعہ کا پھینکا ہوا تیر، تیر چلانے کا ایک نمبر (۲) ایک تیر (۳) ایک گولی (چلی ہوئی) (۴) ایک ضرب۔ کہاوت ہے:
رُبَّ رمیۃٍ من غیرِ رامٍ: کبھی ایسے آدمی کا تیر بھی نشانہ پر لگ جاتا ہے جس کا نشانہ ہمیشہ خطا ہوتا ہو اتفاقی طور پر کامیاب ہونے والے کے بارہ میں مشہور ہے۔
الرِّمِّیَّا: کانت بین القوم رِمِّیَّا ثم صاروا الی حِجِّیزَی: لوگوں میں تیراندازی ہوئی پھر وہ باہم مل گئے یا منتشر ہو گئے۔
الرَّمِیَّۃُ: تیر پھینک کر جسے شکار کیا جائے، شکار (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے) ج: رمایا۔
صاحبُ رمیۃٍ: بات بڑھا چڑھا کر بیان کرنے والا۔
المُرتمی: ھو مُرتمی لنا و مُرتمِنا: وہ ہمارا پیش رو ہے، ہمارے آگے آگے رہتا ہے۔
المَرمی: تیر پھینکنے کی جگہ، نشانہ باندھنے کی جگہ (۲) مقصد (۳) (فٹ بال کے کھیل میں) گول، وہ جگہ جس پر نشانہ لگا کر گیند پھینکی جاتی ہے ج: مَرامٍ۔ کہتے ہیں: ھذا کلامٌ بعیدُ المرامی: بلند مقصد کلام، دور رس کلام۔
مَرمی النظرِ: منتہائے نظر۔
المِرماۃُ: چھوٹا کمزور تیر یا وہ تیر جس کے ذریعہ تیراندازی سیکھی جاتی ہے (۲) جانور کا کھر ج: مَرامٍ۔
المترامی: مترامی الاطراف: وسیع و عریض۔

ر ـــــ ن

• الارنبُ: خرگوش، نر اور مادہ دونوں کیلئے بولا جاتا ہے لیکن افصح استعمال مادہ کے لئے ہے نر کے لئے خُزَزٌ کہا جاتا ہے۔ ذلیل آدمی کو بھی ارنب کہتے ہیں ج: ارانبُ و اَرانٍ۔
الارنبانیُّ: دیکھئے ارنب (ہمزہ میں)
المؤرنبُ: کساءٌ مؤرنبٌ: وہ کمبل وغیرہ جس کی بناوٹ میں خرگوش کی اون ملائی گئی ہو۔
المؤرنبۃُ: وہ زمین جہاں بکثرت خرگوش ہوں
• الرِّنجۃُ: ایک قسم کی مچھلی جسے نمک لگا کر سکھایا جاتا اور سینک کر کھایا جاتا ہے۔
• رنّحَ فلانٌ: نشہ وغیرہ کی وجہ سے جھومنا
— الشرابُ فلانًا: شراب کا کسی کو لڑکھڑانا ہچکولے دینا۔ رنّحت الریحُ الغصنَ: ہوا کا ٹہنی کو ہلانا، ہوا سے ٹہنی کا جھومنا۔
رُنِّحَ فلانٌ و رُنِّحَ علیہ: بے ہوشی طاری ہونا، نشہ یا ضرب وغیرہ کی وجہ سے جسم میں نقاہت و کمزوری ہونا۔
ترنّحَ فلانٌ: جھومنا، لڑکھڑانا، ڈانواڈول ہونا، ہچکولے کھانا۔
— لشیءٍ: کسی شے کو طلب کرنا اور اس کے لئے حرکت میں آنا۔
— علی فلانٍ: کسی پر مہربانی سے جھکنا یا حملہ کی غرض سے کسی کی طرف متوجہ ہونا۔
الرَّنحُ: چکر، دوران سر (۲) بھیجہ سے الگ دماغ کا پچھلا حصہ۔
المرنحۃُ: جہاز کا اگلا حصہ۔
• رنَخَ ـ رُنوخًا: سست ہونا۔
رنّخہ: ذلیل و حقیر کرنا۔
ترنّخَ بہ: کسی چیز سے چمٹنا، لگنا۔
• الرَّندُ: ایک قسم کا خوشبودار پودا (۲) آس (۳) عود (۴) کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی گون کے مشابہ ایک گون (خرجین، جانور پر لدا ہوا سامان کا تھیلا)۔
• رنعَ الزرعُ ـ رُنوعًا: کھیتی کا پانی نہ ملنے سے مرجھا جانا۔
— لونہ: رنگ بدل جانا، پھیکا پڑ جانا۔
— الدابۃُ: چوپائے کا مکھی کو سر ہلا کر اڑانا

رَنَعَ فُلَانٌ : کھیلنا۔
— بِرَأْسِهِ : سوال کے جواب میں انکار کیلئے سر ہلانا۔
رَنَّعَ رَأْسَهُ : سر کو ہلانا۔
اَلْمَرْنَعَةُ : کھیل کا شور (۲) آسودگی، خوشحالی (۳) سرسبز و شاداب باغیچہ (۴) پانی کی ایک مقدار (۵) کھانے یا شکار کا ایک ٹکڑا۔
• اَرْنَفَتِ الدَّابَّةُ بِاُذُنَيْهَا : چوپائے کا تھکان کے باعث کانوں کو ڈھیلا چھوڑ دینا
اَرْنَفَ الْبَعِيرُ : اونٹ کا چلتے ہوئے سر کو ہلانا (۲) تیز چلنا۔
اَلرَّانِفُ : گوشہ، کنارہ، سرا۔
اَلرَّانِفَةُ : کان کی نرم ہڈی کا کنارہ (۲) ناک کی پھنگل (۳) آستین کا کنارہ (۴) کولہے کا نچلا حصہ اور وہ کنارہ جو بیٹھتے وقت زمین سے لگتا ہے (۵) ہاتھ کا گوشت ج : رَوَانِفُ۔ کہتے ہیں : عَلَوْا رَوَانِفَ الْآكَامِ : وہ ٹیلوں کی چوٹیوں پر چڑھے۔
• رَنَقَ الْمَاءُ ـُ رَنْقًا و رُنُوْقًا : پانی کا گدلا ہونا۔
— عَيْشُهُ : زندگی کا بے کیف ہونا، مکدر ہونا۔ هُوَ رَنِقٌ و رَنْقٌ و هِيَ رَنِقَةٌ۔
اَرْنَقَ الْمَاءَ : پانی کو گدلا کرنا۔
رَنَّقَ : حیران و پریشان ہونا، یہ نہ سمجھ میں آنا کہ کہاں جائے کیا کرے۔
— السَّفِيْنَةُ : کشتی کا اپنی جگہ گھومنا اور نہ چلنا۔
— الرَّايَةُ : پرچم کا سروں پر لہلہانا۔
— الطَّائِرُ : پرندہ کا پھڑ پھڑا کر رہ جانا اور نہ اڑنا، اسی سے ہے : رَنَّقَتِ الْمَنِيَّةُ : موت کا منڈلانا، قریب آنا۔
— الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب ہونے کے قریب ہونا۔
— الطَّائِرُ : تیر یا بیماری سے پرندہ کا بازو ٹوٹ کر گر جانا۔
رَنَّقَ عَيْنَهُ : بھوک وغیرہ کی وجہ سے آنکھ کا بند ہونا یا نگاہ کا کمزور پڑ جانا۔
— الْقَوْمُ بِالْمَكَانِ : کسی جگہ ٹھہرنا اور گھر جانا، قید ہو جانا۔
— النَّوْمُ عَيْنَيْهِ : کسی کی آنکھوں میں نیند بھر آنا مگر نہ سونا۔
— الْمَاءَ : پانی کو گدلا کرنا۔
— النَّظَرَ : نگاہ کو مخفی رکھنا، خفیہ طور پر دیکھنا (۲) مسلسل دیکھنا۔
تَرَنَّقَ الْمَاءُ : پانی کا گدلا ہونا۔
اَلرَّنْقُ : گاد، گدلا پن (۲) گدلا پانی (۳) جھوٹ
اَلرَّنْقَاءُ : (مِنَ الطَّيْرِ) انڈوں پر بیٹھنے والا پرندہ (۲) بنجر اور بیکار زمین ج: رُنْقَاوَاتٌ
اَلرَّنْقَةُ : حوض میں بچا ہوا گدلا پانی۔ کہتے ہیں : صَارَ الْمَاءُ رَنْقَةً : پانی گدلا ہوگیا۔
اَلرَّوْنَقُ : بہار، رونق، حسن، آب و تاب، چمک دمک۔
رَوْنَقُ السَّيْفِ : تلوار کی چمک اور آب۔
رَوْنَقُ الضُّحٰی : چاشت کا اول وقت۔
رَوْنَقُ الشَّبَابِ : آغاز جوانی، جوانی کا جوبن
• الرَّنْكُ : ترک بادشاہوں اور شہزادوں اور مصر کے ممالیک کا شعار (فارسی لفظ)
• رَنِمَ الْمُغَنِّيْ ـَ رَنَمًا : گویّے کا گانا، راگ الاپنا۔ هُوَ رَنِمٌ و هِيَ رَنِمَةٌ۔
عُوْدٌ رَنِمٌ : ترنم خیز سارنگی۔
رَنَّمَ : ترنم سے پڑھنا، راگ الاپنا۔
— الشَّيْءُ : خوش آواز ہونا۔
تَرَنَّمَ : ترنم سے پڑھنا، سر پیدا کرنا، گانا۔
اَلرَّنَمُ : آواز۔
اَلرَّنَمَةُ : ترنم خیز آواز، گیت، راگ۔
اَلرَّنِيْمُ : ترنم، راگ۔
اَلتَّرْنِيْمَةُ : گانا، گیت، لوری، نغمہ۔
• رَنَّ ـِ رَنِيْنًا : آواز نکلنا (۲) آواز گونجنا (۳) زور سے رونا، غمگین آواز سے رونا
رَنَّ الْجَرَسُ : گھنٹی بجنا۔
— اِلَيْهِ : کان لگانا، دھیان دینا۔
اَرَنَّ : رَنَّ۔ اَرَنَّتِ الْقَوْسُ فِيْ اِنْبَاضِهَا وَ اَرَنَّتِ الْمَرْاَةُ فِيْ نَوْحِهَا وَ اَرَنَّتِ الْحَمَامَةُ فِيْ سَجْعِهَا وَ اَرَنَّتِ السَّحَابَةُ فِيْ رَعْدِهَا : سب مثالوں میں زور سے آواز نکالنے کے معنی ہیں۔
رَنَّنَتِ الْمَرْاَةُ تَرْنِيْنًا و تَرْنِيَةً : عورت کا زور سے آواز نکالنا، شور مچانا۔
— الْقَوْسَ و نَحْوَهَا : کمان وغیرہ سے آواز نکالنا۔
اَلرَّنَنُ : تھوڑا پانی۔
اَلرِّنِّيُّ : تمام مخلوق۔ کہتے ہیں : مَا فِي الرِّنِّيِّ مِثْلُهُ : تمام مخلوق میں اس جیسا کوئی نہیں
اَلرَّنَّةُ : زور کی آواز، زوردار چیخ (۲) رونے یا گانے کے وقت کی غمگین آواز (۳) جھنکار ٹن ٹن کی آواز۔
اَلرَّنِيْنُ : گھنٹی کی آواز، گونج، آواز، گریہ۔
رَنِيْنُ الْمِسَرَّةِ : ٹیلیفون کی گھنٹی۔
اَلرَّنَّانُ : گونج دار، بجتا ہوا۔ خُطْبَةٌ رَنَّانَةٌ : بلند آواز، زوردار تقریر۔
اَلْمِرْنَانُ : کمان۔ قَوْسٌ مِرْنَانٌ و سَحَابٌ مِرْنَانٌ : گونج دار کمان اور گرجدار بادل۔
اَلْمُرِنَّةُ : کمان۔
• رَنَا ـُ رُنُوًّا و رَنْوًا : ٹکٹکی باندھنا، لگاتار دیکھنا۔ رَنَا لَهُ و اِلَيْهِ بھی مستعمل ہے۔
— اِلٰی حَدِيْثِهِ : کسی کی بات دھیان سے سننا، توجہ دینا۔
— عَنْهُ : غفلت برتنا، غافل ہونا۔
— فُلَانٌ : عشق و محبت میں بے خود ہو کر جھومنا، وجد میں آنا۔
اَرْنَاهُ حُسْنُ الْمَنْظَرِ : دلکش چیز کا اپنی طرف متوجہ کرنا۔

أَرْنَاهُ اِلَى الطَّاعَةِ: فرماں برداری کی طرف مائل کرنا اور اس کا عادی بنانا۔
رَانَاهُ: بلندی وعظمت میں آگے بڑھنا۔ کہتے ہیں: لَهُ شَرَفٌ يُرَانِي الْكَوَاكِبَ: اس میں ایسی عظمت ودل کشی ہے جو ستاروں میں بھی نہیں ہے
—— فُلَانًا: دل داری کرنا، اچھا سلوک کرنا، اچھی طرح پیش آنا۔
رَنِيَّ: گانا، جھومنا، حال آنا (۲) مشتاق ہونا۔
—— الصَّوْتُ فُلَانًا: آواز نے فلاں کو بے خود کر دیا، اس پر رقت طاری کر دی
—— الحُسْنُ فُلَانًا: گرویدہ بنانا، مائل کرنا۔
تَرَنَّى: اپنے محبوب کو ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا
الرَّنَا: وہ حسین شے جسے لگاتار دیکھا جائے، وہ حسین چیز جسے آدمی دیکھتا رہ جائے۔
الرَّنَاءُ: حسن وجمال۔
الرُّنَاءُ: آواز ج: أَرْنِيَةٌ (۲) مستی، وجد، بےخودی، رقت۔
الرَّنَّاءُ: عورتوں کو دل چسپی سے دیکھنے والا۔
الرَّنُوُّ: هو رَنُوُّ فُلَانَةَ: وہ فلانی خاتون کی بات کو غور اور دل چسپی سے سنتا ہے۔ هو رَنُوُّ الْأَمَانِي: وہ رجائیت پسند ہے، اسے بڑی توقعات رہتی ہیں۔

ر ـــــــ ھ

•رَهِبَهُ ـ رَهْبًا و رَهْبَةً و رُهْبًا: ڈرنا۔
—— فُلَانٌ: خائف ہونا، مرعوب ہونا۔
رَهَّبَ فُلَانًا: ڈرانا، مرعوب کرنا۔
—— كُمَّهُ: لمبی آستین والا ہونا۔
—— كُمَّهُ: آستین کو لمبا کرنا۔
رَهَبَ الجَمَلُ: تھکان کی وجہ سے اونٹ کا اٹھنے کی کوشش کر کے پھر بیٹھ جانا۔
رَهَّبَ فُلَانًا: خوف زدہ کرنا، مرعوب کرنا۔
تَرَهَّبَ الرَّاهِبُ: راہب کا عبادت کے لئے اپنی کٹی میں الگ تھلگ ہو کر بیٹھ جانا۔
—— فُلَانٌ: عبادت گزار ہونا، راہب بننا
—— فُلَانًا: دھمکی دینا، ڈرانا۔
اِسْتَرْهَبَهُ: ڈرانا، رعب بٹھانا، قرآن پاک میں ہے: "وَاسْتَرْهَبُوهُمْ وَجَاءُوا بِسِحْرٍ عَظِيمٍ"
الإِرْهَابِيُّ: دہشت گرد، دہشت پسند ج: الإرهابيّون۔
الإِرْهَابِيَّةُ: دہشت گردی، سیاسی مفادات حاصل کرنے کا تہدید وتشدد آمیز طریقہ کار
الرَّاهِبُ: نصرانی زاہد، گرجا کا مذہبی رہنما وہ تارک الدنیا نصرانی جو عبادت کیلئے اپنی کٹی یا خانقاہ میں یکسو ہو کر رہے ج: رُهْبَانٌ۔ کبھی رُهْبَان واحد کیلئے بھی بولا جاتا ہے اس کی جمع رَهَابِين ورَهَابِنَة ہے۔
الرَّاهِبَةُ: تارک الدنیا عیسائی عورت، راہبہ، نن (۲) ڈراؤنی حالت۔ بہز بن حکیم کی حدیث میں ہے: "إِنِّي لَا سْمَعُ الرَّاهِبَةَ"
الرُّهَابُ: طب باطنی میں اس بیماری کے خوف کو کہتے ہیں جو چار دیواروں کے درمیان گھرے ہوئے علیحدہ مکان یا جگہ میں پائی جائے۔
الرَّهَابَةُ: سینہ کے زیریں حصہ میں پیٹ کے اوپر لٹکی ہوئی ایک نرم وپتلی ہڈی ج: رَهَابٌ۔
الرُّهَابَةُ: الرَّهَابَةُ۔
الرَّهْبُ: باریک پھلکا (۲) زیادہ چلنے کی بنا پر دبلا ہو جانے والا اونٹ۔ نَاقَةٌ رَهْبٌ و رَهْبَةٌ ج: رِهَابٌ۔
الرَّهْبُ و الرُّهْبُ: آستین۔
الرَّهْبَانِيَّةُ: ترک دنیا، اس کی نعمتوں سے کنارہ کشی اور اہل وعیال سے علیحدگی، گوشہ نشینی، یہ رسم نصرانیوں نے نکالی تھی جسے اسلام نے غلط قرار دیا۔
الرَّهْبَةُ: ڈر (رَهْبَةُ الماء) طب داخلی میں اس متعدی بیماری کا نام ہے جو کتے یا اس کی نوع کے جانوروں کے لعاب دہن سے منھ سے کاٹنے کے وقت پیدا ہو جاتی ہے جس کی بنا پر اعصاب میں تناؤ اور تنفس کے عضلات میں انقباض اور جنون کی کیفیت پیدا ہوتی ہے (کتے وغیرہ کے کاٹنے کی ٹرک)
الرَّهْبَنَةُ: رہبانیت، گوشہ نشینی، ترک دنیا۔
الرَّهَبُوتُ: الرَّهْبَةُ۔ کہتے ہیں: رَهَبُوتٌ خَيْرٌ من رَحَمُوتٍ: تم کو ڈرایا جانا رحم کئے جانے سے بہتر ہے۔
الرَّهِيبُ: خوفناک، خوفناک شیر۔
المَرَاهِبُ: خوفناکیاں۔
•رَهْبَلَ: غیر واضح کلام کرنا۔
تَرَهْبَلَ: لپک کر چلنا، مونڈھے ہلا کر چلنا۔
•أَرْهَجَتِ السَّمَاءُ: بارش ہونا، آسمان سے پانی برسنا۔
أَرْهَجَ فُلَانٌ: کسی کے گھر کا بہت خوشبو والا ہونا۔
—— الغُبَارَ: گرد اڑانا۔
—— بينَ القومِ: بگاڑ وفساد پیدا کرنا، اشتعال انگیزی کرنا۔
الرَّهَجُ: غبار، گرد (۲) غبار کی طرح ہلکا بادل (۳) غنڈہ گردی، فساد۔
المُرْهِجُ: نَوْءٌ مُرْهِجٌ: بہت بارش والا استارہ یا بادل۔
الإِرْهَاجُ: اشتعال انگیزی، فساد انگیزی۔
•رَهَدَهُ ـ رَهْدًا: بہت باریک کوٹنا یا پیسنا۔
رَهُدَ ـ رَهَادَةً: ملائم اور خستہ ہونا، نازک ہونا۔ هو رَهِيدٌ وهي

رَھِیْدَۃٌ ۔
رَھَّدَ: زبردست حماقت کرنا۔
اَلْمُرَھُوْدُ: اَمْرٌ مُرَھُوْدٌ: ناپختہ کام۔ کہتے ہیں: تَرَکَھُمْ غَیْرَ مُرَھُوْدِیْنَ: ان کو اس طرح چھوڑا کہ ان میں کسی بات کا پختہ عزم نہیں تھا۔
رَھَادَۃُ الْعَیْشِ: زندگی کی آسودگی۔
اَلرَّھُوْدِیَّۃُ: مہربانی، نرمی۔
اَلرَّھِیْدُ: نرم ونازک (۲) ارزاں۔
• اَلرَّھْدَلُ: احمق (۲) کمزور مرد۔
• رَھْدَنَ: دیر کرنا (۲) رُک جانا۔
— فِی الْمَشْیِ: گھومتے ہوئے چلنا۔
اَلرَّھْدَنُ: چڑیا کی طرح مکہ معظمہ کا ایک پرندہ (۲) احمق (۳) بزدل ج: رَھَادِنُ و رَھَادِنَۃٌ۔
اَلرُّھْدُوْنُ: بہت چھوٹا۔
• رَھْرَہَ لَوْنُہٗ: رنگ کا شوخ وچمکیلا ہونا۔
— مَائِدَتَہٗ: سخاوت وفیاضی سے دسترخوان کو وسعت دینا۔
تَرَھْرَہَ السَّرَابُ: سراب کا مسلسل چمکنا۔
— الْجِسْمُ: جسم کا سفید وملائم ہونا (خوشحالی کی بنا پر)۔
اَلرَّھْرَاۃُ: مَاءٌ رَھْرَاۃٌ: صاف پانی۔
جِسْمٌ رَھْرَاۃٌ: سفید ونازک بدن
طَسْتٌ رَھْرَاۃٌ: کم گہرا تسلا وغیرہ۔
اَلرَّھْرَہُ: جِسْمٌ رَھْرَہٌ و طَسْتٌ رَھْرَہٌ: رَھْرَاۃٌ۔
• اِرْتَھَزَ لِکَذَا: کسی چیز کو دیکھ کر جھومنا، مست ہونا، حرکت میں آنا۔
• رَھَسَ الشَّیْءَ ـ رَھْسًا: خوب روندنا
اِرْتَھَسَ الْقَوْمُ: لوگوں کا باہم ٹکرانا، لوگوں کی بھیڑ لگنا، دھکم دھکا ہونا۔
— الدَّوَاھِیْ: مصائب کا ہجوم ہونا۔ کہاوت ہے: اِنَّ الدَّوَاھِیَ فِی الْاٰفَاتِ تَرْتَھِسُ: آفاتِ زمانہ میں پریشانیاں بڑھ جاتی ہیں۔
اِرْتَھَسَ الْجَرَادُ: ٹڈیوں کا غول کا غول ہونا، ٹڈی دل کا بڑا ہونا۔
— الْوَادِیْ وَنَحْوُہٗ: وادی وغیرہ کا پانی سے بھر جانا۔
— رِجْلَا الدَّابَّۃِ: چوپائے کی ٹانگوں کا ایک دوسرے سے ٹکرانا، رگڑ کھانا۔
تَرَھَّسَ: حرکت کرنا، اِدھر اُدھر کو ہونا، پھڑکنا
• رَھِشَتِ الدَّابَّۃُ ـ رَھَشًا: چوپائے کی اگلی ٹانگوں کے پھڑکنے کی وجہ سے ان کے اندر کی رگیں کاٹ دینا، چوپائے کا اگلی ٹانگوں کے ٹکرانے والا ہونا۔ فَالدَّابَّۃُ رَھِشَۃٌ۔
اِرْتَھَشَ الْقَوْمُ وَالْجَرَادُ: لوگوں یا ٹڈیوں کا بڑی تعداد میں ہونا۔
— فُلَانٌ: لرزنا، کانپنا۔
اَلرَّاھِشَانِ: کہنیوں کے اندر کی دو رگیں۔
اَلرَّوَاھِشُ: کہنی کے اندر یا ہتھیلی کے باہر کی رگیں (۲) چوپائے کی اگلی ٹانگوں کے اندر کی دو رگیں۔ واحد: رَاھِشٌ و رَاھِشَۃٌ۔
اَلرَّھِیْشُ: ہر باریک چیز جیسے: نَصْلٌ رَھِیْشٌ: باریک پھل (پھلکا) (۲) پتلا کمزور اور سوکھا ہوا آدمی (۳) نہ جمنے یا نہ اگنے والی باریک مٹی۔
• رَھَصَ بِحَقِّہٖ وَدَیْنِہٖ ـ رَھْصًا: اپنے حق یا قرض کو سختی سے لینا۔
— الْحَائِطَ: دیوار کو مضبوط کرنا، پشتہ لگانا (۲) دیوار کا پہلا ردہ رکھنا۔
— الصَّیْدَ: شکار کو پیچھا کرکے نڈھال و سست کر دینا۔
— الدَّابَّۃَ وَالْحَجَرَ: حرکت دینا۔
— الشَّیْءَ: زور سے نچوڑنا۔
— فُلَانًا فِی الْاَمْرِ: ملامت کرنا، کسی کام میں عجلت کرانا۔
رُھِصَتِ الدَّابَّۃُ: چوپائے کے کھر میں زخم ہونا۔ ھُوَ مَرْھُوْصٌ وَرَھِیْصٌ وَھِیَ مَرْھُوْصَۃٌ وَرَھِیْصٌ اَیْضًا۔
رَھِصَتِ الدَّابَّۃُ ـ رَھَصًا: رُھِصَتْ
اَرْھَصَ عَلَی الذَّنْبِ: گناہ کا عادی ہونا، حدیث میں ہے: "اِنَّ ذَنْبَہٗ لَمْ یَکُنْ عَنْ اِرْھَاصٍ" اس کا گناہ بطور عادت نہ تھا (۲) سیڑھیاں بنانا، ردّے رکھنا۔
— الْبِنَاءَ: عمارت کے اردگرد سیڑھیاں بنانا (کسکا دینا) تاکہ وہ ٹیڑھی نہ ہو۔
— الشَّیْءَ: جمانا، بنیاد ڈالنا۔
— اللّٰہُ فُلَانًا لِلْخَیْرِ: اللہ کا کسی کو منبع فیض اور ذریعہ خیر بنانا۔
— الْفَرَسَ: گھوڑے کے کھر کو زخمی کرنا۔
رَاھَصَہٗ: نگرانی کرنا، تاک میں رہنا۔
تَرَاھَصَتِ الصُّخُوْرُ: چٹانوں کا باہم پیوست ہونا۔
اَلْاِرْھَاصُ: شرعاً ارہاص اس خارق عادت امر کو کہتے ہیں جو قبل بعثت پیغمبر سے ظاہر ہوتا ہے۔
اَلرَّھْصُ: مٹی کا ردّہ یا ایک تہ جس سے یکے بعد دیگرے رکھ کر عمارت بنائی جاتی ہے (۲) دیوار کا نچلا ردّہ۔
اَلرَّھْصَۃُ: گھوڑے کے سُم کا زخم۔
اَلرَّھِیْصُ: اَسَدٌ رَھِیْصٌ: اپنی جگہ سے نہ ٹلنے والا شیر (جیسے کہ اس کے پیر میں زخم وغیرہ ہو) (۲) مکاری سے لنگڑا کر چلنے والا (۳) زخمی کھر والا۔
اَلرَّوَاھِصُ: چوپاؤں کے پیروں میں زخم ڈال دینے والے پتھر (۲) مضبوط جمی ہوئی چٹانیں۔ واحد: رَاھِصَۃٌ۔
اَلْمُتَرَاھِصَۃُ: جمی ہوئی چٹانیں۔
اَلْمَرْھَصَۃُ: سیڑھی (۲) درجہ، مرتبہ ج: مَرَاھِصُ۔
• رَھَطَ فُلَانٌ ـ رَھْطًا: بڑے بڑے لقمے

بناکر کھانا، زور شور سے کھانا۔
رَهَطَ اللُّقْمَةَ: لقمہ بڑا لینا۔
رَهَّطَ: رَهَطَ (۲) سواری کی پیٹھ پر بیٹھا رہنا، نیچے نہ اترنا یا گھر کے اندر رہنا باہر نہ نکلنا۔
اُرْتَهَطُوْا: اکٹھا ہونا۔
الرِّهَاط: گھر کا سامان۔
الرَّهْطُ: تین سے یا سات سے دس تک کی جماعت یا دس سے کم کی جماعت ج: اَرْهُطٌ و اَرْهَاطٌ جج: اَرَاهِط و اَرَاهِيْطُ۔ اگر رهط کی طرف عدد کی اضافت کریں تو اس سے مراد افراد ہوتے ہیں جیسے: عشرون رهطاً: بیس آدمی۔
رَهْطُ الرَّجُل: قبیلہ، قریب کے رشتہ دار، قوم۔ نَحْنُ ذو رَهْطٍ: ہم سب اکھٹے ہیں۔
الرُّهَطَةُ: جنگلی چوہے کا وہ سوراخ جس سے وہ مٹی نکالتا ہے ج: رَهَاطی۔
•رَهَفَهُ ـَ رَهْفًا: باریک کرنا، دھار رکھنا، تیز کرنا۔ جیسے: رَهَفَ سَيْفَهُ و الذِّهْنَ۔
رَهُفَ ـُ رَهَافَةً و رَهَفًا: باریک اور نازک ہونا۔ هو رَهِيْفٌ و هي رَهِيْفَةٌ۔ سَيفٌ رَهِيْفٌ وحِسٌّ رَهِيْفٌ۔
أرْهَفَهُ: دھار تیز کرنا، تیز کرنا۔
ــــ اُذُنَيْه: کان کھڑے کرنا، سننے کے لئے کانوں کو تیز کرنا۔
ــــ بالكلام: برجستہ بغیر سوچے کلام کرنا۔
اِرْهَافُ الحِسّ: ذکاوت حس۔
رَهِيْفٌ: پتلا دبلا، کمزور (۲) دھار دار۔
المُرْهَفُ: پتلا، باریک، تیز، نازک۔
رَجُلٌ مُرْهَفٌ: ذکی الحس، بہت جلد سمجھنے اور محسوس کرنے والا۔
حِسٌّ مُرْهَفٌ: زبردست حساسیت احساس لطیف، نزاکت حس، بڑھا ہوا احساس۔
فَرَسٌ مُرْهَفٌ: ملی ہوئی پسلیوں والا پتلے پیٹ کا گھوڑا۔
اُذُنٌ مُرْهَفَةٌ: تیز کان، جلد سننے والا کان۔
مُرْهَفُ الجِسْمِ: دبلا پتلا نازک اندام
المَرْهُوْفُ: مَرْهُوْفُ البَدَنِ: نازک جسم، پتلا دبلا۔
•رَهِقَ فُلَانٌ ـَ رَهَقًا: کم عقل اور بیوقوف ہونا، نادان ہونا (۲) آمادۂ ظلم و فساد ہونا (۳) گناہوں میں مبتلا ہونا، بدکار ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَزَادُوْهُمْ رَهَقًا": ان کی گناہ گاری کو بڑھا دیا (۴) جھوٹ بولنا (۵) عجلت کرنا، جلد باز ہونا هو رَهِقٌ و هي رَهِقَةٌ۔
ــــ الصَّلَاةُ ـَ رَهَقًا و رُهُوْقًا: نماز کا وقت آجانا۔ رَهِقَ قُدُوْمُ فُلَانٍ: کسی کی آمد کا وقت قریب ہونا
ــــ الشَيْءَ رَهَقًا: قریب پہنچ جانا (اس چیز کو لے سکے یا نہ لے سکے)۔
ــــ الشَيْءُ فُلَانًا: نرغہ میں لینا، لگ جانا، لاحق ہونا۔ جیسے: رَهِقَهُ الدَّيْنُ: اس پر قرض چڑھ گیا۔
أَرْهَقَ اللَّيْلُ: رات کا قریب ہونا یا آجانا۔
ــــ فُلَانًا: پریشانی میں ڈالنا، طاقت سے زیادہ بوجھ ڈالنا، تھکا دینا (۲) قریب آنا، پالینا۔ جیسے: اَرْهَقَنَا اللَّيْلُ: ہمیں رات نے آلیا (۳) کسی سے کوئی کام عجلت سے کرانا جیسے: اَرْهَقَنِي فُلَانٌ اَنْ اُصَلِّيَ: فلاں نے مجھ سے نماز جلد پڑھنے کو کہا، نماز میں جلدی کرائی۔
ــــ الصَّلٰوةَ: نماز کو دوسری نماز کے وقت تک مؤخر کرنا۔
ــــ فُلَانًا شَيْئًا: کسی کو کسی چیز سے گھیر لینا۔ کہتے ہیں: اَرْهَقَهُ حُسَامًا: اس پر تیز تلوار سے بھرپور حملہ کیا۔ اَرْهَقْنَا هُمُ الخَيْلَ: ہم نے ان کو گھوڑوں سے گھیر لیا۔ اَرْهَقَهُ اَمْرًا و اِثْمًا: کسی کام یا گناہ پر کسی کو لگا دینا۔
رَاهَقَ الغُلَامُ و رَاهَقَ الحُلُمَ: قریب البلوغ ہونا۔ کہتے ہیں: صَلَّى الظُّهْرَ مُرَاهِقًا: اس نے ظہر اس وقت پڑھی جب وہ فوت ہونے کے قریب تھی۔
الرُّهَاقُ: کہتے ہیں: القَوْمُ رُهَاقُ مِائَةٍ: لوگ قریب قریب سو ہیں۔
الرَّيْهُقَانُ: زعفران۔
المُرَاهَقَةُ: آغاز شباب سے کامل بلوغ تک کا عرصہ (۲) بلوغ (۳) جوانی۔
الرَّهَقُ: کم عقلی، بے وقوفی، جہالت، جھوٹ۔
المُرَهَّقُ: کم عقل، نادان و جاہل، بے وقوف (اس کا فعل نہیں ہے) (۲) سخی اور فیاض، مہمان نواز (۳) خراب آدمی (۴) دینی طور پر مجروح، متہم۔
•رَهَكَ بالمكانِ ـَ رَهْكًا: قیام کرنا۔
ــــ الشَيْءَ: توڑنا، کوٹنا، باریک کرنا، باریک پیسنا۔
ــــ الدَّابَّةَ: چوپائے کو چلا کر تھکانا۔ هو مَرْهُوْكٌ و رَهِيْكٌ۔
رَهْوَكَ: چلتے ہوئے جوڑوں کا ڈھیلا ہوجانا۔
ــــ القَوْمُ: لوگوں کا بے چین ہونا، مضطرب ہونا۔
اِرْتَهَكَ: چلتے وقت جوڑوں کا ڈھیلا اور سست ہوجانا (تھکان کی وجہ سے)
تَرَهْوَكَ: جھومتے ہوئے چلنا، ستاتے ہوئے چلنا۔
الرَّهْكَةُ: کمزوری۔
الرَّهَكَةُ: کمزور اور بے فیض آدمی۔ کہتے ہیں: رَجُلٌ رَهَكَةٌ و نَاقَةٌ رَهَكَةٌ۔ اَرْضٌ رَهَكَةٌ: سب جگہ کمزوری کے

معنی ہیں۔

الرَّھْوَكُ : نازک نوجوان (۲) موٹا ہرن یا موٹا بکری کا بچہ۔

• رَھِلَ لَحْمُهُ ـ رَھَلًا : کسی کے گوشت کا تھرکنا اور ڈھیلا ہونا (۲) کسی بیماری کے بغیر گوشت کا پھول جانا، موٹا ہوجانا، ڈھیلے بدن کا ہونا۔ الرَّجُلُ رَھِلٌ و ھِيَ رَھِلَةٌ۔

رَھَّلَهُ : ڈھیلے اور پھولے ہوئے گوشت والا بنا دینا، سست اور ڈھیلا بنا دینا جیسے: رَھَّلَهُ النَّوْمُ : کثرت نیند نے اس کی آنکھوں کے حلقوں کو پھلا دیا۔

تَرَهَّلَ : رَھِلَ۔

الرَّھَلُ : بچہ کی پیدائش کے وقت نکلنے والا زرد پانی۔

الرَّھْلُ : پتلا بادل۔

رَھِلٌ : گداز، نرم۔

• رَھِمَتِ الْأَرْضُ : زمین پر معمولی بارش ہونا مَكَانٌ مَرْھُومٌ و رَوْضَةٌ مَرْھُومَةٌ (مُرْھَم اور مُرْھَمَة استعمال نہیں کیا جاتا۔

أَرْھَمَتِ السَّحَابَةُ : ہلکی بارش ہونا۔

أَرْھَمَ الرَّبِيعُ : موسم ربیع میں مسلسل ہلکی بارش ہونا۔

الرَّھَمَانُ فِي سَيْرِ الْإِبِلِ : اونٹوں کی چال میں کمزوری یا دبلے پن کی وجہ سے ڈھیلاپن

الرِّھْمَةُ : جھڑی، مسلسل ہونے والی ہلکی بارش ج : رِھَمٌ و رِھَامٌ۔

الْأَرْھَمُ : زیادہ زرخیز جگہ۔

الرُّھَامُ : غیر شکاری پرندہ۔

الرَّھُومُ والرَّھَامُ : دبلی بکری۔

الْمَرْھَمُ : مرہم ج : مَرَاهِمُ (پھوڑے پھنسی کی دوا)

• رَھْمَسَ فُلَانٌ : ضمناً برائی کا اشارہ دینا۔

ــ الْأَمْرَ : بات چھپانا۔

رَھْمَسَ الْخَبَرَ : پوری بات نہ بتانا، کچھ حصہ بتانا۔

ــ فُلَانًا : کسی سے راز کی بات بتانا، سرگوشی کرنا۔

• رَھَنَ الشَّيْءُ ـ رَھْنًا و رُھُونًا : برقرار رہنا، قائم رہنا۔

ــ بالمكان : کسی جگہ قیام کرنا۔

ــ الرَّجُلُ والدَّابَّةُ رُھُونًا : تھک کر دبلا ہوجانا۔

ــ الشيءَ رَھْنًا : قائم و برقرار رکھنا۔

ــ فُلَانًا و عِنْدَ فُلَانٍ الشيءَ : کسی کے پاس کوئی چیز گروی رکھنا (قرض لے کر اس کے بدلہ کوئی قیمت کی چیز تا واپسی قرض خواہ کے قبضہ میں دے دینا)۔ ھو مَرْھُونٌ و رَھِينٌ۔ کہتے ہیں: رَھَنْتُهُ لِسَانِي : میں نے اس کے بارہ میں اپنی زبان بند کرلی۔

أَرْھَنَ فِي السِّلْعَةِ و بِهَا : کسی سامان کو زیادہ سے زیادہ قیمت لگا کر حاصل کرلینا۔

ــ الشَّيْءَ : قائم و دائم رکھنا۔ کہتے ہیں: أَرْھَنَ لَهُمُ الطَّعَامَ و الشَّرَابَ : ان کے لئے کھانے پینے کا سامان محفوظ رکھنا۔

ــ الْمَيِّتَ الْقَبْرَ : مردہ کو قبر میں رکھنا۔

ــ فُلَانًا وغَيْرَهُ : کمزور و دبلا کردینا۔

ــ فُلَانًا الشَّيْءَ : کسی کے پاس کوئی چیز گروی رکھنا یا اس سے کسی کے پاس گروی رکھوانا۔

رَاھَنَهُ عَلَى كَذَا مُرَاھَنَةً و رِھَانًا : کسی سے کسی بات کی بازی لگانا، شرط لگانا، شرط باندھنا۔

ارْتَھَنَهُ منه : کسی سے کوئی چیز بطور رہن لینا (۲) رہن رکھ لینا۔

تَرَاھَنَ الْقَوْمُ : باہم بازی لگانا، شرط باندھنا (کہ ہر ایک کسی چیز پر شرط باندھ کر جو سب پر غالب آجائے تو وہ چیز اس کی ہوجائے گی)۔

اسْتَرْھَنَهُ الشَّيْءَ : بطور رہن (گروی) کوئی چیز مانگنا۔

الرَّاھِنُ : تیار، موجود، ہمہ وقت، حاضر، ثابت و قائم (۲) رہن (گروی) رکھنے والا۔ کہتے ہیں: ھٰذَا رَاھِنٌ لَكَ : یہ تمہارے لئے تیار ہے۔ طَعَامٌ رَاھِنٌ : ہمہ وقت تیار رہنے والا کھانا۔

الْوَقْتُ الرَّاھِنُ : موجودہ وقت۔

الرَّاھِنَةُ : تانیث الرَّاھِن۔ نِعْمَةٌ رَاھِنَةٌ : دائمی نعمت۔ الحَالَةُ الرَّاھِنَةُ : موجودہ حالت۔

الرِّھَانُ : دوڑ لگانے کی بازی، بازی، شرط۔ خَيْلُ الرِّھَانِ : وہ گھوڑے جن کی دوڑ پر بازی لگائی جائے، شرط لگائی جائے۔ کہاوت ہے: ھُمَا كَفَرَسَيْ رِھَانٍ : فضل و کمال میں مساوی دو شخصوں کے بارہ میں بولا جاتا ہے۔

رِھَانٌ خَاسِرٌ : ہاری ہوئی بازی۔

رِھَانٌ رَابِحٌ : جیتی ہوئی بازی۔

الرَّھَائِنُ : واحد : رِھَان و رَھِينَة۔ یرغمال (وہ شخص جسے شرپسند کسی چیز کے حصول کی شرط لگا کر اپنے قبضہ میں کرلیتے ہیں)۔

الرَّھْنُ : شرعاً کسی ایسے حق کی ضمانت کے طور پر کوئی چیز اپنے پاس رکھ لینا کہ اگر وہ حق وصول ہونا ممکن نہ رہے تو محبوس چیز کے ذریعہ وصول کیا جاسکے (۲) وہ شئے جو کسی سے کسی چیز کی قائم مقام بنا کر لی گئی ہو۔ مصدر بمعنی مفعول مَرْھُون گروی رکھی ہوئی چیز ج : رِھَانٌ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَ إِنْ كُنْتُمْ عَلَى سَفَرٍ وَلَمْ تَجِدُوا كَاتِبًا فَرِھَانٌ مَقْبُوضَةٌ" دیگر جمع:

رُهُوْن و رُهُنٌ و رَهِيْنٌ (۳) رہن کی طرح مقید اور محبوس چیز یا آدمی، یرغمال۔

الإنسانُ رَهْنُ عَمَلِه: انسان اپنے کام کا ذمہ دار ہے۔ انا لك رَهْنٌ بكذا: میں تمہارے لئے فلاں چیز کا ضامن ہوں، ذمہ دار ہوں۔

رَهْنٌ باشارتِه: کسی کے حکم کا تابع، پابند

رَهْنُ حيَازَةٍ: رہن قبضہ۔

رَهْنٌ بكذا: تابع، مقید، پابند۔ هو رَهْنُ اشَارَتِه: وہ اس کے اشارہ کا منتظر یا پابند ہے۔

رَهْنَ التَّحْقِيْق: زیر تحقیق۔

الرِّهْنُ: کہتے ہیں: هو رِهْنُ مالٍ: وہ مال کا منتظم ہے۔

الرَّهِيْنُ: گروی رکھی ہوئی چیز۔

رَهِيْنٌ بكذا: ذمہ دار۔ قرآن پاک میں ہے: "كُلُّ امرِئٍ بما كَسَبَ رَهِيْنٌ" ہر آدمی اپنے کئے کا ذمہ دار ہے

الرَّهِيْنَةُ: گروی رکھی ہوئی چیز، کسی چیز کے عوض روکی ہوئی چیز۔ قرآن پاک میں ہے: "كُلُّ نَفْسٍ بما كَسَبَتْ رَهِيْنَةٌ" ہر آدمی اپنے عمل کے لئے جواب دہ ہے (۲) پابند آدمی، یرغمال ج: رَهَائِن۔ انا لكَ رَهِيْنَة بكذا: میں تمہارے لئے فلاں چیز کا ذمہ دار ہوں

المُرْتَهِنُ: جس کے پاس رہن رکھا جائے۔

المَرْهُوْنُ: گروی رکھی ہوئی چیز۔ هو مَرْهُوْنٌ بكذا: وہ اس کا پابند ہے۔ الأمُورُ مَرْهُوْنَة باوقاتها: تمام کام اپنے وقت پر ہی ہوتے ہیں۔

• رَهَا ـُ رَهْوًا: نرم ہونا، نرمی برتنا (۲) سبک رفتار ہونا (۳) پرسکون ہونا، جوش ٹھنڈا ہونا۔ جیسے: رَهَا البَحْرُ۔

ـــ بين رِجْلَيه: دونوں پیروں کو کھولنا۔

رَهَا الطَّائِرُ: پرندہ کا دونوں بازؤں کو پھیلانا۔

أَرْهَى: کشادہ جگہ پہنچنا، پانا۔

ـــ الشيءُ لكَ: کسی چیز کا ممکن ہونا۔

ـــ الشيءَ لكَ: کسی چیز پر قابو دلانا، ممکن بنانا۔

ـــ لَهُمُ الشيءَ: برقرار رکھنا (۲) ٹھیرانا

ـــ علَى نَفْسِه: خود کو مطمئن کرنا، اپنے اوپر رحم کرنا۔

رَاهَاهُ: کسی کے قریب ہونا۔

ارْتَهَى القَوْمُ: لوگوں کا گڈمڈ ہونا، مل جل جانا۔

تَرَاهَيَا: دو آدمیوں کا باہم نرمی برتنا۔

أَرْهَاءُ الشيءِ: کسی چیز کے اطراف وجوانب، پہلو۔

الرَّاهِي: طعامٌ راهٍ: ہمہ وقت تیار کھانا۔ عَيْشٌ رَاهٍ: آسودہ زندگی۔

الرَّاهِيَةُ: مؤنث الرَّاهِي (۲) شہد کی مکھی۔

الرَّهَاءُ: کشادہ اور ہموار جگہ۔ طَرِيْقٌ رَهَاءٌ: ہموار راستہ (۲) غبار یا دھوئیں جیسی چیز۔

الرَّهْوُ: پرسکون، ٹھیرا ہوا، رکا ہوا۔ مَطَرٌ رَهْوٌ و بَحْرٌ رَهْوٌ۔ افْعَلْ ذلكَ رَهْوًا: یہ کام آہستگی سے کرو (۲) باریک کپڑا وغیرہ (۳) منتشر بکھرا ہوا (۴) کشادہ (۵) نشیبی جگہ جہاں پانی اکٹھا ہو جاتا ہو (۶) سارس (ایک پرندہ) (۷) لوگوں کا گروہ ج: رِهَاءٌ۔ النَّاسُ رَهْوٌ وَاحِدٌ ما بَيْنَ كذا وكذا: لوگوں کی اتنی اتنی تعداد میں متحدہ جماعت یا لوگوں کا تانتا بندھا ہوا تھا۔ غارَةٌ رَهْوٌ: مسلسل یورش۔ جاءتِ الخَيْلُ رَهْوًا: گھوڑے آہستہ آہستہ برابر آتے رہے۔ بِئْرٌ رَهْوٌ: چوڑے منہ کا کنواں۔

الرَّهْوَةُ: نشیبی جگہ جہاں پانی اکٹھا ہو جاتا ہو ج: رِهَاءٌ۔

المِرْهَاةُ: تیز رفتار۔ فَرَسٌ مِرْهَاةٌ ج: مَرَاهٍ۔

• رَهُوك، الرَّهْوَك: دیکھئے: رَهَك۔

• رَهْيًا: کمزور وسست ہونا۔

ـــ السَّمَاءُ: آسمان کا برسنے کے قریب پہنچنا

ـــ السَّحَابَةُ: بادل کا برسنے کے قریب ہونا۔

ـــ الشيءَ و فيه: کسی چیز میں خامی چھوڑنا اور اسے مکمل نہ کرنا۔

ـــ رَأْيَهُ: بہتر رائے قائم نہ کرنا، اپنے ذہن وفکر کو خراب کرنا۔

ـــ فی أمرِه: اپنے معاملہ میں ڈھیل چھوڑنا، حوصلے کے ساتھ انجام نہ دینا۔

ـــ الحِمْلَ: ایک طرف کے بوجھ کو زیادہ کر دینا اور اسے نہ باندھنا (جس کی وجہ سے وہ جھکتا رہے)۔

تَرَهْيَأَ: ہلنا، ڈولنا۔ عَيْنَاهُ تَرَهْيَآن: اس کی آنکھیں ڈول رہی ہیں۔

ـــ فی أَمْرِه: کسی کام کو کرنے کا ارادہ کرکے رک جانا۔

ـــ السَّحَابُ: بادل کا برسنے کے لئے تیار ہونا۔

ـــ فی مَشْيِه: اتراتے ہوئے اور جھومتے ہوئے چلنا۔

ر ـــــ و

• رَوَّأَ فی الأمرِ تَرْوِئَةً و تَرْوِيئًا: غور وفکر کرنا، کسی کام کے انجام کو سوچنا، توقف سے کام لینا۔

تَرَوَّأَ فی الأمرِ: غور وفکر کرنا، انجام کو سوچنا، توقف سے کام لینا۔

الرَّاءُ: راء حروف ہجائیہ کا دسواں حرف (۲)

ایک درخت کا نام (۳) سمندر کا جھاگ۔ واحد: رَاءَةٌ۔
الرَّدِیْئَةُ: غور و فکر، توقف، سوچ بچار۔
• رَابَ اللَّبَنُ ـُ رَوْبًا: دودھ کا گاڑھا ہونا (۲) بلویا ہوا ہونا اور مکھن نکلنا (۳) دودھ کا جمنا، دہی بننا۔
ـــ فُلَانٌ: حیران و پریشان ہونا (۲) شکم سیری یا غلبۂ نیند کی وجہ سے سست اور ڈھیلا ہونا (۳) جھوٹ بولنا (۴) عقل میں فتور آنا اور کمزور رائے ہونا۔ کہتے ہیں: رَابَ دَمُهُ: اس کی ہلاکت کا وقت آگیا، وہ قتل کئے جانے کے قریب ہوگیا۔
أَرَابَ اللَّبَنَ: دودھ کی دہی بنانا۔
رَوَّبَ اللَّبَنَ: أَرَابَهُ۔
الْأَرْوَبُ: حیران و پریشان (۲) شکم سیری یا نیند کی وجہ سے سست ہونے والا ج: رُوْبَى۔
الرَّائِبُ: (من الامور) بے غبار اور صاف بات جس میں کوئی شبہ نہ ہو۔ حدیث ابو بکرؓ میں ہے: "وعَلَيْكَ بالرَّائِبِ من الأُمُورِ و دَعِ الرَّائِبَ منها": بے شبہ اور صاف بات کو اختیار کرو اور شبہ والی بات کو چھوڑ دو۔ (پہلا رائب رَوْب سے ہے اور دوسرا رَیب (شک) سے ہے) (۳) پریشان اور سست ج: رَوْبَى۔
اللَّبَنُ الرَّائِبُ: جما ہوا دودھ، دہی
الرَّابُ: مقدار۔ هـذا رَابُ كـذا: یہ اتنی مقدار ہے۔
الرَّوْبُ: اللَّبَنُ الرَّائِبُ: دہی، چھاچھ کہتے ہیں: ما عندی شَوْبٌ ولا رَوْبٌ: میرے پاس نہ دہی ہے اور نہ شہد ہے۔ حدیث میں ہے: "لا شَوْبَ ولا رَوْبَ فی البیع و الشِّرَاء": بیع و شراء میں فریب اور دھوکہ نہ ہونا چاہئے
الرَّوْبَانُ: پریشان (۲) زیادہ کھانے سے سست ہونے والا ج: رَوْبَى۔
الرَّوْبَةُ: دہی جمانے کے لئے دودھ میں ملایا جانے والا ترش جما ہوا دودھ۔
الرُّوبُ: گون، ایک خاص لباس جو عدالت وغیرہ میں پہنا جاتا ہے۔
الرُّوبَةُ: الرَّوْبَةُ (۲) گاڑھا یا جما ہوا دودھ (۳) اصلاحِ حال، درستگی (۴) ضرورت (۵) گزارہ، گزر اوقات کی چیزیں۔ کہتے ہیں: ما يَقُومُ فُلَانٌ بِرُوْبَةِ أَهْلِهِ: فلاں اپنے اہل و عیال کے لئے گزر بسر کا انتظام نہیں کرتا (۶) عمدہ اور کثیر روئیدگی والی زمین (۷) گوشت کا ٹکڑا، بوٹی۔ کہتے ہیں: قطّع اللَّحْمَ رُوْبَةً رُوْبَةً: اس نے گوشت کی بوٹیاں کر ڈالیں (۸) کُل معاملہ (۹) رات کا ایک حصہ (۱۰) عقل۔ کہتے ہیں: هو يُحَدِّثُنِي وَأَنَا إِذْ ذَاكَ غُلَامٌ لَيْسَ لِي رُوْبَةٌ: وہ مجھ سے اس وقت حدیث بیان کرتے تھے جب میں بچہ تھا اور مجھے عقل نہ تھی۔
الْمِرْوَبُ: دودھ جمانے کا برتن، دہی جمانے کا برتن ج: مَرَاوِبُ۔
الْمُرَوَّبُ: جما ہوا، دہی بنا ہوا دودھ (۲) مکھن نکلا ہوا دودھ۔
• رُوْبِيَةٌ: روپیہ، ہندوستانی سکہ۔
رُوبُوط: روبوٹ۔ انسان کی شکل کی خودکار مشین۔
• رَاثَ ذو الحَافِرِ ـُ رَوْثًا: کھروالے جانوروں کا لید کرنا، گھوڑے گدھے وغیرہ کا لید کرنا، چوپاؤں کا گوبر کرنا۔ کہاوت ہے: "أَحْشُكَ و تَرُوثُنِي": میں تجھے گھاس کھلاتا ہوں اور تو مجھ پر لید کرتا ہے۔ اس آدمی کے بارہ میں کہا جاتا ہے جو اچھائی کا بدلہ برائی سے دیتا ہو۔ یعنی احسان فراموش ہو۔
الرَّوْثُ: کھر والے چوپاؤں کا فضلہ، لید، گوبر ج: أَرْوَاثٌ۔
الرَّوْثَةُ: روث کا واحد۔ ایک دفعہ کی لید یا ایک مقدار (۲) گیہوں کا چھانن، بھوسی (۳) ناک کا سرا، نوک (۴) عقاب کی چونچ۔
• رَاجَتِ السِّلْعَةُ ـُ رَوَاجًا: سامان کی مانگ ہونا، بازار میں چلنا، کھپت ہونا
ـــ العُمْلَةُ: سکہ چلنا، چالو ہونا۔
ـــ الاشاعَةُ: افواہ پھیلنا۔
ـــ السُّوقُ: بازار چلنا۔
ـــ الأَمْرُ رَوْجًا و رَوَاجًا: کسی معاملہ کا تیزی سے آگے بڑھنا۔
ـــ الشَّیْءُ: رواج پانا، چالو ہونا، پھیلنا، فروغ پانا۔
ـــ الرِّيحُ: ہوا کا خوب چلنا (کہ یہ نہ معلوم ہو کہ وہ کس رخ سے آرہی ہے)۔ نامعلوم سمت میں چلنا۔
ـــ الطَّعامُ: کھانا تیار رہونا، مہیا ہونا، ہر جگہ ملنا۔
ـــ الخَبَرُ: خبر مشہور ہونا۔
رَوَّجَ الغُبَارُ: مسلسل گرد اڑنا۔
ـــ السِّلْعَةَ: رواج دینا، بازار میں چلانا، مانگ بڑھانا، فروغ دینا۔
ـــ كَلَامَهُ: اپنی بات کو آراستہ کرکے پھیلا دینا (۲) بات کو مبہم رکھنا اور اس کی حقیقت کو چھپانا۔
ـــ الأَمْرَ: پھیلانا، عام کرنا، اشاعت کرنا، فروغ دینا۔
ـــ الشَّائِعَاتِ: افواہیں پھیلانا۔
ـــ الصَّادِرَاتِ: برآمدگی اشیاء کو ترقی دینا، ایکسپورٹ کو بڑھانا۔
ـــ العُمْلَةَ: سکہ رائج کرنا، چلانا۔
تَرَوَّجَ: حوض کے اردگرد پھرنا۔
الرَّائِجُ: شائع، عام، چالو، رواج یافتہ،

راجَ الوقت .

الرَّوْجَةُ : عجلت، تیزی .

المُرَوِّجُ : چالو، رواج یافتہ، رائج .

المُرَوَّجُ : أَمْرٌ مُرَوَّجٌ : غیر واضح معاملہ .

• رَاحَ ـُ رَوَاحًا : شام کے وقت جانا، آنا (۲) (بلاقید وقت) جانا یا آنا، ایسے ہی غُدُوٌّ صبح کے وقت آنا یا مطلقاً آنا۔ کہتے ہیں: رَاحَ القَوْمَ و رَاحَ الیهم و عندهُم رَوْحًا و رَوَاحًا : لوگوں کے پاس جانا یا آنا .

ـــ الإبلُ وغیرُها ـُ رُوْحًا : اونٹوں وغیرہ کا بعد غروب آفتاب اپنے باڑہ میں واپس آنا .

ـــ الیومُ : دن کا تیز ہوا والا ہونا (۲) خوش گوار ہوا والا ہونا .

ـــ فُلانٌ ـَ للمَعْرُوفِ رَاحةً : بھلائی کے لئے کسی کا بہت جلد تیار ہونا، خوشی خوشی تیار ہونا .

ـــ یدُهُ لکذا و بکذا : کسی کام کیلئے ہاتھ کا پھرتی سے اٹھنا، تیار ہونا، کسی کام میں پھرتیلا ہونا .

ـــ لِلأمرِ رَوَاحًا و رَاحًا و رَاحَةً و أرْیَحِیَّةً و رِیَاحَةً : کسی کام سے خوش ہو جانا، ہشاش بشاش ہونا .

ـــ فُلانٌ معروفًا رَاحةً : نیکی یا بھلائی پانا .

ـــ الشیءَ رَوْحًا : کسی چیز کی بو محسوس کرنا

ـــ الرِّیحُ الشیءَ : کسی چیز کو ہوا لگنا۔ رَاحَ الشَّجَرُ و رِیحَ : درخت کا ہوا پانا یا درخت کو ہوا لگنا۔ هو مَرُوحٌ و مَرِیحٌ

رَوِحَ الشیءُ ـَ رَوَحًا : وسیع و کشادہ ہونا۔ مَحْمِلٌ أرْوَحُ : کشادہ کجاوہ قَصْعَةٌ رَوْحَاءُ : کم گہرا کشادہ بادیہ .

ـــ الرَّجُلُ : دونوں پیروں میں کشادگی والا ہونا۔ هو أرْوَحُ وهی رَوْحَاءُ

ج : رُوحٌ .

أرَاحَ : سانس لینا، آرام پانا، راحت محسوس کرنا (۲) مرجانا .

ـــ الشیءُ : بدبودار ہونا، سڑ جانا .

ـــ فُلانٌ : شام کے وقت میں داخل ہونا (۲) کھلی ہوا میں آنا (۳) اونٹ کو آرام پہنچانے کے لئے اس پر سے اتر جانا .

ـــ الإبلَ وغیرَها : اونٹوں یا چوپاؤں کو ان کے باڑہ میں واپس لانا .

ـــ علی فُلانٍ حَقَّهُ : کسی کا حق اسے واپس دینا .

ـــ علیه اللَّیْلُ عَازِبَ هَمِّهِ : رات کا کسی کو اس کے عزم سے باز رکھنا .

ـــ فُلانًا : راحت میں پہنچا دینا .

ـــ منه مَعْرُوفًا : کسی سے بھلائی پانا .

ـــ الشیءَ : بو محسوس کرنا .

أرْوَحَ الشیءُ : بدبودار ہونا، سڑ جانا .

رَاوَحَ بین الشیئین او بین العَمَلَین : دو چیزوں یا دو کاموں کو ادل بدل کرنا، کبھی اسے لینا اور کبھی اُسے .

ـــ بین جَنْبَیْهِ : بار بار پہلو بدلنا کبھی اس پر ہونا اور کبھی اُس پر .

ـــ بین رِجْلَیه : بار بار پیر بدلنا کبھی اس پیر پر کھڑا ہونا اور کبھی اُس پیر پر۔ کہتے ہیں: انا أُغادِیه و أُرَاوِحُهُ : میں اس کے پاس صبح و شام جاتا ہوں

ـــ الشیءُ بین کذا و کذا : کسی چیز کا دو کے اندر اندر ہونا، بین بین ہونا .

رَوَّحَ علیه بالمِرْوَحَةِ : کسی کو پنکھا جھلنا پنکھے سے ہوا پہنچانا .

ـــ بالقومِ : لوگوں کو نماز تراویح پڑھانا .

ـــ عنه : آرام و سکون بخشنا، دل خوش کرنا، کلفت دور کرنا .

ـــ القومَ : قوم کے پاس شام کے وقت جانا

ـــ الدُّهْنَ وغیرَهُ : تیل وغیرہ میں خوشبو ملانا، خوشبودار بنانا .

رَوَّحَ فُلانًا او الإبلَ : شام کے وقت واپس لانا .

ـــ الإناءُ : برتن کا ٹپکنا .

ـــ المَرْأةُ : عورت کا قبل از وقت بچہ جننا .

ارْتَاحَ للأمرِ : کسی بات سے خوش ہونا، سکون ہونا .

ـــ اللّٰهُ له برَحْمَتِهِ : اللہ کا کسی کو مصیبت سے چھٹکارا دلانا .

ارْتَوَحَ : هُمَا یَرْتَوِحَانِ عَمَلًا : کسی کام کو یکے بعد دیگرے کرنا .

تَرَاوَحَ : کہتے ہیں: فُلانٌ یَدَاهُ تَتَرَاوَحَانِ بالمَعْرُوفِ : فلاں کے ہاتھ یکے بعد دیگرے یا لگاتار عطیات دیتے ہیں: تَرَاوَحَا العَمَلَ : کام کو باری باری کرنا۔ تَرَاوَحَتْهُ الأحْقَابُ : لگاتار زمانوں کا آنا .

ـــ العَدَدُ بین کذا و کذا : تعداد اتنے اور اتنے کے درمیان ہے۔ عُمْرُهُ یَتَرَاوَحُ بین خَمْسِینَ و سِتِّینَ : اس کی عمر پچاس اور ساٹھ سال کے درمیان ہے .

تَرَوَّحَ : رات کے وقت چلنا یا رات میں کام کرنا .

ـــ الشیءُ : کسی چیز میں قرب کی وجہ سے دوسری شے کی بو سما جانا جیسے: تَرَوَّحَ اللَّبَنُ و الماءُ : دودھ یا پانی میں کسی اور چیز کی بو سما جانا .

ـــ النَّبْتُ : گھاس و پودے کا لمبا ہونا .

ـــ الشَّجَرُ : موسم گرما کے بعد درخت پر پتے نکلنا .

ـــ بالمِرْوَحَةِ : پنکھا جھلنا، پنکھے کی ہوا لینا .

ـــ القومَ : لوگوں کے پاس شام کو آنا یا جانا

اسْتَرَاحَ : آرام کرنا، آرام پانا، سکون محسوس

کرنا، دل ٹھنڈا ہونا، طبیعت خوش ہونا
اِسْتَرْوَحَ اِسْتِرْوَاحًا : اسْتَرَاحَ ۔
ــــ الیہ : سکون ہونا، اطمینان ہونا ۔
ــــ الغُصْنُ : ٹہنی کا جھومنا ۔
ــــ الرَّجُلُ : تکبر کرنا، اترا کر چلنا ۔
ــــ الشَّیْءَ : بو سونگھنا، محسوس کرنا ۔
ــــ المَطَرُ الزَّرْعَ : بارش کا کھیتی کو ہرا کرنا
الارتیاح : خوشی، اطمینان ۔
الارتیاح الی الحدیث : بات پر اطمینان ۔
الاَرْوَحُ : جس کی ٹانگوں کے درمیان فراخی ہو
الاِسْتِرْوَاحُ : طبی اصطلاح میں جسم کی کسی تجویف میں ہوا داخل کرنا ۔
الاَرْیَحُ : مَحْمِلٌ اَرْیَحُ : کشادہ کجاوہ ۔
الاَرْیَحِیُّ : وسیع الظرف، فراخ دست، خوش مزاج (۲) تلوار ۔
الاَرْیَحِیَّۃُ : سخاوت و فیاضی، خوش مزاجی، بہترین خصلت جو اعلیٰ افعال کو پسند کرتی ہے ۔
الاِسْتِرَاحَۃُ : آرام، سکون (۲) ریسٹ ہاؤس ویٹنگ روم ۔
فَتْرَۃُ الاِسْتِرَاحَۃِ : وقفۂ آرام ۔
التَّرَاوِیحُ : واحد: تَرْوِیحَۃٌ : ترویحہ اصل میں ہر جلسہ (نشست) کا نام ہے لیکن اصطلاحًا رمضان مبارک کی رات میں چار رکعات کے بعد بیٹھنے کو ترویحہ کہا جاتا ہے کیونکہ لوگ اس وقفہ میں آرام کرتے ہیں، پھر مجازًا ہر چہار رکعات کے مجموعہ کو کہا جانے لگا ۔ یہ لفظ باب تفعیل کا مصدر ہے ۔
الرَّائِحَۃُ : بو اچھی ہو یا بری ج : رَوَائِحُ ۔
رَائِحَۃٌ طَیِّبَۃٌ و ذَکِیَّۃٌ : خوشبو ۔
رَائِحَۃٌ خَبِیْثَۃٌ و کَرِیْہَۃٌ : بدبو ۔
الرَّائِحَۃُ : ضد: سارِحَۃ : بوقت شام گھر واپس لوٹنے والے اونٹ ۔ کہاوت ہے : مالَہُ سَارِحَۃٌ و لا رَائِحَۃٌ : اس کے پاس کچھ نہیں ۔ جاءَ و مالی

وَجْھُہ رَائِحَۃُ دَمٍ : وہ سہما ہوا اڑا ہوا آیا (۲) رات کی بارش اس کا مقابل غادیۃ ہے یعنی دن کی بارش ج : رَوَائِحُ ۔
الرَّاحُ : خوشی، راحت و اطمینان (۲) شراب (۳) آندھی کے دن ۔
لَیْلَۃٌ رَاحَۃٌ : آندھی والی رات ۔
الرَّاحَۃُ : ہتھیلی ج : رَاحٌ ۔ کہتے ہیں : تَرَکْتُہُ عَلٰی اَنْقَی من الرَّاحَۃِ : میں نے مفلس بنا کر چھوڑا (۲) خوشی و اطمینانِ قلب (۳) بیوی (۴) صحن، گھر کے سامنے کا میدان (۵) زرخیز زمین (۶) کپڑے کی تہ (۷) آرام و سکون ۔ بیت الرَّاحَۃ : بیت الخلاء ۔
الرَّوَاحُ : الرَّاحَۃ (۲) شام (زوال شمس کے بعد سے مغرب تک کا وقت) سہ پہر مقابل صَبَاح ۔
الرَّوَاحَۃُ : الرَّاحَۃُ ۔
الرَّوْحُ : الرَّاحَۃُ (۲) مہربانی، رحم (۳) بادِ نسیم لطیف ہوا ۔ کہتے ہیں : وَجَدْتُ رَوْحَ الشِّمالِ : میں نے شمال کی خنک ہوا محسوس کی ج : اَرْوَاحٌ ۔ یَوْمٌ رَوْحٌ : خوش گوار دن ۔ عَشِیَّۃٌ رَوْحَۃٌ : سہانی رات (۴) خوشی و مسرت ۔
الرُّوحُ : نفسِ انسانی کی بقا کا ذریعہ، جان نفس (۲) ست، جوہر، اصل (۳) خلاصہ (۴) حوصلہ (۵) جذبہ (۶) سانس ج : اَرْوَاحٌ (۷) قرآن پاک (۸) وحی (۹) امر الٰہی ۔ خَفِیفُ الرُّوحِ : خوش طبع، لطیف و پاکیزہ ۔ رُوحُ اللّٰہِ : عیسائیوں کے یہاں حضرت عیسیٰؑ کا لقب (مذکر و مونث) (۱۰) علم فلسفہ میں وہ چیز جو مادہ کے مقابل ہو (۱۱) علم کیمیا میں کسی مادی شے کا وہ حصہ جو اس کی صفائی کے بعد اڑ جانے والا ہو ۔ جیسے : رُوحُ الزَّھْرِ : پھولوں کا ست، کشید کیا ہوا

خوشبودار سیال جز، عطر وغیرہ ۔
الرُّوحُ الامین : جبریل علیہ السلام ۔
الاَرْوَاحُ الخَبِیْثَۃُ : شیاطین ۔
رُوحُ التَّخَاذُلِ : شکست خوردگی کی ذہنیت ۔
الرُّوحُ الذَّاخِرَۃُ : بے پایاں جذبہ ۔
الرُّوحُ السائِدَۃُ : عام جذبہ ۔
الرُّوحُ الشِّرِّیْرَۃُ : خبیث روح، آسیب ۔
رُوحُ الصَّبْرِ : قوت برداشت، برداشت کا مادہ ۔
الرُّوحُ الطَّیِّبَۃُ : پاکیزہ جذبہ ۔
رُوحُ القِتَالِ : جذبۂ جہاد، لڑائی کا جذبہ ۔
رُوحُ القُدُسِ : جبریل علیہ السلام (۲) نصاریٰ کے نزدیک اقنوم ثالث ۔
الرُّوحُ المَعْنَوِیَّۃُ : حوصلہ ۔ مورال ۔
الرُّوحُ المُرْتَفِعَۃُ : بلند حوصلہ ۔
الرُّوحُ المُنْھَارَۃُ : پست حوصلہ ۔
الرُّوحُ النِّضَالِیَّۃُ : جذبۂ جہاد، جنگی جذبہ ۔
رُوحُ النَّصْرِ : جذبۂ کامرانی ۔
الرُّوحَانِیُّ : ذی روح (۲) غیر مادی (۳) مادی کثافتوں سے پاک، اعلیٰ صفات واقدار کا انسان ۔ ضد: جسمانیٌّ و مادِیٌّ ۔
الطِّبُّ الرُّوحَانِیُّ : نفسیاتی علاج کی ایک قسم، مادی دواؤں کے بجائے کلماتِ قرآن اور دیگر بابرکت مؤثر کلمات یا تعویذات وغیرہ کے ذریعہ علاج کرنے والا ۔
الآبَاءُ الرُّوحَانِیُّونَ : عیسائی علماء
الرُّوحَانِیَّۃُ : ضد: مادِّیَّۃ : مادی اور جسمانی کثافتوں کے بجائے باطنی پاکیزگی و لطافت، مذہبیت، صفائے باطن ۔
الرَّوْحَۃُ : بوقت شام آمد یا روانگی (ایک دفعہ)
الرُّوحِیَّۃُ : مقابل مادیت، روحانیت، مادہ پر روح کی برتری و بالادستی ثابت کرنے کا فلسفہ جس کی روشنی میں کائنات اور سلوک و معرفت کی تشریح کی جاتی ہے ۔
الاَشْرِبَۃُ الرُّوحِیَّۃُ : شرابیں ۔

الرِّیْحُ : چلتی ہوئی ہوا، تیز ہوا، محسوس ہوا (مؤنث) ج: رِیَاحٌ و اَرْوَاحٌ و اَرْیَاحٌ (۲) رحم، مہربانی (۳) مدد (۴) غلبہ، اقتدار کہتے ہیں: الرِّیْحُ لِآلِ فُلَانٍ (۵) طاقت وشوکت۔ کہتے ہیں: ذَهَبَتْ رِیْحُهٗ: اس کی ہوا اکھڑ گئی، طاقت ختم ہوگئی۔ رَجُلٌ سَاكِنُ الرِّیْحِ: باوقار وسنجیدہ آدمی۔ هَبَّتْ رِیْحُهٗ: کسی کی بات چلنا اور منشا کے مطابق کام ہونا (۶) سانس (۷) بو۔ ابو رِیَاح: مرغ بادنما۔

رِیْحُ الشَّوْكَةِ: آماس، سوجن۔

رِیْحٌ و رِیْحِیَّةٌ: ریاحی درد۔

الرَّیْحَانُ: ہر خوشبودار پودا (۲) ایک خاص قسم کا خوشبودار پودا، نازبو۔ ج: رَیَاحِیْنُ (۳) رحم ومہربانی (۴) رزق۔

رَیْحَانٌ بَرِّیٌّ: جنگلی تلسی کا پودا۔

رَیْحَانُ الْحَمَاحِم: شاہی تلسی، نازبو۔

رَیْحَانُ الشُّیُوخ: ایک قسم کی بوٹی کا نام

الرَّیْحَانُ الْاَبْیَضُ: ایک قسم کا گھن۔

رَیْحَانُ سُلَیْمَان: جنگلی انگور۔

رَیْحَانُ الْقُبُوْر: ولایتی مہندی کا پودا۔

رَیْحَانُ الْكَافُوْر: کافور کا پودا۔

الرَّیْحَانَةُ: گلدستہ (۲) کلی (۳) خوبصورت عورت۔ کہتے ہیں: الْمَرْاَةُ رَیْحَانَةٌ ولیست بقهرمانة: عورت ایک پھول ہے گھر کی منتظم نہیں۔

الرَّیْحَةُ: ہوا، بو۔

الرَّیِّحُ: خوش گوار دن، خوش گوار جگہ (۲) تیز ہوا والا دن یا جگہ۔ هي رَیِّحَةٌ۔

الرِّیْحِیُّ: ہوا سے متعلق، ریاحی، ریحی۔

رِیْحِیُّ التَّلْقِیْح: علم الاحیاء میں ہواؤں کے ذریعہ نر درخت کے تخم کا مادہ درخت میں منتقل ہونے کا نام ہے (جس سے وہ بار آور ہوتا ہے)۔

رِیْحِیُّ الْاِنْتِشَار: وہ نبات جو اپنے تخم یا پھل یا جراثیم ہواؤں کے ذریعہ پھیلاتا ہے۔

الْمَرَاحُ: روانگی یا واپسی کی جگہ خلاف المغدی کہتے ہیں: ما تَرَكَ فُلَانٌ من اَبِیه مَغْدًی و لا مَرَاحًا: وہ شخص اپنے باپ کے ساتھ تمام افعال واعمال میں مشابہت رکھتا ہے۔

الْمُرَاحُ: (من اَرَاحَ) اصطبل، مویشیوں کے رہنے کی جگہ، اونٹوں اور بکریوں وغیرہ کا باڑہ۔

الْمُرْتَاحُ: خوش وخرم، بحالت سکون وآرام، مطمئن۔

مُرْتَاحُ البَال: مطمئن، بے فکر (۲) دوڑ کے گھوڑوں میں سے پانچواں گھوڑا۔

الْمِرْوَاحُ: ہوا میں گیہوں اڑانے کا آلہ، بڑا چھاج ج: مَرَاوِیْحُ۔

الْمِرْوَحُ: الْمِرْوَاحُ (۲) پنکھا ج: مَرَاوِحُ

الْمَرْوَحَةُ: صحراء، جنگل (۲) ہوا کی گذرگاہ، ہوا چلنے کی جگہ (۳) کھلی ہوادار جگہ ج: مَرَاوِحُ

الْمِرْوَحَةُ: پنکھا۔ ج: مَرَاوِحُ۔

الْمِرْوَحَةُ الْكَهْرَبَائِیَّةُ: بجلی کا پنکھا۔

الْمِرْیَاحُ: طَعَامٌ مِرْیَاحٌ: گیس (ریاح) پیدا کرنے والا کھانا، بادی۔

الْمُرِیْحُ: آرام دہ (۲) نفع پیدا کرنیوالی چیز

الْمُسْتَرَاحُ: بیت الخلاء، طہارت خانہ۔

الْمُسْتَرِیْحُ: آرام سے مطمئن، پرسکون۔

اجلس مُسْتَرِیْحًا: آرام سے بیٹھے

الْمَرُوحُ و الْمَرِیْحُ: وہ چیز یا آدمی وغیرہ جسے ہوا لگے۔

یوم مَرُوحٌ: ہوادار دن، ٹھنڈا دن

الْمَرْیُوحُ: آسیب زدہ۔

• رَادَتِ الدَّوَابُّ ـُ رَوْدًا و رَوَدَانًا و رِیَادًا: مویشیوں کا چراگاہ میں گھومنا، آنا، جانا۔

رَادَ فُلَانٌ: بے اطمینانی کے ساتھ آنا جانا، قرار نہ پانا۔ کہاوت ہے: رَادَ وِسَادُهٗ من مَرَضٍ او هَمٍّ: اسے چین نہ آئی، وہ بے قرار رہا۔

ـــ الرِّیْحُ: ہوا کا گھومنا۔

ـــ الْمَرْاَةُ: عورت کا پڑوسی عورتوں کے پاس بکثرت آنا جانا۔

ـــ الشَّیْئَ رَوْدًا و رِیَادًا: تلاش وجستجو کرنا، تلاش میں گھومنا پھرنا کہتے ہیں: رَادَ اَهْلَهٗ مَنْزِلًا و كَلَأً و رَادَ لَهم: اس نے اہل وعیال کے لئے ٹھکانا اور آب ودانہ تلاش کیا۔ هو رَائِدٌ و هي رَائِدَةٌ۔

ـــ الدَّابَّةَ: مویشی کو چراگاہ میں گھمانا

ـــ البِلَادَ: کسی انکشاف وتحقیق کے لئے کسی ملک کی سیاحت کرنا۔

ـــ القَوْمَ: رہبری کرنا، قوم کے لئے اچھی جگہ تلاش کرنا۔

ـــ الفَضَاءَ: خلا کی تحقیق کرنا، کھوج لگانا

اَرَادَ الشَّیْئَ: چاہنا، خواہش کرنا، پسند کرنا (۲) غیر ذی روح، فاعل ہو تو معنی: تیار ہونا، قریب ہونا۔ جیسے: اَرَادَ الجِدَارُ اَن یَّنْقَضَّ: دیوار گرنے کے قریب ہوگئی قرآن پاک میں ہے: "فَوَجَدَا فِیْهَا جِدَارًا یُّرِیْدُ اَنْ یَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ": ان دونوں نے ایک ایسی دیوار دیکھی جو بالکل گرنے کو تھی تو اس نے اسے سیدھا کردیا۔

ـــ فُلَانًا علی الاَمْر: کسی کو کسی بات پر آمادہ کرنا۔ کہتے ہیں: اَرَادَتْهُ الحَاجَةُ: ضرورت نے اسے ٹھہرادیا، روکے رکھا۔

ـــ الدَّابَّةَ: چوپائے کو گھمانا، چراگاہ میں لے جانا۔

اَرْوَدَ فی مَشْیِه: نرم رفتاری سے چلنا۔

ـــ فُلَانًا: مہلت دینا۔

رَاوَدَهٗ مُرَاوَدَةً و رِوَادًا: دھوکہ دینا۔
ــــ المَرأةَ عن نَفسِهَا: عورت کے ساتھ بدکاری کے لئے اسے پھسلانا، ورغلانا گناہ پر آمادہ کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وقَالَ نِسوَةٌ فِی المَدِینَةِ امْرَأَةُ العَزِیزِ تُرَاوِدُ فَتَاهَا عَن نَفسِهٖ"
ــــ عن الاَمرِ و عَلَیهِ: کسی معاملہ میں کسی کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا یا خوش اسلوبی سے کام کے لئے آمادہ کرنا۔
ــــ علی الاَمرِ: کسی سے کوئی کام کرانا۔
اِرْتَادَ لِاَهْلِهٖ: اہل وعیال کے لئے اچھی قیام گاہ اور آب ودانہ تلاش کرنا۔
ــــ الشیءَ: تلاش کرنا، جستجو کرنا۔
ــــ الفضاءَ: خلائی کھوج لگانا۔
ــــ قِمَمَ الجِبالِ: کوہ پیمائی کرنا۔
ــــ القومَ: لوگوں کی راہنمائی کرنا۔
اِسْتَرَادَتِ الدَّوَابُّ: مویشیوں کا چراگاہ میں گھومنا۔
ــــ لِاَمْرِهٖ: حکم کی تعمیل کرنا، فرماں برداری کرنا
ــــ الشیءَ: چل پھر کر کسی چیز کی تلاش کرنا، روزی کی تلاش میں رہنا۔
ــــ لِکَذا: کسی مقصد کے لئے کوئی چیز تلاش کرنا۔
الاَرْوَدُ: غیر محسوس طریقہ پر اپنا کام کرنیوالا۔ کہتے ہیں: الدَّهرُ اَرْوَدُ ذو غِیَرٍ: زمانہ چپکے چپکے اپنا کام کرتا ہے کسی کو محسوس نہیں ہوتا۔
الاِرْتِیَادُ: کھوج، تلاش۔
اِرْتِیَادُ الفَضَاءِ: خلائی کھوج، خلا پیمائی۔
اِرتِیادُ قِمَمِ الجِبالِ: کوہ پیمائی۔
الاِرَادَةُ لِکَذا: خواہش، آمادگی، مرضی۔
اِرَادَةٌ من حَدِیدٍ: پختہ ارادہ۔
اِرَادِیٌّ: مرضی کے مطابق، خواہش کے مطابق، اختیاری۔

الرَّائِدُ: قائد، راہنما (قافلہ سے آگے آب وچارہ کی جگہ بتانے کیلئے چلنے والا) کہاوت ہے: الرَّائِدُ لا یَکْذِبُ اَهْلَهٗ: روزی تلاش کرنے والا اپنوں سے جھوٹ نہیں بولتا، قافلہ کا راہنما غلط بیانی نہیں کرتا (۲) ایک فوجی عہدہ (میجر) (۳) انکشاف کنندہ کھوجی اسکاؤٹ (۴) جاسوس (۵) سیاح (۶) قائدانہ۔ جیسے: دَورٌ رِیَادِیٌّ: قائدانہ کردار ج: رُوَّادٌ و رَادَةٌ۔
رَائِدُ فَضَاءٍ: خلاباز، خلائی مسافر، خلاباز
رَائِدُ العَینِ: آنکھ کی کنک ج: رَوَائِد۔
فُلانٌ رَائِدُ الوِسَادِ: فلاں کو غم یا بیماری کے باعث) چین نہیں آتا ھی رَائِدَة۔
اِمْرَأَةٌ رَائِدَة: پڑوسی عورتوں کے پاس بکثرت آمد ورفت رکھنے والی عورت۔
الرَّادُ: الرَّائِدُ۔ و هی رَادَة۔ رِیحٌ رَادَةٌ: لطیف وسبک رفتار ہوا۔
اِمْرَأَةٌ رَادٌ و رَادَةٌ: پڑوسی عورتوں کے گھروں میں بکثرت آنے جانے والی۔
الرَّادَارُ: راڈار، ایک الیکٹرانک مشین جس کے ذریعہ نگاہ کی گرفت سے باہر ہوائی جہاز یا سمندری جہاز کا پتہ لگایا جاتا ہے کہ وہ کہاں اور کتنے فاصلہ پر ہے۔
الرَّادِیُوم: ریڈیم ایک تابناک سفید عنصر جس کی شعاعی طاقت بہت زیادہ ہوتی ہے اور وہ اپنے کیمیاوی عمل میں کیلشیم کے مشابہ ہے۔
الرَّوَادُ: اِمْرَأَةٌ رَوَادٌ: رَادَةٌ۔
الرُّوَادُ: رِیحٌ رُوَادٌ: ہر طرف گھومنے والی ہوا، خوش گوار ہوا۔
الرُّوَدُ: ہلکی ہلکی ہوا، باد لطیف (۲) مہلت، وقفہ۔

الرُّودُ: اِمْشِ علی رُودٍ: آہستہ چلو
الرُّوَیْدُ: اِرْوَاد کی تصغیر (بربناء ترخیم)
رُوَیْدًا: آہستہ۔ رُوَیدَ خالِدٍ و رُوَیدًا خالِدًا و رُوَیدَكَ خالِدًا: خالد کو مہلت دو۔ سَارَ رُوَیدًا: وہ آہستہ چلا۔
المِرْوَدُ: کانچ یا دھات کی سلائی (جس سے سرمہ لگایا جاتا ہے) (۲) لگام کے حلقہ کا لوہا (۳) جوڑ (۴) میخ، کھونٹی (۵) لوہے کی چرخی کا دھرا (جس پر وہ گھومتی ہے)۔
• رَوْدَنَ: دیکھئے (ردن)
• الرَّوْدَقُ: دیکھئے (ردق)
• رَوْذَمَة: دیکھئے (رذم)
رَوْذَنَ: تھکنا، کمزور ہونا۔
• رَازَهٗ ـــ رَوْزًا: آزمانا، تجربہ کرنا، جانچنا، اندازہ لگانا۔
ــــ الدِّینَارَ: دینار کو تول کر اس کی مقدار معلوم کرنا۔
ــــ الحَجَرَ و نَحوَهٗ: پتھر وغیرہ کو اٹھا کر وزن جانچنا۔
ــــ صَنعَتَهٗ و مَالَهٗ: صنعت ومال کی حفاظت وانتظام کرنا۔
ــــ ما عِندَهٗ: طلب کرنا، چاہنا۔
رَاوَزَهٗ: جانچنا۔
رَوَّزَ کَلامَهٗ و رَأیَهٗ فی نَفسِهٖ: اپنے دل میں اپنی کسی بات یا رائے کو جانچ پرکھ کر کے صحت وسقم جاننا۔
ــــ رَأیَهٗ: ایک چیز کے بعد دوسری چیز کا ارادہ کرنا۔
الرَّازُ: (اس کی اصل رائز ہے) معماروں کا نگراں، راج یا ہیڈ مستری، نگراں کاریگر ج: رَازَة۔
الرَّوْزُ: دیکھئے (رزن)
الرُّوزْنَامَة: دیکھئے (رزنامه)
الرِّیَازَةُ: معماری کا پیشہ، راج گیری۔
• الرَّوْزَنَة: دیکھئے (رزن)

•رَاسَ ـُ رَوْسًا: اترا کر چلنا، اکڑ کر چلنا (۲) بہت کھانا۔
ـــ السَّیْلُ الْغُثَاءَ: سیلاب کا کوڑے کرکٹ کو بہا لے جانا۔
الرَّوْسُ: عیب (۲) بسیار خوری۔ فُلَانٌ رَوْسُ سَوْءٍ: برا آدمی، عیب دار آدمی۔
الرُّوسُ: روس کے رہنے والے۔ واحد: رُوسِیٌّ۔ رُوسِیٌّ مُتَطَرِّفٌ: انتہا پسند اشتراکی۔
رُوسِیَا: ملک روس۔
رَوَائِسُ الْاَوْدِیَةِ: وادیوں کی چوٹیاں
رَوَائِسُ السَّحَابِ: اگلے بادل۔
•رَاشَ ـُ رَوْشًا: بہت کھانا۔
ـــ الْمَرَضُ فُلَانًا: بیماری کا کسی کو کمزور کر دینا۔
رَوِشَ ـَ رَوَشًا: کم عقل ہونا۔ ھو اَرْوَشُ وھی رَوْشَاءُ ج: رُوشٌ
الرَّوْشُ: کمزور پیٹھ والا (۲) جس کے کانوں پر بال بہت ہوں۔
الرَّاشُ: رائش کا مخفف۔ کمزور اونٹ یا کمزور نیزہ۔ مؤنث: رَاشَةٌ۔
•الرَّوْشَنُ: دیکھئے (رشن)۔
•رَاضَ ـُ رَوْضًا: بے وقوفی کے بعد سمجھ دار ہونا۔
•رَاضَ ـُ رَوْضًا وَرِیَاضًا وَرِیَاضَةً: بچھیرے وغیرہ کو سدھانا، ہلانا، مانوس کرنا، قابو میں کرنا، چلنے کی عادت ڈالنا
ـــ نَفْسَهُ: نفس پر قابو پانا اور نیکی کا عادی بنانا، رام کرنا۔
ـــ الْقَوَافِی الصَّعْبَةَ: مشکل قافیوں کو گرفت میں لانا۔
ـــ الدُّرَّ: موتی میں سوراخ کرنا۔ ھو مَرُوضٌ وھی مَرُوضَةٌ۔
اَرَاضَ الْمَکَانُ: کسی جگہ کا بہت باغات والی ہونا، کسی علاقہ میں بکثرت باغات ہونا۔
اَرَاضَ الْوَادِیُ وَالْحَوْضُ: وادی یا حوض میں پانی کا زمین کو ڈھانک لینا۔
ـــ فُلَانٌ: تھوڑا پینے کے بعد خوب پینا
ـــ الْمَکَانَ: کسی جگہ باغات لگانا، باغ و بہار بنانا۔
ـــ الْقَوْمَ: لوگوں کو سیراب کرنا۔
اَرْوَضَ الْمَکَانُ: اَرَاضَ۔
ـــ الْاَرْضُ مِنَ الْمَطَرِ: زمین کا بارش سے تر اور شاداب ہونا۔
رَوَّضَ الْمُھْرَ وَغَیْرَہٗ: بچھیرے وغیرہ کو سدھانا، چلا کر قابو میں کرنا۔
ـــ الْمَکَانَ: باغ بنا دینا۔
ـــ الْمَطَرُ الْاَرْضَ: بارش کا زمین کو تر اور شاداب کرنا، باغ و بہار بنا دینا
ـــ فُلَانٌ: کسی کا باغات میں رہنا۔
اِرْتَاضَ: سدھ جانا، قابو میں ہو جانا۔
اِرْتَاضَتِ الْقَوَافِی الصَّعْبَةُ لِلشَّاعِرِ: مشکل قافیوں کا شاعر کی گرفت میں آجانا اور آسان ہو جانا۔
تَرَاوَضَا: بیع و شرا میں باہم جھگڑنا، خرید و فروخت میں قیمت کی کمی بیشی اور سودے کی اچھائی برائی پر جھگڑنا، بھاؤ کرنا، مول چکانا۔
اِسْتَرَاضَ الْمَکَانُ وَالْوَادِیُ وَالْحَوْضُ: اَرَاضَ۔
ـــ الْمَکَانُ: جگہ کا فراخ ہونا۔
ـــ النَّفْسُ: طبیعت کا کھل جانا، دل خوش ہونا۔
اِسْتَرْوَضَ النَّبَاتُ: نباتات کا انتہائی بڑا ہو جانا۔ ھو مُسْتَرْوِضٌ۔
رَاوَضَہٗ: پھسلانا، فریب دے کر کسی کام پر لگانا (۲) خدا کا زمین کو سرسبز و شاداب کرنا۔
الرَّوْضَةُ: شاداب زمین (۲) خوبصورت باغ۔ کہتے ہیں: مَجْلِسُہٗ رَوْضَةٌ: ان کی مجلس باغ و بہار ہے ج: رَوْضٌ و رِیَاضٌ۔
رَوْضَةُ الْحَوْضِ وَنَحْوِہٖ: حوض وغیرہ میں زمین کو ڈھانپنے کے بقدر پانی۔
رَوْضَةُ الْاَطْفَالِ: بچوں کا نرسری اسکول
رَوْضَاتُ الْجَنَّاتِ: باغات کی پر بہار زمینیں۔
الرِّیَاضَةُ: (صوفیا کے یہاں) عبادات کی پابندی اور نفسانی خواہشات سے گریز کے ذریعہ تہذیب اخلاق اور تربیت نفس
الرِّیَاضَةُ الْبَدَنِیَّةُ: جسمانی ورزش۔ مخصوص جسمانی حرکات کے ذریعہ جسم کو مضبوط و توانا کرنے کا فن، کسرت، ورزش، ٹریننگ۔
الرِّیَاضَةُ الرُّوحِیَّةُ: تہذیب اخلاق اور تربیت نفس۔
الْعُلُومُ الرِّیَاضِیَّةُ: علم حساب علم ہندسہ اور جیومیٹری وغیرہ علوم جن سے ذہن کی ورزش ہوتی ہے۔
الرِّیَاضِیُّ: ورزشی، علم ریاضی سے متعلق۔
اَلْعَابٌ رِیَاضِیَّةٌ: ورزشی کھیل۔
الرَّیِّضُ: (مِنَ الدَّوَابِّ) وہ جانور جو پوری طرح سدھایا نہ جا سکا ہو اور سوار کے قابو میں نہ آئے (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے)۔
اَمْرٌ رَیِّضٌ: سوچ سمجھ کر نہ کیا ہوا کام، غیر مستحکم معاملہ۔
الرَّیِّضَةُ: قَصِیْدَةٌ رَیِّضَةٌ: ناپختہ نظم (جس میں فنی خامی ہو)۔
قَصِیْدَةٌ رَیِّضَةُ الْقَوَافِی: ایسے مشکل قافیوں والی نظم جو آسانی سے شعراء کی دست رس میں نہ آسکیں۔

المَرَاضُ: نرم اور پست زمین میں پانی کو روکنے والی سخت جگہ۔
• رَاطَ ـُ رَوْطًا: جنگلی جانور کا کسی جگہ پناہ لینے کی کوشش کرنا یا پناہ لیتے ہوئے نظر آنا۔
• رَاعَ ـُ رَوْعًا: ڈرنا، گھبرانا۔ رَاعَهُ و رَاعَ منه: دونوں طرح مستعمل ہے
ـــ الشیءُ رُوَاعًا: اپنی جگہ لوٹنا۔
ـــ الاَمْرُ فُلَانًا رَوْعًا: ڈرانا، گھبرا دینا، ہوش اڑا دینا۔
ـــ الشَیءُ فُلَانًا: شاندار معلوم ہونا، پسند آنا، حیرت میں ڈالنا۔ جیسے: رَاعَنِی جَمَالُه و رَاعَنِی کَلَامُه۔ هو رَائِعٌ ج: رُوَّعٌ و هی رَائِعَة ج: رُوَّعٌ و رَوَائِعُ ۔ کہتے ہیں: هذه شَرْبَةٌ رَاعَ بِها فُؤَادِی: یہ ایسا شربت ہے جس سے میرا دل ٹھنڈا ہوگیا۔
رَوِعَ ـَ رَوَعًا: بہت سمجھدار ہونا (۲) بہت شاندار ہونا۔
أَرَاعَهُ: ڈرانا، گھبرا دینا۔
رَوَّعَهُ: ڈرانا، گھبرا دینا۔
ـــ الطَّعَامَ بالسَّمْنِ: گھی میں تر کرنا، روغن دار بنانا۔
ارْتَاعَ منه و لَه: کسی چیز سے ڈر جانا، گھبرا جانا۔
ـــ لِلخَیْرِ: بھلائی اور نیکی سے خوشی محسوس کرنا۔
تَرَوَّعَ الشیءَ و منه: ڈرنا، گھبرانا، خوف زدہ ہونا۔
الاَرْوَعُ: سمجھدار، حاضر دماغ (۲) بہت شاندار، پر شوکت، تعجب خیز حسن یا بہادری والا۔ هی رَوْعَاءُ ج: رُوْعٌ
قَلْبٌ اَرْوَعُ: قلب حساس جو ذرا سی چیز دیکھ کر یا سن کر ڈر جائے۔
الرَّائِعُ: شاندار، تعجب خیز، پسندیدہ، خوش نما۔

الرَّائِعَةُ: مؤنث الرائع (۲) اخلاق اور فکر و فن کی امتیازی شان اور نمایاں ترین خصوصیت۔ کہتے ہیں: هَذِه القَصِیْدَة او القِصَّةُ مـن روائع فُلَان: یہ نظم یا قصہ فلاں شخص کی امتیازی خصوصیات میں سے ہے ج: رَوَائِعُ ۔
رَائِعَةُ الشَّیْب: بڑھاپے کا پہلا نمودار ہونے والا بال، بڑھاپے کا آغاز۔
رَائِعَةُ الضُّحٰی او رَائِعَةُ النَّهَارِ: دن کی روشنی، دن کا بڑا حصہ۔ هو کالشَّمْسِ فی رَائِعَةِ النَّهَارِ او فی رَائِعَةِ الضُّحٰی: وہ دن کی روشنی کی طرح واضح اور روشن ہے۔ فی رائِعَةِ النَّهار: دن دہاڑے کھلے عام۔
الرُّوَاعُ: رُوَاعُ الفُؤَادِ: سمجھدار و بردبار، تیز فہم۔ هی رُوَاعُ و رُوَاعَةُ الفُؤاد۔
الرَّوْعُ: جنگ، لڑائی (۲) ڈر، خوف (۳) حسن و جمال، شان و شوکت، آب و تاب۔
الرُّوْعُ: دل (۲) ذہن (۳) عقل۔ کہتے ہیں: وَقَعَ فی رُوْعِی کذا: میرے دل میں یہ بات آئی۔
اَفْرَخَ رُوْعُهُ: اس کے دل سے خوف جاتا رہا، وہ مطمئن ہوگیا۔
الرَّوْعَةُ: شان و شوکت (۲) حسن و جمال کی ایک جھلک (۳) خوف۔ حدیث میں ہے: "اللّٰهُمَّ اٰمِنْ رَوْعَاتِی"
المُرَوِّعُ: خوفناک، بھیانک۔
المُرِیْعُ: ہیبت ناک، مہیب، ڈراؤنا۔
المُرَوَّعُ: خداداد بصیرت کا حامل، باریک بیں، صائب الرائے۔ حدیث میں ہے: "اِنَّ فی کُلِّ اُمَّةٍ محدَّثِیْنَ و مُرَوَّعِیْنَ، فان یَّکُن فی هَذِه الاُمَّة منهم اَحَدٌ فهو عُمَرُ"

• رَاغَ ـُ رَوْغًا و رَوَغَانًا و رَوَاغًا: بچنے کے لئے ایک طرف ہونا، بچ نکلنا، دھوکہ دے کر بچنے کے لئے اِدھر اُدھر ہونا۔ کترانا، جان بچانا، نشانہ سے ہٹنا۔ جیسے: رَاغَ الثَّعْلَبُ والصَّیْدُ: لومڑی یا شکار کا جان بچانے کے لئے ادھر ادھر بھاگنا، دھوکہ دے کر نکلنے کی کوشش کرنا۔
ـــ الی کذا: کسی شے کی طرف خفیہ طور پر مائل ہونا، تعلق رکھنا۔
ـــ عَلَیه ضَرْبًا: مارنے کے لئے کسی پر لوٹ پڑنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَرَاغَ عَلَیْهِمْ ضَرْبًا بالیَمِیْن"
ـــ حاجَةً الی فُلَانٍ: کسی سے جلد ضرورت پوری کرنے کی خواہش کرنا۔
اَرَاغَهُ: دھوکہ دینا (۲) کسی چیز کی خواہش کرنا، تلاش کرنا۔
ـــ علی اَمْرٍ و عن اَمْرٍ: کسی کام کیلئے ورغلانا اور اس کی خواہش کرنا۔
رَاوَغَهُ: دھوکہ دینا (۲) کشتی لڑنا۔
ـــ علی اَمْرٍ: ورغلانا، بہلا پھسلا کر کوئی کام کرانا۔
رَاوَغَهُ فی الکلام: کسی سے چکنی چپڑی باتیں کرنا، باتیں ملانا۔
رَوَّغَ الطَّعَام: کھانے میں خوب روغن یا چربی ڈالنا، مرغن بنانا۔
ـــ اللُّقْمَةَ: لقمہ کو چکنائی (یا گھی وغیرہ) میں خوب بھگونا، لقمہ تر کرنا۔
ارْتَاغَهُ: چاہنا، چالاکی سے لینے کی کوشش کرنا۔
تَرَاوَغَا: ایک دوسرے کو دھوکہ دینا،

(۲) کشتی لڑنا۔
تَرَوَّغَتِ الدَّابَّةُ: چوپائے کا مٹی میں لوٹنا۔
الأَرْوَغُ: کہتے ہیں: هو أَرْوَغُ من ثُعَالَةَ: وہ لومڑی سے زیادہ چالاک ومکار ہے۔
الرَّائِغُ: طَرِيقٌ رَائِغٌ: ٹیڑھا راستہ
الرَّائِغَةُ: موڑدار راستہ (جو کبھی ٹیڑھا ہوتا ہو اور کبھی سیدھا) حدیث احنف میں ہے: "فَعَدَلْتُ الى رائغةٍ من رَوَائِغِ المَدِينَةِ"
الرِّوَاغَةُ: کشتی کا اکھاڑا۔
الرَّوَاغ: مکر، چال، دھوکہ۔
الرَّوَّاغُ: مکار، بہت چالاک (۲) لومڑی۔
الرِّيَاغُ: زرخیزی، شادابی (دیکھئے ریغ)
المُرَاوِغُ: پہلوتہی کرنے والا، چالاک، جان بچانے کی کوشش کرنے والا۔
الرُّوِيغة: مکر، دھوکہ، چال۔
رَوُفَ بکون۔ الرَّوْفَةُ: رحمت۔
رَاقَ ـُ رَوْقًا: صاف وشفاف ہونا۔
ـــ عليه: کسی پر فوقیت رکھنا، کسی سے برتر ہونا۔
ـــ الشيءُ فُلَانًا رَوْقًا و رَوَقَانًا: پسند آنا، بھلی لگنا، بھانا، اتفاقاً حسب خواہش ہو جانا۔
رَوِقَ ـَ رَوَقًا: اوپر کے لمبے دانتوں والا ہونا۔
رَاوَقَهُ: کسی کے برآمدہ کے سامنے برآمدہ بنانا، کسی کے برآمدہ کا دوسرے کے برآمدہ کے روبرو ہونا۔ کہتے ہیں: هو جَارِي مُرَاوِقِي: وہ میرا پڑوسی ہے اور اس کا برآمدہ میرے برآمدہ کے سامنے ہے۔
رَوَّقَ اللَّيْلُ: رات کا تاریکی پھیلا دینا، رات کا ڈیرے ڈال دینا۔
رَوَّقَ الشَّرَابَ: پینے کی چیز کو صاف کرنا
ـــ السِّلْعَةَ: سامان بیچ کر اس سے بہتر خریدنا۔
ـــ له في السِّلْعَةِ: خریدار کی مرضی کے خلاف قیمت بڑھانا۔
ـــ البَيْتَ: گھر کے سامنے برآمدہ بنانا (۲) سائبان ڈالنا (۳) گیلری بنانا
ـــ الدَّوَاءَ وغيرَهُ: بھبکے کے ذریعہ پانی ٹپکانا، عرق کشید کرنا، مقطر کرنا
تَرَوَّقَ الشَّرَابُ: صاف ہو جانا۔
الأَرْوَقُ: وہ شخص جس کے اوپر کے دانت باہر کو نکلے ہوئے ہوں۔
عَامٌ أَرْوَقُ: سختی کا سال۔ هي رَوْقَاءُ ج: رُوقٌ۔
الرَّاوُوقُ: فلٹر، صاف کرنے کا آلہ، عرق کشید کرنے کا آلہ (۲) چھلنی (۳) شراب یا عرق وغیرہ رکھنے کا کانچ کا بڑا برتن (بوتل یا مرتبان) (۴) گلاس ج: رَوَاوِيقُ۔
التَّرْوِيقَةُ: ناشتہ۔
الرِّوَاقُ: برآمدہ، گیلری، سائبان، شیڈ (جو ایک یا دو ستونوں پر گھر کے آگے نکالا جائے، یا وہ پردہ جو بطور سائبان آگے ڈالا جائے (۲) مسجد یا عبادت گاہ وغیرہ کے اندر بنا ہوا تعلیم وغیرہ کا کمرہ یا سائبان یا برآمدہ (۳) کانفرنس وغیرہ میں مشورہ اور ملاقات کا خاص حصہ یا کمرہ۔
رِوَاقُ البَيْتِ: گھر کا سامنے والا حصہ، برآمدہ یا ہال۔
رُوَاقُ الطُّلَّابِ: دارالاقامہ، ہوسٹل، بورڈنگ۔
رِوَاقُ العَيْنِ: آنکھ کا پردہ، ابرو۔
الرِّوَاقِيُّونَ: یونان کے فلسفی زینون کے تلامذہ (یہ نام اس لئے مشہور ہوا کہ زینون ان کو رواق میں تعلیم دیتا تھا ان تلامذہ کو اصحاب المظلّہ (سائبان والے) بھی کہا جاتا ہے)۔
الرَّوْقُ: ہر چیز کا اول اور ابتدائی حصہ جیسے: رَوْقُ المَطَرِ: ابتدائی بارش۔ رَوْقُ الجَيْشِ: لشکر کا پہلا دستہ۔ رَوْقُ البَيْتِ: گھر کا ابتدائی برآمدہ، سائبان۔ رَوْقُ الشَّبَابِ: جوانی کا آغاز، چڑھتی جوانی۔ رَوْقُ القَوْمِ: سردار قوم۔ روق اللَّيلِ: رات کا ایک حصہ۔ کہتے ہیں: مَضَى رَوْقٌ من اللَّيلِ: رات کا ایک حصہ گزر گیا۔ رَوْقُ السَّحَابِ: بادل کا برساؤ برستا ہوا پانی۔ کہتے ہیں: أَلْقَتِ السَّحابةُ أَرْوَاقَهَا: بادل نے دریا بہا دیئے، مسلسل پانی برسایا (۲) چوپائے کا سینگ۔ کہاوت ہے: كالثَّوْرِ يَحْمِي أَنْفَهُ بِرَوْقِهِ (۳) تعجب خیز، پسندیدہ (۴) غیر معمولی بہادر (۵) عمر۔ کہتے ہیں: أَكَلَ فُلَانٌ رَوْقَهُ: ایسے وقت کہتے ہیں جب بڑھاپا آخری حد کو پہنچ گیا ہو (۶) صاف شدہ پانی وغیرہ (۷) پردہ (۸) شکاری کی پناہ گاہ (۹) عزم وارادہ (۱۰) جماعت، گروہ۔ کہتے ہیں: جَاءَ رَوْقُ بني فُلَانٍ (۱۱) خالص محبت (۱۲) کسی چیز کا بدل، عوض (۱۳) جثہ، ڈھانچہ، جسم (۱۴) بڑا خیمہ، پنڈال۔ کہتے ہیں: ضَرَبَ رَوْقَهُ بالمَكَانِ: اس نے ڈیرا ڈال دیا، یعنی اطمینان کے ساتھ مقیم ہو گیا۔ أَلْقَى رَوْقَهُ: دوڑا (۱۵) اچھی ساخت کا گھوڑا۔ رَوْقُ الفَرَسِ: گھوڑے کے کانوں کے درمیان لگا ہوا نیزہ (۱۶) کسی چیز کی زیادتی (۱۷) أَرْوَاقُ العَيْنِ: آنکھ کے اطراف۔ کہتے ہیں: أَسْبَلَتْ أَرْوَاقَهَا: اس کی آنکھوں

سے آنسو جاری ہو گئے۔ رَمَاہُ بِأَرْوَاقِہٖ
اس نے اپنا بوجھ ڈال دیا۔ رَمٰی بِأَرْوَاقِہٖ
علی الدَّابَّۃِ: چوپائے پر سوار ہونا۔
أَلْقَی بِأَرْوَاقِہٖ عنہا: چوپائے سے
اتر گیا۔ أَلْقَی علیہ أَرْوَاقَہٗ: کسی
کی محبت میں گھل جانا۔ دَاهِیَۃٌ
ذَاتُ رَوْقَیْنِ: بڑی مصیبت۔
الرَّوْقَۃُ: پرکشش حسن وجمال۔
الرُّوْقَۃُ: انتہائی حسین لڑکا یا لڑکی
(مذکر ومؤنث، مفرد وتثنیہ اور جمع
سب کے لئے)۔ چیدہ اور برگزیدہ
لوگ۔ ذکر روم والی حدیث میں ہے:
"یَخْرُجُ الیہم رُوقَۃُ
المؤمنین"
الرَّیْقُ: رَیْقُ الشَّبَابِ: آغاز جوانی
الرَّیِّقُ: رَیِّقُ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا
سب سے بہتر فرد یا حصہ۔ بہترین حصہ
(۲) جوانی کا آغاز۔
الأَرْوَقُ: اوپر کے لمبے دانتوں والا۔
المُرَوَّقُ: صاف کیا ہوا، سائبان والا،
برآمدہ والا۔ بَیْتٌ مُرَوَّقٌ: وہ
گھر جس کے سامنے پردہ پڑا ہوا ہو۔
• رَوَّلَ الفَرَسُ وغیرُہُ: گھوڑے
وغیرہ کی رال بہنا (۲) رک رک کر
تھوڑا تھوڑا پیشاب کرنا۔
___ الطَّعَامَ: کھانے میں خوب گھی یا چکنائی
ڈالنا یا روٹی وغیرہ کو گھی وغیرہ سے خوب
چپڑنا، تر بتر کرنا۔
___ رَأْسَہُ مِنَ الدُّهْنِ: سر پر زور
سے تیل ملنا، خوب مالش کرنا۔
تَرَوَّلَ: رال بہنا۔
الرَّائِلُ: زائد دانت۔
الرَّاوُوْلُ: زائد دانت (۲) رال ج:
رَوَاوِیْلُ۔
الرُّوَالُ: رال، لعاب۔

المِرْوَلُ: بہت رال بہانے والا۔
• رَامَہُ ـُ رَوْمًا و مَرَامًا: چاہنا،
قصد کرنا۔
رَوَّمَ: ٹھیرنا، توقف کرنا۔
___ فُلَانًا الشَّیْءَ: کسی کو کسی چیز کی
خواہش دلانا، تلاش کرانا۔ رَوَّمَ
فُلانًا و رَوَّمَ بفُلَانٍ بھی کہا جاتا
ہے۔ خواہش دلانا، طلب کرانا۔
___ رَأْیَہُ: ایک کے بعد دوسری شے کا ارادہ
کرنا۔
تَرَوَّمَ بفُلَانٍ: مذاق کرنا، ٹھٹھا کرنا
رَامَۃُ: جنگل کی ایک جگہ کا نام، جو شعر (کبھی
اس کو تثنیہ بھی استعمال کرتے ہیں)
کہاوت ہے: تَسْأَلُنِی بِرَامَتَیْنِ
سَلْجَمًا: تو مجھ سے مقام رامہ میں شلجم
مانگتا ہے۔ نہ پائی جانے والی چیز کی
طلب کے بارہ میں بولا جاتا ہے۔
الرَّوْمُ: کان کی لو (۲) قرأۃ کی اصطلاح میں
اس آخری کلمہ کی حرکت کو تیزی کے
ساتھ ادا کرنے کا نام ہے جس پر وقف
کیا جائے اور اس کی آواز مسموع بھی
ہو (اشمام سے زیادہ)۔
الرُّوْمُ: کان کی لو (۲) گنے کے رس کی شراب
(۳) بحر متوسط (بحر ابیض) کے شمال
میں رہنے والے لوگ (جو اکثر عیسائی
ہیں) یونانی۔ واحد: رُوْمِیٌّ
الرُّوْمَۃُ: گوند، چپکنے والا مسالا، سریش
(۲) دنیا کا قدیم ترین شہر اٹلی کا
دار السلطنت۔
الرُّوْمِیُّ: روم کا باشندہ۔
الرُّوْمِیَّۃُ: تانیث الرومی۔ اٹلی کا
دار الحکومت (۲) خالی کشتی کا بادبان
المَرَامُ: مقصد، مطلب۔
نَیْلُ المَرَامِ: مقصد بر آری۔
الرُّوْمَاتِزْمُ: اعصاب اور جوڑوں کے

درد کی بیماری۔
• رَانَ الیَوْمُ ـُ رَوْنًا: دن کا گرم اور
پریشان کن ہونا۔
___ الأَمْرُ: معاملہ کا سنگین ہونا۔
الأَرْوَنَانُ: آواز (۲) دشوار گزار دن۔
کہتے ہیں: یَوْمٌ أَرْوَنَانٌ و یَوْمٌ
أَرْوَنَانٍ: سخت گرمی اور پریشانی
کا دن۔
لَیْلَۃٌ أَرْوَنَانَۃٌ و لَیْلَۃٌ أَرْوَنَانَۃٍ
سخت گرمی اور پریشانی کی رات۔
الرَّوَانِیُّ: ایک قسم کا حلوا جو میدہ، شکر اور
انڈوں سے بنایا جاتا ہے۔ کیک۔
الرُّوْنُ: شدت، سختی ج: رُوُوْنٌ۔
الرُّوْنَۃُ: رُوْنَۃُ الشَّیْءِ: کسی چیز کی
سختی اور اس کا بڑا حصہ، گرمی یا سرد
یا جنگ وغم وغیرہ کی شدت۔ کہتے ہیں
کَشَفَ اللّٰہُ عَنْكَ رُوْنَۃَ هٰذَا
الأَمْرِ۔
المَرْوُوْنُ: هو مَرْوُوْنٌ بِہٖ: وہ فلاں
سے مغلوب ہے۔
• الرَّوْنَقُ: دیکھئے (رنق) بہار، آب و تاب
خوش نمائی، رونق۔
• رَوَی علی البَعِیْرِ ـِ رَیًّا: اونٹ
کے لئے پانی لانا یا نکالنا۔
___ القَوْمَ و علیہم و لہم: پانی
پانی لانا۔
___ البَعِیْرَ: اونٹ پر رسی کسنا۔ کہتے ہیں
رَوَی علی الرَّجُلِ بالرِّ
سوار کو اونٹ پر رسی سے باندھنا
وہ غلبۂ نیند میں نیچے نہ گرے۔
___ الحَدِیْثَ او الشِّعْرَ رِوَایَ
نقل کرنا، بیان کرنا، روایت کر
___ عنہ: کسی سے بات یا حدیث نقل
(۲) قصہ کہانی کہنا، بات سنانا، ش
هو رَاوٍ ج: رُوَاۃٌ۔

رَوَى البَعِيْرُ المَاءَ رِوَايَةً: اونٹ کا پانی لانا لے جانا، پانی بھرنا۔
— عليه الكَذِبَ: کسی کے خلاف غلط بیانی کرنا۔
— الحَبْلَ رَيًّا: رسّی کو خوب بٹنا۔
— الزَّرْعَ: کھیتی کو سیراب کرنا۔
رَوِيَ من الماءِ و نَحْوِہ ۔ رِيًّا و رِوًى: سیراب ہونا، پیاس بجھنا۔
— الشَّجَرُ والنَّبْتُ: سرسبز ہونا۔ ھو رَيَّانُ و ھی رَيَّا و رَيَّانَةٌ ج: رِوَاءٌ۔
أَرْوَاهُ: سیراب کرنا، پودوں یا کھیتی کو پانی دینا۔
— فُلَانًا الحَدِيْثَ والشِّعْرَ: کسی سے حدیث یا شعر بیان کرانا، سنانے کو کہنا۔
رَوَّى: ضرورت کے لئے پانی ساتھ لینا۔
— فُلَانٌ فی الأمرِ: غور و فکر کرنا، سوچ بچار کرنا۔
— فُلَانًا: سیراب کرنا (۲) کسی معاملہ پر غور کرانا۔
— الغَلِيْلَ: پیاس بجھانا۔
اِرْتَوَى: سیراب ہونا (۲) پانی پی کر سیر ہونا (۳) جوڑوں کا گوشت سے پر ہو جانا۔
— الحَبْلُ: رسّی کا مضبوط بٹنا، زیادہ بٹوں والی ہونا۔
تَرَوَّى: سیر ہونا (۲) سیراب ہونا۔
— مَفَاصِلُهُ: جوڑوں کا گوشت سے بھرا ہوا ہونا۔
— فی الأمرِ: غور و فکر کرنا۔
— الحديثَ أو الشِعرَ: کلام یا شعر نقل کرنا، سنانا۔
الأَرْوَى: پہاڑی بکری (اسم جنس)۔
الأُرْوِيَّةُ: پہاڑی بکری ج: أَرَاوِیُّ۔
التَّرْوِيَةُ: يَوْمُ التَّرْوِيَةِ: ذی الحجہ کی آٹھویں تاریخ (یوم الترویۃ اس لئے کہتے ہیں کہ حجاج اس تاریخ میں آئندہ کے لئے پانی لے لیتے ہیں اور سیرابی کا سامان کر لیتے ہیں)۔
الرَّاوِی: حدیث، یا شعر و کلام کا حامل (علم رکھنے والا) اور ناقل، واقعہ اور کہانی نظم سنانے والا ج: رُوَاةٌ
الرَّاوِيَةُ: مؤنث الرَّاوِی (۲) پانی فراہم کرنے والا، پانی بھرنے والا (۳) بڑا راوی جس کی روایات بکثرت ہوں (اس صورت میں تا مبالغہ کی ہوگی) (۴) پانی کی مشک (۵) وہ جانور جس پر پانی لاد کر لایا جائے (اور گھروں وغیرہ میں پہنچایا جائے) ج: رَوَايَا۔
الرَّوَاءُ: شیریں پانی (۲) بقدر سیرابی زیادہ پانی۔
الرِّوَى: مَاءٌ رِوًى: میٹھا پانی۔
الرِّوَاءُ: اونٹ پر لدے ہوئے سامان کو باندھنے کی رسّی ج: أَرْوِيَةٌ۔
الرُّوَاءُ: خوش نمائی، آب و تاب، چہرہ کی آب، رونق۔
الرِّوَايَةُ: خبر (۲) کہانی (۳) افواہ (۴) بیان، کلام منقول (۵) حدیث (۶) لمبی کہانی، ناول (۷) اصطلاح فقہاء میں وہ فرعی مسئلہ جو فقہاء سلف و خلف سے نقل کیا جائے۔
الرِّوَايَةُ التَّمْثِيْلِيَّةُ: ڈرامائی کہانی، فلمی کہانی، فلم اسٹوری۔
الرِّوَايَةُ البُوْلِيْسِيَّةُ: جاسوسی ناول
الرِّوَايَةُ الطَّوِيْلَةُ: ناول۔
الرِّوَايَةُ المُحْزِنَةُ: داستان غم، ٹریجڈی، المناک واقعہ۔
الرِّوَايَةُ الخَيَالِيَّةُ: تخیلاتی کہانی
الرِّوَايَةُ الهَزْلِيَّةُ: مزاحیہ ناول۔
الرِّوَايَةُ القَصِيْرَةُ: مختصر کہانی، افسانہ
الرِّوَائِیُّ: ناول نویس، افسانہ نویس۔
الرَّوَّاءُ: سقا، پانی گھروں میں پہنچانے والا
الرَّوِیُّ: مکمل سیرابی۔ کہتے ہیں: شَرِبْتُ شُرْبًا رَوِيًّا: میں نے خوب سیر ہو کر پانی پیا (۲) موسلا دھار بارش والا بادل (۳) پانی کی سیراب کرنے والی مقدار، بہت پانی (۴) ساقی (۵) کنواں ھی رَوِيَّةٌ۔ سَحَابَةٌ رَوِيَّةٌ و كَأْسٌ رَوِيَّةٌ (۶) علم عروض میں وہ حرف جس پر نظم و قصیدہ کی بنیاد ہوتی ہے وہ قصیدہ اسی حرف کی طرف منسوب ہوتا ہے جیسے: قَصِيْدَةٌ بَائِيَّةٌ، قَصِيْدَةٌ رَائِيَّةٌ: وہ نظم جس کا قافیہ با اور را پر ختم ہوتا ہو۔
الرَّوِيَّةُ: غور و فکر، معاملات پر سوچ بچار (خلاف البدیہۃ) قوت فکریہ (۲) کسی چیز کا بقیہ کہتے ہیں: عَلَيَّ رَوِيَّةٌ من دَيْنٍ۔ (۳) ضرورت ج: رَوَايَا
الرَّيَّا: خوشگوار ہوا۔
الرِّیُّ: آبپاشی، سیرابی۔
الرَّيَّانُ: سیر، سیراب و سرسبز، تروتازہ، ہرا بھرا۔
فَرَسٌ رَيَّانُ الظَّهْرِ: پر گوشت کمر والا گھوڑا۔
وَجْهٌ رَيَّانُ: بھرا ہوا چہرہ، تروتازہ چہرہ۔
رَيَّانُ من العِلْمِ: علم سے مالا مال
الرَّيَّةُ: ایک دفعہ کی سیرابی (مصدر مرّۃ)
عَيْنٌ رَيَّةٌ: بہت پانی والا چشمہ۔
المَرْوَى: آب پاشی کی نہر ج: مَرَاوٍ۔
المِرْوَى: جانور پر سامان باندھنے کی رسّی ج: المَرَاوِی

ر ——— ی

• رَابَهُ الأمرُ و فُلَانٌ رَيْبًا و رِيْبَةً:

شک میں ڈالنا۔ حدیث میں ہے "دَعْ مَا يَرِيْبُكَ اِلٰى مَا لَا يَرِيْبُكَ" جس چیز میں شک ہو اسے چھوڑ دو اور جس میں شک نہ ہو اسے اختیار کرو۔
رَابَهُ مِن فُلَانٍ اَمْرٌ: کسی کی طرف سے کسی بات کا شک ہونا (الزام کا یقین کرلینا)
رَابَ الرَّجُلُ فُلَانًا: کسی کو شک میں ڈالنا۔
ـــ الاَمْرُ فُلَانًا: کسی کو کوئی چیز لاحق ہونا، پیش آنا۔
اَرَابَ الرَّجُلُ وَالاَمْرُ: مشکوک ہونا
ـــ الرَّجُلُ وَالاَمْرُ فُلَانًا: شک میں ڈالنا۔ کہتے ہیں: اَرَابَهُ مِن فُلَانٍ اَمْرٌ: کسی سے بدگمان ہونا (الزام کا یقین نہ کرنا)
ـــ الرَّجُلَ: تہمت لگانا، مشکوک و متہم بنانا۔
ـــ فُلَانًا: پریشان کرنا، بے چین بنانا، تشویش میں ڈالنا۔ حدیث فاطمہ میں ہے: "يُرِيْبُنِيْ مَا يُرِيْبُهَا"
اِرْتَابَ فِيهِ وَبِهِ: شک و شبہ کرنا، شک میں پڑنا۔
ـــ بِهِ: الزام لگانا، متہم کرنا۔
تَرَيَّبَ بِهِ: اِرْتَابَ۔
اِسْتَرَابَ بِهِ: کسی میں کوئی شک والی بات پانا اور ڈرنا۔
الرَّيْبُ: شک و شبہ، گمان، تہمت و الزام (۲) ضرورت (۳) گردش زمانہ۔
رَيْبُ المَنُوْنِ: حوادث زمانہ۔
الرِّيْبَةُ: گمان، شک، تہمت ج: رِيَبٌ
الرَّيَّابُ: بھیانک، خوفناک۔
المُسْتَرَابَةُ: وہ عورت جس کو حیض کی عمر میں بھی حیض نہ آتا ہو۔
•الرِّيْبَاسُ: ایک سبزی جو ٹھنڈے اور پہاڑی مقامات میں ہوتی ہے۔ اس کی گاجر نما پوریاں پکا کر کھائی جاتی ہیں اور ان کے رس کا شربت بھی بنایا جاتا ہے۔
•رَاثَ ـِ رَيْثًا: دیر کرنا، ٹھیرنا، توقف کرنا۔
اَرَاثَهُ عَنْهُ: دیر کرانا، تاخیر کرانا، پیچھے کرنا۔
رَيِّثَ فُلَانٌ: تھک کر چور ہو جانا۔
ـــ عَمَّا عَلَيْهِ: کسی کام میں کوتاہی کرنا، سستی کرنا۔
ـــ فُلَانًا: لیٹ کرانا، تاخیر کرانا (۲) تھکا دینا، عاجز و درماندہ کر دینا۔
ـــ الشَّيْءَ: نرم کرنا۔
تَرَيَّثَ: ٹھیرنا، توقف کرنا، دیر کرنا۔
اِسْتَرَاثَهُ: لیٹ اور مؤخر پانا یا سمجھنا (۲) ٹھیرانا، لیٹ کرانا۔
الرَّيْثُ: دیر، تاخیر، سستی، توقف۔ کہاوت ہے: رُبَّ عَجَلَةٍ تَهَبُ رَيْثًا: کبھی عجلت دیر کا باعث ہو جاتی ہے (۲) مقدار وقت (مضاف الیہ سے مقدار وقت کی تعیین ہوتی ہے اور اس کے ساتھ ما کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ رَيْثَمَا۔
رَيْثَمَا: اتنی دیر کہ، جتنی دیر کہ۔ کہتے ہیں: مَا قَعَدَ عِنْدَنَا اِلَّا رَيْثَمَا حَدَّثَنَا بِحَدِيْثٍ ثُمَّ مَرَّ: وہ ہمارے پاس اتنی ہی دیر بیٹھا جتنی دیر اس نے ہمیں بات یا حدیث سنائی پھر وہ چلا گیا۔ مَا قَعَدَ اِلَّا رَيْثَمَا فَعَلَ كَذَا: وہ اتنی ہی دیر بیٹھا جتنی دیر میں اس نے فلاں کام کیا۔
الرَّيِّثُ: لیٹ، تاخیر کرنے والا، سست۔
المُرَيَّثُ: مُرَيَّثُ العَيْنَيْنِ: کمزور نگاہ والا (جو جلد نہ دیکھ سکے)۔
•الرِّيْجِيُّ: سرکاری انتفاع، ایک نظام جس کے تحت حکومت بعض منصوبوں پر سرمایہ لگا کر ان سے منافع حاصل کرتی ہے۔
•الاَرْيَحُ: دیکھئے (روح)
الرَّيْحَانُ: " "
•رَاحَ ـَ رَيْحًا و رُيُوْحًا و رَيَحَانًا: (۱) ذلیل ہونا (۲) ڈھیلا اور سست ہونا (۳) دونوں رانوں کے فاصلہ والا ہونا (جس کی وجہ سے دونوں رانوں کو ملانا دشوار ہو)۔
رَيَّحَهُ: نرم کرنا، کمزور کرنا۔
•الرَّادَةُ: رِيْحٌ رَادَةٌ: سبک ہوا، لطیف ہوا
الرَّيْدُ: پہاڑ کا باہر نکلا ہوا کنارہ ج: رُيُوْدٌ و اَرْيَادٌ۔
الرِّيْدُ: مقصد، مشغلہ۔
الرَّيْدَانَةُ: الرَّادَةُ۔
الرَّيْدَةُ: الرَّادَةُ۔
•رَارَ ـُ رَيْرًا: پنڈلیوں کے مغز کا پتلا ہونا۔
اَرَارَ الهُزَالُ مُخَّ سَاقَيْهِ: کمزوری کا پنڈلیوں کے گودے کو پتلا کر دینا۔
الرَّائِرَةُ: گھٹنے کے اندر بھیجے کی طرح عمدہ چربی۔
الرِّيْرُ: مُخٌّ رِيْرٌ و رَيْرٌ: دبلے پن کی وجہ سے پگھلا ہوا خراب مغز۔
•رَاسَ ـِ رَيْسًا و رَيَسَانًا: اکڑنا، تکبر سے چلنا۔
ـــ القَوْمَ: سربراہی کرنا، سربراہ بننا۔
الرَّيِّسُ: سردار، سربراہ۔
•رَاشَ الطَّائِرُ ـِ رَيْشًا: پرندہ کے پر نکلنا۔
ـــ فُلَانٌ: مال دار ہونا۔
ـــ السَّهْمَ: تیر میں پر لگانا۔ فَالسَّهْمُ مَرِيْشٌ۔

رَاشَ فُلَانًا: تقویت پہنچانا، مدد کرنا، اصلاح حال کرنا۔ کہتے ہیں: رَاشَهُ اللّٰهُ: اللہ نے اس کی حالت درست کردی۔ وَرَاشَهُ اللّٰهُ مَالًا: اللہ نے اسے دولت دے دی۔
ـــ السُّقْمُ فُلَانًا: بیماری نے فلاں کو کمزور کردیا۔ ـــ کہتے ہیں: لَا تَرِشْ عَلَيَّ: میری بات نہ کاٹو
فُلَانٌ لَا يَرِيْشُ وَلَا يَبْرِيْ: فلاں آدمی نہ نفع پہنچاتا ہے نہ نقصان
رَيَّشَ السَّهْمَ: رَاشَهُ۔
ـــ الثَّوْبَ: کپڑے پر پروں جیسی تصویریں بنانا۔
ـــ السُّقْمُ فُلَانًا: بیماری نے فلاں کو کمزور کردیا۔
اِرْتَاشَ فُلَانٌ: نمایاں طور پر آسودہ حال ہونا۔
ـــ السَّهْمَ: رَاشَهُ۔
تَرَيَّشَ: اِرْتَاشَ۔
الْأَرْيَشُ: جس کے چہرہ اور کانوں پر زیادہ بال ہوں۔ رَجُلٌ أَرْيَشُ: صاحبِ مال ولباس۔
الرَّائِشُ: پر لگا ہوا تیر (۲) کسی معاملہ میں رشوت دلانے والا دلال۔ سَهْمٌ رَائِشٌ: کمزور تیر۔
الرِّيَاشُ: شاندار لباس (۲) سامان، فرنیچر (۳) مال (۴) خوش حالی، سرسبزی (۵) معاش، روزی (۶) عمدہ حالت۔
الرَّيِّشُ: كَلَأٌ رَيِّشٌ: بہت پتوں والی گھاس۔
الرِّيْشُ: پر (۲) عمدہ لباس (۳) سامان (۴) مال (۵) خوش حالی (۶) عمدہ حالت
ج: أَرْيَاشٌ وَرِيَاشٌ۔
الرَّيَشُ: چہرے اور کانوں پر بالوں کی کثرت (۲) ڈھلی ہوئی دھات پر پالش سے پہلے لگا ہوا زنگ جیسا مادہ۔
الرَّيِّشُ: الرَّيَشُ۔
الرِّيْشَةُ: قلم کا نب (۲) قلم (۳) سارنگی کا وہ حصہ جو تاروں پر مارا جاتا ہے (۴) پرندہ کے پر کو قط لگا کر بنایا جانے والا قلم جو نقاشی میں استعمال ہوتا ہے۔
رِيْشَةُ الْكِتَابَةِ: قلم۔
رِيْشَةُ الْمُصَوِّرِ: نقاش کا برش یا قلم
رِيْشِيٌّ: پروں کا۔
الْمُرَيَّشُ: پر لگا ہوا تیر (۲) کمزور پیٹھ والا آدمی (۳) اعزاز یافتہ آدمی جسے بادشاہ نے بطور اعزاز سر میں لگانے کے لئے پر دیا ہو۔
• الرِّيَاضَةُ: دیکھئے (روض)
• الرَّيْطَةُ: ایک پاٹ کی چادر (جس میں جوڑ نہ ہو) (۲) ملائم اور باریک کپڑا (۳) کفن، کپڑا۔ کہاوت ہے: خَرَجَ مُشْتَمِلًا بِرَيْطَةِ الظَّلْمَاءِ: وہ تاریکی کی چادر اوڑھ کر نکلا۔ فُلَانٌ يَجُرُّ رِيَاطَ الْحَمْدِ: فلاں تعریف کی چادر کھینچتا ہوا چلتا ہے یعنی خوب تعریف کرتا ہے ج: رَيْطٌ وَرِيَاطٌ۔
• رَاعَ الشَّيْءُ ـِ رَيْعًا وَرُيُوْعًا وَرِيَاعًا وَرَيَعَانًا: نشوونما پانا، بڑھنا۔
ـــ الْإِنْسَانُ أَوِ الْحَيَوَانُ رَيْعًا: لوٹنا، واپس آنا۔ کہتے ہیں: وَعَظْتُهُ فَأَبَى أَنْ يَرِيْعَ: میں نے اسے نصیحت کی مگر وہ باز نہ آیا۔
هَرَبَتِ الْإِبِلُ فَصَاحَ عَلَيْهَا الرَّاعِيْ فَرَاعَتْ إِلَيْهِ: اونٹ بھاگے، چرواہے نے آواز لگائی تو وہ لوٹ آئے۔
ـــ السَّرَابُ: سراب (چمکتی ہوئی ریت) کا لہریں مارنا۔
أَرَاعَ: بڑھنا، پنپنا۔
ـــ فُلَانٌ: کسی کی کھیتی کا بڑھنا۔
ـــ الشَّيْءَ: بڑھانا، نشوونما دینا۔
رَيَّعَ: أَرَاعَ۔
ـــ الْقَوْمُ: لوگوں کا اکھٹا ہونا۔
ـــ السَّرَابُ: سراب کا لہرانا۔
ـــ الشَّيْءَ: بڑھانا، اضافہ کرنا۔
ـــ الْمَالَ: مال کو بڑھانا، مال سے فائدہ اٹھانا۔
تَرَيَّعَ الشَّيْءُ: بڑھنا، پنپنا۔
ـــ السَّرَابُ: چمکنا، لہرانا۔
ـــ الْقَوْمُ: لوگوں کا اکھٹا ہونا۔
ـــ فُلَانٌ: پریشان ہونا، مضطرب ہونا (۲) توقف کرنا (۳) تیل وخوشبو سے خود کو آراستہ کرنا۔
ـــ الْمَاءُ: پانی بہنا۔
ـــ يَدُهُ بِالْجُوْدِ: دستِ سخاوت فراخ ہونا، داد ودہش کرنا۔
اِسْتَرَاعَ فُلَانٌ: حیران ہونا، ٹھٹکنا۔
الرَّيْعُ: ہر شے کا بہتر اور پہلا حصہ (۲) ہر شے کا بچا ہوا حصہ جیسے: رَيْعُ الْعَجِيْنِ وَرَيْعُ الدَّقِيْقِ (۳) پیداوار کا وہ حصہ جو زمین کا کرایہ دار مالک کو اس انتفاع کے بدلہ دیتا ہے جو وہ زمین سے حاصل کرتا ہے (۴) ٹیلہ (۵) نفع۔
رَيْعُ الْخِصْبِ: منافعِ زرخیزی، وہ پیداواری ترجیحی نفع جو ایک زمین کی دوسری زمین کے مقابلہ میں زیادہ زرخیز ہونے کی بنا پر لیا جاتا ہے۔
رَيْعُ الْمَوْقِعِ: منافع جائے وقوع، زمین کے کسی خاص گوشہ سے حاصل ہونے والا منافع۔
رَيْعُ الشَّبَابِ: اول جوانی، آغاز جوانی۔

رَیِّعُ الضُّحَا : چاشت کے وقت کی روشنی.

الرِّیعُ : زمین کا بلند حصہ ٹیلہ (۲) راستہ (۳) گرجا (۴) وادی کی بلندی سے پانی بہنے کی جگہ ج: رُیُوعٌ و رِیَاعٌ.

رَیْعَانُ کلِّ شَیْءٍ : ہر چیز کا اول وافضل حصہ۔ رَیْعَانُ الشَّبَابِ : جوانی کا بہترین حصہ۔ رَیْعَانُ المَطَرِ : ابتدائی بارش ۔ رَیْعَانُ السَّرَابِ : سراب کی چمک، سراب کا لہراتا ہوا حصہ۔

المَرِیعَۃُ : سرسبز زمین ۔

المُرِیعُ : شادابی لانے والی بارش ۔ ناقۃ ریعانۃ : بہت دودھ دینے والی اونٹنی

• رَیَّعَ الطَّعَامَ : کھانے میں خوب گھی یا چکنائی ڈالنا، مرغن بنانا ۔

ـــ الشَّیْءَ : مٹی میں لت پت کرنا۔

تَرَیَّعَ الطَّعَامُ : کھانے کا خوب روغن دار ہونا۔

الرِّیَاعُ : مٹی یا باریک مٹی (۲) شادابی، زرخیزی۔ دیکھئے (ر و غ)

الرِّیغُ : گرد، غبار، مٹی ۔

• رَافَ فُلَانٌ ـِ رَیْفًا : سرسبز زمین پر آنا، کھلی جگہ آنا، دیہات میں آنا ۔

ـــ المَاشِیَۃُ : سرسبز جگہ میں چرنا ۔

أَرْیَفَ فُلَانٌ : رَافَ ۔

ـــ الأَرْضُ : زمین کا شاداب وزرخیز ہونا

أَرَافَتِ الأَرْضُ : سرسبز وشاداب ہونا ۔

رَایَفَ لِلظِّنَّۃِ : گناہ سے قریب ہونا یا ارتکاب کرنا ۔

تَرَیَّفَ فُلَانٌ : رَافَ ۔

الرِّیفُ : سرسبز زمین، زراعتی زمین، کھلی جگہ (۲) دیہات، شہروں اور قصبات کے علاوہ چھوٹی آبادیاں جو کھلے میدانوں میں ہوتی ہیں (۳) کھانے پینے کی وسعت، آسودگی ج: أَرْیَافٌ و رُیُوفٌ ۔

الرِّیفِیُّ : دیہاتی، زراعتی (۲) دیہات کا باشندہ ۔

الرَّیِّفَۃُ : شاداب وزرخیز زمین ۔

• رَاقَ المَاءُ و نَحْوُہُ ـِ رَیْقًا : پانی کا اوپر سے گرنا ۔

ـــ السَّرَابُ : سراب کا چمکنا اور ہلکی ہلکی لہریں مارنا ۔

ـــ فُلَانٌ بِنَفْسِہِ رَیْقًا و رُیُوقًا : بوقت موت کسی کا دم توڑنا ۔

أَرَاقَ المَاءَ و نَحْوَہُ : پانی وغیرہ گرانا، ڈالنا، اوپر سے چھوڑنا ۔

رَیَّقَہُ الشَّرَابَ : بغیر تلچھٹ کسی کو شراب یا شربت پلانا ۔

تَرَیَّقَ الشَّرَابُ : شربت یا شراب کا گرنا، بہنا ۔

ـــ المَاءَ او الطَّعَامَ : نہار منہ کھانا یا پینا

الرَّائِقُ : خالص (۲) جو چیز سد رمق کیلئے کھائی یا پی جائے ۔ کہتے ہیں: أَتَیْتُہُ رَائِقًا : میں اس کے پاس نہار منہ آیا خُبْزٌ رَائِقٌ : روکھی روٹی ۔

الرَّیِّقُ : خُبْزٌ رَیِّقٌ : روکھی روٹی، (۲) صبح کو نہار منہ پیا جانے والا پانی (۳) باطل، غلط کام ۔ کہتے ہیں: أَقْصِرْ عن رَیِّقِکَ : اپنی غلط بات چھوڑ دو (۴) آغاز جوانی ۔

الرِّیقُ : رال، لعاب دہن ج: أَرْیَاقٌ و رِیَاقٌ (۲) طاقت ۔ کہتے ہیں: کَانَ ہٰذَا الأَمْرُ و بِنَا رِیقٌ : یہ کام اس وقت ہوا جب ہم میں طاقت تھی (۳) زندگی کا آخری سانس ۔

جَاءَ عَلَی الرِّیقِ و علی رِیقِ نَفْسِہِ : وہ نہار منہ آیا، کچھ کھائے بغیر آیا

الرِّیقَۃُ : رال، لعاب، ایک دفعہ گری ہوئی رال ۔

الرَّیِّقُ : أَتَیْتُہُ رَیِّقًا : میں اس کے پاس نہار منہ آیا (۲) آغاز جوانی (۳) ہر چیز کا افضل حصہ ۔ دیکھئے (ر و ق)

• رَالَ الصَّبِیُّ ـِ رَیْلًا : بچہ کی رال ٹپکنا ۔

رَیَّلَ الصَّبِیُّ : رَالَ ۔

الرِّیَالُ : لعاب، رال (۲) چاندی کا ڈھلا ہوا سکہ، سعودی عرب اور قطر وغیرہ کا ایک سکہ ج: رِیَالَاتٌ

الرِّیَالَۃُ : لعاب، رال ۔

المِرْیَلَۃُ : بچہ کے گلے میں کپڑوں کو رال سے بچانے کے لئے ڈالا جانے والا تولیہ، رال بند ۔

• رَامَ الجُرْحُ ـِ رَیْمًا و رَیَمَانًا : زخم کا اچھا ہو جانے سے منہ بند ہو جانا ۔

ـــ الحِمْلُ : بوجھ کا جھکنا ۔

ـــ علیہ رَیْمًا : بڑھنا، فوقیت لیجانا، کہتے ہیں : لَہُ رَیْمٌ علی ہٰذَا : اُسے اِس پر فوقیت حاصل ہے ۔

ـــ مَکَانَہُ : اپنی جگہ سے ہٹ جانا ۔

ـــ فُلَانًا و من عندِہِ : کسی کے پاس سے الگ ہو جانا ۔

مَارَامَ مَکَانَہُ و مَارَامَ مِن مَکَانِہِ : وہ اپنی جگہ سے نہیں ہٹا ۔

ما یَرِیمُ یَفْعَلُ کذا : وہ ہمیشہ ایسا کرتا رہا ۔

رِیمَ بِہِ : اسے چھوڑ دیا گیا ۔

رَیَّمَتِ السَّحَابَۃُ : بادل کا مسلسل برسنا

رَیَّمَ فُلَانٌ : سارے دن چلنا ۔

ـــ بالمکانِ : قیام کرنا ۔

ـــ علیہ : اضافہ کرنا، کسی سے بڑھ جانا ۔

الرَّیْمُ : قبر (۲) تاریکی پھیلنے تک دن کا آخری حصہ (۳) درجہ (۴) بہتات (۵) لمبا وقت (۶) چھوٹا پہاڑ ۔

عَلَیْکَ نَہَارٌ رَیْمٌ : تمہارے سامنے لمبا

دن ہے۔
بَقِيَ رَيْمٌ من النَّهار: دن کا بڑا حصہ باقی ہے۔
الرَّيْمُ: خالص سفید رنگ کا ہرن۔
رِيْمُ البِرْكَةِ اوالأُرُزِ: ٹھیرے ہوئے پانی کی سطح پر جمی ہوئی کائی کی دھاریاں یا پانی پر تیرتے ہوئے کائی کے ٹکڑے۔
رِيْمَةٌ: دیگچی کا ابال۔
•رَانَ الثَّوبُ ـِ رَيْنًا: کپڑے کا گندہ ہونا (۲) نقش پڑ جانا۔
ـــ النَّفْسُ: جی متلانا، طبیعت کا بگڑ جانا۔
ـــ الشيءُ فُلَانًا وعليه و به رَيْنًا و رُيُوْنًا: غالب آجانا، ہر طرف سے گھیر لینا، چھا جانا۔
رَانَتْ عليه الخَمْرُ: اس پر شراب کا نشہ چڑھ گیا۔

رَانَ عَلَيهِ النُّعَاسُ: اس پر نیند کا غلبہ ہو گیا۔
رَانَ على قَلْبِهِ الذَّنْبُ: دل پر گناہ چھا جانا اور دل کا معصیت کے ارتکاب میں سخت ہو جانا۔ قرآن پاک میں ہے: "كَلَّا بَلْ رَانَ عَلَى قُلُوبِهِمْ مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ" ان کے دلوں پر ان کی کرتوتوں کا زنگ چڑھ گیا ہے۔ رَانَ عليه المَوْتُ: اس کو موت نے آپکڑا
ـــ به: لے جانا۔
رَانَتْ فَتْرَةٌ من الصَّمْتِ: سکوت طاری ہو گیا۔
رِيْنَ به: مرجانا (۲) غیر معمولی مصیبت میں پھنس جانا جس سے نکلنا دشوار ہو
أَرَانَ الرَّجُلُ: کسی کے مویشی ہلاک یا دبلے ہو جانا۔
الرَّانُ: ڈھکن، دبیز پردہ (۲) صاف و شفاف چیز (مثل آئینہ وغیرہ) پر لگا ہوا زنگ (۳) گندگی (۴) مسلسل گناہوں کا دل پر لگنے والا زنگ، گہرا اثر۔
الرَّيْنُ: الرَّانُ۔
الرَّيْنَةُ: شراب۔
•رَاهَ السَّرَابُ ـِ رَيْهًا: سراب کا لہریں مارنا، چمکنا۔
رَيَّهَتِ الهَاجِرَةُ السَّرَابَ: دوپہر کے وقت کا سراب کو چمکانا۔
تَرَيَّهَ: رَاهَ۔
الرَّيْهُقَانُ: دیکھئے (رھق)
•رَيَّا الرَّايَةَ: جھنڈا بنانا، جھنڈا گاڑنا
الرَّيَّا: دیکھئے (روی)۔
الرَّايَةُ: جھنڈا، پرچم ج: رَايٌ۔
رَايَةُ شَادِنٍ: پتنگ۔
الرَّيُّ: ملک فارس کا ایک شہر رے نسبت کے لئے الرازی استعمال ہوتا ہے۔
عين رَيَّةٌ: بہت پانی والا چشمہ۔
الرِّيُّ: خوش منظر، کہا جاتا ہے: لفلانٍ رِيٌّ حسن۔

باب الزاء

• الزَّايُ: حروف ہجائیہ کا گیارہواں حرف۔

ز ـــــــ أ

•زَأَبَ ـَ زَأْبًا: بے تحاشا پینا۔
ـــ بِحِمْلِه: اپنا بوجھ (سامان وغیرہ) کھینچنا، گھسیٹنا۔
ـــ الإِبِلَ: اونٹوں کو ہانکنا۔
ـــ الشَّيْءَ: کسی چیز کو کولی بھر کر جلدی جلدی لانا۔
•زَأْبَرَ الثَّوْبُ: کپڑے کا روئیں دار ہونا۔
ـــ فُلَانٌ الثَّوبَ: کپڑے کا رُواں نکالنا، روئیں دار بنانا۔
الزِّئْبِرُ: رواں جو کپڑوں پر ابھرتا ہے۔
اَخَذَ الشَّيْءَ بِزِئْبِرِه: کسی چیز کو پورا لے لینا۔
ذَهَبَتِ الأَيَّامُ بِنَضَارَتِه وَ نَفَضَتْ زِئْبِرَهُ: زمانہ نے اس کی تازگی کو ختم کر دیا اور اس کے روئیں کو جھاڑ دیا۔ یعنی وہ پرانا ہوگیا۔
•زَأْبَقَ الشَّيْءَ: پارہ ملنا، پارہ کی قلعی کرنا۔
الزِّئْبَقُ: پارہ، سیماب، ایک رقیق دھات جو سفید اور بھاری ہوتی ہے تھرکتی رہتی ہے۔
الزِّئْبَقِيُّ: پارہ کا، پارہ نما، سیمابی، تیز طرار۔
• زَأَجَ بَيْنَهُم ـَ زَأْجًا: پھوٹ ڈالنا، ایک کو دوسرے کے خلاف بھڑکانا۔
•زَأَدَهُ ـَ زَأْدًا و زُؤْدًا و زُؤُدًا: ڈرانا، گھبرا دینا۔
الزُّؤْدُ و الزُّؤُدُ: ڈر، گھبراہٹ۔
•زَأَرَ الأَسَدُ ـِ زَأْرًا و زَئِيرًا: شیر کا دہاڑنا، گرجنا، گرجدار آواز نکالنا۔
زَأَرَ الفَحْلُ: سانڈ کا چیخنا، دہاڑنا۔ هو زَائِرٌ و هي زَائِرَةٌ۔
زَئِرَ ـَ زَأَرًا: زَأَرَ۔ هو زَئِيرٌ۔
أَزْأَرَ: زَأَرَ۔
تَزَأَّرَ: زَأَرَ۔
الزَّئِرُ: اپنے ساتھی سے مقاطعہ کرنے والا غضبناک آدمی۔
الزَّأْرَةُ: بن، جھاڑی (جس میں شیر رہتا ہے) (۲) باغ (۳) اونٹوں اور بھیڑ بکریوں کا بھاری ریوڑ۔
الزَّئِيرُ: شیر کی چنگھاڑ، دہاڑ (۲) گرجدار آواز۔
•زَأْزَأَ: دوڑنا۔
ـــ الظَّلِيمُ: شتر مرغ کا سر اور دم اٹھا کر تیز دوڑنا۔
ـــ فُلَانًا و نَحْوَهُ: ڈرانا۔
ـــ الشَّيْءَ: ہلانا، جھنجھوڑنا، مضطرب کرنا کہتے ہیں: زَأْزَأَهُ الخَوفُ۔
تَزَأْزَأَ: ہلنا، اِدھر اُدھر ہونا، لڑکھڑانا (۲) پہلو ہلاتے ہوئے چلنا (۳) ڈرنا (۴) آڑ میں ہونا، چھپنا۔
ـــ منه: ڈرنا اور عاجزی کا اظہار کرنا۔
•زَأَفَهُ ـَ زَأْفًا: جلدی کرانا۔
أَزْأَفَ عَلَيْه: کام تمام کر دینا (زخمی یا نیم مردہ کو مار ڈالنا)۔
ـــ فُلَانًا بَطْنُهُ: کسی کو اس کے پیٹ کا اتنا بوجھل کر دینا کہ حرکت کرنا مشکل ہو
الزُّؤَافُ: عجلت (جو دوسرے سے کرائی جائے)
مَوْتٌ زُؤَافٌ: اچانک آنیوالی موت۔
زَأَكَ ـَ زَأْكًا: ناز و نخرے سے چلنا۔
•زَأَمَ ـَ زَأْمًا و زُؤَامًا و زُؤُومًا: اچانک مرجانا (۲) خوب ڈٹ کر کھانا۔
ـــ فُلَانًا زَأْمًا: ڈرانا، سہمانا۔
ـــ البَرْدُ فُلَانًا: سردی کا کسی کو لرزا دینا۔
ـــ لي فُلَانٌ كَلِمَةً: ایسی بات کہنا کہ اچھا برا معلوم نہ ہو سکے۔
زُئِمَ زَأْمًا: گھبرایا جانا، ڈرایا جانا۔ هو مَزْؤُومٌ
زَئِمَ ـَ زَأَمًا: گھبرا جانا، ڈر جانا۔ هو زَئِمٌ و هي زَئِمَةٌ۔
ـــ بِفُلَانٍ: کسی کو زور سے آواز دینا، چلا کر کہنا۔
أَزْأَمَهُ على الأَمْرِ: زبردستی کوئی کام کرانا، کسی کام پر مجبور کرنا۔
ـــ إليه: مجبور کرنا (۲) پناہ دینا۔
ـــ الجُرْحَ بِدَمِه: زخم کو دبا کر خون نکالنا کہ کھال نیچے بیٹھ جائے اور اس پر خون خشک ہو جائے (۲) اچھا ہونے تک زخم پر دوا لگانا۔
الزُّؤَامُ: مَوْتٌ زُؤَامٌ: تیزی سے آنے والی موت، اچانک موت۔
الزِّئْمُ: نسب و حسب (۲) آنکھ۔ کہتے ہیں: طَعَنُوا فِي زِئْمِه: انہوں نے اس کے نسب میں عیب نکالے۔
الزَّأْمَةُ: زوردار آواز، آواز۔ کہتے ہیں: ما سَمِعْتُ لَه زَأْمَةً: میں نے اس کی کوئی آواز نہیں سنی (۲) کھانے پینے میں بے تحاشا پن (۳) ضرورت۔ بقدر حاجت چیز کہتے ہیں: اَخَذَ من الطَّعَامِ زَأْمَتَه: اس نے اپنی ضرورت کے بقدر کھانا لے لیا یا کھا لیا۔

المِزْآم: بہت ڈرپوک ۔

•الزُّؤَان: ایک گھاس جس میں گیہوں کی شکل کا دانہ ہوتا ہے (جو قدرے سیاہ اور بھورا ہوتا ہے) یہ دانہ گیہوں کی عمدگی کو ختم کردیتا ہے ۔

•زَأَی ـ زَأْيًا: مغرور ہونا، تکبر کرنا ۔

أَزْآهُ بِطْنَةٌ: شکم پری کا کسی کو حرکت کے قابل نہ چھوڑنا، پیٹ زیادہ بھر جانا ۔

ز ــــ ب

•ازْبَأَرَّ الشَّعْرُ: بالوں کا کھڑا ہونا، منتشر ہونا ۔

ـــ النَّبَاتُ و الوَبَرُ: گھاس یا اون (بال وغیرہ) کا اگنا ۔

ـــ الرَّجُلُ: لڑائی یا فساد کے لئے آمادہ ہوجانا ۔

•زَبَّ القِرْبَةَ ـ زَبًّا: مشک بھرنا ۔

ـــ الحِمْلَ: وزن اٹھانا ۔

زَبَّ ـ زَبَبًا: بہت بالوں والا ہونا، بہت روئیں یا اون والا ہونا ۔ ھو أَزَبُّ و ھی زَبَّاءُ ۔

ـــ الشَّمْسُ: سورج کا ڈوبنے کے قریب ہونا ۔

أَزَبَّتِ الشَّمْسُ: قریب الغروب ہونا ۔

أَزَبَّ العِنَبُ: انگور کا خشک ہوجانا، منقّی بن جانا ۔

ـــ العِنَبَ: انگور کو خشک کرکے منقّی بنانا ۔

زَبَّبَ العِنَبُ: منقّی بن جانا ۔

ـــ الشَّمْسُ: ڈوبنے کے قریب ہونا ۔

ـــ شِدْقَا فُلَانٍ: دونوں باچھوں (گوشہ ہائے لب) میں لعاب جمع ہوجانا، منہ سے جھاگ نکلنا ۔ کہتے ہیں: تَكَلَّمَ حَتّٰی زَبَّبَ شِدْقَاهُ: وہ اتنا بولا کہ منہ سے جھاگ نکلنے لگے ۔ زَبَّبَ فَمُ فُلَانٍ بھی کہتے ہیں ۔

تَزَبَّبَ: مطاوع زَبَّبَهٗ ۔

تَزَبَّبَ العِنَبُ: منقّی بن جانا، کشمش بننا، انگور خشک ہونا ۔ کہاوت ہے: تَزَبَّبَ قَبْلَ أَنْ يَتَحَصْرَمَ: وہ پکنے سے پہلے ہی منقّی بن گیا یعنی کسی صلاحیت کے پیدا کرنے سے پہلے ہی دعویٰ کردیا

ـــ فُلَانٌ: بولتے وقت منہ سے جھاگ نکلنا (۲) غصہ سے بھر جانا ۔

الأَزَبُّ: عَامٌ أَزَبُّ: شادابی اور ہریالی کا سال ۔

الزَّبَابَةُ: شمالی یورپ میں پیدا ہونیوالا ایک چوہے جیسا جانور، بہرا چوہا جو چوری میں ضرب المثل ہے ۔

الزَّبَبُ: رُوآں، چھوٹے پر (۲) انسان کے لمبے اور گھنے بال (۳) اونٹ کے چہرہ کے بالوں کی زیادتی ۔

الزَّبِيبُ: خشک انگور، منقّی (۲) پانی کا جھاگ (۳) سانپ کے منہ کا زہر (۴) انگور کی شراب ۔

الزَّبِيبُ النَّبَاتِيُّ: کشمش ۔

الزَّبِيبَةُ: کشمش کا دانہ (۲) ہاتھ کا زخم، ہاتھ کی پھنسی (۳) آدمی کے گوشۂ لب سے نکلنے والا جھاگ (۴) سانپ اور کتے کی آنکھ کے اوپر کا سیاہ نقطہ ۔ حدیث میں ہے: "يَجِيءُ كَنْزُ أَحَدِهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شجاعا أَقْرَعَ لَهُ زَبِيبَتَانِ" ان میں سے کسی کا خزانہ قیامت کے دن اس اقرع سانپ کی شکل میں آئے گا جس کی آنکھوں پر دو سیاہ نقطے ہوتے ہیں ۔

الزَّبِيبِيُّ: منقی یا شراب انگور بیچنے والا ۔

•زَبَدَهُ ـ زَبْدًا: مکھن کھلانا ۔

ـــ السِّقَاءَ: مشکیزہ کے دودھ کو بلوکر مکھن نکالنا ۔

ـــ الطَّعَامَ ـ زَبْدًا: کھانے میں مکھن ملانا ۔ ھو مَزْبُودٌ ۔

أَزْبَدَ: جھاگ لانا، جھاگ نکالنا ۔ أَزْبَدَ البَحْرُ و أَزْبَدَ فَمُ البَعِيرِ الهادر

ـــ الرَّجُلُ: غصہ آنا، غصہ سے جھاگ آنا، پیچ و تاب کھانا ۔

أَرْغَى فُلَانٌ و أَزْبَدَ: طیش میں آکر دھمکیاں دینا، برسنا ۔

ـــ فُلَانٌ: کسی کے منہ سے بہت جھاگ آنا ۔

ـــ الشَّيْءُ: بہت سفید ہونا ۔ أَبْيَضُ مُزْبِدٌ: بہت سفید ۔

زَبَّدَ: جھاگ نکالنا، جیسے زَبَّدَ شِدْقَهُ: اس نے منہ سے جھاگ نکالا ۔

ـــ اللَّبَنُ: دودھ پر جھاگ آنا ۔

ـــ اللَّبَنَ: دودھ کا مکھن نکالنا ۔

تَزَبَّدَ: جھاگ آنا، جھاگ نکالنا ۔ جیسے: تَزَبَّدَ شِدْقُهُ ۔

ـــ الشَّيْءَ: کسی چیز کا مکھن یعنی خالص جز لے لینا ۔

الزَّبَّادُ: بلی کے برابر ایک جانور جس کے اندر خوشبو کی ایک تھیلی ہوتی ہے، اس میں سے وہ خوشبودار مادہ نکال کر بطور خوشبو استعمال کیا جاتا ہے ۔ اسے بھی زباد کہتے ہیں۔

الزُّبَّادُ: مکھن ۔ کہاوت ہے: اخْتَلَطَ الخَاثِرُ بالزُّبَّاد: گاڑھا دودھ مکھن میں مل گیا ۔ چند امور کے گڈمڈ ہونے کے بارہ میں کہا جاتا ہے ۔

زُبَّادُ اللَّبَنِ: بے فائدہ چیز ۔ کہتے ہیں: اخْتَلَطَ الخَاثِرُ بالزُّبَّادِ ۔ یعنی اچھی چیز ردی میں مل گئی ۔

الزَّبْدُ: عطیہ، ہدیہ ۔ حدیث میں ہے: "إِنَّا لَا نَقْبَلُ زَبْدَ المُشْرِكِينَ ۔

الزُّبْدُ: مکھن، کریم ۔

الزُّبْدَةُ: مکھن، مکھن کا ایک ٹکڑا ۔

زُبْدَةُ الشَّيْءِ: خلاصہ، جوہر، ماحصل،

بہترین حصہ۔
الزُّبْدُ: ہر چیز کا جھاگ۔ کہاوت ہے: وقد صَرَّحَ المَحْضُ عن الزُّبَدِ: حقیقت منکشف ہوگئی (۲) میل کچیل
ج: أزْباد۔
الزُّبْدِیَّۃُ: دہی جمانے کا مٹی کا پیالہ ج: زَبَادِیّ۔
لَبَنٌ الزَّبادِی: چھاچھ، کھٹا دودھ، مکھن نکلا دودھ۔
الزِّبْدِیَّۃ: امریکہ میں پیدا ہونے والا ایک پھل۔
المِزْبَدُ: مکھن نکالنے کی مشین ج: مَزَابِد۔
المُزْبِدُ: جھاگ دار، جھاگ پھینکنے والا۔
البَحْرُ المُزْبِدُ: متلاطم سمندر۔
الرَّجُلُ المُزْبِدُ: غصہ سے جھاگ اڑانے والا، بپھرا ہوا
المُزْدَبِد: مکھن دار۔
•زَبَرَہٗ بالحِجارَۃِ ـُـ زَبْرًا: پتھر مارنا۔
ـــ البِناءَ: عمارت پر عمارت بنانا، ردّے پر ردّا رکھنا۔
ـــ البِئرَ: کنویں کو پتھروں سے بنانا، پختہ کرنا۔
ـــ الکِتابَ: کتاب لکھنا یا بہتر طور پر لکھنا فالکتابُ مَزْبُورٌ و زَبُورٌ۔
ـــ فُلانًا عن الأمرِ: روکنا۔
ـــ السّائِلَ: سائل کو جھڑکنا۔
زَبُرَ ـُـ زَبَارَۃً: بھاری بدن ہونا۔ ھو زَبِیرٌ و ھی زبیرۃ۔
أزْبَرَ: ڈیل ڈول کا ہونا (۲) بہادر ہونا۔
ـــ الکَبْشَ: مینڈھے کو موٹا کرنا۔
زَبَّرَ الکِتابَ: کتاب لکھنا۔
الزَّبْرُ: مضبوط و توانا (۲) پتھر (۳) رائے اور عقل۔ ما لہ زَبْرٌ: اسے عقل نہیں۔
الزِّبْرُ: کتاب، لکھی ہوئی چیز، تحریر ج: زُبُورٌ۔
الزُّبْرَۃُ: کندھا (۲) شیر وغیرہ کے مونڈھوں اور کہنیوں کے درمیان بالوں کا گچھا، ایال (گردن کے بال) (۳) لوہے کا بڑا ٹکڑا۔ قرآن پاک میں ہے: "آتُونِی زُبَرَ الحَدِیدِ" (۴) سندان (اہرن جس پر لوہار لوہا رکھ کر کوٹتا ہے)
ج: زُبُرٌ و زُبَرٌ۔
الزَّبُورُ: لکھی ہوئی کتاب۔ حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل شدہ صحیفے (۲) فرشتہ (۳) گروہ ج: زُبُرٌ۔
الأزْبَرُ: بڑے اور چوڑے کندھوں والا (۲) ایذا رساں (۳) شیر م: زبراء۔
التَّزْبِرَۃُ: تحریر۔
أرضٌ مَزْبَرَۃ: بہت بھڑوں والی زمین
المِزْبَرُ: قلم ج: مَزَابِر۔
•زَبْرَجَہٗ: سجانا، آراستہ کرنا۔
الزِّبْرِجُ: گل کاری، مینا کاری، آراستگی، زیور (۲) سونا (۳) پتلا بادل جس میں سرخی کی جھلک ہو ج: زَبَارِج۔
الزَّبَرْجَدُ: زمرد کے مشابہ ایک قیمتی پتھر۔ یہ متعدد رنگوں کا ہوتا ہے۔ جن میں مشہور ہے مصری ہرے رنگ کا اور قبرص کا زرد رنگ والا۔
•زَبْرَقَ الثَّوْبَ: زرد یا سرخ رنگ سے رنگنا۔
الزِّبْرِقان: چودھویں رات کا چاند (۲) ہلکی ڈاڑھی والا (۳) کسی چیز کی چمک ج: زَبَارِیق۔
•زَبْزَبَ: غضبناک ہونا (۲) لڑائی میں شکست کھانا۔
الزَّبْزَبُ: بلی کی شکل کا ایک جانور (۲) کشتی
ج: زَبَازِب۔
•زَبَطَتِ البَطَّۃُ ـِـ زَبْطًا و زَبِیطًا: مرغابی کا بولنا، آواز نکالنا۔
الزُّبَاطَۃُ: مرغابی۔
•تَزَبَّعَ: بدمزاج ہونا (۲) غصہ میں بھر جانا۔
الزَّبِیع: غصیلا۔
الزَّوْبَعُ: حقیر، پست قامت۔
الزَّوْبَعَۃُ: بگولا، ہوا کا جھکڑ، آندھی، طوفان ہوا (۲) سمندری طوفان۔
الزَّوَابِعُ: آفات و مصائب۔
الزِّبَعْرَی: بد اخلاق (۲) بھاری بھرکم (۳) جس کے چہرہ پر بھوں اور مونچھوں کے بال زیادہ ہوں۔ ھی زِبَعْرَاۃ۔
الزَّبَعْرُ: ایک خوشبودار درخت۔
الزِّبَعْرِیُّ: بدخلق (۲) مادہ مگرمچھ۔
•زَبَقَ شَعْرَہٗ ـِـ زَبْقًا: بال چونٹنا۔
ـــ الشیءَ: توڑنا۔
ـــ فُلانًا فی الشیءِ: کسی چیز میں پھنسانا، ڈالنا (۲) قید کرنا، تنگی میں ڈالنا، پریشانی میں مبتلا کرنا۔
ـــ المرأۃُ بولدِھا: عورت کا بچہ کو پھینک دینا۔
ـــ الشیءَ بغیرہ: ایک شے کو دوسری میں ملانا، مخلوط کرنا۔ ھو مَزْبُوقٌ و زَبِیقٌ۔
انْزَبَقَ: پھنسنا، داخل ہونا جیسے انْزَبَقَ فی الحِبالَۃ: وہ پھندے میں پھنس گیا۔
ـــ فی البَیْتِ: گھر میں چھپ کر بیٹھ جانا۔
الزَّابُوقَۃُ: زابوقَۃُ البیتِ: گھر کا گوشہ، کونا۔
•زَبَلَ الزَّرْعَ ـُـ زَبْلًا: کھیتی میں کھاد ڈالنا (گوبر وغیرہ ڈالنا) زَبَلَ الأرضَ بھی کہتے ہیں۔
الزُّبَالُ: وہ ذرہ جو چیونٹی اپنے منہ میں اٹھاتی ہے۔ مراد معمولی اور بہت تھوڑی چیز۔ کہتے ہیں: ما اصابَ منہ زُبالًا: اسے اس سے کچھ نہیں ملا۔
الزُّبالَۃُ: معمولی چیز۔ ما فی الإناءِ زُبَالَۃٌ: برتن میں کچھ نہیں ہے (۲)

کوڑا جھاڑن۔
صُنْدُوْقُ الزُّبَالَة: کوڑے دان۔
عَرَبَةُ الزُّبَالَة: کوڑا ڈھونے کی گاڑی
مِجْرَفَةُ الزُّبَالَة: کوڑا اکٹھا کرنے کا پنجہ یا بیلچہ۔
الزَّبَّالُ: غلاظت اور کوڑا کرکٹ اٹھانے والا، صفائی کرنے والا، بھنگی۔
الزِّبْلُ: گوبر، لید وغیرہ، کھاد۔
الزَّبِيْلُ: الزِّبْلُ (۲) کنڈی، دو دستوں کی ٹوکری۔ زُبُلٌ و زُبْلانٌ۔
الزِّنْبِيْلُ: دستہ والی کنڈی، زنبیل، پتوں کا بنا ہوا تھیلا ج: زَنَابِيْلُ۔
المَزْبَلَةُ: کوڑی، وہ جگہ جہاں غلاظت اور کوڑا ڈالا جائے، کوڑا خانہ ج: مَزَابِلُ۔
•زَبَنَهُ و به ـِ زَبْنًا: دھکیلنا، پھینکنا، ہٹانا۔ کہتے ہیں: زَبَنَت النَّاقَةُ وَلَدَهَا وحالبَها عن ضَرْعِها: اونٹنی کا اپنے بچہ اور دودھ نکالنے والے کو لات مار کر تھن سے ہٹا دینا۔ هي زَبُوْنٌ۔
الحَرْبُ تَزْبِنُ النَّاسَ: جنگ لوگوں کو ٹکراتی ہے۔ هي زَبُوْنٌ۔
ـــ فُلانًا عن الشَّيْءِ: ہٹانا، روکنا۔
ـــ عنه الشَّيْءَ: کسی سے کسی چیز کو دفع کرنا، الگ کرنا۔
زَابَنَهُ: کسی کو دھکے دینا، مزاحمت کرنا (۲) معلوم المقدار شے کے بدلہ ایسی چیز فروخت کرنا جس کی مقدار ناپ تعداد یا وزن کے ذریعہ متعین نہ ہو۔ حدیث میں ہے: "نَهَى عن المُزَابَنَة و رَخَّصَ في العرايا"
تَزَابَنُوا: دھکم دھکا ہونا، ایک دوسرے کو ہٹانا، دھکیلنا۔
تَزَبَّنَهُ: غالب آنا۔
استَزْبَنَهُ: غالب آنا۔
زُبَانَى العَقْرَب: بچھو کا سینگ (وہ دو ہوتے ہیں) زُبَانَيَان۔ (۲) ڈنک۔

الزُّبَانَيَانِ: میزان کے دو ستارے جو چاند کی منزلوں میں سے سولھویں منزل ہے۔
الزَّبَانِيَةُ: اصل میں سپاہیوں کو کہتے ہیں (۲) مخصوص فرشتے جو دوزخیوں کو آگ میں دھکیلیں گے۔ قرآن پاک میں ہے: "فَلْيَدْعُ نَادِيَهُ، سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ"
الزُّبُّوْنَةُ: گردن۔ رَجُلٌ فيه زَبُّوْنَةٌ: اس آدمی میں بڑائی ہے۔ هو ذُو زُبُّوْنَةٍ: وہ اپنا پہلو بچاتا ہے۔
الزَّبْنُ: بَيْتٌ زَبْنٌ: گھروں سے الگ تھلگ مکان۔ مَقَامٌ زَبْنٌ: تنگ جگہ۔
الزِّبْنُ: حاجت، ضرورت۔ أَخَذَ زِبْنَهُ من المالِ او الطَّعامِ: اس نے کھانے یا مال میں سے اپنی ضرورت کے بقدر لے لیا۔
الزِّبَنُ: گوشہ، کونہ۔
الزَّبِنُ: زور سے دھکیلنے والا۔
الزَّبُوْنُ: خریدار، گاہک، آسامی ج: زَبَائِن۔
المُزَابَنَة: معلوم المقدار چیز کو اٹکل و اندازہ والی چیز کے بدلہ فروخت کرنا۔
•زَبَاهُ ـِ زَبْيًا: اٹھانا، ہانکنا، ہانکتے ہوئے لے جانا (۲) تہمت لگانا۔
ـــ له: پھندا لگانا۔
أَزْبَاهُ: زَبَاهُ۔
•زَبَّى اللَّحْمَ وغيرَهُ: گوشت وغیرہ کو سکائی کے لئے خاص گڑھے میں ڈالنا شکار کے گڑھے میں گوشت وغیرہ ڈالنا۔
ـــ الزُّبْيَةَ: گوشت بھوننے یا شکار کرنے کے لئے گڑھا بنانا، کھودنا۔
ـــ فُلانًا بالشَّرِّ: مصیبت میں ڈالنا۔
تَزَبَّى: تکبر کرنا، مغرور ہونا۔
ـــ الزُّبْيَةَ: گڑھا کھودنا یا بنانا۔

الزُّبْيَةُ: اونچی جگہ جہاں پانی نہ چڑھ سکے، عمارت کا بلند پشتہ۔ کہاوت ہے: بَلَغَ السَّيْلُ الزُّبَى: پانی سر سے اونچا ہوگیا۔ معاملہ سنگین ہوگیا، حد سے بڑھ گیا (۲) چھوٹا گڑھا یا تنور جس میں گوشت بھونا جاتا ہے اور روٹی پکائی جاتی ہے (۳) بلند جگہ پر کھودا ہوا شکار کرنے کا گڑھا جس کا اوپر سے منھ بند کر دیا جائے جب شکار اس پر سے گزرے تو گڑھے میں گر جائے ج: زُبًى۔
الأُزْبِيُّ: سرعت، نشاط، بڑائی، بڑا معاملہ ج: أَزَابِيُّ۔

ز ـــ ت

•زَتَّ المَرْأَةَ و العَرُوْسَ ـُ زَتًّا: عورت یا دولہن کو سجانا، آراستہ کرنا۔
تَزَتَّتَتْ: آراستہ ہونا، بناؤ سنگار کرنا۔
تَزَتَّتَ فُلانٌ لِلسَّفَرِ: سفر کے لئے تیار ہونا۔
الزَّتَّةُ: شب زفاف میں دولہن کی آراستگی
أَخَذَ زَتَّتَهُ للسَّفَرِ: اس نے سفر کے لئے سامان لیا۔

ز ـــ ج

•زَجَّ الظَّلِيْمُ ـُ زَجًّا: شتر مرغ کا دوڑنا۔
ـــ فُلانًا بالزُّجِّ و الرُّمْحِ: نیزہ مارنا، نیزہ کے پچھلے سرے کے لوہے سے مارنا۔
ـــ الرُّمْحَ: نیزہ کے نیچے کے حصہ میں لوہا لگانا
ـــ بالشَّيْءِ من يدِه: ہاتھ سے کوئی چیز پھینک دینا۔ کہتے ہیں: هذا وَادٍ يَزُجُّ النَّبَاتَ و بالنَّباتِ: یہ وادی نباتات کو خوب اگاتی ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ ان نباتات کو پھینک رہی ہے۔
زَجَّ الحاجِبُ ـَ زَجَجًا: ابرو کا لمبائی میں پتلا اور مڑا ہوا ہونا۔
ـــ الرَّجُلُ و الظَّلِيْمُ: آدمی یا شتر مرغ کی ٹانگوں کا لمبا اور فاصلہ دار ہونا۔ هو

اَزَجُّ ھی زَجَّاءُ ج : زُجٌّ ۔
زَجَّهٗ و بہ فی السِّجن : قید کرنا، جیل میں ڈالنا۔
أَزَجَّ الرُّمحَ : نیزہ یا بلم کے نیچے لوہا لگانا۔
زَجَّجَ الرُّمحَ : اَزَجَّهٗ ۔
ـــ المَرأۃُ حَاجِبَیْهَا : عورت کا ابروں کو لمبا اور باریک کرنا ۔
ازدَجَّ الحَاجِبُ : ابرو کا باریک خم دار و لمبا ہونا ۔
الزُّجَاجُ : کانچ ، شیشہ ، گلاس ، آبگینہ ۔
الزُّجَاجَةُ : کانچ کا ٹکڑا (۲) بوتل یا شیشی (۳) لیمپ ، قندیل ، شیشہ ، شیشہ کا برتن قرآن پاک میں ہے : "مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ، الْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَةٍ"
زُجَاجَةُ ساعة : علم کیمیا میں گول گہرا شیشہ کا پیمانہ جس سے کیمیاوی اجزا کا وزن کیا جاتا ہے یا وہ برتن جس میں کیمیاوی اشیا رکھی جاتی ہیں ۔
الزِّجَاجَةُ : کانچ اور شیشہ کی صنعت ، شیشہ گری ، شیشے کا کام کرنے کا پیشہ ۔
الزُّجَاجِیُّ : شیشہ کا ، کانچ کا (۲) شیشہ یا شیشے کے برتن بیچنے والا ۔
اَوَانٍ زُجَاجِیَّةٌ : شیشہ کے برتن ۔
الزَّجَّاجُ : شیشہ گر ، شیشہ بنانے والا (۲) شیشہ بیچنے والا ۔
الزُّجُّ : نیزے کے نچلے حصہ کا لوہا (۲) کوہنی کا سرا (۳) تیر کا پھلکا ج : زِجَاجٌ و اَزْجَاجٌ و زِجَجَةٌ ۔ زُجُّ الشَّرِیْطِ : ٹیگ ، فیتے کے سرے پر لگا ہوا باریک لوہا جس کے ذریعہ کاغذ نتھی کیا جاتا ہے ۔
زُجُّ العَصَا : لاٹھی کا نچلا لوہا ۔
المِزَجُّ : چھوٹا نیزہ جس کے نچلے حصہ میں لوہا لگا ہوتا ہے (۲) برچھی (۳) وہ چیز جس کے ذریعہ ابرو کو لمبا اور باریک کیا جائے ۔

المِزَجَّةُ : برچھی (۲) وہ چیز جس سے ابرو کو لمبا اور باریک کیا جائے ۔
• زَجَرَ الکَلبَ وَغَیرَهٗ و زَجَرَ بہ ـُ زَجْرًا : ڈانٹ کر بھگانا ، دھتکارنا ، ڈانٹنا
ـــ فُلَانًا عن کذا : روکنا ، جھڑکنا ، دھمکانا
ـــ الشَّیءَ : حرکت میں لانا ۔
ـــ الرِّیحُ السَّحَابَ : ہوا کا بادلوں کو اِدھر سے اُدھر لے جانا ، متحرک کرنا ۔
ـــ البَعِیرَ : اونٹ کو دوڑانا ۔
ـــ الطَّیرَ : پرندہ کو نیک شگون یا برا شگون لینے کے لئے ہنکانا ، اڑانا (اگر وہ سیدھی جانب اڑتا تو اس کو نیک فال سمجھتے اگر الٹی جانب اڑتا تو اس سے بری فال لیتے تھے ۔
انْزَجَرَ : رکنا ، باز آنا ، دھمکی میں آجانا ۔
ـــ لہ : فرماں بردار ہونا ۔
تَزَاجَرُوا عن المنکر : برائی سے ایک دوسرے کو روکنا ، باز رکھنا ۔
ازْدَجَرَ : رکنا ، دھمکی میں آجانا ۔
ـــ فُلَانًا : ڈانٹنا ، دھمکانا ، جھڑکنا ، دھمکا کر روکنا ۔
الزَّاجِرُ : دھمکانے والا (۲) ضمیر (۳) دھمکی ، جھڑکی ج : زَوَاجِرُ ۔
الزَّجْرَةُ : زجر سے مصدر مرۃ ۔ ایک ڈانٹ ، ایک دھمکی یا جھڑکی ۔ قرآن پاک میں ہے : " فَاِنَّمَا هِیَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ " ۔
الزِّجْرُ : دھمکی ، جھڑکی ، ڈانٹ ۔
المَزْجَرُ : دھمکانے یا جھڑکنے کی حیثیت (یعنی جس کو دھمکایا یا جھڑکا جائے اس کو کوئی حیثیت دینا ۔ کہتے ہیں : تَرَکْتُهٗ بِمَزْجَرِ الکَلْبِ : میں نے اسے اس پوزیشن میں جھڑکا جس طرح کتے کو جھڑکتے ہیں ۔
المَزْجَرَةُ : ذریعہ رکاوٹ ، بھگانے اور دھتکارنے کا ذریعہ جیسے ذِکْرُاللّٰہِ مَزْجَرَةٌ لِلشَّیْطَانِ : اللہ کا ذکر شیطان کو بھگانے

کا ذریعہ ہے ۔
• زَجَلَهٗ و زَجَلَ بہ ـُ زَجْلًا : اٹھا کر پھینکنا ۔
ـــ فُلَانًا بالرُّمح : نیزہ مارنا ، تیر مارنا ۔
ـــ الحَمَامَ و بہ : کبوتر وغیرہ کو دور بھیجنا ۔
زَجِلَ ـَ زَجَلًا : کھیلنا (۲) شور و غل مچانا (۳) خوشی سے جھومنا ۔ ھو زَجِلٌ و زَاجِلٌ و ھی زَجِلَةٌ ۔
زَاجَلَ النَّعَامُ و غَیرُهٗ : شتر مرغ وغیرہ کا انڈے سینے کے دوران انڈوں کو الٹ پلٹ کرنا ۔
الزَّاجِلُ : تیر انداز (۲) فوج کا کمانڈر ج : زَوَاجِلُ
حَمَامُ الزَّاجِلُ : نامہ بر کبوتر ۔
الزَّجَّالُ : تیر انداز ج : زَجَّالَةٌ (۲) عوامی قسم کا شاعر ۔
الزَّجَلُ : ایسا شعر جس میں عوامی زبان کا غلبہ ہو
سَحَابٌ ذُو زَجَلٍ : گرج دار بادل ج : اَزْجَال ۔
الزَّجِلُ : نَبَاتٌ زَجِلٌ : وہ پودا یا گھاس جس میں ہوا گونجتی ہو ، سرسراہٹ کرنے والا غَیث و سَحَابٌ زَجِلٌ : گرج دار بادل یا بارش ۔
الزَّجْلَةُ : لوگوں کی آواز ، شور ۔
الزُّجْلَةُ : کسی شے کا ٹکڑا (۲) لوگوں کا گروہ (۳) حالت (۴) دونوں آنکھوں کے درمیان کی کھال ج : زُجَلٌ ۔
المِزْجَالُ : برچھی ، چھوٹا تیر ۔
المِزْجَلُ : چھوٹا نیزہ (۲) کوہان ۔
المَزْجَلُ : نامہ بر کبوتر کی روانگی کا مقام ۔
• زَجَمَ ـِ زَجْمًا : زبان پر لفظ لانا (۲) آہستہ بات کرنا ۔ کہتے ہیں : سَکَتَ فَمَا زَجَمَ بِحَرْفٍ : وہ خاموش رہا ایک لفظ زبان سے نہیں نکالا ۔
الزَّجْمُ : کان میں پڑا ہوا آہستہ بات کا ایک حصہ ۔
الزَّجْمَةُ : آہستہ بات ، لفظ ۔ کہتے ہیں : لم اَسْمَعْ

له زَجْمَةٌ، وماتكلّم بِزَجْمَةٍ و
ما عَصَيْتُه زَجْمَةً: میں نے اس
کے لفظ کی بھی مخالفت نہیں کی (۲) پیدائش
کے وقت بچے کے ساتھ نکلنے والی آلائش

•زَجَا الشئُ ـُ زَجْوًا و زُجُوًّا و
زَجَاءً: آسان ہونا، حاصل ہو جانا
(۲) درست ہو جانا (۳) چالو اور رائج
ہونا۔
ـــ فُلانٌ: کسی کی ہنسی کا بند ہو جانا۔
ـــ فُلانٌ فی الأمرِ زَجاءً: کسی معاملہ
کی گہرائی تک پہنچا ہوا ہونا۔ کہتے ہیں:
هو أَزْجَى بهذا الأمرِ منهُ: وہ
اس معاملہ میں اس سے زیادہ بصیرت
رکھتا ہے۔
ـــ الشئَ زَجْوًا: ہٹانا، لے جانا (۲) نرمی
سے ہانکنا، لے جانا۔
أَزْجَى الشئَ: چلانا، گزارنا، ہانکنا۔ کہتے
ہیں: أَزْجَيْتُ أيَّامِی: میں نے معمولی
خوراک پر وقت گزاری کی۔
ـــ الشئَ: رواج دینا، چالو کرنا (۲) پیچھے
کرنا، مؤخر کرنا (۳) ہانکنا، چلانا۔
ـــ التحيّةَ: سلامی دینا۔
ـــ الشُّكرَ: شکریہ ادا کرنا۔
زَجَّى الشئَ: زَجاهُ۔ زَجَّيْتُ أيّامی:
أَزْجَيْتُ ايامی۔
ـــ الحَاجَةَ: ضرورت کو آسان بنانا،
قریب التکمیل کرنا۔
تَزَجَّى بكذا: اکتفا کرنا، بس کرنا۔
المِزْجَاءُ۔ کہتے ہیں: مِزْجَاءٌ لِلمَطِيِّ:
وہ اونٹوں یا سواری کے جانوروں کو بہت نرمی سے
ہانکتا ہے۔
المُزْجَى: معمولی چیز، تھوڑی چیز۔ قرآن پاک میں
ہے: "وجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُزْجَاةٍ"
المُزَجَّى: کمزور۔

ز ــــــــ ح

•زَحَبَ إليه ـَ زَحْبًا: قریب ہونا۔
•زَحَّهُ ـُ زَحًّا: کسی چیز کو اس کی جگہ سے
ہٹانا۔
•زَحَرَ ـِ زَحِيرًا و زُحَارًا و زُحَارَةً:
محنت یا تکلیف کی وجہ سے آہ بھری آواز
نکالنا۔
ـــ البَخِيلُ: بخیل پر کسی کے سوال کا
شاق گزرنا اور اسے بہت زیادہ سمجھنا
ـــ فلانًا بالرُّمحِ: سر پر نیزہ مارنا۔
ـــ المَرْأةُ بولدها: بچہ جننا۔
زُحِرَ: پیچش کی بیماری ہونا۔ المَرِيضُ
مَزْحُورٌ۔
زَاحَرَهُ: دشمنی رکھنا۔
زَحَّرَ: کام یا تکلیف کی وجہ سے آہ بھرنا۔
تَزَحَّرَ: زَحَرَ۔ تَزَحَّرَتْ عـن
الولد: بچہ جننا۔ هو يَتَزَحَّرُ
بمالِه شُحًّا: بخل کی وجہ سے اپنے
مال پر آہ بھرنا، کسی کو دیتے ہوئے
تکلیف محسوس کرنا۔
الزُّحَارُ: پیچش۔
الزَّحَّارُ: بخیل جو کسی کے مانگنے پر آہ
بھرتا ہو۔
الزُّحَرُ: الزَّحَّارُ۔
الزَّحْرَةُ: مصدر مرّة، درد ولادت۔
الزَحِيرُ: پیچش۔
•زَحْزَحَه عن مكانه: ہٹانا،
دور کرنا۔
تَـزَحْـزَحَ: الگ ہٹنا، دور ہونا، سرکنا
کہتے ہیں: دَخَلْتُ على فُلانٍ
فتزحزحَ لی عن مجلسه:
میں فلاں کے پاس گیا تو وہ اپنی جگہ
سے (میرے لئے) سرک گئے یعنی
الگ ہو کر مجھے اپنی جگہ دے دی۔

الزَّحْزَاحُ: دور، الگ۔
الزَّحْزَحُ: دوری۔
•زَحَفَ الصَّبِیُّ ـَ زَحْفًا و زُحُوفًا
و زَحَفَانًا: بچہ کا زمین پر گھسٹنا، کولہوں
کے بل سرکنا، رینگنا (بیٹھ کے بل
چلنا)، آہستہ آہستہ چلنا۔
زَحَفَ إليه: کسی کی طرف پیش قدمی کرنا،
جانا جیسے زَحَفَ العَسْكَرُ إلى
العَدُوِّ: لشکر کا دشمن کی طرف اپنی
کثرت یا سامان کے بوجھ کے باعث
دھیرے دھیرے بڑھنا۔
ـــ الدَّبِیُّ: آگے کی طرف بڑھنا۔
ـــ البَعِيرُ وغيرُهُ: تھکنا۔
ـــ الشئَ: ہموار کرنا (۲) کھینچنا، دھیرے
دھیرے کھینچنا۔
أَزْحَفَ: تھک کر چور ہو جانا۔
ـــ القَومُ: لوگوں کا لشکر بن جانا، بہت
بڑی تعداد میں ہو جانا۔
ـــ السَّفَرُ فُلانًا: تھکا دینا۔
ـــ الرِّيحُ الشَّجَرَ: ہوا کا درخت کو
آہستہ آہستہ ہلانا۔
زَاحَفَهُ زِحَافًا و مُزَاحَفَةً: کسی کے
قریب ہونا۔
زَحَّفَ الشئَ: آہستہ آہستہ کھینچنا۔
ـــ الأرضَ: زمین کو مشین کے ذریعہ
کاشت کے لئے تیار کرنا۔
تَزَاحَفُوا فی القِتالِ: لڑائی میں ایک
دوسرے کے قریب آنا۔
تَزَحَّفَ إليه: کسی کے پاس سرک کر
یا آہستہ آہستہ پہنچنا، بڑھنا۔
الزِّحَافُ: علم عروض میں اس تغیر کو کہتے
ہیں جو دوسرے سبب خفیف یا سبب
ثقیل میں ہوتا ہے۔
الزَّحَّافُ: رینگنے والا، پیٹ کے بل چلنے والا
جیسے سانپ وغیرہ (۲) بہت پیش قدمی

کرنے والا یا چلنے والا۔
الزَّحَّافَاتُ: رینگنے والے جانور۔
الزَّحَّافَةُ: زمین ہموار کرنے کی مشین (لکڑی یا لوہے کی)
الزَّحْفُ: لشکر جرار (تسمیة بالمصدر)
ج: زُحُوفٌ (۲) پیش قدمی، مارچ۔
زَحْفٌ علی السُّلْطة: اقتدار کیلئے دوڑ دھوپ۔
الزَّحفةُ: رَجُلٌ زُحَفَةٌ: (ملکوں میں سیاحت کے بجائے) آس پاس کا سفر کرنے والا۔
الزَّحُوفُ: تھکا دینے والا (مذکر و مؤنث کے لئے) ج: زُحُفٌ۔
الزَّوَاحِفُ: رینگنے والے جانور جیسے سانپ وغیرہ۔
المَزْحَفُ: گھسٹنے کی جگہ، پیش قدمی کا میدان ج: مَزَاحِف۔ مَزَاحِفُ الحَيَّاتِ: سانپوں کے رینگنے کی جگہ۔
مَزَاحِفُ السَّحَابِ: بادل کی بوندیں گرنے کی جگہ، بادل کے برسنے کی جگہ۔
المِزْحَافُ: بہت تھکنے والا۔ بَعِيرٌ مِزْحَافٌ: تھکنے کا عادی اونٹ۔
•زَحَكَ بالمكان ــ زَحْكًا: قیام کرنا۔
ـــ منه: قریب ہونا۔
ـــ عنه: دور ہونا۔
ـــ البَعِيرُ: اونٹ کا تھکنا۔
أَزْحَكَ الرَّجُلُ: تھکی ہوئی سواری والا ہونا۔
•زَحَلَ عن مكانه ــ زَحْلاً و زُحُولاً: جگہ سے ہٹنا، الگ ہو جانا، دور ہو جانا، ایک طرف ہو جانا۔
ـــ الرَّجُلُ زَحْلاً: تھکنا۔
زَحْوَلَه عن مكانه: جگہ سے ہٹانا۔
أَزْحَلَه إليه: مجبور کرنا، پناہ دینا، اپنی طرف لانا۔

أَزْحَلَ فُلانًا: دور کرنا، الگ کرنا۔
زَحَّلَهُ: دور کرنا، ایک طرف کرنا۔
تَزَحَّلَ: دور ہونا، الگ تھلگ ہونا، کنارہ کش ہونا (۲) پھسلواں ہونا۔
تَزَحْوَلَ: دور ہونا۔
زُحَلُ: نظام شمسی کا بعید ترین سیارہ (۲) یونانی افسانوں میں سب سے بڑا معبود (۳) الگ تھلگ رہنے والا (۴) قریب قریب سفر کرنے والا م: زُحَلَة۔
الزَّحِلُ: دور رہنے والا، الگ رہنے والا۔
المَزْحَلُ: علیحدگی کی جگہ۔ کبھی مصدری معنی میں آتا ہے جیسے: انَّ لي عنك مَزْحَلاً: میں تم سے الگ ہوں۔
الزِّحْلِيلُ: الگ رہنے والا، تیز۔
الزِّحليل و الزُّحلُول: تنگ اور پھسلواں جگہ۔
الزُّحْلُولُ: ہلکے پھلکے جسم والا۔
•زَحْلَفَ في الكلام: جلدی جلدی بولنا
ـــ الشيءَ: لڑھکانا۔ زَحْلَفَ اللّٰهُ عنَّا شرَّكَ: اللہ تمہارے شر کو ہم سے دور کرے۔
ـــ الإناءَ: برتن کو بھرنا۔
ـــ المكانَ: پھسلواں بنانا۔
ـــ له: عطا کرنا۔
تَزَحْلَفَ: لڑھکنا (۲) الگ ہونا، ایک طرف ہونا، سورج کا ڈھلنا۔
الزُّحْلُوفَةُ: پھسلنے کی ڈھلوان جگہ یا تختہ جس پر چڑھ کر بچے تفریحًا پھسلتے ہیں ج: زَحَالِيف۔
الزَّحَالِف: چھوٹے پاؤں والے کیڑے۔
•زَحْلَقَهُ: لڑھکانا، پھسلانا (۲) جگہ کو پھسلواں بنانا (۲) علیحدہ کرنا۔
تَزَحْلَقَ: لڑھکنا (۲) الگ ہونا (۳) پھسلنا

تَزَحْلَقَ على المكانِ: کسی جگہ بیٹھ کر پھسلنا، پھسلواں اور چکنا ہونا۔
قَبْقَابُ الزَّحْلَقَة: پھسلنے والی پہیوں دار کھڑاؤں۔
الزُّحْلُوقَةُ: پھسلواں زینہ یا دہ چکنا تختہ جس پر بچے پھسلتے ہیں (۲) وہ آلہ جس کے ذریعہ برف پر پھسلتے ہیں ج: زَحَالِيق۔
المُزَحْلَقُ: چکنا، پھسلواں۔
•زَحَمَهُ ــ زَحْمًا و زَحْمَةً: تنگ جگہ میں دھکیلنا، ہجوم کرنا، بھیڑ کا کسی کو دبانا، دھکا دینا، تنگی پیدا کرنا۔
ـــ الطريقَ: راستہ روکنا۔
زاحَمَهُ مُزَاحَمَةً و زِحامًا: تنگ جگہ میں دھکیلنا، ٹکرانا، مقابلہ کرنا، مزاحمت کرنا، کسی کی راہ میں رکاوٹ ڈالنا، آڑے آنا۔ زَاحَمَ الخَمْسِينَ مِن عُمْرِه: وہ اپنی عمر کے پچاس سال کے قریب قریب ہو گیا۔
ازْدَحَمَ القومُ: (اس کی اصل ازتحم ہے تا رافتعال کو قرب مخرج کے لئے دال سے بدل دیا گیا) لوگوں کا بھیڑ لگانا، بڑی تعداد میں اکھٹا ہونا۔
ـــ المكانُ: لوگوں کی کثرت سے جگہ کا تنگ ہونا، کھچا کھچ بھرنا، ہجوم ہونا۔
ـــ الأمواجُ: موجوں کا تلاطم خیز ہونا۔
تَزَاحَمُوا: ایک دوسرے کو دھکیلنا، ایک دوسرے کو دبانا یا تنگی میں ڈالنا، ایک دوسرے سے ٹکرانا، کھوے سے کھوا ملنا
الزِّحَامُ: ہجوم، بھیڑ، تنگ جگہ میں زیادہ تعداد۔
يَوْمُ الزِّحَامِ: روز قیامت۔
الزَّحْمُ: ازدحام، بھیڑ لگائے ہوئے لوگ۔
الزَّحْمَةُ: بھیڑ، ہجوم (۲) ایک دھکا۔
زَحْمَةُ الوِلادة: وہ جھلی جس کے ساتھ

بچہ پیدا ہوتا ہے ۔
المُزَاحِمُ: مزاحمت کرنے والا، مقابل ۔
ابو مُزَاحِم: ہاتھی (۲) وہ بیل جس کے دونوں سینگ ٹوٹے ہوئے ہوں
المُزَاحَمَةُ: ٹکراؤ، مقابلہ، مخالفت ۔
ـــ علی المَنَاصِب: عہدوں کی لڑائی عہدوں کے لئے باہمی کشمکش ۔
المِزْحَمُ: بھیڑ میں زیادہ دھکیلنے والا، دھکے دے کر بھیڑ کو پار کرنے والا ۔ رَجُلٌ مِزحَمٌ و مَنکِبٌ مِزحَمٌ: مضبوط آدمی یا مضبوط مونڈھا جو دوسرے کی ٹکر سہہ کر خود ٹکر لگائے ۔
المُزْدَحِمُ: پرہجوم، بھیڑ لگا ہوا، مصروف
•زَحَنَ عن مکانه ـَ زَحْنًا: اپنی جگہ سے سرکنا، ہٹنا ۔
ـــ فُلَانٌ عن اَمْرِہ: کسی کام میں دیر کرنا، سستی کرنا ۔
ـــ الشیئَ عن مکانِه: ہٹانا ۔
تزَحَّنَ عن اَمْرِہ: اپنے کام میں تاخیر کرنا ۔
ـــ الشیئَ وعَلَیه وعنه: کسی کام کو ناگواری کے ساتھ کرنا ۔
الزُّحَنُ: پست قد اور ہیٹل آدمی ۔ ھی زُحَنَةٌ
الزُّحْنَةُ: سامان اور حشم وخدم والا قافلہ (۲) سخت گرمی ۔
الزُّحْنَةُ: وادی کا موڑ ۔
•زَحْوَلَه و تزَحْوَلَ: دیکھئے (زحل)

ز ـــ خ

•زَخَّ الجَمْرُ ونَحْوُہ ـِ زَخًّا و زَخِیخًا: انگاروں کا تیز ہونا، دہکنا ۔
ـــ فُلَانٌ ـُ زَخًّا: آگ بہولا ہونا بھڑنا (۲) اچھلنا ۔
ـــ الشیئَ و به: دھکیلنا، پھینکنا ۔ کہتے ہیں: زَخَّهُ فی قَفَاہُ: گدی پکڑ کر دھکا دینا ۔
زَخَّ ببَولِه: پیشاب کی بوچھاڑ کرنا ۔
ـــ الاِبِلَ: تیز ہنکانا ۔
الزَّخَّةُ: غصہ، نفرت (۲) بوچھاڑ (۳) بیوی
•زَخَرَ النَّهْرُ ـَ زَخْرًا و زُخُورًا و زَخِیرًا: دریا کا چڑھنا، موجیں مارنا ۔
ـــ الحَرْبُ: لڑائی زوروں پر آنا ۔
ـــ القِدْرُ: ہنڈیا کا جوش مارنا ۔
ـــ القَوْمُ: لوگوں کا لڑائی وغیرہ کے لئے جوش وحرکت میں آنا ۔
ـــ فُلَانٌ بِمَا عِنْدَہ: کسی کا اپنی کسی چیز پر فخر کرنا ۔
ـــ النَّبَاتُ: پودوں یا گھاس کا لمبا ہونا
ـــ الشَّیئَ: بھرنا (۲) ہوا میں بکھیرنا، اڑانا
ـــ فُلَانًا: کسی پر فخر میں غالب ہونا (۲) کسی کو خوش کرنا ۔
ـــ الماشیةَ: سبزی کا مویشی کو موٹا کردینا ۔
زَاخَرَہُ: کسی سے برتری اور فخر میں مقابلہ کرنا ۔
تَزَخَّرَ النَّهْرُ وغَیرُہُ: دریا وغیرہ کا چڑھنا اور موج زن ہونا ۔
الزَّاخِرُ: خوش وخرم (۲) فیاض وسخی (۳) شریف وکریم (۴) لبالب بھرا ہوا، چھلکتا ہوا ۔ کہتے ہیں عِرقُه زَاخِرٌ: وہ روز افزوں سخاوت والا ہے ج: زَوَاخِر ۔
زَوَاخِرُ الوَادی: وادی کے گھاس پودے وغیرہ ۔
البَحْرُ الزَّاخِرُ: موج زن دریا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر (۲) بڑا فیاض وسخی ۔
الزُّخَارِیُّ: لمبا اور گھنا، ہرا بھرا پودا ۔
زُخَارِیُّ النَّبَاتِ: پودے کے پھول اور تازگی ۔ کہتے ہیں: اَخَذَ النَّبَاتُ زُخَارِیَّتَهُ: پودوں کا گھنا اور پھول والا ہو جانا ۔
اَخَذَ الاَمْرُ زُخَارِیَّتَهُ: وہ کام پختہ اور مکمل ہو گیا ۔
•زَخْرَفَهُ: مزین کرنا، آراستہ کرنا، سجانا، ملمع کرنا ۔
ـــ القَوْلَ: بات کو جھوٹ سے آراستہ کر کے پیش کرنا، سجا اور سنوار کر پیش کرنا ۔
تَزَخْرَفَ: سجنا، آراستہ ہونا، مزین ہونا
الزَّخَارِفُ: سجی ہوئی کشتیاں (۲) تتلیاں (۳) ندیاں ۔
زَخَارِفُ الماءِ: پانی کی لہریں، دھاریاں
ـــ الدُّنیا: دنیا کی پرفریب اور لبھانے والی چیزیں ۔
الزُّخْرُفُ: سونا (۲) زینت وسجاوٹ، زیبائش، کسی چیز کا انتہائی حسن و دلکشی، ڈیکوریشن (۲) سامان زینت (۳) باطل و بے حقیقت چیز (۴) ملمع کی ہوئی چیز ۔
زُخْرُفُ الاَرْضِ: زمین کی رنگ برنگ نباتات ۔
زُخْرُفُ البَیتِ: گھر کا آرائشی سامان ۔
زُخْرُفُ القَولِ: فریب آمیز کلام، جھوٹ سے آراستہ کلام ج: زَخَارِف ۔
الزَّخْرَفَةُ: ملمع سازی، تزیین کاری، گل کاری، نقش نگاری (۲) ایمبرائڈری
الزُّخْرُفِیُّ: آرائشی، زیبائشی ۔
المُزَخْرَفُ: آراستہ، ملمع کیا ہوا ۔
المُزَخْرِفُ: نقاش، تزیین کار، ڈیکوریٹر ملمع ساز ۔
•زَخَفَ ـَ زَخْفًا و زَخِیفًا: فخر کرنا، تکبر کرنا، مغرور ہونا ۔ ھو زَاخِفٌ

و ھی زَاخِفَۃٌ ۔
زَخَّفَ فی الکَلَامِ : بہت بولنا ۔
تَزَخَّفَ : آراستہ ہونا، خوبصورت بننا ۔
تَزَخَّفتِ المَرْأَۃُ : عورت کا بناؤ سنگار کرنا ۔
• زَخَمَہ ـ زَخْمًا : زور سے دھکا دینا، سختی سے دھکیلنا، ہٹانا ۔
زَخِمَ اللَّحْمُ و نَحْوُہٗ ـ زَخَمًا و زَخَمَۃً : گوشت کا سڑ جانا، بدبودار ہو جانا ۔
اللَّحْمُ زَخِمٌ : م : زَخِمَۃٌ ۔
اَزْخَمَ : زَخِمَ
الزُّخَمَۃُ : ایک قسم کا چوڑا اور چھوٹا کوڑا ۔
الزَّخَمَۃُ : بدبودار گوشت ۔
الزَّخْمَاءُ : بدبودار عورت ۔

ز ـــــ د

• الزِّدْبُ : حصہ، ٹکڑا ج : اَزْدَابٌ ۔
زَدَرَ ـ زَدْرًا : لوٹنا ۔
اِزْدَرَ : لوٹانا ۔
الاَزْدَرَانِ : دونوں شانے ۔
اِزْدَرَمَ : نگلنا ۔
اَزْدَفَ اللَّیلُ : رات کا تاریک ہونا ۔
زَدَا الصَّبِیُّ الجَوزَ و بِہٖ ـ زَدْوًا : بچہ کا اخروٹ گڑھے میں پھینک کر کھیلنا ۔
اَزْدَی اِزْدَاءً : فائدہ پہنچانا ۔

ز ـــــ ر

• زَرِبَ للمَاشِیَۃِ ـ زَرْبًا : مویشی کیلئے باڑا بنانا (۲) مویشی کو باڑے میں داخل کرنا، بند کرنا ۔
زَرِبَ المَاءُ ـ زَرَبًا : پانی بہنا ۔
اِنْزَرَبَ : باڑے میں داخل ہونا جیسے : اِنْزَرَبَتِ الغَنَمُ ۔
ـــ الصَّائِدُ : شکاری کا اپنے گڑھے میں بیٹھنا ۔
الزَّارُوبُ : لمبی تنگ گلی (عوامی زبان میں)
الزَّرْبُ : پانی بہنے کی جگہ ۔
الزَّرْبُ : داخل ہونے کا راستہ یا جگہ (۲) بھیڑ بکریوں کا باڑا (۳) وہ گڑھا جس میں شکاری گھات لگاتا ہے ج : زُرُوبٌ ۔
الزَّرْبِیَّۃُ : عمدہ گدا، غالیچہ، مسند ج : زَرَابِیُّ ۔ قرآن پاک میں ہے : "وَزَرَابِیُّ مَبْثُوثَۃٌ"
زَرَابِیُّ النَّبَاتِ : وہ پودے یا نباتات جن میں خشکی آکر سرخی آ گئی ہو یا زرد ہو گئے ہوں مگر قدرے ہرا پن باقی ہو
الزِّرْیَابُ : سونا (۲) آبِ زر، سونے کا پانی ۔
الزَّرِیبَۃُ : شکاری کے گھات لگانے کا گڑھا (۲) مویشیوں کا باڑا (۳) شیڈ، سائبان (۴) درندوں کا مسکن ج : زَرَائِبُ ۔
المِزْرَابُ : پرنالہ (۲) نلکی یا پائپ جس سے پانی باہر نکالا جائے ج : مَزَارِیبُ ۔
• الزَّرْبُولُ و الزَّرْبُونُ : چمڑے کے اونچی ایڑی کے بوٹ ج : زَرَابِیلُ ۔
• اِزْرَبَنَّ : غصہ سے لال پیلا ہونا، اول فول بکنا ۔
الزَّرْبُونُ : نیلے نشان والی مچھلی ۔
• زَرْجَنَۃٌ : دھوکا دینا ۔
الزَّرَجُونُ : انگور کی ٹہنی (۲) شراب (۳) بارش کا صاف پانی (۴) سرخ رنگ کا گوند، لاکھ و : زَرَجُونَۃٌ
• زَرَجَ ـ زَرْجًا : سر کو زخمی کرنا ۔
• زَرَحَ ـ زَرْحًا : ہٹنا (ایک جگہ سے دوسری جگہ)
• زَرَدَہٗ ـ زَرْدًا و زَرَدَ : گلا گھونٹنا، گلا دبانا ۔
ـــ عَینَہٗ علی صَاحِبِہٖ : اپنے ساتھی کو آنکھ تنگ کر کے دیکھنا تاکہ وہ پورا نظر نہ آئے (بربنار ناگواری) غصہ بھری نگاہ سے دیکھنا ۔
زَرَدَ الدِّرْعَ : زرہ بننا ۔
زَرِدَ اللُّقْمَۃَ ـ زَرَدًا و زَرْدًا : جلدی جلدی لقمہ نگلنا ۔ ھو زَرِدٌ ۔
اِزْدَرَدَ اللُّقْمَۃَ : نگلنا، جلدی جلدی نگلنا
تَزَرَّدَ الیَمِینَ : لاپرواہی سے قسم کھانا ۔
الزَّرَادَۃُ : زرہ سازی ۔
الزَّرَدُ : بنی ہوئی زرہ، زرہ کے حلقے، خود کے حلقے ج : زُرُودٌ ۔
الزَّرِدُ : حلق میں آسانی سے اتر جانے والا کھانا ۔
الزَّرَدُ شتِیُّ : آتش پرست ۔
الزَّرَدِیَّۃُ : پلاس (تار وغیرہ کو موڑنے یا کاٹنے کا اوزار) ۔
الزَّرَّادُ : زرہ ساز ۔
المَزْرَدُ : حلق ج : مَزَارِدُ ۔
• زَرْدَبَہٗ : گلا گھونٹنا ۔
• زَرْدَحٌ و زَرْدَحَۃٌ : ریت کا تودہ ۔
• زَرَّ السِّنَانُ ـ زَرِیرًا : نیزہ کا چمکنا ۔
ـــ عَینُہٗ : آنکھ کا چمکنا، روشن ہونا ۔
ـــ الرَّجُلُ ـ زَرًّا : عاقل و تجربہ کار ہونا، کسی کی سمجھ بوجھ اور تجربات بڑھنا
ـــ الثَّوبَ : کپڑے کے بٹن لگانا یعنی کپڑے کے بٹن کو کاج میں داخل کرنا ۔
ـــ الشَّیءَ : دبا دبا کر اکٹھا کرنا ۔
ـــ عَینَہٗ : آنکھ کو تنگ اور چھوٹا کرنا ۔
ـــ المَتَاعَ : سامان کو جھٹکنا ۔
ـــ فُلَانًا : دھتکارنا ۔
ـــ بالرُّمحِ : نیزہ مارنا ۔
ـــ الصُّوفَ و نَحْوَہٗ : اون یا بال وغیرہ چونٹنا ۔
زَرَّ ـ زَرًّا : اپنے مخالف پر حملہ کرنا، سختی کرنا (۲) بے وقوفی کے بعد

عقلمند ہونا۔
اَزَرَّ الثَّوبَ: کپڑے میں بٹن یا گھنڈی لگانا (یعنی اس میں سینا)
زَرَّرَ الثَّوبَ: کپڑے میں بٹن لگانا (سینا) (۲) کپڑے کے بٹن لگانا (یعنی کاج میں داخل کرنا)۔
تَزَرَّرَ الثَّوبُ: بٹن دار ہونا، گھنڈی دار ہونا۔
الزِّرُّ: بٹن، گھنڈی (۲) بجلی کھولنے اور بند کرنے کا بٹن (۳) مونڈھے کا وہ گڑھا جس میں شانے کی ہڈی گھومتی ہے (۴) کولہے کا کنارہ جو گڑھے میں ہوتا ہے (۵) دل کے نیچے کی ہڈی، (۶) شگوفہ، پودے کی کلی (۷) صندوق کے پچھلے حصہ کا ابھار ج: اَزْرَارٌ و زُرُورٌ۔
زِرُّ الجَرَسِ الکهربِیّ: بجلی کی گھنٹی کا بٹن (جس کے دبانے سے گھنٹی بجتی ہے)۔
زِرُّ الطَّربُوش: ترکی ٹوپی کا پھندنا۔
زِرُّ السَّیفِ: تلوار کی دھار۔
زِرُّ الدِّینِ: مذہب کا بنیادی جز، اس کا قوام، مدار۔
اَلزَمُ من زِرٍّ لِعُروَة: وہ بٹن اور کاج کے تعلق سے زیادہ متعلق ہے۔
اِنَّهُ لَزِرٌّ من اَزْرَارِ المَالِ: وہ مال کا بہتر منتظم ہے۔
اَعطَاهُ الشیءَ بِزِرِّه: اسے وہ چیز سب کی سب دے دی۔
جَاءَ فُلَانٌ بِزِرِّه: وہ خود آیا۔
الزِّرَّةُ: دانتوں سے کاٹنے کا نشان (۲) عقل۔
الزَّارَّةُ: کتے اونٹ یا گدھے پر بیٹھنے والی مکھی۔
الزُّرَارَةُ: پھینکی ہوئی دیوار سے چپٹ جانے والی چیز۔

الزَّرَّارُ: تیز فہم والا، انتہائی زیرک۔
الزِّرِّیرُ: عقلمند، انتہائی ذہین۔
المِزَرُّ: تھیلے یا بٹوے کا ڈورا جسے ڈھیلا کرنے اور زور سے کھینچنے سے تھیلا اور بٹوا کھلتا اور بند ہوتا ہے، بند کرنے اور کھولنے کی زنجیر۔
• زَرْزَرَ الزُّرْزُورُ: زرزور چڑیا کا بولنا، زَرْزَرَ بصوتِه بھی کہتے ہیں۔
— بالمکانِ: قائم ہونا، جمنا۔
تَزَرْزَرَ: ہلنا، حرکت کرنا۔
الزُّرَازِرُ: تیز اور ذہین۔
الزُّرْزَارُ: تیز فہم اور ذہین۔
الزُّرْزُورُ: ایک قسم کی چڑیا ج: زَرَازِیرُ
• زَرِطَ ـ زَرْطًا: لقمہ نگلنا۔
• زَرَعَ الحَبَّ ـ زَرْعًا و زِرَاعَةً: بیج ڈالنا، بیج بونا۔
— الاَرضَ: زمین جوتنا، کاشت کرنا
— اللّٰهُ الزَّرعَ: اللہ کا کھیتی کو بڑھانا اور بڑا کرنا۔
زُرِعَ له بَعدَ شَقَاوَةٍ: وہ غربت کے بعد مال دار ہوا۔
اَزْرَعَ الزَّرعُ: کھیتی کا دراز ہونا۔
— النَّاسُ: کھیتی کے قابل ہونا، کاشتکار ہونا۔
زَارَعَهُ مُزَارَعَةً: کسی سے بٹائی پر کاشت کا معاملہ کرنا۔
اِزْدَرَعَ: بونا، کاشت کرنا۔
تَزَرَّعَ الی الشَّرِّ: برائی کی طرف دوڑنا
الاِستِزرَاعُ: بنجر زمینوں کی اصلاح کاری، قابل کاشت بنانے کا کام۔
الزَّارِعُ: کاشت کار، کھیتی کرنے والا ج: زُرَّاعٌ و زَارِعُونَ (۲) ایک خاص کتے کا نام۔ اَولَادُ زَارِعٍ: کتے۔
الزِّرَاعَةُ: کھیتی باڑی، کاشت کاری (۲) کاشت، کھیتی، بوائی (۳) علم کاشتکاری

الزِّرَاعَةُ الخَفِیفَةُ: وہ کاشت جس میں زمین کی وسعت کے مقابلہ میں کم محنت اور کم صرفہ کیا جائے۔
الزِّرَاعَةُ الکَثِیفَةُ: وہ کاشت جس میں زمین کے رقبہ کے مقابلہ میں زیادہ محنت اور زیادہ سرمایہ لگایا جائے۔
الزَّرَّاعُ: کسان، کاشت کار (۲) چغل خور (جو دلوں میں بغض کے بیج بوتا ہے)۔
الزَّرَّاعَةُ: کشت زار، کھیتی سے پر زمین، قابل کاشت زمین۔
الزَّرعُ: کھیتی (بوئی ہوئی چیز) (۲) بیج (۳) اولاد ج: زُرُوعٌ۔
الزُّرعَةُ: بیج (۲) بونے کی جگہ، قابل کاشت زمین۔ کہتے ہیں: ما فی الاَرضِ زُرعَةٌ: زمین میں کھیتی کے قابل کوئی جگہ نہیں۔
الزِّرعَةُ: بونے کی جگہ، قابل کاشت زمین۔
الزَّرِیعَةُ: کاشت کی زمین، بوئی ہوئی زمین (۲) بیج۔
المُزَارَعَةُ: بٹائی پر کاشت (یعنی مالک زمین کسی شخص کو اپنی زمین بونے کے لئے دیدیتا ہے اور اس سے پیداوار کا حصہ مقرر کر لیتا ہے)۔
المَزرَعَةُ: کھیت، فارم (وہ زمین جس میں کاشت ہو) زمین، جائداد ج: مَزَارِعُ۔
مَزرَعَة تَعَاوُنِیَّة: امداد باہمی فارم۔
مَزرَعَة دَوَاجِن: مرغیوں وغیرہ کا فارم۔
مَزرَعَة نَمُوذَجِیَّةٌ: نمونہ کا فارم۔
المُزَارِعُ: کاشت کار، کسان۔
• زَرَفَ فی المَشیِ ـ زَرْفًا: تیز چلنا (۲) کودنا، اچھلنا۔
— فی الکَلَامِ: بڑھا کر بات کرنا۔
— الجُرحُ: زخم کا اچھا ہونے کے بعد دوبارہ ہرا ہو جانا۔
— فُلَانٌ زَرِیفًا: آہستہ چلنا۔
— الیه زُرُوفًا و زَرِیفًا: قریب ہونا۔

زَرِفَ الجُرحُ ـَ زَرَفًا: زخم کا دوبارہ ہرا ہونا۔
اَزْرَفَ: جلدی کرنا، تیز ہونا (۲) آگے بڑھنا۔
ــــ الجُرْحُ: زخم کا دوبارہ ہرا ہونا۔
زَرَّفَ: اضافہ کرنا۔ زَرَّفَ فی الکلام: بڑھا چڑھا کر بولنا۔
ــــ علی الخَمْسِیْن من عُمْرِہ: (مثلاً) پچاس سال سے زیادہ عمر کا ہونا
ــــ الشیءَ: زیادہ کرنا، بڑھانا (۲) آر پار کرنا
اِنْزَرَفَ الشیءُ: آر پار ہونا، اندر تک گھس جانا۔
ــــ القَومُ: گھاس پانی کی تلاش میں نکلنا
ــــ الرِّیحُ: ہوا کا گزر جانا۔
الزَّرَافَۃُ: جماعت، گروہ، ٹولی۔ کہتے ہیں: جاؤا زَرَافَاتٍ و وُحْدَانًا وہ تنہا تنہا اور گروہ در گروہ آئے (۲) زرافہ ایک جانور جو اونٹ کی شکل کا ہوتا ہے اگلی ٹانگیں لمبی اور پچھلی چھوٹی ہوتی ہیں، کھال چتکبری ہوتی ہے سر پر دو چھوٹے سینگ ہوتے ہیں ج: زَرَافَی و زَرَافِیٌّ۔
الزَّرَّافُ: تیز رفتار۔
الزَّرَّافَۃُ: وہ جگہ جہاں سے کھیت میں پانی پہنچایا جائے۔
الزَّرُوفُ و الزَّرُوفُ: تیز رفتار اونٹنی۔
المِزْرَافُ: تیز رفتار اونٹنی۔
الزِّرْفِیْن: حلقہ ج: زَرَافِین۔
زَرْفَنَ شَعْرَہ: بالوں کو حلقہ دار بنانا۔
• زَرَقَ الطَّائِرُ بِسَلْحِہ ـِ زَرْقًا: بیٹ کرنا۔
ــــ فُلَانًا بِعَیْنِہ: کسی کی طرف تیز نگاہ سے دیکھنا، ترچھی نگاہ سے دیکھنا۔ زَرَقَتْ عَیْنُہ نَحوی: اس نے مجھے ترچھی نگاہ سے دیکھا۔
ــــ الصَّیْدَ بالمِزْرَاقِ: شکار کو برچھی مارنا۔
زَرِقَ ـَ زَرَقًا و زُرْقَۃً: نیلا ہونا (۲) اندھا ہونا۔ هو اَزْرَقُ وهی زَرْقَاءُ ج: زُرْقٌ۔
اَزْرَقَ البَعِیْرُ: اونٹ کا کجاوہ کو پیچھے کی طرف ٹالنا۔
اَزْرَقَتْ عَیْنُہ نَحْوِی: مجھ پر اس کی ترچھی نگاہ پڑی۔
اِنْزَرَقَ: کمر کے بل لیٹنا، چت لیٹنا، کجاوہ کا پیچھے کی طرف ہٹنا۔
ــــ السَّهْمُ: تیر کا آر پار ہونا۔
ــــ فی الشیءِ: گھس جانا۔
اِزْرَاقَّ: بتدریج نیلا ہونا۔
اِزْرَقَّ: نیلا ہونا۔
تَزَوْرَقَ: پیٹ کی آلائش نکالنا۔
الاَزَارِقَۃُ: خوارج کا ایک فرقہ جو نافع بن الازرق الحنفی کی طرف منسوب ہے جس نے حضرت علی رضہ اور ان کے متبعین نیز تارکین جہاد کی تکفیر کی ہے اور مخالفین کے قتل اور ان کی عورتوں کی گرفتاری کو جائز کہا ہے۔
الاَزْرَقُ: نیلا، آسمانی۔
نَصْلٌ اَزْرَقُ: صاف و شفاف نیزہ
مَاءٌ اَزْرَقُ: شفاف پانی
الماءُ الاَزْرَقُ: آشوب چشم کی بیماری میں آنکھ کے ڈھیلے کی سختی کو کہتے ہیں جو اندرونی تناؤ کی بنا پر پیدا ہوتی ہے۔
الحَجَرُ الاَزْرَق: زمرد۔
الحصان الاَزْرَق: خاکستری رنگ کا گھوڑا۔
العَدُوُّ الاَزْرَق: سخت جانی دشمن
المَوتُ الاَزْرَق: سختی کی موت۔
الازرق السَماوِیّ: آسمانی۔
الزَّرْقَاءُ: شراب (۲) آسمان۔
القُبَّۃُ الزَّرْقَاء: آسمان۔
زَرْقَاءُ الیمامۃ: فیل پا (بیماری)
الاَزْرَقِیُّ: نیلے رنگ کا۔
الزُّرَاقُ: زُرَاقُ الاَطْرَاف۔ ایک بیماری جس میں ہاتھ پیروں پر نیلگونی ظاہر ہوتی ہے۔ لیکن درد وغیرہ نہیں ہوتا۔
الزُّرَاقُ المِعَوِیُّ: ایک بیماری جس میں رنگ کسی قدر نیلا ہو جاتا ہے اور آنتوں میں شدید بے چینی ہوتی ہے۔
الزُّرَقُ: عقاب نما ایک شکاری پرندہ جو گدھ اور الو جیسی خصلتیں رکھتا ہے۔
الزُّرْقُ: اندھے لوگ۔
الزُّرْقَۃُ: نیل گونی، نیلا پن، نیلا رنگ۔
الزُّرَیق: نیل کنٹھ چڑیا سے کچھ بڑا ایک پرندہ
ابو زُرَیق: نیل کنٹھ۔
الزُّرَیْقَاءُ: بلی کی طرح کا ایک جانور (۲) دودھ اور زیتون میں بنا ہوا ثرید۔
الزَّرَّاقَۃُ: ایک قسم کی پچکاری۔
الزُّرَّقُ: تیز نگاہ والا (۲) باز (نر) ج: زَرَارِیقُ۔
الزَّوْرَقُ: کشتی، چھوٹا جہاز ج: زَوَارِق۔
الزَّوْرَقُ البخَارِیُّ: موٹر بوٹ، مشین سے چلنے والی کشتی، چھوٹا دخانی جہاز
الزَّوْرَقُ المَوطَرِیُّ: موٹر بوٹ، مشین سے چلنے والی کشتی۔
زورَقُ الاِطْفَاء: فائر بوٹ، آگ بجھانے والی دخانی کشتی یا جہاز۔
زَوْرَقُ الصَّوَارِیخ: راکٹ بردار چھوٹا جہاز
المِزْرَاقُ: چھوٹا نیزہ ج: مَزَارِیْقُ (۲) پیچھے کی طرف بوجھ ڈالنے والا اونٹ۔
• الزُّرْقُمُ: گہرا نیلا (۲) نیلی آنکھوں والا ج: زَرَاقِم
الزَّرَاقِمُ: بہت سے سانپ۔
• زَرِكَ ـَ زَرَكًا: بدمزاج ہونا۔
زَرَكَ ـُ زَرْكًا: بھینچنا۔
زَرَّكَہ: چھیڑنا، پریشان کرنا۔
زَرَكَۃٌ: بھیڑ، دبانے والی چیز۔
• زَرْكَشَ: نقش و نگار بنانا، آراستہ کرنا۔
الزَّرْكَشُ: چاندی کے تاروں کا کپڑا۔
المُزَرْكَشُ: کام دار کپڑا وغیرہ نقش و نگار والا،

چاندی کے تاروں سے بنایا ہوا۔
•زَرَمَه ـــ زَرْمًا: کاٹنا، منقطع کرنا۔
زَرِمَ ـــ زَرَمًا: کٹ جانا، منقطع ہونا۔
ـــ الدَّمْعُ: آنسو بند ہو جانا۔
ـــ البَوْلُ: پیشاب رک جانا۔
ـــ الکَلَامُ: سلسلہ منقطع ہونا۔
ـــ البَیْعُ: بیع ختم ہو جانا، رک جانا۔
ـــ الرَّجُلُ: بخیل ہونا (۲) ذلیل ہونا (۳) تنگی اور پریشانی میں پڑنا۔ ھو زَرِمٌ و ھی زَرِمَةٌ۔
اَزْرَمَ الشیءَ و زَرَّمَهُ: زَرَمَه۔
زَرَّمَهُ: پریشانی میں مبتلا کرنا۔ زَرَّمَهُ الدَّهْرُ: زمانہ نے اسے خیر سے محروم کر دیا۔
الاَزْرَمُ: بلی (۲) منقطع۔
الزَّرِیْمُ: بے حیثیت اور تھوڑے بچے والا۔
•الزَّرْنَبُ: ایک خوشبودار پودا۔ ام زرع والی حدیث میں ہے: "المَسُّ مَسُّ اَرْنَبٍ و الرِّیحُ رِیحُ زَرْنَبٍ" (۲) نیل گائے (۳) زعفران۔
•الزَّرْنِیخُ: سنکھیا (ایک قسم کا زہر)
•زَرْنَقَ: لباس پہنانا (۲) چھوٹی نہر سے زمین کو پانی دینا (۳) پانی اپنے منہ میں ٹپکانا (۴) کنوئیں پر زرنوق لگانا۔
تَزَرْنَقَ: ادھار لینا (۲) چھوٹی نہر سے اجرت پر آبپاشی کرنا۔
ـــ باللِّباسِ: لباس پہننا۔
زُرْنُوقٌ: چھوٹی نہر، نالی ج: زَرَانِیق۔
الزَّرْنَقَةُ: زیادتی، مکمل خوبصورتی۔
الزِّرْنِیقُ: سنکھیا (۲) ہڑتال۔
•زَرَی علیه ـــ زَرْیًا و زِرَایَةً: عیب لگانا، عتاب کرنا۔
ـــ علیه عَمَلَه: کسی کے کام میں عیب نکالنا یا اس کام کے بارہ میں کسی پر عتاب کرنا، اظہار ناراضگی کرنا۔ ھو زَارٍ۔

اَزْرَی علیه: زَرَی علیه۔
ـــ بالشیءِ: کوتاہی اور تساہل کرنا۔
ـــ به: عیب لگانا، ذلیل کرنا، حق کم کرنا، ذلیل سمجھنا۔
ـــ باَخِیه: اپنے بھائی کو ایسے کام میں لگانا جو اس کے لئے الجھن و اشتباہ کا باعث بن جائے۔
زَارَاه: عتاب کرنا، برائی کرنا۔
تَزَرَّی علیه: زَرَی علیه۔
اِزْدَرَاه: ذلیل کرنا، حقیر سمجھنا، بنظر حقارت دیکھنا۔
اِسْتَزْرَاه: بنظر حقارت دیکھنا، ذلیل وحقیر پانا یا سمجھنا۔
الزَّارِیَةُ: العَظْمَةُ الزَّارِیَةُ: نچلے جبڑے کے پچھلے حصہ کی ہڈی۔
الزَّرِیُّ: ناکارہ، عیب دار، قابل نفرت و حقارت (۲) تھوڑا، معمولی۔
المِزْرَاءُ: عیب گیر، لوگوں میں بہت عیب نکالنے والا۔
الاِزْدِرَاءُ: حقارت، ذلت، عیب۔
المُزْدَرَی: حقارت آمیز، قابل نفرت، عیب دار۔
•الزِّرْیَابُ: دیکھئے (زرب)

ز ـــــ ط

•زَطَّ الذُّبَابُ ـــ زَطًّا: مکھی کا بھنبھنانا۔
•زوزکت المَرْأَةُ: عورت کا چلتے ہوئے کولہے اور پہلو ہلانا۔
الزَّوْزَكُ: پست قد و بدصورت جو چلتے ہوئے مونڈھے ہلاتا ہو۔

ز ـــــ ع

•زَعَبَ الغُرَابُ ـــ زَعْبًا و زَعِیبًا: کوے کا بولنا، کائیں کائیں کرنا۔
ـــ الاِنَاءَ وغیرَه: برتن وغیرہ کا بھر جانا

زَعَبَ الوادِی: وادی میں پانی کا بھرنا اور اس کا موجیں مارنا۔
ـــ الشیءُ: کسی چیز کے اجزا کا باہم ٹکرانا جیسے جاءَ سَیْلٌ یَزْعَبُ: ٹھاٹھیں مارتا ہوا سیلاب آیا۔
ـــ بحِمْلِه: اپنا بوجھ اٹھا کر ڈولتے ہوئے چلنا (۲) بوجھ اٹھانا۔
ـــ الشَّرَابَ: مشروب کو پورا پی لینا۔
ـــ الشیءَ: الگ کرنا جیسے زَعَبَ من مَالِه زُعْبَةً: اس نے اپنے مال میں سے ایک حصہ الگ کر دیا یا ایک مقدار نکال کر دے دی۔
ـــ الاِناءَ وغیرَه: برتن وغیرہ کو بھرنا۔
ـــ المرأةَ: جماع کرنا۔
ـــ الشیءَ عنه: کسی سے کوئی چیز ہٹانا۔
زَعَبَت القِرْبَةُ: مشکیزہ کا زیادہ بھر جانے کی وجہ سے پانی پھینکنا۔
تَزَعَّبَ: غیظ وغضب میں بھرنا (۲) خوش ہونا (۳) چست ہونا۔
ـــ فی اَکْلِه و شُرْبِه: کھانے پینے میں زیادتی کرنا۔
اِزْدَعَبَ الشیءَ: کاٹنا، الگ کرنا۔
الاَزْعَبُ: پستہ قد، کمینہ، موٹا م: زَعْبَاء ج: زُعْبٌ۔
سَیْلٌ زَاعِبٌ و زَعُوبٌ: وادی کو بھر دینے والا سیلاب۔
الزَّاعِبُ: ملکوں کی سیاحت کرنے والا راہ نما۔
الزَّاعِبِیَّةُ: وہ نیزے جو زاعب (آدمی یا شہر کا نام) کی طرف منسوب ہیں یا بہت لچکدار نیزے۔
الزُّعْبُ و الزُّعْبَةُ: مال کا ایک حصہ۔
•زَعْبَقَ القَوْمَ و الشیءَ: شیرازہ بکھیرنا۔
تَزَعْبَقَ الشیءُ من یَدِه: ہاتھ سے گر کر بکھر جانا۔

• الزُّعْبُلُ: وہ بچہ جو بدن کو غذا نہ لگنے سے بھاری پیٹ اور پتلی گردن کا ہوگیا ہو (۲) گرگٹ (۳) اژدہا (۴) روئی کا پوداج: زعابل.
• زَعَجَهُ ـ زَعْجًا: بے چین کرنا، پریشان کرنا، گھبرادینا (۲) اپنی جگہ سے ہٹانا، اکھاڑنا (۳) دھتکارنا.
زَعِجَ ـ زَعَجًا: بے چین ہونا، پریشان ہونا.
أَزْعَجَهُ: پریشان کرنا، گھبرادینا، بے آرام کرنا
انْزَعَجَ: گھبراجانا، بے چین ہونا، بے آرام ہونا، (۲) جگہ سے ہٹنا.
الانْزِعَاجُ: بے چینی، بے قراری، بے آرامی.
الزَّعَجُ: پریشانی، بے چینی، بے قراری.
المِزْعَاجُ: وہ عورت جو ایک جگہ قرار نہ پاتی ہو
المُزْعِجُ: پریشان کن، بھیانک، وحشتناک
• زَعِرَ الشَّعْرُ والرِّيشُ و الوَبَرُ ـ زَعَرًا: بالوں اور پروں کا بدن پر کم و بکھرا ہوا ہونا، الگ الگ ہونا جس سے کھال صاف نظر آئے.
ـــ المَكَانُ: کسی جگہ نباتات کا کم ہونا، دور دور ہونا جس سے زمین نظر آئے.
ـــ فُلَانٌ: بدمزاج اور بے نفع ہونا. هو زَعِرٌ و هي زَعِرَة و هو أَزْعَرُ و هي زَعْرَاءُ ج: زُعْرٌ.
ازْعَارَّ: زَعِرَ.
ازْعَرَّ: زَعِرَ.
الأَزْعَرُ: بدمزاج، بدخلق ج: زُعْرٌ.
الزَّعَارَةُ: بدمزاجی، تندخوئی.
الزُّعْرُ: شاطر و عیار لوگ، بدمعاش لوگ.
الزَّعِرُ و الأَزْعَرُ: کم اور بکھرے ہوئے بالوں یا پروں والا.
الزُّعْرُوَّةُ: ایک چڑیا جس کی دم ہمیشہ ہلتی رہتی ہے
الزُّعْرَانُ: نوجوان لوگ.
الزُّعْرُورُ: بدمزاج و بے فیض آدمی (۲) ایک سرخ پھل والا درخت ج: زعارير.
• زَعْزَعَهُ و به: زور سے ہلانا، جھنجھوڑنا.

زَعْزَعَت الرِّيحُ الشَّجَرَةَ و بها: ہوا نے درخت کو ہلا کر رکھ دیا.
زَعْزَعَ الإبِلَ وغيرَها: اونٹوں وغیرہ کو سختی سے ہنکانا.
تَزَعْزَعَ: ہل جانا، زور زور سے ہلنا.
الزَّعَازِعُ: تیز ہوا، ہوا کا طوفان، آندھی.
الزَّعَازِعُ: آندھیاں، تیز ہوائیں و: زَعْزَعٌ و زَعْزَاعٌ.
زَعَازِعُ الدَّهْرِ: آفاتِ زمانہ، زمانہ کی سختیاں.
الزَّعْزَاعُ: سخت ہوا.
الزَّعْزَاعَةُ: بہت گھوڑوں والی جماعت.
الزَّعْزَعُ: تیز ہوا، طوفانی ہوا. سَيْرٌ زَعْزَعٌ: طوفانی رفتار.
• زَعَطَ فُلَانًا ـ زَعْطًا: گلا گھونٹنا.
الزَّاعِطُ: مَوْتٌ زَاعِطٌ: تیز رو موت، ناگہانی موت.
• زَعَفَ فى الحَدِيثِ ـ زَعْفًا: بات میں جھوٹ کی آمیزش کرنا، بات بڑھا چڑھا کر کرنا
ـــ الرَّجُلَ و نَحْوَهُ: اس طرح مارنا کہ فوراً مرجائے، فوراً مار ڈالنا، اچانک مار دینا.
أَزْعَفَ عليه: زخمی یا لب دم کا کام تمام کردینا.
ـــ الرَّجُلَ و نَحْوَهُ: گلا گھونٹنا.
الزُّعَافُ: مہلک. مَوْتٌ زُعَافٌ: ناگہانی موت. سُمٌّ زُعَافٌ: سم قاتل.
الزُّعُوفُ: ہلاکتیں یا ہلاکت گاہیں.
المُزْعِفُ: مہلک. سَيْفٌ مُزْعِفٌ: تیز تلوار.
• زَعْفَرَهُ: زعفران سے رنگنا، زعفران والا بنانا، طَعَامٌ مُزَعْفَرٌ.
تَزَعْفَرَ: زعفران پڑا ہوا ہونا، زعفران سے رنگا ہوا ہونا.

الزَّعْفَرَانُ: زعفران، ایک خوشبودار مشہور پودا جس کے باریک زرد یا سرخ ریشے ہوتے ہیں.
زَعْفَرَانُ الحَدِيدِ: لوہے کا زنگ.
زَعْفَقٌ و زُعَافِقٌ: بدخلق و بخیل.
• زَعَقَ ـ زَعْقًا: چیخنا، چلانا.
ـــ به: کسی کو دیکھ کر چیخنا اور چلا کر کوئی بات کہنا، کسی کو للکارنا.
ـــ فُلَانًا: گھبرانا، چلا کر کسی کو ڈرا دینا، المفعول مَزْعُوقٌ و زَعِيقٌ.
ـــ الدَّوَابَّ و بها: مویشی کو آواز لگا کر تیز دوڑانا.
ـــ القِدْرَ: ہانڈی وغیرہ میں زیادہ نمک ڈال کر تلخ و کڑوا کردینا.
ـــ الطَّعَامَ: کھانے کو زیادہ نمک ڈال کر تلخ کردینا.
ـــ الرِّيحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اڑانا.
ـــ العَقْرَبُ فُلَانًا: بچھو کا کسی کو کاٹنا.
زَعِقَ ـ زَعَقًا: گھبرا کر چونکنا ہونا. هو زَعِقٌ و هي زَعِقَةٌ.
زَعُقَ الماءُ والطَّعَامُ زُعُوقَةً: زیادہ تلخی کی وجہ سے ناقابل استعمال ہونا.
أَزْعَقَهُ: ڈرانا، گھبرادینا.
ـــ القِدْرَ و الطَّعَامَ: نمک زیادہ کرنا، تلخ و کڑوا کرنا.
انْزَعَقَ: گھبراجانا، ڈرنا.
ـــ الدَّوَابُّ: چوپاؤں کا تیز چلنا.
الزُّعَاقُ: تلخ و کڑوا پانی جو پیا نہ جاسکے، تلخ و کڑوا کھانا جو کھایا نہ جاسکے.
الزَّعَّاقُ: جانوروں کے پیچھے پیچھے چلا کر چلنے والا
الزَّعْقَةُ: مصدر مرہ. چیخ، زور کی آواز، کہتے ہیں: سَمِعْتُ زَعْقَةَ المُؤَذِّنِ.
الزَّعْقَةُ (من الآبار): کھارے پانی کا کنواں.
الزَّعِيقُ: خوفزدہ.

المزعوق: خوف زدہ ۔
المِزعَقُ: تیز۔ سَیْرٌ مِزعَقٌ: تیز رفتار
•زَعِلَ ـَ زَعَلاً: پھرتیلا ہونا، نشاط میں ہونا (۲) تنگ دل ہونا۔
ـــ من المرَض او الجوع: بیماری یا بھوک سے تڑپنا، بلبلانا۔ هو زَعِلٌ وهي زَعِلَةٌ۔
ـــ من الشیٔ: تکلیف محسوس کرنا اور ناراض ہونا۔ زَعلان: ناراض۔
اَزْعَلَهُ: مستعد اور چوکنا کرنا۔
ـــ من مکانه: کسی جگہ سے ہٹا دینا، نکال دینا۔
تَزَعَّلَ: مستعد اور چاق چوبند ہونا۔
الزُّعْلَةُ: شتر مرغ (۲) وہ حاملہ عورت یا مادہ جو ایک سال چھوڑ کر بچہ جنتی ہو۔
الزَّعِلُ و الزَّعْلَانُ: چاق چوبند۔
•زَعَمَ ـُ زَعْمًا: گمان کرنا، سمجھنا، خیال کرنا، بے حقیقت دعویٰ کرنا جیسے: زَعَمَهُ صَادِقًا، زَعَمَ اَنِّیْ لا اَوَدُّهُ وزَعَمَنِی لا اَوَدُّهُ: اسے یہ خیال ہوا کہ میں اس سے تعلق نہیں رکھتا۔ بے حقیقت یا مشکوک چیز کے بارہ میں اکثر اس کا استعمال ہوتا ہے (۲) یقین واعتقاد رکھنا (۳) کہنا (۴) جھوٹ بولنا (۵) وعدہ کرنا۔
ـــ علی القوم زَعَامَةً: قوم کا لیڈر اور سردار بننا۔ هو زَعِيمُ القوم۔
ـــ به ـُ زَعْمًا و زَعَامَةً: ضامن ہونا، ضمانت لینا، ذمہ داری لینا۔ هو زَعِيمٌ به۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلِمَنْ جَاءَ بِهِ حِمْلُ بَعِيرٍ وَاَنَا بِهِ زَعِيمٌ"
زَعِمَ ـَ زَعَمًا و زُعْمًا: لالچ کرنا، لالچی ہونا۔ کہتے ہیں هو يَزْعَمُ فی غیر مَزْعَمٍ: وہ غلط چیز کی خواہش وطمع کرتا ہے

زَعُمَ ـُ زَعَامَةً: امیر وسردار ہونا، لیڈر ہونا۔ هو زعيمُ قومه۔
اَزْعَمَ فُلانٌ: فرماں بردار ہونا۔
ـــ الاَمْرُ: کسی کام کا ممکن ہونا۔
ـــ فُلانًا: لالچ دلانا، خواہش دلانا۔
ـــ فُلانًا الشیٔ: کسی چیز کا کسی کو ضامن بنانا۔
ـــ اللَّبَنُ: دودھ کا مزیدار ہونا۔
ـــ علی القوم: امیر وسردار بننا۔
ـــ الاَرْضُ: زمین پر سبزی اگنا۔
تَزَاعَمَا: باہم دعویٰ کرنا، ناقابل اعتماد گفتگو کرنا
ـــ علی کذا: کسی بات پر متفق ہونا، باہم مدد کرنا۔
تَزَعَّمَ: بات گھڑنا، جھوٹی باتیں کرنا۔
ـــ القومَ: امیر یا سردار یا لیڈر بن جانا، لوگوں کی سربراہی کرنا، لیڈری چلانا۔
تَزَعُّمُ فکرةٍ: کسی خیال یا نظریہ کا مدعی ہونا
تَزَعُّمُ الاَحْزَابِ: پارٹیوں کا لیڈر بننا۔
الزَّعَامَةُ: سرداری، سربراہی، لیڈری، لیڈرشپ، کیادت (۲) میراث وغیرہ کا زیادہ اور بہتر مال (۳) زرہ (۴) گلے
الزَّعْمُ: گمان، خیال، اعتقاد، دعویٰ، قول۔
الزَّعِمُ: بہت چربی دار گوشت جس سے آگ پر رکھتے ہی چربی ٹپکنے لگے۔
الزَّعْمَةُ: قول، دعویٰ، خیال۔ زَعْم سے مصدر مرّہ ج: زَعَمَات۔ کسی کے رد میں کہتے ہیں۔ هذا و لا زَعَمَاتِكَ: یہی صحیح ہے نہ کہ تمہاری باتیں۔
الزُّعِمِیُّ: جھوٹا، سچا (اضداد)
الزُّعُومُ: اٹک اٹک کر بولنے والا۔
المَزعوم: نام نہاد۔
الزَّعِيمُ: صدر، سربراہ، لیڈر، قائد، سردار، راہنما، پیشوا (۲) ضامن و کفیل ج: زُعَمَاء
زَعِيمُ العِصَابَةِ: گروپ لیڈر، گروہ کا سرغنہ
الزَّعِيمُ الرُّوحِيُّ: مذہبی پیشوا۔

الزَّعِيمُ الْحَافِظ: روایت پسند راہنما۔
المَزْعَمُ: ناقابل اعتماد بات، بے بنیاد دعویٰ (۲) لالچ کی چیز ج: مَزَاعِمُ۔
اَمْرٌ فیه مَزَاعِمُ: ناقابل وثوق اور جھگڑے کی بات۔
•زَعْنَفَت الماشِطَةُ العَرُوسَ: خادمہ کا دولہن کو سجانا، بناؤ سنگار کرنا۔
الزِّعْنِفَةُ: ہر خراب اور ردی چیز (۲) ہر چیز کا حصہ، ٹکڑا (۳) مچھلی کا پنکھ (۴) کپڑے کا ٹکڑا یا نیچے کا پھٹا ہوا حصہ (۵) قبیلہ سے کٹا ہوا اس کا ایک گروہ (۶) ایسے لوگوں کی جماعت جو ایک اصل سے تعلق نہ رکھتے ہوں، مخلوط گروہ (۷) پستہ قد مرد یا عورت (۸) اطراف بدن جیسے ہاتھ پیر ج: زَعَانِفُ
الزِّعْنِفَةُ: الزِّعْنَفَةُ ج: زَعَانِف۔
•زَعَا ـُ زَعْوًا: منصف دعادل ہونا۔

ز ـــ غ

•زَغِبَ ـَ زَغَبًا الصَّبِيُّ والطائرُ: رواں نکلنا۔ هو زَغِبٌ وهي زَغِبَةٌ هو اَزْغَبُ وهي زَغْبَاءُ ج: زُغْبٌ۔
ـــ الکَرْمُ: انگور کی بیل سے پتے نکلنا۔
زَغَّبَ: زَغِبَ۔
اَزْغَابَّ: زَغِبَ۔
الاَزْغَبُ: روئیں دار (۲) سفید وسیاہ رنگ کا گھوڑا۔
الزُّغَابَةُ: چھوٹا رواں، نرم اور باریک بال یا پر (۲) کنایۃً بہت تھوڑی چیز جیسے ما اَصَبْتُ منه زُغَابَةً: مجھے اس سے ذرا سی بھی چیز نہیں ملی۔
الزَّغَبُ: چھوٹے اور نرم بال یا پر (۲) بوڑھے آدمی کے سر میں بچے ہوئے بال۔ واحد: زَغَبَةٌ۔
الزُّغَابِيُّ: الزُّغَابَةُ۔

الزُّغْبَةُ : گلہری ۔
• زَغْبَرَ الثَّوبُ : کپڑے کا روئیں دار ہونا ۔
زِغْبِرُ الثَّوبِ : کپڑے کا رواں ۔
اَخَذَ الشَّیْءَ بِزِغْبِرِہ : اس نے ساری چیز لے لی ۔
• زَغَدَ البَعِیْرُ ـ زَغْدًا : اونٹ کا بہت بلبلانا ۔
ـــ النَّھْرُ : نہر کا لبالب بھرنا، دریا کا چڑھنا
ـــ الشَّیْءَ : کسی چیز کو نچوڑنا ۔
ـــ فُلَانًا : کسی کا حلق دبانا ۔
ـــ السِّقَاءَ : مشک کو خوب دبا کر اس کے منھ سے مکھن نکالنا ۔
ـــ الزُّبْدَ : جھاگ نکالنا ۔
ـــ فُلَانًا بِالْکَلَامِ : کسی چیز پر اکسانا، بھڑکانا ۔
اَزْغَدَت وَلَدَھا : بچہ کو دودھ پلانا ۔
تَزَغَّدَت الشِّقْشِقَةُ فِی الفَمِ : جھاگ سے منھ بھر جانا ۔
الزَّغِیْدُ : مشک کو دبانے کے وقت اس سے نکلنے والا مکھن ۔ زَغِیْدَةٌ : تھوڑا جھاگ
الزَّغَّادُ : نَھْرٌ زَغَّادٌ : بہت موجزن نہر ۔
• زَغْدَبَ : غصہ ہونا ۔
ـــ عَلَی النَّاسِ : لوگوں سے بضد ہو کر سوال کرنا ۔
الزَّغْدَبُ : بلبلاہٹ، بہت زور کی اونٹ کی آواز (۲) بہت جھاگ ۔
• زَغْرَدَ البَعِیْرُ : اونٹ کا اپنی آواز کو حلق میں گھمانا، گڑ گڑانا ۔
ـــ المَرْأَةُ : خوشی میں عورت کا گنگنانا، منھ ہی منھ میں آواز گھمانا ۔
الزَّغْرَدَةُ : شادی کا گیت ج : زَغَارِیْد ۔
زَغَرَ الشَّیْءَ ـ زَغْرًا : چھین لینا، غصب کرنا
ـــ البَحْرُ : دریا کا موج زن ہونا ۔
الزَّغْرُ : ہر چیز کی کثرت ۔
• زَغْزَغَ الشَّیْءُ : سبک اور نازک ہونا ۔

زَغْزَغَ بِہ : مذاق کرنا، تمسخر کرنا ۔
ـــ الشَّیْءَ : چھپانا، پوشیدہ کرنا ۔
زَغْزَغَ کَلَامَہُ : ہلکے سے بولنا کہ بات واضح نہ ہو سکے ۔
الزَّغْزَغُ : ہلکا اور سبک (۲) حسب و نسب میں مطعون ۔
الزُّغْزُغُ : چھوٹا اور پست قامت ۔
الزُّغْطَةُ : ہچکی ۔
• زَغَفَت البِئْرُ ـ زَغْفًا : کنویں میں زیادہ پانی ہونا ۔
زَغَفَ السَّحَابُ : بادل کا خوب پانی برسانا اور سارے آسمان میں پھیل جانا ۔
ـــ فِی حَدِیْثِہ : اپنے کلام کو جھوٹ ملا کر لمبا کرنا ۔ زَغَفَ کَلَامًا کَثِیْرًا : اس نے جھوٹ ملا کر لمبی گفتگو کی، اس نے خوب باتیں بنائیں ۔
ـــ لَہ مَالًا کَثِیْرًا : کسی کو مال دو ہاتھ بھر کر دینا ۔
ـــ فُلَانًا : کسی کو نیزہ مارنا ۔
اِزْدَغَفَ الشَّیْءَ : لینا، سب کا سب لے لینا ۔
الزَّغْفُ : آسمان میں پھیلا ہوا بادل جو خوب پانی برسائے (۲) لمبی اور کشادہ زرہ واحد : زَغْفَةٌ ۔
الزَّغَفُ : چھپٹیاں لکڑی کے پتلے پتلے ٹکڑے جو جلانے کے کام میں آتے ہیں، (۲) درخت کی نازک شاخیں ۔
الزَّغَّافُ : بہت بولنے والا، باتیں بنانے والا ۔
المِزْغَفُ : انتہائی حریص اور کھانے کا ندیدہ ۔
• زَغَلَ الشَّرَابَ ـ زَغْلًا : پانی وغیرہ کو تھوڑا تھوڑا ڈالنا (۲) اگلنا، منھ سے نکالنا ۔
ـــ بِبَوْلِہ : پیشاب تھوڑا تھوڑا کرنا ۔
ـــ الصَّبِیُّ اُمَّہُ : بچہ کا ماں کا دودھ پینا ۔
اَزْغَلَ الشَّرَابَ : زَغَلَہ ۔
ـــ الطَّائِرُ فَرْخَہُ : پرندہ کا اپنے بچہ (چوزہ) کو چوگا دینا، دانہ دینا ۔

اَزْغَلَت الطَّعْنَةُ بِالدَّمِ : نیزہ کی ضرب کا تھوڑا تھوڑا خون بہانا ۔
الزَّغَلُ : دھوکا، جعل سازی ۔
الزُّغْلَةُ : منھ بھر پانی یا مشروب (۲) پیشاب کی ایک دھار ج : زُغَلٌ ۔
الزَّغَلِیُّ : دھوکہ باز ۔
الزُّغْلُوْلُ : بڑی خواہش سے دودھ پینے والا بچہ ۔
الاَزْغَلُ : ترچھی نگاہ سے دیکھنے والا ۔
الزُّغْلُوْلُ : پھرتیلا آدمی (۲) بچہ (۳) پرندہ کا چوزہ ج : زَغَالِیْلُ (۴) سرخ رنگ کی پختہ بڑی اور میٹھی کھجور ۔
زَوْغَلَ : جعل سازی کرنا ۔
تَزَوْغَلَ و تَزَاغَلَ : (آدمی کا کسی کو) دھوکہ دینا (۲) کسی چیز کا مصنوعی ہونا ۔
الزَّوْغَلَةُ : دھوکہ دہی، جعل سازی ۔
• تَزَغَّمَ الجَمَلُ : اونٹ کا منھ کے جھاگ کو جبڑوں میں گھمانا ۔
ـــ الفَصِیْلُ : اونٹ کے بچہ کا ہلکا ہلکا رونا
ـــ فُلَانٌ : غصہ سے بولنا ۔
الزُّغْمُوْمُ : بدزبان، ہکلا، رک رک کر بولنے والا ۔
الزُّغْمُوْمُ : الزُّغْمُوْمُ ۔

ز ـــــ ف

• زَفَتَ الاِنَاءَ وَغَیْرَہ ـ زَفْتًا : برتن وغیرہ کو بھرنا ۔
ـــ فُلَانًا : تھکانا، پریشان کرنا (۲) غصہ دلانا، ناراض کرنا (۳) دھکے دینا دھتکارنا
ـــ الدَّابَّةَ : جانور کو ہکانا ۔
ـــ الحَدِیْثَ فِی اُذُنِہ : کان میں بات ڈالنا، ٹھونسنا ۔
زَفَّتَ الشَّیْءَ : تارکول ملنا، لگانا، تارکول کی طرح کی کوئی چیز ملنا ۔

الزِّفْتُ: تارکول، تارکول کی طرح کا دوسرا مسالا
اِزْدَفَتَ المالَ: سارا مال لے لینا۔
زَفَدَ الإناءَ ـ زفدا: برتن بھرنا۔
— فَرَسَه شعيرا: گھوڑے کو جو کھلانا۔
• زَفَرَ ـِ زَفْرًا و زَفِيْرًا: لمبا سانس لے کر باہر نکالنا، لمبا سانس لینا۔
— الحِمارُ: گدھے کا ڈھینچوں ڈھینچوں کرنا۔
— الشیءَ زَفْرًا: اٹھانا۔
— الماءَ: پانی کھینچنا۔
زَفَرَت النارُ: آگ بھڑکنے کی آواز آنا۔
— الأرْضُ: زمین کا سبزہ اگانا۔
زَفَّرَ تزفیرًا: چکناہٹ ملنا۔
الزَّافِرَةُ: عمارت کا ستون (۲) کندھا اور اس کے ارد گرد کا حصہ (۳) جماعت، گروہ (۴) دستۂ فوج (۵) وہ شہتیر جس پر انگور کی بیل کا جنگلا رکھا جاتا ہے (۶) پسلی ج: زَوَافِر۔ فَرَسٌ شَدِيدُ الزَّوَافِرِ: مضبوط پسلیوں والا گھوڑا (۷) اعوان و انصار، اقارب۔ حدیث علی رضی اللہ عنہ میں ہے: "كَانَ اذا خَلَا مع صَاغِيَتِه وزَافِرَتِهِ انْبَسَطَ" جب وہ اپنے مددگاروں اور رشتہ داروں سے ملتے تھے تو خوش ہوتے تھے (۸) پر کے سوا تیر کا پورا حصہ (۹) پانی کی مشک اٹھانے والی لونڈی۔
زَوَافِرُ المَجْدِ: اسباب عظمت۔
الزِّفْرُ: اونٹ (۲) مسافر کا سامان (۳) جماعت ج: اَزْفَارٌ۔
الزَّفْرُ: درخت کو سہارا دینے کی لکڑی۔
الزُّفَرُ: بہادر (۲) بڑا سردار (۳) سمندر یا وہ نہر جس میں زیادہ پانی ہو (۴) بڑا عطیہ (۵) فوج کا دستہ۔
الزَّفِرُ: میلا، بودار۔
زِفْرَةُ الشیءِ: کسی چیز کا بیچ۔
زُفْرَةُ الشَّیءِ: بیچ۔ فَرَسٌ عَظِيمُ الزُّفْرَةِ: بڑے پیٹ والا گھوڑا ج: زُفَرٌ۔

الزَّفِيْرُ: باہر آنے والا سانس، وہ سانس جو اندر کھینچ کر چھوڑا جائے، لمبا سانس مقابل شَہِيْقٌ۔ قرآن پاک میں ہے: "لَهُمْ فِيهَا زَفِيْرٌ وشَهِيْقٌ"
المُزْفَرُ و المُزْدَفَرُ: لمبا سانس لینے کی جگہ
المَزْفُوْرُ: مضبوط جوڑوں والا گھوڑا۔
• زَفْزَفَت الرِّيْحُ: ہوا تیز چلنا، ہوا کے جھونکے آنا (۲) درخت سے ٹکرا کر آواز دینا۔
— المَوكِبُ: جلوس کے چلنے کی آواز ہونا
— فُلانٌ: کانپنا (۲) اچھی چال چلنا۔
— الطَّائِرُ: پرندہ کا بازوؤں کو پھیلا کر خود کو نیچے ڈال دینا، نیچے اترنا۔
— الرِّيْحُ الحَشِيْشَ وغَيْرَه: ہوا کا گھاس وغیرہ کو ہلانا۔
تَزَفْزَفَ: کانپنا، ہلنا۔
الزَّفْزَافُ: مسلسل چلنے والی تیز ہوا۔
الزَّفْزَافَةُ: الزَّفْزَافُ۔
الزَّفْزَفُ: پیہم، تیز ہوا (۲) ہلکا پھلکا (۳) شتر مرغ۔
• زَفَّ ـِ زَفًّا و زُفُوفًا و زَفِيْفًا: جلدی کرنا، دوڑنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَأَقْبَلُوا اِلَيه يَزِفُّوْنَ"
— الرِّيْحُ: ہوا کا گزر جانا، چلنا۔
— الطَّائِرُ زَفًّا و زَفِيفًا: پرندہ کا پر پھیلا کر نیچے آنا۔
— العَرُوْسَ ـ زِفافًا و زَفَّةً: دولہن کو رخصت کرنا، ماں باپ کے گھر سے خاوند کے گھر بھیجنا۔
زَفَّ الطَّائِرُ ـَ زَفَفًا: پرندہ کا گھنے چھوٹے پر والا ہونا۔ هو اَزَفُّ وهِيَ زَفَّاءُ۔
— اليه البُشْرَى: خوش خبری دینا۔
اَزَفَّ: زَفَّ۔
— الظَّلِيْمَ وغَيْرَه: شتر مرغ وغیرہ کو دوڑانا۔

اَزَفَّ العَرُوْسَ: دولہن کو رخصت کرنا۔
اِسْتَزَفَّهُ الشَّیءُ: کسی کے لئے کسی چیز کا ہلکا ہونا۔
— السَّيْلُ الشَّیءَ: سیلاب کا کسی شے کو بہا کر لے جانا۔
الزِّفَافُ: رخصتی، شادی۔ لَيْلَةُ الزِّفَافِ: شادی کی رات، شب زفاف۔
الزِّفُّ: چھوٹے پر۔
الزَّفَّةُ: دفعہ جیسے: جِئْتُكَ زَفَّةً او زَفَّتَيْنِ: میں تمہارے پاس ایک دفعہ یا دو دفعہ آیا۔
الزُّفَّةُ: جماعت، گروہ، گروپ۔
الزَّفُوْفُ: شتر مرغ (۲) آواز دینے والی کمان (۳) تیز رو اونٹنی
الزَّفِيْفُ: تیز رفتار (۲) پرندہ کی اڑان۔
المِزَفَّةُ: دولہن کی ڈولی، پالکی۔
• زَفَنَ ـِ زَفْنًا: ناچنا۔
— فُلانًا: دھکا دینا۔ هو زافِنٌ وزَفَّانٌ وزَفُوْنٌ۔ کہتے ہیں: هم زَفَّافَةٌ حَفَّانَةٌ: وہ ناچتے ہیں اور خوب کھاتے ہیں۔
الإزْفَنَّةُ: حرکت۔ رَجُلٌ اِزْفَنَّةٌ: متحرک آدمی۔
الزِّفْنُ: چھت کے اوپر پڑا ہوا چھپر جو گرمی روکتا ہے۔
الزَّافِنَةُ: لنگڑی اونٹنی۔
المَزْفُوْنُ: لنگڑی اونٹنی۔
• زَفَتِ الرِّيْحُ ـِ زَفْيًا و زَفَيَانًا: ہوا کا تیز چلنا۔ زفت الرِّيْحُ الغُبارَ و السَّحَابَ: ہوا کا غبار اور بادلوں کو اڑا لے جانا۔
— القَوسُ: کمان سے آواز نکلنا۔
— فُلانٌ بنَفْسِه: جان دینا۔
— الشیءَ: ہٹانا، دور کرنا۔
— الاَمْوَاجُ السَّفِيْنَةَ: موجوں کا

کشتی کو دھکیلنا۔
زَفَی الحادِی المَطِیَّۃَ: شتربان (حدی خواں) کا اونٹنی کو ہانکنا۔
اَزْفَاہُ: منتقل کرنا۔
اَزْفَی العَرُوْسَ: دولہن کو رخصت کرنا، خاوند کے گھر بھیجنا۔
الزَّافِی: ہلکا اور تیز رفتار۔
الزَّفَیَانُ: ہلکاپن۔ نَاقَۃٌ زَفَیَانٌ: تیز رفتار اونٹنی۔
المَزْفِیُّ: ڈرایا ہوا۔

ز ـــــ ق

•زَقَبَ الجُرَذُ فِی الجُحْرِ ـُ زَقْبًا: چوہے کا بل میں گھسنا۔
ـــ فُلَانٌ الجُرَذَ فِی الجُحْرِ: چوہے کو بل میں گھسانا۔
زَقَّبَ المُکَّاءُ: مکا پرندہ کا آواز نکالنا۔
اِنْزَقَبَ الجُرَذُ: زَقَبَ۔
الزَّقَبُ: تنگ راستہ (۲) نزدیکی۔ کہتے ہیں: رَمَیْتُہٗ مِن زَقَبٍ: میں نے اسے قریب سے نشانہ بنایا۔
•زَقَحَ ـَ زَقْحًا و زُقَاحًا: بندر کا آواز نکالنا۔
•زَقْزَقَ الطَّائِرُ زَقْزَقَۃً و زِقْزَاقًا: پرندہ کا بیٹ کرنا (۲) چہچہانا۔
ـــ الطَّائِرُ فَرْخَہٗ: پرندہ کا چوزے کو چوگا دینا۔
ـــ فُلَانٌ: معمولی سا ہنسنا، مسکرانا۔
ـــ الصَّبِیَّ: بچہ کو کدانا، پیروں پر بٹھا کر نچانا
الزَّقْزَاقُ: آہستہ چلنے والا، ایک قسم کی چھوٹی
الزَّقْزَاقَۃُ: ہلکی رفتار سے چلنے والی عورت
•زَقَعَ ـَ زَقْعًا و زُقَاعًا: مرغ کا بانگ دینا، ککڑوں کوں کرنا۔
ـــ الحِمَارُ: گدھے کا زور سے گوز مارنا۔
•زَقَفَہٗ ـَ زَقْفًا: جلدی سے نگل جانا۔

زَقِفَ ـَ زَقْفًا: چھین لینا۔
تَزَقَّفَہٗ: اچکنا، جلدی نگلنا، جلدی سے جھپٹ لینا۔
الزُّقْفَۃُ: اچکی ہوئی یا چھینی ہوئی چیز، جلدی سے نگلی ہوئی چیز۔
•زَقَّ الطَّائِرُ فَرْخَہٗ ـُ زَقًّا: چوزہ کو چوگا دینا۔
ـــ الطَّائِرُ: بیٹ کرنا۔
ـــ الذَّبِیْحَۃَ: ذبح کئے ہوئے جانور کی سر کی جانب سے پیر تک کھال اتارنا۔
زَقَّقَ الجِلْدَ: سر کی طرف سے کھال اتارنا (مشکیزہ بنانے کے لئے)
ـــ فُلَانًا: کسی کے سر کے تمام بال کاٹنا۔
الزُّقَاقُ: گلی، کوچہ، نافذہ یا غیر نافذہ (مذکر ومؤنث دونوں کے لئے) ج: اَزِقَّۃٌ
الزِّقُّ: مشک ج: اَزْقَاقٌ و زِقَاقٌ۔
زِقُّ الحَدَّادِ: لوہار کی دھونکنی۔
•زَقَلَ و زَوْقَلَ: پگڑی کے سرے لٹکانا۔
•زَقَمَ الخُبْزَ و نَحْوَہٗ ـُ زَقْمًا: روٹی وغیرہ کو نگلنا یا لقمہ بنانا۔
اَزْقَمَہُ الشَّیْءَ: کسی کو کوئی چیز نگلوانا۔
اِزْدَقَمَہٗ: نگلنا۔
زَقَّمَ الکِتَابَ: کتاب کا حاشیہ لکھنا۔
تَزَقَّمَ فُلَانٌ: زقوم (تھوہر) کھانا۔
ـــ الخُبْزَ و نَحْوَہٗ: روٹی وغیرہ نگلنا یا اس کا لقمہ لینا۔
الزَّقُّوْمُ: ایک تلخ اور بدبودار درخت جس کا پھل اہلِ دوزخ کی غذا ہے قرآن پاک میں ہے: "اِنَّ شَجَرَۃَ الزَّقُّوْمِ طَعَامُ الاَثِیْمِ" (۲) ہر مہلک غذا۔
الزُّقْمَۃُ: طاعون۔
•زَقَنَ الحِمْلَ ـِ زَقْنًا: بوجھ اٹھانا۔
اَزْقَنَہٗ: بوجھ اٹھوانا، اٹھانے میں مدد دینا۔
•زَقَا الطَّائِرُ و الدِّیْکُ ـُ زَقْوًا و زُقَاءً: آواز نکالنا، چہچہانا، بانگ دینا۔

زَقَا الصَّبِیُّ: بچہ کا زور زور سے رونا۔
زَقِیَ ـَ زَقْیًا و زُقِیًّا: زَقَا۔
اَزْقَاہُ: رلانا (۲) آواز نکلوانا، چیخ نکلوانا۔
ـــ ھَامَۃَ فُلَانٍ: مار ڈالنا۔
الزَّاقِی: مرغ ج: زَوَاقٍ۔
الزُّقْیَۃُ: ڈھیر (۲) روپے پیسوں کا ڈھیر۔
الزَّقْیَۃُ: چیخ، بچہ کے رونے کی آواز۔

ز ـــــ ک

•زَکَأَ اِلَیْہِ ـَ زَکْئًا: کسی کا سہارا لینا، پناہ لینا۔
ـــ المَرْأَۃُ بِوَلَدِھَا: بچہ جننا۔
ـــ فُلَانًا کَذَا سَوْطًا: کسی کے (اتنے) کوڑے مارنا۔
ـــ فُلَانًا کَذَا دِرْھَمًا او دِیْنَارًا: کسی کو (اتنے) درہم یا دینار جلد دینا، نقد دینا۔
ـــ حَقَّہٗ: حق ادا کرنا۔
اَزْکَأَ مِنْہُ حَقَّہٗ: کسی سے اپنا حق لینا۔
الزُّکَأُ: ھو زُکَأُ النَّقْدِ: وہ مالدار ہے، نقد اور جلد ادائیگی کرتا ہے۔
المَزْکَأُ: پناہ گاہ، سہارا۔
•زَکَبَ ـُ زَکْبًا و زُکُوْبًا الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔
ـــ المَرْأَۃَ: جماع کرنا۔
زَکَبَتِ الاُمُّ وَلَدَھَا و بِوَلَدِھَا: عورت کا ایک درد میں بچہ جننا۔
اِنْزَکَبَ البَحْرُ: سمندر کے پانی کا نشیبی علاقہ میں داخل ہوجانا۔
الزُّکْبَۃُ: نطفہ (قطرۂ منی) (۲) لڑکا، اولاد
الزُّکَیْبَۃُ: بوری، بڑا تھیلا۔
•زَکَتَ الإِنَاءَ ـُ زَکْتًا: برتن کو بھرنا۔
اَزْکَتَ و زَکَّتَ الإِنَاءَ: زَکَتَ۔
•زَکَرَ ـُ زَکْرًا الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔
زَکَّرَہٗ: زَکَرَہٗ۔
تَزَکَّرَ: بھر جانا۔ تَزَکَّرَ بَطْنُہٗ: پیٹ

پھول کر مشک جیسا ہو جانا۔
الزُّكْرَةُ: مشروبات کا چھوٹا مشکیزہ ج: زُكَرٌ۔
• زَكْزَكَ الشیخُ: کمزوری کی وجہ سے بوڑھے کا قدم ملا کر آہستہ چلنا۔
تَزَكْزَكَ: ہتھیار و سامان اٹھانا۔
• زَكَّ الرَّجُلُ و الفَرْخُ ـِ زَكًّا و زَكَكًا و زَكِيكًا: کمزوری کی وجہ سے قدم ملا کر چلنا۔
ـــ الدُّرَّاجَةُ: تیتر کا دوڑنا۔
ـــ الإناءَ: برتن کو بھرنا۔
ـــ الطائرُ بِسَلْحِه: بیٹ کرنا۔
ـــ علی فُلانٍ: کسی پر غصہ ہونا۔
زَكَّهُ الماءُ: پانی کا کسی کو آسودہ کرنا۔
زُكَّ: بیماری کی وجہ سے کمزور ہو جانا (۲) بوڑھا ہو جانا۔
أزَكَّ علی الشیءِ: قبضہ کرنا۔
ـــ علی رَأیِه: اپنی رائے پر بضد ہونا، اپنی بات پر اڑنا۔
ـــ بِبَوْلِه: پیشاب روکنا۔
تَزَكَّكَ: ہتھیار یا سامان لے کر تیار ہونا۔
الزُّكُّ: دبلا اور کمزور۔
الزُّكَّةُ: غم و غصہ۔
• زَكَمَت به أُمُّهُ ـُ زَكْمًا: جننا۔
زَكَمَ اللهُ فُلانًا: اللہ کا کسی کو زکام میں مبتلا کرنا۔
ـــ القِرْبَةَ: مشکیزہ کو بھرنا۔
زُكِمَ زُكامًا و زُكْمَةً: زکام ہونا۔ هو مَزْكُومٌ۔
أزْكَمَهُ اللهُ: زَكَمَهُ۔
زُكِّمَ عَلَيْهِم: شبہ میں ڈالنا۔
الزُّكامُ: زکام، ناک میں پیدا ہونے والی سوزش جس سے چھینکیں آتی ہیں اور ریزش یا پانی نکلتا رہتا ہے۔

الزُّكْمَةُ: زکام (۲) اولاد۔ کہتے ہیں: لِفُلانٍ زُكْمَةُ سُوءٍ: فلاں کی بری اولاد ہے
الزُّكْمَةُ: آخری بچہ (۲) اکھڑ اور اجڈ آدمی۔
• زَكِنَ إليه ـَ زُكُونًا: پناہ لینا، کسی کے ساتھ گھل مل جانا۔
ـــ الأمرَ زَكَنًا: یقین کی حد تک گمان کرنا۔ زَكِنْتُ أنَّه رَجُلُ سُوءٍ: میں نے سمجھ لیا کہ وہ برا آدمی ہے
ـــ الشیءَ: سمجھنا، اچھی طرح جاننا۔
أزْكَنَ الشیءَ: زَكِنَهُ۔
ـــ فُلانًا الأمرَ: کسی کو کوئی بات بتا دینا اور سمجھانا۔
زَاكَنَهُ: کسی کے ساتھ طبع آزمائی کرنا، ذہانت میں مقابلہ کرنا، چیستاں پیش کر کے اس کا حل نکلوانا (۲) کسی کے قریب ہونا۔ هذا جَيْشٌ يُزَاكِنُ الفًا: یہ لشکر ایک ہزار کے قریب ہے (۳) تال میل ہونا، ہم نشین ہونا۔
بنو فُلانٍ يُزَاكِنُونَ بني فُلانٍ: فلاں قبیلہ فلاں قبیلہ کا ہم نشین و ہم مجلس ہے۔
زَكَّنَ عَلَيْه: شبہ میں ڈالنا، اشتباہ پیدا کرنا۔
الزَّكَانَةُ: فہم و فراست، سمجھ بوجھ (۲) اصابتِ رائے، کسی کے بارہ میں کوئی گمان کرنا اور اسے ویسا ہی پانا۔
الزَّكِنُ: ذہین و فہیم، جلد تاڑ جانے والا، صاحبِ فراست۔
الزُّكَنُ: مضبوط حافظہ والا، بہترین یادداشت والا۔
• زَكَا الشیءُ ـُ زُكُوًّا و زَكَاءً و زَكَاةً: نشوونما پانا، بڑھنا۔
ـــ الأرضُ: زمین کا عمدہ ہونا۔
ـــ فُلانٌ: نیک و صالح ہونا (۲) خوشحال اور خوش عیش ہونا، عیش کی زندگی گزارنا۔
هو زَكِيٌّ ج: أزْكِياءُ۔
هذا الأمرُ لا يَزْكُو بِفُلانٍ: یہ بات فلاں کے لائق نہیں ہے۔
زَكِيَ ـَ زَكًى و زَكَاءً: بڑھنا، پنپنا۔
أزْكَى الشیءُ: بڑھنا، زیادہ ہونا۔
ـــ الشیءَ: بڑھانا، نشوونما دینا، ترقی دینا۔
زَكَّى الشیءَ: بڑھانا (۲) پاک و صاف کرنا (۳) اصلاح کرنا، نیک بنانا۔
ـــ نَفْسَهُ: خودستائی کرنا، اپنی تعریف کرنا، اپنے کو پاک و صاف بتانا، قرآن پاک میں ہے: "فَلَا تُزَكُّوا أنْفُسَكُمْ"
ـــ الشُّهُودَ: گواہوں کو عادل اور سچا قرار دینا۔
ـــ المُرَشَّحَ لِعَمَلٍ: کسی کام کے امیدوار کی تصدیق کرنا، صحیح قرار دینا۔
ـــ مَالَهُ: مال کی زکاۃ ادا کرنا۔
تَزَكَّى: بڑھنا، نشوونما پانا۔
ـــ فُلانٌ: نیک و صالح ہونا، پاک و صاف ہونا (۲) صدقہ کرنا۔
الزَّكا: ہر چیز کا جفت عدد، دو یا چار وغیرہ کہتے ہیں: خَسًا او زَكًا: طاق یا جفت
الزَّكاةُ: زیادتی، بڑھوتری، برکت (۲) پاکیزگی (۳) نیکی، صلاح (۴) ہر شے کا جوہر، عمدہ حصہ (۵) صدقہ (۶) زکوٰۃ، مال کی ایک مقررہ مقدار پر مخصوص شرائط کے ساتھ فقراء کے لئے شرعاً واجب ہونے والا حصہ (۷) مال کا وہ حصہ جسے مال دار (صاحب نصاب) شریعت کے حکم کے مطابق راہ خدا میں نکالتا ہے۔ اس کو زکوٰۃ اس لئے کہتے ہیں کہ یہ مال دار کے مال میں زیادتی، خیر و برکت اور پاکیزگی پیدا کرتا ہے۔

الزَّاكِي: نشوونما پانے والا ج: زُكَاةٌ ۔

الزَّكِيُّ: بہتر نشوونما پانے والا (۲) نیک، صالح ج: أَزْكِيَاء ۔

الزَّكِيَّةُ: بہتر نشوونما پانے والی (۲) أَرْضٌ زَكِيَّةٌ: عمدہ اور زرخیز زمین ۔

ز ل

•زَلِبَ الصَّبِيُّ بِأُمِّهِ ـَ زَلَبًا: بچہ کا ماں سے چمٹے رہنا، الگ نہ ہونا۔

الزَّلَابِيَّةُ: جلیبی، مشہور ہندوستانی مٹھائی (۲) گلگلا وغیرہ۔

الزُّلْبَةُ: لقمہ۔

•زَلَجَ ـِ زَلْجًا وزَلَجَانًا وزَلِيجًا: پھرتی کے ساتھ چلنا، تیز چلنا۔

—من فيه كلامٌ: منہ سے عجلت میں کوئی بات نکل جانا۔

—السَّهْمُ زُلُوجًا وزَلِيجًا: تیر کا زمین پر گر جانا اور نشانہ پر نہ پہنچنا۔ فالسَّهْمُ زَالِجٌ وزَلُوجٌ ۔

—من فيه كلامًا: بے سوچے سمجھے منہ سے بات نکالنا اور پھر شرمندہ ہونا۔

—البابَ: دروازہ کو چٹخنی لگانا۔

زَلِجَ المكانُ ـَ زَلَجًا: جگہ کا پھسلواں اور چکنا ہونا (۲) پھسلتے ہوئے چلنا، لڑھکنا هو زَلِجٌ وزَلِيجٌ ۔

—الماءُ عن الحَنْجَرَةِ: پانی کا حلق سے نیچے اتر جانا۔

أَزْلَجَ الشيءَ: پھسلانا، نیچے اتارنا، لڑھکانا

—البابَ: دروازہ کو چٹخنی لگانا۔

زَلَّجَهُ: أَزْلَجَهُ ۔

—الكلامَ: بات منہ سے نکالنا اور پھیلانا۔

کہتے ہیں: زَلَّجَ من فيه كلامًا ثُمَّ نَدِمَ عليه ۔

—فلانًا عن كذا: کسی بات سے ہٹانا۔

—عَيْشَهُ: معمولی چیز پر گزر اوقات کرنا، بقدر سدِّ رمق پر جینا۔

انْزَلَجَ: زَلِجَ ۔

تَزَلَّجَ: زَلِجَ ۔

—الشَّرابَ: شراب یا کوئی مشروب خوب پینا۔

الزَّالِجُ: مصائب سے چھٹکارا پانے والا (۲) بہت پینے والا، غٹاغٹ چڑھانیوالا۔

الزَّلِجُ: پھسلواں، چکنا۔

الزَّلُوجُ: تیز رو، تیزی سے نکل جانے یا پھسلنے والا۔ سَهْمٌ زَلُوجٌ: کمان سے پھسل کر نکل جانے والا تیر۔ عَقَبَةٌ زَلُوجٌ: لمبی چوڑی گھاٹی ج: زُلُجٌ

المِزْلَاجُ: چٹخنی وغیرہ جس سے دروازہ بند کیا جائے جو ہاتھ سے کھولی جاتی ہے برخلاف مِغلاق کے اسے چابی سے کھولا جاتا ہے۔ امرأةٌ مِزْلَاجٌ: وہ عورت جس کے کولہوں اور رانوں پر گوشت کم ہو ج: مَزَالِيجُ ۔

المِزْلَجُ: پہیوں دار کھڑاؤں جس پر پاؤں رکھ کر پھسلتے ہوئے چلتے ہیں۔

المُزَلَّجُ: بے نفع اور بخیل آدمی (۲) بے وزن ہلکا (۳) حرامی بچہ (۴) ہر ردّی اور خراب شے (۵) غیر مستحکم اور نامکمل کام۔ عطاءٌ مُزَلَّجٌ: بخیلانہ عطیہ۔

•زَلَحَهُ ـَ زَلْحًا: مزہ چکھنا۔ زَلَحَ رَأْسُهُ: سر کے بال اڑ جانا۔

تزلَّحَهُ: زَلَحَه ۔

الزُّلَّحُ: باطل۔

تَزَلْحَبَ عنه: پھسلنا۔

الازلَحُ: گنجا۔

زَلْحَفَهُ: ہٹانا، ایک طرف کرنا۔

تَزَلْحَفَ: علیحدہ ہونا، ہٹنا، ایک طرف ہونا۔

ازْلَحَفَّ عنه: ہٹنا، الگ ہونا۔

الزُّلَحْفَةُ: کچھوا۔

•زَلَخَ ـِ زَلْخًا وزَلَخَانًا: چلتے ہوئے آگے نکل جانا، تیز چلنا۔

—فلانًا بالرُّمْحِ زَلْخًا: نیزہ بھونکنا

—رأسَهُ: سر کو زخمی کرنا۔

زَلِخَ ـَ زَلَخًا: موٹا ہونا۔

زَلَّخَهُ: چکنا کرنا، پھسلواں بنانا۔

—اللّٰهُ فلانًا: اللہ کا کسی کو (خاص قسم کے) درد اعصاب میں مبتلا کرنا۔

تَزَلَّخَ: پاؤں پھسلنا، جگہ کا پھسلواں ہونا

الزُّلَّخَةُ: الزُّحْلُوقَةُ: بچوں کے پھسلنے کا تختہ یا پھسلنے کا زینہ (۲) اعصاب کا تناؤ اور پٹھے کا درد۔

•زَلِزَ ـَ زَلَزًا: تنگ ہونا، پریشان ہونا۔

الزَّلَزُ: گھریلو سامان، آرائشی سامان۔

الزَّلِزُ: بےچین، پریشان (۲) سامان، فرنیچر۔

الزَّلِزَةُ: تانیث الزَّلِز (۲) کم عقل عورت جو پڑوسی عورتوں کے پاس بکثرت آمدورفت رکھتی ہو۔

الزَّلْزَاءُ: جَمَعُوا زَلْزَاءَ هُمْ: انہوں نے اپنے معاملات سمیٹ لئے۔

•زَلْزَلَهُ زَلْزَلَةً وزِلْزَالًا: ہلا ڈالنا، جھٹکے دینا، بھونچال لانا، زلزلہ پیدا کرنا (۲) ڈرانا۔

—فلانٌ الماءَ: پانی پینا، حلق میں چھوٹنا

تَزَلْزَلَ: بھونچال آنا، جھٹکے لگنا، زلزلہ آنا، ہلنا (۲) ڈرنا۔

—نَفْسُهُ: موت کے وقت سینہ میں گھٹن ہونا۔ دم نکلنے کے قریب ہونا۔

الزَّلَازِلُ: شیریں اور صاف پانی۔

الزَّلْزَالُ: زیر زمین پیدا ہونے والی زبردست حرکت، بھونچال، حرکت، زلزلہ (۲) آفت و مصیبت، خوف، طوفان مصائب ج: زَلَازِلُ ۔

مقياسُ الزَّلَازِلِ: زلزلہ پیما۔

الزُّلْزُلُ : باہر ڈھولچی، نقارچی (۲) چلبلا اور خوش طبع آدمی ج : زَلَازِل ۔
الزُّلْزُلُ : سامان خانہ ۔
الزُّلْزُولُ : خوش طبع اور چلبلا آدمی (۲) لڑائی جھگڑا ۔
•زَلَطَ ـ زَلْطًا : تیز چلنا ۔
زَلَّطَ الأرْضَ تَزْلِيطًا : زمین میں کنکریاں بچھانا ۔
ـــ فُلَانًا : برہنہ کرنا
تَزَلَّطَ : برہنہ ہونا
الزَّلَطُ : چکنی چھوٹی کنکریاں، سڑک پر کوٹنے کی بجری، کنکریٹ ۔ واحد : زَلَطَةٌ ۔
وَابُوْرُ الزَّلَطِ : سڑک کوٹنے کا انجن ۔
•زَلَعَتِ النَّارُ ـ زُلُوعًا : آگ کا تیز ہونا، اوپر اٹھنا ۔
زَلَعَ له من ماله زَلْعَةً : مال میں سے کچھ حصہ دینا ۔
ـــ الشیءَ زَلْعًا : دھوکہ سے کوئی چیز چھین لینا
ـــ الماءَ من البئر وغيرها : کنویں وغیرہ سے پانی نکالنا ۔
ـــ فُلَانًا : کسی کے لاٹھی یا ڈنڈا مارنا ۔
ـــ رَأسَهُ : سر پھاڑنا ۔
ـــ جِلْدَهُ بالنَّار : کھال کو آگ سے جلانا ۔
زَلِعَتِ القَدَمُ او الكَفُّ ـ زَلَعًا : پیروں یا ہتھیلیوں کا اوپر سے پھٹ جانا ۔
ـــ جِرَاحَتُهُ : زخم کا خراب ہو جانا ۔ هو أَزْلَعُ و هي زَلْعَاءُ ج : زُلْعٌ ۔
شَفَةٌ زَلْعَاءُ : پھٹا ہوا ہونٹ ۔
أَزْلَعَهُ : لالچ دلانا ۔
تَزَلَّعَتْ يَدُهُ و رِجْلُهُ : ہاتھ پیر پھٹنا یا جل جانا ۔
تَزَلَّعَ رِيشُهُ : پر گر جانا ۔
ـــ الشیءُ : کسی چیز کا ٹوٹ جانا ۔
المِزْلَعَةُ : کاٹ لینا جیسے : ازْدَلَعَ الشَّجَرَةَ ۔
ـــ حَقَّهُ : حق میں کٹوتی کرنا یا حق دبا لینا ۔

ازْدَلَعَ الشیءَ : دھوکہ سے چھین لینا ۔
الزَّلْعَةُ : خراب ہو جانے والا زخم ۔
الزَّلِيعُ : چھوٹی کوڑیاں جن کا ہار بنا کر عورتیں پہنتی ہیں ۔ الزَّوْلَعُ : پھٹی ہوئی ایڑیوں والا ۔
المُزَلَّعُ : پھٹے ہوئے پیروں والا ۔
•زَلَغَ النَّجْمُ ـ زُلُوغًا : تارا نکلنا ۔
ـــ النَّارُ : آگ کا بلند ہونا ۔
تَزَلَّغَتْ رِجْلُهُ : پاؤں پھٹنا ۔
ازْلَغَبَّ الفَرْخُ : چوزہ کے پر نکلنا ۔
•زَلَفَ إليه ـ زَلْفًا و زَلِيفًا : نزدیک ہونا، آگے آنا ۔
ـــ الشیءَ : نزدیک کرنا، آگے لانا ۔
أَزْلَفَهُ : نزدیک کرنا، آگے لانا (۲) اکٹھا کرنا ۔ کہتے ہیں : أَزْلَفْتُ القَوْمَ : میں نے لوگوں کو اکٹھا کیا ۔
زَلَّفَ فی حديثه : بات میں اضافہ کرنا، بڑھا چڑھا کر پیش کرنا ۔
زَلَّفَ الشیءَ : قریب کرنا، آگے کرنا ۔
ازْدَلَفَ : زَلَفَ ۔ ازْدَلَفَ السَّهْمُ الى كذا : تیر کا کسی چیز کے قریب ہونا ۔
الزَّلَفُ : نزدیکی، قرب، تقرب، مرتبہ ۔
الزَّلَفُ : باغ ۔
الزَّلَفُ : الزَّلَفُ (۲) بھرا ہوا حوض یا تالاب
الزُّلْفَةُ : قرب، نزدیکی، مرتبہ (۲) بڑا پیالہ (۳) ابتدائی رات کا ایک حصہ ج : زُلَفٌ
الزَّلَفَةُ : پانی بھرا ہوا حوض یا کنواں یا تالاب گڑھا وغیرہ (۲) بڑا پیالہ (۳) باغ (۴) ہرا ٹب (۵) آئینہ یا آئینہ کا اوپر کا حصہ (۶) چکنی چٹان یا پتھر (۷) سخت زمین (۸) ہموار نرم رسّی ج : زَلَفٌ ۔
الزُّلْفَى : تقرب، درجہ و مرتبہ، قرب و نزدیکی (۲) باغ ۔
المُتَزَلِّفُ : طفیلی ۔
المُزْدَلِفَةُ : منیٰ اور عرفات کے درمیان ایک جگہ کا نام جہاں حجاج عرفات سے لوٹ کر منیٰ آتے ہوئے رات کو قیام کرتے ہیں ۔
المِزْلَفُ : سیڑھی ج : مزالف ۔
المَزْلَفَةُ : صحرا کے قریب کی آبادی، گاؤں، ج : مَزَالِف ۔
مَزَالِفُ الحِجَاز : سفر کی منزلیں پڑاؤ کی جگہیں ۔
•زَلِقَتِ القَدَمُ ـ زَلَقًا : پیر پھسلنا، قدم نہ جمنا ۔ زَلِقَ فُلانٌ بمكانه : فلاں آدمی اُکتا کر اپنی جگہ سے ہٹ گیا، دور ہو گیا
ـــ الشیءَ ـ زَلْقًا : ہٹانا، دور کرنا، پھسلانا
ـــ فُلانًا بِبَصَرِهِ : غضبناک نگاہوں سے دیکھنا کہ اپنی جگہ سنبھل نہ سکے ۔
ـــ رَأسَهُ : سر مونڈ کر چکنا کرنا ۔
زَلِقَتِ القَدَمُ ـ زَلَقًا : پیر پھسلنا، نہ جمنا ۔ زَلِقَ بمكانه : وہ اپنی جگہ سنبھل نہ سکا ۔
أَزْلَقَتِ الحَامِلُ : حاملہ عورت کا بچہ گرانا ۔ هي مُزْلِقَةٌ و مُزْلِقٌ ۔
ـــ فُلانًا بِبَصَرِهِ : کسی کو انتہائی غضبناک نگاہ سے دیکھنا کہ وہ لڑکھڑا جائے یا لڑکھڑانے کے قریب ہو جائے ۔ قرآن پاک میں ہے : "وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِأَبْصَارِهِمْ" ۔
ـــ رَأسَهُ : سر مونڈ کر چکنا کرنا ۔
زَلَّقَ المَكَانَ : جگہ کو چکنا اور پھسلواں بنانا
زَلَّقَ الحَدِيدَةَ : لوہے کو کوٹ کر چکنا کر دینا ۔
ـــ فُلانًا بِبَصَرِهِ : زَلَقَهُ ۔
انْزَلَقَ : پھسلنا، چکنا ہونا ۔
تَزَلَّقَ : سنورنا، اتنا آراستہ اور آسودہ ہونا کہ چمک دمک ظاہر ہو (۲) تیل وغیرہ اتنا ملنا کہ چمک آجائے ۔
الزَّلِقُ : چکنی جگہ جہاں قدم جم نہ سکے ۔

الزَّلِقُ : جلد غصہ ہونے والا (۲) پھسلنی جگہ
الزَّلَقَةُ : پھسلواں اور چکنی چٹان، چکنا پتھر (۲) آئینہ ج: زَلَقٌ
الزُّلْقَةُ : ایک لغزش۔
الزَّلَّاقَةُ : پھسلنی جگہ جہاں پیر نہ جم سکے (۲) بچوں کے پھسلنے کا تخت یا پختہ بنی ہوئی جگہ۔
الزُّلَيْقُ : آڑو یا شفتالو (بڑی قسم کا چکنا اور ملائم آڑو)۔
الزَّلِيقُ : ناتمام بچہ (جس کا اسقاط ہو جائے)
الزَّلِيقُ : تیز رو ہوا۔
المِزْلَاقُ : دروازہ کی چٹخنی (۲) کثیر الاسقاط یا اسقاط کی عادی عورت ج: مَزَالِيقُ۔
المَزْلَقُ : پھسلنی جگہ، لغزش گاہ ج: مَزَالِقُ
المَزْلَقَةُ : پھسلنے کا تختہ یا جگہ (جس پر بچے تفریحاً پھسلتے ہیں) مَكَانٌ مَزْلَقَةٌ و أَرْضٌ مَزْلَقَةٌ : پھسلواں جگہ ج: مَزَالِقُ۔
المَزْلَقَان : لیول کراسنگ یا فلائی اوور وہ راستہ جو دو طرف سے ڈھلواں اور ریلوے لائن کے اوپر سے گزرتا ہے۔
• زَلْقَمَةٌ : حرص کے ساتھ کھانا، نگلنا، ٹھونسنا۔
الزُّلْقُمُ : سمندر۔
الزَّلْقَمَةُ : کشادگی، پھیلاؤ۔
الزُّلْقُومُ : گلا (۲) ہاتھی کی سونڈ ج: زَلَاقِيمُ
• زَلَّتْ قَدَمُهُ ـ زَلًّا و زُلُولًا : پیر پھسلنا، لغزش ہونا، ڈگمگا جانا، ٹھوکر کھانا۔
ـــ فی مَنْطِقِه و رَأْيِه : بات یا رائے میں غلطی کرنا، لغزش ہونا۔
ـــ عن مَكَانِه : اپنی جگہ سے ہٹنا، دور ہونا۔ زَلَّتْ منه الی فُلَانٍ نِعْمَةٌ : اس کے پاس سے فلاں کے پاس نعمت چلی گئی۔
ـــ الشیئُ : جانا، گزر جانا، ختم ہو جانا، جیسے : زَلَّ عُمُرُه ۔
زَلَّ منه كذا : تیزی سے گزر جانا۔
ـــ النُّقُودُ : سکہ کا وزن کم ہونا۔
زَلَّ ـ زَلَلًا : پیر پھسلنا، لغزش ہونا، (۲) ران اور سرین کے کم گوشت والا ہونا۔ هو أَزَلُّ و هی زَلَّاءُ ج: زُلٌّ۔
أَزَلَّهُ : پھسلانا، لغزش کرانا، ٹھوکر لگوانا، لغزش یا ٹھوکر کا سبب بننا، (۲) آگے بڑھانا۔
ـــ الیه نِعْمَةً : کسی کو نعمت عطا کرنا
زَلَّلَ الیه نِعْمَةً : کسی کو نعمت عطا کرنا۔ فُلَانٌ مُزَلَّلٌ : وہ بڑا صاحب خیر اور داد و دہش والا ہے و هی مُزَلَّلَةٌ۔
اِسْتَزَلَّهُ : لغزش کرانا، پھسلانا، غلطی کرانا قرآن پاک میں ہے: "اِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطَانُ"
الأَزَلُّ : تیز رفتار۔ السِّمْعُ الأَزَلُّ : بھیڑیے اور بجو دونوں سے مل کر پیدا ہونے والا بچہ۔
الزُّلَالُ : ٹھنڈا صاف و شفاف شیریں پانی (۲) ہر خالص اور صاف چیز۔
زُلَالُ البَیضِ : انڈوں کی سفیدی۔
ذَهَبٌ و فِضَّةٌ زُلَالٌ : خالص سونا اور چاندی (۲) علم کیمیا میں پروٹین کی ایک قسم جو عام طور پر پانی میں گھل جاتی ہے اور اس میں کبریت (گندھک) کی فیصد مقدار بہت زیادہ ہوتی ہے (۳) علم الامراض میں ایک پروٹینی مادہ کا نام ہے جو حیوانات اور نباتات کے النسیج (باریک جھلیوں) میں پھیلا ہوا ہوتا ہے۔
الزُّلَالِيُّ : بَوْلٌ زُلَالِيٌّ : وہ پیشاب جس میں پروٹین کا مادہ ہو۔
الزَّلُّ : مَقَامٌ زَلٌّ : پھسلنی جگہ۔ مَقَامَةٌ زَلٌّ بھی کہتے ہیں۔
الزَّلَّاءُ : تانیث الأَزَلّ۔ قَوْسٌ زَلَّاءُ : وہ کمان جس سے تیر تیزی کے ساتھ نکل جائے ج: زُلٌّ۔
الزَّلَّةُ : لغزش، ٹھوکر (۲) غلطی، گناہ (۳) شادی (تقریب) (۴) ولیمہ۔
اتَّخَذَ فُلَانٌ زَلَّةً : فلاں نے ولیمہ کیا (۲) حسن سلوک (۳) عطیہ۔
الزُّلَّةُ : دمہ کی بیماری، ضیق النفس۔
الزَّلَّةُ : چکنے پتھر۔
الزِّلِّيَّةُ : ایک قسم کا فرش ج: زَلَالِيُّ۔
الزَّلُولُ : مَاءٌ زَلُولٌ : صاف ٹھنڈا شیریں پانی۔ مَكَانٌ زَلُولٌ : پھسلنی جگہ
الزَّلِيلُ : ٹھنڈا اور شیریں پانی (۲) پھسلنی جگہ (۳) فالودہ۔
المَزِلَّةُ : لغزش کی جگہ، پھسلنی جگہ۔ أَرْضٌ مَزِلَّةٌ : پھسلنی جگہ ج: مَزَالُّ۔
• زَلَمَ ـ زَلْمًا : غلطی کرنا۔
ـــ أَنْفَهُ : ناک کاٹنا۔
ـــ عَطَاءَهُ : بخشش کم کرنا۔
ـــ السَّهْمَ : تیر کو عمدہ اور ہموار کرنا۔
ـــ الإِنَاءَ وغیرَهُ : برتن وغیرہ کو بھرنا هو مَزْلُومٌ و زَلِيمٌ۔
زَلِمَ ـ زَلَمًا : کان کے حصہ کا کٹا ہوا ہونا۔ هو أَزْلَمُ و هی زَلْمَاءُ
زَلَّمَهُ : زَلَمَه۔
ـــ غِذَاءَهُ : کسی کو خراب غذا دینا جس سے جسم دبلا ہو جائے۔
ـــ الإِبِلَ : اونٹ کے کان کو کاٹ کر کٹے ہوئے حصہ کو لٹکا ہوا چھوڑنا۔
ـــ الرَّحَی : چکی چلانا اور اس کے کناروں سے لینا۔
ازْدَلَمَ رَأْسَهُ او أَنْفَهُ : سر یا کان کاٹنا
الأَزْلَمُ : پہاڑی بکرا (۲) سخت زمانہ (۳)

آفات ومصائب سے گزر جانا۔
الزَّلَمُ : بے پرکا تیر ج: اَزْلَامٌ۔زمانۂ جاہلیت کے عرب تیروں سے اپنی قسمت معلوم کیا کرتے تھے اس طرح کہ تیروں پر اجازت یا ممانعت لکھ کر ایک برتن میں ڈال دیتے تھے، پھر جب کسی کو اپنے بارہ میں مشورہ مطلوب ہوتا تو وہ ہاتھ ڈال کر ایک تیر نکال لیتا تھا اگر اس پر اجازت اور حکم لکھا ہوتا تو وہ اسے کر گزرتا اور اگر ممانعت لکھی ہوتی تو اس سے باز رہتا (۲) جانور کا کھُریا اس کے آس پاس کا حصہ
الزَّلْمَاءُ : تانیث الْاَزْلَم (۲) پہاڑی بکری (۳) شکرہ کی مادہ۔
الزُّلْمَةُ : قدوقامت، ہیئت۔ هو العَبْدُ زُلْمَةً : وہ شکل وصورت سے غلام سا معلوم ہوتا ہے۔
الزَّلَمَةُ : ہیئت، شکل وصورت (۲) بھیڑ بکری کے کان کا کٹا ہوا لٹکا ہوا حصہ یہ زَلَمَتَانِ دو ہوتے ہیں۔
المُزَلَّمُ : پست قد اور چلبلا خوش طبع آدمی (۲) کن کٹی بھیڑ بکری (۳) چھوٹی دم والا۔

ز م

•زَمَتَهُ ـُ زَمْتًا : گلا گھونٹنا۔
زَمُتَ ـُ زَمَاتَةً : سنجیدہ کم گو اور باوقار ہونا۔ هو زَمِيتٌ۔
تَزَمَّتَ : باوقار بننا، سنجیدہ بننا (۲) دین اور رائے میں پختہ اور سخت ہونا۔
الزُّمَّتُ : کوے جیسا کالے پروں والا ایک پرندہ۔
الزِّمِّيتُ : بہت متشدد، اپنی رائے اور اپنے مذہب کا پکا۔ هي زِمِّيتَةٌ۔
المُتَزَمِّتُ : باوقار (۲) اپنی رائے اور مذہب میں پختہ۔
•زَمَجَ عليه ـِ زَمْجًا : کسی کے پاس بے بلائے یا بلا اجازت پہنچ جانا۔
زَمَجَ بين النَّاسِ : لوگوں کو ایک دوسرے کے خلاف بھڑکانا۔
ـــ القِرْبَةَ و نحوَها : مشکیزہ وغیرہ کو بھرنا۔
زَمِجَ ـَ زَمَجًا : ناراض ہونا، غصہ ہونا۔ هو زَمِجٌ وهي زَمِجَةٌ۔
اِزْمَأَجَّ : زَمِجَ۔
ـــ الرُّطَبَةُ : پختہ کھجور کا گرمی یا شبنم کی وجہ سے پھول جانا۔
الزُّمَّاجُ : ہلکے پیروں والا۔
الزُّمَّجُ : الزُّمَّاجُ (۲) عقاب کی طرح کا ایک پرندہ (سرخ رنگ کا)
زُمَّجُ الماءِ : ایک چھوٹا آبی پرندہ جو پانی پر تیرتا ہے اور مچھلی کھاتا ہے ج: زَمَامِجُ۔
•زَمْجَرَ : شور مچانا، شیر کا دہاڑنا یا شیر کی طرح دہاڑنا، سینہ کے اندر سختی کے ساتھ آواز کو گھمانا، گونج دار یا گرج دار آواز نکالنا۔
تَزَمْجَرَ : زَمْجَرَ۔
زَمْجَرَةُ المِدْفَعِيَّةِ : توپ خانہ کی گرج۔
•زَمَخَ ـَ زَمْخًا و زُمُوخًا : مغرور ہونا، بڑا بننا، ناک چڑھانا۔ زَمَخَ بِأَنْفِهِ : تکبر سے ناک چڑھانا۔
تَزَمَّخَ : مغرور ہونا۔
الزَّامِخُ : بلند۔ جَبَلٌ زَامِخٌ و اَنْفٌ زَامِخٌ : بلند پہاڑ، بلند ناک۔ كَيْلٌ زَامِخٌ : بھرپور پیمانہ ج: زُمَّخٌ و زَوَامِخُ۔
الزَّمَخُ : عَقَبَةٌ زَمَخٌ و رِحْلَةٌ زَمَخٌ : دور دراز کا سفر۔
الزَّمُوخُ : الزَمَخُ : عَقَبَةٌ زَمُوخٌ : دراز گھاٹی۔ رِحْلَةٌ زَمُوخٌ : لمبا سفر
•زَمْخَرَ الصَّوْتُ : آواز سخت ہونا۔
ـــ النَّمِرُ و غيرُه : چیتے وغیرہ کا غصہ سے چیخنا، دہاڑنا۔
زَمْخَرَ الشَّجَرُ : درختوں کا گنجان اور گھنا ہونا
ـــ العُشْبُ : گھاس کا لمبا ہونا اور اس پر کلیاں آجانا۔
تَزَمْخَرَ النَّمِرُ و غيرُه : چیتے وغیرہ کا دہاڑنا
اِزْمَخَرَّ الصَّوْتُ : آواز کا سخت ہونا۔
الزَّمَاخِرُ و الزَّمَاخِرِيُّ : کھوکھلا، بے مغز، جیسے بانس ہڈی وغیرہ۔
الزَّمْخَرُ : کھوکھلا، بے مغز (۲) بانسری کی نے (۳) بانس کے بنے ہوئے تیر (۴) گنجان اور گھنے درخت (۵) عالی مرتبہ آدمی۔
•زَمَرَ ـِ زَمْرًا و زَمِيرًا و زَمَرَانًا : بانسری بجانا۔
ـــ بالمِزْمَارِ و فيه : بانسری میں گانا، بانسری بجانا۔
ـــ بالحَدِيثِ : بات کا افشا کرنا، پھیلانا
ـــ النَّعَامَةُ : شتر مرغ کا بولنا۔
ـــ الظَّبْيُ و نَحْوُهُ زَمَرَانًا : ہرن کا بدک کر بھاگنا۔
ـــ فُلَانًا بفُلَانٍ : کسی کو کسی کے خلاف اکسانا۔
ـــ الوِعَاءَ و نَحْوَهُ ـُ زَمْرًا : برتن بھرنا۔
زَمِرَ الشيءُ ـَ زَمْرًا و زَمَارَةً و زُمُورَةً : کم ہونا۔ کہتے ہیں : زَمِرَ صُوفُهُ او شَعْرُهُ او رِيشُهُ : اون یا بال یا پر کم ہونا۔
ـــ فُلَانٌ : بے مروت ہونا۔ عَطِيَّةٌ زَمِرَةٌ : معمولی عطیہ۔ فُلَانٌ زَمِرُ المُرُوءَةِ : فلاں شخص بے مروت ہے (۲) اچھا ہونا۔ زَمِرَ فُلَانٌ : فلاں آدمی اچھا ہے۔ هو زَمِرٌ و زَمِيرٌ۔
زَمَّرَ بالمِزْمَارِ : بانسری بجانا۔
ـــ الوِعَاءَ و نَحْوَهُ : برتن وغیرہ کو بھرنا۔
ـــ الكَلْبَ و غيرَهُ : کتے کے گلے میں پٹا

ڈالنا۔
اِستَزمَرَ: منقبض ہو جانا، کمزور پڑ جانا۔
اِزمَأَرَّ: غصہ سے لال پیلا ہونا۔
الزَّامِرُ: بانسری بجانے والا۔ ھی زَامِرَۃ۔
الزِّمَارُ: شترمرغ کی آواز (۲) تالو (دماغ کے اوپر باریک جھلی)
الزِّمَارَۃ: بانسری بجانے کا پیشہ۔
الزُّمرَۃُ: جماعت، گروپ ج: زُمَرٌ۔
زُمرَۃُ المُنتَخِبِینَ: ووٹروں کا حلقہ
الزَّمَّارُ: بانسری بجانے والا، بین بجانے والا۔
الزَّمَّارَۃُ: مؤنث الزَّمَّار (۲) بانسری، نے وغیرہ جس میں نغمہ کی آواز نکالی جائے، بین (۳) بیڑی (۴) گلے کا پٹّا ج: زَمَامِیرُ
الزِّمِّیرُ: ایک قسم کی مچھلی جو شمالی یورپ کے دریاؤں میں رہتی ہے (۲) دو رنگ کی ایک خاص چڑیا۔
الزُّمَّیرُ: ناریل کی قسم کا ایک درخت۔
الزُّمُّورُ: خوبصورت لڑکا ج: زُمُرٌ۔
الزِّمِّیرُ: پست قد (۲) خوبصورت لڑکا ج: زِمارٌ۔
المِزمَارُ: بانسری یا اس جیسا منہ سے بجانے کا باجا، بین، نفیری ج: مَزَامِیرُ۔
المَزمُورُ: بانسری، گیت ج: مَزَامِیرُ۔
مَزَامِیرُ داوٗد: حضرت داوٗد علیہ السلام کے وظائف اور دعائیں (۲) وہ کتاب جس میں حضرت داوٗد علیہ السلام و حضرت سلیمان و آصاف کے مذہبی گیت اور دعائیں جمع کی گئی ہیں۔
الزُّمُرُّدُ: سبز رنگ کا ایک قیمتی پتھر، زمرد، واحد: زُمُرُّدَۃ۔
• زَمزَمَ: گونج دار آواز ہونا، دور سے گنگناہٹ سنائی دینا۔
ــــ الحِصَانُ: گھوڑے کا اپنی آواز میں مست ہونا۔
ــــ المُغَنِّی: گانے والے کا نغمہ پیدا کرنا، گنگنانا، ترنم سے پڑھنا۔
زَمزَمَ المَجُوسِیُّ: آتش پرست کا کھانے پانی پینے میں منہ بند کر کے آواز پیدا کرنا۔
ــــ النَّارُ: آگ کے بھڑکنے کی آواز ہونا۔
ــــ شَیئًا: سمیٹنا، کناروں کو پکڑ کر اکھٹا کرنا
تَزَمزَمَ الجَمَلُ: اونٹ کا بلبلانا۔
ــــ بہ شَفَتَاہُ: ہونٹوں کا ہلنا۔
الزُّمَازِمُ: من المَاءِ: بہت پانی۔
الزُّمزَامُ: من المَاءِ: ایسا پانی جو نہ کھارا ہو اور نہ میٹھا۔
سَحَابٌ زَمزَامٌ: وہ بادل جس کی آواز کم ہو۔
الزُّمزَمُ: بہت پانی، نہ کھارا نہ میٹھا پانی۔
زَمزَمُ: (غیر منصرف) مکہ معظمہ میں خانہ کعبہ سے متصل بابرکت کنواں جس کا شیریں پانی حجاج پیتے ہیں اور بطور تبرک اپنے وطن لے جاتے ہیں۔
زَمزَمَۃُ الصَّارُوخِ: راکٹ کی خوفناک آواز۔
الزِّمزِمَۃُ: جماعت، گروہ ج: زِمزِمٌ۔
الزَّمزَمِیَّۃُ: صراحی، پانی کی بوتل (۲) تھرماس ج: زَمزَمِیَّات۔
الزُّمزُومُ من النَّاسِ: چیدہ اور منتخب لوگ۔ کہتے ہیں: فُلَانٌ فی زُمزُومِ قومِہ: فلاں اپنی قوم کے نمایاں لوگوں میں ہے ج: زَمَازِیمُ۔
• زَمَعَ ــَـ زَمعًا و زُمُوعًا و زَمَعَانًا: تیز چلنا۔ زَمَعَت الاَرنَبُ: خرگوش کا بھاگنا، تیز دوڑنا۔
زَمِعَ ــَـ زَمَعًا: حیران ہونا، خوف زدہ ہونا، ہکا بکا ہو جانا۔
زَمِعَت اَصَابِعُہُ: انگلیوں میں اضافہ ہونا، زائد انگلیوں والا ہونا۔ ھو اَزمَعُ و ھی زَمعَاءُ ج: زُمعٌ۔
ــــ فُلَانٌ زَمعًا و زِمَاعًا: تیز رفتار ہونا۔
اَزمَعَ: تیز چلنا، خرگوش کا دوڑنا۔
ــــ الکَرمَۃُ: انگور کی بیل میں کلی نکلنا۔
ــــ النَّبَاتُ: نبات کا مختلف حصوں میں نمودار ہونا، ٹکڑے ٹکڑے ہو کر اگنا۔
ــــ الاَمرَ و بہ و عَلَیہ: کسی چیز کا پختہ ارادہ کرنا، اس پر قائم رہنا اور کر گزرنا۔
زَمَّعَ الزُّنبُورُ و نَحوُہُ: بھڑ کا بھنبھنانا۔
ــــ الاَمرَ و بہ و عَلَیہ: پختہ ارادہ کرنا۔
الزَّمَاعُ: تیزی (۲) کسی کام کا تہیّہ (۳) کسی کام کو کر گزرنے کی طاقت۔
الزَّمَعُ: الزَّمَاعُ (۲) (کام کرتے وقت) گھبراہٹ یا کپکپی۔
الزَّمِعُ: وہ شخص جسے ڈر یا غصہ کے وقت پہلے ہی پیشاب یا آنسو نکل آتا ہو۔
الزُّمعَۃُ: گھاس کا ایک قطعہ۔ کہتے ہیں: اَرضٌ بہا زُمَعٌ من العُشبِ: ایسی زمین جس میں جگہ جگہ گھاس کے قطعات ہیں ج: زُمَعٌ
الزَّمَعَۃُ: کلائی یا کھر کے پچھلے حصہ کے بال۔ فُلَانٌ زَمَعَۃٌ وھو من الزَّمَعِ وہ ناقابل التفات پچھ لگو آدمی ہے (۲) انگور کے خوشہ کے سرے کی گرہ (۲) انگور کی بیل کے اطراف میں نکلی ہوئی کلیاں (۳) نشیبی زمین ج: زَمَعٌ و زِمَاعٌ و اَزمَاعٌ۔
الزَّمِعِیُّ: خسیس، کم ظرف (۲) سریع الغضب جلد غصہ ہو جانے والا (۳) چالاک، تیز [illegible] آدمی۔
الزُّمَّعُ: کاہل آدمی جو اپنے کام میں چست نہ ہو (۲) بے ڈنک کی بھڑ جس کو [illegible] پکڑ کر کھیلتے ہیں اور وہ بھنبھناتی ہے۔
الزَّمُوعُ: جلد باز اور تیز رو (۲) تیز [illegible] خرگوش۔
الزَّمِیعُ: جلد باز اور تیز رفتار (۲) بہا[illegible] (۳) ارادے کا پکا، میدانی آدمی۔

زمنی (۴) صائب الرائے اور ہر کام میں پیش پیش۔
زَمِیعُ الرَّأْیِ: پختہ ارادہ والا۔
فُلانٌ زَمِیعٌ: فلاں آدمی نڈر اور بہادر ہے ج: زُمَعَاءُ۔
المُزْمِعُ: عازم، قریب الوقوع۔
المُزْمَعُ عقدُہ: جس کا انعقاد طے شدہ ہے۔
•زَمَقَ ـِ زَمْقًا القُفلَ: تالا کھولنا
ـــ اللِّحْیَۃَ: ڈاڑھی نوچنا۔ ھی زَمِیقَۃ و مَزْمُوقَۃ۔ کہاوت ہے: ما اَغْنَی عنہ زَمَقَۃً: اس نے اسے کوئی فائدہ نہیں پہنچایا۔
•زَمَکَہ ـُ زَمْکًا: بھرنا۔
ـــ فُلانًا علیہ: بھڑکا کر غصہ دلانا۔
زَمِكَ ـَ زَمَکًا: ایک دوسرے میں ضم ہونا، تداخل ہونا۔
ـــ فُلانٌ: ناراض ہونا، غصہ ہونا۔
زَمَّکَہُ: زَمَکَہُ۔
الزِّمِکَّۃُ: جلد ناراض ہونے والا، سریع الغضب، زود رنج۔
فلانٌ زِمِکَّۃٌ: فلاں غصیارا ہے (۲) بے وقوف (۳) کوتاہ قد۔ ھی زِمِکَّۃ۔
الزِّمِكُّ: پرندہ کی دم اگنے کی جگہ۔
الزِّمِكّٰی: الزِّمِكُّ۔
•زَمَلَ ـِ زَمْلًا و زَمَلانًا: ایک پہلو پر زور دے کر دوڑنا، ایک اوپر اٹھا کر دوسرے پیر پر دوڑنا۔
ـــ الدَّابَّۃُ: چوپائے کا خوشی اور مستی میں جھومتے ہوئے چلنا گویا وہ لنگڑا کر چل رہا ہے۔
ـــ السُّقَاۃُ علی البئرِ زَمْلًا: پانی لینے والوں کا کنویں پر باہم جھگڑنا۔
ـــ القَوْسُ: کمان کا آواز نکالنا۔

زَمَلَ فُلانًا زَمْلًا: کسی کے ساتھ سواری پر بیٹھنا، ہم رکاب ہونا (۲) پیچھے سوار کرنا (۳) تابع ہونا، پیچھے چلنا۔
ـــ الشَّیْءَ: اٹھانا، بلند کرنا۔ ھو مَزْمُوْل و زَمِیْلٌ۔
زَامَلَہُ: اونٹ وغیرہ پر کسی کا ہم رکاب ہونا
ـــ فی العَمَلِ: شریک کار ہونا، رفیق کار ہونا۔
زَمَّلَہُ: چھپانا۔
ـــ بثوبِہ و فیہ: کسی کو کپڑے میں چھپانا، لپیٹنا، کپڑا اوڑھانا۔
تَزَامَلُوا: باہم جھگڑنا۔
تَزَمَّلَ: کسی کپڑے وغیرہ میں لپٹنا، کپڑا وغیرہ اوڑھنا۔
اِزَّمَّلَ: کپڑا اوڑھنا، کپڑے میں لپٹنا۔ قرآن پاک میں ہے: "یا اَیُّھَا المُزَّمِّلُ قُمِ اللَّیْلَ اِلَّا قلیلًا"
اِزْدَمَلَ: تَزَمَّلَ۔
ـــ شیئًا: ایک ہی دفعہ میں اٹھانا۔
الاَزْمَلُ: ملی جلی آواز۔ کہتے ہیں: سَمِعْتُ اَزْمَلَ القَوْسِ: میں نے کمان کی آواز سنی ج: اَزَامِل و اَزَامِیل
کہتے ہیں: اَخَذَ الشَّیْءَ بِاَزْمَلِہ: اس نے ساری چیز لے لی۔
جَاءَ بِاَزْمَلِہ: وہ اپنا مال اولاد سب کچھ لے آیا۔ تَرَكَ اَزْمَلًا: اس نے بال بچے چھوڑے۔
الاَزْمَلَۃُ: بہت۔ لَہُ عِیَالٌ اَزْمَلَۃٌ: اس کے بال بچے بہت ہیں۔ تَرَكَ اَزْمَلَۃً: اس نے بہت بال بچے چھوڑے۔ اَخَذَ الشَّیْءَ بِاَزْمَلَتِہ: اس نے ساری چیز لے لی (۲) کمان کی آواز ج: اَزَامِلُ۔
الاِزْمِیلُ: رانپی (چمڑا وغیرہ کھرچنے یا کاٹنے کا اوزار) (۲) پتھر وغیرہ تراشنے کی چھینی

(۳) لکڑی صاف کرنے اور کھرچنے کا اوزار (رندہ) ج: اَزَامِیلُ۔
الزَّامِلُ: پھرتی کی وجہ سے لنگڑا کر چلنے والا چوپایہ۔
الزَّامِلَۃُ: مؤنث الزَّامِل (۲) بار برداری کا اونٹ وغیرہ ج: زَوَامِل۔ کبھی عقلاء کی صفت کے طور پر بھی آتا ہے جیسے: ھو زَامِلَۃٌ من زَوَامِلِ القَلَم و الدَّوَاۃِ او من زَوَامِلِ الشِّعر و النَّثْرِ: ایسے شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو قلم یا شعر ونثر کا اہل نہ ہو اور وہ اس پر ایک بوجھ ہو۔ جیسے فارسی میں کہتے ہیں: چار پائے بر او کتابے چند۔
الزُّمَّالُ: لنگ (۲) کمزوری (۳) کنویں سے پانی نکالنے والے (سقّے) کا چمڑے کا دستانہ ج: زُمَلٌ و اَزْمِلَۃٌ۔
الزَّمَالَۃُ: علمی ڈگری، تعلیمی رفاقت، رفاقتِ کار، دوستی۔
الزِّمْلُ: بوجھ۔ کہتے ہیں: ما فی جُوَالِقِكَ اِلَّا زِمْلٌ: تمہارے تھیلے میں تھوڑا ہی وزن ہے (یعنی وہ آدھا بھرا ہوا ہے) (۲) پیچھے سوار ہونے والا (ردیف) (۳) کمزور اور تھڑدلا (۴) سست و کاہل ج: اَزْمَالٌ۔
الزُّمَّلُ: بزدل و کمینہ۔
الزُّمْلَۃُ: کھجور کا لمبا گھنا درخت (۲) کھجور کا پودا جو اکھاڑتے وقت ہاتھ سے رہ جائے
الزُّمْلَۃُ: بہت سے ساتھی، جماعت، ایسوسی ایشن۔
الزَّمَلَۃُ: کنبہ، بال بچے۔ کہتے ہیں: تَرَكَ زَمَلَۃً: اس نے بال بچے چھوڑے اَخَذَ الشَّیْءَ بزَمَلَتِہ: اس نے ساری چیز لے لی۔
الزُّمَّیْلُ: الزُّمَّلُ۔
الزَّمِیْلُ: ساتھی، رفیقِ سفر، رفیق کار (۲)

ردیف، پچھلا سوار (۲) نہ الڈ گری حاصل کرنے والا۔
زَمِیلٌ فی عَمَلٍ: پارٹنر، شریک کار۔
زَمِیلٌ فی صِنَاعَةٍ: ہم پیشہ۔
زمیل فی مَنْصِبٍ: ہم عہدہ۔
الزُّمَیْلُ: الزُّمَّلُ۔
الْمُتَزَمِّلُ: کپڑوں میں لپٹا ہوا۔
الْمُزَّمِّلُ: کپڑوں میں لپٹا ہوا۔
الْمُزَمَّلَةُ: ہرے رنگ کا پانی، ٹھنڈا کرنے کا گھڑا یا مٹکا (عراقی استعمال)

• زَمَّ ـِ زَمًّا: آگے آگے چلنا یا چلتے ہوئے آگے بڑھ جانا (۲) بولنا۔
ـــ بِأَنْفِهِ: ناک چڑھانا، تکبر کرنا۔ کہتے ہیں: زَمَّ بِأَنْفِهِ عَنِّي: اس نے تکبر کی وجہ سے مجھے دیکھ کر ناک چڑھائی۔
ـــ الْبَعِيْرُ و نَحْوُهُ بِأَنْفِهِ او بِرَأْسِهِ: اونٹ وغیرہ کا تکلیف کی وجہ سے ناک یا سر کو اوپر اٹھائے رکھنا۔
ـــ الْقِرْبَةُ و نَحْوُهَا زُمُوْمًا: مشکیزہ وغیرہ کا بھر جانا۔
ـــ الزُّنْبُوْرُ او الْعُصْفُوْرُ زَمِیْمًا: بھڑ یا چڑیا کا بولنا، آواز نکالنا۔
ـــ الشَّيْءَ ـُ زَمًّا: باندھنا، مضبوط کرنا۔
ـــ الْبَعِيْرَ و نَحْوَهُ: اونٹ وغیرہ کے نکیل ڈالنا۔
ـــ فُلَانًا كَلِمَتَهُ: کسی کی بات کی حد اور مقصد متعین کرنا۔ کہاوت ہے: مَا تَكَلَّمْتُ بِكَلِمَةٍ حَتّٰى أَزُمَّهَا و اَخْطِمَهَا: میں نے کوئی بات ہی نہیں کی کہ میں اس کی کوئی حد اور مقصد متعین کرتا۔
ـــ الْحِذَاءَ و نَحْوَهُ: جوتے وغیرہ میں تسمہ لگانا۔
ـــ رَأْسَهُ و بِهِ: سر کو اوپر اٹھانا۔ کہتے ہیں: خَطَفَ الذِّئْبُ السَّخْلَةَ زَامًّا بِهَا رَأْسَهُ: بھیڑیا بکری کے بچہ کو پکڑ کر سر اوپر اٹھائے ہوئے لے گیا
زَمَّ الْقَوْمَ: لوگوں سے آگے رہنا یا آگے نکل جانا۔
زَمَّتِ النَّاقَةُ الْإِبِلَ: اونٹنی کا اونٹوں سے لگام کی طرح آگے رہنا۔
ـــ الشَّيْءُ: لبالب بھرنا۔
أَزَمَّ النَّعْلَ: جوتے میں تسمہ لگانا۔
زَامَّ: تکبر کرنا۔
ـــ الْبَعِيْرَ وغَيْرَهُ: اونٹ وغیرہ کے نکیل ڈالنا۔
ـــ فُلَانًا: آڑے آنا، مقابلہ کرنا، مخالفت کرنا
زَمَّمَهُ: زَمَّهُ۔
ـــ الْجَمَلَ: اونٹ کے لگام کسنا۔
الإِزْمِيْمُ: آخر ماہ کا کان دار چاند۔
الزِّمَامُ: باگ، لگام، مہار، نکیل، وہ ڈوری یا رسی جو ناک کے سوراخ میں سے نکال کر باگ سے باندھی جائے (۲) جوتے وغیرہ کا تسمہ (۳) کاشت کی تمام زمین (۴) باگ ڈور ج: أَزِمَّةٌ۔
زِمَامُ الْقَوْمِ: راہبر، کرتا دھرتا۔ هو زِمَامُ قَوْمِهِ۔
زِمَامُ الْأَمْرِ: معاملہ کی اصل، کل معاملہ، اصل معاملہ۔
ـــ أَلْقَى فِي يَدِهِ زِمَامَ أَمْرِهِ: اسے اس کے معاملہ کا اختیار دے دیا۔
هو يُصَرِّفُ أَزِمَّةَ الْأُمُوْرِ: وہ اصل معاملات کو طے کرتا ہے، کام کاج چلاتا ہے۔
هو عَلَى زِمَامِ أَمْرِهِ: وہ اپنا کام پورا کرنے کے قریب ہے۔
لَا زِمَامَ لَهُ: بے مہار، بے لگام، آزاد
الزَّمَمُ: بین بین، متوسط۔ أَمْرُهُمْ زَمَمٌ: ان کا معاملہ اعتدال پر ہے۔
دَارِي مِنْ دَارِهِ زَمَمٌ: میرا گھر اس کے گھر سے قریب ہے۔
دَارِي زَمَمَ دَارِهِ: میرا گھر اس کے گھر کے بالمقابل (سامنے) ہے۔
وَجْهِي زَمَمَ كَذَا: میرا چہرہ فلاں چیز کے سامنے ہے۔

• زَمِنَ ـَ زَمَنًا و زُمْنَةً و زَمَانَةً: دائمی مریض ہونا، مرض کہنہ میں مبتلا ہونا (۲) لنجا ہونا (۳) معذور و اپاہج ہونا (۴) بڑھاپے یا طویل علالت کی بنا پر کمزور ہونا، هو زَمِنٌ و زَمِيْنٌ۔
أَزْمَنَ بِالْمَكَانِ: کسی جگہ ایک عرصہ تک قیام کرنا۔
ـــ الشَّيْءُ: کسی چیز کا زیادہ عرصہ تک رہنا، اس پر عرصہ گزرنا۔ مَرَضٌ مُزْمِنٌ: لمبی بیماری۔
عِلَّةٌ مُزْمِنَةٌ: دیرپا بیماری، دائمی بیماری
ـــ عنه عَطَاءَهُ: کسی کی بخشش کو لمبا عرصہ گزر جانا، نہ ملنا۔
ـــ فُلَانًا وغَيْرَهُ: مرض کہنہ (دائمی بیماری) میں مبتلا کرنا۔
زَامَنَهُ مُزَامَنَةً و زِمَانًا: کسی کے ساتھ کچھ وقت کے لئے معاملہ کرنا، کچھ وقت تک معاملہ کرنا۔
الزَّمَانُ: وقت (زیادہ ہو یا کم) مدت، عرصہ، زمانہ (۲) دنیا کی پوری مدت۔
السَّنَةُ أَرْبَعَةُ أَزْمِنَةٍ: ایک سال میں چار فصلیں ہوتی ہیں، ج: أَزْمِنَةٌ و أَزْمُنٌ۔
الزَّمَانَةُ: دائمی بیماری، اپاہج پن، لنجا پن، مرض کہنہ۔
الزَّمَنُ: الزَّمَانُ ج: أَزْمَانٌ و أَزْمُنٌ
زَمَنٌ زَامِنٌ: سخت زمانہ۔
الزَّمِنُ: اپاہج و معذور، مریض کہنہ۔
زَمِنُ الرَّغْبَةِ: کم خواہش رکھنے والا، ج: زَمْنَى۔
الزَّمِيْنُ: الزَّمِنُ ج: زُمَنَاءُ و زَمْنَى

و زَمَنَةٌ۔
الزَّمِيْنُ: کہتے ہیں: لَقِيْتُهُ ذَاتَ الزُّمَيْنِ: میں اس سے کبھی ملا ہوں۔
المُتَزَامِنُ: ہم زمانہ۔
•زَمِهَ ـ زَمَهًا: سخت ہونا۔
ـــ الرَّجُلُ بالحَرِّ: کسی کو سخت گرمی لگنا
ـــ الشَّمْسُ: دھوپ کا تیز ہونا۔
•زَمْهَرَتْ عَيْنَاهُ: غصہ کی وجہ سے آنکھوں کا سرخ ہونا۔
ازْمَهَرَّ اليَوْمُ: دن کا بہت ٹھنڈا ہونا۔
ـــ الوَجْهُ: چہرہ پر جھائیاں پڑنا، بل پڑنا
ـــ فُلَانٌ: کسی کا غصہ سخت ہونا۔
ـــ عَلَيْهِ: کسی پر بہت غصہ کرنا۔
ـــ عَيْنَاهُ: آنکھوں کا غصہ سے سرخ ہونا۔
ـــ الكَوَاكِبُ: ستاروں کا خوب چمکنا۔
ـــ الاَسْنَانُ (عند الضَّحِكِ) ہنستے وقت دانتوں کا چمکنا۔
الزَّمْهَرِيْرُ: سخت سردی، سردی کی شدت۔
•الزُّمَاوَرْدُ: گوشت اور انڈوں کا بنایا ہوا کھانا (۲) گوشت بھری روٹی (لقمی وغیرہ) (۳) ایک مٹھائی جسے لُقْمَةُ القَاضِي اور لُقْمَةُ الخَلِيفَه کہا جاتا ہے۔

ز ـــــ ن

•زَنَأَ ـ زُنُوْءًا: تنگ ہونا۔
ـــ بَوْلُهُ: پیشاب رک جانا۔
ـــ اِلَيْهِ: قریب ہونا، پناہ لینا۔
ـــ الشَّيْءُ: کسی چیز کا زمین سے لگ جانا، چمٹ جانا۔
ـــ الظِّلُّ: سایہ کا سمٹنا۔
ـــ فِيْهِ: چڑھنا۔
ـــ بَوْلَهُ زَنْئًا: پیشاب روکنا۔
اَزْنَأَ بَوْلَهُ: پیشاب روکنا۔
ـــ فُلَانًا: پناہ دینا، قریب کرنا (۲) چڑھانا۔
زَنَّأَ عَلَيْهِ: کسی کے لئے تنگی کرنا۔
الزَّنَاءُ: تنگی (۲) تنگ (۳) پست قد گٹھے ہوئے بدن کا (۴) پیشاب روکنے والا (۵) تنگ قبر۔
زَنَأَةُ البول: پیشاب کا بند۔
الزَّنِئُ: تنگ (۲) چھوٹی مشک۔
•زَنِبَ ـ زَنَبًا: ٹھگنا اور موٹا ہونا۔ هو اَزْنَبُ وهي زَنْبَاءُ ج: زُنْبٌ۔
الزُّنَابَى والزُّنَابَةُ: بچھو کا سینگ وہ دو ہوتے ہیں (۲) بچھو کا ڈنک۔
الزَّيْنَبُ: بزدل (۲) ایک حسین مہک دار پودا، اسی مناسبت سے عورت کا نام رکھا جاتا ہے۔
الزُّنْبَارُ: بھڑ۔ واحد: زِنْبَارَةٌ ج: زَنَابِيْرُ۔
الزُّنْبُرُ: بھڑ تیلا خوش مزاج لڑکا ج: زَنَابِرُ۔
الزِّنْبَرِيُّ: بھاری آدمی (۲) بڑی کشتی۔
الزِّنْبَرِيَّةُ: ایک قسم کی بہت بڑی کشتی۔
الزُّنْبُوْرُ: بھڑ ج: زَنَابِيْرُ۔
الزُّنْبُوْرِيَّةُ: المَسْأَلَةُ الزُّنْبُوْرِيَّةُ: زنبور کے اعراب سے متعلق ایک مسئلہ جس میں سیبویہ اور کسائی کے درمیان اختلاف ہوا وہ یہ جملہ ہے: كُنْتُ اَظُنُّ اَنَّ العَقْرَبَ اَشَدُّ لَدْغَةً مِنَ الزُّنْبُوْرِ فَاِذَا هُوَ هِيَ او هُوَ اِيَّاهَا۔
المَزْبَرَةُ: بہت بھڑوں کی جگہ ج: مَزَابِرُ۔
•الزُّنْبُوْلُكُ: اسپرنگ، پیچ دار کمانی۔
الزُّنْبُرُكِيُّ: اسپرنگ دار۔
الزُّنْبَةُ: سوراخ کرنے کا اوزار۔
الزَّنْبِيْلُ: کنڈی، ٹوکری (دستہ دار) ج: زَنَابِيْلُ۔
•الزُّنْبُقُ: سفید سوسن یا چمیلی (۲) چمیلی کا تیل۔
•الزُّنْبُلِكُ: اسپرنگ۔
•تَزَنْتَرَ: اترانا مٹکنا۔
الزَّنْتَرَةُ: تنگی، تنگ حالی۔
•زَنِجَتِ الاِبِلُ ـ زَنَجًا: اونٹوں کا سخت پیاسا ہونا۔
ـــ الرَّجُلُ: پیاس کی شدت سے آنتوں کا سکڑ جانا جس کی وجہ سے نہ زیادہ کھایا جا سکے اور نہ زیادہ پیا جا سکے۔ هو زَنِيْجٌ۔
زَانَجَهُ مُزَانَجَةً و زِنَاجًا: کسی کو اچھا یا برا بدلہ دینا۔
تَزَنَّجَ عَلَيْهِ: کسی پر دست درازی کرنا۔
الزِّنْجُ: سوڈان کے لوگوں کی ایک نسل جس کا رنگ سیاہ، بال گھنگھریالے اور ہونٹ موٹے ہوتے ہیں، خط استوا کے قریب یہ لوگ رہتے ہیں۔ ان کا ملک مراکش سے حبشہ تک پھیلا ہوا ہے اور ان میں سے کچھ دریا نیل (مصر) کے قریب بھی رہتے ہیں۔ آج کل (زنجی) افریقہ کے بعض قبائل (سیاہ فام) کو بھی کہا جاتا ہے خواہ وہ کسی بھی جگہ آباد ہوں۔ (۲) سیاہ فام (۳) نیگرو قوم۔ واحد: زِنْجِيٌّ ج: زُنُوْجٌ۔
الزِّنْجِيُّ: نیگرو سیاہ فام قوم کا فرد۔
الزَّنْجَبِيْلُ: سونٹھ، ادرک۔
•زَنْجَرَ لِفُلَانٍ: انگوٹھے کے ناخن کو شہادت کی انگلی پر مارنا یا ٹکرانا، ایسا کرکے یہ کہنا مقصود ہوتا ہے کہ میں اتنا سا بھی نہیں دوں گا۔
الزِّنْجَارُ: تانبے کا میل، زنگ۔
الزَّنْجَرُ: نوعمروں کے ناخنوں کی سفیدی۔
الزِّنْجِيْرُ: الزَّنْجَرُ (۲) کٹے ہوئے ناخن کے ریزے (۳) بیچ کی انگلی پر شہادت کی انگلی کے ذریعہ انگوٹھے کو ٹکرانے کا عمل (۴) زنجیر (فارسی لفظ) (۵) علم المساحہ میں پیمائش کا ایک آلہ جس کے

اجزا رمساوی اور ایک دوسرے سے مربوط ہوتے ہیں ج: زَنَاجِیْرُ۔
• الزُّنْجُفْرُ: ایک چمک دار دھات جو گندھک میں پارہ ملانے سے حاصل ہوتی ہے۔ اور اس کے سفوف کو کاتب اور مصور استعمال کرتے ہیں، شنگرف۔
• زَنَحَ ـ زَنْحًا: تعریف کرنا (۲) ہٹانا، دفع کرنا (۳) معاملہ میں تنگی کرنا۔
زَانَحَهُ: کسی کی برابر تعریف کرنا۔
زَنَّحَ و تَزَنَّحَ الماءَ: بار بار پانی پینا۔
تَزَنَّحَ الرَّجُلُ: کھل کر گفتگو کرنا (۲) بڑا بننا (۳) کسی معاملہ میں تنگی برتنا۔
• زَنِخَ الدُّهْنُ ـ زَنَخًا: تیل کا خراب ہوجانا، بو بدل جانا۔ هو زَنِخٌ۔
زَنَخَ القُرادُ ـ زُنُوخًا: چیچڑی کا چمٹنا۔
زَنَّخَ: زَنِخَ۔
زَانَخَه: دھکا دینا، مدافعت کرنا۔
تَزَنَّخَ: تکبر کرنا۔
زَنْخَرَ بِمِنْخَرٍ: خراٹے لینا۔
• زَنَدَ النَّارَ ـ زَنْدًا: چقماق سے آگ نکالنا۔
—— نَارَ الحَرْبِ: جنگ کی آگ بھڑکانا، لڑائی چھیڑنا۔
—— الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔
زَنِدَ ـ زَنَدًا: پیاسا ہونا۔ هو زَنِدٌ۔
أَزْنَدَ: بڑھنا، زیادہ ہونا۔ کہاوت ہے: ما يُزْنِدُكَ أَحَدٌ على فَضْلٍ: تم سے کوئی کرم و مہربانی میں زیادہ نہیں ہوسکتا۔
زَنَّدَ: چقماق کا آگ نکالنا (۲) جھوٹ بولنا۔
—— شَيْئًا: تنگ کرنا، تنگی کرنا۔ زَنَّدَ عَلَى أَهْلِهِ: اپنے اہل و عیال پر سختی کرنا، ان کے گزر بسر میں تنگی پیدا کرنا۔
—— الإِنَاءَ وغَيْرَهُ: برتن وغیرہ کو بھرنا۔

زَنَّدَ فُلانًا: ضرورت سے زیادہ سزا دینا
تَزَنَّدَ: تنگ ہونا۔
—— فی الأَمْرِ: کسی معاملہ میں پریشان ہونا، گھٹن ہونا، منقبض ہونا۔ کہتے ہیں: سَأَلْتُهُ مَسْأَلَةً فَتَزَنَّدَ
الزِّنَادُ: چقماق جس کو رگڑ کر آگ نکالی جائے
الزَّنْدُ: ہاتھ کا گٹا (۲) چقماق کے اوپر والا حصہ یا اوپر والا پتھر یا وہ لکڑی جس پر پتھر لگا ہوتا ہے، جس کے ذریعہ آگ نکالی جائے، نچلے حصہ کو یا نچلے پتھر وغیرہ کو زَنْدَہ کہتے ہیں ج: زِنَادٌ و أَزْنَادٌ (۳) مجوسیوں کی کتاب (۴) لکڑی اور پتھر سے بنا ہوا دھار رکھنے کا اوزار ج: أَزْنَادٌ۔
وَرَتْ بِكَ زِنَادِی: میرا کام تم سے چلا ہے، تم نے میری مدد کی ہے۔
زَنْدُ البُنْدُقِيَّة: بندوق کا گھوڑا۔
الزَّنْدَانِ: کلائی اور گٹا (ہاتھ کا جوڑ)۔
الزَّنْدَة: چقماق کا نچلا پتھر جس پر اوپر والے کو رگڑ کر آگ نکالی جائے (۲) آتشین گولہ کا فتیلہ جس میں آگ پکڑنے والا مادہ رکھا ہوا ہوتا ہے۔
الزَّنْدِيَّةُ: کنگن جو ہاتھ میں پہنا جاتا ہے
المُزَنَّدُ: ثَوْبٌ مُزَنَّدٌ: چھوٹے عرض کا کپڑا۔ رَجُلٌ مُزَنَّدٌ: بخیل آدمی (۲) متبنّی (لے پالک) (۳) سریع الغضب
• تَزَنْدَقَ: ملحد اور زندیق ہونا، بے دین ہونا۔
الزَّنْدَقُ: انتہائی کنجوس۔
الزَّنْدَقَةُ: الحاد، لادینیت، کافرانہ روش، بداعتقادی، دنیا کی ازلیت کا عقیدہ، زردشتیت اور مانویت و ثنویت پر اس کا اطلاق ہوتا تھا پھر توسعاً لادینیت اور گمراہی و الحاد پر بھی اطلاق ہونے لگا۔
الزِّنْدِيقُ: (زندہ کرد۔ فارسی کا معرب ہے) عقیدۂ زندقہ رکھنے والا، لادین، ملحد، گمراہ، بداعتقاد، مذہب میں شکوک پیدا کرنے والا ج: زَنَادِيق و زَنَادِقَة
• زَنَرَهُ ـ زَنْرًا: زُنَّار (عیسائیوں کی پیٹی) پہنانا (۲) جنیو (ہندوؤں کے گلے میں پڑا ہوا بٹا ہوا دھاگہ) ڈالنا۔
—— الإِنَاءَ: برتن بھرنا۔
زَنَّرَتْ عَيْنُهُ: آنکھ کا تنگ ہونا اور گھورتے وقت باہر نکل آنا۔
—— اليه عَيْنَه و بها: کسی کو گھورنا۔
—— القَسَّ: عیسائی عالم کو زُنّار پہنانا۔
تَزَنَّرَ القَسُّ: عیسائی عالم کا زُنّار پہننا۔
—— الشیءُ: باریک ہونا۔
الزُّنَّارُ: وہ پیٹی جسے نصرانی کمر اور پیٹ پر باندھتے ہیں (۲) وہ بٹا ہوا دھاگا جسے ہندو لوگ بطور بدھی گلے میں ڈالتے ہیں ج: زَنَانِيرُ۔ چھوٹی کنکریاں۔
• الزِّنْزَانَةُ: جیل کی کال کوٹھری جس میں ایک قیدی کو رکھا جاتا ہے ج: زِنْزَانَاتٌ۔
• زَنِفَ ـ زَنَفًا: غصہ ہونا۔
تَزَنَّفَ: زَنِفَ۔
الزَّنُوفُ: مخنث۔
• زَنْفَلَ: اس طرح ناچنا یا حرکت کرنا جس طرح کنویں سے پہلی بار نکلا ہوا پانی اچھلتا ہے (۲) بوجھ لدے ہوئے آدمی کی طرح چلنا (۳) تیز چلنا۔
• زَنَقَ على عِيَالِه ـ زَنْقًا: غربت یا بخل کی بنا پر اہل و عیال کو تنگی میں رکھنا، خرچ میں کمی کرنا۔
—— الدَّابَّةَ: جانور کے جبڑے کے نیچے سے سر تک تسمہ باندھنا۔
—— الشیءَ: محدود و تنگ کرنا۔
—— الرَّأْيَ وغَيْرَهُ: پختہ اور مضبوط کرنا، هو زَنِيقٌ۔
أَزْنَقَ على عِيَالِه: بال بچوں کے خرچ

میں تنگی کرنا۔
زَنِقَ: اَزْنَقَ۔
ـــ الشیءَ: محدود و تنگ کرنا۔
الزِّنَاقُ: وہ کپڑا یا تسمہ جو چوپائے یا گھوڑے کے جبڑے کے نیچے سے سر تک باندھا جائے (۲) ایک قسم کا زیور، گلوبند، طوق ج: زُنُقٌ و اَزْنِقَةٌ۔
الزَّنَقُ: زناق باندھنے کی جگہ (گھوڑے یا چوپائے کے جبڑے کے نیچے کا حصہ) (۲) نیزہ کا باریک حصہ، نوک ج: زُنُوقٌ۔
الزَّنَقَةُ: گاؤں کا تنگ راستہ، کوچہ، گلی۔
الزَّنِيقُ: محکم، مضبوط۔
المَزْنُوقُ: پیشاب کے بند کا مریض۔
الزِّنْكُ: جست، زنک، قلعی یا ملمع کاری کے لئے استعمال ہونے والا نیلگوں سفید رنگ کا دھاتی عنصر۔
•زَنَمَ الشَّاةَ او البَعِيرَ ـُ زَنْمًا: بکری یا اونٹ کے کان کا ایک حصہ کاٹ کر اسے لٹکا ہوا چھوڑنا۔
زَنِمَ ـَ زَنَمًا: کٹے ہوئے اور لٹکے ہوئے کان والا ہونا۔ هو زَنِمٌ و اَزْنَمُ۔
زَنَّمَهُ: زَنَمَهُ: بَعِيرٌ مُزَنَّمٌ: وہ اونٹ جس کے کان کا ایک حصہ کاٹ کر لٹکا ہوا چھوڑ دیا گیا ہو۔
الزَّنَمَةُ: اونٹ یا بکری کے کان کا کٹا ہوا اور لٹکا ہوا حصہ۔
زَنَمَتَا الاُذُنِ: کان کی لو سے ملی ہوئی کھال۔
الزَّنِمُ و الاَزْنَمُ: کن کٹا۔
الزَّنِيمُ: وہ جانور جس کے کان کا کچھ حصہ کاٹ کر لٹکا ہوا چھوڑ دیا گیا ہو، کن کٹا (۲) متبنّیٰ (لے پالک) (۳) کمینہ جو دنارت و بدی میں مشہور ہو۔ قرآن پاک میں ہے: "عُتُلٍّ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيمٍ"۔
•زَنَّ عَصَبُهُ ـِ زَنًّا: پٹھے کا خشک ہو جانا
ـــ الرَّجُلُ: جوڑوں کا ڈھیلا پڑنا۔

زَنَّ فُلانًا بِخَيْرٍ او شَرٍّ ـُ زَنًّا: کسی کے متعلق اچھا یا برا گمان قائم کرنا۔
ـــ بَوْلَهُ: پیشاب روکنا، بند کرنا۔
اَزَنَّهُ بكذا: کسی بات کی تہمت لگانا، کوئی گمان قائم کرنا۔
الزَّنَنُ: کم، تھوڑا، تنگ۔ مَاءٌ زَنَنٌ: تھوڑا پانی۔ بِئْرٌ زَنَنٌ: وہ کنواں جس کے بارہ میں معلوم نہ ہو کہ اس میں پانی ہے یا نہیں۔
الزِّنَّةُ: الزام، تہمت، گمان۔
ابو زِنَّةٍ: بندر کی کنیت۔
الزَّنِينُ: پیشاب روکنے والا۔
•زَنْهَرَ اِلَيْهِ بِعَيْنِهِ: کسی کی طرف آنکھ نکال کر دیکھنا۔
•زَنَى ـِ زِنًى و زِنَاءً: زنا کرنا، عورت کے ساتھ بلا عقد شرعی جنسی خواہش پوری کرنا۔ زَنَى بِالمَرْأَةِ بھی کہتے ہیں۔ هو زَانٍ ج: زُنَاةٌ۔ و هي زانيةٌ ج: زَوَانٍ۔
اَزْنَاهُ: زنا کرانا، کسی کو زنا پر آمادہ کرنا (۲) زانی قرار دینا۔
زَنَّاهُ: اَزْنَاهُ۔
الزَّنَّاءُ: بڑا زنا کار، بڑا بدکار۔
الزِّنْيَةُ: ابنُ زِنْيَةٍ: حرامی لڑکا۔
الزِّنْيَةُ: آخری اولاد۔

ز ـــــــ ہ

•زِهْ: (فارسی لفظ) واہ واہ، کبھی پسندیدگی کے وقت اور کبھی بطور تمسخر بولا جاتا ہے
•زَهِدَ فيه و عنه ـَ زُهْدًا و زَهَادَةً: کسی شے کو حقارت یا بے رغبتی یا اس سے پریشانی کی بنا پر چھوڑنا، الگ ہونا۔
ـــ فی الدنیا: تارک الدنیا ہونا، دنیا سے بے رغبت ہونا، دنیا کی حلال چیزوں کو محاسبہ اور مؤاخذہ کے خوف سے چھوڑنا اور حرام چیزوں کو سزا کے خوف سے چھوڑنا۔
اَزْهَدَ الرَّجُلُ: کسی کے مال کا کم ہونا۔
زَهَّدَهُ: کم کرنا۔
ـــ فلانًا فی شيءٍ و عنه: بے رغبت اور کنارہ کش کرنا (۲) کنجوس بنانا۔
تَزَاهَدَهُ: کم اور معمولی سمجھنا، حقیر سمجھنا، حدیث خالد میں ہے: "كَتَبَ اِلَى عُمَرَ اِنَّ النَّاسَ قَدِ انْدَفَعُوا فِي الخَمْرِ و تَزَاهَدُوا الحَدَّ" لوگ شراب کے عادی ہو گئے ہیں اور انہوں نے حد شراب کو حقیر سمجھ لیا ہے۔
تَزَهَّدَ: زاہد اور تارک الدنیا بننا، عبادت کے لئے دنیا کو خیرباد کہنا، عبادت گزار بننا۔
اِزْدَهَدَهُ: تھوڑا سمجھنا۔
الزَّاهِدُ: عبادت گزار، تارک الدنیا، خدارسیدہ ج: زُهَّدٌ و زُهَّادٌ۔ و هي زاهدةٌ ج: زَوَاهِدُ۔
الزَّهَادَةُ فی الشيءِ: بے رغبتی، کنارہ کشی، بے تعلقی (۲) قدر کفایت سے کم پر قناعت، تھوڑی سے تھوڑی چیز جس کے حلال ہونے کا یقین کامل ہو لے لینا اور باقی کو اللہ کے ذمہ چھوڑ دینا۔
الزُّهْدُ: مذہبیت (۲) خدا ترسی، عبادت گزاری، ترک دنیا، دنیا سے کنارہ کشی اور بے رغبتی۔
الزَّهْدُ: تھوڑی مقدار۔ کہتے ہیں: خُذْ زَهْدَ ما يَكْفِيكَ: جتنا تمہارے لئے کافی ہو لے لو۔
الزَّهْدُ: زکوٰۃ (کیونکہ زکوٰۃ نکالے جانے والے مال کا تھوڑا حصہ ہوتی ہے)۔
الزَّهَّادُ: بڑا زاہد، خدارسیدہ بزرگ۔
الزَّهِيدُ: قلیل، تھوڑا، معمولی، حقیر۔ ثَمَنٌ زَهِيدٌ: کم قیمت۔ زَهِيدُ الاَكْلِ: کم

کھانے والا۔ زَھِیدُ العَیْنِ : جسے
تھوڑا دیکھنا کافی ہو ج: زُھْدَانٌ ۔ و
ھی زَھِیْدَۃ ج: زَھَائِد ۔
•زَھَرَ الوَجْہُ والسِّرَاجُ والقَمَرُ ـَ
زَھَرًا و زُھُورًا: جگمگانا، چمکنا، روشن
ہونا، تابناک ہونا۔
—الشیءُ : صاف رنگ ہونا ۔
—الزَّنْدُ : چقماق کا روشن ہونا، آگ
نکالنا۔ کہتے ہیں: زَھَرَتْ بِكَ نَارِي:
تمہاری وجہ سے مجھے عزت وطاقت ملی ۔
زَھَرَتْ بِكَ زِنَادِي: تمہارے ہی
ذریعہ میری حاجت پوری ہوئی ہے،
میرا کام ہوا ہے ۔
—النَّبَاتُ او الشَّجَرُ: پھول نکلنا ۔
—الشَّمْسُ اللَّوْنَ : دھوپ کا رنگ کو
بدل دینا ۔
زَھِرَ ـَ زَھَرًا و زَھَارَۃً و زُھُورَۃً:
خوش نما اور کھلے ہوئے رنگ کا ہونا ۔
ھو اَزْھَرُ و ھی زَھْرَاءُ ۔
أَزْھَرَ النَّارَ وغَیْرَھا : آگ روشن کرنا۔ کہتے
ہیں: اَزْھَرْتَ زَنْدِي: تم نے مجھے
عزت بخشی اور میرا کام کر دیا ۔
—النباتُ أو الشجرُ: پھول نکلنا ۔
اِزْدَھَرَ: زَھَرَ (۲) خوشی سے چہرہ کا کھل جانا
(۳) فروغ پانا، عروج پر پہنچنا، زور پکڑنا ۔
—بہ: محفوظ کرنا، حفاظت کرنا، دل میں رکھنا ۔
ازْھَرَّ النَّبَاتُ او الشَّجَرُ: پودے یا
درخت پر کلی یا پھول آنا، پھولوں کا زیادہ
ہونا ۔
ازْھَارَّ النَّبَاتُ او الشَّجَرُ: بتدریج پھول
یا کلیاں نکلنا ۔
الأَزْھَرُ : چمک دار و صاف رنگ، سفید و
صاف رنگ (۲) چاند ۔ قَمَرٌ اَزْھَرُ:
روشن چاند، صاف وشفاف چاند (۳)
یوم جمعہ (۴) ہر خوش رنگ اور صاف و
چمکدار جانور یا نبات ج: زُھْرٌ ۔
الأَزْھَرَانِ : شمس وقمر، آفتاب و ماہتاب ۔
الزَّاھِرُ: روشن و تابناک، چمک دار، صاف
رنگ، خوش نما (نبات یا جماد یا حیوان)
پھول یا کلی والا پودا ۔ ھی زَاھِرَۃ
ج: زَوَاھِر ۔
اَحْمَرُ زَاھِرٌ: تیز سرخ ۔
الزَّاھِرِیَّۃ: اتراہٹ، نزاکت ۔ ھو
یَمْشِی الزَّاھِرِیَّۃَ : وہ اترا کر
چلتا ہے ۔
الزَّھْرُ: پھول، کلی واحد: زَھْرَۃ ج:
اَزْھَارٌ جج: اَزَاھِیر ۔
زَھْرُ النَّرْدِ: پانسہ، مہرہ، چھوٹا کعب ۔
زَھْرُ الرَّبِیع : بسنتی پھول جو موسم بہار میں
کھلتا ہے ۔
زَھْرُ المِلْحِ : غیر خالص سوڈا کاربونیٹ ۔
زَھْرُ النُّحَاس : تانبے کا زنگ ۔
مَاءُ الزَّھْرِ: نارنگی کے پھول کا عرق ۔
الزُّھْرُ: مہینہ کی ابتدائی تین راتیں ۔
الزَّھْرَاءُ: مؤنث الأَزْھَر۔ حسین عورت
ج: زُھْرٌ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کی صاحبزادی حضرت فاطمہ کا لقب (۲)
جنگلی گائے ۔
الزَّھْرَاوَانِ : قرآن کریم کی دو سورتیں آل عمران
اور سورۂ بقرہ ۔
الزَّھْرَۃ : زَھْرٌ کا واحد ۔ ایک پھول،
ایک کلی (۲) چمک دمک، بہار ۔
زَھْرَۃُ الدُّنْیَا : دنیا کی رونق و بہار، دنیا
کا مال و متاع، دنیا کی آسائش ۔
زَھْرَۃُ الکِبْرِیت : پھول جھڑی ۔
الزُّھْرَۃ : چمک دار سفیدی (۲) رنگ کی
صفائی (۳) حسن وجمال ۔
الزُّھَرَۃ : زہرہ، نظام شمسی کے نو سیاروں
میں سے ایک ۔ آفتاب سے دوری
میں دوسرا سیارہ جو عطارد اور زمین کے
درمیان واقع ہے، چاند اور سورج کے
بعد اجرام سماویہ میں زہرہ سب سے زیادہ
روشن سیارہ ہے (۲) اہل یونان کے نزدیک
حسن کا دیوتا (افرودیت) رومیوں کے
نزدیک (ثینوس) ۔
الزِّھْرَۃ: ضرورت ۔ کہتے ہیں: قَضَیْتُ مِنْهُ
زِھْرَتِي: میں نے اس سے اپنی ضرورت
پوری کی ۔
الزُّھْرِیُّ : آتشک، سوزاک (ایک جنسی
متعدی بیماری) ۔
الزَّھْرِیَّۃ : گل دان، پھول رکھنے کا برتن
ج: زَھْرِیَّات ۔
الزَّھَّار: بہت روشن اور چمک دار (۲)
پھول فروش م: زَھَّارَۃ ۔
المِزْھَر: آلۂ طرب، سارنگی (ایک قسم کا
باجہ) (۲) مہمانوں کے لئے آگ جلانے
والا، مہمان نواز ج: مَزَاھِر ۔
•زَھْزَقَ : خوب زور زور سے ہنسنا (۲)
اس طرح بولنا کہ بات سمجھ میں نہ آئے
—الصَّبِيَّ : بچہ کو اچھالنا، کودانا ۔
الزَّھْزَقُ : کمینہ ۔
•الزُّھْزَاہُ : اکڑ باز م: زُھْزَاھَۃ ۔
•زَھَفَ ـَ زُھُوفًا: ذلیل ہونا (۲) جھوٹ
بولنا (۳) ہلاک ہونا ۔
—للمَوْتِ وغیرہ: موت کے قریب
ہونا ۔ ھو زَاھِفٌ و زَھَّاف
زَھِفَ ـَ زَھَفًا: کم عقل ہونا ۔
—لِلشَّيْءِ : پھرتیلا اور چست ہونا ۔
ھو زَھِفٌ ۔
أَزْھَفَ : جھوٹ بولنا (۲) چغل خوری کرنا
(۳) بدی کی طرف دوڑنا ۔
—بہ: لوگوں کو اپنے معاملہ کی کوئی ایسی
خبر دینا جس کا صحیح اور غلط ہونا مشتبہ
ہو (۲) تعجب کرنا، تعجب میں پڑنا (۳)
کسی ایسے کے ساتھ خیانت کرنا جو اسے

قابل اعتماد سمجھتا ہو۔
أَزْهَفَتْ اليه فُلَانَةٌ: کسی کو کوئی عورت پسند آنا۔
— عليه: کام تمام کر دینا، زخمی یا لبِ دم کو ہلاک کر دینا۔
— الشيءَ: لے جانا (۲) برباد کرنا۔
— فُلَانًا: ذلیل کرنا (۲) پچھاڑنا۔
— الطَّعْنَةُ فُلَانًا: نیزہ کی ضرب کا کسی کو قریب المرگ کر دینا۔
— إِلَيْهِ الطَّعْنَةَ و نَحْوَهَا: نیزہ وغیرہ کو کسی کے قریب لے جانا۔
— له حَدِيثًا: کسی سے غلط بات کہنا۔
— اليه حَدِيثًا: کسی کی طرف بری بات منسوب کرنا۔
— الخَبَرَ وفِيه: خبر میں زیادتی اور اضافہ کرنا، بڑھا چڑھا کر کہنا۔
— فُلَانًا بالشَّرِّ: کسی بدی پر اکسانا۔
— بِمَا طَلَبَهُ: خواہش کو پورا کرنا۔
انْزَهَفَ: اچھلنا، چوپائے کا مارنے یا بدکنے کی وجہ سے کودنا۔
تَزَهَّفَ عنه: الگ ہونا، کنارہ کش ہونا۔
ازْدَهَفَ: زَهِفَ۔
— له: قریب ہونا، گھسنا، الجھنا۔
— لَهُ بالسَّيفِ: تلوار لے کر کسی کے سامنے آنا یا تلوار کا وار کرنا۔
— في كلامه: بات کرنے میں سخت لب و لہجہ اختیار کرنا، سخت کلامی کرنا، زور زور سے بولنا (۲) بات کو بڑھا چڑھا کر بیان کرنا۔
— عنه: منہ موڑنا، کنارہ کش ہونا۔
— الشيءَ و به: لے جانا، ضائع کرنا۔
— فُلَانًا بالقول: کسی کی بات کو غلط ٹھیرانا۔
— له في الخَبَرِ: کسی کو واقعہ میں اضافہ کر کے بتانا۔

ازْدَهَفَ اليه حَدِيثًا: کسی کی طرف خراب و نامناسب بات منسوب کرنا یا غلط اطلاع دینا۔
— فُلَانًا: ذلیل کرنا (۲) جلدی کرنا، عجلت کرانا۔ کہتے ہیں: ما ازْدَهَفَ منه شَيْئًا: اس نے اس سے کچھ نہیں لیا۔
•زَهَقَ ـ زَهْقًا و زُهُوقًا: آگے نکل جانا جیسے: زَهَقَتِ الفَرَسُ۔
— البَاطِلُ: ناپید و فنا ہونا (۲) کمزور پڑنا۔ فالباطِلُ زَاهِقٌ و زَهُوقٌ۔
— السَّهْمُ: تیر کا نشانہ خطا کرنا۔
— نَفْسُهُ زُهُوقًا: روح نکلنا، دم نکلنا، صعوبت و دشواری سے نکلنے کو زُهُوق کہتے ہیں۔ شاعر کہتا ہے:
فَلَمَّا تَوَلَّتْ كَادَتِ النَّفْسُ تَزْهَقُ:
جب وہ جانے لگی تو میرا دم نکلنے کو ہو گیا۔
— مُخُّ العَظْمِ: ہڈی کے گودے کا بھرا ہوا ہونا، ٹھکا ہوا ہونا۔
أَزْهَقَ في السَّيْرِ: تیز چلنا، لپکنا۔
— الشيءَ: ناپید کرنا، نیست و نابود کرنا، ہلاک و برباد کرنا (۲) کمزور کرنا (۳) بھرنا۔
— اللّٰهُ البَاطِلَ: اللہ کا باطل کو مٹانا
— السَّهْمَ من الهَدَفِ: تیر کو نشانہ سے آگے نکالنا۔
— العَظْمُ: ہڈی کا گودے سے پر ہونا۔
— النَّاقَةُ السَّرْجَ: اونٹنی کا زین کو آگے سرکا کر گردن پر ڈالنا۔
زَاهَقَهُ: نیست و نابود کرنا، مٹا دینا، زاهَقَ الحَقُّ البَاطِلَ۔
انْزَهَقَ: آگے نکلنا، آگے بڑھنا۔
الأُزْهُوقَةُ: تعجب خیز حد تک تیز ج: أَزَاهِيق۔
الزَّاهِقُ: تیز بہنے والا پانی (۲) شکست خوردہ (۳) سست و کمزور (۴) آگے بڑھنے والا،

سبقت لے جانے والا (۵) سوکھا، خشک ج: زُهَّقٌ و زُهَقٌ۔
بِئْرٌ زَاهِقٌ: گہرا کنواں ج: زَوَاهِق
م: زَاهِقَة ج: زَوَاهِقُ۔
الزَّهَقُ: نشیبی زمین، گڑھا۔
الزَّهْقَانُ: پریشان، تنگ دل۔
الزَّهُوقُ: بِئْرٌ زَهُوقٌ: گہرا کنواں (۲) پھرتیلا، اچھلنے کودنے والا۔
الزُّهَاقُ: مقدار۔ عندى زُهَاقُ مائةِ دِينَارٍ۔
المَزْهَقَةُ: سبب ہلاکت، سبب بطلان (۲) ہلاکت گاہ۔
جَمَلٌ مَزْهَقَةٌ لِأَرْوَاحِ المَطِيِّ: ایسا اونٹ ہے جس کو پکڑنے کے لئے تمام اونٹنیاں تھک گئیں مگر پکڑ نہ سکیں۔
•زَهَكَهُ ـ زَهْكًا: دلنا، دو پتھروں کے بیچ میں رکھ کر کوٹنا۔
— الرِّيحُ الأَرْضَ: او التُّرَابَ عن الأرض: ہوا کا زمین سے مٹی کو اڑا کر لے جانا۔
•زَهَلَ ـ زَهْلًا: مطمئن ہونا۔
— عنه: الگ ہونا، دور ہونا۔
زَهِلَ ـ زَهَلًا: سفید و چکنا ہونا۔ هو زَهِلٌ۔ الزَّاهِل: مطمئن۔
•الزُّهْلُولُ: ہر چکنی چیز (۲) ایک سانپ جس کے سر پر کلغی ہوتی ہے ج: زَهَالِيل۔
الزُّهْلُوقُ: موٹا، فربہ۔
الزُّهْلِقُ: چکنا، تیز، ہلکا پھلکا آدمی، تندرست ہوا ج: زَهَالِق۔
•زَهَمَ العَظْمُ ـ زَهْمًا: ہڈی میں گودا آنا۔
— فُلَانًا: کسی کے متعلق بہت باتیں کرنا، کسی کے متعلق بہت کچھ کہنا۔
— فلانًا عن كذا: ڈانٹ کر روکنا۔
زَهِمَتْ يَدُهُ ـ زَهَمًا: ہاتھ پر چکنائی لگنا۔
— الدَّابَّةُ: چوپائے کا موٹا ہونا، چربی

چڑھ جانا۔ ھو زَھِمٌ و ھی زَھِمَۃٌ۔
زَھِمَ فُلَانٌ: بدہضمی ہونا۔ ھو زَھْمَان۔
أَزْھَمَ العَظْمُ: ہڈی میں گودا آجانا۔
ـــ الشَّیءُ: قریب ہونا (پہنچنے سے پہلے) جیسے: ھو أَزْھَمَ الأَرْبَعِیْنَ او الخَمْسِیْنَ: وہ چالیس یا پچاس کے لگ بھگ ہے ابھی پورے چالیس یا پچاس سال کا نہیں ہوا۔
زَاھَمَہٗ: قریب ہونا۔
ـــ فی السَّیرِ او البیعِ او الشِّرَاءِ وغیرِ ذٰلِكَ: قریب ہونا (۲) کسی سے رگڑ کھانا ٹکرانا (۳) دشمنی رکھنا (۴) الگ ہونا، جدا ہونا۔
الزُّھْمُ: بدبو، سڑاند (۲) جنگلی جانور کی چربی جس میں بدبو نہ ہو (۳) ایک قسم کی خوشبو۔
الزَّھَمُ: مردار کی بدبو، سڑاند (۲) جنگلی جانور کی چربی جب کہ اس میں بدبو نہ ہو (۳) چوپائے وغیرہ میں موجود چربی
الزُّھْمَۃُ و الزُّھُوْمَۃُ: تعفن، بدبو۔
•زَھَا ـُ زَھْوًا و زُھُوًّا: اترانا، بڑا بننا، شیخی بگھارنا۔
ـــ السِّرَاجُ وغیرُہٗ: چراغ وغیرہ کا روشن ہونا۔
ـــ اللَّوْنُ: رنگ کا صاف اور کھلا ہوا ہونا خوش نما اور بھڑک دار ہونا۔
ـــ البُسْرُ: کھجور کا سرخی یا زردی پکڑنا (۲) سرخی یا زردی کے بعد کھجور کا رنگ نکھر جانا۔
ـــ الزَّرْعُ: کھیتی کا بڑھنا، نشوونما پانا
ـــ الغُلَامُ ونحوُہٗ: لڑکے وغیرہ کا جوان ہونا۔
ـــ النَّبَاتُ: پودوں یا نبات کا لمبا اور پوری عمر کا ہونا۔
زَھَا الشَّیءُ فُلَانًا زَھْوًا: کسی کو حقیر بنانا
ـــ الکِبْرُ فُلَانًا: تکبر کا کسی کو خود ستائی یا خود پسندی میں مبتلا کرنا۔
ـــ السِّرَاجَ وغیرَہٗ: چراغ وغیرہ جلانا
ـــ الطَّلُّ الزَّھْرَ: شبنم کا پھولوں کے حسن کو بڑھانا، پھولوں پر بہار لانا۔
ـــ السَّرَابُ الشَّیءَ ـُ زَھْوًا: سراب کا کسی چیز کو نمایاں کرنا۔
ـــ الرِّیحُ النَّبَاتَ والشَّجَرَ: بارش یا شبنم کے بعد ہوا کا پودوں اور درختوں کو ہلانا، ہوا سے پودوں اور درختوں کا لہلہانا۔
ـــ السَّفِیْنَۃَ: کشتی چلانا۔
ـــ المِرْوَحُ المِرْوَحَۃَ: پنکھا جھلنے والے کا پنکھے کو حرکت دینا۔
ـــ الشَّیءَ بِکَذَا: اندازہ کرنا، کسی چیز کی مقدار مقرر کرنا۔
زُھِیَ بِکَذَا زَھْوًا: پسند آنا، گرویدہ ہونا۔ ھو مَزْھُوٌّ بِشَیءٍ۔ و ھی مَزْھُوَّۃٌ۔
زُھِیَ الشَّیءُ لِعَیْنِہٖ: وہ چیز اسے بھاگئی، پسند آگئی۔
ـــ علی النَّاسِ: تکبر کرنا۔
أَزْھَی: زَھَی۔
ـــ البُسْرُ: زَھَا۔
ـــ النَّبَاتُ: زَھَا۔
زَھَّی البُسْرُ: زھا۔
ـــ المِرْوَحَۃَ: پنکھا جھلنا، ہلانا۔
اِزْدَھَی: مغرور و متکبر ہونا۔
ـــ الشَّیءُ فُلَانًا و بِہٖ: کسی چیز کا کسی کو حقیر و ذلیل بنانا۔
الزُّھَاءُ: زُھَاءُ الشَّیءِ: کسی شے کی اصل، ذات (۲) چیز کی مقدار (۳) قریب قریب (تخمینہ اور اندازہ کیلئے) ھُمْ زُھَاءُ أَلْفٍ: وہ تقریبا ایک ہزار ہیں۔ کَمْ زُھَاؤُھُمْ؟ وہ کتنے ہیں، ان کی تعداد کیا ہے۔ ھُمْ قَوْمٌ ذو زُھَاءٍ: وہ بڑی تعداد والے لوگ ہیں۔
الزَّاھِی: بھڑک دار، شوخ (۲) روشن، چمک دار۔
اللَّوْنُ الزَّاھِی: بھڑک دار رنگ شوخ رنگ۔ اس کے مقابل لَوْنٌ قَاتِمٌ ہے۔
الزَّھْوُ: غرور، تکبر (۲) گمراہی (۳) خوشنمائی تروتازگی، چمک دمک (۴) تروتازہ پودے یا نبات (۵) رنگ دار کھجور (جو پکنے کے قریب ہو) واحد زَھْوَۃٌ
المَزْھُوُّ: مغرور۔

ز ـــ و

•زَاءَ بِہ الدَّھْرُ ـُ زَوْءًا: زمانہ کا کسی کے حق میں پلٹ جانا۔
•زَابَ المَاءُ ـُ زَوْبًا و زَوَبَانًا: پانی چلنا، بہنا۔
ـــ فُلَانٌ: چپکے سے نکل جانا۔
المِیْزَابُ: پرنالہ۔ دیکھئے (ز ر ب)
زَوْبَرُ الثَّوْبِ ونحوِہٖ: کپڑے کا روئیں دار ہونا۔
الزِّوْبَرُ: رواں۔ کہتے ہیں: أَخَذَہ بِزَوْبَرِہٖ: اسے پورا کا پورا لے لیا۔ رَجَعَ بِزَوْبَرِہٖ: اسے کچھ نہ ملا (ناکام لوٹا)۔
•زَاجَ بَیْنَھُمْ ـُ زَوْجًا: پھوٹ ڈالنا، لڑائی کرانا۔
أَزْوَجَ بَیْنَھُمَا: دو کو ملا دینا۔
زَاوَجَہٗ مُزَاوَجَۃً و زِوَاجًا: میل جول کرنا، تعلق رکھنا۔
ـــ بَیْنَھُمَا: ملانا، قریب کرنا۔
زَوَّجَ الأَشْیَاءَ تَزْوِیْجًا و زِوَاجًا:

باہم ملانا، جوڑ لگانا، مربوط کرنا۔
زَوَّجَ فُلَانًا امْرَأَةً و بِها: کسی کی کسی عورت سے شادی کرانا۔
اِزْدَوَجا: دو چیزوں کا ملنا۔
اِزْدَوَجَ القَوْمُ: لوگوں کا آپس میں شادیاں کرنا، ازدواجی تعلق قائم کرنا۔
ـــ الكَلامُ: کلام کے حصوں کا وزن وقافیہ میں یکساں معلوم ہونا، ہم شکل ہونا۔
ـــ الشَّيْئُ: دو ہونا، جوڑا ہونا۔
تَزَاوَجا: اِزْدَوَجا۔
تَزَاوَجَ القَوْمُ: اِزْدَوَجُوا۔
ـــ الكَلامُ: اِزْدَوَجَ۔
تَزَوَّجَ امْرَأَةً و بِها: شادی کرنا، عورت کو بیوی بنالینا۔
الزَّاجُ: الزَّاجُ الأَبْيَضُ: پھٹکری۔
الزَّاجُ الأَزْرَقُ: نیلا تھوتھا، توتیا۔
الزَّاجُ الأَخْضَرُ: ہرا کسیس، ہری تیزاب۔
زَيْتُ الزَّاجِ: تیزاب۔
الزَّوَاجُ: شادی بیاہ، خاوند اور بیوی کا ملاپ یا نر اور مادہ کا ملاپ۔
زَوَاجٌ غيرُ شَرْعِيٍّ: ناجائز شادی۔
زَوَاجٌ مَدَنِيٌّ: سول میرج، قانونی شادی
الزَّوَاجِيٌّ: شادی بیاہ کا، ازدواجی۔
الزَّوْجُ: جوڑا (خلاف الفرد ہم جنس دو چیزیں) یا ایک دوسرے کی ضد دو چیزیں جیسے تر اور خشک، نر اور مادہ۔ قرآن پاک میں ہے "قلنا احمل فيها من كلٍّ زوجَيْنِ اثْنَيْنِ" (۲) شب وروز (۳) میٹھا اور کڑوا (۴) ہم پلہ، جوڑی دار (۵) مشابہ ومماثل (۶) خاوند، شوہر (۷) بیوی (۸) قسم، نوع وصنف۔ قرآن پاک میں ہے "وَ أَنْبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍ بَهِيجٍ" ج: أَزْوَاجٌ و زِوَجَةٌ۔ کہتے ہیں: هُمَا زَوْجٌ و هُمَا زَوْجَانِ: وہ دونوں باہم مربوط ہیں، ان کا جوڑا ہے

هٰذا الشَّيْئُ زَوْجٌ او فَرْدٌ: جیسے
هٰذا النَّعْلُ زَوْجٌ: یہ جوتا جوڑا ہے
و هٰذا النَّعْلُ فَرْدٌ: یہ جوتا ایک ہی ہے جوڑا نہیں ہے۔
الزَّوْجَةُ: بیوی ج: زوجات۔
الزَّوْجِيَّةُ: میاں بیوی کا رشتہ، رشتۂ ازدواج، شادی (مصدر صناعی ہے) بَيْنَهُما حَقُّ الزَّوْجِيَّةِ۔ مازالت الزَّوْجِيَّةُ بَيْنَهُما قائِمَةً۔
المُزَاوَجَةُ: علم بدیع میں کسی ایسے فعل کو جس کے متعلق مختلف ہوں کسی شرط اور اس کی جزا پر مرتب کر دینے کو کہتے ہیں۔ اسے محسنات معنویہ میں شمار کیا جاتا ہے جیسے بحتری کا شعر:
اذا ما نَهَى النَّاهِي فَلَجَّ بِيَ الهَوَى
اَصاخَتْ إلى الواشِي فَلَجَّ بِها الهَجْرُ
جب روکنے والا روکتا ہے اور مجھ پر عشق سوار ہو جاتا ہے تو وہ چغلخور کی باتوں کو غور سے سنتی ہے اور ہجر پر بضد ہو جاتی ہے۔
المِزْوَاجُ: بہت شادیاں کرنے والا۔ امرأة مِزواجٌ: بہت شادیاں کرنے والی عورت ج: مَزَاوِيجُ۔
المُزْدَوِجُ: دوہرا، ڈبل، ڈبل کیٹ۔
مُزْدَوِجُ الثَّمرِ: وہ درخت یا نبات جس پر دو مختلف صفات کے پھل آتے ہوں یا پکنے کے اعتبار سے مختلف موسموں کے پھل آتے ہوں جیسے بالونہ کا درخت۔
مُزْدَوِجُ اللَّوْنِ: مختلف رنگوں کے پھول لانے والا پودا۔
مُزْدَوِجُ الصَّوْتِ: بیک وقت نرمی اور سختی کی صفت والی آواز جیسے فصیح جیم کی آواز کہ اس میں ابتداءً نرمی اور آخر میں شدت ہے۔
مُزْدَوِجُ الجِنْسِيَّةِ: دوہری شہریت رکھنے والا۔

الخَطُّ المُزْدَوِجُ: ڈبل لائن۔
•زَاحَ عن المكانِ ـ زَوْحًا و زَوَاحًا: ہٹنا، الگ ہونا، دور ہونا۔
ـــ الشَّيْئَ زَوْحًا: ہٹانا، الگ کرنا، دور کرنا
ـــ الإِبِلَ: اونٹوں کو منتشر کرنا (۲) اکھٹا کرنا (من الاضداد)
أَزَاحَهُ: ہٹانا، دور کرنا، زائل کرنا۔ جیسے أَزَاحَ عِلَّتَه: اس کی بیماری کو دور کر دیا۔
ـــ السِّتارَ عن شيئٍ: پردہ ہٹانا، ظاہر کرنا، نقاب کشائی کرنا (۲) راز فاش کرنا۔
انْزَاحَ: ہٹنا، دور ہونا، الگ ہونا۔
الإِزاحَةُ الزَّاوِيَّةُ: علم ریاضی میں کسی نقطہ کی جانب متحرک زاویائی فاصلہ۔
•زَادَ ـ زَوْدًا: توشۂ سفر تیار کرنا، زادِ راہ تیار وفراہم کرنا۔
أَزَادَهُ: زادِ راہ دینا، توشہ دینا۔
زَوَّدَهُ: زادِ راہ دینا، اشیاءِ ضرورت وسامانِ خوردنی دینا۔
ـــ بكذا فُلانًا: کسی کے لئے کوئی چیز فراہم کرنا، سپلائی کرنا، مہیا کرنا۔
ـــ المَكْتَبَةَ بالكُتُبِ النافعة: لائبریری کے لئے مفید کتابیں فراہم کرنا۔
ـــ الكتابَ الى فُلانٍ: کسی کے ذریعہ کسی کے پاس کتاب بھیجنا۔
تَزَوَّدَ: توشہ لینا، زادِ راہ لینا، سامانِ ضرورت لینا۔
ـــ بشيئٍ: کوئی چیز حاصل کرنا، لیس ہونا۔
ـــ المَنْزِلُ بالماءِ والكَهْرَباءِ: مکان میں پانی اور بجلی فراہم ہونا۔
ـــ من الأَمِيرِ كتابًا الى عامِلِه: امیر سے ان کے ماتحت حاکم کے نام سفارشی خط لینا۔
التَّزْوِيدُ: سپلائی فراہمی (۲) فٹنگ۔

تزويدُ السيّارة بالمَقاعِد: موٹر میں سیٹیں فٹ کرنا۔
المُزَوَّدُ بكذا: لیس، ساتھ لئے ہوئے۔
التزويدُ بالماء: آب رسانی۔
الزَّادُ: توشہ، زادِ راہ، ضروریات و اخراجاتِ سفر، راشن، اشیارِ خوردنی (۲) ذخیرۂ عمل (خیر یا شر) قرآن پاک میں ہے: "وَتَزَوَّدُوا فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوَى" ج: أَزْوَادٌ و أَزْوِدَة۔
المِزْوَدُ: توشہ دان، مسافر کا سفری تھیلا ج: مَزَاوِدُ۔
•زَارَهُ ـــ زَوْرًا و زِيَارَةً و مَزَارًا: ملاقات کرنا، کسی سے ملنے کے لئے آنا یا جانا۔ هو زائِر ج: زُوَّارٌ و زُوَّرٌ و زَوْرٌ۔ و هي زَائِرَة ج: زَوائِر و زُوَّرٌ۔
ـــ البَلَدَ او البلادَ: ملک کا دورہ کرنا۔
ـــ المؤسَّسَةَ: معاینہ کرنا، دیکھنا، آنا۔
ـــ الضَّريحَ: او الأَمَاكِنَ المُقَدَّسَة: زیارت کرنا۔
زَوِرَ ـــ زَوَرًا: ٹیڑھے سینے والا ہونا۔ هو أَزْوَرُ و هي زَوْرَاء ج: زُورٌ۔
أَزَارَهُ الشيءَ: دکھانا، ملانا، معاینہ کرانا، دورہ کرانا، زیارت کرانا۔ کہتے ہیں: أَزَرْتُهُ ثَنَائِي و قَصَائِدِي: میں نے اپنی تعریف اور اپنے قصیدوں کا رخ ان کی طرف کیا۔
زَوَّرَ الطَّائِرُ: پرندہ کا دانہ کھانے سے پوٹا (معدہ) بھر کر پھول جانا۔
ـــ الشيءَ: ٹھیک کرنا (۲) سیدھا کرنا (۳) مضبوط کرنا (۴) خوبصورت بنانا، آراستہ کرنا (۵) کھوٹ ملانا، جعلی بنانا، پرفریب بنانا۔
ـــ الكلامَ: کلام کو جھوٹ سے آراستہ کرنا، پرفریب بنانا۔

زَوَّرَ الكلامَ في نَفْسِه: دل ہی دل میں بات کرنے کی تیاری کرنا۔
ـــ الكَذِبَ: جھوٹ کو آراستہ کرنا، حقیقت کا حسین جامہ پہنانا۔
ـــ الشَّهَادَةَ و نَحْوَها: شہادت وغیرہ کو جھوٹا قرار دینا۔
ـــ عليه: جھوٹا الزام لگانا۔
ـــ عليه كذا و كذا: کسی کی طرف غلط بات منسوب کرنا، کسی کی طرف سے جھوٹ گھڑنا۔
ـــ إِمْضَاءَ أَحَدٍ او توقيعَه: کسی کے فرضی دستخط بنانا، جعلی دستخط بنانا۔
ـــ نَفْسَهُ: خود کو جھوٹ کی طرف منسوب کرنا یا جھوٹ کی علامت لگانا۔
ـــ الزَّائِرَ: ملاقاتی کا خیر مقدم کرنا، اعزاز و اکرام کرنا۔
ـــ الأَسِيرَ و نَحْوَهُ: قیدی کے ہاتھوں میں رسی ڈال کر سینہ سے باندھنا۔
تَزَاوَرَ النَّاسُ: لوگوں کا باہم ملنا، ملاقات کرنا۔
ـــ عنه: ایک طرف ہونا، ہٹنا، بچ کر یا کٹ کر نکلنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَتَرَى الشَّمْسَ إِذَا طَلَعَتْ تَزَاوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ"
تَزَوَّرَ: جھوٹ اور بے بنیاد بات کرنا (۲) کسی شے کو پسند کر کے اپنے لئے خاص کر لینا۔
ـــ الكلامَ: پر فریب بنانا، جھوٹ سے آراستہ کرنا۔
اِسْتَزَارَهُ: کسی سے ملاقات کی خواہش کرنا، یہ خواہش کرنا کہ وہ اس سے ملاقات کرے۔
اِزَّاوَرَ عنه: ایک طرف ہونا، ہٹنا، کنارہ کش ہونا، اسی سے قرآن پاک کی آیت تزاور عن كهفهم میں

تَزَاوَرُ کو تَزَّاوَرُ بھی پڑھا گیا ہے جس کی اصل تَتَزَاوَرُ ہے۔
اِزْوَرَّ عنه: ہٹنا، منحرف ہونا، کنارہ کش ہونا، کنی کاٹنا۔
اِزْوَارَّ عنه: اِزْوَرَّ۔
الأَزْوَرُ: ٹیڑھے سینے والا (۲) ترچھی نگاہ سے دیکھنے والا ج: زُورٌ۔ کہتے ہیں: قَوْمٌ عن مَوَاقِفِ الحَقِّ زُورٌ: ایسے لوگ جو مواقع حق سے آنکھیں چراتے ہیں۔
التَّزْوِيرُ: جعل سازی، غلط بیانی، فریب کاری، ملمع سازی۔
الزَّائِرُ: ملاقاتی، مہمان، غیر ملکی مہمان، زیارت کنندہ ج: زُوَّار۔
الزَّارُ: محفل رقص جو قدیم عقیدہ کے مطابق ان ارواح خبیثہ کو بھگانے کیلئے منعقد کی جاتی تھی جو لوگوں کو چمٹ جاتی تھیں۔
الزَّارَةُ: لوگوں کا بڑا گروہ (۲) پرندہ کا پوٹا (معدہ)۔
الزَّاوِرَةُ: پوٹا (معدہ)۔
الزِّوَارُ: وہ رسی جس کے ذریعہ قیدی کا ہاتھ سینہ سے باندھا جائے (۲) ہر وہ چیز جو دوسری چیز کے لئے درستگی کا ذریعہ ہو (۳) گھوڑے کے سینہ بند اور تنگ کے درمیان کی رسی ج: أَزْوِرَة۔
الزَّوْرُ: زار کا مصدر۔ یہ وصفی معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ بمعنی زائر جیسے: هو زَوْرٌ و هي زَوْرٌ و هُمْ زَوْرٌ و هُنَّ زَوْرٌ۔ بمعنی ملاقاتی (۲) خیال، خیالی شکل (۳) سینہ کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ (۴) مونڈھے کی طرف سینہ کا ابھرا ہوا حصہ (۵) طاقت (۶) قوت ارادہ (۷) عقل (۸) سردار ج: أَزْوَار۔
أَلْقَى زَوْرَهُ: قیام کرنا۔
الزُّورُ: باطل (۲) باطل گواہی (۳) جھوٹ،

جعل سازی (۴) محفل رقص وغنا (۵) کھانے کا مزہ (۶) بت پرستی۔
شهادة زُورٍ: جھوٹی گواہی۔
الزَّوَرُ: ترچھی نگاہ۔
الزَّوْرَاءُ: دور دراز۔ فَلَاةٌ زَوْرَاءُ: دور تک پھیلا ہوا جنگل۔ أَرْضٌ زَوْرَاءُ: لمبی چوڑی زمین۔ بِئْرٌ زَوْرَاءُ: گہرا کنواں (۲) کمان (۳) پیالہ (۴) شہر بغداد طغرائی کا شعر ہے:
فِيمَ الإقَامَةُ بِالزَّوْرَاءِ لَا سَكَنِي بِهَا وَلَا نَاقَتِي فِيهَا وَلَا جَمَلِي
كَلِمَةٌ زَوْرَاءُ: حق سے ہٹی ہوئی بات، بے حقیقت بات۔ مَنَارَةٌ زَوْرَاءُ: ٹیڑھا منارہ۔
الزَّوْرَةُ: ایک ملاقات (۲) بعد، دوری (۳) ایک دورہ، ایک معاینہ۔
الزِّوَرُّ: سخت رفتار (۲) سخت النسان اور سخت جانور۔
الزَّوَّارُ: بہت ملاقاتیں کرنے والا، بکثرت ملنے اور ملاقات کرنے والا، بکثرت کسی کے یہاں آمد و رفت رکھنے والا، بہت اسفار اور دورے کرنے والا۔ ھی زَوَّارَةٌ۔
الزَّيَّارُ: الزَّوَّارُ۔
الزِّيَارَةُ: ملاقات (۲) کسی ملک کا دورہ، ٹور (۳) کسی جگہ کا معاینہ (۴) متبرک مقام کی زیارت (۵) بطور مہمان آمد۔
الزِّيَارَةُ القَصِيرَةُ و الخاطفة: مختصر دورہ یا مختصر ملاقات۔
الزِّيَارَةُ الرَّسْمِيَّةُ: سرکاری دورہ۔
زِيَارَةُ المَرِيضِ: بیمار پرسی۔
زِيَارَةُ المَعْرِضِ: نمائش دیکھنا۔
زِيَارَةُ الضَّرِيحِ: مزار پر حاضری۔
الزِّيرُ: عورتوں سے بہت زیادہ اختلاط و بات چیت میں مشغول رہنے والا۔ کہتے ہیں: فُلَانٌ زِيرُ نِسَاءٍ (۲) عادت (۳) باریک اور تیز تانت (۴) شر (۵) مٹکا، بڑی صراحی ج: أَزْوَارٌ و أَزْيَارٌ و زِيَرَةٌ۔
المَزَارُ: مقام زیارت، زیارت گاہ (۲) اولیاء اللہ میں سے کسی کی قبر جس کی زیارت کی جائے، مزار ج: مَزَارَاتٌ
المُزَوِّرُ: جعل ساز۔
المُزَوَّرُ: جعلی، باطل، گھڑا ہوا، بے حقیقت
• زَوْرَقَ و تَزَوْرَقَ: دیکھئے (زرق)
• زوزك: دیکھئے (ززك)
• الزَّوْزَكُ: دیکھئے (ززك)
• زَوْزَى زَوْزَاةً: کمر کو سیدھا کر کے دوڑنا۔
___ فُلَانًا و بِهِ: حقیر سمجھ کر دھتکارنا۔
• زوس: زئیس کا معرب۔ کوہ اولمپس کے دیوتاؤں کا سردار۔
• زَاعَ لَحْمُهُ ـــ زَوْعًا: گوشت کا پٹھے سے الگ ہونا۔
___ الشَّيْءَ: آگے کرنا (۲) موڑنا (۳) روکنا، ٹھہرانا (۴) باز رکھنا، ہٹانا۔
___ البَعِيرَ: اونٹ کو دوڑنے کے لئے ہچکانا۔
___ الثَّرِيدَ و نَحْوَهُ: ثرید وغیرہ کو ہاتھوں سے کھینچنا، اٹھانا۔
___ لِفُلَانٍ زَوْعَةً من البِطِّيخِ و نَحْوِهِ: خربوزہ وغیرہ کی قاش کاٹ کر کسی کو دینا۔
تَزَوَّعَ اللَّحْمُ: پٹھے سے گوشت الگ ہونا
الزَّاعَةُ: پولس کے جوان (بظاہر زائع کی جمع ہے)۔
الزُّوعُ: مکڑی۔
الزُّوعَةُ: خربوزہ وغیرہ کی قاش۔
الزُّوعَةُ: سبک اور تیز رفتار (۲) لوگوں کی جماعت (۳) گوشت کا مٹھا، ٹکڑا
(۴) گھاس یا نباتات کا ایک حصہ (جو زمین کے ایک حصہ میں لگا ہوا ہو) ج: زُوَعٌ۔
• زَاغَ ـــ زَوْغًا و زَوَغَانًا: اعتدال سے ہٹنا۔ عن الطريق: راستہ سے ہٹنا۔
___ فِي مَنْطِقِهِ: گفتگو میں تشدد برتنا۔
___ الشَّيْءَ زَوْغًا: جھکانا۔
___ النَّاقَةَ: اونٹنی کو لگام پکڑ کر کھینچنا۔
الزَّاغُ: کوّے کی ایک نوع ج: زِيغَانٌ
المُزَوِّغُ: بجلی کا کرنٹ پہنچانے کا ایک ذریعہ
• زَافَ الطَّائِرُ فِي الهَوَاءِ ـــ زَوْفًا و زُؤُوفًا: پرندہ کا منڈلانا ہوا میں چکر لگانا۔
___ الغُلَامُ: لڑکے کا اچھلنا اور چکر کاٹنا۔
___ المَاءُ: پانی پر بلبلا اٹھنا۔
___ الحَمَامَةُ الذَّكَرُ عند الحمامة الأُنْثَى: کبوتر کا کبوتری کے پاس پروں کو پھیلا کر دم اور پروں کو زمین پر گھسیٹنا۔
___ فُلَانٌ: بدن کو ڈھیلا کر کے چلنا۔
تَزَاوَفَ الغِلْمَانُ: لڑکوں کا ایک ورزشی کھیل کھیلنا جس کے ذریعہ گھوڑا سواری کی مشق کی جاتی ہے۔
الزُّوَافُ و الزُّؤَافُ: مَوْتٌ زُؤَافٌ: جلد اور یکایک آنے والی موت۔
الزُّوفَى: ایک چکنا مادہ جو بھیڑوں کی اون پر گھاس سے ٹکرانے کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے (ورم کی تحلیل کے کام آتا ہے) (۲) تیج پات جیسا خوشبودار ایک پتا یا تیج پات جو بطور مسالا استعمال ہوتا ہے۔
• زَوَّقَهُ: پارہ کا ملمع کرنا (۲) آراستہ کرنا، بناؤ سنگار کرنا۔ جیسے: زَوَّقَ العَرُوسَ
___ كَلَامَهُ: دلچسپ بنانا، دلکش انداز میں بات کرنا (۲) نقش و نگار بنانا،

سجانا۔ زَوَّقَ المَسْجِدَ والكِتَابَ۔
التَّزْوِيْقُ: تزیین، ملمع سازی ج: تزاویق
اصل میں پارہ کو سونے میں ملا کر پالش کرنے کا نام تزویق ہے لیکن توسعًا ہر قسم کی تزیین اور ملمع کاری کیلئے استعمال کیا جاتا ہے اس میں پارہ ملا ہوا ہو یا نہ ہو۔
الزَّاوُوْقُ: پارہ۔
الزَّوَاقُ: عورت کا بناؤ سنگار، آراستگی۔
الزَّوَّقَةُ: گھروں کی چھتوں پر گل کاری کرنے والے، بیل بوٹے بنانے والے
المُزَوَّقُ: حسین، خوبصورت، نقش ونگار سے آراستہ، ملمع شدہ۔
•زَاكَ ـُ زَوْكًا و زَوَكَانًا: شانوں اور کولھوں کو ہلاتے ہوئے دونوں ٹانگوں کو کھول کر مغرورانہ چال چلنا۔ هو زَائِكٌ و زَوَّاكٌ۔
أَزْوَكَ: ٹھگنے آدمی کی طرح چلنا۔
تَزَاوَكَ: شرمانا۔
•زَالَ ـُ زَوَالًا و زَوَلَانًا: الگ ہونا، جگہ سے ہٹنا، سرکنا، منتقل ہونا۔ کہتے ہیں: زَالَ من مَكَانِه وعنه (۲) سست پڑنا (۳) ناپید ہونا، زائل ہونا، ختم ہونا۔
ـــ الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈھل جانا، وسط آسمان سے ہٹ جانا۔
ـــ النَّهَارُ: دن چڑھنا، جانا، گزرنا۔
ـــ الخَيْلُ بِرُكْبَانِهَا: گھوڑوں کا اپنے سواروں کو لے کر روانہ ہونا۔
ـــ السَّرَابُ بالشَّخْصِ: سراب کا کسی کو اوپر اٹھانا، نمایاں کرنا۔
أَرَى النُّجُوْمَ تَزُوْلُ ولا تَغِيْبُ: میں ستاروں کو متحرک اور روشن دیکھ رہا ہوں۔
زَالَ زَائِلُ الظِّلِّ: دوپہر ہوگیا

سورج ڈھل گیا۔
زَالَ زَوَالُهُ: وہ برباد ہو (بددعا)
زَالَ زَوَالُه او زَوِيْلُهُ: خوف سے دل لرزنا۔
أَزَالَهُ: زائل کرنا، دور کرنا، ہٹانا، ختم کرنا۔
ـــ الآثَارَ: نشانات مٹانا۔
ـــ المَرَضَ: بیماری دور کرنا، شفا دینا
ـــ الضَّرُوْرَةَ: ضرورت پوری کرنا (۲) پیشاب کرنا، قضاء حاجت کرنا۔
أَزَالَ اللّٰهُ زَوَالَه: خدا اسے برباد کرے (بددعا)۔
زَاوَلَه مُزَاوَلَةً و زِوَالًا: کسی کام پر لگنا اور اسے مسلسل کرنا، مشق و پریکٹس کرنا (۲) شروع کرنا (۳) استعمال کرنا
ـــ العَمَلَ: کسی کام کو بطور پیشہ کرنا، کام پر لگے رہنا۔
ـــ الطِّبَّ: حکمت یا ڈاکٹری کا پیشہ کرنا، پریکٹس کرنا۔
ـــ المِهْنَةَ: پیشہ اختیار کرنا۔
زَوَّلَهُ: أَزَالَهُ۔
انْزَالَ: زَالَ۔
ـــ عنه: الگ ہونا۔
تَزَوَّلَ: چلبلا ہونا، ہوشیار و ذہین ہونا
استَزَالَه: کسی چیز کا خاتمہ یا زوال چاہنا خاتمہ کا منتظر رہنا۔
تَزَاوَلَ القَوْمُ: لوگوں کا باہم کسی کام کو کرنا یا اس کی کوشش و مشق کرنا۔
الزَّائِلُ: زوال پذیر، معدوم ہونے والا۔
زَائِلُ الظِّلِّ: دوپہر کا وقت، دوپہر ہوگیا
لَيْلٌ زَائِلُ النُّجُوْمِ: لمبی رات
الزَّائِلَةُ: مؤنث الزَّائِلِ (۲) ہر ذی روح (۳) ہر متحرک شے ج: زَوَائِلُ۔
زَالَتْ له زَائِلَةٌ: کوئی چیز نظر آنا، سامنے آنا۔

الزَّوَائِلُ: شکار (۲) (بطور تشبیہ) عورتیں کہتے ہیں: فُلَانٌ يَرْمِي الزَّوَائِلَ فلاں عورتوں کو پھسلانے میں ماہر ہے (۳) ستارے۔
الزَّوَالُ: وہ وقت جب سورج وسط آسمان میں ہوتا ہے، سورج ڈھلنے کا وقت
الزَّوْلُ: چلبلا، ذہین (۲) شخص، دکھائی دینے والی چیز (۳) بہادر جس کو دیکھ کر لوگ اِدھر اُدھر ہو جائیں (۴) باز، شکرا ج: أَزْوَالٌ۔
هَذَا زَوْلٌ من الأَزْوَالِ: یہ ایک عجیب بات ہے، یہ عجائبات میں سے ہے۔
الزَّوْلَةُ: مؤنث الزَّوْل۔ شَتْوَةٌ زَوْلَةٌ: عجیب قسم کی سردی (برودت و شدت میں عجیب (۲) مردوں کا مقابلہ کرنے والی عورت۔
المُزَاوَلَةُ: مشق، پریکٹس (۲) کوشش (۳) آغاز کار (۴) مشغولیت کار (۵) استعمال۔
المِزْوَلُ: ٹیلیفون کا ڈائل ج: مَزَاوِلُ۔
المِزْوَلَةُ: دھوپ گھڑی ج: مَزَاوِلُ۔
•زَامَ ـُ زَوْمًا: مرنا (۲) بڑبڑاتے ہوئے غصہ سے دیکھنا۔
الزَّامُ: ہر چیز کا چوتھائی۔ کہتے ہیں: مَضَى زَامٌ من النَّهَارِ و اللَّيْلِ۔
مَضَى زَامانٌ منه: اس کا نصف گزر گیا۔
الزَّامَةُ: گروہ ج: زَامٌ۔
الزَّوِيْمُ: جمع شدہ چیز، ڈھیر، انبار، انبوہ
•زَوْمَلَ الإبِلَ: اونٹوں کو ہانکنا۔
الزَّوْمَلَةُ: لدے ہوئے گدھے۔ هو ابنُ زَوْمَلَتِهَا: وہ اس کا ماہر ہے۔
•زِيْنَ البُرُّ: گیہوں میں خراب دانے پیدا ہونا کالے اور زرد رنگ کے دانے جو

گیہوں کے ساتھ اگتے ہیں)

الزَّانُ : بدھشی (۲) ساگوان کا درخت جس کی لکڑی مضبوط ہوتی ہے اور فرنیچر کے کام آتی ہے۔

الزَّانَةُ : برچھی، چھوٹا نیزہ (۲) ایک لمبی لکڑی جس کا سہارا لے کر کودنے کی ورزش کی جاتی ہے یا توازن برقرار رکھنے میں مدد لی جاتی ہے ج: زَانٌ۔

الزُّوَانُ : ایک گھاس جس کے دانے گیہوں کے دانوں کے مشابہ ہوتے ہیں اور وہ گیہوں کے ساتھ اُگ آتی ہے

الزُّونُ : بت، اللہ کے علاوہ جس کی پوجا کی جائے (۲) بت خانہ، مندر ج: أَزْوَانٌ۔

أَزْوَى : کسی کو ساتھ لے کر آنا، وہ آیا اور اس کے ساتھ کوئی اور تھا۔

الزَّوُّ : ہم نشین، جوڑی دار۔ جَاءَا زَوًّا : وہ اور اس کا دوست دونوں آئے (۲) جوڑا (دو) کہتے ہیں: كَانَ تَوًّا فَصَارَ زَوًّا : وہ اکیلا تھا اب دو ہو گئے (۳) اندازہ (۴) موت کے حوادث۔

•زَوَاهُ ـِ زَيًّا : لے جانا، زائل کرنا، فنا کرنا۔ کہتے ہیں: زَوَى الدَّهْرُ القَوْمَ۔

ـــ المالَ : مال جمع کرنا، قبضہ میں لینا۔

ـــ السِّرَّ عنه : کسی سے راز مخفی رکھنا

ـــ الشيءَ : اکٹھا کرنا، قبضہ میں لینا۔

زَوَى ما بَيْنَ عَيْنَيْهِ : پیشانی پر بل ڈالنا۔

ـــ الشيءَ عنه : روکنا، نہ دینا، ہٹانا، دور کرنا۔

زَوِّي : گوشہ نشین ہونا۔

ـــ الشيءَ : لپیٹنا، سمیٹنا، لینا۔

ـــ الكلامَ في نفسه : دل ہی دل میں بات کو آراستہ کرنا، تیار کرنا۔

زَوَّى الحَرْفَ : کسی حرف کو زا کہنا۔

ـــ الزَّايَ : زا لکھنا۔

انْزَوَى : ایک طرف ہونا، گوشہ نشین ہونا (۲) منقبض ہونا، سکڑنا۔

ـــ القَوْمُ بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ : لوگوں کا ملنا، قریب ہونا۔

تَزَوَّى : انْزَوَى۔

الزَّاوِيُّ : زاویہ کی شکل کا۔

الزَّاوِيَةُ : عمارت کا کونا، گوشہ، کارنر (۲) علم الہندسہ میں دو ایسے خطوں (ضلعوں) کے درمیان کا کھلا حصہ جو ایک دوسرے کو کاٹتے ہوں (۳) چھوٹی مسجد جس میں ممبر نہ ہو اور جمعہ نہ ہوتا ہو (۴) خانقاہ، تکیہ جہاں صوفیا اور اولیا رہتے ہوں (۵) معمار اور بڑھئی کا ایک آلہ جو دو مستقیم ضلعوں سے بنتا ہے اور اس سے زاویہ قائمہ پیدا ہوتا ہے، مثلث نما اس آلہ سے کونے کی دونوں سمتوں کو برابر اور سیدھا کیا جاتا ہے، کونیا، گنیا ج: زَوَايَا۔

ز ـــــ ی

•تَزَيَّبَ لَحْمُهُ : گوشت کا ایک جگہ سمٹنا، اکٹھا ہو جانا۔

الأَزْيَبُ : ٹھنگنا اور چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنے والا (۲) جنوب سے آنے والی ہوا، جنوب سے آنے والی سخت آندھی (۳) خوف و گھبراہٹ (۴) دشمنی (۵) کینہ (۶) منہ بولا بیٹا (۷) اجنبی، ناپسندیدہ امر (۸) مصیبت (۹) بہت پانی (۱۰) خوشی (۱۱) سیہی (جانور)۔

الإِزْيَبُ : بخیل، شدید۔

الزَّيْبَقُ : پارہ۔

•زَاتَ الطَّعَامَ وغَيْرَهُ ـِ زَيْتًا : کھانے یا سالن وغیرہ میں تیل یا روغن ڈالنا۔

ـــ الجِلْدَ وغَيْرَهُ : کھال وغیرہ پر تیل ملنا۔

ـــ فُلَانًا : تیل کھلانا (تیل کی چیز کھلانا) هو مَزِيتٌ و مَزْيُوتٌ۔

أَزَاتَ فُلَانٌ : بہت تیل والا ہونا۔

زَيَّتَهُ : زَاتَه۔

ـــ فُلَانًا : کسی کو تیل یا زیتون کا تیل دینا۔

ـــ الآلَةَ : مشین کو گریس دینا، پرزوں میں تیل یا چکناہٹ ڈالنا۔

اسْتَزَاتَ : تیل مانگنا، روغن زیتون مانگنا

الزَّيَّاتُ : تیل فروش، تیلی۔

الزَّيْتُ : روغن زیتون، دیگر اقسام کے تیلوں پر (اضافت کے ساتھ اور بلا اضافت) بولا جاتا ہے۔

زَيْتُ البترول : پٹرول۔

زَيْتُ بترول خام : کروڈ آئل، خام تیل۔

الزَّيْتُ الحَارُّ : السی کا تیل۔

زَيْتٌ خام : خام تیل۔

زَيْتُ الخِرْوَع : کاسٹر آئل، ارنڈ کا تیل۔

زَيْتُ الغَاز : مٹی کا تیل۔

الزَّيْتُ المَعْدِنِيُّ : زمین سے نکالا جانے والا تیل۔

الزَّيْتُ العِطْرِيُّ : خوشبودار تیل، نباتات اور پھولوں میں موجود اڑ جانے والی خوشبو ج: زُيُوت۔

الزَّيْتِيُّ : تیل کا، روغن زیتون کا، تیل جیسا، روغن زیتون جیسا۔

الزَّيْتُونُ : ایک پھل جو عناب کی شکل کا ہوتا ہے اسے کھایا جاتا ہے اور اس

کا تیل استعمال کیا جاتا ہے، درخت کو
بھی زیتون کہتے ہیں۔ واحد: زَیْتُونَةٌ
اَلْمُزَیَّتُ: تیل لگا ہوا، گریس لگایا ہوا،
روغن دار۔
•الزِّیْجُ: فلکی جدول جس سے ستاروں کی
رفتار جانی جاتی ہے اور اس کی مدد
سے سال کی جنتری تیار کی جاتی ہے
(۲) معمار کا وہ دھاگا جس سے دیوار
کی سیدھ معلوم کی جاتی ہے اس کی
فصیح عربی مطمر ہے۔
•زَاحَ ـِ زَیْحًا و زُیُوحًا و زَیَحَانًا:
دور ہونا، جانا، زائل ہونا۔
أَزَاحَهُ: ہٹانا، دور کرنا۔
ـــ اللِّثَامَ عن شیءٍ: انکشاف کرنا (۲)
پردہ اٹھانا۔
ـــ اللِّثَامَ عن فُلَانَةَ: نقاب ہٹانا۔
ـــ اللّٰهُ عِلَّتَه فَزَاحت: بیماری کو
دور کرنا، شفا عطا کرنا۔
انْزَاحَ: ہٹنا، دور ہونا۔
المَزَاحُ: خلوت گاہ۔
•زَاخَ ـِ زَیْخًا و زَیَخَانًا: ظلم کرنا
(۲) الگ ہونا۔
أَزَاخَه: دور کرنا، ہٹانا۔
تَزَیَّخَ: ذلیل ہونا۔
•زَادَ ـِ زَیْدًا و زِیَادَةً: بڑھنا،
زیادہ ہونا، بہت ہونا۔
ـــ الشَّیْءَ: بڑھانا، زیادہ کرنا، اضافہ کرنا
ـــ فُلَانًا خَیْرًا و غیرَه: کسی کو کوئی
چیز دینا۔
ـــ الی کذا: اضافہ کرنا۔
ـــ النَّارَ لَهَبًا: آگ پر تیل چھڑکنا۔
زَایَدَهُ: زیادتی میں مقابلہ کرنا۔
ـــ فی ثَمَنِ السِّلْعَةِ: مقابلہ میں قیمت
بڑھانا، بڑھ چڑھ کر بول بولنا۔
زَیَّدَ: زَادَ۔ بڑھنا، زیادہ ہونا (۲) زیادہ
کرنا، بڑھانا۔
تَزَایَدَ: بڑھنا، زیادہ ہونا۔
ـــ فی قَوْلِه او فِعْلِه: حد سے
تجاوز کرنا، نامناسب بات یا نامناسب
کام کرنا۔
ـــ فی السِّلْعَةِ و عَلَیْهَا: سامان
کی ایک دوسرے سے بڑھ کر بولی
بولنا، قیمت لگانا۔
تَزَیَّدَ: زَادَ۔
ـــ فی قَوْلِه او فِعْلِه: قول و فعل
میں حد سے تجاوز کرنا، بڑھ چڑھ
کر بولنا یا کرنا، مبالغہ سے کام لینا
ـــ الجَمَلُ وغیرُه فی سَیْرِه:
طاقت سے زیادہ چلنا۔
ـــ السِّعْرُ: بھاؤ بڑھنا۔
ازْدَادَ: زَادَ۔
ـــ شَیْئًا لِنَفْسِه: کوئی چیز اپنے لئے
زیادہ کرنا یا چاہنا۔
استَزَادَ فلانًا: کسی سے مزید طلب کرنا،
اضافہ چاہنا۔ اسْتَزَادَ الحَاضِرُونَ
الشاعِرَ: حاضرین نے شاعر سے
مزید سنانے کی درخواست کی۔
الزَّائِدُ: بہت زیادہ، زائد از ضرورت،
اضافہ شدہ۔ أَخَذَه بِدِرْهَمٍ
فَزَائِدًا: اس نے وہ چیز ایک
درہم اور کچھ (حصہ درہم) کی لی ہے
الزَّائِدَةُ: مؤنث: الزَّائد۔
الزَّائِدَةُ الدُّوْدِیَّةُ: زائدہ آنت
(جس میں شدید درد ہوتا ہے)
اپنڈکس۔
التهابُ الزَّائِدة الدُّودیّة:
زائدہ آنت کی سوزش، درد۔
الزَّائِدَةُ الأَنْفِیَّةُ: ناک میں بڑھا
ہوا غدود۔
زَائِدَةُ الکَبِد: جگر کا بڑھا ہوا حصہ
ج: زَوَائِد۔
الزَّوَائِدُ: کجاوہ کے پیچھے بیٹھنے والی
عورتیں (۲) شیر کا لقب۔
زَوَائِدُ الأَسْنَان: کچلیوں کے قریب
کے دانت۔
الزِّیَادَةُ: زیادتی، اضافہ ج: زِیَادَاتٌ
زِیَادَةُ الکَبِد: جگر کا بڑھا ہوا حصہ۔
حروف الزِّیادَة: علم الصرف
میں زائد حروف دس ہیں جن کا مجموعہ
ہے سَأَلْتُمُونِیهَا۔
الزَّیْدُ و الزِّیْدُ: زائد۔ کہتے ہیں:
هُمْ زَیْدٌ علی مائةٍ: وہ سو
سے زائد ہیں۔
الزَّیْدِیَّةُ: شیعوں کا ایک فرقہ جو زید بن
علی بن الحسین رضی اللہ عنہم کی طرف
منسوب ہے۔ یہ فرقہ امامت کو حضرت
علی رضی اللہ عنہ اور حضرت فاطمہ رضی اللہ
عنہا کی اولاد میں محدود و محصور ہونے
کا قائل ہے۔ یمن میں یہ فرقہ زیادہ پایا
جاتا ہے۔
المَزَادُ: نیلام گاہ (۲) نیلامی (البیع بالمَزَاد)
(۳) وہ قیمت جس پر نیلامی مکمل ہو اور
بولی ختم ہو جائے۔
بَاعَ بالمَزَادِ: نیلام کرنا۔
المَزَادَةُ: توشہ دان، سفر کے لئے پانی
کا تھیلا، مشکیزہ ج: مَزَادٌ۔
المُزَایِدُ: (ضد: مناقِص) قیمت بڑھانے
والا، نیلامی میں بولی بولنے والا۔
المُزَایَدَةُ: نیلامی (ضد: مناقصة)
المُتَزَایِدُ: اضافہ پذیر، روز افزوں،
بڑھتا ہوا۔
المُزَایَدَةُ: مبالغہ۔
المُزَایَدَاتُ: بڑھا چڑھا کر کی جانے
والی باتیں، بے حقیقت باتیں۔
المُزَایَدَاتُ السِّیاسِیَّةُ: سیاسی پیش کشیں۔

المُزَایَدَاتُ فی الخُطَب وغیرها: تقریروں وغیرہ کے مقابلے۔
المَزِیْدُ: اضافہ شدہ، اضافہ، زائد، اور۔ هل من مَّزِید: اور مزید چاہیے
لا مَزِیْدَ علی هذا الامر: اس معاملہ میں اضافہ ممکن نہیں۔
•زَارَ الدَّابَّةَ ـِ زَیْرًا: چوپائے کو رسّی سے باندھنا (وہ رسّی جو سینہ بند اور تنگ کے درمیان ہوتی ہے)۔
زَیَّرَ الدَّابَّةَ: زارها۔
الزِّیَارُ: سینہ بند اور تنگ کے درمیان کی رسّی (۲) قیدی کے ہاتھ کو سینہ سے باندھنے کی رسّی۔
الزِّیْرُ: مٹکا۔ دیکھئے زور۔
•الزَّیَازِیَةُ: عجلت اور تیزی۔
الزِّیْزَاءُ: سخت زمین (۲) ٹیلہ (۳) پر یا اس کے اطراف ج: الزَّیَازِی۔
الزِّیْزُ: ایک کیڑا جو درخت میں پیدا ہوتا ہے اور زیز زیز آواز نکالتا ہے۔
•الزَّیْزَفُوْن: سبک اور تیز رفتار اونٹنی، ایک پودا جس پر کوئی پھل نہیں آتا اس سے شراب بنائی جاتی ہے۔ کہاوت ہے: هو کالزَّیْزَفُون، یُزْهِرُ و لا یُثْمِرُ: وہ زیزفون کی طرح ہے کہ پھول تو اس پر آتا ہے مگر پھل نہیں آتا، وعدہ خلافی کے لئے بولا جاتا ہے یعنی وہ وعدہ تو کرتا ہے مگر اسے پورا نہیں کرتا۔
•زَاطَ ـِ زَیْطًا و زِیَاطًا: چیخنا، چلانا، لوگوں کا شور وغل مچانا، جھگڑنا۔ هو زَائِطٌ و زَیَّاطٌ۔
الزِّیَاطُ: گھونگھرو۔
الزَّیْطَةُ: چیخ، شور وغل، ہنگامہ (مصدر مرہ از زیاط)۔
•زَاغَ عنه ـِ زَیْغًا و زُیُوغًا و زَیَغَانًا: پھرنا، الگ ہٹنا، ٹیڑھا ہونا، ایک طرف کو جھکنا۔
زَاغَتِ الشَّمْسُ: سورج کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔
ـــ عن الطَّرِیْق: راستہ سے ہٹنا، گمراہ ہونا۔
ـــ البَصَرُ: نگاہ کا (حیرت یا دہشت کی بنا پر) اصل جگہ سے ہٹ جانا، ٹیڑھا اور ترچھا ہو جانا، آنکھ کا ڈگنا۔ قرآن پاک میں ہے: "ما زاغ البَصَرُ و ما طَغَی" هو زَائِغٌ ج: زَاغَةٌ هی زَائِغَةٌ۔
أزَاغَهُ: ٹیڑھا اور ترچھا کرنا، اصل جگہ سے ہٹانا، راستہ سے ہٹانا، گمراہ کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "رَبَّنَا لا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إذْ هَدَیْتَنَا"
زَیَّغَهُ: ٹیڑھا کرنا (۲) کجی دور کرنا، سیدھا کرنا۔
الزَّاغُ: دیکھئے (زوغ)
الزَّائغ: ٹیڑھا، ترچھا، گمراہ، منحرف، چکا چوندھ۔
الزَّیْغُ: حق سے انحراف، کجی، ٹیڑھ، گمراہی۔
•زَافَتِ النُّقُوْدُ ـِ زَیْفًا و زُیُوفًا و زُیُوفَةً: سکوں کا کھوٹا ہونا۔
زَافَ فی مِشْیَتِه زَیَفَانًا: جھومتے ہوئے اور اتراتے ہوئے چلنا، مٹک کر چلنا۔
ـــ الحَمَامَةُ الذَّکَرُ عند الحَمَامَةِ الأُنْثَی: کبوتر کا کبوتری کے پاس پر اور دم کو پھیلا کر زمین پر کھینچنا۔
ـــ البِنَاءُ وغیرُه زَیْفًا: اونچا اور بلند ہونا۔
زَافَ الغُلَامُ: لڑکے کا گھوڑا سواری کی مشق کے لئے چبوترے کے کونے پر کود کر گھومنا۔
ـــ النُّقُوْدَ وغیرَها: سکے وغیرہ کو کھوٹا یا جعلی بنانا، کھوٹ ملانا۔ هو زَائِفٌ و هی زَائِفَةٌ۔
زَیَّفَ النُّقُوْدَ وغیرَها: سکے وغیرہ میں کھوٹ ملانا، جعلی بنانا (۲) سکے کا کھوٹ ظاہر کرنا۔ زَیَّفَ النُّقُودَ عَلَیه: کسی کو کھوٹا سکہ دینا۔
ـــ قولَه او رأیَه: قول یا رائے کا بطلان ظاہر کرنا، غلط اور بے بنیاد قرار دینا (۲) حقیر و معمولی قرار دینا۔
تزَیَّفَت الدَّرَاهِمُ: کھوٹا ہونا۔
الزَّائِفُ: کھوٹا، جعلی، بے حقیقت، باطل (۲) شیر ج: زُیَّفٌ و زُیُوفٌ۔
عُمْلَةٌ زَائِفَةٌ: کھوٹا سکہ۔
الزَّیْفُ: مصدر بمعنی زائف۔ دِرْهَم زَیْفٌ (۲) دیوار کا چھجا (بارش سے بچاؤ کے لئے) کنگورہ (۲) شہ نشیں، بالکونی (بالاخانے کا برآمدہ) (۳) زینہ کی سیڑھی ج: زُیُوف و أزْیَاف و زِیَاف (۴) کھوٹ۔
التَّزْیِیف: جعل سازی، فریب کاری، غلط بیانی۔
المُزَیِّفُ: جعل ساز۔
المُزَیَّفُ: کھوٹ ملا ہوا، جعلی، نقلی، جھوٹا، من گھڑت۔
•زَیَّقَ القَمِیْصَ وغیرَه: گوٹ لگانا، کالر لگانا۔
الزِّیْقُ: گوٹ، پٹی جو گریبان پر لگائی جاتی ہے، کالر ج: أزْیَاق و زِیَقَةٌ۔
زِیْقُ البَنَّاءِ: معمار کا سوت (بٹا ہوا دھاگا) جس سے ردّوں کی ہمواری

دیکھی جاتی ہے ۔
•زَاكَ فی مِشْيَتِهِ ـِ زَيْكًا وزَيَكانًا: اکڑکرچلنا، اترانے ہوئے چلنا۔
الزِّيكُ: چھوٹے جواہرات جوبڑے جواہرات کے ساتھ ٹکے ہوتے ہیں۔
•زَالَ الشیئَ ـِ زَيْلًا: کسی شے کو دوسری سے الگ کرنا، ممتاز کرنا۔ کہتے ہیں، زِلْ ضَأْنَكَ من مَعْزِكَ: تم اپنی بکریوں کو بھیڑوں سے الگ کرو
ـــ عن مكانه: جگہ سے ہٹانا یا ہٹنا۔
زَالَ و يَزَالُ: ان دونوں فعلوں پر مانافیہ داخل ہوکر استمرار فعل پر دلالت کرتا ہے اور یہ دونوں فعل ناقص ہیں، اسم وخبر پر داخل ہوتے ہیں۔ جیسے: مَا زَالَ يَفْعَلُ كذا: وہ فلاں کام مسلسل کرتا رہا۔
لا أَزَالُ أَفْعَلُ كذا: میں ایسا برابر کروں گا۔ ما ازالُ افعل كذا
لا تَزَالُ سَبَّاقًا الى الخير (جملہ دعائیہ) تم ہمیشہ خیر میں سبقت کرتے رہوگے۔ ما زِلْتُ بِزَيْدٍ حتى فَعَلَ: میں زید سے کام کرنے کو کہتا رہا حتی کہ اس نے کیا۔
زَيِلَ ـَ زَيَلًا: کشادہ رانوں والا ہونا (دونوں رانوں کے درمیان فاصلہ والا ہونا) هو أَزْيَلُ و هي زَيْلَاءُ ج: زِيلٌ۔
زَايَلَهُ مُزَايَلَةً و زِيالًا: جدا ہونا، الگ ہونا۔
زَيَّلَهُ: جدا کرنا، منتشر کرنا۔
انْزَالَ: الگ ہونا، جدا ہونا۔
تَزَايَلُوْا: باہم جدا ہونا، الگ الگ ہونا۔
تَزَايَلَ فُلَانٌ من جَلِيْسه: کسی کا اپنے ہم نشین سے شرمانا۔ هو مُتَزايِل و هي مُتَزَايِلَة۔ امْرَأةٌ مُتَزَايِلَةٌ: شرم سے چہرہ چھپانے والی عورت۔
تَزَيَّلُوْا: (۱) الگ الگ ہونا (۲) منتشر ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "لَوْ تَزَيَّلُوا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا۔"
المِزْيَلُ: ذہین وہوشیار جواشیاء میں فرق کا سلیقہ رکھتا ہو۔
رَجُلٌ مِخْلَطٌ و مِزْيَلٌ: وہ بہت سی چیزوں کا جامع ہے مگران سب کے مابین فرق کو خوب جانتا ہے۔
الأَزْيَلُ: دونوں رانوں کے درمیان فاصلہ والا (۲) خوش طبع (۳) ہنرمند باسلیقہ۔
•زَامَ لَه ـِ زَيْمًا فَاَسْكَتَهُ: کسی کو کوئی بات کہہ کر یا کرکے خاموش کردینا۔
تَزَيَّمَت الابلُ و الدَّوَابُّ: اونٹوں کا ٹکڑیوں میں تقسیم ہوجانا، منتشر ہوجانا۔
تَزَيَّمَ اللَّحْمُ: گوشت کا بھرا ہوا اور ٹھکا ہوا ہونا۔
الزِّيمَةُ: اونٹوں کی ٹکڑی، گروہ جس میں کم ازکم دو یا تین اور زیادہ سے زیادہ پندرہ ہوتے ہیں ج: زِيَمٌ۔
ماشِيَةٌ زِيَمٌ: بکھرے ہوئے مویشی۔
غارَةٌ زِيَمٌ: منتشر حملہ۔
•زَانَهُ ـِ زَيْنًا: سجانا، آراستہ کرنا (۲) زیب دینا (۳) حسین وخوبصورت بنانا۔
أَزْيَنَ: زینت والا ہونا، سجا ہوا ہونا، مزین ہونا۔
ـــ الشیئَ: سجانا، آراستہ کرنا۔
زَيَّنَهُ: سجانا، مزین کرنا۔
ازْدَانَ: سجنا، آراستہ ہونا، حسین و جمیل ہونا۔
تَزَيَّنَ: سجنا، آراستہ ہونا، حسین بننا، زیب وزینت اختیار کرنا، سنگار کرنا
ازَّيَّنَ: ازْدَانَ۔
الزَّائِنُ: آراستہ، سجا ہوا، خوبصورت۔
امْرَأَةٌ زَائِنَةٌ: سنگار کی ہوئی عورت
الزِّيانُ: سجاوٹ اور زینت کی چیز۔
الزِّيْنُ: ہر سجانے اور زیب دینے والی چیز ج: أَزْيَانٌ (۲) آراستگی، بناؤسنگار (۳) اچھا، خوبصورت۔
امْرَأَةٌ زَيْنَةٌ: خوبصورت عورت
الزِّيْنَةُ: سامان زینت وسجاوٹ (۲) آرائش، بناؤسنگار (۳) حسن وجمال
يَوْمُ الزِّيْنَةِ: عید کا دن (۲) مصر میں خلیج کا بند توڑنے کا دن ج: زِيَنٌ۔
خِوانُ الزِّيْنَةِ: سنگار کی شیشہ دار میز۔
صُنْدُوقُ الزِّيْنَةِ: سنگاردان
غُرْفَةُ الزِّيْنَةِ: سنگار روم۔
المُزَيِّنُ: حجام، نائی، عورتوں کی مانگ نکالنے والا (بالوں کی پٹی جمانے والا) هي مُزَيِّنَةٌ۔
المُزَيَّنُ: آراستہ، سجا ہوا، حسین وجمیل
المُزْدَانُ: المُزَيَّنُ۔
•الزَّيْنُوْنُ: کیمیا میں ایک نامعروف عنصر جو ہوا میں معمولی مقدار میں پایا جاتا ہے اسے روشنی کے ٹیوب میں استعمال کیا جاتا ہے۔
زَيَّاهُ تَزْيِيَةً: کوئی شکل دینا، روپ دینا (۲) لباس پہنانا۔
ـــ بكذا: کسی کو کوئی ہیئت یا شکل یا روپ دینا۔
ـــ الحَرْفَ: حرف کو زار پڑھنا یا زار لکھنا۔

تَزَيَّا بكذا: کوئی شکل یا ہیئت یا فیشن یا روپ یا بھیس اختیار کرنا، وضع قطع اختیار کرنا۔
— بزِيِّ العُلَماءِ: اس نے علما کی وضع قطع اپنالی۔
تَزَيَّا بزِيِّ غيرِه: اس نے دوسروں کا فیشن لے لیا۔
الزِّيُّ: ہیئت، شکل، فیشن، روپ، بھیس، وضع قطع (۲) لباس۔ جاءَ بزِيِّ العَرَب: وہ عربوں کے لباس میں آیا۔ ذِئْبٌ فی زِيِّ شاة: بکری کی شکل میں بھیڑیا ہے ج: أَزْيَاءٌ۔

بابُ السِّین

• السِّینُ: حروفِ ہجا کا بارہواں حرف، اس کا مخرج نوکِ زبان اور ثنایا علیا کے قدرے اوپر ہے۔ سین مفتوح فعل مضارع پر داخل ہو کر مستقبل کے لئے خاص کرتا ہے اور قرب وقوعِ فعل پر دلالت کرتا ہے اس کو سینِ تنفیس بھی کہتے ہیں۔ قرآن پاک میں ہے: "فَسَیَكْفِیْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ"

س ـــــ أ

• سَأْ: اسمِ صوت ہے۔ گدھے کو بند کرنے یا پانی کے لئے بلانے کے وقت بولا جاتا ہے

• سَأَبَهُ ـَ سَأْبًا: گلا گھونٹنا۔ حدیث میں ہے: "فأخذ جبریلُ بحلقي فسأبني حتى أجهشتُ بالبكاء" جبریلؑ نے میرا گلا پکڑا اور اسے گھونٹا تو میں رونے کے قریب ہو گیا۔

ـــ السِقاءَ: مشک کو بڑا کرنا۔

سَئِبَ من الشَّرَاب ـَ سَأَبًا: سیراب ہونا، آسودہ ہونا۔

السَّأْبُ: مٹکا، بڑی مشک ج: سُؤُوبٌ۔

السُّؤْبانُ: هو سُؤْبانُ مَالٍ: وہ مال کا بہترین منتظم ہے۔

المِسْأَبُ: السَّأْبُ ج: مَسَائِبُ۔

• سَأَتَ ـَ سَأْتًا: گلا گھونٹ کر مار ڈالنا

• سَأَدَهُ ـَ سَأْدًا: گلا گھونٹنا۔

سُئِدَ: کھارا پانی پینے سے بیمار ہونا۔

سَئِدَ الجُرْحُ ـَ سَأَدًا: زخم کا پھٹ جانا۔ هو سَئِدٌ۔

أَسْأَدَ السَّیْرَ: چلنے کا عادی ہونا، مسلسل چلنا، رات بھر چلنا۔ کہتے ہیں: أَسْعَدَ یَوْمَهُ إِسْعَادًا مَنْ أَسْأَدَ لَیْلَتَهُ إِسْئَادًا: جو رات بھر چلتا ہے وہ اپنے دن کو مبارک و خوشگوار بناتا ہے، رات میں چلنے کے لئے زیادہ مستعمل ہے۔

السُّؤَادُ: کھارا پانی پینے سے ہونے والی بیماری۔

السُّؤْدَةُ: بقیہ جوانی۔

المِسْأَدُ: بڑی مشک، مٹکا۔

• سَأَرَ من الطَّعام والشَّراب ـَ سَأْرًا: کھانا یا پانی بچا دینا۔ هو سَآرٌ۔

سَئِرَ ـَ سَأَرًا: بچنا، باقی رہنا۔

أَسْأَرَ: بچانا، باقی چھوڑنا۔ حدیث میں ہے: "اذا شَرِبْتُم فَأَسْئِرُوا" جب تم پانی پیا کرو تو تھوڑا چھوڑ دیا کرو

ـــ من حِسَابه: حساب میں سے کچھ چھوڑ دینا، پورا نہ کرنا۔ هو سَآرٌ۔

تَسَأَّرَ الشَّرابَ: بچا ہوا پانی یا مشروب پینا۔

السَّائِرُ: باقی، بچا ہوا۔ سائِرُ الشیٔ کے معنی تمام کے نہیں باقی ماندہ کے ہیں۔ سَائِرُ البلاد کہنا ہو تو اس سے قبل کسی ایک کا نام لینے کے بعد سائر کہا جائے گا جیسے: اللّٰهُمَّ اجْعَلْ هٰذَا البَلَدَ آمِنًا وسَائِرَ بلادِ المسلمین۔

السُّؤْرُ: چیز کا بقیہ، جھوٹا یعنی پی کر بچایا ہوا پانی یا کھا کر چھوڑا ہوا کھانا۔ حدیث فضل ابن عباس میں ہے: "لا أُوثِرُ بِسُؤْرِكَ أَحَدًا": میں آپ کے بچائے ہوئے کے لئے خود پر کسی کو ترجیح نہیں دوں گا۔

اِنَّهُ سُؤْرُ شَرٍّ: وہ شرّی ہے ج: أَسْآرٌ۔

السُّؤْرَةُ: بقیہ، بچی ہوئی چیز، وہ عورت جس کی جوانی ڈھل چکی ہو کچھ باقی ہو اس کے بارہ میں کہا جاتا ہے: اِنَّ فیها لَسُؤْرَةً۔ (۲) عمدہ مال ج: سُؤَرٌ۔

• سَأْسَأَ بالحِمار سَأْسَأَةً وسَأْسَاءً: سَأْسَا کہہ کر گدھے کو پانی کے لئے بلانا (۲) گدھے کو سَأْسَا کہہ کر چلنے یا روکنے کیلئے ڈانٹنا۔

تَسَأْسَأَت الأُمُورُ: معاملات کا مختلف ہونا، گڑبڑ ہونا۔

ـــ فُلانٌ بِحَقّي: فلاں نے انکار کے بعد میرے حق کو مان لیا۔

• سَأَفَتْ یَدُهُ ـَ سَأْفًا: ہاتھ کے ناخن پھٹنا، ترخنا (۲) ہاتھ کے ناخنوں کے گرد کا حصہ پھٹنا۔

سَئِفَتْ یَدُهُ ـَ سَأَفًا: سأفت هي سَئِفَةٌ۔

ـــ شَفَتُهُ: ہونٹوں پہ پپڑی جمنا۔

ـــ لِیْفُ النَّخْلَة: کھجور کے پتوں کا پھٹ کر خراب ہو جانا۔

سُؤِفَتْ إِبِلُهُ ـُ سَآفَةً: اونٹ کا مہلک بیماری میں مبتلا ہونا۔

اُنْسَأَفَ: سَأَفَ۔

السَّأْفُ : کھجور کی شاخ (۲) دم کے بال (۳) پلک ۔
السُّؤَافُ : اونٹ کو لگنے والی مہلک بیماری۔
•سَأَلَهُ عن کذا و بکذا ۔ سُؤَالًا و تَسْآلًا و مَسْأَلَةً : پوچھنا، معلوم کرنا، دریافت کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: " یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَسْأَلُوا عن اَشْیَاءَ اِنْ تُبْدَ لَکُمْ تَسُؤْکُمْ " ایسی باتیں تم دریافت نہ کرو کہ تم کو بتا دی جائیں تو تم کو ناگوار ہوں۔ دوسری جگہ ہے۔ فَاسْأَلْ بِهٖ خَبِیْرًا : اسے کسی باخبر سے پوچھو۔
۔۔۔ المُحْتَاجُ النَّاسَ : فقیر کا لوگوں سے خیرات مانگنا۔
۔۔۔ فلانًا الشَّیْءَ : کوئی چیز مانگنا۔ جیسے سَأَلْتُهٗ دِرْهَمًا۔ قرآن پاک میں ہے: " لا نَسْأَلُكَ رِزْقًا نَحْنُ نَرْزُقُكَ "
۔۔۔ سُؤَالًا علمیًّا : علمی بات پوچھنا۔
أَسْأَلَهُ سُؤْلَهُ و مَسْأَلَتَهُ : کسی کی ضرورت یا فرمائش پوری کرنا۔
سَاءَلَهُ : سَأَلَهُ ۔
تَسَاءَلُوْا : ایک دوسرے سے پوچھنا، مانگنا
تَسَوَّلَ و تَسَأَّلَ : مانگنا، بھیک مانگنا۔
السَّائِلُ : طالب (۲) سوال کنندہ (۳) فقیر، خیرات مانگنے والا۔ قرآن پاک میں ہے: " وَاَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ " (۴) سیال چیز (ضد: جامد) (مشتق از سیل)
سَائِلٌ قَابِلٌ لِلْاِلْتِهَابِ : آگ پکڑنے والا سیال مادہ ج: سائلون، سُؤَّال۔
السَّأَّلُ : بہت سوال کرنے والا، بہت مانگنے والا۔
السُّؤَالُ : خیرات طلبی۔ حدیث میں ہے : نَهٰی عن کَثْرَةِ السُّؤَالِ ۔ (۲) طلب، فرمائش (۳) طالب علم کا استاذ وغیرہ سے استفسار (۴) امتحان کا سوال (طالب علم سے جس کا جواب لیا جاتے) ج: اَسْئِلَةٌ ۔
السُّؤْلُ و السُّوْلُ : سوال، درخواست، فرمائش ۔
السُّؤْلَةُ : السُّؤْلُ ۔
السُّؤَلَةُ : بہت سوال کرنے والا ۔
السَّؤُوْلُ : بہت سوال کرنے والا۔
المَسْأَلَةُ : حاجت، طلب و فرمائش (۲) مصدر بمعنی اسم مفعول۔ قابل دریافت بات، حل طلب مسئلہ۔ علمی اصطلاح میں وہ قضیہ جس پر برہان قائم کیا جائے وہ معاملہ جس پر غور و فکر کر کے حل کیا جائے ج: مَسَائِلُ ۔
مَسْأَلَةٌ تَحْتَ البَحْثِ : زیر بحث سوال یا مسئلہ۔
المَسْأَلَةُ البَسِیْطَةُ او الطَّبِیْعِیَّةُ : معمولی مسئلہ، معمولی بات ۔
المَسْأَلَةُ المُتَفَجِّرَةُ : دھماکہ خیز مسئلہ، معاملہ
مَسْأَلَةُ مُجَامَلَةٍ : رکھ رکھاؤ کا معاملہ
المَسْئُوْلُ : جواب دہ، ذمہ دار (۲) ارکان حکومت میں سے وہ شخص جس پر کوئی ذمہ داری عائد ہوتی ہو۔
المَسْئُوْلُوْن : ذمہ داران، منتظمین ۔
المَسْئُوْلِیَّةُ : ذمہ داری، جواب دہی۔ کہتے ہیں: اَنَا بَرِیْءٌ من مَسْئُوْلِیَّةِ هٰذَا العَمَلِ ۔ ج: مَسْئُوْلِیَّات
•سَئِمَ الشَّیْءَ و منه ۔ سَأَمًا و سَآمَةً : اکتانا، دل اچاٹ ہونا، طبیعت گھبرا جانا۔ هو سَئِمٌ و هی سَئِمَةٌ ۔
اَسْأَمَهُ : اکتا دینا، دل اچاٹ کرنا۔
السَّئِیْمُ : اداس، آزردہ۔
السَّؤُوْمُ : بہت زیادہ اکتا جانے والا، انتہائی دل برداشتہ۔ کہاوت ہے: ظِئْرٌ رَؤُوْمٌ خَیْرٌ من اُمٍّ سَئُوْمٍ : مہربان دودھ پلانے والی اکتا جانے والی ماں سے بہتر ہے ۔
•سَأَى ۔ سَأْوًا : دوڑنا ۔
۔۔۔ بَیْنَهُمْ : لوگوں میں بگاڑ پیدا کرنا، فساد انگیزی کرنا ۔
۔۔۔ الثَّوْبَ و الجِلْدَ : کپڑے یا کھال کو کھینچ کر پھاڑنا (یعنی اتنا کھینچنا کہ وہ پھٹ جائے)۔
۔۔۔ الشَّیْءَ : قصد و ارادہ کرنا ۔
سَأَى بَیْنَ القَوْمِ ۔ سَأْیًا : لوگوں میں فساد پیدا کرنا ۔
۔۔۔ الثَّوْبَ او الجِلْدَ : اتنا کھینچنا کہ وہ پھٹ جائے ۔
السَّأْوُ : وطن (۲) ہمت، حوصلہ۔ فُلَانٌ ذُو سَأْوٍ : فلاں باہمت آدمی ہے (۳) وہ جہت جس کا قصد کیا جائے ۔

س ۔ ب

•سَبَأَ علی یَمِیْنٍ کَاذِبَةٍ ۔ سَبْئًا و سِبَاءً و مَسْبَأً : بے پروائی کے ساتھ جھوٹی قسم کھانا ۔
۔۔۔ الخَمْرَ : پینے کے لئے شراب خریدنا۔
۔۔۔ فُلَانًا : کسی کو کوڑے مارنا ۔
۔۔۔ الحَرَارَةُ او السَّوْطُ الجِلْدَ : گرمی یا کوڑے کا جلد کو بدل دینا، جھلس دینا۔
۔۔۔ الجِلْدَ : کھال کو جلانا (۲) اتارنا، کھینچنا۔
اَسْبَأَ لِاَمْرِ اللهِ : اللہ کے حکم کے آگے سر تسلیم خم کرنا، اللہ کے حکم کو ماننا ۔
۔۔۔ علی الشَّیْءِ : کسی چیز میں دل نرم ہونا۔
اِسْتَبَأَ الخَمْرَ : سَبَأَهَا ۔
اِنْسَبَأَ الجِلْدُ : کھال اتر جانا، چھلنا ۔
سَبَأٌ : ایک شخص کا نام جس سے عام یمنی قبائل وابستہ تھے، وہ ان کا جد امجد تھا، منصرف اور غیر منصرف اور ایسے ہی ممدودہ اور غیر ممدودہ

دونوں طرح پڑھا جاتا ہے (۲) یمن کی ایک قدیم قوم کا نام۔ کہاوت ہے: تَفَرَّقُوا اَیدِی سَبَأ وَ اَیَادِي سَبَأ: وہ قوم سبا کی طرح تتر بتر ہو گئے، ان قبائل کی زمین جب عذاب الٰہی سے غرق کر دی گئی اور ان کے باغات فنا ہو گئے تو یہ مختلف ملکوں میں پھیل کر منتشر ہو گئے، اور ہر ایک گروہ نے الگ الگ راہ اپنالی۔

السِّبَاءُ: شراب۔

السُّبْأَةُ: لمبا سفر، دور دراز کا سفر۔

السَّبَئِيَّةُ: سبائیہ، شیعوں کا ایک فرقہ جو عبداللہ ابن سبا کی طرف منسوب ہے۔

السَّبَّاءُ: شراب فروش۔

السَّبِيُّ: سَبِيُّ الحَيَّة: سانپ کی کھال، کینچلی۔

السَّبِيئَةُ: شراب۔

المَسْبَأُ: پہاڑی راستہ۔

السَّبَانِخُ: الإِسْبَانَخ: پالک یا اس جیسی سبزی۔

• سَبَّهُ ـُ سَبًّا: گالی دینا، برا کہنا (۲) بے عزتی کرنا، اہانت کرنا، عیب لگانا، آڑے ہاتھوں لینا۔

ـــ الشَّيءَ: کاٹنا۔

ـــ الدَّابَّةَ: چوپائے کی ٹانگیں کاٹنا۔

ـــ فیه: بہتان لگانا۔

سَابَّهُ مُسَابَّةً وَ سِبَابًا: کسی کے ساتھ گالی گفتار کرنا۔

سَبَّبَهُ: کسی کو خوب گالیاں دینا، حد سے زیادہ بدکلامی کرنا۔

ـــ الأَسْبَابَ: اسباب پیدا کرنا۔

ـــ لِلْمَاءِ مَجْرًى: پانی کے لئے راستہ بنانا۔

ـــ الحُكْمَ: کسی فیصلے کے اسباب و وجوہ بیان کرنا۔

ـــ الشَّيءَ: سبب و ذریعہ بننا۔ کہتے ہیں: هَذَا السَّفَرُ يُسَبِّبُ لَكَ المَرَضَ (۲) وجود میں لانا۔

اِسْتَبُّوا: ایک دوسرے کو گالی دینا۔

تَسَابُّوا: باہم گالی گفتار کرنا (۲) باہم مقاطعہ کرنا۔

تَسَبَّبَ إِلَيهِ: کسی تک پہنچنے کا ذریعہ اور واسطہ بننا (۲) کسی کو ذریعہ بنانا۔

تَسَبَّبَ بِهِ: واسطہ اور ذریعہ بننا۔

اِسْتَسَبَّ لَهُ: کسی کے لئے گالی یا برائی اور بے عزتی کا سبب بننا۔ کہتے ہیں: اِسْتَسَبَّ لِأَبِيهِ: وہ اپنے باپ کی بے عزتی کا سبب بن گیا اس طرح کہ اس نے دوسرے کے باپ کو گالی دی تو اس نے جواباً اس کے باپ کو گالی دی۔

الأُسْبُوبَةُ: گالی، بدکلامی، ہر وہ بات جس کے ذریعہ دوسرے کی بے حرمتی کی جائے اور اسے برا کہا جائے یا گالی دی جائے ج: أَسَابِيبُ۔

السِّبُّ: بہت گالی دینے والا (۲) اوڑھنی، دوپٹا (۳) عمامہ، دستار (۴) رسی (۵) میخ (۶) باریک کپڑا ج: سُبُوبٌ۔

سِبُّ الشَّخْصِ: کسی کا گالی دینے میں مقابل۔

السَّبَبُ: رسی (۲) راستہ (۳) ذریعہ، وسیلہ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَآتَيْنَاهُ مِن كُلِّ شَيءٍ سَبَبًا فَأَتْبَعَ سَبَبًا" (۴) رشتہ، تعلق و قرابت۔ کہتے ہیں: مَالِي إِلَيكَ سَبَبٌ۔ (۵) دلیل و ثبوت (۶) علت و وجہ (۷) اصل (۸) علم عروض میں ان دو حرفوں کو کہتے ہیں جن میں سے ایک متحرک ہو دوسرا ساکن یا دونوں متحرک ہوں پہلے کو سبب خفیف اور دوسرے کو سبب ثقیل کہا جاتا ہے (۹) شرعاً وہ چیز جو دوسری شے تک پہنچائے مگر اس میں مؤثر نہ ہو، جیسے: وقتِ نماز ج: أَسْبَابٌ۔

أَسْبَابُ السَّمَاءِ: آسمان کے کنارے یا ان کے زینے۔ قرآن پاک میں ہے: "لَعَلِّي أَبْلُغُ الأَسْبَابَ، أَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ"

تَقَطَّعَتْ بِهِمُ الأَسْبَابُ: ان کی تدبیریں اور حیلے بیکار ہو گئے۔

أَسْبَابُ الحكم في القَضَاءِ: عدالتی فیصلے کے قانونی اسباب و وجوہ اور واقعی دلائل۔

السَّبَبُ الكافي: مکمل ثبوت۔

ـــ الواهي: لچر اور کمزور دلیل۔

السَّبَّابَةُ: انگوٹھے سے ملی ہوئی انگلی، انگشتِ شہادت۔

السَّبَّةُ: زمانہ کا کچھ حصہ، عرصہ۔ کہتے ہیں: مَضَتْ سَبَّةٌ مِنَ الدَّهْرِ۔ الدَّهْرُ سَبَّاتٌ: زمانہ کے مختلف حالات ہوتے ہیں۔ کوئی کیسا کوئی کیسا۔ أَصَابَتْنَا سَبَّةٌ مِنْ بَرْدٍ اور حَرٍّ: ہم پر سردی یا گرمی کی لہر آئی۔

السُّبَّةُ: عار، عیب، داغ (۲) وہ شخص جو لوگوں کی گالیوں کا بہت نشانہ بنتا ہو۔

السُّبَبَةُ: بہت گالی گفتار کرنے والا۔

السَّبَبِيَّةُ: سبب اور مسبب کے درمیان کا تعلق۔

السَّبِيبُ: سَبِيبُ الشَّخْصِ: گالی گفتار کا مقابل۔

سَبِيبُ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیشانی اور دم کے بال۔

السَّبِيبَةُ: باریک کپڑا (۲) بالوں کی لٹ، گچھا (۳) تسر کا باریک ٹکڑا ج: سَبَائِبُ۔

امْرَأَةٌ طَوِيلَةُ السَّبَائِبِ: لمبی زلفوں والی عورت۔ سَبَائِبُ الدَّمِ:

خون دوڑنے کے راستے ۔
المِسَبُّ: بہت گالی گفتار والا، بڑا بدکلام
المِسَبَّۃُ: شہادت کی انگلی ۔
• سَبَتَ ـُ سَبْتًا: سونا، آرام کرنا (۲) رہنا ۔
— فُلَانٌ ـِ سَبْتًا: ہفتہ کے دن میں داخل ہونا ۔
— الیَہُوْدُ: یہودیوں کا سبت منانا یعنی سنیچر کو معاشی کاموں کو چھوڑ دینا اور مذہبی رسوم ادا کرنا ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَیَوْمَ لَا یَسْبِتُوْنَ لَا تَاْتِیْہِمْ"
— الشَّیْءَ: لٹکانا، ڈھیلا چھوڑنا ۔
— شَعْرَہٗ: بالوں کو لٹکانا (چوٹی کی شکل میں) (۲) کاٹنا ۔
— عِلَاوَتَہٗ: گردن پر مارنا ۔
— شَعْرَہٗ اَو رَأْسَہٗ: بال یا سر مونڈنا
أَسْبَتَ فُلَانٌ: سنیچر کے دن میں داخل ہونا
— الیَہُوْدُ: یہود کا سبت منانا ۔
— الحَیَّۃُ: سانپ کا سر کو جھکا کر بے حس وحرکت ہو جانا ۔
سَبَّتَ الشَّیْءَ: کاٹنا ۔
اِنْسَبَتَ الجِلْدُ: دباغت سے چمڑے کا نرم ہو جانا ۔
— الرُّطَبُ: کھجور کا پوری طرح پک جانا مکمل رطب بن جانا ۔
— الشَّیْءُ: لمبا ہونا، لچک کے ساتھ بڑھنا ۔ کہتے ہیں: فِی وَجْہِہٖ انسِبَاتٌ: اس کے چہرہ میں لمبائی اور پھیلاؤ ہے ۔
السُّبَاتُ: آرام، آرام کا ذریعہ ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَھُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ اللَّیْلَ لِبَاسًا وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا" (۲) نیند (۳) اونگھ، ہلکی نیند جیسے بیمار یا بوڑھے کی ہوتی ہے ۔ حدیث عمرو بن مسعودؓ میں ہے: "قال لمعاویۃ ما تسألُ عن شیخٍ نومُہ سُبَاتٌ ولیلُہٗ ھُبَاتٌ" تم اس بوڑھے کی کیا بات پوچھتے ہو جس کی نیند ہلکی اور رات ڈھیلی ڈھالی ہے (۴) زمانۂ دراز (۵) طبی اصطلاح میں ایسی بے ہوشی جو کسی زود اثر دوا سے بھی زائل نہ ہو، بخلاف الإغماء ۔
اِبْنَا سُبَاتٍ: شب و روز ۔
السَّبْتُ: ہفتہ (سنیچر) کا دن، شنبہ (۲) زمانہ یا اس کا کچھ حصہ، عرصہ ۔ کہتے ہیں: اَقَمْنَا سَبْتًا: ہم نے کچھ عرصہ قیام کیا (۳) آرام (۴) نیند (۵) بہت سونے والا (۶) دلیر لڑکا (۷) تیز رو گھوڑا
ج: سُبُوْت و اَسْبُتٌ ۔
السِّبْتُ: صاف کی ہوئی یا رنگی ہوئی کھال
النِّعَالُ السِّبْتِیَّۃُ: صاف رنگے ہوئے چمڑے کے جوتے ۔
السَّبْتَۃُ: عرصہ، زمانہ کا ایک حصہ ۔
السَّبْتِیُّ: سبت کا عقیدہ رکھنے والا ۔
المَسْبُوْتُ: بے ہوش پڑا ہوا بیمار جو سوتا ہوا دکھائی دے اور اکثر آنکھیں بند رکھے (۲) بے ہوش (۳) مردہ ۔
سِبْتَمْبَر: رومی (عیسوی) مہینوں میں سے نواں مہینہ، ستمبر ۔ سریانی میں اس کا مقابل اَیْلُول ہے ۔
• تَسَبَّجَ: گھریلو (کام کاج کا) چھوٹی آستین کا کرتا پہننا ۔
السَّبَجُ: سیاہ کوڑیاں ۔
السُّبْجَۃُ: چھوٹی آستین کا کرتا (جو عورتیں گھروں میں استعمال کرتی ہیں) ۔
سُبْجَۃُ القَمِیْصِ: کرتے کا گھیر ۔
السَّبِیْجَۃُ: السُّبْجَۃُ
السَّبَّاجُ: چھوٹی آستین کے سیاہ کپڑے بیچنے والا ۔
• سَبَحَ بِالنَّہْرِ و فیہ ـَ سَبْحًا و سِبَاحَۃً: نہر وغیرہ میں تیرنا ۔
— الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے کیلئے اگلی ٹانگیں پھیلانا ۔ ھو سَابِحٌ و سَبُوْحٌ ۔
— النُّجُوْمُ: ستاروں کا آسمان میں چلنا قرآن پاک میں ہے: "وَکُلٌّ فِیْ فَلَکٍ یَّسْبَحُوْنَ"
— فُلَانٌ فِی الاَرْضِ: دور چلا جانا، دوڑنا (۲) کھدائی کرنا (۳) معاشی امور کی انجام دہی کے لئے گھومنا، روزی کی تلاش میں لگنا ۔ قرآن پاک میں ہے: "اِنَّ لَکَ فِی النَّہَارِ سَبْحًا طَوِیْلًا" (۴) آرام کرنا، سونا ۔
— فِی الکَلَامِ: خوب بولنا، بہت باتیں کرنا
أَسْبَحَ: تیرانا ۔
سَبَّحَ: سبحان اللہ کہنا ۔
— اللّٰہَ و لَہٗ: خداتعالیٰ کی پاکی بیان کرنا، بڑائی اور عظمت کا اظہار کرنا ۔ قرآن پاک میں ہے: "سَبَّحَ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۔ کَیْ نُسَبِّحَکَ کَثِیْرًا"
السَّابِحُ: تیراک، تیرتا ہوا ۔
السَّابِحَاتُ: تیرنے والیاں (۲) کشتیاں (۳) ستارے (۴) فرشتے جو روحوں کو لے کر تیزی سے اڑتے ہیں ۔
السِّبَاحَۃُ: تیراکی ۔
السَّبَّاحُ: تیراک، بڑا ماہر تیراک ۔
السَّبَّاحَۃُ: شہادت کی انگلی، وضو کی حدیث میں ہے: "فَاَدْخَلَ اِصْبَعَیْہِ السَّبَّاحَتَیْنِ فِیْ اُذُنَیْہِ" ۔
السُّبُّوْحُ: ہر برائی سے بالکل پاک، پاک و برتر ۔ اللہ کی صفات میں سے ایک ۔
سُبْحَانَ اللّٰہِ: کلمۂ تنزیہ ۔ اللہ ہر عیب اور برائی سے پاک ہے ۔

سُبْحَانَ مِن كذا : بوقت تعجب کہا جاتا ہے ۔ یہ بہت ہی عجیب ہے ۔

السَّبْخُ : خلا، فراغ ۔

السَّبْحَةُ : چمڑے کا لباس یا کپڑا ۔ ج: سِبَاحٌ

السُّبْحَةُ : تسبیح، دانوں کا مجموعہ جن پر گن کر تسبیح پڑھی جاتی ہے (۲) دعا (۳) نفل نماز ج: سُبَحٌ ۔

السُّبُحَاتُ : سجدہ کی جگہیں ۔

سُبُحَاتُ اللهِ : اللہ تعالیٰ کا جلال و عظمت اور انوار و تجلیات ۔

السَّوَابِحُ : گھوڑے (صفت غالبہ)

التَّسْبِيحَةُ : کلماتِ تسبیح، نعت خدا ج: تَسْبِيحَات ، تسابيح ۔

المُسَبَّحُ : مضبوط و توانا ۔ كِسَاءٌ مُسَبَّحٌ : مضبوط کمبل ۔

المُسَبِّحَةُ : شہادت کی انگلی ۔

المِسْبَحَةُ : تسبیح (پروئے ہوئے دانے) ج: مَسَابِح ۔

• سَبْحَلَ فُلَانٌ : سبحان اللہ کہنا ۔

• سَبِخَ ــ سَبْخًا : سست ہونا، دھیما اور ہلکا ہونا (۲) دور ہوجانا ۔

ـــ الحَرُّ : گرمی کا کم ہوجانا ۔

ـــ القُطْنَ وغيرَهُ : لپیٹنا، سمیٹنا ۔

سَبِخَتِ الأَرْضُ ــ سَبَخًا : زمین کا شورے والی ہونا ۔ هي سَبِخَة

أَسْبَخَتِ الأَرْضُ : شورے والی ہونا ۔

ـــ في حَفْرِ الأَرْضِ : زمین کی کھدائی کرتے ہوئے شورے والے طبقہ تک پہنچنا ۔

سَبَّخَ : سونا ۔

ـــ الشيءُ : ہلکا ہونا، سکون ہونا، ٹھیرنا، رکنا ۔ سَبَّخَ العِرْقُ : رگ کا خون بند ہوگیا ۔ اور اس میں سکون ہوگیا ۔

ـــ الحَرُّ : گرمی میں کمی ہوجانا ۔

سَبَّخَ عنه الشِّدَّةَ : کسی کی سختی یا تکلیف میں کمی کرنا ۔ جیسے : اللّٰهُمَّ سَبِّخْ عنّي الحُمّٰى : اے اللہ مجھ سے بخار کی تکلیف کو رفع کر ۔ حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا میں ہے : " أنّه صَلَّى الله عليه وسلم سَمِعَها تدعو على سارقٍ سرقها فقال: لا تُسَبِّخِي عنه بدعائكِ عليه " نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہؓ کو ایک چور کو بددعا دیتے ہوئے سنا تو فرمایا عائشہ! اس کے لئے بددعا کرکے اس کی سختی میں کمی نہ کرو ۔

ـــ القُطْنَ : روئی دھنکنا اور پھیلانا ۔

تَسَبَّخَ : ہلکا ہونا، کم ہونا، زور کم ہونا

السِّبَاخُ : سَبَخَة کی جمع (۲) شورزمین جو شوریت کی بنا پر ویران پڑی رہے (۳) کھاد (مصری لغت)

السَّبَخُ : شورزمین جس میں پاؤں دھنس جائیں (۲) کھاد ۔

السَّبَخُ البَلَدِيُّ : قدرتی کھاد ۔

السَّبَخُ الكِيمَاوِيُّ : مصنوعی کھاد ۔

السَّبَخَةُ : نمکین اور دلدلی زمین (۲) پانی کی کائی ج: سِبَاخٌ ۔

السَّبِخَةُ : أَرْضٌ سَبِخَةٌ : کھاد والی زمین، شور زمین ۔

السَّبِيخَةُ : روئی کا پھایہ جو دوا میں ڈبو کر زخم پر رکھا جائے (۲) دھنی ہوئی روئی (۳) پرندہ کے بکھرے ہوئے پر ج: سَبِيخٌ و سَبَائِخ

• سَبَدَ شَعْرَهُ ــ سَبْدًا : بال کاٹنا، مونڈنا ۔

ـــ شَارِبُهُ : مونچھوں کا بڑھ کر ہونٹوں پر آنا ۔

أَسْبَدَ : سَبَدَ ۔

سَبَّدَ الشَّعْرُ : مونڈنے کے بعد بالوں کا اگنا اور ان کی سیاہی ظاہر ہونا ۔

ـــ الفَرْخُ : پرندہ کے بچہ (چوزہ) کے پر نکلنا اور نوکیلے ہونا ۔

ـــ شَعْرَهُ : اچھی طرح مونڈنا، اتنا صاف کرنا کہ کھال صاف ہو جائے (۲) بالوں کو بھگو کر اور کنگھا کرکے چھوڑ دینا ۔

ـــ رَأْسَهُ : بالوں کا دھونا اور تیل لگانا چھوڑ دینا ۔ حدیث خوارج میں ہے : " سِيمَاهُمُ التَّحْلِيقُ والتَّسْبِيدُ "

السَّبَدُ : نباتات کی روئیدگی کے وقت کی نوکیں، گھاس کاٹنے کے بعد کا بقیہ (۲) تھوڑے بال ۔ کہتے ہیں : مَالَهُ سَبَدٌ و لا لَبَدٌ : اس کے پاس تھوڑا بہت کچھ نہیں یا اس کے پاس نہ اونٹ ہیں نہ بکریاں ج: أَسْبَادٌ ۔

السُّبَدُ : جنگلی ابابیل ج: سِبْدَانٌ (۲) حوض کا راستہ بند کرنے کا کپڑا یا ڈاٹ اس کے ذریعہ اونٹوں کے پانی پیتے وقت پانی کو گدلا ہونے سے بچایا جاتا ہے (۳) بدبختی ۔

السِّبْدُ : بھیڑیا (۲) مصیبت (۳) سیاہ کپڑا کہتے ہیں : هو سِبْدٌ من الأَسْبَادِ : وہ بڑا ہوشیار چور ہے ج: أَسْبَاد ۔

السَّبَنْدَى : لمبا (۲) دلیر (۳) چیتا ج: سَبَانِد ۔

السَّبَانِدَةُ و السَّبَادِرَةُ : کھیل کود میں مشغول رہنے والے بیکار لوگ ۔

• سَبَرَهُ ــ سَبْرًا : زخم یا کنویں کی گہرائی جانچنا، ناپنا (۲) جانچنا، آزمانا ۔

سَبَرَ الجُرْحَ : سلائی ڈال کر زخم کی گہرائی معلوم کرنا ۔

ـــ فُلَانًا : جانچ پڑتال کرنا، تلاشی لے کر دیکھنا کہ اس کے پاس کیا ہے ۔ گہرائی جاننا، حقیقت معلوم کرنا ۔

أَسْبَرَةٌ : سَبَرَةٌ ۔
اسْتَبْرَةٌ : سَبَرَةٌ ۔
السَّابِرِيُّ : عمدہ اور باریک کپڑا (۲) مضبوط بنی ہوئی زرہ (۳) عمدہ کھجور۔
السِّبَارُ : زخم یا پانی ناپنے کا آلہ، سلائی ج: سُبُرٌ۔
السُّبُورُ : غریب آدمی ۔
السَّبُّورَةُ : تختۂ سیاہ، بلیک بورڈ ج: سَبُّورَات ۔
السَّبْرُ : اصل (۲) رنگ (۳) ہیئت، شکل ج: أَسْبَارٌ ۔ اصولیوں کی اصطلاح میں سَبْر اور تقسیم اوصاف کو اصل مقیس علیہ میں محدود کرنا اور ان میں سے بعض کو برائے علت چھوڑ دینے کا نام ہے ۔
السِّبْرُ : اصل (۲) رنگ (۳) ہیئت، شکل ۔
السُّبَرُ : لمبے بازوؤں والا شکاری پرندہ
سبرتو : اسپرٹ ۔
السَّبْرَةُ : ٹھنڈی صبح ۔
المِسْبَارُ : ناپنے کا آلہ، سلائی وغیرہ ج: مَسَابِيرُ ۔
المَسْبُرَةُ : مَسْبُرَةُ الجُرْحِ : زخم کی انتہا ۔
المَسْبُورُ : خوش منظر، خوبصورت ۔
• سَبُرَتَ : قناعت کرنا، مزید نہ مانگنا ۔
السِّبْرَاتُ : غریب و مسکین ۔ هي سِبْرَاتَة ج: سَبَارِيتُ ۔
السُّبْرُوتُ : معمولی اور تھوڑی چیز (۲) غریب و مسکین (۳) امرد لڑکا (۴) بنجر زمین ۔ و هي : سُبْرُوتَة ج: سَبَارِيت ۔ أَرْضٌ سَبَارِيتُ : بنجر زمین ۔
السِّبْرِيتُ : السِّبْرَاتُ ۔ هي سِبْرِيتَة ج: سَبَارِيت ۔
• سَبْرَجَ عَلَيْهِ الأمْرَ : کسی سے کوئی بات مخفی رکھنا ۔
• سَبْرَدَ شَعْرَهُ : بال صاف کرنا، مونڈنا
• سَبْسَبَ الرَّجُلُ : ہلکے ہلکے چلنا ۔
ـــ المَاءَ و البَوْلَ : پانی اور پیشاب بہانا ۔
تَسَبْسَبَ المَاءُ : پانی بہنا ۔
السَّبْسَبُ : جنگل، بیابان ج: سَبَاسِبُ
بَلَدٌ سَبَاسِبُ : وسیع شہر ۔
• سَبِطَ ـَ سَبَطًا : بالوں کا نرم اور سیدھا ہونا ۔ هو سَبِطٌ و سَبْطٌ
سُبِطَ فُلَانٌ : بخار میں مبتلا ہونا ۔ هو مَسْبُوطٌ ۔
سَبُطَ ـُ سُبُوطًا و سُبُوطَةً و سَبَاطَةً : بالوں کا سیدھا ہونا ۔
اَسْبَطَ : خوف سے خاموش ہو جانا (۲) بدن ڈھیلا کر کے سر نیچے لٹکانا ۔
ـــ بالأرْضِ : زمین سے چمٹنا اور ضرب یا بیماری کی وجہ سے اس پر پھیل جانا ۔
ـــ في النَّوْمِ : نیند میں آنکھیں بند کرنا
ـــ عنه : غفلت برتنا ۔
سَبَّطَتْ بِوَلَدِهَا : ناتمام بچہ ڈال دینا
السَّابَاطُ : چھتّا، دو دیواروں کے درمیان چھپی ہوئی گزرگاہ ج: سَوَابِيطُ و سَابَاطَات ۔
السَّابُوطُ : ایک سمندری جانور ۔
سَبَاطِ : بخار (مؤنث)
سُبَاط : ماہ فروری ۔
السُّبَاطَةُ : کوڑی، کوڑے کرکٹ کا ڈھیر گندگی کا ڈھیر، کوڑا خانہ (۲) کنگھا کرنے سے گرنے والے بال (۳) کھجور کے پھل کا خوشہ ۔
السَّبِطُ : (مِنَ الرِّجَالِ) لمبا آدمی (۲) (مِنَ الشَّعْرِ) سیدھے (غیر گھونگھریالے) بال (مِنَ المَطَرِ) مسلسل بارش ۔
سَبْطُ اليَدَيْنِ : فیاض و سخی ۔
سَبْطُ الأصَابِعِ : لمبی انگلیوں والا ج: سِبَاط ۔
سَبْطُ الجِسْمِ : قد و قامت والا، خوش قامت ۔ و هي سَبْطَة ۔
امْرَأَةٌ سَبْطَةُ الخَلْقِ : نرم و نازک عورت ۔
السَّبَطُ : بہت شاخوں والا درخت (جس کی جڑ ایک ہی ہو) ۔
السِّبْطُ : پوتا، نواسہ (نواسہ کے لئے زیادہ مستعمل ہے پوتے کے لئے حفید ہے)
السِّبْطُ (مِنَ اليَهُودِ) عربوں کے قبیلہ کی طرح یہود کے قبیلہ کا نام ج: أَسْبَاطٌ ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَقَطَّعْنَاهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ أَسْبَاطًا أُمَمًا"
السَّبَطَانَةُ : پرندوں کے شکار کی بندوق
• اسْبَطَرَّ : لیٹنا، دراز ہونا، ہاتھ پیر پھیلانا کہتے ہیں: اسْبَطَرَّتِ الذَّبِيحَةُ : ذبح کے بعد جانور کا زمین پر پھیل جانا
ـــ في السَّيْرِ : تیز چلنا، لپکنا ۔
ـــ البِلَادُ : ملک کا ٹھیک حالت میں ہونا
السِّبَطْرُ : ذہین و تیز فہم (۲) لمبا اور سیدھا کہتے ہیں: شَعْرٌ سِبَطْرٌ (۳) تیز رفتار کہتے ہیں: جَمَلٌ سِبَطْرٌ و أَسَدٌ سِبَطْرٌ : وہ شیر جو حملہ کے وقت ہاتھ پیر دراز کر لیتا ہو ۔
السِّبَطْرَةُ : بھاری بھرکم عورت ۔
السِّبَطْرَى : اتراہٹ کی چال، مغرورانہ چال
السَّبِيطَرُ : لمبا ۔
• سَبَعَ القَوْمَ ـَ سَبْعًا : لوگوں کا سات عدد پورا کرنا ۔ کہتے ہیں: هو سَابِعُ سِتَّةٍ : وہ چھ کے ساتھ مل کر ساتواں ہے (۲) لوگوں کے مال کا ساتواں حصہ لینا ۔
ـــ الحَبْلَ : رسّی کو سات بل دینا ۔
ـــ الذِّئْبُ الغَنَمَ : بھیڑیے کا بکری کو

پکڑ کر کھا جانا۔
سَبَعَ فُلَانًا : ڈرانا (۲) گالی دینا، برا کہنا، عیب لگانا۔
سُبِعَ الْمَوْلُودُ : نومولود بچہ کے بال مونڈ کر ساتویں دن اس کی طرف سے قربانی کرنا
ـــ الْبَقَرَةُ الْوَحْشِيَّةُ : جنگلی گائے کے بچہ کو درندہ کا پھاڑ کھانا۔
أَسْبَعَ الْقَوْمُ : لوگوں کا سات ہو جانا (۲) لوگوں کی بکریوں میں بھیڑیے کا گھس جانا۔
ـــ الْحَامِلُ : حاملہ کا ساتویں مہینہ بچہ جننا، ستواسہ بچہ جننا۔ هي مُسْبِعٌ والوَلَدُ مُسْبَعٌ۔
ـــ الطَّرِيقُ : راستہ کا بہت درندوں والا ہونا۔
ـــ الشَّيْءَ : سات عدد کرنا۔
ـــ ابنه : بیٹے کو دایہ کے حوالہ کرنا۔
سَبَّعَ الشَّيْءَ : سات (عدد) بنانا، کرنا، سات گنا کرنا (۲) سات رکنی بنانا۔
ـــ الْعَمَلَ : کسی کام کو سات مرتبہ کرنا، یا چند مرتبہ کرنا۔ جیسے : سَبَّعَ الإِنَاءَ : برتن کو سات مرتبہ دھونا۔ سَبَّعَ اللّٰهُ لَكَ الأَجْرَ : اللہ تعالیٰ تمہارے اجر کو زیادہ سے زیادہ کرے۔ سَبَّعَ عِنْدَ امْرَأَتِهِ : سات رات قیام کرنا
ـــ الْحَامِلُ : حاملہ عورت کا ساتویں مہینہ بچہ جننا۔
ـــ الْقَوْمَ : لوگوں کی تعداد کا سات سو ہو جانا۔ حدیث میں ہے : "سَبَّعَتْ سُلَيْمٌ يَوْمَ الْفَتْحِ"
اِسْتَبَعُوا : سات ہو جانا۔
سَابَعَهُ مُسَابَعَةً وسِبَاعًا : گالی گلوچ کرنا۔
الأُسْبُوعُ : سات دن، ہفتہ ج: أَسَابِيع
ـــ من الطَّوَافِ : طواف کے سات چکر

أُسْبُوعُ الآلامِ : نصاریٰ کے نزدیک ہفتۂ مصائب۔
الأُسْبُوعِيُّ : ہفتہ وار، ہفت روزہ۔
السَّابِعُ : ساتواں۔ سَابِعُ سَبْعَةٍ : سات میں سے ایک۔
السُّبَاعِيُّ : سات گوشوں والا، ہفت گوشہ، سات رکنی۔
سُبَاعِيُّ الأَحْرُفِ : سات حرفی۔
سُبَاعِيُّ الْبَدَنِ : کامل الجسم آدمی۔
الثَّوْبُ السُّبَاعِيُّ : سات گز یا سات بالشت کا کپڑا۔
السَّبْعُ : سات (مؤنث کے لئے۔ جیسے سَبْعُ نِسَاءٍ)۔
السَّبْعُ الْمَثَانِي : سورۂ فاتحہ۔
يَوْمُ السَّبْعِ : قیامت کا دن۔
السَّبُعُ : درندہ، پھاڑ کھانے والا جانور (دانت والا جانور جو انسان اور چوپاؤں کو پھاڑ کھاتا ہو۔ جیسے شیر، بھیڑیا، چیتا وغیرہ) (۲) ہر پنجے والا جانور جو پنجہ سے حملہ کرتا ہو۔ هي سَبُعَةٌ ج: سِبَاع وأَسْبُعٌ وسُبُوعٌ۔
السُّبُعُ : ساتواں حصہ ج: أَسْبَاعٌ۔
السَّبْعُونَ : ستر (۲) سترواں (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے)۔
السَّبْعَةُ : سات (مذکر کے لئے۔ جیسے سَبْعَةُ رِجَالٍ)۔
هَذَا الشَّيْءُ وَزْنُ سَبْعَةٍ : یہ چیز سات مثقال ہے۔
السَّبْعَةُ : شیرنی۔
السُّبُوعُ : الأُسْبُوعُ۔
السَّبِيعُ : السُّبُعُ : ساتواں حصہ ج: أَسْبَاعٌ۔
الْمُسَبَّعُ : علم ہندسہ کی ایک شکل جس کے اضلاع کی تعداد سات ہوتی ہے۔
الْمَسْبَعُ : درندوں کا مسکن ج: مَسَابِعُ
الْمُسْبَعُ : عیش و عشرت والا (۲) وہ بچہ جس کی ماں مر گئی ہو اور غیر عورت اسے دودھ پلاتی ہو (۳) حرام کی اولاد، ولد الزنا (۴) منہ بولا بیٹا (۵) ساتویں مہینہ پیدا ہونے والا بچہ۔

الْمَسْبَعَةُ : بہت درندوں والی زمین ج: مَسَابِع۔
الْمَسْبُوعُ : درندہ سے مرعوب۔
• سَبَغَ الشَّيْءُ ـُ سُبُوغًا : مکمل ہونا (۲) دراز و لمبا ہونا (۳) کشادہ ہونا، خوش گوار ہونا۔
ـــ والشَّعْرُ والذَّنَبُ : دراز ہونا۔
ـــ الثَّوْبُ والدِّرْعُ : دراز و کشادہ ہونا
ـــ الْمَطَرُ : بارش کا زمین سے قریب ہونا، خوب ہونا۔
ـــ النِّعْمَةُ : نعمت کا بھر پور ہونا۔
ـــ الْعَيْشُ : زندگی کا فراخ و آسودہ ہونا هو سَابِغٌ و هي سَابِغَةٌ ج: سَوَابِغ۔
أَسْبَغَ الْفَارِسُ : گھوڑے سوار کا لمبی زرہ پہننا۔
ـــ الشَّيْءَ : مکمل کرنا (۲) دراز و کشادہ کرنا
ـــ الْوُضُوءَ : ہر عضو کو اچھی طرح دھلنا
ـــ اللّٰهُ عليك النِّعْمَةَ : اللہ تعالیٰ تمہاری نعمت و خوش حالی کو مکمل کرے۔ تم کو زیادہ سے زیادہ آسودگی عطا فرمائے۔
ـــ لَهُ فِي النَّفَقَةِ : کسی کے خرچ میں فراخی کرنا، پورا پورا خرچ دینا۔
التَّسْبِغَةُ : تَسْبِغَةُ الْخُوذَةِ : زرہ کا وہ حصہ جو زرہ کو خود سے ملاتا ہے اور گردن کو چھپا لیتا ہے ج: تَسَابِغ۔
السَّابِغُ : کامل، دراز، فراخ۔
دِرْعٌ سَابِغٌ : مکمل زرہ ج: سَوَابِغ
السَّابِغَةُ : زرہ ج: سَوَابِغ۔
سَابِغُ الإِلْيَتَيْنِ : بڑے سرین والا۔
• سَبَقَهُ الى الشَّيْءِ ـِ سَبْقًا : کسی شے

کی طرف کسی سے آگے بڑھنا۔ کہتے ہیں:
سَبَقَ الفَرَسُ فِی الحَلبَةِ: گھوڑدوڑ کے میدان میں گھوڑے کا سب سے آگے نکل جانا۔
سَبَقَ عَلَی قَومِہ: کرم وسخاوت میں سب سے بڑھ جانا۔
ـــ علی کذا: غالب ہونا۔
سُبِقَ عَلَی الاَمرِ: کسی کام میں کسی پر غلبہ پالیا گیا، وہ مغلوب ہوگیا۔
أَسبَقَ القَومُ اِلَی الاَمرِ: کسی کام کی طرف دوڑنا، جلدی کرنا۔
ـــ الرَّأیَ ونَحوَہُ: رائے کو (اس پر مشورہ وبحث سے قبل) پختہ کرلینا۔
الرَّأیُ المُسبَقُ: پہلے سے پختہ کی ہوئی رائے۔
سابَقَ اِلَی الشیءِ مُسَابَقَةً وسِبَاقًا: کسی شے کی طرف دوڑنا جلدی سے آنا قرآن پاک میں ہے: "سَابِقُوا اِلَی مَغفِرَةٍ مِّن رَّبِّکُم"
ـــ بَینَ الخَیلِ: گھوڑوں کی دوڑ کرانا (دیکھنا کہ کون سا گھوڑا آگے نکلتا ہے)
ـــ فُلَانًا: کسی سے مقابلہ کرنا، مقابلہ میں دوڑنا (۲) کسی کے قریب لگنا۔
سَبَّقَ: شرط کی ہوئی چیز لے لینا گویے سبقت حاصل کرنا۔
ـــ بَینَ الخَیلِ: گھوڑوں کی دوڑ کرانا
ـــ الشَّاةُ ونَحوُھَا: بکری وغیرہ کا ناتمام بچہ گرانا۔
ـــ الطَّیرَ الجَارِحَ: شکاری پرندہ کے پاؤں میں بندھن باندھنا۔
اِستَبَقُوا اِلَی الشیءِ أو کذا: کسی شے کی طرف پہنچنے کے لئے ایک دوسرے سے آگے بڑھنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَاستَبَقَا البَابَ" ان دونوں نے دروازہ تک ایک دوسرے سے پہلے پہنچنے کی کوشش کی

اِستَبَقُوا الطَّرِیقَ: راستہ کو پار کرنا، گزرنا۔
تَسَابَقُوا: ایک دوسرے سے آگے نکلنا (۲) باہم لڑنا (۳) باہم خطرہ میں پڑنا۔
السَّابِقُ: آگے رہنے والا، سبقت لے جانے والا۔ قرآن پاک میں ہے: "والسَّابِقُونَ السَّابِقُونَ أُولٰئِكَ المُقَرَّبُونَ" (۲) دوڑ میں جیتنے والا گھوڑا (۳) پہلا، گذشتہ۔ ضد: لاحِق مذکور (۴) پیش رو۔
السَّابِقُ ذِکرُہُ: مذکورہ بالا۔
السَّابِقُ لِاوَانِہ: قبل از وقت۔
سابِقُ معرفةٍ بکذ: سابقہ علم شناسائی، سابقہ واسطہ۔
السَّابِقَةُ: دوڑ وغیرہ میں سبقت، جیت کہتے ہیں: لَہُ فِی ھَذَا الاَمرِ سَابِقَةٌ: اس معاملہ میں اس کی پہل ہوچکی ہے (۲) کسی عاقل بالغ کا وہ جرم جو اس کے ریکارڈ میں آگیا ہو سابقہ جرم (۳) سابقہ قابل تقلید عمل
ج: سَوَابِق۔
السَّوَابِقُ: جرائم گذشتہ، احوال سابقہ، ریکارڈ۔
السَّابِقَاتُ: گھوڑے۔
السِّبَاقُ: پائے بند، باندھنے کی پٹی یا بیٹی، بندش۔ السِّبَاقَانِ: شکاری پرندہ کے پیر میں ڈالی جانے والی چمڑے وغیرہ کی دو بندشیں۔
سِبَاقُ الخَیلِ: گھوڑدوڑ۔
السَّبَّاقُ: سب سے آگے رہنے والا، پیش پیش
السَّبِقُ: آگے بڑھنے والا۔
السَّبَقُ: دوڑ میں بدی ہوئی شرط، بازی (۲) دوڑ کا میدان ج: اَسبَاقٌ۔
المُسَابِقُ: مقابل، مزاحم۔
المُسَابَقَةُ: مقابلہ، کمپٹیشن۔

مُسَابَقَةُ الجَمَالِ: مقابلہ حسن۔
المَسبُوقُ: پیچھے رہ جانے والا (۲) وہ شخص جس کا کوئی سابقہ جرم ہو (۳) وہ شخص جس کی نماز میں کوئی رکعت چھوٹ گئی ہو۔ المَسبُوقُ بِرَکعَةٍ: (مثلاً) وہ شخص جس کی ایک رکعت چھوٹ گئی ہو اور امام پہلے پڑھ چکا ہو۔
المُسَبِّقُ: آگے بڑھنے والا گھوڑا (۲) پیشگی
مُسَبَّقًا: پیشگی، پہلے ہی، پہلے سے۔
ہ سَبَكَ المَعدِنَ ـِ سَبكًا: معدنیات کو گلانا، پگھلانا اور صاف کرکے سانچہ میں ڈھالنا (۲) کھرا کھوٹا جاننا، آزمانا۔
سَبَكَت التَّجَارِبُ فُلَانًا: تجربات کا کسی کو باخبر اور مہذب بنانا۔ ھو مَسبُوكٌ وسَبِیكٌ
سَبَّكَ المَعدِنَ: سَبَكَہ۔
اِنسَبَكَ: ڈھلنا، پگھلنا۔
السِّبَاكَةُ: ڈھلائی کا پیشہ۔
السَّبَّاكُ: سونا چاندی اور معدنیات کی ڈھلائی کرنے والا (۲) گھروں وغیرہ میں نلوں وغیرہ (پایپ) کی فٹنگ اور مرمت وغیرہ کرنے والا، پلمبر۔
السَّبِیكُ: ڈھلا ہوا، پگھلا ہوا، میل کچیل سے صاف دھات۔
السَّبِیکَةُ: چاندی سونے یا دھات کا کسی شکل میں ڈھالا ہوا، ڈلا یا ٹکڑا (۲) دھات کا لمبا ٹکڑا، سلاخ وغیرہ، ڈھلی ہوئی کسی دھات کی تختی ج: سَبَائِك۔
سَبكُ المَعَادِنِ: دھاتوں کی ڈھلائی۔
المَسبَكُ: ڈھلائی کا کارخانہ، فاونڈری۔
ج: مَسَابِك۔
مَسبَكُ حُرُوفِ الطِّبَاعَةِ: ٹائپ فاونڈری
المِسبَکَةُ: وہ برتن یا بھٹی جس میں دھات گلائی جائے یا ڈھالی جائے۔
۱۰ اَسبَکَرَّ الشَّیءُ: لمبا اور پھیلا ہوا ہونا۔
کہتے ہیں: اسبکرّ النبتُ واسبکرّ الشعرُ

(۲) سیدھا اور معتدل ہونا، مکمل ہونا جیسے: اِسْبَکَرَّ الشَّبَابُ و اِسْبَکَرَّتِ الْجَارِیَۃُ۔
اِسْبَکَرَّ فُلَانٌ: لیٹنا، زمین وغیرہ پر دراز ہونا۔
— النَّھْرُ: نہر چلنا، جاری ہونا۔
• سَبَلَہٗ ـُ سَبْلًا: گالی دینا۔
أَسْبَلَتِ الطَّرِیْقُ: راستہ کا بہت چالو ہونا، بہت آمدورفت والا ہونا۔
— الزَّرْعُ: کھیتی میں خوشے نکلنا۔
— السَّمَاءُ: آسمان کا برسنا۔
— الْعَیْنُ: آنکھ سے آنسو بہنا۔
— علیہ: کسی کے خلاف بہت بولنا۔
— الشَّیْءَ: چھوڑنا، لٹکانا۔ جیسے: أَسْبَلَ الثَّوْبَ وَالسِّتْرَ۔
— الْفَرَسُ ذَنَبَہٗ: گھوڑے کا دم کو نیچے لٹکانا۔
سَبَّلَ الشَّیْءَ: مباح کرنا، فی سبیل اللہ دینا۔
الْاَسْبَلُ: لمبے خوشہ والا (۲) اوپر کے ہونٹ پر بیچ کے لیے دائرہ والا ج: سُبْلٌ۔
السَّابِلُ: سَبِیْلٌ سَابِلٌ: چلتا ہوا راستہ۔
السَّابِلَۃُ: چلتا ہوا راستہ۔ کہتے ہیں: سَبِیْلٌ سَابِلَۃٌ (۲) راہ گیر ج: سَوَابِلُ۔
السَّبَلُ: برستی ہوئی بارش (۲) خوشہ گیہوں وغیرہ کی بالی (۳) آنکھ کا موتیا (۴) ناک (۵) لٹکا ہوا کپڑا ج: سُبُلٌ
السَّبْلَاءُ: وہ عورت جس کے اوپر والے ہونٹ پر بال ہوں (۲) لمبی پلکوں والی آنکھ ج: سُبْلٌ۔
السَّبَلَۃُ: سَبَلَۃُ الزَّرْعِ: خوشہ، بالی
سَبَلَۃُ الرَّجُلِ: اوپر کے ہونٹ کے درمیان کا دائرہ (۲) مونچھ کے بالوں کا کنارہ (۳) داڑھی کا اگلا حصہ
سَبَلَۃُ الْاِنَاءِ: برتن کا اوپری حصہ۔ کہتے ہیں مَلَأَ الْاِنَاءَ اِلٰی سَبَلَتِہٖ ج: سِبَالٌ۔
جَرَّ فُلَانٌ سَبَلَتَہٗ: کپڑے کے لٹکے ہوئے حصہ کو کھینچنا۔
جَاءَ وَقَدْ نَشَرَ سَبَلَتَہٗ: وہ دھمکی دیتا ہوا آیا۔
ھو اَصْھَبُ السَّبَلَۃِ: دشمن ج: صُھْبُ السِّبَالِ۔
السَّبِیْلُ: راستہ، کھلی سڑک (مذکر و مونث) (۲) ذریعہ، تعلق، رابطہ، قرآن پاک میں ہے: "یَالَیْتَنِی اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِیْلًا" (۳) حیلہ، تدبیر ج: سُبُلٌ و اَسْبِلَۃٌ (۴) دلیل وحجت۔ کہتے ہیں: لَیْسَ لَکَ عَلَیَّ سَبِیْلٌ (۵) پانی کی سبیل۔
سَبِیْلُ اللّٰہِ: جہاد (۲) حج (۳) طلب علم (۴) ہر بھلائی اور نیکی جس کا اللہ نے مامور کیا ہے۔ بمعنی جہاد زیادہ مستعمل ہے (۵) حرج، قصور۔ لیس علیّ فی کذا سبیل۔
ابنُ السَّبِیْلِ: وہ مسافر جس کے پاس وطن واپسی کا ذریعہ نہ ہو، پردیسی
السُّبُلُ الْمُتَشَعِّبَۃُ: شاخ در شاخ راستے
السَّبَنْجُوْنَۃُ: لومڑی کی کھال کی پوستین (فارسی کا معرب)۔
السِّبِنْسَۃُ: ریل گاڑی کا آخری ڈبا، پچھلی بوگی۔
• أَسْبَنَتِ الْمَرْأَۃُ: عورت کا ہمیشہ سیاہ تہبند باندھنا۔
السَّبَنْتُ و السَّبَنْتَۃُ: عرصہ۔ اَقَمْتُ عِنْدَہٗ سَبَنْتًا: میں اس کے پاس کچھ عرصہ رہا۔
السَّبَنِیَّۃُ: عورتوں کا سیاہ تہبند۔
السَّبَنْتَی: دلیر چیتا ج: سَبَانِتُ و سَبَاتٌ۔
• سَبِہَ سَبَھًا و سُبَاھًا: بڑھاپے کی وجہ سے عقل نہ رہنا۔ ھو مَسْبُوْہٌ
سُبِّہَ: سُبِہَ۔ (۲) زبان چلنا۔
السَّبَاھِی: رَجُلٌ سَبَاہٍ: بڑھاپے کی وجہ سے زائل العقل۔
السَّبِہُ: مغرور ومتکبر۔
السَّبَاھِیَۃُ: مغرور ومتکبر۔
• السَّبَھْلَلُ: خالی۔ کہتے ہیں: جَاءَ سَبَھْلَلًا وہ خالی آیا اس کے ساتھ کچھ نہ تھا (۲) خوش وخرم، چاق چوبند۔ کہتے ہیں: ھو یَمْشِی سَبَھْلَلًا: وہ بیکار آتا جاتا ہے (۳) بے نتیجہ، بے ثمرہ شے یا عمل ذَھَبَ اَمْرُہٗ سَبَھْلَلًا: اس کا معاملہ بے نتیجہ رہا۔
السِّبَھْلَی: غرور وتکبر، اتراہٹ۔
• سَبَی عَدُوَّہٗ ـِ سَبْیًا و سِبَاءً: دشمن کو پکڑنا، قید کرنا، گرفتار کرنا۔
— الرَّجُلَ: جلاوطن کرنا۔
— الْخَمْرَ: شراب کو ایک شہر سے دوسرے شہر لے جانا۔
— الْمَاءَ: کھدائی کرنا تاآنکہ پانی مل جائے۔
— فُلَانًا و عَقْلَہٗ: دل ودماغ پر چھاجانا اسیر بنالینا۔ سَبَتْہُ الْغَانِیَۃُ: حسین عورت کا کسی کو اسیر حسن وجمال بنالینا۔
سَبَاہُ اللّٰہُ و اَبْعَدَہٗ: اس پر خدا کی لعنت ہو (بددعا)
اِسْتَبَاہٗ: سَبَاہٗ۔
تَسَابَی الْقَوْمُ: لوگوں کا ایک دوسرے کو قید کرنا۔
تَسَبَّی لَہٗ: کسی سے اظہار محبت کرکے اسے اپنا بنالینا۔
السَّابِیَاءُ: پیدائش کے وقت بچے کے ساتھ

نکلنے والی جھلی (جس میں وہ لپٹا ہوا
ہوتا ہے) (۲) مویشی (۳) مویشی کا ریوڑ
مویشی کے بچے (۴) کثرت مال (۵)
کثرت اشخاص ج: سَوَابِيّ۔
السَّبَاءُ: وہ لکڑی جسے سیلاب ایک جگہ
سے دوسری جگہ بہا کر لے جائے۔
السَّبْيُ: قیدی (مصدر بمعنی وصف)
قَوْمٌ سَبْيٌ: گرفتار قوم (۲) عورتیں
(چونکہ وہ دلوں کو اسیر بنا لیتی ہیں) ج:
سُبِيٌّ۔
السَّبِيُّ: قیدی (خاص طور پر عورت)
سَبِيَّةٌ بھی کہتے ہیں (۲) نلکی (۳) وہ
لکڑی جو سیلاب میں بہہ کر آئے (۴)
سانپ کی کینچلی ج: سَبَايَا۔
السَّبِيَّةُ: وہ موتی جسے غوطہ زن سمندر
سے نکالتا ہے ج: سَبَايَا۔
السَّابِي: قید کرنے والا
المُسْتَبِي: قید کرنے والا۔

س ـــ ت

•السَّاتُّ: چھٹا۔ کہتے ہیں: جَاءَ فُلَانٌ
سَاتًّا۔
السَّتُّ: عیب، برا کلام۔
السِّتُّ: چھ (مونث کے لئے جیسے: سِتُّ
نساء) (۲) خاتون ج: سِتَّات۔
السِّتَّةُ: چھ (مذکر کے لئے۔ جیسے: سِتَّةُ
اقلام)۔
السِّتُّونَ: ساٹھ (مذکر و مونث دونوں
کے لئے جیسے: سِتُّونَ رَجُلًا و
سِتُّونَ امرأةً) (۲) ساٹھواں۔
السِّتُّونِيُّ: ساٹھ سال کا۔
•سَتَرَهُ ـُـ سَتْرًا: چھپانا، ڈھانکنا۔
سَتَرَتِ الوَجْهَ بِكذا: گھونگھٹ
کرنا۔
سَاتَرَهُ العَدَاوَةَ: کسی سے دشمنی کو چھپائے
رکھنا۔
سَتَّرَهُ: سَتَرَهُ۔
اسْتَتَرَ: چھپنا، پوشیدہ ہونا، آڑ میں
ہونا، ڈھک جانا۔
انْسَتَرَ: اسْتَتَرَ۔
تَسَتَّرَ: چھپنا، پوشیدہ ہونا، پردہ میں
ہونا۔
ـــ بِكذا: آڑ میں ہونا، آڑ لینا۔
ـــ عَلَيهِ: چھپانا، پوشیدہ رکھنا،
پردہ پوشی کرنا۔
ـــ علی الجَرِيمَةِ: جرم کی پردہ پوشی
کرنا۔
ـــ علی المُجْرِمِ: مجرم کو پناہ دینا۔
الإِسْتَارُ: (من العدد) چار (۲) ساڑھے
چار مثقال کا وزن۔
إِسْتَارُ القَوْمِ: قوم کا چوتھا آدمی ج:
أَسَاتِيرُ۔
السَّاتِرُ: رکاوٹ، آڑ، چھپانے والا۔
السَّاتِرُ التُّرَابِيُّ: مٹی کی دیوار ج:
سَوَاتِرُ۔
السَّاتَان: ساٹن، اطلس، ایک ریشمی کپڑا۔
السَّاتِين: ادنی یا سوتی چمکدار کپڑا۔
السِّتَارُ: پردہ (۲) چق، چلمن، آڑ، دیوار
ج: سُتُرٌ۔ مَدَّ اللَّيْلُ سِتَارَهُ:
تاریکی نے اپنی چادر پھیلا دی۔
السِّتَارَةُ: السِّتَارُ ج: سَتَائِرُ۔
السِّتَارُ الحَدِيدِيُّ: آہنی دیوار۔
ما وَرَاءَ السِّتَارِ: پس پردہ۔
من وَرَاءِ السِّتَارِ: پس پردہ۔
السَّتَّارُ: خدا تعالی کی صفت (عیوب کو)
بہت چھپانے والا۔
السِّتْرُ: پردہ، آڑ، رکاوٹ (۲) حیا، شرم
(۳) عقل ج: أَسْتَارٌ و سُتُورٌ و
سُتُرٌ۔
السَّتْرُ: ڈھال۔
هَتْكُ السِّتْرِ: پردہ دری۔
السُّتْرَةُ: پردہ، آڑ (۲) آستین دار واسکٹ
جاکٹ، لباس ج: سُتَرٌ۔
سُتْرَةُ الفَضَاءِ: خلائی لباس۔
السُّتْرَةُ الهِنْدِيَّةُ: قمیص کے نیچے پہنی
جانے والی کرتی، بنیان۔
سُتْرَةُ السَّطْحِ: چھت پر پردہ کی دیوار
السَّتِيرُ: پاک دامن (۲) حیادار (۳) بہت
شاخوں والا درخت ج: سُتَرَاءُ۔
المُسَتَّرَةُ: جَارِيَةٌ مُسَتَّرَةٌ: پردہ نشین
کنیز یا لڑکی۔
المَسْتُورُ: پوشیدہ (۲) پاک دامن۔
المِسْتَرُ والإِسْتَارَةُ: پردہ۔
•السُّتُّوقُ: (من الدراهم) کھوٹا
درہم وغیرہ جس کی کوئی قیمت نہ ہو۔
المُسْتُقَةُ: چنگ وغیرہ بجانے کا آلہ (۲)
دراز آستین کی پوستین۔
•سَتَلَ القَوْمُ ـُـ سَتْلًا: لوگوں کا
یکے بعد دیگرے سلسلہ وار نکلنا۔
ـــ الدَّمْعُ: آنسو ٹپکنا۔
ـــ اللُّؤْلُؤُ: لڑی سے موتیوں کا گرنا،
بکھرنا۔
سَتِلَهُ ـَـ سَتَلًا: کسی کے پیچھے چلنا، لگنا
سَاتَلَ: مسلسل کسی کے ساتھ لگنا، تابع ہونا
تَسَاتَلَ: (آنسو ٹپکنا) (موتی) بکھرنا۔
تَسَاتَلَتْ عَلَيهِ القوافي: اس کے ذہن
میں مسلسل قافیے آنا۔
سُتَالَةُ الشَّيْءِ: کسی شے کا خراب ترین
حصہ، ردی چیز۔
السَّتَلُ: عقاب اور گدھ کے مشابہ ایک
بڑے جسم کا جانور جو اڑنے والے جانوروں
میں سب سے بڑے جسم کا ہوتا ہے،
اس کے بازوؤں کا پھیلاؤ تین میٹر کے
قریب ہوتا ہے۔ اور وہ پہاڑی علاقوں
میں رہتا ہے ج: سِتْلَانٌ۔

المَسْتَلُ : تنگ راستہ ج : مَسَاتِل ۔
•أَسْتَنَ الرَّجُلُ فِي السَّنَةِ : کسی کا قحط سالی میں ہونا۔
الأَسْتَنُ والأَسْتَانُ : بوسیدہ درخت کی جڑیں ۔
•الآسِتَانَةُ : شہر قسطنطنیہ۔
•سَتَهَهُ ــَ سَتْهًا : کسی کے پیچھے پیچھے چلتے رہنا، الگ نہ ہونا۔
سَتِهَ ــَ سَتَهًا : بڑے سرین والا ہونا هو أَسْتَهُ وهي سَتْهَاءُ ج : سُتْهٌ
الإِسْتُ : سرین (۲) دبر کا حلقہ (کبھی مراد لیا جاتا ہے) مونث ہے اور اس کی اصل السَّتَهُ ہے ج : أَسْتَاهٌ۔ اس میں متعدد لغات ہیں۔ السَّهُ، السَّتُّ کم درجہ لوگوں کے لئے أَسْتَاهٌ بولا جاتا ہے۔ کہتے ہیں: كان هذا على اسْتِ الدَّهْرِ : یہ ابتدائی زمانہ میں تھا۔ ما زال فلانٌ على اسْتِ الدَّهْرِ مجنونًا : وہ دیوانہ مشہور رہا۔ ابْنُ اسْتِها : حرامی لڑکا کنیز زادہ۔
•سَتَا ــُ سَتْوًا : جلدی کرنا۔
•أَسْتَى وسَتَّى الثَّوْبَ : کپڑا بننے کیلئے تانے کو پھیلانا۔
السَّتَا : کپڑے کا تانا (۲) بھلائی۔ نَالَ منه سَتًا : اس نے اس سے بھلائی پائی۔
الأُسْتِيُّ : تنا ہوا تانا، تانا تنا ہوا کپڑا۔
سَتَاةُ الثَّوْبِ : کپڑے کا تانا۔ کہتے ہیں: ما أَنْتَ لُحْمَةٌ ولا سَتَاةٌ : نہ تیرے سے نفع ہی ہے اور نہ نقصان۔

س ــــ ج

•سَجَّ بَطْنُهُ ــُ سَجًّا : و سُجَّ فُلانٌ : پتلا پاخانہ آنا۔
ـــ الطَّائِرُ و سَجَّ بِسَلْحِهِ : پتلی بیٹ کرنا۔
سَجَّ الحَائِطَ والسَّطْحَ : دیوار یا چھت پر پتلا گارا پھیرنا، لیپنا۔
السَّجَاجُ : پتلا پانی سا دودھ۔
السَّجُّ : أَخَذَهُ فِي بَطْنِهِ سَجٌّ : اس کا پیٹ نرم ہوگیا۔
المِسَجَّةُ : پلاسٹر کرنے کا اوزار (کرنی، مجھولا، گرمالا) ج : مَسَاجُّ۔
•سَجَعَ لَهُ بِشَيْءٍ مِنَ الكَلامِ ــَ سَجْعًا : اشارۃً اور کنایۃً بات کہنا
سَجِحَ الخَدُّ والوَجْهُ ــَ سَجَحًا و سَجَاحَةً : گال اور چہرہ کا مناسب لمبائی کے ساتھ گداز ہونا۔ وَجْهٌ وخَدٌّ أَسْجَحُ ووَجْنَةٌ سَجْحَاءُ ج : سُجْحٌ۔
أَسْجَحَ : ملائم و نرم کرنا۔ کہاوت ہے: مَلَكْتَ فَأَسْجِحْ : تم کو خدا نے اقتدار دیا ہے تم عفو و کرم سے کام لو إذا سألتَ فَأَسْجِحْ : جب سوال کرو تو الفاظ و لہجہ نرم کرو۔
سَجَّحَ لَهُ بِشَيْءٍ مِنَ الكَلامِ : کنایہ اور اشارہ سے بات کرنا۔
سَجَاحِ : قبیلہ تمیم کی ایک عورت جس نے نبوت کا دعویٰ کیا تھا اور مسیلمہ کذاب کے ساتھ اس کا تعلق تھا۔
السِّجَاحُ : رخ، جہت۔ کہتے ہیں: داری سِجَاحَ دَارِهِ۔
السُّجُحُ : (مِنَ الطَّرِيقِ) راستہ کا درمیانی حصہ۔ کہتے ہیں: بَنَوْا بُيُوتَهُمْ عَلَى سُجُحٍ وَاحِدٍ : ان کے گھر ایک ہی انداز پر بنے ہوئے ہیں۔
السَّجْحَةُ : عادت، مزاج، انداز۔
السَّجِيحُ : نرم و آسان۔ خُلُقٌ سَجِيحٌ : نرم مزاج، نرم طبیعت۔ مِشْيَةٌ سُجُحٌ : سبک رفتار۔
السَّجِيحَةُ : السَّجْحَةُ۔ رَكِبَ سَجِيحَةَ رَأْسِهِ : اس نے اپنے لئے راہ منتخب و مقرر کرلی۔ بَنَوْا بُيُوتَهُمْ عَلَى سَجِيحَةٍ وَاحِدَةٍ : ان لوگوں نے ایک ہی انداز پر اپنے مکانات بنائے۔
•سَجَدَ ــُ سُجُودًا : زمین پر پیشانی رکھنا، سر جھکانا (تعظیما یا عبادۃً) سجدہ کرنا، انکساری اور عاجزی کی بنا پر جھکنا۔ هو ساجِدٌ ج : سُجَّدٌ و سُجُودٌ۔
ـــ له : عبادت کرنا۔
ـــ السَّفِينَةُ لِلرِّيحِ : کشتی کا ہوا کے تابع ہونا۔
سَجِدَتْ رِجْلُهُ ــَ سَجَدًا : پیر کا پھول جانا، سوجنا۔ فالرَّجُلُ سَجْدَاءُ وهو أَسْجَدُ ج : سُجْدٌ۔
أَسْجَدَ : سر جھکانا، جھکنا (۲) کسی چیز کی طرف بیمار پلکوں کی طرح دیکھنا۔ نیچی نگاہوں سے دیکھتے رہنا۔
السَّاجِدُ : سجدہ کرنے والا، سر جھکانے والا، زمین بوس ج : سُجَّدٌ۔
سَاجِدُ المَنْخِرِ : ذلیل و گھٹیا۔
السَّاجِدَةُ : مؤنث السَّاجِد۔ عَيْنٌ سَاجِدَةٌ : جھکی ہوئی چھپی ہوئی آنکھ ج : سَوَاجِد۔
النَّخْلَةُ السَّاجِدَةُ : جھکا ہوا کھجور کا درخت۔
السَّجَّادُ : بہت سجدے کرنے والا۔
السُّجُودُ : سجدہ، عبادت۔
السَّجَّادَةُ : قالین، جا نماز (۲) پیشانی پر سجدہ کا نشان۔
المَسْجَدُ : پیشانی کی وہ جگہ جس پر نشانِ سجدہ ہوتا ہے ج : مَسَاجِد۔
المَسَاجِدُ مِن بَدَنِ الإِنسانِ : وہ اعضاء بدن جن پر سجدہ کیا جاتا ہے،

پیشانی، ناک، دونوں ہاتھ، دونوں گھٹنے، دونوں پاؤں۔
اَلْمَسْجِدُ: اسلامی عبادت گاہ، باجماعت نماز کی جگہ۔
اَلْمَسْجِدُ الْحَرَامِ: خانۂ کعبہ۔
اَلْمَسْجِدُ الْاَقْصٰی: بیت المقدس کی مسجد۔ قرآن پاک میں ہے "سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰی" ج: مَسَاجِدُ
اَلْمِسْجَدَۃُ: اَلسَّجَّادَۃُ۔
اَلْمَسْجِدَانِ: مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کی دو مسجدیں۔
• سَجَرَ ـُ سَجْرًا و سُجُوْرًا: بھر جانا۔
ـــ الْاِنَاءَ و نَحْوَہٗ: بھرنا۔
ـــ الشَّعْرَ: بال چھوڑنا، لٹکانا، کنگھا کرنا
ـــ الْمَاءَ فِیْ حَلْقِہٖ: حلق میں پانی ڈالنا
ـــ التَّنُّوْرَ: تنور کو گرم کرنا۔
ـــ الرَّجُلَ الْکَلْبَ: کتے کے گلے میں پٹا (طوق) ڈالنا۔
سَجِرَتْ عَیْنُہٗ ـَ سَجَرًا و سُجْرَۃً: آنکھ کی سفیدی میں معمولی سرخی ہونا ھِیَ سَجْرَاءُ و الرَّجُلُ اَسْجَرُ ج: سُجْرٌ۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت میں ہے "اَنَّہٗ کَانَ اَسْجَرَ الْعَیْنِ"
سَاجَرَہٗ: کسی کا مخلص دوست ہونا، خاص تعلق رکھنا۔
سَجَّرَ الْاِنَاءَ و نَحْوَہٗ: بھرنا۔
ـــ الْمَاءَ: پانی جاری کرنا۔
ـــ الشَّعْرَ: بالوں میں کنگھا کرنا، بال چھوڑنا، لٹکانا۔
ـــ الْکَلْبَ: کتے کے گلے میں پٹا ڈالنا۔
سُجِّرَ الْبَحْرُ: سمندر کا چڑھنا۔

اِنْسَجَرَ: بھر جانا۔
ـــ الشَّعْرُ و غَیْرُہٗ: بال وغیرہ لٹکنا۔
ـــ فِی السَّیْرِ: مسلسل چلنا۔
اَلْاَسْجَرُ: گدلا۔ غَدِیْرٌ اَسْجَرُ: گدلا تالاب جس کا پانی سرخی مائل ہو ج: سُجْرٌ۔
اَلسَّاجِرُ: سیلاب، رو۔
اَلسَّاجُوْرُ: کتے کے گلے میں ڈالا جانے والا پٹا ج: سَوَاجِیْرُ۔
اَلسَّجْرُ: گرج۔ بِئْرٌ سَجْرٌ: بھرا ہوا کنواں۔
اَلسَّجُوْرُ: ایندھن، ہر وہ چیز جس سے آگ جلائی جائے۔
اَلسَّجِیْرُ: مخلص دوست ج: سُجَرَاءُ
اَلْمِسْجَرُ: تنور میں ایندھن کو جھانے والی لکڑی ج: مَسَاجِرُ۔
اَلْمِسْجَرَۃُ: اَلْمِسْجَرُ ج: مَسَاجِرُ۔
اَلْمَسْجُوْرُ: بھرا ہوا، بھرپور (۲) روشن جلتا ہوا (۳) پروئے ہوئے موتی۔
لُؤْلُؤَۃٌ مَسْجُوْرَۃٌ: آبدار موتی
• سَجِسَ ـَ سَجَسًا: گدلا ہو جانا، بدل جانا۔ جیسے: سَجِسَ الْمَاءُ۔ ھُوَ سَجِسٌ و سَجِیْسٌ۔ بِئْرٌ سَجِسَۃٌ و سَجِیْسَۃٌ: وہ کنواں جس کا پانی گدلا و خراب ہو گیا ہو۔
سَجَّسَ الْاِبِطُ و الْمَاءُ: بدبو ہو جانا
ـــ الْمَاءَ: پانی کو گدلا کرنا۔
اَلسَّاجِسِیُّ: کَبْشٌ سَاجِسِیٌّ: بہت سفید اون والا دنبہ۔
اَلسَّجَسُ: گدلا، بدلا ہوا۔
اَلسَّجِیْسُ: کہتے ہیں: لَا اَفْعَلُہٗ سَجِیْسَ اللَّیَالِیْ اَوْ سَجِیْسَ اللَّیَالِیْ وَالْاَیَّامِ اَوْ سَجِیْسَ الدَّھْرِ: میں یہ کبھی بھی نہیں کروں گا
• اَلسَّجْسَجُ: یَوْمٌ سَجْسَجٌ: معتدل دن جس میں نہ گرمی ہو اور نہ سردی۔
ھَوَاءٌ سَجْسَجٌ: معتدل ہوا، نہ زیادہ گرم اور نہ زیادہ سرد۔
ظِلٌّ سَجْسَجٌ: معتدل سایہ۔
اَرْضٌ سَجْسَجٌ: ایسی زمین جو زیادہ سخت ہو اور نہ زیادہ نرم (۲) کشادہ زمین ج: سَجَاسِجُ۔
• سَجَعَتِ الْحَمَامَۃُ و النَّاقَۃُ ـَ سَجْعًا: کبوتر اور اونٹنی کا ایک خاص قسم کی آواز نکالنا، بولنا۔
ـــ فُلَانٌ: قافیہ بند کلام کرنا (جس میں شعر کے سے فاصلے ہوں لیکن وہ غیر موزوں ہو)۔
سَجَعَ الْکَلَامَ و بِہٖ: مقفّٰی کلام کرنا، تک بندی کرنا۔ ھُوَ سَجَّاعٌ و ھُوَ و ھِیَ سَجَّاعَۃٌ۔
ـــ لَہٗ: قصد کرنا۔
ـــ فُلَانٌ فِیْ سَیْرِہٖ: سیدھا چلنا، اِدھر اُدھر نہ ہونا۔
سَجَّعَ الْکَلَامَ و فِیْہِ: قافیہ بند بنانا، مقفّٰی بنانا۔
اَلْاُسْجُوْعَۃُ: مقفّٰی کی ہوئی عبارت، قافیہ بند کلام ج: اَسَاجِیْعُ۔
اَلسَّاجِعُ: کلام کو مقفّٰی و مسجّع بنانے والا، درمیانہ چال چلنے والا، سیدھا چلنے والا
نَاقَۃٌ سَاجِعٌ و سَاجِعَۃٌ: مستی میں آواز نکالنے والی اونٹنی ج: سَوَاجِعُ و سُجَّعٌ (۲) موزوں اور مناسب چہرہ، اچھی ساخت کا چہرہ۔
اَلسَّجْعُ: وہ کلام منثور جس کے جملوں کے آخری حرفوں پر حرکت اور سکون کی یکسانیت ملحوظ ہو۔ قافیہ بند کلام جس میں وزن شعر ملحوظ نہ ہو ج: اَسْجَاعٌ و سُجُوْعٌ
اَلسَّجْعَۃُ: مسجّع کلام کا فقرہ، ایک ٹکڑا۔
اَلْمَسْجَعُ: مقصد، مسلک، طریقہ ج: مَسَاجِعُ۔

•سَجَفَ البَیْتَ ـُ سَجْفًا: گھر پر پردہ لٹکانا، دروازہ پر پردہ ڈالنا۔

سَجِفَتِ المَرْأَةُ ـَ سَجَفًا: پتلی کمر اور پتلے پیٹ والی ہونا، نازک اندام ہونا۔

أَسْجَفَ اللَّیْلُ: تاریک ہونا۔

ـــ البَیْتَ: گھر کے دروازہ پر پردہ ڈالنا، گھر کو پردے والا بنانا۔

ـــ السِّتْرَ: پردہ یا چلمن لٹکانا، پردہ چھوڑنا۔

سَجَّفَ البَیْتَ: سَجَفَه۔

السِّجَافُ: پردہ (۲) کپڑے کے کناروں کی گوٹ ج: سُجُفٌ۔

السِّجَافَةُ: پردہ۔

السَّجْفُ: درمیان سے کٹا ہوا پردہ (کہ وقت ضرورت آدھا اٹھایا جا سکے) دو سلے ہوئے پردے ج: أَسْجَافٌ و سُجُوفٌ۔ کہتے ہیں: أَرْخَى اللَّیْلُ أَسْجَافَهُ: رات نے اپنی تاریکی پھیلادی

السُّجْفَةُ: رات کی ایک گھڑی، ایک حصہ ج: سُجَفٌ۔

•السُّجُقُّ: گوشت کی بوٹیاں بھری ہوئی آنت (ایک قسم کا کھانا)۔

•سَجَلَ بِهِ ـُ سَجْلًا: اوپر سے پھینکنا

ـــ الشَّیْءَ: مسلسل چھوڑنا، ڈالنا۔

ـــ المَـاءَ: مسلسل پانی ڈالنا

ـــ السُّوْرَةَ و القَصِیْدَةَ: سورت یا نظم کو مسلسل پڑھنا۔

أَسْجَلَ فُلَانٌ: فیض رساں ہونا، مخیر ہونا

ـــ الحَوْضَ و نَحْوَهُ: حوض وغیرہ کو بھرنا۔

ـــ فُلَانًا: کسی کو ایک ڈول یا دو ڈول دینا یا ان کے بقدر دینا (۲) کسی کو خوب عطیات دینا، خوب بخشش کرنا۔

ـــ لَهُ: کسی کے نام خط لکھنا۔

أَسْجَلَ الشَّیْءَ: چھوڑنا، بھیجنا۔ أَرْسَلَ البَهْمَةَ مع أُمِّهَا: بکری کے بچہ کو اس کے ساتھ چھوڑنا۔

ـــ الكَلَامَ: بلا رعایتِ قافیہ وغیرہ کلام کرنا، کلام کو آزاد و غیر مقید رکھنا۔

ـــ لَهُ الأَمْرَ: کسی کے لئے کوئی کام روا اور مباح رکھنا۔ هٰذَا أَمْرٌ مُسْجَلٌ: یہ کام یا بات سب کے لئے عام ہے۔

ـــ النَّاسَ: لوگوں کو چھوڑنا۔

سَاجَلَهُ: کسی سے مقابلہ کرنا، کسی پر فوقیت لے جانے کی کوشش کرنا۔

سَجَّلَ: درج کرنا، رجسٹر میں لکھنا (۲) بیان یا گواہی وغیرہ کو قلمبند کرنا۔

ـــ القَاضِی: جج کا فیصلہ کو درج رجسٹر کرنا یا کرانا، ریکارڈ کرانا، محفوظ کرانا

ـــ العَقْدَ و نَحْوَهُ: کسی معاہدہ کو درج رجسٹر کرنا، رجسٹری کرانا، رجسٹری کرنا، سرکاری رجسٹر میں لکھنا

ـــ الخِطَابَ و نَحْوَهُ بِالبَرِیْدِ: خط وغیرہ کی رجسٹری کرانا یا کرنا (ڈاک کے خاص رجسٹر میں درج کر کے روانہ کرنا تاکہ ضائع ہونے کا خوف نہ رہے)

ـــ عَلَیْهِ بِكَذَا: کسی کے متعلق کوئی بات مشہور کرنا۔

ـــ الصَّوْتَ وغیرہ علی الشَّرِیْطِ او الأُسْطُوَانَةِ: آواز وغیرہ کو ٹیپ کرنا، ریکارڈ کرنا۔

انْسَجَلَ: المَاءُ و الدَّمْعُ: پانی یا آنسو گرنا۔

تَسَاجَلُوْا: باہم مقابلہ کرنا، کسی پر اپنی فوقیت ثابت کرنا۔

السَّاجُوْلُ: شیشی کا کور، غلاف ج: سَوَاجِیْلُ۔

السِّجِّیْلُ: کنکر، کھنکتی ہوئی مٹی، وہ تر مٹی جو سوکھ کر آواز دینے لگے، سخت مٹی۔ قرآن پاک میں ہے: "تَرْمِیْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّیْلٍ" (۲) وہ رجسٹر جس میں کفار کو دیا جانے والا عذاب درج ہے (۳) جہنم کی ایک وادی۔

السَّجْلُ: (مذکر) بڑا ڈول، بھرا ہوا ڈول یا جس میں پانی ہو (کم یا زیادہ) (۲) بڑا تھن (۳) عطیہ (۴) فیاض آدمی (۵) کسی چیز کا کوئی حصہ ج: سُجُوْل و سِجَال۔

الحَرْبُ بَیْنَهُمَا سِجَالٌ: ان دونوں فریقوں کے درمیان لڑائی میں کامیابی کبھی اِس فریق کو حاصل ہوتی ہے اور کبھی اُس کو (ایک ڈول اِن پر اور ایک اُن پر پڑتا ہے)۔

السِّجِلُّ: رجسٹر، وہ کاغذات کا مجموعہ (کتاب یا کاپی) جس میں کوئی بات برائے حفاظت لکھی جائے۔ (۲) کتاب (لکھی ہوئی چیز) قرآن پاک میں ہے: "كَطَیِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ" (۳) ریکارڈ (قدیم دستاویزات) (۴) عدالتی فیصلے درج کرنے کی کتاب یا رجسٹر، معاہدات و معاملات درج کرنے کا سرکاری رجسٹر۔

سِجِلُّ الأَسْهُمِ: شیرز رجسٹر، کمپنی کے حصص کا رجسٹر۔

سِجِلٌّ بِأَسْمَاءِ الأَعْضَاءِ: رجسٹر ممبران۔

سِجِلُّ الحَالَاتِ: کیس بک، حوادث یا پیش آمدہ واقعات درج کرنے کا سرکاری رجسٹر

سِجِلُّ التَّشْرِیْفِ: رجسٹر معاینہ جس پر مہمان اپنی آمد کے موقع پر تاثرات لکھتا ہے۔

سِجِلُّ القَضَایَا: عدالتی فیصلوں کا رجسٹر کیس بک۔

سِجِلَّاتٌ: ریکارڈ، محفوظ کاغذات،

قدیم دستاویزات۔

السَّجِيلُ: حصہ۔ شیٔ سَجِيل: بہت سخت چیز۔ ضَرعٌ سَجِيل: لٹکا ہوا تھن۔ دَلو سَجِيل: بڑا ڈول۔

السَّجِيلَةُ: (من الدّلاء) بڑا ڈول۔

المُسَجَّلُ: درج شدہ، لکھا ہوا (۲) رجسٹرڈ سرکاری خاص رجسٹر میں قانونی طور پہ درج شدہ (۳) ریکارڈ، محفوظ، پیٹنٹ۔

الخِطابُ المُسَجَّلُ: رجسٹرڈ لیٹر، رجسٹری کیا ہوا خط۔

العَقدُ المُسَجَّلُ: رجسٹری کیا ہوا معاملہ، معاہدہ۔

المُسَجِّلُ: رجسٹرار، سرکاری رجسٹر میں اندراج کرکے قانونی شکل دینے والا افسر، کاغذات محفوظ رکھنے والا کلرک

مُسَجِّلُ العُقُودِ الرَّسمِيَّةِ: سرکاری طور پر معاملات ومعاہدات کی رجسٹری کرنے والا افسر، رجسٹرار۔

المُسَجِّلَةُ: ریکارڈر، ریکارڈ کرنے کی مشین

مُسَجِّلَةُ الشَّرِيطِ: ٹیپ ریکارڈر۔

مُسَجِّلَةُ النَّقدِ: کیش رجسٹر، سیل رجسٹر

المُسَجَّلُ: کہتے ہیں: فَعَلتُ ذٰلكَ و الدَّهرُ مُسَجَّلٌ: میں نے یہ کام ایسے وقت میں کیا جب کہ کوئی کسی سے نہ ڈرتا تھا۔

التَّسجِيلُ: ریکارڈنگ (۲) حفاظت (۳) رجسٹری (۴) اندراج۔

تَسجِيلُ رِسَالَةٍ بالبَرِيدِ المَضمُونِ: خط کی رجسٹری۔

تَسجِيلُ الزَّمَنِ: ٹائم ریکارڈنگ۔

تَسجِيلُ قَضِيَّةٍ: مقدمہ کا اندراج۔

تَسجِيلُ المَسكَنِ عَلَى فُلانٍ: کسی کے نام پر مکان کی رجسٹری۔

• سَجَمَ الدَّمعُ او المَطَرُ ـُ سُجُومًا و سِجَامًا و تَسجَامًا: تھوڑا یا زیادہ بہنا۔

ـــ عن الأَمرِ: کسی کام میں انقباض کی بنا پر دیر کرنا۔

ـــ العَينُ الدَّمعَ: آنکھ کا آنسو بہانا۔

ـــ السَّحَابُ المَاءَ: بادل کا پانی برسانا، بہانا۔

أَسجَمَت السَّحَابَةُ: بادل کا برستے رہنا

ـــ العَينُ الدَّمعَ: آنکھ کا آنسو بہانا

ـــ السَّحَابَةُ المَاءَ: بادل کا پانی بہانا۔

انسَجَمَ المَاءُ: پانی بہنا، گرنا۔

ـــ الكَلامُ: کلام کا مرتب ہونا، مربوط ہونا

ـــ الأَصوَاتُ: آوازوں کا ہم ساز ہونا

ـــ الأَشيَاءُ: یکساں اور ملتا جلتا ہونا۔

ـــ الشَّيءُ مع كذا: جوڑ کھانا، جوڑ لگنا، ہم آہنگ ہونا، میل کھانا۔

الانسِجَامُ: یکسانیت، ہم آہنگی، تال میل ربط کلام۔

السَّجَمُ: پانی، آنسو۔

السَّجُومُ: بہت بہنے یا بہانے والا۔

عَينٌ سَجُومٌ: اشک بار آنکھ، بہت آنسو بہانے والی آنکھ۔

نَاقَةٌ سَجُومٌ: بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔

المِسجَامُ: السَّجُومُ ج: مَسَاجِيمُ۔

• سَجَنَهُ ـُ سَجنًا: قید کرنا، بند کرنا جیل میں رکھنا۔ هو مسجون و سَجِينٌ ج: سُجَنَاءُ وسَجنَى و هي مَسجُونَةٌ و سَجِينَةٌ ج: سَجنَى و سَجَائِنُ۔

ـــ لِسَانَهُ: زبان بند کرنا یا بند رکھنا حدیث میں ہے "لَيسَ شَيءٌ أَحَقَّ بِطُولِ سَجنٍ من لِسَانٍ" سب سے زیادہ بند رکھنے کی چیز زبان ہے۔

سَجَنَ الهَمَّ: غم یا مصیبت کا اظہار نہ کرنا، چھپانا۔

سَجَّنَهُ: سَجَنَهُ۔

ـــ النَّخلَ: کھجور کے درختوں کی جڑوں میں پانی جذب کرنے کے لئے گڑھے کھودنا، کیاریاں بنانا۔

السَّاجُونُ: زمین سے نکلا ہوا لوہا۔

السَّجَّانُ: جیلر، داروغہ جیل۔

السِّجِّينُ: جیل، جیل خانہ (۲) جہنم کی ایک وادی (۳) وہ جگہ جہاں بدکاروں کے اعمال لکھے ہوئے ہیں (۴) دائمی، ہمیشہ رہنے والا (۵) انتہائی سخت چیز۔

ضَربٌ سِجِّينٌ: سخت ترین چوٹ جو مضروب کو وہیں بٹھا دے، ہلنے نہ دے

ـــ من النَّخلِ: وہ کھجور کے درخت جن کی جڑوں میں پانی کے لئے گڑھے کھودے گئے ہوں (۲) کھلے عام، اعلانًا ہونے والی چیز۔ کہتے ہیں: جَاءَ سِجِّينًا: وہ علی الاعلان آیا۔

السِّجنُ: جیل، قید خانہ ج: سُجُونٌ قرآن پاک میں ہے: "رَبِّ السِّجنُ أَحَبُّ إِلَيَّ" ایک روایت میں السَّجنُ بھی پڑھا گیا ہے۔

سِجنُ الإِصلاحِ: اصلاحی قید خانہ۔

السَّجنُ مَدَى الحَيَاةِ: عمر قید۔

السَّجنُ المُؤَبَّدُ: عمر قید۔

سَجنٌ مع الأَعمَالِ الشَّاقَّةِ: قید بامشقت۔

السَّجِينُ: قیدی ج: سُجَنَاءُ۔

• السَّجَنجَلُ: آئینہ (۲) سونا (۳) چاندی کے ڈھلے ہوئے ٹکڑے (۴) زعفران (رومی لفظ معرب)۔

• سَجَا ـُ الشَّيءُ سَجوًا و سُجُوًّا: پرسکون ہونا۔ جیسے: سجا البَحرُ

وسَجَت الحَلُوبَةُ لِلحَالب
(۲) تھمنا، رکنا۔ جیسے: سَجَت الرِّيحُ
(۳) سنسان ہونا۔ جیسے: سَجَا اللَّيلُ
(۴) برقرار رہنا۔ سَجَا طَبعُه على كذا: اس کا مزاج اس قسم کا رہا۔
سَجَا الشيءَ: چھپانا، ڈھانپنا۔
أَسجَى البَحرُ وغَيرُهُ: پرسکون ہونا
ــــ البِئرُ: کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا
ــــ الحَلُوبَةُ: دودھ دینے والی اونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔
ــــ الشيءَ: ڈھانکنا۔
سَاجَاهُ: ہاتھ لگانا، چھونا۔ أتانَا بِطَعَامٍ فَمَا سَاجَينَاهُ۔
سَجَّى المَيِّتَ: مردہ کو ڈھانکنا، چادر وغیرہ ڈالنا یا اس میں لپیٹنا۔
تَسَجَّى: ڈھک جانا، کپڑے میں لپٹ جانا
السَّاجِي: پرسکون، سست۔ طَرفٌ سَاجٍ: خمار آلود نگاہ، سستائی ہوئی نگاہ۔
عَينٌ سَاجِيَةٌ: نشیلی آنکھ۔ امرأة سَاجِيَةُ الطَّرفِ: سست یا خمار آلود نگاہ والی۔ لَيلَةٌ سَاجِيَةٌ: پرسکون رات جس میں نہ سردی ہو نہ گرمی اور نہ تاریکی۔
السَّجوَاءُ: امرأة سَجوَاءُ: نشیلی یا پرسکون آنکھ والی عورت۔ نَاقَةٌ سَجوَاءُ: پرسکون دودھ دینے والی اونٹنی۔ رِيحٌ سَجوَاءُ: نرم ہوا بِئرٌ سَجوَاءُ: بہت پانی والا کنواں
السَّجِيَّةُ: عادت، طبیعت ج: سَجَايَا۔

س ــــ ح

• سَحَبَ الشيءَ ـَ سَحبًا: زمین پر گھسیٹنا (۲) چھیننا، ضبط کرنا، واپس لینا۔ سَحَبَت الرِّيحُ التُّرابَ: ہوا کا مٹی اڑانا۔
سَحَبَ ذَيلَهُ: دامن گھسیٹنا۔
سَحَبَت الرِّيحُ أذيَالَهَا: ہوا خوب زور شور سے چلی۔
اسحَب ذَيلَكَ على ما كان منّي: میری بات سے صرف نظر کر کے معاف کیجئے۔
جَاءَ فُلانٌ يَسحَبُ ذَيلَهُ: وہ اتراتا ہوا یا متکبرانہ چال سے آیا۔
ــــ وَدِيعَتَهُ: امانت واپس لینا۔
ــــ الاقتِرَاحَ: تجویز واپس لینا۔
ــــ الاستِقَالَةَ عن كذا: استعفا واپس لینا۔
ــــ الأسلِحَةَ من: ہتھیار چھین لینا
ــــ التَّرشِيحَ من كذا: کسی منصب کے امیدوار کا نام واپس لینا۔
ــــ جَوَازَ السَّفَرِ والرُّخصَةَ: پاسپورٹ یا لائسنس وغیرہ ضبط کرنا۔
ــــ السَّفِيرَ من بَلَدٍ: کسی ملک سے سفیر کو واپس بلانا۔
ــــ الثِّقَةَ من: اعتماد واپس لینا۔
ــــ السُّلطَةَ من: اقتدار و اختیار چھیننا۔
ــــ الشَّكوَى من كذا: کسی معاملہ کی شکایت واپس لینا۔
ــــ القُوَّاتِ من مكانٍ: کسی جگہ سے فوجیں ہٹانا۔
ــــ الكَمبِيَالَةَ من بَنكٍ الى آخَرَ: ایک بنک سے دوسرے بنک کا ڈرافٹ حاصل کرنا۔
ــــ وَرَقَةَ يا نَصِيبٍ: لاٹری نکالنا
ــــ المَبلَغَ من البَنكِ: بنک سے رقم نکالنا۔
ــــ المَاءَ بِالمِضَخَّةِ: پمپ کے ذریعہ پانی نکالنا۔
ــــ المَطَالِبَ: مطالبات واپس لینا۔
أسحَبَهُ الشيءَ: کسی سے کوئی چیز واپس کرانا، ضبط کرانا، حاصل کرانا۔
انسَحَبَ: مُطاوِعُ سَحَبَ۔ کھنچنا، گھسٹنا، واپس ہونا، ضبط ہونا، پیچھے ہٹنا، الگ ہونا۔
ــــ من المَجلِسِ: کسی وجہ سے مجلس سے نکل جانا۔
ــــ الجَيشُ من المَيدَانِ: میدان سے لشکر کا ہٹ جانا، چلا جانا، انخلا کرنا
ــــ من العَمَلِ: کام چھوڑنا۔
ــــ من الوَظِيفَةِ: ملازمت سے الگ ہو جانا۔
تَسَحَّبَ فی حق فُلانٍ: کسی کے حق کو چھین کر اپنے حق میں ملا لینا۔
ــــ فُلانٌ على فُلانٍ: کسی پر ناز کرنا
ــــ من الأكلِ والشُّربِ: بہت کھانا، پینا۔
الانسِحَابُ: انخلا، واپسی، علیحدگی، ضبطی
الانسِحَابُ الجُزئِيُّ: جزوی انخلا، واپسی، حصول۔
الانسِحَابُ المَرحَلِيُّ: مرحلہ وار انخلا، واپسی۔
السَّاحِبُ: بنک سے رقم نکالنے والا (۲) فارم واپس لینے والا (۳) ضبط کرنے والا
السَّحَابُ: بادل (پانی سے بھرا یا خالی) ج: سُحُبٌ۔
السَّحَابَةُ: بدلی، بادل کا ایک ٹکڑا ج: سَحَائِبُ۔
ظَلَّ يَفعَلُ سَحَابَةَ يَومِهِ: وہ پورے دن کام کرتا رہا۔
السُّحَابَةُ: تالاب میں بچا ہوا پانی۔
سَحبَانُ: قبیلۂ وائل کا ایک مشہور فصیح و بلیغ آدمی۔
السَّحبَانُ: ہر شے کو بہا کر لے جانے والا صفایا کر دینے والی چیز۔

السُّحْبَةُ : السُّحَابَةُ (۲) پردہ، ڈھانپنے والی چیز، آنکھ پر آجانے والا پردہ جس سے کم دکھائی دے ۔
المَسْحَبُ : کھینچنے اور گھسیٹنے کی جگہ ۔ ج : مَسَاحِبُ ۔
• سَحَتَ الشیءَ ـَ سَحْتًا : جڑ سے اکھاڑنا ۔ سَحَتَ رأسَهُ : مونڈ کر بالوں کی جڑ ہی تک صاف کر دینا ۔
ـــ البَرَكَةَ : برکت زائل کر دینا ۔
ـــ الشَّحْمَ عن اللَّحْمِ : گوشت سے چربی اتارنا ۔
ـــ وَجْهَ الأرْضِ : زمین کی سطح کو کھرچنا
ـــ فی تِجَارَتِهِ : خراب یا حرام مال کمانا جیسے رشوت وغیرہ ۔
أَسْحَتَ : خراب اور حرام کمائی میں پڑنا ۔
ـــ فی تجارتِهِ : سَحَتَ ۔
ـــ الشیءَ : بیخ وبن سے اکھاڑنا، برباد کرنا ۔ قرآن پاک میں ہے: "لَا تَفْتَرُوا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ"
ـــ رَأسَهُ : سر کو پوری طرح مونڈنا (۲) اڑا دینا ۔
ـــ مَالَهُ : مال کو تباہ و برباد کرنا (۲) خراب وحرام بنا دینا ۔
سَحَّتَ : حرام کمائی میں مبتلا ہونا ۔
ـــ الشیءَ : بیخ وبن سے اکھاڑنا، تباہ و برباد کرنا ۔
الأَسْحَتُ : عَامٌ أَسْحَتُ : خشک سال، هی سَحْتَاءُ ۔ سَنَةٌ سَحْتَاءُ أَرْضٌ سَحْتَاءُ : خشک بے آب و گیاہ زمین ج : سُحْتٌ ۔
السُّحْتُ : ناجائز اور حرام کمائی جیسے رشوت وغیرہ ۔ قرآن پاک میں ہے: "سَمّٰعُونَ لِلْكَذِبِ أَكّٰلُونَ لِلسُّحْتِ" السُّحُتُ بھی پڑھا گیا ہے ۔ حدیث ابن رواحہ میں ہے جبکہ ان کو یہود خیبر نے رشوت دینی چاہی: "أَتُطْعِمُونِي السُّحْتَ" (۲) تھوڑی چیز (۳) تلف شدہ مال ج : أَسْحَاتٌ ۔
السُّحُتُ : (من النّاس) وہ چٹورا کھاؤ جس کا پیٹ نہ بھرتا ہو ۔
السَّحْتُ : پرانا کپڑا (۲) ڈٹ کر کھانا پینا، بسیار خوری (۳) عذاب ۔ بَرْدٌ سَحْتٌ : واقعی سردی ۔ مَالٌ وَ دَمٌ سَحْتٌ : ایسا مال اور ایسا خون جس کے ضائع کرنے والے پر برائی نہ آئے ۔
السُّحْتُوتُ : کم چکنائی والا ستّو (۲) نرم مٹی والا جنگل، پھٹا پرانا کپڑا ج : سَحَاتِيتُ ۔
السِّحْنِيتُ : کم چکنائی والا ستو ج : سَحَاتِيتُ
السَّحِيتُ : بہت کھاؤ جس کا پیٹ نہ بھرتا ہو ۔
السَّحِيتَةُ : (من السَّحَاب) وہ بادل جو اپنے راستہ کی ہر چیز کو صاف کرتا چلے (بہاتا چلے) ۔
المَسْحُوتُ : السَّحِيتُ ۔
مَسْحُوتُ المَعِدَةِ : بدہیئت اور بہت کھاؤ جس کا پیٹ نہ بھرتا ہو ۔
• سَحَجَهُ ـَ سَحْجًا : چھیلنا، ہلکا سا رگڑنا (۲) لکڑی کی رندائی کرنا ۔ هو مَسْحُوجٌ و سَحِيجٌ ۔
ـــ العُودَ بالمِبْرَدِ : لکڑی وغیرہ کو ریتی وغیرہ سے گھسنا اور چھلائی کرنا ۔ کہتے ہیں: سَحَجَت الرِّيحُ الأرْضَ : ہوا کا زمین کی سطح کو صاف کرنا ۔
ـــ شَعْرَهُ بالمُشْطِ : بالوں کو کنگھے سے صاف کرنا ۔
ـــ فی سَيْرِهِ : ہلکا دوڑنا ۔ مَرَّ يَسْحَجُ : وہ دوڑتا ہوا گزرا ۔
سَحَّجَهُ : سَحَجَهُ (۲) دانتوں سے کاٹ کر نشان ڈال دینا ۔
انْسَحَجَ : چھلنا، صاف ہونا، گھسا جانا ۔
تَسَحَّجَ : چھل جانا، چھلکا اتر جانا، رگڑ کھانا، رگڑ لگنا ۔
السَّحُوجُ : بہت قسمیں کھانے والی عورت
المِسْحَاجُ : السَّحُوجُ (۲) کٹ کھنا جانور (۳) تیز چلنے والا جانور ج : مَسَاحِيجُ ۔
المِسْحَجُ : کٹ کھنا (۲) رندا، لکڑی صاف کرنے کا نجار کا آلہ ج : مَسَاحِجُ ۔
المَسْحُوجُ : چھیلا ہوا، رندہ کیا ہوا ۔
• سَحَّ الإنسانُ و الحَيَوَانُ ـِ سَحًّا و سُحُوحًا : بہت موٹا ہونا ۔ هو سَاحٌّ و هی سَاحَّةٌ ۔
ـــ الماءُ و نَحْوُهُ : پانی وغیرہ کا اوپر سے نیچے بہنا، گرنا، برسنا ۔
ـــ الماءَ و نَحْوَهُ ـُ سَحًّا : لگاتار خوب پانی برسانا یا ڈالنا یا بہانا ۔ کہتے ہیں: اسْتَنْشَدْتُهُ قَصِيدَةً فَسَحَّهَا عَلَيَّ سَحًّا : میں نے اس سے نظم سنانے کو کہا تو اس نے مجھے بڑی ہی خوش دلی کے ساتھ پوری نظم سنائی ۔
ـــ فُلانًا : کسی کو مارنا (۲) کوڑے سے مارنا ۔ سَحَّهُ مائةَ سَوْطٍ : اس کے سو کوڑے لگائے ۔
سَحَّحَ الماءُ و نَحْوُهُ : سَحَّ ۔
انْسَحَّ : گرنا (پانی وغیرہ کا)، اوپر سے نیچے بہنا، رسنا ۔
تَسَحَّحَ : سَحَّحَ ۔
السَّحَّاءُ : ہمیشہ بہنے یا بہانے والی (اسم تفضیل مذکر اس سے نہیں آتا) عَيْنٌ سَحَّاءُ : ہمیشہ نم رہنے والی آنکھ ۔ کہتے ہیں: يَمِينُهُ سَحَّاءُ : اس کا داہنا ہاتھ بخشش کے لئے ہمہ وقت کھلا رہتا ہے، وہ بڑا فراخ دست ہے ۔ غَارَةٌ سَحَّاءُ :

عموی یورش، ہر طرف پھیلا ہوا حملہ
السَّحَّاحَةُ: کیمیاوی تحلیل کیلئے استعمال کیا جانے والا ایک کانچ کا آلہ (جو نلکی کی شکل کا ہوتا ہے اور اس میں مختلف درجے یا خانے ہوتے ہیں)
• سَحَرَ فُلَانٌ ـَ سُحُورًا: سحری کھانا سحری کے وقت میں داخل ہونا۔
— عن الشیء سحرًا: دور ہونا (۲) باز رکھنا، روکنا۔
— فُلَانًا بالشیءِ: کسی کو کسی چیز سے دھوکہ دینا۔
— بالطَّعامِ: غذا دینا، کھانا کھلانا۔
— بالشَّرابِ: بار بار پلانا۔
— الشیءَ عن وَجْهِهِ: کسی چیز کو پلٹ دینا، ہٹانا۔
— بکذا: اپنی طرف کسی چیز کے ذریعہ مائل کرنا کسی چیز کے ذریعہ دل و دماغ پر چھا جانا۔ سَحَرَتْهُ بِعَیْنِہا: اس (عورت) نے اسے اپنی آنکھ سے مسحور کر دیا، بے قابو کر دیا۔
سَحَرَهُ بِکَلَامِهِ: اپنی باتوں سے مسحور کرنا متاثر کرنا۔
— فُلَانًا: جادو کرنا، مسحور کرنا، فریفتہ بنا لینا، دل لبھانا (۲) پھیپھڑے پر مارنا۔
— الشیءَ: خراب کرنا۔ کہتے ہیں: سحر المَطَرُ الأرْضَ: بارش نے زمین کو (اپنی کثرت کی بنا پر) خراب کر دیا۔
— الفِضَّةَ: چاندی پر سونے کا ملمع کرنا
سَحِرَ ـَ سَحَرًا: صبح سویرے آنا (۲) کسی چیز کو کھینچنے سے پھیپھڑا اکٹ جانا (۳) کسی کام میں جلدی کرنا۔ ھو سَحِرٌ و سَحِیرٌ۔
أَسْحَرَ القَوْمُ: وقت سحر میں ہونا یا چلنا، آنا یا جانا۔

سَحَّرَ فُلَانًا: کسی پر بار بار جادو کرنا تا آنکہ دماغی توازن بگڑ جائے (۲) کسی کیلئے سحری (کھانا) پیش کرنا، سحری کھلانا
اسْتَحَرَ القَوْمُ: أَسْحَرُوا۔
— الطَّائِرُ: صبح سویرے (سحر میں) پرندہ کا چہچہانا، مرغ کا بانگ دینا
تَسَحَّرَ و تَسَحَّرَ السَّحُورَ: سحری کھانا
السَّاحِرُ: جادوگر ج: سَحَرَةٌ (۲) دلکش (۳) مسحورکن، دل و دماغ پر چھا جانے والا۔
السَّحَارَةُ: گلے سے ملا ہوا دل اور پھیپھڑے کا حصہ۔
السَّحَّارُ: جادوگر، شعبدہ باز۔
السِّحْرُ: ہر وہ چیز جس کا کوئی مخفی سبب ہو اور وہ اپنی حقیقت کے خلاف ظاہر ہو (۲) ہر وہ چیز جس کے حصول میں شیطانی ذرائع سے مدد لی جائے جس کا ماخذ انتہائی لطیف و دقیق ہو، جادو، ٹوٹکا، نظر بندی (کسی چیز کا خلافِ حقیقت نظر آنا) (۳) دھوکہ ملمع سازی (۴) دلکشی، سحر انگیزی ج: أَسْحَارٌ و سُحُورٌ۔
سِحْرُ الکَلامِ: کلام کی تاثیر، دلکشی
السَّحْرُ: پھیپھڑا ج: أَسْحَارٌ و سُحُورٌ
انْتَفَخَ سَحْرُهُ: اپنی حیثیت سے بڑھنا (۲) بزدلی کی وجہ سے ڈر جانا
انْقَطَعَ مِنْهُ سُحْرِی: میں اس سے ناامید ہو گیا۔
السَّحَرُ و السُّحْرُ: رات کا اخیر اور فجر سے کچھ پہلے کا وقت، تڑکا، اخیر رات پو پھٹنے سے پہلے کا وقت (۲) کسی چیز کا کنارہ ۱۰ اخیر (۳) سیاہی پر نمودار ہونے والی سفیدی ج: أَسْحَارٌ
لَقِیتُهُ فِی أَعْلَی السَّحَرَیْنِ: میں اس سے پو پھٹنے سے پہلے ملا

(صبح کاذب کے وقت ملا) سَحَرَیْن سے صبح کاذب اور صبح صادق ہر دو مراد ہے۔
السُّحْرَةُ: تڑکا، رات کا اخیر اور فجر سے کچھ پہلے کا وقت، صبح کاذب، تاریکی میں پھوٹنے والی سفیدی۔
السَّحَرِیُّ: اخیر رات فجر سے کچھ پہلے۔ صبح کاذب، سحری کا وقت۔
السَّحَرِیَّةُ: السَّحَرِیُّ۔
السَّحُورُ: سحری کا کھانا پینا، سحری۔
المُسَحَّرُ: (۱) جس کا پھیپھڑا نکال دیا گیا ہو (۲) جس پر جادو کیا گیا ہو (۳) خوف زدہ
المَسْحُورُ: وہ شخص جس پر جادو کیا گیا ہو (۲) جسے فریفتہ کر لیا گیا ہو (۳) کثرتِ بارش سے خراب شدہ زمین (۴) کم دودھ والی بھیڑ۔
أَرْضٌ مَسْحُورَةٌ: بنجر زمین۔
• السَّوْحَرُ: بید کا درخت یا اسی کی طرح کا درخت۔
السَّحِیرُ: پیٹ کا مریض (۲) بڑے پیٹ والا گھوڑا۔
المَسَاحِرُ: کہتے ہیں: انْتَفَخَتْ مَسَاحِرُهُ اس نے اپنی حیثیت سے تجاوز کیا۔ (خلاف قیاس سَحْرٌ کی جمع)۔
المَسْحُورَةُ: (من الأرض) نا اگانے والی بنجر زمین۔
— (من الحلائب) دودھ دینے والی اونٹنیوں میں سے کم دودھ والی اونٹنی
• تَسَحْسَحَ المَاءُ و نَحْوُهُ: پانی وغیرہ کا بہنا۔
السَّحْسَاحُ: (من المطر) سخت بارش۔
السَّحْسَاحَةُ۔ عَیْنٌ سَحْسَاحَةٌ: بہت آنسو بہانے والی آنکھ (۲) شدید بارش
السَّحْسَحَةُ: گھر کا صحن، گرد و نواح، گھر کے سامنے کی کھلی جگہ۔

•سَحَطَهٗ ـَ سَحْطًا: جلدی جلدی ذبح کرنا۔ حدیث وحشی میں ہے: "فبرك عليه فسحطه سحط الشاة"
___ الطَّعَامُ فُلَانًا: اچھو لگنا، حلق میں اٹک جانا۔
___ الشَّرَابَ: شربت یا شراب میں پانی ملانا۔
انْسَحَطَ الشَّيْءُ من يده: ہاتھ سے کوئی چیز چھوٹ جانا۔
___ فُلَانٌ عن النَّخْلَةِ: کھجور کے درخت سے لٹکنا اور اسے ہاتھ سے پکڑے بغیر نیچے اترنا۔
المَسْحَطُ: حلق ج: مَسَاحِطُ۔
السَّحِيْطُ و السَّحُوْطَةُ: ذبح کی ہوئی بکری۔
•سَحَفَ الشَّيْءَ ـَ سَحْفًا: چھیلنا، کھرچنا۔
___ الشَّحْمَ عن ظَهْرِ الشَّاةِ: بکری کی پیٹھ کی چربی زیادہ ہونے کے باعث چھیلنا
___ الشَّعْرَ عن الجِلْدِ: کھال سے بال بالکل صاف کر دینا۔
___ اللّٰهُ فُلَانًا: کسی کو مرض سل میں مبتلا کر دینا۔
أَسْحَفَتِ الرِّيْحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادلوں کو اڑا دینا۔
___ فُلَانٌ: پیٹھ کی چربی فروخت کرنا۔
السُّحَافُ: سل کی بیماری۔
السَّحْفَةُ: کھال سے چمٹی ہوئی کمر کی چربی (جو مونڈھوں اور کولہوں کے درمیان ہوتی ہے) ج: سَحْفٌ و سِحَافٌ
السُّحْفَةُ: رَجُلٌ سُحْفَةٌ: منڈے ہوئے سر والا۔
السَّحُوْفُ: وہ موٹی اونٹنی جس کی کمر سے چربی اتاری جائے (۲) ہر چیز کو بہالے جانے والی تیز بارش
ج: سُحُفٌ (۳) چکی کی آواز (۴) دودھ دوہنے کی آواز۔
نَاقَةٌ سَحُوْفٌ: لاغر اونٹنی جس کے تھن لمبے ہوں۔
السَّحِيْفُ: پیسنے وقت چکی کی آواز، دودھ دوہنے کی آواز۔
السَّحِيْفَةُ: السَّحْفَةُ (۲) ہر چیز کو بہالے جانے والی طوفانی بارش
ج: سَحَائِفُ۔
المَسْحَفُ: مَسْحَفُ الحَيَّةِ: زمین پر سانپ کے رینگنے کا نشان ج: مَسَاحِفُ۔
المَسْحَفَةُ: باریک گھاس والی زمین ج: مَسَاحِفُ۔
المِسْحَفَةُ: گوشت یا چمڑا وغیرہ چھیلنے یا اتارنے کا اوزار ج: مَسَاحِفُ
المَسْحُوْفُ: سل کا مریض۔
•سَحَقَهٗ ـَ سَحْقًا: باریک پیسنا، کوٹ کر باریک کرنا، سفوف بنانا جیسے: سَحَقَ الدَّوَاءَ۔
___ الشيءَ الشَّدِيْدَ: سخت چیز کو نرم کرنا۔
___ الشيءَ: تباہ کرنا، صفایا کرنا، ناپید کر دینا (۲) پرانا اور بوسیدہ بنا دینا کہتے ہیں: سَحَقَ فلانا، سَحَقَ الحَشَرَةَ، سَحَقَ الثَّوْبَ۔
___ رَأْسَهٗ: سر مونڈنا۔
___ العَيْنُ الدَّمْعَ: آنکھ سے آنسو ڈھلکنا۔
___ اللّٰهُ فُلَانًا: خدا اسے برباد کرے
سَحِقَ ـَ سُحْقًا: بہت زیادہ دور ہو جانا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَسُحْقًا لِأَصْحَابِ السَّعِيْرِ" هو سَحِيْقٌ وهي سَحِيْقَةٌ
سَحُقَ الشَّيْءُ ـُ سَحَاقَةً و سُحُوْقَةً پرانا اور بوسیدہ ہونا۔
___ الشيءُ سُحْقًا: انتہائی دور ہونا۔
هو سَحِيْقٌ وهي سَحِيْقَةٌ قرآن پاک میں ہے: "فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ أَوْ تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ"
___ النَّخْلَةُ: کھجور کے درخت کا لمبا ہونا
أَسْحَقَ: پرانا ہونا (أَسْحَقَ الثَّوْبُ) (۲) بہت دور ہونا۔
___ الضَّرْعُ: تھن کا سوکھ کر پیٹ سے لگ جانا اور دودھ خشک ہو جانا۔
___ اللّٰهُ فُلَانًا: اللہ کا کسی کو دور کر دینا، ہلاک کر دینا۔
انْسَحَقَ الدَّوَاءُ: دوا کا باریک ہو جانا خوب کٹ جانا، پس جانا۔
___ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہو جانا۔
___ فُلَانٌ: دور ہو جانا، ہلاک و برباد ہو جانا۔
___ الدَّمْعُ: آنکھ سے آنسو ڈھلک آنا۔
___ الشَّيْءُ: کشادہ ہونا۔
___ القَلْبُ: دل کا شکستہ ہونا۔
السَّاحِقُ: دور (۲) ہلاک شدہ (۳) بوسیدہ
السَّاحِقَةُ: الأَكْثَرِيَّةُ السَّاحِقَةُ: بھاری اکثریت۔
السَّحْقُ: من الثِّيَابِ: پرانا اور بوسیدہ کپڑا۔ کبھی اضافت یا نعت کے طور پر کہتے ہیں: سَحْقُ ثَوْبٍ و سَحْقُ عِمَامَةٍ۔ (۲) اونٹ کی پیٹھ کے پھوڑے کا نشان (۳) باریک بادل ج: سُحُوْقٌ
سَحْقُ دِرْهَمٍ: کھوٹا سکہ (درہم)
السُّحْقُ: بعد، بہت دوری، ہلاکت۔
سُحْقًا لَهٗ و سُحْقًا سُحْقًا: (بددعا کے لئے) وہ برباد ہو، خدا کی رحمت سے بہت دور ہو۔

سُحُقٌ سَاحِقٌ: انتہائی دوری (برائے مبالغہ).

السَّحُوقُ: لمبا، لمبی۔ کہتے ہیں: عُودٌ سَحُوقٌ و نَخْلَةٌ سَحُوقٌ و امْرَأَةٌ سَحُوقٌ ج: سُحُقٌ

السَّحِيقُ: بہت دور (۲) باریک کٹی ہوئی یا پسی ہوئی چیز۔

السَّحِيقَةُ: ہر چیز کو بہا دینے والی طوفانی بارش ج: سَحَائِقُ۔

الْمَسْحُوقُ: باریک کوٹا ہوا، پسا ہوا، (۲) پاؤڈر، سفوف ج: مَسَاحِيقُ

مَسْحُوقُ الْأَسْنَانِ: دانتوں کا منجن ٹوتھ پاؤڈر ج: مَسَاحِيقُ۔

الْمِسْحَقُ: وہ چیز جس سے کوٹا یا پیسا جائے۔

• سَحَلَتِ الْعَيْنُ ـ سَحْلًا و سُحُولًا: آنکھ کا آنسو ٹپکانا، بہانا۔

— السَّمَاءُ: آسمان کا پانی برسانا۔

— الْحِمَارُ سَحِيلًا و سُحَالًا: گدھے کا ڈھینچو ڈھینچو کرنا۔

— الْحَبْلَ سَحْلًا: ایک بل پر رسّی بٹنا، اکہرا بٹنا۔

— الدَّرَاهِمَ: روپیہ پیسہ نقد دینا۔

— فُلَانًا كَذَا دِرْهَمًا: کسی کو کوئی رقم فوری طور پر نقد دینا۔

— السُّورَةَ و الْقَصِيدَةَ: سورت قرآن پاک یا نظم کو مسلسل پڑھنا۔

— الشَّيْءَ: کوٹنا، پیسنا (۲) گھسنا، رگڑنا۔ جیسے: سَحَلَ الْفِضَّةَ و الذَّهَبَ۔ (۳) لکڑی پر رندہ پھیرنا (۴) چھیلنا (۵) تراشنا۔ کہتے ہیں: سَحَلَتِ الرِّيحُ الْأَرْضَ: آندھی نے زمین کو کھرچ ڈالا۔

— فُلَانًا بِلِسَانِهِ: کسی کو گالی دینا، مذمت کرنا، ملامت کرنا۔

سَحَلَ الثَّوْبَ: کپڑے کو کچے دھاگے سے بننا۔

أَسْحَلَهُ: گالی دیا ہوا پانا۔

— الْحَبْلَ: سَحَلَهُ۔

سَاحَلُوا: ساحل اور کنارۂ دریا پر آنا یا اس پر چلنا۔

— فُلَانًا مُسَاحَلَةً و سِحَالًا: کسی کے ساتھ بدکلامی کرنا، گالی دینا

انْسَحَلَ: چھلنا، پسنا، کٹنا (۲) تیز چلنا کہتے ہیں: انْسَحَلَتِ النَّاقَةُ (۳) تیزی سے گزرنا، جلدی کرنا جیسے انْسَحَلَ الْخَطِيبُ۔

الْإِسْحِلُ: وہ درخت جس کی مسواک بنائی جاتی ہے۔

الْأَسَاحِلُ: پانی کی نالیاں۔

السَّاحِلُ: سمندر کا کنارہ۔ وہ محفوظ زمین جہاں تک سمندر کی موجیں اثرانداز ہوتی ہوں ج: سَوَاحِلُ۔

السِّحَالُ: لگام۔

السُّحَالَةُ: سونے چاندی وغیرہ کا برادہ (۲) گیہوں جو وغیرہ کا بھوسہ۔

سُحَالَةُ الْقَوْمِ: نچلے درجہ کے لوگ۔

السَّحْلُ: کچے سوت کا بنا ہوا کپڑا (۲) ایک لڑی کی بٹی ہوئی رسّی (۳) باریک سفید کپڑا ج: أَسْحَالٌ و سُحُولٌ و سُحُلٌ۔

السَّحْلِيَّةُ: چھپکلی۔

السَّحِيلُ: کچا دھاگا، کچا سوت (۲) ایک لڑی پر بٹی ہوئی رسّی، اکہری بٹی ہوئی رسّی۔

الْمُسْحُلَةُ: سوت کا گولا۔

الْمِسْحَلُ: لگام (۲) لگام کے دونوں طرف کے حلقوں میں سے ایک حلقہ (۳) ڈاڑھی کا ایک کنارہ (وہ دو ہوتے ہیں) (۴) چھینی (تراشنے کا اوزار) (۵) ریتی (۶) چھلنی (۷) رندہ (۸) زبان۔ کہتے ہیں: رَكِبَ الْخَطِيبُ مِسْحَلَهُ: خطیب نے خطبہ جاری رکھا، تقریر جاری رکھی (۹) جلاد (۱۰) ساقی (۱۱) پختہ ارادہ (۱۲) ایک لڑی کی رسّی (۱۳) خسیس آدمی (۱۴) توشہ دان کا منھ (۱۵) بہت پانی والا پرنالہ (۱۶) بہت بارش (۱۷) سخاوت، فیاضی (۱۸) جنگلی گدھا (۱۹) رخسارہ (۲۰) بہادر ج: مَسَاحِلُ۔

الْمَسْحُولُ: حقیر اور معمولی (۲) ہموار کشادہ جگہ۔

• السَّحْلَفَةُ: (سلحفة کی پلٹ) کچھوا ج: سَحَالِفُ۔

• سَحِمَ ـ سَحَمًا و سُحَامًا و سُحْمَةً: کالا ہونا، سیاہ ہونا۔ هو أَسْحَمُ و هي سَحْمَاءُ ج: سُحْمٌ۔

أَسْحَمَتِ السَّمَاءُ: آسمان سے پانی برسنا، آسمان کا پانی برسانا۔

سَحَّمَ الشَّيْءَ: کالا کرنا۔

الْأَسْحَمُ: سینگ (۲) بادل (۳) ہریستان (۴) وہ خون جس میں قسم کھانے والے ہاتھ ڈبوتے ہیں۔

الْأُسْحِمَانُ: ہر سیاہ چیز۔

السُّحَامُ: سیاہی۔

السَّحَمُ: لوہا۔

السَّحَمَةُ: لوہے کا ٹکڑا ج: سَحَمٌ۔

السُّحُمُ: لوہار کے ہتھوڑے۔

السَّحِيمُ: ایک درخت۔

• سَحَنَ الشَّيْءَ ـ سَحْنًا: کوٹنا، توڑنا (۲) پیسنا۔

— الْخَشَبَةَ: لکڑی کو رگڑ رگڑ کر نرم کرنا (اس کا کچھ حصہ ضائع کئے بغیر)

سَاحَنَهُ: کسی سے اچھی طرح ملنا، اچھی طرح پیش آنا۔

— ـه الشَّيْءَ: کسی کے ساتھ کسی چیز میں

شریک ہونا، بات چیت کرنا۔
تَسَحَّنَهُ: کسی کے چہرے مہرے کو دیکھنا، دیکھ کر پہچاننا۔
السَّحْنَاءُ: ہیئت، رنگ و روپ، شکل و صورت، (۲) رنگ (۳) حالت (۴) کھال کی نرمی (۵) نعمت و آسائش۔
السَّحْنُ: يَوْمُ سَحْنٍ: بڑے اجتماع کا دن۔
السِّحْنُ: گود، حفاظت۔ هو فی سِحْنِه: وہ اس کی حفاظت میں ہے
السَّحْنَةُ: نشان، علامت، رنگ و روپ، ہیئت، کھال کی نرمی اور چمک۔
المِسْحَنُ: رندا جس سے بڑھئی لکڑی کو چھیل کر چکنا اور ملائم کرتا ہے ج: مَسَاحِن
المِسْحَنَةُ: لوہے کو رگڑنے کا باریک پتھر لوہے کی دھار بنانے کا باریک پتھر (۲) پتھر توڑنے کا ہلکا اوزار، موسلی ج: مَسَاحِن۔
•سَحَا الشَّیْءَ ـُـ سَحْوًا: چھیلنا، کھرچنا، کہتے ہیں: سحا الطِّینَ عن وَجْه الاَرْض و سَحَا الشَّحْمَ۔
ــــ القِرْطَاسَ: کاغذ کو صاف کرنا۔
ــــ من القِرْطاسِ: کاغذ کو تراشنا، کم کرنا
ــــ الشَّعْرَ: بال مونڈنا۔
ــــ الكِتابَ: کتاب کی باریک چمڑے سے جلد باندھنا۔
سَحَی الطِّینَ ـَـ سَحْيًا: مٹی کو کھرچنا۔
أَسْحَی الكِتابَ: کتاب کی باریک چمڑے سے جلد باندھنا۔
سَحَّاهُ: سَحَاهُ۔
اِسْتَحَی الشَّیْءَ: چھیلنا۔
ــــ الشَّعْرَ: بال مونڈنا۔
انْسَحَی: چھل جانا، کھرچا جانا۔
الأُسْحُوَانُ: لمبا اور خوبصورت (۲) بہت کھانے والا۔
الأُسْحِيَةُ: گوشت پر چڑھی ہوئی جھلی

ج: أَسَاحِيُّ۔
السَّاحِيَةُ: طوفانی بارش جو زمین کی مٹی کو چھیل ڈالے۔ سَيْلٌ سَاحِيَةٌ (تا رمبالغہ) زبردست سیلاب جو ہر چیز کو بہالے جائے۔
السَّحَا: (من كلّ شیءٍ) ہر چیز کا چھلکا، جھلی۔
السِّحَاءُ: چھلکا، جھلی، واحد: سِحَاءَة و سِحَايَة۔ کہتے ہیں: ما فی السَّمَاءِ سِحَاءَةٌ من سَحَاب: آسمان میں ہلکا سا بھی بادل نہیں۔
السِّحَايَةُ: بیلچے استرے وغیرہ بنانے کا پیشہ، لوہارگری وہ اوزار بنانے کا پیشہ جن سے زمین کی مٹی صاف کی جائے (۲) دماغ کا غلاف، جھلی۔
السَّحَّاء: بیلچے وغیرہ بنانے والا۔
المِسْحَاةُ: چھیلنے اور کھرچنے کا اوزار (۲) بیلچہ، پھاوڑا وغیرہ ج: مَسَاحٍ۔

س ــــ خ

•السَّخَبُ: شور۔
السِّخَابُ: موتیوں کے علاوہ دیگر معمولی چیزوں (لونگ وغیرہ) سے بنایا ہوا ہار (جو بچے بنا کر استعمال کرتے ہیں۔ کہتے ہیں: وَجَدْتُهُ مَا رِثَ السِّخَاب: میں نے اسے بچوں کی طرح بے علم پایا ج: سُخُبٌ۔
السَّخْبَرُ: ایک درخت جس کی جڑ میں سانپ رہتے ہیں اور لمبا ہونے کے بعد اس کے سرے نیچے کی طرف لٹک جاتے ہیں۔ واحد: سَخْبَرَةٌ۔ رَكِبَ فُلَانٌ السَّخْبَرَ: دھوکہ دینا، غداری کرنا۔
•اسْخَاتَ الجُرْحُ: زخم کا ورم ہلکا ہونا
السَّخْتُ: سخت، شدید۔ حَرٌّ سَخْتٌ

و بَرْدٌ سَخْتٌ (۲) ٹھوس اور باریک
السِّخْتِيتُ: السَّخْتُ (۲) باریک اور خالص سفید۔
السِّخْتِيَانُ: بکری کی کھال (دباغت کی ہوئی)۔
المَسْخُوتُ: چکنا۔
•سَخَّتِ الجَرَادَةُ ـِـ سَخًّا: ٹڈی کا زمین میں دم گاڑنا۔
سَخَّ فی السَّيْرِ والحَفْرِ: چلنے یا کھودنے میں دور نکل جانا۔
السَّخَاخُ: نرم اور عمدہ زمین جس میں ریت نہ ہو۔
•سَخِدَ وَرَقُ الشَّجَرِ: درخت کے پتوں کا نم ہو کر ایک دوسرے پر لپٹ جانا۔
السَّخَدُ: گرم۔
السُّخْدُ: بچہ کی پیدائش کے ساتھ نکلنے والا زرد رنگ کا گاڑھا پانی (۲) چہرہ کی زردی (۳) رحم کی دیوار سے ملا ہوا عضو جو رحم میں بچہ کی غذا کا ذریعہ ہوتا ہے
السَّخْوَدُ: شَبَابٌ سَخْوَدٌ: چڑھتی جوانی
المُسَخَّدُ: ورم آلود زرد رنگ اور بوجھل آدمی۔
•سَخَرَتِ السَّفِينَةُ ـَـ سَخْرًا: کشتی کا موافق اور خوش گوار ہوا میں چلنا۔
ــــ فُلانًا سُخْرِيًّا: بیگار لینا، کسی سے جبرًا کام لینا۔
سَخِرَ منه و بِه ـَـ سَخَرًا و سُخْرًا و سُخْرِيَّةً و سُخْرِيَةً: مذاق کرنا ٹھٹھا کرنا، مذاق اڑانا۔ قرآن پاک میں ہے: "اِنْ تَسْخَرُوا مِنَّا فَاِنَّا نَسْخَرُ مِنكم"
سَخَّرَهُ: کسی کو ایسے کام کا پابند کرنا جسے وہ نہ چاہتا ہو، کسی کام کے لئے مجبور کرنا (۲) کسی سے بلا اجرت و معاوضہ

کام لینا، بیگار لینا (۲) تابع بنانا، مغلوب ومجبور کرنا۔
سَخَّرَہٗ عَلَیه: مسلّط کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "سَخَّرَهَا عَلَیْهِمْ سَبْعَ لَیَالٍ"
تَسَخَّرَہٗ: بیگار لینا، بلا اجرت کسی کام کا پابند کرنا۔
اِسْتَسْخَرَ منه: سَخِرَ منه۔
السَّاخِرُ: بیگار لینے والا (۲) مسخرہ، مذاق
السُّخْرَةُ: بیگار (بلا اجرت زبردستی لیا جانے والا کام)، بیگاری (جس سے بلا اجرت بلا مرضی کام لیا جائے) کہتے ہیں: هُمْ سُخْرَةٌ (۲) حقارت وذلت (۳) وہ شخص جس کا مذاق اڑایا جائے (۴) ٹھٹھا، مذاق۔
السُّخَرَةُ: لوگوں سے بہت ٹھٹھا کرنے والا، بہت مذاق اڑانے والا۔
المَسْخَرَةُ: ٹھٹھا اور مذاق اڑانے کی وجہ، سبب ج: مَسَاخِرُ
السُّخْرِیَّةُ و السِّخْرِیَّةُ: مذاق، ٹھٹھا، استہزا۔
السُّخْرِیُّ: مزاحیہ، مذاقیہ، غیر سنجیدہ۔
ثِیَابُ السُّخْرِیَّة: بہروپ کا لباس جسے دیکھ کر ہنسی آئے۔
• سَخِطَهٗ و سَخِطَ عَلَیه ـ سَخَطًا و سُخْطًا: کسی سے ناراض ہونا، کسی سے نفرت کرنا (۲) کسی پر غصہ ہونا۔
أَسْخَطَهٗ: ناراض کرنا، غصہ دلانا، ناگواری ونفرت کا باعث بننا۔
تَسَخَّطَهٗ: ناراض ہونا، کسی پر بگڑ جانا، کسی کو برا سمجھنا۔
ـــ العَطَاءَ: عطیہ کو کم سمجھنا اور خاطر میں نہ لانا۔ کہتے ہیں: أَعْطَاهُ قَلِیلًا فَتَسَخَّطَهٗ
السَّاخِطُ: ناراض، غضبناک۔
السُّخْطُ و السَّخَطُ: ناراضگی، ناگواری، غصہ

المَسْخَطَةُ: سبب ناگواری وناراضگی ج: مَسَاخِطُ۔
• سَخُفَ الشَّیْءُ ـ سُخْفًا و سُخْفَةً و سَخَافَةً: باریک ہونا۔ جیسے: سَخُفَ الثَّوْبُ (۲) کمزور ہونا جیسے: سَخُفَ العَقْلُ۔ هو سَخِیفٌ وهی سَخِیفَةٌ۔ رأیٌ سَخِیفٌ: پھسپھسی رائے۔
ـــ السِّقَاءُ: مشک کا کمزور ہونا اور پھٹنا
سَخَّفَهٗ: باریک بنانا (۲) پھسپھسا اور کمزور کرنا (۳) کم عقل قرار دینا (۴) کمزور و نامعقول قرار دینا۔
ـــ الجُوعُ فُلَانًا: بھوک کا کسی کو دبلا اور کمزور کر دینا۔
السُّخْفَةُ: سُخْفَةُ الجُوعِ: بھوک کی وجہ سے ہونے والی لاغری، کمزوری۔
السُّخْفُ و السَّخَافَةُ: کم عقلی، نادانی، نامعقولیت، بے ہودگی، لچرپن۔
السَّخِیفُ: کمزور، لچر، پھسپھسا (۲) بے ہودہ، نامعقول (۳) نادان، کم عقل۔ سَحَابٌ سَخِیفٌ: پتلا ہلکا بادل۔
سَخِیفُ العَقْلِ: کم عقل، نادان۔
سَخِیفُ الرَّأْیِ: کمزور رائے والا۔
المَسْخِفَةُ: الأَرْضُ المَسْخِفَةُ: کم گھاس والی زمین۔
• سَخَلَ الشَّیْءَ ـ سَخْلًا: دھوکہ سے لینا۔
أَسْخَلَ الأَمْرَ: مؤخر کرنا، پیچھے ڈال دینا
سَخَّلَتِ النَّخْلَةُ: کھجور کا پھل کمزور ہونا یا پھل کو گرا دینا۔
ـــ النَّخْلَةَ: کھجور کو جھٹکا دے کر پھل گرانا۔
السُّخَالَةُ: پھوٹرن، پھٹکن۔
السُّخَّلُ: وہ کھجور جس کی گٹھلی ابھی کچی ہو۔

السَّخَلُ: السُّخَّلُ۔
السَّخْلُ: ہر ناتمام چیز (۲) رذیل وکمزور ج: سُخُلٌ و سُخَّالٌ۔
السَّخْلَةُ: بھیڑ بکری کا بچہ (نر یا مادہ) ج: سَخْلٌ و سِخَالٌ و سُخْلَانٌ
المَسْخُولُ: فرومایہ، گمنام۔
• سَخَمَ اللَّحْمُ: گوشت کا سڑ جانا، بدبودار ہو جانا۔
ـــ فُلَانًا بِصَدْرِه: غصہ دلانا۔
ـــ اللّٰهُ وَجْهَهٗ: چہرہ سیاہ کر دینا۔
تَسَخَّمَ عَلَیه: کسی سے کینہ رکھنا، بغض رکھنا
الأَسْخَمُ: سیاہ۔ هی سَخْمَاءُ ج: سُخْمٌ
السُّخَامُ: دیگچی یا ہانڈی کی سیاہی (۲) کوئلہ
لَیْلٌ سُخَامٌ: تاریک رات۔
السُّخَامِیُّ: سیاہ۔ لَیْلٌ سُخَامِیٌّ: تاریک رات۔
السُّخْمُ: سیاہی۔
السُّخْمَةُ: سیاہی (۲) غصہ، ناراضگی۔
السَّخِیمُ: ہلکا گرم پانی۔
السَّخِیمَةُ: کینہ، حسد وبغض۔ کہاوت ہے: سَلَلْتُ سَخِیمَتَهٗ بِاللُّطْفِ و التَّرَضِّی: میں نے اس کے بغض کو نرمی و ملاطفت سے ختم کر دیا ج: سَخَائِمُ۔
المُسَخَّمُ: کینہ ور۔
• سَخَنَ ـ سُخْنًا و سُخُونَةً: گرم ہونا (۲) بخار میں مبتلا ہونا۔ هو ساخِنٌ۔
سَخِنَ ـ سَخَنًا: گرم ہونا۔
ـــ العَیْنُ سَخْنًا و سُخْنَةً: بیماری سے آنکھ کا گرم ہونا، جلنا۔ هو سَخِنٌ وهی سَخِنَةٌ۔
سَخُنَ ـ سُخُونَةً و سَخَانَةً: گرم ہونا۔ هو سَخِینٌ وهی سَخِینَةٌ
أَسْخَنَهٗ: گرم کرنا۔
ـــ اللّٰهُ عَیْنَهٗ و بِعَیْنِه: اللہ کا کسی کو

مصیبت یا ایسی تکلیف میں مبتلا کرنا جس سے آنسو رواں رہیں۔ اس کے برعکس ہے: أَقَرَّ اللّٰهُ عَيْنَهُ: اللہ کا کسی کو چین و سکون عطا کرنا۔

سَخَّنَهُ: گرم کرنا، گرمانا، گرمی پیدا کرنا

التَّسَاخِيْنُ: پانی گرم کرنے کے ظروف (دیگچے وغیرہ) (۲) موزے (۳) علما کا سر پر ڈالنے کا رومال۔

السَّاخِنُ: گرم، تپتا ہوا (۲) بخار میں مبتلا۔

السَّخَّانُ: پانی گرم کرنے کا سماور یا ٹنکی، گیزر (۲) ہیٹر۔

السَّخَّانَةُ: ہیٹر، گرم کرنے کی مشین گیزر۔

السِّخِّيْنُ: گرم (۲) شدید و دردانگیز چوٹ (۳) ہل کو پکڑنے کا دستہ (۴) خم دار رندا یا چھینی وغیرہ جس سے چھلائی کی جائے (۵) قصاب کی چھری ج: سَخَاخِيْنُ۔

السُّخْنُ: گرم۔

السُّخْنَانُ: گرم۔

السُّخْنَةُ: گرمی، حرارت، بخار (۲) درد کی بقیہ حرارت و سوزش۔ کہتے ہیں: عَلَيْكَ بالأَمْرِ عِنْدَ سُخْنَتِه: تم کو معاملہ کے آغاز ہی میں اس کی تدبیر کر لی چاہئے۔ سُخْنَةُ العَيْنِ: آنکھ کی سوزش، تکلیف۔

السَّخَنَةُ: السُّخْنَةُ۔

السَّخُوْنُ: گرم شوربا۔

السُّخُوْنَةُ: گرمی۔ سُخُوْنَةُ النِّفَاسِ: علم طب میں ولادت کے قریبی زمانہ میں بڑھی ہوئی حرارت۔

السَّخِيْنُ: گرم اور شدید چوٹ، گرم گھاؤ (۲) گرم۔

السَّخِيْنَةُ: آٹے سے بنا ہوا ایک سوپ نما کھانا جو قدرے گاڑھا ہوتا ہے (۲) گرم کھانا۔

المِسْخَنَةُ: وہ ہانڈی یا دیگچی وغیرہ جس میں کھانا گرم کیا جائے ج: مَسَاخِن

المُسَخِّنُ: ہیٹر، گرم کرنے کا چولہا یا مشین۔

• سَخَا ـُـ سَخَاءً: سخاوت کرنا، فراخ دلی سے کام لینا۔ سَخَا بشيئٍ: فیاضی کے ساتھ دینا۔ هو سَاخٍ و هي سَاخِيَةٌ۔

ـــــ فُلانٌ: حرکت بند کرنا، پرسکون ہونا

سَخُوَ ـُـ سَخَاوَةً: سخی و فیاض ہونا، دریا دل ہونا۔ هو سَخِيٌّ ج: أَسْخِيَاءُ و هي سَخِيَّةٌ ج: سَخَايَا۔

سَخِيَ ـَـ سَخًا: سخی و فیاض ہونا۔

ـــــ نَفْسُهُ عن الشيئِ: طبیعت کا کسی چیز سے ہٹ جانا، چھوڑ دینا۔

أَسْخَى النَّارَ: دیگچی کے نیچے آگ کا راستہ بنانا۔ أَسْخَى القِدْرَ بھی کہتے ہیں۔

سَخَّى نَفْسَهُ و بِنَفْسِه عن كذا: طبیعت کو کسی چیز سے الگ رہنے پر آمادہ کرنا۔

ـــــ النَّارَ: أَسْخَى۔

تَسَخَّى عَلَى أَصْحَابِه: اپنے ساتھیوں کے ساتھ تکلفاً سخاوت کرنا، ظاہری طور پر سخی بننا۔

السَّخَاوِيَّةُ: نرم و کشادہ زمین ج: سَخَاوِيُّ۔

السَّخْوَاءُ: من الأَرْضِ: نرم و کشادہ زمین ج: سَخَاوَى و سَخَاوٍ۔

السَّخَاء و السَّخَاوَةُ: فیاضی، سخاوت، بخشش۔

السَّخَاءَةُ: ایک قسم کی سبزی۔

السَّخِيُّ: فیاض، فراخ دل، سخی ج: أَسْخِيَاء۔

مَسْخَى النَّارِ: دیگچی کے نیچے آگ کیلئے بنائی ہوئی جگہ۔

س ــــــ د

• سَدَحَتْ فُلَانَةُ ـَـ سَدْحًا: عورت کا اپنے خاوند سے خوش اور کثیر الاولاد ہونا۔

ـــــ بالمكان: قیام کرنا۔

ـــــ الشيءَ: پھیلانا، بچھانا۔

ـــــ فُلانًا: پچھاڑنا، منہ کے بل زمین پر گرانا یا چت کرنا۔

ـــــ النَّاقَةَ: اونٹنی کو بٹھانا یا زمین پر اسے لٹا کر ذبح کرنا۔

انْسَدَحَ: ٹانگیں پھیلا کر چت لیٹنا۔

المَسْدُوْحُ: پچھاڑا ہوا چت لٹایا ہوا۔

السَّادِحُ: رَجُلٌ سَادِحٌ: آسودہ حال آدمی۔

السَّادِحَةُ: زبردست بادل ج: سَوَادِحُ

• انْسَدَحَ: پھیلنا۔

• سَدَّ الشيءُ ـِـ سَدَادًا و سُدُوْدًا: سیدھا اور درست ہونا۔

ـــــ السَّهْمُ: تیر کا سیدھا ہونا۔

ـــــ فُلانٌ: قول و فعل میں صحیح روش پر ہونا، قول و فعل کا درست ہونا صائب الرائے ہونا، درست کار ہونا

ـــــ قولُه و فِعْلُه: قول و فعل کا درست ہونا۔ فَالقَولُ والفِعْلُ سَدِيْدٌ و أَسَدُّ۔

ـــــ الشيءَ ـُـ سَدًّا: ٹھیک کرنا، خرابی یا بگاڑ دور کرنا۔

ـــــ الثُّلْمَةَ: رخنہ بند کرنا، سوراخ یا شگاف بند کرنا۔

ـــــ القَنَاةَ: نہر وغیرہ پر بند باندھنا۔

ـــــ الحاجَةَ: ضرورت کو پورا کرنا۔

ـــــ النَّقْصَ: کمی کو پورا کرنا۔

ـــــ الطَّرِيْقَ: راستہ روکنا، بند کرنا۔

سَدَّ الطَّرِيْقَ علی فلان طریق
كذا: کسی پر کسی بات کا دروازہ
بند کرنا۔
ـــ القارورةَ بسَدَادةٍ: شیشی وغیرہ
کی ڈاٹ لگانا، بند کرنا۔
ـــ الفراغَ: خلا پر کرنا۔
ـــ مَسَدَّ كذا: قائم مقام ہونا۔
أَسَدَّ: درستگی اور راست روی چاہنا
(۲) صحیح راہ پر ہونا۔
سَدَّدَ السَّهْمَ إلى الصَّيْد: شکار
پر تیر مارنا، تیر کا نشانہ بنانا۔
ـــ اللّٰهُ فلانًا: اللہ کا کسی کو راہ راست
پر لگانا، سیدھے راستہ پر چلانا،
سیدھا راستہ دکھانا۔
ـــ اللّٰهُ خُطَاه: اللہ کا کسی کو سیدھے
راستہ پر چلانا۔
ـــ صاحِبَهُ: راہنمائی کرنا، تعلیم دینا۔
ـــ مالَهُ: مال میں صحیح طریقہ پر تصرف کرنا
ـــ عليه القولَ: کسی کی بات کا رد کرنا
ـــ الشيءَ: سیدھا اور درست کرنا۔
ـــ الحِسابَ: حساب چکانا۔
ـــ القَرْضَ وغيره: قرض وغیرہ ادا کرنا،
بیباق کرنا۔
ـــ نَحْوَ كذا: نشانہ بنانا۔
اِسْتَدَّ: سیدھا ہونا (۲) باترتیب ہونا
(۳) درست ہونا۔
اِنْسَدَّ: بند ہونا (۲) ختم ہونا (۳) ادا ہونا
تَسَدَّدَ: سیدھا اور درست ہونا۔
الانْسِدادُ: بندش، روک تھام، ازالہ،
دفعیہ۔
السَّادُّ: سادُّ القامة: سیدھے قد والا
السَّادَّةُ: کھلی ہوئی آنکھ جو اچھی طرح نہ
دیکھ سکے ج: سُدُد۔
السَّدادُ: راست روی (۲) قول وفعل کی
درستگی، صداقت، حقانیت۔

السِّدادُ: بندش، روک، ڈاٹ، ڈھکن
ہر وہ چیز جس سے خلل و رخنہ دور
کیا جائے۔ سِدادٌ من عَوَزٍ
و سِدادٌ من عَيْش:
حاجت روائی، تکمیل ضرورت (۲)
علم طب میں بستہ خون یا کسی جگہ اکٹھا
ہو کر گرہ کی شکل اختیار کرنے والا خون
ج: أَسِدَّة۔
سِدادُ القارُورَة: شیشی کی ڈاٹ۔
سِدادُ الثَّغْرِ: سرحدی حفاظتی دستہ
(افراد اور گھوڑوں وغیرہ پر مشتمل)
السِّدادَةُ: ڈاٹ۔
السُّدادُ: ناک کی ایک بیماری جس میں
ناک بند ہو کر اس میں ہوا داخل
نہیں ہوتی، بدن کی کسی بھی نالی کو
بند کر دینے والا مادہ۔
السَّدُّ: دو چیزوں کے درمیان رکاوٹ،
آڑ (۲) پشتہ، بند، ڈیم (پانی کو روکنے
والی آبی گزرگاہ میں کھڑی کی ہوئی)
عمارت ج: سُدُودٌ و أَسْدادٌ
السُّدُّ: السَّدُّ۔ سُدٌّ من سَحَاب:
افق پر چھایا ہوا بادل۔
سُدٌّ من جَرادٍ و جَرادٌ سُدٌّ:
ٹڈی دل جو افق پر چھا جائے (۲) وہ
وادی جس میں پتھر اور چٹانیں ہوں
جن میں پانی رک جاتا ہو ج:
سُدُودٌ و أَسْدادٌ (۳) عیب
جیسے اندھاپن ج: أَسِدَّة۔
السَّدُّ العالي: ہائی ڈیم، بڑا بند۔
السَّدُّ: کلام صحیح۔
السَّدَدُ: السَّدادُ۔
السَّدَّادُ: رَجُلٌ سَدَّادٌ: راست رو
السُّدَّةُ: گھر کا دروازہ (۲) گھر کے دروازہ
کا سائبان، برآمدہ، منبر (۳) گھر کے
سامنے کا میدان (۴) تخت یا چارپائی

(۵) ناک بند ہونے کی بیماری ج: سُدَد
السَّدِيْدُ: درست، ٹھیک، پختہ، معقول
مضبوط۔
سَدِيْدُ الرَّأي: معقول رائے رکھنے والا
صائب الرائے۔
سَدِيْدُ الرِّمايَة: نشانہ باز۔
المَسَدُّ: بند کرنے کی جگہ۔ سَدَّ مَسَدَّه:
قائم مقام ہونا۔ هم يَسُدُّونَ مَسَادَّ
آبائهم۔
المَسْدُودُ: بند کیا ہوا، روکا ہوا۔
• سَدَرَ فلانٌ في البلادِ ـ سَدْرًا
و سُدُورًا: ملک میں بے روک ٹوک
جانا۔
ـــ الثَّوبَ: کپڑا پھاڑنا۔
سَدِرَ ـ سَدَرًا و سَدَارَةً: گرمی
کی شدت سے نگاہ کا چندھیا جانا۔
سَدِرَ بَصَرُهُ بھی کہتے ہیں (۲)
بے پرواہ ہونا، حیران و پریشان ہونا
خیرہ ہو جانا، بھٹکنا۔ هو سادِرٌ
و سَدِرٌ و هي سَدِرَةٌ۔
هو سادِرٌ في الغَيِّ: وہ گمراہی
میں پڑا ہوا ہے۔
تَكَلَّمَ سادِرًا: اس نے بے سوچے
سمجھے کلام کیا، اس نے ناپختہ بات کی
أَسْدَرَهُ: بے پرواہ بنانا، گمراہ کرنا۔
انْسَدَرَ: بالوں کا لٹکنا (۲) ڈھلوان
سے نیچے اترنا (۳) تیز دوڑنا۔
تَسَدَّرَ بالثَّوب: کپڑے میں لپٹ جانا
کپڑے کو گون کی طرح اپنے اوپر ڈالنا
الأُسْدَرانِ: دو رگیں جو رخسارہ سے نکل کر
کان کے سوراخ سے گزرتے ہوئے
سر کی چوٹی تک پہنچتی ہیں۔ کہاوت ہے:
جاءَ يَضْرِبُ أَسْدَرَيْه: بیکار
آدمی کے لئے کہا جاتا ہے کہ وہ دونو
پہلو اور مونڈھے ہلاتا ہوا آیا، یا وہ

خالی ہاتھ اور بے مراد آیا۔
السَّادِرُ: بے پرواہ، گمراہ۔
السِّدَارُ: مچھردان، وہ باریک جالی دار کپڑا جو خیموں کے سامنے مچھر وغیرہ سے حفاظت کے لئے لگایا جاتا ہے۔
السَّدَرُ: سر کا چکر جو سمندری مسافر کو آتا ہے
السِّدْرُ: بیری کا درخت ج: سِدَرٌ۔
السَّدِرُ: حیران وپریشان۔ ناقة سَدِرَة: بوڑھی اونٹنی۔
السِّدْرَة: بیری کا ایک درخت۔
سِدْرَةُ المُنْتَهٰی: جنت کا ایک درخت (المعجم الوسیط) (۲) ساتویں آسمان پر ایک مقام ہے عرش اعظم کے دائیں جانب، ملائکہ وغیرہ کی اس سے آگے رسائی نہیں (امام راغب)۔
السَّدِيرُ: سہ شاخہ عمارت (۲) سہ شاخہ گنبد (تین باہم متداخل گنبدوں سے بنا ہوا ایک گنبد) (۳) پانی کا چشمہ (۴) گھاس (۵) حیرہ کے اطراف میں ایک دریا کا نام (۶) شاہ نعمان کا محل
سَدِيرُ النَّخْلِ: کھجور کے درختوں کا جھرمٹ کھجور کا گنجان باغ۔
السِّدَارَةُ: بلا پھندنا لمبی ٹوپی (عراق کے شہری اسے استعمال کیا کرتے تھے)۔
•سَدَسَ القَوْمَ ـُ سَدْسًا: لوگوں کے مال کا چھٹا حصہ لینا۔
ـــ القَوْمَ ـِ سَدْسًا: چھٹا فرد ہونا
أَسْدَسَ القَوْمُ: لوگوں کا چھ ہونا۔
سَدَّسَ: چھ کرنا۔
ـــ الشكلَ: شش پہلو شکل بنانا، شش رکنی بنانا۔
السُّدَاسُ: چھ چھ۔ جاءُوا سُدَاسَ: وہ چھ چھ کی تعداد میں آئے۔
السُّدَاسِيُّ: إِزَارٌ سُدَاسِيٌّ: چھ ہاتھ لمبا ازار (۲) شش پہلو، چھ نفری
چھ اجزا یا ارکان پر مشتمل۔
سُدَاسِيُّ الأَرْكَان: شش گوشہ۔
سُدَاسِيُّ الأَعْضَاء: چھ رکنی۔
سُدَاسِيُّ الحُرُوفِ: چھ حرفی۔
سُدَاسِيُّ السُّطُوح: شش پہلو۔
السُّدْسِيَّة: علم ہندسہ میں ایک آلہ کا نام جس کے ذریعہ زوایا کے ابعاد (فاصلوں) کو ناپا جاتا ہے۔
السُّدُسُ: چھٹا حصہ ج: أَسْدَاسٌ
کہاوت ہے: هو يَضْرِبُ أَخْمَاسًا لِأَسْدَاسٍ: وہ مکروفریب کے لئے کوشاں رہتا ہے۔
السُّدُوسُ: ہرے رنگ کی چادر یا مطلقًا چادر۔
السَّدِيسُ: السُّدُس ج: أَسْدَاس (۲) چھ اجزائی (۳) چھ سال کی بکری (۴) آٹھویں سال میں داخل ہونے والے اونٹ ج: سُدُسٌ۔
المُسَدَّسُ: (علم الہندسہ میں) ایک شکل جس کے اضلاع (پہلو) کی تعداد مساوی چھ ہوتی ہے (۲) پستول (۳) ریوالور (جس میں عام طور پر چھ گولیاں ہوتی ہیں)۔
مَسْدَسَ: کہتے ہیں: جاء مَسْدَسَ وہ چھ چھ آئے۔
•سَدَعَ الشيءَ بغيرِهِ ـَ سَدْعًا: ایک چیز کو دوسری سے ٹکرانا۔
ـــ الشيءَ: پھیلانا۔
ـــ الحيوانَ: جانور کو ذبح کرنا۔
ـــ فلانًا: راستہ بتانا۔
سُدِعَ: اذیت وتکلیف پہنچایا جانا۔
السَّدْعَةُ: مصیبت، ٹھوکر۔
المِسْدَعُ: اپنی راہ یا اپنے رخ پر چلنے والا راہبر یا تیز رفتار راہبر ج: مَسَادِعُ
•سَدِفَ البَصَرُ ـَ سَدَفًا: بھوک یا بڑھاپے کی وجہ سے نگاہ کا دھندلا ہو جانا۔ هو أَسْدَفُ والعَيْنُ سَدْفَاءُ ج: سُدْفٌ۔
أَسْدَفَ: تاریک ہونا۔ جیسے: أَسْدَفَ اللَّيْلُ۔
ـــ فلانٌ: سونا، بھوک یا بڑھاپے کی وجہ سے نگاہ کا کام نہ کرنا (۲) تاریکی میں داخل ہونا (۳) روشنی کے راستہ سے ہٹ جانا۔
ـــ السِّتْرَ: پردہ اٹھانا یا ہٹانا۔
ـــ البابَ: دروازہ کھولنا۔
ـــ المرأةُ القِنَاعَ: عورت کا نقاب چھوڑنا (منہ پر ڈالنا)۔
ـــ عن كذا: ہٹ جانا، ایک طرف ہو جانا
سَدَّفَ اللَّحْمَ: گوشت کی بوٹیاں کرنا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
الأَسْدَفُ: سیاہ۔ لَيْلٌ أَسْدَفُ: تاریک رات۔
السِّدَافَةُ: پردہ، چلمن۔
السَّدَفُ: تاریکی (۲) رات اور اس کی تاریکی ج: أَسْدَافٌ۔
السُّدْفَةُ: تاریکی (۲) رات کا ایک حصہ (۳) تاریکی اور روشنی کی آمیزش جیسے طلوع فجر کے وقت روشنی مکمل ہونے تک ہوتی ہے ج: سُدَفٌ۔
السُّدْفَةُ: دروازہ یا اس کا سائبان
السَّدَفَةُ: رات اور اس کی تاریکی (۲) طلوع فجر سے تڑکا ہونے تک کا وقت۔
السَّدِيفُ: کوہان کا گوشت ج: سَدَائِف وسِدَاف۔
•سَدِكَ بالشيءِ ـَ سَدَكًا وسَدْكًا: چمٹنا، کسی چیز کے ساتھ لگے رہنا۔ هو سَدِكٌ وهي سَدِكَةٌ۔
سَدَّكَ جِلَالَ التَّمْرِ: کھجور کی پیٹیوں کو تہ بہ تہ رکھنا۔

السَّدِكُ: کام میں پھرتیلا۔
سَدِكٌ بِالرُّمحِ: تیزی اور سبک رفتاری سے نیزہ مارنے والا۔
•سَدَلَ الثَّوبَ و السِّتْرَ و الشَّعْرَ ـُ سَدْلًا: چھوڑنا، لٹکانا۔
ــــ فی البلاد: ملک میں جانا۔
سَدِلَ ـَ سَدَلًا: مائل ہونا۔ هُوَ اَسْدَلُ و هِيَ سَدْلَاءُ ج: سُدْلٌ
أَسْدَلَهُ: لٹکانا، چھوڑنا۔
سَدَّلَهُ: أَسْدَلَه۔
اِنْسَدَلَ: لٹکنا، نیچے کو چھوڑنا، لٹکنا۔
السَّوْدَلُ: مونچھ۔
السِّدْلُ: سینے تک لٹکا ہوا۔ موتیوں یا ہیرے کا ہار ج: سُدُولٌ۔
السُّدْلُ: پردہ ج: اَسْدَال وسُدُولٌ کہتے ہیں: أَرْخَى اللَّيلُ سُدُولَه: تاریکی نے شدت اختیار کر لی، پوری طرح پھیل گئی۔
السَّدِيلُ: پالکی وغیرہ کا پردہ (۲) خیمہ کے اندر لٹکا ہوا پردہ (۳) دولہن کے مصنوعی کمرہ کا پردہ ج: أَسْدَالٌ و سُدُلٌ و سَدَائِلُ۔
المُسَدَّلُ: شَعْرٌ مُسَدَّلٌ: لمبے بال۔
•سَدَمَ البابَ ـُ سَدْمًا: دروازہ بند کرنا۔
سَدِمَ الماءُ ـَ سَدَمًا: پانی کا زیادہ دن گزرنے سے بدلا ہوا ہونا۔ (۲) پانی میں مٹی وغیرہ پڑ کر اندر اتر جانا اور پانی کا گدلا ہو جانا۔
ــــ فُلانٌ: مغموم ہونا، مصیبت میں ہونا غصہ اور رنج ہونا۔
ــــ بالشیءِ: بہت خواہش مند ہونا۔ هو سَادِمٌ و سَدِمٌ و سَدْمَانُ (اکثر اس کا استعمال نَدِمٌ کے ساتھ ہوتا ہے) کہتے ہیں: هو سَادِمٌ نَادِمٌ: وہ غمناک و پشیمان ہے۔ وسَدْمَانُ نَدْمَانُ و سَدِمٌ نَدِمٌ۔
سَدَّمَ الماءَ طُولُ العَهْدِ: پانی کو درازی مدت کا بدل دینا۔
اِنْسَدَمَ دَبَرُ البَعِيرِ: اونٹ کا زخم اچھا ہو جانا۔
السَّدِمُ: مست سانڈ، غضبناک سانڈ (۲) زور سے ابلتا ہوا پانی ج: أَسْدَام۔
عَاشِقٌ سَدِمٌ: زبردست عاشق
السَّدَمُ: مست وغضبناک سانڈ (۲) ابلتا ہوا پانی (۳) غم وغصہ، غضب و ندامت ج: أَسْدَامٌ و سِدَامٌ۔
السُّدُمُ: بِئْرٌ سُدُمٌ: بند ہو جانے والا کنواں۔
السَّدْمَانُ: نادم، پشیمان۔
السَّدِيمُ: تھکا ماندہ (۲) حیران و پریشان (۳) دباؤ کے ساتھ نکلتا ہوا پانی (۴) ہلکا کہر، دھند (۵) بے شمار اجرام سماویہ کے تصادم سے فضا میں پیدا ہونے والے بادلوں کے چمکتے ہوئے یا پانی سے بھرے ہوئے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے (دھبے) ج: سُدُمٌ۔
•سَدَنَ ـُ سَدْنًا و سِدَانَةً و سِدَانًا: خانہ کعبہ کی خدمت کرنا
السَّادِنُ: خادم کعبہ (۲) دربان۔ کہتے ہیں: هو سَادِنُ فُلانٍ وآذِنُهُ ج: سَدَنَةٌ۔ سَدَنَةُ الرَّوضَةِ: درگاہ کے مجاورین۔
السَّدَّانُ: آہرن نہائی (اصل لفظ سَنْدَانٌ ہے)۔
السَّدِينُ: چربی (۲) خون (۳) اون ج: أَسْدَانٌ۔
•سَدَا فُلانٌ ـُ سَدْوًا: کسی چیز کی طرف ہاتھ بڑھانا۔ سَدَا الی الشیءِ بِيَدِهِ بھی مستعمل ہے اور سَدَا يَدَيه بھی۔
سَدَا فُلانٌ سَدْوَ كَذا: کسی کے طریقہ پر چلنا۔ کہتے ہیں: خَطَبَ فَمَا زَالَ عَلَى سَدْوٍ وَاحِدٍ: وہ برابر ایک ہی طرز کے سجع وقافیے پر تقریر کرتا رہا۔
ــــ الصَّبِيُّ بالجوز: بچہ کا اخروٹ سے کھیلنا۔
سَدَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا کشادہ قدموں سے چلنا۔
أَسْدَى النَّخْلُ: کھجور کا نرم پڑنا۔
السَّادِي: چھٹا۔ هي سَادِيَةٌ۔ النُّوقُ السَّوَادِي: کشادہ قدم رکھنے والی اونٹنیاں۔
•سَدَى الثَّوبَ ـِ سَدْيًا: کپڑے کا تانا پھیلانا، تانا تاننا۔
سَدِيَ ـَ سَدًى: شبنم والا ہونا، نم ہونا۔ کہتے ہیں: سَدِيَتِ الأَرضُ و سَدِيَ المَكَانُ و سَدِيَتِ اللَّيلَةُ۔ هو سَدٍ و هي سَدِيَةٌ
أَسْدَى الثَّوبَ: کپڑے کا تانا ڈالنا یا تانا تننا۔
ــــ الیه مَعْرُوفًا: کسی کو عطیہ دینا، کسی کے ساتھ حسن سلوک کرنا، بھلائی کرنا۔
ــــ الأَمْرَ: کسی معاملہ میں کامیاب ہونا۔ یا اسے مکمل کرنا۔
ــــ الشَّیءَ: نامکمل چھوڑنا، نظرانداز کرنا
ــــ بَيْنَهُمَا: دو آدمیوں میں صلح کرانا۔
ــــ بَيْنَهُمْ حَدِيثًا: لوگوں کی بات چیت کو مرتب کرنا۔
سَدَّى الثَّوبَ: تانا تننا۔
ــــ الیه: کسی کے ساتھ بھلائی کرنا۔

سَدَّى بَيْنَهُما: صلح کرانا۔
ـــ النَّحْلُ الشَّهْدَ: شہد کی مکھیوں کا شہد نکالنا۔
اسْتَدَى فُلَانٌ: سَدَا۔
ـــ الى الشيءِ: ہاتھ بڑھانا۔
ـــ الفَرَسُ: گھوڑے کو پسینہ آنا۔
تَسَدَّى الثَّوْبَ: کپڑے کا تانا تننا۔
ـــ الشيءَ: کسی چیز پر چڑھنا، سوار ہونا
ـــ الأَمْرَ: کسی کام پر قابو پانا۔
السُّدَى: نظر انداز کیا ہوا، بیکار سمجھا ہوا۔ قرآن پاک میں ہے "أَيَحْسَبُ الإِنْسَانُ أَنْ يُتْرَكَ سُدًى" کیا انسان یہ سمجھتا ہے کہ اسے یونہی بلا حساب کتاب چھوڑ دیا جائے گا۔
السَّدَى: (من الثوب) کپڑے کا تانا۔ (عکس لحمة: بانا) واحد: سَدَاة ج: أَسْدَاءٌ أَسْدِيَةٌ (۲) شبنم (۳) نظر انداز کیا ہوا، ناتمام، ناقابل التفات (واحد اور جمع دونوں کے لئے)

س ـــ ذ

• السَّذَابُ: ایک بدبودار پودا۔
• السَّاذَجُ: (فارسی لفظ سادہ کا معرب) سادہ (جس پر کوئی نقش وغیرہ نہ ہو یا جس میں کوئی آمیزش نہ ہو) (۲) معمولی۔ هي ساذَجَةٌ۔ حُجَّةٌ سَاذَجَةٌ: معمولی دلیل۔
• السَّذَقُ: اہل فارس کی ایک مشہور رات اسے لَيْلَةُ الوَقود کہتے ہیں۔
السَّوْذَقُ: زیور (۲) کنگن (۳) حلقہ (۴) شکرا۔
السَّذَانِقُ والسَّوْذَنِيقُ والسَّوْذَانِقُ: شکرا۔

س ـــ ر

• سَرَأَتِ الجَرَادَةُ والسَّمَكَةُ ـَ سَرْءًا: ٹڈی اور مچھلی کا انڈے دینا
سَرَأَتِ المَرْأَةُ: عورت کا بہت اولاد والی ہونا۔ هي سَرُوءٌ ج: سُرُؤٌ و سُرَّأٌ۔
أَسْرَأَتِ السَّمَكَةُ والجَرَادَةُ: انڈے دینے کا وقت آجانا۔
سَرَّأَتْ: سَرَأَتْ۔
السِّرْءُ: مچھلی اور ٹڈی وغیرہ کے انڈے واحد: سِرْأَةٌ۔
المَسْرُوءَةُ: أَرْضٌ مَسْرُوءَةٌ: بہت ٹڈی والی زمین۔
• سَرَبَ ـُ سُرُوبًا: نکلنا، چپکے سے نکلنا، کھسکنا۔
ـــ فی الأَرْضِ: زمین میں آزاد گھومنا پھرنا، جدھر منھ اٹھے ادھر جانا، سیدھا چلنا۔ هو سَارِبٌ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍ بِاللَّيْلِ وَسَارِبٌ بِالنَّهَارِ"
ـــ فی حاجته: اپنی ضرورت کے لئے نکلنا۔
ـــ المَاءُ والعَيْنُ: بہنا۔
ـــ القِرْبَةَ: مشکیزہ کو سینا۔
سَرِبَ المَاءُ ـَ سَرَبًا: پانی بہنا۔ هو سَرِبٌ۔
أَسْرَبَ المَاءَ: پانی بہانا۔
سَرَّبَ السَّرَبَ: خفیہ راستہ بنانا۔
ـــ الشيءَ: ٹکڑے ٹکڑے کر کے چھوڑنا یا بھیجنا۔ پرندوں کی ٹکڑیاں بنانا، جانوروں کو گروہ گروہ کر کے بھیجنا۔
ـــ اليه الشيءَ: کسی کے پاس کوئی چیز ٹکڑے ٹکڑے کر کے بھیجنا۔
ـــ عليه الإِبِلَ والخَيْلَ: کسی کے پاس گھوڑے یا اونٹ تھوڑی تھوڑی تعداد میں بھیجنا۔
ـــ المَاءَ: پانی بہانا۔
انْسَرَبَ المَاءُ: پانی بہنا۔
ـــ فی جُحْرِهِ: بل میں گھس جانا۔
تَسَرَّبَ: انْسَرَبَ۔
ـــ من الشَّرابِ: سیر ہو جانا۔
ـــ القَوْمُ فی الطَّرِيقِ: راستے میں لوگوں کا آگے پیچھے چلنا۔
ـــ الخَبَرُ الى: خبر پہنچنا۔
ـــ الشَّيءُ الى النَّفْسِ: دل میں اترنا، ذہن میں اترنا۔
ـــ الشَّيءُ فی الشيءِ: سرایت کرنا۔
ـــ المعلوماتُ عن شيءٍ: معلومات پہنچنا، لیک ہونا۔
ـــ المَاءُ فی الأَرْضِ: پانی کا زمین میں خشک ہو جانا، جذب ہو جانا۔
ـــ الوَبَاءُ الى: وبا پھیلنا۔
الأَسْرَبُ: سیسہ۔
السَّارِبُ: صاف، ظاہر، سیدھا جانے والا (۲) کھسکنے والا، سٹک جانے والا (۳) بل میں گھسنے والا۔
السَّرَابُ: وہ ریت جو دوپہر کو جنگل بیابان میں دھوپ کی شدت سے پانی جیسی معلوم ہو (۲) بے حقیقت چیز، فریب کہتے ہیں: هو أَخْدَعُ من السَّرَابِ: وہ سراب سے زیادہ پر فریب اور جھوٹا ہے۔
السَّرَبُ: خفیہ راستہ، پانی کے اندر کا راستہ قرآن پاک میں ہے "فَاتَّخَذَ سَبِيلَهُ فِي البَحْرِ سَرَبًا" (۲) زمین دوز راستہ جو آر پار نہ ہو، تہ خانہ (۳) جنگلی جانور کا بل یا سوراخ (بھٹ) (۴) زمین دوز نالا جس سے باغ وغیرہ میں پانی پہنچتا ہو (۵) مشکیزہ سے بہنے والا پانی ج: أَسْرَابٌ
السِّرْبُ: جانوروں اور پرندوں کا گروہ، بڑی تعداد (۲) دل (۳) نفس۔ هو آمِنُ السِّرْبِ و آمِنٌ فی سِرْبِهِ: اس

کادل مطمئن ہے یا وہ اپنے بال بچوں
اور مال و دولت کی طرف سے مطمئن
ہے (۴) سینہ ۔ ھو واسعُ السِّرب:
وہ کشادہ دل ہے (۵) راستہ، رخ
کہتے ہیں: خَلِّ سِربَہُ ج: اَسرابٌ
سِربٌ من الحیوانات: جانوروں
کا گلہ۔
ـــ من الظِّباءِ: ہرنوں کی ڈار۔
ـــ من الطُّیور: پرندوں کا جھنڈ۔
ـــ من النِّساء: عورتوں کی ٹکڑی،
جماعت (ہرنوں سے مشابہت کیلئے)
ـــ من النَّخل: کھجور کے درختوں کا
جھنڈ۔
ـــ من الطَّائرات: ہوائی جہازوں
کی ٹکڑی، کھیپ، اسکوڈرن۔
السَّربُ: مویشی، چوپائے (۲) راستہ، رخ
(۳) سینہ ج: سُرُوبٌ۔
السُّربَۃُ: جانوروں کا ریوڑ (۲) پرندوں
کا جھنڈ (۳) فوجیوں کی جماعت جو
فوجی پڑاؤ سے خفیہ طور پر یورش کیلئے
نکلے اور یورش کے بعد واپس آجائے
(۴) سینہ سے ناف تک بالوں کی باریک
دھاری (۵) راستہ۔ کہتے ہیں: ھو
قریبُ السُّربَۃِ: وہ اپنی ضرورت
کے لئے جلد راستہ طے کرلیتا ہے۔
ھو بعیدُ السُّربَۃِ: اسکی ضرورت
پوراکرنے کی راہ دراز ہے ج: سُرَبٌ۔
السَّرَبَۃُ: قریبی سفر (۲) مشک کی سیون۔
المَسرَبُ: نکلنے یا جانے کی جگہ، بہنے کی جگہ،
راستہ ج: مَسَارِبُ۔
مَسَارِبُ الحَیَّاتِ: وہ مقامات
جہاں سانپوں کے رینگنے کے نشانات ہوں۔
المَسرُبَۃُ: سینہ سے ناف تک کے باریک
بال (۲) بالاخانہ کی بالکنی ج: مَسَارِبُ
المَسرُبَۃُ: سینہ سے ناف تک باریک بال
(۲) چراگاہ ج: مَسَارِبُ۔
المُنسَرِبُ: تیز بہنے والا پانی۔
سَربَخَ: دوپہر کو چلنا، آرام سے چلنا،
چست ہونا۔
السَّربَخُ: بیابان، لق ودق صحرا۔
• سَربَلَہُ السِّربالَ: کرتا پہنانا۔
حدیث عثمان رضؓ میں ہے: "لا اَخلعُ
سِربالاً سَربَلَنیہ اللّٰہُ"
تَسَربَلَ بالسِّربالِ: کرتا پہننا۔
السِّربالُ: کرتا (۲) زرہ (۳) لباس
ج: سَرَابِیلُ۔ قرآن پاک میں ہے:
"وجَعَلَ لَکُم سَرَابِیلَ
تَقِیکُمُ الحَرَّ وسَرَابِیلَ تَقِیکُم
بأسَکُم"
• سَرَجَ فُلانٌ ـُ سَرجًا و سَرَجَ
فُلانٌ الکَذِبَ: جھوٹ بولنا۔
ـــ المَرأۃُ شَعرَھا: بال گوندھنا،
چوٹی بنانا۔
سَرِجَ ـَ سَرَجًا: خوب رو ہونا، چمکدار
چہرہ والا ہونا (۲) جھوٹا ہونا، جھوٹ
بولنا۔
أسرَجَ السِّراجَ: چراغ جلانا۔
ـــ الشَّیءَ: خوبصورت بنانا، آراستہ کرنا۔
ـــ الفَرَسَ: گھوڑے پر زین کسنا۔
سَرَّجَ الشَّیءَ: آراستہ کرنا، خوبصورت
بنانا۔
ـــ الاحادیثَ: گفتگو کو جھوٹ سے
آراستہ کرنا، گھڑنا، باتیں بنانا۔
ـــ اللّٰہُ فُلانًا: اللہ کا کسی کو توفیق
دینا، کامیاب بنانا۔
ـــ المَرأۃُ شَعرَھا: عورت کا بالوں
کی چوٹی بنانا۔
ـــ الثَّوبَ: لمبے ٹانکے لگانا، نگندے
ڈالنا۔
استَسرَجَ السِّراجَ: چراغ روشن کرنا
تَسَرَّجَ علیہ: کسی کے متعلق بدگمانی کرنا۔
السَّارِجُ: روشن، آراستہ۔ جَبِینٌ سَارِجٌ:
روشن جبیں۔
السِّراجُ: چراغ، روشن چراغ ج: سُرُجٌ
سِراجُ اللَّیلِ: جگنو۔
السِّرَاجَۃُ: زین سازی، زین فروشی،
(۲) لمبے ٹانکوں کی سلائی، نگندوں
کی سلائی۔
السَّرجُ: زین ج: سُرُوجٌ۔
السَّرَّاجُ: زین فروش، زین ساز (۲)
بہت جھوٹا۔ کہتے ہیں: ھو سَرَّاجٌ
مَرَّاجٌ: وہ جھوٹا اور دغاباز ہے۔
سُرَیجٌ: ایک مشہور عرب لوہار جس کی
طرف سریجی تلواریں منسوب ہیں۔
السِّیرَجُ: تلوں کا تیل۔
المِسرَجَۃُ: چراغ، لیمپ ج: مَسَارِجُ
المَسرَجَۃُ: شمع دان، لیمپ اسٹینڈ ج:
مَسَارِجُ۔
• سَرجَنَ الأرضَ: زمین میں کھاد ڈالنا
السِّرجِینُ: گوبر، لید، کھاد (سرگین کا
معرب)۔
• سَرَحَ ـَ سَرحًا و سُرُوحًا: صبح کو
نکلنا، جانا۔
ـــ السَّیلُ: سیلاب کا آہستہ آہستہ آنا۔
ـــ المَاشِیَۃُ: مویشی کا چراگاہ میں چرنا
ـــ الشَّیءَ سَرحًا: چھوڑنا۔
ـــ ما فی صَدرِہِ: دل کی بات ظاہر کرنا
ـــ المَاشِیَۃَ: مویشی کو چرانا، چرنے کیلئے
چھوڑنا۔
ـــ اللّٰہُ فُلانًا: اللہ کا کسی کو توفیق دینا
ـــ فی أعراضِ النَّاسِ: لوگوں کی غیبت
کرنا۔
سَرِحَ ـَ سَرَحًا: اپنے معاملات کیلئے
سہولت سے جانا، نکلنا۔
سَرَّحَ الشَّیءَ: چھوڑنا، بھیجنا۔

سَرَّحَ الرَّسُوْلَ : اپنی ضرورت کے لئے قاصد بھیجنا۔
ـــ الشَّعْرَ : بالوں میں کنگھا کرنا، بالوں کو کنگھی سے سلجھانا۔
ـــ فُلَانًا الی موضع کذا : کسی کو کسی جگہ بھیجنا، روانہ کرنا۔
ـــ المَرْأَةَ : طلاق دینا۔ قرآن پاک میں ہے "فَتَعَالَیْنَ اُمَتِّعْکُنَّ وَاُسَرِّحْکُنَّ سَرَاحًا جَمِیْلًا"
ـــ العَامِلَ : کارکن کو برطرف کرنا، ہٹانا، سبکدوش کرنا۔
ـــ المَاشِیَةَ : مویشی کو چرانا۔
ـــ الشَّیْءَ : آسان بنانا۔
ـــ عَنْهُ الشَّیْءَ : کسی کا غم دور کرنا، ازالۂ کلفت کرنا۔
ـــ اللّٰهُ العَبْدَ لِلخَیْرِ : اللہ کا بندہ کو نیکی کی توفیق دینا، راہ آسان کرنا۔
ـــ القَوْمَ : لوگوں کو آزاد چھوڑنا، رہا کرنا۔
ـــ الجَیْشَ : فوج کو ختم کردینا، توڑ دینا
ـــ الجُنُوْدَ : سپاہیوں کو آزاد کرنا۔
ـــ الخُطٰی لکذا : رفتار کا تیز کرنا، کسی کام میں جلدی کرنا۔
اِنْسَرَحَ فُلَانٌ : ننگا ہونا (کپڑے اتارنا) (۲) تیز رفتار ہونا۔
تَسَرَّحَ من المَکَانِ : نکلنا، جانا۔
ـــ عنه کذا : منکشف ہونا، رہائی ملنا۔
التَّسْرِیْحُ : رہائی (۲) برطرفی (۳) طلاق (۴) سہولت کاری۔
التَّسْرِیْحَةُ : بالوں کی ہیئت جو کنگھا کرنے کے بعد ہو، بالوں کی مانگ، پٹی۔
السَّارِحُ : چرواہا (۲) مویشی۔ سَارِحُ الفِکْرِ : پراگندہ ذہن، پریشان خیال، آزاد خیال۔
السَّارِحَةُ : مویشی۔ کہتے ہیں : مَالَهُ سَارِحَةٌ وَلَا رَائِحَةٌ : اس کے پاس کچھ نہیں ہے۔
السَّرَاحُ : آزادی، رہائی (۲) سہولت (۳) طلاق۔ کہتے ہیں: اَفْعَلُ ذٰلِكَ فی سَرَاحٍ وَرَوَاحٍ : میں وہ کام آسانی کے ساتھ کرتا ہوں۔
اَطْلَقَ سَرَاحَهُ : رہا کرنا، آزاد کرنا
السَّرْحُ : مویشی (تسمیة بالمصدر) جو صبح چراگاہ جاکر شام کو واپس آتے ہوں (۲) لمبے اور بڑے درخت واحد: سَرْحَةٌ (۳) گھر کا صحن۔
السُّرُحُ : آسان، نرم، مِشْیَةٌ سُرُحٌ : سبک رفتار۔ وَلَدَتْهُ سُرُحًا : اسے آسانی سے جنا۔ عَطَاءٌ سُرُحٌ : مکمل عطیہ۔ فَرَسٌ سُرُحٌ : تیز رفتار گھوڑی۔
السِّرْحَانُ : بھیڑیا۔ ذَنَبُ السِّرْحَانِ : صبح کاذب۔
سِرْحَانُ الحَوْضِ : حوض کا درمیانی حصہ ج: سَرَاحِیْنُ وَسَرَاحٍ وَسَرَاحٌ۔
السَّرُوْحُ : (من الابل والخیل) تیز رفتار اونٹ اور گھوڑے ج: سُرُحٌ۔
السَّرِیْحُ : آسان، سہل (۲) عجلت، جلدی۔ کہتے ہیں : لا یکون ذٰلِكَ الا فی سَرِیْحٍ : ایسا جلدی ہی میں ہو سکتا ہے (۳) جلدی کیا ہوا، عجلت سے کیا ہوا۔ کہتے ہیں: خَیْرُكَ سَرِیْحٌ وخَیْرُكَ فی سَرِیْحٍ : تمہارا فائدہ جلد دیئے ہوئے میں ہے (۴) تسمہ جسے لوگ اپنی کلائی پر باندھ لیتے ہیں۔
ـــ من الخَیْلِ : برہنہ پیٹھ گھوڑا (جس کی کمر پر زین نہ ہو۔
السَّرِیْحَةُ : چیتھڑا، کپڑے کا ٹکڑا (۲) جوتا وغیرہ سینے کا تسمہ (۳) بہے ہوئے خون کی لمبی خشک دھاری ج: سَرِیْحٌ وسَرَائِحُ (۴) تنگ جگہ میں ہموار راستہ جس میں نسبتاً پودے وغیرہ زیادہ ہوں ج: سَرَائِحُ۔
المَسْرَحُ : چراگاہ (۲) چلنے کی جگہ (۳) تھیٹر، تماشہ گاہ (۴) اسٹیج (ڈرامہ وغیرہ کا)۔ (۵) میدان (۶) اکھاڑا ج: مَسَارِحُ۔
مَسْرَحُ النظر : جولانگاہ۔
المِسْرَحُ : کنگھا، کنگھی ج: مَسَارِحُ۔
المِسْرَحَةُ : المِسْرَحُ ج: مَسَارِحُ۔
المَسْرَحِیَّةُ : ڈرامہ (وہ کہانی جو شخص کرکے دکھائی جائے)۔
المُنْسَرِحُ : شعر کی ایک بحر جس پر بہت کم اشعار کہے جاتے ہیں اس کا وزن یہ ہے
مستفعلن مفعولات مستفعلن
السُّرْحُوْبُ : گیٹھر۔ متناسب الاعضاء لمبا آدمی۔
السِّرْحَالُ : بھیڑیا۔
• سَرَدَ الشَّیْءَ ـُ سَرْدًا : سوراخ کرنا۔
ـــ الجِلْدَ : چمڑے کو سینا۔
ـــ الدِّرْعَ : زرہ بننا (ایک حلقہ کو چیر کر اس میں دوسرا حلقہ پھنسانا) قرآن پاک میں ہے "اَنِ اعْمَلْ سَابِغَاتٍ وَقَدِّرْ فی السَّرْدِ"
ـــ الشَّیْءَ : جاری رکھنا، لگاتار کرنا۔ جیسے : سَرَدَ الصَّوْمَ۔
ـــ الحَدِیْثَ : تسلسل اور ترتیب سے کلام کرنا، بات بیان کرنا۔
ـــ القِصَّةَ : تفصیل سے واقعہ بیان کرنا۔
ـــ الشَّوَاهِدَ : تفصیل سے دلائل بیان کرنا۔
سَرِدَ ـَ سَرَدًا : مسلسل روزے رکھنے والا

ہونا۔
أَسْرَدَ الشَّیْءَ: سوراخ کرنا (۲) سینا۔
سَرَّدَہٗ: سوراخ کرنا (۲) سلائی کرنا۔
ــــ الدِّرْعَ: زرہ بنا۔
ــــ النَّخْلُ: درخت خرما کا پانی نہ ملنے سے مرجھا جانا۔
تَسَرَّدَ الشَّیْءُ: لگاتار ہونا۔
ــــ الدُّرُّ: موتیوں کا ترتیب وار ہونا
ــــ الدَّمْعُ: لگاتار آنسو گرنا۔
ــــ الماشی: مسلسل چلنا۔
ــــ الحَدِیْثُ: گفتگو کا مسلسل اور مرتب ہونا۔
السَّارِدُ: سلائی کرنے والا۔
السِّرَادُ: برما (۲) سنہ آری یا ستواں۔
السَّرَادُ: بہت ہری کھجور۔
السَّرْدُ: زرہ، زرہ کے حلقے، کڑیاں (تسمیة بالمصدر) (۲) تفصیل، بیان۔ شیءٌ سَرْدٌ: مسلسل لگاتار ترتیب وار۔
السَّرَدُ: السَّرْدُ۔
السَّرَّادُ: زرہ ساز، کڑے اور حلقے بنانے والا۔
المِسْرَدُ: برما (۲) ستاری، سلائی اور سوراخ کرنے کا آلہ (۲) زبان۔
ماشٍ مِسْرَدٌ: مسلسل قدم اٹھاکر چلنے والا ج: مَسَارِدُ۔
السِّرْدَابُ: تہ خانہ (۲) سرنگ ج: سَرَادِیْبُ۔
السِّرْدَاحُ: کیلے کے درختوں کا جھنڈ (۲) لمبی اور پر گوشت اونٹنی۔
السِّرْدَارُ: سردار لشکر، فوجیوں کا کمانڈر۔
• سَرْدَقَ البَیْتَ: گھر کے چاروں طرف پردے لگانا، شامیانہ لگانا۔
السُّرَادِقُ: خیمہ، شامیانہ، پنڈال (۲) چاروں طرف سے گھیرنے والی دیوار یا پردہ وغیرہ (۳) چھایا ہوا گرد وغبار یا دھواں وغیرہ۔
• السَّرْدِیْنُ: جزیرہ سردینیہ کی طرف منسوب ایک مچھلی جسے نمک لگاکر ڈبوں میں پیک کیا جاتا ہے۔
• سَرَّہٗ ـُ سُرُوْرًا و مَسَرَّةً: خوش کرنا۔
ــــ فُلانًا سَرًّا: گلدستہ پیش کرکے استقبال کرنا یا مبارکباد دینا۔
ــــ الصَّبِیَّ: بچہ کی نال کاٹنا۔
ــــ فُلانًا: کسی کی ناف پر نیزہ مارنا۔
ــــ الشَّیْءَ: چھپانا۔
سَرَّ ـَ سَرَرًا و سَرًّا: ناف کی تکلیف میں مبتلا ہونا۔ هو أَسَرُّ و هی سَرَّاءُ ج: سُرٌّ۔
أَسَرَّہٗ: چھپانا، پوشیدہ رکھنا۔
ــــ الیه الحَدِیْثَ: کسی کو کوئی بات پہنچانا۔ قرآن پاک میں ہے: ”وإذْ أَسَرَّ النَّبِیُّ إلی بَعْضِ أَزْوَاجِه حَدِیْثًا“ (۲) کسی سے خفیہ بات کرنا
ــــ الیه المَوَدَّةَ و بالمَوَدَّةِ: کسی سے اظہار تعلق ومحبت کرنا، قرآن پاک میں ہے: ”تُسِرُّوْنَ إلَیْهِمْ بالمَوَدَّةِ“
ــــ السِّرَّ: بھید چھپانا (۲) بھید کھولنا
سَارَّہٗ مُسَارَّةً و سِرَارًا: کسی سے رازدارانہ بات کرنا، سرگوشی کرنا (۲) کسی کو راز بتانا۔
سَرَّرَہٗ الماءُ: پانی کا ناف تک پہنچنا۔
اسْتَسَرَّ: چھپنا، پوشیدہ ہونا۔ کہتے ہیں: اسْتَسَرَّ القَمَرُ: چاند کا مہینہ کی آخری رات میں یا دو راتوں میں پوشیدہ رہنا۔
ــــ الأَمْرُ: معاملہ کا پوشیدہ اور خفیہ رہنا، راز میں رہنا۔
ــــ فُلانًا: کسی کو اپنا راز بتانا۔
اسْتَسَرَّ الجَارِیَةَ: لڑکی کو لونڈی (مملوکہ باندی) بنانا۔
تَسَارُّوا: باہم سرگوشی کرنا، کانا پھوسی کرنا
تَسَارَّ الی کذا: کسی چیز سے مطمئن اور خوش ہونا، لطف لینا۔
تَسَرَّرَ الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹ جانا، ٹکڑے ٹکڑے ہوجانا۔
ــــ فُلانٌ: لونڈی (باندی) بنانا، باندی والا ہوجانا۔
ــــ بِنْتَ فُلانٍ: کسی کی لڑکی سے اس کے مال کی قلت اور اپنے مال کی کثرت کی بناپر شادی کرنا درحالیکہ خود کم ذات اور منکوحہ اعلیٰ ذات ہو ایسے موقع پر تَسَرَّی بھی کہا جاتا ہے۔
الأَسَارِیْرُ: ہتھیلی، پیشانی اور چہرہ کے خطوط۔ اس کا واحد أَسْرَارٌ ہے (۲) چہرہ کی خوبیاں (۳) دونوں رخسار، گال۔ کہتے ہیں: أَبْرَقَتْ أَسَارِیْرُ وَجْهِه: اس کا چہرہ چمک اٹھا۔
الأَسَرُّ: أَسَرُّ الرَّجُل: کسی کا مخصوص ہمراز جو اس کے ہر معاملہ میں دخیل رہتا ہو۔
السَّارُّ: خوش کن، دلچسپ۔
السَّرَارُ: سَرَارُ الشَّهْرِ: مہینہ کی آخری رات۔
سَرَارُ الحَسَب: خالص وافضل نسب
سَرَارُ الوَادِي: وادی کا بیچ اور عمدہ حصہ
السِّرَارُ: سِرَارُ الشَّهْرِ: مہینہ کی آخری رات۔
سِرَارُ الأَرْضِ: زمین کا درمیانی حصہ (۲) ہتھیلی کے اندر کی لائنیں اور پیشانی وچہرہ کے خطوط۔
السَّرَارَةُ: سَرَارَةُ الأَرْضِ: زمین کا بہتر وافضل حصہ ج: سَرَارٌ۔
سَرَارَةُ الحَسَب: نسب کی بلندی وافضلیت

نسب کا بے داغ پن ۔ کہتے ہیں: بِسِرٌّ
بَيِّنُ السَّرَارَة: بے داغ حقیقت یا
اصل ۔
السِّرُّ: راز، بھید (۲) اصل، ہر شئی کی حقیقت
اس کا مغز (۳) ہر شئے کا اعلیٰ وافضل حصہ
کہتے ہیں: سِرُّ الوادی وسِرُّ الأرضِ:
وادی اور زمین کا اعلیٰ حصہ (۴) دل میں
ٹھانی ہوئی بات ۔ أعْطَاهُ سِرَّ الشئِ:
اس نے خالص چیز عطا کی ح: أسْرَارٌ
و سِرَارٌ ۔
سِرُّ النَّسَب: خالص اور اعلیٰ وافضل نسب۔
هو فی سِرِّ قَوْمِه: وہ اپنی قوم کے
بہتر لوگوں میں ہے ۔ هو سِرُّ هذا
الأمْرِ: وہ اس معاملہ کا واقف کار ہے
وُلِدَ له ثَلاثَةٌ علی سِرٍّ واحِدٍ:
یعنی اس کے تین لڑکے ہوئے جن میں کوئی
لڑکی شامل نہیں ۔
صُدُورُ الأحْرارِ قُبُورُ الأسْرارِ:
شریف لوگوں کے سینے بھیدوں کی قبریں
ہوتے ہیں (یعنی راز ان کے دلوں میں
مدفون ہوتے ہیں)۔
السِّرُّ المُبْهَمُ: سربستہ راز۔
سِرُّ التُّجَّار: چیف مرچنٹ، سب سے
بڑا تاجر۔
سِرُّ عَسْکَرٍ: فیلڈ مارشل۔
کاتِمٌ او کاتِبُ السِّرِّ: پرائیویٹ
سکرٹری ۔
سِرًّا: خفیہ طور پر، چپکے چپکے، آہستہ سے،
خاموشی سے ۔
السِّرِّی: خفیہ، رازدارانہ، پوشیدہ ۔
سِرِّیٌّ للغایة: انتہائی خفیہ۔
البولیسُ السِّرِّی: خفیہ پولس ۔
حِبْرٌ سِرِّیٌّ: خفیہ روشنائی۔
السِّرِّیَّة: رازداری ۔
السِّرُّ: ہتھیلی، پیشانی اور چہرہ کے خطوط
(۲) نومولود بچہ کی نال جسے کاٹا جاتا ہے
ح: أسْرارٌ ۔ کہتے ہیں: عَرَفْتُ
ذٰلِكَ قَبْلَ ان يُقْطَعَ سُرُّكَ
السِّرَرُ: نوزائیدہ بچہ کی ناف کا کاٹا ہوا
حصہ ح: أسِرَّةٌ وأسْرَارٌ ۔
لَيْلَةُ السِّرار: مہینہ کی آخری رات
کہتے ہیں: وُلِدَ لَهُ ثَلاثَةٌ علی
سِرَرٍ واحِدٍ: اس کے تین بچے
پیدا ہوئے جن میں کوئی بچی نہیں تھی۔
السَّرَرُ: نوزائیدہ بچہ کی ناف کا کاٹا جانے
والا حصہ ۔
سَرَرُ الشَّهْرِ: مہینہ کی آخری رات ح:
أسْرَارٌ ۔
السَّرَّاءُ: خوش حالی، آسودگی، خوشی،
مسرت وشادمانی (۲) کھوکھلی نہر (۳)
عمدہ زمین ۔
السُّرَّةُ: ناف، نال ح: سُرَرٌ ۔
سُرَّةُ الرَّوْضَةِ: باغ میں عمدہ روئیدگی
کی جگہ ۔
سُرَّةُ الوادی: وادی کا بیچ، عمدہ حصہ
سُرَّةُ الحَوْضِ: حوض کا درمیانی حصہ
جہاں پانی ٹھیرا رہے ۔
سُرَّةُ البِذْرَة: بیج کا وہ نکتہ جو زمین سے
مل کر اگنے کی طاقت حاصل کرتا ہے
ح: سُرَرٌ ۔
السَّرَّةُ: گل دستہ ۔
السِّرِّيرُ: دوستوں کو خوش رکھنے والا
اور ان کے ساتھ بھلائی کرنے والا ۔
السُّرِّيَّةُ: مملوکہ لونڈی، باندی ح:
سَرارِیُّ ۔
السُّرُورُ: خوشی، مسرت، فرحت ۔
السَّرِيرُ: تخت، چارپائی، بیڈ (۲) میت
کی چارپائی (جس پر میت کو نہ رکھا
گیا ہو) میت کو رکھنے کے بعد نَعْش
کہا جائے گا ۔
سَرِيرُ الرَّأسِ: گردن کا وہ حصہ جس پر
سر ٹکا ہوا ہوتا ہے ح: سُرُرٌ وأسِرَّةٌ
السَّرِيرَةُ: راز، بھید (۲) نیت (۳) دل
کی بات، حقیقت پنہاں ح: سَرائِرُ
طَيِّبُ السَّرِيرَة: نیک نیت، خوش باطن
پاک طینت ۔
المَسَرَّةُ: نازبو کی شاخیں (۲) خوشی ح:
مَسَارٌّ ۔
المِسَرَّةُ: (الهاتِف) ٹیلیفون ۔
المَسْرُورُ: خوش، مگن ۔
• سَرِسَ ـَ سَرَسًا: بد خلق ہونا (۲)
بے عقلی کے بعد عقلمند ہونا، جہالت کے
بعد دانا ہونا ۔ هو سَرِسٌ ۔
• سَرْسَرَ الشَّفْرَةَ: دھار تیز کرنا ۔
السُّرْسُورُ: دانا ہوشیار جو معاملات میں
بہت دخیل رہتا ہو ۔ کہتے ہیں: هو
سُرْسُورُ مالٍ: وہ مال کا صحیح تصرف
کرنے والا ہے ۔
• السُّرْسُوبُ: ولادت کے بعد کا پہلا
دودھ، کھیس، اس کی فصیح عربی
اللِّبَاءُ ہے ۔
السِّرْسَامُ: سرسام، دماغ کے پردہ میں
ورم ہو جانے سے دائمی بخار ہو جاتا ہے
جس سے طرح طرح کی شکایات جیسے
بے خوابی انتشار ذہن وغیرہ پیدا ہو جاتی
ہیں ۔
• سَرِطَهُ ـَ سَرَطًا: نگلنا ۔
سَرَطَهُ ـُ سَرْطًا: نگلنا ۔
اسْتَرَطَهُ: سَرَطَهُ ۔
انْسَرَطَ الطَّعامُ فی حَلْقِه: کھانا حلق
سے بآسانی اتر جانا، نگلا جانا ۔
تَسَرَّطَهُ: سَرَطَهُ ۔
السِّرَاطُ: کھلا ہوا صاف راستہ ۔
السُّرَاطُ: سَيْفٌ سُرَاطٌ: تیز تلوار ۔
السُّرَطُ: بڑے لقمے نگلنے والا (۲) تیز دوڑنے والا ۔

السَّرَطَانُ: دس پیروں والا بحری جانور، کیکڑا (۲) آسمان میں ایک برج کا نام (۳) کینسر۔ ایک پھوڑا جس میں کیکڑے کی رگوں کی طرح شاخیں ہوتی ہیں۔ غدودی خلیات ظاہرہ میں ایک خطرناک ورم جو قریبی النسیج میں پھیل جاتا ہے۔
السَّرِيطُ: فالودہ (۲) کھجور اور گھی سے بنا یا ہوا حلوا۔
المِسْرَطُ: نگلنے کی نالی، حلق ج: مَسَارِطُ۔
•سَرِعَ ـَ سَرَعًا: تیز رفتار ہونا، جلدی کرنا (ضد: بَطُؤَ) هو سَرِعٌ و سَرْعَان و هي سَرْعَى۔
سَرُعَ ـُ سَرَاعَةً و سُرْعَةً و سِرَعًا: سَرِعَ۔ هو سريع ج: سِرَاعٌ و سُرْعَانٌ۔ هي سَرِيْعَةٌ ج: سِرَاعٌ۔
أَسْرَعَ: جلدی کرنا، لپکنا۔
أَسْرَعَ السَّيْرَ و فيه: تیز چلنا۔
ـــ في العَمَلِ: کام کو جلدی کرنا۔
ـــ الى كذا: کسی چیز کی طرف لپکنا۔
سَارَعَ الى كذا: سبقت کرنا، لپکنا۔
تَسَارَعَ: سَارَعَ۔
تَسَرَّعَ: سارَعَ۔
أَسْرَعُ: بہت تیز۔ أَسْرَعُ ما يَجِبُ: ضرورت سے زیادہ تیز۔ بِأَسْرَعِ ما يمكن: جس قدر جلدی ممکن ہو
الأُسْرُوعُ: أَسَارِيع کا واحد۔ انگور کی جڑ میں نکلنے والی پہلی کونپل (۲) دانتوں سے نکلنے والا پانی (۳) سرخ سر کے سفید کیڑے جن سے عورتوں کی انگلیوں کو تشبیہ دیجاتی ہے
أَسَارِيعُ الذَّهَبِ: سونے پر پڑی ہوئی لکیریں۔
السُّرَاعُ: تیز رفتار۔
السِّرْعُ: ہر تر لکڑی یا شاخ ج: سُرُوعٌ
سَرْعَان: تیز رفتار۔

سُرْعَانَ: (اسم فعل) جلدی کر (۲) کس قدر تیز۔
سَرْعَانَ مَا: (اسم فعل) سَرْعَانَ ما فَعَلْتُ كذا: میں نے یہ بہت جلد کیا۔ سَرْعَانَ ما فَعَلْتَ كذا: تعجب کے لئے! تم نے یہ کام کتنا جلد کیا
السَّرَعَانُ: سَرَعَانُ النَّاسِ: کسی کام میں سبقت لے جانے والے پہلے لوگ۔
سَرَعَانُ الخَيْلِ: آگے رہنے والے گھوڑے
السَّرِيعُ: تیز رو، تیز رفتار، اکسپریس (۲) مسواک کے درخت سے گرنے والی شاخ ج: سِرْعَان (۳) شعر کی ایک بحر جس پر قدیم و موجودہ دور میں بہت کم اشعار کہے گئے ہیں اس بحر میں ایک مصرع کا وزن یہ ہے: مُسْتَفْعِلُنْ مُسْتَفْعِلُنْ فَاعِلُنْ
السُّرْعَةُ: رفتار (۲) تیزی، تیز رفتاری عجلت۔
سُرْعَةٌ كالبَرْقِ: بجلی کی سی تیزی۔
تَهْدِئَةُ السُّرْعَةِ: رفتار کم کرنا
المِسْرَعُ و المِسْرَاعُ: جلد باز، تیز رفتار
السَّرْعُوعُ: تر و تازہ شاخ (۲) باریک اور لمبا (۳) نرم و نازک جوان۔ هي سَرْعُوعَةٌ۔
•سَرِفَتِ السُّرْفَةُ الشَّجَرَةَ ـَ سَرَفًا: ریشم کے کیڑے کا درخت کے پتوں کو کھاجانا۔
ـــ الأُمُّ وَلَدَهَا: ماں کا بچہ کو دودھ پلانے کی کثرت سے بیمار کر دینا۔
سَرِفَ الطَّعَامُ ـَ سَرَفًا: کھانے کی چیز کا اس طرح خراب ہو جانا جیسے اس میں کیڑا پڑ گیا ہو۔ فالطَّعامُ سَرِفٌ۔
ـــ الشيءَ: غفلت برتنا، نظرانداز کرنا

(۲) خطا کرنا۔ حدیث میں ہے: "أَرَدْتُكُمْ فَسَرِفْتُكُمْ" (۳) لاعلم و ناواقف ہونا۔
سَرِفَ القومَ: لوگوں سے گزرنا، آگے نکلنا۔
أَسْرَفَ: حد سے بڑھنا۔ جیسے: أَسْرَفَ في مالِه: اس نے مال کو فضول خرچ کیا۔
ـــ في الكلامِ: ضرورت سے زیادہ بولنا
ـــ في القتلِ: مار ڈالنے میں حد سے تجاوز کرنا۔
ـــ الرَّجُلُ: غافل ہونا (۲) غلطی کرنا (۳) ناواقف ہونا۔
الإسْرَافُ: فضول خرچی، حد سے تجاوز
السَّرَفُ: کسی چیز کی حدت اور اس کی شدید خواہش۔ حدیث عائشہؓ میں ہے: "إنَّ لِلَّحْمِ سَرَفًا كَسَرَفِ الخَمْرِ" (۲) حد سے تجاوز۔
سَرَفُ الماءِ: بیکار اور ضائع ہونے والا پانی۔ کہتے ہیں: ذَهَبَ هذا الماءُ سَرَفًا: یہ پانی بیکار گیا۔
السَّرِفُ: سَرِفُ العَقْلِ: کم عقل، بے عقل۔
سَرِفُ الفُؤَادِ: غافل آدمی۔
مَكَانٌ سَرِفٌ: بہت کیڑوں والی جگہ
أَرْضٌ سَرِفَةٌ: کیڑوں والی زمین
السُّرْفَةُ: ریشم کا کیڑا ج: سُرَفٌ۔
السَّرُوفُ: بہت بڑا اور سخت۔
السَّرِيفُ: انگور کی بیل کی ایک لائن۔
المُسْرِفُ: فضول خرچ (۲) حد سے تجاوز کرنے والا، راہ اعتدال سے ہٹنے والا۔
•سَرَقَ منه مالاً و سَرَقَةً مالاً ـِ سَرَقًا و سَرِقَةً: کسی کا مال چرانا خفیہ طور پر لے لینا۔ هو سارِق ج: سَرَقَةٌ و سُرَّاقٌ۔ و هو سَرُوقٌ ج: سُرُقٌ۔ و هو

سَرُوْقَةٌ ایضاً (تا مبالغہ کی ہے)
سَرَقَ السَّمْعَ: چپکے سے سننا، پوشیدہ طور پر سننا۔
— النَّظَرَ الی: چپکے چپکے دیکھنا، دزدیدہ نگاہوں سے دیکھنا۔
سَرَقَتْنِی عَیْنِی: میں سوگیا۔
سُرِقَ صَوْتُهٗ: آواز بیٹھنا۔ هو مَسْرُوْقٌ۔
سَرِقَ ـَ سَرَقًا: پوشیدہ ہونا (۲) کمزور ہونا۔
سَارَقَهٗ النَّظَرَ و سَارَقَ النَّظَرَ الیه: کسی کو دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا یعنی ایسا موقع پاکر دیکھنا کہ وہ نہ دیکھ سکے۔
— السَّمْعَ: کسی کی بات چوری سے سننا۔
سَرَّقَ الشَّیْئَ: سَرَقَه۔
— فُلَانًا: کسی کو چور ٹھیرانا۔
اِسْتَرَقَ الشَّیْئَ: سَرَقَه۔ اِسْتَرَقَ۔
— النَّظَرَ و السَّمْعَ: چوری سے دیکھنا، سننا۔
اِنْسَرَقَ: سست اور دھیما ہونا، کمزور ہونا۔ جیسے: اِنْسَرَقَ صَوْتُه و اِنْسَرَقَتْ مَفَاصِلُه و قُوَّتُهٗ۔
— عن القوم: خفیہ طور پر جانے کے لئے پیچھے رہ جانا۔
تَسَرَّقَ: تھوڑا تھوڑا چرانا۔
— النَّظَرَ و السَّمْعَ: چوری سے بار بار سننا یا دیکھنا۔
السَّارِقُ: چور ج: سَرَقَة و سُرَّاق۔
السَّارِقَةُ: پیروں میں ڈالنے کی بیڑی یا بیڑی کی کیل ج: سَوَارِق۔
السُّرَاقَةُ: چرائی ہوئی چیز۔ کہتے ہیں: هذه سُرَاقَةُ فُلَانٍ۔
السَّرَقُ: ریشمین کپڑے کے ٹکڑے یا عمدہ قسم کا ریشمین کپڑا۔ واحد: سَرَقَة
السَّرِقَةُ: اصطلاح شریعت میں خفیہ طور پر اپنے جیسے آدمی کے قبضہ سے مقررہ مقدار میں ایسا مال لینا جو لینے والے کی ملکیت میں نہ ہو۔ چوری (فعل) چوری کا جرم۔
سَرِقَةُ الاَشْخَاصِ: اغوا۔
سَرِقَةٌ باکراهٍ: ڈاکا، ڈکیتی۔
المُسْتَرِقُ: کمزور و ناقص (۲) چوری سے سننے والا۔
مُسْتَرَقُ العُنُقِ: چھوٹی گردن والا۔ کوتاہ گردن۔
• سَرْقَنَ الاَرْضَ: زمین میں گوبر وغیرہ کا کھاد ڈالنا۔
السَّرْقِیْنُ: گوبر، کھاد۔
• سَرِكَ ـَ سَرَكًا: طاقتور ہونے کے بعد کمزور بدن والا ہوجانا۔
سَرْوَكَ و تَسَرْوَكَ: لاغری یا تکان کی وجہ سے آہستہ چلنا۔
تَسَارَكَ فی المشی: تکان یا کمزوری کی وجہ سے آہستہ چلنا۔
السَّرْکِی: رجسٹر مراسلات (۲) بخشن نامہ (۳) مزدوروں کا روزنامچہ۔
السَّرْکودِیَّةُ: ایک قسم کی بیماری جو طویل ہوتی ہے اس کا سبب معلوم نہیں ہوتا، یہ بیماری ہاتھوں اور پیروں کی ہڈیوں اور پھیپھڑوں نیز جلد میں پیدا ہوتی ہے۔
السَّرْکومَةُ: گوشت میں پیدا ہونیوالا ایک خطرناک ورم، سرکوما، ورم لحمی
• سَرَّمَهٗ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تَسَرَّمَ: ٹکڑے ٹکڑے ہوجانا۔
السُّرْمُ: مستقیم آنت کا کنارہ (۲) دُبر
السَّرْمَدُ: ابدی، نہ ختم ہونے والا۔ قرآن پاک میں ہے: "قُلْ اَرَأَیْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَیْکُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا اِلٰی یوم القِیامة"
السَّرْمَدِیُّ: ابدی، ہمیشہ رہنے والا۔
تَسَرْمَطَ الشَّعْرُ: بالوں کا ہلکا اور کم ہونا
السَّرْمَطُ و السُّرَامِطُ: ہر لمبی چیز۔
رَجُلٌ سَرَوْمَطٌ: ہر ایک چیز نگل جانے والا۔
• سَرْهَدَ السَّنَامَ: کوہان کاٹنا۔
— الصَّبِیَّ: بچہ کو اچھی غذا دینا۔
السَّرْهَدُ: کوہان کی چربی (۲) بہت پانی
المُسَرْهَدُ: موٹا، فربہ۔
• سَرْهَفَ الغِذَاءَ: غذا کو عمدہ بنانا۔
— الصَّبِیَّ: بچہ کو اچھی غذا دینا۔
• سَرَا فلان ـُ سَرْوًا و سَرَاوَةً: شریف و معزز ہونا، سخی اور بامروت ہونا۔
— عنه سَرْوًا: زائل کرنا، ہٹانا۔ جیسے: سَرَا عنه ثوبه و دِرْعَهٗ۔
— الهَمَّ عن فُؤَادِهٖ: کسی کے دل سے غم دور کرنا۔
— السَّیْفَ: تلوار سونتنا۔
سَرُوَ ـُ سَرَاوَةً و سَرْوًا: شریف و بلند کردار ہونا۔ هو سَرِیٌّ ج: اَسْرِیَاءُ و سَرَاةٌ ج ج: سَرَوَاتٌ و هی سَرِیَّةٌ ج: سَرَایَا۔
أَسْرَی الشَّیْئَ عنه: زائل کرنا۔
سَرَّی الشَّیْئَ عنهُ: غم یا تکلیف دور کرنا۔ کہتے ہیں: سُرِّیَ عن فُلَانٍ فلاں کی تکلیف دور ہوگئی۔
اِنْسَرَی: زائل ہونا۔ اِنْسَرَی عنهُ الهَمُّ: اس کا غم دور ہوگیا۔
تَسَرَّی: مروت و سخاوت کا مظاہرہ کرنا عزت و سخاوت کا اظہار کرنا۔
السَّرَاةُ: سَرَاةُ کل شَیْئٍ: ہر شے کا اعلیٰ اور بالائی حصہ (۲) درمیانی حصہ

(۳) اکثر حصہ۔
سَرَاةُ النَّهَارِ: دن چڑھنے کا وقت، دن کا درمیانی وقت ج: سَرَوَات
سَرَاةُ الطَّرِیْقِ: راستہ کا بیچ یا بڑا حصہ
سَرَاةُ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیٹھ کا بالائی حصّہ۔
سَرَوَاتُ القَوْمِ: سردارانِ قوم، معززینِ قوم، شرفاء قوم۔
السَّرْوُ: سرو کا درخت (۲) قانون (باجہ کا نام) کے ساؤنڈ بکس کی سطح پر نیم گول سوراخ۔
السَّرِیُّ: معزز و شریف آدمی، سخی، صاحب مروت ج: اَسْرِیَاءُ۔
• سَرْوَلَهُ: پاجامہ پہنانا۔
تَسَرْوَلَ: پاجامہ پہننا۔
السَّرَاوِیْلُ: پاجامہ ج: سَرَاوِیْلَات (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے)
المُسَرْوَلُ: (من الحمام) وہ کبوتر جس کے پیر پر پر ہوں۔
ـــ من الخَیْلِ: وہ گھوڑا جس کی سفیدی بازوؤں اور رانوں سے آگے بڑھی ہوئی ہو۔
• سَرَى اللَّیْلُ ـِ سَرْیًا و سِرَایَةً و سُرًى: جانا، گزرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "واللَّیْلِ اِذَا یَسْرِ"
سَرَى الهَمُّ: غم یا تکلیف دور ہونا۔
ـــ اللَّیْلَ و به: رات کو چل کر گزارنا۔
ـــ بفُلانٍ لَیْلاً: کسی کو رات میں چلانا
ـــ عِرْقُ الشَّجَرَةِ فی الأرضِ سَرْیًا و سِرَایَةً: درخت کی جڑ کا زمین میں آہستہ آہستہ پھیلنا۔
ـــ فیه الهَمُّ و السُّمُّ: غم اور زہر کا سرایت کرنا، جسم کے اندر دوڑنا۔
ـــ فیه عِرْقُ السُّوءِ: کسی کے اندر برائی پیدا ہونا۔

سَرَى علیه الهَمُّ: کسی کو بوقتِ شب مصیبت یا تکلیف آنا۔
ـــ الجُرْحُ الی النَّفْسِ: زخم کا اندر تک پہنچ کر جان لیوا ہونا۔
ـــ التَّحْرِیْمُ: حرمت کا غیر محرّم شے تک پہنچ جانا۔
ـــ العِتْقُ: آزاد کرنے کا فعل غیر آزاد شدہ تک پہنچ جانا۔
ـــ الشیءُ فی کذا: اثر کرنا، نفوذ کرنا، سرایت کرنا۔
ـــ علیه القانُوْنُ: کسی پر قانون لاگو ہونا۔
ـــ الدَّمُ فی العُرُوْقِ: رگوں میں خون دوڑنا۔
ـــ سُرًى و سُرْیَةً و مَسْرًى: رات میں چلنا۔
أَسْرَى اللَّیْلَ و به: رات میں چلنا۔
ـــ بفُلانٍ و فُلانًا: رات کو لیجانا، چلا جانا۔
سَارَى صَاحِبَهُ: ساتھی کے ساتھ رات کو چلنا۔
اِسْتَرَى اللَّیْلَ و به: رات میں چلنا۔
ـــ الشیءَ: پسند کرنا، اختیار کرنا۔
سَرَّى عنه: غم اور تکلیف دور کرنا۔
تَسَرَّى: خفیہ طور پر نکلنا۔
ـــ الشیءَ: اختیار کرنا، پسند کرنا۔
السَّارِی: بوقت شب چلنے والا (۲) سرایت کرنے والا (۳) نافذ، لاگو (۴) شیر
ساری المَفعولُ: نافذ العمل۔
السَّارِیَةُ: (من السَّحَاب) رات کو آنے والا بادل (۲) رات کی بارش (۳) کشتی کے بادبان کو باندھنے کی لمبی لکڑی (مستول)، لکڑی کا ستون، شہتیر، بانس (۴) پول، کھمبا ج: سَوَارٍ۔
سَارِیَةُ العَلَمِ: فلیگ پول (۲) وہ بانس یا پائپ جس سے جھنڈا باندھا جاتا ہے۔

السُّرَى: پوری رات کا سفر یا اکثر رات کا سفر (مذکر و مؤنث دونوں طرح مستعمل ہے)۔ کہاوت ہے: عِنْدَ الصَّبَاحِ یَحْمَدُ القَوْمُ السُّرَى: لوگ صبح کو رات کے سفر کی تعریف کرتے ہیں یعنی مشقت کے بعد راحت حاصل ہوتی ہے تلقین صبر کے لئے بولا جاتا ہے۔ ابنُ السُّرَى: رات کا مسافر۔
السَّرِیُّ: پانی کی گول، چھوٹی نہر ج: اَسْرِیَة و سُرْیَانٌ۔
السَّرِیَّةُ: فوج کی ایک ٹکڑی، فوجی دستہ (پانچ سے تین سو تک افراد پر مشتمل) یا گھوڑوں کی جماعت (تقریباً چار سو کی تعداد پر مشتمل) ج: سَرَایَا۔
سَرَایَا الدِّفَاعِ: فوجی دفاعی دستے۔
السِّرْیَةُ: ٹڈی کا بچہ۔
السَّرَاةُ: ہر شے کا بلند حصہ (پہاڑ کی) چوٹی
سَرَاةُ الضُّحَى: چاشت کا آغاز۔
السَّرَاءُ: ایک درخت جس کی لکڑی سے کمانیں بنائی جاتی ہیں۔
السَّرَّاءُ: رات کو بہت چلنے والا۔
السَّرَایُ: مسافر خانہ، سرائے (۲) شاہی محل (۳) جگہ۔
• السُّرْیَالِیَّةُ: فن و ادب کا ایک عصری رجحان و نظریہ جو واقع اور حقیقت سے مافوق سطح پر لے جاتا اور لاشعوری احوال کے اظہار پر موقوف ہوتا ہے۔
• سِرْیُوم: ایک کیمیاوی عنصر جو بہت کم پایا جاتا ہے۔

س ـــ ز

• سِزْیُوم: ایک کیمیاوی عنصر جس میں مقناطیسی چمک ہوتی ہے۔
• سِیْزِیَا: ملک شام۔

س ــــ س

• السَّاسَبُ و السِّيْسَبُ والسَّيْسَبُ: ایک درخت جس کی لکڑی سے تیر بناتے ہیں

س ــــ ط

• الأُسْطُبَّةُ: کتان کو صاف کرتے وقت گرنے والا حصہ۔
المِسْطَبَةُ: لوہار کی سندان، اھرن (٢) دوکاندار کے بیٹھنے کی چبوتری ج: مَسَاطِبُ۔
• سَطَحَهُ ـ سَطْحًا: بچھانا، پھیلانا (٢) ہموار کرنا۔ هو مَسْطُوحٌ و سَطِيحٌ۔
سَطَحَ اللّٰهُ الأَرْضَ: اللہ نے زمین کو بچھایا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَإِلَى الأَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ"۔
ــــ الخُبْزَ: روٹی کو بیلن سے پھیلانا۔
ــــ الثَّرِيْدَةَ فِي الصَّحْفَةِ: ثرید کو پلیٹ میں پھیلانا۔
ــــ فُلَانًا: زمین پر پٹکنا، پچھاڑنا۔
ــــ البَيْتَ: گھر کی چھت کو ہموار کرنا، گھر کو چھت دار بنانا۔
سَطَّحَهُ: سَطَحَهُ۔
انْسَطَحَ: پھیلنا، بچھنا (٢) بچھڑنا (٣) ہموار ہونا (٤) بے حس و حرکت ہو کر چت لیٹنا۔
تَسَطَّحَ: انْسَطَحَ۔
السَّطْحُ: ہر چیز کا بالائی اور اوپری حصہ (٢) چھت (٣) ہر چیز کا ظاہری پہلو، علم الہندسہ میں وہ جسم جس میں طول و عرض ہو ج: سُطُوحٌ۔
سَطْحُ الأَرْضِ: زمین کا بالائی ہموار حصہ۔
سَطْحُ المَرْكَبِ: ڈیک، جہاز وغیرہ کا بالائی حصہ
سَطْحٌ مُسْتَوٍ: ہموار بالائی حصہ۔
السَّطْحِيُّ: ظاہری (٢) اوپری (٣) اوچھا (٤) ناگہرا (٥) کم مایہ، معمولی۔
سَطْحِيًّا: ظاہری طور پر۔
السُّطَّاحُ: مِنَ النَّبْتِ: زمین پر پھیلے ہوئے نباتات۔
السَّطِيحُ: کمزوری یا بیماری کی وجہ سے اٹھنے بیٹھنے سے عاجز (٢) مشکیزہ۔
السَّطِيحَةُ: دو چمڑوں سے بنی ہوئی مشک
المِسْطَحُ: کھجوروں کو سکھانے کی جگہ، کھلیان، خرمن ج: مَسَاطِحُ۔
المِسْطَحُ: کھجور کے پتوں سے بنی ہوئی چٹائی (٢) خیمہ اور پنڈال کا ستون۔ حدیث میں ہے: "فَضَرَبَتْ إِحْدَاهُمَا الأُخْرَى بِمِسْطَحٍ" (٣) گیہوں بھوننے کی بڑی کڑھائی (٤) انگور کی بیل کی دو لکڑیوں کے بیچ میں لگایا ہوا ستون (٥) روٹی وغیرہ بیلنے کا بیلن (٦) ہموار کرنے کا آلہ ج: مَسَاطِحُ۔
المُسَطَّحُ: سطح دار، ہموار۔ أَنْفٌ مُسَطَّحٌ: چپٹی ناک۔
• سَطَرَ الكِتَابَ ـُـ سَطْرًا: کتاب لکھنا۔
ــــ فُلَانًا: پچھاڑنا۔
ــــ الشَّيْءَ بِالسَّيْفِ: تلوار سے کاٹنا۔
أَسْطَرَ الشَّيْءَ: پڑھنے میں غلطی کرنا۔ کہتے ہیں: أَسْطَرَ اسْمِي: میرا نام لائن سے باہر نکل گیا۔
سَطَّرَ الكِتَابَ: لکھنا۔
ــــ الوَرَقَةَ: کاغذ پر سطریں کھینچنا، لائنیں ڈالنا۔
ــــ العِبَارَةَ: ترتیب دینا۔
ــــ الأَكَاذِيبَ و سَطَّرَ عَلَيْنَا: من گھڑت افسانے سنانا، جھوٹے قصے بیان کرنا۔
اسْتَطَرَ الكِتَابَ: سَطَرَهُ۔
الأَسَاطِيرُ: بے اصل واقعات، گھڑے ہوئے قصے اور افسانے، حیرت انگیز باتیں۔ قرآن پاک میں ہے: "إِنْ هٰذَا إِلَّا أَسَاطِيرُ الأَوَّلِينَ" واحد: إِسْطَارٌ و إِسْطِيرٌ و أُسْطُورٌ۔ نیز ہا کے اضافہ کے ساتھ إِسْطَارَةٌ و إِسْطِيرَةٌ و أُسْطُورَةٌ۔
الأُسْطُورِيُّ: افسانوی، دیومالائی۔
التَّسْطِيرُ: لائننگ، خط کشی۔
السَّاطِرُ: قصاب (٢) لائن کش، خط کش۔
السَّاطُورُ: بغدا (قصابوں کا ہڈی توڑنے اور قیمہ بنانے کا چوڑا چھرا) ج: سَوَاطِيرُ
السَّطْرُ: ہر چیز کی لائن، قطار، خط، سطر، لکیر سَطْرٌ مِنَ الكِتَابَةِ و سَطْرٌ مِنَ الشَّجَرِ ج: أَسْطُرٌ و سُطُورٌ و أَسْطَارٌ جج: أَسَاطِيرُ۔
السُّطْرَةُ: آرزو۔
السَّطَّارُ: قصاب۔
المِسْطَارُ: خط کش، فن تصویر کشی و نقاشی کا ایک قلم جس کے نوک دار دو سرے ہوتے ہیں ان کے درمیان روشنائی بھر کر لائن کھینچی جاتی ہے۔ ذرا اوپر ایک پیچ ہوتا ہے جسے کسنے اور ڈھیلا کرنے سے قلم کے دونوں سروں کا فاصلہ کم اور زیادہ ہونے سے لائن موٹی اور پتلی بنتی ہے (٢) وہ تیز شراب جس کا پینے والا اگر پڑتا ہے (٣) آسمان میں بلند ہونے والا گرد و غبار۔
المِسْطَرَةُ: اسکیل، پیمانہ، جدول کش۔ لائن ڈالنے کا رول یا پٹی۔
المِسْطَرَةُ الحَاسِبَةُ: سلائڈ رول، ایک حسابی پیمانہ جو مخصوص درجوں پر منقسم ہوتا ہے اور اس سے حسابی عمل کے نتائج اخذ کیے جاتے ہیں ج: مَسَاطِرُ
مِسْطَرَةُ المَسَافَاتِ: (فی الآلۃ الکاتبۃ) اسپیشل بارڈ۔

المُسَيْطِرُ: المُسَيْطِرُ۔
المُسْطِرِيْنُ: معمار کا اوزار جس سے اینٹوں پر مسالہ یا گارا ڈالتا ہے اور پلاسٹر کرتا ہے۔ کرنی یا مجھولا۔
المُسَطَّرُ: لائن دار، رول دار۔
• سَطَعَ الشيءُ ـ سَطْعًا و سُطُوعًا: بلند ہونا، پھیلنا، کہتے ہیں: سَطَعَت الرَّائِحَةُ: بو مہکنا، پھیلنا۔
ــ البَرْقُ فِي السَّمَاءِ: بجلی چمکنا۔
ــ النُّورُ: روشنی پھیلنا۔
ــ الغُبَارُ: گرد اٹھنا۔
ــ الرِّيحُ: ہوا چلنا۔
ــ الأَمْرُ: بات واضح ہونا۔
ــ الرَّجُلُ وغيرُهُ: آدمی کا سر اٹھا کر گردن کو لمبا کرنا۔
ــ فُلَانٌ بِيَدَيْهِ: تالی بجانا۔
ــ فُلَانًا رائِحَةُ المِسْكِ: کسی کی ناک کے نتھنوں میں مشک کی بو چڑھ جانا۔
ــ نَجْمُ فُلَانٍ: کسی کا ستارہ عروج پر ہونا، خوش نصیب ہونا۔
ــ البَعِيرَ: اونٹ کی گردن یا پہلو پر لمبا داغ لگانا۔
سَطِعَ ـ سَطَعًا: دراز گردن ہونا۔ هو أَسْطَعُ وهي سَطْعَاءُ ج: سُطْعٌ
السِّطَاعُ: خیمہ کا سب سے زیادہ لمبا ستون ج: أَسْطِعَةٌ و سُطُعٌ۔
السَّاطِعُ: ہر پھیلنے اور بلند ہونے والی چیز
السَّطَعُ: تالی، تالی بجانے یا تیر پھینکنے کی آواز
السَّطِيعُ: صبح (۲) لمبا۔
المِسْطَعُ: فصیح اللسان۔ خَطِيبٌ مِسْطَعٌ: صاحب فصاحت خطیب، زور دار مقرر۔
• الأُسْطُولُ: دیکھئے (اسطول) جہازوں کا بیڑا ج: أَسَاطِيل۔
• سَطَلَهُ ـ سَطْلًا: دوا کا کسی کو نشہ کرنا یا بے ہوش کرنا، مدہوش ہونا۔
انْسَطَلَ و اسْتَطَلَ: نشہ ہونا، بیہوش ہونا۔
السَّاطِلُ من الغبار: اٹھا ہوا گرد و غبار۔
السَّطْلُ: بالٹی ج: أَسْطَالٌ و سُطُولٌ (لفظ فارسی شطل کا معرب ہے)۔
المَسْطُولُ: مدہوش، بے ہوش۔
• سَطَمَ البَابَ ـ سَطْمًا: دروازہ بند کرنا۔
الإِسْطَامُ: آگ کریدنی، لوہے کی سلاخ جس کا سرا چپٹا ہوتا ہے اس سے آگ کو کریدا جاتا ہے۔
الأُسْطُمُّ: سمندر کی بڑی موج یا بڑا حصہ (۲) اصل۔
الأُسْطُمَّةُ: أُسْطُمَّةُ القَومِ: لوگوں کا بیچ، وسطی حصہ (۲) قوم کے سربرآوردہ اور معزز لوگ ج: أَسَاطِمُ۔
السِّطَامُ: آگ کریدنی (۲) تلوار کی دھار (۳) شیشی یا بوتل کی ڈاٹ۔
السَّطِيمُ: تلوار کی دھار۔
• سَطَّنَهُ: جمانا (۲) بھاری اور بوجھل بنانا۔
السَّاطِنُ: بدباطن۔
الأُسْطُوْنُ: (من الجمال) لمبی گردن والا اونٹ۔
الأُسْطُوَانَةُ: ستون، تھم (۲) جانور کی ٹانگ (۳) گرامفون کا ریکارڈ، دیکھئے (أُسْطُوانَة)۔
المُسَطَّنُ: لمبی ٹانگوں والا۔
• سَطَا الفَرَسُ ـ سَطْوًا و سَطْوَةً: گھوڑے کا سرپٹ دوڑنا، سرکش ہونا۔
ــ عَلَيْهِ و بِهِ: حملہ کرنا، دھاوا بولنا، مغلوب کرنا۔
سَطَا المَاءُ: پانی کا بہت ہونا۔
ــ علی المَكَانِ: کسی جگہ چھاپہ مارنا۔
ــ اللِّصُّ علی المَتَاعِ: چور کا زبردستی سامان لینا۔
ــ علی الحَامِلِ: حاملہ عورت کے پیٹ سے بچہ کو مردہ نکالنا۔
ــ الطَّعَامَ و فِيهِ: کھانا کھالینا۔ کہتے ہیں: ماسَطَوْتُ فِي طَعَامِ أَحَدٍ: میں نے کسی کا کھانا نہیں کھایا۔
أَسْطَى عَلَيْهِ: سَطَا۔
سَاطَاهُ: کسی کے ساتھ سختی برتنا۔
السَّاطِي: دور دور قدم رکھنے والا گھوڑا۔ دم اٹھا کر یا سرکشی سے دوڑنے والا گھوڑا۔
السَّوَاطِي؛ واحد: سَاطِيَة: ہاتھ۔
• السَّطْوُ: حملہ، دھاوا، غلبہ۔
السَّطْوُ علی مَقَرِّ حِزْبٍ: پارٹی کے ہیڈ کوارٹر پر حملہ۔
السَّطْوُ علی طَائِرَةٍ او عَرَبَةٍ: ہائی جیک اغوا۔
السَّطْوَةُ: غلبہ، اقتدار، اثر و رسوخ۔

س ـــــ ع

• سَعَّبَ لَهُ كذا: کسی کے لئے کوئی چیز آسان و سہل بنانا۔
انْسَعَبَ: بہنا (۲) کھنچنا، لمبا ہونا۔
تَسَعَّبَ: ربڑ کی طرح کھنچنا، تار اٹھنا (شیرے وغیرہ سے)
السُّعُبُ: سیال چیز جیسے شراب وغیرہ۔
السَّعَابِيبُ: شہد یا شیرہ وغیرہ سے اٹھنے والے تار (۲) دودھ دوہنے کے بعد ہاتھ کو لگے ہوئے دودھ کے لیے قطرے۔
سَالَ فَمُهُ سَعَابِيبَ: اس کے منہ سے لعاب کے تار نکلے۔ واحد: سُعْبُوبٌ و سُعْبُوبَةٌ۔

•سَعَدَ ـَ سَعْدًا و سُعُودًا: خوش نصیب ہونا، خوش حال ہونا۔
ضد شَقِيَ: بد بخت ہونا۔
ـــ الیَوْمُ: دن کا مبارک ہونا۔
ـــ اللّٰهُ فلانًا سَعْدًا: خوش نصیب کرنا بامراد بنانا۔ ھو مَسْعُودٌ۔
سَعِدَ ـَ سَعَادَةً: سَعَدَ۔ ھو سَعِيدٌ ج: سُعَدَاءُ۔
ـــ المَاءُ: پانی کا بہنا، جاری ہونا۔
أَسْعَدَ اللّٰهُ فُلانًا: کامیاب و بامراد بنانا، خوش نصیب بنانا، نیک بخت بنانا، سعادت بخشنا۔ ھو مُسْعَدٌ و مَسْعُودٌ۔
ـــ فلانًا: مدد کرنا۔ کہتے ہیں: أَسْعَدَتِ النَّائِحَةُ الثَّكْلَى: نوحہ کرنے والی نے گم کردہ اولاد عورت کی رونے میں مدد کی۔
سَاعَدَهُ علی الأمر مُسَاعَدَةً و سِعَادًا: کسی کو کسی کام میں مدد دینا۔
اِسْتَسْعَدَ بِرُؤْيَتِه: کسی کے دیدار کو اپنے لئے مبارک سمجھنا، سعادت و برکت حاصل کرنا۔
السَّاعِدُ: کلائی، بازو، کہنی سے ہتھیلی تک کا حصہ (مذکر ہے) (۲) ہڈی میں گودے کا راستہ (۳) نہر وغیرہ میں پانی پہنچنے کا راستہ (۴) پستان یا تھن سے دودھ نکلنے کا راستہ، سوراخ ج: سَوَاعِدُ۔ کہتے ہیں: شَدَّ اللّٰهُ عَلَی سَاعِدِكَ: اللہ تمہاری مدد کرے۔
سَاعِدُ القَوْمِ: سردارِ قوم۔
سَوَاعِدُ الطَّيْرِ: پرندوں کے بازو۔
السَّاعِدَةُ: چرخی کا ڈنڈا (۲) پنڈلی کی چھوٹی ہڈی (۳) چھوٹی نہر جو کسی بڑی نہر سے نکلتی ہے۔
السَّعَادَةُ: نیکی اور بھلائی حاصل کرنے کی منجانب اللہ توفیق و اعانت، خوش بختی، خوش حالی۔ ضد: شَقَاوَة۔
سَعَادَةُ فُلانٍ و صاحِبُ السَّعَادَةِ فُلانٌ: سفرا اور ان کے درجہ کے لوگوں کا تعظیمی لقب۔ عزت مآب۔
سَعَادَتُكُمْ: آنجناب۔
السَّعْدُ: برکت (ضد: نحس) (۲) خوش بختی۔
السَّعْدَانُ: کھجور کے درخت کے کانٹے (۲) ایک خاردار پودا جو گھنی چراگاہ میں ہوتا ہے۔ کہاوت ہے: مَرْعًى و لا كَالسَّعْدَانِ: یہ چراگاہ خاردار پودے والی چراگاہ جیسی نہیں یعنی یہ چیز اس طرح کی دوسری چیزوں میں بہتر و افضل ہے (۳) زہرہ اور مشتری ستارے۔
السَّعْدَانَةُ: کبوتری (۲) ترازو کے پلڑے کے نیچے کی گرہ (۳) پستان کی گھنڈی کے ارد گرد سیاہ حلقہ۔
سُعْدَانَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وسُعْدَانَهُ: میں خدا تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں اور اس کی اطاعت کرتا ہوں
السُّعَادَى: زخم بھرنے والی ایک خوشبو۔
سَعْدَيْكَ: دعا میں کہا جاتا ہے: لَبَّيْكَ و سَعْدَيْكَ: تم خوب خوش حال و خوش نصیب ہو۔
السُّعُودُ: سُعُودُ النُّجُومِ: دس ستارے جن میں سے ہر ایک سَعد کہا جاتا ہے۔ ان ہی میں سے ایک سَعْدُ السُّعُودِ ہے۔
السَّعِيدُ: بامراد، خوش نصیب، کامیاب ج: سُعَدَاءُ (۲) چھوٹی نہر ج: سُعُدٌ۔
السَّعِيدَةُ: سَعِيدَةُ القَمِيصِ: کرتے کی کلی وہ دو ہوتی ہیں۔
المُسَاعِدُ: مددگار، معاون، اسسٹنٹ، ہیلپر۔
مُسَاعِدُ المُحَرِّرِ: معاون اڈیٹر۔
مُسَاعِدُ المُدَرِّسِ: مانیٹر۔
مُسَاعِدُ المُدِيرِ: اسسٹنٹ ڈائریکٹر۔
مُسَاعِدُ مُدِيرِ الأَمْنِ: ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولس (ڈی ایس پی)
مُسَاعِدُ المُدِيرِ العَامِّ: ڈپٹی ڈائرکٹر جنرل۔
مُسَاعِدُ المُفَتِّشِ: سب انسپکٹر۔
المُسَاعَدَةُ: مدد، تقویت، سہارا، سپورٹ (۲) گرانٹ، امداد۔
المُسَاعَدَةُ العَيْنِيَّةُ: مالی مدد۔
المُسَاعَدَةُ الفَنِّيَّةُ: ٹیکنیکل امداد، فنی امداد۔
المُسَاعَدَاتُ: امدادیں۔
•سَعَرَ الفَرَسُ ـَ سَعَرَانًا: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔
ـــ النَّارَ سَعْرًا: آگ جلانا، سلگانا۔
ـــ الحَرْبَ: جنگ کی آگ بھڑکانا۔
ـــ القَوْمَ بالنَّبْلِ: قوم کو تیروں سے چھلنی کر دینا، جلا دینا۔
ـــ القَوْمَ و عَلَيهِم شَرًّا: لوگوں میں خوب فساد و بگاڑ پھیلانا۔
ـــ اللَّيْلَ بالمَطِيِّ: اونٹوں پر رات گزارنا۔
ـــ الیَوْمَ فی حاجَتِه: اپنی ضرورت کے لئے گھومنا، دن بھر چکر لگانا
سُعِرَ: سخت بھوک لگنا (۲) دیوانہ ہونا ھو مَسْعُورٌ۔
سَعِرَ ـَ سَعَرًا و سُعْرَةً: جھلسے ہوئے رنگ کا ہونا، سیاہی مائل ہونا ھو أَسْعَرُ و ھی سَعْرَاءُ ج: سُعْرٌ۔
أَسْعَرَ النَّارَ و الحَرْبَ: شعلے بھڑکانا۔

أَسْعَرَ الشَّیْءَ: نرخ (بھاؤ) مقرر کرنا۔ کہتے ہیں: أَسْعَرَ الْأَمِیْرُ لِلنَّاسِ: حاکم نے لوگوں کے لئے قیمتیں مقرر کر دیں۔
سَعَّرَ: أَسْعَرَ۔
ــــ السِّلْعَةَ: سامان کا نرخ یا قیمت مقرر کرنا۔
سَاعَرَه مُسَاعَرَةً: کسی سے سودا کرنا، بھاؤ تاؤ کرنا۔
اِسْتَعَرَتِ النَّارُ: آگ جلنا، سلگنا، دہکنا
ــــ الشَّرُّ و الْمَرَضُ: فساد یا بیماری کا پھیلنا۔
اِسْتَعَرَتِ الْحَرْبُ: جنگ کا زوروں پر ہونا۔
اُسْتُعِرَ اللُّصُوْصُ: چوروں کا زوروں ہونا کثرت سے چوری کرنا۔
تَسَعَّرَتِ النَّارُ: آگ بھڑکنا۔
ــــ الحَطَبُ: ایندھن کا آگ پکڑنا۔
الْأَسْعَرُ: دبلا پتلا جس کے پٹھے الگ دکھائی دیں۔ بدلے ہوئے اور پھیکے رنگ والا۔ ھی سَعْرَاءُ ج: سُعْرٌ
التَّسْعِیْرُ: نرخ بندی، تعیین قیمت۔
التَّسْعِیْرُ الجَبْرِیُّ: سرکاری نرخ بندی قیمتوں کی سرکاری تعیین۔
التَّسْعِیْرَةُ: نرخ نامہ، سرکاری نرخ نامہ
السَّاعُوْرُ: تنور (۲) آگ ج: سَوَاعِیْرُ۔
السَّاعُوْرَةُ: آگ ج: سَوَاعِیْرُ۔
السُّعَارُ: آگ کی گرمی (۲) بھوک کی شدّت (۳) پیاس کی سوزش (۴) جنون، دیوانگی
السِّعْرُ: نرخ، بھاؤ، قیمت ج: أَسْعَار۔
سِعْرُ السُّوْق: بازار کا ریٹ، بھاؤ جس پر اشیا یا سکّے لئے جاتے ہوں۔
سِعْرُ الصَّرْفِ: بین الاقوامی سکوں کی قیمتوں کے لحاظ سے بازار کا نرخ۔
لَهُ سِعْرٌ: اس کی ایک قیمت ہے (قیمت کے اضافہ اور حیثیت بڑھنے کے وقت کہا جاتا ہے)۔
لَیْسَ لَهُ سِعْرٌ: بے بھاؤ، بے قیمت و بے حیثیت (زیادہ ارزانی کے وقت بولا جاتا ہے)۔
سِعْرٌ الزَّامِیٌّ: جبری نرخ۔
سِعْرٌ رَسْمِیٌّ: سرکاری بھاؤ۔
سِعْرٌ سَائِدٌ: مروجہ بھاؤ۔
سِعْرُ الفَائِدَةِ: شرح سود۔
سِعْرٌ مُوَحَّدٌ: ایک دام۔
سِعْرُ الیوم: آج کا بھاؤ۔
بِسِعْرٍ مُعَیَّنٍ: مقررہ قیمت پر۔
أَسْعَارٌ مُحَدَّدَةٌ: کنٹرول ریٹ۔
السَّعِرُ: دیوانہ ج: سَعْرَی۔
السُّعْرُ: گرمی (۲) بھوک کی وجہ سے کھانے کی اشتہا (۳) دیوانگی (۴) تعدیہ (۵) درجۂ حرارت، کیلوری۔
السُّعُرُ: جنون، دیوانگی۔ قرآن پاک میں ہے: "إِنَّا إِذًا لَّفِی ضَلَالٍ وَّ سُعُرٍ"
السُّعْرَةُ: سخت کھانسی (۲) آغاز کار اور اس کا نیا پن۔
السَّعِیْرُ: آگ (۲) آگ کی لپٹ۔ کہتے ہیں: خَبَا سَعِیْرُ النَّارِ: آگ کی لپٹ (تیزی) کم ہو گئی۔
الْمِسْعَارُ: لکڑی یا لوہے کی آگ کریدنی ج: مَسَاعِیْرُ۔
الْمِسْعَرُ: الْمِسْعَارُ: کہتے ہیں: ھو مِسْعَرُ حَرْبٍ: وہ جنگ کی آگ بھڑکانے والا ہے، جنگ کا ماہر ہے
عُنُقٌ مِسْعَرٌ: لمبی یا سخت گردن ج: مَسَاعِرُ۔
الْمَسْعَرُ: جنگ کی آگ بھڑکنے کی جگہ۔
مَسْعَرُ البَعِیْرِ: ج: مَسَاعِرُ البَعِیْرِ: اونٹ کی بغل اور میل جمع ہونے کی جگہیں۔
الْمَسْعُوْرُ: پیٹ بھرے ہوئے پر کھانے کا حریص (۲) دیوانہ ج: مَسَاعِیْرُ (۳) سگ گزیدہ۔
الْمُسَعَّرُ: قیمت مقرر کیا ہوا۔
• سَعْسَعَ: بہت بوڑھا ہونا۔
ــــ الجِسْمُ: بڑھاپے سے بدن کا ڈانواں ڈول ہونا۔
ــــ الشَّعْرَ: بالوں کو تیل سے تر کرنا۔
تَسَعْسَعَ: بہت بوڑھا ہونا۔
ــــ الجِسْمُ: بدن کا ڈھیلا اور کمزور ہونا
ــــ الشَّیْءُ: ختم ہونے کے قریب ہونا۔ کہتے ہیں: تَسَعْسَعَ عُمْرُهُ: اس کی عمر قریب الختم ہے (۲) بوسیدہ ہونا (۳) بگاڑ کی طرف مائل ہونا۔
ــــ الشَّهْرُ: مہینہ ختم ہونے کو ہے۔
ــــ حَالُهُ: حالت خراب ہونا، گراوٹ آنا
ــــ فَمُهُ: ہونٹوں کا دانتوں سے الگ ہونا
• سَعَطَهُ الدَّوَاءَ ـَـ سَعْطًا وسُعُوْطًا: دوا ناک میں چڑھانا
أَسْعَطَهُ الدَّوَاءَ: کسی کی ناک میں دوا ڈالنا کہتے ہیں: أَسْعَطَهُ عِلْمًا: اسے خوب سمجھایا، اس کے دل میں علم راسخ کر دیا۔
اِسْتَعَطَ الدَّوَاءَ: اپنی ناک میں دوا ڈالنا، سانس کے ذریعہ اوپر چڑھانا، ہُلاس سونگھنا۔
اِسْتَسْعَطَهُ الدَّوَاءَ: کسی سے ناک میں دوا ڈلوانا۔
السُّعَاطُ: بو کی تیزی۔
السَّعُوْطُ: ناک میں ڈالنے کی دوا (۲) نسوار، ہُلاس، ناس (ناک میں چڑھانے کا باریک پسا ہوا تمباکو)۔
الْمُسْعُطُ: نسوار یا ہلاس کی ڈبیا وغیرہ ج: مَسَاعِطُ۔

•سَعَفَ بحاجةِ فُلانٍ ـَ سَعْفًا: کسی کی ضرورت کو پورا کرنا۔
سُعِفَ الصَّبِيُّ: بچہ کے پھنسیاں نکلنا۔ هو مَسْعُوفٌ۔
سَعِفَتْ يَدُهُ ـَ سَعَفًا: ناخنوں کے اردگرد انگلیوں کا پھٹنا۔
أَسْعَفَ: قریب ہونا، نزدیک ہونا۔ کہتے ہیں: أَسْعَفَتِ الدَّارُ۔
ـــ بِفُلانٍ: کسی کے نزدیک آنا۔
ـــ لَهُ الصَّيْدُ: شکار کا کسی کے لئے ممکن الحصول ہونا۔
ـــ بِأَهْلِه: اپنے اہل وعیال میں مقیم ہونا
ـــ فُلانًا: کسی کے ساتھ ہمدردی واخلاص کا برتاؤ کرنا۔
ـــ المَرِيضَ: بیمار کو دوا وغیرہ بہم پہنچانے میں عجلت کرنا۔ طبی امداد بہم پہنچانا۔
ـــ فلانًا بحاجته: ضرورت کو پورا کرنا۔
سَاعَفَهُ: أَسْعَفَهُ۔
تَسَعَّفَتْ أَظْفَارُهُ: سَعِفَتْ۔
الإِسْعَافُ: امداد، ریلیف، حاجت روائی
الإِسْعَافُ الأَوَّلُ او الأَوَّلِيُّ: فرسٹ ایڈ، ابتدائی امداد۔
الإِسْعَافُ الطِّبِّيُّ الأَوَّلُ: فرسٹ میڈیکل ایڈ، ابتدائی طبی امداد۔
جَمْعِيَّةُ الإِسْعَافِ: امدادی انجمن۔
لَجْنَةُ الإِسْعَافِ: ریلیف کمیٹی۔
الأَسْعَفُ من الإِبِلِ: منھ کی بیماری والا اونٹ (ـــ من الخيل) سفید پیشانی والا گھوڑا ج: سُعْفٌ۔
السُّعَافُ: ناخن کے اردگرد کی پھٹن یا اکھڑی ہوئی چٹ۔
السَّعَفُ: کھجور کی شاخ اور اس کا پتا (۲) کھجور کا سوکھا پتا (۳) دولہن کا جہیز ج: سُعُوفٌ۔
السَّعْفُ: سامان۔

السُّعْفَةُ: بچوں کی جلدی بیماری، پھنسی جو لال رنگ کی ہوتی ہے اور اس پر کھرنڈ آ جاتا ہے۔
السُّعُوفُ: طبائع، مزاج (۲) گھریلو سامان (۳) بڑے پیالے۔ واحد: سَعْفٌ۔
المُسَاعِفُ: قریب، نزدیک۔
•سَعَلَ ـُ سُعَالًا و سُعْلَةً: کھانسنا، کھانسی کا مریض ہونا۔
سَعِلَ ـَ سَعَلًا: چست وپھرتیلا ہونا۔
أَسْعَلَهُ: چست کرنا۔
اسْتَسْعَلَتْ فُلَانَةُ: عورت کا بھوتنی جیسی ہونا۔
السَّاعِلُ: گلا، حلق (کھانسی کی جگہ) (۲) منھ۔
السُّعَالُ: کھانسی۔
السُّعَالُ الدِّيكِيُّ: بچوں کی کالی کھانسی
السِّعْلِي: بھوت، پریت ج: السَّعَالِي
السِّعْلَاةُ: بھوتنی ج: سِعْلَيَات۔
السُّعْلَةُ: کھانسی (ایک دفعہ کی)۔
السُّعْلَةُ المُتَقَطِّعَةُ: رک رک کر اٹھنے والی کھانسی۔
•سَعَمَ البَعِيرُ ـَ سَعْمًا: اونٹ کا تیز رفتار ہونا۔ هو سَعُومٌ۔
سَيْلٌ مِسْعَامٌ ومُسْعَامٌ: تیز رو سیلاب۔
•أَسْعَنَ فُلَانٌ: سائبان بنانا، شامیانہ لگانا۔
تَسَعَّنَ: بھرپور مٹاپے والا ہونا۔
السُّعْنُ: چرس، بڑا ڈول سوت اور روئی رکھنے کی ڈلیا وغیرہ ج: سِعَنَةٌ و أَسْعَانٌ (۲) شبنمی، چھوٹا شامیانہ جو چھت پر شبنم سے بچنے کے لئے لگایا جاتا ہے ج: سُعُونٌ۔
السَّعْنُ: چربی۔

السُّعْنَةُ: سائبان، شامیانہ ج: سُعَنٌ۔
السَّعْنَةُ: کہتے ہیں: مَالَهُ سَعْنَةٌ ولا مَعْنَةٌ: اس کے پاس نہ تھوڑا مال ہے نہ زیادہ۔
•السَّعْوُ مِنَ اللَّيْلِ و السَّعْوَةُ منه: رات کا ایک حصہ۔
السَّعْوَةُ: شمع، موم بتی، موم کا ٹکڑا۔
السَّعَاوِيُّ: بیداری یا سفر کو برداشت کرنے کا ماہر۔
•سَعَى فُلانٌ ـَ سَعْيًا: کسی کام کی کوشش کرنا، کوئی بھی کام کرنا (۲) چلنا، دوڑنا۔
ـــ اليه: کسی کے پاس جانا، قصد کرنا۔
ـــ لِعِيالِه: بال بچوں کے لئے روزی کمانا
ـــ للأَمْرِ و فيه: کسی کام کی کوشش کرنا۔
ـــ إلى الصَّلٰوة: بہرصورت نماز کے لئے جانا جس طرح ممکن ہو نماز کیلئے جانا۔
ـــ بينَ الصَّفَا و المَرْوَة: صفا اور مروہ پہاڑی کے درمیان آنا جانا، سعی کرنا۔
ـــ على الصَّدَقَة: صدقہ وصول کرنے کا کام کرنا، صدقہ والوں سے صدقہ وصول کرنا۔
ـــ على القوم: لوگوں کی سربراہی کرنا۔
ـــ به سِعَايَةً: چغلخوری کرنا، شکایت کرنا۔
سَعَتِ الأَمَةُ: لونڈی کا زنا کرنا۔
ـــ في حَاجَةِ فُلَانٍ: کسی کی ضرورت پورا کرنے کی کوشش کرنا۔
أَسْعَاهُ: کوشش کرانا، چلانا۔
سَاعَاهُ: کسی کے ساتھ چلنے اور دوڑ دھوپ میں مقابلہ کرنا (۲) کسی کے ساتھ چلنا، کام کرنا۔
تَسَاعَوْا إلى كَذَا: کسی چیز کی طرف باہم مل کر دوڑنا، جانا۔

اُسْتَسْعَاهُ: کسی سے صدقات وصول کرنا
کسی کو صدقات کی وصولیابی پر لگانا
ـــ العَبْدَ: غلام کو آزاد کرنے کے لئے
بقدر غلامی کام کرانا (غلام کا کچھ حصہ
آزاد کرنا باقی ہے تو اس کو ایسے کام
کا مکلف کرنا جو اس کا بدل ہوجائے
اور وہ مکمل آزادی حاصل کرلے)۔
السَّاعِی: صدقات وصول کنندہ، محصل
صدقات (۲) پوسٹ مین، ڈاکیا (۳)
چغل خور (۴) کوشاں ج: سُعَاۃٌ۔
سَاعِی البَرِیْدِ: پوسٹ مین، ڈاکیا ج:
سُعَاۃٌ۔
السَّعْیُ: کوشش، دوڑ دھوپ ج: مَسَاعٍ
السِّعَایَةُ: چغل خوری، شکایت۔
المَسْعَی: کوشش، تصرف، عمل (۲) سعی کا
مقام (صفا اور مروہ کے درمیان)۔
المَسْعَاۃُ: کرم وعظمت ج: مَسَاعٍ۔
المَسَاعِی الحَمِیْدَۃ: قابل ستائش کوششیں
مساعی جمیلہ، دو متحارب یا متخاصم
حکومتوں کے درمیان بعض غیر جانبدار
حکومتوں کی طرف سے صلح صفائی کی
کوشش۔
المَسَاعِی المُخَطَّطَةُ: منصوبہ بند کوششیں

س ـــ غ

•سَغَبَ ـُ سَغْبًا و سُغُوْبًا: بھوکا اور
تھکا ہوا ہونا، سخت بھوک لگنا، آنتوں
کا قل ہو اللہ پڑھنا۔
سَغِبَ ـَ سَغَبًا و سَغَابَةً: سَغَبَ
هو سَغِبٌ و هی سَغِبَةٌ ج:
سِغَابٌ۔
أَسْغَبَ: فاقہ مستی میں ہونا، قحط میں ہونا
حدیث میں ہے "أَنَّه صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّم قَدِمَ خَيْبَرَ
بِأَصْحَابِه وهم مُسْغِبُوْنَ"۔

السِّغَابُ: بھوک، سخت بھوک۔
المَسْغَبَةُ: قحط، فاقہ مستی۔ قرآن پاک
میں ہے: "أَوْ إِطْعَامٌ فِي يَوْمٍ ذِي
مَسْغَبَةٍ"۔
سَغِدَ: ورم آلود ہونا، سوجنا۔
•سَغْسَغَ الشَّيْءَ: میخ وغیرہ کو اکھاڑنے
کے لئے ہلانا (۲) لڑھکانا۔
ـــ فِی التُّرَابِ: مٹی میں دھنسانا۔
ـــ الطَّعَامَ: کھانے میں خوب چکنائی
(روغن) ڈالنا۔
ـــ رَأْسَه بِالدُّهْنِ: سر کو تیل سے
تر کرنا۔ سَغْسَغَ الدُّهْنَ فِی
رَأْسِه: تیل کو بالوں کی جڑ تک
پہنچانا۔
تَسَغْسَغَتْ ثَنِيَّتُهُ: اگلے چار دانتوں
کا ہلنا۔
ـــ فِی الأَرْضِ: زمین میں دھنسنا۔
ـــ مِنَ الأَمْرِ: چھٹکارا پانا۔
•سَغِلَ الرَّجُلُ وغَيْرُهُ ـَ سَغَلًا:
آدمی وغیرہ کا پتلی ٹانگوں اور چھوٹے
جثہ والا ہونا، یا بے ڈھنگے اعضا
والا ہونا (۲) لاغر وکمزور ہونا (۳)
بدمزاج ہونا۔ هو سَغِلٌ۔
السَّغَلُ التناسُلِيُّ: ایک بیماری جس
میں خارجی اعضاء تناسلیہ میں کمزوری
آجاتی ہے اور چربی زیادہ ہوجاتی ہے
•سَغَمَهُ ـَ سَغْمًا: کسی کو انتہائی
تکلیف پہنچانا (۲) دل کو تکلیف
پہنچانا۔
أَسْغَمَهُ: سَغَمَهُ۔
ـــ الصَّبِيَّ: بچہ کو اچھی غذا دینا۔
سَغَّمَهُ: اچھی غذا دینا۔
ـــ الفَصِيْلَ: اونٹ کے بچہ کو موٹا کرنا
ـــ الشَّيْءَ: خوب سیراب کرنا کہتے ہیں:
سَغَّمَ الزَّرْعَ والطِّيْنَ مَاءً

و به و سَغَّمَ الطَّعَامَ دُهْنًا
و به: کھانے کو روغن سے تر بتر کرنا۔
سَغَّمَ المِصْبَاحَ زَيْتًا و به: لیمپ وغیرہ
میں خوب تیل ڈالنا۔
المُسَغَّمُ: نازونعمت سے پروردہ لڑکا۔
خوش خوراکی سے بھرپور بدن والا لڑکا
السَّغْنُ: خراب وردی غذا ج: أَسْغَانٌ
کہتے ہیں: هم يَتَعَيَّشُوْنَ بِالأَسْغَانِ
وہ خراب غذا پر گزر بسر کر رہے ہیں۔

س ـــ ف

•سَفِتَ الشَّرَابَ ـَ سَفْتًا: پانی یا شربت
کو خوب پینے کے باوجود سیراب نہ ہونا۔
اِسْتَفَتَ الشَّيْءَ: لے جانا۔
السَّفِتُ: بے خیر و برکت کھانا۔
سَفْتَجَ بِالنَّقْدِ: کسی کو بذریعہ چیک یا
ڈرافٹ یا ہنڈی رقم بھیجنا۔
السُّفْتَجَةُ: چیک، ڈرافٹ، ہنڈی۔ ایک
شخص اپنی رقم کسی دوسرے ایسے آدمی
کو دے جس کی رقم رقم سپرد کرنے والے
کے شہر میں موجود ہو اور وہ وہاں اس
سے حاصل کرے۔ مثلاً ہندوستان
سے ایک شخص زاہد پاکستان کسی کو رقم
بھیجنا چاہتا ہے یا اپنے ساتھ نہیں
لے جاسکتا یا پاکستان جاکر خود لینا
چاہتا ہے تو وہ خالد کو اپنی رقم دے
جو ہندوستان میں رہتا ہے اور
اس کی رقم پاکستان میں عامر کے پاس
ہے تو خالد عامر کے پاس اپنی محفوظ رقم
کو کسی پرچہ یا دوسری علامت کے
ذریعہ زاہد کو اگر وہ وہاں جائے یا اس
کے مقرر کردہ کسی تیسرے شخص کو یا جو
بھی اس کا پرچہ لے جائے اسے ادا
کرادے۔ (۲) کسی کے نام بنک کا
ڈرافٹ بنواکر رقم بھیجنا (۳) ساہوکار

(مہاجن) کا کسی کو اپنے پرچہ وغیرہ کے ذریعہ دوسری جگہ رقم دلوانا۔ ج: سَفَاتِجُ۔
•سَفَحَ الدَّمُ ونَحْوُهُ ـَ سُفُوحًا و سَفَحَانًا: خون یا اس جیسی چیز کا گرنا، بہنا۔
ــــ الدَّمَ سَفْحًا و سُفُوحًا: خون بہانا۔
ــــ الدَّمْعَ و المَاءَ: آنسو یا پانی گرانا، بہانا۔ هو سَافِحٌ وسَفَّاحٌ و سَفُوحٌ۔ دَمْعٌ سَفُوحٌ: گرتے ہوئے یا بہتے ہوئے آنسو۔
سَافَحَهَا مُسَافَحَةً و سِفَاحًا: باضابطہ شادی کے بغیر کسی عورت کے ساتھ رہنا، زنا کرنا۔ کہا جاتا ہے: بَيْنَهُمَا سِفَاحٌ: ان کے درمیان خون ریزی ہے۔
سَفَّحَ: بے فائدہ کام کرنا۔
تَسَافَحَا: باہم خون بہانا (۲) باہم زنا کرنا
السَّفْحُ: سَفْحُ الجَبَلِ: دامن کوہ، پہاڑ کا نچلا سخت حصہ جس پر پانی بہہ کر آئے۔ ج: سُفُوحٌ۔ السُّفُوحُ: چکنی اور نرم چٹانیں۔
السَّفَّاحُ: خوں ریز آدمی۔ بہت خون بہانے والا۔ اسی مناسبت سے عباسی خلیفۂ اول کو سَفّاح کا لقب دیا گیا۔
السِّفَاحُ: خون ریزی (۲) زنا، بدکاری۔
السَّفِيحُ: موٹی چادر یا موٹا کمبل (۲) جوئے کا ایک تیر جس کا کوئی حصہ نہیں۔
السَّفِيحَانِ: اونٹ کے دونوں جانب لٹکے ہوئے بورے۔
المَسَافِحُ: مَسَافِحُ الوَادِي: وادی میں پانی گرنے کے مقامات
المُسَافَحَةُ: وَلَدُ المُسَافَحَةِ: ولدالزنا۔
المَسْفُوحُ: کشادہ۔ جَمَلٌ مَسْفُوحُ الضُّلُوعِ: کشادہ پسلیوں والا اونٹ
الدَّمُ المَسْفُوحُ: بہایا ہوا یا بہتا ہوا خون۔ نَاقَةٌ مَسْفُوحَةُ الإِبِطِ: کشادہ بغل والی اونٹنی (۲) موٹا اور لمبا کہتے ہیں: هو مَسْفُوحُ العُنُقِ: وہ موٹی اور لمبی گردن والا ہے۔
•سَفَدَ ذَكَرُ الحَيَوَانِ أُنْثَاهُ وعلى أُنْثَاهُ ـِ سَفْدًا: نر جانور کا اپنی مادہ سے جفتی کرنا۔
سَفِدَ الذَّكَرُ الأُنْثَى ـَ سَفَدًا: سَفَدَ۔
أَسْفَدَ الذَّكَرَ: نر جانور کو جفتی کرانا
سَافَدَهَا: مادہ سے جفتی کرنا۔
سَفَّدَ اللَّحْمَ: گوشت کو بھوننے یا سینکنے کے لئے سیخ میں پرونا۔
تَسَافَدَ الحَيَوَانُ: جانوروں کا باہم جفتی کرنا۔
تَسَفَّدَ البَعِيرَ او الفَرَسَ: اونٹ یا گھوڑے کی پیٹھ کی طرف سے آکر سوار ہونا۔
اسْتَسْفَدَ البَعِيرَ او الفَرَسَ: تَسَفَّدَهُ۔
السَّفُّودُ: گوشت بھوننے کی سیخ ج: سَفَافِيدُ۔
•سَفَرَ ـِ سُفُورًا: روشن ہونا، نمایاں اور واضح ہونا، جلوہ گر ہونا۔
ــــ الصُّبْحُ: صبح ہو جانا، صبح کی روشنی پھیلنا۔
سَفَرَتِ الشَّمْسُ: سورج طلوع ہونا جلوہ گر ہونا۔
ــــ الوَجْهُ حُسْنًا: حسن و جمال سے چہرہ کا چمکنا۔
سَفَرَتِ المَرْأَةُ: عورت کا بےنقاب ہونا
ــــ الرَّجُلُ سَفْرًا: آدمی کا سفر پر روانہ ہونا، مسافر ہونا۔
سَفَرَ الشَّيْءَ سَفْرًا: کھولنا، منکشف کرنا۔
ــــ العِمَامَةَ عن الرَّأْسِ: سر سے پگڑی اتارنا۔ سر کھولنا۔
سَفَرَتِ الرِّيحُ الغَيْمَ عن وجه السَّمَاءِ: ہوا کا آسمان سے گھٹا کو دور کر دینا، آسمان کو کھول دینا۔
ــــ البَيْتَ: گھر میں جھاڑو دینا۔
ــــ التُّرَابَ: مٹی اڑانا، صاف کرنا۔
ــــ الوَرَقَ و الكِتَابَ: لکھنا۔
ــــ البَعِيرَ: اونٹ کی ناک میں نکیل ڈالنا
ــــ بين القوم ـِ سَفْرًا وسِفَارَةً: لوگوں میں صلح کرانا، ثالث و ایلچی بن کر کام کرنا۔ هو سَافِرٌ و سَفِيرٌ
أَسْفَرَ: کھلنا، منکشف ہونا۔
ــــ فُلَانٌ: صبح کو سفر کے لئے نکلنا۔
ــــ بالصَّلٰوةِ: نماز کو صبح روشن ہو جانے اور تاریکی ختم ہو جانے پر پڑھنا۔ قدرے تاخیر سے پڑھنا۔
ــــ الشَّجَرُ: درخت کے پتے گرنا۔
ــــ الحَرْبُ: لڑائی کا سخت ہونا۔
ــــ البَعِيرُ: اونٹ کا سفر کے لئے مضبوط و تیار ہونا۔
ــــ الوَجْهُ: چہرہ چمکنا۔
ــــ الصُّبْحُ: صبح روشن ہونا۔
سَافَرَ مُسَافَرَةً و سِفَارًا الى: (۱) سفر کرنا، سفر کے لئے نکلنا، روانہ ہونا (۲) مرنا
سَفَّرَهُ: سفر پر روانہ کرنا۔ روانہ کرنا۔
سَفَّرَ النَّارَ: آگ بھڑکانا۔
ــــ البَعِيرَ: اونٹ کی ناک میں نکیل ڈالنا۔
انْسَفَرَ الشَّيْءُ: منکشف ہونا۔ کھل جانا۔ کہتے ہیں: انْسَفَرَ مُقَدَّمُ رَأْسِهِ من الشَّعْرِ: سر کے اگلے حصہ کا بالوں سے خالی ہونا، گنجا ہونا۔

أَسْفَرَ الشيءُ عن كذا: نتیجہ نکلنا۔
تَسَفَّرَ: رات کے ابتدائی حصہ میں آنا۔
— الجِلْدُ: چمڑے کا متأثر ہونا۔
— النِّسَاءَ: عورتوں سے چہرہ کھلوانا۔ ان کو بے نقاب کرنا۔
— شَيْئًا من حَاجَتِه: اپنی ضرورت کو کسی حد تک پورا کرنا۔
اِسْتَسْفَرَهُ: کسی کو کسی قوم یا ملک میں قاصد وایلچی بنانا، سفیر بنانا۔
— النِّسَاءَ: عورتوں سے چہرہ کھولنے کو کہنا۔
السَّافِرُ: روشن، واضح، مکشوف، بے نقاب (۲) مسافر ج: سَفْرٌ و سَافِرَةٌ و سُفَّارٌ و أَسْفَارٌ (۳) کاتب، لکھنے والا نامۂ اعمال لکھنے والے فرشتوں میں سے ایک ج: سَفَرَةٌ۔ قرآن پاک میں ہے: "بِأَيْدِي سَفَرَةٍ كِرَامٍ بَرَرَةٍ"
امرأة سَافِرٌ: بے نقاب و بے حجاب عورت ج: سَوَافِرُ۔
فَرَسٌ سَافِرُ اللَّحْمِ: کم گوشت والا گھوڑا، چھریرے بدن کا۔
السَّافِرَةُ: سَافِرٌ کی مؤنث (۲) مسافر لوگ
السَّافِيرُ: نیلا یاقوت (ایک قیمتی پتھر) سیلون برما، ہندوستان۔ بطور خاص علاقۂ کشمیر اور آسٹریلیا میں اس کی کانیں پائی جاتی ہیں۔
السِّفَارُ: اونٹ کی ناک میں نکیل ڈالنے کا لوہے کا ٹکڑا یا چمڑا، نکیل۔
السِّفَارَةُ: عہدۂ سفارت، پیشۂ سفارت، وساطت، ثالثی، ایک ملک کی طرف سے دوسرے ملک میں دائمی اور مکمل نمائندگی (۲) سفارت خانہ۔
سِفَارَةٌ مُفَوَّضِيَّةٌ: لیگیشن، چھوٹے درجہ کا سفارت خانہ۔
السُّفَارَةُ: جھاڑن، جھاڑو سے اکٹھا کیا ہوا کوڑا کرکٹ۔

السَّفَرُ: سفر، قطع مسافت۔ کہتے ہیں: هو مني سَفَرٌ: وہ مجھ سے دور ہے (۲) غروب آفتاب کے بعد دن کی بقایا روشنی۔
سَفَرُ الصُّبْحِ: صبح کی سفیدی، روشنی۔
السَّفْرُ: مسافر (واحد و جمع سب کے لئے) (۲) کھال پر پڑا ہوا نشان ج: سُفُورٌ
السِّفْرُ: کتاب، بڑی کتاب۔ قرآن پاک میں ہے: "كَمَثَلِ الحِمَارِ يَحْمِلُ أَسْفَارًا" (۲) توریت کے اجزا میں سے ایک جزء۔ ج: أَسْفَارٌ۔
السُّفْرَةُ: توشۂ مسافر (۲) توشہ دان (۳) کھانا لگا ہوا دسترخوان ج: سُفَرٌ۔
السُّفُورُ: چہرہ کشائی، نقاب کشائی، بے حجابی رونمائی، بے پردگی، بے حیائی (۲) روشنی
سُفُورُ الشيءِ عن كذا: نتیجہ نکلنا۔
السَّفِيرُ: قاصد، ایلچی، ثالث، مصلح (۲) ایک ملک کا دوسرے ملک میں مستقل نمائندہ، سفیر، ایمبیسیڈر (۳) دلّال (۴) آوازوں کا ماہر اور واقف کار (۵) ہوشیار و باکمال شخص ج: سُفَرَاءُ (۶) گرے ہوئے بال یا پتے (۷) کھیتی کا نچلا حصہ۔
سَفِيرٌ لَدَى بَلَدٍ: کسی ملک میں متعینہ سفیر۔
سَفِيرٌ فَوْقَ العَادَةِ: وہ سفیر یا قونصل جو غیر معمولی کاموں کے لئے مقرر کیا گیا ہو۔ غیر معمولی سفیر۔ بااختیار سفیر۔
السَّفِيرَةُ: سفیر کی تانیث (۲) خاتون سفیر
المُتَسَفِّرُ: ریل کے ذریعہ جانے والا سامان اور جانوروں کا نگراں۔
المَسَافِرُ: مَسَافِرُ الوَجْهِ: (۲) چہرے کے ظاہر حصے۔ واحد: مَسْفِرٌ۔
المِسْفَارُ: بہت اسفار کرنے والا، سفر کی خوب طاقت رکھنے والا ج: مَسَافِيرُ

المِسْفَرُ: المِسْفَارُ ج: مَسَافِرُ۔
المِسْفَرَةُ: مِسْفَرٌ کی تانیث (۲) جھاڑو ج: مَسَافِرُ۔
المُسَفَّرَةُ: دھاگوں یا سوت کا گولا۔
المَسْفُورُ: سفر سے تھکا ہوا۔
السَّفَرْجَلُ: بہی۔ ناسپاتی اور سیب کی طرح کا ایک پھل (جو کشمیر میں پیدا ہوتا ہے) ج: سَفَارِجُ۔
• السِّفْسِيرُ: دلّال، خادم کارکن (۲) خوش مزاج و زیرک (۳) ماہر لوہار۔ ج: سَفَاسِرَةٌ و سَفَاسِيرُ۔
• سَفْسَطَ: مغالطہ دینا۔ مغالطہ آمیز حکمت بیان کرنا۔
السَّفْسَطَةُ: منطقی مغالطہ وہ قیاس جو وہمیات سے مرکب ہو یا وہ طریقۂ استدلال جس کی بنیاد مغالطہ پر ہو اور مقابل کو خاموش کرنا مقصود ہو (یونانی لفظ)
السَّفْسَطِيُّ: سفسطہ کی طرف منسوب، مغالطہ آمیز قیاس سے استدلال کرنے والا۔ وہم کی بنیاد پر قیاس کرنے والا۔
السُّوفِسْطَائِيَّةُ: ایک فرقہ جو حسیات و بدیہیات کا منکر اور وہمیات کا قائل ہے۔ واحد: سُوفِسْطَائِيٌّ۔
• سَفْسَفَ العَمَلَ: کام کو سرسری طور پر کرنا، صحیح طور پر انجام نہ دینا۔
— الدَّقِيقَ و نَحْوَهُ: آٹا وغیرہ چھاننا
سَفْسَفَةُ المُنْخُلِ: آٹا چھاننے کی آواز۔
— الرِّيحِ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اڑانا
السَّفْسَافُ: باریک مٹی جو ہوا میں اڑ جائے (۲) آٹا چھانتے وقت اڑنے والا غبار (۳) ہر ردی اور خراب چیز یا کام ج: سَفَاسِفُ۔
السَّفْسَافَةُ: مٹی اڑانے والی اور زمین کی سطح سے قریب چلنے والی ہوا۔ ج: سَفَاسِيفُ۔

السَّفْسِيفُ: کمینہ خصلت (۲) خسیس عطیہ والا۔
•سَفْسَقَ الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا
سِفْسِقَةُ السَّيْفِ: تلوار کا جوہر، چمک ج: سَفَاسِقُ۔
•سَفُطَ ـُ سَفَاطَةً: نیک دل اور سخی ہونا۔ هو سَفِيطٌ۔
سَفَطَ السَّمَكَ ـُ سَفْطًا: مچھلی کے سِفنے اتارنا، مچھلی صاف کرنا۔
سَفَّطَ الحَوْضَ: حوض کو ٹھیک کرنا اور پختہ کرنا، پلاسٹر کرنا۔
اِسْتَفَطَ ما فى الإناءِ: برتن کا سارا پانی وغیرہ پی لینا۔
تَسَقَّطَ ما فى الإناءِ: اِسْتَفَطَهُ۔
السَّفَاطَةُ: کرارہ پن (۲) ایک ہڈی کی بیماری
السُّفَاطَةُ: گھر کا سامان۔
السَّفَطُ: عورتوں کا سنگار دان (۲) کنڈی، ٹوکری (۳) مچھلی کا سفنا، چھلکا ج: أَسْفَاطٌ۔
السَّفَّاطُ: ٹوکریاں بنانے یا بیچنے والا۔
السَّفِيطُ: درخت سے گری ہوئی ہری کھجوریں
•سَفَعَ بِعُضْوٍ من أعضائِهِ ـَ سَفْعًا: کسی عضو کو پکڑ کر زور سے کھینچنا۔
سَفَعَ بناصِيَتِهِ: اس کی پیشانی کو پکڑ کر زور سے کھینچا۔ قرآن پاک میں ہے: "كَلَّا لَئِنْ لَمْ يَنْتَهِ لَنَسْفَعَنْ بِالنَّاصِيَةِ" سَفَعَ بناصِيَةِ الفَرَسِ لِيَرْكَبَهُ: اس نے سوار ہونے کے لئے گھوڑے کی پیشانی کو زور سے پکڑا۔
ـــ السَّمُومُ والنَّارُ والشَّمْسُ الوَجْهَ: چہرے کو جھلسنا۔
ـــ الشَّيْءَ: نشان ڈالنا، داغ لگانا۔
سَفِعَ ـَ سَفْعًا وسُفْعَةً: سرخی مائل سیاہ ہونا۔ هو أَسْفَعُ وهي سَفْعَاءُ ج: سُفْعٌ۔

سَافَعَهُ مُسَافَعَةً وسِفَاعًا: لڑنا، جنگ کرنا، پیچھا کرنا۔
سَفَّعَتِ النَّارُ وَجْهَهُ: آگ کا چہرہ کو جھلسنا۔
اِسْتَفَعَ ثِيَابَهُ: کپڑے پہننا۔ یہ زیادہ تر رنگے ہوئے کپڑوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔
۔۔۔تامَّةٌ: مکمل اختیارات، فل پاور۔
۔۔۔تنفيذِيَّةٌ: عملی اختیارات تنفیذی
اختیارات، انتظامی اختیارات (۲)
انتظامی عہدہ دار، منتظم، اعلیٰ افسر۔
۔۔۔رئيسِيَّةٌ: اعلیٰ اختیار۔
۔۔۔السِّيَادَةِ: اقتدار اعلیٰ۔
۔۔۔سياسِيَّةٌ: سیاسی اقتدار۔
۔۔۔شرعِيَّةٌ: قانونی اختیار، جائز اقتدار
۔۔۔القضاءِ: عدالتی اختیارات (۲) حکام
عدالت (۳) منصب عدالت۔
۔۔۔زمنِيَّةٌ: وقتی اقتدار۔
۔۔۔مطلَقَةٌ: مطلق العنان حکومت (۲)
کامل اقتدار و اختیار (۳) خود مختار
حکومت۔
۔۔۔عمومِيَّةٌ: پبلک اتھارٹی، عوامی
اختیار۔
۔۔۔مختَصَّةٌ: با اختیار انتظامی منصب
(۲) با اختیار جماعت یا حکام (۳) متعلقہ
حکام۔
لا سُلْطَةَ لَهُ: بے اختیار۔
السُّلُطَاتُ: اختیارات (۲) افسران، حکام۔

سُلُطَاتُ الأَمْنِ: حفاظتی حکام، پولیس افسران
۔۔۔حكومِيَّةٌ: سرکاری حکام۔
۔۔۔مَخْفَرِ الشُّرْطَةِ: تھانہ کے افسران،
ذمہ داران۔
السُّلُطَاتُ العَسْكَرِيَّةُ: فوجی حکام۔
۔۔۔المَحَلِّيَّةُ: مقامی حکام۔
السِّلْطَةُ: لمبا اور پتلا تیر (۲) گھاس اور
بھس ڈالنے کا بورا، تھیلا وغیرہ ج:
سِلَطٌ و سِلَاطٌ۔
السَّلَطَةُ: سلاد (کچی کٹی ہوئی سبزیوں کا
آمیزہ جو کھانے کے ساتھ کھاتے ہیں) (۲)
نمک لیموں یا سرکہ وغیرہ سے پیس کر
بنائی ہوئی چٹنی۔
السَّلَاطَةُ: زبان درازی، بے حیائی۔
التَّسَلُّطُ: قبضہ، غلبہ، اقتدار۔
التسلُّطُ الأَجْنَبِيُّ: غیر ملکی غلبہ و اقتدار۔
تَسَلُّطِيٌّ: ظالمانہ، جابرانہ۔
السَّلِيطُ: زبان دراز، بے حیا (۲) کسی بھی غلّہ
(اناج وغیرہ) سے نکالا ہوا تیل (۳) شیرہ
ج: سُلُطَانٌ۔
المِسْلَاطُ: چابی کے دانت ج: مَسَالِيطُ
(۲) بہت زبان دراز۔
المِسْلَاطُ السِّينَمَائِيُّ: بائس کوپ، پروجیکٹر۔
المَسْلُوطُ: رَجُلٌ مَسْلُوطُ اللِّحْيَةِ: ہلکی
ڈاڑھی والا آدمی۔
• اِسْلَنْطَحَ الوادِي: وادی کا کشادہ ہونا۔
۔۔۔الشَّيءُ: لمبا اور چوڑا ہونا۔
۔۔۔الرَّجُلُ: آدمی کا پھیل جانا، لیٹ جانا
(۲) منہ یا پیٹھ کے بل زمین پر لیٹ جانا۔
• سَلْطَنَهُ: سلطان یا بادشاہ بنا دینا۔
تَسَلْطَنَ: سلطان یا بادشاہ بننا۔
السُّلْطَانُ: حکمران، بادشاہ ج: سَلَاطِينُ
هي سُلْطَانَةٌ (۲) غلبہ و اقتدار (۳)
دلیل و حجت (۴) عملداری، حکومت۔
السُّلْطَانِيَّةُ: پیالہ (۲) گول برتن، ڈونگا وغیرہ۔

السَّلْطَنَة: حکومت، بادشاہ کی قلمرو، عمل داری۔
•سَلَعَ رَأْسَهُ ـَ سَلْعًا: سر کو زخمی کرنا، پھاڑنا۔
— الطَّرِيْقَ: راستہ نکالنا۔
— جِلْدَه: کھال پر آگ سے داغ لگانا۔
سَلِعَ جِلْدُه ـَ سَلَعًا: کھال کا پھٹنا۔
— الرِّجْلُ او الْيَدُ: ہاتھ پیر کا پھٹنا (۲) خون کی خرابی سے سفید دھبوں والا ہونا۔
— الرَّجُلُ: کبڑا ہونا۔ هو أَسْلَعُ و هي سَلْعَاءُ ج: سُلْعٌ۔
سَلِعَتِ الْأَرْضُ و انْسَلَعَتْ: زمین میں شگاف پڑنا۔
أَسْلَعَ فُلَانٌ: زخمی سر والا ہونا (۲) سامان والا ہونا۔
سَلَّعَ الجِلْدَ: کھال کو پھاڑنا۔
انْسَلَعَ جِلْدُهُ: کھال کا پھٹ جانا۔
تَسَلَّعَ: انْسَلَعَ۔
الأَسْلَعُ: پھٹی ہوئی کھال والا (پھٹے ہوئے پیروں یا ہاتھوں والا) برص کا مریض، داغ دار کھال والا (۳) کبڑا، جھکی ہوئی کمر والا ج: سُلْعٌ۔
السَّلْعُ: کھال کی پھٹن (۲) پہاڑ وغیرہ کا شگاف ج: سُلُوْعٌ و أَسْلَاعٌ
السِّلْعُ: پہاڑ کی دراڑ (۲) کسی کی شبیہ و ہم صفتی جیسے: غلامانِ سِلْعَان عمر وغیرہ میں یکساں دو لڑکے۔ ج: سُلُوع و أَسْلَاع۔
السَّلَعُ: ملک یمن میں پیدا ہونے والا ایک تلخ درخت جس کا پھل کڑوا ہوتا ہے۔
السَّلْعَةُ: سر کا زخم (کسی بھی نوع کا ہو) ج: سِلَاعٌ۔
السِّلْعَةُ: سامان تجارت (۲) سامان (۳) کھال کے ساتھ لگا ہوا زائد گوشت (۴) کھال میں ابھری ہوئی گوشت کی گرہ (۵) جونک ج: سِلَعٌ۔
سِلْعَةٌ شَائِعَةٌ: مروجہ سامان۔
— كَاسِدَةٌ: خراب اور ردی سامان
— مُتَدَاوَلَةٌ: چالو سامان۔
— مُصَدَّرَةٌ: اکسپورٹ (برآمد) کیا ہوا سامان۔
— مُسْتَوْرَدَةٌ: امپورٹ (درآمد) کیا ہوا سامان
السِّلَعُ الحُرَّةُ: فری سامان جس پر کسٹم نہ ہو۔
— الصغيرة: چھوٹا تجارتی سامان
— غير نَمَطِيَّة: غیر معیاری سامان
— قليلة التَّلَف: کم خراب ہونے والا سامان۔
— قابِلَة لِلتَّلَف: خراب ہو جانے والا سامان۔
— مُعَمَّرَة: دیرپا سامان۔
— مُمْتَازَة: اعلیٰ قسم کا سامان۔
— استهلاكية: عام استعمال کا سامان، اشیاء صرف۔
— انتاجِيَّة: پیداواری سامان۔
— تموينِيَّة: سپلائی کا سامان۔
السَّوْلَعُ: ایلوا، ایک کڑوی گھاس۔
المِسْلَعُ: راہبر ج: مَسَالِع۔
•سَلَغَ ذو الحافِر ـَ سَلْغًا و سُلُوْغًا: سم والے جانور کا زخم والا ہونا۔
— وَلَدُ الشَّاة او البَقَرة: بکری یا گائے کے بچے کے دانت نکلنا، پورے دانتوں والا ہونا (۲) دودھ کے دانت گرنا۔ هو و هي سَالِغ ج: سُلَّغٌ و سَوَالِغ۔
سَلِغَ ـَ سَلَغًا: برص کا مریض ہونا، کھال پر سفید داغ والا ہونا (۲) تیز سرخی والا ہونا۔
سَلِغَ اللَّحْمُ: گوشت کا ناپختہ ہونا۔
— فُلَانٌ: کمینہ و ذلیل ہونا۔ هو أَسْلَغُ و هي سَلْغَاءُ ج: سُلْغٌ
•سَلَفَ ـُ سُلُوْفًا و سَلَفًا: گزرا ہوا ہونا۔ هو سالف ج: سُلَّافٌ و سَلَفٌ و هي سالِفَة ج: سَوَالِف (۲) گزر جانا، ختم ہو جانا۔
— السَّائِرُ سَلْفًا: چلنے والے سے آگے نکل جانا جیسے: سَلَفَ القَوْمَ۔
— القَوْمَ: لوگوں سے آگے نکل جانا۔
— الأَرْضَ: زمین کو ہموار کرنا۔
أَسْلَفَتِ المَرْأَةُ: عورت کا پینتالیس کی عمر تک پہنچ جانا۔ هي مُسْلِفٌ۔
— فُلَانًا مالاً: کسی کو مال بطور قرض دینا
— الأَرْضَ: سَلَفَهَا۔
— اليه في الشيء: کسی کو بیع سلم (ثمن پیشگی ادا کر کے مبیع ایک معین مدت کے بعد وصول کی جائے) میں کوئی چیز دینا۔
سَالَفَ: آگے نکل جانا۔
— السَّائِرَ في الأرض: چلنے والے کے ساتھ آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔
— فُلَانًا في امر: کسی معاملہ میں کسی کا مقابلہ کرنا۔
سَلَّفَ فُلَانٌ: ناشتہ (کھانے سے پہلے پیش کی ہوئی کھانے کی چیز) کرنا
— الضَّيْفَ: کھانے سے پہلے مہمان کو ناشتہ کرانا۔
— الشَّيْءَ: آگے بڑھانا (۲) پیشگی دینا۔
— فُلَانًا مالاً: کسی کو مال قرض دینا۔
— اليه في كذا: بیع سلم میں کوئی چیز دینا۔
اسْتَسْلَفَ: قرض لینا۔
تَسَالَفَ الرَّجُلَانِ: دو آدمیوں کا دو بہنوں سے شادی کرنا اور ایک دوسرے

کا ہم زلف ہونا۔ هما سِلْفَان۔
تَسَلَّفَ: قرض لینا (۲) ناشتہ کرنا (۳) بیع سلم میں کوئی چیز لینا۔
—منه: پیشگی لینا، بطور قرض لینا۔
اِسْتَسْلَفَ منه مَالاً: کسی سے مال ادھار طلب کرنا۔
الأُسْلُوفَةُ: داماد (۲) رشتۂ دامادی، سسرالی رشتہ ج: اَسَالِیف
السَّالف: گذشتہ ج: سُلَّافٌ و سَلَفٌ
السَّالِفَةُ: گردن کا حصہ جو کان کی لو سے متصل ہوتا ہے (۲) گھوڑے وغیرہ کی گردن کا اگلا حصہ (۳) گردن ج: سَوَالِف۔
السُّلَافُ: خالص عمدہ شراب (۲) ہر شے کا خالص حصہ، جوہر۔
السُّلَافَةُ: السُّلَافُ۔
السَّلْفُ: رنگا ہوا کچا چمڑا، ابتدائی دباغت والا چمڑا (۲) بڑا چمڑے کا تھیلا ج: أَسْلُفٌ و سُلُوفٌ۔
السِّلْفُ: ہم زلف (ساڑھو۔ بیوی کی بہن کا شوہر)۔ هما سِلْفَانِ (۲) دیور، جیٹھ (۳) داماد، سسرال ج: اَسْلَاف
السَّلَفُ: سالف کی جمع۔ گزرے ہوئے لوگ، آباؤ اجداد (۲) فضل وکمال یا عمر میں بڑھا ہوا (۳) گذشتہ نیک عمل (۴) بیعانہ (مبیع سے پہلے دی ہوئی کچھ قیمت) (۵) قرض حسن جس میں قرض دینے والے کی کوئی منفعت نہ ہو (۶) بیع سلم ج: اَسْلَاف و سُلَّاف۔
سَلَفًا: پہلے ہی، پیشگی۔
السَّلِفُ: السَّلْفُ (۲) غلف، غلافِ حشفہ، قلفہ ج: اَسْلَاف
السُّلَفُ: طائر قطا کا چوزہ (۲) چکور کا جوزہ ج: سِلْفَانٌ۔
السُّلْفَةُ: کھانے سے پہلے کی ہلکی غذا، ناشتہ (۲) عورتوں کی جانب سے خصوصًا اور دوسروں کی جانب سے عمومًا ملاقاتیوں کو دیا جانے والا تحفہ (۳) گذشتہ لوگ کہتے ہیں: جاؤا سُلْفَةً سُلْفَةً: وہ آگے پیچھے آئے (۴) کاشت وغیرہ کیلئے ہموار کی ہوئی زمین (۵) جوتوں کے استر کا پتلا چمڑا (۶) قرض (۷) بچہ کا غلاف حشفہ ج: سُلَفٌ۔
سُلْفَةٌ بِدُونِ ضَمَانٍ: بلاضمانت قرض۔
سُلْفَةُ الحِذَاءِ: جوتے کا تلا۔
—من المَصْرِف: قرض مع سود، بنک لون۔
السِّلْفَةُ: دیورانی جٹھانی (خاوند کے بھائی کی بیوی۔ هما سِلْفَتَانِ (۲) بھاوج ج: سَلَائِف۔
السَّلِفَةُ من الأَرْضِ: کم درختوں والی زمین۔
السَّلَفِيُّ: احکام شریعت میں صرف کتاب وسنت سے رجوع کرنے والا اور ماسوا کو قابل اعتبار نہ سمجھنے والا۔
السُّلَّافُ: فوج کا ہراول دستہ۔
السَّلِيفُ: گذشتہ، اگلا (۲) اگلے لوگ ج: سُلُفٌ۔
المِسْلَفَةُ: زمین ہموار کرنے کا آلہ (ہینگا) ج: مَسَالِف۔
سُلْفِید و سُلْفَات: سلفائڈ، گندھک اور کسی جزو مستقل یا عنصر کا مرکب۔
•سَلَقَ ـُـ سَلْقًا: گوشت اور انڈا وغیرہ اُبالنا، جوش دینا۔
—فُلَانٌ: دوڑنا (۲) چیخنا، شور مچانا۔
—فُلَانًا بكلامه او بلسانه: کسی کو تکلیف پہنچانا، پھبتیاں کسنا۔ قرآن پاک میں ہے "فاذا ذَهَبَ الخَوْفُ سَلَقُوكم بِأَلْسِنَةٍ حِدَادٍ" (۲) گدی کے بل زمین پر گرانا (۳) چت کرنا، نیزہ مار کر پہلو کے بل گرانا۔
سَلَقَ الطَّبِيبُ فُلَانًا: طبیب کا کسی کو پیٹھ کے بل لٹانا۔
—الذَّبِيحَةَ بالماء الحار: ذبح کئے ہوئے جانور کی کھال سے اون یا بال صاف کرنا۔
—اللَّحْمَ عن العَظْمِ: ہڈی سے گوشت اتارنا۔ کہتے ہیں: رَكِبَ الدَّابَّةَ فَسَلَقَتْ بَاطِنَ فَخِذَيْهِ او أَلْيَتَيْهِ: وہ جانور پر سوار ہوا تو اس نے اس کی ران یا کولہے کو چھیل دیا۔
—بالسَّوْطِ و غيره: کوڑا وغیرہ مار کر کھال ادھیڑنا۔
—ظَهْرَ الدَّابَّةِ: چوپائے کی کمر کی کھال اتارنا۔
—البَرْدُ او الحَرُّ النباتَ: سردی (پالے) یا گرمی کا نباتات کو جلا ڈالنا، مار دینا۔
—الجِلْدَ: چمڑے پر تیل وغیرہ ملنا۔
—الحَائِطَ وغَيْرَهُ: دیوار وغیرہ پر چڑھنا۔
—العُوْدَ و نَحْوَهُ فى العُرْوَةِ: برتن یا تھیلے کے دستہ میں لکڑی وغیرہ لگانا۔
—الجَوَالِقَ و نَحْوَهُ: تھیلے کے ایک دستہ کو دوسرے میں داخل کرنا۔
سَلِقَ فُلَانٌ على هذه السَّلِيقَة و سَلِقَها: فلاں کی طبیعت میں یہ طرز (سلیقہ) ہے۔ فلاں میں فطرةً یہ سلیقہ ہے، فلاں کا یہ مزاج ہے۔
أَسْلَقَ الرَّجُلُ: سِلْقَه (انڈوں سے فارغ ہونے والی ٹڈی) کا شکار کرنا۔

أَسْلَقَ العُودَ فِي العُرْوَةِ : دستہ یا کرتے میں لکڑی داخل کرنا (پکڑنے کے لئے) .
انْسَلَقَ : مطاوع سَلَقَ ۔جوش آجانا، ابل جانا (۲) زمین پر چت گرنا (۳) اون یا بالوں کا گرم پانی سے صاف ہو جانا (۴) ران وغیرہ کا چھل جانا (۵) گھوڑے وغیرہ سے کھال وغیرہ ادھڑ جانا (۶) چمڑے پر تیل ملا جانا ۔
ـــ اللِّسانُ : زبان کا چھل جانا، چھالے پڑ جانا ۔
ـــ الجُفُونُ : پپوٹوں کا سرخ ہو کر چھل جانا ۔
تَسَلَّقَ علی فِراشِه : درد یا غم سے بستر پر تڑپنا، کروٹیں بدلنا ۔
ـــ الجِدارَ و نَحْوَه و علیه : چڑھنا
اسْتَلْقَی : چت لیٹنا ۔
الاَسَالِقُ : حلق کے تالو کے آس پاس کا حلقہ ۔
السَّالِقُ : ابالنے چھیلنے علیحدہ کرنے اور زبان درازی وغیرہ کرنے والا ۔
السَّالِقَةُ : مصیبت کے وقت واویلا کرنے والی یا منہ کو پیٹنے والی عورت ج: سَوَالِقُ ۔
السُّلاَقُ : زبان کی جڑ میں نکلنے والی پھنسیاں (۲) زبان کی جڑ کا خراش ۔
سَلاَقَةُ اللِّسانِ : زبان کی تیزی ۔
السِّلْقُ : بھیڑیا (۲) ایک قسم کی سبزی جس کے پتے لمبے اور جڑ گہری ہوتی ہے پکا کر کھائی جاتی ہے (۳) پانی کی نالی ج: سِلْقَانُ ۔
السَّلَقُ : کشادہ راستہ (۲) ہموار کشادہ میدان جس میں روئیدگی نہ ہو ج: اَسْلاَقٌ و سِلْقانٌ ۔
السِّلْقَةُ : زبان دراز عورت (۲) انڈا دینے والی ٹڈی، بھیڑیئے کی مادہ ج: سِلَقٌ ۔

السَّلاَّقُ : خَطِيبٌ سَلاَّقٌ: فصیح و بلیغ مقرر، زوردار مقرر (جس کی زبان تیز ہو) چرب زبان مقرر ۔
السَّلاقُون : لال مٹی ۔
السُّلاَّقُ : نصرانیوں کی ایک عید ۔
السَّلُوقِيُّ : سلوق گاؤں کا رہنے والا (وہاں کی عمدہ زرہیں اور عمدہ کتے مشہور ہیں)
السَّلُوقِيَّةُ : جہاز کے کپتان کی سیٹ ۔
السَّلِيقُ : المَسْلُوقُ (۲) گرمی سے جلا ہوا اور پالے (سردی) سے مری ہوئی یا ٹھٹھری ہوئی نبات (۳) چھوٹے چھوٹے گرے ہوئے درخت (۴) راستہ کا ایک کنارہ (۵) شہد کی مکھی کے چھتے کی ایک لمبی نالی جس میں شہد بھرا ہوا ہوتا ہے ج: سُلُقٌ اور سُلُقٌ ۔
السَّلِيقَةُ : فطرت، طبیعت، طبعی سلیقہ، طرز (۲) ابلی ہوئی چیز (۳) دونوں پہلوؤں کے درمیان گوشت کا ٹکڑا ۔ فُلاَن يَتَكَلَّمُ بالسَّلِيقَةِ : فلاں فطرۃً صحیح کلام کرتا ہے (۴) شموں اور پیروں کے نشانات (راستہ پر) (۵) نمایاں راستہ (۶) شہد کے چھتے میں بنی ہوئی ایک دیوار (۷) مکی جسے کوٹ کر دودھ ملا کر پکایا جائے ج: سَلاَئِقُ و سُلُقٌ ۔
السَّلِيقِيُّ : سلیقہ مند، فطری ذوق والا (۲) بلا تعلیم حاصل کئے ہوئے صحیح کلام کرنے والا عرب ۔ شاعر کہتا ہے:
لَسْتُ بِنَحْوِيٍّ يَلُوكُ لِسَانَهُ
وَلٰكِنْ سَلِيقِيٌّ أَقُولُ فَأُعْرِبُ
المِسْلاَقُ : السَّلاَّقُ ج: مَسَالِيقُ ۔
المِسْلَقُ : السَّلاَّقُ ج: مَسَالِقُ ۔
المَسْلُوقُ : ابلا ہوا، جوش دیا ہوا (۲) چھیلا ہوا (۳) علیحدہ کیا ہوا ۔
المَسْلُوقَةُ : پکا ہوا گوشت یا ابلا ہوا گوشت، پانی میں جوش دیا ہوا مرغ ۔
السَّلْقُونُ : اکسید الرّصاص الاحمر ۔
السَّيْلَقُ : تیز رفتار اونٹنی ۔
السَّيْلَقُونُ : السَّلْقُونُ ۔

• سَلَكَ المكانَ و به وفيه ـُ سَلْكًا و سُلُوكًا : داخل ہونا اور پار ہو جانا ۔
ـــ الشيءَ في الشيءِ و به : ایک چیز کو دوسری میں داخل کرنا، پرونا، شامل کرنا ۔
ـــ فُلانًا المكانَ : کسی کو کسی جگہ داخل کرنا ۔ سَلَكَ بِهِ المَكانَ بھی کہتے ہیں ۔
ـــ الطَّرِيقَ : راستہ پر چلنا ۔
ـــ مَسْلَكًا : کوئی طرز یا طریقہ اپنانا اور اس پر چلنا، روش اختیار کرنا ۔
أَسْلَكَهُ المَكانَ وفيه و به و عَلَيه : کسی کو کسی جگہ داخل کرنا ۔ یا چلانا، منسلک کرنا، پرونا ۔
سَلَّكَهُ : أَسْلَكَهُ (۲) گرہ کھولنا (۳) سلجھانا (۴) دانتوں میں خلال کرنا ۔
انْسَلَكَ : داخل ہونا، منسلک ہونا، شامل ہونا ۔
تَسَلَّكَ : گرہ کھلنا، سلجھنا (۲) داخل ہو جانا (۳) منسلک ہونا ۔
السَّالِكُ : طرز عمل اختیار کرنے والا، راستہ چلنے والا، سلوک کی منزل طے کرنے والا ۔
السِّلْكُ : دھاگا، لڑی، تار، لائن، سلسلہ ج: أَسْلاَكٌ و سُلُوكٌ
سِلْكٌ تِلِغْرافِيٌّ : ٹیلی گرام لائن، کیبل ۔
ـــ كَهْرَبائِيٌّ : بجلی کا تار ۔
ـــ دِبْلُوماسِيٌّ : ڈپلومیٹک لائن سفارتی جماعت (افسران) جو کسی ملک کی دوسرے ملک میں نمائندگی کرتے ہیں ۔

سِلْكٌ سِيَاسِيٌّ: سیاسی لائن۔
— مَعْدِنِيٌّ: لوہے یا تانبے وغیرہ کا تار
— صَحَفِيٌّ: پریس لائن، اخبار نویسی سے متعلق جماعت یا سلسلہ۔
السُّلَكُ: چکور یا تیتر کا چوزہ ج: سِلْكَان هی سُلَكَة۔
السُّلْكَى: یکساں کام۔ کہتے ہیں: اَمْرُهم سُلْكَى: ان کا معاملہ یکساں ہے (۲) نیزہ کی سیدھی ضرب۔
سِلْكَةٌ: سلائی کا دھاگا ج: سِلْكٌ ج ج: اَسْلَاك و سُلُوك۔
سِلَاكَةُ الاَسْنَان: دانتوں کا خلال
السَّلَّاكُ: تار یا دھاگا، فروش (۲) دھاگا یا تار بنانے والا۔
السُّلُوكُ: طرزِ عمل، کردار، روش، معاملہ، طور طریق، برتاؤ (۲) علم النفس میں: کوئی ذی روح کسی پیش آمدہ صورت حال کے تئیں جو ردِ عمل دیتا ہے اس کی مکمل کیفیت۔ علم تصوف میں: تلاش حق۔
سُلُوكٌ اَخْلَاقِيٌّ: اخلاقی برتاؤ، رویہ۔
سُلُوكٌ جَمَاعِيٌّ و اجتماعِيٌّ: سماجی برتاؤ، اخلاقی طور طریق، معاشرتی طرز
حُسْنُ السُّلُوك: نیک چلن آدمی، نیک کردار۔
سَيِّئُ السُّلُوك: بدچلن آدمی، بدکردار۔
السُّلُوكِيَّة: طرزِ عمل، کردار۔
السِّلْكِيُّ: تار والا۔
اللَّاسِلْكِيُّ: بے تار کا، وائرلیس۔
اِذَاعَةٌ لاسِلْكِيَّة: ریڈیو اسٹیشن
اِشَارَة لاسِلْكِيَّة: وائرلیس پیغام، ریڈیائی پیغام، سگنل۔
مُخَابَرَة لاسِلْكِيَّة: وائرلیس پیغام رسانی۔
جهاز التِقاط لاسِلْكِيّ: وائرلیس ریسیور سیٹ۔
عامِلُ اللَّاسِلْكِيّ: وائرلیس آپریٹر۔
المَسْلَكُ: راستہ، طریقہ، کسی جماعت کا مخصوص طریقہ، روش (۲) پانی کا راستہ، نالی ج: مَسَالِك۔
خُذ فی مَسَالِكِ الحَقّ: حق کی راہوں پر چلو۔
المَسْلَكُ السَّخِيف: خراب طرزِ عمل۔
مَسْلَكُ فُلَانٍ مع فُلَان: کسی کا کسی کے ساتھ طرزِ عمل۔
• سَلَّ الشیءَ من الشیءِ ـُـ سَلًّا: کھینچ کر نکالنا، آہستہ سے نکالنا۔
— الشَّعْرَةَ من العَجِين: آٹے میں سے بال نکال دیا۔
— السَّيْفَ من غِمْدِه: میان سے تلوار نکالنا، تلوار سونتنا۔
— الشیءَ: چرانا۔ هو مَسْلُول۔
سَلَّهُ الدَّاءُ: بیماری لگ جانا۔ هو مسلول و سَلِيل۔
سُلَّ: مرض سل میں مبتلا ہونا۔ المَرِيض مَسْلُول۔
أَسَلَّ: کھلا ہوا حملہ کرنا۔
— الشیءَ: سَلَّهُ۔
— اللّٰهُ فُلَانًا: اللہ کا کسی کو مرض سل میں مبتلا کرنا۔
اِسْتَلَّ: میان یا جیب وغیرہ سے نکالنا
— به: کسی کو چپکے سے لیجانا۔
— الجَدْوَلُ النَّهْرَ: دریا سے چھوٹی نہر کا نکلنا، گول کا نکلنا۔
اِنْسَلَّ: آہستہ سے نکل آنا، خفیہ طور سے نکلنا، آنکھ بچا کر نکل جانا، کھسک جانا۔
— اِلَى: راہ پانا۔
تَسَلَّلَ: اِنْسَلَّ، تَسَلَّلَ فی الظَّلَام او من الزِّحَام: تاریکی یا بھیڑ میں سے نکل جانا۔
تَسَلَّلَ اِلَى: خفیہ طور سے گھس آنا (۲) راہ پانا۔
الاَسَلُّ: چور۔
الاِسْلَالُ: چوری، سرقہ، حدیث میں ہے: "لا اِغْلَالَ و لَا اِسْلَالَ" (۲) رشوت (۳) کھلا حملہ۔
التَسَلُّل اِلَى: گھس پیٹھ، خفیہ آمد۔
السَّالُّ: وادی کی تنگ نالی ج: سَوَالُّ و سُلَّانٌ۔
السُّلَالُ: مرض سل، پھیپھڑے کی ایک بیماری جو بیمار کو لاغر و کمزور کر کے ہلاک کر دیتی ہے۔
السُّلَالَةُ: کسی شے سے نکالی ہوئی چیز (۲) نطفہ۔ قرآن پاک میں ہے: "ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهُ مِن سُلَالَةٍ مِن مَّاءٍ مَّهِينٍ" (۳) نسل (۴) خاندان کی اصل، خاندان۔ سُلَالَة مَلَكِيَّة: شاہی خاندان۔
عِلْمُ السُّلَالَات البَشَرِيَّة: علم الانساب۔
السَّلُّ: بانس کی کنڈی۔
السِّلُّ: سل بیماری۔
السَّلَّة: ایک جنبش، تلوار کی برآمدگی، حرکت۔ کہتے ہیں: اَتَيْنَاهُم عند السَّلَّة: تلوار نکلتے ہی ہم ان کے پاس آ پہنچے (۲) چوری۔ کہتے ہیں: الخَلَّة تَدْعُو اِلَى السَّلَّة: غربت یا ضرورت چوری کا باعث بنتی ہے۔
— من الفَرَس: گھوڑے کی ایک دوڑ (۲) ٹوکری، کنڈی ج: سِلَال
سَلَّة لأوراق الحفظ: فائلنگ باسکٹ، فائل رکھنے کی کنڈی۔

سَلَّةُ المُہمَلَات : ردی کی ٹوکری۔
السَّلَّہ : ایک خاردار گھاس۔
السَّلَّال : ٹوکریاں بنانے یا بیچنے والا۔
السَّلِیلُ : بمعنی المَسلُولُ ۔ نکالی ہوئی چیز، سونتی ہوئی تلوار (۲) نومولود بچہ (۳) نسل۔ سَلِیلُ فُلَانٍ : فلاں کی نسل، اولاد (۴) خالص شراب (۵) پانی کی گذرگاہ، نالی، وادی کا آبی راستہ ج : سُلَّانٌ ۔
السَّلِیلَةُ : سَلِیلٌ کی مؤنث۔ نومولود لڑکی وغیرہ (۲) اون یا بالوں کی پونی (گالا) جس سے کتائی کے وقت آہستہ آہستہ اون یا دھاگا نکلتا ہے (۳) کمر کا لمبا گوشت (۴) تانا (لمبائی میں پھیلے ہوئے دھاگے) ج: سَلَائِل
سَلَائِلُ السَّنَام : کوہان کی لمبی دھاریاں۔
المِسَلَّةُ : سینے کا سوا، بڑی سوئی (۲) نوکیلا برج جیسے گرجا اور مندر پر ہوتا ہے۔ فراعنۂ مصر کے زمانہ میں کندہ شدہ لمبوترا پتھر ج: مَسَالٌّ
المُسَلِّلُ : چوری چھپے کام کرنے کا ماہر (۲) سرقہ کھسوٹ۔
• سَلَمَ الجِلدَ ـِ سَلمًا : چمڑے کو سَلَم درخت کے پتوں سے رنگنا۔
سَلِمَ من الآفات و نحوها ـَ سَلَامًا و سَلَامَةً : آفات وغیرہ سے محفوظ رہنا، بچا رہنا، چھٹکارا پانا، عیب وغیرہ سے پاک و صاف ہونا۔
ـــ لَہٗ کذا : خالص ہونا۔ ھو سَالِمٌ و سَلِیم۔
أَسلَمَ : فرماں بردار ہونا، مسلمان ہونا، مذہب اسلام قبول کرنا۔ صرف اللہ کے دین کو ماننا اور اس پر چلنا (۲) امن و امان میں آجانا۔

أَسلَمَ عن الشَّیءِ : اختیار کرنے کے بعد چھوڑ دینا۔
ـــ فی البَیعِ : بیع سلم کا معاملہ کرنا۔
ـــ الشَّیءَ إلَیه : سپرد کرنا، حوالہ کرنا۔
ـــ أَمرَہُ لَہٗ و إلَیه : اپنا معاملہ کسی کے سپرد کرنا۔ أَسلَمَ وَجہَہُ لِلّٰہِ : اس نے اپنے آپ کو اللہ کے سپرد کر دیا۔
ـــ الخَیطُ و نَحوُہُ : دھاگا یا لڑی ٹوٹ کر دانے یا موتی بکھر جانا۔
ـــ فُلَانًا : بے یار و مددگار چھوڑنا، کسی کو دشمن کے رحم و کرم پر چھوڑنا
أُسلِمَ : مارگزیدہ ہونا۔
أَسلَمَ روحَہ لَہ : جان دینا۔
سَالَمَہ مُسَالَمَةً و سِلَامًا : کسی سے مصالحت کرنا۔
سَلَّمَ : فرماں بردار ہونا (۲) تسلیم کرنا، فیصلہ ماننا۔
ـــ المُصَلِّی : سلام پھیرنا، السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہہ کر نماز ختم کرنا۔
ـــ عَلَی القَوم : سلام کرنا۔
ـــ فی البیع : بیع سلم کرنا۔
ـــ الدَّعوَی : دعوی مان لینا، صحت تسلیم کرنا۔
ـــ الجَیشُ لِعَدُوِّہِ : دشمن کے سامنے ہتھیار ڈالنا، اس کا غلبہ تسلیم کرنا۔
ـــ أَمرَہُ لِلّٰہِ و إلَیه : اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کرنا۔
ـــ نَفسَہُ لِغَیرِہِ : دوسرے کو اپنے اوپر غالب کرنا، خود کو کسی کے سپرد کرنا۔
ـــ الشَّیءَ لَہٗ : کسی کے کوئی چیز حوالہ کرنا، اس کے لئے خاص کرنا۔
ـــ اللّٰہُ فلَانًا من کذا : اللہ کا کسی کو کسی چیز سے نجات دینا۔

سَلَّمَ لَہٗ و إلَیه الشَّیءَ : سپرد کرنا، کسی کے پاس پہنچانا۔
استَلَمَ الزَّرعُ : کھیتی میں خوشے (بالیں) نکلنا۔
ـــ الحَاجُّ الحَجَرَ الأَسوَدَ بالکَعبَةِ : خانہ کعبہ میں حاجی کا حجر اسود کو بوسہ دینا یا ہاتھ سے چھونا، استلام کرنا۔ کہاوت ہے : فُلَانٌ لَا یُستَلَمُ علی سَخَطِہ : وہ جس چیز کو ناپسند کرتا اس کو اس سے منوایا نہیں جا سکتا۔
ـــ الشَّیءَ : لینا، وصول کرنا، پانا (۲) چومنا۔
ـــ الحُکمَ : حکومت سنبھالنا۔
تَسَالَمَا : باہم مصالحت کرنا۔
ـــ الخَیلُ و نَحوُھَا : گھوڑوں وغیرہ کا مل جل کر چلنا، ایک دوسرے کو نہ ہچکانا۔
تَسَلَّمَ الشَّیءَ : وصول کرنا، قبضہ میں لینا، حاصل کرنا۔
ـــ منہ : چھٹکارا پانا، نجات پانا۔
ـــ العَمَلَ : کام کا چارج لینا۔
ـــ المَنصِبَ : عہدہ سنبھالنا۔
تَمَسلَمَ الکافرُ : مسلمان ہونا (۲) مسلمانوں جیسا ہونا (۳) مسلمانوں کا سا نام رکھنا۔
استَسلَمَ لہ : فرماں بردار ہونا (۲) کسی کے سامنے گھٹنے ٹیکنا، ہتھیار ڈالنا، جھکنا، ہار ماننا۔
ـــ سَنَنَ الطَّرِیقِ : صحیح راستہ پر چلنا
الاستِسلَامُ : شکست، جھکاؤ، مغلوبیت خودسپردگی۔ بالاستِسلَام : ہتھیار ڈال کر۔
استِسلَامِیٌّ : شکست خوردانہ، مغلوبانہ، ذلت آمیز۔
الإسلَامُ : محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی شریعت (احکام و تعلیمات)

کو بے چون وچرا ماننا اور سر تسلیم خم کرنا (۲) جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا لایا ہوا مذہب (۳) اطاعت و فرماں برداری، خود سپردگی۔

الأُسَيْلِمُ: کن انگلی اور اس کے برابر والی انگلی کے بیچ کی رگ۔

السَّلَامُ: باری تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام (۲) سپردگی، تسلیم ورضا (۳) مسلمانوں کا سلام (۴) امن وسلامتی (۵) عیوب ونقائص سے برأت و حفاظت (۶) چین وسکون (۷) امان و حفاظت (۸) صلح (۹) قومی ترانہ (۱۰) درختوں کی ایک قسم

السَّلَامُ الدَّائِمُ: پائدار یا دیرپا امن۔

السَّلَامُ الرُّوحَانِيُّ: روحانی سکون۔

السَّلَامُ العَادِلُ: منصفانہ امن۔

السَّلَامُ العَالَمِيُّ: عالمی امن وسکون۔

السَّلَامُ العَسْكَرِيُّ: فوجی سلام۔

السَّلَامُ المُرَاوِغُ: فریب دہ امن۔

السَّلَامُ الوَطَنِيُّ: قومی ترانہ۔

دَارُ السَّلَامِ: جنت۔ قرآن پاک میں ہے "لَهُمْ دَارُ السَّلَامِ" (۲) شہر بغداد (۳) افریقہ کا مشہور شہر

مَدِينَةُ السَّلَامِ: شہر بغداد۔

نَهْرُ السَّلَامِ: دریائے دجلہ۔

یا سلام: برائے تعجب۔ تعجب ہے حیرت۔ حد ہوگئی، کمال ہوگیا۔

السَّلَامَةُ: امن، تحفظ، سلامتی، حفاظت بچاؤ۔

السَّلَامِي: جنوبی ہوا۔

السُّلَامَى: ہاتھ اور پیروں کی انگلیوں کی ہڈیاں، جوڑ دار ہڈیاں ج: سُلَامَيَات

السُّلَامَيَاتُ: ہاتھ اور پیروں کے اوپر کی رگیں۔

السَّلَامَانُ: ایک درخت۔

السُّلَّمُ: سیڑھی، زینہ (۲) کسی چیز تک پہنچنے کا ذریعہ (۳) موسیقی چند نغموں کا ایک مجموعہ ج: سَلَالِمُ وسَلَالِيمُ

السُّلَّمِيُّ: زینہ کا، زینہ سے متعلق۔

السَّلْمُ: الإِسْلَامُ (۲) صلح (۳) امن خلاف الحرب۔ قرآن پاک میں ہے: "وَإِنْ جَنَحُوا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا" (۴) صلح جو، امن پسند (وصف بالمصدر) ج: أَسْلُمٌ و سِلَامٌ۔

لَا سِلْمَ وَلَا حَرْبَ: ناجنگ ناامن۔

السِّلْمُ العَادِلُ: منصفانہ امن۔

السِّلْمِيُّ: پرامن۔ امن سے متعلق۔

السَّلَمُ: الاستسلام (۲) تسلیم واعتراف (۳) بلاجنگ اسارت (قید) (۴) بیع سَلَم ایسی چیز کی بیع جس کی قیمت فوری ادا کی جائے اور وہ چیز مخصوص صفت کے ساتھ کسی کے ذمہ واجب الادا ہو (۵) ایک درخت جس کی چھال سے چمڑے کو رنگا جاتا ہے۔ واحد: سَلَمَةٌ۔

أَبُو سَلْمَانَ: ایک قسم کا کیڑا (جُعَل)

السَّلِمَةُ: پتھر (۲) نرم ونازک ہاتھ پیر والی عورت۔ نازک اندام ج: سِلَامٌ و سَلِمٌ۔

السَّلِيمُ: سانپ گزیدہ (۲) قریب الموت زخمی (۳) بے عیب۔ صحیح وسالم، تندرست، صاف ستھرا ج: سَلْمَى و سُلَمَاءُ۔

سَلِيمُ البِنْيَةِ: تندرست آدمی۔

ــــ العَقْلِ: باہوش آدمی۔

ــــ العَاقِبَةِ: خوش انجام۔

ــــ العَقِيدَةِ: صحیح العقیدۃ۔

المُسْتَلِمُ: وصول کنندہ (۲) استلام کرنے والا۔ حجر اسود کو چومنے والا۔

المُتَسَلِّمُ: وصول کنندہ، حاصل کنندہ۔

المُسْلِمُ: مذہب اسلام کو ماننے والا، وہ شخص جو جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کو دل سے مانتا ہو

المُسَلَّمُ: تسلیم شدہ، سپرد کردہ۔

المُسَلِّمُ: سپرد کنندہ، تسلیم کنندہ۔

• اسْلَهَبَّ الفَرَسُ وَنَحْوُهُ: دوڑتے رہنا۔

السِّلْهَابُ: دلیر عورت ج: سَلَاهِيبُ

السِّلْهَابَةُ: السِّلْهَابُ۔

السَّلْهَبُ: لمبا آدمی یا گھوڑا ج: سَلَاهِبُ و سَلَاهِبَةٌ۔

• اسْلَهَمَّ: بیماری وغیرہ کی وجہ سے دبلا ہونا، سوکھ جانا (۲) کسی بیماری کے بغیر بے چین ومضطرب ہونا (۳) رنگ یا جسم یا بو کا بدل جانا۔

ــــ المَرِيضُ: بیمار کے بدن پر بیماری کا اثر نمایاں ہونا۔

السَّلْهَمُ: دبلا، بیماری کے بعد روبصحت ہونے والا ج: سَلَاهِمُ۔

• سَلَاهُ وعنه ـُ سَلْوًا وسُلُوًّا و سُلْوَانًا: کسی کو بھول جانا، کسی کی جدائی کے بعد اس کی یاد نہ رہنا، تسلی پانا، صبر آجانا، غم نہ رہنا۔

سَلُوٌّ و سُلْوَانٌ: تسلی، فراموشی، صبر

سَلِيَهُ ـَ سَلْيًا: برا سمجھنا۔ کہتے ہیں: ما سَلِيتُ أن أقولَ كذا: میں نے ایسا قصداً نہیں کہا اس لئے نہیں کہ میں بھول گیا تھا۔

أَسْلَى القَوْمُ: درندہ سے محفوظ ہونا۔

ــــ فلانًا عن كذا: تسلی دینا، صبر دلانا۔

ــــ فلانًا من هَمِّه: غم غلط کرنا، دور کرنا

سَلَّاهُ عنه ومنه: أَسْلَاهُ۔

انسلی عنه الهَمُّ وغَیرُه: غم دور ہونا۔
تَسَلّٰی فُلانٌ: تسلی پانا، غم غلط ہونا۔
ـــ عنه الهَمُّ وغَیرُه: کسی کا غم وغیرہ دور ہو جانا۔
السَّلْوٰی: تسلی بخش چیز، غم غلط کرنے کا ذریعہ (۲) لوا (ایک پرندہ) و: سَلْوَاةٌ
السُّلْوَانُ: ایک پانی جس کے بارہ میں عربوں کا خیال تھا کہ اگر عاشق اسے پی لے تو محبت بھول جائے (۲) تسلی آمیز چیز (۳) فرحت بخش دوا وغیرہ۔ کہتے ہیں: سَقَیْتَنِی سُلْوَانًا: تم نے میرا دل خوش کر دیا (مجھے سلوان پلا کر)
السُّلْوَانَةُ: ایک مہرہ جس کے بارہ میں خیال تھا کہ اگر اس پر بارش کا پانی پڑ جائے اور وہ پانی عاشق پی لے تو اس کا عشق ختم ہو جائے (۲) ہر تسلی بخش چیز۔
السُّلْوَةُ: تسلی بخش چیز، غم غلط کرنے کا ذریعہ۔ کہتے ہیں: سَقَیْتَنِی سُلْوَةً (۲) زندگی کی بہار، زندگی کا کیف و سرور
المَسْلٰی: السُّلُوُّ ج: مَسَالٍ۔
المَسْلَاةُ: المَسْلٰی۔
• السِّلَّوْرُ: تقریباً تین میٹر لمبی سمندری یا دریائی مچھلی۔
• سَلَی النَّاقَةَ ونَحوَها ـِ سَلْیًا: اونٹنی وغیرہ کی جیلی نکالنا، وہ جھلی اتارنا جس میں بوقت پیدائش بچہ لپٹا ہوا ہوتا ہے۔
سَلِیَت الحَامِلُ ـَ سَلًی: حاملہ عورت کی جیلی الگ ہو جانا یا لٹک جانا۔ هی سَلْیَاءُ۔
أَسْلَتِ الحَامِلُ: جیلی ڈالنا۔
سَلَّی الشَّاةَ ونَحوَها: بکری وغیرہ کی جیلی الگ کرنا۔

اِسْتَلَت الحَامِلُ: جیلی ڈالنا۔
ـــ الشَّاةُ ونَحوُها: بکری وغیرہ کا فربہ ہونا۔
السَّلٰی: جیلی۔ باریک جھلی جس میں بچہ لپٹا ہوا ہوتا ہے اور وہ اس سے پیدائش کے بعد الگ ہو جاتی ہے۔ اور کبھی ماں کے پیٹ ہی میں الگ ہو جاتی ہے، وہ خطرناک صورت ہوتی ہے ج: اَسْلَاءٌ۔ کہتے ہیں: هو آكِلُ الأَسْلَاءِ: وہ خسیس و رذیل آدمی ہے۔

س ــــ م

• سَمَأَلَ الخَلُّ: سرکہ پر (سرکہ کی) مکھی بیٹھنا۔
اِسْمَأَلَّ الظِّلُّ: سایہ کا ہلکا ہونا۔
ـــ الحَیَوَانُ: جانور کا پتلے پیٹ والا ہونا۔
السَّمْأَلُ: سایہ۔
السَّمَوْأَلُ: سرکہ پر بیٹھنے والی مکھی (۲) سایہ۔
• سَمَتَ ـِ سَمْتًا: بہتر رخ والا ہونا، اچھی ہیئت والا ہونا (۲) اٹکل سے راستہ پر چلنا (۳) اٹکل سے رخ اختیار کرنا۔
ـــ لِلقَومِ: لوگوں کی گفتگو راے اور کام میں راہنمائی کرنا یا سمت متعین کرنا۔
ـــ الشَّیءَ: قصد کرنا، طریقہ اختیار کرنا کہتے ہیں: سَمَتَ سَمْتَ فُلانٍ: وہ فلاں کے نقش قدم پر چلا۔
سَامَتَهُ: آمنے سامنے ہونا، بالمقابل ہونا (۲) پیچھے ہونا۔
سَمَّتَ فُلانٌ: راستہ یا رخ اختیار کرنا، طریقہ اختیار کرنا۔

سَمَّتَ اللّٰهَ: اللہ کو راحت و مصیبت دونوں حال میں یاد کرنا۔
ـــ عَلَی الشَّیءِ: کسی چیز پر اللہ کا نام لینا
ـــ لِلعَاطِسِ: چھینکنے والے کو یرحمک اللہ کہنا۔
تَسَامَتَا: ایک دوسرے کے بالمقابل ہونا آمنے سامنے ہونا۔
تَسَمَّتَهُ: کسی کے راستہ اور طریقہ پر چلنا، کسی کا خاص طور پر قصد و ارادہ کرنا۔
السَّمْتُ: نمایاں راستہ، طریقہ، جہت و رخ (۲) وقار و تمکنت (۳) ہیئت و صورت (۴) آسمان کی طرف دیکھنے والے کے سر پر آسمان میں ایک وہمی نقطہ۔ سَمْتُ الرَّأسِ: اس کے بالمقابل نقطۂ سَمْتُ القَدَمِ کہلاتا ہے ج: سُمُوتٌ۔
المُسَامِتُ والمُتَسَامِتُ: بالمقابل۔
المُتَسَامِتَةُ: النُّقَطُ المُتَسَامِتَةُ: علم ہندسہ میں خط مستقیم پر پائے جانے والے بہت سے نقطے۔
المُسَمَّتُ من النَّعلِ: چپل کے درمیان کا نیچے تک باریک حصہ۔
• سَمُجَ ـُ سَمَاجَةً وسُمُوجَةً: بدنما ہونا۔ هو سَمْجٌ وسَمِجٌ وسَمِیجٌ۔
سَمَّجَهُ: بدنما بنانا۔
اِسْتَسْمَجَهُ: برا سمجھنا۔
السَّمْجُ: بدذائقہ یا بدبودار دودھ، سڑا ہوا دودھ۔
السَّمِیجُ: السَّمْجُ ج: سُمَجَاءُ و سِمَاجٌ۔ و هی سَمِیجَةٌ ج: سِمَاجٌ۔
سَمَّجَ اللَّبَنَ: دودھ میں پانی ملانا۔
• سَمَحَ ـَ سَمْحًا و سَمَاحًا و سَمَاحَةً: آسان و نرم ہونا (۲) دشواری

سے قابو میں آنا ۔

سَمَحَ العُوْدُ: لکڑی یا شاخ کا بے گرہ اور سیدھا ہونا۔

— فُلَانٌ: فیاضی سے کام لینا، تنگی و فراخی دونوں میں سخی و فیاض ہونا

— لہ بحاجۃٍ: کسی کی ضرورت کو پورا کرنا۔

— لہ بکذا: دل کھول کر دینا، بخشش کرنا (۲) کسی بات کی اجازت دینا ۔

— بالأمرِ: روا رکھنا، جائز قرار دینا۔

لا سَمَحَ اللّٰہُ: خدا نخواستہ، خدا نہ کرے ۔

سَمُحَ ـُ سَمَاحَةً و سُمُوحَةً: فیاض و سخی ہونا، فراخ دل ہونا۔ ھو سَمْحٌ و سَمِيْحٌ۔

أَسْمَحَ: فیاض و سخی ہونا۔ أَسْمَحَتْ نَفْسُهٗ: دل نرم ہونا، مطیع و فرمانبردار ہونا۔

سَامَحَهٗ بکذا و فیه: کسی معاملہ میں کسی کا ہم نوا ہونا (۲) کسی کے ساتھ نرمی برتنا۔

— بذنبه: کسی کے گناہ یا غلطی کو معاف کرنا، بطور دعا کہا جاتا ہے: سَامَحَكَ اللّٰہ: خدا تجھ کو معاف کرے ۔

سَامِحْنِي: معاف کیجئے ۔

سَمَّحَ: سَمَّحَ: آہستہ آہستہ چلنا، سبک رفتار ہونا۔

— الشيءَ: نرم و آسان کرنا۔

— الرُّمحَ و غیرہٗ: نیزہ وغیرہ کو نرم اور سیدھا کرنا۔

— فُلَانًا: کسی کے ساتھ نرمی برتنا ۔

تَسَامَحَ فی کذا: کسی معاملہ میں رواداری کرنا، چشم پوشی کرنا، توسع سے کام لینا، عفو و درگذر سے کام لینا ۔

تَسَامَحَ مع احدٍ: کسی کے ساتھ نرمی برتنا ۔

تَسَمَّحَ فیه: تَسَامَحَ ۔ توسع اور رواداری برتنا، نرمی برتنا۔

الاستِسْمَاحُ: اجازت طلبی۔

اِسْتَسْمَحَهٗ: بخشش طلب کرنا (۲) معافی چاہنا۔

— بکذا: اجازت چاہنا۔

التَّسَامُحُ: رواداری، توسع، بھول چوک فروگذاشت ج: تَسَامُحَات۔

السَّمَاحُ: نرمی، فراخ دلی، عفو و درگذر، چشم پوشی (۲) اجازت (۳) اجتماعی رقص کی ایک قسم جس میں ناچنے والے باہم ہاتھوں کا حلقہ بنا کر ناچتے ہیں۔

بَیْعُ السَّمَاح: وہ بیع جس میں مناسب یا مقررہ قیمت سے کم پر معاملہ کیا جائے ۔

السَّمَاحَةُ: فراخ دلی، فیاضی (۲) نرمی (۳) عالی ظرفی، رواداری (۴) ایک اعزازی لقب۔ جیسے: صَاحِبُ السَّمَاحَةِ الأستاذ فُلَان یا سَمَاحَةُ الاستاذ فلان بمعنی جناب، عالی جناب، حضرت۔

السَّمْحُ: سخی، فراخ دل (۲) نرم و لچکدار جیسے: عُوْدٌ سَمْحٌ: بے گرہ شاخ یا لکڑی۔

السَّمْحَةُ: سَمْحٌ کی تانیث۔ شَرِیْعَة سَمْحَةٌ: نرمی و سہولت آمیز شریعت یا احکام ج: سِمَاح۔

المُسَامَحَةُ: چشم پوشی۔

المِسْمَاحُ: بہت سخی، دریادل (۲) انتہائی روادار (۳) بہت وسیع الظرف ج: مَسَامِحُ۔

المَسْمَحُ: گنجائش، سہولت و نرمی۔ کہتے ہیں: عَلَیْكَ بالحَقِّ فَاِنَّ فیه مَسْمَحًا: تم کو حق پر قائم رہنا چاہیے کیونکہ اس میں باطل سے بچنے کی گنجائش و امکان ہے۔

المِسْمَحُ: المِسْمَاحُ ج: مَسَامِحُ ۔

المَسْمُوْحُ: جائز، مباح۔

المَسْمُوْحُ له: اجازت یافتہ۔

المَسْمُوْحُ بکذا: اجازت شدہ، اس کی اجازت ہے۔

• السِّمْحَاقُ: سر کی ہڈی پر چڑھی ہوئی باریک کھال (۲) جنین کی جھلی، حاملہ کی جھلی (۳) بادل کا باریک ٹکڑا (۴) ختنہ کا نشان ج: سَمَاحِیْقُ۔

سِمْحَاقُ سُنُوْخِ الاَسْنَانِ: دانتوں کی جڑوں کے اندر کی جھلی۔

السُّمْحُوْقُ: پتلا اور باریک (۲) کھجور کا لمبا درخت ج: سَمَاحِیْقُ۔

• سَمَخَ الزَّرْعُ ـَ سَمْخًا: کھیتی کا پھوٹنا۔

سَمَخَه ـَ: کان کے سوراخ پر مارنا۔

زَرْعٌ حَسَنُ السَّمْخَة: عمدہ اگنے والی کھیتی۔

السِّمَاخ: کان کا سوراخ۔

• سَمَدَ ـُ سُمُوْدًا: بلند ہونا (۲) سینہ تان کر سر اونچا کرنا (۳) بے پرواہ ہونا، کھیل میں لگنا۔

— عنه: بھولنا، غافل ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "أفَمِنْ هٰذَا الحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ و تَضْحَكُوْنَ و لَا تَبْكُوْنَ و أنْتُمْ سَامِدُوْنَ" (۲) مبہوت و حیرت زدہ ہونا۔ حدیث میں ہے: "مالي أرَاكُمْ سَامِدِيْنَ"

سَمَّدَهٗ: غافل بنانا، حیران و مبہوت کرنا، کھیل کود میں لگانا۔

— الأرضَ: زمین میں کھاد ڈالنا، کھاد ڈال کر بہتر بنانا ۔

اسمَدَّ: بہت سوجنا، بہت زیادہ ورم آلود ہونا۔
— من الغیظ و الغضب: غیظ وغضب سے منہ پھولنا۔
السَّمَادُ: کھاد ج: اَسْمِدَۃ۔
السَّمَدُ: دائمی، ابدی۔
السِّمِیْدُ: السَّمِیْذُ۔ میدہ۔
• اسْمَدَرَّ بَصَرُہٗ: نگاہ میں اڑتے ہوئے ذرات نظر آنا۔
— الطَّرِیْقُ: راستہ کا سیدھا اور لمبا ہونا۔
— الکلامُ: کلام کا درست ہونا۔
السَّمَادِیْرُ: نگاہ میں آنے والے اڑتے ہوئے ذرات۔ واحد: سُمْدُوْرٌ۔
السَّمَیْدَعُ: فیاض و سخی بڑا آدمی (۲) سردار، سربراہ (۳) بہادر (۴) کاموں میں پھرتیلا ج: سَمَادِعُ و سَمَادِعَۃٌ
• السَّمِیْذُ: سوجی، دلیا، سفید آٹا، سفید آٹے کی روٹی۔
• سَمَرَ ـُ سَمْرًا و سُمُوْرًا: رات میں ساتھی سے باتیں کرنا، قصہ کہانی کہنا۔ کہاوت ہے: لا اَفْعَلُہٗ ما سَمَرَ السَّمِیْرُ او ابنُ سَمِیْرٍ او ابنا سَمِیْرٍ: میں یہ کام کبھی نہ کروں گا۔ ھو سَامِرٌ ج: سُمَّارٌ و سُمَّرٌ و سَمَرَۃٌ و سَامِرَۃٌ۔
— الماشِیَۃُ: مویشی کا چرنا۔ سَمَرَتِ الماشِیَۃُ النَّبَاتَ۔
— الابلَ: اونٹوں کو آزاد چھوڑنا۔
— اللبنَ: دودھ میں پانی ملا کر اسے پتلا کرنا۔
— الخشبَ وغیرَہٗ: لکڑی وغیرہ میں میخ ٹھونکنا، مضبوط کرنا۔
— السَّہْمَ: تیر چھوڑنا۔
— العَیْنَ: گرم سلائی سے آنکھ پھوڑنا۔

سَمِرَ ـَ سُمْرَۃً: گندم گوں ہونا، سیاہ وسفید کے درمیان رنگ کا ہونا، سانولا ہونا۔ ھو اَسْمَرُ و ھی سَمْرَاءُ ج: سُمْرٌ۔
سَمُرَ ـُ سُمْرَۃً: سَمِرَ۔
سَامَرَہٗ: کسی کے ساتھ رات کو باتیں کرنا
سَمَّرَ الابلَ و الخشبَ و اللبنَ: اونٹ کو آزاد چھوڑنا، لکڑی میں کیل ٹھونکنا، دودھ کو پانی ملا کر پتلا کرنا۔
تَسَامَرُوْا: رات کو باہم باتیں کرنا۔
اِسْمَارَّ: بتدریج گندمی رنگ کا ہونا۔
اَسْمَرَّ: سَمِرَ۔
الاَسْمَرُ: گندمی رنگ کا، سانولے رنگ کا (۲) نیزہ (۳) ہرنی کا دودھ ج: سُمْرٌ۔
عَامٌ اَسْمَرُ: خشک سال، قحط کا سال۔
الاَسْمَرَانِ: پانی اور گیہوں۔
السَّامِرُ: قصہ گو (۲) رات کو باتیں کرنے والے، کہانی کہنے والے (۳) رات کی محفل قصہ گوئی (اسم جنس)۔
السَّامِرِیُّ: سامرہ سے تعلق رکھنے والا شخص۔ سامرہ وہ لوگ ہیں جو یہودیوں کے ساتھ بعض عقائد میں شریک ہیں اور بعض میں ان سے مختلف ہیں (۲) بنی اسرائیل کے قبیلہ سامرہ کا ایک شخص جس نے گائے کے مصنوعی بچھڑے کو معبود بنا کر اس کی پوجا کی اپنی قوم کو دعوت دی تھی۔
السَّمَارُ: پانی ملا ہوا دودھ (۲) ایک گھاس جس کے پتوں سے چٹائیاں اور کنڈیاں بنائی جاتی ہے۔
السِّمَارَۃُ: رات کی قصہ گوئی۔ گفتگو۔
السَّمَرُ: شب کی گفتگو، رات کو کہی جانے والی کہانیاں (۲) قصہ گوؤں کی مجلس (۳) مدت دراز۔ کہتے ہیں: لا اُکلِّمُہٗ السَّمَرَ والقَمَرَ: میں اس سے کبھی نہ بولوں گا (۴) چاند کی روشنی۔
السَّمُرُ: ببول کا درخت واحد: سَمُرَۃٌ ج: اَسْمُرٌ۔
السُّمْرَۃُ: سانولا رنگ، گندمی رنگ۔
السَّمْرَۃُ: رات کی گفتگو۔
السَّمُّوْرُ: ایک نیولے جیسا جانور جو شمال افریقہ میں ہوتا ہے اس کی کھال کی پوستین بنائی جاتی ہے۔
السِّمِّیْرُ: ماہر قصہ گو۔ فُلانٌ سِمِّیْرُ مُلُوْكٍ۔
السَّمِیْرُ: رات کے وقت قصہ کہانی کہنے والا، باتیں کرنے والا ج: سُمَرَاءُ (۲) زمانہ طویل۔ کہتے ہیں: لا اَفْعَلُہٗ سَمِیْرَ اللَّیَالِی: میں اسے کبھی نہ کروں گا
السُّمَیْرِیَّۃُ: کشتیوں کی ایک قسم۔
المِسْمَارُ: کیل، میخ۔ کہتے ہیں: فُلانٌ مِسْمَارُ الابِلِ: فلاں اونٹوں کا اچھا منتظم ہے ج: مَسَامِیْرُ (۲) علم طب میں پیر کی انگلی پر ابھرنے والی گانٹھ۔
مِسْمَارٌ بُرْغِیٌّ: پیچدار کیل۔
المَسْمُوْرُ: کم گوشت والا جس کی ہڈیاں پٹھوں کے ساتھ مضبوطی سے جڑی ہوئی ہوں (۲) عمدہ نسل (۳) تیز رفتار اونٹنی۔
مِسْمَارٌ رَزَّۃٌ: دو نوک کیل۔
مِسْمَارٌ صَقَّارَۃٌ: چوڑی گھنڈی دار کیل۔
مِسْمَارٌ لَوْلَبِیٌّ: چوڑی دار کیل۔
مِسْمَارٌ بِصَمُوْلَۃٍ: پیچ دار موٹی کیل، بولٹ، نٹ۔
مِسْمَارُ اللَّبَنِ: کھیس، بھینس وغیرہ کا ابتدائی دودھ جو کیلوں دار ہوتا ہے۔
• سَمَرَجَ لہ: خراج کی ایک تہائی قسط دینا (تین قسطوں میں سے ایک)۔

السَّمَرَّجُ : سال میں خراج کی تین قسطیں ج : سَمَارِجُ ۔
السَّمَرَّجَةُ : السَّمَرَّجُ ۔
• السَّمَرْمَرُ : ایک پرندہ تلیر جیسا۔ اس کی آواز سے ٹڈی ڈرتی ہے۔
السَّمَرْمَرَةُ : بھوت ۔
• سَمْسَرَ فُلَانٌ : دلالی کرنا۔ بائع اور مشتری کے درمیان سہولت پیدا کرنے کے لئے کمیشن پر ثالثی کرنا۔
السِّمْسَارُ : دلال ج : سَمَاسِرَة (فارسی لفظ کا معرب)
سِمْسَارُ بالعُمُولَةِ : کمیشن ایجنٹ ۔
سِمْسَارُ بورصة : کرنسی تبدیل کرنے والا ایجنٹ ۔
سِمْسَارُ منازل : پراپرٹی ڈیلر۔
السَّمْسَرَةُ : دلالی، ایجنٹ گری (۲) کمیشن، دلالی کی اجرت۔
• السَّمْسَقُ : چنبیلی، ایک مشہور خوشبو۔
• سَمْسَمَ : خراماں خراماں چلنا۔
ـــ الثَّعْلَبُ و نَحْوُهُ : لومڑی وغیرہ کا دوڑنا۔
ـــ اللّٰهُ وَجْهَ فُلَانٍ : کسی کے چہرے پر تل جیسے داغ ڈالنا۔
السُّمَاسِمُ : ہر خفیف ولطیف اور تیز رفتار چیز (۲) لومڑی ج : سَمَاسِمُ ۔
السَّمْسَمُ : لومڑی (۲) زہر۔
السُّمْسُمُ : سرخ چیونٹیاں (۲) ایک جانور (رُیْشبةُ الخطاطِیف) واحد: سُمْسُمَةٌ ج : سَمَاسِم ۔
السِّمْسِمُ : تِل (۲) سرخ چیونٹیاں۔ واحد: سِمْسِمَةٌ ج : سَمَاسِمُ ۔
السَّمْسَام و السُّمْسُمَان : تیز رفتار اور خفیف ولطیف چیز۔
• سَمَطَ اللَّبَنُ ـُ سَمْطًا و سُمُوطًا : دودھ کی مٹھاس ختم ہو جانا اور ذائقہ نہ بدلنا۔
سَمَّطَ علی الیَمِیْنِ : حلف اٹھانا۔
ـــ فُلَانًا یَمِیْنًا علی حَقِّهِ : کسی سے اپنے حق کے لئے حلف اٹھوانا۔
ـــ الذَّبِیْحَةَ سَمْطًا : ذبح کئے ہوئے جانور کو گرم پانی یا کیمیاوی مادے میں ڈال کر کھال کے بال و پر وغیرہ صاف کرنا، پکانے یا بھوننے یا دباغت سے پہلے۔
ـــ السِّکِّیْنَ : سان دینا، تیز کرنا۔
ـــ الشَّیْءَ : زین کے تسمہ کے ساتھ لٹکانا
سَمَّطَ الشَّیْءَ : زین کے تسموں کے ساتھ لٹکانا۔
ـــ القَصِیْدَةَ : نظم کو مسمط بنانا (۲) کسی چیز کے ساتھ لگ جانا، الگ نہ ہونا
تَسَمَّطَ بِهِ : کسی چیز کے ساتھ لٹک جانا۔
ـــ اللَّحْمَ و غَیْرَهُ : گوشت اٹھا کر لے جانا۔ کہتے ہیں : رَأَیْتُهُ مُتَسَمِّطًا لَحْمًا : میں نے اسے گوشت اٹھائے ہوئے دیکھا۔
السَّامِطُ : گرم پانی جس سے مذبوح جانور کی کھال صاف کی جائے، بال و پر صاف کئے جائیں۔
السِّمَاطُ : صف، لائن۔ مَشَی بینَ سِمَاطَیْنِ من الجُنُودِ وغیرهم وہ سپاہیوں کی دو لائنوں کے درمیان چلا (۲) نظم و ترتیب کہتے ہیں : هم علی سِمَاطٍ وَاحِدٍ (۳) دستر خوان جس پر کھانا چنا جائے، کھانے کی میز (۴) کنارہ۔ کہتے ہیں : مَشَی علی سِمَاطَیِ الطَّرِیقِ او النَّهرِ۔
ـــ من الوادی و نحوه : وادی کے بیچ سے آخری کونے تک کی جگہ ج : سُمُطٌ و اَسْمِطَةٌ ۔
السَّمْطُ : پتلے حال والا غریب آدمی۔
السِّمْطُ : لڑی، دھاگا جب کہ اس میں موتی یا دانے پروئے ہوئے ہوں (۲) ہار (۳) زین کا تسمہ جس سے پیچھے کی طرف چیزیں لٹکائی جاتی ہیں (۴) چھریرے بدن کا ہوشیار آدمی (۵) شکاری (۶) ایسا آدمی جو تجربہ کار اور اپنے معاملات میں گھاگ ہو ج : سُمُوطٌ ۔
ـــ من الرَّمْلِ : ریت کی لمبی لائن۔
السُّمْطُ : اونی کپڑا ج : اَسْمَاطٌ ۔
السَّمْطَاءُ من القَصَائِدِ : المُسَمَّطَةُ ج : سُمْطٌ ۔
السَّمِیْطُ : المَسْمُوطُ (۲) اینٹوں کا ردہ۔
نَعْلٌ سَمِیْطٌ : ایک ہی چمڑے کا جوتا۔
السَّمِیْطُ من الآجُرِّ : اینٹوں کا ردہ۔
المَسْمَطُ : وہ جگہ جہاں ذبح کئے ہوئے جانوروں کی کھال صاف کی جائے (۲) وہ جگہ جہاں جانوروں کی اوجھ سری پائے وغیرہ فروخت ہوتے ہیں۔
المُسَمَّطُ : (من القصائد) وہ نظم جس کے کچھ مصرعے ایک قافیہ پر ہوں پھر ایک مصرع دوسرے قافیہ پر ہو اور پھر اسی نہج پر اس مخالف قافیہ کی بھی بقیہ اشعار میں پابندی کی جائے (۲) ناقابل واپسی چیز کہتے ہیں : حُکْمُكَ مُسَمَّطًا : یعنی تمہارا فیصلہ رد نہیں کیا جاسکتا۔ وخُذْ حُکْمَكَ مُسَمَّطًا : تم اپنے فیصلہ کو نافذ العمل سمجھو۔
• سَمِعَ لِفُلَانٍ او الیه او الی حَدِیثه ـَ سَمْعًا و سَمَاعًا : کسی کی بات توجہ سے سننا، دھیان دینا۔
ـــ لَهُ : اطاعت کرنا، بات ماننا
ـــ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ : اللہ کا کسی کی

حمد کو سننا اور قبول کرنا۔

سَمِعَ الصَّوْتَ و بِهِ: کان میں آواز آنا، سننا۔

___ الدُّعَاءَ و نَحْوَهُ: کسی کی پکار پر لبیک کہنا۔ اپیل وغیرہ کو ماننا۔

___ الکلامَ: کلام کو سننا، مطلب سمجھنا۔

هو سَامِعٌ ج: سُمَّاعٌ و سَمَعَةٌ و هو سَمَّاعٌ و هی سامِعةٌ و سَمَّاعَةٌ، و هو و هی سَمِیْعٌ و سَمُوْعٌ۔

أُذُنٌ سَمِیْعَةٌ: سننے والا کان۔

اسْمَعْ غَیْرَ مُسْمَعٍ: تم سنو مگر تمہاری بات نہیں سنی جائے گی یعنی مانی نہیں جائے گی یا اسی طرح کہا جاتا ہے: اسْمَعْ لَا أُسْمِعْتَ۔

___ به: معلوم ہونا۔

___ عَرَضًا: اتفاقاً سننا۔

___ عَبْرَ التِّلِفُوْن: ٹیلیفون پر بات سننا۔

أَسْمَعَ الدَّلْوَ او الزَّنْبِیْلَ و نَحْوَهُمَا: ڈول وغیرہ پکڑنے کا دستہ (کڑا) لگانا یا زنبیل وغیرہ میں دونوں طرف دستے (کڑے) لگانا یا ان دونوں کڑوں کے درمیان پکڑنے کیلئے لکڑی لگانا۔

___ فُلَانًا: گالی دینا۔

___ فلانًا الکلامَ: سنانا یا کان میں ڈالنا یا اس تک بات پہنچانا۔

سَمَّعَهُ الکلامَ: سنانا۔

___ بفلانٍ: کسی کو رسوا کرنا، شہرت دینا، خاص طور پر بری شہرت دینا۔ کہتے ہیں: سَمَّعَ به فی النَّاسِ او المَجَالِسِ۔

اسْتَمَعَهُ و له و الیه: غور سے سننا، دھیان دینا۔

تَسَامَعَ النَّاسُ بالکلامِ: ایک دوسرے کو بات سنانا، تبادلہ کرنا۔

___ النَّاسُ بفُلانٍ: لوگوں میں کسی کا عیب مشہور ہونا۔

تَسَمَّعَهُ و لَهُ و الیه: غور سے سننا (۲) کوشش کر کے سننا، چپکے سے سننا۔

___ الطَّبِیْبُ: ڈاکٹر یا حکیم کا، کان یا آلہ کے ذریعہ نبض کی حرکت سننا، اندرونی حرکت سننا۔

السَّامِعَةُ: السَّامِع کی مؤنث (۲) کان

أُذُنٌ سَامِعَةٌ: تیز کان، جلد سن لینے والا کان۔ هما سامعتان ج: سَوَامِعُ۔

السَّمَاعُ: ذکر یا پرستش اور عمدہ بات (۲) گانا، قوالی، اہل لغت کے یہاں اس کی ضد قیاس ہے۔ سماع وہ ہے جو عربوں سے سنا جائے اور اس پر قیاس کئے بغیر اسے استعمال کیا جائے۔

سَمَاعِ: اسم فعل بمعنی اسْمَعْ۔

السَّمَاعِیُّ: خلاف القیاسِیّ؛ عرب علماء لغت کے نزدیک سماعی وہ ہے جس کا کوئی ایسا قاعدہ کلیہ نہ ہو جو بہت سی جزئیات پر مشتمل ہو، بلکہ اہل لسان سے سماع پر موقوف ہو۔ بخلاف قیاسی۔ وہ ایک قاعدہ کلیہ ہوتا ہے جس کے تحت جزئیات آتی رہتی ہیں (۲) فی موسیقی میں عربی موسیقی (ساز) کا وہ قالب ہے جو چار خانوں پر مشتمل ہوتا ہے اور ایک حصہ تسلیم نامی ہوتا ہے جسے ہر خانہ کے بعد دوہرایا جاتا ہے۔

السَّمْعُ: سننے کی قوت جس کے ذریعہ آوازوں کا ادراک کیا جاتا ہے (۲) کان (۳) سنی ہوئی بات (۴) ذکر ج: أَسْمَاعٌ۔

سَمْعًا و طاعةً: (اَسْمَعُ سَمْعًا و أُطِیْعُ طاعةً) مجھے منظور ہے، میں حاضر ہوں، اظہار اطاعت کے لئے بولا جاتا ہے۔

سَمْعَكَ اِلَیَّ: میری بات سنو۔

هو بَیْنَ سَمْعِ الأرْضِ و بَصَرِها: وہ زمین کے طول و عرض میں ہے یا پتہ نہیں وہ کہاں گیا یا ایسی بنجر زمین میں ہے کہ وہاں نہ اس کی کوئی بات سنتا ہے اور نہ اسے دیکھتا ہے۔

أَلْقَى نَفْسَه بَیْنَ سَمْعِ الأَرْضِ و بَصَرِها: اس نے خود کو دھوکہ میں ڈال لیا اسے پتہ نہیں کہ وہ کہاں ہے۔

أُمُّ السَّمْعِ: دماغ۔

السَّمْعُ: دعا میں کہتے ہیں: اللّٰهُمَّ سَمْعًا لا بَلْغًا: اے اللہ میری بات سن لے وہ کسی کو پہنچانے کی نہیں۔

سَمْعٌ لا بَلْغٌ: خبر صرف سننے کے قابل ہے کسی تک پہنچانے کے لائق نہیں یعنی خراب ہے یا یہ کہ مصائب کو سنتا تو ہوں مگر وہ مجھ پر نہیں آتے۔

سَمْعَ أُذُنِی: میرے سنتے ہوئے۔

السِّمْعُ: سنی ہوئی اچھی بات، اچھی شہرت (۲) کتے سے بڑا ایک جانور۔ کہتے ہیں: هو أَسْمَعُ من سِمْعٍ۔ و أَسْمَعُ من السِّمْعِ الأزَلِّ۔

السِّمْعُ الأَزَلُّ: بجو، بھیڑیا۔ واحد: سِمْعَةٌ۔

السُّمْعَةُ: شہرت اچھی ہو یا بری (۲) سنی جانے والی آواز وغیرہ۔ کہتے ہیں: فَعَلَ ذٰلكَ رِیاءً و سُمْعَةً: اس نے فلاں کام دکھاوے اور شہرت کیلئے کیا ہے۔

أُذُنٌ سَمْعَةٌ: تیز کان۔

السُّمْعَةُ: شہرت، ساکھ۔ کہتے ہیں: فَعَلَ ذٰلكَ رِیاءً و سُمْعَةً۔

السُّمْعَةُ الحَسَنَةُ: اچھی شہرت، ساکھ
—— المُمَیَّزَةُ: نمایاں خصوصیت وشہرت
طرۂ امتیاز۔
أَسَاءَ سُمْعَتَه والیہا: ساکھ
خراب کرنا۔
أَحْسَنَ سُمْعَتَه: ساکھ بنانا۔
السَّمْعِیَّات: (فی العقائد) وہ امور
جن کا علم بذریعہ وحی ہو جیسے جنت
ودوزخ اور احوالِ قیامت۔
السَّمَّاع: جاسوس، بہت سننے والا۔
السَّمَّاعَة: سَمَّاع کی تانیث۔ اُذُنٌ
سَمَّاعَةٌ: بہت تیز کان (۲) دل کی
دھڑکن معلوم کرنے کا آلہ (اسٹیتھسکوپ)
(۳) ٹیلیفون ریسیور (۴) وائرلیس سیٹ
کا ریسیور جسے کان سے لگاکر سنتے ہیں۔
السَّمِیْعُ: اللہ تعالیٰ کا ایک نام، اچھی طرح
سننے اور جاننے والا (۲) سننے والا (۳)
سنانے والا جیسے: مُنَادٍ سَمِیْعٌ
(۴) ذکر۔
المَسْمَعُ: سننے کی جگہ۔ کہتے ہیں: ھو منی
"بمَرْأًی ومَسْمَعٍ" وہ میری آنکھوں
اور کانوں کے سامنے ہے۔ دیکھ بھی
رہا ہوں اور اس کی بات سن بھی رہا ہوں
المِسْمَعُ: کان (۲) ڈول کے بیچ میں پڑا ہوا
حلقہ یا دستہ ج: مَسَامِعُ۔
المُسْمِعُ: گویّا، قوّال۔
المِسْمَعَةُ: کان ج: مَسَامِعُ۔
مِسْمَاعُ الصَّدْرِ: دل کی حرکت دیکھنے
کا آلہ۔ اسٹیتھسکوپ۔
المُسْمِعَةُ: مُسْمِعٌ کی مؤنث، گانے والی،
قوالن۔
•السَّمَعْمَعُ: تیز وسبک (۲) مکار وچالاک
(۳) چھوٹے سر اور چھوٹے جثہ والا (۴)
ہلکا اور چھوٹا سر (۵) لمبا اور پتلا آدمی (۶)
المرأة الکالحة: بدچلن عورت۔

السَّمَعْمَعَةُ: سَمَعْمَعٌ کی تانیث (۲)
بھوتنی یا چڑیل، بھیڑیئے جیسی عورت
•سَمَقَ النَّبَاتُ والشَّجَرُ وغیرُہ
ـــ سَمْقًا وسُمُوْقًا: لمبا اور
اونچا ہونا۔
السَّمَاقُ: بالکل خالص۔ جیسے أُحِبُّكَ
حُبًّا سَمَاقًا۔
السَّامِقُ: لمبا، اونچا۔
السَّمِقُ: لمبا آدمی۔
السُّمَّاقُ: ایک پہاڑی درخت جس کا پھل
ترش ہوتا ہے۔
السَّمِیْقُ: السَّمِیْقَانِ: بیلوں کے
جوئے کا وہ حصہ جو گردن پر رکھا
جاتا ہے جوئے کے کنارے کی
دو لکڑیاں جن سے بیل کی گردن
گھیری جاتی ہے (جوئے کو النِّیر
کہتے ہیں) ج: أَسْمِقَةٌ۔
•سَمَكَ ـــ سُمُوْكًا: اونچا اور بلند
ہونا۔ سَنَام سَامِكٌ: اونچا
کوہان۔
ـــ الشَّیْءَ سَمْكًا: اونچا کرنا، بلند کرنا
سَمُكَ ـــ سَمَاكَةً: بلند ہونا
(۲) دبیز ہونا۔
اِسْتَمَكَ البَیْتُ: گھر کا اونچا ہونا
اِنْسَمَكَ البَیْتُ: اِسْتَمَكَ۔
سَمَّكَ: بلند کرنا۔
تَسَمَّكَ: بلند ہونا۔
اِسْتَسْمَكَ الثِّیَابَ: کپڑوں میں سے
دبیز کپڑا پسند کرنا۔
السَّمَّاكُ: مچھیرا، مچھلیاں پکڑنے اور
فروخت کرنے والا۔
السِّمَاكُ: ہر بلند چیز دیوار، چھت وغیرہ
(۲) اوپر اٹھانے کا ذریعہ لکڑی وغیرہ
(۳) گلے ہنسلی سے ملا ہوا حصہ۔
السِّمَاکَان: دو روشن ستارے جن

میں سے ایک شمال میں ہوتا ہے اسے
السِّمَاكُ الرَّامِحُ کہتے ہیں، دوسرا
جنوب میں ہوتا ہے جسے السِّمَاكُ
الأَعْزَلُ کہتے ہیں۔
السَّمْكُ: چھت یا چھت کی موٹائی (دَل)
(۲) علم ریاضی میں طول وعرض کے علاوہ
ایک تیسرا فاصلہ (بُعد) جسے ارتفاع
کہتے ہیں ج: سُمُوك۔
السُّمْكُ: سُمْكُ الشَّیْءِ: موٹاپن،
دبیزپن۔
السَّمَكُ: مچھلی جس کی بہت اقسام ہوتی
ہیں۔ ج: سِمَاكٌ وسُمُوكٌ و
أَسْمَاكٌ۔
السَّمَكَةُ: ایک مچھلی۔ شَوَی فی الحَرِیْقِ
سَمَكَتَه: اس نے لگی ہوئی آگ
میں اپنی مچھلی بھونی یعنی ناجائز فائدہ
اٹھانا۔
سَمَكَةٌ فی ثَوْبٍ: کرتے کی تہ کوئی کلی
السَّمِیْكُ: موٹا، دبیز (ثخین)۔
السُّمَیْكَاءُ: دیمک (۲) بہت چھوٹی مچھلیاں
جن کو سکھا کر بعد میں استعمال کرتے
ہیں۔
المِسْمَاكُ: خیمہ کے بیچ کا شہتیر یا ستون
جس کے ذریعہ خیمہ کو اوپر اٹھایا جاتا
ہے ج: مَسَامِیْكُ۔
المَسْمُوْكُ: لمبا (۲) من الخیل:
مضبوط گھوڑا۔
المَسْمُوْكَاتُ والمُسَمَّكَاتُ السَّبْعُ:
ساتوں آسمان۔
•السَّمْكَرِیُّ: گھریلو ضرورت کی چھوٹی چیزیں
بنانے والا جیسے کوزے قیف وغیرہ
(۲) لوہے کی تختی جس پر رانگ کی
پالش کی گئی ہو۔
•سَمَلَ الثَّوْبُ ونَحْوُہ ـــ سُمُوْلًا
وسُمُوْلَةً: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

سَمَلَ بَيْنَهُمْ سَمْلاً: لوگوں میں صلح کرانا۔
ـــ فِي الْمَعِيْشَةِ: معیشت کی درستگی کی کوشش کرنا۔
ـــ الْعَيْنَ: آنکھ پھوڑنا لوہے کی سلاخ یا گرم لوہے سے۔
ـــ الْحَوْضَ وَنَحْوَهُ: حوض وغیرہ کا کیچڑ وغیرہ نکال کر صاف کرنا۔
سَمُلَ الثَّوْبُ ـُ سَمَالَةً وَسُمُوْلَةً: پرانا اور بوسیدہ ہونا۔ هُوَ سَمِيْلٌ
أَسْمَلَ: بوسیدہ ہونا۔
ـــ بَيْنَهُمْ: صلح کرانا۔
سَمَّلَ الْحَوْضَ: حوض کا تھوڑا پانی دینا (اس سے کم پانی نکلنا)۔
ـــ الْحَوْضَ وَنَحْوَهُ: حوض وغیرہ کو صاف کرنا۔
ـــ فُلَانًا بِالْقَوْلِ: کسی کے ساتھ نرمی سے بات کرنا۔
اِسْتَمَلَ الْعَيْنَ: سَمَلَهَا۔
تَسَمَّلَ فُلَانٌ: برتن میں بچا ہوا تھوڑا پانی پینا۔
ـــ النَّبِيْذَ: نبیذ کو بڑے شوق سے پینا، عادی ہونا۔
السَّمَالُ: جمع شدہ پانی کے کیڑے۔
السَّمَلُ: ثَوْبٌ سَمَلٌ: پرانا اور بوسیدہ کپڑا (۲) حوض وغیرہ میں بچا ہوا پانی ج: أَسْمَالٌ۔ ثَوْبٌ أَسْمَالٌ: پرانا کپڑا
السَّمِلُ: ثَوْبٌ سَمِلٌ: بوسیدہ کپڑا
السُّمْلَانُ: پانی یا مشروب کا بقیہ۔
السُّمْلَةُ: برتن کی تلی میں بچا ہوا پانی (۲) آنسو نکال دینے والی بھوک۔
السَّمَلَةُ: ثَوْبٌ سَمَلَةٌ: بوسیدہ کپڑا (۲) برتن میں بچا ہوا تھوڑا پانی، حوض وغیرہ میں بچا ہوا پانی یا کیچڑ اور گارا ج: سَمَلٌ وَسِمَالٌ۔

السَّوْمَلُ: پھٹا پرانا کپڑا۔
السَّوْمَلَةُ: چھوٹی پیالی۔
السَّمَوَّلُ: فراخ و نرم زمین۔
• سَمْلَجَ الشَّيْءَ فِي حَلْقِهِ: رک رک کر آسانی سے پینا۔
السُّمَالِجُ: میٹھا دودھ۔
السِّمْلَاجُ: عیسائیوں کا تہوار۔
السَّمَلَّجُ: خوش ذائقہ گاڑھا دودھ۔
السَّمَالِجِيُّ: بےمزہ دودھ یا کھانا، جما یا جانے والا دودھ۔
السَّمَلَّعُ: بھیڑیا، بد اور خبیث کے لئے بھی بولتے ہیں۔
• السَّمْلَقُ: بنجر اور بے آب و گیاہ زمین (۲) بانجھ عورت یا مادہ (۳) بوڑھی عورت ج: سَمَالِقُ۔
السَّمَلَّقُ: (مِنَ الْكَذِبِ) خالص جھوٹ
سَمْلَكَ اللُّقْمَةَ وَنَحْوَهَا: لقمہ کو مل کر لمبا اور گول کرنا۔
• سَمَّتِ الرِّيْحُ ـُ سُمُوْمًا: ہوا کا جھلسا دینا۔ لو چلنا۔
ـــ الْيَوْمُ: دن کا گرم اور لو والا ہونا۔
ـــ الشَّيْءُ: خاص ہونا۔ کہتے ہیں: سَمَّتِ النِّعْمَةُ۔
ـــ الْهَامَّةُ فُلَانًا سَمًّا: زہر پہنچانا۔
ـــ فُلَانًا: کسی کو زہر پلانا۔
ـــ الطَّعَامَ وَغَيْرَهُ: زہر ملانا۔
ـــ السَّمُوْمُ النَّبَاتَ: لو (گرم ہوا) کا پودا جھلس دینا، جلا ڈالنا۔
ـــ الْإِبْرَةَ وَنَحْوَهَا: سوئی وغیرہ کا سوراخ بنانا۔
ـــ الثَّقْبَ: سوراخ میں گھسنا۔
ـــ الشَّيْءَ: ٹھیک کرنا۔
ـــ الْأَمْرَ: کسی معاملہ کی گہرائی میں جانا اس کی حقیقت جاننا۔
ـــ بَيْنَهُمْ: صلح کرانا۔
ـــ الْقَارُوْرَةَ: شیشی یا بوتل کی ڈاٹ لگانا۔

سَمَّمَ فُلَانًا: خاص کرنا۔
ـــ النِّعْمَةَ: انعام یا نعمت کو کسی کیلئے مخصوص کرنا۔
ـــ فُلَانٌ سَمْمَ فُلَانٍ: کسی کے نقش قدم پر چلنا۔
سُمَّ الْيَوْمُ: دن کا گرم ہونا، لو والا ہونا (۲) دن میں لو چلنا۔
أَسَمَّ الْيَوْمُ: سُمَّ۔
سَمَّمَهُ: زہریلا بنانا، زہر ملانا، زہر آلود کرنا، مسموم بنانا۔
ـــ السِّلَاحَ: ہتھیار کو زہر پلانا۔
ـــ الْوَضِيْنَ: ہودج میں کاج نما حلقہ بنانا۔
ـــ الشَّيْءَ: سیپیوں سے سجانا۔
ـــ الرَّجُلَ وَالْحَيْوَانَ: انسان یا جانور کو زہر دینا۔
تَسَمَّمَ: زہر آلود ہونا، مسموم ہونا۔
ـــ الْجَوُّ: فضا کو مسموم اور ناخوش گوار بنانا۔
ـــ الرَّجُلُ وَالْحَيَوَانُ: انسان یا جانور کے جسم میں زہر پھیلنا، زہر چڑھنا۔
ـــ الْجُرْحُ: زخم کا زہر پھیلنا، زہریلا ہوجانا
ـــ الْجُرْحَ: زخم میں زہر پیدا کرنا، سمیت آجانا۔
الْأَسَمُّ: تنگ نتھنے والا ناک۔
السَّامُّ: زہریلا، زہر آلود ج: سَوَامُّ۔
سَامُّ أَبْرَصَ: چھپکلی۔ صرف سَوَامُّ اور صرف بِرَصَةٌ وَأَبَارِصُ بھی کہتے ہیں
السَّامَّةُ: زہریلی (۲) زہریلے کیڑے مکوڑے (۳) موت (۴) خاص لوگ۔ کہتے ہیں: الْعَامَّةُ وَالسَّامَّةُ: عام و خاص لوگ ج: سَوَامُّ۔
السَّمَامُ: چھوٹا سا پرندہ (مثل سُمَانَى) (۲) ہر تیز اور لطیف و خفیف شے۔
السَّمَامَةُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کی ذات

فُلَانٌ بَهِيُّ السَّمَامَةِ: فلاں خوش وضع آدمی ہے (۳) جھنڈا (۴) گھوڑے کی گردن کا ایک پسندیدہ دائرہ۔

السَّمُّ: زہر، زہریلا مادہ (۲) کوڑی جسے دریا سے نکال کر زینت کیلئے استعمال کرتے ہیں (۳) سوئی کا ناکا، باریک سوراخ۔ اَحَدُ السَّمَّیْنِ: گھوڑے کے نتھنے کی دو رگوں میں سے ایک ج: سُمُوْمٌ۔ کہاوت ہے۔ أَصَابَ سَمَّ حاجَتِه: اس نے اپنا اصل مقصد حاصل کر لیا۔

السُّمُّ و السِّمُّ: زہر، زہریلا مادہ (۲) ہر باریک سوراخ جیسے سوئی کا ناکا کان اور ناک کا سوراخ۔ قرآن پاک میں ہے: "حَتّٰی یَلِجَ الْجَمَلُ فِیْ سَمِّ الْخِیَاطِ" ج: سُمُوْمٌ وَ سِمَامٌ۔

سُمُوْمُ الانسان: منہ، ناک کے نتھنے اور دونوں کان۔

السُّمَّةُ: کوڑی (۲) کھجور کے پتوں کا دسترخوان جو کھجور کے درخت کے نیچے بچھا دیا جاتا ہے اور اس پر کھجوریں جھڑتی ہیں (۳) خصوصی رشتہ، قرابت

جُمَّارَةُ النَّخْلَةِ: قلب درخت خرما کھجور کے درخت کا گوند ج: سُمَمٌ و سِمَامٌ۔

السَّمُوْمُ: باد سموم، لو، گرم جھلسنے والی ہوا (عام طور پر دن میں چلتی ہے) (۲) جسم کے اندر گھس جانے والی شدید گرمی قرآن پاک میں ہے: "وَاَصْحٰبُ الشِّمَالِ مَا اَصْحٰبُ الشِّمَالِ، فِیْ سَمُوْمٍ وَّحَمِیْمٍ" ج: سَمَائِمُ

المِسَمُّ: جو جتنا بس چلے کھا سکے۔

المَسَامُّ: بدن میں باریک سوراخ جن سے پسینہ خارج ہوتا ہے۔ مسامات۔

واحد: سَمٌّ خلاف قیاس۔

الْمَسَمَّةُ: خاص لوگ۔ اهل الْمَسَمَّةِ: خاص لوگ اور رشتہ دار۔

سَمَنَ لِفُلَانٍ ـُ سَمْنًا: کسی کے لئے گھی سے سالن تیار کرنا۔

ـــ الطَّعَامَ و نَحْوَهٗ: گھی ملانا، گھی چپڑنا یا لگانا۔

ـــ فُلَانًا: کسی کو گھی کھلانا۔

سَمِنَ ـَ سِمَنًا و سَمَانَةً: موٹا ہونا، گوشت اور چربی دار ہونا۔ هُوَ سامِنٌ و سَمِیْنٌ و هِیَ سَمِیْنَةٌ ج: سِمَانٌ۔

سَمُنَ ـُ سِمَنًا و سَمَانَةً: موٹا ہونا۔ هو سَمِیْنٌ۔

أَسْمَنَ: پیدائشی موٹا ہونا۔

ـــ فُلَانٌ: موٹاپا بڑھنا (۲) موٹے مویشی والا ہونا (۳) موٹی چیز کا مالک ہونا (۴) گھی خریدنا۔

ـــ الحَیَوَانَ: جانور کو موٹا کرنا۔

ـــ الطَّعَامَ و نَحْوَهٗ: گھی ملانا، گھی ڈالنا، گھی میں تر بتر ہونا۔

سَمَّنَهٗ: موٹا کرنا۔ کہاوت ہے: سَمِّنْ كَلْبَكَ يَأْكُلْكَ: کتے کو خوب موٹا کرنا کہ وہ تجھے کھا لے اس شخص کے بارہ میں بولا جاتا ہے جو کسی کے ساتھ احسان و بھلائی کر کے نقصان اٹھائے۔

ـــ الطَّعَامَ و نَحْوَهٗ: گھی ملانا۔

ـــ فُلَانًا: کسی کو گھی کا توشہ دینا، گھی کھلانا۔

ـــ لفلانٍ: بہت دینا، خوب داد و دہش کرنا۔

تَسَمَّنَ: موٹا ہو جانا، پھول جانا، پھول کر کپا ہونا۔

ـــ فُلَانٌ: کسی کا بے نفع چیزوں کو اکٹھا کرنا، ڈینگیں مارنا (۲) موٹاپے کے اسباب جمع کرنا، خورد و نوش میں مگن ہونا۔

اِسْتَسْمَنَ فُلَانٌ: گھی مانگنا۔

ـــ الشَّيْءَ: موٹا سمجھنا۔ کہاوت ہے: قَدِ اسْتَسْمَنْتَ ذَا وَرَمٍ: تو نے ورم دار کو موٹا سمجھ لیا ہے یعنی حقیقت سے ناواقف ہے۔ ظاہر سے دھوکا کھا گیا ہے (۲) موٹا پانا (۳) موٹا چاہنا

الأَسْمَنُ: فُلَانٌ أَسْمَنُ حَظًّا من فلانٍ: فلاں فلاں کے مقابلہ میں زیادہ خوش نصیب ہے۔

السَّامِنُ: موٹا (۲) گھی والا۔

السُّمَانَى: بٹیر۔ واحد: سُمَانَاةٌ۔ دیکھئے: (السَّلْوَى)۔

السَّمَّانُ: گھی فروش (۲) زینت و سجاوٹ میں کام آنے والے رنگ۔

السَّمْنُ: گھی (مکھن جسے گرم کر کے نکالا جاتا ہے) کہاوت ہے: سَمْنُكُمْ هُرِيقَ فِي دَقِيقِكُمْ: تمہارا گھی تمہارے ہی آٹے میں ڈالا گیا ہے یعنی تمہارا مال تمہارے ہی کام آ رہا ہے۔

السِّمَنُ: موٹاپا، جسم کی پھلاوٹ۔

السُّمْنَةُ: موٹا کرنے کی دوا (۲) ایک قسم کی گھاس جسے عورتیں بدن موٹا کرنے کیلئے استعمال کرتی ہیں، اس کی ٹہنی باریک اور پتے ہوتے ہیں اور اس پر سفید کلی نکلتی ہے اس کے دانے کالی مرچ کے مشابہ ہوتے ہیں۔

السُّمَنِيَّةُ: ہندوستان کے شہر سومناتھ کی طرف منسوب ایک ہندو فرقہ جس کا عقیدہ تناسخ ارواح کا ہے اور اس کا خیال ہے کہ بذریعہ اخبار علم حاصل نہیں ہوتا وہ صرف حسی چیز ہے۔

السَّمِيْنُ: موٹا۔ ضد: الغَثّ۔ كَلَامٌ سَمِيْنٌ: سنجیدہ اور حکیمانہ کلام۔ هِيَ سَمِيْنَةٌ ج: سِمَانٌ۔ أَرْضٌ سَمِيْنَةٌ:

عمدہ قابلِ زراعت ونشوونماوالی زمین۔

المَسْمَنَۃ: موٹاپے کا سبب وذریعہ طَعَامٌ مَسْمَنَۃٌ لِلجِسْمِ۔

المُسْمِنُ: پیدائشی موٹا۔

المُسَمِّنُ: موٹا کرنے والا۔

• السَّمَنْدُ: (فارسی لفظ) گھوڑا۔

• السَّمَنْدَلُ: ایک ہندوستانی پرندہ جس کے بارہ میں کہا جاتا ہے کہ وہ آگ میں نہیں جلتا (۲) بعض پرندوں کے پروں سے بنا ہوا کپڑا جسے آگ نہیں جلاتی۔

• سَمَہَ ـَ سَمْہًا وسُمُوھًا: حیران ہونا، ششدر رہ جانا۔ ھو سَامِہٌ ج: سُمَّہٌ۔ کہتے ہیں: بَقِی القَوْمُ سُمَّہًا: لوگ حیران رہ گئے۔

ـــ الفَرَسُ فی شوطِہ سُمُوھًا: گھوڑے کا بے تکان سرپٹ دوڑنا

سَمَّہَ اللّٰہُ عَقْلَہٗ: اللہ کا کسی کی عقل کو زائل کردینا۔

ـــ الرَّجُلُ اِبِلَہٗ ونَحْوَھا: اونٹ وغیرہ کو بے مہار چھوڑنا۔

السُّمَّہُ: باطل، بے حقیقت چیز (۲) جھوٹ (۳) بے مقصد کام۔ کہتے ہیں: ذَھَبَ فُلَانٌ فی السُّمَّہِ: وہ بے سوچے سمجھے چلا۔ جَرَی جَرْیَ السُّمَّہِ بھی کہتے ہیں (۴) ہوا، قدرتی ہوا۔

السُّمَّھَی: دوپہر کے وقت سورج کی شعاع میں نظر آنے والے ذرات، ترمرے (۲) اترا ہٹ۔

السُّمَّہَۃُ: کھجور کے پتوں سے بنائی گئی دسترخوان نما چیز۔

السُّمَیْھٰی: مثنّی السُّمَّیْھٰی: السُّمَّیْھٰی:

اترا کر چلا۔

• سَمْہَجَ فی السَّیرِ وغیرہ: جلدی کرنا، تیز چلنا۔

ـــ الشیءَ: بھیجنا۔

ـــ کلامَہ: جھوٹی بات کرنا۔

ـــ الحَبْلَ: رسّی کو مضبوط بٹنا۔

ـــ الیَمِینَ: سخت قسم کھانا۔

السُّمَاھِجُ: بے مزہ دودھ۔

السِّمْہَاج: جھوٹ۔

السَّمْہَجُ: ملائم، آسان۔ مَاءٌ سَمْہَجٌ: ہلکا پانی۔ اَرْضٌ سَمْہَجٌ: نرم زمین۔ دِرْعٌ سَمْہَجٌ: ہلکی زرہ۔

ـــ من اللَّبن: گاڑھا اور میٹھا دودھ

السَّمْہَجَۃ: پختہ قسم۔

• اِسْمَہَدَّ السَّنَامُ: کوہان کا موٹا ہونا

السَّمَہْدُ: سخت چیز۔ بھاری جسم کا اونٹ۔

السَّمَہْدَدُ: بھاری جسم کا اونٹ

• سَمْہَرَ الزَّرْعُ: کھیتی کا شاخ در شاخ نہ ہونا۔ زیادہ نہ اگنا۔

اِسْمَہَرَّ الشیءُ والاَمْرُ: سخت اور کٹھن ہونا۔

ـــ فی القِتَالِ: لڑائی میں سخت ہونا۔

ـــ الظَّلَامُ: اندھیر گپ ہونا۔

السَّمْہَرِیُّ: مضبوط نیزہ، جس میں سخت لکڑی لگی ہو۔ سَمْہَر نامی شخص کی طرف منسوب ہے جو نیزوں کا ماہر تھا۔ اس کی عورت کا نام ردینہ تھا اس کی طرف بھی نیزے منسوب ہیں (۲) مضبوط وسخت تانت۔

• سَمَا ـُ سُمُوًّا وسَمَاءً: اونچا ہونا، بلند ہونا، لمبا ہونا (۲) بلند ہمت ہونا (۳) بلند رتبہ ہونا، عالی نسب ہونا (۴) جنگلات اور ویران جگہوں میں شکار کیلئے نکلنا۔

سَمَا بَصَرُہٗ الی الشیءِ: نگاہ اٹھنا۔

ـــ الہِلَالُ: چاند کا اونچا ہونا۔

ـــ الشَّوقُ بِفُلَانٍ: کسی کا اشتیاق ہونا کسی کی یاد آنا۔

ـــ القومُ و نحوُھم علی المائۃ و نَحوھا: لوگوں کا کسی تعداد مثلا سو سے زیادہ ہونا۔

ـــ لہ شَخْصٌ: کسی کو کوئی شخص (ذات) نظر آنا اور اس کا اسے اچھی طرح دیکھنا۔

ـــ بہ: بلند کرنا، اوپر اٹھانا۔

ـــ لَہُمْ: کسی کے ساتھ لڑائی کے لئے تیار ہونا۔

ـــ الفَحْلُ سَمَاوَۃً: نر اونٹ وغیرہ کا مادہ پر چڑھنا۔

ـــ فلانًا محمّدًا او بہ سَمْوًا: کسی کا نام محمد رکھنا۔

ـــ الصَّائِدُ الوَحْشَ: شکاری کا جنگلی جانور کی تاک لگانا اور تلاش کرنا۔

أَسْمَی الشیءَ: بلند کرنا، اوپر اٹھانا۔

ـــ فُلانًا: من بَلَدٍ الی بَلَدٍ: ایک جگہ سے دوسری جگہ روانہ کرنا۔

ـــ الشیءَ کذا و بکذا: کسی چیز کو کوئی نام دینا۔

سَامَاہُ: بلندی میں یا عزت وشرافت میں مقابلہ کرنا۔

سَمَّاہ کذا و بکذا: نام دینا (۲) لیبل یا عنوان دینا۔

ـــ اللَّاعِبَ للدُّخول: کھلاڑی کا کھیل کے لئے نام پکارنا۔

ـــ فلانًا کذا و بکذا: کسی کا کوئی نام رکھنا۔

اِسْتَمَی فُلَانٌ: شکار کے لئے نکلنا (۲) شکار کرنا (۳) گرمی میں ہرن کا

شکار کرنے کے لئے موزے پہننا۔
اِسْتَمَی الصَّائِدُ الوَحْشَ: شکاری کا جنگلی جانور پر نگاہ رکھ کر اس کا پیچھا کرنا۔
___ فُلَانًا: کسی سے شکاری جراب مانگنا (۲) کسی کو جرابیں پہنا کر ہرنوں کا شکار کرانا (۳) کسی کے پاس ملاقات کیلئے جانا (۴) کسی میں بھلائی کے آثار پانا
___ الشیءَ: کسی شے کی چھت کی طرف دیکھنا۔
تَسَامَی القَومُ: لوگوں کا باہم فخر و مباہات کرنا، بلندی اور حسب و نسب میں ایک دوسرے پر فوقیت لیجانے کی کوشش کرنا (۲) ایک دوسرے کا نام پکارنا۔
___ علی الخَیلِ وغیرِھا: گھوڑے وغیرہ پر سوار ہونا۔
تَسَمَّی بکذا: کوئی نام رکھنا، کسی نام سے موسوم ہونا، متعین ہونا۔
___ بالقومِ و الیھم: کسی کی طرف منسوب ہونا۔
اِسْتَسْمَی الصَّائِدُ الوَحْشَ: شکاری کا جانور کو تلاش کرنا۔
___ فلانًا: کسی کا نام معلوم کرنا۔
الاِسْمُ: نام، عنوان، شہرت (۲) نحویوں کے نزدیک وہ کلمہ جو اپنے معنی دینے میں دوسرے لفظ کا محتاج نہ ہو اور اس میں تین زمانوں میں سے کوئی ایک زمانہ نہ پایا جائے جیسے: رجل، فرس، بیت۔ اسمیًّا: برائے نام
اِسْمِیٌّ: نام کا۔
الاِسْمُ الاَعْظَمُ: باری تعالیٰ کا وہ نام جو اس کی تمام صفات کے مفہوم کو حاوی ہو ج: اَسْمَاءٌ جج: اَسَامِیُّ و اَسَامٍ۔

اسمُ الجلالة: اللہ تعالیٰ کا نام۔
السَّامِي: بلند، اونچا، اعلیٰ۔
سَامِي المَبَادِي: بلند اصول انسان۔
مقامٌ سَامٍ: بلند رتبہ، اعلیٰ مقام
کہتے ہیں: رَدَدْتُ من سَامِي طَرْفِه: میں نے اس کی نخوت و غرور کو ختم کر دیا۔
السُّمَا: ذَهَبَ فی النَّاسِ صِیتُهُ و سُمَاهُ: لوگوں میں اس کی شہرت ہوگئی (خیر میں)۔
السَّمَاءُ: آسمان، فلک، زمین کے بالمقابل فضا (۲) ہر چیز کی بلندی، بلند حصہ (۳) سر سے اوپر کی ہر چیز ج: سَمَاوَات۔ (۴) بادل (۵) بارش قرآن پاک میں ہے: "یُرْسِلِ السَّمَاءَ عَلَیْکُمْ مِّدْرَارًا" (۶) گھاس ج: اَسْمِیَةٌ و سُمِیٌّ۔
السَّمَاءُ الصَّافیةُ: کھلا ہوا آسمان جس میں بادل نہ ہو۔ السَّمَاءُ المُتَلَبِّدَةُ بالغُیُومِ: ابر آلود آسمان
السَّمَاوَةُ: چھجا، سائبان، چھت (۲) ہر شے کی ذات یا جھلک۔
سَمَاوَةُ الهِلَالِ: افق سے نمودار ہوتے وقت چاند کی جھلک ج: سَمَاءٌ و سَمَاوٌ۔
سَمَائِيٌّ و سَمَاوِيٌّ: آسمانی۔
السُّمُوُّ: بلندی، اونچائی۔
صاحبُ السُّمُوِّ او سُمُوُّ الاَمِیرِ: اعلیٰ حضرت، تعظیمی لقب، سلاطین اور شاہی خاندان کے شہزادگان کے لئے۔
السَّمِيُّ: ہم نام۔ ھو سَمِيُّ فلانٍ (۲) فخر کرنے والا، بڑائی مارنے والا۔
المِسْمَاةُ: اون وغیرہ کی جرابیں جن کو شکاری گرمی کی شدت سے بچنے کے لئے پہنتے ہیں ج: مَسَامٍ۔
المُسَمَّی: متعین، نام زد۔ قرآن پاک میں ہے: "اذا تَدَایَنْتُمْ بِدَیْنٍ اِلٰی اَجَلٍ مُّسَمًّی فَاکْتُبُوْهُ" کہتے ہیں: فُلَانٌ من مُسَمَّی قومِه ومن مُسَمَّیَاتِه: وہ ان میں کا بہترین آدمی ہے

س ـــــ ن

السَّنَابُ: بڑا فتنہ۔
السِّنَّابُ: لمبی کمر اور لمبے پیٹ والا۔
السِّنَابَةُ: السِّنَّابُ۔
السَّنْبُ: زمانہ، عرصۂ دراز۔
السَّنِبُ من الخَیلِ: بہت دوڑنے والا گھوڑا ج: سُنُوبٌ۔
السَّنْبَةُ: زمانہ کا ایک حصہ، ایک عرصہ۔ کہتے ہیں: مَضَی من الدَّهرِ سَنْبَةٌ: زمانہ کا ایک عرصہ گزر گیا۔
السَّنُوبُ: بہت جھوٹا اور عیب جو (۲) غصیلا بات بات پر غصہ ہونے والا۔
السُّنْبُوقُ: چھوٹی کشتی ج: سَنَابِیقُ۔
السُّنْبُكُ: چوپائے کے پیر کا کنارہ، کھر، سُم (۲) ہر شے کا اول حصہ۔ کہتے ہیں: اَصَابَنَا سُنْبُكُ السَّمَاءِ: ہم پر پہلی بارش ہوئی۔ نیز کہتے ہیں: کان ذٰلک علی سُنْبُكِ فلانٍ: فلاں بات فلاں کے دور حکومت یا ابتدائی دور میں تھی (۳) ہر چیز کا کنارہ۔ آخری حصہ (۴) تلوار وغیرہ کے پرتلے کا کنارہ (۵) لوہے کے خود کا بالائی حصہ (۶) برقعہ کا بند جس کے ذریعہ سر سے اٹکایا جاتا ہے (۷) بے نفع سخت زمین ج: سَنَابِكُ۔ کہتے ہیں: طَلَبُ الرِّزْقِ فی سَنَابِكِ الاَرْضِ: روزی کی تلاش اطراف عالم میں کی جاتی ہے۔

السُّنْبُوكُ : السُّنْبُوقُ ج: سَنَابِيكُ
• سَنْبَلَ الزَّرْعُ: کھیتی میں بالیں (خوشے) نکلنا۔
—ثَوْبَه: (غرور سے) کپڑا زمین پر گھسیٹنا (چلتے ہوئے)۔
السُّنْبُلُ: خوشہ گیہوں وغیرہ۔ بالی (۲) ایک خوشبودار پودا ج: سَنَابِل۔
السُّنْبُلَةُ: ایک بالی۔ خوشہ (۲) آسمان کے بارہ برجوں میں سے ایک کا نام جسے عذرا بھی کہا جاتا ہے۔
سُنْبُلُ الطِّيبِ و سُنْبُلُ العَصَافِيرِ و السُّنْبُلُ الهِنْدِي: ایک سدابہار خوشبودار پودا۔
السُّنْبُول: السُّنْبُلُ۔ واحد: سُنْبُولَة
• أَسْنَتَ القَوْمُ: قحط میں مبتلا ہونا۔
سَنَّتَ القِدْرَ و نَحْوَها: زیرہ ڈالنا
تَسَنَّتَ كَرِيمَةَ آلِ فُلَانٍ: شریف خاندان کی غریب عورت سے کمینہ ذات مالدار مرد کا شادی کرنا۔
السَّنُّوتُ: زیرہ (۲) پنیر (۳) شہد۔
السَّنْتُ: سنیٹ۔ امریکی ڈالر کا سوواں حصہ
سَنْتِيغِراد: سینٹی گریڈ کا معرب۔
السِّنْتِيمُ: سینٹم، فرانسیسی فرانک کا سوواں حصہ۔
سَنْتِيمِتْر: سینٹی میٹر۔
السَّنْتِيتُ: بنجر (۲) مفلس آدمی۔
السَّنِيتُ: قحط کا سال۔
المُسْنِتُ: قحط زدہ، قحط میں مبتلا۔
• سَنَجَهُ ـُ سَنْجًا: کسی شے کو اس کے اپنے رنگ کے علاوہ کسی رنگ میں لت پت کرکے رنگنا۔
سَنَّجَ الثَّوبَ: کپڑے پر دھاریاں ڈالنا۔
السِّنَاجُ: دیوار وغیرہ پر چراغ کے دھوئیں کا نشان۔ کہتے ہیں: لا بدَّ لِلسِّراجِ مِنَ السِّنَاجِ (۲) علم کیمیا میں کاربن کے ان چھوٹے ذرات کو کہا جاتا ہے جو ایندھن کی آگ میں کمی سے باقی رہ جاتے ہیں ج: سُنُجٌ و اَسْنِجَة۔
السَّنْجَةُ: سَنْجَةُ الميزان: ترازو کا باٹ یا وزن کا پیمانہ جیسے رطل و اوقیہ وغیرہ ج: سِنَجٌ و سَنَجَات
السُّنْجَةُ: (من الالوان) چتکبراپن سیاہ و سفید دھبے والا رنگ ج: سُنَج۔
السِّنْجَابُ: چوہے اور گلہری کے مشابہ ایک جانور جس کی دم پر گھنے بال ہوتے ہیں اور انتہائی پھرتیلا ہوتا ہے اور اس کا رنگ نیلا خاکی ہوتا ہے۔
السِّنْجَابِيُّ: کاسنی رنگ کا، نیلگوں مائل، بھورے رنگ کا۔
السَّنْجَقُ: انتظامی تقسیم کا ایک حصہ۔ ضلع۔
• سَنَحَ ـَ سُنُوحًا: سامنے آنا پیش آنا (۲) سوجھنا، بات ذہن میں آنا کہتے ہیں: سَنَحَ لِي رَأْيٌ فِي كَذا۔
—الطَّائِرُ او الظَّبْيُ وغيرهما: پرندہ وغیرہ کا کسی کی بائیں جانب سے آکر دائیں طرف کو اس طرح گزرنا کہ اس کا دایاں حصہ آدمی کے سامنے ہو۔ اس سے قدیم عرب نیک فال لیتے تھے۔ هو سَانِحٌ ج: سَوَانِحُ و سُنَّحٌ و هو سَنِيحٌ ج: سُنُحٌ و هي سَانِحَة ج: سَوَانِح۔
—الشَّيْءُ: آسان ہونا، میسر آنا۔
—الخاطِرُ بكذا: کسی بات کے لئے ذہن کھلنا، طبیعت میں نشاط پیدا ہونا
— فلانٌ بكذا: کسی بات کو اشارہ سے کہنا، کھول کر بیان نہ کرنا۔
— به او عليه: کسی کو پریشانی میں ڈالنا، تکلیف پہنچانا۔
—الشيءَ سَنْحًا: کسی شے کی طرف متوجہ ہوکر ہاتھ سے لینا۔
سَنَحَ فلانًا عن كذا: باز رکھنا، روکنا۔
—الوقتُ والفُرصةُ: وقت یا موقع ملنا۔
سَانَحَ سِنَاحًا و مُسَانَحَةً: سَنَحَ
تَسَنَّحَ من الرِّيحِ: تیز ہوا سے بچنے کے لئے آڑ میں ہونا۔
— فلانا عن كذا: کسی سے کسی چیز کی کھود کرید کرانا۔
اِسْتَسْنَحَهُ عن كذا: کسی سے جستجو کرانا
السَّنْحُ: خیر و برکت (۲) راستہ کا بیچ۔
السَّانِحُ: سامنے آنے والا، حاصل ہونیوالا (۲) دائیں طرف سے بائیں طرف کو گذرنے والا پرندہ جس سے قدیم عرب بدشگون لیتے تھے ج: سَوَانِح۔
السَّانِحَةُ: موقع، فرصت ج: سَوَانِح
السَّنِيحُ: السَّانِحُ (۲) موتی (۳) زیور ج: سُنُحٌ۔
• سَنَخَ ـَ سُنُوخًا: راسخ و پختہ ہونا (۲) بلند ہونا۔
سَنِخَ الدُّهْنُ والطَّعامُ ـَ سَنَخًا: تیل یا کھانے کا خراب ہوجانا، سڑ جانا۔
—اَسْنَانُهُ: دانتوں کی جڑوں کا کھوکھلا ہوجانا۔ هو سَنِخٌ و هي سَنِخَةٌ۔
— من الطَّعامِ: بہت زیادہ کھانا۔
السَّنَاخَةُ: بدبو، سڑاہند۔
السِّنْخُ: ہر چیز کی جڑ، اصل (۲) دانت اگنے کی جگہ (۳) چھری یا تلوار کا دستہ میں گھسا ہوا حصہ، پچھلی نوک۔
— من النَّصْلِ: نیزے میں داخل شدہ پھل کا کنارہ۔
— من الحُمّى: بخار کی تیزی۔
السَّنِخُ: بَلَدٌ سَنِخٌ: وہ شہر جس میں بخار پھیلا ہوا ہو (مَحَمَّةٌ) هي سَنِخَةٌ۔

السَّنَخُ: اونٹ ۔

• سَنَدَ الیه ـُ سُنُودًا: سہارا لینا ٹیک لگانا (۲) بھروسہ کرنا، اعتماد کرنا۔

—ذَنَبُ النَّاقَۃِ: اونٹنی کی دم کا ہل کر سرین کے ادھر ادھر لگنا۔

—فی الجبل و نحوہ: چڑھنا۔

—للخمسین و نحوھا: (مثلاً) پچاس کے قریب ہونا۔

—الشئَ سَنَدًا: سہارا دینا، سہارے کے لئے لکڑی وغیرہ لگانا۔

أَسْنَدَ الیه: سہارا لینا، بھروسہ کرنا۔

—فی الجَبَل: پہاڑ پر چڑھنا۔

—فی العَدْوِ: تیز دوڑنا۔

—الشئَ الی کذا: سہارا دینا، سہارے سے کھڑا کرنا (۲) چڑھانا (۳) حوالہ دینا

—المَنصِبَ الی فُلانٍ: عہدہ پر فائز کرنا۔

—الأمرَ الی اَحَدٍ: کسی کے کوئی کام سپرد کرنا۔

—الحدیثَ الی قائِلِه: بات کو متکلم تک پہنچانا، نسبت کرنا۔ حدیث کی سند بیان کرنا اور قائل تک لے جانا۔

—فی الشِّعْرِ: شعر میں مختلف ردیف لانا (جو شعر کے عیوب میں سے ہے)۔

سَانَدَہ مُسَانَدَۃً و سِنَادًا: مدد دینا تقویت پہنچانا، پشت پناہی کرنا (۲) سہارا دینا جیسے: سَانِدَ المَرِیضُ (۳) بدلہ دینا۔

—الشاعرُ شِعرَہٗ و فیه: شعر میں مختلف ردیف لانا۔

سَنَّدَ: مضبوط و پختہ کرنا (۲) سہارا دینا (۳) دھاری دار یمنی کپڑا (سَنَد) پہننا

اِسْتَنَدَ الیه: منسوب ہونا (سہارا لینا) ٹیک لگانا، سہارے سے مضبوط ہونا بھروسہ اور اعتماد کرنا۔

تَسَانَدَ اِلَیه: ٹیک لگانا، سہارا لینا، بھروسہ کرنا۔

—القومُ: لوگوں کا باہم متحد ہونا (۲) قبیلہ کی مختلف شاخوں کا مختلف پرچموں تلے چلنا - کہتے ہیں: خرجوا مُتَسَانِدِین۔

الإسْنادُ: نحوی اصطلاح میں ایک لفظ کا دوسرے لفظ سے ایسا تعلق قائم کرنا جو مکمل و مفید معنی پیدا کرے مثلاً مبتدا کا تعلق خبر کے ساتھ یا فعل کا فاعل کے ساتھ جیسے: حامِدٌ جالِسٌ۔ جَلَسَ خالِدٌ یعنی دو کلموں کے درمیان نسبت تامہ قائم کرنا (۲) علم مناظرہ میں حوالہ دینا۔

السِّنادُ فی القافیۃ: اختلاف ردیف۔ قافیۂ شعر کے حرف آخر روی سے پہلے حرکات و سکنات اور مد کی یکسانیت ملحوظ نہ رکھنا - یہ شعر میں قباحت سمجھی جاتی ہے۔

السَّنْدُ: یمنی چادروں یا کپڑوں کی ایک قسم (۲) علم موسیقی میں ساز کی ایک قسم ج: اَسْنادٌ۔

السِّنْدُ: سندھ متحدہ ہندوستان میں شمال مغرب کا ایک علاقہ جس کا اکثر حصہ اب پاکستان کا ایک صوبہ ہے (۲) سندھ کے رہنے والے ج: سُنُود و اَسْنادٌ۔

السَّنَدُ: سہارا، سہارے کی چیز (۲) رسید (۳) واؤچر (۴) بل (۵) وثیقہ قرض، رقعہ قرض (۶) بونڈ (۷) طاقت (۸) دستاویز ج: اَسْناد (۹) حدیث کے راوی ج: اَسانید (۱۰) یمن کی چادریں یا کپڑے (۱۱) پہاڑ کی سامنے والی چوٹی یا دامن کوہ کا بلند حصہ ج: اَسْناد۔

السَّنَدُ الإذْنِیُّ: ڈرافٹ۔ وہ دستاویز جس کے ذریعہ مقررہ تاریخ پر شخص خاص یا اس کے حامل کو متعینہ رقم دینے کا وعدہ ہو۔

سَنَدُ بَیعٍ: فروختگی بل۔

سَنَدُ البَنْكِ: بونڈ۔ معاہدہ نامہ جس کے ذریعہ مقررہ مدت کے بعد متعینہ رقم کی ادائگی کا وعدہ ہو۔

سَنَدُ التَّامِین: بیمہ کی پالیسی، معاہدۂ بیمہ

سَنَدُ المِلْکِیَّۃ: ملکیت نامہ۔

السَّنَدَاتُ الحکومیۃ: سرکاری بونڈس۔ دستاویزات سرکاری۔

سَنَدَاتٌ طَوِیلَۃُ الأجَلِ: طویل المیعاد معاہدے نامے، بونڈس

سَنَدَاتٌ قَصِیرَۃُ الأجَلِ: مختصر المیعاد معاہدے نامے، بونڈ۔

سَنَدَاتٌ مُزَوَّرَۃ: جعلی دستاویزات۔

السَّنْدَانُ: نہائی، اہرن (لوہے کا موٹا ٹکڑا جس پر لوہار لوہا کوٹتا ہے)۔

السِّنْدَانُ: بڑا اور مضبوط آدمی یا بھیڑیا

السِّنْدِیانُ: خار دار جھاڑ، شاہ بلوط کا درخت۔ واحد: سِنْدِیَانَۃٌ۔

السَّنِیدُ: متبنّٰی، منھ بولا بیٹا۔ ھی سَنِیدَۃ۔

المُسَانَدَۃ: معاونت، پشت پناہی۔

مُسَانَدَۃُ القُوَّۃ: فوج کی مدد

المُسْتَنَدُ: دستاویز، ثبوت (۲) واؤچر رسید ج: مُسْتَنَدَات۔

المُسْتَنَدَاتُ المُؤَیَّدَۃ: تصدیق شدہ دستاویزات، کاغذات۔

المُسْتَنَدَاتُ المالِیَّۃ: مالی کاغذات و دستاویزات۔

المُسْتَنَدَاتُ الرَّسْمِیَّۃ: سرکاری کاغذات۔

المُسْنَدُ: (من الحدیث) وہ حدیث

جس کی سند (سلسلۂ رواۃ) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتی ہو (۲) منھ بولا بیٹا (۳) قبیلہ حمیر کا عربی رسم الخط جو مروجہ عربی رسم الخط سے مختلف ہے (۴) محکوم بہ یعنی جس کی نسبت کسی دوسرے کے ساتھ قائم کی گئی ہو۔ جیسے قَامَ خَالِد میں قَامَ۔
المُسْنَدُ (مِنَ الشِّعْرِ) وہ شعر جس میں سناد ہو یعنی ردیف میں اختلاف ہو ج: مَسَانِد۔
المُسْنَدُ إِلَيهِ: محکوم علیہ۔ جس پر کوئی حکم لگایا گیا ہو۔ جیسے: قَامَ خَالِد میں خالد۔
المِسْنَد: ہر وہ چیز جس کا سہارا لیا جائے ٹیک لگائی جائے، تکیہ وغیرہ ج: مَسَانِد۔
• السِّنْدَأْ و السِّنْدَأَةُ: سبک، نڈر پست قد۔ بھاری سر اور پتلے جسم والا
• سَنْدَرَ فِي الأَمْرِ: جلدی کرنا، ہمت کرنا (۲) گزرنا۔
السِّنْدَرُ: نڈر۔ دلیر۔
السَّنْدَرَةُ: ایک بڑا پیمانہ (۲) ایک درخت جس کی لکڑی سے تیر و کمان بنائے جاتے ہیں، مکان کی چھت پر بنا ہوا کباڑ خانہ (بیکار چیزیں رکھنے کی جگہ)
السَّنْدَرِيُّ: کاموں میں سنجیدہ اور عجلت پسند (۲) نڈر و دلیر (۳) سخت و مضبوط (۴) لمبا (۵) موٹی آنکھوں والا (۶) عمدہ
السَّنْدَرُوسُ: ایک قسم کا گوند جو بطور دوا استعمال کیا جاتا ہے۔
• السُّنْدُسُ: ایک باریک ریشمین کپڑا۔ دیباج۔
سَنْدَوِيش: (شطیرۃ) سینڈوچ کا معرب۔ کچوری، لقمی وغیرہ
• سَنْدَلَ: شکار کرنے کے لئے جراب پہننا۔

السِّنْدَالُ: السَّنْدَانُ: اَہرن
السَّنْدَلُ: چرمی موزے کے اندر کی جراب ج: سَنَادِل۔
• سَنِرَ ـَ سَنَرًا: بدمزاج ہونا، تنگ ظرف ہونا۔ هو سَنِرٌ۔
السِّنَّوْرُ: بلا (۲) دم کی جڑ (۳) گردن کی ہنسلی یا ہڈی کا مہرہ ج: سَنَانِير۔
السِّنَّوْرَةُ: بلی۔
السَّنَوَّرُ: لوہے کا ہر ہتھیار (۲) چمڑے کی زرہ۔
السَّنْسِكْرِيتِيَّةُ: سنسکرت۔
السَّنْكَرِيُّ: ٹھٹھیرا، دھات کے ٹوٹے برتن جوڑنے والا۔
السَّنْكُونَا: ایک درخت جس کی چھال دوا کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔
• سَنْسَنَتِ الرِّيحُ: ٹھنڈی ہوا چلنا
السِّنْسِنُ: پیاس (۲) سینہ کی ہڈی کا سرا (۳) پیٹھ کے مہروں کا کنارہ ج: سَنَاسِنُ۔ کہتے ہیں: جاءتِ الرِّيحُ سَنَاسِنَ: ہوا ایک ہی طرح چلی۔
السِّنْسِنَةُ: پیٹھ کے مہرے کا کنارہ (۲) سینہ کی پسلی کا کنارہ (۳) رہٹ کا کنارہ ج: سَنَاسِن۔
• سَنُطَ ـُ سَنَاطَةً: (قدرتی طور پر) بے ریش ہونا (۲) ہلکی ڈاڑھی والا ہونا۔ هو سُنَاطٌ و سَنُوطٌ
سَنِطَ ـَ سَنَطًا: سَنُطَ۔
السَّنْطُ: ببول کا درخت۔
السِّنْطُ: ہاتھ کا گٹا، پہنچا ج: سُنوط وأَسْنَاطٌ۔
• السُّنْطُورُ: ستار کی طرح کا ایک باجا جس پر تانبے کے تار لگے ہوئے ہوتے ہیں۔ ان پر انگلیاں مار کر بجاتے ہیں۔
السِّنْطِيرُ: السُّنْطُورُ۔
• سَنْطَلَ الرَّجُلُ: سر جھکا کر چلنا۔
السَّنْطَلَةُ: لمبائی۔
السُّنْطالَةُ: سر جھکائے ہوئے آہستہ چال۔
السِّنْطِيلُ: لمبا۔
المُسَنْطَلُ: بہت سست رفتار (۲) بڑے پیٹ والا بے ڈول آدمی۔
• سَنُعَ ـُ سَنَاعَةً و سُنُوعًا: لمبا ہونا (۲) اونچا ہونا (۳) حسین وجمیل ہونا (۴) نازک بدن ہونا۔ هو سَنِيعٌ وهي سَنِيعَةٌ۔
أَسْنَعَ: سَنُعَ۔
ـــ فلانٌ: دراز قامت اور خوب رو اولاد والا ہونا (۲) ہاتھ کے گٹے میں درد والا ہونا۔ هو مُسْنِعٌ۔
ـــ مَهْرَ المرأةِ: عورت کا مہر زیادہ کرنا
الأَسْنَعُ: لمبا، دراز قد۔ هي سَنْعَاءُ۔ هو أَسْنَعُ منه: وہ اس سے بہتر ہے ج: سُنْعٌ۔
السِّنْعُ: گٹا، کلائی، پہنچا ج: أَسْنَاعٌ و سِنَعَةٌ۔
السَّنِيعُ: مَهْرٌ سَنِيعٌ: زیادہ مہر (۲) لمبا اور خوبصورت۔
السَّنِيعَةُ: مؤنث: السَّنِيع (۲) خوبصورت اور نرم و نازک عورت (۳) پہاڑی راستہ۔ ج: سَنَائِعُ۔
السُّنْعُبَةُ: نیولا (۲) اوپر کے ہونٹ کے اندر کی جانب بیچ میں ابھرا ہوا گوشت ج: سَنَاعِبُ۔
• سَنَفَ البَعِيرُ ـُ سَنْفًا: اونٹ کا دیگر اونٹوں سے آگے بڑھ جانا۔
ـــ البَعِيرَ: اونٹ پر تنگ (چمڑے کا چوڑا تسمہ) کسنا۔
أَسْنَفَ البَعِيرَ: سَنَفَ۔

أَسْنَفَ البَرْقُ و السَّحَابُ: بجلی اور بادل کا قریب قریب دکھائی دینا۔
___ الرِّيحُ: ہوا کا تیز چلنا اور گرد و غبار اڑانا۔
___ النَّاقَةُ: دبلا اور لاغر ہونا۔
___ الأَرْضُ: قحط زدہ ہونا۔
___ البَعِيرَ: تنگ کسنا۔
___ البَكْرَةُ: جوان اونٹنی کے حمل کو دس ماہ گزرنا اور تھنوں کا ورم آلود ہو جانا
___ الأَمْرَ: مضبوط و پختہ کرنا۔
السِّنَافُ: اونٹ کو کسنے کی تنگ رسّی یا چمڑے کا تسمہ جیسے پیٹھ سے گردن اور پیٹ کے نیچے لا کر کسا جاتا ہے اور جس کی وجہ سے زین وغیرہ اپنی جگہ جمی رہتی ہے) ج: سُنُفٌ و أَسْنِفَةٌ
السِّنْفُ: پھل یا دانہ کا خول، پھلی (۲) پتوں سے خالی شاخ (۳) گیہوں اور جو میں پیدا ہونے والا تلخ دانہ (۴) جماعت، گروہ ج: سُنُوف و سِنَفَةٌ واحد: سِنْفَةٌ۔
السُّنْفَتَان: وہ دو لکڑیاں جن میں کنویں کی چرخی باندھی جاتی ہے۔
التَّسْنِيفُ: فرش کی گوٹ ج: سُنُفٌ۔
المِسْنَافُ: چلتے ہوئے آگے نکل جانے والا۔ (۲) دبلا چھریرے بدن کا ج: مَسَانِف
• سَنِقَ مِن الطَّعَامِ او الشَّرَابِ ـَـ سَنَقًا: بدہضمی ہونا۔
___ فُلَانٌ: خوش حال ہونا، عیش و عشرت میں ہونا۔ هو سَنِقٌ و هي سَنِقَةٌ
أَسْنَقَهُ الطَّعَامُ او الشَّرَابُ: بدہضمی میں مبتلا کرنا۔
___ النَّعِيمُ فلانًا: خوش حالی کا کسی کو عیش و عشرت میں مبتلا کرنا۔
السَّنِيقُ: پختہ چونے وغیرہ کا بنا ہوا مکان (۲) سفید ستارہ ج: سَنَائِق۔

• السَّنْكِسَارُ: (عیسائیوں کے نزدیک) نیک لوگوں کی سیرت کی کتاب جو گرجاؤں میں لوگوں کے سامنے پڑھی جاتی ہے۔
• سَنِمَ البَعِيرُ ـَـ سَنَمًا: اونٹ کا بڑے کوہان والا ہونا۔
___ الشَّيءُ: زمین کی سطح پر بلند و نمایاں ہونا، کوہان کی طرح اٹھا ہوا ہونا هو سَنِمٌ و هي سَنِمَةٌ۔
أَسْنَمَ: سَنِمَ۔
___ النَّارُ: آگ کی لپٹ اٹھنا، شعلہ بلند ہونا۔
___ الطَّعَامُ البَعِيرَ: اونٹ کے کوہان کو بڑا کر دینا۔
سَنَّمَ الكَلَأُ البَعِيرَ: گھاس کا اونٹ کے کوہان کو بڑا کر دینا
___ فُلَانٌ الشَّيءَ: کوہان کی طرح اونچا کرنا، کوہان نما بنانا جیسے قبر۔ کہتے ہیں: سَنَّمَ القَبْرَ۔
___ الوِعَاءَ: برتن کو اتنا بھرنا کہ کوہان کی طرح چیز اوپر اٹھ جائے۔
اِسْتَنَمَ البَعِيرَ: اونٹ کے کوہان پر بیٹھنا
___ الشَّيءَ: چڑھنا، اوپر بیٹھنا۔
تَسَنَّمَهُ: اِسْتَنَمَهُ۔
___ عليه من فوق الغُرَفِ: نیچے اترنا
___ السَّحَابُ الأَرْضَ: بادل کا زمین پر خوب برسنا۔
___ فُلانًا: اچانک پکڑ لینا۔
___ الشَّيبُ فُلانًا: کسی پر بڑھاپا خوب ظاہر ہونا۔
التَّسْنِيمُ: جنت کے ایک چشمہ کا نام۔ قرآن پاک میں ہے: "ومِزَاجُه مِن تَسْنِيمٍ عَينًا يَشْرَبُ بِهَا المُقَرَّبُونَ"
السَّنَامُ: کوہان (اونٹ اور اونٹنی کی کمر پر ابھرا ہوا چربی کا گٹھا) (۲) ہر چیز کا بالائی حصہ (۳) زمین کا بیچ (۴) لوگوں میں معزز و سربرآوردہ (۵) آدمی کی عظمت و بلندی ج: أَسْنِمَةٌ۔
السِّينَمَا: سینما، تماشہ بینوں کے سامنے پردہ پر نظر آنے والی متحرک تصویروں کا تماشہ (۲) سینما گھر۔
السِّينَمَاتُوغرَاف: وہ مشین جس کے ذریعہ سینما میں پردہ پر تصویریں دکھائی جاتی ہیں۔
السَّنَمَةُ (من النبات) شگوفہ، خوشہ، بالی، کلی (۲) چوٹی (۳) وہ درخت جس پر پھل نہ آتا ہو اور اس کی شاخیں سوکھ گئی ہوں ج: سَنَمٌ۔
السَّنِيمُ: رَجُلٌ سَنِيمٌ: بلند رتبہ آدمی۔ هي سَنِيمَةٌ۔
المُسَنَّمُ: مَجْدٌ مُسَنَّمٌ: زبردست عظمت، اعلیٰ مقام (۲) کوہان کی طرح بلند چیز یا عمارت وغیرہ (۳) وہ اونٹ جس پر سواری نہ کی جائے۔
السِّنِمَّارُ: چاند (۲) رات کو جاگنے والا آدمی (۳) چور (۴) سنمار ایک رومی معمار کا نام ہے جس نے نعمان لخمی کا محل بنایا تھا جو اپنی نظیر آپ تھا، نعمان نے اسے انعام دینے کے بجائے اوپر سے گرا کر مروا دیا تاکہ وہ کسی دوسرے کا ویسا محل نہ بنا سکے۔ پھر یہ مثال: جُوزِيَ جَزَاءَ سِنِمَّارٍ: ہر ایسے شخص کے بارہ میں دی جانے لگی جسے اچھائی کا بدلہ برائی سے دیا جائے۔
• سَنَّ السِّكِّينَ ونَحْوَهُ ـُـ سَنًّا: چھری وغیرہ کو تیز کرنا۔ فالشيءُ مَسْنُونٌ و سَنِينٌ (۲) بھوک بڑھانا۔ اس مناسبت سے کہتے ہیں: هذا مِمَّا يَسُنُّكَ على الطَّعَامِ: یہ چیز تمہاری کھانے کی رغبت کو بڑھائے گی۔

سَنَّ الامیرُ رَعِیَّتَهُ: حاکم کا اپنی رعایا کے لئے اچھا انتظام و انصرام کرنا۔
— الاَسْنَانَ: دانتوں میں مسواک کرنا یا دوا اور منجن ملنا۔
— فُلانًا: کسی کو دانتوں سے کاٹنا، (۲) دانت توڑنا (۳) نیزہ مارنا۔
— الرُّمحَ: بلم میں لوہے کا پھلکا لگانا
— الشَّیءَ: تصویر کھینچنا (۲) چکنا کرنا
— الطِّینَ: (تر مٹی) کو پکا کر برتن بنانا
— العُقْدَةَ: گرہ کھولنا۔
— الطَّرِیقَ: راستہ بنانا، راہ نکالنا۔
— الاَمْرَ: کسی بات کو واضح کرنا۔
— اللّٰهُ سُنَّةً: اللہ کا کوئی واضح و پختہ راستہ بتانا۔
— المُشَرِّعُ قانونًا: قانون بنانا۔
— فلانٌ السُّنَّةَ: طریقہ جاری کرنا، وضع کرنا۔
— الماءَ او التُّرابَ علی وَجْهِ الارضِ: زمین پر آہستہ آہستہ پانی یا مٹی ڈالنا۔
— الحَجَرَ و نَحْوَهَ: صاف کرنا۔
سَنَّتِ العَینُ الدَّمْعَ: آنکھ سے آنسو بہنا۔
سُنَّ الوَجْهُ و نَحْوُهُ: ترشے ہوئے خدوخال والا ہونا۔
— الماءُ: پانی کا بدل جانا۔ هو مَسْنُونٌ۔
— الاَرْضُ: زمین کا گھاس چر لیا جانا اور اس کا خالی ہو جانا۔
أَسَنَّ: کسی کے دانت نکل آنا (۲) عمر رسیدہ ہونا، بوڑھا ہونا۔ هو مُسِنٌّ۔
— اللّٰهُ سِنَّهُ: اللہ کا کسی کے دانت اگانا۔
— الرُّمحَ: نیزہ کا پھل لگانا۔
سَنَّنَ السِّکِّینَ وغیرَهُ: چھری وغیرہ کو تیز کرنا، دھار لگانا۔
سَنَّنَ کلامَهُ: کلام کو مہذب و موزوں بنانا۔
— الرُّمحَ: نیزہ پر پھل لگانا۔
— الرُّمحَ الیه: کسی کی طرف نیزہ کا رخ کرنا، نیزے کا نشانہ بنانا۔
— الشَّیءَ: کسی چیز میں دندانے (دانت) لگانا جیسے آری وغیرہ میں ہوتے ہیں۔
— الرَّجُلَ: کسی کی عمر کا اندازہ لگانا یا اندازہ سے عمر مقرر کرنا۔
اسْتَنَّ: مسواک کرنا۔
— العَینُ: آنکھ سے آنسو بہنا۔
— دَمُ الطَّعْنَةِ: نیزے کی ضرب سے ایک دم خون نکلنا۔
— الفَرَسُ و نَحْوُهُ: گھوڑے کا ایک رخ اور ایک رفتار سے دوڑنا کہاوت ہے: اسْتَنَّتِ الفِصَالُ حَتّٰی القَرْعٰی: دودھ چھڑائے ہوئے بچوں نے بھی دوڑنا شروع کیا ایسے کمزور شخص کے بارہ میں کہتے ہیں جو اپنی طاقت سے زیادہ کام کے لئے تیار ہو۔
— السَّرَابُ: سراب (چمکتی ہوئی ریت) کا پانی کی طرح تھرتھرانا۔
— بِسُنَّتِهِ: کسی کے راستہ پر چلنا، اتباع کرنا۔ کہتے ہیں: سَنَّ فُلانٌ طَرِیقًا من الخَیرِ لِقَومِهِ: فلاں نے اپنی قوم کیلئے خیر کی راہ ڈالی اور وہ اس پر چلے۔
تَسَنَّنَ فی عَدْوِهِ: اپنے طریقہ پر دوڑنا۔
— الرَّجُلُ: طریقہ اپنانا، اس پر چلنا
اسْتَسَنَّ: عمر رسیدہ ہونا۔
— الطَّرِیقَةَ: طریقہ پر چلنا۔
السِّنَانُ: نیزے کا پھل (۲) دھار رکھنے اور تیز کرنے کا اوزار۔ ج: اَسِنَّةٌ۔
السَّنَّانُ: چھری وغیرہ پر سان رکھنے والا۔ دھار رکھنے والا۔
السِّنُّ: جبڑے میں پیدا ہونے والا ہڈی کا ٹکڑا (۲) دانت (۳) دندانہ۔ جیسے: کنگھے، آری اور درانتی وغیرہ کے دانت (۳) قلم کی نوک، نب (۴) دھار (۵) عمر۔ کہاوت ہے: صَدَقَنی سِنَّ بَکْرِهِ: اس نے ابتدائے عمر ہی سے میرے ساتھ سچائی کا برتاؤ کیا (۶) لہسن کا جوا یا اس کے سرے پر لگا ہوا دانہ (۷) لنگوٹیا، ہم عمر ساتھی۔ فُلانٌ سِنُّ فُلانٍ۔ ج: اَسْنَانٌ۔
اَسْنَانٌ عِیرَة: مصنوعی دانت۔ و اَسُنٌّ ج: اَسِنَّة۔
سِنٌّ طاحِنَة: ڈاڑھ۔
— قاطِعَة: کچلی۔
— مبکّرة: کم سنی، کم عمری۔
سِنُّ الاحالة علی المَعاش: پنشن دینے کی عمر۔
— التمییز: سن شعور۔
السَّنَنُ: طریقہ، نمونہ، طرز۔ بَنَوا بُیُوتَهُم علی سَنَنٍ وَاحِدٍ۔
— من الطَّرِیقِ: راستہ کا رخ یا اس پر چلنے کی جگہ۔ کہتے ہیں: تَنَحَّ عن سَنَنِ الخَیلِ: راستہ میں گھوڑوں کی گذرگاہ سے ہٹ جاؤ۔
السَّنَّةُ: ایک دفعہ کی دھار (۲) ایک دفعہ کی قانون سازی (۳) ایک راہ۔ سَنَّ سے مصدر مَرَّة (۴) ریچھنی (۵) چیتے کی مادہ ج: سِنَانٌ۔
السُّنَّةُ: طریقۂ خاص، ضابطہ (۲) سیرت (اچھی ہو یا بری) (۳) فطرت (۴) عادت و مزاج (۵) چہرہ (۶) صورت، شکل۔
هو اَشْبَهُ شَیءٍ به سُنَّةً: وہ

چہرہ کے لحاظ سے اس سے ملتا جلتا ہے (۷) شرعاً وہ پسندیدہ عمل جو نہ فرض ہو نہ واجب۔

سُنَّةُ اللّٰه : مخلوق کے لئے اللہ تعالیٰ کا حکم و فیصلہ ج: سُنَن۔

سُنَّةُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب، قول، فعل اور تقریر (تقریر یہ ہے کہ آپؐ کے سامنے کوئی فعل کیا گیا یا کہا گیا تو آپ نے اس پر سکوت فرمایا گویا اسے صحیح قرار دے دیا)۔

اَهْلُ السُّنَّةِ : مقابل الشيعة۔ وہ تمام مسلمان جو حضرت ابوبکرؓ و حضرت عمرؓ و حضرت عثمان غنیؓ کے بارہ میں یہ عقیدہ رکھتے ہوں کہ وہ خلیفۂ برحق تھے اور ان کی خلافت بربنائے استحقاق تھی۔

سُنَّةُ الطَّبِيعَةِ: قانون قدرت۔

السُّنِّيُّ: اہل سنت میں سے ایک۔ مقابل شیعیّ۔

السُّنِّيَّةُ: اہل سنّت۔

السِّنَّةُ: دونوک کی کلہاڑی (۲) ہل میں لگا ہوا لوہا (جس سے زمین کاہی جاتی ہے) ج: سِنَنٌ۔

السَّنُونُ: دانتوں کا منجن وغیرہ

السَّنِينُ: سان پر سے گرا ہوا برادہ (جو دھار رکھتے وقت گرتا ہے) (۲) وہ زمین جس کی گھاس چرلی گئی ہو (۳) ہم عمر ساتھی، ہمجولی۔

السَّنِينَةُ: سَنِين کی تانیث (۲) سطح زمین پر اٹھی ہوئی ریت ج: سَنَائِن۔ کہتے ہیں: جاءت الرِّيحُ سَنَائِنَ: ہوا ایک ہی طرح چلی۔

المَسَانُّ: من الإبِلِ: بڑے اونٹ۔ واحد مُسِنٌّ۔

المُسِنُّ: عمر رسیدہ (۲) وہ بچہ جس کے دانت نکل آئے ہوں۔

المِسَنُّ: دھار رکھنے کا آلہ مشین یا پتھر ج: مَسَانُّ۔

المُسَنَّنُ: دھاردار (۲) تیز دانتوں والا (۳) نوک دار۔

المَسْنُونُ: فرض و واجب کے علاوہ عمل محمود جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہو (۲) بدبودار مٹی، سڑا ہوا کیچڑ (۳) دھاردار۔

مَسْنُونُ الوَجْهِ: ستواں کتابی چہرے والا

• سَنِهَ الطَّعَامُ او الشَّرَابُ ـَ سَنَهًا: خراب ہوجانا، بگڑجانا، گاڑھا ہوجانا۔

___ النَّخْلَةُ: کھجور کے درخت کا پرانا ہونا۔ هو سَنِهٌ وهي سَنِهَةٌ و سَنْهَاءُ ج: سُنْهٌ۔

سَانَهَتِ النَّخْلَةُ وغيرُها مُسَانَهَةً و سِنَاهًا: کھجور کے درخت کا پرانا ہونا (۲) ایک سال چھوڑ کر پھل لانا۔

سَانَهَ فُلانًا: کسی سے ایک سال کا معاملہ کرنا۔

تَسَنَّهَ: سڑجانا، خراب ہوجانا، بدبودار ہوجانا۔

___ عند فُلانٍ: کسی کے پاس ایک سال سے زیادہ قیام کرنا۔

السَّنَاهِيَةُ: وہ رقم جو مخصوص شرطوں کے ساتھ مسلسل وقفوں کے ساتھ یا سالانہ ادا کی جائے۔

السَّنَةُ: سال، سورج کے بارہ آسمانی برجوں سے گزرنے کے بقدر وقت اسی کو شمسی سال (السَّنَةُ الشَّمْسِيَّةُ) کہتے ہیں (۲) چاند کے بارہ چکر اسی کو قمری سال (السَّنَةُ القَمَرِيَّةُ) کہتے ہیں (۳) شریعت اسلامیہ کی اصطلاح میں وہ وقفہ جو کسی دن سے شروع ہوکر آئندہ قمری سال کے اسی جیسے دن پر ختم ہو (۴) عرف عام میں وہ وقفہ جو کسی دن سے شروع ہوکر آئندہ شمسی سال کے اسی جیسے دن پر ختم ہو ج: سَنَوَاتٌ و سِنُونَ (۵) قحط، خشک سالی (۶) قحط زدہ زمین۔ اس کی اصل سَنْهَةٌ ہے، لام کلمہ کو حذف کرکے اس کی حرکت فتحہ عین کلمہ کو دے دی گئی (۷) علم طب میں بلوغ اور قوت بلوغ کے درمیان کی مدت کا نام

سَنَةٌ تقويمِيَّةٌ: جنتری کا سال۔

___ دِراسِيَّةٌ: تعلیمی سال۔

___ ضَرِيبِيَّةٌ: ٹیکس کا سال۔

___ بعدَ اخرى: سال بسال۔

___ ميلادِيَّةٌ: عیسوی سال (حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کے حساب سے بننے والا سال۔

___ هجرِيَّةٌ: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت مدینہ کے حساب سے بننے والا سال۔

السَّنْهَاءُ: نَخْلَةٌ سَنْهَاءُ: ایک سال چھوڑ کر پھل دینے والا کھجور کا درخت۔

___ أَرْضٌ سَنْهَاءُ: قحط زدہ زمین۔ سَنَةٌ سَنْهَاءُ: خشک سال (بے آب وگیاہ) ج: سُنْهٌ۔

• سَنَا البَرْقُ وغيرُهُ ـُ سَنَاءً: بجلی وغیرہ چمکنا

___ النَّارُ وغيرُها: آگ کا شعلہ اٹھنا، بلند ہونا۔

___ فُلانٌ الى مَعَالِي الأُمُورِ: معاملات میں اونچا درجہ حاصل کرنا۔

___ سَنْوًا و سُنُوًّا و سِنَاوَةً: سیراب کرنا۔ سنا على الدَّابَّةِ: چوپائے کے ذریعہ سیراب کرنا، پانی لانا۔

سَنَا القَوْمُ لِأَنْفُسِہِم :لوگوں کا اپنے لئے پانی حاصل کرنا، لانا ۔
—السَّانِيَةُ :چرس (بڑے ڈول) کا کنویں سے پانی نکالنا ۔
—السَّانِيَةُ الأَرْضَ :چرس کا زمین کو سیراب کرنا، چرس سے زمین میں پانی دینا ۔
—الدَّلْوَ ونَحوَھا :کنویں سے ڈول وغیرہ کو کھینچنا ۔
—البَابَ ونَحوَہُ : دروازہ کھولنا
—الشیءَ : آسان وسہل بنانا ۔
•سَنِيَ ـِ سَنْيًا وسُنِيًّا وسِنايَةً : سَنَا ۔
سَنِيَ ـَ سَنًا وسَنَاءً : بلند ہونا (۲) بلند رتبہ ہونا (۳) روشن ہونا، هی سَنِیٌّ وهی سَنِيَّةٌ ۔
—الدَّابَّةَ : جانور پہ پانی لاد کر لانا، جانور کا پانی ڈھونے کیلئے استعمال ہونا ۔
أَسْنَی البَرقُ ونَحوُہُ : بجلی چمکنا، (۲) بجلی کی چمک کا گھر میں داخل ہونا
—القَومُ :کسی جگہ ایک سال یا زیادہ قیام کرنا (۲) لوگوں پر ایک سال گزرنا ۔
—الشیءَ : روشن کرنا (۲) بلند کرنا ۔
—النَّارَ ونَحوَھا : آگ جلانا، تیز کرنا
—لہ الجائزۃَ :کسی کو بڑا انعام دینا
—جِوارَہُ : حق ہمسائگی ادا کرنا ، بہتر پڑوسی بننا ۔
سَانَی البَابَ وغیرَہ مُسَانَاۃً وسِناءً : دروازہ کھولنا ۔
—فُلانًا :کسی کے ساتھ نرمی برتنا (۲) بہتر سلوک کرنا ۔ مل جل کر رہنا (۳) ایک سال کے لئے معاملہ کرنا ۔
سَنَّاہُ : سانَاہُ (۲) آسان کرنا ۔

اِسْتَنَی : سیراب ہونا ۔
—النَّارَ ونَحوَھا : آگ کے شعلہ کو دیکھنا ۔
تَسَنَّی الشیءُ : بدل جانا، سڑ جانا (۲) آسان وسہل ہونا ۔
—العُقْدَۃُ : گرہ کھلنا، ڈھیلی ہونا
—عند فُلانٍ : کسی کے پاس ایک سال یا اس سے زیادہ ٹھیرنا ۔
—الشیءَ : چڑھنا، سوار ہونا ۔
—فُلانًا : منانا، خوشنودی چاہنا، شفقت سے پیش آنا ۔
اِسْتَسْنَاہُ : بلند سمجھنا، بڑا سمجھنا (۲) بلند رتبہ ہونا ۔
السَّانِيَةُ : چرس (بڑا ڈول) جو سینچائی میں استعمال ہوتا ہے (۲) سینچائی کے لئے رہٹ میں چلنے والا اونٹ کہاوت ہے : سیرُ السَّوانِي سَفَرٌ لا یَنْقَطِعُ : سینچائی کے اونٹوں کا چلنا نہ ختم ہونے والا سفر ہے ج: سَوانٍ ۔
السَّنَا : چاند کی روشنی (۲) تیز روشنی، چمک قرآن پاک میں ہے: "یَکَادُ سَنَا بَرقِہٖ یَذْھَبُ بِالأَبْصَارِ" (۳) بجلی کی روشنی (۴) ایک بوٹی کا نام (۵) کیمرے کی فوٹو کھینچتے وقت کی روشنی (۶) بلندی (۷) رونق (۸) چمک دمک ۔
السَّنَا المَکِّیّ : سنائے مکی، ایک بوٹی جو حجاز میں زیادہ بہتر ہوتی ہے ۔
السَّنَاءُ : اونچائی، بلندی ۔
السِّنَایَۃُ : پوری چیز، ساری کی ساری
السَّنَۃُ : دیکھئے سَنَۃٌ ۔ سال ج: سِنُون وسَنَوات ۔
السَّنْوَاءُ : سَنَۃٌ سَنْوَاءُ : سخت سال أَرْضٌ سَنْوَاءُ : قحط زدہ زمین ۔

السَّنِیُّ : بلند رتبہ (۲) خوشنما، چمکدار، پر رونق ۔
المُسَنَّاۃُ : پانی کا بند جس میں پانی چھوڑنے اور روکنے کے دروازے ہوتے ہیں ۔
المَسْنَوِيَّةُ : بہت گہرا کنواں (۲) وہ کنواں جس کا پانی صرف رہٹ میں اونٹ جوڑ کر ہی نکالا جائے یا چرس (بڑا ڈول) کے ذریعہ نکالا جائے جسے اونٹ کھینچتا ہے ۔
السُّنُونُوءُ : ابابیل پرندہ ۔ واحد : سُنُونُوَۃٌ ۔
•السَّنْیُورِیَّۃُ : ایک بیماری جس سے بکری کے دماغ کو چکر آجاتا ہے کبھی انسان کو بھی لاحق ہو جاتی ہے ۔

س ـــ ہ

•سَہَبَہُ ـَ سَھْبًا : لینا ۔
أَسْہَبَ : جنگل میں مقیم ہونا ۔
—المَکانُ : جگہ کا پانی کو نہ روکنا ۔
—فُلانٌ : کھدائی میں ریت تک پہنچنا اور پانی نہ پانا (۲) انتہائی لالچی اور حریص ہونا کہ سیری ہی نہ ہو (۳) کسی چیز میں حد سے بڑھنا، طول دینا، پھیلا دینا (۴) دل کھول کر بخشش کرنا، دینا کہتے ہیں: أَسْہَبَ العَطاءَ وفیہ ۔ (۵) لمبی بات کرنا اور بہت بولنا، بات کو طول دینا ۔ کہتے ہیں: أَسْہَبَ کلامَہ وفیہ ۔ فی کلامِہ إِسْہَابٌ : اس کی بات میں طول ہے تفصیل ہے ۔
—الفَرَسُ وغیرُہُ : گھوڑے کا پیر کھول کر دوڑنا اور آگے نکل جانا ۔
—الرَّضِیعُ : شیر خوار بچہ کا خوب دودھ پینا ۔
—المَاشِیَۃَ : مویشی کو چرنے کے لئے آزاد چھوڑنا ۔

أُسْهِبَ فُلَانٌ: سانپ یا بچھو کے کاٹنے سے بہکی بہکی باتیں کرنا، دماغ ماؤف ہو جانا (۲) محبت یا خوف یا بیماری کے باعث رنگ بدل جانا یا چہرہ کا رنگ بدل جانا۔
اِسْتَهَبَ فُلَانٌ: دل کھول کر دینا۔
الإِسْهَابُ: تفصیل، طول (۲) فراخ دلی (۳) توسع۔
التَّسْهِيبُ: بے عقلی، دیوانگی۔
السَّهْبُ: جنگل بیابان (۲) ہموار و کشادہ زمین۔ کہتے ہیں: قَطَعُوا سَهْبًا من الأَرْضِ: انہوں نے زمین کا ایک ہموار حصہ طے کیا (۳) تیز رو گھوڑا جس کو دیر سے پسینہ آئے (۴) مضبوط اور زیادہ دوڑنے والا گھوڑا (۵) رات کا ایک حصہ۔ کہتے ہیں: مَضَى سَهْبٌ من اللَّيْلِ ج: سُهُوبٌ۔
السُّهُبُ: ہموار و کشادہ زمین ج: سُهُوبٌ
سُهُوبُ الفَلَاةِ: جنگل کے وہ اطراف جن میں چلا نہ جا سکے۔
السَّهْبَةُ: گہری تلی والا کنواں ج: سِهَابٌ
المُسْهَبُ: رَجُلٌ مُسْهَبٌ: لمبا آدمی۔ کلام مُسْهَبٌ: مفصل کلام، طویل کلام۔ طَوِيلٌ مُسْهَبٌ: بہت زیادہ لمبا۔
المُسْهَبَةُ: مُسْهَبٌ کی تانیث (۲) گہرا کنواں۔
• سَهَجَتِ الرِّيحُ ـ سُهُوجًا: ہوا کا تیز ہونا، مسلسل چلنا۔
___ الشَّيءَ سَهْجًا: کوٹنا، باریک کرنا
___ الرِّيحُ الأَرْضَ: ہوا کا زمین کو چھیل دینا، مٹی اڑا دینا۔
___ السَّائِرُ لَيْلَتَهُ: رات کے مسافر کا مسلسل چلنا
الأَسَاهِيجُ: چلنے کے مختلف انداز۔

السَّاهِجُ: تیز ہوا ج: سُهَّجٌ و سَوَاهِجُ
السَّهُوجُ: السَّاهِجُ (۲) عقاب۔
السَّيْهَجُ: تیز ہوا۔ هي سَيْهَجَةٌ ج: سَيَاهِجُ۔
المَسْهَجُ: ہوا کی گزرگاہ، ہوا کا راستہ ج: مَسَاهِجُ۔
المِسْهَجُ: کوٹنے یا پیسنے کا آلہ (۲) ہر کام میں ٹانگ اڑانے والا (حق ہو یا باطل) زور آور مقرر ج: مَسَاهِجُ۔
• سَهْجَرَ: ڈر کر دوڑنا۔
• سَهِدَ ـ سَهَدًا و سُهْدًا و سُهَادًا: بے خوابی میں مبتلا ہونا، نیند نہ آنا۔ کہتے ہیں: فی عَيْنِهِ سُهْدٌ و سُهَادٌ: اسے نیند نہیں آتی۔ هو سَهِدٌ و سَاهِدٌ
أَسْهَدَتِ الحَامِلُ بِجَنِينِهَا: حاملہ کا ایک درد میں بچہ جننا۔
___ فُلَانًا: جگائے رکھنا، نیند اڑا دینا
سَهَّدَهُ: أَسْهَدَهُ۔ رَجُلٌ مُسَهَّدٌ: بیدار مغز آدمی، محتاط آدمی۔
الأَسْهَدُ: کہتے ہیں: هو أَسْهَدُ منه رَأْيًا: وہ اس کے مقابلہ میں زیادہ ہوشیار و محتاط ہے۔
السَّهْدُ: بہتر، اچھا۔ کہتے ہیں: هذا شَيْءٌ سَهْدٌ مَهْدٌ۔
السُّهُدُ: بہت جاگنے والا، بہت کم سونے والا۔ رَجُلٌ سُهُدٌ و امرأةٌ سُهُدٌ۔ عَيْنٌ سُهُدٌ۔ فُلَانٌ سُهُدٌ: چوکنا اور محتاط آدمی۔
السُّهْدُ و السُّهَادُ: بے خوابی۔
السَّهْدَةُ: بیداری (مصدر مرہ) فُلَانٌ ذو سَهْدَةٍ فی أَمْرِهِ: فلاں اپنے معاملہ میں چوکنا اور محتاط ہے۔ ما رأیتُ من فُلَانٍ سَهْدَةً: مجھے فلاں میں بھلائی کا جذبہ نظر نہیں آیا

(۲) قابل بھروسہ بات۔
السَّهْوَدُ: لمبا تڑنگا آدمی (۲) نازک بدن نوجوان۔
المُسَهَّدُ: کم خواب آدمی۔
• سَهِرَ ـ سَهَرًا: ساری رات یا کچھ رات نہ سونا، جاگتے رہنا، کم سونا، نیند اڑ جانا۔ هو سَاهِرٌ و سَهْرَانُ و سَهَّارٌ و سُهَرَةٌ۔
___ البَرْقُ: بجلی کا رات کو چمکتے رہنا۔
___ علی کذا: متوجہ رہنا، حفاظت و نگرانی کرنا۔
أَسْهَرَهُ: جگائے رکھنا، نیند اڑانا۔
الأَسْهَرَانِ: ناک اور آنکھ کی دو رگیں۔
السَّاهِرُ: بے خواب، کم خواب، رات کو جاگنے والا، بیدار، چوکنا، محتاط۔
السَّاهِرُ علی: محافظ، نگراں، متوجہ۔
لَيْلٌ سَاهِرٌ: رت جگا، وہ رات جس میں جاگا جائے۔
السَّاهِرَةُ: ساهر کی تانیث۔ لَيْلَةٌ سَاهِرَةٌ۔ أَرْضٌ سَاهِرَةٌ: وہ زمین جس پر گھاس تیزی سے اگتی ہو (یہ اس کا جاگنا ہے)۔ کہتے ہیں: قَطَعُوا سَاهِرَةً: انہوں نے ایسی لمبی چوڑی زمین کو طے کیا جس پر چلنے والا جاگتا رہتا ہے (۲) سفید و ہموار زمین، ایسی ہی زمین پر قیامت کے روز لوگوں کو اکٹھا کیا جائے گا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَإِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ" (۳) جنگل جہاں آمد و رفت نہ ہو (۴) چشمہ جاری (۵) پانی کے چشمہ کا سوت، سرچشمہ (۶) روئے زمین (۷) چاند کا ہالہ۔
السَّاهُورُ: بیداری (۲) چاند کا ہالہ (۳) چاند (۴) کثرت۔ سَاهُورُ العَيْنِ: سرچشمہ۔
دَخَلَ القَمَرُ فی السّاهورِ: چاند گہن

میں آگیا۔

السُّهَارُ: خوف یا بیماری کی وجہ سے نیند کا فقدان، بے خوابی۔

السُّهَرَةُ: بہت جاگنے والا، شب بیدار هو وهي سُهَرَة۔

لِبَاسُ السَّهْرَةِ: شام کا لباس۔

السَّهَّارُ: السُّهَرَةُ - سَهَّارُ العَيْنِ: بہت بیدار جس پر نیند کا غلبہ نہ ہوتا ہو

السَّهَّارِيُّ: نائٹ بلب، سوتے وقت کی ہلکی روشنی کا بلب یا لیمپ وغیرہ۔

المِصْبَاحُ السَّهَّارِيُّ: نائٹ بلب یا لیمپ۔

المُسْهَارُ: بکثرت سے جاگنے کا عادی، بے خوابی کا متحمل۔

سَهَفَ الدُّبُّ ـَ سَهْفًا و سُهَافًا و سَهِيفًا: ریچھ کا چیخنا۔

ـــ القَتِيلُ او الذَّبِيحُ: مقتول کا حالت نزع اور خون میں تڑپنا۔

سَهِفَ ـَ سَهَفًا و سُهَافًا: سخت پیاس لگنا۔ ہلاک ہونا۔ هو سَهِفٌ و سَاهِفٌ و هي سَهِفَةٌ۔

سْتَهَفَهُ: حقیر سمجھنا، معمولی سمجھنا۔

السَّاهِفُ: ہلاک ہونے والا (۲) سخت پیاسا (۳) خون بہنے سے بیہوش ہونیوالا (۴) وہ شخص جسے روح نکلتے وقت سخت پیاس لگی ہو (۵) بدلے ہوئے چہرے والا هي ساهِفَة۔

السُّهَافُ: پیاس کی بیماری جس میں پانی سے پیاس نہ بجھتی ہو، سخت پیاس۔

السُّهْفُ: مچھلی کی کھال پر لگی ہوئی پپڑیاں چھلکے۔

المِسْهَافُ: سخت پیاسا۔ ناقَةٌ مِسْهَافٌ: سخت پیاسی اونٹنی ج: مَسَاهِيفُ

المَسْهَفَةُ: پیاس لگانے والی چیز۔

الطَّعَامُ مَسْهَفَةٌ: پیاس لگانیوالا کھانا (۲) ہوا گزرنے کی جگہ ج: مَسَاهِفُ۔

المَسْهُوفُ: وہ شخص جس کی پیاس نہ بجھتی ہو۔ رَجُلٌ مَسْهُوفٌ: پیاس کا مریض۔ هي مَسْهُوفَةٌ ج: مَسَاهِيفُ۔

• سَهَكَتِ الرِّيحُ ـَ سُهُوكًا: ہوا کا تیز ہونا، آندھی بن جانا، ہوا کے جھونکے چلنا۔

ـــ الدَّابَّةُ: تیز دوڑنا۔

ـــ الشيءَ سَهْكًا: باریک کوٹنا۔

ـــ الرِّيحُ الأرضَ: ہوا کا زمین کو مٹی اڑا کر صاف کر دینا۔

ـــ التُّرَابَ عن الأرضِ وغيرها: مٹی اڑا دینا۔

سَهِكَ ـَ سَهَكًا: بدبودار ہونا۔

ـــ فُلانٌ: کسی کو بدبودار پسینہ آنا۔ هو سَهِكٌ۔ لَحْمٌ و سَمَكٌ سَهِكٌ: بدبودار گوشت یا مچھلی هي سَهِكَةٌ۔ کہتے ہیں: يدي من السَّمَكِ و من صَدَإِ الحَدِيدِ سَهِكَةٌ: مچھلی اور لوہے کے زنگ سے میرے ہاتھ میں بو آرہی ہے۔ بساند آرہی ہے۔

الأَسَاهِيكُ: أَسَاهِيكُ الدَّابَّةِ: جانور کے چلنے کے انداز۔ دائیں بائیں کے ہچکولے۔

السَّاهِكُ: آشوب چشم (۲) آنکھ کی خارش (اس معنی میں فعل مستعمل نہیں)۔

بعَيْنِهِ سَاهِكٌ: اس کی آنکھ میں کنک ہے۔ تکلیف ہے۔

السَّاهِكَةُ: تیز ہوا جو ہر شے کو اڑا لیجائے اور زمین کو صاف کر دے ج: سَوَاهِكُ۔

السُّهَاكَةُ: بہلاوا، وہ چیز جس سے قدرے طبیعت کو فرحت حاصل ہو۔

السَّهَّاكُ: تیز رو گھوڑا، تیز گفتار آدمی۔

السَّهْكَةُ و السُّهْكَةُ: بدبو، بساند۔

السَّهُوكُ: بدبودار ہوا (۲) عقاب۔

• سَهُلَ ـُ سُهُولَةً: آسان ہونا، (ضد: عَسُرَ) (۲) نرم ہونا (ضد: خشونة) (۳) ہموار ہونا۔ هو سَهْلٌ و هي سَهْلَةٌ۔

أَسْهَلَ: ہموار و سطح زمین میں آنا یا اس میں قیام کرنا (۲) نرم مزاج ہونا، لوگوں کے ساتھ نرمی سے پیش آنا

ـــ الشيءَ: ہموار کرنا (۲) نرم کرنا (۳) آسان بنانا۔

ـــ الأمرَ: آسان پانا۔

ـــ الدَّوَاءُ و نَحْوُهُ البَطْنَ: دوا کا پیٹ کو جاری کرنا یعنی دست لانا

أُسْهِلَ البَطْنُ: پیٹ کا نرم ہونا اور دست آنا۔

ـــ الرَّجُلُ: اسہال میں مبتلا ہونا۔ هو مُسْهَلٌ۔

سَاهَلَهُ: نرمی سے پیش آنا (۲) درگذر سے کام لینا۔

تَسَاهَلَ الشيءُ: آسان ہونا (دشوار نہ ہونا)۔

ـــ فُلانٌ: نرمی برتنا، رواداری سے کام لینا۔

ـــ النَّاسُ بَعْضُهُمْ مَعَ بَعْضٍ: ایک دوسرے کے ساتھ درگذر سے کام لینا، نرمی برتنا۔

تَسَهَّلَ: سَهُلَ۔

سَهَّلَهُ: آسان بنانا (۲) ہموار کرنا (۳) نرم کرنا۔

ـــ لَهُ في أمرٍ: سہولت دینا۔

ـــ عليه الأمرَ: کسی کے لئے کوئی کام آسان کر دینا۔

اِسْتَسْهَلَ فُلَانٌ: مُسہل لینا، دست آور دوا استعمال کرنا۔
ــــ الشَّیءَ: آسان سمجھنا (۲) آسان یا نرم پانا۔
الإِسْهَالُ: دست۔ دستوں کی بیماری (معدے اور آنتوں سے غیر فطری طریقہ پر فضلات کا رقیق شکل میں اخراج)۔
التَّسْهِيلُ: آسانی، سہولت ج: تَسْهِيلَاتٌ
إِيجَادُ تَسْهِيلَاتٍ وتوفيرها: سہولتیں پیدا کرنا۔
السَّهْلُ: نرم (۲) ہموار (۳) آسان معمولی (۴) کشادہ اور مسطح زمین (خلاف الحزن) ج: سُهُولٌ۔
سَهْلُ الْمَنَالِ: سہل الحصول۔
سَهْلُ الوَجْه: کم گوشت (ستواں) چہرہ
سَهْلُ الخَدَّيْنِ: سَائِلُ الخَدَّيْن: نرم رخسار آدمی۔
سَهْلُ الخُلُقِ: نرم مزاج آدمی۔
سَهْلُ القِيَادِ: فرماں بردار۔ آسانی سے قابو میں آنے والا، ہلکا، دھیما۔
سَهْلُ المُعَامَلَة: نرم برتاؤ والا۔ هي سَهْلَةٌ۔
بوقت ملاقات کہا جاتا ہے: اَهْلاً وَسَهْلاً یعنی لَقِيتَ اَهْلاً وحَلَلْتَ سَهْلاً: آپ اپنوں سے ملے ہیں اور آرام دہ جگہ آئے ہیں۔ خوش آمدید۔
السِّهْلُ: ریتلی مٹی جو پانی کے ساتھ بہہ کر آتی ہے ج: سُهُول واَسْهَال۔
السَّهُولُ: دست آور دوا۔
السُّهْلِيُّ: خلاف قیاس سَهْل کی طرف منسوب، ہموار زمین کا۔ جیسے نَبَاتٌ سُهْلِيٌّ: ہموار زمین میں پیدا شدہ گھاس، پودا۔ بَعِيرٌ سُهْلِيٌّ: ہموار زمین میں چرنے والا اونٹ۔
السُّهُولَةُ: آسانی، نرمی، ہمواری۔

السُّهُولَةُ في الكلام: فصاحت کلام، کلام کا تکلف وتصنع اور پیچیدگی سے خالی ہونا۔
سُهَيْلٌ: ایک ستارہ کا نام، ایک خیال کے مطابق اس کے طلوع ہونے کے وقت پھل پکتے ہیں اور گرمی ختم ہو جاتی ہے۔ کہاوت ہے "اِذَا طَلَعَ سُهَيْلٌ رُفِعَ كَيْلٌ وَوُضِعَ كَيْلٌ" (جب سہیل ستارہ طلوع ہوتا ہے تو ایک پیمانہ بڑھ جاتا ہے اور ایک گھٹ جاتا ہے) احکام کی تبدیلی کے موقعہ پر بولا جاتا ہے۔
المُسْهِلُ: مسہل۔ دست آور دوا۔
المُسْهِلُ الخفيف: ہلکا مسہل۔ ملین دوا
المُتَسَاهِلُ: نرم مزاج (۲) روادار (۳) سہولت پسند (۴) آرام طلب۔
• سَهَمَ ـَ سُهُومًا وسُهَامًا: غم یا لاغری سے رنگ بدل جانا (۲) چہرہ پیلا ہونا۔ هو سَاهِمٌ۔
ــــ فُلَانًا سَهْمًا: کسی کے ساتھ قرعہ اندازی میں غالب ہونا۔ نیز کہتے ہیں سَاهَمَهُ فَسَهَمَهُ: اس نے اس کے ساتھ مقابلہ کیا تو اس پر غالب ہوگیا۔
ــــ وَجْهَهُ: چہرہ پر بل ڈالنا۔
سُهِمَ: بدلے ہوئے رنگ والا ہونا (۲) لو لگا ہوا ہونا۔ لو لگنے سے رنگ بدلا ہوا ہونا (۳) لڑائی وغیرہ میں زبردستی شریک کرنا۔
سَهُمَ ـُ سُهُومًا: سَهَمَ۔
اَسْهَمَ بَيْنَهُمْ: قرعہ ڈالنا۔
ــــ لَهُ: کسی کو ایک یا زیادہ حصہ دینا
ــــ في الشَّيءِ: شریک ہونا، حصہ لینا۔
ــــ الشَّيءَ: حصے کرنا، حصوں پر تقسیم کرنا
ــــ في الكلام: بات کو طول دینا۔

سَاهَمَهُ مُسَاهَمَةً وسِهَامًا: کسی کے ساتھ قرعہ اندازی کرنا، قرعہ اندازی میں مقابلہ کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَسَاهَمَ فَكَانَ من المُدْحَضِينَ" اس نے قرعہ اندازی میں مقابلہ کیا تو وہ ہارنے والوں میں رہا (۲) کسی سے حصہ بانٹ کر لینا۔
ــــ فيه: شریک ہونا، حصہ لینا۔
سَهَّمَ الثَّوبَ او غَيْرَهُ: کپڑے وغیرہ پر تیر جیسی شکلیں بنانا۔ فالثوب مُسَهَّمٌ
تَسَاهَمَ الرَّجُلَانِ: باہم قرعہ اندازی کرنا
ــــ الشَّيءَ: باہم کسی چیز کو تقسیم کرنا۔
السَّاهِمَةُ: دبلی اونٹنی۔
السَّهَامُ: تغیر (۲) دبلاپن (۳) لو (سخت گرم اور جھلس دینے والی ہوا)۔
السُّهَامُ: دبلاپن (۲) تغیر (۳) اونٹوں کی بیماری۔
السَّهْمُ: جوئے کا تیر، قرعہ اندازی کا تیر (۲) قسمت وتقدیر (۳) جوئے میں جیتی ہوئی چیز (۴) کمپنی کا شیئر (مالی وثیقہ جس کی قیمت گھٹتی بڑھتی رہتی ہے) (۵) قیراط کا چوبیسواں حصہ (پیمائش میں) (۶) کمان سے پھینکا جانے والا تیر (۷) تیر کا نشان جو کسی چیز کی طرف اشارہ کرنے کیلئے ہوتا ہے (۸) دو دیواروں پر رکھی ہوئی کڑی (۹) حصہ ج: اَسْهُمٌ وسِهَام
سَهْمُ الرَّامِي: ایک ستارہ۔
السُّهْمَةُ: قسمت، نصیب (۲) رشتہ داری ج: سُهَمٌ۔
السُّهُومُ: سورج کی کرنیں (۲) سخت گرمی (۳) عقلاء، حکماء
السَّهِيمُ: حصہ دار، شریک (یعنی کسی کا کسی کا ہاتھ بٹانے والا) بدیع الزمان کا قول ہے: أَفْتَرْضَى أَن تكونَ سَهِيمَ حَمْزَةَ في الشَّهَادَةِ۔

المُسَاهِمُ: حصہ دار (۲) کمپنی وغیرہ کا شیئر ہولڈر
ــــ فی العَمَل: شریکِ کار۔
المُسَاهَمَةُ: شرکت، حصہ (ہاتھ بٹانا، تعاون کرنا)۔
شَرِکَةُ مُسَاهَمَةٍ: مختلف حصص پر قائم متحدہ کمپنی۔ جوائنٹ اسٹاک کمپنی۔
المُسَاهَمَة الفَعَّالَةُ: زبردست حصہ عملی حصہ۔
المُسْهَمُ: لاغر (۲) رنگ بدلا ہوا (۳) دوغلا گھوڑا۔
المُسَهَّمَةُ من الثیاب: دھاری دار کپڑا۔
• سَهَا عنه وفیه ـُ سَهْوًا و سُهُوًّا و سَهْوَةً: بھولنا، غافل ہونا، بے خبر ہونا۔ بعض اہلِ لغت کے نزدیک اگر سَهَا بصلۂ فی ہے تو معنی لاعلمی کی بنا پر چھوڑنا۔ یعنی بھول جانا اور بصلۂ عن ہو تو علم ہوتے ہوئے چھوڑنا یعنی نظرانداز کرنا۔
ــــ فی الصَّلَاةِ: نماز میں کوئی جز بھول جانا، سہو ہونا۔
ــــ عن الصَّلَاة: نماز کو چھوڑنا۔
ــــ إلَیه: ہلکی نگاہ سے دیکھنا۔ هو سَاهٍ و سَهْوَان۔ کہاوت ہے: انَّ المُوَصَّین بنو سَهْوَانَ: بھولنے والے لوگوں کو ہی وصیت کی جاتی ہے یعنی وہ لوگ جو غفلت شعار اور بھولنے والے ہیں صرف وہی محتاجِ وصیت ہیں۔
سَهِیَ ـَ سَهْوًا: سَهَا۔
سَهُوَ ـُ سَهَاوَةً: نرم ہونا، پرسکون ہونا، ہموار ہونا، تابع ہونا، قابو میں ہونا۔
أَسْهَی فُلَانٌ: گھر میں الماری یا سامان رکھنے کا مچان بنانا (۲) بڑے کمرہ میں چھوٹا آرام کمرہ بنانا۔
أَسْهَی فُلَانًا عن الشیٔ او فیه: کسی کے ذہن سے کوئی چیز نکال دینا، غافل کر دینا، بھول میں مبتلا کرنا۔
سَاهَاهُ: غفلت میں ڈالنا (۲) اچھا سلوک کرنا، کسی کے ساتھ اچھی طرح رہنا (۳) مذاق کرنا، کسی کے ساتھ رواداری سے پیش آنا۔
سَهَّاهُ: غافل کرنا، بھول، چوک کرانا۔
الأسَاهِي: رنگ۔ مفرد نہیں۔
السَّاهِي: بَعِیر سَاهٍ رَاهٍ: ہلکی رفتار کا اونٹ۔
السُّهَا: بناتِ نعش کبریٰ (ستاروں کا ایک بڑا مجموعہ) یا صغریٰ میں ایک خفیف روشنی والا ستارہ۔ کہاوت ہے: أُرِیهَا السُّهَا و تُرِینِی القَمَرَ: جواس باختہ آدمی جب سوال کا بے تکا اور غلط جواب دے تو اس کے لئے کہا جاتا ہے
السَّهْوُ: بھول، چوک، غفلت، [illegible] ذہول۔ کہتے ہیں: افْعَلْ سَهْوًا رَهْوًا: وہ کام یونہی چلتا ہوا کر دو۔ حَمَلَت المَرأةُ سَهْوًا: عورت کا حالتِ حیض میں حاملہ ہونا (۲) نرم و ملائم، تابع اور قابو میں رہنے والا (۳) مناسب و ٹھیک (آدمی ہو یا معاملہ یا کوئی چیز) (۴) نرمی (۵) سکون و ٹھہراؤ۔
سَهْوًا: بھول کر، بے خبری میں، لاعلمی میں۔
السَّهْوَاءُ: رات کا کچھ وقت یا ابتدائی حصہ۔
السَّهْوَةُ: قابو میں رہنے والی کمان (۲) گھروں کے درمیان بنا ہوا چبوترہ چھپے ہوئے مکان میں پارٹیشن کی نیچی دیوار جس کے پیچھے خواب گاہ ہو (۳) سائے کے لئے پانی میں بنا ہوا گھر یا خیمہ (۴) گھر کے آگے کا پردہ یا آڑ (۵) گھر کی چہار دیواری، احاطہ (۶) سامان کی الماری یا مچان ج: سِهَاءٌ
السَّهْوَانُ و السَّهْبَانُ: پریشان خاطر۔
• سَهْوَکَهُ: پچھاڑنا، ہلاک کرنا۔
تَسَهْوَكَ: پچھڑنا، ہلاک ہونا۔
• سَاءَ الشیٔ ـُ سَوْءًا و سَوَاءً: برا ہونا۔ هو سَیِّئٌ و هي سَیِّئَةٌ هو أَسْوَأُ و هي سَوْآءُ ج: سُوْءٌ۔
ــــ به الظَنَّ: کسی کے متعلق بدگمانی کرنا، شک و شبہ کرنا۔
ــــ فُلَانًا سُوْءًا و سَوْءًا و مَسَاءَةً: تکلیف پہنچانا، طبیعت کو مکدر کرنا، ناگوار ہونا۔ جیسے: سَاءَنی قَولُكَ او فِعلُكَ۔
سَاءَ: بِئْسَ کی طرح فعل ذم۔ سَاءَ ما یَفْعَلُ: اس کا فعل برا ہے۔ [illegible] میں ہے: "فَصَدُّوا عَنْ سَبِیلِه۔ إنَّهُمْ سَاءَ مَا کَانُوا یَعْمَلُونَ"
أَسَاءَ فُلَانٌ: برا یا غلط کام کرنا، برا کرنا، خراب کرنا۔
ــــ الشَیْءَ: خراب کر دینا (اچھا نہ بنانا) (۲) عیب یا خرابی پیدا کرنا، بدنما کرنا۔
ــــ فُلَانًا: تکلیف پہنچانا، مکدر کرنا۔
أَسَاءَ فیه و به و له بھی کہتے ہیں۔
ــــ إلَیه: کسی کے ساتھ برا سلوک کرنا (۲) گستاخی کرنا، نازیبا حرکت کرنا۔
ــــ به الظَنَّ: بدگمانی کرنا۔
ــــ التَصَرُّف: غلط حرکت کرنا، غلط کام کرنا
ــــ الفَهْمَ: غلط سمجھنا۔
ــــ التَّغْذِیَةَ: خراب غذا دینا۔

سَوَّأَہٗ: برا اور بدنما کرنا، خراب کرنا، معیوب بنانا۔
— عَلَیہِ قَولَہٗ اَو فِعلَہٗ: کسی کے قول یا فعل کی مذمت کرنا، عیب نکالنا، ملامت کرنا، سرزنش کرنا (۲) کسی سے "أسأتَ" کہنا۔ اَحسَنتَ تعریف اور حوصلہ افزائی کے لئے ہے۔ أسَأتَ اس کے برعکس برائی اور حوصلہ شکنی کے لئے ہے۔ یعنی تم نے جو کہا یا کیا وہ قابل مذمت ہے۔ کہاوت ہے: اِن اَخطَأتُ فَخَطِّئنِی وَاِن اَسَأتُ فَسَوِّئ عَلَیَّ: اگر میں غلطی کروں تو مجھے غلط کار ٹھہراؤ اور اگر برا کام کروں تو میرے برے کام کی مذمت کرو۔ ایک مقولہ ہے: سَوِّ (سَوّی یُسَوّی سے) ولا تُسَوِّئ: صلح کراؤ بگاڑ نہ پیدا کرو، ٹھیک کام کرو، خراب نہ کرو۔
اِستَاءَ: ساءَ کا مطاوع۔ برا اور خراب ہونا (۲) تکلیف محسوس کرنا، کبیدہ خاطر ہونا، برا اثر لینا، ناگواری محسوس کرنا، دل برداشتہ ہونا۔
— من عَمَلٍ: دل اچاٹ ہونا، اکتانا، طبیعت گھبرا جانا (۲) ناگواری ہونا۔
الإِسَاءَۃُ: بدسلوکی، غلط کاری، گستاخی۔
إِسَاءَۃُ الاستخدام: غلط اور ناجائز استعمال۔
— استعمالِ المرکز: پوزیشن کا ناجائز استعمال۔
— التمثیل: غلط نمائندگی۔
— التصرّف: غلط کارروائی۔
— السُّلوک و المُعامَلَۃ: بدسلوکی، بدمعاملگی۔
الاستیاءُ: ناگواری، کبیدگی، اکتاہٹ۔
الأَسوَأُ: بہت برا، بہت بدنما۔
السَّوءُ: برائی، بدکاری۔ رَجُلُ سَوءٍ وعَمَلُ سَوءٍ و رَجُلُ السَّوءِ والرَّجُلُ السَّوءُ: برا آدمی (۲) آگ ج: اَسوَاءٌ۔
السُّوءُ: برائی (۲) تکلیف واذیت۔ ہر ناگوار چیز یا بات (۳) ہر آفت و مرض قرآن پاک میں ہے: "اُدخُل یَدَکَ فِی جَیبِکَ تَخرُج بَیضَاءَ مِن غَیرِ سُوءٍ" کہاوت ہے: مَا اُنکِرُکَ مِن سُوءٍ: میں تم سے کسی عیب کی وجہ سے اجنبیت نہیں برت رہا ہوں بلکہ تعارف کی کمی اس کا سبب ہے ج: اَسوَاءٌ۔
سُوءُ الإدارۃ: بدانتظامی۔
سُوءُ التفاھُم: غلط فہمی۔
سُوءُ السُّمعَۃ: بدنامی۔
سُوءُ التصرُّف: غلط اقدام۔
سُوءُ الخُلُق: بدمزاجی۔
سُوءُ الظَّنّ: بدگمانی۔
سُوءُ التَّغذیَۃ: بدغذائیت، خراب غذا کا استعمال۔
سُوءُ السُّلوک: بدسلوکی، بدچلنی، بداطواری، کم فہمی، ناسمجھی۔
سُوءُ المَوقِف: صورت حال کی خرابی، غلط طرز عمل۔
سُوءُ النِّظام: بدنظمی، بدسلیقگی۔
سُوءُ النیۃ: بدنیتی۔
سُوءُ التقدیر: بدشگونی، غلط اندازہ۔
السُّوأَی: اَسوَأ کی تانیث (۲) بدی (۳) آگ۔ قرآن پاک میں ہے: "ثُمَّ کَانَ عَاقِبَۃَ الَّذِینَ اَسَاءُوا السُّوأَی"۔
السَّوءَاءُ: بری عادت (۲) بدشکل عورت حدیث میں ہے: "سَوءَاءُ وَلُودٌ خَیرٌ مِن حَسنَاءَ عَقِیمٍ" زیادہ بچے جننے والی بدشکل عورت بانجھ حسین عورت سے بہتر ہے۔
السَّوأَۃُ: بےحیائی (۲) بری عادت، بدی (۳) ہر برا اور معیوب کام (۴) شرمگاہ
المَسِیءُ والسَّیِّئُ: برا، معیوب، خراب، بدنما، بدکار۔
السَّیِّئَۃُ: سَیِّئٌ کی تانیث (۲) بدی، برائی، خطاکاری، گناہ صغیرہ۔ قرآن پاک میں ہے: "اِن تَجتَنِبُوا کَبَائِرَ مَا تُنہَونَ عَنہُ نُکَفِّر عَنکُم سَیِّئَاتِکُم" (۳) عیب، خرابی، خامی قرآن پاک میں ہے: "وَاِن تُصِبہُم سَیِّئَۃٌ بِمَا قَدَّمَت اَیدِیہِم اِذَا ہُم یَقنَطُونَ"
المَسَاءَۃُ: مسرت کی نقیض، غم و اندوہ (۲) خرابی، عیب ج: مَسَاوِئ۔
المَسَاوِی: عیوب و نقائص، خرابیاں، خامیاں برائیاں، ایک قول کے مطابق اس کا واحد نہیں اور دوسرے قول کے مطابق اس کا واحد خلاف قیاس سوء ہے۔ کہاوت ہے: الخَیلُ تَجرِی عَلَی مَسَاوِیہَا: گھوڑے اپنے عیوب کے باوجود دوڑتے ہیں۔ ایسے شخص کے بارہ میں جو اپنے عیوب کے باوجود نفع رساں ہو
المُستَاءُ: کبیدہ خاطر، دل برداشتہ۔
المسیئ: غلط کار، گستاخ۔
السُّوبَۃُ: دور دراز کا سفر۔
السُّوبِیَۃُ: اہل مصر کا ایک مشروب جو چاول اور شکر سے بنایا جاتا ہے۔
سَاجَ ـُ سَوجًا و سُوَاجًا و سَوَجَانًا: آنا جانا (۲) آہستہ چلنا۔
— الحائکُ النَّسیجَ بالمِسوَجَۃِ سَوجًا: بن کر کا کپڑے پر بننے کے دوران برش پھیرنا۔
سَوَّجَ عَلَی البُستَانِ وغیرہ: باغ وغیرہ

پرباڑ لگانا، خاردار تار یا اینٹوں یا
درختوں یا کانٹوں سے احاطہ کرنا۔
السَّاجُ: ساگون کی لکڑی جو عمدہ قسم شمار کی
جاتی ہے ج: سِيجَان۔
السَّاجة: ساج کا واحد یعنی ایک ساگون
کی لکڑی (۲) ساکھو کا درخت (۳)
ایک قسم کی شال۔ کِساءٌ مُسَوَّجٌ:
گول چادر۔
السُّوجُ: مٹی کو پکا کر بنایا ہوا ایک مسالا۔
السِّياجُ: احاطہ، کانٹوں، تاروں یا اینٹوں
سے بنائی ہوئی باڑ، چار دیواری ج:
اَسْوِجَةٌ و سُوُجٌ۔
المِسْوَجَةُ: کپڑا بننے والے کا ایک آلہ یا
برش جسے وہ کپڑے پر پھیرتا ہے (۲)
آب پاش ج: مَسَاوِجُ۔
• سوح۔ السَّاحَةُ: کشادہ جگہ، گھروں
کے درمیان کھلی جگہ، میدان، گھر کا
وسیع صحن۔
نَزَلَ بِسَاحَةِ فُلَانٍ: وہ فلاں کے
پاس یعنی اس کے گھر میں مقیم ہوا۔
قرآن پاک میں ہے" فَاِذَا نَزَلَ
بِسَاحَتِهِمْ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ"
هو بَرِيْءُ السَّاحَةِ: وہ گناہ سے
پاک ہے ج: سَاحٌ و سُوحٌ۔
اِحْمَرَّ اللَّوحُ و اغْبَرَّتِ السُّوحُ:
قحط پڑ گیا۔
ساحة الصِّراع: اکھاڑا۔
ساحة القتال: میدان کارزار۔
ساحةُ الألعَاب: کھیل کا میدان۔
ساحةُ المُصارعة: کشتی کا اکھاڑا۔
• ساخت قَوَائِمُهُ ـ سَوْخًا و
سُؤُوخًا و سُئُوخًا و سَوَخَانًا:
پیروں کا زمین میں دھنس جانا۔
ساخت قوائمه في الأرض
بھی کہتے ہیں۔

سَاخَتِ الأَرْضُ بِهِمْ: زمین کا اپنے
اندر کسی کو لے کر دھنس جانا۔
أَسَاخَهُ: دھنسا دینا۔
تَسَوَّخَ فِي الطِّيْنِ: کیچڑ میں دھنس جانا
السُّوَاخُ: کیچڑ، دَلْ دَل۔ کہتے ہیں:
مُطِرْنَا حَتَّى صَارَتِ الأَرْضُ
سُوَاخًا: ہمارے یہاں اتنی بارش
ہوئی کہ زمین میں دلدل ہوگئی۔
• سَادَ ـ سِيَادَةً و سُوْدَدًا و
سُوْدُدًا: شان و شوکت والا ہونا،
بلند رتبہ ہونا، حیثیت دار ہونا، بالادست
ہونا، صاحب اقتدار ہونا، حکمران
ہونا۔
ـــ قومَهُ او غيرَهُم: سردار بننا،
حکمرانی کرنا۔
ـــ غَيْرَهُ: فوقیت لے جانا، خود آگے
نکل جانا اور اسے پیچھے چھوڑنا۔
ـــ فُلَانًا: کسی پر برتری حاصل کرنا۔
بالادستی حاصل کرنا (۲) راز کی بات
کہنا۔
ـــ الشيءُ الجوَّ والمكانَ: چھا جانا،
پھیلنا۔ جیسے: سَادَ الظَّلَامُ
البَيْتَ: دور دورہ ہونا۔ جیسے:
سَادَ الفَسَادُ المَدِيْنَةَ۔
ـــ الشيءُ: سیاہ ہونا۔
سَوِدَ ـ سَوَدًا: سیاہ فام ہونا،
کوئلہ جیسا ہونا۔ هو اَسْوَدُ
و هي سَوْدَاءُ ج: سُوْدٌ۔
أَسَادَ و أَسْوَدَ: کسی کے کالا بچہ پیدا ہونا
(۲) بلند رتبہ لڑکا پیدا ہونا۔
ـــ المَرْأَةُ: کالا بچہ جننا۔
سَاوَدَهُ مُسَاوَدَةً و سِوَادًا: حیثیت
و عزت میں مقابلہ کرنا (۲) کسی سے
رات کی تاریکی میں ملاقات کرنا (۳)
رازدارانہ بات کرنا (۴) کسی کے ساتھ

مکر و فریب کرنا۔
سَاوَدَتِ الماشيةُ النَّبَاتَ: مویشی کا گھاس
کھانے کی کوشش کرنا مگر منھ وہاں تک
نہ پہنچنے کی وجہ سے نہ کھا سکنا۔
سَوَّدَ: دلیر ہونا۔
ـــ الشيءَ: کالا کرنا (۲) مسودہ بنانا
(سَوَّدَ الكتابَ وغيرَهُ)۔
ـــ فلانًا على القوم وغيرهم: امیر
یا سردار بنانا، سربراہ بنانا، حکمراں بنانا
اِسْتَادَ القَوْمُ: لوگوں کا اپنے سردار کو
قتل کرنا (۲) سردار کے پاس اس کی
لڑکی سے پیغام دینا۔
ـــ القَوْمَ بَنِي فُلَانٍ: لوگوں کا کسی
قبیلہ کے سردار کو مار ڈالنا یا اسے قید
کرنا یا اس کی لڑکی سے پیغام دینا۔
ـــ القَوْمَ و فِيهِمْ: لوگوں میں کسی معزز
خاتون سے پیغام نکاح دینا یا ان کی
بیویوں میں سے کسی سے شادی کرنا۔
ـــ قَوْمَهُ و نَحْوَهُمْ: اپنی قوم کا سردار
بننا، حکمراں ہونا۔
تَسَوَّدَ: شادی کرنا (۲) سردار بننا۔
اِسْوَادَّ: بتدریج کالا ہونا۔
اِسْوَدَّ: بتدریج سیاہ ہونا۔
ـــ الوَجْهُ من كذا: چہرے کا رنگ
بدل جانا، بگڑ جانا، غم زدہ ہو جانا۔
الأَسْوَدُ۔ نقیض اَبْيَض: سیاہ۔ عرب
گہرے ہرے رنگ کو بھی اَسْوَد کہتے
ہیں۔
اَسْوَدُ الكَبِد: دشمن ج: سُوْدُ الأَكْبَاد۔
الغَنَمُ سُوْدُ البُطُوْن: بکریاں
دبلی ہیں۔
ـــ من القلب: دل کا نقطہ۔
ـــ من السِّهام: مبارک تیر جس سے
نیک فال لی جائے (۲) چڑیا ج: سُوْدٌ
و سُوْدَانٌ (۳) بڑا سانپ (۴) زہریلا

خطرناک سانپ۔ اسے اَسْوَدُ سالِخ بھی کہتے ہیں کیونکہ وہ ہر سال کینچلی اتارتا ہے ج: اَسَاوِد۔

اَسْوَدُ من النَّاسِ: بلند رتبہ، بڑا سردار۔ کہتے ہیں: ھو اَسْوَدُ من فُلان۔ اَسْوَدُ فاحِمٌ: سیاہ فام۔

الاَسْوَدَانِ: سیاہ پتھریلی زمین اور رات (۲) سانپ اور بچھو (۳) پانی اور کھجور (۴) پانی اور دودھ۔

الاَسْوَدَۃُ: بڑا اور کالا سانپ۔

التَّسْوِیْدَۃ: مسودہ، رف کاپی۔

السَّائِدُ: مروجہ، عام، چھایا ہوا، مسلط، غالب۔

السَّوَادُ: سیاہی (۲) شخص، وجود، ذات کہتے ہیں: لا یُفارِقُ سَوَادِی سَوَادَہُ: میری ذات اس کی ذات سے الگ نہ ہوگی یعنی میں اس سے جدا نہ ہونگا۔ ایسے ہی کہتے ہیں: لا یُزایِلُ سَوادِی بَیاضَكَ بمعنی مذکورہ حدیث میں ہے: "اذا رأی احدکم سَوَادًا بلیلٍ فلا یکن اَجْبَنَ السَّوَادَیْنِ" اگر تم میں سے کسی کو کوئی شخص رات کو دکھائی دے تو دو شخصوں میں سے اُسے زیادہ بزدل نہ ہونا چاہئے یعنی جس طرح تم اس سے ڈر رہے ہو وہ بھی تم سے ڈر رہا ہے لہٰذا تم کو اس کے مقابلہ میں زیادہ ڈرپوک نہ ہونا چاہئے (۲) بھاری تعداد (۳) درختوں کا جھنڈ (۴) سرکاری لباس۔ کہتے ہیں: جاءَ الوَزِیرُ و علیہ سَوَادُہُ (۵) بہت دولت، مال کثیر۔ کہتے ہیں: لِفُلانٍ سَوَادٌ من الماشِیَۃِ والمَزَارِعِ ج: اَسْوِدَۃ ج ج: اَساوِد

سَوَادُ الاَمیرِ وغیرہ: حاکم کے مصاحبین حشم و خدم اور ساز و سامان

السَّوَادُ الاَعْظَمُ: بڑی اکثریت، عامۃ الناس

سَوَادُ البَطْنِ: جگر۔

سَوَادُ العَسْكَرِ: فوج کا جنگی ساز و سامان

سَوَادُ العَیْنِ: آنکھ کی پتلی، حلقہ۔

سَوَادُ القَلْبِ: دل کا نقطۂ سیاہ۔

سَوَادُ اللَّیْلِ: رات کا بڑا حصہ۔

سَوَادُ المَدِیْنَۃِ: اطراف شہر، شہر سے متصل گاؤں اور آبادیاں۔

سَوَادُ النَّاسِ: لوگوں کی بھاری اکثریت بڑی تعداد، عامۃ الناس۔

السُّوَادُ: رازدارانہ گفتگو (۲) کھجور کھانے کی کثرت سے پیدا ہونے والی جگر کی بیماری (۲) بکریوں میں ایک بیماری جس سے گوشت سیاہ ہو کر وہ مر جاتی ہیں (۳) رنگ کی زردی (۴) ناخن کی سبزی (۵) گیہوں اور جو کو لگنے والی ایک بیماری جس سے دانے سیاہ ہو جاتے ہیں۔

السِّوَادُ: باندازِ سرگوشی گفتگو۔

السَّوَادِیَّۃُ: ایک چڑیا۔

السَّوْدُ: سیاہ پتھروں والی ہموار زمین جس میں کوئی کان ہو۔ سَوْدَۃٌ: ایک قطعہ۔

السَّوْدَاءُ: سیاہ، کالی (۲) اخلاط اربعہ (خون، بلغم، سودا، صفرا) میں سے ایک جن سے جسم انسانی کا قوام بنتا ہے، اور جسم کی صحت و سلامتی کا دارومدار ان ہی کے بناؤ بگاڑ پر موقوف ہوتا ہے ج: سُوْدٌ۔

الحَبَّۃُ السَّوْدَاءُ: کلونجی۔ کہاوت ہے: کَلَّمْتُہ فما رَدَّ عَلَیَّ سَوْدَاءَ و لا بَیْضَاءَ: میں اس سے بولا تو اس نے مجھے نہ اچھا جواب دیا اور نہ برا۔

السَّوْدَاوِیَّۃ: خلط سوداء کا غلبہ۔

السُّوْدَانُ: اَسْوَد کی جمع (۲) کالے لوگوں کی ایک نسل۔ واحد: سُوْدَانِیٌّ (۳) سوڈانیوں کا ملک۔

السُّوْدُدُ و السُّوْدَدُ: سرداری، بڑائی، عظمت۔

السُّوَیْدَاءُ: سَوْدَاءُ کی تصغیر (۲) دل کا سیاہ نقطہ۔

السَّیِّدُ: مالک (۲) بادشاہ (۳) آقا جس کے پاس غلام اور نوکر چاکر ہوں۔ (۴) بڑی جماعت کا منتظم و متولی (۵) ہر واجب الاطاعت شخص (۶) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نسل یعنی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی اولاد سے تعلق رکھنے والا ہر فرد (۷) عصر حاضر میں توسعاً ہر معزز آدمی کے لئے مستعمل ہے۔ جیسے مسٹر یا جناب یا صاحب کی جگہ کہا جائے السَّیِّد فُلان (۸) ہر چیز کا اعلیٰ و ارفع جیسے کہا جائے القرآنُ سَیِّدُ الکلام ج: سَادَۃٌ و سَیَائِدُ۔

سَیِّدُ البَشَرِ: حضرت آدمؑ۔

سَیِّدُ النَّفْسِ: خودمختار (اپنا مالک آپ)

السَّیِّدَۃُ: سَیِّد کی تانیث، جنابہ، صاحبہ کی جگہ۔ میڈم، لیڈی، مس، محترمہ، خاتون ج: سَیِّدَات۔

اسْتَشَبَّ عَلَى سَاقَيْهِ: دونوں پنڈلیوں کو پکڑ کر اٹھنے کے لئے تیار ہونا (۲) کسی کام کے لئے جوانوں کو منتخب کرنا۔

الشَّابُّ: جوان لڑکا (جو بالغ ہوگیا ہو لیکن مکمل مرد نہ ہوا ہو) ج: شُبَّانٌ۔ هي شَابَّةٌ ج: شَوَابُّ۔

شَابٌّ يَافِعٌ: نوجوان۔

الشَّبَابُ: جوانی (سن بلوغ سے تیس برس تک کی عمر تک) (۲) ہر شے کا اول حصہ، ابتداء۔ کہتے ہیں: لَقِيتُهُ فِي شَبَابِ النَّهَارِ (۳) تشبیب (شعر میں عورتوں کے محاسن کا ذکر)

الشَّبَابِیُّ : جوانی کا ۔
الشِّبَابُ : جس چیز سے آگ روشن کی جائے
الشَّبَبُ : جوان بیل یا بھیڑ بکری ۔
الشَّبُّ : جوان (۲) ایک کیمیاوی نمک ۔
الشَّبَّةُ : جوان لڑکی ج: شَبَائِبُ ۔
شَبَّةُ النَّارِ : آگ کی لپٹ ۔
الشِّبَّةُ : سوئے کا ساگ ۔
الشُّبُوبُ : ہر وہ چیز جس سے آگ روشن کی جائے (۲) سامانِ زینت، جمال بخش چیز۔ کہتے ہیں: هٰذَا شُبُوبٌ لِكَذَا : یہ اس کے لئے حسن و زینت کا ذریعہ ہے (۳) جوان بیل یا بکری ۔
الشُّبُوبُ : ہیجان، اشتعال، مستی ۔
الشَّبِيبَةُ : جوانی، نوجوان پارٹی ۔
المَشْبُوبُ : رَجُلٌ مَشْبُوبٌ : ہوشیار و بہادر آدمی (۲) خوبصورت (۳) خوش رنگ ۔
المَشْبُوبَتَانِ : زہرہ اور مشتری ۔ ج: مَشَابِيبُ ۔
مَشْبُوبُ الأَظَافِرِ : تیز ناخن والا ۔
• الشَّبَثُ : خوشبودار پتے جو کھانے میں ڈالے جاتے ہیں (تیج پات)
• شَبِثَ الشَّيْءَ و بِالشَّيْءِ ـَـ شَبَثًا : چمٹنا، لٹکنا، لگنا، وابستہ ہونا ۔ هو شَبِثٌ ۔
شَابَثَ الشَّيْءَ : کسی چیز کے ساتھ الجھ جانا، گتھ متھ ہو جانا ۔
شَبَّثَهُ بِكَذَا : وابستہ کرنا، چمٹانا، متعلق کرنا ۔
تَشَبَّثَ بِالشَّيْءِ : چمٹنا، کسی چیز کے ساتھ لٹک جانا، وابستہ ہونا (۲) اچھی طرح تھامنا ۔
ـــ بِرَأْيِهِ : رائے کو ماننا، اس پر عمل کرنا
الشَّبَثُ : ایک قسم کی مکڑی ج: أَشْبَاثٌ و شِبْثَانٌ ۔

الشَّبِثُ : رَجُلٌ شَبِثٌ : رائے پر جمنے والا یا چمٹنے والی طبیعت کا آدمی ۔
الشُّبْثَةُ : پیچھے پڑنے والا، ہم جولی کے ساتھ ہمہ وقت رہنے والا ۔
• شَبَحَ الشَّيْءُ ـَـ شَبْحًا : کسی چیز کی پرچھائیں نظر آنا، دھندلا اور ناصاف نظر آنا ۔
ـــ الجِلْدَ و نَحْوَهُ : چمڑے وغیرہ کو کھونٹیوں پر تاننا ۔
ـــ الشَّخْصَ : کوڑے مارنے کیلئے سیدھا کرنا یا زمین پر سولی دیئے ہوئے کی طرح کھڑا کرنا ۔
ـــ العُودَ : لکڑی کو ہموار کرنا، چوڑا کرنا ۔
ـــ الشَّيْءَ : پھاڑنا، چیرنا ۔
ـــ الرَّجُلُ : دعا کے لئے ہاتھ پھیلانا
شَبُحَ الرَّجُلُ ـُـ شَبَاحَةً : چوڑے سینے اور بھرے ہوئے بازوؤں والا ہونا ۔ هو مشبوح الذِّرَاعَيْنِ
شَبَّحَ فُلَانٌ : اتنا بوڑھا ہونا کہ نگاہ کی کمزوری سے ایک چیز کا دو نظر آنا (۲) بہت دھندلا نظر آنا (۳) خوب پھیلانا، خوب چیرنا ۔ شَبَحَ کا مبالغہ (۴) سوال پر مصر ہونا ۔
ـــ الشَّيْءَ : چھیلنا (۲) چوڑائی کو بڑھانا
الشَّبَحُ : دور سے نظر آنے والا جسم، شخص وجود (۲) کسی چیز کی پرچھائیں، سایہ (۳) خیالی تصویر (۴) بلند و بالا دروازہ ج: أَشْبَاحٌ و شُبُوحٌ ۔
أَشْبَاحُ المَالِ : دور سے نظر آنیوالا مال ۔ جیسے اونٹ وغیرہ ۔
شَبَحُ الخَوْفِ : بھیانک تصویر ۔
شَبَحُ المَوْتِ : موت کا سایہ ۔
شَبَحُ الحَرْبِ : جنگ کی تصویر، جنگ کا بھیانک نقشہ ۔ کہاوت ہے:

هُمْ أَشْبَاحٌ بِلَا أَرْوَاحٍ : وہ چلتے پھرتے بے جان سائے ہیں ۔
الشِّبَحَةُ : چھت کی لکڑی (۲) گھوڑے کی ٹانگیں باندھنے کی رسّی ۔
الشَّبْحَانُ : لمبا ۔
• الشِّبْدِعُ : زبان (۲) مصیبت (۳) بچھو ج: شَبَادِعُ
• شَبَرَ الثَّوْبَ وغَيْرَهُ ـُـ شَبْرًا : بالشت سے ناپنا ۔
ـــ فلانًا مالًا : مال دینا ۔
شَبِرَ ـَـ شَبَرًا : اکڑنا، اترانا ۔
شَبَّرَ الثَّوْبَ وغَيْرَهُ : بالشت سے ناپنا ۔
ـــ الشَّيْءَ : اندازہ کرنا ۔
ـــ فلانًا : تعظیم کرنا ۔
تَشَابَرَ الفَرِيقَانِ : لڑائی میں ایک دوسرے کے قریب آنا ۔
أَشْبَرَ فُلَانًا : ترجیح دینا، فضیلت دینا (۲) مال دینا ۔
ـــ فُلَانٌ : دراز قامت بیٹوں والا ہونا (۲) پست قامت بیٹوں والا ہونا ۔
تَشَبَّرَ : صاحب عظمت ہونا ۔
الأَشْبُورُ : ایک قسم کی مچھلی ۔
الشِّبْرُ : شادی (۲) مہر (۳) عمر (۴) قد ۔
الشِّبْرُ : بالشت (کن انگلی اور انگوٹھے کے درمیان کا فاصلہ) ج: أَشْبَارٌ ۔
قَصِيرُ الشِّبْرِ : ملاکر قدم رکھنے والا ۔
الشَّبْرُ : عطیہ (۲) خیر و بھلائی ۔
الشَّبْرَةُ : قد ۔
الشِّبْرَةُ : عطیہ ۔
المَشَابِرُ : نشیبی نالے جن میں ادھر ادھر سے پانی سمٹ آئے ۔ واحد: مَشْبَرٌ و مَشْبَرَةٌ ۔
الشَّبُّورُ : بگل ۔
الشَّبُّورَةُ : صبح کے وقت کا کہر ۔
• شَبْرَقَهُ شَبْرَقَةً و شِبْرَاقًا :

ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا، دھجیاں اڑانا
بوٹیاں کرنا۔ کہتے ہیں: شَبْرَقَ
الثَّوبَ و اللَّحمَ۔ شَبْرَقَ البازی
الصَّیدَ۔
شُبَارِقٌ: ثَوبٌ شُبَارِقٌ: بالکل پھٹا
ہوا کپڑا۔ لَحمٌ شُبَارِقٌ: مختلف
طریقوں پر پکایا ہوا گوشت۔
الشَّبَارِیْقُ: ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا کپڑا
الشِّبْرِقُ: بلی کا بچہ۔
الشِّبْرِقَةُ: کپڑے کا ٹکڑا (۲) بکھری ہوئی
معمولی روئیدگی۔
الشَّبْرَاقُ: ہر شے کی شدت۔
• الشَّبَصُ: درخت کا گنجان پن۔
تَشَبَّصَ الشَّجَرُ: درخت کا گنجان ہونا
الشُّبَاطُ: پانچواں سریانی مہینہ، مقابل فروری۔
الشَّبُّوطُ: نہر دجلہ میں پیدا ہونے والی ایک
مچھلی ج: شَبَابِیطُ۔
• شَبِعَ ـَ شِبَعًا: دل بھرنا، سیر ہو جانا
شکم سیر ہونا، کھانے سے پیٹ بھرنا
کہتے ہیں: شَبِعَ طَعَامًا و من الطعام:
هو شَبْعَانُ ج: شِبَاعٌ و شَبَاعَی
هی شَبْعَی و شَبْعَانَةٌ ج: شباع
۔۔۔ الجِسْمُ: بدن کا بھر جانا، موٹا ہونا۔
۔۔۔ من الأمْرِ: اکتا جانا، طبیعت بھر جانا
هی شَبْعَی الشِّبَاعِ: وہ گٹھی ہوئی
اور بھاری پیٹ والی ہے۔
أَشْبَعَهُ: پیٹ بھر دینا، شکم سیر کر دینا۔
۔۔۔ الثَّوبَ وغیرَہ: کپڑے کو خوب
رنگنا۔
۔۔۔ السَّائِلَ: علم کیمیا میں سیال شے کو
مکمل طور پر حل کرنا (یعنی اس میں موجود
کسی بھی ٹھوس چیز کو بالکل حل کر دینا)
۔۔۔ الشیئَ: مکمل کرنا۔ کہتے ہیں: أَشْبَعَ
البَحْثَ: تحقیق کو مکمل کرنا۔
۔۔۔ الشیئَ شَیئًا: کسی چیز کو کوئی چیز ملا دینا،
پیوست کر دینا۔
تَشَبَّعَ: شکم سیری یا سیری کا اظہار کرنا (۲)
سیر ہونا (۳) طبیعت بھرنا۔
۔۔۔ بالماءِ: سیراب ہونا۔
۔۔۔ برأیٍ: رائے کا قائل ہونا، ماننا۔
۔۔۔ الشیئُ بالشیئِ: پیوست ہونا، گھل مل
جانا۔
۔۔۔ الماءُ بالملحِ: پانی میں نمک بالکل
گھل گیا۔
الشُّبَاعَةُ: سیری کے بعد بچا ہوا پانی وغیرہ
الشِّبْعُ و الشَّبْعُ من الطَّعامِ وغیرہ:
شکم یا طبیعت سیر کر دینے والی
چیز، آسودگی۔
الشُّبْعَةُ: ایک دفعہ سیر کر دینے کے
بقدر چیز، پیٹ بھر چیز، بقدر کفایت
کھانا ج: شُبَعٌ۔
الشَّبْعَانُ: شکم سیر، سیر، آسودہ۔ هی
شَبْعَی و شَبْعَانَةٌ ج: شِبَاعٌ
و شَبَاعَی۔ هی شَبْعَی الذِّراعِ:
وہ موٹے بازو والی ہے۔
هی شَبْعَی الخَلْخَالِ او السِّوَارِ
او الوِشاحِ: وہ فربہ ہے۔
الشَّبِیْعُ: بہت تر (۲) پیوست و ملا ہوا
(۳) حل کیا ہوا، گھلا ہوا۔ رَجُلٌ
شَبِیْعُ العَقْلِ: بہت دانا، عقلمند،
پختہ کار۔ ثَوبٌ شَبِیْعُ الغَزْلِ:
مضبوط سوت کا کپڑا۔ حَبْلٌ شَبِیْعٌ:
خوب بٹی ہوئی رسی، مضبوط رسی۔
المُشْبِعُ: پیٹ بھر، سیر کر دینے والا (۲)
اطمینان بخش (۳) غذائیت بخش (۴)
کافی، پورا۔
المُشْبَعُ: تر، بھرا ہوا، پیوست۔
المُشْبَعُ بالماءِ: پانی سے تر۔
المُشْبَعُ بالهواءِ: ہوا بھرا ہوا۔
المُشْبَعُ بالیأسِ: مایوسی کا شکار۔
المُشْبَعُ بالرأیِ: قائل، متفق۔
• شَبِقَ الذَّکَرُ من الحیوانِ ـَ
شَبَقًا: نر کا کثیر الشہوت ہونا۔
الشَّبَقُ: شہوت۔
• شَبَكَ الشیئَ ـِ شَبْكًا: الجھنا (۲)
جال بننا (۳) پیچیدہ ہونا۔
۔۔۔ الشیئَ: الجھانا (۲) پیچیدہ بنانا۔
۔۔۔ أصابِعَهُ: انگلیوں میں انگلیاں ڈالنا۔
أَشْبَكَ القَومُ: قریب قریب کنویں کھودنا
۔۔۔ المکانُ: کسی جگہ کا قریب قریب کنویں
والی ہونا۔
شابَكَ بینَ الأصابعِ: انگلیوں کو ایک
دوسرے میں داخل کرنا۔
شَبَّكَ: خوب الجھانا (۲) زیادہ پیچیدہ بنانا
(۳) جال دار بنانا، جال بنانا۔
۔۔۔ الشیئَ بغیرِہ: جوڑنا، ملانا۔
تَشَابَكَ الشیئُ: الجھنا، پیچیدہ ہونا۔
جیسے: تَشَابَکَتِ الأُمُورُ: گڈمڈ ہونا
باہم مل جانا، مخلوط ہو جانا۔
اِشْتَبَكَ: الجھنا، پیچیدہ ہونا، گتھم گتھا
ہونا۔ اِشْتَبَكَ الجَیْشَانِ: دو
لشکروں کا باہم ٹکرانا، متصادم ہونا
دو لشکروں کی جھڑپ ہونا۔
تَشَبَّكَ: اِشْتَبَكَ۔
الاِشْتِبَاكُ: تصادم، جھڑپ ج: اشتباکات
الشَّابِكُ: پیچیدہ، پرپیچ، بھول بھلیاں
کہتے ہیں: أَمْرٌ شَابِكٌ، طَرِیْقٌ
شَابِكٌ۔
الشَّبَّاكُ: جال بنانے والا (۲) جال سے
شکار کرنے والا۔
الشُّبَّاكُ: کھڑکی، سلاخ دار کھڑکی، جنگلا،
ونڈو (۲) سامان اٹھانے کا جال ج:
شَبَابِیْكُ۔
شُبَّاكُ البَرِیدِ: پوسٹ آفس کا کاؤنٹر،
کھڑکی۔

شُبَّاكُ التَّذَاكِرِ: ٹکٹ کھڑکی، ٹکٹ گھر
شُبَّاكُ صَرْفِ التَّذَاكِرِ: ٹکٹ ونڈو
الشَّبْكُ: کنگھے کے دندانے، واحد: شَبْكَةٌ
الشُّبُكُ: سگریٹ پائپ (پائپ جس میں تمباکو رکھ کر کش لگاتے ہیں (۲) حقہ کی نے۔
الشَّبَكَةُ: شکاری کا جال (جو دھاگوں کا بنا ہوا ہوتا ہے) پھندا (۲) ہر قسم کا جال، یا جالی۔ چند چیزوں کا باہم گتھم گتھا ہونا، ایک دوسرے میں داخل ہونا، سلسلۂ اشیاء۔ جیسے: شَبَكَةُ الْمُوَاصَلَات و شَبَكَةُ الْكَهْرَبَاء
شَبَكَةٌ من الأَسْلاك: تاروں کا جال
ج: شَبَكٌ و شِبَاكٌ۔
الشَّبْكَةُ: منگنی کا تحفہ جو لڑکے کی طرف سے لڑکی کو پیش کیا جاتا ہے (۲) بہت کنویں والی زمین، پاس پاس کنویں والی زمین۔
الشُّبْكَةُ: رشتہ، منگنی۔
الشَّبَكِيَّةُ: آنکھ کی تلی کا عصبی پردہ جو مرئیات کو اخذ کرتا ہے۔
الشُّبَيْكَةُ: جالی دار کپڑا۔
الْمُتَشَابِكُ: الجھا ہوا (۲) پرپیچ۔
الْمِشْبَكُ: کلپ، کپڑے وغیرہ لٹکانے کی چٹکی، ہک، ہینگر وغیرہ (۲) سینے یا سر کا زیور۔ جیسے جھومر یا چمپا کلی
ج: مَشَابِكُ۔
مِشْبَكُ الحِزَام: پیٹی کا ہک، بکسوا۔
مِشْبَكٌ للخِطَاب و نحوه: لیٹر کلپ
مِشْبَكُ الغَسِيل: کلاتھ پن۔ کپڑے لٹکانے کا ہک یا چٹکی۔
مِشْبَكُ الوَرَق: پیپر کلپ
الْمُشَبَّكُ: الجھا ہوا، پیچیدہ (۲) جالی دار، جالی لگا ہوا۔
—من الحَلْوَى: جلیبی۔

• شَبَلَ الغُلَامُ ـُ شُبُولًا: بچہ کا نازونعمت میں پرورش پاکر بڑا ہونا
هو شَابِلٌ۔
—في بني فُلَانٍ: کسی قبیلہ میں پل کر جوان ہونا۔
—فُلَانًا: کوڑے مارنا۔
—بالخياطة: لمبے لمبے ٹانکے لگانا۔
أَشْبَلَتِ الْمَرْأَةُ عَلَى أَوْلَادِهَا: خاوند کے مرنے کے بعد بچوں پر شفقت کرنا اور دوسرا خاوند نہ کرنا
هي مُشْبِلٌ۔
—اللَّبُؤَةُ: شیرنی کا بچے جننا۔ هي مُشْبِلٌ۔
الشِّبْلُ: شیر کا بچہ (۲) بہادر بیٹا ج: أَشْبَالٌ
• شَبِمَهُ ـُ شَبْمًا: بکری کے بچے کے منہ میں تھوتھنی (لکڑی کا لمبا ٹکڑا یا چھینکا) لگانا تاکہ وہ دودھ نہ پی سکے۔
شَبِمَ ـَ شَبَمًا: ٹھنڈا ہونا (۲) بھوک اور ٹھنڈ محسوس کرنا۔ هو شَبِمٌ
مَاءٌ شَبِمٌ و غَدَاةٌ شَبِمَةٌ: ٹھنڈا پانی، ٹھنڈی صبح۔ قَلْبٌ شَبِمٌ: بے حس اور ٹھنڈا دل۔
الشِّبَامُ: دودھ پیتے بچے کے منہ میں ڈالی جانے والی لکڑی وغیرہ، چھینکا جو بچے کو دودھ پینے سے روکتی ہے۔
الشِّبَامَانِ: برقع کے دو بند جو باندھنے کے کام آتے ہیں۔
• شَبَنَ الغُلَامُ ـُ شَبْنًا: لڑکے کا پر گوشت (بھرے ہوئے جسم کا) اور جوان ہونا۔
—الشَّيْءُ: قریب ہونا۔ هو شَابِنٌ
الشَّبِينُ: عیسائیوں کے یہاں دولہا یا دولہن کا ہمراہی، خدمت گار، مؤنث شَبِينَةٌ ج: شَبَائِنُ و أَشَابِنَةٌ

• أَشْبَهَ الشَّيْءُ الشَّيْءَ: مشابہ ہونا۔
شَابَهَهُ: مشابہ ہونا، ہم شکل ہونا۔
شَبَّهَ عَلَيْهِ الأَمْرَ: کسی کے لئے کسی بات کو ناقابل فہم یا ناقابل حل بنانا، مبہم و مشتبہ کر دینا کہ دوسری باتوں سے مل جانے کی بنا پر اس کی اصلیت تک پہنچنا مشکل ہو جائے۔ مشکل بنا دینا (۲) کسی کو کسی معاملہ کی الجھن میں ڈال دینا شش و پنج میں ڈالنا۔
—الشَّيْءَ بالشَّيْءِ: مشابہ بنانا، ایک چیز کا وصف دوسری چیز کے لئے ثابت کرنا (۲) تشبیہ دینا۔
شُبِّهَ عَلَيْهِ وَلَهُ وَكَذَا: غیر واضح ہونا شبہ میں ڈالا جانا، مشتبہ ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمَا قَتَلُوهُ وَمَا صَلَبُوهُ وَلَكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ"
اشْتَبَهَ عَلَيْهِ الأَمْرُ: غیر واضح اور ناقابل فہم ہونا۔ یقینی اور فیصلہ کن نہ رہنا۔
—في المَسْأَلَةِ: صحت میں شک کرنا۔
رَجُلٌ يُشْتَبَهُ فِي أَمْرِهِ: مشکوک آدمی۔
تَشَابَهَ الشَّيْئَانِ: یکساں اور ہم شکل ہونا فرق نہ رہنا۔ قرآن پاک میں ہے: "إِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَهَ عَلَيْنَا"
تَشَبَّهَ بِغَيْرِهِ: مشابہ ہونا، دوسرے کے ہم شکل یا ہم وصف ہونا، دوسرے کی شکل و صفت اختیار کرنا، دوسرے جیسا ہونا۔
الاشْتِبَاهُ: شبہ، شک، التباس۔
التَّشَابُهُ: یکسانیت۔
التَّشْبِيهُ: مشابہت، تشبیہ۔ علم البیان میں ایک شے کو دوسری شے کے ساتھ دونوں میں مشترکہ صفت کی بنا پر لاحق کرنا۔ جیسے بہادری کی بنا پر کسی شخص کو شیر کہنا

تَشْبِيَةُ الْمَسْجُونِين: قیدیوں کا حلیہ اور نشان انگوٹھا، شناخت نامہ۔
الشِّبْهُ: مثل، مانند۔ جیسے: هذا شِبْهُ فُلَانٍ (۲) تصویر، نقل (۳) مشابہت ج: أَشْبَاهٌ۔
شِبْهُ اِقْطَاعِيٍّ: نیم جاگیردارانہ
شِبْهُ جَرِيمَةٍ: نیم جرم۔
شِبْهُ الْجَزِيرَة: جزیرہ نما۔
شِبْهُ رَسْمِيٍّ: نیم سرکاری۔
شِبْهُ الْقَارَّةِ: برصغیر۔
الشَّبَهُ: مشابہت، شباہت، ہم شکلی (۲) تصویر، نقل (۳) پیتل ج: أَشْبَاهٌ۔
الشُّبْهَةُ: شک، شبہ (۲) مبہم اور غیر واضح چیز (۳) التباس، بے امتیازی شرعاً غیر واضح الحکم چیز جس کی حلت وحرمت یا برحق ہونا و بطلان واضح نہ ہو ج: شُبَهٌ۔
الشَّبِيهُ: مثل، مانند۔ هذا شَبِيهُ فُلَانٍ: ہم شکل، ہم وصف (۲) تصویر، نمونہ ج: شِبَاهٌ و أَشْبَاهٌ
الْمُتَشَابِهُ: وہ نص قرآنی جس میں مختلف معانی کا احتمال ہو۔ قرآن پاک میں ہے: "مِنْهُ آيَاتٌ مُحْكَمَاتٌ هُنَّ أُمُّ الْكِتَابِ وَأُخَرُ مُتَشَابِهَاتٌ" (۲) ملتا جلتا، یکساں۔
الْمُشَابِهُ: مثل، مانند، ہم شکل۔
الْمَشَابِهُ: شباہتیں۔ ملتے جلتے اوصاف فيه مَشَابِهُ من فُلَانٍ (خلاف قیاس) شَبَهٌ کی جمع۔
الْمُشْتَبَهُ: مشکوک، غیر واضح۔
الْمُشْتَبَهُ فِي أَمْرِهِ: مشکوک، جس کا کردار اچھا نہ ہو یا قابل اعتراض ہو۔
الْمُشْتَبَهُ فِيهِم: مشتبہ لوگ، جرائم پیشہ لوگ۔
الْمَشْبُوهُ: ناپسندیدہ، مشکوک، متہم، جرائم پیشہ۔
الْمُشَبَّهُ: وہ شے جسے کسی دوسری شے کے ساتھ کسی صفت میں تشبیہ دی جائے۔ جیسے: رَجُلٌ كَالْأَسَدِ میں الرَّجُلُ۔
الْمُشَبَّهُ بِهِ: وہ شے جس کے ساتھ کسی صفت میں کسی کو تشبیہ دی جائے جیسے: رَجُلٌ كَالْأَسَدِ میں اَسَدٌ
وَجْهُ الشَّبَهِ: وہ صفت جس میں دو چیزوں کو ایک دوسرے کا مشابہ بنایا جائے۔ جیسے: رَجُلٌ كَالْأَسَدِ میں وصف مشترک شجاعت وجہ شبہ ہے۔
الْمُشَبِّهَةُ: ایک مذہبی فرقہ جو خالق کو مخلوق سے تشبیہ دیتا ہے۔
• شَبَا الشَّيْءُ ـُـ شُبُوًّا: بلند ہونا
ـــ الْفَرَسُ: گھوڑے کا دو ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔
ـــ وَجْهُهُ: چہرے کا کسی تغیر کے بعد چمک اٹھنا۔
ـــ النَّارَ: آگ جلانا۔
أَشْبَى الشَّجَرُ: درخت کا لمبا اور گھنا ہونا۔
ـــ عَلَى فُلَانٍ: مہربان ہونا، مدد دینا
ـــ فُلَانٌ: ذہین وہوشیار اولاد والا ہونا۔
ـــ فُلَانًا: اعزاز واکرام کرنا۔
ـــ الْأَوْلَادُ آبَاءَهُم: اولاد کا اپنے باپ کے مشابہ ہونا۔
الشَّبَا: کانٹی (۲) اولے۔
شَبَاةُ الشَّيْءِ: دھار جیسے: شَبَاةُ السَّيْفِ۔
شَبَاةُ الْعَقْرَبِ: بچھو کا ڈنک ج: شَبًا۔
الشَّبَاةُ: نوزائیدہ بچھو (۲) دو ٹانگوں پر کھڑا ہونے والا گھوڑا (۳) بیوقوف آدمی۔ ج: شَبًا و شَبَوَاتٌ۔
شَبْوَةُ: (غیر منصرف) بچھو کا اسم علم۔ کبھی الشَّبْوَة بھی کہتے ہیں۔ جارية شَبْوَةٌ: پھرتیلی اور دلیر کنیز۔

ش ـــ ت

• شَتَّتِ الْأَشْيَاءُ ـِـ شَتًّا و شَتَاتًا: بکھرنا، منتشر ہونا۔ کہتے ہیں: شَتَّتِ الدِّيَارُ بِفُلَانٍ: فلاں وطن سے دور ہو گیا۔ و شَتَّ بِقَلْبِهِ الْوَجْدُ: غم یا عشق ومحبت نے اس کے دل کو بے چین کر دیا۔ هو شَتِيتٌ۔
شَتَّ الْأَشْيَاءَ: بکھیرنا، منتشر کرنا۔
أَشَتَّ الْقَوْمُ: شیرازہ بکھرنا۔ کہتے ہیں: أَشَتَّ بِي قَوْمِي: میری قوم نے مجھے اپنے معاملہ میں پریشان کر دیا
شَتَّتَ الْأَشْيَاءَ: منتشر کرنا، الگ الگ کرنا۔ بکھیرنا۔ تار و پود بکھیرنا۔
تَشَتَّتُوا: منتشر ہونا، بچھڑ جانا، الگ الگ ہو جانا۔ کہتے ہیں: تَشَتَّتَ شَمْلُهُم: ان کا شیرازہ بکھر گیا۔
تَشَتَّتَتِ الْأَشْيَاءُ: بکھرنا، تار و پود بکھرنا
الشَّتَاتُ: پراگندگی، پھوٹ، انتشار (۲) متفرق ومنتشر۔ کہتے ہیں: أَمْرٌ شَتَاتٌ: بگڑا ہوا معاملہ۔ جَاءَ الْقَوْمُ شَتَاتَ شَتَاتَ: لوگ الگ الگ آئے۔
الشَّتُّ: متفرق، منتشر۔ أَمْرٌ شَتٌّ: بکھرا ہوا اور بگڑا ہوا معاملہ ج: أَشْتَاتٌ: کہتے ہیں: ذَهَبُوا أَشْتَاتًا: وہ منتشر ہو کر گئے۔ قرآن پاک میں ہے: "يَوْمَئِذٍ يَصْدُرُ النَّاسُ أَشْتَاتًا لِيُرَوْا أَعْمَالَهُمْ"
شَتَّانَ: اسم فعل بمعنی بَعُدَ۔ شَتَّانَ مَا بَيْنَهُمَا: ان میں بڑا فرق ہے، ان میں

کوئی جوڑ نہیں، ان میں کوئی نسبت نہیں۔ شَتَّانَ بَيْنَهُمَا بھی کہتے ہیں

الشُّتُوْتُ: (من الناس) مختلف قبائل کے لوگ، مختلف نسل کے لوگ۔

الشَّتِيْتُ: منتشر و متفرق، مختلف، بکھرا ہوا

ثَغْرٌ شَتِيْتٌ: چھدرے دانت ج: شَتّٰى۔ اَشْيَاءُ شَتّٰى: مختلف اور بے جوڑ چیزیں۔ قرآن پاک میں ہے: "اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى" قَوْمٌ شَتّٰى مختلف قسم کے لوگ۔ قرآن پاک میں ہے: "تَحْسَبُهُمْ جَمِيْعًا وَّ قُلُوْبُهُمْ شَتّٰى" كُتُبٌ شَتّٰى: متفرق کتابیں

•شَتَرَهٗ ـِ شَتْرًا: کاٹنا، ٹکڑے کرنا۔

ـــ الثَّوْبَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

ـــ فُلَانًا: کسی کو زخمی کرنا۔

ـــ الدَّاءُ عَيْنَهٗ: بیماری کا پلک کو پلٹ دینا۔

شَتِرَ ـَ شَتَرًا: پھٹنا۔

ـــ فُلَانٌ: کسی کا نیچے کا ہونٹ کٹنا (۲) کسی کی آنکھ کی پلک کا پلٹا ہوا ہونا۔ ھو اَشْتَرُ و ھی شتراء ج: شُتْرٌ۔

ـــ عَيْنُهٗ: آنکھ کی پلک کا پلٹا ہوا ہونا (بیماری وغیرہ کی وجہ سے) ھی شَتْرَاءُ

شَتَّرَ بِفُلَانٍ: کسی میں عیب نکالنا، نکتہ چینی کرنا (۲) گالی دینا۔

الْاَشْتَرُ: پلٹی ہوئی یا پھٹی ہوئی پلکوں والا۔ نیچے کے پھٹے ہوئے ہونٹ والا ج: شُتْرٌ۔

الشَّتْرُ: قطع و برید (۲) پلکوں کا پلٹاو

الشِّتِّيْرُ: بڑا عیبی، انتہائی بدمزاج۔

الشُّتْرَةُ: دو انگلیوں کے درمیان کی جگہ

•شَتِعَ ـَ شَتَعًا: بیماری یا بھوک سے گھبرا اٹھنا۔

•شَتَغَهٗ ـَ شَتْغًا: روندنا، ذلیل کرنا

أَشْتَغَهٗ: تلف کرنا، ہلاک کرنا۔

الْمَشَاتِغُ: ہلاکتیں۔

•شَتَلَ الزَّرْعَ ـِ شَتْلًا: کسی چیز کی پود لگانا یعنی ایک جگہ بیج ڈال کر اگانا اور پھر پودے کو اکھاڑ کر دوسری جگہ لگانا۔

الشَّتْلَةُ: پودیا پودا جو پہلے ایک جگہ اگایا جائے اور پھر دوسری جگہ بویا جائے، نرسری پودا۔

الْمَشْتَلُ: نرسری، پودے اگانے کی جگہ ج: مَشَاتِلُ۔

•شَتَمَهٗ ـُ شَتْمًا: گالی دینا، کوسنا، برا بھلا کہنا۔

شَتُمَ ـُ شَتَامَةً: بدرو ہونا۔ ھو شَتِيْمٌ۔

شَاتَمَهٗ: کسی کو خوب گالیاں دینا، کسی کے ساتھ گالی گلوچ سے پیش آنا، برا بھلا کہنا۔

تَشَاتَمَا: باہم گالی گلوچ کرنا۔ ایک دوسرے کو برا بھلا کہنا۔

الشَّاتِمُ: بدزبان، دشنام طراز۔

الشُّتَامُ و الشُّتَامَةُ: بدشکل، بدخلق، بدمزاج۔

الشَّتَّامُ: انتہائی دشنام طراز۔

الشَّتَّامَةُ: غضبناک شیر

الشَّتْمُ: گالی گلوچ، دشنام طرازی (فعل)

الشَّتِيْمَةُ: گالی ج: شَتَائِمُ۔

•شَتَنَ الثَّوْبَ ـُ شَتْنًا: بننا۔ ھو شَاتِنٌ و شَتُوْنٌ۔

شَتَّانَ: دیکھئے (شتت)

•شَتَا بِالْمَكَانِ ـُ شَتْوًا: کسی جگہ سردی گزارنا، موسم سرما میں قیام کرنا۔

ـــ الشِّتَاءُ: موسم سرما کا ٹھنڈا ہونا۔ سردی کے موسم کا شباب پہ ہونا۔

شَتَا الْيَوْمُ: دن کا بہت ٹھنڈا ہونا۔ دن میں سخت سردی ہونا۔

ـــ السَّمَاءُ: پانی برسانا، بارش ہونا ھو شَاتٍ۔

أَشْتَى فُلَانٌ: موسم سرما میں داخل ہونا

ـــ الْقَوْمُ: قحط و خشک سالی آنا۔

شَاتَاهُ مُشَاتَاةً و شِتَاءً: کسی کے ساتھ سردی کے موسم تک کا معاملہ کرنا۔ جیسے کہتے ہیں: شَاهَرَهٗ (من الشهر) و يَاوَمَهٗ (من اليوم): اس سے مہینہ کا یا دن کا معاملہ کیا۔

شَتّٰى بِالْمَكَانِ: کسی جگہ موسم سرما گزارنا۔

ـــ الشَّيْءُ فُلَانًا: کسی چیز کا کسی کیلئے موسم سرما کی مدت تک کافی ہونا۔

الشِّتَاءُ: موسم سرما (۲) قحط و خشک سالی بھکمری ج: اَشْتِيَةٌ۔

الشَّتْوَةُ: سردی کا موسم۔

الشَّتَوِيُّ: موسم سرما کا (۲) موسم سرما کی بارش۔

الشَّتِيُّ: الشَّتَوِيُّ۔

الْمَشْتَى: گرم مقام، سردی کا موسم گزارنے کی جگہ ج: مَشَاتٍ۔

الْمَشْتَاةُ: الْمَشْتَى (۲) سردی کا موسم۔

ش ـــ ث

•الشَّثُّ: چھوٹے سیب کی طرح کا ایک کڑوے مزے کا درخت جس کے پتے چمڑا رنگنے کے کام میں آتے ہیں۔ (۲) جنگلی اخروٹ (۳) بڑی تعداد (۴) شہد کی مکھیاں (۵) پہاڑ کی چوٹی کا کنگرہ ج: شِثَاثٌ۔ واحد: شَثَّةٌ

•شَثِرَتْ عَيْنُهٗ ـَ شَثَرًا: آنکھ کا موٹا ہونا۔

الشِّثْرُ: پہاڑ کا کنارہ ج: شُثُوْرٌ۔

•شَثِلَتْ اَصَابِعُهُ ـَ شَثَلًا: انگلیوں کا کھردرا اور موٹا ہونا
شَثْلُ الْاَصَابِعِ: کھردری انگلیوں والا
•شَثِنَتْ كَفُّهُ ـَ شَثَنًا: ہتھیلیوں یا ہاتھوں کا موٹا اور کھردرا ہونا۔
الشَّثْنُ: موٹا، کھردرا۔ رَجُلٌ شَثْنُ الْاَصَابِعِ: موٹی اور کھردری انگلیوں والا۔

ش ـــــ ج

•شَجَبَ فُلَانٌ ـُ شُجُوْبًا: ہلاک ہونا، غمگین ہونا۔
ـــ الْغُرَابُ شَجِيْبًا: کوے کا اپنی آواز نکال کر جدائی کی خبر دینا۔
ـــ فُلَانًا شَجْبًا: ہلاک کرنا (۲) رنجیدہ کرنا، کوفت میں مبتلا کرنا۔
ـــ الصَّيْدَ: شکار کو تیر مار کر گرا دینا اور حرکت کے قابل نہ چھوڑنا۔
ـــ الشَّيْءُ فُلَانًا: کسی کو مشغول کر دینا
ـــ الشَّيْءَ: کھینچنا۔ جیسے: شَجَبَ اللِّجَامَ۔
ـــ فلانًا عن حَاجَتِهِ: روکنا، باز رکھنا
ـــ الْقَارُوْرَةَ بِالشِّجَابِ: بوتل یا شیشی کو ڈاٹ لگانا، ڈھکنا لگانا۔
ـــ الرَّأْيَ او الْمَوْقِفَ: رائے یا موقف کی مذمت کرنا۔
شَجِبَ ـَ شَجَبًا: ہلاک ہونا، رنجیدہ ہونا۔
أَشْجَبَهُ: مغموم بنانا، رنج پہنچانا۔
تَشَاجَبَتِ الْاُمُوْرُ: گڈمڈ ہونا، خلط ملط ہونا۔ الجھنا، پیچیدہ ہونا۔
الشَّاجِبُ: بہت بک بک اور بے تکی باتیں کرنے والا (۲) بہت کائیں کائیں کرنے والا کوا۔
الشِّجَابُ: بوتل کی کاک، ڈاٹ، ڈھکنا (۲) بک، ہینگر، کپڑے لٹکانے کا اسٹینڈ
الشَّجَبُ: ضرورت (۲) رنج وغم، ناگواری (۳) ہلاکت، سزائے موت ج: شُجُوْبٌ۔
الشَّجْبُ: بیماری وغیرہ کی تکلیف وصدمہ ج: شُجُوْبٌ۔
الشَّجْبَاءُ: مشک۔
الشَّجُوْبُ: اِمْرَأَةٌ شَجُوْبٌ: انتہائی دل گیر اور غمگین عورت ج: شُجُبٌ۔
المِشْجَبُ: بک، ہینگر، کھونٹی وغیرہ جس پر کپڑے لٹکائے جائیں یا لکڑی کا اسٹینڈ ج: مَشَاجِبُ
شَجَّهُ ـُ شَجًّا: وشَجَّ رَأْسَهُ وشَجَّ فِي رَأْسِهِ: سر کو زخمی کرنا، سر کی کھال پھاڑنا۔
ـــ وَجْهَهُ وفيه: چہرہ کو زخمی کرنا۔
ـــ السَّفِيْنَةُ الْبَحْرَ: جہاز یا کشتی کا سمندر کو چیرنا، طے کرنا۔
ـــ السَّابِحُ الْمَاءَ: تیراک کا پانی کو چیرنا۔
ـــ الشَّرَابَ بالماءِ: شراب میں پانی ملانا۔ کہاوت ہے: فُلَانٌ يَشُجُّ بِيَدٍ وَيَأْسُوْ بِاُخْرٰى: فلاں ایک ہاتھ سے زخم ڈالتا ہے اور دوسرے سے مرہم لگاتا ہے۔ ایسے شخص کے بارہ میں جو برائی کے ساتھ بھلائی بھی کرتا ہو۔
شَجَّ ـَ شَجَجًا: زخمی پیشانی والا ہونا۔ هو اَشَجُّ وهي شَجَّاءُ ج: شُجٌّ۔
شَاجَّهُ شِجَاجًا ومُشَاجَّةً: کسی کے ساتھ سرکوبی میں مقابلہ کرنا، ایک دوسرے کا سر توڑنا
شَجَّجَهُ: کسی کے سر کو بری طرح زخمی کرنا۔
شَجَّجَهُ علی الْاَمْرِ: پختہ ارادہ کرنا۔
الشَّجَجُ: پیشانی پر چوٹ کا اثر، زخم۔
الشَّجَّةُ: سر، پیشانی یا چہرہ کا زخم ج: شِجَاجٌ۔
الشَّجِيْجُ: زخمی سر والا، پیشانی میں زخم کے نشان والا، زخمی چہرے والا۔
•شَجَرَ الْاَمْرُ بَيْنَهُمْ ـُ شُجُوْرًا: باہم کسی معاملہ کا متنازعہ ہونا، مختلف فیہ ہونا، کسی بات پر باہم اختلاف ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ"
ـــ الْخِلَافُ بَيْنَهُمْ: اختلاف پیدا ہونا۔
ـــ الشَّجَرَ والنَّبَاتَ شَجْرًا: درخت یا پودے کی لٹکی ہوئی شاخوں کو اوپر اٹھانا۔
ـــ الشَّيْءَ: باندھنا (۲) انگلی وغیرہ پر ڈالنا، پھیلانا۔
ـــ فُلَانًا عن الْاَمْرِ: باز رکھنا، روکنا
اَشْجَرَتِ الْاَرْضُ: زمین کا بہت درختوں والی ہونا۔
شَاجَرَهُ: کسی کے ساتھ جھگڑا کرنا۔
شَجَّرَ النَّبَاتُ: پودے کا درخت بنجانا
ـــ الْاَرْضَ: درخت بونا، لگانا۔
ـــ الثَّوْبَ وَنَحْوَهُ: کپڑے وغیرہ پر بیل بوٹے بنانا۔
ـــ النَّسَبَ وَنَحْوَهُ: شجرۂ نسب بنانا، نسب کو شجر (درخت) کی شکل میں بیان کرنا۔
ـــ النَّخْلَ: کھجور کے خوشہ کو لوٹنے کے ڈر سے شاخ پر رکھنا۔
اِشْتَجَرَ الشَّيْءُ: گتھم گتھا ہونا، الجھنا، ایک دوسرے میں گھس جانا۔ جیسے: اِشْتَجَرَتِ الْاَصَابِعُ واشْتَجَرَتِ الرِّمَاحُ۔

اشْتَجَرَ الْقَوْمُ : لوگوں کا باہم جھگڑنا ۔
ـــ فُلَانٌ : ہاتھ پر چہرہ رکھ کر کہنی کا سہارا لینا ۔
ـــ الرَّجُلُ : آگے بڑھنا (۲) جلد خلاصی پانا
ـــ نَوْمُہ : نیند کا دور ہونا ۔
تَشَاجَرَ الشَّیْءُ : جھاڑ بن جانا، متداخل ہونا، ایک کا دوسرے میں گھسنا جیسے تشاجرت الرِّمَاحُ ۔
ـــ الْقَوْمُ : باہم لڑنا، جھگڑنا۔
التَّشْجِیْرُ : درخت کاری، درخت لگانے کا کام ۔
الشِّجَارُ : چھوٹی پالکی (۲) دروازے کے پیچھے لگانے کی لکڑی جو چٹخنی کے بجائے استعمال ہوتی ہے (۳) تھوتھنی (وہ لکڑی جو دودھ پیتے بکری کے بچہ کے منہ میں ڈال دی جاتی ہے جس سے وہ دودھ نہ پی سکے (۴) اسٹریچر (بیماروں کو منتقل کرنے کی چارپائی) ج: شُجُرٌ ۔
الشَّجَّارُ : درختوں کا ماہر ۔
الشَّجْرُ : اختلافی بات (۲) منہ کا وہ حصہ جو زبان اور تالو کے درمیان دکھائی دے (۳) ٹھوڑی، ٹھڈی ج: شُجُوْرٌ و اَشْجَارٌ ۔
الشَّجَرُ : درخت ج: اَشْجَارٌ واحد: شَجَرَۃٌ ۔
الشَّجَرَۃُ : ایک درخت (۲) اصل النسل کہتے ہیں: ھو من شَجَرَۃٍ طَیِّبَۃٍ : وہ اچھی نسل کا ہے ۔
الشَّجَرَۃُ العَائِلِیَّۃُ : شجرۂ نسب، شجرۂ خاندان
شَجَرَۃُ النَّسَبِ : نسب نامہ، نسب کی تفصیل جو درخت کے نقشہ کی طرح بیان کی جاتی ہے۔ جدِّ اعلیٰ سے مختلف شاخوں کو بیان کیا جاتا ہے ۔
الشَّجْرَاءُ : گھنا درخت (۲) گنجان درختوں کی زمین (مقابل مرداء)
الشَّجْرِیُّ : وہ حرف جو تالو اور زبان کے ملانے سے نکلتا ہے۔ حروف شجریہ چار ہیں: ش، ض، ج، ی ۔
الشُّجَیْرَۃُ : پودا۔ شجر کی تصغیر ج: شُجَیْرَاتٌ ۔
الشَّجِیْرُ : وادٍ شَجِیْرٌ : کثیر درختوں والی وادی ایسے ہی: اَرْضٌ شَجِیْرَۃٌ (۲) برا ساتھی، اجنبی آدمی (۳) تلوار۔
الشَّوَاجِرُ : موانع، رکاوٹیں ۔ کہتے ہیں: قد شَجَرَتْنِی عنه الشَّوَاجِرُ ۔ رِمَاحٌ شَوَاجِرُ : ایک دوسرے میں گتھے ہوئے مختلف نیزے ۔
الْمُشَجَّرُ : جھاڑ کے نقش والا، بیل دار، پھول دار جیسے: ثَوْبٌ مُشَجَّرٌ
الْمُشَجِّرُ : درخت کاری کرنے والا ۔
الْمَشْجَرُ : درختوں کے اگنے کی جگہ (۲) وہ جگہ جسے درخت گھیرے ہوئے ہوں (کم یا زیادہ) ج: مَشَاجِرُ ۔
الْمَشْجَرَۃُ : الْمَشْجَرُ ۔
الْمِشْجَرُ : کپڑے لٹکانے کا لکڑی کا اسٹینڈ، کھونٹی، ہینگر، الگنی ج: مَشَاجِرُ ۔
• شَجُعَ ـُ شَجَاعَةً : دلیر و بہادر ہونا ۔ ھو شَجِیْعٌ ج: شُجَعَاءُ و شِجَاعٌ ۔ ھی شَجِیْعَةٌ ج: شَجَائِعُ و شِجَاعٌ ۔
شَاجَعَهُ : بہادری میں مقابلہ کرنا، کسی کے ساتھ نبرد آزمائی کرنا ۔
شَجَّعَهُ : بہادر بنانا، کسی کے دل کو مضبوط کرنا ۔
ـــ فلانًا علی اَمْرٍ : کسی کام کی ہمت دلانا، کسی کام کا حوصلہ پیدا کرنا، حوصلہ افزائی کرنا، شہ دینا، اکسانا ۔
تَشَجَّعَ : دل کڑا کرنا، ہمت کرنا، دلیر بننا، حوصلہ ملنا یا بڑھنا۔ شَجَّعَهُ فَتَشَجَّعَ : ہمت سے کام لینا، شہ ملنا ۔
الْاَشْجَعُ : انتہائی بہادر (۲) پیش پیش رہنے والا اونٹ (۳) شیر (۴) لمبا (۵) زمانہ اَشَاجِعُ کا واحد: ہتھیلی کے اوپر کی رگیں ۔
التَّشْجِیْعُ : حوصلہ افزائی ج: تَشْجِیْعَاتٌ
الشُّجَاعُ : بہادر، دلیر، باہمت، حوصلہ مند ج: شُجْعَانٌ و شِجْعَةٌ ۔ ھی شُجَاعَةٌ (۲) سانپ ج: شِجْعَانٌ
الشَّجَعَةُ و الشُّجَعَةُ : لمبا بے ڈول بزدل آدمی ۔
الشُّجَعَةُ : انتہائی دلیر و فتحیاب ۔
الشَّجِعَةُ : اِمْرَأَۃٌ شَجِعَةٌ و شَجُعَاءُ : زباں دراز اور مردوں پر غالب آجانے والی عورت ۔
الشَّجِیْعُ : دلیر و بہادر ج: شُجَعَاءُ و شِجَاعٌ و ھی شَجِیْعَةٌ ج: شَجَائِعُ و شِجَاع ۔
الْمُشَجِّعُ : حوصلہ افزا ۔
• الشَّجَمُ : ہلاکت ۔
• شَجَنَتِ الحَمَامَةُ ـُ شُجُوْنًا : کبوتری کا درد بھری آواز نکالنا، نوحہ کرنا
شَجَنَ الْاَمْرُ فلانًا شَجْنًا : مغموم کرنا غم و اندوہ میں مبتلا کرنا ۔
شَجِنَ ـَ شَجَنًا : رنجیدہ ہونا، مغموم ہونا ۔ ھو شَجِنٌ ۔
اَشْجَنَ الْکَرْمُ و نَحْوُہُ : انگور وغیرہ کی بیل کا شاخ در شاخ ہونا، پھیلنا ۔
ـــ فُلَانًا : مغموم کرنا، صدمہ پہنچانا ۔
تَشَجَّنَ : دل بھر بھر آنا، یادِ ماضی سے دل گرفتہ ہونا ۔
ـــ الشَّجَرُ : گھنا اور گنجان ہونا ۔
الشَّاجِنُ : اندوہناک (۲) وادی کا راستہ (۳) گنجان درختوں والی وادی ج: شَوَاجِنُ ۔

الشاجِنَۃُ: وادی کے کنارے کا راستہ
ج: شَوَاجِن۔

الشَّجَنُ: الجھی ہوئی یا گتھی ہوئی ٹہنی (۲) ہر چیز کا ایک حصہ، شعبہ، شاخ۔ کہتے ہیں: الحدیثُ ذو شُجُون: بات لمبی اور مختلف قسم کی تفصیلات پر مشتمل ہے۔ داستان طولانی ہے (۳) غم واندوہ (۴) کسی بات کی دھن، خواہش، ضرورت ج: اَشجان و شُجُونٌ۔

الشِّجْنَۃُ: گھنی ٹہنی، الجھی ہوئی شاخ (۲) گھنا درخت (۳) ہر چیز کی شاخ، حصہ

المُثیرُ لِلشُّجُون: رنج وحزن خیز

•شَجَاہُ الاَمرُ ـُ شَجْوًا: مغموم کرنا، صدمہ پہنچانا، فکرمند کرنا۔

ـــ الحدیثُ و نحوُہٗ فُلانًا: بھانا، مست بنانا، خوش کرنا۔

ـــ فُلانًا تَذَکُّرُ الاِلْفِ: محبوب کی یاد کا کسی کو تڑپا دینا۔

شَجِیَ ـَ شَجًا: گلے میں ہڈی وغیرہ اٹکنے سے تکلیف میں مبتلا ہونا (۲) رنجیدہ ہونا، غمگین ہونا (۳) یاد میں تڑپنا۔ ھو شَجٍ و ھی شَجِیَۃٌ

ـــ بالہَمِّ: غم میں مبتلا رہنا۔ کہتے ہیں: عَلَیکَ بالکَظْمِ وَاِنْ شَجِیتَ بالعَظْمِ تم کو تحمل سے کام لینا چاہیے خواہ تمہارے حلق میں ہڈی ہی کیوں نہ پھنس جائے۔

ـــ بِقِرْنِہٖ: اپنے مقابل یا جوڑی دار سے مغلوب ہو جانا۔

اَشْجَاہُ: مغموم کرنا، رنجیدہ کرنا (۲) زیر کرنا مغلوب کرنا

ـــ بکذا: کسی چیز کا حلق میں پھنسنا۔

مُشْجٍ: وہ آدمی جس کے حلق میں کوئی چیز پھنس جائے۔

تَشَاجَی: اظہار غم کرنا۔

الشَّجَا: حلق میں پھنس جانے والی ہڈی وغیرہ (۲) رنج وغم۔

الشَّجْوُ: رنج وغم (۲) ضرورت، حاجت۔ کہتے ہیں: بَکَی فُلانٌ شَجْوَہٗ: اس نے گریہ وزاری کی۔

لَہٗ عِنْدِی شَجْوٌ: مجھ سے اس کی ضرورت وابستہ ہے۔

الشَّجْوَاء: مفازۃ شَجْواء: وہ بیابان جس میں سفر دشوار ہو۔

الشَّجِیُّ: غمگین، فکرمند م: شَجِیَّۃٌ۔ کہاوت ہے: وَیلٌ لِلشَّجِیِّ مِنَ الخَلِیِّ۔

الشَّجْوِیُّ: اندوہناک۔

ش ح

•شَحَبَ جِسْمُہٗ ـُ شُحُوبًا: بدن کا ہلکا اور بدلا ہوا ہو جانا، دبلا ہو جانا۔

ـــ لَونُہٗ: رنگ بدل جانا، رنگ کا پھیکا پڑ جانا۔ ھو شاحِبٌ۔

الشَّاحِبُ: دبلا (۲) پھیکا، بے رنگ، اداس۔ شاحِبُ الوَجْہِ: اداس۔

•شَحَتَ: مانگنا اور ضد کرنا۔

الشَّحَّاتُ: ضدی بھکاری، فقیر۔

•شَحَجَ البَغْلُ و الحِمارُ ـِ شَحِیجًا: خچر اور گدھے کا آواز نکالنا، ڈھینچو ڈھینچو کرنا۔

ـــ الغُرابُ: کوّے کی آواز کا کرخت ہونا۔ ھو شَاحِجٌ و شَحَّاجٌ۔

تَشَحَّجَ صَوتُہٗ: آواز کا کرخت و موٹا ہونا۔

الشَّاحِجُ: خچر (۲) گدھا۔

•شَحَّ الماءُ و نحوہ ـِ شَحًّا: پانی وغیرہ کا کم ہونا، دشواری سے حاصل ہونا۔

شَحَّ الزِّنَادُ: چقماق سے آگ نہ نکلنا۔

ـــ فُلانٌ بالشَّیءِ: کوئی چیز دینے میں بخل کرنا، کنجوسی کرنا۔

ـــ عَلَی الشَّیءِ: حریص ہونا، انتہائی خواہش مند ہونا۔ ھو شَحِیحٌ و شَحَاحٌ۔

شَاحَّ فُلانًا: کسی سے لڑائی جھگڑا کرنا، دشمنی کرنا، علماء لغت کا قول ہے: لا مُشَاحَّۃَ فِی الاِصْطِلاحِ: اصطلاح میں اختلاف واعتراض کی گنجائش نہیں ہے (کیونکہ باہمی طور پر متعارف متفق علیہ ہے)۔

تَشَاحُّوا فی الاَمرِ وعَلَیہ: کسی معاملہ میں ایک دوسرے پر فوقیت یا سبقت لے جانے کی کوشش کرنا۔

ـــ الخَصْمَانِ: دو مقابل آدمیوں کا ایک دوسرے پر غالب ہونے کی شدید خواہش رکھنا، دوسرے کے لئے بخل کرنا، خود لینے کا خواہشمند ہونا اور دوسرے کو محروم کرنے کی کوشش کرنا۔

شُحُّ الاَشیاءِ: فقدان۔

الشُّحُّ: خودغرضی، بخل، طمع ولالچ۔ قرآن پاک میں ہے "وَاُحْضِرَتِ الاَنْفُسُ الشُّحَّ"

الشَّحَّۃُ: نَفْسٌ شَحَّۃٌ: انتہائی لالچی طبیعت۔

الشَّحَاحُ: بخیل، حریص (۲) وہ زمین جو زیادہ بارش کے بغیر پانی نہ بہائے۔

زَنْدٌ شَحَاحٌ: آگ نہ دینے والی چقماق۔

مَاءٌ شَحَاحٌ: تھوڑا پانی۔

الشَّحِیحُ: بخیل، کنجوس، حریص ولالچی
ج: شِحَاحٌ و اَشِحَّۃٌ و اَشِحَّاءُ۔

قرآن پاک میں ہے: "سَلَقُوكُمْ بِأَلْسِنَةٍ حِدَادٍ أَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ" هي شَحِيحَةٌ ج: شَحَائِحُ. إِبِلٌ شَحَائِحُ: کم دودھ دینے والے اونٹ.

•شَحَذَ السَّيْفَ و نَحْوَهُ ـَ شَحْذًا: تلوار وغیرہ تیز کرنا، دھار بنانا. فالسَّيْفُ شَحِيذٌ و مَشْحُوذٌ.

ـــ ذِهْنَهُ: ذہن کو تیز کرنا.

ـــ النَّاسَ: بھیک مانگنا، اصرار اور ضد کرکے مانگنا.

أَشْحَذَ السَّيْفَ و نَحْوَهُ: تیز کرنا.

ـــ الجُوعُ المِعْدَةَ: بھوک کا معدے کو تیز کرنا.

ـــ فُلانًا: دھتکارنا، ہٹانا.

الشَّحْذُ: تیزی.

الشَّحَّاذُ: بھکاری، اصرار کے ساتھ مانگنے والا فقیر. شَحَّاذُ العين: آنکھ کے نیچے نکلنے والی پھنسی.

الشِّحَاذَةُ: گداگری، بھیک مانگنے کا پیشہ.

الشَّحِيذُ: تیز، دھاردار.

المِشْحَذُ: سامان رکھنے کا پتھر یا مشین ج: مَشَاحِذُ.

المَشْحَذَةُ: کہتے ہیں: هَذَا الكَلامُ مَشْحَذَةٌ لِلْفَهْمِ: اس کلام سے سمجھ بوجھ بڑھتی ہے.

•الشَّحْرُ: وادی کا نشیب (۲) پانی کی نالی.

الشُّحْرُورُ: طوطے جتنا ایک پرندہ جو پنجرے میں پالا جاتا ہے.

•شَحِزَ ـَ شَحَزًا: ڈرنا.

•شَحَصَ ـَ شَحْصًا و أَشْحَصَ فلانًا: تھکا دینا.

ـــ مِن مَكانٍ: نکال باہر کرنا.

•شَحَطَ المَكانُ ـُ شُحُوطًا: جگہ کا دور دراز ہونا.

ـــ فِي المُسَاوَمَةِ: سودا کرنے میں حد سے بڑھ جانا، زیادہ قیمت لگا دینا

ـــ النَّاقَةُ: اونٹنی کا سینہ کی مہلک بیماری میں مبتلا ہونا.

ـــ الآلَةُ: مشین کا تیل وغیرہ ختم ہونے کے باعث رک جانا یا رک جانے کے قریب ہونا.

ـــ القَتِيلُ فِي الدَّمِ: مقتول کا خون میں تڑپنا.

ـــ فُلانًا شَحْطًا: دوڑ یا کسی خوبی میں کسی پر فوقیت حاصل کرنا.

ـــ الكَرْمَةَ وغَيْرَها: انگور وغیرہ کی بیل کو لکڑی وغیرہ کا سہارا دے کر سیدھا کرنا.

ـــ الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا.

ـــ الشَّرَابَ: شراب کو پتلا کرنے کیلئے پانی اور کوئی دوسری سیال چیز ملانا

ـــ اللَّبَنَ: دودھ میں پانی زیادہ کرنا

ـــ العَقْرَبُ: بچھو کا ڈنک مارنا.

ـــ الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا.

ـــ الكِبْرِيتَةَ: دیاسلائی رگڑنا.

أَشْحَطَهُ: دور کرنا، دھتکارنا.

شَحَّطَهُ فِي دَمِهِ و بِدَمِهِ: خون میں تڑپانا، لت پت کرنا.

الشَّاحِطُ: دور دراز.

الشَّحَّاطَةُ: دیاسلائی.

الشَّاحُوطَةُ: دندانے دار پتھر توڑنے کا ہتھوڑا.

الشَّحْطُ: وہ لکڑی جس پر انگور کی بیل یا درخت کی لٹکی ہوئی شاخوں کو سہارا دے کر سیدھا کیا جائے، ٹیک، سہارا (۲) پرندے کی بیٹ (۳) خون میں آلودگی.

الشَّحْطَةُ: خراش، رگڑ کا نشان.

الشَّحَّيطَةُ و الشَّحِّيطَةُ: دیاسلائی.

الشُّوحَطُ: ایک پہاڑی پھل دار درخت جس کی لکڑی سے کمانیں بنائی جاتی ہیں، اس کا پھل لمبے انگور کی طرح ہوتا ہے اور کھایا جاتا ہے. واحد: شوحطةٌ (غالبا کھرنی)

•شَحْطَطَ الشَّيْءَ: جگہ جگہ گھسیٹتے پھرنا.

•شَحَفَ الشَّيْءَ ـَ شَحْفًا: چھیلنا.

شَحَّفَ البِطِّيخَ: تربوز کے بڑے بڑے لمبے ٹکڑے کرنا (۲) خوب چھیلنا.

الشِّحْفَةُ: لمبی قاش (۲) چھلکا.

•شَحَكَ الجَدْيَ ـَ شَحْكًا: بکری کے بچے کے تھوتھنی یا چھینکا لگانا تاکہ وہ دودھ نہ پی سکے.

الشِّحَاكُ: تھوتھنی، منہ کو لگانے کا چھینکا.

•شَحَّلَ الكَرْمَ: انگور کی بیل کی شاخیں تراشنا.

•شَحَمَ الطَّعَامَ و الخُبْزَ ـَ شَحْمًا: چربی یا روغن ملانا، مرغن بنانا.

ـــ القَوْمَ: چربی کھلانا.

شَحِمَ ـَ شَحَمًا: چربی دار ہونا، فربہ ہونا، چربی سے بھرا ہوا ہونا.

ـــ العِنَبُ: انگور کا رس کم اور چھلکا موٹا ہونا، نیم خشک ہونا.

ـــ الرُّمَّانُ: انار کے دانوں کی جھلی کا موٹا ہونا.

ـــ إِلَى الشَّحْمِ: چربی کا خواہش مند ہونا

أَشْحَمَ: کسی پر چربی چڑھنا، چربی والا ہونا.

ـــ القَوْمَ: چربی کھلانا.

شَحَّمَ: خوب چربی ملانا، خوب روغن ڈالنا (۲) موٹا کرنا، خوب چکنا کرنا.

ـــ الآلَةَ: مشین میں گریس ڈالنا، تیل ڈالنا.

الشَّحْمُ: چربی، چکنائی (۲) گریس، مشین میں

لگانے کا گاڑھا نیل (۲) پھل، گودا ج: شُحُومٌ - کہتے ہیں: لَقِيْتُهُ بِشَحْمِ كُلَاهُ: میں نے اس سے اس کی حالتِ نشاط میں ملاقات کی۔
الشَّحْمَةُ: چربی کا ٹکڑا۔
شَحْمَةُ الْعَيْنِ: آنکھ کا ڈھیلا۔
شَحْمَةُ الْأَرْضِ: ایک چھوٹا سفید کیڑا (۲) سانپ کی چھتری۔
شَحْمَةُ الْأُذُنِ: کان کی لو۔
شَحْمَةُ الرُّمَّانِ: انار کے اندر کا باریک چھلکا۔
شَحْمَةُ الْمَرَجِ: خطمی۔ کہاوت ہے: ما كُلُّ بَيْضَاءَ شَحْمَةٌ و لا كُلُّ سَوْدَاءَ تَمْرَةٌ: نہ تو ہر سفید چیز چربی ہوتی ہے اور نہ ہر سیاہ چیز چھوارا ہوتی ہے۔
حَجَرُ شَحْمٍ: خاص قسم کا عمارتی پتھر
الشَّاحِمُ و الشَّحَّامُ: چربی فروش (۲) چربی خور۔ رَجُلٌ شَاحِمٌ لَاحِمٌ: لحیم شحیم آدمی۔
الشَّحِمُ: تھوڑے رس والا انگور۔
الشَّحِيْمُ: موٹا، چربی دار۔ رَجُلٌ شَحِيْمٌ: موٹا تازہ آدمی۔
الشَّحِيْمَةُ: سریانیوں کے یہاں فرائض کی کتاب۔
الْمُشْحِمُ: چربی دار، موٹا، بہت گودے والا پھل (۲) اپنے پاس بہت چربی رکھنے والا۔
الْمُشَحَّمُ: چربی چڑھا ہوا، روغن دار، مرغن خوب موٹا۔
•شَحَنَ السَّفِيْنَةَ وغيرَها ـ شَحْنًا: کشتی یا جہاز وغیرہ پر سامان لادنا۔ سامان سے بھرنا۔ کہتے ہیں: شَحَنَ الْبَلَدَ بِالْخَيْلِ: شہر کو گھوڑوں سے بھر دیا۔
شَحَنَ الْبِضَاعَةَ: سامان بھیجنے کے لئے لادنا، لاد کر بھیجنا۔
ـــ الْإِنَاءَ و نَحْوَهُ: بھرنا۔
ـــ فُلَانًا: دھتکارنا، دور کرنا۔
ـــ الْكِلَابُ: کتوں کا شکار کے پیچھے دوڑنا اور شکار نہ کر سکنا۔
شَحِنَ عَلَيْهِ ـ شَحَنًا: کسی کی طرف سے کینہ رکھنا، کسی سے بغض رکھنا۔
أَشْحَنَ: أَشْحَنَ لَهُ بِسَهْمٍ: کسی پر تیر مارنے کے لئے تیار ہونا۔
شَاحَنَهُ: دشمنی کرنا، بغض رکھنا۔
تَشَاحَنُوا: باہم بغض و عداوت رکھنا۔
التَّشَاحُنُ: باہمی دشمنی، جھگڑا۔
الشَّاحِنُ: لادنے والا (۲) لدا ہوا، بھرا ہوا
مَرْكَبٌ شَاحِنٌ: لدی ہوئی سواری (جہاز وغیرہ)
الشَّاحِنَةُ و السَّيَّارَةُ الشَّاحِنَةُ: ٹرک، سامان لادنے کی موٹر گاڑی
شَاحِنَةُ الْبَرِيْدِ: پوسٹل وین، ڈاک لے جانے والی ڈاک خانہ کی گاڑی۔
الشَّاحِنَةُ الصَّغِيْرَةُ لِرَفْعِ الْأَثْقَالِ: لفٹ ٹرک۔
الشَّحْنَاءُ: بغض و عداوت، کینہ۔
الشَّحْنُ: لدان، باربرداری۔
الشِّحْنَةُ: بغض و عداوت (۲) کشتی یا جہاز وغیرہ میں بھرا جانے والا سامان لوڈ، لدا ہوا سامان، کھیپ (۳) رسد، راتب (وقت معین کے لئے خاص کی ہوئی خوراک وغیرہ) (۴) شہر کی پولس (۵) گھوڑ سوار دستہ ج: شِحَنٌ۔
شِحْنَةُ الْإِيْمَانِ: ایمان کی طاقت۔
الشِّحْنَةُ الْكَهْرَبَائِيَّةُ: چارج کی ہوئی بجلی، بیٹری کا مسالا۔
الشِّحْنَةُ الْمُتَفَجِّرَةُ: آتش گیر مادہ۔ دھماکہ خیز مادہ۔
الشِّحْنَةُ الْمُسْتَعْجَلَةُ: جلد بھیجا جانے والا سامان۔
الشِّحْنَةُ النَّاسِفَةُ: پھٹنے والا مادہ، آتش گیر مادہ۔
الشِّحْنَاتُ الصَّادِرَةُ: باہر بھیجا جانے والا سامان۔
شِحْنَاتُ أَسْلِحَةٍ: سامان کی بڑی مقدار کھیپیں۔
الْمُشَاحَنَةُ: بغض و عداوت۔
الْمُشَاحِنُ: دشمن، کینہ ور۔
الْمَشْحُوْنُ: لدا ہوا، بھرا ہوا۔
الْمَشْحُوْنُ بِالْعُنْفِ: پر تشدد۔
•شَحَا فُلَانٌ ـ شَحْوًا: لمبے قدموں سے چلنا، بڑے بڑے ڈگ بھرنا (۲) ٹانگیں چوڑی کرنا۔ کہتے ہیں: شَحَا فِي الْفِتْنَةِ: فساد پھیلانا، شر کو ہوا دینا۔
ـــ فَمَهُ: منہ کھولنا۔
شَحِيَ فَمَهُ ـ شَحْيًا: منہ کھولنا۔
تَشَحَّى فِي الشَّيْءِ: پھیلانا، وسعت اختیار کرنا۔
ـــ فِي السَّوْمِ: نرخ بڑھانا قیمت زیادہ کرنا۔
ـــ عَلَى فُلَانٍ: کسی کے خلاف زبان کھولنا، زبان زوری کرنا۔
الشَّحَاءُ: ہر وسیع و کشادہ چیز۔
الشَّحْوُ: جوف، اندرونی حصہ۔
الشَّاحِيَةُ: منہ کھلا رکھنے والا گھوڑا ج: شَوَائِحُ۔
الشَّحْوَاءُ: چوڑا کنواں۔
الشَّحْوَةُ: قدم، ڈگ۔ کہتے ہیں: فَرَسٌ رَغِيْبُ الشَّحْوَةِ: مناسب رفتار کا گھوڑا۔ فَرَسٌ بَعِيْدُ الشَّحْوَةِ: دراز قدم یا تیز رفتار گھوڑا۔ فُلَانٌ

بَعِيدُ الشَّحْوَةِ فِى مَقَاصِدِهٖ: فلاں کے مقاصد بلند ہیں۔ اِنَاءٌ بَعِيدُ الشَّحْوَةِ: گہرے یا چوڑے پیٹ کا برتن۔

ش — خ

• شَخَبَ اللَّبَنُ ــَـ شَخْبًا: دودھ کا تھن سے آواز کے ساتھ نکلنا۔
ـــ الدَّمُ من الجُرْحِ: زخم سے خون نکلنا، بہنا۔ کہتے ہیں: شَخَبَتْ اَوْدَاجُ القَتِيلِ دَمًا: مقتول کی رگوں سے خون ابل پڑا۔
اِنْشَخَبَ اللَّبَنُ: دودھ کا خوب نکلنا
ـــ العِرْقُ دَمًا: رگ سے بہت خون نکلنا، ابل پڑنا۔
الأُشْخُوبُ: دودھ دوہنے کی آواز۔
الشَّخْبُ و الشُّخْبُ: دودھ نکالتے وقت دودھ کی ایک دھار۔ کہاوت ہے: شُخْبٌ فِى الاناءِ و شُخْبٌ فِى الارضِ: ایک دھار برتن میں اور ایک دھار زمین پر۔ ایسے شخص کے بارہ میں جو کبھی صحیح کام کرتا ہو اور کبھی غلط۔
الشُّخْبَةُ: الشُّخْبُ ج: شِخَابٌ۔
الشُّنْخَابُ و الشُّنْخُوبُ: پہاڑ کی چوٹی ج: شَنَاخِيبُ۔
• شَخُتَ ــُـ شُخُوتَةً: چھریرے بدن کا ہونا، لاغر ہونا، دبلا پتلا ہونا هو شَخْتٌ و شَخِيتٌ ج: شِخَاتٌ۔
شَخَّتَ شَيْئًا اليه: پہنچانا۔
الشَّخْتُ: پیدائشی دبلا۔ فلان شَخْتٌ وهو شخت العطاءِ: وہ بخیل ہے۔ و شَخْتُ الخُلُقِ: وہ رذیل اخلاق والا ہے۔ ج: شخات۔

• شَخَّ فى نَوْمِهٖ ــُـ شَخًّا: خرّاٹے لینا
ببولہٖ شَخِيخًا: زور کے ساتھ پیشاب کی دھار مارنا۔
الشَّخَاخُ: پیشاب۔
الشَّخَّاخُ: بستر پر پیشاب کرنے والا۔
• شَخَرَ ــِـ شَخْرًا و شَخِيرًا: حلق میں آواز گھمانا اور نہ بولنا، گنگنانا، خرّاٹے لینا۔
ـــ الفَرَسُ: گھوڑے کا ہنہنانا
ـــ الحِمَارُ: گدھے کا رینکنا، آواز نکالنا، ڈھینچوں ڈھینچو کرنا۔
شَخَّرَ الحِلْسَ: کجاوہ باندھنے کے لئے جانور کی کمر سے ٹاٹ یا کمبل اٹھانا۔
ـــ النَّخْلَةَ: کھجور کے خوشہ کو ٹہنی کا سہارا دینا۔
الشَّخْرُ من الشَّبابِ: آغاز جوانی۔
ـــ من الرَّحْلِ: کجاوہ کی درمیانی جگہ
الشَّخِيرُ: خرّانٹوں کی آواز، گنگنا ہٹ (۲) پہاڑی راستہ۔
الشِّخِّيرُ: بہت خرّانٹے لینے والا۔
• شَخَزَ ــَـ شَخْزًا: بے چین اور بے قرار ہونا۔
ـــ الأَمْرُ عليه: معاملہ کا الجھنا۔
ـــ فُلانًا بالرُّمحِ: نیزہ مارنا۔
ـــ بين القومِ: پھوٹ ڈالنا۔
تَشَاخَزَ القَوْمُ: باہم بغض و عناد رکھنا۔
الشَّخْزُ: سختی، الجھن۔
• شَخِسَ ــَـ شَخَسًا: آدمی کا بے چین ہونا (۲) گدھے کا جمائی لینے کے لئے منہ کھولنا۔
ـــ الأَمْرُ: معاملہ کا غلط رخ اختیار کرنا۔ الأَمْرُ شَخِيسٌ۔
أَشْخَسَ فُلانًا و بِهٖ: غیبت کرنا۔
ـــ له فى المَنْطِقِ: کسی کے ساتھ بات چیت میں تلخی اور ترش روئی سے پیش آنا۔

شَاخَسَ أَمْرُ القَوْمِ: لوگوں میں باہم اختلاف ہونا۔
ـــ الحِمَارُ: گدھے کا لید سونگھ کر سر اٹھا کر منہ کھولنا۔
تَشَاخَسَتْ أَسْنَانُهٗ: دانتوں کا بے ترتیب اور بے ڈھنگا ہو جانا۔
ـــ ما بينَ القومِ: لوگوں میں بگاڑ و فساد پیدا ہو جانا۔
الشَّخِيسُ: بگڑا ہوا معاملہ (۲) حسکم کی خلاف ورزی کرنے والا۔
• شَخْشَخَ القَشُّ و نَحْوُهٗ: پھوس وغیرہ کی آواز پیدا ہونا۔
ـــ السِّلاحُ: ہتھیاروں کی آواز ہونا، جھنکار ہونا۔
ـــ ببولہٖ: پیشاب کی لمبی دھار مارنا۔
ـــ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بیٹھے بیٹھے سینہ اوپر کرنا۔
الشَّخْشَخَةُ: ہتھیاروں کی جھنکار (۲) کاغذ یا پھوس وغیرہ کی کھڑکھڑاہٹ۔
• شَخَصَ الشَّيْءُ ــَـ شُخُوصًا: بلند ہونا (۲) دور سے نظر آنا۔
ـــ السَّهْمُ: تیر کا نشانہ خطا کرنا، نشانہ کے اوپر سے گزر جانا۔
ـــ من بَلَدِهٖ و عنه: وطن سے نکلنا، روانہ ہونا۔
ـــ اليه: واپس آنا، لوٹنا۔
ـــ أَمَامَهٗ: کسی کے سامنے حاضر ہونا (۲) کسی کے سامنے تصویر بن کر آنا۔
ـــ فُلانٌ بَصَرَهٗ و بِبَصَرِهٖ: نگاہ کا اٹھی کی اٹھی رہ جانا، ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا، ٹکٹکی بندھ جانا۔ قرآن پاک میں ہے: "إِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيهِ الْأَبْصَارُ" (۲) نگاہ اٹھا کر دیکھنا (۳) آنکھیں پھٹی رہ جانا۔ شَخَصَتْ أَبْصَارُهُمْ: وہ ہکا بکا رہ گئے۔

شَخَصَ النَّجْمُ: ستارہ کا چمکنا، طلوع ہونا
— الجُرْحُ: زخم کا سوجنا
— المَيِّتُ بَصَرَہ و ببصرہ: مردہ کی آنکھوں کا کھلا رہ جانا۔
شَخُصَ فُلانٌ ـُ شَخَاصَةً: بھاری بدن والا ہونا، موٹا ہونا۔ هـو شَخِيصٌ وهي شَخِيصَةٌ۔
أَشْخَصَ فُلانٌ: کسی کی روانگی کا وقت آجانا۔
— الرَّامِي: تیر انداز کے تیر کا نشانہ کو خطا کرنا یا نشانہ کے اوپر سے گزارنا۔ کہتے ہیں: أَشْخَصَ سَهْمَهُ وبه۔
— فُلانًا من بَلَد: شہر یا ملک سے نکالنا، روانہ کرنا۔
— فُلانًا إليه: کسی کو کسی کے پاس بھیجنا
شَخَّصَ الشَّيءَ: متعین کرنا (۲) دوسروں سے ممتاز و نمایاں کرنا۔
— الدَّاءَ: بیماری کی تشخیص کرنا (یعنی سمجھ کر اسے متعین کرنا)
— المُشْكِلَةَ: مسئلہ کی نشاندہی کرنا، متعین و مقرر کرنا۔
— الشَّيءَ: مجسّم کر کے دکھانا۔
تَشَخَّصَ الأَمْرُ والشَّيءُ: متعین ہونا، ممتاز ہونا، نگاہ کے سامنے آنا، مجسّم ہونا۔
الشَّاخِصُ: نظر آنے والی شے، سامنے آنے والا، حاضر (۲) مقررہ حد کی علامت، نشان۔
الشَّخْصُ: ہر نمایاں اور بلند جسم، دور سے نظر آنے والا جسم، جثہ (۲) شخص، انسانی فرد، ذات، وجود، فلاسفہ کے نزدیک وہ ذات جو اپنا شعور رکھتی ہو اور اپنے ارادے میں مختار ہو ج: أَشْخَاصٌ و شُخُوصٌ۔

الشَّخْصُ الأَخْلاقِيُّ: اخلاقی قدروں کا انسان جس میں معاشرہ کے ساتھ عقلی اور اخلاقی شرکت کی تمام صفات موجود ہوں۔
شَخْصٌ مجهولُ الهُوِيَّةِ: نامعلوم فرد
الشَّخْصِيُّ: ذاتی، انفرادی۔ ایک فرد انسانی سے متعلق، خصوصی، پرسنل۔
شَخْصِيًّا: ذاتی طور پر، نجی طور پر۔
الشَّخْصِيَّةُ: ہستی، ممتاز ہستی، پرسنالٹی، (۲) امتیازی حیثیت ج: شَخْصِيَّات
الشَّخْصِيَّةُ الفَرْدِيَّةُ: انفرادی حیثیت
الشَّخْصِيَّةُ المَعْنَوِيَّةُ: اخلاقی یا روحانی حیثیت۔
شَخْصِيَّةٌ مَفْقُودَةُ الكِيَان: بے حیثیت ذات۔
الأَحْوال الشَّخْصِيَّةُ: خاندان سے متعلق شرعی مسائل واحکام جیسے نکاح وطلاق اور میراث کے مسائل پرسنل لا۔
البِطَاقَةُ الشَّخْصِيَّةُ: دیکھئے: (بطاقة)
الشَّخِيصُ: ممتاز و نمایاں فرد، سردار (۲) بڑا، مضبوط۔
— مِن المَنْطِق: تیز و تند گفتگو یا تیز و تند گفتگو کرنے والا۔
• شَخَلَ الشَّرابَ ـَ شَخْلاً: صاف کرنا۔
— النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوہنا۔
شَاخَلَهُ: سچی دوستی کرنا۔
الشَّخْلُ والشَّخِيلُ: سچا دوست۔
المِشْخَل والمِشْخَلَة: چھلنی۔
• شَخِمَ الطَّعَامُ ـَ شَخَمًا: بدبو ہونا، خراب ہوجانا۔ شَخِمَ فَمُ فُلانٍ: منھ سے بدبو آنا۔ هو شَخِمٌ۔
أَشْخَمَ: شَخِمَ (۲) دودھ کا کھٹا ہو کر پھٹ جانا۔
الأَشْخَمُ: فُلانٌ أَشْخَمُ الرَّأْسِ: وہ شخص جس کے سر پر سفید بال غالب ہوں۔ شَعْرٌ أَشْخَمُ: سفید بال، عامٌ أَشْخَمُ: بے آب و گیاہ سال، خشک سال۔ رَوْضٌ أَشْخَمُ: بے رونق باغ جس میں پودے نہ ہوں
الشُّخَّمُ: وہ لوگ جن کی ناک تیز خوشبو یا بدبو سے بند ہوگئی ہو۔

ش ـــــ د

• شَدَخَ الشَّيءَ ـَ شَدْخًا: توڑنا۔ کہتے ہیں: شَدَخَ الرَّأْسَ والحَنْظَلَ۔
— دَمَ فُلانٍ: کسی کا خون رائگاں کرنا۔
شَدَخَتِ الغُرَّةُ ـَ شُدُوخًا: پیشانی کا سفید نشان پھیلنا۔
انْشَدَخَ: ٹوٹنا۔
تَشَدَّخَ: ریزہ ریزہ ہوجانا
شَدَّخَ: ریزہ ریزہ کرنا۔
الأَشْدَخُ: شیر۔ ناک تک پھیلی ہوئی سفیدی والا گھوڑا ج: شُدْخٌ۔
الشَّادِخُ: چھوٹا، نازک۔
غُلامٌ شادِخٌ: جوان لڑکا۔
أَمْرٌ شادِخٌ: غیر معتدل۔
الشَّادِخَةُ: پیشانی پر ناک تک پھیلی ہوئی سفیدی۔
الشَّدَخُ: ناتمام بچہ۔
الشَّدْخَةُ: ایک ضرب (۲) نرم و نازک کونپل۔
المِشْدَخُ والمِشْدَخَةُ: توڑنے کا آلہ ج: مَشَادِخُ۔
• شَدَّ الشَّيءُ ـِ شِدَّةً: سخت ہونا، مضبوط ہونا، طاقتور ہونا (۲) بھاری ہونا۔
— فُلانٌ شَدًّا: دوڑنا۔

شَدَّ النَّھارُ: دن چڑھنا۔
— علیه فی الحَرْبِ: زوردار حملہ کرنا دھاوا بولنا۔
— علٰی فُلانٍ: سختی کرنا، دباؤ ڈالنا۔
— الحَرْفَ: تشدید دینا۔
— علٰی قَلْبِه ـــ شَدًّا: مہر لگانا، راستہ بند کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "واشْدُدْ علٰی قُلُوبِهِم فَلَا یُؤْمِنُوا حَتّٰی یَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِیْمَ"۔
— فُلانًا: مشکیں کسنا، بازو باندھنا، مضبوط باندھنا۔
— علٰی یَدِہ: ہاتھ مضبوط کرنا، مدد کرنا۔
— العُقْدَةَ: گرہ مضبوط کرنا۔
— رِحَالَهُ: سفر کے لئے تیار ہونا۔
— مِئْزَرَہُ: کوشش کرنا، محنت سے کام کرنا، کمر بستہ ہونا۔
— الحَبْلَ و نَحْوَہُ: رسّی وغیرہ کو کھینچنا، پھیلانا۔
— الشیءَ: سخت کرنا (۲) باندھنا۔
— أَزْرَہُ: پشت پناہی کرنا، مدد کرنا۔
— عَضُدَہُ: ہاتھ مضبوط کرنا، مدد دینا۔
— انتباهَ فُلانٍ الٰی کذا: توجہ مبذول کرانا۔
لَشَدَّ مَاجَنٰی و شَدَّ مَاجَنٰی: اس نے بڑا ہی سنگین جرم کیا۔
أَشَدَّ الفَتٰی: عقل و عمر میں کمال کو پہنچنا، بالغ ہونا، پختہ عقل ہونا (۲) طاقتور سواری والا ہونا۔ حدیث میں ہے: یَرُدُّ مُشِدُّهُم علٰی مُضْعِفِهِم۔
شَادَّہُ مُشَادَّةً و شِدَادًا: کسی پر غالب آنا، مقابلہ کرنا، زور آزمائی کرنا۔
— فی الأمرِ: کسی کام کو زور شور سے کرنا، نرمی نہ برتنا۔ حدیث میں ہے: "لَنْ یُّشَادَّ الدِّیْنَ اَحَدٌ اِلَّا غَلَبَهٗ" جو کوئی دین سے زور آزمائی کرے گا، دین اس کو پچھاڑ دے گا۔
شَدَّدَ: بہت مضبوط و پختہ کرنا (۲) زور سے باندھنا، کس کے باندھنا
— الأمرَ: لازم کرنا۔
— الحَرْفَ: حرف کو حرف میں ملانا، تشدید دینا، مشدّد کرنا۔
— الحِصارَ علی: کسی کے خلاف سخت ناکہ بندی کرنا، سخت محاصرہ کرنا۔
— الحِراسَةَ علی: پہرہ سخت کرنا
— الرِّقابَةَ علی: نگرانی کو سخت کردینا۔ سخت کنٹرول کرنا۔
— فی الأمرِ: سختی برتنا، سختی کرنا۔
— الصَّوتَ: لہجہ سخت کرنا۔
اشْتَدَّ: طاقتور ہونا، مضبوط ہونا، سخت ہونا (۲) بڑھنا، زیادہ ہونا جیسے: اشْتَدَّ مَرَضُهُ واشْتَدَّ بِهِ المَرَضُ۔
— علیه فی الأمرِ: کسی پر کسی معاملہ میں سخت ہونا۔
— فی عَدْوِہ: تیز دوڑنا۔
— النَّھارُ: دن چڑھنا۔
— السِّعْرُ: نرخ بڑھنا۔
— اللَّبَنُ: دودھ کا بستہ ہوجانا، خشک ہوکر پنیر وغیرہ بنجانا۔
— علٰی قِرنِه فی الحَرْبِ: اپنے مقابل پر لڑائی میں حملہ کرنا۔
— علیه المَرَضُ: بیماری کا بڑھ جانا
تَشَادَّا: باہم زور آزمائی کرنا۔
تَشَدَّدَ فی الأمرِ: تشدد و سختی برتنا۔ سخت ہوجانا، نرم نہ پڑنا (۲) بخل کرنا۔
الأَشُدُّ: بلوغ، عمر و عقل کی پختگی۔ کہتے ہیں: بَلَغَ أَشُدَّہُ: مرد کامل ہونا، بالغ و عاقل ہوجانا، عمر و عقل کی پختگی کو پہنچ جانا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلَمَّا بَلَغَ أَشُدَّہُ وَاسْتَوٰی آتَیْنَاہُ حُکْمًا وَّ عِلْمًا" دوسری جگہ ہے "وَلَا تَقْرَبُوا مَالَ الْیَتِیْمِ اِلَّا بِالَّتِیْ ھِیَ اَحْسَنُ حَتّٰی یَبْلُغَ اَشُدَّہُ" یہ لفظ صرف جمع ہی مستعمل ہے۔
الأَشَدُّ: بہت مضبوط و طاقتور، بہت سخت۔
الشِّدادُ: رسّی وغیرہ جس سے کوئی چیز باندھی جائے۔
الشَّدُّ: کشش، بندش، کسائی۔ کہتے ہیں: لا یَقْوٰی علٰی شَدٍّ ولا اِرْخَاءٍ: وہ بست و کشاد پر قادر نہیں وہ کچھ نہیں کرسکتا۔
أَتَانَا شَدَّ النَّھارِ و شَدَّ الضُّحٰی: وہ ہمارے پاس دن چڑھے آیا یا قبل ظہر آیا۔
الشَّدَّةُ: تناؤ کھنچاؤ (۲) بستہ (۳) جھٹکا کشش (۴) بندش (۵) حملہ (۶) تشدید کے دندانے۔
الشَّدّادَةُ: ڈاٹ۔
شَدَّةُ ورقِ اللَّعِبِ: تاش کا پیکٹ۔
الشِّدَّةُ: سختی (۲) دباؤ (۳) طاقت (۴) تنگی (۵) مصیبت و پریشانی (۶) بحران (۷) مضبوطی، کرختگی۔
شِدَّةُ العَیْشِ: تنگ حالی۔
الشَّدِیدُ: طاقتور، مضبوط (۲) سخت، بہادر (۳) بخیل (۴) بلند (۵) گاڑھا (۶) شیر ج: أَشِدَّاءُ و شِدَادٌ ھُنَّ شِدَادٌ و شَدَائِدُ۔
شَدِیْدُ القُوٰی: بہت طاقتور، بڑی قدرت والا۔ قرآن پاک میں ہے:

"عَلَّمَهُ شَدِيْدُ الْقُوَى"
شَدِيْدُ الْبَأْس: جنگجو، بڑا حوصلہ مند
عِطْرٌ شَدِيْدٌ: تیز خوشبو کا عطر۔
رَجُلٌ شَدِيْدُ الْعَيْنِ: بہت بیدار شخص جسے نیند نہ آتی ہو۔
اَلشَّدِيْدَةُ: مؤنث الشدید (۲) مصیبت، سختی ج: شَدَائِدُ۔
الحُرُوفُ الشَّدِيْدَةُ: آٹھ حرف ہیں جن کے مخرج پر تھوڑے وقفہ کے لئے ہوا بند ہو جاتی ہے: الف، ہمزہ، با، تا، ج، ط، د، ق۔
المُشَادَّةُ: زور آزمائی۔
المُشَادَّةُ الكَلَامِيَّة: جھڑپ، سخت کلامی
المَشَدُّ: عورت کا کمر پر باندھنے کا کپڑا۔
الَمُشَدُّ: مضبوط چوپائے والا۔
المُتَشَدِّدُ: سخت گیر، تشدد پسند (۲) بخیل
المُشَدَّدُ: تشدید والا (۲) سخت، مضبوط، مستحکم۔

•شَدَفَهُ ـِ شَدْفًا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

شَدِفَ ـَ شَدَفًا: مستانا، جھومنا، حد سے زیادہ خوش ہونا، جانور کا بدکنا، مستی میں آنا (۲) غرور سے منھ ٹیڑھا کرنا۔ هو اَشْدَفُ وهي شَدْفَاءُ ج: شُدْفٌ۔
تَشَادَفَ: مڑنا، بل کھانا۔
أَشْدَفَ اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔
الأَشْدَفُ: کھبّو (بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا) (۲) بڑے ڈیل ڈول کا گھوڑا ج: شُدَفَاءُ م: شَدْفَاءُ ج: شُدُفٌ۔
الشَّادُوفُ: آب پاشی کا بڑا ڈول جو بڑی بلّی میں بندھا ہوتا ہے اور اس کے ذریعہ نہر وغیرہ سے پانی اٹھا کر سیراب کیا جاتا ہے۔

الشَّدَفُ: دور سے دکھائی دینے والا وجود (۲) رخسار کا جھکاؤ (۳) اونٹ کے سر کا موڑ (۴) تاریکی (۵) شرافت ج: شُدُوفٌ
الشُّدْفَةُ: ٹکڑا (۲) لقمہ (۳) رات کا حصہ ج: شُدَفٌ۔

•شَدِقَ ـَ شَدَقًا: چوڑی باچھوں والا ہونا، بڑے جبڑے والا ہونا۔ هو اَشْدَقُ وهي شَدْقَاءُ ج: شُدْقٌ۔
تَشَدَّقَ: چبانے کے لئے جبڑے ہلانا، باچھیں ہلانا (۲) عمدہ گفتگو کے لئے باچھوں کو موڑنا۔
ـــ بالكلام: کھل کر بات کرنا۔ قَالَ او تكلّم بِمِلْءِ شِدْقِيْهِ: اس نے صاف کہا، واضح کلام کیا، زور شور سے کہا۔
الاَشْدَقُ: خَطِيْبٌ اَشْدَقُ: بلند آواز پر زور مقرر (۲) باتونی (۳) چوڑے جبڑے والا۔ هي شَدْقَاءُ
شَفَةٌ شَدْقَاءُ: چوڑا ہونٹ، چوڑی باچھوں والا ہونٹ۔
الشِّدْقُ: گوشۂ دہن، باچھ، جبڑا ج: اَشْدَاقٌ و شُدُوقٌ۔
الشَّدْقَمُ: چوڑی باچھوں والا، کشادہ دہن۔
الشِّدْيَاقُ: کاہن سے کم درجہ کا پادری

•شَدَنَ الظَّبْيُ ـُ شُدُوْنًا: ہرن کا بڑا ہو کر ماں سے الگ ہو جانا۔ هو شَادِنٌ۔
أَشْدَنَتِ الظَّبْيَةُ و نَحْوُهَا: ہرنی کا جوان بچے والی ہونا۔ هي مُشْدِنٌ ج: مَشَادِنُ۔
الشَّادِنُ: ہرنی کا جوان بچہ ج: شوادِن
الشَّدَنُ: چنبیلی کے مانند پھول والا ایک پودا۔

•شَدَهَ فُلَانًا ـَ شَدْهًا: حیرت میں ڈالنا، حیران کرنا۔
شُدِهَ بِالأَمْرِ: کسی معاملہ میں ہکّا بکّا رہ جانا۔ حیرت و پریشانی میں پڑنا، حیرت زدہ ہونا۔
أَشْدَهَهُ: حیرت میں ڈالنا، مبہوت بنا دینا
انْشَدَهَ: حیران رہ جانا، ہکّا بکّا رہ جانا۔
الشُّدَاهُ: حیرت، پریشانی، حواس باختگی
المَشَادِهُ: مشاغل، حیران کن امور۔ واحد: مَشْدَهَة۔
المَشْدُوْهُ: حیرت زدہ۔ مبہوت۔

•شَدَا ـُ شَدْوًا: گانا، سُر نکالنا، اونٹ کو ہکانے کے لئے حُدی پڑھنا۔
ـــ بالشِّعْرِ: ترنم سے شعر پڑھنا، گانا (۲) پرندہ کا چہچہانا۔
ـــ من الأدب و العِلم: علم و ادب کا کچھ حصہ حاصل کرنا۔
ـــ شَدْوَ فُلَانٍ: نقل اتارنا، نقش قدم پر چلنا۔
أَشْدَى: عمدہ گانا گانا۔
الشَّادِيْ: حدی خواں، گویّا، ترنم ریز (۲) علم و ادب کا طالب ج: شُدَاةٌ۔
الشَّدَا: قدرے طاقت، بچی کھچی طاقت کہتے ہیں: لَمْ يَبْقَ من قُوَّتِهِ إِلَّا شَدًا: اس میں معمولی رمق رہ گئی ہے (۲) ہر چیز کا کنارہ، حد (۳) گرمی (۴) کھجلی۔
الشَّدْوُ: بہت میں تھوڑی مقدار۔ کہتے ہیں: اَخَذَ شَدْوًا من المَالِ۔

ش ـــــ ذ

شَذَبَ اللِّحَاءَ ـِ شَذْبًا: چھال اتارنا، بکّل اتارنا۔
ـــ العُوْدَ: شاخ کی ٹہنیاں صاف کرنا (تاکہ اس کی چھال اتاری جائے)۔

شَذَبَ عن فُلَانٍ: دفاع کرنا، شر دور کرنا۔
شَذَّبَ اللِّحَاءَ والعُودَ والشَّجَرَ: کاٹنا، تراشنا، چھیلنا، کاٹ تراش کر عمدہ بنانا، درخت کی ٹہنیاں کاٹنا۔
ــــ الشَّیْءَ: تتر بتر کرنا، بکھیرنا۔ شَذَّبَ المَالَ: مال کو تباہ و برباد کرنا، لٹانا۔
ــــ فُلَانًا عن الشَّیْءِ: ہٹانا، دھتکارنا۔
تَشَذَّبَ القَوْمُ: منتشر ہونا۔
الشَّاذِبُ: پردیسی (۲) ناامیدی کا شکار مایوس۔
التَّشْذِیبُ: کاٹ تراش کر پھینکی جانیوالی چیز۔ کاٹی ہوئی بیکار شاخیں پتے وغیرہ (۲) ہر شے کا باقی ماندہ حصہ۔ کہتے ہیں: فی الأَرْضِ شَذَبٌ من الکَلَأِ: زمین میں بچی کھچی گھاس ہے ج: أَشْذَابٌ۔
الشَّذِبُ: رَجُلٌ شَذِبُ العُرُوقِ: نمایاں اور ابھری ہوئی رگوں والا آدمی۔
المِشْذَبُ: شاخ تراش آلہ، بڑی قینچی ج: مَشَاذِبُ۔
• شَذَّ ـِ شُذُوذًا: الگ تھلگ ہونا تنہا رہ جانا۔
ــــ عن الجَمَاعَةِ: جماعت سے الگ ہو جانا، جماعت کا مخالف ہونا۔
ــــ الکَلَامُ: کلام کا خلاف قاعدہ اور خلاف قیاس ہونا۔
أَشَذَّ فُلَانٌ: نئی اور نامانوس بات کہنا۔
ــــ الشَّیْءَ: دور کرنا۔
ــــ القَوْلَ: نئی اور نامانوس بات کہنا بے اصول بات کرنا۔
شَذَّذَہٗ: قاعدہ یا قانون سے الگ کرنا، مستثنیٰ کرنا، منفرد و شاذ بنانا۔

الشَّاذُّ: خلاف قیاس، خلاف اصول، خلاف معمول، کم استعمال ہونیوالا (۲) اجنبی، مستثنیٰ، منفرد و غیر معمولی (۳) کمیاب، نادر الوجود، نادر الوقوع ج: شَوَاذُّ۔
رَجُلٌ شَاذٌّ: بداطوار آدمی، ناپسندیدہ شخص، انفرادیت
سُلُوکٌ شَاذٌّ: نامناسب طرز عمل
نَمَطٌ شَاذٌّ: نامانوس طرز، غیر مہذب طرز، منفرد طرز
حَالَةٌ شَاذَّةٌ: غیر معمولی صورت حال۔
الشُّذُوذُ: علیحدگی، انحراف، مخالفت اصول (۲) انفرادیت، ندرت (۳) جماعت سے علیحدگی، انفرادیت پسندی، بے ضابطگی، بے اصولی (۴) حالت استثنائی۔
• شَذَرَ الشَّیْءَ ـُ شَذْرًا: کسی چیز کے اجزاء میں دوسری چیز داخل کرنا
شَذَّرَ العِقْدَ ونَحْوَہٗ: ہار وغیرہ میں موتیوں کے درمیان سونے وغیرہ کے ٹکڑے لگانا، فصل کرنا۔
ــــ الکَلَامَ بِشِعْرٍ: کلام میں شعر لانا۔
ــــ بِفُلَانٍ: کسی کو بدنام کرنا۔
تَشَذَّرَ القَوْمُ: باہم اختلاف کرنا اور ہر ایک کا اپنی اپنی راہ لینا، مختلف سمتوں میں بکھر جانا۔
ــــ فُلَانٌ: لڑائی یا فساد کے لئے تیار رہنا۔
ــــ الرَّجُلُ: غصہ ہونا (۲) مستعد ہونا
ــــ فُلَانًا: دھمکی دینا، ڈانٹنا۔
الشَّذْرُ: کان سے چنے جانے والے سونے کے ٹکڑے، ریزے (۲) وہ مہرے یا منکے جو فاصلہ کے لئے ہار کے موتیوں کے بیچ میں پروئے جائیں

(۳) چھوٹے موتی۔ واحد: شَذْرَةٌ ج: شُذُورٌ و شَذَرَاتٌ۔
شَذَرَ مَذَرَ: کہتے ہیں: تَفَرَّقُوا شَذَرَ مَذَرَ: وہ الگ الگ سمتوں میں منتشر ہو گئے، تتر بتر ہو گئے۔
الشَّوْذَرُ: چادر، بے آستین کرتا۔
• شَذَفَ ـُ شَذْفًا: یہ منفی استعمال ہوتا ہے۔ کہتے ہیں: ما شَذَفْتُ منہُ شیئًا: میں اس سے کوئی چیز حاصل نہ کر سکا۔
• الشَّذَامُ: بچھو یا بھڑ کا ڈنک (۲) نمک۔
الشَّیْذُمَانُ: بھیڑیا۔
الشَّیْذُمَانَةُ: تیز رفتار جوان اونٹنی۔
• شَذَا المِسْکُ ـُ شَذْوًا: مشک کا تیز خوشبو ہونا اور مہکنا۔
ــــ الشیءُ: مہکنا، معطر ہونا۔
ــــ فُلَانٌ: مشک ملنا، مشک بطور خوشبو استعمال کرنا۔
ــــ بالخَبَرِ: خبر معلوم کرکے اسے بتانا۔
أَشْذَاہُ عنہ: ہٹانا، دور کرنا۔
ــــ فُلَانًا: اذیت پہنچانا۔
شَذَّی وشَذَا بالخَبَرِ: خبر معلوم کرکے اسے سمجھانا۔
الشَّذْوُ: مشک، مشک کی خوشبو، مشک کا رنگ۔
الشَّذَا: بو کی تیزی، تیز مہک (۲) عود کے ریزے جن سے خوشبو حاصل کی جائے (۳) اذیت (۴) نمک (۵) کھجلی (۶) مسواک کا درخت (۷) مکھی (۸) ایک قسم کی کشتی۔
الشَّذَاۃُ: الشَّذَا کا واحد۔ ایک ریزہ (۲) طاقت و تیزی کا بقیہ (۳) پرانی چیز ج: شَذَوَاتٌ۔
• شَرِبَ المَاءَ ونَحْوَہٗ ـَ شُرْبًا: پینا، گھونٹ بھرنا۔ ھو شَارِبٌ ج: شَارِبُونَ و شَرَبَۃٌ۔

شَرِبَ السُّنبُلُ الدَّقِيقَ: گیہوں کی بالی یا خوشہ کے دانوں کا سخت ہو جانا اور پکنے کے قریب ہونا۔

— بہ: کسی کے خلاف جھوٹ بولنا۔

— الدُّخَانَ: تمباکو نوشی کرنا۔

اَكَلَ عليه الدَّهرُ و شَرِبَ: وہ ہلاک ہوگیا۔

أَشْرَبَ الرَّجُلُ: کسی کے اونٹوں کے پانی پینے یا کھیتی کے سیراب ہونے کا وقت آنا (۲) سیراب ہونا، سیر ہونا۔

— فُلَانًا: پلانا، سیراب کرنا۔ کہتے ہیں: أَشْرَبَنِي مَالَمْ أَشْرَبْ: اس نے میرے متعلق وہ بات کہی جو میں نے نہیں کی یعنی الزام لگایا۔

— اللَّوْنَ: رنگ کو گہرا کرنا۔

— اللَّوْنَ غَيْرَهُ: رنگ میں دوسرا رنگ ملانا۔ جیسے: أَشْرَبَ البَيَاضَ حُمْرَةً (۲) بھرنا، پیوست کرنا۔ جیسے: أُشْرِبَ قَلْبُهُ حُبَّ الإِيمَانِ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَ أُشْرِبُوا فِي قُلُوبِهِمُ العِجْلَ بِكُفْرِهِمْ"

شَارَبَهُ مُشَارَبَةً و شِرَابًا: کسی کے ساتھ پینا۔

شَرَّبَ قَصَبُ الزَّرْعِ: گنّے میں پانی دوڑنا۔

— فلانا: پلانا (۲) پیوست کرنا، راسخ کرنا، ایک شے کو دوسری میں خوب ملانا۔

تَشَرَّبَ الماءَ و نَحْوَهُ: آہستہ آہستہ چوسنا (۲) جذب کرنا۔ جیسے: تَشَرَّبَ الثَّوبُ العَرَقَ و الصِّبْغَ: کپڑے کا پسینہ یا رنگ کو جذب کر لینا۔

اِسْتَشْرَبَ اللَّوْنُ: رنگ کا تیز ہونا۔

اِشْرَأَبَّ اِلَيهِ و لَه اِشْرِئْبَابًا: گردن لمبی کرنا، لمبی کرکے دیکھنا، اسی سے اسم ہے: الشُّرَأْبِيبَةُ و الشَّرَبِّيَةُ۔

الشَّارِبُ: پینے والا ج: شُرَّابٌ (۲) مونچھ۔ شَارِبَانِ: مونچھ کے دونوں کنارے ج: شَوَارِبُ (۳) گلے کی رگیں۔

الشَّارِبَةُ: مؤنث الشَّارِب (۲) دریا کے کنارے بسنے والی قوم جو اس میں متصرف ہو۔

الشَّرَابُ: پینے کی چیز (۲) شربت، مشروب (۳) شراب ج: أَشْرِبَةٌ۔

الشَّرَّابَةُ: ٹوپی وغیرہ کا پھندنا ج: شَرَارِيبُ۔

الشَّرْبُ: ساتھ مل کر پینے والے لوگ

الشِّرْبُ: پینے کا پانی (۲) پانی کا حصہ (۳) پانی پینے کا وقت، باری، قرآن پاک میں ہے: "لَهَا شِرْبٌ وَ لَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَعْلُومٍ" (۴) دریا کا گھاٹ۔ پانی پینے کی جگہ ج: أَشْرَابٌ۔

الشَّرْبَةُ: ایک گھونٹ (۲) ایک دفعہ پیا جانے والا پانی (۳) ایک دفعہ کا پینا۔

الشُّرْبَةُ: چہرے کی سرخی (۲) سیرابی کے بقدر پانی (۳) سوپ، یخنی، ج: شُرَبٌ۔

الشَّرَبَةُ: پینے کی زیادتی (۲) پیاس کہتے ہیں: لَمْ تَزَلْ بِهِ شَرَبَةٌ هٰذَا اليَوْمَ: آج اسے پیاس لگی رہی۔ يَوْمٌ ذُو شَرَبَةٍ: سخت گرمی اور پیاس کا دن جس میں کثرت سے پانی پیا جائے طَعَامٌ ذُو شَرَبَةٍ: سخت پیاس لگانے والا کھانا (۳) درخت کے ارد گرد کا گڑھا جس میں پانی بھرا جائے ج: شَرَبٌ۔

الشُّرَبَةُ: بہت پینے والا۔

الشِّرِّيبُ: پینے کا دھنی، بہت پینے کا شوقین

الشَّرُوبُ: بکثرت پینے والا (۲) غیر شیریں پانی جو مجبوراً پیا جائے ج: شُرُبٌ

الشَّرِيبُ: بکثرت پینے والا (۲) پینے کا ساتھی، ہم نوش۔

المُشَارِبُ: ہم نوش۔

المَشْرَبُ: پانی پینے کی جگہ۔ قرآن پاک میں ہے: "قَدْ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٍ مَشْرَبَهُمْ" (۲) مشروب (۳) رجحان طبع، خواہش، شوق، ذوق۔ کہتے ہیں: هم قَوْمٌ اخْتَلَفَتْ مشارِبُهُم: ان کے الگ الگ رجحانات اور خواہشات ہیں۔

المَشْرَبَةُ: پانی پینے کی جگہ (۲) سدابہار زمین۔

طَعَامٌ مَشْرَبَةٌ: بہت پیاس لگانے والا کھانا ج: مَشَارِبُ۔

المِشْرَبَةُ: پینے کا برتن وغیرہ ج: مَشَارِبُ

المَشْرُوبُ: شربت، پینے کی چیز ج: مَشْرُوبَاتٌ

المَشْرُوبَاتُ المُنْعِشَةُ: فرحت بخش مشروبات۔

شَرْبَقَ الثوبَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

الشَّرْبِينُ: چیڑ کا درخت۔

• شَرِثَتْ يَدُهُ او رِجْلُهُ ـَ شَرَثًا: کھردرا ہونا، کھال کا موٹا ہونا اور پھٹ جانا، ہاتھ پیر پھٹنا (سردی یا کثرت کار کی وجہ سے) ھو شَرِثٌ۔

— النَّعلُ: جوتا پھٹ جانا، ٹوٹ جانا۔

اِنْشَرَثَتْ يَدُهُ: شَرِثَتْ۔

الشَّرْثُ: تیز تلوار وغیرہ۔

الشَّرِثُ: پھٹی پرانی چیز۔

• شَرَجَ الشيءَ ـُ شَرْجًا: جوڑنا، اجزا کو باہم ملانا۔

— اللَّبِنَ و نَحْوَهُ: اینٹوں کو تہ بہ تہ لگانا، اینٹوں کی چنائی کرنا۔

شَرَجَ العَيبَةَ: بکس وغیرہ کی جالی یا تھیلے کے منھ کو ڈورے سے کس کر باندھنا
ـــ الشَّرابَ بالمَاءِ: شراب میں پانی ملانا
ـــ الثَّوبَ: کپڑے پر دور دور ٹانکے لگانا
شَرِجَ الجِسمُ ـَ شَرَجًا: گُٹھا ہوا ہونا، موٹا اور ٹھکا ہوا ہونا۔
أَشْرَجَ العَيبَةَ او الخِباءَ: تھیلے یا خیمے کے تسمے باندھنا۔ کہتے ہیں:
أَشْرَجَ صَدْرَهُ عَلَى كَذا: دل میں کوئی بات چھپانا۔
شَرَّجَ: اچھی طرح جوڑنا، خوب ملانا (۲) زور سے باندھنا۔
ـــ الثَّوبَ: دور دور ٹانکے لگانا، لحاف وغیرہ میں نگندے ڈالنا۔
انْشَرَجَ: دو ٹکڑے ہونا، پھٹنا۔
تَشَرَّجَ اللَّحمُ بالشَّحمِ: باہم ملجانا، ایک دوسرے میں داخل ہونا۔
الشَّرْجُ: اوپر سے بہہ کر آنے والا نالہ (۲) گروہ کہتے ہیں: اَصبَحُوا فِي هذا الأَمرِ شَرْجَيْنِ: اس معاملہ میں دو گروہ بن گئے (۲) نوع۔ هما شَرْجٌ وَاحِدٌ: وہ دونوں ایک طرح کے ہیں ج: شِرَاجٌ
الشَّرْجَةُ: اوپر سے آنے والی نالی (۲) وہ گڑھا جس میں چمڑا بچھا کر اونٹ کو پانی پلاتے ہیں۔
الشَّرَجُ: خیمہ یا بڑے تھیلے کا کاج نما پھندا جس میں ڈوری ڈال کر باندھتے ہیں (۲) فیتا، ڈور (۳) دُبر کا حلقہ (۴) وادی کا کشادہ حصہ (۵) کمان کی پھٹن ج: اَشْرَاجٌ۔
الشَّرِيجُ: چیری ہوئی لکڑی کا ایک حصہ (دو میں سے)، هما شَرِيجَانِ.
الشَّرِيجَانِ: ہر شے کے دو مختلف رنگ
الشَّرِيجَةُ: کھجور کے پتوں کا بنا ہوا بڑا ٹوکرا (۲) کبوتروں کا بڑا پنجرا (بانس کا بنا ہوا) (۲) بانس یا کھجور کے پتوں کا بنا ہوا ٹٹا یا چھپر جو دکان وغیرہ کے سامنے لگایا جاتا ہے ج: شَرَائِجُ۔
• الشَّيْرَجُ: تلوں کا تیل۔
الشَّرْجَبَانُ: ایک پودا جو رنگائی کے کام میں آتا ہے۔
• شَرْجَعَ الخَشَبَةَ المُرَبَّعَةَ: حروف کندہ کرنا۔
الشَّرْجَعُ: لمبا (۲) جنازہ۔
المُشَرْجَعُ: بہت لمبا۔
• شَرَحَ اللَّحمَ ـَ شَرْحًا: گوشت کے پارچے بنانا۔
ـــ الشيءَ: پھیلانا، وسیع کرنا، کھولنا (۲) حفاظت کرنا۔
ـــ المَسأَلَةَ والكلامَ: وضاحت کرنا، سمجھانا، کھول کر بیان کرنا۔
ـــ صَدْرَهُ بالأَمرِ: دل مطمئن کرنا۔
ـــ خاطِرَهُ: دل خوش کرنا۔
ـــ صَدْرَهُ لِشَيءٍ: کسی شے کے لئے شرح صدر کرنا۔ کسی شے کو محبوب ومرغوب بنانا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَمَن يُرِدِ اللهُ أَن يَهدِيَهُ يَشْرَحْ صَدْرَهُ لِلإِسلامِ"
شَرَّحَ اللَّحمَ: گوشت کے لمبے اور پتلے ٹکڑے کرنا۔ پارچے بنانا۔
ـــ الجُثَّةَ: علم طب میں تحقیق کے لئے لاش چیرنا پھاڑنا، اعضاء جسم کو الگ الگ کرنا، پوسٹ مارٹم کرنا۔
أَشْرَحَ صَدْرَهُ: شَرَحَهُ۔
انْشَرَحَ: کھلنا، واضح ہونا، کشادہ ہونا مطاوع شَرَحَ۔
ـــ الصَّدْرُ: دل مطمئن ہونا، شرح صدر ہونا، خوش ہونا۔
التَّشْرِيحُ: عِلْمُ التَّشْرِيحِ: وہ علم جس کے ذریعہ اعضاء والے اجسام کو چیر پھاڑ کر ان کے گوشت کی طبی تحقیق اور معاینہ کیا جاتا ہے۔
التَّشْرِيحُ المجهرِيُّ: خوردبینی تجزیہ
الشَّرِيحَةُ: پارچہ، سلائس، باریک لمبا ٹکڑا ج: شَرَائِحُ۔
شرائحُ خُبزٍ: روٹی کے سلائس۔
شرائحُ خُبزٍ مَفروشَةٌ بالزُّبدةِ: مکھن لگے ہوئے سلائس۔
الشَّرْحُ: وضاحت، تفصیل، بیان، تفسیر (۲) کتاب کے متن کی تشریح ج: شُرُوح
المَشْرَحَةُ: چیر پھاڑ یا پوسٹ مارٹم کی میز (۲) پوسٹ مارٹم روم۔
المِشْرَحَةُ: سلائسر، سلائس یا پارچے بنانے کا آلہ ج: مَشَارِح
• شَرَخَ الصَّبِيُّ ـُ شُرُوخًا: بچہ کا جوان ہوجانا، آغاز جوانی کو پہنچنا۔ ھو شَارِخٌ ج: شَرْخٌ و شُرَّخٌ۔
ـــ نَابُ البَعِيرِ شَرْخًا: اونٹ کا دانت نکلنا۔
الشَّرْخُ: اصل (۲) رگ (۳) ہڈی کی ترخ کریک، پھٹن، دیوار کا شگاف (۴) اہم عمر
شَرْخُ الشَّبابِ: نوجوانی، جوانی کا جوبن
شَرْخَا الرَّحْلِ: کجاوہ کا اگلا پچھلا حصہ۔ کہاوت ہے: فُلانٌ لا يَزالُ بَيْنَ شَرْخَيْ رَحْلِهِ: وہ ہمیشہ سفر پر رہتا ہے۔
• شَرَدَ البَعِيرُ وغَيرُهُ ـُ شُرُودًا وشِرَادًا: اونٹ کا بھاگ جانا اور قبضہ میں نہ آنا۔
ـــ الحَيَوانُ: آوارہ پھرنا (۲) بدکنا، (۳) قبضہ سے نکلنا۔
ـــ فلانٌ: آوارہ ہوجانا، نکل بھاگنا،

فرار ہو جانا (۲) شہر بدر ہونا، در بدر پھرنا
شَرَدَ عن الطَّرِيق: راستہ سے ہٹنا۔ هو شارِدٌ و شَرُودٌ۔
___ اللَّفظُ: لفظ کا ذہن سے نکلنا۔ اسی سے: شَوَارِدُ اللُّغَة: نامانوس الفاظ کے لئے آتا ہے۔
___ الفِكرُ: ذہن کا منتشر ہونا۔
___ عَلَى الله: اطاعت سے باہر ہونا۔
أَشْرَدَهُ: بدکانا (۲) بھگانا (۳) آوارہ گرد کرنا (۴) شہر بدر کرنا، دربدر پھرانا، دیس نکالا دینا۔
شَرَّدَهُ: گھر سے نکال دینا۔ آوارہ گرد کرنا، دیس نکالا دینا۔
___ النَّوم: منتشر کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَشَرِّدْ بِهِمْ مَنْ خَلْفَهُمْ"
تَشَرَّدُوا: منتشر ہونا، تتر بتر ہونا۔ تَشَرَّدُوا فی الأرض: وہ اطراف زمین میں ادھر ادھر پھیل گئے۔
الشَّارِدُ: آوارہ، گم گشتہ راہ (۲) منتشر (۳) بھاگا ہوا (۴) ذہن سے نکلا ہوا۔
شَارِدُ العَيْنِ: بدنگاہ جو غیروں کی چیزوں پر نظر رکھتا ہو۔
شَارِدُ الفِكرِ: پریشان خیال، کھویا کھویا، پراگندہ ذہن۔
لَفْظٌ شَارِدٌ: نامانوس لفظ جو ذہن سے نکل جاتا ہو۔
قَصِيدَة شَارِدَة: ملک میں مشہور و مروج نظم، مشہور و عام نظم ج: شَوَارِدُ۔
شَوَارِدُ اللُّغَة: اجنبی اور نامانوس الفاظ
الشُّرُودُ: پراگندگی، انتشار، آوارگی، گمراہی، فرار۔
شُرُودُ الذِّهْن: ذہنی انتشار، پیش آمدہ حالات و معاملات سے بے توجہی کی کیفیت)۔
الشَّرِيدُ: آوارہ۔ بے گھر، در بدر پھرنے والا، در در کی ٹھوکریں کھانے والا، مارا مارا پھرنے والا۔
الشَّرِيدَة: مؤنث الشَّرِيد (۲) چیز کا بقیہ۔
المُتَشَرِّدُ: آوارہ، ٹھوکریں کھاتے پھرنے والا۔ بے ٹھکانا۔ بے گھر۔
• الشِّرْذِمَةُ: چھوٹی جماعت، چھوٹا سا گروہ۔ قرآن پاک میں ہے: "إنَّ هؤلاءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيلُونَ"
ج: شَرَاذِم۔
ثَوبٌ شَرَاذِمُ و ثِيَابٌ شَرَاذِمُ: پھٹے پرانے کپڑے۔
• شَرَّ فُلانٌ ـُ شَرًّا شَرَّةً: شری اور فسادی ہونا، شریر ہونا، شرارت کرنا۔ فساد مچانا۔
___ فُلاناً ـُ شَرًّا: بدنام کرنا، عیب نکالنا، کسی کے ساتھ شرارت کرنا، نقصان پہنچانا۔
___ الثوبَ او اللَّحمَ و نحوَهما: سکھانے کے لئے دھوپ میں پھیلانا
أَشَرَّ الشيءَ: پھیلانا، ظاہر کرنا۔ اسی سے ہے: "حَتَّى أُشِرَّتْ بالأكُفِّ المَصاحِفُ"
___ الثَّوبَ و نحوَهُ: سکھانے کیلئے دھوپ میں پھیلانا۔
___ فُلاناً: شریر و فسادی قرار دینا، شر پسند کہنا۔
شَارَّ فُلاناً: کسی سے جھگڑا کرنا، بدسلوکی کرنا، برائی سے پیش آنا
الإشْرَارَةُ: گوشت وغیرہ سکھانے کا کپڑا یا چٹائی (۲) سوکھے گوشت کا ٹکڑا ج: أَشَارِيرُ۔
الشَّرَارُ: چنگاریاں (۲) بجلی کا سوئچ وغیرہ دبانے سے نکلنے والی شعاع، شعلہ۔ واحد: شَرَارَةٌ۔
الشَّرَرُ: الشَّرارُ۔ واحد: شَرَرَة۔ قرآن پاک میں ہے: "إنَّها تَرْمِي بِشَرَرٍ كَالقَصْرِ"
الشَّرَّارُ: چنگاریاں نکالنے والا جس سے چنگاریاں نکلتی ہوں۔
الشَّرُّ: فساد، فتنہ، بدی، خرابی، بداخلاقی، گناہ، غنڈہ گردی، شرارت ج: شُرُورٌ۔ رَجُلٌ شَرٌّ: فسادی، شرارت پسند، بدطینت، بدکار، غنڈا ج: أَشْرَارٌ و شِرَارٌ۔ کہتے ہیں: هو شَرُّ النَّاسِ و هي شَرُّ النَّاسِ و شَرَّةُ النَّاسِ و شُرَّاهُنَّ۔
الأَشْرَارُ: غنڈے، فسادی لوگ، مفسدین
الشِّرَّةُ: تیزی، کہتے ہیں: أعُوذُ باللهِ مِن شِرَّةِ الغَضَبِ۔ (۲) غصہ (۳) پھرتی، چستی۔ کہتے ہیں: لِلشَّبَابِ شِرَّةٌ: جوانی میں نشاط و چستی ہوتی ہے۔
الشِّرِّيرُ: بڑا فسادی، شرانگیز (۲) بداخلاق گنہگار، غلط کار (۳) شریر، لفنگا، غنڈا۔
الشَّرِيرُ: شریر، فسادی ج: أشرارٌ و أَشِرَّاءُ (۲) ساحل سمندر ج: أَشِرَّةٌ۔
الشَّرِيرَةُ: بڑی سوئی۔
• شَرَزَ الشيءَ ـِ شَرْزاً: کاٹنا۔ هو شارِزٌ ج: شُرَّازٌ۔
أَشْرَزَهُ: مصیبت میں پھنسانا۔
شَارَزَهُ: جھگڑنا، دشمنی کرنا، بدسلوکی کرنا
شَرَّزَهُ: تکلیف دینا، برا بھلا کہنا، سب و شتم کرنا۔
___ الشيءَ: اجزاء کو جوڑنا، کنارے کو ملانا
الشَّرْزُ: شر، فساد (۲) موٹاپن (۳) سختی

(۴) طاقت (۵) سخت وطاقتور۔ کہتے ہیں: عَذَّبَهُ اللّٰهُ عَذَابًا شَرْزًا۔
الْمُشَارِزُ: بدمزاج، بدخلق (۲) سخت مزاج لڑاکو، جنگجو۔
الْمُشَرَّزُ: ملائے ہوے کناروں والا۔
• شَرَسَ الجِلْدَ ـُ شَرْسًا: چمڑے کو رگڑنا، ملنا۔
ـــ صَاحِبَهُ: ساتھی سے سخت کلامی کرنا
ـــ الدَّابَّةَ: جانور کو سدھانا۔
شَرِسَ ـَ شَرَسًا و شَرَاسَةً: بدمزاج ہونا، جھگڑالو ہونا۔ کہتے ہیں: شَرِسَتْ نَفْسُه وشَرِسَ خُلُقُه۔ هو شَرِسٌ وأَشْرَسُ وهي شَرِسَةٌ وشَرْسَاء ج: شُرْسٌ۔
شَرُسَ ـُ شَرَاسَةً: شَرِسَ۔ هو شَرِيس وهي شَرِيسَة۔
شَارَسَهُ مُشَارَسَةً وشِرَاسًا: ستانا، تنگ کرنا، بداخلاق سے پیش آنا۔
تَشَارَسَ القَوْمُ: باہم اختلاف کرنا، دشمنی کرنا۔
الإِشْرَاسُ: سریس، چپکانے کا مسالا۔
الشِّرَاسُ: سریس، چپکانے کی چیز۔
الشَّرَاسَةُ: بدخلقی، بدمزاجی (۲) شدت وسختی۔ جیسے: شَرَاسَةُ المَعْرَكَة
الشَّرْبُسُ: بدخلق، بدمزاج (۲) بہت جھگڑالو (۳) ہر بدذائقہ چیز۔
الشِّرْسُ: جڑ (۲) رگ ج: شُرُوسٌ
الشَّرْسَاءُ: پتلا سفید بادل۔
• شَرْسَفَ شَرْسَفَةً: بدخلق ہونا۔
الشُّرْسُوفُ: پیٹ سے ملا ہوا پسلیوں کا کنارہ (۲) مصیبت، سختی کا آغاز (۳) بندھا ہوا اونٹ ج: شَرَاسِيفُ
• شَرْشَرَ المَاءُ و نَحْوُهُ: پانی وغیرہ ٹپکنا۔
شَرْشَرَ السِّكِّينَ و نَحوَها: چھری وغیرہ تیز کرنا (۲) دندانے بنانا۔
ـــ الشَّيْءَ: منھ سے کاٹ کر ڈال دینا۔
ـــ الماشيةُ النَّبَاتَ: گھاس چرنا۔
تَشَرْشَرَ: بکھرنا، منتشر ہونا۔
الشَّرَاشِرُ: بازوؤں کے کنارے (۲) پورا بدن۔ واحد: شُرْشُرَةٌ۔ کہتے ہیں: أَلْقَى عليه شَرَاشِرَهُ: کسی پر اپنا سارا بوجھ اور سارے غم ڈال دینا یا کسی کی محبت میں خود کو ہلاک کر دینا۔
الشَّرْشَرُ: شِوَاءٌ شَرْشَرٌ: روغن ٹپکتا ہوا بھنا گوشت۔
الشَّرْشَرَةُ: چھوٹی درانتی۔
الشِّرْشِرَةُ: ہر چیز کا ٹکڑا ج: شَرَاشِر
الشُّرْشُورُ: ایک چھوٹی چڑیا۔
• شَرَصَه بكلامه ـُ شَرْصًا: تکلیف دہ بات کہنا۔ گالی دینا۔
• شَرَطَ الجِلْدَ ونَحوَهُ ـِ شَرْطًا: کھال کو ہلکا سا چیرنا، نشتر لگانا۔
ـــ لَه أَمْرًا: کسی کی شرط ماننا، شرط کا پابند ہونا۔
ـــ عَلَيه أَمْرًا: کسی سے کسی بات کی شرط لگانا (یعنی دوسرے کو پابند کرنا)۔
شَرِطَ فُلَانٌ ـَ شَرْطًا: کسی بڑی مصیبت میں پڑنا۔
أَشْرَطَهُ: نشان لگانا۔
ـــ نَفْسَهُ لكذا: خود کو کسی کام کے لئے مقرر کرنا اور تیار کرنا۔
ـــ نَفْسَهُ و مالَه في كذا: کسی کام کے لئے اپنا جان و مال پیش کرنا۔
ـــ الرَّسُولَ إِلى فُلَانٍ: کسی کے پاس بعجلت قاصد بھیجنا۔
أَشْرَطَ فُلَانًا لِعَمَلِ كذا: کام فراہم کر کے اس پہ لگانا۔
شَارَطَهُ على كذا: کسی سے کسی بات کی شرط لگانا (یعنی اسے پابند کرنا)، شرط بدنا۔
اشْتَرَطَ عَلَيه كذا: کسی سے کوئی شرط بدنا (کسی چیز کا پابند بنانا) شرط لگانا ایک چیز کو دوسری پہ معلق کرنا۔
ـــ القَوْمُ كذا: لوگوں کا باہم کوئی علامت مقرر کرنا۔
تَشَارَطَا عَلَى كذا: ایک دوسرے سے شرط لگانا۔
تَشَرَّطَ في عَمَلِه: کام میں مہارت اور فن کاری دکھانا۔
الشَّرْطُ: لزوم و پابندی کی بیع وغیرہ میں لگائی جانے والی قید، جس کی پابندی کی جائے۔ فقہ اسلامی میں وہ قید جس کے بغیر کوئی چیز مکمل نہ ہو لیکن اس کی حقیقت سے خارج ہو (۳) نحویوں کے نزدیک ایک بات کا بذریعہ حرف شرط دوسری بات پہ موقوف و منتج ہونا۔ جیسے کہا جائے: إِنْ تَذْهَبْ أَذْهَبْ: اگر تو جائے گا تو میں جاؤں گا۔ ادوات الشَّرط وہ الفاظ ہیں جن سے ایک دوسرے پر ترتیب کو ظاہر کیا جائے جیسے: ان، من، مہما وغیرہ ج: شُرُوطٌ۔
الشَّرَطُ: علامت ج: أَشْرَاط قرآن پاک میں ہے: فَقَدْ جَاءَ أَشْرَاطُهَا" (۲) آغاز (۳) گھٹیا چیز (۴) چھوٹی نالی
الأَشْرَاطُ: رذیل لوگ۔
الشَّرَطَانِ: دو ستارے جن کو قَرْنَا الحَمَل کہا جاتا ہے اور آغاز ربیع میں

نمودار ہوتے ہیں۔
الشُّرْطَةُ: پولس۔ واحد: شُرْطِيٌّ۔
صَاحِبُ و ضَابِطُ الشُّرْطَةِ: پولس افسر، کوتوال۔
شُرْطَةُ الجَيْش: ملٹری پولس۔
الشُّرْطِيّ: پولس مین، سپاہی۔
الشَّرْطَةُ: (ــ) چھوٹا سا خط جو دو لمبے جملوں کے درمیان فصل کے لئے آتا ہے مثلا طویل مبتدا اور خبر کو ممتاز کرنے کے لئے یہ لکیر کھینچ دی جاتی ہے۔
الشُّرُوطُ والمُوَاصَفَات: شرائط وقیود۔
شُرُوطُ الاسْتِخْدَام والتوظيف: شرائط ملازمت۔
الشُّرُوطُ القاسِيَةُ: سخت شرطیں۔
الشُّرُوطُ المُسْبَقَةُ: پیشگی شرطیں۔
الشَّرِيطُ: تسمہ، ٹیپ، فیتا (۲) ریل (۳) سلسلہ (۴) چراغ یا لیمپ وغیرہ کا فتیلہ (۵) مضبوط بٹی ہوئی رسّی (۶) زنانہ پرس، بیگ جس میں وہ عطر وغیرہ رکھتی ہیں ج: شُرُطٌ۔
شريطُ المِصْبَاح: لیمپ کی بتی۔
الشَّرِيطَةُ: شرط ج: شَرَائِط۔
المِشْرَطُ: نشتر، کھال چیرنے کا اوزار ج: مَشَارِطُ۔
المِشْرَطَةُ: المِشْرَطُ ج: مَشَارِطُ۔
شَرِيط الآلَة الكَاتِبَة: ٹائپ رائٹر کا فیتہ
شريط الجُنْدِيّ: سپاہی کی علامتی پٹی جو مونڈھے پر لگی ہوتی ہے۔
شريط الأحْدَاث: سلسلۂ حوادث و واقعات۔
شريط القِيَاس: پیمائش کا گز یا فیتہ۔
شريط السِّينما: فلم ریل۔
شريط النَّار: پٹاخوں کی بتی۔
شَرِيطُ التَّسْجِيل: ریکارڈنگ ٹیپ۔
المُسَجِّلَةُ الشَّرِيطِيَّةُ: ٹیپ ریکارڈر

• شَرَعَ الوَارِدُ ـَ شَرْعًا: منھ لگا کر پانی پینا۔
ـــ المَنْزِلُ: گھر کا راستہ کے نزدیک ہونا۔
ـــ فُلَانٌ يَفْعَلُ كذا: کرنے لگنا، جیسے: شَرَعَ يَكْتُبُ: وہ لکھنے لگا
ـــ الشَّيْءَ: بلند کرنا، نمایاں کرنا۔
ـــ الدِّيْنَ: مذہب کی تعیین اور وضاحت کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "شَرَعَ لَكُمْ مِنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا"
ـــ الأمْرَ: قانونی شکل دینا، ضابطہ میں لانا، کسی کام کا ضابطہ و قانون بنانا۔
ـــ للقوم: قانون بنانا۔
ـــ الطَّرِيْقَ: راستہ ہموار کرنا، بنانا۔
ـــ المَنْزِلَ: کھلے راستہ پر مکان بنانا، لب سڑک مکان بنانا۔
ـــ البَابَ: کھلے راستہ پر دروازہ بنانا، لب سڑک دروازہ کھولنا۔
ـــ الرَّجُلَ: حق ظاہر کرنا، باطل کو مٹانا
ـــ الحَبْلَ: رسّی کا بٹ کھول کر دونوں سرے کڑے میں ڈالنا۔
ـــ مَشْرُوعًا: منصوبہ بنانا۔
ـــ سَيْفَهُ: تلوار سونتنا۔
ـــ المَاشِيَةَ و بها شُرُوعًا: مویشی کو پانی پر لے جانا۔
ـــ الأمْرَ و فيه شُرُوعًا: شروع کرنا۔
ـــ فُلَانًا في الماءِ: پانی میں داخل کرنا۔
أشْرَعَ الشَّيْءَ: شَرَعَهُ۔
ـــ نَحْوَهُ الرُّمْحَ: کسی کی طرف نیزہ تاننا، نشانہ لگانا۔
ـــ الطَّرِيْقَ: ہموار کرنا، بنانا۔
ـــ النَّافِذَةَ إلَى الطَّرِيْقِ: راستہ کی طرف کھڑکی کھولنا۔
ـــ الدَّابَّةَ: چوپائے کو پانی پر لانا۔

شَرَّعَ: شَرَعَ کا مبالغہ۔
ـــ البَيْتَ: گھر کو اونچا کرنا۔
ـــ الطَّرِيْقَ: راستہ بنانا، ہموار کرنا۔
ـــ السَّفِيْنَةَ: کشتی میں بادبان لگانا۔
اشْتَرَعَ الشَّرِيْعَةَ: شریعت جاری کرنا (۲) شریعت پر چلنا۔
ـــ شِرْعَةَ فُلَانٍ: کسی کے طریقہ پر چلنا، پیروکار ہونا، نقش قدم پر چلنا۔
الأشْرَعُ: أنْفٌ أشْرَعُ: بلند بانسے والی ناک۔
التَّشْرِيْعُ: قانون سازی (۲) قانون ج: تَشْرِيْعَاتٌ۔
التَّشْرِيْعِيُّ: قانون سازی سے متعلق۔
التَّشْرِيْعُ الجِنَائِيُّ: فوجداری قانون۔
تَشْرِيْعُ العُمَّال: لیبرایکٹ، مزدوروں کے حقوق سے متعلق قانون۔
التَّشْرِيْعَاتُ الجُمْرُكِيَّةُ: کسٹم قوانین۔
التَّشْرِيْعَاتُ الوِقَائِيَّةُ: حفاظتی قوانین
السُّلْطَةُ التَّشْرِيْعِيَّةُ: قانون ساز بوڈی، ادارہ۔
الشَّارِعُ: في الشيءِ: شروع کرنے والا (۲) شریعت ساز، قانون ساز (۳) منصوبہ ساز (۴) بڑی سڑک، عام راستہ ج: شَوَارِعُ۔
الشِّرَاعُ: کشتی کا بادبان ج: أشْرِعَةٌ و شُرُعٌ۔
الشَّارِعُ الطَّوَّالُ: شاہراہ اعظم، گرانڈ سڑک، ٹرنک روڈ۔
الشَّارِعُ المُسَفْلَتُ: تارکول وغیرہ سے بنی ہوئی سڑک۔
السَّفِيْنَةُ الشِّرَاعِيَّةُ: بادبانی کشتی۔
الشَّرَاعِيُّ: لمبا نیزہ۔
الشَّرَاعَةُ: دلیری۔
الشَّرَّاعَةُ: دروازہ یا کھڑکی کے اوپر بنا ہوا روشندان۔
الشَّرْعُ: راستہ، طریقہ (۲) شریعت، اللہ کا

مقرر کردہ راستہ، اللہ کے مقرر کئے ہوئے احکام کا مجموعہ (۳) برابر کہاوت ہے: النَّاسُ فِی هٰذَا شَرْعٌ وَاحِدٌ: اس سلسلہ میں لوگ ایک راہ پر قائم ہیں، برابر ہیں (۴) قانون، ضابطہ (۵) صاف کشادہ راستہ۔

الشَّرْعُ: برابر۔ کہتے ہیں: نَحْنُ فِی هٰذَا شَرْعٌ: ہم اس میں برابر ہیں۔

الشِّرْعُ: مثل، مانند۔ کہتے ہیں: هُمَا شِرْعَانِ: وہ دونوں یکساں ہیں (۲) سارنگی یا کمان کا تانت، تار (۳) جوتے کا تسمہ۔

الشَّرْعَةُ: چھت سائبان، چھپر ج: أَشْرَاعٌ۔

الشَّرْعَةُ: کشتی ج: أَشْرَاعٌ۔

الشِّرْعَةُ: راستہ (۲) سیدھا راستہ، مسلک۔ قرآن پاک میں ہے: "لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَمِنْهَاجًا" (۳) جست (۴) تیتر پکڑنے کا جال (۵) پانی کی طرف جانے کا راستہ ج: شِرَعٌ و شِرَاعٌ۔

شَرْعًا: شریعت کی رو سے، قانونًا

الشَّرْعِيُّ: شریعت اسلام کے مطابق یا متعلق (۲) قانونی (۳) جائز۔

الشَّرْعِيَّةُ: قانونی شکل، جواز۔

شَرْعِيًّا: قانونی طور پر۔

الابن الشَّرْعِيُّ: حلال نطفہ کا لڑکا، حلال زادہ۔

ابْنٌ غَيْرُ شَرْعِيٍّ: حرام نطفہ کا لڑکا۔ حرام زادہ۔

المالك الشَّرْعِيُّ: جائز مالک، قانونی حق دار۔

الشَّرِيعَةُ: اسلامی قانون۔ خدائی احکام کا مجموعہ (۲) راہ، راہ عمل۔ قرآن پاک میں ہے: "ثُمَّ جَعَلْنَاكَ عَلَى شَرِيعَةٍ مِنَ الْأَمْرِ" (۳) دہلیز، چوکھٹ (۴) پانی کا گھاٹ جہاں بغیر ڈول رسّی کے پانی پیا جائے (۵) ضابطہ، قانون ج: شَرَائِعُ۔

الشَّرِيعَةُ الغَرَّاءُ و الشريعة السَّمحة: اسلامی شریعت، واضح اور اور روشن راستہ۔

شَرِيعَةُ الغَابِ: جنگل کا قانون، لاقانونیت، ظلم و بربریت، دور دورا۔

شَرِيعَةُ البِلَادِ: ملکی قانون۔

المَشْرَعُ و المَشْرَعَةُ: پانی کا گھاٹ ج: مَشَارِعُ۔

المُشَرَّعُ: من البُيُوتِ: اونچا مکان

المَشْرُوعُ: شرعاً جائز، آئینی، قانونی (۲) منصوبہ، پلان، اسکیم، پراجیکٹ، پروگرام ج: مَشْرُوعَاتٌ و مَشَارِيعُ۔

المَشْرُوعِيَّةُ: جواز۔

المَشْروعُ الإنمائيُّ: ترقیاتی پلان

المشروعُ البَدِيلُ: متبادل اسکیم۔

المشروعُ التِّجَارِيُّ: تجارتی پروگرام۔

مَشْرُوعٌ تحتَ التَّنفِيذِ: زیر عمل منصوبہ۔

المَشروعُ التَّمهِيدِيُّ: ابتدائی منصوبہ

المَشْرُوعُ الشَّامِلُ: ہمہ گیر منصوبہ۔

مَشْرُوعُ القَانُونِ وغيره: مسودۂ قانون وغیرہ، خاکہ۔

مَشْرُوعُ المِيزَانِيَّةِ: گوشوارۂ آمد و خرچ ڈرافٹ بجٹ۔

المَشَارِيعُ الانشائِيَّةُ: تعمیری اور ترقیاتی منصوبے۔

المُشَرِّعُ: قانون ساز، مسودہ ساز۔

• شَرْعَبَ الأَدِيمَ: چمڑے کو لمبائی میں کاٹنا۔

الشَّرْعَبُ: لمبا۔ الشَّرْعَبِيُّ: خوبصورت جسم کا لمبا آدمی (۲) ایک قسم کی چادر۔

• شَرَفَتِ الدَّابَّةُ ـُ شُرُوفًا: جانور کا بوڑھا ہونا۔

ـــ عَلَى الشَّيءِ شَرَفًا: اوپر سے دیکھنا، بلندی سے کسی شے کا سامنا ہونا۔

ـــ الحَائِطَ: دیوار پر (خوبصورتی کیلئے) کنگورہ بنانا۔

شَرُفَ المكانُ ـُ شَرَفًا: اونچا ہونا۔

ـــ الرَّجُلُ: بلند رتبہ ہونا (۲) باعزت ہونا۔ هو شَرِيفٌ ج: شُرَفَاءُ و أَشْرَافٌ۔ هُنَّ شَرَائِفُ۔

أَشْرَفَ الشيءُ: بلند ہونا، اونچی ہونا۔

ـــ عَلَيهِ: اوپر سے دیکھنا۔ بلندی سے کسی شے کا سامنا ہونا۔ جیسے کہا جائے القَصْرُ يُشْرِفُ على الحَدِيقَةِ: محل کے اوپر سے باغیچہ نظر آتا ہے۔ محل باغیچہ کے سامنے ہے (۲) نگرانی کرنا، انتظام کرنا (۳) قریب ہونا۔ کہتے ہیں: أَشْرَفَ المَرِيضُ عَلَى المَوتِ۔ (۴) مہربان ہونا۔

ـــ الشَّيءُ لَه: ممکن ہونا، قابو میں آنا۔

ـــ المِرْقَاةَ: سیڑھی پر چڑھنا۔

ـــ الخَيلُ: گھوڑوں کا تیز دوڑنا۔

ـــ نَفْسَهُ على الشيئ: جان جوکھم میں پڑنا۔

شَارَفَهُ: عزت و برتری میں کسی سے مقابلہ کرنا۔ کسی کے سامنے عزت و شرافت پر فخر کرنا۔

ـــ الشيءَ: کسی شے کو اوپر سے دیکھنا (۲) قریب ہونا۔

ـــ عَلَى الإنتهاءِ من كذا: فارغ ہونے کے قریب ہونا۔

شَرَّفَ البِنَاءَ: عمارت پر کنگورے بنانا، عمارت میں گیلریاں یا شہ نشینیں بنانا۔

ـــ فُلَانًا: عزت بخشنا، حیثیت بلند کرنا،

اعزاز عطا کرنا، باعظمت بنانا۔
تَشَرَّفَ البناءُ: کنگورے یا ٹیریس والی ہونا
ــــ الرَّجُلُ: اعزاز حاصل کرنا، عزت و عظمت حاصل کرنا۔
ــــ بکذا: کسی چیز میں عزت محسوس کرنا۔
ــــ بِلِقاءِ فُلانٍ: شرف ملاقات حاصل کرنا
ــــ لِلشَیءِ: نظر اٹھا کر دیکھنا، مشتاق ہونا۔
ــــ لِلفِتْنَة: فساد کی لپیٹ میں آنا۔
ــــ الشَیءَ: پیشانی پر ہاتھ رکھ کر کسی شے کو نگاہ اٹھا کر دیکھنا (جس طرح آنکھ پر سورج کی روشنی کے سامنے ہاتھ رکھ لیتے ہیں اور دیکھتے ہیں)۔
ــــ المِرْقاةَ وعَلَیها: زینہ پر چڑھنا۔
اِسْتَشْرَفَ: سیدھا اور اونچا ہونا۔
ــــ لِلشَیءِ: کسی چیز کا نشانہ بننا، زد میں آنا۔
ــــ الشَیءَ: نگاہ اٹھا کر دیکھنا۔
ــــ فُلاناً حَقَّه: کسی کا حق مارنا۔
الاَشْرَافُ: معززین، بڑے لوگ، باحیثیت لوگ (ضد: اَشْرار)۔
اَشْرَافُ الوَجْه: ناک و کان۔
الاِشرافُ علی الامور: نگرانی، انتظام، کنٹرول، سپروائزری۔
التَّشْرِیف: اعزاز۔
التَّشْرِیفَة: سرکاری تقریب۔
التَّشْرِیفَاتِیّ: سرکاری تقریبات کا منتظم۔
سِجِلُّ التشریفات: رجسٹر معاینہ۔
الشَّارِفُ من الدَّوَابّ: بوڑھا جانور ج: شَوَارِفُ و شُرَّفٌ۔
ــــ من الاَشْیاء: کہنہ اور پرانی چیز۔
الشَّارِفَةُ: بوڑھی اونٹنی ج: شارِفات و شَوَارِفُ۔
الشَّارُوفُ: جھاڑو ج: شَوارِیفُ۔
الشَّرَّافَةُ: علامتی چیزیں جو کسی شے پر نمایاں کرنے کے لئے لگائی جائیں، علامتی نشانات، آؤٹ لائن وغیرہ۔

الشَّرَفُ: بلند جگہ جہاں سے اطراف کی چیزیں دکھائی دیں۔ کہتے ہیں: هُوَ علی شَرَفٍ من کذا: وہ اس کے سامنے ہے (۲) عزت و حیثیت، اعزاز و بلندی مرتبہ۔ بعض کے نزدیک صرف خاندانی عظمت کیلئے خاص ہے ج: اَشْرَافٌ۔
الشَّرَفِیُّ: اعزازی۔ عُضْوٌ شَرَفٍ: اعزازی ممبر۔
علی شَرَفِ فُلان: کسی کے اعزاز میں۔
الشُّرْفَةُ: بالکنی، گیلری، عمارت سے باہر نکلا ہوا چھوٹا سا حصہ جہاں سے اطراف کو دیکھا جا سکے (۲) اندرون عمارت چھجا، شہ نشیں (۳) بلند جگہ (۴) کنگورہ جو دیوار پر خوبصورتی کیلئے بنایا جاتا ہے ج: شُرَفٌ۔
الشُّرْفَةُ الخَارِجِیَّةُ: گیلری، برآمدہ۔
الشُّرْفَةُ الخَارِجِیَّةُ لِلْجُمْهُور: پبلک گیلری۔
الشُّرْفَةُ العُلیا: بالائی گیلری۔
شُرْفَةُ کِبار الزُّوَّار: ممتاز مہمانوں کی گیلری۔
الشَّرِیفُ: معزز آدمی ج: شُرَفاء۔
المَشَارِفُ: مَشَارِفُ الاَرْضِ: زمین کے بالائی حصے، بالائی مقامات واحد: مَشْرَفٌ۔
مَشَارِفُ العِرَاق، مَشارِفُ الشَّام، مَشَارِف الیَمَن: اطراف و جوانب کی بستیاں جو بلندی پر قائم ہیں۔
المَشْرَفِیُّ: تلوار جو مشارف شام وغیرہ سے حاصل کی جائے۔ شامی یا عراقی یا یمنی تلوار۔
المُسْتَشْرَفُ: بلند۔
المُشْرِفُ: نگراں، منتظم، کنٹرولر، سپروائزر، سرپرست۔ المُشْرِفُ علی کذا: سامنے، قریب۔

• شَرَقَتِ الشَّمْسُ ـُ شُرُوقاً و شَرْقاً: سورج نکلنا۔
ــــ النَّخْلُ: درخت خرما پر کھجور کا نیم پخت ہونا، گدر ہونا۔
شَرِقَ المَکَانُ ـَ شَرَقاً: کسی جگہ پر دھوپ نکلنا، سورج سے روشن ہونا
ــــ الشَیءُ: ملا جلا ہونا، مخلوط ہونا۔
ــــ لَوْنُهُ: رنگ سرخ ہو جانا۔ کہتے ہیں: شَرِقَ البَلَحُ: کھجور سرخی مائل ہو گئی، گدر ہو گئی۔
ــــ وَجْهُهُ: حیا سے چہرہ سرخ ہو جانا۔
ــــ الدَّمُ بجَسَدِه: بدن پر خون بغیر بہے ظاہر ہونا۔
ــــ فُلانٌ بالماءِ: حلق میں پانی اٹک جانا اچھو ہونا۔ کہتے ہیں: شَرِقَ برِیْقِه: لعاب کا حلق میں پھنس جانا، اچھو لگنا۔
ــــ الموضع بِاَهْلِه: جگہ کا لوگوں سے بھر کر تنگ ہو جانا۔
ــــ الآلَةُ بوَقُودِها: مشین کے ایندھن کا زیادہ ہو کر باہر نکلنے لگنا۔
ــــ الاَرْضُ: زمین کا پانی نہ ملنے سے خشک ہو جانا۔ هُوَ شَرِقٌ وهی شَرِقَةٌ
اَشْرَقَتِ الشَّمْسُ: سورج کا طلوع ہو کر زمین کو روشن کرنا۔ اَشْرَقَتِ الاَرْضُ: زمین سورج سے روشن ہو گئی قرآن پاک میں ہے: "واَشْرَقَتِ الاَرْضُ بِنُورِ رَبِّها"
ــــ وَجْهُهُ: چہرے کا حسن سے چمک اٹھنا۔
ــــ البَلَحُ: کھجور پر سرخی آجانا، گدر ہو جانا
ــــ القَومُ: طلوع آفتاب کے وقت میں داخل ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَاَتْبَعُوهُم مُشْرِقِینَ"

أَشْرَقَ فُلَانًا: اچھولگانا، حلق میں پانی وغیرہ پھنسانا۔
—الثَّوْبَ بِالصِّبْغِ: کپڑے کو رنگ میں خوب ڈبونا، اچھی طرح رنگنا۔
شَرَّقَ: مشرق کی جہت میں جانا۔
—وَجْهُهُ: چہرہ چمکنا۔ أَشْرَقَ وَجْهُهُ بِشْرًا: خوشی سے چہرہ چمک اٹھنا۔
—الْأَرْضُ: زمین کا قحط زدہ ہونا۔ شَرَّقَتِ الْأَرْضُ: زمین کا پانی روک دینے سے خشک ہو جانا۔
—اللَّحْمَ: گوشت کے پارچے بنا کر دھوپ میں سکھانا۔
اِنْشَرَقَتِ الْقَوْسُ: کمان کا پھٹنا۔
تَشَرَّقَ: سورج نکلنے کے وقت بدن تاپنے کے لئے دھوپ میں بیٹھنا، سردی میں دھوپ کھانا۔
الْإِشْرَاقُ: طلوع آفتاب (۲) نور معرفت جو غیر عالم محسوس سے کسی کے ذہن میں پیدا ہو۔
التَّشْرِيقُ: گوشت خشک کرنے کا کام۔
أَيَّامُ التَّشْرِيقِ: عید الاضحی (یوم النحر) کے بعد تین دن جن میں گوشت خشک کیا جاتا ہے (۲) نماز عید۔ حدیث میں ہے "لَا ذَبْحَ إِلَّا بَعْدَ التَّشْرِيقِ"۔
الشَّارِقُ: روشن آفتاب (۲) مشرقی گوشہ ج: شُرُقٌ۔
أَحْمَرُ شَارِقٌ: تیز سرخ۔
الشَّرَاقِيُّ: (اہل مصر کے کلام میں) وہ زمین جس میں دریائے نیل کا پانی نہ پہنچتا ہو جب یہ زمین سیراب ہو کر زرخیز ہو جاتی ہے تو اسے رِيُّ الشَّرَاقِي کہتے ہیں۔
الشَّرْقُ: سورج (۲) سورج نکلنے کی جہت مشرق (۳) مشرقی ممالک۔

الشَّرْقُ الْأَدْنَى: مشرق قریب۔
الشَّرْقُ الْأَوْسَطُ: مشرق وسطی۔
الشَّرْقُ الْأَقْصَى: مشرق بعید۔
شَجَرَةٌ شَرْقِيَّةٌ: وہ درخت جس پر طلوع سے نصف النہار تک سورج ضیا پاش رہے۔
الشَّرَقُ: سورج۔ لَحْمٌ شَرَقٌ: بے چربی گوشت۔
الشَّرْقَةُ: اچھو، گلے میں اٹکا ہوا پانی وغیرہ۔
الشَّرِيقُ: مشرق ج: شُرُقٌ۔
الشَّرْقِيُّ: مشرقی۔
الشُّرُوقُ: طلوع، چمک۔
الْمَشَارِقَةُ: باشندگان مشرق۔ واحد: مَشْرِقِيٌّ (ضد: مغاربہ)
الْمَشْرِقُ: سورج نکلنے کی جہت، مشرق (۲) جزیرۂ عرب کے مشرق میں واقع اسلامی ممالک ج: مَشَارِقُ۔
الْمُشْرِقُ: روشن، چمک دار۔
الْمَشْرِقَانِ: مشرق و مغرب (تغلیب احد الشیئ کے اصول پر) قرآن پاک میں ہے "يَا لَيْتَ بَيْنِي وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ"
الْمِشْرِيقُ: دروازہ کی درز (۲) جھری سے داخل ہونے والی سورج کی روشنی ج: مَشَارِيقُ۔
الْمُشَرَّقُ: چونے سے پلاسٹر کیا ہوا، سرخ رنگا ہوا، بھونا ہوا۔
• اِشْرَوْرَقَتِ الْعَيْنُ بِالدُّمُوعِ: آنکھ میں آنسو ڈبڈبانا۔
• شَرْقَرَقٌ: ایک چھوٹا پرندہ (الأخيل)۔
• شَرْقَطَتِ النَّارُ: آگ کا چنگاری دینا۔
الشَّرْقُوطَةُ: چنگاری۔
• شَرِكَتِ النَّعْلُ ـــ شَرَكًا: جوتے کا تسمہ ٹوٹ جانا۔

شَرِكَ فُلَانًا فِي الْأَمْرِ شِرْكًا وَشَرِكَةً وَشِرْكَةً: کسی کے ساتھ شریک ہونا اور ہر ایک کا کام میں مقررہ حصہ ہونا۔ هُوَ شَرِيكٌ ج: شُرَكَاءُ۔
أَشْرَكَهُ فِي أَمْرِهِ: شریک کرنا، ساجھی بنانا۔
—بِاللّٰهِ: اللہ کی حاکمیت میں کسی کو شریک ٹھیرانا۔ قرآن پاک میں ہے "يَا بُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ"۔
—النَّعْلَ: جوتے میں تسمہ لگانا۔
شَارَكَهُ أَمْرًا وَفِي أَمْرٍ: کسی کے ساتھ شریک ہونا، حصہ دار ہونا۔ کہتے ہیں: أُشَارِكُكَ الْهَمَّ: میں آپ کا شریک غم ہوں۔
—فِي كَذَا: شرکت کرنا۔
شَرَّكَ بَيْنَهُمْ: باہم شرکت کرانا، شریک بنانا۔
—النَّعْلَ: جوتے پر تسمہ لگانا۔
اِشْتَرَكَ الْأَمْرُ: کسی بات کا مشتبہ اور غیر واضح ہونا، گڑبڑ ہونا۔
—فُلَانٌ فِي كَذَا: ممبر بننا، مقررہ اجرت دے کر فائدہ معلوم حاصل کرنا۔ جیسے اخبار کی ممبری یا ریلوے کی ممبر شپ جس کا پاس ملتا ہے۔ کہتے ہیں: اِشْتَرَكَ فِي الصَّحِيفَةِ أَوْ فِي السِّكَّةِ الْحَدِيدِيَّةِ۔
—فِي أَمْرٍ: شریک ہونا۔
—الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کا شریک و ساجھی ہونا۔
تَشَارَكَا: باہم شریک ہونا۔
الْاِشْتِرَاكُ: شرکت، ممبر شپ (۲) رسالہ وغیرہ کا چندہ، فیس۔
بَدَلُ الْاِشْتِرَاكِ أَوْ أُجْرَةُ الْاِشْتِرَاكِ: فیس ممبری۔ بِالْاِشْتِرَاكِ:

مشترکہ طور پر۔
الاشتراكية: ایک سیاسی اقتصادی نظام جس کے تحت حکومت وقت پیداوار کے تمام وسائل ومنافع اپنے کنٹرول میں لے کر مخصوص منصوبہ بندی کے ساتھ مساویانہ طریقہ پر ان کو عوام میں تقسیم کرتی ہے۔ سوشلزم۔
الاشتراكيّة المتطرّفة: کیمونزم۔
الاشتراكيّ: سوشلسٹ۔ الاشتراكيّ المتطرّف: کیمونسٹ۔
الشِّرَاكُ: ہری گھاس کی ایک لائن (جو دوسرے سے الگ ہو) (۲) جوتے کا تسمہ جو پیر کے اوپر رہتا ہے ج: شُرُكٌ و أَشْرُكٌ۔
الشِّرْكُ: حصہ ج: أَشْرَاك (۲) تعدّدِ آلہ کا عقیدہ، شرک۔
الشَّرَكُ: شکاری کا جال، پھندا ج: أَشْرَاكٌ و شُرُكٌ۔
الشِّرْكَةُ: شرکت، دو شخصوں کے درمیان مشترکہ کام میں حصہ داری کا معاہدہ۔ (۲) کمپنی، فرم ج: شركات۔
شَرِكَةُ الطَّيَران: ہوائی کمپنی۔
شَرِكَةٌ مَحْدُودَة: لمیٹڈ کمپنی۔
شَرِكَة المِلاحة: جہازراں کمپنی۔
شَرِكَة النَّقْل: ٹرانسپورٹ کمپنی۔
شَرِكَة الاستثمار: سرمایہ کار کمپنی۔
الشَّرِيكُ: حصہ دار، پارٹنر ج: شُرَكاء۔
شَرِيكٌ عامِلٌ: عمل کا حصہ دار، ایکٹنگ شریک۔
المُشَارَكَةُ: حصہ داری، شرکت۔
المُشَارِكُ: شریک کار، حصہ دار۔
المُشْتَرِكُ فی صَحِيفَةٍ و نحوها: اخبار وغیرہ کا ممبر، خریدار۔
المُشْتَرَكُ: ساجھے کا، مشترکہ، عام، مروجہ
رَجُلٌ مُشْتَرَكٌ: مغموم آدمی جو دل میں باتیں کرتا ہو۔ لَفْظٌ مُشْتَرَكٌ: وہ لفظ جس کے ایک سے زائد معنی ہوں۔ جیسے: عَيْنٌ۔
المُشْرِكُ: خدا کی خدائی میں شریک ٹھیرانے والا۔
• شَرَمَ الشَّیْءَ ـِ شَرْمًا: کاٹنا، کنارے سے چیرنا (۲) مٹی کے برتن کو چوٹ مارنا۔
ــــ الأَنفَ: و الأُذُنَ: تھوڑا سا اوپر کی جانب سے چیرنا۔ هو مَشْرُومٌ و شَرِيمٌ۔
ــــ له من مالِه: کچھ مال دینا۔
شَرِمَ ـَ شَرَمًا: پھٹنا، چرنا (۲) کٹی ہوئی ناک والا ہونا۔ هو أَشْرَمُ هي شَرْماء ج: شُرْمٌ۔
شَرَّمَهُ: پھاڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
انشَرَمَ: پھٹنا۔
تَشَرَّمَ: پھٹنا، ٹکڑے ہو جانا۔ تَشَرَّمَ الجِلْدُ: کھال پھٹنا۔ تَشَرَّمَتْ نواحِي الكتاب: کتاب کے کنارے پھٹ جانا۔
الشَّارِمُ: نشانہ کے پہلو کو چھیدنے والا تیر
الشَّرْمُ: پہاڑ یا دیوار کی دراڑ جو آر پار نہ ہو۔
ــــ من البَحْرِ: سمندر کی خلیج۔
• شَرَنَ الصَّخْرُ ـُ شَرْنًا: چٹان پھٹنا
الشَّرْنُ: شگاف۔
الشَّرَنْبَثُ: موٹے ہاتھوں والا (۲) شیر۔
شَرْنَفَ الزَّرْعَ: کھیتی کے زائد پتوں کو کاٹنا۔
• شَرْنَقَهُ: کاٹنا۔
ــــ الدُّودَةُ: کیڑے کا اپنے ارد گرد جال بنانا۔
الشِّرَانِقُ: سانپ کی کینچلی۔
الشَّرْنَقَةُ: کیڑے کا خول (ایک باریک جال جو بعض کیڑے اپنے بچاؤ کے لئے اپنے جسم کے اوپر بُن لیتے ہیں) ریشم کا کیڑا بھی اس طرح کا جال بنتا ہے جسے کویا کہتے ہیں۔
• شَرِهَ الی الطَّعام و علیه ـَ شَرَهًا: بہت حریص ہونا، ندیدہ ہونا، کھانے کا بے حد خواہشمند رہنا۔ هو شَرِهٌ و شَرْهان و هي شَرِهَة و شَرْهَى۔
الشَّرَاهَةُ: ندیدہ پن، خواہش، ہوس حرص۔
الشَّرْهاءُ من السِّنِين: خشک سال۔
• شَرَاهُ ـِ شِرًى: بیچنا۔ قرآن پاک میں ہے: "و شَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ" "و مِنَ النَّاسِ مَن يَشْرِي نَفْسَهُ ابْتِغاءَ مَرْضاةِ اللهِ" (۲) خریدنا۔
ــــ فلانا: مذاق اڑانا، تکلیف پہنچانا۔
ــــ بنفسه عن قومه: خود آگے بڑھ کر قوم کا دفاع کرنا۔
ــــ اللَّحْمَ او الثَّوبَ: سکھانے کیلئے دھوپ میں پھیلانا۔
ــــ اللهُ فلانا: پتی اچھلنے کی بیماری میں مبتلا کرنا۔
شَرِيَ فی الأَمْرِ ـَ شَرًى: حد سے بڑھنا، کسی کام پر لگے رہنا، الگ نہ ہونا۔ جیسے: شَرِيَ الرَّجُلُ فی غَضَبِه: وہ غصہ میں بے قابو ہو گیا
شَرِيَ الفَرَسُ فی سَيْرِه: گھوڑا دوڑتا رہا۔
ــــ البَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا۔
ــــ العَيْنُ بالدَّمْعِ: لگاتار آنسو ٹپکنا۔
ــــ الشَّرُّ بَيْنَهُم: لڑائی بگاڑ بڑھ جانا، بگاڑ زیادہ ہو جانا۔ فالشَّرُّ شَرِيٌّ۔
ــــ الجِلْدُ: کھال پر پتی اچھلنا۔

شَرِیَ زِمامُ الدَّابَّۃِ: لگام کا جھٹکے کھانا۔
أَشْرَتِ الشَّجَرۃُ: پتوں کا زمین پر پھیلنا
— القَومُ: خرید و فروخت کرنے والوں سے مشابہ ہونا۔
— بینَ القَومِ: اختلاف پیدا کرنا۔
— الشیئَ: جھکانا۔
— فُلانًا بکذا: کسی بات پر اکسانا، ورغلانا۔
— الحَوضَ: حوض کو بھرنا۔
— البَرقُ: بجلی کا مسلسل چمکنا۔
— القَومُ: اطاعت سے باہر ہونا۔
شرّیَ اللَّحمَ او الثوبَ و نَحوَھما: سکھانے کے لئے دھوپ میں پھیلانا۔
شَارَاہُ مُشَارَاۃً و شِراءً: کسی سے خرید و فروخت کرنا (۲) کسی کے ساتھ جھگڑتے رہنا، پیچھے لگنا۔
اشْتَراہُ بکذا: خریدنا۔ قرآن پاک میں ہے: "إِنَّ اللہَ اشْتَرَى مِنَ الْمُؤْمِنِينَ أَنْفُسَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ بِأَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ۔ أُولَئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَى"
تَشَرَّیَ القَومُ: منتشر ہونا، الگ الگ ہوجانا (۲) خریداروں کے زمرے میں شامل ہونا (۳) خارجیوں میں شامل ہونا
تشَارَیَ الرَّجُلانِ: ایک دوسرے سے ناراض ہونا۔
استشریٰ: پتی زیادہ اچھلنا۔
— الشَّرُّ او الدَّاءُ: فساد یا بیماری کا سنگین ہو جانا، پھیل جانا۔
— الرَّجُلُ فی الأمرِ: کسی کام کو چمٹے رہنا۔
— الفَرَسُ فی سَیرِہ: تیز دوڑنا۔
اشْرَوْرَی اشْرِیرَارًا: گھبرانا، پریشان و بےچین ہونا۔
الشَّارِی: خریدار، گاہک (۲) بائع (فروخت کنندہ) (۲) خود کو اللہ کی اطاعت کے لئے خاص کرنے والا ج: شُرَاۃٌ۔
الشُّرَاۃُ: خارجیوں کا ایک فرقہ۔
الشَّرَی: پتی۔ خون کے جوش سے جسم پر ابھرنے والے سرخ دانے اور دھپڑیاں جن کی وجہ سے خارش اور تکلیف ہوتی ہے (۲) پہاڑ (۳) بہت شیروں والی جگہ۔ کہاوت ہے: ھُمْ اُسْدُ الشَّرَی: وہ بڑے بہادر اور جانباز ہیں (۴) گوشہ، کنارہ ج: اَشْرَاءٌ۔ کہتے ہیں: دَخَلُوا اَشْرَاءَ الحَرَمِ: وہ اطرافِ حرم میں آئے
الشَّرَاۃ: مال کا عمدہ یا ردی حصہ۔
شَرْوَی الشیئِ: مثل، مانند۔ کہتے ہیں: ھو لَا یَملِكُ شَرْوَی نَقِیرٍ: اس کے پاس معمولی چیز بھی نہیں ہے، مفلس ہے۔ نقیر معمولی اور حقیر چیز کو کہتے ہیں، کھجور کی گٹھلی کے گڑھے کو بھی کہتے ہیں۔
الشِّرَاءُ: خریداری (۲) خرید و فروخت۔
الشَّرْیُ: حنظل (ایک کڑوا پھل) اندرائن کہاوت ہے: لفلانٍ اَرْیٌ و شَرْیٌ: فلاں میٹھا بھی اور کڑوا بھی (۲) گٹھلی سے اگنے والا درختِ خرما کا پودا۔ واحد: شَرْیَۃٌ۔
الشَّرِیُّ: من الخَیلِ: تیز رو گھوڑا۔
الشَّرِیَّۃُ: مؤنث الشَّرِیّ (۲) طریقہ، طبیعت۔
الشِّرْیانُ: وہ رگ جس کے ذریعہ قلب سے خون نکل کر جسم میں پھیلتا ہے، متحرک رگ جس میں خون دوڑتا ہے ج: شَرَایِین۔
الشَّرِیَّۃُ من النِّسَاءِ: لڑکیاں جننے والی عورت۔
المُشْتَرِی: خریدار (۲) بڑے سیاروں میں سے ایک۔ پرانے زمانہ میں لوگ اسے ایک معبود بھی مانتے تھے۔
المُشْتَرَیات: خرید کردہ اشیاء یا خریدی جانے والی اشیاء۔
المُشْتَرَیَاتُ النَّقْدِیَّۃُ: نقد خریداریاں

ش ـــ ز

شَزَبَ الحَیَوانُ ـُ شُزُوبًا: دبلا ہونا، سوکھا ہوا ہونا۔
— المَکانُ: کھردرا ہونا۔ ھو شازِبٌ ج: شُزَّبٌ۔ ھی شَازِبَۃ ج: شَوازِبُ۔
شَزَّبَ الحَیَوانَ: دبلا کرنا، سکھا دینا، سدھا کر قابو میں کرنا۔
تَشَازَبَ القَومُ علَی الماءِ وغیرِہ: اپنی باری یا اپنے اپنے حصے کا انتظار کرنا۔
الشَّزَبَۃُ: وہ کمان جو نہ بالکل نئی ہو نہ پرانی (۲) دبلی گدھی۔
الشُّزْبَۃُ: موقع، فرصت۔
الشَّازِبُ: دبلا، سوکھا (۲) کھردرا۔
الشَّزِیبُ: درخت کی غیرصاف شدہ ٹہنی ج: شُزُوبٌ۔
شَزَرَ الحَبلَ ـِ شَزْرًا: رسی بٹنا، بل دینا۔
— فُلانًا و إلیہ: ترچھی نگاہ سے دیکھنا (نفرت و غضب کے وقت) غضب آلود نگاہوں سے دیکھنا۔
— بالسِّنانِ: دائیں بائیں گھما کر نیزہ مارنا
أَشْزَرَہُ: ایسی مصیبت میں پھنسانا کہ اس سے خلاصی ممکن نہ ہو۔
تَشَزَّرَ: غضبناک ہونا۔
— لِلقِتالِ: لڑنے کے لئے آمادہ ہونا،

برسرِ پیکار ہونا۔
شَازَرَہٗ: کسی سے دشمنی کرنا۔
تَشَازَرَ القَومُ: ایک دوسرے کی طرف غصہ سے دیکھنا، ترچھی نگاہوں سے دیکھنا۔
اِسْتَشْزَرَ الحَبلُ: رسّی کا بٹا ہوا ہونا، بٹا جانا۔ کہتے ہیں: استشزرت الغدائر چوٹیاں گوندھ دی گئیں۔
___ الشیئَ: بلند کرنا (۲) بلند ہونا۔
___ الحَبلَ: رسّی کو بٹنا۔
الاَشْزَرُ: سرخ۔ عَین شَزْرَاء: غصہ سے سرخ آنکھ۔
الشَّزْرُ: نگاہِ نفرت، غضب آلود نگاہ، خشمگیں نگاہ نظرِ حقارت۔ کہتے ہیں: نَظَرَ الیہ شَزْرًا: اسے غضب یا نفرت و حقارت کی نظر سے دیکھا (۲) ناہموار دھاگا (۳) سختی، دشواری۔
الشَّزَرُ و الشُّزْرَۃُ: آنکھ کی سرخی۔
شَزَّ ـِ شَزَازَۃً: خشک ہونا۔ ھو شَزٌّ۔
•شَزِنَ ـَ شَزَنًا: پھرتیلا اور چاق و چوبند ہونا (۲) کام پر لگے رہنا (۳) تھکا ماندہ ہونا، محنت کے بعد ڈھیلا پڑ جانا۔
تَشَزَّنَتِ الاَرضُ: زمین کا سخت اور کھیلا ہوا ہونا۔
___ الشیئَ: سخت ہونا۔
___ الاَمرُ علَیہ: کام کا کسی کیلئے مشکل ہونا
___ فی الاَمرِ: دشواری محسوس کرنا۔
___ لِلاَمرِ: تیار ہونا۔
___ قِرنَہٗ: مقابل کو پچھاڑنا۔
___ الشَّاۃَ: بکری کو ذبح کرنے کیلئے لٹانا۔
___ لہ فی الخصومۃ: لڑائی میں کسی کے ساتھ سخت ہونا، سختی سے پیش آنا
الشَّزْنُ: چوسر کھیلنے کا مہرہ۔
الشَّزَنُ: کھردری اور سخت زمین (۲) سخت مزاج، گوشہ، کنارہ، جانب (۳) دوری، فاصلہ (۴) زندگی کی تنگی (۵) تھکان ج: شُزُنٌ و شُزُونٌ۔
الشُّزُنُ: گوشہ، کنارہ، جانب۔
الشُّزُونَۃُ: سختی۔
•شَزَیَ ـُ شَزْوًا: بلند ہونا۔

ش ـــــ س

•شَسَبَ ـَ شَسَبًا: دبلا اور سوکھا ہونا۔ ھو شاسِبٌ ج: شُسُبٌ
الشَّسُوبُ من النُّوقِ: وہ اونٹنی جس کا بچہ جاڑے میں مرگیا ہو اور اس نے دودھ دینا بند کر دیا ہو۔
الشِّسْبُ و الشَّسِیبُ من القِسِیِّ: پتلی لکڑی والی کمان۔
•شَسَعَ الشیئُ ـَ شُسُوعًا: دور ہونا۔ کہتے ہیں: شَسَعَ فُلانٌ عن بلدِہ ووطنِہ۔
___ المَنزِلُ: گھر کا دور ہونا۔
___ بِفُلانٍ: دور کرنا، دور لے جانا ھو شاسِعٌ ج: شُسَّعٌ۔ وھی شاسِعَۃ ج: شَوَاسِعُ۔
___ النَّعلَ شَسْعًا: چپل میں تسمہ لگانا (جس میں پیر کی انگلیاں ڈالی جاتی ہیں
شَسِعَتِ النَّعلُ ـَ شَسَعًا: تسمہ ٹوٹ جانا۔ النَّعلُ شَسِعَۃٌ۔
أَشْسَعَ النَّعلَ: تسمہ لگانا۔
___ الشیئَ: دور کرنا۔
شَسَّعَ النَّعلَ: تسمہ لگانا۔
الشَّاسِعُ: دور دراز۔ بُعْدٌ شاسِعٌ: طویل فاصلہ۔ فَرقٌ او بَونٌ شَاسِعٌ: زمین و آسمان کا فرق۔
الشِّسْعُ: چپل کا تسمہ (جس میں پیر کی انگلیاں رہتی ہیں) ج: اَشْسَاعٌ و شُسُوعٌ۔
___ من المکانِ: کنارہ، گوشہ۔ کہتے ہیں: نَزَلُوا بِشِسْعِ الوَادِی او بِشِسْعِ الصَّحرَاءِ: وہ وادی کے ایک کنارے یا جنگل کے کناروں پر مقیم ہوئے۔
الشِّسْعُ من الاَرضِ: تنگ زمین۔
شِسْعُ المَالِ: بچا کھچا مال، تھوڑا مال۔ کہتے ہیں: لہ شِسْعُ مَالٍ۔ رَجُلٌ شِسْعُ مَالٍ: مال کا اچھا منتظم، صحیح تصرف کرنے والا۔
•شَسَفَ ـُ شُسُوفًا: دبلا اور سوکھا ہونا۔ ھو شاسِفٌ۔
شَسُفَ ـُ شَسَافَۃً: شَسَفَ ھو شَسِیفٌ۔
الشِّسْفُ: سوکھی چپاتی، روٹی۔
الشَّسِیفُ: چیری ہوئی پکی کھجور (۲) گوشت جو سوکھنے کے قریب ہو (۳) وہ شخص جس کا گوشت دبلے پن سے خشک ہونے لگا ہو۔
•الشِّسْمُ: آنکھوں کا پاؤڈر جو بطور دوا یا برائے تقویت نگاہ استعمال کیا جائے (چشم فارسی کا معرب)۔

ش ـــــ ص

•شَصَبَ العَیشُ ـُ شُصُوبًا: زندگی کا پریشان کن اور دوبھر ہونا، گزارا دشوار ہونا۔ ھو شَاصِبٌ۔
___ الشَّاۃَ: بکری کی کھال اتارنا۔
شَصِبَ المکانُ ـَ شَصَبًا: قحط زدہ ہونا۔
___ الاَمرُ: سنگین ہونا۔ ھو شَصِبٌ۔
أَشْصَبَ اللّٰہُ عَیشَہٗ: زندگی کو پریشان کن بنانا۔
الشَّصْبُ و الشَّصَبُ: خشکی (۲) تنگی۔
الشِّصْبُ: قحط، خشک سالی، تنگی حیات ج: اَشْصَابٌ۔

الشُّصُبُ: وہ بکری جس کی کھال اتار لی گئی ہو۔
الشَّصِيبُ: حصہ (۲) مسافر۔
الشَّصِيبَةُ: سختی خشک سالی (۲) کنویں کی گہرائی ج: شَصَائِبُ۔
الشَّصَائِبُ: پالان کی لکڑیاں۔
الشَّصَّابُ: قصاب، قصائی۔
•شَصَرَ الثَّوْرُ ـُ شَصْرًا: بیل کا سینگ مارنا۔
ــــ فُلَانًا بالرمح: کسی کے نیزہ مارنا۔
ــــ الشَّوكَةُ فُلَانًا: کانٹا چبھنا۔
ــــ الثَّوبَ: دور دور ٹانکے لگانا، تگندے ڈالنا۔
الشَّاصِرُ: ہرن کا بچہ جو طاقتور ہو کر حرکت کرنے لگا ہو یا وہ بچہ جو سینگ مارنے کے قابل ہو گیا ہو۔
الشَّاصِرَةُ: مؤنث الشَّاصِر (۲) درندوں کے شکار کا جال ج: شَوَاصِر۔
الشِّصَارُ: اونٹنی کے نتھنوں میں ڈالی جانے والی لکڑی۔
الشَّصْرُ مِنَ الظِّبَاءِ: الشَّاصِرُ (۲) ایک چھوٹا پرندہ ج: أَشْصَارٌ۔
•شَصَّ فُلَانٌ ـِ شَصًّا: دانتوں سے کسی چیز کو پکڑنا (۲) غصہ سے دانت کاٹنا۔
ــــ النَّاقَةُ و نَحْوُهَا: دودھ نہ دینا یا دودھ کم ہو جانا۔
ــــ السَّنَةُ: قحط سالی ہونا۔
ــــ المَعِيشَةُ: گزر بسر دشوار ہونا، معاش کا تنگ ہو جانا۔ المَعِيشَةُ شَصُوصٌ
ــــ فُلَانًا عن الشئ ـُ شَصًّا: روکنا، باز رکھنا، دور کرنا، ہٹانا۔ کہاوت ہے: ما أَدْرِي أَيْنَ شَصَّ: معلوم نہیں وہ کہاں چلا گیا
أَشَصَّهُ عن الشَّيءِ: روکنا، دور کرنا

الشِّصُّ: ہوشیار چور، چوری میں مشاق ج: شُصُوصٌ۔
الشِّصُّ: مچھلی کے شکار کا کانٹا ج: شُصُوصٌ۔
الشَّصُوصُ مِن النُّوقِ: کم دودھ دینے والی اونٹنی۔
ــــ مِن السِّنِين: خشک سال ج: شَصَائِصُ و شِصَاصٌ
الشَّصَائِصُ: سختیاں۔
•شَصَا السَّحَابُ ـُ شُصُوًّا: بلند ہونا۔
ــــ القِرْبَةُ: مشک کے کناروں کا پانی سے بھول جانا، مشک کا پانی سے تن جانا۔
ــــ بَصَرُهُ: نگاہ اٹھی رہ جانا۔
ــــ عَيْنُهُ: آنکھ کا اس طرح کھلا رہنا کہ گویا وہ دو چیزوں کو دیکھ رہا ہے
ــــ المَيِّتُ شُصُوًّا و شُصِيًّا: مردے کا پھول کر ہاتھ پیر اوپر اٹھ جانا۔
هو شَاصٍ و هي شَاصِيَةٌ
ج: شَوَاصٍ۔
أَشْصَى بَصَرَهُ: نگاہ اٹھانا۔
الشَّصْوُ: سختی و شدت (۲) مسواک۔

ش ــــ ط

•شَطَأَ الزَّرْعُ ـَ شَطْئًا و شُطُوءًا: کھیتی کے خوشے نکلنا، بالی آجانا۔
ــــ الأُمُّ بالوَلَدِ: بچہ جننا۔
ــــ الرَّجُلُ: ساحل پر چلنا، دریا کے کنارہ پر چلنا۔
ــــ فُلَانًا: مغلوب کرنا۔
ــــ الدَّابَّةَ بالحِمْلِ: بوجھ لادنا۔
أَشْطَأَ الزَّرْعُ: کھیتی میں بالی نکل آنا، خوشے نکل آنا۔

أَشْطَأَتِ الشَّجَرَةُ بغصونها: درخت پر شاخیں نکل آنا۔
ــــ الوادي: وادی کا دونوں کناروں سے بہنا۔
ــــ الرَّجُلُ: زکام میں مبتلا ہونا۔
شَاطَأَهُ: کسی کے ساتھ کنارے پر چلنا اس طرح کہ ایک ایک کنارے پر اور دوسرا دوسرے کنارہ پر۔
شَاطِئُ النَّهرِ والوادي: دریا یا وادی کا کنارہ۔ شَاطِئُ البَحْرِ: ساحل سمندر
ج: شَوَاطِئُ و شُطْآن۔
الشَّطْءُ: درخت کی شاخ (۲) ابتداءً نمودار ہونے والا پتا، کونپل۔ قرآن پاک میں ہے: "كَزَرْعٍ أَخْرَجَ شَطْأَهُ"
ج: شُطُوءٌ و أَشْطَاءٌ (۲) دریا یا وادی کا کنارہ ج: شُطُوءٌ۔
•شَطَبَ عنه ـُ شَطْبًا: ہٹنا، منہ موڑنا۔
ــــ الأَدِيمَ و نَحْوَهُ: کھال چیرنا، لمبائی میں پھاڑنا، کاٹنا۔
ــــ الكَاتِبُ الكَلِمَةَ: قلم زد کرنا، کاٹنا (یعنی کسی لفظ یا عبارت کو کالعدم قرار دینا)۔
ــــ القَاضِي الدَّعْوَى: مقدمہ کو خارج کر دینا (یعنی کسی قانونی سقم کی بنا پر مقدمات کی فہرست سے نکال دینا۔
ــــ الرُّمْحُ عن مَقْتَلِهِ: نیزے کا نشانہ خطا کرنا۔
شَطَّبَ: مبالغہ شَطَبَ (۲) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
ــــ العَمَلَ: کام کو ختم کرنا۔
ــــ اللَّحْمَ: گوشت کے پارچے بنانا۔
ــــ السَّيْفُ جِسْمَهُ: بدن پر تلوار کے نشان پڑنا (۲) قطع و برید کرنا۔

انشطب الماءُ وغیرہُ : بہنا۔
الشَّاطِبُ: ٹیڑھا راستہ۔ مکانٌ شاطِبٌ: دور دراز جگہ۔
الرَّمیۃُ الشَّاطِبۃُ : غلط نشانہ۔
الشُّطَبُ : شُطَبُ السَّیفِ : تلوار پر دکھائی دینے والی دھاریاں۔ واحد: شُطبۃ۔
الشَّطْبُ : لمبا اور خوش قامت انسان (۲) درخت خرما کی نازک شاخ (۳) دفتری اصطلاح میں نشانِ حذف جو بجٹ میں مذکور مقررہ رقموں میں سے بعض پر لگایا جاتا ہے۔
الشَّطْبَۃُ من الشیءِ : کسی چیز کی کاٹی ہوئی لمبی پٹی (۲) قلم زد کرنے کا نشان لکیر جو غلط یا ساقط کردہ لفظ یا عبارت پر کھینچی جائے (۳) لمبی خوبصورت لڑکی۔
الشَّطِیبَۃُ : چمڑے کی لمبی پٹی ج: شَطائِبُ
الشَّطائِبُ : مختلف گروہ (۲) شدائد و آفات
المُشَطَّبُ : وہ شخص جس کے چہرے پر تلوار وغیرہ کی ضرب کا نشان ہو۔
• شَطَحَ فی السَّیرِ او فی القولِ ـَ شَطْحًا : چلتے رہنا یا بولتے رہنا۔
الشَّطْحَۃ: کہتے ہیں: لفلانٍ الصُّوفی احوالٌ و شَطَحاتٌ : فلاں صوفی کے مختلف احوال واقوال ہیں۔
• شَطَرَ الرَّجُلُ علی قومِہ ـُ شُطورا و شَطارۃً : کسی کا اپنی قوم کو اپنی شرارت وخباثت سے عاجز کر دینا۔ اپنے لوگوں کے خلاف شرانگیزی کرنا۔
ـــ عن القومِ : ناراض ہو کر الگ ہو جانا، دور ہو جانا۔
ـــ الشیءَ شَطْرًا : تقسیم کرنا، آدھا آدھا کرنا، دو حصے کرنا۔
ـــ الحَلُوبَۃَ : اونٹنی کے تھن کا ایک حصہ چھوڑ کر دوسرے سے دودھ نکالنا۔
شَطَرَ شَطْرَ فُلانٍ : کسی کی طرف رخ کرنا، اس کی جانب قصد کرنا۔
شَطَرَتِ النَّاقَۃُ شُطورًا : اونٹنی کے تھن کا ایک حصہ لمبا ہونا۔
ـــ بَصَرُہُ : نگاہ کا ترچھا ہونا۔
ـــ الدَّارُ : دور ہونا۔
شَطُرَ ـُ شُطورَۃً و شَطارۃً : چال باز ہونا، مکار و بدمعاش ہونا
شاطَرَہُ الشیءَ : کسی سے آدھا حصہ بانٹ کر لینا، حصہ بٹانا (۲) کسی کے گھر کے پاس گھر لینا۔
ـــ الحُزنَ و نَحوَہُ : کسی کا شریک غم ہونا، غم میں شریک ہونا۔
شَطَّرَ الشیءَ : آدھا آدھا کرنا، دو حصے کرنا۔
ـــ الشِّعرَ : ایک مصرع میں اپنی طرف سے دوسرا مصرعہ لگانا۔
الشَّاطِرُ : چال باز، مکار، بدمعاش، شریر (۲) صوفیا کے نزدیک اللہ کی طرف سبقت و تیزگامی کرنے والا بندہ (۳) سمجھدار، منتظم ج: شُطَّارٌ۔
الشَّطارۃُ : چالاکی، مکاری، عیاری، بدمعاشی۔
الشَّطْرُ : نصف، آدھا، کسی چیز کا جز ج: اَشْطُرٌ و شُطورٌ۔ کہاوت ہے: حَلَبَ الدَّھرَ اَشْطُرَہُ: وہ زمانہ کا اچھا برا دیکھے ہوئے ہے، تجربہ کار ہے (۲) گوشہ، کنارہ، جانب، طرف۔ قرآن پاک میں ہے: "فَوَلِّ وَجْھَکَ شَطْرَ المَسْجِدِ الحَرَامِ" (۳) شعر کا ایک مصرعہ۔
الشِّطْرَۃُ : نوع، قسم۔ کہتے ہیں: اولادُ فُلانٍ شِطْرَۃٌ : فلاں کی اولاد میں آدھے لڑکے ہیں اور آدھی لڑکیاں۔
الشَّطْرانُ : آدھا بھرا ہوا۔
الشَّطُورُ: ثَوبٌ شَطورٌ : وہ کپڑا جس کا ایک پلہ لمبا اور ایک چھوٹا ہو۔
ناقۃٌ شَطورٌ : وہ اونٹنی جس کا ایک تھن لمبا اور ایک چھوٹا ہو۔
دارٌ شَطورٌ : وہ مکان جو دیگر مکانوں سے علیحدہ ہو۔
الشَّطِیرُ : دور۔ کہتے ہیں: مَنزلٌ شَطِیرٌ و بَلَدٌ شَطِیرٌ۔ (۲) پردیسی، مسافر (۳) کسی چیز کا آدھا۔ کہتے ہیں: ھذا شَطِیرُ کذا : یہ فلاں چیز کا آدھا ہے ج: شُطُرٌ
الشَّطِیرَۃُ : دال بھری روٹی، پوری کچوری نقی، سموسا ج: شَطائِرُ۔
المَشْطُورُ : من الخبزِ : قیمہ یا دال بھری روٹی وغیرہ (۲) علم عروض کی ایک اصطلاح۔
الشِّطْرَنجُ : ایک کھیل جو دو اشخاص کھیلتے ہیں، ہر کھلاڑی کے پاس سولہ مہرے ہوتے ہیں جن کو وہ جارحانہ اور مدافعانہ انداز میں چونسٹھ مربع خانوں کی بساط پر اس مقصد سے چلاتا ہے کہ مخالف کا سب سے اہم مہرہ، یعنی بادشاہ ہر طرف سے اس طرح گھر جائے کہ کسی بھی خانے میں جانے سے بچت کی گنجائش نہ ہو اور اسے شہ مات دی جاسکے۔ یہ اصلاً ایک ہندوستانی کھیل ہے۔
• شَطَّ ـِ شُطوطًا و شَطَطًا: دور ہونا۔ کہتے ہیں: شَطَّتِ الدَّارُ۔
ـــ فی الامرِ: حد سے تجاوز کر جانا (۲) کسی کام میں بڑھتے چلے جانا۔ کہتے ہیں: شَطَّ فی المُساوَمَۃِ : وہ بھاؤ تاؤ میں بہت آگے نکل گیا، قیمت بڑھاتے

چلے جانا۔

شَطَّ عَلَیهِ فِی حُکمِهٖ شَطَطاً: کسی کے خلاف ظالمانہ فیصلہ کرنا، فیصلہ میں زیادتی کرنا۔

اَشَطَّ: دور ہونا۔ کہتے ہیں: اَشَطَّ فِی الصَّحْرَاءِ: جنگل میں دور نکل جانا۔

اَشَطَّ فِی السَّوْمِ: تکلیف دینے میں حد سے آگے بڑھنا۔

ـــ فِی الطَّلَبِ: تلاش میں دور نکل جانا

شَاطَّهٗ: ظلم وزیادتی میں کسی سے آگے بڑھ جانا، ظلم وزیادتی میں مقابلہ کرنا۔

شَطَّطَ: بہت دور نکل جانا، بہت آگے بڑھ جانا، زیادہ سخت فیصلہ کرنا۔

اشْتَطَّ: دور ہونا۔

ـــ فِی حُکْمِهٖ: فیصلہ میں زیادتی کرنا

الشَّاطُّ: رَجُلٌ شَاطٌّ: سڈول بدن کا آدمی م: شاطّة۔

الشَّطَاطُ: دوری (۲) لمبائی اور قد وقامت کی خوش نمائی۔

الشَّطُّ: دریا کا کنارہ ج: شُطُوط و شُطَّان

•شَطَفَ عَنِ الشیئِ ـُ شُطُفًا: الگ ہونا، ہٹنا (۲) دور ہٹ جانا۔

ـــ الثَّوبَ: دھونا۔

الشَّطُوفُ: نِیَّةٌ شَطُوفٌ: دور دراز کا ارادہ۔

الشَّاطِفُ: نشانہ خطا کرنے والا تیر۔

الشُّطْفَةُ: ٹکڑا ج: شُطَفٌ۔

المَشْطُوفُ: علم ریاضی میں جسم کے دو حصوں میں سے ایک جبکہ اسے برابر کاٹا گیا ہو اور کوئی ایک دوسرے کی کرسی کے لئے ساتر نہ ہو۔

•شَطَنَتِ الدَّارُ ـُ شُطُونًا: دور ہونا۔

ـــ عَنِ الدَّارِ: گھر سے دور ہونا

ـــ صَاحِبَهٗ شَطْنًا: ساتھی کے دوسرے رخ پر چلنا، اس کا ہم قصد نہ رہنا۔

شَطَنَتِ الدَّابَّةَ: رسّی سے باندھنا

ـــ فِی الاَرْضِ: زمین میں سفر کرنا، کسی ملک یا علاقہ میں داخل ہونا۔

أَشْطَنَهٗ: دور کرنا۔

شَیْطَنَ: شیطان بن جانا (۲) شیطان کے سے کام کرنا، شیطنت کرنا، شرارت کرنا۔

تَشَیْطَنَ: شَیْطَنَ۔

الشَّطَنُ: ڈول کی رسّی یا جانور کو باندھنے کی رسّی ج: اَشْطَانٌ۔

الشَّاطِنُ: شریر، بدمعاش (۲) حق سے منحرف۔

الشَّطُوْنُ: بِئْرٌ شَطُوْنٌ: گہرا کنواں

سَفَرٌ شَطُوْنٌ: دور دراز کا سفر

حَرْبٌ شَطُوْنٌ: گھمسان کی جنگ

الشَّیْطَانُ: گمراہ کن، شریر اور خبیث روح (۲) ہر مفسد و سرکش، انسان ہو یا جن (۳) خطرناک سانپ۔ کسی شے کی مذمت کے موقع پر بطور تشبیہ کہتے ہیں: کَاَنَّهٗ وَجْهُ شَیْطَانٍ او رَأْسُ شَیْطَانٍ۔ جہنم کے وصف کو بیان کرتے ہوئے قرآن پاک میں فرمایا گیا ہے: "طَلْعُهَا کَاَنَّهٗ رُءُوسُ الشَّیَاطِیْنِ" کہاوت ہے: رَکِبَهٗ شَیْطَانُهٗ: وہ غصہ سے پاگل ہوگیا (انجام تک کی خبر نہ رہی)

نَزَعَ عَنْهُ شَیْطَانُهٗ: وہ بردبار اور سنجیدہ ہوگیا۔

شَیْطَانُ الفَلَاةِ: پیاس۔

شَیْطَانُ الشَّاعِرِ: زمانۂ جاہلیت کے عقیدہ کے مطابق وہ جن جو شاعر کے دل میں شعر کا القا کرتا تھا۔

شَیَاطِیْنُ الرَّأْسِ: جوشِ غضب۔

شَیَاطِیْنُ العَرَبِ: عرب کے نافرمان و سرکش لوگ۔

•شَطِیَ ـَ شُطِیًّا: بمعنی شصا ـُ شُصُوًّا۔

شَطَّی الشَّاةَ: بکری کی کھال اتار کر گوشت کے ٹکڑے کرنا۔

اِنْشَطَی الشَّیئُ: شاخ دار ہونا (۲) اجزاء کا الگ الگ ہونا۔

ش ـــ ظ

•شَظَفَ ـُ شَظْفًا و شَظَافَةً: درخت کا پانی کم ملنے سے خشک ہوجانا

ـــ العَیْشُ: زندگی کا تنگ اور دشوار ہونا

عَیْشٌ شَظِفٌ: تنگ دستی کی زندگی

ـــ الخُلُقُ: مزاج واخلاق کا خراب ہونا۔

هو شظیف۔

شَظِفَ الرَّجُلُ: تنگ دست ہونا۔

ـــ الیَدُ: کھردرا ہونا۔

ـــ السَّهْمُ: تیر کا کھال اور گوشت کے درمیان گھسنا۔

شَظَفَهٗ عن کذا ـُ شَظْفًا: روکنا۔

الشِّظْفُ: روٹی کا جلا ہوا حصہ (۲) کھونٹی جیسی چھوٹی سخت لکڑی (۳) لاٹھی کی پھٹن ج: شِظَفَةٌ

الشَّظَفُ: تنگی، سختی، عُسرت، تنگ دستی (۲) بدخلقی ج: شِظَافٌ۔ ناخن کی جڑ سے گوشت کی پھٹن۔

الشِّظَافُ: دوری۔

الشَّظِفُ: تنگ، تنگ دست (۲) بدخلق

الشَّظِیْفُ: شَجَرٌ شَظِیْفٌ: پانی کی قلت سے سوکھ جانے والا درخت۔

المِشْظَفُ: بے ارادہ بولنے والا۔

•شَظِیَ العُودُ و نَحْوُهٗ ـَ شَظًی: لکڑی کا ٹکڑے ٹکڑے ہو کر پھٹنا۔ کرچیں ہونا۔

ـــ القَومُ: منتشر ہونا، شیرازہ بکھرنا۔

ـــ الفَرَسُ: گھوڑے کے گھٹنے کی ہڈی میں تکلیف ہونا۔ هو شَظٍ و هی

شَظِیَۃ۔
شَظِی السِّقَاءُ ـ شَظًی: مشک کا پانی سے تن جانا۔
ـــ المَیِّتُ: مردہ کے ہاتھ پیروں کا اکڑ جانا۔
أَشْظَاہُ: گھٹنے کی ہڈی میں تکلیف پیدا کرنا
شَظَّی الشَّیءَ: چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں پھاڑنا، کرچیں کرنا۔
ـــ القَوْمَ: منتشر کرنا، شیرازہ بکھیرنا۔
تَشَظَّی العُودُ: لکڑی کے ٹکڑے ہو کر اڑنا، پھٹنا۔
ـــ الصَّدَفُ عن اللُّؤلُؤِ: سیپ کا موتی سے الگ ہو جانا، سیپ پھٹ کر موتی نکلنا۔
الشَّظَی: ابرو یا گھٹنے کی باریک ہڈی۔
واحد: شَظَاۃٌ۔ پچھلگو لوگ۔
الشَّظِیَّۃُ: پنڈلی کی دو ہڈیوں میں سے ایک چھوٹی ہڈی (۲) کرچ، چھوٹا ٹکڑا، ریزہ، چورا ج: شظایا۔ الشَّظَایَا: پسلیوں کے نچلے سرے۔

ش ـــــ ع

شَعَبَ الشَّیءُ ـ شَعْبًا: متفرق و منتشر ہونا (۲) شاخ در شاخ ہونا (۳) ظاہر ہونا۔
ـــ الیہ: مائل ہونا، مشتاق ہونا۔
ـــ عنہ: الگ ہونا، دور ہونا۔
ـــ الشَّیءَ: متفرق و منتشر کرنا (۲) جمع کرنا، جوڑنا (لغت اضداد میں سے ہے)۔
ـــ الصَّدْعَ: شگاف کو بند کرنا، درست کرنا۔
ـــ فلانًا: مشغول کرنا۔
ـــ اللِّجَامُ الفَرَسَ: لگام کا گھوڑے کو روکنا۔
شَعِبَ فُلانٌ: مرنا۔ کہتے ہیں: شَعَبَتْہُ المَنِیَّۃُ: اسے موت نے اچانک آپکڑا
شُعِبَ فُلانٌ الی احد: ایلچی بنا کر بھیجنا
شَعِبَ الرَّجُلُ ـ شَعَبًا: مونڈھوں کے درمیان فاصلے والا ہونا، چوڑے سینے والا ہونا۔
ـــ الظَّبْیُ: دونوں سینگوں کے درمیان فاصلے والا ہونا۔ ھو أَشْعَبُ و ھی شَعْبَاءُ ج: شُعْبٌ۔
أَشْعَبَ الشَّیءَ: پھٹن کو درست کرنا، جوڑنا، مرمت کرنا۔
شَعَّبَ الزَّرْعُ: کھیتی میں شاخیں نکلنا۔
ـــ الامْرَ: شاخیں نکالنا، شقیں پیدا کرنا۔
ـــ الاِنَاءَ و نَحْوَہ: مرمت کرنا، سوراخ بند کرنا۔
تَشَعَّبَ: شاخ در شاخ ہونا، بکھرنا، پھیلنا۔ تشعّبت الآراءُ: نظریات کا مختلف ہونا۔
اِنْشَعَبَ: بکھرنا، پھیلنا، شاخ در شاخ ہونا، شاخیں نکلنا۔ کہتے ہیں: اِنْشَعَبَتْ اَغْصَانُ الشَّجَرَۃِ، اِنْشَعَبَ النَّھْرُ و الطَّرِیْقُ۔
ـــ عنہ: دور ہونا۔ کہتے ہیں: اِنْشَعَبَ القَوْلُ بِصَاحِبِہ: متکلم کے کلام سے مختلف باتیں نکلیں۔ بات میں سے بات نکلی۔
اَشْعَبُ: وہ شخص جس کے مونڈھوں کے درمیان زیادہ فاصلہ ہو (۲) مدینہ منورہ کا ایک شخص جو بہت حریص تھا اس کی مثال دی جاتی ہے۔ کہتے ہیں: فلانٌ اَطْمَعُ من اَشْعَبَ و طَمَعٌ اَشْعَبِیٌّ۔
الشَّعْبُ: لوگوں کا بڑا گروہ جو ایک باپ کی طرف منسوب ہو۔ یہ قبیلہ سے زیادہ وسیع ہے، بڑا قبیلہ، قوم، (۲) لوگوں کی بڑی جماعت جو کسی ایک سوشل نظام کے ماتحت ہو (۳) وہ بڑی جماعت جس کے تمام افراد کی زبان ایک ہو کسی ملک کے عوام پبلک ج: شُعُوبٌ۔
الشَّعْبُ الکادِحُ: جفاکش عوام۔
الشَّعْبُ المُضْطَھَدُ: مظلوم عوام۔
الشَّعْبُ المُنَاضِلُ: سرفروش عوام۔
شَعْبًا: عوامی سطح پر، عوامی طور پر۔
الشَّعْبِیُّ: عوامی، پبلک کا۔
الشِّعْبُ: دو پہاڑوں کے درمیان کھلی جگہ، گھاٹی ج: شِعَابٌ (۲) راستہ (۳) زمین دوز نالہ۔
شَعْبَانُ: قمری سال کا آٹھواں مہینہ۔
الشُّعْبَۃُ: فرقہ، گروہ، حصہ، شاخ، قرآن پاک میں ہے: "اِلٰی ظِلٍّ ذِیْ ثَلٰثِ شُعَبٍ" (۲) درخت کی شاخ (۳) انتظامی شعبہ، برانچ ج شُعَبٌ و شِعَابٌ۔
الشُّعَبُ: انگلیاں (۲) انگلیوں کی طرح مشین کے نکلے ہوئے کونے یا شاخیں
شُعَبُ شَوکَۃِ الطَّعَامِ: کھانے کے کانٹے کی نوکیں یا دندانے۔
شُعَبُ الدَّھْرِ: حالات زمانہ۔
مَسْأَلَۃٌ کَثِیْرَۃُ الشُّعَبِ: کثیر الفروع مسئلہ۔
شُعَبُ الصَّدْرِ: پھیپھڑوں میں سانس کی نالیاں۔
شُعَبُ السَّفُّودِ: سیخ کے دندانے۔
النَّزْلَۃُ الشُّعَبِیَّۃُ: کھانسی۔
شَعُوبُ: (بلا تنوین) موت کا اسم علم۔ کہتے ہیں: شَعَبَتْہُ شَعُوبُ: اسے موت آگئی۔
الشُّعُوبِیَّۃُ: ایک نظریہ جو عہد عباسی میں ظہور پذیر ہوا

اس نظریہ کے قائلین کے نزدیک عربوں کو غیر عربوں پر کوئی فوقیت حاصل نہیں۔ اس نظریہ کے قائل کو شُعُوبِیّ کہا جاتا ہے ج: شُعُوبِیَّة وشُعُوبِیُّون۔

الشُّعُوبِیَّةُ: عوامی مقبولیت، عوامیت۔

الشُّعُوبُ الحُرَّةُ: آزاد قومیں۔

الشُّعُوبُ المُنحَازَةُ: جانبدار قومیں۔

الشُّعُوبُ غیرُ المُنحَازَةِ: غیر جانبدار قومیں۔

الشُّعُوبُ المُحَارِبَةُ: برسرِ پیکار قومیں

الشُّعُوبُ المُحِبَّةُ للسَّلامِ: امن پسند اقوام۔

المِشْعَبُ: برتن میں سوراخ کرنے کا اوزار برما ج: مَشَاعِبُ۔

المُشَعَّبُ: شاخ در شاخ (۲) درست کیا ہوا۔

•شَعبَذَ شَعبَذَةً: شعبدہ باز ہونا، شعبدہ دکھانا، ہاتھ کے کرتب دکھانا (حواس کو دھوکہ دے کر اور نظر بندی کر کے کسی چیز کو اس کی حقیقت کے برخلاف دکھانا) (۲) باطل کو حق بنا کر پیش کرنا۔ ھو مُشَعبِذٌ۔

المُشَعبِذُ: شعبدہ باز، مداری، جادوگر۔

•شَعِثَ الشَّعْرُ ـــ شَعَثًا وشُعُوثَةً: بالوں کا بکھرا ہوا اور غبار آلود ہونا، پراگندہ ہونا۔ کہتے ہیں: شَعِثَ فُلانٌ و شَعِثَ رأسُهُ و بَدَنُهُ: میلا کچیلا ہونا، پراگندہ حال ہونا۔ ھو أشْعَثُ وھی شَعْثَاءُ ج: شُعْثٌ۔

ـــ الأمرُ: دگرگوں ہونا۔

شَعَّثَ من الشیءِ: کچھ لینا۔

ـــ من فُلانٍ: چشم پوشی کرنا (۲) عیب نکالنا۔

ـــ الشّاعِرُ: شعر میں تشعیث جاری کرنا تشعیث علم عروض کی اصطلاح میں فاعلاتن کے وتد میں سے ایک متحرک حذف کرنے کا نام ہے۔

شَعَّثَ الشیءَ: بکھیرنا، منتشر کرنا، پراگندہ کرنا۔

تَشَعَّثَ: منتشر ہونا، بکھرنا (۲) نوک یا کنارہ خراب ہو جانا۔ جیسے: تَشَعَّثَ رأسُ الوَتِدِ والسِّوَاكِ۔

ـــ الشَّعْرُ: بکھرنا، پراگندہ ہونا۔

ـــ القومُ: لوگوں کا اِدھر اُدھر ہونا، شیرازہ بکھرنا، منتشر ہونا۔

الأُشْعُثُ: میخ (۲) مسواک۔

الشَّعَثُ: منتشر شیرازہ، بکھرے ہوئے اجزا، پراگندگی۔ کہتے ہیں: لَمَّ اللّٰہُ شَعَثَهُ: اللہ نے اس کا حال درست کر دیا، اس کا معاملہ ٹھیک کر دیا۔

التَّشْعِیثُ: علم عروض کی اصطلاح۔ فاعلاتن کے وتد میں سے ایک متحرک حذف کر دینا۔

الشَّعَثُ: کام کی ابتری، بے ترتیبی۔

الشَّعِثُ و الشَّعْثَانُ: پراگندہ حال، بکھرے ہوئے میلے بالوں والا۔

•شَعوَذَ شَعوَذَةً: شَعبَذَ۔ ھو مُشَعوِذٌ: شعبدہ باز، کرتب دکھانے والا، ہاتھ کی صفائی دکھانے والا، مداری

الشَّعوَذَةُ: شعبدے بازی، ہاتھ کی صفائی، کرتب سازی، مداری پن، جادوگری، مداری کا تماشا، جادوگری

المُشَعوَذُ: شعبدہ سے متاثر، جادو زدہ۔

•شَعَرَ فُلانٌ ـــ شِعْرًا: شعر کہنا۔

ـــ لَهُ: کسی کے لئے شعر کہنا، کسی کو شعر سنانا۔

ـــ بِهِ شُعُورًا: جاننا، محسوس کرنا، سمجھنا۔

شَعَرَ فُلانًا: کسی پر شعر میں غالب آنا۔

ـــ الشیءَ شَعْرًا: کسی چیز کے نیچے بال لگانا، جیسے: شَعَرَ الخُفَّ والمِیثَرَةَ: موزے یا برش پر بال لگانا۔

ـــ الثَّوبَ: کپڑے میں بال بھرنا۔

شَعِرَ ـــ شَعَرًا: بہت بالوں والا ہونا ھو أشْعَرُ وھی شَعْرَاءُ ج: شُعْرٌ۔ ھو شَعِرٌ ایضًا۔

شَعُرَ فُلانٌ ـــ شِعْرًا: شعر گوئی میں ماہر ہونا۔

أَشْعَرَ الغُلامُ والجاریةُ: لڑکے اور لڑکی کے بال نکل آنا (مراہقت کے وقت)۔

ـــ القومُ: قوم کا اپنے لئے شعار (علامت امتیازی) بنانا۔

ـــ الشیءُ الشیءَ: چپک جانا یا ملجانا۔

ـــ الأمرَ: مشہور کرنا، اعلان کرنا۔

ـــ فُلانًا: تحتانی لباس پہنانا۔

ـــ فُلانًا الأمرَ و بالأمرِ: کسی کو کوئی بات بتانا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمَا یُشْعِرُکُمْ أنَّهَا إذَا جَاءَتْ لَا یُؤْمِنُونَ" (۲) محسوس کرانا، احساس دلانا (۳) نوٹس دینا، اطلاع دینا۔

شَاعَرَهُ: شعر گوئی میں مقابلہ کرنا۔

شَعَّرَ الشیءَ: کسی چیز کے نیچے بال لگانا۔

تَشَاعَرَ: شاعر بننا یعنی خود کو شاعر ظاہر کرنا۔

اِسْتَشْعَرَ القومُ: جنگ میں اپنی خاص علامتوں سے ایک دوسرے کو پکارنا۔

ـــ الثَّوبَ: کپڑے کو تحتانی لباس بنا کر پہننا جیسے بنیان وغیرہ جو بدن سے لگا ہوا ہو۔

ـــ الخَوفَ: ڈر محسوس کرنا۔ کہتے ہیں: اِسْتَشْعَرَ خَشْیَةَ اللّٰهِ: اس کے دل میں اللہ کا ڈر پیدا ہوا۔

الإشْعَارُ: اطلاع، نوٹس، وارننگ

إشعارُ وُرُودٍ : اطلاع آمد۔

الاَشْعَرُ : زیادہ عمدہ شاعر (۲) بہت بالوں والا (۳) ناخن کے نیچے کا گوشت (۴) جانور کے کھر کے آس پاس کی کھال ج: شُعْرٌ و اَشَاعِرُ۔ ھو اَشْعَرُ الرَّقَبَۃِ: مضبوط گردن والا۔

الاَشْعَرِیَّۃُ: متکلمین کا ایک فرقہ جو ابوالحسن اشعری کی طرف منسوب اور معتزلہ کے افکار وعقائد کے خلاف ہے واحد: اَشْعَرِیٌّ۔

الشَّاعِرُ: شاعر، شعر گو ج: شُعَرَاءُ۔ کہتے ہیں: شِعْرٌ شَاعِرٌ: عمدہ شعر۔

الشَّاعِرُ المطبوعُ: فطری شاعر، طبع زاد شاعر۔

الشِّعَارُ: بدن سے لگا ہوا کپڑا، تحتانی لباس (۲) ملک وقوم کا علامتی اور امتیازی نشان (۳) نعرہ (وہ عبارت جس سے کوئی جماعت اپنا تعارف کرائے) علامت نشان خاص (۴) بھیس (۵) موٹو (۶) جھنڈا (جو بطور علامت مستعمل ہو) (۷) بیج ج: اَشْعِرَۃٌ و شِعارات۔

الشِّعَارُ التّجارِیُّ: ٹریڈ مارک۔

الشِّعَارُ المُضَادُّ لِفُلانٍ: کسی کے خلاف نعرہ یا پروپیگنڈہ۔

الشّعارات المُزَیَّفَۃُ: کھوکھلے نعرے۔

الشّعارات المُنَاوِئَۃُ: مخالف نعرے۔

الشَّعَارُ: گھنی شاخوں والا درخت (۲) درختوں والی جگہ۔

الشَّعْرُ: بال (۲) نبات، پودا ج: اَشْعَارٌ و شُعُورٌ۔ واحد: شَعْرَۃٌ۔

الشَّعْرُ المُسْتَعَارُ و شَعْرٌ عَارِیَۃٌ: مصنوعی بال۔ الشَّعْرِیُّ: بالوں کا، بالوں سے بنا ہوا۔

الشِّعْرُ: شعر، وہ کلام جو بالقصد قافیہ اور وزن پر لایا گیا ہو (۲) مناطقہ کے نزدیک خیالی امور کے مرکب کا نام ہے جس سے ترغیب وترہیب مقصود ہوتی ہے۔ جیسے شاعر کا تخیل: الخَمْرُ یاقُوتَۃٌ سَیَّالَۃٌ والعَسَلُ قَیْءُ النَّحلِ۔

الشِّعْرُ المَنْثُورُ: مسجع اور بلیغ کلام جو تخیل و اثر انگیزی میں شعر کے طرز پر ہو لیکن وزن ملحوظ نہ ہو۔ جیسے کہا جائے: لَیْتَ شِعْرِی ما صَنَعَ فُلانٌ۔ لَیْتَنِی اَعْلَمُ ما صَنَعَ ج: اَشْعَارٌ۔ کہتے ہیں: لَیْتَ شِعْرِی: کاش مجھے معلوم ہوتا۔

الشِّعْرَی: سخت گرمی میں طلوع ہونے والا ایک روشن ستارہ قرآن پاک میں ہے: "وَاَنَّہٗ ھُوَ رَبُّ الشِّعْرَی" وہ دو ہیں (شِعْرَیان) الشِّعْرَی العَبُورُ والشِّعْرَی الغُمَیْصَاءُ۔

الشَّعْرَاءُ: پوستین، چرمی کرتا (۲) بہت درختوں والی زمین (۳) گھنا باغ (۳) بھیڑ (۴) اونٹوں پر بیٹھنے والی مکھی (۵) ایک قسم کا آڑو۔

دَاھِیَۃٌ شَعْرَاءُ: سخت مصیبت نامناسب بات کرنے والے کے لئے کہتے ہیں: جِئْتَ بِہا شَعْرَاءَ ذاتَ وَبَرٍ۔

الشَّعْرَانِیُّ: لمبے اور گھنے بالوں والا۔

الشَّعْرَۃُ: شَعْرٌ کا واحد (۲) پلکیں پلٹ جانے کی بیماری۔

الشُّعْرُورُ: معمولی درجہ کا شاعر (۲) چھوٹی ککڑی۔ واحد: شُعْرُورَۃٌ ج: شَعَارِیرُ۔

الشَّعْرِیَّۃُ: سوّیاں (چرخی یا مشین سے نکالے ہوئے میدے کے دھاگے نما لمبے ٹکڑے)

الشُّعُورُ: احساس (۲) علم جو بلا دلیل حاصل ہو، حس، مذمت کے موقع پر کہتے ہیں: فُلانٌ لا یَشْعُرُ: وہ بے حس ہے (۳) جذبہ (۴) وجدان (۵) اثر پذیری (۶) حسّاسیت (۷) وہ نفسیاتی علم جو خود اپنی ذات یا ماحول کے متعلق بذریعہ عقل حاصل ہو، شعور، بیداری شعور انسانی کی یہ تین صورتیں ہیں: ادراک، وجدان، رجحان۔

الشُّعُورُ الدَّاخِلِیُّ: وجدان۔

الشُّعُورُ النَّبِیلُ: اعلیٰ جذبہ۔

الشُّعُورُ الشَّنِیعُ: برا جذبہ۔

الشُّعورُ بالحِرْمَانِ: احساس محرومیت احساس ناکامی۔

الشُّعُورُ بالاسْتِعْلاءِ: احساس برتری

الشُّعُورُ المُعَادِی: مخالفانہ جذبہ۔

الشُّعُورُ بالنَّقْصِ: احساس کمتری۔

عَدِیمُ الشُّعورِ۔ فاقِدُ الشُّعُورِ: بے حس، بے علم۔

الشَّعِیرُ: جو (اناج کی ایک قسم) واحد: شَعِیرَۃٌ۔ کہاوت ہے: فُلانٌ کالشَّعِیرِ یُؤْکَلُ و یُذَمُّ: معمولی حقیر آدمی کے لئے بولا جاتا ہے جس سے کام لیا جاتا ہے مگر اس کی تحقیر بھی کی جاتی ہے۔

الشَّعِیرَۃُ: وہ مذہبی رسم (علامتی کام) جسے انجام دینے کا شریعت نے حکم دیا ہے ج: شَعَائِرُ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمَنْ یُعَظِّمْ شَعَائِرَ اللہِ فَاِنَّہَا مِن تَقْوَی القُلُوبِ" (۲) حج میں قربانی کا جانور (گائے یا اونٹ) جو خدا کے گھر بھیجا جائے۔ قرآن پاک میں ہے: یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوا

شَعَائِرُ اللّٰہِ (۳) علامت ۔
الْمُتَشَاعِرُ: شاعری کا دعویٰ کرنے والا ۔
الْمَشَاعِرُ: حواس (۲) رسوم عبادت یا مناسک حج ادا کرنے کے مقامات (۳) جذبات، احساسات ۔ کہتے ہیں: اِسْتَوْلَی الشَّیْءُ عَلٰی مَشَاعِرِہٖ: کسی چیز کا دل ودماغ پر مسلط ہونا ۔
الْمَشْعَرُ: گھنا درخت (۲) مناسک حج ادا کرنے کی جگہ ۔
الْمَشْعَرُ الْحَرَامُ: مزدلفہ ۔ قرآن پاک میں ہے: ''وَاذْکُرُوا اللّٰہَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ'' (۲) حاشیہ، درخت کے نیچے سایہ کی جگہ ج: مَشَاعِرُ ۔
مَشَاعِرُ السُّرُوْرِ: جذبات مسرت ۔
الْمَشَاعِرُ الْمَکْتُوْمَۃُ: چھپے یا دبے ہوئے جذبات ۔
الْمَشَاعِرُ الْوَطَنِیَّۃُ: قومی جذبات ۔
الْمَشْعُوْرُ: بالوں سے آراستہ (۲) لوٹا ہوا برتن (۳) دماغی توازن کھویا ہوا آدمی ۔
• شَعْشَعَ الضَّوْءُ: ہلکی روشنی پھیلنا ۔
ـــ الشَّرَابَ وَ نَحْوَہٗ: شراب میں تھوڑا پانی ملانا ۔
ـــ الثَّرِیْدَ وَ نَحْوَہٗ: ثرید وغیرہ میں گھی زیادہ ڈالنا ۔
ـــ عَلَیْہِمِ الْخَیْلَ: گھوڑوں سے حملہ کرنا ۔
تَشَعْشَعَ الضَّوْءُ: روشنی پھیلنا ۔
ـــ الشَّہْرُ: مہینہ کا اکثر حصہ گزر جانا ۔
الشَّعْشَاعُ: منفرق، منتشر ۔ ظِلٌّ شَعْشَاعٌ: وہ سایہ جس میں جگہ جگہ روشنی کے دھبے دکھائی دیں (۲) خوب رو اور ذہین آدمی، نازک و پھرتیلا آدمی ۔
الشَّعْشَعُ: الشَّعْشَاعُ ۔
الْمُشَعْشَعُ مِنَ الظِّلِّ: ہلکا سایہ ۔
• شَعَّ الشَّیْءُ ـِ شَعًّا: منفرق ومنتشر ہونا، پھیلنا ۔

شَعَّ فُلَانٌ: جلدی کرنا ۔
ـــ الْمَاءَ ـُ شَعًّا: پانی بہانا ۔
أَشَعَّتِ الشَّمْسُ: سورج کا کرنیں پھیلانا ۔
ـــ النَّارُ: آگ کا روشنی اور شعلہ نکالنا آگ کا روشن اور گرم ہونا ۔
ـــ السُّنْبُلُ: خوشہ یا بالی میں دانے بھر جانا ۔
ـــ الزَّرْعُ: کھیتی میں خوشے نکلنا ۔
ـــ الْمَاءَ: پانی کو اِدھر اُدھر ڈالنا ۔
اِنْشَعَّ الذِّئْبُ فِی الْغَنَمِ: بھیڑیے کا بکریوں میں گھس کر تباہی مچانا ۔
الْإِشْعَاعُ: فضا یا کسی جگہ لہروں کی شکل میں توانائی کی پھیلی ہوئی تابکاری
الْإِشْعَاعُ الذَّرِّیُّ: ایٹمی تابکاری ۔
الْإِشْعَاعَۃُ: (مصدر مرۃ) روشنی، کرن
الْأَشِعَّۃُ السِّیْنِیَّۃُ: تیز رفتار الکٹرونات کے تصادم سے پیدا ہونے والی مقناطیسی کہربائی شعاعیں ۔
الْأَشِعَّۃُ الْکَوْنِیَّۃُ: فضا رخارجی سے زمین پر پہنچنے والی تیز شعاعیں ۔
الشَّعَاعُ: منفرق ومنتشر ۔ کہتے ہیں: دَمٌ شَعَاعٌ ۔ ذَہَبَتْ نَفْسُہٗ اَوْ قَلْبُہٗ شَعَاعًا: اس کا دل مضطرب یا ذہن منتشر ہوگیا، کوئی ایک فیصلہ نہیں کرپاتا ۔ ذَہَبُوْا شَعَاعًا: وہ اِدھر اُدھر چلے گئے، منتشر ہوگئے ۔
تَطَایَرَتِ الْعَصَا شَعَاعًا: لاٹھی کی دھجیاں اڑگئیں (۲) ہلکا سایہ (۳) پانی ملا دودھ ۔
شُعَاعُ السُّنْبُلِ: خوشہ کا خشک کانٹا
الشُّعَاعُ: سورج یا روشنی کی کرن، چمک، واحد: شُعَاعَۃٌ ج: اَشِعَّۃٌ وَ شُعُعٌ ۔
الشُّعُّ: الشُّعَاعُ (۲) مکڑی کا جالا

ج: شِعَاعٌ ۔
الْمُشِعُّ: روشن، چمک دار ۔
• شَعَفَ الشَّیْءَ ـَ شَعْفًا: اوپر چڑھنا، اوپر ہونا ۔
ـــ الْحُبُّ فُلَانًا: آتش محبت کا کسی کو جلانا ۔
شَعِفَ بِہٖ وَ بِحُبِّہٖ ـَ شَعَفًا: فریفتہ ہونا، گرفتار محبت ہونا ۔
ـــ بِالْأَمْرِ: کسی بات سے ڈرنا اور اس کے لیے پریشان ہونا
ـــ النَّاقَۃُ: شَعَف (آنکھوں کے بال گرنے کی بیماری) میں مبتلا ہونا ۔
شُعِفَ بِہٖ: فریفتہ اور عاشق ہونا ۔
الشُّعَافُ: دیوانگی، پاگل پن ۔
الشَّعَفَۃُ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا بالائی حصہ، چوٹی، سرا ۔ کہتے ہیں: شَعَفَۃُ الْجَبَلِ وَ شَعَفَۃُ الرَّأْسِ وَ شَعَفَۃُ الْقَلْبِ: شہ رگ سے قریب دل کا سرا (۲) سر کے بالوں کی لٹ، زلف (۳) بے پایاں محبت، فریفتگی ج: شَعَفٌ وَ شِعَافٌ وَ شُعُوْفٌ ۔
الشَّعْفَۃُ: سطح زمین کو بھگونے والی ہلکی بارش (۲) بوند (مصدر مرّہ) ج: شِعَافٌ ۔
الْمَشْعُوْفُ: محبت میں دیوانہ (۲) دیوانہ (۳) خوف زدہ ۔
• شَعَلَتِ النَّارُ ـَ شَعْلًا: آگ سلگنا، جلنا، بھڑکنا، دہکنا ۔
ـــ النَّارَ وَ غَیْرَہَا: آگ سلگانا، جلانا، بھڑکانا، دہکانا (۲) سگریٹ یا دیا سلائی سلگانا ۔
شَعِلَ ـَ شَعَلًا: سیاہ بالوں میں سفیدی کی آمیزش والا ہونا ۔ ہُوَ اَشْعَلُ وَ ہِیَ شَعْلَاءُ (۲) گھوڑے کا دم اور پیشانی پر سفید داغ والا ہونا ۔

أَشْعَلَ النَّارَ: آگ جلانا، بھڑکانا۔
— فُلاناً: کسی کو مشتعل کرنا، غصہ دلانا
— الفِتْنَةَ: فساد کی آگ بھڑکانا۔
— نَارَ الحَمَاسَةِ: جوش دلانا۔
— الجَمْعَ: مجمع کو منتشر کرنا۔
— الخَيْلَ فی الغارة: جنگ میں ہر طرف گھوڑوں کو پھیلانا۔
— نَارَ الحَرْب: جنگ کے شعلے بھڑکانا جنگ چھیڑنا۔
— السِّقاءُ: مشک کا جگہ جگہ سے پھٹ جانا اور پانی ٹپکنا۔
— السَّقْيَ: خوب پانی پلانا۔
— الطَّعْنَةُ الدَّمَ: نیزے کی ضرب کا خون بہانا۔
— العَيْنُ: زیادہ آنسوؤں والی ہونا۔
شَعَّلَ: در شَعَلَ۔
اشْتَعَلَت النَّارُ: آگ جلنا، سلگنا، بھڑکنا۔
— فُلانٌ غَضَباً: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔
— الرَّأْسُ و نَحْوُهُ: سر کے بال سفید ہو جانا، بڑھاپا آجانا قرآن پاک میں ہے: "وَاشْتَعَلَ الرَّأْسُ شَيْباً"
تَشَعَّلَ: آگ جلنا، بھڑکنا، شعلہ زن ہونا۔
الأَشْعَلُ من الخَيْل: وہ گھوڑا جس کے بالوں میں سفیدی کی آمیزش ہو۔
— من النَّاس: وہ آدمی جس کی آنکھ میں پیدائشی طور پر سرخی ہو۔
الشَّعَلُ: بالوں میں ملی ہوئی سفیدی (۲) گھوڑے کی دم اور پیشانی کا سفید داغ
رَجُلٌ شَعْلٌ: جوشیلا اور تیز خاطر شخص۔
الشُّعْلَةُ: شعلہ، آگ کی لپٹ، بھڑک، لو (۲) مشعل، جلتی لکڑی۔ کہتے ہیں: كَأَنَّهُ شُعْلَةُ نَشَاط او شُعْلَةُ ذَكَاءٍ: غضب کا ذہین و پھرتیلا ج: شُعَلٌ۔
شُعْلَةُ المَوْقِد: اسٹوو کا برنر (لوہے کی چھوٹی سی نلکی جس میں تیل نکل کر آگ جلتی ہے)۔
الشَّعِيلُ: سوزاں، جلتا ہوا (۲) روشن و چمک دار چیز، توے یا ہانڈی کے نیچے چمکتے ہوئے ذرات۔ ھی شَعِيلة ج: شُعَلٌ و شَعَائِلُ۔
الشَّعِيلَةُ: بھڑکتی ہوئی آگ، جلتی ہوئی بتی ج: شُعُلٌ۔
المِشْعَالُ والمِشْعَلُ: وہ چیز جس سے آگ جلائی جائے یا کچھ روشن کیا جائے (۲) چھلنی ج: مَشَاعِل۔
المِشْعَلُ الكهربائيُّ: بیٹری، ٹارچ۔
المَشْعَلُ: قندیل، لالٹین، لیمپ ج: مَشَاعِل۔
المَشْعَلَةُ: چولہا۔
المُشْعِلُ: منتشر اور ادھر ادھر بکھرا ہوا۔ جیسے: جَرَادٌ مُشْعِل وكَتِيبَةٌ مُشْعِلَةٌ: پھیلی ہوئی ٹڈیاں، پھیلا ہوا فوج کا دستہ۔
الشُّعْلُولُ: آگ کا شعلہ (۲) لوگوں کا گروہ ج: شَعَالِيلُ۔
• شَعَمَ ـَ شَعْماً: جوڑنا، صلح کرانا۔
• شَعِنَ شَعْرُهُ ـَ شَعَناً: بالوں کا بکھرنا، پراگندہ ہونا۔
أَشْعَنَ فُلانٌ: دشمن کی پیشانی کے بال پکڑ کر کھینچنا۔
اشْعَنَّ شَعْرُهُ و نَحْوُه: بالوں کا بہت بکھرنا و کھڑا ہونا۔
الشَّعَانِينُ: نصاریٰ کی ایک اتوار کے دن کی عید جس میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بیت المقدس میں داخل ہونے کی یادگار منائی جاتی ہے
الشُّعْنُونُ: رَجُلٌ شُعْنُونٌ: پراگندہ بال آدمی (۲) بے وقوف ج: شَعَانِين
الشَّعَنُ: سوکھ کر جھڑے ہوئے پتے یا گھاس
المَشْعُونُ: رَجُلٌ مَشْعُونٌ: پراگندہ بال والا۔
• شَعَا ـُ شَعْواً: بالوں کا کھڑا ہونا اور بکھرنا (۲) کسی چیز کا بکھرنا۔
شَعِيَ ـَ شَعًا: شَعَا هو أشْعَى و هي شَعْوَاءُ۔
شَعِيت الغَارَةُ: ہر طرف یورش ہونا
أَشْعَى القَوْمُ الغَارَةَ و نَحْوَها: ہر طرف سے دھاوا بولنا، یورش کرنا
— بہ: اہتمام کرنا، توجہ دینا۔
الشَّاعِي: دور (۲) پھیلا ہوا، (۳) مشترک حصہ م: شَاعِيَة۔ کہتے ہیں: جاءت الخَيْلُ شَوَاعِيَ و شَوَائِعَ: گھوڑے الگ الگ آئے۔
الشُّعْي: بکھرے بالوں کے گچھے، لٹیں۔ واحد: شَعْوَة۔
الشَّعْوَاءُ: ہر طرف پھیلی ہوئی، بکھری ہوئی جیسے: شَجَرَة شَعْوَاءُ: پھیلا ہوا درخت۔ غَارَةٌ شَعواء: عمومی حملہ، یورش۔
• شَعْوَذَ: دیکھئے (شعذ)

ش ـــــ غ

• شَغَبَ القَوْمَ و عَلَيْهِم و فيهم و بِهِم ـَ شَغْباً: لوگوں کے ساتھ ہنگامہ آرائی کرنا، فتنہ و فساد پھیلانا، شرارت کرنا، شور و شغب کرنا۔
— فُلانٌ: غنڈہ گردی کرنا، شور و شر کرنا۔
— عن الطَّرِيق: راستہ سے ہٹنا۔
شَاغَبَهُ: کسی کے ساتھ ہنگامہ آرائی کرنا، لڑائی جھگڑا کرنا، شرارت کرنا، داداگری کرنا۔
تَشَاغَبَ فُلانٌ: شرارت کرنا (تصنعاً) کہتے ہیں: طَلَبْتُ منه كذا فتَشَاغَبَ

وامْتَنَعَ: میں نے اس سے فلاں چیز چاہی تو اس نے شرارت کی اور اسے ٹال دیا۔ غنڈہ، دادا بننا (یعنی خود کو ظاہر کرنا)۔
تَشَاغَبَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کے ساتھ شرارت کرنا، ہنگامہ کرنا۔
الشَّغْبُ: غنڈہ گردی، شور شرابہ، فتنہ انگیزی، ہلڑ بازی، ہنگامہ خیزی، بدمعاشی، بدامنی (۲) لڑائی جھگڑا۔
الشَّغَّابُ: آفت کا پرکالہ، بڑا غنڈہ، بڑا فسادی۔
الشَّغِبُ: بڑا فسادی۔
المِشْغَبُ: بڑا فسادی، شر پسند۔
الشَّغُوبُ: بڑا جھگڑالو، بڑا فسادی۔
المُشَاغِبُ: فسادی، غنڈہ، ہلڑباز، بدمعاش، شرارت پسند۔
المُشَاغَبَةُ: غنڈہ گردی، شور وشر، دنگا، شرارت، جھگڑا، فتنہ وفساد۔
• تَشَغْبَرَتِ الرِّيحُ: ہوا کا پیچ کھا کر چلنا۔
• شَغَرَ المَكَانُ ونَحْوُهُ ـُ شُغُورًا: خالی ہونا (۲) کسی چیز کا خالی ہونا۔
— المَنْصِبُ او الكرسيُّ من صاحِبِه: عہدہ کا عہدہ دار سے خالی ہونا (۲) اسامی اور ملازمت کی جگہ خالی ہونا۔
— البَلَدُ: شہر کا بلا محافظ رہ جانا، محافظ شہر کی جگہ خالی ہونا۔
— الشيءُ: کشادہ اور وسیع ہونا۔
— السِّعْرُ: بھاؤ گر جانا۔
— النَّاسُ: دور ہونا، پھیلنا۔
— الكَلْبُ ـَ شَغْرًا: کتے کا ایک ٹانگ اٹھا کر پیشاب کرنا۔
— فُلَانًا عن البَلَدِ ونَحْوِهِ: شہر بدر کرنا، باہر نکالنا۔
شَغَرَ فلانًا عن المَنْصِبِ: عہدہ سے ہٹانا۔
أَشْغَرَ المَنْهَلُ: چشمہ کا راستہ سے دور ہونا۔
— الرُّفْقَةُ: ساتھیوں کا راستہ سے الگ ہو جانا۔
شَاغَرَهُ مُشَاغَرَةً وشِغَارًا: تبادلے کی شادی کا معاملہ کرنا (کسی کے نکاح میں اپنی بہن یا بیٹی کو اس شرط پر دینا کہ وہ بھی اپنی بہن یا بیٹی کو اس کے نکاح میں بغیر مہر کے دیدے)۔
اشْتَغَرَ: أَشْغَرَ (۲) کسی شے کا کثرت کی بنا پر خلط ملط ہو جانا جیسے کہا جائے اشْتَغَرَتِ الدَّوَابُّ۔
— الأَمْرُ بِفُلَانٍ: کسی کا معاملہ بڑھ کر سنگین ہو جانا۔
— عليهِ الأَمْرُ: گڑبڑ ہو جانا، الجھ جانا، گڈمڈ ہو جانا، قابو سے باہر ہو جانا مثلاً کہا جائے: اشْتَغَرَ عليهِ الحِسَابُ: حساب زیادہ ہونے کی بنا پر گڈمڈ ہو گیا، قابو میں نہیں رہا۔
— عَلَى فُلَانٍ: بڑائی جتانا، فخر کرنا۔
— الحَرْبُ بين القَوْمَيْنِ: لڑائی کا وسیع پیمانہ پر چھڑنا۔
— فِي الفَلَاةِ: بیابان میں دور تک نکل جانا۔
تَشَاغَرَا: دونوں کا آپس میں ادلا بدلی کی شادی کرنا (اپنی بیٹی یا بہن دوسرے کے نکاح میں اس شرط پر دینا کہ وہ بلا مہر اپنی بہن یا بیٹی اس کے نکاح میں دیدے)۔
تَشَغَّرَ فُلَانٌ فِي القَبِيحِ وغَيْرِه: برے کام کو کرتے چلے جانا۔
— البَعِيرُ: اونٹ کا تیز دوڑنا۔
الشَّاغِرُ: خالی۔ کہتے ہیں: مَكَانٌ شَاغِرٌ ومَنْصِبٌ شَاغِرٌ او كُرسِيٌّ شَاغِرٌ۔ الوظيفة الشَّاغرة: خالی اسامی، ملازمت کی خالی جگہ۔
الشَّاغِرَانِ: ناف کی رگ کا آخری سرا۔
الشَّغَارُ: خالی (جس میں کوئی چیز نہ ہو) (۲) بہت پانی والا کنواں (اس میں واحد و جمع دونوں برابر ہیں) (۳) اونٹ کے پہلو کی ایک رگ۔
الشِّغَارُ: ادلا بدلی کی شادی۔ سٹے کی شادی (دیکھئے تَشَاغَرَ) (۲) جلاوطنی (۳) دھتکار۔
الشَّغَرُ: کہتے ہیں: تَفَرَّقُوا شَغَرَ بَغَرَ: وہ ہر سو پھیل گئے۔
الشَّغَّارَةُ: چقماق۔
الشِّغِّيرُ: بدخلق، بدمعاش۔
الشَّاغُورُ: آبشار۔
• الشوغَرُ: مضبوط الخلقت۔
الشَّوْغَرَةُ: کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی چٹائی۔
• شَغَزَ عليهم ـَ شَغْزًا: زیادتی کرنا، دست درازی کرنا۔
— بَيْنَهُم: پھوٹ ڈالنا، بھڑکانا۔
شَغْزَبَهُ: کشتی میں ٹنگڑی مار کر گرانا۔
تَشَغْزَبَتِ الرِّيحُ: ہوا کا پیچ کھا کر چلنا۔
• شَغْشَغَ الشيءَ: اندر کرنا (۲) باہر نکالنا (اضداد میں سے ہے)۔
— الطَّاعِنُ: نیزہ زن کا حملہ کئے گئے شخص کے جسم میں نیزے کو گھمانا۔
— المُلْجِمُ: لگام دار (سوار) کا لگام کو ہلانا۔
— فِي الأَمْرِ: جلدی کرنا۔
— فِي الشُّرْبِ: کم پینا۔
— البِئْرَ: کنویں کو گدلا کرنا۔
• شَغَفَهُ ـَ شَغْفًا: کسی کے دل پر چوٹ

مارنا (۲) فریفتہ کرنا۔

شَغَفَ فُؤَادَهُ: دل پر چھا جانا۔

شَغَفَه حُبًّا: محبت میں گرفتار کرنا

شَغِفَ بِه ـ شَغَفًا: و شَغِفَ بِحُبِّه: فریفتہ ہونا، قلبی لگاؤ ہونا، دل دادہ ہونا، دلچسپی ہونا۔ هو شَغِفٌ و هي شَغِفَةٌ۔

شُغِفَ به او بحُبِّه: گرفتارِ محبت ہونا دل دادہ ہونا، دلچسپی رکھنا۔ هو مَشْغُوف۔

تَشَغَّفَهُ: شَغَفَهُ۔

ـــ الخَبَرُ فُلَانًا: خبر کا کسی کو پریشان کرنا، مشغول خاطر کرنا، ذہن پراگندہ کرنا۔ حدیث میں ہے: "مَا هٰذِهِ الْفُتْيَا الَّتِي تَشَغَّفَتِ النَّاسَ؟ یہ کیا مسئلہ ہے جس نے لوگوں کے ذہن کو پراگندہ کر دیا۔

الشَّغَافُ: قلب کا غلاف، دل کا پردہ یا اس کا کالا نکتہ، (سویدائے قلب) ج: شُغُفٌ۔

الشُّغَافُ: دل کی اندرونی تکلیف، دردِ دل

الشَّغَفُ بشيءٍ: دلچسپی، فریفتگی۔

المَشْغُوفُ بِه: دل دادہ، فریفتہ۔

• شَغَلَ الدَّارَ ـ شَغْلًا: گھر میں رہنا

ـــ فلانا بشيءٍ: مشغول کرنا، مصروف کرنا۔

ـــ المكان او الوقت: گھیرنا۔

ـــ عن شيءٍ: غافل کرنا، توجہ ہٹانا۔

ـــ المنصب: منصب پُر کرنا، فائز ہونا

ـــ الوظيفةَ: اسامی پُر کرنا۔

شُغِلَ عنه بكذا: کسی چیز میں لگ کر دوسری کو بھول جانا، کسی چیز کی وجہ سے غافل ہونا۔ کہتے ہیں: مَا أَشْغَلَه؟ وہ کس چیز میں لگا رہا (کہ اسے بھول گیا)۔

شَغَّلَهُ: خوب مشغول کرنا، کام پر لگانا

ـــ الآلَةَ: مشین وغیرہ چالو کرنا، انجن اسٹارٹ کرنا۔

ـــ المَالَ: سرمایہ کسی کام میں لگانا۔

اشْتَغَلَ بكذا: کام میں لگنا (۲) مصروف ہونا (۳) دوسری طرف سے ہٹ کر کسی کام میں لگنا۔

ـــ الدَّوَاءُ فِي جِسْمِه: بدن میں سرایت کرنا، اثر کرنا۔

ـــ قَلْبُه: دل کا پریشان ہونا۔

ـــ الآلَةُ: مشین کا چالو ہونا۔

ـــ اوقاتًا اضافيةً: اوور ٹائم کام کرنا۔

انْشَغَلَ: مطاوع شَغَلَ۔

تَشَاغَلَ بِه: مشغول و مصروف ہونا (۲) مشغلہ بنانا (۳) خود کو مصروف ظاہر کرنا۔

ـــ عنه: غافل ہونا۔

الاشتغال: مصروفیت، برسرِ روزگار ہونا۔ ضد بطالة۔

الأُشْغُولَةُ: مشغلہ (۲) بے توجہی کا سبب ج: أَشَاغِيلُ۔

الاشْتِغَال: مشغلہ، مصروفیت۔

الشَّاغِلُ: ذہن کو مصروف کر دینے والا کام۔ کہتے ہیں: هو في شُغْلٍ شَاغِلٍ: اس کا ذہن بہت مصروف ہے، وہ کسی اہم کام میں مشغول ہے۔

الشاغول: بڑا بادبان۔

الشَّغَّالُ: انتہائی مصروف آدمی (۲) كثير المشاغل، كثير العمل، بڑا کامی آدمی (۳) مزدور (صنعت کار کے علاوہ)

شَغَّالَةُ الزِّرَاعَةِ: کھیتی پر کام کرنے والے مزدور۔

الشُّغْلُ: مصروفیت، مشغلہ، کام (۲) حالت و کیفیتِ کار (۳) پیشہ (۴) ذہن پھیر دینے والی چیز۔ کہتے ہیں: هو في شُغْلٍ شَاغِلٍ: وہ ہمہ تن مشغول ہے (اپنے کام کے سوا ہر کام سے بے پرواہ ہے) ج: أَشْغَالٌ۔

الشُّغْلُ الشَّاقُّ: محنت طلب کام (یہ کام بمعنی فعل ہے)۔

الشُّغْل الشاغِلُ: اہم مصروفیت (۲) ہر چیز سے یکسو کر دینے کا سبب۔

الشُّغْلُ الجَيِّدُ: عمدہ کام (یہ کام بمعنی نوعیت و کیفیتِ کار ہے)۔

شُغْلُ الإِبْرَةِ: کشیدہ کاری، ایمبرائڈری پھول نکالنے کا کام۔

شُغْلُ البال: سوچ، فکر (۲) دل بستگی دل گرفتگی (۳) ذہنی مصروفیت، فکرمندی۔

شُغْلُ يَدٍ: دست کاری۔

الشَّغْلُ: مشغولیت، کام ج: أَشْغَال۔

الشَّغْلَةُ: ایک کام (مصدر مرة) (۲) کھلیان، غلہ کا ڈھیر۔

الشَّغِيلُ: محنتی مزدور، ورکر۔

المُشْتَغِلُ: مصروف کار (۲) برسرِ کار، برسرِ روزگار۔

المَشْغَلُ: ورک شاپ (۲) محتاج خانہ ج: مَشَاغِلُ۔

المَشْغُولُ: گھرا ہوا۔ جیسے: مكان مشغول (۲) مصروف۔ جیسے: رَجُل مَشْغُول (۳) پُر، بھرا ہوا۔ جیسے: مَنْصِب مَشْغُول، وظيفة مَشْغُولة۔ (۴) ذہنی تشویش میں مبتلا (۵) زیرِ تصرف یا زیرِ استعمال جیسے: التِّلِيفون مَشْغُولٌ۔ کہاوت ہے: فلان فارغ مَشْغُولٌ: فلاں بیکار کام میں لگا ہوا ہے۔ مال مَشْغُولٌ: مصروف سرمایہ۔ دار مَشْغُولَة: آباد مکان۔

• الشَّغِمُ: حریص۔ الشُّغْمُومُ والشُّغْمِیْمُ: خوبصورت لمبا
• الشُّغْنَةُ: ترشاخ ج: شُغَنٌ ۔
الشُّغْنُبُ والشُّغْنُوبُ: ترشاخ ۔
• شَغَتِ السِّنُّ تَشْغُو شُغُوًّا: دانت کا دوسرے دانتوں سے بڑھنا، ناہموار ہونا۔ السِّنُّ شَاغِيَةٌ ۔
• شَغِيَتْ سِنُّهُ ـَ شَغًى: ایک دانت کا دوسرے دانتوں سے نکلا ہوا ہونا یا الگ جڑا ہوا ہونا۔ ھو اَشْغَى و ھی شَغْوَاءُ ۔
—منسرُ الطَّائِرِ: چونچ کا ٹیڑھا ہوا ہونا
—الاَسْنانُ: دانتوں کا چھوٹا بڑا ہونا، ناہموار ہونا۔ فا لاَسْنانُ شاغِيَةٌ
اَشْغَى الرَّجُلُ: ناپختہ رائے ہونا۔ غیر مستقل مزاج ہونا۔
—القَوْمُ بکذا: مختلف الخیال ہونا۔
—ببوله: قطرہ قطرہ پیشاب کرنا۔
الشَّاغِيَة: ناہموار، بے ترتیب (دانت)
الشَّغَا: دانتوں کی ناہمواری ۔
الشَّغْواءُ: عقاب ۔

ش ـــــ ف

• شَفَرَهُ ـُ شَفْرًا: کسی کی ابرو پر مارنا۔
—الشیءَ: کنارے پر مارنا۔
شَفَّرَتِ الشَّمْسُ: سورج چھپنے کے قریب ہونا۔
—المَالُ: مال ختم ہونا یا کم ہونا۔
—علی الاَمْرِ: نگرانی کرنا، متوجہ ہونا، قریب ہونا، کنارے پر آنا۔
الشُّفْرُ: ہر چیز کا کنارہ ۔ کہتے ہیں: مَا فی الدَّارِ شَفْرٌ: گھر میں کوئی نہیں
شُفْرُ الجَفْنِ: پلک کی جڑ، جہاں بال اگتے ہیں ج: اَشْفار ۔

الشَّفْرَةُ: دھار (۲) بلیڈ (یک رخا یا دو رخا چھوٹا استرا یا کاٹنے کا اوزار) بال صاف کرنے کا بلیڈ (۳) موچی کی رانپی (چمڑا کاٹنے کی کھرپی) (۴) چپٹی چھری (۵) تلوار کی دھار (۶) خفیہ تحریر یا باہمی طور پر متفق علیہ خفیہ رموز کے ذریعہ پیغام رسانی ج: شِفارٌ و شَفْرٌ
الشَّفَّارُ: بلیڈ یا رانپی یا استرا وغیرہ بنانے والا۔
الشَّفِيرُ: کنارہ (۲) جانب، طرف (۳) گوشہ اسی سے ہے: شَفِيرُ جَهَنَّم (۴) پلک کی جڑ ج: اَشْفار
المِشْفَرُ: اونٹ کا موٹا ہونٹ (۲) شدت ج: مَشافِر ۔
• شَفَزَهُ ـِ شَفْزًا: لات مارنا۔
• شَفْشَفَ فُلانٌ: غیرت سے جوش آنا، غیرت کھانا (۲) کانپنا، لرزنا (۳) بد خلق ہونا۔
—الحَرُّ الشیءَ: گرمی کا کسی شے کو سکھا دینا۔
—الصَّقِيعُ النَّبَاتَ: پالے (سخت سردی) کا پودوں کو ٹھٹھرا دینا، جلا دینا۔
—الهَمُّ فُلانًا: غم کا کسی کو گھلا دینا، لاغر و کمزور کر دینا۔
—الماءَ و نحوَهُ: پانی وغیرہ چھڑکنا۔
—الدَّواءَ علی الجُرْحِ: زخم پر دوا چھڑکنا۔
تَشَفْشَفَ النَّبَاتُ: نباتات کا مرجھانا، سوکھنے لگنا۔
الشَّفْشَافُ من الثیاب و نحوها: معمولی یا کمزور بناوٹ کا کپڑا وغیرہ (۲) ٹھنڈی پر نم ہوا (۳) اولوں والی بارش ۔

المُتَشَفْشِفُ: شدت حمیت و غیرت سے کانپتا ہوا (۲) مبتلا، لرزاں ۔
المُشَفْشِفُ: بداخلاق، بدمزاج ۔
• شَفَعَ الشیءَ ـَ شَفْعًا: جوڑا بنانا (کسی چیز کے ساتھ اس جیسی دوسری چیز ملانا) (۲) دوہرا کرنا، ڈبل کرنا۔
—البَصَرُ الاَشْباحَ: کسی چیز کا دو دو دیکھنا، دو دو نظر آنا۔ بوڑھے آدمی کا قول ہے: شُفِعَتْ لی الاَشْخَاصُ: مجھے نگاہ کی کمزوری کے باعث افراد دو دو نظر آنے لگے۔
—الحَامِلُ: بچہ رکھتے ہوئے حاملہ ہونا
—لِفُلانٍ الی فُلانٍ: کسی سے کسی کی سفارش کرنا۔
—الی فُلانٍ: کسی سے بالواسطہ تقرب حاصل کرنا۔
—فی الاَمْرِ والاحد: سفارشی ہونا، کوشش کرنا۔
—جَارَهُ: پڑوسی کو حق شفعہ دینا۔
—علیه بالعَداوةِ: کسی کے خلاف دوسرے کو مدد دینا۔ کہتے ہیں: فُلان یعادِینی و لَه شَافِعٌ۔
شَفَّعَ: مبالغہ در شَفَعَ ۔ عدد کو جفت بنانا، ڈبل کرنا (۲) حق شفع دینا۔
—فُلانًا فی کذا: کسی معاملہ میں کسی کی سفارش قبول کرنا۔ کہتے ہیں: ھو مُشَفَّعٌ یَقْبَلُ الشَّفَاعَةَ۔ ھو مُشَفَّعٌ و مَقْبُولُ الشَّفاعَة: اس کی سفارش مانی جاتی ہے۔
تَشَفَّعَ لَه: سفارش کرنا۔ کہتے ہیں: تَشَفَّعَ لِفلانٍ الی فلانٍ فی الاَمْرِ۔
—به اِلَيه: کسی سے کسی کا تقرب حاصل کرنا۔
—فُلان: امام محمد ابن ادریس الشافعیؒ کا فقہی مسلک اختیار کرنا، شافعی ہو جانا

اِسْتَشْفَعَ: سفارشی تلاش کرنا، سفارش کرانا۔ کہتے ہیں: اِسْتَشْفَعَ فُلَانًا و بہ الی فُلَانٍ فِی الْاَمْرِ و علیہ: کسی معاملہ میں کسی سے کسی کے پاس سفارش کرانا۔

الشَّافِعُ: سفارشی، سفارش کنندہ (۲) حق شفع دینے والا (۳) بچہ والی حاملہ اونٹنی یا بکری۔

الشَّافِعَۃ: مؤنث الشافع۔ عین شَافِعَۃ: ایک کو دو دیکھنے والی آنکھ۔

الشَّافِعِیُّ: ائمہ اربعہ میں سے عمر اور زمانہ کے اعتبار سے تیسرے درجہ کے مجتہد امام محمد ابن ادریس الشافعیؒ (۲) امام شافعی کا پیروکار۔

الشَّفَائِعُ: دوہری اور جفت چیزیں۔ شَفَائِعُ النَّبْتِ: دوہری اگنے والی نبات۔

الشَّفَاعَۃُ: سفارش (وہ کلام جو سفارش کے لئے کیا جائے)۔ الشَّفَاعِیُّ: سفارشی جیسے: خِطَابُ شَفَاعِیٌّ۔

الشَّفْعُ: جوڑا، جفت، جوڑے میں سے ہر ایک عدد، وہ عدد جو دو پر برابر تقسیم ہو (۲) وتر (طاق کا) مقابل، کہتے ہیں: اَشَفْعٌ هو اَمْ وَتْرٌ؟ ج: اَشْفَاعٌ و شِفَاعٌ۔ شَفْعًا: جوڑ کر ملا کر، جفت بنا کر۔ الشَّفْعِیُّ: ضد الوَتْرِیّ: جفت اور جوڑے کی صورت میں۔

الشِّفْعُ: الشَّفْعُ۔

الشُّفْعَۃُ: نماز چاشت کی دو رکعتیں۔

الشُّفْعَۃُ: فقہاء اسلام کی مقرر کردہ شرائط پر پڑوسی کی جائداد کو جبراً ملکیت میں لینے کا حق (۲) وہ جائداد جس میں حق شفع ہو سکتا ہو (۳) نماز چاشت کی دو رکعتیں (۴) نظر۔ کہتے ہیں: اَصَابَتْہُ شُفْعَۃٌ: اسے نظر لگ گئی (۵) دو چیزوں کا جوڑ (۶) دیوانگی۔

الشَّفُوْعُ: اپنے جوڑی دار کے مقابلہ میں دوگنا کام کرنے کی طاقت رکھنے والا۔

نَاقَۃٌ شَفُوْعٌ: وہ اونٹنی جو ایک دفعہ دودھ نکالنے میں دو برتن بھر دے۔

الشَّفِیْعُ: سفارشی، وکیل (۲) پڑوسی کی جائداد از روئے شفعہ بالجبر حاصل کرنے والا، حق شفعہ والا، جفت عدد، جوڑا ج: شُفَعَاءُ۔

• شَفَّ الثَّوْبُ و نَحْوُہٗ ـِ شُفُوْفًا: اتنا باریک ہونا کہ دوسری طرف کی چیز نظر آئے۔

ـــ الشَّیْءُ: صاف وشفاف ہونا کہ دوسری طرف کی چیز نظر آئے۔ جیسے شیشہ وغیرہ۔ کہتے ہیں: شَفَّ السَّائِلُ وَالْاِنَاءُ۔

ـــ الجِسْمُ: پتلا اور انتہائی کمزور ہونا (ہڈیاں دکھائی دینا) (۲) ہلکے پن کی وجہ سے ہلنا، حرکت کرنا۔

ـــ الرِّیْحُ: ہوا کا ٹھنڈی ہو کر چلنا۔

ـــ الشَّیْءَ ـُ شَفًّا: دبلا پتلا کرنا (بیماری یا غم یا محبت کا کسی کو گھلا دینا)۔

ـــ الهَوَاءُ الماءَ و غَیْرَہٗ: ہوا کا پانی وغیرہ کو اڑا کر کم کر دینا۔

ـــ الشَّارِبُ الماءَ او الشَّرَابَ: پانی یا شراب کو پورا پی لینا، کچھ نہ چھوڑنا۔

ـــ الرَّسْمَ: باریک کاغذ وغیرہ کے اوپر پنسل پھیر کر نقش اتارنا، ٹریسنگ پیپر کے ذریعہ پھول بنانا۔

اَشَفَّ عَلَیْہِ: فوقیت لے جانا۔

ـــ الشَّیْءَ: صاف وشفاف بنانا۔

ـــ بَعْضَ اَوْلَادِہٖ عَلٰی بَعْضٍ: اولاد میں بعض کو بعض پر ترجیح دینا۔

اَشَفَّ الدِّرْهَمَ: درہم میں کمی یا بیشی کرنا

ـــ الفَمُ: منہ کا بدبودار ہونا۔

شَفَّفَ عَلَیْہِ: فائق ہونا۔

ـــ الشَّیْءَ: باریک اور پتلا کرنا۔

اِشْتَفَّ مَا فِی الْاِنَاءِ: سب کچھ پی لینا۔

ـــ الْاُمُوْرَ: چھان بین کرنا، تحقیق کرنا۔

اِسْتَشَفَّ الشَّیْءَ: کسی چیز کے اندر سے دیکھنا (۲) جانچ پڑتال کرنا۔

ـــ الثَّوْبَ: کپڑے کو روشنی میں پھیلا کر اس کا عیب وغیرہ دیکھنا، عیب تلاش کرنے کے لئے دیکھنا۔

ـــ الْاَمْرَ وَالْکِتَابَ: چھان بین اور تحقیق کرنا۔

ـــ الشَّرَابَ: پوری شراب پی جانا۔

اَشَفُّ: فُلَانٌ اَشَفُّ مِنْ فُلَانٍ: فلاں فلاں سے تھوڑا بڑا ہے۔

الشُّفَافَۃُ: بقیہ شراب۔ شُفَافَۃُ النَّهَارِ: دن کا بقیہ حصہ۔

الشِّفُّ: باریک پردہ جس میں سے نظر آئے۔ کہتے ہیں: ثَوْبٌ شِفٌّ۔ (۲) زیادتی (۳) کمی، نقصان (۴) ہوا (۵) ایک بدبودار پھنسی ج: شُفُوْفٌ۔

الشَّفُّ: کمال، فضیلت (۲) خوش گوار چیز، بطور رشک کہا جاتا ہے: شَفَّ لَكَ یا فُلَانُ: تمہارا خوب مزا ہے ج: شُفُوْفٌ۔

الشَّفَفُ: پتلاپن، دبلاپن، ہلکاپن (۲) خستہ حالی (۳) معمولی اور تھوڑا۔

الشَّفَّافُ: صاف وشفاف، باریک اور پتلا، وہ چیز جو کسی چیز کی رویت میں حائل نہ ہو جیسے شیشہ۔

وَرَقٌ شَفَّافٌ: باریک کاغذ جس میں سے نظر آئے، ٹریسنگ پیپر، پھول یا نقش اتارنے کا کاغذ۔

الشَّفِيفُ : الشَّفَّافُ (۲) تڑپا دینے والی سردی کی شدت، ٹھنڈک کی تیزی (۳) سورج کی گرمی کی تیزی (۴) سرد ہوا ج: شِفَافٌ

الشَّفَّانُ : بارش والی ٹھنڈی ہوا۔

المَشْفُوفُ : بدبودار پھنسیوں والا۔

•شَفِقَ منه و عَلَيه ـَ شَفَقًا: ڈرنا، بچنا، محتاط ہونا۔ ھو شَفِقٌ

ـــ عَلَيه : شفقت کرنا، مہربان ہونا، ہمدرد ہونا، ترس کھانا۔ ھو شفیق مشفق و مہربان۔

ـــ علی الشیءِ : کسی چیز میں بخل کرنا۔

أَشْفَقَ منه : ڈرنا، بچ کر رہنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَھُم من السَّاعَةِ مُشْفِقُوْنَ"

ـــ عَلَيه : شفقت کرنا، مہربان ہونا، کسی کی طرف سے (بربنا ہمدردی) فکر مند رہنا (کہ کہیں اسے گزند نہ پہنچ جائے)۔

ـــ الشیءَ : کم کرنا۔

ـــ الرِّيحُ : ہوا کا تیز ہونا اور خاک اڑانا۔

ـــ الرَّجُلُ : وقت شفق میں داخل ہونا۔

شَفَّقَ فلانا عليه : رحم دلانا۔

ـــ الشیءَ : کم کرنا۔

الشَّفَقُ : شفقت، مہربانی (۲) شفق وہ سرخی جو افق میں غروب آفتاب کی جگہ ظاہر ہوتی ہے، اور غروب سے قبیل عشا تک برقرار رہتی ہے (۲) کنارہ، گوشہ (۳) ہر ردّی اور خراب چیز۔

الشَّفَقَةُ : شفقت، رحم، مہربانی، ہمدردی (۲) مصیبت کا خوف۔

الشَّفِيقُ: مشفق، مہربان ج: شُفَقَاء۔ کہاوت ہے: إنَّ الشَّفِيقَ بِسُوْءِ ظَنٍّ مُوْلَعٌ: ہمدرد کو بدگمانی کا شوق رہتا ہے یعنی جس سے اسے تعلق ہوتا ہے وہ اس کے بارہ میں فکر مند رہتا ہے اور بدگمان رہتا ہے کہ اسے کوئی تکلیف نہ پہنچ جائے۔

•شَفَنَهُ و اليه ـِ شُفُوْنًا: ناگواری یا تعجب یا نداق کی وجہ سے ترچھی نگاہ سے دیکھنا، کن انکھیوں سے دیکھنا۔ ھو شَافِنٌ و شَفُوْنٌ۔

الشَّفْنُ و الشَّفِنُ : عقل مند، زیرک

الشَّفْنُ : انتظار (۲) میراث کا منتظر۔

الشَّافِنُ و الشَّفُوْنُ : ترچھی نگاہ سے دیکھنے والا۔

الشِّفْنِينُ : کبوتر کی ایک قسم۔

•شَفَهَهُ ـَ شَفْهًا: ہونٹ پر مارنا (۲) مانگتے مانگتے سب کچھ ختم کرا دینا۔

ـــ المَالَ و نَحوَهُ : ختم کر ڈالنا۔

ـــ الإنَاءَ : سب کچھ پی کر برتن خالی کر دینا۔

ـــ فلانًا عن الأمرِ : توجہ ہٹا دینا۔

شُفِهَ الشیءُ : کسی چیز کی مانگ بہت ہونا، طلب گار بہت ہونا۔ جیسے: شُفِهَ الطَّعامُ و شُفِهَ المال۔ شُفِهَ الرَّجُلُ : لوگوں کی زیادہ مانگ نے آدمی کا سارا مال خرچ کرا دیا۔

شَافَهَهُ مُشَافَهَةً و شِفَاهًا: منہ در منہ بات کرنا، آمنے سامنے بات کرنا، بالمشافہ گفتگو کرنا۔

ـــ البَلَدَ او الأمرَ: قریب ہونا۔

الشَّافِهُ : پیاسا جسے پانی نہ ملتا ہو۔

الشُّفَاهِيُّ : بہت بڑے ہونٹ والا۔

الشِّفَاهِي : زبانی۔ شِفَاهِيًّا: زبانی طور پر

الشَّفَةُ : آدمی کا ہونٹ (۲) کسی چیز کا کنارہ جیسے: شَفَةُ الدَّلْو و شَفَةُ الجَبَل، بنتُ الشَّفَةِ: لفظ، کلمہ۔ کہتے ہیں: لَمْ يَنْبِسْ بِبِنْتِ شَفَةٍ : اس نے زبان سے ایک لفظ نہ نکالا ج: شِفَاهٌ۔

الشَّفَهِيُّ و الشَّفَوِيُّ : زبانی۔ ہونٹ سے متعلق۔ الاِخْتِبَارُ الشَّفَوِيُّ : زبانی امتحان، تقریری امتحان۔

خَفِيفُ الشَّفَةِ : سوال کرنے اور مانگنے میں ضدی، اصرار کے ساتھ مانگنے والا۔

لَهُ فِي النَّاسِ شَفَةٌ حَسَنَةٌ : اس کی لوگوں میں اچھی شہرت ہے۔

المَشْفُوهُ : مَاءٌ مَشْفُوهٌ : کثیر الورود پانی

فُلَانٌ مَشْفُوهٌ عَنَّا: فلاں ہم سے غافل ہے۔ فُلَانٌ مَشْفُوهُ المَوَارِدِ: فلاں بڑا مہمان نواز اور فیاض ہے۔

•شَفَتِ الشَّمْسُ ـُ شُفُوًّا: سورج کا چھپنے کے قریب ہونا۔

شَفَى اللّٰهُ العَلِيلَ ـِ شِفَاءً: بیماری سے اچھا کرنا، شفا دینا۔

شُفِيَ العَلِيلُ : افاقہ ہونا، اچھا ہو جانا، صحتیاب ہونا، بیماری دور ہونا۔

ـــ الجُرْحُ : زخم بھرنا۔

أَشْفَى فُلَانٌ : رات کے آخری حصہ میں چلنا۔

ـــ علَى الشیءِ : قریب ہونا۔ کہتے ہیں: أَشْفَتِ الشَّمْسُ عَلَى الغُروب و أَشْفَى الرجُلُ علَى الموت۔

ـــ المَرِيضَ : بیمار کے لئے شفا چاہنا، (۲) شفا بخش دوا تجویز کرنا۔

ـــ المَرِيضَ الدَّوَاءَ : بیمار کو شفا بخش دوا استعمال کرنے کے لئے دینا۔

شَافَاهُ : بالمشافہ بات کرنا۔

اشْتَفَى من عِلَّتِه : صحتیاب ہونا، بیماری سے شفا پانا۔

ـــ بِكَذا : کسی چیز کے ذریعہ شفا پانا، مراد پانا، مطمئن ہونا۔

ـــ من عَدُوِّه : دشمن کو زیر کر کے

دل ٹھنڈا کرنا۔
تَشَفَّی: اشْتَفٰی۔
— من غَضَب وغیرہ: غصہ وغیرہ کے دور ہونے سے سکون پانا۔
— بِشَیءٍ: مطمئن ہونا، سکون ہونا۔
استَشْفَی المَرِیْضُ من عِلَّتِه: بیمار کا بیماری سے شفا چاہنا۔
— بہ: کسی چیز کو شفا کے لئے استعمال کرنا، بطور دوا استعمال کرنا۔
الأَشْفٰی: زیادہ شفابخش (۲) جس کے ہونٹ کھلے رہتے ہوں۔ ھی شَفْوَاءُ ج: شُفْوٌ (۳) ستالی ج: اَشافِی۔
الشَّفَا: ہر چیز کا کنارہ۔ قرآن پاک میں ہے: "وکُنْتُمْ عَلٰی شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَانْقَذَکُمْ مِّنْهَا" (۲) ہر شے کا تھوڑا حصہ۔ کہتے ہیں: مابَقِیَ منه الا شَفًا۔
الشِّفَاءُ: آرام، افاقہ، صحت، بیماری کا ازالہ علاج، دوا۔ قرآن پاک میں ہے: "یَخْرُجُ مِن بُطُونِها شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهُ فِیْهِ شِفَاءٌ لِلنَّاسِ" (۲) تسکین، دوا، دل۔ قرآن پاک میں ہے: "وَشِفَاءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ"
شِفَاءُ الجُرحِ: اندمال زخم (۲) زخم کا علاج، دوا۔
شِفَاءُ النَّفسِ: علاج قلب، تسکین قلب
الشَّافِی: شفا بخش، اطمینان بخش۔ دَوَاءٌ شَافٍ: کامیاب ومؤثر دوا (۲) شفا دینے والا (خدا تعالیٰ)
المُسْتَشْفٰی: ہسپتال، علاج خانہ۔ جہاں مریضوں کے قیام کا بندوبست اور علاج کی متعلقہ ضروریات وسہولیات میسر ہوں ج: مُسْتَشْفَیات ومَشَافٍ
مُسْتَشْفَی الأَمْرَاضِ العَقْلِیَّةِ: دماغی امراض کا ہسپتال۔
مُسْتَشْفَی المَجَاذِیبِ: پاگل خانہ۔
الشَّفَوِیُّ: زبانی م: شَفَوِیَّة۔
الامتِحانُ الشَّفَوِیُّ: زبانی امتحان۔
الشَّفَوِیَّةُ: الحُرُوفُ الشَّفَوِیَّةُ: ہونٹوں سے نکلنے والے حروف وہ فا، با، میم اور واو ہیں۔

ش ـــــ ق

•شَقَأَ نابُهُ ـ شُقُوءًا: کچلی نکلنا، دانت نکلنا۔
— شَعْرَهُ بالمُشْطِ: بالوں میں کنگھا کرنا، مانگ نکالنا۔
— فُلانًا بالعَصَا: (بالوں کی) مانگ پر مارنا۔
المَشْقَأُ: بالوں کی مانگ ج: مَشَاقِئُ۔
المِشْقَأُ: کنگھا ج: مَشَاقِئُ۔
•شَقَحَ الشیءَ ـ شَقْحًا: دور کرنا (۲) توڑنا (۳) بدنما کرنا
— الجَوْزَةَ ونَحْوَها: اخروٹ وغیرہ کی گری نکالنا، گودا نکالنا۔
شَقُحَ ـُ شَقَاحَةً: بدنما اور بدشکل ہونا۔ ھو شَقِیحٌ۔
شَقِحَ ـَ شَقَحًا وشُقْحَةً: بھورے رنگ کا ہونا (سرخ وزرد ملے ہوئے رنگ کا)۔
أَشْقَحَ البُسْرُ: گدر کھجور میں سرخی اور زردی آجانا۔ اَشْقَحَ النَّخْلُ بھی کہتے ہیں۔
— الشَّیءَ: دور کرنا۔
شَاقَحَهُ: گالیاں دینا کسی کے ساتھ بدکلامی سے پیش آنا۔
تَشَاقَحَا: باہم گالی دینا۔
الأَشْقَحُ: بھورے رنگ کا۔ ھی شَقْحَاءُ ج: شُقْحٌ۔
الشُّقْحَةُ: رنگ برنگی گدر کھجور ج: شِقَاحٌ۔
شُقْحًا وشَقْحًا لَهُ: (بددعا) اس کا برا ہو، وہ دور ہو۔
الشَّقَاحَةُ: بدنمائی، برائی۔ کہتے ہیں: جَاءَ بالقَبَاحَةِ والشَّقَاحَةِ: اس نے برا کام کیا۔
•الشِّقْدَةُ: ایک دودھ والی گھاس۔ اسے قِشْدَة بھی کہتے ہیں ج: شِقَدٌ
الشُّقْدُفُ: ہودج سے بڑی اونٹ کی پالکی جس پر سوار ہو کر عرب لوگ حج کے لئے بیت اللہ جایا کرتے تھے ج: شَقَادِفُ۔
•شَقَذَ ـِ شَقْذًا: دھتکارے جانے پر دور چلا جانا۔
شَقِذَ ـَ شَقَذًا: شَقَذَ۔
— فُلانٌ: جاگتے رہنا، نیند نہ آنا (۲) نیند پر قابو پا کر اونگھ تک نہ آنے دینا، کڑی نگاہ رکھنا (مجازا) ھو شَقِذٌ۔
أَشْقَذَهُ: کسی کو دھتکار کر چلتا کرنا۔
شَاقَذَهُ: دشمنی کرنا، رکھنا۔
الشُّقْذُ: بھیڑیا (۲) گرگٹ (۳) باز (۴) لوگوں کو نظر لگانے والا یا وہ شخص جس کی نگاہ انتہائی تیز اور لوگوں کو لگ جانے والی ہو۔ کہاوت ہے: "مابه شَقَذٌ ولا نَقَذٌ": اس میں نہ کوئی عیب ہے اور نہ خرابی۔
الشَّقَذُ: کہتے ہیں: مابه شَقَذٌ ولا نَقَذٌ: اس میں کوئی عیب وخلل نہیں ہے۔
الشَّقَذَانُ: الشَّقَذُ۔
الشَّقَذَانَةُ: بدزبان وزبان دراز عورت (۲) خوش طبع وہنس مکھ عورت
الشَّقِیذُ: بے خواب رہنے والا، جاگتے

رہنے والا۔

•شَقِرَ ـَ شَقَرًا و شُقْرَةً: سفید سرخی مائل ہونا، بھورا ہونا۔ ھو شَقِرٌ و ھي شَقِرَةٌ وھو اَشْقَرُ و ھي شَقْرَاءُ ج: شُقْرٌ۔

اشْقَرَّ: گہرا سرخ وزرد ہونا، گہرے بھورے رنگ کا ہونا۔

الاَشْقَرُ: بے غبار بستہ خون۔

الشُّقَارَى: ایک پھول دار پودا (۲) جھوٹ

الشُّقَرُ: اہم معاملہ (۲) راز ج: شُقُوْرٌ۔ بَثَّهُ شُقُوْرَهُ: اس نے اس سے اپنا دکھ درد بتایا۔

الشُّقَرُ: مرغ۔

الشِّقْرِي: عمدہ قسم کی کھجور۔ یمن میں اسے مُشَقَّر کہتے ہیں۔

الشَّقِرَانُ: کھیتی یا درخت کو لگنے والی ایک بیماری۔

الشُّقْرَةُ: سفید و سرخ ملا ہوا رنگ، بھورا پن۔

الشُّقَّارُ: الشُّقَّارَى (۲) سرخ رنگ کی مچھلی جس کی کمر اونچی کوہان نما ہوتی ہے

الشُّقَّارَى: الشُّقَارَى۔

الشَّقُوْرُ: نیند اڑا دینے والا غم یا آفت و مصیبت۔

الشُّقَيْرُ: گرگٹ کی ایک قسم۔

المَشْقَرُ: جما ہوا سخت ریت (۲) زمین کے اندر گھسی ہوئی ریت ج: مَشَاقِرُ۔

المُشَقَّرُ: بہت بڑا بادیہ (۲) چمڑے کا مشکیزہ (۳) بحرین کا ایک قدیم قلعہ۔

•الشِّقْرَاقُ و الشِّقِرَّاقُ: فاختہ کے مانند اس سے کچھ بڑا ایک پرندہ جس میں سفید و سرخ اور سبز تینوں رنگ ہوتے ہیں۔

•شَقْشَقَ الجَمَلُ: اونٹ کا بلبلانا، بولنا

ـــ العُصْفُوْرُ: چڑیا یا پرندہ کا چہچہانا، آواز نکالنا، بولنا۔

شَقْشَقَ الثَّوبَ او الاناءَ: کپڑے یا برتن کو کنگھالنا۔

الشِّقْشِقَةُ: اونٹ کے منہ سے نکلا ہوا جھاگ (مستی یا بلبلاہٹ کے وقت نکلتا ہے) ج: شَقَاشِقُ۔ هَدَرَتْ شِقْشِقَةُ فُلَانٍ: مشتعل ہونا، پر زور کلام کرنا، فصیح گفتگو کرنا۔ شِقْشِقَةٌ هَدَرَتْ ثُمَّ قَرَّتْ: ہنگامہ برپا ہوا پھر فرو ہوگیا۔ فُلَانٌ شِقْشِقَةُ قَومِهِ: وہ اپنی قوم کا سردار اور اس کی زبان ہے۔

•شَقَّصَ الذَّبِيحَةَ وغيرَها: بوٹیاں یا ٹکڑے کرنا (۲) ذبیحہ کے برابر ٹکڑے کرکے ساجھے داروں میں تقسیم کرنا۔

الشِّقْصُ: کسی چیز کا ٹکڑا (۲) حصہ ج: اَشْقَاصٌ و شِقَاصٌ۔

الشَّقِيصُ: الشِّقْصُ (۲) تھوڑی چیز (۲) شریک، ساجھی (۳) عمدہ گھوڑا۔

المِشْقَصُ: لمبا چوڑا پھل (پھلکا) چھوٹے پھل کا نیزہ۔ ج: مَشَاقِصُ۔

المُشَقِّصُ: قصائی۔

•شَقَعَ في الاناءِ ـَ شَقْعًا: برتن میں منہ ڈال کر پینا۔

•شَقَفَ ـُ شَقْفًا: لکڑی یا پتھروں کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

الشَّقَفُ: ٹھیکری (۲) لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا مٹی کا برتن و: شَقَفَةٌ۔

الشَّاقُوفُ: بڑا ہتھوڑا۔

الشَّقَّافُ: کمہار، مٹی کی چیزیں بنانے والا یا بیچنے والا۔

الشَّقِيفُ: بڑی چٹان۔

الشَّقِيفَةُ: کھردرا نمک۔

•شَقَّ الاَمْرُ ـُ شَقًّا: دشوار ہونا، شاق اور ناقابل برداشت ہونا۔

شَقَّ علي فُلَانٍ: مشقت میں ڈالنا، کسی کے لئے دشواری اور مشکل پیدا کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمَا اُرِيدُ اَنْ اَشُقَّ عَلَيْكَ"۔

ـــ الاَمْرُ علي فلانٍ: شاق گزرنا، دوبھر اور دشوار ہونا۔

ـــ النَّبْتُ: روئیدگی ظاہر ہونا، کونپل نکلنا

ـــ النَّابُ و السِّنُّ: کچلی ظاہر ہونا، دانت نکلنا۔

ـــ البَرْقُ: بجلی کا بادل میں لمبی رسّی کی طرح چمکنا اور نہ پھیلنا (اسے بارش کی علامت سمجھا جاتا ہے)۔

ـــ الشَيءَ: پھاڑنا، چیرنا (۲) دراڑ یا شگاف ڈالنا۔

ـــ نَهرًا: نہر کھودنا۔

ـــ الاَرْضَ: زمین میں ہل چلانا۔

ـــ الطَّرِيقَ: راستہ نکالنا۔

ـــ عَصَا الطَّاعَةِ: سرکشی کرنا۔

ـــ عَصَا القَومِ: لوگوں میں پھوٹ ڈالنا۔

شَقَّ عَصَا الجَمَاعَةِ: جماعت میں انتشار پیدا کرنا۔ شَقَّ فُلَانٌ العَصَا: جماعت سے الگ ہونا۔ شَقَّ عَصَا الشقاق: اختلاف ختم کرانا۔

ـــ الصُّبْحُ و النَّهَارُ: صبح ہونا، دن نکلنا۔

شَقَّ الفَرَسُ ـُ شَقَقًا: گھوڑے کا چلتے ہوئے ایک طرف جھکنا۔ ھو اَشَقُّ و ھي شَقَّاءُ۔

شَاقَّهُ: لڑائی جھگڑا کرنا، مخالفت کرنا، دشمنی رکھنا، قرآن پاک میں ہے: "وَمَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ العِقَابِ"۔ "وَمَنْ يُّشَاقِّ اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ العِقَابِ"۔

شَقَّقَهُ: مبالغہ در شَقَّ۔ زیادہ پھاڑنا،

زیادہ چیرنا، دراڑیں ڈالنا۔
شَقَّقَ الکلام: شقیں نکالنا، تفصیل کرنا
اشْتَقَّ الفرسُ و نحوُہ فی عَدُوِہ: دوڑتے وقت ایک طرف جھکنا۔
ـــ فُلانٌ فی الکلامِ او الخُصُومۃ و نحوھا: کلام یا جھگڑے کی اصل کو چھوڑ کر فروع و زوائد میں لگ جانا۔
ـــ الطَّرِیْقَ فی الفَلاۃِ: جنگل میں راستہ طے کرنا۔
ـــ طَرِیقَہ فی الأمْرِ: کسی معاملہ میں زور شور سے لگ جانا۔
ـــ الکلِمَۃَ من غیرھا: کسی لفظ سے دوسرا لفظ بنانا، نکالنا۔
ـــ الشَّیْءَ: آدھا لینا۔
انْشَقَّ: پھٹنا، چرنا، شگاف پڑنا، کریک ہونا (۲) نکلنا، ظاہر ہونا۔
ـــ البَرْقُ: بجلی چمکنا۔
ـــ الفَجْرُ: فجر طلوع ہونا، صبح ہونا۔
ـــ الرَّأیُ: رائے کا خراب ہونا، رائے میں جماؤ نہ ہونا۔
ـــ الأمْرُ: معاملہ بگڑنا، اختلاف ہونا، گڑبڑ ہونا۔
ـــ عن الجماعۃ: جماعت سے الگ ہونا۔
انْشَقَّتْ عَصَا الجَمَاعۃ: جماعت میں پھوٹ پڑنا، انتشار ہونا۔
تَشَاقَّا: باہم اختلاف ہونا، جھگڑا ہونا، دشمنی ہونا۔
تَشَقَّقَ: دراڑ پڑ جانا، آجانا، پھٹ جانا، قرآن پاک میں ہے: "یَوْمَ تَشَقَّقُ الأرْضُ عَنْھُمْ سِرَاعًا" اشَّقَّقَ بھی اسی معنی میں ہے۔
ـــ الفَرَسُ: دبلا ہونا، کمزور ہونا۔
اسْتَشَقَّ الحَامِلُ بِحِمْلِہ: دروازے وغیرہ سے نکلنے کے لئے بوجھ یا سامان کو ایک پہلو پر کر کے چلنا۔
الاشْتِقَاقُ: (علم الصرف میں) صرف کے قاعدے کے مطابق ایک کلمہ سے دوسرا کلمہ بنانا جیسے کَتَبَ سے کَاتِبٌ وغیرہ (۲) ایک چیز کو دوسری میں سے نکالنا۔
الانْشِقَاقُ: پھوٹ، خلفشار۔
الأشَقُّ: دائیں بائیں دوڑنے والا گھوڑا
فَرَسٌ أشَقُّ المنخرین: بڑے نتھنوں والا گھوڑا۔
الانشقاقُ الدَّاخِلِیُّ: اندرونی خلفشار
التَّشْقِیقَاتُ: علمی باریکیاں، علمی نکتے۔
الشَّاقُّ: دشوار، مشکل، بوجھل، ناقابل برداشت، کٹھن، تکلیف دہ ج: شَوَاقُّ
الشَّقَائِقُ: سرخ رنگ کی کوہان دار مچھلی۔
الشُّقَاقُ: (بیماری یا سردی کی وجہ سے) ہاتھ پیر یا کھال کی پھٹن۔
الشَّقُّ: مشقت (۲) آدھا حصہ (۳) درز، ترخن، شگاف، پھٹن، ریخ ج: شُقُوقٌ
الشِّقُّ: کسی چیز کا جز (۲) آدھا حصہ (۳) پہلو، کنارہ (۴) محنت و مشقت قرآن پاک میں ہے: "وَتَحْمِلُ أثْقَالَکُمْ إلَی بَلَدٍ لَمْ تَکُوْنُوا بَالِغِیْہِ إلَّا بِشِقِّ الأنْفُسِ" (۵) انسان کی ایک جانب جدھر اسکی نظر ہو
الشُّقَّۃُ: مسافت، سفر دراز۔
الشِّقَاقُ: اختلاف، جھگڑا، پھوٹ، فرقہ بندی مخالفت۔
ألْقَی الشِّقَاقَ بَیْنَھُم: لڑائی کرانا، اختلاف کرانا۔
الشَّقَّاقُ: رَجُلٌ شَقَّاقٌ: مغرور و شیخی باز۔
الشِّقَّۃُ: کسی چیز کو چیرنے کے بعد آدھا حصہ (۲) پھاڑا ہوا یا نکالا ہوا ٹکڑا، کپڑے وغیرہ کا لمبا ٹکڑا، دھجی، پٹی (۲) تختے یا لکڑی کی گرہ، گانٹھ (۳) فلیٹ، مکان کا ایک حصہ۔
الشُّقَّۃُ: آدھی چیز، کپڑے وغیرہ کا لمبا ٹکڑا، دھجی، کترن (۲) فاصلہ (۳) گھر کا رہائشی حصہ فلیٹ (۴) قطعہ زمین (۵) گوشہ زمین، لمبا سفر، لمبا فاصلہ جس کا طے کرنا دشوار ہو۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلٰکِنْ بَعُدَتْ عَلَیْھِمُ الشُّقَّۃُ"
شُقَّۃُ حِیَادٍ: غیر جانبدار علاقہ، دو ملکوں کے درمیان فاصلہ کرنے والی جگہ۔
الشُّقَّۃُ السَّکَنِیَّۃُ: رہائشی فلیٹ (بڑی عمارت کا ایک حصہ)۔
الشَّقِیقُ: سگا بھائی (ایک ماں اور ایک باپ سے) (۲) مثل، مانند۔ حدیث میں ہے: "النِّسَاءُ شَقَائِقُ الرِّجَالِ" (۳) آدھا چیرا ہوا حصہ ج: أشِقَّاءُ۔
الشَّقِیقَۃُ: سگی بہن (۲) زوردار بارش (۳) آدھے سر کا درد، درد شقیقہ ج: شَقَائِقُ
المُشْتَقُّ: نکلا ہوا، بنا ہوا (۲) کسی کلمہ سے نکلا ہوا لفظ۔
المُشْتَقَّاتُ: ایک کلمہ سے نکلے ہوئے الفاظ، مصنوعات۔
مُشْتَقَّاتُ البترول: پٹرول کی مصنوعات
المَشَقَّۃُ: کلفت، دشواری، مصیبت، محنت ج: مَشَاقُّ و مَشَقَّاتٌ۔
المُنْشَقُّ: جماعت سے نکلا ہوا، جماعت کا باغی۔
• شَقَلَہ ـُ شَقْلًا: تولنا۔
الشَّاقُولُ: کھیت کی پیمائش کی چھڑی جس کے سرے پر لگے ہوئے لوہے میں رسی باندھی جاتی ہے اور اس کا دوسرا سرا اسی طرح کی دوسری چھڑی میں باندھا جاتا ہے (۲) معماروں کا ساہل (ساہول) جس سے دیوار کی ہمواری دیکھی جاتی ہے ج: شَوَاقِیلُ۔
• شَقَنَ العَطِیَّۃَ ـُ شَقْنًا: عطیہ کم کرنا۔

شَقُنَ ـُ العَطاءُ شُقُونَةً: کم ہونا ہو شَقِنٌ و شَقِینٌ۔
أَشْقَنَ الرَّجُلُ: کم مایہ ہونا۔
• شَقَاہُ ـُ شَقْوًا: تنگی و پریشانی میں مبتلا کرنا، بدبخت بنانا۔
شَقِيَ ـَ شَقًا و شَقَاءً: بدنصیب ہونا، بدحال ہونا، نامراد ہونا۔
—— فی کذا: محنت ومشقت میں پڑنا، تکلیف اٹھانا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَأَمَّا الَّذِينَ شَقُوا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيهَا زَفِيرٌ وَّ شَهِيقٌ"
أَشْقَاہُ: نامراد و بدحال بنانا، تنگی و پریشانی میں ڈالنا، بدبخت بنانا۔
—— شَعْرَہُ: کنگھا کرنا۔
شَاقَ الشيءَ مُشَاقاۃ و شِقَاءً: کسی چیز کی تکلیف اٹھانا، جھیلنا، سہنا۔
—— فُلانًا فی الحَرب: لڑائی میں مقابلہ کرنا، زیر کرنے کی کوشش کرنا، صبر و برداشت میں مقابلہ کرنا۔
الشَّاقِی: پہاڑ کا نکلا ہوا الماحصہ۔
الشَّقَاءُ و الشَّقَاوَۃُ: بدبختی، بدحالی، تنگی و پریشانی، سختی و آزمائش (۲) گمراہی، نامرادی، ناکامی، زبوں حالی۔
الشِّقْوَۃُ: الشَّقَاءُ۔ قرآن پاک میں ہے: "رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا"
الشَّقِيُّ: بدبخت، بدحال، پریشان حال، ناکام و نامراد۔ قرآن پاک میں ہے: "فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَ سَعِيدٌ" (۲) گمراہ ج: أَشْقِیاء وھی شَقِیَّۃٌ۔

ش ــــــ ك

• شَكِيَ ظُفْرُہُ ـَ شَكًا: ناخن پھٹ جانا۔
—— فُلانٌ: پھٹے ہوئے ناخن والا ہونا۔
شَكِئَتْ أَصَابِعُہُ: انگلیاں پھٹنا۔

شَكَأَ ـَ شَكْأً: دانت نکلنا۔
أَشْكَأَتِ الشَّجَرَۃُ: درخت پر پہلے پہل شاخیں نکلنا۔
الشُّكَاءُ: ناخن کے ارد گرد کی پھٹن (۲) کھال پر پپڑی آنا اور اس کا چھلنا۔
• الشُّكْبُ: بدلہ، بخشش۔
الشُّكْبَانُ: گھاس جمع کرنے کا جالی دار تھیلا۔
• شَكَدَہُ ـُ شَكْدًا: عطیہ دینا (۲) زادِ راہ دینا۔
الشُّكْدُ: عطیہ (۲) کھجور کی جنس (فصل کاٹنے کے وقت مالک کو دی جانے والی مقررہ مقدار) (۳) توشۂ مسافر جو بوقت روانگی ساتھ کیا جائے۔
• شَكِرَتِ الدَّابَّۃُ ـَ شُكْرًا و شُكُورًا و شُكْرَانًا: چوپائے کا تھوڑی گھاس وغیرہ پر اکتفا کرنا (۲) چراگاہ میں چر کر موٹا ہو جانا۔
—— فُلانًا و لہ الشيءَ و علیہ شُكْرًا و شُكْرَانًا: شکریہ ادا کرنا (کسی کے احسان یا انعام پر اس کی تعریف کرنا)۔ جیسے: شَكَرَ اللّٰہَ و لہ و نِعْمَتَہُ۔ قرآن پاک میں ہے: "يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُلُوا مِن طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ وَاشْكُرُوا لِلّٰهِ"
—— عَمَلَہُ: کسی کے کام کا اجر و ثواب دینا، کامیاب کرنا۔ جیسے: شَكَرَ اللّٰہُ مَسَاعِيَكَ۔
شَكِرَتِ الشَّجَرَۃُ ـَ شَكَرًا: درخت پر پہلے پہل شاخ نکلنا۔
شَكِرَ الضَّرْعُ: تھن کا دودھ سے بھر جانا
شَكِرَتِ النَّاقَۃُ: اونٹنی کے تھن کا دودھ سے بھر جانا۔
—— السَّحَابُ: بادل کا پانی سے بھرا ہوا ہونا۔

شَكِرَ فُلانٌ: بخل کے بعد سخی ہونا یا بہت فیاض ہونا، داد و دہش زیادہ ہو جانا۔ ہو شَكِرٌ و شَكْرَانُ وھی شَكِرَۃٌ و شَكْرَی ج: شَكَارَی۔
أَشْكَرَ الضَّرْعُ و الشَّجَرُ: شَكِرَ تھن کا دودھ سے بھرا ہوا ہونا۔ درخت کا نکلی ہوئی شاخ والا ہونا۔
اِشْتَكَرَ الجَنِينُ: جنین کے جسم پر رواں اگنا۔
—— السَّمَاءُ: تیز بارش برسانا۔
—— الرِّيَاحُ: ہواؤں کا بارش لانا۔
—— الحَرُّ او البَرْدُ: گرمی یا سردی کا تیز ہونا۔
—— الرَّجُلُ فی عَدْوِہ: دوڑنے کی کوشش کرنا، ہمت کر کے دوڑنا۔
تَشَكَّرَ لہ: شکریہ ادا کرنا، شکر گزار ہونا، احسان مند ہونا۔
الشَّاكِرُ: شکر گزار۔
الشَّاكِرِيُّ: نوکر، غلام۔
الشَّاكِرِيَّۃُ: نوکر کی اجرت (۲) ٹیڑھے سر کی چھری۔
الشَّكَائِرُ: پیشانیاں۔ واحد: شَكِيرَۃ۔
الشَّكَارَۃُ: کپڑے یا مضبوط کاغذ وغیرہ کا بنا ہوا مقررہ وزن کا تھیلا، پیکٹ۔ جیسے سمنٹ یا آٹے یا دیگر اشیاء کے مقررہ وزن و مقدار کے بھرے ہوئے پیکٹ ج: شَكَائِرُ (۲) ٹوسٹ وغیرہ سینکنے کی جالی۔
التَّشَكُّرُ: شکریہ، ممنونیت۔
الشُّكْرُ: شکریہ، شکر گزاری، اظہار ممنونیت کہتے ہیں: شُكْرًا لكَ: آپ کا شکریہ
—— من اللّٰہ: اللہ کی رضا اور ثواب۔
الشَّكْرَۃُ: تھن کا دودھ سے ایک دفعہ بھرنا۔
الشُّكْرَانُ: شکر گزاری، ممنونیت۔
الشَّكُورُ: بہت شکر گزار، بڑا احسان مند،

قرآن پاک میں ہے: "وَقَلِيلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُورُ" (۲) (خدا تعالیٰ کی صفت) اجر و ثواب سے نوازنے والا، منعم و محسن، قدر داں۔ قرآن پاک میں ہے: "إِنَّ رَبَّنَا لَغَفُورٌ شَكُورٌ" (۳) تھوڑے چارے سے موٹا ہونے والا جانور (۴) وہ انسان یا جانور جس پر خدا کی نعمتوں کے آثار نمایاں ہوں۔ یعنی پھولتا پھلتا انسان یا جانور۔ کہتے ہیں: امْرَأَةٌ شَكُورٌ وَنَاقَةٌ شَكُورٌ ج: شُكُرٌ۔

الشَّكِيرُ: رواں (۲) ہلکے اور چھوٹے بال (۳) کھجور کی شاخ کے پتے (۴) پہلے پہل اگی ہوئی کونپل (۵) درخت کی جڑ کے اردگرد اگنے والے پتے وغیرہ۔

شَكِيرُ الإبِلِ: چھوٹے اونٹ۔

المِشْكَارُ: بہت دودھ والی اونٹنی ج: مَشَاكِيرُ۔

المَشْكَرَةُ: جانور کو موٹا کرنے والی اور دودھ بڑھانے والی گھاس ج: مَشَاكِرُ۔

• شَكَزَهُ ـُ شَكْزًا: انگلی یا لکڑی وغیرہ چبھونا (۲) طعنہ دینا، طنز کرنا، زبان سے تکلیف پہنچانا۔ شَكِزٌ و شَكَزٌ: بدخلق، ایذا رساں۔

شَكِسَ ـَ شَكَسًا و شَكَاسَةً: سخت مزاج ہونا (۲) بے مروت ہونا (۳) بخیل ہونا۔ هو شَكِسٌ ج: شُكُسٌ۔

شَاكَسَهُ: بدلحاظی کرنا، سختی سے پیش آنا، جھگڑا کرنا، لڑنا، مخالفت کرنا۔

تَشَاكَسَا: باہم مخالفت کرنا، تیزم تازی کرنا، باہم جھگڑنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فِيهِ شُرَكَاءُ مُتَشَاكِسُونَ"۔

الشَّكِيسُ: نحوست۔

المُشْكِسُ: بخیل (۲) سخت مزاج۔

• الشَّاكُوشُ: ہتھوڑی ج: شَوَاكِيشُ۔

• شَكْشَكَ السِّلَاحَ: ہتھیار تیز کرنا۔

• الشَّكِصُ و الشَّكِيصُ: بدمزاج۔

الشَّكِيصَةُ: وہ اونٹنی جو نہ حاملہ ہو اور نہ اس کے تھن میں دودھ ہو۔

• شَكَعَ الدَّابَّةَ بِزِمَامِهَا ـَ شَكْعًا: لگام سے جانور کا سر اوپر کرنا۔

شَكِعَ فُلَانٌ ـَ شَكَعًا: آہیں بھرنا، درد و تکلیف سے کراہنا۔ هو شَاكِعٌ و شَكِعٌ و شَكُوعٌ۔

__ الزَّرْعُ: کھیتی کا زیادہ دانوں والی ہونا۔

__ الرَّجُلُ: درد و تکلیف میں ہونا (۲) غضبناک ہونا۔

أَشْكَعَهُ: پریشان کرنا، دل برداشتہ کرنا (۲) ناراض کرنا۔

• شَكَّ الشَّيْءُ ـُ شَكًّا: جڑ جانا، چپک جانا۔

__ القَرَابَةُ: رشتہ جڑ جانا۔

__ الدَّابَّةُ: اونٹنی کا شانہ بازو سے مل جانے کے باعث لنگڑا ہو جانا۔

__ عليه الأمرُ: مشتبہ اور مشکل ہونا

__ فِي الأمرِ وغيره: شک کرنا، شبہ کرنا۔

__ فِي السِّلَاحِ: پورے ہتھیاروں سے لیس ہونا۔

__ الخَرَزَ و نَحْوَهُ: مہرے وغیرہ پرونا۔

__ الجِلْدَ بالمِخْرَزِ: ستالی سے چمڑا سینا۔

__ القَوْمُ بُيُوتَهُم ونَحْوَهَا: مکانات وغیرہ کو ایک لائن میں ترتیب کے ساتھ بنانا۔

__ الشَّيْءَ: پھاڑنا۔

شَكَّ الدَّابَّةَ: چوکا مارنا، مہمیز لگانا، دوڑانے کے لئے ایڑ لگانا۔

__ الخَيَّاطُ الثَّوْبَ: دور دور ٹانکے لگانا۔

__ الشَّوْكَةُ رِجْلَهُ: کانٹا چبھنا۔

__ فُلَانًا بالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔

شَكَّكَهُ: شک و شبہ میں ڈالنا، مشکوک و مشتبہ بنانا۔

اشْتَكَّ الشَّيْءَ: چیز کے اجزاء کو جوڑنا یا پھاڑنا۔

تَشَكَّكَ: مطاوع شَكَّكَ۔

__ فِي كذا او فِي الأمرِ: شک و شبہ کرنا، غیر یقینی کی کیفیت پیدا کرنا (۲) کسی کی حیثیت کو مجروح کرنا۔

التَّشْكِيكُ: علم منطق میں کہتے ہیں: لَفْظٌ مَقُولٌ بالتَّشْكِيكِ: وہ لفظ جو ایسے مفہوم عام پر دلالت کرے جو غیر مساوی طور پر متعدد افراد میں مشترک ہو جیسے أَبْيَضُ کہ وہ تمام افراد پر یکساں منطبق نہیں ہوتا۔ ابیض کے افراد میں بیاض کا تفاوت ہوتا ہے (۲) دوسرے کی بدنامی، مجروحیت (۳) ادھار خرید و فروخت

الشَّاكُّ: شک و شبہ میں مبتلا (۲) چمڑے کی سلائی کرنے والا (۳) جڑ جانے والا (۴) مشتبہ، غیر واضح۔

شَاكُّ السِّلَاحِ: ہتھیار بند، ہتھیار سے لیس۔

الشَّاكَّةُ: شاكّ کی تانیث۔ حلق کا ورم ج: شَوَاكُّ۔ بُيُوتٌ شَاكَّةٌ: ترتیب سے ایک لائن میں بنے ہوئے مکانات۔

الشِّكَاكُ: کہتے ہیں: ضَرَبُوا بُيُوتَهُم شِكَاكًا: انہوں نے ایک لائن میں ترتیب سے گھر بنائے۔

الشَّكُّ: شک و شبہ (ایک ذہنی کیفیت

جو اثبات ونفی میں دائر رہتی ہے اور ذہن کوئی ایک فیصلہ نہیں کر پاتا (۲) ہڈی میں چھوٹی سی درز یا تڑخ (۳) چوہے مارنے کی دوا ج: شُكُوكٌ۔
الشَّكَاكَةُ: زمین کا کونا۔
الشَّكَّاكُ: بڑا شکی۔ ہر بات میں شبہ کرنے والا۔
الشَّكَّاكُونَ: فلاسفہ کی ایک جماعت جو حقائق اشیاء کے اثبات وانکار میں متردد رہتی ہے، اسلامی فلسفہ میں ایسی جماعت کا نام فرقۂ لاادریہ ہے یہ فرقہ سوفسطائیین سے تعلق رکھتا ہے۔ (دیکھیے: سوفسطائیہ)۔
الشِّكَّةُ: جسم پر لگائے ہوئے یا اٹھائے ہوئے ہتھیار (۲) لکڑی کی نوک دار کٹی یا میخ جو چول میں پھنسائی جانے والی لکڑی کے ساتھ مضبوطی کے لئے لگائی جاتی ہے ج: شِكَكٌ۔
الشَّكُوكُ: شبہات پیدا کرنے والا، موجب شک وشبہ۔
الشُّكَيْكَةُ: چند جڑی ہوئی چیزوں کا مجموعہ (۲) طریقہ (۳) عادت۔ کہتے ہیں: دَعْهُ علي شُكَيْكَتِه: اسے اپنے حال پر چھوڑ دو (۴) فرقہ (۵) پھلوں کی ٹوکری ج: شَكَائِكُ و شُكُكٌ۔
المِشَكُّ: سلائی کی ستالی (۲) چمڑے کا باریک تسمہ جس سے سلائی کی جائے ج: مَشَاكُّ۔
• شَكَلَ الأَمْرُ ـُ شُكُولاً: مشکل ہونا پیچیدہ ہونا۔
ـــ المَرِيضُ: روبہ صحت ہونا۔
ـــ الثَّمَرُ: پکنے کے قریب ہونا، جزوی طور پر پکنا۔
ـــ الدَّابَّةَ و نحوَها: جانور کے پابند لگانا، بیڑی ڈالنا۔
ـــ الدَّابَّةَ بالشِّكَالِ: جانور کے رسّی سے ہاتھ پیر باندھنا۔
شَكَلَ الكِتَابَ والعِبَارَةَ: اعراب (زیر زبر پیش) لگانا۔
شَكِلَ اللَّوْنُ ـَ شَكَلاً: مخلوط ہونا (دوسرا رنگ مل جانا)۔
شَكِلَت العَيْنُ: آنکھ کی سفیدی میں سرخی مل جانا۔
ـــ الخَيْلُ: سیاہ وسرخ ہونا۔ هو شَكِلٌ و أَشْكَلُ۔
ـــ المَرْأَةُ: عورت کا نخرے دار ہونا هي شَكِلَةٌ و شَكْلَاءُ۔
أَشْكَلَ الأَمْرُ: مشکل اور پیچیدہ ہونا
ـــ اللَّوْنُ: مخلوط ہونا۔
ـــ فُلَانٌ: ہم شکلوں اور ہم جنسوں سے ملنا۔
ـــ النَّخْلُ: کھجوروں کا پکنے کے قریب ہونا یا پک جانا۔
ـــ الكِتَابَ: اعراب لگانا۔
ـــ المَرْأَةُ شَعْرَهَا: بالوں کی کئی چوٹیاں بنانا، لٹیں بنا کر چھوڑنا۔
شَاكَلَهُ: ہم شکل ہونا، مشابہ ہونا۔
شَكَّلَ الدَّابَّةَ: پیروں میں بیڑی ڈالنا
ـــ الكِتَابَ: اعراب لگانا۔
ـــ الشَّيءَ: شکل بنانا، تصویر کھینچنا (۲) مقید کرنا (۳) با اعراب بنانا (۴) تشکیل دینا (۵) مشکل بنا دینا (۶) مرتب کرنا (۷) نوعیت دینا (۸) وجود میں لانا، بنانا۔
الفُنُونُ التَّشْكِيلِيَّةُ: تصویر سازی کے فنون، شکل ساز فنون۔
ـــ الزَّهْرُ: پھول کا رنگ برنگ ہونا۔
ـــ المَرْأَةُ شَعْرَهَا: زلفیں بنانا، کئی چوٹیاں بنانا۔
ـــ الثَّوْبَ: کپڑے کو چن کر ٹانکے لگانا۔
ـــ الوزارةَ والمجلسَ و نحوه: وزارت یا کونسل بنانا۔
شَكَّلَ الخَطَرَ: خطرہ پیدا کرنا۔
تَشَاكَلاً: ہم شکل ہونا، ایک دوسرے سے ملتا جلتا ہونا۔
تَشَكَّلَ: شکل وصورت بنجانا، مجلس وغیرہ بنجانا، وجود میں آنا (۲) مشکل ودشوار بنجانا۔
ـــ الوِزَارَةُ: وزارت بنجانا۔
ـــ المَرْأَةُ: عورت کا پھولوں سے سجنا۔
اِسْتَشْكَلَ الأَمْرُ: مشکل اور پیچیدہ ہوجانا۔
ـــ عَلَيهِ: اعتراض کرنا، اشکال پیش کرنا۔
ـــ في تنفيذ الحُكْمِ: (عدالتی اصطلاح میں) فیصلہ کی تنفیذ میں ایسا باعث اشکال مفہوم لانا کہ اس کے حل تک تنفیذ روکی جاسکے۔
الإِشْكَالُ: مفہوم کی پیچیدگی اور الجھاؤ، اعتراض، دشواری، اشکال ج: اشكالات۔
الأَشْكَلُ: دورنگی چیز (۲) وہ شخص جس کی آنکھ کی سفیدی میں سرخی ہو (۲) زیادہ مشابہ۔ هو أَشْكَلُ بأَبِيهِ: وہ اپنے باپ سے ملتا جلتا ہے۔ ج: شُكْلٌ۔
التشكيل: ترتیب، انتظام، تشکیل، تیاری۔
التشكيل البَحْرِيُّ: بحری دستہ۔
تشكيل تهديد للسِّلم: امن کیلئے چیلنج یا خطرہ کھڑا کرنا۔
تشكيل خَطَرٍ: خطرہ پیدا کرنا۔
تشكيل عَقَبَةٍ: رکاوٹ کھڑی کرنا۔
تشكيل خَلِيَّةٍ: جتھا بنانا۔
تشكيل عُدْوَانٍ: جارحیت پیدا کرنا۔
تشكيل المَصِيرِ: قسمت کا فیصلہ کرنا۔
التَّشْكِيلَةُ: ٹکڑی، جماعت، دستہ (۲) ماڈل، ڈیزائن، فیشن۔

التشکیلات: ترتیبات، صف بندیاں۔

الشَّاکِلَۃُ: طرز، طبیعت، عادت قرآن پاک میں ہے: "قُلْ کُلٌّ یَّعْمَلُ عَلٰی شَاکِلَتِہٖ" ہر شخص اپنی طبیعت کے مطابق کام کرتا ہے (۲) کوکھ، پہلو (۳) طریقہ (۴) نیت (۵) کان کے قریب ابھرا ہوا حصہ۔ کہتے ہیں: اَصَابَ شَاکِلَۃَ الصَّوَابِ: اس نے ٹھیک بات کہی ج: شَوَاکِل۔

الشَّوَاکِلُ: بڑے راستہ کی شاخیں

الشِّکَالُ: بیڑی جو جانور کے پیر میں ڈالی جاتی ہے، قید، رسّی (۲) گھوڑے کی وہ رسّی جو ایک اگلے اور ایک پچھلے پیر کو ملا کر باندھی جائے ج: شُکُلٌ۔

الشَّکْلُ: نقشہ (۲) طرز (۳) مشکل و پیچیدہ معاملہ (۴) شکل، صورت، ہیئت، خاکہ (۵) مثل، نظیر، شباہت (۶) مناسب و بہتر جیسے کہا جائے: ھٰذا من شکلی: یہ میرے مناسب ہے (۷) قصد و ارادہ۔ کہتے ہیں: سَأَلْتُہٗ عن شَکْلِ فُلَانٍ: میں نے اس سے فلاں کا قصد معلوم کیا (۸) علم ہندسہ میں جسم یا سطح کی وہ ہیئت جو ایک حد کے ساتھ محدود ہو، جیسے گیند یا چند حدود کے ساتھ محدود ہو جیسے مُثَلَّث او مُرَبَّع: گیند میں ایک حد مثلث میں تین اور مربع میں چار ہیں (۹) مناطقہ کے یہاں دلیل کی اس صورت کو کہتے ہیں جو حد اوسط کی دیگر دو حدوں (حد اکبر اور حد اصغر) کے ساتھ نسبت کی بنا پر مختلف ہوتی رہتی ہے (۱۰) عورت کا ناز و انداز (۱۱) طرز (۱۲) نوعیت (۱۳) فیشن ج: اَشْکَال و شُکُول۔

شَکْلاً: صُوْرَۃً، ظاہری طور پر۔

بِشَکْلٍ اَفْضَل: زیادہ بہتر طور پر۔

بِشَکْلٍ کَذَا: اس طرح۔

بِشَکْلٍ مُبَاشِرٍ: براہ راست۔

بِشَکْلٍ غَیْرِ مُبَاشِرٍ: بالواسطہ۔

بِشَکْلٍ مُقْنِعٍ: اطمینان بخش طریقہ پر

عَلٰی شَکْلِ کَذَا: اس طرح۔

عَلٰی شَکْلِ دَفَعَاتٍ: قسطوں کی صورت میں۔

الشَّکْلِیُّ: ظاہری (۲) سطحی، غیر بنیادی۔

الشَّکْلِیَّاتُ: دکھاوے کی چیزیں، سطحی چیزیں، غیر اہم چیزیں۔

الدَّفْعُ الشَّکْلِیُّ: قانون عدالت کی رو سے مدعا علیہ کی جانب سے مقدمہ کے اصل موضوع سے ہٹ کر کی گئی کارروائی کا دفعیہ مثلاً عرضی دعویٰ کے غلط ہونے کا دعویٰ کرکے اسے خارج کرانے کی کوشش۔

الشِّکْلُ: مثل، مانند، شبیہ (۲) عورت کا بانکپن، ناز و انداز۔

الشَّکْلَۃُ: شَکَلَ کا مصدر مرّہ۔ ایک اعراب جیسے زبر، زیر، پیش وغیرہ۔ وہ حرکت جس سے کلمہ کو منضبط کیا جائے ج: شَکْلٌ و شَکَلَاتٌ۔

الشُّکْلَۃُ: رنگ برنگی و مختلف رنگوں کا آمیزہ (۲) آنکھ کی سفیدی میں سرخی (۳) شباہت۔ فیہ شُکْلَۃٌ من اَبِیْہِ: اس میں اپنے والد کی شباہت ہے۔

الشَّکِیْلُ: لگام کے لوہے پر لگا ہوا خون والا جھاگ۔

المُشَاکَلَۃُ: مشابہت، یکسانیت، فن بدیع میں مشاکلت یہ ہے کہ ایک معنی کو ایسے دیگر لفظ کے ذریعہ ادا کیا جائے جو اس کے لئے وضع نہیں کیا گیا لیکن اس سے ملا ہوا ہے۔ جیسے: اللہ تعالیٰ کے قول "نَسُوا اللّٰہَ فَنَسِیَہُمْ" اور "وَمَکَرُوْا وَمَکَرَ اللّٰہُ" میں نَسِیَ ثانی نسیان کے معنی میں نہیں اور مَکَرَ ثانی مَکَرَ کے معنی میں نہیں کیونکہ نسیان و مکر کی نسبت خدا کی طرف نہیں ہو سکتی لیکن ترک کے معنی کو لفظ نسیان سے اور مکر ثانی کے معنی دَبَّرَ کو مَکَرَ سے تعبیر کیا گیا۔ ظاہراً دونوں لفظ یکساں ہیں مگر معنی میں مختلف۔

المُشْکِلُ: دشوار، پیچیدہ (۲) علماء اصول کے نزدیک وہ لفظ یا شے ہے جو بغیر خارجی دلیل کی دلالت کے نہ سمجھ میں آئے۔

الخُنْثٰی المُشْکِلُ: جس کی جنس (نر یا مادہ ہونا) متعین نہ کی جا سکے، ہیجڑا، مخنث۔

المُشْکِلَۃُ: پیچیدہ مسئلہ، حل طلب مسئلہ، پرابلم، بحران، پریشانی۔

المُشْکِلَۃُ النَّفْسِیَّۃُ: ذہنی الجھن۔

المَشَاکِلُ: مسائل، الجھے ہوئے معاملات، مشکلات، پریشانیاں۔

المَشَاکِلُ المُتَشَعِّبَۃُ: طرح طرح کے مسائل

المَشَاکِلُ المُلِحَّۃُ: فوری توجہ طلب مسائل۔

مَشَاکِلُ السَّاعَۃِ: وقت کے مسائل۔

المُشَکَّلُ: مجسّم، صورت و شکل والا، مرتب و جود پذیر (۲) بااعراب۔

المَشْکُوْلُ: بااعراب (۲) پائے بند سے بندھا ہوا گھوڑا یا وہ جس کی تین ٹانگیں سفید رنگ کی ہوں اور چوتھی کسی اور رنگ کی ہو۔

• **شَکِمَ** ـَـ **شَکَمًا**: بھوکا ہونا۔ ھو شَکِمٌ۔

شَکَمَ الفَرَسَ و نَحْوَہٗ ـُـ **شَکْمًا**: گھوڑے کے منہ میں لگام کا لوہا دینا۔

___ **المُعْتَدِیَ**: حملہ آور کو بزور ہٹا دینا۔

___ **المُتَسَلِّطَ**: تسلط یافتہ کو رشوت دینا

رشوت دے کر منھ بند کرنا۔
شَکَمَ فُلَانًا: بدلہ دینا (۲) منھ بند کرنا، منھ کو لگام دینا۔
أَشْکَمَہٗ: شَکَمَہٗ: لگام دینا، منھ بند کرنا۔
الشُّکْمُ: بخشش، عطیہ جو بطور انعام دیا جائے۔
الشَّکِیْمَۃُ: لگام کا وہ لوہا جو منھ میں ڈالا جاتا ہے (۲) دل کی قوت، خودداری بڑائی (۳) ظلم کے مقابلہ میں کامیابی کی طاقت یا جذبہ۔
فُلَانٌ شَدِیْدُ الشَّکِیْمَۃِ: خوددار ناک والا، عزت مند جو کسی کے سامنے نہ جھکتا ہو ج: شَکَائِم و شُکُم و شُکْم۔
•شَاکَہَہٗ مُشَاکَہَۃً و شِکَاہًا: مشابہ ہونا، ہم شکل ہونا۔
تَشَاکَہَا: ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔
•شَکَا ـُ شَکْوًا و شَکْوَی و شَکَاۃً: بیماری وغیرہ کی وجہ سے تکلیف محسوس کرنا۔ جیسے: ھو یشکو من صُدَاع: اسے دردسر کی تکلیف ہے۔
— الشَّکْوَۃَ: مشکیزہ کھول کر پانی وغیرہ نکالنا۔
— ھَمَّہٗ الی فلان: تکلیف کے ساتھ کسی کے سامنے اپنا درد دکھ ظاہر کرنا قرآن پاک میں ہے: "اِنَّمَا اَشْکُو بَثِّی وَحُزْنِی اِلَی اللّٰہِ"
— مَرَضَہٗ الی الطَّبِیْب: ڈاکٹر سے اپنی تکلیف بتانا۔
— فُلَانًا الی فُلَانٍ بِکَذَا: کسی سے کسی کی کوئی شکایت کرنا (یعنی اس کے غلط طرز عمل کو بتانا)
أَشْکَی مِنْ فُلَانٍ: کسی سے اپنا حق وصول کرنا اور ازالۂ شکایت ہو جانا۔
أَشْکَی فُلَانًا: کسی سے شکایت کرانا، شکایت کرنے پر اکسانا (۲) شکایت دور کرکے خوش کرنا، کہتے ہیں: اَشْکَاہٗ عَلٰی مَا یَشْکُوہُ: اس کی تکلیف میں اس کی مدد کی اور شکایت دور کردی
— شَکْوَۃً: مشکیزہ بنانا۔
شَاکَاہٗ: شکایت کرنا۔
شَکَّی فُلَانٌ او الرَّاعِی: دودھ نکالنے یا بلونے کے لئے مشکیزہ بنانا۔
— فُلَانًا: شکایت دور کرنا۔
اشْتَکَی: شکایت کرنا، شاکی ہونا (۲) بیمار ہونا (۳) مشکیزہ بنانا۔
— الیہ: کسی سے فریاد کرنا، ایسے شخص سے اپنے درد و غم کی شکایت کرنا جو اسے دور کرسکے قرآن پاک میں ہے: "قَدْ سَمِعَ اللّٰہُ قَوْلَ الَّتِی تُجَادِلُکَ فِی زَوْجِھَا وَتَشْتَکِی اِلَی اللّٰہِ"
— علی فُلَانٍ: کسی کے خلاف شکایت کرنا۔
تَشَاکَی القَوْمُ: ایک دوسرے کی شکایت کرنا۔
تَشَکَّی: اشْتَکَی۔ تَشَکَّی الیہ من شیءٍ: کسی سے کسی بات کی شکایت کرنا۔
— من مَرَضٍ: بیماری کی وجہ سے تکلیف اور درد میں مبتلا ہونا۔
الشَّاکِی: شکایت کنندہ (۲) دکھی۔
شَاکِی السِّلَاحِ: شَائِکُ السِّلَاحِ: ہتھیار بند (۲) مکمل طور پر تیار۔
الشَّکَاۃُ: شکایت (۲) بیماری (۳) عیب خامی۔
الشِّکَایَۃُ: شکایت (فعل شکایت)
الشَّکْوَی: دکھ درد (۲) شکایت (یعنی وہ بات جس کی شکایت کی جائے)
ج: شَکَاوَی
الشَّکْوَۃُ: مشکیزہ، چمڑے کا ڈول (۲) وہ مشکیزہ جس میں پانی بھر کر ٹھنڈا کرنے کے لئے ہوا میں لٹکا دیا جاتا ہے ج: شِکَاءٌ و شُکًی و شُکِیٌّ۔
الشَّکِیَّۃُ: شکایت (وہ معاملہ جس کی شکایت ہو) (۲) بقیہ ج: شَکَایَا۔
المِشْکَاۃُ: چراغ دان، دیوار میں چراغ رکھنے کا طاق۔ قرآن پاک میں ہے: "کَمِشْکَاۃٍ فِیْھَا مِصْبَاحٌ" (۲) شمع دان، لیمپ اسٹینڈ (۳) دیواری انگیٹھی۔
المَشْکُوُّ الیہ: جس کے پاس شکایت کی جائے۔
المَشْکُوُّ: جس کی شکایت کی جائے۔ مدعا علیہ
المَشْکُوُّ منہ: جس کی شکایت کی جائے۔
المُشْتَکَی علیہ: مدعا علیہ: جس کے خلاف شکایت ہو۔

ش ـــ ل

•الشَّلَبِیُّ: مہذب، شریف (۲) حجام۔
شَلْبَنَہٗ: حجامت بنانا، شیو بنانا۔
تَشَلْبَنَ: حجامت بنوانا، آراستہ ہونا۔
•شَلَتَ ـِ شَلْتًا: ٹھوکر مارنا (۲) گندھے ہوئے آٹے کا ہموار ہونا۔
الشَّلْتَۃُ: پتلا گدا۔
•شَلَّجَ تَشْلِیْجًا: ننگا کرنا۔
•الشَّلْجَمُ: شلجم، ایک سبزی کا نام۔
•شَلَّحَہٗ: ننگا کرنا، کپڑے اتارنا۔
شَلَعُ العَیْنِ: دونوں پلکوں کا پوری طرح نہ ملنے کی بیماری۔
الشَّلْحَاءُ: تیز تلوار ج: شُلُحٌ۔
المَشْلَحُ: ڈریسنگ روم، لباس تبدیل کرنے کا کمرہ۔
•شَلَخَ ـَ شَلْخًا بالسَّیْفِ: کاٹنا۔
الشَّلْخُ: جڑ، اصل (۲) انسان کی نسل، اولاد۔

• شَلْشَلَ الْمَاءَ و نَحْوَهٗ: لگاتار پانی ڈالنا۔
— السَّيْفُ الدَّمَ: خون بہانا، گرانا۔
تَشَلْشَلَ الْمَاءُ و نَحْوُهٗ: ادھر ادھر گرنا، جگہ جگہ ٹپکنا۔ کہتے ہیں: جَاءَ و جُرْحُه يَتَشَلْشَلُ دَمًا: وہ اس طرح آیا کہ اس کے زخم سے خون ٹپک رہا تھا۔
— السَّيْفُ و نَحْوُهٗ بِالدَّمِ: تلوار وغیرہ کا خون گرانا، ٹپکانا۔
— فُلَانٌ فِي عَمَلِهٖ: کام میں مستعد ہونا۔
الشُّلَاشِلُ: تازی گھاس، تر و تازہ پودا
الشُّلْشُلُ: کام میں تیز و پھرتیلا (۲) بھلا آدمی، نیک دل۔
الْمَاءُ الشَّلْشَلُ و الدَّمُ الشَّلْشَلُ: لگاتار ٹپکتا ہوا پانی اور خون۔
• الشَّلْطَاءُ: چھری۔
الشَّلْطَةُ: باریک اور لمبا تیر ج: شِلَط۔
• شَلَغَ الرَّأْسَ ــَ شَلْغًا: کچلنا۔
• الشَّلَفُ: لوہے کی سلاخ۔
الشَّالُوفُ: آبشار (عام لوگوں کی زبان میں)
الشَّلَّافَةُ: بدکار عورت۔
• شَلَقَه ــُ شَلْقًا: کوڑا وغیرہ مارنا۔
— الْأُذُنَ او الْأَنْفَ: لمبائی میں چیرنا
تَشَلَّقَ الشَّعْرُ: بالوں کا کھڑا ہونا۔
اشْتَلَقَ عَلَى شَيْءٍ: ٹوہ لگانا۔
الشِّلْقُ و الشَّلِقُ: نرم کانٹوں والی چھوٹی مچھلی۔
الشَّلَقَةُ و الشِّلْقَةُ: گوہ کے انڈے۔
الشَّلَاقُ: گداگر کا تھیلا۔
الشَّلُوقُ: افریقہ کے صحرائے اعظم کی لو، سخت گرمی۔
• شَلَّ الدَّابَّةَ ــُ شَلًّا: جانور کو دھتکارنا یا ہانکنا، بھگانا۔

شَلَّ الثَّوْبَ: معمولی سلائی کرنا، کچے ٹانکے لگانا، کچی سلائی کرنا۔
— الصَّبَاحُ الظَّلَامَ: صبح کا تاریکی کو ختم کر دینا۔
شَلَّتِ الْعَيْنُ الدَّمْعَ: آنکھ کا آنسو بہانا۔
— الْعُضْوَ: بے حرکت کرنا۔
— الْحَرَكَةَ: چہل پہل ختم کرنا، نقل و حرکت بند کرنا، تعطل کرنا۔
— الْإِرَادَةَ: قوتِ ارادی کو ختم کرنا۔
— الْفَاعِلِيَّةَ: قوتِ عمل مفلوج کرنا، ختم کرنا۔
— الشَّيْءَ: منجمد کرنا، بے حس و حرکت کرنا۔
شَلَّ الْعُضْوُ ــَ شَلَلًا و شَلًّا
فُلَانٌ: ہاتھ وغیرہ کا سوکھ کر بے حرکت ہو جانا، شل ہو جانا، لنجا ہو جانا، مفلوج ہو جانا۔ بطور دعا کہا جاتا ہے: لَا شُلَّتْ يَمِينُكَ: تمہارا دایاں ہاتھ صحیح سالم رہے۔ اور بطور بد دعا کہا جاتا ہے: شَلَّتْ يَمِينُكَ: تجھ پر فالج پڑے یا تیرا ہاتھ شل ہو۔ هُوَ أَشَلُّ وَهِيَ شَلَّاءُ ج: شُلٌّ۔
— الثَّوْبُ: کپڑے پر سیاہ داغ یا دھبا پڑنا جو دھونے سے نہ جائے۔
أَشَلَّ فُلَانٌ: لنجے ہاتھ والا ہونا، مفلوج ہو جانا۔
أَشَلَّ اللّٰهُ فُلَانًا: لنجا کر دینا، ہاتھ یا کسی عضو کی حرکت کو ختم کر دینا، معطل کرنا۔
انْشَلَّ الْمَطَرُ: بارش کا زور سے ہونا، موسلا دھار ہونا۔
— السَّيْلُ: سیلاب کا تیزی سے بڑھنا۔
— الذِّئْبُ فِي الْغَنَمِ: بھیڑیے کا بکریوں میں گھس کر تباہی مچانا۔

انْشَلَّتِ الْإِبِلُ: اونٹوں کا بھاگنا۔
الْأَشَلُّ: لنجا آدمی، خشک ہاتھ یا خشک عضو والا ج: شُلٌّ۔
الشِّلَالَةُ: کچی سلائی، ہلکی اور لمبے ٹانکوں والی سلائی۔
الشَّلَلُ: ہاتھ یا کسی دیگر عضو کی بیکاری، لنجا پن (۲) بے حسی، بے حرکتی، خرابی، تعطل (۳) فالج (۴) کپڑے کا داغ جو دھونے سے نہ جائے۔
الشُّلُلُ و الشُّلُّ: پھرتیلا اور خوش مزاج ساتھی۔
الشُّلَّالُ: متفرق ساتھی، بکھرے ہوئے لوگ۔
شَلَالِ: (مبنی علی الکسر) تیر انداز کو دعا دینے کے لئے کہا جاتا ہے: لَا شَلَالِ: یعنی تیرا تیر بیکار و بے نشانہ نہ ہو۔
الشُّلَّةُ: منزل مقصود، سمتِ سفر (۲) انگور کی بیل کی آڑ۔
الشِّلَّةُ: دھاگے یا ریشم کا لچھا۔
الشَّلَّالُ: آبشار (اونچی چٹان سے گرنے والا پانی کا جھرنا، پانی کا کوئی بھی شدید بہاؤ) ج: شَلَّالَاتٌ۔
شَلَّالُ الْعَيْنِ: آنکھ سے پانی جاری رہنے کی بیماری۔
الشَّلُولُ: پھرتیلا اور کام میں مستعد (۲) بوڑھی بکری یا بوڑھی اونٹنی ج: شُلُلٌ۔
الشَّلِيلُ: وادی میں پانی کا نالہ (۲) زرہ کے نیچے پہنی جانے والی کرتی (۳) اونی کپڑے کا ٹکڑا جو کجاوے کے پیچھے جانور کے پٹھے پر ڈالا جاتا ہے (۴) چھوٹی زرہ جو بڑی زرہ کے نیچے پہنی جاتی ہے (۵) پیٹھ کی ہڈی سے دماغ تک جانے والا باریک پٹھا ج: اَشِلَّةٌ۔
الْمِشَلُّ: بہت دھتکارنے والا (۲) سوئی یا

سوّاں جس سے سلائی کی جائے (۳) گردن کو لپیٹا جانے والا کپڑا ج: مَشَالٌّ۔
اَلْمَشَلُّ: جنگلی گدھا جو گدھیوں کے پیچھے لگا رہتا ہے۔
اَلْمَشْلُوْلُ: معطل، بیکار (۲) بے حس وحرکت
ثَوْبٌ مَشْلُوْلٌ: کچی سلائی کیا ہوا کپڑا
اَلشَّالُمُ والشُّوْلَمُ والشَّيْلَمُ: گیہوں کے ساتھ پیدا ہونے والا ایک کڑوا دانہ
اَلشِّلَّمُ: چنگاری۔
• اَلشِّلِنُ: شلنگ کا معرب (ایک انگریزی سکہ مساوی ۱/۲۰ اسٹرلنگ پاؤنڈ ج: شِلِنَات۔
• شَلَا ـُ شَلْوًا: چلنا۔
ـــ الشَّيْءَ: بلند کرنا، اوپر اٹھانا۔
أَشْلَى الْحَيَوَانَ: جانور کو چارہ کھانے یا دوہنے کے لئے بلانا۔
ـــ الْكَلْبَ عَلَى الصَّيْدِ: کتے کو شکار کے پیچھے لگانا۔
اِشْتَلَاهُ: ہلاکت وپریشانی سے بچانے کے لئے کسی کو بلانا۔
اِسْتَشْلَى: غضبناک ہونا، غصہ سے دانت پیسنا۔
ـــ الْكَلْبَ وَنَحْوَهُ: شکار کے پیچھے لگانا۔
اَلشَّلَا: شَلَا الشَّيْءِ: کسی چیز کا جرم (جسم) (۲) بقیہ (۳) کھال (۴) عضو، جوڑ ج: اَشْلَاءٌ۔
اَلشِّلْوُ: عضو، جوڑ (۲) گوشت کا ٹکڑا (۳) بقیہ ہر شے کا ج: اَشْلَاءٌ۔
اَشْلَاءُ الانسانِ وغیرہ: بوسیدہ اور بکھرے ہوئے انسانی اعضا۔
اَلشَّلِيَّةُ: مال وغیرہ کا بقیہ۔ کہتے ہیں: لَمْ يَبْقَ مِنْ مَالِهِ الاشَلِيَّةٌ" (۲) گوشت کا ٹکڑا ج: شَلَايَا۔
اَلْمُشَلَّى: دبلا پتلا، نحیف ولاغر۔
اَلْمِشْلَى: کرچھا۔

ش ـــ م

• اِشْمَأَزَّ: دیکھئے (شمز)۔
• شَمِتَ بِهِ او بِعَدُوِّهِ ـَ شَمَاتَةً: کسی کی مصیبت پر خوش ہونا۔ هو شَامِتٌ ج: شُمَّاتٌ وهن شَوَامِتُ۔
أَشْمَتَهُ اللّٰهُ بِعَدُوِّهِ: کسی کو اس کے دشمن کی تکلیف سے خوش کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَلَا تُشْمِتْ بِيَ الْاَعْدَاءَ"
شَمَّتَهُ بِعَدُوِّهِ: دشمن کی تکلیف سے خوش کرنا۔
ـــ العاطِسَ وعَلَيْهِ: چھینکنے والے کو يَرْحَمُكَ اللّٰهُ وغیرہ کہہ کر دعا دینا (۲) دشمنوں کی ہنسائی سے بچے رہنے کی دعا دینا۔
تَشَمَّتَ: (لڑنے والوں کا) مال غنیمت کے بغیر ناکام واپس ہونا۔
اَلشَّامِتُ: دوسرے کی مصیبت پر خوش ہونے والا ج: شُمَّاتٌ۔
اَلشَّامِتَةُ: مؤنث الشامت (۲) جانور کی ٹانگ، مجازًا جانور، بطور دعا بد کہا جاتا ہے: لَا تَرَكَ اللّٰهُ لَهُ شَامِتَةً ج: شَوَامِتُ۔
بَاتَ فُلَانٌ بِلَيْلَةِ الشَّوَامِتِ: اس نے مصیبت میں رات گزاری۔
بَاتَ طَوْعَ الشَّوَامِتِ: اس نے ایسے برے حال میں رات گزاری کہ جس پر دشمنوں کو خوشی ہو۔
اَلشُّمَّاتُ: وہ لوگ جن کی مصیبت پر خوشی منائی جائے (اس کا مفرد نہیں)۔
اَلشَّمَاتَى: اَلشُّمَّاتُ۔
اَلشَّمَاتَةُ: دشمن کی مصیبت پر خوشی۔
اَلْمُشَمِّتُ: چھینکنے والے کو دعا دینے والا۔
اَلْمَلِكُ الْمُشَمَّتُ: رعایا کی دعائیں لینے والا بادشاہ۔
• شَمَجَتِ الدَّابَّةُ ـُ شَمْجًا: تیز چلنا۔ هي شَمُجَى۔
شَمَجَ فِي الْاَمْرِ: عجلت سے کام کرنا۔
ـــ الشَّيْءَ: آمیزش کرنا، غیر چیز ملانا۔
ـــ الثَّوْبَ: کچی سلائی کرنا۔
ـــ الشَّعِيْرَ اوالرُّزَّ: جو یا چاول کی موٹی روٹی پکانا۔
ـــ فلانًا عن كذا: ہٹانا، الگ کرنا۔
اَلشَّمَاجُ: جو یا چاول کی موٹی روٹی (۲) خراب بچے ہوئے انگور جو پھینکنے کے قابل ہوں (۳) معمولی اور تھوڑی چیز۔ کہتے ہیں: ما ذُقْتُ شَمَاجًا: میں نے ذرا سا بھی کھانا نہیں کھایا۔
اَلشَّمَجَةُ: نَاقَةٌ شَمَجَةٌ: تیز رفتار اونٹنی۔
شَمْجَرَ الرَّجُلُ: ڈرے ہوئے کی طرح دوڑنا۔
• اَلشَّمْحَطُ والشِّمْحَاطُ والشُّمْحُوطُ: بہت لمبا۔
• شَمَخَ الجَبَلُ ونَحْوُهُ ـُ شُمُوخًا: اونچا ہونا۔ هو شَامِخٌ ج: شَوَامِخُ وشُمَّخٌ۔
ـــ أَنْفُهُ: ناک لمبی ہونا، ناک چڑھا اور مغرور ہونا۔
ـــ بِأَنْفِهِ: ناک چڑھانا، اونچی کرنا، بڑائی میں آنا، تکبر کرنا۔
نَسَبٌ شَامِخٌ: بلند نسب۔ رَوَاسِيَ شَامِخَاتٌ: اونچے پہاڑ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَجَعَلْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ شَامِخَاتٍ"
ـــ الى عِنَانِ السَّمَاءِ: آسمان سے باتیں کرنا
تَشَامَخَ: بلند ہونا، شیخی خورہ ہونا، بڑا بننا۔

الشَّمَخُ: سَفَرٌ شَمَخٌ: لمبا سفر۔ مَفَازَة
شَمَخٌ: لمبا چوڑا جنگل۔
الشَّمَّاخُ: بہت بلند، بہت اونچا پہاڑ۔
الشُّمُوخُ: لمبا، طویل و عریض۔ سَفَرٌ
و مَفَازَة شَمُوخٌ۔
•الشَّمَخْتَرُ: کمینہ (۲) منحوس۔
•شَمْخَرَ: تکبر کرنا۔
اشْمَخَرَّ: بہت اونچا ہونا۔ هو
مُشْمَخِرٌّ۔
الشَّمْخَرِيرَةُ: بڑائی، غرور۔
•الشَّمَّخْرُ: بھاری بھرکم آدمی یا سانڈ
(۲) متکبر (۳) دوربیں اور بلند پرواز آدمی
•شَمَذَ الحَيَوانُ ـ شَمْذًا و
شُمُوذًا: دُم اٹھانا۔ شَمَذَ
بِذَنَبِه ایضا۔
ـــ الرَّجُلُ ثَوبَهُ: گھٹنوں تک کرتا
اٹھانا۔
الشَّامِذُ: بچھو (چونکہ وہ دم اٹھائے
رکھتا ہے) ج: شُمَّذٌ و شَوَامِذُ۔
الشَّمَذَةُ: وہ درخت جس پر بیل چڑھائی
جائے ج: شَمَذٌ و شِمَاذٌ۔
•شَمَرَ ـ شَمْرًا: ٹھیک چلنا (۲) تیز
چلنا، تکبر سے چلنا۔
ـــ الشَيءَ: سمیٹنا، سکیڑنا۔
أَشْمَرَ الدَّابَّةَ: تیز ہانکنا۔
ـــه بِالسَّيفِ: تلوار سے ذبح کرنا۔
شَمَّرَ: تیز ہانکنا، تیز چلانا۔
ـــ فِي الأَمْرِ: پھرتی دکھانا، مستعد ہونا
ـــ لِلأَمْرِ: تیار و آمادہ ہونا۔
ـــ عن ساعِدِه او عن سَاقِه:
آستین یا پائینچہ چڑھانا، تیار ہو جانا،
کوشش کرنا۔
ـــ الشَيءَ: سمیٹنا، سکیڑنا۔
ـــ ثَوبَهُ: کپڑا اوپر اٹھانا، آستین چڑھانا،
پائینچہ چڑھانا، پاجامہ ٹخنوں سے اوپر کرنا
(علامت تیاری)
شَمَّرَ السَّفِينَةَ و نَحْوَها: روانہ کرنا۔
شَمَّرَتِ الحَرْبُ و شَمَّرَتْ عن
سَاقِها: لڑائی کے شعلے بھڑک اٹھنا
انْشَمَرَ: مطاوع شَمَرَ۔ سکڑنا، سمٹنا
(۲) تیز چلنا۔
تَشَمَّرَ: مطاوع شَمَّرَ: کپڑا اوپر اٹھنا
(۲) تیز چلنا (۳) سمٹنا، سکڑنا۔
تَشَمَّرَتِ اللِّثَةُ: مسوڑھے کا
سکڑنا (۲) ہٹ جانا۔
الشَّامِرُ: ناقَةٌ او شاةٌ شامِرٌ: سکڑ
کر پیٹ سے لگے ہوئے تھن والی اونٹنی
یا بکری۔
الشَّمَارُ: ایک پودا جس کے پھول زرد
اور دانے سبز ہوتے ہیں۔
الشَّمَرُ: الشَّمَارُ۔
الشِّمْرُ: سنجیدہ اور محنتی، کام میں مستعد
(۲) پختہ عزم (۳) فیاض و سخی (۴)
تجربہ کار۔
الشِّمِرُّ: سنگین معاملہ جس کے لئے محنت
و کوشش درکار ہو۔ کہاوت ہے:
اَجَاءَهُ الخَوفُ الى شَرٍّ
شِمِرٍّ: شر کا خوف اسے بڑے شر کی
طرف لے آیا۔ ایسے موقع پر کہتے ہیں
جب آدمی چھوٹی مصیبت سے بچنے
کے لئے بڑی مصیبت میں گرفتار
ہو جاتا ہے۔
الشَّمَّرِيُّ: اپنی بات پر اٹل اور پورا اترنے
والا، پختہ کار و باعزم آدمی۔
الشِّمِّيرُ: بہت زیادہ پختہ کار، پکا اور کام
کو کر گزرنے والا (۲) بڑا محنتی و جفاکش
المُشَمِّرُ: آمادہ، تیار (۲) محنتی و مستعد (۳)
تجربہ کار و پختہ عزم۔
•شَمْرَجَ الثَّوبَ و نَحْوَهُ: شَمْرَجَةً
و شِمْرَاجًا: خراب سلائی کرنا، موٹے
موٹے ٹانکے لگانا۔
شَمْرَجَ النَّسَّاجُ الثَّوبَ: خراب اور کمزور
بننا۔
ـــ الكَلامَ: گڑبڑ کرنا، گڈمڈ کرنا۔
الشِّمْرَاجُ: مخلوط کلام، جھوٹ ملا ہوا
کلام۔
الشُّمْرُجُ: باریک بناوٹ کا ج: شَمَارِجُ
و شَمَارِيجُ۔
الشُّمْرُوجُ: الشُّمْرُجُ۔
•شَمْرَخَ العِذْقَ: کھجور یا انگور کے گچھوں
کو کاٹنا، توڑنا۔
ـــ النَّخْلَةَ: گدر کھجوریں توڑنا۔
الشِّمْرَاخُ: کھجوروں کا خوشہ (۲) انگور کا خوشہ
(۳) بڑی شاخ پر اگنے والی چھوٹی شاخ
(۴) پہاڑ کی چوٹی ج: شَمَارِيخُ۔
الشُّمْرُوخُ: الشِّمْرَاخُ۔
•الشَّمَرْدَلُ: مضبوط و دلیر لڑکا۔
جَمَلٌ شَمَرْدَلٌ و ناقَةٌ شَمَرْدَلَةٌ:
دلیر اونٹ یا اونٹنی۔
•شَمَزَ ـ شَمْزًا: سمٹنا، سکڑنا (۲)
منقبض ہونا، متنفر ہونا، اظہار ناگواری
کرنا۔
تَشَمَّزَ: منقبض ہونا، اظہار ناگواری کرنا۔
ـــ وَجْهُه: چہرے پر بل پڑنا، ناگواری
سے بدل جانا۔
اشْمَأَزَّ بالأَمْرِ و منه اشْمِئْزَازًا:
گھٹن ہونا، انقباض ہونا، نفرت کرنا۔
ـــ قَلْبُه: دل میں نفرت و ناگواری پیدا
ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَإِذَا ذُكِرَ
اللهُ وَحْدَهُ اشْمَأَزَّتْ قُلُوبُ
الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالآخِرَةِ"
الاشْمِئْزَازُ: نفرت و ناگواری، انقباض۔
الشُّمَأْزِيزَةُ: الاشْمِئْزَازُ۔
•شَمَسَ اليَومُ و نَحْوُهُ ـ شُمُوسًا:
دن کا دھوپ والا ہونا یا تیز دھوپ والا

ہونا، روشن ہونا۔ شامِسٌ ج: شُمُسٌ و هُنَّ شوامس۔
شَمَسَ الدَّابَّةُ شُمُوسًا وشِمَاسًا: جانور کا بدکنا، سرکش ہونا، ہٹ کرنا۔
— فُلانٌ: ضد کرنا، ضدی ہونا، نافرمانی کرنا۔
أَشْمَسَ اليومُ و نَحوُهُ: شَمَسَ۔
شَامَسَهُ مُشَامَسَةً و شِمَاسًا: بغض وعداوت رکھنا، دشمنی کرنا۔
شَمَّسَ: سورج کو پوجنا، آفتاب پرست ہونا۔
— الشَّيءَ: دھوپ دینا، سکھانے کیلئے دھوپ میں رکھنا۔
تَشَامَسَا: ایک دوسرے کے ساتھ دشمنی کرنا، بغض رکھنا۔
تَشَمَّسَ: مطاوع شَمَّسَ: دھوپ میں کھڑا ہونا، دھوپ میں ہونا (۲) بہت بخل کرنا۔
الشِّمَاسُ: ہٹ، ضد۔
الشَّامِسُ: دھوپ والا دن (۲) سرکش گھوڑا، ضدی، ہٹی، ایک جگہ جم کر کھڑا ہونے والا (۳) سخت اور ضدی آدمی ج: شُمَّسٌ۔
الشَّمْسُ: سورج، آفتاب، وہ بڑا ستارہ جس کے گرد زمین اور سورج کے نظام سے منسلک تمام ستارے گھومتے ہیں (۲) دھوپ۔
الشَّمْسِيُّ: آفتابی، سورج سے متعلق۔
الطَّاقَةُ الشَّمْسِيَّةُ: شمسی توانائی۔
الشَّمْسِيَّةُ: چھتری۔
اللَّامُ الشَّمْسِيَّةُ: وہ لام معرفہ ہے جو اپنے بعد والے حرف میں مدغم کرکے پڑھا جائے حروف شمسی یہ ہیں ت، ث، دال سے ظا تک اور ل، ن۔ ان کے علاوہ حروف کو حروف قمریہ کہا جاتا ہے، ان میں لام معرفہ مدغم نہیں ہوتا۔
الصُّورَةُ الشَّمْسِيَّةُ: عکسی تصویر، فوٹو۔
السَّاعَةُ الشَّمْسِيَّةُ: دھوپ گھڑی
الشَّمَّاسُ: خادم کنیسہ جس کا درجہ قسیس سے کم ہوتا ہے (۲) سخت نفرت کرنے والا انتہائی ضدی و سرکش ج: شَمَامِسَةٌ۔
الشَّمُوسُ: سرکش اور بے قابو۔ رَجُلٌ شَمُوسٌ وامرأةٌ شَمُوسٌ ضدی، ہٹی جسے ساتھ لے کر چلنا مشکل ہو (۲) شراب ج: شُمُسٌ۔
المَشْمَسَةُ: دھوپ کی جگہ جہاں بیٹھا جائے یا کوئی چیز سکھائی جائے۔
المُشَمَّسُ: دھوپ میں رکھ کر سکھایا ہوا۔
• شَمَصَ الدَّابَّةَ وغيرَها ـــ شَمْصًا و شُمُوصًا: بہت تیز ہانکنا، تھکا دینا۔
— الرَّجُلَ: ڈرانا، گھبرانا۔ تَشَمَّصَ و انْشَمَصَ: ڈرنا، پریشان ہونا۔
الشَّمُوصُ: سرکش وضدی ج: شُمُصٌ
المَشْمُوصُ: حد سے زیادہ ڈرا یا اور پریشان کیا ہوا۔
• شَمَطَ الشَّجَرُ و نَحوُه ـــ شَمْطًا: پتے بکھرنا۔
— الشَّيءَ: کوئی چیز ملانا۔
— مالَهُ: خلط ملط کرنا۔ حلال وحرام میں فرق نہ رکھنا۔
— الكلامَ او فيه: طرح طرح کی باتیں کرنا۔
— الإناءَ و نَحوَهُ: بھرنا۔ هو مَشْمُوطٌ و شَمِيطٌ۔
شَمِطَ الشَّيءُ ـــ شَمَطًا: کسی چیز کا دوسری شے سے مل جانا۔
— شَعْرُهُ: بالوں کا سیاہ وسفید ہونا هو أَشْمَطُ و هي شَمْطاءُ۔
شَمِطَ الشَّجَرُ: درخت سے پتے گرنا۔
أَشْمَطَ: شَمِطَ۔
— الشَّيءَ: ایک شے کو دوسری میں ملانا۔ کہتے ہیں: أَشْمِطْ عَمَلَكَ بِصَدَقَةٍ۔
اشْمَأَطَّ و اشْمَاطَّ: شَمِطَ۔
الأَشْمَطُ: سیاہ سفید بالوں والا۔ هي شَمْطَاءُ ج: شُمْطٌ۔
الشَّمْطُ: کھانے میں ملایا جانے والا مسالا، بارنگ وغیرہ ج: أَشْمَاط و شِمَاطٌ۔
الشَّمَطُ: بالوں کی سفیدی و سیاہی ج: أَشْمَاط و شِمَاط۔
الشَّمَطَاتُ: کالے بالوں میں کچھ سفید بال
الشُّمْطَانُ: گدر کھجور جس کا ایک حصہ خوب پک چکا ہو۔ واحد: شُمْطَانَةٌ۔
الشَّمِيطُ: مخلوط۔
الشُّمْطُوط: دھاگے کا گولا (۲) چینا کا خوشہ۔
• الشَّمَاطِيطُ: مختلف گروہ۔ کہتے ہیں: جاؤا شَمَاطِيطَ: وہ الگ الگ گروہ بن کر آئے
تفرّق القومُ شَمَاطِيطَ: لوگ گروہوں میں تقسیم ہوگئے۔ ثَوبٌ شَمَاطِيطُ: پھٹا پرانا کپڑا۔ واحد: شِمْطَاط و شُمْطُوط و شِمْطِيط
• شَمَظَهُ ـــ شَمْظًا: روکنا (۲) ہلکا سا ہلانا۔
— الشَّيءَ: ملانا، تھوڑا تھوڑا لینا۔
— فُلانًا: کسی سے نرم وگرم گفتگو کرنا۔
• شَمَعَ ـــ شَمْعًا و شُمُوعًا: ہنسی مذاق کرنا (۲) مست ہونا۔
أَشْمَعَ السِّرَاجُ و نَحوُهُ: روشن ہونا
شَمَّعَهُ: ہنسی مذاق میں لگانا، مست کرنا۔
— له: تفریح ومستی کا سامان فراہم کرنا۔
— به: کسی سے تفریح لینا، اور چھیڑ کر ہنسنا
— الثَّوبَ و نَحوَهُ: موم چڑھانا، کپڑے

پر پالش کرنا۔
شَمَّعَ الحِرْزَ: تعویذ کا موم جامہ کرنا۔
الشِّمَاعُ والشِّمَاعَةُ: مذاق، دل لگی۔
الشَّمَعُ: موم (۲) موم بتی ج: شُمُوعٌ۔
الشَّمْعَةُ: ایک موم بتی (۲) بلب کی قوت کا ایک پیمانہ مثلاً کہتے ہیں: ھو ذو عَشْرِ شَمَعَاتٍ او مائة شَمْعَةٍ: وہ دس واٹ یا سو واٹ کا بلب ہے
الشَّمَّاعُ: موم بتی بنانے یا فروخت کرنے والا، شمع فروش، شمع ساز۔
شَمَّاعَةُ المَلَابِس: کپڑے لٹکانے کا اسٹینڈ یا ریک، وغیرہ۔
الشَّمُوعُ: بڑا مزاحیہ اور مذاقی، مسخرہ، مست و مگن ج: شُمُعٌ۔
المُشَمَّعُ: موم چڑھایا ہوا۔
القُمَاشُ المُشَمَّعُ: ریگزین، پالش کیا ہوا چکنا کپڑا، آئل کلاتھ۔
المُشَمَّعُ: برساتی، رین کوٹ۔
المَشْمَعَةُ: موم بتی کا کارخانہ (۲) ہنسی مذاق مسخرہ پن ج: مَشَامِع۔
الشَّمْعِدَانُ: شمع دان۔
أشْمَعَطَّ: غصہ سے بھر جانا۔
___ القومُ فی الطَّلَبِ: تلاش میں عجلت کرنا۔
___ الإبلُ او الخَيْلُ: اونٹوں یا گھوڑوں کا الگ الگ ہو جانا۔
اشْمَعَلَّ الرَّجُلُ: بلند و عالی رتبہ ہونا (۲) جھومنا، تھرکنا۔
___ الدَّابَّةُ: جانور کا مگن ہونا، چاق چوبند ہونا۔
___ الغَارَةُ: حملہ کا پھیل جانا، تیز ہو جانا۔
___ اللَّبَنُ: دودھ کی کھٹاس بڑھ جانا۔
المُشْمَعِلُّ: مست و مگن (۲) شریف، بلند۔
المُشْمَعِلَّةُ: تیز رفتار اونٹنی۔
•شَمِقَ فُلانٌ ـَ شَمَقًا وشَمَاقَةً: دیوانگی کی حد تک خوش ہونا، بے خود ہونا۔
الأَشْمَقُ: خون آلود منہ کا جھاگ۔
الشَّمِقُ: من الثِّيَابِ: پھٹا ہوا کپڑا۔
الشَّمَقْمَقُ: لمبا قد آور۔
•شَمَلَتِ الرِّيحُ ـُ شَمْلًا وشُمُولًا: ہوا کا شمالی سمت چلنا۔
___ بِفُلانٍ: کسی کو جانب شمال لے جانا
___ الأَمْرُ القَوْمَ: سب کے لئے ہونا، سب کو شامل ہونا، عام ہونا، کسی معاملہ میں سب ہی کا شریک ہونا۔
___ فُلانًا: شال اوڑھانا۔
___ التَّمْرَ والضَّرْعَ: تھیلی چڑھانا۔
شَمِلَ الأَمْرُ القَوْمَ ـَ شَمَلًا: شمل
___ الدَّابَّةُ اللِّقَاحَ: جانور کا گیا بھن ہونا۔
___ الشَّیْءُ شَيْئًا: اپنے اندر لئے ہوئے ہونا۔ مشتمل ہونا۔
___ فُلانٌ: چادر اوڑھنا، شال سر پر ڈالنا۔
أَشْمَلَتِ الرِّيحُ: ہوا کا جانب شمال سے آنا۔ شمالی ہونا۔
___ القَوْمُ: لوگوں پر شمالی ہوا چلنا۔
___ فُلانٌ: شال اوڑھے ہوئے ہونا۔
___ فُلانًا: کندھے یا سر پر چادر یا شال ڈالنا۔
___ التَّمْرَ والضَّرْعَ: کھجور اور جانور کے تھن پر تھیلی چڑھانا۔
اشْتَمَلَ بِثَوْبِهِ: کپڑے میں پورا لپٹ جانا کہ ہاتھ بھی باہر نہ رہے۔
___ الصَّمَّاءَ: چادر کو پہلے دائیں ہاتھ اور بائیں مونڈھے پر اور پھر بائیں ہاتھ اور دائیں مونڈھے پر ڈال کر لپیٹنا۔
___ علی کذا: مشتمل ہونا، حاوی ہونا، اپنے اندر لئے ہوئے ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "أَمْ مَا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ أَرْحَامُ الأُنْثَيَيْنِ"۔
اشْتَمَلَ بِسَيْفِهِ: تلوار گلے میں لٹکانا۔
___ عَلَى فُلانٍ: کسی کو اپنے ذریعہ بچا لینا (یعنی اپنا جسم اس پر ڈال کر کسی کے حملہ سے محفوظ کر دینا)۔
تَشَمَّلَ بالشَّمْلَةِ: چادر میں لپٹنا، چادر کو ہر طرف سے لپیٹ لینا۔
انْشَمَلَ: جلدی کرنا۔
الشَّامِلُ: عام، جامع، کامل، ہمہ گیر، ہمہ جہتی، وسیع تر۔
الشَّمَالُ: جانب شمال (مقابل جَنُوب) (۲) شمال سے آنے والی ہوا۔ شَمْأَلٌ اور شَأْمَلٌ بھی کہتے ہیں۔
الشِّمَالُ: بایاں، بائیں جانب۔ مقابل يَمِين۔ اليَدُ الشِّمَالُ: بایاں ہاتھ الجَانِبُ الشِّمَالُ: بائیں طرف۔ قرآن پاک میں ہے: "لَقَدْ كَانَ لِسَبَإٍ فِی مَسْكَنِهِمْ آيَةٌ جَنَّتَانِ عَنْ يَمِينٍ وَشِمَالٍ"۔ ج: أَشْمُلٌ و شُمُلٌ و شَمَائِلُ۔ قرآن پاک میں ہے: "ثُمَّ لَآتِيَنَّهُمْ مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ أَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَائِلِهِمْ"۔ (۲) نحوست۔ طَيْرُ الشِّمَالِ: منحوس پرندہ جس سے برا شگون لیا جائے (۳) عادت ج: شَمَائِل (۴) تھن پر چڑھانے کی تھیلی (بڑا ہو جانے کے وقت) کھجوروں پر باندھنے کی تھیلی۔
الشَّمْلُ: اجتماعیت، شیرازہ، اکٹھی اور مجتمع چیز، اتحاد۔ جَمَعَ اللهُ شَمْلَهُمْ: اللہ ان کو متحد کرے۔ شَتَّتَ اللهُ شَمْلَهُمْ: اللہ ان میں پھوٹ ڈالے۔
جَمْعُ الشَّمْلِ: شیرازہ بندی، شیرازہ بندی کرنا۔

تشتّتَ الشَّمْلُ : پھوٹ ، انتشار، شیرازہ بکھرنا۔
الشَّمْلُ : خوشۂ کھجور۔
الشَّمَلُ : تھوڑی بارش، تھوڑی کھجور، تھوڑے لوگ ج: أَشْمَال ۔
الشَّمِلُ : چادر میں لپٹا ہوا۔
الشَّمْلَةُ : پورے جسم کو ڈھانکنے والی چادر عبا وغیرہ (۲) مفلر یا شال جو سر اور گردن ڈھانکنے کے لئے ہو ج: شِمَال حدیث علیؓ میں ہے: "إنَّ أبَا هذا كان يَنسِجُ الشِّمالَ بيمينه" ان کے والد دائیں ہاتھ سے چادریں بنا کرتے تھے (صنعت طباق)۔
الشِّمْلَةُ : چادر لپیٹنے یا اوڑھنے کا طرز۔
الشِّمِلَّةُ : پھرتیلی اور تیز رفتار اونٹنی ۔
الشَّمُولُ : شمالی ہوا (۲) شراب ۔
الشُّمُولُ : عموم، جامعیت ۔
شُمُولِيّ : جامع، عام ۔
المُشْتَمَلَاتُ : مندرجات ۔
المِشْمَالُ : بڑی چادر وغیرہ جو پورے جسم کو ڈھانک لے ج: مَشَامِيل ۔
المِشْمَلُ : الشَّمْلَةُ (۲) چھوٹی تلوار جو کپڑوں میں چھپائی جا سکے ج: مَشَامِل ۔
المِشْمَلَةُ : دوپرت کی اوڑھنے کی چادر سوتے وقت ایک حصہ نیچے اور دوسرا حصہ اوپر کرکے بند یا چین کس دیتے ہیں)۔
المَشْمُولُ : وہ شخص جس پر شمالی ہوا چلے ۔
غَدِيرٌ مَشْمُولٌ : وہ تالاب جس کی سطح آب پر شمالی ہوا سے لکیریں پڑ جائیں اور وہ اسے خوشگوار بنا دے ۔ نَارٌ مَشْمُولَةٌ : شمالی ہوا کی بھڑکائی ہوئی آگ ۔ نَوًى مَشْمُولَةٌ : احباب کو جدا کرنے والا سفر۔
المَشْمُولُ بشَيْءٍ : ڈھکا ہوا، لپٹا ہوا ۔

المَشْمُولُ برِعَايَةِ فلانٍ : زیرِ سرپرستی اسے فلاں کی سرپرستی حاصل ہے ۔
المَشْمُولَاتُ : مضامین، مندرجات ۔
• شَمْلَلَ : جلدی کرنا، لپکنا (۲) چست ہونا
ـــ الشَّجَرَةَ : درخت کے پھل چننا ۔
الشِّمْلَالُ : تیز رفتار اور چلبلا ۔
الشُّمْلُولُ : ریت کی لمبی دھاری (۲) متعدد ٹہنیوں والی شاخ ج: شَمَالِيل ۔
قَوْمٌ شَمَالِيلُ : بکھرے ہوئے لوگ
ثَوْبٌ شَمَالِيلُ : پھٹا پرانا کپڑا ۔
ذَهَبُوا شَمَالِيلَ : وہ ادھر ادھر منتشر ہو گئے ۔
الشِّمْلِيلُ : تیز رفتار اور چلبلا ۔
• شَمَّهُ ـُ شَمًّا و شَمِيمًا : سونگھنا، بو محسوس کرنا ۔
ـــ الخَبَرَ : بھنک پڑنا، خبر کا کچھ حصہ معلوم ہونا ۔
ـــ الأَمْرَ : جانچ پڑتال کرنا ۔
شُمَّ : آزمایا جانا ۔ هو مَشْمُوم ۔
شَمَّ الجَبَلُ او البناءُ ـَ شَمَمًا : بلند چوٹی والا ہونا ۔
ـــ الأَنْفُ : ناک کا اونچا ہونا ۔
ـــ الرَّجُلُ : اونچی ناک والا ہونا، مغرور و متکبر ہونا ۔ هو أَشَمُّ و هي شَمَّاءُ ج: شُمٌّ ۔
ـــ الشيءَ شَمًّا و شَمِيمًا : سونگھنا ۔
أَشَمَّ الرَّجُلُ : غرور سے سر اونچا کرکے چلنا ۔
ـــ عنه : الگ ہونا، ہٹنا ۔
ـــ فُلَانًا الطِّيبَ وغيرَه : کسی کو خوشبو وغیرہ سونگھانا ۔
ـــ الخَاتِنُ : ختنہ کرنے والے کا ختنہ کرتے وقت تھوڑی کھال چھوڑ دینا ۔
ـــ عن الأَمْرِ : الگ ہو جانا ۔

أَشَمَّ القارئُ : اشمام کرکے وقف کرنا (ہونٹ دبا کر آواز نکالے بغیر پیش کی حرکت ظاہر کرنا) ۔
أَشْمِمْنِي يَدَكَ : مجھے اپنا ہاتھ دو
شَمَّمَهُ الطِّيبَ او الدَّوَاءَ : سونگھانا
اشْتَمَّهُ : سونگھنا ۔
تَشَمَّمَهُ : سونگھتے رہنا، آہستہ آہستہ سونگھنا ۔
ـــ الأَمْرَ او الخَبَرَ : تلاش و جستجو کرنا، ٹوہ لگانا ۔
اسْتَشَمَّهُ الشيءَ : سونگھنے کے لئے کہنا، سونگھوانا (۲) سونگھنا ۔
الإِشْمَامُ : نحویوں اور قاریوں کے نزدیک ایک حرف میں دوسرے حرف کی قدرے آواز پیدا کرنا (۲) قراء حضرات کے نزدیک اشمام یہ ہے کہ وقف کرتے وقت دونوں ہونٹ ملا کر ضمہ محذوفہ کی آواز سکون کے ذریعہ نکالی جائے ۔
الأَشَمُّ : اونچی ناک والا (۲) مغرور و متکبر، نک چڑھا (۳) بڑا آدمی، سردار ج: شُمٌّ ۔
الشَّمُّ : سونگھنے کی حس، سونگھائی، قوت شامہ
الشَّمَمُ : بلندی (۲) ناک کے بانسہ کا مناسب ابھار (۳) غرور و تکبر ۔
الشَّمَّامُ : ایک خوشبودار خربوزہ، پپیتا (۲) بہت سونگھنے والا ۔ واحد : شَمَّامَةٌ ۔
الشَّمَّامَاتُ : خوشبوئیں، خوشبودار چیزیں جن سے خوشبو حاصل کی جائے ۔
شَمَّامَةُ مِصْبَاحِ البِتْرُولِ : لیمپ کا برنر لالٹین کا کلا ۔
شَمَّامَةُ مِصْبَاحِ الغَازِ : گیس مینٹل گیس کی جالی ۔
الشَّمِيمُ : سونگھی جانے والی چیز (۲) بلند ۔
المَشْمُومُ : سونگھی جانے والی چیز (۲) سونگھی ہوئی چیز (۳) مشک ۔

شن ـــــ ن

•شَنَأَہٗ ـَ شَنْئًا و شَنَآنًا: بچنا، گریز کرنا (۲) بغض رکھنا، نفرت کرنا، قرآن پاک میں ہے: "لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ عَلٰى اَنْ لَّا تَعْدِلُوْا" ھو شانِئٌ۔ قرآن پاک میں ہے: "اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ"
تَشَانَؤُوْا: باہم دشمنی اور بغض رکھنا۔
الشَّنَاءَۃُ: سخت بغض و دشمنی۔
الشَّنُوءَۃُ: گھن، نفرت (۲) معایب سے احتراز و نفرت (۳) عیوب و نقائص سے بچنے والا۔
المَشْنَأُ: قبیح و بدشکل (اگرچہ لوگوں میں مقبول ہو) مَشْنَأُ الخَلْقِ: بدشکل۔
المِشْنَاءُ: لوگوں سے بہت الگ تھلگ رہنے والا، بہت بغض رکھنے والا۔
المَشْنُوءُ: وہ شخص جس سے لوگوں کو دشمنی اور بغض ہو (اگرچہ وہ جمیل ہو)۔
•شَنِبَ ـَ شَنَبًا و شُنْبَۃً: صاف چمکدار دانتوں والا ہونا۔ ھو اَشْنَبُ و ھی شَنْبَاءُ۔
ـــ الثَّغْرُ: دانتوں کا باریک اور چمکدار ہونا۔
ـــ الیَوْمُ: دن کا ٹھنڈا ہونا۔ ھو شَنِبٌ و شانِبٌ۔
الشَّنَبُ: دانتوں کی صفائی اور چمک۔
الشُّنْبَاءُ: وہ انار جس کے دانوں میں بیج نہ ہوں ج: شُنْبٌ۔
•شَنْبَثَ الهَوٰى قَلْبَہٗ: محبت کا کسی دل میں گھر کر جانا۔
الشُّنْبُثُ و الشَّنَابِثُ: شیر (۲) موٹا۔
•الشُّنْتَۃُ: بیگ۔
•شَنْتَرَ ثَوْبَہٗ: کپڑا پھاڑنا۔
الشُّنْتُرَۃُ: انگلی (۲) دو انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ ج: شَنَاتِرُ۔
•شَنِجَ ـَ شَنَجًا: سکڑنا، اینٹھنا (۲) کھال کا جھری دار ہونا۔ ھو شَنِجٌ
شَنَّجَ الشَّیْءَ: سکیڑنا، جھریاں ڈالنا۔ کہتے ہیں: شَنَّجَ وَجْهَہٗ۔
ـــ العُنُقَ: گردن کو اینٹھنا، ٹیڑھا کرنا۔
ـــ الخَیَّاطُ: درزی کا کپڑے کو چنٹ دینا، سیون دینا، موڑنا۔
تَشَنَّجَ: سکڑنا، اینٹھنا۔ جیسے: تَشَنَّجَتْ اَعْضَاءُہٗ و عَضَلَاتُہٗ: تشنج میں مبتلا ہونا۔
الاَشْنَجُ: سکڑا ہوا، چنٹ دار، سلوٹ دار، اینٹھ دار ج: شُنْجٌ۔
التَّشَنُّجُ: غیر ارادی طور پر اعضاء کی سخت اینٹھن، تشنج۔
الشَّنَجُ: ٹیڑھا پن، اینٹھن (۲) اونٹ۔
المُشَنَّجُ: سکڑا ہوا، سکیڑا ہوا سخت اینٹھن اور تشنج میں مبتلا، بطور صفت کہتے ہیں: شَنِجٌ مُشَنَّجٌ: بہت اینٹھا ہوا۔
السَّرَاوِیْلُ المُشَنَّجَۃُ: ڈھیلے پائینچوں کا پاجامہ جس میں ٹخنوں پر سلوٹیں پڑ جائے۔
•شَنَّجَ عَلَیْہِ: برا بھلا کہنا۔
الشَّنَاحُ و الشَّنَاحِیُّ: موٹا اور لمبا اونٹ
•شَنَّخَ النَّخْلَ: درختِ خرما کے کانٹے صاف کرنا۔
الشَّنَاخُ: پہاڑ کی نوک۔
الشِّنْخَابُ و الشُّنْخُوبُ: پہاڑ کی چوٹی ج: شَنَاخِیْبُ۔
الشُّنْخُوبُ: شانہ کا بالائی حصہ۔
•الشُّنْدُخُ: مضبوط اور ٹھکے ہوئے بدن کا (۲) سفر سے واپسی کی خوشی میں کی گئی دعوت (۳) شیر۔
•شَنَرَہٗ و عَلَیْہِ: کسی پر الزام لگانا، رسوا و بدنام کرنا۔
الشَّنَارُ: عیب اور برائی میں مشہور بات۔
عَارٌ و شَنَارٌ: عیب و رسوائی۔
الشِّنِّیْرُ: بڑا عیب دار، شریر۔
•شنز۔ الشُّنِیْزُ و الشُّوْنِیْزُ: کلونجی۔
•شَنْشَنَ القِرْطَاسُ او الثَّوْبُ الجَدِیْدُ: کاغذ یا نئے کپڑے میں کھڑکھڑاہٹ ہونا، آواز ہونا۔
الشِّنْشِنَۃُ: پختہ عادت، عام عادت۔ کہاوت ہے: شِنْشِنَۃٌ اَعْرِفُھَا مِنْ اَخْزَمَ۔ عادت میں زیادہ مشابہت کے موقعہ پر بولا جاتا ہے ج: شَنَاشِنُ
الشَّنْشَنَۃُ: کاغذ اور نئے کپڑے کی کھڑکھڑاہٹ
•شَنَصَ ـُ شُنُوْصًا بشیءٍ: چمٹنا، لگنا۔
الشَّنَاصِیُّ: لمبا اور مضبوط گھوڑا۔
•شَنَطَ اللَّحْمَ ـُ شَنْطًا: ہلکا سا بھوننا، سینکنا۔
ـــ الشَّیْءَ: باندھنا، گرہ لگانا۔
الشَّنْطُ: پہاڑ کی چوٹی۔
الشُّنُطُ: بھنے ہوئے گوشت کے ٹکڑے۔
الشَّنْطَۃُ: بیگ، تھیلا (۲) بستربند ج: شَنْطَاتٌ۔
شَنْطَۃُ سَفَرٍ: سوٹ کیس۔
شَنْطَۃٌ جِلْدِیَّۃٌ: اٹیچی۔
شَنْطَۃٌ لِلْاَوْرَاقِ: بریف کیس۔
شَنْطَۃُ یَدٍ: ہینڈ بیگ۔
الشُّنَیْطَۃُ: گرہ۔
المُشَنَّطُ: بھنا ہوا گوشت۔
•الشُّنْظُبُ: دراز قامت، خوبصورت۔
•شَنْظَرَ بِہٖ: گالی دینا۔
الشِّنْظِیْرُ: بد خلق (۲) پہاڑ سے پھٹ کر گرنے والی چٹان ج: شَنَاظِیْرُ۔
شَنَاظِیْرُ الجَبَلِ: پہاڑ کے اطراف۔
•شَنُعَ ـُ شَنَاعَۃً: بھونڈا اور خراب ہونا (۲) بدشکل ہونا۔

رَجُلٌ شَنِيعٌ و فِعْلٌ شَنِيعٌ: خراب برا۔ هو شَنِعٌ و شَنِيعٌ و اَشْنَعُ۔
شَنَعَ الخِرْقَةَ و نَحْوَهَا ـَ شَنْعًا: پھٹے ہوئے کپڑے وغیرہ کے دھاگے نکالنا، دھجیاں کرنا، جھالر بنانا۔
ـــ فُلانًا: بدنام کرنا، عیب نکالنا۔
شَنِعَ به ـَ شَنَعًا: برا سمجھنا، نفرت کرنا۔
أَشْنَعَ البَعِيرُ: اونٹ کا تیز دوڑنا۔
شَنَّعَ: بہت بدنام کرنا بے حد عیب نکالنا، طنز و تشنیع کرنا۔
ـــ الشيءَ: بھونڈا اور خراب کرنا، بدنما بنانا
ـــ عليه: بدگوئی کرنا، ساکھ خراب کرنا۔
تَشَنَّعَ: بہت برا ہونا۔
ـــ القومُ: باہمی اختلاف سے لوگوں کا حال خراب ہونا، معاملات بگڑ جانا۔
ـــ الثوبُ و غيرُهُ: بوسیدہ اور خراب ہونا، گندہ ہونا۔
ـــ لِلغارَةِ: حملہ کو وسیع کرنا، وسیع پیمانہ پر لوٹ مار کرنا۔
ـــ لِلأَمْرِ: تیار ہونا۔
ـــ السِّلاحَ: ہتھیار پہننا۔
ـــ الرَّجُلُ: برے کام کا ارادہ کرنا۔
اِسْتَشْنَعَ الأَمْرَ: خراب سمجھنا۔
ـــ فُلانًا: برائی اور خرابی میں ڈالنا۔
اِسْتَشْنَعَهُ جَهْلُهُ و اسْتَشْنَعَ بِهِ جَهْلُهُ: اسے جہالت نے برائی میں مبتلا کر دیا۔
الشَّنْعاءُ: فَعْلَةٌ شَنْعاءُ: بہت برا فعل ج: شُنْعٌ۔
الشَّناعَةُ: قباحت، برائی، بدصورتی۔
الشُّنْعَةُ: برائی، بدشکلی۔
الشَّنِيعُ: برا، قابل نفرت، بھیانک ـــ ج: شَنائِعُ۔
الشَّنِّعُ: رسوا کن، طنز و تشنیع کرنے والا۔

المَشْنُوعُ: بدی اور شرارت میں مشہور۔
• الشُّنْعُوفُ و الشِّنْعافُ: پہاڑ کی چوٹی (۲) اونچا پہاڑ (۳) لمبا کمزور آدمی۔
• الشُّنْعُفَةُ: لمبائی۔
• شَنَفَ اليه ـِ شَنْفًا و شُنُوفًا: بری نظر سے دیکھنا، نفرت کی نگاہ سے دیکھنا، اعتراض و استعجاب کی نظر سے دیکھنا (۲) گوشۂ چشم سے دیکھنا۔
ـــ عنه: تکبر سے منھ پھیر لینا۔
شَنِفَ لَهُ ـَ شَنَفًا: تاڑ لینا، سمجھ جانا۔
ـــ الشَّفَةُ العُليا: اوپر والا ہونٹ اوپر کو اٹھ جانا۔ شَنِفَ الرَّجُلُ: اوپر کے اٹھے ہوئے ہونٹ والا ہونا۔ هو اَشْنَفُ و هي شَنْفاءُ۔
ـــ فُلانًا و لَهُ: بغض رکھنا، نفرت کرنا۔
شَنَّفَ المَرْأَةَ: عورت کے کان میں بالیاں ڈالنا۔
ـــ الأذانَ بِكَلامِه: کانوں کا اپنے کلام کو محظوظ کرنا۔
ـــ الكَلامَ: مزین کرنا و آراستہ کرنا، لچھے دار باتیں کرنا۔
ـــ اليه: کنکھیوں سے دیکھنا۔
تَشَنَّفَتِ المَرْأَةُ: بالیاں پہننا۔
الشّانِفُ: منھ پھیر لینے والا، متکبر۔
الشَّنْفُ: بالی (قرط اور شنف میں اول کو کان کے نچلے حصہ کے لئے اور ثانی کو اوپر والے حصہ کے لئے مخصوص بھی کیا جاتا ہے) ج: شُنُوف و اَشْنافٌ
• شَنَقَ فُلانًا ـُ شَنْقًا: پھانسی دینا، گلے میں پھندا ڈال کر مارنا۔
ـــ الشيءَ: لٹکانا۔
ـــ البَعِيرَ و نَحْوَهُ: اونٹ وغیرہ کو قابو میں کرنے کے لئے گھوڑے کی طرح لگام کو سر سے باندھنا، لگام یا نکیل کھینچنا (۲) سر کو اونچے درخت یا کسی اور چیز کے ساتھ باندھنا۔
شَنَقَ القِرْبَةَ: مشک کا تسمہ باندھنا۔
ـــ الخَلِيَّةَ: شہد کے چھتے میں لکڑی ڈالنا
شَنِقَ الأَمْرَ ـَ شَنَقًا: دل چسپی لینا، گرویدہ ہونا۔
أَشْنَقَهُ: لٹکانا۔
ـــ اليَدَ الى العُنُقِ: ہاتھ کو گردن کے ساتھ باندھنا، گلے میں دونوں ہاتھوں کا طوق ڈالنا۔
ـــ البَعِيرَ و نَحْوَهُ: شَنَقَهُ۔
ـــ القِرْبَةَ و نَحْوَها: تسمہ سے باندھنا، ڈوری سے باندھ کر منھ بند کرنا۔
ـــ ماشِيَتَهُ الى ماشِيَةِ غَيْرِهِ: (زکوٰۃ کم دینے کے لئے) اپنے مویشی کو دوسرے کے مویشی میں ملا دینا۔ مثلاً دو آدمیوں کے پاس چالیس چالیس بکریاں ہیں ہر ایک پر ایک بکری واجب ہے۔ اب ایک شخص نے اپنی بکریوں کو دوسرے کی بکریوں میں ملا کر زکوٰۃ وصول کنندہ کو بتایا کہ یہ اسی بکریاں ایک شخص کی ہیں اسلئے ایک ہی بکری زکوۃ کی وصول کی گئی۔
شانَقَهُ مُشانَقَةً و شِناقًا: زکوۃ کم دینے کے لئے اپنے مال کو دوسرے کے مال میں ملانا۔ حدیث میں ہے: "لا شِناقَ"۔
شَنَّقَ العَجِينَ: آٹے کے پیڑے بنانا۔
ـــ اللَّحْمَ: گوشت کی بوٹیاں کرنا۔
تَشانَقَ الرَّجُلانِ: ایک دوسرے کے مال میں اپنا مال ملانا۔
الشِّناقُ: لمبا (مفرد و جمع اور مذکر و مؤنث سب برابر ہیں)۔
الشِّناقُ: تسمہ یا رسی یا ڈوری جس سے کوئی چیز باندھی جائے یا لٹکائی جائے ج: شُنُقٌ و اَشْنِقَةٌ۔
الشَّنَقُ: رسی یا گلے کا پھندا (۲) خون بہا،

دیت سے کم درجہ مالی تاوان (۳) زخموں کا تاوان (۴) بڑا تھیلا جو جانور کے ایک طرف رہتا ہے، یہ دو ہوتے ہیں (۵) سر کی لمبائی ج: اَشْنَاقٌ۔

اَلشَّنْقَاءُ: مؤنث الاَشْنَق (لمبے سر والا) (۲) اپنے جوزوں کو چونچ سے دانہ کھلانے والا پرندہ ج: شُنُقٌ۔

اَلشَّنِقُ: گرویدہ، شوقین۔

اَلشَّانِقُ: پھانسی دینے والا۔

اَلشَّنِيقُ: جسے پھانسی دی گئی (۲) شہد کے چھتے میں ڈالنے کی لکڑی۔

اَلشِّنْبِيقُ: خود بیں، خود پسند۔

اَلْمِشْنَاقُ: ہر چیز کا آرزومند، ہر شے کو للچائی ہوئی نظر سے دیکھنے والا۔

اَلْمُشَنَّقُ: کاٹا ہوا گوشت یا آٹے کا پیڑا۔

اَلْمِشْنَقَةُ: پھانسی کی ٹکٹکی، سولی ج: مَشَانِقُ

اَلْمَشْنَقُ: تختۂ دار، پھانسی کی جگہ ج: مَشَانِقُ۔

• شَنَمَ الجلدَ ـُ شَنْمًا: کھال چھیلنا

ماءٌ شَنَمٌ: ٹھنڈا پانی۔

اَلشُّنْمُ: کن کٹے۔

• شَنَّ ـِ شَنًّا: سوکھ جانا، پرانا ہو جانا جیسے: شَنَّتِ القِرْبَةُ: مشکیزہ سوکھ گیا۔ و شَنَّ الجَمَلُ: پیاس کی وجہ سے اونٹ سوکھ گیا۔

ـــ الماءُ شَنِينًا و تَشْنَانًا: ٹپکنا، ٹپکتے رہنا۔

ـــ السَّائِلَ ـُ شَنًّا: پانی وغیرہ چھڑکنا، متفرق طور پر ڈالنا۔

ـــ الماءَ علی الشَّراب: شراب میں تھوڑا تھوڑا پانی ملانا۔

ـــ الغارَةَ علی العدُوّ: ہلہ بولنا، یورش کرنا، ہر طرف سے حملہ کرنا۔

ـــ الحَرْبَ: جنگ چھیڑنا۔

ـــ الحَمْلَةَ ضدَّ كذا: مہم چلانا۔

شَنَّ الحَمْلَةَ الشَّامِلَةَ: ہمہ گیر مہم چلانا۔

ـــ غاراتٍ فدائِيَّةً: گوریلا حملے کرنا

ـــ الهُجُومَ علی العَدُوّ: حملہ کرنا

ـــ الهُجومَ الكبيرَ: بڑا حملہ کرنا۔

أَشَنَّ: شَنَّ۔

شَنَّنَ السِّقاءُ او الماءُ: ٹپکنا۔

اِنْشَنَّ الذِّئْبُ في الغَنَمِ: بھیڑیے کا بکریوں میں گھس کر تباہی مچانا۔

تَشَنَّنَ الماءُ: زیادہ ٹپکنا۔

ـــ الجِلْدُ: کھال کا خشک ہو کر سکڑ جانا۔

ـــ بَشَرَةُ الرَّجُلِ: بڑھاپے سے جلد پر جھریاں پڑ جانا۔

اِسْتَشَنَّتِ القِرْبَةُ: ٹپکنا۔

اِسْتَشَنَّ الرَّجُلُ او الحَمَلُ: آدمی یا بکری کے بچہ کا دبلا ہونا۔

ـــ الی اللَّبَنِ: دودھ کی خواہش ہونا

الأَشْنانُ: ایک قسم کی گھاس۔

الشَّانُّ: حملہ آور (۲) پانی ڈالنے والا (۳) ٹپکنے والا۔

الشَّانَّةُ: وادی کی طرف جانے والا نالہ ج: شَوانُّ۔

الشُّنانُ: پانی برسانے والا بادل (۲) ٹھنڈا پانی۔ ماءٌ شُنانٌ: متفرق پانی۔

الشُّنانَةُ: درخت یا مشک سے ٹپکتا ہوا پانی (۲) پانی ملایا جانے والا دودھ

الشَّنُّ: پرانا مشکیزہ جس میں بنسبت اوروں کے پانی زیادہ ٹھنڈا ہوتا ہو ج: شِنانٌ۔ شَنٌّ و طَبَقَةٌ: ایک مرد و عورت کے نام جو ذہانت میں مشہور تھے۔ ایسے دو شخصوں کو کہا جاتا ہے جو کسی سخت معاملہ میں باہم متفق ہوں۔

الشَّنَّةُ: الشَّنُّ (۲) بڑھیا۔ قوسٌ شَنَّةٌ: پرانی کمان۔ جَبْهَةٌ شَنَّةٌ: سکڑی ہوئی پیشانی۔ کہتے ہیں: جاءَ بجَبْهَتِهِ شَنَّةٍ: وہ ماتھے پر بل ڈالے ہوئے آیا۔ ج: شِنانٌ۔

الشَّنُونُ: نہ دبلا نہ موٹا، بین بین (۲) بھوکا

الشَّنِينُ: خالص دودھ جس میں ٹھنڈا پانی ڈالا گیا ہو۔

المِشَنَّةُ: چنگیری، روٹیاں رکھنے کی چھوٹی ٹوکری یا کنڈی۔

• شَنْهَقَ او شَهْنَقَ الحِمارُ: گدھے کا رینکنا۔ فصیح عربی: نَهَقَ أو شَهَقَ۔

• الشَّانِيَةُ: بڑا جنگی جہاز ج: شَوانٍ

ش ـــــ ہ

• شَهِبَهُ الحَرُّ او البَرْدُ ـَ شَهْبًا: گرمی یا سردی کا کسی کے رنگ کو بدل دینا، جھلس دینا۔

ـــ السَّنَةُ القَوْمَ: قحط سالی کا لوگوں کے مال کو نقصان پہنچانا، تباہ کرنا۔

شَهِبَ ـَ شَهَبًا و شُهْبَةً: سیاہی کے ساتھ سفید بالوں والا ہونا (۲) سردی یا گرمی سے بدلے ہوئے رنگ والا ہونا۔ هو أَشْهَبُ وهي شَهْباءُ۔

أَشْهَبَ الشِّهابَ: آگ سلگانا، انگاروں کو دہکانا۔

ـــ السَّنَةُ القَوْمَ: قحط کا لوگوں کے مال کو تباہ کر دینا۔

اِشْتَهَبَ: شَهِبَ۔

ـــ الرَّأْسُ: سر کا سفید ہونا۔

اِشْهابَّ: بتدریج سفید ہونا۔

ـــ الزَّرْعُ: کھیتی کا پکنے کے قریب ہونا

اِشْهَبَّ: اِشْهابَّ۔

الأَشْهَبُ: عامٌ أَشْهَبُ: قحط کا سال۔ يومٌ أَشْهَبُ: سرد ہوا والا دن (۲)

بھورے رنگ والا (۳) شیر (۴) دشوار کام م: شَہْبَاءُ ج: شُہْبٌ

الْأَشَاهِبُ: منذر لخمی کی اولاد کا خطاب۔

الشَّهَابُ: پانی ملا دودھ (جس سے سفیدی کم ہوگئی ہو)۔

الشِّهَابُ: آگ کا دہکتا ہوا انگارہ، سلگتی آگ کا شعلہ۔ قرآن پاک میں ہے: "أَوْ آتِيكُمْ بِشِهَابٍ قَبَسٍ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُونَ" (۲) روشن چمکدار ستارہ جو فضائے آسمان میں تیرتا ہے لیکن جب فضائے ارضی میں داخل ہوتا ہے تو اس سے شعلہ نکل کر راکھ ہو جاتا ہے۔ شہاب ثاقب: ٹوٹنے والے روشن ستارے کو کہتے ہیں۔ قرآن پاک میں ہے: "فَأَتْبَعَهُ شِهَابٌ ثَاقِبٌ" شہاب ثاقب نے اس کا پیچھا کیا (۳) آزمودہ کار اور ماہر کہتے ہیں: هو شِهَابُ عِلْمٍ او شِهَابُ حَرْبٍ و نحوهما۔ ج: شُهُبٌ و شُهْبَانٌ و أَشْهُبٌ (۴) آتشیں تیر، نیزک، نیزے کا پھلکا۔

الشُّهُبُ: روشن و چمکدار ستارے۔

الشِّهَابَةُ: الشِّهَابُ۔

الشَّهْبُ: برف پوش پہاڑ ج: شُهُوبٌ (۲) سیاہی مائل سفید رنگ۔

الشَّهْبَاءُ: كَتِيبَةٌ شَهْبَاءُ: خوب مسلح فوجی دستہ۔ غُرَّةٌ شَهْبَاءُ: پیشانی (جس میں خال خال سیاہ بال ہوں) سَنَةٌ شَهْبَاءُ: قحط کا سال۔ أَرْضٌ شَهْبَاءُ: برف پوش زمین۔ (۲) شام کے شہر حلب کا لقب (چونکہ اس کے پتھروں کا رنگ سفید ہے) ج: شُهْبٌ۔

الشُّهْبَةُ: وہ سفیدی جس میں سیاہی ملی ہو۔

شَهِدَ على كذا ــ شَهَادَةً: کسی بات کی یقینی خبر دینا۔

شَهِدَ لفلانٍ على فلانٍ بكذا: کسی کے حق میں کسی کے خلاف کسی بات کی گواہی دینا، آنکھ سے دیکھی اور کان سے سنی بات بتانا۔

ــ باللهِ: اللہ کی قسم کھانا، کسی بات کا حلف اٹھانا (اپنے علم میں آئی ہوئی بات کا اقرار کرنا۔

ــ المَجْلِسَ: مجلس میں آنا، شریک ہونا

ــ الشَّيْءَ: دیکھنا، پانا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ"

ــ الحَادِثَ: جائے واردات پر موجود ہونا، دیکھنا، معاینہ کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "قَالُوا تَقَاسَمُوا بِاللهِ لَنُبَيِّتَنَّهُ وَأَهْلَهُ ثُمَّ لَنَقُولَنَّ لِوَلِيِّهِ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ أَهْلِهِ"

شَهِدَ المَكَانُ كذا: کسی جگہ کوئی بات وقوع پذیر ہونا۔ جیسے کہا جائے: مَا شَهِدَتِ المَدِينَةُ مِثْلَ هَذَا الحَادِثِ: شہر میں ایسا حادثہ کبھی نہیں پیش آیا۔

شَهِدَ العَالَمُ كذا: پوری دنیا میں کوئی چیز پھیلنا۔

ــ على شَهَادَةِ غيره: دوسرے کی گواہی کی تردید کرنا۔

ــ بما سَمِعَ: سنی ہوئی بات بتانا۔

شَهِدَ اللهُ كذا: اللہ کو علم ہونا۔

ــ لفلانٍ شَهَادَةً خَطِّيَّةً او بشَهَادَةٍ خَطِّيَّةٍ: سارٹیفکٹ دینا، تصدیق نامہ دینا۔

أَشْهَدَهُ على كذا: گواہ بنانا، گواہی دلوانا۔

ــ الشَّيْءَ: لانا، حاضر کرنا۔

شَاهَدَهُ: دیکھنا، مشاہدہ کرنا۔

تَشَهَّدَ: کلمۂ شہادت پڑھنا "أَشْهَدُ أن لا إله إلا الله وأَشْهَدُ أن محمداً رسول الله" (۲) گواہی طلب کرنا۔

ــ في الصَّلوٰة: التحیات الخ پڑھنا۔

اسْتَشْهَدَ: خدا کی راہ میں شہادت کیلئے تیار ہونا۔

ــ فُلاناً: گواہی لینا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاسْتَشْهِدُوا شَهِيدَيْنِ مِنْ رِجَالِكُمْ"

ــ بكذا: استدلال کرنا، دلیل بنانا۔

اسْتُشْهِدَ: خدا کی راہ میں شہید ہو جانا۔

الإِشْهَادُ: فوجداری قانون کی رو سے صاحب خانہ کو یہ نوٹس دینا کہ تمہاری دیوار ٹیڑھی ہے اسے سیدھا کرو یا یہ بوسیدہ ہے اس کی مرمت کراؤ۔

التَّشَهُّدُ في الصَّلوٰة: التحیات (۲) التحیات پڑھنا۔

الإِشْهَادُ: تصدیق۔

الاسْتِشْهَادُ: گواہی (۲) راہ خدا میں شہادت (۳) استدلال۔

الشَّاهِدُ: گواہ (۲) دلیل (۳) حاضر (۴) مشاہد ج: شُهُودٌ و أَشْهَادٌ و شُهَّدٌ و شَهْدٌ۔ غیر عاقل کی جمع: شَوَاهِد (۵) عورت کے رحم میں بچہ کے ساتھ بوقت پیدائش نکلنے والا سفید مادہ (جو ناک کی رینٹ جیسا ہوتا ہے (۶) زبان۔

صَلَاةُ الشَّاهِدِ: نماز مغرب و نماز فجر

الشَّوَاهِدُ: نحو وغیرہ کے قواعد کے ثبوت میں پیش کئے جانے والے ماہرین عربیت کا کلام۔

شَاهِدُ عِيَانٍ و شَاهِدُ عَيْنٍ: عینی گواہ، چشم دید گواہ۔

الشَّاهِدَةُ: رسید وغیرہ کا مثنی، کاغذ وغیرہ کی نقل (۲) رجسٹر مراسلات جس میں

ارسال کردہ خطوط کی نقلیں محفوظ رکھی جاتی ہیں (۲) زمین ج: شَوَاهِد ۔
وَرَقُ الشَّاهِد: کاربن پیپر، نقل کرنے کا مخصوص کاغذ۔
الشَّهَادَةُ: گواہی (۲) تصدیق (۳) اقرار (۴) اپنے علم کے مطابق یقینی خبر (۵) محسوس کی جانے والی چیز (۶) قسم، حلف (۷) اللہ کی راہ میں موت (۸) تصدیق نامہ، سارٹیفکٹ، سند (۹) ثبوت ج: شَهَادَات۔
عَالَمُ الشَّهَادَةِ: عالم غیب کا مقابل عالم ظاہر جہاں کائنات کی ظاہری چیزوں کا مشاہدہ ہو یا بذریعہ حواس ان کا ادراک کیا جائے۔ عَالَمُ الغَيب: اس کے برخلاف کا نام ہے۔ قرآن پاک میں ہے: "وَسَتُرَدُّونَ الَى عَالِمِ الغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ"
شَهَادَةُ إخلاءِ طَرَفٍ: ڈسچارج سارٹیفکٹ۔ روانگی مال وغیرہ کی سند
شَهَادَةُ إيدَاع: ڈپازٹ سارٹیفکٹ، بنک میں جمع کرنے کی سند۔
ـــ تَسْجِيل: رجسٹریشن سارٹیفکٹ۔
ـــ تَفْتِيش: چیکنگ سارٹیفکٹ۔
ـــ تَقْدِير: حسن کارکردگی کا سارٹیفکٹ
ـــ حُسْنِ السِّيرَةِ وَالسُّلوك: کیرکٹر سارٹیفکٹ، اخلاقی سارٹیفکٹ۔
ـــ حُضُور: حاضری سارٹیفکٹ۔
ـــ خُلُوِّ طَرَفٍ: ڈسچارج سارٹیفکٹ۔
ـــ سَوَابِق: ریکارڈ سارٹیفکٹ۔
شَهَادَةُ مُرُور: ٹریفک پاس۔
شَهَادَةُ المَولِد: پیدائش سارٹیفکٹ۔
شَهَادَةُ المِيلَاد: پیدائش سارٹیفکٹ
شَهَادَةُ نفي: انکاری گواہی۔
شَهَادَة ايجاب: اقراری گواہی۔
شَهَادَةُ الوفاة: موت کا سارٹیفکٹ۔

شَهَادَةُ تَقْدِير: اعزازی سند۔
الشهادة الصِّحِّيَّةُ: ہیلتھ سارٹیفکٹ۔
الشَّهَادَةُ الطِّبِّيَّةُ: میڈیکل سارٹیفکٹ
الشَّهَادَةُ الابتدائِيَّةُ: پرائمری سارٹیفکٹ
الشَّهَادَةُ العالية: سند فراغت، اعلیٰ ڈگری
الشَّهَادَةُ العِلْمِيَّةُ: ڈگری، سند۔
الشهادة على صِحَّةِ شَيْءٍ: تصدیق۔
الشَّهَادَةُ الفَخْرِيَّةُ: اعزازی ڈگری۔
الشَّهَادَةُ الكتابِيَّةُ: تحریری سارٹیفکٹ یا تصدیق۔
الشَّهَادَةُ المَدْرَسِيَّة: اسکول سارٹیفکٹ
الشُّهْدُ: شہد جو موم سے نچوڑا نہ گیا ہو۔
الشُّهْدَةُ: شہد کی تھوڑی مقدار جو ابھی صاف نہ ہوئی ہو ج: شِهَادٌ
الشُّهُودُ: شاهد کی جمع۔
شُهُودُ الإِثْبَاتِ: ثبوت کے گواہ۔
شُهُودُ العيانِ: عینی شاہد، چشم دید گواہ
الشَّهِيدُ: اللہ کی راہ میں مارا جانے والا، (۲) حاضر و باخبر جس کے علم سے کوئی چیز پوشیدہ نہ ہو (۳) گواہ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلَا يُضَارَّ كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيدٌ" ج: شُهَدَاء وأشْهَادٌ
المُشَاهَدَةُ: کسی ایک حاسہ کے ذریعہ ادراک، مشاہدہ، آنکھوں دیکھی چیز
المُشَاهَدَات: محسوسات، ادراکات۔
المُشَاهِدُ: آنکھوں دیکھا۔
المَشْهَدُ: موجودگی، اجتماع (۲) منظر، سینری (۳) اجتماع گاہ (۴) شہادت گاہ (۵) قبر ج: مَشَاهِدُ۔ مَشَاهِدُ مَكَّةَ: مکہ میں لوگوں کی اجتماع گاہیں (زمانہ سابق میں)
المَشْهَدَةُ: مجلس۔
المُشْهَدُ: شہید۔
المُشْهِدُ: امْرَأَةٌ مُشْهِدٌ: وہ عورت جس کا شوہر موجود ہو۔ ضد: امْرَأَة مُغِيبَةٌ۔
المَشْهُودُ: لائق ذکر (۲) وہ دن جس میں لوگ انتہائی اہم معاملہ کے لئے جمع ہوں، قیامت کا دن، جمعہ کا دن۔
المَشْهُودُ لَهُ: تصدیق شدہ۔
الشَّهْدَانِجُ: سن کا بیج (وہ سن جس کی چھال سے رسیاں وغیرہ بنی جاتی ہیں)۔
الشَّهْدَانَقُ: سن کا بیج۔
شَهَرَهُ ـ شَهْرًا وشُهْرَةً: مشہور کرنا (۲) شائع کرنا۔
ـــ السَّيْفَ: تلوار سونتنا اور بلند کرنا۔
ـــ العَقْدَ: جائداد وغیرہ کے معاہدہ کی ماہانہ توثیق کرنا۔
ـــ الحربَ: اعلان جنگ کرنا۔
ـــ البُنْدُقِيَّةَ فِي وَجْهِ احدٍ: کسی پر بندوق تاننا، نشانہ بنانا۔
أَشْهَرَ الشيءُ: کسی چیز کو ایک ماہ گزرنا۔
ـــ في المكان او به: کسی جگہ ایک مہینہ گزارنا۔
ـــ الحَامِلُ: ولادت کے مہینہ میں داخل ہونا۔ عورت کے ولادت کا مہینہ آجانا۔
ـــ الشيءَ: مشہور کرنا، اعلان کرنا۔
شَاهَرَهُ مُشَاهَرَةً وشِهَارًا: کسی سے ایک ماہ کا معاملہ کرنا، ماہانہ کرایہ پر لینا یا دینا۔
شَهَّرَهُ: خوب مشہور کرنا، تشہیر کرنا۔
ـــ به: کسی کو بدنام کرنا، عیب بیان کرنا۔
اشْتَهَرَ الأَمْرُ: پھیلنا، مشہور ہونا۔
ـــ بكذا واشْتُهِرَ به: کسی بات میں مشہور ہونا، شہرت حاصل کرنا۔
ـــ الشيءَ: مشہور کرنا، شائع کرنا۔
تَشَاهَرَ بكذا: اظہار شہرت کرنا۔ کسی بات میں مشہور ہونے کی کوشش کرنا۔
الإشْهَارُ: اعلان۔
الإشْهَارُ بالإفلاس: دیوالیہ ہونے کا اعلان

الشَّهْرُ: شمسی اور قمری سال کا بارہواں حصہ مہینہ (۲) چاند، ہلال (۳) ماہانہ معاملات کی توثیق کا انتظام ج: شُهُور و أَشْهُر
الشَّهْرُ القَمَرِيُّ: زمین کے گرد چاند کے ایک چکر کا وقفہ۔
الشَّهْرُ الشَّمْسِيُّ: شمسی سال کا بارہواں حصہ
الأَشْهُرُ الحُرُمُ: وہ مہینے جن میں عربوں کے نزدیک لڑائی ممنوع تھی، وہ چار ہیں (۱) ذیقعدہ (۲) ذی الحجہ (۳) محرم (۴) رجب۔
مَصْلَحَةُ الشَّهْرِ: معاہدات کی ماہانہ توثیق کا محکمہ۔ بِشَهْرٍ مُسْبَقٍ: ایک ماہ پیشتر۔
شَهْرُ العَسَلِ: شادی کا پہلا مہینہ، خوشگوار ایام، ہنی مون۔
الشُّهْرَةُ: شہرت، پھیلاؤ (۲) بدنامی، بری شہرت۔
الشَّهْرِيُّ: ماہانہ، ماہوار۔
شَهْرِيًّا: ماہ بماہ، ایک مہینہ کے حساب سے
الشَّهْرِيَّةُ: مشاہرہ، ماہانہ تنخواہ۔
الشَّهِيرُ: مشہور، نیک نام، معروف زمانہ، نامور۔
المَشْهُورُ: اعلان کردہ، مشتہر، مشہور۔
المَشْهُورَاتُ: تمام لوگوں کے نزدیک مسلم امور۔ جیسے انصاف کا پسندیدہ ہونا جھوٹ کا برا ہونا وغیرہ۔
الشَّهْرَمَانُ: مرغابی کی ایک قسم۔
• شَهَقَ البِنَاءُ و الجَبَلُ ـَ شُهُوقًا: بلند و بالا ہونا۔ هو شَاهِقٌ ج: شَوَاهِقُ۔
شَهِقَ ـَ شَهِيقًا: گھٹا ہوا سانس لینا، حلق میں سانس گھٹ کر آواز سنائی دینا (۲) سسکی لینا (رونے کی آواز کو سینے میں گھمانا) (۳) سانس اندر لے جانا (۴) غرغرہ کرنا۔

شَهَقَ الحِمَارُ: گدھے کا رینکنا۔
ـــ عَيْنُه عليه: نظر جم جانا۔
تَشَهَّقَ عَلَيْه: نظر جمانا۔
الشَّاهِقُ: بلند و بالا۔ فُلَانٌ ذُو شَاهِقٍ: فلاں غضبناک ہے۔
فَحْلٌ ذُو شَاهِقٍ: بہت آواز نکالنے والا سانڈ۔
الشَّهْقَةُ: سسکی (۲) غرغرہ کی آواز (۳) چیخ۔
الشَّهِيقُ: بھیانک آواز (۲) گھٹے ہوئے سانس کی آواز۔ قرآن پاک میں جہنم کے بارہ میں ہے: "سَمِعُوا لَهَا شَهِيقًا وَهِيَ تَفُورُ" (۳) اندر جانے والا سانس۔ ضد: زفیر (۴) گدھے کی آواز۔
• شَهِلَ اللَّوْنَانِ ـَ شَهَلًا: دو رنگوں کا باہم مل جانا۔
ـــ فُلَانٌ: سرخ و سیاہ پتلی دار آنکھ والا ہونا
شَهِلَتْ عَيْنُه: آنکھ میں سرخی پیدا ہونا۔ هو أَشْهَلُ وهي شَهْلَاءُ ج: شُهْلٌ۔
شَاهَلَهُ مُشَاهَلَةً: کسی کے ساتھ گالی گلوچ کرنا (۲) عیب لگانا۔
تَشَهَّلَ مَاءُ وَجْهِه و تَشَهَّلَ الرَّجُلُ: چہرے کا بدرونق ہو جانا
ـــ الثَّوْبُ: سکڑ جانا۔
ـــ لِكَذَا: تیار ہونا۔
الشَّهَلُ و الشُّهْلَةُ: آنکھ کی پتلی میں اتری ہوئی سرخی۔
الشَّهْلَةُ: بوڑھی عورت (۲) دانا ادھیڑ عمر عورت۔
الشَّهْلَاءُ: حاجت، ضرورت۔
• شَهَمَهُ ـَ شَهْمًا و شُهُومًا: ڈانٹنا (۲) چست بنانا، بھڑکانا۔
شَهُمَ ـُ شَهَامَةً: خوددار و باوقار روشن ضمیر اور متحمل مزاج ہونا۔ ذہین و صائب الرائے ہونا۔
الشَّهَامَةُ: خودداری، وقار، حوصلہ مندی ہمت و جوانمردی، روشن ضمیری، فہم و فراست
الشَّهْمُ: خوددار و باوقار، انتہائی ہوشیار و سمجھدار، شریف و روشن ضمیر، دلیر و حوصلہ مند، ذمہ دار و جفاکش (۲) تیز رفتار و طاقتور گھوڑا ج: شِهَامٌ و شُهُومٌ۔
الشَّيْهَمُ: ایک قسم کا نر جنگلی چوہا ج: شَيَاهِم
المَشْهُومُ: خوف زدہ (۲) تیز خاطر۔
• الشَّاهَنْشَاه: بڑا بادشاہ، ملک اعظم (فارسی لفظ۔ دیکھئے: شوہ)
• الشَّاهِينُ: شاہین، ایک شکاری پرندہ (۲) ترازو کی ڈنڈی ج: شَوَاهِينُ و شَيَاهِينُ۔
• شَهَاهُ ـُ شَهْوَةً: بہت چاہنا، خواہش کرنا، کسی چیز کو جی چاہنا۔
شَهِيَهُ ـَ شَهْوَةً: شَهَاهُ۔
شَهُوَ الطَّعَامُ وغَيْرُهُ ـُ شَهَاوَةً: مزیدار و مرغوب ہونا۔ فالطَّعامُ شَهِيٌّ
أَشْهَاهُ: مزیدار و پسندیدہ بنانا (۲) خواہش پوری کرنا۔
شَهَّاهُ: رغبت دلانا، خواہش پیدا کرنا۔
هذا شَيْءٌ يُشَهِّي الطَّعَامَ: یہ چیز کھانے کی رغبت پیدا کرتی ہے، بھوک لگاتی ہے (۲) مرغوب بنانا۔
اشْتَهَى الشَّيْءَ: زیادہ خواہش رکھنا، دل چاہنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلَكُمْ فِيهَا مَا تَشْتَهِي أَنْفُسُكُمْ"
تَشَهَّى الشَّيْءَ: خواہش کرنا، بہت دل چاہنا۔
ـــ عَلَيْه كَذَا: کسی سے کوئی چیز لینے کی بار بار خواہش کرنا۔
شَاهِي البَصَرِ: تیز نظر۔
الشَّاهِيَةُ: خواہش۔

الشَّهْوَانُ : انتہائی خواہشمند (۲) خواہش پرست لالچی، طماع۔ ھی شَهْوَی ج: شَهَاوَی
الشهوانِيّ : الشَّهْوَانُ۔
الشَّهْوَةُ : زبردست خواہش، چاہت (۲) نفسانی خواہش (نفسانی قوت جو ہر قابل رغبت شے کی طرف مائل کرتی ہے) (۳) مرغوب وپسندیدہ شے (جس کی خواہش ہو) قرآن پاک میں ہے: "زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَاءِ" (۴) جذبہ ج: شَهَوَاتٌ و أَشْهِيَةٌ و شُهًى۔ إماتة الشَّهَوَات: خواہشات کو کچلنا
الشَّهْوَةُ الشَّهِيَّةُ : زبردست خواہش۔
شَهْوَةُ انتقامٍ : جذبۂ انتقام۔
الشَّهِيُّ : مزیدار، مرغوب، پسندیدہ، من بھایا من پسند (۲) عیش پرست۔
الشَّهِيَّةُ : مؤنث الشَّهِيّ (۲) کھانے کی خواہش، اشتہا۔
المُشْتَهَى : مرغوب وپسندیدہ۔
المُشْهِيُّ : مرغوب وپسندیدہ۔
المُشَهِّيّ : شہوت انگیز۔ مُشَهِّيات الطَّعام: مسالے وغیرہ جن سے کھانا مزیدار اور مرغوب ومن پسند بنایا جائے۔

ش ــــ و

• شَابَ فُلَانٌ فِي بيعٍ او شِرَاءٍ ـُ شَوْبًا: خرید وفروخت میں دھوکہ دینا
ـــ في قوله : جھوٹ بولنا، غلط بیانی کرنا۔ کہتے ہیں: هو يَشُوبُ و يَرُوبُ : وہ قول وفعل میں گڑبڑی کرتا ہے، کبھی صحیح کہتا اور کرتا ہے اور کبھی غلط
ـــ عن صَدِيقه : اپنے ساتھی کا کبھی مضبوطی کے ساتھ دفاع کرنا اور کبھی بددلی کے ساتھ۔
ـــ الشيءَ بالشيءِ : ملانا۔
ـــ الشيءَ غَيْرَهُ : ایک شے کا دوسری میں مل جانا۔ هو شَائِبٌ و هو مَشُوبٌ
شَوَّبَ عنه : کبھی بہت زور وشور سے دفاع کرنا اور کبھی سستی سے۔
الشَّائِبَةُ : کسی شے میں ملی ہوئی غیر شے (۲) ملاوٹ، آمیزش (۳) عیب (۴) اثر، خرابی (۵) میل کچیل وغیرہ ج: شَوَائِبُ۔ فُلَان بَرِيءٌ من الشَّوَائِبِ: وہ بےعیب ہے۔ ما فيه شائِبَةٌ: اس میں کوئی شبہ نہیں ہے۔
الشَّوْبُ : ملاوٹ، وہ چیز جو کسی دوسری شے میں ملائی جائے (خاص طور پر سیال چیز) قرآن پاک میں ہے: "ثُمَّ إِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِنْ حَمِيمٍ" سَقَاهُ الذوبَ بالشَّوْبِ: اس نے اسے پانی یا دودھ ملا ہوا شہد پلایا (۲) گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا (۳) شہد
الشَّوْبَةُ : دھوکا، فریب۔ في فُلان شَوْبَةٌ: فلاں آدمی فریبی ہے۔
الشِّيَابُ : ملاوٹ، ملائی جانے والی چیز۔
المَشُوبُ : مخلوط، ملاوٹ کا۔ جیسے: اللَّبَن مَشُوبٌ بالماءِ۔
• شَوَّحَ : انکار کرنا۔
ـــ اللَّحْمَ على النار: گوشت کو آگ پر بھوننا۔
الشَّوْحَطُ : دیکھئے: (ش ح ط) وہ درخت جس کی لکڑی کی کمانیں بنائی جاتی ہیں۔
• شَوَّذَ السَّحَابُ الشَّمْسَ: بادل کا سورج کو ہلکا سا چھپالینا۔
ـــ الشَّمْسُ : سورج ڈوبنے کے قریب ہونا۔
ـــ فُلانًا: کسی کے عمامہ باندھنا۔
تَشَوَّذَ و اشْتَاذَ : اپنے سر پر عمامہ باندھنا پگڑی باندھنا۔
الأَشَاوِذ: مخلوق۔
المِشْوَذُ و المِشْوَاذُ : پگڑی، عمامہ (۲) بادشاہ، سردار ج: مَشَاوِذ۔
• شَارَ الرَّجُلُ ـُ شَوْرًا: خوب رو ہونا۔
ـــ الشيءَ: خوبیاں دکھانے کے لئے پیش کرنا۔
ـــ الدَّابَّةَ : فروختگی کے لئے جانور کو دوڑا کر اس کی طاقت دکھانا (۲) سدھانا حدیث طلحہؓ میں ہے: "كان يَشُورُ نفسَهُ امامَ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم" یعنی وہ اپنی طاقت کا مظاہرہ کرتے تھے۔
ـــ العَسَلَ : چھتے سے شہد نکالنا۔
أَشَارَ إليه بيده و نحوه: اشارہ کرنا کسی بات کی دعوت دینے کے لئے اشارہ کرنا۔
ـــ عليه بكذا: مشورہ دینا، نصیحت کرنا
ـــ فلانًا على العَسَل: کسی کو شہد نکالنے میں مدد دینا۔
ـــ به: واقف کرانا۔
شَاوَرَهُ في الأمرِ مُشَاوَرَةً و شِوَارًا: مشورہ کرنا، رائے لینا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ"
شَوَّرَ اليه بيده و نحوها: اشارہ کرنا، ہاتھ وغیرہ ہلا کر کوئی بات کہنا۔
ـــ بالنَّار: آگ کو سلگانا، تیز کرنا۔
ـــ فلانًا و به : شرمندہ کرنا، شرمندہ کرنے والی بات کرنا۔
ـــ الثَّوبَ و نحوَهُ: زرد رنگ سے رنگنا
اشْتَارَ العَسَلَ: چھتے سے شہد نکالنا۔
ـــ الفَحْلُ النَّاقَةَ و نحوَها: اونٹ وغیرہ کا اونٹنی وغیرہ کو سونگھ کر دیکھنا کہ اس میں حاملہ ہونے کی صلاحیت ہے یا نہیں۔
ـــ الإبلُ : اونٹوں کا قدرے موٹا ہونا۔
اشْتَوَرَ القَوْمُ : باہم مشورہ کرنا۔
تَشَاوَرُوا : باہم مشورہ کرنا۔
اسْتَشَارَ فُلانٌ: عمدہ لباس پہننا۔
ـــ أَمْرُهُ : واضح ہونا، کھل کر سامنے آنا،

(۲) روشن ہونا۔
اسْتَشَارَ فُلَانًا فِی کذا او فی الأمر: مشورہ لینا، مشورہ کرنا۔
ـــ الإبلُ: موٹا اور خوبصورت ہونا۔
الإشَارَةُ: اشارہ (۲) مراد کو واضح کرنے والی علامت (۳) حوالہ (۴) راہنمائی (۵) مشورہ (۶) تجویز (۷) مارک (۸) سگنل۔
الاشارةُ البَرْقِيّةُ: ٹیلیگرام۔
الإشارةُ بالأنوار: سگنل لائٹ۔
إشارةُ سِكّةِ الحديد: ریلوے سگنل۔
اعطاءُ الإشارة: سگنل دینا۔
كُشْكُ الإشارات: سگنل کیبن، چیمبر۔
رَهْنُ إشارةِ فلان: تابع، فرمانبردار، پابند۔
الأَشْرَجِيُّ: سگنل مین۔
بالإشارة الى كذا او إشارةً الى كذا: بحوالہ فلاں۔
الشَّارُ: خوبرو۔ رَجُلٌ صَارٌ شَارٌ: خوب صورت وسیرت۔
الشَّارَةُ: حسن وجمال (۲) ہیئت، شکل (۳) عمدہ لباس (۴) موٹاپا (۵) علامتِ عہدہ نشان امتیاز ج: شارات۔
الشُّوارُ: الشَّارَةُ (۲) زینت۔
الشَّوارُ: گھر کا سامان (۲) گھر کا عمدہ سامان (۳) دولہن کا جہیز۔
الشَّوْرُ: نکالا ہوا شہد۔
الشُّورَى: باہمی مشورہ (تشاور کا اسم) قرآن پاک میں ہے: "وأمرهم شورى بينهم" (۲) مشورہ طلب معاملہ۔
مَجْلِسُ الشُّورى: کسی ادارہ یا حکومت کی بااختیار مجلس، کونسل۔
الشُّورَةُ: باطن (۲) ظاہر، صورت (۳) شہد کی مکھیوں کا چھتا یا شہد کی جگہ، مقام
الشِّيَارُ: الشَّارَةُ۔
الشَّيِّرُ: حسین وجمیل ج: شُوَرَاءُ وهن شِيَارٌ۔
المُسْتَشَارُ: مشیر کار (جو کسی علم وفن کا ماہر وتجربہ کار ہو)۔
المُسْتَشَارُ الصَّحَفِيُّ: پریس کونسلر، صحافتی مشیر۔
المُسْتَشَارُ الفَنِّيُّ: فنی مشیر، ٹیکنیکل ایڈوائزر
المَشَارُ: شہد کی مکھیوں کا چھتا جس سے شہد نکالا جائے ج: مَشَاوِر۔
المَشَارَةُ: قابل کاشت قطعۂ زمین۔
المِشْوَارُ والمِشْوَرُ: شہد نکالنے کا آلہ (۲) روئی دھنکنے کی تانت (۳) سامانِ تجارت دکھانے کی جگہ، نمائش گاہ۔ بوقت فروخت جانور کو دوڑانے کی جگہ، جانوروں کا بازار (۴) فاصلہ (۵) میدان۔ کہتے ہیں: الخُطَبُ مِشْوَارٌ كثيرُ العِثَار: تقریروں کا میدان دشوار گزار ہے (۶) شکل، ہیئت۔ أخَذَتِ الخَيْلُ مِشْوَارَهَا: گھوڑے حسین ہو گئے ج: مَشَاوِيرُ
المَشُورُ: مزین۔
المَشْوَارَةُ: شہد کی جگہ۔
المَشُورَةُ والمَشْوَرَةُ: مشورہ، ہمدردانہ رائے ہمدردی، نصیحت۔
المُشَارُ اليه: محولہ بالا، جس کا حوالہ دیا گیا، مذکورہ بالا۔
المُشِيرُ: راہنما، صلاح کار، مشیر کار (۲) فیلڈ مارشل۔ ایک بڑا فوجی عہدہ۔
المُشِيرَةُ: انگشت شہادت (انگوٹھے کے برابر والی انگلی)
• شِيزَ بِهِ: فریفتہ ہونا۔
الأَشْوَزُ: مغرور ومتکبر۔
المَشُوزُ: فریفتہ۔
• شَاسَ فُلَانٌ ـِ شَوْسًا: ترچھی نگاہ سے دیکھنا، بڑائی اور غصہ کے باعث کن انکھیوں سے دیکھنا، آنکھ کو چھوٹا کر کے پلکیں ملا کر دیکھنا۔
شَاسَ خُلُقُهُ: عادت ومزاج خراب ہونا
شَوِسَ ـَ شَوَسًا: دلیر وجری ہونا (۲) لمبا ہونا (۳) مغرور ومتکبر ہونا۔ هو أَشْوَسُ وهي شَوْسَاءُ ج: شُوسٌ وأشَاوِسُ۔
شَاوَسَ المَاءُ: پانی کا مشکل سے نظر آنا (کم یا دور ہونے کی بنا پر)۔
تَشَاوَسَ إليه: شَاسَ (۲) بڑا بننا، عقل مندی کا مظاہرہ کرنا۔
• شَوَّشَ الأمر: گڑبڑ کرنا، ترتیب بگاڑنا، گڈمڈ کرنا، خلل ڈالنا (ایک قول کے مطابق اس کی اصل تہویش ہے۔ دیکھیے: هوش)۔
ـــ فلانا: الجھن میں ڈالنا، پریشانی میں مبتلا کرنا۔
ـــ بينهم: پھوٹ ڈالنا، انتشار پیدا کرنا
تَشَوَّشَ عليه الأمرُ: پریشان کن ہونا، باعث الجھن ہونا، گڑبڑ ہونا، دشوار ہونا
تَشَاوَشَ القومُ: غیر منظم ہونا۔
الشَّاشُ: زخموں کی پٹی میں کام آنے والا باریک کپڑا، ململ۔
شَاشَةٌ: پردہ، اسکرین۔
الشَّاشَةُ البَيْضَاءُ: پردۂ سیمیں۔ وہ پردہ جس پر متحرک تصویریں دکھائی جاتی ہیں
شاشةُ التلفاز: ٹیلیویژن اسکرین۔
شاشةُ السينما وشاشةُ الراديو: فلم اسکرین، ریڈیو اسکرین۔
الشَّوَاشُ: اختلاف، گڑبڑی، خلل۔
التَّشْوِيشُ: گڑبڑی، اضطراب انگیزی۔
المُشَوَّشُ: بے ترتیب، بے ڈھنگا (۲) پیچیدہ دشوار (۳) مضطرب وپریشان۔
المُشَوِّشُ: پریشان کن، تشویشناک، باعثِ الجھن، خلل انداز۔
• شَاصَ ـُ شَوْصًا وشَوَصَانًا: پھڑکنا،

نفرکنا، پھدکنا، ہلنا۔ کہتے ہیں: شَاصَ الجَنِیْنُ فِی بَطْنِ اُمِّہٖ۔
شَاصَ بِہِ الْعِرْقُ: رگ پھڑکنا۔
ـــ بِہِ المَرَضُ: بیماری کا شدت اختیار کرنا
ـــ فُلَانٌ بِفُلَانٍ: کسی کے ساتھ شرارت کرنا، غنڈہ گردی کرنا۔
ـــ الشَّیْءَ شَوْصًا: کسی جگہ سے ہلانا، زور زور سے ہلانا (۲) ہاتھ سے ملنا۔
ـــ اَسْنَانَہٗ بِالسِّوَاكِ: مسواک سے دانت صاف کرنا۔
شَوِصَتِ العَیْنُ ـَ شَوَصًا: آنکھ کا بڑا ہونے کی وجہ سے پلکوں کا نہ ملنا (۲) آنکھ کا پھڑکنے والی پلکوں والا ہونا، فَالعَیْنُ شَوْصَۃٌ۔
تَشَوَّصَ: حرکت کرنا، پھڑکنا، تڑپنا۔
الاَشْوَصُ: بہت پھڑکنے والی پلکوں والا (۲) وہ شخص جس کی آنکھ کی پلکیں باہم نہ ملتی ہوں ج: شُوْصٌ۔
الشَّوْصُ: ہاتھ سے ملنا (۲) ڈاڑھ کا درد (۳) پیٹ کا درد۔
الشَّوْصَاءُ: مؤنث الاَشْوَص (۲) وہ آنکھ جو گوشۂ چشم سے دیکھتی ہوئی محسوس ہو ج: شُوْصٌ۔
الشُّوْصَۃُ: ریحی درد شکم (۲) رگ کی پھڑک
الشُّوَصَۃُ: الشَّوْصَۃُ۔
الشِّبَّاصُ: بدمزاجی۔
• شَاطَ الفَرَسُ وَغَیْرُہٗ ـُ شَوْطًا: مقررہ حد تک دوڑنا۔
شَوَّطَ المُسَافِرُ: مسافر کے سفر کا لمبا ہو جانا۔
ـــ الفَرَسَ: ایک چکر لگوانا، دوڑانا۔
ـــ القِدْرَ: دیگچی وغیرہ کو جوش دینا۔
ـــ اللَّحْمَ: گوشت کو پکانا۔
ـــ الصَّقِیْعُ النَّبَاتَ: سردی کا نباتات کو جھلس دینا، ٹھٹھرا دینا۔
تَشَوَّطَ الفَرَسَ وَنَحْوَہٗ: گھوڑے وغیرہ کو دوڑاتے دوڑاتے تھکا دینا۔
الشَّوْطُ: حد مقررہ تک ایک دفعہ کی دوڑ، چکر، راؤنڈ۔ کہتے ہیں: ھُوَ اَجْرٰی فَرَسَہٗ شَوْطًا اَوْ شَوْطَیْنِ اَوْ اَکْثَرَ۔ (۲) کسی کام کا حصہ (۳) کھیل وغیرہ کی ایک بازی (۴) مقصد، حاجت ج: اَشْوَاطٌ۔ زمین کی دو بلندیوں کے درمیان کا بنا فاصلہ کہ ایک جگہ سے دوسری جگہ آواز پہنچ سکے ج: شِیَاط۔
لَعِبَ شَوْطًا: ایک بازی کھیلا۔
شَاظَ بِہِ المَرَضُ ـُ شَوْظًا: بیماری کا زور پکڑ کر درد و کرب میں مبتلا کرنا
ـــ الغَضَبُ: غصہ کا بھڑکنا، پارہ چڑھنا۔
تَشَاوَظَ القَوْمُ: ایک دوسرے پر برسنا، برا بھلا کہنا۔
الشُّوَاظُ: بغیر دھویں کا شعلۂ نار، گرمی کی شدت۔ قرآن پاک میں ہے: "یُرْسَلُ عَلَیْکُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرَانِ" سورج کی تمازت (۲) پیاس کی شدت (۳) گالی گلوچ (۴) چیخ و پکار۔
• شَاعَ ـُ شَوْعًا: گرد آلود اور پراگندہ بالوں والا ہونا۔
شَوِعَ الشَّعْرُ وَشَوِعَ رَأْسُہٗ ـَ شَوَعًا: بالوں کا پھیل کر کانٹوں کی طرح کھڑا ہو جانا۔ ھُوَ اَشْوَعُ وَھِیَ شَوْعَاءُ ج: شُوْعٌ۔
ـــ الفَرَسُ: گھوڑے کے ایک رخسار کا سفید ہونا۔
شَوَّعَ القَوْمَ: لوگوں کو جمع کرنا۔
الشَّوْعُ: دو جڑواں بچوں میں بعد والا۔
الشُّوْعُ: سرو کا درخت یا اس کا پھل ج: شِیَاعٌ۔
المِشْوَاعُ: تنور کی آگ کریدنی۔
• شَافَ ـُ شَوْفًا: اوپر کو ہو کر دیکھنا۔
شَافَ الشَّیْءَ: صاف کرنا، چمکانا۔
ـــ الجَمَلَ بِالقَطِرَانِ: اونٹ پر کالا تیل ملنا، قطران ملنا۔
اَشَافَ الشَّیْءُ: لمبا اور اونچا ہونا۔
ـــ عَلَیْہِ: اوپر سے جھانکنا۔
ـــ مِنْہُ: ڈرنا۔
شَوَّفَہٗ: شَافَہٗ۔
ـــ الجَارِیَۃَ: آراستہ کرنا، سنگار کرنا۔
شَیَّفَ الدَّوَاءَ: آنکھ کی دوا بنانا، یا آنکھ میں لگانے کی دوا کی بتی بنانا۔
اِشْتَافَ اِلَیْہِ: گردن لمبی کر کے دیکھنا۔
ـــ الفَرَسُ وَنَحْوُہٗ: گردن کھڑی کر کے دیکھنا۔
ـــ الشَّیْءَ: دیکھتے رہنا۔
تَشَوَّفَ الشَّیْءُ: بلندی سے دکھائی دینا (۲) آراستہ ہونا۔
ـــ لَہٗ وَاِلَیْہِ: نگاہ لگائے رکھنا، انتظار و اشتیاق کی نظر سے دیکھنا۔
ـــ الخَبَرَ: خبر وغیرہ کی جستجو کرنا۔
ـــ اَمْرًا: کسی معاملہ میں بلند خیال ہونا۔
الشَّوْفُ: گاہی ہوئی زمین کو ہموار کرنے کا لکڑی کا آلہ (جسے دو بیل کھینچتے ہیں اور آدمی لکڑی پر کھڑا ہو کر ان کو ہانکتا ہے) ہینگا۔
الشُّوْفَانُ: جو کی قسم کا ایک اناج۔
الشُّوْفَۃُ: نظر (۲) منظر۔
الشِّیَافُ: آنکھوں کی دوا، آنکھ میں لگائی جانے والی دوا کی بتی۔
الشَّیِّفَانُ: نگراں، محافظ فوجی۔
الشَّوَّافُ: تیز نظر آدمی۔
المُشَوَّفُ: مزین و آراستہ (۲) قطران (کالا تیل) ملا ہوا اونٹ۔
المُشَوَّفَۃُ: بناؤ سنگار والی لڑکی (جو دوسروں کے سامنے اپنی نمائش کرتی ہو)
• شَاقَ اِلَیْہِ ـُ شَوْقًا: مشتاق ہونا۔

شَاقَ الشَیْءُ فُلَانًا: مشتاق بنانا، جوش دلانا، دل چسپی پیدا کرنا۔
ـــ الشیءَ الی آخر: ایک شے کو دوسری کے ساتھ باندھنا یا فٹ کرنا جیسے شَاقَ المِشْجَبَ الی الحائط: کھونٹی یا ہک کو دیوار میں لگادیا۔
أَشَاقَ الشیءُ فُلَانًا: شَاقَهُ۔
ـــ فُلَانٌ الشیءَ: دلچسپ پانا، پسند کرنا
شَوَّقَهُ اِلَیه: شوق و رغبت دلانا، مشتاق بنانا۔
اِشْتَاقَهُ و اِلَیه: دلچسپی رکھنا، دل چاہنا، مشتاق ہونا۔
ـــ الی رؤیته: کسی کو دیکھنے کے لئے آنکھیں ترسنا۔
تَشَوَّقَ الی الشیءِ: بہت دلچسپی لینا، بہت مشتاق ہونا، کسی چیز کیلئے بے تاب ہونا (۲) دلچسپی یا شوق کا مظاہرہ کرنا۔
الشَّائِقُ: مشتاق، خواہاں (۲) دلچسپ، باعث شوق۔
الشَّوْقُ: دلی خواہش، دلچسپی، لگاؤ ج: أَشْوَاقٌ۔ الرَّجُلُ الأَشْوَقُ: بلند قامت آدمی۔
الشَّیِّقُ: مشتاق، عاشق۔
الشِّیَاقُ و الشِّیِّقُ: دو چیزوں کو جوڑنے یا باندھنے کی چیز یا میخ یا رسی وغیرہ۔
المُشْتَاقُ: محبّ و عاشق، مشتاق۔
• شَاكَتْهُ الشَّوْكَةُ ـــ شَوْكًا: کانٹا لگنا، چبھنا۔
شَاكَ فُلَانٌ فُلَانًا: کانٹا چبھانا (۲) تکلیف پہنچانا۔ کہتے ہیں: لا تَشُوكُكَ مِنّی شَوْكَةٌ: تم کو مجھ سے کوئی تکلیف نہ پہنچے گی۔
شَاكَ الشَّجَرُ و غیرُهُ ـــ شَوْكًا: درخت پر کانٹے نکلنا یا زیادہ ہونا۔
ـــ الرَّجُلُ: آدمی کی شان و شوکت ظاہر ہونا، شان و شوکت والا ہوجانا
شَاكَ ثَدْیُ الفَتَاةِ: لڑکی کے پستان ابھرنا اور نوکیلے ہونا۔
ـــ فُلَانٌ الشَّوْكَ: کانٹوں میں پھنسنا
شِیكَ الجَسَدُ: بدن میں کانٹے چبھنا (۲) بدن پر لال دھپڑیاں پڑنا
أَشَاكَ الشَّجَرُ و نَحْوُهُ: خاردار ہونا درخت پر کانٹے نکل آنا۔
ـــ فُلَانًا: کانٹا چبھانا۔
شَوَّكَ الزَّرْعُ: کھیتی کی ابتدائی نوکیں نکلنا۔
ـــ الفَرْخُ: چوزوں کے پروں کی نوکیں نکلنا، پر نکلنا۔
ـــ الرَّأْسُ: سر پر بال اگنا ابتداءً یا منڈانے کے بعد۔
ـــ شَارِبُ الغُلَامِ او عِذَارُهُ: لڑکے کی موچھ یا رخسار کا کھردرا ہونا (بالوں کی نوکیں نمایاں ہونا)۔
ـــ فُلَانًا بالشَّوْكِ و نَحْوِهِ: کانٹا وغیرہ چبھانا۔
ـــ الحَائِطَ: دیوار پر کانٹے لگانا۔
الشَّائِكُ: خاردار، کانٹوں سے بھرا ہوا نوکیلا (۲) دشوار گزار (۳) تکلیف دہ
مَوْضُوعٌ شَائِكٌ: خاردار، پرخار، کٹھن مسئلہ یا مضمون۔
رَجُلٌ شَائِكُ السِّلَاحِ: کیل کانٹوں سے لیس آدمی، مسلّح، ہتھیار بند۔
الأَسْلَاكُ الشَّائِكَةُ: خاردار تار (جو حفاظت کے لئے لگائے جاتے ہیں)
الشَّوْكُ: کانٹا ج: أَشْوَاكٌ۔ واحد: شَوْكَةٌ۔
جَاءَ بالشَّوْكِ و الشَّجَرِ: وہ پوری طرح تیار ہوکر آیا۔
الشَّوْكَاءُ: حُلَّةٌ شَوْكَاءُ: کھردری پوشاک (جس کا نیاپن ختم نہ ہوا ہو)۔
الشَّوْكَةُ: کانٹا (۲) ہتھیار (۳) طاقت و دبدبہ، سختی و تکلیف۔ قرآن پاک میں ہے: "و تَوَدُّونَ اَنَّ غیرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُونُ لَكُمْ": ذات الشوكة: ہتھیار والی، تکلیف والی (۴) کھانے میں چھری کے ساتھ استعمال کیا جانے والا (دندانوں دار چمچہ) کانٹا (۵) منھ اور بدن پر نکلنے والی تکلیف دہ سرخ پھنسی (۶) کاغذ نتھی کرنے کی گھنڈی دار سوئیں۔ آل پن (۷) ابھری ہوئی نوک (۸) بچھو کا ڈنک۔
الشَّوْكِیُّ: کانٹوں دار۔ الحَبْلُ الشَّوْكِیُّ او النُّخَاعُ الشَّوْكِیُّ: کمر کی عظمی زنجیر میں عصبی نظام کا جزء۔ التِّنِّینُ الشَّوْكِیُّ: ایک خاردار پودا۔
المَشُوكُ: سرخ پھنسیوں سے بھرا ہوا جسم۔
• شَالَ الشَیْءُ ـــ شَوْلًا و شَوَلَانًا: اوپر اٹھنا، بلند ہونا۔
ـــ المِیزَانُ: ترازو کا ایک پلڑا اوپر اٹھ جانا۔
ـــ مِیزَانُ فُلَانٍ: کسی مقابلہ میں پیچھے رہ جانا، مغلوب ہوجانا۔
ـــ نَعَامَةُ فُلَانٍ: جلد غصہ آنا اور ختم ہوجانا (۲) مرجانا۔
ـــ السِّقَاءُ: مشک بھر جانے سے اس کی ٹانگیں اٹھ جانا۔
ـــ نَعَامَةُ القَوْمِ: شیرازہ بکھرنا، پھوٹ پڑنا۔
ـــ الشیءَ و بِهِ: اوپر اٹھانا، بلند کرنا۔ کہتے ہیں: شَالَ الرَّجُلُ یَدَیْهِ و شَالَتِ النَّاقَةُ بِذَنَبِهَا۔
أَشَالَهُ: اٹھانا، بلند کرنا۔
شَاوَلَ الشیءَ: شَالَهُ۔
ـــ فُلَانٌ قِرْنَهُ: مقابل کو جوش دلانا، لڑنا
شَوَّلَ السَّائِلُ: سیال چیز کا کم ہوجانا جیسے:

شَوَّلَ لَبَنُ النَّاقَةِ و ماءُ المَزَادَةِ
شَوَّلَت النَّاقَةُ و شَوَّلَت المَزَادَةُ:
اونٹنی کا دودھ اور مشکیزہ کا پانی کم ہوگیا۔
شَوَّلَ الدَّوَابُّ و نَحْوُها: چوپاؤں کا بھوک اور دبلے پن سے پیٹ کمر سے لگ جانا۔ یعنی انتہائی لاغر ہوجانا۔
— فی المَزَادَةِ: مشکیزہ میں تھوڑا پانی چھوڑے رکھنا۔
اِنْشَالَ: بلند ہونا، اوپر اٹھنا۔
تَشَاوَلَ القَوْمُ عندَ القِتالِ: ایک دوسرے کے مقابلہ میں ہتھیار اٹھانا۔
الشَّائِلُ: ہر بلند شے، اوپر اٹھنے والی چیز (۲) آمادہ جفتی اونٹنی کا اونٹ کے لئے اپنی دم اٹھانا ج: شُوَّلٌ و شُوَّال۔
الشَّائِلَةُ: مؤنث الشَّائِل (۲) وہ اونٹنی جس کے تھن حمل یا وضع حمل کے بعد دودھ ہلکا ہونے کے باعث اوپر اٹھ گئے ہوں ج: شَوَائِل۔
الشَّالُ: شال، چھوٹی چادر جس سے سر اور مونڈھے ڈھانکے جا سکیں، سر کو باندھنے کا رومال (۲) باریک کپڑا جس کا عمامہ بنایا جائے ج: شِیلانٌ (۳) دریائے نیل کی مچھلی۔
الشَّوْلُ: تھن میں بچا ہوا دودھ (۲) برتن میں بچا ہوا پانی (۳) تھوڑا پانی ج: اَشْوَالٌ۔
الشَّوِلُ: رَجُلٌ شَوِلٌ: کام میں چست و پھرتیلا۔
الشَّوْلَةُ: بچھو کی دم کا اٹھا ہوا حصہ (۲) ایک علامت تحریر (،) واو معکوس جو کسی شے کی اقسام وانواع یا باہم مربوط جملوں اور لفظوں کے درمیان استعمال ہوتا ہے اسے فصلہ بھی کہتے ہیں (۳) چاند کی منزلوں میں سے ایک۔ یہ برج عقرب میں دو متقابل ستارے ہیں جہاں چاند اترتا ہے ان دونوں ستاروں کو حُمَةُ العقرب بھی کہتے ہیں۔ اس مقام کو شَوْكَةُ العقرب بھی کہا جاتا ہے۔
الشَّوَّالُ: بہت بلند ہونے والا۔
شَوَّالُ: عربی مہینہ ماہ رمضان کے بعد آتا ہے، قمری سال کا دسواں مہینہ اس پر کبھی الف لام بھی داخل کر دیتے ہیں، ج: شَوَاوِيلُ و شَوَاوِلُ۔
الشَّوَّالَةُ: چغل خور عورت (۲) ایک پرندہ جس کی دم اڑان کے بعد ہلتی رہتی ہے۔
شَوَّالَةُ: بچھو کی جنس کا اسم علم۔
المِشْوَالُ: اوپر اٹھانے کا آلہ (۲) بیگ یا تھیلا ج: مَشَاوِيلُ۔
المِشْوَلُ: چھوٹی درانتی (۲) اٹھانے کا آلہ (۳) زور آزمائی کے لئے اوپر اٹھایا جانیوالا پتھر وغیرہ ج: مَشَاوِل۔
الشَّوْلَمُ: دیکھئے (شلم)
• الشَّوْمُ: ایک چکنی لکڑی جس کے مختلف آلات کے لئے دستے بنائے جاتے ہیں۔
• شَوَّنَ الغَلَّةَ و نَحْوَها: غلہ وغیرہ اکٹھا کرنا، اسٹاک کرنا۔
الشُّونَةُ: غلہ گودام ج: شُوَنٌ (۲) پرانے زمانہ کا جنگی جہاز ج: شَوَانٍ۔
الشَّوَّانُ: گودام کا محافظ۔
• الشُّونِيزُ: (حَبَّةُ البَرَكَةِ) کالا دانہ۔
• شَاهَ الشَّيءُ ـُ شَوْهًا: برا ہونا، بھدا ہونا جیسے: شَاهَ الوَجْهُ۔
— نَفْسُهُ الی کذا: جی چاہنا۔
— عَيْنُهُ: گھور کر دیکھنا۔
— الانسَانَ: نظر لگانا (۲) خوف زدہ کرنا (۳) حسد کرنا۔
شَوِهَ الشَّيءُ ـَ شَوَهًا: بھدا اور بھونڈا ہونا (۲) بلند اور اٹھا ہوا ہونا (۳) سخت نظر لگا ہوا ہونا۔ هو اَشْوَهُ وهي شَوْهَاء ج: شُوهٌ۔
— العُنُقَ: گردن کا دراز ہونا، کوتاہ ہونا۔
شَوَّهَهُ: بدشکل اور بھونڈا کرنا، شکل بگاڑنا مسخ کرنا۔
— الحقائقَ: حقائق کو مسخ کرنا۔
— السُّمْعَةَ: بدنام کرنا، شہرت کو بگاڑنا۔
— المَعَالِمَ: خط و خال مٹانا یا بگاڑنا۔
تَشَوَّهَ لہ و الیہ: تیز نگاہ سے دیکھنا، گھورنا۔
— لَهُ: کسی کے لئے اجنبی بننا، ان پہچانا بننا۔
— فُلانٌ شَاةً: بکری وغیرہ کا شکار کرنا
— الشيءُ: بھدا اور بھونڈا ہونا، بدشکل اور بگڑا ہوا ہونا۔
الاَشْوَهُ: بدرد، بدشکل (۲) اکڑباز، مغرور (۳) سخت نظر لگانے والا ج: شُوهٌ (۴) تیز نظر گھوڑا
الشَّاهِي: بکریوں والا۔
الشَّاةُ: ایک بکری یا بھیڑ یا دنبی یا ہرنی یا گائے یا شتر مرغ ج: شَاءٌ و شِيَاهٌ۔
الشَّاهُ: بادشاہ (۲) شطرنج کا بادشاہ۔
شاهنْشاه: بادشاہوں کا بادشاہ، شاہ اعظم
الشَّوْهَاءُ: بھونڈی، بھدی (۲) ترش رو عورت، خوب رو عورت (اضداد میں سے ہے) فَرَسٌ شوهَاءُ: تیز نظر گھوڑا۔
الشُّوهَةُ: بھونڈاپن، بدرد ئی، دوری۔
المَشَاهَةُ: بہت بکریوں والی زمین۔
المُشَوَّهُ: بدشکل، مسخ شدہ، بگڑا ہوا۔
• شَوَى اللَّحْمَ و غَيْرَهُ ـِ شَيًّا: آگ میں بھوننا۔
— الماءَ: پانی گرم کرنا۔
— الرجلَ: ایسی جگہ داغ لگانا کہ موت واقع نہ ہو۔
أَشْوَى القَمْحُ: گیہوں کا صاف ہو کر بھوننے کے قابل ہونا۔

أَشْوَى السَّعَفُ : درختِ خرما کی شاخ کا سوکھ کر زرد ہو جانا ۔
ـــ فُلَانٌ : کسی کا خراب اور ردّی مال لے لینا
ـــ من الشیءِ : تھوڑا بچانا ۔
ـــ فُلَانًا : بھنا ہوا گوشت کھلانا ۔
ـــ الصَّیدَ وغیرَہٗ : شکار نہ پکڑ سکنا ۔
ـــ السَّہْمُ : تیر کا نشانہ خطا کرنا ۔
ما أَعْیَاہُ و ما أَشْوَاہُ !! وہ کتنا کمزور ہے (برائے تعجب) ۔
شَوَّی فُلَانًا وغیرَہٗ : بھنا ہوا گوشت کھلانا ۔
اِشْتَوَی : مطاوع شَوَی ۔ بھن جانا ۔
ـــ اللَّحْمَ وغیرَہٗ : گوشت وغیرہ کے روسٹ بنانا ، بھنے ہوئے پارچے بنانا
اِنْشَوَی : مطاوع شَوَاہُ ۔ بھن جانا ۔
الشَّوَی : ہاتھ پیر ، اطراف جسم ۔ فَرَسٌ عَبْلُ الشَّوَی : مضبوط ہاتھ پیر والا گھوڑا (۲) دونوں ٹانگیں اور اطراف جسم (۳) سر کی کھوپڑی کا چمڑا (۴) کھال کا باہری حصہ ۔ واحد : شَوَاۃ ۔ قرآن پاک میں ہے "کَلَّا اِنَّہَا لَظٰی نَزَّاعَۃً لِلشَّوَی" (۵) بقیہ (۶) معمولی اور حقیر بات ۔ کہاوت ہے : کلُّ شیءٍ شَوًی ما سَلِمَ لَکَ دِینُکَ وعِرْضُکَ : جب تک تمہارا دین اور آبرو باقی ہے ہر چیز معمولی اور آسان ہے ۔
الشِّوَاءُ : بھنا ہوا گوشت ، بھنے ہوئے گوشت کا ٹکڑا ۔ روسٹ ۔
الشَّوَاۃُ : شَوَی کا واحد ۔
الشَّوَایَۃُ : بہت سی چیز کا بچا ہوا تھوڑا حصہ جیسے بکری کا ایک ٹکڑا ، ذبح کیے ہوئے جانور کا کوئی حصہ جیسے پائے یا سر وغیرہ ج : شَوَایَا ۔
الشِّوَایَۃُ : گوشت کی بھنائی کا پیشہ ۔
الشَّوَّاءُ : گوشت بھوننے کا پیشہ کرنے والا ۔
الشَّوِیُّ : بھنا ہوا ۔
الشَّوَّایَۃُ : گوشت بھوننے کا آلہ ۔ سیخ یا کڑھائی ، کڑچھا ، فرائی پین (۲) ٹوسٹ وغیرہ سینکنے کا جال ، روسٹر ۔
الشَّوِیَّۃُ : بھنے ہوئے گوشت کا ٹکڑا (۲) بقیہ ج : شَوَایَا ۔
الشُّوَیَّۃُ : بہت میں سے تھوڑا ۔
المَشْوَی : بھوننے کی جگہ ج : مَشَاوٍ ۔
المِشْوَاۃُ : الشَّوَّایَۃُ ج : مَشَاوٍ ۔

شئ ـــــ ی

شَاءَہٗ ـَ شَیْئًا : ارادہ کرنا ، چاہنا ۔
ـــ علی الأمرِ : کسی بات پر آمادہ کرنا ، اکسانا ۔
ـــ اللّٰہُ الشیءَ : مقدر کرنا ۔ ماشاءَ اللّٰہ : تعجب کے موقع پر کہتے ہیں کہ یہ بات بہت خوب ہے اور اللہ کے ارادہ اور تقدیر سے ہے ۔
أَشَاءَہٗ الی کذا : کسی بات پر مجبور کرنا ۔
شَیَّأَہٗ علی الأمرِ : آمادہ کرنا ، اکسانا ۔
ـــ اللّٰہُ وجہَہٗ : بدشکل بنانا ۔
تَشَیَّأَ فُلَانٌ : کسی کا غصہ ٹھنڈا ہونا ۔
ـــ الشیءَ : کسی چیز کا ارادہ ظاہر کرنا ۔
الشَّیْءُ : (موجود) چیز ، ہر وہ چیز جس کا تصور کیا جا سکے اور اس کے بارہ میں خبر دی جا سکے شئی کچھ ، تھوڑا ج : أَشْیَاءُ
الشُّیَیْءُ : شیء کی تصغیر ، چھوٹی سی چیز (۲) معمولی ، تھوڑی ۔
الشِّیْئَۃُ : شَاءَ کا اسم ۔
المَشِیْئَۃُ : ارادہ ۔
المُشَیَّأُ : کسی کام کے لئے مجبور (۲) بھونڈا ، بدہیئت ، بے ڈھنگا ۔
شَابَ فُلَانٌ ـِ شَیْبًا و شَیْبَۃً : سفید بالوں والا ہونا ، بوڑھا ہونا ۔ کہتے ہیں : شَابَ الشَّعْرُ و شَابَ الرَّأْسُ : بال یا سر سفید ہونا ۔ ھو شائِبٌ و أَشْیَبُ ۔ عموماً سفید بالوں والے مرد کو أَشْیَبُ اور سفید بالوں والی عورت کو شَمْطَاء کہا جاتا ہے ۔
شابت رُؤُوسُ الآکامِ : ٹیلوں کی چوٹیاں برف پوش ہو گئیں ۔
أَشَابَ الرَّجُلُ : بوڑھی اولاد والا ہونا ۔
ـــ الکِبَرُ او الحُزْنُ او الخَوْفُ فُلَانًا : زیادتی عمر یا غم یا خوف کا کسی کو بہت بوڑھا اور سفید کر دینا ۔
شَیَّبَہٗ : أَشَابَہٗ ۔ قول ہے : شَیَّبَنِی اعتِلَاءُ المَنَابِرِ : مجھے خطابت نے بوڑھا کر دیا یعنی خطابت میں عمر گزر گئی ۔
الأَشْیَبُ : بوڑھا ، سفید بالوں والا ۔ جَبَلٌ أَشْیَبُ : برف سے ڈھکا ہوا سفید پہاڑ یومٌ أَشْیَبُ : ٹھنڈا ابر آلود دن ۔ ھی شَیْبَاءُ ج : شِیْبٌ ۔ اللَّیلَۃُ الشَّیْبَاءُ : مہینہ کی آخری تاریخ ۔
الشَّیْبُ : بڑھاپا ، بالوں کی سفیدی (۲) بال ۔
الشَّائِبُ : سفید سر یا سفید بالوں والا ج : شُیَّبٌ ۔ یومٌ شَیْبَانُ : ٹھنڈا اور ابر آلود دن ۔ شَعْرٌ شائبٌ : سفید بال ۔
الشَّیْبَانُ : ماہ دسمبر (کیونکہ اس میں ژالہ باری سے زمین سفید ہو جاتی ہے) ۔
المَشِیْبُ : بڑھاپا ، بڑھاپے کی عمر ۔
الشِّیْبِتُ : چھینٹ ، چھپا ہوا کپڑا ، باریک پھول دار سوتی کپڑا ۔
شاحَ فی الأمرِ ـِ شَیْحًا : کوشش کرنا ، لگے رہنا ۔
ـــ علی حاجتِہٖ : اپنے کام پر متوجہ رہنا ، مقصد برآری کے لئے کوشاں رہنا ۔
أَشَاحَ المکانُ : کسی جگہ کا شیح نامی گھاس کو اگانا ۔
ـــ وجہَہٗ و بوجہِہٖ عنہ : نفرت و کراہت سے منہ پھیرنا ۔

الشَّائِخُ : غیور آدمی (۲) محتاط آدمی، چوکنا۔
الشِّیْحُ : ایک پودا جو بہت سی قسم کا ہوتا ہے چوپائے اسے کھاتے ہیں ج: شِیْحَانٌ
الشِّیَاحُ : کوشش (۲) ڈر (۳) قحط۔
الشِّیْحَانُ : لمبا (۲) غیرت مند (۳) ہوشیار۔
•شَاخَ الإِنسَانُ ـِ شَیْخًا و شُیُوخَةً و شَیْخُوخَةً : بوڑھا ہونا۔
ـــ النَّبَاتُ : اندر سے خشک ہو جانا۔
شَیَّخَ : بوڑھا ہونا۔
ـــ فُلَانًا : کسی کو تعظیماً شیخ کہنا (۲) سردار و حاکم بنانا۔
ـــ عَلَیهِ : عیب لگانا۔
ـــ بِهِ : رسوا و بدنام کرنا۔
تَشَیَّخَ : بوڑھا بننا۔
الشَّیَاخُ : (صحت کی ناہمواری کے باعث) جلد آنے والا بڑھاپا۔
الشِّیَاخَةُ : منصب شیخ، حاکمیت علاقہ، شیخ کا علاقہ حکومت، سلطنت سے کم درجہ۔
الشَّیْخُ : بوڑھا، عمر رسیدہ (تقریباً پچاس سال کا) اس سے پہلے کا درجہ کَہلٌ اور بعد کا درجہ هَرِمٌ ہے (۲) علم وفضل میں ممتاز شخصیت (۳) امیر جماعت یا سردار قبیلہ (۴) گاؤں کا چودھری، مکھیا ج: شُیُوخٌ و أَشْیَاخٌ و مَشِیْخَةٌ و مَشَائِخُ۔
شَیْخُ البَلَدِ : حاکم شہر۔
شیخ الاسلام : سب سے بڑا مسلمان عالم
شیخ المرأة : خاوند، شوہر۔
شیخ النّار : شیطان۔
الشَّیْخَةُ : مؤنث الشیخ : بوڑھی (۲) حاکمہ
مَشَائِخُ : علماء۔
مَشَائِخ طُرُق : صوفیاء کرام۔
المَشِیْخَةُ : سرداری، حاکمیت (۲) چھوٹی سلطنت جس کا حاکم شیخ کہلاتا ہے۔

الشَّیْخُون : بوڑھا۔
•شَادَ البِنَاءَ ـِ شَیْدًا : چونے سے پلاسٹر کرنا (۲) پختہ کرنا (۳) عمارت بنانا (۴) بلند کرنا۔ قرآن کریم میں ہے: " و قَصْرٍ مَّشِیْدٍ "
أَشَادَ البِنَاءَ : بلند کرنا، عالیشان بنانا۔
ـــ بِالشَّیْءِ : سراہنا، تعریف کرنا (۲) کسی بات پر آواز بلند کرنا، بلند آواز سے کسی چیز کا نام لینا۔
ـــ عَلَیهِ : کسی کو بدنام کرنا، عیب و برائی کی تشہیر کرنا۔
ـــ بِذِکْرِهِ : سراہنا، داد دینا، خراج تحسین پیش کرنا۔
ـــ صَوْتَهُ و بِصَوْتِهِ : گویے کا برے طریقے سے آواز بلند کرنا۔
ـــ فُلَانًا : ہلاک کرنا۔
شَیَّدَهُ : شَادَهُ۔ مضبوط بنانا، پختہ کرنا، تعمیر کرنا۔
الشِّیْدُ : پلستر کا مسالہ (چونا، گچ وغیرہ)
المَشِیْدُ : پختہ پلستر کیا ہوا (۲) بلند و بالا، عالیشان۔
المُشَیَّدُ : مضبوط و مستحکم۔
•تَشَیَّرَ : چٹان سے گرنا۔
الشِّیْرُ : چٹان۔
شِیْرَةُ الحَلْوَی : مٹھائی کا شیرہ۔
•الشَّیْرَجُ : تلوں کا تیل۔
•شَیَّزَ البُرْدَ او الثَّوْبَ و نَحْوَهُ : سرخ رنگ کی دھاریاں ڈالنا۔
الشِّیْزُ : سیاہ و سخت لکڑی (آبنوس) جس کے کنگھے وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔
الشِّیْزَی : الشِّیْزُ۔
•أَشَاشَتِ النَّخْلَةُ : درخت خرما پر نرم گٹھلی کی کھجوریں آنا۔
الشِّیْشُ : نرم گٹھلی والی کھجور یا بے گٹھلی کی کھجور (۲) بغیر دھار کی چھوٹی تلوار جس سے بچے کھیلتے ہیں اور شمشیر زنی کی مشق کی جاتی ہے (۳) شمشیر زنی کا کھیل یا مقابلہ (۴) کانچ، شیشہ۔
شِیْشُ النَّافِذَةِ : کھڑکی کا پٹیوں دار کواڑ جس کے جھروکوں سے ہوا آتی ہے اور دھوپ رکتی ہے (جیسے ریل گاڑی کی کھڑکیوں میں ہوتا ہے)۔
الشِّیْشَاءُ : خراب کھجور۔
الشِّیْشَةُ : چیچک (۲) حقہ۔
شِیْشَةُ التَّدْخِیْنِ : حقہ۔
•أَشَاصَتِ النَّخْلَةُ : درخت خرما پر خراب کھجوریں آنا (صحیح گابھا نہ لگنے کی بنا پر)
شَایَصَ مُشَایَصَةً و شِیَاصًا : بدمزاج ہونا۔
ـــ فُلَانًا : کسی سے دل میں نفرت و عداوت رکھنا۔
شَیَّصَتِ النَّخْلَةُ : أَشَاصَت۔
شَیَّصَ القَوْمَ : تکلیف پہنچانا۔
الشِّیْصُ : ردی اور ناکارہ کھجور (۲) ایک قسم کی مچھلی۔ واحد: شِیْصَةٌ
الشِّیْصَاءُ : خراب کھجور۔ واحد: شِیْصَاءَةٌ۔
المُشَایَصَةُ : منافرت و دشمنی۔
•شَاطَ ـِ شَیْطًا و شِیَاطَةً : جلنے کے قریب ہونا۔ شَاطَ الطَّعَامُ : کھانے کا جل جانا۔ شَاطَتِ القِدْرُ : دیگچی کی تلی میں سالن وغیرہ کا جل کر لگ جانا۔
ـــ فُلَانٌ : ہلاک ہونا (۲) خون رائگاں جانا۔
ـــ دَمُ القَتِیْلِ : مقتول کا خون رائگاں جانا۔
ـــ الشَّیْءُ : کلی یا جزوی طور پر جل جانا۔
ـــ الزَّیْتُ : تیل کا گاڑھا ہو کر جلنے کے قریب ہونا۔
ـــ فِی الأَمْرِ : عجلت و تیزی کرنا۔
ـــ فُلَانٌ الدِّمَاءَ : خون ملانا یعنی قاتل کو مقتول کے خون کے بدلے قتل کرنا۔
أَشَاطَ : جلانا، ہلاک کرنا (۲) دیگچی کی تلی میں

سالن وغیرہ جلاکر لگا دینا۔

أَشَاطَ دَمَ الذَّبِيحَةِ: جانور کا خون بہانا

۔۔۔ الحَاكِمُ دَمَ الرَّجُلِ: حاکم کی جانب سے کسی کے خون کا بدلہ لئے بغیر چھوڑنا۔

۔۔۔ اللَّحْمَ علی القومِ: گوشت کے ٹکڑے کرکے لوگوں میں تقسیم کرنا۔

شَيَّطَ: جلانا، جلاکر تلی میں لگا دینا۔

۔۔۔ الجِلْدَ: چمڑے کے اوپر کے بال وغیرہ جلانا۔

۔۔۔ الصَّقِيعُ النَّبْتَ: پالے کا پودوں وغیرہ کو جلا ڈالنا۔

۔۔۔ اللَّحْمَ: گوشت کو آگ پر سینکنا، ادھ پکا رکھنا۔

۔۔۔ الدَّوَاءُ الجُرْحَ: دوا کا زخم کو جلا دینا، خشک کر دینا۔

اِشْتَاطَ عَلَيْهِ: کسی پر غصہ سے دانت پیسنا، بپھرنا، سخت غصہ آنا۔

تَشَيَّطَ: جلنا، بھڑکنا، مشتعل ہونا۔

۔۔۔ دَمُ الرَّجُلِ علی احد و تَشَيَّطَ بِهِ دَمُهُ: کسی پر غصہ سے خون کھولنا۔

اُسْتُشِيطَ: طیش میں آنا۔ استشاط غَضَبًا: غصہ سے آگ بگولا ہونا، بھڑک اٹھنا۔

۔۔۔ الحَمَامُ وغيرُهُ: پھرتی سے اڑنا۔

۔۔۔ فی الحَرْبِ: لڑائی میں جان کی بازی لگانا پھرتی دکھانا۔

۔۔۔ فی الضَّحِكِ: ہنستے ہنستے لوٹ پوٹ ہوجانا۔

الشِّيَاطُ: روئی وغیرہ جلنے کی بو۔

الشَّيْطِيُّ: فضا میں بلند ہونے والا غبار۔

المُسْتَشِيطُ: بپھرا ہوا، آگ بگولا (۲) پھرتیلا، چاق چوبند (۳) بہت ہنسنے والا (۴) موٹا اونٹ۔

•تَشَيْطَنَ: دیکھئے (شطن)

الشَّيْطَانُ: دیکھئے (شطن)

•تَشَيْظَمَ عَلَيْهِ بالكلامِ: کسی سے تیزی اور سختی کے ساتھ بولنا۔

الشَّيْظَمُ: شریر (۲) لمبا (۳) ہنس مکھ، شگفتہ رو ج: شَيَاظِمُ و شَيَاظِمَةٌ۔

•شَاعَ الشَّيْءُ ـِ شُيُوعًا و شَيَعَانًا و مَشَاعًا: پھیلنا، ظاہر ہونا، کھلنا۔

۔۔۔ الدَّارُ و نَحْوُهَا: گھر یا مملوکہ اشیاء کا مشترکہ اور غیر منقسم ہونا۔ کہتے ہیں: اشْتَرَى دَارَهُ على الشُّيُوعِ: اس نے غیر منقسم مکان خریدا۔

۔۔۔ بالشَّيْءِ: پھیلانا، ظاہر کرنا۔

۔۔۔ الإِنَاءُ: برتن کو بھرنا۔

۔۔۔ الشَّيْءُ الشَّيْءَ: ایک شے کا دوسری کو حاوی ہونا، ساتھ ہونا۔ جیسے شَاعَكَ الخَيْرُ: خیر تمہارے شامل حال ہو (بطور دعا) شَاعَكُمُ الأَمْنُ والسَّلَامُ: امن وسلامتی تمہارے ساتھ ہو (بطور دعا)۔

أَشَاعَ الشَّيْءَ و بِهِ: پھیلانا، انکشاف کرنا۔

۔۔۔ الدَّارَ و نَحْوَهَا: مکان کو غیر منقسم رکھنا مشترکہ بنانا۔

۔۔۔ بالقومِ: آواز دینا، پکارنا۔

۔۔۔ اللهُ القومَ بالسَّلامِ و نحوِهِ: اللہ کا لوگوں کو سلامتی وحفاظت کے ساتھ رکھنا۔ أَشَاعَكُمُ اللهُ بالسَّلامِ: خدا تم کو حفاظت سے رکھے۔

شَايَعَهُ مُشَايَعَةً و شِيَاعًا: ساتھ ساتھ چلنا (۲) ساتھ ہونا، حمایت کرنا (۳) رخصت کرنے کے لئے ساتھ ہونا۔

۔۔۔ بِهِمُ الدَّلِيلُ: راہبر کا لوگوں کو پکارنا۔

۔۔۔ بالإِبِلِ: اونٹوں کو پکارنا۔

شَيَّعَ: پھیلنا (۲) پھیلانا۔

۔۔۔ فُلَانٌ: کسی کا ہم نوا ہونا (۲) شیعی مذہب اختیار کرنا۔

۔۔۔ الزَّامِرُ: بانسری بجانے والے کا بانسری بجانا۔

شَيَّعَ فُلانًا نَفْسُهُ علی كذا: کسی کے دل کا کسی کو کسی بات کا شوق دلانا یا کسی بات کے لئے آمادہ ہونا۔

۔۔۔ النَّارَ فی الحَطَبِ: لکڑیوں میں آگ لگانا، دہکانا۔

۔۔۔ الغَضَبُ فُلانًا: غصہ کا کسی کو بھڑکا دینا، آپے سے باہر کرنا۔

۔۔۔ فُلانًا: کسی کو رخصت کرنے کے لئے اس کے مکان تک ساتھ جانا، رخصت کرنا۔

۔۔۔ الجنَازَةَ: جنازہ کے ساتھ چلنا۔

۔۔۔ الشَّيْءَ: بھیجنا، روانہ کرنا۔

اشْتَاعَا فی كذا: شریک ہونا۔

تَشَايَعَ الأَمْرُ: معاملہ کا مشترک ہونا۔

۔۔۔ الرَّجُلَانِ فی الشَّيْءِ: شرکت رکھنا، تقسیم نہ کرنا۔

۔۔۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ چلنا، ایک دوسرے کی ہم نوائی کرنا (۲) گروہوں میں تقسیم ہوجانا، گروپ بن جانا۔

۔۔۔ القَوْمُ علی أَمْرٍ: کسی بات میں باہم متفق ومتحد ہونا۔

تَشَيَّعَ: شیعی ہوجانا، فرقہ شیعہ میں شامل ہوجانا

۔۔۔ فی الشَّيْءِ: کسی چیز کی محبت میں فنا ہوجانا

۔۔۔ الشَّيْبُ شَعْرَهُ: بالوں میں سفیدی پھیلنا یا نمایاں ہونا۔

۔۔۔ الغَضَبُ فُلانًا: غصہ کا کسی کو بھڑکانا

الإِشَاعَةُ: افواہ (غیر مصدقہ خبر) ج: إِشَاعَات۔

اِنْتِشَارُ الإِشَاعَةِ: افواہ پھیلنا۔

التَّشَيُّعُ: فرقہ بندی، گروہ بندی، رافضیت، شیعیت۔

الشَّائِعُ و الشَّاعُ: ظاہر، پھیلا ہوا، عام، رائج۔

الشَّائِعَةُ و الشَّاعَةُ: افواہ، غیر مصدقہ خبر، ج: شَوَائِعُ۔

الشِّيَاعُ: پکار، آواز (۲) اعلان کرنے کا بھونپو، (۳) آگ سلگانے کی چیز۔

الشِّيعُ: شيع الشيء: کسی چیز کی شبیہ، مثل،

(۲) قریب قریب ۔ جیسے کہا جائے: آتیكَ غدًا او شَیعَهُ: میں کل یا اس کے قریب ہی کسی دن آپ کے پاس آؤں گا ثَمَنُه شَیعُ عشرین دِرْهَمًا۔
الشِّیعُ: عورتوں کے ساتھ خلط ملط رہنے والا، عورتوں کے ساتھ لگا رہنے والا۔ شِیعُ نِساءٍ: مصاحب خواتین۔
الشِّیعَةُ: ایک خوشبودار پودا جس کا پھول چنبیلی کے پھول سے چھوٹا اور سرخ ہوتا ہے
الشِّیعَةُ: گروہ، فرقہ۔ قرآن پاک میں ہے: "ثُمَّ لَنَنْزِعَنَّ من كُلِّ شِيعَةٍ أَيُّهُمْ أَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ عِتِيًّا" (۲) پیروکار، ہم نوا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِي من شِيعَتِهِ عَلَى الَّذِي مِن عَدُوِّهِ" کہتے ہیں: هُمْ شِيعَةُ فُلانٍ: وہ فلاں کے پیروکار اور ہم نوا ہیں۔ هُمْ شِيعَةٌ كذا من الآراء: وہ فلاں نظریہ کے قائل ہیں (۳) شیعہ۔ مسلمانوں کا ایک بڑا فرقہ جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور آپ کی اولاد سے محبت رکھنے کے ساتھ ان کو امامت کا اولین حقدار مانتا ہے۔ اس فرقہ کی مختلف شاخیں ہیں اور ان کے عقائد و نظریات بھی مختلف ہیں ج: شِيَعٌ و أَشْيَاعٌ۔
الأَشْيَاعُ: امثال واشباہ۔ قرآن پاک میں ہے: "كَمَا فُعِلَ بِأَشْيَاعِهِم مِن قَبْلُ" شِيعَةُ الرَّجُلِ: متعلقین، حمایتی، اعوان والانصار۔
الشِّیعِیُّ: شیعہ کا واحد۔ سُنّی کا مقابل۔
الشَّیِّعُ: حصہ دار، شریک ج: شُیَعَاءُ۔
الشَّیِّعَةُ: مؤنث الشَّیِّع۔
الشُّیُوعُ: عموم، پھیلاؤ، اشاعت۔
علی الشُّیُوعِ و بالشُّیُوعِ: مشترکہ
الشُّیُوعِیَّةُ: کمیونزم۔ ایک فکری مذہب جو ملکیت کے عموم اور فرد کو اس کی صلاحیت کے مطابق کام کرنے اور بقدر ضرورت منفعت حاصل کرنے کی بنیاد پر قائم ہے۔ مقابل رأسمالیّة: سرمایہ دارانہ نظام جس میں حق ملکیت ہر شخص کو بلاقید حاصل ہوتا ہے۔
الشُّیُوعِیُّ: کمیونسٹ۔
المُتَشَیِّعُ: گروہ بند۔
المَشَاعُ: عموم، اشتراک۔
المُشَاعُ: مشترک، غیر تقسیم شدہ، عام، جنرل، مشہور، رائج۔ بالمُشاع: مشترکہ طور پر
مُشَاعُ القُرَى: وہ اراضی و جنگلات جن میں سب باشندے شریک ہوں۔
المِشْیَاعُ: بہت خبریں اور افواہیں پھیلانے والا (۲) تنور کی آگ کریدنے کی سیخ۔
المِشْیَعَةُ: عورتوں کی بقچی (چھوٹی ٹوکری یا پوٹلی یا تھیلا جس میں وہ اپنا سامان رکھتی ہیں) ج: مَشَايِعُ۔
المُتَشَایِعُ والمُشَایِعُ: ساتھی، شریک۔
المُشَایِعُ له: ہمراہی، ساتھی۔
المُشِیعُ المُشَیِّعُ: بہت خبریں یا افواہیں پھیلانے والا۔
المُشَیَّعُ: اعوان والانصار والا جتھا بند (۲) دلیر اور بہادر۔
• شاقَهُ الی كذا ـِ شَیقًا: کسی چیز سے کھینچ کر باندھنا۔
الشِّیقُ: دو چٹانوں کے درمیان درز (۲) تنگ راستہ (۳) پہاڑ کی چوٹی (۴) دُم کے بال (۵) ایک آبی جانور۔
• الشِّیكُ: چیک (بنک کے نام حساب دار کا حصول رقم کے لئے اجازت نامہ)۔
شِیكٌ بِلا رَصِیدٍ: بلا بنک بیلنس چیک (اس شخص کی طرف سے دیا ہوا چیک جس کی کوئی رقم بنک میں موجود نہ ہو)۔
شِیكٌ علی بَیاضٍ: سادہ چیک۔
شِیكٌ علی مَصْرِفِ كذا: کسی بنک کے نام کا چیک۔
شِیكٌ لحامِله: بیرر چیک (جس کے پاس چیک ہو وہ رقم حاصل کرسکتا ہے)۔
شِیكٌ مُسَطَّرٌ: کراس چیک۔
• شَالَهُ و بِه ـِ شَیْلًا و مَشَالًا: اوپر اٹھانا۔ دیکھئے (شول)۔
الشِّیَالُ: وہ گھوڑا جس کا باپ اعلیٰ نسل کا ہو اور ماں معمولی نسل کی۔
الشِّیَالَةُ: قلی گیری، باربرداری، بیل داری (۲) اجرت۔
الشَّیَّالُ: قلی، باربرداری۔
الشَّیَّالَةُ: سامان اٹھانے کا ذریعہ۔ چھوٹی گاڑی یا رسّی کا جال وغیرہ۔
المِشْیَالُ: بے ڈول آدمی۔
• الشَّیْلَمُ: دیکھئے (شلم)۔
• شَامَ فُلانٌ ـِ شَیْمًا: کھال پر تل یا مسّا ہونا۔
ـــ السَّحابَ والبَرْقَ: بادل اور بجلی کو یہ جاننے کے لئے دیکھنا کہ بارش کہاں ہوگی
ـــ مَخَایِلَ الشیءِ: (کسی چیز کے انتظار میں) علامات کو دیکھنا، بنظر اشتیاق وانتظار دیکھنا۔
ـــ الشیءَ: اندازہ لگانا۔
ـــ الرجلُ: لڑائی میں جم کر حملہ کرنا۔
ـــ فی الشیءِ: داخل ہونا۔
اِنْشَامَ و اشْتَامَ فی الأمرِ: شامل ہونا۔
اِنْشَامَ الرَّجُلُ لفلانٍ: منظور نظر ہونا۔
شَیِمَ ـَ شَیَمًا: بدن پر تل یا مسّے والا ہونا زیادہ تلوں والا ہونا۔ هو أَشْیَمُ و هی شَیْمَاءُ۔
شَیَّمَ یَدَیْه فی رأسِ فلانٍ او ثَوبِه: لڑنے کے لئے ہاتھوں سے کسی کے سر یا کپڑوں کو پکڑ کر کھینچنا۔
تَشَیَّمَ الشیءُ غیرَهُ: ایک شے کا دوسری میں

پھیل جانا۔ جیسے: تَشَيَّمَ الحَرِيْقُ القَصَبَ: بانس یا چھپڑوں میں آگ پھیل گئی۔ تَشَيَّمَ الشَّيْبُ الرَّجُلَ: کسی کے بالوں پر سفیدی چھاگئی (بوڑھا ہوگیا)۔

تَشَيَّمَ فُلَانٌ آبَاهُ: اخلاق وعادات میں باپ جیسا ہونا۔

الشَّامَةُ: بدن پر نکلا تِل یا مسّا۔ كَأَنَّهُمْ شَامَةٌ فِي النَّاسِ: وہ لوگوں میں نمایاں ہیں۔

شَامَةُ القَمَرِ: چاند کا داغ، چھائیں ج: شَامٌ۔ کہتے ہیں: مَالَهُ شَامَةٌ وَ زَهْرَاءُ: اس کے پاس کچھ نہیں۔

الشَّيِّمُ: وہ زمین جس پر سخت ہونے کی وجہ سے گڑھا نہ پڑتا ہو۔

الشِّيْمَةُ: عادت، طبیعت ج: شِيَمٌ۔

الشَّيَامُ: نرم زمین، مٹی۔

الشِّيَامُ: مٹی (۲) چوہا ج: شِيَمٌ۔

المَشِيْمُ: تل والا (جس کے بدن پر تل ہوں)

المَشِيْمَةُ: وہ جھلی جس میں بچہ رحم مادر میں لپٹا ہوا ہوتا ہے اور بوقتِ ولادت بچہ کے ساتھ نکلتی ہے ج: مَشَايِمُ (۲) نباتات میں بیضۂ نر کے اتصال کی جگہ

•شَانَهُ ـِ شَيْنًا: عیب لگانا، بدزیب کرنا، بھونڈا اور بھدّا بنا دینا۔

الشَّائِنُ: عیب دار، بدزیب، بھونڈا، قابلِ مذمت۔

شَيَّنَ: حرف شین لکھنا۔

الشَّيْنُ: عیب، بدزیبی، بھونڈاپن (خلاف الزَّيْنُ)۔

المَشَايِنُ: معایب ونقائص، قابل شرم باتیں یا کام۔

•الشِّيَةُ: دیکھئے (وَشي)۔

شَاهَهُ ـِ شَيْهًا: نظر بد لگانا۔

الشَّيُوهُ: نظر بد لگانے والا۔

•الشَّايُ: چائے (۲) چائے کی پتی۔ شَايٌ خفيف: ہلکی چائے۔ قَوِيٌّ: تیز۔ بَائِتٌ: دیر کی رکھی ہوئی۔

غَلَّايَةُ الشَّايِ: چائے بنانے کا برتن چھوٹا سماور۔

ابريقُ الشايِ: چائے دان۔

.:. .:. .:. .:.

باب الصاد

•الصَّادُ: (ص) حروف ہجائیہ کا چودہواں حرف۔ اس کا مخرج نوکِ زبان اور ثنایا علیا سے کچھ اوپر ہے۔ صاد زبان اور ثنایا علیا کو ملا کر دبانے سے ادا ہوتا ہے اور سین نوکِ زبان کو ثنایا علیا کے ساتھ ہلکے سے ملا کر نکلتا ہے (۲) قرآن کریم کی ایک سورت کا نام۔

ص ــــ أ

•صَئِبَ ـ صَأَبًا: بہت پانی پینا۔
ــــ من الشَّراب: پینے کی چیز سے سیر ہونا۔
ــــ الرَّأْسُ: سر کا لیکھوں سے بھرا ہوا ہونا
أَصْأَبَ الرأسُ: صَئِبَ۔
الصُّؤَابَةُ: لیکھ، جوں کا انڈا ج: صُؤَابٌ و صِئْبَانٌ۔ الصِّئْبان: چھوٹے چھوٹے اولے۔
•صَأْصَأَ الجَرْوُ: پلے کا آنکھ کھولنے کے قریب ہونا، آنکھ کھولنے کی کوشش کرنا۔
ــــ الرَّجُلُ: بزدل ہونا۔ صَأْصَأَ من فُلانٍ: کسی سے ڈر کر اطاعت کرنا۔
تَصَأْصَأَ منه: صَأْصَأَ۔
الصِّئْصَاءُ: خراب کھجوریں۔
الصِّئْصِئَةُ: مرغ (۲) مرغ کی ٹانگ کا خار
•صَئِكَ الشَّيْءُ ـ صَأَكًا: پسینہ یا نمی سے بدبو ہونا۔ صَئِكَ الرَّجُلُ: پسینہ کی بو والا ہونا۔ صَئِكَتِ الخَشَبَةُ: نمی سے لکڑی کا بودار ہونا۔
ــــ الدَّمُ: خون کا جم جانا۔
ــــ الشَّيْءُ بغيره: چپکنا۔ هو صَئِكٌ۔
صَاءَكَهُ: سختی برتنا، مصیبت میں ڈالنا۔
الصَّئِكُ: مضبوط آدمی۔
الصَّأْكَةُ: پسینہ کی بدبو (۲) لکڑی میں نمی کی بو۔
•صَؤُلَ البَعِيرُ ـ صَآلَةً: اونٹوں کا سخت مشتعل ہونا، حملہ آور ہونا۔ هو صَؤُولٌ۔
صَأَلَ الفرسُ ـ صَئِيلًا: ہنہنانا۔
•صَأَمَ الجيشَ ـ صَأْمًا عليهم: رہنمائی کرنا
صَئِمَ ـ صَأَمًا: بہت پانی پینا۔
الصَّائِمُ: پیاسا۔
•صَأَى الفَرْخُ و نحوُهُ ـ صَئِيًّا: چوزے کا شور مچانا، چوں چوں کرنا، جو شخص ظلم کرکے شور مچاتا ہے اس کے بارہ میں کہتے ہیں: تَلْدَغُ العَقْرَبُ و تَصْأَى: بچھو کاٹتا ہے اور خود ہی شور بھی مچاتا ہے۔
تَصَأَّى: بہت شور مچانا، بلا وجہ شور مچانا۔
الصَّآةُ: بوقت ولادت بچہ کے ساتھ نکلنے والی جھلی کا پانی۔
جَاءَ بما صَأَى و ما صَمَتَ: وہ اپنے ساتھ جانور بھی لایا اور دوسرا سامان بھی۔
أُصْأِيَ الفَرْخُ: چوزوں کے چوں چوں کرنے کا سبب بننا۔

ص ــــ ب

•صَبَأَ النَّابُ و نحوُهُ ـ صُبُوءًا: دانت نکلنا، پودے کا اگنا۔
ــــ من الشَّيْءِ الى الشَّيْءِ: ایک شے کو چھوڑ کر دوسری اختیار کرنا (۲) مذہب تبدیل کرنا، صابی ہونا۔
صَبَأَ عليه: کسی پر چڑھائی کرنا، حملہ کرنا هو صَابِئٌ۔
ــــ العَدُوَّ على قومٍ: دشمن کو راستہ بتانا، قوم کے خلاف دشمن کا تعاون کرنا۔
أَصْبَأَ النَّابُ و النَّبَاتُ: دانت یا گھاس اگنا۔
ــــ على القومِ: حملہ کرنا۔
ــــ القَوْمَ: لوگوں پر اندھادھند حملہ کرنا۔
الصَّابِئُونَ: تبدیل مذہب کرنے والے (۲) وہ لوگ جو ستاروں کو پوجتے ہیں اور یہ دعوی کرتے ہیں کہ وہ حضرت نوح علیہ السلام کی ملت پر ہیں۔ ان کا قبلہ نصف النہار میں شمالی ہوا کا مقام ہے۔ واحد: صَابِئٌ۔
•صَبَّ الرَّجُلُ في الوادي ـ صَبِيبًا: اوپر سے نیچے آنا، لڑھکتے ہوئے آنا۔
ــــ الماءُ: پانی کا بہہ کر آنا
ــــ النَّهْرُ في البَحْرِ: دریا کا سمندر میں گرنا۔
ــــ الماءَ و نحوَهُ ـ صَبًّا: اوپر سے پانی ڈالنا، انڈیلنا۔
ــــ الشيءَ في القالَبِ: سانچے میں ڈھالنا
ــــ عليه العَذَابَ: سخت عذاب و تکلیف دینا، اوپر سے مصیبت ڈالنا۔
ــــ عليه سَوْطَ العَذَابِ: عذاب کا کوڑا برسانا، زبردست مصیبت میں ڈالنا قرآن پاک میں ہے: "فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ" هو مَصْبُوبٌ و صَبِيبٌ۔ صَبَّ نِقْمَتَهُ على فُلانٍ: کسی پر غصہ اتارنا۔
ــــ الرَّجُلَ في القَيْدِ: بیڑیوں میں بیڑی

ڈالنا، مقید کرنا۔
صَبَّ علیه دِرْعَهُ: زرہ پہننا۔
— فُلانا علی الاَمْرِ: اکسانا، آمادہ کرنا۔
— الکَلْبَ علی اللِّصِّ: کتے کو چور کے پیچھے لگانا۔
— رَأْسَهُ: سر جھکانا، نیچا کرنا۔
صَبَّ اِلَیه ـَ صَبَابَةً: گرویدہ ہونا، دلی تعلق رکھنا۔ هو صَبٌّ وهی صَبَّةٌ۔
صُبَّ علیه البلاء من صَبَبٍ: اوپر سے اس پر مصیبت ڈال دی گئی۔
صَبَّ القومُ: نشیب کی طرف آنا۔
تَصَبَّبَ الماءُ: پانی بہنا، اوپر سے گرنا۔
اِنْصَبَّ النَّاسُ علی الماءِ: لوگ پانی پر لوٹ پڑے۔ اِنْصَبَّ البَازِی علی الصَّیْدِ: باز کا شکار پر لوٹ پڑنا۔
اِصْطَبَّ: بہنا، بہہ کر آنا۔
— الماءَ: اپنے لئے پانی ڈالنا۔
— العَیْشَ: بقیہ زندگی گزارنا۔
— الصُّبَابَةَ: بچا ہوا پانی پینا۔
تَصَابَّ الماءَ: اِصْطَبَّهُ۔
— الشَّیْءَ: تھوڑا تھوڑا حاصل کرنا۔
تَصَبَّبَ الماءُ من فوقٍ: اوپر سے پانی گرنا۔
— الوَجْهُ عَرَقًا: چہرہ سے پسینہ ٹپکنا، بہت پسینہ بہنا۔
— العَرَقُ منه: پسینہ ٹپکنا۔
— الصُّبَابَةَ: باقی ماندہ پانی پینا۔
الصَّبَابَةُ: شوق، گرویدگی، عشق ومحبت (۲) سوزشِ عشق۔
الصُّبَابَةُ: بچا ہوا تھوڑا پانی وغیرہ۔
الصَّبُّ: عاشق، گرویدہ ج: صَبُّونَ۔
مَاءٌ صَبٌّ: انڈیلا ہوا پانی۔ اوپر سے ڈالا ہوا پانی (۲) کم۔ کہتے ہیں: اَخَذَ مائةً فَصَبًّا: اس نے سو لئے پھر کچھ کم۔

الصَّبَبُ: ڈھلان، ڈھال، اتار، نشیب، ج: اَصْبَابٌ۔
الصُّبَّةُ: بچا ہوا پانی وغیرہ (۲) دسترخوان (۳) جماعت، گروہ۔ صُبَّةٌ من النَّاسِ ومن الحَیَوانِ (۴) جزء، حصہ۔ مضت علیه صُبَّةٌ من اللَّیْلِ: اس پر رات کا کچھ حصہ گزرا ج: صُبَبٌ۔
الصَّبِیبُ: بہایا ہوا پانی (۲) اولہ (۳) عمدہ شہد (۴) پسینہ (۵) خون (۶) زرد یا سرخ رنگ۔
صَبِیبُ السَّیْفِ: تلوار کی دھار۔
المَصَبُّ: پانی گرنے کی جگہ۔
مَصَبُّ النَّهْرِ: نہر کا دہانہ جہاں وہ دریا سے ملتی ہے ج: مَصَابٌّ۔
المِصَبُّ: ڈھالنے کا سانچہ۔
المَصْبُوبُ: گرایا ہوا، بہایا ہوا (۲) برانگیختہ، آمادہ۔
• صَبَحَهُ ـَ صَبْحًا: کسی کے پاس صبح کے وقت آنا (۲) صبح کی شراب پلانا۔
— القَوْمَ: صبح کے وقت حملہ کرنا (۲) صبح کے وقت پانی پر لانا۔ کہتے ہیں: صَبَحَهُمْ خیرًا او شرًّا: صبح کے وقت ان کے ساتھ اچھا یا برا معاملہ کیا۔
صَبِحَ الشَّعْرُ ـَ صَبَحًا وصُبْحَةً: بالوں کی سفیدی میں سرخی نمایاں ہونا
— الحَدِیدُ: لوہے کا چمکنا۔ هو اَصْبَحُ وهی صَبْحَاءُ ج: صُبْحٌ۔
صَبُحَ الوَجْهُ ـُ صَبَاحَةً: چہرہ کا روشن اور پیارا ہونا۔
صَبُحَ الغُلامُ: لڑکے کا خوبصورت ہونا، جاذب شکل ہونا۔ هو صَبِیحٌ ج: صِبَاحٌ۔
اَصْبَحَ: صبح کے وقت میں داخل ہونا، کسی کی صبح ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَسُبْحَانَ اللّٰهِ حِیْنَ تُمْسُوْنَ

وَحِیْنَ تُصْبِحُوْنَ"۔
اَصْبَحَ الحَقُّ: حق ظاہر ہونا۔
— : بمعنی صَارَ۔ ہونا (ایک حال یا صفت سے دوسری حالت وصفت میں منتقل ہونا) جیسے: اَصْبَحَ فلانٌ سالمًا: فلاں تندرست ہوگیا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖ اِخْوَانًا"
— المِصْبَاحَ: لیمپ جلانا، لالٹین یا چراغ وغیرہ جلانا۔
صَبَّحَ القَوْمَ: صبح کے وقت آنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلَقَدْ صَبَّحَهُمْ بُكْرَةً عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ"
— فُلانًا: صبح کے وقت سلام کرنا۔ صَبَّحَكُمُ اللّٰهُ بِخَیْرٍ کہنا۔ اللہ تمہاری صبح بخیر کرے (۲) صبح کے وقت پینے کیلئے دینا۔
اِصْطَبَحَ فُلانٌ: صبح کی شراب پینا (۲) چراغ روشن کرنا۔
تَصَابَحَ: خوبصورت بننے کی کوشش کرنا، خود کو جاذب صورت ظاہر کرنا۔
تَصَبَّحَ: صبح کے وقت سونا (۲) ناشتہ کرنا۔
اِسْتَصْبَحَ: چراغ جلانا۔
— بالزَّیْتِ ونَحْوِهِ: چراغ میں تیل ڈالنا۔
الإِصْبَاحُ: صبح کا اول وقت، صبح کی روشنی، صبح صادق۔ قرآن پاک میں ہے: "فَالِقُ الإِصْبَاحِ"
الصَّابِحُ: واضح وظاہر (حق صابحٌ) تازہ۔ (طعام صابحٌ مقابل بائت)
الصَّبَاحُ: صبح، دن کا ابتدائی حصہ۔ اَتَاهُ صَبَاحَ مَسَاءَ: وہ اس کے پاس صبح وشام آیا یعنی آنے کا سلسلہ جاری رہا۔ عِمْ صَبَاحًا: تمہاری صبح اچھی ہو
الصُّبَاحُ: قندیل کا شعلہ۔
الصُّبَاحِیُّ: گہرا سرخ خون۔
الصَّبَاحَةُ: پیارا پن، خوبصورتی، جاذبیت، چمک

الصَّبَاحِيَّةُ: شبِ زفاف کے بعد کی صبح (۲) نئے سال کا تحفہ (کرسمس بکس)۔
الصُّبْحُ: صبح۔ قرآن پاک میں ہے: "والصُّبْحِ اذا تنفّس" ج: اَصْبَاحٌ۔
الصَّبْحَانُ: خوبصورت (۲) صبح کی شراب پینے والا ھی صَبْحَی۔
الصُّبْحَةُ: صبح کے وقت کی نیند (۲) صبح کا ناشتہ، سیاہ رنگ مائل بسرخی۔
الصَّبُوحُ: صبح کی شراب (۲) صبح کے ناشتہ میں کھائی اور پی جانے والی چیز۔
الصَّبِيحَةُ: صبح۔
المِصْبَاحُ: چراغ، لیمپ ج: مَصَابِيحُ (۲) صبح کی شراب پینے کا بڑا پیالہ۔
مِصْبَاحُ تَعْلِيقٍ: قندیل، آویزاں کیا جانے والا لیمپ، لالٹین۔
مِصْبَاحُ الحَائِطِ: دیواری لیمپ۔
مِصْبَاحُ الغَازِ: گیس کی لالٹین یا لالٹین۔
المِصْبَاحُ الكَهْرَبِيُّ: بجلی کا لیمپ (۲) بلب
المِصْبَاحُ الاَمَامِيُّ فِي القَاطِرَةِ اوالسيّارة: ریل کے انجن یا موٹر گاڑی کی ہیڈلائٹ
مَصَابِيحُ السَّمَاءِ: ستارے۔ قرآن پاک میں ہے: "وزيّنّا السّماءَ الدّنيا بمصابيح"
المِصْبَحُ: المِصْبَاحُ (۲) بڑا پیالہ۔
• صَبَرَ ـِ صَبْرًا: ہمت سے کام لینا اور نہ گھبرانا، برداشت سے کام لینا، صبر کرنا۔
ــــ على الأمر: برداشت کرنا، ہمت نہ ہارنا، ڈٹا رہنا۔
ــــ عنه: خود کو کسی بات سے روکنا، باز رکھنا۔
ــــ نفسَهُ: دل کو تھامنا، طبیعت کو قابو میں رکھنا، ثابت قدم رہنا۔ قرآن پاک میں ہے: "واصبر نفسك مع الّذين يدعون ربّهم بالغداة والعشيّ"
صَبَرَ البُرَّ: گیہوں کا ڈھیر لگانا۔
ــــ فلانًا: روکنا (۲) پابندی کرنا، (الگ نہ ہونا)۔
ــــ الدّابّةَ: جانور کو چارہ کھلائے بغیر باندھے رکھنا۔
أَصْبَرَ الطَّعَامُ و نحوُهُ: کڑوا ہونا (۲) مصیبت میں پڑنا۔
ــــ فلانًا: روکنا (۲) ساتھ رہنا۔
صَابَرَهُ مُصَابَرَةً و صِبَارًا: صبر میں مقابلہ کرنا، صبر میں کسی سے آگے بڑھنا۔ قرآن پاک میں ہے: "اصبروا وصابروا ورابطوا"
صَبَّرَهُ: صبر کی تلقین کرنا، صبر کرانا، برداشت کرانا۔
ــــ البُرَّ: گیہوں کا ڈھیر لگانا۔
ــــ الجُثَّةَ: لاش کو دوا وغیرہ کے ذریعہ خراب ہونے سے بچانا (پہلے اس کیلئے ایلوا استعمال کرتے تھے)۔
اصْطَبَرَ: صبر کرنا، برداشت کرنا (۲) ڈٹے رہنا، قائم رہنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فاعبده واصطبر لعبادته" "وأمر اهلك بالصّلوة واصطبر عليها"
تَصَبَّرَ: برداشت سے کام لینا، صبر سے کام لینا (۲) صبر کا اظہار کرنا، صابر بننا۔
اِسْتَصْبَرَ: ڈھیر لگنا، اکٹھا ہونا۔ کہتے ہیں: اِسْتَصْبَرَ الطَّعَامُ۔
التَّصْبِيرَةُ: کھانے سے قبل کا ہلکا ناشتہ (جس کے ذریعہ کھانا تیار ہونے تک انتظار آسان ہو) اسے لُهْنَة یا سُلْفَة بھی کہتے ہیں۔
الصَّابِرُ: جفاکش، باہمت، صبر کنندہ، متحمل، محنتی۔
الصَّابُورَةُ: جہاز یا کشتی میں (توازن برقرار رکھنے کے لئے) رکھا جانے والا وزن تاکہ وہ ڈانواڈول نہ ہو۔
الصِّبَارَةُ: بوتل یا شیشی کی ڈاٹ۔
الصَّبَارَّةُ: سردی کی شدت، کہا جاتا ہے: أتيته في صبارّة الشتاء۔ حمارّة القيظ اس کی ضد ہے۔
الصُّبَارُ و الصُّبَّارُ: املی یا املی کا درخت (۲) ناگ پھنی۔
الصَّبَارَةُ و الصُّبَارَةُ: چکنے پتھر۔
الصَّبَّارَة: سنگلاخ زمین۔
الصَّبَّارُ: جفاکش، انتہائی ہمت وصبر والا۔ قرآن پاک میں ہے: "انّ في ذلك لآيٰتٍ لكلّ صبّارٍ شكورٍ" (۲) ایک کڑوی بوٹی۔
الصَّبْرُ: قوت برداشت، تحمل (۲) جفاکشی (۳) ہمت و دلیری (۴) تکلیف سہنے کا جذبہ یا طاقت (۵) محبوب چیز سے رُکے رہنے کی پابندی۔ الصَّبْرُ على المكروه: تکلیف گوارا کرنے کا حوصلہ (۶) قید۔ کہتے ہیں: قَتَلَهُ صَبْرًا: اسے قید کر کے ماردیا (اتنا قید میں بھوکا پیاسا رکھا کہ وہ مرگیا)۔ حَلَفَ صَبْرًا: اس نے قیدی ہونے کی حالت میں حلف اٹھایا ورنہ اسے قتل کردیا جاتا۔
شَهْرُ الصَّبْرِ: ماہ رمضان۔
يَمِينُ الصَّبْرِ: لازمی یا جبری قسم۔
الصُّبْرُ من الشَّئِ: بالائی حصہ (۲) گوشہ، کنارہ ج: اَصْبَارٌ۔ مَلأَ الكأسَ الى اَصْبَارِهَا: گلاس کو کنارے تک بھردیا۔ اَخَذَ الشَّئَ بأصْبَارِهِ: کل کا کل لے لیا۔
الصَّبِرُ: ایلوا (ایک کڑوا پودا اور اس کا عرق) واحد: صَبِرَةٌ ج: صُبُورٌ۔
الصَّبْرَةُ: سردی کی شدت۔
الصُّبْرَةُ: غلہ کا ڈھیر، انبار۔ اشْتَرَى الطَّعَامَ صُبْرَةً: اس نے کھانے کی

چیزیں بلا ناپ تول اندازے سے (ڈھیری کی شکل میں) لیں ج: صُبَرٌ و صِبَارٌ۔
الصَّبُورُ: بڑا صابر، انتہائی جفاکش، محنت کش (۲) بردبار، متحمل مزاج، اللہ تعالیٰ کا ایک نام (چونکہ وہ باوجود قدرت کاملہ گنہگاروں کو سزا دینے میں عجلت نہیں کرتا)۔
الصَّبِیرُ: گہرا سفید بادل (۲) پہاڑ ج: صُبُرٌ (۳) سردار و پیشوائے قوم ج: صُبَرَاءُ۔
الصَّبِیرُ و الصَّبِیرَۃ: چوڑی روٹی۔
المَصْبُورُ: قتل کے لئے قید کیا ہوا (۲) ڈھیر لگایا ہوا۔
•صَبْصَبَ الشَّیْءَ: بکھیرنا۔
تَصَبْصَبَ الشَّیْءُ: بکھرنا (۲) بہت تھوڑا باقی رہنا۔ جیسے: تَصَبْصَبَ مَا فِی السِّقَاءِ: مشکیزے میں جو پانی تھا وہ بہت تھوڑا رہ گیا۔
— اللَّیْلُ: رات کا بہت کم باقی رہنا، اکثر حصہ گزر جانا۔
— الحَرُّ: گرمی کا سخت ہونا۔
— فُلَانٌ علی احدٍ: کسی کے سامنے جری ہونا۔
الصَّبْصَابُ: بچی ہوئی تھوڑی چیز (۲) مضبوط
•صَبَعَ بِهِ و صَبَعَ علیه ـَ صَبْعًا: کسی کی طرف مذاق اڑاتے ہوئے انگلی کا اشارہ کرنا، کسی کو انگوٹھا دکھانا۔
— فی الشَّیْءِ: انگلی ڈالنا۔ ما صَبَعَ فی الطَّعَامِ: اس نے کچھ نہیں کھایا۔
— فُلَانًا: انگلی پر مارنا (۲) متکبر بنانا۔ مَن وَلَّاهُ السُّلْطَانُ صَبَعَهُ الشَّیْطَانُ: بادشاہ جسے حاکم بناتا ہے شیطان اسے مغرور بناتا ہے۔
— فُلَانًا علی الشَّیْءِ: اشارہ کرکے بتانا
— الإِنَاءَ: برتن کو دو انگلیوں سے دبا کر پانی وغیرہ نکالنا (تاکہ یکبارگی نہ گرے)۔
الإِصْبَعُ و الأُصْبُعُ: انگلی ج: اَصَابِعُ (۲) اثر نشان۔ علیه مِنَ اللّٰهِ اِصْبَعٌ حَسَنَةٌ: اس پر اللہ کے انعام کا اثر وظہور ہے۔
هو حَسَنُ الإِصْبَعِ فی مالهِ: وہ اپنے مال کا اچھا منتظم ہے۔
لَهُ فی هٰذَا الأَمْرِ اِصْبَعٌ: اس کام میں اس کا دخل ہے۔
علی ما بِشِیَتِه اِصْبَعٌ: اس کے جانور اتنے زیادہ اور موٹے ہیں کہ ان کی طرف انگلی اٹھائی جاتی ہے۔
اَصَابِعُ العَذَارَی و اَصَابِعُ العَرُوسِ: سیاہ لمبے انگور۔
الأُصْبُوعُ: انگلی ج: اَصَابِیعُ۔
المُصَبَّعُ: شکار کا گوشت بھوننے کی لوہے کی انگیٹھی۔
•صَبَغَ الثَّوبَ و نَحْوَهُ ـُ صَبْغًا: رنگنا هو صَابِغٌ و صَبَّاغٌ و الثوب و نحوه مَصْبُوغٌ و صَبِیغٌ۔
— الشَّیْءَ: ڈبونا۔ جیسے: صَبَغَ یَدَهُ فی المَاءِ۔ و صَبَغَ اللُّقْمَةَ فی الإِدَامِ
— الحَدِیثَ: جھوٹ سچ ملا کر بولنا۔
صَبَغُونِی فی عَیْنِكَ: انہوں نے میرے بارہ میں تمہاری رائے غلط کر دی۔
— النَّصْرَانِیُّ وَلَدَهُ: پانی کا بپتسمہ دینا (عیسائیوں کی ایک رسم۔ جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو اس کے سر پر مقدس پانی کے چھینٹے ڈالتے ہیں تب اسے عیسائی مان لیا جاتا ہے)۔
— یَدَهُ بالعَمَلِ: مشغول ہونا۔
أَصْبَغَتِ النَّخْلَةُ: کھجوروں کا پکنا شروع ہونا
صَبَّغَتِ البُسْرَةُ: گدر کھجور کا پکنے لگنا۔
— الثَّوبَ: رنگنا، خوب رنگنا۔
اصْطَبَغَ بكذا: رنگا جانا، رنگ پکڑنا۔
— بِصِبْغَةِ فُلَانٍ: کسی کا رنگ ڈھنگ اختیار کرنا، رنگ میں رنگا جانا۔
اصْطَبَغَ بالإِدَامِ: سالن لگانا۔
تَصَبَّغَ فی دِینِهِ و بِدِینِهِ: اپنے مذہب کا پابند ہونا، مذہب پر سختی سے قائم ہونا
الأَصْبَغُ: بڑا سیلاب (۲) سفید دم کا پرندہ یا بکری (۳) وہ گھوڑا جس کی پیشانی یا اطراف جسم سفید ہوں۔ هی صَبْغَاءُ۔
الصِّبَاغُ: رنگ جس سے کپڑا وغیرہ رنگا جائے (۲) پتلا سالن۔
صِبَاغُ الدَّمِ: وہ مادہ جو خون کے رنگین ہونے کا سبب بنتا ہے (طب) ج: اَصْبِغَةٌ۔
الصِّبَاغَةُ: رنگائی کا پیشہ، رنگ ریزی۔
الصَّبَّاغُ: رنگ ریز، رنگائی کا کام کرنے والا (۲) جھوٹا مکار۔
الصِّبْغُ: رنگ (۲) سالن۔ قرآن پاک میں ہے: "و شَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُورِ سَیْنَاءَ تَنْبُتُ بِالدُّهْنِ و صِبْغٍ لِلْآكِلِینَ" (۳) رنگا ہوا ج: اَصْبَاغٌ۔
الصَّبْغُ بِأَصْبَاغٍ عَقْلِیَّةٍ: عقلی رنگ میں رنگنا
الصِّبْغَةُ: رنگ (جس سے رنگا جائے) رنگنے کے بعد کی شکل (رنگ) (۲) طرز، شکل
صِبْغَةُ اللّٰهِ: وہ فطرت جس پر خدا نے لوگوں کو پیدا کیا ہے (۲) اللہ کا مقرر کردہ دین قرآن پاک میں ہے: "صِبْغَةَ اللّٰهِ وَ مَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً" ج: صِبَغٌ۔
الصِّبْغَةُ الطَّائِفِیَّةُ: فرقہ وارانہ رنگ۔
المَصْبَغَةُ: رنگائی کا کارخانہ، رنگریزی کی دوکان ج: مَصَابِغُ۔
الصِّبْغِیُّ: وہ شکل جو مادہ خلیہ کے بیچ میں اختیار کرتا ہے ج: صِبْغِیَّاتٌ۔
•صَبَنَ عنه الهَدِیَّةَ و نَحْوَهَا ـِ صَبْنًا: کسی سے ہدیہ وغیرہ کو روک دینا
— المُقَامِرُ الكَعْبَیْنِ: جواری کا پانسہ کو ہاتھ میں لے کر پھینکنے کے لئے درست کرنا۔

پانسہ چوسر کی بازی میں ایک شش پہلو ٹکڑا جسے جواری باری باری دونوں ہاتھ میں گھما کر پھینکتے ہیں، وہ ایک قسم کا قرعہ ہے، اور اس کا مقصد دوسرے کو دھوکہ دینا ہوتا ہے۔
انصَبَنَ و اصطَبَنَ عنه: پھر جانا، لوٹ جانا
صَبَّنَ الثوبَ وغیرَہ: صابن سے دھونا
الصَّابُونُ: صابن۔ واحد: صَابُونَة۔ صابن کی ٹکیہ۔
الصَّبَّانُ: صابن ساز، صابن فروش۔
الصَّبَّانَةُ: صابن دانی۔
الصَّابُونِیُّ: صابن ساز یا صابن فروش۔
المَصْبَنَةُ: صابن کا کارخانہ ج: مَصَابِن
•صَبَا فُلَانٌ ـُ صَبْوًا و صَبْوَةً: کھیل کود کی طرف مائل ہونا، لڑکپن کی باتیں کرنا
ـــ الیه: مشتاق ہونا، دلچسپی لینا، مائل ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَإِلَّا تَصْرِفْ عَنِّي كَيْدَهُنَّ أَصْبُ إِلَيْهِنَّ۔"
ـــ الرِّیحُ: پروا ہوا چلنا (مشرقی سمت سے چلنا)
الصِّبَا: بچپن، کم سنی (۲) شوق۔
الصَّبِیُّ: بچہ جس کا ابھی دودھ چھڑایا گیا ہو۔ (اس کے بعد غلام کہلاتا ہے) (۲) تلوار وغیرہ کی دھار (۳) آنکھ کی پتلی (۴) ٹھوڑی کے قریب ڈاڑھی کا کنارہ (۵) پاؤں کا پنجہ ج: صِبْیَةٌ و صِبْیَانٌ (۶) مبتدی جسے کسی کام کی تربیت دی جائے۔
صِبْیَانُ المَطَرِ: چھوٹی چھوٹی بوندیں
صِبْیَانُ الجَلِیْدِ: جمی ہوئی برف کے چھوٹے چھوٹے دانے۔
صَبِیُّ المکتب: آفس بوائے۔
الصَّبِیَّةُ: بچی ج: صَبَایَا۔
الصِّبْیَانِیُّ: بچکانہ۔ فعلة صِبْیَانِیَّة: بچکانہ حرکت
صَبِیَ ـَ صَبًا و صَبَاءً: بچہ بننا، بچوں جیسی باتیں کرنا۔
صَبِیَ الیه: مائل ہونا، دلچسپی لینا۔
أَصْبَتِ المَرأَةُ: بچوں والی ہونا (نر ہوں یا مادہ) (۲) بہت اولاد والی ہونا۔
فهي مُصْبٍ و مُصْبِیَةٌ۔
ـــ الفَتَاةُ فُلانًا: نوجوان لڑکی کا کسی کو اپنی طرف مائل کرنا یا اس کے برعکس۔
صَابَی الشیءَ: جھکانا، ٹیڑھا کرنا۔ کہتے ہیں: صَابَی بناءَہُ و صَابَی رُمحَهُ
ـــ سَیفَهُ: تلوار کو میان میں الٹا رکھنا
ـــ السِّکِّینَ: چھری کو پلٹنا یعنی اس کے دستے کو کسی کی طرف کرنا۔ کہتے ہیں: صَابِ السِّکِّینَ: چھری کا دستہ میری طرف کر۔
ـــ الکلامَ: صحیح طریقہ پہ بات نہ کرنا، غلط طریقہ سے ادا کرنا۔
صَبَّی رَأسَهُ: زمین کی طرف جھکانا۔
تَصَابَی: بچہ بننا، بچوں جیسی باتیں کرنا، کھیل کود میں لگنا۔
ـــ المَرأَةَ: عورت کو اپنی طرف مائل کرنا۔
تَصَبَّی: تَصَابَی۔
استَصْبَاهُ: کسی سے بچوں جیسا برتاؤ کرنا۔
الصَّبَا: مشرق سے آنے والی ہوا، پروا ہوا ج: أَصْبَاءٌ و صَبَوات۔
الصَّبْوَةُ: بچپن۔

ص ـــ ت

•صَتَّهُ ـُ صَتًّا: زور سے دھکا دینا۔
ـــ بداهِیَةٍ: کسی پر مصیبت ڈالنا۔
ـــ الرَّجُلَ: چلانا۔
صَاتَّهُ مُصَاتَّةً و صِتَاتًا: کسی کے ساتھ جھگڑا کرنا۔
تَصَاتَّ القَومُ: باہم جھگڑا کرنا۔
الصَّتُّ و الصُّتَّةُ: بھیڑ، مجمع۔
الصِّتُّ و الصُّتَّةُ: ضد، ہٹ۔
الصِّتْتُ: درپے۔ هو بِصِتَّتِهِ: وہ اس کے درپے ہے۔
الصَّتِیتُ: شور وغل، بھیڑ، مجمع۔
المُصْتَئِتُ: اپنے کاموں میں مستعد۔
•صَتَعَ فلانًا ـَ صَتْعًا: پچھاڑنا۔
صَتَعَهُ و لَه: قصد کرنا۔
تَصَتَّعَ: متردد ہونا۔
•صَتَمَ ـِ صَتْمًا: مکمل کرنا۔

ص ـــ ج

•صَجَّ الحَدِیدَ ـُ صَجًّا: لوہے پر لوہا مار کر آواز پیدا کرنا۔
الصُّجُجُ و الصَّجِیجُ: لوہے کی جھنکار۔

ص ـــ ح

•صَحِبَهُ ـَ صَحَابَةً و صُحْبَةً: ساتھ ہونا، ساتھ رہنا، ساتھ لگنا، ہمراہ ہونا
أَصْحَبَ فُلانٌ: دوستوں والا ہونا، دوست بنانا، کسی کے بیٹے کا بڑا ہو کر ساتھ رہنا۔ (۲) خلل دماغی سے خود بولتے رہنا۔
ـــ لَهُ: فرماں بردار ہونا، پیروکار ہونا۔
ـــ فُلانًا: ساتھی بنانا، دوست بنانا۔
ـــ فُلانًا الشیءَ: کسی کو کسی شے کا مالک بنانا۔
ـــ عن کذا: روکنا، منع کرنا۔
ـــ الماءُ: پانی کا کائی والا ہونا۔
صَاحَبَهُ مُصَاحَبَةً و صِحَابًا: ہم صحبت ہونا، ساتھ رہنا، صحبت اختیار کرنا۔
اصْطَحَبَ فُلانًا: ساتھی بنانا۔
ـــ القَومُ: ایک دوسرے کے ساتھ ہونا۔
ـــ الشیءَ: کوئی چیز اپنے ساتھ لینا۔
تَصَاحَبَا: باہم دوست اور ساتھی ہونا، ایک دوسرے کے ساتھ رہنا۔

اِسْتَصْحَبَ الشَّیْءَ: اپنے ساتھ رکھنا۔
اِسْتَصْحَبَهُ الشَّیْءَ: کسی سے کوئی چیز اپنے ساتھ رکھنے کو کہنا۔
ــــ فُلَانًا: ساتھی بنانا، ساتھی بننے کی دعوت دینا، ساتھ رکھنا، ساتھ رہنے کو کہنا۔
الصَّاحِبُ: ساتھی، ہمراہی (۲) مالک (۳) حاکم اور منتظم۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمَا جَعَلْنَا أَصْحَابَ النَّارِ إِلَّا مَلَائِكَةً" (۴) کسی مسلک کا متبع۔ جیسے: صاحب ابی حنیفه و اصحابه ج: صَحْبٌ و اَصْحَابٌ و صِحَابٌ۔ یا صَاحِ: یا صَاحِبِی کا مخفف۔
صاحِبُ البلد: حاکم شہر۔
صاحِبُ العِزّة و صاحِبُ السعادة و صاحِبُ المعالی: عزت مآب، آنریبل تعظیمی لقب جو وزراء اور ان کے ہم منصبوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔
صاحب السعادة: سفراء کے لئے ہے۔
صاحب السموّ و صاحبُ السموّ الملکی: شاہزادوں اور والیان حکومت کے لئے تعظیمی لقب۔
صاحِبُ العظمة و صاحب الجلالة: بادشاہ کا تعظیمی لقب۔
صاحب الفَخَامَة: صدر مملکت کا لقب۔
صَاحِبُ الامتیاز: لائسنس دار (۲) رعایت یافتہ
صاحِبُ الحِرْفَة: پیشہ ور۔
صاحِبُ الحِصَّة: شریک، حصہ دار۔
صاحِبُ رأس مالٍ: مالک، سرمایہ دار۔
صاحِبُ الرُّخصة: لائسنس بردار، پرمٹ یافتہ (۲) شرعاً جسے رخصت حاصل ہو۔ جیسے نماز میں قصر۔
صاحِبُ صَنْعَةٍ یَدَوِیَّة: دست کار۔
صاحِبُ عَطَاء: (فی المَزَاد) نیلامی کی قیمت دینے والا۔
صاحِبُ العَمَل: مالک کاروبار، کارخانہ دار

صاحِبُ الدَّیْن: قرض خواہ جس کا قرض دوسرے کے ذمہ واجب ہو۔
صاحِبُ المَبْدَأ: بااصول آدمی مخصوص نظریہ رکھنے والا آدمی۔
صاحِبُ محلّ بیع الصُّحُف: نیوز پیپر ایجنٹ
صاحِبُ مَعَاشٍ: پنشنر، پنشن یافتہ
الصَّاحِبَةُ: مؤنث الصَّاحِب (۲) بیوی قرآن پاک میں ہے: "وَأَنَّهُ تَعَالَىٰ جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَلَا وَلَدًا"
الصَّحَابِیُّ: وہ شخص جس کی ملاقات بحالت ایمان نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوئی ہو اور خاتمہ اسلام پر ہوا ہو ج: صَحَابَةٌ
الصُّحْبَةُ: ساتھ، دوستی، تعلق۔
اَصْحَابٌ شَرْعِیُّون: جائز ورثا
المِصْحَابُ: بڑا مطیع و فرماں بردار۔
المُصْحَبُ: وہ لکڑی جس کی چھال نہ اتاری گئی ہو (۲) وہ کھال جس کے بال نہ صاف کئے گئے ہوں (۳) کھجور جس کی گٹھلی نہ نکالی گئی ہو۔
المَصْحُوبُ: ساتھ جس کے ساتھ کوئی لگا ہوا ہو۔
المَصْحُوبُ بفلانٍ: کسی کے ہمراہ، کسی سے وابستہ۔
مَصْحُوبًا بکذا: فلاں چیز کے ساتھ منسلک نتھی ہوکر۔
المُصَاحِبُ: ہمراہی، ساتھی۔
• صَحَّ الشَّیْءُ ــِ صُحًّا و صِحَّةً و صَحَاحًا: بیماری یا عیب یا شک یا غلطی سے پاک و بری ہونا، بیمار کا تندرست ہونا خبر کا صحیح ہونا، نماز کا صحیح ہونا (خلل سے پاک ہونا) گواہی کا صحیح ہونا (فریب سے پاک ہونا) صحیح ہونا، درست ہونا، ٹھیک ہونا، تندرست ہونا۔ هو صَحِیحٌ ج: صِحَاحٌ۔

(اس میں ذوی العقول اور دیگر سب شامل ہیں) اَصِحَّاءُ (صرف ذوی العقول کے لئے) هی صَحِیحَة ج: صِحَاحٌ و صَحَائِحُ۔
صَحَّ له عَلَیٰ فُلَانٍ کذا: کسی کے ذمہ کسی کی کوئی چیز ثابت ہونا۔
أَصَحَّ الرَّجُلُ: صحت مند ہونا، ٹھیک ہونا۔
ــــ اللّٰهُ فلانًا: ٹھیک کرنا، تندرست کرنا
صَحَّحَهُ: صحیح کرنا، درست کرنا، غلطی دور کرنا (۲) بیماری دور کرنا، تندرستی عطا کرنا (۳) صحیح قرار دینا۔
ــــ الخَبَرَ: خبر کی تصدیق کرنا۔
تَصَحَّحَ بالدواءِ: علاج کرنا (خود کوئی دوا وغیرہ استعمال کرنا)۔
اِسْتَصَحَّ من عِلَّته: شفایاب ہونا، بیماری سے اچھا ہونا۔
ــــ الشَّیْءَ: ٹھیک پانا۔
الاِصْحَاحُ: کتاب کا ایک حصہ۔
التصحیح: اصلاح، درستگی، ترتیب۔
الصَّحَاحُ: ٹھیک، درست (۲) دشوار راستہ
الصِّحَّةُ: تندرستی، درستی، اصلاح (۲) حقیقت سچائی (۳) جواز (۴) فقہ کی اصطلاح میں عبادات میں فعل کا قضاء کو ساقط کرنے والا ہونا یا معاملات میں فعل کا مطلوبہ ثمرہ مرتب ہونے کا سبب بننا، اس کا مقابل بُطْلَان ہے۔
الصِّحِّیُّ: صحت افزا، صحت سے متعلق۔
الصَّحِیحُ: بیماری اور عیب سے پاک، تندرست، بےعیب، غلطی سے پاک۔
ــــ من الاقوال: قابل اعتماد قول۔
ــــ من اَحادیث الرسول صلی اللہ علیه وسلم: وہ حدیث مرفوع متصل ہے جو علت وشذوذ سے پاک اور ایسے راویوں سے منقول ہو جن کا عدل اور حدیث کی تحقیق وادا میں ضبط مسلم ہو۔

المَصَحُّ : صحت افزا مقام ۔
المَصَحَّةُ : ذریعۂ صحت ۔ کہتے ہیں: الصَّومُ مَصَحَّةٌ ۔ والسفر مصحّة ۔ الأرضُ
المَصِحَّةُ : بیماری اور وبا سے پاک و صاف جگہ (۲) ہسپتال ۔
المُصَحِّحُ : تصحیح کنندہ، اصلاح کنندہ ۔
مُصَحِّحُ مُسَوَّدات : پروف ریڈر ۔
• صَحَرَ الطَّعامَ ـَ صَحْرًا : پکانا ۔
ــــ الشَّمْسُ فلانًا : دھوپ کا دماغ کو تکلیف دینا ۔
صَحِرَ ـَ صَحَرًا و صُحْرَةً : سرخی مائل رنگ ہونا ۔ هو أصحرُ وهي صَحْراء
صَحَرَ ـَ صُحارًا : گدھے کا رینکنا ۔
أَصْحَرَ القومُ : جنگل میں نکلنا، جانا ۔
ــــ المَكانُ : جگہ کا کشادہ ہونا ۔
ــــ الأمرَ و بالأمرِ : ظاہر کرنا ۔
صاحَرَ قِرْنَهُ : مقابل کو دھوکہ نہ دینا ۔
اصْحَرَّ : صَحِرَ ۔
الصِّحارُ : أبرزَ له الأمرَ صِحارًا : کسی کے سامنے کوئی بات ظاہر کرنا ۔
الصَّحْراءُ : بیابان، جنگل (کھلا کشادہ میدان جہاں پانی نہ ہو) ج: الصَّحارَى ۔
الصَّحِيرُ : گدھے کی آواز ۔
الصَّحِيرَةُ : دودھ اور گھی کی بنی ہوئی غذا (کبھی اس میں کچھ آٹا بھی ملا دیا جاتا ہے)
الصَّحَرُ و الصُّحْرَةُ : سرخی مائل خاکی رنگ
صَحْرَةً : علی الاعلان، کھلم کھلا ۔
المُصاحِرُ : جنگل میں لڑائی کے دوران مقابل کو دھوکہ دینے والا
المُصْحِرُ : شیر ۔
• صَحْصَحَ الأمرُ : ظاہر ہونا ۔
الصَّحْصاحُ و الصَّحْصَحُ : ہموار میدان ج: صَحاصِحُ ۔ الــتُّرَّهات
الصَّحاصِحُ : خرافات ۔
الصُّحْصُحُ و الصُّحْصُوحُ : باریک بیں ۔
المُصَحْصِحُ : سچی محبت رکھنے والا ۔

• أَصْحَفَ الكتابَ : لکھے ہوئے اوراق یکجا کرنا ۔
صَحَّفَ الكلمةَ : حروف میں اشتباہ کی وجہ سے غلط پڑھنا یا غلط لکھنا، اس کی وضع سے ہٹانا ۔
تَصَحَّفَتِ الكلمةُ او الصَّحيفةُ : لفظ کا پڑھنے میں غلط ہو جانا، اصل سے ہٹنا ۔
الصِّحافَةُ : اخبار نویسی، جرنلزم ۔
الصِّحافِيُّ : اخبار نویس، جرنلسٹ ۔
الصَّحّافُ : پلیٹیں (رکابی) بنانے یا بیچنے والا (پلیٹ کھانا کھانے کا پھیلا ہوا برتن) (۲) اخبار فروش، نیوز مین ۔
الصَّحْفَةُ : پلیٹ، رکابی ج: صِحاف ۔
صِحاف : پانی کے چھوٹے چشمے ۔
الصَّحَفِيُّ : اخبار نویس، جرنلسٹ (۲) استاذ کے بغیر صحیفہ سے علم حاصل کرنے والا کتابی عالم ۔
الصَّحِيفَةُ : اخبار (۲) لکھا ہوا کاغذ وغیرہ یا کاغذ وغیرہ پر لکھا ہوا مضمون قرآن پاک میں ہے: "إنَّ هذا لَفِي الصُّحُفِ الأُولى صُحُفِ إبراهيمَ وموسى" ج: صُحُفٌ و صَحائِفُ ۔
صَحِيفَةُ الوَجْه : چہرے کی سطح، اوپری کھال ج: صَحِيفٌ ۔
الصَّحيفة اليوميّة : روزنامہ ۔
المُصْحَفُ : لکھے ہوئے اوراق کا مجموعہ، اغلب استعمال بمعنی قرآن پاک ہے ج: مَصاحِف ۔
المُصْحَفُ الشريف : قرآن کریم ۔
المُصَحِّف : پڑھنے یا لکھنے میں ایسی غلطی کرنے والا جس سے لفظ اپنی اصل سے ہٹ جائے، بگاڑ کر پڑھنے والا ۔
المُصَحَّفُ : تبدیل شدہ، اصل وضع سے ہٹا ہوا ۔

• صَحِلَ فُلانٌ ـَ صَحَلاً : بیٹھی ہوئی آواز والا ہونا ۔ صَحِلَ صَوتُهُ : اس کی آواز بیٹھ گئی ۔ هو صَحِلٌ و هي صَحِلَةٌ ۔ و هو أصْحَلُ ۔ و هي صَحْلاءُ ج: صُحْلٌ ۔
• صحم : اصطَحَمَ الرجلُ : سیدھا کھڑا ہونا ۔
اصْحامَّ اصْحِيمامًا : پودے کا ہرا ہونا، سبزی کا زردی مائل ہونا (۲) کھیتی کا سرکی سے متاثر ہونا، خشک ہو جانا ۔
أَصْحَمُ : زرد و ہرا ۔ هي صَحْماءُ ۔
• صَحَنَهُ ـَ صَحْنًا : مارنا ۔ صَحَنَه برِجْلِه : لات مارنا ۔
الصَّحْنُ : طباق، بڑی گہری رکابی، بڑا پیالہ ج: أَصْحُنٌ و صِحانٌ و صُحُونٌ (۲) گھر کا اندرونی کھلا حصہ (۳) گھر کا صحن، کھلی اور کشادہ جگہ جہاں درخت نہ ہوں ج: صُحُون ۔
صَحْنُ الأُذُن : کان کا اندرونی حصہ ج: أَصْحان ۔
الصَّحْنانِ : جھانجھ ۔ دو پلیٹیں ایک دوسرے پر مار کر بجائی جاتی ہیں ۔
الصَّحْناءُ : چھوٹی مچھلی کا سالن ۔
الصِّحْناةُ : الصَّحْناء ۔
الصَّحُونُ : بہت لاتیں مارنے والا گھوڑا ۔
المِصْحَنَةُ : پیالہ (بادیہ نما) ۔
• صَحا النائِمُ ـُ صَحْوًا : جاگنا ۔
ــــ السَّكْرانُ : نشہ والے کا ہوش میں آنا ۔
ــــ القَلْبُ : دل بیدار ہونا، عقل آ جانا (عشق وغفلت کا زائل ہونا) ۔
ــــ السَّماءُ : آسمان کھلنا (بادل نہ رہنا) ۔
ــــ اليومُ : دن کا کھلا ہوا ہونا (سورج نکلا ہوا ہونا اور سردی کم ہونا) ۔
أَصْحَى : صَحا (۲) دھوپ والے دن میں ہونا بے بادل کے دن میں ہونا ۔

أَصْحیٰ فُلَانًا: جگانا، ہوش میں لانا (بیہوشی دور کرنا، نشہ اتارنا)۔
الصَّاحِی: کھلا ہوا، صاف، بیدار۔
الصَّحْوُ: صاف (بے بادل) یَوْمٌ صَحْوٌ و سَمَاءٌ صَحْوٌ۔
الصَّحْوَۃُ: بیداری، ہوش۔
الصَّحْوَۃُ الفِکْرِیَّۃُ: فکری بیداری
المِصْحَاۃُ: پینے کا چاندی کا برتن ج: مَصَاحٍ
المَصْحَاۃُ: ہوش میں لانے کا ذریعہ، نشہ وغفلت دور کرنے والی چیز۔

ص ـــ خ

• صَخِبَ الجَمْعُ ـَ صَخَبًا: مجمع میں شور وغل ہونا، ہنگامہ ہونا۔
ـــ فُلَانٌ: چیخنا، شور مچانا۔
ـــ البَحْرُ: سمندر میں تلاطم ہونا، موجیں مارنا۔ هو صاخِبٌ و صَخِبٌ و صَخَّابٌ و هی صاخبة۔ وهو و هی صَخُوبٌ۔
صَاخَبَہٗ: شور وشغب میں مقابلہ کرنا۔
اصْطَخَبَ القَوْمُ: لوگوں کا ایک دوسرے کے خلاف ہنگامہ کرنا، مار پٹائی کرنا۔
ـــ المَوْجُ: موج کی آواز آنا۔
تَصَاخَبَ: اصْطَخَبَ۔
الصَّخَبُ: شور وغل، ہنگامہ۔
الصَّاخِبُ: ہنگامہ خیز، ٹھاٹھیں مارتا ہوا۔ الجَمْعُ الصَّاخِبُ و البَحْرُ الصَّاخِبُ۔
• صَخَّ الحَجَرُ ـِ صَخًّا و صَخِیْخًا: پتھر کی آواز نکلنا۔
ـــ فُلَانًا ـُ صَخًّا: کان پر مار کر بہرا کر دینا
صَخَّ سَمْعَہٗ و صَخَّ الصَّوْتُ أُذُنَہٗ: بہرا کر دینا۔
ـــ الصُّلْبَ علی الصُّلْبِ: ٹھوس چیز کو ٹھوس چیز پر مار کر آواز پیدا کرنا۔
أَصَخَّ سَمْعَہٗ: کان بہرا کر دینا۔
ـــ أُذُنَہٗ للحدیث: بات سننے کیلئے کان لگانا۔
الصَّاخَّۃُ: کانوں کو بہرا کر دینے والی خوفناک آواز (۲) روز قیامت پیدا ہونے والی خوفناک آواز چیخ، صورِ قیامت۔ قرآن پاک میں ہے: "فاذا جاءت الصَّاخَّۃُ یَوْمَ یَفِرُّ المَرْءُ مِنْ اَخِیْہِ"۔
الصَّخَّۃُ: پتھر کے ٹکرانے کی آواز۔
الصَّخِیْخُ: الصَّخَّۃُ۔
• صَخَدَ الیَوْمُ ـَ صَخَدَانًا: سخت گرمی والا ہونا۔
ـــ الشَّمْسُ الشَّیْءَ و الاِنْسَانَ صَخْدًا: دھوپ کا جلا ڈالنا، دھوپ لگنا۔ صَخَدَہٗ الحَرُّ: اسے گرمی نے جلا ڈالا۔
صَخِدَ الیَوْمُ ـَ صَخَدًا: دن کا سخت گرمی والا ہونا۔ فالیوم صاخِدٌ
أَصْخَدَ فُلَانٌ: سخت گرمی لگنا۔
اصْطَخَدَ الحِرْبَاءُ: گرگٹ کا دھوپ کھانا۔
الصَّاخِدَۃُ: دوپہر، دوپہر کی گرمی۔
الصَّیْخُوْدُ: صَخْرٌ صَیْخُوْدٌ: سخت ترین چٹان (جس پر کدال اثر انداز نہ ہو)
صیاخیدُ الحرّ: گرمی کی شدت
المَصْخَدَۃُ: دوپہر۔ دوپہر کی گرمی۔ ج: مَصَاخِد۔
• صَخِرَ المکانُ ـَ صَخَرًا: کسی جگہ کا بہت چٹانوں والی ہونا، پتھریلی ہونا۔ هو صَخِرٌ و هی صَخِرَۃ۔
أَصْخَرَ المَکَانُ: صَخِرَ۔
الصَّاخِرُ: لوہے کے لوہے پر لگنے کی آواز۔
الصَّاخِرَۃُ: پانی پینے کا مٹی کا برتن۔
الصَّخِرُ: پتھریلا۔ اَرْضٌ صَخِرَۃ: پتھریلی زمین
الصَّخْرَۃُ: پتھر کی چٹان ج: صَخْرٌ و صُخُوْرٌ
عِلْمُ الصَّخْرِ: چٹانوں کی اجزائی ترکیب اور ان کے طبعی خصائص وغیرہ کا علم۔
الصَّخْرِیُّ: چٹانوں سے متعلق (۲) پتھریلا، چٹانوں والا۔
صَخْرُ الوَجْہِ: بےحیا۔
فلانٌ صَخْرَۃُ الوادی: فلاں بہت مستقل مزاج ہے۔
• صَخَفَ الاَرْضَ ـَ صَخْفًا: زمین کھودنا
المِصْخَفَۃُ: کدال، پھاوڑا ج: مَصَاخِف
• صَخَمَتْہُ الشَّمْسُ ـَ صَخْمًا: دھوپ کا کسی کو جھلس دینا۔
اصْطَخَمَ الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا۔
• صَخِیَ الثَّوْبُ ـَ صَخًا: میلا ہونا۔ هو صَخٍ۔
الصَّخَاۃُ: میل کچیل (۲) ایک قسم کی سبزی۔

ص ـــ د

• صَدِئَ الحَدِیْدُ و نَحْوُہٗ ـَ صَدَأً: زنگ آلود ہونا۔ صَدِئَتْ یَدُہٗ من الحدید: ہاتھ پر لوہے کا زنگ لگنا۔
ـــ فُلَانٌ: سست اور ڈھیلا ہونا، گمنام ہونا (۲) قابل ملامت ہونا۔ هو صَدِیْءٌ۔
ـــ القَلْبُ: دل سیاہ ہونا، مردہ ہونا۔
ـــ اللَّوْنُ: سیاہی مائل سرخ ہونا، زنگ جیسا ہو جانا۔ هو اَصْدَأُ و هی صَدْآءُ ج: صُدْءٌ۔
أَصْدَأَ الحَدِیْدَ و نَحْوَہٗ: زنگ آلود کرنا، زنگ لگانا۔
الصَّدَأُ: زنگ (۲) پھپھوندی۔
الصَّدْآءُ: الکتیبۃ الصَّدْآءُ: زنگ کے رنگ کی زرہیں پہنے ہوئے فوجی گھوڑ سوار۔
• صَدَحَ الطَّائِرُ ـَ صَدْحًا و صُدَاحًا:

پرندہ کا چہچہانا، گانا گانا۔ صَدَحَت المُغَنِّيَةُ: مغنیہ نے پرکیف نغمہ سرائی کی، مست بنا دیا۔
صَدَحَ المِزْهَرُ: نغمہ نکالنا۔
هو صَادِحٌ و هي صَادِحَة وهو وهي صَدُوحٌ و مِصْدَحٌ۔
الصَّدَحُ: پتھریلا ٹیلہ ج: صِدْحَانٌ (۲) علم (۳) خالی مکان۔
الصُّدْحَةُ: تعویذ کے طور پر استعمال کیا جانے والا منکا یا مہرہ۔
الصَّيْدَاحُ: خوش گلو نغمہ سرا۔
الصَّيْدَحُ: الصَّيْدَاحُ۔
• صَدَّ عنه ـُ صَدًّا و صُدُودًا: منہ پھیرنا (۲) رکنا، باز رہنا، ہٹنا۔
ــــ منه ـِ صَدًّا: چلانا، شور مچاتے ہوئے ہٹ جانا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا اذا قَوْمُكَ منه يَصِدُّونَ"
ــــ فُلَانًا عن كذا ـُ صَدًّا: روکنا، باز رکھنا، ہٹانا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيلِ" هو صَادٌّ ج: صُدَّادٌ۔ هي صَادَّةٌ ج: صَوَادُّ۔
أَصَدَّ الجُرْحُ: زخم میں پیپ پڑنا۔
ــــ فُلَانًا عن كذا: روکنا۔
صَدَّدَ الجُرْحُ: پیپ پڑنا۔
الصَّدُّ: فراق، جدائی (۲) کنارہ، پہلو (۳) پہاڑ کی گھاٹی میں پانی کا نالہ۔
الصَّدَدُ: گوشہ، کنارہ (۲) قصد و ارادہ (۳) مقابل جیسے: هَذِهِ الدَّارُ صَدَدَ هَذِهِ و بِصَدَدِهَا۔ کہاوت ہے: لا حَدَدَ لي دُونَهُ ولا صَدَدَ میرے لئے کوئی مانع نہیں۔
هو بِصَدَدِ كذا: وہ اس کے در پے ہے، اس کی راہ پر ہے۔

بِصَدَدِ كذا: بسلسلہ، درباره۔
بِهذا الصَّدَدِ: اس سلسلہ میں، اس بارہ میں۔
الصَّدِيدُ: کچ لہو، خون ملی پیپ۔ دوزخیوں کی شراب کو اسی سے تشبیہ دی گئی ہے۔ ارشاد باری ہے: "وَيُسْقَى مِنْ مَّاءٍ صَدِيدٍ"
صَدِيدُ الفِضَّةِ: پگھلی ہوئی چاندی۔
الصِّدَادُ: پردہ ج: أَصِدَّةٌ۔
الصَّدُودُ: روکنے والا، مانع (۲) چھوٹی کرتی۔
الصُّدَّادُ: سانپ، چھپکلی (۲) پانی کی طرف جانے والا راستہ۔
• صَدَرَ الأَمْرُ ـُ صَدْرًا و صُدُورًا: معاملہ وقوع پذیر ہونا (۲) حکم جاری ہونا، صادر ہونا۔
ــــ الشَّيْءُ عن غَيْرِهِ: پیدا ہونا، ظہور پذیر ہونا، نکلنا۔ فُلَانٌ يَصْدُرُ عن كذا: فلاں اس چیز سے مدد لیتا ہے۔
ــــ عن المَكَانِ او الوِرْدِ صَدْرًا و صَدَرًا: کسی جگہ یا حوض سے واپس ہونا، لوٹنا۔
ــــ الى المَكَانِ: پہنچنا۔
ــــ فُلَانًا: لوٹانا، واپس کرنا۔
ــــ صَدْرَهُ: سینہ پر مارنا۔
صَدَرَت الصَّحِيفَة و نَحْوُهَا عن مَكَان كذا: کسی جگہ سے اخبار یا رسالہ نکلنا۔
صُدِرَ صَدْرًا: سینہ میں درد ہونا۔ هو مَصْدُورٌ۔
أَصْدَرَ الأَمْرَ: حکم جاری کرنا، صادر کرنا۔
ــــ الحُكْمَ: فیصلہ صادر کرنا۔
ــــ الجَرِيدَةَ: اخبار نکالنا۔
ــــ الكِتَابَ: کتاب شائع کرنا۔

أَصْدَرَ قَانُونًا: قانون و ضابطہ جاری کرنا۔
ــــ التَّأْشِيرَةَ: ویزا جاری کرنا۔
ــــ الشَّيْءَ الى: روانہ کرنا۔
ــــ فُلَانًا عن الشَّيْءِ: روکنا۔
ــــ القَوْمَ: اپنے لوگوں کو شکم سیر کرنا۔ أَطْعَمَهُمْ حَتَّى أَصْدَرَهُمْ: ان کو خوب کھلا کر سیر کر دیا۔
ــــ الرِّعَاءُ دَوَابَّهُمْ: چرواہوں کا جانوروں کو پانی پلا کر واپس لانا۔ ارشاد باری ہے: "قَالَتَا لا نَسْقِي حَتَّى يُصْدِرَ الرِّعَاءُ" فُلَانٌ يُورِدُ ولا يُصْدِرُ: کام شروع کرتا ہے لیکن اسے پورا نہیں کرتا۔
صَادَرَهُ عَلَى كذا: اصرار کے ساتھ کسی چیز کا مطالبہ کرنا۔
ــــ الدَّوْلَةُ الأَمْوَالَ: حکومت کا کسی کے مال کو سزاً قبضہ میں کر لینا، چھاپہ مارنا، ضبط کرنا۔
صَدَّرَ الفَرَسُ: گھوڑے کا دوسرے گھوڑوں سے آگے نکل جانا۔
ــــ فُلَانًا: واپس کرنا (۲) آگے بڑھانا، پیش کرنا (۳) مجلس کے صدر مقام میں بٹھانا، صدر نشین بنانا۔
ــــ الكِتَابَ: کتاب کا مقدمہ (پیش لفظ) لکھنا۔
ــــ البِضَاعَةَ: مال باہر بھیجنا (اکسپورٹ کرنا)۔
تَصَدَّرَ الفَرَسُ: صَدَّرَ۔
ــــ فُلَانٌ: مجلس کے صدر مقام پر بیٹھنا، صدر نشین ہونا (۲) اپنے لوگوں سے آگے بڑھنا۔
ــــ قَائِمَةَ شَيْءٍ: سرفہرست ہونا۔
اِسْتَصْدَرَ الأَمْرَ: حکم جاری کرانا (۲) کسی معاملہ کو زیر عمل کرانا۔
الأَصْدَرُ: بڑے سینہ والا۔ الأَصْدَرَانِ:

کنپٹیوں کی دور گئیں ۔
الإِصْدَارُ : اشاعت، شائع شدہ کتاب وغیرہ ج: اصدارات مطبوعات ۔
التَّصْدِیر : باہر مال کی روانگی، اکسپورٹنگ (۲) کتاب کا پیش لفظ (۳) اخبار وغیرہ کا اداریہ ۔
الصَّادِرُ : واپس ہونے والا (ضد وارد) پانی پی کر لوٹنے والا (۲) جاری شدہ، نافذ (۳) باہر جانے والا مال ج: صَادِرات کہتے ہیں: مَالَهُ وَارِدٌ و لا صَادِرٌ: اس کے پاس کچھ نہیں ۔
طَرِیقٌ وَارِدٌ صَادِرٌ : بہت چالو راستہ، آمد و رفت والا راستہ ۔
الصَّادِرَاتُ : باہر بھیجا جانے والا ملکی سامان (اکسپورٹ کیا جانے والا سامان) برآمدات (ضد واردات و الإِسْتِیرَادَات)
الصِّدَارُ : صدری، واسکٹ (۲) اونٹ کے سینہ کا نشان ۔
الصَّدَارَةُ : صدارت، سرداری، اعلیٰ مقام اولین حیثیت ۔ فُلانٌ لَهُ الصَّدَارَةُ فِي القَوم : فلاں کو اپنی قوم میں اولین رتبہ حاصل ہے (۲) نحویوں کے نزدیک کسی کلمہ کا ابتدائے کلام میں واقع ہونے کے ساتھ خاص ہونا ۔ جیسے: اسمائے استفہام کہ وہ شروع کلام کیلئے خاص ہیں (۳) وزارتِ عظمیٰ (سابق استعمال) ۔
الصَّدْرُ : ہر چیز کا سامنے والا حصہ، پہلا اور ابتدائی حصہ ۔ جیسے: صَدْرُ الكِتَاب و صَدْرُ النَّهَار و صَدْرُ الأَمْر (۲) کسی شے کا کچھ حصہ، ٹکڑا (۳) قوم کا سردار (۴) انسان کا سینہ (گردن کے نیچے سے جوف تک) (۵) دل ۔ قرآن پاک میں ہے: "قُلْ إِنْ تُخْفُوا مَا فِي صُدُورِكُمْ أَوْ تُبْدُوهُ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ" ج: صُدُورٌ (۶) مجلس کی نمایاں جگہ ۔
الصَّدْرُ الأَعْظَمُ : وزیر اعظم (سابق استعمال) ۔
الصَّدْرُ الأَوَّلُ : ابتدائی دور ۔
ذَاتُ الصَّدْرِ : سینہ کی بیماری، درد (۲) راز ۔
ذَاتُ الصُّدُورِ : دل کی چھپی باتیں راز ہائے درون ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاللّٰهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ"
رَحْبُ الصَّدْرِ : وسیع الظرف (۲) فراخ دلی ۔
بِصَدْرٍ رَحْبٍ : کشادہ دلی سے، فراخ دلی سے ۔
مُنْقَبِضُ الصَّدْرِ : تنگ دل ۔
بَنَاتُ الصَّدْرِ : ہموم و افکار ۔
الصَّدَرُ : پانی سے واپسی (۲) واپسی ۔
يَوْمُ الصَّدَرِ : ایام نحر کا چوتھا دن (وجہ تسمیہ یہ ہے کہ اس روز حجاج مکہ سے روانہ ہوتے ہیں)
الصُّدْرَةُ : سینہ (۲) صدری، واسکٹ (۳) چھوٹی زرہ ج: صُدَرٌ ۔
الصَّدْرِيَّةُ و صُدَيْرِيَّةُ الثَّدْيَيْنِ : عورتوں کا سینہ بند ۔
الصَّدِيرَةُ : وادی کا بالائی حصہ، سامنے کا حصہ ج: صَدَائِرُ ۔
الصُّدَيْرِيُّ : صدری ۔
الصُّدُورُ : اجراء، نفاذ (۲) روانگی ۔
المَصْدَرُ : سرچشمہ، اصل، جڑ، کسی شے کے نکلنے اور جاری ہونے کی جگہ (۲) ذریعہ ۔ علماء لغت کے نزدیک وہ شکل اسم جو حدث پر دلالت کرے (کسی کام کے ہونے یا کرنے پر دلالت کرے) اور اس سے دیگر افعال و اسماء بنائے جائیں) ۔
المَصَادِرُ : ذرائع (۲) مآخذ (۳) حلقے ۔
مَصَادِرُ الإِبْلاغ : ذرائع ابلاغ ۔
مَصَادِرُ الإِيرَاد : ذرائع آمدنی ۔
المَصَادِرُ الرَّئِيسِيَّةُ : بنیادی ذرائع ۔
مَصَادِرُ المُخَابَرَات : ذرائع سراغ رسانی
المَصَادِرُ العَلِيمَةُ : باخبر حلقے ۔
المَصَادِرُ وَثِيقَةُ الصِّلَةِ بِفُلانٍ : کسی سے قریبی تعلق رکھنے والے حلقے ۔
المَصَادِرُ المَوْثُوقُ بِهَا : باوثوق ذرائع
المُصَادَرَةُ : ضبطی مال و جائداد، چھاپہ، پکڑ
المُصَدِّرُ : (التَّاجِرُ المُصَدِّرُ) اکسپورٹر باہر مال بھیجنے والا تاجر ۔
المُصَادِرُ : ضبط کنندہ ۔
المُصَدَّرُ : رَجُلٌ مُصَدَّرٌ : سخت و مضبوط سینہ والا (۲) آگے بڑھنے والا گھوڑا (۳) شیر (۴) بھیڑیا ۔
المَصْدُورُ : سل کا مریض ۔
• صَدْصَدَ المُنْخُلَ و نَحْوَهُ : چھلنی کو چھاننے کے لئے دونوں ہاتھوں سے ہلانا ۔
• صَدَعَ النَّبَاتُ الأَرْضَ ـَ صَدْعًا : پودے کا زمین کو پھاڑ کر نکلنا ۔
ـــ الزُّجَاجَ و نَحْوَهُ : توڑنا ۔
ـــ المُسَافِرُ الفَلاةَ : بیابان کو طے کرنا، پار کرنا ۔
ـــ القَوْمَ : منتشر کرنا ۔
ـــ الأَمْرَ و بِهِ : اظہار کرنا، اعلان کرنا ۔ قرآن پاک میں ہے: "فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ"
ـــ بِالحَقِّ : اقرار و اعلان حق کرنا ۔
ـــ الشَّيءَ : پھاڑنا، دراڑ پیدا کرنا ۔
ـــ فُلانًا عن كذا : روکنا ۔
ـــ فِي الأَمْرِ : کام کو کر گزرنا ۔
ـــ اللَّيْلَ : رات میں چلنا ۔
صُدِعَ : درد سر میں مبتلا ہونا ۔ هُوَ مَصْدُوعٌ

صَدَّغَهُ تَصْدِيغًا و تَصْدَاعًا : سخت دردِ سر میں مبتلا کرنا، دردِ سری بننا، تکلیف و پریشانی کا سبب بننا۔
صُدِّعَ: صُدِعَ۔ قرآن پاک میں ہے: "لَا يُصَدَّعُونَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُونَ"
تَصَدَّعَ: پھٹنا (لیکن الگ نہ ہونا)، جگہ جگہ سے پھٹنا، شگاف پڑنا، دراڑ پڑنا۔
تَصَدَّعَتِ الْأَرْضُ بِالنَّبَاتِ:
تَصَدَّعَتِ الْأَرْضُ بِفُلَانٍ: فلاں کو زمین نگل گئی۔
— القَوْمُ: لوگوں میں اختلاف و انتشار پیدا ہونا۔
اِنْصَدَعَ: مطاوع صَدَعَ: پھٹ جانا
— الصُّبْحُ: صبح کی روشنی نمودار ہونا۔
الصَّادِعُ: لمبائی میں پھیلا ہوا پہاڑ۔ صُبْحٌ صَادِعٌ: روشن صبح (۲) قاضی، قوم کے معاملات کا فیصلہ کرنے والا۔
التَّصَدُّعُ: چٹانوں کی زور و قوت کے ساتھ شکستگی۔
الصُّدَاعُ: دردِ سر۔
الصَّدْعُ: ٹھوس چیز میں دراڑ، شگاف، قرآن پاک میں ہے: "وَالْأَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ" (۲) دراڑ، پھٹن ج: صُدُوعٌ۔
الصَّدْعُ: چھریرے بدن کا آدمی۔
الصَّدْعَةُ: پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ (۲) مویشی کا ریوڑ ج: صِدَعٌ۔
الصَّدَعَاتُ: اختلاف۔
الصَّدِيعُ: المَصْدُوعُ (۲) پھٹی (اور جڑی ہوئی) چیز کا آدھا۔
المَصْدَعُ: سخت زمین (۲) نرم راستہ ج: مَصَادِعُ۔
المِصْدَعُ: خَطِيبٌ مِصْدَعٌ: بلیغ مقرر
المَصْدُوعُ: دردِ سر کا مریض (۲) پھٹا ہوا۔
• صَدَغَ الى الشيءِ ـُ صُدُوغًا: مائل ہونا۔

صَدَغَ عن طَرِيقه: راستہ سے ہٹنا۔
— فُلَانًا ـَ صَدْغًا: کنپٹی پر مارنا۔
— البَعِيرَ و نَحْوَهُ: کنپٹی پر داغ لگانا
— فُلَانًا: سیدھا کرنا (کسی کی ٹیڑھ دور کرنا)۔
— فُلَانًا عن الأَمْرِ: کسی بات سے ہٹانا۔
صَدُغَ ـُ صَدَاغَةً: کمزور ہونا۔
هو صَدِيغٌ و هي صَدِيغَةٌ۔
صَادَغَهُ: کسی کے ساتھ کنپٹی سے کنپٹی ملا کر مقابلہ کرتے ہوئے چلنا۔
تَصَدَّغَ: کنپٹی کے لئے تکیہ بنانا۔
الأَصْدَغَانِ: کنپٹی کے نیچے کی دو رگیں۔
الصِّدَاغُ: کنپٹی پر لمبا نشان۔
الصُّدْغُ: کنپٹی (۲) کنپٹی کے بال ج: أَصْدَاغٌ و أَصْدُغٌ۔
الصَّدَغُ: ٹیڑھاپن (۲) کجی۔
الصَّدِيغُ: کمزور و ناتواں۔
المِصْدَغَةُ: تکیہ ج: مَصَادِغُ۔
• صَدَفَ عنه ـِ صَدْفًا و صُدُوفًا: ہٹنا، باز رہنا، اعراض کرنا، پھر جانا
— فُلَانًا عن الشيءِ صَدْفًا: روکنا، باز رکھنا، ہٹانا، پھیرنا۔
صَدِفَ ـَ صَدَفًا: چلتے وقت ایک گھٹنے کا دوسرے گھٹنے کے سامنے آنے والا ہونا۔ هو أَصْدَفُ و هي صَدْفَاءُ ج: صُدْفٌ۔
أَصْدَفَهُ عن الشيءِ: ہٹانا، باز رکھنا
صَادَفَهُ: سامنے آجانا (۲) اتفاقاً یا اچانک ملنا۔
تَصَادَفَا: ایک دوسرے کے اچانک یا اتفاقاً سامنے آجانا۔
تَصَدَّفَ لَهُ: رکاوٹ بننا، آڑے آنا۔
— عنه: پھرنا، اعراض کرنا۔
الأَصْدَافُ: سمندر کی موجیں۔

الصُّدَافُ الشِّدْقِيُّ: ہونٹ پر پڑے ہوئے سفید دھبے۔
الصَّدَفُ: چلتے وقت ایک گھٹنے کا دوسرے کے سامنے آنا (۲) ہر بلند چیز جیسے دیوار پہاڑ وغیرہ (۲) گوشہ (۳) کنارہ۔ صَدَفَا الجَبَلِ: پہاڑ کے دو متقابل کنارے قرآن پاک میں ہے: "حَتَّى إِذَا سَاوَى بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ قَالَ انْفُخُوا" (۴) سیپی (موتی کا خول) واحد: صَدَفَةٌ ج: أَصْدَافٌ۔
صَدَفَةُ الأُذُنِ: کان کا جوف۔
الأَصْدَافُ الصَّخْرِيَّةُ: چٹانی خول
الصُّدْفَةُ: اتفاق۔
صُدْفَةً و بالصُّدْفة: اتفاقاً، اچانک۔ بہت کم، کبھی۔
الصَّدَفَتَانِ: دونوں رانوں کے کنارے جڑنے کی جگہ۔ یہ ہڈی میں دو گڑھے ہیں ان میں رانوں کے سرے پھنسے ہوئے ہوتے ہیں۔
الصَّدُوفُ: کسی کے سامنے چہرہ کرکے پھر ہٹانے والی عورت (۲) گندہ دہن جس کے منہ سے بدبو آتی ہو۔
المُصَادَفَةُ: اتفاق، چانس (۲) اتفاقی بات (۳) ٹکراؤ، ایکسیڈنٹ۔
مُصَادَفَةً و بالمُصَادَفَةِ: اتفاقاً، بائی چانس
المُصَادَفَاتُ: اتفاقات (۲) ہنگامے۔
المَصْدُوفُ: ممنوع۔
• صَدَقَ فُلَانٌ في الحديث ـُ صِدْقًا: سچ بولنا (واقع کے مطابق بات کہنا)۔
— في القِتَالِ و نحوه: بے جگری سے لڑنا، دل و جان سے لگنا۔
— فُلَانًا: و صَدَقَهُ الحَدِيثَ: کسی سے سچی بات کہنا، سچی بات بتانا۔
— فُلَانًا النَّصِيحَةَ و الإِخَاءَ: کسی سے سچی ہمدردی رکھنا، سچا تعلق رکھنا۔

صَدَقَ فُلَانًا الوَعْدَ: وعدہ پورا کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهُ" هو صَادِقٌ و صَدُوقٌ (برائے مبالغہ) ج: صُدُقٌ
— قوله: اپنی بات میں سچا ثابت ہونا۔
يَصْدُقُ عليه كذا: صادق آنا، پورا اترنا، منطبق ہونا۔
أَصْدَقَ فُلَانًا: سچا سمجھنا۔
— المرأةَ: عورت کا مہر مقرر کرنا (۲) مہر دینا۔
صَادَقَهُ مُصَادَقَةً و صِدَاقًا: دوستی کرنا
— فلانًا النَّصِيحَةَ و المَوَدَّةَ: سچی ہمدردی اور سچی محبت رکھنا۔
— المجلسُ وغيرُه على كذا: منظوری دینا، مہر تصدیق ثبت کرنا۔
صَدَّقَهُ و صَدَّقَ به تصديقًا و تَصْدَاقًا: سچا ماننا، سچا ٹھیرانا، تصدیق کرنا (۲) سچا کر دکھانا، بروئے کار لانا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ اِبْلِيسُ ظَنَّهُ"
— على الأمرِ: تصدیق کرنا (۲) منظور کرنا توثیق کرنا، پاس کرنا۔
تَصَادَقَا: باہم دوستی کرنا، باہم تعلق رکھنا (۲) باہم سچ بولنا۔
— على الأمرِ: کسی بات پر متفق ہونا، منظور کرنا۔
تَصَدَّقَ عليه بكذا: کسی کو کوئی چیز خیرات کرنا، صدقہ میں دینا۔
التَّصْدِيقُ: معاہدہ وغیرہ کی توثیق، سربراہِ حکومت کی آخری منظوری (۲) مناطقہ اور متکلمین کے نزدیک قضیہ کی دو طرفوں کے درمیان نسبت یا حکم کا ادراک۔
الصَّادِقُ: سچا، مخلص، وفادار، دیانتدار
تَمْرٌ صَادِقٌ: بہت شیریں کھجور۔
حَمْلَةٌ صَادِقَةٌ: بھرپور وار۔

صَادِقُ الحُكْمِ: مخلصانہ فیصلہ کرنے والا، منصف مزاج۔ فَجْرٌ صَادِقٌ: افق میں پھیلی ہوئی سفیدی (روشنی) مقابل الفَجْرُ الكَاذِبُ (جو لمبی لکیر کی شکل میں ظاہر ہوتی ہے)۔ فَعَلَهُ غِبَّ صَادِقَةٍ: اس نے معاملہ واضح ہونے کے بعد اس کو کیا۔
الصَّدَاقُ: بیوی کا مہر ج: أَصْدِقَةٌ و صُدُقٌ۔
الصَّدَاقَةُ: دوستی، تعلق، میل جول۔
الصَّدَاقَةُ المُتَبَادِلَةُ: باہمی دوستی۔
الصِّدِّيقُ: انتہائی سچا (۲) ہمیشہ تصدیق کرنے والا (۳) اپنے قول کی عمل سے تصدیق کرنے والا (قول و فعل کا پکا) قرآن پاک میں ہے: "وَاذْكُرْ فِي الكِتٰبِ اِبْرٰهِيمَ اِنَّهُ كَانَ صِدِّيقًا نَبِيًّا" (۳) خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیق رضؓ کا لقب چونکہ آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہر بات کی ہمیشہ تصدیق کرتے تھے۔
الصَّدْقُ: ہر کامل شے (۲) ٹھوس اور سیدھا (رُمْحٌ صَدْقٌ)
رَجُلٌ صَدْقُ اللِّقَاءِ: قابلِ بھروسہ ملاقاتی۔
الصِّدْقُ: واقعیت، حقیقت، اخلاص و امانت، سچائی، متکلم کے اعتقاد کے مطابق کلام کی واقع سے مطابقت (۲) صلابت و مضبوطی۔ رَجُلُ صِدْقٍ و امْرَأَةُ صِدْقٍ (۳) سیدھی سچی بات، صاف ستھرا معاملہ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِي مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّ اَخْرِجْنِي مُخْرَجَ صِدْقٍ"
الصَّدُقَةُ: مہر ج: صَدُقَاتٌ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاٰتُوا النِّسَاءَ صَدُقٰتِهِنَّ

نِحْلَةً"
الصَّدَقَةُ: خیرات بنیت ثواب و تقرب الی اللہ دی جانے والی چیز۔
الصَّدِيقُ: دوست، سچا تعلق رکھنے والا ہمنوا ج: أَصْدِقَاءُ و صُدَقَاءُ۔ لفظ صدیق واحد و جمع اور مؤنث کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ کہتے ہیں: هو صَدِيقٌ و هُم صَدِيقٌ و هي صَدِيقٌ و هنّ صَدِيقٌ قرآن پاک میں ہے: "اَوْ بُيُوتِ خٰلٰتِكُمْ اَوْ مَا مَلَكْتُمْ مَفَاتِحَهُ اَوْ صَدِيقِكُمْ" صَدِيقَةٌ: دوست عورت، ساتھن، رفیقہ۔
المَاصَدَقُ: مناطقہ کے یہاں اُن افراد کو کہتے ہیں جن پر کلّی کے معنی صادق آئیں
المُصَادَقَةُ: دوستی (۲) منظوری، توثیق۔
المِصْدَاقُ: مِصْدَاقُ الأَمْرِ: معاملہ کے سچ ہونے کی دلیل (۲) انطباق کی شکل ج: مَصَادِيقُ
المُصَدِّقُ: تصدیق کنندہ۔
المُصَدَّقُ: تصدیق شدہ، منظور شدہ۔
المُصَدَّقُ عليه: تصدیق شدہ، منظور شدہ
المُصَدَّقُ عليه من جِهَةٍ رَسْمِيَّةٍ: سرکاری طور پر تصدیق شدہ۔
• صَدَمَ الشيءُ الشيءَ ـِ صَدْمًا: ٹکر مارنا، دھکا دینا، ٹکرانا۔ صَدَمَ الرَّجُلُ غَيْرَهُ (۲) دفع کرنا۔ صَدَمَ الشَّرَّ بالشَّرِّ (۳) ـه بالقول: خاموش کرنا
— النَّازِلَةُ فُلَانًا: مصیبت آپڑنا۔
صَادَمَهُ مُصَادَمَةً و صِدَامًا: ٹکرانا، کسی کے ساتھ متصادم ہونا، ہاتھاپائی کرنا۔
اصْطَدَمَ: ٹکرا جانا، دھکا لگنا۔
اصْطَدَمَا: باہم ٹکرانا، لڑنا۔
تَصَادَمَا: باہم ٹکرانا۔ تَصَادَمَتِ الآرَاءُ: خیالات کا مختلف ہونا۔

الاصْطِدَامُ: ٹکراؤ، ٹکر۔
الاَصْدَمُ: وہ شخص جس کی پیشانی کے دونوں جانب سے بال اڑ گئے ہوں۔
التصادُمُ: ٹکر، لڑائی، دو چیزوں یا دو انسانوں میں ٹکراؤ۔
الصِّدَامُ: ٹکر، تصادم، مڈبھیڑ (۲) جانوروں کے سر کی ایک بیماری۔
الصِّدَامُ بالایدی: ہاتھا پائی۔
الصِّدَامُ الدَّامی: خون ریز تصادم۔
الصِّدَامُ المباشِرُ: براہ راست ٹکراؤ
الصِّدَامُ المُسَلَّح: مسلح تصادم۔
الصِّدامُ مع الشُّرْطَة: پولیس کے ساتھ مڈبھیڑ۔
الصَّدْمَةُ: (مصدر مرہ، ایک دفعہ کا ٹکرانا) ٹکر، جھٹکا، دھکا (۲) ناگہانی مصیبت، صدمہ۔ الصَّبْرُ عند الصَّدْمَةِ الأُولی: حقیقی صبر وہ ہے جو مصیبت کے آغاز ہی پر کیا جائے (۳) دو مہینہ کی روزی جو ایک دفعہ دے دی جائے۔
ج: صَدَمات۔
الصَّدْمَةُ العَصَبِيَّةُ: اشتعال و غم کی کیفیت، اشتعال، شاک۔
الصَّدْمَةُ العَنِيفَةُ: زبردست ٹکر یا جھٹکا۔
الصَّدْمَةُ الکهرَبَائِيَّةُ: بجلی کا شاک
الصَّدْمَتَان: پیشانی کی دو جانبیں۔
المِصْدَمُ: جنگجو آدمی۔
•صدو۔ صدا ـُ صَدْوًا بیدیه: دونوں ہاتھ سے تالی بجانا۔
•صَدِیَ ـَ صَدًی: سخت پیاسا ہونا هو صَادٍ ج: صُدَاة۔ هی صَادِيَةٌ ج: صَوَادٍ و هو صَدٍ و هی صَدِيَةٌ و هو صَدْیَان و هی صَدْیَا۔ جمعها صِدَاءٌ۔
أَصْدَی الجَبَلُ: پہاڑ سے آواز بازگشت ہونا، آواز گونجنا۔
صَادَاهُ: آڑے آنا (۲) دل جوئی کرنا۔
صَدَّی فُلانٌ بیدیه تَصْدِيَةً: تالی بجانا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمَا کَانَ صَلاتُهُمْ عندَ البَيْتِ الا مُکَاءً وَّ تَصْدِيَةً"
تَصَدَّی للاَمْرِ: توجہ دینا، کسی کام پر لگ جانا (۲) درپے ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰی فَاَنْتَ لَه تَصَدّٰی" (۲) آڑے آنا، پیچھے پڑنا۔
ـــــ لفُلانٍ: سامنا کرنا، سامنے آنا۔
ـــــ للأخْطَارِ: خطرات کا مقابلہ کرنا۔
تَصَدَّی للمُشْکِلَة کذ لك۔
ـــــ للقُوَّات: فوجوں کا تعاقب کرنا۔
الصَّادی: سخت پیاسا ج: صُدَاء۔
الصَّدَی: سخت پیاس (۲) آواز بازگشت پہاڑ وغیرہ میں گونج کر لوٹنے والی آواز۔ صَمَّ صَدَاهُ: وہ ہلاک ہوگیا۔ اَصَمَّ اللّٰهُ صَدَاهُ: اللہ نے اسے ہلاک کر دیا ج: اَصْدَاءٌ (۳) بہتر منتظم، مدبر جیسے: هو صَدَی مالٍ: وہ مال کا بہتر منتظم ہے (۴) زمانۂ جاہلیت کا ایک مفروضہ پرندہ جو مقتول کے سر سے نکلتا تھا اور جب تک اس کے قاتل سے بدلہ نہیں لیا جاتا تھا وہ کہتا رہتا مجھے سیراب کرو مجھے سیراب کرو۔

ص ـــــ ر

•صَرَبَ اللَّبَنَ ـِ صَرْبًا: دودھ کو برتن میں رکھ کر ترش بنانا۔
ـــــ اللَّبَنَ فی الضَّرْعِ: تھن میں دودھ روکنا۔
ـــــ البَوْلَ: پیشاب روکنا۔
صَرِبَ الطِّفْلُ: بچہ کا کئی دن پاخانہ نہ کرنا
صَرِبَ اللَّبَنُ ـَ صَرَبًا: دودھ کا تھن میں جمع ہو جانا۔
اصْطَرَبَ اللَّبَنَ: دودھ کو تھوڑا تھوڑا کر کے اکھٹا کرنا اور ترش بنانے کے لئے چھوڑنا۔
الصَّرْبُ: کھٹا دودھ۔
الصَّرِيبُ: سرخ گوند، ببول کا گوند (۲) کھٹا دودھ ج: صُرُبٌ
المِصْرَبُ: دودھ کو کھٹا کرنے کے لئے رکھا جانے والا برتن ج: مَصَارِب۔
المَصْرُوبُ: اکھٹا کیا ہوا کھٹا دودھ۔
•صَرَّجَ البِنَاءَ: چونا سرخی کا پلاسٹر کرنا۔
الصَّارُوج: گچ، چونا سرخی ملا ہوا مسالہ۔
•صَرَحَ الاَمْرَ ـَ صَرْحًا: ظاہر کرنا، واضح کرنا۔
صَرُحَ الشَّیءُ ـُ صَرَاحَةً و صُرُوحَةً: صاف اور واضح ہونا۔ بے غل و غش ہونا کسی آمیزش سے پاک ہونا۔ هو صَرِيحٌ ج: صُرَحَاءُ و صِرَاحٌ جمع ذوی العقول کے لئے اور صَرَائح غیر ذوی العقول کے لئے۔
صَارَحَ بما فی نَفْسِه: دل کی بات ظاہر کرنا،
ـــــ فلانًا بالاَمْرِ: کسی کے سامنے کھل کر کوئی بات کرنا، کھلم کھلا کہنا، صاف صاف کہنا، کسی معاملہ میں مقابلہ پر آ جانا۔
صَرَّحَ الشَّیءُ: واضح ہونا، کھلنا۔ جیسے صَرَّحَ الحَقُّ۔
ـــــ النَّهَارُ: دن کا بے بادل اور کھلا ہوا ہونا
ـــــ الخَمْرُ: شراب کی جھاگ دور ہو کر خالص رہ جانا۔
ـــــ الاَمْرَ: واضح کرنا، انکشاف کرنا۔
ـــــ بالاَمْرِ: تصریح کرنا۔ صاف لفظوں میں کہنا، کھول کر بیان کرنا (۲) اجازت دینا
ـــــ بکذا: کسی سلسلہ میں بیان دینا۔

صَرَّحَ الرَّامِي: تیرانداز کا نشانہ خطا کرنا۔
— السَّنَةَ: قحط پڑنا۔
— الحقُّ عن مَحضه: حق پوشیدگی کے بعد واضح ہوگیا۔
انصَرَحَ الأمرُ: ظاہر ہونا، کھلنا۔
تَصَرَّحَ: کھلنا، ظاہر ہونا۔
— الزَّبَدُ عن الخَمرِ: شراب کے جھاگ دور ہو جانا۔
التَّصرِیحُ: سرکاری بیان، سیاسی لیڈر یا کسی منتظم کا بیان (۲) پرمٹ، اجازت، اجازت نامہ، ڈکلریشن (۳) گرین لائٹ (۴) اعلان، اقرار، اقرار نامہ ج: تَصرِیحَات۔
تصریحُ الجُمرُك: کسٹم پاس۔
تَصرِیحٌ صَحَفِيٌّ: پریس بیان، اخباری بیان۔
التصریحُ القَصیر: مختصر بیان۔
التَّصریحُ المَغشوش: جعلی اجازت نامہ
الصُّراحُ: خالص۔ جیسے: نَسَبٌ صُراحٌ و خَمرٌ صُراحٌ۔
تکلَّم به صُراحًا: صاف صاف بولنا۔
الصَّراحَةُ: وضاحت، انکشاف (۲) بے آمیز صفائی۔
الصَّراحَةُ فی القولِ: صاف گوئی۔
الصَّرحُ: عالی شان محل، بلند و بالا عمارت قرآن پاک میں ہے: "قَالَ اِنَّه صَرحٌ مُمَرَّدٌ من قَوارِيرَ" (۲) سر بفلک عمارت، فلک بوس محل۔ قرآن پاک میں ہے: "یا هَامَانُ ابنِ لی صَرحًا لَعَلِّی اَبلُغُ الاَسبَابَ" ج: صُرُوحٌ۔
الصَّرحُ المُمَرَّدُ: فلک بوس محل، آسمان سے باتیں کرتا ہوا محل۔
الصَّرحَةُ: صحن خانہ۔
الصَّرِیحُ: واضح، کھلا ہوا، خالص۔

المُصَرَّحُ لَهُ: پرمٹ والا، اجازت نامہ حاصل کئے ہوئے۔
•صَرَخَ ـُ صُراخًا و صَرِیخًا: زور زور سے چیخنا (۲) فریاد کرنا۔
أَصرَخَهُ: مدد دینا، فریاد سننا۔
تَصَرَّخَ: بلاوجہ چیخیں مارنا۔
اصطَرَخَ: چیخنا، فریاد کرنا، مدد چاہنا قرآن پاک میں ہے: "وَ هُم یَصطَرِخُونَ رَبَّنَا اَخرِجنَا نَعمَل صَالِحًا"
تصارَخُوا: آپس میں چیخنا، باہم چیخ و پکار کرنا، ایک دوسرے سے فریاد کرنا
استَصرَخَهُ: مدد مانگنا۔ مدد کے لئے پکارنا۔ فریاد کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَإِذَا الَّذِی استَنصَرَهُ بِالأَمسِ یَستَصرِخُهُ"
الصَّارِخُ: فریاد کنندہ (۲) فریاد رس، مدد چاہنے والا، مدد کرنے والا (۳) مرغ۔
الصَّارِخَةُ: فریاد کرنے کی آواز، دادخواہ کی آواز۔ فریاد۔
الصَّارُوخُ: راکٹ، میزائل، ایک جدید جنگی ہتھیار، مخروطی شکل کا لمبا دھماکہ خیز بم جس میں آتش گیر گیس وغیرہ ہوتی ہے اسے دور دراز فاصلوں پر پھینکا جاتا ہے۔
صَارُوخُ أَرضٍ جَوّ: زمین سے فضا میں مار کرنے والا راکٹ۔
صَارُوخُ جَوّ أَرضٍ: فضا سے زمین پر مار کرنے والا راکٹ۔
صَارُوخُ جَوّجَوّ: فضا سے فضا میں مار کرنے والا راکٹ۔
صَارُوخٌ عابِرُ القَارّاتِ: براعظم سے براعظم پر مار کرنے والا میزائل۔
الصَّرخَةُ: چیخ، زور کی آواز۔
صَرخَةٌ فی وادٍ: صدا بصحرا۔

الصَّرّاخُ: زور کی چیخ مارنے والا، گرج دار آواز والا (۲) مور۔
الصَّرِیخُ: فریاد (۲) فریاد کنندہ، دادخواہ (۳) فریاد رس، مددگار۔ قرآن پاک میں ہے: "فلا صَرِیخَ لَهُم ولا هُم یُنقَذُونَ"
•صَرِدَ ـَ صَرَدًا: ٹھنڈا ہونا۔ صَرِدَ الیومُ: دن ٹھنڈا ہوگیا۔ و صَرِدَ الرجلُ: آدمی کو سردی لگی۔ صَرِدَتِ الرِّیحُ: ہوا ٹھنڈی ہوگئی۔
— السَّهمُ: تیر کا نشانہ خطا کرنا۔
— عن الشَّیءِ: ہٹنا، الگ ہونا۔ هو صَرِدٌ۔
— القَلبُ عن فلان: دل برداشتہ ہونا
أَصرَدَ السَّهمَ: تیر کا نشانہ خطا کرنا۔
صَرَّدَ الشَّیءَ: کم کرنا۔ جیسے: صَرَّدَ العَطَاءَ: کمی چھوڑنا۔
صَرَّدَ الإناءَ: برتن کو کم بھرنا (جس سے پیاس نہ بجھ سکے)۔
— فُلانًا: پوری طرح سیر نہ کرنا، تھوڑا پلانا۔
— شُربَهُ: تھوڑا تھوڑا پینا۔
الصَّارِدُ: سَهمٌ صارِدٌ: نشانہ پر نہ لگنے والا تیر۔
الصَّارِدَةُ: ٹھنڈی ہوا ج: صَوَارِدُ۔
الصَّردُ: بالکل خالص شے جس میں کوئی خارجی ملاوٹ نہ ہو۔ جیسے: ذَهَبٌ صَردٌ، نَبِیذٌ صَردٌ و حُبٌّ صَردٌ۔ جاءَ و مَعَه جَیشٌ صَردٌ: اس کے ساتھ ایسا خالص لشکر تھا جس میں تمام افراد ایک ہی خاندان کے تھے (۲) سخت سردی۔ ماتَ صَردًا: وہ سردی سے مرگیا (۳) پہاڑ کی اونچی جگہ ج: صُرُودٌ
الصُّرَدُ: ایک پرندہ جو کیڑوں کو کھاتا اور چڑیا کا شکار کرتا ہے، لٹورا ج: صِردَانٌ۔

الصُّرَدانِ: زبان کے نیچے کی دو رگیں۔
الصُّرَّادُ: مرطوب ٹھنڈی ہوا۔
الصَّرِدُ: وہ گھوڑا جس کی پیٹھ زخمی ہو گئی ہو (۲) سردی محسوس کرنے والا۔
الصَّرِيدَةُ: وہ بکری جو سردی میں ٹھٹھر گئی ہو ج: صَرَائِد۔
المِصْرَادُ: أَرْضٌ مِصْرَادٌ: پالے کی وجہ سے مردہ زمین۔ رَجُلٌ مِصْرَادٌ: جسے بہت سردی لگتی ہو۔ رِيحٌ مِصْرَادٌ: بہت سرد ہوا۔ بدن کو چیر کر نکلنے والی ہوا ج: مَصَارِيد۔ سَهْمٌ مِصْرَادٌ: آر پار ہونے والا یا نشانہ پر نہ لگنے والا تیر۔
المُصْطَرِدُ: بہت غصیلا۔
• صَرَّ ـِ صَرِيرًا: چوں چوں کرنا، سرسر کرنا جیسے: صَرَّ العُصْفُورُ و صَرَّ القَلَمُ و صَرَّ البَابُ۔ صَرَّت الأُذُنُ و صَرَّت الأَسْنَانُ: بجنا۔
صَرَّ النَّاقَةَ وغيرها وبهاء صَرًّا: اونٹنی وغیرہ کے تھن کو باندھنا (تاکہ بچہ دودھ نہ پی سکے)۔
ـــ الدَّرَاهِمَ: روپیہ پیسہ تھیلی میں رکھ کر باندھنا۔ صَرَّ الصُّرَّةَ: تھیلی کا منہ بند کرنا۔
ـــ وَجْهَهُ: چہرے یا پیشانی پر بل ڈالنا۔
ـــ الفَرَسُ او الحِمَارُ او الكَلْبُ أُذُنَهُ و بِأُذُنِهِ: سننے کے لئے کان کھڑے کرنا۔
ـــ الرَّجُلُ: زور سے چلانا (۲) پیاسا ہونا
صُرَّ النَّبَاتُ: پودوں پر پالا پڑ جانا، سردی سے ٹھٹھر جانا۔
ـــ فُلَانٌ: کسی کے ہتھکڑی لگانا۔ هُوَ مَصْرُورٌ۔
أَصَرَّ عَلَى الأَمْرِ: کسی بات پر جما رہنا، اڑنا، ضد کرنا، اٹل رہنا، مصر ہونا، برقرار رہنا، ڈٹے رہنا، برائی پر اصرار کے لئے زیادہ مستعمل ہے۔ جیسے: أَصَرَّ عَلَى الذَّنْبِ: گناہ پر قائم اور بضد رہا۔
أَصَرَّ السُّنْبُلُ: خوشہ کا خار نکلنا (دانہ پڑنے سے قبل)۔
ـــ النَّاقَةُ: اونٹنی کا دودھ خشک ہو جانا فالناقةُ مُصِرَّةٌ۔
صَارَّهُ على الشيءِ: مجبور کرنا۔
صَرَّرَ النَّاقَةَ: اونٹنی کے تھنوں کو خوب مضبوط باندھنا۔
ـــ أُذُنَيْهِ: کان کھڑے کرنا۔
اصْطَرَّ الحَافِرُ: کھر کا سخت ہونا۔ کہتے ہیں: جَاءَ فُلَانٌ يَصْطَرُّ: وہ تنگ ہو کر شور مچاتا ہوا آیا۔
الصَّارُّ: گھنا سایہ دار درخت۔
الصَّارَّةُ: ضرورت، پیاس ج: صَوَارُّ۔
الصَّارُورُ و الصَّارُورَةُ: کنوارا آدمی جس نے شادی نہ کی ہو (۲) غیر حاجی جس نے حج نہ کیا ہو۔
الصِّرَارُ: اونٹنی وغیرہ کا تھن باندھنے کی ڈوری (۲) باڑھ، پشتہ، رکاوٹ جہاں پانی نہ پہنچ سکے ج: أَصِرَّةٌ۔
الصِّرُّ: پالا، سخت سردی۔ رِيحٌ صِرٌّ و رِيحٌ فِيهَا صِرٌّ: سرد ہوا۔ قرآن پاک میں ہے: "كَمَثَلِ رِيحٍ فِيهَا صِرٌّ أَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ" (۲) تیز آواز۔ رِيحٌ صِرٌّ: تیز آواز والی ہوا۔
الصَّرَرُ: وہ خوشے جن میں دانہ نہ پڑا ہو۔
الصَّرَّاءُ: صَخْرٌ صَرَّاءُ: چکنی چٹان۔
الصَّرَّارُ: بہت چیخنے والا۔
صَرَّارُ اللَّيْلِ: رات کو بولنے والا کیڑا جھینگر۔
الصَّرَّةُ: جماعت، گروہ (۲) چیخ و پکار (۳) شور و غل (۴) گرمی یا تکلیف یا لڑائی کی شدت (۵) ترش روئی، چہرہ پر ناگواری کے شکن۔ قرآن پاک میں ہے: "فَأَقْبَلَتِ امْرَأَتُهُ فِي صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا"
الصِّرَّةُ: سردی کی شدت، پالا (۲) زبردست چیخ و پکار۔
الصُّرَّةُ: تھیلی، بیگ ج: صُرَرٌ۔ صُرَّةُ نُقُودٍ: بٹوا۔
الصَّرِيرُ: چیخ (۲) دانت بجنے کی آواز۔ قلم چلنے کی آواز، سرسراہٹ، دروازہ کھلنے اور بند ہونے کی آواز، چرچراہٹ چڑیوں کے بولنے کی آواز، چہچہاہٹ، چوں چوں کی آواز۔
الصَّرِيرَةُ: تھیلی میں رکھے ہوئے روپے۔
المَصَارُّ: آنتیں۔ کہتے ہیں: شَرِبَ حَتَّى مَلَأَ مَصَارَّهُ۔
المَصْرُورُ: بندھا ہوا قیدی۔
• صَرْصَرَ: رک رک کر زور زور سے بولنا۔
صَرْصَرَ الرجلُ والبازي۔
ـــ الدَّوَابَّ: ادھر ادھر سے سمیٹ کر یکجا کرنا۔
الصَّرْصَرُ: رِيحٌ صَرْصَرٌ: انتہائی سرد اور برفیلی ہوا، یا شدید آواز والی ہوا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَأَمَّا عَادٌ فَأُهْلِكُوا بِرِيحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ"
الصُّرْصُورُ: جھینگر ج: صَرَاصِيرُ۔
• الصِّرَاطُ: راستہ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلَا تَقْعُدُوا بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوعِدُونَ وَتَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ" ج: صُرُطٌ۔
• صَرَعَهُ ـَ صَرْعًا و مَصْرَعًا: زمین پر گرانا، پچھاڑنا۔ صَرَعَتْهُ المَنِيَّةُ: اسے موت نے آ پکڑا۔ صَرَعَتِ الرِّيحُ الزَّرْعَ: ہوا نے کھیتی کو اوندھا کر دیا فهو مَصْرُوعٌ وصَرِيعٌ۔
ـــ البَابَ: دروازہ کو دو پٹ والا بنانا،

دو کواڑ لگانا۔
صُرِعَ فُلانٌ: مرگی کا دورہ پڑنا، مرگی کا مریض ہونا۔ هو مَصْرُوعٌ۔
صَارَعَهُ مُصَارَعَةً و صِرَاعًا: کشتی لڑنا۔
صَرَّعَهُ: زور سے پٹخنا، بری طرح پچھاڑنا
— البَابَ: دروازوں کو کواڑ لگانا۔
— البَيْتَ من الشِّعْرِ: دو مصرعوں کے قافیے یکساں کرنا۔
اصْطَرَعَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو گرانا، کشتم کشتا ہونا۔
تَصَارَعَ الرَّجُلَانِ: کشتم کشتا ہونا، باہم کشتی لڑنا۔
الصَّرْعُ: مرگی (نظام عصبی میں پیدا ہونے والی بیماری جس میں پٹھوں کے اندر تناؤ پیدا ہو جاتا ہے)
الصَّرْعَانِ: کسی چیز کے دو پہلو، کنارے کہتے ہیں: لِلأَمْرِ صَرْعَانِ۔ جِئْتُهُ صَرْعَيِ النَّهَارِ: میں اس کے پاس صبح و شام آیا۔ هو ذو صَرْعَيْنِ: وہ دو رخا ہے۔
الصِّرْعُ: مثل، مانند، کسی چیز کی قسم، نوع۔ کہتے ہیں: لا أدري على أيّ صِرْعَيْ أمره هو: مجھے پتہ نہیں وہ کس ڈھنگ کا ہے ج: صُرُوعٌ (۲) پہلوان، کشتی باز۔ هما صِرْعَانِ۔
الصِّرْعَةُ: حالت۔ على كلّ صِرْعَةٍ: ہر حال میں۔
الصُّرْعَةُ: بہت پچھاڑا جانے والا، کمزور پہلوان مغلوب رہنے والا شخص۔
الصُّرَعَةُ: بہت پچھاڑنے والا، زبردست پہلوان، غالب رہنے والا شخص۔
رَجُلٌ صُرَعَةٌ و قومٌ صُرَعَةٌ: جانباز شخص یا جانباز لوگ۔
الصِّرَاعُ: کشتی (۲) رسہ کشی، جھگڑا، کشمکش، ٹکراؤ، لڑائی ج: صِرَاعَات
الصِّرَاعُ الحِزْبِيُّ: جماعتی کشمکش، پارٹی کی اندرونی کشمکش۔
الصِّرَاعُ الطَّبَقِيُّ: طبقاتی کشمکش۔
الصِّرَاعُ العُنْصُرِيُّ: نسلی جھگڑا۔
صِرَاعُ المصالح: مفادات کا ٹکراؤ۔
صِرَاعٌ مع فُلان: رسہ کشی۔
الصِّرَاعُ من أَجْلِ البَقَاءِ: زندہ رہنے کے لئے جدوجہد۔
الصِّرَاعُ النَّفْسِيُّ: ذہنی کشمکش۔
الصَّرِيعُ: پچھڑا ہوا، چت، نیم مردہ۔ بَاتَ صَرِيعَ الكَأْسِ: اس نے نشہ میں پڑے کر رات گزاری (۲) دیوانہ ج: صَرْعَى (۲) درخت کی جھکی ہوئی شاخ۔
الصِّرَاعَةُ: کشتی کا فن۔
المُصَارِعُ: پہلوان۔
المُصَارَعَةُ: کشتی، دنگا مستی۔
المِصْرَاعُ: کواڑ، دروازہ کا پٹ (۲) شعر کا ایک مصرعہ۔ پہلے مصرعہ کو صدر اور دوسرے مصرع کو عجز کہتے ہیں۔
ج: مَصَارِيعُ۔
المَصْرُوعُ: مرگی کا مریض (۲) مجنون (۳) پچھاڑا ہوا، کشتی ہارا ہوا۔
المَصْرَعُ: پچھاڑنے کی جگہ، کشتی کا اکھاڑا (۲) دنگل، کشتی گاہ (۳) موت، ہلاکت قتل وغیرہ ج: مَصَارِع۔
• صَرَفَ البابُ او القَلَمُ ونحوُهما — صَرِيفًا: سرسر کرنا، آواز نکلنا
صَرَفَ نابُه و بنابِه: دانت کی آواز نکلنا۔
— الشيءَ صَرْفًا: ہٹانا، الگ کرنا جیسے صَرَفَ الأَجِيرَ من العَمَلِ و الغُلامَ من المكتبِ: چھٹی کردینا، الگ کردینا۔
صَرَفَ من الخِدْمَةِ والوَظِيفَةِ: برطرف کرنا۔
— فُلانًا عن كذا: روکنا، باز رکھنا۔
— المالَ: خرچ کرنا۔
— المالَ والنَّقْدَ بمِثْلِه: تبدیل کرنا سکہ بدلنا، ریزگاری لینا یا دینا (۲) کیش کرنا یا کرانا۔
— الوَقْتَ في كذا: وقت لگانا۔
— النَّظَرَ عن كذا: توجہ ہٹانا، صرف نظر کرنا، چشم پوشی کرنا۔
— الكلامَ: کلام کو مزین کرنا۔
— الشَّرابَ: بلا آمیزش رکھنا۔
— الفِعْلَ: گردان کرنا، مختلف صیغے اور شکلیں بنانا۔
— الاسْمَ: اسم کو منصرف بنانا (تنوین و کسرہ قبول کرنے والا بنانا)۔
— التَّذاكِرَ: ٹکٹ دینا۔
— الشِّيكَ: چیک بھنانا، کیش کرانا۔
— مَعَاشًا لفُلانٍ: پنشن جاری کرنا۔
أَصْرَفَ الشَّرابَ: خالص شراب (جس میں کوئی ملاوٹ نہ ہو) پیش کرنا۔
صَارَفَ نَفْسَهُ عن الشيءِ: خود کو کسی چیز سے ہٹانا، دل پھیر لینا۔
صَرَّفَ الأَمْرَ: تدبیر کرنا، چلانا (۲) بیان کرنا، واضح کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِي هذا القُرآنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ"
— اللهُ الرِّياحَ: ہواؤں کو چلانا، ایک طرف سے دوسری طرف لے جانا۔
— الأَلْفاظَ: بعض کو بعض سے نکالنا، گردان کرنا۔
— الشَّرابَ: بے آمیزش رکھنا۔
— الشيءَ: بالکل پلٹ دینا، بدل دینا، بالکل ہٹا دینا (۲) فروخت کرنا۔
— الماءَ: پانی تقسیم کرنا۔

صَرَّفَ العُمْلَةَ : سکہ چلانا۔
— الدُّمَّل والوَرَم : زائل کرنا۔
— فُلانا فی الأمرِ : اختیار دینا، متصرف ومختار بنانا۔
اِصْطَرَفَ : روزی کمانے کی کوشش کرنا۔
انْصَرَفَ عنه : ہٹنا، الگ ہونا، چھوڑنا۔ قرآن پاک میں ہے: "ثُمَّ انْصَرَفُوا صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوبَهُمْ"۔
— منه : واپس ہونا۔
— اللَّفظُ : منصرف ہونا، تنوین وکسرہ قبول کرنا۔
تَصَرَّفَ فُلانٌ فی الأمرِ : کسی معاملہ میں اختیار چلانا۔ اپنی مرضی سے انجام دینا تصرف کرنا، مختار ومتصرف ہونا، کارروائی کرنا۔
— لِعِیالہ : اہل وعیال کے لئے روزی کمانا
— مع فُلانٍ کذا : سلوک کرنا، طرز عمل اختیار کرنا۔
تَصَرَّفت به الأحوالُ : کسی کے حالات کا الٹ پلٹ ہونا، اپنی گردش میں لینا۔
اِسْتَصْرَفَ اللّٰهَ المَکارِهَ : اللہ سے مصائب دور کرنے کی درخواست ودعا کرنا۔
الانصِراف : واپسی اسم کا منصرف ہونا تنوین کو قبول کرنا۔
تَصَارِیفُ الأُمُور : معاملات کا الٹ پھیر
تَصَارِیفُ الرِّیاح : ہواؤں کی گردش
تَصَارِیفُ الزَّمن : گردش ہائے زمانہ
التَّصَرُّفُ : کارروائی، اقدام، تدبیر و انتظام، سلوک وطرز عمل وفعل، دخل، اختیار، کارکردگی۔
اساءة التصرّف : غلط کام کرنا، بیجا دخل دینا۔
تصرّفات : اقدامات، کارروائیاں، افعال وحرکات، معاملات۔

التصرُّف الصّبیانی : بچکانہ حرکت۔
مُطلق التصرُّف : مطلق العنان۔
التَّصْرِیفُ : الفاظ کی گردان۔
الصَّارِفُ : دانت۔ ما فی فمه صارِفٌ : اس کے منہ میں کوئی دانت نہیں۔
صارِفُ التَّذَاکِر : ٹکٹ دینے والا کلرک، ٹکٹ بابو۔
صارِفُ النُّقُود : خازن، کیشیر۔
الصَّرَّافُ : سکے تبدیل کرنے والا۔
صَرَّافٌ فی بنك : کیشیر، خزانچی۔
الصِّرافَةُ : سکوں کی تبدیلی کا کام، صرافگری صرافہ (۲) روپے پیسے کا لین دین (۳) خزانچی گری۔
الصَّرْفُ : صَرْفُ الدَّهْرِ : گردش زمانہ انقلاب زمانہ ج: صُرُوفٌ (۲) تبدیلی سکہ، تبادلہ رقم (۳) شرح مبادلہ
علم الصرف : وہ علم جس کے ذریعہ کلام کے اوزان واشتقاقات معلوم ہوں یا جس میں کلمات کے صیغوں کی وضع وہیئت سے بحث کیجائے نحویوں کے نزدیک اسم کے اخیر میں تنوین لاحق ہونے کو کہتے ہیں جس سے وہ اسم متمکن ہو جاتا ہے
الصَّرْفُ : کلام کی تزئین۔
الصَّرْفَانِ : لیل ونہار۔
الصِّرْفُ : خالص، بغیر ملاوٹ کا۔
شرابٌ صِرْفٌ : خالص شراب۔
الصَّرَفانُ : سیسہ (۲) موت۔
الصَّرْفَةُ : منکا جو تعویذ کے لئے استعمال ہوتا ہے (۲) چاند کی ایک منزل۔
الصَّرِیفُ : خالص چاندی (۲) خالص شراب (۳) تازہ نکلا ہوا دودھ۔
صَرِیف الباب والقلم : دروازہ کھلنے بھڑنے اور قلم چلنے کی آواز، سرسراہٹ، کھڑکھڑاہٹ، دانتوں کے بجنے کی آواز۔

المُتَصَرِّفُ : کارپرداز، کرتا دھرتا، حاکم صوبہ یا کلکٹر۔ المُتَصَرِّفیة : عہدۂ کلکٹری یا گورنری یا اس کی عمل داری۔
الصَّیْرَفُ : سکے تبدیل کرنے والا، صراف (۲) تجربہ کار منتظم امور ج: صَیَارِفُ و صَیَارِفَةٌ۔
الصَّیْرَفِیُّ : الصَّیْرَفُ۔
الصَّرْفِیُّ : علم الصرف کا ماہر۔
المَصَارِیف : اخراجات۔ دیکھئے مَصْرُوف
المَصْرِفُ : واپسی (۲) رقوم کے تبادلہ یا لین دین کی جگہ (۲) بنک (۳) برساتی پانی کی نالی
مَصْرِفُ الدَّم : بلڈ بنک، خون جمع کرنے کا بنک۔
مَصْرِفٌ غیرُ رِبَوِیّ : غیر سودی بنک۔
المَصْرِفِیُّ : بنک سے متعلق، بینکر، بنک کا مالک یا منتظم
المَصْرُوف : خرچ شدہ، خارج شدہ (۲) خرچ، خرچ کی رقم ج: مصروفات و مَصَارِیفُ
المَصْرُوفات : اخراجات۔
المَصْرُوفاتُ الثَّابتة : مقررہ اخراجات مستقل اخراجات۔
• صَرَمَه ـِ صَرْمًا : کاٹنا۔ جیسے: صَرَمَ الحَبْلَ۔
— الشَّجَرَ والنَّخْلَ : پھل توڑنا۔ هو مَصْرُومٌ و صَرِیمٌ۔
— فُلانًا : چھوڑ دینا۔ صَرَمَ وَصْلَهُ : قطع تعلق کرنا۔
— عندہ : کسی کے پاس قیام کرنا۔
صَرُمَ السَّیْفُ ـُ صَرَامَةً وصُرُومَةً : تیز طرار ہونا۔
— فُلانٌ : پختہ عزم ہونا، سخت مزاج ہونا، مستقل مزاج ہونا۔ هو صَارِمٌ

و صَرُومٌ۔
أَصْرَمَ النَّخْلُ و الشَّجَرُ: درخت کا پھل توڑنے کے قابل ہو جانا۔
صَارَمَهُ: قطع تعلق کرنا۔
صَرَّمَهُ: کاٹ ڈالنا، بالکل کاٹ دینا، ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔
ـــ النَّاقَةَ: اونٹنی کو موٹا کرنے کے لئے دو تھن کاٹ دینا۔
انْصَرَمَ: کٹنا، منقطع ہونا۔ جیسے: انصرم الحَبْلُ وغیرہ (۲) (رات) گزر جانا (۳) (موسم کا) ختم ہو جانا۔
تَصَارَمَا: باہم قطع تعلق کرنا۔
تَصَرَّمَ: بالکل کٹ جانا، ٹکڑے ٹکڑے ہونا
ـــ اللَّيْلُ: رات کا گزر جانا۔
ـــ الرَّجُلُ: دلیر بننا، ہمت کرنا، مستقل مزاج بننا۔
الأَصْرَمُ: جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے ہوں۔ هي: صَرْمَاء۔
الصَّارِمُ: تیز، کاٹنے والا۔ جیسے: سیف صَارِمٌ۔ رَجُلٌ صَارِمٌ: بہادر، ارادہ کا پکا، مستقل مزاج، سخت مزاج (۲) قطعی، آخری، حتمی (فیصلہ وغیرہ) (۳) شیر۔
الصِّرَامُ: پھلوں کے توڑنے کا وقت، پھلوں کی تڑائی (۲) پھلوں کے پکنے کا وقت۔
الصُّرَام: جنگ، مصیبت۔
الصَّرَّامُ: چمڑا فروش، جفت فروش۔
الصَّرْمُ: چمڑا۔
الصِّرْمُ: ہر شے کا ٹکڑا (۲) الگ تھلگ رہنے والی جماعت (۳) تلا لگا ہوا موزہ، جوتا (۴) راستہ، طریقہ ج: أَصْرَامٌ و صُرْمَان
الصِّرْمَةُ: درخت خرما، اونٹوں اور بادلوں کی ایک ٹکڑی۔
الصَّرَامَةُ: تیزی (۲) سخت مزاجی، مستقل مزاجی (۳) بہادری (۴) متانت و وقار۔

الصَّرُومُ: تیز طرار۔
الصَّرِيمُ: وہ درخت جس کے پھل توڑ لئے گئے ہوں۔ شَجَرٌ صَرِيمٌ و أَرْضٌ صَرِيمٌ۔ وہ جگہ جہاں سے پھل توڑ لئے گئے ہوں (۲) توڑے ہوئے پھلوں کا ڈھیر (۳) دن یا رات کا ایک حصہ (۴) ریگستان کا الگ ہونے والا ایک حصہ (۵) وہ لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں دودھ پینے سے روکنے کے لئے لگائی گئی ہو۔
صَرِيمَا اللَّيْلِ: رات کا اول و آخر حصہ
الصَّرِيمَةُ: الصَّرِيمُ (۲) قطع تعلق (۳) پختگی ارادہ۔
الصَّرْمَاء: بے پانی کا بیابان (۲) کم دودھ والی اونٹنی۔
المِصْرَمُ: درانتی۔
المُصْرِمُ: مفلس، بہت بال بچوں والا
المَصْرِمُ: تنگ جگہ، جلد سیلاب لانے والی جگہ۔
• الصُّرْنَايَةُ: ایک قسم کی بانسری۔
المُنْصَرِمُ: منقطع (۲) گذشتہ۔
• صَرَا الیه ـُ صَرْوًا: دیکھنا۔
• صَرَى الرجُلَ ـِ صَرْيًا: کام سے روکنا۔
ـــ النَّاقَةَ: تھن میں دودھ روکنا۔
ـــ اللَّبَنَ و الماءَ و الدَّمْعَ: بہنے سے روکے رکھنا، اپنی جگہ سے نہ ہٹنے دینا۔
ـــ النَّاقَةُ عُنُقَهَا: بوجھ کی وجہ سے اونٹنی کا گردن کو اٹھانا۔
ـــ عنه: تکلیف رفع کرنا۔
ـــ فلانا من كذا: بچانا، نجات دلانا۔
ـــ بَيْنَهُمْ: فیصلہ کرنا۔
صَرِيَتِ النَّاقَةُ و نَحْوُهَا ـَ صَرًى: اونٹنی کے تھن کا دودھ

سے بھرنا، هي صَرِيَةٌ و صَرْيَا جمعهما صَرَايَا۔
صَرِيَ الماءُ و اللَّبَنُ: زیادہ عرصہ گزرنے سے خراب ہو جانا۔
ـــ الدَّمْعُ: آنسوؤں کا آنکھ میں رکا رہنا فالدمعُ صَرٍ۔
ـــ فُلانٌ فی یدِ فُلانٍ: کسی کا کسی کے قبضہ میں بطور یرغمال رہنا۔
أَصْرَتِ النَّاقَةُ: تھن میں دودھ اکھٹا ہونے والی ہونا۔ هي مُصْرِيَةٌ۔
ـــ النَاقَةَ: تھن میں دودھ روکنا۔
صَرَّى النَّاقَةَ: صَرَاهَا (۲) دودھ زیادہ بتانے کے لئے تھن میں روک دینا۔
الصَّارِي: بادبان باندھنے کا بانس، بلی وغیرہ ج: صَوَارٍ (۲) ملاح ج: صُرَّاءٌ
الصَّارِيَةُ: وہ کنواں جس کا پانی زیادہ ٹھیرنے کی وجہ سے سڑ گیا ہو (۲) ستون یا بانس وغیرہ جس کے ساتھ کشتی کا بادبان باندھا جاتا ہے۔
الصَّرَى: زیادہ دن رکھنے سے سڑ جانے یا ذائقہ بدل جانے والی چیز۔
لَبَنٌ صَرًّى: بدلے ہوئے ذائقہ والا دودھ۔
المُصَرَّاةُ: دودھ دینے والا جانور جس کا دودھ اس کے تھن میں روک دیا گیا ہو

ص ـــ ط

• الأُصْطُبَّةُ: کتان کا پرانا ٹکڑا۔
• المِصْطَبُ: لوہار کا اہرن (وہ موٹا لوہے کا ٹکڑا جس پر رکھ کر لوہا کوٹا جاتا ہے) ج: مَصَاطِب۔
المِصْطَبَةُ: چبوترہ ج: مَصَاطِبُ۔
• الإِصْطَبْلُ: اصطبل ج: اصطَبْلات۔

ص ــــ ع

• صَعُبَ ـُ صُعُوبَةً: سخت و دشوار ہونا (۲) مشکل ہونا۔ جیسے: صَعُبَ الأمْرُ۔
ــ الرجُلُ والدَّابَّة: سرکش ہونا۔
أَصْعَبَ الأمْرُ: مشکل ہونا۔
ــ الرجُلُ: مشکل میں پڑنا۔
ــ الشيءَ: دشوار و مشکل پانا۔
صَعَّبَهُ: مشکل بنانا، دشوار بنانا۔
تَصَعَّبَ: مشکل ہونا، کٹھن ہونا۔
ــ الأمْرَ: مشکل سمجھنا، دشواری محسوس کرنا۔
اسْتَصْعَبَ الأمْرُ: مشکل ہونا۔
ــ الأمْرَ: مشکل محسوس کرنا، دشوار سمجھنا
الصَّعْبُ: دشوار، مشکل، سخت (۲) خوددار آدمی۔ هي صَعْبَة (۳) دشوار گزار جیسے: عَقَبَة صَعْبَة وطَرِيقٌ صَعْبٌ (۴) پر مشقت جیسے: حَيَاةٌ صَعْبَة ج: صِعَابٌ۔
الصَّعْبَةُ: مؤنث الصَّعْب (۲) عُمْلَة صَعْبَة: ہارڈ کرنسی۔ وہ سکہ جس کی قیمت محفوظ رکھنے کی بنا پر اس کی تحویل دشوار ہو۔
الصُّعُوبَةُ: دشواری، مشکل، پریشانی، دقت ج: صُعُوبات۔
الْمُصْعَبُ: (من الرجال) سردار (۲) من الإبل: وہ اونٹ جس پر سواری چھوڑ دی گئی ہو ج: مَصَاعِب۔
الْمَصْعَبُ: دشواری، سختی، پریشانی ج: مَصَاعِب۔
مَصَاعِبُ الحياة: زندگی کی مشکلات۔
• صَعْتَرَ: شہد کی مکھی کا پہاڑی پودینہ کھانا
الصَّعْتَرُ: پہاڑی پودینہ۔
• صَعِدَ ـَ صُعُودًا: اوپر ہونا۔ صَعِدَ الجبَلَ والسُّلَّمَ وفيه وعليه: پہاڑ یا سیڑھی پر چڑھنا۔
صَعِدَ إليه: اوپر پہنچنا۔ قرآن پاک میں ہے: "إِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ"۔
ــ به: کسی شے کو لے کر اٹھنا۔ اوپر چڑھانا
أَصْعَدَ: اوپر چڑھنا۔ أَصْعَدَ في الأرض: چڑھائی چڑھنا۔
ــ في العَدْوِ: تیز دوڑنا۔ قرآن پاک میں ہے: "إِذْ تُصْعِدُونَ وَلَا تَلْوُونَ عَلَى أَحَدٍ"۔
ــ في الوادي: سیلاب کے راستہ میں اوپر سے نیچے کو آنا۔
ــ السَّفِينَةُ: کشتی کے بادبان میں ہوا کا بھر جانا اور کشتی کو لے چلنا۔
صَعَّدَ في الجبَلِ وعليه وعَلَى الدَّرَجَة: چڑھنا۔
ــ شيئًا: اوپر چڑھانا، بڑھانا، بڑھاوا دینا، فروغ دینا۔
ــ النَّشاطَ: سرگرمیاں تیز کرنا۔
ــ البُخارَ: بھاپ اڑانا۔
ــ الزَّفَرَاتِ: لمبے لمبے سانس لینا، آہیں بھرنا۔
ــ فيه النَّظَرَ: اوپر سے نیچے تک جائزہ لینا۔
ــ الشَّرابَ: شراب کو آگ پر رکھ کر اس کا رنگ اور ذائقہ بدلنا۔
ــ السَّائِلَ: سیال شے کو حرارت پہنچا کر بھاپ میں تبدیل کرنا۔
ــ الحَرْبَ: لڑائی تیز کرنا، جنگ کے شعلے بھڑکانا۔
ــ التوتُّرَ: کشیدگی بڑھانا۔
ــ الموقفَ: صورتِ حال کو سنگین بنانا، معاملہ آگے بڑھانا۔
ــ الوَضْعَ: صورتِ حال کو بگاڑنا۔
تَصَاعَدَ يَتَصَاعَدُ ويَصَّاعَدُ: اوپر چڑھنا۔
تَصَاعَدَهُ الأمْرُ: کسی پر کوئی بات شاق و دشوار ہونا۔
تَصَعَّدَ يَتَصَعَّدُ ويَصَّعَّدُ: تَصَاعَدَ
ــ في الشيءِ: دشواری سے گزرنا، مشکل اور دقت سے چڑھنا۔ قرآن پاک میں ہے: "كَأَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَاءِ"۔
ــ النَّفَسُ: سانس چڑھنا، سانس مشکل سے آنا۔
ــ الشيءُ الرَّجُلَ: انتہائی مشقت میں ڈالنا۔
التَّصَاعُدُ: زور، اضافہ، شدت۔
تَصَاعُدُ الأعْمَالِ: سرگرمیوں میں اضافہ
تَصَاعُدُ حِدَّةِ التوتُّرِ: کشیدگی میں اضافہ۔
تَصَاعُدُ المُظَاهَرَاتِ: مظاہروں میں شدت اضافہ۔
تَصَاعُدُ النِّطَاقِ: پھیلاؤ، دائرہ کی وسعت
الصَّاعِدُ: زائد۔ بلَغَ الشيءُ كذا فَصَاعِدًا: وہ چیز اتنی سے کچھ زیادہ ہو گئی (نصب بر بنا رحال ہے) ترقی پذیر۔ روز افزوں شيءٌ صَاعِدٌ: چڑھتی ہوئی چیز، زور پر آنے والی شے۔
الصَّعَدُ: مشقت۔ عَذَابٌ صَعَدٌ: سخت سزا۔ قرآن پاک میں ہے: "يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا"۔
الصُّعُدُ: بلندی، لمبائی۔ هذا النَّبَاتُ يَنْمُو صُعُدًا: یہ پودا لمبائی میں بڑھ رہا ہے۔
الصُّعَدَاءُ: مشقت۔ تَنَفَّسَ الصُّعَدَاءَ: لمبا گہرا سانس لینا، دردبھرا سانس، درد بھری آہ۔
الصَّعْدَةُ: سیدھا نیزہ (۲) چھڑ، بانس ج: صِعَادٌ۔

الصَّعُودُ: مشقت۔ قرآن پاک میں ہے: "سَأُرْهِقُهُ صَعُوداً" (۲) دشوار گزار گھاٹی (۳) چڑھتا ہوا راستہ، چڑھائی
ج: أَصْعِدَة و صُعُدٌ و صَعَائِدُ
الصَّعُودَاءُ: دشوار گزار گھاٹی۔
الصُّعُودُ: چڑھائی (فعل) هو في صُعودٍ: چڑھتا ہوا، ابھرتا ہوا۔
الصَّعِيدُ: سطح، روئے زمین، سطح زمین (۲) مٹی۔ قرآن پاک میں ہے: "فَتَيَمَّمُوا صَعِيداً طَيِّباً" (۳) اونچی زمین۔
صَعِيدُ مِصْرَ: مصر کا بالائی حصہ (۴) کشادہ جگہ ج: صُعُدَانٌ و صُعُدٌ۔
على صَعِيدِ كذا: فلاں سطح پر۔
المِصْعَادُ: چڑھنے کا ذریعہ (۲) لفٹ۔
المِصْعَدُ و المِصْعَدُ الآلِيُّ او الكَهْرَبِيُّ: بجلی کا زینہ، لفٹ ج: مَصَاعِدُ۔
المُتَصَاعِدُ: روز افزوں، اضافہ پذیر، ترقی پذیر، بڑھتا ہوا، چڑھتا ہوا۔
• صَعِرَ ـ صَعَراً: گردن یا منہ کا ٹیڑھا ہونا (وقتی طور پر یا بیماری کی بنا پر) غرور سے منہ پھیرنا۔ هو أَصْعَرُ و هي صَعْرَاءُ ج: صُعْرٌ۔
ـــ رَأْسُهُ: سر کا چھوٹا ہونا۔
أَصْعَرَ خَدَّهُ: غرور و تکبر سے رخسار کو ٹیڑھا کرنا، رخ بدلنا۔
صَاعَرَ: أَصْعَرَ۔
صَعَّرَ خَدَّهُ: غرور و تکبر سے رخسار کو ٹیڑھا کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ"
تَصَاعَرَ و تَصَعَّرَ: رخسار کو ٹیڑھا کرنا، منہ ٹیڑھا کرنا۔
أَصْعَرَتِ الدَّابَّةُ: جانور کا تیز چلتے ہوئے اِدھر اُدھر کو ڈولنا۔
الأَصْعَرُ: ٹیڑھے منہ والا۔ هي صَعْرَاءُ۔
الصَّعَرُ: گردن کا ٹیڑھا پن (ایک بیماری جس کی وجہ سے اِدھر اُدھر دیکھنا مشکل ہوتا ہے)۔
الصَّعَّارُ: متکبر، مغرور، خود پسند۔
الصُّعْرُورُ و الصُّعْرُورُ: درخت کا جما ہوا رس جیسے گوند ج: صَعَارِيرُ۔
الصُّعْرُورَةُ: گبریلے کی گولی۔
صَعْرَرَ الشَّيْءَ: گھمانا۔
تَصَعْرَرَ: گھومنا۔
• صَعْصَعَ الرجلُ صَعْصَعَةً و صِعْصَاعاً: ڈرنا، مضطرب ہونا (۲) شور و غل مچانا۔
ـــ القَوْمَ: ڈرانا اور منتشر کرنا۔
ـــ رَأْسَهُ بالدُّهْنِ: سر کو تیل سے تر کرنا۔
تَصَعْصَعَ الرجلُ: ذلیل ہونا، زیر ہونا۔
ـــ القَوْمُ: گھبرا کر منتشر ہو جانا۔
تَصَعْصَعَتْ صُفُوفُهُم: ان کی صفیں درہم برہم ہو گئیں۔ تَصَعْصَعَ بِهِم الدَّهْرُ: زمانہ کا لوگوں کو تتر بتر کر دینا، تباہ کر دینا۔
الصَّعْصَعُ: متفرق و منتشر۔
• صُعِفَ صَعْفاً: کانپنا۔
الصُّعْفَةُ: ٹھنڈ، خوف کی وجہ سے طاری ہونے والی کپکپی۔
• صَعْفَقَ: بدن کا پتلا اور کمزور ہونا۔
الصَّعْفَقُ: مفلس گاہک۔ بازار میں بے پیسہ گھومنے والا خریدار۔ دوسرے تاجر کی خریداری میں دخل انداز ہونے والا ج: صَعَافِقَة و صَعَافِيقُ۔
الصَّعْفُوقُ: الصَّعْفَقُ ج: صَعَافِيق
• صَعَقَتْهُمُ السَّمَاءُ ـ صَعْقاً: آسمان کا کسی پر بجلی گرانا۔
ـــ الصَّاعِقَةُ القَوْمَ: لوگوں پر بجلی گرنا۔
ـــ التَّيَّارُ الكَهْرَبَائِيُّ فُلَاناً: کرنٹ لگنا بجلی کا کسی کو شاک مارنا۔
صَعِقَ الحَيَوَانُ ـ صَعْقاً و صَعَقاً و صُعَاقاً: زور سے بولنا۔ صَعِقَ الحِمارُ و صَعِقَ الثَّوْرُ۔
صَعِقَ الرجلُ: کسی پر بجلی گرنا اور بیہوش ہو جانا (۲) چیخنا (۳) ہلاک ہو جانا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ" هو صَعِقٌ و هي صَعِقَةٌ۔
صُعِقَ: کسی پر بجلی گرنا۔ هو مَصْعُوقٌ۔
أَصْعَقَهُ: صَعَقَهُ۔
الصَّاعِقَةُ: آسمان سے برسنے والی آگ (۲) مہلک عذاب۔ قرآن پاک میں ہے: "وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيبُ بِهَا مَنْ يَشَاءُ" (۲) آسمان سے گرنے والی کڑک دار بجلی۔
مانِعَةُ الصَّوَاعِقِ: بجلی سے بچاؤ کا لوہے کا ستون وغیرہ جو عمارتوں پر لگایا جاتا ہے۔
الصَّعْقُ: کڑک دار آواز، گرج دار آواز (۲) چیخ (۳) موت۔
الصَّعْقَةُ: ایک دفعہ کی کڑک چمک۔
الصُّعَاقُ: بادل کی گرج (۲) کڑک۔
الصَّعِقُ: کڑک دار (۲) بیہوش۔
المَصْعُوقُ: غشی والا، بیہوش (۲) اچانک مرجانے والا (۳) بجلی گرنے کی توقع رکھنے والا۔
• صَعِلَ ـ صَعَلاً: چھوٹے سر اور پتلی گردن والا ہونا۔ هو أَصْعَلُ و هي صَعْلَاءُ ج: صُعْلٌ۔
اصْعَالَّ: صَعِلَ۔
الصَّعْلُ: لمبا (۲) چھوٹے سر اور پتلی گردن والا
الصَّعْلَةُ: بدن کا ہلکا پن اور دبلا پتلا پن۔ (۲) لمبا کھجور کا درخت جس میں ٹیڑھ ہو اور اس کی شاخوں پر پتے نہ ہوں۔
• صَعْلَكَ فُلَاناً: غریب و محتاج بنانا۔
ـــ البَقْلُ الدَّوَابَّ: سبزیوں کا جانوروں

کو موٹا کرنا۔
تَصَعْلَكَتِ الإِبِلُ: اونٹوں کے بال جھڑ جانا۔
ـــ الرَّجُلُ: غریب و نادار ہونا۔
الصُّعْلُوكُ: غریب و نادار ج: صَعَالِيك
صَعَالِيكُ العَرَبِ: عرب کے خوں ریز غریب لوگ۔
المُصَعْلَكُ: رَأْسٌ مُصَعْلَكٌ: چھوٹا گول سر۔
أَصْعَنَ الرَّجُلُ: چھوٹے سر والا اور کم عقل ہونا۔
اِصْعَنَّ الشَّيْءُ: باریک اور نازک ہونا
صَعَا ـُ صَعْوًا: پتلا اور چھوٹا ہونا
الصَّعْوُ: چھوٹی چڑیاں۔ واحد: صَعْوَة (۲) بیا، ممولا (ایک پرندہ) ج: صِعَاءٌ و أَصْعَاءٌ۔
نَاقَةٌ صَعْوَةٌ: چھوٹے سر والی اونٹنی

ص ـــ غ

الصُّغْبُ: لیکھیں (جوؤں کے انڈے)
صَغُرَهُ ـُ صَغْرًا: عمر میں کسی سے چھوٹا ہونا۔ هو يَصْغُرُنِي بسنةٍ واحدةٍ: وہ مجھ سے ایک سال چھوٹا ہے۔
صَغُرَ ـُ صِغَرًا: کم عمر ہونا (۲) (سائز میں) چھوٹا ہونا۔ هو صَغِيرٌ ج: صِغَارٌ۔
ـــ صَغَارًا: ذلیل و خوار ہونا۔ هو صَاغِرٌ ج: صَغَرَةٌ (۲) سورج کا غروب کی طرف مائل ہونا۔
أَصْغَرَ: چھوٹا کام کرنا، چھوٹی بات کرنا۔
ـــ الأَرْضُ: زمین کا چھوٹے پودے والی ہونا۔
ـــ فُلَانًا: حقیر و ذلیل کرنا، نیچا دکھانا۔
صَغَّرَهُ: چھوٹا کرنا (۲) ذلیل و حقیر کرنا، حیثیت گرانا۔
تَصَاغَرَ فُلَانٌ: چھوٹا بننا، چھوٹوں جیسا طرز اختیار کرنا۔
ـــ اليه نَفْسُهُ: کسی کا اپنی نظر میں چھوٹا ہونا، حقیر و بے قیمت ہونا۔
اِسْتَصْغَرَ الشَّيْءَ: چھوٹی چیز طلب کرنا (بربنار قناعت) (۲) چھوٹا سمجھنا، کم سمجھنا۔
الأَصْغَرُ: بہت چھوٹا ج: أَصَاغِرُ و أَصْغَرُونَ و هي صُغْرَى ج: صُغَرٌ و صُغْرَيَاتٌ۔
الأَصْغَرَانِ: دل اور زبان۔ المَرْءُ بِأَصْغَرَيْهِ: آدمی کی قدر و قیمت اس کی دو چھوٹی چیزوں (دل اور زبان) سے ہے۔
التَّصْغِيرُ: علم الصرف میں تحقیر و تملیح وغیرہ مقاصد کے لئے اسم کے دوسرے حرف کے بعد یار ساکن بڑھانے اور کچھ تبدیلی کا نام ہے۔ جیسے: قَمَرٌ سے قُمَيْرٌ، كِتَابٌ سے كُتَيِّبٌ۔
الصَّاغِرُ: ذلیل، ذلت پسند ج: صَغَرَةٌ۔
الصُّغَارُ: چھوٹا۔
الصَّغَارُ: ذلت، حقارت۔
الصِّغَرُ: چھوٹا پن، کم عمری۔
صِغَرُ السِّنِّ: کم عمری۔
الصِّغْرَةُ: سب سے چھوٹی اولاد۔
انا من الصِّغْرة: میں سب سے چھوٹا ہوں۔
الصَّغِيرُ: چھوٹا (۲) کم حیثیت ج: صِغَارٌ
صَغِيرُ النَّفْسِ: کم ظرف۔
صِغَارُ المُلَّاكِ: چھوٹے زمین دار۔
الصَّغِيرَةُ: چھوٹا گناہ ج: صَغَائِرُ۔
صَغَا ـُ صَغْوًا: جھکنا۔ قرآن پاک میں ہے: "اِن تَتُوبَا اِلَى اللهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوبُكُمَا"
صَغَتِ الشَّمْسُ و النَّجْمُ: ڈوبنے کی طرف مائل ہونا، قریب الغروب ہونا
صَغَا فُلَانٌ: کسی ایک پہلو پر جھکنا (۲) ایک جھکے ہوئے پہلو والا ہونا۔
ـــ الى القَوْمِ: اپنے لوگوں کے ساتھ ہم آہنگ ہونا۔
ـــ على القَوْمِ: غیر لوگوں سے ہم آہنگ ہونا
صَغِيَ ـَ صَغًا: جھکنا، مائل ہونا، قرآن پاک میں ہے: "ولِتَصْغَى اِلَيْهِ اَفْئِدَةُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْآخِرَةِ وَلِيَرْضَوْهُ وَلِيَقْتَرِفُوْا مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ"
أَصْغَى الى فُلَانٍ: کسی کی طرف دھیان دینا، دھیان سے سننا۔
ـــ اليه بِرَأْسِهِ و بِأُذُنِهِ: کسی کی طرف سننے کے لئے کان لگانا۔
ـــ الإِنَاءَ: برتن کو (پانی وغیرہ نکالنے کے لئے) جھکانا۔
ـــ الى كلامه: بات کو توجہ سے سننا۔
ـــ الشَّيْءَ: کم کرنا، گھٹانا۔
الصَّاغِي: کان لگائے رکھنے والا، چوکنا۔
الصَّاغِيَةُ: صاغيةُ فُلَانٍ: مصاحبین، مریدین، ماتحت لوگ۔
الصَّغْوُ: دھیان، توجہ۔
الصِّغْوُ: چمچے یا ہتھیلی وغیرہ کا گہرا حصہ (۲) ڈول کا کنارہ (۳) کنویں کی ایک جانب ج: أَصْغَاءٌ۔

ص ـــ ف

صَفَحَ عنه ـَ صَفْحًا: منہ پھیرنا۔
ـــ عن ذَنْبِهِ: معاف کرنا، درگذر کرنا۔
ـــ فلانًا عن حَاجَتِهِ: کسی کی ضرورت پوری نہ کرنا۔
ـــ القَوْمَ: ایک ایک کرکے پیش کرنا۔
ـــ وَرَقَ الكِتَابِ: ایک ایک ورق دیکھنا

یادکھانا، ورق گردانی کرنا۔
صَفَحَ الشَّيْءَ: چوڑا کرنا، پھیلانا، پتر بنانا،
(۲) پتر چڑھانا۔
— فُلَانًا بِالسَّيْفِ: کسی کے چوڑائی کی
طرف سے تلوار مارنا۔
صَفِحَتْ جَبْهَتُهُ ـَ صَفَحًا: چہرہ کا
بہت پھیلا ہوا ہونا۔ هو أَصْفَحُ و
هي صَفْحَاءُ ج: صُفْحٌ۔
أَصْفَحَ الشَّيْءَ: پلٹنا۔
— فُلَانًا عن الحاجَةِ: کسی کی ضرورت
کو پورا نہ کرنا، ضرورت پورا کئے بغیر
واپس کرنا۔
صَافَحَهُ: (سلام کرنے کے ساتھ) ہاتھ ملانا،
مصافحہ کرنا۔
صَفَّحَ الشَّيْءَ: چوڑا کرنا، چوڑائی میں پھیلانا
(۲) معدنیات کی چادر یا پتر چڑھانا،
فولاد کی چادر چڑھانا۔
— بِيَدِهِ: تالی بجانا۔
تَصَافَحَا: ایک دوسرے سے ہاتھ ملانا۔
تَصَفَّحَ الشَّيْءَ: غور سے دیکھنا۔
— الكِتَابَ: کتاب کے اوراق الٹ پلٹ
کرنا، ورق گردانی کرنا۔
— القَوْمَ: کسی خاص فرد کو پہچاننے کے لئے
لوگوں کو غور سے دیکھنا، لوگوں کو ان کے
معاملات جاننے کے لئے دیکھنا۔
اِسْتَصْفَحَ فُلَانًا: معافی چاہنا۔
— فُلَانًا ذَنْبَهُ: کسی سے اپنے گناہ یا
غلطی کی معافی چاہنا۔
الصِّفَاحُ: لَقِيتُهُ صِفَاحًا: میں اس سے
اچانک ملا۔ میں اس سے رو در رو ملا۔
الصَّفَّاحُ: غفار، بہت معاف کرنے والا۔
الصَّفْحُ: عفو و درگذر (۲) کنارہ، پہلو۔
صَفْحُ الجَبَلِ: دامن کوہ۔ صَفْحُ
السَّيْفِ و الوَجْهِ: تلوار یا چہرہ کی
چوڑی سطح، رخسار ج: أَصْفَاحٌ و
صِفَاحٌ۔
ضَرَبَ عنه صَفْحًا: منہ پھیر لینا،
پہلو تہی کرنا۔
صَفْحَةُ الشَّيْءِ: جانب، طرف، چہرا
(سامنے کا حصہ) (۲) پلیٹ۔
صَفْحَةُ الوَرَقِ: ورق کا ایک رخ۔
صَفْحَةُ الرَّجُلِ: سینے کی چوڑائی۔ أَبْدَى
صَفْحَتَهُ: اس نے اپنے بھید ظاہر کر دیئے
خطا و گناہ کا اعلان کرنا (اعلانیہ گناہ کرنا)
حدیث میں ہے: "من أَبْدَى لنا
صَفْحَتَهُ أَقَمْنَا عليه الحَدَّ"۔
الصَّفْحَتَانِ: دونوں رخسار۔
الصَّفْحَةُ البَيْضَاءُ: صاف ریکارڈ۔
الصُّفَّاحُ: پتلے چوڑے پتھر۔ پتھر کی سلیں (۲)
بڑے کوہان والے اونٹ ج: صَفَافِيحُ
و صُفَّاحَاتٌ۔
الصَّفُوحُ: کریم و روادار، عفو و درگذر سے
کام لینے والا۔ امْرَأَةٌ صَفُوحٌ: بے تعلق
و بے پرواہ عورت۔
الصَّفِيحُ: ہر چوڑی چیز کی سطح، چپٹی چیز
(۲) پتھر کی سل (۳) ٹین، ٹن یا معدنیات
یا فولاد کی چادر۔
الصَّفِيحَةُ: لوہے یا دھات وغیرہ کی چادر
(۲) چوڑی تلوار (۳) پتھر وغیرہ کی سل
(۴) سر کی چار ہڈیاں (۵) پٹرول یا تیل
کا ٹن ج: صَفَائِحُ و صِفَاحٌ و
صَفِيحٌ۔
الصَّفِيحَةُ الرَّقِيقَةُ (من الوَرَقِ
المُقَوَّى او الوَرَقِ المُشَمَّعِ)
اسٹینسل ایک باریک مسالہ لگا ہوا
رنگین کاغذ جس پر لوہے کے قلم سے
لکھ کر سیاہی کا رول پھیرتے ہیں اور
اس سے چھپائی کی جاتی ہے (سائکلواسٹائل
پریس اس مشین کو کہتے ہیں جس پر
اسٹینسل کے ذریعہ چھپائی ہوتی ہے)۔
الصَّفِيحَةُ المُدَرَّجَةُ (على وجه السَّاعَة)
گھڑی کا ڈائل۔
الصَّفِيحَةُ المَعْدِنِيَّةُ: دھات کی چادر۔
صَفِيحَةُ الوَجْهِ: چہرے کی کھال، چہرے
کی ظاہری سطح۔
صَفَائِحُ الباب: دروازے کے تختے۔
المُصْفَحُ: چوڑا، الٹا ہوا، چپٹا (۲) جھکا ہوا (۳)
نازک و حسین چہرہ (۴) متوسط درجہ کی
اٹھواں ناک (۵) وہ دل جس میں ایمان
و نفاق دونوں جمع ہوں (۶) وہ دو رخا
آدمی جو مومنوں اور کافروں دونوں سے
تعلق رکھتا ہو۔
المُصَفَّحُ: وہ جس پر لوہے وغیرہ کی چادر چڑھی
ہوئی ہو (۲) چوڑا چکلا پتھر جس پر لگا ہوا ہو
الأَنْفُ المُصَفَّحُ: ہموار و معتدل
بالنسبہ والی ناک۔
المُصَفَّحَةُ: السَّيَّارَةُ المُصَفَّحَةُ:
بکتر بند گاڑی، زرہ پوش موٹر جو جنگ
میں دشمن پر حملہ کے لئے استعمال کی جاتی
ہے، پہیوں پر فولاد کی موٹی چادر چڑھی
ہوئی ہوتی ہے ج: مُصَفَّحَاتٌ۔
و سَيَّارَاتٌ مُصَفَّحَةٌ۔
المُصَفِّحَةُ: تلوار ج: مُصَفِّحَاتٌ۔
• صَفَدَهُ ـِ صَفْدًا: باندھنا، مشکیں
کسنا، لوہے سے باندھنا، ہتھکڑی
لگانا۔
أَصْفَدَهُ: صَفَدَهُ (۲) کسی کو مال اتنا دینا
کہ وہ مقید ہو جائے۔
صَفَّدَهُ: خوب کسنا، زور سے باندھنا۔
الصِّفَادُ: ہتھکڑی، بیڑی، بندھن، وہ رسی
جس سے مشکیں کسی جائیں۔
الصَّفَدُ: ہتھکڑی، بیڑی، قید ج: أَصْفَادٌ۔
قرآن پاک میں ہے: "مُقَرَّنِينَ في
الأَصْفَادِ" (۲) عطیہ بخشش۔
• صَفَرَ ـِ صَفِيرًا: ہونٹوں سے سیٹی

بجانا، ہونٹوں سے باریک آواز نکالنا۔
صَفَرَ بہ : سیٹی بجا کر بلانا۔
صُفِرَ : بھوکا ہونا (۲) پیٹ میں کیڑے ہو جانا یا صفار جمع ہو جانا ۔ ھو مَصْفُورٌ۔
صَفِرَ ـَ صَفَرًا و صُفُورًا : خالی ہو جانا۔ جیسے: صَفِرَ البَیْتُ من المَتَاعِ و صَفِرَ الإنَاءُ من الماءِ و صَفِرَتْ یَدُہ من المالِ (تہی دست ہونا) ھو صَفِرٌ و ھی صَفِرَۃٌ۔
أَصْفَرَ الشَیْءُ : خالی ہونا۔
ـــ فُلانٌ : غریب و مفلس ہونا۔
ـــ الشَیْءَ : خالی کرنا۔
صَفَّرَ : صَفَرَ۔ صَفَّرَ لہ : سیٹی بجا کر کسی کو بلانا، کسی کو دیکھ کر سیٹی بجانا۔
ـــ الشَیْءَ : زرد رنگ میں رنگنا، زرد بنانا (۲) خالی کرنا۔ جیسے: صَفَّرَ البَیْتَ من المَتَاعِ۔
اصْفَرَّ : زرد ہونا، زرد رنگ میں رنگا جانا
ـــ الزَّرْعُ : کھیتی کا پک کر کاٹنے کے قریب ہونا۔ کھیتی کے پتوں کا سوکھ کر زرد ہو جانا۔ ھو اَصْفَرُ و ھی صَفْرَاءُ ج: صُفْرٌ۔
ـــ وَجْهُہٗ : ذرا سا منہ نکل آنا، بیماری یا خوف سے چہرے کا پیلا ہو جانا۔
الأَصْفَرُ : سونا۔ بنو الأَصْفَرِ : ایشیار کوچک اور قسطنطنیہ وغیرہ میں رہنے والے رومی باشندوں کا لقب۔
الأَصْفَرَان : سونا اور زعفران۔
الصَّافِرُ : ایک سیٹی بجانے والا پرندہ (۲) سیٹی بجانے والا (۳) چور (۴) غیر شکاری پرندہ یا ہر بولنے والا پرندہ۔
ما فی الدَّارِ صَافِرٌ : گھر میں کوئی نہیں
الصِّفَارُ : چوپائے کے دانتوں میں لگی ہوئی گھاس پھوس وغیرہ۔
الصُّفَارُ : سیٹی، سیٹی کی سی آواز۔ فی کلامہ صُفارٌ (۲) پیٹ کے کیڑے، پیٹ میں اکٹھا ہو جانے والا زرد پانی، صفرا (۳) بیماری یا دبلے پن کی وجہ سے نمایاں ہونے والے رنگ کی زردی، مرجھایا ہوا پودا وغیرہ۔
الصُّفَارَۃُ : مرجھایا ہوا پودا۔
الصُّفَارِیَّۃُ : زرد پروں والا ایک پرندہ
صَفَرٌ : قمری سال کا دوسرا مہینہ۔
الصُّفْرُ : پیتل (۲) خالی (جس میں کچھ نہ ہو اس میں واحد و جمع برابر ہیں) کبھی اَصْفَار بطور جمع استعمال کیا جاتا ہے نیز اَصْفَار مفرد کے لئے بھی آتا ہے جیسے: إنَاءٌ اَصْفَارٌ۔
الصِّفْرُ : خالی (۲) حساب میں عدد سے خالی رتبہ صفر (۰)۔
دَرَجَۃُ الصِّفْرِ : کسی چیز کا نقطۂ آغاز جہاں سے درجات مقرر کئے جاتے ہیں
سَاعَۃُ الصِّفْرِ : دیکھئے (ساعۃ)۔
صِفْرُ الیَدِ : تہی دست، مفلس، کنگال۔
الصَّفَرُ : بھوک (۲) پیٹ کے کیڑے (۳) یرقان کی بیماری، پیلیا جس میں چہرہ زرد ہو جاتا ہے۔
الصَّفَرَانِ : محرم و صفر کے مہینے۔
الصَّفِرُ : خالی ج : اَصْفَار۔
الصَّفْرَاءُ : سونا (۲) صفراوی مادہ، بدن کے مزاجوں میں سے ایک مزاج، اخلاط اربعہ میں سے ایک خلط (چار اخلاط یہ ہیں: صفرا، سودا، بلغم، خون) پتّا (۳) زرد رنگ کے لئے استعمال کی جانے والی ایک بوٹی (۴) ٹڈی جو انڈے دے چکی ہو۔
الصَّفَّارُ : پیتل کے برتن وغیرہ بنانیوالا ٹھٹھیرا۔
الصَّفَّارَۃُ : سیٹی (جس کو پھونک مار کر بجایا جاتا ہے) صَفَّارَۃُ الإنْذَارِ : خطرے کا الارم، سائرن۔
الصُّفْرَۃُ : زردی (۲) رنگ کا پھیکا پن۔ پیلا پن۔
صُفْرُ البَیْضِ و صُفارُھا : انڈوں کی زردی۔
الصُّفْرِیَّۃُ : عراق میں خارجیوں کا ایک فرقہ جو اموی دور تک رہا۔
الصَّفِیْرُ : سیٹی، ہونٹوں سے نکلنے والی باریک آواز جیسے س، ز اور ص حروف ادا کرتے وقت نکلتی ہے۔
المُصْفِرُ : مفلس و محتاج۔
المَصْفُورُ و المُصَفَّرُ : بھوکا۔
• صَفْصَفَ : تنہا بیابان میں چلنا۔
العُصْفُورُ : چڑیا کا چہچہانا۔
الصَّفْصَافُ : بید کا درخت۔ واحد: صَفْصَافَۃٌ۔
الصَّفْصَفُ : سپاٹ ہموار زمین (جس میں نباتات نہ ہوں) قرآن پاک میں ہے: "فَیَذَرُھَا قَاعًا صَفْصَفًا" (۲) جنگل، بیابان۔
الصُّفْصُفُ : چڑیا ج : صَفَاصِفُ۔
• صَفَعَہٗ ـَ صَفْعًا : تھپڑ مارنا طمانچہ مارنا۔
صَافَعَہ تصافَعَ : ایک دوسرے کو طمانچہ مارنا۔
الصَّفْعَۃُ : تھپڑ، طمانچہ۔
الصَّفْعَانُ : جس کو بہت طمانچے لگائے جائیں۔
• صَفَّ القَومُ ـُ صَفًّا : لائن میں لگنا، صف بندی کرنا۔
ـــ الطَّیْرُ فی السَّماءِ : پرندہ کا دونوں بازو پھیلا کر اڑنا۔ فھی صَافَّۃٌ ج : صَافَّات و صَوافُّ۔ قرآن پاک

میں ہے: "اَوَلَمْ یَرَوْا اِلَی الطَّیْرِ فَوْقَهُمْ صَافَّاتٍ"

صَفَّ الشیءَ: ترتیب سے لگانا، جمانا، پٹڑی بٹھانا (۲) لائن سے لگانا۔

ـــ الابلَ: اونٹوں کا ٹانگوں کو پھیلانا۔ ایک قطار میں رکھنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَاذْکُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَیْهَا صَوَافَّ" ان اونٹوں پر اللہ کا نام لو جن کے پیر ایک قطار میں رکھے ہوئے ہوں۔

ـــ القومَ: جنگ وغیرہ میں لائن سے کھڑا کرنا، صف وار کھڑا کرنا۔

ـــ اللحمَ: گوشت کے پارچے بنا کر دھوپ میں سکھانا (۲) گوشت کے پارچوں کو پتھر وغیرہ پر سینکنا، بھوننا، فهو صَفِیفٌ۔ صَفِیفُ شِوَاءٍ: بھنا ہوا گوشت کا پارچہ۔

ـــ الحروفَ: لوہے کے حرفوں کو ترتیب دینا، کمپوز کرنا۔

أَصَفَّهٗ: کسی کے لئے سایہ دار چیز (چھپّر یا سائبان بنانا) گھاس پھوس کی چھت ڈالنا۔

ـــ الاَرِیکَةَ والبیتَ: چبوترہ یا مکان کو چھت دار بنانا۔

ـــ السَّرْجَ: زین کے لئے گدی بنانا۔

صَافَّ الجَیشُ عَدُوَّہٗ: دشمن سے صف بندی کر کے لڑنا۔

ـــ القَائِدُ جُنْدَہٗ: کمانڈر کا سپاہیوں کو لائنوں میں کھڑا کرنا، فوجیوں کی صف بندی کرنا۔

صَفَّفَهٗ: مرتب کرنا، خوب جمانا، صف در صف کرنا، لائن دار کرنا۔

صَفَّفَتِ المرأۃُ شَعْرَهَا: عورت کا بالوں کی پٹی جمانا، مانگ نکالنا۔

اِصْطَفَّ: لائن سے لگنا، لائن لگانا، صف بستہ ہونا۔

تَصَافُّوا: ایک دوسرے کے مقابل صف بنانا۔ صف آرا ہونا۔

ـــ علی کذا: کسی بات پر متفق ہونا۔

الصَّفُّ: ہر چیز کی سیدھی لائن، قطار (۲) صف بستہ لوگ۔ قرآن پاک میں ہے: "یُقَاتِلُونَ فِی سَبِیلِهٖ صَفًّا کَأَنَّهُمْ بُنْیَانٌ مَرْصُوصٌ" (۳) مدرسہ یا اسکول کی کلاس، تعلیمی درجہ (۴) کالم ج: صُفُوفٌ۔

صَفٌّ جَانِبِیٌّ: وہ لائن جس میں برابر کھڑے ہوں۔

صَفٌّ طُولِیٌّ: وہ لائن جس میں آگے پیچھے کھڑے ہوں۔

الصَّفَّافُ: کمپوزیٹر، ڈھلے ہوئے حروف کو طباعت کے لئے ترتیب دینے والا۔

الصَّفَفُ: زرہ کے نیچے پہنے جانے والے کپڑے۔

الصُّفَّةُ: سائبان، چھپر، گھاس پھونس وغیرہ کی چھت (۲) بلند چھت کا کشادہ کمرہ، مدینہ منورہ کی مسجد (مسجد نبوی) میں وہ سایہ دار جگہ جہاں غریب مہاجر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین بغرض تعلیم قیام فرمارہتے تھے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تربیت فرماتے تھے۔ ان ہی حضرات کو اصحاب الصُّفَّة کہا جاتا تھا۔

صُفَّةٌ من الدَّهْرِ: زمانہ کی ایک مدت

الصَّفَّةُ: بالوں کی زلف (۲) طاقچہ۔

الصَّفِیفُ: گوشت کا پارچہ، گوشت کے لمبے ٹکڑے جو دھوپ میں سکھانے کے لئے رکھے گئے ہوں یا آگ یا پتھر پر بھوننے کے لئے رکھے گئے ہوں۔

المَصَفُّ: صف بندی کی جگہ، میدان کارزار۔

المِصَفُّ: کمپوزنگ اسٹک (وہ پلیٹ جس پر ٹائپ ترتیب دیا جاتا ہے۔ جوڑنے اور جمانے کا آلہ) ج: مَصَافُّ۔

المَصْفُوفُ: ترتیب دار، صف اور لائن میں لگایا ہوا (۲) کمپوز کیا ہوا۔

• صَفَقَ الشیءَ ـِ صَفْقًا و صَفْقَةً و تَصْفَاقًا: تھپکی لگانا، اتنے زور سے کسی چیز پر ضرب لگانا کہ اس کی آواز سنی جائے۔

ـــ الرِّیحُ الثَّوبَ والشَّجَرَ والمَاءَ: ہوا کا کپڑے، درخت اور پانی سے ٹکرا کر اسے ہلانا اور آواز پیدا کرنا۔

ـــ الطَّائِرُ جَنَاحَیهِ وبهما: پرندہ کا اپنے بازوؤں کو پھڑپھڑانا۔

ـــ العُودَ: سارنگی بجانا۔

ـــ البَابَ: دروازہ کو زور سے بند کرنا

ـــ الشَّرَابَ: شراب کو ہلا کر ملانا۔

ـــ القَدَحَ: پیالہ کو بھرنا۔

ـــ عَینَہٗ: آنکھ بند کرنا۔

ـــ البَیعَ: فروخت کا معاملہ کرنا، سودا کرنا عربوں کا رواج تھا کہ جب بیع کا لفظ کرتے تو ایک شخص دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مارتا اور اس سے لوگ سمجھتے کہ بیع مکمل ہو گئی۔

ـــ الدَّمَ: خون کو ایک جسم سے دوسرے جسم میں منتقل کرنا۔

ـــ فلانًا بالسَّیفِ: تلوار مارنا۔

صَفُقَ الثَّوبُ ـُ صَفَاقَةً: کپڑے کا ٹھکا ہوا ہونا، گف ہونا، دبیز ہونا۔ هو صَفِیقٌ۔

ـــ الوَجْهُ والرَّجلُ: بے حیا ہونا، چہرے پر حیا نہ ہونا۔ هو صَفِیقٌ۔

أَصْفَقَ القَومُ علی کذا او لکذا: کسی بات پر متحد و متفق ہونا۔

أَصْفَقَ عنه: پھر جانا، ہٹ جانا۔
—فُلانٌ الشیءَ و القَدَحَ و البَابَ و الشَّرابَ: تھپکی دینا، بھرنا، زور سے بند کرنا، زور سے ملانا۔
—النَّاسِجُ الثَّوبَ: کپڑے کو ٹھکا ہوا بننا، گف بنانا۔
—لِلقَوْمِ: کھلا کر سیر کر دینا۔
—القَوْمُ: پریشان ہو جانا۔
أُصْفِقَ لی کذا: مقدر ہونا۔
صَافَقَ: ایک کروٹ سونا۔ صَافَقَ بینَ جَنْبَیْہِ: کروٹیں بدلنا۔
—بینَ ثَوْبَیْنِ: ایک کپڑے کو دوسرے پر پہننا۔
صَفَّقَ: زور سے ہاتھ مارنا، زور سے تھپکنا۔
—بِیَدَیْہِ: تالی بجانا، ایک ہاتھ کی ہتھیلی کو دوسرے ہاتھ کی ہتھیلی پر مارنا۔ کہاوت ہے: یَدٌ وَحْدَھا لا تُصَفِّقُ: ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی یعنی تعاون دونوں طرف سے ہی ہو سکتا ہے یک طرفہ نہیں ہو سکتا۔
اصْطَفَقَ: مطاوع صَفَقَ: ہاتھ پر ہاتھ پڑنا، تالی بجنا، تھپکی پڑنا، (دروازہ) بند ہونا، (کپڑے یا درخت وغیرہ کا ہوا سے) ہلنا، (شراب کا) ہلنا، (پیالہ کا) بھر جانا۔
—الشیءُ: ہلنا، تھرکنا، تھپیڑے لگنا، ہل چل ہونا۔ اصطفقت الاَشْجارُ: درختوں کا ہلنا۔ اصْطَفَقَ العُودُ: سارنگی کا بجنا۔
—البَحْرُ: سمندر کا متلاطم ہونا، سمندر کی موجوں کا باہم ٹکرانا۔
—النَّاسُ: لوگوں میں ہل چل ہونا، پریشان و بے چین ہونا۔
—المَجْلِسُ بالقَوْمِ: مجلس میں لوگوں کی ہل چل ہونا۔
اصْطَفَقَ النِّساءُ علی المَیِّتِ: عورتوں کا میت پر نوحہ کرنا۔
انْصَفَقَ: مطاوع صَفَقَ (۲) واپس ہونا، پھر جانا۔
—القَوْمُ: لوگوں کا کسی جانب متوجہ ہونا
تَصَافَقَ البائعُ و المُشْتَرِی: مالک اور گاہک کا باہم سودا کرنا، سودے کو آخری شکل دینا۔
تَصَفَّقَ: کروٹیں بدلنا۔
—الدَّابَّةُ: درد زہ کے وقت لوٹ پوٹ ہونا۔
—لِلاَمْرِ: کسی کام کے پیچھے پڑنا، لگے رہنا۔
الصَّافِقَةُ: اکٹھا ہو کر آنے والی جماعت (۲) مصیبت۔
الصِّفَاقُ: اوپری جلد کے نیچے والی جھلی (۲) کھال اور آنتوں کے درمیان کی جھلی (۳) لکڑی پر مڑھی ہوئی کھال ج: صُفُقٌ۔
الصَّفَّاقُ: سودے باز، بڑا سوداگر۔
الدِّیکُ الصَّفَّاقُ: بانگ دیتے وقت بازوؤں کو پھڑ پھڑانے والا مرغ
الصَّفَاقَۃُ: ڈھٹائی، بے حیائی (۲) گف بنائی۔
الصَّفْقُ: سودا، خرید و فروخت (۲) پہلو
صَفْقَا الاِنْسانِ: آدمی کے دو پہلو
صَفْقَا العُنُقِ: گردن کے دو کنارے
صَفْقَا الفَرَسِ: گھوڑے کے دو رخسار۔ صَفْقَا البابِ: دروازے کے دو پٹ (کواڑ) ج: صُفُوقٌ۔
الصِّفْقُ: دروازے کا پٹ (کواڑ) اسے دَرْفہ بھی کہتے ہیں۔ بابُہٗ صِفْقٌ وَاحِدٌ او صِفْقَانِ: اس کے دروازے کے دو کواڑ ہیں یا ایک
ج: صُفُوقٌ و اَصْفَاقٌ۔
الصَّفْقَۃُ: سودے کی تکمیل کے لئے ہاتھ پر ہاتھ مارنا (ایک قدیم علامت) (۲) سودا یعنی خرید و فروخت کا معاملہ اور معاہدہ۔ صَفْقَۃٌ رَابِحَۃٌ: نفع بخش سودا۔ صَفْقَۃٌ خَاسِرَۃٌ: گھاٹے کا سودا (۳) بیعت۔ اَعْطَاہُ صَفْقَۃَ یَدِہٖ: اس نے اسے اپنے ہاتھ پر بیعت کر لیا (۴) ایک تھپکی، ایک تالی ج: صَفَقَاتٌ۔
الصَّفُوقَۃُ: ایسا اونچا پہاڑ جس پر چڑھنا مشکل ہو (۲) چکنی بلند چٹان (۳) نرم کمان ج: صُفُقٌ۔
الصَّفَائِقُ: آنے جانے والے قافلے۔
الصَّفَائِقُ و الصَّفَاقِقُ: حوادث۔
الصَّفِیقُ: دبیز ٹھکا ہوا (کپڑا)۔
صَفِیقُ الجِلْدِ: موٹی چمڑی والا۔
صَفِیقُ الوَجْہِ: بے حیا، ڈھیٹ۔
المُصْفَقُ: وہ بازار جہاں فروخت کے معاملات زیادہ ہوتے ہوں (۲) کرنسی اور نوٹوں کے معاملات کا بازار (۳) راستہ ج: مَصَافِقُ۔
المُصَافِقُ من الاِبِلِ: کروٹیں بدل کر سونے والا اونٹ۔
• صَفَنَ الفَرَسُ ـِ صُفُونًا: گھوڑے کا تین ٹانگوں اور چوتھی ٹانگ کے صرف کھر پر کھڑا ہونا۔
—الرَّجُلُ: دونوں پیروں کو ایک قطار میں رکھنا۔
—الطَّائِرُ: پرندے کا اپنے چوزوں کیلئے گھاس اور تنکوں کا فرش بنانا۔ ھو صَافِنٌ ج: صُفُونٌ۔
—بہ الارْضَ: پچھاڑنا، زمین پر پٹخنا۔
—فُلانًا: خصیے پھاڑ دینا۔
صَافَنَ القَوْمَ: بالمقابل کھڑا ہونا۔ حدیث

میں ہے: "فلمّا دنا القومُ صافَنَاهُمْ"

صافَنَ الماءَ بینَهم: لوگوں میں پانی تقسیم کرنا۔

صَفَّنَ الطَّائرُ: پرندے کا اپنے بچوں کے لئے تنکوں کا فرش بنانا۔

تَصَافَنَ القومُ: آپس میں پانی تقسیم کرنا

الصَّافِنُ: پنڈلی کے نیچے والے حصہ کی ایک بڑی رگ ج: صُفُونٌ وصَوافِن

الصُّفْنُ: بادیہ نشینوں کا ناشتہ دان۔ چمڑے کا تھیلا جس میں وہ کھانے کا سامان رکھتے تھے اور کبھی اسی سے پانی بھی پیتے تھے ج: اَصْفَان۔

الصَّفَنُ: خصیہ کی تھیلی (۲) گیہوں کی بالی کے دانوں کی تھیلی (۳) پرندے کا اپنے بچوں کے لئے بچھایا ہوا فرش (۴) مستی کے وقت اونٹ کے منھ سے نکلنے والے جھاگ ج: اَصْفَانٌ و صُفْنَانٌ۔

•صَفَا ـُـ صَفْوًا و صَفَاءً: صاف اور خالص ہونا، بے غبار ہونا۔ صَفَا الماءُ ونحوُہٗ: پانی وغیرہ کا گاد وغیرہ سے صاف ہونا۔

ـــ الجوُّ و الیومُ: فضا اور دن کا بے غبار اور بے بادل ہونا۔

ـــ الیومُ: دن کا بے غبار ہونا۔ ھو صافٍ و صَفْوانُ۔

اَصْفَی الحَافِرُ: کھدائی کرنے والے کا کھدائی میں پتھر تک پہنچ کر آگے نہ کھود سکنا۔

ـــ الشَّاعِرُ: شاعر کے شعر کہنے کا سلسلہ بند ہوجانا۔

ـــ الدَّجاجةُ: مرغی کا انڈے دینے سے رک جانا۔

ـــ فلانًا: کسی سے مخلصانہ تعلق و دوستی رکھنا۔ اَصْفَاہُ الوُدَّ: خالص محبت رکھنا۔

ـــ فلانًا بکذا: کسی کے لئے کوئی چیز خاص کرنا یا اسے اس چیز میں ترجیح دینا

اَصْفَی الحاکمُ و نحوُہٗ دارَ فلانٍ و مالَہٗ: حاکم وغیرہ کا کسی کے مال و مکان کو کل کا کل لے لینا۔

صَافَاہُ: خالص دوستی اور تعلق رکھنا۔

صَفَّاہُ: صاف کرنا (گندگی یا گرد و غبار دور کرنا) تنقیہ کرنا، نکھارنا (اصل چیز سے ملاوٹ کو دور کرنا)

ـــ فلانًا من الجَیشِ: فوج سے الگ کرنا۔

ـــ الحسابَ: حساب بے باق کرنا، چکانا

ـــ الشَّرِکَةَ: کمپنی کا حساب کتاب کر کے اسے ختم کر دینا۔

ـــ الماءَ: پانی کو مقطر کرنا۔ ٹپکا کر صاف کرنا (۲) چھلنی سے چھاننا۔

ـــ علی الخَشَبِ: رندہ پھیرنا۔

اِصْطَفَاہُ: برتری و برگزیدگی عطا کرنا (۲) اپنے لئے خاص کرنا، منتخب کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "اِنَّ اللّٰہَ اصْطَفٰی آدَمَ وَنُوْحًا وَّآلَ اِبْرٰہِیْمَ وَآلَ عِمْرَانَ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ" ہم نے سب جہانوں کے مقابلہ میں آدم، نوح، آل ابراہیم اور آل عمران کو بزرگ و برتر بنایا اور اپنے لئے خاص کیا۔

تَصَافَیَا: آپس میں خالص تعلق رکھنا۔

اِسْتَصْفَاہُ: اِصْطَفَاہُ (۲) مخلص و وفادار سمجھنا۔

ـــ الشیءَ: کسی چیز کا خالص حصہ لینا۔

ـــ مَالَ فلانٍ: کسی کا پورا مال لے لینا۔

التَّصفیۃ: ازالہ، بے باقی، صفائی، صفایا، خاتمہ، درستگی، حل۔

الصَّافِی: خالص، بے غبار، بے آمیزش، پاک و صاف۔

الیومُ الصَّافِی: بے ابر و غبار دن۔

الوُدُّ الصَّافِی: خالص محبت۔

الثَّمنُ الصَّافِی: خالص (نٹ) قیمت (جس میں کمیشن وغیرہ شامل نہ ہو)۔

الوَزْنُ الصَّافِی: خالص وزن (جس پر کسی قسم کا اضافہ یا کوئی کٹوتی نہ ہو)۔

صَافِی الدَّخْلِ: خالص آمدنی۔

صَافِی المُرَتَّبِ: خالص تنخواہ۔

صَافِی النِّیَّۃِ: مخلص۔

الصَّافِیَۃُ: مونث الصافی (۲) وہ زمین جس کے بسنے والے مر گئے ہوں یا کہیں چلے گئے ہوں ج: صَوَافٍ۔

الصَّفَاءُ: صفائی، نکھار، اخلاص، بہار، صاف پن۔

الصَّفَاۃُ: چوڑا اور چکنا پتھر۔ فُلَّتْ صَفَاتُہٗ: کمزور ہو گیا۔ ما تَنْدَی صَفَاتُہٗ: وہ بخیل ہے۔ ما تُقْرَعُ لہ صَفَاۃٌ: اس کا کوئی کچھ نہیں بگاڑتا ج: صَفًا۔

الصَّفْوُ: صفائی، خلوص، نکھار۔

ـــ من الشیءِ: ہر چیز کا خالص اور منتخب حصہ۔

صَفْوُ العَیشِ: زندگی کی بہار۔

الصَّفْوَاءُ: الصَّفَاۃُ۔

الصَّفْوَانُ: چکنا پتھر، چکنی چٹان۔ قرآن پاک میں ہے: "کَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَیْہِ تُرَابٌ"

الصَّفْوَۃُ من کلِّ شیءٍ: خلاصہ، خالص چیز، منتخب و پسندیدہ (۲) مخلص دوست

صَفْوَۃُ النَّاسِ: منتخب و چیدہ لوگ (۲) تھوڑا پانی۔

الصُّفْوَۃُ: الصَّفْوَۃُ۔

الصِّفْوَۃُ من الماءِ: تھوڑا پانی۔

الصَّفِیُّ من کلِّ شیءٍ: ہر چیز کا منتخب و چیدہ حصہ (۲) منتخب و مخلص دوست ج: اَصْفِیَاءُ (۳) مال غنیمت کا وہ حصہ جو حاکم اپنے لئے مقرر کرے (قبل تقسیم) ج: صَفَایَا۔

الصَّفِيَّةُ: بہت دودھ دینے والی اونٹنی (۲) بہت پھل دینے والا درختِ خرما ج: صَفَایَا۔

الصَّوَافِي: جائدادیں (۲) لاوارث زمینیں، غیر آباد زمینیں (۳) وہ زمینیں جن کو سلطان اپنے مصاحبین کے لئے خاص کیا کرتا تھا۔ واحد: صَافِیَة۔

المِصْفَاةُ: چھلنی چاے وغیرہ جیسی سیال چیزیں چھاننے کا آلہ (۲) ریفائنری (تیل وغیرہ صاف کرنے کا کارخانہ) ج: مَصَافٍ۔

المُصْطَفٰى: منتخب، پسندیدہ، برگزیدہ

ص ــــ ق

•صَقَبَ الطَّائِرُ ـُ صَقْبًا: پرندہ کا آواز نکالنا۔

ـــ الجِسْمَ المُصْمَتَ: زور سے تھپکی دے کر آواز پیدا کرنا۔

ـــ الشَّيءَ: جمع کرنا، سمیٹنا۔

ـــ البناءَ وغیرَہ: بلند کرنا۔

صَقِبَ ـَ صَقَبًا: نزدیک ہونا، قریب آنا، ھو صَقِبٌ۔

أَصْقَبَ الشَّيءَ: نزدیک کرنا، قریب لانا (۲) (شکار کا) قریب آنا۔

صَاقَبَہُ مُصَاقَبَةً و صِقَابًا: کسی کے قریب یا بالمقابل ہونا۔ جیسے: جَارٌ مُصَاقِبٌ: قریبی یا سامنے والا پڑوسی

تَصَاقَبَتِ البُیُوتُ: گھروں کا پاس پاس ہونا۔

الصَّقْبُ: خیمہ کے بیچ کا سب سے لمبا بانس یا بلّی (۲) مٹھی ج: صُقُوبٌ و صِقَابٌ

الصَّقَبُ: نزدیک و قریب (مصدر بمعنی وصف) کہتے ہیں: الجَارُ اَحَقُّ بِصَقَبِہ: پڑوسی اپنے پاس والے کا زیادہ حقدار ہے (حقِ شفعہ کے لئے کہا جاتا ہے)۔

المُصَاقَبَةُ: مناسبت، موزونیت۔

الصَّیْقَبَانِيُّ: دواساز، عطر فروش۔

•الصَّقَحُ و الصَّقْحَةُ: گنج، گنجاپن۔

الأَصْقَحُ: گنجا۔ هي صَقْحَاءُ ج: صُقْحٌ۔

•صَقَرَتِ الشَّمْسُ ـُ صَقْرًا: سورج کی تمازت سخت ہونا، دھوپ سخت ہونا۔

ـــ الشَّمْسُ فُلانًا: سورج کی گرمی کا (دھوپ کا) جھلس دینا۔

ـــ فُلانٌ النَّارَ: آگ جلانا۔

ـــ فُلانًا: ناحق کسی کو برا کہنا۔ ھو صَقَّارٌ

ـــ فُلانًا بالعَصَا: کسی کے سر پر لاٹھی یا ڈنڈا مارنا۔

ـــ بہ الأَرْضَ: زمین پر پٹخ دینا۔

ـــ الحَجَرَ: ہتھوڑے سے پتھر توڑنا۔

ـــ اللَّبَنُ: دودھ کی کھٹاس کا سخت ہونا۔

صَقَّرَ و تَصَقَّرَ: شکرے سے شکار کرنا

الصَّاقِرُ: صَقْرٌ صَاقِرٌ: تیز نظر شکرا۔

الصَّاقِرَةُ: سخت مصیبت ج: صَوَاقِرُ

الصَّاقُورُ: باریک نوک کا پتھر توڑنے کا ہتھوڑا ج: صَوَاقِیرُ۔

الصَّاقُورَةُ: الصَّاقُورُ (۲) دماغ سے ملا ہوا کھوپڑی کا اندرونی حصہ ج: صَوَاقِیرُ۔

الصَّقْرُ: شکرا (شکاری پرندہ) ج: أَصْقُرٌ و صُقُورٌ۔

الصَّقْرُ: بہت کھٹا دودھ (۲) سڑا ہوا پانی (۳) کھجور وغیرہ کا شیرہ ج: صُقُورٌ۔

الصِّقَارُ: الصَّقْرُ۔

الصَّقْرَةُ: دھوپ کی شدت اور گرمی۔

الصَّقَرَةُ: سڑا ہوا تھوڑا پانی۔

الصَّقَّارُ: شکروں کو تربیت دینے والا، شکرے باز، شکرے سے شکار کرنیوالا (۲) چغل خور۔ کافر (۳) شیرہ بنانے یا بیچنے والا۔

المُصَقَّرُ: شیرے میں رکھا ہوا۔

•صَقَعَ في البلادِ ـَ صَقْعًا: جانا، ملک یا ملکوں میں پھرنا، نکلنا۔

ـــ في القَولِ: طرح طرح کی باتیں بنانا، کلام کے جوہر دکھانا۔

ـــ صُقْعَ کذا: رخ کرنا۔ کہتے ہیں: ما أَدْرِي أَیْنَ صَقَعَ۔

ـــ الدِّیکُ و نَحْوُہ صَقِیعًا و صُقَاعًا: بانگ دینا۔ مرغ وغیرہ کا آواز نکالنا۔

ـــ فُلانًا و غیرَہ صَقْعًا: کسی کو مارنا

ـــ بہ الأَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔

ـــ فُلانًا بِکَيٍّ: کسی کو آگ کا داغ دینا۔

صَقِعَ ـَ صَقَعًا: پالا پڑنے سے تکلیف ہونا۔

ـــ الرَّجُلُ: بیہوش ہونا۔

ـــ الفَرَسُ و الطَّائِرُ: گھوڑے اور پرندے کا سر پر سفید داغ والا ہونا۔

ـــ البِئْرُ: کنویں کا منہدم ہوجانا۔

صُقِعَتِ الأَرْضُ: زمین پر پالا اترنا، پالا زدہ ہونا۔

أَصْقَعَ: پالے یا برف باری میں داخل ہونا

ـــ المَکانُ: کسی جگہ پالا پڑنا۔

صَقَّعَ: بے حد سرد ہونا۔

الصَّاقِعُ: بہت جھوٹا، باتیں بنانے والا۔

الصَّاقِعَةُ: بجلی۔

الصِّقَاعُ: خیمہ کے اوپر کی رسی جس کے دو کنارے زمین میں کھونٹیوں سے باندھ دیئے جاتے ہیں (۲) لگام کا لوہا جو گھوڑے کے جبڑوں کے پاس رہتا ہے (۳) گھونگھٹ، نقاب (۴) گیس بچاؤ نقاب (روپوش جس کے ذریعہ زہریلی گیس وغیرہ سے بچاؤ کیا جائے)

ج: صُقُعٌ و أَصْقِعَة۔
الصُّقَاع: مرغ کی بانگ۔
الصُّقْعُ: گوشہ، کنارہ، مقام، ملک، علاقہ ج: أَصْقَاع۔
الصَّقْعُ: پالا لگنے کی تکلیف، سخت سردی کی تکلیف (۲) گنجا پن۔
الصَّقِعُ: گنجا (۲) سردی سے ٹھٹھرا ہوا۔
الصَّقْعَةُ: سخت سردی، سخت پالا۔
الصُّقْعَةُ: آگ سے لگا ہوا داغ (۲) گھوڑے یا پرندے کے سر میں بیچ کی سفیدی
الصَّقِيعُ: پالا جو شب میں آسمان سے گر کر زمین پر جم جاتا ہے، آسمان سے گرنے والی برف (۲) ایک قسم کی بھڑ (۳) مزاج کی ٹھنڈک۔
المِصْقَعُ: بلند آواز و خوش گفتار۔ خَطِيبٌ مِصْقَعٌ: فصیح و بلیغ، قادر الکلام مقرر ج: مَصَاقِعُ۔
المَصْقُوعُ: پالا زدہ۔
• صَقَلَهُ ـُ صَقْلاً و صِقَالاً: صاف کرنا (زنگ اتارنا)، جلا دینا، پالش کرنا، اجاگر کرنا، چمکانا (۲) چکنا کرنا۔ جیسے: صَقَلَ السَّيْفَ و صَقَلَ المِرآةَ۔
ـــ الکَلامَ: بات کو آراستہ و شائستہ بنا کر پیش کرنا۔
ـــ الدَّابَّةَ: جانور کو سدھانا، دیکھ بھال رکھنا۔
• الصَّقَالِبَة: بلگاریہ اور قسطنطنیہ کے درمیان آباد ایک قوم جن کو آجکل سلاوی کہا جاتا ہے اور یہ لوگ صرف انہی دو ملکوں میں محصور نہیں ہیں بلکہ یورپ کے شمال مشرق اور بلگاریہ کے مغربی علاقہ میں بھی پھیلے ہوئے ہیں
ـــ فُلاناً بالعَصَا: لاٹھی مارنا۔
ـــ بہ الأَرْضَ: زمین پر پٹکنا۔
صَقِلَ ـَ صَقَلاً: چکنا اور چمکیلا ہونا (۲) لوہے کی طرح ٹھوس اور گٹھا ہوا ہونا
ـــ الفَرَسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا۔
الصَّاقِلُ: پالش کرنے والا۔ زنگ اتارنے والا ج: صَقَلَةٌ۔
الصِّقَالُ: جلا، چمک، پالش، صفائی (۲) (مصدر بمعنی صفت) صاف ستھرا، پالش کیا ہوا۔
صِقَالُ الفَرَسِ: گھوڑے کی دیکھ بھال
الصِّقَالَةُ: مچان (۲) فریم۔
صِقَالَةُ المَرْكَبِ: جہاز کا زینہ۔
الصَّقَّالُ: تلواریں وغیرہ صاف کرنے والا (پیشہ ور) (۲) پالش کا کام کرنے والا (۳) قلعی گر۔
الصُّقْلُ: کوکھ، پہلو (هما صقلان) (۲) پالش، صفائی، جلا (مصدر)۔
الصُّقْلَةُ: دبلاپن۔
الصَّقِيلُ: صاف کیا ہوا (زنگ اتارا ہوا) چمکایا ہوا، پالش شدہ۔ سَيْفٌ صَقِيلٌ: صیقل کی ہوئی تلوار۔
مَعْدِن صَقِيلٌ: چمکدار دھات ج: صِقَالٌ۔
المَصْقُولُ: پالش شدہ، چمک دار، چکنا۔
الوَرَقُ المَصْقُولُ: چکنا چمکدار کاغذ، آرٹ پیپر۔
الصَّيْقَلُ: پالش کا کام کرنے والا۔ تلواریں صاف کرنے والا ج: صَيَاقِلُ و صَيَاقِلَة۔
المِصْقَلَةُ: صاف کرنے یا پالش کرنے کا آلہ ج: مَصَاقِل۔
• الصَّقْلَبُ و الصَّقْلَبِيُّ: سلاوی قوم کا ایک فرد۔
• الصَّاقِنُ: خبردار۔

ص ـــ ك

• صَكَّ ـَ صَكَكاً و صَكِيكاً: ملے ہوئے دانتوں والا ہونا (۲) چلتے وقت ٹکرانے ہوئے گھٹنوں والا ہونا۔
صَكَّ ـُ صَكّاً: زور سے مارنا (دروازہ وغیرہ) بند کرنا۔
اصْطَكَّ الشَّيْئَان: دو چیزوں کا باہم ٹکرانا۔ جیسے: صَكَّتْ رُكْبَتَاهُ و قَدَمَاهُ: گھٹنوں یا پیروں کا چلتے وقت ٹکرانا، ڈگمگانا۔
ـــ الأَسْنَانُ: سردی وغیرہ کی وجہ سے دانتوں کا بجنا۔
الأَصَكُّ: ملے ہوئے دانتوں والا (۲) ٹکراتے ہوئے پیروں والا (۳) بجتے ہوئے دانتوں والا (۴) مضبوط آدمی ج: صُكٌّ و هي صَكَّاءُ۔
الصَّكُّ: دستاویز، اقرار نامہ، بونڈ۔
الصَّكُّ المَالِيُّ: چیک، مالی دستاویز ج: صُكُوكٌ۔
الصَّكَّةُ: دوپہر کی سخت گرمی۔
الصَّكَّاكُ: زور سے مارنے والا۔ (۲) چیک نویس۔ دستاویز نویس۔
الصَّكِيكُ: کمزور دماغ آدمی۔
المِصَكُّ: دروازہ بند کرنے کی چٹخنی یا زنجیر وغیرہ (۲) مضبوط آدمی (۳) ملے ہوئے دانتوں والا (۴) چلتے وقت ڈگمگاتے پیروں والا ج: مَصَاكُّ۔
المَصْكُوكَاتُ: سکے درہم و دینار وغیرہ۔
• صَكَمَ الفَرَسُ علی اللِّجَامِ ـُ صَكْماً و صَكْمَةً: گھوڑے کا لگام کو برداشت نہ کرتے ہوئے چبانا۔
ـــ الشَّيْءَ: ٹکر مارنا۔
الصَّكْمَةُ: ٹکر، جھٹکا۔
الصَّوَاكِمُ: حوادث و مصائب۔ صَكَمَتْهُ صَوَاكِمُ الدَّهْرِ: اس پر زمانہ کی مصیبتیں پڑیں۔

ص ـــ ل

• صَلَبَ الجسمَ ـُ صَلْباً: ہاتھ پیر

وغیرہ باندھ کر لٹکانا، سولی پر لٹکانا۔
صَلَبَ اللَّحْمَ: بھون کر اس کی چکنائی نکالنا۔ ہڈیوں کا گودا نکالنا۔
ــ الحرُّ فلانًا: گرمی کا کسی کو جھلس دینا۔
صَلَبَتْهُ الشَّمْسُ: دھوپ کا جھلس دینا۔
صَلَبَت الحُمّٰی علٰی فُلانٍ: بخار کا سخت ہونا، زیادہ دنوں رہنا۔
صَلُبَ ـُ صَلَابَةً: سخت ہونا، پتھر کی طرح ٹھوس ہونا، طاقتور ہونا۔
ــ علَی المالِ: کنجوس ہونا، مال خرچ کرنے میں سخت ہونا۔
صَلَّبَ الشیئُ: بہت سخت ہونا۔ جیسے: صَلَّبَ فَرْعُ الشَّجَرَةِ۔
ــ النَّصْرانیُّ: عیسائی کا صلیب بنانا (صلیب کا نشان بنانا) سینہ یا چہرے پر صلیب کا نشان لگانا۔
ــ الجسمَ: جسم کو خوب باندھ کر لٹکانا، سولی دینا۔ کہتے ہیں: صَلَّبَهُ علی كذا و صَلَّبَهُ فيه۔ قرآن پاک میں ہے: "ولأُصَلِّبَنَّكُم في جُذُوعِ النَّخْلِ"
ــ الدَّلْوَ: ڈول کے منہ پر صلیب نما دو لوہے کے حلقے لگانا۔
ــ الشیئَ: سخت و مضبوط کرنا۔
ــ السِّلاحَ: ہتھیار تیز کرنا، اٹھالینا۔
ــ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بچہ کو دودھ پلاتے وقت گردن آسمان کی طرف اٹھانا۔
اِصْطَلَبَ العَظْمَ او اللَّحْمَ: چکنائی اور گودا نکالنا۔
تَصَلَّبَ: لکڑی کی طرح سخت ہو جانا، لکڑ بنجانا، مضبوط ہونا۔
ــ المَوْقِفُ: پالیسی یا طرز عمل سخت ہونا۔
ــ الرَّجُلُ مع احد: سخت بن جانا، سختی کا برتاؤ کرنا۔

تَصَلَّبَ الأَعْضاءُ: بدن کے حصوں کا سخت ہو جانا۔ اینٹھ جانا۔
ــ فی الرَّأْیِ والعَقِیدَةِ ونحوها: رائے یا عقیدہ میں پختہ ہونا، متشدد ہونا، رائے یا عقیدہ پر جم جانا (نہ ہٹنا)
الصَّالِبُ: انتہائی تیز بخار (۲) لرزہ کا بخار الحُمَّی الصّالِبَة بھی کہتے ہیں۔
الصَّلَابَةُ: سختی، ٹھوس پن۔ فی وَجْهِهِ صَلَابَةٌ: اس کے منہ پر بے حیائی برس رہی ہے۔ صَلَابَةُ المَوْقِف وغیرہ: پالیسی کی سختی پختگی، مضبوطی۔
الصُّلْبُ: سخت، مضبوط، طاقتور۔ (غیر لچکدار) (۲) ٹھوس چیز (جو مختلف حالات میں اپنی ہیئت وشکل پر قائم رہے۔ سیال شے اور گیس کے مقابل) پتھر یا لکڑی کی طرح سخت (۳) فولاد (وہ جسم جو مختلف عناصر سے مرکب ہوتا ہے۔ انتہائی سخت ہونے کے باوجود کوٹنے چھیتنے سے نرم ہو کر مختلف شکلیں اختیار کر لیتا ہے۔ نیز پگھلنے کی بھی صلاحیت رکھتا ہے۔ اس سے ہتھیار وغیرہ بنتے ہیں)۔ (۴) کمر کی ریڑھ کی ہڈی۔ مجازًا کمر۔ قرآن پاک میں ہے: "يَخْرُجُ من بَيْنِ الصُّلْبِ والتَّرائِبِ" (۵) نسل، خاندان۔ قرآن پاک میں ہے: "وحَلائِلُ ابنائِكُمُ الَّذِينَ من اَصْلابِكُم" فُلانٌ من صُلْبِ فُلانٍ: فلاں فلاں کی اولاد میں سے ہے ج: اَصْلُبٌ و اَصْلابٌ۔
صُلْبُ الشیئِ: اصل۔ فی صُلْبِ المَوْضُوعِ: اصل موضوع پر۔
الصَّلْبَةُ: عارضی ستون جو ڈاٹ یا لینٹر کے لئے کھڑا کیا جائے۔

صَلْبَةٌ راسِيَةٌ: ڈاٹ کا گول ڈھولا، عارضی ٹانڈ۔
الصَّلَبُ: طاقتور اور سخت (۲) گودا، چربی ج: اَصْلابٌ۔ اِصْلاب: وہ زمینیں جو عرصہ سے جوتی نہ گئی ہوں۔ کہتے ہیں: إنَّها لَأَصْلابٌ مُنْذُ أَعْوامٍ۔
الصُّلَّبُ: سخت، مضبوط (۲) سان رکھنے کا پتھر (۳) دھاردار۔ تیز کیا ہوا۔
الصُّلَّبُ: ایک پرندہ۔
الصُّلَّبَةُ: چاقو وغیرہ تیز کرنے کا پتھر۔
الصُّلَّبِیُّ: سخت، سان رکھنے کا پتھر، تیز۔
الصَّلِیبُ: سخت و مضبوط (۲) خالص النسب کہتے ہیں: هو عَرَبِیٌّ صَلِیبٌ: وہ خالص النسل عرب ہے (۳) سولی دیا ہوا، سولی پر چڑھایا ہوا (۴) ہڈی کا گودا چربی (۵) سولی (ہر دو ایسے خط جو ایک دوسرے کو قطع کرتے ہوں یا اس طرح کی لکڑی یا لوہے کی بنی ہوئی چیز) (۶) وہ لکڑی وغیرہ جس پر سولی دی جائے۔ عیسائیوں کے عقیدہ میں وہ لکڑی جس پر حضرت مسیح علیہ السلام کو سولی دی گئی (۷) سخت دل (۸) اونٹ کا داغ ج: صُلُبٌ و صُلْبانٌ۔
الصَّلِیبُ الأَحْمَرُ: ایک بین الاقوامی امدادی جماعت جو آفات ومصائب میں انسانوں کی مفت خدمات انجام دیتی ہے۔ ریڈ کراس
الصَّلِیبِیُّ: صلیبی عقیدہ رکھنے والا۔ عیسائی جو صلیب کی خاطر جنگ کرتا ہو۔
الصَّلِیبِیُّونَ: یورپ کے عیسائی فوجی جنہوں نے گیارہویں بارہویں اور تیرہویں صدی میں اسلامی مشرقی ملکوں پر متعدد بار حملے کئے جن کا مقصد ان کے بقول بیت المقدس اور اس سے ملحقہ علاقوں کو آزاد کرانا تھا۔
المُصَلَّبُ: صلیب کا نشان ڈالا ہوا (۲) چاقو وغیرہ

کا تیز کیا ہوا پھل ۔
المَصْلُوبُ: سولی دیا ہوا (۲) تیز بخار والا ۔
•صَلَتَ اللَّبَنُ و نَحوُهُ ـُ صَلْتًا: دودھ کا کم چکنائی والا ہونا، پتلا ہونا۔
— فُلانا وغیرہ بالسَّیْفِ ـُ صَلْتًا: تلوار مارنا۔
— الفَرَسَ وغیرہ: ایڑ لگانا۔
— ما فی القَدَحِ وغیرہ: پیالہ وغیرہ کے پانی وغیرہ کو گرانا۔
صَلُتَ الجَبِینُ ـُ صُلُوتَةً: پیشانی کا کشادہ اور روشن ہونا۔
— الرَّجُلُ: روشن وکشادہ پیشانی والا ہونا۔
أَصْلَتَ الشَّیْءَ: نمایاں کرنا، باہر نکالنا۔
— السَّیْفَ: تلوار میان سے نکالنا۔
انْصَلَتَ: نمایاں ہونا، ابھرا ہوا ہونا۔
— فی أَمْرِہ و سَیْرِہ: کوشش کرکے آگے نکلنا۔
الإِصْلِیتُ: پختہ کار، تیز آدمی ج: أَصَالِیتُ
الصَّلْتُ: نمایاں (۲) چکنا ج: أَصْلاتٌ۔
جَبِینٌ صَلْتٌ: کشادہ اور چمکدار پیشانی۔
سَیْفٌ صَلْتٌ: تیز تلوار۔
الصَّلْتَانُ: بہت طاقتور (۲) تیز طرار، ارادہ کا پکا ج: صِلْتَانٌ۔
المِصْلاتُ: الصَّلْتَانُ۔
الصَّلْتُ و المُنْصَلِتُ: من السُّیُوفِ: تیز تلوار۔
•صَلِجَ ـَ صَلَجًا: بہرا ہونا۔ ھو أَصْلَجُ و ھی صَلْجَاءُ ج: صُلْجٌ
صَلَجَ الفِضَّةَ ـُ صَلْجًا: پگھلانا۔
تَصَالَجَ فُلانٌ: بہرا بننا۔
الصُّلَّجَةُ: ریشم کا خول جو بعض کیڑے بناتے ہیں ج: صُلَّجٌ۔
الصَّلِیجَةُ: پگھلی ہوئی صاف چاندی، چاندی کی ڈھلی ہوئی تختی۔
الصَّوْلَجُ: صاف وخالص (۲) گیند کھیلنے کا بلا (جس کا ایک کنارہ مڑا ہوا ہوتا ہے)، موٹھ دار ڈنڈا۔ ج: صَوَالِجُ۔
الصَّوْلَجَةُ: الصَّوْلَجُ۔
الصَّوْلَجَانُ: الصَّوْلَجُ۔
صَوْلَجَانُ المُلْكِ: عصا، اقتدار جو بادشاہ بطور رمز ہاتھ میں رکھتا ہے ج: صَوَالِجُ و صَوَالِجَةٌ۔
الصَّوْلَجَانَةُ: الصَّوْلَجَانُ۔
لَعِبُ الصَّوْلَجَانِ: ہاکی، کرکٹ۔
•صَلَحَ ـُ صَلاحًا و صُلُوحًا: ٹھیک ہونا، خرابی دور ہونا (۲) نیک ہونا۔
— الشَّیْءُ: نفع بخش ہونا، لائق ومناسب ہونا۔ ھذا الشَّیْءُ یَصْلُحُ لَكَ و ھذا الثَّمَرُ یَصْلُحُ لِلأَكْلِ۔
صَلُحَ ـُ صَلاحًا و صُلُوحًا: ٹھیک ہونا (۲) نیک ہونا۔ ھو صَلِیحٌ ج: صُلَحَاءُ۔
أَصْلَحَ فی عَمَلِہ او أَمْرِہ: ٹھیک کام کرنا، معاملہ درست کرنا۔
— الشَّیْءَ: ٹھیک کرنا، مرمت کرنا، اصلاح کرنا، تصحیح کرنا۔
— بَیْنَهُمَا او ذاتَ بَیْنِهِمَا او ما بَیْنَهُمَا: صلح کرانا۔ قرآن پاک میں ہے: "وإن طائفتان من المؤمنین اقتتلوا فأصلحوا بینهما"۔ "فاتقوا اللہ وأصلحوا ذات بینکم"۔
— اللهُ لِفُلانٍ فی ذُرِّیَّتِہ: کسی کی اولاد میں درستگی یا نیکی پیدا کرنا، کسی کی اولاد کو نیک بنانا۔ قرآن پاک میں ہے: "وأصلح لی فی ذریتی"۔
أَصْلَحَ لِفُلانٍ فی مالِہ: کسی کے مال کو نفع بخش بنانا، کسی کے مال میں درستگی پیدا کرنا۔
صَالَحَهُ مُصَالَحَةً و صِلاحًا: کسی کے ساتھ صلح وامن سے رہنا۔ (ضد خاصمہ)
— علی الشَّیْءِ: کسی سے کسی بات پر مصالحت کرنا، صلح کا معاہدہ کرنا۔
اصْطَلَحَ القَوْمُ: لوگوں کے مابین صلح ہونا۔
— القَوْمُ علی الأَمْرِ: کسی بات پر متفق ہونا اور کسی بات کو جاننے کیلئے کوئی علامت یا کوئی مفہوم ادا کرنے کے لئے کوئی لفظ مقرر کرنا۔
تَصَالَحُوا: باہم مصالحت کرنا۔
اسْتَصْلَحَ الشَّیْءُ: ٹھیک ہونے کے قریب یا ٹھیک ہونے کے قابل ہونا۔
— الشَّیْءَ: ٹھیک کرنا (۲) ٹھیک کرانا (۳) ٹھیک پانا یا ٹھیک سمجھنا۔
— فُلانًا: دوستی یا صلح چاہنا، نیک سمجھنا
الاِصْطِلاحُ: درستگی، صلح (۲) اصطلاح، کسی خاص مفہوم کو ادا کرنے کے لئے مقرر کیا ہوا لفظ۔ لکلّ عِلْمٍ اصطلاحاتُہ: ہر علم کی خاص اصطلاحات ہوتی ہیں۔
الإِصْلاحُ: مرمت، اصلاح، تصحیح۔
الاِسْتِصْلاحُ: صلح جوئی۔
التَّصْلِیحُ: مرمت، اصلاح کاری۔
التَّصَالُحُ مع العَدُوِّ: دشمن سے ملاپ۔
الصَّالِحُ: ٹھیک، صحیح، درست (۲) نیک (۳) لائق ومناسب، فٹ (۴) منفعت، مفاد (۵) کثیر (عندہ قَدْرٌ صالِحٌ من المالِ) ج: صَوَالِحُ۔
الصَّالِحُ العَامُّ: مفاد عامہ۔
فی صالحِ فُلانٍ: فلاں کے لئے مفید ہے۔ لِصَالِحِ فُلانٍ: فلاں کے مفاد کے لئے۔
الصَّلاحُ: نیکی، راست روی، درستگی،

(۲) صفائی ستھرائی - بے عیبی -
الصَّلَاحِيَة: درستگی (۲) صلاحیت ولیاقت، مناسبت وموزونیت (۳) اختیار، دائرۂ اقتدار -
صَلَاحِيَة ائْتِمَانِيَّة: قرض کی گنجائش
صَلَاحِيَةُ التَّأشِيرَة ونحوها: ویزا کے استعمال کی مدت، گنجائش -
صَلَاحِيَةُ القَانُون: اطلاق پذیری -
صَلَاحِيَات: اختیارات - مُمَارَسَةُ الصَّلَاحِيَات: اختیارات کا استعمال
الصُّلْحُ: صلح، امن، سلامتی، دوستی (۲) وصفی معنی: پرامن، دوست - کہتے ہیں: هو صُلْحٌ لي وهم صُلْحٌ لي
الصُّلْحُ التَّعَاقُدِيُّ: معاہداتی امن -
الصُّلْحُ المُفْرَدُ: انفرادی مصالحت -
الصَّلِيحُ: نیک، صالح، ایماندار ج: صُلَحَاء
الصَّلُوحُ: نیک، بہت ٹھیک -
المَصْلَحَةُ: درستی، نیکی (۲) منفعت (۳) کسی وزارت کا محکمہ، انتظامی شعبہ جس کے تحت مخصوص کام ہوں جیسے: انکم ٹیکس کا محکمہ، پاسپورٹ کا محکمہ وغیرہ ج: مصالح -
المَصْلَحَةُ الخَاصَّة - المَصْلَحَة الذَّاتِيَّة شخصی یا ذاتی مفاد -
المَصْلَحَة العَامَّة: مفاد عامہ -
المَصْلَحَةُ الوَطَنِيَّة: قومی مفاد -
المَصْلَحَة الحُكُومِيَّة: سرکاری محکمہ -
مَصْلَحَةُ الاسْتِعْلَامَات: محکمۂ اطلاعات
مَصْلَحَة البَرِيد: محکمۂ ڈاک -
مَصْلَحَة البِلَاد: ملکی مفاد -
مَصْلَحَة الجمارك: کسٹم کا محکمہ -
مَصْلَحَة الرِّيّ: محکمۂ آب پاشی -
مَصْلَحَة السِّكَك الحَدِيدِيَّة: محکمۂ ریلوے
مَصْلَحَة الضَّرَائِب: محکمۂ ٹیکس -
مَصْلَحَة العَمَل: لیبر محکمہ - مزدوروں اور کاریگروں وغیرہ کے امور کا محکمہ -
مَصْلَحَة الكَنْس والتَّنْظِيف: محکمۂ آرائش بلدہ -
مَصْلَحَة النَّقل: محکمۂ ٹرانسپورٹ -
المَصْلَحِيّ: محکمہ جاتی، محکمہ سے متعلق -
لِمَصْلَحَة فُلَانٍ: فلاں کے مفاد کیلئے -
له فيه مَصْلَحَة: اس کا اس میں مفاد ہے -
المَصَالِح: مفادات - منافع -
المصالِحُ الأَهْلِيَّة: ملکی مفادات، قومی مفادات -
المَصَالِحُ الحَيَوِيَّة: زندگی سے متعلق مفادات
المَصَالِحُ الضَّخْمَة: زبردست مفادات -
المَصَالِحُ المُشْتَرَكَة او المُتَبَادَلَة: مشترکہ مفادات -
المُصْلِحُ: اصلاح کنندہ، ریفارمر، مربی، مصلح (۲) میکانک، مشینیں ٹھیک کرنیوالا -
___ بين القوم: صلح کرانے والا -
المُصْطَلَحُ: اصطلاح (خاص مفہوم کی ادائگی کے لئے مقرر کیا ہوا لفظ یا اشارہ) ج: مُصْطَلَحَات -
• صَلِخَ ـَ صَلَخًا: بہرا ہو جانا - هو أَصْلَخُ وهي صَلْخَاءُ ج: صُلْخٌ -
تَصَالَخَ: بہرا بن جانا -
اصْلَخَّ: لیٹنا -
الصَّالِخُ: خارش (۲) کالا سانپ -
الأَصْلَخُ: بالکل بہرا (۲) خارش زدہ اونٹ هي: صَلْخَاءُ -
الصَّلَخُ: بہراپن (۲) خارش -
اصْلَخَدَّ الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا -
الصَّلْخَدُ: ذہین، دلیر، مضبوط ج: صَلَاخِد
• صَلَدَ ـِ صَلْدًا و صُلُودًا: سخت ہونا، خشک ہونا -
___ الأَرْضُ: زمین کا بنجر ہونا -
___ فُلَانٌ: بخیل وکنجوس ہونا (۲) سنگ دل ہونا -
صَلَدَ الزَّنْدُ: چقماق کا آواز نکال کر بے شعلہ رہجانا -
___ الدَّابَّةُ: چوپائے کا دوڑتے وقت اگلی دونوں ٹانگیں زمین پہ مارنا -
___ فُلَانٌ بيَدَيهِ: تالی بجانا -
___ أَنْيَابُهُ: دانتوں کے بجنے (کٹ کٹ کرنے) کی آواز ہونا -
___ الشيءُ: چمکنا -
صَلُدَ ـُ صُلُودًا و صَلَادَةً: سخت اور چکنا ہونا (۲) بخیل ہونا -
أَصْلَدَ: سخت اور چکنا ہونا -
___ الشيءَ: سخت و چکنا کرنا (۲) سخت و چکنا پانا -
___ الزَّنْدُ: چقماق کا آگ نہ نکالنا -
صَلَّدَ السائِلَ: مانگنے والے کو خالی ہاتھ واپس کرنا -
تَصَلَّدَ السائِلُ: سیال شے کا خشک ہو جانا
الأَصْلَدُ: بہت سخت، بہت ٹھوس (۲) بہت کنجوس، بے فیض - هي صَلْدَاءُ ج: صُلْدٌ -
الصَّلْدُ: سخت وٹھوس، بہت چکنا، سپاٹ (۲) چکنی چوڑی چٹان (۳) تیڑ، نباتات سے خالی زمین - قرآن پاک میں ہے: "كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيهِ تُرَابٌ فَأَصَابَهُ وَابِلٌ فَتَرَكَهُ صَلْدًا" (۴) آگ نہ دینے والی چقماق ج: أَصْلَادٌ - هي صَلْدَة ج: صِلَادٌ -
الصَّلُودُ: بہت سخت، بہت چکنا، بہت بنجر (من القُدُور والمَرَاجِل) وہ دیگچی وغیرہ جس میں دیر سے جوش آتا ہو، آگ اس پر دیر میں اثر کرتی ہو - ج: صُلُدٌ -
المِصْلَادُ: نَاقَة مِصْلَادٌ: وہ اونٹنی جو بچہ دے اور تھنوں میں دودھ

نہ ہو ج: مَصَالِيد ۔
المِصْلَادَةُ: المِصْلَاد ج: مَصَالِيدُ۔
الصِّلْدِمُ: ٹھوس اور مضبوط (۲) مضبوط کھُر والا چوپایہ ج: صَلَادِمُ۔
• صَلْصَلَ الشَّيءُ: گونج دار آواز نکلنا۔
___ الجَرَسُ: گھنٹی بجنا۔
___ الحَلْيُ و السِّلاحُ: زیور یا ہتھیاروں کی آواز نکلنا، جھنجھناہٹ یا جھنکار ہونا۔
___ الرَّعْدُ: بادل کی کڑک کا گونجنا۔
___ فلانٌ: دھمکی دینا۔
___ بِكَلَامِهِ: لڑکھڑاتے ہوئے بولنا۔
تَصَلْصَلَ: گونجنا، گرجنا، جھن جھن ہونا۔
___ الغَدِيرُ: تالاب کا خشک ہو جانا۔
الصُّلَاصِلُ: آواز نکالنے والا، گونجنے والا (۲) آواز نکالنے والا گدھا۔
الصَّلْصَالُ: خشک مٹی، کھنکھناتی مٹی، بجنے والی مٹی۔
الصَّلْصَلُ: گھوڑے کی پیشانی ج: صَلَاصِل
الصُّلْصُلُ: تالاب یا برتن میں بچا ہوا پانی (۲) بال گرنے سے گھوڑے کی پیشانی کا سفید ہونے والا حصہ ج: صَلَاصِل۔
الصَّلْصَالَةُ: غیر آباد زمین۔
الصَّلْصَلَةُ: زیورات و ہتھیاروں کی جھنکار (۲) گھنٹی کی آواز، گونج۔
الصَّلْصَلَةُ: شوربا۔
المُصَلْصَلُ: خالص النسب، شریف النسب آدمی۔
• صَلْطَحَهُ صَلْطَحَةً: پھیلانا، چوڑا کرنا۔
الصَّلْطَحُ: چوڑا (۲) بھاری بھرکم۔
المُصَلْطَحُ: چوڑا کشادہ۔
• صَلِعَ فُلانٌ ـ صَلَعًا: سر کے اگلے بال گر جانا یا بیچ سر کے بال اڑ جانا، گنجا ہونا۔
___ رَأْسُهُ: سر کے بال اڑ جانا۔
صَلِعَتِ الشَّجَرَةُ و نَحْوُهَا: درخت کی ٹہنیوں کے کناروں کا گر جانا یا مویشی کا ان کو کھا جانا۔
تَصَلَّعَتْ و صَلَّعَتِ الشَّمْسُ: سورج کا بادلوں سے نکل آنا۔
___ السَّمَاءُ: آسمان صاف ہونا (بادل نہ رہنا)۔
الأَصْلَعُ: گنجا (سر کے اگلے یا بیچ کے گرے ہوئے بالوں والا) (۲) جلا دیا ہوا نیزہ (۳) ہر چکنی اور چمک دار شے۔ هي صَلْعَاءُ ج: صُلْعٌ و صُلْعَانٌ۔
الصِّلَاعُ: صِلَاعُ الشَّمْسِ: سورج کی گرمی۔
الصَّلَعُ: گنجا پن، سر کے اگلے حصہ یا درمیان کے بال گر جانا۔
الصَّلْعَةُ: سر کی کھال جس سے بال جھڑ گئے ہوں۔
الصُّلْعَةُ: الصَّلْعَةُ۔
الصُّلَّاعَةُ: چوڑی سخت چٹان ج: صُلَّاعٌ
الصَّلِيعُ: گنجا (۲) زمین کا سپاٹ حصہ، بنجر زمین ج: صُلْعَاء و هي صَلِيعَة ج: صَلَائِعُ۔
صَلْعَم: صَلَّى اللّٰه عليه وسلم کا اختصار۔
• صَلِفَهُ ـ صَلَفًا: کسی سے بغض رکھنا، نفرت کرنا۔
صَلِفَ الشَّيءُ ـ صَلَفًا: کم نفع و فیض والا ہونا، بے برکت ہونا۔
___ النَّبَاتُ: کم پھل یا کم پیداوار والا ہونا۔
___ الطَّعَامُ: کھانے کی غذائیت کم ہونا، بے برکت ہونا، بے مزہ ہونا۔
___ السَّحَابُ: بادل کا زیادہ گرجنا اور کم برسنا۔
___ فُلانٌ: لوگوں میں مبغوض و ناپسندیدہ ہونا، شیخی بھگارنا، ڈینگ مارنا، بے جا تعریف کرنا۔ هو صَلِفٌ و هي صَلِفَةٌ۔
أَصْلَفَ: صَلِفَ، تنگ ظرف ہونا۔
___ فُلانًا: کسی سے نفرت کرنا۔ أَصْلَفَهُ اللّٰه: اللہ کا کسی کو لوگوں کی نظر میں مبغوض کرنا۔
تَصَلَّفَ: بے فیض ہونا یا بننا (۲) سخت زمین میں داخل ہونا۔
الأَصْلَفُ من الأرض: بنجر اور ناکارہ زمین ج: أَصَالِف و صُلْفٌ۔
الصَّلِفُ: کم خیر و فیض والا (۲) شیخی خور (۳) بے کار باتیں بنانے والا۔ سَحَابٌ صَلِفٌ: زیادہ گرجنے اور کم برسنے والا بادل۔ طَعَامٌ صَلِفٌ: بے مزہ کھانا، بے برکت کھانا۔
الصَّلْفَاءُ: سخت اور بنجر زمین ج: الصَّلَافِي۔
الصَّلَفُ: شیخی، بے برکتی، بے مزگی، بیجا تعریف
الصَّلِيفُ: الصَّلِفُ (۲) گردن کی بیرونی سطح، گردن کا کنارہ ج: صَلَائِف۔
الصَّلِيفَانِ: گردن کی دونوں جانبیں (۲) پالکی میں باندھی جانے والی دو لکڑیاں
• صَلَقَ ـ صَلْقًا: چیخنا چلانا، تکلیف یا مصیبت کی وجہ سے چلانا۔
___ القَوْمَ: و صَلَقَ فيهم: سخت مصیبت میں ڈالنا یا زبردست حملہ کرنا۔
___ نَابُهُ: دانت پیسنا (اور ان کی آواز نکلنا)
___ اللَّحْمَ و نَحْوَهُ: گوشت وغیرہ پکانا۔
___ الشَّاةَ: بکری وغیرہ کو دونوں پہلوؤں پر رکھ کر بھوننا۔
___ الشَّمْسُ فُلانًا و غَيْرَهُ: سورج کا کسی کو گرمی سے تکلیف پہنچانا۔
___ فلانًا و غَيْرَهُ: کسی کو ڈنڈا یا لاٹھی مارنا
أَصْلَقَ: صَلَقَ۔
___ النَّابُ: دانت کا دوسرے سے ٹکرا کر بجنا۔
تَصَلَّقَ: بے چینی کی وجہ سے تڑپنا، پہلو بدلنا،

پیچ وتاب کھانا۔
تَصَلَّقَتِ المَرْأَةُ: عورت کا دردزہ میں پہلو بدلنا اور آہیں بھرنا۔
ـــ الدَّابَّةُ: جانور کا مٹی میں لوٹ لگانا۔
اصْطَلَقَ: أَصْلَقَ۔
اصْطَلَقَ البَعِيْرُ بنابِه: اونٹ کا دانت پیسنا۔
الصُّلاَقَةُ: ایک جگہ عرصہ تک ٹھیرنے کی وجہ سے سڑا ہوا پانی۔
الصَّلْقُ: چیخ وپکار (۲) اونٹ کے دانت بجنے کی آواز۔
الصَّلَقُ: ہموار میدان ج: أَصْلاَق۔
الصَّلاَّقُ: زور زور سے چیخنے چلّانے والا۔ بہت چلّانے والا (۲) زبان زور اور قادر الکلام متکلم یا مقرر۔
الصَّلِيْقُ: پکا ہوا گوشت، بھنا ہوا گوشت (۲) چپاتی، پتلی روٹی ج: صَلاَئِق۔
المِصْلَقُ: زور آور قادر الکلام آدمی ج: مَصَالِق و مَصَالِيق۔
• صَلَّ الشَّيْءُ ـِ صَلِيْلاً: باریک آواز نکلنا۔
ـــ بَيْضُ الحَدِيْد: خودوں پر تلواروں کی ضرب سے آواز پیدا ہونا۔
ـــ المِسْمَارُ: کیل (میخ) ٹھونکنے کی آواز ہونا۔
ـــ الإِنَاءُ الفَارِغُ: خالی برتن کا چوٹ مارنے سے آواز دینا۔
ـــ السِّقَاءُ: مشک کا خشک ہو جانا۔
ـــ اللَّحْمُ صُلُولاً: گوشت کا بدبودار ہونا، سڑ جانا۔
ـــ المَاءُ و نَحْوُهُ: پانی وغیرہ کا بدمزہ ہونا
ـــ الشَّرَابَ و نَحْوَهُ صَلاًّ: صاف کرنا۔
ـــ الحَبَّ المُخْتَلِطَ بالتُّرَاب: مٹی میں ملے ہوئے غلہ کو پانی ڈال کر صاف کرنا۔
ـــ الخُفَّ: موزے میں استر لگانا۔

أَصَلَّ اللَّحْمُ او المَاءُ و نَحْوُهُ: بدبودار ہو جانا، متغیر ہونا۔
صَلْصَلَ: صَلَّ کا مبالغہ۔
الصَّالُّ: تیز آواز والا جنگلی گدھا۔
الصَّالَّةُ: مؤنث الصَّال (۲) مصیبت
الصُّلُّ: بدل جانے والا یا بدبودار گوشت وغیرہ۔
الصِّلُّ: ایک موذی سانپ۔ صِلُّ أَصْلاَلٍ: بہت مکار و بدباطن۔
الصَّلاَّلُ: صَالّ کا مبالغہ۔ خشک مٹی جو لوہے کی طرح آواز دے۔
الصَّلَّةُ: سوکھی بدبودار کھال (۲) خشک زمین ج: صِلاَلٌ۔
الصُّلَّةُ: بدبودار ہوا (۲) بچا ہوا پانی۔
الصِّلَّةُ: کیل ٹھونکنے کی آواز۔
الصِّلاَلَةُ: موزے کا استر ج: أَصِلَّة۔
الصُّلاَلَةُ: کوڑا کرکٹ۔
الصَّلِيْلُ: ہتھیاروں کی جھنکار۔
المِصَلَّةُ: پانی صاف کرنے کا آلہ، فلٹر۔
المُصَلِّلُ: شریف، سردار۔
• صَلَمَه ـِ صَلْمًا: کاٹنا (۲) جڑ سے اکھاڑنا، جڑ سے کان یا ناک کاٹنا اسی معنی میں زیادہ استعمال ہے۔
صَلَّمَه: بالکل کاٹنا، بالکل جڑ سے کاٹنا۔
اصْطَلَمَهُ: صَلَمَه۔ اصْطَلَمَهُم الدَّهْرُ او المَوتُ او العَدُوُّ: زمانہ کے حوادث یا موت یا دشمن نے ان کا صفایا کر دیا، تباہ و برباد کر دیا
الأَصْلَمُ: کن کٹا (۲) پیدائشی چھوٹے کان والا (جو کٹا ہوا محسوس ہو) ج: صُلْمٌ۔
الصَّلْمَاءُ: کن کٹی۔ چھوٹے کان والی ج: صُلْمٌ۔
الصُّلْمَةُ: خود۔ ج: صُلَمٌ و صِلاَمٌ۔

الصَّلَمُ و الصَّلَمَةُ: مضبوط اور بہادر لوگ واحد: صالِمٌ۔
الصَّلاَمَةُ و الصِّلاَمَةُ: عمر، سخاوت اور بہادری میں برابر لوگ۔
الصَّيْلَمُ: تلوار (۲) تباہی مچانے والی آفت و مصیبت۔
المُصَلَّمُ: کن کٹا۔ کہتے ہیں: مَشَوْا بآذانِ النَّعَامِ المُصَلَّم: وہ ذلت کے ساتھ چلے۔
• صَلْمَعَ: مفلس و محتاج ہونا۔
ـــ الرَّأْسَ: سر مونڈنا، چکنا کرنا۔
ـــ الشَّيْءَ: جڑ سے اکھاڑنا۔ هو صَلْمَعَةُ بنُ قَلْمَعَة: وہ اور اس کا باپ دونوں غیر مشہور ہیں۔
• اصْلَهَبَّ الشَّيْءُ: دراز ہونا۔
الصَّلْهَبُ و المُصْلَهِبُّ: لمبا آدمی۔
الصَّلْهَبَةُ: بڑا مکان۔
• الصَّلْهَجُ: بڑی چٹان (۲) مضبوط اونٹنی۔
• اصْلَهَمَّ الشَّيْءُ: سخت ہونا۔
الصِّلْهَامُ: بہادر، شیر۔
• صَلِيَت النَّاقَةُ او الحَامِلُ ونحوهما ـَ صَلاً: اونٹنی یا حاملہ کے دُبر اور دُم کے درمیانی حصہ کا قرب ولادت کے وقت ڈھیلا ہو جانا۔
اصْلَت الحَامِلُ: صَلِيَتْ (۲) جننے کا وقت قریب ہونا۔
صَلَّى الفَرَسُ فی السِّبَاقِ: دوڑ میں گھوڑے کا دوسرے نمبر پر ہونا (اسے مصلّی کہتے ہیں)
ـــ فُلاَنٌ: دعا کرنا۔ صَلَّى عَلَيه: کسی کے لئے دعا خیر کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَصَلِّ عَلَيْهِم إِنَّ صَلاَتَكَ سَكَنٌ لَهُمْ"
ـــ صَلوٰةً: نماز پڑھنا۔
ـــ بالنَّاس: نماز پڑھانا۔
ـــ اللّٰهُ عَلَى رَسُولِه: اللہ کا اپنے پیغمبر

کو اپنی برکت و رحمت سے ڈھانپنا۔
الصَّلاَ: دُم کے دائیں اور بائیں جانب کا حصہ۔ (هما صَلَوَان) (۲) دُم اور دُبر کے درمیان کا خلا (۳) انسان اور جانور کی کمر کے بیچ کا حصہ ج: اَصْلاءٌ۔
الصَّلاَةُ: دعا، تسبیح (۲) خاص اسلامی عبادت جو مقررہ اوقات میں خاص شرائط کے ساتھ ادا کی جاتی ہے (نماز) (۳) رحمت (۴) یہودیوں کا عبادت خانہ۔ قرآن پاک میں ہے: "ولولا دفعُ اللهِ النّاسَ بعضَهم ببعضٍ لهُدِّمَت صوامعُ وبِيَعٌ وصَلَوَاتٌ ومساجدُ يُذكَرُ فيها اسمُ اللهِ كثيرًا"۔
المُصَلِّی: گھڑ دوڑ میں نمبر دو پر رہنے والا گھوڑا۔ مجازاً ہر اُس انسان کے لئے بھی مستعمل ہے جو کسی کام میں پہلے کے مقابلہ میں دوسرا ہو۔
المُصَلّٰی: نماز ادا کرنے کی جگہ (۲) نماز کے لئے استعمال کیا جانے والا کپڑا، جانماز۔
مُصَلَّی العِید: عیدگاہ ج: مُصَلَّیَاتُ العِید۔
• صَلَی الشَّیءَ ـِ صَلْیًا: آگ میں ڈالنا۔
صَلاهُ النَّارَ و فیها وعلیها: آگ میں ڈالنا، آگ میں جلانا۔ کہتے ہیں: صَلاهُ العَذابَ او الهَوانَ او الذُّلَّ: آتشِ عذاب یا آتشِ ذلت میں جلانا۔
ــــ اللَّحمَ و نَحوَهُ: گوشت وغیرہ بھوننا
ــــ الصَّیدَ ولَهُ: شکار کے لئے پھندا لگانا، جال لگانا۔
ــــ فُلانًا ولَهُ: مصیبت میں ڈالنے کے لئے کسی کے خلاف سازش کرنا، فریب کرنا۔
صَلِیَ النَّارَ و بها ـَ صَلًی وصِلِیًّا: آگ میں جلنا۔ قرآن پاک میں ہے: "لا یَصلاها الا الاشقی"

صَلِیَ الامْرَ و بہ: کسی معاملہ میں تکلیف اٹھانا، مصیبت جھیلنا۔ قرآن پاک میں ہے: "الا مَن هو صالِ الجحیم"۔
ــــ بفُلانٍ و بشَرِّ فُلانٍ: کسی کی وجہ سے اذیت و تکلیف میں مبتلا ہونا۔
اَصْلاهُ النَّارَ و بها وفیها و علیها: آگ میں ڈالنا، آگ میں جلانا۔
ــــ اللَّحمَ و نَحوَهُ: بھوننا، سینکنا۔
صَلَّاهُ النَّارَ و بها و فیها و علیها: آگ میں ڈالنا، جلانا۔ قرآن پاک میں ہے:
"ثُمَّ الجَحِیمَ صَلُّوهُ"۔
ــــ الماءَ: پانی گرم کرنا۔
ــــ القَناةَ او العَصا بالنَّارِ: بانس یا لاٹھی کو آگ پر تاپنا (تاکہ وہ گرم ہو کر نرم ہو جائے اور اسے موڑا جاسکے)۔
اِصْطَلَی النَّارَ و بها: آگ پر ہاتھ وغیرہ تاپنا۔ گرمی حاصل کرنا۔ قرآن پاک میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے قصہ میں ہے: "اِنّی آنَستُ نارًا لَعَلّی آتِیکُم منها بخبرٍ او جَذوَةٍ من النّارِ لعلّکم تَصطَلُونَ"۔
بہادر آدمی کے بارہ میں کہا جاتا ہے: فُلانٌ لا یُصطَلَی بنارِہ: وہ ایسا بہادر ہے کہ اس پر کسی کا بس نہیں چلتا۔
تَصَلَّی النَّارَ و بها: آگ سے تاپنا، گرمی حاصل کرنا۔
ــــ القَناةَ و العَصا: بانس یا لاٹھی کو (موڑنے کے لئے) آگ پر گھمانا، تاپنا
الصِّلَی: آگ (۲) ایندھن۔
الصِّلاءُ: آگ (۲) ایندھن (۳) بھنا ہوا گوشت۔
الصَّلایَةُ و الصَّلاءَةُ: دوائیں وغیرہ کوٹنے کی کھرل یا سل (۲) پیشانی ج: صُلِیٌّ

الصُّلِیُّ: آگ میں جلنا۔ قرآن پاک میں ہے: "ثُمَّ لَنَحنُ اَعلَمُ بالذین هم اَولٰی بها صِلِیًّا"
المِصْلاةُ: شکار کا پھندا یا جال (۲) مجازاً فریب، چال ج: مَصالٍ۔ مقولہ ہے: اِنَّ لِلشَّیطانِ مَصالِیَ وفُخُوخًا: شیطان کے جال اور پھندے ہوتے ہیں جن میں وہ لوگوں کو پھنساتا ہے۔
المُصْطَلَی: دیواری انگیٹھی۔

ص ـــــ م

• اَصْمَألَّ: سخت ہونا۔
ــــ النَّباتُ: نباتات کا گھنا ہونا۔
ــــ فُلانٌ: غصہ سے پھول جانا۔ هو مُصْمَئِلٌّ۔
• صَمَتَ ـُ صَمْتًا و صُمُوتًا و صُماتًا: خاموش رہنا (نہ بولنا) سَكَتَ صرف ناطق کے خاموش ہونے کے لئے ہے۔ صَمَتَ ناطق و غیر ناطق سب کے لئے ہے۔
اَصْمَتَ العَلیلُ: بیمار کی زبان بند ہو جانا (نہ بول سکنا)۔
ــــ فُلانًا: خاموش کرنا۔
صَمَّتَ العلیلُ: بیمار کی زبان بند ہو جانا
ــــ الشَّیءَ: ٹھوس بنانا۔
ــــ فُلانًا: خاموش کرنا۔
صَمَّتَتِ المرأةُ ولدها: عورت کا بچہ کو کچھ دے کر بہلانا۔
الصَّامِتُ: خاموش (۲) بے زبان (جس میں قوتِ ناطقہ نہ ہو) بے آواز۔
ــــ من المال: سونا اور چاندی۔
مالَهُ صامِتٌ ولا ناطِقٌ: اس کے پاس کچھ نہیں، وہ مفلس ہے ج: صُمُوتٌ و صَوامِتُ۔
الصُّمَاتُ: سکوت، خاموشی، کنواری لڑکی

کے بارہ میں کہتے ہیں: إذْ نُہا صُماتُہا: اس کی اجازت اس کی خاموشی ہے۔
رَمَاہُ اللّٰہُ بِصُمَاتِہ: اللہ اُسے خاموش کردے۔
الصَّمَاتُ: کچھ (نفی کے ساتھ مستعمل ہے۔ جیسے) ما ذُقْتُ صَمَاتًا: میں نے کچھ نہیں چکھا۔
الصِّمَاتُ: قصد وارادہ۔ کہتے ہیں: بات علی صِمَاتِ اَمْرِہ: وہ اپنے ارادہ پر قائم رہا۔ فُلانٌ علی صِمَاتِ الأمرِ: وہ اپنا کام کرنے کے لئے تیار ہے
الصُّمْتَۃُ: وہ چیز جس کو کھلا یا پلا کر بچہ کو بہلایا جائے اور خاموش کیا جائے ج: صُمَتٌ
الصَّمُوتُ: کم گو، بہت خاموش رہنے والا (۲) بوجھل۔ ضَرْبَۃٌ صَمُوتٌ: خاموش، آر پار چوٹ۔ مُسَدَّسٌ صَمُوتٌ: بے آواز پستول (۳) شہد سے بھرا چھتا (۴) ٹھوس۔
— من السُّیُوفِ: وہ تلوار جس کی ضرب سے نکلنے والے خون کی آواز نہ ہو۔
— من الدُّرُوعِ: ملائم اور چمکدار زرہ
خَلْخَالٌ صَمُوتٌ: وجارِیَۃٌ صَمُوتُ الخَلْخَالِ: آواز نہ دینے والی پازیب یا چست پازیب والی لڑکی (جس کی پنڈلی بھری ہوئی ہونے کی وجہ سے پازیب تنگ اور بے آواز ہو)
المُصْمَتُ: پتھر کی طرح ٹھوس۔
— من الاقفال وغیرھا: آواز نہ دینے والا تالا۔
— من الاَلْوَانِ: خالص رنگ جس میں کوئی آمیزش نہ ہو۔
— من النَّوم: بھاری نیند، گہری نیند
— من الخَیلِ: یک رنگا گھوڑا۔
— من الاَبْوابِ: وہ دروازہ جس کے بند ہونے کی جگہ کا علم نہ ہو۔

الحائطُ المُصْمَتُ: وہ دیوار جس میں کہیں فرجہ نہ ہو، روشن دان نہ ہو
الإناءُ المُصْمَتُ: وہ برتن جس پر چاندی کی قلعی نہ ہو۔
المُصَمَّتُ: مکمل۔
المُصَمِّتُ: بے پرواہ۔ ھو یشکو الی غیر مُصَمِّتٍ: وہ ایسے شخص سے شکایت کرتا ہے جو توجہ نہیں دیتا۔
•صَمَحَ الیَومُ ـَ صَمْحًا: دن کا بہت گرم ہونا۔
— الحَرُّ فُلانًا: گرمی کا کسی کے دماغ کو ایذا پہنچانا۔
— فُلانًا بالسَّوطِ: کسی کو کوڑا مارنا
— فی المَسْأَلَۃِ: سوال میں بضد ہونا
الصُّمَاحُ: آگ سے دیا ہوا داغ (۲) بدبودار پسینہ (۳) پگھلی ہوئی چربی جو پاؤں کی پھٹن پر لگائی جائے۔
الصَّامِحُ والصَّمُوحُ: یَومٌ صَامِحٌ وصَمُوحٌ: انتہائی گرم دن۔
الأصْمَحُ: بہادروں کے سروں پر بہادری کے سبب ضرب لگانیوالا۔
الصَّمْحَاءُ: سخت زمین۔
•صَمَخَہُ ـَ صَمْخًا: کان کے سوراخ پر مارنا۔
— الصَّوتُ السَّامِعَ: سننے والے کے کان پھاڑنا یا کان کے پردے پھاڑنا۔
صَمَخَ اَنْفَہُ: ناک توڑنا۔
الأُصْمُوخُ: کان کا سوراخ۔
الصِّمَاخُ: کان کا سوراخ۔ ضَرَبَ اللّٰہُ علی صِمَاخِہ: اللہ نے اسے سلا دیا۔ یا اللہ اس کو سلائے ج: اَصْمِخَۃٌ و صُمُخٌ۔
الصَّمِخَۃُ من النِّسَاءِ: نرم ونازک عورت۔

الصَّمَّاخَۃُ: جگالی والے جانوروں کی اوجھ کے ساتھ والی تھیلی۔
الصُّمَاخُ: کم پانی والا کنواں۔
•صَمَدَ ـُ صَمْدًا و صُمُودًا: ڈٹنا، قائم وثابت قدم رہنا۔ برقرار رہنا۔ حضرت علیؓ کا قول ہے: صَمْدًا صَمْدًا حَتّٰی یَتَجَلّٰی لَکُمْ عَمُودُ الحَقِّ: ٹھیرو ٹھیرو اس وقت تک جمے رہو جب تک کہ تم کو حق کا مینار نظر آئے۔
— الشَّیْءَ و لَہُ و الیہ صَمْدًا: قصد کرنا۔
— وَجْہَہُ: سورج کا چہرے وغیرہ کو گرمی سے جھلس دینا۔
— القَارُورَۃَ و نَحْوَھا: شیشی کی ڈاٹ لگانا۔
— الرَّجُلُ رأسَہُ: سر پہ رومال باندھنا
— البَیْتَ او العَرُوسَ: گھر یا دولہن کو آراستہ کرنا۔
اَصْمَدَ الاَمْرَ الیہ: کوئی کام کسی کے حوالہ کرنا۔
— فُلانًا الی کذا: کسی چیز کا سہارا دینا۔
صَامَدَہُ مُصَامَدَۃً و صِمَادًا: ثابت قدمی میں کسی سے مقابلہ کرنا، کسی کے مقابلہ میں جمے رہنا۔
صَمَّدَہُ: بمعنی صَمَدَ مبالغہ کے ساتھ
— رَأسَہُ: سر کو رومال سے باندھنا۔
تَصَامَدَا: ثابت قدمی میں مقابلہ کرنا، ایک دوسرے کے مقابلہ پر ڈٹنا۔
الصَّامِدُ: ثابت قدم، ڈٹا ہوا، ڈٹنے اور جمنے والا، مضبوط (۲) ٹھوس آمدنی جو بچا کر رکھی گئی ہو۔
صَامِدٌ للمَاءِ: واٹر پروف۔
صَامِدٌ للنَّارِ: فائر پروف۔
الصِّمَادُ: پگڑی کے علاوہ سر کو باندھنے کا رومال وغیرہ (۲) شیشی کی ڈاٹ ج: اَصْمِدَۃ

بَاتَ علی صِمَادِ الماء: وہ رات کو پانی کی طرف چلتا رہا۔
الصِّمَادَةُ: شیشی کی ڈاٹ ج: صَمَائِدُ۔
بَاتَ علی صِمَادَةٍ من اَمْرِہ: وہ اپنے معاملہ میں کامیابی کے قریب ہوگیا۔
الصَّمْدُ: بلند جگہ ج: اَصْمَادٌ و صِمَادٌ
صَمْدُ العَرُوس: دولہن کی پوشاک۔
الصَّمَدُ: وہ شخصیت جس کی طرف حاجت روائی اور حل مشکلات کیلئے رجوع کیا جائے (۲) باری تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ایک نام۔ وہ ذات جو کسی کی محتاج نہ ہو اور سب اس کے محتاج ہوں۔ وہ سب سے بے نیاز ہو اور کوئی اس سے بے نیاز نہ ہو۔
شَیْءٌ صَمَدٌ: ٹھوس چیز (۲) قائم ولازوال۔
الصَّمْدَةُ: لمبائی میں اٹھی ہوئی چٹان ج: صِمَادٌ (۲) عیسائیوں کے یہاں مقدس عہد و پیمان کی وضاحت۔
المِصْمَادُ: نَاقَةٌ مِصْمَادٌ: سردی اور قحط سالی برداشت کرنے والی اونٹنی ج: مَصَامِید۔
الصُّمُودُ: پامردی، ثابت قدمی، جماؤ، مقابلہ۔
الصُّمُودُ ضِدَّ الضَّغْط: دباؤ میں نہ آنا
المُصْمَدُ: ٹھوس، بوجھل۔
المُصَمَّدُ: مقصود (۲) ٹھوس وسخت۔
المَصْمُودُ: جس کا قصد کیا جائے۔
صَمَرَ الماءُ ـُ صَمْرًا و صُمُورًا: پانی کا آہستہ آہستہ بہہ کر آنا۔
ـــ الرَّبِیْعُ: ہوا بند ہو جانا، تھم جانا۔
ـــ الرَّجُلُ: بخل کرنا، بخیل ہونا۔
ـــ الشَّیْءَ: روکنا۔

صَمِرَ اللَّبَنُ ـَ صَمَرًا: دودھ کا کھٹا ہونا۔
ـــ الماءُ: پانی کا سڑ جانا۔ هو صَمِرٌ۔ کہتے ہیں: یَدِی من السَّمَكِ صَمِرَةٌ: مچھلی کو لگنے سے میرا ہاتھ بدبودار ہے۔
أَصْمَرَ اللَّبَنُ: دودھ کا زیادہ ترش ہونا
ـــ فُلَانٌ: غروب آفتاب کے وقت میں داخل ہونا۔
ـــ المَتَاعَ: سامان اکھٹا کرنا۔
صَمَّرَ: بمعنی صَمَرَ مبالغہ کے ساتھ۔
ـــ المَتَاعَ: سامان اکھٹا کرنا۔
الصَّامِرُ: بخیل (۲) اوپر سے بہہ کر آنے والا (پانی)۔
الصَّامُورَةُ: بہت کھٹا دودھ۔
الصِّمْرُ: اوپر سے بہہ کر آنے والے پانی کے ٹھیرنے کی جگہ ج: اَصْمَارٌ۔
الصَّمَرُ: پانی کی بدبو، بساند۔
الصَّمْرُ: تازہ مشک کی بو۔
الصُّمْرُ: کسی چیز کا کنارہ ج: اَصْمَار۔ مَلَأَ الكَأْسَ الی اَصْمَارِها: گلاس کناروں تک بھر دیا۔
الصَّمِرُ: بدبودار۔
الصَّمِیْرُ: وہ شخص جس کی ہڈیوں پر گوشت سوکھ گیا ہو اور اس سے پسینہ کی بو آتی ہو ج: صُمَرَاءُ و هن صَمَائِرُ۔
الصُّمَیْرُ: شام کا وقت، غروب آفتاب کا وقت۔
• صَمْصَمَ فی كذا: ثابت قدم رہنا۔
ـــ القُنْفُذَةُ: سیہی کا آواز نکالنا۔
الصَّمْصَامُ: ثابت قدم، پختہ عزم (۲) نہ مڑنے والی تیز تلوار ج: صَمَاصِمَةٌ۔
الصَّمْصَامَةُ: الصَّمْصَامُ۔
الصَّمَّصَمُ: انتہا سے زیادہ کنجوس۔
الصِّمْصِمَةُ: جماعت (۲) سخت ٹیلہ جس

کے پتھر کھڑے ہوئے سے معلوم ہوں ج: صِمْصِمٌ و صَمَاصِمُ۔
• صَمَعَهُ ـَ صَمْعًا: بالعصا او السیف: لاٹھی یا تلوار مارنا (۲) رضامندی سے کسی کو روکنا۔
صَمِعَ ـَ صَمَعًا: چھوٹے کان والا ہونا۔
ـــ القَدَمُ: ٹخنے کا چھوٹا اور نازک ہونا۔
ـــ القَنَاةُ: لاٹھی یا بانس کا (نیزے کا ڈنڈا) باریک گرہوں والا ہونا۔
ـــ فُلَانٌ: بہادر اور فولادی دل ہونا (۲) بے پرواہ ہو کر جدھر منہ اٹھے ادھر جانا۔
هو اَصْمَعُ و هی صَمْعَاءُ ج: صُمْعٌ۔
ـــ فی الکلام: غلطی کرنا۔
صَمَّعَ الشَّیْءَ: باریک کرنا، تیز کرنا۔
ـــ الحَیَوَانَ: دبلا کرنا۔
ـــ اللّٰهُ الظَّبْیَ و نَحْوَهُ: اللہ کا ہرن وغیرہ کو چھوٹے کان اور تیز سینگ والا بنانا۔
ـــ علی رَأْیِه و نَحْوِه: رائے وغیرہ پر جم جانا۔
انْصَمَعَ فی غَضَبِه و نَحْوِه: مسلسل غصہ کرنا، غصہ پر قائم رہنا۔
تَصَمَّعَ: یکجا ہونا، جڑنا۔
ـــ رِیْشُ السَّهْمِ: تیر کے پروں کا خون میں آلودہ ہو کر باہم مل جانا۔ تَصَمَّعَ السَّهْمُ: بمعنی مذکور۔
الأَصْمَعُ: بہت چھوٹے کانوں والا (۲) شترمرغ (نر) (۳) تیز دھار والا گٹھا ہوا۔ نَبَاتٌ اَصْمَعُ: پودا جس کی کلیاں ابھی نہ کھلی ہوں۔ قَلْبٌ اَصْمَعُ: تیز اور مضبوط۔ ج: صُمْعٌ
الصَّمِعُ: ذہین و دلیر (۲) مضبوط دل والا۔
الصَّمْعَاءُ: اُذُنٌ صَمْعَاءُ: چھوٹا سر سے چپکا ہوا نازک کان۔ قَدَمٌ صَمْعَاءُ: ہموار نازک ٹخنے والا پیر۔ بُرْعُومَةٌ صَمْعَاءُ: نازک کلی جو کھلی نہ ہو۔ قَنَاةٌ

صَمْعَاءُ: نیزے کی گٹھی ہوئی لکڑی جو اندر سے کھوکھلی کم ہو۔ عَزْمَةٌ صَمْعَاءُ: پختہ ارادہ ج: صُمْعٌ۔
صَوْمَعَ الشَّيْءَ: اکٹھا کرنا۔
__ البناءَ: عمارت کو بلند کرنا۔
__ الثَّرِيْدَ: ثرید کو برتن میں مخروطی شکل دینا۔
الصَّوْمَعُ: عیسائی راہب کی عبادت گاہ (کُٹیا) (۲) عیسائیوں کا عبادت خانہ ج: صَوَامِعُ۔
الصَّوْمَعَةُ: الصَّوْمَعُ (۲) غلہ کا گودام ج: صَوَامِع۔
• أَصْمَغَتِ الشَّجَرَةُ: درخت سے گوند نکلنا، گوند والا ہونا۔
__ شِدْقُهُ: باچھ کا زیادہ تھوک والی ہونا (باچھوں سے زیادہ تھوک نکلنا)۔
اِسْتَصْمَغَ الشَّجَرَ: درختوں سے گوند نکلنا
صَمَّغَهُ: گوند ڈالنا (۲) گوند سے چپکانا۔
التَّصَمُّغُ: چپکاہٹ جو ایک قسم کی خرابی ہے اور بعض نمکین اور میٹھی چیزوں میں پیدا ہو جاتی ہے۔
الصَّامِغَانِ: باچھوں سے متصل دونوں ہونٹوں کے کنارے۔
الصَّمْغُ: گوند ج: صُمُوغ۔ الصَّمْغَةُ: گوند کا ٹکڑا
الصَّمْغَانُ: وہ آدمی جس کے کان یا منہ سے گوند یا جھاگ جیسی چیز نکلتی ہو۔
الصَّمْغَةُ (فی الطِّبّ) خاندانی آتشک کے تیسرے دور میں ظاہر ہونے والی ورم۔
الصَّمَّاغَةُ: گوند کی شیشی۔
الصَّمْغَةُ: زخم۔
• صمق: أَصْمَقَ الباب: دروازہ بند کرنا۔

أَصْمَقَ اللَّبَنُ او الماءُ: دودھ یا پانی کا ذائقہ بدلنا۔
__ الرَّجُلُ: خبیث و بدطینت ہونا۔
الصَّمْقَةُ: خراب شدہ دودھ۔
الصَّامِقُ: بھوکا پیاسا۔
• صَمَلَ ـُ صَمْلًا و صُمُولًا: پر گوشت اور گٹھا ہوا ہونا، سخت ہونا جیسے: صَمَلَ البَدَنُ والعُوْدُ۔ و صَمَلَتِ الشَّجَرَةُ۔
__ عن الطَّعامِ و نَحْوِه: کھانے سے رک جانا۔
__ للعَمَلِ و فیه: جفاکشی سے کام کرنا، کام پر باوجود کلفت لگے رہنا۔ (۲) سنبھالنا۔ هو صَامِلٌ و صَمِيْلٌ
أَصْمَلَهُ: دبلا اور کمزور بنا دینا۔ أَصْمَلَهُ الصِّيَامُ: روزوں نے اسے کمزور و دبلا کر دیا۔ أَصْمَلَ الشَّجَرَةَ العَطَشُ: درخت کو پانی نہ ملنے نے سکھا دیا۔
اِصْمَأَلَّ: سخت ہونا، پودے کا گھنا ہونا۔
الصَّامِلُ: خشک (۲) دبلا، پتلا۔
الصَّمُوْلَةُ: پیچ کا بلا، نَٹ (جس میں چوڑیاں ہوتی ہیں اور چوڑی دار کیل کو اس میں داخل کر کے پیچ کس دیا جاتا ہے)۔
مِسْمَارٌ بِصَمُولَةٍ: پیچ دار کیل۔
مفتاحُ صَمُولَةٍ: پیچ کھولنے کی چابی۔
الصُّمُلُّ: مضبوط جسم والا۔
المُصْمَئِلُّ: غصہ سے بھولا ہوا۔
المُصْمَئِلَّةُ: مصیبت۔
• الصِّمْلَاخُ: کان کا سوراخ (۲) کان کا میل۔
الصُّمْلُوخُ: الصِّمْلَاخُ۔
• صَمَّ القارُوْرَةَ و نَحْوَها ـُ صَمًّا: ڈاٹ لگانا۔
صَمَّ الجُرْحَ: مرہم لگا کر زخم کو باندھنا، مرہم پٹی کرنا۔
__ الحَدِيْثَ: بات کو محفوظ کر لینا۔
__ فُلانًا: بہت زور سے مارنا۔
صَمَّ ـَ صَمَمًا و صَمًّا: بہرا ہونا، اونچا سننا، قوت سماعت جاتی رہنا۔ صَمَّتْ أُذُنُه: کان بہرا ہو جانا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَحَسِبُوْا اَنْ لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا وَ صَمُّوْا"
__ عن حَدِيثه: کسی کی بات نہ سننا، کان بند کر لینا۔
__ القَنَاةُ: چھڑ کا اندر سے گٹھا ہوا ہونا۔ (جوف کم ہونا) ٹھوس ہونا۔
__ الجِسْمُ: جسم کا ٹھوس اور سخت ہونا
__ الأَمْرُ: مشکل اور دشوار ہونا۔ هو اَصَمُّ و هي صَمَّاءُ ج: صُمٌّ۔
أَصَمَّ: بہرا ہونا، اونچا سننے والا ہونا۔
__ فُلانًا و نَحْوَه: بہرا کر دینا۔ قرآن پاک میں ہے "اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ" (۲) بہرا پانا۔
__ القارُوْرَةَ: شیشی کو بند کرنا۔
صَمَّمَ فی کذا او عَلَیه: کسی بات کا پختہ ارادہ کرنا۔ ٹھان لینا۔ اپنی رائے پر اٹل رہنا (ہر کسی کی بات ان سنی کر دینا)۔
__ العَزِيْمَةُ: ارادے کا پختہ ہونا۔
__ السَّيْفُ و نَحْوُهُ: تلوار وغیرہ کا کاٹتے ہوئے ہڈی تک پہنچ جانا۔
__ فُلانًا وغَيْرَه: بہرا کر دینا۔
__ صَاحِبَهُ الحَدِيْثَ: اپنے ساتھی کو بات یا حدیث یاد کرا دینا۔
__ الشَّيْءَ: دانتوں سے کاٹنا۔
تَصَامَّ الحَدِيْثَ و عنه: بات کو ان سنی کرنا (یہ ظاہر کرنا کہ وہ بہرا ہے اس نے سنا نہیں)۔

تَصَامَّ: بہرا بنجانا۔

الاَصَمُّ: بہرا، اونچا سننے والا (۲) خواہش کا بندہ جو کسی کے رد کے نہ رُکے (۳) ٹھوس اور سخت ج: صُمٌّ و صُمَّانٌ۔

حِلْمٌ اَصَمُّ: کامل بردباری۔

خَطْبٌ اَصَمُّ: سخت مصیبت۔

مَکَانٌ اَصَمُّ: بنجر جگہ۔

الشَّهْرُ الاَصَمُّ و شَهْرُ اللهِ الاَصَمُّ: ماہ رجب (اس ماہ کو اصمّ اس لئے کہتے ہیں کہ جاہلیت میں عرب اس مہینہ میں جنگ کا نعرہ نہیں لگاتے تھے)۔

التَّصْمِيْمُ: خاکہ، ڈیزائن (۲) اسکیم ج: تَصَامِيم و تصميمات۔

تصميمُ البناء: بلڈنگ کا نقشہ۔

تَصْمِيْمُ خَرِيْطَةِ مَدِيْنَةٍ وغيرها: شہر وغیرہ کا نقشہ تیار کرنا۔

الصَّمَّاءُ: سخت زمین (۲) بڑی مصیبت (۳) بہری (۴) الغُدَّةُ الصَّمَّاءُ: وہ ٹھوس غدود جس سے رطوبت نکل کر جسم کے باہر نہ آتی ہو۔

صَمَامِ: سخت مصیبت کا اسم علم (۲) صَمَامِ صَمَامِ: (اسم فعل) خاموش رہ۔ واحد وجمع ومؤنث ومذکر سب کے لئے۔

الصِّمَامُ: شیشی کی ڈاٹ، وال ج: أَصِمَّةٌ

صِمَامُ الأَمْنِ والأَمَانِ: (میکانک میں) وہ ڈاٹ جو مقررہ درجہ سے زائد دباؤ پڑنے سے خود بخود کھل جاتی ہے۔

الصِّمَامَةُ: الصِّمَامُ ج: صَمَائِمُ۔

الصَّمَّانَةُ: سخت پتھریلی زمین۔

الصَّمَمُ: بہرا پن۔ بہ صَمَمٌ: اسے ثقل سماعت ہے۔ رَجُلٌ صَمَمٌ: پکے ارادے والا۔

الصِّمُّ: سخت مصیبت (۲) شیر۔

الصِّمَّةُ: بہادر۔ (رَجُلٌ صِمَّةٌ) (۲) ڈاٹ (۳) سیہی کی مادہ (۴) نر سانپ ج: صِمَمٌ۔

الصَّمِيْمُ: (من كل شيء) ہر چیز میں سے خالص اور اصلی (خیر ہو یا شر مفرد وجمع سب کے لئے) (۲) (من القلب ونحوه) دل وغیرہ کا بیچ (۳) (من البَرْدِ او الحَرّ) سخت گرمی یا سخت سردی (۴) اصل، بنیاد، گہرائی

صَمِيْمُ العُضْوِ: عضو کی وہ ہڈی جس کے ذریعہ وہ قائم ہو۔ کہتے ہیں: ضَرَبَهُ فَاَصَابَ مِنْهُ صَمِيْمَهُ: اس نے اس کے اہم مقام پر ضرب لگائی۔

من صَمِيْمِ القَلْبِ: تہ دل سے۔

صَمِيْمُ القَوْمِ: قوم کا سردار۔

المُصَمَّمُ: پختہ (عَزْم مُصَمَّمٌ) خاکہ اور ڈیزائن بنا ہوا۔

المُصَمِّمُ: خاکہ بنانے والا۔ ڈیزائنر (۲) پختہ عزم رکھنے والا (۳) تیز تلوار جو ہڈی تک کاٹ ڈالے۔ کسی کام کو جاری اور برقرار رکھنے والا۔

الصَّمَّانُ: ریت کے قریب پتھریلی سخت زمین

الصَّمَّانَةُ: الصَّمَّانُ۔

• صَمَى الصَّيْدُ ونَحْوُهُ ـِ صَمْيًا وصَمَيَانًا: شکار کا شکاری کے سامنے مرجانا۔

ـــ الرَّجُلُ: جلدی کرنا اور چھلانگ لگانا

أَصْمَى الصَّيْدَ والرَّجُلَ: صَمَى۔

ـــ الصَّيْدَ: شکار کو مار کر سامنے ہی گرا دینا، ٹھنڈا کر دینا۔ حدیث میں ہے: "كُلْ مَا أَصْمَيْتَ وَدَعْ مَا أَنْمَيْتَ" یعنی جو شکار کا جانور تمہارے سامنے گر کر دم توڑ دے اسے کھاؤ اور جو زخمی ہو کر کہیں دور جا کر مرے اسے نہ کھاؤ۔

ـــ الرَّمِيَّةَ: شکار کو تیر مار کر آر پار کرنا۔

انْصَمَى الطَّائِرُ عليه: پرندے کا کسی پر ٹوٹ پڑنا۔

الصِّمْيَانُ: جچا تلا حملہ کرنے والا، بہادر ج: صِمْيَان۔

ص ــــ ن

• الصِّنَابُ: رائی اور کشمش کی چٹنی۔ حدیث میں ہے: "أَتَاهُ أَعْرَابِيٌّ بِأَرْنَبٍ قَدْ شَوَاهَا وَجَاءَ مَعَهَا بِصِنَابِهَا" ج: صُنُبٌ واَصْنِبَةٌ۔

الصِّنَابِيُّ: کھورے رنگ کا۔ سرخ وزرد رنگ کا۔

• صَنْبَرَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما کا کم پھل اور پتلے تنے والا ہونا۔

ـــ أَسْفَلُ النَّخْلَةِ: کھجور کی جڑ یا تنہ کا پتلا ہونا۔

الصُّنْبُرُ: ہر وہ شے جو باریک اور پتلی ہو۔ ج: صَنَابِرُ۔

الصُّنْبُورُ: کھجور کی وہ شاخ جو درخت کے تنہ کے بجائے زمین پر اُگے (۲) وہ درخت خرما جو خود بخود دوسرے درخت کی جڑ سے نمودار ہو (۳) درخت خرما کی جڑ جس سے شاخیں پھیلیں (۴) وہ درخت خرما جس کا پھل کم اور اس کا تنہ پتلا ہو (۵) کھجور کے درختوں سے الگ تھلگ کوئی درخت خرما (۶) حوض کا وہ سوراخ جس سے صفائی کے وقت پانی نکالا جائے۔ نالی۔ (۷) نل وغیرہ کی ٹونٹی (۸) سیال چیز یا گیس کو گزار کر صاف کرنے کا آلہ (۹) کمزور اور ذلیل آدمی (۱۰) چھوٹا بچہ ج: صَنَابِيْرُ۔

الصِّنَّبْرُ: بادل والی سرد ہوا۔ غَدَاةٌ صِنَّبْرٌ ولَيْلَةٌ صِنَّبْرَةٌ: سرد صبح یا سرد رات ج: صَنَابِرُ۔ صَنَابِرُ الشِّتَاءِ: موسم سرما کے سخت سردی

کے اوقات۔
الصَّنَوبَرُ: چیڑھ کی لکڑی کا درخت (یہ ایک پہاڑی درخت ہے)۔
جَوز صَنوبَر: چلغوزہ۔
صَنوبَرِیّ: چلغوزہ کی شکل کا۔
• صَنَجَ ـُ صَنجًا و صُنوجًا: چنگ بجانا۔ ایک پلیٹ کو دوسری پلیٹ پر خاص طریقہ سے مار کر آواز نکالنا۔
ــــ النَّاسَ: ہر ایک کو اس کی اصل پر لوٹانا۔
ــــ فُلانًا بالعَصا: کسی کے لاٹھی مارنا
صَنَّجَ تَصنیجًا: بجھاڑنا۔
الصَّنجُ: چنگ، پیتل کی دو پلیٹیں جو ایک دوسرے پر مار کر بجائی جاتی ہیں (۲) پیتل کے چھوٹے چھوٹے گول حلقے جو دف کے کناروں یا رقاصہ کی انگلیوں پر لگا دیئے جاتے ہیں ان سے آواز پیدا ہوتی ہے ج: صُنوج۔ جھانجھ، مجیرا (۳) ایک قسم کا باجہ (سارنگی جیسا)
الصَّنجَةُ: سنگ ترازو، بٹ ج: صِنَجٌ۔
الصَّنَّاجُ: جھانجھ بجانے والا، جھانجھ کا کھلاڑی
الصَّنَّاجَةُ: جھانجھ بجانے کا ماہر۔
صَنَّاجَةُ العَرَب: عربوں کے ایک شاعر اعشیٰ قیس کا لقب جس کے اشعار عمدہ اور ترنم سے پڑھنے کے لئے موزوں ہوتے تھے۔
• الصِّندِدُ: شریف و بہادر آدمی۔
الصِّندِیدُ: شریف و بہادر آدمی (۲) سخت و شدید۔ بَردٌ صِندِیدٌ: سخت سردی۔ رِیحٌ صِندِیدٌ: سخت ہوا۔ مَطَرٌ صِندِیدٌ: زبردست بارش ج: صَنادِید۔ یَومٌ حامی الصَّنادِید: سخت گرمی کا دن۔ صَنادِیدُ القَدَرِ: تقدیر کے لکھے مصائب۔
صَنادِیدُ العَرَب: بہادر اور شریف عرب۔

• الصُّندُوق: بکس (لکڑی یا ٹین کا) ٹرنک، پیٹی، ڈبّا، ڈبیا (۲) روپے کی مد، روپے کا ذخیرہ (۳) فنڈ (۴) مالی ذریعہ۔
صُندُوقُ الاِدِّخار: پراویڈنٹ فنڈ، سیونگ فنڈ۔ مال جمع کرنے کی مد یا شعبہ۔
صُندُوقُ ادّخار بَرِید: پوسٹ آفس سیونگ فنڈ، ڈاک خانہ میں رقم جمع کرنے کا شعبہ۔
صُندُوقُ الاِقتِراع: بیلٹ بکس، انتخابی بکس جس میں امیدوار کے نام کی تائیدی پرچیاں ڈالی جاتی ہیں
صُندُوقُ الاقتِراع السِّرّی: خفیہ بیلٹ بکس۔
صُندُوقُ البِرّ: خیراتی مد یا فنڈ۔
صُندُوق البَرِید: پوسٹ بکس، لیٹر بکس۔
صُندُوقُ التَّنمِیَة: ترقیاتی فنڈ۔
صُندُوقُ التَّوفِیر: سیونگ بنک، بچت فنڈ۔
صُندُوقُ الثَّلج: آئس بکس۔
صُندُوق الرَّسائِل: لیٹر بکس۔
صُندُوقُ الشَّکاوی: شکایت بکس
صُندُوق الطَّوارِی: ہنگامی فنڈ۔
صُندُوقُ القُمامات: کوڑے دان۔
صُندُوقُ المال: مالی فنڈ، مالی شعبہ
صُندُوقُ المَعاشات: پنشن فنڈ۔
صُندُوقُ المَعُونَة: امدادی فنڈ۔
صُندُوق النَّقد الدَّولِیّ: بین الاقوامی مالی فنڈ، انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ۔
الصُّندُوقُ المُصَوِّت: ساؤنڈ بکس جو گراموفون میں لگا ہوا ہوتا ہے۔
صُندُوقُ النُّقُود: کیش بکس، خزانہ
صُندُوقٌ بِقُفلٍ: لاکر (جس میں روپیہ یا زیورات کو محفوظ کیا جاتا ہے)۔
صُندُوق تَعبِئَةٍ: پیکنگ بکس۔ لکڑی یا گتے کی پیٹی۔
اَمِینُ الصُّندُوق: خزانچی، تحویلدار
دَفتَرُ الصُّندُوق: کیش بک۔
صُندُوقُ الطَّرد: سیفن، بیت الخلاء میں لگا ہوا پانی کا بکس جو زنجیر کھینچنے سے دباؤ کے ساتھ پانی چھوڑ کر غلاظت کو صاف کر دیتا ہے اور خود بخود دوبارہ پانی سے بھر جاتا ہے۔ اسے سِیفُون بھی کہتے ہیں۔
• تَصَندَلَ الرَّجُلُ: صندل کی خوشبو لگانا (۲) تسمہ دار جوتا (چپل یا سینڈل) پہننا۔
الصُّنادِلُ: بڑے سر کا مضبوط کاٹھی والا جانور۔
الصَّندَلُ: ایک درخت کا نام جس کی لکڑی خوشبودار ہوتی ہے۔ اور لکڑی کو جلانے یا رگڑنے سے خوشبو پیدا ہوتی ہے۔ اس لکڑی کے مختلف رنگ ہوتے ہیں، سرخ زرد اور سفید (۲) تسموں والا جوتا، چپل یا سینڈل (۳) باربرداری کی کشتی جس کا پیندا مسطح ہوتا ہے دریاؤں اور ندیوں میں چلائی جاتی ہے ج: صَنادِل۔
الصَّندَلانِیُّ: عطّار، دوافروش ج: صَنادِلَةٌ۔
• الصِّنارَةُ: مچھلی پکڑنے کا کانٹا (۲) چرخے کے تکلے کا سرا ج: صَنانِیرُ۔
• الصَّنطُ: ببول۔
الصَّنطَرُ: کان کا پردہ۔
• صَنَعَ الشَّیءَ ـَ صُنعًا: بنانا، تیار کرنا پیدا کرنا۔
ــــ بِہ صُنعًا قَبیحًا: کسی کے ساتھ بدسلوکی کرنا، برائی کرنا۔

صَنَعَ له او اليه معروفًا: کسی کے ساتھ حسن سلوک کرنا، بھلائی کرنا

ـــ فرسه و نحوه: گھوڑے کی دیکھ بھال کرنا، پرورش کرنا۔

ـــ فلانًا علی عینه: زندگی کے تمام مرحلوں میں کسی کی نگہداشت کرنا، پرورش کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "ولِتُصْنَعَ علی عَینی"

ـــ الشئ بعَینِ فلانٍ: کسی کی نگرانی میں تیار کرنا۔ کام انجام دینا۔ قرآن پاک میں ہے: "واصْنَعِ الفُلْكَ بِأعْيُنِنَا"

صَنِعَ ـَ صَنَعًا: کاری گر ہونا، کسی کام میں ماہر ہونا: هو صَنِعٌ۔

صَنَّعَ: سیکھنا، سیکھ کر پختگی حاصل کرنا۔

ـــ الفرسَ: گھوڑے کو سدھانا۔ اس کی پوری طرح دیکھ بھال کرنا۔

صَانَعَهُ: کسی کے ساتھ نباہ کرنا، اچھا برتاؤ کرنا، بنائے رکھنا، نرمی سے پیش آنا۔

ـــ بالمال: رشوت دینا۔

ـــ عن الشئ: کسی چیز کے بارہ میں دھوکہ دینا۔

صَنَّعَهُ: مکمل تیار کرنا (۲) صنعتی بنانا۔

ـــ الجاريةَ و نحوها: لڑکی وغیرہ کو موٹا کرنا اور اس کی نگہداشت کرنا

ـــ الأمّةَ: قوم کو ضروری وسائل کے ذریعہ صنعتی بنانا، صنعت میں ترقی دینا

اِصْطَنَعَ: بمعنی صَنَعَ مبالغہ کے ساتھ۔

ـــ فلانٌ: خیراتی کھانا تیار کرنا۔

ـــ عند فلانٍ صَنيعَةً: کسی کے ساتھ بھلائی کرنا۔

ـــ الشئَ: تیار کرانا۔

ـــ فلانًا لِنفسِه: اپنے لئے پسند کرنا، منتخب کرنا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو خطاب کرتے ہوئے قرآن پاک میں فرمایا گیا: "واصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِي"

تَصَنَّعَ: خلاف حقیقت اظہار کرنا، بننا، بناوٹ اختیار کرنا، ریاکاری کرنا، گھڑنا، جعلی بنانا، نقلی بنانا (۲) عورت کا بناؤ سنگار کرنا۔

اِسْتَصْنَعَ فلانًا كذا: کوئی چیز کسی سے بنوانا، تیار کرانا۔

التَّصْنيعُ: صنعت کاری، قوم کو اقتصادی وسائل سے صنعتی بنانا، صنعتی فروغ، قومی صنعتی پیداواری۔

تَصْنيعُ الأسلحة: اسلحہ سازی۔

الصَّانِعُ: کاری گر، ہنرمند، صنعت کار ج: صُنّاعٌ۔

امرأة صَانِعَةُ اليدين: دست کاری میں ماہر عورت ج: صَوَانِع

الصَّانِعُ اليَدَوِيُّ: دست کار۔

الصَّنَّاعُ: مبالغہ صانع۔ بڑا کاری گر۔

الصَّنَاعُ: نالی میں عارضی طور پر پانی روکنے کے لئے لگائی ہوئی لکڑی وغیرہ (۲) صنعت کار، کاری گر۔ رَجُل و امرأةٌ صَنَاعُ اليد او اليدين: دست کار مرد یا عورت۔ کہاوت ہے: تَحْسِبُها خَرْقاءَ وهي صَنَاعٌ: تم اسے بے وقوف سمجھتے ہو حالانکہ وہ ہنرمند عورت ہے ج: صُنُعٌ۔

الصِّناعَةُ: ہنر، کاری گری (۲) پیشہ (۳) فن (۴) وہ علم و فن جس میں انسان مہارت حاصل کر کے اسے پیشہ اور مشغلہ بنا لے، صنعت و حرفت۔ بعض کے نزدیک محسوسات کے لئے صَنَاعَة اور معنویات کے لئے صِنَاعَة ہے ج: صِناعات و صَنائِعُ۔

صِناعَةُ الأدب: فن ادب۔

صِناعَةُ البناء: بلڈنگ سازی۔

الصِّناعَةُ الرَّئيسِيَّةُ: اہم اور بنیادی صنعت۔

صناعةُ الطِباعة: چھپائی کا کام۔

صِناعَةُ النَّسِيج: صنعت پارچہ بافی، ٹکسٹائل انڈسٹری۔

الصِّناعةُ الشَّريفَة: معزز پیشہ۔

الصِّناعة اليَدَوِيَّة: دست کاری، ہاتھ کا ہنر۔

الصِّناعات الاِسْتِهْلاكِيَّة: کھپت والی مصنوعات۔

الصِّناعات الثَّقيلة: بھاری صنعتیں۔

الصِّناعاتُ النَّاشِئَة: ابھرتی صنعتیں، ابتدائی صنعتیں۔

الصِّناعِيُّ: صنعتی، فنی، ٹیکنیکل، انڈسٹریل (۲) مصنوعی، نقلی، بناوٹی، جعلی، غیر فطری۔

المَصْدَرُ الصِّناعِيُّ: وہ مصدر ہے جو اسم کے اخیر میں یا مشدّدہ اور تار مربوطہ بڑھا کر بنایا جائے جیسے خصوصٌ سے خُصُوصِيَّة۔ اسی طرح فُرُوسِيَّة اور طُفُولِيَّة ہے۔ اسماء اعیان کے اخیر میں بھی یا مشدّدہ اور تار مربوطہ بڑھا کر مصدر صناعی بنایا جاتا ہے۔ جیسے صَخْر سے صَخْرِيَّة اور خَشَبٌ سے خَشَبِيَّة۔ (چٹان پن، لکڑی پن) کبھی یہ مصدر مشتقات سے بھی بنایا جاتا ہے۔ جیسے قابِلٌ قابِلِيَّة اور مَسْئُول سے مَسْئُولِيَّة اور حُرٌّ سے حُرِّيَّةٌ۔ ادوات کلام کم، کیف، ماھو سے بھی بنایا جاتا ہے جیسے کم سے كَمِّيَّة، كَيفَ سے كَيفِيَّة اور ماھو سے ماهِيَّة۔

الصُّنْعُ: کام، عمل (حیوان یا جماد کی طرف منسوب نہ ہوگا)۔ قرآن پاک میں ہے: "وهُم يَحْسَبُونَ أنَّهُم يُحْسِنُونَ صُنْعًا" (۲) مصنوعہ (بنائی ہوئی چیز) قرآن پاک میں ہے: "صُنْعَ اللهِ الَّذِي أتْقَنَ كُلَّ شَيءٍ" (۳) رزق

(۴) احسان (۵) بناوٹ۔

الصِّنْعُ: مصنوعہ، بنی ہوئی چیز (۲) بھنا ہوا گوشت (۳) بھوننے کی سیخ (۴) بارش کا پانی اکٹھا کرنے کا حوض ج: اَصْنَاعٌ و صُنُوْعٌ۔ رَجُلٌ صِنْعُ الْیَدَیْنِ: ماہر دست کار، صنعت کار۔ ج: اَصْنَاعٌ و صُنْعٌ (۵) بنا ہوا کپڑا (۶) قلعہ (۷) پگڑی ج: اَصْنَاع۔

صِنْعُ الْیَدِ: ہاتھ کا بنا ہوا۔

الصَّنَعُ: لِسَانٌ صَنَعٌ و رَجُلٌ صَنَعُ اللِّسَانِ: ماہر کلام، بلیغ الکلام۔ صَنَعُ الْیَدَیْنِ: دست کار، ماہر صنعت ج: اَصْنَاعٌ و صُنُعٌ۔

الصَّنْعَةُ: صنعت، ہنر، کاری گری، صنعت کاری (۲) مخصوص طریقۂ کار (۳) پیشۂ کاری گر

الصَّنِیْعُ: فعل، کرتوت (۲) کسی کے ساتھ کی جانے والی بھلائی، حسن سلوک (۳) اچھا کام (۴) طعام ضیافت (۵) صیقل کیا ہوا آزمودہ تیر یا تلوار۔ فُلَانٌ صَنِیْعُ فُلَانٍ: فلاں فلاں کا پروردہ ہے ج: صَنَائِعُ۔ صَنِیْعُ اِحْسَانٍ: پروردۂ احسان۔ حُسْنُ الصَّنِیْعِ: نیک عمل، حسن سلوک۔

الصَّنِیْعَةُ: بھلائی، نیکی، سلوک، احسان (۲) پیشہ (۳) کام، کاری گری ج: صَنَائِعُ

المُصَانَعَةُ: نباہ (۲) کنایۃً رشوت (۳) حسن سلوک کی توقع پر کسی کے ساتھ حسن سلوک، حسن سلوک۔

المُصْطَنَعُ: جعلی، فرضی، بناوٹی۔

المَصْنَعُ: کارخانہ، مل، فیکٹری، ورکشاپ، پلانٹ (۲) بارش کا پانی جمع کرنے کا حوض ج: مَصَانِعُ۔

المَصَانِعُ: محلات، قلعے، بڑی آبادیاں، بڑے مکانات یا کنویں۔ قرآن پاک میں ہے: "وَتَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ"

مَصْنَعُ الرِّجَالِ: مردم ساز ادارہ۔

المَصْنَعَةُ: المَصْنَعُ (۲) احباب کی ضیافت کا کھانا (۳) شہد کی مکھیوں کے لئے مکانات سے الگ بنائی ہوئی جگہ ج: مَصَانِعُ۔

المَصْنُوْعُ: بنایا ہوا، تیار کردہ (ضد المطبوع فطری) (۲) مصنوعی، جعلی۔

المَصْنُوْعَات: بنائی ہوئی اشیاء، تیار کردہ سامان، چیزیں۔

المصنوعات الزُّجَاجِيَّةُ: کانچ کی بنی ہوئی چیزیں۔

المَصْنُوْعَاتُ المَحَلِّيَّةُ: مقامی مصنوعات

المَصْنَعِيُّ: کارخانہ سے متعلق۔

• صَنَّفَ الشَّجَرُ: درخت کی مختلف قسمیں ہونا۔ (۲) درخت پر پتے آنا (۳) درخت پر مختلف قسم کے پتے نکلنا۔

___ الثَّمَرُ: پھل کا ادھ پک ہونا۔ کچھ حصہ کا پک جانا اور کچھ کا نہ پکنا یا کچھ پھلوں کا پک جانا اور کچھ کا نہ پکنا۔

___ الأَشْيَاءَ: چیزوں کی مختلف قسمیں بنانا، نوع بہ نوع کرنا۔

___ الكِتَابَ: کتاب تصنیف کرنا، لکھنا (اشیاء کو نوع بہ نوع کرنے سے تشبیہ دی گئی ہے)۔

تَصَنَّفَ الشَّجَرُ: درخت پر پتوں کا نوع بہ نوع ہو کر نکلنا، درخت کا پتوں دار ہو جانا۔

___ الأَشْيَاءُ: چیزوں کا نوع بہ نوع ہونا۔ طرح طرح کی ہونا۔ مختلف اقسام پر مشتمل ہونا۔

___ شَفَتُهُ: ہونٹ پھٹنا، ہونٹ پر پپڑی جمنا۔

الصِّنْفُ: قسم، نوع، کوالیٹی (۲) مرتبہ، درجہ (۳) صفت ج: اَصْنَافٌ و صُنُوْفٌ۔

صِنْفُ الثَّوبِ: کپڑے کا کنارہ۔

الصِّنْفَةُ و الصَّنِفَةُ: کپڑے کا حاشیہ، کنارہ۔

الأَصْنَفُ: وہ شتر مرغ جس کی ٹانگیں چھلی ہوئی ہوں۔

المُصَنَّفُ: نوع بہ نوع کیا ہوا (۲) کتاب۔

المُصَنِّفُ: مؤلف۔

• الصِّنَافِرُ: ہر چیز کی اصل، جوہر۔

الصُّنْفُرَةُ: ریگ مال، لکڑی وغیرہ کو رگڑ کر چکنا کرنے والا کھردرے مسالہ کا کاغذ۔ وَرَقُ الصُّنْفُرَةِ بھی کہتے ہیں۔

• صَنِقَ ـَ صَنَقًا جَسَدُهُ او ابطُه: بدن یا بغل کا بدبو دار ہونا۔

أَصْنَقَ: غیظ وغضب یا جوش کے باعث کھانا پینا ترک کرنا۔

___ عليه: کسی بات پر مصر رہنا۔

___ فِي مَالِهِ: مال کی اچھی طرح دیکھ بھال کرنا۔

الصَّانِقُ: بدبودار۔ ج: صَنَقَةٌ۔

الصَّنَقُ: بغل کی بدبو۔

الصَّنِقُ: بدبودار (۲) بھاری بھرکم آدمی

• صَنِمَتِ الرَّائِحَةُ ـَ صَنَمًا: بو خراب ہونا۔

___ الجِسْمُ: بدبودار ہونا۔

___ الغُلَامُ: لڑکے کا طاقتور ہونا۔

صَنَّمَ فُلَانٌ: بت بنانا، مورتی بنانا۔

___ الشَّيْءَ: بت (مورتی) کی شکل پر بنانا۔

الصَّنَمُ: بت، مورتی، پتھر لکڑی یا دھات وغیرہ کا بنایا ہوا مجسمہ جس کے بارہ میں بت پرست کہتے ہیں کہ وہ ان کی عبادت سے اللہ کا قرب حاصل کرتے ہیں ج: اَصْنَامٌ۔ قرآن پاک میں ہے: "فَأَتَوْا عَلَى قَوْمٍ يَعْكُفُونَ عَلَى أَصْنَامٍ لَهُمْ"

الصَّنَمَةُ: بت، مورتی (۲) مصیبت (۳)

کے پر کا قلم۔

• صَنَّ ـِ صَنًّا و صُنُونًا: سڑ جانا۔ جیسے: صَنَّ الماءُ او اللَّحمُ۔

أَصَنَّ: صَنَّ۔

— فُلانٌ: خاموش ہونا (۲) غصہ یا تکبر سے ناک چڑھانا۔

— علَيهِ: کسی پر سخت غصہ کرنا، غصہ سے بے قابو ہو جانا۔

الأَصَنُّ: غافل، بے پرواہ۔

الصُّنَانُ: بدبو، سڑاند۔

الصِّنُّ: روٹیاں رکھنے کی ڈھکنے دار ٹوکری ج: صِنانٌ۔

الصِّنُّ: پشم پر لگا ہوا پیشاب۔

الصِّنَّانُ: بہادر۔

• صنى۔ أَصْنَى فُلانٌ: راکھ آلود ہو جانا

— الشَّجَرةُ: درخت کی جڑ سے دو یکساں شاخیں اُگنا۔

الصِّنَاءُ: راکھ (۲) بدن کو لگنے والی آگ کی باریک چنگاریاں اور دھواں۔

الصِّنْوُ: مماثل فرد، مثل، مقابل (۲) ایک درخت کی جڑ سے دو یکساں اُگنے والی شاخوں میں سے ایک (۳) سگا بھائی کہتے ہیں: هو صِنْوُ اَخِيهِ: وہ اپنے بھائی کا حقیقی برادر ہے۔ هُمَا صِنْوَان: وہ دونوں سگے بھائی ہیں، جوڑواں ہیں ج: صِنْوَانٌ و اَصْنَاء هم صِنْوَانٌ: وہ سب سگے بھائی ہیں یا یکساں ہیں۔ قرآن پاک میں ہے: "صِنْوَانٌ وَغَيْرُ صِنْوَانٍ يُسْقَى بِمَاءٍ وَاحِدٍ وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلَى بَعْضٍ فِي الأُكُلِ" (۴) بیٹا (۵) بھتیجا (۶) چچا۔ هُمَا صِنْوَان: وہ دونوں ایک جیسے ہیں۔

الصَّنْوُ: دو پہاڑوں کے درمیان گہرائی جس میں تھوڑا پانی ہے ج: صُنُوٌّ۔

الصِّنْوَةُ: سگی بہن (۲) بیٹی (۳) پھوپھی (۴) پودا (۵) درخت کا قلم۔

• الصَّنَوْبَرُ: چیڑھ کا درخت، ایک پہاڑی درخت، چلغوزہ کا درخت۔ دیکھیے: (صنبر)۔

ص ـــ ہ

• صَهْ: اسم فعل۔ چپ، خاموش رہ، بول مت۔

• صَهِبَ اللَّوْنُ ـَ صَهَبًا وصُهْبَةً: سرخی اور سفیدی مائل زرد ہونا۔ بھورے رنگ کا ہونا۔

صَهُبَ ـُ صُهُوبَةً و صَهَبًا: صَهِبَ۔

صَهَّبَهُ: بھورے رنگ کا بنانا، زرد سرخی اور سفیدی مائل بنانا۔

اصْهَبَّ الشَّعْرُ ونَحْوُهُ: صَهِبَ۔

الأَصْهَبُ: سرخی و سفیدی مائل زرد رنگ کا، بھورے رنگ کا۔ هي: صَهْبَاءُ ج: صُهْبٌ۔

الصَّهْبَاءُ: شراب۔

الصُّهْبَةُ: زردی جو سرخی اور سفیدی مائل ہو۔ بھورا رنگ۔

الصُّهَابُ: ایک جگہ جس کی طرف اونٹ منسوب ہوتے ہیں۔

الصُّهَابِيُّ: صہابی اونٹ جو بہت سفید نہ ہو۔

الصَّيْهَبُ: گرمی کی تیزی (۲) گرم دن (۳) لمبا آدمی (۴) سخت پتھر، ہموار زمین (۵) ایسی گرم زمین جس پر گوشت بھن جائے۔

المُصَهَّبُ: چربی ملا گوشت (۲) نیم بریاں گوشت۔

• صَهَدَهُ الحَرُّ ـَ صَهْدًا وصَهَدَانًا: کسی کو سخت گرمی لگنا، گرمی کا کسی کو جھلس دینا۔

الصَّهْدُ و الصَّيْهَدُ: سخت گرمی، آفتاب کی تمازت، دھوپ کی تیزی، تپش۔

الصَّيْهَدُ و الصَّيْهُودُ: گرمی کی شدت (۲) جنگل بیابان (۳) متحرک سراب۔

الصَّيْهَدُ: يَوْمٌ صَيْهَدٌ: سخت گرمی کا دن

• صَهَرَ الشَّيءَ بالنّارِ ونَحْوِها ـَ صَهْرًا: پگھلانا، گلانا۔ قرآن پاک میں ہے: "يُصْهَرُ بِهِ مَا فِي بُطُونِهِمْ وَالجُلُودُ"۔ صَهَرَهُ الحَرُّ: گرمی کا جھلس دینا۔

— الخُبْزَ ونَحْوَهُ: روٹی وغیرہ کیلئے روغن یا چربی کو سالن بنانا۔

— الشَّعْرَ و الجِسْمَ: بالوں یا بدن کو چربی ملنا۔

— الشَّيءَ إليه: کسی چیز کو نزدیک کرنا۔ الشَّيءُ مَصْهُورٌ و صَهِيرٌ۔

— فُلانًا باليمين: کسی کو سخت قسم کھلانا

أَصْهَرَ إليه: نزدیک ہونا۔

— الى القَوْمِ و بِهِمْ: کسی قوم یا قبیلہ میں ازدواجی رشتہ قائم کرنا، شادی بیاہ کرنا، داماد بننا یا داماد بنانا، بہنوئی بننا یا بنانا۔

صَاهَرَ القَوْمَ وفيهِمْ وإِلَيْهِمْ: أَصْهَرَ۔

اصْطَهَرَ الشَّحْمَ: چربی پگھلا کر کھانا۔

انْصَهَرَ فی كذا: پگھلنا، گھلنا، ڈھلنا۔

تَصَاهَرَا: باہم رشتۂ ازدواجی قائم کرنا، ایک دوسرے کو بہنوئی بنانا۔

الانْصِهَارُ: کیفیت تحلیل، علم کیمیا میں مادّہ کا ٹھوس پن سے سیالی کیفیت میں تبدیل ہونا۔

الصُّهَارَةُ: پگھلا ہوا مادہ (۲) چربی (۳) گودا، مغز۔

الصُّهْرُ: علم کیمیا میں مادّہ کی ٹھوس پن سے

سیلانی کیفیت میں تبدیلی۔
الصِّهْرُ: ازدواجی رشتہ دار۔ داماد (۲) بہنوئی۔ هو صِهْرُه: وہ اس کا داماد یا بہنوئی ہے ج: أَصْهَارٌ (۳) ازدواجی رشتہ و قرابت۔ قرآن پاک میں ہے: "وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ مِنَ الْمَاءِ بَشَرًا فَجَعَلَهُ نَسَبًا وَصِهْرًا"
الصَّهُورُ: گوشت بھوننے والا (۲) چربی پگھلانے والا ج: صُهُرٌ۔
الصَّهِيرُ: پگھلا ہوا، گلا ہوا۔
المَصْهَرُ: فاؤنڈری، ڈھلائی کا کارخانہ ج: مَصَاهِرُ۔
• صَهْرَجَ صِهْرِيجًا: پانی کا پختہ حوض یا ٹنکی بنانا۔
ــــ الحَوْضَ ونَحْوَهُ: حوض پر چونے وغیرہ کا پلاسٹر کرنا۔
الصِّهْرِيجُ: پانی کا حوض یا تالاب، پانی کی ٹنکی یا ٹینک ج: صَهَارِيجُ۔
صِهْرِيجُ القَاطِرَةِ: ریلوے انجن کی ٹنکی یا پیچھے لگا ہوا کوئلوں کا ڈبا۔
عَرَبَةُ الصِّهْرِيجِ: ٹنک ویگن۔
• صَهْ: بمعنی اسكُتْ: خاموش رہ (واحد اور اس سے زائد کے لئے) اس پر تنوین بھی آتی ہے اور یہ نکرہ کے لئے ہوتی ہے۔ اگر صَهْ بلا تنوین ہو تو معنی یہ ہوں گے دَعْ حَدِيثَكَ هَذَا وَلَا تَمْضِ فِيهِ۔ اپنی بات چھوڑ اور آگے نہ بڑھ۔ اگر تنوین کے ساتھ (صَهٍ) ہو تو معنی یہ ہوں گے دَعْ كُلَّ حَدِيثٍ وَلَا تَتَكَلَّمْ۔ تم ہر بات چھوڑ دو اور کلام نہ کرو۔
صَهْصَهَ بالقَوْمِ: خاموش کرنے کیلئے ڈانٹنا
• صَهَلَ الفَرَسُ ـِ صَهِيلًا وصُهَالًا: گھوڑے کا ہنہنانا۔

تَصَاهَلَتِ الخَيْلُ: گھوڑوں کا ایک دوسرے کو دیکھ کر ہنہنانا۔
الصَّاهِلُ: گھوڑا ج: صَوَاهِلُ۔
الصُّهَالُ والصَّهِيلُ: گھوڑے کے ہنہنانے کی آواز۔
الصَّهَّالُ من الخَيْلِ: بہت ہنہنانے والا گھوڑا۔
• صَهِيَ ـَ صَهًا: بہتے ہوئے زخم والا ہونا۔
ــــ الجُرْحُ: زخم کا پیپ دار ہونا، زخم کا رسنا۔
ــــ اليَدُ وغيرُها: ہاتھ وغیرہ کا زخمی ہونا۔
أَصْهَى الفَرَسُ ونَحْوُهُ: گھوڑے کا پیٹھ کے درد والا ہونا۔
ــــ المَرِيضَ: بدن کو تیل مل کر اور دھوپ دے کر علاج کرنا۔
صَاهَى الفَرَسَ: گھوڑے کی پیٹھ پر سوار ہونا۔
الصَّهْوَةُ: گھوڑے کی پیٹھ کا وہ حصہ جس پر زین رکھی جاتی ہے۔ (۲) ہر چیز کا بلند و بالا حصہ (۳) پہاڑی کی چوٹی پر بنا ہوا برج (۴) کوہان کا پچھلا حصہ (۵) زمین کا ہموار حصہ جہاں بھٹکنے والے اونٹ پناہ لیتے ہیں (۶) پہاڑ کا چشمۂ آب ج: صِهَاءٌ وصُهًا۔
• الصَّهْيُونِيَّةُ: صیہون یروشلم کے نزدیک ایک پہاڑ کا نام ہے صیہونیت اسی کی طرف منسوب ہے اور وہ ایک تحریک کا نام ہے جس کا مقصد فلسطین میں مستقل طور پر ایک یہودی برادری اور نو آبادی کا قیام ہے جس میں اصل فلسطینی باشندوں کا استحصال مضمر ہے۔
• الصَّهْيَنَةُ: صیہونی بنانا۔

• صَابَ المَطَرُ ـُ صَوْبًا وصَيْبُوبَةً: بارش ہونا۔
ــــ السَّحَابُ بالمَطَرِ: بادل کا بارش برسانا۔ کہاوت ہے: "صَابَتْ بِقُرٍّ" آفت اپنی جگہ آئی اور اس نے تکلیف پہنچائی۔
ــــ المَطَرُ الأَرْضَ: بارش کا زمین پر خوب برسنا۔
ــــ السَّهْمُ ونَحْوُهُ الهَدَفَ وغَيْرَهُ: تیر وغیرہ کا نشانہ پر لگنا۔
ــــ به: لگنا۔ واقع ہونا۔
أَصَابَ: آدمی کا حق بجانب ہونا، قول و فعل میں صحیح اور ٹھیک ہونا۔
ــــ الشَّيْءَ: پالینا۔
ــــ الخَطْبُ فُلَانًا: کسی پر مصیبت آنا۔
ــــ بِعَيْنِهِ: کسی سے حسد کرنا، جلنا۔
ــــ السَّهْمُ الرَّمِيَّةَ: تیر کا نشانہ پر لگنا۔
ــــ الرَّامِي: نشانہ باز کا نشانہ ٹھیک بیٹھنا
ــــ من المالِ وغيرِه: مال وغیرہ ملنا، حاصل کرنا۔
ــــ غَرَضَهُ: مقصد پالینا۔
ــــ الرَّاحَةَ: آرام پانا۔
ــــ الرَّجُلَ: لاحق ہونا۔
ــــ في عَمَلِهِ: ٹھیک کام کرنا۔
ــــ في قَوْلِهِ: ٹھیک بات کہنا۔
أُصِيبَ بكذا: مبتلا ہونا۔
ــــ بجُرْحٍ: زخمی ہونا۔
ــــ بَصَرُهُ: نابینا ہو جانا۔
ــــ بجُنُونٍ: پاگل ہو جانا۔
صَوَّبَ السَّهْمَ: تیر کو نشانہ پر رکھنا، تیر کو نشانہ کے لئے سیدھا کرنا۔
ــــ الفَرَسَ ونَحْوَهُ: گھوڑے کو دوڑ کے لئے چھوڑنا، حد مقررہ تک دوڑ کے لئے چھوڑنا۔
ــــ قَوْلَهُ أو فِعْلَهُ: تصدیق و تصویب

کرنا۔ درست قرار دینا۔
صَوَّبَ الخَطَأَ: اصلاح کرنا۔
ــــ فُلانًا: تصدیق کرنا۔ کہتے ہیں: "اِنْ اَخْطَأْتُ فَخَطِّئْنِیْ وَاِنْ اَصَبْتُ فَصَوِّبْنِیْ": اگر میں غلطی کروں تو میری تردید کرو اور اگر صحیح کروں یا کہوں تو میری تصدیق کرو۔
ــــ الشَّیْئَ: جھکانا، نیچا کرنا۔
ــــ الطَّعامَ او الحَبَّ: کھانے یا غلہ وغیرہ کا ڈھیر لگانا۔
ــــ المَاءَ: پانی گرانا۔
ــــ المکانُ: جگہ کا ڈھلواں ہونا۔
انْصَابَ الماءُ: پانی گرنا۔
تَصَوَّبَ: مطاوع صَوَّبَ: درست اور صحیح ہونا، سچا ہونا (۲) جھکنا، ٹیڑھا ہونا (۳) ڈھیر لگنا (۴) پانی کا گرنا، ڈھلکنا، نشیبی ہونا۔
اِسْتَصَابَ قولَهُ او فعلَهُ او رأيَهُ: درست اور صحیح سمجھنا یا پانا۔
اِسْتَصْوَبَهُ: اِسْتَصَابَه۔
الإِصَابَةُ: چوٹ، زخم (۲) نقصان (۳) درستگی
الإِصَابَةُ المُبَاشِرَةُ: براہ راست ضرب۔
الإِصَابَةُ المَرَضِيَّةُ: بیماری کا حملہ۔
الإِصَابَةُ البَسِيطَةُ: معمولی چوٹ۔
الإِصَابَةُ الجَسَدِيَّةُ: جسمانی نقصان
الإِصَابَةُ فِی حَادِثٍ: حادثہ میں زخمی ہونا۔
الأَصْوَبُ: سخت مصیبت والا (۲) بہت ٹھیک۔
الصَّائِبُ: درست، برحق، ٹھیک ج: صِيَابٌ
الصَّابُ: اندرائن حنظل (ایک انتہائی کڑوا پودا)
الصَّابَةُ: عقل کی کمزوری (۲) مصیبت۔ کہتے ہیں: فی عَقلِه صَابَةٌ: اس کی عقل میں کچھ خرابی ہے۔
الصَّوَابُ: درستگی، صحت وحقانیت (۲)
درست، ٹھیک، حق (۳) عقل وہوش
فَقَدَ واَضَاعَ صَوابَه: ہوش گم کرنا۔
الصَّوْبُ: جہت، جانب، طرف۔ اِتَّجَهَ صَوْبَه: اس نے اپنا رخ کیا۔
فُلانٌ مُسْتَقِيمُ الصَّوْبِ: صحیح راہ چلنے والا۔ راہ رو (۲) ضروری اور نفع رساں بارش۔
الصُّوبَةُ: غلہ وغیرہ یا مٹی کا ڈھیر (۲) بعض اقسام کے پودوں کی پرورش، کا بنا کا بنا ہوا کمرہ (۳) اونٹ کا پالان
الصُّوَّابَةُ: صُوَّابَةُ القَومِ: قوم کے چیدہ افراد۔
الصَّوِيبُ: الصَّائِبُ۔
الصَّيِّبُ: بارش والا بادل (۲) بارش۔ قرآن پاک میں ہے: "اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَاءِ"
الصَّيُّوبُ: الصَّيِّبُ۔
المُصَابُ: چوٹ، ضرب (۲) نقصان (۳) حادثہ (۴) مصیبت (۵) مصیبت زدہ، زخمی، مبتلا، آفت رسیدہ۔
المُصَابُ بجروحٍ: زخم خوردہ۔
المُصَابُ بالفَقرِ: افلاس زدہ۔
المُصِيبُ: درست کار، برحق۔
المِصْوَبُ: چمچہ، ڈوئی۔
المُصِيبَةُ: آفت، مصیبت ج: مَصَائِبُ
• المِصْوَبَجُ: روٹی بنانے کا بیلن ج: صَوَابِجُ
الصُّوبَجُ: الصَّوبَجُ۔
• صَاتَ ـُ صَوْتًا وصُوَاتًا: آواز نکالنا، آواز دینا۔
اَصَاتَ: صَاتَ۔
ــــ بفُلانٍ: مشہور کرنا، تشہیر کرنا۔
ــــ فُلانًا وغيرَه: کسی کو آواز عطا کرنا، بولتا کرنا۔
صَوَّتَ: زور سے آواز دینا، زور سے آواز نکالنا۔
صَوَّتَ بِه: پکارنا، آواز لگانا۔
ــــ لَهُ: الیکشن میں کسی کو ووٹ دینا۔
ــــ الطَّسْتَ: طشت وغیرہ سے آواز نکالنا، بجانا۔
ــــ الشَّیْئُ: کسی شے سے آواز نکلنا۔
انْصَاتَ: لبیک کہنا، بات ماننا۔ انصاتَ فُلانٌ للاَمرِ: تعمیل حکم کرنا (۲) کبڑا ہونے کے بعد سیدھا ہو جانا۔ انْصَاتَ المُعَوَّجُ: ٹیڑھے کا سیدھا ہو جانا۔
ــــ بہ الزَّمَانُ: مشہور ہونا۔
التَّصْوِيتُ: ووٹنگ، رائے دہی۔
الصَّاتُ: نیک شہرت (۲) سخت آواز والا
الصَّوْتُ: آواز (۲) نغمہ، گیت۔ غَنَّی صَوْتًا: اس نے ایک گیت گایا، یہ مذکر ہے لیکن بعض نے اسے مؤنث بھی کہا ہے (۳) اچھی شہرت (۴) ووٹ (کسی کو منتخب کرنے کی رائے) جو زبانی یا پرچہ پر لکھ کر دی جائے ج: اَصْوَاتٌ (۵) اسم الصوت، نحویوں کے نزدیک ہر وہ لفظ ہے جس کے ذریعہ آواز دی جائے یا ڈانٹ ڈپٹ، دعا اور تعجب و افسوس کے اظہار کے لئے آواز نکالی جائے۔
صَوْتٌ بَحِيحٌ: بیٹھی ہوئی آواز۔
الصَوت الضَجِرُ: اکتائی ہوئی آواز۔
الصَّوْتُ الضِّدُّ: مخالف آواز۔
الصَّوْتُ المُتَهَدِّجُ: بھرائی ہوئی آواز
الصَّوْتُ المَدِيدُ: لمبی آواز۔
الصَّوْتُ المُرْتَعِشُ: کپکپاتی ہوئی آواز
الصَّوْتُ المُرَجِّحُ: کاسٹنگ ووٹ، ترجیحی ووٹ۔
الصَّوْتُ المُغْتَاظُ: غصہ میں بھری ہوئی آواز۔
الصَّوْتُ الہادِرُ ضِدَّ فُلانٍ: کسی کے

خلاف گرجتی ہوئی آواز۔

الصَّوتُ الوَاطِئُ: دبی ہوئی آواز۔

رَجْعُ الصَّوْت: صدائے بازگشت

الصَّوْتِیُّ: آوازدار۔ الحَرْفُ الصَّوْتِیُّ: پڑھا جانے والا حرف (ضد: حَرْفٌ صَامِت)۔

الصِّیتُ: شہرت۔ کہتے ہیں: ذَهَبَ صِیتُهُ بینَ النَّاس: لوگوں میں اس کی شہرت ہوگئی۔

الصِّیتَةُ: الصِّیتُ۔

الصَّیِّتُ: سخت آواز والا، بلند آواز (۲) سخت آواز۔

المِصْوَاتُ: بہت آواز دینے والا۔

ما بالدَّار مِصْوَات: گھر میں کوئی نہیں۔

المُصَوِّتُ: ووٹر۔ الیکشن میں کسی کے حق میں رائے دینے والا۔

• الصَّوجَانُ: خشک درخت خرما۔

• صَاحَهُ ـــ صَوْحًا: پھاڑنا۔

صَوَّحَ النَّبْتُ ونَحْوُهُ: پودے کا خشک ہوکر پھٹ جانا۔

ـــ النَّخْلُ ونَحْوُهُ: درخت خرما وغیرہ کے اچھے برے کا ظاہر ہونا۔

ـــ الحَرُّ او الرِّیحُ الشَّیْءَ: گرمی یا ہوا کا کسی چیز کو خشک کرکے بکھیرنا۔

انْصَاحَ: پھٹنا۔

ـــ النَّبْتُ ونَحْوُهُ: خشک ہوکر پھٹ جانا۔

ـــ الشَّعْرُ ونَحْوُهُ: بالوں وغیرہ کا پھٹ کر بکھرنا۔

ـــ الفَجْرُ: صبح ہونا۔

الصَّاحَةُ: بنجر زمین ج: صَاحٌ وصُوحٌ۔

الصُّوَاحُ: کھجور کا خشک شگوفہ (۲) چونا سرخی ملا ہوا مسالا، گچ۔

الصُّوحَانُ: خشک م: صُوحَانَةٌ۔

الصُّوَاحَةُ: بال یا اون جو سوکھ کر بکھر جائیں

• صَاخَ فی الأَرْضِ ـــ صَوْخًا: زمین میں دھنسنا۔

أَصَاخَ له وإلیه: کان لگا کر سننا۔

ـــ عن الأَمْرِ: چھوڑنا، رجوع کرنا۔

ـــ عَلٰی حَقِّ فُلانٍ: کسی کے حق کو نظر انداز کرنا، چشم پوشی برتنا۔

الصَّاخَةُ: مصیبت (۲) علم طب میں ہڈی میں ہونے والا ورم جو چوٹ وغیرہ کی وجہ سے ہو جاتا ہے ج: صَاخٌ

• الصُّودیوم: ہلکا اور چمکدار انتہائی سبک ایک عنصر جس سے سوڈا بنایا جاتا ہے۔

الصُّودا: سوڈا۔

الصُّودا الکَاوِیَة: سوڈا کاسٹک۔

مَاءُ الصُّودا: سوڈا واٹر۔

صودا الغَسْل: واشنگ (دھلائی کا) سوڈا۔

• صَارَ ـــ صَوْرًا: آواز دینا (یعنی کسی چیز کی آواز نکلنا)

ـــ الشَّیْءَ الیه: کسی کی طرف جھکانا، نزدیک کرنا۔ اسی سے ہے فَصُرْهُنَّ إِلَیْكَ (۲) کاٹنا۔

صَوِرَ ـــ صَوَرًا: جھکنا، ٹیڑھا ہونا۔

هو أَصْوَرُ وهی صَوْرَاءُ۔ ج: صُوْرٌ۔

أَصَارَهُ إلیه: اپنی طرف جھکانا۔

صَوَّرَهُ: شکل دینا، جسمانی شکل وصورت بنانا۔ قرآن پاک میں ہے: "هُوَ الَّذِیْ یُصَوِّرُکُمْ فِی الأَرْحَامِ کَیْفَ یَشَاءُ"

ـــ الشَّیْءَ او الشَّخْصَ: تصویر بنانا، نقشہ کھینچنا، منظر کشی کرنا، فوٹو کھینچنا۔

ـــ الأَمْرَ: کسی معاملہ کو پوری طرح سامنے لانا، نقشہ کھینچنا۔

تَصَوَّرَ: شکل اور صورت بننا۔

ـــ له کذا: خیال آنا، کوئی شکل سامنے آنا۔

ـــ الشَّیْءَ: تصور کرنا، دل میں خیال لانا، مستحضر کرنا۔

التَّصَوُّرُ: علم نفسیات میں تصور کسی محسوس شے کو کوئی تصرف کیے بغیر عقل میں مستحضر کرنے کا نام ہے۔ (۲) مناطقہ کے نزدیک نفی واثبات کا حکم لگائے بغیر مفرد (ماہیت کے مفہوم) کے ادراک کا نام ہے (۳) نظریہ۔

التَّصَوُّرُ المَبْدَئِیُّ: بنیادی نظریہ۔

التَّصَوُّرِیُّ: نظریاتی آئیڈیلی۔

التَّصَوُّرِیَّةُ: فلسفہ کا ایک نظریہ جس کے مطابق کلیات کا وجود صرف ذہن میں ہوتا ہے۔ اس کے مقابل نظریۂ واقعیت اور نظریۂ اسمیّت ہے۔

التَّصْوِیرُ: انسان کا فوٹو، تصویر (۲) کسی بھی جاندار یا غیر جاندار کی تصویر جو قلم وغیرہ سے کاغذ یا دیوار وغیرہ پر بنائی گئی ہو یا کیمرے سے لی گئی ہو (۳) نقشہ کشی، تصویر سازی ج: تصاویر۔

التَّصْوِیرُ الشَّمْسِیُّ: کیمرے سے لیا ہوا فوٹو، عکسی تصویر۔

التَّصْوِیرَة: ایک فوٹو، ایک تصویر (۲) خیالی تصویر (۳) بت، مجسمہ۔

التَّصویرُ الزَّیْتِیُّ: رنگین تصویر۔

التصویرُ الفوتوغرافِیُّ: عکسی تصویر، فوٹو۔

آلة التصویر: کیمرا۔

الصَّارَةُ: پہاڑ وغیرہ کی چوٹی۔

صَارَةُ المِسْك: مشک کی ڈبیا۔

الصُّوَارُ: گایوں کا گلہ، ڈار ج: أَصْوِرَة وصِیرَانٌ۔

صَوَرٌ: گردن کی سطح (۲) دریا کا کنارہ ج: صِیرَانٌ۔

صُورٌ: نرسنگھا، بگل ج: اَصْوَارٌ۔

صُورَةٌ: شکل، حلیہ (۲) تصویر (۳) مجسمہ ج: صُوَرٌ۔ قرآن پاک میں ہے: "اَلَّذِیْ خَلَقَكَ فَسَوَّاكَ فَعَدَلَكَ فِیْٓ اَیِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ"

صُورَةُ الْمَسْاَلَةِ: مسئلہ کی نوعیت و تفصیل۔ هذا الاَمْرُ علی ثَلاثِ صُوَرٍ: اس معاملہ کی تین نوعیتیں ہیں

صُورَةُ الشَّیْءِ: عقل یا ذہن میں آیا ہوا خیال (۲) ماہیت مجردہ۔

صُورَةُ الْحُكْمِ التَّنْفِیْذِیَّةُ: عدالتی فیصلہ کا اصل مسودہ جس پر عدالت کی مہر ثبت ہوتی ہے اور عمل درآمد کئے جانے کا حکم تحریر ہوتا ہے۔

صَیِّرٌ: خوب رد۔

مُصَوِّرٌ: فوٹوگرافر، آرٹسٹ، مصور۔

المُصَوِّرُ الشَّمْسِیُّ والمُصَوِّرُ الضَّوئِیُّ والمُصَوِّرُ الفوتوغرافِیُّ: کیمرا مین، فوٹوگرافر۔

مُصَوَّرٌ: البم (تصویروں کا مجموعہ)۔

مُصَوَّرٌ الجُغْرَافِیٌّ: میپ، اٹلس۔

مُصَوِّرَةٌ: تانیث المُصَوِّر۔ کیمرا، آلہ تصویر کشی

الصُّوصُ: مرغی کا بچہ جو انڈے سے حال کا نکلا ہوا ہو، چوزہ۔

صَاعَتِ النَّحْلُ ـُ صَوْعًا: شہد کی مکھیوں کا منتشر ہو کر ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔

ـــ الاَشْیَاءُ: بکھرنا۔

صَوَّعَ الاَقْرَانَ: ہمسروں کو ڈرا کر منتشر کرنا

ـــ الحَبَّ: صاع (پیمانہ) سے غلّہ کا وزن کرنا۔

صَوَّعَ الاَشْیَاءَ: بکھیرنا، تتر بتر کرنا۔

ـــ الفَرَسُ: گھوڑے کا سرکشی کرنا۔

ـــ الرِّیْحُ النَّبَاتَ: ہوا کا پودوں کو ہلانا

صَوَّعَ المَوضِعَ: چلنے یا کسی اور مقصد کے لئے جگہ کو ہموار کرنا۔

انْصَاعَ: مطاوع صَاعَ: لوٹنا، تیزی سے آنا یا گزرنا۔

ـــ لہ: فرماں بردار ہونا (۲) کسی کے سامنے سر تسلیم خم کرنا۔

تَصَوَّعَ القَوْمُ: منتشر ہونا۔

ـــ النَّبَاتُ: پودے کا ہلنا۔

ـــ الشَّعْرُ: بالوں کا چرنا، سکڑنا۔

الصَّاعُ: غلہ ناپنے کا ایک پیمانہ جو اہل حجاز کے حساب سے ۴ مد (۴ پونڈ) یعنی گیارہ سو بیس درہم کے وزن کے بقدر ہوتا ہے۔ اور اہل عراق کے حساب سے آٹھ رطل کے برابر یا دو سیر چودہ چھٹانک چار تولہ کے برابر (۲) پانی پینے کا پیالہ (۳) گیند کھیلنے کا بلّا ج: اَصْوُعٌ و صُوعَانٌ و صِیْعَانٌ۔

الصَّاعَةُ: چلنے یا کسی اور مقصد کیلئے ہموار کی ہوئی زمین (۲) روئی دھنکنے کیلئے تیار کی ہوئی جگہ۔

الصُّوَاعُ: الصَّاعُ۔ پانی پینے کا برتن، غلہ ناپنے کا پیمانہ۔ قرآن پاک میں ہے: "قَالُوْا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ" ج: صِیْعَانٌ۔

الصَّوْعُ والصَّاعُ: کھیل کے لئے ہموار کیا ہوا میدان۔

• صَاغَهُ ـُ صَوْغًا و صِیَاغَةً: صحیح نمونہ پر کوئی چیز تیار کرنا، خاص شکل دینا۔

ـــ المَعْدِنَ: دھات کو پگھلا کر ڈھالنا، گھڑنا۔

ـــ الكَلِمَةَ: لفظ کو خاص شکل کا بنانا، نمونہ کے مطابق تیار کرنا۔

ـــ الكَلامَ: کلام کو مرتب و مزین کرنا، خاص طرز پر تیار کرنا، شاندار بنانا، فصاحت و بلاغت کے سانچہ میں ڈھالنا، گھڑنا۔

صَاغَ المِیثَاقَ: معاہدہ کا مضمون تیار کرنا

ـــ اللّٰهُ فُلانًا صِیغَةً حَسَنَةً: اللہ نے فلاں کو اچھی شکل کا بنایا۔

انْصَاغَ الشَّیْءُ: مطاوع صَاغَهُ۔ ڈھلنا، پگھلنا (۲) خاص شکل کا بننا۔

الصَّائِغُ: سنار، زیورات بنانے والا ج: صَاغَةٌ و صُوَّاغٌ و صُیَّاغٌ۔ کہتے ہیں: فُلانٌ من صاغَةِ الكلامِ: وہ عمدہ کلام کرنے والوں میں ہے، کلام کا ماہر ہے۔ هن صَوَائِغُ۔

الصَّاغُ: خالص، بلا ملاوٹ، کھرا سکہ، کھرا آدمی مضبوط بدن کا (۲) میجر (ایک فوجی عہدہ)

الصَّوَّاغُ: ماہر کلام جو مختلف طریقوں پر کلام کو مرتب و منظم کر کے پیش کرنے پر قادر ہو (۲) جھوٹ کو سچ بنانے کا ماہر۔ کہتے ہیں: هٰذِهِ كَلِمَةٌ صَاغَهَا صَوَّاغٌ: یہ وہ بات ہے جس کو بنا سنوار کر پیش کیا ہے اس فن کے ماہر نے۔

صَوْغٌ: شکل، مانند۔ هذا صَوْغُهُ: یہ اس کے مانند ہے۔ هما صَوْغَانِ: وہ دونوں ایک جیسے ہیں۔

الصِّیَاغَةُ: ڈھلائی، خاکہ، وضع، معدنیات کی گلائی (۲) زیور سازی، زرگری، سنار کا پیشہ۔

صِیَاغَةُ الكلامِ: کلام کی ترتیب و ترکیب، طرز نگارش۔ کہتے ہیں: كلامٌ حَسَنُ الصِّیَاغَةِ: مرتب کلام۔

الصِّیغَةُ: شکل، لفظ کی مخصوص شکل جو حروف کی ترتیب سے حاصل ہوتی ہے، فعل کی شکل جو مخصوص معنی پر دلالت کرے (۲) مخصوص عبارت یا مضمون جیسے: صِیغَةُ القَرَارِ اَوِ المِیثَاقِ (۳) طریقۂ عمل، نوعیت کار (۴) زیور ج: صِیَغٌ (۵) اصل۔ هو من صِیغَةٍ كریمةٍ: وہ شریف الاصل ہے

الصِّیغَةُ الفَعَّالَةُ: مؤثر شکل۔

صِيغَةُ المَعَادِنِ : معدنیات کا سانچہ۔
الصَّيَّاغُ : الصَّوَّاغ ۔
الصَّيِّغُ : بات کو بنا سنوار کر پیش کرنے والا، جھوٹا (۲) سنار، ڈھالنے والا۔
الصَّيِّغَةُ : مؤنث الصَّيِّغ (۲) سختی، شدت
المَصَاغُ : ڈھلائی (۲) ڈھلی ہوئی چیز (۳) زیور ج: مَصَاغات۔
المَصُوغُ : ڈھلا ہوا (۲) زیور ج: مَصُوغات
•صَافَ الكَبْشُ ـُ صَوْفًا : دنبے کے اوپر اون نکل آنا۔ هو صَائِفٌ (۲) بہت اون والا ہونا۔ هو أَصْوَفُ و هي صَوْفَاءُ۔
ـــ عن كذا : ہٹنا، الگ ہونا۔
صَوَّفَ النَّبَاتُ : پودوں وغیرہ پر اون جیسا روآں نمودار ہونا۔
ـــ فُلَانًا : صوفی بنانا۔
أَصَافَهُ : جھکانا۔
ـــ عن كذا : ہٹانا، الگ کرنا۔
تَصَوَّفَ : صوفی بننا (۲) صوفیوں کی طرح رہنا، ان جیسے اخلاق اختیار کرنا۔
التَّصَوُّفُ : ایک سلوکی طریقہ جس کا مدار زندگی کی سادگی، موٹا چال چلن، اخلاق اور روحانی بلندی پر ہوتا ہے۔
عِلْمُ التصوُّف : مخصوص اصولوں کا مجموعہ جن پر اہل تصوف یقین رکھتے ہیں اور وہ مخصوص آداب حیات جن کے وہ اپنی خلوت وجلوت میں حامل ہوتے ہیں۔
الصُّوفُ : اون (بکری اور اونٹ کے بال) ج: أَصْوَاف۔
صُوفُ البَحْرِ : پانی پر اون کی طرح ابھرے ہوئے جھاگ۔
الصُّوفَانِيُّ : اونی (خلاف قیاس اون کی طرف نسبت) (۲) بہت اون والا۔
الصُّوفَةُ : اون کا ایک ٹکڑا۔ اَخَذَ بِصُوفَةِ رَقَبَتِهِ : اس نے اسے زبردستی پکڑ لیا۔

أَعْطَاهُ اِيَّاهُ بِصُوفِ رَقَبَتِهِ : اس نے اسے مفت دیا یا پورا دیدیا۔
الصُّوفِيُّ : تصوف کی راہ پر چلنے والا، سادگی اور مخصوص آداب واصول کا پابند جن سے قرب الٰہی اور اخلاقی اور روحانی بلندی حاصل ہوتی ہے، پاکیزہ نفس آدمی، عبادت گزار بندہ۔ (۲) اونی، اون کا بنا ہوا۔
الصُّوفِيَّةُ : تصوف (۲) صوفیوں کی جماعت
الصَّوَّافُ : اون فروش، اونی کپڑوں کا تاجر
الصَّيِّفُ : ثَوْبٌ صَيِّفٌ : اونی کپڑا یا جس میں اون غالب ہو۔
•صَوْقَعَةٌ : پگڑی، سر کا درمیانی حصہ (۲) میدان جنگ۔
•صَاكَ بِهِ المِسْكُ و نَحْوُهُ ـُ صَوْكًا : مشک کا چپکنا، لگنا۔
ـــ الطِّيبُ و نَحْوُهُ : خوشبو مہکنا۔
تَصَوَّكَ بِالمِسْكِ و نَحْوِهِ : مشک کی خوشبو لگانا۔
•صَالَ عليه ـُ صَوْلًا و صَوَلَانًا : حملہ کرنا، مغلوب کرنے کے لئے کسی پر جھپٹنا، کسی پر جست لگانا، کود پڑنا۔
ـــ الجَمَلُ و نحوُهُ : اونٹ وغیرہ کا کاٹنا۔
صَاوَلَهُ مُصَاوَلَةً و صِيَالًا و صِيَالَةً : حملہ آوری میں کسی سے مقابلہ کرنا، کسی پر جست لگا کر غالب ہونے کی کوشش کرنا۔
صَوَّلَ البَيْدَرَ و نَحْوَهُ : غلہ کے کھلیان کو چاروں طرف سے صاف کرنا
ـــ الحِنْطَةَ و نَحْوَهَا : گیہوں کو پانی ڈال کر صاف کرنا۔
تَصَاوَلَا : جست لگانے یا حملہ کرنے میں باہم مقابلہ کرنا۔ ایک دوسرے پر جھپٹنا، کودنا۔

الصَّؤُولُ : زبردست حملہ آور
الصَّوْلَةُ : حملہ، جست (۲) طاقت، دبدبہ
ذُو صَوْلَةٍ : طاقتور، بہادر۔
الصُّوْلَةُ : پانی ڈال کر صاف کیا ہوا گیہوں وغیرہ ج: صُوَل۔
المِصْوَلُ : گیہوں کو گاہنے کے بعد صاف کرنے کا آلہ (۲) وہ برتن جس میں تلخی دور کرنے کے لئے حنظل بھگویا جائے ج: مَصَاوِل
المِصْوَلَةُ : کھلیان کے کناروں کو صاف کرنے کی جھاڑو ج: مَصَاوِل۔
•الصَّوْلَجُ و الصَّوْلَجَةُ و الصَّوْلَجان (دیکھئے: صلج) موٹھ دار ڈنڈا۔
•صَامَ ـُ صَوْمًا و صِيَامًا : روزہ رکھنا شرعاً طلوع فجر سے غروب آفتاب تک نیت کے ساتھ کھانے پینے سے رکنا (۲) رکنا (۳) خاموش ہونا۔
ـــ الفَرَسُ : گھوڑے کا چارہ نہ کھانا کھڑا رہنا۔
ـــ الماءُ او الرِّيحُ و نحوُهما : پانی یا ہوا وغیرہ کا رک جانا، تھمنا۔
ـــ الشَّمْسُ : بوقت زوال سورج کا آسمان کے بیچ پہنچ جانا، نصف النہار کو پہنچنا۔
ـــ عن الطعام : کھانا چھوڑنا، برت
ـــ النَّعَامُ وغيرُهُ : رک کر بیٹھ
ـــ النَّهَارُ : دوپہر ہونا۔
ـــ الشَّهْرَ : مہینہ کے روزے رکھنا یا مہینہ میں روزے رکھنا۔
صَوَّمَهُ : روزہ رکھوانا۔
اِصْطَامَ : مکمل روزہ رکھنا، مکمل طور پر
الصَّائِمُ : روزہ دار ج: صُوَّمٌ و صُوَّامٌ و صُيَّامٌ و صِيَامٌ۔
يومٌ صَائِمٌ : روزے والا دن۔
الصَّوَائِمُ : من الارض : خشک و بنجر زمین۔

الصَّوْمُ: کسی بھی قول یا فعل سے رکنا (۲) شرعًا طلوعِ فجر سے غروبِ آفتاب تک تمام مفطرات (اکل و شرب و جماع وغیرہ جن کی تشریح کتب فقہ میں ہے) سے رکا رہنا (۳) خاموشی، ترکِ کلام۔ قرآن پاک میں ہے: "اِنِّیْ نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا"۔
الصَّوَّامُ: بہت روزے رکھنے والا۔
الصِّیَامُ: روزہ (۲) صائمٌ کی جمع۔
المَصَامُ: مَصَامُ الفَرَسِ و نَحْوِہ: گھوڑے وغیرہ کے کھڑے ہونے کی جگہ۔ مَصَامُ النَّجْمِ: ستاروں کے اٹکنے کا مقام۔
مَصَامُ الشَّمْسِ: وسطِ آسمان۔ کہتے ہیں: جئتُہ والشَّمْسُ فی کبدھا: میں اس کے پاس اس وقت آیا جب آفتاب نصف النہار پر تھا۔
•صَوْمَعَ الشَّیْءَ: (دیکھئے: صمع) جمع کرنا۔
—البناءَ: بلند کرنا
الصَّوْمَعُ و الصَّوْمَعَۃُ: راہب کا عبادت خانہ چھوٹا کمرہ، کھو، کوٹھڑی، کیبن، بڑے کمرے کے اندر چھوٹا کمرہ (۲) گودام۔ صوامعُ الغلال: غلہ کے گودام۔
صَوْمَنَ الرَّجُلُ: بھوک سے کھال کا سوکھ جانا۔
•صَانَ الفَرَسُ ـُ صَوْنًا: گھوڑے کا سُم کے کنارہ پر کھڑا ہونا (۲) سُم میں درد کی وجہ سے چلنے سے کترانا۔
—الشَّیْءَ صَوْنًا و صِیَانَۃً: محفوظ جگہ میں رکھنا، حفاظت کرنا۔
—عِرْضَہ: آبرو کو داغ دار ہونے سے بچانا، عزت و آبرو بچانا۔
اِصْطَانَہُ: خوب حفاظت کرنا۔
تَصَاوَنَ و تَصَوَّنَ: خود کو محفوظ رکھنے کی کوشش کرنا۔
—من المَعَایِبِ: خود کو عیوب سے محفوظ رکھنا۔
الصَّائِنُ: محافظ، بچاؤ کرنے والا۔
الصِّوَانُ: کتابوں یا کپڑوں وغیرہ کی الماری بکس ج: أَصْوِنَۃٌ۔
الصَّوَّانُ: ایک قسم کا سخت پتھر جس کو رگڑنے سے چنگاریاں نکلتی ہیں۔
الصَّوَّانَۃُ: صَوَّان کا ایک ٹکڑا، چقماق کا ایک پتھر (۲) دُبر۔
الصِّیَانَۃُ: حفاظت، تحفظ۔
الصِّیْنَۃُ: حفاظت۔ ھذا ثَوْبُ صِیْنَۃٍ: یہ عام استعمال کا معمولی کپڑا نہیں، مخصوص استعمال کا ہے۔
المَصُوْنُ: محفوظ۔ المَصُوْنَۃُ: پاکدامن عورت
•صَوِیَ ـَ صَوًی: سوکھ کر دبلا ہو جانا
—الضَّرْعُ: تھن میں دودھ نہ رہنا۔
أَصْوَی القَوْمُ: اونچی سخت جگہ پر قیام کرنا
—فُلَانٌ: دبلے مویشی والا ہونا۔
صَوَّی الصُّوَی فی الطَّرِیْقِ: راستہ پر راہنمائی کے پتھر گاڑنا۔
—النَّاقَۃَ و نَحْوَھَا: اونٹنی کو موٹا کرنے کے لئے اس کا دودھ نہ نکالنا
—الدَّابَّۃَ: چوپائے کو طاقتور اور پھرتیلا بنانے کے لئے آزاد چھوڑنا، کام نہ لینا۔
الصُّوَّۃُ: بلند اور سخت زمین (۲) نشان راہ وہ پتھر جو راہنمائی کے لئے راستہ پر لگایا جائے، راستہ پر لگا ہوا وہ بورڈ جس سے مختلف سمتیں معلوم ہوتی ہیں۔ ج: صُوًی و أَصْوَاءٌ۔ حدیث میں ہے: "اِنَّ لِلدِّیْنِ صُوًی و منارًا کمنارِ الطَّرِیْقِ": راستہ کی قندیل اور راہنما نشان کی طرح دین بھی ذریعۂ ہدایت و راہنمائی ہے۔

ص ــــ ی

•صَیَّأَ النَّخْلُ: کھجور کے پھل پر رنگ نمودار ہونا۔
صَیَّأَ رَأْسَہُ: سر کو تھوڑا دھونا، بالکل صاف نہ کرنا۔
الصَّاءُ: رحم سے بوقت ولادت نکلنے والی نال کے اندر کا پانی۔
الصَّیْئَۃُ: الصَّاءُ۔
الصِّیْئَۃُ: سر کی ہلکی سی دھلائی۔
•صَابَ ـِ صَیْبًا: ٹھیک ہونا۔
الصَّائِبُ: درست۔
صَابَ السَّھْمُ: تیر کا ٹھیک نشانہ پر لگنا۔
الصُّیَّابُ و الصُّیَّابَۃُ و الصُّیَابَۃُ: خالص اور عمدہ شے۔
•الصَّیُوْبُ: ٹھیک، درست، بہت درست بات کرنے والا۔
الصَّیِّبُ: دیکھئے (صوب)۔
صُیَّابَۃُ القَوْمِ: سربرآوردہ، سردارِ قوم۔
•صَاحَ ـِ صَیْحًا و صِیَاحًا: چیخنا، چلانا، شور مچانا، مرغ کا بانگ دینا۔ ھو صَائِحٌ۔
—بہ: پکارنا، آواز دے کر بلانا۔
—عَلَیْہِ: دھمکانا، ڈانٹنا، جھڑکنا۔
—الشَّجَرَۃُ و نَحْوُھَا: لمبا ہونا۔
—العُنْقُوْدُ: خوشے کا لمبا ہو کر غلاف سے باہر آنا۔
صِیْحَ بہ: وہ گھبرا گیا۔
—فِیْھِمْ: وہ ہلاک ہو گئے (گویا زبردست چیخ نے ان کو سخت صدمہ پہنچایا)۔
صَایَحَ القَوْمُ مُصَایَحَۃً و صِیَاحًا: ایک دوسرے کو زور زور سے بلانا، پکارنا۔
—فُلَانًا و نَحْوَہُ: پکارنا، آواز دینا
صَیَّحَ: بہت زور سے چیخنا، بہت شور مچانا صاح کا مبالغہ۔
—الشَّیْءَ: اس طرح پھاڑنا یا چیرنا کہ اس سے آواز نکلے۔

انْصَاحَ الشیءُ: آواز کے ساتھ پھٹنا، چٹخنا
ـــــ الْاَرْضُ: زمین کے اوپر جزوی روئیدگی ہونا۔ (کچھ حصہ ڈھک جانا اور کچھ کھلا رہنا)۔
تَصَابَحَ: صَایَحَ۔
تَصَیَّحَ: پھوٹنا، آواز کے ساتھ ٹوٹنا۔
الصَّائِحُ: زور سے پکارنے یا شور مچانے والا۔ چیخنے والا۔
الصَّائِحَۃُ: نوحہ کی آواز و شور (۲) گھبراہٹ ج: صَوَائِح۔
الصِّیَاحُ: چیخ شور۔
الصَّیْحَۃُ: چیخ، شور (۲) قیامت کے دن نفخ صور کی آواز۔ قرآن پاک میں ہے: "یَوْمَ یَسْمَعُوْنَ الصَّیْحَۃَ بِالْحَقِّ ذٰلِكَ یَوْمُ الْخُرُوْجِ" (۳) اچانک حملہ، دھاوا (۴) عذاب۔ قرآن پاک میں ہے: "وَ اَخَذَ الَّذِیْنَ ظَلَمُوا الصَّیْحَۃُ"
صَیْحَۃُ الحَرْبِ: اعلان جنگ۔
الصَّیَّاحُ: بہت چیخنے یا بہت شور مچانے والا۔
• صَادَ الطَّیْرَ و الوَحْشَ و نَحْوَهُمَا ـِ صَیْدًا: شکار کرنا، جال یا پھندا لگا کر پکڑنا۔
ـــــ النَّاسَ بالمَعْرُوف: لوگوں پر احسان کرکے اپنا بنانا۔
ـــــ فُلَانًا طَیْرًا: کسی کے لئے پرندہ کا شکار کرنا۔
صَیِدَ ـَ صَیَدًا: ٹیڑھی گردن والا ہونا (بیماری کے باعث) (۲) مغرور و خودپسند ہونا (۳) رعب و دبدبہ والا ہونا۔
أَصَادَ فُلَانًا و نَحْوَهُ: کسی کو شکار کرنے پر اکسانا (۲) گردن کے ٹیڑھ پن کا علاج کرنا۔
اِصْطَادَهُ: مشکل سے شکار کرنا۔
ـــــ الکُرَۃَ: گیند دبوچنا، پکڑنا۔

تَصَیَّدَهُ: جال میں پھانسنا، شکار کیلئے چال چلنا، شکار کی کوشش کرنا۔
خَرَجَ یَتَصَیَّدُ: وہ شکار کرنے کے لئے نکلا۔
ـــــ الاَصْوَاتَ: ووٹوں کے لئے کنویسنگ کرنا۔
اصْیَدَّ: صَیِدَ۔
الاَصْیَدُ: ٹیڑھی گردن والا (جو ادھر ادھر نہ دیکھ سکے) (۲) مغرور و خود بیں (۳) طاقت و اقتدار کا مالک۔ ھی صَیْدَاءُ ج: صِیْدٌ۔
الصَّائِدُ: بلا پیشہ شکار کرنے والا۔
الصَّادُ: حروف ہجائیہ کا ایک حرف (۲) گردن کی ٹیڑھ (۳) خود پسندی، خود بینی و غرور۔
الصَّیْدُ: شکار (فعل) (۲) شکار کیا ہوا جانور۔ قرآن پاک میں ہے: "اُحِلَّ لَکُمْ صَیْدُ البَحْرِ"
الصَّیَدُ: گردن کی ایک بیماری جس کے باعث وہ ادھر ادھر نہ ہو سکے (۲) غرور و بڑائی۔
الصَّیُوْدُ: شکار کا ماہر۔ جیسے: کَلْبٌ صَیُوْدٌ و صَقْرٌ صَیُوْدٌ (۲) بدخلق عورت۔
الصَّیَّادُ: شکاری (پیشہ)۔
الصَّیَّادَۃُ: غلیل۔
الصَّیُّوْدُ: نشانہ پر ٹھیک بیٹھنے والا تیر۔
المَصَادُ: شکار گاہ (۲) پہاڑ کی چوٹی ج: مَصَائِدُ۔
المُصْطَادُ: شکاری (۲) شکار کیا ہوا جانور
المِصْیَدُ و المِصْیَدَۃُ: ذریعۂ شکار۔ جال، پھندا، شکار کرنے کا گڑھا ج: مَصَاید۔
مِصْیَدَۃُ الفِیْرَانِ: چوہے دان۔
• صَیْدَلَ: دوا فروشی کا پیشہ اختیار کرنا، دواسازی کا کام کرنا۔

الصَّیْدَلُ: چاندی کی اینٹ (جڑی بوٹی کے پتھروں کو اسی سے تشبیہ دی گئی)۔
الصَّیْدَلَۃُ: دواسازی، دوافروشی (پیشہ) (۲) وہ علم جس میں جڑی بوٹیوں کے خواص اور ان سے دواسازی کے طریقوں سے بحث کی جائے۔
الصَّیْدَلَانِیُّ: دواساز و دوافروش (۲) دواؤں کی خاصیتوں کا ماہر۔ ج: صَیَادِلَۃ۔
الصَّیْدَلِیُّ: الصَّیْدَلَانِیُّ۔
الصَّیْدَلِیَّۃُ: فارمیسی، دواخانہ۔ جہاں دوائیں تیار کی جاتی ہیں اور فروخت کی جاتی ہیں یا صرف فروخت کی جاتی ہیں۔
• الصَّیْدَانُ: وہ پتھر جن کی ہانڈیاں بنائی جاتی ہیں (۲) تانبا۔
الصَّیْدَانَۃُ: بھوت پریت (۲) زبان دراز اور بدمزاج عورت۔
الصَّیْدَنُ: چاندی کی اینٹ (۲) ایک کیڑا جو اپنا بھٹ زمین میں بنا کر چھپائے رکھتا ہے (۳) مضبوط عمارت (۴) کیمیا۔
• صَارَ الشیءُ کذا ـِ صَیْرًا و صَیْرُوْرَۃً و مَصِیْرًا: ایک حال سے دوسرے حال میں منتقل ہونا۔ ہونا، واقع ہونا، پیش آنا۔
ـــــ الیہ: کسی کے پاس لوٹنا، پہنچنا۔
صَارَ یَفْعَلُ کذا: وہ کرنے لگا۔
أَصَارَهُ کذا و الی کذا: کسی شے کو دوسری شے بنا دینا، ماہیت بدل دینا، شکل یا حالت بدلنا۔
صَیَّرَهُ کذا و الی کذا: أَصَارَ۔
تَصَیَّرَ اَبَاهُ و نَحْوَهُ: باپ وغیرہ کے ہم شکل ہونا۔
الصَّائِرَۃ: سوکھی گھاس جو کچھ ہری ہونے کے بعد کھائی جائے۔

الصِّیَارَۃُ: چوپاؤں کا باڑا۔
الصِّیرُ: انجام، نتیجہ۔
من الشیءِ: کسی چیز کا کنارہ، گوشہ
هو علی صِیرِ حاجۃٍ اَخیه: وہ اپنے بھائی کی ضرورت پورا کرنے کے قریب ہے۔ هو علی صِیرِ الاَمرِ: وہ کام کو پورا کرنے ہی والا ہے (۲) پانی جہاں لوگ پڑاؤ ڈالیں (۳) دروازہ کی درز، جھری، حدیث میں ہے: "من نَظَرَ من صِیرِ بابٍ فَفُقِئَت عَینُه فهی هَدَرٌ" اگر کوئی دروازہ کی جھری سے اندر جھانکے اور اس کی آنکھ پھوڑ دی جائے تو اس کا کوئی بدلہ نہیں ہے (۴) یہودیوں کا پادری۔
الصِّیرَۃُ: الصِّیَارَۃ ج: صِیَرٌ۔
الصَّیِّرُ: جماعت (۲) قبر۔
الصَّیُّورُ: انجام، آخری حد (۲) ٹھیک رائے
المَصِیرُ: انجام، حشر، نتیجہ، لوٹنے کی جگہ، معاد، (۲) پانی جہاں لوٹ کر جائے۔ مَصِیرُ الخلق: مخلوق کے پہنچنے کی جگہ یا واپسی۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاِلَیهِ المَصِیرُ"
مَصِیرُ العَمَلِ: انجام کار
مَصِیرُ الاُمَّۃِ: قوم کا انجام، حشر، قسمت
المَصِیرُ المَحتُوم: لازمی نتیجہ۔
المَصِیرُ المُحزِن: افسوسناک انجام۔
المَصِیرُ الوَخِیم: برا انجام۔
المَصِیرِیٌّ: بنیادی، موت وحیات کا۔ انجام سے متعلق۔ قسمت سے متعلق۔
تقریرُ المَصِیرِ: قسمت کا فیصلہ کرنا، انجام طے کرنا۔
•صَاصَتِ النَّخلَۃُ ـِ صَیصًا: درخت خرما پر کھجوروں کا خراب ہو جانا۔
اَصَاصَتِ النَّخلَۃُ: صَاصَت۔

صَیَّصَتِ النَّخلَۃُ: صاصت۔
الصِّیصُ: ادھ پک رہ جانے والی کھجور (خراب)۔
الصِّیصَاءُ: مؤنث الصِّیص (۲) حنظل کی گٹھلی جس میں گودا نہ ہو۔
الصِّیصَۃُ: کاتنے کا تکلا (۲) تانا بانا صاف کرنے کا برش (۳) گائے وغیرہ کا سینگ (۴) قلعہ (۵) کھجور توڑنے کا دستہ (۶) مرغ کا خار ج: صَیَاصٍ۔
الصِّیصِیَۃُ: الصِّیصَۃ (۲) مرغ کا پنجہ جو پنڈلی میں ہوتا ہے (۳) اچھی رکھوالی کرنے والا چرواہا (۴) قلعہ ج: صَیَاصٍ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاَنزَلَ الَّذِینَ ظَاهَرُوهُم مِن اَهلِ الکِتَابِ مِن صَیَاصِیهِم"
•صَاعَ الغَنَمَ وَنَحوَهَا ـِ صَیعًا: بکریوں وغیرہ کو منتشر کرنا
ـــ القَومَ: لوگوں میں پھوٹ ڈالنے کے لئے ایک دوسرے کے خلاف بھڑکانا، انتشار پیدا کرنا۔
اَصَاعَہُ: صَاعَہُ۔
انصَاعَ فُلانٌ: تیزی سے لوٹنا۔
تَصَیَّعَ المَاءُ: پانی کا جوش مارنا۔
ـــ الرَّجُلُ: حیران وپریشان ہونا۔
•صَیَّعَ الطَّعَامَ: روٹی وغیرہ کو سالن میں خوب تر کرنا۔
•صَافَ الیَومُ وَنَحوُہُ ـِ صَیفًا: دن کا بہت گرم ہونا۔
ـــ بالمَکانِ: گرمی کے موسم میں کسی جگہ قیام کرنا، موسم گرما گزارنا۔
ـــ عنه: ہٹنا، الگ ہونا۔ صَافَ السَّهمُ عن الهَدَفِ: تیر کا نشانہ خطا کرنا۔
ـــ المَطَرُ الاَرضَ او النَّاسَ: گرمی میں بارش ہونا۔

اَصَافَ: موسم گرما میں داخل ہونا (۲) بڑھاپے میں باپ بننا۔
ـــ النَّاقَۃُ وَنَحوُهَا: اونٹنی وغیرہ کا گرمی میں بچہ دینا۔
ـــ الرَّجُلُ النِّسَاءَ: عورتوں کو جوانی میں چھوڑ کر بڑھاپے میں شادی کرنا۔
ـــ الشیءَ عنه: ہٹانا، الگ کرنا، دور کرنا۔ جیسے: اَصَافَ اللّٰہُ عنه الشَّرَّ۔
صَایَفَہُ مُصَایَفَۃً وَصِیَافًا: کسی سے گرمی سے گرمی تک کا معاملہ کرنا۔
صَیَّفَ بالمَکانِ: کسی جگہ موسم گرما گزارنا۔
ـــ الشیءُ فُلانًا: کسی چیز کا کسی کو موسم گرما تک کافی ہونا۔
ـــ المَطَرُ الاَرضَ او النَّاسَ: زمین یا لوگوں پر گرما میں بارش ہونا۔
اصطَافَ بالمَکانِ: موسم گرما گزارنا۔
تَصَیَّفَ بالمَکانِ: اصطَافَ۔
الصَّائِفُ: گرم۔
الصَّائِفَۃُ: موسم گرما، موسم گرما کا حملہ۔ رومیوں کے حملہ کو بھی صائفہ اسی لئے کہتے ہیں کہ وہ برف اور سردی سے بچنے کے لئے گرمی میں حملہ کرتے تھے۔
صَائِفَۃُ القَومِ: موسم گرما کی خوراک ج: صَوَائِفُ۔
الصَّافُ: گرم۔ یَومٌ صَافٌ: گرم دن۔
الصَّیفُ: گرمی کا موسم ج: اَصیَافٌ و صُیُوفٌ۔
الصَّیفِیُّ: گرمی کا۔ موسم گرما سے متعلق۔ نَبتٌ صَیفِیٌّ: گرمی میں پیدا ہونے والا پودا (۲) بڑھاپے کی اولاد۔
الصَّیِّفُ: ہر وہ چیز جو گرمی کے موسم میں آئے۔
المِصیَافُ: من النَّاس: بڑھاپے میں شادی کرنے والا (۲) گرمی کے موسم میں بچے دینے والی اونٹنی (۳) وہ زمین جس پر صرف گرمی میں گھاس اگتی ہو

ج: مَصَايِيفُ ۔
المُصْطَافُ: گرمی کا موسم گزارنے کی جگہ۔
المَصِيفُ: موسم گرما گزارنے کی جگہ، ٹھنڈا مقام ج: مَصَايف ۔
• صَاقَ به كذا ـِ صَيْقًا: چپکنا۔
الصَّيِّقُ: زبردست گرد وغبار (۲) پسینہ (۳) بدبو (۴) آواز (۵) چڑیا ج: صِيَقٌ و صِيْقان ۔
• صَاكَ به كذا ـِ صَيْكًا: چپکنا۔
ـــــ الدَّمُ ونَحْوُهُ: خون کا خشک ہونا
• صَالَ عَلَيه ـِ صَيْلًا: دیکھئے: صول
صِيلَ له كذا: کسی کے لئے کوئی چیز مہیا کیا جانا، مقدر کیا جانا۔
• الصِّيْنُ: ملک چین۔
الصِّينِيُّ: چینی، چین کا باشندہ۔
الصِّينِيَّةُ: سینی، تڑے ج: صِينِيَّات۔

بابُ الضَّاد

• الضَّادُ: عربی حروف تہجی کا پندرہواں حرف. اس حرف کی آواز میں جہوریت ہے لیکن اس کے تلفظ میں خاصا اختلاف ہے بعض عرب ممالک میں اس کی شدت اپنی آخری حد کو پہنچی ہے تو دال مفخم کی آواز بن جاتی ہے اور بعض ممالک میں اس کے اندر نرمی و رخاوت اپنی انتہا کو پہنچ جاتی ہے تو اس کا تلفظ زاء مفخم کی آواز سے ہوتا ہے۔ سیبویہ کے نزدیک قدیم ض کا مخرج زبان کے کنارے کے شروع اور اس کے پاس کی ڈاڑھوں کے درمیان ہے۔

• الضِّئْبُ: سمندری جانور جو مچھلی جیسا ہوتا ہے (۲) موتی۔

الضِّئْبَانُ: (من الجمال) مضبوط و موٹا اونٹ

• ضَأَزَهُ ـَ ضَأْزًا: ظلم و زیادتی کرنا۔

ـــ حَقَّهُ: کسی کے حق کو کم کرنا یا حق تلفی کرنا

الضِّئْزَى: قِسْمَةٌ ضِئْزَى: غیر منصفانہ تقسیم، ظالمانہ تقسیم۔

• ضَأْضَأَ ضَأْضَأَةً وضِأْضَاءً: شور و غل مچانا۔

الضَّأْضَاءُ: شور و غل، چیخ و پکار۔

الضِّئْضِئُ: اصل، نسب. هو من ضِئْضِئِ كَرِيمٍ: وہ شریف النسب ہے ج: ضَآضِئُ۔

• ضَئِطَ ـَ ضَأَطًا: بدن اور شانوں کو ہلاتے ہوئے چلنا۔

• ضَؤُلَ الرَّجُلُ ـُ ضَآلَةً وضُؤُولَةً چھوٹے جسم کا ہونا (۲) دبلا ہونا (۳) حقیر ہونا معمولی ہونا۔

ـــ رَأْيُهُ: کمزور رائے ہونا. هو ضَئِيلٌ ج: ضُؤَلَاءُ وضِئَالٌ وهي ضَئِيلَةٌ ج: ضِئَالٌ. کہاوت ہے: مَا عَلَيْكَ فِي ذٰلِكَ ضُؤُولَةٌ: اس سلسلہ میں تمہاری کوئی غلطی نہیں ہے۔

ضَاءَلَ شَخْصَهُ: اپنے کو چھوٹا اور حقیر بنانا

تَضَاءَلَ: کمزور و دبلا ہونا (۲) ناقص اور حقیر ہونا (۳) سکڑنا (۴) چھوٹا اور حقیر بن جانا (۵) بے اثر ہو جانا، کمزور پڑ جانا (۶) زوال پذیر ہونا۔

ـــ السَّيْرُ: رفتار ہلکی پڑ جانا، دھیمی ہو جانا

ـــ النُّورُ: روشنی مدھم پڑنا، ہلکی ہو جانا۔

اضْطَأَلَ: چھوٹا اور کمزور پڑ جانا۔

التَّضَاؤُلُ: کمزوری، انحطاط، زوال، بے اثری گراوٹ، کوتاہی۔

الضُّؤْلَانُ: بوجھ. هو عَلَيْهِ ضُؤْلَانٌ: وہ شخص اس کے لئے بوجھ بنا ہوا ہے

حَسَبُهُ عَلَيْهِ ضُؤْلَانٌ: اس کا نسب اس کے لئے عیب کا باعث ہے

ضَأَنَ الضَّأْنَ ـَ ضَأْنًا: بھیڑوں کو بکریوں سے الگ کرنا۔

أَضْأَنَ فُلَانٌ: بہت بھیڑوں والا ہونا۔

الضَّأْنُ: اون والی بکری (بھیڑ، دنبی)

لَحْمُ ضَأْنٍ ولَحْمٌ ضَأْنٌ: بھیڑ کا گوشت (اضافت اور وصف کے ساتھ)۔

الضَّائِنُ: الضَّأْنُ (۲) کمزور و نازک (۳) خوش اندام، بغیر فربہ (۴) دنبہ ج: ضَأْنٌ وضَأَنٌ وضَئِينٌ وضِئِينٌ وهُنَّ ضَوَائِنُ۔

الضَّأْنِيُّ: بکری کا۔

الضِّئْنِيُّ: دودھ بلونے کی بڑی مشک۔

مِعْزَى ضِئْنِيَةٌ: بھیڑ سے انسیت رکھنے والی بکریاں۔

• ضَأَى ـَ ضَأْيًا: کمزور و دبلا ہونا۔ هو ضَاءٍ۔

ض ـــ ب

• ضَبَأَ بالأَرْضِ و فيها ـَ ضَبْئًا و ضُبُوءًا: زمین سے چمٹنا یا زمین میں چھپنا جیسے: ضَبَأَ الصَّائِدُ. هو ضَابِئٌ و ضَبِيءٌ۔

ـــ منه: شرمانا، حیا کرنا۔

ـــ اليه: کسی کی پناہ لینا۔

ـــ عَلَيْهِ: کسی کے سامنے آنا، کسی پر اچانک آپہنچنا، مسلط ہونا۔

ـــ به الأَرْضَ: زمین سے چمٹانا، زمین سے چپکانا۔

أَضْبَأَ عَلَى الشَّيْءِ: کسی چیز پر خاموشی اختیار کرنا۔

ـــ على ما في نَفْسِهِ: دل کی بات چھپانا

ـــ على ما في يَدَيْهِ: ہاتھ کی چیز کو تھامنا، پکڑنا۔

الضَّابِئُ: راکھ۔

الضَّابِئَةُ: بھاری سامان جسے زمین سے اٹھانا دشوار ہو۔

غِرَارَةٌ ضَابِئَةٌ: وزنی بوری جس کا اٹھانا مشکل ہو ج: ضَوَابِئُ۔

المَضْبَأُ: چھپنے کی جگہ ج: مَضَابِئُ۔

• ضَبَّ الماءُ ونَحْوُهُ ـِ ضَبًّا و ضُبُوبًا: تھوڑا تھوڑا بہنا۔

ـــ الدَّمُ والعَرَقُ والرِّيقُ: بہنا۔

ـــ بكذا او عليه: کسی چیز کی خواہش بڑھنا۔

ـــ الرَّجُلُ: غصہ ہونا، کینہ رکھنا۔

ـــ على ما في نَفْسِهِ: دل کی بات چھپانا۔

أَضَبَّ الیَومُ: دن کا کہر آلود ہونا، دھندلا ہونا۔
أَضَبَّ المکانُ و أَضَبَّتِ السَّماءُ: کسی جگہ یا آسمان پر کہر چھا جانا۔
— الأرضُ: زمین کا بہت سبزہ والی یا بہت کہر والی ہونا یا بہت گوہ والی ہونا۔ ھی مُضِبَّۃ۔
— القومُ: کسی کام میں سب کا لگ جانا۔
— فی الحدیثِ: بات کرتے وقت شور وغل مچانا، شور مچا کر بات کرنا۔
— فلانٌ: دل میں کینہ رکھنا۔
— علی ما فی نفسِہ: غصہ سے دل کی بات دل میں رکھنا۔
— علی ما فی یدِہ: ہاتھ کی چیز کو مضبوطی سے پکڑنا کہ وہ چھوٹ نہ جائے۔
ضَبَّبَ الخَشَبَ و نَحوَہٗ: لکڑی وغیرہ پر لوہا چڑھانا۔
— البابَ و نَحوَہٗ: دروازہ کو بند کرنے کے لئے موسل یا چٹخنی لگانا (۲) ایک کو دوسرے میں داخل کرنا، ملانا (۳) الگ الگ کرنا، ٹھیک کرنا۔
— الضَّبَّ: گوہ کو پکڑنے کے لئے چال چل کر باہر نکلنے پر اکسانا۔
— الشیءَ: مضبوطی سے تھامنا کہ وہ چھوٹ نہ جائے۔
— المکانُ: کسی جگہ کا بہت گوہ والی ہونا۔
تَضَبَّبَ: موٹاپا آنا، موٹاپا آنے لگنا۔
الضَّبابُ: کہر، دھند جو آسمان پر صبح کو سردی میں چھا جاتی ہے۔ ضَبابٌ کَثِیفٌ: زبردست کہر۔
الضَّبُّ: گوہ (ایک چالاک جنگلی جانور جو زمین میں بِل بنا کر رہتا ہے) (۲) کینہ، دل میں چھپا ہوا غیظ و غضب (۳) ہونٹ کی ایک بیماری جس سے ورم آجاتا ہے۔ رَجُلٌ ضَبٌّ: چالاک آدمی جو بچ نکلنا چاہتا ہو، ج: أَضُبٌّ و ضِبابٌ و ضُبّانٌ۔

الضَّبِیبُ: وہ جگہ جہاں بکثرت گوہ پائی جاتی ہوں
الضَّبَّۃُ: گوہ (مادہ) (۲) چالاک عورت (اِمرأۃٌ ضَبَّۃٌ خَبَّۃٌ) (۳) گوہ کی دباغت دی ہوئی کھال جس میں گھی رکھا جاتا تھا (۴) دروازہ میں کواڑوں کے پیچھے لگایا جانے والا لکڑی کا موسل یا دستہ، لکڑی کا تالہ، لوہے کی چٹخنی، ننھی تالہ ج: ضِبابٌ۔
الضَّبُوبُ: وہ چوپایہ جو دوڑتا ہوا پیشاب کرتا ہو (۲) وہ بکری جس کے پیشاب کا راستہ تنگ ہو ج: ضَبائِبُ۔
الضَّبِیبُ من السَّیفِ: تلوار کی دھار۔
الضَّبِیبَۃُ: ایک قسم کا حلوا جو کھجور اور گھی ملا کر بنایا جاتا تھا اور اسے بچوں کے لئے چمڑے کے برتن میں محفوظ رکھا جاتا تھا
المِضبابُ: بخیل۔
المُضَبِّبُ: گوہ کا شکار کرنے والا۔
•ضَبَثَ الشیءَ و بہ و علیہ ـِ ضَبْثًا: زور سے پکڑنا۔
— بہ: گرفت میں لینا۔
— فلانًا: مارنا۔
الضُّباثُ: شیر (۲) شیر کے پنجے، ناخن ج: أَضبِثَۃ۔
المَضابِثُ: شیر کے پنجے۔ واحد: مِضبَثٌ
•ضَبِجَ ـَ ضَبْجًا: مار کھا کر خود کو زمین پر ڈالنا یا سستی و تکان کی وجہ سے زمین پر پڑ جانا۔
•ضَبَحَ الثَّعلبُ ـَ ضَبْحًا و ضُباحًا: لومڑی کا بولنا، آواز نکالنا۔ حدیث میں ہے: "قاتَلَ اللّٰہُ فلانًا ضَبَحَ ضَبْحَۃَ الثَّعلبِ و قَبَعَ قَبْعَۃَ القُنفُذِ" نیز یہ بھی کہا جاتا ہے: ضَبَحَ الانسانُ و البومُ و القَوسُ۔
— الخَیلُ: گھوڑوں کا دوڑتے وقت اندر سے سانس کی آواز نکالنا۔

قرآن پاک میں ہے: "والعادیاتِ ضَبْحًا"
ضَبَحَتِ النّارُ او الشَّمسُ الشیءَ: آگ یا دھوپ کا کسی چیز کو جھلس دینا اور رنگ بدل کر قدرے سیاہ کر دینا۔
— العُودَ بالنّارِ: لکڑی کے اوپر کے سروں کو جلانا۔ فالعودُ مَضبوحٌ و ضَبِیحٌ۔
ضابَحَہٗ مُضابَحَۃً و ضِباحًا: برا بھلا کہنا۔ کسی کے سامنے منہ زوری کرنا۔
انضَبَحَ: مطاوع ضَبَحَہٗ: لکڑی کا اوپر سے جل جانا، جھلس جانا۔
— لَونُہٗ: رنگ بدل جانا، سیاہی مائل ہو جانا۔
الضُّباحُ: گھوڑوں کے سانس کی آواز، ہنہناہٹ (۲) لومڑی کی آواز۔
الضِّبحُ: راکھ۔
الضَّبحاءُ: آگ کے نشان و اثر والی کمان۔
المَضابِحُ: بھوننے اور تلنے کے برتن، فرائی پین یا کڑاہی۔
المَضبوحَۃُ: چقماق کے پتھر۔
•ضَبَرَ ـِ ضَبْرًا و ضَبَرانًا: اچھلنا، کودنا
— الفَرَسُ و نَحوُہٗ: گھوڑے کا پاؤں ملا کر کودنا۔
— المُقَیَّدُ: پیر بندھے ہوئے کا کودنا۔
— الوَجہُ: چہرہ بدلنا۔
— الشیءَ ضَبْرًا: اکٹھا کرنا، اکٹھا کر کے باندھنا۔
— الکُتُبَ و غیرَہا: کتابوں یا اخبارات وغیرہ کو یکجا کرنا، بنڈل بنانا۔
— الأوراقَ او الصُّحُفَ: کاغذات یا اخبارات کا فائل بنانا یعنی ترتیب وار رکھ کر باندھنا یا محفوظ کرنا۔
— الأوراقَ: کاغذات کا فائل بنانا، مسل بنانا، بستہ بنانا۔

أَضْبَرَ: ضَبَرَ۔
ضَبُرَ اللَّحْمُ: گوشت گٹھا ہوا ہونا، بھرپور ہونا۔
ـــ الشيءَ: اکٹھا کرنا۔
الإِضْبَارَةُ: اخبارات وغیرہ کا بنڈل (۲) کاغذات کا بستہ، فائل ج: أَضَابِيرُ۔
الضُّبَارَةُ: اکٹھا ہونے والی مخلوق۔
الضِّبَارَةُ: فائل، بستہ، بنڈل (۲) جمع شدہ قوتیں (۳) لوگوں کی جماعت، مجمع ج: ضَبَائِرُ۔
الضُّبَارِمُ: أَسَدٌ ضُبَارِمٌ: مضبوط کاٹھی کا شیر۔
الضُّبَارِمَةُ: مضبوط وطاقت ور شیر۔
الضَّبَّارُ: ایک عمدہ لکڑی والا درخت۔
الضَّبْرُ: ہڈیوں کی مضبوطی اور گوشت کا گٹھاؤ فَرَسٌ ضَبْرٌ: گٹھے ہوئے بدن کا گھوڑا (۲) لکڑی کا بنا ہوا قدیم جنگی ٹینک جس پر چمڑا چڑھا ہوا ہوتا تھا اور سپاہی اس میں چھپ کر قلعہ کی طرف بڑھ کر اس کی دیواروں کو توڑتے تھے (۳) جماعت، گروہ (۴) جنگلی اخروٹ کا درخت ج: ضُبُورٌ۔
الضَّبْرَةُ: قدیم سنگ باری کی مشین جو آجکل کے ٹینک کی طرح استعمال ہوتی تھی۔
الضِّبِرُّ: سخت و مضبوط (۲) بہت کودنے والا گھوڑا یا انسان۔
الضَّبِيرُ: سخت و مضبوط۔
المُضَبَّرُ: فَرَسٌ مُضَبَّرٌ: مضبوط بدن کا گھوڑا۔
المِضْبَرُ: بہت کودنے والا (۲) شیر۔
المَضْبُورُ: المُضَبَّرُ (۲) درانتی۔
•ضَبَسَهُ ـ ضَبْسًا: کسی پر تقاضا کرنا، اصرار کرنا۔
ضَبِسَ الرَّجُلُ ـ ضَبَسًا: بدباطن اور بدمزاج ہونا۔ ضَبِسَتْ نَفْسُهُ: بدباطن ہونا، خبیث الطبع ہونا (۲) بخیل وحریص ہونا۔ هو ضَبِسٌ و ضَبِيسٌ۔
الضَّبْسُ: بخیل۔
الضِّبْسُ: بے وقوف اور کمزور جسم۔
الضَّبِيسُ: سخت مزاج (۲) بدباطن (۳) حریص و بخیل۔
•ضَبَطَهُ ـ ضَبْطًا: احتیاط و توجہ کے ساتھ محفوظ کرنا، منضبط کرنا (۲) مضبوط و پختہ کرنا (۳) پکڑنا، قابو میں لانا (۴) غالب آنا، ضبط کرنا، اپنی جگہ فٹ کرنا۔
ـــ البلادَ: ملک پر کنٹرول کرنا، ملک کا نظام درست کرنا۔
ـــ الكتابَ و نَحْوَه: اصلاح کرنا، اغلاط دور کرنا، تصحیح کرنا (۲) اعراب لگانا
ـــ المُتَّهَمَ: ملزم کو گرفتار کرنا۔
ـــ السَّاعةَ بساعةٍ أخرى: گھڑی ملانا، وقت ٹھیک کرنا۔
ـــ العَوَاطِفَ: جذبات پہ قابو پانا۔
ـــ الحِسَابَ: حساب کو پختہ کرنا، ٹھیک کرنا۔
ضَبِطَ ـ ضَبَطًا: دائیں ہاتھ کی طرح بائیں ہاتھ سے کام کرنا۔ هو أَضْبَطُ و هي ضَبْطَاءُ ج: ضُبْطٌ۔
انْضَبَطَ: منضبط ہونا، مرتب ہونا، قابو میں ہونا، صحیح اور درست ہونا، اپنی جگہ فٹ ہونا، با اعراب ہونا، مطاوع ضَبَطَ۔
تَضَبَّطَ فلانًا: زبردستی پکڑنا، گرفتار کرنا۔
الضَّابِطُ: وہ حکم کلی جو اپنی جزئیات پر منطبق ہوتا ہو ج: ضَوَابِطُ (۲) فوجی افسر، پولیس افسر (۳) منتظم، مرتب ج: ضُبَّاطٌ۔ رَجُلٌ ضابطٌ: مضبوط وطاقتور آدمی۔
ضابطُ اتصالٍ: افسر رابطہ۔
ضابطُ الصِّحَّةِ: ہیلتھ افسر۔
ضابطُ الطَّيَرَانِ: افسر فضائیہ۔
ضابطٌ قضائِيٌّ: عدالتی افسر۔
ضابطٌ كبيرٌ: جنرل آفیسر۔
ضابطُ المَخْفَرِ: پولیس داروغہ، تھانیدار۔
ضابطُ مَيْدَانٍ: فیلڈ افسر۔
الضَّابِطُ المُنَفِّذُ: افسر انتظامیہ۔
الضَّابِطَةُ: قاعدہ، قانون، اصل (۲) بریک ج: ضَوَابِطُ۔
المَضْبَطَةُ: رجسٹر کارروائی، روئداد ج: مَضَابِطُ۔
المَضْبُوطُ: پختہ، درست، ٹھیک، مرتب، منضبط۔
•ضَبَعَ الفرسُ ـ ضَبْعًا و ضُبُوعًا و ضَبَعَانًا: بازو ہلا کر تیز چلنا۔
ـــ فلانٌ ضَبْعًا: ظلم و زیادتی کرنا۔
ـــ فلانًا: اپنے بازو کو کسی طرف مارنے کیلئے بڑھانا۔
ـــ على فلانٍ وغيره: بددعا کے لئے دونوں ہاتھ پھیلانا۔
ـــ الضَّبُعُ الحيوانَ: بجو کا جانور کو کھا جانا۔
ضَبِعَتِ الدَّابَّةُ ـ ضَبَعًا: مادہ چوپائے کا جنسی شہوت کے باعث نر کو تلاش کرنا۔ هي ضَبِعَةٌ و ضَبْعَى ج: ضِبَاعٌ و ضَبَاعَى۔
أَضْبَعَتِ الدَّابَّةُ: چوپائے کا شہوت والا ہونا۔
ضابَعَهُ بالسَّيْفِ مُضَابَعَةً وضِبَاعًا: ایک کا دوسرے کی طرف تلوار کا ہاتھ بڑھانا
ضَبُعَ فلانٌ: بزدل ہونا (۲) بجو جیسا ہونا۔
اضْطَبَعَ بالثوبِ و نحوِه: دائیں بغل سے چادر وغیرہ نکال کر بائیں کندھے پر ڈالنا۔
اسْتَضْبَعَتِ الدَّابَّةُ: چوپائے کا جنسی خواہش کے لئے نر کو چاہنا۔
الضَّابِعُ: من الخيلِ: تیز رفتار گھوڑا ج: ضُبَّعٌ۔

الضَّبُعُ: بغل سے بازو کے آدھے حصہ تک، بازو، هما ضَبُعَان۔
الضَّبُعُ: لکڑبھگا، بھیڑیے جیسا ایک خونخوار جانور (۲) بجو۔ یہ لفظ مادہ کے لئے ہے اور کبھی نر اور مادہ دونوں کے لئے آتا ہے۔ ج: اَضْبُعٌ (۲) سخت قحط کا سال۔
الضَّبُعَةُ: لکڑ بھگے یا بجو کی مادہ۔
الضِّبْعُ: گوشہ، کنارہ۔
الضِّبْعَانُ: نر بجو یا لکڑ بھگا ج: ضَبَاعِيْنُ
المَضْبَعَةُ: بجوؤں یا لکڑ بھگوں کا گروہ (۲) بغل کے نیچے سامنے والا گوشت۔
•ضَبَنَهُ ـِ ضَبْنًا: بغل اور پہلو کے درمیان کوئی چیز اٹھانا۔
ـــ الشَّيءَ عنه: ہٹانا، روکنا۔
ضَبِنَ ـَ ضَبَنًا: کہنہ مریض ہونا، بڑھاپے یا بیماری سے کمزور ہونا۔
ـــ المَكانُ: جگہ کا تنگ ہونا۔ هو ضَبِنٌ۔
مَاءٌ ضَبِنٌ: پورا پیا ہوا پانی۔
أَضْبَنَ الشَّيءَ: گود میں لینا، بغل میں لینا۔
ـــ الدَّاءُ فُلانًا و غيرَهُ: کسی کو دائمی بیماری لگ جانا۔
اِضْطَبَنَ الشَّيءَ: گود میں اٹھانا (۲) بغل اور پہلو کے درمیان اٹھانا (۳) ہاتھ میں اٹھانا
الضَّبَانَةُ: تنگی (۲) کہنگی مرض، دائمی بیماری
الضَّبَنُ: کمی (۲) رائے کی کمزوری (۳) درندوں کا مسکن ج: اَضْبَانٌ۔
الضِّبْنُ: بغل اور پہلو کے درمیان کی جگہ (۲) گود (۳) کنارہ ج: اَضْبَانٌ۔ فُلانٌ فی ضِبْنِ فُلانٍ: فلاں فلاں کی حفاظت میں ہے۔ اَخَذَ فی ضِبْنٍ من الطَّرِيقِ: اس نے راستہ کا کنارہ اختیار کیا۔
الضَّبْنَةُ: کہنگی مرض، پرانی بیماری۔
الضُّبْنَةُ: من الرَّجُلِ: مصاحبین (۲) بے نفع دوست یا بے نفع خدام۔
الضِّبِينَةُ: هو فی ضِبِينَةِ فُلانٍ: وہ فلاں کی حفاظت میں ہے۔
•ضَبَا اليه ـُ ضَبْوًا و ضُبُوًّا: پناہ لینا۔
ـــ النَّارُ و الشَّمْسُ الشيءَ ضَبْوًا: جھلسنا، جلا ڈالنا۔
أَضْبَى: کمزور و دبلا ہونا۔
ـــ السَّفَرُ بالقومِ: سفر کا قوم کو تجارتی توقعات میں ناکام کرنا۔
الضَّابِي: راکھ۔

ض ـــــ ج

•ضَجَّ ـِ ضَجًّا و ضَجِيجًا: تکلیف و مشقت وغیرہ کی وجہ سے شور و غل مچانا، ہنگامہ بپا کرنا، چیخ و پکار کرنا۔ ضَجَّ المكانُ بكذا: جگہ کا گونجنا۔
أَضَجَّ القومُ: لوگوں کا شور مچانا، ہنگامہ کرنا، ادھم مچانا۔
ضَاجَّهُ مُضَاجَّةً و ضِجَاجًا: کسی کے ساتھ ہنگامہ آرائی کرنا، شرارت کرنا۔
ضَجَّجَ الرَّجُلُ: جانا اور مائل ہونا۔
ـــ الطائرَ: زہر دینا۔
الضَّجَاجُ: زبردستی، جبر و قہر۔
الضِّجَاجُ: کھانے کا گوند، زہریلا پودا جو پرندوں کے لئے زہر کا کام کرتا ہے۔
الضَّجَّاجُ: بہت شور مچانے والا۔
الضَّجَّةُ: شور و غل، چیخ و پکار، ہنگامہ۔
الضَّجُوجُ: ہنگامہ خیز، انتہائی شور و شغب والا (۲) دودھ دیتے وقت بہت چلانے والی اونٹنی۔
الضَّجِيجُ: الضَّجَّةُ۔
•ضَجِرَ بالأمرِ و منه ـَ ضَجَرًا: تنگ آنا، پریشان ہونا، کبیدہ خاطر ہونا، اندر ہی اندر گھٹنا۔ هو ضَجِرٌ۔
ـــ المكانُ: جگہ کا لوگوں کی وجہ سے تنگ ہو جانا۔
أَضْجَرَهُ: تنگ کرنا، پریشان کرنا، دل میں گھٹن پیدا کرنا، دل اچاٹ کرنا۔
تَضَجَّرَ: اندر ہی اندر گھٹنا، بہت تنگ اور پریشان ہونا۔
الضَّجَرُ من كذا: اکتاہٹ، گھٹن، پریشانی، اچاٹ پن۔
الضَّجِرُ: تنگ، پریشان، کبیدہ خاطر۔
الضَّجُورُ: (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے) بہت تنگ، بہت پریشان، بہت کبیدہ، بہت اچاٹ، بہت اکتایا ہوا ج: ضُجُرٌ
المُضْجِرُ: پریشان کن، گھٹن میں مبتلا کرنے والا، باعث اکتاہٹ۔
•ضَجَعَ ـَ ضَجْعًا و ضُجُوعًا: پہلو پر لیٹنا، کروٹ لے کر سونا۔
ـــ اليه: مائل ہونا، جھکنا۔
ـــ الشَّمْسُ او النَّجْمُ: غروب کے قریب ہونا۔
ـــ فی الأمرِ: کسی کام میں نہ جمنا، کمزور پڑنا
أَضْجَعَ: ضَجَعَ (۲) حروف کے تلفظ میں امالہ کرنا (زیر کی طرف مائل کرنا)۔
ـــ فُلانًا و نحوَهُ: لٹانا (پہلو پر) سلانا
ـــ المرضُ و نحوُهُ فلانًا: بیماری کا کسی کو صاحب فراش بنا دینا۔
ـــ الشيءَ: جھکانا، نیچا کرنا۔
ضَاجَعَهُ مُضَاجَعَةً و ضِجَاعًا: کسی کے ساتھ لیٹنا۔
ـــ المرأةَ: عورت سے ہم بستری کرنا۔
ـــ الهَمُّ و غيرُهُ فُلانًا: کسی پر غم سوار ہونا
ضَجَّعَ فی الأمرِ: کوتاہی کرنا۔
ـــ الشَّمْسُ: قریب الغروب ہونا۔
اِضْطَجَعَ: لیٹنا، پہلو پر لیٹنا، سونا۔ اِضَّجَعَ بھی بعض عرب بولتے ہیں۔
اِنْضَجَعَ: مطاوع اَضْجَعَ: کسی کے لٹانے سے لیٹ جانا۔
تَضَاجَعَ عن كذا: غفلت برتنا، فراموش کرنا۔
تَضَجَّعَ: ضَجَعَ۔

تَضَجَّعَ فی الْاَمْرِ: کسی معاملہ میں سست پڑنا، انجام نہ دینا، کوتاہی کرنا۔
الْاَضْجَعُ: مائل، جھکا ہوا۔
الضَّاجِعُ: سست دبڑیل آدمی جو اپنی جگہ سے نہ ہلتا ہو (۲) بے وقوف (۳) قریب الغروب ستارہ (۴) وادی وغیرہ کا موڑ ج: ضَوَاجِعُ
الضَّجْعُ: میلان، جھکاؤ۔
الضَّاجِعَةُ: دریا کا دہانہ (۲) ٹیلہ۔
الضَّجْعَةُ: زندگی کی آسودگی، راحت، آرام، (۲) رائے کی کمزوری (۳) صابن کا ٹکڑا۔
الضِّجْعَةُ: لیٹنے کا انداز (۲) سستی۔
الضُّجَعَةُ: بہت سست وکاہل، ہر وقت پڑا رہنے والا، آرام پسند، ہمہ وقت گھر میں پڑا رہنے والا
الضُّجَعِیُّ: الضُّجَعَةُ۔
الضَّجُوْعُ: کمزور رائے والا (۲) ایک گوشہ میں چرنے والی اونٹنی، مشک جو بوجھ کی وجہ سے پانی بھرنے والے کو جھکا دے (۳) پانی سے بھرا ہوا سست رفتار بادل۔
الضَّجِیْعُ: ساتھ لیٹنے والا، ہم بستر، بیٹس
الضَّجِیْعُ الجُوْعُ: بھوک برا ساتھی ہے
الْمَضْجَعُ: بستر، پلنگ، چارپائی (۲) خواب گاہ، سونے کا کمرہ۔ ج: مَضَاجِعُ۔
مَضَاجِعُ الْغَیْثِ: بہت بارش والے مقامات۔
الْمِضْجَوْعُ: کمزور رائے والا۔
الْمُضْطَجَعُ: خواب گاہ۔
•ضَجِمَ الشَّیْءُ ـَ ضَجَمًا: جھکنا اور ٹیڑھا ہونا۔ ھو اَضْجَمُ ھی ضَجْمَاءُ ج: ضُجْمٌ۔
تَضَاجَمَ: ٹیڑھا اور جھکا ہوا ہونا، ٹیڑھا بنجانا، قصداً جھک جانا۔
ـــ الْاَمْرُ بَیْنَهُمْ: مختلف فیہ ہونا۔
الضَّجِمُ: بہت کھانے والا، بسیار خور۔
الْمُتَضَاجِمُ: ٹیڑھے منہ یا ٹیڑھی گردن والا

ض ـــ ح

•الضِّحُّ: سورج، سورج کی روشنی (جو زمین پر خوب پھیل جائے) دھوپ لگی ہوئی چیز (۳) کھلی جگہ۔ جَاءَ بِالضِّحِّ وَالرِّیْحِ: وہ دھوپ وہوا والی جگہ آیا یعنی بہت چیزیں لایا۔
•ضَحْضَحَ السَّرَابُ: سراب کا حرکت کرنا
ـــ الْاَمْرُ: بات ظاہر ہونا۔
تَضَحْضَحَ السَّرَابُ: حرکت کرنا، لہریں مارنا۔
الضَّحْضَاحُ: مَاءٌ ضَحْضَاحٌ: کم گہرا تھوڑا پانی (۲) تھوڑا (۳) بہت اونٹ۔
الضَّحْضَحُ من الماءِ: تھوڑا پانی (کم گہرا) (۲) سمندر یا دریا میں سطح آب سے قریب اکٹھا ہونے والی ریت یا چٹان جس سے جہازرانی یا کشتی رانی کو خطرہ ہو
•ضَحِكَ ـَ ضَحْكًا و ضِحْكًا: ہنسنا ھو ضَاحِكٌ۔
ـــ منه و به: مذاق اڑانا، مخول کرنا، ٹھٹھا کرنا (۲) متعجب ہونا یا گھبرانا۔
ـــ طَلْعُ النَّخْلَةِ: کھجور کا شگوفہ کھلنا۔
ـــ النَّخْلَةُ: درخت خرما کا شگوفہ نکلنا
ـــ الْاَرْضُ عن النَّبَاتِ: زمین پر روئیدگی نمودار ہونا۔
ـــ السَّحَابُ: بادل میں بجلی چمکنا، جھلملانا۔
ـــ الطَّرِیْقُ: راستہ کا نمایاں ہونا۔
أَضْحَكَتِ النَّخْلَةُ: ضَحِكَتْ۔
أَضْحَكَ الشَّیْءُ الانسانَ: ہنسانا۔
ـــ الحَوْضَ: لبالب بھرنا، لبریز کرنا۔
ضَاحَكَهُ: کسی کے ساتھ ہنسی مذاق کرنا، ہنسی میں غالب آنا۔ کہاوت ہے: "رَأْیُكَ یُضَاحِكُ الْمُشْكِلَاتِ: تمہاری رائے مسائل کا حل نکالتی ہے، منہ چڑاتی ہے۔
تَضَاحَكَ: ہنسی کا اظہار کرنا، ہنسنے کی کوشش کرنا۔
ضَحَّكَهُ: ہنسی دلانا، ہنسانا۔
تَضَحَّكَ: ہنسنا۔
اِسْتَضْحَكَ: زبردستی ہنسنا، ہنسنے کی کوشش کرنا۔
الْاُضْحُوْكَةُ: ہر ہنسانے والی بات ج: اَضَاحِیْكُ۔
الضَّاحِكُ: ہنستا ہوا، کھلتا ہوا، شگفتہ، چمک دار (۲) بہت سفید پہاڑی پتھر (۳) مذاق۔
الضَّاحِكَةُ: ہنستے وقت دکھائی دینے والا دانت (۲) اگلے دانت کے قریب والی ڈاڑھ ج: ضَوَاحِكُ۔
الضَّحَّاكُ: بہت ہنسنے والا (۲) بہت مذاقی، مسخرہ، مزاحیہ (۳) کھجور کا شگوفہ جو غلاف سے باہر آجائے (۴) بالکل واضح راستہ۔
الضَّحْكُ: تعجب (۲) غلاف سے باہر آنے والا کھجور کا شگوفہ (۳) روشنی۔
الضُّحْكُ: ہنسی، مذاق، ٹھٹھا۔
الضُّحْكَةُ: بہت ہنسا جانے والا، جسے دیکھ کر ہنسی آتی ہو جس سے خوب مخول کیا جاتا ہو۔
الضُّحَكَةُ: بہت ہنسنے والا، بڑا مذاقی، پرمزاح۔
الضَّحُوْكُ: بہت ہنسنے والا مسخرہ، مذاقی، ہنس مکھ۔
طَرِیْقٌ ضَحُوْكٌ: بہت واضح راستہ
الْمُضْحِكُ: ہنسانے والا، مضحکہ خیز (۲) مذاقی جو دوسروں کو ہنسی دلائے۔
الْمُضْحِكَةُ: ہنسی کی بات، ہنسی دلانے والا لطیفہ ج: مَضْحِكَات۔
•ضَحَلَ الغَدِیْرُ ـُ ضَحْلًا: تالاب کا پانی کم ہونا، تھوڑے پانی والا ہونا۔
ـــ الماءُ: پانی کا نایاب ہونا۔

الضَّحْلُ: زمین پر کم گہرا پانی ج: أَضْحَالٌ وضِحَالٌ وضُحُولٌ۔
أَتَانُ الضَّحْلِ: کنویں کے دہانہ پر لگا ہوا پتھر جو کائی لگنے سے چکنا ہو جاتا ہے۔
الْمَضْحَلُ: وہ جگہ جہاں پانی کم گہرا ہو۔
• ضَحَا ـُ ضَحْوًا وضُحُوًّا وضُحِيًّا: دھوپ میں آنا، دھوپ کھانا، دھوپ لگنا۔
ـــ الطَّرِيقُ: راستہ کا واضح ہونا۔
ضَحَا ظِلُّ فُلَانٍ: مرجانا۔
ضَحَا ـَ ضَحْوًا وضُحُوًّا وضُحِيًّا: دھوپ کی گرمی لگنا۔
ضَحِيَ ـَ ضَحْوًا وضُحُوًّا وضُحِيًّا وضَحًا: دھوپ کی گرمی لگنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَأَنَّكَ لَا تَظْمَأُ فِيهَا وَلَا تَضْحَىٰ" آپ کو اس میں نہ پیاس لگے گی اور نہ (دھوپ کی) گرمی (۲) پسینہ آنا (۳) سورج چڑھے وقت کھانا۔ هُوَ ضَحٍ وضَحْيَانُ۔ هُوَ أَضْحَىٰ وهِيَ ضَحْيَاءُ ج: ضُحًى۔
أَضْحَىٰ: وقت چاشت (سورج چڑھنے کے وقت) میں آنا یا ہونا (۲) چاشت کی نفل نماز پڑھنا۔ أَضْحَىٰ يَفْعَلُ كَذَا: وہ ایسا کرنے لگا۔ أَضْحَىٰ قَوِيًّا: وہ مضبوط ہو گیا (بمعنی صار)۔
ـــ عنه: الگ ہونا، دور ہونا۔
ـــ الشَّيْءَ: ظاہر کرنا۔
لَا أَضْحَى اللّٰهُ لَنَا ظِلَّكَ: خدا تمہیں سلامت رکھے۔
ـــ فُلَانًا: کسی کے پاس بوقت چاشت آنا۔
ضَحَّى بِالشَّاةِ ونَحْوِهَا: عید قرباں پر بوقت چاشت بکری وغیرہ ذبح کرنا، قربانی کرنا۔
ـــ الحَاجُّ: حج کرنے والے کا ایام تشریق میں سے کسی دن قربانی کرنا۔
ـــ بِنَفْسِهِ أو بِعَمَلِهِ أو بِمَالِهِ: قربان کرنا، قربانی دینا، بلا معاوضہ وبدل اپنی رضا سے جان مال اور خدمت پیش کرنا۔
ضَحَّى الأَضْحَاةَ: عید الاضحی میں قربانی کرنا (بکری وغیرہ ذبح کرنا)
ـــ عن الشَّيْءِ: کسی کام میں آہستگی کرنا، عجلت نہ کرنا، دیر کرنا۔ ضَحِّ رُوَيْدًا: آہستہ ذبح کرو۔
ـــ الحَيَوَانَ: جانور کو بوقت چاشت چارہ کھلانا (۲) دوپہر کو چارہ کھلانا۔
ـــ المَاشِيَةَ: بوقت چاشت چرانا۔
ضَاحَى فُلَانًا: کسی کے پاس بوقت چاشت جانا۔
تَضَحَّى: بوقت چاشت کھانا (۲) دوپہر کا کھانا کھانا۔
اسْتَضْحَى: تَضَحَّى۔
الأَضْحَى مِنَ الخَيْلِ: سفید سیاہی مائل گھوڑا (۲) أَضْحَاةٌ کی جمع۔
الأَضْحَاةُ: بکری وغیرہ جس کی عید الاضحی میں قربانی کی جائے ج: أَضْحًى۔
الإِضْحِيَانُ مِنَ الأَيَّامِ: صاف فضا والا دن (جس میں بادل نہ ہوں)۔
الضَّاحِي: دھوپ میں رہنے والا، کھلا ہوا، بیرونی، بے ابر، بے سایہ، کھلے آسمان کے نیچے رہنے والا۔
الضَّاحِيَةُ: فَعَلَهُ ضَاحِيَةً: اس نے اسے کھلے عام کیا۔
مَفَازَةٌ ضَاحِيَةُ الظِّلَالِ: جنگل بیاباں جس میں درخت نہ ہوں۔
ـــ مِنَ المَاشِيَةِ: بوقت چاشت پانی پینے والے مویشی۔
ـــ مِنَ النَّخْلِ ونَحْوِهَا: احاطہ سے باہر نکلا ہوا درخت خرما۔
ضَاحِيَةُ البَلَدِ: شہر کا بیرونی کنارہ، متصل علاقہ۔ ج: ضَوَاحٍ۔
شَجَرَةٌ ضَاحِيَةُ الظِّلِّ: بے سایہ درخت۔
الضَّوَاحِي: اطراف، متصلہ علاقے (۲) آسمان (جمع)
ضَوَاحِي الرُّومِ: روم کے بیرونی حصے۔
قُرَيْشُ الضَّوَاحِي: مکہ کے باہر مقیم قریش کے لوگ۔
الضُّحَى: سورج کی روشنی (۲) دن کا چڑھاؤ، دن چڑھنے کا وقت، چاشت (۳) سورج (۴) ظہور ووضاحت۔ کہتے ہیں: مَا لِكَلَامِهِ ضُحًى: اس کا کلام واضح نہیں ہے۔
الضَّحَاءُ: الضُّحَى (۲) نصف النہار کا قریبی وقت (۳) دوپہر کا کھانا۔
الضَّحْوُ: الضُّحَى۔
الضَّحْوَةُ: الضَّحَاءُ۔
ضَحْوَةُ النَّهَارِ: دن چڑھے کا وقت (۲) ظہور، دن کی روشنی۔ فِي ضَحْوَةِ النَّهَارِ: دن دہاڑے، دن کی روشنی میں۔
الضَّحِيَّةُ: الضُّحَى (۲) قربانی کا جانور ج: ضَحَايَا۔
المَضْحَاةُ: (من الارض) ایسی سرزمین جہاں سورج نہ چھپنے کے برابر ہو۔

ض ـــ خ

• ضَخَّ المَاءُ ـِ ضَخًّا: پانی گرنا، بہنا۔
ـــ العَيْنُ: آنکھ میں آنسو آنا۔
ـــ المَاءَ ونَحْوَهُ ـُ ضَخًّا: پانی گرانا، چھڑکنا، چھینٹیں دینا۔
ـــ النِّفْطَ (البترول): زمین سے پٹرول نکالنا، پمپنگ کرنا۔
ـــ المَاءَ: زمین سے پانی نکالنا۔
انْضَخَّ: پانی وغیرہ نکلنا، بہنا (۲) چھڑکا جانا۔
المِضَخَّةُ: آب پاش، پچکاری (۲) ہینڈ پمپ (زمین سے پانی نکالنے کی دستی مشین)،

ج: مَضَاخُ ۔ مِضخَّةُ الحَرَائق: فائر انجن۔

• ضَخَز ۔ ضَخْزًا: عینه: آنکھ باہر نکالنا

• ضَخُمَ ۔ ضَخَامَةً: بھاری بھرکم ہونا، بڑے سائز کا ہونا، شاندار ہونا، موٹے دل کا ہونا، بڑا ہونا، زبردست ہونا۔ ھو ضَخْمٌ و ضَخِيْمٌ ج: ضِخَام۔

ضَخَّمَهُ: بھاری بھرکم بنانا، بڑا بنانا، موٹے دل کا بنانا، موٹا کرنا۔

تَضَخَّمَ: مطاوع ضَخَّم: بڑا اور موٹا ہو جانا۔

الاَضْخَمُ: زیادہ بڑا، زیادہ موٹا۔

الاُضْخُومَةُ: وہ گدی جس سے عورت سرین موٹا کرتی ہے ج: اَضَاخِيْم۔

التَضَخُّمُ: (اقتصادیات میں) افراطِ زر (۲) اضافہ، سکوں اور دیگر ذرائع ادائگی کا معاملاتی ضرورت سے زیادہ ہو جانا۔

التضخُّم الجامح: تباہ کن افراط۔

الضُّخَامُ: ہر بڑی اور موٹی چیز، بھاری بھرکم چیز

الضَّخْمُ: بڑا، موٹا، بھاری بھرکم، شاندار، پرشوکت، عالی شان، بڑے دل یا بڑے سائز کا ج: ضِخَامٌ۔

—— (من الطُّرُق): کشادہ راستہ۔

—— (من المیاہ): بھاری پانی۔

ض ——— د

• ضَدَّهُ فى الخُصومة و نحوھا ۔ ضَدًّا: لڑائی میں غالب آنا، مغلوب کرنا۔

—— عنه: نرمی یا آہستگی سے ہٹانا، باز رکھنا

أَضَدَّ: خفا ہونا، ضد کرنا۔

—— فُلانا و غَيرَهُ: مخالف یا مقابل بنانا۔

—— الإِنَاءَ و نَحوَهُ: بھرنا۔

ضَادَّهُ: مخالفت کرنا، مقابل بننا۔

—— بين الشَّيئين: دو چیزوں میں تضاد پیدا کرنا، ایک دوسرے کی ضد بنانا۔

تَضَادَّ الاَمْرَانِ: ایک دوسرے کی ضد ہونا، متضاد ہونا۔

الضِّدُّ: منافی، مخالف، خلاف (۲) مثل، نظیر، ہم رتبہ ج: اَضْدَاد۔ کہتے ہیں: هذا اللَّفظُ من الاَضْدَادِ: یہ لفظ دو متضاد معنی والے الفاظ میں سے ہے۔ جیسے: لفظ جَون: کالے اور سفید دونوں کو کہتے ہیں: ضِدٌّ كذا: اس کے مقابل، برعکس۔

الضَّدِيْدُ: ضد، عکس (۲) نظیر ج: اَضْدَادٌ

المُتَضَادَّان: دو ایک دوسرے کے برعکس چیزیں (۲) اصطلاح منطق میں وہ دو چیزیں جو ایک ساتھ جمع نہ ہو سکیں لیکن دونوں کا ارتفاع ہو سکے جیسے: اَسْوَدُ اور اَبْيَض۔

المُضَادُّ: مخالف، برعکس، برخلاف۔

المُضَادُّ لِلطَّائِرَات او الدَّبَّابَاتِ: طیارہ شکن، ٹینک شکن۔

• ضَدِيَ ۔ ضَدًى: غصہ سے بھر جانا، پیچ و تاب کھانا۔

أَضْدَى الاِنَاءَ و نَحوَهُ: پورا بھر دینا

ضَادَاهُ: مخالف ہونا، مخالفت کرنا۔

الضَّوَادِي من الكلام: بے ہودہ اور فحش بات (۲) دل لگی کی باتیں۔

ض ——— ر

• ضَرَأَ ۔ ضَرْءًا: پوشیدہ ہونا۔

• ضَرَبَ الشَّئُ ۔ ضَرْبًا و ضَرَبَانًا: حرکت کرنا۔

—— القَلْبُ: دل دھڑکنا۔

—— العِرْقُ: رگ پھڑکنا، رگ میں خون کا جوش مارنا۔

—— الضِّرْسُ او نَحوُهُ: ڈاڑھ میں سخت درد ہونا، چیس لگنا۔

ضَرَبَ الرَّجُلُ فى الاَرْضِ: زمین میں گھومنا، سفر کرنا، قرآن پاک میں ہے: "و اٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِى الاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ" (۲) اٹھ کر تیز چلنا۔

—— فى الماءِ: تیرنا۔

—— فى الاَمْرِ بِسَهْم: حصہ لینا۔

—— عن الاَمْرِ: رکنا، باز رہنا۔

—— اللَّونُ الى اللَّون: ایک رنگ کا دوسرے رنگ کی طرف مائل ہونا۔

—— بيدہ الى كذا: ہاتھ جھکانا۔

—— اليه: اشارہ کرنا۔

—— على المَكْتُوْب وغيرہ: مہر لگانا۔

—— النَّومُ على اُذُنِه: نیند کا غلبہ ہونا۔

—— فُلان على يد فُلانٍ: ہاتھ پکڑنا، ہاتھ میں ہاتھ لینا۔

—— على فُلانٍ کسی کے کام کو بگاڑنا۔ کہتے ہیں: ضَرَبَ القاضى على يَدِ فُلانٍ: قاضی (منصف) نے پابندی لگا دی، تصرف سے روک دیا۔

—— بالسَّيف وغيرہ: تلوار کا وار کرنا۔

—— الدَّهْرُ بَيْنَ القَوم: زمانہ کا لوگوں کے شیرازہ کو بکھیرنا، لوگوں میں پھوٹ ڈالنا، بگاڑ پیدا کرنا۔

—— الشَّئَ ضَرْبًا و تَضْرَابًا: چوٹ لگانا۔

—— به الاَرْضَ: زمین پر پٹخنا۔

—— به عُرْضَ الحائِطِ: بنظر حقارت ٹھکرانا، نظر انداز کرنا۔

—— فُلانا وغَيرَهُ بكذا: کسی چیز سے مارنا (۲) کوڑے مارنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِهٖ وَلَا تَحْنَثْ" اور پکڑ اپنے ہاتھ میں سینکوں کا مٹھا پھر اس سے مارلے اور قسم میں جھوٹا نہ ہو۔

ضَرَبَ العقربُ فلانًا وغیرہ بإبرتھا: بچھو کا کسی کو ڈنک مارنا۔
— الخاتَمَ و نحوہ من الحلیّ و المعادن: انگوٹھی وغیرہ ڈھالنا۔
— الدرھمَ و نحوہ: سکہ ڈھالنا، سکہ پر ٹھپا لگانا۔
— لہ مثلًا: کسی کے لئے مثال دینا، بطور نمونہ و مثال کوئی بات بیان کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "واضرب لھم مثلًا اصحاب القریۃ" ان کے لئے اصحاب قریہ کی مثال دو (۲) کہاوت بیان کرنا۔
— الحاسبُ عددًا فی آخر: ایک عدد کو دوسرے عدد سے ضرب دینا۔
— لہ اجلًا او موعدًا: وقت مقرر کرنا
— لہ فی مالہ او غیرہ سہمًا او نصیبًا: مال وغیرہ میں حصہ مقرر کرنا، لازم کرنا۔
— الخیمۃَ و نحوھا: خیمہ وغیرہ لگانا ڈیرہ ڈالنا۔ ضَرَبَ اللیلُ بظلامہ: رات آگئی اور خیمہ زن ہوگئی۔
— علیہ الحصارَ او النطاقَ: گھیرنا، ناکہ بندی کرنا، تنگی میں ڈالنا۔ ضَرَبَ علیہ الذلۃَ و نحوھا: ذلت و رسوائی میں مبتلا کرنا، ہر طرف سے بے عزت کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وضُرِبت علیھم الذلۃُ والمسکنۃُ"
— الشیءَ علیہ: کسی پر کوئی چیز لازم کرنا، کسی چیز کا کسی کو پابند کرنا۔
— علیہ خراجًا و نحوہ: کسی پر خراج (مخصوص ٹیکس) عائد کرنا، واجب کرنا۔
— الشیءَ بالشیءِ: خلط ملط کرنا۔
— الرزَّ: چاول (دھان) کا چھلکا اتارنا۔
— بذقنہ الارضَ: ڈر یا شرم سے سر جھکانا۔
ضَرَبَ لہ الارضَ کلَّھا: کسی چیز کو ہر جگہ تلاش کرنا۔
— الرقمَ القیاسیَّ: ریکارڈ قائم کرنا (یعنی کسی کام یا کارنامہ میں اس نمبر تک پہنچنا جس تک پہلے کوئی نہ پہنچا ہو)، دیکھیے (رقم)۔
— البردُ فلانًا: سردی لگنا۔
— العنکبوتُ بیتًا: مکڑی کا اپنا جالا تننا۔
— فلانًا عن فلانٍ: روک دینا۔
— فی البوق: بگل بجانا۔
— عنہ صفحًا: منہ پھیرنا، توجہ ہٹانا، کنارہ کش ہونا۔
— ضربًا مبرّحًا: ضرب کاری لگانا۔
— الجرحُ: زخم میں پیپ پڑنا، درد ہونا
— علی الکلمۃِ: کاٹنا، قلم زد کرنا۔
— الجرسَ: گھنٹی بجانا۔
— الشیءُ اطنابَہ: کسی چیز کا جڑ پکڑنا، راسخ ہونا۔
— الموعدَ مع احدٍ: کسی سے ملاقات کا وقت طے کرنا۔
— البیضَ: انڈے پھینٹنا۔
— البابَ علی احدٍ: کسی کا دروازہ کھٹکھٹانا۔
— اخماسًا لاسداسٍ: دھوکہ دینے کی کوشش کرنا۔
— علیہ ضریبۃً: ٹیکس لگانا۔
— طوبًا: اینٹیں بنانا۔
— عنقَہ: گردن اڑانا۔
— بالسلاحِ الناریِّ: شوٹ کرنا، گولی مارنا۔
— تلفونًا: ٹیلیفون کرنا۔
— تلغرافًا: ٹیلیگرام دینا، تار دینا۔
— بنفسہ الارضَ: قیام کرنا (۲) سفر کرنا (اضداد میں سے ہے)۔
ضَرِبَ القداحَ: جوئے کے تیروں کو گھمانا۔
ضَرِبَ النباتُ ـَ ضَرَبًا: پودے کا ٹھنڈ سے ٹھٹھر جانا۔
— الارضُ و غیرُھا: زمین کا پالے والی ہونا، زمین پر پالا پڑنا۔
— الحیوانُ: جانور کا پیٹ بڑا ہو جانا، بڑے پیٹ والا ہونا۔
ضَرُبَت یدُہ ـُ ضرابۃً: ہاتھ کا بہت مار والا ہونا، ہاتھ کا بہت چلنا۔
أضْرَبَ فی المکان: کسی جگہ سے نہ ہٹنا، جم جانا (۲) پرسکون و غیر متحرک ہونا (۳) سر جھکانا۔
— العمالُ و نحوُھم عن العمل: ہڑتال کرنا (مطالبات کی منظوری تک کام نہ کرنا)۔
— عنہ: منہ پھیرنا، توجہ ہٹانا۔
— الطلابُ عن الدراسۃِ: اسٹرائک کرنا (مطالبات پورے ہونے تک تعلیم چھوڑنا)۔
— الخبزُ: روٹی کا پک جانا (اس حد پر آجانا کہ اس کی راکھ وغیرہ جھٹک دیجائے)
— القومُ و غیرُھم: لوگوں پر پالا پڑنا۔
— البردُ او الریحُ النباتَ و غیرہ: نباتات وغیرہ پر سردی یا ہوا کا سخت حملہ ہونا۔
ضاربَہ مضاربۃً و ضِرابًا: کسی کے ساتھ مارپیٹ کرنا، مارپیٹ میں مقابلہ کرنا، غالب آنا، مزاحمت کرنا، لڑنا۔
— لفلانٍ فی مالہ: کسی کے لئے اس کے مال سے تجارت کرنا یا نفع میں اپنا حصہ مقرر کرکے اس کے لئے تجارت کرنا۔
— فی السوقِ: ارزانی کے وقت کوئی چیز خرید کر بھاؤ بڑھنے کے وقت منافع سے بیچنا اور کبھی بھاؤ گرنے کی صورت میں نقصان اٹھانا۔

ضَرَّبَ : ضَرَبَ کا مبالغہ۔ خوب پٹائی کرنا۔
ــــ فُلَانٌ : مختلف اونٹنیوں یا جانوروں کا نکلا ہوا دودھ پینا (۲) پالے کی زد میں آنا، سخت سردی کی زد میں آنا۔
ــــ عَيْنُهُ : آنکھ کا دھنس جانا۔
ــــ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ : خلط ملط کرنا۔
ــــ بَيْنَ الْقَوْمِ : باہم لڑائی کرانا، ایک دوسرے کے خلاف بھڑکانا۔
ــــ الْمُضَرَّبَةَ : لحاف یا رضائی میں نگندے ڈالنا۔
ــــ فُلَانًا فِي الْحَرْبِ : کسی کو جنگ کیلئے آمادہ کرنا۔
اِضْطَرَبَ : مضطرب ہونا، تڑپنا (۲) تھرکنا، غیر منظم حرکت کرنا، ہلنا (۳) بے چین ہونا، پریشان ہونا۔
ــــ الْبَحْرُ وَ نَحْوُهُ : دریا میں جوش آنا، دریا کا موج زن ہونا۔
ــــ الْأَمْرُ : معاملہ بگڑ جانا، بات بگڑنا۔
ــــ الْقَوْمُ : باہم لڑنا، مار پٹائی کرنا۔
ــــ الْحَبْلُ بَيْنَهُمْ : آپس میں پھوٹ پڑنا، اختلافات پیدا ہونا۔
تَضَارَبَا : ایک دوسرے کو مارنا (۲) دو باتوں کا ایک دوسرے کی ضد ہونا، متضاد ہونا۔
تَضَارَبَتِ الْآرَاءُ : خیالات کا مختلف و متضاد ہونا۔
تَضَرَّبَ : حرکت کرنا، موجیں مارنا۔
اِسْتَضْرَبَ الْعَسَلُ : شہد کا گاڑھا ہونا۔
الْإِضْرَابُ : کسی بھی کام کا مقاطعہ، ترک۔
الْإِضْرَابُ عَنِ الْعَمَلِ : ہڑتال، کام کا مقاطعہ۔
الْإِضْرَابُ عَنِ الدِّرَاسَةِ : اسٹرائک، تعلیمی مقاطعہ۔
الْإِضْرَابُ عَنِ الطَّعَامِ : بھوک ہڑتال۔
الْاِضْطِرَابُ : حرکت، بے چینی، گڑبڑ، فساد، ہنگامہ، افراتفری، تردد۔

الْاِضْطِرَابَاتُ الطَّائِفِيَّةُ : فرقہ وارانہ فسادات۔
الْاِضْطِرَابَاتُ الْعَنِيفَةُ : پرتشدد ہنگامے۔
التَّضَارُبُ : تناقض، تضاد، اختلاف (۲) باہمی مار پٹائی، لڑائی، ٹکراؤ، ہاتھا پائی۔
تَضَارُبُ الْآرَاءِ : اختلاف آراء۔
الضَّارِبُ : مارنے والا (۲) مائل (۳) وہ زمین جس میں درخت ہوں (۴) تاریک رات (۵) خوراک کا متلاشی پرندہ ج : ضوارب
ضَارِبُ الْكُرَةِ (بالمضرب) : بیٹس مین۔
الضَّرْبُ : مار، چوٹ، پٹائی (۲) ایک عدد کی دوسرے سے ضرب (یعنی دوسرے عدد مضروب فیہ کی اکائیوں کے بقدر عدد مضروب کا تکرار) (۳) نوع قسم (۴) مثل، شکل (۵) علم عروض میں بیت کے دوسرے مصرعہ کا آخری جزء (تفعیلہ) (۶) طریقہ (۷) ٹھپا لگا ہوا سکہ (۸) سکہ سازی سکہ ڈھلائی (۹) مصیبت، آفت ج : اَضْرَابٌ و اَضْرُبٌ و ضُرُوبٌ۔
رَجُلٌ ضَرْبٌ : چھریرے بدن کا قد آور آدمی، کاموں میں چاق و چوبند اور پھرتیلا۔
مَطَرٌ ضَرْبٌ : ہلکی بارش۔
دِرْهَمٌ ضَرْبٌ : ڈھلا ہوا سکہ، ٹھپا لگا ہوا سکہ۔
ضَرْبُ الْأَهْدَافِ : نشانوں یا ٹھکانوں پر حملہ۔
الضَّرَبُ : گاڑھا سفید شہد۔ الضَّرَبَةُ : تھوڑا سا گاڑھا سفید شہد۔
ضَرْبٌ بِالْحِجَارَةِ : سنگ باری۔
ضَرْبُ الْمِثَالِ : بیان، کہاوت۔
الضَّرِبُ : مار پیٹ میں ماہر جس کے ہاتھ بہت چلتے ہوں۔
الضَّرْبَةُ : ایک ضرب، ایک دفعہ کی چوٹ، ایک دفعہ کی مار، بیماری وغیرہ کا حملہ ج : ضَرَبَاتٌ۔

ضَرْبَةُ الشَّمْسِ : دھوپ کا سخت اثر جو خطرناک حد تک پہنچ جائے۔
الضَّرُوبُ : سخت اور زیادہ مار لگانے والا، بہت پٹائی کرنے والا۔
الضَّرِيبُ : بہت مارنے والا (۲) مار پٹائی میں مقابلہ کرنے والا (۳) جوئے کے تیروں کو مارنے کا ذمہ دار (۴) مثل، نظیر، شکل، قسم، ہم شکل ج : ضُرَبَاءُ و اَضْرَابٌ (۵) دودھ جو ایک برتن میں مختلف جانوروں کا نکالا گیا ہو (۶) برف، پالا (۷) حصہ۔
الضَّرِيبَةُ : مؤنث الضَّرِيب (۲) تلوار کی چوٹ کھایا ہوا (۳) روئی، اون یا بالوں کی پونی جس سے چرخ پر دھاگا نکالا جائے (۴) عادت، طبیعت، مزاج (۵) ٹیکس (مال کی مقررہ مقدار جو آمدنی وغیرہ پر حکومت کو قانونًا دی جاتی ہے)، جزیہ (۶) تلوار کی دھار (۷) سات اردب کا ایک پیمانہ (اردب : خشک چیزیں ناپنے کا ایک بڑا پیمانہ) ج : ضَرَائِبُ۔
ضَرِيبَةُ الْأَمَانِ : جزیہ۔
ضَرِيبَةُ الْإِنْتَاجِ : پیداواری ٹیکس، اکسائز ڈیوٹی۔
ضَرِيبَةٌ عَلَى الْمَنَازِلِ : ہاؤس ٹیکس۔
ضَرِيبَةُ الْأَطْيَانِ : خراج۔
ضَرِيبَةُ الْمَبَانِي (الْمُسَقَّفَات) : ہاؤس ٹیکس۔
ضَرِيبَةٌ عَلَى الْمَبِيعَاتِ : سیل ٹیکس۔
ضَرِيبَةٌ إِضَافِيَّةٌ : زائد ٹیکس (سرچارج)
ضَرِيبَةُ الدَّخْلِ : انکم ٹیکس۔
الضَّرِيبَةُ الصَّافِيَةُ : خالص ٹیکس۔
ضَرِيبَةٌ عَلَى الْأَمْلَاكِ : جائداد ٹیکس۔
ضَرِيبَةٌ عَقَارِيَّةٌ : زمین ٹیکس۔
ضَرِيبَةٌ عَلَى الْإِيرَادِ : انکم ٹیکس۔

الضَّرِيبَةُ المَحلِّيَة: لوکل ٹیکس۔

المُضَارَبَةُ: شرعاً نفع تجارت میں معاہدۂ شرکت کو کہتے ہیں جس میں ایک شخص کا مال ہوتا ہے اور دوسرے کا عمل و محنت (۲) علم اقتصادیات میں: بیع و شرا (خرید و فروخت) کے اس عمل کو کہتے ہیں جیسے بازار کے نرخوں کے فروق سے انتفاع کے ماہرین انجام دیتے ہیں (۳) مقابلہ، مزاحمت۔

المُضَارِبُ على الصُّعود: خریدار۔

المُضَارِبُ على النُّزول: بائع، فروخت کنندہ۔

المِضْرَابُ: مارنے کی چیز، بَلّا، ڈنڈا (۲) بہت مارپٹائی کرنے والا ج: مَضَارِيبُ۔

المِضْرَبُ: المِضْرَابُ (۲) بڑا شامیانہ، پنڈال، بڑا خیمہ ج: مَضَارِب۔

المَضْرِبُ: مارنے کا وقت یا جگہ۔

مَضْرِبُ السَّيْفِ: تلوار کی دھار۔

مَضْرِبُ الرُّزّ: دھان کوٹنے کی جگہ (چاول کا چھلکا اتارنے کا مل)، رائس مل ج: مَضَارِب۔

المُضَرَّبَةُ: وہ گدا وغیرہ جس میں بہت سے ٹانکے لگائے گئے ہوں، تگندے پڑا ہوا لحاف یا رضائی۔

المَضْرُوبُ: مارا ہوا، پیٹا ہوا (۲) وہ عدد جسے ضرب دی گئی ہو۔

المَضْرُوبُ فيه: وہ عدد جس میں ضرب دی گئی ہو۔

• ضَرَجَه ـُ ضَرْجًا: پھاڑنا۔

___ النَّارَ: آگ کا چشمہ کھولنا۔

___ الشيءَ بكذا: تھیڑنا، لت پت کرنا۔

___ الثَّوبَ ونَحوَه: ہلکا لال رنگنا۔

ضَرَّجَهُ: ضرج کا مبالغہ۔

___ الكلامَ: کلام کو آراستہ کرنا۔

___ الدَّابَّةَ: ایڑ لگانا۔

انضَرَجَ: پھٹنا (۲) ہوا باز کا پیراشوٹ کے ذریعہ نیچے اترنا۔

انضَرَجَ النَّوْرُ: کلی کھلنا۔

___ الشَّجَرُ: درخت کے پتوں کا کھِل جانا اور کونپلیں نکل آنا۔

___ الطَّرِيقُ: کشادہ ہونا۔

___ ما بين القوم: بُعد پیدا ہونا، نفرت ہونا۔

تَضَرَّجَ: مطاوع ضَرَّجَ۔ خوب لت پت ہونا، اچھی طرح لتھڑنا (۲) پھٹنا۔

___ الخدُّ: رخسار سرخ ہونا۔

___ المرأةُ: عورت کا بناؤ سنگار کرنا۔

___ الزَّهرُ: پھول کھلنا، کلی کھلنا۔

___ عن البَقلِ لَفَائِفُه: سبزی کا غلاف پھٹنا، سبزی کا غلاف سے نکلنا۔

الإِضْرِيجُ: لال گوند (۲) سرخ رنگا ہوا کپڑا (۳) سرخ ریشم کی چادر وغیرہ (۴) تیز دوڑنے والا طاقتور گھوڑا ج: أَضَارِيجُ

الضَّرِيجُ: المَضْرُوج۔ عَدْوٌ ضَرِيجٌ: تیز دوڑ۔

المِضْرَجُ: پھٹا پرانا کپڑا ج: مَضَارِجُ۔

المُضَرَّجُ: لت پت، لتھڑا ہوا۔

المُضَرَّجُ بالدَّمِ: خون آلود۔

المَضْرُوجَةُ: عينٌ مَضْرُوجَةٌ: بڑی اور کشادہ آنکھ۔

• ضَرَحَت السُّوقُ ـُ ضُرُوحًا: بازار کا مندا ہونا، کساد بازاری ہونا

___ الدَّابَّةُ ضِرَاحًا: جانور کا دولتی مارنا

___ الشيءَ ـَ ضَرْحًا: پھاڑنا (۲) ایک طرف کرنا، ہٹانا۔

___ القَبرَ: قبر کھودنا۔

___ شَهادةَ فُلانٍ: شہادت رد کرنا، اس کی صحت کو تسلیم نہ کرنا۔

أَضْرَحَهُ: دور کرنا، ہٹانا (۲) بگاڑنا (۳) بازار کو مندا کرنا۔

ضَارَحَهُ: کسی کے ساتھ گالی گلوچ کرنا، مقابلہ کرنا (۲) مشابہ ہونا۔

اضْطَرَحَه: ایک طرف ڈالنا۔

انْضَرَحَ: ایک طرف ہونا (۲) پھٹنا (۳) کھدنا۔

انضرح ما بينهم: پھوٹ پڑنا۔

ضَرَاحِ: اسم فعل امر بمعنی اضْرَحْ۔

الضَّرْحُ: کھال (۲) دوری، جدائی۔

الضَّرَحُ: نِيَّةٌ ضَرَحٌ: لمبا ارادہ، دور دراز کا سفر (۲) خراب آدمی۔

الضَّرُوحُ: مبالغة ضَارِح: دولتی مارنے والا جانور۔ جیسے: فَرَسٌ ضَرُوحٌ۔

قوسٌ ضَرُوحٌ: بہت قوت کے ساتھ تیر پھینکنے والی کمان۔

الضَّرِيحُ: قبر (۲) قبر کے بیچ کی تنگ جگہ، مزار ج: ضَرَائِحُ۔

الضَّرِيحَةُ: الضَّرِيحُ ج: ضَرَائِحُ

المِضْرَحُ: شکرا (۲) لمبے بازو والا گدھ۔

المِضْرَحِيُّ: المِضْرَحُ (۲) وسیع الظرف سردار، شریف النسل آدمی۔

• ضَرَّهُ وبه ـُ ضَرًّا وضَرَارًا: تکلیف پہنچانا، نقصان دینا۔

___ فلانًا الى كذا: پناہ دینا۔

ضُرَّ بَصَرُه: نابینا ہونا۔

أَضَرَّ الرَّجُلُ: مرد کا دوسری بیوی کرنا، بیوی کی سوکن لانا۔

أَضَرَّت المَرأَةُ: عورت کا سوکن بننا (یعنی کسی کی پہلی بیوی کی موجودگی میں اس سے شادی کرنا)۔

___ فُلانٌ على السَّيرِ الشَّدِيدِ ونَحوِه: سخت رفتار وغیرہ کو برداشت کرنا۔

___ على فُلانٍ وغيره: کسی سے اصرار کرنا، مجبور کرنا۔

___ الشيءُ وبه: بہت زیادہ قریب ہوکر تنگی پیدا کرنا۔

___ فُلانًا وبه: نقصان پہنچانا۔

أَضَرَّ فُلَانًا علی الامْرِ: مجبور کرنا۔
ضَارَّهٗ مُضَارَّةً وضِرَارًا: نقصان پہنچانا (۲) پریشان کرنا (۳) مخالفت کرنا (۴) زیادتی کرنا۔
اضطَرَّهٗ الیه: مجبور کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَلَا اِثْمَ عَلَيْهِ"
تَضَارًّا: دونوں کو نقصان پہنچنا، دونوں پر ظلم ہونا (۲) ایک کا دوسرا بنجانا۔
تَضَرَّرَ به او منه: کسی سے یا کسی چیز سے تکلیف و نقصان پہنچنا
استَضَرَّ به: کسی سے یا کسی چیز سے نقصان اٹھانا۔
الاضْطِرَارُ: مجبوری، لاچاری۔
اضطِرَارِيًّا: مجبورًا، غیرارادی طور پر۔
الإضْرَارُ: ایذارسانی، نقصان رسانی
التَّضِرَّةُ: الضُّرُّ۔
الضَّارُّ: ضرر رساں، تکلیف دہ۔
الضَّارُوْرُ والضَّارُوْرَةُ والضَّارُوْرَاءُ: ضرورت۔
الضَّرَارَةُ: الضَّرَرُ (۲) جانی و مالی اتلاف و نقصان (۳) اندھاپن، نابیناپن۔
الضُّرُّ: نقصان (۲) بدحالی (۳) جسمانی تکلیف۔ قرآن پاک میں ہے: "مَسَّنَا وَاَهْلَنَا الضُّرُّ" "وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ"
تزوّج فُلَانٌ علی ضُرٍّ: فلاں کا سوکن بنا کر لایا۔
الضِّرُّ: الضُّرُّ۔ هو ضِرُّ اَضْرَارٍ: وہ بڑا کرتبیل آدمی ہے وہ بڑا چالاک و ہوشیار ہے
الضَّرَرُ: تنگی، پریشانی (۲) ایسی بیماری جو جہاد وغیرہ سے مانع ہو۔ قرآن پاک میں ہے: "غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ"
الضَّرَّاءُ: سختی، مصیبت (۲) فقروفاقہ (۳) تکلیف کی حالت (۴) دائمی بیماری۔
الضَّرَّةُ: الضَّرَّاءُ (۲) دو بیویوں میں سے ایک یا متعدد میں سے ایک (سوکن) ج: ضَرَائِرُ۔ بَيْنَهُم دَاءُ الضَّرَائِرِ: ان لوگوں میں حسد کی بیماری ہے (۳) پستان کی جڑ (۴) بہت دولت (۵) پیر کے تلوے کا اگلا حصّہ (جو نرم گوشت پر مشتمل ہوتا ہے)۔
الضَّرُوْرَةُ: ضرورت، حاجت (۲) مشقت (۳) ناقابل ازالہ سختی، اصطلاح شعرا میں وہ حالت جس کے تحت ایسا تصرف کیا جا سکے جو نثر میں نہ کیا جاتا ہو ج: ضَرَائِرُ۔ الضَّرُوْرَةُ القُصْوٰی: سخت ضرورت۔
الضَّرُوْرِيُّ: ضروری، لازمی جس کے بغیر چارہ نہ ہو۔ ضد: الكَمَالِيُّ: وہ چیز جو بنیادی ضرورت سے زائد ہو اور اس کے بغیر گزر ممکن ہو۔
الضَّرُوْرِيَّات: ضروریات، ضرورت کی چیزیں جن کے بغیر چارہ کار نہ ہو۔ ضد: الكَمَالِيَّات۔
الضَّرُوْرِيَّاتُ الاَسَاسِيَّةُ: بنیادی ضرورتیں۔
ضَرُوْرِيَّاتُ الحَيَاةِ: ضروریات زندگی۔
الضَّرُوْرِيَّاتُ المَأْلُوْفَةُ: عام ضروریات
الضَّرِيْرُ: نابینا، اندھا (۲) نقصان رسیدہ (۳) غیرت و حمیت۔ کہتے ہیں: ما اَشَدَّ ضَرِيْرَهٗ علی زَوْجِه: وہ اپنی بیوی کے سلسلہ میں بڑا ہی غیور ہے ج: اَضِرَّاءُ۔
المِضْرَارُ من النِّسَاء والإبِلِ والخَيْلِ: ذرا سی بات پر خاوند سے روٹھ جانے والی عورت (۲) بدکنی اونٹنی یا گھوڑا۔
المَضَرَّةُ: نقصان، تکلیف ج: مَضَارٌّ۔
المَضْرُوْرُ: نقصان رسیدہ، نقصان و تکلیف اٹھانے والا۔
المُضْطَرُّ: مجبور و پریشان۔
•ضَرِسَ الشَّيْءَ ـِ ضَرْسًا: ڈاڑھ سے کاٹنا۔ جیسے: ضَرَسَ العُوْدَ (۲) دانتوں سے زور سے کاٹنا۔
ـــ الزَّمَانُ فُلَانًا: زمانہ کا کسی پر مصیبت ڈالنا۔
ـــ البِئْرَ: کنویں کو پتھروں سے پختہ کرنا۔
ـــ الدَّابَّةَ: جانور کو قابو میں کرنے کیلئے اس کی ناک میں نکیل ڈالنا۔
ضَرِسَتْ اَسْنَانُهٗ ـَ ضَرَسًا: ترشی وغیرہ کے استعمال سے دانتوں کا کند ہو جانا، کھٹا ہو جانا۔
ضَرِسَ الرَّجُلُ: کھٹے دانتوں والا ہونا۔ کہاوت ہے: "الآبَاءُ يَاْكُلُوْنَ الحِصْرِمَ والاَبْنَاءُ يَضْرَسُوْنَ" باپ دادا خراب کھجوریں کھا کر گزر کرتے ہیں اور بچے اچھی نیم پختہ کھجوریں کھاتے ہیں۔
ـــ فُلَانٌ: بدمزاج اور بدخلق ہونا۔ هو ضَرِسٌ۔
اَضْرَسَهُ الحَامِضُ: ترشی کا دانتوں کو کھٹا کر دینا یا خراب کر دینا۔
ـــ بالكَلَامِ: کسی بات سے خاموش کر دینا
ـــ الاَمْرُ فُلَانًا: پریشانی میں ڈالنا، تکلیف پہنچانا۔
ضَارَسَ الاُمُوْرَ مُضَارَسَةً وضِرَاسًا: معاملات میں تجربہ اور واقفیت حاصل کرنا۔
ـــ فُلَانًا: لڑنا، دشمنی کرنا۔
ضَرَّسَه: مبالغہ در ضَرَسَ: بہت زور سے ڈاڑھوں یا دانتوں میں دبانا یا کاٹنا (۲) ڈاڑھ جیسی نوکوں والا بنانا۔
ـــ الثَّوْبَ: کپڑے پر ڈاڑھ کی شکل کے نقوش بنانا۔

ضَرَّسَتِ الحرُوبُ و الخُطُوبُ فلانًا: حوادث ومعارک کا کسی کو تجربہ کار اور پختہ کار بنا دینا۔

تَضَارَسَ البِنَاءُ و نَحوُہُ: عمارت کا ناہموار ہونا، ڈاڑھ کی ابھار والا ہونا۔

— القَومُ: جنگ وجدال کرنا، باہم دشمنی کرنا۔

تَضَرَّسَ البِنَاءُ و نَحوُہُ: تضارس۔

التَّضرِيسُ: ڈاڑھ کی طرح کسی چیز میں اونچ نیچ ج: تَضَارِيسُ۔

تَضَارِيسُ الاَرضِ: زمین کے نشیب وفراز

الضِّرسُ: ڈاڑھ (مذکر ہے۔ کبھی سِنّ کی طرح مؤنث بھی استعمال کرتے ہیں)، ج: اَضرَاسٌ و ضُرُوسٌ (۲) کنویں وغیرہ کو پاٹنے والے پتھر یا کنویں کے منڈیر کے پتھر (۳) ناہموار ٹیلہ جس میں ابھار ہوں (۴) ہلکی ابر تھوڑی بارش

رَجُلٌ ضِرسٌ: اکھڑ مزاج آدمی۔

ضِرسُ العَقلِ: عقل ڈاڑھ (دانتوں کے بعد چار ڈاڑھ میں سے آخری نکلنے والی ڈاڑھ۔

هو لا يَعَضُّ فی العلم بِضِرسٍ قَاطِعٍ: اسے علم میں دست گاہ حاصل نہیں ہے۔ وہ علم میں ناپختہ ہے۔

الضَّرِيسُ: سخت مزاج (۲) مسافر (۳) جنگجو (۴) تجربہ کار (۵) بھوک کے سبب غضبناک۔

الضَّرُوسُ: کٹ کھنا جانور (جو قریب آنے والے کو کاٹنے کو دوڑے)۔

حَربٌ ضَرُوسٌ: تباہ کن لڑائی۔

نَاقَةٌ ضَرُوسٌ: وہ اونٹنی جو دوہنے والے کو لات مارتی ہو۔

الضَّرِيسُ: پتھروں کی منڈیر والا کنواں (۲) ریڑھ کی ہڈی (۳) سخت بھوکا (۴) بسکٹ (۵) وہ عمارت جس پر پتھر لگائے گئے ہوں (۶) ڈاڑھ کی طرح ناہموار پتھر ج: ضَرَائِسُ۔

المُضَرَّسُ: دانتوں کی شکل کا نقش ونگار والا کپڑا (۲) مصیبت زدہ آدمی (۳) تجربہ کار، پختہ کار۔

المَضرُوسَةُ: اَرضٌ مَضرُوسَةٌ: نوکیلے پتھروں والی زمین، پتھروں سے بنی ہوئی منڈیر والا کنواں۔

•ضَرَطَ ـِ ضَرطًا و ضُرَاطًا: گوز مارنا (مقعد سے باآواز ریح خارج کرنا)۔ هو ضَرُوطٌ و ضَرَّاطٌ (۲) ہلکی ڈاڑھی اور باریک ابرو والا ہونا۔

ضَرِطَ ـَ ضَرَطًا: ضَرَطَ۔ هو ضَرِطٌ۔

أَضرَطَهُ: کسی کا گوز نکلوانا۔

— بِه: کسی کے سامنے بطور مذاق منہ سے گوز کی آواز نکالنا (۲) کسی کے قول وفعل کو بطور استخفاف رد کرنا۔

ضَرَّطَ: ضَرَطَ۔

— فُلانًا وغيرَهُ: گوز نکلوانا، کوئی ایسا کام کرنا جس سے وہ گوز مارنے لگے۔

— بِه: اَضرَطَ بِه۔

الضُّرَاطُ: گوز (آواز کے ساتھ سرین سے نکلنے والی ریح)۔

الضَّرَّاطُ و الضَّرُوطُ: گوز مارنے والا۔

•ضَرَعَ الرَّضِيعُ ـَ ضُرُوعًا: شیرخوار بچہ کا ماں کا پستان منہ میں لینا۔

— الشَّمسُ و نَحوُهَا: ڈوبنے کے قریب ہونا۔ ضَرَعَ من المَغِيبِ بھی کہتے ہیں۔

— الحَيَوَانُ: دبلا پتلا ہونا۔

— اليه و لَه: کسی کے سامنے انکساری کرنا، اظہار عجز کرنا، گڑگڑانا، عاجزی کے ساتھ مدد مانگنا۔

— فَرَسَه: گھوڑے کو سدھانا۔

ضَرِعَ ـَ ضَرَعًا و ضَرَاعَةً: کمزور اور دبلا ہونا۔

ضَرِعَ اليه و لَه: ضَرَعَ۔ هو ضَرِعٌ و اَضرَعُ و هی ضَرِعَةٌ و ضَرعَاءُ

أَضرَعَت الأُنثىٰ: مادہ جانور کا تھن نمودار ہونا۔

— الحَامِلُ: حاملہ کے تھن کا ولادت سے پہلے موٹا ہو جانا۔

— فُلانًا اليه او لَه: کسی سے عاجزی اور انکساری کرانا (۲) کمزور کرنا۔ جیسے: اَضرَعَتهُ الحُمّیٰ۔

— اللهُ خَدَّهُ: خدا کا کسی کو ذلیل وخوار کرنا۔

— لِفُلانٍ مالاً و نَحوَه: مال دینا، مال خرچ کرنا۔

ضَارَعَهُ: مشابہ ہونا، ہم شکل ہونا۔

تَضَارَعَا: دو کا ہم شکل ہونا، ایک جیسا ہونا۔

تَضَرَّعَ اِلَيه و لَه: انکساری کرنا اپنی لاچاری و بے بسی کا اظہار کرنا گڑگڑانا، رو دھو کر کچھ مانگنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَلَولَا اِذ جَاءَهُم بَأسُنَا تَضَرَّعُوا"

— الی اللهِ: اللہ سے رو رو کر دعا کرنا گڑگڑانا

— منه: چپکے چپکے (دھوکہ سے) قریب ہونا۔

الاَضرَعُ: بہت لاغر وکمزور۔

الضَّارِعُ: عاجزی وانکساری کرنے والا (۲) کم عمر (۳) عاجزانہ۔

خَدٌّ ضَارِعٌ: عاجزی سے جھکا ہوا رخسار۔ جَنبٌ ضَارِعٌ: نرم پہلو۔ جِسمٌ ضَارِعٌ: کمزور ودبلا بدن۔

الضَّرَاعَةُ: انکساری، عاجزی، فروتنی۔

الضَّرعُ: تھن ج: ضُرُوعٌ۔ کہتے ہیں: مَالَه زَرعٌ و لا ضَرعٌ: اس کے پاس کچھ نہیں ہے۔

الضِّرعُ: مثل، مانند ج: ضُرُوعٌ۔

الضَّرَعُ: کم سن (۲) بزدل۔

الضَّرْعَاءُ: بڑے تھن والی ج: ضُرُعٌ۔
الضَّرُوْعُ: الضَّرْعَاءُ ج: ضُرُعٌ۔
الضَّرِيْعُ: شَاةٌ ضَرِيْعٌ: خوبصورت تھن والی بکری (۲) خاردار گھاس، دوزخ کا ایک خاردار اور بہت کڑوا درخت جو بدبودار ہوگا۔ قرآن پاک میں ہے: "لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ إِلَّا مِن ضَرِيْعٍ لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِي مِن جُوْعٍ"
الْمُضَارِعُ: مشابہ (۲) حال واستقبال دونوں زمانوں پر دلالت کرنے والا وہ فعل جو حروف مضارع میں سے کسی ایک سے شروع ہوتا ہے وہ حروف ہمزہ، تا، نون اور یا ہیں یہ حروف زوائد کہلاتے ہیں۔ (۳) علم عروض میں شعری بحور میں سے ایک بحر کا نام ہے جس کا وزن ہے مَفَاعِيلُن فَاعِلَاتُن دو مرتبہ۔
الْمُضَارَعَةُ: مشابہت۔
•ضَرْغَمَتِ الْأَبْطَالُ وَنَحْوُهُم: شیروں کی طرح بہادرانہ کام کرنا۔
تَضَرْغَمَتِ الْأَبْطَالُ: ضَرْغَمَتْ۔
الضِّرْغَامُ: خونخوار طاقتور شیر (۲) بہادر آدمی ج: ضَرَاغِمُ و ضَرَاغِمَةٌ۔
الضِّرْغَامَةُ: الضِّرْغَامُ۔
الضَّرْغَمُ: الضِّرْغَامُ۔
•الضَّرْفُ: (عند العامہ) گھی وغیرہ رکھنے کا مشکیزہ
الضَّرْفَةُ: کثرت۔
•ضَرُكَ ـُ ضَرَاكَةً: مضبوط وقوی الاعضاء ہونا۔
الضَّرَاكُ: مضبوط اعصاب والا سخت جان۔
الضَّرِيْكُ: فقیر ومحتاج (۲) بے وقوف ج: ضُرَكَاءُ و ضَرَائِكُ و هن ضَرَائِكُ۔
•ضَرِمَتِ النَّارُ ـَ ضَرَمًا: آگ سلگنا، بھڑکنا۔
ــــ فُلَانٌ: بھوک یا غصہ سے بھڑک اٹھنا، دہکنا، آگ بتاش ہو جانا۔
ضَـرِمَ الشيءُ: بہت گرم ہونا۔ هـو ضَرِمٌ و ضَارِمٌ۔
ــــ فُلَانٌ فِي الْأَمْرِ: کسی کام میں کوشش وعجلت کرنا۔
ــــ فِي الْعَدْوِ وفِي الْأَكْلِ: تیز دوڑنا یا تیز کھانا۔
أَضْرَمَ النَّارَ: آگ جلانا، سلگانا۔
ــــ الشيءُ: آگ لگانا، تیز گرم کرنا۔
ضَرَّمَ النَّارَ و نَحْوَهَا: آگ کو خوب سلگانا، دہکانا۔
اضْطَرَمَتِ النَّارُ: آگ سلگنا، دہکنا۔
ــــ الحَرْبُ و الشَّرُّ بينهم: لوگوں میں لڑائی کے شعلے بھڑکنا۔
ــــ الشَّيْبُ فِي الرَّأْسِ: سر میں بڑھاپے کی سفیدی چمکنا، بال سفید ہو جانا، بڑھاپا آجانا۔
تَضَرَّمَتِ النَّارُ وغَيْرُهَا: آگ سلگنا، دہکنا۔
ــــ عليه غَضَبًا: کسی پر سخت برہم ہونا، کسی پر غصہ سے بھڑکنا۔
اسْتَضْرَمَ الحَبُّ ونَحْوُهُ: (غلہ کے) دانوں کا موٹا ہو کر بھوننے کے قابل ہو جانا
الضِّرَامُ: آگ کی دہک، بھڑک، شعلہ زنی (۲) ایندھن (لکڑی وغیرہ) (۳) جلد شعلہ دینے والی چیز جس کا انگارہ نہ ہو (جیسے پٹرول وغیرہ) واحد: ضِرَامَةٌ۔
الضُّرْمُ: ایک خوشبودار بوٹی (۲) بھوکا (۳) عقاب کا بچہ (۴) تیز دوڑنے والا گھوڑا
الضَّرَمُ: الضِّرَامُ۔
الضَّرَمَةُ: انگارہ (۲) آگ (۳) کھجور کی شاخ جس کے کنارہ پر آگ جلتی ہوئی ہو۔ کہاوت ہے: ما بها نافِخُ ضَرَمَةٍ: گھر میں کوئی نہیں ہے۔
الضَّرِيْمُ: جلتی ہوئی آگ (۲) جلتی ہوئی چیز۔
الْمُضْطَرِمُ: روشن، مشتعل، سلگتا ہوا۔
•ضَرَا العِرْقُ او الجُرْحُ ـُ ضَرْوًا و ضُرُوًّا: رگ یا زخم سے مسلسل خون نکلنا۔
ــــ الإِنَاءُ و نَحْوُهُ: برتن وغیرہ سے لگاتار سیال چیز بہنا۔
ــــ فُلَانٌ و غيرُهُ: روپوش ہونا، پوشیدہ ہونا۔
ضَرَى العِرْقُ وغيرُهُ ـِ ضَرْيًا: ضَرَا۔
ضَرِيَ ـَ ضَرًا و ضَرَاءً و ضَرَاوَةً: سخت ہونا۔
ــــ به او عليه: کسی چیز سے لگے رہنا (۲) کسی چیز کا دلدادہ ہونا (۳) کسی چیز کا عادی ہونا اور اس پر دلیر ہونا۔ ضَرِيَ الكَلْبُ بالصَّيْدِ: کتے کا شکار پکڑنے کا عادی ہونا
أَضْرَاهُ: حریص ودلدادہ بنانا، خوگر بنانا (۲) سخت کرنا۔
ــــ فلانًا به وعليه: پیچھے لگانا، کسی کے خلاف اکسانا۔
ــــ الكَلْبَ بالصَّيْدِ: کتے کو شکار کے لئے اکسانا، بھڑکانا۔
ضَرَّاهُ: أَضْرَى کا مبالغہ، زیادہ عادی اور جری بنانا۔
ــــ به و عليه: بری طرح پیچھے لگانا، زیادہ خوگر بنانا۔
اسْتَضْرَى الصَّيْدَ و نَحْوَهُ: شکار کو اچانک بےخبری میں پکڑنا۔
ــــ للصَّيْدِ: شکار کے لئے داؤں لگانا۔
الضَّارِي: من الجَوَارِحِ و الكِلَابِ: شکاری کتا یا پرندہ (۲) گوشت کا خوگر خونخوار درندہ (۳) لوگوں کے کھیت چرنے کے عادی مویشی ج: ضَوَارٍ۔
الضَّرَاءُ: کھلی جگہ، کھلا کشادہ میدان (۲) درندوں کی پناہ گاہ، ہموار درختوں والی زمین (۳) چبانے والی چیز (درخت وغیرہ)
هو يَدِبُّ لَهُ الضَّرَاءَ او يَمْشِي لَهُ الضَّرَاءَ: وہ اسے دھوکہ دیتا ہے، اس کے ساتھ چال چلتا ہے۔

الضِّرْوُ: شکاری (کتوں کے) پلّے ج: اَضْرٍ و ضِراءٌ
الضَّرِیُّ: الضاری۔ خونخوار۔
الضَّوارِی: الضّاری کی جمع، شکاری جانور درندے۔
الضَّراوَةُ: سختی، درندگی، خونخواری۔

ض ـــــ ز

•ضَزَّ ـَ ضَزَزًا: بدخلق ہونا۔
أَضَزَّ علیه: بخل کرنا۔
ـــ الشیءَ: پیسنا۔
الاَضَزُّ: بدخلق (۲) تنگ باچھوں والا (۳) ڈاڑھوں کے ملے ہوئے ہونے کی وجہ سے صاف گفتگو نہ کرسکنے والا ج: ضُزٌّ۔
المِضَزُّ: بدخلق (۲) غصیلا۔
•ضَزَنَهُ ـُ ضَزْنًا: کسی سے کوئی چیز چھین لینا۔
تَضَازَنَا: ایک دوسرے سے لینے میں زبردستی اور مقابلہ کرنا۔
الضَّیْزَنُ: کسی معاملہ میں مزاحمت کرنے والا، مجوسی اپنے باپ کی بیوی (اور پھر بیٹے کی بیوی) سے شادی کر لیتے تھے تو کہا جاتا تھا: لَهُ ضَیْزَنٌ لذلك (اس شادی میں اس کا ایک مزاحم و مقابل ہے) (۲) چرخی کا سوراخ کشادہ ہونے پر اسے ٹھیک کرنے کا چمڑے یا لوہے وغیرہ کا ٹکڑا (۳) قابل اعتماد و ثقہ آدمی۔

ض ـــــ ع

•ضَعْضَعَ البِناءَ: زمین تک گرا دینا، بالکلیہ منہدم کرنا، ہلا ڈالنا۔
ـــ الرَّجُلَ: کمزور کرنا (۲) ذلیل کرنا، مغلوب کرنا
تَضَعْضَعَ جِسْمُهُ: بیماری یا غم وغیرہ کی وجہ سے کمزور و دبلا ہو جانا۔
ـــ البِناءُ: منہدم ہونا، زمین کے برابر ہو جانا
تَضَعْضَعَ مَالُه: دولت کم یا ختم ہونا۔
ـــ به الدَّهْرُ: زمانہ کا کسی کو ذلیل کرنا
الضَّعْضَاعُ: کمزور، بے جان (۲) عزم و تدبّر، بے رائے شخص۔
الضُّعْضُعُ: الضَّعْضَاعُ۔
الضَّعْضَعَةُ: انہدام، کمزوری (۲) بے تدبیری
المُتَضَعْضِعُ: کمزور و بے جان (۲) منہدم۔
•ضَعَّ الجَمَلَ ونَحْوَهُ ـَ ضَعًّا: اونٹ کو سدھانا۔ یا ضَعْ کہنا۔
ضَعْ: ایک آواز کا نام ہے جو اونٹ کو سدھانے کے لئے نکالی جاتی ہے۔
•ضَعَفَ الشیءَ ـِ ضَعْفًا: دوگنا کرنا، دوچند کرنا، زیادہ کرنا۔
ـــ القَومَ: تعداد بڑھانا۔
ضَعُفَ ـُ ضُعْفًا: کمزور ہونا، دبلا ہونا۔
ـــ الشیءُ: ڈبل ہونا، دوگنا ہونا، بڑھنا، زیادہ ہونا۔ حدیث میں ہے: "تَضْعُفُ صَلَاةُ الجَمَاعَةِ علی صَلَاةِ الفَذِّ خَمْسًا وعِشْرِیْنَ دَرَجَةً" تنہا نماز سے جماعت کی نماز ثواب میں پچیس گنا زیادہ ہے۔
أَضْعَفَ الرَّجُلُ: مال میں اضافہ والا ہونا، کسی کے مال میں اضافہ ہونا (۲) کمزور جانور والا ہونا، کسی کے جانور وغیرہ کا کمزور ہونا۔
ـــ الشیءَ: بڑھانا، دوچند کرنا، ڈبل کرنا۔
ـــ الرَّجُلَ ونَحْوَهُ: کمزور کرنا۔
ـــ لَهُ الوُدَّ: کسی سے تعلق بڑھانا۔
ـــ القَومَ وغَیْرَهُمْ: زیادہ دینا، کئی گنا دینا، دوگنا دینا۔
ـــ الرُّوحَ المعنویة: حوصلہ پست کرنا۔
ـــ القُدْرَةَ: صلاحیت کم کرنا۔
ضَاعَفَهُ: ضَعَّفَهُ۔ ضَاعَفَ له العطاءَ وغیره۔ عطیہ وغیرہ کئی گنا دینا، زیادہ دینا۔
ضَعَّفَهُ: أَضْعَفَهُ۔
ضَعَّفَ الحَدِیْثَ او الرَّأْیَ: حدیث یا رائے کو ضعیف قرار دینا۔
ـــ الشیءَ: کسی چیز کو طے کر کے دوگنا یا کئی گنا کرنا، ڈبل اور موٹا کرنا۔
تَضَاعَفَ: زیادہ ہونا، دوچند ہونا۔ مطاوع ضَاعَفَ۔
اِسْتَضْعَفَهُ: کمزور سمجھنا، کمزور پانا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَجَعَلَ اَهْلَهَا شِیَعًا یَّسْتَضْعِفُ طَائِفَةً مِّنْهُمْ"
التَّضَاعِیفُ: تَضَاعِیفُ الشیءِ: اضافے، چند مرتبہ بڑھنے کی کیفیت۔
تَضَاعِیفُ الکِتَاب: کتاب کے حواشی اور بین السطور۔
الضِّعْفُ: گنا، مثل۔ ضِعْفُ الشیءِ: دوگنی چیز (۲) ڈبل (دوہری) کی ہوئی چیز ضِعْفُ کسی عدد کے مثل کو کہتے ہیں جس عدد کی طرف ضِعْف کی اضافت ہوگی وہ عدد اپنے اسی جیسے عدد کے ساتھ مل کر ڈبل ہو جائے گا جیسے ضِعْفُ الواحد: ایک کا دوگنا دو اور ضِعْفُ العشرة: دس کا دوگنا بیس ہوگا۔ ایک عدد یا ایک چیز کبھی ایک سے زائد گنا بھی ہوتی ہے۔ جیسے کہا جائے: ضِعْفَا الشیءِ او العَدَدِ: اس صورت میں چیز تین گنی ہوگی۔ ایک وہ خود پھر اس کی دو مثلیں۔ ایسے ہی عدد۔ اگر کہا جائے: اَعْطِهِ ضِعْفَی وَاحِدٍ: تو معنی یہ ہوں گے کہ اسے تین دو۔ قرآن پاک کی آیت: "رَبَّنَا اٰتِهِمْ ضِعْفَیْنِ مِنَ العَذَابِ" کی تفسیر بعض مفسرین نے تین عذابوں سے کی ہے۔ لفظ جمع اَضْعَاف کی اضافت جس عدد کی طرف ہوگی تو وہ چار گنا ہو جائے گا ایک وہ خود اور تین مثل مزید کیونکہ اَضْعَاف

کا اطلاق کم از کم تین پر ہوگا، کبھی ضِعف کے معنی ایک چند (دگنا) کے ہوتے ہیں اور کبھی کئی گنا پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ چنانچہ اگر کہا جائے ھذا ضِعفُ ذٰلك تو یہ معنی ہوں گے کہ یہ چیز اُس چیز کی دوگنی ہے یا کئی گنی ہے (تین گنی ہے)۔

الضِّعفُ من الشیءِ: کسی چیز کی تہ یا درمیانی حصے، اسی قبیل سے ہے: اَضْعَافُ الکِتاب: کتاب کے حواشی و بین السطور اَضْعَافُ الجَسَدِ: بدن کے اعضا اور ہڈیاں۔ اَضْعَافٌ مُضاعفةٌ: چند دوچند، بہت گنا۔

الضُّعفُ: کمزوری۔

الضُّعفَانُ: کمزور ج: ضَعافَی۔

الضُّعْفَةُ: دل کی کمزوری (۲) ناسمجھی، کم عقلی۔

الضَّعُوفُ: زیادہ کمزور ج: ضُعُفٌ۔

الضَّعِيفُ: کمزور، دبلا (۲) عورت (۳) غلام۔ حدیث میں ہے: "اتَّقُوا اللّٰهَ فی الضَّعِیفَیْنِ" ج: ضِعافٌ وضُعَفاءُ وضَعْفَی وضَعَفَةٌ (۴) اصطلاح محدثین میں وہ حدیث جو کسی بھی سبب سے حسن کے مقابلہ میں کم درجہ ہو ج: ضِعاف

کَلَامٌ ضَعِیفٌ: ناقص کلام۔

المُضاعَفُ: دوگنا، کئی گنا، ڈبل، دوھرا (۲) مُضَاعَفُ الثُّلَاثِی: وہ فعل ہے جس کا عین اور لام کلمہ ایک جنس کا ہو جیسے: شَدَّ۔ مُضَاعَفُ الرُّبَاعِی: وہ فعل ہے جس کا فا کلمہ اور لام کلمہ اول ایک جنس کے ہوں اور عین کلمہ ولام کلمہ ثانی ایک جنس کے ہوں۔ جیسے: زَلْزَلَ و قَهْقَهَ (۳) علم الحساب میں مضاعف بسیط اس سب سے چھوٹے عدد کو کہتے ہیں جو دو عدد یا زیادہ پر تقسیم قبول کرے۔

المُضَاعَفَةُ: (من الدروع) دوہرے حلقوں والی زرہ۔ الاَضْعَافُ المُضَاعَفَةُ: گنا در گنا، چند در چند۔ قرآن پاک میں ہے: "لَا تَأْكُلُوا الرِّبٰوا اَضْعَافًا مُضَاعَفَةً"

المُضَاعفات: بالواسطہ اثرات (۲) پیچیدگیاں

المُضَعَّفُ: (فعل) مضاعف (۲) ڈبل، دوچند، کئی گنا۔

المُضَعَّفَةُ: اَرْضٌ مُضَعَّفَةٌ: وہ زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔

المَضْعُوفُ: کمزور رائے والا، کم عقل۔

• ضَعِلَ ـ ضَعَلًا: ماں باپ کے قریب النسب ہونے کی وجہ سے بچہ کا پتلے جسم والا ہونا۔

• ضَعَا ـ ضَعْوًا: پوشیدہ ہونا۔

الضَّاعِی: پوشیدہ۔

ض ـــــ غ

• الضُّغْبُوسُ: چھوٹا کھیرا (۲) لومڑی کا بچہ (۳) حقیر و کمزور ج: ضَغَابِیسُ۔

ضَغَبَ ـ ضَغْبًا: بھیڑیے یا خرگوش کی سی آواز نکالنا۔

• ضَغَثَ الحَشِیشَ وغیرَہ ـ ضَغْثًا: گھاس اکٹھی کرنا، سمیٹنا، مٹھا باندھنا، گٹھڑی باندھنا۔

ـــ الاشیاءَ: خلط ملط کرنا، ایک دوسرے میں ملا دینا۔

ـــ الحدیثَ: گفتگو میں خلط ملط کرنا، الجھا دینا، خلط مبحث کرنا

ـــ المرأۃُ شعرَھا: بال دھونے کے لئے ان میں ہاتھ گھمانا (تاکہ پانی جڑوں تک پہنچ جائے۔

ـــ الشیءَ: ٹٹول کر دیکھنا۔

اَضْغَثَ الشیءَ: سمیٹ کر مٹھا یا گٹھا بنانا۔

ـــ الحالِمُ الرُّؤیا: خواب کو خلط ملط کر کے بیان کرنا، غیر واضح طور پر بیان کرنا۔

ضَغَّثَهُ: مبالغہ در ضَغَثَهُ: خوب سمیٹنا، بالکل گڈ مڈ کرنا۔

الضَّغَاثَةُ: بچا کھچا ردی مال۔

الضِّغْثُ: المَضْغُوثُ (۲) بوجھ، گھاس کا مٹھا یا گٹھا۔ ہر چیز کا مٹھا (ہاتھ میں یکجا کی ہوئی مقدار) قرآن پاک میں ہے: "وَخُذْ بِیَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِهٖ وَلَا تَحْنَثْ" ج: اَضْغَاثٌ۔ کہاوت ہے: اَتَانَا بِاَضْغَاثٍ مِن اَخْبَارٍ: وہ ہمارے پاس مختلف قسم کی ملی جلی خبریں لایا۔

اَضْغَاثُ الاَحْلَامِ: ناقابل تعبیر الجھے ہوئے خواب، خوابہائے پریشان، پراگندہ خواب، موہوم امیدیں۔ قرآن پاک میں ہے: "قَالُوا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ"

ضِغْثٌ علی اِبَّالَةٍ: بوجھ در بوجھ، مصیبت بالائے مصیبت۔

• ضَغْضَغَ الاَدْرَدُ اللُّقْمَةَ ونَحْوَھا: پوپلے آدمی کا لقمہ وغیرہ چبانا جس کی آواز سنی جائے۔

ـــ اللَّحْمَ فی فِیهِ: گوشت کو ہلکا سا چبانا

ـــ الکلامَ: چبا چبا کر بولنا، صاف نہ بولنا۔

• ضَغَطَهُ ـ ضَغْطًا: دیوار وغیرہ سے لگا کر بھینچنا، دبانا (۲) نچوڑنا۔

ـــ الکلامَ: بہت مختصر بات کرنا۔

ـــ علیه فی غُرْمٍ ونحوِہ: کسی پر تاوان وغیرہ کے لئے دباؤ ڈالنا، سختی برتنا اور زور دینا (۲) تنگ کرنا، مجبور کرنا۔

ضَاغَطَهُ مُضَاغَطَةً وضِغَاطًا: دباتے رہنا، مزاحمت کرنا۔

تَضَاغَطَا: ایک دوسرے کو دبانا، تنگ کرنا، باہم ٹکرانا۔

الضَّاغِطُ: محافظ و نگران ج: ضَوَاغِطُ۔

الضَّاغِطَةُ: روئی وغیرہ دبانے کی مشین۔

الضَّغْطُ : دباؤ، داب (۲) زور (۳) تنگی۔
الضَّغْطُ الجَوِّيُّ : فضائی دباؤ، اس دباؤ کو کہتے ہیں جو ایک خاص نقطہ پر مرکوز ہوتا ہے اور یہ اس ثقل کی بنا پر ہوتا ہے جو اس نقطہ پر ہوا کے ستون سے پیدا ہوتا ہے۔
ضَغْطُ الدَّمِ : خون کا دباؤ، بلڈ پریشر۔
ضَغْطُ الدَّمِ العالی : ہائی بلڈ پریشر، بڑھا ہوا خون کا دباؤ۔
ضَغْطُ الدَّمِ الهابِطُ : لو بلڈ پریشر، گھٹا ہوا خون کا دباؤ۔
ضَغْطُ السُّكَّان : آبادی کا دباؤ، بوجھ۔
الضَّغْطُ السِّيَاسِيُّ : سیاسی دباؤ، سیاسی حالات کے تقاضے۔
ضَغْطُ العَمَلِ : کام کا دباؤ، ہجوم کار
الضَّغْطُ النَّفْسِيُّ : ذہنی دباؤ۔
الضَّغْطُ الهابِطُ : لو بلڈ پریشر، گھٹا ہوا خون کا دباؤ۔
الضَّغْطَةُ : تنگی، قبر کی تنگ جگہ (۲) دباؤ، زور زبردستی، مجبوری (۳) ایک داب، ایک دفعہ کا دبانا۔
الضُّغْطَةُ : سختی، بھیڑ، تنگی، بے آرامی (۲) قرض دار اور قرض خواہ کے درمیان آویزش جس کے تحت قرض دار ٹال مٹول کر کے قرض کا کچھ حصہ کم کرانے کا خواہش مند ہو۔
الضَّغِيطُ : رَجُلٌ ضَغِيطٌ : کمزور رائے والا
بِئْرٌ ضَغِيطٌ : وہ کنواں جس کا پانی خراب ہو کر رستا ہوا برابر والے کنویں تک پہنچ جائے اور اس کے پانی کو بھی خراب کر دے یا وہ کنواں جس کے پاس دوسرا کنواں کھود دیا گیا ہو اور اس کا پانی کم ہو گیا ہو ج : ضَغْطَى۔
المَضْغَطُ : نشیبی زمین جہاں پانی رک جاتا ہو ج : مَضَاغِطُ۔

• ضَغَمَهُ و بِهِ ـَ ضَغْمًا : پورا منہ لگا کر زور سے کاٹنا۔
ـــ الفَقْرُ : غربت کا کسی کو ستانا۔
أَضْغَمَ الفَمُ : منہ کا بہت لعاب والا ہونا
الضُّغَامَةُ : دانتوں سے کاٹ کر پھینکی ہوئی چیز
الضَّيْغَمُ : بڑی باچھوں والا شیر ج : ضَيَاغِمُ و ضَيَاغِمَةٌ۔
• ضَغِنَ العُودُ ـَ ضَغَنًا : ٹیڑھا ہونا، پیچ دار ہونا۔
ـــ الدَّابَّةُ : جانور کا سرکش ہونا، قابو میں نہ آنا۔
ـــ إِلَيهِ : مائل ہونا، مشتاق ہونا۔
ـــ عَلَيهِ : کینہ رکھنا، کسی سے دل میں سخت دشمنی رکھنا۔
ـــ صَدْرُهُ : دل میں کینہ ہونا۔ هو ضَغِنٌ و ضَاغِنٌ۔
أَضْغَنَ عَلَيهِ ضَغِينَةً : دل میں کینہ رکھنا، دشمنی چھپائے رکھنا۔
ضَاغَنَهُ : دشمنی رکھنا، بغض کا جواب بغض سے دینا۔
اضْطَغَنَ القَوْمُ : باہم کینہ رکھنا۔
ـــ فُلَانٌ علی فُلَانٍ : کینہ رکھنا، بغض رکھنا۔
ـــ بالثَّوْبِ : کپڑا اوڑھنا۔
ـــ الشَّيْءَ : بغل کے نیچے لینا۔
تَضَاغَنَا : ایک دوسرے کے خلاف کینہ رکھنا، حسد کرنا۔
الضَّاغِنُ : کینہ ور (۲) ٹیڑھا (۳) حاسد (۴) وہ گھوڑا یا دوسرا جانور جو بغیر پٹائی نہ چلتا ہو۔
الضِّغْنُ : سخت چھپی دشمنی، زبردست کینہ قرآن پاک میں ہے : "وَلَا يَسْأَلْكُمْ أَمْوَالَكُمْ، إِن يَسْأَلْكُمُوهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوا وَيُخْرِجْ أَضْغَانَكُمْ" کہاوت ہے : سَلَّ

ضِغْنَ فُلَانٍ : کسی کو راضی کرنا (۲) جھکاؤ، اشتیاق (۳) بغل، گود (۴) جانب، پہاڑ کا پہلو ج : أَضْغَانٌ۔ نَاقَةٌ ذَاتُ ضِغْنٍ : اپنے وطن کی مشتاق اونٹنی۔
مَجَامِعُ الأَضْغَانِ : کنایۃً قلوب۔
الضَّغُونُ : اس طرح دوڑنے والا کہ پیچھے لوٹتا ہوا معلوم ہو ج : ضُغُنٌ۔
الضَّغِينَةُ : کینہ، شدید بغض و عداوت ج : ضَغَائِنُ۔
• ضَغَا القِطُّ و نَحْوُهُ ـُ ضَغْوًا و ضُغَاءً : بلی، بھیڑیے، لومڑی، کتے اور سانپ کا کسی تکلیف کی وجہ سے چیخنا، شور مچانا، توسعاً اس کا استعمال انسان کے لئے بھی کیا جاتا ہے جبکہ وہ کسی درد و تکلیف کے باعث کسی سے فریاد کرے۔
ـــ المَقْهُورُ : مظلوم و مغلوب کا شور مچانا اور بے بس ہو جانا۔
أَضْغَاهُ : بلی وغیرہ کو ایسی تکلیف دینا کہ وہ شور مچائے۔
ضَغَّاهُ : أَضْغَاهُ۔
تَضَاغَى القِطُّ وغَيْرُهُ : بلی وغیرہ کا شور مچانا۔
ـــ مِنَ الجُوعِ و الأَلَمِ : بھوک یا تکلیف کے باعث چلانا، بلبلانا۔
ـــ الثَّرِيدَةُ و نَحْوُهَا : ثرید سے گھی ملاتے وقت آواز نکلنا۔
الضَّاغِيَةُ : چیخنے چلانے والی (۲) بلی وغیرہ کی درد و کرب کی آواز ج : ضَوَاغٍ۔
الضُّغَاءُ : بلی وغیرہ کی بلبلاہٹ، چیخ و پکار (۲) مغلوب و حقیر آدمی کی آواز۔

ض ـــ ف

• ضَفْدَعَ المَاءُ او المَكَانُ : بہت مینڈکوں والا ہونا۔

الضِّفْدَعُ: مینڈک (نر و مادہ دونوں کے لئے) ج: ضَفَادِعُ۔ نَقَّتْ ضَفَادِعُ بَطْنِهِ: پیٹ میں مینڈک بولنا یعنی بہت بھوک لگنا۔
الضِّفْدَعُ: الضِّفْدِعُ۔
•ضَفَرَ ـِ ضَفْرًا: کودنا، دوڑنا۔
— الشَّعْرَ وغَيْرَهُ: بالوں کو گوندھنا، چوٹی بنانا۔
— الحَبْلَ او الخَيْطَ: رسّی یا دھاگا بٹنا، بل دینا۔
— البِنَاءَ ونَحْوَهُ: بلا چونا یا مسالا پتھروں کی عمارت بنانا، پتھروں کو چوٹی کی طرح ایک دوسرے میں گھسا کر جوڑنا
ضَافَرَهُ عليه: کسی کام میں کسی کی مدد کرنا، پشت پناہی کرنا۔
ضَفَّرَهُ: ضفر کا مبالغہ، خوب کودنا (۲) بالوں کو خوب گوندھنا (۳) دھاگے وغیرہ کو اچھی طرح بٹنا۔
انْضَفَرَ الحَبْلَانِ ونحوهما: دو رسیوں وغیرہ کا گندھا ہوا ہونا یا گندھ جانا، بٹ جانا۔
تَضَافَرُوا على كذا: کسی معاملہ میں ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
تَضَافُرُ الجُهُودِ: کوششوں کا متحدہ و مشترکہ ہونا۔
الضِّفَارُ: اونٹ کے پالان کا تنگ (۲) بالوں کی رسّی جس سے اونٹ وغیرہ کو باندھا جائے ج: ضُفُرٌ
الضَّفْرُ: الضِّفَارُ (۲) کمر وغیرہ پر باندھنے کی پٹی (۳) بالوں کی الگ گندھی ہوئی لٹ (۴) ریت کا بڑا ٹیلہ ج: ضُفُورٌ و اَضْفَارٌ
الضَّفِيرُ: گندھے ہوئے بال وغیرہ، بٹ دی ہوئی رسّی وغیرہ۔
ضَفِيرُ البَحْرِ: دریا کا کنارہ۔
الضَّفِيرَةُ: چوٹی (بالوں کی ایک ایک لٹ جسے گوندھا جائے) (۲) پانی کی روک والی دیوار ج: ضَفَائِرُ و ضُفُرٌ۔
•ضَفَزَ ـِ ضَفْزًا: کودنا، دوڑنا۔
— الشَّيْءَ: ہاتھ یا پیر سے دھکا دینا، دھکیلنا۔
— اللِّجَامَ او العَلَفَ فِي فَمِ الفَرَسِ: منہ میں لگام یا چارہ ڈالنا۔
— الحَيَوَانَ: جانور کو چارہ میں جو ملا کر کھلانا (۲) جانور کو منہ میں چارہ لینے پر مجبور کرنا، زبردستی کھلانا۔
اضْطَفَزَ الشَّيْءَ: مجبوراً منہ میں لینا۔
الضَّفْزُ: کٹے ہوئے اور تر کئے ہوئے جو وغیرہ کا چارہ۔
الضَّفَّازُ: چغل خور۔
الضَّفِيزَةُ: الضَّفْزُ (۲) بڑا لقمہ۔
ضَفْضَفَ القومُ: لوگوں کا اکٹھا ہونا۔
•ضَفَطَ بالحبلِ ـُ ضَفْطًا: رسّی سے مضبوط باندھنا۔
— بِسَلْحِهِ: بیٹ کرنا، پاخانہ کرنا۔
ضَفُطَ ـُ ضَفَاطَةً: ڈھیلے اور بڑے پیٹ والا ہونا (۲) جاہل اور کمزور رائے ہونا۔
تَضَافَطَ اللَّحْمُ: گوشت کا گٹھا ہوا ہونا
الضَّفْطَةُ: جہالت، رائے کی کمزوری۔
الضَّافِطُ: قریب کا مسافر۔
الضَّافِطَةُ: باربردار اونٹ، شتربان، رذیل لوگ
•ضَفَّ القومُ عَلَى الشَّيْءِ ـِ ضَفًّا: اکٹھا ہونا، بھیڑ لگانا
— المُصْطَلِي: ہاتھ تاپنے والے کا انگلیاں ملا کر آگ کے نزدیک کرنا۔
— الشَّيْءَ: جمع کرنا، اکٹھا کرنا۔
تَضَافُّوا على الشَّيْءِ: کسی چیز کے لئے بھیڑ لگانا، سب کا اکٹھا ہونا، مثلاً کھانے یا پینے کے لئے اکٹھا ہونا (۲) لوگوں کا مال کم ہونا یا ختم ہونا۔
الضَّفُّ: رَجُلٌ ضَفُّ الحَالِ: خستہ حال آدمی، تنگ دست۔
الضُّفُّ: مٹیالے رنگ کا ایک کیڑا جس کے کاٹنے سے دبھڑی پڑ جاتی ہے ج: ضِفَفَةٌ
الضَّفَفُ: سختی و تنگی، تنگ حالی (۲) تھوڑا سا کھانا (۳) قلت خوراک کے ساتھ کھانے والوں کی کثرت (۴) اہل و عیال کی کثرت (۵) پانی وغیرہ پر لوگوں کی بھیڑ (۶) اوچھا پیمانہ (۷) ادھی بھری ہوئی چیز (۸) رائے کی کمزوری، کم عقلی (۹) کام میں عجلت (۱۰) ضرورت۔
الضَّفَّةُ من البَحْرِ او النَّهْرِ او الوادي و نَحْوِهِ: کنارہ، ساحل (هما ضَفَّتَانِ)۔
— من الماءِ: پانی کا پہلا اچھال۔
— من النَّاسِ: لوگوں کی جماعت ج: ضِفَافٌ۔
الضِّفَّةُ: الضَّفَّةُ۔
الضَّفُوفُ من العُيُونِ: بہت پانی والا چشمہ
— من الشَّاءِ و الإِبِلِ: بہت دودھ والی بکری یا اونٹنی ج: ضُفُفٌ۔
الضَّفِيفُ: فُلَانٌ من لَفِيفِنَا وضَفِيفِنَا: بوقت مصیبت وہ (اور ہم ساتھ ہو جاتے ہیں۔
الضَّفِيفَةُ مِنَ النَّبْتِ او البَقْلِ: کمزور پودا یا سبزی۔
المَضْفُوفُ: وہ چیز جس پر بھیڑ لگی ہو (۲) خالی ہو جانے والا آدمی۔
•ضَفَنَ بالشَّيْءِ ـِ ضَفْنًا: پھینکنا۔
— الدَّابَّةَ بِرِجْلِهَا: لات مارنا۔
— اليه: کسی کے پاس بیٹھنے کے لئے آنا۔
— مع الضَّيْفِ: مہمان کے ساتھ چلنا۔
— الشَّيْءَ على الدَّابَّةِ: کوئی چیز چوپائے پر لادنا۔
— ضَرْعَ النَّاقَةِ ونَحْوِهَا: دوہنے

کے لئے نفس کو دبانا۔

ضَفَنَ فُلَانًا: کسی کے سرین پر لات مارنا۔

— بحاجتِه: ضرورت پوری کرنا۔

ضَافَنَهٗ عَلَیه: کسی کام میں مدد دینا۔

تَضَافَنُوا علی کذا: کسی معاملہ میں باہم تعاون کرنا۔

الضِّفَنُّ: کوتاہ قد، چھوٹا (۲) موٹا اور بیوقوف

•ضَفَا الشیءُ ـُ ضَفْوًا و ضُفُوًّا: بڑھنا، زیادہ ہونا۔

— الثَّوبُ: کپڑے کا پورا ہونا۔

— رَأْسُهٗ: سر کا بہت بالوں والا ہونا۔

— الحَوْضُ و نَحْوُهٗ: حوض وغیرہ کا کناروں تک بھرنا، چھلکنا۔

— فُلَانٌ ضَافِی الفَضْلِ و نحوه: فلاں بڑا فیاض ہے۔

الضَّافِی: لبالب بھرا ہوا، چھلکتا ہوا (۲) زائد، سطح سے اوپر (۳) کنارہ، کونا۔ ضَفَوَان: دو کنارے۔

الضَّفْوَةُ: ضَفْوَةُ العَیْش: زندگی کی آسودگی، خوش حالی۔

ض ـــــ ق

•ضَقَّ ـِ ضَقًّا: آواز نکلنا۔

ض ـــــ ک

•ضَکْضَکَ: تیز چلنا۔

— الشیءَ: دبانا، بھینچنا۔

— المَطَرُ الأرضَ: بارش کا زمین کو دھو دینا۔

تَضَکْضَکَ: دبنا (۲) زمین کا بارش سے دھل جانا (۳) خوش ہونا۔ بے تکلف ہونا۔

الضُّکَاضِکُ: گٹھے ہوئے بدن کا ٹھنگنا آدمی

الضُّکْضَاکُ: الضُّکَاضِکُ۔

•ضَکَّهٗ ـُ ضَکًّا: دبانا، بھینچنا (۲) زور سے چٹکی بھرنا۔

ضَاقَّ الأمرُ فُلَانًا: پریشان کرنا، تڑپانا، کسی کے لئے پریشان کن ہونا۔

— فُلَانًا بالحُجّة: دلیل سے مغلوب کرنا

•ضَکَزَهٗ ـُ ضَکْزًا: زور سے چٹکی بھرنا، کوئی چیز چبھانا۔

ض ـــــ ل

•ضَلَعَ ـَ ضَلْعًا: پسلی کی طرح ٹیڑھا ہونا

— عن الحقّ: حق سے ہٹنا۔

— علیه: زیادتی اور ظلم کرنا۔

— الحَیَوَانَ: جانور کی پسلی توڑنا۔

ضَلِعَ ـَ ضَلَعًا: ٹیڑھا ہونا۔

— مع فُلَانٍ: کسی کی طرف مائل ہونا، کسی کے ساتھ تعاون کرنا (۲) شکم سیر ہونا اور پانی سے سیر ہونا (۳) طاقتور ہونا۔

ضَلُعَ ـُ ضَلَاعَةً: طاقتور ہونا (۲) مضبوط پسلیوں والا ہونا۔

— فَمُهٗ: منہ چوڑا ہونا (۲) ملے ہوئے دانتوں والا ہونا۔

أَضْلَعَت الدَّابَّةُ: چوپائے میں بوجھ اٹھانے کی طاقت نہ ہونا۔

— الشیءُ و علیه: قادر ہونا، قابو یافتہ ہونا۔

— الشیءَ: جھکانا، ٹیڑھا کرنا۔

— الحِمْلُ الدَّابَّةَ و نَحْوَها: سامان کا چوپائے کو بوجھل کرنا۔

أَضْلَعَتْهُ الخُطُوبُ: مصائب نے اسے گراں بار کر دیا۔

ضَلَّعَهٗ: پسلیوں جیسے نقش و نگار والا بنانا کہتے ہیں: ضَلَّعَ الثوبَ او النَّسِیجَ۔ شَکْلٌ اور رَسْمٌ مُضَلَّعٌ: پسلی جیسی شکل یا نقش (۲) جھکانا، بوجھل کرنا۔

الثَّوبُ المُضَلَّعُ: پھول دار کپڑا، دھاری دار کپڑا۔

اِضْطَلَعَ للأمرِ و علیه: قادر ہونا، قابو یافتہ ہونا۔

— به: کسی چیز کی طاقت ہونا، کسی چیز کو لے کر اٹھنا، سنبھالنا، ذمہ داری لینا۔

تَضَلَّعَ: کھانے یا پانی سے سیر ہونا۔

— من العلوم و نحوها: علم وغیرہ میں دست گاہ حاصل کرنا، علوم میں پختہ اور منجھا ہوا ہونا۔

اِسْتَضْلَعَ: تَضَلَّعَ۔

الأَضْلَعُ: طاقتور مضبوط پسلیوں والا آدمی (۲) پسلی کی طرح چوڑے دانت والا ج: ضُلْعٌ۔

الضَّالِعُ: ٹیڑھا، لنگڑا ج: ضَوَالِعُ۔

الضِّلَعُ: پسلی (سینہ کے قفص کی خم دار ہڈی مؤنث و مذکر) (۲) ٹیڑھی شاخ (۳) علم ہندسہ میں مثلث کا احاطہ کرنے والا ایک خط (تکون کا ضلع) علم الحساب میں جذر (ایک خط جو زمین پر کھینچا جائے پھر دوسرا خط کھینچ کر دونوں کے درمیان چھوٹے چھوٹے خطوط کھینچے جائیں) ج: أَضْلُعٌ و ضُلُوعٌ و أَضْلَاعٌ

الضَّلْعُ: بوجھل، پریشان کن بوجھ۔

الضَّلُوعُ: ڈھلوان زمین۔

الضَّلِیعُ: طاقتور، مضبوط پسلیوں والا (۲) بھاری سینہ اور بڑے پہلوؤں والا (۳) کشادہ دہن اور بڑے دانتوں والا خم دار ٹیڑھی کمان ج: ضُلُعٌ و ضُلُعٌ ضَلَائِعُ۔

المُضَلَّعُ: مضبوط پہلوؤں والا (۲) پسلیوں جیسے نقوش والا کپڑا۔

•ضَلَّ ـِ ضَلًّا و ضَلَالًا و ضَلَالَةً: پوشیدہ ہونا (۲) غائب ہو جانا۔

ضَلَّ الشیءُ فی الشیءِ۔ (۳) ضائع ہونا، ہلاک و برباد ہونا (۴) باطل و بے اثر ہونا (۵) چلا جانا،

جیسے: ضَلَّ سَعْيُهٗ: اس کی کوشش یونہی گئی، بے سود رہی (۶) پتا نہ چلنا (۷) گمراہ ہونا (راہِ حق سے ہٹا ہوا ہونا)
ضَلَّ النَّاسِي: بھولنے والے کا حافظہ باقی نہ رہنا، یادداشت ختم ہو جانا۔
— الشيءَ وعنه وفيه: بھول جانا، بھول ہو جانا (۲) نہ پانا، گم کرنا۔
— الطَّرِيْقَ: راستہ بھولنا، بھٹکنا، گمراہ ہونا۔
— الشيءُ فُلَانًا: کوئی چیز کسی کے قبضہ سے نکل جانا، چیز کا بس میں نہ آنا۔
— المَيِّتُ فِي الْأَرْضِ: زمین میں مردہ کا گل سڑ کر معدوم ہو جانا۔
ضَلَّ ـ ضَلَالًا وضَلَالَةً: بمعنی ضَلَّ
أَضَلَّهٗ: گمراہ کرنا (۲) چھپانا (۳) ضائع کرنا، ہلاک وبرباد کرنا (۴) گمراہ پانا یا سمجھنا (۵) غائب کرنا (۶) دفن کرنا۔
— الشيءُ فُلَانًا: کسی شے کا کسی کے قبضہ میں نہ رہنا۔
— اللّٰهُ أَعْمَالَهُمْ: اللہ کا اعمال کو رائگاں کرنا، ان پر جزا نہ دینا۔
ضَلَّلَ تَضْلِيْلًا وتَضْلَالًا: گمراہ کرنا (راہِ حق سے ہٹا دینا) گمراہ قرار دینا (۲) دھوکہ دینا۔
— الماءَ: چٹانوں یا درختوں میں پانی چھوڑنا۔
تَضَالَّ فُلَانٌ: گمراہ بننا، بے راہ روی کا اظہار کرنا۔
تَضَلَّلَ الماءُ من تحتِ الحَجَرِ: زیرِ چٹان پانی جاری ہونا۔
إِسْتَضَلَّ فُلَانًا: گمراہ کرنے کی کوشش کرنا
اسْتَضَلَّ ضَلَالَهٗ: کسی کی گمراہی چاہنا۔
الْأُضْلُوْلَةُ: گمراہی ج: أَضَالِيْل۔
الضَّالُّ: گمراہ، راہِ حق سے ہٹنے والا، اللہ کے دین سے پھرنے والا یا ہٹا ہوا ج: ضُلَّال۔
الضَّالَّةُ: کھوئی چیز، تلاش کی جانے والی گم شدہ چیز محسوسات میں سے ہو یا معنویات میں سے۔ گم شدہ چوپایے اونٹنی وغیرہ پر اطلاق ہوتا ہے اور معنویات میں کہا جاتا ہے۔ الحِكْمَةُ ضَالَّةُ المُؤْمِنِ: مؤمن کے لئے حکمت ایسی ہے جیسے کھوئی اونٹنی کہ اس کا مالک اسے ہر جگہ تلاش کرتا ہے ایسے ہی مؤمن کو حکمت جہاں ملے حاصل کرنی چاہئے ج: ضَوَالّ۔
الضَّلَالُ: گمراہی (۲) ہلاکت (۳) غیبوبت (۴) باطل (۵) بھول (۶) بے راہ روی قصدًا ہو یا سہوًا، راہِ حق سے انحراف (۷) دھوکہ۔ هو الضَّلَالُ ابنُ التَّلَالِ: پتا نہیں وہ کون ہے اور کس کی اولاد ہے۔
الضَّلَالَةُ: الضَّلَالُ۔ بے راہ روی، گمراہی
ضَلَالَةُ العَمَلِ: عمل کی رائگانی۔
الضَّلُّ: الضَّلَالُ۔
الضِّلُّ: هو ضِلُّ بنُ ضِلٍّ: وہ انتہائی گمراہ ہے یا وہ نامعلوم النسب ہے یا وہ مکار وعیار ہے۔
الضَّلَلُ: زیرِ چٹان آبِ جاری جس پر دھوپ نہ پڑتی ہو (۲) درختوں کے درمیان چلنے والا پانی جس پر دھوپ نہ پڑتی ہو
الضَّلَّةُ: حیرانی (۲) ایک دفعہ کی گمراہی۔
الضُّلَّةُ: سفر میں راہ نمائی کی واقفیت ومہارت
هو دَلِيْلٌ ذُو ضُلَّةٍ: وہ ماہر رہبر ہے۔
الضِّلَّةُ: ذَهَبَ دَمُهٗ ضِلَّةً: اس کا خون رائگاں ہوا، بے انتقام رہا
هو ابنُهٗ لِضِلَّةٍ: وہ اس کا بے راہ رو لڑکا ہے۔ هو تِبْعُ ضِلَّةٍ: بے نفع اور مکار ہے۔
الضِّلِّيْلُ: انتہائی گمراہ، گمراہ ترین، لغویات پسند
الضَّلُوْلُ: الضِّلِّيْلُ۔
الْمُضِلُّ: گمراہ کن، دھوکہ باز (۲) سراب (چونکہ وہ دیکھنے والے کو دھوکہ دیتا ہے) (۳) ہلاکت خیز۔
الْمُضَلَّلُ: خیر کی توفیق سے محروم (۲) گمراہ و برباد شدہ۔
الْمَضِلَّةُ: فِتْنَةٌ مَضِلَّةٌ: ہلاکت خیز آفت (مفرد وغیرہ اور مذکر ومؤنث سب کے لئے) ج: مَضَالّ۔

ض ـــ م

• اِضْمَحَلَّ: کمزور ہونا، سست ہونا، گھل گھل کر ناپید ہو جانا، انحطاط پذیر ہونا، گراوٹ آنا۔
اضْمَحَلَّ السَّحَابُ: بادل دور ہونا۔
الْمُضْمَحِلُّ: زوال پذیر، انحطاط پذیر (۲) سست، کمزور۔
• ضَمَخَ جَسَدَهٗ وغيرَه بالطِّيْبِ وغيرِه ـ ضَمْخًا: جسم وغیرہ پر خوشبو خوب ملنا، جسم کو خوشبو سے لتھیڑنا۔
— فُلَانًا وغيرَه: تھکا دینا۔
ضَمَّخَهٗ بالطِّيْبِ وغيرِه: خوشبو خوب ملنا، خوب لتھیڑنا۔
تَضَمَّخَ بالطِّيْبِ وغيرِه: خوشبو سے لتھڑنا، لت پت ہونا، بہت خوشبو لگانا۔
الضَّمْخَةُ: آلودگی، ایک دفعہ کی لگائی ہوئی زبردست خوشبو (۲) موٹی اور چربی دار اونٹنی یا عورت۔
• ضَمَدَ الجُرْحَ وغيرَه ـ ضَمْدًا وضِمَادًا: زخم پر لیپ کرنا، دوا ملنا، پلاسٹر چڑھانا، مرہم پٹی کرنا۔
— فُلَانًا: دل جوئی کرنا، دل شکستہ کو تسلی دینا۔
— المرأةُ فُلَانًا: عورت کا کسی کو کسی

سے دوستی میں شریک کرنا۔
ضَمِدَ ـ ضَمَدًا: سوکھنا، خشک ہونا کہتے ہیں: ضَمِدَ الدَّمُ عَلَى الذَّبِيحَةِ۔
ـــ عَلَيْهِ: کسی سے سخت عداوت رکھنا۔
أَضْمَدَ القَوْمَ وغيرَهم: جمع کرنا، متحد کرنا
ضَمَّدَهُ: خوب دوا ملنا، مکمل پلاسٹر چڑھانا، اچھی طرح مرہم پٹی کرنا، ڈریسنگ کرنا۔
تَضَمَّدَ: مطاوع ضَمَّدَ۔
التَّضْمِيدُ: ڈریسنگ، مرہم پٹی۔
الضِّمَادُ: عورت کی بیک وقت دو مردوں سے دوستی تاکہ بزمانۂ قحط دونوں کے یہاں کھانا کھا سکے (۲) لیپ، مرہم وغیرہ جو زخم پر لگایا جائے (۳) مرہم پٹی (۴) پلاسٹر جو ٹوٹی ہڈی جوڑنے کے لئے چڑھایا جائے ج: اَضْمِدَة وضَمائِدُ
الضِّمَادَةُ: لیپ، مرہم پٹی، پلاسٹر (۲) جراحی کا پیشہ (۳) ڈریسنگ ج: ضَمَائِد۔
أنَا عَلَى ضِمَادَةٍ مِنَ الأَمْرِ: میں معاملہ کے قریب ہوں۔
الضِّمْدُ: دوست، ساتھی ج: أَضْمَادٌ۔
الضَّمَدُ: کینہ، سخت نفرت (۲) سخت غصہ (۳) ظلم۔
المِضْمَدَةُ: بیلوں کے جوئے کی دو لکڑیاں جو بیل کی گردن کے دونوں طرف رہتی ہیں ج: مَضَامِد۔
•ضَمَرَ ـ ضُمُورًا: دبلا ہونا، پتلا ہونا، چھریرا ہونا (۲) سکڑنا، سمٹنا۔
ـــ العُودُ: شاخ کا سوکھ کر پتلا ہو جانا۔
أَضْمَرَتِ المَرْأَةُ ونَحْوُها: عورت کا حاملہ ہونا۔
ـــ الشَّاعِرُ: شاعر کا اپنے شعر میں اضمار استعمال کرنا۔
ـــ الحَيَوَانَ: دبلا پتلا کرنا، سکھا دینا۔
ـــ الشَّيْءَ: چھپانا۔ أَضْمَرَ فِي نَفْسِه شَيْئًا: دل میں کوئی بات چھپانا، دل میں کسی بات کا پختہ ارادہ رکھنا۔
ضَمَّرَهُ: دبلا اور پتلا کرنا۔
ـــ الفَرَسَ لِلسِّبَاقِ ونَحْوِهِ: گھوڑے کو دوڑ کی تیاری کے لئے ایک عرصہ تک کھڑا کرکے کھلانا اور میدان میں ہلکا پھلکا کرکے دوڑانا، کھلانے کی یہ مدت عربوں کے یہاں چالیس دن ہوتی تھی۔
اضْطَمَرَ: دبلا پتلا ہونا۔
ـــ اللُّؤْلُؤُ: موتیوں کا ل جانا۔
انْضَمَرَ: ضَمَرَ۔
تَضَمَّرَ: مطاوع ضَمَّرَ۔
ـــ الوَجْهُ: دبلے پن سے چہرہ سکڑ جانا، مرجھا جانا۔
الإِضْمَارُ: کامل کی ردیف میں حرف ثانی مثل تا کو ساکن کرنا جس سے مُتَفَاعِلُنْ سے مُتْفَاعِلُنْ بروزن مُسْتَفْعِلُنْ ہو جاتا ہے۔ بالفاظ دیگر دوسرے حرف کے اسکان کا نام ہے (۲) علم النحو میں فاعل کی ضمیر لانا۔
الإِضْمَارُ قَبْلَ الذِّكْرِ: مرجع سے پہلے ضمیر لانا۔
الضَّامِرُ: پتلا دبلا، چھریرے بدن کا۔ جَمَلٌ ضَامِرٌ۔ نَاقَةٌ ضَامِرَةٌ وضَامِرٌ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَأَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالحَجِّ يَأْتُوكَ رِجَالًا وَعَلَى كُلِّ ضَامِرٍ" ج: ضُمَّرٌ وضَوَامِرُ۔
الضِّمَارُ: غائب (۲) ناقابل وثوق معاملہ
مَالٌ ضِمَارٌ: ناقابل واپسی مال۔
دَيْنٌ ضِمَارٌ: ایسا قرض جس کی واپسی کی امید نہ ہو۔ وَعْدٌ ضِمَارٌ: ٹال مٹول کا وعدہ۔
الضُّمْرُ: تنگی۔ رَجُلٌ ضُمْرٌ: پتلے پیٹ کا آدمی (۲) پوشیدہ یا پوشیدہ کیا ہوا، ضمیر۔
الضُّمُورُ: دبلاپن۔
الضَّمِيرُ: پوشیدہ مُضمر (۲) پوشیدہ خیال، دل کی بات (۲) وہ اسم جو متکلم یا مخاطب یا غائب پر دلالت کرے جیسے: انا (میں) انت (تو) هو (وہ)، ج: ضَمَائِرُ۔
ضَمِيرُ الإِنْسَانِ: اعمال و اقوال اور افکار و خیالات میں اچھے برے کی تمیز و ادراک اور اچھے کو اچھا اور برے کو برا سمجھنے کی نفسیاتی اور ذہنی استعداد۔
الضَّوْمَرَانُ والضَّيْمُرَانُ: فارس کی چنبیلی۔
المِضْمَارُ: گھڑ دوڑ کا میدان، ریس گراؤنڈ (۲) گھوڑوں کو سدھانے کا میدان (۳) گھوڑوں کو باندھ کر کھلانے اور دوڑ کیلئے تیار کرنے کا عرصہ ج: مَضَامِير۔
•ضَمَزَ الحَيَوَانُ ـ ضُمُوزًا: جانور کا جگالی نہ کرنا، منھ میں روک کے رکھنا (خوف وغیرہ کی وجہ سے)۔
ـــ فَاهُ: منھ میں جگالی روکنا، منھ بند رکھنا۔
ـــ عَلَى مَالِهِ: مال کو روک کے رکھنا اور بخل کرنا۔
ـــ فُلَانٌ: انکساری اور فروتنی کرنا۔
ـــ فُلَانًا ونَحْوَهُ: (جوش یا غصہ) ٹھنڈا کرنا، سکون بخشنا۔
ـــ اللُّقْمَةَ: لقمہ نگلنا (۲) لقمہ پر لقمہ لینا۔
ـــ فُلَانًا: عیب لگانا، برائی کرنا۔
الضَّمْزُ: ٹیلہ، بلند جگہ (۲) الگ تھلگ کھڑا ہوا خالص سرخ چٹانی پہاڑ جس میں مٹی نہ ہو ج: ضُمُوزٌ۔
•ضَمَسَهُ ـ ضَمْسًا: آہستہ آہستہ چبانا۔
•ضَمْضَمَ الأَسَدُ: شیر کا گرجنا، دہاڑنا۔
ـــ عَلَى المَالِ ونَحْوِهِ: سب کا سب لے لینا۔
ـــ فُلَانٌ: ہمت افزائی کرنا۔

الضُّمَاضِمُ: غضبناک شیر (جو ہر شے کو اپنی طرف کھینچ لینا چاہتا ہو) (۲) بدنیت، بسیار خور جس کا پیٹ نہ بھرتا ہو (۳) بخیل و کنجوس.

الضَّمْضَامُ: مطلب خور لالچی آدمی.

الضَّمْضَمُ: الضُّمَاضِمُ و الضَمْضَامُ (۲) دلیر (۳) بھاری بھرکم، ڈیل ڈول کا ج: ضَمَاضِمُ.

•الضَّمِيْلَةُ: لنگڑی اور اپاہج عورت ج: ضَمَائِلُ.

•ضَمَّ فُلَانٌ من ماله ـُ ضَمًّا: مال کا کچھ حصہ لینا.

ــ على المال: سارا مال لینا.

ــ الأَشْيَاءَ: مٹھی میں لینا (۲) اکٹھا کرنا، باہم ملانا.

ــ الشيءَ الى الشَّيءِ: ایک شے کو دوسری کے ساتھ جوڑنا، ملانا، ضم کرنا.

ــ البَلَدَ الى بَلَدٍ: ایک ملک کا دوسرے سے الحاق کرنا.

ــ فُلَانًا الى صَدْرِه: سینہ سے لگانا، معانقہ کرنا.

ــ جناحَهُ عن النَّاسِ: نرمی برتنا

ــ الحَرْفَ: ضمہ (پیش) کی حرکت دینا.

ــ الى اللَّجْنَةِ عُضْوًا: کمیٹی کا ممبر بنانا.

ــ الصُّفُوفَ: شیرازہ بندی کرنا، متحد کرنا.

ضَامَّهُ إليه مُضَامَّةً و ضِمَامًا: اپنے سے ملانا، اپنی طرف کھینچنا.

ــ فُلَانٌ فُلَانًا: کسی کام میں کسی کے ساتھ شریک ہونا.

اضْطَمَّ بَعْضُهُ الى بعض: باہم جڑجانا، مل جانا.

ــ عليه: مشتمل ہونا، لپٹا ہوا ہونا.

ــ الشيءَ الى نَفْسِه: اپنی طرف کھینچنا

انْضَمَّ الشيءُ: مل جانا، جڑ جانا.

ــ فُلَانٌ الى حزبٍ وغيره: پارٹی وغیرہ میں شامل ہونا، شریک ہونا.

انْضَمَّ بَلَدٌ الى بَلَدٍ: ایک ملک کا دوسرے ملک میں ضم ہو جانا، مل جانا.

ــ الى تَيَّارٍ: کسی دھارے میں بہنا.

ــ القَوْمُ: لوگوں کا متحد ہونا.

تَضَامَّ الشيءُ: جڑ جانا، متحد و مضبوط ہونا

ــ القَوْمُ: لوگوں کا باہم متحد و متفق ہونا.

الانْضِمَامُ: شمولیت، اشتراکیت، انضمام، الحاق، شرکت، وابستگی.

الإِضْمَامَةُ: باہم جڑی ہوئی چیز (۲) مختلف قسم کے لوگوں کی جماعت (۳) کاغذات کا فائل (۴) اخبارات وغیرہ کا بنڈل یا فائل ج: أَضَامِيمُ. کہتے ہیں: فَرَسٌ سَبَّاقُ الأَضَامِيمِ: گھوڑوں کے گروہ سے یکبارگی آگے نکلنے والا گھوڑا.

الضِّمَامُ: ملانے اور جوڑنے کا ذریعہ، کلپ وغیرہ، پیپر کلپ - ضِمَامُ الشيءِ: کسی چیز کے اجزاء و مشتملات جو اپنے اندر لئے ہوئے ہو، ماحصل، جوہر. کہتے ہیں: التَّقْوَى ضِمَامُ الخَيْرِ كله: تقوی ہر خیر کا جوہر ہے

الضِّمَامَةُ: الإِضْمَامَةُ.

الضَّمَّةُ: گھوڑ دوڑ کا میدان (۲) علم النحو میں پیش (۳) علامتِ رفع معرب کے لئے اور علامت بناء مبنی برضمہ کے لئے.

الضَّمِيمُ: المَضْمُومُ. جس پر پیش کی علامت ہو (۲) دوسرے کے ساتھ ملا ہوا

المُنْضَمُّ الى غيره: ملا ہوا، ملحق، شامل، وابستہ، شریک.

•ضَمِنَ ـَ ضَمَنًا و ضَمَانَةً: کہنہ مریض ہونا. هو ضَمِنٌ.

ــ على أَهْلِه و نَحْوِهِم: اپنے گھر والوں یا رشتہ داروں پر بوجھ بننا، ان کے سہارے زندگی گزارنا.

ضَمِنَ الرَّجُلَ و نَحْوَهُ ضَمَانًا: ضامن بننا، ضمانت لینا (اس بات کا ذمہ لینا کہ اگر دوسرا شخص کسی ادائگی میں کوتاہی اور وعدہ خلافی کرے تو وہ اس کی طرف سے ادا کرے گا).

ــ الشيءَ: کسی چیز کی بہتر ہونے کی یقین دہانی کرانا اور اس کے عیب و نقص کا ذمہ دار ہونا، ضمانت دینا، گارنٹی دینا (۲) اپنے اندر لینا، کسی چیز کو شامل ہونا، کسی چیز پر مشتمل ہونا.

أَضْمَنَهُ اللّٰهُ او غيرُهُ: کہنہ مریض بنانا، پرانی بیماری میں مبتلا کرنا.

ضَمَّنَ الشيءَ الوِعَاءَ و نَحْوَهُ: کوئی چیز برتن وغیرہ میں رکھنا.

ــ فُلَانًا الشَّيءَ: ضامن بنانا، ذمہ دار بنانا

ــ الشَّاعِرُ: شاعر کا تضمین کرنا یعنی دوسرے کے شعر کو اپنے شعر کا جز بنانا.

تَضَامَنُوا: ایک دوسرے کا ضامن و کفیل ہونا.

تَضَمَّنَ الوِعَاءُ و نَحْوُهُ الشَّيءَ: برتن وغیرہ میں کوئی چیز ہونا.

ــ العِبَارَةُ مَعْنًى: کسی عبارت سے کوئی بات اشارۃً یا استنباطًا سمجھی جانا، عبارت میں کوئی مفہوم پایا جانا.

ــ الغَيْثُ و نَحْوُهُ النَّبَاتَ: بارش وغیرہ کا نباتات کو اگانا اور بڑھانا

ــ الشَّيءَ عنه او منه: کسی کی طرف سے کسی بات کی ضمانت و ذمہ داری لینا.

التَّضَامُنُ: طاقتور کی کمزور کے لئے اور مالدار کی غریب کے لئے ضمانت (۲) اتحاد و یگانگت، یکجہتی.

التَّضْمِيْنُ: کسی لفظ کو دوسرے لفظ کی جگہ لا کر اسی جیسا معاملہ کرنا (اس بنا پر کہ یہ لفظ اس لفظ کے معنی پر مشتمل ہے) (۲) شعر میں فاصلہ کے بعد والا لفظ جو اس سے

متعلق ہو (۳) علم القوافی میں شعر کے قافیہ کا اپنے مابعد کے ساتھ اس طرح متعلق ہونا کہ وہ مستقل بالافادہ نہ ہو (۴) علم البدیع میں شاعر یا نثر نگار کا کسی آیتِ قرآن یا حدیث یا حکمت یا کہاوت یا کسی شعر یا اس کے مصرعے کو اپنے کلام کا جزبنانا۔

الضَّامِنُ: ضامن، کفیل، ذمہ دار، ٹھیکہ پر دینے والا ج: ضُمَّانٌ و ضَمَنَةٌ۔

الضَّامِنَةُ: کسی بستی یا آبادی کے اندر موجود کھجوروں کے درخت ج: ضَوَامِن۔

الضَّمَانُ: ضمانت، ذمہ داری، کفالت، گارنٹی (۲) تاوان، ڈنڈ (۳) تحفظ، حفاظت (۴) یقین دہانی (۵) ٹھیکہ (۶) کرایہ۔

الضَّمَانُ المالِيُّ: مالی ضمانت۔

ضَمَانُ الدَّرَكِ: (فقہ) ضمان درک یہ ہے کہ بائع مبیع میں دوسرے کا حق ثابت ہونے کی صورت میں مشتری کو ثمن لوٹا دینے کا ضمان لے۔ چونکہ اس میں بائع یہ کہہ کر مشتری کو ضمان دیتا ہے کہ تکفلتُ بما یدرك فی هذ المبیع اس لئے اسے ضمان درک کہتے ہیں۔

ضَمَانُ الرَّهن: یہ تعامل رہن میں ضمان کی وہ شکل جس میں اگر رہن مرہون کے ضائع ہو جانے پر شئے مرہون اور راہن کو اپنے دئے ہوئے قرض میں جو کم قیمت ہے اس کا ضامن ہوتا ہے۔

ضَمَانُ الغَصْب: (فقہ) غاصب کے پاس سے اگر شئے مغصوب ضائع ہو جائے تو اس کا ضمان بشکل قیمت غاصب پر لازم ہوتا ہے یعنی مغصوب منہ کو اس کی قیمت لوٹانی پڑتی ہے۔ یہ ضمان غصب ہے۔

ضَمَانُ المَبِيع: ضمان مبیع وہ جس میں مبیع کی قیمت مضمون ہوتی ہے یعنی اگر ادائے قیمت کے باوجود مشتری کو مبیع حاصل نہ ہو سکی تو اس کی قیمت مشتری کو لوٹا دینا بائع پر لازم ہوتا ہے۔

الضَّمَانُ الاجتماعيُّ: معاشرتی تکفل، حکومت کی جانب سے غریبوں اور محتاجوں کی امداد کا ذمہ۔

الضَّمَانَةُ: ضمانت، گارنٹی، کسی کی جانب سے وعدہ خلافی یا عدم ادائگی وغیرہ کی صورت میں ادائگی کی ذمہ داری (۲) بائع کی جانب سے مبیع کے عیب سے خالی ہونے کی ذمہ داری (یعنی اگر اس میں عیب نکلا تو وہ اسے واپس لے لیگا (۳) وثیقۂ ضمانت (۴) زبانی یقین دہانی

الضِّمْنُ: اندرونی شئے، ذیل، ضِمن، اندر کہتے ہیں: یُفْهَمُ من ضِمْنِ كلامه كذا: اس کے کلام سے یہ بات سمجھی جارہی ہے یعنی وہ بات اس کے کلام کے اندر موجود ہے۔ ضِمْنَ كذا: فلاں چیز کے ذیل میں، فلاں چیز کے تحت۔ ما اَغْنَى عَنِّي ضِمْنًا: اس نے مجھے کوئی فائدہ نہیں پہنچایا۔

الضِّمْنِيُّ: ذیلی، اندرونی، درمیانی۔

ضِمْنًا: اشارۃً، درمیان میں، ذیلی طور پر

الضَّمِنُ: پرانا بیمار، دائمی مریض (۲) عاشق و دیوانۂ محبت (۳) دوسروں پر بوجھ بننے والا ج: ضَمْنَى۔

الضَّمِينُ: الضَّامِنُ ج: ضُمَنَاءُ (۲) بمعنی الضَّمِن ج: ضَمْنَى۔

المِضْمَانُ: الضَّامِن او الحَامِل ج: مَضَامِينُ۔

المَضْمُونُ: وہ چیز جو دوسری چیز کے اندر ہو (۲) وہ جس کی ضمانت لی گئی ہو یا ضمانت دی گئی ہو (۳) قابل اعتماد، گارنٹی کا (۴) محفوظ و مامون۔

مَضْمُونُ الكتاب: کتاب کے اندر موجود معنی و مفہوم۔

مَضْمُونُ الكلام: مصداق کلام، مفہوم ج: مَضَامِين۔

المُضَمَّنُ: نامکمل آواز یا نامکمل جملہ (۲) تضمین کیا ہوا، اپنے کلام میں دوسرے کا شعر ملایا ہوا۔

ض ـــ ن

ضَنَأَت المرأةُ و نحوُها ـ ضَنْئًا و ضُنُوءًا: عورت کا کثیر الاولاد ہونا۔

ــــ المالُ وغيرُه: بڑھنا، زیادہ ہونا۔ هي ضانِئٌ و ضانِئَةٌ ج: ضَوانِي

اضْنَأَت المَرْأةُ وغيرُها: ضَنَأَت۔

اضْطَنَأَ له ومنه: شرمانا۔

الضَّنْءُ من كل شيءٍ: ہر چیز کی نسل، پھیلاؤ ج: ضُنُوءٌ۔

الضُّنَأَةُ و الضُّنَاءَةُ: ضرورت۔

ضَنَبَ به الارضَ ـ ضَنْبًا: زمین پر پٹکنا۔

ــــ به: پکڑنا۔

ضَنِطَ الشَّحْمُ ـ ضَنَطًا: چربی کا موٹا ہونا۔

انْضَنَطَ القومُ: لوگوں کی بھیڑ لگنا۔

الضَّنَطُ: چربی (۲) نشاط و چستی (۳) شیخی۔

الضَّنْطُ: تنگی، مصیبت۔

ضَنَكَهُ ـ ضَنْكًا: تنگ کرنا، تنگی پیدا کرنا، ضَنَكَ اللهُ عَيْشَهُ: اللہ نے اس کی زندگی میں تنگی پیدا کر دی، بدحال کر دیا۔

ضَنُكَ ـ ضَنَاكَةً و ضُنُوكَةً: تنگ ہونا، تنگ حال ہونا۔

ــــ العَيْشُ: زندگی کا دشوار گزار ہونا، عسرت والی ہونا۔

ــــ فلانٌ في جِسْمِه او عَقْلِه: کمزور جسم یا کمزور عقل والا ہونا۔

ــــ السَّحابُ و نحوُه: بادل وغیرہ کا گھنا اور تہ بہ تہ ہونا۔

ضُنِكَ ضَنْكًا و ضُنَاكًا: زکام میں مبتلا

ہونا یا مبتلا رہنا۔
أَضْنَكَهُ اللّٰهُ: زکام میں مبتلا کرنا۔
تَضَنَّكَ: کمزور پڑ جانا۔
الضُّنَاكُ: زکام۔
الضِّنَاكُ: سخت و مضبوط جسم والا۔ نَاقَةٌ ضِنَاكٌ: مضبوط اونٹنی (مذکر و مؤنث دونوں برابر ہیں) (۲) بڑا درخت، گھنا درخت ج: ضُنُكٌ۔
الضَّنَاكَةُ: جسم اور عقل کی کمزوری (۲) تنگی و دشواری۔
الضَّنْكُ: تنگ (کوئی بھی چیز ہو اس میں مذکر و مؤنث دونوں برابر ہیں) مَعِيشَةٌ ضَنْكٌ: تنگی کی زندگی، عسرت کی زندگی۔ قرآن پاک میں ہے: "فَاِنَّ لَهُ مَعِيشَةً ضَنْكًا" (۲) تنگی۔
هو في ضَنْكٍ: وہ عسرت میں ہے
الضُّنْكَةُ: الضُّنَاكُ۔
الضُّنَيْكُ: تنگ زندگی یا کوئی دیگر شئے (۲) بدن اور رائے کا کمزور (۳) صرف خوراک کے بدلہ خدمت کرنے والا (۴) کٹی ہوئی چیز۔
•ضَنَّ به عليه ـــ ضِنًّا وضَنَانَةً: کسی کے ساتھ کسی چیز میں انتہائی بخل کرنا
ـــ بالمكان و نحوه: کسی جگہ سے نہ ہلنا، کسی جگہ جما رہنا۔
الضَّنَانَةُ: أَخَذْتُ الأَمْرَ بِضَنَانَتِهِ: میں نے معاملہ کو شروع ہی میں قابو میں لے لیا۔ هَجَمْتُ على القوم وهم بِضَنَانَتِهِمْ: میں نے لوگوں پر اس وقت حملہ کیا جب وہ یکجا تھے۔
الضَّنَنُ: بہادر۔
الضِّنُّ: وہ چیز جس میں بخل کیا جائے (۲) مقرب و خاص آدمی یا خاص قسم کی چیز جس کی اپنے نزدیک اہمیت ہو۔ کہتے ہیں: فُلَانٌ ضِنِّي و هو ضِنِّي من بين

اخواني: وہ میرے مخصوص لوگوں میں سے
الضَّنِينُ: انتہائی کنجوس (۲) کسی عمدہ چیز میں انتہائی بخل کرنے والا ج: أَضِنَّاء و هن ضَنَائِنُ۔ قرآن پاک میں ہے: "وما هو على الغيب بِضَنِينٍ" (۳) عمدہ چیز جس کے دینے میں بخل کیا جائے۔ کہاوت ہے: انما يُضَنُّ بالضَّنِين (۴) کم (۵) معمولی۔
ضَنَائِنُ اللّٰهِ: اللہ کی مخلوق کے خواص۔
المَضِنَّةُ: وہ چیز جس میں بخل کیا جائے یا اس کے لینے میں مقابلہ کیا جائے۔
المَضْنُونُ و المَضْنُونَةُ: ہر وہ چیز جس میں بخل کیا جائے۔
•ضَنَتِ المرأةُ ـــ ضَنْوًا و ضَنًا: کثیر الاولاد ہونا۔
ضَنَا نَصِيبُ فُلانٍ: حصہ بڑھنا، قسمت کا تیز ہونا۔
ضَنِيَ ـــ ضَنًى و ضَنَاءً: سخت بیمار ہونا جس سے بدن ڈھیلا اور دبلا ہو جائے
هو ضَنٍ و ضَنًى و ضَنِيٌّ۔
أَضْنَى: سخت بیماری سے صاحب فراش ہو جانا۔
ـــ المَرَضُ وغيرُهُ الانسانَ و نحوَهُ: بیماری وغیرہ کا کسی کو لاغر و کمزور بنا دینا۔
ضَانَى المَرَضَ و نحوَهُ: بیماری جھیلنا، تکلیف اٹھانا۔
تَضَنَّى: بیمار بننا۔
انْضَنَى: سست و کمزور ہونا۔
الضَّنَى: بیماری (۲) انتہائی لاغری اور دبلا پن تھکان (۳) لمبی بیماری والا مریض (کبھی یہ لفظ مفرد و مذکر وغیرہ تمام اسماء کی مساوی طور پر صفت بنتا ہے۔ بمعنی سخت بیمار یا پرانا مریض اور کبھی اس کا تثنیہ اور جمع بھی لایا جاتا ہے کہتے

ہیں: هم أَضْنَاءُ۔
الضَّنِيُّ: بیمار ج: أَضْنِيَاءُ۔
المُضْنِي: پریشان کن، تھکا دینے والا۔
المُضْنَى: تھکا ماندہ، لاغر و کمزور۔
مُضْنًى بالمتاعب: مصیبتوں کا مارا۔

ض ـــــ ہ

•ضَاهَأَهُ: مشابہ ہونا، کسی کے جیسا کام کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "يُضَاهِئُونَ قَوْلَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِن قَبْلُ" (۲) نرمی برتنا، مہربانی کرنا۔
الضَّهْيَاءُ: وہ عورت جو حیض (حمل اور ولادت) کے فقدان کے باعث مرد کے مشابہ ہو۔
•ضَهَبَ الرَّجُلُ ـــ ضُهُوبًا: مرد کا پوری طرح بالغ نہ ہو کر مردوں کی سی صفات کا حامل نہ ہونا۔
ـــ اللَّحْمَ وغيرَهُ بالنَّارِ ضَهْبًا: گوشت کو آگ پر سینکنا۔
ضَاهَبَهُ: کسی کے ساتھ گالی گلوچ کرنا، بدتمیزی کرنا۔
ضَهَّبَ الرُّمْحَ او القَنَاةَ او العَصَا او القَوْسَ بالنَّارِ: ہلکے ہلکے آگ پر رکھنا، موڑنے کے لئے آگ پر تاپنا۔
ـــ اللَّحْمَ و نحوَهُ: ہلکا بھوننا، زیادہ نہ پکانا (۲) گرم پتھر پر بھوننا۔
الضَّهْبَاءُ: آگ پر تاپی ہوئی کمان ج: ضُهْبٌ
•ضَهَدَهُ ـــ ضَهْدًا: ظلم کرنا، ذلیل کرنا، پریشان کرنا، ستانا۔
أَضْهَدَهُ و به: ضَهَدَهُ۔
اضْطَهَدَهُ: کسی پر ظلم ڈھانا، بہت ستانا۔
الضُّهْدَةُ: غلبہ، جبر و قہر (۲) ظلم و ستم کا مارا جس پر لوگ بہت ظلم کرتے ہوں۔ هي ضُهْدَةٌ۔
الاضطهاد: ظلم و ستم۔
الاضطهاد المذهبيّ: فرقہ وارانہ ظلم۔

المُضطَہَد: مظلوم۔

•ضہر۔ الضَّاھِرُ: پہاڑ کی چوٹی (۲) وادی ج: ضَوَاھِرُ۔

الضَّہرُ: پہاڑ کی چوٹی (۲) پہاڑ کا وہ حصہ جس کا رنگ باقی پہاڑ سے الگ اور مختلف ہو (۳) کھوا ج: ضُہُورٌ و اَضْہَارٌ۔

•ضَہَزَہ ـــ ضَہزًا و ضَہَسَہُ ـــ ضَہسًا: روندنا۔

•ضَہَلَ اللَّبَنُ و نَحوُہُ ـــ ضَہلًا و ضُہُولًا: دودھ کا تھوڑا تھوڑا جمع ہونا۔

ـــ الشَّرابُ: شراب کا تھوڑا اور پتلا ہونا

ـــ الشَّاۃُ و نَحوُھا: بکری کا دودھ کم ہونا۔

ـــ الظِّلُّ: سایہ کا لوٹنا اور بتدریج کم ہونا

ـــ الیہ: لوٹنا، پہنچنا۔ کہتے ہیں: ضَہَلَ الیہ الخَبَرُ۔

ـــ فُلانًا حَقَّہُ ضَہلًا: کسی کے حق میں کمی کرنا یا تھوڑا تھوڑا دینا۔

اَضْہَلَ البُسْرُ: خام کھجور میں پختگی نمایاں ہونا۔ اَضْہَلَ النَّخْلُ بھی کہتے ہیں۔

ـــ الی فُلانٍ مالًا: کسی کے پاس مال پہنچانا۔

تَضَہَّلَ الی فُلانٍ: ضَہَلَ۔ پہونچنا۔

اِسْتَضْہَلَ الخَبَرَ: بقدر امکان خبر کی ٹوہ لگانا۔

الضَّاھِلَۃُ من العُیُونِ: کم پانی والا چشمہ ج: ضَوَاھِلُ۔

الضَّہلُ: کم پانی (۲) جمع شدہ دودھ۔

الضَّہُولُ من النَّعامِ: بہت سفید شترمرغ ج: ضُہُلٌ

•ضَہِیَتِ المرأۃُ ـــ ضَہًی: عورت کا عدم حیض وحمل وغیرہ کی وجہ سے مردوں جیسا ہونا (۲) کمان کی طرح ہونا۔

ضَہِیَتِ الاَرضُ: زمین کا بنجر ہونا۔

اَضْہَی: غیر نسوانی صفات والی عورت سے یا کمان کی طرح جھکی ہوئی عورت سے شادی کرنا۔

ضَاھَاہُ: مشابہ ہونا۔

الضَّہوَاءُ: آگ پر تاپی ہوئی کمان دیکھئے (ضَہَأَ)

الضَّہوَۃُ: پانی کا تالاب یا گڑھا ج: اَضْہَاءٌ

الضَّہیَاءُ: الضَّہوَاءُ۔

الضَّہِیُّ: مشابہ، نظیر، شبیہ۔

ض ـــ و

•ضَاءَ الشیءُ ـــ ضَوءًا و ضِیاءً: روشن ہونا، چاند وغیرہ کا چمکنا۔

اَضَاءَ: روشن ہونا، چمکنا۔ قرآن پاک میں ہے: "یَکادُ زَیتُہا یُضِیءُ و لو لم تَمْسَسْہُ نَارٌ"

ـــ الشیءَ: روشن کرنا، چمکانا۔

ـــ النَّارُ و نَحوُھا الشَّخصَ: آگ وغیرہ کا کسی شخص یا شئے کو ظاہر و روشن کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَلَمَّا اَضَاءَتْ ما حَوْلَہُ ذَھَبَ اللّٰہُ بِنُورِھِم"

ضَوَّأَ الشیءَ: روشن کرنا، چمکانا۔

ـــ عنہ: پھرنا، الگ ہونا، ہٹنا۔

تَضَوَّأَ الشیءَ: تاریکی میں کھڑے ہو کر روشنی میں کوئی چیز دیکھنے کی کوشش کرنا

اِستَضَاءَ: روشن ہونا۔

ـــ بہ: روشنی حاصل کرنا، روشنی چاہنا۔

الضَّوءُ: روشنی (۱) ضوء اور نور ہم معنی ہیں (۲) ضوء نور کے مقابلہ میں قوی اور تیز ہے (۳) ضوء ذاتی روشنی کا نام ہے جیسے سورج اور آگ کی روشنی ذاتی ہے کسبی نہیں اور نور کسبی اور عرضی روشنی کا نام ہے جیسے چاند کی روشنی جو سورج کی روشنی سے مستفاد ہے۔ قرآن پاک میں ہے: "ھُوَ الَّذِی جَعَلَ الشَّمْسَ ضِیَاءً وَّ القَمَرَ نُورًا" ج: اَضْوَاءٌ۔

الضَّوئِیُّ: روشنی سے متعلق۔

المُضِیءُ: روشن، چمکدار۔

المَضَاءُ: روشن۔

الضُّوءُ: الضَّوءُ۔

•ضَاجَ الوَادِی و نَحوُہُ ـــ ضَوجًا: وادی کا کشادہ ہونا۔

ـــ عنہ: پھرنا، ہٹنا، اعراض کرنا۔

اِنْضَاجَ الوَادِی و نَحوُہُ: کشادہ ہونا۔

اِنْضَوَجَ فی ضَوجِ الوَادِی: وادی کے موڑ میں داخل ہونا۔

تَضَوَّجَ الوَادِی و نَحوُہُ: کشادہ ہونا، بہت موڑوں والی ہونا، پیچ دار ہونا، گھوم دار ہونا۔

الضَّوجُ: وادی کا موڑ ج: اَضْوَاجٌ۔

•ضَارَ ـــ ضَورًا: بہت بھوکا ہونا۔

ـــ الشیءُ فُلانًا و غَیرَہُ: نقصان پہنچانا

تَضَوَّرَ: بھوک یا ضرب و کرب کی بنا پر تڑپنا، بلبلانا، بلکنا۔

الضُّورَۃُ: سخت بھوک۔

الضُّورُ: سیاہ بادل۔

الضُّورَۃُ: حقیر و کمزور جو اپنا دفاع تک نہ کر سکے۔ ھی ضُورَۃ ج: ضُوَرٌ۔

•ضَوضَأَ ضَوضَأَۃً: شور مچانا، غل کرنا، غوغا کرنا۔

ضَوضَی ضَوضَاءً: ضَوضَأَ۔

الضَّوضَی: شور و غل، ہنگامہ، لڑائی کی چیخ و پکار

الضَّوضَاءُ: الضَّوضَی۔

•ضَوِطَ ـــ ضَوَطًا: ٹیڑھا ہونا ھو اَضْوَطُ و ھی ضَوطَاءُ ج: ضُوطٌ

الاَضْوَطُ : ٹیڑھے جبڑے والا (۲) بے وقوف ۔
الضَّوِيطَةُ : حوض کا کیچڑ، گارا (۲) گوندھا ہوا ڈھیلا پتلا آٹا ۔
•الضَّوطَارُ : بلا سرمایہ بازار جاکر کمائی کی تدبیر کرنے والا ۔
الضَّوطَرُ : بے فائدہ موٹا اور بڑا ۔
الضَّوطَرَى : الضَّوطَرُ : بَنُو ضَوطَرَى : بے فیض و بے خیر لوگ ۔
ابو ضَوطَرَى : بھوک کی کنیت ۔
•ضَاعَ الشيءُ ـُ ضَوعًا : کسی چیز کے ہلنے سے خوشبو پھیلنا ۔
ـــ الرَّائِحَةُ : خوشبو مہکنا ۔
ـــ الضُّوَعُ : طائر شب کا بولنا ۔
ـــ الشيءَ : جھکانا (۲) ہلانا ۔
ـــ فُلانًا : گھبرانا، ڈرانا۔ کہتے ہیں : لا يَضُوعَنَّكَ ما تَسمَعُ منه : اس سے سنی ہوئی بات تمہارے لئے خوف کا باعث نہ ہونی چاہیے ۔
ـــ الطائِرُ فَرخَهُ : پرندے کا چوزے کو دانہ کھلانا ۔
ـــ المِسْكُ : مشک کی خوشبو مہکنا ۔
ـــ الدَّابَّةَ : جانور کو دبلا کرنا ۔
ـــ الصَّبِيُّ : بچہ کا بلکنا، زور زور سے پیچ و تاب کھاکر رونا ۔
ضَوَّعَهُ : ضَاعَ کا مبالغہ ۔
انْضَاعَ الفَرخُ : چوزے کا دانہ کھانے کے لئے ماں کے سامنے بازو پھیلانا ۔
تَضَوَّعَ : مہکنا، پھیلنا (۲) تڑپنا، بلکنا ۔
الضُّوَاعُ : طائر شب کی آواز ۔
الضُّوَعُ : ہامہ کی طرح رات کا ایک پرندہ جو صبح قریب ہونے کے وقت چہچہاتا ہے ج : اَضْوَاع و ضِيعَان ۔
•ضَانَ ـُ ضَونًا : کثیر الاولاد ہونا ۔
تَضَوَّنَ : ضَانَ ۔
الضَّوْنُ : بینگن کی طرح کا ایک پودا ۔

الضَّوْنَةُ : چھوٹی بچی ۔
الضَّيْوَنُ : بلا (نربلی) ج : ضَيَاوِنُ ۔
•ضَوِيَ اليه ـِ ضَيًّا و ضُوِيًّا : کسی کی طرف مائل ہونا، کسی کے ساتھ لپٹ جانا (۲) کسی کی پناہ لینا (۳) رات کو آنا ۔
ـــ فُلانًا اليه : اپنے ساتھ ملانا، اپنی طرف مائل کرنا ۔
ضَوِيَ ـَ ضَوًى : کمزور دبلا ہونا، پتلا ہونا ۔
ضُوِيَت الإبِلُ و نَحوُها : اونٹوں کا مرض ضَوَاة میں مبتلا ہونا ۔
أَضْوَى : ضَوِيَ (۲) کمزور لڑکے والا ہونا، کمزور نسل والا ہونا۔ حدیث میں ہے : "اغتَرِبُوا لا تُضْوُوا" پردیسی عورتوں سے شادی کیا کرو تم دبلی نسل والے نہ ہوگے، تمہاری نسل طاقتور ہوگی ۔
ـــ فُلانًا : کمزور دبلا کرنا ۔
ـــ الأمرَ وغيرَهُ : کسی کام یا بات کو پختہ نہ کرنا، کچا اور ڈھیلا چھوڑنا ۔
ـــ فُلانًا حَقَّهُ : کسی کے حق میں کمی کرنا
انْضَوَى اليه : ضَوِيَ ۔ انْضَوَى تَحتَ لِوائِهِ : کسی کے ساتھ ہوجانا، کسی کے پرچم تلے آنا ۔
الضَّوَاةُ : کان کی لو کے پاس پیدا ہونے والا غدود (۲) منجمد ورم جو تحلیل نہ ہو (۳) زخم ج : ضَوًى ۔
الضَّاوِي : کمزور دبلا (۲) پناہ لینے والا (۳) رات کو آنے والا (۴) کسی کے ساتھ مل جانے والا۔ ھی ضَاوِيَة

ض ـــــ ی

•ضَاحَ ـِ ضَيحًا : ہڈیوں کا لاغری کی وجہ سے مل جانا ۔
ـــ اليه : مائل ہونا ۔
ضَاحَ عنه : الگ ہونا ۔
•ضيح : ضاحَت البِلادُ و نَحوُها ـِ ضَيحًا : قحط کی وجہ سے ملک کا خالی ہوجانا ۔
ـــ اللَّبَنَ : دودھ میں اتنا پانی ملانا کہ وہ پتلا ہوجائے ۔
عَيْشٌ مَضْيُوحٌ : وہ زندگی جو مصائب سے خالی نہ ہو ۔
ضَيَّحَ اللَّبَنَ : ضاحَهُ ۔
ـــ فُلانًا : پانی ملا ہوا دودھ پلانا ۔
تَضَيَّحَ اللَّبَنُ او الدَّواءُ او نَحوُهُ : پانی کی آمیزش سے پتلا ہونا ۔
ـــ فُلانٌ : پانی ملا پتلا دودھ پینا ۔
ـــ المُستَقِي : پانی پینے والے کا حوض وغیرہ پر سب سے اخیر میں آنا یا اس وقت آنا جب اکثر پانی پی لیا گیا ہو ۔
الضَّيَاحُ : پانی ملا پتلا دودھ، پانی ملی دوا ۔
الضَّيحُ : الضَّيَاحُ ۔
•ضَارَهُ كَذا ـِ ضَيرًا : نقصان پہنچانا، تکلیف دینا، نقصان دینا ۔
الضَّيرُ : نقصان۔ قرآن پاک میں ہے : "قَالُوا لا ضَيرَ اِنَّا اِلٰى رَبِّنَا مُنقَلِبُونَ"
•ضَازَ ـِ ضَيزًا : ٹیڑھا ہونا (۲) ظلم کرنا ۔
فُلانًا و ضَازَهُ حَقَّهُ : زیادتی اور ظلم کرنا ۔
الضِّيزَى : القِسمَةُ الضِّيزَى : غیر منصفانہ یا ظالمانہ تقسیم۔ قرآن پاک میں ہے : "تِلكَ اِذًا قِسمَةٌ ضِيزَى"
•ضَاطَ ـِ ضَيطًا : چلتے وقت موٹاپے کی وجہ سے کاندھوں اور بدن کو ہلانا ۔
•ضَاعَ ـِ ضَيَاعًا : ضائع ہونا، برباد ہوجانا، تلف ہوجانا، کھویا جانا، رائگاں جانا ۔
أَضَاعَ فُلانٌ : بہت جائداد والا ہونا ۔

أَضَاعَ الشَّيءَ: ضائع کرنا، تلف کرنا، کھو دینا
ضَيَّعَهُ: برباد کرنا، کھو دینا۔
الضَّائِعُ: رائگاں، بے کار و بے فائدہ، گم شدہ، تلف شدہ (۲) عیال دار، غریب (۳) بھوکا
ج: ضُيَّعٌ و ضِيَاعٌ۔
ضَيَاعًا: بے فائدہ۔
مَاتَ ضَيَاعًا: وہ اس طرح مرا کہ اس کی کسی نے پروا نہ کی۔ یا ضَيْعَانَةً: ہائے تباہی۔
الضَّيْعَةُ: غلّہ اگانے والی زمین (۲) جاگیر، نفع بخش جائداد یا کام جیسے تجارت وصنعت وغیرہ (۳) نفع (۴) چھوٹا گاؤں
ج: ضِيَاعٌ و ضِيَعٌ۔ کہتے ہیں: فَشَتْ عَلَيْهِ ضَيْعَتُهُ: اس کا مال بڑھ گیا یا اس کے مشاغل بڑھ گئے یا اس کے معاملات دوچند ہو گئے، دگرگوں ہو گئے
المِضْيَاعُ: کثیر الاضاعت، بہت کھونے اور ضائع کرنے والا، مال کو بے مقصد خرچ کرنے والا۔ هي مِضْيَاع و مِضْيَاعَة۔
المَضْيَعَةُ: بے توجہی، اضاعت و اتلاف (۲) جنگل بیاباں جہاں حیوان و انسان گم ہو جائے (۳) سبب ضیاع و ہلاکت و تباہی و بربادی ج: مَضَايِعُ۔
المَضِيعَةُ: المَضْيَعَةُ۔
•الضَّيْغَمُ: دیکھئے (ضغم)
•ضَافَ إِلَيْهِ ـِ ضَيْفًا و ضِيَافَةً: کسی کی طرف مائل ہونا، قریب ہونا، کسی سے مانوس ہونا۔
ــــ عنه: توجہ ہٹانا، منحرف ہونا، پھرنا۔
ــــ منه: ڈرنا، بچنا۔
ــــ فُلَانًا: کسی کا مہمان بننا (۲) کسی سے مہمان بنانے کی خواہش کرنا، ضیافت چاہنا۔ ضَافَهُ الهَمُّ: کسی پر غم سوار ہونا
أَضَافَ إِلَيْهِ: مائل ہونا (۲) کسی کا سہارا لینا
ــــ الى صوتِهِ: آواز سے مانوس ہو کر اس کے قریب ہونا۔
أَضَافَ منه: ڈرنا۔
ــــ الشَّيءَ اليه: ملانا، شامل کرنا، اضافہ کرنا، بڑھانا، منسوب کرنا، حوالہ دینا۔
ــــ فُلَانًا: مدد کرنا، پناہ دینا (۲) مہمان بنانا، ضیافت کرنا۔
ــــ عليه فُلَانًا: کسی کو اپنا مہمان بنانا۔
ضَيَّفَ الشَّيءَ اليه: کسی کی طرف جھکانا۔
ــــ فُلَانًا او الغريبَ: ضیافت کرنا، مہمان بنانا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَانْطَلَقَا حَتَّى إِذَا أَتَيَا أَهْلَ قَرْيَةٍ اسْتَطْعَمَا أَهْلَهَا فَأَبَوْا أَنْ يُضَيِّفُوهُمَا"
انْضَافَ إِلَيْهِ: کسی کے ساتھ ملنا، شامل ہونا، وابستہ ہونا، سہارا لینا، ٹکنا۔
تَضَايَفَ الوادي و نَحْوُهُ: وادی وغیرہ کا تنگ ہونا۔
ــــ فلانٌ الوادي و نَحْوَهُ: کسی کا وادی وغیرہ کے کنارہ میں ہونا۔
ــــ السَّبُعَانِ فُلَانًا: دو درندوں کا کسی کو گھیرنا۔
ــــ الكِلَابُ و نَحْوُها الصَّيْدَ و نَحْوَهُ: کتوں وغیرہ کا شکار وغیرہ کو کھا جانا۔
تَضَيَّفَ فُلَانًا: ضیافت طلب کرنا، کسی کا مہمان بننا۔
اسْتَضَافَ فُلَانًا: کسی کی پناہ لینا (۲) ضیافت چاہنا، فریاد کرنا۔
ــــ منه الى كذا: کسی چیز سے بچ کر کسی چیز کی پناہ لینا۔
الإِضَافَةُ: تعلق، رابطہ (۲) زیادتی، شمولیت، میزبانی (۳) علم النحو میں دو اسموں میں سے ایک کو دوسرے کے ساتھ اس طرح مربوط کرنا کہ اس سے تعریف یا تخصیص حاصل ہو (۴) حکماء کے نزدیک ایسی دو چیزوں کے درمیان نسبت کا نام ہے جن میں سے ہر ایک دوسرے کے وجود کی متقاضی ہو جیسے: أُبُوَّةٌ اور بُنُوَّةٌ۔ أُخُوَّة و صَدَاقَة۔
إِضَافَةً الى كذا: بشمول اس کے۔
بالإضافة الى كذا: بشمول اسکے باوجودیکہ، اس کے باوجود کہ۔
الإِضَافِيُّ: زائد، مزید (۲) اوور ٹائم، مقررہ وقت سے زائد۔
التَّضَايُفُ: تعلق، رشتہ (۲) حکماء کے نزدیک دو ایسی چیزوں کے درمیان نسبت کا نام جن میں سے ہر ایک دوسرے کے وجود کی متقاضی ہو، اُن دو چیزوں کو متضایفان کہا جاتا ہے۔
الضَّيْفُ: مہمان، ملاقاتی (یہ چونکہ مصدر ہے اس لئے اس میں مفرد و تثنیہ و جمع اور مذکر و مؤنث برابر ہیں)، جیسا کہ قرآن پاک میں ہے: "إِنَّ هَؤُلَاءِ ضَيْفِي فَلَا تَفْضَحُونِ" ج: أَضْيَاف و ضُيُوف و ضِيَافٌ و ضِيفَان۔
الضِّيفُ: گوشہ، کنارہ، پہلو۔ ضِيفُ الوادي: وادی کا کنارہ۔ ضِيفُ الجبل: پہاڑ کا گوشہ ج: أَضْيَاف۔
الضَّيْفَنُ: طفیلی، مہمان کے ساتھ بغیر بلائے آنے والا۔ هي ضَيْفَن و ضَيْفَنَة
الضِّيَافَةُ: ضیافت، مہمان نوازی، میزبانی۔
المُضَافُ: اپنایا ہوا (کسی قوم کی طرف منسوب حقیقۃً قوم سے الگ) (۲) وہ اسم جسے تعریف یا تخصیص کے لئے دوسرے اسم سے جوڑا گیا ہو۔
المُضَافُ اليه: وہ اسم جس کے ساتھ کسی اسم کا تعلق تعریف و تخصیص کے لئے کیا گیا ہو۔
المَضُوفَةُ: تشویشناک یا باعث خوف معاملہ

المِضْیَاف : بڑا میزبان، انتہائی مہمان نواز ۔ ھی مِضْیَاف ۔
المَضِیفَةُ : مہمان خانہ ج: مَضَایِف ۔
المَضِیفَةُ : تشویشناک معاملہ (۲) رنج وغم ۔
المُضِیفُ : میزبان (۲) ہوٹل بوائے، خدمت گار (۳) جہاز کا میزبان خادم ۔
المُضِیفَةُ : ایرہوسٹس، ہوائی جہاز کی میزبان خادمہ (۲) ہوٹل کی میزبان خاتون ۔
• ضَاقَ ـِ ضَیْقًا و ضِیْقًا : تنگ ہونا، بہت لا ہوا ہونا، بہت کسا ہوا ہونا ۔
ضَاقَتْ حِیلَتُهُ : تدبیر ناکام ہونا ۔
ضَاقَ بِالأَمْرِ : کسی بات سے پریشان ہونا ۔ ضَاقَ بِهِ ذَرْعًا و ضَاقَ بِهِ صَدْرُهُ : کسی سے تنگ آجانا، پریشان ہونا، عاجز آجانا ۔ قرآن پاک میں ہے : " وَلَمَّا جَاءَتْ رُسُلُنَا لُوطًا سِيءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا ۔ وَلَقَدْ نَعْلَمُ أَنَّكَ يَضِيقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُولُونَ " ۔ هو ضَائِقٌ و ضَیِّقٌ ج: ضَاقَةٌ ۔
أَضَاقَ : محتاج و تنگ دست ہونا (۲) پریشان و تنگ ہونا ۔
ــــ الشَّیْءَ : تنگ کرنا (ضد: کشادہ کرنا) ،
ضَایَقَهُ فِی کَذَا : کسی بات میں کسی کو تنگ کرنا، پریشان کرنا ۔
ضَیَّقَهُ : تنگ کرنا (ضد: کشادہ کرنا) (۲) سمیٹنا (ضد: پھیلانا)
ضَیَّقَ عَلَیْهِ : کسی پر سختی کرنا، کسی کو دبانا، پریشان کرنا
ــــ عَلَی العَدُوِّ : دشمن کا گھراؤ (محاصرہ) کرنا ۔
ــــ الخِنَاقَ عَلَیْهِ : زندگی دوبھر کرنا، جینا دشوار کرنا، پریشان کرنا ۔
ــــ الفَجْوَةَ او الهُوَّةَ : خلیج کم کرنا ۔
ــــ شُقَّةَ الخِلَافِ : اختلاف کی خلیج کم کرنا ۔
ــــ مَجَالَ الشَّیْءِ : دائرہ کم کرنا، میدان تنگ کرنا ۔
تَضَایَقَ : تنگ ہونا ۔
ــــ مِنْهُ : تنگ آنا، پریشان ہونا ۔
ــــ القَوْمُ : ایک دوسرے کو تنگ کرنا، پریشان کرنا (۲) کسی جگہ میں نہ سمانا، کسی بات میں گھٹن محسوس کرنا ۔
الضَّائِقَةُ : پریشانی ج: ضَوَائِق ۔
الضَّیْقُ : تنگی (۲) عسرت و تنگ دستی (۳) پریشانی، گھٹن اور تکلیف ۔ قرآن پاک میں ہے : " وَلَا تَكُنْ فِی ضَیْقٍ مِمَّا يَمْكُرُونَ "
الضِّیقُ : الضَّیْقُ ۔ سختی، رنج وغم، مصیبت
ضِیقُ النَّفَسِ : سانس کی بیماری ۔
ضِیقُ الصَّدْرِ : تنگ دلی ۔
الضِّیقُ النَّفْسِیُّ : ذہنی کوفت ۔
الضِّیقُ المَالِیُّ : مالی بحران، مالی پریشانی
الضَّیِّقُ : تنگ، چھوٹا (۲) محصور (۳) پریشان، منقبض ۔
ضَیِّقُ الانْتِشَارِ : قلیل الاشاعت ۔
ضَیِّقُ الرُّقْعَةِ : چھوٹے پیمانے کا ۔
ضَیِّقُ العَقْلِ : کم عقل، تنگ ذہن ۔
الضِّیقَةُ : بدحالی، تنگی و پریشانی، غربت و محتاجی ۔
المُتَضَایِقُ : پریشان، تنگ، منقبض ۔
المُضَایِقُ : پریشان کن ۔
المَضِیقُ : تنگ جگہ، دَرَّہ، تنگ آبنائے، دو پہاڑوں یا دو سمندروں کے درمیان تنگ راستہ (۲) پریشان کن معاملہ، پریشانی، سختی ج: مَضَایِق
مَضَایِقُ تِیرَان : آبنائے تیران ۔
• ضَیِل ۔ أَضَالَ المَكَانُ : جگہ کا جنگلی بیروں والی ہونا ۔
الضَّالُ : جنگلی بیر، جھاڑی کے بیر ۔
الضَّالَةُ : ضَال کا واحد (۲) تمام ہتھیار یا تیر
• ضَامَهُ ـِ ضَیْمًا : کسی پر ظلم کرنا (۲) ذلیل کرنا ۔
ــــ فُلَانًا حَقَّهُ : کسی کی حق تلفی کرنا ۔
اسْتَضَامَهُ : ضَامَهُ ۔
الضَّیْمُ : ظلم و زیادتی ج: ضُیُومٌ ۔
ضِیمُ الجَبَلِ : پہاڑ کا کنارہ ۔
الضَّائِمُ : ظالم ۔ الضَّامَةُ : حاجت، ضرورت
المَضِیمُ : مظلوم ۔ المُسْتَضَامُ : مظلوم و مقہور
• ضَیِن ۔ ضَیَانٌ : مضبوط (آدمی یا مضبوط کپڑا)

بابُ الطّاء

الطّاءُ: حروف ہجائیہ کا سولہواں حرف، اس کا مخرج حافۂ لسان (نوک زبان) اور ثنایا علیا (اوپر کے اگلے دانت) کی جڑیں ہیں۔

ط ـــــ أ

• الطّابُورُ: فوج کی بٹالین (آٹھ سو سے ایک ہزار تک سپاہیوں پر مشتمل جماعت) (۲) صف، لمبی لائن ج: طَوابِیر (۳) کالم (۴) قافلہ (۵) فائل۔
الطابور الخامس: ففتھ کالم (وہ لوگ جو ملک میں رہتے ہوئے دشمن کے مددگار ہوں) یہ ایک سیاسی اصطلاح ہے۔
• طَأْطَأَ مِن الشیءِ: حیثیت گھٹانا۔
ـــ مِن فُلانٍ: حیثیت اور قدر و قیمت گھٹانا۔
ـــ الشَّیءَ: گھٹانا، نیچا کرنا، جھکانا۔
ـــ یَدَہ بِعِنانِ الفَرَسِ وغَیْرِہ: دوڑانے کے لئے لگام ڈھیلی کرنا۔
ـــ الفَرَسَ: کوکھوں میں ایڑ لگانا۔
ـــ الحُفْرَةَ و نَحْوَھا: گڑھے کو گہرا کرنا
ـــ الرَّأسَ: سر نیچا کرنا، جھکانا۔
ـــ المرأةُ سَتْرَھا: عورت کا اپنے اوپر پردہ ڈالنا۔
تَطَأْطَأَ: جھکنا، نیچا ہونا، چھوٹا بنجانا۔
ـــ لَہُ: کسی کے آگے جھکنا، چھوٹا بنجانا۔
الطَّأْطاءُ: نشیبی زمین، چھوٹا اونٹ۔
• طَأْمَنَ: دیکھئے: طَمأَنَ۔

ط ـــــ ب

• طَبَّ فُلانٌ ـِ طِبًّا: ماہر ہونا۔
طَبَّ بہ: کسی کے ساتھ نرمی کرنا، مہربانی کرنا، رحم کرنا۔
ـــ المَرِیضَ و نَحْوَہ ـُ طَبًّا: علاج کرنا، دوا دارو کرنا۔ طَبَّ لہ و طَبَّ لِدائِہ بھی کہتے ہیں (۲) کسی پر جادو کرنا۔
ـــ الشیءَ: ٹھیک کرنا (۲) مضبوط کرنا۔
ـــ خُرَزَ السِّقاءِ و نَحْوِہ: مشک وغیرہ کے ٹانکوں پر چمڑے کی پٹی چڑھانا تاکہ ٹانکے نظر نہ آئیں۔
طابَّہ: علاج کرنا (۲) کسی کام کی پابندی یا مزاولت کرنا۔
طَبَّبَہ: خوب علاج کرنا، مبالغہ در طَبَّ
ـــ الخَیّاطُ الثَّوْبَ و نَحْوَہ: درزی کا کپڑے وغیرہ کو پیوند لگا کر بڑھانا۔
تَطَبَّبَ فُلانٌ: علاج کرنا (جبکہ اس سے پوری واقفیت نہ ہو) طبیب و معالج بننا (۲) دوا استعمال کرنا
ـــ لَہُ: کسی کے لئے معالج بلانا۔
اِسْتَطَبَّ لِدائِہ: اپنی بیماری کے علاج کے لئے طبیب سے مشورہ لینا اور مناسب دوا تجویز کرانا (۲) بیماری کا علاج کرانا۔
ـــ بالدَّواءِ: دوا استعمال کرنا، دوا سے اپنا علاج کرنا۔
الطِّبابُ: علاج، ذریعہ علاج۔
الطِّبابَةُ: طبابت، معالجہ، پیشۂ علاج (۲) کپڑے کا لمبا ٹکڑا (۳) کپڑے کو کشادہ کرنے کے لئے لگایا جانیوالا کپڑے کا ٹکڑا (۴) مشک کے ٹانکوں پر لگائی جانے والی چمڑے کی گوٹ (۵) زمین یا ریت وغیرہ سے گزرنے والا لمبا راستہ۔
الطَّبُّ: مہارت و ہوشیاری (۲) ماہر و ہوشیار (۳) مشفق و دانا۔
الطُّبُّ: مہارت و ہوشیاری۔
الطِّبُّ: جسمانی و ذہنی علاج، دوا دارو، علم العلاج (۲) نرمی اور حسن تدبیر (۳) جادو (۴) عادت، خو بو۔
الطَّبَّةُ: کنارہ۔
الطِّبَّةُ: تکیہ، گدا (۲) پیڈ جس پر خط وغیرہ رکھ کر لکھتے ہیں (۳) پلنگ (۴) اسٹوپر۔
الطَّبِیبُ: معالج، حکیم و ڈاکٹر (۲) رفوگر، مشک وغیرہ پر گوٹ لگانے والا (۳) علم طب کا عالم (۴) ماہر و حاذق (۵) مہربان و مشفق ج: أطِبَّةٌ و أطِبّاءُ
الطَّبِیبُ الجَرّاح: سرجن، آپریٹر۔
طَبِیبُ الأسْنانِ: ڈینٹسٹ، دانتوں کا ماہر ڈاکٹر۔
الطَّبِیبُ الرَّسْمِیُّ: سرکاری ڈاکٹر یا حکیم
الطَّبِیبُ العَصْرِیُّ: طب جدید کا ماہر ڈاکٹر
الطَّبِیبُ المُداوِی: معالج ڈاکٹر۔
الطَّبِیبُ المُقِیمُ فی المُسْتَشْفَی: ہاؤس فزیشن، ہسپتال میں مقیم ڈاکٹر۔
طَبِیبُ العُیُونِ: آئی اسپیشلسٹ، آنکھوں کا ماہر ڈاکٹر۔
الطَّبِیبَةُ: لیڈی ڈاکٹر (۲) زمین، کپڑے، بادل اور چمڑے کا لمبا ٹکڑا۔ ج: طَبائِبُ۔
• طَبِجَ ـَ طَبَجًا: بیوقوف ہونا۔

طَبَخَ علی رَأْسِہ و علی کل اَجْوَف: سر یا کھوکھلی چیز پر مارنا۔
تَطَبَّخَ فِی الکلام: مختلف طریقوں سے باتیں کرنا۔
• طَبَخَ ـ طَبْخًا: پکانا، شوربے میں ملا کر کوئی چیز پکانا (۲) پگھلانا، ڈھالنا
ــــ الآجُرَّ او الطُّوبَ: اینٹیں وغیرہ پکانا۔
ــــ القدرَ و نَحْوَھا: ہنڈیا یا دیگچی تیار کرنا یعنی اس میں پڑی چیز کو پکانا
ــــ الحَرُّ الثَّمَرَ: گرمی کا پھلوں کو پکادینا
طَبَّخَ الطَّعَامَ و غَیْرَہُ: کھانا وغیرہ خوب پکانا، زیادہ دیر پکانا۔
اِطَّبَخَ: پکی ہوئی چیز لینا۔
ــــ الشیءَ: پکانا۔
اِنْطَبَخَ الشیءُ: پک جانا۔
تَطَبَّخَ: پکی ہوئی چیز کھانا۔
الأَطْبَخُ: احمق۔
الطَّابِخُ: دائمی شدید بخار۔
الطَّابِخَۃُ: مؤنث الطَّابِخ۔ دوپہر کی گرمی ج: طَوَابِخُ۔
الطُّبَاخَۃُ: پکی ہوئی چیز کا جھاگ یا بھاپ یا نچوڑ۔
الطِّبَاخَۃُ: پکائی، باورچی کا پیشہ، پکانے کا کام۔
الطَّبَّاخُ: باورچی۔ کہتے ہیں: ھو اَبْیَضُ سِرْبَالِ الطَّبَّاخِ: وہ بخیل ہے۔
الطِّبِّیْخُ: البِطِّیْخُ۔ خربوزہ (لغت اہل مدینہ)۔
الطَّبِیْخُ: پکا ہوا۔
الطَّبِیْخُ: پکا ہوا کھانا، پکی ہوئی چیز۔
المَطْبَخُ: باورچی خانہ۔ ھو اَبْیَضُ المَطْبَخِ: وہ بخیل ہے ج: مَطَابِخُ۔
المِطْبَخُ: پکانے کا برتن یا آلہ جیسے دیگچی چولہا وغیرہ (۲) تیل کا چولہا، اسٹوو وغیرہ ج: مَطَابِخُ۔
المطبوخ: پکا ہوا، پختہ عقل آدمی۔
• طَبَرَ ـ طَبْرًا: کودنا، اچھلنا (۲) چھپنا، پوشیدہ ہونا۔
الطَّبْرُ: کلہاڑی نما اوزار، طبر۔
الطَّبْرُ: ستون۔
الطُّبَّارُ: انجیر کے مشابہ ایک درخت۔
بَنَاتُ طَبَّارٍ: مصائب، آفات۔
الطَّابُورُ: فوج کی ایک رجمنٹ (آٹھ سو سے ایک ہزار تک فوجیوں پر مشتمل دستہ) (۲) کالم (۳) قافلہ (۴) فائل
الطَّبَرانی: طَبَرِیَّۃُ کی طرف منسوب۔
طَبَرِیَّۃُ: شام اور فلسطین کے درمیان ایک مشہور شہر (۲) ایک جھیل کا نام
الطَّبَرِیُّ: طبرستان کی طرف منسوب۔
• الطَّبَاشِیْرُ: کھریا مٹی، چاک جس سے تختۂ سیاہ پر لکھا جاتا ہے۔
• طَبَّسَہُ: گارے سے لیپنا۔
الطَّبَسُ: ہر کالی چیز۔
الطِّبِّسُ: بھیڑیا۔
• الطَّبْنُشُ: لوگ۔
• طَبْطَبَ الماءُ و السَّیْلُ: پانی یا سیلاب کا تلاطم کے وقت آواز نکالنا (۲) تھرکنا، حرکت کرنا، لہریں مارنا۔
ــــ الماءَ و غیرَہُ: حرکت دینا، لہریں پیدا کرنا۔
تَطَبْطَبَ الماءُ و نَحْوُہُ: حرکت کرنا، لہریں مارنا۔
الطَّبْطَابَۃُ: گیند کا بلا (مِضْرَبُ الکُرَۃِ)۔
الطَّبْطَبَۃُ: پانی وغیرہ کے تلاطم کی آواز (۲) چلتے وقت قدموں کی چاپ۔
• طَبَعَ الشیءَ ـ طَبْعًا و طِبَاعَۃً: چھاپنا، کسی شکل میں ڈھالنا۔
ــــ اللّٰہُ الخَلْقَ: اللہ کا مخلوق کو خاص شکل پر پیدا کرنا۔
طَبَعَ الاِناءَ من الطِّیْنِ وغیرہ: مٹی سے برتن وغیرہ بنانا۔ برتن پر نقش ونگار بنانا۔
ــــ الکتابَ: کتاب چھاپنا۔
ــــ فُلانًا علی کذا: کسی کو کسی صفت کے ساتھ پیدا کرنا یا تربیت دینا، کسی کی سرشت میں کوئی چیز ڈالنا یا کسی چیز کا عادی بنانا۔
ــــ الشیءَ و عَلَیْہ: مہر لگانا، سربمہر کرنا، بند کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "طَبَعَ اللّٰہُ علی قُلُوبِھِمْ" ان کے دلوں کو اس طرح بند کر دیا ہے کہ ان تک خیر نہیں پہنچتی۔
ــــ الدَّابَّۃَ: طاقت سے زیادہ بوجھ لادنا۔
ــــ الشَّیْءَ: گندا کرنا، عیب دار بنانا (۲) نشان لگانا۔
ــــ الدَّولَۃُ النَّقْدَ: حکومت کا سکہ ڈھالنا، سکہ پر ٹھپا لگانا۔
طَبِعَ ـ طَبَعًا: گندا ہونا، میلا ہونا (جسمانی یا اخلاقی طور پر) عیب دار ہونا۔
ــــ السَّیْفُ و نَحْوُہُ: زنگ آلود ہونا۔
ــــ الثَّوبُ و نَحْوُہُ: انتہائی میلا کچیلا ہونا۔
ــــ فُلانٌ: پست اخلاق ہونا، اعلیٰ اخلاق سے حصہ نہ پانا۔ ھو طَبِعٌ و طَبِیْعٌ۔
طُبِعَ علی کذا: کسی چیز کا عادی ہونا، کسی کی سرشت میں کوئی چیز داخل ہونا۔
أَطْبَعَہُ: کسی کو سامان سے بوجھل کرنا۔
طَبَّعَہُ: مبالغہ در طبع (۲) جانور وغیرہ کو سدھانا، عادی بنانا، مانوس بنانا۔
ــــ علی کذا: کسی چیز کا خوگر بنانا (۲) گندا اور میلا کچیلا کرنا (۳) بوجھل بنانا۔
ــــ العلاقاتِ وغیرھا: معمول پر لانا۔

اِنْطَبَعَ : مطاوع طبع۔ چھپنا، چھاپ لگنا، نقش ہونا، ڈھلنا، منعکس ہونا، بند ہونا، بھر جانا۔
تَطَبَّعَ بکذا او بِطِبَاعِہ: کسی کی خصلت وعادت اختیار کرنا۔
ـــــ الإناءُ بالماء وغیرہ: برتن کا بھر کر چھلکنا۔
الانْطِبَاعُ: نقش، چھاپ، عکس۔
الانْطِبَاعَات: تاثرات۔
التَّطْبِيعُ: مزاج سازی، تربیت۔
الطَّابِعُ: چھاپنے والا، پرنٹر، پریس مین (۲) غالب عادت (۳) مہر (۴) مزاج، طبیعت۔ لہ طَابِعٌ حَسَنٌ: اس کا اخلاق یا عادت اچھی ہے۔
الطَّابَعُ: مہر لگانے کا آلہ (مہر، چھاپہ جس سے چھپائی کی جائے) (۲) غالب عادت (۳) لیبل، علامت، اثر، نشان (۴) چھاپ (۵) مزاج، خصلت، انداز، طرز، رنگ ڈھنگ (۶) تاریخ ڈالنے کی مہر (ڈیٹر) ج: طَوَابِعُ
طَابَعُ البَرِيد: ڈاک ٹکٹ۔
طَابَعُ الدَّمْغَة: سرکاری مالی اسٹامپ۔
طَابَعُ التَّبَرُّعَات: چندہ کا ٹکٹ۔
الطَّابَعُ السِّيَاسِيُّ: سیاسی رنگ، سیاسی انداز۔
الطَّابَعُ الاسلامِيُّ: اسلامی طرز، رنگ و روپ۔
الطِّبَاعَةُ: چھپائی، پرنٹنگ (۲) چھپائی کا پیشہ (۳) نقل نویسی، فوٹو اسٹیٹ کاپی کا کام (۴) تلوار سازی۔
الطِّبَاعَةُ على الآلَة: ٹائپنگ، ٹائپ کرنے کا کام یا پیشہ۔
طِبَاعَةُ اوفسيت: آفسیٹ (عکسی) چھپائی
طِبَاعَةُ الحَجَر او على الحَجَر: لیتھوگرافی پتھر یا معدنی چادر کے ذریعہ چھپائی۔
الطِّبَاعَةُ بالاسْتِنْسَاخ: ایک تحریر کی متعدد نقلیں تیار کرنے کا کام۔
الطِّبَاعِيُّ: طباعتی پریس سے متعلق، چھپائی سے متعلق۔
آلَةُ طِبَاعَةٍ: پرنٹنگ مشین، پریس۔
الطِّبَاعُ الأَرْبَعَة: گرمی، سردی، خشکی، تری۔
الطَّبَّاعُ: الطَّابِعُ۔ پریس مین، پرنٹر (۲) تلوار ساز (۳) کمہار، کوزہ گر۔
الطَّبِّيعُ: کھجور کی کلی کا گودا۔
الطَّبْعُ: عادت، مزاج، فطرت، موڈ (۲) نمونہ، شکل (۳) چھپائی (۴) مہر (۵) علم نفسیات میں ان احساسات واخلاق کا نام ہے جو معاشرے میں افراد کو ایک دوسرے سے ممتاز کرتے ہیں۔ یہ خاندانی بھی ہوتے ہیں اور کسبی بھی ج: اَطْبَاعٌ و طِبَاعٌ۔
الطَّبَعُ: زنگ (۲) زبردست میل (۳) عیب و بدنمائی۔
الطَّبِعُ: گندا، انتہائی میلا (۲) پست اخلاق آدمی (۳) زنگ آلود۔
طَبْعُ الحروف: ٹائپ کی چھپائی۔
وَرَقُ الطَّبْع: پرنٹنگ پیپر۔
الطَّبْعُ بالرَّوسم: اسٹینسل کی چھپائی۔
طَبْعًا۔ بالطَّبْع: یقیناً، قدرتی طور پر، بلاشبہ ٹھیک۔
الطَّبْعَةُ: ایک دفعہ کی چھپائی، اڈیشن ج: طَبَعَاتٌ۔
طَبْعَةُ الكتاب: کتاب کا اڈیشن۔
الطَّبْعَةُ الأُسْبُوعِيَّة: ہفتہ وار اڈیشن۔
الطَّبْعَةُ القَدِيمَة: پرانا اڈیشن۔
الطَّبْعَةُ القَادِمَة: اگلا اڈیشن۔
طَبْعَةُ يوم الأَحَد: سنڈے اڈیشن۔
الطَّبِيعَةُ: فطرت، مزاج (اخلاط اربعہ یعنی صفرا، سودا، خون، بلغم سے مرکب) فطری عادت (۲) اصل، معمول۔
عادت الأُمور الى طَبِيعَتِها: حالات کا معمول پر آنا (۳) اجسام میں پائی جانے والی وہ طاقت جس کے ذریعہ وہ حد کمال تک پہنچتے ہیں۔
طَبِيعَةُ النَّار او الدَّوَاءِ وغیرہ: آگ یا دوا وغیرہ کی وہ خاصیت اور تاثیر جو اللہ تعالیٰ نے اس میں ودیعت کی ہے ج: طَبَائِع۔
علم الطَّبِيعَةِ: علم طبیعیات، وہ علم جو اشیاء کے خواص وفطری اثرات سے بحث کرتا ہے (فزیکل سائنس) طبائع اشیاء قدما کے نزدیک چار ہیں حرارت برودت، خشکی اور تری۔
عُلَمَاءُ الطَّبِيعة: سائنس داں۔
الطَّبِيعِيُّ: طبعی، فطری، قدرتی، سائنس سے متعلق (۲) معمول کے مطابق، نارمل، اصلی (غیر مصنوعی۔ ضد: مُصْطَنَع) (۳) علم طبعیات کا ماہر۔
المَطْبَعَةُ: چھاپہ خانہ، پریس (ان آلات اور مشینوں کا مجموعہ جن سے چھپائی کی جاتی ہے) ج: مَطَابِع۔
المِطْبَعَةُ: پریس (چھاپنے کی مشین)۔ ج: مَطَابِع۔
مِطْبَعَةُ اوفسيت: آفسیٹ مشین۔
مِطْبَعَةُ حَجَرٍ: لیتھو پریس۔
المَطْبَعِيُّ: پریس (چھاپہ خانہ) سے متعلق۔
الغَلْطَةُ المَطْبَعِيَّة: چھپائی کی غلطی۔
المِطْبَعِيُّ: پریس مین، پریس والا۔
المَطْبُوعُ: چھپا ہوا (۲) فطری صلاحیت والا، خداداد۔
المَطْبُوع في فنٍّ: کسی فن کا ماہر۔
المَطْبُوعُ على كذا: کسی چیز کا عادی جو اس کے مزاج اور فطرت میں داخل ہو جیسے فُلانٌ مَطْبُوعٌ على الكَرَم: فلاں کی فطرت میں شرافت داخل ہے۔
الشَّاعِرُ المَطْبُوع: فطری شاعر جسے خداداد صلاحیت حاصل ہو، بلا تکلف

شعر کہنے والا۔
المَطبُوعَاتُ: چھپی ہوئی چیزیں، کتابیں وغیرہ، لٹریچر، چھپا ہوا مواد۔
المَطبُوعات الدَّورِيَّةُ: گشتی پمفلٹ، وقفہ وقفہ سے شائع ہونے والا لٹریچر
قَلَمُ المَطبُوعات: پریس آفس جہاں رسائل واخبارات اور کتابوں کی چھان بین کی جاتی ہے۔
المُطَبَّعُ: سدھایا ہوا، عادی بنایا ہوا (۲) معمول پر لایا ہوا۔
المُطَبِّعُ: سدھانے والا، معمول پر لانے والا۔
• طَبِقَتْ يَدُه ــ طَبَقًا: ہاتھ کا بند ہونا، بندھ جانا، منجمد ہو جانا۔ طَبِقَ يَفعَلُ: وہ کرنے لگا۔
أَطبَقَ القَومُ علی کذا: متفق ہونا۔
ـــ اللَّيلُ: رات کا تاریک ہونا۔
ـــ الشيءَ: کسی چیز کے ایک حصہ کو دوسرے حصہ سے ملانا جیسے: أَطبَقَ الرَّحى: چکی کے دو پاٹ اوپر نیچے رکھ کر ملا دینا۔
ـــ فَمَهُ و أَطبَقَ شَفَتَيهِ: ہونٹ سے ہونٹ ملا کر منھ بند کرنا، چپ ہونا۔
ـــ الصَّحِيفَةَ او طَرَفَي الصَّحِيفَةِ: صفحہ کے کناروں کو ملانا (۲) اخبار وغیرہ کو بند کرنا (یعنی اس کے صفحات کو ملا دینا)۔
ـــ الشيءُ الشيءَ: ڈھانپنا جیسے: أَطبَقَ السَّحَابُ السَّمَاءَ والثَّلجُ الأَرضَ۔
أُطبِقَت عليه الحُمّى: کسی کو شب و روز بخار رہنا۔
ـــ النُّجُومُ: ستاروں کا ظاہر ہونا۔
طَابَقَ الفَرَسُ فِي مَشيِه اوجَريِه مُطَابَقَةً و طِبَاقًا: گھوڑے کا چلتے یا دوڑتے وقت پچھلے پیروں کو اگلے پیروں کے نشانات پر رکھنا۔
ـــ المُقَيَّدُ: پیر بندھے کا قدم ملا کر چلنا۔

طَابَقَ فُلانًا: کسی سے موافقت کرنا، موافق ہونا (۲) مدد دینا۔
ـــ علی الأَمرِ: کسی کام میں ہم نوائی کرنا، مدد دینا۔
ـــ الشيءَ علی الشيءِ: منطبق کرنا، ایک کو دوسرے کے ساتھ ملانا، برابر کرنا
ـــ بَينَ الشَّيئَينِ: دو چیزوں کو یکساں کرنا، برابر کرنا، ایک دوسرے کے مطابق کرنا۔
ـــ بين قَمِيصَينِ او نَحوِهِما: دو کرتوں کو ایک دوسرے پر پہننا۔
طَبَّقَ الجازِرُ: ذبح کرنے والے کا جوڑ تک پہنچ جانا۔
ـــ الحاكِمُ: حکمراں کا اپنے امور کو استوار کرنا۔
ـــ القانونَ او القاعِدَةَ: قاعدے قانون کو نافذ کرنا، عملی جامہ پہنانا۔
ـــ الفَرَسُ و نَحوُهُ: گھوڑے کا ایک ساتھ پاؤں اٹھا کر چلنا، کود کر چلنا۔
ـــ الشيءَ: ڈھانپنا۔ طَبَّقَ السَّحابُ الجَوَّ و الغَيمُ السماءَ و الماءُ وَجهَ الأَرضِ۔
ـــ الشيءَ علی الشيءِ: منطبق کرنا، ملانا، برابر کرنا، یکساں کرنا۔
ـــ المُصَلِّي او الرَّاكِعُ كَفَّيهِ او يَدَيهِ: رکوع یا تشہد میں نمازی کا اپنے دونوں ہاتھوں یا ہتھیلیوں کو رانوں یا گھٹنوں کے درمیان رکھنا (یہ ممنوع ہے)۔
انطَبَقَ: منطبق ہونا، ایک دوسرے سے مل جانا۔
ـــ عَلَيه كذا: موافق و مطابق ہونا، مناسب ہونا، جوڑ کھانا، میل کھانا، چسپاں ہونا، فٹ ہونا۔
ـــ الشَّيئانِ: دو چیزوں کا باہم مل جانا۔ جیسے: انطَبَقَ الجَفنانِ۔

انطَبَقَ الفَمُ: منھ بند ہونا۔
تَطَابَقَا: باہم مطابق و موافق ہونا، یکساں ہونا، برابر ہونا۔
ـــ القومُ علی کذا: کسی بات پر باہم متفق ہونا۔
تَطَبَّقَ: انطَبَقَ (۲) عمارت کا منہدم ہونا
الإِطبَاقُ: تلفظ کے وقت زبان کے دونوں کناروں کو اوپر کے تالو تک اٹھا کر ملا دینا جس سے حرف موٹا ہو جاتا ہے۔ حروف الاطباق چار ہیں۔ صاد، ضاد، طاء، ظاء۔
التَّطبِيقُ: علمی قواعد کا اجراء، عملی شکل (۲) علمی یا قانونی ضوابط پر مسائل و معاملات کی موقوفی، تنفیذ، مطابقت، عملی تشکیل۔
التَّطابُقُ بين الشَّيئَينِ: یکسانیت۔
الطَّابِقُ: کڑاہی، آدھی بکری ج: طَوابِق۔
الطَّابَقُ: مطابق (۲) پکانے کا برتن (۳) بڑی پکی اینٹ (۴) شیشہ (۵) عمارت کی ایک منزل (دَورٌ) ج: طَوَابِق و طَوَابِيق
الطَّابَقُ الأَرضِيُّ: گراؤنڈ فلور، نچلی منزل۔
الطَّابَقُ العُلوِيُّ: بالائی منزل۔
الطِّبَاقُ: مطابق (۲) فن بدیع میں صنعت طباق دو متقابل معنی کو یکجا کرنے کا نام ہے۔ جیسے ارشاد باری: "يُحيِي و يُمِيتُ" اور "و تَحسَبُهُم أَيقَاظًا و هُم رُقُودٌ" (۳) طَبَق یا طَبَقَة کی جمع بمعنی تہ بہ تہ جیسے السَّمٰوٰتُ الطِّباقُ
الطُّبَاقَاءُ: وہ شخص جس کے معاملات الجھے ہوئے ہوں (۲) وہ شخص جس کے ہونٹ بات کرتے وقت بند ہو جاتے ہوں۔
الطُّبَّاقُ: دھونی دینے کا ایک پودا۔
الطَّبَقُ: مطابق۔
الطِّبقُ: مطابق (۲) پرندے کو پکڑنے کا لاسہ (۳) دن کا کوئی حصہ (۴) لوگوں کی جماعت
جَاءَ طِبقًا: وہ ابھی آیا ہے۔

طِبقُ الأَصْلِ: اصل کے مطابق۔
ــــ المَرام: حسبِ منشا۔
طِبقًا للقانُون: قانون کے مطابق۔
الطَّبِقُ: محصور، بند۔
الطَّبَقُ: مطابق، ڈھکن، کور، پردہ (۲) پلیٹ وغیرہ جس میں کھانا کھایا جائے (۳) سینی، ٹرے (۴) طشتری (۵) درجہ، حالت۔ قرآن پاک میں ہے: "لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عن طَبَقٍ" کہتے ہیں: بَاتَ يَرْعَى طَبَقَ النُّجُومِ: وہ رات کو ستاروں کی حالت دیکھتا رہا ج: أَطْبَاق وطِباق۔
أَطْبَاقُ الرأسِ: سر کی ہڈیاں۔ بَنَاتُ طَبَقٍ: کچھوے، مصائب۔ الدَّهْرُ أَطْبَاقٌ: زمانہ کے مختلف حالات ہیں۔
الطَّبَقُ الطَّائِرُ: اڑن طشتری۔
الطُّبْقَةُ: پھندا، جال ج: طِبَقٌ۔
الطَّبَقَةُ: نسل بعد نسل (۲) ایک عمر یا ایک زمانہ کے لوگ، ایک حالت کے لوگ (۳) درجہ، مرتبہ، کلاس (۴) حالت، پوزیشن (۵) مکان کی منزل (۶) پیٹھ کے مہروں میں سے ایک ج: طَبَقات وطِبَقٌ۔
طَبَقَةُ الأرضِ: زمین کی ایک تہ۔
الطَّبَقَةُ الاجْتِمَاعِيَّةُ الدُّنيا: تھرڈ کلاس لوگ۔
الطَّبَقَةُ الاجتماعِيَّةُ العُلْيا: فرسٹ کلاس لوگ، اونچے درجہ کے لوگ۔
الطَّبَقَةُ الحَاكِمَةُ: حکمراں جماعت۔
الطَّبَقَةُ الدُّنيا: نچلا طبقہ (الطَّبَقَةُ السُّفْلَى)۔
الطَّبَقَةُ الرَّاقِيَةُ: ترقی یافتہ لوگ۔
الطَّبَقَةُ العالِيَةُ: اونچا طبقہ، اونچے درجہ کے لوگ۔
الطَّبَقَةُ الفَقِيرَةُ: غریب لوگ۔
الطَّبَقَةُ المُتْرَفَةُ: خوش حال لوگ۔
طَبَقَةُ المُثَقَّفِينَ: تعلیم یافتہ لوگ۔

طَبَقَةُ المَنْبُوذِينَ: پست اقوام، اچھوت لوگ۔
الطَّبَقَةُ المُخَلَّفَةُ: پس ماندہ طبقہ (الطَّبَقَةُ المُتَخَلِّفَةُ)۔
الطَّبَقَةُ الكَادِحَةُ: محنت کش طبقہ۔
طَبَقَةٌ مَهْضُومَةُ الحُقُوقِ: مظلوم طبقہ
الطَّبَقِيُّ: طبقاتی، طبقہ وار۔
الطِّبِيقُ: رات کی ایک گھڑی ج: طُبُقٌ۔
المُطَبِّقُ: صائب الرائے۔
المُطَبَّقُ: تہ بہ تہ (۲) وہ چیز جس کے اوپر موتیوں کی تہ چڑھا کر موتی جیسا بنا دیا جائے۔
الطِّفْلُ: شیر خوار نرم و نازک بچہ مطلقاً کوئی بھی بچہ انسان کا ہو یا غیر انسان کا (۲) سن بلوغ سے پہلے کا لڑکا (مفرد و مذکر کے لئے) ج: أطْفَال. و إذا بَلَغَ الأطْفَالُ مِنْكُمُ الحُلُمَ فَلْيَسْتَأذِنُوا. کبھی واحد جمع اور مذکر و مؤنث اس میں برابر ہوتے ہیں۔ جیسے قرآن پاک میں ہے: "ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا" (یہاں جمع کے لئے ہے) "أو الطِّفْلِ الذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوا عَلى عَوْرَاتِ النِّسَاءِ" (۳) کسی چیز کا جزء حسی ہو یا معنوی (۴) چھوٹی گھاس وغیرہ (۵) آگ کا انگارہ، چنگاری۔ تَطَايَرُ أطْفَالِ النَّارِ: آگ کی چنگاریاں پھیلنا۔ هو يَسْعَى في أطْفَالِ الحَوَائِجِ: وہ چھوٹی ضرورتوں کیلئے کوشاں ہے۔
أتَاهُ وَاللَّيْلُ طِفْلٌ: وہ اس کے پاس ابتدائی رات میں آیا۔
رِيحٌ طِفْلٌ: نرم و لطیف ہوا۔

طِفْلٌ غَيْرُ شَرْعِيٍّ: ناجائز بچہ، حرامی۔
الطَّفَلُ: رات کی آمد کا وقت (۲) رات کی تاریکی (۳) قبیل غروب آفتاب کا وقت یا عصر کے بعد کا وقت غروب تک (۴) طلوع آفتاب کے تھوڑی دیر بعد کا وقت۔
طَفَلُ العَشِيِّ: غروب آفتاب کے قریب شام کا آخری وقت۔
طَفَلُ الغَدَاةِ: بطلوع آفتاب کے تھوڑی دیر بعد کا وقت۔
الطُّفُولَةُ: بچپن، پیدائش سے بلوغ تک کا وقت۔
الطُّفُولِيَّةُ: بچپن۔
الطُّفُولِيٌّ: بچکانہ، غیر دانشمندانہ، ناپختہ۔
الطُّفَيْلُ: حوض وغیرہ میں بچا ہوا گدلا پانی
الطُّفَيْلِيٌّ: طفیلی، بن بلایا مہمان، تقریبات و مجالس اور دعوتوں میں بے بلائے شریک ہونے والا، جیسا کہ کہا جاتا ہے یہ لفظ طفیل کی طرف منسوب ہے جو کوفہ کا رہنے والا آل عبد اللہ بن غطفان کا ایک شخص تھا، وہ دعوتوں اور شادی بیاہ کی ہر تقریب میں بلا بلائے شریک ہوتا تھا، پھر ہر اس شخص کو طفیلی کہا جانے لگا جو طفیل غطفانی کی روش پر چلتا ہو۔ (۲) علم الاحیاء میں طفیلی ہر اس زندہ مخلوق کو کہا جاتا ہے جو دوسرے کے سہارے جیتا ہو، وہ دوسری شے اس کے دائرۂ وجود میں ہو یا خارج۔ (۳) زائد، دوسرے کے ساتھ نتھی جیسے درخت کی جڑ میں اُگ آنے والی زائد گھاس۔
المُطْفِلُ: بچہ والی عورت یا جانور مادہ ج: مَطَافِل۔

لَيْلَةٌ مُطْفِلٌ: انتہائی سرد رات جس میں بچے سردی سے مرجائیں۔
• طَفَا الشَّيْءُ فوقَ الماءِ ـُ طَفْوًا و طُفُوًّا: پانی پر کسی شے کا تیرنا، پانی کے اندر نہ جانا۔ هو طافٍ وهي طَافِيَة۔
—الثَّوْرُ الوَحْشِيُّ: جنگلی بیل (سانڈ) کا جھاڑیوں پر چڑھنا۔
—الفَرَسُ: گھوڑے کا سر اوپر کو اٹھانا۔
—الظَّبْيُ: زمین پر ہرن کا اچھل کود کرنا اور دوڑنا۔
—فُلَانٌ: کسی معاملہ میں دخیل ہونا (۲) حلیم انسان کی سنجیدگی کے وقت ناسنجیدہ اور سرکش ہوجانا۔
—فُلَانٌ فوقَ الفَرَسِ: گھوڑے پر کود کر سوار ہونا۔
—الخُوصَةُ فَوْقَ الشَّجَرَةِ: درخت پر ناریل کا نمودار ہونا یا شاخ کا نکلنا۔
طَفَتْ صُوَرٌ أمَامَ العَيْنِ: آنکھوں کے سامنے تصویریں پھرنا۔
أطْفَى فُلَانٌ: سطح آب پر تیرتی ہوئی مچھلی کھانے کا عادی ہونا۔
الطَّافِيَةُ: من العِنَبِ: خوشۂ انگور میں نمایاں اور ابھرا ہوا دانہ۔ حدیث دجال میں ہے: "وكَأنَّ عَيْنَهُ عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ" (۲) تیرتا ہوا برف کا تودہ۔
الطُّفَاوَةُ: ہانڈی وغیرہ کا جھاگ یا تیرتا ہوا روغن (۲) چاند اور سورج کے گرد ہالہ۔
أصَبْنَا طُفَاوَةً من الرَّبِيعِ: ہمیں موسم بہار کا کچھ حصہ ملا۔
الطَّفْوُ: باریک کونپل۔
الطُّفْيَةُ: کھجور کی مانند ایک درخت کے پتے (۲) سانپ کی پشت پر سفید یا سیاہ یا زرد دھاری (۳) ایک زہریلا چکدار چھوٹی دم کا سانپ۔ ج: طُفًى۔ اس سانپ پر دو دھاریاں ہوتی ہیں اس لئے ذَاتُ الطُّفْيَتَيْنِ بھی کہا

جانا ہے۔

ط ـــــ ق

• الطَّقْسُ: ترتیب ونظام، رسم ورواج (۲) فضا (۳) آب وہوا (۴) نصاریٰ کے یہاں مذہبی تہواروں کا نظام، مذہبی تقریب، مذہبی تہوار یا میلہ ج: طُقُوس۔

• طَقَّ ـِ طَقًّا: ٹک ٹک کی آواز ہونا، پتھر پڑنے کی آواز ہونا۔

طَقْطَقَ: ٹک ٹک کی آواز پیدا ہونا یا زیادہ ہونا

ـــ الدَّوَابُّ: سخت زمین پر پیروں کے پڑنے کی آواز نکلنا۔

ـــ الشیءَ: ٹک ٹک کی آواز پیدا کرنا، دھڑ دھڑ یا چوں چوں کی آواز نکلوانا۔

طَقٌّ: پتھر پر پتھر پڑنے کی آواز، پتھر تڑخنے یا پھٹنے کی آواز۔

طَقْ طَقْ: پتھروں کی مسلسل آواز ٹک ٹک کی مسلسل آواز۔

طِقٌّ: ٹک (آواز) مینڈک کے کودنے کی آواز (۲) بے قیمت چیز۔ هذا لا يُساوي طِقًّا: اس کی کوئی حیثیت نہیں۔

• الطَّقْمُ: سیٹ، مختلف ایسی چیزوں کا مجموعہ جو ایک ہی مقصد کیلئے استعمال کی جائیں۔

طَقْمُ أَسْنَانٍ: دانتوں کا سیٹ (مسوڑھا جبڑا اور دانتوں کی پلیٹ)۔

طَقْمُ ثِيَابٍ: کپڑوں کا جوڑا۔

طَقْمُ سُفْرَةٍ: لوازم دسترخوان۔

طَقْمُ شَايٍ: چائے کا سیٹ (پیالیاں چائے دان وغیرہ)

طَاقَمٌ: مجموعہ، گروپ، کارکنوں کی جماعت ج: أَطْقُمٌ۔

طَاقَمُ السَّفِينَةِ والطَّائِرَةِ: جہاز کا عملہ اسٹاف۔

ط ـــــ ل

• طَلَبَهُ ـُ طَلَبًا: چاہنا، حاصل کرنے کی کوشش کرنا، تلاش کرنا۔

طَلَبَهُ لَهُ شَيْئًا: کسی کے لئے کسی چیز کی فرمائش کرنا، آرڈر دینا۔

ـــ إليه كذا: کسی سے کسی چیز کی درخواست کرنا، اپیل کرنا، فرمائش کرنا۔

طَلَبَ منه: مانگنا، مطالبہ کرنا۔

طَلِبَ ـَ طَلَبًا: مطلوب ہو کر دور ہونا یعنی اتنا دور ہو جانا کہ اسے تلاش کرنا پڑے

أَطْلَبَ: طَلَبَ (۲) مطلوب ہو کر دور ہو جانا، اتنا دور ہونا کہ تلاش کیا جائے۔

ـــ فُلانًا: کسی کی فرمائش پوری کرنا، تکمیل فرمائش میں مدد دینا۔

ـــ فُلانًا الشيءَ: کسی چیز کے حصول میں مدد دینا (۲) کسی کو مانگنے یا تلاش کرنے پر مجبور کرنا۔

طالَبَه بِحَقِّه مُطَالَبَةً و طِلابًا: کسی سے اپنا حق مانگنا، مطالبہ کرنا۔

طَلَّبَهُ: مانگنا، تلاش کرنا (۲) وقفہ دے کر مانگنا یا تلاش کرنا۔

اِطَّلَبَهُ: طَلَبه۔ وقفہ سے مانگنا۔

تَطَلَّبَهُ: چاہنا، مانگنا، وقفہ سے چاہنا یا مانگنا یا تلاش کرنا۔

ـــ الأمرُ كذا: کسی امر کا کسی شئے کیلئے محتاج و مقتضی ہونا۔ جیسے: الامْتِحانُ يَتَطَلَّبُ منك السَّهرَ: امتحان تم سے شب بیداری کا مقتضی ہے۔

ذوی العقول کے لئے لفظ مطالبہ عام طور پر مستعمل ہے۔ غیر ذوی العقول کے مطالبہ کو تقاضا کہا جاتا ہے اس کیلئے تطلّب مستعمل ہے۔

الطَّالِبُ: فرمائش کنندہ، خواہش مند، طلب گار، تلاش کنندہ (۲) طالب علم (کسی بھی درجہ یا مرحلہ میں ہو۔ عرفاً صرف سیکنڈری اسکول اور یونیورسٹی کے طالب علم کے لئے بولا جاتا ہے) ج: طُلَّابٌ و طَلَبَةٌ۔

الطَّالِبُ المُتَقَدِّمُ: کسی ملازمت وغیرہ کا امیدوار۔

طَالِبُ الزَّوَاجِ: پیغام نکاح دینے والا

طَالِبُ الاستئناف: مقدمہ کی اپیل کرنے والا۔

طَالِبُ حَقٍّ: کلیم والا۔

طَالِبُ المُنَاقَصَةِ: ٹینڈر والا، ٹھیکہ کی درخواست دینے والا۔

طَالِبُ وَظِيفَةٍ: ملازمت کا امیدوار۔

الطِّلَابُ: مطلوب۔

الطِّلَابَةُ: مطلوب۔

الطِّلْبُ: مطلوب، مطلوبہ چیز، مراد، مقصد۔ کہتے ہیں: هِيَ طِلْبُ فُلانٍ: یہ فلاں کی خواہش کی چیز ہے (۲) خواہشمند، طالب۔ کہتے ہیں: هو طِلْبُ نِسَاءٍ: وہ عورتوں کا متلاشی یا خواہش مند ہے۔ هي طِلْبُ رِجالٍ: وہ عورت مردوں کی خواہشمند ہے ج: أَطْلَابٌ و طِلَبَةٌ۔

الطَّلَبُ: خواہش (۲) تلاش و جستجو (۳) سوال، فرمائش (۴) آرڈر فرمائش (۵) اپیل والتماس (۶) درخواست (اپلیکیشن) (۷) مطلب و مقصد (۸) مانگ، ڈیمانڈ (بازار میں کسی سامان کی اتنی مقدار کا ہونا جسے افراد خریدنا قبول کریں) ج: طَلَبَات۔

طَلَبَاتُ الدَّعْوَى: عدالتی اصطلاح میں دعوی کے اس ماحصل کا نام ہے جو مدعی فیصلہ کے لئے عدالت میں داخل کرتا ہے۔

طَلَبُ الاجْتِمَاعِ لِغَرَضٍ: جلسہ یا میٹنگ بلانا۔

ـــ الكلمةَ من أحدٍ: تقریر کیلئے کہنا۔

ـــ المقابلةَ واللقاءَ مع أحدٍ: ملاقات کا وقت چاہنا۔

طَلَبُ المكالَمَةِ التِّلفونية: ٹیلیفون کال بک کرنا۔
ـــ مُنَاقَصَةٍ: ٹینڈر مانگنا۔
الطَّلَبُ البَرِيدِيُّ: میل آرڈر، ڈاک کے ذریعہ حاصل ہونے والا آرڈر۔
الطَّلَبُ التِّجَارِيُّ: تجارتی آرڈر، مانگ
الطَّلَبُ الثَّابِتُ: مستقل آرڈر، مستقل مانگ
الطَّلَبُ المُسْتَعْجَلُ: فوری آرڈر۔
طَلَبُ تعويضٍ من كذا: کسی چیز کا کلیم کرنا۔
طَلَبُ تَوَظُّفٍ: ملازمت کی درخواست۔
الطَّلَبُ المُؤَجَّلُ: میعادی آرڈر۔
الطَّلَبُ النَّامِي: بڑھتی ہوئی مانگ۔
طَلَبُ اليَدِ للزَّواج: شادی کی فرمائش کرنا
تَحْتَ الطَّلَبِ: حکم کے تابع۔
عِندَ الطَّلَبِ: وقت ضرورت
الطُّلْبَةُ: دور کا سفر۔
الطَّلْبَةُ: ایک دفعہ کی مانگ یا طلب (۲) فریاد، عبادت۔
الطِّلْبَةُ: مطلوبہ چیز، غرض، مطلب۔
أُمُّ طِلْبَة: عقاب کی کنیت۔
الطَّلِبَةُ: مطلوبہ شے، مطلب و مقصد (۲) ضرورت۔
الطَّلَّابُ: بڑا خواہشمند، بہت فرمائشیں کرنے والا، بڑا طلب گار، بہت تلاش کرنے والا۔
الطَّلُوبُ: الطَّلَّابُ۔ بِئْرٌ طَلُوبٌ: گہرے پانی والا کنواں ج: طُلُبٌ۔
الطَّلِيبُ: الطَّالِب او الطَّلُوب۔ ج: طُلَبَاء وهي طَلِيبٌ و طَلِيبَة ج: طَلَائِب۔
المُتَطَلِّبُ: متقاضی۔
المُتَطَلَّبَات: تقاضے، مطالبے، مقاصد۔
المُطَالَبُ: جواب دہ، ذمہ دار۔
المُطَالِب بِحَقٍّ: دعوے دار، مدعی۔

المطالِبُ بالعَرْش: تخت کا دعویدار
المَطَالِب: خواہشات، مطالبات۔ المَطَالِبُ الفَادِحَة: بھاری مطالبات۔
المُطَالَبَةُ بشيءٍ: مطالبہ، حق جتا کر کسی شے کی طلب، کلیم، ڈیمانڈ، مانگ، دعویٰ
المَطْلَبُ: مقصد (۲) خواہش، طلب، مانگ مطالبہ، دعویٰ (۳) موضوع بحث بحث مسئلہ (۴) مفاد (۵) تلاش کی جگہ ج: مَطَالِب۔
المَطْلَبُ القومِيُّ: قومی مفاد۔
المَطْلُوبُ: قابل ادائیگی (۲) مقصود و مطلوب، ضرورت کی چیز۔ المَطْلُوبُ كذا: فلاں چیز کی ضرورت ہے۔
•طَلَحَ ـَ طَلْحًا و طَلَاحًا: چلنے یا کسی اور وجہ سے تھک جانا۔
ـــ فُلَانٌ طَلَاحًا: بگڑنا، خراب ہونا۔
ـــ البَعِيرَ و نَحْوَهُ طَلْحًا: اونٹ کو تھکا دینا، دبلا کر دینا۔
طَلِحَ المكانُ طَلَحًا: جگہ میں ببول کے بہت درخت ہونا۔
ـــ الإبلُ: ببول زیادہ کھانے سے اونٹوں کے پیٹ خراب ہونا۔ فالإبلُ طَلَاحَى۔
ـــ البَعِيرُ: اونٹ کا پیٹ خالی ہونا۔ هو طَلِحٌ۔
أَطْلَحَ: طَلَحَ۔
ـــ البَعِيرَ و نَحْوَهُ: طَلَحَهُ۔
طَلَّحَ: أَطْلَحَ۔
ـــ البَعِيرَ و نَحْوَهُ: أَطْلَحَهُ۔
ـــ عَلَيْه: اصرار کر کے تھکا دینا۔
الطَّالِح: فاسد، خراب، ناکارہ (ضد: صالح)۔
الطَّلْحُ: ببول کا درخت، کیکر کا درخت (۲) کیلا۔ قرآن پاک میں ہے: "و طَلْحٍ مَّنْضُودٍ" (۳) شگوفہ۔ واحد طَلْحَة

(۴) حوض وغیرہ میں بچا ہوا گدلا پانی (۵) کھانے سے خالی پیٹ (۶) تھکا ماندہ ج: أَطْلَاحٌ۔
الطَّلْحِيَّة: کاغذ کا ایک شیٹ (فرخ ورق)۔
الطِّلْحُ: تھکا ماندہ، لاغر و کمزور (۲) اونٹ کے بدن سے چمٹی ہوئی چچڑی۔ طِلْحُ مالٍ: مال کا حریص، ہر وقت مال کی فکر میں رہنے والا۔ طِلْحُ نِساءٍ: ہمہ وقت عورتوں میں رہنے والا ج: أَطْلَاحٌ و طِلَاحٌ۔
الطَّلِيحُ: عاجز و تھکا ماندہ (۲) لاغر و کمزور (۳) چچڑی ج: طَلْحَى و هُنَّ طَلَائِح۔
الطَّلِيحَة: کاغذ کا ایک رم (۵۰۰ شیٹ)
المُطَّلِحُ في الكلام: بہتان طراز۔
ـــ في المال: مال کا برباد کنندہ۔
•طَلَخَ الشيءَ ـَ طَلْخًا: خراب کرنا، سیاہ کرنا
اطْلَخَّ الدَّمْعُ: آنسو بہنا۔
الطُّلَّخُ: گدلا پانی۔
الطَّلْخَاءُ: بیوقوف عورت۔
•طَلَسَ بَصَرُهُ ـِ طَلْسًا: بینائی ختم ہو جانا
ـــ بالشيء على وَجْهِه: کسی چیز کو جوں کا توں لانا یا جیسے سنا ویسے ہی بیان کرنا
ـــ به في السِّجْن و نَحْوِه: جیل میں ڈال دینا۔
ـــ الشيءَ: مٹانا، حروف اڑانا۔
ـــ الكتابَ و نَحْوَه: کتاب وغیرہ کی لکھائی کو بدنما اور خراب کرنا۔
طَلِسَ ـَ طَلَسًا و طُلْسَةً: مٹ جانا۔
ـــ الثوبُ: کپڑے کا پرانا ہونا، خاکی سیاہی مائل ہونا (۲) اطلسی ریشمیں ہو جانا)
طَلَّسَهُ: مبالغہ در طلسه۔
انْطَلَسَ: مٹ جانا، چھپ جانا۔
تَطَلَّسَ: مٹ جانا، چھپ جانا۔
ـــ بالطَّيْلَسان او الطَّيْلَس او الطَّالِسان: (طیلسان) چوغا پہننا، مشائخ کی شال اوڑھنا۔

الاَطْلَسُ: سیاہی مائل خاکی رنگ کا یا اس رنگ کا بھیڑیا (۲) چور (۳) کتا (۴) میلا کچیلا (۵) پرانا کپڑا (۶) متہم و بدکردار (۷) ہلکے رخسار والا (۸) ساٹن (ریشمین کپڑا) ج: طُلْسٌ.
الاَطْلَسُ الجغرافیُّ: اٹلس، جغرافیائی نقشوں کی کتاب۔
المُحِیطُ الاَطْلَسِی: بحر اٹلانٹک۔
الطالسان: کٹنگ وسلائی کے بغیر شانوں پر ڈالا جانے والا ایک لباس۔
الطِّلْسُ من الذِّئاب: خاکستری رنگ کا بھیڑیا (۲) (من الثیاب) میلا کپڑا، خاکی رنگ کا کپڑا (۳) مٹائی ہوئی تحریر (۴) اونٹ کی ران وغیرہ کی کھال ج: اَطْلاسٌ وطُلُوسٌ۔
الطَّلْسَاءُ: مؤنث الاَطْلَسُ ج: طُلْسٌ۔
الطُّلْسَةُ: سیاہی مائل خاکستری رنگ (۲) پتلا بادل ج: طُلَسٌ۔
الطِّلاسَةُ: کپڑے کا ٹکڑا جس سے تختہ سیاہ وغیرہ پر لکھی ہوئی عبارت مٹائی جائے، ڈسٹر۔
الطِّلِّیسُ: اندھا، نابینا۔
الطِّلِّیْسُ: اندھا، نابینا۔
الطَّیْلَسُ و الطَّیْلَسَان: سبز رنگ کی شال جو مشائخ کندھوں پر ڈالتے ہیں یا اوڑھتے ہیں ج: طَیَالِسُ وطَیَالِسَة۔
• طَلْسَمَ: منہ لٹکانا، منہ یا سر جھکانا۔
___ السَّاحِرُ و نَحْوُهُ: جادوگر کا جادو کرنا، جادو کا نقش بنانا، ایسی لکیریں کھینچنا اور اعداد لکھنا جن سے ان کے بقول کواکب علویہ کی روحانی طاقتوں کو سفلی طبائع کے ساتھ جوڑ کر پسندیدہ شے کا حصول اور ناپسند شے یا اذیت کا ازالہ ہوتا ہے۔
___ الشیءَ: کسی شے پر جادو کرنا۔

الطِّلَّسْمُ: جادو، جادو کا نقش، ایسی لکیریں کھینچنا اور اعداد کا نقش بنانا جن کے ذریعہ ساحروں کے عقیدہ کے مطابق کواکب علویہ کی روحانی توانائیوں کو سفلی طبائع کے ساتھ ملا کر جلب منفعت اور ازالۂ کلفت کیا جاتا ہے (۲) ہر گہری اور ناقابل فہم بات، معمہ، پہیلی، چیستاں (یونانی لفظ ہے) ج: طَلاسِم۔
فَكَّ طِلَسْمَهُ او طَلاسِمَه: طلسم توڑنا، یعنی ناقابل فہم بات کو واضح اور قابل فہم بنا دینا۔
الطِّلَّسْمُ: الطِّلَسْمُ۔
• طَلْطَلَ: چلتے وقت دونوں ہاتھ ہلانا۔
___ الشیءَ: ہلانا۔
الطَّلاطِلُ: لاعلاج مرض (۲) کمر کا درد (۳) موت۔
الطُّلاطِلَةُ: الطَّلاطِلُ (۲) مصیبت (۳) حلق کا کوّا یا کوّے کا گر جانا جس کی وجہ سے کھانا پینا دشوار ہو۔
الطُّلْطُلُ: دائمی بیماری ج: طَلاطِل۔
• طَلَعَ الشَّمْسُ او الكوكبُ ـــُـ طُلُوعًا: اوپر سے ظاہر ہونا، نکلنا، طلوع ہونا۔
___ منه او فیه علی كذا: کسی کی کوئی بات معلوم ہونا۔
___ النَّخْلُ: درخت خرما پر شگوفے کھلنا، نکلنا۔
___ عَلَیه: متوجہ ہونا، کسی کے سامنے اچانک آنا، حملہ کرنا۔
___ عنه: غائب ہو جانا، کسی کے پاس سے ہٹ جانا کہ وہ اسے نہ دیکھ سکے۔
___ السَّهْمُ ونَحْوُهُ عن الهَدَفِ: نشانہ سے ہٹ جانا، آگے نکل جانا۔
___ الشیءَ وفیه: اوپر ہونا، چڑھنا۔
___ المكانَ: پہنچنا، قصد کرنا۔

طَلَعَ علی الاَمْرِ: واقف ہونا۔
اَطْلَعَ النَّخْلُ: درخت خرما کا شگوفوں والا ہونا۔ ھو مُطْلِعٌ و ھی مُطْلِعٌ او مُطْلِعَة۔
___ الشَّجَرُ: درخت پر پتے نکلنا، پتوں والا ہونا۔
___ الرَّامِی: نشانہ باز کا نشانہ خطا ہو کر تیر کا آگے نکل جانا۔
___ عَلَیه: طَلَعَ۔
___ النَّخْلَةُ: درخت خرما کا لمبا ہونا۔
___ النَّجْمُ: ستارہ کا نمودار ہونا۔
___ الرَّجُلُ: قے کرنا۔
___ الشیءَ: ظاہر کرنا، باہر نکالنا۔
___ رأسَهُ علی الشیءِ: جھانک کر دیکھنا۔
___ النَّخْلُ الطَّلْعَ: درخت خرما کا شگوفے نکالنا۔
___ فُلانًا علی كذا: کسی کو کسی چیز سے واقف کرانا۔
___ فُلانًا: عجلت کرانا۔
___ الیه مَعْرُوفًا و نَحْوَه: کسی کے ساتھ بھلائی وغیرہ کرنا۔
طَالَعَ الشیءَ مُطَالَعَةً وطِلاعًا: غور کر کے واقف ہونا۔
___ الكِتابَ: پڑھنا، غور سے پڑھنا۔
___ فُلانًا: کسی کا جائزہ لینا۔
___ فُلانًا بالاَمْرِ: کسی کو کسی بات سے واقف کرانا۔
___ فُلانًا بِكُتُبِه: کسی کے پاس مطالعہ کے لئے اپنی کتابیں بھیجنا۔
طَلَّعَ النَّخْلُ: درخت خرما پر شگوفہ آنا۔
___ الكَیْلَ و نَحْوَهُ: پیمانہ کو بھرنا۔
___ الشیءَ: بلند کرنا (۲) نکالنا۔
اِطَّلَعَ: اوپر سے دیکھنا، سامنے آکر دیکھنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَاطَّلَعَ فَرَآهُ فِی سَوَاءِ الجَحِیمِ"

اِطَّلَعَ عَلَی الأمرِ: جاننا، واقف ہونا، باخبر ہونا۔
— عَلَی الشیئِ: سامنے آنا۔ قرآن پاک میں ہے: "لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَیْہِمْ لَوَلَّیْتَ مِنْہُمْ فِرَارًا"
— الیہ: کسی کی طرف نگاہ اٹھا کر دیکھنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَاجْعَلْ لِّیْ صَرْحًا لَّعَلِّیْٓ اَطَّلِعُ اِلٰٓی اِلٰہِ مُوْسٰی"
— لِلأمرِ: کسی کام کو کر سکنا، قادر ہونا، قابو پانا۔
— الأمرَ: کسی بات کی حقیقت جاننا۔ قرآن پاک میں ہے: "اَطَّلَعَ الْغَیْبَ اَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَہْدًا"
تَطَلَّعَ: نمودار ہونا، ظاہر ہونا۔
— الإناءُ: برتن بھر جانا۔
— الماءُ و نحوُہُ من الإناءِ وغیرِہ: پانی کا برتن کے کناروں سے نکل کر بہنا۔
— فی مَشیِہ: اترا کر چلنا۔
— إلی الشیئِ: کسی شے کے ظہور یا چہرے کو دیکھنا، غور سے دیکھنا، بنظر اشتیاق دیکھنا (۲) جاننا، واقف ہونا۔
— إلی قُدُومِہ: کسی کی آمد پر نگاہ اٹھا کر دیکھنا، کسی کی آمد کا منتظر ہونا۔ کہاوت ہے: "عَافَی اللّٰہُ رَجُلاً لم یَتَطَلَّعْ فی فَمِكَ" خدا اس شخص کا بھلا کرے جس نے تمہاری بات پر گرفت نہیں کی۔
اِسْتَطْلَعَ الشیئَ: کسی شے کے ظہور اور اس سے واقفیت کا خواہش مند ہونا، تحقیق کرنا۔
— رَأیَہُ: مشورہ لینا، رائے جاننا، رائے پر غور کرنا۔ اِسْتَطْلَعَہُ رَأیَہُ: کسی سے رائے لینا۔
— الشیئَ: زائل کرنا، دور کرنا۔
الاِسْتِطْلاعُ: کھوج، تحقیق و تجسس، دیکھ بھال، انکوائری۔

الاِسْتِطْلاعُ الصَّحَفِیُّ: اخباری تحقیق صحافی خبرنامہ جسے ایک یا چند افراد تیار کرتے ہیں۔
الاِسْتِطْلاعِیُّ: تحقیقی، تحقیق و تفتیش سے متعلق۔
الاِطِّلاعُ: واقفیت، انفارمیشن (۲) آگاہی، نوٹس۔
التَّطَلُّعُ: اشتیاق، نگاہ شوق (۲) آرزو، امنگ۔
التَّطَلُّعاتُ: امنگیں، توقعات۔
الطَّلائِعُ: اوائل، ابتدائی حصّے۔
الطّالِعُ: چاند (ہلال) (۲) صبح کاذب (۳) وہ تیر جو نشانہ کے پار گرے، قسمت کا ستارہ جس کے طلوع پر منجمین حوادث کی پیش گوئی کرتے ہیں (۴) نجومیوں کا زائچہ (۵) قسمت ج: طُلَّعٌ و طَوالِعُ۔
الطّالِعَۃُ: من الابل وغیرِھا: اونٹوں کی پہلی جماعت ج: طَوالِعُ۔
الطِّلاعُ: الاِطِّلاعُ (۲) وہ چیز جس پر آفتاب وغیرہ کا طلوع وظہور ہو ج: طُلُعٌ۔
طِلاعُ الشیءِ: کسی چیز کی مقدار، اس کا بھرا ہوا حصہ۔
طِلاعُ الأرضِ: کل زمین، زمین کی تمام چیزیں۔
طِلاعُ الإناءِ: بھرا ہوا برتن یا برتن میں بھری ہوئی چیز۔
قَوسٌ طِلاعُ الکَفِّ: پورے ہاتھ سے پکڑی جانے والی کمان۔
قَدَحٌ طِلاعٌ: بھرا ہوا برتن۔
عَینٌ طِلاعٌ: آنسو بھری آنکھ۔
الطَّلْعُ: اونچی جگہ جہاں چڑھ کر دیکھا جائے (۲) مقدار (۳) کھجور کا شگوفہ، گابھا، درخت خرما کا پہلا پھول، گیہوں کی بالی کی طرح غلاف جس میں بہت سے دانے ہوتے ہیں اور کھل لانے میں مدد دیتے ہیں۔
الطِّلْعُ: واقفیت (۲) بلند جگہ جہاں سے ادھر ادھر دیکھا جائے (۳) گوشہ، کنارہ ج: طُلُوعٌ و أطْلاعٌ۔
الطَّلْعَۃُ: ظہور، دید، جھلک (۲) کھجور کے شگوفہ کا ٹکڑا (۳) چہرہ۔
الطُّلَعَۃُ: کثرت سے طلوع یا ظہور پذیر ہونے والا، بار بار یا بہت سامنے آنے والا (۲) بہت مشتاق، بہت توقعات قائم کرنے والا (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے)۔
امْرأۃٌ طُلَعَۃٌ خُبَأَۃٌ: وہ عورت جو کبھی خوب سامنے آتی ہو اور کبھی بالکل چھپ جاتی ہو۔
طُلَعَۃٌ قُبَعَۃٌ: وہ عورت جو کبھی سر ڈھانکتی ہو اور کبھی کھولتی ہو۔
نَفْسٌ طُلَعَۃٌ: کسی چیز کی بہت خواہش مند طبیعت۔
الطَّلّاعُ: مبالغہ در طالع۔ ھو طَلّاعُ الثَّنایا و الأنْجُدِ: تجربہ کار، نشیب و فراز سے خوب واقف جو حسن تدبیر کے ساتھ امور انجام دیتا ہے۔
الطَّلِیعَۃُ: من الجیشِ و نحوِہِ: ہراول، فوج کے آگے رہنے والا دستہ مقدمۃ الجیش (۲) پیش پیش رہنے والی جماعت (۳) دشمن کی سپاہ کا اندازہ لگانے اور معلومات کرنے کے لئے بھیجی جانے والی فوج کی ٹکڑی۔ ھو فی طَلِیعۃِ کذا: وہ فلاں چیز میں پیش پیش ہے، سرفہرست ہے ج: طَلائِعُ۔
الطُّلَعاءُ و الطُّوَلَعُ: قے۔
المُطالَعَۃُ: مطالعہ، پڑھائی، جائزہ، تحقیق، اسٹڈی۔
المَطْلِعُ: اونچی جگہ (۲) سورج یا ستاروں کے نکلنے کی جگہ۔ قرآن پاک میں ہے: "حَتّٰی

اذا بلغ مطلع الشمس"(۳)طلوع کا وقت۔ قرآن پاک میں ہے: "سلام هی حتی مطلع الفجر"(۴)چڑھنے کی جگہ۔ کہتے ہیں: هذا لك مطلع الاكمة: یہ تمہارے سامنے ہے اور ظاہر ہے (۵) زینہ (۶)قصیدہ (نظم) کا پہلا شعر ج: مطالع۔ مطالع الشمس: سورج کے طلوع ہونے کے مقامات۔ کہتے ہیں: للشمس مطالع و مغارب۔
مطلع الامر: کام کا وہ پہلو یا رخ جہاں سے اسے شروع کیا جائے، آغاز کار یا نقطہ آغاز (۲)سبب، ذریعہ۔
المتطلع الى شئ: امیدوار، مشتاق، نگاہ لگائے ہوئے۔
المطلع: باخبر، واقف کار۔
اطلف فلان: کسی کے دشمن کا انتقام باطل ہوجانا۔
—دم القتیل: مقتول کا خون رائگاں کردینا، بدلہ نہ دلوانا۔
—مال فلان او حقه: کسی کے حق یا مال کو ضائع کرنا۔
—فلانا كذا: کسی کو کوئی چیز بخشنا، ہبہ کرنا
طلف علیه: اضافہ کرنا، بڑھانا۔
الطلف: باطل و رائگاں (۲) بطلان و ضیاع
الطلف: الطلف (۲)معمولی چیز (۳)بچی ہوئی فالتو چیز (۴)عطیہ، بخشش۔
الطلیف: الطلف (۲)مفت (۳)معمولی اور سستا۔
طلق ـُ طلوقا و طلاقا: آزاد ہونا، رہا ہونا، چھوٹنا۔
—المرأة من زوجها طلاقا: نکاح کی قید سے آزاد ہوجانا، طلاق یافتہ ہونا
—یده بالخیر ـَ طلقا: سخاوت و بخشش کے لئے ہاتھ کھولنا۔
—فلانا الشئ: کسی کو کوئی چیز دینا۔

طلق ـَ طلقا: دور ہوجانا۔
طلق ـُ طلوقة و طلاقة: آزاد ہونا، رہا ہونا۔
—الید: ہاتھ کشادہ (فیاض) ہونا۔
—الوجه: چہرہ کھل جانا، چہرے پر خوشی کے آثار نمایاں ہونا۔
—اللسان: زبان کا سلیس و شیریں گفتار ہونا۔
—فلان: خندہ رو ہونا (۲)خندہ سخن ہونا، ہنس مکھ اور خوش گفتار ہونا۔
—الیوم: دن کا خوش گوار ہونا (جس میں نہ گرمی ہو نہ سردی)۔
—المرأة من زوجها طلاقا: شادی کے بندھن سے آزاد ہونا، مطلقہ ہونا۔
طلقت المرأة او الحامل فی المخاض: دردِ زہ میں مبتلا ہونا۔ هی مطلوقة۔
اطلق القوم: کسی کے اونٹوں کا پانی اور چارہ کی تلاش میں آزاد پھرنا۔
—الشئ: چھوڑنا، بندھن توڑنا۔
—الاسیر: رہا کرنا۔
—الماشیة: مویشی کو چرنے کے لئے آزاد چھوڑنا۔
—خیله فی الحلبة و نحوها: گھوڑوں کو میدان میں دوڑانا۔
—المرأة: شادی کی قیود سے آزاد کرنا۔
—له العنان: آزاد چھوڑنا، بے لگام چھوڑنا (۲)سرپٹ دوڑانا۔
—له التصرف: کام کی آزادی دینا، کارروائی کا اختیار دینا۔
—الدواء و نحوه بطنه: پیٹ چلانا، دستوں میں مبتلا کرنا۔
—الکلام: کسی قید کے بغیر آزادانہ بات کرنا، کلام کو مطلق رکھنا، قید نہ لگانا۔

اطلق یده بخیر او غیره: بھلائی وغیرہ کے لئے ہاتھ کھولنا اور پھیلانا۔
—المدفع و نحوه: توپ وغیرہ چھوڑنا
—كذا على كذا: کسی شے کو کوئی نام یا عنوان دینا، علامت بنانا۔
—اشارة تحذير: ہارن دینا۔
—الحریة: آزادی بحال کرنا۔
—النار و فیه و علیه: فائر کرنا۔
—علیه النار او الرصاص: کسی پر گولی چلانا، شوٹ کرنا۔
—الغاز: گیس چھوڑنا۔
—الکلمة علی كذا: کلمہ کا کسی چیز پر اطلاق کرنا۔
طلقه: اطلقه۔
—المرأة: عورت کو طلاق دینا۔
—النخلة: درخت خرما میں قلم لگانا۔
انطلق: رہا ہونا، آزاد ہونا (۲)کھلنا، پھیلنا (۳)چھوڑنا، چلاجانا، گزرجانا، چلنا۔
—یفعل كذا: کرنے لگا۔
—الوجه: چہرہ کا شگفتہ ہونا، کھلا ہوا ہونا
—النار: فائر ہونا۔
—اللسان: رواں اور سلیس ہونا (۲) زبان چلنا، تیز ہونا۔
—الرصاص: گولی چلنا۔
—مسرعا: سرپٹ دوڑنا۔
—التلیفون: ٹیلیفون کی گھنٹی بجنا۔
—فی العمل: کام جاری رکھنا۔
—الآلة: مشین چالو ہونا۔
اطلق: انشراح ہونا۔ اطلقت نفسه: اس کی طبیعت میں انشراح پیدا ہوا اس کی اصل انطلق ہے تا کو طاء سے بدل کر مدغم کردیا گیا۔
تطلق: انطلق، خندہ رو ہونا، ہشاش ہونا۔
—الظبی و نحوه: ہرن وغیرہ کا تیزی

سے کسی طرف توجہ کئے بغیر گزر جانا۔

تَطَلَّقَ الخَیلُ: گھوڑوں کا دوڑ کے میدان میں آزادی کے ساتھ مقررہ حد پر پہنچنا، روکا نہ جانا۔

ـــ الفَرَسُ و نَحوُہٗ: گھوڑے کا دوڑنے کے بعد پیشاب کرنا۔

اِستَطلَقَ: تَطَلَّقَ۔

ـــ بَطنُہٗ: پیٹ چلنا، دست آنا۔

ـــ الشيءَ: کسی چیز کو جلدی کرانا یا کسی چیز کی تیزی چاہنا یا چھوٹ چاہنا، چھوٹنے کو کہنا، چھڑانا، آزاد کرانا۔

ـــ من صاحب الدَّین کذا: قرض خواہ سے قرض میں چھوٹ چاہنا، کچھ کمی چاہنا۔

الاِستِطلَاق: استِطلَاقُ البطن: اسہال، دستوں کی بیماری۔

الاِطلَاق: عموم، قطعیت۔

اِطلَاقًا: قطعا، عمومًا۔ ما عَمِلتُہ اطلاقًا: میں نے اسے بالکل نہیں کیا۔

علی الاطلاق: بالعموم، عمومًا، قطعی طور پر، آزادانہ، بلاتقید۔

الاِنطِلَاقُ: آزادی، رہائی (۲) دوڑ (۳) روانگی (۴) چھوٹ (۵) پھیلاؤ۔

ـــ فی العَمَل: کام کا تسلسل۔ انطلاقًا من کذا: فلاں بنیاد پر، فلاں اصول کے تحت۔

انطِلَاقُ النّار: فائرنگ۔

انطِلَاقُ القَذائِف: گولہ باری، فائرنگ

انطِلاقًا من کذا: فلاں چیز کے تحت، اس کی بنیاد پر۔

انطِلاقًا من تعالیم الدِّین: دینی تعلیمات کے تحت، بموجب۔

الاِنطِلَاقۃ: ایک دفعہ کی چھوٹ (۲) خاص حرکت، اقدام، تحریک۔

التَّطلیق: رہائی، طلاق۔

الطَّالِقُ: آزاد (۲) امرأۃ طالِق: مطلقہ عورت ناقۃٌ او شاۃٌ طالِقٌ: آزادانہ چرنے والی اونٹنی یا بکری ج طُلَّقٌ و طَوالِق۔

الطَّالِقۃُ: من النِّساءِ او النُّوق او الشِّیاہ: الطَّالِق۔

ـــ من اللَّیالی: خوش گوار رات جس میں کوئی کلفت نہ ہو ج: طَوالِق۔

الطَّلَاقُ: رہائی، آزادی، چھٹکارا، شرعًا مخصوص الفاظ کے ذریعہ زوجین کے درمیان قائم رشتۂ زواج یا قیدِ نکاح کو ختم کردینا۔

الطَّلَاقۃ: روانی، فصاحت، زبان زوری

طلاقۃ الوجہ: خندہ روئی، بشاشت، شگفتگی۔

الطَّلْقُ: آزاد، غیر مقید (۲) ہرن (۳) شکاری کتا (۴) دردِ ولادت (۵) ابرق (۶) ایک بوٹی جو رنگائی کے کام آتی ہے۔

طَلْقُ الیَد: فراخ دست، سخی۔

طَلْقُ اللِّسان: زبان دراز، شگفتہ بیان، شیریں گفتار۔

فَرَسٌ طَلْقُ الیَدِ: وہ گھوڑا جس کی اگلی ٹانگوں میں سفید حلقہ نہ ہو۔

الوَجہُ الطَّلْقُ: ہنس مکھ اور کھلا ہوا چہرہ۔

اللِّسانُ الطَّلْقُ: تیز طرار زبان میٹھی اور شگفتہ زبان۔

الیومُ الطَّلْقُ: خوش گوار دن۔

اللَّیلُ الطَّلْقُ: روشن رات۔

الہواءُ الطَّلْقُ: کھلی ہوا۔

الطَّلْقُ النّاری: فائرنگ، شوٹنگ۔

الطِّلْقُ: غیر مقید (۲) بااختیار و آزاد (۳) حلال جائز۔ افعل کذا طِلْقًا لك: تم یہ کام جائز سمجھ کر کرو۔ اَنتَ طِلْقٌ منہ: تم اس سے بری اور آزاد ہو (۴) ہنس مکھ (چہرہ) (۵) تیز طرار یا فصیح (زبان)

الطُّلُقُ: آزاد، غیر مقید۔ بَعیرٌ او ناقۃٌ طُلُقٌ۔

ـــ من الوُجوہ والاَلسِنَۃِ: ہنستا کھلتا ہوا (چہرہ) تیز اور چلتی ہوئی یا شگفتہ (زبان)

الطَّلَقُ: چکر، راؤنڈ، گھوڑے کی ایک دوڑ (۲) حصہ (۳) آنت (۴) پیٹ کا گول حصہ ج: اَطلَاقٌ۔

الطَّلِقُ: ہنس مکھ، خندہ رو (۲) کھلا ہوا بشاش (چہرہ) (۳) تیز و فصیح (زبان)۔

الطُّلُقُ، لِسانٌ طُلُقٌ ذُلَقٌ: تیز طرار زبان

الطَّلقَۃُ: ایک دفعہ کی رہائی یا چھوٹ، ایک دفعہ کی طلاق، ایک دوڑ، ایک روانگی، توپ وغیرہ کے چھوٹنے کی ایک آواز (۲) خوش گوار رات۔

الطَّلقَۃُ النّارِیَّۃُ: فائر، توپ کی گرج، گولے کی آواز۔ ج: طَلَقَات۔

الطُّلَقَۃُ: عورتوں کو بہت طلاق دینے والا۔

الطَّلَّاقُ: الطُّلَقَۃ۔

الطِّلِّیقُ: الطُّلَقَۃ۔

الطَّلیق: آزاد (قید سے رہا)، بے مہار، مختارِ کار (۲) آزاد کیا ہوا غلام (۳) وہ شخص جسے بلا مرضی داخلِ اسلام کیا گیا ہو۔ ج: طُلَقَاء۔ الطُّلَقَاءُ: وہ لوگ جو فتح مکہ کے دن مسلمان ہوئے اور ان سے کوئی تعرض نہیں کیا گیا۔

ـــ من الوجوہ: خندہ مسکراتا چہرہ، کھلا ہوا بشاش چہرہ۔

ـــ من الاَلسِنۃ: تیز اور رواں زبان، فصیح و شگفتہ زبان۔

طَلیقُ اللِّسان: تیز و طرار زبان والا شگفتہ و شیریں کلام۔

طلیق الید: فراخ دست، سخی۔

طَلیقُ الاِلٰہ: ہوا۔

المِطلَاقُ: بہت طلاق دینے والا (۲) آزادانہ چرنے والی اونٹنی وغیرہ ج: مَطَالیق۔

الْمُطْلَقُ: غیر مقید، غیر مشروط، غیر معین، غیر محدود (۲) عام، کامل، مکمل (۳) آزاد، بے مہار، مطلق العنان، ڈکٹیٹر (۴) ڈکٹیٹرانہ، مستبدانہ (۵) غیر استثنائی۔

مُطْلَقُ التصرُّف، مطلق العنان۔

مُطْلَقُ التَّفویض: کامل الاختیار۔

مُطْلَقُ السَّراح: آزاد (رہا)۔

الْمُطْلَقُ: (من الاحکام) وہ حکم جس میں کوئی استثناء نہ ہو۔

—(من الماء) فقہاء کے نزدیک وہ پانی جو اپنی اصل فطرت پر باقی ہو اس میں کوئی نجاست نہ ملی ہو اور نہ اس پر کسی ظاہری چیز کا غلبہ ہوا ہو۔

—(من الخیل) وہ گھوڑا جس کی ایک یا دونوں ٹانگوں میں سفید حلقہ نہ ہو۔

مُطْلَقًا: بلا قید و شرط، آزادانہ (۲) عموماً، بلا استثناء۔ بالکل (نہیں) جیسے: ما رأیتہ مُطْلَقًا۔

الْمُطَلَّقُ: چھوڑا ہوا، آزاد۔

الْمُطَلَّقَةُ: طلاق دی ہوئی عورت۔

الْمُطْلِقُ: گھوڑے کی دوڑ لگانے والا۔

الْمُنْطَلِقُ: آزاد، رواں، تیز رو۔

الْمُنْطَلَقُ: مرکز، اصل، قاعدہ، دائرۂ کار، بنیاد۔

الْمُنْطَلَقُ الرَّئیسیُّ: اصل بنیاد، بنیادی ضابطہ۔

الْمُنْطَلَقَات: اصول، بنیادیں۔

• طَلَّ دَمُ القَتِیلِ ـُ طَلًّا و طُلُولًا: مقتول کا خون رائگاں جانا، اس کی دیت نہ لیا جانا۔

—الأرْضُ و نَحْوُها: زمین پر پھوار (ہلکی بارش) پڑنا، شبنم پڑنا۔

—اللَّبَنُ و نَحْوُهُ: کم ہونا۔

—دَمَ فُلانٍ ـُ طَلًّا: خون کو رائگاں کرنا، دیت نہ لینا، بدلہ لئے بغیر چھوڑ دینا

طَلَّ فُلانًا: کسی کو ٹالنا اور حق تلفی کی کوشش کرنا۔

—حَقَّهُ: حق کم کرنا یا حق مارنا۔

—المَطَرُ الأرْضَ و نَحْوَها: بارش برسنا۔

—الشیءَ بالدُّهْنِ وغیرہ: تیل یا روغن ملنا، پالش کرنا۔

—الإبِلَ و نَحْوَها: سختی سے ہانکنا۔

طُلَّ دَمُهُ طَلًّا: حق رائگاں جانا، بدلہ لئے بغیر چھوڑنا۔ هو مَطْلُولٌ۔

—الأرْضُ و نَحْوُها: زمین وغیرہ پر شبنم (اوس) پڑنا۔ هي مَطْلُولَةٌ۔

طَلَّ ـَ طَلَلًا و طَلالَةً: اچھا اور پسندیدہ ہونا۔

—فُلانٌ: خوش ہونا۔

أطَلَّ كذا و علیه: جھانکنا، اوپر سے دیکھنا سامنے آنا، قریب ہونا (۲) آگے کی طرف نکلا ہوا ہونا۔

—علی حَقِّه: کسی کا حق کھا جانا۔

—علیه بالأذی و نَحْوِه: کسی کو مسلسل تکلیف پہنچانا۔

—دَمَ القَتِیلِ: مقتول کا خون قصاص (بدلہ) لئے بغیر چھوڑنا۔

أُطِلَّ دَمُهُ: خون رائگاں جانا، بدلہ نہ لیا جانا۔

تَطَالَّ: لمبا ہو کر دیکھنا، گردن اور پاؤں اٹھا کر دیکھنا۔

تَطَلَّلَتِ الأرْضُ: زمین کا روئیدگی کے بعد روندا ہوا نہ ہونا۔

اسْتَطَلَّ علیه: جھانکنا، آگے کو نکلا ہوا ہونا۔

—الفَرَسُ و نَحْوُهُ ذَنَبَهُ و بِذَنَبِه: گھوڑے وغیرہ کا دم کو کھڑا کرنا۔

الطَّلالَةُ: رونق و خوشنمائی (۲) خوشی و مسرت

(۳) ہر شے کی ذات (۴) گھر وغیرہ کے دکھائی دینے والے آثار و نشانات (۵) ناز نخرہ (۶) کھنڈر (۷) ظاہری کیفیت یا شکل۔

الطَّلُّ: ہر خوش نما اور پسندیدہ چیز (۲) نازوالا (۳) پھوار (ہلکی بارش) قرآن پاک میں ہے: "فَلَمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ" (۴) شبنم (درخت کی جڑوں سے شاخوں میں آنے والی تری) (۵) دودھ (۶) سن رسیدہ، بڑی عمر کا ج: طِلالٌ و طِلَلٌ۔

الطِّلُّ: باطل (۲) سانپ۔

الطُّلُّ: دودھ (۲) خون (۳) اونٹنی کے دودھ کی قلت۔

الطَّلَلُ: کھنڈر، مکانات کے بچے کھچے آثار و نشانات (۲) پانی کی سطح۔

—من الدَّار: اہل خانہ کی اونچی نشست گاہ (صحن خانہ میں) یا کھانا پانی وغیرہ رکھنے کی جگہ۔

—من السَّفِینَةِ او السَّیّارة ونحوهما: جہاز کا عرشہ یا موٹر وغیرہ کی چھت ج: أطْلالٌ و طُلُولٌ۔

الطُّلَّاءُ، الطُّلَّالُ: رائگاں خون۔

الطَّلَّةُ: عورت (۲) شبنم یا پھوار سے بھیگی ہوئی زمین (۳) خوش خوراکی و خوش پوشاکی، آسودگی (۴) صاف و لذیذ شراب (۵) خوشبودار (چیز) (۶) بیوی (۷) منظر۔

الطُّلَّةُ: دودھ کی ایک خوراک (۲) گردن ج: طُلَلٌ۔

الطَّلِیلُ، المَطْلُولُ: بلا قصاص چھوڑا ہوا خون (۲) کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی چٹائی (۳) پرانی چیز ج: أطِلَّةٌ و طُلُلٌ و طِلَّةٌ و هي طَلائِلُ۔

المُطِلُّ: ناپائیدار۔ أمْرٌ مُطِلٌّ: ناپختہ معاملہ جس میں ٹھیراؤ نہ ہو (۲) بلند جگہ۔

أُطِلَّ علی الشيءَ : سامنے ۔القصرُ مُطِلٌّ علی الحَدِيْقَةِ۔
الطُّلُولُ: شبنم سے نم جگہ (۲) جھاگ دار دودھ جو بالائی دار معلوم ہو حقیقت میں ویسا نہ ہو
• طَلَمَهٗ ـِ طَلْمًا: کھلا ہوا ہاتھ مارنا۔
ـــ الخُبْزَةَ: روٹی کو بیلن سے بیلنا، پھیلا کر ہموار کرنا۔
طَلَّمَ الخُبْزَةَ و نَحْوَها: بیلنا۔
ـــ العَرَقَ عن جَبِيْنِه: پسینہ پیشانی سے پونچھنا۔
الطُّلْمُ: روٹی کو پھیلانے (بیلنے) کی پلیٹ یا تختی۔
الطَّلَمُ: دانتوں کا میل (جو عدم صفائی کی بنا پر پیدا ہو)۔
الطُّلْمَةُ: بھوبل میں پکائی ہوئی روٹی (۲) روٹی پکانے کی پتھر کی سل۔ ج: طُلَمٌ و طُلَمٌ۔
المِطْلَمَةُ: بیلن (جس سے روٹی کو پھیلایا اور ہموار کیا جاتا ہے)۔
• طَلْمَسَ: طَلْسَمَ: طلسم کرنا، جادو کرنا، جادو کا نقش بنانا (۲) پیشانی پر بل ڈالنا منہ بگاڑنا۔
ـــ الكِتابَ و نَحْوَه: مٹانا۔
اِطْلَمَّسَ اللَّيْلُ: تاریک ہونا، تاریکی بڑھنا۔
الطِّلْمِسَاءُ: سخت تاریکی (۲) بے نشان و بے علامت زمین (۳) پتلا بادل۔
• طَلاَ ـُ طَلْوًا و طَلاَوَةً: دیر کرنا۔
ـــ الظَّبْيَ و نَحْوَهٗ طَلْوًا: باندھنا، قید کرنا
طَلِيَتْ أَسْنَانُهٗ ـَ طَلاً: دانتوں پر زردی آجانا۔
ـــ فَمُهٗ: دانتوں پر زردی والا ہونا (۲) پیاس سے لعاب خشک ہوجانا منہ سوکھ جانا۔
أَطْلَتِ الظَّبْيَةُ: ہرنی کا ایک یا زیادہ بچے جننا۔ هي مُطْلِيَةٌ۔

أَطْلَى فُلانٌ: کسی ایک طرف گردن جھکنا۔ کہاوت ہے: مَا أَطْلَى نَبِيٌّ قَطُّ: کوئی پیغمبر کبھی خواہش نفس کی طرف مائل نہیں ہوئے۔
الطَّلاَ: ہر چھوٹی چیز یا اس کا چھوٹا فرد (۲) انسان یا جانور کا بچہ پیدائش سے طاقتور ہونے کی عمر تک (۳) ہرنی کا بچہ (۴) منہ میں خشک ہونے والا تھوک یا دانتوں پر جم جانے والا تھوک (پیاس بھوک یا بیماری کی وجہ سے) ج: أَطْلاَءٌ و طِلاَءٌ و طُلِيٌّ۔
الطُّلاَةُ: گردن، گردن کی دیوار ج: طُلًى۔
الطَّلاَوَةُ: رونق و بہار، خوبصورتی، آب و تاب (۲) دودھ یا خون کے اوپر کی جھلی (۳) منہ میں کھانے کا بقیہ۔
الطُّلاَوَةُ: روغن، پالش، ملا جانے والا تیل وغیرہ (۲) پانی پر جمی ہوئی کائی (۳) تھوڑی گھاس وغیرہ۔
الطِّلْوُ: بھیڑیا (۲) ہلکے جسم کا شکاری (۳) وہ رسی جس سے ہرنی کے بچہ کو باندھا جائے ج: أَطْلاَءٌ و طِلاَءٌ۔
الطُّلَوَاءُ: انتظار (۲) دیر، تاخیر (۳) کائی۔
الطَّلَوَانُ: بیماری وغیرہ کی وجہ سے زبان پر آنے والی سفیدی۔
الطُّلْوَةُ: صبح کی سفیدی ج: طُلًى۔
الطِّلْوَةُ: جنگلی جانور کا بچہ (۲) رسی، ڈوری یا اس کا ٹکڑا۔ هذا ما يُساوي طِلْوَةً: اس کی کوئی حیثیت نہیں۔
• طَلَى المَاءَ ـِ طَلْيًا و طِلاءً: پانی پر کائی آنا۔
ـــ الشيءَ بكذا: کسی چیز پر اس کے ظاہر کو چھپانے کے لئے کچھ ملنا، پالش کرنا روغن پھیرنا، ملمع کرنا۔
ـــ اللَّيْلُ الآفاقَ و غَيْرَها: رات کا ہر طرف تاریکی پھیلانا۔

طَلَى فُلانًا: گالی دینا۔
ـــ الظَّبْيَ: ہرن کا پیر باندھ کر قید کرنا۔
طَلَّى فُلانٌ: گانا۔
ـــ الشيءَ بكذا: کوئی چیز خوب ملنا، خوب پالش یا روغن کرنا۔
اطَّلَى بكذا: کوئی چیز ملنا، پھیرنا، کوئی پالش کرنا۔
تَطَلَّى: مطاوع طَلَّاهُ: پالش والا ہوجانا (۲) کھیل کود میں لگنا، گانے بجانے میں مشغول ہونا۔
انْطَلَى الشيء بكذا: کسی چیز پر کوئی چیز بطور پالش و روغن لگنا، ملمع ہونا۔
انْطَلَتِ الحِيْلَةُ عليه: اس پر فریب چل گیا، تدبیر کارگر ہوگئی۔
الطَّلَّى: دودھ کی ایک خوراک، ایک دفعہ پینے کی مقدار۔
الطَّلَّاءُ: روغن گر، پینٹر، روغن یا پالش وغیرہ کرنے والا۔
الطَّلَى: ہرن وغیرہ کا بچہ (۲) روغن یا تارکول ملا ہوا ج: أَطْلاَءٌ و طِلاَءٌ۔
الطِّلَى: الطِّلاَءُ (۲) لذت، مزہ۔
الطِّلاَءُ: پینٹ، روغن، تارکول یا کالا تیل، پالش، ہر چمکانے اور خوش نما بنانے والا مسالا یا سیال مادہ، ملمع (۲) انگوروں کا پکا یا ہوا رس، شیرہ (۳) خالص چاندی (۴) ہرنی کے بچے کے پیر باندھنے کی رسی۔
الطَّلْيَاءُ: خارش زدہ اونٹنی (۲) وہ اونٹنی جس کے بدن پر کالا تیل ملا گیا ہو (۳) حائضہ کا کرسف (پرانا خون صاف کرنے کا چیتھڑا)
الطِّلْيَانُ: دانتوں کی زردی۔
الطُّلْيَةُ: اون یا کپڑے کا ٹکڑا جس سے خارش کی جگہ روغن ملا جائے (۲) حائضہ کا چیتھڑا، کرسف ج: طُلًى۔
الطَّلِيَّا: خارش (۲) انسان کے پہلو کا پھوڑا یا زخم
المِطْلَى: روغن یا پالش کا آلہ، برش وغیرہ۔

المِطْلَاءُ : المِطْلَى ۔
المَطْلِيُّ : روغن ملا ہوا، پالش کیا ہوا (۲) اَمْرٌ مَطْلِيٌّ : مشکل اور نا قابل حل معاملہ

ط ــــــ م

•طَمَثَتِ المرأةُ ـِ طَمْثًا : عورت کو پہلی بار حیض آنا۔ هی طَامِثٌ ج: طُمَّثٌ و طَوَامِث ۔
ـــ المرأةَ : ہم بستری کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَانٌّ" کہتے ہیں: ما طَمَثَ هذا البَعِيرَ حَبْلٌ : اس اونٹ کو بیڑی نے نہیں چھویا۔ ما طَمَثَ هذا المَرْتَعَ او هذه الرَّوْضَةَ اَحَدٌ قَبْلَنَا : اس چراگاہ یا باغ میں ہم سے پہلے کوئی نہیں آیا۔
الطَّمْثُ : حیض کا خون (۲) گندگی، میل کچیل (۲) شک ۔
•طَمَحَ الماءُ و نحوُهُ ـَ طُمُوحًا و طِمَاحًا : پانی وغیرہ کا بلند ہونا۔
ـــ الدَّابَّةُ : سرکشی کرنا، ہٹ کرنا۔
ـــ بَصَرُهُ اليه : کسی کی طرف نگاہ اٹھنا۔
ـــ بِبَصَرِهِ اليه : نظر اٹھا کر دیکھنا، ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا، دیکھتے رہنا۔
ـــ بِأَنْفِهِ : ناک چڑھانا، تکبر کرنا۔
ـــ الی الأمرِ : توقع کی نگاہ سے دیکھنا، کسی کام پر نگاہ لگانا، توقع قائم کرنا۔
ـــ المَرْأةُ علی زَوْجِهَا : عورت کا خاوند کو چھوڑ کر اپنے گھر چلا جانا۔
ـــ فی الطَّلَبِ : تلاش میں دور نکل جانا۔
ـــ بِشَیْءٍ : لے جانا۔
اَطْمَحَهُ : نگاہ اٹھوانا، توقع دلانا۔
ـــ بَصَرَهُ اليه : نگاہ اٹھانا۔
طَمَّحَ الفَرَسُ و نحوُهُ : گھوڑے وغیرہ کا اگلی ٹانگیں اٹھانا۔
طَمَّحَ بالشَّیْءِ فی الهواءِ : پھینک دینا۔
الطَّامِحُ : ہر بلند شے (۲) بلند پرواز، بڑی توقعات رکھنے والا (۳) جاہ طلب (۴) بلند ہمت (۵) غرض مند، بڑے خواب دیکھنے والا (۶) وہ عورت جو شوہر سے نفرت کرے اور غیر کی طرف دیکھے ج : طَوَامِح ۔
الطِّمَاحُ : بلندی (۲) غرور و تکبر۔
الطَّمْحَةُ : (مصدر مرّہ) ایک نگاہ بلند، توقع ۔
طَمَحَاتُ الدَّهْرِ : زمانہ کی سختیاں۔
الطَّمَّاحُ : بلند خواب دیکھنے والا، بلند پرواز، بڑی توقعات قائم کرنے والا، بلند نگاہ و دور رس انسان (۲) لالچی نیت
الطَّمَّاحَةُ : غیر شوہر کی طرف بار بار دائیں بائیں دیکھنے والی عورت ۔
الطَّمُوحُ : الطَّامِحُ (۲) بَحْرٌ طَمُوحُ الموجِ : بلند موج والا سمندر۔ بِئْرٌ طَمُوحُ الماءِ : وہ کنواں جس کا پانی بلند ہو۔
الطُّمُوحُ : بلند پروازی، بلند خیالی، بلندی
المَطْمَحُ : نظر (۲) لالچ، غرض (۳) مقصد (۴) نگاہ اٹھنے کی جگہ ج : مَطَامِح ۔
المَطْمَحَةُ : ذریعہ یا سبب حرص۔
المَطْمُوحُ : متوقع، مقصود ۔
•طَمَرَ ـِ طَمْرًا و طُمُورًا : نیچے کی طرف چھلانگ لگانا، نیچے کودنا۔
ـــ فی الارضِ و نحوِها : زمین میں چلا جانا، دفن ہو جانا۔
ـــ علی مِطْمَارِ فُلانٍ : کسی کے نقش قدم پر چلنا۔
ـــ الشَّیْءَ طَمْرًا : ایسی جگہ یا اس طرح چھپانا کہ پتہ نہ چل سکے ۔
ـــ البِئْرَ : کنویں کو پاٹنا ۔
ـــ المَطْمُورَةَ : زمین دوز کوٹھی میں غلہ وغیرہ بھرنا۔
طَمَرَ النَّارَ : آگ کو (باقی رکھنے کیلئے) دبانا۔
طَمَرَتِ الآثارُ : نشانات مٹنا۔
طُمِرَ فی ضِرْسِهِ : ڈاڑھ چیسنا، درد ہونا۔
طَمِرَتْ يَدُهُ و غيرُها ـَ طَمَرًا : ہاتھ کا ورم آلود ہونا، پھول جانا۔
اَطْمَرَهُ : طَمَرَهُ ۔
طَمَّرَهُ : اچھی طرح دبانا، اچھی طرح چھپانا، بالکل چھپانا (۲) تہ کرنا، لپیٹنا۔
ـــ السِّتْرَ و نحوَهُ : پردہ لٹکانا (۲) پردہ کو اکٹھا کرنا، سمیٹنا ۔
ـــ الشَّیْءَ : برباد کرنا۔
اِطَّمَرَ علی فَرَسِهِ و نحوِهِ : پیچھے سے کود کر سوار ہونا۔
ـــ الشَّیْءَ : طَمَرَهُ ۔
الطَّامِرُ : پسّو (۲) طامِرُ ابنُ طامِرٍ : نامعروف و گمنام آدمی جس کے باپ کا بھی علم نہ ہو ج : طَوَامِر۔
الطَّامُورُ : کاغذ وغیرہ کا پلندا یا رول (۲) صحیفہ (کتاب یا رسالہ وغیرہ) ج : طَوَامِير
طَمَارِ : بلند و بالا مقام، بسکون راء اور بتنوین راء طَمَارٌ دونوں طرح صحیح ہے ۔
بَنَاتُ طَمَارِ : مصائب و شدائد ۔
الطِّمْرُ : بوسیدہ پرانا کپڑا (۲) مفلس و نادار ج : اَطْمَارٌ ۔
الطِّمِرُّ : تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
طُمُرَّةُ الشَّبَابِ : آغاز جوانی۔
الطُّومَارُ : الطَّامُور ج : طَوَامِيرُ ۔
المِطْمَارُ : معمار کا سوت جسے باندھ کر چنائی کی جاتی ہے (اسے امام بھی کہتے ہیں) هو علی مِطْمَارِ اَبِيهِ او يَطْمُرُ علی مِطْمَارِ اَبِيهِ : وہ اپنے باپ کے نقش قدم پر چلتا ہے (۲) بوسیدہ پرانے کپڑے پہننے والا ج : مَطَامِير ۔
المِطْمَرُ : معمار کا سوت (دھاگا) ج : مَطَامِر۔

اَقْرِءِ المِطْمَرَ بِالْمُحَدِّثِ: حدیث کی تصحیح وتنقیح کرکے اسے ٹھیک ٹھیک بیان کرو۔
المَطْمُوْرُ: مدفون۔
المَطْمُوْرَةُ: جیل خانہ (۲) زیر زمین غلہ کا گودام، کوٹھی ج: مَطَامِیْرُ۔
•طَمَسَ الشَّیْءُ ـُ طُمُوْسًا: صورت بدل جانا، خط وخال مٹ جانا، نشان مٹ جانا۔
ــ القَمَرُ او النَّجْمُ او البَصَرُ: بے نور ہوجانا۔
ــ القَلْبُ و نَحْوُهُ: دل خراب ہوجانا، دل میں محفوظ رکھنے کی طاقت نہ رہنا۔
ــ الشَّیْءَ و عَلَیْهِ ـِ طَمْسًا: صورت بگاڑنا (۲) مٹانا، زائل کرنا۔
طَمَسَتِ الرِّیْحُ الاَثَرَ: ہوا نے نشان مٹادیا۔
ــ الغَیْمُ الکَوَاکِبَ: بادلوں کا ستاروں کو چھپانا۔
ــ عَیْنَهُ و عَلَیْهَا: اندھا کرنا، بینائی زائل کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلَوْ نَشَاءُ لَطَمَسْنَا عَلٰی اَعْیُنِهِمْ"
طَمَّسَهُ: بالکل مٹا دینا، بالکل زائل کردینا۔ مبالغہ در طَمَسَ۔
اِنْطَمَسَ: مطاوع طَمَسَ: صورت بگڑنا نشان مٹنا، زائل ہونا۔
تَطَمَّسَ: مطاوع طَمَّسَ۔
الطَّامِسُ: رَسْمٌ طَامِسٌ: مٹا ہوا نشان طَرِیْقٌ طَامِسٌ: دور دراز راستہ جس میں گزرنا ممکن نہ ہو۔ نَجْمٌ طَامِسٌ: بے نور ستارہ ج: طَوَامِسُ۔ رَجُلٌ طَامِسُ القَلْبِ: ناسمجھ آدمی۔
الطَّمِیْسُ: المَطْمُوْسُ (۲) نابینا۔
المَطْمُوْسُ: مٹا ہوا جو پڑھا نہ جا سکے نہ پڑھا جانے والا۔

•طَمْطَمَ البَحْرُ: سمندر کا بڑا ہونا۔
ــ فُلَانٌ: سمندر کے بیچ میں تیرنا، یا بیچ میں ہونا۔
ــ فِی کَلَامِهِ: مبہم بات کرنا، اٹک اٹک کر بولنا۔
الطَّمَاطِمُ: ٹماٹر (ایک ترکاری)۔
الطُّمَاطِمُ: گونگا (۲) لکنت والا۔
الطِّمْطَامُ: سمندر کا بیچ (۲) زبردست آگ
الطُّمْطُمَانِیُّ: الطُّمَاطِمُ۔
الطُّمْطُمَانِیَّةُ: گونگا پن، لکنت۔
طُمْطُمَانِیَّةُ حِمْیَرَ: قبیلہ حمیر کی زبان کا مخصوص لہجہ جس میں حروف کی شکل ناگوار حد تک بدل جاتی ہے۔
الطِّمْطِمُ: الطُّمَاطِمُ۔
الطُّمْطُمَةُ: گونگا پن، لکنت۔
الطُّمْطُمِیُّ: الطُّمَاطِمُ۔
•طَمِعَ فِیْهِ و بِهِ ـَ طَمَعًا و طَمَاعًا و طَمَاعِیَةً: خواہش مند ہونا، چاہنا (۲) لالچ کرنا۔
طَمُعَ ـُ طَمَعًا و طَمَاعَةً: لالچی اور حریص ہونا، انتہائی خواہشمند ہونا۔
اَطْمَعَ فُلَانًا: لالچ دلانا، لالچی بنانا، خواہش مند بنانا۔
طَمَّعَهُ: اَطْمَعَهُ۔
ــ المَطَرُ: بارش شروع ہوکر تھوڑی برسنا۔ کہاوت ہے: کَاَنَّ حَدِیْثَهَا تَطْمِیْعُ قَطْرٍ: اس نے کلام تو کیا مگر تھوڑا ہی بولی۔
تَطَمَّعَ: مطاوع طَمَّعَهُ: لالچ میں آنا، حریص ہونا۔
الطَّامِعُ: لالچی، حریص، خواہش مند۔
ــ فِی السُّلْطَةِ او السِّیَادَةِ: اقتدار پسند
الطَّمَعُ: خواہش، لالچ (۲) امید وتوقع۔ قریب الحصول شے کے لئے اکثر استعمال ہوتا ہے ج: اَطْمَاعٌ۔

الطَّمَّاعُ: بڑا لالچی، انتہائی حریص وخواہشمند
المِطْمَاعُ: الطَّمَّاعُ (مذکر ومؤنث دونوں کے لئے)۔
ــ مِنَ النِّسَاءِ: وہ عورت جو خود پر کسی کو قابو نہ دیتے ہوئے دیگر عورت کی خواہش دلائے ج: مَطَامِیْعُ۔
المَطْمَعُ: الطَّمَعُ. خواہش وحرص (۲) ذریعہ اور سبب حرص (۳) جس چیز کی خواہش یا لالچ ہو، مقصد (۴) وہ پرندہ جو دیگر پرندوں کو دھوکہ سے بلانے کے لئے جال کے بیچ میں رکھا جائے ج: مَطَامِعُ۔
المَطْمَعَةُ: المَطْمَعُ۔
•طَمِغَتِ العَیْنُ ـَ طَمَغًا: آنکھ کیچ والی ہونا۔
•طَمَلَ فُلَانٌ ـُ طَمْلًا و طُمُوْلًا: بے پرواہ ہونا۔
ــ الجَمَلُ و غَیْرُهُ: سخت چال چلنا۔
ــ الاِبِلَ و غَیْرَهَا طَمْلًا: سختی سے ہانکنا۔
ــ الحَصِیْرَ و نَحْوَهُ: چٹائی بننا اور اس میں ڈورے ڈالنا۔
ــ الشَّیْءَ بِکَذَا: آلودہ کرنا، لتھیڑنا جیسے طَمَلَ الدَّمُ السَّهْمَ۔
ــ الصَّبَّاغُ الثَّوْبَ و نَحْوَهُ: گہرا رنگنا۔
ــ الخَبَّازُ الخُبْزَ: بیلن سے روٹی بیلنا، پھیلانا۔
طَمِلَ بِکَذَا ـَ طَمَلًا: لتھڑنا، آلودہ ہونا
اَطْمَلَ الکِتَابَ و نَحْوَهُ: مٹانا۔
اَطْمَلَ مَا فِی الحَوْضِ و نَحْوِهِ: حوض وغیرہ کو بالکل خالی کردینا، ایک قطرہ نہ چھوڑنا
اِنْطَمَلَ فُلَانٌ: چوروں کے ساتھ شریک ہونا، ساجھی بننا۔
الطَّامِلُ: بے حیا، بدکار۔
الطِّمْلُ: ہر سیاہ چیز (۲) گہرا رنگا ہوا کپڑا (۳) گلے کا ہار یا پٹا (۴) گدلا پانی (۵) بدزبان وبے حیا آدمی (جسے یہ پرواہ نہ ہو کہ اس نے

کیا کہا اور نہ یہ کہ اسے کیا کہا گیا) (۶) بیوقوف (۷) مفلس و غریب اور بدمزاج و بدحال (۸) دھاری دار پتلا بھیڑیا (۹) چور ج: طُمُولٌ و اَطْمَالٌ۔

الطَّمَلَةُ: حوض وغیرہ کی گاد یا گدلا بچا ہوا پانی۔

الطَّمَلَّةُ: الطَّمَلَةُ۔

الطِّمْلَةُ: کمزور عورت ج: طِمَلٌ۔

الطَّمُولُ من الرِّجَال: الطِّمْلُ: بدکار و بے شرم جسے کچھ کہے کی پروا نہ ہو۔

الطَّمِيلُ: منَ النَّاسِ وغَيْرِهِم: خون میں لت پت یا کسی برائی میں ملوث (۲) بیلن سے پھیلائی ہوئی روئی (۳) چٹائی (۴) کیچڑ کا پانی (۵) گمنام (۶) چوڑا پھلکا

الطَّمِيلَةُ: مؤنث الطَّمِيل۔

المِطْمَلَةُ: بیلن (روئی پھیلانے کا لکڑی کا رول) ج: مَطَامِل۔

• طَمَّ الشيءُ ـِ طُمُومًا: کسی چیز کا زیادہ ہو کر پھیلنا اور زبردست ہو جانا جیسے: طَمَّ البَحْرُ او الماءُ۔

ـــ الاَمْرُ: بڑا اور سنگین ہونا۔

ـــ الفِتْنَةُ او الشِّدَّةُ: فتنہ و فساد کا بڑھ جانا۔

ـــ الفَرَسُ وغيرُه فی سَيْرِه: پھرتی اور تیزی سے چلنا۔

ـــ الشيءَ وعَلَيه ـُ طَمًّا: ڈھانکنا، اوپر پھیل جانا۔

ـــ التُّرابُ البِئْرَ: مٹی کا کنویں کو پاٹ دینا، کنویں کا مٹی سے پٹ جانا۔

ـــ فُلانٌ الحُفْرَةَ بالتُّرابِ ونَحْوِه: مٹی وغیرہ سے گڑھے کو بھر کر برابر کرنا، پاٹنا

ـــ الإناءَ وغَيْرَهُ: اوپر تک بھرنا۔

ـــ شَعْرَهُ: بال چوٹنا، جڑ سے اکھاڑنا۔

اَطَمَّ شَعْرُهُ: بالوں کے مونڈنے یا کاٹنے کا وقت آجانا۔

طَمَّمَ الطَّائِرُ: ٹہنی پر بیٹھنا۔

اسْتَطَمَّ شَعْرُهُ: اَطَمَّ۔

انْطَمَّ: ڈھک جانا، پٹ جانا۔

الاَطَامِيم: ٹانگیں۔

الطَّامُّ: بڑی (پرعظمت) چیز (۲) آب کثیر۔

الطَّامَّةُ: قیامت۔ قرآن پاک میں ہے: ”فَاِذَا جَاءَتِ الطَّامَّةُ الكُبْرٰى يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الاِنْسَانُ مَا سَعٰى“ (۲) سب سے بڑی مصیبت۔

الطَّمُّ: سمندر۔

الطِّمُّ: بہت پانی (۲) بڑی تعداد (۳) انتہائی تعجب (۴) عمدہ گھوڑا (۵) شتر مرغ (نر) کہتے ہیں: جَاءَ هُمُ الطِّمُّ والرِّمُّ: ان کے پاس کم اور زیادہ ہر طرح کا مال آیا

الطُّمَّةُ: گمراہی، پریشانی (۲) گھاس کا ٹکڑا، حصہ۔ اکثر اطلاق خشک گھاس کے حصہ پر ہوتا ہے۔

ـــ من النَّاسِ ونَحْوِهم: لوگوں کی جماعت، برادری، معاشرہ ج: طُمَمٌ

الطُّمُومُ: من الخيل و نحوها: تیز رفتار گھوڑا وغیرہ (مذکر و مؤنث دونوں کیلئے)

الطَّمِيمُ: المَطْمُومُ۔ (۲) الطُّمُومُ۔

طَمِيمُ النَّاس: مخلوط قسم کے لوگ (۲) لوگوں کی کثرت۔

المَطْمُومُ: ڈھانکا ہوا، پاٹا ہوا، بھرا ہوا۔

• طَمْأَنَهُ: ساکن (پرسکون) کرنا (۲) نیچا کرنا، جھکانا (۳) بے خوف و مطمئن کرنا، دلاسا دینا، اطمینان دلانا۔ طَأْمَنَه و طَامَنَهُ: بمعنی مذکور۔

اطْمَأَنَّ: ٹھیرنا، ساکن (پرسکون) ہونا۔ اطْمَأَنَّ بـه القَرَارُ: اسے سکون ہوگیا، وہ بے فکر بیٹھ گیا، مطمئن ہوگیا۔

ـــ الشيءُ: جھکنا، نیچا ہونا۔

ـــ القَلْبُ و نَحْوُهُ: دل کی بے چینی دور ہونا، قرار آجانا، اطمینان ہو جانا۔

اطْمَأَنَّ المَكَانُ: جگہ کا پست ہونا، نشیبی ہونا

ـــ بالمكان و فيه: قیام کرنا، مسکن و وطن بنالینا۔

ـــ عَمَّا كان يَفْعَلُه: اپنے فعل کو چھوڑ دینا۔

تَطَأْمَنَ: مُطاوِع طَأْمَنَه: مطمئن ہونا، (۲) پست ہونا، جھکنا۔ تَطَامَنَ بلا ہمزہ بھی مستعمل ہے۔

الطُّمَانِيْنَةُ: اطمینان، سکون قلب، سکون، آرام، بے فکری۔

المُطْمَئِنُّ: مطمئن، پرسکون (۲) ہموار (۳) پست۔

الاَرْضُ المُطْمَئِنَّةُ: نشیبی زمین، ہموار زمین۔

• طَمَا الشيءُ ـُ طُمُوًّا: بلند ہونا۔

ـــ الماءُ: پانی کا بلند ہو کر نہر وغیرہ کو بھر دینا۔ پانی کی سطح بلند ہونا۔

ـــ النَّبْتُ: لمبا ہونا۔

ـــ النَّهْرُ و نَحْوُهُ: بھر جانا، چڑھنا۔

ـــ به الهَمُّ و نَحْوُهُ: کسی کا غم وغیرہ بڑھ جانا۔

ـــ بالغَوِيِّ نَفْسُهُ: گمراہ کے نفس کا سرکش ہونا۔

طَمَتْ هِمَّتُهُ: حوصلہ بلند ہونا۔

ـــ المرأةُ بزوجها: خاوند کی خلاف ورزی کرنا۔

الطَّامِي: اوپر سے بہنے والا، بھرا ہوا۔

الطَّمِيُّ: سیلابی گارا، تر یا خشک مٹی جو سیلاب میں بہہ کر زمین پر آجاتی ہے اور اسے غِرْيَن کہتے ہیں جو کھاد کا کام دیتی ہے۔

ط ـــــ ن

• طَنَأَ ـَ طَنْئًا وطُنُوءًا: شرمانا (۲) بدکاری کرنا، زنا کرنا۔

طَنِئَ فُلانٌ ـَ طَنَأً: شرم کی بات دل

بن چھپانا۔
طَنِئَ الحَیَوانُ: جانور کی تلّی کا پہلو سے لگ جانا۔
— الاِنسانُ: تیسرے روز کے بخار میں مبتلا ہونا (۲) بخار کی وجہ سے بڑھی ہوئی تلّی والا ہونا۔ ھو طَنِئٌ۔
أَطْنَأَ: بدکاری کی طرف مائل ہونا (۲) منزل کی طرف مائل ہونا (۳) (زمین پر بچھے ہوئے) فرش کی طرف مائل ہونا اور سستی کے باعث اس پر سو جانا (۴) حوض کی طرف مائل ہونا اور اس کا پانی پینا۔ حَیَّةٌ لَا تُطْنِئُ: وہ سانپ جس کا ڈسا ہوا فوراً مر جائے۔
الطِّنْءُ: شک (۲) الزام (۳) بدکاری (۴) حوض میں بچا ہوا پانی (۵) بقیہ روح (رمق) (۶) ٹھنڈی راکھ (۷) جنگل میں سونے کے لئے پتھروں کی بنائی ہوئی نیا گا (۸) درندوں کے شکار کی دیوار (جس کے پیچھے شکاری چھپتا ہے ج: أَطْنَاءٌ۔
• طَنِبَ ــ طَنَبًا: ٹانگوں کا ڈھیلا اور لمبا ہونا (۲) لمبی پیٹھ والا ہونا (یہ گھوڑے میں عیب شمار کیا جاتا ہے)۔
— الرُّمْحُ و نَحْوُهُ: نیزہ کا ٹیڑھا ہونا، ھو اَطْنَبُ و ھی طَنْبَاءُ ج: طُنْبٌ
أَطْنَبَ النَّهْرُ: نہر کا راستہ لمبا ہونا۔
— الرِّیحُ: گرد کے ساتھ ہوا کا تیز ہونا۔
— الدَّوَابُّ: چوپاؤں کا ایک دوسرے کے پیچھے چلنا۔
— فِی العَدْوِ و نَحْوِہِ: دوڑ میں زیادہ بڑھ جانا، دور نکل جانا۔
— فِی الکَلَامِ او الوَصْفِ: گفتگو یا وصف میں مبالغہ سے کام لینا، حد سے بڑھ جانا۔ حد سے زیادہ تفصیل و تعریف کرنا۔
طَانَبَہٗ: اپنے خیمہ کی رسی دوسرے کے خیمہ کی رسی سے باندھنا، ایسے شخص کو کہتے ہیں الجَارُ المُطَانِبُ۔
طَنَّبَ الشَّیْءُ: کسی چیز کا اتنا زیادہ ہونا کہ کثرت کی وجہ سے اس کا آخری حصہ دکھائی نہ دے۔
— بالمَکَانِ: قیام کرنا، پڑاؤ ڈالنا، خیمہ زن ہونا۔
— الخَیْمَةَ و نَحْوَھا: خیمہ وغیرہ میں رسیاں لگا کر ان کو باندھنا، خیمہ لگانا۔
— السِّقَاءَ و نَحْوَہٗ: مشک وغیرہ کو خیمہ کی کسی رسی میں لٹکانا۔
تَطَانَبَا: ہر ایک کا دوسرے کے خیمہ کی رسی سے اپنی رسی باندھنا، خیمہ باندھنے میں باہم شریک ہونا۔
الاِطْنَابُ: علم معانی میں مخصوص فائدہ کے لئے مطلب سے زیادہ الفاظ لانے کو کہا جاتا ہے، اس کا مقابل ایجاز ہے (۲) کلام میں طول (۳) تعریف میں مبالغہ۔
الاِطْنَابَةُ: چمڑے کا تسمہ جس میں بکسوا لگایا جاتا ہے (۲) سائبان (۳) کمان کا چلہ (۴) گھوڑوں کا غول (۵) پرندوں کا جھنڈ ج: اَطَانِیب۔
خَیْلٌ اَطَانِیبُ: پے در پے چلنے والے گھوڑے۔
حَاجَاتٌ اَطَانِیبُ: نہ ختم ہونے والی ضروریات۔
غَارَاتٌ اَطَانِیبُ: لامتناہی مسلسل حملے
الطُّنُبُ: خیمہ یا شامیانہ وغیرہ باندھنے کی رسّی (۲) درخت کی رگ جو جڑ سے چلتی ہے (۳) وہ پٹھا جو جسم کے جوڑوں اور ہڈیوں کو ملاتا ہے (۴) گردن کا ایک پٹھا جو گردن پھراتے وقت بڑھ جاتا ہے اور وہ دو ہوتے ہیں (طُنُبَان) (۵) کنارہ، گوشہ ج: اَطْنَاب و طِنَبَةٌ۔
اَطْنَابُ الشَّمْسِ: آفتاب کی لمبی شعاعیں۔
مَدَّتِ الشَّمْسُ اَطْنَابَھَا: سورج نکلنا۔
تَقَضَّبَتْ اَطْنَابُ الشَّمْسِ: آفتاب غروب ہونا۔
الطُّنُبُ: وہ شخص جس کے خیمہ کی رسّی تمہارے خیمہ کے سامنے ہو (۲) وہ شخص جس کو پناہ دینا اور اس کی حفاظت کرنا تمہارے ذمہ ہو ج: طُنْبَاءُ و ھن طَنَائِبُ۔
المِطْنَابُ: لشکر جرّار ج: مَطَانِیب۔
المَطْنَبُ: مونڈھا ج: مَطَانِبُ۔
المِطْنَبُ: مونڈھا (۲) چھلنی (مصفاة) ج: مَطَانِب۔
الطُّنْبُورُ: ستار (ایک باجا) ج: طَنَابِیرُ (۲) آب پاشی کی ہاتھ سے چلانے کی مشین (۳) چھپائی کے پروف اٹھانے کی مشین ج: طَنَابِیرُ۔
• طَنْبَلَ: سمجھ کے بعد بے وقوف بن جانا۔
الطَّنْبَلُ: بے وقوف، احمق، عامیہ میں اسے تَنْبَل کہتے ہیں۔
الطَّنْبَلَةُ: شر، فساد، بیوقوفی۔
• طَنْتَرَ: جلتائی کھانے سے بدن بھاری ہو جانا۔
تَطَنْتَرَ: تَطَنْتَرَ۔
• تَطَنَّجَ فِی الکَلَامِ و نَحْوِہِ: باتوں میں طرح طرح کے انداز اختیار کرنا، کلام میں تنوع اور رنگینی پیدا کرنا۔
الطَّنْجُ: نوع، صنف (۲) فن (۳) کاپی یا نوشتہ صحیفہ ج: طُنُوج۔
• الطَّنْجَرَةُ: تانبے پیتل وغیرہ کی دیگچی یا بگونا، پتیلی ج: طَنَاجِر۔
الطِّنْجِیرُ: الطَّنْجَرَةُ (۲) بزدل، کمینہ (۳) کنایۃً شہری آدمی کیونکہ وہ بمقابلہ دیہاتی کے تانبے وغیرہ کی پتیلی میں پکا ہوا کھاتا ہے ج: طَنَاجِیر۔
• طَنِخَ ــ طَنَخًا: موٹاپا زیادہ ہو جانا۔

طَنِخَتْ نفسُهٗ: خبیث الطبع ہونا۔
أَطْنَخَهُ الدَّسَمُ: چکنائی سے بدہضمی ہوجانا (۲) موٹا کردینا۔
طَنَّخَهُ الدَّسَمُ: أَطْنَخَهُ۔
•طَنَزَ بِهٖ ـُ طَنْزًا: مذاق اڑانا، چھینٹے دینا، فقرے کسنا، طنز کرنا۔
طَانَزَهٗ: کسی کے ساتھ تمسخر و دل لگی کرنا۔
تَطَانَزُوا: باہم مذاق کرنا۔
الطَّنَّازُ: بہت مذاقی، مسخرہ، طنز و تنقید کا عادی
المَطْنَزَةُ: طنز و مذاق کی جگہ یا سبب۔ قَوْمٌ مَطْنَزَةٌ: مسخرے لوگ جو خود اپنی وقعت کھوتے ہوں ج: مَطَانِزُ۔
•طَنْطَنَ: ٹن ٹن کی آواز دینا، گونجنا، (گھنٹی) بجنا، (مکھیوں کا) بھنبھنانا۔
الطَّنْطَانُ: شوروغل، چیخ و پکار۔ رَجُلٌ ذُو طَنْطَانٍ: شوروغل مچانے والا۔
الطَّنْطَنَةُ: ستار وغیرہ بجنے کی آواز (۲) باتوں اور آوازوں کی کثرت، شور (۳) مخفی کلام، گنگناہٹ (۴) بھنبھناہٹ (۵) گھنٹی کی آواز (۶) گلے کا کوّا۔
•طَنِفَ ـَ طَنَفًا و طَنَافَةً: بگڑنا، خراب ہونا، بدباطن ہونا (۲) کم خوراک ہونا (۳) متہم ہونا۔ طَنِفَ بکذا: وہ فلاں بات میں متہم ہے، اس پر فلاں بات کا الزام ہے۔ هو طَنِفٌ۔
أَطْنَفَ: چھجے دار دروازے والا ہونا (۲) چھجے پر چڑھنا۔
طَنَّفَ فُلَانٌ لِلْأَمْرِ و نَحْوِه: کسی معاملہ میں پڑنا۔
—— فُلَانًا بکذا: الزام لگانا۔
—— نَفْسَهٗ الی کذا: خود کو کسی چیز کا لالچ دلانا۔
—— البُسْتَانَ و نَحْوَهٗ: باغ کی کانٹوں دار باڑھ لگانا یا دیوار کا احاطہ کرنا۔
—— الجِدَارَ: دیوار پر کانٹے (یا کانچ کے ٹکڑے وغیرہ) لگانا (تاکہ اس پر چڑھنا دشوار ہو)۔
تَطَنَّفَ: مطاوع طَنَّفَ۔
—— نَفْسُهٗ الی کذا: طبیعت کا کسی طرف مائل ہونا، کھنچنا۔
—— القَوْمَ و نَحْوَهُمْ: چڑھائی کرنا، ایک دم سب کو دبوچ لینا۔
الطُّنُفُ: پہاڑ کا نکلا ہوا کونہ، عمارت کا باہر نکلا ہوا حصہ (۲) دروازہ، چھجا، سائبان (۳) دیوار کی کنگنی، منڈیر، کارنس ج: أَطْنَافٌ و طُنُوفٌ۔
الطُّنُّفُ: الطُّنُفُ۔
المُطْنِفُ: کارنس یا چھجے والا (۲) پہاڑ پر چڑھنے والا۔
•طَنْفَسَ الرَّجُلُ: اچھا ہونے کے بعد بداخلاق ہونا (۲) بہت کپڑے پہننا۔
—— السَّمَاءُ: آسمان پر بادل چھا جانا۔
الطِّنْفِسُ: ردی، خراب (۲) بدشکل۔
الطِّنْفِسَةُ: شطرنجی دری (۲) قالین، غالیچہ ج: طَنَافِسُ۔
الطُّنْفُسَةُ و الطِّنْفَسَةُ: الطِّنْفِسَةُ۔
•طَنْفَشَ النَّظَرَ الیه: گھور کر دیکھنا، تیز نگاہوں سے دیکھنا۔
الطُّنْفُشُ: کمزور نگاہ آدمی۔
•طَنَّ ـِ طَنًّا و طَنِينًا: بجنا، آواز نکلنا، ٹن ٹن ہونا، گھنٹی کی سی آواز نکلنا۔
—— الذُّبَابُ: بھنبھنانا۔
—— النُّحَاسُ: تانبے یا پیتل کا جھن جھن کرنا
—— العُودُ: لکڑی کا چرچرانا۔
—— المَقْطُوعُ: کاٹی جانے والی چیز کی آواز ہونا۔
طَنَّتِ الأُذُنُ: کان بجنا، کان میں جھنجھناہٹ ہونا۔
أَطَنَّهٗ: بجانا، آواز نکالنا۔
—— سَاقَهٗ: پنڈلی کاٹنا۔
طَنَّنَ: زور سے بجنا، زور کی آواز نکلنا مبالغہ در طَنَّ۔
الطَّنُّ: سرخ انتہائی میٹھی پختہ کھجور۔
الطُّنُّ: الطَّنُّ (۲) انسان وغیرہ انسان کا بدن (۲) قد، قامت (۳) لکڑیوں یا بانس وغیرہ کا گٹھڑ (۴) دھنی ہوئی روئی کا گٹھا (۵) ہزار کیلوگرام کے مساوی ایک وزن، ٹن (دس کوئنٹل) ج: أَطْنَانٌ و طِنَانٌ۔
الطَّنَّانُ: بہت بجنے والا، زور سے بجنے والا، جھن جھن یا چرچر کرنے والا۔ هي طَنَّانَةٌ۔ قَصِيدَةٌ طَنَّانَةٌ او طَنَّانَةٌ رَنَّانَةٌ: شہرۂ آفاق نظم یا قصیدہ، زوردار اور پراثر قصیدہ۔ خُطْبَةٌ رَنَّانَةٌ: پرزور تقریر۔
الطِّنِّيُّ: بھاری بھرکم، ڈیل ڈول کا۔
الطَّنِينُ: گھنٹی کی آواز (۲) جھن جھن (۳) ٹن ٹن (۴) چرچراہٹ، لکڑی ٹوٹنے کی آواز، تانبے پیتل کے بجنے کی آواز، بھونکی بھنبھناہٹ
قَصِيدَةٌ او خُطْبَةٌ او مَقَالَةٌ لها طَنِينٌ: فلاں نظم یا تقریر یا مقالہ کا ہر جگہ غلغلہ اور چرچا ہے۔
•طَنِيَ ـَ طَنًى: بیماری سے کمزور ہونا (۲) بیمار ہونا (۳) کمزوری لاحق ہونا (۴) فسق و فجور میں مبتلا رہنا۔
أَطْنَى: أَطْنَأَ: بدکاری کی طرف مائل ہونا (۲) تہمت و شک کی طرف مائل ہونا۔
—— فی فُجُورِه: بدکاری میں ہمیشہ مبتلا رہنا۔
—— فُلَانًا: ایسی جگہ مارنا جہاں کی ضرب سے موت نہ واقع ہو۔
—— المَرَضُ فُلَانًا: کسی کو ادھ مرا کردینا، مار کر تھوڑی سی جان باقی چھوڑنا۔
حَيَّةٌ لا تُطْنِي: وہ سانپ جس کا کاٹا ہوا فوراً مرجائے۔
ضَرْبَةٌ لا تُطْنِي: مہلک وار یا چوٹ۔

أَطْنَى الشَّجَرَ او ثَمَرَ النَّخْلِ: درخت یا درخت خرما کا پھل بیچنا۔

اطَّنَى الشَّجَرَ او ثَمَرَ النَّخْلِ: درخت یا کھجور کا پھل خریدنا۔

الطَّانِي: زناکار، بدکار ج: طُنَاة۔

الطَّنَى: بدکاری (۲) دبلا پن (بیماری) (۳) بیماری۔ رَجُلٌ طَنًى: بیمار آدمی (۴) تلی یا پھیپھڑے کا پہلو سے چپٹا ہوا ہونا یا پیاس وغیرہ کی وجہ سے پسلیوں کا پہلو سے چپٹا ہوا ہونا (۵) بخار کی وجہ سے تلی کا بڑھاؤ (۶) درخت کی خریداری اور کھجور کے پھل کی بطور خاص فروخت (۷) انتہائی شیریں سرخ پختہ کھجور (۸) بخار کی جگہ جہاں پہنچنے والے کو بخار ہو جائے۔

الطِّنَى: بچھو کے کاٹے سے آرام۔

ط ـــــــ ہ

• طَهُرَ ـُ طُهْرًا و طَهَارَةً: صاف ہونا (بے میل ہونا)، پاک ہونا (بے نجاست ہونا)، پاک وصاف ہونا (ہر عیب دار قول وفعل سے بری ہونا)۔

ـــ الحَائِضُ او النُّفَسَاءُ: خون بند ہونا، حیض ونفاس سے پاکی کا غسل کرنا۔

طَهَّرَ الشَّيْءَ بالماءِ وغَيْرِه: پانی وغیرہ سے دھو کر صاف کرنا یا پاک کرنا (۲) عیوب ونقائص سے بری کرنا (۳) نکھارنا، تطہیر کرنا

ـــ المَوْلُودَ: پیدا شدہ بچہ کی ختنہ کرنا۔

ـــ القَنَاةَ او التُّرْعَةَ: نہر اور ندی کا کیچڑ نکالنا، صاف کرنا۔

ـــ الجِسْمَ ونَحْوَهُ: جراثیم کش دواؤں سے بدن کے جراثیم دور کرنا۔

اطَّهَّرَ: تَطَهَّرَ۔ پاکی حاصل کرنا، نہانا، طہارت حاصل کرنا۔

تَطَهَّرَ: مُطاوع طَهَّرَه (۲) پاک ہو جانا، صاف ہو جانا، نکھرنا، تطہیر ہونا۔

الطَّاهِرُ: پاک، صاف (۲) عیب سے پاک، نکھرا ہوا، صاف ستھرا (۳) مقدس۔

طَاهِرُ الثَّوبِ - طاهِرُ الذَّيْلِ وطاهِرُ العِرضِ: پاک دامن، بے داغ، آبرودار۔ طاهِرُ القَلْبِ: نیک دل ج: أَطْهَارٌ وطَهَارَى (خلاف قیاس)

الماء الطَّاهِرُ: نجاست سے پاک پانی جس سے طہارت حاصل کی جائے۔

الطَّاهِر و الطاهِرة: پاک عورت یعنی غیر حائضہ ونفساء ج: طَوَاهِر۔

الطَّهَارَةُ: پانی وغیرہ کے ذریعہ طہارت (پاکی) کا حصول۔

الطَّهَارَةُ الجِسْمَانِيَّة: بدنی پاکی (ظاہری یا معنوی نجاست سے خلو)۔

الطَّهَارَةُ النَّفْسِيَّة: ذہنی صفائی وپاکیزگی

الطُّهَارَةُ: طہارت کا بچا ہوا پانی وغیرہ۔

الطِّهَارَةُ: بچوں کو پاک کرنے کا پیشہ۔

الطُّهْرُ: حالت پاکی (نجاست اور حیض وغیرہ سے خالی ہونا) ج: أَطْهَارٌ۔

الأَطْهَار: عورت کے ایام طہر (جن میں حیض وغیرہ نہ ہو)۔

الطَّهِرُ: الطَّاهِرُ۔ رَجُلٌ طَهِرُ الخُلُقِ: پاکیزہ اخلاق آدمی ج: أَطْهَارٌ۔

الطَّهُورُ: خود پاک اور دوسرے کو پاک کرنے والا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَأَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً طَهُورًا" اس طرح ہر طہور طاہر ہے لیکن ہر طاہر طہور نہیں (۲) ذریعۂ پاکی پانی ہو یا دیگر شے (۳) ہر صاف پانی (جس میں گندگی یا گدلاپن وغیرہ نہ ہو)۔

الطَّهُورِيَّةُ: کامل طہارت وپاکیزگی۔

المَطْهَرُ: نصاریٰ کے عقیدے میں وہ جگہ جہاں موت کے بعد نفس وقتی عذاب پاکر پاک ہو جاتا ہے۔

المِطْهَرَةُ: طہارت حاصل کرنے کا ذریعہ (۲) لوٹا وغیرہ جس میں پانی لے کر طہارت حاصل کی جائے (۳) وہ ظرف جس میں صفائی اور پاکی حاصل کی جائے ج: مَطَاهِر۔

المَطْهَرَةُ: المِطْهَرَة۔ صفائی اور پاکی کا ذریعہ یا سبب۔ حدیث میں ہے: "السِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِلْفَمِ"

المُطَهِّرُ: پاک کرنے والا (۲) طب میں ہر وہ مادہ جو تعفن اور پیپ وغیرہ پڑنے سے مانع ہو۔

• طَهْشَ فُلَانٌ ـَ طَهْشًا: ہر اس کام کو بگاڑ دینا جو ہاتھ میں لیا جائے۔

ـــ العَمَلَ: کام خراب کرنا۔

• أَطْهَفَ السِّقَاءُ: مشک کا ڈھیلا ہو جانا۔

ـــ فِي الكَلامِ: روانی سے بولنا۔

ـــ لِفُلَانٍ من مالِه طِهْفَةً: اپنے مال میں سے کچھ حصہ دینا۔

زُبدة طَهْفَةٌ: ڈھیلا مکھن۔

الطِّهْفَةُ من الشيءِ: ٹکڑا، حصہ۔

الطَّهْفُ: بھوسا (۲) پناہ۔

الطَّهَافُ من السَّحَابِ: اونچا بادل۔

الطُّهَافَةُ: گیسو (۲) ہر چیز کا بالائی حصہ۔

• طَهَقَ ـَ طَهْقًا: تیز چلنا۔

• طَهِلَ ـَ طَهَلاً الماءُ: پانی کا خراب اور بدبودار ہونا۔

طَهِلَ ـَ طَهَلاً وتَطَهَّلَ الماءُ: طَهِلَ۔

أَطْهَلَتِ الأَرْضُ: زمین کا تھوڑی گھاس اگانا۔

الطُّهْلَةُ: چیز کا بقیہ۔

• طَهِمَ مِنْه: نفرت کرنا، مانوس نہ ہونا۔

ـــ الشَّيْءُ: بڑا اور بھاری بھرکم ہونا۔

ـــ الشَّيْءَ: بڑا کرنا، موٹا کرنا۔

تَطَهَّمَ: مطاوع طَهَّمَ۔

ـــ الطَّعَامَ وغَيْرَهُ: ناپسند کرنا۔

ـــ منه وعنه: نفرت کرنا۔

الطَّهُمُ: لوگ۔
الطَّهْمَةُ: سیاہی مائل گندمی رنگ۔
المُطَهَّمُ: بہت موٹا (۲) پھولے ہوئے چہرے والا (۳) ہر مکمل چیز (۴) انتہائی حسین چیز (۵) شریف النسب آدمی۔
• تَطَهْمَلَ: خالی ہاتھ چلنا۔
—لِفُلانٍ: کوئی چیز لینے کے لئے کسی کے سامنے چال چلنا۔
الطَّهْمَلُ: بدخلقت موٹا تازہ آدمی۔ ج: طَهَامِلُ۔
الطِّهْمِلِيُّ: کالا اور ٹھنگنا۔
• طَهَا اللَّحْمَ و نَحْوَهُ ـُ طَهْوًا و طُهُوًّا: مکمل پکانا۔
—الأمْرَ: معاملہ کو اخیر تک پہنچانا، پختہ کرنا، بہتر بنانا۔
أطْهَى فُلانٌ: پکانے کا ماہر ہونا۔
الطَّاهِي: باورچی، کھانا پکانے والا یا اس کا ماہر ج: طُهَاة و طُهِيٌّ و هُنَّ طَوَاهٍ۔
الطُّهَاوَةُ: خون یا دودھ کی جھلّی۔
الطِّهَايَةُ: باورچی گری، کھانا پکانا کا پیشہ
الطُّهُوُّ: پکانا (۲) پختگی۔
الطَّهَيَانُ: پانی ٹھنڈا کرنے کی لکڑی۔

ط ــــ و

• الطُّوبُ: پختہ اینٹ۔ واحد: طُوبَة (اس کو آجرّ بھی کہتے ہیں) فُلانٌ لَا آجُرَّةَ له و لَا طُوبَةَ: فلاں کے پاس کچھ نہیں ہے۔
الطَّوَّابُ: اینٹیں بنانے یا فروخت کرنیوالا۔
طُوبَة: پانچواں قبطی مہینہ۔
طُوبَى: دیکھئے طیبٌ۔
• طَاحَ ـُ طَوْحًا: ہلاک ہونا۔
—فلانٌ: عقل میں فتور ہونا۔
—في الأرضِ وغيرِها: بھٹکنا، مارے مارے پھرنا۔
طَاحَ السَّهْمُ: تیر کا نشانہ خطا کرنا۔
—به فَرَسُهُ: گھوڑے کا سوار کو بلا تعین منزل لے کر چلنا۔
—الشيءُ من يَدِهِ: گر جانا۔
أطَاحَهُ: ہلاک کرنا، تباہ کرنا، خاتمہ کرنا۔
أطَاحَ بنظامِ الحكمِ: حکومت کا تختہ الٹنا۔
—شَعْرَهُ: بال گرانا، کاٹنا۔
طَاوَحَهُ: کسی کے ساتھ تیراندازی کرنا، نشانہ بازی کرنا، کسی پر کوئی چیز پھینکنا۔
طَوَّحَهُ: أطَاحَهُ۔
—الشيءَ و به: ضائع کرنا (۲) آوارہ پھرانا، دربدر کی ٹھوکریں کھلانا، مارے مارے پھرانا (۳) ایسی سرزمین میں بھیجنا جہاں سے واپسی نہ ہو سکے (۴) ہلاکتوں کے راستہ پر ڈالنا، خطرناک جگہوں میں پھرانا (۵) ہوا میں پھینک کر ہچکولے کھلانا (۶) لاٹھی ڈنڈے سے مارنا۔
تَطَاوَحَ: دور دراز ہونا (۲) پھیلا ہوا ہونا۔ کہتے ہیں: تَطَاوَحَتْ بِهِمِ النَّوَى: سفروں نے ان کو دور لے جاکر ڈال دیا۔
—القومُ الأمْرَ بينَهُم: لوگوں کا کسی معاملہ میں جھگڑنا۔
—القومُ فُلانًا و غيرَهُ بالضَّرْبِ و نَحْوِهِ: لوگوں کا کسی کے ساتھ مار پٹائی کرنا۔
تَطَوَّحَ: ہوا میں گھومنا، مصیبت میں پڑنا، تڑپنا۔
—في البلادِ و نَحْوِها: ملکوں یا شہروں میں سرگرداں پھرنا، مارے مارے پھرنا۔
الطَّوْحُ: دوری۔ نِيَّةٌ طَوْحٌ: دور کا ارادہ
الطَّائِحُ: سرگرداں، مارا مارا پھرنے والا م: طَائِحَة۔
الطَّوَائِحُ: حوادث و مصائب۔
المَطَاحُ: دوری کی جگہ، ہلاکت گاہ (۲) مہلک و خطرناک راستہ ج: مَطَاوِحُ
المَطَاحَةُ: المَطَاحُ۔
المِطْوَاحُ: ہوا میں پھینکنے کا آلہ (۲) لاٹھی ڈنڈا ج: مَطَاوِيحُ۔
• طَاخَهُ ـُ طَوْخًا: گالی دینا، برائی کرنا۔
• طَادَ ـُ طَوْدًا: جمنا، ٹھیرنا، ثابت قدم ہونا۔
طَوَّدَ في البلادِ و نَحْوِها تَطْوِيدًا: ملکوں یا شہروں میں گھومنا۔
—الشيءَ و به: گھمانا، پھرانا (۲) ختم کرنا، تباہ کرنا۔
—الشيءَ: لمبا اور اونچا کرنا۔
انْطَادَ: ہوا میں بلند ہونا، چڑھنا۔
تَطَوَّدَ: مطاوع طَوَّدَ۔ گھومنا، پھرنا۔
—في البلادِ: ملک میں خوب گھومنا۔
الطَّادُ: بھاری، بوجھل (۲) مشتعل (مست) اونٹ۔
الطَّوْدُ: ٹھیراؤ، جماؤ (۲) بلند اور زبردست پہاڑ (۳) تشبیہاً ہر راسخ اور بلند و عظیم چیز۔ قرآن پاک میں ہے: "فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ العَظِيمِ" (۴) پہاڑی سلسلہ، کوہستان (۵) ریت کا پہاڑ نما سلسلہ، ٹیلہ ج: أطْوَادٌ و طِوَدَةٌ۔
ابنُ الطَّوْدِ: بڑے پہاڑ سے لڑھک کر نیچے آنے والی چٹان (۲) سخت پیاس۔
المَطَادُ: ہلاکت کی جگہ یا سبب (۲) جنگل بیابان، لق ودق صحرا جس کے دونوں کناروں میں زیادہ فاصلہ ہو ج: مَطَاوِدُ
المَطَادَةُ: المَطَادُ ج: مَطَاوِدُ۔
المُنْطَادُ: بلند۔ بناءٌ مُنْطَادٌ: بلند و بالا عمارت

(۲) بڑا غبارہ یا وہ غبارہ جس کے نیچے ٹرالی بندھی ہوئی ہوتی ہے (سواری کے لئے)۔

• طَارَ الشیءَ وبہ وحَولَہ ـُ طَوْرًا و طَوَارًا: کسی چیز کے قریب ہونا اور اس کے گرد گھومنا۔

لا اَطُورُ بہ: میں اس کے پاس نہ جاؤں گا، اسے نہ کروں گا۔

طَوَّرَہُ: ایک حال یا شکل سے دوسرے حال یا شکل میں لانا، بہتر تبدیلی لانا، ترقی دینا، نئے طرز پر تشکیل دینا، تشکیل جدید کرنا۔

تَطَوَّرَ: حالت یا ہیئت یا نوع بدلنا، تبدیل ہونا، ترقی کرنا، نئی شکل اور نیا طرز اختیار کرنا۔

التَّطَوُّرُ: تدریجی تغیر جو ذی روح کائنات کے جسم یا اس کے طور طریق میں پیدا ہوتا ہے، انسانی برادری یا اقدارِ انسانی یا طریقہ ہائے کار میں رونما ہونے والی تدریجی تبدیلی، ترقی، تشکیل نو۔ ج: تطوُّرات۔

التَّطَوُّراتُ: تبدیلیاں، اتار چڑھاؤ، تغیرات

التطویر: تبدیلی، تشکیل جدید، ترقی۔

التطوُّرِیُّ: تغیر پذیر، ترقی پذیر۔

الطِّوَارُ: حد (۲) رتبہ، حیثیت۔

طِوَارُ الدَّار: گھر کا صحن۔

طِوَارُ الطَّرِیق: راستہ کے برابر کا اٹھا ہوا حصہ، فٹ پاتھ جس پر پیدل چلنے والے چلتے ہیں۔

الطَّوْرُ: دفعہ (جیسے ایک دفعہ یا دو دفعہ) (۲) کبھی (کبھی ایسا کبھی ویسا) (۳) حد (۴) وہ چیز جو کسی شے کے مقابل ہو۔ مثلاً کہتے ہیں: عدا او تعدی طورہ: اس نے اپنی حد اور رتبہ سے تجاوز کیا (۵) صنف و نوع (۶) ہیئت، حالت

ج: اَطْوار۔ قرآن پاک میں ہے: "وَقَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا"

الطُّوْرُ: پہاڑ (۲) درخت اگانے والا پہاڑ (۳) جو کسی چیز کے مقابل یا اس کی حد پر ہو (۴) گھر کا صحن ج: اَطْوار۔

طُورُ سِینِین: صحرا سینا میں واقع ایک پہاڑ کا نام جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام اندھیری رات میں آگ کی چنگاری لینے کے لئے گئے تھے اور باری تعالیٰ سے شرف ہم کلامی حاصل کیا تھا۔ جدہ سے براہ سمندر جاتے ہوئے یہ پہاڑ داہنے ہاتھ پر پڑتا ہے۔

الطُّورَانِیُّ: خلاف قیاس طور کی طرف نسبت ہے (۲) جنگلی آدمی یا جنگلی پرندہ

ما بالدار طُورِیٌّ او طُورَانِیٌّ: گھر میں کوئی نہیں۔

الطَّوَرَةُ: طَوَرَةُ الدَّار: گھر کا صحن۔

الطُّورَةُ: الطَّوَرَةُ۔

الطِّوَرَةُ: الطِّیَرَةُ: بدفال، بدشگونی جس سے کوئی نتیجہ نکالا جائے۔

المُتَطَوِّرُ: ترقی یافتہ، نو تشکیل یافتہ۔

• طَاسَ ـُ طَوْسًا: چاند جیسا روشن و خوبصورت ہونا۔

ــــ الشیءَ: پیروں سے روندنا (۲) توڑنا، ریزے کرنا۔

طَوَّسَ المُصَوِّرُ ونَحوُہُ: مور کی شکل بنانا، یا چاند جیسا حسین بنانا (۲) آراستہ اور مزین کرنا۔

تَطَوَّسَ: مطاوع طَوَّسَ۔ چاند یا مور کی شکل کا بن جانا۔

ــــ المَرْأَةُ وغیرُها: زیب و زینت اختیار کرنا، بناؤ سنگار کرنا۔

الطَّاسُ: پینے کا پیالہ، پیالی، عام لوگ اسے طاسۃ کہتے ہیں۔

الطَّاووسُ: مور (مذکر و مؤنث) (۲) حسین و جمیل آدمی وغیرہ (۳) سرسبز و شاداب زمین جس میں مختلف قسم کے پودے ہوں ج: اَطْوَاس و طَوَاوِیسُ۔

الطَّاؤُوسُ: الطَّاوُوس۔

الطَّوَاسُ: مہینہ کی آخری راتوں میں ایک رات

الطُّوسُ: چاند ج: اَطْوَاسٌ۔

الطُّوسُ: دست آور دوا۔

• طَوَّشَ فُلَانٌ: قرض خواہ کو ٹلانا، مقروض کا ٹال مٹول کرنا۔

ــــ فُلَانًا: کسی کا خصیہ نکالنا یا آلۂ تناسل کاٹنا۔

الطَّوَاشِی: خصی کیا ہوا ج: طَوَاشِیَہ۔

• طَاعَ فُلَانٌ ـُ طَوْعًا: تابعدار ہونا، فرماں بردار ہونا، اشارہ پر چلنا۔

ــــ النَّبَاتُ طَوعًا وطَاعَةً وطَوَاعِیَةً: گھاس کا چرنے کے قابل ہونا۔

ــــ الشَّجَرُ: درخت کے پھلوں کا ممکن الحصول ہونا، اکٹھا کیا جانا امکان میں ہونا۔

ــــ لَہ المُرَادُ ونَحوُہُ: مراد وغیرہ آسانی سے پوری ہونا۔

ــــ لسانُہ کذا و بہ: کسی چیز پر زبان کو قابو ہونا۔

ــــ الغُلَامُ اَبَاہُ ولَہ: لڑکے کا باپ کی فرماں برداری کرنا، کہا ماننا۔

ــــ الکَلَأُ الحَیوَانَ ولَہ: جانور کو گھاس چرنا آسان ہونا جس طرح اور جہاں سے چاہے چرے۔

أَطَاعَ الشَّجَرُ اِطَاعَةً وطَاعَةً: درخت کا پوری عمر کو پہنچنا۔

ــــ الثَّمَرُ: پھل توڑنے کا وقت آجانا، پھل توڑنا آسان ہونا۔

ــــ النَّبَاتُ: نباتات (پھل وغیرہ) کا مباح الاستعمال ہونا۔ کہاوت ہے: اللّٰہُمَّ لا تُطِیعَنَّ بی شَامِتًا: اے اللہ میرے بدخواہ کو میرے بارہ میں

بامراد نہ کر۔
أَطَاعَ فُلَانًا: کسی کی فرماں برداری کرنا، کسی کے سامنے جھکنا، تابع ہونا، اشاروں پر چلنا۔
طَاوَعَهُ فيه و عليه مُطَاوَعَةً و طَوَاعِيَةً: کسی بات میں کسی کا ہم نوا ہونا، ساتھ دینا، کسی شے کا دوسری کے موافق ہونا، اثر قبول کرنا، (غیر ذوی العقول کے لئے بمنزلۂ اطاعت)
___ الغُصْنُ الهَوَاءَ: ٹہنی کا ہوا کے ساتھ جھومنا۔
طَوَّعَ: مبالغہ در طَاعَ۔ فرماں بردار بنانا، تابع دار بنانا (۲) ماتحت اور تابع کرنا (۳) آسان کرنا (۴) رضاکار بنانا
___ لَه نَفْسُهُ كذا: کسی بات پر دل کا آمادہ ہونا، رضامند ہونا (کسی کے نفس کا کسی شے کو پسندیدہ بنا دینا اور اس پر رضامند کر دینا) قرآن پاک میں ہے: "فَطَوَّعَتْ لَهُ نَفْسُهُ قَتْلَ اَخِيهِ فَقَتَلَهُ"
انْطَاعَ لَه: تابع اور فرماں بردار ہونا۔
تَطَاوَعَ لِلأَمْرِ: کسی کام کو کر سکنے کی طاقت وصلاحیت ظاہر کرنا۔
تَطَوَّعَ: نرم ہونا (۲) (بتکلف) فرماں بردار بننا (۳) نفل پڑھنا یعنی غیر مفروضہ عبادت کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَهُ" اطَّوَّعَ تَطَوَّعَ کا مقلوب ومدغم ہے۔
___ للجُنْدِيَّةِ وغيره: سپاہیانہ خدمت کے لئے رضامند ہونا، فوج میں بھرتی ہونا۔
___ لكذا: رضاکار بننا، رضاکارانہ خدمت انجام دینا۔
___ الشيءَ او لَه او بِه: کسی چیز کو اپنائے رکھنے کی کوشش کرنا، رضاکارانہ طور پر انجام دینا، اپنی مرضی سے کرنا۔

اِسْتَطَاعَ الشيءَ: کر سکنا، قادر وقابو یافتہ ہونا، کسی شے کا کسی کے بس اور امکان میں ہونا۔
___ فُلَانًا و نَحْوَهُ: کسی سے اطاعت وفرماں برداری چاہنا۔
الاِسْتِطَاعَةُ: سکت، قدرت۔
التَّطَوُّعُ: غیر واجب عمل (۲) نفلی عبادت (۳) رضاکاری، والینٹری، رضامندی
التَّطَوُّعِيُّ: رضاکارانہ۔
التَّطْوِيعُ: موافقت، رضاکار سازی، رضاکاری (متعدی) تابعیت، تسہیل کاری
الطَّائِعُ: فرماں بردار، تابع۔
الطَّاعَةُ: حکم کی بجاآوری، فرماں برداری، تسلیم وانقیاد، تقلید۔
الطَّاعَةُ العمياءُ: کورانہ تقلید۔
الطَّوَاعِيَةُ: الطَّاعَةُ۔
الطَّوْعُ: تابع، فرمانبردار۔ هو طَوْعُ يَدِكَ او طَوْعُ إرادتك۔
طَوْعُ اشارتك: وہ تمہارا تابع اور پابند ہے، تمہارے اشارہ پر چلے گا۔
فَرَسٌ طَوْعُ العِنَانِ: فرماں بردار گھوڑا
فُلَانٌ طَوْعُ المَكَارِهِ: فلاں مصائب جھیلنے کا عادی ہے۔
الطَّيِّعُ: الطَّائِعُ: رَجُلٌ طَيِّعُ اللِّسَان: فصیح اللسان آدمی۔
طَوْعًا: خوشی سے، رضامندی سے۔
طَوْعًا او كُرْهًا: خواستہ ناخواستہ خوشی یا ناخوشی سے۔
طَوَاعِيَةً وعن طَوَاعِيَةٍ: خوشی سے، مرضی سے۔
المُتَطَوِّعُ: رضاکار، والنٹیر، نفل عبادت کرنے والا، اپنی خوشی سے کام یا خدمت کرنے والا۔
المُسْتَطَاعُ: ممکن۔

المُسْتَطِيعُ: باہمت وباصلاحیت۔
المُطَاعُ: مخدوم جس کی فرماں برداری کی جائے۔
فی فُلَانٍ شُحٌّ مُطَاعٌ: فلاں آدمی انتہا سے زیادہ بخیل ہے جس کی وجہ سے وہ منجانب اللہ واجب کردہ حقوق کی ادائگی نہیں کرتا۔
المُطَاوِعُ: موافق، فرماں بردار (۲) اثر قبول کرنے والا، نحویوں کے نزدیک فعل مُطَاوِع وہ فعل ہے جو کسی فعل متعدی کے ساتھ لازم ہو اور اس کے نتیجہ میں آتا ہو جیسے كَسَرَهُ فَانْكَسَرَ۔ اس نے اسے توڑا تو وہ ٹوٹ گیا۔ اِنْكَسَرَ، كَسَرَ فعل متعدی کا فعل مطاوع ہے۔
المِطْوَاعُ: بہت فرماں بردار مبالغہ کی تا کے ساتھ مِطْوَاعَةٌ بھی کہا جاتا ہے ج: مَطَاوِيعُ۔
المُطَّوِّعُ: المُتَطَوِّعُ۔ قرآن پاک میں ہے: "الَّذِينَ يَلْمِزُونَ الْمُطَّوِّعِينَ" وہ لوگ جو جہاد وغیرہ میں برضا ورغبت شریک ہونے والوں کو عیب لگاتے ہیں۔
المُطَوِّعُ: فرماں بردار بنانے والا، نیک کام کا مبلغ ونگراں۔
المُطَوِّعُ للخدمة: والنٹیر، رضاکار۔
المُطَّوِّعَةُ والمُطَوِّعَةُ: رضاکارانہ طور پر جہاد وغیرہ میں شریک ہونے والا۔
المُطِيعُ: فرماں بردار
المُطِيعُ للقانُونِ: قانون کا پابند۔
• طَافَ حَوْلَهُ و بِه وعَلَيْه وفيه طَوْفًا وطَوَافًا: ارد گرد گھومنا، چکر لگانا (۲) گشت لگانا۔
___ الخَيَالُ وغيرُه به او عليه: کسی کی تصویر نگاہوں میں گھومنا، تصور اور خیال آنا (۲) خواب دیکھنا۔
___ الكَرَى او النَّوْمُ به او عليه: کسی کو اونگھ آنا، نیند آنے کو ہونا۔

طَافَ به علی کذا: کسی چیز پر کسی کے گرد گھومنا۔
ــــ البلادَ: ملک میں گھومنا۔
ــــ النَّهرُ: دریا کا پانی باہر نکلنا۔
أَطَافَ به او علیه: طَافَ۔
ــــ به: کسی کے پاس آنا، ٹھیرنا (۲) قریب ہونا (۳) گھیرنا۔
ــــ الشیءَ بکذا و عَلَیه او فیه او حَولَه: کسی شے کو کسی کے گرد گھمانا۔
طَوَّفَ حَولَهُ و به او عَلَیه و فیه تَطوِیفًا و تَطوَافًا: مبالغہ در طَافَ: خوب زیادہ گھومنا، بہت چکر لگانا۔
ــــ النَّاسُ و الجَرادُ او غیرُهما: آدمیوں یا ٹڈیوں وغیرہ کا ہر طرف چھا جانا۔
ــــ الشیءَ و به: گھمانا، چکر لگوانا۔
اطَّافَ به وعَلَیه وحَولَه: طَافَ۔
تَطَوَّفَ به وحَولَه و فیه وعلیه: گرد گھومنا، طواف کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَلَا جُنَاحَ علیه اَن یَّطَّوَّفَ بِهِما"۔ یَتَطَوَّفُ بِهِما۔
اِستَطَافَ به وحَولَه وعلیه: طَافَ۔
ــــ الشیءَ: گھمانا، چکر لگوانا۔
الطَّائِفُ: پہرے دار (جو رات کو گھروں وغیرہ کا چکر لگاتا ہے) (۲) خیال و تصور (جو سرسری طور پر آئے)۔
طَائِفٌ من الشَّیطَانِ: شیطانی وسوسہ، خیال۔ قرآن پاک میں ہے: "اِذَا مَسَّهُم طَائِفٌ مِّنَ الشَّیطَانِ تَذَکَّرُوا" (۲) خادم خاص۔ ذوی العقول کی جمع طائفون۔ غیر ذوی العقول کے لئے طَوَائِف۔
الطَّائِفَةُ: گروہ، فرقہ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاِن طَائِفَتَانِ مِنَ المُؤمِنِینَ اقتَتَلُوا فَاَصلِحُوا بَینَهُمَا" (۲) لوگوں کی ایسی جماعت جو کسی عقیدہ یا رائے میں متفق ہو اور دوسروں سے ممتاز ہو، مذہبی فرقہ (۳) جز، ٹکڑا، (۴) علم الاحیا میں مخلوق کی صنفی اکائی جیسے جانوروں میں حشرات ایک صنفی اکائی ہے (۵) زمرہ، درجہ، کیٹاگری ج: طَوائِفُ۔
الطَّائِفِیُّ: طائف یا طائفة کی طرف نسبت، فرقہ پرست (۲) فرقہ دارانہ، گروہی۔
الطَّائِفِیَّةُ: فرقہ واریت، گروہی تعصب، مذہبی تعصب۔
الطَّوَافُ: شرعًا خانہ کعبہ کے گرد گھومنا۔
الطَّوفُ: قطعہ زمین کے گرد بنائی جانیوالی دیوار (۲) ہوا بھری مشکوں کو جوڑ کر یا ڈراموں وغیرہ کو جوڑ کر بنایا جانیوالا بیڑا جس کے ذریعہ نہر کو پار کیا جاتا ہے (۳) سامان وغیرہ رکھنے کا لکڑیوں کا ٹانڈ (۴) چوکیدار، رات کو چکر لگانے والا۔ ج: اَطوَافٌ۔
الطُّوفَانُ من کل شیءٍ: ہر شے کی ضرر رساں اور خوفناک کثرت وشدت (۲) حوادث کی کثرت وشدت (۳) زبردست پانی کا سیلاب جیسے قوم نوح علیہ السلام کو ہلاک کرنے کے لئے آیا تھا۔
الطَّوَّافُ: بہت گھومنے اور بہت چکر لگانے والا (۲) مخلص خادم (۳) مشکوں کے بیڑے کا مالک (۴) دیہاتوں میں ڈاک تقسیم کرنے والا۔
الطَّوَّافُ التِّجَارِیُّ: دلّال، ایجنٹ۔
المَطَافُ: گشت، دَور (۲) گھومنے کی جگہ (۳) خانہ کعبہ کا طواف کرنے کی جگہ۔
المُطَوِّفُ: طواف کرانے والا، معلّم الحجاج جو زمانہ حج میں مناسک حج کی ادائگی میں حجاج کی رہنمائی اور ان کے قیام وغیرہ کا انتظام کرتا ہے۔
• طَاقَهُ ــُـ طَوقًا وطَاقَةً: کسی چیز پر قادر ہونا، طاقت رکھنا۔
یُطَاقُ: قابل برداشت لا یُطاق: ناقابل برداشت۔
أَطَاقَهُ و عَلَیه و لَه: طَاقَهُ۔
طَوَّقَهُ الطَّوقَ و به: گلے میں طوق یا مالا ڈالنا۔
ــــ ه الشیءَ و به: کسی کے لئے کوئی چیز طوق بنا دینا، قرآن پاک میں ہے: "سَیُطَوَّقُونَ ما بَخِلُوا به" جن چیزوں میں وہ بخل کرتے ہیں وہ چیزیں ان کے گلے میں طوق بنادی جائینگی۔
ــــ الجَیشُ العَدُوَّ: فوج کا دشمن کو گھیرنا، گھیرا ڈالنا، گھراو کرنا۔
ــــ ه السَّیفَ: کسی پر تلوار کا بھرپور وار کرنا۔
ــــ اللّٰهُ فُلَانًا اداءَ حَقِّه: اللہ کا کسی کو ادائگی حق پر قادر بنانا۔
طَوَّقَتهُ نِعمَةُ اللّٰه: اللہ کا اس پر بھرپور انعام ہوا۔
طَوَّقَه بذراعیه: کسی کے گلے میں باہیں ڈالنا۔
تَطَوَّقَ: مطاوع طَوَّقَ۔ گھر جانا (۲) طوق نما بن جانا۔ جیسے: تَطَوَّقَت الحَیَّةُ و نحوُها: سانپ وغیرہ کا طوق کی طرح کنڈلی مارنا (۳) طوق پہننا۔
ــــ بالطَّوقِ و اطَّوَّقَ: طوق پہننا۔
الطَّائِقُ: طوق یا طوق نما (۲) پہاڑ کا ابھرا ہوا حصہ۔
الطَّاقُ: الطَّائِقُ (۲) عمارت کی محراب، کمان (۳) طلسان، ریشمین شال یا چوغہ نما چادر ج: اَطوَاقٌ وطِیقَانٌ۔

اَلطَّاقَةُ: قدرت، طاقت (۲) وہ کام جو مشقت سے انجام دیا جائے (۳) گچھا، مجموعہ (۴) روشندان (۵) توانائی (۶) صلاحیت۔
طَاقَةُ الاَزْهَارِ: گل دستہ۔
طَاقَةُ شَعْرٍ: بالوں کی لٹ، گچھا۔
طَاقَةُ عِيدَانٍ: لکڑیوں کا گٹھا۔
طَاقَةُ خُيُوطٍ: دھاگوں کی لچھیاں۔
طَاقَةُ حِبَالٍ: رسیوں کا گچھا۔
اَلطَّاقَةُ الذَّرِّيَّةُ: ایٹمی توانائی۔
اَلطَّاقَةُ القُصْوٰى: پوری طاقت، ایڑی چوٹی کا زور۔
اَلطَّاقَةُ الكَهْرَبَائِيَّةُ: برقی توانائی، الیکٹرک پاور۔
اَلطَّاقَةُ الكُلِّيَّةُ: مکمل صلاحیت۔
اَلطَّاقَةُ البَشَرِيَّةُ: افرادی طاقت، صلاحیت
اَلطَّاقَةُ المُعَطَّلَةُ: مفلوج صلاحیت۔
اَلطَّاقَةُ النَّوَوِيَّةُ: ایٹمی طاقت۔
اَلطَّاقِيَّةُ: سوتی یا اونی ٹوپی۔
اَلطَّوْقُ: طاقت وقدرت (۲) طوق، ہار، بالا، پٹا (۳) گھیرا، حلقہ (۴) قمیص کا کالر (۵) درخت خرما پر چڑھنے کی رسی کی سیڑھی (جھولا) ج: اَطْوَاق۔
طَوْقُ الحَمَامِ: کبوتر کی گردن میں قدرتی طوق نما حلقہ، اسی مناسبت سے کبوتر کو ذاتُ طَوْقٍ کہا جاتا ہے۔
اَلطَّوْقَةُ: سخت زمینوں کے بیچ میں گول نرم زمین۔
اَلمُطَاقُ: قابل برداشت۔
اَلمُطَوَّقُ: طوق پڑا ہوا۔
اَلحَمَامُ المُطَوَّقُ: وہ کبوتر جس کی گردن میں طوق نما باریک لکیر ہو۔
اَلمُطَوِّقُ: گھیراؤ کرنے والا۔
اَلمُطَوَّقَةُ: گردن والی بڑی بوتل۔
• طَالَ ـُ طُولاً: لمبا ہونا، اونچا ہونا۔
___ عَلَيْهِ طَوْلاً: مہربانی کرنا، انعام دینا۔

طَالَ فُلاَناً: لمبائی میں کسی پر فوقیت لیجانا یا انعام واکرام میں بڑھ جانا۔ فُلاَنٌ طُوَالٌ: فلاں اتنا لمبا یا مہربان ہے کہ اس پر لمبے یا مہربان لوگ فوقیت نہیں لے جا سکتے۔
طَوِلَ البَعِيرُ ـَ طَوَلاً: اونٹ کے نیچے کے ہونٹ کا زیادہ لمبا ہونا۔ هو اَطْوَلُ وهي طَوْلاءُ ج: طُولٌ۔
اَطَالَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ وغيرُهُ: کسی پر رات لمبی ہو جانا۔
___ عَلَيْهِ: مہربانی کرنا۔
___ الشَّيءَ وفيه: لمبا کرنا۔
اَطَالَ اللّٰهُ بَقَاءَهُ: اللہ اس کی عمر دراز کرے (دعا)۔
___ لِفَرَسِهِ ونَحْوِهِ: گھوڑے وغیرہ کو کھونٹے سے باندھنا (۲) لگام ڈھیلی کرنا۔
اَطْوَلَهُ: اَطَالَهُ۔
طَاوَلَ فِي الشَّيءِ: مہلت دینا، طول دینا۔
___ فُلاَناً فِي الطُّوْلِ او الطَّوْلِ: لمبائی یا ذرہ نوازی میں کسی پر غالب آنا یا مقابلہ کرنا۔
___ فُلاَناً فِي الدَّيْنِ ونَحْوِهِ: قرض وغیرہ میں کسی کو ٹالنا، اور ادائگی میں تاخیر کرنا۔
طَوَّلَ الدَّابَّةَ اولَهَا: چوپاے کی رسی ڈھیلی کرنا، ڈھیل دینا۔
___ لَهُ: مہلت دینا، موقع دینا۔
___ الشَّيءَ: لمبا کرنا، طول دینا۔
___ بَالَهُ عَلٰى كَذَا: صبر کرنا۔
تَطَاوَلَ: دراز ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلٰكِنَّا اَنْشَاْنَا قُرُوْنًا فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ العُمُرُ" (۲) لمبا بننا، دور دیکھنے کے لئے کھڑے ہو کر قد کو اونچا کرنا (۳) غرور وتکبر کرنا۔

تَطَاوَلَ اِلَى الشَّيءِ: دیکھنے کے لئے گردن لمبی کرنا، کسی چیز کو گردن اٹھا کر دیکھنا
___ عَلَيْهِ بِكَذَا: کسی پر کوئی مہربانی یا احسان کرنا۔
___ عَلَيْهِ: ظلم اور زیادتی کرنا، دست درازی کرنا (۲) کسی کے سامنے ڈھٹائی کرنا۔
___ الرَّجُلاَنِ: لمبائی یا حسن سلوک میں باہم مقابلہ کرنا۔
تَطَوَّلَ: مطاوع طَوَّلَ۔ لمبا ہونا، ڈھیلا پڑنا، مہلت ملنا۔
___ عَلَيْهِ بِكَذَا: کسی پر کوئی مہربانی کرنا، کسی بات کا احسان کرنا۔
اِسْتَطَالَ: لمبا ہونا۔
___ عَلَيْهِ بِكَذَا: مہربانی اور کرم کرنا۔
___ عَلَيْهِ: زیادتی اور دست درازی کرنا
___ الشَّيءَ: لمبا پانا یا سمجھنا۔
اَلاَطْوَلُ: طویل ترین، بہت لمبا (۲) بہت مہربان ج: اَطَاوِلُ هي طُولٰى ج: طُوَلٌ
اَلتَّطَاوُلُ: گھمنڈ، دست درازی۔
اَلطَّائِلُ: بہت زیادہ۔ جیسے: اموال طائلة (۲) بلندی (۳) قدرت (۴) احسان (۵) مہربانی، کرم (۶) مالداری تموّل (۷) فراخی وکشادگی (۸) فائدہ (اس معنی میں ہمیشہ نفی کے بعد مذکور ہوتا ہے جیسے لاَ طَائِلَ تَحْتَ كَذَا) ج: طَوَائِلُ۔
اَلطَّائِلَةُ: الطائِلُ (۲) دشمنی (۳) بدلہ، انتقام ج: طَوَائِلُ۔
اَلطَّاوِلَةُ: میز (۲) چوسر کی طرح کا ایک کھیل جو شطرنج کی سی دوہری بساط پر کھیلا جاتا ہے۔
طَاوِلَةٌ مَائِلَةُ السطحِ: ڈیسک۔
اَلطَّوَالُ: الطَّوْل (۲) لمبا عرصہ، سارا زمانہ

لا اُكَلِّمُه طَوالَ الدَّهرِ: میں اس سے کبھی بھی کلام نہ کروں گا (۳) عمر۔ طَالَ طَوالُكَ: تمہاری عمر دراز ہو (دعا)۔
الطُّوالُ: لمبا۔
الطُّوَالَةُ: مویشیوں کے چارہ کا کنٹھ۔
الطَّوْلُ: دولت مندی، مالی وسعت، نفقہ، مہر۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ" (۲) احسان (جو دوسرے پر جتایا جائے (۳) مہربانی و کرم
الطُّوْلُ: لمبائی (قصر اور عرض کا مقابل اعیان و اعراض سب کیلئے استعمال ہوتا ہے (۲) دو سروں کے درمیان کا حصہ (۳) بلندی۔
خَطُّ الطُّوْلِ: وہ خط جو قطب شمالی اور قطب جنوبی کو ملاتا ہے اور خط استواء پر اس کا مدار ہوتا ہے۔
طُولَ اليوم: تمام دن۔
الطُّوَلُ: کسی معاملہ میں ڈھیل اور تاخیر۔
الطِّوَلُ: لمبائی (۲) جانور کو باندھ کر چرانے کی لمبی رسّی (۳) عمر (۴) لمبا عرصہ۔ طِولَ العُمرِ: عمر بھر۔
الطُّوْلٰى: مؤنث الأطْوَل (۲) اونچی حیثیت، بلند درجہ ج: طُوَلٌ۔
السَّبْعُ الطُّوَلُ من القرآنِ: سورۂ بقرہ، سورۂ آل عمران، سورۂ نساء، سورۂ مائدہ، سورۂ انعام، سورۂ اعراف، سورۂ انفال، سورۂ برأت۔ بعض کے نزدیک سورۂ یونس بھی طوال میں شامل ہے۔
السَّبْعُ الطُّوَلُ من الشِّعرِ: امرؤالقیس، زہیر، عمرو بن کلثوم، لبید، طرفہ، عنترہ اور حارث بن حلزہ کے معلقات ہیں۔

الطَّوَّالُ: بہت لمبا، بہت بلند۔
الخَطُّ الطَّوَّالُ: قومی شاہراہ۔ جی، ٹی روڈ۔
الفِطَارُ الطَّوَّال: لمبی ٹرین جو بلا راست دور دراز مقام پر جاتی ہے۔
الطَّوَّالَةُ: لکڑی کی مصنوعی ٹانگ جس پر مداری چلتا ہے۔
الطُّوَّالُ: بہت لمبا، بہت بڑا۔
الطُّوَّلُ: لمبی ٹانگوں والا آبی پرندہ۔ سارس۔
الطَّوِيلُ: لمبا، دراز، بڑا (ضد قصیر و عریض) بلند۔ علم عروض میں شعر کی بحروں میں سے ایک بحر کا نام بحر طویل جو کثیر الاستعمال ہے، اس کا وزن یہ ہے فَعُولن، مَفَاعِيلُن، فَعولن مفاعِيلُن ج: طِوَالٌ و طِيالٌ۔
طَوِيلُ البَاعِ: سخی و فیاض (۲) طاقتور (مقابل قَصِيرُ الباعِ)۔
طَوِيلُ اليَدِ: چور، خائن (۲) دست درازی میں طاق۔
طَوِيلُ الأجَلِ: طویل المیعاد۔
طَوِيلُ الأمَدِ: طویل المیعاد۔
طَوِيلُ الرُّوحِ: بڑا حوصلہ مند، باہمت۔
طَوِيلُ المَدَى: دور رس۔
الطُّوَيْلَةُ: الطِّوَل۔ وہ ڈھیلی رسی جس سے چوپائے کو باندھ کر چرنے کے لئے چھوڑا جائے۔ اَرْخَى طَوِيلَةَ الدَّابَّةِ: اس نے جانور کی لمبی رسی کو ڈھیلا چھوڑ دیا۔ ج: طِوال۔
الطِّيَلُ و الطِّيلُ و الطِّيَلَةُ: کسی کام میں ارادی ڈھیل اور تاخیر۔
الطِّيلَةُ: عمر (۲) طِيلَةَ مدَّةِ كذا: اس پورے عرصہ میں۔
المُطَاوَلَةُ: ڈھٹائی، کھنڈ۔
المِطْوَلُ: لگام، جانور کے گلے کی رسّی

ج: مَطَاوِلُ۔
المُتَطَاوِلُ: گستاخ، دست دراز۔
المُطَوَّلُ: لمبا کیا ہوا، مفصل۔
المُطَوِّلُ: تاخیر سے آنے والا، پیچھے رہ جانیوالا
•طَوَى الشَّيءَ ـِ طَيًّا: موڑنا، طے کرنا، لپیٹنا۔ قرآن پاک میں ہے: "يَوْمَ نَطْوِي السَّمَاءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ"
ـــ اللّٰهُ عُمْرَهُ: زندگی ختم کرنا۔
ـــ فُلانٌ كَشْحَه او نَفْسَه عن اَحَدٍ: کسی سے تعلق ختم کرنا۔
ـــ كَشْحَه على كذا: کوئی چیز چھپانا۔
ـــ الخَبَرَ او السِّرَّ عنه: چھپانا۔
ـــ فُؤَادَهُ على الأمْرِ: کوئی بات دل میں رکھنا، ظاہر نہ کرنا۔
ـــ بَطْنَهُ: خود کو بھوکا رکھنا۔ حدیث میں ہے: "كانَ يَطْوِي بَطْنَهُ عن جارِهِ" وہ خود کو بھوکا رکھ کر پڑوسی کو کھلاتے تھے۔
ـــ الأرْضَ و البِلَادَ و غَيْرَها: سیر و سیاحت کرنا، گھومنا، سفر کرنا، فاصلے طے کرنا، منزلیں طے کرنا۔
ـــ اللّٰهُ البَعِيدَ: بعید کو نزدیک کرنا۔
ـــ السَّيْرُ الماشِيَ ونَحْوَهُ: پیدل سفر کے چلنے والے کو تھکا کر دبلا کر دینا۔
ـــ فُلانٌ البِئْرَ وغيرها بالحِجارَةِ و نَحْوِها: کنویں وغیرہ کی پتھر وغیرہ سے چنائی کرنا یا چھت ڈالنا، من بنانا۔
طَوِيَ السِّقاءُ و نَحْوُهُ ـَ طَوًى: مشک وغیرہ کا سکڑنا۔
ـــ البَطْنُ: بھوک کی وجہ سے پیٹ لگ جانا، اندر کو ہو جانا، انتڑیوں کا قل ہو اللہ پڑھنا
ـــ فُلانٌ: بھوکا ہونا۔ هو طَوٍ و طَيَّانُ و هي طَيًّا ج: طِوَاءٌ۔
اَطْوَى: طَوِيَ۔

طَوَّاهُ: خوب لپیٹنا، اچھی طرح طے کرنا۔ مبالغہ در طَوَی۔
اِطَّوَی: مطاوع طَوَاهُ: لپٹنا، طے ہونا، مڑنا، شکن پڑنا۔
___ علی کذا: مشتمل ہونا، حاوی ہونا، کسی چیز کو اپنے اندر لئے ہوئے ہونا۔
اِنْطَوَی: اِطَّوَی: لپٹنا، طے ہونا۔
___ علی کذا: مشتمل ہونا، ایک شے کو اپنے اندر لئے ہوئے ہونا۔
___ النَّاسُ علی فُلَان: کسی کے گرد جمع ہونا۔
___ الحَیَّةُ وغیرُها: سانپ وغیرہ کا کنڈلی مارنا، خود کو لپیٹ کر بیٹھنا۔
تَطَوَّی: اِنْطَوَی و اِطَّوَی: شکن پڑنا۔
الانْطِوَاءُ: (علم فلسفہ میں) فرد کا ذاتی شعور میں اس حد تک استغراق کہ اس سے بے خبری اور بیش حساسیت جیسے عوارض پیدا ہو جاتیں۔
الانْطِوَائِیَّةُ: دروں بینی، کم آمیزی۔
الانْطِوَائِیُّ: دروں بیں، ناملنسار، اکل کھرا، الگ تھلگ۔
الطَّاوِی: بھوکا۔
طاوی البَطْن: پتلے پیٹ کا۔
الطَّایَةُ: سطح، چھت (۲) کھجوریں خشک کرنے کا میدان (۳) غبیر پتھریلی زمین میں بڑی چٹان (۴) ٹکڑا (۵) جماعت، گروہ۔
الطَّوِی: نم دار لپٹی ہوئی مشک۔
الطُّوَی: طے کی ہوئی یا لپیٹی ہوئی چیز، دوہری چیز۔ قرآن پاک میں ہے: "بالوادِی المُقَدَّسِ طُوًی" وہ وادی جس کی تقدیس دو مرتبہ ہوئی طور سینا کی وادی کا نام جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو رسالت ملی۔
الطِّوَی: بھوک (۲) وادی طوی (۳) ٹڈی کی دم کا موڑ، تہ کا نشان، شکن ج: اَطْوَاءٌ۔
الطَّوِیُّ: المَطْوِیُّ: لپٹا ہوا، طے کیا ہوا (۲) گیہوں کا گٹھڑ، پولا (۳) رات کا کچھ حصہ ج: اَطْوَاءٌ (۴) لچک دار، مڑ جانے والا (۵) من دار کنواں۔
الطَّوِیَّةُ: ضمیر، دل (۲) خو، عادت ج: طَوَایَا (۳) من دار کنواں۔
سَلِیمُ الطَّوِیَّةِ: نیک خو، پاک ضمیر
الطَّوْوِیَّةُ: کم آمیزی، اکل کھرا پن۔
الطَّوَّایَةُ: فرائی پن۔
الطَّیُّ: تہ، اندرونی حصہ، ضمن، موڑ، سلوٹ (۲) دل کا کھوٹ، کینہ کپٹ ج: اَطْوَاءٌ (۳) علم العروض میں مستفعلن اور مفعولات کے چوتھے حرف کو حذف کر کے مستعلن اور مفعلات رہ جانے کے بعد اسے مفتعلن اور فاعلات میں تبدیل کرنا (۴) علم طبقات الارض میں زمینی حرکات کے نتیجہ میں زمین کے بالائی پرت کا سکڑنا اور اس کے نتیجہ میں چٹانوں کا سمٹنا (۵) فولڈنگ، مڑائی
طَیَّ کذا: فلاں چیز کے ضمن میں، ذیل میں، منسلکہ۔
فی طَیِّ کذا: فلاں چیز کے ساتھ، ذیل میں یا منسلک ہو کر۔
الطِّیَّةُ: نیت (۲) حاجت (۳) دور دراز جگہ (۴) ایک تہ، ایک موڑ، شکن۔
المِطْوَی: سوت یا دھاگا لپیٹنے کی چیز ج: مَطَاوٍ۔
المِطْوَاة: فولڈنگ (مڑ جانے والا) چھوٹا چاقو ایک پھلکے والا یا چند پھلکوں والا۔
المَطْوِی: مڑی ہوئی یا لپٹی ہوئی چیز۔
الشیءُ المَطْوِیُّ: فولڈنگ (طے کی جانے والی) چیز۔
المُنْطَوِی: لپٹنے اور طے ہونے والا۔
___ علی کذا: کسی چیز پر مشتمل۔
___ علی التَّمْییز و التَّفْرِقَة: امتیاز آمیز

ط ___ ی

• طَابَ الشیءُ ـ طِیبًا و طِیبَةً: پاکیزہ ہونا (۲) اچھا اور خوش گوار ہونا، عمدہ ہونا (۳) مزے دار ہونا (۴) حلال ہونا (۵) خوشبودار ہونا (۶) بیمار کا صحتیاب ہونا۔
___ الارضُ: زمین کا زرخیز ہونا، سرسبز ہونا۔
___ نَفْسُهُ بالشیءِ: جی خوش ہونا، کوئی چیز دل کو بھانا، پسند آنا، خوشگوار ہونا۔
___ عنه نَفْسًا: چھوڑنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَإِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَيْءٍ مِنْهُ نَفْسًا" طابَتْ نَفْسِی عنه تَرْکًا: اسے چھوڑ کر میرا دل خوش ہوا۔
أَطَابَ: اچھا اور جائز کام کرنا (۲) گندگی یا اذیت دور کرنا۔
___ فی مَکْسَبِه: حلال کمائی کرنا۔
___ فی کَلَامِه: اچھی اور عمدہ گفتگو کرنا۔
___ للضَّیْفِ وغیرِه: اچھی ضیافت کرنا، عمدہ کھانا وغیرہ کھلانا۔
___ الشیءَ: اچھا اور عمدہ بنانا یا پانا۔
طَایَبَهُ: کسی سے دل لگی کرنا، تفریح طبع کرنا، تفریح لینا۔
طَیَّبَ الشیءَ: اچھا اور عمدہ بنانا (۲) جائز و حلال کرنا (۳) خوشبودار بنانا یا خوشبو ملنا
___ الصَّبِیَّ وغیرَه: بچہ کو قریب کرنا اور اس سے دل لگی کرنا، دل بہلانا۔
___ خاطِرَه: دل خوش کرنا، مذاق کرنا، پیار کی باتیں کرنا، تسلی دینا، اطمینان دلانا

حوصلہ افزائی کرنا۔
طَیَّبَ لِغَرِیْمِه او غیرِه نِصْفَ المال او الدَّیْن او نَحْوَه: قرض دار وغیرہ کے لئے قرض کی رقم آدھی کر دینا (یعنی آدھی معاف کر دینا)۔
تَطَایَبَا: باہم مذاق و دل لگی کرنا۔
تَطَیَّبَ: مطاوع طَیَّبَ: عمدہ اور خوشگوار ہو جانا (۲) خوشبو دار ہونا، خود خوشبو ملنا، لگانا۔
ـــ بالطِّیب: خوشبو ملنا، استعمال کرنا۔
اِسْتَطَابَ: پاک وصاف ہونا (گندگی دور کرنا) (۲) شراب پینا۔
ـــ الشیئَ: کسی چیز کو اچھا پانا یا سمجھنا۔
ـــ القَوْمَ: آب شیریں یا کوئی اچھی چیز مانگنا۔
الأَطْیَبُ: اسم تفضیل از طَابَ۔ زیادہ اچھا، زیادہ خوش گوار ج: اَطَایِب۔ وھی طُوْبٰی ج: طُوْبَیَات و طُوَبٌ۔
الأَطْیَبَان: کھانا اور نکاح یا ان کی خواہش یا نیند اور نکاح یا چربی اور جوانی۔
الأَطَایِبُ: عمدہ اور پسندیدہ چیزیں۔
التَّطْوِیبُ: آرائش وتزیین۔
الطَّابُ: اچھی اور عمدہ چیز (۲) خوشبو۔
الطَّابَةُ: شراب۔
الطُّوْبٰی: اسم تفضیل مؤنث۔ نیکی (۲) خیر و بھلائی سعادت۔ قرآن پاک میں ہے "طُوْبٰی لَهُمْ" جنت کی ہر خوش گوار چیز، بقا بلا زوال، ابدی عزت، سرمدی دولت، جنت کے ایک درخت کا نام۔
طُوْبَاكَ و طُوْبٰی لَكَ: خوش رہو، تمہیں سعادت نصیب ہو۔
الطِّیْبُ: خوشبو (عطر وغیرہ) (۲) پاکیزگی (۳) ہر افضل واعلیٰ شے۔ طِیْبُ العَیْش وطِیْبُ الحیاۃ۔ اعلیٰ وافضل زندگی یا زندگی کی حلاوت وشادمانی ج: اَطْیَابٌ و طُیُوْبٌ۔
عن طِیْبِ خاطِرٍ: خوشی سے، خوش دلی سے۔
الطِّیْبَةُ: من الاشیاءِ: اعلیٰ وافضل چیزیں۔ مَالٌ طِیْبَةٌ: مال حلال۔
فَعَلْتُ ذٰلك بِطِیبة: میں نے یہ خوشی سے کیا ہے۔
الطَّیَّابُ: بہت اچھا، بہت پاکیزہ (۲) شمالی ہوا۔
الطَّیِّبُ: پاکیزہ (۲) خوش گوار، لذیذ، اچھا، عمدہ (۳) حلال (۴) خوشبو دار (۵) صحتمند (۶) حسین، ہر وہ چیز جس سے حواس انسانی محظوظ ہوں (۷) ہر وہ چیز جو ظاہری و باطنی گندگی اور اذیت سے پاک ہو (۸) رذائل سے پاک اور فضائل سے آراستہ شخص، کسی بات کی تصویب یا اقرار واجابت کے موقع پر کہتے ہیں۔ طَیِّب: ٹھیک ہے جو آپ نے کہا اس کے مطابق کروں گا جو آپ نے کہا ٹھیک ہے۔
طَیِّبُ الإِزار و طَیِّبُ القَلْبِ: پاک باطن، نیک دل۔
طَیِّبُ النفس: نیک طبیعت۔
طَیِّبُ الخلق: نرم مزاج، خوش اخلاق
زَبُوْنٌ طَیِّبٌ: خوش معاملہ گاہک۔
اِمْرَأَۃٌ طَیِّبَةٌ: پاک دامن عورت۔
بَلْدَۃٌ طَیِّبَةٌ: بہتر مٹی والا شہر، پاک تربت، آفات سے محفوظ شہر۔
نَفْسٌ طَیِّبَةٌ: قناعت پسند طبیعت۔
کَلِمَةٌ طَیِّبَةٌ: کراہت سے خالی خوشگوار بات۔
مَسَاکِنُ طَیِّبَةٌ: پاکیزہ رہائش گاہیں۔
تُرْبَةٌ طَیِّبَةٌ: زرخیز عمدہ مٹی۔
طُعْمَةٌ طَیِّبَةٌ: حلال لقمہ۔
رِیْحٌ طَیِّبَةٌ: خوش گوار ہلکی ہوا۔
نَکْهَةٌ طَیِّبَةٌ: خوش گوار مہک۔
المَطَایِبُ: عمدہ اور خوش گوار چیزیں، اس کا واحد نہیں ہے۔ بعض کے نزدیک اس کا واحد مَطَاب اور مطابة ہے۔
مَطَایِبُ الحیاۃ: زندگی کے مزے۔
المَطْیَبَةُ: خوشبو کی جگہ ج: مَطَایِبُ۔
المُتَطَیِّبُ: خوشبو لگائے ہوئے، خوشبو استعمال کرنے والا۔
المُطَیَّبُ: خوشبو دار۔
المُطَیِّبُوْنَ: پانچ قبائل کو کہتے ہیں: بنو عبد مناف، بنو اسد، بنو تیم، بنو زہرہ، بنو الحارث۔ وجہ تسمیہ یہ ہے کہ بنو عبد الدار کے پاس خانہ کعبہ کے چار منصب تھے حجابہ، رفادہ، لواء اور سقایہ، بنو عبد مناف نے ان مناصب کو لینا چاہا تو بنو عبد الدار اس کے لئے راضی نہ ہوئے اور مذکورہ قبائل نے اس بات کا پختہ عہد کیا کہ وہ آپس میں کبھی بھی ایک دوسرے کے لئے رسوائی کا سبب نہ بنیں گے اور متحد رہیں گے، پھر انھوں نے اس عہد کی توثیق کے لئے خانہ کعبہ پر خوشبو بھرے ہاتھ پھیرے اس لئے ان کو مُطَیِّبِین کہا جاتا ہے۔
• طَاحَ ـِ طَیْحًا: تباہ و ہلاک ہونا (۲) سرگرداں ہونا (۳) گمراہ ہونا۔
أَطَاحَ فلانًا: ہلاک و برباد کرنا، خاتمہ کرنا، لیجانا، دور پھینکنا۔
ـــ شَعْرَہٗ: بال اڑانا۔
طَیَّحَهٗ: تباہ و برباد کرنا، ضائع کرنا (۲) آوارہ پھرانا۔
تَطَایَحَ: بکھرنا، پھیلنا۔
الطَّیْحُ: پل کے نیچے لگی ہوئی لکڑی۔
الطَّیْحَةُ: پھوٹ، تفرقہ۔ أصابتهم طَیْحَةٌ: ان میں افتراق وانتشار پیدا ہوگیا۔
• طَاخَ ـِ طَیْخًا: قول و فعل کی گندگی سے آلودہ ہونا (۲) نادان و کم عقل ہونا (۳) مغرور ہونا۔

طاخ فلاناً: برائی میں لوث کرنا، برے ہونے کا الزام دینا۔
ـــ الامرَ: معاملہ کو بگاڑنا۔
طَیَّخَ علیه: دباؤ ڈال کر ہلاک کردینا۔
ـــ الھمُّ او العذابُ علیه: مصیبت وعذاب کا کسی کو ہلاک کردینا۔
ـــ الامرَ: بگاڑنا، خراب کرنا۔
ـــ الشیءَ: سیاہ تیل ملنا، تارکول ملنا۔
ـــ السِّمَنُ الحیوانَ: جانور کا موٹاپے سے چربی اور گوشت بڑھ جانا۔
تَطَیَّخَ: برائی سے آلودہ ہونا، برائی میں ملوث ہونا۔
الطَّیِّخُ: نکما گندا اور بیوقوف۔
الطِّیخُ: غرور وتکبر۔
الطَّیخُ: ہنسنے کی آواز۔
الطَّیْخَةُ: الطَّائخ (۲) فتنہ فساد (۳) لڑائی، جنگ۔
زمن الطَّیخة: لڑائی اور فتنہ وفساد کا زمانہ۔
• طَارَ الطَّائرُ ونحوُہ ــ طَیرًا و طَیَرانًا: حرکت سے بازوؤں کا ہوا میں اٹھنا، اڑنا، پرواز کرنا۔
ـــ طائرُہ: غصہ ہونا۔
ـــ غرابُہ: بوڑھا ہونا۔
ـــ قلبُہ مطارۃً: دل کا پسندیدہ شے کی طرف مائل ہونا۔
ـــ نفسُہ شَعاعًا: طبیعت بے چین وپریشان ہونا۔
ـــ الشیءُ: لمبا ہونا اور پھیلنا۔
ـــ لہ صِیتٌ او ذِکرٌ فی النَّاس: لوگوں میں کسی کا چرچا ہونا، دنیا میں شہرت ہونا۔
ـــ السِّمَنُ فی الدَّوابِّ ونحوھا: چوپاؤں میں موٹاپا پھیلنا۔
ـــ فلانٌ الی کذا: کسی چیز کی طرف لپکنا، اٹھ کر یا دوڑ کر جانا۔

طَارَ الی بلدِ کذا: کسی ملک کا ہوائی جہاز سے سفر کرنا۔
ـــ الشیءُ عن الشیءِ ومنہ: کوئی چیز کسی شے میں سے گرنا، ساقط ہونا۔
ـــ عَقلُہ: ہوش اڑنا۔
أطَارَ المکانُ: کسی مقام کا بہت پرندوں والا ہونا۔
ـــ الطَّائرَ وغیرَہ: پرندے وغیرہ کو اڑانا۔
ـــ النَّومَ: نیند اڑا دینا۔
ـــ المالَ ونحوَہ بینَھم: لوگوں میں مال وغیرہ تقسیم کرنا۔
طَایَرَہ: کسی کے ساتھ اڑنے میں مقابلہ کرنا
طَیَّرَہ وبہ: اڑانا، بلند کرنا۔
ـــ رأسَہ: سر قلم کرنا۔
ـــ الخبرَ الی فلان: تار بھیجنا، خبر بھیجنا
انطَارَ: پھٹ جانا، دراڑ پڑنا۔
تطایَرَ: لمبا ہونا (۲) بکھرنا، منتشر ہونا۔
جیسے: تطایرَ القومُ والسَّحابُ۔
ـــ الشَّررُ: چنگاریاں اڑنا۔
تطیَّرَ: اچھا شگون لینا، پرامید ہونا۔
ـــ بہ ومنہ: برا شگون لینا۔ اصل میں پرندہ سے نیک شگون لینے کے معنی ہیں پھر برا چھے اور برے شگون کے لئے استعمال کیا جانے لگا۔ قرآن پاک میں ہے: "وإن تُصِبھم سیِّئةٌ یَطَّیَّروا بموسٰی ومن مَّعہ"
اسْتطارَ الشیءُ: منتشر ہونا، بکھرنا۔
ـــ البرقُ: افق میں بجلی کی روشنی پھیلنا۔
ـــ الفجرُ او الصُّبحُ او غیرُہ: فجر طلوع ہونا، صبح کی روشنی ہونا۔
ـــ البِلٰی فی الثَّوب وغیرہ: کپڑے وغیرہ کا ہر جگہ سے بوسیدہ ہوجانا۔
ـــ الشَّقُّ او الصَّدعُ فی الحائط او الزُّجاجة: دیوار میں دراڑ پڑنا، شیشہ تڑخنا یا اس میں بال آنا۔
اسْتَطارَ الشیءَ: اڑانا۔
ـــ السَّیفَ: تیزی سے تلوار سونتنا۔
ـــ السُّوقُ: بازار چڑھنا۔
اسْتُطِیرَ: اڑایا جانا (۲) اتنا تیز لے جایا جانا جیسے پرندہ لے کر اڑتا ہے، ہوا کی طرح لے جایا جائے (۳) خوف زدہ ہونا، گھبرا جانا۔
ـــ فُؤادُہ: دل اڑنا، گھبرانا۔
ـــ الفرسُ وغیرُہ: تیز دوڑنا۔
فحل مستطارٌ: مست یا مشتعل سانڈ یا نر جانور۔
الطَّائرُ: پرندہ، فضا میں اڑنے والا ہر جانور (۲) وہ پرندہ وغیرہ جس سے اچھا یا برا شگون لیا جائے (۳) خیر یا شر کا حصہ۔ قرآن پاک میں ہے: "وکلَّ إنسانٍ ألزمناہ طائرَہ فی عُنُقِه" ج: أطیار وطُیورٌ و طَیرٌ۔ قرآن پاک میں ہے: "والطَّیرُ صافَّاتٍ" کہتے ہیں: کأنَّ علٰی رؤوسِھم الطَّیر: یعنی وہ پرسکون وسنجیدہ ہیں جیسے ان کے سروں پر پرندے ہوں۔
طارَ طائرُہ: وہ غضبناک ہوا یا وہ تیز چلا
ساکِنُ الطَّائرِ: بردبار و باوقار۔
میمونُ الطَّائرِ: مبارک آدمی۔
علی الطَّائرِ المیمونِ: مسافر کو بطور دعا رخصت کرتے وقت کہا جاتا ہے تمہارا سفر مبارک ہو، اچھے شگون کے ساتھ سفر کرو۔
طائرُ اللّٰہِ لا طائرُكَ: فیصلہ اور حکم اللہ ہی کا ہے تمہاری خرافات کو کوئی دخل نہیں۔
طائرَ اللّٰہِ لا طائرَكَ (بالنصب): میں اللہ کا فیصلہ مانتا ہوں نہ کہ تمہارا۔
طائرُ الصِّیتِ: شہرت یافتہ، مشہور ومعروف۔
الطَّائرۃُ: ہوائی جہاز۔

الطَائِرَة العَمودِيّة: ہیلی کاپٹر۔
الطَائِرَة الحَوّامة: ہیلی کاپٹر۔
طائِرَة قاذِفَة القنابل: بمبار جہاز۔
الطائِرَة المُغِيرة: حملہ آور جہاز
الطَّائِرَة النَّفَّاثَة: جیٹ ہوائی جہاز۔
طائِرَة النَّقل: باربردار ہوائی جہاز، ٹرانسپورٹ جہاز۔
الطَّيْرُ: پرندے۔ واحد: طائر۔
الطَّيْرَةُ: اوچھاپن، بے وقاری، خفیف الحرکتی۔
طَيْرَةُ الغَضَب و الشَّبَاب: آفتِ غضب، آفتِ جوانی۔
الطِّيَرَةُ و الطِّيْرَةُ: نحوست، فال، شگون، (۲) اچھا یا برا شگون لینے کی چیز۔
الطَّيْرِيَّة: ایک بیماری جو پرندوں خاص کر طوطے سے انسان کو لگتی ہے جس میں بخار کے ساتھ معدے اور آنتوں میں تکلیف ہوتی ہے۔
الطَّيَرَان: اڑان، پرواز۔
الطُّيورِيُّ: پرندے بیچنے والا۔
الطَّيَّارُ: جہاز راں، پائلٹ، طیارچی (۲) تیز رفتار (گھوڑا) (۳) سونا تولنے کا کانٹا (۴) ترازو کی زبان (۵) اڑتا ہوا غبار (۶) بھاپ بن کر اڑ جانے والا (۷) سریع الزوال۔
طَيَّارُ فَضَاءٍ: خلاباز، ہواباز۔
الطَّيَّارَةُ: کاغذ کی پتنگ۔ طَيَّارَةُ الصِّبْيَان بھی کہتے ہیں۔
الطَّيَّارَة الصَّاروخية: راکٹ جہاز۔
الطَّيُّور: هو طَيُّورٌ فَيُّورٌ: وہ جلد جلد بدلتا رہتا ہے۔
المُسْتَطِير: پھیلا ہوا، عام۔ الشَّرُّ المُستَطِير: ہمہ گیر فتنہ، بدشگون آدمی۔
المَطَارُ: ایرپورٹ، ہوائی اڈہ ج: مَطارات
مَطَار التَّفْرِيغ: سامان اتارنے کا ہوائی اڈہ۔
المطار الحَرْبِيُّ: جنگی یا فوجی ہوائی اڈہ۔

مطارُ الشَّحْن: سامان کے لدان کا اڈہ
المَطَارَةُ: پرندوں کا مسکن (۲) چوڑے منہ کا کنواں۔
• طَاسَ ـِ طَيْسًا: زیادہ ہونا، بہت ہونا۔
الطَّيْسُ: بہت چیز جیسے ریت پانی وغیرہ (۲) ہر کثیر النسل جانور جیسے مکھی چیونٹی وغیرہ۔
• طَاشَ ـِ طَيْشًا و طَيَشَانًا: اوچھا اور کم ظرف ہونا (۲) غیر سنجیدہ ہونا، خفیف الحرکت ہونا، غیر مستقل مزاج ہونا، بے موقع مذاق کرنا، بیہودگی کرنا۔
ـــ عَقْلُهُ: بہکنا، ناسمجھی کی بات کرنا۔
ـــ السَّهْمُ و نَحْوُهُ عن الهَدَفِ: تیر وغیرہ کا نشانہ سے ہٹنا۔
ـــ سَهْمُهُ: وہ بھٹک گیا، راستہ سے ہٹ گیا۔
أَطَاشَهُ: بہکا ہوا بنانا، غیر سنجیدہ بنانا (۲) تیر کو نشانہ سے ہٹانا (۳) گمراہ کرنا (۴) غلطی کرانا۔
الطَّائِشُ: خفیف الحرکت، اوچھا، بیہودہ، کم عقل و ناسمجھ (۲) ہلکی ہلکی باتیں کرنے والا (۳) جس کا نشانہ نہ لگتا ہو ج: طُيَّاشٌ و طَاشَةٌ۔
الطَّيَّاشُ: متردد جو کم عقلی کی بنا پر کسی ایک بات پر نہ جمتا ہو (۲) جلد باز، بے سوچے کام کرنے والا۔
الطَّيْشُ و الطَّيَشَانُ: ناسمجھی، کم عقلی، بیہودگی، خفیف الحرکتی، اوچھاپن۔
• طَاعَ ـِ طَيْعًا: دیکھئے: طَاعَ يَطُوعُ۔
يَطِيعُه و يَطِيعُ له: فرماں بردار ہونا۔
• طَافَ به و حَوْلَه و عَلَيه ـِ طَيْفًا بمعنی طَافَ يطُوفُ۔
ـــ خَيَالُهُ ـِ طَيْفًا: خواب میں کسی کا خیال (شکل) آنا۔
أَطَافَهُ: گھمانا۔
طَيَّفَ: طَوَّفَ: (گرد) گھومنا یا گھمانا۔
تَطَيَّفَ: گھومنا (۲) گھمانا (۳) خیال و صورت خواب میں آنا (۴) طواف کرنا۔
الطائِفُ: سوتے میں آنے والا، خیال، خیالی تصویر۔
الطِّيَافُ: رات کی سیاہی۔
الطَّيْفُ: خواب میں نظر آنے والی تصویر، خیال (۲) جنون (۳) غصہ (۴) قوس قزح اور اس کے مختلف رنگ ج: أَطْيَافٌ۔
• الطَّيْلَسَانُ: دیکھئے طلس۔
• طَامَ ـِ طَيْمًا: نیکوکار ہونا۔
• طَانَ فُلانٌ ـِ طَيْنًا: گارے کی اچھی لپائی کرنا، عمدہ پلاسٹر کرنا۔
ـــ الشيءَ: گارا پھیرنا، لتھیڑنا۔
ـــ الجِدَارَ: گارے کا پلاسٹر کرنا، گارے سے لپائی کرنا۔
ـــ الكتابَ او الرِّسالَةَ او الخِطَابَ: مٹی سے اس طرح مہر لگانا جس طرح لاکھ سے لگائی جاتی ہے۔
ـــ اللّهُ فُلانًا علَى الخَيرِ او الشَّرِّ: اللہ تعالیٰ کا کسی کی جبلت و خصلت میں شر یا خیر رکھنا، اس کی سرشت میں داخل کرنا۔
ـــ فيه كذا من الصِّفاتِ: کسی میں پیدائشی صفات رکھنا۔
أَطَانَهُ: طَانَهُ۔
طَيَّنَهُ: اچھی طرح لتھیڑنا، گارے کی خوب لپائی کرنا، گارا خوب ملنا۔
تَطَيَّنَ: گارے مٹی میں لتھڑنا، گارے سے لیپا جانا۔ اطَّيَّنَ بالقلب والادغام بھی مستعمل ہے۔
الطِّيَانَةُ: گارے کی لپائی کا پیشہ۔
الطِّيْنُ: گارا (پانی ڈال کر مٹی کا بنایا ہوا مسالا)

پلاسٹر کا مسالا ج : اَطْیَان ۔
الطِّینُ الخَزَفِی : چینی مٹی جس سے برتن بنائے جاتے ہیں ۔

الطِّیْنَۃُ : گارے کا ایک حصہ ایک خاص مقدار جو ہاتھ وغیرہ میں بیک وقت اٹھائی جائے (۲) مہر لگانے کی مٹی

(۳) فطرت، خمیر ج : طِیَنٌ ۔
الطَّیَّانُ : گارا بنانے یا لیپنے والا ۔
المَطِینُ : گارا ملا ہوا، گارے سے لیپا ہوا ۔

بابُ الظّاء

الظَّاءُ: حروف ہجائیہ کا سترہواں حرف، اس کا مخرج نوک زبان اور ثنایا علیا کے کنارے ہیں۔

ظ ــــ أ

•ظَأَبَ فُلَانٌ ـَ ظَأْبًا: شور کرنا (۲) شادی کرنا (۳) ظلم کرنا (۴) جھومنا۔
ظاءَبَ فُلَانٌ فُلَانًا مُظَاءَبَةً: سالی (بیوی کی بہن) سے شادی کرنا۔
تَظَاءَبَ الرَّجُلَان: دو مردوں کا ہم زلف ہونا، ایک دوسرے کا ساڑھو ہونا۔
الظَّأْبُ: ہم زلف، ساڑھو (ایک شخص کی بیوی کی بہن سے شادی کرنے والا)۔ ج: أَظْؤُبٌ و ظُؤُوبٌ
•ظَأَرَت المرأةُ والنَّاقةُ ونحوُهما على وَلَدِ غيرِها ـَ ظَأْرًا و ظِئَارًا: عورت یا اونٹنی وغیرہ کا غیر کے بچہ پر مہربان ہونا۔ هي ظَئُورٌ و ظَئُورَةٌ۔
ـــ فُلَانٌ عَلَى عَدُوِّہِ: دشمن پر حملہ کرنا۔
ـــ المرأةَ والنَّاقةَ: عورت یا اونٹنی کو غیر کے بچہ پر مہربان کرنا، پرورش کرنا۔
ـــ فُلَانًا علی کذا: کسی چیز کی طرف مائل کرنا۔
ـــ فُلَانًا علی الأمرِ: کسی کو کسی کام کے لئے پھسلانا یا کسی کام پر مجبور کرنا۔
أظْأَرَها علی وَلَدِ غیرِها: غیر کے بچہ پر مہربان بنانا، پرورش کرانا۔
ـــ فلانًا علی کذا: کسی بات کی طرف مائل کرنا، متوجہ کرنا۔
ظَاءَرَ: دایہ (انّا) رکھنا۔
ـــ المرأةَ: دودھ پلانے کے لئے عورت کا بچہ کو لینا، پرورش کرنا۔
ـــ فلانًا علی کذا: کسی کام پر لگانا، مائل و متوجہ کرنا، آمادہ کرنا (۲) کسی کام پر مجبور کرنا۔
ـــ فُلَانٌ فُلَانًا: ایک کا دوسرے کے بچہ کی پرورش کرنا۔
اِظَّأَرَت المرأةُ والنَّاقةُ: غیر کے بچہ پر مہربان ہونا۔
ـــ لِوَلَدِہِ ظِئْرًا: اپنے بچہ کے لئے دایہ رکھنا، دودھ پلانے والی رکھنا۔
الظَّأْرُ: ہر چیز جو اپنے جیسی دوسری چیز کے ساتھ ہو۔
عَدُوٌّ ظَأْرٌ: طاقتور دشمن۔
الظِّئْرُ: دایہ (انّا) دوسرے کے بچہ کو دودھ پلانے اور پرورش کرنے والی عورت۔ دایہ کے خاوند کو بھی ظِئْر کہا جاتا ہے (۲) سوتیلا باپ یا پرورش کنندہ باپ (۳) محل کا ایک کونا ج: أَظْؤُرٌ و أَظْآرٌ و ظُؤُورٌ۔
الظِّئْرَةُ: دیوار سے ملا ہوا ستون۔
الظَّؤُورُ و الظَّؤُورَةُ: دوسرے کے بچہ کو دودھ پلانے والی یا پیار کرنیوالی عورت یا اونٹنی۔
•ظَأَفَهُ ـَ ظَأْفًا: پریشان کرکے نکالنا، دھتکارنا۔
•ظاءَمَهُ مُظَاءَمَةً: کسی کا ہم زلف (ساڑھو) بننا۔
تَظَاءَمَا: دو کا آپس میں ہم زلف ہونا۔
الظَّأْمُ: ہم زلف (ساڑھو)۔

ظ ــــ ب

•الظَّبْأَةُ: لنگڑا بجو (مادہ)۔
•ظَبْظَبَ فُلَانٌ ظَبْظَبَةً وظِبْظَابًا: شور مچا کر ڈرانا، کسی بات کی دھمکی دینا۔
ظُبْظِبَ فُلَانٌ: کسی کو بخار ہونا۔
الظَّبْظَابُ: بیماری۔ ما به ظَبْظَابٌ: اسے کوئی بیماری نہیں (۲) آنکھ کے اندر کی پھنسی (۳) چہرے وغیرہ کی پھنسی (۴) عیب، دھبّا (۵) درد (۶) شور وغل۔
الظَّبْظَبَةُ: شور وغل ج: ظَبَاظِبُ۔
•الظُّبَةُ: تلوار، بھالا اور خنجر وغیرہ کی دھار ج: ظُبًا و ظُبَاتٌ و ظُبُونَ۔
أَظْبَتِ الأرضُ: زمین کا بکثرت ہرنوں والی ہونا۔
الظَّبْيُ: ہرن ج: أَظْبٍ و ظُبِيٌّ و ظِبَاءٌ۔
بِهِ دَاءُ ظَبْيٍ: اسے کوئی بیماری نہیں یا وہ بہت کم بیمار ہوتا ہے۔
لَا تَرَکْتُكَ تَرْكَ الظَّبْيِ ظِلَّهُ: میں تمہارے پاس دوبارہ نہ آؤں گا (ہرن جس جگہ سے بھاگ جاتا ہے وہاں لوٹ کر نہیں آتا)۔
الظَّبْيَةُ: ہرنی (۲) گائے (۳) بکری (۴) ہرن کی کھال کی چھوٹی تھیلی جس پر بال لگے ہوئے ہوں ج: ظِبَاءٌ۔
المَظْبَأَةُ: أرضٌ مَظْبَأَةٌ: بہت ہرنوں والی زمین۔
•ظَرِبَ ـَ ظَرَبًا بکذا: چپکنا، چمٹنا۔

الظَّرِبُ : ابھرا ہوا نوک دار پتھر (۲) پھیلا ہوا پہاڑ ج : ظِرابٌ ۔ حدیث استسقا میں ہے: "اَللّٰھُمَّ علی الآکامِ و الظِّرابِ و بُطونِ الأودیۃ"
الظَّرِبانُ : بلی کی طرح کا ایک جانور (جس میں بدبو ہوتی ہے) ج: ظِربیَ و ظَرابِین و ظَرابیُّ۔
فَسَا بینھم الظَّرِبانُ : ان میں پھوٹ پڑ گئی اور وہ ایک دوسرے سے الگ ہو گئے۔
•ظَرَّ الرَّجُلُ ـُ ظَرًّا و مَظَـرَّۃً : دھار دار پتھر توڑنا۔
— النَّاقَۃَ و نَحْوھا : دھار دار پتھر سے اونٹنی وغیرہ کو ذبح کرنا۔
اَظَرَّ الرَّجُلُ : نوکیلے پتھروں والی زمین میں آنا۔
— المکانُ : جگہ کا دھار دار پتھروں والا ہونا۔ ھو مُظِرٌّ۔
الظِّرُّ : نوکیلے دھار دار پتھر۔ واحد : ظِرَّۃ (۲) چنگاریاں نکالنے والے سخت پتھر کے ٹکڑے (۳) چقماق کے ٹکڑے جن کو دیا سلائی کی جگہ استعمال کیا جاتا تھا (جن کو قدیم زمانہ میں بھالوں اور کلہاڑوں کی جگہ استعمال کرتے تھے) ج: ظُرّانٌ و ظِرارٌ۔
الظُّرَرُ : نوکیلے تیز پتھر۔ واحد : ظُرَرَۃٌ ۔
الظِّرِّیُّ : الطَّورُ الظِّرِّیُّ : وہ زمانہ جس میں انسان نے پتھر کے آلات وغیرہ استعمال کئے۔
الظَّرِیرُ : نشان راہ (۲) اَرضٌ ظَرِیرۃٌ : بہت چقماق والی یا تیز نوک دار پتھروں والی زمین ج: ظَرارٌ و اَظِرَّۃ۔
المِظَرَّۃُ : چقماق، چنگاریاں نکالنے والا پتھر ج: مَظارٌّ۔
المَظَرَّۃُ : بہت چقماق والی زمین (۲) بہت نوک دار پتھروں والی زمین ۔
•ظَرُفَ فُلانٌ ـُ ظَرْفًا و ظَرافَۃً : تیز طبع اور ذہین ہونا (۲) چالاک و ہوشیار ہونا، چلتا پرزہ ہونا (۳) خوب رو ہونا (۴) بلیغ ہونا ۔ ھو ظَرِیف ۔ ایک قول کے مطابق چہرہ کی ظرافت اس کا حسن ہے ۔ قلب کی ظرافت اس کی فہم و فراست ہے، لسان کی ظرافت اس کی بلاغت ہے حضرت عمرؓ کا قول ہے: "اذا کانَ اللِّصُّ ظَرِیفًا لم یُقْطَع"
اَظْرَفَ فُلان : بہت برتنوں والا ہونا، (۲) ہوشیار و چالاک اولاد والا ہونا
— بِفُلانٍ : کسی کا ہوشیاری سے ذکر کرنا ۔
— المَتاعَ : سامان کے لئے برتن یا سامان کا ظرف بنانا ۔
ظارَفَہ : ہوشیاری میں مقابلہ کرنا۔
تَظارَفَ : ہوشیار بننا، چالاک بننا۔
تَظَرَّفَ : تَظارَفَ ۔
اِسْتَظْرَفَہٗ : ہوشیار سمجھنا یا پانا (۲) خوب رو سمجھنا یا پانا۔
الظَّرْفُ : برتن، ظرف (ہر وہ چیز جس میں دوسری چیز سما جائے) (۲) الفاظ (۳) حالت (۴) دانائی، مہارت و ہوشیاری ج : ظُرُوف ۔
فُلانٌ نَقِیُّ الظَّرْفِ : دیانتدار
رَأیتُ فُلانًا بِظَرْفِہٖ : میں نے بعینہٖ اسے دیکھا (دوسرے کو نہیں)۔
ظَرْفُ الزَّمانِ : وہ وقفہ (وقت) جس میں فاعل کا فعل واقع ہو۔
ظَرْفُ المکانِ : وہ جگہ جس میں فاعل کا فعل واقع ہو۔
الظُّرّافُ : انتہائی زیرک و چالاک، بڑا ماہر ج: ظُرَفاء و ظُرّافون۔
الظَّرافۃ : تیزی طبع، ہوشیاری، مہارت خوبی، خوش اسلوبی۔
الظَّرْفِیَّۃُ : کسی چیز کا کسی شے میں حلول کرنا، قرار پانا، حقیقۃً جیسے : الماءُ فی الکُوزِ یا مجازًا جیسے: النَّجاۃُ فی الصِّدْقِ ۔
الظُّرُوفُ : احوال و کیفیات ۔
الظُّرُوفُ الخَطِیرَۃُ : سنگین حالات ۔
الظُّرُوفُ الدَّقِیقَۃُ : نازک حالات۔
الظُّرُوفُ العَصِیبَۃُ : پرآشوب حالات پریشان کن حالات ۔
الظَّرِیفُ : ہوشیار، زیرک، تیز طبع (۲) خوب رو (۳) خوش اسلوب ج: ظُرَفاءُ
•ظَرِیَ ـِ ظَرْیًا : پانی چلنا، بہنا۔
ظَرِیَ ـَ ظَرًی : لڑکے کا زیرک ہونا۔
اِظْرَوْرَی : پیٹ پھولنا ۔
الظّاری : کاٹ کھانے والا۔
الظَّرَوْرَی : زیرک، عقلمند ۔

ظ ــــ ع

•ظَعَنَ ـَ ظَعْنًا و ظُعُونًا : روانہ ہونا، چلنا ۔
اَظْعَنَہٗ : روانہ کرنا، چلانا۔ اِظَّعَنَ الھَوْدَجَ : پالکی میں سوار ہونا۔
الظِّعانُ : ہودج (پالکی) کو باندھنے کی رسی۔
الظُّعْنَۃُ : مختصر سفر ج: ظُعَنٌ ۔
الظَّعُونُ : پالکی (ہودج) اٹھانے والا اونٹ (۲) باربردار اونٹ ۔
الظَّعِینَۃُ : ہودہ، پالکی (۲) سواری کا اونٹ یا اونٹنی (۳) عورت یا پالکی میں بیٹھی ہوئی عورت (۴) بیوی ج: ظَعائِن و ظُعُنٌ و اَظْعانٌ ۔
المِظْعانُ من الخَیلِ و النُّوقِ : سبک رفتار اونٹنی یا گھوڑا ۔

ظ ـــــ ف

• ظَفَرَ الشیءَ ـِ ظَفْرًا: کسی چیز میں ناخن گاڑنا، ناخن مارنا۔ ما ظَفَرَتْكَ عَيْنِي مُنْذُ زَمَانٍ: عرصہ سے میں نے تم کو نہیں دیکھا۔
ظَفِرَ الرَّجُلُ ـَ ظَفَرًا: بڑھے ہوئے ناخنوں والا ہونا۔
ـــ عَيْنُهُ: آنکھ میں ناخنہ ہو جانا (ایک بیماری) هی ظَفِرَةٌ۔
ـــ فُلانٌ عَلى عَدُوِّهِ و بِعَدُوِّهِ: دشمن پر فتحیاب ہونا، اسے زیر کرنا، مغلوب کرنا۔
ـــ بِشیءٍ: کوشش کے بعد حاصل کرنا۔
ظَفِرَ اللّٰهُ فُلانًا عَلى فُلانٍ: اللہ کا کسی کو کسی پر غالب کرنا۔
أَظْفَرَ الشیءَ: ناخن گاڑنا۔
أَظْفَرَهُ اللّٰهُ بِعَدُوِّهِ و عليه: اللہ کا کسی کو اس کے دشمن پر فتحیاب کرنا۔
ظَفَّرَ النَّبْتُ: پودے کا ناخن کے بقدر اگنا۔
ـــ الشیءَ و فيه: کسی چیز میں ناخن لگانا، چبھونا، ناخن گاڑنا (۲) اظفاری خوشبو لگانا۔
ـــ اللّٰهُ فُلانًا بِفُلانٍ و عَلَيهِ: کسی کو کسی پر فتحیاب و غالب کرنا۔
ـــ الجِلْدَ: کھال کو نرم و چکنا کرنے کے لئے ملنا۔
ـــ فُلانًا: کسی کو کامیابی کی دعا دینا۔
تَظَافَرُوا عَلى كذا: کسی چیز میں باہم تعاون کرنا۔
أَظْفَارُ الجلد: کھال کے کھرنڈ۔
الأَظْفَارُ: ناخونوں کے مشابہ ایک خوشبودار پودا (۲) چھوٹے ستارے۔
الأَظْفَرُ: لمبے ناخن والا (۲) بہت کامیاب
الأُظْفُورُ: ناخن، پنجہ ج: أَظَافِيرُ۔
الظَّافِرُ: کامیاب، فتح مند۔
الظُّفُرُ: ناخن ج: أَظْفَارٌ ج: أَظَافِيرُ
كَسَرَ أَظْفَارَهُ فی فلانٍ: غیبت کرنا۔ ما بقی فی الدّار ظُفُرٌ: گھر میں کوئی نہیں رہا۔ رَجُلٌ مُقَلَّمُ الظُّفُرِ او كليل الظُّفُرِ: بے وقعت آدمی، کمزور آدمی۔
الظَّفَرَةُ: ناخنہ (ایک بیماری جس میں آنکھ پر ناک کی طرف جھلی آ جاتی ہے)۔
الظَّفِرُ: کامیاب۔
الظَّفَرُ: کامیابی، فتحیابی، غلبہ۔
الظَّفَرُ المُظَفَّرُ: زبردست کامیابی۔
الظَّفِيرُ: کامیاب، فتح یاب۔
المِظْفَارُ: ہر کام میں کامیابی حاصل کرنیوالا، بڑا کامیاب۔
المُظَفَّرُ: المِظْفَارُ۔

ظ ـــــ ل

• ظَلَعَ ـَ ظَلْعًا: لنگڑا کر چلنا۔
ـــ الأَرْضُ بِأَهْلِهَا: زمین کا مکینوں کی کثرت کے باعث تنگ ہو جانا۔
هو ظالِعٌ و هی ظالِعٌ و ظالِعَة۔ کہاوت ہے: لا يُدْرِكُ الظَّالِعُ شَأْوَ الضَّلِيعِ: لنگڑا کر چلنے والا ضبوط جانور کی رفتار کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ ظالِعٌ يقود كَسِيرًا: لنگڑا لولی ہوئی ہڈی والے کو لے کر چل رہا ہے۔ یعنی کمزور اپنے سے زیادہ کمزور کی مدد کر رہا ہے۔
الظّالِعُ: لنگڑا کر چلنے والا (۲) متہم، الزام رسیدہ، مشکوک ج: ظُلَّعٌ۔
الظُّلاعُ: جانوروں کے پیروں میں لنگ کی بیماری۔
الظَّلْعُ: پیروں کا لنگ (۲) عیب، نقص۔
اِرْبَعْ على ظَلْعِكَ: تم کمزور ہو خود پر رحم کرو اور طاقت سے زیادہ بوجھ نہ اٹھاؤ، کبھی تہدید کے موقع پر کہا جاتا ہے تم اپنی دھمکی میں حد سے نہ بڑھو۔ لا يَرْبَعُ عَلى ظَلْعِكَ مَنْ لَيْسَ يَحْزُنُهُ أَمْرُكَ: تمہاری کمزوری و تکلیف کے وقت صرف وہی تم پر توجہ دے گا جسے تمہاری کسی بات کی تکلیف کا احساس ہو۔ اِرْقَ عَلى ظَلْعِكَ: تم اپنی طاقت کے بقدر کام کرو۔
قِ على ظَلْعِكَ: اپنے عیب کو چھپاؤ
• ظَلَفَهُ عن الأمرِ ـِ ظَلْفًا: روکنا۔
ظَلَفَ نَفْسَهُ عن ما لا يَجْمُلُ: اس نے نامناسب بات سے خود کو باز رکھا۔
ـــ الصَّيْدَ: شکار کے کھر پر مارنا۔
ـــ الأَثَرَ: نشانِ قدم کو مٹانا تاکہ تعاقب نہ کیا جا سکے۔
ـــ القَوْمَ: لوگوں کے نشانِ قدم پر چلنا۔
ظَلِفَتِ الأَرْضُ ـَ ظَلَفًا: زمین کا سخت اور کھردرا ہونا۔ هو ظَلِفٌ و هی ظَلِفَةٌ۔
ـــ المَعِيشَةُ: گذران مشکل ہونا، زندگی کا عسرت والی ہونا۔
ـــ نَفْسُهُ عن الشیءِ: باز رہنا، رک جانا۔
هو ظَلِفُ النَّفْسِ: وہ رذائل سے دور بلند طبیعت ہے۔
أَظْلَفَ الأَثَرَ: نشان مٹانا۔
ـــ فُلانًا عن كذا: دور رکھنا، باز رکھنا۔
ظَلَّفَ عَلى كذا: اضافہ کرنا، زائد ہونا
الظَّلَفُ: ضیاع۔ ذَهَبَ دَمُهُ ظَلَفًا: اس کا خون بے کار گیا۔
الظِّلْفُ: گائے، بکری اور ہرن وغیرہ کا

کھر (پھٹا ہوا ناخن) (۲) پاؤں کا نشان ج: أظلافٌ وظُلوفٌ ۔

فُلانٌ لَهُ الخُفُّ والظِّلْفُ: اس کے پاس اونٹ ہیں یا اس کے پاس اونٹ اور گھوڑے ہیں۔

جاءَتِ الإبلُ علی ظِلْفٍ واحِدٍ: اونٹ لگاتار آئے

وَجَدَتِ الدَّابَّةُ ظِلْفَها: چوپائے کو من پسند چراگاہ مل گئی اس لئے وہ وہاں سے نہیں ہٹے گا۔

وَجَدَ ظِلْفَهُ: اس کو مراد مل گئی۔

الظَّلَفُ: سخت زمین (۲) تنگی معاش ۔

ذَهَبَ دَمُهُ ظَلَفًا: اس کا خون رائگاں گیا۔

اَخَذَهُ بِظَلَفِهِ: اس نے سب کا سب لے لیا کچھ نہیں چھوڑا۔

الظَّلَفَاتُ: اَقامَهُ اللّٰهُ علی الظَّلَفاتِ: اللہ تنگی وسختی میں اسے قائم ودائم رکھے۔

الظَّلِفُ: گھٹیا باتوں سے پاک بلند طبیعت۔

الظَّلِيفُ: کھردری ناہموار جگہ (۲) سخت اور دشوار کام (۳) سختی (۴) بدحال ج: ظُلُفٌ۔

ذَهَبَ بِهِ ظَلِيفًا: وہ اسے مفت لے گیا یا بلا استحقاق لے گیا۔

ذَهَبَ دَمُهُ ظَلِيفًا: اس کا خون رائگاں گیا۔

هو ظَلِيفُ النَّفسِ: بلند کردار، گھٹیا باتوں سے دور رہنے والا ۔

الظَّلِيفَةُ: اَخَذَ الشيءَ بِظَلِيفَتِهِ: اس نے وہ چیز کل کی کل لے لی ۔

•ظَلَّ الشيءُ ـــ ظَلالَةً: کسی چیز کا سایہ دار ہونا۔

ظَلَّ يَفْعَلُ كذا ـــ ظَلًّا وظُلولًا: دن میں کرنا (۲) کرتے رہنا۔ ظَلَّ صامِتًا: وہ خاموش رہا۔ ظَلَّ علی موقفه: وہ اپنے موقف پر جما رہا۔

أظَلَّ: سایہ دار ہونا (۲) دراز سایہ ہونا۔

أظَلَّ اليومُ: دن کا ابر آلود ہونا۔

أظَلَّ الشَّجَرُ: درخت کا سایہ فگن ہونا۔

ـــ فُلانٌ فُلانًا: کسی کو اپنی حفاظت میں لینا۔

ـــ الشيءُ فُلانًا: کسی شے کا کسی کو ڈھانک لینا۔ اَظَلَّهُ الامرُ: کسی معاملہ کا ذہن پر چھایا رہنا (۲) سامنے آنا، قریب ہونا۔ أظَلَّ الشَّهرُ والشِّتاءُ: مہینہ یا سردی کا آجانا۔

أظَلَّهُ فُلانٌ: فلاں اس کے پاس آگیا۔

ظَلَّلَ بالسَّوطِ: ڈرانے کے لئے کوڑا مارنے کا اشارہ کرنا۔

ـــ فُلانًا: حفاظت میں لینا (۲) کسی کے قریب آنا۔

ـــ بشيءٍ: کسی چیز کا سایہ دینا، کسی چیز کے ذریعہ حفاظت کرنا۔

ـــ الغَمامَ: بادلوں کو سایہ فگن بنانا، بادلوں کو ہر طرف پھیلانا۔

ـــ فلانًا من الشَّمسِ: دھوپ سے بچا کر سایہ میں لانا۔

ـــ الرَّسمَ: تصویر یا ڈیزائن پر شیڈ ڈالنا۔

تَظَلَّلَ بالشيءِ: سایہ حاصل کرنا۔

ـــ من الشَّمسِ: دھوپ سے سایہ میں آنا۔

اِستَظَلَّ: تَظَلَّلَ۔

ـــ بالظِّلِّ: سایہ لینا، سایہ میں بیٹھنا۔

الأظَلُّ: انگلی کی اندرونی سطح ج: ظُلٌّ

الظَّلالُ: ہر سایہ دار چیز۔

الظِّلالُ: ظِلالُ البَحرِ: سمندر کی موجیں

الظَّلالَةُ: کسی چیز کی ذات یا نظر آنے والا حصہ، پرچھائیں۔

رَأيتُ ظَلالَةً من الطَّيرِ: میں نے پرندوں کا جھنڈ دیکھا۔

الظِّلُّ: سایہ (سورج کی شعاعوں کی وہ روشنی جو کسی آڑ کے پیچھے سے آئے) ج: ظِلالٌ و أظلالٌ (۲) ہر چیز کی پرچھائیں (۳) ہر چیز کا ابتدائی حصہ، جیسے: ظِلُّ الشَّبابِ و ظِلُّ الشِّتاءِ۔ ظِلُّ اللَّيلِ: رات کی سیاہی۔ أتانا في ظِلِّ اللَّيلِ: وہ ہمارے پاس رات کے اندھیرے میں آیا (۴) سورج کو چھپا لینے والا بادل (۵) مصوّرین کی اصطلاح میں تصویر کے پس منظر پر دیا ہوا سایہ (شیڈ)

الظِّلُّ المَمدودُ: وہ سایہ جو کسی تصویر وغیرہ کا برابر والی چیز پر پڑتا ہوا نظر آئے۔

الظِّلُّ الدّامِسُ: روشنائی کے تیز ہونے کا خاص درجہ جس کے بعد وہ ہلکی ہو کر پھیل جاتی ہے۔

هو في ظِلِّ فُلانٍ: وہ فلاں کی حفاظت یا تربیت میں ہے۔

وَجهُهُ كظِلِّ الحَجَرِ: اس کا چہرہ سیاہ ہے یا وہ بے حیا ہے۔

مَشَيتُ علی ظِلِّي و انتَعَلتُ ظِلِّي: میں دوپہر کو گرمی کے وقت دھوپ میں چلا۔

هو يُباري ظِلَّ رأسِهِ: وہ اکڑتا ہے، تکبر کرتا ہے۔

مُلاعِبُ ظِلِّهِ: ایک پرندہ سیاہ چونچ اور سفید پیروں والا اور چتکبری پیٹھ اور بازوؤں والا۔ بَقِيتُ عندهُ ظِلَّ النَّهارِ: میں اس کے پاس سارا دن رہا۔

الظَّلَلُ: درخت کے نیچے کا پانی جس پر دھوپ نہ پڑتی ہو، ہمیشہ سایہ میں رہنے والا ج: اَظْلَالٌ۔

الظُّلَّةُ: سایہ دار چیز (درخت وغیرہ) (۲) سائبان، شامیانہ، چھتری ج: ظُلَلٌ۔

الظَّلِیْلُ: سایہ دار۔ ظِلٌّ ظَلِیْلٌ: دائمی سایہ، گھنا سایہ۔

الظَّلِیْلَةُ: گھنا باغ (درختوں سے ڈھکا ہوا) ج: ظَلَائِل۔

المِظَلَّةُ: ہر سایہ دار چیز (۲) چھتری (۳) خیمہ شامیانہ وغیرہ ج: مَظَالٌّ و مِظَلَّات

مِظَلَّةُ التِّلِیْفُون: ٹیلیفون، فون بوتھ (ٹیلیفون کا چھوٹا سا کمرہ)۔

المِظَلَّةُ الوَاقِیَةُ: (المِهْبَطَة) پیراشوٹ، ہوائی فوجی چھتری۔

مِظَلَّةُ هبوطٍ: پیراشوٹ۔

جُنْدِیُّ المِظَلَّةِ: چھاتہ بردار سپاہی

•ظَلَمَ ـِ ظُلْمًا و مَظْلِمَةً: زیادتی کرنا، غلط روش اختیار کرنا، ناانصافی کرنا، حق تلفی کرنا، بدسلوکی کرنا، حد سے تجاوز کرنا (۲) کسی چیز کا غلط جگہ استعمال کرنا۔ بے موقع استعمال کرنا۔ کہاوت ہے: من اَشْبَهَ اَبَاهُ فَمَا ظَلَمَ: جو اپنے باپ کا مشابہ ہو تو اس نے کوئی غلطی نہیں کی کیونکہ یہ مشابہت صحیح جگہ پر ہے۔ دوسری کہاوت ہے: من اسْتَرْعَى الذِّئْبَ فقد ظَلَمَ: جس نے بھیڑیے سے رکھوالی کرائی اس نے غلطی کی کیونکہ رکھوالی بے محل ہوئی۔ یعنی جو شخص بے ایمان آدمی کو ایمان دار سمجھتا ہے وہ نقصان اٹھاتا ہے۔ ھو ظَالِمٌ و ظَلَّامٌ و ھو و ھی ظَلُوم۔

ـــ الاَرْضَ: زمین کو غلط جگہ سے کھودنا۔

ـــ فُلَانًا حَقَّهُ: کسی کا حق مارنا، چھیننا یا اس میں کمی کرنا۔

ظَلَمَ الطَّرِیْقَ: راستہ سے ہٹنا۔ حدیث میں ہے: "لَزِمُوا الطَّرِیْقَ فلم یَظْلِمُوهُ" کہتے ہیں: ما ظَلَمَكَ عن ان تفعل کذا؟ تمہیں ایسا کرنے سے کس نے روکا۔

ـــ البَعِیْرَ: اونٹ کو بغیر کسی بیماری کے ذبح کرنا۔

ـــ البَحْرُ: دریا کا کناروں سے بہہ جانا

ـــ الحَلِیْبَ: دودھ کو گاڑھا ہونے سے پہلے پی لینا۔

ظَلِمَ اللَّیْلُ ـَ ظَلْمًا: رات کا تاریک ہونا۔ ھو ظَلِمٌ۔

اَظْلَمَ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔

ـــ البَحْرُ و الشَّعْرُ: سیاہ ہو جانا۔

ـــ القَوْمُ: تاریکی میں داخل ہونا۔

ـــ الثَّغْرُ: دانتوں کا چمک دار ہونا۔

ـــ البَیْتَ: تاریک کر دینا۔

ـــ فُلَانٌ علینا البَیْتَ: فلاں نے ہمیں دل خراش باتیں سنائیں۔

ظَالَمَهُ مُظَالَمَةً و ظِلَامًا: کسی پر ظلم و زیادتی کرنا۔

ظَلَّمَهُ: ظالم قرار دینا (۲) کسی پر کئے ہوئے ظلم کا ازالہ کرنا، انصاف دلانا۔ ظَلَّمَ کا مفعول مُظَلَّم ہے۔

تَظَالَمَ القَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ زیادتی کرنا۔

ـــ المِعْزَی: بکریوں کا سینگوں سے لڑنا کہاوت ہے: نَزَلْنَا بارضٍ تَتَظَالَمُ مِعْزَاهَا: ہم ایسی سرزمین میں مقیم ہوئے جہاں (خوشحالی کی بنا پر) بکریاں شکم سیر ہو کر آپس میں اچھل کود کرتی اور لڑتی تھیں۔

تَظَلَّمَ: شکوۂ ظلم کرنا (۲) ظلم برداشت کرنا۔

ـــ منه: کسی کے ظلم کی شکایت کرنا۔

تَظَلَّمَ فُلَانًا حَقَّهُ: کسی کے حق میں کمی کرنا، کسی کی حق تلفی کرنا۔

اِظَّلَمَ: ظلم برداشت کرنا۔

اِنْظَلَمَ: اِظَّلَمَ۔

الظَّالِمُ: بے موقع کام کرنے والا، حق تلفی کرنے والا، ظلم و زیادتی کرنے والا، ظالم، جابر، غیر منصف (۲) ظالمانہ، غیر منصفانہ (جبکہ معنوی شے کی صفت ہو جیسے: اُسْلُوبٌ ظَالِمٌ)۔

الظَّلَامُ: تاریکی، اندھیرا۔

الظِّلَامُ: نَظَرَ اِلَیْهِ ظِلَامًا: ترچھی نظر سے دیکھنا۔

الظُّلَامَةُ: مظلوم کا مطالبہ، مظلوم سے ظلماً لی ہوئی چیز (۲) ظلم، ناانصافی یا شکوۂ ظلم۔

عند فُلَانٍ ظُلَامَتِی: فلاں کے پاس میرا چھینا ہوا حق ہے۔

الظَّلْمُ: دانتوں کی چمک، آب (۲) برف ج: ظُلُومٌ۔

الظِّلْمُ: ذات (وجود) (۲) پہاڑ ج: ظُلُومٌ

الظَّلْمَاءُ: تاریکی۔ لَیْلَةٌ ظَلْمَاءُ: تاریک رات

الظَّلِمَةُ: لَیْلَةٌ ظَلِمَةٌ: تاریک رات۔

الظُّلْمَةُ: تاریکی، اندھیرا ج: ظُلَمٌ و ظُلُمَات

ظُلُمَاتُ البَحْرِ: آفاتِ دریا، مصائب و شدائد۔

الظَّلِیْمُ: مظلوم (۲) نر شتر مرغ ج: ظُلْمَانٌ۔

الظَّلِیْمَةُ: ظلماً لی ہوئی چیز ج: ظَلَائِم۔

المِظْلَامُ: انتہائی تاریک۔ یَوْمٌ مِظْلَامٌ: بہت سیاہ دن۔ اَمْرٌ مِظْلَامٌ: سخت دشوار کام ج: مَظَالِیْم۔

المُظْلِمُ: تاریک۔ لَیْلٌ مُظْلِمٌ: اندھیری رات

نَبَاتٌ مُظْلِمٌ: سیاہی مائل گھاس

یَوْمٌ مُظْلِمٌ: پرفتن (سیاہ) دن۔

اَمْرٌ مُظْلِمٌ: کٹھن اور مشکل معاملہ جس کا سرا ہاتھ نہ آئے۔

شَعْرٌ مُظْلِمٌ: سیاہ بال۔
لَوْنٌ مُظْلِمٌ: ڈِم، ڈل، بجھا ہوا رنگ۔
المَظْلِمَةُ: الظُّلامَةُ۔ ج: مَظَالِم۔

ظ ــــــ م

•ظَمِئَ ـَ ظَمْأً و ظَمَاءً و ظَمَاءَةً: پیاس لگنا، سخت پیاسا ہونا۔
ـــ الیه: مشتاق ہونا۔ هو ظامِئٌ و ظَمِئٌ و هو ظَمْآنُ وهی ظَمْأَى و ظَمْآنَةٌ ج: ظِمَاءٌ۔
اَظْمَأَہٗ: پیاسا کرنا، پیاس لگانا۔
تَظَمَّأَ: پیاس کو برداشت کرنا۔
الظِّمْءُ: دو دفعہ پینے کے درمیان کا وقفہ ج: اَظْمَاءٌ۔ کہاوت ہے: لم یَبْقَ منه الا قَدْرُ ظِمْءِ الحِمَارِ: اس کی عمر بہت کم رہ گئی ہے۔ (حمار پیاس کو کم برداشت کرتا ہے اس لئے اس کا وقفۂ شرب مختصر ہوتا ہے)۔
الظَّمَأُ: پیاس، شدت کی پیاس۔
الظَّمْآنُ: سخت پیاسا۔ وَجْهٌ ظَمْآنُ: ٹڈیاں نکلا ہوا سوکھا چہرہ۔
الظَّمْأَى: پیاسی (۲) رِیْحٌ ظَمْأَى: خشک گرم ہوا۔ عَیْنٌ ظَمْأَى: باریک پلکوں والی آنکھ۔ سَاقٌ ظَمْأَى: پتلی سوکھی پنڈلی
الظَّمِئُ: پیاسا ج: ظِماء۔
المِظْمَاءُ: بہت پیاسا۔
ظَمِیَتِ الشَّفَةُ ـَ ظَمًى: ہونٹ کا پژمردہ اور گندمی رنگ کا ہونا۔
ـــ اللِّثَةُ: مسوڑے کا کم خون ہونا۔
ـــ العَیْنُ: آنکھ کا باریک پلکوں والی ہونا
ـــ السَّاقُ: پنڈلی کا کم گوشت ہونا۔ هی ظَمْیَاءُ ج: ظُمْیٌ۔
الاَظْمَى: ظِلٌّ اَظْمَى: سیاہ سایہ۔ رُمْحٌ اَظْمَى: گندمی رنگ کا نیزہ۔

ظ ــــــ ن

•الظُّنْبُ: درخت کی جڑ۔
الظُّنْبُوْبُ: آگے کی طرف پنڈلی کا کنارہ کہتے ہیں: قَرَعَ لِهٰذَا الاَمْرِ ظُنْبُوْبَهٗ: اس معاملہ میں اس نے کوشش کی ج: ظَنَابِیْبُ۔ قَرَعَ ظَنَابِیْبَ الاَمْرِ: معاملہ کو آسان بنایا اور اسے قابو میں کر لیا۔
•ظَنَّ الشیءَ ـُ ظَنًّا: بلا یقین کسی بات کا علم ہونا، گمان کرنا، خیال کرنا، سمجھنا۔ کبھی یقین کے معنی میں بھی آتا ہے۔ جیسے قرآن پاک میں ہے: "قَالَ الَّذِیْنَ یَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُلٰقُوا اللّٰهِ"۔ کبھی اس کے دو مفعول ہوتے ہیں۔ جیسے: ظَنَنْتُ زَیْدًا صَادِقًا: میں نے زید کو سچا سمجھا۔ یہاں شک کے لئے ہے۔
ـــ فُلانا و به: الزام لگانا، متہم کرنا۔
اَظَنَّ فُلانًا الشیءَ: کسی کو گمان کرانا، شک میں ڈالنا۔
ـــ به النَّاسَ: کسی کو لوگوں کی تہمت کا نشانہ بنانا، اس کے بارہ میں لوگوں کو بدگمان کرنا۔
اِطَّنَّهٗ: الزام لگانا۔
تَظَنَّنَ: ظَنَّ: تیسرے نون کو کبھی الف سے بدل کر تَظَنَّى بھی کہتے ہیں۔
الظِّنَانَةُ: تہمت، الزام۔
الظَّنُّ: گمان، خیال، شک، اٹکل، اندازہ، ذہن کا کسی چیز کو ترجیح کے ساتھ قبول کرنا (۲) یقین ج: ظُنُوْنٌ و اَظَانِیْنُ۔
الظَّنَّانُ: بدگمان، شکی آدمی۔
الظِّنَّةُ: تہمت، بدگمانی ج: ظِنَنٌ۔
الظَّنُوْنُ: ناقابل اعتبار، غیر معتبر
رَجُلٌ ظَنُوْنٌ: کمزور ذہن، سادہ طبیعت جس کی عقل پر اطمینان نہ ہو۔ جس کے بارہ میں اچھی رائے نہ ہو۔ بدگمانی ہو (۲) بدگمان و بدظن آدمی۔
دَیْنٌ ظَنُوْنٌ: وہ قرض جس کی ادائگی کا بھروسہ نہ ہو۔
بِئْرٌ ظَنُوْنٌ: وہ کنواں جس کے بارے میں یہ پتہ نہ چل سکے کہ اس میں پانی ہے یا نہیں۔
الظَّنِیْنُ: ناقابل اعتبار، غیر معتبر (۲) متہم، مشکوک (۳) بے نفع، بے خیر۔ ج: اَظِنَّاءُ۔
مَظِنَّةُ الشیءِ: گمان کی جگہ، وہ جگہ جہاں کسی چیز کے وجود کا گمان ہو۔ موضع تہمت۔ ج: مَظَانّ۔
المَظَانُّ: مراجع و مآخذ جن کی طرف محقق دوران تحقیق رجوع کرتا ہے۔
المَظْنُوْنَاتُ: واحد: مَظْنُوْن: اغلب رائے

ظ ــــــ ہ

•ظَهَرَ الشیءُ ـَ ظُهُوْرًا: پوشیدگی کے بعد ظاہر ہونا، سامنے آنا، نکلنا۔
ـــ علی الحائِطِ و ـــہ: دیوار وغیرہ پر چڑھنا۔
ـــ علی الاَمْرِ: واقف ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "اِنَّهُمْ اِنْ یَّظْهَرُوْا عَلَیْكُمْ یَرْجُمُوْكُمْ"۔
ـــ علی عَدُوِّہٖ و به: دشمن پر غالب آنا، فتح پانا۔
ـــ بالحَاجَةِ: کسی ضرورت کو معمولی سمجھ کر اہمیت نہ دینا، التوا میں رکھنا
ـــ عنه العَارُ: عیب دور ہونا۔
ـــ الطَّیْرُ من بَلَدٍ الی بَلَدٍ: پرندوں کا ایک ملک سے دوسرے ملک چلے جانا۔

ظَہَرَ الخِلافُ بینہم: اختلاف پیدا ہونا
ــــ بالشئِ: کسی چیز پر فخر کرنا۔
ــــ فُلانًا: کسی کی پیٹھ پر مارنا۔
ــــ الثَّوبَ: کپڑے پر ابرا لگانا (اوپر کی پرت لگانا) مقابل استر لگانا۔
ــــ البَیْتَ و الحَائطَ ونَحْوھما: اوپر چڑھنا۔
ظَہِرَ ظَہَرًا: پیٹھ کے درد میں مبتلا ہونا۔ ھو ظَہِرٌ وظَہِیْرٌ۔
ظَہَّرَ القَوْمُ: لوگوں کا دوپہر کے وقت چلنا، دوپہر کے وقت میں داخل ہونا، لوگوں کو دوپہر ہو جانا۔
ــــ الشَئَ: ظاہر کرنا، واضح کرنا، باہر نکالنا، شائع کرنا۔
ــــ فُلانًا علَی السِّرِّ: کسی کو راز کی بات بتانا، مطلع کرنا۔
ــــ فُلانٌ القُرْآنَ و علیہ: قرآن پاک کو ازبر پڑھنا، زبانی یاد کرنا، حفظ کرنا
ــــ فُلانًا علَی عَدُوِّہ: کسی کو دشمن کے خلاف مدد دینا۔
ــــ الشَئَ: پس پشت ڈالنا۔
ــــ الحَاجَۃَ و بالحاجۃ: ضرورت کو اہمیت نہ دینا، پس پشت ڈالنا۔
ظاھَرَ بَیْنَ الثوبَیْن مُظاھَرَۃً و ظِہَارًا: دو کپڑوں کو اوپر نیچے ملا کر پہننا، استر لگا کر پہننا (اوپر کی پرت ظِہارۃ اور نیچے کی پرت بِطانۃ کہلاتی ہے)۔
ــــ فُلانًا: مدد کرنا۔
ــــ امْرَأتَہُ و منہا: عورت سے ظہار کرنا۔ یعنی یہ کہنا کہ انت عَلَیَّ کَظَہْرِ اُمِّی: تو مجھ پر اسی طرح حرام ہے جس طرح میری ماں کی پیٹھ۔ یا انتِ عَلَیَّ حَرَامٌ۔ ایسا کہنے سے زمانۂ جاہلیت میں طلاق ہو جاتی تھی، اسلام نے اسے ممنوع قرار دے دیا۔
ظاھَرَ الشئَ: ظاہر کرنا، نمائش کرنا۔
ظَہَّرَ القَوْمُ: دوپہر میں چلنا۔
ــــ الحَاجَۃَ: ضرورت پس پشت ڈالنا۔
ــــ الصَّکَّ و نَحْوَہُ: چیک وغیرہ کی پشت پر ایسے الفاظ لکھنا جس سے وہ چیک دوسرے شخص کو دیا جا سکے۔
ــــ الشئَ: پیچھے ہٹانا، بیک کرنا۔
تَظَاھَرُوا: باہم تعاون کرنا (۲) کسی مفاد کے حصول یا اظہار ناراضگی کیلئے لوگوں کا اکٹھا ہونا، مظاہرہ کرنا، جلوس نکالنا۔
ــــ بالشئِ: کسی بات کا دعوی کرنا۔ خلاف حقیقت بات ظاہر کرنا۔
اِسْتَظْہَرَ بہ: مدد مانگنا۔
ــــ للشَئِ: محتاط ہونا۔
ــــ الشَئَ: حفظ کرنا، بغیر دیکھے زبانی پڑھنا۔
ــــ لاَمْرٍ: کسی کام کی تیاری کرنا۔
ــــ علَیہ: غالب آنا۔
الاستظْہارُ: حفظ، زبانی پڑھائی (۲) غلبہ (۳) مدد طلبی۔
التَّظاھُر: دکھاوا۔ خلاف حقیقت اظہار
التَّظَاھُرَۃُ: مظاہرہ، جلوس (۲) نمائش، دکھاوا۔ ج: تَظاھُرَات۔
الظَّاھِرُ: باری تعالیٰ کا ایک نام (۲) نمایاں، واضح (۳) باہر نکلا ہوا (۴) حفظ۔ کہتے ہیں: قَرأَہُ ظَاھِرًا: اس نے حفظ (بغیر کتاب) پڑھا (۴) کسی شے کے اندرون کی بیرونی شکل
ظاھِرُ البَلَد: نواح شہر۔
ظاھِرًا و ظَاھِرِیًّا: باہر سے، ظاہری طور سے، کھلم کھلا، اعلانیہ
الظَّاھِرَۃ: بلند زمین (۲) ابھری ہوئی (آنکھ) (۳) صورتِ حال (۴) کسی بات کا ظہور، مظہر (۵) کنبہ، قبیلہ ج: ظَوَاھِر
الظَّاھِرَۃُ الجَوِّیَّۃُ: فضائی مظہر، فضائی کیفیت جو فطری اثرات کے تحت پیدا ہوتی ہے اور نگاہ و تصور پر اثر انداز ہوتی ہے۔
الظَّاھِرِیَّۃُ: فقہاء میں سے وہ لوگ جو ظاہر روایت پر عمل کرتے ہیں اور داؤد ابن علی بن خلف الاصبہانی (الظاھریّ) کی طرف منسوب ہیں۔
الظُّہَارُ: تیر کے پر کا چھوٹا پہلو (۲) کمر کا درد۔
الظِّہَارُ: اپنی بیوی یا اس کے کسی عام حصہ کو اپنی حقیقی نسبتی یا رضاعی محرم عورتوں میں سے کسی کے ایسے عضو سے تشبیہ دینا جس کی طرف دیکھنا حرام ہے۔ جیسے کہے انت علیّ کظہر امّی۔
الظِّہَارَۃُ: کسی کپڑے کے اوپر لگا ہوا دوسرا کپڑا، ابرا (نیچے کے کپڑے کو بطانہ کہتے ہیں یہ جسم سے لگا ہوا ہوتا ہے) (۲) فرش (زمین پر بچھانے کی دری ٹاٹ وغیرہ) کا بالائی رخ، بالائی سطح (۳) گدے پر بچھانے کی چادر وغیرہ۔ ج: ظَہَائِر۔
الظَّہْرُ: کمر، پیٹھ (مونڈھے سے سرین تک) ج: ظُہُورٌ واَظْہُرٌ و ظُہْرَانٌ (۲) باربرداری کا جانور (۳) سواری کا جانور (۴) خشکی کا راستہ (۵) زمین کا سخت اور ابھرا ہوا حصہ (۶) نظر سے اوجھل چیز۔
ظَہْرُ الشئِ: بالائی حصہ۔
قَرأَ القُرْآنَ عن ظَہْرِ قلبہ: اس نے قرآن پاک بغیر دیکھے (حفظ) پڑھا۔
اَعْطَاہ عن ظَہْرِ یَدٍ: اسے کسی مکافات کے طور پر نہیں از خود ہی دیا۔
ھو خَفِیفُ الظَّہْرِ: وہ چھوٹے کنبہ

والا ہے، قلیل العیال ہے۔

هو ثَقِيلُ الظَّهرِ: وہ کثیرالعیال (بڑے کنبہ والا ہے)۔

قَلَّبْتُ الاَمرَ ظَهرًا لِبَطنٍ: میں نے معاملہ پر اچھی طرح غور کیا اور مختلف پہلوؤں سے اسے دیکھا۔

هُو يأكُلُ عن ظَهرِ يَدِي: میں اس پر خرچ کرتا ہوں۔

اَقَامَ بَينَ ظَهرَيهِم وظَهرانَيهِم و اَظهُرِهم: اس نے ان میں قیام کیا۔

رَأَيتُه بَينَ ظَهرَانَي اللَّيلِ: میں نے اسے عشاء اور فجر کے درمیان دیکھا۔

قَلَّبَ لَه ظَهرَ المِجَنِّ: وہ اس سے بدل گیا، اس نے اس سے آنکھیں پھیر لیں۔

قَتَلَه ظَهرًا: اس نے اسے اچانک مار دیا۔

لا تَجعَل حاجتي بظَهرٍ: میری ضرورت کو پس پشت نہ ڈالو۔

ظَهرًا لِبَطنٍ: الٹا، اوندھا۔

الظُّهرُ: سورج کے زوال کا وقت، دوپہر ج: ظُهُورٌ۔

الظَّهَرُ: گھریلو سامان۔

الظَّهرَةُ: مدد (۲) پشت پناہی۔

الظِّهرَةُ: مددگار (۲) کنبہ، اہل خانہ۔

جَاءَنا بظِهرَتِه: وہ ہمارے پاس اپنے کنبہ کے ساتھ آیا۔

الظِّهرِيُّ: بھلائی ہوئی چیز، نَسیًا منسیًّا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاتَّخَذتُمُوهُ وَرَاءَكُم ظِهرِيًّا"

الظُّهُورُ: وضاحت، خروج۔

عِيدُ الظُّهُورِ: عیسائیوں کا ایک تہوار جو حضرت عیسیٰؑ کے ظاہر ہونے کے دن مناتے ہیں۔

الظَّهِيرُ: مددگار، پشت پناہ (واحد و جمع کے لئے) (۲) پیٹھ کے درد والا۔ (۳) فٹ بال کے گیارہ کھلاڑیوں میں سے ایک جو پیچھے کھیلتا ہے، بیک۔ بیک دو ہوتے ہیں جو دائیں اور بائیں کھڑے ہوتے ہیں۔

الظَّهِيرَةُ: دوپہر، نصف النہار ج: ظَهَائِرُ

الظَّوَاهِرُ: بلند اور سخت زمینیں۔

المُظَاهَرَةُ: اجتماعی طور پر کسی رائے یا جذبہ کا اظہار و اعلان، مظاہرہ، جلوس، نمائش۔

المُظَاهَرَةُ الصَّاخِبَةُ: زبردست مظاہرہ۔

المَظهَرُ: ہر شے کی صورت، سامنے کی سطح، منظر، روپ، روے کار، شکل (۲) تعلق ج: مَظَاهِر۔

المُظهِرُ: سواری کے جانوروں والا۔

المُتَظَاهِرُ: خلاف حقیقت اظہار کرنے والا (۲) مظاہر، مظاہرہ کنندہ

ظ ــــ و

• ظافه ـُ ظوفًا: دھتکارنا، دھکے دینا۔

ظُوف: ظُوفُ الرَّقَبَةِ: گردن کی کھال

تركتُه بِظُوفِ رَقَبَته: میں نے اسے تنہا چھوڑ دیا۔ أَخَذتُه بظُوفِ رَقَبَتِه: میں نے اس کی گردن کی کھال پکڑ لی۔

اَظوَى: بے وقوف ہونا۔

ظ ــــ ی

• الظِّيَه: لاش (جب سڑنا شروع ہو جائے)۔

الظَّيُّ و الظَّيَّان: شہد۔

الظَّيَّانُ: جنگلی چنبیلی (۲) ایک پودا جس کے پتوں سے رنگائی و دباغت کی جاتی ہے۔

المَظيَاةُ: جنگلی چنبیلی والی زمین۔

بابُ العَین

•العَینُ: حروف ہجائیہ کا اٹھارہواں حرف۔

ع ـــــ ب

•عَبأَ الشیءَ ـَ عَبْئًا: تیار کرنا، یکجا کرنا، پیک کرنا، بھرنا۔
ـــ المتاعَ: سامان باندھنا، تہ بہ تہ رکھنا، تیاری کرنا۔
ـــ الجَیْشَ: فوج بنانا، بھرتی کرنا (۲) فوج کو لڑائی کے لئے تیار کرنا، مورچہ بندی کرنا، ترتیب سے کھڑا کرنا۔ حدیث عبدالرحمٰن بن عوف میں ہے: "قَالَ: عَبأَنا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰه علیه وسلم ببدر لیلًا"۔
ـــ الطِّیبَ: خوشبو تیار کرنا اور ملانا۔
ـــ لَهُ شَرًّا: کسی کے لئے فتنہ کھڑا کرنا۔
مَا عَبأَ بِه: اس نے اس کی کوئی پرواہ نہیں کی۔ قرآن پاک میں ہے: "قُلْ مَا یَعْبَأُ بِكُمْ رَبِّي لَوْلَا دُعَاؤُكُمْ"۔
عَبَّأَ المتاعَ و الخَیلَ و الجَیْشَ: تیار کرنا۔
ـــ الدَّوَاءَ و السِّلْعَةَ و نَحْوَهما: ڈبوں یا تھیلوں وغیرہ میں بند کرنا، پیک کرنا۔
اِعْتَبأَ ما عِندَہ: سب کچھ لے لینا۔
ـــ الشَّرابَ: گھونٹ بھرنا، تھوڑا تھوڑا پینا۔
التَّعْبِئَةُ: تیاری، لام بندی (۲) پیکنگ (۳) جنگ کے موقعہ پر ملکی وسائل کی فراہمی و تنظیم۔
تعبئة الجَوّ لكذا: فضا کی ہمواری
تَعْبِئَةُ الجُهُود: کوششوں کو یکجا و منظم کرنا۔
تَعْبِئَةُ الشَّعْب: عوام کی ذہن سازی، کسی مقصد کے لئے تیاری و آمادگی
تَعْبِئَةُ الطَّاقات: صلاحیتوں اور توانائیوں کی مرکوزیت، یکجائیت، کام میں لانے کے لئے تحریک دینا۔
تَعْبِئَةُ القُوَی: قوتوں کو حرکت میں لانا۔
العَبَاءُ: بغیر آستین کا چوغہ جو کپڑوں پر پہنا جاتا ہے، گون ج: أَعْبِئَة۔
العَبَاءَةُ: العَبَاءُ۔
العَبْءُ: مثل، نظیر ج: أَعْبَاءٌ۔
العِبْءُ: مثل، نظیر (۲) بوجھ کسی بھی چیز کا ہو (۳) بوجھ (لدا ہوا سامان) لوڈ، وزن (۴) معنوی بوجھ، ذمہ داری ج: أَعْبَاءٌ۔
المَعْبَأُ: راہ، راستہ (حسی ہو یا معنوی) کہتے ہیں: فُلَان لا یُعْرَفُ مَعْبَؤُهُ: فلاں کے بارہ میں معلوم نہیں کہ اس کا کیا مسلک و مذہب ہے ج: مَعَابِئُ۔
المِعْبَأُ: ماہواری کا خرقہ، چیتھڑا۔
المُعَبَّأُ: ڈبوں یا تھیلوں وغیرہ میں بند، پیک شدہ، یکجا، متحدہ، مشترکہ۔
المُعَبَّأُ فی عُلْبَةٍ: ڈبے میں پیک۔
المُعَبِّئُ: پیکر، پیک کرنے والا۔
•عَبَّ الماءَ ـُ عَبًّا: سانس اور چسکی لئے بغیر ایک دم پینا۔
عَبَّ فی الماءِ او فی الإناءِ: پانی یا برتن میں منھ ڈالنا، منھ ڈال کر چوپاؤں کی طرح پینا۔ الحَمَامُ یَشْرَبُ عَبًّا كما تَعُبُّ الدَّوابُّ: کبوتر چوپاؤں کی طرح منھ ڈال کر پانی پیتا ہے۔
ـــ النَّبَاتُ: گھاس کا لمبا ہونا۔
ـــ البَحْرُ عُبَابًا: سمندر کا ٹھاٹھیں مارنا، سمندر میں زور و شور سے موجیں اٹھنا۔
ـــ عُبَابَةً: بات کرتے کرتے پھٹ پڑنا، آگے بڑھتے جانا۔
تَعَبَّبَ الشَّرَابَ: پانی یا شراب کو ڈگڈگا کر پینا (بڑے بڑے گھونٹ بھرنا، سانس لئے بغیر پیتے چلے جانا)۔
العُبَابُ: اول و نمایاں چیز۔ حدیث میں ہے: "إنَّا حَيٌّ من مذحِجٍ، عُبَابُ سَلَفِها و لُبَابُ شَرَفِها" (۲) پانی کا طوفان، زبردست سیلاب، تیز لہر، دھارا، زبردست موج۔
جاؤوا بِعُبَابِهِم: وہ سب آئے۔
العُبُبُ: آستین ج: أَعْبَابٌ۔
العُبُبُ: اچھلتا ٹھاٹھیں مارتا پانی۔
العَبُّ: اولا (۲) آفتاب کی روشنی۔
العُبِّيَّةُ: غرور و نخوت، اتراہٹ۔
•عَبِثَ ـَ عَبْثًا: دو قسم کی چیزوں سے کھانا تیار کرنا (عبیثہ)۔
ـــ الشیءَ بالشیءِ: ملانا۔
عَبِثَ ـَ عَبَثًا: کھیل کود میں لگنا، لایعنی اور بے فائدہ کام کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا" هو عابث و عَبِّيثٌ۔

عَبِثَ بہ الدَّھرُ: زمانہ کا کسی کے حق میں بدل جانا، زمانہ کا پلٹا کھانا۔
العابث: بیہودہ کار، مذاق، تفریح باز۔
العَبِيثَةُ: دو قسم کی چیزوں کا مخلوط کھانا (دہی، کھجور اور گھی سے بھی تیار کیا جاتا ہے) (۲) مخلوط لوگ جو ایک باپ سے نہ ہوں۔ (۳) ملی جلی بکریاں یا بھیڑیں۔ مَرَرْنا عَلٰی غَنَمِ فُلانٍ عَبِيثَةً: ہم فلاں کی بکریوں کے پاس سے گزرے جو باہم مخلوط تھیں۔
العَبَيْثَرانُ و العَبَوْثَران: ایک قسم کا دودھ۔ دیکھئے: البُعَيْثَرانُ۔
العَبَثُ: کھیل کود (۲) بے فائدہ اور لغو کام (۳) مذاق و دل لگی، تفریح۔
عَبَثًا: یونہی، بے فائدہ اور بے مقصد۔ قرآن پاک میں ہے "اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا"۔
العَبِيثُ: ایک قسم کا پھول۔
• عَبَدَ اللّٰهَ ـُ عِبَادَةً و عُبُودِيَّةً: خدا کی اطاعت و فرماں برداری کرنا، عبادت کرنا، آدابِ بندگی بجالانا، عجز و انکساری کا اظہار کرنا۔ صرف خدا ہی کو مالک و خالق اور واجب الاطاعت ماننا۔
ما عَبَدَكَ عَنِّي؟ تم کو مجھ سے الگ کرنے کا باعث کیا چیز ہوئی۔
عَبِدَ ـَ عَبَدًا و عَبَدَةً: نادم ہونا۔ ھو عابِدٌ و عَبِدٌ۔
ـــ علیہ: کسی پر غصہ ہونا، خفا ہونا۔
ـــ منہُ: کسی سے ناک بھوں چڑھانا۔
ـــ علٰی نَفْسِہ: خود کو ملامت کرنا۔
ـــ علَی الشئِ: حریص و خواہشمند ہونا۔
ـــ بہ: کسی کے ساتھ لگا رہنا، الگ نہ ہونا۔
عَبُدَ ـُ عُبُودًا و عُبُودِيَّةً: آبائی غلام ہونا۔

أَعْبَدَ القَوْمُ بِفُلانٍ: کسی کو اکھٹا ہو کر پیٹنا۔
ـــ فُلانًا: غلام بنانا۔
ـــ فُلانًا عَبْدًا: کسی کو غلام دینا (مالک بنا دینا)۔
أَعْبَدَ بِہ: راستہ میں کسی کی اونٹنی کا مرجانا یا بیمار ہو کر قافلہ سے کٹ جانا۔
عَبَّدَہُ: مغلوب کرنا، قابو میں لانا، تابعدار بنانا، غلام بنانا۔
ـــ فُلانًا: غلام بنانا۔ ارشادِ باری ہے: "وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ اَنْ عَبَّدْتَّ بَنِيْ اِسْرَائِيلَ"۔
ـــ الطَّرِيقَ: راستہ کو ہموار کرنا۔
ـــ السَّفِينَةَ و البَعِيرَ: کالا تیل ملنا، تار کول ملنا۔
ما عَبَّدَ فُلانٌ أَن فَعَلَ كَذا: اس نے فورًا ہی یہ کیا۔
تَعَبَّدَ: عبادت میں لگنا، عبادت کے لئے تنہائی اختیار کرنا۔ عبادت گزار بننا۔
ـــ فلانًا: غلام بنانا، غلام جیسا سلوک کرنا (۲) عبادت اور بندگی کی دعوت دینا۔
اِعْتَبَدَہُ: غلام بنانا۔
اِسْتَعْبَدَہُ: غلام بنانا۔
الاِسْتِعْبادُ: غلامی۔
التَّعَبُّدُ: بندگی، عبادت گزاری۔
العابِدُ: موحّد، عبادت گزار ج: عَبَدَةٌ و عُبَّدٌ و عُبَّادٌ۔
العَبابِيدُ: (من الخيل والناس) منتشر گروہ۔ کہتے ہیں: تَفَرَّقُوا عَبابِيدَ: وہ مختلف سمتوں میں بکھر گئے (۲) متفرق راستے (۳) ٹیلے (اس کا واحد نہیں)۔
العِبادُ: عربوں کے مختلف قبائل جو سب

کے سب نصرانی ہو کر حیرہ میں مقیم ہو گئے تھے ان ہی میں سے عدی بن زید العبادی ہے۔
العِبادَةُ: بطورِ تعظیم معبود کے لئے انکساری و اطاعت، بندگی، پرستش، پوجا۔ (۲) مذہبی رسوم۔
عِبادَةُ الأَوْثان: بت پرستی۔
عِبادَةُ النَّار: آتش پرستی۔
عِبادَةُ النُّجوم: ستارہ پرستی۔
عَبَّادُ الشَّمْسِ: گل تسبیح۔
العَبْدُ: غلام، محکوم (۲) بندہ (انسان خواہ آزاد ہو یا غلام) ج: عَبِيدٌ و عُبُدٌ و أَعْبُدٌ و عُبْدان۔
العَبَدَةُ: طاقت اور موٹاپا۔ نَاقَةٌ ذاتُ عَبَدَةٍ: موٹی طاقتور اونٹنی (۲) بقار ٹھیراؤ۔ ما لِهٰذا الثَّوبِ عَبَدَةٌ: یہ کپڑا زیادہ نہیں چلے گا (۳) خوشبو پسینے کی سل۔
العَبْدِيَّةُ والعُبودَةُ: بندگی، بندہ کی حالت و کیفیت
العُبُودِيَّةُ: غلامی (خلاف الحرية) محکومی
المُتَعَبَّدُ: عبادت گاہ۔
المِعْبَدُ: کسّی، چھوٹا پھاوڑا ج: مَعَابِد۔
المَعْبَدُ: عبادت خانہ ج: مَعَابِد۔
المَعْبَدُ الهندوكيُّ: مندر۔
المَعْبَدُ النَّصْرانيُّ: گرجا، کنیسہ۔
المُعَبَّدُ: تابعدار، مغلوب (۲) غلام۔
الطَّرِيقُ المُعَبَّدُ: ہموار راستہ (۲) چالو سڑک۔
العَبادِلَةُ: حضرت عبداللہ بن عمر، حضرت عبداللہ بن عباس، حضرت عبداللہ بن مسعود و حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہم۔
العَبْدَلُ: غلام (خلاف الحرّ)۔
العَبْدَلِيُّ: ایک پودے کا نام۔
• عَبَرَ فُلانٌ ـُ عَبْرًا: کسی کے آنسو نکلنا

اشکبار ہونا۔
عَبَرَ القَومُ : مرجانا، گزرجانا۔
— النَّهرَ عَبرًا و عُبورًا : پار کرنا۔
— الطَّرِيقَ : راستہ طے کرنا۔
— الماءَ بكذا : کسی ذریعہ سے پانی کو پار کرنا۔
— الكِتابَ عَبرًا : خاموش مطالعہ کرنا
— المتاعَ و الدَّراهِمَ : سامان یا سکوں کا وزن وغیرہ کی جانچ کرنا، پرکھنا۔
— الرُّؤيا عَبرًا و عِبارَةً : خواب کی تعبیر بیان کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "اِنْ كُنتُمْ لِلرُّؤيَا تَعْبُرُونَ"
عَبِرَ — عَبَرًا : کسی کی آنکھ میں آنسو آنا، آنکھ سے آنسو بہنا۔ هو عابِرٌ و عَبِرٌ ج : عَبارَى۔
— العَينُ : آنکھ کا اشکبار ہونا۔ هي عابِرَةٌ و عَبِرَة ج : عَبارَى۔
عَبَّرَ عن ما في نَفسِه : اظہار مافی الضمیر کرنا، دل کی بات کہنا۔
— عن فُلانٍ : کسی کے متعلق زبان پر بات لانا۔
— به الأمرُ : کسی بات کا کسی کیلئے سنگین و سخت ہونا۔
— بفُلانٍ : کسی کو مشقت میں ڈالنا، ہلاک کرنا۔
— الرُّؤيا : خواب کی تعبیر بیان کرنا۔
— فُلانًا : کسی کو رُلانا۔ عَبَّرَ عَينَه : آنکھ سے آنسو جاری کرانا۔
اِعتَبَرَ الشيءَ : جانچنا، پرکھنا۔
— منه : کسی چیز پر تعجب کرنا۔
— به : کسی سے عبرت و نصیحت حاصل کرنا، سبق حاصل کرنا۔
— فُلانًا : کسی کو اہمیت و حیثیت دینا، نظر میں لانا، قدر کرنا، اعتبار کرنا۔
— فلانًا عالِمًا : کسی کو عالم سمجھ کر اس کے ساتھ علما کا سا معاملہ کرنا۔

اِعتَبَرَ الشيءَ كذا : کسی شے کو کوئی حیثیت یا صفت دینا، سمجھنا، خیال کرنا، شمار کرنا۔
اِستَعبَرَ فُلانٌ : کسی کی آنکھ سے آنسو نکلنا۔
— عَينُه : کسی کی آنکھ کا اشکبار ہونا۔
— فُلانًا الرُّؤيا : کسی سے خواب کی تعبیر معلوم کرنا۔
الاعتِبارُ : فرض و تقدیر۔ أمرٌ اعتِبارِيٌّ : فرضی بات، مفروضہ بات (۲) حیثیت و عزت۔ رَدُّ الاعتبار : حیثیت کی بحالی (۳) اہمیت و احترام (۴) حال (۵) شان (۶) خیال و شمار (۷) اثر و دخل۔
الاعتبارات : حیثیات (۲) اقدار (۳) مخصوص حالات۔
يَستَحِقُّ الاعتِبارَ : لائق اعتنا، لائق توجہ، قابل احترام۔
بهذا الاعتِبارِ : اس حیثیت سے۔
فَقدُ الاعتبار : حیثیت ختم کرنا۔
التَّعبِيرُ : اظہار، بیان، ترجمانی، محاورہ ج : تَعبِيرات۔
بتعبيرٍ آخر : بالفاظ دیگر۔
العابِرُ : پار کنندہ (۲) گذشتہ (۳) چلتا ہوا، سرسری۔ عابِرُ سَبِيل : راہ گیر، مسافر ج : عابِرُو سَبِيل و عُبّارُ سَبِيل۔
العابِرَةُ : كَلِمَة عابِرَة : چلتی ہوئی بات (جو بے سوچے یونہی کہہ دی گئی ہو)
بِضاعَة عابِرَة : گزرتا ہوا سامان جو ایک شہر سے دوسرے شہر میں جا رہا ہو۔ نظرة عابِرة : طائرانہ نظر، اچٹتی نگاہ۔
عابِرَةُ المُحِيطات : گہرے سمندروں میں چلنے والا جہاز۔
العِبارَةُ : الفاظ یا کلام جس کے ذریعہ اظہار خیال کیا جائے۔ بیان، تفصیل، وضاحت، تعبیر (۲) طرز ادا، اسلوب بیان (۳) مضمون خط وغیرہ۔ بامعنی الفاظ کا مجموعہ جس کے ذریعہ مراد بیان کی جائے۔
العِبارةُ عن كذا : کوئی مراد۔ کہتے ہیں: هذا الكلامُ عبارةٌ عن كذا : اس کلام کی مراد یہ ہے، اس کا مطلب یہ ہے۔
العِبارَةُ المَحمُومَة : پرجوش الفاظ۔
العِبارَةُ المَشطُوبَةُ : کٹے ہوئے یا حذف کئے ہوئے الفاظ یا مضمون۔
العِبرُ من النَّهرِ : دریا کا کنارہ، کونہ۔
— من المجالِس : بھری ہوئی مجلس۔ مَجلِسٌ عِبرٌ۔
العُبرُ : ہر زیادہ چیز، لوگوں کا گروہ، جم غفیر (یہ استعمال زیادہ ہے)۔ (۲) تیز رفتار بادل (۳) عُقاب۔
أَرَى فُلانٌ فُلانًا عُبرَ عَينِه : فلاں نے فلاں کو اپنے رونے کا سبب بتایا۔
العُبرُ و العِبرُ : متحمل، قادر، کہتے ہیں: رَجُلٌ عِبرُ أسفارٍ و جَمَلٌ عِبرُ أسفارٍ۔ اسفار کا عادی اور متحمل آدمی یا اونٹ (مذکر و مؤنث اور واحد و جمع سب کے لئے)۔ هو عِبرٌ لكلِّ عَمَلٍ : وہ ہر کام کا اہل ہے۔
العِبرانِيُّ : یہود کی زبان (۲) ایک یہودی مرد
العِبرانِيَّةُ : یہود کی زبان (۲) ایک یہودی عورت۔
العَبرَةُ : ایک آنسو۔ کہاوت ہے: لَكَ مَا أَبكِي و لا عَبرَةَ بِي : میرا رونا تیری وجہ سے ہے ورنہ مجھے کوئی غم نہیں۔ ایسے شخص کے بارہ میں کہا جاتا ہے جو اپنے بھائی کے معاملات سے غایت درجہ کی دلچسپی رکھتا ہو اور اس کے لئے ایثار کرتا ہو ج : عَبَرٌ۔

العِبْرَةُ: عبرت، نصیحت جو ماسبق سے حاصل کی جائے۔ ماضی سے حاصل کیا ہوا سبق (۲) تعجب ج: عِبَرٌ۔
العِبْرِيُّ: عبرانی، یہود کی زبان (۲) ایک یہودی۔
العُبْرِيُّ: دریا کے کنارہ اگنے والی گھاس۔
العِبْرِيَّةُ: العِبْرَانِيَّةُ: یہودیت (۲) یہودیوں کی زبان۔
العَبُورُ من الغنم: بکری کا ایک سال کا بچہ۔ الشِّعرى العَبُورُ: جوزار کے برابر دو ستاروں میں سے ایک، دوسرے کو الشِّعْرَى الغُمَيْصَاء کہتے ہیں۔
العَبِيْرُ: مرکب خوشبو (جو چند اجزاء سے ملا کر بنائی گئی ہو)۔
قومٌ عَبِيْرٌ: بڑی تعداد والی قوم، بہت لوگ۔
المَعَابِرُ: کشتی کی وہ لکڑی جس کے ساتھ لنگر باندھا جاتا ہے۔
المِعْبَرُ: پار کرنے کا ذریعہ جیسے کشتی یا پل وغیرہ ج: مَعَابِر۔
المَعْبَرُ: دریا کا گھاٹ جہاں سے دریا پار کیا جاتا ہے۔ گذرگاہ ج: مَعَابِر
المِعْبَرَةُ: نہر وغیرہ پار کرنے کی کشتی ج: مَعَابِر۔
المُعْبَرُ: بہت بالوں یا بہت پروں والا پرندہ یا جانور
الغُلامُ المُعْبَرُ: وہ لڑکا جسے احتلام شروع ہو جائے اور اس کی ختنہ نہ ہوئی ہو۔
•العَوْبَرُ: چیتے کا بچہ، نیندوے کا بچہ۔
•عَبَسَ فُلانٌ ـِ عَبْسًا و عُبُوسًا: کسی کے تیور چڑھنا، پیشانی پر بل پڑنا، شکن آلود ہونا، ترش رو ہونا، منھ بگاڑنا، چیں بہ جبیں ہونا۔ هو عابسٌ و عَبَّاسٌ و عَبُوسٌ۔
عَبَسَ اليَوْمُ: دن کا سخت اور ناخوش گوار ہونا۔
عَبِسَ ـَ عَبَسًا: الرَّجُلُ و الثَّوبُ: میلا کچیلا ہونا۔
ـــ الوَسَخُ عليه و فيه: میل خشک ہو کر جم جانا۔
ـــ الإبِلُ: اونٹوں کا بول و براز میں لتھڑی ہوئی دموں والا ہونا۔ حدیث میں ہے: "اَنَّه نَظَرَ الى نَعَمِ بني المصطلق و قد عَبِسَتْ فی ابوالها و ابعارِها۔
عَبَّسَ: عَبَسَ۔
تَعَبَّسَ: عَبَسَ۔
العَبَّاسُ: وہ شیر جسے دیکھ کر دوسرے شیر بھاگ جاتے ہوں (۲) وہ شخص جس کی پیشانی پر شکن پڑے رہتے ہوں، بہت ترش رو۔
العَبْسُ: گھاس کی ایک قسم۔
العَبَسُ: پیشاب اور مینگنیاں وغیرہ جو اونٹوں کی دموں پر لگ کر سوکھ گئی ہوں، گندگی، آلودگی۔
العَبُوسُ: بگڑے ہوئے چہرے والا۔ ترش رو (۲) اداس۔
اليومُ العَبُوسُ: بہت سخت دن، ناخوش گوار دن۔
•عَبَشَ الشيءَ ـُ عَبْشًا: اصلاح کرنا۔
العَبْشُ: درستگی، اصلاح۔
العَبَشُ و العُبْشَةُ: غباوت، کند ذہنی۔
•عَبَطَ الثوبَ ـِ عَبْطًا: پھٹنا۔
ـــ الذَّبِيْحَةَ: صحت مند جانور کو ذبح کرنا جبکہ وہ موٹا تازہ ہو۔
ـــ المَوْتُ فلانًا: کسی کی موت جوانی اور تندرستی کی حالت میں آنا۔
ـــ الثَّوبَ: کپڑے کو ٹھیک ہونے کی حالت میں پھاڑنا۔
عَبَطَ الأَرْضَ: زمین کو ایسی جگہ سے کھودنا جہاں سے پہلے نہ کھودی گئی ہو۔
ـــ الرِّيحُ وَجْهَ الأَرْضِ: ہوا کا سطح زمین کی مٹی اڑانا۔
ـــ التُّرابَ: مٹی اڑانا۔
ـــ النَّبَاتُ الأَرْضَ: پودے کا زمین کو پھاڑنا۔
ـــ فُلانٌ نَفْسَهُ و بها فی الحَرْبِ: اپنی مرضی سے جنگ میں کودنا۔
ـــ الفَرَسَ: دوڑا کر پسینہ نکال دینا۔
ـــ الضَّرْعَ: تھن کو خون آلود کرنا۔
ـــ الكَذِبَ عَلَيه: کسی کے متعلق جھوٹ گھڑنا۔
ـــ فُلانًا: کسی میں عیب نکالنا، برائی کرنا هو مَعْبُوطٌ۔
ـــ الدَّوَاهِي فلانًا: کسی پر بلا سبب مصائب آنا۔
أَعْبَطَهُ المَوْتُ: جوانی اور تندرستی کی حالت میں موت آنا۔
اِعْتَبَطَ الذَّبِيْحَةَ: عَبَطَها۔
اِعْتُبِطَ: بلا کسی علت و بیماری کے مرنا۔
الاعتباط الحَذْفِيُّ: نحویوں کے نزدیک بلا سبب حذف کرنا۔
العَابِطُ: کذّاب، جھوٹا۔
العَبْطَةُ: مَاتَ عَبْطَةً: جوانی اور تندرستی کی حالت میں مرنا۔
العَبِيْطُ: لَحْمٌ عَبِيْطٌ: کچا تازہ گوشت دَمٌ عبيطٌ: تازہ خون۔ زَعْفَرَان عَبِيطٌ: خالص و تازہ زعفران۔ رَجُلٌ عَبِيْطٌ: ناپختہ عقل، نادان آدمی ج: عُبُطٌ و عِبَاطٌ۔
العَبَاطَةُ: ناپختگی، کچاپن، نادانی۔
•العَوْبَطُ: مصیبت (۲) سمندر کا وہ حصہ جہاں پانی زیادہ ہو ج: عَوَابِط۔

• عَبْعَبَ الجَيْشُ : فوج کا شکست کھانا
تَعَبْعَبَ الشئَ : کسی چیز کا برباد کرنا۔
العَبْعَبُ : اونٹ کے بالوں سے بنا ہوا موٹا کمبل (۲) چوڑا کپڑا۔
العَبْعَابُ : اچھے ڈیل ڈول کا آدمی۔
• عَبِقَ به الشئُ ـَ عَبَقًا و عَبَاقَةً : لگنا، چپکنا۔
ـــ به الطِّيبُ : خوشبو لگ کر مہکنا۔ هو عَبِقٌ۔
ـــ الشئُ بالقَلْبِ : دل میں بیٹھنا۔
ـــ بالمكانِ : قیام کرنا۔
ـــ بالشئِ : دل دادہ ہونا، شوقین ہونا۔ هو عَبِقٌ۔
ـــ المكانُ بالطِّيب : جگہ کا خوشبو سے مہکنا۔
عَبَّقَ رائحةَ الطِّيبِ : خوشبو مہکانا، خوشبو پھیلانا۔
تَعَبَّقَ : خوشبو لگانا (خود استعمال کرنا)۔
العَبَاقِيَةُ : چالاک ومکار، چلتا پرزا (۲) دلیر چور۔
العَبِقُ : مہکتا ہوا، خوشبودار۔ رَجُلٌ عَبِقٌ لَبِقٌ : ذہین وہوشیار آدمی۔
العَبِقَةُ : امرأةٌ عَبِقَةٌ لَبِقَةٌ : ایسی خاتون جس سے ہر لباس اور خوشبو کا جوڑ لگ جاتا ہے۔
العَبَقَةُ : کسی شے کا بقیہ۔ کہتے ہیں: ما فی الإناءِ عَبَقَةٌ من سَمْنٍ : برتن میں ذرا سا بھی گھی نہیں ہے۔ ما بَقِيَت لهم عَبَقَةٌ : ان کے مال میں سے کچھ بھی نہیں بچا۔
• عَبْقَرَ السَّرابُ : سراب چمکنا۔
عَبْقَر : عربوں کے پرانے خیال کے مطابق مسکنِ جنّات، پھر ہر غیر معمولی اور قابل تعجب مہارت و صلاحیت کو اس کی طرف منسوب کیا جانے لگا۔

العَبْقَرُ : بانس وغیرہ کی کونپل جو ابھی زمین سے باہر نہ نکلی ہو۔ واحد عَبْقَرَة (۲) بھرے ہوئے جسم کی خوبصورت عورت۔
العَبْقَرَةُ من النِّساءِ : العَبْقَر۔
العَبْقَرِيُّ : عبقر کی طرف نسبت حیرت انگیز باکمال و بے مثال آدمی یا بے مثال چیز۔ کہتے ہیں: رَجُلٌ عَبْقَرِيٌّ : غیر معمولی اوصاف کا حامل آدمی، نادرۂ روزگار۔
ثوب عَبْقَرِيّ : بے مثال، غیر معمولی خوبیوں کا کپڑا۔ حضرت عمر فاروق رضؓ کی شان میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: "فَلَمْ أرَ عَبْقَرِيًّا يَفْرِي فَرِيَّهُ (او فِرْيَه)" میں نے ایسا کوئی باکمال شخص نہیں دیکھا جو ان (عمرؓ) جیسا حیرت انگیز کام کرتا ہو (۲) سردار (۳) بڑا (۴) دیباج (ریشمین کپڑا) (۵) دبیز غالیچے (جنت میں بچھے ہوئے فرش)۔ قرآن پاک میں ہے: "مُتَّكِئِينَ عَلَى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ"
العَبْقَرِيُّ المُلْهَمُ : خداداد صلاحیتوں کا مالک۔
العَبْقَرِيَّةُ : (مصدر صناعی از عبقر) غیر معمولی کمال، لاثانی صفت، بے مثال خصوصیت (۲) عبقریّ کی مؤنث (۳) نفیس کپڑا۔
• عَبَكَ ـُ عَبْكًا الشئَ بالشئِ : ملانا۔
العَبَكَةُ : کسی چیز کا ٹکڑا (۲) رسی کی گرہ کہتے ہیں: يَبْلَى الحَبْلُ وتَبْقَى العَبَكَةُ : رسی بوسیدہ ہو جاتی ہے مگر گرہ باقی رہتی ہے۔
• عَبَلَ به ـِ عَبْلاً : لیجانا۔

عَبَلَ الشَّجَرَ : درخت کے پتے گرانا۔
ـــ الشئَ : لوٹانا (۲) روکنا۔ کہتے ہیں: ما عَبَلَكَ عَنَّا : ہمارے پاس آنے سے تمہارے لئے کیا مانع پیش آیا (۳) کاٹنا۔ کہتے ہیں: عَبَلَتْهُ عَبُولُ : اسے موت آگئی۔
عَبِلَ ـَ عَبَلاً : موٹا اور سفید ہونا۔ هو عَبِلٌ۔
عَبُلَ ـُ عَبَالَةً : عَبِلَ۔ هو عَبْلٌ۔
أَعْبَلَ : موٹا اور سفید ہونا۔
ـــ الشَّجَرُ : درخت کا لپٹے ہوئے پتوں والا ہونا۔
الأَعْبَلُ : سفید پہاڑ۔ حَجَرٌ أعْبَلُ : سفید پتھر جس میں سرخی اور سیاہی بھی ہوتی ہے۔
العابِلُ : من الغِلمان : موٹا ج: عُبَّلٌ۔
العَبَالُ : پہاڑی گلاب۔
العَبَالَّةُ : بوجھ۔ أَلْقَى عليه عَبَالَّتَه : اس نے اس پر اپنا بوجھ ڈال دیا۔
العَبَالَة : العَبَالَّة۔
العَبْلُ : ہر بڑی اور موٹی چیز۔ هو عَبْلُ الذِّراعين : موٹے بازوؤں والا۔ فَرَسٌ عَبْلُ الشَّوَى : موٹے اور بھاری پیروں والا گھوڑا۔ امرأةٌ عَبْلَةٌ : کامل الخلقت عورت۔ مضبوط کاٹھی کی عورت ج: عِبَالٌ۔
العَبَلُ : لپٹا ہوا پتا، بل دار پتا (جو پھیلا ہوا نہ ہو)۔
جاءَ بِعَبَلِه : وہ خود کو سنوارے بغیر آیا۔
العَبْلاءُ : چٹان (۲) سخت اور سفید چٹان، پتھر۔
عَبُول : اسم علم برائے موت۔ امرأةٌ عَبُول : وہ عورت جس کے بچے مرجاتے ہوں۔
المِعْبَلَةُ : تیر کا لمبا چوڑا سرا یا نوک ج: مَعَابِل۔

•عَبِمَ ـَ عَبَامَةً : بیوقوف ہونا۔
العَبَام : سست (۲) تھکا ماندہ (۳) موٹا، بےعقل (۴) بزدل ج : عُبُمٌ۔
العُبَامُ : ماءٌ عُبَامٌ : بہت پانی۔
العَبَاماءُ : بیوقوف۔
•عَبَنَ الشيءُ ـُ عَبْنًا : کھردرا اور موٹا ہونا۔
•العُباهِرُ : بڑا اور شاندار (۲) ہری بھری اور نازک چیز۔
العَبْهَرُ : العُباهِرُ (۲) چنبیلی (۳) نرگس (۴) بھرپور جسم والا۔ ھی عَبْهَرٌ وعَبْهَرَةٌ۔
العَبْهَرَةُ : من النِّساءِ : حسین وخوش خلق عورت۔
•عَبْهَلَهُ : عتاب کرنا۔
ـــ الابلَ : آزاد چھوڑنا۔
العَباهِلُ : آزاد اونٹ۔
العَباهِلَة : وہ یمنی بادشاہ جو اسلامی دور حکومت میں آزاد چھوڑ دیئے گئے تھے۔
•عَبَا فُلانٌ ـُ عَبْوًا : چمک دار چہرے والا ہونا، روشن رو ہونا۔
ـــ المَتاعَ والجَيْشَ ونَحْوَهُما : تیار کرنا، مہیا کرنا، فراہم کرنا۔
عَبَّى المتاعَ والجَيْشَ ونحوَهما : عباه۔
العَابِيَةُ : حسین عورت (۲) ہار بنانے والی عورت۔
العَبَايَةُ : عبا، چوغہ ج : عَبَايَات۔
عُبُوَّةُ الشيءِ : کسی چیز کو بھر دینے والی مقدار مثلاً کہتے ہیں : عُبُوَّةُ هذه القارُورَة مِائَةُ جِرَامٍ : اس شیشی میں سو گرام کی مقدار آتی ہے۔ وعُبُوَّةُ كِيسِ القُطْنِ قِنْطَارٌ۔

ع ـــ ت

•عَتَبَ عليه ـِ عَتْبًا وعِتَابًا وتَعْتَابًا ومَعْتَبًا ومَعْتَبَةً : ملامت کرنا (۲) کسی سے اظہار ناراضگی کرنا (۳) فہمائش کرنا، سرزنش کرنا، کسی سے تعلق یا کسی پر ناز کرتے ہوئے اس لئے اظہار ناگواری کرنا تاکہ وہ اپنے اس فعل کی اصلاح کرلے جو باعث ناگواری ہوا۔
ـــ فُلانٌ عَتْبًا وعَتَبانًا وتَعْتابًا : ایک پیر اٹھا کر دوسرے پیر پر کودنا
ـــ مَقطوعُ الرِّجْلِ : پا بریدہ یا شکستہ ٹانگ والے کا لکڑی کے سہارے چلنا، بیساکھی پر چلنا۔
ـــ البَعيرُ ونَحوُهُ : اونٹ وغیرہ کا تین ٹانگوں پر اس طرح چلنا جیسے کود رہا ہو۔
ـــ البَرْقُ عَتَبانًا : بجلی کا لگاتار چمکنا
ـــ البابَ عَتْبًا : دروازہ کی دہلی (دہلیز) پر پاؤں رکھنا۔
ما عَتَبْتُ بابَ فُلانٍ : میں نے کسی کے دروازہ پر قدم نہیں رکھا۔
ـــ من مكانٍ الى مكانٍ عَتْبًا : منتقل ہونا۔ عَتَبَ من قولٍ الى قولٍ : ایک بات سے دوسری بات پر چلا جانا۔
أَعْتَبَهُ : کسی کو ملامت و خفگی کے بعد خوش کر دینا۔ سبب ملامت و خفگی ختم کر دینا کہاوت ہے : ما مُسِيءٌ مَنْ أَعْتَبَ : ناراضگی کے بعد راضی ہو جانے والا غلط کار نہیں ہے۔
ـــ عن الشيءِ : باز آنا، چھوڑنا۔
عَاتَبَهُ مُعاتَبَةً وعِتابًا : کسی پر عتاب کرنا، فہمائش کرنا، ملامت کرنا بر بناءِ تعلق کسی بات پر اظہار ناگواری کرنا۔
عَتَّبَ فلانٌ : دیر کرنا۔ کہتے ہیں : ماعَتَّبَ أن فعل كذا : اس نے بلا توقف یہ کیا۔
عاتبَ عَتَبَةً : دہلی (دہلیز) بنانا۔
ـــ البابَ : دروازہ میں دہلی لگانا۔
تَعَاتَبُوا : ایک دوسرے کو معتوب کرنا، ملامت کرنا۔
تَعَتَّبَ القَوْمُ : تَعَاتَبُوا۔
ـــ عليهِ : کسی کو مجرم ٹھیرانا۔ ایسے جرم کا الزام لگانا جو اس نے نہ کیا ہو۔
ـــ البابَ : دروازہ کو دہلیز لگانا۔
ـــ فُلانٌ لا يُتَعَتَّبُ بشيءٍ : فلاں پر کوئی الزام نہیں لگایا جاتا یعنی وہ پاک و بری ہے۔
اِعْتَتَبَ عن الشيءِ : کسی بات سے پھر جانا ہٹ جانا۔
ـــ الطَّرِيقَ : آسان راستہ چھوڑ کر کٹھن راستہ اختیار کرنا۔
ـــ فُلانًا من نَفْسِه : اپنی فراست سے کسی سے ہونے والی غلطی کا ادراک کرلینا
اِسْتَعْتَبَ فُلانًا : رضامندی اور خوشنودی چاہنا (۲) راضی کرنا، منانا۔
الأُعْتُوبَةُ : سبب عتاب و ملامت ج : أَعَاتِيبُ۔
العَتَّبُ : بہت عتاب کرنے والا۔
العَتَبُ : سختی، تکلیف وہ بات (۲) کمی اور بگاڑ۔ ما في مَوَدَّتِهِ عَتَبٌ : اس کی محبت میں کمی نہیں یا خرابی نہیں (۳) انگوٹھے سے متصل انگلی (انگشت شہادت) اور بیچ کی انگلی کے درمیان کا حصہ یا بیچ والی انگلی اور چھوٹی انگلی کے درمیان کا حصہ (۴) دو پہاڑوں کے درمیان کا حصہ (۵) سارنگی پر لگی ہوئی چوبیں جہاز

سے تانت یا تار سارنگی کے کناروں تک لیجائے جاتے ہیں۔

العُتْبٰی: رضا، خوشنودی۔ کہاوت ہے: یُعَاتَبُ من تُرْجٰی عنده العُتْبٰی عتاب اسی پر کیا جاتا ہے جس سے سبب رضا پیدا کرنے کی امید ہو یعنی وہ اپنی غلطی کا ازالہ کرے۔ رضامندی اور خوشنودی کا سبب بن جائے۔

العَتَبَةُ: دروازہ کی دہلیز جس پر پاؤں رکھے جاتے ہیں (۲) دروازہ کے اوپر والی لکڑی (۳) ہر قسم کی سیڑھی ج: عَتَبٌ (۴) سختی (۵) علم ہندسہ میں ہر وہ جسم جو دو ستونوں پر رکھا ہوا ہو۔

عَتَبَةُ شیخ: درگاہ۔ آستانہ۔

العَتُوبُ: وہ شخص جس پر عتاب وملامت کا کوئی اثر نہ ہو۔

• عَتَّ فُلَانًا ـُـ عَتًّا: کسی سے کوئی بات بار بار کہنا۔

ـــ فُلَانًا بالمَسْأَلة: کسی سے مانگنے میں اصرار وضد کرنا۔

ـــ فُلَانًا بالکلام: کسی بات سے جھڑکنا، ڈانٹنا۔

ـــ کلامَه ـُـ عَتَتًا: کسی کی بات کا ترش وکرخت ہونا۔ هو اَعَتُّ والکلِمَةُ عَتَّاءُ ج: عُتٌّ۔

عَاتَّهُ مُعَاتَّةً وعِتَاتًا: بار بار کسی کو کوئی بات کہنا، جھگڑنا، تکرار کرنا۔ حدیث حسن رضی میں ہے: "اَنَّ رجلا حلف ایمانًا فجعلوا یُعَاتُّونَهُ فقال: علیه کفّارة"

تَعَتَّتَ فی کلامه: اپنی بات میں تردد کرنا اور اس کو جاری نہ رکھنا۔

العَتَتُ: زبان کی ترشی، کرختگی۔

• عَتُدَ الشیءُ ـُـ عَتَادًا وعَتَادَةً: موجود ہونا، تیار ہونا، مہیّا ہونا، (۲) بھاری بھرکم ہونا۔

اَعْتَدَ الشَّیءَ: فراہم ومہیّا کرنا (۲) تیار کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "واَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَأً"

تَعَتَّدَ فی صَنْعَتِه: اپنی صنعت یا کام میں پختگی پیدا کرنا۔

العَتَادُ: سازوسامان، کسی خاص مقصد کے لئے تیار کیا ہوا سامان نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت والی حدیث میں ہے: "لِکُلِّ حَالٍ عندہ عَتَادٌ"

عَتَادُ الحرب: سامان جنگ، اسلحہ، گھوڑے وغیرہ ج: اَعْتُدٌ و اَعْتِدَةٌ و عُتُدٌ۔ حدیث میں ہے: "ان خالدًا جعل رَقِیقَه واَعْتُدَهُ حُبُسًا فی سبیل اللّٰه"

العَتِدُ: موجود، تیار، فَرَسٌ عَتَدٌ: دوڑ کے لئے تیار گھوڑے (مذکر ومؤنث برابر)۔

العُتُدَةُ: سامان۔ خذ للأمر عُتُدَتَه: کام کے لئے اس کا سامان لے لو۔

العَتُودُ: بکری کا یک سالہ بچہ ج: اَعْتِدَة۔

العَتِیدُ: موجود، تیار۔ قرآن پاک میں ہے: "ما یَلْفِظُ مِن قولٍ الّا لَدَیهِ رَقِیبٌ عَتِیدٌ" وہ جو بات زبان سے نکالتا ہے اس پر نگراں موجود رہتا ہے۔

العَتِیدَةُ: مؤنث العتید (۲) سنگاردان ج: عَتَائِد۔

• عَتَرَ الرُّمحُ ـِـ عَتْرًا وعَتَرَانًا: نیزے کا لچکنا۔

العَتَّارُ: بہت لچکنے والا (۲) بہادر (۳) ویران کھردری جگہ (۴) مضبوط گھوڑا۔

العِتْرُ: اصل۔ کہاوت ہے: عَادَتْ الی عِترِها لَمِیسُ: لمیس اپنی اصل پر لوٹ آئی۔ اس آدمی کے بارہ میں کہا جاتا ہے جو اپنی بری عادت پر دوبارہ آجائے (۲) بیلچہ کا دستہ (۳) ایک بوٹی جو دوا استعمال ہوتی ہے۔

العِتْرَةُ: بڑا کنبہ جس سے بہت سے قبیلے نکلتے ہوں۔ قبیلہ ایک باپ دادا کی اولاد کو کہتے ہیں یہ عترۃ سے چھوٹا ہوتا ہے (۲) آدمی کی نسل، اولاد، چھوٹا کنبہ (ایک باپ کی قریبی اولاد) اسے عشیرہ کہتے ہیں۔

عِتْرَةُ المِسْحَاة: بیلچہ کا قبضہ۔

عِتْرَةُ الثَّغْرِ: دانتوں کی نوکوں کا پتلا پن اور صفائی۔

العَتِیرَةُ: زمانۂ جاہلیت میں معبودوں کے نام پر ذبح کیا جانے والا جانور ج: عَتَائِر۔

المُعْتَرُّ: من الرِّجال: مضبوط پُرگوشت آدمی۔

• عَتْرَسَ فی الأمر: کسی معاملہ میں بے مروتی اور تشدد سے کام لینا۔

ـــ فلانًا: ظلم وجبر کرنا۔

العِتْرِیسُ: غضبناک ومتشدد۔

• عَتْرَفَ لَهُ: کسی کے ساتھ سختی برتنا۔

العِتْرِیفُ: خبیث، بدکار۔

• عَتَشَ الشیءَ ـِـ عَتْشًا: موڑنا، لپیٹنا۔

• عَتَفَ ـِـ الشَّعْرَ عَتْفًا: بال اکھاڑنا۔

العِتْفُ من اللّیل: رات کا ایک حصہ۔

• عَتَقَ الشیءُ ـِـ عِتْقًا: پرانا ہونا۔ هو عَاتِقٌ وعَتِیقٌ (۲) انتہا اختتام کو پہنچنا۔

ـــ المالُ: مال کا ٹھیک ہونا۔

عَتَقَت الیَمِینُ: قسم کا کسی پر واجب ہو جانا۔ کہتے ہیں: عَتَقَتْ علیہ یَمِیْنٌ: اس پر قسم واجب ہوگئی۔
__ العَبْدُ عِتْقًا و عَتَاقًا و عَتَاقَةً: غلام کا آزاد ہونا۔ هو عَاتِقٌ و عَتِیْقٌ ج: عُتَقَاء و هی عَتِیق و عَتِیْقَة ج: عَتَائِق۔
__ الفَرَسُ عِتْقًا: گھوڑے کا اعلیٰ نسل اور تیز رفتار ہونا۔
__ المَالَ: مال کو ٹھیک کرنا، قابلِ استفادہ بنانا۔
__ فُلانا بفمِه: کسی کو دانتوں سے کاٹنا۔
عَتُقَ ـُ عِتْقًا و عَتَاقَةً: پرانا ہونا، شریف الطبع ہونا، نفیس و عمدہ ہونا۔ هو عتیق و هی عَتِیْق و عَتِیْقَة۔
أَعْتَقَ العَبْدَ: غلام کو آزاد کرنا۔ هو مُعْتَقٌ۔
__ المَالَ: مال کی اصلاح کرنا (نقائص سے پاک کرنا)۔
عَتَّقَ الخَمْرَ: شراب کو پرانا اور عمدہ بنانے کے لئے چھوڑے رکھنا۔ فالخمر مُعَتَّقَةٌ۔
العَاتِقُ: آزاد (۲) مونڈھے اور گردن کے درمیان کا حصہ، کاندھا (۳) بوڑھا آدمی (۴) جوان لڑکی، پرانی شراب (۵) چوزہ (پرندے کا بچہ جبکہ اس کے پہلے کمزور بال گر کر دوسرے مضبوط بال نکل آئے ہوں ج: عَوَاتِق و عُتُق۔
اَخَذَ عَلَی عاتِقه: ذمہ لینا۔
اَلْقَی عَلَی عَاتِقِ فلان کذا: کسی پر کوئی ذمہ داری ڈالنا۔
العِتْقُ: خاندانی شرافت، نجابت (۲) نفاست وعمدگی (۳) آزادی (کی حالت) (۵) قدامت۔
العَتِیقُ: پرانا (۲) اونچی ذات کا، شریف قابلِ تکریم۔
الثَّوبُ العَتِیقُ: مضبوط بناوٹ کا کپڑا۔
البَیْتُ العَتِیْقُ: پرانا اور قابلِ تکریم گھر، خانہ کعبہ ج: عُتُقٌ و عِتَاق۔
العِتَاقُ مِنَ الطَّیرِ: شکاری پرندے
من الخَیلِ: اصیل و عمدہ نسل کے گھوڑے۔ الخَمْرُ العَتِیْقَة: شراب کہنہ۔
المُعْتِق: آزاد کنندہ۔
المُعَتَّقَةُ: پرانی عمدہ شراب۔
• عَتَكَ فی القِتَالِ ـِ عَتْكًا و عُتُوكًا: حملہ کرنا، سوار کا لوٹ کر آنا۔
__ فی الاَرْضِ: تنہا جانا۔
__ علیه یَضْرِبُه: بھرپور حملہ کرنا۔
__ علی یَمِینٍ فاجرةٍ: جھوٹی قسم کھانا۔
__ المَرْأَةُ علی زَوْجِها او أَبِیها: خاوند یا باپ کی نافرمانی کرنا۔
__ علیه بخیرٍ او شَرٍّ: کسی کے ساتھ بھلائی یا برائی سے پیش آنا۔
__ القومُ الی موضعِ کذا: کسی جگہ کا رخ کرنا، مائل ہونا۔
__ اللَّبَنُ او النَّبِیْذُ: دودھ یا نبیذ کی ترشی سخت ہو جانا۔
__ بفُلانٍ: کسی کے ساتھ لگ جانا، ساتھ رہنا۔
__ الطِّیبُ به: کسی کے خوشبو لگ جانا
__ یَدُه عَتْكًا: ہاتھ کو سینہ پر موڑ کر رکھنا۔
__ القَوسُ: کمان کا پرانا ہونے کی وجہ سے سرخ ہو جانا۔
عَتَكَ عَلَی الاَمْرِ: کسی کام کو کر گزرنا، کسی کام کے لئے قدم اٹھانا۔
العَاتِكُ: شریف، اونچی ذات کا (۲) (رنگوں وغیرہ سے صاف) خالص۔ پلین۔ اَحْمَرُ عَاتِكٌ: خالص سرخ جس میں کسی دوسرے رنگ کی آمیزش نہ ہو یا گہرا سرخ (۳) ضدی، ہٹی۔
العَاتِكَةُ: مؤنث العَاتِك (۲) بہت خوشبو ملنے والی جس سے جلد کی سطح سرخ ہو جائے ج: عَوَاتِك۔
العَتِیكُ من الاَیَّام: انتہائی گرم دن۔
• عَتَلَهُ ـِ عَتْلًا: بہت زور سے کھینچنا سختی کے ساتھ گھسیٹنا۔ قرآن پاک میں ہے: "خُذُوهُ فَاعْتِلُوهُ اِلٰی سَوَاءِ الجَحِیْمِ": اسے پکڑو اور زور سے گھسیٹ کر جہنم کے بیچ میں ڈال دو۔
__ الی السِّجْنِ: قید خانہ میں ڈالنا۔
__ الشَّیْءَ: زور سے کھینچ کر اٹھانا۔
عَتِلَ اِلَی الشَّرِّ ـَ عَتَلًا: برائی یا فتنہ و فساد کی طرف دوڑنا۔ هو عَتِل۔
اِنْعَتَلَ: مطاوع عَتَلَ: زور سے کھینچنا لا اَنْعَتِلُ مَعَكَ: میں تمہارے ساتھ کھنچا کھنچا نہیں پھروں گا، یعنی اپنی جگہ سے نہ ہلوں گا۔
تَعَتَّلَ: لا اَتَعَتَّلُ معك: میں تمہارے ساتھ نہ کھنچوں گا۔
العَتَّالُ: قلی، حمال۔
العَتَلَةُ: پھالی، کدال ج: عَتَلٌ۔
العُتُلُّ: ہر سخت چیز۔ رَجُلٌ عُتُلٌّ: روکھا، اکھڑ مزاج آدمی۔ جَبَلٌ عُتُلٌّ: سنگلاخ پہاڑ۔
العَتِیْلُ: اجیر، نوکر، خادم ج: عُتُلٌ و عُتَلَاءُ۔ دَاءٌ عَتِیْلٌ: سخت بیماری
المُعْتَلُ: کھینچنے میں طاقتور۔
• عَتَمَ ـِ عَتْمًا: مؤخر ہونا، دیر ہو جانا،

جیسے کہتے ہیں: عَتَمَتْ حاجَتُه: اس کے کام میں دیر ہو گئی، دیر لگانا، سست ہو جانا۔

عَتَمَ عن الشیءِ: کسی کام کو شروع کرکے رک جانا۔

— اللَّیْلُ: رات کا ایک حصہ گزر جانا (۲) رات کا تاریک ہو جانا۔

— فُلانٌ قِرَی ضَیْفِه: مہمان کی ضیافت میں تاخیر کرنا۔

عَتَمَ اللَّیْلُ: رات کا ایک حصہ گزر جانا، رات کی تاریکی پھیل جانا۔

— الرَّجُلُ: تاریکی یا ابتدائے شب میں داخل ہونا یا اس میں کوئی کام کرنا۔

— الشیءُ: مؤخر ہونا، کسی کام میں دیر لگنا۔

— عنه: کام شروع کرکے رک جانا۔

— الشیءَ: دیر لگانا، تاخیر کرنا۔

عَتَّمَ: تاریکی یا ابتدائے شب میں داخل ہونا یا اس میں کام کرنا۔

— عنه: شروع کرکے چھوڑ دینا۔

حَمَلَ عَلَیه فَما عَتَّمَ: اس نے اس پر بھرپور حملہ کیا (کوئی سستی نہیں دکھائی)۔

ما عَتَّمَ اَنْ فَعَلَ کذا: اس نے بلا توقف یہ کام کیا یا پھرتی سے کیا۔

— الشیءَ: موخر کرنا، دیر لگانا۔

اِسْتَعْتَمَهُ: کسی سے دیر کرانا یا کسی کو مؤخر یا سست پانا۔

العاتِمُ: مؤخر، لیٹ۔ کہتے ہیں: اَتانا ضَیْفٌ عاتِمٌ: ہمارے پاس دیر کرکے مہمان آیا (شام کے وقت آیا) قِرًی عاتِمٌ: دیر سے لایا یا کھلایا جانے والا طعام ضیافت۔

العُتُمُ: جنگلی زیتون کا درخت (شام کے علاقہ میں پیدا ہوتا ہے)۔

عَتَمَةُ اللَّیْلِ: (شفق کی روشنی غائب ہونے کے بعد آنے والی ابتدائی) تاریکی، رات کا ابتدائی حصہ، اوّل شب۔

العَتُومُ: عشاء کے وقت دودھ دینے والی اونٹنی۔

العَتُومَة: بہت دودھ دینے والی اونٹنی

المِعْتَامُ: دیر کرنے والا، مؤخر، لیٹ، سست۔

مِعْتَامُ القِرَی: طعام ضیافت دیر سے پیش کرنے والا۔

المُعْتِمُ: تاریک (۲) تاخیر کنندہ، سست

اللَّوْنُ المُعْتِمُ: دھندلا رنگ، بجھا بجھا رنگ، ڈم۔

•عَتِهَ ـَ عَتَهًا و عَتَاهًا و عَتَاهَةً: ناسمجھ اور کم عقل ہونا (بلا جنون)

عُتِهَ عُتَاهًا و عَتَاهَةً و عَتَاهِیَةً: عَتِهَ۔ هو مَعْتُوهٌ۔

— فی الشیءِ: شوقین و دلدادہ ہونا۔

— فی العلمِ: علم سے شغف ہونا۔

— فُلانٌ فی فُلانٍ: کسی کی نقل اتارنے اور اذیت پہنچانے سے دلچسپی رکھنا هو عاتِهٌ و عَتِیهٌ۔ دونوں کی جمع عُتَهاءُ۔

تَعَتَّهَ: عَتِهَ۔

— فی کذا: کسی چیز میں مبالغہ کرنا، غلو کرنا۔ کہتے ہیں: تَعَتَّهَ فی المَأکَلِ و المَلْبَسِ: کھانے پہننے کا حد سے زیادہ شوقین ہونا۔

— عنه: کسی سے انجان بننا، تغافل برتنا

— فُلانٌ: دیوانہ یا ناسمجھ بن جانا۔

العُتَاهُ الشَّلَلِیُّ: ایک دماغی بیماری جس میں ضعف عقل اور بولنے میں ارتعاشی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔

العُتَاهُ البَاکِرُ: سن بلوغ کے قریب لاحق ہونے والی ضعف عقل کی بیماری۔

العَتَاهَةُ: گمراہ لوگ (۲) ناسمجھی، کم عقلی، حماقت۔

العَتَاهِیَةُ: گمراہ لوگ (۲) بے وقوف آدمی

العُتَاهِیَةُ: بے وقوف۔

المُعَتَّهُ: رَجُلٌ مُعَتَّهٌ: ناقص العقل، ناسمجھ، بے ڈھنگا۔

المَعْتُوهُ: ناسمجھ، کم عقل جو دیوانہ نہ ہونے کے باوجود دیوانوں سے ناسمجھی اور کم عقلی میں مشابہت رکھتا ہو۔

•عَتَا ـُ عُتُوًّا و عُتِیًّا: حد سے بڑھنا (۲) سرکشی کرنا (۳) تکبر کرنا۔ هو عاتٍ ج: عُتَاةٌ و عُتِیٌّ

— الرِّیحُ: ہوا کا انتہائی تیز ہونا۔

— الشَّیْءُ: ختم ہو جانا، گزر جانا (قد بَلَغْتُ مِنَ الکِبَرِ عِتِیًّا)۔

— الشَّیْخُ: بوڑھا ہو کر وفات پا جانا۔

تَعَتَّی: کہانہ ماننا، نافرمانی کرنا۔

العَاتِی: زبردست (۲) سرکش و مغرور، نافرمان (۳) سخت اور تیز و تند ج: عُتَاةٌ و عُتِیٌّ۔ لَیْلٌ عاتٍ: انتہائی اندھیری رات۔

الرِّیحُ العَاتِیَة: تیز و تند ہوا۔

العُتُوُّ و العِتِیُّ: بڑائی، سرکشی، نافرمانی (۲) بڑھاپا، آخری حد۔ قرآن پاک میں ہے "قَدْ بَلَغْتُ مِنَ الکِبَرِ عِتِیًّا" میں بڑھاپے کی آخری حد کو پہنچ گیا ہوں۔

ع ــــ ث

•عَثَّتِ العُثَّةُ الصُّوفَ ـُ عَثًّا: کیڑے کا اون کو کھا لینا، کیڑا لگنا۔

— الحَیَّةُ فُلانًا: سانپ کا کسی کو کاٹنا۔

عَاثَّ فی الغِنَاءِ مُعَاثَّةً و عِثَاثًا: گانے میں سُر نکالنا، سریلی آواز سے گانا

تَعَاثَّ : بہانہ کرنا۔
عَثَّثَ فِی غِنَائِهٖ : عَاثَّ ۔
اِعْتَثَّهُ عِرْقُ سَوْءٍ : بداصلی کا کسی کو بھلائی سے روکنا۔
العَثَّاءُ : سانپ۔
العُثَّةُ : اونی کپڑے کو لگنے والا کیڑا، چمڑے وغیرہ کو لگنے والا کیڑا ج: عُثٌّ و عُثَثٌ و عِثَاث۔
العُثَيْثَةُ : چھوٹا کیڑا۔ کہاوت ہے: عُثَيْثَةٌ تَقْرِمُ جِلْدًا اَمْلَسًا: چھوٹا سا کیڑا چکنی کھال کو چاٹ رہا ہے (یعنی اس پر اثر انداز نہیں ہو رہا ہے) اس شخص کے بارہ میں جو ایسے کام کی کوشش کرے جو اس کی قدرت سے باہر ہو یا کسی معصوم صفت آدمی میں عیب نکالے۔
• عَثَجَ ـِ عَثْجًا : دھیرے دھیرے پینا۔
العَثَجُ : رات کا حصہ (۲) لوگوں کا گروہ۔
العُثْجَةُ : لوگوں کا گروہ۔
• عَثَرَ ـُ عَثْرًا و عِثَارًا : ہٹنا، اچٹنا (۲) ٹھوکر کھا کر گر جانا، پیر پھسل کر گرنا، ٹھوکر لگنا، ٹھوکر کھانا، لغزش ہونا، کہتے ہیں: مَنْ سَلَكَ الجَدَدَ اَمِنَ العِثَارَ: جو ہموار جگہ پر چلتا ہے اسے ٹھوکر نہیں لگتی۔
ــــ فی ثوبه : اپنے کپڑے میں الجھ کر گرنا۔
ــــ به فرسُه : گھوڑے کا کسی کو لئے ہوئے ٹھوکر کھانا یا پھسل کر گرا دینا۔
ــــ جَدُّهٗ : کسی کی قسمت خراب ہونا، بدنصیب ہونا۔
ــــ به الزَّمَانُ : زمانہ کا ناسازگار ہونا، کسی کو مصائب میں مبتلا کرنا۔
ــــ عَلَى الشئِ عَثْرًا و عُثُورًا : کسی چیز کا علم ہونا، پتہ لگنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَاِنْ عُثِرَ عَلٰى اَنَّهُمَا اسْتَحَقَّا اِثْمًا" اتفاقاً پالینا۔

اَعْثَرَ بِهٖ عِنْدَ السُّلْطَانِ : سلطان سے کسی کی برائی کرنا، شکایت کرنا۔
ــــ فُلَانًا : ٹھوکر لگوانا، پھسلانا، لغزش کرانا۔
ــــ اللّٰهُ فُلَانًا : کسی کو بدنصیب بنانا۔
ــــ عَلَى الاَمْرِ : واقف کرانا، مطلع کرنا، کسی چیز کا پتہ دینا، بتانا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ" ہم نے ان (اصحاب کہف) کے بارہ میں مطلع کیا یا ان کا پتہ دیا۔
عَثَّرَهٗ : ٹھوکر لگوانا، لغزش کرانا۔
تَعَثَّرَ : مطاوع عَثَّرَ۔ ٹھوکر لگنا، ڈگمگانا۔
ــــ حَظُّهٗ : قسمت خراب ہونا۔
ــــ لِسَانُهٗ : زبان لڑکھڑانا، رکنا، زبان سے صحیح لفظ ادا نہ ہونا۔
التَّعَثُّرُ : ناکامی۔ جیسے: تَعَثُّرُ الاجتماع وغیرہ۔
العَاثِرُ : غلط (۲) برا (۳) جھوٹا، غلط کار، نامراد۔ الحَظُّ العَاثِرُ : پھوٹی قسمت برانصیب (۴) ٹھوکر کھا کر گرنیوالا ج: عُثَّارٌ (۵) شکاری کا جال ج: عَوَاثِرُ
العَاثُورُ : سبب لغزش (۲) ٹھوکر لگنے کی جگہ، پھسلن (۳) شیر کے شکار کا گڑھا (۴) ہلاکت، ہلاکت گاہ۔
وَقَعَ فِی عَاثُورٍ : وہ ہلاکت میں پڑ گیا۔ لَقِيتُ مِنْهُ عَاثُورًا : مجھے اس سے مصیبت کا سامنا کرنا پڑا
ج: عَوَاثِيرُ۔
العِثَارُ : لغزش، ٹھوکر (۲) غلطی (۳) فتنہ، مصیبت (۴) جس چیز سے ٹھوکر لگے یا پاؤں پھسلے۔
العَثَّرُ : بارش سے سیراب ہونے والی کھیتی درخت وغیرہ۔

العَثْرَةُ : لغزش، ٹھوکر (۲) غلطی (۳) لڑائی ج: عَثَرَات۔
حَجَرُ عَثْرَةٍ : سبب لغزش، ٹھوکر لگانے والا پتھر۔
العَثَرِيُّ : العَثَّرُ (۲) ایسا شخص جو نہ طلب دنیا کے لئے کوشش کرے نہ آخرت کے لئے۔ حدیث میں ہے: "اَبْغَضُ النَّاسِ اِلَى اللّٰهِ العَثَرِيُّ"۔
جَاءَ عَثَرِيًّا : وہ بیکار آیا۔
العَثُورُ : بہت ٹھوکریں کھانیوالا، بہت غلطیاں کرنے والا۔ الجَدُّ العَثُورُ : بہت برا نصیب۔
العِثْيَرُ : گرد و غبار (۲) مخفی نشان، ہلکا نشان
العِثْيَرَةُ : گرد و غبار۔
المُعْثَرُ : تباہ و برباد۔
• عَثْكَلَ الهَوْدَجَ : ہودہ کو جھالروں سے سجانا۔
ــــ العِذْقُ : کھجور کے گچھے کا بھرا ہونا
ــــ الرجلُ : آہستہ دوڑنا۔
العُثْكُول : کھجوروں یا انگوروں کا گچھا۔
• عَثَلَتْ يَدُهٗ ـُ عَثْلًا : ٹوٹے ہوئے ہاتھ کا غلط جڑنا۔
عَثِلَ ـَ عَثَلًا : بہت ہونا (۲) موٹا اور بھاری بھرکم ہونا۔ هو عَثِلٌ۔
العَثَوْلُ : کھجور کا سخت اور موٹا درخت (۲) اکھڑ و اجڈ آدمی۔
العَثَوْلِيَّةُ : لِحْيَةٌ عَثَوْلِيَّةٌ : گھنی داڑھی
العَثِيلُ : (نر) بجو۔
• عَثَمَ العَظْمُ ـِ عَثْمًا : ہڈی کا ناہموار جڑنا۔
ــــ الجُرْحُ : زخم کا اوپر سے خشک ہونا اور اندر سے نہ بھرنا۔ زخم پر بغیر اندمال کھرنڈ آجانا۔
ــــ العَظْمَ : ہڈی کو ناہموار جوڑنا۔
ــــ القِرْبَةَ و نحوها : مشکیزہ کی

کچی سلائی کرنا۔
عَثِمَ العَظْمُ ـَ عَثَمًا: عَثَمَ۔ فالعَظْمُ عَثِمٌ۔
اَعْثَمَ القِربَۃَ : عَثَمَہا۔
عَثَّمَ العَظْمَ: عَثَمَہٗ۔
اِعْتَثَمَ بہ: مدد لینا، فائدہ اٹھانا۔
ـــ بِیَدِہ: ہاتھ کو جھکانا، نیچا کرنا۔
ـــ القِربَۃَ: عَثَمَہا۔
العَاثِمُ: ٹوٹی ہڈی جوڑنے والا ج: عُثُمٌ۔
العُثْمَانُ: سپولیا، اژدہے کا بچہ، سرخاب کا بچہ۔ اَبو عُثمان: کالے بڑے سانپ کی کنیت۔
العَیْثَمُ: لمبا تڑنگا۔
العَیْثُومُ: بجو (۲) ہاتھی (نر اور مادہ) ج: عَیَاثِیم۔
• عَثَنَتِ النَّارُ ـُ عَثْنًا و عُثُونًا: آگ سے دھواں نکلنا۔
ـــ فُلَانٌ فی الجَبَلِ عَثْنًا: پہاڑ پر چڑھنا۔
ـــ الثوبَ بالطِّیبِ: کپڑے کو خوشبودار چیز کی اتنی دھونی دینا کہ وہ مہک جائے۔
عَثِنَ الثَّوبُ ـَ عَثَنًا: کپڑے کا دھونی سے مہک جانا۔ ھو عَثِنٌ۔
عَثَّنَتِ النَّارُ: عَثَنَت۔
ـــ فُلَانٌ: دھونی دینا۔
ـــ الثوبَ: کپڑے کو خوشبوؤں کی دھونی دینا۔
ـــ الشيءَ: ملانا، مخلوط کرنا۔
ـــ فُلَانٌ علیہم بالفَسَادِ: لوگوں میں بگاڑ پیدا کرنا، فساد پھیلانا۔
العُثَانُ: دھواں (۲) گرد (اس کا اکثر استعمال خوشبودار چیز کے دھوئیں پر ہوتا ہے)
ج: عَوَاثِن۔
العَثَنُ: چھوٹا بت (۲) دھواں ج: اَعْثَانٌ۔

العَثِنُ من الطَّعَامِ: دھوئیں کی بو والا کھانا۔
المُعَثَّنُ: بڑی داڑھی والا۔
المَعْثُونُ: (من الطَّعام) دھوئیں کی بو والا۔
• العُثْنُونُ: ٹھوڑی پر نیچے کی طرف اُگے ہوئے بال (۲) اونٹ اور بکرے کی ٹھوڑی کے نیچے کے بال، بکرے کی داڑھی (۳) مرغ کی چونچ کے نیچے کے بال۔ مرغ کی داڑھی ج: عَثَانِینُ۔
• عَثَا ـُ عَثْوًا و عُثُوًّا و عُثِیًّا: زبردست فساد برپا کرنا، فساد انگیزی کرنا۔
عَثِيَ ـَ عُثُوًّا و عُثِیًّا و عَثَیَانًا: فساد مچانا۔ قرآن پاک میں ہے "لَا تَعْثَوْا فی الاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ" تم مفسد بن کر زمین میں فساد نہ مچاؤ۔
الاَعْثَی: بدنما اکھڑ اور بہت بالوں والا (۲) گھنی داڑھی والا ج: عُثْوٌ و عُثِيٌّ
العَثْوَۃُ: زلف دراز ج: عُثًی۔

ع ـــ ج

• عَجِبَ منہ ـَ عَجَبًا و عُجْبًا: تعجب کرنا، حیرت کرنا۔
اَعْجَبَہُ الاَمْرُ: حیرت و تعجب میں ڈالنا
ـــ الشيءُ فلانًا: کسی کو کوئی چیز انوکھی لگنا اور پسند آنا۔ ھو مُعْجَبٌ و الشيءُ مُعْجِبٌ۔
اُعْجِبَ بہ: کسی کو کوئی چیز پسند آنا۔ دل دادہ ہونا، بنظر استحسان دیکھنا
ـــ بِنَفْسِہ: بڑائی خورہ ہونا، تکبر کرنا۔ کہتے ہیں: ما اَعْجَبَہ بِرَاْیِہ: وہ کتنا خود رائے اور خود پسند ہے!
عَجَّبَہُ: حیرت و تعجب میں ڈالنا۔

تَعَجَّبَ: حیرت زدہ ہونا، تعجب میں پڑنا مطاوع عَجَّبَہ۔
ـــ الشيءُ فلانًا: کوئی چیز کسی کو پسند آنا۔
ـــ منہ: کسی چیز پر تعجب کرنا، اظہار حیرت کرنا۔
اِسْتَعْجَبَ: سخت تعجب کرنا، انتہائی تعجب میں پڑنا۔
الاُعْجُوبَۃُ: حیرت انگیز چیز، باعث تعجب شے ج: اَعَاجِیبُ۔ شاہکار، انوکھی چیز
الاُعْجُوبَۃُ المِعْمَارِیَّۃُ: فن تعمیر کا شاہکار۔
التَّعَاجِیبُ: الاَعَاجِیبُ (اس کا مفرد نہیں)۔
التَّعَجُّبُ: علم نحو میں کسی چیز کی ظاہری خصوصیت کو دیکھ کر بہت بڑا محسوس کرنا اور اس کے سبب کا مخفی ہونا۔ تعجب کے دو وزن ہیں: ما اَفْعَلَہُ اور اَفْعِلْ بہ۔ کہتے ہیں: ما اَحْسَنَہُ و اَحْسِنْ بہ: وہ بڑا ہی حسین یا بہت ہی اچھا ہے۔
العُجَابُ: باعث حیرت۔ تعجب خیز چیز قرآن پاک میں ہے "اِنَّ ھٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ"
العَجَبُ: تعجب خیز، حیرت انگیز (ھذا اَمْرٌ عَجَبٌ و ھٰذِہ قِصَّۃٌ عَجَبٌ) (۲) حیرت، تعجب۔
العَجَبُ العُجَابُ: بہت ہی حیرت انگیز۔
العَجَبُ العَاجِبُ: انتہائی تعجب خیز۔
العَجْبُ: ہر چیز کا پچھلا حصہ (۲) دم کی جڑ۔
عَجْبُ الذَّنَبِ: دم کی جڑ کا آخری حصہ ج: اَعْجَابٌ و عُجُوبٌ۔
العُجْبُ: خود پسندی، اتراہٹ، غرور
العَجِیبُ: حیرت انگیز، باعث تعجب، قابل تعجب، خوب، بہت خوب، انوکھا۔ عَجَبٌ عَجِیبٌ: انتہائی

تعجب خیز۔
العَجِيبَةُ : انوکھی چیز ج: عَجَائب
المُعْجِبُ :حیرت انگیز، قابل تعجب (۲) پسند آنے والا۔
المُعْجَبُ بكذا : دل دادہ، عاشق، نازاں۔
المُعْجَبُ بالذَّاتِ :خود پسند۔
• عَجَّ ـِ عَجًّا و عَجَّةً و عَجِيجًا: شور مچانا، چیخنا چلّانا۔
—إلى اللهِ بالدُّعاءِ :اللہ سے باواز بلند دعا مانگنا۔
—بالتَّلْبِيَةِ في الحَجِّ :حج میں زور زور سے تلبیہ کہنا۔
—المَاءُ : پانی کا سائیں سائیں کرنا، چلتے ہوئے آواز نکالنا، پانی چلنے کا شور ہونا، ٹھاٹھیں مارنا۔
—الرِّيحُ : ہوا کا گرد اڑاتے ہوئے تیز چلنا۔
—الطَّرِيقُ : راستہ کا بھر کر چلنا، راستہ میں لوگوں کی بھیڑ ہونا، ٹھٹ کے ٹھٹ لگنا۔ هو عَاجٌّ و عَجَّاج۔
—ثَدْيَا الجَارِيَةِ: لڑکی کے پستانوں کا ابھرا ہوا ہونا۔
أَعَجَّتِ الرِّيحُ : عَجَّت۔
—اليومُ : دن کا تیز ہوا اور گرد و غبار والا ہونا۔
عَجَّجَ الغُبَارَ : گرد اڑانا۔
—البيتَ دُخَانًا : گھر کو دھویں سے بھر دینا، کسی چیز کا مکان میں دھواں بھر جانا۔
تَعَجَّجَ : مطاوع عَجَّجَ. گرد اڑنا۔
العَجَاجُ : گرد، غبار (۲) دھواں (۳) چھوٹے درجہ کے لوگ۔ واحد: عَجَاجَة
العَجَاجَةُ : گرد (۲) بہت اور بڑے اونٹ۔
لَفَّ عَجَاجَتَه عَلَيْهِم : ہلہ بولنا، یورش کرنا، دھاوا بولنا۔
لَبَّدَ عَجَاجَتَهُ : اپنی کسی بات سے رک جانا، باز آنا۔
العَجُّ : شور و غل، چیخ و پکار۔
العَجَّاجُ : ہنگامہ خیز، بہت شور مچانے والا، غبار اڑانے والا۔
العُجَّةُ : انڈے کا آملیٹ۔
العَجِيجُ : شور و غل، ہنگامہ۔
المِعْجَاجُ : ہر گرد اڑانے والی چیز (مذکر و مؤنث دونوں کے لیے) ۔ ج: مَعَاجِيجُ۔
• العَجْدُ : انگور کا دانہ، خشک انگور کا دانہ
• عَجَرَ الفَرَسُ ـِ عَجْرًا: گھوڑے کا چلتے ہوئے دم کو سرین کی طرف پھیلانا۔
—الحِمَارُ : گدھے کا دولتی مارنا۔
—الفَرَسُ و الرَّجُلُ : خوف وغیرہ کی وجہ سے جلدی سے گزرنا۔
—عَلَيهِ بالسَّيْفِ : تلوار سے حملہ کرنا
—عَلَيه : کسی کے سامنے ضد کرنا۔
—الرِّيقُ على أسْنانِه : رال کا گاڑھا ہو کر دانتوں پر چپک جانا۔
—فُلانٌ عُنُقَهُ : گردن موڑنا۔
—فُلانًا بالعَصَا : کسی کے لاٹھی ڈنڈا مار کر ورم آلود کر دینا۔
عَجِرَ ـَ عَجَرًا: موٹا اور سخت ہونا (۲) بڑے پیٹ والا ہونا۔
—البَطْنُ وغيرُه : پیٹ کا بڑا ہونا۔
هو أَعْجَرُ و هي عَجْرَاءُ ج: عُجْرٌ۔
عَاجَرَ : تیزی سے گزر جانا۔
اِعْتَجَرَ فُلانٌ بالعِمَامَةِ : سر پر عمامہ لپیٹ کر اس کا پلہ منہ پر ڈالنا۔ حدیث میں ہے: "أنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلَّم دَخَلَ مَكَّةَ يومَ الفَتْحِ مُعْتَجِرًا بعِمامَةٍ سَوْدَاءَ"
اِعْتَجَرَتِ المَرْأَةُ : سر پر اوڑھنی کی طرح کپڑا ڈالنا۔
—فُلانَةٌ بغُلامٍ او جارِيَةٍ: عورت کا مایوسی کے بعد بچہ یا بچی جننا۔
تَعَجَّرَ بَطْنُهُ : موٹاپے سے پیٹ پر سلوٹیں پڑنا۔
الأَعْجَرُ: کبڑا (۲) بڑے پیٹ والا۔ هي عَجْرَاءُ ج: عُجْرٌ۔
العِجَارُ: عورتوں کے سر کا رومال جو اوڑھنی کے بجائے سر پر ڈالا جاتا ہے ج: عُجُرٌ۔
العَجْرَاءُ: کبڑی (۲) گرہوں والی لاٹھی یا ڈنڈا۔
العُجْرَةُ : بدن کا موٹا حصہ (۲) لاٹھی یا رگوں کی گرہ ج: عُجَرٌ۔
ذَكَرَ عُجَرَهُ و بُجَرَهُ : کسی کے عیوب بیان کرنا، کھلی اور چھپی ساری باتیں کہہ دینا۔ حضرت علیؓ کی حدیث میں ہے: "إلى اللهِ أشكو عُجَرِي و بُجَرِي" (۲) معدہ کے سرطان سے جگر میں منتقل ہونے والا ورم جس کی حیثیت ثانوی ہو۔
جَاءَ بالعُجَرِ و البُجَرِ: جھوٹ بولنا یا بہت بڑی بات بیان کرنا۔
العِجْرَةُ : عمامہ لپیٹنے کی شکل، طرز۔ هو حَسَنُ العِجْرَةِ : وہ اچھا عمامہ باندھتا ہے
العَجَّارُ: گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا کھانیوالا
العَجَاجِيرُ: گندھے ہوئے آٹے کے پیڑے
العُجْرُورُ: ہوا سے ریت پر پڑی ہوئی لکیر ج: عَجَارِيرُ۔
المِعْجَرُ: عورت کا سر پر لپیٹنے کا کپڑا۔
المُعْتَجِرُ: عمامہ پوش۔

• عَجْرَدَهُ : ننگا کرنا۔
العَجْرَدُ : عضو تناسل (۲) تیز و سخت (۳) ہلکا پھلکا۔
العَجَارِدُ : عضو تناسل۔
العَجَرَّدُ : بہادر۔
العَنْجَرِدُ : بدگو عورت۔
• تَعَجْرَفَ علی القوم : لوگوں کے سامنے بڑائی جتانا۔
ـــ الاَمْرَ : بے سوچے کام کرنا۔
العَجْرَفَةُ : اکھڑی اکھڑی باتیں، اکھڑپن (۲) کام میں بگاڑ۔
عَجَارِفُ الدَّهْرِ : حوادث زمانہ، گردش ہائے روزگار، واحد عُجْرُوف
عَجَارِيفُ الدَّهْرِ : عَجَارِفُهُ۔
العَجْرَفِيَّةُ : العَجْرَفَةُ۔
• عَجْرَمَ الرجلُ : تیز دوڑنا۔
العَجْرَمُ والعُجْرُمُ : سخت آدمی۔
العَجْرَمَةُ : اونٹوں کا ریوڑ۔
• عَجَزَت المَرْأَةُ ـِ عُجُوْزًا : عورت کا بوڑھی اور عمر رسیدہ ہونا۔
ـــ عن الشیئ عَجْزًا و عَجَزَانًا : بے بس ہونا، عاجز ہونا، تنگ آنا، زچ ہونا، کسی بات کو نہ کرسکنا۔
ـــ فُلَانٌ عن الشیئ عَجْزًا : کسی چیز میں کمزور رہنا، ناپختہ کار ہونا۔
ـــ عن العَمَلِ : بیکار ہونا، بوڑھا ہونا
هو عَاجِزٌ ج: عَجَزَة و عُجَّزٌ۔
عَجِزَ الرَّجُلُ او المَرْأَةُ ـَ عَجَزًا و عُجْزًا : عورت یا مرد کا بھاری سرین والا ہونا۔ هو اَعْجَزُ و هي عَجْزَاءُ ج: عُجْزٌ
العَارُورُ : منحوس آدمی (۲) بے کوہان اونٹ (۳) قوم کے لئے بے عزتی کا سبب بننے والا ۔
العَرَارُ : جنگلی نرگس۔ واحد: عَرَارَةٌ (۲) خون کا بدلہ ۔
العَرَارُ : گناہ، قصور ۔

العَرَارَةُ : بدخلقی، بدمزاجی (۲) سختی (۳) نرینہ اولاد جننے والی عورتیں ۔ تَزَوَّجَ فِی عَرَارَةِ النِّسَاءِ : اس نے نرینہ بچے جننے والی عورتوں میں شادی کی ۔
العَرُّ : کھجلی، خارش ۔
عُرَّا الوادِی : وادی کے دو کنارے ۔
العُرِّیُّ : عیب دار عورت ۔
العَرَّةُ : سختی (۲) خراب کھجور کا درخت ۔
العُرَّةُ : کھجلی (۲) جنون، پاگل پن۔ بہ عُرَّةٌ : اس کو جنون ہے (۳) جرم (۴) لاٹھی کی گانٹھ (۵) گندگی (۶) کوہان کی چربی۔ هو عُرَّةُ قومِهِ : وہ اپنی قوم کے لئے بدنما داغ ہے ۔
العَرِيرُ : من الرِّجال : پردیسی آدمی، اجنبی (من الحدیث) حدیث غریب
المُعتَرُّ : غریب و محتاج (۲) ملاقاتی مہمان (۳) بلاسوال بخشش کا خواہاں قرآن پاک میں ہے: "فكلوا منها و أطعموا القانع و المعترّ"
المَعَرَّةُ : تکلیف و اذیت (۲) ناگوار بات (۳) تاوان، جرمانہ (۴) دیت (خون بہا) (۵) گناہ (۶) سختی (۷) خارش زدہ جگہ (۸) عیب (۹) گالی (۱۰) ایک شہر کا نام ۔
مَعَرَّةُ الجَيشِ : لشکر کا کہیں مقیم ہو کر اس مقام کے لوگوں کی فصل وغیرہ بلااجازت کھانا ۔
• عَرَزَ الشَّیءَ ـِ عَرزًا : سختی سے کھینچنا ۔
ــــ الرَّجُلَ : ملامت کرنا ۔
عَرِزَ ـَ عَرَزًا الشَّیءُ : سخت ہونا (۲) سکڑ جانا ۔
عَرَّزَ الشَّیءَ : سکوڑنا (۲) چھپانا ۔
عَارَزَهُ : کسی سے دشمنی کرنا (۲) کسی کی مخالفت کرنا ۔
ــــ الشَّیءُ : سکڑ جانا ۔

تَعَارَزَ الشیءُ: سکڑ جانا۔
اَعْرَزَ الشیءَ: بگاڑنا، خراب کرنا۔
تَعَرَّزَ علیه الأمرُ: دشوار ہونا۔
اِسْتَعْرَزَ الرَّجُلُ: سخت ہونا۔
—— الشیءُ: سکڑ جانا۔
العِرْزَالُ: شیر کا مسکن (۲) جنگل میں شیر سے بچنے کے لئے درختوں کی پناہ گاہ (۳) مشکیزہ یا ناشتہ دان کا منھ (۴) لوگوں کا گروہ ج: عَرَازِیل۔
•عَرَسَ عن الشیءِ ــِـ عَرَسًا: چھوڑنا، ہٹنا، الگ ہونا۔
—— البَعِیرَ: بیٹھے ہوئے اونٹ کی گردن کو اگلی ٹانگوں سے باندھنا۔ هو عَارِسٌ و عَرَّاسٌ۔
عَرِسَ فُلانٌ ــَـ عَرَسًا: اترانا (۲) حیرت زدہ ہونا، بھونچکا ہونا (۳) برسر پیکار رہنا۔ هو عَرِسٌ۔
—— الشیءُ: سخت ہونا۔ عَرِسَ الشَّرُّ بَیْنَهُمْ: لوگوں میں دنگا فساد جاری رہنا۔
—— بالشیءِ: کسی چیز سے مانوس ہونا اور اس سے چپٹے رہنا۔
—— الصَّبِیُّ بِاُمِّه: بچہ کا اپنی ماں سے چمٹے رہنا
اَعْرَسَ المُسَافِرُونَ: آرام کیلئے آخر شب میں قیام کرنا۔
—— فُلانٌ: شادی کرنا، رخصتی کرنا (دولہن لانا) شب زفاف منانا (۲) ولیمہ کرنا۔
—— بالمرأۃِ: بیوی کے ساتھ خلوت کرنا، ہم بستری کرنا۔
—— الشیءُ: مانوس ہونا اور لگے رہنا۔
عَرَّسَ المُسَافِرُونَ: اَعْرَسوا۔
تَعَرَّسَ لِامْرَأَتِه: اپنی بیوی کے لئے پسندیدہ ہونا۔
اِعْتَرَسَ القومُ عنه: کسی کے پاس سے منتشر ہونا، بچھڑنا۔
عَرَائِسُ النِّیل: نیلوفر کی ایک قسم۔
العَرَّاسُ: اونٹ کے چھوٹے بچے بیچنے والا۔
العِرِّیسُ: شیر کے رہنے کی گھنی جھاڑیاں، کچھار۔
العِرِّیسَةُ: العِرِّیس۔
العِرْسُ: دولہا (۲) دولہن۔ هو عِرْسُها: وہ اس عورت کا شوہر ہے۔ هی عِرْسُهُ: وہ اس مرد کی بیوی یا دولہن ہے۔ هما عِرْسَانِ: وہ دونوں دولہا دولہن ہیں ج: اَعْرَاس۔
ابن العِرس: نیولا ج: بَنَاتُ العِرس (مذکر ومؤنث کے لئے)۔
العُرْسُ: زفاف، رخصتی، شادی، برات (۲) ولیمہ کا کھانا، دعوت ولیمہ۔ ج: اَعْرَاسٌ
العَرُوسُ: دولہا ج: عُرُسٌ (۲) دلہن ج: عَرَائِسُ
العَرُوسَةُ: دلہن (۲) بچیوں کی گڑیا
العَرِیسُ: دولہا ج: عِرْسَانٌ۔
المِعْرَسُ: بہت شادیاں کرنے والا (۲) ڈرائیونگ کا ماہر ڈرائیور۔
المُعَرَّسُ: اخیر رات میں مسافر کی اقامت گاہ
•عَرَشَ فُلانٌ ــِـ عَرْشًا: جانوروں کا باڑا بنانا، ٹٹی (چھپر وغیرہ) بنانا۔
—— بالمکان ــُـ عُرُوشًا: قیام کرنا۔
—— العَرْشَ: تخت بنانا۔
—— الکَرْمَ عَرْشًا و عُرُوشًا: لکڑیوں یا بانس کے ٹٹے پر انگور کی بیل چڑھانا۔
عَرِشَ ــَـ عَرَشًا: حیران ہونا۔
—— بغریمه: اپنے قرض دار کو سخت پکڑنا۔
—— عنه: پھر جانا۔
عَرَّشَ فُلانٌ: باڑا بنانا۔
—— الطَّائِرُ: پرندہ کا اوپر اٹھ کر پروں کا سایہ کرنا۔
—— الأمرُ عنه: کسی کا کام مؤخر ہو جانا کسی کا کام پیچھے رہ جانا۔
—— الکَرْمَ: انگور کی بیل لکڑی یا ٹٹی پر چڑھانا
—— البَیْتَ: گھر کی چھت بنانا۔
اِعْتَرَشَ فُلانٌ: باڑا بنانا (۲) ٹٹی بنانا۔
—— العِنَبُ العریشَ و علی العَرِیش: انگوروں کا ٹٹی پر چڑھ کر لٹکنا۔
تَعَرَّشَ بالمکانِ: قیام کرنا، ٹھیرنا۔
العَرْشُ: ملک، بادشاہت (۲) تختِ شاہی تختِ سلطنت۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلَهَا عَرْشٌ عَظِیمٌ" (۳) اصل و بنیاد، باگ ڈور۔ اِستوی المَلِكُ علی عَرْشِه: تخت سلطنت پر بیٹھنا، ملک کی باگ ڈور سنبھالنا۔ ثُلَّ عَرْشُه: ہوا اکھڑنا، بے عزت ہونا، سلطنت کمزور ہونا (۴) چھت (۵) شامیانہ، خیمہ، سائبان (اکثر استعمال بانس کے سائبان یعنی چھپر کے لئے ہوتا ہے) (۶) ٹٹی، لکڑی یا لوہے کی جالی جس پر انگور کی بیل چڑھائی جاتی ہے (۷) پیر کے اوپر کا حصہ ج: عروش واَعْرَاشٌ
عَرْشُ الطائِرِ: گھونسلا۔
عَرْشُ القومِ: قوم کا سردار و منتظم امور
العُرْشُ: گھوڑے کی پیشانی کے آخر کے بال (۲) کان۔ کہتے ہیں: نفثَ فی عُرْشَیْهِ: کان میں بات کہنا۔ عُرْشا العُنُق: گردن کے دو کنارے جن کے درمیان ہڈی کی ہنسلی ہوتی ہے ج: اَعْرَاشٌ۔
العَرِیشُ: ہر سایہ دار چیز جیسے شامیانہ، چھپر، سائبان، شیڈ (۲) جانوروں کا باڑا (۳) انگور کی بیل کی ٹٹی (۴) چھت

ج: عُرُشٌ۔
العَرِيْشَةُ: ہودہ، اونٹ پر رکھنے کی پالکی ج: عَرَائِش۔
المُعَرَّشُ: ٹٹی یا جالی پر چڑھی ہوئی (انگور کی بیل) (۲) سایہ دار جگہ جس پر کوئی چھت ہو۔
المَعْرُوشُ: المُعَرَّشُ۔
•عَرِصَتِ السَّمَاءُ ـَ عَرَصًا: آسمان میں بجلی کا لگاتار چمکنا۔
عَرِصَ البَرْقُ ـَ عَرَصًا: بجلی چمکنا۔
ـــ الصِّبْيَانُ: بچوں کا کھیل کود میں مست ہونا۔
ـــ فُلَانٌ: چست ہونا، مگن ہونا، ھو عَرِصٌ و ھی عَرِصَةٌ۔
اَعْرَصَ: تڑپنا، ڈگمگانا۔
عَرَّصَ اللَّحْمَ: گوشت کو سکھانے کے لئے کھلی جگہ میں ڈالنا (۲) گوشت کو انگاروں پر ڈالنا اور اس کا راکھ میں مل کر اچھی طرح نہ پکنا۔
اِعْتَرَصَ: مضطرب ہونا، تھرتھرانا، پھڑکنا (۲) چست ہونا (۳) مگن ہونا۔
العَرَّاصُ: بجلی اور کڑک والا بادل (۲) لچکدار نیزہ (۳) لچک دار تلوار (۴) بہت پراگندہ۔
العَرْصَةُ: صحن خانہ (۲) گھروں کے درمیان کشادہ کھلی جگہ جس میں عمارت نہ ہو (۳) مٹی کا پختہ توا یا تنور میں لگائی ہوئی لوہے کی گول پلیٹ (لوہے کا تنور) ج: عراص
المِعْرَاصُ: نیا چاند۔
•عَرْصَفَهُ عَرْصَفَةً: لمبائی میں کسی چیز کو کھینچ کر پھاڑنا۔
العُرْصُوفُ و العِرْصَافُ: پالان کی میخ ج: عَرَاصِيف۔
•العَرْصَمُ: بسیار خور (۲) خوش۔
العِرْصَمُ: طاقتور شیر (۲) دبلا آدمی (۳) مضبوط آدمی۔
العِرْصَامُ و العُرَاصِمُ: شیر۔
العُرْصُومُ: بخیل۔
•عَرَضَ الشَّيْءُ ـِ عَرْضًا و عُرُوضًا: ظاہر و نمایاں ہونا، سامنے آنا، پیش آنا کہتے ہیں: عَرَضَ له أمْرٌ و عَرَضَ له عارِضٌ: اسے کوئی بات یا ضرورت پیش آگئی (۲) امکان میں ہونا، آسان ہونا جیسے: عَرَضَ له الصَّيْدُ و عَرَضَ له الخَيْرُ۔
ـــ له فكرٌ: کوئی خیال آنا۔
ـــ الرَّجُلُ عَرْضًا: مکہ و مدینہ اور ان کے اطراف میں آنا۔
ـــ بِسِلْعَتِه: سامان کا تبادلہ کرنا
ـــ له عارِضٌ من الحُمَّى: بخار ہونا۔
ـــ له عارِضٌ: رکاوٹ پیش آنا۔ کہتے ہیں: سِرْتُ فَعَرَضَ لي في الطَّرِيقِ عارِضٌ۔
ـــ الشَّيْءَ: پیش کرنا، ظاہر کرنا، سامنے لانا۔
ـــ الكِتَابَ: کتاب کو زبانی پڑھنا۔
ـــ عليه شيئًا: کسی کو کوئی چیز دکھانا، کسی کے لئے کوئی چیز پیش کرنا۔
ـــ البِضَاعَةَ للبيعِ: بیچنے کے لئے سامان باہر نکالنا، دکھانا۔
ـــ الجُنْدَ: فوج کی نمائش کرنا، سڑکوں سے گزارنا۔
ـــ الدَّابَّةَ علَى الحَوْضِ: چوپائے کو پانی پینے کے لئے حوض وغیرہ پر لانا۔
ـــ الجُنْدَ عَرْضَ عَيْنٍ: فوج کا جائزہ لینا، یہ جاننا کہ کون حاضر ہے کون غائب (۲) اپنے سامنے سے ایک ایک کو گزارنا۔
عَرَضَ لَهُ من حَقِّه شيئًا: کسی کو اپنے حصہ میں سے کچھ دینا۔
ـــ القَوْمَ علَى السَّيْفِ: لوگوں کو تلوار کی دھار پر رکھنا، مار ڈالنا۔
ـــ القَوْمَ علَى النَّارِ: لوگوں کو آگ میں جلانا۔
ـــ الشَّيْءَ: کسی چیز کے کنارہ پہ مارنا (۲) کسی چیز کو چوڑائی میں رکھنا۔
ـــ الحَصِيرَ: چٹائی بچھانا۔
ـــ العُودَ علَى الإِنَاءِ: لکڑی کو برتن کے ایک کنارہ سے دوسرے کنارہ تک رکھنا۔
ـــ عَرْضَ فُلَانٍ: وہ فلاں کی چال چلا، فلاں کا طریقہ اختیار کیا۔
لا تَعْرِضْ عِرْضَ فُلَانٍ: فلاں کی برائی نہ کر، بے عزتی نہ کر۔
عُرِضَ و عُرِضَ له: کسی کا دیوانہ ہوجانا یا پاگل ہوجانا۔
عَرُضَ ـُ عِرَضًا و عَرَاضَةً: چوڑا ہونا۔ ھو عَرِيْضٌ و عُرَاضٌ ج: عِرَاضٌ۔
الدُّعَاءُ العَرِيْضُ: لمبی چوڑی دعا بڑی دعا۔ قرآن پاک میں ہے: "و إذا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُو دُعَاءٍ عَرِيْضٍ"
اَعْرَضَ الشَّيْءُ: ظاہر ہونا، سامنے آنا (۲) چوڑا ہونا، کشادہ اور ڈھیلا ہونا جیسے: أعْرَضَ الثَّوْبُ۔
ـــ في الشَّيْءِ: کسی چیز کے اندر آجانا
ـــ في العِلْمِ: علم میں دستگاہ حاصل کرنا، صاحب نظر ہونا۔
ـــ لَهُ الشَّيْءُ: ممکن ہونا، قابو میں آنا کہتے ہیں: أعْرَضَ لَكَ الصَّيْدُ فَارْمِه: شکار تمہارے بس میں ہوگیا ہے تم اسے نشانہ بناؤ۔

أَعْرَضَ لَكَ الخَيْرُ: تمہارے لئے بھلائی کرنا ممکن ہو گیا۔

أَعْرَضَ عنه: منھ پھیرنا، روگردانی کرنا، ارشاد باری ہے: "وَإِذَا أَنْعَمْنَا عَلَى الإِنْسَانِ أَعْرَضَ وَنَأَى بِجَانِبِهِ" بے رخی اختیار کرنا، منحرف ہونا، چھوڑنا، نظرانداز کرنا۔

—فلانٌ في المكارمِ: بہت نیکوکار ہونا، بڑی خوبیوں کا مالک ہونا۔

—الشيءَ: چوڑا کرنا۔

—المَسْأَلَةَ: کسی مسئلہ کو بڑا کرنا اور شرح وبسط سے بیان کرنا (۲) لمبا چوڑا سوال کرنا۔ کہاوت ہے: أَعْرَضْتَ القِرْفَةَ: تم نے اپنے الزام میں سارے قبیلہ کو ملوث کر دیا۔

عَارَضَ فلانٌ مُعَارَضَةً وعِرَاضًا: راستہ کے ایک طرف چلنا۔

—فُلانًا: کسی سے کنارہ کش ہونا، الگ ہو جانا (۲) کسی بات میں مقابلہ کرنا (۳) مخالفت کرنا، آڑے ہاتھوں لینا، آڑے آنا، کٹ حجتی کرنا، ردوقدح کرنا

—فلانًا في السَّيْرِ: چلنے میں کسی کے ساتھ ساتھ رہنے کی کوشش کرنا، برابری کرنا۔

—الكِتَابَ بِالكِتَابِ: مقابلہ کرنا، ایک کی عبارت کو دوسرے سے ملانا۔

—بِمِثْلِ صَنِيعِهِ: کسی کی ہوبہو نقل اتارنا، مقابلہ کرنا۔

—الجنازةَ: راستہ میں سے جنازہ کے ساتھ ہونا (یعنی ابتدا سے ساتھ نہ آنا)

—فُلانًا بِمَتَاعٍ: کسی سے سامان کا تبادلہ کرنا۔

—في القَضَاءِ: عدالت متعلقہ کے غائبانہ فیصلہ پر اعتراض کرتے ہوئے فیصلہ کی منسوخی یا اس میں ترمیم کی درخواست کرنا۔

عَرَّضَ الشيءَ: چوڑا کرنا (۲) چوڑائی میں کوئی چیز نصب کرنا یا پھیلانا، رکھنا جیسے: عَرَّضَ الرُّمْحَ وعَرَّضَ العُودَ عَلَى الإِنَاءِ۔

—فُلانًا لِكَذَا: کسی کو کسی شے کی زد میں لانا، نشانہ بنانا۔ جیسے: عَرَّضَهُ لِلذَّمِّ وَالخَطَرِ۔

—له بالقولِ: اشارةً مبہم بات کرنا (صراحت نہ کرنا)

—بِفُلانٍ وَلَهُ: کسی پر پھبتی کسنا، عیب لگانا، چھینٹا دینا۔

—القَوْمَ عُرَاضَةً وعَرَّضَهَا لَهُمْ: اپنے لوگوں کو سفر سے واپسی پر ہدیہ دینا

—فُلانًا من مالِهِ بِكَذَا: اپنے مال میں سے کسی کو کچھ دینا۔

—الرَّجُلُ: اچھی رائے والا ہونا۔

—المَتَاعَ: سامان کو سامان کے بدلہ فروخت کرنا۔

—فلانًا أو شَيْئًا لِشَيءٍ: کسی شے کے سامنے لانا، سامنے لا کھڑا کرنا۔

—النَّفْسَ لِلْمَوْتِ: خود کو موت کے منھ میں ڈالنا۔

اِعْتَرَضَ الشيءُ: چوڑائی میں ہونا جیسے نہر یا راستہ میں عرضاً لکڑی وغیرہ ہوتی ہے۔

—دُونَهُ: حائل ہونا، رکاوٹ بننا، سدّراہ ہونا، آڑے آنا۔

—لَهُ: رکاوٹ بننا، آڑے آنا (۲) سامنے آنا، پیش آنا۔

—عَلَيْهِ: نکیر کرنا، نکتہ چینی کرنا، کسی کے قول یا فعل میں غلطی نکالنا۔

—له بشيءٍ: کسی کے سامنے آکر کوئی چیز مارنا اور اسے ختم کر دینا۔

اِعْتَرَضَ الشيءَ: پیش کرنا، سامنے لانا، دکھانا، جیسے: اِعْتَرَضَ المَتَاعَ لِلْبَيْعِ۔

—القَائِدُ الجُنْدَ: کمانڈر کا فوجوں کو ایک ایک کرکے دیکھنا، جائزہ لینا۔

—عِرْضَ فُلانٍ: کسی میں عیب نکالنا کسی کی عزت پر حملہ کرنا۔

تَعَارَضَا: ایک دوسرے کی مخالفت کرنا، باہم ٹکرانا (۲) ایک دوسرے کے برعکس ہونا۔

—الشيءُ مع المَصَالِحِ: مفادات کے خلاف ہونا، منافی ہونا۔

تَعَرَّضَ الشيءَ وَلَهُ: درپے ہونا، کرتے رہنا، لگے رہنا۔ کہتے ہیں: تَعَرَّضَ لِلْمَعْرُوفِ۔

—فُلانٌ لِكَذَا: کسی چیز کی زد میں آنا، نشانہ بننا۔

—لِلأَمْرِ: کسی کام کے پیچھے پڑنا، مداخلت کرنا۔

—الشيءُ: ٹیڑھا ہونا۔ تَعَرَّضَ الرَّجُلُ في سَيْرِهِ: ٹیڑھا میڑھا چلنا۔

—البَلَدُ لِلأَخْطَارِ: ملک کو خطرات درپیش ہونا۔

—لِلْمَرَضِ: بیماری میں مبتلا ہونا۔

اِسْتَعْرَضَ الرَّجُلُ: چوڑی چیز مانگنا۔

—فُلانًا: کسی سے کوئی چیز دکھانے کی فرمائش کرنا۔

—الجُنْدَ: جائزہ لینا، فوج کا معاینہ کرنا۔

—القَوْمَ: کوئی امتیاز کئے بغیر مار ڈالنا کسی کی پرواہ کئے بغیر قتل کرنا۔

—المَسْأَلَةَ: کسی مسئلہ پر بحث کرنا (۲) نظر ثانی کرنا (۳) تبصرہ کرنا۔ کہا جاتا ہے: اِسْتَعْرَضَ يُعْطِي مَنْ أَقْبَلَ وَأَدْبَرَ: وہ بلا سوال ہر آنے جانے

والے کو دینے لگا۔
الاِسْتِعْرَاضُ: جائزہ، تبصرہ، تحقیق، نظرثانی
الاِعْرَاضُ عن کذا: بے اعتنائی، روگردانی۔
التَّعَارُضُ: اختلاف، ٹکراؤ، تضاد۔
التَّعَرُّضُ: چھیڑ، ٹکراؤ، پیچھا (۲) عدالتی اصطلاح میں کسی کے قبضہ کے خلاف قانونی کارروائی، امتناعی کارروائی
التَّعْرِیْضُ: چھینٹا، کسی خاص بات کی طرف اشارہ، کسی پر رکھ کر بات کرنا، مبہم بات۔
العَارِضُ: افق میں پھیلا ہوا ٹڈی دل یا شہد کی مکھیاں (۲) افق میں پھیلا ہوا بادل۔ قرآن پاک میں ہے: "ھٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا" (۳) پہاڑ (۴) چہرے کا ایک حصہ، رخسار۔ ھُمَا عَارِضَان۔ ھو خفیف العارِضَین ہلکی داڑھی والا (۵) گردن کی سطح (۶) پیش آمدہ مصیبت (۷) درپیش معاملہ (۸) عارضی، غیرذاتی (۹) رکاوٹ، مانع عَرَضَ لَه عَارِضٌ: اسے کوئی مانع پیش آ گیا (۱۰) دانتوں کی کچلی (۱۱) واقعہ ج: عَوَارِض۔
امرأۃ نَقِیَّۃُ العَوَارِضِ: چمکدار دانتوں والی عورت۔
العَارِضَۃُ: رخسار کا بالائی حصہ (۲) دانتوں کی کچلی، سامنے کے دانت جو ہنستے وقت ظاہر ہوتے ہیں (۳) دروازہ کے اوپر کی لکڑی (۴) شہتیر یا لوہے کا گارڈر جس پر کڑیاں رکھی جاتی ہیں ج: عَوَارِض (۵) عمدہ کلام یا رائے، فی البدیہہ کلام۔ ھو قَوِیُّ العَارِضَۃِ: صاحب بیان اور قادر الکلام۔
العَوَارِضُ: علم نباتات میں مادّہ کی وہ سطحیں جو حرارت سے متاثر نہیں ہوتیں اور آتش گیر گیسوں کے درمیان حائل ہو جاتی ہیں۔
اِجَازَۃٌ عَارِضَۃٌ: رخصت اتفاقی جو ملازم کسی ہنگامی ضرورت کے لئے لیتا ہے۔
عَارِضَۃُ الاَزْیَاء: وہ حسینہ جو کسی محفل میں گاہکوں کے سامنے نئے نئے فیشن کے کپڑوں کی نمائش کرتی ہے
العُرَاضَۃُ: سفر سے آنے والے کی طرف سے دیا جانے والا ہدیہ۔
العَرَضُ: سامان (۲) درہم و دینار کے علاوہ ہر چیز اور سامان۔ کہتے ہیں: اَخَذْتُ فی ھذہ السِّلْعَۃِ عَرَضًا: میں نے اس سامان کے بدلہ سامان لیا (۳) چوڑائی، پھیلاؤ (خلاف طول) (۴) نمائش، اظہار (۵) پیش کش، آفر (۶) پہاڑ (۷) بڑی فوج، بڑا لشکر (۸) سپلائی، فراہمی۔
عَرْضُ حالٍ: عرضی، افسر یا حاکم کو کسی مقصد سے پیش کی جانے والی درخواست ج: عُرُوض و عِرَاض و اَعْرَاض۔
العَرْضُ العَسْکَرِیُّ: فوجی پریڈ (۲) فوجی مظاہرہ اور جائزہ۔
العَرْضُ المُوْجَزُ: مختصر جائزہ۔
عَرْضُ الفیلم: فلم شو۔
عَرْضُ القَضِیَّۃِ علی المَحْکَمَۃِ: دعویٰ دائر کرنا۔ مقدمہ چلانا۔
العِرْضُ: بدن (۲) جان، نفس (۳) آبرو (۴) نسبی شرافت (۵) بو (کسی بھی قسم کی ہو) (۶) بڑا بادل، زبردست گھٹا (۷) شاداب وادی ج: اَعْرَاض۔
العُرْضُ: کسی چیز کا کنارہ، پہلو (۲) دامن کوہ (۳) تلوار کا چپٹا حصہ۔
عُرْضُ العُنُقِ والوجه: گردن اور چہرہ کی ایک جانب۔ نَظَرَ الیه عن عُرْضٍ: اسے گوشہ چشم سے دیکھا۔ خرجوا یضربون الناس عن عُرْضٍ: ایک طرف سے کوئی لحاظ کئے بغیر سب کو مارنا۔ ضَرَبَ به عُرْضَ الحائطِ: ایک طرف ڈالنا یعنی نظرانداز کرنا۔
عُرْضُ البَحْرِ والنَّھْرِ: دریا کا بیچ
عُرْضُ الحَدِیْثِ: بات چیت کا بڑا حصہ۔
عُرْضُ النَّاسِ: اکثر لوگ، لوگوں کی بڑی اکثریت۔ عام لوگ۔ ھو من عُرْضِ النَّاسِ: وہ عوام میں سے ہے
نَاقَۃٌ عُرْضُ اَسْفَارٍ: سفر کے لئے مضبوط اونٹنی۔
العُرُضُ: نَظَرَ الیه عن عُرُضٍ: گوشہ چشم سے دیکھا۔
العَرَضُ: آنے جانے والی بیماری وغیرہ۔ عارضی چیز۔ سرسری (۲) تھوڑا یا بہت سامان دنیا: قرآن پاک میں ہے: "لِتَبْتَغُوا عَرَضَ الحَیَاۃِ الدُّنْیَا" (۳) علم منطق میں وہ چیز جو قائم بالغیر ہو خود اس کا وجود نہ ہو، خلاف جوہر (۴) علامات مرض جن کا مریض احساس کرتا ہے (۵) صفت، خاصہ (۶) اتفاقی چیز (۷) بخشش، غنیمت ج: اَعْرَاض۔
عَرَضًا: یونہی، اتفاقاً، بے سوچے۔ جیسے جَاءَ ھذا الرَّأْیُ عَرَضًا
عَلِقْتُھا عَرَضًا: اتفاقی طور پر وہ سامنے آ گئی تو اس پر میرا دل آ گیا۔
العَرَضِیُّ: اتفاقی، عارضی، غیرجوہری، غیرذاتی۔

مَسئلۃٌ عَرَضِیَّۃٌ: موضوع سے خارج بات۔
العَرَضِیَّۃُ: علم نباتات میں غیر فطری طور پر اگی ہوئی شاخیں وغیرہ۔
العُرْضَۃُ: نشانہ، ہدف۔ جَعَلَہ عُرْضَۃً لِشئٍ: کسی چیز کا نشانہ بنانا کسی چیز کی زد میں لانا، سامنے لا کھڑا کرنا۔ ھو عُرْضَۃٌ لِلشَّرِّ: وہ فتنہ پر قابو پانے کی طاقت رکھتا ہے
العُرْضِیَّۃُ: خودداری، نخوت۔ فُلان فیہ عُرْضِیَّۃٌ۔
مَشٰی الفَرَسُ العُرْضِیَّۃَ: گھوڑا چوڑائی میں پھیل کر چلا۔
العَرُوضُ: علم اوزانِ شعر (۲) شعر کے مصرعہ اول کا آخری جز ج: اَعَارِیضُ (۳) گوشہ، کنارہ (۴) دامن کوہ میں واقع کسی آبنائے سے گزرنے والا راستہ (۵) چلتے وقت سامنے سے رکاوٹ بننے والی جگہ (۶) مفہوم و مصداق (کلام) کہتے ہیں: عَرَفْتُ ھذا فی عَرُوضِ کلامِہ۔ ھذہ المسألۃ عَرُوضُ ھٰذِہٖ: یہ مسئلہ اس جیسا ہے (۷) ضرورت۔
العَرِیض: چوڑا، کشادہ۔ دعاءٌ عَرِیض: لمبی چوڑی دعا۔
العَرِیضَۃُ: عرضی، درخواست (۲) شکایت نامہ جو حاکم یا قاضی کو دیا جائے۔
عَرِیضَۃُ الدَّعوی: عرضیِ دعویٰ، مقدمہ دائر کرنے کی درخواست ج: عرائض
المُعَارَضَۃُ: مخالفت، رکاوٹ، اعتراض (۲) کسی کی غیر موجودگی میں کیے گئے عدالتی فیصلہ پر قانونی اعتراض اور نظر ثانی کرانے کا طریقہ (۳) اپوزیشن حزب اختلاف۔ حِزْبُ المُعَارَضَۃ: حزب مخالف (۴) مزاحمت۔

المُعَارَضَۃُ العَلَنِیَّۃُ: کھلم کھلا مخالفت
مُعَارَضَۃُ المحامی: وکیل کا قانونی اعتراض جرح۔
المُعَارَضَۃُ الشَّعْبِیَّۃُ: عوامی مزاحمت
المُعَارَضَۃُ البنَّاءَۃ: تعمیری اختلاف۔
المُعَارِض: مخالف، مقابل۔
المُعَارِضُ لشئٍ: برعکس، برخلاف، بے جوڑ، بے تک۔
المُعَارِضُون و المُؤَیِّدُون: مخالف و موافق لوگ۔
المُعْتَرِضُ: نکتہ چیں (۲) مخالف و معترض (۳) پیش آمدہ، درپیش۔
العِبارَۃ المُعْتَرِضَۃ: درمیان کلام میں آنے والی تشریحی عبارت۔
المِعْرَاضُ: توریہ (۲) مصداق کلام، مفہوم کہتے ہیں: عرفت ھذا فی مِعراضِ کلامہ۔ (۳) تیر کا درمیانی موٹا حصہ۔ ج: مَعَارِیض۔ حدیث میں ہے: "اِنَّ فی المَعَارِیضِ لَمَنْدُوحَۃً عن الکذب" توریہ کے ذریعہ جھوٹ سے بچا سکتا ہے۔
المَعْرِضُ: نمائش گاہ، نمائش ہال، شوروم مَعْرِضُ الشئِ: کسی چیز کے اظہار یا ذکر کی جگہ ج: مَعَارِض۔ فی مَعْرِضِ کذا: فلاں چیز کے ذیل میں، دوران۔
المِعْرَضُ: دولہن کا لباس ج: مَعَارِضُ و مَعَارِیضُ۔ الالفاظ مَعَارِیضُ المعانی: الفاظ معانی کا لباس یا سبب زینت ہوتے ہیں۔
المُعَرَّضُ من الکلام: مبہم کلام۔
المَعْرُوضُ: پیش کردہ چیز، دکھائی جانے والی چیز ج: مَعْرُوضَات۔
غُرْفَۃُ المَعْرُوضات: شوروم
• عَرَطَ عِرْضَ فلانٍ ـُـ عَرْطًا: کسی کی غیبت کرنا۔

اعترط عِرْضَ فلان: عَرَطَ۔
ـــ الرَّجُلُ: دور چلا جانا۔
• عُرْعُرَۃُ کلِّ شئٍ: بالائی حصہ (۲) پہاڑ کی چوٹی (۳) بوتل کی ڈاٹ ج: عَرَاعِرُ۔
العَرْعَرُ: ایک قسم کا پودا۔
العُرَاعِرُ: شریف، سردار (۲) موٹا اونٹ ج: عَرَاعِر۔ العَرَاعِرُ: کوہان کے کنارے۔
العَارُورَۃُ: منحوس آدمی، گندا آدمی۔ بے کوہان اونٹ۔
• عَرَفَ فُلانٌ علی القوم ـُـ عِرَافَۃً: کسی کا قوم کے معاملات کی دیکھ بھال کرنا، تدبیر و انتظام کرنا
ـــ الشئَ ـِـ عِرْفَانًا و عِرِفَّانًا و مَعْرِفَۃً: کسی حاسہ کے ذریعہ جاننا، شناخت کرنا، پہچاننا، معلوم کرنا، واقف ہونا۔ ھو عَارِفٌ و عَرِیف وھو وھی عَرُوفٌ وھو عَرُوفَۃ (تا مبالغہ کی ہے)۔
ـــ لفلانٍ ما صَنَعَ: کسی کے احسان یا فعل کا بدلہ دینا، احسان شناس ہونا۔
ـــ للاَمْرِ عُرْفًا: برداشت کرنا۔ ھو عارِفٌ و عَرُوفٌ و عَرُوفَۃ۔
ـــ بذَنْبِہ: اپنے جرم کا اقرار کرنا۔
ـــ الفَرَسَ: گھوڑے کے بال (ایال) کاٹنا۔
عُرِفَ فُلانٌ: کسی کی ہتھیلی میں زخم یا پھوڑا ہونا۔ ھو معروف۔
عَرِفَ ـَـ عَرَفًا: خوشبو چھوڑ دینا، ھو عَرِفٌ۔
ـــ الدِّیکُ: مرغ کا کلغی دار (تاجدار) ہونا۔ ھو اَعْرَفُ وھی عَرْفَاءُ ج: عُرْف۔
عَرُفَ ـُـ عَرَافَۃً: قوم کا نگراں و منتظم

ہونا، سردار ہونا (۲) کلاس کا مانیٹر ہونا (۳) عالم و باخبر ہونا (۴) بہت خوشبودار ہونا۔
اَعْرَفَ الطَّعَامُ: خوشبودار ہونا۔
ـــ الفَرَسُ: گھوڑے کا گردن کے لمبے بالوں والا ہونا۔
عَرَّفَ الحُجَّاجُ: حاجیوں کا عرفات میں قیام کرنا۔
ـــ الاِسْمَ: معرفہ بنانا۔
ـــ الشَّیئَ: خوشبودار بنانا (۲) سجانا۔
ـــ الضَّالَّةَ: گم شدہ چیز تلاش کرنا۔
ـــ عَلَیہم عَرِیفًا: منتظم بنانا، نگراں مقرر کرنا، مانیٹر بنانا۔
ـــ فُلَانًا بِکَذا: کسی کو کسی چیز میں مشہور کرنا، تشہیر کرنا، روشناس کرانا
ـــ فُلَانًا الاَمْرَ: کسی کو کوئی بات بتانا، واقف کرانا۔
ـــ فُلَانًا بِفُلَان: تعارف کرانا۔
ـــ الکَاهِنُ: کاہن کا پیش گوئی کرنا۔
اِعْتَرَفَ بِالشَّیئِ: اقرار کرنا، ماننا، تسلیم کرنا (۲) منظور کرنا۔
ـــ اِلَیہِ: کسی سے اپنا تعارف کرانا یعنی نام و مشغلہ وغیرہ بتانا۔
ـــ لِلاَمْرِ: برداشت کرنا، صبر کرنا۔
ـــ القَوْمَ: خبرگیری کرنا۔
ـــ بِالجَمِیلِ: احسان شناس ہونا۔
ـــ اِلَی الکَاهِنِ: کاہن سے کسی معاملہ کی حقیقت دریافت کرنا۔
ـــ بِالدَّوْلَةِ: ملک کو تسلیم کرنا۔
ـــ بِالشَّهَادَةِ: ڈگری منظور کرنا۔
تعارفوا: ایک دوسرے سے واقف ہونا۔
تَعَرَّفَ: معرفہ بنجانا (۲) کسی چیز کو کوشش سے پہچاننا، پتہ چلانا۔
ـــ اِلَیہِ: کسی کو اپنے سے واقف کرانا، کسی کی پہچان میں آنا۔
تَعَرَّفَ مَا عِنْدَہُ: کسی کے پاس کوئی چیز اچھی طرح دیکھ کر پہچان جانا، شناخت کرلینا۔
اِسْتَعْرَفَ فُلَانًا وَ اِلَیہِ: کسی سے متعارف ہونا یعنی اجنبی ہو کر آنا اور پھر اسے اپنا نام وغیرہ بتا کر تعارف کرانا۔
الاَعْرَافُ: جنت و دوزخ کے درمیان حد فاصل۔ قرآن پاک میں ہے: "وَ نَادَی اَصْحٰبُ الاَعْرَافِ رِجَالًا یَّعْرِفُوْنَهُمْ بِسِیْمٰهُمْ" (۲) عُرْفٌ کی جمع۔
عُرْفُ الجَبَلِ وَ نَحْوِہِ: پہاڑ وغیرہ کی چوٹی یا بلندی (۲) چہار دیواری فصیل
الاَعْرَفُ: کلغی والا، گردن کے بالوں والا۔
اَعْرَافُ الرِّیَاحِ وَ السَّحَابِ: ابتدائی ہوائیں یا بادل۔
التَّعْرِیفُ: کسی چیز کے اوصاف و خواص کا بیان، تعریف (۲) تعارف (۳) اصطلاح ج: تعریفات۔
التَّعْرِیفَةُ: اشیاء کی قیمتوں، کام اور نقل و حمل کی اجرتوں کی تفصیلی فہرست، نرخ نامہ۔
العَارِفُ: واقف، آشنا۔ العارف بالشیئ: واقف کار، عالم، باخبر (۲) صابر۔
العَارِفُ بِالجَمِیلِ: احسان شناس
العَارِفُ بِاللّٰهِ: خداشناس، ولی۔
العَارِفَةُ: احسان ج: عَوَارِف (۲) عارف کی تانیث۔
العِرَافَةُ: نجومی کا پیشہ، کہانت
العَرَّافُ: نجومی (ستارے دیکھ کر لوگوں کے احوال بتانے والا) کاہن۔
(۳) عربوں کا طبیب۔
العَرْفُ: (ہر قسم کی) بو۔ اکثر استعمال خوش بو کے لئے ہوتا ہے۔
العَرْفُ الشَّذِیُّ: مہکتی ہوئی خوشبو۔
العُرْفُ: رواج، دستور، مروجہ طریقہ کار (۲) اصطلاح (۳) شناسا (خلاف النُّکر) (۴) اقرار۔ کہتے ہیں: لہ عَلَیَّ مِائَةٌ عُرْفًا: میرے ذمہ اقراری طور پر سو واجب ہیں (۵) گھوڑے کی گردن کے بال (۶) مرغ کی کلغی (مرغ کے سر پر گوشت کا لمبا ٹکڑا) (۷) بلند جگہ۔ پہاڑ وغیرہ کی پشت (۸) سمندر کی موج ج: اَعْرَاف۔ العُرْفُ الدبلوماسی: سفارتی قاعدہ۔
عُرْفُ الجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی۔
عُرْفًا: عام طور پر، رواجاً۔
طَارَ الطَّیْرُ عُرْفًا: پرندے آگے پیچھے اڑے۔ جَاءَ القَوْمُ عُرْفًا لوگ یکے بعد دیگرے آئے۔
العِرْفُ: صبر، برداشت۔
العَرْفَةُ: ہتھیلی کا پھوڑا یا زخم۔
العُرْفَةُ: دو چیزوں کے درمیان حد فاصل ج: عُرَف۔
عَرَفَات: مکہ معظمہ کے قریب ایک پہاڑ (۲) مکہ سے بارہ میل دور ایک مقام جہاں حاجی ذی الحجہ کی نویں تاریخ کو قیام کرتے۔
یَوْمُ عَرَفَات: ماہ ذی الحجہ کی نویں تاریخ جس میں وقوف عرفہ ہوتا ہے۔
العَرْفَاءُ: مؤنث اَعْرَف (۲) بجو۔
قُلَّةٌ عَرْفَاءُ: بلند چوٹی۔
عَرَفَةُ: عَرَفَات۔
العُرْفِیُّ: رواجی، مروجہ، دستوری،

(۲) اصطلاحی۔ الحکم العُرفِیُّ: مارشل لا۔ وہ نظام حکومت جو ہنگامی ضرورت کے تحت برقراری امن کے لئے عام قانونی ضوابط سے ہٹ کر قائم کیا جائے۔
العَرُوفُ: بڑا صابر، مستقل مزاج۔
العَرُوفَةُ: بڑا عالم، بہت جانکار۔
العَرِیفُ: واقف کار، کسی چیز سے باخبر (۲) قوم کا سردار، منتظم (۳) مدرسہ میں کلاس مانیٹر ج: عُرَفَاءُ۔
عَرِیفُ الحَفلِ: صدر مجلس، معلن، اناؤنسر۔ اَمرٌ عَرِیفٌ: مشہور بات
عَرِیفُ الصَّفِّ: کلاس مانیٹر (طلبہ اور استاذ کے درمیان رابطہ رکھنے والا اور استاد کے مفوضہ امور جماعت انجام دینے والا۔
المَعرِفُ: چہرہ، چہرے کے محاسن۔
المَعارِفُ: خط و خال۔ ھی حَسَنَةُ المَعارِفِ: وہ خوبصورت ہے (۲) چہرہ اور اس کے نمایاں حصے۔ حَیَّا اللّٰہُ المَعارِفَ: (الوجوہ) اللّٰہ ان کو زندہ رکھے۔ اللّٰہ ان کے چہروں کو بارونق رکھے۔ غَطُّوا مَعارِفَهُم: انہوں نے اپنے چہروں کو ڈھانک لیا (۲) شناسا اور واقف کار لوگ۔ ھو من المَعارِفِ: وہ مشہور لوگوں میں سے ہے۔ ھاجَت مَعارِفُ فُلانٍ: کسی کا کسی سے تعلق منقطع کرنا۔ خَرَجنا من مَجاهِلِ الاَرضِ الی مَعارِفِها: ہم گمنام جگہوں سے نکل کر معروف مقامات میں آ گئے (۳) ملنے جلنے والے جان پہچان کے لوگ۔ ھو من مَعارِفِ فُلانٍ: وہ فلاں کے ملنے والوں میں سے ہے۔ احباب میں سے ہے (۴) علوم۔
المُعتَرَفُ به: تسلیم شدہ، منظور شدہ۔
المَعرَفَةُ: پرندہ یا گھوڑوں کے گردن کے بالوں کی جگہ۔
المَعرِفَةُ: حقیقت سے واقفیت، علم کامل (۲) شناسائی، آشنائی۔ ج: مَعارِف۔
مَعرِفَةُ الجَمِیلِ: احسان شناسی
المَعرُوفُ: بھلائی، احسان، حسن سلوک، عطیہ، نیکی (ہر وہ فعل جس کی خوبی عقلاً و شرعاً ثابت ہو) خلاف المنکر (۲) مشہور (خلاف المجهول) (۳) وہ شخص جس کی ہتھیلی پر پھوڑا ہو۔
اَرض معروفة: خوشبو دار زمین
المُعَرَّفُ: معرفہ بنایا ہوا (خلاف المنکر)
• العَرفَجُ: ایک پودا جو نرم زمین میں اگتا ہے
العَوافِجُ: وہ ریت جس میں سے راہ نہ ہو۔
العُرفُطُ: ایک قسم کی گھاس۔
• عَرَقَ فی الاَرضِ ـِ عُرُوقًا: زمین پر سفر کرنا (۲) زمین میں راسخ ہونا۔
ـــ العَظمَ ـُ عَرقًا و مَعرَقًا: ہڈی چچوڑنا، ہڈی کے اوپر کا گوشت دانتوں سے نوچ کر کھانا
عَرَقَتهُ السِّنُونُ: بڑھاپے نے اسے کمزور کر دیا۔ عَرَقَتهُ الخُطُوبُ: مصائب نے اس کو دبلا کر دیا۔
رَجُلٌ مَعرُوقٌ: جس کی ہڈیاں نکل آئی ہوں، بدن پر گوشت نہ رہا ہو۔
عَرِقَ ـَ عَرَقًا: پسینہ آنا۔ ھو عَرِقانُ۔
ـــ الحائطُ و الاَرضُ: زمین میں نمی آنا، دیوار تر ہونا، پسینہ کی طرح پانی کے باریک قطرے ٹپکنا۔ ھو عَرِقٌ و عَرِقانُ۔
عُرِقَ الرَّجُلُ: کم گوشت ہونا، دبلا پتلا ہونا۔
عَرُقَ ـُ عَراقَةً: قدیم عظمت والا ہونا۔ ھو عَرِیقٌ۔
اَعرَقَ الجِسمُ: بدن پر پسینہ آنا۔ فالجِسمُ مُعرِقٌ۔
اَعرَقَ الشَّجَرُ: درخت کی جڑوں کا زمین میں پھیلنا، جڑ پکڑنا۔
ـــ فُلانٌ: ملک عراق میں آنا۔
ـــ فُلانٌ فی الکَرَمِ: خاندانی شرافت والا ہونا۔
ـــ الفَرَسَ: گھوڑے کو پسینہ دلانے کے لئے دوڑانا۔
ـــ الشَّرابَ: شراب میں تھوڑا پانی ملانا
ـــ الاِناءَ: برتن میں تھوڑا پانی ڈالنا
عارَقَهُ: کسی سے خاندانی شرافت میں مقابلہ کرنا۔
عَرَّقَ الشَّجَرُ: درخت کی جڑوں کا زمین میں پھیلنا، جڑ پکڑنا۔
ـــ ه: پسینہ دلانا، پسینہ میں شرابور کرنا۔
ـــ الاِناءَ: برتن میں تھوڑا پانی ڈالنا۔
ـــ الشَّرابَ: شراب میں تھوڑا پانی ملانا
ـــ بالرُّخامِ: سنگ مرمر لگانا، ماربل لگانا۔ ھو مُعَرِّقٌ بکذا۔
اِعتَرَقَ العَظمَ: ہڈی سے گوشت اتارنا۔
تَعَرَّقَ الشَّجَرُ: اَعرَقَ۔
ـــ العَظمَ: ہڈی سے گوشت اتارنا کہتے ہیں: تَعَرَّقَتهُ السِّنُونُ و تَعَرَّقَتهُ الخُطُوبُ: زمانہ اور مصائب نے اسے دبلا کر دیا۔
ـــ فُلانًا: کسی کے سر کو اپنی بغل میں دبا کر

زمین پر ٹپکنا۔
تَعَرَّقَ بالرُّخامِ: ماربل یا سنگ مرمر لگنا
اِسْتَعْرَقَ: گرمی کی زد میں آنا، خود کو گرمی میں ڈال کر پسینہ لانا (۲) پسینہ لانے والی دوا پینا۔
— الشَّجَرُ: درخت کا جڑ پکڑنا۔
العِرَاقُ: (من البحر والنّهر) سمندر یا دریا کا ساحل (طولاً) (۲) ملک عراق
—: (من الدار) صحن۔
— من الاُذُنِ: کانوں کا گھیرا۔
— من الظُّفُرِ: ناخن کے ارد گرد کا حصہ۔
— من الرِّیشِ: پروں کا اندرونی حصہ، جوف۔
— من الحَشَا: ناف کے اوپر پیٹ کی چوڑائی میں پھیلی ہوئی آنت ج: اَعْرِقَةٌ وعُرُقٌ۔
العِراقانِ: کوفہ وبصرہ۔
العُرَاقُ: وہ ہڈی جس کا گوشت اتار لیا گیا ہو (۲) صاف پانی۔
عُرَاقُ الغَیْثِ: بارش کے بعد پودوں سے نکلنے والا پانی۔
العَرَاقَةُ: اصالت، خاندانی اصلیت خاندانی شرافت وعظمت۔
العُرَاقَةُ: صاف پانی (۲) زوردار بارش، موسلادھار بارش۔ ج: عُرَاق۔
العَرْقُ: وہ ہڈی جس کا اکثر گوشت اتار لیا گیا ہو اور تھوڑا عمدہ باریک گوشت لگا رہ گیا ہو ج: عِراق۔
العِرْقُ: جڑ، اصل، ہر شے کی اصل (۲) رگ جس سے بدن میں خون دوڑتا ہے (۳) شور و بنجر زمین (۴) شہتیر جس پر چھت اٹھائی جائے (۵) تھوڑی چیز۔ عِرْقٌ من ماءٍ: تھوڑا پانی۔ عِرْقٌ من حُمُوضَةٍ ہلکی سی ترشی۔ عِرْقٌ من مُلُوحَةٍ: معمولی سی نمکینی (۶) چھوٹا پہاڑ (۷) دشوار گذار پہاڑ (۸) دودھ (۹) کثیر اولاد (۱۰) ریت کی باریک اور لمبی دھاری۔ ج: عُرُوق و اَعْرَاق و عِرَاقٌ کہاوت ہے: تَدَارَكَهُ اَعْرَاقُ صِدْقٍ او سَوْءٍ: سچائی یا برائی اسے ورثہ میں ملتی چلی آرہی ہے
عِرْقُ السُّوسِ: ایک پودے کا نام جسے بطور دوا بھی استعمال کیا جاتا ہے اور اس کی جڑوں کو پیس کر مشروب بھی بنایا جاتا ہے۔ ملہٹی۔
عِرْقُ الحُمْرَةِ: ایک قسم کی بوٹی۔
عِرْقُ الذَّهَبِ: لمبی مرچ۔
عِرْقٌ مُسْهِلٌ: ایک دست آور بوٹی
عِرْقُ النَّسَاءِ: ران سے شروع ہونے والا جوڑوں کا درد۔
العَرَقُ: پسینہ (جلد کے مسامات سے خارج ہونے والا پانی) (۲) ایک نشہ آور مشروب جو مصر و عراق میں کھجور سے اور شام میں انگور سے بنایا جاتا ہے (۳) دواؤں سے کشید کیا ہوا پانی۔ عرق (۴) اینٹوں یا پکی اینٹوں یا پتھروں کی چنی ہوئی ایک لائن۔ ردّا۔ کہتے ہیں: بَنَی البانی عَرَقًا او عرقین: معمار نے ایک ردّا یا دو ردّے چنے (۵) گھوڑوں یا پرندوں یا صف بندی کرنے والوں کی قطار (۶) مزدور یا کارکن کی اجرت یا تنخواہ (۷) ایک دفعہ کی دوڑ، چکر۔ کہتے ہیں: جَرَی الفَرَسُ عَرَقًا او عَرَقَیْنِ: گھوڑے نے ایک یا دو راؤنڈ لئے، چکر لگائے۔
عَرَقُ الخِلالِ: محبت کا سبب بننے والی چیز جیسے ہدیہ وغیرہ۔
عَرَقُ الحائِطِ والاَرْضِ: تری۔
تَجَشَّمْتُ لَهُ عَرَقَ القِرْبَةِ: میں نے اس کی وجہ سے بڑی مصیبت ومشقت اٹھائی۔
العَرْقَاةُ: اصل، نسب (۲) درخت کی وہ جڑ جو زمین کی گہرائی میں پھیلے۔
العِرْقَةُ: العَرْقَاة ج: عِرَقٌ۔
العَرَقَةُ: دیوار میں کچی یا پکی اینٹوں یا پتھروں کی لائن (ردّا) (۲) دو دیواروں کے درمیان رکھی ہوئی لکڑی (۳) چمڑے کا تسمہ جس سے قیدی کو باندھا جائے ج: عَرَقٌ۔
العُرَقَةُ: بہت پسینہ والا۔ رَجُلٌ عُرَقَةٌ: ہر وقت پسینہ میں شرابور رہنے والا۔
العُرْقَةُ: پہاڑی راستہ۔
العَرْقُوَةُ: ریت کا ٹیلہ (۲) ڈول اٹھانے کی رسّی۔
العَرْقُوتان: ڈول کے منہ پر لگی ہوئی دو لکڑیاں جو صلیب کی شکل میں ہوتی ہیں۔
العَرَقِیَّةُ: عمامہ کے نیچے کا (عرق چوس) یا ٹوپی (۲) گھوڑے وغیرہ کی زین کے نیچے کا نمدہ۔
العَرِیقُ: شریف النسل آدمی یا اعلیٰ نسل گھوڑا۔ غلامٌ عریقٌ: دبلا پتلا چست لڑکا (۲) کمینہ اولاد (۳) راسخ، جس کی جڑ مضبوط ہو (۴) پرانا، قدیم۔
عَرِیقُ النَّسَبِ: عالی نسل۔
المُعَرَّقُ: کم گوشت والا، دبلا (۲) ماربل

ڈالا ہوا فرش وغیرہ ۔
الْمِعْرَقُ: عرق چوس کپڑا، بنیان وغیرہ جو پسینہ جذب کرنے کے لئے پہنا جائے (۲) ہڈی سے گوشت اتارنے کی چھری وغیرہ ج: مَعَارِق ۔
• عَرْقَبَ الدَّابَّةَ: جانور کی کونچیں کاٹنا (۲) کھڑا کرنے کے لئے کونچیں اٹھانا ۔
ـــ الرَّجُلُ: آدمی کا حیلہ کرنا ۔
تَعَرْقَبَ: وعدہ خلافی میں مشہور وعدہ خلاف عُرقوب نامی شخص کے مشابہ ہونا۔ کہتے ہیں: مَوَاعِيدُهُ مَوَاعِيدُ عُرْقُوبٍ: اس کے وعدے ایسے ہی جھوٹے ہیں جیسے عُرقوب کے وعدے ہوتے تھے۔ (۲) پہاڑ کے تنگ راستوں پر چلنا ۔
ـــ لِخَصْمِهِ: اپنے مقابل کو دھوکہ میں رکھنا، ایسا طریقہ اختیار کرنا جس کا اسے علم نہ ہو سکے ۔
ـــ عن الأَمْرِ: اعراض کرنا، روگردانی کرنا ۔
ـــ المَطِيَّةَ: پیچھے سے سوار ہونا ۔
العُرْقُوبُ: انسان کی ایڑی کے اوپر کا پٹھا (۲) جانور کی پچھلی ٹانگ کا گھٹنا، کونچ، ہر چوپائے کی پچھلی ٹانگوں کے گھٹنوں کو عُرقوبان اور اگلی ٹانگوں کے دونوں گھٹنوں کو رُکبتان کہتے ہیں (۳) وادی کا موڑ، گھاؤ (۴) تنگ پہاڑی راستہ ج: عَرَاقِيبُ ۔ عَرَاقِيبُ الأُمُورِ: معاملات میں رکاوٹیں اور دشواریاں
• عَرْقَصَ الغلامُ: لڑکے کا ناچنا ۔
ـــ الحَيَّةُ: سانپ کا رینگنا ۔
• عَرْقَلَ عليه كلامَهُ: کسی سے گھما پھرا کر بات کرنا، بات کو الجھانا ۔

عَرْقَلَ على فُلَانٍ: اپنی بات یا فعل کو کسی کے سامنے الجھا کر پیش کرنا
ـــ الأَمْرَ: دشوار بنانا، کام میں روڑے اٹکانا، رکاوٹیں پیدا کرنا ۔
ـــ الحَرَكَةَ: آمد و رفت میں رکاوٹ ڈالنا، دشوار بنانا ۔
ـــ المَسَاعِيَ: کوششوں میں رخنہ ڈالنا ۔
ـــ المَسِيرَةَ: راہ میں رکاوٹ ڈالنا ۔
تَعَرْقَلَ الأَمْرُ: کام میں رکاوٹ پڑنا، دشوار ہونا، پیچیدہ ہونا ۔
العَرَاقِيلُ: رکاوٹیں، دشواریاں، رخنہ اندازیاں، اڑنگے ۔ واحد: عَرْقَلَة ۔ إِقَامَةُ العَرَاقِيلِ: رکاوٹیں کھڑی کرنا ۔
العِرْقَالُ: گمراہ، کج رو ۔
العِرْقِيلُ: انڈے کی زردی ۔
العَرْقَلَى: نازو انداز کی چال ۔
• عَرَكَ الجِلْدَ و نحوَهُ ـُـ عَرْكًا: رگڑنا ۔
ـــ الشيءَ: ملنا، مَل کر مٹا دینا، مانجھنا
ـــهم في الحَرْبِ: جنگ میں حملہ کرنا
ـــ فلانًا الدَّهْرُ: زمانہ کا تجربہ کار بنانا، مانجھ دینا ۔
ـــه الحَرْبُ: جنگ کا پیس ڈالنا ۔
ـــ الماشِيَةُ الأَرْضَ: زمین کو چارے سے خالی کر دینا
ـــ بجنبه ذَنْبَ فُلَانٍ: کسی کے جرم کو برداشت کر لینا ۔
ـــ الأذى بجنبه: تکلیف اٹھانا
عركت المرأة: حائضہ ہونا ۔
عَرِكَ فُلَانٌ ـَـ عَرَكًا: جنگ میں زبردست حملہ آور ہونا۔ هو عَرِكٌ ۔
عَارَكَهُ مُعَارَكَةً و عِرَاكًا: لڑنا، جنگ کرنا، مزاحمت کرنا ۔

اعْتَرَكُوا: بھیڑ کرنا، مڈبھیڑ ہونا، باہم ٹکرانا، لڑنا، برسرپیکار ہونا ۔
اعْتَرَكَت الإبلُ على الماءِ: پانی پر اونٹوں کا اژدحام ہونا ۔
تَعَارَكُوا في القِتَالِ و الخِصَامِ: جنگ میں باہم گتھم گتھا ہونا ۔
العِرَاكُ: پانی پر اونٹوں کا ہجوم ۔ کہتے ہیں: أَوْرَدَ إِبِلَهُ العِرَاكَ: وہ اپنے اونٹوں کو اکٹھا کرکے پانی پر لایا (۲) لڑائی، جنگ، رسّاکشی ۔
العَرْكُ: جانچ، آزمائش ۔
العَرْكُ: شور، آواز ۔
العَرِكُ: جنگ جو، پہلوان، بہادر ۔
العَرْكَةُ: ایک دفعہ۔ لَقِيتُهُ عَرْكَةً بَعْدَ عَرْكَةٍ: میں نے اس سے بار بار ملاقات کی (۲) لڑائی کا ایک دور (۳) ایک رگڑ، ایک ضرب ۔
العُرَكَةُ: تکلیف برداشت کرنیوالا ۔
العَرَكِيُّ: مچھلی کا شکاری، مچھیرا ج: عَرَكٌ
العَرُوكُ: چھوٹے کوہان والے اونٹ
العَرِيكُ: باہم گتھا ہوا ریت ۔
العَرِيكَةُ: کوہان (۲) کوہان کا بقیہ (۳) طبعیت، مزاج، نفس، جی، عادت لَيِّنُ العَرِيكَةِ: نرم مزاج، فرمانبردار، نرم خو۔ شَدِيدُ العَرِيكَةِ: سخت مزاج ج: عَرَائِكُ
المُعْتَرَكُ: میدانِ کارزار (۲) اکھاڑا ۔
مُعْتَرَكُ المنايا من السِّنِين: ساٹھ سے ستر سال تک کی عمر ۔
المَعْرَكُ: میدان جنگ، اکھاڑا ج: مَعَارِكُ ۔
المَعْرَكَةُ: لڑائی کا میدان (۲) لڑائی، دنگا، فساد (۳) مہم (۴) گرما گرمی
المَعْرَكَةُ الانتخابِيَّةُ: الیکشنی مہم انتخابی مہم ۔

المَعْرَكَةُ الشَّرِسَةُ: گھمسان کی لڑائی۔
مَعْرَكَةٌ طَاحِنَةٌ بھی کہتے ہیں۔
المَعْرَكَةُ الطَّائِفِيَّةُ: فرقہ وارانہ فساد
ج: مَعَارِك۔
المَعْرُوكُ: بھیڑ والی جگہ (۲) وہ جگہ جس کا چارہ جانوروں نے کھا کر صاف کر دیا ہو۔ الرَّمْلُ المَعْرُوكُ: ایک دوسرے میں گھسا ہوا (تہ بہ تہ) ریت۔
• عَرْكَسَ الشَّيْءُ: تہ بہ تہ ہونا۔
ــــ الشَّيْءَ: تہ بہ تہ کرنا۔
اِعْرَنْكَسَ: تہ بہ تہ ہونا، جمع ہونا۔
ــــ الشَّعْرُ: بالوں کا سخت کالا ہونا۔
• عَرَمَ فُلَانٌ ـُ عَرْمًا: سخت متشدد ہونا (۲) بد باطن ہونا (۳) شریر ہونا
ــــ فُلَانًا: بدمزاجی سے تکلیف پہنچانا۔
ــــ الصَّبِيُّ أُمَّهُ: بچہ کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔
ــــ الكِتَابَ: جلد باندھنا۔
عَرِمَ الشَّيْءُ ـَ عَرَمًا وعُرْمَةً: ملے جلے سفید وسیاہ رنگ کا ہونا۔
هو أَعْرَمُ و هي عَرْمَاءُ ج: عُرْمٌ
عَرُمَ فُلَانٌ ـُ عَرَامَةً وعُرَامًا: سخت مزاج ہونا، بدخلق ہونا۔
عَارَمَهُ: لڑنا جھگڑا کرنا۔
عَرَّمَ الشَّيْءَ: خلط ملط کرنا۔
اِعْتَرَمَ: عَرَمَ۔ اِعْتَرَمَتِ الفِتْنَةُ: فساد بڑھنا۔
تَعَرَّمَ: عَرِمَ۔ تَعَرَّمَ العَظْمُ: ہڈی کا گوشت سے خالی ہو جانا۔
الأَعْرَمُ: رنگ برنگی، متلون مزاج (۲) بھیڑ و بکری کا ریوڑ (۳) غیر مختون ج: عُرْمَان۔
العَارِمُ: يَوْمٌ عَارِمٌ: انتہائی ٹھنڈا دن۔ أَمْرٌ عَارِمٌ: سخت معاملہ
خُلُقٌ عَارِمٌ: بری عادت، بدخوئی (۲) بدخو آدمی ج: عَوَارِمُ
العُرَامُ: درخت کی چھال (۲) ہانڈی اور دیگچی کا میل (۳) فوج کی کثرت اور سختی (۴) بدخلقی۔
العَرِمُ: زبردست اور ناقابل برداشت سیلاب۔ قرآن پاک میں ہے: فَأَعْرَضُوا فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ العَرِمِ (۲) شریر، سخت (۳) جنگلی چوہے (جو سیل عرم کا سبب بنے)۔
العَرَمُ: چکناہٹ۔
العَرَمُ: ایسی سیاہی کا ہونا جس میں سفیدی ملی ہو
العَرْمَاءُ: الأعرم کا مونث (۲) چتی دار سانپ
العَرَمُ: دیگچی کا میل (۲) گوشت (۳) کاٹے ہوئے گیہوں کا کھلیان جسے اڑا کر دانہ الگ نہ کیا گیا ہو۔
العُرْمَةُ: کھلیان، کاٹے ہوئے گیہوں کا ڈھیر جس کا بھس الگ نہ ہوا ہو۔ ج: عُرَمٌ۔
العَرَمَةُ: العُرْمَةُ ج: عَرَمٌ (۲) کھانے کی بو۔
العَرِمَةُ: وادی کا بند، پشتہ جو اس کی چوڑائی میں بنایا گیا ہو۔ (۲) سخت بارش ج: عَرِمٌ۔
العَرِيمُ: مصیبت (۲) زمین جوتنے والا ج: عُرْمَانٌ۔
• العَرَمْرَمُ: زبردست، کثیر۔ جَيْشٌ عَرَمْرَمٌ: بھاری لشکر
• عَرْمَسَ الجِسْمُ: سخت ہونا۔
العِرْمِسُ: چٹان (۲) مضبوط اونٹنی۔
• العَرْمُوشُ: خوشہ جس کے انگور توڑ لئے گئے ہوں۔
• عَرْمَضَ المَاءُ: پانی کا کائی سے ڈھک جانا۔
العِرْمِضُ: کائی۔
• عَرَنَتِ الدَّارُ ـُ عِرَانًا: گھر کا دور ہونا۔
عَرَنَ السِّهَامَ ـُ عَرْنًا: ترتیب سے رکھنا۔
ــــ عَلَى الشَّيْءِ: عادی ہونا۔
عَرِنَ البَعِيرُ ـَ عَرَنًا: اونٹ کا پاؤں کی بیماری میں مبتلا ہونا۔
أَعْرَنَ فُلَانٌ: ہمیشہ پکا ہوا گوشت کھانا۔
عَارَنَ فُلَانًا مُعَارَنَةً وعِرَانًا: کسی سے جنگ کرنا، لڑنا۔
العَارِنُ: شیر۔
العِرَانُ: دور واقع مکان (۲) نوکدار کیل (۳) اونٹ کی گردن میں ڈالی جانے والی لکڑی۔
العَرَنُ: گوشت، پکا ہوا گوشت (۲) چوپائے کے پاؤں کی ایک بیماری جس سے بال گر جاتے ہیں (۳) جانور کے سم کے کنارہ کی ہڈی کا سخت ورم۔
العَرِينُ: شیر کا مسکن، کچھار (۲) بجو، بھیڑیے اور اژدھا کا مسکن (۳) درندوں کے رہنے کی جگہ (۴) درختوں کا جھنڈ (۵) گھر کا صحن (۶) شہر کا میدان ج: عُرُنٌ (۷) عزت وشوکت
العِرْنِينُ: ہر چیز کا ابتدائی حصہ (۲) ناک کا ابھرا ہوا سخت حصہ (۳) ناک ج: عَرَانِين۔ شُمُّ العَرَانِينِ: خوددار و باعزت لوگ، اونچی ناک والے
عَرَانِينُ القَوْمِ: سرداران قوم۔
• العِرْنَاسُ: پہاڑ کا نکلا ہوا حصہ (۲) لوہے یا لکڑی کی سلاخ جس پر کاتنے کے لئے روئی کا گالا لپیٹا جاتا ہے یا تکلا جس سے سوت کاتا جاتا ہے ج: عَرَانِيس۔

عَرَانِيسُ الذُّرَةِ: مکی یا جوار کا بھٹا۔ بھٹے کی لائنیں جس میں دانے ترتیب سے لگے ہوتے ہیں۔

عَرَاهُ الدَّاءُ ـُ عَرْوًا: بیماری لاحق ہونا، اچانک کوئی تکلیف ہوجانا

ــــ الأمرُ: بات پیش آنا، سامنے آنا، طاری ہونا، لاحق ہونا۔

ــــ فُلانٌ فُلانًا: کسی سے بھلائی چاہنا۔

عُرِيَ فُلانٌ: کسی کو بخار کی سردی لگنا (ابتداء)، بخار کی سردی سے کانپنا۔

ــــ هواهُ الی كذا: کسی کا مشتاق ہونا

ــــ إلى الشئ: کسی شے کو بیچنے کے بعد اس کی تکلیف محسوس کرنا۔

اَعْرَى القَمِيصَ او الكوزَ ونحوَهما: کرتے وغیرہ میں کاج بنانا۔

ــــ صَدِيقَه: مدد نہ کرنا۔

عَرَّى القَمِيصَ ونَحوَهُ: کاج بنانا

ــــ الشئَ: یونہی چھوڑنا، نظرانداز کرنا

اِعْتَرَاهُ الشئُ: پیش آنا، طاری ہونا، لاحق ہونا۔

العِرْوُ: گوشہ، کونہ ج: اَعْرَاءٌ۔ هو عِرْوٌ من هذا الامر: وہ اس بات سے لاپرواہ ہے۔ عِرْوٌ منه: اس سے خالی ہے۔

العُرَوَاءُ: پہلی دفعہ لگنے والی بخار کی سردی، کپکپی (۲) سخت سردی یا غروب آفتاب کے وقت کی ٹھنڈ۔

العُرْوَةُ: کپڑے وغیرہ میں بنایا ہوا کاج (۲) لوٹے اور جگ وغیرہ کا دستہ، قبضہ (۳) رسی کا پھندا (۴) کڑا، حلقہ (۵) قابل اعتماد چیز (۶) ذریعۂ اتحاد (۷) وہ درخت سردی میں جس کے پتے نہ گرتے ہوں (۸) عمدہ مال (۹) ہار کے کڑے (حلقے) (۱۰) شہر کے نواحی حصے، گردوپیش (۱۱) لوگوں کی جماعت (۱۲) شیر (۱۳) جھاڑی ج: عُرًى۔

العُرْوَةُ الوُثْقٰى: مضبوط حلقہ، مجازًا مضبوط ذریعۂ اتحاد، اتحاد کی رسی قرآن پاک میں ہے: "فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الوُثْقٰى"۔

العُرَى: فوجی کمانڈر (جمع) (۲) علم الزراعۃ میں ایسی ترکاریوں کے بونے کے اوقات جو سال میں کئی بار بوئی جاتی ہیں۔ جیسے آلو سال میں دو مرتبہ لگایا جاتا ہے۔

العَرِيُّ: ٹھنڈی ہوا۔ اللَّيلَةُ العَرِيَّةُ: ٹھنڈی رات۔

العَرِيَّةُ: العَرِيُّ۔

عَرِيَ من ثِيابِه ـَ عُرْيًا وعُرْيَةً: برہنہ ہونا، ننگا ہونا هو عارٍ وعُرْيانٌ۔

ــــ من العَيْبِ: بے عیب ہونا، عیب وغیرہ سے پاک وصاف ہونا

ــــ بَدَنُهُ مِنَ اللَّحْمِ: دبلا ہونا۔

ــــ الفَرَسُ: گھوڑے کا بے زین ہونا

اَعْرَى فُلانٌ: کھلے میدان میں چلنا۔

ــــ فُلانٌ صَدِيقَه: دوست سے کنارہ کش ہونا، مدد نہ کرنا۔

ــــ فُلانا ثَوْبَه و من ثَوبِه: برہنہ کرنا، کپڑے اتروانا۔

عَارَى القَومُ: بغیر زین کے گھوڑوں پر سوار ہونا، ننگی پیٹھ سواری کرنا۔

عَرَّى فُلانا ثوبَه ومن ثوبِه: کپڑے اتروانا، ننگا کرنا۔

ــــ فُلانا من الامرِ: چھٹکارا دلانا

ــــ من السِّلاحِ: نہتا کرنا۔

تَعَرَّى من ثِيابِه: ننگا ہونا، کپڑے اتارنا۔

ــــ من شئٍ: چھٹکارا پانا، الگ ہونا۔

اِعْرَوْرَى الفَرَسُ: گھوڑے کا زین سے خالی ہونا، ننگی پیٹھ ہونا۔

اِعْرَوْرَى الرَّجُلُ: تنہا سفر کرنا۔

ــــ الفَرَسَ: ننگی پیٹھ پر سوار ہونا۔

فُلان يَعْرَوْرِى ظُهُورَ المَهَالِكِ: خطرات مول لینا، مصائب سے دوچار ہونا۔

ــــ اَمْرًا قَبِيحًا: برا کام کرنا۔

التَّعْرِيَةُ: فطری عوامل جیسے حرارت، پانی، ہوا اور آندھی کا زمین کی پرت پر موجود چٹانوں پر اثر اندازی۔

العاري: برہنہ (ننگا)، نہتا، خالی۔ عَارِي الأقدام: برہنہ پا۔ عَارِي الرأس: برہنہ سر۔ العاري من العيب: صحیح وسالم ج: عُرَاةٌ۔

العَارِيَةُ: ادھار، قرض (۲) عارضی طور پر لی ہوئی چیز (۳) مصنوعی چیز۔

العَرَى: آڑ، چھپانے والی چیز جیسے دیوار وغیرہ (۲) گوشہ، کنارہ (۳) گھر کے سامنے کا میدان۔ نَزَلَ بِعَرَى فُلانٍ: وہ فلاں کے مکان میں ٹھہرا۔

العُرْيُ: فَرَسٌ عُرْيٌ: بے زین گھوڑا۔ عُرْيَانٌ صرف انسان کیلئے۔ اسی طرح رَجُلٌ عُرْيٌ بھی نہیں کہا جائے گا۔ ج: اَعْرَاء۔

العُرْيَةُ: برہنگی۔

العَرَاءُ: کھلی جگہ جہاں کوئی آڑ نہ ہو، خلا ج: اَعْرَاءٌ۔

العَرَاةُ: میدان، مکان کا صحن (۲) سردی کی شدت۔

العُرْيَانُ: ننگا (۲) عُرْيَانُ النَّجِيِّ: کچے پیٹ کا جو اپنے بھید کو نہ چھپا سکے۔

العَرِيُّ: ٹھنڈی ہوا۔

العَرِيَّةُ: ٹھنڈی ہوا (۲) کھجور کا درخت جس کا پھل مالک نے دوسرے کو

کھانے کے لئے دیدیا ہو۔ نَخْلُهُم عَرَایَا: ان کے کھجوروں کے درخت ہبہ شدہ ہیں۔
المَعَارِي: مَعْرًى کی جمع۔ بدن کے کھلے رہنے والے حصے جیسے چہرہ ہاتھ اور پیر (۲) بچھانے کے فرش فروش (۳) وہ جگہیں جہاں رسیدگی نہ ہو۔
المُعَرَّى: برہنہ (۲) بے غلاف (۳) کھلا ہوا (۴) كِتَابٌ مُعَرًّى: بے حاشیہ کتاب۔ مُصْحَفٌ مُعَرًّى: بغیر ترجم قرآن پاک۔

ع ــــــ ز

• عَزَبَ الشَّيْءُ ـُ عُزُوبًا: دور ہونا مخفی ہونا، پوشیدہ ہونا۔
ـــ فُلَانٌ عُزْبَةً و عُزُوبَةً: غیر شادی شدہ ہونا کنوارا ہونا۔ هو عازب ج: عُزَّابٌ۔
ـــ المَرْأَةُ الرَّجُلَ عَزْبًا: عورت کا مرد کے کاموں کا انجام دینا۔
أَعْزَبَ: دور ہونا۔
ـــ الشَّيْءَ: دور کرنا۔
ـــ المرأةُ الرَّجُلَ: عورت کا مرد کے کاموں کو انجام دینا۔
تَعَزَّبَ فُلَانٌ: کنوارا رہنا۔ تَعَزَّبَ زَمَانًا ثُمَّ تَأَهَّلَ: وہ ایک عرصہ تک کنوارا رہا پھر اس نے شادی کرلی عورت کے لئے بھی یہی استعمال ہے
الأَعْزَبُ: کنوارا (مجرد، بے شادی شدہ) یہ استعمال قلیل ہے۔ زیادہ بہتر اس کے بجائے عَزَبٌ ہے (۲) اہل وعیال سے دور۔
العازِبُ: دور (۲) غیر شادی شدہ (۳) جس کی بیوی نہ ہو۔

العَازِبَةُ: اپنے شوہر کے کام انجام دینے والی۔
العَزَبُ: کنوارا مرد یا عورت۔ امْرَأَةٌ عَزَبَةٌ: کنواری عورت۔ ج: أَعْزَابٌ۔
العِزْبَةُ: وہ کھیت جس میں بادشاہ کا محل یا مکان ہو اور اس کے ارد گرد کاشت کاروں کے مکانات ہوں۔
العَزِيبُ: دور (۲) غیر شادی شدہ (۳) رنڈوا ج: أَعْزَابٌ
المِعْزَابُ: جانوروں کو دور لے جاکر چرانے والا۔
المِعْزَابَةُ: اتنے لمبے عرصہ تک کنوارا رہنے والا کہ شادی کی ضرورت باقی نہ رہے، شادی کے بغیر زندگی گزارنے والا۔
المِعْزَبَةُ: لونڈی (۲) بیوی۔
• عَزَجَ الرَّجُلَ ـِ عزجًا: دھکا دینا۔
ـــ الأَرْضَ: بیلچے سے زمین کو الٹ پلٹ کرنا۔
• عَزَرَ فُلَانًا ـِ عَزْرًا: ملامت کرنا (۲) مدد کرنا۔
ـــ عن الشَّيْءِ: روکنا، ہٹانا، واپس کرنا۔
ـــ فلانا على فرائض الدِّيْنِ: دین کے فرائض سے واقف کرانا، باخبر کرنا (۲) حدِ شرعی سے کم کی سزا دینا۔
عَزَّرَهُ: روکنا، لوٹانا (۲) قاضی (منصف اور جج) کا حدِ شرعی سے کم کی سزا دینا (۳) تعظیم و تکریم کرنا (۴) مدد دینا، پشت پناہی کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "لِتُؤْمِنُوا

بِاللهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ"
عَزَّرَهُ على فرائض الدِّين و أَحْكَامِه: دین کے فرائض واحکام سے واقف کرانا۔
التَّعْزِيْرُ: (شرعًا) حد سے کم سزا، گوشمالی فہمائش۔ جیسے گالی دینے والے کی سزا (جبکہ اس نے تہمت نہ لگائی ہو ورنہ حدِّ قذف جاری ہوگی)۔
(۲) سزا ج: تَعْزِيْرَات۔
العَزْوَرُ: بداخلاق۔
العَزْوَرَةُ: ٹیلہ (۲) مؤنث عزور۔
العَزَائِرُ: لکڑیاں بقایا سوختہ (جمع ہے اس کا واحد نہیں)۔
العَزِيْرُ و العَزَائِرُ: کٹی ہوئی گھاس کی قیمت۔
• عِزْرَائِيْلُ: ملک الموت، ایک فرشتہ کا نام۔
• عَزَّ فُلَانٌ ـِ عِزًّا و عِزَّةً و عَزَازَةً: طاقتور ہونا (۲) صاحبِ عزت ہونا۔
ـــ فُلَانٌ على فُلَانٍ: کسی سے برتر ہونا۔
ـــ الشَّيْءُ: کم یاب ہونا۔
ـــ الأَمْرُ عَلَيْهِ: شاق اور مشکل ہونا گراں گزرنا۔ عَزَّ عَلَيَّ ان تفعل كذا: مجھے تمہارا یہ فعل شاق گزرا (۲) محبوب و پسندیدہ ہونا۔ هو عَزِيْزٌ ج: أَعِزَّة و أَعِزَّاء و عِزَازٌ۔
ـــ المَاءُ: بہنا۔
ـــ فُلَانًا ـُ عَزًّا: کسی پر غلبہ پانا زیر کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَقَالَ أَكْفِلْنِيْهَا وَعَزَّنِيْ فِي الْخِطَابِ"

أَعَزَّہُ: مضبوط و طاقتور بنانا (۲) محبت کرنا، اعزاز و اکرام کرنا۔ کہتے ہیں: أُعْزِزْتُ بِما أَصَابَكَ: مجھے تمہاری تکلیف سے صدمہ ہوا۔ أَعْزِزْ عَلَيَّ بِذٰلِكَ: وہ مجھ پر بڑا ہی شاق ہے۔ حضرت علیؓ نے جب حضرت طلحہؓ کو قتل کیا ہوا پایا تو فرمایا: أَعْزِزْ عَلَيَّ أَبَا مُحَمَّدٍ أَنْ أَرَاكَ مُجَدَّلًا تَحْتَ نُجُومِ السَّمَاءِ: ابو محمد میرے لئے یہ بات انتہائی شاق ہے کہ میں تم کو ستاروں کے نیچے پچھڑا ہوا دیکھوں
عَازَّہُ: عزت میں کسی سے مقابلہ کرنا، آگے بڑھنا (۲) غالب ہونا۔
عَزَّزَہُ: مضبوط و طاقتور بنانا، تقویت پہنچانا۔ قرآن پاک میں ہے: "إِذْ أَرْسَلْنَا إِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ" مستحکم کرنا (۲) بڑھانا، ترقی دینا (۳) رتبہ بلند کرنا، (۴) کنفرم کرنا، تکمیل کرنا۔
— الماءُ الأرضَ: پانی کا مٹی کو جما کر پکا کر دینا جس سے پیر نہ دھنسیں۔
اِعْتَزَّ بِہٖ: عزت حاصل کرنا، فخر کرنا، سربلند ہونا (۲) قوت حاصل کرنا، خود کو کسی کی وجہ سے طاقتور سمجھنا۔
تَعَزَّزَ فُلَانٌ: مضبوط و طاقتور ہونا۔
— لَحْمُہُ: گوشت کا ٹھوس ہونا، سخت ہونا۔
— بِہٖ: عزت حاصل کرنا، فخر کرنا (۲) تقویت و مدد حاصل کرنا۔
اِسْتَعَزَّ الرَّمْلُ: ریت کا جم جانا۔
— بِحَقِّ فُلَانٍ: کسی کا حق مار لینا۔
— عَلَيْہِ: غالب ہونا۔
— عَلَيْہِ المَرَضُ: بیماری کا سخت حملہ ہونا، بیماری بڑھ جانا۔
— اللّٰہُ بِفُلَانٍ: موت دینا۔

اِسْتُعِزَّ بِالعَلِيلِ: بیمار کا مرض بڑھ جانا
الأَعَزُّ: عزیز ترین، پیارا، محبوب ترین هِيَ عُزّٰی۔
التَّعْزِيزُ: کمک، مدد، تقویت۔
العَزَازُ: سخت زمین جس پر پانی نہ ٹھہرتا ہو
العَزَّاءُ: بڑی بوندوں والی بارش (۲) سختی، سخت سال۔
العُزّٰی: عرب کے قبیلہ بنو کنانہ اور قریش کے بت کا نام (۲) بنو غطفان کا ببول کا ایک درخت تھا جس کے پاس وہ ایک گھر بنا کر اس کی عبادت کرنے لگے تھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں حضرت خالد بن ولیدؓ کو بھیجا، انہوں نے اس گھر کو منہدم کر دیا اور درخت کو جلا ڈالا۔
العِزُّ: عزت و آبرو (۲) طاقت، غلبہ (۳) شدت (۴) سخت بارش۔
العَزَّةُ: ہرنی کا بچہ۔
العِزَّةُ: طاقت و غلبہ، بڑائی، غیرت و حمیت۔ قرآن پاک میں ہے: "وَإِذَا قِيلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ أَخَذَتْهُ العِزَّةُ بِالإِثْمِ" جب اس سے کہا جاتا ہے کہ خدا سے ڈر تو اس کی بڑائی اور حمیت اسے گناہ پر آمادہ کر دیتی ہے (۲) کمیابی (۳) سختی (۴) آبرو، دقعت، اعزاز۔
صَاحِبُ العِزَّةِ: بلند رتبہ آدمی کا لقب۔ عالیجناب، عزت مآب۔
العَزِيزُ: اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے ایک، غالب و طاقتور جو کسی سے مغلوب نہ ہو (۲) طاقتور (۳) کمیاب (۴) سخت (۵) معزز (۶) محبوب و پیارا (۷) مصر کے حاکم کا قدیم لقب۔
عَزِيزُ الجَانِبِ: طاقتور، بارسوخ و با اقتدار آدمی۔

عَزِيزُ المَنَالِ: ناقابل گرفت، ناقابلِ حصول۔
عَزِيزُ النَّفْسِ: خوددار (۲) بلند حیثیت (۳) عالی ظرف۔
المُعْتَزُّ بِكَذَا: سربلند (۲) کسی چیز پر نازاں۔
المُعِزُّ: اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ایک۔ اپنی مرضی سے عزت عطا کرنے والا۔
المِعْزَازُ: سخت بیماری میں مبتلا۔
المَعْزُوزَة: وہ زمین جس پر سخت بارش ہوئی (۲) سختی۔
• عَزَطَ المَرْأَةَ ـُ عَزْطًا: جماع کرنا۔
• عَزَفَتْ نَفْسُہُ عَنِ الشَّيْءِ ـِ عُزُوفًا: دل پھرنا، بے رغبت ہونا، کنارہ کش ہونا۔ هُوَ وَهِيَ عَزُوفٌ۔ هُوَ عَزُوفٌ عَنِ اللَّهْوِ: اسے کھیل و تفریح سے دلچسپی نہیں۔
— فُلَانٌ عَزْفًا وَعَزِيفًا: باجے گاجے سے شوق رکھنا، گنگنانا، گانا۔
— الشَّيْءُ: کسی چیز سے آواز نکلنا جیسے عَزَفَتِ الرِّيحُ وَعَزَفَتِ القَوْسُ۔ هُوَ عَازِفٌ وَعَزَّافٌ۔
— السَّلَامَ الوَطَنِيَّ: قومی ترانہ کی دھن بجانا۔
— المُوسِيقَى: موسیقی کا دھن بجانا، باجا بجانا۔
— عَلَى آلَةِ الطَّرَبِ: باجا بجانا۔ (سارنگی وغیرہ)۔
أَعْزَفَ: ہوا سے ریت اڑنے کی آواز سننا، ہوا کی سرسراہٹ سننا۔
عَزَّفَ الشَّيْءُ: آواز نکلنا۔
تَعَازَفُوا: مل کر اشعار پڑھنا، ایک دوسرے کو رجزیہ اشعار سنانا (۲) باہم فخر

کرنا (۳) ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔
الغَازِفُ : باجا بجانے والا، گویّا، موسیقار، گانے بجانے کا ماہر، سارنگیا۔
العَزَّافُ : گویا (جس کا پیشہ گانا بجانا ہو) سحاب عزّاف۔ گرج دار بادل
العَزُوفُ : جو کسی کے ساتھ دوستی برقرار نہ رکھ سکتا ہو (۲) الگ تھلگ رہنے والا
العَزِيفُ : ہوا سے ریت کے اڑنے کی آواز، ہوا کی سرسراہٹ (۲) گرج (۳) گرجدار آواز۔
المِعْزَفُ : باجا، ساز، آلہ موسیقی، سارنگی وغیرہ ج: مَعَازِف۔
المِعْزَفَةُ : المِعْزَف۔
المَعْزُوفَةُ : موسیقی کا ایک قطعہ۔
• عَزَقَ الأرْضَ ـِ عَزْقًا : زمین پھاڑنا کھودنا، کھود کر پانی نکالنا۔
ـــ الحَقْلَ : کھیت کی مٹی کو ہلکا ہلکا کھود کر ہموار کرنا۔
ـــ فُلَانًا ضَرْبًا : کسی کو خوب پیٹنا۔
عَزِقَ خُلُقُهُ ـَ عَزَقًا : بدمزاج و بداخلاق ہونا۔ هو عَزِق و هي عَزِقَة ج: عُزُق۔
ـــ به الشيءُ : چپکنا، لگنا۔
أعْزَقَ فُلَانٌ : بیلچہ یا کدال چلانا۔
المُتَعَزِّق : بداخلاق۔
العَزِيقُ : پست زمین۔
العَزُوق : بہت سخت مزاج، بدخو (۲) بخیل۔
العَزْقَةُ : واشر، نٹ۔
المِعْزَقُ : زمین کھودنے کے اوزار، پھاوڑا بیلچہ، کدال ج: مَعَازِق۔
المِعْزَقَةُ : المِعْزَق
• عَزَلَهُ ـِ عَزْلًا : کسی کام سے الگ کرنا
ـــ عن مَنْصِبه : عہدہ سے ہٹانا۔
ـــ الشيءَ : چھٹائی کرنا، غیر جنس کو نکالنا

جیسے گیہوں سے گونے وغیرہ نکالنا۔
عَزَلَ المَرْضَى عن الأصِحَّاءِ : بیماروں کو تندرستوں سے دور رکھنا
اعْتَزَلَ الشيءَ و عنه : الگ ہونا، کنارہ کش ہونا، دور ہونا۔ قرآن پاک میں ہے "وان لم تؤمنوا لي فاعتزلون"۔
انْعَزَلَ عنه : الگ ہونا، ہٹنا۔
تَعَازَلَ القَوْمُ : ایک دوسرے سے دور ہونا، الگ ہونا۔
تَعَزَّلَ الشيءَ و عنه : اعْتَزَلَ۔
الاعتزال : کنارہ کشی، گوشہ نشینی، علیحدگی (۳) اہل سنت والجماعت کے مسلک سے بعض متکلمین کی مخالفت اور علیحدگی۔
الانعزال : علیحدگی، گوشہ نشینی، یکسوئی کنارہ کشی۔
الانعِزَالِيَة : علیحدگی پسندی۔
الانعِزَالِيُّون : علیحدگی پسند رجحان کے حامل۔
الأعْزَلُ : ریت کا الگ تھلگ ڈھیر (۲) نہتا جس کے پاس ہتھیار نہ ہو (۳) نہ برسنے والا بادل ج: عُزْلٌ و عُزَّلٌ۔
العَازِلُ : فاصل، جدا کرنے والا۔
العَازِلُ الكَهْرَبَائِيُّ : بجلی کے تاروں کے درمیان کرنٹ روکنے والا فاصل
العَزْلُ : برطرفی، علیحدگی (۲) کمزوری۔
العُزْلُ : الأعْزَلُ ج: أعْزَالٌ۔
العَزْلَاءُ : أعْزَل کی تانیث (۲) مشکیزہ وغیرہ سے پانی کے گرنے کی جگہ۔ ج: عَزَالَى و عَزَالِي۔ أرسلت السَّمَاءُ عَزَالِيَهَا : آسمان نے پانی برسایا۔ أرْخَتِ الدنيا عَزَالِيَهَا : دنیا کی نعمتوں کا بکثرت ہونا۔

العُزْلَةُ : گوشہ نشینی، کنارہ کشی۔
المُعْتَزِلَةُ : متکلمین اسلام کا ایک فرقہ جو بعض عقائد میں اہل السنت والجماعت سے اختلاف کرتا تھا، اس فرقہ کا سربراہ واصل ابن عطا تھا جو اپنے ساتھیوں کو لے کر حضرت حسن بصریؒ کے حلقہ سے خارج ہو گیا تھا۔ یہ اہل سنت، شیعہ اور خوارج سب سے الگ ہے۔ واحد: مُعْتَزِلِيٌّ۔
المِعْزَالُ : نہتا جس کے پاس ہتھیار نہ ہوں، خالی ہاتھ (۲) اکیلا چرنے والا جانور یا چرواہا (۳) رفقائے سفر سے الگ ہو کر تنہا قیام کرنے والا (۴) کمزور (۵) احمق ج: مَعَازِيل۔
المَعْزِلُ : علیحدگی کی جگہ، خلوت خانہ (۲) بیماروں کو تندرستوں سے الگ رکھنے کی جگہ بِمَعْزِلٍ عن كذا : جدا، الگ، دور۔
المَعْزُولُ : برطرف، برخاست شدہ (۲) علیحدہ، الگ تھلگ۔
• عَزَمَ فُلَانٌ ـِ عَزْمًا و عَزِيمَةً و عَزِيمًا و عَزْمَةً و مَعْزَمًا : کوشش کرنا (۲) صبر اور برداشت کرنا کہتے ہیں: مَالِي عَنْكَ عَزْمٌ : مجھے تمہاری جدائی برداشت نہیں۔
ـــ الأمْرَ و عليه : کسی کام کا تہیہ کرنا، ٹھان لینا، کوشش کے ساتھ لگ جانا، پختہ ارادہ کرنا۔
ـــ الأمْرُ : ضروری اور لازم ہو جانا۔ قرآن پاک میں ہے: "فاذا عزم الأمر فلو صدقوا الله لكان خيرا لهم"۔
ـــ اللهُ له : اللہ کا کسی کو طاقت اور برداشت عطا کرنا۔
ـــ عَلَى فُلَانٍ : کسی کو قسم دینا (۲) سختی کے ساتھ حکم دینا، تاکید کرنا۔

عَزَمَ الرَّاقِی: عامل (تعویذ گنڈا کرنے والا) کا جھاڑ پھونک کرنا، منتر وغیرہ پڑھنا۔
ــــ فُلَانًا علی امر: اکسانا، تاکید کرانا
عَزَّمَ الرَّاقِی: جھاڑ پھونک کرنے والے کا عمل کرنا، منتر وغیرہ پڑھنا۔
اِعْتَزَمَ لِلْاَمْرِ: کسی کام کے لئے کمربستہ ہونا، برداشت سے کام لینا، جھیلنا۔
ــــ الْاَمْرَ وعَلَیْه: پختہ ارادہ کرنا، تہیہ کرنا۔
ــــ فُلَانٌ الطَّرِیْقَ: بے رکے راستہ طے کرنا، طے کر ڈالنا۔
ــــ الفَرَسُ فی عِنَانِه: سرکشی کرنا۔
العَازِمُ: پختہ ارادے والا، کمربستہ۔
اَمْرٌ عَازِمٌ: وہ کام جس کا تہیہ کر لیا گیا ہو۔
تَعَزَّمَ الْاَمْرَ: عَزَمَه۔
العَزَّامُ: ارادہ کا پکا، ٹھان لینے والا، (۲) انتہائی پختہ ارادہ (۳) شیر۔
العَزْمُ: تہیہ، پختہ ارادہ (۲) ضبط وتحمل
اولو العَزْمِ من الرُّسُلِ: اللہ کے وہ پیغامبر جنہوں نے دعوت الی اللہ کی راہ میں کمال ضبط وتحمل سے کام لیا۔ قرآن پاک میں ہے: فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُو الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ"
العَزْمَةُ: حق واجب۔ کہتے ہیں: هٰذا عَزْمَةٌ من عَزَمَاتِ اللّٰهِ۔ ما له عَزْمَةٌ: اس میں صبر و استقلال نہیں۔
العُزْمَةُ: قبیلہ، خاندان ج: عُزَمٌ۔
العَزْمِیُّ: باوفا، پابند عہد (۲) کشمش کی کھل بیچنے والا۔
العَزِیْمُ: تیز دوڑ (۲) مستقل مزاج آدمی
العَزِیْمَةُ: پختہ ارادہ، تہیہ، حوصلہ، وہ کام جس کا پختہ ارادہ کیا گیا ہو، وہ کام جس کا کیا جانا لازم ہو۔ ضد رخصة (۲) تعویذ، منتر، جھاڑ پھونک ج: عَزَائِمُ۔
عَزَائِمُ اللّٰهِ: اللہ کے مقرر کردہ فرائض اور حقوق واجبہ۔ حدیث میں ہے: "اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ اَنْ تُؤْتَى رُخَصُهُ كَمَا يُحِبُّ اَنْ تُؤْتَى عَزَائِمُهُ" جس طرح اللہ کو فرائض کی ادائگی پسند ہے ایسے ہی یہ بھی پسند ہے کہ اس کی طرف سے دی ہوئی رخصتوں (سہولتوں) پر بھی عمل کیا جائے۔
• عَزَا فُلَانًا الی فُلَانٍ ـُ عَزْوًا وعَزْيًا: منسوب کرنا، نسبت کرنا۔
ــــ الخَبَرَ الی صَاحِبِه: خبر دینے والے کے حوالہ سے خبر دینا۔
ــــ فُلَانٌ الی فُلَانٍ وله: (غلط یا صحیح طور پر) کسی کی طرف منسوب ہونا۔
عَزِیَ ـَ عَزَاءً: صبر کرنا، تسلّی پانا۔ هو عَزٍ وعَزِیٌّ۔
عَزَّاهُ: صبر دلانا، تسلّی دینا، ڈھارس بندھانا، غم بھلانا، تعزیت کرنا۔
اِعْتَزَی الی فُلَانٍ: منسوب ہونا (صحیح یا غلط) متعلق ہونا۔
تَعَازَی القَوْمُ: ایک دوسرے کو تسلی دینا۔
تَعَزَّی فُلَانٌ تَعَزِّیًا: صبر سے کام لینا، تسلّی پانا، غم بھولنا، صبر آجانا
ــــ الی فُلَانٍ: منسوب ہونا۔
ــــ العَرَبِیُّ: کسی عرب کا اپنے قبیلہ کو مدد کے لئے پکارنا۔
الاِعْتِزَاءُ: انتساب (۲) جنگ میں کوئی خاص علامت۔
التَّعْزِیَةُ: دلاسا، تسلی ج: تَعَازِی۔
خِطَابُ التَّعْزِیَةِ: تعزیت نامہ۔
العَزَاءُ: صبر، تسلّی، تعزیت۔
العِزَةُ: فرقہ، گروہ ج: عِزًی وعِزُوْنَ قرآن پاک میں ہے: "عن الیَمِینِ وعن الشِّمالِ عِزِیْنَ"۔
العِزْوَةُ: انتساب، نسبت (۲) فریاد مدد کے لئے پکار۔
العِزْیَةُ: العِزْوَةُ۔
العَزِیُّ: صابر۔
المَعْزَی: مقام تعزیت۔

ع ــــ س

• عَسَبَه ـِ عَسْبًا: جفتی کرنے کے لئے سانڈ کو کرایہ پر دینا۔
اَعْسَبَ الذِّئْبُ: بھیڑیے کا دوڑ کر بھاگ جانا۔
ــــ فُلَانٌ فُلَانًا جَمَلَهُ: کسی کو جفتی کے لئے اونٹ عاریۃً دینا۔
اِسْتَعْسَبَ منه: نفرت کرنا۔
ــــ الفَرَسُ: گھوڑی کا گھوڑے سے جفتی چاہنا
ــــ من الشَّیْءِ: برا سمجھنا، نفرت کرنا۔
ــــ جَمَلَهُ: کسی سے اس کا اونٹ عاریۃً لینا۔
العَسْبُ: سانڈ کا مادّہ منوی (۲) نسل اولاد۔ قَطَعَ اللّٰهُ عَسْبَهُ: اللہ اس کی نسل کو مٹا دے۔
العَسِبُ: رَاْسٌ عَسِبٌ: پراگندہ سر (جس میں کنگھا وغیرہ عرصے سے نہ کیا گیا ہو)۔
العَسَبَةُ: پہاڑ کی کھوہ، شگاف۔
العَسِیْبُ: (عَسِیْبُ الذَّنَبِ) دم کی ہڈی یا دم پہ بال اگنے کی جگہ (۲) (من القَدَمِ والرِّیْشِ) پیر یا پرکا

لمبائی والا حصہ (۳) پتے توڑی ہوئی کھجور کی شاخ (۴) پہاڑ کا شگاف
ج: اَعْسِبَةٌ و عُسُبٌ و عُسْبَان
عَسِیبَةُ الذَّنَب: عَسِیبُه۔
•الیَعْسُوبُ: شہد کی مکھیوں کی رانی (بہ حقیقت میں مادہ ہے) عرب اسے نر سمجھتے تھے اسی لئے بعض معاجم میں اس کے معنی بادشاہ کے لکھے گئے ہیں۔
یَعْسُوبُ القَوم: سردارِ قوم، سربرآوردہ شخص ج: یَعَاسِیبُ
•العَوْسَجُ: ایک کانٹے دار پودا۔ واحد: عوسَجَة۔
العَسْجَدُ: سونا، جواہر۔
•عَسَرَ الزَّمانُ ـُ عَسْرًا: زمانہ کا سخت ہونا۔
— المرأةُ: دشوار ولادت والی ہونا۔ دشواری سے ولادت ہونا۔
— المَدِیْنَ: قرض دار سے اس کی تنگ دستی میں قرض مانگنا، قرض دار کو پریشانی میں ڈالنا۔
— فُلانًا: کسی کی بائیں جانب سے آنا۔
عَسِرَ الامْرُ ـَ عَسَرًا: دشوار ہونا، مشکل ہونا۔
— الزَّمَانُ: زمانہ کا سخت ہونا۔ هو عَسِرٌ۔ قرآن پاک میں ہے: "مُهْطِعِیْنَ اِلَی الدَّاعِ یَقُوْلُ الکَافِرُوْنَ هٰذَا یَوْمٌ عَسِرٌ"
— فُلانٌ: معاملات میں تنگ دل اور سخت ہونا (۲) کھبا ہونا یعنی ہر کام بائیں ہاتھ سے کرنا۔ هو اَعْسَرُ و هی عَسْرَاءُ ج: عُسْرٌ و عُسْرَانٌ
— علیه الامْرُ: دشوار ہونا، الجھن کا باعث ہونا۔
عَسُرَ الامْرُ ـُ عُسْرًا و عَسَارَةً: مشکل و دشوار ہونا۔
عَسُرَ الزَّمَانُ: سخت اور کٹھن ہونا قرآن پاک میں ہے: "وکانَ یومًا علَی الکافِرِیْنَ عَسِیْرًا"
— علَیه فُلانٌ: کسی کی مخالفت کرنا۔
اَعْسَرَ فُلانٌ: مفلس و تنگ دست ہونا، بدحال ہونا۔
— المَرْأةُ: عورت کا دشوار ولادت والی ہونا۔
— المَدِیْنَ: تنگ دستی میں قرض مانگنا پریشان کرنا، تنگ کرنا۔
عَاسَرَهُ: کسی کے ساتھ سختی کا برتاؤ کرنا، پریشان کرنا۔
عَسَّرَ عَلَیه: کسی کے لئے تنگی پیدا کرنا، کسی کو تنگی میں ڈالنا۔
— عَلَی فُلانٍ: مخالفت کرنا۔
— الامْرَ: مشکل و دشوار بنانا۔
— فُلانًا: کسی کے پاس بائیں طرف سے آنا۔
اعْتَسَرَهُ: مجبور کرنا، زبردستی کرنا۔
— الدَّابَّةَ: جانور پر سدھائے بغیر سوار ہونا۔
— من ماله: زبردستی کسی کا مال لینا، کسی کے مال میں خیانت کرنا۔
— الکلامَ: بے سوچے سمجھے بات کرنا۔
تَعَاسَرَ الامْرُ: سنگین ہونا۔
— البَیِّعان او الزَّوجانِ: بائع و مشتری یا خاوند و بیوی کا باہم اختلاف کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاِنْ تَعَاسَرْتُم فَسَتُرْضِعُ لَه اُخْرٰی"
تَعَسَّرَ الامْرُ: مشکل و دشوار ہونا۔
اسْتَعْسَرَ الامْرُ: مشکل و دشوار ہونا۔
— الامْرَ: مشکل پانا یا مشکل سمجھنا
الاَعْسَرُ: کھبا (بائیں ہاتھ سے کام کرنیوالا)
اَعْسَرُ یَسَرٌ: دونوں ہاتھوں سے کام کرنے والا۔ هی عَسْرَاءُ یَسَرَةٌ۔
حَمَامٌ اَعْسَرُ: وہ کبوتر جس کے بائیں بازوں پر سفیدی ہو۔
یَوْمٌ اَعْسَرُ: سخت دن۔
العَسْرَاءُ: اَعْسَرُ کی تانیث (۲) اگلا سفید پر۔
العَسِرُ: دشوار، مشکل۔
العُسْرُ: تنگ دستی، بدحالی۔
العُسْرَةُ: تنگ دستی، مالی پریشانی، ادائگی قرض سے بے بسی۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاِنْ کَانَ ذو عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰی مَیْسَرَةٍ"
جَیْشُ العُسْرَةِ: غزوۂ تبوک میں مسلمانوں کا لشکر۔
سَاعَةُ العُسْرَةِ: تنگی و پریشانی کا وقت۔ قرآن پاک میں ہے "والاَنْصَارِ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْهُ فی سَاعَةِ العُسْرَةِ"
العُسْرٰی: اَعْسَرُ کی تانیث۔ تنگی، بدحالی (۲) سنگین معاملہ یا صورتِ حال قرآن پاک میں ہے: "وَ اَمَّا مَن بَخِلَ وَاسْتَغْنٰی وَکَذَّبَ بِالحُسْنٰی فَسَنُیَسِّرُهُ لِلعُسْرٰی"
العَسِیْرُ: مشکل، دشوار، سخت۔
المُعَسِّرُ: قرض دار پر بحالتِ تنگی تقاضا کرنے والا، قرض دار کا ناطقہ بند کرنے والا۔
المُعْسِرُ: مفلس و تنگ دست، تنگ حال، غریب، دیوالیہ۔
المَعْسَرَةُ: تنگ دستی، مالی پریشانی۔
المَعْسُورُ: تنگ دستی۔
•عَسَّ فُلانٌ ـُ عَسًّا: رات کو پہرہ دینا۔ حفاظت کے لئے رات کو گشت لگانا، مشتبہ لوگوں کا سراغ لگانا۔ هو عَاسٌّ۔

عَسَّ خَبَرُہ عن فُلانٍ: کسی کی خبر دیر سے ملنا۔
۔۔۔ صَاحِبَہُ: ساتھی کی جستجو کرنا۔
اِعْتَسَّ: عَسَّ۔
۔۔۔ الشیئَ: رات کے وقت کسی شے کی جستجو کرنا، فرمائش کرنا یا قصد کرنا (۲) پتہ لگانا۔
۔۔۔ الاَثَرَ: نشان پر چلنا۔
العَاسُّ: رات کا پہرے دار، چوکیدار، سراغ رساں ج: عَسَسٌ وعُسَّاسٌ وعَسَسَۃٌ۔
العَسُّ: جَاءَ بالشیئِ من عَسِّہ وبَسِّہ: وہ فلاں شے جہاں تھی اور جہاں نہیں تھی وہاں سے نکال لایا۔
العُسُّ: بڑا پیالہ ج: عِسَاسٌ واَعْسَاسٌ وعِسَسَۃٌ۔
العَسَّاسُ: رات کا بڑا پہرے دار، بڑا کھوجی
العَسُوسُ: شکار کا متلاشی (۲) نڈر عورت جسے مردوں سے قریب ہونے کی پرواہ نہ ہو۔
العَسِیْسُ: بھیڑیا۔
المَعَسُّ: تلاش کی جگہ۔ ھو قَرِیبُ المَعَسِّ: اسے تلاش کرنا آسان ہے
•عَسْعَسَ اللَّیْلُ: رات ہو جانا، رات کا تاریک ہونا۔
۔۔۔ الذِّئْبُ: بھیڑیے کا رات کو گھومنا۔
۔۔۔ السَّحَابُ: بادل کا رات کو نزدیک آنا
۔۔۔ الاَمْرَ: کسی بات کو پیچیدہ اور معمّا بنانا۔
۔۔۔ الشَّیئَ: حرکت دینا۔
تَعَسْعَسَ الذِّئْبُ ونَحْوُہ: بھیڑیے وغیرہ کا رات میں شکار تلاش کرنا۔
العَسْعَاسُ: ہر ہلکی پھلکی چیز۔
•عَسَفَ علٰی فُلانٍ ولِفُلانٍ ـ عَسْفًا: کسی کے لئے کام کرنا۔ ھو یَعْسِفُ ضَیْعَتَہُ: وہ اس کی زمین کی رکھوالی کرتا ہے۔
عَسَفَ الطَّرِیْقَ: اللٹپ چلنا، بے سمجھے چلنا۔
۔۔۔ عن الطَّریقِ: راستہ سے ہٹنا۔
۔۔۔ فی الاَمْرِ: بے سوچے سمجھے کام کرنا۔
۔۔۔ فُلانًا: ظلم کرنا، سختی سے پیش آنا، گرفت کرنا، تشدّد برتنا (۲) بیگار لینا۔ ھو عَاسِفٌ وعَسَّافٌ وعَسُوفٌ۔
۔۔۔ المرأۃَ: عورت پر زور زبردستی کرنا، عزت لوٹنا۔
۔۔۔ الدَّمْعُ الجُفُونَ: آنسوؤں کا اِدھر اُدھر بہنا۔
۔۔۔ فی الاَمْرِ: بے تدبیری سے کام کرنا
اَعْسَفَ فُلانٌ: رات میں اللٹپ چلنا، بے راہ چلنا، بے سوچے چلنا (۲) اپنے خدمت گار سے سخت کام لینا
عَسَّفَہُ: تھکا ڈالنا، مشقت میں ڈالنا۔
اِعْتَسَفَ الطَّرِیْقَ وعن الطَّرِیْقِ: راستہ سے ہٹنا، بے راہ چلنا۔
۔۔۔ فُلانًا: کسی پر ظلم وتشدد کرنا (۲) کسی سے کام لینا، بیگار لینا۔
اِنْعَسَفَ: مڑنا۔
تَعَسَّفَ فی الکلامِ: کلام میں تکلف سے کام لینا (ایسے معنی مراد لینا جس پر الفاظ کی دلالت واضح نہ ہو) بے جا بات کرنا، دھاندلی کرنا (۲) بے سوچے بولنا۔
۔۔۔ الطَّرِیْقَ وعنہ: راستہ سے ہٹنا، بے راہ ہونا۔
۔۔۔ فُلانًا: کسی پر ظلم وتشدد کرنا۔
التَّعَاسِیفُ: رُکُوبُ التَّعَاسِیفِ: بے راہ رو ہونا، غلط راہ پر چلنا۔
التَّعَسُّفُ: تکلّف، بے جا دھاندلی، تشدد، ظلم، بے راہ روی، بے جا بات
التَّعَسُّفِیُّ: ظالمانہ، پر تشدد، تشدد آمیز
العَاسِفُ: نَاقَۃٌ عَاسِفٌ: سانس کی بیماری والی اونٹنی ج: عواسف۔
العُسَافُ: اونٹ کی ایک بیماری جس میں سانس زیادہ آتا ہے۔
العَسَّافُ: بڑا ظالم۔
العَسْفُ: ظلم وتشدد۔
العَسُوفُ: بہت متشدد، ظالم۔
العَسِیْفُ: بیگاری، خدمت گار جس سے حقارت کے ساتھ بہت کام لیا جائے ج: عُسَفَاءُ وعِسَفَۃٌ۔
•عَسِقَ بہ ـ عَسَقًا: چمٹنا، لگنا (۲) دل دادہ ہونا۔
۔۔۔ عَلَیْہِ: کسی سے فرمائش میں اصرار کرنا
تَعَسَّقَ بہ وعلیہ: عَسِقَ۔
العَسَقُ: پیچیدگی (۲) بدمزاجی، تنگ ظرفی (۳) اول رات کی تاریکی۔
العُسُقُ: قرض دار ول پر سختی سے تقاضا کرنے والے۔
العَسِیْقَۃُ: بہت پانی ملی خراب شراب۔
•عَسْقَلَ السَّرَابُ: سراب کا چمکنا۔
العَسْقَلُ: سراب (۲) سانپ کی چھتری (۳) بادل کا ٹکڑا ج: عَسَاقِل۔
عَسْقَلانُ: ملک شام کا ایک ساحلی شہر (۲) سر کا بالائی حصہ۔
العُسْقُولُ: سفید رنگ کی سانپ کی چھتری کی ایک قسم ج: عَسَاقِل وعَسَاقِیل۔
•عَسْکَرَ القَوْمُ بالمکانِ: پڑاؤ ڈالنا خیمہ زن ہونا، اکٹھا ہونا، کیمپ لگانا
۔۔۔ اللَّیْلُ: رات کا انتہائی تاریک ہونا، رات کا تاریکی میں ڈوبنا۔
۔۔۔ الشیئَ: اکٹھا کرنا۔
العَسْکَرُ: فوج، لشکر (۲) جم گھٹ (۳) ہر چیز کا بہت سا حصہ، کثرت، بھیڑ، ہجوم جیسے: عَسْکَرٌ من الرجالِ والخَیلِ۔

ج: عَسَاكِرُ۔ انْجَلَتْ عنه عَسَاكِرُ الهُمُومِ: اس کے غموں کے بادل چھٹ گئے، غموں کا بوجھ ہلکا ہو گیا۔
عَسْكَرُ اللَّيْلِ: رات کی تاریکی۔

العَسْكَرَان: شَهِدْتُ العَسْكَرَيْنِ: میں منیٰ اور عرفات میں حاضر ہوا۔
العَسْكَرَةُ: سختی و مصیبت۔ وَقَعُوا فِي عَسْكَرَةٍ۔
العَسْكَرِيُّ: فوجی سپاہی (۲) فوجی، ملٹری کا (سویلین۔ مَدَنِي کا مخالف)۔
المُعَسْكَرُ: فوجی بارک، کیمپ، بلاک، چھاؤنی ج: مُعَسْكَرَات۔
مُعَسْكَرُ اعْتِقَالٍ: نظر بندی کیمپ، عارضی قید خانہ۔
المُعَسْكَرُ الاشْتِرَاكِيُّ: کمیونسٹ بلاک (کمیونزم کے نظریات والے ممالک کا سیاسی یا نظریاتی اتحاد) المُعَسْكَرُ الشُّيُوعِيُّ۔ ضد: المُعَسْكَرُ الرَّاسِمَالِيُّ
مُعَسْكَرُ الشَّرْقِ: مشرقی بلاک، مشرقی ملکوں کا سیاسی اتحاد۔
مُعَسْكَرُ الغَرْبِ: مغربی ممالک کا سیاسی یا نظریاتی اتحاد۔
•عَسَلَ المَاءُ ـِ عَسْلًا وعُسُولًا و عَسَلَانًا: پانی میں ہوا سے لہریں اٹھنا، تھرتھرانا۔ هو عَاسِلٌ و عَسُولٌ و عَسَّالٌ۔
ــــ الرُّمْحُ: لچک کی وجہ سے نیزے کا لہرانا۔
ــــ الذِّئْبُ و الفَرَسُ: بھیڑیے اور گھوڑے کا جھومتے ہوئے دوڑنا
ــــ الطَّعَامَ عَسْلًا: کھانے کی چیز میں شہد ملانا یا شہد سے تیار کرنا۔
ــــ فُلَانًا: کسی کے لئے بطور سالن شہد پیش کرنا (۲) کسی کی تعریف میں رطب اللسان ہونا، خوب تعریف کرنا (مکھن لگانا)۔
عَسَلَ اللهُ فُلَانًا: لوگوں میں کسی کو محبوب بنانا۔ حدیث میں ہے: "اِذَا اَرَادَ اللهُ بِعَبْدٍ خَيْرًا عَسَلَهُ فِي النَّاسِ"
عَسَّلَتِ النَّحْلُ: مکھیوں کا شہد نکالنا، یا بنانا۔
ــــ النَّائِمُ: ہلکی نیند سونا۔
ــــ الطَّعَامَ: شہد ملانا، شہد سے میٹھا کرنا۔
ــــ القَوْمَ: لوگوں کو شہد دینا یا شہد کھلانا۔
ــــ اللهُ فُلَانًا: اللہ کا کسی کو لوگوں میں نیک شہرت بنانا۔
اسْتَعْسَلَ: شہد کی فرمائش کرنا۔
العَاسِلُ: شہد نکالنے والا (۲) بھیڑیا ج: عُسَّلٌ و عَوَاسِلُ وعُسْلَانٌ
مَكَانٌ عَاسِلٌ: شہد والی جگہ۔
مَاءٌ عَاسِلٌ: متحرک پانی۔ الرَّجُلُ العَاسِلُ: نیکوکار، ثنا خواں، رطب اللسان۔ الرُّمْحُ العَاسِلُ: تھرتھراتا ہوا نیزہ۔
العَاسِلَةُ: خَلِيَّةٌ عَاسِلَةٌ: شہد بھرا (مکھیوں کا) چھتا۔
العَسَّالُ: شہد نکالنے والا، شہد کا چھتا توڑنے والا (۲) شہد فروش۔
العَسَّالَةُ: شہد کی مکھیوں کا چھتا (۲) شہد کی مکھیاں (۳) شہد کی مکھیاں پالنے کا بکس۔
العَسَلُ: شہد (مذکر و مؤنث دونوں طرح مستعمل ہے) اس کا اطلاق اس خالص شہد پر بھی ہوتا ہے جو مکھیاں اپنے پیٹ سے نکالتی ہیں اور اس پر بھی جو کھجور یا گنے سے بنایا جاتا ہے ج: أَعْسَال و عُسْلَانٌ و عُسُولٌ۔ کہتے ہیں: فُلَانٌ عَلَى أَعْسَالِ أَبِيهِ: فلاں اپنے باپ کے اخلاق و عادات پر ہے۔
العَسَلُ الأَسْوَدُ: قند، لال شکر جو گنے کے رس سے بنائی جاتی ہے۔
شَهْرُ العَسَلِ: ماہ عروسی، شادی کا ابتدائی مہینہ، ہنی مون۔
العَسَلِيُّ: شہد کا، شہد جیسا، میٹھا۔
العِسْلُ: هو عِسْلُ مَالٍ: وہ مال کے تصرف میں مدبر و منتظم ہے۔
العَسَلَةُ: شہد کا ایک بستہ ٹکڑا۔ کہتے ہیں: ما أَعْرِفُ لَه مَضْرِبَ عَسَلَةٍ: میں اس کی اصل ونسل سے واقف نہیں۔ ما تَرَكَ لَهُ مَضْرِبَ عَسَلَةٍ: اس کی اتنی برائی کی کہ اس کا حسب ونسب ہی ملیا میٹ کر دیا۔
العَسِيلُ: عطار کی صافی جس سے وہ عطر سے آلودہ جگہ کو صاف کرتا ہے۔
ج: عُسُلٌ۔
المَعْسَلَةُ: شہد کی مکھیوں کا چھتا ج: مَعَاسِلُ۔
المَعْسُولُ: شہد ملا ہوا، شہد جیسا شیریں کَلَامٌ مَعْسُولٌ: میٹھی باتیں، میٹھا بول۔
مَعْسُولُ الكَلَامِ: شیریں گفتار آدمی۔ هِيَ مَعْسُولَةُ الكَلَامِ: شیریں گفتار و نغمہ خیز خاتون۔
مَعْسُولُ المَوَاعِيدِ: وعدے کا پکا، اوقات کا پابند۔
•عَسْلَجَتِ الشَّجَرَةُ: درخت پر نرم و سبز شاخیں نکلنا، کونپلیں نکلنا۔
العِسْلَاجُ والعُسْلُوجُ: نرم و سبز شاخ، کونپل ج: عَسَالِيجُ۔

•عَسْلَطَ الرَّجُلُ: بے ربط بولنا،
کَلامٌ مُعَسْلَطٌ: بے ربط باتیں
•العَسْلَقُ: سراب (۲) بھیڑیا (۳) شیر (۴) نرشترمرغ (۵) شکاری (۶) بدہیئت (۷) چست وچالاک (۸) درازگردن (۹) درندہ لومڑی ج: عَسَالِقُ۔
•عَسَمَ ـِ عَسْمًا: لالچ کرنا، حریص وخواہشمند ہونا۔
اَمْرٌ لا یُعْسَمُ فیہ: غیر دلچسپ بات، غیر اہم معاملہ جس کے لئے کوشش نہ کی جائے۔
—فُلَانٌ عَسْمًا و عُسُوْمًا: روزی کمانا۔
—فی الاَمْرِ: کوشش کرنا۔
—عَیْنُہٗ: آنکھ بہنا، آنسو نکلنا۔
—بِنَفْسِہ وَسْطَ القَوْمِ: لوگوں میں بے پرواہ ہو کر گھس پڑنا۔
عَسِمَتِ القَدَمُ والکَفُّ ـَ عَسَمًا: ہاتھ یا پاؤں کا خشک ہو کر مڑ جانا۔
فالرجُلُ اَعْسَمُ والمرأۃُ عَسْمَاءُ ج: عُسْمٌ۔
اَعْسَمَتْ عَیْنُہٗ: عَسَمَتْ۔
—یَدَہٗ: ہاتھ کو خشک کر دینا۔
—فُلانًا: دینا۔
اِعْتَسَمَ: روزی کمانا۔
العَاسِمُ: بال بچوں کے لئے محنت سے روزی کمانے والا۔
العَسْمُ: سوکھی روٹی ج: عُسُوْمٌ۔
العَسْمَۃُ: لقمہ، نوالہ۔ کہتے ہیں: ماذُقْتُ الا عَسْمَۃً۔
العَسُوْمُ: بال بچوں کے لئے روزی کمانیوالا
المَعْسَمُ: خواہش ودلچسپی۔ ما فی ھذا الاَمْرِ مَعْسَمٌ۔
•عَسِنَ الکَلَأُ ـَ عَسَنًا فی الدَّابَّۃِ: گھاس کا ہضم ہو کر جانور کو موٹا کرنا۔
عَسِنَتِ الدَّابَّۃُ: جانور کا چارہ ہضم ہونے سے موٹا ہونا۔
تَعَسَّنَ الشیءَ: کسی چیز کا پتہ لگانا، نشان یا سراغ تلاش کرنا۔
—اَبَاہُ: باپ کے مشابہ ہونا۔
اَعْسَنَ المَکَانُ: جگہ کا کچھ سبزی اگانا۔
العَسَنُ: چربی (۲) بالوں کی لمبائی اور خوبصورتی (۳) جانور کا موٹاپا۔
العِسْنُ: مشابہ، مانند، نظیر۔
العُسْنُ: موٹاپا (۲) چربی۔
اَعْسَانُ الشیءِ: نشانات واثرات کہتے ہیں: ھو علی اعسانِ من اَبِیہ: وہ اپنے باپ کی طرح ہے۔
•العَسَنَّجُ: نرشترمرغ۔
•عَسَتْ یَدُہٗ ـُ عُسُوًّا: کام کاج کی وجہ سے ہاتھوں کا سخت ہو جانا
عَسَا فلانٌ عَسْوًا و عُسُوًّا و عَسَاءً و عُسِیًّا: بڑا ہونا، عمر رسیدہ ہونا۔
—النَّبَاتُ وغیرُہٗ عَسَاءً و عُسُوًّا: گھاس پھونس کا موٹا اور خشک ہونا۔
—اللَّیْلُ: رات کا انتہائی تاریک ہونا۔
عَسِیَ النَّبَاتُ ـَ عَسًا و عُسِیًّا و عَسَاءً: عَسَا۔
(عَسَی) افعال مقاربہ میں سے رجا وامید کے معنی میں ہے۔ قرآن پاک میں ہے: "عَسٰی رَبُّکُمْ اَنْ یُّھْلِکَ عَدُوَّکُمْ": امید ہے تمہارا رب تمہارے دشمن کو ہلاک کر دیگا۔
عَسِیَ فُلَانٌ والنَّبَاتُ ـَ عَسًی: بڑا ہونا۔
اَعْسَی: ما اَعْسَاہُ بکذا: وَمَا اَعْسِ بہ۔ فعل تعجب بمعنی ما اَخْلَقَہٗ بہ و اَخْلِقْ بہ: وہ اس کا کتنا اہل ولائق ہے۔
العَاسِی: سخت مزاج۔
العَسِیُّ: ھو عَسِیٌّ اَنْ یَّفْعَلَ کذا: وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔

ع ــــ ش

•عَشِبَ المکانُ ـَ عَشَبًا و عَشَابَۃً: کسی جگہ پر گھاس اگنا۔
—الخُبْزُ وغیرُہٗ: روٹی وغیرہ کا سوکھ جانا۔ ھو عَشِبٌ۔
عَشُبَ المکانُ ـُ عَشَابَۃً: جگہ کا سبز گھاس والی ہونا، سرسبز ہونا۔
ھو عَاشِبٌ و عَشِیْبٌ والاَرْضُ عَاشِبَۃٌ و عَشِیْبَۃٌ۔
اَعْشَبَ المکانُ: سبز گھاس والا ہونا۔
—القَوْمُ: ہری گھاس پر پہنچنا۔
—الاِبِلُ: اونٹوں کا ہری گھاس چرنا۔
عَشَّبَ المکانُ: اَعْشَبَ۔
اِعْتَشَبَتِ الاِبِلُ: ہری گھاس چرنا۔
تَعَشَّبَتِ الاِبِلُ: ہری گھاس چرنا۔
اِعْشَوْشَبَ المکانُ والقَوْمُ: سبز گھاس والا ہونا۔
العَاشِبُ: سرسبز، ہری گھاس والا (۲) ہری گھاس کھانے والا (۳) ہری گھاس پر زندہ رہنے والا ج: عَوَاشِبُ
التَّعَاشِیْبُ: گھاس کے منتشر ٹکڑے (اس کا واحد نہیں) اَرْضٌ تَعَاشِیْبُ: رنگ برنگی گھاس والی زمین۔
العَشَابَۃُ: ہریالی، سبز گھاس کی کثرت۔
العَشَّابُ: گھسیارا، گھاس فروش، بہت ہرا بھرا۔
العُشْبُ: ہر گھاس (جب تک سبز ہو۔ زرد ہونے کے بعد حشیش کہا جاتا ہے) ج: اَعْشَابٌ۔
العُشْبَۃُ: عُشب کا واحد۔ ایک تنکا۔

المِعْشَابُ: اَرْضٌ مِعْشَابٌ: بہت
ہریالی والی زمین ج: مَعَاشِیْبُ -
• عَشَرَ فُلَانٌ ـــ عَشْرًا: عشر (دسواں
حصہ) لینا (۲) نو کو دس کرنا۔
ـــ القَوْمَ: جماعت کا دسواں فرد ہونا۔
ـــ القَوْمَ ـــ عَشْرًا و عُشُوْرًا:
لوگوں سے ان کے مال کا دسواں حصہ
لینا۔
ـــ المَالَ: مال کا عشر (دسواں حصہ
بطور ٹیکس) لینا۔ ھو عَاشِرٌ۔
عَشَّرَ الشیءَ: کسی چیز کی تعداد بیس
کرنا۔
اَعْشَرَتِ النَّاقَةُ و نَحْوُھا: اونٹنی
وغیرہ کا دس ماہ کی حاملہ ہونا۔
ـــ القَوْمُ: دس کی تعداد میں ہونا۔
عَاشَرَہٗ: کسی کے ساتھ مل جل کر رہنا، ساتھ
زندگی گزارنا۔
عَشَّرَ الحِمَارُ: گدھے کا ایک دفعہ بار بار
رینگنا، آواز نکالنا۔
ـــ الغُرَابُ: کوّے کا بولنا، کائیں کائیں کرنا
ـــ النَّاقَةُ: اونٹنی کا دس ماہ کی حاملہ ہونا
ـــ العَدَدَ: عدد کو دس کرنا، دس سے
کم کو دس کرنا۔ بطور دعا کہتے ہیں:
اَللّٰھُمَّ عَشِّرْ خُطَایَ: اے خدا
میرے ہر قدم کے بدلے دس نیکیاں
عطا فرما۔
ـــ القَوْمَ: لوگوں کے مال میں سے عشر لینا
ـــ المَالَ: مال کا عُشر (دسواں حصہ) لینا۔
ـــ الشیءَ: کسی چیز کے دس حصے کرنا۔
اِعْتَشَرَ القَوْمُ: لوگوں کا مل جل کر رہنا۔
تَعَاشَرُوْا: مل جل کر رہنا۔ باہم زندگی گزارنا
ہم صحبت ہونا۔
العَاشُوْرُ: محرم کا دسواں دن۔
عَاشُوْرَاءُ: العاشور۔
العَاشُوْرَاءُ: ایک قسم کی مٹھائی یا حلوا
جو گیہوں کی گری سے بنایا جاتا ہے
عُشَارَ: دس دس جیسے جَاءَ القَوْمُ
عُشَارَ۔
العُشَارَةُ: ہر چیز کا ٹکڑا ج: عُشارات۔
صَارَ القَوْمُ عُشَارَاتٍ: لوگ
منتشر ہو گئے۔
العُشَارِیُّ: ثَوْبٌ عُشَارِیٌّ: دس
ہاتھ لمبا کپڑا۔ غُلَامٌ عُشَارِیٌّ:
دس سالہ لڑکا۔
العِشْرُ: العُشَارَةُ ج اَعْشَارٌ۔
العَشْرُ: مفرد ہونے کی صورت میں
عَشَرَة کی تانیث ہے یعنی معدود
دس تک اگر مذکر ہو تو عَشَرَةٌ
آئے گا جیسے عَشَرَةُ رِجَالٍ۔
اور اگر معدود مؤنث ہو تو عَشْرُ
آئے گا جیسے عَشْرُ نِسْوَةٍ۔
العُشْرُ: دسواں حصہ (۲) اُس زمین
کی زکوٰۃ جس کے مالکان نے عُشر
کی ادائگی کی شرط پر اسلام قبول
کر لیا ہو ج: عُشُوْرٌ و اَعْشَارٌ
قِدْرٌ اَعْشَارٌ: ٹوٹ کر دس ٹکڑے
ہو جانے والی ہانڈی وغیرہ۔
الاِعْشَارِیُّ: دس حصوں پر تقسیم ہونے
والا۔ النِّظَام الاِعْشَارِیُّ۔
العُشْرِیُّ: وہ چیز جس کا دسواں حصہ لیا
جائے۔
ارض عُشْرِیَّةٌ: عشری زمین
(۲) اعشاری۔
العُشَرَاءُ من النُّوقِ و نَحْوِھا:
دس ماہ کی حاملہ اونٹنی وغیرہ۔ ج:
عِشَارٌ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاِذَا
العِشَارُ عُطِّلَتْ"
العَشَرَةُ: دس (۲) دہائی۔ نو تک معدود
اگر مذکر ہو تو اس کے لئے لایا جاتا
ہے جیسے عَشَرَةُ رِجَال (مقابل
عَشْرُ نِسْوَةٍ) یہ اس وقت ہے
جبکہ عدد مفرد ہو۔ اگر عدد مرکب ہو
جیسے تیرہ چودہ وغیرہ تو تذکیر و تانیث
میں اکائی معدود کے مخالف اور دہائی
مطابق ہوگی جیسے ثلاثَةَ عَشَرَ
رَجُلًا اور ثَلاثَ عَشْرَةَ امرأةً الخ
العِشْرَةُ: صحبت، اختلاط، آپس داری۔
العِشْرِیُّ: اجتماعیت پسند، اختلاط پسند،
ملنسار۔
العَشَّارُ: سامان کا ٹیکس وصول کرنے والا
(۲) عُشری زمین کا دسواں حصہ ٹیکس
وصول کرنے والا۔
عَشُوْرَاءُ: عَاشُوْرَاءُ۔
عِشْرُوْنَ: بیس۔
العِشْرُوْنَ: بیسواں۔ الاجتماع
العشرون والجلسة العشرون
العَشِیْرُ: العُشْرُ ج: اَعْشِرَاءُ (۲)
شوہر، بیوی (۳) ہم صحبت، میل جول
رکھنے والا، دوست، رشتہ دار ج:
عُشَرَاءُ۔
العَشِیْرَةُ: آل اولاد، قبیلہ، باپ کی
طرف کے قریبی رشتہ دار، ایک باپ
کی اولاد۔ قرآن پاک میں ہے:
"وَاَنْذِرْ عَشِیْرَتَكَ الاَقْرَبِیْنَ"
ج: عَشَائِرُ۔
المِعْشَارُ: دسواں حصہ۔ قرآن پاک میں
ہے: "وَمَا بَلَغُوْا مِعْشَارَ مَا
اٰتَیْنٰھُمْ" ج: مَعَاشِیْرُ۔
المَعْشَرُ: ایک طرز کے لوگ، جماعت
جس کے مشاغل و احوال ایک جیسے
ہوں جیسے: مَعْشَرُ الطُّلَّابِ و
مَعْشَرُ التُّجَّارِ۔ قرآن پاک میں
ہے: "یَا مَعْشَرَ الجِنِّ وَالاِنْسِ
اَلَمْ یَاْتِکُمْ رُسُلٌ مِّنْکُمْ" (۲)
اہل و عیال، رشتہ دار ج: مَعَاشِرُ۔

مَعْشَرَ: دس دس۔ جَاءَ الْقَوْمُ مَعْشَرَ: لوگ دس دس آئے۔
•عَشَزَ ـِ عَشْزَانًا: کٹی ہوئی ٹانگ والے کی طرح چلنا۔
ـــ علٰی عَصَاہُ: لاٹھی کا سہارا لینا۔
العَشُوْزُ: دشوار راستہ: ج: عشاوز۔
عَشَّ الطَّائِرُ ـُ عَشًّا: پرندے کا گھونسلے میں رہنا۔
ـــ الشیءَ: تلاش کرنا (۲) اکٹھا کرنا۔
ـــ القَمِیْصَ: پیوند لگانا۔
ـــ المَعْرُوْفَ: بھلائی میں کمی کرنا۔
عَشَّ بَدَنُہُ ـَ عَشَشًا وعَشَاشَۃً و عُشُوْشَۃً: بدن کا ہلکا اور دبلا ہونا۔
اَعَشَّ اللّٰہُ بَدَنَہ: بدن کو دبلا کرنا۔
ـــ فلانًا عن حاجتِہ: کسی کو اس کے کام پر اکسانا۔
ـــ الظَّبْیَ وغیرَہُ: ہرن وغیرہ کو پریشان کرنا۔
عَشَّشَ الطَّائِرُ: پرندے کا گھونسلا بنانا
ـــ الاَرْضُ و الکَلَأُ: زمین اور گھاس کا سوکھنا۔
ـــ الخُبْزُ: روٹی کا خراب ہونا، پھپھوندی لگ جانا۔
ـــ فُلانٌ الخُبْزَ: روٹی کو خراب ہونے دینا۔
اُعْتُشَّ الطَّائِرُ: عَشَّشَ۔
نُعِّشَ القَمِیْصُ: کرتے میں پیوند لگنا۔
العُشُّ: آشیانہ، گھونسلا (جو درخت پر ہو) اگر پہاڑ یا دیوار وغیرہ میں ہو تو اسے وَکْن اور وُکْر کہتے ہیں۔ ج: اَعْشَاشٌ و عُشُوْشٌ وعِشَشَۃٌ و عِشَاشٌ۔
العَشُّ: گھونسلا ج: اَعْشَاشٌ وعِشَاش

(۲) ہاتھ و پیر کی پتلی ہڈیوں والا۔
العَشَّۃُ: کم شاخوں والا کھجور کا درخت
المَعَشُّ: مطلب ج: مَعَاشٌّ۔
المَعَشَّۃُ: سخت زمین ج: مَعَاشُّ۔
المُعَشِّشُ: پرندے کے گھونسلے کی جگہ
•العَشْعَشُ: تہ بہ تہ بنا ہوا گھونسلا، ج: عَشَاعِش۔
العُشْعُشُ، العَشْعَشُ۔
•عَشِقَہُ ـَ عِشْقًا وعَشَقًا و مَعْشَقًا: دل سے چاہنا، انتہائی محبت کرنا، فریفتہ ہونا، عاشق ہونا ھو عاشِقٌ و ھی عاشِقٌ و عاشِقَۃٌ۔
ـــ بالشیءِ: چمٹنا، لگے رہنا۔
عَشَّقَ الشیءَ بآخر: ایک شے کو دوسری سے جوڑنا، اس میں داخل کرنا جیسے بجلی کا پلگ ہولڈر میں لگانا۔
تَعَشَّقَ: عاشق بننا، کسی سے اظہار عشق ومحبت کرنا۔
ـــ فُلانَۃً: عاشق ہونا، دل دینا۔
العاشِقُ: عاشق، فریفتہ، محبت میں دیوانہ، چاہنے والا، محبّ صادق ج: عُشّاقٌ۔
التَّعْشِیْقَۃُ: معاشقہ۔
العِشْقُ: غایتِ محبت، فریفتگی، انتہائی چاہت۔
العِشِّیْقُ: انتہائی عاشق، محبت میں دیوانہ، عشق باز۔
العُشَّقُ: پھولوں کے پودوں کی دیکھ بھال کرنے والا۔
العَشَقَۃُ: درخت پیلو ج: عَشَقٌ۔
العَشِیْقُ: العاشق (۲) معشوق محبوب
العَشِیْقَۃُ: معشوقہ، محبوبہ۔
•عَشِمَ فُلانٌ ـَ عَشَمًا وعَشَمَۃً: لالچ کرنا، حرص کرنا۔

عَشِمَ الشیءُ عَشَمًا و عُشُوْمًا: سوکھنا۔
تَعَشَّمَ الشیءُ: خشک ہونا۔
عَشَّمَہ: امید دلانا، لالچ دلانا۔
الاَعْشَمُ: دورنگا (جس میں دو رنگ ملے ہوئے ہوں) (۲) خشک درخت (۳) عمر رسیدہ۔ مؤنث عَشْمَاءُ۔ شَجَرَۃ عَشْمَاءُ: وہ درخت جس کا اکثر حصہ خشک ہو گیا ہو۔
العَشَمُ: حرص، لالچ۔ خُبْزٌ عَشِمٌ: خراب یا سوکھی روٹی۔
العَشَمَۃُ: لالچ (۲) دبلا سوکھا ہوا۔
•عَشَنَ ـُ عَشْنًا: اٹکل سے بات کہنا، تخمینہ لگانا۔
اِعْتَشَنَ فُلانًا: کسی پر ناحق حملہ کرنا۔
العُشَانُ والعُشَانَۃُ: گری ہوئی ردی کھجوریں (۲) کھجور کی شاخ کی جڑ۔
•عَشَا ـُ عَشْوًا: رات کو نظر نہ آنا، رتوندا ہونا (۲) ایک آنکھ خراب ہونے کی بنا پر صرف دوسری سے ہلکا ہلکا دیکھنا، رتوندے والے کی طرح دیکھنا (۳) نگاہ کمزور ہونا۔
ـــ عن الشیءِ: کسی چیز کو نگاہ کی کمزوری کے باعث نہ دیکھ پانا (۲) صرف نظر کرنا اور گزر جانا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمَنْ یَّعْشُ عَنْ ذِکْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَیِّضْ لَہٗ شَیْطٰنًا فَھُوَ لَہٗ قَرِیْنٌ"
ـــ فلانًا: کسی کا قصد کرنا۔
ـــ النَّارَ و الیھا عَشْوًا وعُشُوًّا: رات کو آگ دیکھ کر اس کی روشنی میں اس کے پاس پہنچنا۔
ـــ فُلانًا: کسی کو رات کا کھانا کھلانا۔
عَشِیَ ـَ عَشًا و عشاوۃ: شب کور ہونا۔ ھو عَشٍ و ھی عَشِیَۃٌ و ھو اَعْشٰی و ھی عَشْواءُ ج: عُشْوٌ

عَشِيَ فُلَانٌ: رات کو کھانا کھانا۔
ـــ عَلَيهِ: کسی پر ظلم کرنا۔
أَعْشَى فُلَانًا: رات کا کھانا کھلانا (۲) رتوندے میں مبتلا کرنا (یعنی رات کو نہ دیکھنے والا بنانا)۔
ـــ فُلَانًا الشَّيْءَ: دینا۔
عَشَّاهُ: رات کا کھانا کھلانا۔
ـــ عن فُلَانٍ: کسی پر مہربانی کرنا۔
اعْتَشَى فُلَانٌ: اول شب میں چلنا۔
ـــ النَّارَ وبها: آگ کو دیکھ کر اس کا قصد کرنا۔
تَعَاشَى: خود کو رتوندے والا بنانا (بظاہر کرنا کہ اسے رات کو نظر نہیں آتا ہے)
ـــ عنه: کسی سے تغافل برتنا، چشم پوشی کرنا۔
تَعَشَّى: رات کا کھانا کھانا۔ کہاوت ہے: تَغَدَّ به قَبْلَ أن يَتَعَشَّى بك ہم اسے دوپہر کا کھانا کھلاؤ قبل اس کے کہ وہ تم کو رات کا کھانا کھلائے یعنی احسان مول لینے سے بچو۔
اسْتَعْشَاهُ: پریشان پانا۔
ـــ النَّارَ: آگ سے راہنمائی حاصل کرنا۔
الأَعْشَى: شب کور، ضعیف البصر، رتوندے والا۔ ج: عُشْوٌ۔
العَشَاءُ: رات کا کھانا (مقابل غداء) ڈنر
العِشَاءُ: رات کی ابتدائی تاریکی۔ مغرب سے مکمل تاریکی تک کا وقت۔
العِشَاءَان: مغرب وعشاء۔
العَشَاوَةُ: شب کوری۔
العَشْوَاءُ: مؤنث الأَعْشَى۔ هو يَخْبِطُ خَبْطَ عَشْوَاءَ: وہ الل ٹپ کام کرتا ہے، بے سوچے سمجھے کام کرتا ہے (وہ اس اونٹنی کی طرح بے راہ چلتا ہے جسے سامنے نظر نہ آتا ہو) (۲) تاریکی۔ کہتے ہیں: هم في عَشْوَاءَ من أمرِهم: وہ اپنے معاملہ میں بھٹکے ہوئے ہیں، کوئی راہ نہیں ملتی۔ رَكِبَ العَشْوَاءَ: اس نے بے سوچے سمجھے کام کیا۔
العَشْوَةُ: ابتدائی رات سے چوتھائی رات کا وقت (۲) تاریکی۔
العُشْوَةُ: تاریکی (۲) آگ کا شعلہ (۳) بے سوچے اقدام۔
العَشِيُّ: زوالِ آفتاب سے غروب تک کا وقت، سہ پہر، شام (۲) نمازِ مغرب کے بعد سے پوری تاریکی تک کا وقت، وقتِ عشاء۔ غُدُوًّا و عَشِيًّا: صبح وشام۔ صَلَاتَا العَشِيِّ: ظہر وعصر کی نماز۔
العَشِيَّةُ: العَشِيُّ ج: عَشَايَا۔

ع ـــــ ص

عَصَبَتِ الأَسْنَانُ ـِ عَصْبًا و عُصُوبًا: دانتوں کا میلا ہونا۔
ـــ على الشَّيْءِ عَصْبًا و عِصَابًا: پکڑنا۔
ـــ به: گھیرنا، ارد گرد جمع ہونا۔ جیسے عَصَبَ القَومُ بِه۔
ـــ الرِّيقُ بِفَمِه: منہ کا لعاب خشک ہو جانا، منہ خشک ہو جانا۔
ـــ الرِّيقُ فَاهُ: منہ میں خشکی آنا (لعاب کا منہ کو خشک کر دینا)۔
ـــ الشَّيْءَ عَصْبًا: موڑنا، طے کرنا (۲) باندھنا۔
ـــ رَأْسَهُ بالعِصَابَةِ: سر پر پٹی باندھنا
ـــ الشَّجَرَةَ: درخت کی منتشر شاخوں کو باندھ کر پتے جھٹکنا۔
ـــ الأَمْرُ القَومَ: کسی معاملہ کی سنگینی کی بنا پر لوگوں کو اکٹھا کرنا۔
ـــ القُطْنَ والصُّوفَ: روئی اور اون کاتنا۔
عَصَبَ الغُبَارُ رَأْسَهُ: سر پر گرد جمنا۔
ـــ الشَّيْءُ: چمٹنا، لگے رہنا۔
عَصِبَ اللَّحْمُ ـَ عَصَبًا: گوشت کا زیادہ ریشوں والا ہونا۔ هو عَصِبٌ
ـــ القَومُ به عَصَبًا: کسی کے گرد اکٹھا ہونا، احاطہ کرنا۔
عَصَّبَهُ: پٹی باندھنا۔
ـــ القَومُ فُلَانًا: سردار بنانا۔
ـــ فُلَانًا: بھوکا رکھنا (۲) ہلاک کرنا۔
عَصَّبَتْهُ السُّنُونُ: زمانہ نے اس کا مال تباہ کر دیا۔
ـــ فُلَانًا بالسَّيْفِ: پگڑی کی جگہ تلوار مارنا۔
اعْتَصَبَ: خود اپنے پٹی باندھنا۔
ـــ بالتَّاجِ: اپنے سر پر تاج رکھنا۔
ـــ بالعِمَامَةِ: سر پر پگڑی باندھنا، عمامہ رکھنا۔
ـــ القَومُ: لوگوں کا گروہ بن جانا، پارٹی بن جانا، دھڑا بندی کرنا۔
انْعَصَبَ: سخت ہونا۔
تَعَصَّبَ: خود اپنے پٹی باندھنا۔
ـــ القَومُ عليهم: کسی کے مقابلہ میں گروہ بندی کرنا، کسی کے خلاف تعصب برتنا۔
ـــ فُلَانٌ: متعصب ہونا (یعنی کسی کے خلاف جذبہ رکھتے ہوئے اپنے فکر وعقیدے اور اپنے گروہ کی حمایت میں سخت ہونا)۔
ـــ لَهُ و مَعَهُ: کسی کا طرف دار ہونا، طرف داری کرنا۔
ـــ في مَذهَبِه: اپنے مسلک وعقیدے میں سخت ہونا۔
اعْصَوْصَبَ القَومُ: ایک دھڑا یا گروہ بن جانا۔
ـــ الشَّرُّ و الأَمْرُ: سخت ہونا۔

التَّعَصُّبُ : بے جا طرف داری، ہٹ دھرمی (بات صحیح ثابت ہو جانے پر بھی نہ ماننا) (۲) مذہبی کٹر پن، مذہبی غیرتمندی۔
العِصَابُ : پٹی ۔
العُصَابُ : ذہنی اور دماغی اضطراب ۔
العِصَابَۃُ : پٹی (۲) عمامہ، پگڑی (۳) تاج (۴) جماعت، ٹولہ، گروہ، گھوڑوں کی ٹکڑی، پرندوں کا جھنڈ ۔ ج: عَصَائِبُ ۔
العِصَابة الحاكمة : حکمراں ٹولہ۔
عصابۃ الاجرام : جرائم پیشہ ٹولہ ۔
العَصْبُ : علم العروض میں مَفَاعَلَتُن کے لام کو ساکن کر کے مَفَاعِیلُن بنا دینا (۲) پگڑی، عمامہ (۳) ایک قسم کی چادر (۴) منہ میں خشک ہونیوالا تھوک ۔
العَصَبُ : پٹھا، گوشت کے اندر اعضاء جسم کے جوڑوں کو باندھنے والی پٹی (۲) سفید ریشہ جس کے ذریعہ دماغ سے بدن تک حس و حرکت پیدا ہوتی ہے ج: اَعْصَابٌ ۔
العَصْبَۃُ : ایک قسم کا درخت ج: عَصْبٌ
العُصْبَۃُ : جماعت، گروہ، جتھا (انسان گھوڑوں اور پرندوں کا) قرآن پاک میں ہے: " وَاٰتَیْنَاہُ مِنَ الْکُنُوْزِ مَا اِنَّ مَفَاتِحَہٗ لَتَنُوْءُ بِالْعُصْبَۃِ اُولِی الْقُوَّۃِ " ٹولہ، لیگ ۔ ج: عُصَبٌ ۔
العُصْبَۃُ الاسلامیۃ : مسلم لیگ ۔
العَصَبَۃُ : جتھا، جماعت (۲) ایک پٹھا، ریشہ
عَصَبَۃُ الرَّجُل : اولاد اور باپ کی طرف کے رشتہ دار یا اس کے حامی و ہمدرد لوگ (واحد اور جمع دونوں کے لئے) (۲) علم الفرائض میں عصبہ وہ ہے جس کا میراث میں حصہ مقرر نہ ہو اور اسے ذوی الفروض کے ترکہ میں سے حصہ پہنچتا ہو ۔
العَصَبِیُّ : زود رنج، منفعل المزاج، ذرا سی بات سے متأثر ہونے والا (۲) اپنی جماعت یا ہم مذہب لوگوں کا حامی و مددگار، متعصب، فرقہ پرست ۔
العَصَبِیَّۃُ : منفعل المزاجی، زود رنجی، اشتعال، غصہ (۲) تعصب، اپنے لوگوں یا ہم مذہب و ہم مسلک لوگوں کی حمایت و مدد کا جذبہ، یا بیجا حمایت (فرقہ پرستی) دھڑا بندی، دینی غیرت و حمیت، مذہبی یا نظریاتی طرف داری، بے جا طرف داری، ہٹ دھرمی ۔
العَصِیبُ ، یَوْمٌ عَصِیبٌ : انتہائی گرم یا ہولناک دن۔ قرآن پاک میں ہے: " وَقَالَ هٰذَا یَوْمٌ عَصِیْبٌ "
وَقْتٌ عَصِیبٌ : پر آشوب زمانہ، ہنگاموں کا دور۔
المُتَعَصِّبُ : جتھا بند، گروہی یا مذہبی طرف داری کا جذبہ رکھنے والا (۲) غیرت مند، باحمیت، کٹر مذہبی ۔
المُعَصَّبُ : سردار (۲) غریب و فقیر (۳) تاج دار ۔
المَعْصُوبُ : بہت بھوکا (۲) سبک تلوار (۳) پٹی بندھا ہوا ۔
مَعْصُوبُ الخَلْقِ : اچھی کاٹھی والا جس کی ہڈیاں لطیف و مضبوط ہوں ۔
مَعْصُوبُ العَیْنَیْنِ : آنکھوں پر پٹی باندھے ہوئے ۔
المَعْصُوبَۃُ من النِّسَاء : گٹھے ہوئے جسم والی ۔
• عَصَدَ السَّهْمُ ـُ عُصُودًا : تیر کا مڑ جانا اور نشانہ کی طرف نہ جانا ۔
ــــ العَصِیدَۃَ ـِ عَصْدًا : آٹے گھی کا حلوا یا حریرہ بنانا ۔
عَصَدَ الشیءَ : موڑنا ۔ فالشیءُ مَعْصُود و عَصِیدٌ ۔
ــــ فُلَانًا عَلَى الأَمْرِ : مجبور کرنا ۔
اَعْصَدَ العَصِیدَۃَ : عصیدہ (آٹے اور گھی کا حلوا) بنانا ۔
ــــ الشیءَ : موڑنا ۔
العَصِیدَۃُ : آٹے اور گھی کا حلوا، حریرہ ج: عَصَائِد ۔
المِعْصَدُ : عصیدہ کو پکاتے وقت ہلانے کا چمچہ وغیرہ ج: مَعَاصِد ۔
• عَصَرَ الشیءَ ـِ عَصْرًا : عرق یا رس یا تیل وغیرہ نکالنا، جیسے : عَصَرَ الفَاکِهَۃَ ۔
ــــ الثَّوْبَ : کپڑے کو نچوڑنا ۔
ــــ الدُّمَّلَ : پھوڑے کو دبا کر مواد نکالنا ۔
ــــ الرَّکْضُ الفَرَسَ : دوڑ کا گھوڑے کو پسینہ لانا ۔
ــــ الحَرُّ العُودَ : گرمی کا شاخ کو سکھا دینا ۔
ــــ فُلَانًا عن کذا : روکنا ۔
اَعْصَرَ : وقت عصر میں داخل ہونا ۔
ــــ الفَتَاۃُ : لڑکی کا بالغ ہونا ۔
اُعْصِرَ القَوْمُ : لوگوں پر بارش ہونا، لوگوں کے لئے بارش ہونا ۔
عَاصَرَ فُلَانًا : کسی کے ساتھ ایک زمانہ میں رہنا، ہم عصر ہونا (۲) کسی کی پناہ لینا ۔
عَصَّرَ الزَّرْعُ : کھیتی کے خوشے نکلنا ۔
ــــ الفَتَاۃُ : لڑکی کا بالغ ہونا ۔
ــــ الشیءَ : خوب نچوڑنا، بار بار نچوڑنا (۲) نئے زمانہ کے مطابق بنانا عصری بنانا، ماڈرن بنانا ۔
اِعْتَصَرَ بالمَاءِ : گلے میں اٹکے ہوئے لقمہ وغیرہ کو اتارنے کے لئے تھوڑا تھوڑا

پانی پینا۔
اِعْتَصَرَ من الشیٔ: کوئی چیز لینا۔
ــــ بہ: پناہ لینا، پناہ میں آنا۔
ــــ الشیٔ: نچوڑنا۔
ــــ العَصِیرَ: رس نکالنا۔
اِنْعَصَرَ: نچڑنا۔
تَعَصَّرَ الشیٔ: نچڑنا، نچوڑا جانا۔
ــــ فُلانٌ: رونا (۲) عصری ہونا، ماڈرن ہونا، نئے زمانہ کا ہونا۔
الإِعْصَارُ: بگولا (انتہائی تیز ہوا جو گرد اڑاتی ہوئی عمود کی شکل میں آسمان کی طرف اٹھتی ہے) ہوا کا سخت جھونکا، طوفانِ ہوا، آندھی۔ ج: أَعَاصِیرُ۔ کہاوت ہے: إن کُنْتَ رِیحًا فقد لاقَیْتَ إِعْصَارًا: زیادہ طاقتور شخص اپنے سے کم تر کو بطور تذلیل کہتا ہے کہ اگر تم خود کو طاقتور سمجھتے ہو تو میرے مقابلہ میں تم کچھ نہیں کیونکہ تم آندھی ہو تو میں طوفان ہوں۔
العِصَارُ: وقت۔ کہتے ہیں: جاءَ علی عِصَارٍ مِنَ الدَّھْرِ: وہ کسی لمحہ آیا (۲) سخت غبار۔
العُصَارُ: نچوڑ کر نکالا ہوا عرق یا رس۔
العُصَارَۃُ: عرق، رس، جوس (۲) خلاصہ، نچوڑ، حاصل۔ اِشْتَفَّ عُصَارَةَ أرْضِی: اس نے میری زمین کا غلہ لے لیا۔ ھو کَرِیمُ العُصَارَۃِ: وہ سخی وکریم ہے۔ (۲) پھوک، عرق نکالنے کے بعد بچا ہوا بھوسا یا چھلکے۔
العَصْرُ: وقت عصر، سہ پہر (دن کا آخری حصہ سورج کے سرخ ہو جانے تک) (۲) نماز عصر (نماز کے معنی میں مؤنث اور دوسرے معنی میں مذکر ومؤنث) (۳) زمانہ، عرصہ (۴) وقت (۵) دور عصر بمعنی دور کی نسبت کسی بادشاہ یا حکومت یا مختلف قسم کے فطری یا معاشرتی انقلابات وتغیرات کی طرف کی جاتی ہے جیسے: عَصْرُ دَوْلَۃٍ مُغولِیَّۃٍ: مغلوں کا دور حکومت۔ عَصْرُ الخلفاءِ العبّاسیّین: خلفاء عباسیہ کا دور۔
عَصْرُ الحضارۃ: دور تمدن۔
عَصْرُ الذَّرَّۃ: ایٹمی دور وغیرہ (۲) علم طبقات الارض میں اس طویل عرصہ کو کہتے ہیں جس کی مقدار کروڑوں سال ہوتی ہے اور اس میں زمین کے بعض طبقات پیدا ہوتے۔
العَصْرُ الآلِیُّ: مشینی دور۔
العَصْرُ الحَدِیدِیُّ: لوہے کا دور۔
العَصْرُ الذَّھَبِیُّ: زریں دور، عہد زریں
عَصْرُ الذَّرَّۃِ: ایٹمی دور۔
عَصْرُ الظُّلْمَۃِ: تاریک دور۔
العَصْرُ الحَدِیثُ: دور حاضر۔
العَصْرُ البائدُ: عہد پارینہ۔
العَصْرانِ: صبح وشام (۲) شب وروز۔
عَصْرًا: شام کو، عصر کے وقت جیسے جاءَ عَصْرًا۔
فَرِیدُ العَصْرِ: یکتائے روزگار
وَحِیدُ العَصْرِ: یکتائے زمانہ۔
العَصْرِیُّ: موجودہ دور کا، نیا، ماڈرن اپ ٹو ڈیٹ۔
العُصْرُ: پناہ گاہ، نجات کی جگہ۔ جاءَ ولکن لم یَجِئْ لِعُصْرٍ: وہ آیا مگر صحیح وقت پر نہیں آیا۔ نَامَ وما نَامَ لِعُصْرٍ: اسے بالکل نیند نہیں آئی۔
العَصَرُ: پناہ گاہ، نجات کی جگہ (۲) گرد، غبار۔
العَصَرَۃُ: زبردست گرد وغبار۔
العُصْرَۃُ: پناہ گاہ۔ کہتے ہیں: بَلَّ المَطَرُ ثِیابَہ حتّی صارَتْ عُصْرَۃً: بارش نے اس کے کپڑے اتنے بھگو دیئے کہ وہ نچوڑ کے قابل ہو گئے۔
العَصَّارُ: رس نکالنے اور بیچنے والا۔
العَصَّارَۃُ: تیل یا عرق یا رس نکالنے کی مشین، نچوڑنے کا آلہ، کپڑے سکھانے کی مشین۔
عَصَّارَۃُ قَصَبِ السُّکَّرِ: کولہو جس سے گنے کا رس نکالا جاتا ہے۔
العَصِیرُ: رس، جوس، عرق، تیل، نچوڑ، خلاصہ۔
عَصِیرُ الفواکِہِ: پھلوں کا رس، جوس
عَصِیرُ الوَرْدِ: آب گل۔
المِعْصارُ: عرق یا رس وغیرہ نکالنے کا آلہ، مشین ج: مَعَاصِیرُ۔
المُعَاصِرُ: ہم عصر۔
المُعَاصَرَۃُ: ہم عصری۔
المُعْصَرُ: کَرِیمُ المُعْصَرِ: سخی وفیاض
المِعْصَرُ: تیل وغیرہ نکالنے کی مشین، کولہو ج: مَعَاصِرُ۔
المُعْصِرُ: بالغ ہو جانے والی لڑکی، سن شباب کو پہنچنے والی لڑکی۔
المِعْصَرۃُ: المِعْصَرُ ج: مَعَاصِرُ۔
المَعْصَرَۃُ: تیل نکالنے کا کارخانہ، آئل مل
المُعْصِرَاتُ: بارش برسانے والے بادل۔ قرآن پاک میں ہے: "وَأَنْزَلْنَا مِنَ المُعْصِرَاتِ مَاءً ثَجَّاجًا"۔ واحد: مُعْصِرَۃٌ۔
• العُصْعُصُ: دم کی جڑ ج: عَصَاعِصُ۔
العَصْعَصَۃُ: پٹھوں کا درد۔
العُصْعُوصُ: العُصْعُصُ ج: عَصَاعِیصُ
• عَصَفَتِ الرِّیحُ ـِ عَصْفًا وعُصُوفًا: ہوا کا تیز چلنا، آندھی آنا، طوفان آنا فالرِّیحُ عاصِفٌ وعاصِفَۃٌ۔ قرآن پاک میں ہے: "جَاءَتْهَا رِیحٌ

عَاصِفٌ: ج: عَوَاصِفُ وهي عَصُوفٌ عَصَفَت بِهِم الحَرْبُ: جنگ نے ان کو تباہ کر دیا۔ عَصَفَ بِهِم الدَّهْرُ: زمانہ نے ان کو ہلاک کر دیا۔

عَصَفَ السائرُ: چلنے والے کا تیز رفتار ہو جانا۔ عَصَفَت النَّاقَةُ: اونٹنی تیز رفتار ہو گئی۔

ـــ الشيءُ: مائل ہونا، جھکنا۔

ـــ الزَّرعَ عَصْفًا: کھیتی کاٹنا۔

ـــ به الغَضَبُ: آگ بگولا ہونا۔

أَعْصَفَتِ الرِّيحُ: ہوا کا تیز چلنا، آندھی اور طوفان بننا۔ هي مُعْصِفٌ و مُعْصِفَةٌ۔

ـــ الزَّرعُ: کھیتی کا خوشے دار ہونا، کاٹنے کے لائق ہونا۔

ـــ المكانُ: زیادہ کھیتی والا ہونا۔

ـــ الرَّجُلُ: ہلاک و گمراہ ہونا۔

العَاصِفُ: آندھی والا، تیز ہوا والا۔ يَومٌ عَاصِفٌ و لَيلَةٌ عَاصِفَةٌ۔

سَهْمٌ عاصِفٌ: نشانہ سے ہٹنے والا تیر۔

العَاصِفَةُ: تیز ہوا، آندھی ج: عَوَاصِف

عاصِفة رَعْدِيَّة: طوفان برق و باد

العاصِفةُ الشَّعبيَّة: عوامی طوفان۔

العُصَافَةُ: خوشے سے گرے ہوئے تنکے (۲) بھوسا، تنکوں کا چورا۔

العَصْفُ: العُصَافَةُ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَ الْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَ الرَّيْحَانُ"، "فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّأْكُولٍ"۔ (۲) کھیتی کے پتے (۳) پھل کے اوپر سے ہٹنے والے پتے۔

العَصْفَةُ: العُصَافَةُ (۲) شراب کی بو (۳) ہوا کا ایک جھونکا۔

العصيف: تیز ہوا۔

العَصُوفُ: تیز ہوا ج: عُصُفٌ۔

العَصِيفَةُ: العُصَافَةُ (۲) وہ پتے جن میں خوشہ ہوتا ہے (۳) وہ پتے جو پھل کے اوپر سے ہٹتے ہیں (جن کے نیچے سے پھل نکلتا ہے)۔

• عَصْفَرَ الثَّوبَ وغَيرَهُ: عصفر سے رنگنا۔ تَعَصْفَرَ: زرد ہو جانا۔

العُصْفُرُ: ایک زرد رنگ کی بوٹی جس سے رنگائی کی جاتی ہے۔

العُصْفُورُ: چڑیا، چھوٹا پرندہ، مؤنث عُصْفُورَةٌ (۲) گھوڑے کی پیشانی میں ابھری ہوئی ہڈی۔ یہ دو ہوتی ہیں ج: عَصَافِيرُ۔

نَقَّتْ عَصَافِيرُ بَطْنِهِ: اسے بھوک لگ رہی ہے۔ طَارَتْ عَصَافِيرُ رَأْسِهِ: وہ مغرور ہو گیا۔

العُصْفُورَةُ: مؤنث العصفور (۲) لکڑی کی چٹخنی۔

عُصْفُورَةُ الجَمَلِ: وہ لکڑی جس سے پالان کے سرے باندھتے ہیں۔

العُصْفُورِيُّ: من الجِمالِ: دو کوہان والا اونٹ۔

العُصْفُورِيَّةُ: گل خیرو جو چھوٹی چڑیا کی شکل کا ہوتا ہے۔

• العُصْقُولُ: نرٹڈی ج: عَصَاقِيلُ

• عَصَلَ العُودَ و نَحوَهُ ـــ عَصْلًا: لکڑی کو موڑنا، ٹیڑھا کرنا۔

عَصِلَ الشَّيءُ ـــ عَصَلًا: سختی کے ساتھ ٹیڑھا ہونا، اینٹھنا۔ جیسے عَصِلَتْ سَاقُهُ: اس کی ٹانگ ٹیڑھی ہو گئی۔ وعَصِلَ ذَنَبُ الفَرَسِ: گھوڑے کی دم ٹیڑھی ہو گئی۔ عَصِلَ النَّابُ: سامنے کا دانت مڑ گیا۔ هو أَعْصَلُ و هي عَصْلَاءُ ج: عُصْلٌ۔

أَمْرٌ أَعْصَلُ: ٹیڑھا اور پیچیدہ معاملہ

عَصَّلَ فُلانٌ: دیر کرنا۔

ـــ العُودَ و نَحوَهُ: لکڑی کو ٹیڑھا کرنا۔

العَصَلُ: آنت ج: أَعْصَال (۲) ٹیڑھاپن

العِصْلُ: العَصَلُ۔

العَصْلَاءُ من النِّسَاءِ: سوکھی ہوئی دبلی عورت۔

المِعْصَالُ: مڑے ہوئے سر کا ڈنڈا جس سے درخت کی شاخوں کو ہلایا جاتا ہے (۲) ہاکی کا بلا ج: مَعَاصِيلُ۔

المِعْصَلُ: قرض دار سے سخت تقاضا کرنے والا۔

العُنْصُلُ: جنگلی لہسن۔

• عَصْلَبَ الرَّجُلُ: سخت پٹھوں والا ہونا، مضبوط جسم کا ہونا۔

العَصْلَبُ: مضبوط کاٹھی والا، ڈیل ڈول کا آدمی۔

العَصْلَبِيُّ: العَصْلَبُ۔

• عَصْلَجَ الشَّيءُ: سخت ہونا، دشوار و مشکل ہونا۔

العَصْلَجُ: ٹیڑھی پنڈلی والا۔

• عَصَمَ إليه ـــ عَصْمًا: کسی کی پناہ لینا۔

ـــ القِرْبَةَ: مشک کو اٹھانے کے لئے رسی کا پھندا لگانا، باندھنا۔

ـــ اللهُ فلانًا من الشَّرِّ او الخَطاءِ عِصْمَةً: فتنہ یا خطا سے بچانا، محفوظ رکھنا۔

ـــ الشيءَ: روکنا، حفاظت کرنا۔

عَصِمَ الحَيَوانُ ـــ عَصَمًا و عُصْمَةً: دونوں ہاتھوں یا ایک ہاتھ میں کچھ سفیدی اور باقی حصہ کا سیاہ یا سرخ ہونا، ایسے جانور کو کہا جائیگا أَعْصَمُ۔ هي عَصْمَاءُ ج: عُصْمٌ۔

کہتے ہیں: ظَبْیٌ اَعْصَمُ وفَرَسٌ اَعْصَمُ و غُرَابٌ اَعْصَمُ: وہ کوا جس کی چونچ اور پیر سرخ ہوں۔
اَعْصَمَ بِہ: پکڑنا، تھامنا۔
ــــ بالفَرَسِ: سر کے بال پکڑنا۔
ــــ بِفُلانٍ: کسی کی پناہ لینا۔
ــــ القِرْبَۃَ: مشک کو باندھنا۔
اِعْتَصَمَ بِہ: پناہ لینا، کسی کا دامن تھامنا، پکڑنا، ساتھ لگنا۔
ــــ بِحَبْلِ اللّٰہِ: اللہ کے دین پر مضبوطی سے جمنا۔
ــــ بالصَّبْرِ: برداشت سے کام لینا۔
ــــ بالصَّمْتِ: خاموشی اختیار کرنا۔
ــــ الطَّلَبَۃُ و نَحْوُھم بمَعْھَدِھم طلبہ وغیرہ کا اسٹرائک کرنا، دھرنا دینا۔
اِنْعَصَمَ: محفوظ ہونا، پناہ میں ہونا۔
اِسْتَعْصَمَ: حفاظت چاہنا، حفاظت کا ذریعہ اختیار کرنا، گناہ سے بچنا۔
ــــ بِہ: پناہ لینا، مضبوطی سے تھامنا
العَاصِمَۃُ: شہر (۲) دارالسلطنت، مرکز یا صوبہ کا پایۂ تخت ج: عواصِمُ
العِصَامُ: وہ رسّی جس سے مشک کو باندھ کر اٹھایا جاتا ہے (۲) تسمہ، ڈوری (۳) پٹی (۴) برتن کو پکڑ کر اٹھانے کا حلقہ، دستہ ج: عُصُمٌ و اَعْصِمَۃٌ۔ کہاوت ہے: ماوَراءَكَ یا عِصَامُ: کسی چیز کی کھوج اور تحقیق کے موقعہ پر بولا جاتا ہے۔ نعمان بن منذر کے دربان کا نام عصام تھا اس سے نعمان نے پوچھا تھا کہ عصام کیا خبر لے کر آئے ہو۔
العِصَامِیُّ: ذاتی عظمت والا (سیلف میڈ) اس کے مقابل ہے العِظَامِیُّ یعنی خاندانی عظمت والا۔ اسی وجہ سے بطور تلقین کہا جاتا ہے کُنْ عِصَامِیًّا لا عِظَامِیًّا یعنی خود اپنے اندر کمال پیدا کر محض خاندانی عظمت پر نازاں نہ ہو یہ بھی عصام کی طرف منسوب ہے جو شاہ حیرہ نعمان بن منذر کا دربان تھا اور اس نے اپنی صلاحیتوں سے ترقی کر کے بڑا رتبہ حاصل کیا تھا
العِصْمَۃُ: ایک خداداد ملکہ جو انسان کو بدی پر قدرت کے باوجود اس سے باز رکھتا ہے۔ پاک دامنی، حفاظت بے گناہی، معصومیت، گناہ سے باز رہنے کی صفت تامہ (۲) وہ عہد و پیمان یا ازدواجی رشتہ جسے شوہر جب چاہے ختم کر دے، اور عورت نے اگر اس کی شرط کی ہو تو اسے بھی ختم کرنے کا اختیار ہو۔ قرآن پاک میں ہے: "وَ لَا تُمْسِکُوْا بِعِصَمِ الکَوَافِرِ" یعنی تم کافروں کے نکاح کے عہد و پیمان کو برقرار نہ رکھو (۳) ہاتھ کا کنگن۔
المِعْصَمُ: کلائی جس میں کنگن پہنا جاتا ہے ج: مَعَاصِمُ۔
سَاعَۃُ المِعْصَم: ہاتھ کی گھڑی۔
المَعْصُوْمُ: گناہ سے محفوظ، بے گناہ۔
المَعْصُوْمِیَّۃ: بے گناہی، پاک دامنی۔
• عَصَاہُ ـُ عَصْوًا: کسی کو لاٹھی یا ڈنڈا مارنا، لاٹھی سے پیٹنا۔
ــــ فُلانًا: لاٹھی کے مقابلہ میں کسی پر غالب آنا۔
ــــ القَوْمَ: لوگوں کو اچھے یا برے کام کے لئے اکٹھا کرنا۔
عَصِیَ بِالعَصَا ـَ عَصًا: پٹا کھیلنا، لاٹھی چلانا، ڈنڈوں اور لاٹھیوں سے خاص طریقہ پر کھیلنا۔
اَعْصَی الکَرْمُ: انگور کی بیل پر شاخیں نکلنا مگر پھل نہ آنا۔
عَاصَاہُ: کسی کے ساتھ لاٹھی چلانے میں مقابلہ کرنا۔ عَاصَاہُ فَعَصَاہُ: اس نے اس کے ساتھ لاٹھی چلانے میں مقابلہ کیا اور اس پر بازی لے گیا۔ اس کے ساتھ لٹھ بازی کی اور اس پر غالب ہو گیا۔
اِعْتَصَی عَلَی العَصَا: لاٹھی کا سہارا لینا۔
ــــ الشیءَ: لاٹھی بنا لینا، لاٹھی کے طور پر استعمال کرنا۔
العَصَا: لاٹھی، ڈنڈا، چھڑی (مؤنث) اس کا تثنیہ عَصَوَان ہے ج: عِصِیٌّ و اَعْصٍ (۲) پنڈلی کی ہڈی (۳) زبان۔ العِصِیُّ المَمْلُوْحَۃُ: چھوٹے ڈنڈوں کی شکل کی نمکین روٹیاں۔
ــــ اَلْقَی عَصَاہُ: قیام کرنا، ترک سفر کرنا۔
رَفَعَ عَصَاہُ: چلنا، قیام ترک کرنا۔
شَقَّ العَصَا: مخالفت کرنا، جماعت سے بغاوت کرنا، شیرازہ بکھرنا۔
شَقَّ عَصَا الطاعۃ: نافرمانی کرنا
اِنْشَقَّتِ العَصَا: جماعت کا شیرازہ بکھرنا
صُلْبُ العَصَا و شَدِیْدُ العَصَا: متشدد۔
قَرَعَ لَہُ العَصَا: سختی سے متنبہ کرنا ہوشیار کرنا، کہاوت ہے: اِنَّ العَصَا قُرِعَت لِذِی الحِلْمِ: آدمی کو چوکنا کر دیا گیا۔
رَأْسُ العَصَا: چھوٹا سر۔
عَبِیْدُ العَصَا: ذلیل لوگ جو لاٹھی کھائے بغیر حرکت سے باز نہ آئیں، ڈنڈے کے یار۔ لاتوں کے بھوت۔
ضَعِیفُ العَصَا: کمزور طبیعت والا
لَیِّنُ العَصَا: نرم طبیعت والا۔
قَشَرَ لَہ العَصَا: کسی سے اپنا مافی الضمیر ظاہر کرنا۔

عَصَا الرَّاعِي : ایک قسم کی بیل جیسی گھاس۔
العَصَّاءُ : نافرمان، گنہگار۔
العُصَيَّةُ : چھوٹی سی لاٹھی، چھڑی۔ کہاوت ہے : إنَّ العَصَا مِنَ العُصَيَّةِ : سنگین بات چھوٹی سی بات سے پیدا ہوتی ہے۔
عَصَاهُ ـِ مَعْصِيَةً و عِصْيَانًا : نافرمانی کرنا، حکم کی خلاف ورزی کرنا۔ هو عاصٍ و عَصَّاءٌ و عَصِيٌّ۔
عَاصَاهُ : مخالفت کرتے رہنا، نافرمانی کرتے رہنا۔
اِعْتَصَتِ النَّوَاةُ : گٹھلی کا سخت ہوجانا
تَعَصَّى عَلَيه : کسی کے خلاف سر اٹھانا، بغاوت و نافرمانی کرنا۔
اِسْتَعْصَى عليه : تَعَصَّى۔
ــــ الشيءُ : مشکل ہونا، بے قابو ہونا۔
العِصْيَانُ : نافرمانی، بغاوت، حکم عدولی
العِصْيَانُ المَدَنِيُّ : سول نافرمانی۔
العِصْيَانُ المُسَلَّحُ : مسلح بغاوت۔
المَعْصِيَةُ : گناہ، خطا ج : مَعَاصٍ۔

ع ـــــ ض

• عَضَبَ عن الأمرِ ـِ عَضْبًا : الگ ہونا، چھوڑنا۔
ــــ الشيءَ : کاٹنا، بددعا کے لئے کہا جاتا ہے : مالَه عَضَبَهُ اللهُ : اسے کیا ہوگیا خدا اس کا ناس کرے۔ کہاوت ہے : إنَّ الحاجةَ يَعْضِبُها طَلَبُها قَبْلَ وقتِها : قبل از وقت کسی چیز کی طلب محرومی کا باعث ہوتی ہے۔
ــــ النَّاقةَ و نَحْوَها : اونٹنی وغیرہ کا کان چیرنا۔
عَضَبَ فُلانًا عن حَاجَتِه : کسی کو اس کے کام سے روکنا۔
ــــ فُلانًا بِلسانِه : گالی دینا۔
ــــ المَرَضُ فُلانًا : بیماری کا کسی کو (طویل عرصہ تک لاحق رہ کر) بے حرکت کردینا۔
ــــ فُلانا بالرُّمْحِ : کسی کو نیزہ مارنا
ــــ فلانا بالعَصا : لاٹھی مارنا۔
عَضِبَ ذو الأُذُنِ ـَ عَضَبًا : کان والے کا کٹے ہوئے کان والا ہونا۔
ــــ ذُو القَرْنِ : سینگ والے کا کٹے ہوئے سینگ والا ہونا۔ هو أَعْضَبُ و هي عَضْبَاءُ ج : عُضْبٌ۔ حدیث میں ہے : "نَهَى أن يُضَحَّى بالأَعْضَبِ القَرْنِ" : کان کٹے ہوئے جانور کی قربانی سے منع کیا گیا ہے۔
عَضُبَ السَّيْفُ ـُ عُضُوبًا و عُضُوبَةً : تلوار کا تیز ہونا۔
ــــ اللِّسانُ : زبان کا تیز ہونا۔ هو عَضْبٌ۔
أَعْضَبَ النَّاقَةَ و نَحْوَها : اونٹنی کے کان چیرنا۔
عَاضَبَهُ : کسی کو روکتے رہنا، مسلسل رکاوٹ ڈالنا۔
اِنْعَضَبَ القَرْنُ : سینگ ٹوٹنا۔
الأَعْضَبُ : چھوٹے ہاتھ والا (۲) بے یار و مددگار (۳) اکیلا جس کا بھائی نہ ہو۔ ج : عُضْبٌ۔
العَضَّابُ : بہت گالی دینے والا، بہت کاٹنے والا۔
العَضْبُ : تیز تلوار یا زبان۔
المَعْضُوبُ : کمزور (۲) لنجا۔
• عَضْبَرَ الكَلْبُ : کتے کا شیر جیسا ہوجانا
العِضْبَارَةُ : دھوبی کا تختہ جس پر دھونے کے لئے کپڑا کوٹتا ہے۔
• عَضَدَه ـُ عَضْدًا : بازو پر مارنا (۲) مدد دینا، حمایت کرنا، طاقت بہم پہنچانا۔
ــــ الشَّجَرَةَ و نَحْوَها ـِ عَضْدًا : درانتی سے کاٹنا۔ حرمت مدینہ طیبہ والی حدیث میں ہے : "نَهَى أن يُعْضَدَ شَجَرُها" حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے درخت کاٹنے سے منع فرمایا (۲) درخت پر چوٹ مار کر پتے جھاڑنا۔
عَضِدَ ـَ عَضَدًا : بازو کی تکلیف والا ہونا، کسی کے بازو میں درد ہونا۔
عُضِدَ : کسی کے بازو میں درد و تکلیف ہونا۔
عَاضَدَهُ : مدد کرنا، پشت پناہی کرنا۔
اِعْتَضَدَ بِه : تقویت حاصل کرنا۔
ــــ الشيءَ : گود میں لینا، بغل میں دبانا۔
عَضَّدَهُ : پشت پناہی کرنا، مدد دینا۔
ــــ السَّهْمُ : تیر کا دائیں بائیں نکلنا۔
تَعَاضَدَ القَوْمُ : باہم مدد کرنا، ایک دوسرے کو تقویت پہنچانا، متحد ہونا
تَعَضَّدَهُ : گود یا بغل میں لینا۔
اِسْتَعْضَدَ الثَّمَرَةَ : پھل توڑنا۔
ــــ الشَّجَرَةَ : کاٹنا۔
الأَعْضَدُ : پتلے بازو والا (۲) جس کا ایک ہاتھ چھوٹا ہو۔
العُضَادُ : موٹے بازو والا (۲) پست قد مرد و عورت۔
العِضَادُ : بازوبند، بازو پر باندھی جانے والی چیز زیور یا تعویذ وغیرہ (۲) درانتی (۳) اونٹ کے بازو کا نشان۔

العِضَادَةُ: راستہ کا کنارہ (۲) مسافت پیما آلہ کی متحرک کہنی ۔
عِضَادَتَا النِّيرِ: جانوروں کے جوئے کے دونوں طرف کی دو لکڑیاں ۔
عِضَادَتَا البَابِ: چوکھٹ کے دو بازو
عِضَادَتَا الرَّجُلِ: آدمی کے دو رفیق اور معاون ۔
العُضَادِيُّ: موٹے بازو والا ۔
العَضُدُ: درخت کو لگایا جانے والا قلم گابھا ۔
العَضُدُ: بازو، مونڈھے اور کہنی کے درمیان کا حصہ، ہاتھ ج: أَعْضَاد ۔
أَعْضَادُ المَزَارِعِ: کھیتوں کی حدود (۲) مددگار، پشت پناہ ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمَا كُنْتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّينَ عَضُدًا" (۳) گوشہ ۔
فَتَّ فِي عَضُدِهِ: کمزور کرنا، طاقت گھٹانا، کسی کے اعوان وانصار کو منتشر کرنا ۔ شَدَّ عَضُدَهُ: مدد دینا، پشت پناہی کرنا، طاقت بہم پہنچانا ۔ قرآن پاک میں ہے: "سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِأَخِيكَ" (۴) انگور کی بیل کی شاخ جس پر لوہے کی سلائیں پھیلی ہوتی ہیں ۔
العَضَدُ: اونٹ کے بازوؤں کی بیماری (۲) درخت کے گرے ہوئے پتے (۳) درخت کی کٹی ہوئی شاخیں ج: أَعْضَاد وعُضُودٌ ۔
المِعْضَادُ والمِعْضَدُ: درانتی (۲) بازوبند ۔
اليَعْضِيدُ: ایک طرح کی سبزی ۔
• العَضْرَسُ: سردی (۲) اولا (۳) برف (۴) سنار ایک بوٹی جو پتلی زمینوں میں پیدا ہوتی ہے ج: عَضَارِسُ ۔
• عَضَّهُ وبِهِ وعَلَيْهِ ـَ عَضًّا وعَضِيضًا: دانتوں سے پکڑنا، کاٹنا، مضبوطی سے تھامنا ۔ حدیث میں ہے: "عَلَيْكُم بِسُنَّتِي وَسُنَّةِ الخُلَفَاءِ مِن بَعْدِي عَضُّوا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ" میرے اور میرے بعد میرے خلفا کے طریقہ پر کاربند رہو اس پر سختی کے ساتھ قائم رہو ۔
عَضَّهُ فُلَانًا بِلِسَانِهِ: برائی اور مذمت کرنا، برائی کے ساتھ نام لینا ۔
___ عَلَى يَدِهِ حَنَقًا: کسی کے ساتھ سخت دشمنی کرنا ۔
___ الزَّمَانُ الرجل: زمانہ کا کسی پر سختی کرنا، مصائب میں مبتلا کرنا
___ عَلَى يَدِهِ: نادم وشرمندہ ہونا ۔ قرآن پاک میں ہے: "يَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلَى يَدَيْهِ"
أَعَضَّتِ الأَرْضُ: زمین کا بہت کانٹوں والی ہونا ۔
___ فُلَانٌ فُلَانًا الشَّيْءَ: کسی سے کسی کو کٹوانا ۔
عَضَّضَ الشَّيْءَ: زور کے ساتھ دانتوں سے کاٹنا یا پکڑنا ۔
العَاضُّ: بَعِيرٌ عَاضٌّ: کانٹے کھانے والا اونٹ ۔
العَضَاضُ: دانتوں سے کاٹ کر کھائی جانے والی چیز (۲) بھاری درخت ج: عُضُضٌ ۔
العَضَاضُ: سختی جھیلنے کا عادی ۔
العُضُّ: چھوٹا کانٹوں دار درخت
العَضُوضُ: کٹ کھنا، بہت کاٹنے والا (۲) دانتوں سے کاٹ کر کھائی جانے والی چیز ۔ مُلْكٌ عَضُوضٌ: ملک جس میں ظلم و زیادتی ہو ۔ حدیث میں ہے: "وَالخِلَافَةُ بَعْدِي ثَلَاثُونَ سَنَةً ثُمَّ يَكُونُ مُلْكٌ عَضُوضٌ" (۲) سخت زمانہ
كَلْبٌ عَضُوضٌ: بڑا کاٹنے والا کتا ج: عُضُضٌ وعِضَاضٌ ۔
• عَضَلَ بِهِ الأَمْرُ ـُ عَضْلًا: معاملہ کا سنگین ہونا، الجھا ہوا ہونا ۔
___ عَلَيْهِ: کسی کو پریشانی میں ڈالنا، کسی کے لئے حصول مقصد میں رکاوٹ بننا ۔
___ المَرْأَةَ: عورت کو ظلمًا شادی سے روکنا ۔ قرآن پاک میں ہے: "فَلَا تَعْضُلُوهُنَّ أَنْ يَنْكِحْنَ أَزْوَاجَهُنَّ"
___ فُلَانًا: کسی کے پٹھے پر مارنا ۔
عَضِلَ ـَ عَضَلًا: موٹے پٹھے والا ہونا هو عَضِلٌ ۔
أَعْضَلَتِ الوَالِدَةُ: حاملہ کی ولادت دشوار ہونا ۔ هي مُعْضِلٌ: مشکل سے بچہ جننے والی ۔
___ الأَمْرُ: معاملہ سخت اور مشکل ہونا ۔
___ الشَّيْءُ: کسی چیز کا بہت خراب ہونا ۔
___ الدَّاءُ الأَطِبَّاءَ: بیماری کا معالجین کو علاج سے عاجز و ناکام بنا دینا ۔
___ فُلَانًا وبِهِ الأَمْرُ: کسی بات کا کسی کو عاجز و پریشان کر دینا ۔ حدیث عمرؓ میں ہے: "أَعْضَلَ بِي أَهْلُ الكُوفَةِ مَا يَرْضَوْنَ بِأَمِيرٍ وَلَا يَرْضَاهُمْ أَمِيرٌ" اہل کوفہ نے مجھے پریشانی میں ڈال رکھا ہے نہ تو کوئی امیران کے لئے قابل قبول ہے اور نہ ہی کوئی امیر ان کو پسند کرتا ہے ۔
عَضَّلَتِ الوَالِدَةُ بِوَلَدِهَا: بچہ جننے والی کا اپنے بچہ کی پیدائش میں دشواری محسوس کرنا ۔
___ النَّاقَةُ: اونٹنی کا عاجز و ناکارہ ہونا
___ الأَرْضُ بِأَهْلِهَا: کثرت کی بنا پر

زمین کا اپنے باشندوں پر تنگ ہونا

عَضَّلَ فُلَانًا و عَلَيه : کسی کو پریشان کرنا اور اس کے حصول مقصد میں رکاوٹ بننا، کسی کی راہ مارنا۔

__ المرأةَ : نکاح سے روکنا (ظلماً)

تَعَضَّلَ الدّاءُ : بیماری کا تھکا دینا۔

اِسْتَعْضَلَ الشَّيءُ : سخت اور دشوار ہونا۔

العُضَالُ : نا قابل حل۔ انتہائی دشوار

دَاءٌ عُضَالٌ : لاعلاج بیماری۔

العَضَلُ : بڑا چوہا ج : عِضْلَانٌ۔

العَضَلَةُ : پٹھا جس سے جسم میں حرکت ہوتی ہے ج : عَضَلٌ وعَضَلَات

العَضَلِيُّ : پٹھوں سے متعلق، مضبوط پٹھوں والا۔

المُعْضِلُ : دشوار، سخت۔

المُعْضِلَة : تنگ راستہ (۲) نا قابل حل مسئلہ (۳) مشکل معاملہ (۴) مصیبت

المُعْضِلَات : مشکلات، دشواریاں۔

• العَضَمُ : گیہوں صاف کرنے کا شاخدار چوبی آلہ ج : عِضَامٌ وأَعْضِمَة وعُضُمٌ۔

• عَضِهَتِ الإِبِلُ ـَ عَضَهًا : اونٹوں کا ببول کھانا۔

__ الرَّجُلُ : تہمت لگانا، گالی دینا۔

__ العِضَاهَ : ببول کاٹنا۔

أَعْضَهَ القَوْمُ : لوگوں کے اونٹوں کا ببول کھانا۔

__ الأَرْضُ : زمین کا بکثرت ببول والا ہونا۔

__ الرَّجُلُ : تہمت لگانا۔

عَضَّهَ العِضَاهَ : ببول کے درخت کاٹنا

العَاضِهُ : زہریلا سانپ جس کا کاٹا فوراً مرجائے (۲) ببول کھانے والی اونٹنی

العَاضِهَة : العَاضِه۔

العِضَاهُ : چھوٹا یا بڑا ہر خاردار درخت۔ واحد : عِضَاهَة۔

العَضِيهَةُ : وہ زمین جس میں بکثرت خاردار درخت ہوں (۲) جھوٹا الزام، افتراپردازی ج : عَضَائِه

• عَضَا الشيءَ ـُ عَضْوًا : حصے بخرے کرنا۔

عَضَّى الشيءَ : عَضَاه۔

__ القَوْمَ : لوگوں کو منتشر کرنا۔

العِضَةُ : حصہ، ٹکڑا (۲) فرقہ، گروہ (۳) جھوٹ ج : عِضُونٌ۔ قرآن پاک میں ہے : "كَمَا أَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِينَ الَّذِينَ جَعَلُوا الْقُرْآنَ عِضِينَ"

العُضْوُ : بدن کا حصہ جیسے ہاتھ پیر کان وغیرہ (۲) کسی جماعت وغیرہ کا رکن ممبر۔ هي عُضْوٌ وعُضْوَة ج : أَعْضَاء۔

العُضْوُ العَامِلُ : فعال ممبر۔

العُضْوُ الدَّائِمُ : مستقل ممبر۔

العُضْوُ الفَخْرِيُّ : اعزازی ممبر۔

العُضو المراقِب : مشاہد ممبر۔

العُضْوِيَّة : ممبری، رکنیت۔

عُضْوِيَّة شَرَف : اعزازی ممبری۔

العُضْوِيَّة الفخرِيَّةُ : اعزازی ممبری

ع ـــ ط

• عَطِبَ ـُ عَطْبًا وعُطُوبًا : نرم و لچک دار ہونا۔

عَطِبَ ـَ عَطَبًا : ہلاک وبرباد ہونا ضائع ہونا (۲) خراب ہونا، بگڑنا بےکار ہونا۔

__ البَعِيرُ والفَرَسُ : اونٹ اور گھوڑے کا تھکنا۔

__ عَلَيه : کسی سے سخت ناراض ہونا، کسی پر انتہائی غصہ کرنا۔

أَعْطَبَهُ : ہلاک وبرباد کرنا، ضائع کرنا

عَطَّبَ الكَرْمُ : انگور کی بیل پر گرہیں ظاہر ہونا۔

__ الشَّرَابَ : شراب میں خوشبو پیدا کرنے کی تدبیر کرنا۔

اِعْتَطَبَ فُلَانٌ : ہلاک ہونا۔

__ النَّارَ : آگ کو چیتھڑے میں لینا۔

العُطْبُ : روئی۔ واحد : عُطْبَة۔

العُطْبَةُ : چیتھڑا جس سے آگ اٹھائی جائے۔

العَطَبُ : ہلاکت، ضیاع، خرابی، بگاڑ خامی۔ سَرِيعُ العَطَب : جلد خراب ہونے والا۔

الأَعْطَابُ البَشَرِيَّةُ : بشری خامیاں، نقائص۔

المَعْطَبُ : ہلاکت گاہ، بگاڑ اور خرابی کی جگہ ج : مَعَاطِب۔

• العُطْبُلُ : جوان گٹھے جسم کی خوبصورت عورت (۲) لمبی گردن والی ہرنی ج : عَطَابِل۔

العُطْبُولُ : العُطْبُلُ (۲) دراز قامت مرد (۳) لمبی گردن والا ج : عَطَابِيل

• عَطِرَ ـَ عَطَرًا : خوشبودار ہونا، کسی کا معطر ہونا، خوشبو لگانا۔

عَطَّرَهُ : خوشبودار بنانا، معطر کرنا۔

تَعَطَّرَ : معطر ہونا، خوشبو لگانا۔

تَعَطَّرَتِ البِنْتُ : لڑکی کا شادی نہ کرنا اور اپنے ماں باپ کے یہاں رہنا۔

اِسْتَعْطَرَ : عَطِرَ۔

العَاطِرُ : خوشبودار، مہک دار (۲) خوشبو کا عادی ج : عُطْر۔

العِطَارَةُ : عطرسازی، عطرفروشی، عطاری (۲) پنسارہٹا۔

العِطْرُ : خوشبو جو بدن یا کپڑوں پر مل جائے

(۲) سنت ، روح (۳) خلاصہ ج :
عُطُورٌ و اَعْطَارٌ (۴) وہ بوٹی یا لکڑی وغیرہ جس سے عطر (خوشبودار تیل) کشید کیا جائے۔
العِطْرُ : خوشبودار (خواہ خوشبو لگائی ہو یا نہیں)
العَطَّارُ : عطر فروش (۲) عطر ساز (۳) پنساری عطار جو کھانے کے مسالے وغیرہ فروخت کرتا ہے۔
المُتَعَطِّرُ : خوشبودار۔
المِعْطَارُ : بہت خوشبو استعمال کرنے والا (مرد ہو یا عورت) ہر وقت معطر رہنے والا ج : مَعَاطِير۔
المِعْطِيرُ : المِعْطَارُ۔
المُعَطَّرُ : خوشبو لگائے ہوئے ، خوشبو سے مہکا ہوا۔
عَطْرَدَةٌ : سامان فراہم کرنا ، دینا۔
عُطَارِدٌ : آفتاب سے نزدیک ایک سیارہ جو نو ستاروں میں سے ایک ہے اس کو ہندی میں بدھ اور فارسی میں دبیر فلک کہتے ہیں۔
العُطْرُودُ : سامانِ ضرورت ، سامانِ جنگ
• عَطَسَ الرَّجُلُ ــِ عَطْسًا و عُطَاسًا چھینک آنا ، چھینکنا (۲) ہلاک ہونا۔
ــــ الصُّبْحُ : صبح کی سپیدی نمودار ہونا
عَطَّسَهُ : چھینک دلانا۔
العَاطِسُ : چھینکنے والا (۲) سامنے آنے والا ہرن (۳) صبح
العَاطُوسُ : ناس ، ہلاس۔
العَطْسَةُ : چھینک (۲) مثل۔ کہتے ہیں : فُلاَنٌ عَطْسَةُ فُلاَنٍ : فلاں تو ہو بہو فلاں ہے۔
العَطُوسُ : من الرِّجال۔ مرد میدان جسے لڑائی جھگڑے کے وقت آگے رکھا جاتا ہو۔
المَعْطِسُ : ناک ج : مَعَاطِس۔

المُعَطَّشُ : مقہور و مغلوب۔
• عَطِشَ ــَ عَطَشًا : پیاس لگنا ، پیاسا ہونا۔ ھو عَاطِشٌ و عَطْشَانُ و عَطِشٌ و ھی عَاطِشَةٌ و عَطِشَةٌ و عَطْشَی و عَطْشَانَةٌ
الیہ : مشتاق ہونا۔
اَعْطَشَ الرَّجُلُ : کسی کے مویشیوں کا پیاسا ہونا۔
ــــ فُلاَنًا : پیاسا کرنا ، پیاس لگانا۔
عَطَّشَهُ : اَعْطَشَهُ۔
تَعَطَّشَ : پیاسا بننا۔
العُطَاشُ : پیاس کی بیماری (جس میں پانی پینے سے پیاس نہیں بجھتی)
العَطَشُ : پیاس۔
المُتَعَطِّشُ : پیاسا۔
المَعْطَشُ : پیاس کا وقت۔
المَعْطَشَةُ : وہ زمین جہاں پانی نہ ہو ج : مَعَاطِشُ۔
المِعْطَاشُ : بہت پیاسا۔
• عَطَّ الثَّوْبَ ــُ عَطًّا : لمبائی یا چوڑائی میں پھاڑنا۔
ــــ فُلاَنًا الی الارض : زمین پر پٹخنا اور غالب آجانا۔
عَطَّطَ الثَّوْبَ : عَطَّهُ۔
اِعْتَطَّ الشَّیْءَ : پھاڑنا۔
اِنْعَطَّ الثَّوْبُ : کپڑا پھٹنا۔
ــــ العُودُ : لکڑی کا مڑ جانا۔
تَعَطَّطَ الثوبُ : پھٹنا۔
• عَطْعَطَ القَوْمُ : کسی کے کسی پر غالب ہونے کے وقت "عِیط عِیط" کہنا۔
ــــ الکَلاَمَ : بات کو خلط ملط کرنا۔
ــــ الذِّئْبَ : بھیڑیے کو "عَاطِ عَاطِ" کہنا۔
العَطْعَطَةُ : لڑائی کی چیخ و پکار شور و غل۔
• عَطَفَ ــِ عَطْفًا و عُطُوفًا : مائل

ہونا ، جھکنا ، مڑنا۔ عَطَفَتِ الظَّبْیَةُ : ہرنی کا گردن جھکا کر موڑنا۔
عَطَفَ الی ناحیۃ : کسی طرف متوجہ ہونا ، کسی پہلو کی طرف پھر جانا۔
ــــ فُلاَنٌ عن کذا : ہٹنا ، پھرنا ، اعراض کرنا۔
ــــ النَّاقَةُ علی ولدھا : اونٹنی کا اپنے بچہ پر مہربان ہونا اور اس کا دودھ بڑھ جانا۔
ــــ عَلَیہ : کسی پر مہربان و مشفق ہونا ، شفقت کرنا (۲) حملہ کرنا ، لوٹ کر حملہ کرنا۔
ــــ الشَّیْءَ عَطْفًا : جھکانا ، موڑنا۔
ــــ اللَّفْظَ علی سابقہ : کسی حرف کے ذریعہ لفظ کو پہلے کے تابع کرنا (حکم میں شریک کرنا)۔
ــــ اللّٰہُ قَلْبَ السُّلْطَانِ و بِقَلْبِہ علی رَعِیَّتِہ : اللہ کا بادشاہ کو رعایا پر مہربان کرنا۔
ــــ عِنَانَ الفَرَسِ : لگام پھیرنا۔
ــــ الوِسَادَةَ : تکیہ کو دوہرا کرنا۔
عَطَّفَ الشَّیْءَ : جھکانا ، ٹیڑھا کرنا۔
ــــ فُلاَنًا العِطَافَ او المِعْطَفَ و بہ : کوٹ پہنانا (سردی وغیرہ سے بچنے کے لئے فوقانی لباس پہنانا ، اوڑھانا)
ــــ النَّاقَةَ علی وَلَدِھا : اونٹنی کو اس کے بچہ پر مہربان بنانا۔
اِعْتَطَفَ العِطَافَ و بہ : کوٹ پہننا ، لباس پہننا ، اوڑھنا۔
ــــ الثوبَ او الرِّدَاءَ : اوڑھنا ، اس میں لپٹ جانا۔
ــــ السَّیْفَ و القوسَ : تلوار یا کمان اٹھانا۔
اِنْعَطَفَ : جھکنا ، مڑنا۔
تَعَاطَفَ القَوْمُ : باہم ہمدرد ہونا ، ایک دوسرے سے محبت و تعلق رکھنا۔

تَعَاطَفَ فُلَانٌ فِی مِشْیَتِهٖ: اترا کر چلنا، فخریہ انداز سے چلنا، مٹکتے ہوئے چلنا۔
تَعَطَّفَ: جھکنا، مڑنا۔
— **عَلَیْهِ**: شفقت ومہربانی کرنا (۲) کسی سے ہمدردی کرنا، کسی پر احسان کرنا۔
— **العِطَافَ و بِهٖ**: کوٹ وغیرہ پہننا۔
اِسْتَعْطَفَهٗ: رحم کی درخواست کرنا، شفقت ومہربانی کا طالب ہونا۔
العَاطِفُ: ملانے والا (۲) مہربان (۳) حرف عطف (۴) ازار۔
التعاطُفُ مع احد: کسی کے ساتھ ہمدردی۔
العَاطِفَةُ: رشتہ، رشتہ داری (۲) تعلق، رابطہ (۳) شفقت، مہربانی، جذبہ (ایک ذہنی اور نفسیاتی صلاحیت جس میں انسان پر خاص قسم کی کیفیات طاری ہوں اور وہ کسی خیال یا شے کے بارے میں مخصوص طرز عمل اختیار کرے۔
العَاطُوفُ: شکار کا پھندا جس میں خمیدہ سر والی ایک لکڑی لگی ہوتی ہے۔
العِطَافُ: چادر (۲) اون وغیرہ کا کوٹ جو سردی سے بچاؤ کے لئے کپڑوں پر پہنا جاتا ہے ج: عُطُفٌ و اَعْطِفَةٌ۔
العَطَّافُ: خوش اخلاق (۲) بڑا مہربان (۳) پست حوصلہ لوگوں کی حمایت وحوصلہ افزائی کرنے والا۔
العَطَفُ: ایک پودا جس کے پتے نہیں ہوتے، لپٹنے والی بیل۔
العَطْفُ: جھکاؤ، میلان (۲) مہربانی، شفقت، ہمدردی، تعلق (۳) حرف عطف کے ذریعہ کسی لفظ یا جملہ کو سابق کے ساتھ جوڑنا اور اس کے حکم میں شریک کرنا۔
عَطْفُ بَیَانٍ: یہ وہ تابع ہے جو اپنے متبوع کی وضاحت اور غیر مستقل ہونے میں صفت کے مشابہ ہوتا ہے۔
عَطْفُ نَسَقٍ: یہ وہ تابع ہے کہ اس کے اور اس کے متبوع کے درمیان کوئی حرف عطف ہو (جو دونوں کو ملانے کا کام دے)۔
العِطْفُ: کنارہ (ہر چیز کا پہلو (۲) انسان کے سر سے کولہے تک کا حصہ (۳) راستہ کا بیچ (۴) راستہ کا بالائی حصہ ج: اَعْطَاف و عِطَاف و عُطُوفٌ۔
ثَنَی عِطْفَهٗ: منھ پھیرنا، بے توجہ ہونا۔
مَرَّ یَنْظُرُ فِی عِطْفِهٖ: وہ خود پسندی کا اظہار کرتے ہوئے گزرا۔
عَاشَ فِی اَعْطَافِ النَّعِیْمِ: اس نے آسودہ زندگی گزاری (یعنی نعمتوں کے سائے میں پرورش پائی)۔
العَطُوفُ: انتہائی مشفق ومہربان (۲) پس ماندہ لوگوں کا حامی ومددگار (۳) اپنے شوہر سے محبت رکھنے والی بیوی (۴) اپنے بچہ یا بھس بھرے بچہ پر مہربان اونٹنی۔
العَطِیْفُ: زود اطاعت عورت۔
المِعْطَفُ: کپڑوں پر پہنا جانے والا کپڑا یا اوڑھی جانے والی چادر وغیرہ (۲) کوٹ ج: مَعَاطِف۔
المُتَعَاطِفُ مع فلان: ہمدرد۔
المِعْطَفُ الواقی من المَطَرِ: واٹر پروف کوٹ۔
المَعْطِفُ: گلا۔
المُنْعَطَفُ: وادی یا راستہ وغیرہ کا موڑ ج: مُنْعَطَفَاتٌ۔
• **عَطِلَ** ـــ **عَطَلًا و عُطْلًا و عُطُولًا**: خالی ہونا، جیسے: **عَطِلَتِ المَرْأَةُ**: عورت بے زیور ہوگئی۔ هِیَ عَاطِلٌ ج: عَوَاطِل و عُطَّلٌ۔
عَطِلَ الرَّجُلُ: بے کار (بے مشغلہ) ہونا یعنی کام کی طاقت کے باوجود کام نہ کرنا یا کام نہ ملنا۔
عَطِلَت الإِبِلُ: اونٹوں کا بغیر چرواہے کے ہونا۔
عَطَّلَ الإِبِلَ و نَحْوَهَا: اونٹوں کو چرنے کے لئے بلا چرواہا چھوڑنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاِذَا العِشَارُ عُطِّلَتْ"۔
— **البِئْرَ**: کنویں پر پانی کے لئے جانا چھوڑنا یا استعمال چھوڑنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَ بِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَقَصْرٍ مَّشِیْدٍ"۔
— **المرأةَ**: عورت کا زیور اتارنا۔
— **الشیءَ**: چھوڑنا، بے کار کر ڈالنا، جیسے **عَطَّلَ الدَّارَ** (۲) بے کار کرنا (ضائع کرنا یا خراب کرنا) جیسے: **عَطَّلَ الماکِیْنَةَ**: مشین کو بے کار کر دیا۔
— **الشَّرِیْعَةَ**: شریعت پر عمل چھوڑنا۔
— **الثُّغُوْرَ**: سرحدوں کو بلا حفاظت چھوڑنا، فوج نہ لگانا۔
— **العَمَلَ**: کام بند کرنا، کام میں رکاوٹ ڈالنا، موقوف کرنا۔
— **المَجْلِس**: ملتوی کرنا، برخواست کرنا
— **الجَرِیْدَةَ**: اخبار بند کرنا۔
— **القُدُرَاتِ**: صلاحیتوں کو بیکار کر دینا
— **الطَّابِعَ البَرِیْدِیَّ**: ڈاک ٹکٹ منسوخ کرنا۔
تَعَطَّلَ: بیکار ہونا (بے مشغلہ) (۲) خراب ہونا، کام نہ کرنا۔
— **المرأةُ**: عورت کا بلا زیور رہ جانا، زیور کا ضائع ہو جانا۔
التَّعْطِیْلُ: التوا، بے کاری، موقوفی، رکاوٹ۔
العَاطِلُ: بے کار (بے مشغلہ) ج: عُطَّال (۲) خراب جیسے مشین وغیرہ (۳) خالی جیسے

زیور سے خالی عورت ج: عَوَاطِل۔
العَطَلُ: بے کاری (۲) گردن ج: اَعْطَالٌ (۳) قدو قامت، جسم کی ساخت۔
ما اَحْسَنَ عَطَلَهٗ: وہ کتنا خوش قامت ہے۔
العُطْلُ: بے زیور عورت (۲) مال یا ادب سے خالی ج: اَعْطَالٌ۔
العُطْلَةُ: بے کاری۔ فُلانٌ يَشْكُو العُطْلَةَ (۲) تعطیل، چھٹی (۳) خالی وقت، فرصت۔
العِطْلاء: بے زیور عورت۔
المُتَعَطِّلُ: بے کار۔
المُعَطَّلُ: بے کار، موقوف، رکا ہوا، مفلوج، ٹھپ، بے روزگار۔
المِعْطَالُ: عادۃً بے زیور رہنے والی عورت
العَطِيلُ: کھجور کے خوشہ کا تنہ۔
العَيْطَلُ: دراز گردن والا۔ اِمْرَأَةٌ عَيْطَلٌ: دراز گردن والی حسین عورت۔
• عَطَنَتِ الإِبِلُ ـِ عُطُونًا: پانی پینے کے بعد پانی کے پاس بیٹھنا۔
ــــ الجِلْدَ عَطْنًا: کھال کو گوبر یا نمک میں ڈالنا (تاکہ وہ نہ سڑے) هو مَعْطُونٌ و عَطِين۔
ــــ التِّبْلَ و نَحْوَهُ: سن وغیرہ کو نرم کرنے کے لئے پانی میں ڈالنا۔
عَطِنَ الجِلْدُ ـَ عَطَنًا: نمک یا گوبر میں ڈالنے کے بعد کھال کا سڑنا۔ هو عَطِنٌ و هي عَطِنَةٌ۔
اَعْطَنَ الإِبِلَ: اونٹوں کو پانی پلا کر پانی کے پاس بٹھانا۔
عَطَّنَ: اونٹ کے بیٹھنے کی جگہ بنانا۔
ــــ الإِبِلُ: عَطَنَتْ۔
ــــ الجِلْدَ: عَطَنَهٗ۔
ــــ الإِبِلَ: اَعْطَنَهَا۔
اِنْعَطَنَ الجِلْدُ: عَطِنَ۔

تَعَطَّنَتِ الإِبِلُ: عَطَنَتْ۔
العِطَانُ: گوبر یا نمک وغیرہ جس میں چمڑے کو سڑنے سے بچانے کے لئے محفوظ کیا جائے۔
العَطَنُ: پانی کے قریب اونٹوں اور بکریوں کے بیٹھنے کی جگہ، بدبو، تعفن۔ ضَرَبَتِ الإِبِلُ بِعَطَنٍ: اونٹ کا پانی پی کر بیٹھ جانا۔ ضَرَبَ فُلانٌ بِعَطَنٍ: کسی کا اپنے اونٹوں کو سیراب کر کے پانی کے پاس ٹھیر جانا۔ فُلانٌ واسِعُ العَطَنِ: فلاں صبر و تدبیر سے مصائب کو انگیز کر لیتا ہے، سخی اور دولت مند ہے، اس کی ضد ضَيِّقُ العَطَنِ ہے۔
العَطِينُ: بدبودار (۲) گوبر یا نمک میں ڈالی ہوئی کھال۔
المَعْطِنُ: سیراب ہو کر اونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ، تالاب کے پاس بکریوں کے بیٹھنے کی جگہ (۲) سن وغیرہ کے پانی میں بھگونے کی جگہ ج: مَعَاطِن۔
المَعْطُونُ: العَطِينُ۔
• عَطَا الشيءَ و إليه ـُ عَطْوًا: لینا۔
ــــ عِرْضَ اخيه: آبرو ریزی کرنا۔ حدیث میں ہے: "اَرْبَى الرِّبَا عَطْوُ الرَّجُلِ عِرْضَ اَخيه بغير حقٍّ"۔
ــــ اليه يَدَهٗ: کسی کی طرف ہاتھ اٹھانا
ــــ فُلانًا: کسی شے کے حصول میں دوسرے پر غالب آنا۔
اَعْطَى البَعِيرُ: تابعدار ہونا۔
ــــ فُلانٌ بِيَدِهٖ: کسی کا فرماں بردار ہونا۔
ــــ فُلانًا الشيءَ: دینا۔
ــــ الكَلِمَةَ لاَحَدٍ: کسی کو بولنے کا موقع دینا۔

عَاطَاهُ الشيءَ مُعَاطَاةً و عِطَاءً: دینا۔
عَطَّاهُ: کسی سے جلدی کرانا۔
تَعَاطَى الرَّجُلُ: کوئی چیز اوپر سے لینے کے لئے پیروں کی انگلیوں پر کھڑے ہو کر ہاتھ بڑھانا۔ قرآن پاک میں ہے: "فتعاطى فعقر"
ــــ القَوْمُ: لینے میں ایک دوسرے پر سبقت لے جانا، جھگڑنا۔
ــــ الشيءَ: لینا، استعمال کرنا۔
ــــ الاَمْرَ: کسی کام میں منہمک ہونا۔
تَعَطَّى: بخشش مانگنا، عطیہ طلب کرنا (۲) جلدی کرنا۔
ــــ الاَمْرَ: کسی کام میں مشغول ہونا۔
اِسْتَعْطَى: بخشش مانگنا
العَطَاءُ: بخشش، عطیہ، پیش کش ج: اَعْطِيَةٌ جج: اَعْطِيَات (۲) ٹینڈر ج: عطاءات (۳) کارکردگی۔
اَعْطِيَاتُ المُلُوكِ: شاہی عطیات۔
اَعْطِيَاتُ الجُنْدِ: سپاہیوں کا روزینہ
العَطِيَّةُ: عطیہ ج: عَطَايَا۔
المُسْتَعْطِي: بھکاری۔
المِعْطَاءُ: فیاض و سخی جو خوب دیتا ہو (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے) ج: مَعَاطٍ و مَعَاطِيّ۔
المُعْطَيَاتُ: منطق و فلسفہ میں وہ مسلم قضایا جن کے ذریعہ قضایا مجہولہ کا علم ہو۔ (۲) کسی چیز کے نتائج، ماحصل۔

ع ــــ ظ

• عَظَرَ السِّقَاءَ و نَحْوَهُ ـِ عَظْرًا: مشک وغیرہ کو بھرنا۔
ــــ الشيءَ: ناپسند کرنا۔
اَعْظَرَهُ الشَّرَابُ: شراب کا معدہ کو اتنا بھر دینا کہ سانس نہ آئے۔
العِظَارُ و العِظَارَةُ: شراب پینے کی زیادتی ج

معدے کو خراب کرے، شراب سے پرشکمی۔
العَظَارِیُّ: نرٹڈیاں۔
العَظُورُ: شراب سے پرشکم ج: عُظُرٌ۔
•عَظَّهُ بالأرضِ ـُ عَظًّا: زمین سے چمٹا دینا، لگا دینا۔
ـــ الحَرْبُ و الزَّمانُ فُلانًا: جنگ یا زمانہ کا کسی کو مبتلائے مصیبت کرنا۔
عَاظَّ القومُ مُعَاظَّةً و عِظَاظًا: جنگ میں ایک دوسرے کے ساتھ شدت اختیار کرنا۔
ـــ فُلانًا: کسی سے لڑنا اور لڑائی میں خود سر ہو جانا۔
عَظَلَتِ السِّباعُ و الكِلابُ و الجَرادُ و نَحوُها ـُ عَظْلاً: درندوں اور ٹڈیوں وغیرہ کا ایک دوسرے پر چڑھنا
عَاظَلَتِ السِّباعُ و نحوُها مُعَاظَلَةً و عِظَالاً: عَظَلَت۔
ـــ بالكلامِ: مشکل اور پیچیدہ بنانا گھما پھرا کر بات کرنا۔
ـــ الشاعِرُ فی شِعْرِهِ: نظم کے بعض اشعار کو وضاحتِ مفہوم کیلئے دوسرے کا محتاج بنانا، بیت کے قافیہ کو مابعد پر اس طرح معلق کرنا کہ خود اس کے مستقل معنی نہ ہوں۔
عَظَّلَ القومُ: اکٹھا ہونا۔
ـــ السِّباعُ و نحوُها: عَظَلَت۔
اعتَظَلَتِ السِّباعُ و نحوُها: عَظَلت۔
ـــ القومُ علی الماءِ: پانی پر بھیڑ لگانا۔
تعاظَلَتِ السِّباعُ و نحوُها: عَظَلت۔
تَعَظَّلَ القومُ: اکٹھا ہونا۔
ـــ فُلانٌ: چھوٹی ہوئی چیز کی جستجو کرنا۔
•تَعَظْلَمَ اللَّيلُ: رات کا بہت تاریک ہونا
العِظْلِمُ: نیل یا اس کا پودا (۲) سخت تاریک رات۔
العَظْلَمَةُ: گہری تاریکی
•عَظَمَهُ ـُ عَظْمًا و عَظْمَةً: کسی کی ہڈیوں پر ضرب لگانا۔
عَظَمَ الكَلبَ عَظْمًا: کتے کو ہڈی کھلانا
عَظُمَ الشیءُ ـُ عِظَمًا و عَظَامَةً: بڑا ہونا۔
ـــ الرَّجُلُ: شاندار ہونا۔ هو عَظِيمٌ ج: عِظَامٌ و عُظَمَاءُ و هو عُظَامٌ و عُظَّامٌ۔
ـــ الأمرُ عليه: شاق و دشوار ہونا۔
أعظَمَ الأمرُ: اہم ہونا، سنگین ہونا۔
ـــ القولُ او الأمرُ الرَّجُلَ: کسی بات کا کسی کو ڈرا دینا، پریشانی میں ڈالنا۔
ـــ الشیءَ: بڑا بنانا، شاندار بنانا (۲) بڑا جاننا۔
ـــ الكلبَ عَظْمًا: کتے کو ہڈی ڈالنا۔
عَظَّمَهُ: بڑا بنانا، شاندار بنانا، بڑا یا شاندار سمجھنا، بڑھانا، بڑا درجہ دینا، تعظیم و احترام کرنا۔
ـــ الشَّاةَ: بکری کو کاٹ کر ہڈی ہڈی کرنا
تَعَاظَمَ فُلانٌ: بڑا بننا (خلافِ حقیقت)۔
ـــ الأمرُ فُلانًا: کسی کے لئے کوئی کام دشوار ہونا، سنگین ہونا۔
تَعَظَّمَ: مغرور ہونا، تکبر کرنا۔
اِستَعْظَمَ فُلانٌ: بڑا بننا (مغرور ہونا)۔
ـــ الأمرَ: بڑا اور بھاری سمجھنا (۲) ناگوار پانا، اجنبی محسوس کرنا۔
ـــ الشیءَ: اکثر حصہ لے لینا۔
العِظَامَةُ: عورت کے سرین موٹا کرنے کی گدی۔
العِظَامِيُّ: خلاف العِصَامِيّ۔ اباؤ اجداد پر فخر کرنے والا (ذاتی صلاحیت سے کورا)۔
العُظَّامَةُ: العِظَامَةُ۔
العَظْمُ: ہڈی ج: عِظَامٌ و أعظُمٌ (۲) کسی چیز کا بڑا حصہ (۳) ہل میں لگا ہوا نوک دار لوہا۔
العَظْمَةُ: ہڈی کا ٹکڑا۔
عُظْمُ الشیءِ: اکثر حصہ۔
عَظَمُ الطَّرِيقِ: سیدھا راستہ، درمیانی راستہ۔
العَظَمَةُ: شان و شوکت، وقار (۲) بڑائی، اہمیت (۳) نخوت و غرور، اتراہٹ (۴) زبان یا بازو کا موٹا حصہ۔
العَظَمَةُ الكاذِبَةُ: بناوٹی شان
عَظَمَاتُ القومِ: سربرآوردہ لوگ۔
صاحِبُ العَظَمَةِ: اعلیٰ حضرت، ہزمجسٹی، بادشاہ کے لئے تعظیمی لقب۔
العَظَمُوتُ: غرور و نخوت، بڑائی۔
العَظْمِيُّ: ہڈی کا (۲) سفیدی مائل رنگ کا کبوتر۔
العَظِيمُ: بڑا (۲) پرشوکت، باوقار (۳) اہم، زبردست (۴) بڑا انسان ج: عُظَمَاءُ۔
العَظِيمَةُ: مؤنث العَظِيم (۲) مصیبت، آفت (۳) مشکل معاملہ ج: عَظَائِمُ۔
المُعْظَمُ: بڑا یا اکثر حصہ۔ جیسے کہا جائے مُعْظَمُ سُكّانِ البَلَدِ أغنياءُ ملک کے بیشتر باشندے مالدار ہیں۔ ج: مَعَاظِمُ۔
المَعَاظِمُ: حقوق، قابل رعایت حدود۔
المُتَعَظِّمُ: بڑائی خور، متکبر۔
المُعَظَّمُ: بڑا، قابل تعظیم۔
•عَظَاهُ ـُ عَظْوًا: اچانک پکڑ کر زہریلی چیز پلانا۔ کہتے ہیں: لَقَّاهُ اللهُ مَا عَظَاهُ: اللہ نے اسے مہلک چیز دی (۲) رنج پہنچانا (۳) خیر سے روکنا۔
العَظَاءَةُ: چھپکلی کی ایک قسم۔
•عَظِيَ الجَمَلُ ـَ عَظًى: عنظوان کھانے سے پیٹ پھول جانا۔

العُنظُوانُ: ایک تلخ پودا جس کے کھانے سے اونٹ کا پیٹ پھول جاتا ہے۔

ع ــــ ف

• عَفَتَهُ ـِ عَفْتًا: موڑنا (۲) توڑنا (اس طرح کہ ٹکڑے الگ نہ ہوں) جیسے: عَفَتَ يَدَهُ و عُنُقَهُ۔
ــــ كلامه و في كلامه: لکنت کی وجہ سے توڑ توڑ کر بات کرنا اور بات کا طرز بگاڑنا۔ هو عَفَّاتٌ۔
ــــ فلانًا عن حاجته: کام سے روکنا
عَفِتَ ـَ عَفَتًا: بے عقل ہونا (۲) بیٹھتے وقت اکثر ستر کھلنے والا ہونا (۳) کھبّ ہونا (ہر کام بائیں ہاتھ سے کرنے والا ہونا) هو اَعْفَتُ و هي عَفْتَاءُ ج عُفْتٌ۔
العِفِتَّانُ: رَجُلٌ عِفِتَّانٌ: اکھڑ مضبوط آدمی
العَفِيتَـةُ: حریرہ، دلیا ج: عَفَائِتُ۔
المِعْفَتُ: ہر شے کو موڑنے اور توڑنے والا
• عَفَجَهُ بالعصا ـِ عَفْجًا: سرپا کر پر لاٹھی مارنا۔
عَفِجَ ـَ عَفَجًا: موٹی آنتوں والا ہونا۔ هو عَفِجٌ و اَعْفَجُ و هي عَفِجَةٌ و عَفْجاءُ۔
تَعَفَّجَ في مَشْيِه: آنتوں کی طرح ٹیڑھا ہو کر چلنا۔
العَفِجُ: آنت ج: اَعْفَاجٌ و عِفَجَةٌ۔
المِعْفَاجُ و المِعْفَجَةُ: لاٹھی (۲) کپڑے دھونے کا ڈنڈا۔
المِعْفَجُ: بے وقوف جس کے قول و فعل میں بے تکا پن ہو۔
• عَفَدَ ـِ عَفْدًا و عَفَدَانًا: دونوں پیر ملا کر کودنا۔
اِعْتَفَدَ: بھوکا مرنے اور نہ مانگنے کے قصد سے خود پر دروازہ بند کر لینا۔

• عَفَرَهُ ـِ عَفْرًا: مٹی میں ڈالنا یا مٹی میں لت پت کرنا (۲) زمین پر پٹخنا۔
ــــ الزَّرْعَ: پہلی بار سیراب کرنا۔
عَفِرَ ـَ عَفَرًا: مٹیالا ہونا (۲) خاک آلود ہونا۔
ــــ الرَّجُلُ: آدمی کے پیروں کا چلنے سے جواب دے دینا۔
ــــ الظَّبْيُ: ہرن کا خاکی رنگ کا ہونا هو اَعْفَرُ و هي عَفْرَاءُ ج: عُفْرٌ۔
عَفَّرَ الرَّجُلُ: کالی بکریوں اور کالے اونٹوں کو سفید کے ساتھ ملانا۔ حدیث میں ہے: "فَقَالَ: مالَوْنُهَا؟ فقالَتْ: سُوْدٌ. فقال: عَفِّرِيْ"۔
ــــ المرأةُ في الفِطام: بچہ کا دودھ چھڑانے کے لئے پستان پر مٹی ملنا۔
ــــ الشيءَ: خاک آلود کرنا، مٹی لتھیڑنا۔
ــــ اللَّحْمَ: دھوپ میں ریت پر گوشت کو خشک کرنا۔
ــــ النَّخْلَ: کھجور پر گابھا لگا کر فارغ ہونا
ــــ الزَّرْعَ: کھیتی پر کیڑا مار دوائیں چھڑکنا (۲) خوشے چننا۔
عَافَرَهُ: زمین پر گرانے کے لئے کشتی لڑنا
ــــ في الشيءِ: کسی چیز کو مقصد بر آری کا ذریعہ بنانا۔
اِعْتَفَرَ الشيءُ: خاک آلود ہونا۔
ــــ الشيءَ: خاک آلود کرنا۔
اِنْعَفَرَ: مٹی میں لوٹنا (۲) کسی چیز کا خاک آلود ہونا۔
تَعَفَّرَ: اِنْعَفَرَ۔
الاَعْفَرُ: وہ ہرن جس کے سفید رنگ پر سرخی ہو۔ کہاوت ہے: بَاتَ علی قَرْنِ اَعْفَرَ: اس نے کرب و بے چینی میں رات گزاری۔
العَفَارُ: کھجور کی قلم کاری اور اصلاح (۲) چقماق بنانے کا درخت۔

العُفَارِيَةُ: بُرا، بد باطن۔
العَفَرُ: روئے زمین (۲) مٹی ج: اَعْفَارٌ (۳) کھیتی کی پہلی سیرابی۔
العَفْرُ: روئے زمین (۲) مٹی ج: اَعْفَارٌ كلامٌ لا عَفْرَ فيه: آسان کلام۔
العِفْرُ: العُفَارِيَةُ: نر خنزیر۔
العُفْرُ: بہادر (۲) سخت موٹا ج اَعْفَارٌ و عِفَارٌ (۳) دوری، فاصلہ (۴) درازیٔ زمانہ (۵) قلتِ ملاقات۔ کہتے ہیں ما تأتينا الا عن عُفْرٍ: تم ہمارے پاس بہت کمی کے ساتھ آتے ہو (۶) منڈا بازار (۷) مہینہ کی ساتویں آٹھویں نویں شب۔
العُفُرُ: فاصلہ، امتداد زمانہ۔
العَفْرَاءُ: سفید زمین جس پر چلا نہ گیا ہو (۲) مہینہ کی تیرہویں شب۔
العَفْرَاةُ: انسان کے سر کے بیچ میں اگنے والے بال (۲) شیر اور مرغ وغیرہ کی گدی کے بال۔
العُفْرَةُ: مٹیالہ پن، خاکستری رنگ (۲) شیر یا مرغ کی گدی کے بال۔
العَفَرَةُ: العِفْرَاةُ۔
العِفِرُّ: خبیث و مکار۔ اَسَدٌ عِفِرٌّ: قوی ہیکل شیر۔
العِفِرِّيُّ: العِفِرُّ۔
العُفْرَةُ: مخلوط قسم کے لوگ۔
العِفْرِيْنُ: چالاک و پختہ کار آدمی، کامل و پکا آدمی۔ لَيْثٌ عِفْرِيْنٌ: شیر۔
العِفْرِيَةُ: سخت و طاقتور (۲) بد باطن، خبیث۔
ــــ من الدِّيك: مرغ کی گردن کے بال
ــــ من الإنسان و الدَّابَّة: پیشانی یا گدی کے بال۔ جاءَ فلانٌ نافشًا عِفْرِيَتَهُ: وہ غصہ میں بھرا ہوا آیا۔

العَفَّارُ: کھجور کو قلم لگانے والا۔
العَفَّارَةُ: عَفَّارَةُ المَسَاحِيق: پاؤڈر ڈسٹر
(پاؤڈر چھڑکنے کا کپڑا وغیرہ)۔
العَفِيْرُ: ہدیۃً کوئی چیز نہ دینے والا (۲) دھوپ میں ریت پر خشک کیا ہوا گوشت
زَرْعُ العَفِير: سیرابی سے پہلے زمین میں ڈالے ہوئے بیج۔
المُعَافِرُ: ساتھیوں کی بچی ہوئی چیز حاصل کرنے کے لئے ان کے ساتھ چلنے والا۔
المُعَفَّرُ: خاک آلود، مٹی میں لتھڑا ہوا۔
المَعْفُورَةُ: وہ منڈا بازار جس کا سامان پڑے پڑے گرد آلود ہو گیا ہو۔
• اليَعْفُورُ: مٹیالے (بھورے) رنگ کا ہرن (۲) گاؤ خر کا بچہ (۳) رات کا حصہ
ج: يَعَافِيرُ۔
• تَعَفْرَتَ: مکار وخبیث ہونا۔
العِفْرِيَةُ: مکاری، شیطنت، خباثت
العِفْرِيتُ: مکار وخبیث (۲) شیطان (۳) بھوت، دیو، جن (۴) چالاک ترین
ج: عَفَارِيتُ۔
• عَفْرَسَ: پچھاڑنا، مغلوب کرنا۔
• عِفَارِمِ و عَفَارِم عليك: شاباش۔
• العَفَازُ: کھایا جانے والا اخروٹ۔ واحد: عَفَازَةٌ۔
العُفَازَةُ: روئی کا ڈوڈا۔
• عَفَسَهُ ـِ عَفْسًا: زمین پر ڈال کر زور سے دبانا (۲) سرین پر مارنا۔
— عن حاجته: کسی کو اس کے کام سے باز رکھنا (۲) قید کرنا، بند کرنا۔
— الشيءَ: حقیر و بے وقعت بنانا۔
عَافَسَ الأُمورَ مُعَافَسَةً و عِفَاسًا: کاموں میں لگنا، نمٹانا، انجام دینا۔
اعْتَفَسَ القَوْمُ: پچھڑنا (۲) باہم کشتی لڑنا، گتھم گتھا ہونا۔
انْعَفَسَ في الماءِ: غوطہ لگانا۔

انْعَفَسَ في التُّرَاب: مٹی میں لوٹنا۔
تَعَافَسُوا: باہم کشتی لڑنا۔
العِفَاسُ: فساد۔
المَعْفُوسُ: قیدی۔
• عَفَشَ الشيءَ ـِ عَفْشًا: جمع کرنا۔
الأَعْفَشُ: کمزور نگاہ والا۔
العَفْشُ الزَّائِدُ على المُصَرَّح به: مقررہ مقدار سے زائد سامان مسافر
العَفْشُ المَسْمُوحُ به على تَذْكِرَةِ السَّفَرِ: ٹکٹ سے جس سامان کے لے جانے کی اجازت ہو۔
العَفْشُ المَسْمُوحُ به مَجَّانًا على تَذْكِرَةِ السَّفَرِ: ٹکٹ سے جس سامان کے لے جانے کی چھوٹ ہو
عَفْشُ يَدٍ: ہاتھ کا سامان (جو مسافر اپنے ہاتھ میں لے کر چلے)۔
العُفَاشَةُ من النَّاسِ: بے فیض لوگ، جن سے کسی کو کوئی فائدہ نہ ہو۔
• عَفَصَ الشيءَ ـِ عَفْصًا: طے کرنا، موڑنا (۲) اکھاڑنا۔
— اليَدَ: ہاتھ مروڑ دینا۔
— القَارُورَةَ: شیشی پر ڈاٹ لگانا، سربند چڑھانا۔
عَفِصَ الطَّعَامُ ـَ عَفَصًا و عُفُوصَةً: کھانے کی چیز کا تلخ اور بستہ ہو جانا، کسیلا ہونا۔
أَعْفَصَ القَارُورَةَ: ڈاٹ لگانا، غلاف چڑھانا۔
— الحِبْرَ: روشنائی میں (گاڑھا کرنے کے لئے) مازو ڈالنا۔
عَفَّصَ الثَّوْبَ: کپڑے کو مازو سے رنگنا۔
اعْتَفَصَ حَقَّهُ منه: اپنا حق کسی سے وصول کرنا۔
العِفَاصُ: کارک، ڈاٹ، ڈاٹ کے اوپر کا غلاف، سربند (۲) چرواہے کے کھانے کا تھیلا۔

العَفْصُ: مازو (۲) مازو کا درخت (ایک قسم کی دوا ہے جو کسی سیال شے کو خشک اور گاڑھا کر دیتی ہے) اس کی روشنائی اور گوند بھی بنایا جاتا ہے۔
العَفَصُ: ناک کا ٹیڑھا پن۔
العَفِصُ: کڑوا، کسیلا، گاڑھا۔
العُفُوصَةُ: کسیلا پن، تلخی۔
• عَفَطَتِ العَنْزُ او الضأنُ ـِ عَفَطَانًا: بھیڑ بکری کا چھینکنا۔ هو لا يُساوي عَفْطَةَ عَنْزٍ: وہ بہت معمولی ہے۔
— الرَّاعِي بِغَنَمِه عَفْطًا: چرواہے کا بھیڑ کی چھینک جیسی آواز سے ڈانٹنا اور بلانا۔
— بِشَفَتِه: ہونٹوں سے گوز جیسی آواز نکالنا۔
— في كَلامِه: عربی میں غیر عربی طرز پر بولنا۔ هو عَافِطٌ و عَفَّاطٌ۔
• عَفَّ ـِ عِفَّةً و عَفَافًا: ناجائز یا ناپسندیدہ قول وفعل سے بچنا (۲) پاک دامن ہونا۔ هو عَفٌّ و عَفِيفٌ ج: أَعِفَّةٌ و أَعِفَّاءُ۔ هُم أَعِفَّةُ الفَقْرِ یعنی وہ غربت کے باوجود سوال سے بچتے ہیں۔ هي عَفَّةٌ و عَفِيفَةٌ۔
— اللَّبَنُ عَفًّا: تھن میں دودھ اکٹھا ہونا
أَعَفَّهُ اللهُ: پاک دامن بنانا، بری اور ناجائز بات سے محفوظ رکھنا۔
— الشَّاةُ: بکری کا تھن میں تھوڑا دودھ اکٹھا رکھنا۔
عَفَّفَهُ: تھن کا بچا ہوا دودھ پلانا۔
اعْتَفَّ: عَفَّ۔
تَعَفَّفَ: پاک دامن بننا (۲) پاک دامن ہونا (۳) تھن کا بقیہ دودھ پینا۔
اسْتَعَفَّ: عَفَّ (۲) پاک دامن ہونے کی

خواہش رکھنا، برائی سے بچنا۔
العُفَافَةُ: تھن میں بچا ہوا دودھ (دوہنے کے بعد) (۲) کثرت کے بعد تھوڑا ہونے والا دودھ۔
العُفَّةُ: چھوٹی سفید صاف کھال والی مچھلی
العِفَّةُ: پاکدامنی، پارسائی (۲) خواہشات نفسانی سے بچنے کا جذبہ یا ملکہ (۳) برارت۔
العَفِيفَةُ: پاکدامن عورت (۲) نیک خاتون ج: عَفَائِفُ۔
•عَفَقَ فُلَانٌ ـِ عَفْقًا: بلاضرورت بکثرت آنا جانا (۲) تھوڑا سو کر بیدار ہونا اور پھر سو جانا۔
—فُلَانًا بِالسَّوْطِ: کسی کو کوڑا مارنا۔
—الشیْءَ: اکٹھا کرنا۔
—العَمَلَ: کام کو ٹھیک طور پر نہ کرنا۔
—العَازِفُ الوَتَرَ: سارنگی بجانے والے کا سارنگی کے تاروں کو انگلیوں سے دبانا۔
أَعْفَقَ: بلاضرورت بکثرت آنا جانا۔
عَافَقَهُ مُعَافَقَةً وعِفَاقًا: کسی سے واسطہ رکھنا اور دھوکا دینا۔
—الذِّئْبُ الغَنَمَ: بھیڑیے کا بکریوں میں گھس کر نقصان پہنچانا۔
عَفَّقَ الغَنَمَ بَعْضَهَا علی بَعْضٍ: بکریوں کو اکٹھا کر کے سامنے کی طرف ہانکنا۔
اِعْتَفَقَ الشیْءُ: سیدھا ہونے کے بعد مڑنا۔
—القَوْمُ: تلواروں کے ساتھ آپس میں لڑنا۔
—الأَسَدُ فَرِيسَتَهُ: شیر کا شکار پر جھپٹ کر پھاڑ ڈالنا۔
انْعَفَقَ فی حَاجَتِهِ: اپنے کام کو جلدی کرنا۔
تَعَفَّقَ بِهِ: کسی کی پناہ لینا۔
المِعْفَاقُ: رَجُلٌ مِعْفَاقُ الزِّيَارَةِ: بکثرت سے ملاقات کرنے والا، بکثرت آنے جانے والا۔
•عَفِكَ ـَ عَفَكًا وعَفْكًا: انتہائی بیوقوف

ہونا۔ هو عَفِكٌ وعَفِيكٌ و أَعْفَكُ۔
عَفَكَ الكلامَ ـِ عَفْكًا: بے تکا بولنا۔
•عَفَلَ الكَبْشَ ـُ عَفْلًا: دنبے کو موٹا پا اور دبلا پن جانچنے کیلئے خاص جگہ ہاتھ لگانا۔
عَفِلَتِ المَرْأَةُ والنَّاقَةُ ـَ عَفَلًا: عورت یا اونٹنی کے رحم سے گول غدود نکلنا۔
—الرَّجُلُ: مرد کی مقعد میں گول غدود پیدا ہونا۔ هو أَعْفَلُ وهی عَفْلَاءُ ج: عُفْلٌ۔
عَفَّلَ: دُبر یا رحم سے نکلنے والے غدود کو داغ دے کر علاج کرنا۔
العَافِلُ: لمبے لباس پر چھوٹا لباس پہننے والا
العَفْلُ: دنبے کے خصیتین اور آس پاس کی چربی (۲) دنبے کی وہ جگہ جسے ہاتھ لگا کر موٹا پا اور دبلا پن دیکھتے ہیں (۳) دبر اور عضو تناسل کے درمیان کا خط۔
العَفْلَاءُ: وہ عورت جس کی فرج ورم کی وجہ سے تنگ ہو۔
العَفَلَةُ: عورت کے رحم یا مرد کی دبر میں نکلنے والا بیضہ نما غدود۔
•عَفَنَ الشیْءُ ـِ عَفْنًا: سڑانا، بدبودار کرنا۔
عَفِنَ الشیْءُ ـَ عَفَنًا وعُفُونَةً: سڑنا، خراب ہونا، پھپھوندی لگنا، بدبودار ہونا۔ هو عَفِنٌ وعَفِينٌ
أَعْفَنَ فُلَانٌ: کسی کی کھال میں سوراخ پڑ جانا۔
—الشیْءَ: خراب اور سڑا ہوا پانا۔
عَفَّنَ الشیْءَ: سڑانا، خراب کرنا۔
تَعَفَّنَ: سڑنا، بدبودار ہونا، خراب ہو جانا پھپھوندی لگ جانا۔
العَفَنُ: سڑاند، بدبو، (۲) تعفن کا

سبب بننے والی گھاس ج: أَعْفَانٌ
العُفُونَةُ: العَفَنُ۔
المُتَعَفِّنُ: بدبودار، سڑاند والا۔
•عَفَا الأَثَرُ ـُ عَفْوًا وعُفُوًّا وعَفَاءً: نشان مٹنا۔
—الشیْءُ: پوشیدہ ہونا۔
—الأَرْضُ: گھاس کا زیادہ ہو کر زمین کو ڈھانک دینا۔
—المَاءُ: پانی کا صاف رہنا، گدلا کرنے والی چیز کا اس میں نہ ملنا۔
—الرِّيحُ الأَثَرَ: ہوا کا نشان کو مٹانا۔
—الشیْءُ: لمبا اور زیادہ کرنا۔
—فُلَانًا: کسی کے پاس طالب کرم ہو کر آنا
—لَهُ بِمَالِهِ: کسی کو اپنے خرچ سے بچے ہوئے مال میں سے دینا۔
—عَنْ ذَنْبِهِ وعَنْهُ ذَنْبَهُ ولَهُ ذَنْبَهُ: گناہ یا جرم کو معاف کرنا۔
—عَنْهُ: معاف کرنا، درگذر کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ لِمَ أَذِنْتَ لَهُمْ"
أَعْفَی فُلَانٌ: زائد مال کو خرچ کرنا۔
—المَرِيضُ: بیمار کا صحتیاب ہونا۔
—فُلَانًا مِنَ الأَمْرِ: سبکدوش کرنا، بری الذمہ کرنا۔
—اللّٰهُ فُلَانًا: امراض و آفات سے محفوظ رکھنا، عافیت عطا کرنا۔
—الرَّجُلَ: دینا۔
—الشَّعْرَ ونَحْوَهُ: بال وغیرہ کو باقی رکھنا، نہ کاٹنا۔ حدیث میں ہے: "قُصُّوا الشَّوَارِبَ وأَعْفُوا اللِّحَی"
—فُلَانًا مِنَ الضَّرِيبَةِ: ٹیکس سے مستثنیٰ کرنا۔
—مِنَ الوَظِيفَةِ: ملازمت سے سبکدوش کرنا۔
عَافَاهُ اللّٰهُ مُعَافَاةً وعِفَاءً وعَافِيَةً:

امراض وآفات سے محفوظ رکھنا، خیریت اور عافیت سے رکھنا (۲) صحت وعافیت عطا کرنا۔
عَافَتِ الدَّوْلَةُ فلانًا من الجُنْدِيَّة مُعَافَاةً: حکومت کا کسی کو فوجی بھرتی سے مستثنیٰ رکھنا یا مستثنیٰ کرنا۔
عَفَّى فُلَانٌ علی ما کانَ منه: کسی کا بگاڑ کے بعد سدھر جانا۔
ــــ الحَیَوانُ: جانور کے بالوں کا زیادہ اور لمبا ہونا۔
ــــ الرِّیحُ الاَثَرَ: ہوا کا نشان کو مٹانا۔
ــــ فُلَانٌ الشَّعْرَ: بالوں کو چھوڑنا (نہ کاٹنا)
اِعْتَفَاهُ: بخشش لینے کے لئے آنا۔
ــــ الإبِلُ الیَبِیْسَ: سوکھی گھاس کوٹی جھٹک کر کھانا۔
تَعَافَی: صحتیاب ہونا (مکمل طور پر)۔
ــــ الشیْءَ: چھوڑنا۔
تَعَفَّی الشَّیْءُ: مٹ جانا، زائل ہونا۔
اِسْتَعْفَی مُکَلِّفَهُ: پابند کرنے والے سے سبکدوشی چاہنا، معذرت کرنا، معافی چاہنا
ــــ الإبِلُ الیَبِیْسَ: اِعْتَفَتْهُ۔
الإعْفَاءُ: استثنا، سبکدوشی۔
العَافِی: معاف کنندہ (۲) زائل، مٹا ہوا (۳) راہنما (۴) پانی کے گھاٹ پر آنے والا (۵) مہمان (۶) طالب احسان وکرم، سوال کنندہ ج: عُفَاةٌ۔
العَافِیَةُ: تندرستی، مکمل صحت، خیریت، سکون قلب وجسم (۲) مہمان (جمع) (۳) بخشش چاہنے والے (۴) روزی کے متلاشی (خواہ وہ انسان ہوں یا مویشی یا پرندے) واحد: عافٍ۔
العَفَا (من البلاد) آزاد وخودمختار ملک
العَفَاءُ: زوال، ہلاکت۔ علی الدُّنیا العَفَاءُ: دنیا ہلاک ہونے والی ہے

(۲) مٹی (۳) بارش (۴) آنکھ کا پھولا، آنکھ کے اندر پیدا ہونے والی سفیدی۔
العِفَاءُ: زیادہ اور لمبے بال و پر۔
العِفَاءَةُ: شتر مرغ کے گھنے بال۔
العُفَاوَةُ: (من کل شیْءٍ) ہر شے کا عمدہ اور منتخب حصہ (۲) دیگچی کا جھاگ (۳) دیگچی میں بچا ہوا شوربا۔
العَفْوُ (من المال) خرچ سے زائد مال قرآن پاک میں ہے: "وَیَسْأَلُوْنَكَ مَاذَا یُنْفِقُوْنَ قُلِ العَفْوَ"
ــــ (من الماء) وہ پانی جو پینے والوں کی ضرورت سے زائد اور سہل الحصول ہو (۲) ہر چیز کا بہتر و منتخب حصہ (۳) بھلائی، احسان (۴) وہ زمین جسے استعمال نہ کیا گیا ہو اور اس میں کوئی نشان نہ ہو ج: عِفَاءٌ و اَعْفَاءٌ۔
عَفْوًا: (مفعول مطلق) معاف کیجئے۔
العَفْوِیُّ: زائد، خودرو (گھاس وغیرہ)
العَفُوُّ: بہت معاف کرنے والا، سخی وفیاض قرآن پاک میں ہے: "وَکَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُوْرًا"
المُتَعَافِی: صحتیاب۔
المُسْتَعْفِی: طالب استثناء، طالب عفو وکرم
المُعْفِی: معاف کنندہ، مستثنیٰ کنندہ۔
المُعْفَی من کذا: مستثنیٰ، سبکدوش۔

ع ــــ ق

عَقَبَتِ الإبِلُ ـــ عُقُوْبًا: اونٹوں کا ایک چراگاہ سے دوسری میں جانا۔
ــــ فُلَانٌ عَلَی فُلَانَةٍ: کسی عورت سے اس کے پہلے شوہر کے بعد شادی کرنا۔
ــــ فُلَانًا عَقْبًا: کسی کے پیچھے آنا، جانشین ہونا (۲) ایڑی پر مارنا۔
ــــ الشیْءَ: پٹھے (تانت) سے باندھنا۔

عَقِبَ النَّبْتُ ـــ عَقَبًا: پودے کی شاخ کا باریک اور پتوں کا زرد ہونا۔
عُقِبَ فُلَانٌ: ایڑی کے درد میں مبتلا ہونا۔
أَعْقَبَ الرَّجُلُ: اپنے بعد اولاد چھوڑنا۔
ــــ الإبِلُ: ایک چراگاہ سے دوسری میں جانا۔
ــــ الأَمْرُ: کسی کام کا خوش انجام ہونا۔
ــــ بین الشَّیْئَیْنِ: ایک کو دوسری کے بعد لانا۔
ــــ عن الأَمْرِ: چھوڑنا، رکنا، رجوع کرنا۔
ــــ فُلَانًا فی الرَّاحِلَةِ والعَمَلِ وغیرهما: سواری یا کام وغیرہ میں کسی کی جانشینی کرنا (یعنی اس کے بعد اپنا نمبر لینا)۔
ــــ فُلَانًا باحسانِهِ: اچھا بدلہ دینا۔
ــــ الطائفُ فُلَانًا: کسی پر بار بار دیوانگی طاری ہونا۔
ــــ الشَّیْءُ کذا: کوئی نتیجہ نکلنا۔
عَاقَبَ بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ: ایک کو دوسری کے بعد لانا۔
ــــ فُلَانًا: کسی کے بعد آنا۔
ــــ فی الرَّاحلة والعَمَلِ: سواری یا کام میں کسی کی جانشینی کرنا (یعنی اپنی باری لینا)
ــــ فُلَانًا بذَنْبِهِ مُعَاقَبَةً وعِقَابًا: سزا دینا۔
عَقَّبَ فُلَانٌ: اپنا حق لینے کے لئے پیروی کرنا، جستجو یا پیچھا کرنا۔
ــــ فلانٌ فی الصَّلٰوة: نماز کے بعد دوسری نماز یا دعا وغیرہ کے لئے بیٹھنا۔
ــــ فی الأَمْرِ: کسی کام کی جستجو میں کوشاں ہونا
ــــ علی فُلَانٍ: کسی کی گرفت کرنا، عیوب ونقائص بیان کرنا، تنقید وتبصرہ کرنا، نکتہ چینی کرنا۔
ــــ عَلَیهِ: کسی کے پاس واپس آنا، لوٹنا، قرآن پاک میں ہے: "وَلّٰی مُدْبِرًا وَلَمْ یُعَقِّبْ"

عَقَّبَ القاضی علی حُکمِ سَلَفِه: قاضی (جج) کا اپنے پیش رو کے فیصلہ کے خلاف فیصلہ کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "و اللّٰہُ یَحکُمُ لا مُعَقِّبَ لِحُکمِہٖ"
—فُلانا: کسی کا جانشین ہونا۔
—فُلانا حقَّہٗ: کسی کے حق میں ٹال مٹول کرنا۔
—الشیئَ: تانت سے باندھنا (۲) ایک شے کے بعد دوسری لانا۔
—الجَیشَ: فوج کے کچھ حصہ کو واپس کر کے دوسروں کو ان کی جگہ لانا۔
اِعتَقَبَ القومُ علیه: تعاون کرنا۔
—من کذا نَدامَةً: کسی چیز کے نتیجہ میں پشیمان ہونا، ندامت کا منھ دیکھنا۔
—فلانا: قید کرنا (۲) جانشین ہونا۔
—البائعُ السِّلعَةَ: قیمت وصول ہونے تک خریدار کو سامان نہ دینا، روکے رکھنا۔
—القومُ الشیئَ: باری باری لینا، باہم استعمال کرنا۔
—فُلانا خیرا او شرًّا بما فعَلَ: کسی کو اس کے فعل کا اچھا یا برا بدلہ دینا
تَعاقَبَ الشَّیئانِ: یکے بعد دیگرے ہونا حدیث میں ہے: "اِنَّ لِلّٰہِ مَلٰئِکَةً یَتَعاقَبُونَ فِیکُم"
—القومُ فی الشیئِ او الامرِ: کسی کام میں باری مقرر کرنا، نمبروار کام کرنا۔
—علی الشیئِ: کسی بات میں تعاون کرنا
—الامرُ: کسی کام کا پے در پے ہونا، لگاتار اور مسلسل ہونا۔
تَعَقَّبَ فُلانٌ بخیرٍ: کسی کا بار بار بھلائی کرنا۔
—من اَمرِہٖ: اپنی بات پر نادم ہونا۔

تَعَقَّبَ فُلانًا: کسی کی گرفت کرنا (۲) کسی کی ٹوہ میں لگنا، کسی کے عیوب تلاش کرنا کہتے ہیں: تَعَقَّبَ عَورَةَ فُلانٍ او عَثرَتَه: کسی کا عیب یا غلطی تلاش کرنا۔
—من الخبرِ: خبر کی تحقیق کرنا۔
—الشیئَ: ایڑی پر پہنچنا۔
اِستَعقَبَ منه خیرًا او شرًّا: کسی سے اچھا یا برا بدلہ لینا، کسی بات کا نتیجہ چاہنا۔
—فُلانًا: کسی کا عیب یا غلطی تلاش کرنا۔
الاَعقابُ: اینٹوں کے ردّوں کے درمیان کا بھراؤ (اس کا واحد نہیں)۔
التَّعاقُبُ: علم الاحیاء میں اوپر سے نیچے یا اس کے برعکس اعضائے نباتاتی کا مسلسل نشو و نما (۲) تسلسل۔ بالتَّعاقُبِ: مسلسل، لگاتار۔
التَّعقیبُ: تبصرہ، تنقید، نکتہ چینی۔
التَّعَقُّبُ: تلاش، تعاقب، پیچھا۔
العاقِبُ: سب کے اخیر میں آنے والا، خاتمہ (۲) جانشین، قائم مقام افسر (۳) قائم مقام شے جو کسی چیز کے بعد میں آئے (۴) جزائے خیر۔
العاقِبَةُ: اولاد، نسل (۲) جزائے خیر، نیک بدلہ (۳) ہر چیز کا خاتمہ، انجام، نتیجہ ج: عَواقِبُ۔
العُقابُ: عقاب، ایک شکاری پرندہ جس کی نگاہ انتہائی تیز اور پنجے مضبوط ہوتے ہیں۔۔۔ مثال دی جاتی ہے۔ اَبصَرُ من عُقابٍ: عقاب سے زیادہ تیز نگاہ۔ لفظاً مؤنث ہے لیکن معنیً نر اور مادہ دونوں کے لئے ہے ج: اَعقُبٌ و عِقبانٌ۔
العُقبُ: ہر شے کا آخر، خاتمہ، انجام۔ قرآن پاک میں ہے: "ھو خیرٌ ثوابًا و خیرٌ عُقبًا" جئتُ فی عُقبِ الشَّهرِ: میں مہینہ کے اخیر میں آیا ج: اَعقابٌ۔ عُقبُ السِّیجارةِ: سگریٹ کا گل۔
عُقبُ الجَمالِ: حسن کے اثرات۔
العَقَبُ: وہ پٹھا جس سے تانت بنایا جاتا ہے ج: اَعقابٌ۔
العَقِبُ: ایڑی (۲) ہر چیز کا آخر (۳) بیٹا، اولاد (۴) پوتا، پوتا پوتی جو باقی رہیں ج: اَعقابٌ۔ جاءَ عَقِبَهٗ و بعَقِبِه: وہ اس کے بعد آیا۔ رَجَعَ علی عَقِبِه: وہ الٹے پاؤں فوراً لوٹا (جس راستہ سے آیا تھا اسی سے فوراً واپس ہو گیا)
وَطِئوا عَقِبَ فُلانٍ: وہ فلاں کے نشانِ قدم پر چلے۔ فُلانٌ مُوَطَّأُ العَقِبِ: فلاں کے پیروکار بہت ہیں۔
العُقبٰی: آخرت، دربار الٰہی (۲) ہر شے کا آخر، انجام (۳) بدلہ، جزا (۴) بدل۔
العُقبَةُ: ہر چیز کا آخر (۲) بدل (۳) باری، نمبر (۴) کھانے کے بعد آخری چیز جیسے مٹھائی وغیرہ (۵) وہ شوربا جو مستعار ہانڈی میں بوقت واپسی چھوڑا جائے (۶) شب و روز (۷) حسن و جمال کی نشانی، ہیئت ج: عُقَبٌ۔
فُلانٌ یَستَقی علی عُقبَةِ آلِ فُلانٍ: فلاں فلاں کے بعد پانی حاصل کرتا ہے۔
ما یفعَلُ ذٰلِكَ الا عُقبَةَ القمرِ: وہ فلاں کام مہینہ میں ایک بار کرتا ہے
العَقَبَةُ: دشوار گزار پہاڑی راستہ، گھاٹی ج: عِقابٌ (۲) دشواری، رکاوٹ۔
العُقُوبُ: بھلائی میں کسی کا جانشین۔
العُقُوبَةُ: سزا ج: عقوبات۔
قانونُ العُقوباتِ: قانونِ تعزیرات۔
عُقوبَةُ الاِعدامِ: سزائے موت۔

العُقوبةُ الجِنائِيَّة : فوجداری سزا۔
العُقُوبةُ المالِيَّة : جرمانہ۔
العَقِيبُ : ہر بعد میں آنے والی شے ۔ اگلا۔
المُتَعاقِب : لگاتار، پے در پے ، مسلسل
مُتَعاقِبًا : آگے پیچھے ، نمبروار، لگاتار
المُعاقِبُ : سزا دینے والا (۲) انتقام حاصل کرنے والا (۳) نمبر پر کام کرنے والا (۴) بعد میں آنے والا۔
المِعْقابُ : وہ عورت جو عادۃً ایک بار بچہ اور دوسری بار بچی کو جنم دے ۔
المُعَقِّبُ : مبصر، ناقد، عیب جو (۲) ٹال مٹول کرنے والا مقروض (۳) اخیر میں آنے والا۔
جاءَ مُعَقِّبًا : وہ اخیر دن میں آیا ۔
المُعَقِّبات : دن اور رات کے فرشتے۔ قرآن پاک میں ہے "لہ مُعَقِّباتٌ مِّنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَ مِنْ خَلْفِهِ يَحْفَظُونَهُ مِنْ أَمْرِ اللهِ" (۲) باری باری پڑھی جانے والی تسبیحات ۔
• اليَعاقِبة : عیسائیوں کا ایک فرقہ جو لاہوت اور ناسوت کے اتحاد کا قائل اور یعقوب برادعی کا پیروکار ہے جو ملک شام میں چھٹی صدی عیسوی میں گزرا ہے ۔
اليَعْقُوبُ : نر چکور۔
اليَعْقُوبِيَّةُ : اليَعاقِبَةُ (۲) یعاقبہ فرقہ کا مسلک وعقیدہ ۔
العُقْبُولُ : سخت کام (۲) باقی ماندہ بیماری یا عشق وعداوت کا بقیہ (۳) بخار کی وجہ سے ہونٹوں پر جمنے والی پپڑی ج: عَقابِيلُ
العَقابِيلُ : آفات ومصائب ۔
• عَقَدَ السَّائِلُ ـِ عَقْدًا : سیال شے کا ٹھنڈا کرنے یا گرم کرنے سے گاڑھا ہوجانا یا جم جانا۔
ـــ الزَّهْرُ : پھول کا سمٹ کر پھل بن جانا
ـــ لِفُلانٍ عَلَى البَلَدِ : کسی کو شہر کا حاکم مقرر کرنا۔

عَقَدَ الحَبْلَ و نَحْوَهُ : گرہ لگانا۔
ـــ ناصِيَتَهُ : غصہ ہوکر شر پر آمادہ ہونا
ـــ طَرَفَي الحَبْلِ و نَحْوِه : رسی وغیرہ کے دو سِروں کو ملانے کے لئے گرہ لگانا
ـــ البِناءَ : عمارت کو مسالے سے پختہ کرنا (۲) عمارت میں ڈاٹ لگانا، محراب بنانا
ـــ التَّاجَ فَوقَ رأسِه : سر پر تاج جمانا
ـــ اليَمِينَ و البَيْعَ و العَهْدَ : قسم، بیع اور عہد کو پختہ کرنا۔
ـــ قَلْبَه عَلَى الشَّيْءِ : پابند ہونا۔
ـــ النِّيةَ والعَزْمَ على شيءٍ : تہیہ کرنا ۔
ـــ البَيْعَ مع أحَدٍ : کسی سے بیع کا معاملہ کرنا۔
ـــ الصَّفْقَةَ مع احدٍ : کسی سے تجارتی معاملہ کرنا۔
ـــ لِسانَهُ : زبان بند کرنا۔
ـــ فَصْلًا : (کتاب میں) فصل قائم کرنا۔
ـــ جَلْسَةً : میٹنگ کرنا ۔
ـــ النَّدْوَةَ : سیمنار کرنا۔
ـــ اتفاقًا مع فلانٍ : معاہدہ کرنا۔
ـــ مؤتمرًا صَحَفِيًّا : پریس کانفرنس بلانا۔
ـــ المُفاوَضاتِ : بات چیت کرنا۔
عَقِدَ الشَّيْءُ ـَ عَقَدًا : الجھا ہوا ہونا۔
ـــ الرَّجُلُ : گرہ دار زبان والا ہونا، لکنت والا ہونا۔
ـــ اللِّسانُ : زبان کا بند ہونا، رکنا، هو أعْقَدُ و عَقِدٌ و هي عَقِدَة و عَقْداءُ ۔
أعْقَدَ السَّائِلَ : سیال شے کو گاڑھا کرنا یا جمانا (ٹھنڈا کرکے یا گرم کرکے)
عاقَدَهُ : کسی سے معاہدہ کرنا۔
عَقَّدَهُ : گاڑھا کرنا ، جمانا۔

عَقَّدَ البَيْعَ و اليَمِينَ : بیع یا قسم کو خوب پختہ کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلٰكِنْ يُؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدتُّمُ الأيمانَ"
ـــ العَسَلَ و نَحْوَهُ : شہد وغیرہ کو گاڑھا کرنا۔
ـــ الكَلامَ : مغلق اور ناقابل فہم بنانا، پیچیدہ بنانا۔
ـــ الطَّبِيخَ : سالن وغیرہ کو پکا کر گاڑھا کرنا، پانی خشک کرنا ۔
اعْتَقَدَ الشَّيْءُ : سخت اور ٹھوس ہوجانا، پختہ ہوجانا، بستہ ہوجانا۔
ـــ الإخاءُ بينهما : دوستی اور بھائی چارگی کا مضبوط ہونا۔
ـــ الحَبْلَ و نَحْوَه : گرہ لگانا ۔
ـــ التاجَ فَوقَ رأسِه : تاج جمانا۔
ـــ الدُّرَّ و نَحْوَه : موتیوں وغیرہ کا ہار بنانا۔
ـــ فُلانٌ الأمْرَ : یقین کرنا، سچا جاننا، دل سے ماننا، ضمیر کا اس پر مطمئن ہونا
ـــ ضَيْعَةً و عَقارًا و مَتاعًا : حاصل کرنا، مالک ہونا، جمع کرنا۔
ـــ الشيءَ كذا : خیال کرنا، سمجھنا۔
انْعَقَدَ : مطاوع عَقَدَ جیسے انْعَقَدَ الحَبْلُ : رسی میں گرہ لگ جانا۔
ـــ البِناءُ او اليَمِينُ : پختہ ہونا۔
ـــ الشَّرابُ : گاڑھا ہوجانا۔
تَعاقَدَ القَوْمُ : باہم معاہدہ کرنا۔
تَعَقَّدَ الخَيْطُ و نَحْوُهُ : الجھنا، گرہ پڑنا۔
ـــ الرَّمْلُ : ریت کا جم جانا، تہ بہ تہ ہونا۔
ـــ السَّحابُ و قَوْسُ قُزَحَ في السَّماءِ : آسمان میں بادل یا قوس قزح کا کمان کی طرح ہوجانا۔
ـــ الثَّرَى : تر مٹی کا نالیوں کی طرح دھاریوں دار ہونا

تَعَقَّدَ الاِخاءُ: بھائی چارہ مستحکم ہو جانا۔ ـــ الکلامُ: ناقابل فہم اور مغلق ہونا۔
الاعتِقاد: یقین، پختہ خیال، تصدیق، ایمان رائے۔
الاعتقادُ السَّائِدُ: عام خیال یا رائے
التَّعاقُدُ: معاہدہ۔ تَعاقُدِیٌّ: معاہدہ سے متعلق۔
التَّعقِیدُ: الجھاؤ، پیچیدگی، اغلاق، اہل بیان کے نزدیک کلام کو ایسے طریقہ پر ادا کرنا کہ پیچیدہ ترکیب کی وجہ سے اس کا سمجھنا دشوار ہو۔ اسے تعقید لفظی کہا جاتا ہے۔ یا ایسے طریقہ پر کلام کرنا جس میں حقیقت سے دور کا تعلق رکھنے والے مجاز کا استعمال کیا گیا ہو یا ایسا کنایہ استعمال کیا گیا ہو جو بعیدۃ اللزوم ہو (یعنی اس سے مکنی عنہ کا لزوم ثابت نہ ہوتا ہو) اس کو تعقید معنوی کہا جاتا ہے۔
العَاقِدُ: جاءَ عاقدًا عنقَه: وہ غرور سے گردن موڑتا ہوا آیا۔
العاقدات: جادوگر عورتیں۔
العَقْدُ: عمارت کی ڈاٹ، محراب (۲) عہد (۳) بیع، شادی یا کسی کام کا معاہدہ جس میں طرفین معاہدے کی شرائط کے پابند ہوتے ہیں (۴) ایسا معاہدہ جس کی رو سے کوئی شخص مقررہ اجرت پر کسی شخص کی مدت کا پابند ہو (۵) اعداد کی دہائی جیسے دس بیس، تیس الخ ج: عُقُودٌ۔
صِیَغُ العُقُودُ: معاہدات کی مخصوص عبارتیں اور الفاظ جیسے شادی و بیع وغیرہ میں کہا جائے زَوَّجتُكَ و بِعتُكَ کذا۔
العِقْدُ: ہار ج: عُقُودٌ۔
اجتماعُ عِقدِ النَّاسِ: لوگوں کا اجتماع ہو جانا۔
العُقْدَةُ: گرہ، گتھی، ناقابل حل مسئلہ (۲) پودے کی ساق پر پتا نمودار ہونے کی جگہ (۳) علم نفسیات میں کسی دباؤ کے تحت پیدا ہونے والی کیفیت جو مستقل ذہنی گرہ بنجاتی ہے (۴) علم جغرافیہ میں سمندری مسافت کی ایک مقدار جس کی لمبائی ۱۸۵۲ میٹر ہوتی ہے (۵) کسی چیز کی روک، سہارا، مضبوطی کا ذریعہ (۶) جماعت، حضرت علیؓ نے اپنے اصحاب سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا: "هذا جزاءُ من ترك العُقدَةَ" (۷) شہری حکومت حکمرانی، صوبہ کی گورنری۔ اسی سے ہے "هلكَ اَهلُ العُقدَةِ" (۸) زبان کی گرہ، بندش، لکنت جو خلقۃً پیدا ہوتی ہے۔ قرآن پاک میں ہے: "واحْلُلْ عُقدَةً من لِسَاني" (۹) مملوکہ زمین و جائداد یا مال و اسباب (۱۰) بہت درختوں اور سبزے والی زمین۔ اسی سے ہے "عَشِّ اِبلَكَ بتلكَ العُقدَةِ" تم اپنے اونٹوں کو بوقت شام فلاں زمین میں چراؤ (۱۱) ہر چیز کی مضبوطی اور استحکام۔ قرآن پاک میں ہے: "وَ لَا تَعزِمُوا عُقدَةَ النِّکاحِ حَتّٰی یَبلُغَ الکِتابُ اَجَلَهُ" (۱۲) کلام میں ابہام و اغلاق (۱۳) ہاتھ کی شکستگی کا ابھار جس پر ہاتھ جوڑنے کے لئے پلاسٹر وغیرہ چڑھا دیا گیا ہو۔ کہتے ہیں: جبرت یدُہ علی عُقدَةٍ ج: عُقَدٌ۔ تَحَلَّلَتْ عُقدَتُهُ: اس کا غصہ ٹھنڈا ہو گیا۔ العُقدَةُ النَّفسِيَّةُ: ذہنی کشمکش جو کسی کو زندگی میں پیش آمدہ خاص مسئلہ سے پیدا ہوتی ہے۔
العَقَدَةُ: زبان کی جڑ (موٹا حصہ)۔
العَقَّادُ: عاقد کا مبالغہ (۲) دھاگے اور گھنڈی وغیرہ بنانے یا بیچنے والا، بساطی، تسبیح اور ہار وغیرہ بنانے یا بیچنے والا۔
العِقادَةُ: بساطی کا پیشہ۔
العَقِیدُ: گاڑھا، بستہ (۲) گرہ دار (۳) لیفٹیننٹ کرنل۔ ایک فوجی عہدہ دار (۴) مُعاہِد (معاہدہ کرنے والا) فُلانٌ عَقِیدُ کَرَمٍ: فلاں طبعًا سخی ہے۔ فُلانٌ عَقِیدُ لُؤمٍ: فلاں طبعًا کمینہ ہے۔
العَقِیدَةُ: ایسا فیصلہ یا نظریہ جس کے ماننے والوں کے لئے اس میں شک وشبہ کی گنجائش نہ ہو۔ اعتقاد، پختہ خیال، یقین کامل، ناقابل تردید نظریہ، مذہبًا کسی بات کا پختہ یقین و اعتقاد جس کا عمل سے کوئی تعلق نہ ہو جیسے خدا کے وجود اور پیغمبروں کی بعثت کا عقیدہ ج: عَقائِدُ۔
العَقائِدِیٌّ: نظریاتی عقائد سے متعلق۔
العُنقُودُ: خوشۂ انگور وغیرہ ج: عَناقِیدُ۔
المُعتَقَدُ: عقیدہ ج: مُعتَقَدات۔
المُعتَقِدُ: ارادت مند، مرید۔
المُتَعاقِدُ: معاہدہ کا فریق۔
المُتَعَقِّدُ: پیچیدہ، الجھا ہوا (۲) بستہ۔
المِعقادُ: بچوں کے گلے میں ڈالنے کا تعویذ وغیرہ کی لڑی۔
المَعقِدُ: گرہ لگانے کی جگہ یا لنگی یا پاجامہ باندھنے کی جگہ۔ هو مِنّي مَعقِدَ الإزارِ: وہ مجھ سے قریبی تعلق رکھتا ہے۔ ج: مَعاقِدُ۔
المُعَقَّدُ: گرہ دار، الجھا ہوا، پیچیدہ۔ کلامٌ مُعَقَّدٌ: مغلق کلام۔
المُعَقِّدُ: گرہوں پر پھونکنے والا جادوگر (۲) پیچیدگی پیدا کرنے والا (۳) گاڑھا کرنے والی چیز۔
المَعقُودُ: بستہ، گرہ دار۔ بناءٌ مَعقُودٌ: ڈاٹ

یا محراب دار عمارت۔

• عَقَرَت المَرأةُ والرَّجُلُ ــِ عَقْرًا و عُقْرًا: اولاد کے قابل نہ ہونا، بانجھ ہونا۔ هو و هي عَاقِر هم عُقَّرٌ وهُنّ عُقَّرٌ و عَوَاقِر۔

ــ النَّخْلَ عَقْرًا: کھجور کے درخت کو اوپری سرے سے کاٹنا۔

ــ البَعِيرَ: اونٹ کو بوقت ذبح قابو میں کرنے کے لئے ایک ٹانگ کاٹ دینا تاکہ وہ گر جائے۔

ــ الحیوانَ: ذبح کرنا۔

ــ السَّرْجُ و الرَّحْلُ الظَّهرَ: زین اور کجاوہ کا کمر کو زخمی کرنا۔

ــ الکَلْبُ الوَلَدَ: کتے کا کاٹنا۔

ــ الرجُلَ عن حَاجَتِه: کام سے روکنا

عَقِرَ الرَّجُلُ ــَ عَقَرًا: حیران و ششدر ہو کر کھڑے رہ جانا اپنی جگہ سے نہ ہلنا۔

ــ المرأةُ عَقَارًا: بانجھ ہونا۔

أَعْقَرَ فُلانٌ: بہت جائداد والا ہونا، اراضی کی ملکیت والا ہونا۔

ــ الرَّحْلُ و السَّرْجُ الظَّهرَ: زین اور کجاوہ کا کمر کو زخمی کرنا۔

ــ اللّٰهُ رَحِمَ المَرأةِ: اللہ کا عورت کے رحم کو ناقابل حمل بنا دینا، عورت کو بانجھ کر دینا۔

عَاقَرَ الخَمرَ: شراب پینے کا عادی ہونا۔

ــ فُلانًا: سخاوت و فیاضی کے مظاہرہ کے طور پر اونٹوں کو ذبح کرنے میں کسی سے مقابلہ کرنا اور اس حد تک سلسلۂ ذبح جاری رکھنا کہ ایک دوسرے کو عاجز کر دے۔ ایسا مقابلہ زمانۂ جاہلیت میں ہوتا تھا، اسلام نے اس کی ممانعت کر دی۔

اِنْعَقَرَ ظَهرُ الدَّابَّةِ: چوپائے کی پیٹھ زخمی ہونا۔

ــ البَعِيرُ و الفَرَسُ: اونٹ اور گھوڑے کی تلوار سے کونچیں کٹ جانا۔

تَعَاقَرَ الرَّجُلانِ: اونٹوں کے ذبح میں باہم مقابلہ کرنا۔

تَعَقَّرَ فُلانٌ: بہت جائداد والا ہونا۔

ــ ظَهرُ الدَّابَّةِ: پیٹھ کا زخمی ہونا۔

ــ شَحْمُ النَّاقَةِ: اونٹنی کی چربی کا گٹھا ہوا ہونا۔

ــ الغَيثُ: بارش کا جاری رہنا۔

ــ النَّبْتُ: پودے کا لمبا ہونا۔

العَاقِرُ: بانجھ عورت ج: عَوَاقِر (۲) بے اولاد مرد (۳) بے پر پرندہ (جس کے پر کسی بیماری کی وجہ سے نہ اُگتے ہوں) (۴) بنجر زمین جس پر گھاس نہ اگتی ہو (۵) بے نتیجہ شے (۶) کٹ کھنا۔

عَاقِرُ قَرحَا: عقرقرحا، ایک بوٹی جو بطور دوا استعمال ہوتی ہے۔

العَقَارُ: غیر منقولہ جائداد، جاگیر، زمین گھر وغیرہ ج: عقارات۔

العَقَارُ الحُرُّ: فری جائداد جس سے سالانہ منافع حاصل ہوتا ہو اور وہ کسی کی خالص ملکیت ہو (۲) ہر منتخب و عمدہ چیز۔

العُقَارُ: شراب (۲) ہر عمدہ چیز۔

العَقْرُ: ضرب کا نشان (جو چوپائے کی ٹانگوں پر ہوتا ہے) (۲) ہر چیز کی اصل، جڑ (۳) محلہ (۴) بانجھ پن۔

جَدْعًا له و عَقْرًا: بد دعا، وہ برباد ہو۔

العُقْرُ: ہر چیز کی اصل (۲) گھر کا درمیانی حصہ (۳) لوگوں کا محلہ (۴) عمدہ گھاس (۵) اُس عورت کا مہر جس سے شبہ میں وطی کر لی گئی ہو (۶) نظم و قصیدہ کے عمدہ ترین اشعار ج: أَعْقَارٌ۔

بَيْضَةُ العُقْرِ: مرغی کا پہلا انڈا۔

العُقُرُ: وہ اصل آگ جس سے مزید آگ پیدا ہو (۲) مانع حمل دوا ج: أَعْقَارٌ

العُقْرَةُ: بانجھ پن۔

العُقْرَةُ: منع حمل کی تدبیر میں مستعمل ایک منکا۔ امْرَأةٌ عُقَرَةٌ: بانجھ عورت جس کے رحم میں ایسی بیماری ہو جس کی وجہ سے حمل قرار نہ پاتا ہو۔ کہا جاتا ہے: عُقْرَةُ العِلْمِ النسيانُ۔

العَقَّارُ: عاقر کا مبالغہ (۲) اصل دوا (دوا کی بنیاد جیسے جڑی بوٹی) ج: عقاقير۔ عَقَّارٌ مُضادٌّ للجَراثيم: جراثیم کش دوا۔

العَقُورُ: مبالغہ عَاقِر: بہت زخمی کرنیوالا، کٹ کھنا (جانور) كَلْبٌ عَقُورٌ: ہڑکایا کتا۔

العَقِيرُ۔ المَعْقُورُ: زخمی، کونچیں کاٹا ہوا جانور (مذکر و مونث دونوں کے لئے) ج: عَقْرَى (۲) لاولد مرد جس میں بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت نہ ہو۔

العَقِيرَةُ: زخمی کیا ہوا شکار وغیرہ (۲) کٹی ہوئی پنڈلی (۳) آواز ج: عَقَائِرُ۔

المُعْقِرُ: بہت جائداد والا۔

المَعْقَرَةُ: بہت بچھوؤں والی زمین۔

• عَقْرَبَ المَكانُ و الأرضُ: جگہ کا بہت بچھوؤں والی ہونا۔

العَقْرَبُ: بچھو (اکثر مونث ہوتا ہے) (۲) آسمان کے برجوں میں سے ایک برج کا نام (۳) جوتے کا تسمہ (۴) سردی کی شدت، زور ج: عَقَارِبُ۔

عَقْرَبُ البَحرِ: ایک سمندری مچھلی جس کی بعض انواع زہریلی ہوتی ہیں۔

العَقَارِبُ: چغلخوریاں، سختیاں۔

عَقْرَبَا السَّاعَةِ: گھڑی کی دو سوئیاں۔

العَقْرَبَاءُ: بچھو کی مادہ۔

العَقرَبَةُ: بچھو کی مادہ (۲) کاٹھی کی کنڈی (زین اور کجاوہ میں ہوتی ہے)۔
العُقرُبانُ: نر بچھو۔
المُعَقرَبُ: ٹیڑھا، مڑا ہوا (۲) گٹھے ہوئے مضبوط جسم والا۔
• عَقَشَ العُودَ: لکڑی کو موڑنا۔
ـــ المالَ: مال اکٹھا کرنا۔
• عَقَصَتِ المَرأَۃُ شَعرَها ـِ عَقصًا: بالوں کی چوٹی بنانا، بالوں کو گوندھنا، بالوں کو سر کے اوپر اکٹھا کر کے باندھنا
ـــ الزُّنبارُ: بھڑ کا کاٹنا۔
ـــ أَمرَہُ: پیچیدہ بنانا، الجھانا۔
عَقِصَ التَّیسُ ونحوُہ ـَ عَقَصًا: مینڈھے کا کانوں تک مڑے ہوئے سینگوں والا ہونا۔
ـــ أَسنانُ الرَّجُلِ: آدمی کا مڑے ہوئے اور اندر کی طرف گھسے ہوئے دانتوں والا ہونا
ـــ الرَّجُلُ: بخیل ہونا، بدمزاج ہونا۔
ـــ الدّابَّۃُ علی صاحِبِها: چوپائے کاہٹ کرنا، مالک کی مرضی کے خلاف رک کر کھڑا ہو جانا۔ ھو أَعقَصُ وھی عَقصاءُ ج: عُقصٌ۔
عَقَّصَ أَمرَہُ: معاملہ کو الجھانا۔
العِقاصُ: موباف، بالوں کو باندھنے کا بند (کپڑے کی دھجی وغیرہ) ج: عُقُصٌ۔
العَقِصُ: جما ہوا ریت جس میں راستہ نہ ہو (۲) اوجھ کی گردن (نلی)۔
العِقصَۃُ: زلف، بالوں کی بندھی ہوئی لٹ ج: عِقَصٌ و عِقاصٌ۔
العُقصَۃُ: سینگ کی گرہ ج: عُقَصٌ۔
العَقِصَۃُ: جما ہوا ریت کا ٹیلہ جس میں راستہ نہ ہو۔
العِقِّیصُ: بخیل (۲) اکھڑ، تندخو۔
العُقَیصاءُ: چھوٹی اوجھ۔
العَقِیصَۃُ: بالوں کی لٹ، چوٹی ج: عَقائِصُ و عِقاصٌ۔
المعاقَصَۃُ: مقابلہ آرائی، کشمکش۔
المِعقاصُ: مڑے ہوئے سینگوں والی بکری
المِعقَصُ: ٹیڑھا تیر (۲) بال سنوارنے کا آلہ ج: مَعاقِصُ۔
المُعَقِّصُ: ڈنک مارنے والا۔
المَعقُوصُ: ڈسا ہوا۔
• عَقعَقَ: ایک کوے نما پرندہ کا بولنا۔
العَقعَقُ: کوے کی شکل کا ایک پرندہ۔
العَقعَقَۃُ: عقعق کی آواز (۲) کاغذ یا نئے کپڑے کی آواز۔
• عَقَفَ الشیءَ ـِ عَقفًا: موڑنا، ٹیڑھا کرنا۔
عُقِفَتِ الشّاۃُ: پیر ٹیڑھے ہونے کی بیماری لگنا۔
عَقَّفَہُ: عَقَفَہُ۔
انعَقَفَ الشیءُ: مڑنا، ٹیڑھا ہونا۔
تَعَقَّفَ الشیءُ: انعَقَفَ۔
الأَعقَفُ: ٹیڑھا، مڑا ہوا ج: عُقفٌ۔
العُقافُ: بکری کے پیر ٹیڑھے ہونے کی بیماری
العَقفاءُ: وہ سریا جس کا ایک سرا مڑا ہوا ہو (اس سے کوئی چیز کھینچی جائے)
العُقّافَۃُ: لمبی لکڑی جس کا ایک سرا کوئی چیز کھینچنے کے لئے مڑا ہوا ہو۔
المَعقُوفُ: ایک قسم کی صلیب جو نازیوں کا شعار اور طرۂ امتیاز تھی (۲) مڑا ہوا، ٹیڑھا۔
• عَقَّتْ أُنثَی الحَیَوانِ ـُ عَقَقًا و عَقاقًا: مادہ جانور کا حاملہ ہونا۔
ـــ البرقُ ـُ عَقًّا: بجلی کا پھٹنا (اس کی شعاعوں کا بادلوں میں پھیلنا)۔
ـــ فُلانٌ: عقیقہ کرنا (نومولود بچہ کے پیدائشی بال کاٹنا)۔
ـــ القَومُ بِسَهمٍ: خون کے بدلہ دیت قبول کرنے کی علامت کے طور پر تیر کو آسمان کی طرف پھینکنا۔
عَقَّ عن وَلَدِہِ: بچہ کا سات روز کا ہو جانے پر اس کی طرف سے قربانی کرنا
ـــ ثَوبَہُ: کپڑا پھاڑنا۔
ـــ الرِّیحُ السَّحابَ: ہوا کا بادلوں کو پھاڑنا اور منتشر کرنا۔
ـــ أَباہُ عَقًّا و عُقُوقًا و مَعَقَّۃً: نافرمانی کرنا، بدسلوکی کرنا، واجب خدمت انجام نہ دینا۔ ھو عاقٌّ و عَقٌّ و عَقُوقٌ۔
ـــ رَحِمَہُ: قطع تعلق کرنا۔
أَعَقَّتِ النَّخلَۃُ و الکَرمَۃُ: کھجور کے درخت یا انگور کی بیل کی جڑوں سے شاخیں نکلنا۔
ـــ فُلانٌ: نافرمان و سرکش ہونا۔
ـــ المَرأَۃُ: عورت کے پیٹ میں بچے کے سر پر بال اگنا۔
ـــ الماءَ: پانی کو کڑوا کر دینا۔
عاقَّہُ: مخالفت کرنا۔
اعتَقَّ السَّحابُ: بادل چھٹنا۔
ـــ المُعتَذِرُ: بہت زیادہ معذرت کرنا۔
ـــ فُلانٌ السَّیفَ: تلوار سونتنا۔
انعَقَّ الثَّوبُ والغُبارُ والسَّحابُ: پھٹنا۔
ـــ البَرقُ: بجلی کا بادلوں میں چمکنا، بادلوں میں شعاعیں پھیلنا۔
ـــ الوادِی: وادی کا گہرا ہونا۔
ـــ العُقدَۃُ: گرہ کا مضبوط ہونا۔
العُقاقُ (من الماءِ): انتہائی کھارا پانی۔
العَقُّ: نافرمان (۲) ریت وغیرہ کی پھٹن (۳) زمین میں لمبا گڑھا (۴) کھارا پانی۔
العُقَقُ: بادل میں تلوار کی طرح چمکنے والی بجلی (۲) نافرمان لڑکا۔
العِقّانُ: عِقّانُ الکُرُومِ و النَّخیلِ: انگور کی بیل یا کھجور کے درخت کی جڑ سے نکلنے والی شاخیں۔

العَقَّةُ: زمین میں گہرا گڑھا (۲) بادل میں تلوار کی طرح چمکنے والی بجلی۔
العَقُوقُ: حاملہ گھوڑی وغیرہ۔
الأَبْلَقُ العَقُوقُ: ان ہونی بات کے لئے کہا جاتا ہے کیونکہ ابلق گھوڑے (مذکر) کو کہتے ہیں اور وہ حاملہ نہیں ہو سکتا، کہتے ہیں: كَلَّفْتَنِي بَيْضَ الأَنُوقِ والأَبْلَقَ العَقُوقَ: تم نے مجھ سے اونٹنیوں کے انڈے اور حاملہ گھوڑا طلب کیا ہے۔ یعنی ایسے کام کا حکم دیا ہے جو میرے لئے ناممکن العمل ہے ج: عُقُقٌ وعِقَاقٌ۔
العُقُقُ: دشمنوں سے دور رہنے والے لوگ (۲) قطع تعلق کرنے والے، رشتہ داری ختم کرنے والے۔
العَقِيقُ: سرخ رنگ کا ایک قیمتی پتھر جس کے نگینے بنائے جاتے ہیں۔ سرخ ہیرا۔ واحد: عَقِيقَةٌ۔ (۲) وادی جسے قدیم زمانہ میں سیلاب نے وسیع کر دیا ہو ج: أَعِقَّةٌ (۳) انسان یا چوپاؤں کے نوزائیدہ بچوں کے بال جو شکم مادر میں اگے ہوں
العَقِيقَةُ: ہر نوزائیدہ بچہ کے بال جو شکم مادر میں اگے ہوں (انسان کے ہوں یا چوپایوں کے) (۲) بادل میں بجلی کی باقی ماندہ چمک (۳) لمبا گڑھا ج: عَقَائِقُ۔
العَقَائِقُ: بجلی کی طرح چمکنے والی تلواریں۔ کہاوت ہے: سَلُّوا عَقَائِقَ كَالعَقَائِقِ: انہوں نے چمکدار تلواریں سونت لیں۔
• عَقَلَ ـِ عَقْلاً: سمجھنا۔
___ الغُلامُ: سمجھ دار ہو جانا، کسی چیز کی حقیقت کو جاننے کے قابل ہو جانا، عقل آجانا، بالغ ہونا۔ کہتے ہیں: ما فَعَلْتُ هَذَا مُنْذُ عَقَلْتُ: جب سے مجھے عقل (سمجھ) آئی میں نے یہ کام نہیں کیا۔
___ إليه عَقْلاً وعُقُولاً: کسی کی پناہ میں آنا۔
عَقَلَ الظِّلُّ عَقْلاً: سایہ کا دوپہر کے وقت سمٹنا۔
___ الشَّيْءَ: کسی شے کی حقیقت جاننا۔
___ البَعِيرَ: اونٹ کی کلائی کو ران سے ملا کر باندھنا (تاکہ وہ بیٹھا رہے اٹھ نہ سکے)۔
___ الرَّجُلَ: کسی کی ٹانگ میں ٹانگ ڈال کر گرا دینا۔
___ فُلاَنًا عن حَاجَتِهِ: کسی کو ذاتی کام سے روکنا۔
___ القَتِيلَ: مقتول کی دیت دینا۔
___ عن فلان: کسی کی طرف سے تاوان یا دیت دینا۔
___ لَهُ دَمَ فُلاَنٍ: کسی سے دیت لے کر قصاص چھوڑ دینا۔
___ الدَّوَاءُ البَطْنَ: اسہال کے بعد دوا کا قبض کرنا۔
___ فُلاَنٌ فُلاَنًا ـُ عَقْلاً: عقل فہم میں کسی پر فوقیت لے جانا۔
عَقِلَ البَعِيرُ ونَحْوُهُ ـَ عَقَلاً: اونٹ کی اگلی ٹانگوں کا ٹکرانا (۲) اونٹ کا ٹیڑھی ٹانگ والا ہونا۔ هو أَعْقَلُ و هي عَقْلاءُ ج: عُقْلٌ۔
عَاقَلَهُ: سمجھ بوجھ میں کسی سے مقابلہ کرنا۔
عَقَّلَ الكَرْمُ: انگور کی بیل پر خوشے نکلنا۔
___ فُلاَنًا عن حَاجَتِهِ: ذاتی کام سے روکنا۔
___ فُلاَنًا: عقل مند بنانا، سمجھ دار بنانا۔
أَعْقَلَ فُلاَنًا: کسی کو عقلمند پانا۔
___ الرَّجُلُ: کسی پر ایک سال کی زکوٰۃ واجب ہو جانا۔
اِعْتَقَلَ بَطْنُهُ: قبض ہو جانا۔
اِعْتَقَلَ لِسَانُهُ: زبان بند ہو جانا۔ اُعْتُقِلَ لِسَانُهُ بھی کہتے ہیں۔
___ من دَمِ فُلاَنٍ: کسی کی دیت لینا، کسی سے دیت لینا۔
___ فلانا عن حاجَتِهِ: ضرورت سے باز رکھنا۔
___ الشُّرْطَةُ المُتَّهَمَ: پولس کا ملزم کو گرفتار کرنا، مقدمہ چلانے کے لئے حراست میں لینا، نظر بند کرنا، حوالات میں رکھنا۔
___ الدَّوَاءُ البَطْنَ: دوا سے قبض ہو جانا دوا کا قبض کرنا۔
___ فُلاَنًا: کسی کی ٹانگ میں ٹانگ پھنسا کر گرا دینا۔
___ الرِّجْلَ: ٹانگ موڑ کر کولہے سے لگانا۔
___ فُلاَنٌ رُمْحَهُ: اپنے نیزے کو رکاب اور پنڈلی کے درمیان رکھنا۔
تَعَاقَلَ الرَّجُلُ: عقل مند بننا (حقیقت میں عقلمند نہ ہونا)۔
___ القَوْمُ دَمَ القَتِيلِ: مقتول کی دیت باہم مل کر دینا۔
تَعَقَّلَهُ عن حَاجَتِهِ: ضرورت سے روکنا
___ الشَّيْءَ: سمجھنے کی کوشش کرنا۔
___ العَمَلَ: کسی کام میں سمجھ سے کام لینا۔
___ البَعِيرَ: اونٹ کا پاؤں ران سے ملا کر باندھنا۔
___ الدَّوَاءُ بَطْنَهُ: دوا کا قبض کرنا۔
___ الرِّجْلَ: ٹانگ موڑ کر کولہے سے لگانا۔
___ الرَّحْلَ أو السَّرْجَ: کجاوہ یا زین پر ٹانگ موڑ کر رکھنا۔
اِسْتَعْقَلَهُ: عقلمند سمجھنا۔
العَاقِلُ: عقلمند، دانشمند، سمجھدار، بالغ ج: عُقَّالٌ وعُقَلاءُ۔ هي عَاقِلَة و عَاقِل وهن عَوَاقِل (۲) دیت دینے والا (۳) دانش مندانہ

جیسے رَأيٌ عاقِلٌ۔
عَاقِلَةُ الرَّجُلِ: عصبہ کسی کے باپ کیطرف کے رشتہ دار جو دیت کی ادائگی میں شریک ہوں۔
العَاقُول: ایک خار دار پودا جس پر سرخ رنگ کے پھول آتے ہیں (۲) کثیر موڑ والی زمین جس میں راہ یابی دشوار ہو (۳) مبہم معاملہ ج: عَوَاقِيل۔
العِقَالُ: اونٹ کا پیر باندھنے کی رسّی (۲) جوان اونٹنی (۳) سربند (سر کے رومال پر رکھنے کے لئے ریشم یا اون کا موٹی ڈوری کا چوکور ڈبل حلقہ ج: عُقُل۔
عِقَالُ المِئِينَ: وہ شریف و معزز آدمی کہ اگر اسے قید کرلیا جائے تو اس کی رہائی کے لئے سیکڑوں اونٹوں کا فدیہ ادا کیا جائے۔
العُقَّالُ: پٹھوں میں اینٹھن کی ایک بیماری جو وقتی طور پر حرکت کو تکلیف دہ بنادیتی ہے۔ داءٌ ذو عُقَّالٍ: لاعلاج بیماری۔
العُقَّيْلَى: ردی چیز، ناپختہ پھل۔
العَقْلُ: قوتِ ادراک جس سے غیر محسوسات کا ادراک کیا جاتا ہے، ایک باطنی نور جس سے غیر محسوسات کا ادراک ہوتا ہے، غیر اختیاری غریزہ و جبلت کے مقابل ایک باطنی قوت جو اختیاری طور پر اشیاء کا ادراک کرتی ہے اسی وجہ سے کہتے ہیں: انسانٌ عاقِلٌ، غور و فکر، استدلال اور تصورات و تصدیقات کو ترکیب دے کر نتیجہ نکالنے والی قوت، وہ قوت جس سے اچھے برے، خیر و شر اور حق و باطل کے درمیان فرق کیا جاتا ہے۔ عقل، سمجھ، قوت تمییز، قوت ادراک (۲) حافظہ (۳) دل (۴) قلعہ حفاظت گاہ، پناہ گاہ (۵) دیت (تاوانِ خون) (۶) بندش، گرہ، ج: عُقُولٌ۔
العَقْلُ الآلِيُّ او الالكترانيُّ: مشینی دماغ، کمپیوٹر۔
العَقْلانِيَّةُ: معقولیت (۲) عقلیت پسندی
العُقْلَةُ: بند یا تسمہ وغیرہ جس سے باندھا جائے (۲) گنے کی پوری (دو گانٹھوں کے درمیان کا حصہ) یا بانس وغیرہ کی گرہ (۳) لکڑی یا لوہے کی چھڑ جسے دو طرف سے رسّی باندھ کر چھت وغیرہ میں لٹکایا جاتا ہے اور اسے پکڑ کر ورزش کی جاتی ہے (۴) انگور وغیرہ کی پود یعنی وہ شاخ جو کسی جگہ بونے کے لئے الگ کرلی گئی ہو۔ عُقْلَةُ التَّرْبِيضِ: رسی کا ورزشی پھندا۔
العَقْلِيُّ: عقلی، ذہنی، منطقی، استدلالی۔
العَقْلِيَّةُ: ذہنیت، انداز فکر، دماغ۔
العَقُولُ: بہت دانشمند، بڑا سمجھدار (۲) قابض دوا (۳) بدن کی انسجہ کو منقبض کرنے یا مادہ کے افراز یا خون کے بہاؤ کو روکنے کا سبب۔
العَقِيلُ: بمعنی مَعْقُول۔
العَقِيلَةُ: پردہ نشین خاتون، شریف بیوی، بیگم (۲) سردار قوم ج: عَقَائِلُ۔
المُعْتَقَلُ: عارضی قید خانہ، نظر بندی کی جگہ
المُعْتَقَلُونَ: نظر بند لوگ، گرفتار شدگان
المَعْقِلُ: پناہ گاہ، بلند قلعہ یا پہاڑ ج: مَعَاقِل۔
المَعْقُلَةُ: خون بہا، تاوان۔ کہتے ہیں: صَارَ دَمُه مَعْقُلَةً عَلٰى قَوْمِه: فلاں کے خون کا تاوان قوم پر واجب ہوگیا۔
المَعْقُولُ: سمجھا ہوا، قابل فہم (۲) بندھا ہوا (۳) عقل (۴) قبض کا مریض۔
علم المعقولات: وہ علم جس میں عقل کے ذریعہ اشیاء کے ادراک پر بحث کی جائے۔

•**عَقَمَت المرأةُ والرَّجُلُ** ـُ عَقْمًا و عُقْمًا: عورت کا یا مرد کا بڑھاپے یا کسی بیماری کے باعث اولاد کے قابل نہ ہونا، بانجھ ہونا۔
ــــ **اللهُ المرأةَ او الرَّجُلَ**: اللہ کا کسی کو بانجھ (ناقابل اولاد بنادینا)۔ قرآن پاک میں ہے: "وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَاءُ عَقِيْمًا"
عَقِمَ ـَ عَقَمًا: عَقَم۔
عَقُمَتِ المرأةُ او الرَّجُلُ ـُ عُقْمًا: عَقَمَ۔ هو عَقِيمٌ ج: عُقَمَاءُ وعِقَامٌ وهي عَقِيمٌ ج: عَقَائِمُ و عُقُمٌ۔
رِيحٌ عَقِيمٌ: بے بارش ہوا۔ يَوْمٌ عَقِيمٌ: بے خیر و برکت دن۔
عَاقَمَهُ: کسی کے ساتھ لڑائی جھگڑا کرنا۔
عَقَّمَ الشيءَ: جراثیم ختم کرنا۔ ماءٌ مُعَقَّمٌ: وہ پانی جس کا جراثیم ختم کرکے صاف کر دیا گیا ہو (۲) بے اثر و بے نتیجہ بنانا، بے کار کردینا۔
ــــ **المرأةَ والرَّجُلَ**: نس بندی کرنا، ناقابل اولاد بنادینا۔
اِعْتَقَمَ اليه: کسی کے پاس آنا جانا۔
ــــ **في الامر**: کسی کام میں دخل دینا۔
التَّعْقِيمُ: جراثیم کشی (۲) نس بندی۔
العُقَامُ: بے فائدہ۔ يَوْمٌ عُقَامٌ: سخت دن۔ حَرْبٌ عُقَامٌ: گھمسان کی جنگ جس میں کوئی کسی کا خیال نہ کرے۔ داءٌ عُقَامٌ: لاعلاج بیماری۔
العَقَامُ: العُقَامُ۔ رَجُلٌ عَقَامٌ: بے اولاد آدمی (جس کے اولاد نہ ہوتی ہو)۔
العُقْمُ: بانجھ پن (۲) عدم افادیت، مرد یا عورت کے اندر کوئی خرابی جس سے اولاد نہ ہوتی ہو۔

العَقِيْمُ: ناقابل تولّد، بانجھ (۲) بے نتیجہ، بے فائدہ، رَجُلٌ عَقِيْمٌ و امرأة عَقِيْمٌ: عورت یا مرد جس کو کسی خرابی یا بڑھاپے کی بنا پر اولاد نہ ہوتی ہو۔

المَعْقِمُ: ہڈیوں کا جوڑ (۲) ریڑھ کی ہڈیوں کے مہرے ج: مَعَاقِم۔

• العَقَنْقَلُ: وسیع وعریض وادی (۲) تہ بہ تہ ریت کا ٹیلہ۔

• عَقَا الرجُل ـُ عَقْوًا: کنواں کھود کر ایک طرف سے سوت جاری کرنا (جبکہ اس کی تہ سے پانی جاری کرنا دشوار ہوجائے)۔

ـــ فُلانٌ الأمرَ: برا سمجھنا۔

ـــ فُلانًا: روکنا۔

عَقِيَ المَوْلُودُ ـِ عَقْيًا: نوزائیدہ بچہ کا پاخانہ کرنا۔

أعْقَى الشيءُ: تلخ ہونا۔

ـــ فُلانٌ: اکڑوں بیٹھنا۔

ـــ فُلانٌ الشيءَ: کسی چیز کو کڑواہٹ کی وجہ سے منہ سے نکالنا۔

عَقَّى الطَّائِرُ: بلند اڑان بھرنا۔

ـــ المَوْلُودَ: نومولود بچہ کو گھٹی پلانا۔

اعْتَقَى الرَّجُلُ: کنویں کی ایک جانب سے پانی جاری کرنا جبکہ تلی سے پانی جاری کرنا دشوار ہو۔

ـــ فُلانٌ: بات میں سے بات نکالنا۔

العَقَاةُ: گھر یا محلہ کے سامنے کا میدان ج: عَقًا۔

العَقْوَةُ: العَقَاةُ ج: عِقَاءٌ۔

العِقْيُ: نوزائیدہ بچہ کا پاخانہ جو پیدائش کے بعد نکلتا ہے ج: أعْقَاءٌ۔

العِقْيَانُ: کان میں بھرا ہوا سونا جو مٹی یا ریت وغیرہ سے الگ اور صاف ہو۔

ع ـــ ك

• عَكَبَ ـُ عُكُوبًا: جم گھٹ ہونا، بھیڑ لگنا جیسے عَكَبَ النَّاسُ و الطَّيْرُ و عَكَبَتِ الجَمَاعَةُ۔

ـــ القِدْرُ: ہانڈی کی بھاپ اٹھنا، ہانڈی کا جوش مارنا۔

عَكِبَ فُلانٌ ـَ عَكَبًا: بڑے ڈیل ڈول کا ہونا، بدن کا سخت ہونا (۲) پاؤں کی قریب قریب انگلیوں والا ہونا (۳) موٹے ہونٹ اور موٹے جبڑے والا ہونا۔ هو أعْكَبُ و هي عَكْبَاءُ ج: عُكْبٌ۔

عَكَّبَتِ النَّارُ: آگ کا دھواں دینا۔

اعْتَكَبَ الغُبَارُ: گرد اڑنا۔

ـــ الغُبَارَ: گرد اڑانا۔

تَعَكَّبَتْهُ الهُمُومُ: کسی پر غموں کا سوار ہونا

العَاكِبُ: بھیڑ، ازدحام، انبوہ ج: عُكُوبٌ

العُكَابُ: غبار، گرد (۲) دھواں (۳) ہانڈی کا جوش، بھاپ۔

العَكُّوبُ: گرد و غبار (۲) ایک خاردار سبزی جو پکی اور کچی دونوں طرح کھائی جاتی ہے۔

• عَكَدَ إلَيهِ ـِ عَكْدًا: کسی کی پناہ لینا

ـــ الأمرُ فُلانًا: کسی کے لئے کوئی کام ممکن ہونا۔

عَكِدَ البَعِيْرُ و الضَّبُّ ـَ عَكَدًا: اونٹ اور گوہ کا موٹا اور سخت گوشت والا ہونا۔

عَكِدَ بِهِ: ساتھ لگنا، چمٹنا۔ هو عَكِدٌ و هي عَكِدَةٌ۔

أعْكَدَ إلَيهِ: کسی کی پناہ لینا۔

اعْتَكَدَهُ: کسی کے ساتھ لگنا، چمٹنا۔

اسْتَعْكَدَ البَعِيْرُ و الضَّبُّ: اونٹ اور گوہ کا موٹا ہونا۔

اسْتَعْكَدَ الطَّائِرُ و الضَّبُّ: شکاری پرندوں کے ڈر سے پرندہ یا گوہ کا کسی چیز کی آڑ میں ہوجانا۔

ـــ المَاءُ: پانی اکٹھا ہوجانا۔

العُكْدَةُ: زبان اور دم کی جڑ (۲) طاقت (۳) گوہ کا بل (سوراخ) ج: عُكَدٌ۔

العَكَدَةُ: زبان اور دم کی جڑ ج: عَكَدٌ (۲) دونوں پھیپھڑوں کے درمیان قلب کی جڑ (۳) روٹی کو نقطوں کی شکل میں گودنے والا پہیہ۔

المَعْكُودُ: ٹھیرا ہوا، قیام پذیر (۲) ممکن (۳) خراب نہ ہونے والا دیرپا کھانا۔

• عَكَرَ ـُ عَكْرًا و عُكُوْرًا: مائل ہونا، لوٹنا۔ عَكَرَ عَلَى الشيءِ: مائل و متوجہ ہونا۔

ـــ عَلَيهِ الزَّمَانُ بِخَيْرٍ: کسی پر زمانہ کا مہربان ہونا۔

ـــ بِهِ بَعِيْرُهُ: اونٹ کا کسی کو اس کے اہل وعیال کے پاس واپس لانا اور اس پر غالب رہنا۔ هو عَاكِرٌ و عَكَّارٌ

عَكِرَ المَاءُ و نَحْوُهُ ـَ عَكَرًا: پانی وغیرہ کا گدلا ہونا۔ هو عَكِرٌ و هي عَكِرَةٌ

فُلانٌ يَصْطَادُ فِي المَاءِ العَكِرِ: فلاں معاملات کی گڑبڑی سے فائدہ اٹھاتا ہے۔

ـــ المِسْرَجَةُ: چراغ میں میل یا تیل کی گاد کا جم جانا۔

أعْكَرَ الرَّجُلُ: اونٹوں کے گلّہ والا ہونا۔

ـــ السَّنَامُ: کوہان کا چربی دار ہونا۔

ـــ اللَّيْلُ: رات کا انتہائی تاریک ہونا۔

ـــ الشيءَ: گدلا کرنا۔

عَكَّرَ الشيءَ: مکدر کرنا، گدلا کرنا۔

ـــ صَفْوَ شيءٍ: بے لطف کرنا، مزہ کرکرا کر دینا۔

ـــ الجَوَّ: فضا کو مکدر کرنا۔

اعْتَكَرَ فُلَانٌ: آنا جانا، آنا اور لوٹنا۔
ـــ عَلَى الشَّيْءِ: مائل و متوجہ ہونا۔
ـــ علی فُلَانٍ: حملہ کرنا۔
ـــ القَوْمُ فِي الحَرْبِ: جنگ میں باہم گتھم گتھا ہونا، گھمسان کی جنگ ہونا۔
ـــ الشَّيْءُ: بہت ہونا، ڈھیر لگنا۔
ـــ اللَّيْلُ: رات کا انتہائی تاریک ہونا۔
ـــ الرِّيحُ: ہوا کا گرد اڑانا۔
ـــ الشَّبَابُ: جوانی کا برقرار رہنا۔
تَعَاكَرَ القَوْمُ: لڑائی میں رل مل جانا۔
العَكَرُ: گدلا پن (۲) اونٹوں کا بڑا گروہ۔
العِكْرُ: جڑ (۲) عادت، خصلت۔
العَكَرُ: مٹی (۲) ہر چیز کی گاد، تلچھٹ (۳) تلوار وغیرہ کا زنگ۔
العَكَرَةُ: اونٹوں کا گلہ، ڈار (۲) زبان کی جڑ ج: عَكَرٌ۔
• العِكْرِشُ: ایک پودا جس پر کھوکھلی نلکیاں نمایاں ہوتی ہیں۔ بطور سبزی کھائی جاتی ہیں۔
• عِكْرِمُ اللَّيْلِ: رات کی سیاہی۔
العِكْرِمَةُ: کبوتری۔
• عَكَزَ بِالشَّيْءِ ـــ عَكْزًا: کسی چیز سے راہنمائی حاصل کرنا۔
ـــ علی عُكَّازَتِهِ: لاٹھی یا ڈنڈے کا سہارا لینا۔
ـــ الرُّمْحَ: نیزے کو زمین میں گاڑنا۔
تَعَكَّزَ علی عُكَّازَتِهِ: لاٹھی کا سہارا لینا۔
ـــ قَوْسَهُ: کمان کو لاٹھی بنا لینا۔
العُكَّازُ: عصا، چھڑی، لاٹھی یا ڈنڈا جس پر چلتے وقت سہارا لیا جائے ج: عَكَاكِيزُ۔
العُكَّازَةُ: العُكَّازُ۔
• عَكَسَ الشَّيْءَ ـــ عَكْسًا: الٹنا، الٹا کرنا (آخر کو شروع میں لانا) (۲) عکاسی کرنا، ترجمانی کرنا (۳) عکس ڈالنا۔

عَكَسَ الكَلَامَ: بات کو پلٹنا، متکلم کی مراد کے خلاف کرنا یا الفاظ کو مقدم و مؤخر کرنا۔
ـــ الدَّابَّةَ: چوپائے کے سر کو پیچھے کی طرف باندھنا۔
ـــ الرَّاكِبُ الدَّابَّةَ: سواری کو پیچھے لوٹانے کے لئے سوار کا اس کے سر کو اپنی طرف کھینچنا۔
ـــ عَلَى فُلَانٍ أَمْرَهُ: کسی کا معاملہ اسی کی طرف لوٹا دینا، واپس کر دینا۔
ـــ الشَّيْءَ: زور سے دبا کر زمین کی طرف کھینچنا۔
ـــ الدَّابَّةَ عَكْسًا وعِكَاسًا: چوپائے کو قابو میں کرنے کے لئے ناک میں سے رسی نکال کر اگلی ٹانگ سے باندھنا۔
ـــ مَسْأَلَةً: کسی مسئلہ کی ترجمانی کرنا، سامنے لانا۔
ـــ القَضِيَّةَ (فی المنطق): قضیہ میں عکس جاری کرنا۔
عَاكَسَهُ: کسی کے برخلاف کام کرنا، پریشان کرنا، ستانا (۲) ہر ایک کا دوسرے کی پیشانی کو پکڑنا (۳) چھیڑ خوانی کرنا۔
انْعَكَسَ الشَّيْءُ: الٹنا (آخر کا اول ہو جانا) پلٹنا (۲) اثر انداز ہونا، منعکس ہونا، عکس پڑنا، سایہ پڑنا۔
تَعَكَّسَ فِي مِشْيَتِهِ: رینگ کر چلنا۔
تَعَاكَسَ: پلٹ جانا، متضاد ہونا۔
انعكاسُ شيءٍ: پرتو، پرچھاواں، سایہ، عکس، اثر ج: انعكاسات۔
العَاكِسُ: Commutator: برقی مبادل، ایک آلہ جسے برقی رو کی سمت لوٹانے کے لئے یا بلا واسطہ رو کو یا بالواسطہ یا اس کے برعکس کرنے کے واسطے استعمال کرتے ہیں۔

العِكَاسُ: چوپائے کی نکیل کو ٹانگ سے باندھنے کی رسّی۔
العَكَّاسُ: ترجمان۔
العَكْسُ: کسی چیز کا الٹا (۲) پرتو، سایہ، پرچھاواں، ترجمانی (۳) ناراضگی (۴) چوپائے کو بھوکا رکھنا (۵) علم منطق میں قضیہ کے دو طرفوں میں ایسی تبدیلی جس سے ایک اور قضیہ بن جائے جو صدق میں پہلے قضیہ کے مساوی ہو (۶) علم بدیع میں کلام کے ایک جزء کو دوسرے جزء پر مقدم کرنا اور پلٹ دینا جیسے عاداتُ السَّادات کو پلٹ کر ساداتُ العادات کہا جائے (۷) علم ریاضی اور علم الہندسہ میں دو نظریوں کے متعلق کہا جاتا ہے کہ ان میں سے ہر ایک دوسرے کا عکس ہے۔ یہ اس وقت ہے جبکہ ان دونوں میں سے ہر ایک کا نتیجہ دوسرے کیلئے مقدمہ بن جائے۔
عَلَى عَكْسِ ذلك: اس کے برخلاف
العَكْسِيُّ: الٹا، مخالف، شعاعوں یا عکس سے بنا ہوا، شعاعی، انعکاسی، پرچھائیں دار
عَكْسِيُّ الاتِّجَاهِ: پرانے خیال کا، رجعت پسند، بیک ورڈ۔
العَكِيسُ: شوربا ملایا ہوا دودھ (۲) درخت کی شاخ جو زمین میں دبا دی جاتی ہے تاکہ اس سے دوسری شاخ نمودار ہو، قلم
العَكِيسَةُ: بہت سے اونٹ (۲) اندھیری رات
المُعَاكِسُ: مخالف، جوابی، برعکس۔ الهُجُومُ المُعَاكِسُ: جوابی حملہ۔ العَمَلِيَّةُ المُعَاكِسَةُ: جوابی کارروائی۔
المُعَاكَسَةُ: مخالفت (۲) چھیڑ خوانی۔
المَعْكُوسُ: الٹا، پلٹا ہوا۔
• عَكَشَتِ العَنْكَبُوتُ ـــ عَكْشًا: مکڑی

کا جالا تننا۔
عَکَشَ علَی الشیءَ : مائل ہونا جھکنا
ـــــ الشیءَ : اکھٹا کرنا۔
عَکِشَ الشَّعْرُ و النَّبَاتُ ـَ عَکَشًا: بالوں اور پودوں وغیرہ کا گنجان ہونا گھنا ہونا، مڑا ہوا ہونا۔
ـــــ الرَّجُلُ : بے فیض ہونا۔ ھو عَکِشٌ وھی عَکِشَةٌ۔
عَکَّشَ الخُبْزُ : روٹی کا سوکھ جانا اور پھوئی لگ کر خراب ہو جانا۔
تَعَکَّشَ الشَّعْرُ و النَّبَاتُ : عَکِشَ۔
ـــــ الشیءُ : سکڑنا، سمٹنا۔
ـــــ الاَمْرُ : کسی معاملہ کا مشکل ہونا۔
ـــــ العَنکَبُوتُ : مکڑی کا جالا تننے کیلئے اپنے پیروں کو سمیٹنا۔
العُکاشَةُ والعُکَّاشَةُ : مکڑی۔
•عَکَصَهُ ـِ عَکْصًا : لوٹانا، باز رکھنا۔
عَکِصَ ـَ عَکَصًا : بد اخلاق ہونا۔
ـــــ الدَّابَّةُ : چوپائے کا سرکش ہونا۔
ـــــ الرَّمْلَةُ : ریت کا دشوار گزار ہونا ھو عَکِصٌ۔
تَعَکَّصَ بہ : کسی چیز میں بخل کرنا۔
•عَکَظَ الشیءَ ـِ عَکْظًا : رگڑنا، جیسے عَکَظَ الاَدِیمَ بالدِّبَاغ : چمڑے کو دباغت کے مسالے سے رگڑنا۔
ـــــ خَصْمَهُ بالحُجَج : مدمقابل کو دلائل سے مغلوب کرنا۔ و عَکَظَهُ فی المُفَاخَرَةِ : فخریہ مقابلہ میں کسی کو مغلوب کرنا۔
ـــــ الدَّابَّةَ : چوپائے کو بند کرنا۔
عَاکَظَهُ : کسی کو اس کی ضرورت سے باز رکھنا اور ٹلا دینا۔
عَکَّظَهُ عن حَاجَتِه : ضرورت سے روکنا۔
ـــــ علَیه حَاجَتَهُ : ضرورت میں کمی کر دینا، واجبی ضرورت سے کم دینا۔
تَعَاکَظُوا : باہم شعر گوئی میں مقابلہ اور فخر و مباہات کرنا، باہم جھگڑنا (۲) باہم خرید و فروخت کرنا۔
تَعَکَّظَ اَمْرُهُ و عَلَیه اَمْرُهُ : کسی کیلئے کوئی کام دشوار و مشکل ہو جانا۔
ـــــ القَومُ فی مَکَانٍ کذا : اپنے معاملات پر غور کرنے کے لئے اکھٹا ہونا اور بھیڑ لگانا۔
عُکَاظٌ : مقام نخلہ اور طائف کے درمیان زمانۂ جاہلیت میں عربوں کے ایک بازار یا میلے کا نام جس میں عرب لوگ جمع ہو کر شعر و شاعری میں مقابلہ اور ایک دوسرے پر عزت و شرف اور کمالات میں بازی لے جانے کی کوشش کرتے تھے۔ یہ بازار ذیقعدہ کے آغاز سے شروع ہو کر ۲۰ ذیقعدہ تک جاری رہتا تھا (مذکر و مؤنث)۔
•عَکَفَ فی المَکانِ ـُ عَکْفًا و عُکُوفًا: کسی جگہ ٹھہرنا، قیام کرنا۔
ـــــ فی المَسْجِدِ : عبادت کی نیت سے مسجد میں قیام کرنا، اعتکاف کرنا۔
ـــــ عَلَی الشیءِ : متوجہ ہونا یا رہنا، مشغول رہنا (۲) پابند ہونا، عادی ہونا۔
ـــــ القَومُ حَولَهُ : لوگوں کا کسی کے گرد حلقہ بنانا، گھیرا ڈالنا، چکر لگانا۔
عَکَفَ الطَّیْرُ حولَ القَتیلِ : مقتول کے گرد پرندے کا منڈلانا۔
ـــــ فُلانًا علی کذا عَکْفًا : کسی کام پر لگائے رکھنا، متوجہ رکھنا، مشغول رکھنا۔
ـــــ فُلانًا عن حَاجَتِه : کسی کو اس کی مراد و مقصد سے باز رکھنا، روکے رکھنا۔ قرآن پاک میں ہے: "والهَدْیَ مَعْکُوفًا اَنْ یَّبْلُغَ مَحِلَّه"۔
عَکَّفَ الشیءَ : موڑنا، ٹیڑھا کرنا۔
ـــــ الشَّعْرَ : بالوں کو موڑنا، گھونگھریالا بنانا۔
ـــــ القَومَ عن کذا : روکنا، باز رکھنا۔
اِعْتَکَفَ فی المکانِ : مقیم ہونا۔
ـــــ فی المَسْجِدِ : مسجد کے ایک گوشہ میں بہ نیتِ عبادت مقیم ہونا، ٹھہرنا۔
ـــــ علَی الشیءِ : متوجہ ہونا، لگا رہنا۔
تَعَکَّفَ فی المکَانِ : مقیم ہونا۔
الاعتِکافُ : بہ نیتِ عبادت مسجد میں قیام
العَاکِفُ عَلَی الشیءِ : متوجہ، مشغول، کسی کام میں لگا رہنے والا۔
العَکِفُ : گھونگھریالے بال۔
•عَکَّ الحَرُّ ـِ عَکًّا : ہوا بند ہونے کے ساتھ گرمی کا سخت ہونا۔
ـــــ الیَومُ : دن کا گرم اور گھٹن والا ہونا، حبس ہونا۔
ـــــ الرَّجُلُ : کسی جگہ بند ہو کر رہنا۔
ـــــ بالاَمْرِ : کسی کام کو بار بار کر کے زچ ہو جانا، تھک جانا، عاجز آ جانا۔
ـــــ فُلانًا بالقَولِ ـُ عَکًّا : کسی کو کوئی بات بار بار کہہ کے زچ کرنا، پریشان کرنا۔
ـــــ فُلانًا بِشَرٍّ : کسی کو بار بار تکلیف دینا (۲) کسی کا حق دینے میں ٹال مٹول کرنا (۳) بند کر دینا۔
ـــــ فُلانًا عن حَاجَتِه : ضرورت سے روکنا۔
ـــــ فُلانًا بالحُجَّةِ : دلیل سے مغلوب کرنا
ـــــ الحُمّٰی فُلانًا : کسی کو مسلسل بخار کا دبلا اور کمزور کر دینا۔
ـــــ الکَلامَ : وضاحت کرنا
ـــــ الحَدِیثَ من غَیرِه : کسی سے کوئی بات دہرانے کے لئے کہنا۔

عَكَّ فُلَانٌ: کسی کو بخار ہونا (۲) سخت گرمی کی لپیٹ میں آنا۔
العَكَاكُ: گھٹن والی سخت گرمی، گرمی اور حبس۔ یَوْمٌ عِكَاكٌ: حبس والا گرم دن۔ مكان عِكَاكٌ: حبس والی گرم جگہ۔
العَكَكُ: العِكَاكُ۔
العَلَكُ: العِكَاكُ (یوم عَكٌّ)۔
العَكَّةُ: حبس والی سخت گرمی (۲) تپتی ہوئی ریت (۳) بخار کی سردی، بخار کا آغاز۔
عَكَّةُ: فلسطین کا ایک شہر۔
العُكَّةُ: العَكَّةُ (۲) گھی کا مشکیزہ ج: عُكَكٌ و عِكَاكٌ۔
العَكِيكُ: حبس والا اور گرم۔
•عَكَلَ عليه الأمرُ ـُ عَكْلًا: کوئی کام مبہم اور مشتبہ ہو جانا، الجھن کا باعث ہونا۔
__ فُلَانٌ في الأمرِ: کسی معاملہ میں اپنی طرف سے کوئی بات کہنا، رائے زنی کرنا۔
__ الشَّيءَ: بکھری ہوئی شے کو اکھٹا کرنا۔
__ الدَّابَّةَ: چوپائے کے اگلے پیر کو بازو سے ملا کر باندھنا
__ المَتَاعَ: تہ بہ تہ رکھنا۔
•عَكِلَت المِسْرَجَةُ و نَحْوُهَا ـَ عَكَلًا: چراغ کی تہ میں گاد جم جانا۔
أَعْكَلَ عليه الأمرُ: کسی کے لئے کوئی بات مشتبہ ہو جانا، واضح نہ ہونا۔
اعْتَكَلَ الرَّجُلُ: الگ تھلگ ہونا (۲) ٹکرا کر پچھڑ جانا (۳) دو بیلوں کا سینگوں سے لڑنا۔
__ عليه الأمرُ: مشتبہ اور غیر واضح ہونا
العَاكِلُ: بخیل (۲) چھوٹے قد والا ج: عُكَّلٌ۔
العِكَالُ: چوپائے کے بازو کو باندھنے کی رسی۔
العِكْلُ: کمینہ ج: أَعْكَالٌ

العَوْكَلُ: ریت کے ٹیلہ کا بالائی حصہ (۲) پست قد آدمی جس کی دونوں ٹانگوں میں فاصلہ ہو (۳) بیوقوف عورت۔
العَوْكَلَةُ: العَوْكَلُ۔
•عَكَمَ ـِ عَكْمًا: موٹا ہونا۔
__ فُلَانٌ: انتظار کرنا۔
__ المَتَاعَ: سامان کو رسی سے باندھنا (۲) سامان کی گٹھڑی باندھنا (۳) گون میں سامان رکھنا۔
__ الدَّابَّةَ: چوپائے پر دونوں گونیں باندھنا (گون ایک طرف لٹکے ہوئے تھیلے کو کہتے ہیں وہ دو ہوتے ہیں) (۲) چوپائے کا منہ باندھنا۔
__ عن الأمرِ: باز رہنا، نہ کرنا۔
__ فلانا عن كذا: باز رکھنا۔
أَعْكَمَ فُلَانًا: کسی کو سامان باندھنے میں مدد دینا، بندھوانا۔
عَكَمَتِ الدَّابَّةُ: موٹا ہو جانا۔
اعْتَكَمَ القَوْمُ: چوپایوں پر بورے (گون) رکھنے کے لئے تیار کرنا۔
__ الشيءُ: ڈھیر لگ جانا۔
العِكَامُ: باندھنے کی رسی، ڈوری وغیرہ ج: عُكُمٌ۔
العِكْمُ: کپڑا یا گون جس میں سامان ہو (۲) کنوئیں کی چرخی ج: أَعْكَامٌ۔
العَكَّامُ: چوپاؤں پر بورے (گون) لادنے والا
•عَكَّنَتِ الجارِيَةُ: پر گوشت اور سلوٹ دار پیٹ والی ہونا۔
تَعَكَّنَ البَطْنُ: پیٹ کا سلوٹ دار ہونا، لٹک دار گوشت والا ہونا۔
__ الشيءُ: اکھٹا ہو کر سلوٹیں پڑنا، پیٹ کا مٹاپے کی وجہ سے سلوٹ دار ہونا
العَكْنَاءُ من الجَوَارِي: موٹے سلوٹ دار پیٹ والی کنیز یا لڑکی۔
العُكْنَةُ: پیٹ کی سلوٹ ج: عُكَنٌ

و أَعْكَانٌ۔
العِكَانُ: گلا۔
•عَكَتِ الدَّابَّةُ ـُ عَكْوًا: چوپائے کا موسم بہار میں موٹا اور فربہ ہونا۔
__ الدُّخَانُ: دھواں اٹھنا۔
__ فُلَانٌ بِإِزَارِهِ: ازار باندھنے کی جگہ کو بڑا اور سخت کرنا تاکہ پیٹ نہ لٹکے۔
__ الضَّبُّ و نَحْوُهُ ذَنَبَهُ و بِذَنَبِهِ: گوہ وغیرہ کا اپنی دم کو جڑ کی طرف موڑنا۔
__ الرَّجُلُ ذَنَبَ الدَّابَّةِ: چوپائے کی دم کو اوپر اٹھا کر باندھ دینا۔
__ الشيءَ: باندھنا۔
__ فُلَانًا في الحَدِيدِ: کسی کو جکڑ بند کرنا، قید کرنا۔
__ المَرْأَةُ شَعْرَهَا: بالوں کو نہ لٹکانا، اوپر باندھے رکھنا۔
عَكَى فُلَانٌ بِإِزَارِهِ ـِ عَكْيًا: ازار کی جگہ کو سخت کرنا۔
__ فُلَانٌ: مر جانا۔
أَعْكَى فُلَانٌ: عَكَى۔
عَكَّى فُلَانٌ: عَكَى۔
__ على السَّيْفِ و الرُّمْحِ: تلوار یا نیزے پر تانت باندھنا
__ الدُّخَانُ: دھواں اوپر چڑھنا۔
الأَعْكَى: دم کی سخت جڑ والا (۲) بھرے پڑے پہلوؤں والا۔
العَاكِي: سوت (دھاگے) بیچنے والا (۲) خالص دودھ کا شوقین۔
العَكْوَةُ: دم کی جڑ (۲) زبان کی جڑ (۳) سفید تانت (سفید پٹھوں کو چیر کر رسی کی طرح بل دیا ہوا) (۴) چھوٹے بچے کی ٹھوڑی کی درز ج: عُكًا۔
العُكْوَةُ: العَكْوَةُ (۲) ہر چیز کا بڑا حصہ، موٹائی (۳) موٹی گدی جو ازار کی جگہ کو سخت کرنے کے لئے باندھی جائے،

یٹی (۴) ازار بند کی گرہ (۵) کاتتے وقت نکلنے سے لٹکتا ہوا دھاگا ج: عُکًا و عِکاءٌ
العَکِیُّ: خالص دودھ (۲) دودھ کا برتن ۔

ع ـــ ل ـــ ب

• عَلَبَ الشیءُ ـُ عَلْباً: خشک اور سخت ہونا۔ جیسے: عَلَبَ اللَّحْمُ ۔
ـــ اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔
ـــ الشیءَ عَلْباً و عُلُوباً: نشان لگانا، خراش لگانا، دبا کر گڑھا ڈالنا۔
ـــ السَّیْفَ و نَحْوَہٗ: تلوار وغیرہ کے دستے کو اونٹ کی گردن کے پٹھے سے باندھنا۔
عَلِبَ الشیءُ ـَ عَلَباً: خشک اور سخت ہوجانا۔
ـــ یَدُہٗ: ہاتھ موٹا ہوجانا۔
ـــ الحَیوانُ: گلے کے ورم آلود پٹھے والا ہونا، بیماری کی وجہ سے ٹیڑھی گردن والا ہونا۔
ـــ السَّیْفُ: تلوار کی دھار میں دندانے پڑجانا۔
عَلِبَ الرَّجُلُ: بڑھاپے سے گلے کے ابھرے ہوئے پٹھوں والا ہونا، لٹکی ہوئی گردن والا ہونا۔
عَلَّبَ الرَّجُلُ: ڈلیا یا ڈبا بنانا (۲) بطور ڈلیا یا بطور برتن کوئی چیز استعمال کرنا۔
ـــ السَّیْفَ و نَحْوَہٗ: تلوار وغیرہ کے قبضہ کو اونٹ کی گردن کے پٹھے سے باندھنا۔
ـــ الشیءَ: دبا کر نشان ڈالنا (۲) پیک کرنا (۳) پیکٹ بنانا۔
ـــ الفَاکِہَۃَ و اللَّحْمَ و الخُضَرَ: پھل، گوشت اور سبزیوں وغیرہ کو لپکا کر ڈبوں میں بند کرنا، پیک کرنا۔
اِسْتَعْلَبَ اللَّحْمُ و الجِلْدُ: گوشت اور کھال کا سخت اور موٹا ہونا، خستہ نہ ہونا۔
اِسْتَعْلَبَ اللَّحْمُ: بدبودار ہونا۔
ـــ البَقْلَ: سبزی ترکاری کو خشک اور سخت پانا۔
ـــ المَاشِیَۃُ البَقْلَ: مویشی کا سبزی کو برا پانا، منہ نہ لگانا۔
اِعْلَنْبَی الدِّیکُ و الکَلْبُ و نَحْوُھُما: مرغ اور کتے وغیرہ کا شر پر آمادہ ہونا، لڑائی کے لئے تیار ہونا۔
العَلْبُ: سخت اور ٹھوس چیز (۲) دبانے یا کاٹنے کا نشان (۳) بنجر زمین۔ ج: عُلُوبٌ۔
العِلْبُ (من الارض) سخت و بنجر زمین (۲) روکھا اور سخت دل آدمی (۳) وہ جگہ جہاں بیر کے درخت کثرت سے اگتے ہوں ج: عُلُوب۔
العِلَبُ: بوڑھا، بھاری بھرکم اور سخت بدن (پہاڑی بکرا یا گوہ) (۲) بنجر زمین (۳) سخت مزاج اور بے مروت آدمی
العِلْبَاءُ: گردن کا لمبا پٹھا (یہ دو ہوتے ہیں۔ دائیں اور بائیں) لفظ مذکر ہے تثنیہ عِلْبَاوان اور عِلْبَاءَان۔
تَشَنَّجَ عِلْبَاءُ الرَّجُلِ: عمر رسیدہ ہونا ج: العَلَابِیُّ۔
العُلْبَۃُ: لکڑی یا اونٹ کی کھال سے بنا ہوا دودھ دوہنے کا برتن (۲) ٹین وغیرہ سے بنی ہوئی ڈلیا، ٹوکری (۳) دستے دار برتن (۴) ٹین یا دھات وغیرہ سے بنا ہوا ڈبا یا ڈبیہ، بکس، ٹین (۵) پیکٹ ج: عُلَبٌ و عِلَابٌ۔
عُلْبَۃُ اَلْوَانٍ: رنگوں کا ڈبا، کلر بکس۔
عُلْبَۃُ التُّرُوسِ: گیر بکس۔
عُلْبَۃُ صَفِیحٍ: کنستر، ڈولچہ۔
عُلْبَۃُ سَجَائِرَ: سگریٹ بکس، سگریٹ کی پیکٹ۔
عُلْبَۃُ کِبْرِیتٍ: ماچس بکس، ماچس کا پیکٹ۔
عُلْبَۃُ نَشُوقٍ: ناس یا ہلاس کی ڈبیہ۔
العِلْبَۃُ: لکڑی یا درخت کی گانٹھ ج: عِلَبٌ
المُعَلَّبُ: ڈبے میں بند، پیک شدہ
المُعَلَّبَات: ڈبوں میں بند کھانے (۲) پیک شدہ اشیاء۔
المَعْلُوبُ: ہموار راستہ۔
• عَلْبَی: دیکھئے عَلَبَ۔
• عَلَثَ الزَّنْدُ ـِ عَلْثاً: چقماق کا آگ نہ دینا۔
ـــ الشیءَ: اکٹھا کرنا (۲) ملانا۔
عَلِثَ القَوْمُ ـَ عَلَثاً: لوگوں کا آپس میں لڑنا۔
ـــ بِہٖ: لگنا، چمٹنا، ساتھ رہنا۔ عَلِثَ الذِّئْبُ بالغَنَمِ:
عَالَثَہٗ: کسی سے برسرپیکار رہنا۔
اِعْتَلَثَ فُلَانٌ: اپنے باپ کے علاوہ کسی دوسرے کی طرف منسوب ہونا۔
ـــ الزَّنْدُ: چقماق کا آگ نہ دینا۔ کہتے ہیں: فُلَانٌ غَیْرُ مُعْتَلِثِ الزِّنَادِ: بیوی کو منتخب کرکے لانے والا۔ فُلَانٌ مُعْتَلِثُ الزِّنَادِ: بلا انتخاب بیوی لانے والا۔
ـــ الشیءَ: کسی شے کے انتخاب میں فن کاری نہ دکھانا (۲) ملانا۔
ـــ زَنْداً: چقماق کو بغیر پرکھے لینا (یہ نہ جاننا کہ وہ آگ نکالے گی یا نہیں)۔
العُلَاثَۃُ: مخلوط کی ہوئی دو چیزیں (۲) ادھر ادھر سے چیزیں اکٹھا کرنے والا آدمی۔
العَلَثُ: گیہوں وغیرہ میں (نکال کر پھینکنے کے قابل) ملی ہوئی چیزیں (۲) گیہوں اور جو سے بنا ہوا کھانا۔
العَلِثُ: بے کار و بے فائدہ شیر (۲) جو شخص باپ کے علاوہ دوسرے کی طرف منسوب ہو۔

العُلْثَةُ: سہارے کے قابل روزی یا خوراک۔
العَلْثَى: قَتَلَ النَّسْرَ بالعَلْثَى: یہ اس وقت بولتے ہیں جب گدھ کے کھانے میں کوئی ایسی چیز ملادی جائے جو اس کی ہلاکت کا باعث ہو
العَلِيثُ: گیہوں اور جو کی روٹی۔
العَلِيثَةُ: العَلِيثُ۔
• عَلَجَ الغُلامُ وغيرُه ـُ عَلْجًا و عُلُوجًا: لڑکے کا موٹا یا مضبوط ہونا۔
ـــ البَعِيرُ: اونٹ کا ببول کھانا۔
ـــ النَّاقَةُ عَلَجَانًا: اونٹنی کا مضطرب ہونا۔
ـــ فُلانًا عَلْجًا: غالب ہونا۔
عَلِجَ ـَ عَلَجًا: سخت ہونا۔
عَالَجَ الشيءَ مُعَالَجَةً و عِلاجًا: کسی چیز کی مشق کرنا، بار بار کرنا، لگے رہنا۔
ـــ المَرِيضَ: علاج کرنا۔
ـــ الأَمْرَ: کسی کام کو انجام دینے کی کوشش کرنا، انجام دینا (۲) معاملہ کو نمٹانا، حل نکالنا، حل نکالنے کی کوشش کرنا۔
ـــ المَوْضُوعَ: کسی مضمون پر طبع آزمائی کرنا، کوشش کے ساتھ لکھنا، قلم اٹھانا
ـــ الحَدِيدَ: لوہے وغیرہ کو بار بار گرم اور ٹھنڈا کر کے اعتدال پر لانا۔
ـــ فُلانًا: کسی سے مقابلہ میں غالب آنا۔
ـــ الشَّكْوَى: شکایت کا ازالہ کرنا۔
ـــ عنه: دفاع کرنا۔
عَلَّجَ الإبلَ: اونٹ کو ببول کھلانا۔
اِعْتَلَجَ القَوْمُ: آپس میں لڑنا بھڑنا۔
ـــ الأرضُ: زمین کی گھاس کا لمبا اور زیادہ ہونا۔
ـــ المَوْجُ: موج کا ٹکرانا۔
ـــ الهَمُّ في صَدْرِ فُلانٍ: غم کا لہریں مارنا
ـــ الرَّمْلُ: ریت کا اکھٹا ہونا۔
تَعَالَجَ: دوا استعمال کرنا، اپنے لئے تدبیر دوا کرنا۔
تَعَالَجَ القومُ: لوگوں کا باہم ٹکرانا۔
تَعَلَّجَ الرَّمْلُ: اعتلج۔
ـــ الجِلْدُ: کھال کا موٹا ہونا۔
اِسْتَعْلَجَ الجِلْدُ، تَعَلَّجَ۔
ـــ فُلانٌ: سخت اور بھاری بدن ہونا (۲) بڑھی ہوئی ڈاڑھی والا ہونا۔
العَالِجُ: جما ہوا ریت کا ڈھیر ج: عَوَالِجُ۔ دعا والی حدیث میں ہے "وماتحويه عَوَالِجُ الرِّمَالِ" اور وہ جگہ جسے ریت کے ڈھیر گھیرے ہوئے ہیں۔
العِلاجُ: علاج، دوا، تدبیر۔
العِلْجُ: اکھڑ خشک مزاج آدمی (۲) گدھا (۳) موٹا اور طاقتور جنگلی گدھا، کافر ج: عُلُوجٌ و أعلاجٌ۔
العَلِجُ من الرِّجالِ: مضبوط اور ہمسروں کو بکثرت پچھاڑنے والا (۲) معاملات کو سلجھانے والا، مدبّر۔
العُلَجُ من الرجال: العَلِجُ۔
العَلَجُ: ایک جنگلی پودا جس کے پتے چوڑے اور خوشبودار زرد رنگ کے پھول ہوتے ہیں (۲) چھوٹی چیونٹیاں۔
العُلْجَانُ: جھاؤ کے درختوں کا جھنڈ (۲) کانٹوں دار درخت۔
العَلُوجُ: پیامبر، پیغام۔
العَلَجَانُ: جنگلی پودا جس کے پتے چوڑے اور زرد خوشبودار پھول ہوتے ہیں۔
المُعَالَجَةُ: طبع آزمائی، دوا، علاج (۲) جھگڑا، نزاع۔
المُعَالَجَةُ المِثْلِيَّةُ: ہومیو پیتھک علاج۔
• العَلْجَمُ: پانی سے بھرا ہوا بڑا تالاب (۲) لمبا اونٹ یا لمبا جنگلی گدھا ج: عَلاجِم
العُلْجُمُ: بہت سیاہ۔
العُلْجُومُ: بہت سیاہ (۲) پر گوشت گدھی (۳) بے انتہا پانی (۴) نر مینڈک (۵) نر بطخ ج: عَلاجِيمُ۔
• عَلِدَ الشيءُ ـَ عَلَدًا: ٹھوس اور سخت ہونا۔
العَلْدُ: گردن کا پٹھا (۲) ہر ٹھوس اور سخت چیز (۳) صحرائے سینا میں پیدا ہونے والی گھاس جسے جانور کھاتے ہیں ج: أعلادٌ۔
• عَلِزَ ـَ عَلَزًا و عَلَزَانًا: گھبرانا، ڈرنا۔
ـــ إلى الشيءِ: مائل ہونا، مشتاق ہونا۔
أعْلَزَهُ الوَجَعُ: درد کا کسی کو بے چین کرنا۔
ـــ الشيءُ: پریشان و عاجز کرنا۔
العِلَّوْزُ: درد شکم (۲) جلد آنے والی موت (۳) دیوانگی۔
• عَلَسَ ـِ عَلْسًا: کھانا پینا۔
ـــ الرَّجُلُ: شور مچانا۔
ـــ الإبلُ: اونٹوں کو کھانے کی چیز ملنا (اس کا استعمال اکثر منفی ہوتا ہے۔ کہتے ہیں: ما عَلَسَ شيئًا: اسے کچھ نہیں ملا)۔
عَلَّسَ الدَّاءُ: بیماری کا سخت ہوجانا۔
ـــ فُلانٌ: شور مچانا۔
ما عَلَّسُوا ضَيْفَهُم: انہوں نے مہمان کو کچھ نہیں کھلایا۔
العُلاسُ: کھانا۔ کہتے ہیں: ما أكلتُ اليومَ عُلاسًا۔
العَلْسُ: کھانے اور پینے کی چیز۔
العَلَسُ: گھی میں بھونا ہوا گوشت (۲) گیہوں کی ایک قسم جس میں کئی دانے یکجا ہوتے ہیں (۳) مسور۔
العَلِسِيُّ: سخت آدمی۔
العَلُوسُ: کھانا۔ کہتے ہیں: ما ذُقْتُ اليومَ عَلُوسًا۔
العَلِيسُ: گھی میں تلا ہوا گوشت وغیرہ (۲) بھنے ہوئے گوشت کے پارچے (۳) کھال سمیت بھونا ہوا گوشت۔
• عَلَّصَتِ التُّخَمَةُ في بَطْنِهِ: بدہضمی سے پیٹ میں درد ہونا۔

العِلَّوصُ : بدہضمی اور دردِ شکم (۲) بھیڑیا
• عَلَصَهُ ـِ عَلْصًا : اکھاڑنے کیلئے ہلانا۔ جیسے : عَلَّصَ الوَتِدَ و نَحوَهُ : میخ وغیرہ کو نکالنے کے لئے ہلانا۔
• عَلَطَ البعيرَ ـُ عَلْطًا : اونٹ کو داغ لگانا، اور اس سے کوئی نشان بنانا البَعِيرُ مَعْلُوطٌ۔
ـــ الرَّجُلَ بِقَبِيحٍ : برائی کرنا، کسی کی طرف بری بات منسوب کرنا، بدنام کرنا۔
عَلَّطَ البَعِيرَ : عَلَطَهُ (۲) اونٹ کی گردن سے پٹہ نکالنا۔ فالبَعِيرُ مُعَلَّطٌ۔
اعْتَلَطَهُ و بِه : کسی سے جھگڑنا، لڑنا۔
تَعَلَّطَ القَوسَ : کمان گلے میں ڈالنا۔
اعْلَوَّطَ الشيءَ : کسی چیز سے چمٹ کر اسے اپنی طرف کرنا۔
ـــ البَعِيرَ : اونٹ کی گردن پکڑ کر اس پر سوار ہونا۔
ـــ فُلانًا : کسی کو پکڑنا (۲) بند کرنا۔
ـــ فُلانٌ الامْرَ : بے سوچے کوئی کام کرنا
الإعْلِيطُ : گردن کی کسی جانب علامت (چوڑائی میں کھینچی ہوئی لکیر وغیرہ) (۲) وہ ٹہنی جس کے پتے بکھرے ہوئے ہوں (۳) جھاؤ کے پھل کا خول۔
العَالِطُ : شَاعِرٌ عَالِطٌ : باکمال شاعر جو بہترین اشعار کہتا ہو۔
العِلاطُ : گردن کا سائڈ (۲) گردن میں بنی ہوئی نشانی، علامت (۳) گلے میں پڑی ہوئی رسی، پٹا ج : أعْلِطَةٌ و عُلُطٌ۔
العَلَطُ : گردن کی کسی جانب داغ کا نشان (۲) سیاہ لکیر جو عورت خوبصورتی کے لئے اپنے چہرے پر بناتی ہے۔
الأعْلاطُ من الكَواكِبِ : بے نام ستارے
العُلْطَةُ : سیاہ لکیر جو عورت زینت کے لئے اپنے چہرے پر بناتی ہے (۲) گلے کا پٹا ج : عُلَطٌ۔ العُلْطَتانِ : پرندوں کی گردن کے دو نشان۔
• عَلْ عَلْ : بکریوں کو ڈانٹنے کا لفظ۔
تَعَلْعَلَ : ڈھیلا اور ڈانواڈول ہونا۔
العَلْعَالُ : ذَكَرُ القنابر : نر چکا وک ایک پرندہ جس کو چنڈول بھی کہتے ہیں۔
العُلْعُلُ : العَلْعَانُ (۲) معدے کی طرف کا پسلی کا سرا۔
العُلْعُولُ : بدی (۲) گڑبڑی (۳) جنگ۔
• عَلَفَ الرَّجُلُ ـِ عَلْفًا : بہت پینا
ـــ الحَيَوانَ : چارہ کھلانا، گھاس دانہ کھلانا۔ الحَيَوانُ مَعْلُوفٌ و هي مَعْلُوفَةٌ و عَلِيفٌ۔
أعْلَفَ الطَّلْحُ : ببول کے درخت پر پھل آنا
ـــ الحَيَوانَ و الطَّيرَ : جانور کو گھاس ڈالنا، پرندے کو دانہ ڈالنا۔
عَلَّفَ الطَّلْحُ : ببول کے درخت پر پھول جھڑ کر پھل بننے کا آغاز ہونا۔
ـــ الحَيَوانَ و نَحوَهُ : جانور وغیرہ کی گھاس دانے کی دیکھ بھال کرنا۔ هو مُعَلِّفٌ۔
اعْتَلَفَتِ الدَّابَّةُ وغَيرُها : چوپائے وغیرہ کا چارہ کھانا۔
تَعَلَّفَ الرَّجُلُ : گھاس چارہ، گھاس کی جگہ تلاش کرنا۔
اسْتَعْلَفَتِ الدَّابَّةُ وغَيرُها : ہنہنا کر چارہ مانگنا۔
العُلَفُ : ایک یمنی درخت جس کے پتے انگور کے سے ہوتے ہیں اور اسے سکھا کر سرکے کے بجائے گوشت میں ڈال کر پکاتے ہیں۔
العِلْفُ : العُلُفُ (۲) بسیار خور۔
العَلَفُ : جانوروں کا کھانا، گھاس، چارہ دانہ ج : عُلُوفَةٌ و أعْلافٌ و عِلافٌ۔
العُلْفِيُّ : کھیتی کاٹنے کے وقت پہرے دار کا چھپر وغیرہ۔
العَلّافُ : چارہ فروش، گھسیالہ۔
العُلَّفُ : ببول کا پھل یا پھلی جسے اونٹ کھاتے ہیں۔ واحد : عُلَّفَةٌ۔
العُلَّفَةُ : لوبیا اور مسور جیسے پودوں کے پھل
العَلُوفَةُ : العَلَفُ ج : عُلُفٌ (۲) وہ جانور جسے چراگاہ نہ بھیجا جائے اور موٹا کرنے کے لئے چارہ ہی کھلایا جائے۔
العَلِيفُ : وہ چوپایہ جسے موٹا کرنے کے لئے چارہ کھلایا جائے اور چراگاہ نہ بھیجا جائے ج : عَلائِفُ۔ هي عَلِيفَةٌ ج : عَلائِف
المِعْلَفُ : چارہ کی جگہ، چارہ کا کونڈا وغیرہ ج : مَعالِف۔
المَعْلُوفُ : فربہ، گھاس کھا کر موٹا ہونے والا جانور۔
• العُلْفُوفُ : پرگوشت، سخت مزاج عمر رسیدہ (۲) لمبے اور گھنے بالوں والا، ڈیل ڈول کا آدمی۔
• عَلَقَ الصَّبِيُّ ـُ عُلُوقًا : بچہ کا انگوٹھا یا انگلیاں چوسنا۔
ـــ البَهِيمَةُ الشَّجَرَ عَلْقًا : چوپائے کا درخت کے پتے کھانا۔
ـــ فُلانٌ فُلانًا : فخر و مباہات کے موقع پر کسی پر فوقیت لیجانا اور اپنی برتری ثابت کرنا (۲) گالی دینا، بدگوئی کرکے تکلیف پہنچانا۔ کہتے ہیں : عَلَقَه بِلِسانِه۔
عَلِقَتِ البَهِيمَةُ ـَ عَلَقًا و عَلاقَةً و عُلُوقًا : جانور کے حلق میں پانی پیتے ہوئے جونک کا چمٹ جانا اور جم کر پکڑ لینا۔
عَلِقَ الشيءُ الشيءَ و بِه : کسی چیز کا کسی چیز میں اٹک کر پھنس جانا، چمٹنا، لگنا، وابستہ ہونا۔

عَلِقَ الشَّوكُ الثوبَ و به: کپڑے میں کانٹا گھس جانا۔
ـــ الظَّبْیُ بالحِبَالَۃ: ہرن کا جال میں پھنس جانا۔
ـــ الأُنثیٰ بالجَنِین: مادہ کا حاملہ ہونا
ـــ فُلانٌ فُلانًا و به: کسی کے دل میں کسی کی محبت پیدا ہونا۔
ـــ أمرَہٗ: اپنے معاملہ سے واقف ہونا۔
ـــ یفعَلُ کذا: وہ ایسا کرنے لگا۔
عُلِقَ الانسانُ وغیرُہ: پانی پیتے ہوئے گلے میں جونک چمٹنا۔ ھو معلُوق۔
أعْلَقَ الصَّائدُ: شکاری کے جال میں شکار پھنسنا۔ فالصَّائدُ مُعْلِق۔
ـــ الرَّجُلَ: جونک لگانا (جونک کو ایسی جگہ لگانا جہاں سے وہ خون چوس سکے)۔
ـــ فُلانٌ: اچانک عمدہ مال پانا۔
ـــ ظُفرَہٗ بالشیءِ: کسی چیز میں ناخن گاڑنا چبھانا۔
ـــ الشیءَ بالشیءِ: لٹکانا، اٹکانا۔
ـــ السَّیفَ وغیرَہٗ: تلوار وغیرہ لٹکانے کے لئے دستہ لگانا یا تسمہ باندھنا۔
عَالَقَہٗ: کسی سے قیمتی چیزوں میں مقابلہ کرنا۔
عَلَّقَ الرَّجُلُ: سواری کے جانور کی لگام گلے میں ڈال کر اتر جانا۔
ـــ الشیءَ بالشیءِ و علیه: کسی چیز کو دوسری میں اٹکانا، لٹکانا۔ جیسے عَلَّقَ الثَّوبَ علَی المِشْجَب: کپڑا کھونٹی پر لٹکانا۔
ـــ بَابًا علی دارِہ: گھر پر چوکھٹ لگانا، دروازہ لگانا۔
ـــ أمرَہٗ: اپنے کام کو لٹکائے رکھنا، انجام نہ دینا۔
ـــ القَاضی الحُکمَ: جج یا منصف کے فیصلہ کو قطعیت نہ دینا، تعویق (پینڈنگ) میں ڈالنا۔

عَلَّقَ علَی البَهِیمَۃِ: چوپائے کو جو وغیرہ کھلانا۔
ـــ علی کلامِ غیرِہ: تبصرہ کرنا، رائے زنی کرنا (۲) تشریح و وضاحت کرنا، اصلاح کرنا۔
ـــ الأھَمِّیَّۃَ علی شیءٍ: اہمیت دینا
ـــ المَسئُولِیَّۃَ علی فُلان: کسی پر ذمہ داری ڈالنا۔
ـــ علی کتابٍ: کتاب کی شرح یا حاشیہ لکھنا۔
عُلِّقَ فُلانٌ امرأۃً: عورت سے محبت کرنا، فریفتہ ہونا۔
اعْتَلَقَہٗ و به: کسی کو بہت چاہنا، بے پناہ محبت کرنا۔
تَعَلَّقَ الشَّوکُ بالثَّوب: کانٹا گھسنا
ـــ الوَحْشُ و الظَّبیُ بالحِبَالَۃ: ہرن وغیرہ کا جال میں پھنسنا۔
ـــ الإبلُ: اونٹ کا عَلَقیٰ کھانا۔
ـــ الشیءَ: لٹکانا، اٹکانا۔
ـــ فُلانًا و به: کسی سے محبت کرنا، کہاوت ہے "لَیسَ المُتَعَلِّقُ کالمُتَأنِّق" تھوڑے پر قناعت کرنے والا اور حسب منشا پیٹ بھرنے والا برابر نہیں ہیں۔
الأعَالِیقُ: ہر لٹکی ہوئی چیز۔
التَّعْلِیقَۃُ: کتاب کا حاشیہ، وضاحتی نوٹ ج: تعلیقات۔
عَلَاقِ: اسم فعل (امر) بمعنی تَعَلَّقْ۔
العَلَاقُ: چوپایوں کی خوراک بننے والے پتے (۲) کھانے سے پہلے کھائی جانے والی چیز، قبل طعام ناشتہ۔ زیادہ تر منفی معنی میں استعمال ہوتا ہے جیسے کہا جائے۔ ما ذُقْنَا عَلَاقًا، ما فی الأرضِ عَلَاقٌ۔
العَلَاقَۃُ: تعلق، ربط، دوستی (۲) دل میں

بیٹھی ہوئی محبت (۳) گزر بسر کا ذریعہ جیسے صنعت وغیرہ (۴) بقدر کفایت معاش (۵) علم البیان میں وہ مناسبت جو کنایہ و مجاز میں معنی اصلی اور معنی مرادی کے درمیان ہوتی ہے۔ ج: عَلَائِق۔
العَلَاقَاتُ: تعلقات، روابط۔
العِلَاقَۃُ: تلوار وغیرہ لٹکانے کا حلقہ۔
العَلَقُ: چمڑے کی دباغت میں کام آنے والا پودا (۲) نفیس اور قیمتی چیز (۳) تھیلا ج: أعْلَاق۔
العِلْقُ: ہر دل پسند نفیس چیز ج: أعْلَاق وعُلُوق (۲) تھیلا۔ ھو عِلْقُ علمٍ: وہ علم کا دلدادہ ہے۔ ھو عِلْقُ شَرٍّ: وہ شر پسند ہے۔
العَلَقُ: ہر لٹکی ہوئی چیز (۲) ہاتھ کو لگنے والی گیلی مٹی (۳) وہ درخت جو مویشی کی خوراک کا وسیلہ بنیں (۴) کسی چیز سے الجھ کر کپڑے میں پیدا ہونے والی پھٹن۔ (۵) کپڑے سے لگی ہوئی چیز (۶) چمڑے وغیرہ کا تسمہ جس سے تلوار وغیرہ لٹکائی جائے (۷) راستہ کا بڑا حصہ (۸) جونک جو سڑے ہوئے پانی میں پیدا ہوتی ہے اور خون چوستی ہے، اور جانور کے حلق میں پانی پیتے وقت پھنس جاتی ہے۔ واحد: عَلَقَۃٌ (۹) گاڑھا یا بستہ خون۔ قرآن پاک میں ہے "خَلَقَ الإنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ"۔
العَلَقَۃُ: بستہ خون کا ٹکڑا جس سے رحم مادر میں جنین بنتا ہے۔ قرآن پاک میں ہے: "ھو الَّذِی خَلَقَکُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ من نُطْفَۃٍ ثُمَّ من عَلَقَۃٍ"۔
العَلْقیٰ: ایک درخت جو سخت تپش میں بھی ہرا رہتا ہے، اس کے پتے نازک اور شاخیں لمبی ہوتی ہیں۔
العِلْقَۃُ: نفیس و قیمتی کپڑا (۲) پیدائش کے

بعد بچہ کا پہلا کپڑا (۳) بلا جیب وآستین کرتا (۴) دباغت (چمڑا صاف کرنے اور رنگنے) کے کام آنے والا پودا۔

العَلْقَةُ: درخت کے پتے جو جانوروں کی خوراک بن سکیں (۲) بقدر کفایت اسباب زندگی (۳) تفکّہ کی چیز وہ تھوڑا کھانا جو کھانے سے پہلے کھایا جائے۔ لَہُ فی ھذا المال عُلْقَةٌ: اس کا اس مال میں کچھ حصہ ہے۔ لَمْ یَبْقَ عندہ عُلْقَةٌ: اس کے پاس کچھ نہیں ہے (۴) ایک درخت جو موسم سرما میں اونٹوں کیلئے موسم بہار آنے تک سہارے کا کام دیتا ہے (۵) تعلق۔ لَہُ بفُلانٍ عُلْقَةٌ: اسے فلاں سے تعلق ہے (۶) وہ چیز جسے پکڑ کر سہارا لیا جائے ج: عُلَق۔

العُلَّیْقُ: درخت پر لپٹنے والی ایک گھاس جس کا پھل توت کے مانند ہوتا ہے۔

العُلَّیقَی: العُلَّیق۔

العَلُوقُ: نر اونٹ کا مادہ منویہ، نطفہ (۲) وہ چیز جو انسان سے چمٹ جائے (۳) جانوروں کا چارہ (۴) وہ عورت جو اپنے شوہر کے علاوہ کسی کو پسند نہ کرتی ہو۔ ما بالنّاقۃِ عَلُوق: اونٹنی کے دودھ نہیں ہے۔

العَلِیقُ: جانور کا چارہ۔

العَوالِق: دریائی جانور اور نباتات۔

المِعْلاَق: بلیغ زبان (۲) لٹکانے کی چیز کھونٹی وغیرہ (۳) لٹکایا ہوا گوشت یا انگور وغیرہ

۔۔ من الرِّجال: بہت جھگڑالو کٹ حجت

المَعْلَقَة: رَجُلٌ ذو مَعْلَقَةٍ: ہر حاصل شدہ چیز سے دلچسپی لینے والا

المُعَلَّقَةُ: وہ عورت جس کا شوہر نہ تعلق رکھتا ہو اور نہ طلاق دیتا ہو، بیچ ادھر لٹکی عورت۔ قرآن پاک میں ہے: "فَلا تَمِیلُوا کُلَّ المَیْلِ فَتَذَرُوھا کالمُعَلَّقَةِ" تم اس سے بالکلیہ کنارہ کش نہ ہو کر اسے معلقہ بنا کر چھوڑ دو (۲) مُعَلَّقات کا واحد۔ زمانۂ جاہلیت کے مشہور شعراء کے سات قصائد جن کو کعبہ پر لٹکایا گیا تھا۔

المُعَلِّق: حاشیہ نویس (۲) تبصرہ نگار۔

المُعَلَّقُ: آویزاں۔ الجِسْرُ المُعَلَّق: جھولا پل۔

المَعْلُوقُ: جس پر کوئی چیز لٹکائی جائے (۲) گوشت یا انگور وغیرہ جن کو لٹکایا گیا ہو۔

• عَلْقَمَ الطَّعامَ: کڑوی چیز ملانا۔

العَلْقَمُ: ہر کڑوی چیز جیسے اندرائن حنظل

العَلْقَمَةُ: حنظل کا ٹکڑا (۲) تلخی، کڑواہٹ

• عَلَكَ العِلْكَ وغیرہ ــُـ عَلْكاً: گوند وغیرہ چبانا۔

۔۔ الدّابّةُ اللِّجامَ: چوپائے کا لگام چبانا۔

۔۔ نابَیْہ: دانت پیسنا۔

عَلَّكَ مالَہ: مال کی اچھی تدبیر کرنا۔

۔۔ یَدَیْہ علی مالِہ: بخل کی وجہ سے ہاتھ کھینچنا، خرچ نہ کرنا۔

۔۔ العَجِینَ: آٹے کو خوب گوندھنا۔

العالِكُ: طَعامٌ عالِكٌ: سختی سے چبایا جانے والا کھانا

العَلاَكُ: چبانے کی چیز۔ ما ذُقْتُ عَلاَكاً: میں نے کچھ نہیں کھایا۔

العُلاَكُ: العَلاَك۔

العِلْكُ: درخت کا گوند جو چبانے سے نہ گھلے ج: عُلُوك و أعْلاَك۔ واحد عِلْكَةٌ۔

العَلِكُ: طَعامٌ عَلِكٌ: چبانے میں سخت یا لیس دار کھانا۔

العَلِكَةُ: وہ زمین جس میں پانی نزدیک ہو

(۲) اونٹ کے بولنے کی آواز۔

العَلاَّكُ: گوند بیچنے والا۔

• عَلَّ ــِـ عَلاًّ و عَلَلاً: دوسری دفعہ یا لگاتار پینا۔

۔۔ فُلانٌ عَلاًّ: بیمار ہونا۔ ھو عَلِیلٌ ج: أعِلاّء۔

۔۔ فُلاناً ــُـ عَلاًّ: دوسری دفعہ پلانا یا لگاتار پلانا۔

۔۔ فُلاناً ضرباً: کسی کی خوب پٹائی کرنا، مسلسل مارنا۔ ایک تابعی سے اس شخص کے بارہ میں سوال کیا گیا جس نے کسی کو مار کر ہلاک کر دیا۔ فرمایا: "اذا عَلَّہُ ضَرْباً ففیہ القَوَدُ"

عُلَّ الإنسانُ عِلَّةً: بیمار ہونا۔ ھو مَعْلُولٌ۔

أعَلَّ القَوْمُ: دوبارہ پانی پیے ہوئے اونٹوں والا ہونا۔

۔۔ الرَّجُلَ ونَحْوَہُ: دوسری بار یا لگاتار پانی پلانا۔

۔۔ الشَّیءَ: عیب دار کرنا۔

۔۔ الإبِلَ: اونٹوں کو سیرابی سے پہلے واپس لے جانا۔

۔۔ اللہُ فُلاناً: بیمار کرنا۔ مفعول مُعَلٌّ و عَلِیل۔ مَعْلُول اس جگہ نادر الوقوع ہے۔

عَلَّلَ فُلانٌ: بار بار پلانا (۲) یکے بعد دیگرے پھل توڑنا۔

۔۔ فُلاناً بطَعامٍ أو غیرہ: کھانے وغیرہ میں مشغول کر دینا، بہلانا۔

۔۔ الشَّیءَ: کسی چیز کی علت اور وجہ بیان کرنا، دلیل سے ثابت کرنا، تعلیل کرنا۔

۔۔ الکَلِمَةَ: لفظ میں تعلیل کی صورت بیان کرنا (۲) لفظ میں تعلیل کرنا۔

۔۔ فُلاناً: کسی کی بیماری کا علاج کرنا،

ھو مُعَلَّلٌ.
عَلَّلَ النَّفسَ بِكذا: دل بہلانا.
اُعتَلَّ: دوسری بار پینا، بار بار پینا.
ـــ الرَّجُلُ و نَحوُہٗ: بیمار ہونا.
ـــ فُلانٌ بشیءٍ: دلیل یا عذر پیش کرنا، وجہ اور سبب بنانا.
ـــ بالاَمرِ: کسی کام میں مشغول ہونا، بہلنا.
ـــ الکَلِمَۃُ: کلمہ کا حرف علت والا ہونا. فالکَلِمَۃُ مُعتَلَّۃٌ.
ـــ الجُزءُ: علم عروض میں جزء کو علت لاحق ہونا.
ـــ فُلانًا و علیہ بِعِلَّۃٍ: کسی پر الزام لگانا (۲) کسی کام سے روکنا.
تَعَالَّت المرأۃُ من نِفاسِھا: عورت کا نفاس سے پاک وصاف ہونا
ـــ الصَّبِیُّ ثَدیَ اُمِّہ: بچہ کا پستان سے تمام دودھ چوس لینا.
ـــ فُلانًا: کسی کو اس کے کام سے روکنا.
تَعَلَّلَت المرأۃُ من نِفاسِھا: نفاس سے پاک وصاف ہونا.
ـــ الرَّجُلُ: دلیل وحجت بیان کرنا کسی بات کا بہانہ کرنا
ـــ بالاَمرِ: کسی کام میں مشغول ہو کر اسی پر بس کرنا.
الاِعلالُ: حرف علت والے کلمہ میں تغیر کا بیان.
التَّعِلَّۃُ: بہلاوا، وہ چیز جس میں وقتی طور پر مشغول کر کے کسی طرف سے توجہ ہٹائی جائے.
التَّعلِیلُ: کسی چیز کی علت کا بیان (۲) وہ علت جس کے ذریعہ معلول پر استدلال کیا جائے. اسے برہان لِمّی کہتے ہیں (۳) حجت بازی، بہانہ بازی (۴) فعل میں حرف علت کے باعث ہونے والا تغیر (۵) کلمہ میں تعلیل کی وجہ کا بیان.

العُلالَۃُ: بہلاوا، وہ چیز جس سے دل بہلایا جائے (۲) ہر چیز کا بقیہ (۳) صبح وشام کی گھڑدوڑ کے وسط والی دوڑ یا دوڑ کے گھوڑے، کبھی ان تینوں وقت کی دوڑ یا تینوں وقت کی دوڑ کے گھوڑوں کو عُلالہ کہا جاتا ہے (۴) دوڑ کے بعد دوڑ
العَلُّ: بیماری کی وجہ سے سکڑی ہوئی کھال والا (۲) عورتوں سے بکثرت ملنے والا (۳) ہر بڑی عمر والی چیز (۴) دبلا نحیف وکمزور (۵) کمزور چچڑی (۶) بے خیر وبرکت آدمی ج: عِلالٌ.
العَلَلُ: دوسری دفعہ کی سیرابی. کہتے ہیں: شَرِبَ عَلَلاً بعدَ نَھَلٍ
العَلَّۃُ: بہلاوا، دل بہلانے کی چیز (۲) سوکن ج: عَلّاتٌ.
بنو العَلّاتِ: ایک باپ اور متعدد ماؤں کی اولاد. حدیث میں ہے: "الانبیاءُ اَولادُ عَلّاتٍ". یعنی ان کا ایمان ایک اور شریعتیں مختلف ہوتی ہیں. اس کے مقابل بَنُو الاَخیافِ ہیں یعنی ایک ماں اور کئی باپ کی اولاد ہے.
العِلَّۃُ: باعث تشویش بیماری (۲) فلاسفہ کے نزدیک ہر وہ چیز جس سے مستقل طور پر کوئی دوسری چیز صادر ہو یا اس کے ساتھ کسی شے کے ملنے سے کوئی چیز صادر ہو وہ علت ہے اور صادر ہونے والی چیز معلول لہ ہے. یہ علت فاعلیہ یا مادیہ یا صوریہ یا غائیہ ہوتی ہے (۳) ہر شے کا سبب (۴) علماء عروض کے یہاں علت اس تغیر کو کہتے ہیں جو اسباب واوتاد اور خاص طور پر ضروب کو لازما لاحق ہوتا ہے

(۵) سبب (۶) حجت، عذر (۷) عیب (۸) حرف یا فعل کا نقص (۹) اصل ج: عِلّاتٌ و عِلَلٌ.
جری ھذا الاَمرُ علی عِلّاتِہ: وہ کام ہر حال میں جاری رہا باوجود خامیوں کے انجام پذیر ہوا. حُروفُ العِلَّۃِ: واؤ، الف، یا.
العَلُولُ: مریض کو دی جانے والی ہلکی غذا ج: عُلُلٌ.
العَلِیلُ: بیمار ج: اَعِلّاءُ.
العَلِیلَۃُ: بار بار خوشبو لگانے والی عورت، بیمار عورت ج: عَلائِلُ
المُعتَلُّ: بیمار (۲) حرف علت والا لفظ.
المُعَلُّ: بیمار (۲) دوسری بار پلایا ہوا.
المُعَلَّلُ: جس لفظ کی وجہ علت بیان کی گئی ہو
المَعلُولُ: جس میں تعلیل کی گئی ہو (۲) بیمار
عَلَمَہٗ ـُ عَلمًا: شناخت کا نشان لگانا (۲) علم میں کسی پر فوقیت لے جانا.
ـــ شَفَتَہٗ ـِ عَلمًا: ہونٹ چیرنا.
عَلِمَ فُلانٌ ـَ عَلَمًا: پھٹے ہوئے ہونٹ والا ہونا. ھو اَعلَمُ وھی عَلماءُ ج: عُلمٌ.
ـــ الشیءَ عِلمًا: جاننا، واقف ہونا، پہچاننا قرآن پاک میں ہے: "لا تَعلَمُونَھُم اللہُ یَعلَمُھُم".
ـــ الشیءَ و بہ: خوب جاننا، محسوس کرنا ھو عالِمٌ ج: عُلَماءُ. حقیقت تک پہنچنا. قرآن پاک میں ہے: "قالَ یالَیتَ قَومِی یَعلَمُونَ بِما غَفَرَلی رَبِّی"
ـــ الشیءَ حاصِلاً: یقین کرنا، تصدیق کرنا جیسے کہا جائے عَلِمتُ العِلمَ نافعًا. قرآن پاک میں ہے: "فاِن عَلِمتُمُوھُنَّ مُؤمِناتٍ"
اَعلَمَ نَفسَہٗ اَو فَرَسَہٗ: جنگ میں خود یا اپنے گھوڑے پر علامت لگانا.

أَعْلَمَ الثَّوْبَ: کپڑے پر دھاریاں ڈالنا، بیل بوٹے بنانا۔
— فُلَانًا الخَبَرَ و بہ: کوئی بات بتانا، خبر دینا، اطلاع دینا۔
— عَلٰی کذا من کتاب وغیرہ: کتاب وغیرہ کے کسی حصہ پر نشان لگانا۔ الفاعل مُعْلِمٌ والمفعول مُعْلَمٌ
— فُلَانًا الأمرَ حاصِلًا: کسی کو کسی معاملہ سے واقف کرانا۔
عَالَمَهُ: کسی سے علم میں مقابلہ کرنا۔
عَلَّمَ نَفْسَهُ: خود پر جنگ کی علامت لگانا
— لَهُ عَلَامَةً: کسی کے لئے نشان مقرر کرنا۔ الفاعل مُعَلِّمٌ والمفعول مُعَلَّمٌ۔
— فُلَانًا الشیءَ تَعْلِیمًا: تعلیم دینا، سکھانا
اِعْتَلَمَ البَرْقُ: پہاڑ پر بجلی چمکنا۔
— الشیءَ: جاننا، واقف ہونا۔
تَعَالَمَ فُلَانٌ: علم وواقفیت کا اظہار کرنا، واقف کار بننا، عالم بننا۔
— الجمیعُ الشیءَ: سب کا مل کر علم حاصل کرنا یا کسی چیز کو جاننا۔
تَعَلَّمَ الأمرَ: اچھی طرح جاننا، سیکھنا (۲) تعلیم حاصل کرنا (۳) تعلیم یافتہ ہونا۔
تَعَلَّمْ: بصیغۂ امر بمعنی اِعْلَمْ۔ اس کے دو مفعول ہوتے ہیں اور اکثر أَنَّ اور اس کے مابعد پر داخل ہوتا ہے جیسے تَعَلَّمْ أَنَّ لِلصَّیْدِ غِرَّةً: تم کو یہ بات جان لینی چاہئے کہ شکار کی بھی ایک چال ہوتی ہے
اِسْتَعْلَمَهُ الخَبَرَ: کسی سے کوئی بات معلوم کرنا، انکوائری کرنا۔
الاِسْتِعْلَامَاتُ: معلومات (حاصل شدہ)
مکتب الاستعلامات: دفتر معلومات، انکوائری آفس۔
الإِعْلَامُ: اطلاع، ابلاغ، نشر واشاعت، خبر رسانی (۲) نوٹس۔

وَسَائِلُ الإِعْلَامِ: ذرائع ابلاغ
الإِعْلَامُ الشَّرْعِیُّ: سمن عدالت۔
الإِعْلَامِیُّ: اطلاعاتی، ابلاغی۔
التَّعْلِیمُ: تعلیم، تہذیب۔
التعلیم الابتدائیُّ: بیسک تعلیم۔
التَّعْلِیمُ الإِجْبَارِیُّ: لازمی تعلیم
التَّعْلِیمُ الثَّانَوِیُّ: سیکنڈری تعلیم۔
التَّعْلِیمُ الثَّانَوِیُّ المُتَوَسِّطُ: جونیر سیکنڈری تعلیم۔
التعلیمُ العَالِی: اونچی تعلیم، ہائر ایجوکیشن
التَّعْلِیمُ المُخْتَلِطُ: مخلوط تعلیم۔
التَّعْلِیمَاتُ: ہدایات، ارشادات، احکام۔
العَالَمُ: دنیا، جہان، تمام مخلوق (۲) مخلوق کی ایک قسم جیسے: عَالَمُ الحَیَوَانِ
عَالَمُ النَّبَاتِ: جانوروں کی دنیا، نباتات کی دنیا ج: عَوَالِمُ و عَالَمُونَ۔
العَالَمُ الثَّالِثُ: تیسری دنیا، ترقی پذیر ممالک۔
العَالَمُ الحُرُّ: آزاد دنیا (غیر کمیونسٹ ممالک)۔
العالم الخَارِجِیُّ: بیرونی دنیا۔
العَالَمُ الرَّأْسمالیُّ: سرمایہ داروں کی دنیا۔
العَالَمُ النَّامِی: ترقی پذیر دنیا۔
العَالَمُ المُتَقَدِّمُ: ترقی یافتہ دنیا۔
العَالَمِیُّ: بین الاقوامی۔
العَالَمِیَّةُ: بین الاقوامیت۔
العَالِمُ: صاحب علم، تعلیم یافتہ۔
العَالِمُ بِالأمرِ: واقف کار، ماہر۔
العَالِمُ الطَّبِیعِیُّ: سائنسداں۔
عُلَمَاءُ الطَّبِیعَةِ: سائنسداں۔
عُلَمَاءُ الحَفْرِیَّاتِ: کھدائی کے ماہرین
عُلَمَاءُ الذَّرَّةِ: ایٹمی سائنسداں۔
العَلَامَةُ: نشان (۲) نشان راہ، سنگ میل (۳) لیبل، مارک (۴) ٹوکن (۵) اشارہ
(۶) مرض کی علامت خاص (۷) زمینوں کے درمیان کا فصل ج: عَلَامٌ وعلامات
(۸) دھات یا ٹین کی تختی جسے کاٹ کر حروف یا نقش دوسری چیز پر اتارے جاتے ہیں۔
العلامةُ التِّجَارِیَّةُ: ٹریڈ مارک، خاص تجارتی نشان۔
العَلَامَةُ المُمَیِّزَةُ: بیج، نشانِ امتیاز۔
علامةُ المُرُورِ: ٹریفک سگنل، راہ گیری کا اشارہ۔
علامةُ الحَصْرِ: بریکٹ، قوسین۔
عَلَائِمُ شیءٍ: آثار۔
عَلَائِمُ الخَیْرِ: آثار نیک۔
عَلَائِمُ الشَّرِّ: آثار بد۔
عَلَامَ: (علی ما) کس بات پر، کس وجہ سے۔
العُلَامِیُّ: زیرک وہوشیار۔
العَلَّامُ: بڑا عالم (۲) لوگوں کے نسبوں سے واقفیت رکھنے والا، ماہر انساب، اس کے اخیر میں کبھی تاکید مبالغہ کے لئے تار بڑھا دی جاتی ہے کہتے ہیں: فُلَانٌ عَلَّامَةٌ
العُلَّامُ: بڑا عالم، خوب واقف (۲) باز (شکاری پرندہ) (۳) مہندی۔
العُلَّامَةُ: سنگ میل، نشان راہ۔
العَلْمُ: العَالِمُ۔
العِلْمُ: ادراکِ حقیقت، علم (ضد: جہل) واقفیت، تعلیم (۲) خدا تعالیٰ کا نور جسے وہ اپنے جس بندے کے قلب میں چاہتا ہے ڈال دیتا ہے (۳) علم کلی اور مرکب کے ادراک کا نام ہے اور جزئی اور بسیط کے ادراک کو معرفت کہا جاتا ہے، اسی بنا پر عَرَفْتُ اللّٰهَ کہا جائے گا عَلِمْتُ اللّٰهَ کہنا صحیح نہ ہوگا (۴) علم ایسے اصول کلیہ اور مجموعۂ مسائل کو بھی کہا جاتا ہے جو کسی خاص جہت سے متعلق ہوں علم الکلام، علم النحو، علم الارض، علم الکونیات،

علم الآثار وغیرہ ج: عُلومٌ۔
عِلم الاجتماع: علم معاشرت، عمرانیات۔
عِلمُ الاقتصاد: علم اقتصادیات۔ ایسے اصول وضوابط کا علم جس کے ذریعہ مال کے حصول وصرف کی تدبیر کی جائے۔
علم الأحیاء: بیالوجی۔ زندہ کائنات و مخلوقات سے متعلق اصولی معلومات (علم الحیاۃ)۔
عِلم الإحصاء: شماریات، اعداد وشمار سے متعلق تفصیلات کا علم۔
عِلمُ تركيب الأدوِيَةِ: فن دوا سازی، فارمیسی۔
علم النفس: سائیکالوجی۔
علم طبقات الأرض: جیالوجی۔
علم الظّواهِر الجَوّيّة: علم موسمیات۔
عِلمُ الفِلاحَة: علم زراعت۔
عِلمُ الهَندَسَةِ: جیومیٹری وہ علم جس میں خطوط وابعاد، سطوح وزوایا اور مادی کمیات ومقادیر سے بلحاظ خواص اور بلحاظ باہمی تعلق بحث کی جاتی ہے۔
عِلمًا بأنّ: یہ جانتے ہوئے، یہ مانتے ہوئے کہ
عن عِلم: واقف ہوتے ہوئے۔
العِلمِيُّ: علمی، تعلیمی (۲) سائنس سے متعلق۔
العُلَماءُ: سائنس داں۔
علماء الدین: مذہبی علماء۔
العُلومُ: سائنس، علم طبعیات۔ جس میں خواص اشیاء کی معرفت کے ساتھ تجربہ ومشاہدہ بھی شامل ہے۔
العلومُ الإدارِيةُ: انتظامی امور ومعاملات کا علم۔
العُلومُ السُّلوكيّةُ: علوم سلوک وتصوف۔
عُلومُ العَرَبِيّةِ: عربی زبان سے متعلق علوم جیسے نحو وصرف، معانی وبیان، بدیع اور شعر وخطابت۔
العَلَمُ: پرچم، جھنڈا، جھنڈی (۲) علامت، نشانی (۳) نشانِ راہ (۴) دھاری، نقش (۵) سردار قوم، نمایاں شخص (۶) پہاڑ ج: أعلامٌ۔
العَلْمانِيُّ: (عَلْمٌ بمعنی عالَم کی طرف منسوب) غیر مذہبی، سیکولر۔
العَلْمانِيّةُ: سیکولرازم، مذہبی تقیدات سے آزاد رہنے کا نظریہ۔ یہ نظریہ کہ تعلیم اور نظام حکومت خالص دنیوی اور اخلاقی ہو، اس میں مذہبی عقائد کو دخل نہ ہو۔
العُلْمَةُ: انسان کے اوپر کے ہونٹ کی پھٹن۔
العَلِيمُ: وسیع علم والا ج: عُلَماءُ۔
العَيْلامُ: نر بجو ج: عَيالِيم۔
العَيْلَمُ: العَيْلامُ (۲) بہت پانی والا کنواں ج: عَيالِم۔
المَعْلَمُ: نشانِ راہ (۲) مقام۔ خَفِيَت مَعالِمُ الطَّرِيقِ: راستے کے نشانات مٹ گئے (۳) مارک۔ خصوصی نشان) ج: مَعالِم۔
المَعالِمُ الأثَرِيّةُ: دور قدیم کے آثار ونشانات
المُعَلِّمُ: معلم، مدرس، ماسٹر، اتالیق (۲) وہ شخص جس میں کسی فن کو پیشہ بنانے کی صلاحیت ہو۔
المُعَلَّمُ: نشان زدہ (۲) سکھایا ہوا (۳) خداداد صلاح وخیر کا مالک۔
المُعَلِّمَةُ: استانی۔
المَعْلُومُ: نشان زدہ (۲) مقررہ۔
المَعْلُوماتُ: ڈاٹا، معلومات۔
المَعْلُومِيّةُ: واقفیت، اطلاع۔
العِلْمادُ: کتا ہوا سوت (دھاگا) لپیٹنے کی چرخی ج: عَلامِدَة وعَلامِيدُ۔
عَلَنَ الأمرُ ـِ عُلُونًا: نمایاں ہونا، پھیلنا، شائع ہونا (ضد: خَفِيَ)
عَلِنَ الأمرُ ـَ عَلَنًا وعَلانِيَةً: عَلَنَ هو عَلِنٌ وعَلِينٌ۔
أعْلَنَهُ وبه: ظاہر کرنا، مشتہر کرنا۔
ـــ المَحْكَمَةُ أو النِّيابَةُ: عدالت یا عدلیہ انتظامیہ کا کسی کو حاضری کا پابند کرنا یا اس کے خلاف فیصلہ سنانا۔
ـــ إعلانًا: اشتہار دینا (۲) نوٹس دینا۔
ـــ الشيءَ: شائع کرنا، ظاہر ونمایاں کرنا، مشتہر کرنا۔
عالَنَهُ وبه مُعالَنَةً وعِلانًا: کسی کے سامنے کھل کر کوئی بات کہنا یا کرنا، اعلانیہ طور پر کہنا۔
ـــ الفِعلَ: کھلم کھلا کوئی کام کرنا۔
عَلَّنَهُ: أعْلَنَهُ۔
اِعْتَلَنَ الأمرُ: ظاہر ہونا۔
اِسْتَعْلَنَ الأمرُ: ظاہر ہونا (۲) ظاہر ہونے کی صورت اختیار کرنا۔
الإعْلانُ: اشتہار (۲) اعلان واظہار، انکشاف (۳) اطلاع، نوٹس (۴) ڈکلریشن بیان، اعلامیہ۔
الإعلانُ الصَّغِيرُ: ہینڈ بل، چھوٹا اشتہار
الإعلانُ الرَّسْمِيُّ: سرکاری اعلان۔
الإعلانُ المُلْصَقُ على الجِدارِ: دیواری پوسٹر۔
إعلانُ حُضورٍ إلى المَحْكَمَةِ: سمن عدالت
الإعلانُ المُصَوَّرُ: باتصویر اشتہار۔
الإعلانُ المُشْتَرَكُ: مشترکہ اعلامیہ۔
الإعلانُ القَضائِيُّ: عدالتی نوٹس۔
الإعلانُ اليَدَوِيُّ: ہینڈ بل۔
لَوحةُ الإعلاناتِ: نوٹس بورڈ۔
شَرِكَةُ إعْلاناتٍ: اشتہارات کی ایجنسی یا کمپنی۔
العَلانِيَةُ: ظاہر، کھلا ہوا (ضد: السِّر)
رَجُلٌ عَلانِيَةٌ: وہ شخص جس کی بات کھلی اور ظاہر ہو۔
عَلانِيَةً: کھلم کھلا، علی الاعلان (مقابل سِرًّا: خفیہ طور پر)۔

عَلَنًا: کھلے طور پر۔ مقابل سِرًّا۔
العَلَنِیُّ: ظاہر، کھلا ہوا۔
العُلَنَةُ: بھانڈا پھوڑ آدمی، بکثرت افشارِ راز کرنے والا جس کے پیٹ میں بات نہ کھپتی ہو۔
• اعْلَنْبَی: (دیکھئے: علب)۔
• عَلِهَ ـَ عَلَهًا: حیران ہونا، ششدر رہ جانا، گھبرا کر چلا جانا (۲) بدفطرت ہونا (۳) بھوکا ہونا (۴) رنجیدہ ہونا (۵) قابلِ ملامت ہونا۔ هو عَلِهٌ و عَلْهانُ۔ هی عَلْهَی ج: عِلاهٌ و عَلاهَی۔
العِلْهاءُ: نیزے وغیرہ کی ضرب سے بچنے کے لئے زرہ کے نیچے پہنا جانے والا اون کا ڈبل کپڑا۔
العَالِهُ: امرأةٌ عالِهٌ: ناعاقبت اندیش عورت
العَلَهُ: رنج (۲) حرص وطمع۔
• عَلا الشیءُ ـُ عُلُوًّا: بلند ہونا، اوپر ہونا۔ هو عالٍ و عَلِیٌّ۔
ـــ النَّهارُ: دن چڑھنا۔
ـــ فُلانٌ فی الارض: مغرور و متکبر ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "اِنَّ فِرعَونَ علا فی الاَرضِ"۔
ـــ فُلانٌ بالاَمرِ: کسی کام کو ہاتھ میں لینا، کسی کام کو خود سنبھالنا۔
ـــ الشیءَ و عَلَیه و فیه: اوپر چڑھنا۔
ـــ الرَّجُلَ: غالب آنا، زیر کرنا۔
ـــ الدَّابَّةَ: سوار ہونا۔
ـــ بالسَّیفِ: تلوار مارنا۔
ـــ فُلانٌ حَاجَتَه: ضرورت سے آگاہ ہونا، پورا کرنا
ـــ بالشیءِ: بلند کرنا، اوپر اٹھانا۔
عَلِیَ فی الشَّرَفِ ـَ عَلاءً: عزت و مرتبہ میں بلند ہونا۔ هو عَلِیٌّ۔
اَعْلَی عن الشیءِ: اترنا جیسے اَعْلَی عن الدَّابَّةِ۔
ـــ الشیءَ: بلند کرنا، اوپر اٹھانا (۲) چڑھنا

اَعْلَی فُلانًا: ترقی دینا، اوپر اٹھانا۔
عَالَی الشیءَ: بلند کرنا۔
ـــ الشیءَ و به: کسی چیز پر چڑھنا۔
عَالِ عَنَّا: ہمارے پاس سے دور ہو۔
عَلَّی الشیءَ: بلند کرنا، اوپر اٹھانا۔
ـــ علی ظَهرِ الدَّابَّةِ: سواری پر بٹھانا۔
ـــ المَتاعَ عن الدَّابَّةِ: سامان اتارنا۔
اعْتَلَی الشیءُ: بلند ہونا۔
ـــ النَّهارُ: دن چڑھنا۔
ـــ الشیءَ: کسی چیز پر چڑھنا۔
ـــ فُلانًا: کسی پر غالب آنا۔
ـــ العَرْشَ: تخت نشین ہونا۔
تَعَالَی فُلانٌ: بلند ہونا (۲) بڑا بننا۔
ـــ المَرأةُ: نفاس یا بیماری سے پاک وصاف ہونا۔
تَعَالَ (یا هذا) آ، تَعَالَیْ یاهذه۔ تَعالَیَا، تَعالَوا، تَعالَیْنَ۔ قرآن پاک میں ہے: "قُلْ یااَهلَ الکِتابِ تَعالَوا اِلی کَلِمَةٍ سَواءٍ بَینَنا و بَینَکُم"۔ "فَتَعالَینَ اُمَتِّعْکُنَّ"۔
تَعَلَّی الشیءُ: اونچی ہونا۔
ـــ المَرأةُ من نِفاسِها او مَرَضِها: خونِ نفاس سے پاک یا بیماری سے صحتیاب ہونا یا افاقہ پذیر ہونا۔
ـــ الرَّجُلَ: تدریجاً اوپر چڑھنا۔
ـــ عنه: کسی کے سامنے بڑائی جتانا۔
اسْتَعْلَی النَّهارُ: بلند ہونا۔
ـــ فُلانٌ: بتدریج بلند ہونا۔
ـــ الکَلِمَةُ لِسانَهُ: کسی لفظ کا زبان زد ہونا، بکثرت زبان پر آنا۔
ـــ الشیءَ: چڑھنا۔
ـــ فُلانًا و عَلَیه: غالب ہونا۔

اسْتَعْلَی حَاجَتَه: ضرورت کو پورا کرنا۔
اعْلَوْلَی الشیءَ: چڑھنا۔
الاسْتِعْلاءُ: بلندی۔
الاَعْلَی: بلندتر، بلند رتبہ، ہائی۔
القائدُ الاَعْلَی: سپریم کمانڈر۔
اَعْلاهُ: اوپر، ابھی ابھی۔ المذکورُ اعلاه: مذکورہ بالا۔
اَعالی المَدینةِ: شہر کے بالائی حصے، اطرافِ شہر
العَالِی: بلند۔ عَالِی الکَعْبِ: شریف و معزز
اَتَیتُهُ من عَالٍ: میں اس کے پاس اوپر سے آیا۔ هذا عال: یہ بہت خوب ہے، بالکل ٹھیک ہے۔
العَالِیَةُ: ہر بلند چیز، ہر چیز کا بلند حصہ (۲) نیزے کی انی کا متصل نصف حصہ (۳) تہامہ اور مکہ معظمہ کے پیچھے تک کا بالائی نجدی علاقہ (۴) وادی کا بالائی حصہ جہاں سے پانی اترتا ہے۔ ج: عَوالٍ۔
عَوالی المَدِینةِ: مدینہ کے بالائی حصے کی بستیاں۔
البابُ العالِیُّ: دربار (شاہی)
عَلُ: اوپر بمعنی فوق، اَتَیتُهُ من عَلٍ او من عَلُ: میں اس کے پاس اوپر سے آیا۔
العُلا: عزت و سربلندی (۲) عُلْیا (اسم تفضیل مؤنث) کی جمع۔
العَلاءُ: عزت و سربلندی۔
العِلاوَةُ: ہر زائد چیز، اضافہ، زیادتی (۲) اونٹ پر لدان کے بعد رکھا جانے والا زائد سامان جیسے مشکیزہ وغیرہ ج: عَلاوَی (۳) زائد کام کا معاوضہ، الاؤنس۔
العِلاوَةُ الدَّورِیَّةُ: وہ الاؤنس جو زائد کارکردگی کے عوض مدت متعینہ میں دیا جائے
عِلاوَةُ التَّرقِیَةِ: ترقی الاؤنس، گریڈ کی ترقی کے لئے تنخواہ پر کیا جانیوالا اضافہ۔

عِلاوَةٌ ماهِيَّةٌ: تنخواہ میں اضافہ۔
عِلاوَة التَّرَمُّل: بیوگی الاؤنس۔
عِلاوَةُ الدَّرَجة: گریڈ الاؤنس۔
عِلاوَةٌ علی السِّعر: مقررہ نرخ پر اضافہ، زائد چارجنگ۔
عِلاوَةُ غلاءِ المَعِيشَةِ: گرانی الاؤنس
عِلاوَةً علی كذا: مزید برآں، علاوہ ازیں
العُلِّيَّةُ: بالاخانہ، چوبارہ، دوسری منزل یا اس سے اوپر والی منزل کا کمرہ ج: عَلاَلِيُّ۔
عُلِّيَّةُ القَوم: اونچے درجہ کے لوگ، سربرآوردہ لوگ۔
العِلِّيُّ: بلند ترین جگہ یا بلند ترین درجہ (۲) بلند تر جگہ کا باشندہ (۳) بلند ترین درجہ کا آدمی ج: عِلِّيُّونَ (ضد: سِفْلِيُّونَ)
العِلِّيُّونَ: جنت کے اعلیٰ مقام کا نام (۲) ساتواں آسمان (۳) بلند درجہ یا مقام کے لوگ۔
العُلْوُ من كلِّ شيءٍ: ہر شے کا بلند حصہ کہتے ہیں: قَعَدْتُ عُلْوَهُ و فی عُلْوِه۔
العُلْوَةُ: بلند جگہ۔
العُلُوُّ: شان و شوکت، جبر و خودسری۔ قرآن پاک میں ہے: "لا يُرِيدُونَ عُلُوًّا فی الأرضِ و لا فَسَادًا"
العُلْيَا: أعلى کی تانیث، بلند، اونچی۔ حدیث میں ہے: "اليَدُ العُلْيا خيرٌ من اليدِ السُّفْلَى" ج: عُلًى۔
العَلْيَاءُ: ہر بلند چیز (۲) اونچی جگہ (۳) آسمان (۴) پہاڑ کی چوٹی وغیرہ (۵) عزت و شرافت
العَلِيُّ: اللہ تعالیٰ کا ایک نام، بلند (۲) سخت و مضبوط (۳) بلند رتبہ ج: عِلْيَةٌ۔
عِلْيَةُ القَوم: سربرآوردہ لوگ۔
المُتَعالُ: بہت بلند (عیب وغیرہ سے بلند)
المَعْلاةُ: رفعت و عزت، بلند رتبہ، ج: المَعَالِي۔
مَعالِي فُلان و صاحب المَعَالي: عزت مآب۔ وزراء اور ان کے ہم رتبہ لوگوں کا تعظیمی لقب۔
المُعَلَّى: جوئے کا ساتواں تیر، بازی جیتنے پر اس کے سات حصے واجب ہو جاتے ہیں اور ہارنے کی صورت میں اس پر سات حصے واجب ہو جاتے ہیں۔
المُعْلِي: بھرا ہوا ڈول اوپر لانے والا۔
• عَلْوَنَ الكتابَ عَلْوَنَةً و عِلْوَانًا: کتاب کا عنوان (نام) مقرر کرنا۔
ـــ الخطابَ: خط کا پتہ لکھنا۔
العِلْوَانُ: کتاب کا نام (۲) خط کا پتہ اسی کو عُنوان بھی کہتے ہیں۔
• عَلِيَ الشيءَ و عَلَيه و فيه ـَ عَلْيًا و عُلِيًّا: چڑھنا۔ ھو عالٍ و عَلِيٌّ۔
عَلَّى الكتابَ: کتاب کا نام مقرر کرنا۔
عَلَى: حرف جر بمعنی پر یا اوپر (فوق) قرآن پاک میں ہے: "و عَلَيْهَا و عَلَى الفُلْكِ تُحْمَلُونَ" (۲) قریب کی جگہ پر (یعنی کسی چیز کے آس پاس کی چیز کی فوقیت پر دلالت کرنے کے لئے۔ قرآن پاک میں ہے: "أو أجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى" یعنی او اَجِدُ علی کل مکانٍ یَقْرُبُ من النَّار، یا آگ کے قریب کسی جگہ پر میں راہنمائی پاؤں (۳) معنوی فوقیت کے لئے جیسے قرآن پاک میں ہے: "و لَهُمْ عَلَيَّ ذَنْبٌ" (۴) بمعنی مع۔ قرآن پاک میں ہے "و آتَى المالَ عَلَى حُبِّه" اس نے مال اس کی چاہت کے باوجود دے دیا (۵) بمعنی عن۔ جیسے نُحَیف شاعر کے قول: اذا رَضِيَت عَلَيَّ بَنُو قُشَيْرٍ میں۔ اصل ہے اذا رَضِيَتْ عَنِّي (۶) بمعنی لام تعلیل قرآن پاک میں ہے: "و لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلَى ما هَدَاكُمْ" ای لِهِدَايَتِه إيّاكم (۷) بمعنی فی۔ قرآن پاک میں ہے: "و دَخَلَ المَدِينَةَ عَلَى حِينِ غَفْلَةٍ من أهلِها" ای فی حینِ غَفْلَةٍ (۸) بمعنی من جیسا کہ ارشاد باری ہے: "الَّذِينَ إذا اكْتَالُوا عَلَى النّاسِ يَسْتَوْفُونَ" ای اذا اكتالوا من النّاس (لوگوں سے پیمانہ کے ذریعہ لیتے ہیں تو پورا پورا لیتے ہیں) (۹) بمعنی باء جیسے کہ: "اركَبْ عَلَى اسمِ اللّٰه" ای بِسمِ اللّٰه۔ (۱۰) برائے استدراک (سابقہ کلام سے پیدا شدہ غلط فہمی کے ازالہ کے لئے) جیسا کہ کہا جائے "فُلانٌ عاصٍ عَلَى أنَّهُ لا يَيْأَسُ من رَحْمَةِ اللّٰهِ" فلاں گنہگار ہے لیکن وہ اللہ کی رحمت سے مایوس نہیں (۱۱) برائے لزوم جیسے: عَلَيكَ إن تَفْعَلَ كذا، عَلَيكَ بكذا: تمہیں فلاں چیز پر عمل کرنا چاہئے۔ عَلَيَّ بِهِ: یہ مجھے دو۔ عَلَيكَ فُلانًا: تم کو فلاں کے ساتھ رہنا چاہئے۔ عليك بكذا: تمہارے لئے یہ ضروری ہے۔ ان صورتوں میں یہ اسم فعل ہے۔
عَلَى القِياسِ: اندازہ کے مطابق (۲) ناپ کے مطابق۔
عَلَى ضوءِ كذا: فلاں چیز کی روشنی میں۔
عَلَى ما: کس بنا پر، کیوں۔
عَلَى أنَّ: علاوہ ازیں (۲) باوجودیکہ (۳) تاہم (۴) اس کے ساتھ ساتھ۔
عَلَى وَجْهِ اللّٰه: اللہ کی رضا کے لئے۔

علی یدِ فُلانٍ: فلاں کے ہاتھوں یا فلاں کے ذریعہ۔
علی عہدِ فُلانٍ: فلاں کے دور میں
علی وشك كذا: بالکل قریب۔
یُغنّي علی العُود: وہ سارنگی پر گاتا ہے۔
یرقُصُ علی الموسیقي: وہ موسیقی کے ساتھ ساتھ (اس کے مطابق) ناچتا ہے۔
لا علیك: تم سے کوئی مؤاخذہ نہیں۔ کوئی حرج نہیں، تم کوئی فکر نہ کرو
عمِل علی کِبَر سِنّه كذا: اس نے بڑھاپے کے باوجود ایسا کیا۔
أُحدّثك كذا علی أن تستُرہ: میں تم کو فلاں بات اس شرط پر بتاؤں گا کہ تم اس کو چھپاؤ۔
کانت الدّائرۃُ علیہم: لڑائی کا پانسہ ان لوگوں کے خلاف رہا۔
حُکِمَ علیہ: اس کے خلاف فیصلہ کیا گیا
خرجَ علی فُلانٍ: اس کے خلاف بغاوت کی۔
عمِلَ علی أمرِ فلانٍ: فلاں کے حکم کے مطابق کام کیا۔

ع ــــــــ م

• عمِتَ فُلانٌ ـِ عمْتًا: اندھا دھند لاٹھی یا ڈنڈا مارنا، چلانا۔
ــــ الصُّوفَ: کاتنے کے لئے اون کی پونی بنانا۔
ــــ حبلَ القتّ: گھاس کی رسی کو بل دینا، بٹنا۔ الحبلُ مَعْمُوتٌ و عَمِیتٌ۔
ــــ فُلانًا: مغلوب کرنا۔
عمّتَ: زور سے لاٹھی چلانا (۲) رسی کو خوب بٹنا (۳) پوری طرح مغلوب کرنا۔

العَمِیتُ: دلیر، ہوشیار (۲) زیرک، قوی الحافظہ عالم ج: أعْمِتَةٌ۔
العَمِیتَةُ: اون کی پونی ج: عُمُتٌ و أعْمِتَةٌ۔
• عمَجَ ـِ عمْجًا: تیز چلنا، لپکنا۔
ــــ الرّجُلُ: پانی میں تیرنا۔
تعمّجَ: پیچ و تاب کھانا، بل کھانا، دائیں بائیں مڑنا۔ جیسے تعمّجَ السّیْلُ فی الوادي و تعمّجتِ الحیّةُ
• عمَدَ الشّيءَ ـِ عمْدًا: سہارا دینا (۲) مضبوط کرنا، طاقت بہم پہنچانا۔
ــــ فُلانًا: موٹے بانس وغیرہ سے مارنا۔ ما عمَدَك؟ تم کیوں رنجیدہ ہو۔
ــــ الشّيءَ و للشّيءِ و إلیه: کسی چیز کا قصد و ارادہ کرنا۔
ــــ المرضُ فُلانًا: کمزور و دبلا کرنا۔
ــــ السّقفَ: چھت کو ستونوں سے مضبوط کرنا، چھت کے لئے ستون بنانا۔
عمِدَ البعیرُ ـَ عمَدًا: کجاوہ کی وجہ سے اونٹ کا ورم آلود کوہان والا ہونا (۲) اونٹ کا ایسے کوہان والا ہونا جو باہر سے ٹھیک اور اندر سے کھوکھلا ہو فالبعیرُ عمِدٌ۔ کہتے ہیں: عمِدَتِ ألیتاہُ منَ الرُّکُوبِ: اس کے کولہے سواری کی وجہ سے ورم آلود ہوگئے
ــــ الثّرَی: تر مٹی کا بارش سے تہ بہ تہ ہو کر سکڑ جانا، بستہ ہو جانا۔
ــــ الإنسانُ: بیماری سے کمزور ہو جانا۔
ــــ الخُراجُ: پھوڑے کا پکنے سے پہلے دبانے کے باعث پھوٹ جانا اور کیبل نہ نکلنا۔
أعمَدَ البِناءَ و نحوَہ: عمارت کیلئے ستون بنانا، ستون کا سہارا دینا، ٹیکی لگانا، شہ لگانا، پشتہ لگانا۔
عمّدَ الخیمةَ: ستونوں پر خیمہ کھڑا کرنا

عمّدَ القومُ فُلانًا: کسی کو سردار بنانا (۲) گاؤں کا مکھیا یا پردھان بنانا (۳) چیرمین یا میئر بنانا۔
ــــ السّیلَ: سیلاب روکنے کے لئے پشتہ بنانا، بند باندھنا (پانی اکٹھا کرنے کیلئے)
ــــ الشّوقُ فُلانًا: شوق کا کسی کو دبلا کر دینا۔
ــــ الطّفلَ: عیسائیوں کے یہاں بچہ کو بپتسمہ لگانا (مقدس پانی کے چھینٹے دیکر عیسائی بنا دینا) فالطّفلُ مُعمّدٌ۔
اعتمَدَ الشّيءَ و علیه: سہارا لینا، ٹیک لگانا (۲) اصل اور بنیاد بنانا۔
ــــ فُلانًا و علیه: بھروسہ کرنا، اعتماد کرنا، اعتبار کرنا۔
ــــ الشّيءُ شیئًا و علیه: کسی چیز کا کسی شے پر دار و مدار ہونا۔
ــــ الشّيءَ: قصد کرنا (۲) جاری کرنا۔
ــــ الأمرَ: کسی معاملہ کی منظوری دینا، اس کے اجرا کا حکم دینا۔ جیسے اعتمَدَ الرّئیسُ مبلغًا لغرضٍ: افسر یا حاکم کا کسی مقصد کے لئے رقم منظور کرنا
انعمَدَ: مطاوع عمَدَہ۔ سہارا ملنا، سہارے والا یا ستون والا ہو جانا (۲) ستون یا سہارے پر قائم ہو جانا جیسے انعمَدتِ الخیمةُ علی عِمادٍ
تعمّدَ الشّيءَ و له: قصد کرنا (۲) کوئی کام دیدہ و دانستہ کرنا۔
الاعتمادُ: بھروسہ، اعتبار (۲) ساکھ (۳) فنڈ (۴) قرض (۵) منظوری۔
اعتمادٌ طویلُ الأجَلِ: طویل المیعاد قرض۔
اعتمادٌ قصیرُ الأجَلِ: مختصر المیعاد قرض
الاعتمادُ الکُلّيُّ علی شيءٍ: مکمل بھروسہ مکمل دار و مدار۔
الاعتمادُ المَصرفيُّ: بنک قرض۔

اعتمادُ میزانیّۃ: بجٹ کی منظوری۔
اوراقُ اعتمادٍ: کاغذات نمائندگی، سفارتی اسناد۔
خِطابُ اعتمادٍ: اعتمادی لیٹر، تعارف نامہ، پرچۂ اعتبار (۲) ہنڈی، مالی رقعہ۔
الاعتمادُ علی النّفس: خود پر بھروسہ کرنا۔
العِمادُ: ستون، سہارا، سہارے کی چیز، کھمبا، شہ (۲) سربراہ فوج۔ فُلانٌ رفیعُ العِمادِ: فلاں خاندانی شرافت والا ہے ج: عُمُدٌ (۳) بپتسمہ (عیسائی بچہ کو مقدس پانی کا چھینٹا دے کر باضابطہ عیسائی بنانے کی رسم)۔
العِمادَۃُ: بلند عمارتیں (مذکر و مؤنث دونوں طرح درست ہے) ج: عِمادٌ۔ اَھلُ العماد: بلند و بالا عمارتوں والے (۲) پرنسپل شپ، ڈین شپ۔
العَمْدُ: قصد۔ فَعلَہٗ عَمْدًا و عن عمدٍ: اسے قصداً کیا۔ فَعلَہٗ عَمْدًا عَلَی عَینٍ و عَمْدَ عَینٍ: محنت و یقین کے ساتھ کام کیا۔
القتلُ العمدُ: قتل عمد شریعت اسلامی میں وہ قتل ہے جو قاتل کسی ہتھیار یا ہتھیار جیسی کسی چیز سے قصد و ارادہ کے ساتھ کرے۔ القتلُ شِبْہُ العَمد: شبہ قتل عمد یہ ہے کہ بالقصد کسی ایسے آلہ سے ہلاک کرے جس سے عموماً ہلاکت واقع نہ ہوتی ہو۔
عَمْدًا و عن عَمْدٍ: جان بوجھ کر، دیدہ و دانستہ۔
العَمِدُ: وہ جگہ جو بارش سے تر ہو گئی ہو یا تر مٹی۔ ھو عَمِدُ الثّرٰی: وہ بڑا فیاض ہے۔
العُمْدَۃُ: سہارا اور ٹیک لگانے کا ذریعہ (۲) فوج کا کمانڈر (۳) حاکم شہر، چیرمین ج: عُمَدٌ (۴) اصطلاح نحو میں فضلہ (زائد لفظ) کا مقابل ہے یعنی وہ لفظ جس کا کلام سے حذف کرنا درست نہ ہو۔
عُمْدَۃُ القَرْیَۃ: گاؤں کا چودھری، پردھان، مکھیا۔
عُمْدَۃُ المَدِیْنَۃ: میئر، کسی شہر قصبہ یا موضع کا اعلیٰ منتظم۔
— المَدرَسَۃ: مدرسہ کا ذمہ دار اعلیٰ۔
العَمُوْدُ: قابل اعتماد سردار قوم (۲) آسمان میں چمکنے والا بگولا (۳) صبح کی کرن، (۴) سہارا (۵) ستون، کھمبا، موٹا بانس نلی، کڑی وغیرہ (۶) علم ہندسہ میں ہر وہ قطعہ جس کا طول اس کے چھوٹے قطر کے طول سے دس گنا زیادہ ہو ج: اَعْمِدَۃ و عُمُدٌ و عَمَدٌ۔
عَمُوْدُ البَطْنِ: کمر۔ ضَرَبَہ عَلَی عَمُوْدِ بَطْنِہ: اس کی کمر پر مارا۔
عَمُوْدُ الاَمْرِ: معاملہ کی اصل۔ کہتے ہیں: اِسْتَقَامُوْا عَلَی عَمُوْدِ رَأْیِھِم: وہ اپنی ٹھوس اور مضبوط رائے پر جمے رہے۔
عَمُوْدُ الاِدَارَۃ: چلاؤ دھرا، مشین کی وہ لاٹھ جو اسے میکانکی طاقت بہم پہنچاتی ہے۔
عَمُوْدُ الاِشَارَۃ: سگنل پول، وہ کھمبا جس پر راستہ کھلنے اور بند ہونے کی علامت لگی ہوئی ہو۔
عَمُوْدُ الشِّعْرِ: قافیہ، وزن و اسلوب میں عربوں کا موروثی طریقہ۔
عَمُوْدُ الطَّعَامِ وغیرہ: کھانے کے برتنوں یا دیگر اشیاء کی ستون نما گڈی لاٹ۔
عَمُوْدُ المِیزان: ترازو کی ڈنڈی۔
عَمُوْدُ التِّلِغْرَاف: ٹیلیگراف پول۔
عَمُوْدُ الصَّحِیفۃ: اخبار کا کالم۔
عَمُوْدُ السَّرِیر: تخت یا پلنگ کا پایہ۔
العَمُوْدُ الفَقْرِیُّ: ریڑھ کی ہڈی۔
عمودُ القَنطرۃ: پل کا ستون۔
تاجُ العَمُوْد: ستون کا تاج نما بالائی حصہ۔
قَاعِدَۃُ العَمُوْد: ستون کی کرسی۔
العَمُوْدِیُّ: ستون نما، سیدھا۔ الخطُّ العَمُوْدِیُّ: زاویۂ قائمہ بنانے والا ستون۔ طائرۃ عَمُوْدِیَّۃ: ہیلی کاپٹر
العَمِیْدُ: سردار، منتظم افسر، سربراہ (۲) کالج کا پرنسپل، فیکلٹی ڈین (۳) انتہائی کمزور بیمار جو تکیوں کے سہارے بغیر بیٹھ نہ سکتا ہو (۴) بیمارِ عشق (۵) بریگیڈیر جنرل، ایک بڑا فوجی عہدہ (ایک بڑی فوجی جماعت کا سالار اعلیٰ جس میں کم و بیش دس ہزار یا اس سے زیادہ سپاہی اور چھوٹے افسر ہوتے ہیں) ج: عُمَدَاء۔
المَعْمُوْدِیَّۃ: نصاریٰ کی ایک تقریب جس میں عیسائی عالم بچہ پر اس پانی کے چھینٹے دیتا ہے جس پر وہ انجیل کے کچھ فقرے پڑھ کر دم کرتا ہے۔ ان فقروں کو آیۃ التنصیر کہتے ہیں۔ مسلمانوں کے یہاں بچہ کے کان میں جس طرح اذان کے کلمات کہے جاتے ہیں اسی طرح عیسائیوں کے یہاں یہ عمل ہوتا ہے۔
المُعْتَمَدُ: قابل اعتماد، مستند، مصدق، نمائندۂ مختار (۲) کمشنر۔
المُعْتَمَدُ السِّیَاسِیُّ: سفیر، سفارتی نمائندہ۔

اَلمَعْمُوْدُ : بپتسمہ دیا ہوا بچہ۔
اَلمُعَمَّدُ : اَلمَعْمُوْدُ۔
• عَمَرَ الرَّجُلُ ـُـ عَمْرًا : لمبی عمر پانا، درازعمر ہونا۔
ـــ المَالُ : مال کی بہتات ہونا۔
ـــ المَنْزِلُ بِاَهْلِهٖ : مکان آباد ہونا، مکان میں رونق ہونا۔ هو عَامِرٌ۔
ـــ اللّٰهُ فُلَانًا : کسی کی عمر دراز کرنا۔
ـــ فُلَانٌ الدَّارَ : مکان بنانا، فالدّار مَعْمُوْرَة۔
ـــ القَوْمُ المكانَ : لوگوں کا کسی جگہ بسنا، رہائش اختیار کرنا، فالمكان مَعْمُوْرٌ۔
ـــ المَالَ عُمُوْرًا و عُمْرَانًا : مال کا اچھا انتظام کرنا۔ هو عَامِرٌ۔
عَمُرَ المَالُ ـُـ عَمَارَةً : بہت زیادہ ہونا۔ هو عَمِيْرٌ۔
اَعْمَرَ فُلَانٌ الاَرْضَ : آباد پانا۔
ـــ فُلَانًا : کسی کو عمرہ کرانا۔
ـــ فُلانا دَارًا : کسی کو عمر بھر کے لئے مکان دینا۔
ـــ فُلَانًا المكان : کسی کو آباد کرنا، بسانا
عَمَّرَ اللّٰهُ فُلَانًا : کسی کی عمر دراز کرنا۔ هو مُعَمَّرٌ۔
ـــ المَنْزِلَ : گھر آباد کرنا۔ بطور دعا کہتے ہیں: عَمَّرَ اللّٰهُ بكَ مَنْزِلَكَ۔
ـــ الاَرْضَ : آباد کرنا یعنی عمارتیں بنا کر ان میں لوگوں کو بسانا۔
ـــ نَفْسَهُ : اپنے لئے خاص اندازہ مقرر کرنا، یا محدود مقدار متعین کرنا۔
ـــ فُلَانًا دَارًا : کسی کو گھر میں بسانا۔
اُعَمِّرُكَ اللّٰهَ ان تَفْعَلَ كذا : میں تم کو خدا کی قسم دے کر کہتا ہوں کہ ایسا کرو۔
ـــ المِصْبَاحَ : لیمپ وغیرہ میں ہوا بھرنا۔

اِعْتَمَرَ : پگڑی باندھنا (۲) عمرہ کرنا۔
ـــ الاَمْرَ : قصد کرنا۔
تَعَمَّرَ : عمرہ کرنا۔
اِسْتَعْمَرَهُ فِی المكانِ : کسی کو کسی جگہ بسانا، آباد کرنا۔ ارشاد باری ہے: "هُوَ الَّذِی اَنْشَاَكُمْ فِی الاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا"
ـــ الاَرْضَ : زمین کو آباد کرنا، زمین کیلئے ضروری افرادی طاقت بہم پہنچانا، نئی آبادیاں قائم کرنا۔
ـــ دَوْلَةٌ دَوْلَةً اُخْرٰی : ایک ملک کا دوسرے ملک پر اقتدار جما کر اسے اپنی نوآبادی بنانا۔
عَوْمَرَ القَوْمُ : شور وغل مچانا۔
ـــ النَّاسَ : لوگوں کو کسی جگہ قید کرنا۔
الاِسْتِعْمَارُ : سامراج، نوآبادکاری، نوآبادیات قائم کرنے اور دوسری حکومتوں کو اپنے ماتحت رکھنے کا نظام اور ذہنیت۔
الاِسْتِعْمَارِيُّ : سامراجی۔
الاِعْمَارُ : آبادکاری۔
العَامِرُ : آباد، پررونق
العَمَارُ : گل ریحان جس کے ذریعہ بادشاہ کو عَمَّرَكَ اللّٰهُ کہہ کر سلامی دی جاتی تھی (۲) وہ پھول جن سے محفل شراب سجائی جاتی ہے اور جب کوئی داخل محفل ہو تو ان پھولوں سے اس کا استقبال کیا جاتا ہے (۳) خیمہ کی چھت کا خوبصورت کپڑا (۴) پگڑی ٹوپی وغیرہ جس سے سر ڈھانکا جائے
العَمَارَةُ : پگڑی وغیرہ جس سے سر ڈھانکا جائے (۲) چھت کی سجاوٹ کا کپڑا ج: عَمَائِرُ و عَمَارٌ۔
العُمَارَةُ : معمار کی مزدوری۔
العِمَارَةُ : (خراب (ویرانی) کی نقیض) آبادی (۲) عمارت (۳) چہاردیواری یا کانٹوں وغیرہ کی باڑھ جس سے جگہ کی حفاظت کی جائے (۴) قبیلہ کی ایک شاخ (۵) بلڈنگ جس میں بہت سے مکانات اور بہت سی منزلیں ہوں ج: عَمَائِر۔
فَنُّ العِمَارَة : عمارت سازی کا فن۔
العَمْرُ : جینے کا عرصہ، عمر ج: اَعْمَار (۲) دین (۳) مسوڑھے کا گوشت ج: عُمُوْرٌ (۴) لمبے درخت (۵) عمدہ کھجور۔ واحد: عَمْرَة (۶) کان کے بالائی حصہ میں لٹکایا جانے والا زیور، بالی وغیرہ (۷) قسم دینے کے لئے کہا جاتا ہے: عَمْرَكَ اللّٰهَ افْعَلْ كذا : تو خدا کے نام پر ایسا کر، قسم ہے تجھے ایسا کر۔
لَعَمْرُكَ : بربنا ابتدا مرفوع ہے اس کی خبر محذوف ہے۔ اصل یہ ہے لَعَمْرُكَ قَسَمِي : تجھے میری قسم ہے۔
العُمْرُ : عمر، جینے کا عرصہ ج: اَعْمَارٌ (۲) مسوڑھے کا گوشت ج: عُمُوْرٌ۔
عُمْرُ النِّصْفِ : ایٹمی سائنس میں اتنے وقت کو کہتے ہیں جو تابکاری عنصر کے آدھے ذرات تحلیل ہونے میں صرف ہوتا ہے۔
العَمَرُ : عورتوں کے سر ڈھانکنے کا کپڑا (۲) دین، مذہب۔
العُمَرَان : ابوبکر و عمرؓ۔
العُمُرُ : العُمْر ج: اَعْمَار۔
العُمْرَانُ : آبادی، تہذیب و تمدن، شہریت (۲) تعمیر، عمارت، کثرت باشندگان۔
عِلْمُ العُمْرَان : علم معاشرت۔
العَمَرَةُ : سر پر رکھی جانے والی شے پگڑی، ٹوپی وغیرہ (۲) ہار کے موتیوں کے درمیان کا فاصلہ۔ ابو عمرة : بھوک اور افلاس کی کنیت۔
العُمْرَةُ : ایک عبادت ہے حج کے ساتھ اور اس سے الگ مدت غیر معینہ میں کیجاتی ہے

اصطلاح شریعت میں عمرہ مخصوص افعال کے ساتھ بیت اللہ کا قصد ہے۔ اسے حج اصغر بھی کہا جاتا ہے۔ اس کے چار افعال ہیں۔ احرام، طواف، سعی اور حلق (یا قصر) ج: عُمَرٌ (۲) مرد کا سسرال میں اپنی بیوی کے پاس جانا۔
العَمْرَتَانِ: زبان کے نیچے دو چھوٹی ہڈیاں۔
العُمْرٰی: ایک معاملہ جس میں کوئی چیز کسی کی ملکیت میں اس کی یا مالک اصلی کی زندگی بھر کے لئے دی جاتی ہے۔ موت کے بعد وہ چیز اصل مالک یا اس کے ورثہ کی طرف لوٹ آتی ہے۔
العُمْرِیُّ (من الشَّجَرِ) پرانے درخت (۲) نہر وغیرہ کے پاس کھڑے بیر کے پرانے درخت۔
العَمَّارُ: بہت صوم وصلوٰۃ والا (۲) متحمل مزاج (۳) باوقار۔
العُمَّارُ: گھروں میں رہنے والے جن۔ واحد: عامر۔
المُسْتَعْمِرُ: سامراج، نوآبادکار۔
المُسْتَعْمَرُ: نوآباد، نوآبادیت کے ماتحت۔
المُسْتَعْمَرَةُ: نوآبادی، کالونی، جاگیر، وہ ملک یا علاقہ جس پر غیر ملکی حکمران بن کر اس سے منافع حاصل کریں یا اس سے باہر رہ کر اپنے سیاسی اثر ورسوخ یا فوجی تسلط کی بنا پر اس سے منافع حاصل کریں وہ حصۂ زمین جس پر غیر ملکی جماعت قابض ہو اور اس کا سیاسی تعلق اس جماعت کے وطن کے ساتھ ہو۔ ج: مُسْتَعْمَرَات
مُسْتَعْمَرَةُ الاِسْتِيطان: نوآبادی یا نئی بستی جہاں حکمران ملک کے لوگوں کو لاکر آباد کیا جائے۔
مُسْتَعْمَرَةُ التَّاج: شاہی علاقہ جو براہ راست بادشاہ کے کنٹرول میں ہو۔
المُسْتَعْمَرَةُ المُسْتَقِلَّة: خودمختار نوآبادی
المِعْمَارُ: بہت آباد کرنے والا (۲) معمار، راج۔
المِعْمَارِيُّ: بلڈنگ انجینیر، فن عمارت سازی کا ماہر۔
المَعْمَرُ: آباد و شاداب مکان۔ نزل فُلانٌ فی مَعْمَرِ صِدْقٍ: فلاں آباد و پسندیدہ جگہ مقیم ہوا۔
المُعَمَّرُ: قدیم، عمر رسیدہ، دراز عمر۔
المَعْمُورَةُ: بنا ہوا مکان، احاطہ (جن میں آبادی ہو یا نہ ہو)، آباد مکان واحاطہ (۲) زمین کا آباد حصہ۔
• العَمَرَّدُ: ہر لمبی چیز (۲) بدمزاج و طاقتور (۳) مکار و بدباطن۔
العُمْرُودُ: ہر لمبی چیز۔
• العَمَرَّسُ: سخت و مضبوط آدمی (۲) سخت رفتار (۳) سخت دن (۴) قوی و بدمزاج۔
العُمْرُوسُ: مضبوط و موٹا لڑکا (۲) دُنبہ ج: عَمَارِيسُ۔
• عَمْرَطَ الشَّيءَ: لینا۔
العُمْرُوطُ: چور لٹیرا۔
• عَمَسَ الكتابُ ـُ عَمْسًا: لکھا ہوا مٹ جانا۔
ـــ الشَّيءَ: چھپانا۔ کہتے ہیں: عَمَسَ عليهم الخَبَرَ ونَحْوَه: ان سے خبر وغیرہ چھپائی۔
ـــ عليه الأَمْرَ: خلط ملط کرنا، گڈمڈ کرنا، ظاہر نہ کرنا۔
عَمِسَ الكتابُ ـَ عَمَسًا: عَمَسَ۔
ـــ اليَوْمُ: سخت و تاریک ہونا۔
عَمُسَ اليَوْمُ ـُ عَمَاسَةً وعُمُوسَةً: عَمِسَ۔
أَعْمَسَ الشَّيءَ: چھپانا، ظاہر نہ کرنا۔
عَامَسَهُ: کسی سے رازداری کی بات کرنا، (۲) رازداری برتنا دشمنی کا اظہار نہ کرنا۔
عَمَّسَ عليه الأَمْرَ: خلط ملط کرنا، ظاہر نہ کرنا۔
تَعَامَسَ عن الشيءِ: تجاہل برتنا، چشم پوشی کرنا۔
ـــ على فُلانٍ: کسی کے لئے متغابن جانا۔
العَمَاسُ: ایسا سخت معاملہ جو کسی طرح قابو میں نہ آتا ہو (۲) سخت لڑائی ج: عُمُسٌ۔
العَمُوسُ: بے سوچے سمجھے کام کرنیوالا، (۲) سنگین معاملہ جو کسی طرح قابو میں نہ آئے ج: عُمُسٌ۔
العَمِيسُ: سخت لڑائی (۲) سنگین معاملہ ج: عُمُسٌ۔
• عَمَشَ فُلانًا ـِ عَمْشًا: بلا ارادہ لاٹھی یا ڈنڈا مارنا۔
عَمِشَ فُلانٌ ـَ عَمَشًا: کمزور نگاہ ہونا، چوندھیانا، آنکھوں سے پانی جاری رہنے والا ہونا۔ هو أَعْمَشُ وهي عَمْشَاءُ ج: عُمْشٌ۔
ـــ جِسْمُ المَرِيضِ: بیماری کے بعد تندرستی کا بحال ہونا۔
ـــ فيه الكَلامُ: کسی پر بات کا اثر انداز ہونا۔ فُلانٌ تَعْمَشُ فيه المَوْعِظَةُ: فلاں آدمی پر نصیحت اثر انداز ہوتی ہے۔
عَمَّشَ عن الشيءِ: چشم پوشی کرنا۔
ـــ فُلانًا: کسی کی نگاہ کی کمزوری دور کرنا، چندھیاپن ختم کرنا۔
ـــ اللهُ المَرِيضَ: بیمار کو صحتیاب کرنا
اِسْتَعْمَشَهُ: بے وقوف سمجھنا۔
الأَعْمَشُ: چوندھا، کمزور نگاہ ج: عُمْشٌ
العَمْشُ: مفید صحت چیز (۲) مناسب و موافق چیز جیسے هذا الطَّعَامُ عَمْشٌ لكَ۔
العَمَشُ: چندھیاہٹ، ضعف بصر۔
العُمْشُوشُ: انگور کا وہ خوشہ جس میں سے کچھ دانے کھا لئے گئے ہوں۔

•عَمُقَتِ البِئرُ عُمْقًا و عَمَاقَةً: کنویں کا گہرا ہونا۔
— الفِکْرَةُ: گہری سوچ ہونا۔
— المکانُ و نحوُهُ: دور یا لمبا ہونا
هو عَمِیق و هی عَمِیقَةٌ ج: عُمُقٌ۔
عَمَّقَ الشئَ: گہرا کرنا۔
— الرأیَ: تمام پہلوؤں کو دیکھنا، خوب غور کرنا۔
تَعَمَّقَ فِی الاَمرِ: کسی معاملہ کی گہرائی میں جانا، اس کے تمام پہلوؤں پر نگاہ ڈالنا
— فِی البَحثِ والرأیِ: خوب غور و فکر کرنا، خوب سوچ بچار کرنا۔
— فی کلامِه: چرب زبانی کرنا۔
العُمْقُ: گہرائی، نیچے کی طرف کا لمبا فاصلہ (۲) وادی (۳) جنگلات کے اطراف و اکناف ج: اَعْمَاقٌ۔ اَعماقُ الاَرضِ: اطراف و جوانب۔
العُمُقِیُّ: رَجُلٌ عُمُقِیُّ الکلامِ: جس کے کلام میں گہرائی ہو۔
•عَمِلَ ـَ عَمَلاً: قصداً کوئی فعل کرنا (۲) کام کرنا (۳) پیشہ کرنا (۴) بنانا، تیار کرنا (۵) مصروف ہونا۔ هو عامِلٌ ج: عُمَّالٌ۔
— فُلانٌ علَی الصَّدَقَةِ: صدقہ کی وصولیابی کا کام کرنا، محصّل بننا۔ قرآن پاک میں ہے: "اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلفُقَرَاءِ وَالمَسَاکِینِ وَالعَامِلِینَ عَلَیهَا"
— لِلسُّلطَانِ علَی بلدٍ: بادشاہ کی طرف سے کسی علاقہ کا گورنر یا افسر بننا۔
— علَی اَمرٍ: کسی کام کی کوشش کرنا۔
— لِحِسابِ فُلانٍ: کسی کے مفاد میں کام کرنا۔
— البَرقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا۔
— فیه: اثر انداز ہونا۔

عَمِلَ بِالاَمرِ: حکم کے مطابق کام کرنا۔
— الکَلِمَةُ فِی کَلِمَةٍ اُخرَی: ایک کلمہ کا دوسرے کلمہ پر اثر انداز ہونا، اعراب دینا۔
عَمِلَ الانسانُ والآلَةُ: انسان یا مشین کا اپنا اپنا کام انجام دینا۔
اَعمَلَهُ: عامل (حاکم گورنر) بنانا (۲) کارکن بنانا۔
— فُلاناً: کام کی اجرت دینا۔
— الآلَةَ: مشین سے کام لینا۔
— الرَّأیَ: رائے یا مشورہ پر عمل کرنا۔
— المِقَصَّ علَی شئٍ: قینچی چلانا۔
— ذِهنَه فِی کذا: کسی بات یا کام میں ذہن کو مشغول کرنا، غور و فکر کرنا۔
— الکَلِمَةَ: کلمہ کو دوسرے کلمہ میں عامل بنانا۔
عامَلَهُ: کسی کے ساتھ معاملہ کرنا، لین دین کرنا (۲) سلوک کرنا، برتاؤ کرنا، طرز عمل اختیار کرنا۔
عَمَّلَهُ: کام کی اجرت دینا۔
— علَی البَلَدِ: شہر کا حاکم بنانا۔
— علَی القَومِ: قوم کا سردار بنانا۔
اِعْتَمَلَ فُلانٌ: اپنے لئے کام کرنا (۲) اپنی مرضی کے مطابق کام کرنا۔
تَعَامَلا: باہم معاملہ کرنا۔
تَعَمَّلَ فُلانٌ لِکذا: بہ تکلف کوئی کام کرنا۔
— مِن اَجلِ فُلانٍ و لَه و فِی حاجَاتِه: کسی کے لئے کوشش و محنت کرنا۔
اِستَعْمَلَهُ: عامل (حاکم) بنانا (۲) کسی سے کام لینا۔
— الثَّوبَ و نحوَه: کام میں لانا، استعمال کرنا۔
— الآلَةَ: مشین چلانا۔

اِستَعمَلَ الرَّأیَ: مشورہ پر عمل کرنا۔
— اَحَداً لِغَرَضٍ: آلۂ کار بنانا۔
العامِلُ: کاریگر (۲) مزدور (۳) کارکن، کارندہ (۴) محصّل زکوٰۃ ج: عُمَّالٌ و عَمَلَةٌ (۵) نیزے کا پھل سے قریب اوپر کا حصہ (۶) علم النحو میں وہ ہے جو الفاظ کے اعراب پر اثر انداز ہو۔ یہ دو ہوتے ہیں لفظی اور معنوی۔ لفظی جیسے کَتَبَ الدَّرسَ میں الدرس کے نصب کا عامل کتب فعل ہے۔ عامل معنوی جیسے الرَّجُلُ ظریف میں الرَّجُلُ کے رفع کا عامل ابتداء (مبتدا ہونا) ہے (۷) محرک، سبب (۸) علم الحساب میں وہ صحیح عدد جو دوسرے عدد کو اس طرح تقسیم کرے کہ کچھ باقی نہ رہے۔ ج: عَوامِلُ۔
عامِلُ التِّلفونِ: ٹیلیفون آپریٹر۔
عامِلُ المِصعَدِ: لفٹ مین۔
عامِلُ الزَّمَنِ: وقت کا عامل، ٹائم فیکٹر۔
العامِلَةُ: کھیتی باڑی میں کام آنے والے جانور جیسے بیل اونٹ وغیرہ (۲) چوپائے کی ٹانگ (۳) نیزے کا پھل سے متصل اوپر کا حصہ ج: عَوامِلُ۔
العِمَالَةُ: مزدوری، کارندے کی اجرت (۲) مزدوری (پیشہ) (۳) کاریگری (۴) ایجنٹ گری، ایجنسی، دلّالی (۵) خیانت، دھوکہ دہی۔
العُمَالَةُ: العِمَالَةُ۔
العَمَلُ: ارادی فعل (۲) کام (۳) ہنر (۴) مشغلہ (۵) کارروائی، اقدام (۶) عمل، ایکشن، ورک (۷) مرکز کے ماتحت انتظامی علاقہ جیسے ضلع کی تحصیل (۸) محنت ج: اَعمالٌ۔
العَمَلُ الاجتماعیُّ: سوشل ورک، معاشرے کی خدمت۔

العَمَلُ البَنَّاءُ: تعمیری کام (مقابل تخریبی)
العَمَلُ التَّأدِيبِيُّ: تادیبی کارروائی۔
العَمَلُ الجَادُّ: سنجیدہ اور ٹھوس کام۔
العَمَلُ الجَبَّارُ: زبردست کام۔
العَمَلُ الحَازِمُ: پختہ عزم سے کیا جانے والا کام۔
العَمَلُ الحُرُّ: آزادانہ کام، آزادانہ پیشہ
العَمَلُ الرَّتِيبُ: روٹین ورک، معمول کے مطابق انجام دیا جانے والا کام۔
العَمَلُ الرَّابِحُ: نفع بخش کاروبار۔
العَمَلُ السِّرِّيُّ: خفیہ کارروائی۔
العَمَلُ الشَّرِيفُ: معزز مشغلہ۔
العَمَلُ العَبْقَرِيُّ: شاہکار، اختراعی تصور پر مبنی کام جس میں جدت و ابتکار ہو۔
العَمَلُ العُدْوَانِيُّ: جارحانہ کارروائی
العَمَلُ الفِدَائِيُّ: سرفروشانہ جدوجہد
العَمَلُ الكِتَابِيُّ: محرری، منشی گری۔
العَمَلُ اللَّا أخْلَاقِيُّ: غیر اخلاقی کارروائی
العَمَلُ المُبَاشِرُ: براہ راست اقدام، ڈائرکٹ ایکشن۔
العَمَلُ المُرهِقُ: دشوار کام۔
العَمَلُ المَدْفُوعُ بالسَّاعَةِ: کسی وقتی محرک کے تحت کیا جانے والا کام۔
العَمَلُ المُسَلَّحُ: مسلح جدوجہد۔
العَمَلُ المُكَثَّفُ: زبردست کارروائی۔
العَمَلُ المُوَحَّدُ: مشترکہ کارروائی۔
العَمَلُ المَيْدَانِيُّ: فیلڈ ورک۔
العَمَلُ الوَحْدَوِيُّ: متحدہ کارروائی۔
العَمَلُ اليَدَوِيُّ: دستکاری۔
العَمَلِيُّ: عمل پذیر، قابل عمل (۲) عملی، ضد: (فکری۔ نظریاتی)۔
عَمَلِيًّا: عملی طور پر۔
الأعْمَالُ: کارروائیاں (۲) کاروبار، کام کاج
أعْمَالٌ إرْهَابِيَّةٌ: دہشت پسندانہ کارروائیاں
أعْمَالُ شَغَبٍ: ہنگامے، فسادات، غنڈہ گردی۔
أعْمَالُ العُدْوَانِ: جارحانہ کارروائیاں
أعْمَالُ عُنْفٍ: پرتشدد کارروائیاں۔
الأعْمَالُ الفَوضَوِيَّةُ: لاقانونیت۔
الأعْمَالُ المَكْتَبِيَّةُ: دفتری کام۔
الأعْمَالُ الهَدَّامَةُ: تخریبی کام۔
رَجُلُ الأعْمَالِ: مصروف آدمی (۲) بزنس مین۔
العَمْلَةُ: غلط کام جیسے چوری، خیانت وغیرہ (۲) ایک دفعہ کا عمل۔
العُمْلَةُ: کام کی اجرت (۲) نقد، سکہ، کرنسی ج: عُمْلَات۔
العُمْلَةُ العُشْرِيَّةُ: اعشاری سکہ۔
العُمْلَةُ الأجْنَبِيَّةُ: غیر ملکی سکہ۔
العُمْلَةُ الجَيِّدَةُ: کھرا سکہ۔
العُمْلَةُ الزَّائِفَةُ: کھوٹا سکہ۔
العُمْلَةُ السَّهْلَةُ: سافٹ کرنسی، ہلکا سکہ (لوٹ وغیرہ)
العُمْلَةُ الصَّعْبَةُ: ہارڈ کرنسی۔
العُمْلَةُ المُتَدَاوِلَةُ: سکہ رائج الوقت
العُمْلَةُ المُجَمَّدَةُ: وہ سکہ جس کا چلن بند کر دیا گیا ہو۔
العُمْلَةُ المُسَاعِدَةُ: معاون سکہ، عارضی سکہ۔
العُمْلَةُ الوَرَقِيَّةُ: کاغذی کرنسی، نوٹ
العُمْلَةُ الحُرَّةُ: آزاد کرنسی۔
العُمْلَةُ مُحْكَمَةُ التَّزْيِيفِ: ناقابل شناخت کھوٹا سکہ۔
العَمَلِيَّةُ: کارروائی، آپریشن (۲) کارگزاری، ہر وہ عمل جس کا کوئی اثر و نتیجہ برآمد ہو۔
عَمَلِيَّةُ ابْتِزَازٍ: بلیک میل، ناروا طریقہ پر کسی دباؤ کے تحت کوئی مطالبہ کرنا
عَمَلِيَّةُ إنْتَاجٍ: پیداواری کارگزاری
ـــ انْتِحَارِيَّةٌ: اقدام خودکشی۔
ـــ التَّوْلِيدِ: عمل پیدائش۔
ـــ جِرَاحِيَّةٌ: سرجیکل آپریشن، عمل جراحی آپریشن۔
عَمَلِيَّةٌ جَسُورَةٌ: جرأت مندانہ اقدام۔
ـــ استِكْشَافٍ: تحقیقاتی کارروائی، عمل سراغ رسانی۔
ـــ النَّسْفِ: تخریبی کارروائی۔
العُمَّالُ: لیبرس، مزدور (۲) حکام، کارندے واحد: عامل۔
عُمَّالُ الحكومة: سرکاری کارندے
عُمَّالُ الادارة: انتظامی عملہ، اسٹاف۔
عُمَّالُ الإنْقَاذِ: بچاؤ عملہ۔
العُمَّالُ العَرَضِيُّونَ: عارضی اسٹاف عارضی کارکنان و مزدور۔
عُمَّالُ السِّكَّةِ الحَدِيدِيَّةِ: ریلوے اسٹاف۔
العُمَّالُ العَاطِلُونَ او المُعَطَّلُونَ: بے روزگار مزدور و ملازمین۔
العَمَّالُ: بہت مصروف یا ہمیشہ مصروف کار رہنے والا۔
العَمُولُ: کام کا دھنی، عادی (۲) بہت کمائی کرنے والا، کماؤ فرد۔
العُمُولَةُ: کمیشن، دلال کی اجرت، آڑھت (آڑھتی کا کمیشن) ہر وہ رقم جو کام کے بدلہ کوئی فرد یا ادارہ معاوضۂ خدمت کے طور پر لیتا ہے۔ يَعْمَلُ فُلَانٌ بالعُمُولَةِ: فلاں کمیشن پر کام کرتا ہے
العَمِيلُ: ایجنٹ، کسی کے لئے خاص معاوضہ لے کر کام کرنے والا (۲) آڑھتی، ایجنٹ ج: عُمَلَاءُ۔
العَوَامِلُ: اسباب و محرکات۔
المُسْتَعْمَلُ: استعمال شدہ۔
المُعَامَلَةُ: معاملہ، سلوک، برتاؤ۔
المُعَامَلَةُ بالمِثْلِ: ادلہ بدلہ کرنا۔
المُعَامَلَاتُ: امور دنیا سے متعلق شرعی احکام جیسے بیع و شرا وغیرہ۔
المَعْمَلُ: فیکٹری، کارخانہ، مل (۲) تجربہ گاہ،

ٹیسٹ اور جانچ پڑتال کی جگہ، لیبارٹیری ج: مَعَامِل۔
المَعْمُولُ: دودھ، شہد اور برف سے بنا ہوا شربت (۲) تیار کردہ چیز (۳) اثر۔ وہ لفظ جس پر کسی عامل اعراب کا اثر ہو۔
المَعْمُولُ بِہ: جاری، زیر عمل۔
• عَمْلَسَ فِی سَیْرِہ: لپکنا، تیز چلنا۔
العَمَلَّسُ: تیز چلنے کی طاقت رکھنے والا (۲) خبیث کتا یا بھیڑیا۔
• عَمْلَقَ المَاءُ: کم ہونا۔
—— المَاءُ فِی الحَوضِ: تالاب میں پانی کا گدلا اور گاڑھا ہو جانا۔
العِمْلَاقُ: بھاری بھرکم انسان یا درخت وغیرہ۔ فُلَانٌ عِمْلَاقٌ فِی الأَدَبِ او السِّیَاسَۃِ: ادب وسیاست میں بلند قامت ماہر و ممتاز ج: عَمَالِیق و عَمَالِقَۃ و عَمَالِق۔
العَمَالِقَۃ: عملاق ابن لاوذ بن ارم بن سام بن نوح کی اولاد میں سے ایک قوم کا نام
• عَمَّ الشَّیءُ ــ عُمُومًا: عام ہونا، پھیلنا، ہر جگہ یا ہر فرد کے لئے ہونا۔
—— النَّبَاتُ: نباتات کا لمبا ہونا۔
—— الرَّجُلُ عُمُومَۃً: چچا بن جانا۔
—— القَومَ بِالعَطِیَّۃِ عُمُومًا: سب لوگوں کو عطیہ دینا۔
—— المَطَرُ الأَرضَ: تمام زمین پر بارش ہوئی۔
—— رَأسَہُ عَمًّا: پگڑی باندھنا۔
أَعَمَّ الرَّجُلُ: شریف وکثیر چچاؤں والا ہونا (۲) سب کے لئے صاحب خیر وفیض ہونا۔ ھو مُعِمٌّ۔
عَمَّمَ القَومُ فُلَانًا أَمرَھُم: لوگوں کا اپنے معاملات کسی کے سپرد کرنا۔
—— الشَّیءَ: عام کرنا، پھیلانا (ضد خَصَّصَ)

عَمَّمَ فُلَانًا: پگڑی باندھنا۔
اِعْتَمَّ الرَّجُلُ: عمامہ (پگڑی) سر پر لپیٹنا
—— الشَّابُّ: لمبا اور کامل ہونا۔
—— النَّبتُ: پودے کا مکمل ہو کر کلی لانا
تَعَمَّمَ الرَّجُلُ: سر پر پگڑی لپیٹنا۔
—— الآکامُ بِالنَّبتِ: ٹیلوں پر سب جگہ نباتات در دیدگی پھیلنا۔
—— فُلَانًا: کسی کو چچا کہہ کر پکارنا۔
اِسْتَعَمَّ الرَّجُلُ: اپنے سر پر عمامہ باندھنا
—— فُلَانًا: کسی کو چچا بنا لینا۔
الأَعَمُّ: بہت عام (۲) بڑا مجمع۔
العَامُّ: عام، پھیلا ہوا، مروجہ، جنرل۔
العَامَّۃُ مِنَ النَّاسِ: عوام (خلاف: الخَاصَّۃ) ج: عَوَامّ۔ جَاءَ القَومُ عَامَّۃً: سب لوگ آئے۔
العَامِّیُّ: عوامی (۲) وہ زبان جو عربی کلام کی اصل سے ہٹ کر عوام استعمال کرتے ہیں۔
العَامِّیَّۃ: عوامی زبان (خلاف الفُصْحٰی)
العِمَامَۃُ: سربلند، پگڑی ج: عَمَائِم۔
أَرخٰی فُلَانٌ عِمَامَتَہ: خوشحال ہونا۔
العَمُّ: چچا ج: أَعْمَامٌ و عُمُومَۃ (۲) لوگوں کی بڑی جماعت (۳) پوری گھاس (۴) کھجور کے لمبے درخت۔
العَمَمُ: کثرت وہجوم (۲) ہر مکمل اور عام چیز (۳) جس کا فیض عام ہو۔ فُلَانٌ عَمَمٌ خَیِّرٌ: وہ بڑا فیاض ہے۔
العُمُمُ: جسم، جوانی اور مال کی تکمیل۔
اِستَوَی الشَّبَابُ عَلٰی عُمُمِہ: مکمل جوانی آگئی۔
العَمَّۃُ: پھوپھی ج: عَمَّات۔
العِمَّۃُ: عمامہ، پگڑی (۲) عمامہ باندھنے کی ہیئت، طرز۔ فُلَانٌ حَسَنُ العِمَّۃ: فلاں عمدہ پگڑی باندھتا ہے

العُمُومُ: سب، تمام، عمومُ الھندِ: کل ہند، آل انڈیا (مثلاً)۔
العُمُومَۃُ: چچا کا رشتہ، چچا بھتیجے کا رشتہ، ددھیال۔ جیسے أُخُوَّۃ و أُبُوَّۃ و بُنُوَّۃ۔
العَمِیمُ: ہرا بھرا اور کثیر چیز (۲) ہر مکمل اور لمبی چیز (۳) عام ج: عُمٌّ۔ ھی عَمِیمَۃ ج: عَمَائِم۔
العَمِیمَۃُ: لمبے قد کی عورت یا لمبا کھجور کا درخت۔
المُعْتَمُّ: دستار بند۔
المُعَمَّمُ: دستار بند، لوگوں کا منتخب کردہ کارپرداز سردار۔
• عَمَنَ بِالمَکَانِ ــ عَمْنًا: قیام کرنا۔ ھو عَامِنٌ و عَمُونٌ ج: عُمُنٌ
عُمَانُ: سلطنت عمان جو بحر ہند اور خلیج عربی پر جنوب مشرق میں واقع ہے۔ اس کا دارالحکومت مسقط ہے (منصرف اور غیر منصرف دونوں طرح صحیح ہے)۔
عَمَّانُ: ملک شام کا ایک شہر، جو شرق اردن کے ملک بنجانے کے بعد اس کا دارالحکومت بن گیا (منصرف وغیر منصرف)
• عَمِہَ ــ عَمَھًا و عَمَھَانًا و عُمُوھًا: راستہ بھٹک کر پریشان ہونا کہ کہاں جائے۔ ھو أَعْمَہُ و عَمِہٌ و ھی عَمْھَاءُ و عَمِھَۃٌ۔
—— فِی الأَمرِ: متردد ہونا، صحیح نتیجہ پر نہ پہنچ پانا۔ ھو عَامِہٌ ج: عُمَّہٌ۔
عَمِہَ ــ عَمَھًا و عَمَھَانًا و عُمُوھَۃً: عَمَہَ۔ ھو أَعمَہُ و عَمِہٌ و ھی عَمْھَاءُ و عَمِھَۃٌ ج: عُمَّہٌ۔
—— الأَرضُ: بے نشان ہونا
عَمَّہَ فِی ظُلمِہ: حچپ ہوا ظلم کرنا۔
العَمَہُ: بھٹکنے کی حیرانی وپریشانی تردد (۲) بے بصیرتی، اندھاپن (۳) بے حسی،

عدم تمیز۔

• عَمَی الماءُ و العَماءُ ـِ عَمْیًا: پانی برسنا، بادل کا برسنا۔

— المَوْجُ: موج کا جھاگ وغیرہ پھینکنا۔

— البَعِیْرُ بِلُعَابِہ: رال ٹپکانا۔

— الی کذا: ٹھیک طور پر جانا۔

عَمِیَ فُلَانٌ ـَ عَمًی: نابینا ہو جانا (دونوں آنکھوں کی بینائی بالکل ختم ہو جانا)

ھو اَعْمَی ج: عُمْیٌ و عُمْیَان

و ھی عَمْیَاءُ ج: عُمْیٌ۔

— القَلْبُ او الرَّجُلُ: بے بصیرت ہو جانا، صحیح راہ نہ پانا۔ ھو اَعْمَی و ھی عَمْیَاءُ ج: عُمْیٌ۔ و ھو عَمٍ و ھی عَمِیَةٌ ج: عَمُوْن۔ ھو و ھی من قوم عَمِیْنَ۔

— علیہ و عنہ الاَخْبَارُ والاُمُوْرُ: پوشیدہ ہونا، مخفی رہنا۔ ارشاد باری ہے: "فَعَمِیَتْ عَلَیْھِمُ الاَنْبَاءُ یَوْمَئِذٍ"

— علیہ طَرِیْقُہ: راہ یاب نہ ہونا، اپنا راستہ دکھائی نہ دینا۔

— فُلَانٌ عَمَایَةً: بے راہ روی میں حد سے بڑھ جانا۔

اَعْمَاہُ: اندھا کرنا، بینائی سے محروم کرنا (۲) بے بصیرت بنا دینا۔

عَمَّاہُ: اندھا اور بے بصیرت بنانا (۲) گمراہ کرنا، حق سے آنکھیں پھیر دینا۔

— علیہ الشَیْءَ: کسی سے کوئی چیز پوشیدہ رکھنا یا کرنا، پیچیدہ بنا دینا، معمّا بنا دینا۔

— الکلامَ: مغلق اور مبہم بنانا۔

— العَمَاءُ الھِلَالَ: بادل کا ابتدائی چاند کو چھپا لینا۔ فالھلال مُعَمًّی۔

تَعَامَی: اندھا بننا (۲) کم عقل بننا (ظاہراً نہ کہ حقیقۃً)۔

تَعَمَّی: اندھا ہو جانا، بصیرت اور بصارت کھو دینا۔

الاَعْمَیَان: سیلاب اور (جلتی ہوئی) آگ کہتے ہیں: اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الاَعْمَیَیْنِ۔

العَامِی: جسے راستہ نظر نہ آتا ہو (۲) لمبا آدمی ج: اَعْمَاءٌ۔

الاَعْمَاءُ: غیر آباد مقامات جہاں آبادی کا نام و نشان نہ ہو۔

العَمَاءُ: بادل۔

العَمَاءَةُ: گمراہی، باطل پرستی۔

العَمْیَاءُ: اندھی (۲) عقل سے کوری۔

الطَّاعَةُ العَمْیَاءُ: اندھی تقلید۔

المُعَمَّی: معمّا، چیستان ج: مُعَمَّیَات۔

ع ـ ن

• عَنْ: حرف جر، متعدد معانی کے لئے آتا ہے (۱) مجاوزت جیسے تَرَحَّلَ عن مکانِ کذا۔ (۲) بدل جیسے: لَا تَجْزِی نَفْسٌ عن نَفْسٍ شَیْئًا۔ (۳) برائے تعلیل جیسے: ما فَعَلَ ذلك الَّا عن اضطرارٍ۔ (۴) بمعنی بعد جیسے: عن اور عَمَّا قلیلٍ تری (۵) بمعنی علی جیسے: اَحْبَبْتُ الاحسان الی الفقراءِ عن کَثْرَةِ الصَّلٰوۃِ: میں نے نماز کی کثرت پر غریبوں کے ساتھ احسان کو ترجیح دی (۶) بمعنی جانب جیسے: جَلَسَ عن یَسَارِہ۔ (۷) برائے مفارقت جیسے: ذَھَبَ عَنَّا: وہ ہم سے جدا ہو گیا۔ (۸) بمعنی ترک جیسے: مات عن وَلَدَیْنِ: وہ دو لڑکے چھوڑ کر مرا (۹) مصاحبت جیسے فَعَلْتُ ھذا عن رِضًی او عن اِذْنك: میں نے خوشی سے کیا (۱۰) برائے تاکید جمع جیسے: قُتِلُوا عن آخِرِھم: وہ سب کے سب اول تا آخر مارے گئے (۱۱) برأت جیسے: تعالَی اللّٰہ عَمَّا یَصِفُوْنَ: اللہ ان کے بیان کردہ اوصاف سے بری و پاک ہے (۱۲) برائے نقل کلام جیسے: حَدَّثَ عن فُلَانٍ: اس نے فلاں سے روایت نقل کی۔

• عَنَّبَ الکَرْمُ: انگور کی بیل پر انگور آنا۔

العَانِبُ: انگور بردار۔

العُنَابُ: لمبا اور گول پہاڑ۔

العِنَبُ: انگور ج: اَعْنَابٌ۔

عِنَبُ الذِّئْبِ: روئی کے پودوں کے ساتھ اگنے والا پودا جس کا پھل پھیکا اور انگور نما ہوتا ہے۔

العَنْبَا: آم۔

العُنَّابُ: عناب (ایک یونانی دوا)۔

• العَنْبَرُ: ایک ٹھوس مادہ جو باریک پیسنے کے بعد مہکتا ہے یا آگ پر ڈالنے سے خوشبو نکلتی ہے۔ سمندری جانور کے پیٹ سے بطور فضلہ خارج ہوتا ہے (۲) ایک قسم کی مچھلی جو سانپ کی شکل سے قریب ہوتی اور خوشبودار مادہ خارج کرتی ہے (۳) گودام (۴) کارخانہ (۵) سپاہیوں کی بارک ج: عَنَابِر۔

• عَنِتَ الشَیْءُ ـَ عَنَتًا: خراب ہونا۔

— فُلَانٌ: مصیبت و مشقت میں پڑنا تکلیف اٹھانا۔ ارشاد باری ہے: "لَقَدْ جَاءَکُمْ رَسُوْلٌ مِنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ علیہ ما عَنِتُّمْ" تمہارے پاس تم ہی میں سے ایک پیغامبر آیا ہے جس کے لئے وہ تکلیف دہ صورت جس میں تم مبتلا ہو بہت گراں اور شاق ہے (۲) کسی گناہ کا مرتکب ہونا۔

عَنِتَ العَظْمُ : ہڈی کا جڑ جانے کے بعد ٹوٹ جانا۔ فَالعَظْمُ عَنِتٌ ۔
اَعْنَتَهُ : سختی و مصیبت میں مبتلا کرنا، قرآن پاک میں ہے: "وَلَوْ شَاءَ اللّٰهُ لَاَعْنَتَكُمْ"
— المَرِیْضَ : بیمار کو نقصان پہنچانا۔
عَنَّتَهُ : کسی پر سختی کرنا اور تکلیف و مشقت میں ڈالنا۔
تَعَنَّتَهُ : تکلیف دینا، کسی کے لئے تکلیف ولغزش کا خواہاں ہونا، مصیبت کھڑی کرنا، پریشان کرنا۔
— الرَّجُلَ و علَیه : مشکل بات پوچھ کر پریشان کرنا۔
العَنَتُ : غلطی (٢) زنا۔ قرآن پاک میں ہے: "ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ العَنَتَ مِنْكُمْ" (٣) معاندانہ ہٹ دھرمی۔
التَعَنُّتُ : ڈھٹائی، شرارت۔
العَنُوتُ : دشوار گذار ٹیلہ۔
• عَنْتَرَ الذُّبَابُ الاَزْرَقُ : نیلی مکھی کا بھنبھنانا۔
— فُلَانٌ : لڑائی میں بہادر ہونا (٢) سختیاں جھیلنا، سختیوں کی راہ پر چلنا۔
— فُلَانًا بالرُّمحِ : نیزہ مارنا۔
العَنْتَرُ : نیلی مکھی۔ واحد : عَنْتَرَةٌ۔
• عَنَجَ الشَّیْءَ ـُ عَنْجًا : کھینچنا۔ عَنَجَ رَأسَ البَعِیرِ : اونٹ کا سر اپنی طرف کھینچنا۔
— البَعِیرَ : اونٹ کی نکیل کو کہنی سے باندھ کر چھوٹا کردینا۔
— الدَّلْوَ : رسّی سے ڈول کھینچنا۔
اَعْنَجَ فُلَانٌ : کسی کا پیٹھ اور جوڑوں کے درد میں مبتلا ہونا (٢) اپنے معاملات میں پختگی چاہنا، ان میں یقین ووثوق حاصل کرنا۔
— البَعِیْرَ : اونٹ کی نکیل کہنی سے باندھنا
العِنَاجُ : اونٹ کی لگام (٢) بڑے ڈول کے نیچے باندھی جانے والی رسّی یا تسمہ (٣) پیٹھ یا جوڑ، معاملہ کی اصل ۔ ج : اَعْنِجَةٌ و عُنُجٌ ۔ کہتے ہیں: هذا قولٌ لا عِناجَ له : یہ بات بے سوچے سمجھے کہی ہوئی ہے۔
• عَنْجَدَ العِنَبُ : انگور کا خراب منقّٰی بننا۔
العَنْجَدُ : خراب منقّٰی۔
العُنْجُهُ : بڑا سیہی (ایک جانور جس کے بدن پر کانٹے ہوتے ہیں)۔
العُنْجُهِیُّ : بڑائی خور، متکبر۔
العُنْجُهِیَّةُ : بڑائی، کروفر، روکھا پن (٢) موٹا جھوٹا کھانا پینا اور معمولی رہن سہن۔
• عَنَدَ عنه ـِ عَنْدًا و عُنُوْدًا : کسی کے پاس سے ہٹ جانا، دور ہوجانا۔
— النَّاقَةُ : اونٹنی کا اونٹوں سے الگ ہوکر چرنا۔
— العِرْقُ او الجُرْحُ : رگ یا زخم سے خون بہنا اور خشک نہ ہونا۔
— فُلَانٌ : تکبر کرنا، حد سے زیادہ سرکش ونافرمان ہونا۔ ضدی اور ہٹ دھرم ہونا۔
— جان بوجھ کر حق کا انکار کرنا، نہ ماننا۔
هو عَانِدٌ ج : عُنَّدٌ وعَنَدَةٌ ۔ و هو عَنُوْد و عَنِیْد ج: عُنُدٌ و هي عَنُوْد ج: عُنُدٌ و هي عَانِدٌ و عَانِدَةٌ ج: عَوَانِد۔
اَعْنَدَ العِرْقُ والجُرْحُ : عَنَدَ ۔
— اَنْفُهُ : ناک سے بہت خون بہہ جانا۔
— فُلَانٌ القَيْءَ و فيه : لگاتار قے کرنا۔
عَانَدَ فُلَانٌ مُعَانَدَةً و عِنَادًا : جان بوجھ کر حق کو ٹھکرانا، مخالفت کرنا۔
— فُلَانًا : کسی سے مقابلہ کرنا، مخالفت کرتے رہنا، آڑے آنا، دشمنی رکھنا۔
تَعَانَدَ الخَصْمَانِ : دو فریق کا جھگڑنا، باہم مخالفت ودشمنی رکھنا۔
اِسْتَعْنَدَ البَعِیرُ و الفَرَسُ : سرکشی کرنا، قابو میں نہ آنا۔
— فُلَانًا من بَیْنِ القَوْمِ : لوگوں میں سے کسی فرد کا قصد کرنا۔
— السِّقَاءَ : مشک کو جھکا کر اس کے منھ سے پانی پینا۔
— القَيْءُ او الدَّمُ فُلَانًا : کسی پر خون اور قے کا غلبہ ہونا، خون اور قے کا کثرت سے آنا۔
— عَصَاهُ : لوگوں میں لاٹھی گھمانا۔
العَانِدُ : حق کا مخالف، سرکش (٢) کسی ایک رخ پر زیادہ چلنے والا ج : عُنَّدٌ ۔ دَمٌ عَانِدٌ : ایک سمت بہنے والا خون۔
العِنَادُ : مخالفت، ہٹ، ضد، سرکشی، نافرمانی دشمنی، ہٹ دھرمی۔ بِعِنَادٍ : سختی اور ہٹ دھرمی کے ساتھ۔
العِنَادِیَّةُ : سوفسطائیہ کا ایک فرقہ جو حقائق اشیاء کا منکر ہے اور کہتا ہے کہ یہ وہم وخیال ہے۔
عِنْدَ : پاس، نزدیک (خیال وظن) (٢) جب جس وقت۔ ظرف مکان برائے موجود وحاضر چیز جیسے : عندی کتابٌ۔ جبکہ وہ اُس گھر میں ہو جہاں تم ہو (٣) برائے شے قریب جیسے : عندی کتاب اس وقت کہا جائے جبکہ تم اپنے کام کی جگہ ہو اور کتاب تمہارے گھر میں ہو (اور وہ دونوں قریب قریب ہوں) (٤) برائے شے غائب جیسے : عندی کتاب اس وقت کہا جائے جبکہ کتاب تمہاری ملکیت میں تو ہو لیکن وہ کسی اور کے پاس مستعار گئی ہوئی ہو، اسی مناسبت سے کہا جاتا ہے : عِندہ اَخْبَارٌ و عنده

خَيْرٌ او شَرٌّ :
(۲) ظرفِ زمان کے لئے جب کہ اس کی اضافت زمانہ کی طرف کی گئی ہو۔ جیسے: نَهَضْتُ عِنْدَ الفَجْرِ۔
بمعنی حکم یا ظن جیسے : هذا أفضلُ عندی من ذلك۔ یعنی اسے میں اس سے بہتر سمجھتا ہوں۔ یہ معرب ہے اور ظرفیت کی بنا پر منصوب ہے۔
کبھی صرف من حرف جر کے ذریعہ اس پر کسرہ بھی آتا ہے جیسے: سَأَخْرُجُ من عِنْدِك ظُهْرًا ذَهَبْتُ الی عنده یا العنده کہنا درست نہیں۔
عِنْدَئِذٍ : تب، اس وقت۔
عِنْدَما : جب، جس وقت۔
عندی : میرے پاس، میری ملکیت میں، میرے خیال میں۔
العِنْدِيَّةُ : سوفسطائیہ فرقہ کی ایک جماعت جس کا عقیدہ ہے کہ اشیا کی حقیقت محض خیالی چیز ہے واقعی نہیں چنانچہ ان کے نظریہ کے مطابق انسان کو جماد تصور کرنا جائز ہے۔
العَنَدُ : جانب، کنارہ۔
العُنْدُ : کونا۔
العَنُودُ : انتہائی ضدی، بڑا سرکش۔ عَقَبَةٌ عَنُودٌ : دشوار گزار گھاٹی۔ سَحَابَةٌ عَنُودٌ : موسلا دھار برسنے والا بادل۔
القِدْحُ العَنُودُ : جوئے کا وہ تیر جو دیگر تیروں کے برعکس کامیابی کا رخ اختیار کرے ج: عُنُدٌ۔
• عَنْدَلَ العَنْدَلِيبُ : بلبل کا چہکنا
العَنْدَلِيبُ : بلبل ج: عَنَادِلُ۔
• العَنْدَمُ : دم الاخوین۔
• عَنَزَ عنه ـُ عَنْزًا و عُنُوزًا : الگ ہونا، دور ہونا۔
ـــ فُلَانًا عَنْزًا : نیزہ یا چھری مارنا۔

أَعْنَزَهُ : جھکانا (۲) ہٹانا۔
اِعْتَنَزَ : دور ہونا۔
ـــ عن الشیئ : الگ ہونا، چھوڑنا۔
تَعَنَّزَ : اِعْتَنَزَ۔
اِسْتَعْنَزَ : اِعْتَنَزَ۔
العَنْزُ : بکری (۲) ہرنی ج: أَعْنُزٌ و عُنُوزٌ (۳) پانی میں چٹان ج : عُنُوزٌ (۴) ریتیلی اور پتھریلی زمین۔
العَنَزَةُ : نیچے پھل لگا ہوا ڈنڈا (چھڑی) جس سے بوڑھے ٹیک لگاتے ہیں۔
(۲) کلہاڑی کی دھار ج: عَنَزٌ و عَنَزَاتٌ۔
العَنَزِيُّ : بنو عنزہ کا ایک فرد جو شجر سلم کے پھل لانے کے لئے سفر پر گیا تھا لیکن واپس نہ آیا۔ اس سے ناممکن الحصول شے کے لئے کہاوت مشہور ہو گئی۔
کہتے ہیں: لا أفعلُ كذا حتی يؤوبَ القارظُ العَنَزِيُّ۔ یعنی میں اسے کبھی نہ کروں گا۔
المُعَنَّزُ : چھوٹے سر والا (۲) کم گوشت چہرے والا (۳) چنگی (بکرے جیسی) ڈاڑھی والا۔
• عَنَسَتِ البِنْتُ البِكْرُ ـِ عَنْسًا و عُنُوسًا و عِنَاسًا : کنواری لڑکی کا بلوغ کے بعد عرصہ تک بلا شادی گھر بیٹھے رہنا بھی
عَانِسٌ ج: عُنْسٌ و عُنَّسٌ و عَوَانِسُ۔
ـــ الرَّجُلُ : مرد کا بلا شادی کئے بوڑھا ہو جانا (اکثر استعمال عورتوں ہی کے لئے ہے)۔
عَنِسَ ـَ عَنَسًا : ہر وقت آئینہ دیکھتے رہنے کا عادی ہونا۔
أَعْنَسَ : آئینوں کی تجارت کرنا۔
ـــ الشیئَ : بدل دینا جیسے أَعْنَسَتِ السِّنُّ وَجْهَ فُلَانٍ : عمر نے فلاں کا چہرہ بدل دیا۔

أَعْنَسَ الشَّيْبُ رَأْسَهُ : سر میں سفید بال ہو جانا، بڑھاپا آ جانا۔
عَنَّسَتِ البِنْتُ البِكْرُ : عَنَسَتْ۔
ـــ البِنْتَ البِكْرَ أَهْلُهَا : شادی کی عمر نکلنے تک لڑکی والوں کا لڑکی کو شادی سے روکے رکھنا۔
العِنَاسُ : آئینہ ج : عُنُسٌ۔
العَنْسُ : پانی میں کھڑی چٹان (۲) بمعنی عَنْز : بکری۔ (۳) عقاب (۴) طاقتور اونٹنی ج : عِنَاسٌ و عُنُوسٌ۔
• عَنَشَ العُودَ ـِ عَنْشًا : موڑنا۔
ـــ الرَّجُلَ : تکلیف پہنچانا (۲) غصہ دلانا۔
عَانَشَهُ مُعَانَشَةً و عِنَاشًا : لڑائی میں مقابلہ کرنا، مفاخرت کرنا۔
اِعْتَنَشَهُ : لڑائی کے لئے کسی سے بھڑنا۔
تَعَانَشَا : باہم گلے لگنا۔
تَعَنَّشَ المالَ : ہر طریقہ سے مال اکٹھا کرنا۔
الأَعْنَشُ : چھنگا۔
• أَعْنَصَ الرَّجُلُ : سر میں ادھر ادھر بچے ہوئے چند بالوں والا ہونا۔
العُنْصُرُ : اصل، جڑ (۲) نسب۔ فُلَانٌ كريمُ العُنْصُرِ : فلاں شریف النسب ہے، اعلیٰ خاندان کا ہے (۳) مادہ جو کسی جسم کو تشکیل دیتا ہو (۴) وہ مادۂ ابتدائی جو کیمیاوی طور پر تحلیل ہو کر چھوٹی شکل اختیار نہ کر سکتا ہو (۵) نسل (قومیت) جیسے سامی وغیرہ۔ قدما کے نزدیک عناصر چار ہیں: آگ، ہوا، پانی، مٹی۔ موجودہ دور میں عناصر کی تعداد کئی سو بتائی جاتی ہے۔ العَنَاصِرُ : افراد قوم جیسے فسادی عناصر وغیرہ۔
العُنْصُرِيَّةُ : قومی اور نسلی تعصب، نسل پرستی۔
العُنْصُرِيُّ : مادی (۲) نسلی (۳) نسل پرستانہ۔

•العُنْصُلُ: جنگلی پیاز۔ اسے بَصَل الفار بھی کہتے ہیں، بطور دوا استعمال کیا جاتا ہے۔
العِنْصَاةُ: تھوڑی منتشر چیز جیسے بال یا گھاس وغیرہ ج: عَنَاصٍ (۲) ہر چیز کا بقیہ (۳) اونٹوں یا بکریوں کا چھوٹا گلہ۔
العُنْصُوَةُ: العِنْصَاة ج: عَنَاصٍ۔
•العُنْظُبُ: ایک قسم کی ٹڈی۔
•العُنْظَابُ: زرد رنگ کی بڑی ٹڈی ج: عَنَاظِب۔
•عَنْظَى بِهِ: کسی کو برا کہنا، کسی کا مذاق اڑانا۔
•العُنْظُوَانُ: ایک ترش گھاس جسے اونٹ زیادہ کھالیتا ہے تو پیٹ میں درد ہو جاتا ہے (۲) ٹڈی (۳) شریر و بدزبان۔
•عَنْعَنَ فُلَانٌ عَنْعَنَةً: ہمزہ کو عین کی طرح بولنا (یہ بنو تمیم کی لغت ہے)۔
—الرَّاوِي: راوی کا عن فُلان وعن فُلان کہہ کر روایت نقل کرنا۔
•عَنُفَ بِهِ وعَلَيهِ ـُ عُنْفًا وعَنَافَةً: کسی کے ساتھ تشدد برتنا، سختی کرنا (۲) ملامت کرنا، شرم دلانا، سرزنش کرنا۔
هو عَنِيف ج: عُنُفٌ۔
أَعْنَفَهُ: عَنُفَ بِهِ وعَلَيهِ۔
عَنَّفَهُ: أَعْنَفَهُ: سخت و سست کہنا، سرزنش کرنا۔
اِعْتَنَفَ الأَمْرَ: سختی سے نمٹنا، کسی معاملہ میں سختی برتنا (۲) کوئی کام پہلے سے کچھ جانے بغیر ہاتھ میں لینا۔
—الشَّيْءَ: ناپسند کرنا، برا سمجھنا۔ جیسے: اِعْتَنَفَ الطَّعَامَ۔
—فُلَانٌ المَجْلِسَ: مجلس سے الگ ہو جانا
العُنْفُ: سختی، تشدد۔
العَنَفَةُ: کوئی آلہ جو پانی کی زور دار لہر سے گھوم کر مشین کو چلائے (۲) کھیت کی دو لاسنوں کے درمیان کا فاصلہ۔

عُنْفُوَانُ الشَّيْءِ: ابتدا، آغاز۔
عُنْفُوَانُ الشَّبَابِ: آغاز جوانی، نوجوانی، بھرپور جوانی۔
•العَنْفَقُ: قلت اور ہلکاپن۔
العَنْفَقَةُ: نچلے ہونٹ اور ٹھوڑی کے درمیان کے تھوڑے بال ج: عَنَافِق
•عَنَقَهُ ـُ عَنْقًا: گردن پر مارنا۔
—الكَلْبَ: کتے کے گلے میں پٹا ڈالنا۔
عَنِقَ ـَ عَنَقًا: لمبی اور موٹی گردن والا ہونا۔ هو أَعْنَقُ وهي عَنْقَاءُ ج: عُنْقٌ۔
هَضْبَةٌ عَنْقَاءُ: لمبا اور بلند پہاڑ
—الكَلْبُ: کتے کے گلے میں سفید ڈورا ہونا۔
أَعْنَقَ الرَّجُلُ: دراز گردن ہونا۔
—الزَّرْعُ: کھیتی کا لمبی بالوں والا ہونا۔ خوشے والا ہونا۔ هو مُعْنِقٌ وهي مُعْنِقَةٌ۔
—الهَضْبَةُ: پہاڑ کا لمبا اور بلند ہونا۔
—الدَّابَّةُ: چوپائے کا تیز چلنا۔ هو مُعْنِقٌ وهي مُعْنِقَةٌ۔
—الثُّرَيَّا: ثریا کا غائب ہونا۔
—الكَلْبَ: کتے کے گلے میں پٹا ڈالنا۔
—فُلَانٌ فُلَانًا شَيْئًا: کسی کی گردن میں کوئی چیز ڈالنا۔
عَانَقَهُ مُعَانَقَةً وعِنَاقًا: گلے ملنا، معانقہ کرنا، بغل گیر ہونا، ہم کنار ہونا۔
—عِنَاقًا حَارًّا: گرمجوشی سے گلے ملنا۔
عَنَّقَ طَلْعُ النَّخْلِ: کھجور کے شگوفے کا لمبا ہونا۔
—البُسْرَةُ: کچی کھجور کا اکثر حصہ رطب (پختہ) ہو جانا۔
—فُلَانًا: گردن پکڑ کر مروڑنا، دبانا۔
اِعْتَنَقَ الرَّجُلَانِ: لڑائی میں ایک دوسرے کی گردن پر ہاتھ ڈالنا۔

اِعْتَنَقَ الأَمْرَ: کسی کام پر لگنا، اپنانا۔
—دِينًا: مذہب اختیار کرنا۔
—رَأْيًا أو مَبْدَأً: رائے یا اصول اپنانا
تَعَانَقَا: محبت سے باہم گلے ملنا۔
تَعَنَّقَ اليَرْبُوعُ أو الأَرْنَبُ: جنگلی چوہے یا خرگوش کا اپنے بل میں گھسنا
العَانِقَاءُ: جنگلی چوہے اور خرگوش کا بل۔
العَنَاقُ: ولادت سے ایک سال تک کا بھیڑ بکری کا بچہ ج: أَعْنُقٌ وعُنُقٌ و عُنُوقٌ (۲) بلی سے قدرے بڑا سرخ رنگ کا ایک شکاری جانور۔
العِنَاقُ: معانقہ، ملاپ، پیار۔
العُنُقُ: گردن (۲) ہر چیز کا ابتدائی حصہ جیسے کہا جائے: وُلِدَ فِي عُنُقِ الصَّيْفِ۔
أَخَذَ بِعُنُقِ السِّتِّينَ: وہ ساٹھ سال کے ابتدائی حصہ میں ہے (۳) لوگوں کا گروہ۔ جَاءَ النَّاسُ عُنُقًا عُنُقًا: گروہ گروہ ہو کر آئے۔ كَانَ ذَلِكَ عَلَى عُنُقِ الدَّهْرِ: فلاں بات ابتدائی زمانہ میں تھی۔ لِفُلَانٍ عُنُقٌ فِي الخَيْرِ: فلاں پہلے ہی سے بھلائی کرتا ہے ج: أَعْنَاقٌ۔
الأَعْنَاقُ: بڑے لوگ، رؤسا۔ حدیث میں ہے: "لا يَزَالُ النَّاسُ مُخْتَلِفَةً أَعْنَاقُهُمْ فِي طَلَبِ الدُّنْيَا" لوگوں کے سردار دنیا کی طلب میں اختلاف کرتے رہیں گے۔
العَنَقُ: اونٹوں اور گھوڑوں کی تیز و کشادہ رفتار۔
العَنْقَاءُ: ایک خیالی پرندہ جس کا کوئی وجود نہیں۔
العَنِيقُ: بغل گیر، ہم کنار۔ بَاتَ خَيَالُ طَيْفِكَ لِي عَنِيقًا: رات بھر تمہاری تصویر مجھ سے ہم کنار رہی۔
المُعَانِقَةُ: پودے کی ساق سے ملی ہوئی کونپل۔

المِعْنَاقُ: عمدہ رفتار والا گھوڑا ج: مَعَانیق
المِعْنَقَةُ: پٹا، طوق ج: مَعَانِق۔
المُعْنِق: ٹھوس اور اونچی زمین جس کے ارد گرد نشیب ہو۔
• العَنْقَدُ: بے دانتوں کی چمکدار مچھلی۔
العُنْقُودُ: دیکھئے (عقد)۔
• العُنْقُرُ: بانس اور سبزی کی جڑ (۲) درخت خرما کا بیچ والا حصہ۔
• عَنْقَشَ فُلانٌ: کسی چیز سے چمٹنا۔
تَعَنْقَشَ: سخت ہونا، بل کھانا۔
العِنْقَاشُ: کمینہ (۲) دیہاتوں میں پھیری لگانے والا تاجر۔
• عَنَكَ الرَّمْلُ ــُ عَنْكًا و عُنُوكًا: ریت کا ڈھیر ہو کر بیٹھ جانا اور اس میں راستہ نہ ہونا۔ فالرَّمْلُ عَانِكٌ ج: عُنُكٌ۔ هي عَانِكَةٌ۔ ج: عَوانِك۔
ـــ الفَرَسُ: گھوڑے کا حملہ کرنا، لوٹ کر دوبارہ حملہ کرنا۔
ـــ اللَّبَنُ: دودھ کا گاڑھا ہونا، پھٹنا۔
ـــ المرأةُ علی زوجها: خاوند کی نافرمانی کرنا، کہا نہ ماننا۔
ـــ المرأةُ علی ابیها: اطاعت نہ کرنا۔
أَعْنَكَ: ریت کے تودہ پر چلنا اور اس میں پھنس کر راہ نہ پانا۔
عَنَّكَهُ: تنگی و مشقت میں ڈالنا، سختی کا برتاؤ کرنا۔
اِعْتَنَكَ: أَعْنَكَ۔
تَعَنَّكَ الرَّمْلُ: ریت کا ڈھیر لگنا۔
العِنْكُ (من کل شئ): ہر چیز کا بڑا بھاری حصہ (۲) رات کا ایک حصہ ج: أَعْنَاكٌ۔
العَنِيكُ: ریت کا ٹیلہ ج: عُنُكٌ۔
العَنْكَبُ: مکڑی (۲) نر مکڑی ج: عَنَاكِب
العَنْكَبَةُ: مادہ مکڑی۔

العَنْكَبُوتُ: مکڑی (مونث و مذکر)۔ ج: عَنْكَبُوتات و عَنَاكِبُ و عَنَاكِيبُ۔
• عَنْكَشَ العُشْبُ: گھاس کا گھنا گنجان اور خشک ہونا۔
ـــ الشَّعْرُ: بالوں کا گھنا ہونا۔
تَعَنْكَشَ: عَنْكَشَ۔
العَنْكَشُ: بناؤ سنوار سے بے پرواہ۔
• عَنَّمَ البَنَانَ: انگلیوں کے پوروں کو ایک سرخ پودے سے رنگنا۔
العَنَمُ: ایک پودا جس کا پھل سرخ اور رنگائی کے کام آتا ہے (۲) وہ دھاگے وغیرہ جن کے ذریعہ انگور کی بیل ٹٹیوں پر چڑھائی جاتی ہے۔ واحد: عَنَمَةٌ۔
العَنَمَةُ: انسان کے ہونٹ کی پھٹن۔
• عَنَّ له الشئُ ــِ عَنًّا و عُنُونًا: کسی کے سامنے کوئی چیز آنا، دکھائی دینا، پیش آنا۔ لا أفعلُ ذلك ما عَنَّ نَجْمٌ في السَّماءِ: جب تک آسمان میں کوئی ستارہ نظر آئے گا میں وہ کام نہ کروں گا۔
ـــ له الأمرُ او بفكره الأمرُ: ذہن میں کوئی بات آنا۔
ـــ عن الشئ: لوٹنا، ہٹنا، منہ موڑنا۔
ـــ الفَرَسَ او اللِّجامَ ــُ عَنًّا: گھوڑے کو لگام دینا۔
ـــ الكِتابَ: کتاب کا عنوان لگانا، نام رکھنا۔
عُنَّ الرجلُ عُنَّةً: نامرد ہونا (بیماری وغیرہ کے باعث جماع پر قادر نہ رہنا)۔
هو مَعْنُونٌ و عِنِّينٌ و عِنِّيْنٌ۔ امرأةٌ عِنِّينَةٌ: وہ عورت جو مرد کی خواہش مند نہ ہو۔
أَعَنَّتِ السَّماءُ: آسمان ابر آلود ہونا۔
ـــ الفَرَسَ او اللِّجامَ: گھوڑے کو لگام دینا، لگام میں تسمہ لگانا۔
أَعَنَّ الكِتابَ لكذا: کتاب کو کسی چیز کے زیر اثر لانا۔
أُعِنَّ الرَّجُلُ: نامرد ہونا۔
عَانَّهُ مُعَانَّةً و عِنَانًا: آڑے آنا، مخالفت کرنا، مقابلہ کرنا۔
عَنَّنَ الكِتابَ: عنوان لگانا۔
ـــ المرأةُ شَعْرَها: سر کے اگلے حصے کے دونوں جانب بالوں کو گوندھ کر ایک خاص شکل دینا۔
ـــ الفَرَسَ او اللِّجامَ: لگام لگانا۔
اِعْتَنَّ له الشئُ: ظاہر ہونا، سامنے نظر آنا۔
ـــ له ما عِندَ القومِ: قوم کی خبر ملنا۔
تَعَنَّنَ الرَّجُلُ: مرد ہوتے ہوئے عورتوں سے کنارہ کش رہنا۔
الأَعْنانُ: اطراف و جوانب (۲) درختوں کے کنارے۔
العَنَانُ: آسمان جو سامنے نظر آئے (۲) بادل (۳) ہر چیز کا کنارہ، گوشہ۔
عَنَانُ السَّماءِ: بلندی آسمان۔ واحد: عَنَانَةٌ۔
العِنَانُ: لگام کی ڈوری جس سے جانور کو پکڑا جاتا ہے۔ لگام، مہار ج: أَعِنَّةٌ۔
أَطْلَقَ لَه العِنانَ: بے مہار چھوڑنا، آزادی دینا۔ طويلُ العِنانِ: بڑا اور با اثر آدمی۔ قَصِيرُ العِنانِ: بے فیض۔ أَبِيُّ العِنانِ: خوددار۔ ذَلَّ عِنانُه: قابو میں ہونا۔ هما يَجْرِيانِ في عِنانٍ: وہ خوبیوں میں برابر ہیں۔
أَرْخَى من عِنانِه: پریشانی دور کرنا۔
بينهما شَرِكَةُ عِنانٍ: ان دونوں کے درمیان برابر کی شرکت ہے۔
عِنانُ الدّارِ: گھر کا ارد گرد۔
العَنُّ: کنارہ ج: أَعْنانٌ۔
العَنَنُ: العَنُّ ج: أَعْنان۔

العَنَّانُ: بہت نمایاں اور ظاہر (۲) دوڑ میں بہت آگے نکلنے والا، دوڑ کا ماہر

فُلانٌ عَنَّانٌ علَی آنْفِ القومِ: فلاں اپنے لوگوں میں بہت پیش پیش رہنے والا ہے۔

العَنَّانُ عن الخَیرِ: بھلائی میں پیچھے، سست۔

العُنَّۃُ: نامردی (جماع پر عدم قدرت) (۲) درخت کی شاخوں سے بنایا ہوا خیمہ (۳) خواہ مخواہ سامنے آنے والی چیز ج: عُنَنٌ و عِنان۔ لَقِیْتُہ عَیْنَ عُنَّۃٍ: مجھے وہ بلا طلب مل گیا، سامنے آگیا۔ اَعْطَیْتُہ ذلکَ عَیْنَ عُنَّۃٍ: میں نے اسے بطور خاص وہ چیز دی دوسرے ساتھیوں کو چھوڑ کر

المِعَنُّ: ہر بات میں دخل دینے والا (۲) شستہ بیان مقرر۔

المَعْنُونُ: دیوانہ۔

• عَنْوَنَ الکتابَ عَنْوَنَۃً و عِنْوانًا: عنوان لگانا، نام رکھنا (۲) کتاب پر دیباچہ لکھنا۔

— الخِطابَ: خط کا پتہ لکھنا۔

— الصَّحِیْفَۃَ: سرخی لگانا۔

العُنوان: نام، سرخی (۲) دیباچہ (۳) پتہ، ایڈریس، ہر وہ شے جس سے دوسری بات کا پتہ لگایا جائے۔

عُنْوانٌ بحرفٍ کبیرٍ: بڑی سرخی۔

عُنْوانٌ بَرْقِیٌّ: تار کا پتہ۔

العُنْوانُ الرَّئیسِیُّ: شاہ سرخی، اخبار وغیرہ کی پہلی اور اہم سرخی۔

عُنْوانُ الشَّرِکَۃِ: فرم کا نام۔

صَفْحَۃُ العُنوان: ٹائٹل پیج۔

المُعَنْوَنُ: مضمون جس کا عنوان لکھا جائے۔

المُعَنْوَنُ باسمِ فُلانٍ: کسی کے نام سے منسوب۔

• عَنَا ـُ عُنُوًّا: ذلت سے جھکنا، تابعدار ہونا (۲) قیدی ہو جانا۔

— للحقِّ: حق کو تسلیم کرنا، حق کے سامنے جھکنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَعَنَتِ الوُجُوْہُ لِلْحَیِّ القَیُّوْمِ"۔

— الدَّمُ اَو الماءُ: بہنا۔

— الاَمرُ بہ: کسی پر کوئی بات آپڑنا۔

— علیہ الاَمرُ: کسی کے لئے کوئی کام دشوار ہونا۔

— الاَمرُ فُلانًا: کوئی بات کسی سے متعلق ہونا، اس سے غرض ہونا۔

— الشیءَ عَنْوَۃً: بزور کوئی چیز لینا۔

ھو عانٍ ج: عُناۃٌ۔ ھی عانِیَۃٌ ج: عَوانٍ۔

عَنَی بہ الاَمرُ ـِ عَنْیًا: کوئی معاملہ کسی کو پیش آجانا۔

— الشیءَ: ظاہر کرنا۔

— بالقَولِ کذا عَنْیًا و عِنایَۃً: کسی بات سے کسی چیز کا قصد و ارادہ کرنا، مطلب لینا، مراد لینا۔

اَعْنِی بہ کذا: اس سے میرا مطلب یہ ہے، میری مراد یہ ہے۔

— الاَمرُ فُلانًا عُنِیًّا و عِنایَۃً: کسی کے لئے کوئی کام اہم ہونا، متعلق ہونا۔ حدیث میں ہے: "من حُسْنِ اسلامِ المَرْءِ تَرْکُہ ما لا یَعْنِیْہِ"۔

— بِاَمرِ فُلانٍ و عَناہُ اَمْرُہ: کسی کا کسی کے معاملے کو اہمیت دینا، توجہ دینا یا اس میں دلچسپی لینا۔

عَنِیَ ـَ عَنًا و عَناءً: تھکنا، تکلیف اٹھانا، مصیبت میں پڑنا۔

— الرَّجُلُ: قید ہونا، پھنسنا۔

ھو عانٍ ج: عُناۃٌ۔

— فُلانٌ بالاَمرِ: کسی کام پر متوجہ اور اس میں مشغول ہونا۔ ھو عَنٍ بہ۔

عُنِیَ بالاَمرِ عَنْیًا و عِنایَۃً: توجہ دینا، مشغول ہونا، اہتمام کرنا۔ ھو مَعْنِیٌّ بہ۔

اَعْنَتِ الاَرضُ النَّباتَ: و اَعْنَی الغَیْثُ النَّباتَ: زمین یا بارش کا گھاس اگانا۔

مَا اَعْنَتِ الاَرضُ شیئًا: زمین نے کچھ نہیں اگایا۔

— الرَّجُلَ: تابع کرنا، قید کرنا۔

— الاَمرُ فُلانًا: تھکا دینا، کلفت و مشقت میں ڈالنا (۲) متعلق ہونا (۳) اہم ہونا۔

عَاناہُ: سختی جھیلنا، تکلیف اٹھانا، سامنا کرنا، دوچار ہونا۔

— فُلانًا: جھگڑا کرنا (۲) دل داری کرنا

— المالَ: مال کا بہتر بندوبست کرنا۔

— الھُمُومُ فُلانًا: غموں کا کسی کو ستانا

عَنَّاہُ: دشواری میں ڈالنا۔

— الکتابَ: کتاب کا نام رکھنا۔

اِعْتَنَی الاَمرُ: پیش آنا۔

— فُلانٌ بالاَمرِ: اہمیت دینا، توجہ دینا۔

— بالشیءِ: حفاظت کرنا۔

تَعَنَّی الرَّجُلُ: تھکنا، تکلیف اٹھانا (۲) اونٹ کا بول و براز لگ جانا۔

— فی الاَمرِ: میانہ روی اختیار کرنا۔

— الاَمرَ: کسی کام میں تکلیف اٹھانا۔

— الحُمّٰی فُلانًا: کسی کو بار بار بخار آنا۔

الاعتناءُ: توجہ، اہتمام، پرواہ۔

عَدَمُ الاعتناءِ بہ: بے اعتنائی، لاپرواہی، بے توجہی۔

التَّعْنِیَۃُ: اونٹوں کے پیشاب اور مینگنیوں کا وہ آمیزہ جو خارش زدہ اونٹ کو ملا جاتا ہے۔ (۲) قضاء حاجت کے وقت

تکلیف دہ قبض کی کیفیت اور درد کا احساس پیدا کرنے والی ایک بیماری ۔
العَانِي : ذلیل (۲) قیدی ۔ حدیث میں ہے : " عُودُوا المَرْضَى وفُكُّوا العانيَ " بیماروں کی مزاج پرسی کرو اور قیدی کو چھڑاؤ ۔
العَانِيَةُ : مؤنث العاني ج : عَوَانٍ ۔ حدیث میں ہے " اتَّقوا اللّٰهَ فِي النِّساءِ فَإنَّهُنَّ عِندَكُم عَوانٍ " تم عورتوں کے بارہ میں خدا سے ڈرو (ان کو تکلیف نہ پہنچاؤ) کیونکہ وہ تمہارے پاس قیدی ہیں (قیدیوں کی طرح ہیں)
العِنا : گوشہ، کنارہ، جانب (۲) مختلف قبائل کے لوگوں پر مشتمل گروہ ۔ ج : أعْنَاءُ ۔ أعْنَاءُ السَّمَاءِ : آسمان کے گوشے ۔ جَاءَنَا أعْنَاءُ مِن النَّاسِ : ہمارے پاس مختلف لوگ آئے ۔
العَنَاءُ : کلفت، مشقت، تکان ۔
العِنَايَةُ : توجہ، اہتمام ۔
العِنَايَةُ الإلٰهِيَّةُ : اللہ کی تکوینی تدبیر
العِنْوُ : گوشہ، کنارہ ۔
المُعَانَاةُ : تکلیف، پریشانی ۔
المُعَانِي مِن كَذا : پریشان ۔
المَعْنَى : مطلب، مفہوم، مضمون جس پر لفظ کی دلالت ہو (۲) حقیقت ۔
شيءٌ لا مَعْنَى لَه : بے مقصد، بے حقیقت ج : معانٍ ۔
المَعَانِي : صفات محمودہ ۔ فُلانٌ حَسَنُ المَعَانِي : وہ اچھے اوصاف کا حامل ہے ۔ علم المعاني : (علوم بلاغت میں سے ایک) وہ علم ہے جس کے ذریعہ عربی لفظ کے وہ احوال معلوم کیے جاتے ہیں جن سے وہ لفظ مقتضاء حال کے مطابق ہو جاتا ہے ۔

المَعَانِي : مطالب، حقائق، جذبات ۔
مَعَانِي العَطْفِ والرِّعَايَةِ : جذباتِ شفقت وعنایت ۔
مَعْنَاةُ الكَلامِ : کلام کا مفہوم ومطلب
المَعْنَوِيُّ : مطلب سے متعلق، خلاف اللفظی روحانی (خلاف المادّی) (۲) معنوی (خلاف الحسی) ۔
المَعْنَوِيَّةُ : حوصلہ، مورال (فوج وغیرہ کا) ذہنی رویہ ۔
الرُّوحُ المَعْنَوِيَّةُ : جذبۂ خود اعتمادی، اخلاقی جذبہ، مورل ۔
المَعْنَوِيَّةُ المُرْتَفِعَةُ : بڑھا ہوا حوصلہ
المَعْنِيُّ : مفہوم، مضمون ۔
المَعْنِيُّ بشيءٍ : متعلقہ ۔
المَعْنِيُّ بأمْرٍ : مشغول، متوجہ، متعلق ۔
الأطْرَافُ المَعْنِيَّةُ بِقَضِيَّةٍ : کسی مسئلہ کے متعلقہ فریق ۔
المُعْتَنِي بكذا : توجہ دینے والا ۔

ع ـــــــ ہ

•عَهِدَ الى فلانٍ ـَ عَهْدًا : وصیت کرنا، ذمہ داری سپرد کرنا (۲) قسم دینا ۔
ـــ اليه بالأمْرِ وفيه : کسی سے کسی بات کا عہد کرنا، کسی کو کسی بات کا پابند کرنا، کوئی کام سپرد کرنا، ذمہ دار بنانا، ٹھیکہ دینا ۔
ـــ الشيءَ : واقف ہونا ۔ الأمْرُ كما عَهِدْتَ : بات وہی ہے جس سے تم واقف ہو ۔
ـــ فُلانًا : واقفیت رکھنے اور دیکھ بھال کرنے کے لئے کسی کے پاس بار بار آنا ۔
ـــ فُلانًا بمكانِ كذا : کسی سے کسی مقام پر ملاقات کرنا ۔ هو عَهِدٌ ۔
ـــ وَعْدَهُ : وعدہ پورا کرنا ۔

عُهِدَ المكانُ : موسم کی ابتدائی بارش ہونا فالمكانُ مَعْهُودٌ ۔
أعْهَدَهُ : امان دینا، ضمانت دینا ۔
عَاهَدَهُ : معاہدہ کرنا، امان دینا، کسی بات کا عہد کرنا، وعدہ کرنا، عہد وپیمان کرنا، حلیف بنانا ۔
ـــ نَفْسَهُ على شيءٍ : خود پر کوئی بات لازم کرنا، خود کو کسی بات کا پابند کرنا، تہیہ کرنا، دل میں ٹھان لینا ۔
اعْتَهَدَهُ : نگرانی کرنا، دیکھ بھال کرنا ۔
تَعَاهَدَا : باہم معاہدہ کرنا، ایک دوسرے کا حلیف ہونا ۔
ـــ الشيءَ : دیکھتے رہنا، دیکھ بھال کرنا ۔
تَعَهَّدَ بالشيءِ : پابند ہونا، ٹھیکہ لینا ۔
ـــ الشيءَ : دیکھ بھال کرنا ۔
ـــ له بكذا : کسی بات کا ضامن بننا، ذمہ داری لینا ۔
اسْتَعْهَدَ من صاحبه : کسی سے وعدہ لینا، شرط کرنا، عہد لینا (۲) کسی بات کا عہد کرانا، نقصان کا ذمہ دار ٹھیرانا ۔
ـــ فُلانًا من نَفْسِه : کسی کو بغرض حفاظت اپنی جان کو لاحق ہونے والے حوادث کا ضامن بنانا ۔
التَّعَهُّدُ : ذمہ داری، نگہداشت، دیکھ بھال، ٹھیکہ ۔
العِهَادُ : موسم کی پہلی بارش ۔ واحد عَهْدَةٌ (۲) اس بارش کی جگہ ۔
العِهَادَةُ : العِهَادُ ۔
العَهْدُ : علم واقفیت ۔ عَهْدِي به أنّه كذا : میرے علم میں وہ ایسا ہے ۔
(۲) وصیت، سونپی ہوئی ذمہ داری ۔ قرآن پاک میں ہے " وَبِعَهْدِ اللّٰهِ أوْفُوا "
(۳) زمانہ، دور ۔ هو حَدِيثُ العَهْدِ حال کا، نیا نیا ۔ هو حديث

العَهْدِ بالإيمان: وہ حال ہی میں ایمان لایا ہے۔ علی عَهْدِ فُلانٍ: فلاں کے دور میں۔
(۴) قسم۔ عَلَيَّ عَهْدُ اللهِ لَأَفْعَلَنَّ كَذا: میں خدا کی قسم کھاتا ہوں کہ ایسا ضرور کروں گا۔
(۵) فرمان شاہی، ماتحت حکام کے نام شاہی حکم نامہ۔
(۶) وفا، وعدہ۔ هو ثابت العَهْدِ: وہ باوفا اور پابند وعدہ ہے۔
(۷) امان و ضمانت۔ أَعْطَاهُ عَهْدًا: اس نے اسے امان دی۔
(۸) عہد و پیمان، قبول کردہ ذمہ داری قَطَعَ عَهْدًا على نفسه: اس نے یہ ذمہ لیا ہے۔ متی عَهْدُكَ بفُلانٍ: تم نے اسے کب دیکھا ہے۔ فيما أَعْهَدُ: میری دانست میں، جیسا کہ مجھے معلوم ہے۔ هو قريب العَهْدِ: وہ نیا ہے، نوعمر ہے، نئی پیداوار ہے۔ من عَهْدٍ قريب: حال ہی میں، کچھ عرصہ ہوا، منذُ عَهْدٍ بعيد: پرانے زمانہ میں۔ نَقْضُ العَهْدِ: عہد شکنی، وعدہ خلافی۔ ج: عُهُودٌ، عِهَادٌ۔
(۹) وجود۔ العَهْدُ الذهنيّ والخارجيّ: ذہن یا خارج میں موجود شئے، وجود ذہنی یا وجود خارجی۔
العَهْدُ البائدُ: عہد رفتہ۔
العَهْدُ الجديدُ: عیسائیوں کی کتاب مقدس بائبل کے وہ مقدس صحیفے جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد لکھے گئے۔
العَهْدُ القديمُ: عیسائیوں کی مقدس کتاب بائبل کے وہ مقدس صحیفے جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے پہلے لکھے گئے۔ وَلِيُّ العَهْدِ: جانشین بادشاہ۔

العَهِدُ: نگران امور، مناصب واقتدار کا طالب، جاہ پسند۔
العَهْدَةُ: بارش کے بعد بارش ج: عِهَادٌ۔
العُهْدَةُ: معاہدہ، حلف نامہ، بیع نامہ (۲) ذمہ داری۔ عَلَى فُلانٍ في هذا عُهْدَةٌ: اس سلسلہ میں فلاں پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے (۳) بیع صحیح ہونے کی ضمانت، مبیع کے بےعیب ہونے کی ضمانت، خبر صحیح ہونے کی ضمانت۔ عُهْدَةُ الخَبَرِ على راويه: خبر صحیح ہونے کا ضامن اس کا بیان کنندہ ہے (۴) دیانت دار آدمی کی حفاظت میں دی گئی اشیاء (۵) امین (۶) نقص و عیب۔ فيه عُهْدَةٌ لم تُحْكَم: اس میں خامی ہے جس کو ٹھیک نہیں کیا گیا ہے۔
العَهِيدُ: معاہدہ کرنے والا، عہد کرنیوالا (۲) جس سے معاہدہ یا عہد کیا گیا ہو (۳) قدیم، پرانا۔ مؤنث عَهِيدَةٌ۔ قَرْيَةٌ عَهِيدَةٌ: بہت پرانی بستی۔
المُتَعَهِّدُ: ذمہ دار (۲) نگراں (۳) ٹھیکیدار، متعہد کار (۴) پابند عہد، وفادار۔
المُعَاهِدُ: معاہدہ کنندہ، کسی ذمہ داری کو قبول کرنے والا، کسی بات کا عہد کرنیوالا
المُعَاهَدُ: حلیف جس سے عہد یا معاہدہ کیا گیا ہو۔
المُعَاهَدَةُ: دو طرفوں کے درمیان کسی بات کا عہد و پیمان، معاہدہ، دو حکومتوں کے درمیان تعلقات کو منظم کرنے کا معاہدہ۔
مُعَاهَدَةُ عَدَمِ الاعتداء: ناجنگ معاہدہ۔
المَعْهَدُ: خاص مقصد کی مجلس (۲) ادارہ (تعلیمی یا تحقیقی) ج: مَعَاهِدُ۔
مَعْهَدُ البُحُوث: ادارۂ تحقیقات۔
مَعْهَدُ الدِّراساتِ العُليا: اعلیٰ تعلیم کا ادارہ۔
مَعْهَدُ البُعُوث: طلبہ کو باہر بھیجنے کا ادارہ
المَعْهُودُ: معلوم، مقررہ، معروف۔
المَعْهُودُ إليه بكذا: کسی بات کا پابند اور ذمہ دار۔

• عَهَرَ ـَ عُهُورًا: بدکار ہونا۔
ـــ المَرْأَةَ وإليها عُهُورًا وعَهَارَةً: زنا کرنا۔ هو عاهِرٌ ج: عُهّارٌ۔ هي عاهِرٌ وعاهِرَةٌ ج: عاهِرات وعَوَاهِرُ۔
عَاهَرَهَا: عَهَرَهَا۔
العَهَارَةُ: بدکاری، زناکاری۔
العَهَرُ: بدکاری، فحاشی، زناکاری۔
العِهْرُ: العَهَرُ۔

• العَاهِلُ: شاہنشاہ، ملک اعظم جو بہت سی اقوام پر حکمراں ہو ج: عَوَاهِلُ۔
العَاهِلِيَّةُ: مملکت شہنشاہیت۔

• عَهَنَ الشيءُ ـُ عَهْنًا: قائم رہنا۔ مال عاهِنٌ: دیرپا مال (۲) موجود و حاضر ہونا۔ طَعَامٌ وشرابٌ عاهِنٌ: موجود کھانا پانی۔
ـــ في العَمَلِ: کوشش کرنا، محنت کرنا۔
ـــ بالمكانِ عُهُونًا: قیام کرنا۔
ـــ النَّخْلَةُ: کھجور کے پتوں کا سوکھنا۔
ـــ لَهُ مُرادَهُ: کسی کی مراد جلد پوری کرنا
ـــ القَضِيبُ ـَ عَهْنًا وعُهُونًا: شاخ یا لکڑی کا مڑ جانا یا ٹوٹ کر جڑی رہنا۔
العَاهِنُ: موجود، ج: عَوَاهِن۔ ألقى الكلامَ على عَوَاهِنِه: بےسوچے سمجھے بات کرنا۔
العِهْنُ: مختلف رنگوں میں رنگی ہوئی اون

(۲) اون کی پونی یا ٹکڑا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَتَكُونُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوشِ" اور پہاڑ دھنی ہوئی اون کی طرح نرم ہو جائیں گے
ج: عُهُون۔ فُلَانٌ عِهْنُ مَالٍ: فلاں مال کا اچھا منتظم ہے۔

ع ــــ و

• عَاثَهُ عَنِ الْأَمْرِ ـُ عَوْثًا: کسی کام سے ہٹا کر حیران و سرگرداں کر دینا۔
عَوَّثَهُ عَنِ الْأَمْرِ: عَاثَهُ عنه۔ روکنا، رکاوٹ ڈالنا، توجہ ہٹا دینا۔
تَعَوَّثَ: حیران ہونا۔
الْمَعَاثُ: راستہ، طریقہ (۲) کشادگی۔
إِنَّ لِي عَنْ هٰذَا الْأَمْرِ لَمَعَاثًا: میرے لئے اس بات سے ہٹ کر گنجائش ہے، چارۂ کار ہے۔
• عَاجَ ـُ عَوْجًا: لوٹنا۔
ــــ عَنِ الْأَمْرِ: الگ ہونا، ہٹ جانا۔
فُلَانٌ مَا يَعُوجُ عَنِ الشَّيْءِ: فلاں باز نہیں آتا ہے۔ ما عاج بكلام فلان: اس نے فلاں کے کلام کی پروا نہیں کی۔
ــــ بِالْمَكَانِ و فيه: قیام کرنا۔
ــــ عَلَى الْمَكَانِ: کسی جگہ کی طرف مڑنا۔
ــــ الشَّيْءَ عَوْجًا و عِيَاجًا: موڑنا، جھکانا۔ عَاجَ رَأْسَ الْبَعِيرِ بِالزِّمَامِ: لگام سے اونٹ کا سر جھکانا۔
عَوِجَ الْعُودُ و نَحْوُهُ ـَ عَوَجًا: جھکنا، ٹیڑھا ہونا، مڑنا۔
ــــ الْأَرْضُ: ناہموار ہونا۔
ــــ الطَّرِيقُ: ٹیڑھا اور پیچ دار ہونا۔
ــــ الْإِنْسَانُ عِوَجًا: بداخلاق ہونا، کج رو ہونا، غلط عقیدے والا ہونا۔
قَوْلٌ غَيْرُ ذِي عِوَجٍ: بے عیب بات جس میں کجی نہ ہو: "قُرْآنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِي عِوَجٍ" هو أَعْوَجُ و هي عَوْجَاءُ ج: عُوجٌ
عَوَّجَ الْعُودَ و نَحْوَهُ: ٹیڑھا کرنا۔
ــــ الْعَصَا و نَحْوَهَا: چھڑی پر ہاتھی کا دانت جڑنا۔
ــــ فُلَانًا عَنِ الشَّيْءِ: روکنا، ہٹانا۔
اِنْعَاجَ الشَّيْءُ: ٹیڑھا ہونا، جھکنا۔
ــــ عَلَيْهِ: کسی کی طرف جھکنا۔
تَعَوَّجَ الْعُودُ و نَحْوُهُ: ٹیڑھا ہونا، مڑ جانا۔
ــــ بِالْمَكَانِ و عَلَيْهِ: کسی جگہ مڑنا۔
اِعْوَجَّ الشَّيْءُ: مڑنا، ٹیڑھا ہونا۔ هو مُعْوَجٌّ۔
الْأَعْوَجِيَّاتُ: اعوجی گھوڑے۔ بنو ہلال کے گھوڑے کی طرف منسوب جس کا نام أَعْوَج تھا۔
الْعَاجُ: ہاتھی کا دانت۔ واحد: عَاجَة۔
الْعَاجِيُّ: ہاتھی کے دانت کا۔
الْعَوَّاجُ: ہاتھی دانت کا تاجر، ہاتھی دانت کا کاریگر۔
الْمَعَاجُ: وہ جگہ جہاں قیام کیا جائے، جس کا رخ کیا جائے۔
الْمُتَعَوِّجُ: ٹیڑھا۔
الْمُعَوَّجُ: ٹیڑھا۔
• عَادَ إِلَيْهِ، و لَهُ، و عَلَيْهِ ـُ عَوْدًا و عَوْدَةً: لوٹنا، واپس ہونا، دوبارہ آنا، بحال ہونا۔ هو عَائِدٌ ج: عُوَّادٌ و عُوَّدٌ و هُنَّ عُوَّدٌ و عَوَائِدُ۔ المفعول مَعُودٌ۔
ــــ الرَّجُلُ او الْبَعِيرُ: بہت بوڑھا ہونا۔
ــــ كَذَا: تبدیل ہو جانا۔ جیسے عَادَ فُلَانٌ شَيْخًا۔
عَادَ الشَّيْءَ: بار بار آنا یا کرنا۔
ــــ الشَّيْءُ فُلَانًا: بار بار لاحق یا طاری ہونا۔ جیسے: عَادَهُ الشَّوْقُ او الْحَنِينُ۔
ــــ الْعَلِيلَ عَوْدًا و عِيَادَةً: بیمار کی مزاج پرسی کرنا۔
ــــ الطَّبِيبُ الْمَرِيضَ: برائے علاج بیمار کا معاینہ کرنا۔
ــــ إِلَى الْأَمْرِ عَوْدًا: دوبارہ کرنا۔
ــــ عَلَيْهِ الْأَمْرُ بِكَذَا: کسی کام کا کسی کے حق میں کوئی نتیجہ نکلنا۔
ــــ الْمَجَلَّةُ و نَحْوُهَا لِلصُّدُورِ: رسالہ وغیرہ دوبارہ جاری ہونا۔
ــــ الْمِيَاهُ إِلَى مَجَارِيهَا: حالات معمول پر آنا۔
لَمْ يَعُدْ بِالْإِمْكَانِ: ممکن نہیں رہا۔
لَمْ يَعُدْ مَوْضِعَ تَقْدِيرِهِ: وہ اس کی نگاہوں سے گر گیا۔
أَعَادَهُ: لوٹانا، دوبارہ کرنا، بحال کرنا۔
ــــ الشَّيْءَ إِلَى مَكَانِهِ: کسی شے کو اس کی جگہ پہنچا دینا، بحال کرنا۔
ــــ الشَّيْءَ: کسی چیز کو بار بار برداشت کرنا۔
فُلَانٌ مَا يُعِيدُ و مَا يُبْدِي: نہ اس میں برداشت کی طاقت ہے اور نہ وہ اظہار کرتا ہے (اس کے پاس کوئی چارہ نہیں ہے)۔ رَأَيْتُ فُلَانًا مَا يُبْدِئُ و مَا يُعِيدُ: میں نے فلاں کو دیکھا کہ وہ زبان سے کوئی بات نہیں نکالتا ہے۔
عَاوَدَهُ مُعَاوَدَةً و عِوَادًا: کسی کے پاس سے جا کر لوٹنا، کسی بات کو لوٹ کر کرنا، یا کسی بات کا لوٹ آنا۔ جیسے: عَاوَدَتْهُ الْحُمَّى: اسے بخار لوٹ آیا۔ عَاوَدَ مَا كَانَ فِيهِ: اس کی جو بات تھی وہ لوٹ آئی۔ عَاوَدَهُ بِالْمَسْأَلَةِ: بار بار

سوال کیا۔
عَاوَدَ الشیءَ: کسی چیز کا عادی ہونا۔
ــــ الکرۃَ: گیند کو دوبارہ پھینکنا۔
ــــ فلانا بالسؤال: بار بار پوچھنا۔
عَوَّدَ الانسانَ والحیوانَ الشیءَ: عادی بنانا، عادت ڈالنا۔
عَیَّدَ: عید میں ہونا، عید منانا (۲) جشن منانا۔
اِعْتَادَہٗ: عادی ہونا۔
ــــ الشیءُ فُلانًا: کسی کے پاس کوئی چیز بار بار آنا، لاحق ہونا، پیش آنا۔
تَعَوَّدَ الشیءَ: عادی ہونا۔
اِسْتَعَادَہٗ: واپس بلانا۔
ــــ فُلانا الشیءَ: کسی سے دوبارہ کوئی کام کرانا۔
ــــ الشیءَ: واپس لینا، بحال کرنا۔
الاعادۃ: واگذاری۔
اِعادۃُ الإِسکان: بازآبادکاری۔
اِعادَۃُ النَّظر فی شیءٍ: نظرثانی۔
الأَعْوَدُ: زیادہ نفع بخش۔ ھذا اَعْوَدُ علیك۔
العَائِدُ: سالانہ بچت (وہ نفع جو اخراجات کے بعد کاروبار میں کسی شریک کے حصہ میں آتا ہے) ج: عوائد (۲) سالانہ ٹیکس جو میونسپل کمیٹی کی طرف سے لگایا جاتا ہے۔
العائد الصافی: خالص بچت۔
العائدُ الضَّخمُ: زبردست منافعہ۔
العَائِدۃ: بھلائی، ہمدردی۔ ما اکثرَ عائدۃَ فلانٍ علی قومہ: فلاں شخص کو اپنی قوم کے ساتھ بڑی ہی ہمدردی اور بھلائی ہے ج: عَوَائِد
عَاد: عرب بائدہ کا ایک شخص (۲) عاد کے نام سے مشہور ایک پرانا عرب قبیلہ۔
العَادۃ: عادت (۲) معمول ج: عَــادٌ

و عادات و عَوَائِد۔
عادۃً: عام طور پر۔
فوقَ العادۃ: غیر معمولی، ہنگامی، خلاف معمول۔
اجتماعٌ فوقَ العَادۃ: غیر معمولی اجلاس
العَادِیُّ: قدیم۔ (مجد عادِیٌّ: خاندانی عظمت) (بئر عادیّۃ: پرانا کنواں) معمولی (معمول کے مطابق) عام، قدرتی، رائج (۲) قدیم عمارت وغیرہ۔
العادیّات: آثار قدیمہ، پرانی عمارتیں، کھنڈرات۔
عَوَادِ: اسم فعل بمعنی عُدْ۔
العَوَادُ: لطف و کرم، مہربانی۔ کہتے ہیں: عُدْ فانّ لَكَ عندنا عَوَادا حَسَنًا: تم لوٹ کر آؤ تمہارے لئے ہمارے پاس لطف و کرم کا مقام ہوگا۔
العَوائِد: چنگی، ٹیکس۔
العَوَائِدُ الجُمْرُکِیَّۃ: کسٹم ڈیوٹی۔
عَوَائِدُ الأَمْلاك: جائداد ٹیکس۔
عوَائِدُ الدِّلَالَۃ: نیلامی فیس، دلالی کی اجرت۔
عَوَائِدُ المُرُور: ٹول ٹیکس (راستہ یا پل پار کرنے کا ٹیکس)۔
العَوْدُ: واپسی۔ رَجَعَ عوْدًا علی بَدءٍ و رَجَعَ عودَہ علی بَدْئِہ: وہ فوراً ہی واپس آگیا۔ لَكَ العَوْدُ: تم کو (فلاں) معاملہ میں رجوع کرنا چاہئے یا رجوع کا حق ہے۔ العَوْدُ اَحْمَدُ: واپسی قابل ستائش ہے (۲) انتہائی بوڑھا اونٹ یا بکری وغیرہ جس میں کچھ زندگی کی رمق ہو (۳) پرانا عام راستہ۔
العَوْدَۃ: واپسی (مصدر مرّہ)۔
العُوْدُ: ہر لکڑی (موٹی ہو یا پتلی، تر ہو یا خشک) کہاوت ہے: "رَکِبَ وَاللّٰہِ

عُودُ عُودًا": فساد پھوٹ پڑا (۲) ایک خوشبودار لکڑی جس سے دھونی دی جاتی ہے (۳) سارنگی (ایک باجا) ج: اَعْوَاد و عِیدانٌ۔
عُودُ الثِّقاب: ماچس کی تیلی۔
عَجَمَ عُودَہٗ: آزمانا، تجربہ کرنا۔
العَوَّادُ: سارنگی بنانے والا (۲) سارنگی بجانے والا۔
العِیَادَۃُ: بیمار پرسی، ملاقات (۲) مطب، ڈسپنسری، ڈاکٹر یا حکیم کے بیماروں کو دیکھنے کی جگہ۔
العِیدُ: لوٹ کر آنے والی بیماری یا غم یا اشتیاق و محبت، خوشی کا دن، تہوار، جشن، میلہ۔ ہر وہ دن جس میں کوئی بڑی یاد یا خوشی منائی جائے۔ ج: اَعْیَادٌ۔
العِیدُ الأَلْفِیُّ: جشن ہزار سالہ۔
العِید المِئوِیُّ: جشن صد سالہ۔
عِیدُ رأسِ السَّنَۃ: جشن نوروز۔
العِید السَّنَوِیُّ: جشن سالانہ۔
عِیدُ المیلاد: جشن ولادت، جنم دن۔
العِیدُ الفِضِّیُّ: سلور جوبلی۔
العِیدُ الوَطَنِیُّ: قومی تہوار۔
المَعَادُ: اخروی زندگی (۲) انجام۔
المَعَادَۃُ: نوحہ خوانی کی جگہ ج: مَعَاوِد۔ خَرَجُوا الی المَعَاوِدِ: وہ نوحہ گاہوں میں گئے۔
المُعَاوَدَۃ: عوارض یا کیفیات امراض کا ختم ہو جانے کے بعد ظہور، واپسی۔
المُعْتادُ: رائج، معمولی، عام۔ کالمعتاد: حسب عادت، معمول کے مطابق۔
المُعِید: ماہر و آزمودہ کار، معاملہ فہم (۲) معاون مدرس (باضابطہ مدرس بننے سے پہلے کی حیثیت) (۳) ریڈر، اسسٹنٹ پروفیسر (۴) مدرس کا معاون جو طلبہ کے سامنے درس

کی مزید وضاحت کرتا ہے۔
المِیْعَادُ: مقررہ وقت ج: مَوَاعِیدُ۔
مَوَاعِیدُ القِطَارِ: ریلوے ٹائم ٹیبل)۔

•عَاذَ بِه ـُ عَوْذًا و عِیَاذًا: کسی کی پناہ میں آنا، کسی سے بچ کر کسی کی حفاظت میں آنا۔ جیسے: اَعُوذُ بِاللّٰه مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ: میں شیطان مردود سے بچنے کے لئے اللہ کی پناہ و حفاظت میں آتا ہوں۔
ــــ بِه: ساتھ رہنا، لگا رہنا۔
ــــ النَّاقَةُ و نَحْوُهَا عُؤُوذًا و عِیَاذًا: نئی بچے والی ہونا۔ هِیَ عَائِذٌ ج: عُوذٌ و عُوذَانٌ۔
اَعَاذَهُ بِاللّٰهِ: اللہ کی پناہ میں دینا، اسماء باری تعالیٰ کے ذریعہ حفاظت کرنا۔
عَوَّذَهُ: اَعَاذَهُ۔ (۲) کسی کو تعویذ باندھنا یا گلے میں ڈالنا (۳) کسی کے لئے تعویذ کرنا۔
تَعَاوَذَ القَوْمُ فِی الحَرْبِ: جنگ میں ایک دوسرے کی پناہ لینا، باہم اعتماد کرنا۔
تَعَوَّذَ بِه: پناہ میں آنا، پناہ لینا، جیسے: تَعَوَّذَ بِاللّٰهِ۔
اِسْتَعَاذَ بِه: پناہ لینا، پناہ چاہنا، حفاظت میں آنا۔ جیسے: اِسْتَعَاذَ بِاللّٰهِ۔
العَوَائِذُ: چار ستارے جن کے بیچ میں رُبَعْ نامی ستارہ ہوتا ہے۔
العَوْذُ: پناہ، پناہ گاہ۔ فُلَانٌ عَوْذٌ لِبَنِی فُلَانٍ۔ عَوْذٌ بِاللّٰهِ مِنْكَ: تجھ سے خدا کی پناہ۔
العُوْذَةُ: تعویذ، گنڈا وغیرہ جو رفع امراض یا دفع سحر و جنون وغیرہ کے لئے آیات قرآنی یا اسماء باری تعالیٰ لکھ کر یا پڑھ کر تیار کیا جاتا ہے ج: عُوَذٌ۔
العُوَّذُ: درخت یا کانٹوں کی جڑوں میں یا سایہ فگن پتھر کے نیچے اگنے والی گھاس۔
العِیَاذُ: پناہ، حفاظت۔ العِیَاذُ بِاللّٰهِ مِنْهُ: میں اس سے خدا کی پناہ مانگتا ہوں۔
المَعَاذُ: پناہ گاہ، پناہ۔ مَعَاذَ اللّٰهِ و مَعَاذَ وَجْهِ اللّٰهِ: میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں ج: مَعَاوِذُ۔
المَعَاذَةُ: العُوْذَةُ۔ مَعَاذَةَ اللّٰهِ و مَعَاذَةَ وَجْهِ اللّٰهِ: خدا کی پناہ مانگتا ہوں۔
المُعَوِّذُ: تعویذ گنڈا کرنے والا (۲) پناہ میں دینے والا، پناہ کی دعا دینے والا۔
المُعَوِّذَتَانِ: قرآن پاک کی دو سورتیں سورۂ فلق اور سورۂ ناس جو دفع سحر وغیرہ کے لئے اکسیر ہیں۔
المُعَوَّذُ: تعویذ لٹکانے کی جگہ (۲) گھروں کے آس پاس اونٹوں کی چراگاہ۔

•عَارَ الاِنْسَانَ وغیرَهُ ـُ عَوْرًا: کانا بنا دینا۔
ــــ الشَّیْئَ: ضائع کر دینا۔
عَوِرَتْ عَیْنُهُ ـَ عَوَرًا: آنکھ کی بینائی جاتی رہنا۔ هِیَ عَوْرَاءُ (عارت تعارُ بھی کہتے ہیں)۔
ــــ الرَّجُلُ: ایک آنکھ کی بینائی ختم ہو جانا، کانا ہو جانا۔ هُوَ اَعْوَرُ و هِیَ عَوْرَاءُ ج: عُوْرٌ۔
اَعْوَرَ الشَّیْئُ: سامنے آنا، امکان میں ہونا، جیسے: اَعْوَرَ لَهُ الصَّیْدُ۔
ــــ الرَّجُلُ و المَرْأَةُ: مرد یا عورت کا ستر (چھپے ہوئے اعضا) کھلنا۔
ــــ مَنْزِلُ فُلَانٍ: کسی کے مکان میں ایسا رخنہ پڑنا جس سے دشمن کے اندر آنے کا ڈر ہو۔
ــــ الفَارِسُ: گھوڑے سوار کی کسی جگہ کا کھل کر تلوار یا نیزے کی زد میں ہو جانا
اَعْوَرَ فُلَانًا: کانا کر دینا۔
اَعَارَهُ الشَّیْئَ اِعَارَةً و عَارَةً: عاریۃً کسی کو کوئی چیز دینا، مدت متعینہ تک استعمال کے لئے کسی کو کوئی چیز دینا۔
ــــ الشَّیْئَ اهتمامًا: توجہ دینا۔
عَاوَرَهُ الشَّیْئَ: عَارِیَةً دینا۔
ــــ فُلَانًا الشَّیْئَ: کسی کے ساتھ کسی چیز میں اس جیسا ہی رویہ اختیار کرنا۔
ــــ الشَّمْسَ: سورج کو دیکھتے رہنا۔
عَوَّرَهُ: کانا بنا دینا۔
ــــ فُلَانًا عن الاَمْرِ: کسی کام سے باز رکھنا، ہٹا دینا۔
ــــ عَلَیْهِ اَمْرَهُ: کسی کے معاملہ کی مذمت کرنا۔
اِعْتَوَرُوا الشَّیْئَ: کسی چیز کو باری باری لینا، باہم لینا دینا۔
تَعَاوَرُوا الشَّیْئَ: کسی چیز کو باہم لینا، استعمال کرنا۔ تَعَاوَرَتِ الرِّیَاحُ رَسْمَ الدَّارِ: ہواؤں نے ہر چہار جانب سے گھر کے نقوش و نشانات کو آلیا (مٹا دیا)۔
تَعَوَّرَ الکِتَابُ: کتاب کے حروف مٹ جانا۔
ــــ القَوْمُ الشَّیْئَ اعتوروہ: کسی چیز کو باری باری لینا یا باہم لینا دینا۔
ــــ فُلَانٌ العَارِیَةَ: بطور عاریت (مانگی ہوئی چیز) کوئی چیز لینا یا مانگنا۔
اِعْوَارَّتِ العَیْنُ: آنکھ کی بینائی ختم ہونا
اِعْوَارَّ فُلَانٌ: کانا ہو جانا۔
اِعْوَرَّتِ العَیْنُ و اعورَّ فُلَانٌ: کانا ہو جانا۔
اِسْتَعَارَ الشَّیْئَ مِنْهُ: عارضی طور پر (عاریۃً) کسی سے کوئی چیز مانگنا (استعارہ ایاہُ بھی کہتے ہیں)۔

الاستِعَارَۃُ: علم البیان میں استعارہ یہ ہے کہ ایک کلمہ کو دوسرے کلمہ کی جگہ کسی مشابہت کی بنا پر استعمال کیا جائے اور اس کا کوئی قرینہ موجود ہو۔ جیسے لفظ اَسَد کا استعمال شجاع کے لئے استعارہ ہے۔ دونوں میں مشابہت کا علاقہ ہے اور انسان کیلئے اسد نہ ہوسکنا اس استعارے کا قرینہ ہے کہ در حقیقت وہ شخص اَسَد نہیں ہے۔ لفظ اَسَد اس کے لئے بطور استعارہ استعمال کیا گیا ہے (۲) وہ لفظ جو بطور استعارہ کسی دوسرے لفظ کی جگہ استعمال ہو (۳) عاریۃً کتاب لینے کا دستخط شدہ فارم جو بطور سند لائبریری میں محفوظ رہتا ہے۔

الاَعْوَرُ: کانا (۲) ہر ردی اور خراب چیز (۳) غلط راہنما (۴) جس کا کوئی بھائی اس کے والدین سے نہ ہو (۵) مٹی ہوئی کتاب ج: عُوْرٌ (۶) کوّا (۷) ہوئی آنت کا ابتدائی حصہ ج: اَعَاوِر۔

العَائِرُ: آنکھ کی کنک، آنکھ کو تکلیف دینے والی چیز (۲) وہ تیر جس کا پھینکنے والا نامعلوم ہو۔

العَائِرَۃُ: کثرت۔ لَہُ من المَالِ عَائِرَۃ عَیْنَیْنِ: اس کے پاس مال کی بہت کثرت ہے (گویا آنکھ اسے دیکھ لے تو وہ کثرت کی بنا پر اسے تکلیف دے) (۲) کنک والی آنکھ ج: عوائِر۔ العَوائِرُ من الجَرَادِ: بکھری ہوئی ٹڈیاں۔

العَارُ: دیکھئے (عیر)۔

العَارَۃُ: عارضی طور پر دی ہوئی چیز۔ کہتے ہیں: کُلُّ عَارَۃٍ مُسْتَرَدَّۃ: عارضی طور پر دی ہوئی چیز قابل واپسی ہوتی ہے۔

العَارِیَۃُ: مانگے کی چیز، مستعار لی ہوئی چیز (۲) قرض ج: عَوَارٍ۔

العَارِیَّۃُ: العَارِیَۃ ج: عَوَارِیُّ۔

العُوَارُ: عیب (۲) پھٹن (کپڑے کی)۔

العَوَرُ: بھدا پن، بھونڈا پن۔

العَوِرُ: بدطینت، بدکردار (۲) لاوارث اور لا محافظ شے۔

العَوْرَاءُ: کانی (۲) برا لفظ (۳) برا فعل۔ عَجِبْتُ مِمَّن یُؤْثِر العوراءَ علی العَیْنَاء: مجھے اس پر تعجب ہوا جس نے دیکھنی آنکھ پر کانی آنکھ کو ترجیح دی یعنی اچھا کام چھوڑ کر برا کام کیا۔

العَوْرَۃُ: عیب، خامی، خرابی (۲) ہر وہ مکان جس میں ایسا شگاف ہو کہ اس سے دشمن کے گھس آنے کا خوف ہو۔ قرآن پاک میں ہے "یَقُوْلُوْنَ اِن بُیُوتَنَا عَوْرَۃ وَمَا ھِیَ بِعَوْرَۃ" وہ کہتے ہیں کہ ہمارے گھر شگاف دار ہیں حالانکہ وہ شگاف دار نہیں ہیں (۳) ہر وہ حصۂ جسم جسے انسان کراہت یا شرم کی بنا پر چھپاتا ہے۔ قابل پوشیدگی اعضا جسم، ستر ج: عَوْرَات۔

العُوَّارُ: آنکھ کا تنکا، کنک، تکلیف دینے والی آنکھ میں پڑی ہوئی چیز۔ ج: عَوَاوِیْرُ (۲) کمزور و بزدل، ڈر کر بھاگ جانے والا (۳) راستے سے ناواقف۔

المُعَارُ: چھریرا گھوڑا۔ (۲) مستعار دی ہوئی چیز

المُعْوِرُ: ڈراونی جگہ، خطرناک جگہ (۲) بدطینت آدمی، بدباطن (۳) بے نگہبان چیز (۴) وہ گھوڑا جس کی دم کے بال چونٹ دیئے گئے ہوں۔

المُسْتَعَارُ: عاریۃً لی ہوئی چیز (۲) عارضی (۳) جعلی، فرضی، مصنوعی۔ الوَجْہُ المُسْتَعَارُ: مصنوعی چہرہ، مکھوٹا۔

المُسْتَعِیْرُ: عاریۃً مانگنے والا، وہ شخص جس کے پاس کوئی چیز عارضی طور پر ہو (۲) قرض دار۔

المُعِیْرُ: عاریۃً دینے والا (۲) قرض خواہ۔

• عَازَہُ الشئُ ـُـ عَوْزًا: ضرورت کی چیز سے محروم ہونا، کسی چیز کا محتاج ہونا اور اسے نہ پانا۔

عَوِزَ الشئُ ـَـ عَوَزًا: ضرورت کے باوجود کسی شے کا نایاب ہونا۔

ــــ الرَّجُلُ: ضرورت مند ہونا، مفلس و بدحال ہونا، ھو اَعْوَزُ و ھی عَوْزَاءُ ج: عُوْزٌ۔

ــــ الاَمْرُ: دشوار ہونا، مشکل ہونا۔

اَعْوَزَ الشئُ: ناپید ہونا، کمیاب ہونے کی بنا پر نہ ملنا۔

ــــ الرَّجُلُ: غریب و مفلس ہونا۔

ــــ الشئُ فُلَانًا: کسی کے پاس ضرورت کے باوجود کوئی چیز نہ ہونا (۲) کسی میں کسی چیز کی کمی ہونا۔ جیسے: یُعْوِزُہُ المَالُ او العِلْمُ او الشَّجَاعَۃُ۔

ــــ الدَّھْرُ فُلَانًا: زمانہ کا کسی کو مفلس و غریب بنا دینا۔

ــــ المَطْلُوبُ فُلَانًا: مطلوبہ چیز کا کسی کو عاجز و بے بس کر دینا اور کامیابی نہ ہونا

اُعْوِزَ فُلَانٌ: عَوِزَ۔

العَوْزُ: دانۂ انگور۔ واحد: عَوْزَۃ۔

العَائِزُ: مفلس۔

العَوَزُ: ضرورت و احتیاج، تہی دستی، غربت و افلاس۔ کہاوت ہے: سِدَادٌ من عَوَزٍ: ضرورت کو پورا کرنے والی تھوڑی چیز کے لئے بولا جاتا ہے یعنی یہ تھوڑی چیز افلاس سے بچاؤ کا ذریعہ ہے۔

المِعْوَزُ: بوسیدہ کپڑا (۲) بچہ کو لپیٹنے کا کپڑا ج: مَعَاوِزُ۔

المِعْوَزَۃُ: المِعْوَزُ (۲) ہر وہ کپڑا جو دوسر

کپڑے کی حفاظت کرے ج: مَعَاوِز و مَعَاوِزَة۔
المُعْوِزُ: جس کے پاس ضرورت کی چیز نہ ہو، مفلس۔
• عَاسَ ـُ عَوْسًا و عَوَسَانًا: رات کو گشت کرنا۔ ھو عائِسٌ و عَوَّاسٌ
ــــ علی عِیالِه عَوْسًا: اہل وعیال کے لئے محنت کرکے کمانا۔
ــــ مالَه عَوْسًا و عِیاسَةً: مال کا بہتر بندوبست کرنا۔ ھو عائِسٌ۔
عَوِسَ ـَ عَوَسًا: ہنستے وقت دونوں رخساروں میں گڑھا پڑنے والا ہونا۔ ھو اَعْوَسُ و ھی عَوْسَاءُ ج: عُوسٌ۔
العُوَاسَةُ: دودھ وغیرہ کا گھونٹ۔
العَوَّاسُ: بہت گشت لگانے والا۔
• العَوْسَجُ: دیکھئے (عسج)۔
• عَاصَ الاَمْرُ ـِ عَوْصًا: دشوار و پیچیدہ ہونا، مشکل ہونا۔
ــــ الکلامُ: بات کا ناقابل فہم اور پیچیدہ ہونا۔ ھو عَوِیصٌ۔
عَوِصَ الاَمْرُ و الکلامُ ـَ عَوَصًا: عَاصَ۔ ھو اَعْوَصُ و ھی عَوْصَاءُ ج: عُوصٌ۔
اَعْوَصَ بخَصْمِه و علَیه: مقابل کو مشکل میں ڈالنا۔
ــــ فی الکلامِ: مشکل بات کہنا۔
عَوَّصَ: کسی قول وعمل پر قائم نہ رہنا (۲) مشکل بات کہنا، ناقابل فہم کلام کرنا۔
اِعْتَاصَ علَیه الاَمْرُ: دشوار ہونا۔
ــــ فی الکلامِ: کلام کو پیچیدہ بنانا۔
العَوْصَاءُ: سختی، ضرورت، مصیبت۔ اَصابَتْهُمْ عَوْصَاءُ: ان پر مصیبت آئی (۲) مشکل لفظ۔ المُشْکِلَةُ العَوْصَاءُ: پیچیدہ مسئلہ
العَوِیصُ: مشکل، دشوار، ناقابل فہم۔
العَوِیصَةُ: دشواری، مصیبت۔ العَوِیصات: مشکلات، مصائب (۲) مغلقات۔
• عَاضَهُ بکذا و عنه و منه ـِ عَوْضًا: بدلہ دینا، حرجانہ دینا، معاوضہ دینا۔ ھو عائِضٌ۔
اَعَاضَهُ منه: کسی کو کسی چیز کا عوض (بدل) دینا۔
ــــ عن الضَّرَرِ: نقصان کا تاوان دینا
عَاوَضَهُ: معاوضہ دینا، نقصان کا بدلہ دینا۔
ــــ فُلانًا فی البیعِ و الاَخْذِ و الإعْطاءِ: کسی کو فروختگی اور لین دین میں حرجانہ یا بدلہ دینا۔
عَوَّضَهُ منه: کسی کو کسی چیز کا عوض دینا
عَوَّضَهُ مِن هِبَتِه خَیْرًا: اس نے اسے اس کے ہبہ کا اچھا بدل دیا۔
اعتاضَ منه: عوض اور بدل لینا۔
ــــ فلانًا: بدل یا عوض مانگنا۔
ــــ منه الشئُ: کسی چیز کا دوسری کے بدلہ میں آنا، بدل اور عوض بننا۔
تَعَاوَضَ القَوْمُ: حالت کا خراب ہونے کے بعد سدھرنا۔
تَعَوَّضَ منه: بدلہ لینا، عوض لینا۔
ــــ فلانًا: عوض یا بدل مانگنا۔
اِسْتَعَاضَهُ و منه: عوض (بدل) مانگنا
التَّعْوِیضُ: معاوضہ، الاؤنس (۲) حرجانہ تلافی، تاوان ج: تعویضات
تَعْوِیضُ البَطَالَةِ: بیکاری الاؤنس۔
تَعْوِیضٌ عن الخسائِرِ: تاوان نقصان، نقصانات کا بدل یا معاوضہ
عَوْضُ، عَوْضَ، عَوْضِ: کبھی بھی، اَبَدًا کی طرح مستقبل کے استغراق کے لئے ظرف ہے لیکن نفی کے ساتھ خاص ہے۔ جیسے لا اَفْعَلُه عَوْضَ العَائِضِین: میں یہ کام کبھی بھی نہیں کروں گا، اضافت کی صورت میں معرب ہوتا ہے جیسے مثال مذکور میں اور بغیر اضافت مبنی برضمہ یا برفتح یا برکسرہ ہوتا ہے (۲) کبھی زمانۂ ماضی کے استغراق کے لئے قطُّ کے معنی میں آتا ہے جیسے: ما رأیتُ مِثْلَهُ عَوْضُ: میں نے اس جیسا کبھی نہیں دیکھا۔
العِوَضُ: بدل، بدلہ ج: اَعْوَاضٌ۔
عِوَضًا عن کذا: فلاں چیز کے بجائے۔
شئٌ لا یُعَوَّضُ: ناقابل تلافی۔
المُعَاوَضَةُ: بدل، معاوضہ۔
المَعُوضَةُ: عوض، بدل۔
• عاطَتِ العُنُقُ ـُ عَوْطًا: گردن کا مناسب طور پر لمبا ہونا۔ عاطَتِ المرأةُ: عورت کا دراز گردن ہونا۔
ــــ المرأةُ و النَّاقَةُ: بانجھ نہ ہونے کے باوجود سالہا سال حاملہ نہ ہونا۔
ھی عَائِطٌ ج: عُوطٌ و عَوَائِطُ۔
اعتاطَتِ المَرأةُ و النَّاقَةُ: عاطت۔
• عَافَ الطائِرُ ـُ عَوْفًا: پرندے کا کسی چیز پر بیٹھنے یا اترنے کے لئے منڈلانا۔ عَافَ الذُّبابُ علَی القَذَرِ: گندگی پر مکھی کا بار بار اڑ کر آنا۔ ھو عَائِفٌ۔
العَوَافُ: رات کے وقت ہاتھ آنے والا شکار یا اس طرح کی کوئی چیز۔
العُوَافَةُ: العُوَافُ۔
العَوْفُ: حال، کیفیت۔ نَعِمَ عَوْفُهُ: اس کا حال بہتر ہے۔
• عَاقَهُ عن الشئِ ـُ عَوْقًا: روکنا، باز رکھنا۔ ھو عَائِقٌ ج: عُوَّقٌ ذوی العقول کے لئے اور غیر ذوی العقول کے لئے عَوَائِقُ۔ ھی عَائِقَةٌ،

ج: عَوَائِق۔
عَوَائِقُ الدَّھْرِ: واقعات وحوادث
عَوَّقَهُ عن کذا: عَاقَه۔
اعتاقَهُ: عاقَهُ۔
تَعَوَّقَ: رکنا، التوا میں پڑنا۔
ـــ فُلانا: عَاقَهُ۔
عَاقِ عَاقِ: کوے کی آواز (کائیں کائیں)
العَوَقُ: بھوک۔
العَائِقُ: مانع، رکاوٹ۔ نباتات کو بڑھنے سے روکنے والی رکاوٹ ج: عَوَائِق۔
العَوَائِقُ الطَّبِيعِيَّة: فطری رکاوٹیں جیسے نبات کے لئے پتھر۔
العَوَائِقُ المُصْطَنَعَة: مصنوعی رکاوٹیں
العُوَاقُ: چلتے وقت چوپائے کے پیٹ کی آواز۔
عَوَّاقَةُ القِطَار: ٹرین بریک۔
العَوْقُ: توجہ ہٹانے والی بات، رکاوٹ (۲) بھلائی سے کورا آدمی (۳) وادی کا کونا، نکڑ۔ ج: اَعْوَاق۔
العَوِقُ: العَائِق ج: اَعْوَاقٌ۔
العُوَقُ: العائِقُ (۲) بزدل (۳) جس کے کام میں ہمیشہ رکاوٹ درپیش رہتی ہو
العِوَقُ: العَوِقُ۔
العَوَقَةُ: لوگوں کو بھلائی سے روکنے والا
العُوَقَةُ: بڑی رکاوٹ، بہت رکاوٹ ڈالنے والا۔
العَيُّوقُ: ثریا کے پیچھے نکلنے والا ستارہ جو جوزا سے پہلے طلوع ہوتا ہے۔
يَعُوقُ: زمانۂ جاہلیت کے بت کا نام۔
المُعَوِّقُ: رکاوٹ ڈالنے والا، مانع۔
المُعَوِّقَات: رکاوٹیں، مشکلات، موانع۔
المُعَوَّقُونَ: معذور لوگ۔
•عَاكَ عليه ـُ عوكًا و مَعَاكًا: حملہ کرنا۔ هو عَائِكٌ۔
ـــ به: پناہ لینا۔

عَاكَ مَعَاشَه: روزی کمانا۔
تَعَاوَكَ القَوْمُ: باہم لڑنا۔
اعتَوَكَ: ہجوم کرنا۔
العَوْكُ۔ ما به عوك: اس میں کوئی حرکت نہیں۔
•عَالَ الميزانُ ـُ عَوْلًا: دونوں پلڑوں کا برابر نہ ہونا۔
ـــ في الميزانِ: تول میں خیانت کرنا، کم تولنا۔
ـــ السَّهْمُ: نشانہ پر نہ لگنا۔
ـــ الحَكَمُ: ثالث کا اپنے فیصلہ میں بددیانتی کرنا، کسی ایک کے ساتھ ناانصافی کرنا۔
ـــ أَمْرُ القومِ: معاملہ سنگین ہو جانا۔
ـــ الأنْصِبَاءُ (في الميراث) حصوں میں مقررہ مقدار پر ایسا اضافہ کرنا جس کی وجہ سے شرکا کے حصوں کی قیمت کم ہو جائے۔
ـــ الرَّجُلُ عِيَالَه: بال بچوں کی پرورش کرنا، ضروری اخراجات کا ذمہ دار ہونا، کفالت کرنا۔ هو عَائِلٌ۔ حدیث میں ہے: "وابْدَأْ بِمَنْ تَعُولُ"
ـــ الأمْرُ فُلانًا: کسی کے لئے کوئی کام بوجھ بننا۔
عِيلَ صَبْرُهُ: صبر کا پیمانہ لبریز ہونا، بے برداشت ہو جانا۔ هو مَعُولٌ
أَعَالَ الرَّجُلُ: کثیر العیال ہونا، بہت بال بچوں والا ہونا، کثیر العیالی سے پریشان ہونا، مفلس ہونا (۲) چیخ چیخ کر رونا، واویلا کرنا۔ هو مُعِيلٌ۔
عَوَّلَ: بارش سے بچاؤ کی چھتری بنانا (۲) گریہ وزاری کرنا، واویلا مچانا۔
ـــ عليه: بھروسہ کرنا، اعتماد کرنا (۲) کسی سے مدد چاہنا۔ عَوَّلْنَا عَلَى

فُلانٍ في حَاجَتِنَا فَوَجَدْنَاه نِعْمَ المُعَوَّل: ہم نے فلاں سے ضرورت کے وقت مدد چاہی تو اسے بہترین مددگار پایا۔
عَوَّلَ عَلَى السَّفَرِ: سفر کے لئے کمربستہ ہونا۔
ـــ على أَمْرٍ: کسی کام کا پختہ ارادہ کرنا۔
ـــ الشَّيْءُ على آخر: دارومدار ہونا۔
الإعَالَة: کثیر العیالی (۲) مفلسی۔
التَّعْوِيلُ: واویلا (۲) گریہ وزاری (۳) کمربستگی (۴) اعتماد و بھروسہ۔
العَائِلُ: ایسا پودا یا نبات جس سے کوئی دوسرا خودرو پودا یا نبات اپنی غذا حاصل کرے اور اس کا سہارا لے (۲) کنبہ پرور، عیال دار (۳) غریب و مفلس
ج: عُيَّلٌ و عَالَة۔
العَائِلَةُ: گھرانہ، کنبہ، خاندان، فیملی (وہ افراد جو ایک گھر میں ایک ساتھ رہتے ہوں، جیسے باپ، ماں، اولاد اور ان کے قریبی رشتہ دار) یہ فَاعِلَة بمعنی مَفْعُولَة ہے یعنی عائِلَة بمعنی معولة ہے۔
العَائِلِيّ: خاندانی، خانگی، ازدواجی۔
العَالَةُ: پھونس یا درخت کی شاخوں سے بارش سے بچاؤ کے لئے بنایا ہوا چھپر یا چھتری۔
العَوْلُ: جس سے مدد حاصل کی جائے (۲) بال بچوں کی روزی (۳) آہ وزاری، واویلا (۴) علم المیراث میں فریضہ پر ایسی زیادتی جس کے باعث تمام حصوں میں کمی واقع ہو جائے۔
العِوَلُ: بھروسہ (۲) امداد طلبی (۳) معتمد علیہ
فُلانٌ عِوَلِي مِنَ النَّاسِ: لوگوں میں سے فلاں آدمی میرے لئے قابل اعتماد ہے۔

العَوْلَةُ: گریہ وزاری، واویلا (۲) سوزشِ عشق ومحبت ج: عِوَلٌ.
العَوِيلُ: واویلا، گریہ وزاری، آہ وبکا.
العَيِّلُ: اہل وعیال، اہل خانہ جن کی معاشی کفالت مرد کے ذمہ ہو (مذکر ومؤنث دونوں کے لئے) ج: عِيَالٌ وعَيَائِل وعَالَة۔ کبھی عيّل سے مراد جمع اور عيال سے مراد فرد واحد ہوتا ہے کہتے ہیں: هو عِيَالٌ على غيره: وہ دوسروں کا دست نگر ہے وہ دوسروں کے سہارے جیتا ہے خود مکتفی نہیں ہے۔
المُعَالُ: زیر کفالت۔
المِعْوَلُ: کدال، گینتی، ایک آلہ جس کا دھاتی سرا عموماً خمیدہ اور نوک دار ہوتا ہے۔ اسے مٹی اور پتھر وغیرہ کھودنے اور توڑنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔
المُعَوَّلُ: بھروسہ۔
المُعَوَّل عليه: معتمد علیہ جس پر دار ومدار ہو۔
•عَامَ فی الماءِ ـُ عَوْمًا: تیرنا۔ هو عائِم وعوّام۔
ـــ السَّفِينَةُ فی البَحرِ: کشتی کا دریا میں چلنا۔
ـــ الإبلُ فی البَيْدَاءِ: جنگل میں چلنا۔
ـــ النُّجومُ فی السَّماءِ: آسمان میں چلنا
ـــ الفَرَسُ: سبک رفتار سے چلنا، ہوا میں اڑنا۔
أَعْوَمَ: کسی پر ایک سال گزرنا (۲) ابتلاءِ سال میں ہونا۔
عَاوَمَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما پر ایک سال چھوڑ کر پھل آنا۔
ـــ فُلانًا مُعَاوَمَةً وعِوَامًا: کسی سے ایک سال کا معاملہ کرنا۔
عَوَّمَ الكَرْمُ: انگور کی بیل پر ایک سال زیادہ اور ایک سال کم پھل آنا۔

عَوَّمَ فُلانٌ: کٹی کھیتی کے پولے بنا کر رکھنا۔
ـــ النَّخْلَةُ: عاوَمَت۔
ـــ السَّفِينَةَ: کشتی کو پانی میں چلانا۔
العَائِمُ: تیراک (۲) تیرتی ہوئی یا تیرنے والی چیز۔
البُيُوتُ العَائِمَةُ: تیرتے ہوئے مکانات، بوٹ ہاس۔
العَامُ: سال ج: أَعْوَامٌ۔
العَامَةُ: کٹی کھیتی کا گٹھر (۲) نہروں میں چلنے والی چھوٹی کشتی ج: عَامٌ و عُوَمٌ۔
العُومَةُ: پانی میں تیرنے والا کیڑا (۲) تیز رفتار ہوا میں اڑنے والا گھوڑا۔
عَومًا وبالعَوم: تیر کر۔
العَوَّامُ: زبردست تیراک۔
العَوَّامَةُ: سطح آب پر کھڑا ہوا لکڑی وغیرہ کا مکان (۲) سطح آب پر تیرتا ہوا گولا یا مچھلی کے کانٹے کے ساتھ ڈور میں بندھی ہوئی لکڑی (ڈوبکی) جس کے پانی میں ڈوبنے سے مچھلی کے پھنس جانے کا پتہ چلتا ہے۔
•عَوْمَرَ القَوْمُ: دیکھئے (ع م ر)۔
•عانت المرأةُ ـُ عَوْنًا: ادھیڑ عمر ہونا۔
ـــ البَقَرَةُ عُؤُونًا: درمیانہ عمر کی ہونا
أعَانَهُ على الشيءِ: مدد دینا۔
ـــ فلان منه: چھڑانا۔
عَاوَنَهُ مُعَاوَنَةً وعِوَانًا: مدد کرنا۔
عَوَّنَتِ المرأةُ والبَقَرَةُ: عانت۔
ـــ فُلانًا: مدد دینا۔
تَعَاوَنَ القومُ: باہم مدد کرنا۔
اسْتَعَانَ فُلانٌ فُلانًا وبه: مدد طلب کرنا، امداد چاہنا۔
الإِعَانَةُ: امداد (وہ رقم جو حکومت کسی ادارہ کو برائے ترقی یا بیرونی مقابلہ کے لئے دیتی ہے)، گرانٹ، سبسڈی۔
الاعانة المالية: مالی مدد۔
الاعانة العينيّة: سامان کی مدد۔
الاعانة المعنويّة: اخلاقی مدد۔
الاعانة الدّراسيّة: اسکالرشپ، تعلیمی وظیفہ۔
الاسْتِعانة: مدد خواہی، امداد طلبی۔
التَّعَاوُنُ: امداد باہمی (واسطہ کے بغیر فرد کا جماعت سے اور جماعت کا فرد سے اشتراکِ عمل جس میں ایک دوسرے کا مفاد ملحوظ ہوتا ہے)۔
التَّعَاوُنِيُّ: امداد باہمی کا (۲) معاونت کرنے والا۔
العَانَةُ: گورخر کا ریوڑ (۲) پیڑو۔ پیٹ کے نیچے فرج کے ارد گرد کے بال ج: عُونٌ
العَوَانُ: متوسط العمر، ادھیڑ عمر عورت یا چوپایہ ج: عُونٌ۔ حَرْبٌ عَوَانٌ: وقفہ وقفہ سے ہونے والی تباہ کن جنگ۔
العَوْنُ: مددگار، ہر معاون چیز (مذکر ومؤنث) ج: أَعْوَانٌ۔
المُتَعَاوِنَةُ: فربہ اور عمر رسیدہ عورت۔
المَعَانَةُ: العَوْنُ۔
المُعَاوِنُ: مددگار (۲) مددگار افسر، اسسٹنٹ (۲) ہیلپر (۳) شریک کار۔
المِعْوَانُ: بڑا مددگار ج: مَعَاوِينُ۔
المَعُوْنُ: العَوْنُ۔
المَعُوْنَةُ: مددگار (۲) مدد، امداد۔ ج: مَعَاوِنُ۔
المُعِينُ: مددگار، اسسٹنٹ۔
•عَاهَ الزَّرْعُ والمَاشِيَةُ ـُ عَوْهًا: کھیتی یا مویشی پر آفت آنا، بیماری لاحق ہونا۔ هو عَائِهٌ۔
أَعَاهَ الزَّرْعُ والمَاشِيَةُ: آفت زدہ ہونا۔
ـــ الرَّجُلُ: آفت زدہ مویشیوں یا آفت زدہ

کھیتی والا ہونا۔
عَوَّہَ الزَّرْعُ او المَاشِیَۃُ: اَعَاہَ۔
۔۔۔الانسانَ مبتلائے مصیبت کرنا۔
العَاھَۃُ: مویشیوں یا کھیتی پر آنے والی آفت، بیماری، مصیبت ج: عاھات
•عَوَی الکَلْبُ و الذِّئبُ و ابنُ آوی ۔ِ عُوَاءً: تھوتھنی اٹھا کر مسلسل چیخنا ۔ ھو عاوٍ و عَوَّاء
۔۔۔القَومَ: لوگوں کو فساد پر آمادہ کرنا۔
۔۔۔الشَّیءَ: موڑنا، خم دینا۔
۔۔۔الحَبْلَ و الشَّعْرَ: رسی یا بالوں کو بل دینا۔
۔۔۔عن فُلانٍ: کسی کی طرف سے جواب دینا اور اس کی غیبت کرنے والے کو جھٹلانا۔
عَاوَاھُمْ: ایک دوسرے کو پکارنا۔
عَوَّی عن الرَّجُلِ: کسی کا دفاع کرنا، اس کی غیبت کرنے والے کا رد کرنا
۔۔۔الشیءَ تَعْوِیَۃً: موڑنا، خم دینا۔
اِعْتَوَی الکَلْبُ و نَحْوُہُ: عَوَی۔
۔۔۔الشیءَ: موڑنا، بل دینا۔
اِنْعَوَی الشیءُ: مڑنا، جھکنا۔
تعَاوَتِ الکِلَابُ: کتوں کا مل کر بھونکنا
۔۔۔بنو فُلانٍ علٰی فُلانٍ: کسی کی مخالفت میں اکٹھا ہونا۔
اِسْتَعْوَاھُمْ: لوگوں سے فریاد کرنا، مدد چاہنا (۲) فساد کے لئے آمادہ کرنا۔
۔۔۔الکَلْبَ و نَحْوَہُ: کتے وغیرہ کو بھونکانا
۔۔۔فُلانًا: کسی سے رسّی یا بالوں کو بل دلوانا
العَوَّاءُ: بہت بھونکنے والا کتا (۲) چاند کی ایک منزل۔
العُوَاءُ: بھونکنے کی آواز۔
العَوِیُّ: بھیڑیا۔
العَوَّۃُ: شور و غل (۲) نشانِ راہ، وہ پتھر جو مسافروں کی رہبری کے لئے نصب کیا جائے۔

المُعَاوِیَۃُ: لومڑی اور کتے کا پلّا (۲) کتے کی خواہش مند کتیا۔

ع ۔۔۔۔۔ ی

•عَابَ الشیءُ ۔ِ عَیْبًا و عَابًا: عیب دار ہونا۔
۔۔۔الشیءَ: عیب دار کرنا۔ خامی یا خرابی پیدا کرنا۔ ھو عائِبٌ۔ المفعول مَعِیبٌ و مَعْیُوبٌ۔
۔۔۔فُلانًا: کسی میں عیب نکالنا، کسی کا عیب یا نقص بیان کرنا، برائی اور مذمت کرنا۔
عَیَّبَہُ: عیب دار بنانا (۲) عیب لگانا، برائی کرنا، کسی کی خامیاں بنانا۔
۔۔۔العَیْبَۃَ: ٹوکری بنانا، زنبیل بنانا
تَعَیَّبَہُ: کسی میں عیب نکالنا، معیوب کرنا۔
العَابُ: عیب، برائی ج: اَعْیَابٌ و عُیُوبٌ۔
العِیَابُ: روئی دھننے کا آلہ۔
العَیْبُ: داغ، خامی، بگاڑ، خرابی، نقص، برائی ج: عُیُوبٌ۔
العَیْبَۃُ: عیب (۲) پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری یا زنبیل (۳) چمڑے کا بکس یا تھیلا (۴) آدمی کے بھید کی جگہ۔ فُلانٌ عَیْبَۃُ فُلانٍ: فلاں آدمی فلاں کا رازدار ہے ج: عِیَبٌ و عِیَابٌ۔ حدیث میں ہے: "الاَنصارُ کَرِشِي و عَیْبَتِي"۔
عِیَابُ الوُدِّ: قلوب اور سینے۔
کادَتْ عِیَابُ الوُدِّ تَصْفَرُ: محبت بھرے دل خالی ہونے لگے یعنی محبت ختم ہونے لگی۔
العُیَبَۃُ: لوگوں میں بہت عیب نکالنے والا بڑا عیب جو۔
العَیَّابُ: العُیَبَۃُ۔
العَیَّابَۃُ: العَیَّابُ۔

المَعَابُ: عیب، برائی، خرابی (۲) عیب کی جگہ ج: مَعَایِب۔
المَعَابَۃُ: العَیْبُ ج: مَعَایِبُ۔
المَعِیبُ: عیب یا نقص یا خرابی کی جگہ (۲) عیب و خرابی کا زمانہ (۳) عیب دار، معیوب۔
المُعَیِّبُ: زنبیل ساز۔
•عَاثَ ۔ِ عَیْثًا و عُیُوثًا و عَیَثَانًا: فساد پھیلانا، بگاڑ اور خرابی پیدا کرنا۔
۔۔۔فی المال: فضول خرچی سے مال برباد کرنا۔
۔۔۔الذِّئبُ فی الغَنَمِ: بھیڑیے کا بکریوں میں تباہی مچانا، پھاڑ ڈالنا۔
ھو عَیْثَان و ھی عَیْثَی ج: عَیَاثَی۔
عَیَّثَ فی الوعاءِ وغیرہ: کوئی چیز نکالنے کے لئے بغیر دیکھے برتن میں ہاتھ پھرانا۔
تَعَیَّثَتِ الإِبِلُ: سیرابی سے کم پانی پینا۔
•العَیْثَمُ: دیکھئے (عثم)۔
العائِثُ: شیر۔
العَیُوثُ و العَیَّاثُ: بڑا فسادی۔
•عَاجَ بِہ ۔ِ عَیْجًا: بھروسہ کرنا (۲) پرواہ کرنا (اکثر منفی استعمال ہوتا ہے جیسے ما عاجَ بِقولِہ)۔ ما عَاجَ بالشیءِ: پسند نہ کرنا۔ شَرِبَ الدَّوَاءَ فما عاجَ بِہ: اس نے دوا پی مگر اس دوا سے فائدہ نہیں ہوا۔
•العِیَادَۃُ: دیکھئے (عود)
العِیدُ: دیکھئے (عود)
•عَیْدَنَتِ النَّخْلَۃُ: درخت خرما کا بہت لمبا ہونا۔
العَیْدَانَۃُ: انتہائی طویل کھجور کا درخت ج: عَیْدَانٌ۔
•العَیْدَۃُ: خشک طبع خود دار آدمی (۲) حق بات نہ ماننے والا۔

العَیدَاۃُ : العَیدَۃُ۔

•عَارَ ـِ عَیرًا و عَیرَانًا: شش وپنج کے ساتھ آنا جانا۔ عَارَ الرَّجُلُ فی الاَرضِ: زمین پر حیران وسرگرداں پھرنا۔

ـــ القَصِیدَۃُ: نظم وقصیدہ کا لوگوں میں مشہور ہونا۔

ـــ فی القَوم: لوگوں میں فساد کرانا۔

ـــ فُلانًا: عیب لگانا، عیب نکالنا، مذمت کرنا، ھو عَائِرٌ و عَیَّارٌ

ـــ الشَّیءَ: ضائع کرنا، تلف کرنا۔

أَعَارَہٗ: برائی کرانا، عیب نکلوانا (۲) موٹا کرنا۔ ھو مُعَارٌ۔

أَعیَرَ النَّصلَ: پھلکے میں لمبی لکیر ڈالنا۔

عَایَرَ بَینَ المِکیَالَینِ مُعَایَرَۃً و عِیَارًا: دو پیمانوں کو برابری کے لئے جانچنا، ناپ تول کرنا۔

ـــ المِکیَالَ و المِیزَانَ: پیمانہ یا ترازو کو دوسری سے ملا کر جانچنا۔

عَیَّرَہٗ: کسی کو برے فعل سے شرم دلانا، طعنہ دینا، کسی کے فعل یا حال کو قابل مذمت قرار دینا، عیب لگانا۔ جیسے: عَیَّرَہ الجَہلَ و بالجَہلِ: اس نے اسے جہالت کا طعنہ دیا۔

تَعَایَرُوا: ایک دوسرے کا عیب بیان کرنا، ایک دوسرے کو طعنہ دینا۔

العَائِرَۃُ: مؤنث العَائِر۔ شَاۃٌ عَائِرَۃٌ: پریشان بکری جو دو ریوڑوں کے درمیان کسی ایک کے ساتھ شامل ہونے میں متردد ہو۔

العَارُ: ہر باعث شرم بات، عیب، طعنہ، ج: أَعیَارٌ۔

العِیَارُ: مقدار و وزن جاننے کا ذریعہ یا سرکاری کسوٹی، ناپ، وزن، باٹ ج: عِیَارَات۔

عِیَارُ النُّقُود: سکہ کی خالص معدنی مقدار جو ان کی وزن کے سلسلہ میں بنیاد ہوتی ہے

العِیَارُ النَّارِیُّ: بندوق یا ریوالور کی گولی ج: عِیَارَات۔

العَیرُ: گدھا۔ کہاوت ہے: إن ذَھَبَ عَیرٌ فَعَیرٌ فی الرِّبَاطِ: اگر گدھا چلا گیا تو کوئی مضائقہ نہیں کیونکہ اصطبل میں گدھا موجود ہے۔ موجود شے کی بنا پر ضائع ہو جانے والی چیز کی پرواہ نہ کرنے کے موقع پر بولا جاتا ہے۔ (۲) دونوں پلکوں کے ملنے کی جگہ (۳) پھلکے میں پڑی ہوئی لمبی لکیر (۴) درخت کے پتے میں ابھری لمبی لکیر ج: أَعیَارٌ

الأَعیَارُ: سہیل ستارے کے نیچے کے راستے میں کچھ تابناک ستارے۔

العِیرُ: اونٹوں، خچروں اور گدھوں کا قافلہ جس پر غلہ وغیرہ لایا جائے۔ کہاوت ہے: فلان لا فی العِیرِ ولا فی النَّفِیرِ: فلاں کسی شمار میں نہیں۔

العَیَّارُ: بہت گھومنے والا، آوارہ اور بے شرم آدمی، نفس کا بندہ (۲) جر ثقیل، کرین، وزن اٹھانے کا آلہ۔

المُعَارُ: وہ گھوڑا جو سوار کو لے کر راستہ سے ہٹ جائے۔

المَعَایِرُ: معایب، عیوب۔

المُعَایَرَۃُ: ناپ تول کی جانچ۔

المِعیَارُ: وزن، پیمانہ (۲) کسوٹی (۳) ایک ایسا واقعی یا تصوراتی نمونہ جس پر کسی چیز کو ہونا چاہئے ج: مَعَایِیر۔

العُلُومُ المِعیَارِیَّۃُ: علم المنطق، علم الاخلاق، علم الجمالیات وغیرہ۔

المِعیَارِیُّ: وزنی، کسوٹی پر پرکھا ہوا، نمونہ کا۔

•أَعیَسَ الزَّرعُ: کھیتی کا خشک ہونا۔

تَعَیَّسَت الإبِلُ: سفیدی مائل بھورے رنگ کا ہونا۔

الأَعیَسُ من الإبِلِ: سفید و بھورے رنگ کا اونٹ (۲) عمدہ نسل کا اونٹ، ج: عِیسٌ۔

العَیسَاءُ: مؤنث الأَعیَس ج: عِیسٌ۔

•عَاشَ ـِ عَیشًا و عِیشَۃً و مَعَاشًا: زندہ رہنا، زندگی گزارنا، جینا۔ ھو عَائِشٌ۔ عَاشَ فُلانٌ: زندہ باد (نعرہ)۔

ـــ شیئًا: کسی چیز کے ساتھ ہمیشہ رہنا، زندگی کا جزء بنانا۔

ـــ القَضِیَّۃَ: مسئلہ کے تمام تاریخی پہلوؤں سے واقف ہونا۔

ـــ علی کذا: کسی چیز کے سہارے جینا، کسی چیز کو خوراک و غذا بنالینا۔

أَعَاشَہٗ: زندگی بسر کرانا۔ أَعَاشَہُ اللّٰہُ عِیشَۃً رَاضِیَۃً: اللہ نے اس کی خوش گوار زندگی گزروائی۔

عَایَشَہٗ: کسی کے ساتھ رہنا، کسی کے ساتھ زندگی گزارنا۔

عَیَّشَہٗ: أَعَاشَہٗ۔

تَعَایَشُوا: مل جل کر زندگی گزارنا۔

تَعَیَّشَ: زندہ رہنے کی کوشش کرنا، اسباب زندگی کے حصول کی کوشش کرنا۔

التَّعَایُشُ: بقاء باہم۔

التَّعَایُشُ السِّلمِیُّ: پر امن بقاء باہم۔

العَائِشُ: خوش حال۔

العَائِشَۃُ: مؤنث العَائِش۔

العَیشُ: زندگی، گزر بسر (۲) گزر بسر کا سامان جیسے کھانا پینا آمدنی وغیرہ (۳) روٹی، چپاتی (۴) کھانا، غذا۔ کہتے ہیں: عَیشُ بَنِی فُلانٍ اللَّبَنُ: فلاں قبیلہ کا کھانا پانی دودھ ہے۔

العِیشَۃُ: زندگی کی نوعیت، زندگی میں انسان کا حال۔ عَاشَ فُلانٌ عِیشَۃً

صِدْقٍ وعِيْشَةَ سوءٍ: فلاں نے سچائی یا برائی کی زندگی گزاری۔
عِيْشَةُ الكِفَافِ: بقدر گزر بسر زندگی۔
العَيَّاشُ: بہت بہتر حال والا، بہت خوش عیش (۲) روٹی پکانے یا بیچنے والا۔
المُتَعَيِّشُ: قابل گزر بسر سامان والا۔
المَعَاشُ: روزی، رلبسر کا سامان کھانے پینے اور زندگی کا ضروری سامان (۲) روزی تلاش کرنے کا مقام یا زمانہ (۳) پنشن، سرکاری ملازم کو مدت متعینہ گزرنے پر خدمت سے سبکدوش کرکے دیا جانے والا ماہانہ وظیفہ۔ مَعَاشُ تقاعُد بھی کہتے ہیں۔
المَعِيْشَةُ: روزینہ (کھانا پینا آمدنی وغیرہ) اسباب زندگی، ذریعہ گزر بسر۔ ج: مَعَايِشُ۔ مَعَائِشُ (خلاف قیاس) بھی مستعمل ہے۔ قرآن پاک کی آیت: "وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيهَا مَعَايِشَ" میں دونوں طرح پڑھا گیا ہے۔
• العِيْصُ: اچھے درخت اگنے کی جگہ (۲) گنجان گھنے درخت (۲) اصل، نسل۔ کہتے ہیں: هو من عِيْصِ بني فُلانٍ: وہ فلاں قبیلہ کی نسل سے ہے کہاوت ہے: عِيْصُكَ منكَ وإن كانَ أَشِبًا: تمہاری اصل تمہاری ہے خواہ وہ خاردار ہو ج: أَعْيَاصٌ و عِيَاصٌ۔
المُعْيَاصُ: ہٹ دھرم، مشکل الحصول۔
المَعِيْصُ: اگنے کی جگہ۔
• عَاطَتِ العُنُقُ ـِ عَيْطًا: گردن مناسب طور پر لمبا ہونا۔
ـــ المَرْأَةُ والنَّاقَةُ عَيْطًا وعِيَاطًا: بانجھ نہ ہونے کے باوجود سالہا سال حاملہ نہ ہونا (۲) اونٹنی پر بوجھ لادا جائے مگر وہ نہ اٹھائے۔ هي عَائِطٌ ج: عِيْطٌ و عُيَّطٌ۔
عَيِطَ ـَ عَيَطًا: لمبی گردن والا ہونا۔ هو أَعْيَطُ وهي عَيْطَاءُ ج: عِيْطٌ۔
عَيَّطَ: ایک دفعہ چیخنا (۲) رونا۔
تَعَيَّطَتِ العُنُقُ: گردن کا لمبا ہونا۔
ـــ المَرْأَةُ: لمبی گردن والی ہونا۔
ـــ العُوْدُ: لکڑی سے پانی جیسی چیز نکل کر بہنا یا گوند سا بن جانا۔
ـــ الرَّجُلُ: غصہ ہونا۔
ـــ القَوْمُ: چیخنا چلانا۔
العَائِطُ: چیخنے والا ج: عِيْطٌ و عُيَّطٌ۔
عَائِطٌ عِيْطٍ: بہت چیخ و پکار والا۔
العِيَاطُ: چیخ و پکار (۲) رونا۔
عِيْطِ (مبنى على الكسر) شریر بچوں کا شور۔
العِيْطُ: عمدہ اور جوان اونٹ۔
العَيَّاطُ: بہت چیخنے چلانے والا۔
• العَيْطَلُ: دیکھئے (عطل)۔
• عَافَتِ الطَّيْرُ ـِ عَيْفًا و عَيَفَةً: کسی چیز پر اترنے کے لئے منڈلانا۔
ـــ الطَّيْرَ عِيَافَةً: نیک یا بد فال لینے کے لئے پرندے کو آواز دیکر اڑانا۔ هو عَائِفٌ۔
ـــ الطَّعَامَ اوالشَّرَابَ ـَ عَيْفًا وعِيَافًا: ناپسندیدگی کی بنا پر چھوڑ دینا، نفرت کرنا، گھن کرنا۔
أَعَافَ القَوْمُ: لوگوں کے اونٹوں کا پانی کو اچھا نہ پاکر چھوڑ دینا۔
اعْتَافَ: توشۂ سفر لینا (۲) فال لینے کے لئے پرندوں کو اڑانے کا پیشہ کرنا، پرندہ اڑا کر فال بتانا۔
ـــ الشَّيءَ: کراہت و نفرت سے چھوڑ دینا، گھن کرنا۔
تَعَيَّفَ: پیش گوئی کرنا (۲) پرندہ اڑا کر فال نکالنے کا پیشہ کرنا۔
العَائِفُ: ناپسند کرنے والا۔
العِيَافَةُ: پرندوں کو اکسا کر ان کی آوازوں اور گذرگاہوں سے اچھا یا برا شگون لینے کا پیشہ (۲) گمان، اندازہ، وجدان۔
العِيْفَةُ: عمدہ اور چھٹا ہوا مال۔
العَيُوْفُ: بہت نفرت یا گھن کرنے والا، (۲) وہ اونٹ جو پیاسے ہونے کے باوجود پانی کو سونگھ کر چھوڑ دیں۔
العَيْفُ: ناپسندیدگی، کراہت۔
المَعِيْفُ: ناپسندیدگی کی وجہ سے چھوڑا ہوا۔
المُتَعَيِّفُ: شگون لینے والا۔
• عَاقَهُ ـِ عَيْقًا: روکنا (۲) توجہ ہٹانا۔
عَيَّقَ في صَوْتِهِ: آواز نکالنا۔
العَيْقُ: پانی کا حصہ۔
العَيْقَةُ: کھلی زمین، صحن (۲) ساحل سمندر دریا کا کنارہ ج: عَيْقَاتٌ۔
العَيُّوقُ: دیکھئے (عوق)۔
• عَالَكَ ـِ عَيَكَانًا: مونڈھے ہلا کر چلنا۔
• عَالَ فُلانٌ ـِ عَيْلًا و عَيْلَةً: محتاج ہونا (۲) کثیر العیال ہونا۔ هو عَائِلٌ ج: عَالَةٌ و عُيَّلٌ۔ هو عَيِّلٌ ايضا۔
ـــ في الأرضِ عَيْلًا و عُيُولًا: زمین پر گھومنا۔
ـــ في مَشْيِهِ: جھوم جھوم کر اور اترا کر چلنا، مٹکتے ہوئے چلنا۔ هو عَائِلٌ و عَيَّالٌ۔
ـــ المِيْزَانُ: ترازو کا کم زیادہ ہونا۔
ـــ فُلانٌ: زیادتی کرنا۔
ـــ الشيءُ فُلانًا عَيْلًا: محتاج و بے بس بنا دینا۔
ـــ الضَّالَّةَ عَيْلًا و عَيَلَانًا: گم گشتہ شے کے بارہ میں یہ نہ جاننا کہ کہاں تلاش کرے۔
ـــ كَلامَهُ: اپنا کلام اپنے شخص کے سامنے رکھنا

جس کی بنا اسے خواہش ہو نہ سروکار۔
أَعَالَ الرَّجُلُ: کثیر العیال ہونا، کنبہ دار ہونا۔
___ الشیءَ: تلاش کرنا۔ أَعَالَ الذِّئْبُ والأَسَدُ والنَّمِرُ والصَّائِدُ: شکار تلاش کرنا۔ ھو مُعِيلٌ۔
أَعْيَلَ: کثیر العیال ہونا۔ ھو مُعْيِلٌ۔
عَيَّلَ: بڑے کنبہ والا ہونا۔
___ عِيَالَه: بال بچوں کی کفالت کرنا، اخراجات برداشت کرنا، پرورش کرنا۔
___ القَوْمَ: بے یار و مددگار چھوڑنا۔
تَعَيَّلَ فی مَشْيِه: جھومنا، مٹکنا، اترانا
العَائِلَة: دیکھئے (عول)۔
العَالَةُ: فقر و فاقہ، غربت۔
العَيْلَةُ: غربت، ضرورت۔
العَيِّلُ: اہل خانہ، بال بچے، زیر کفالت افراد خانہ ج: عِيَالٌ۔ عنده كذا و كذا عَيِّلًا: اس کے پاس اتنے افراد خانہ ہیں (۲) غریب و مفلس۔
العَيِل کے لئے دیکھئے (العول)۔
المُعِيلُ: کنبہ دار، کثیر العیال۔
المُعَيِّلُ: عیال دار (۲) شکار کی تلاش میں گھومنے والا شیر۔
• عَامَ الرَّجُلُ ـِ عَيْمًا و عَيْمَةً و عِيَامًا: دودھ کی خواہش ہونا (۲) دودھ کم ہوجانا (۳) پیاسا ہونا۔ ھو عَيْمَانُ و هي عَيْمَى ج: عِيَام و عَيَامَى۔
أَعَامَ القَوْمُ: اونٹوں کے گم ہو جانے کے باعث دودھ سے محروم رہنا۔
___ اللهُ فُلَانًا: اللہ کا کسی کے اونٹوں کو فنا کر کے دودھ سے محروم رکھنا۔
اِعْتَامَ الرَّجُلُ: عمدہ مال چھانٹ کر لینا۔

اِعْتَامَ الشیءَ: قصد کرنا۔
العَيَامُ: دن۔ سِرْتُ العَيَامَ كُلَّه: میں سارے دن چلا۔
العَيْمَانُ: دودھ کا خواہش مند۔
العَيْمَةُ: دودھ کی بڑھی ہوئی خواہش (۲) پیاس کی شدت۔
العِيمَةُ: (من كل شيءٍ): ہر شے کا عمدہ حصہ ج: عِيَمٌ۔
• عَانَ الحَفَّارُ ـِ عَيْنًا: کنواں کھودنے والے کا چشموں تک پہنچنا۔ حَفَرْتُ حَتّٰى عِنْتُ: میں نے اتنی کھدائی کی کہ چشمہ تک پہنچ گیا۔ مَاءٌ مَعِينٌ: آب جاری۔
___ المَاءُ او الدَّمْعُ: بہنا۔
___ البِئْرُ: کنویں کا پانی زیادہ ہونا۔
___ علَى القَوْمِ: لوگوں کی جاسوسی کرنا۔
___ فُلَانًا: آنکھ پر مارنا، زخمی کرنا۔
___ الحَاسِدُ فُلَانًا: کسی حاسد کا نظر لگانا۔ عَائِنٌ: نظر لگانے والا مبالغہ کے لئے مِعْيَانٌ و عَيُونٌ۔ المَعِينُ و المَعْيُونُ: جس کو نظر لگائی گئی ہو۔
___ القَوْمَ و لَهُم عِيَانَةً: لوگوں کا جاسوس بننا یعنی ان کے لئے جاسوسی کرنا (۲) لوگوں کے خلاف مخبری کرنا۔
عَيِنَ ـَ عَيَنًا و عِينَةً: کشادہ اور خوبصورت آنکھ والا ہونا۔ ھو أَعْيَنُ و هي عَيْنَاءُ ج: عِينٌ۔ حُورٌ عِينٌ: خوبصورت آنکھوں والی حوریں۔
أَعَانَ الحَفَّارُ: چاہ کن کا چشمہ تک پہنچنا
___ الحَاسِدُ الشیءَ: کسی چیز کو نظر لگانے کے لئے گھور کر دیکھنا۔
أَعْيَنَ الحَفَّارُ: أَعَانَ۔
عَايَنَهُ مُعَايَنَةً و عِيَانًا: آنکھوں سے دیکھنا، مشاہدہ کرنا۔ لَقِيتُه عِيَانًا و مُعَايَنَةً: میں نے اسے بالیقین دیکھا۔ کہاوت ہے: لَيْسَ الخَبَرُ كَالعِيَانِ: خبر کا درجہ چشم دید کے برابر نہیں۔
عَيَّنَ الرَّجُلُ: ادھار لینا یا دینا۔
___ التَّاجِرُ: ایک خاص مدت کے وعدہ پر مقررہ قیمت پر سامان فروخت کر کے اسی مجلس میں (سود سے بچنے کے لئے) کم قیمت پر نقد خرید لینا۔
___ الشَّجَرُ: سرسبز ہونا اور کلی نکلنا۔
___ القِرْبَةَ: مشکیزہ کی سلائی کے سوراخ بند کرنے کے لئے پہلی مرتبہ پانی ڈالنا۔
___ الثَّوْبَ: آنکھ جیسے گول نقش بنانا۔
___ اللُّؤْلُؤَةَ: موتی میں سوراخ کرنا۔
___ الحَرْبَ بَيْنَهُمْ: لڑائی کرانا۔
___ الشیءَ: متعین اور خاص کرنا۔
___ المَالَ لِفُلَانٍ: کسی کے لئے بعینہ کوئی مال سکہ وغیرہ مخصوص کرنا۔
___ فُلَانًا: کسی کے سامنے اس کے عیوب بتانا۔
___ عَلَيْهِ: کسی کے خلاف مخبری کرنا، حاکم یا بادشاہ کے سامنے کسی کے عیوب و جرائم اس کی موجودگی یا غیبوبت میں بیان کرنا۔ کہتے ہیں: أَتَيْتُ فُلَانًا فَمَا عَيَّنَ لِي بِشَيءٍ وما عَيَّنَنِي شَيْئًا: میں فلاں کے پاس آیا مگر اس نے مجھے کوئی چیز نہیں دی۔
___ فُلَانًا فی وَظِيفَتِه: کسی کا کسی اسامی (ملازمت و عہدہ) پر تقرر کرنا۔
___ فُلَانًا لِأَمْرٍ: نامزد کرنا۔
___ الحُدُودَ: سرحدیں مقرر کرنا۔
___ حَارِسًا قَضَائِيًّا علی كذا: ریسیور (سرکاری نگراں) مقرر کرنا۔
___ لَجْنَةً لِأَمْرٍ: کمیشن بٹھانا۔

عَيَّنَ وَصِيًّا: جانشین مقرر کرنا۔
— مَوْعِدًا مع اَحَدٍ لِلزِّيَارَةِ: کسی کو ملاقات کا وقت دینا۔
— العَيْنَ: حرف عین لکھنا۔
— علَى السَّارِقِ: متہم لوگوں میں سے چور کو متعین کرنا۔
اَعْتَانَ القَوْمَ وَلَهُم: خبر لے کر آنا۔
— لَهُم مَنْزِلاً خِصْبًا: سرسبز جگہ تلاش کرنا۔
— لَهُم: پیش رو اور راہنما بننا۔
— الشَّیءَ: کسی چیز کی چھانٹ لینا (۲) ادھار لینا
تَعَيَّنَ الرَّجُلُ: قرض لینا (۲) کسی چیز کو نظر لگانے کے لئے ٹھہراؤ کے ساتھ دیکھنا۔
— السِّقَاءُ: مشک کا بوسیدہ ہو کر آنکھ جیسے سوراخ ہو جانا۔
— علَيهِ الشَّیءُ: کسی چیز کا بعینہ لازم ہونا
— الشَّیءَ: آنکھوں سے دیکھنا۔
— القَوْمَ عَيْنًا: اپنا جاسوس بنانا۔
— الشَّیءُ: لازم ومقرر ہونا، نامزد ہونا۔
— فِی وَظِيفَةٍ: ملازمت پر لگنا، آسامی پر آنا۔
التَّعْيِين: نامزدگی، تعیین وتخصیص (۲) تقرر (۳) راشن (سپاہی کا)۔
العَائِنُ: نظر لگانے والا (۲) جاری جیسے: ماءٌ عَائِنٌ۔ ما بالدَّار عَائِنٌ: گھر میں کوئی نہیں۔
العَائِنَةُ: مؤنث العَائِن۔ عَائِنَةُ بنی فُلانٍ: مال ودولت۔ رأيتُه اَوَّلَ عَائِنَةٍ و اَدْنَى عَائِنَةٍ: اسے ہر شے سے پہلے دیکھا۔ مَا بِالدَّارِ عَائِنَةٌ: گھر میں کوئی نہیں۔
العَيْنُ: آنکھ (۲) زمین سے جاری ہونیوالا چشمۂ آب۔ قرآن پاک میں ہے: "فِيهِمَا عَيْنَانِ تَجْرِيَانِ" ج: اَعْيُنٌ و عُيُونٌ (۳) اہل شہر (۴) اہل خانہ (۵) جاسوس، مخبر (۶) سپہ سالار (۷) فوج کا ہراول دستہ، مقدمۃ الجیش (۸) بڑا اور معزز آدمی، سربرآوردہ (۹) کسی چیز کی ذات اس کا عین۔ کہتے ہیں: هُو هو عَيْنًا: وہ بالکل وہی ہے۔ او بعَينه: وہ وہی ہے۔ جَاءَ خَالِدٌ عَيْنُه: خالد بذات خود آیا (۱۰) ڈھلا ہوا سکہ (نقد مال) اشتَرَيْتُ بالعَينِ لَا بالدَّيْنِ: میں نے نقد خریداری کی ادھار نہیں ج: اَعْيَانٌ (۱۱) ہر موجود چیز۔ جیسے: بِعْتُه عَيْنًا بعَيْنٍ: میں نے موجود شئے کو نقد بیچا۔ کہاوت ہے: لَا تَطْلُبْ اَثَرًا بَعْدَ عَيْنٍ: اصل شے کے بعد اس کے نشان کی تلاش بے سود ہے (۱۲) ہر نوع کی عمدہ چیز: هذه القَصِيدَةُ من عُيُونِ الشِّعْرِ: یہ عمدہ قصائد میں سے ہے (۱۳) بدنظری۔ بِه عَيْنٌ: اسے نظر ہے (۱۴) شعاع آفتاب (۱۵) گھٹنا (۱۶) قسم یا نوع۔ ذَكَرَ الحَقَّ بِعَيْنِه: اس نے وضاحت کے ساتھ حق ظاہر کیا۔ لَقِيتُه عَيْنًا بعَيْنٍ: میں اس سے کھلے طور پر ملا۔ هو عَبْدُ عَيْنٍ وصَدِيقُ عَيْنٍ: وہ سامنے کا (دکھاوے کا) خادم یا دوست ہے۔ فَعَلَه علَى عَيْنٍ و علَى عَيْنَيْنِ و علَى عَمْدِ عَيْنٍ و علَى عَمْدِ عَيْنَيْنِ: یقین وسنجیدگی سے کیا۔ نَعِمَ اللهُ بكَ عَيْنًا: اللہ تم سے تمہارے دوست کی آنکھ ٹھنڈی رکھے۔ یعنی اس کی محبت وتعلق تمہارے ساتھ قائم رہے۔ لَقِيتُه اَوَّلَ عَيْنٍ: وہ مجھے سب سے پہلے ملا (اس سے پہلے کوئی چیز دکھائی نہیں دی) اَنْتَ علَى عَيْنِی: میری نگاہ میں تمہاری عزت ہے یا تم میری حفاظت ونگرانی میں ہو۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلِتُصْنَعَ علَى عَيْنِی" تاکہ تمہاری تربیت وپرورش میری حفاظت ونگرانی میں ہو۔ لَقِيتُه عَيْنَ عُنَّةٍ: میں اس سے اس طرح ملا کہ اس نے مجھے نہیں دیکھا۔
عَيْنُ البَقَرِ: ایک پودے کا نام۔
عَيْنُ الجَمَلِ: اخروٹ (بطور تشبیہ)۔
عَيْنُ السَّمَكَةِ: جلدی امراض میں جوتے وغیرہ سے انگلیوں میں پیدا ہونے والی گانٹھ یا کسی وجہ سے جلد میں پیدا ہونے والا گول ابھار۔
عَيْنُ الثَّوْرِ: برج ثور میں ایک بڑے ستارے کا نام۔
عَيْنُ الهِرِّ: ایک قسم کا پیمانہ (۲) ایک قیمتی پتھر
العَيْنُ العَارِيَةُ: بے چشمہ آنکھ۔
عَيْنُ العَطْفِ: نگاہ شفقت۔
عَيْنُ الشَّمْسِ: قرص آفتاب۔
مَدَى العَيْنِ: تاحد نگاہ۔
بُعْدَ العَيْنِ: حدود نگاہ میں۔
علَى الرأسِ والعَيْنِ: بڑی خوشی سے، بسر وچشم۔
شاهِدُ عَيْنٍ او عِيَانٍ: چشم دید گواہ
نَزَلَ من العَيْنِ: نگاہوں سے گر گیا
العِينَةُ: عمدہ چیز (۲) قرض (۳) جنگی سامان۔
ثَوْبٌ عِينَةٌ: خوش نما کپڑا۔
العِيَانُ: مشاہدہ۔ شَاهِدُ عِيَانٍ: عینی شاہد، چشم دید گواہ۔ بَدَا لِلعِيَانِ: وہ سامنے آگیا۔
العِيَانِیُّ: ظاہر۔
العَيُونُ: سخت نظر لگانے والا ج: عِيُنٌ و عُيُنٌ۔
العَيْنِیُّ: عینی، آنکھوں دیکھا (۲) غیر منقول (چشم دید)۔

العَیِّنُ : جلد رو پڑنے والا (۲) وہ مشک جس کا پانی بہہ گیا ہو۔
العَیِّنَۃُ : کسی چیز کا نمونہ جو اسی میں سے لیا جائے۔
العُوَیْنَۃُ : چشمہ، عینک۔
المَعَانُ : منزل، مقام۔ ھم منك بِمَعَانٍ : وہ لوگ ایسے مقام پر ہیں جہاں تم ان کو دیکھ سکتے ہو۔
المُعَایَنَۃ : مشاہدہ، جانچ پڑتال۔
المُعْتَانُ : پیشوائے قوم، سبزہ اور پانی تلاش کرنے والا۔
المِعْیَانُ : بہت نظر لگانے والا ج: مَعَایِین
المَعْیُوْنُ : من الماءِ۔ زمین پر نظر آنے والا آب جاری۔
المَعِیْنُ : آب جاری جو دکھائی دے۔
المُعِیْنُ : مددگار (۲) نظر لگانے والا۔
المُعَیَّنُ : مقرر (۲) نامزد (۳) محدود (۴) وہ گائے جس کی دونوں آنکھوں کے درمیان سیاہی ہو۔
—— فی مَنْصِبٍ : کسی عہدہ پر مامور۔
—— من الاَثْوَابِ : وہ کپڑا جس پر وحشی آنکھوں جیسے دائرے بنے ہوئے ہوں (۲) علم الہندسہ میں ایسی مسطح شکل کا نام جس کے چاروں اضلاع سیدھے اور متساوی ہوں۔
• عَاہَ المَالُ والزَّرْعُ ـِ عَیْھًا : آفت زدہ ہونا، نقصان میں آنا۔
عِیْہَ المالُ والزَّرْعُ : عاہ۔ ھو مَعِیْہٌ و مَعْیُوْہٌ۔
اَعْیَہَ القَوْمُ : آفت زدہ مال وکھیتی والا ہونا۔
عَیَّہَ بالرَّجُلِ : زور سے پکارنا۔
العَائِھَۃُ : چیخ، پکار۔
العَاھَۃُ : آفت، مصیبت۔
• عَیَّ فی مَنْطِقِہ ـَ عِیًّا و عَیَاءً : کلام سے عاجز ہونا، مراد واضح نہ کرسکنا
عَیَّ بِاَمْرِہ و عَیَّ عن حُجَّتِہ : اپنے کام یا اپنی دلیل سے عاجز رہنا، تھک جانا۔
—— الاَمْرَ و بالاَمْرِ : ناواقف ہونا۔
ھو عَیٌّ ج: اَعْیَاءٌ۔ و ھو عَیِیٌّ ج: اَعْیِیَاءُ۔ و ھو عَیَّانُ و ھی عَیَّا ج: عَیَایَا۔
عَیِیَ ـَ عِیًّا : عاجز رہنا، تھکنا۔
اَعْیَا الرَّجُلُ او البَعِیْرُ فی سَیْرِہ : حد سے زیادہ تھکنا، تھک کر چور ہو جانا۔
اَعْیَاہُ السَّیْرُ : تھکا دینا، عاجز کرنا۔
—— علیہ الاَمْرُ : کسی کے لئے کوئی معاملہ انتہائی دشوار ہو جانا۔
—— الدَّاءُ الطَّبِیْبَ : بیماری کا معالج کو لاچار کر دینا، علاج سے عاجز کر دینا۔
عَایَا فُلاَنٌ : ایسا کام یا کلام کرنا جس کا کوئی مطلب نہ سمجھا جا سکے۔
—— صاحِبَہُ : ساتھی کو بات سمجھنے سے عاجز بنا دینا۔ یعنی ایسی بات کرنا جس کا وہ کوئی مطلب نہ سمجھ سکے۔
عَیَّا الرَّجُلُ : عَایَا۔
—— صاحِبَہ : عایاہ۔
تَعَایَا الرَّجُلُ : خود کو نا قادر الکلام ظاہر کرنا، کلام سے عاجز ظاہر کرنا (جبکہ ایسا نہ ہو)۔
—— بالاَمْرِ : کام کو پختہ نہ کرسکنا۔
—— علیہ الاَمْرُ و تعایاہ الاَمْرُ : کسی کے لئے کام دشوار اور نا قابلِ عمل ہونا۔
تَعَیَّا بالاَمْرِ و علیہ الاَمْرُ : کام کا دشوار ہونا، اس کی انجام دہی سے عاجز رہنا۔
اِسْتَعْیَا بالاَمْرِ : عاجز رہنا، نہ کرسکنا۔
الاُعْیِیَّۃُ : پہیلی یا معمّا جس کا حل کرنا دشوار ہو اور ساتھی اس کے سمجھنے سے عاجز ہوں۔
العَیَاءُ : لا علاج بیماری۔
العِیُّ : مفید مطلب کام سے عجز و بے بسی، کلام پر عدم قدرت، افہام مقصود پر عدم قدرت۔
المُعْیِی : عاجز و درماندہ۔

بابُ الغَین

• الغَيْنُ: حروف ہجائیہ کا انیسواں حرف۔

غ ـــــ أ

الغَازُ: گیس (مادّے کی تین حالتوں میں سے ایک حالت جس میں وہ عام طور پر شفاف ہوتا ہے اور وہ جس جگہ رکھ دیا جائے اس میں سما کر اسی کی شکل اختیار کر لیتا ہے جیسے ہوا آکسیجن وغیرہ)۔
الغَازُ السَّامُّ: زہریلی گیس۔
الغَازُ الطَّبِيعِيُّ: قدرتی گیس۔
غَازُ الخَرْدَلِ: جنگ وغیرہ میں کام آنے والی ایک زہریلی گیس۔
غَازُ الاسْتِصْبَاحِ: روشنی کے لئے استعمال ہونے والی گیس
غَازُ الفَحْمِ: چولہوں میں کام آنے والی یا روشنی کے لئے استعمال ہونے والی گیس جو مختلف گیسوں کا مخلوط ہوتی ہے۔
الغَازُ المُسِيلُ لِلدُّمُوعِ: اشک آور گیس۔
غَازَاتُ البَطْنِ: پیٹ کی گیس، ریاح۔
الغَازُوزَةُ: خوشبودار تیل کی آمیزش والا ایک قسم کا شیریں مشروب جس میں کاربن ڈائی آکسائڈ ملی ہوتی ہے۔

غ ـــــ ب

• غَبَّتِ المَاشِيَةُ فِي الوِرْدِ ـِ غِبًّا: ایک دن چھوڑ کر پانی پینا۔
ـــ الحُمَّى عَلَى المَحْمُومِ: ایک دن چھوڑ کر بخار آنا، تیسرے دن بخار آنا۔
ـــ الرَّجُلُ فِي الزِّيَارَةِ: کبھی کبھی ملاقات کرنا، وقتاً فوقتاً ملنا، تیسرے دن ملاقات کرنا۔ کہا گیا ہے: زُرْ غِبًّا تَزْدَدْ حُبًّا: ناغہ کر کے ملا کرو اس سے تمہاری محبت بڑھے گی۔
غَبَّ الأَمْرُ: آخری مرحلہ میں ہونا۔
ـــ الطَّعَامُ غِبًّا وغُبُوبًا وغُبُوبَةً: سڑ جانا، خراب ہو جانا۔
ـــ فُلَانٌ عِنْدَهُ غِبًّا: کسی کے پاس رات گزارنا۔
ـــ الرَّأْيَ: سوچ سمجھ کر رائے دینا، رائے کے تمام پہلوؤں کو سوچنا۔
أَغَبَّ القَوْمُ: کسی کے مویشی کا ایک دن ناغہ کر کے پانی پینا۔
ـــ الحَلُوبَةُ: دودھ دینے والی اونٹنی کا ایک دن ناغہ کر کے دودھ دینا
ـــ الطَّعَامُ: سڑنا، خراب ہونا۔
ـــ عِنْدَهُ: کسی کے پاس رات گزارنا۔
ـــ القَوْمَ: ایک دن ناغہ کر کے ملنا۔
ـــ الحُمَّى فُلَانًا وعَلَيْهِ: کسی کو تیسرے دن بخار آنا۔
ـــ الشَّيْءُ فُلَانًا: کسی پر کوئی چیز آپڑنا۔
ـــ فُلَانٌ لا يُغِبُّنَا عَطَاؤُهُ: فلاں کی بخشش ہمارے پاس روز آتی ہے۔
غَبَّبَ الطَّعَامُ: سڑنا، خراب ہونا۔
ـــ فُلَانٌ فِي الأَمْرِ: حد سے نہ بڑھنا، بڑھ چڑھ کر کسی کام میں حصہ نہ لینا۔
ـــ الشَّاةَ: ایک دن ناغہ کر کے دوہنا۔
التَّغْبِيَّةُ: جھوٹی گواہی۔
الغِبُّ: (مِن كُلِّ شَيْءٍ): انجام، خاتمہ (۲) بمعنی کبھی کبھار یا بَعد جیسے: جَاءَ غِبَّهُ: وہ اس کے بعد آیا۔ حُمَّى غِبٍّ وحُمَّى الغِبِّ: تیسرے دن کا بخار۔ مَاءٌ غِبٌّ: گہرا پانی ج: أَغْبَابٌ۔
الغُبُّ: سمندر کا تلاطم خیز پانی جو ساحل پر آجائے (۲) وادی ج: أَغْبَابٌ و غُبَّانٌ۔ کہتے ہیں: أَصَابَنَا مَطَرٌ سَالَ مِنهُ الغُبَّانُ: ہمارے یہاں اتنی بارش ہوئی کہ وادیوں سے پانی بہہ نکلا۔
الغَبَبُ: آدمی یا گائے یا مرغ کے گلے کے نیچے لٹکا ہوا گوشت ج: أَغْبَابٌ۔
الغُبَّةُ: بقدر گزر بسر سامان، تھوڑی سی خوراک۔
الغَبِيبُ: باسی گوشت (۲) پہاڑ یا زمین پر پانی کا چھوٹا نالا۔
الغَبِيبَةُ: صبح کا دودھ جس میں شام کا دودھ ملا کر اگلے دن بلو لیا جائے۔
المَغَبَّةُ: انجام، خاتمہ، نتیجہ۔ کہتے ہیں: لِهٰذا الأَمْرِ مَغَبَّةٌ طَيِّبَةٌ: اس کام کا انجام اچھا ہے۔
المُغَبَّبُ: ثَوْرٌ مُغَبَّبٌ: وہ بیل جس کی گردن کے نیچے گوشت پھول کر لٹکا ہوا ہو۔
• غَبَثَ الشَّيْءَ ـِ غَبْثًا: ملانا جیسے: غَبَثَ الزُّبْدَ بِالعَسَلِ: مکھن شہد میں ملایا۔
غَبِثَ اللَّوْنُ ـَ غَبَثًا وغُبْثَةً: رنگ کا خاکی ہونا، بھورا ہونا۔ هو أَغْبَثُ وهي غَبْثَاءُ ج: غُبْثٌ۔
اغْبَثَّ: غَبِثَ۔
الغَبِيثَةُ: سوکھا پنیر جو گھی میں ملایا گیا ہو ج: غَبَائِثُ۔

• غَبِجَ المَاءَ ــ غَبْجًا: لگاتار گھونٹ بھرنا، غٹ غٹ پینا۔
الغُبْجَةُ: گھونٹ۔
• غَبَرَ ــ غُبُورًا: ٹھیر جانا، باقی رہنا (۲) گذر جانا۔
غَبِرَ الشیءُ ــ غَبَرًا و غُبْرَةً: گرد آلود ہونا (۲) مٹیالے رنگ کا ہونا۔ هو اَغْبَرُ وهی غَبْرَاءُ ج: غُبْرٌ۔
ـــ الجُرحُ غَبَرًا: مواد نکلے بغیر زخم کا بظاہر مندمل ہو کر پھوٹ پڑنا۔ هو غَبِرٌ۔
اَغْبَرَ: گرد اڑانا۔
ـــ الشیءُ: مٹیالے رنگ کا ہو جانا۔
ـــ فی حَاجَتِهِ: اپنے کام کے لئے کوشش اور دوڑ دھوپ کرنا۔
غَبَّرَ: گرد اڑانا (۲) گرد آلود کرنا۔
ـــ فی وَجْهِهِ: آگے نکل جانا۔
ـــ الضَّیْفَ: مہمان کو ایک غلاف میں بند دو پختہ یا خام کھجوریں کھلانا۔
تَغَبَّرَ: گرد آلود ہونا۔
ـــ النَّاقَةَ: اونٹنی کا بچا ہوا دودھ نکالنا
ـــ من المرأَةِ وَلَدًا: لڑکا حاصل کرنا
اِغْبَرَّ الشیءُ: گرد آلود ہونا۔
ـــ الیومُ: دن کا غبار آلود ہونا، غبار چھایا ہوا ہونا، بہت غبار آلود ہونا۔
ـــ الاَرضُ: قحط زدہ ہونا۔
الاَغْبَرُ: جانے والا، مٹنے والا۔ کہتے ہیں: لَا یَغُرَّنَّكَ عِزُّ الدُّنیا فانّه اَغْبَرُ: تم کو دنیا کی عزت کا دھوکہ نہ ہونا چاہئے کیونکہ وہ فنا ہو جانے والی ہے (۲) بھیڑیا ج: غُبْرٌ۔ الجُوعُ الاَغْبَرُ: سخت بھوک۔
الغَابِرُ: باقی ماندہ۔ قرآن پاک میں ہے: "اِلَّا امْرَاَتَهُ كَانَتْ مِنَ الغَابِرِینَ" سوائے اس کی عورت کے جو گھر میں رہ جانے والوں میں سے تھی اور وہ ہلاک ہو گئے۔ غابرُ بنی فُلَانٍ: قبیلہ کا بقیہ آدمی (۲) زمانۂ گذشتہ۔ کہتے ہیں: کان ذلك فی الزَّمَنِ الغابِرِ۔
الغُبَارُ: گرد (باریک مٹی یا راکھ) (۲) ایک لطیف رسم الخط جس میں نامہ بر کبوتر کے ذریعہ بھیجا جانے والا خط لکھا جاتا ہے
طَلَبَ فُلَانًا فما شَقَّ غُبَارَهُ: فلاں کو تلاش کیا مگر اسے نہ پایا۔
الغُبَارُ الذَّرِّیُّ: ایٹمی راکھ (ایٹمی تابکاری ذرات جو ہوا اڑا کر لے جاتی ہے) جو دھماکہ کی جگہ سے اڑ کر دور دراز مقامات پر گرتے اور وہاں کی ہر چیز کو زبردست نقصان پہنچاتے ہیں۔
الغُبَارِیَّةُ: گرد سے پیدا ہونے والی پھیپھڑوں کی سوزش۔
الغُبَّرُ: ہر چیز کا آخر اور بقیہ۔ غُبَّرُ اللَّیلِ: رات کا آخری حصہ۔ غُبَّرُ المَرَضِ: بیماری کے باقی اثرات۔
تھن میں باقی ماندہ دودھ اور بقیہ خون حیض کے لئے اس کا زیادہ استعمال ہے۔ کہتے ہیں: نَاقَةٌ بها غُبَّرٌ: ایسی اونٹنی جس کے تھن میں بچا ہوا دودھ ہے ج: غُبَّرَات۔
الغُبْرُ، الغُبَّرُ ج: اَغْبَارٌ۔
الغَبَرُ: الغُبَار (۲) بقا (۳) اونٹ کے تلوے کی بیماری۔
الغَبْرَاءُ: زمین۔ حدیث میں ہے: "مَا اَقَلَّتِ الغَبْرَاءُ ولا اَظَلَّتِ الخَضْرَاءُ اَصْدَقَ لَهْجَةً من اَبِی ذَرٍّ" ابو ذرؓ سے زیادہ سچا زمین کے اوپر اور آسمان کے نیچے نہیں پیدا ہوا۔ (۲) السَّنَةُ الغَبْرَاءُ: قحط کا سال۔ بنو الغَبْرَاءِ و بنو غَبْرَاءَ: فقیر و محتاج لوگ۔
جَاءَ علی غَبْرَاءِ الظَّهْرِ: اسے کچھ نہ ملا۔
تَرَكَهُ علی غبراءِ الظَّهْرِ: اسے مفلسی کی حالت میں چھوڑ دیا۔
الغُبْرَانُ: ایک غلاف میں دو پختہ یا کچی کھجوریں ج: غَبَارِین۔
الغُبْرَةُ: گرد کی پرت۔
الغَبَرَةُ: الغُبَارُ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَوُجُوهٌ یَوْمَئِذٍ عَلَیْهَا غَبَرَةٌ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ"۔
الغُبْرُورُ: خاکستری رنگ کی چڑیا۔
الغُبَیْرَاءُ: مکی کی شراب (۲) ایک قسم کا پودا جو اکثر سجاوٹ کے لئے بویا جاتا ہے۔
المِغْبَارُ: وہ درخت خرما وغیرہ جس پر گرد جمی ہوئی ہو۔
المُغْبَرُّ: گرد آلود۔
المُغَبِّرَةُ: لا الٰہ الا اللہ وغیرہ کا ورد کرنے والے لوگ۔
• غَبَسَ اللَّیلُ ــ غَبْسًا: تاریک ہونا
غَبِسَ اللَّیلُ ــ غَبَسًا و غُبْسَةً: تاریک ہونا۔ هو اَغْبَسُ وهی غَبْسَاءُ ج: غُبْسٌ۔
اَغْبَسَ اللَّیلُ: تاریک ہونا۔
الغَبَسُ: تاریکی (۲) خاکستری رنگ، راکھ جیسا رنگ۔
الغُبْسَةُ: الغَبَسُ۔
• غَبَشَ فُلَانًا ــ غَبْشًا: دھوکہ دینا
ـــ فُلَانًا عن حَاجَتِهِ: کسی کے کام میں دھوکہ کرنا۔ هو غَابِشٌ۔
غَبِشَ اللَّیلُ ــ غَبَشًا و غُبْشَةً: رات کی تاریکی میں صبح کی سفیدی مل جانا، رات کا قریب الختم ہونا۔
ـــ الدَّابَّةُ: سفیدی مائل بھورے رنگ کا ہونا۔ هو اَغْبَشُ و غَبِشٌ

و ھی غَبْشَاءُ و غَبِشَةٌ۔
اَغْبَشَ اللَّیْلُ : غَبِشَ ۔
الغَبَشُ : رات کا آخری حصہ (۲) اخیر شب کی تاریکی ۔
الغُبْشَۃُ : اخیر شب کی تاریکی (۲) چوپایوں کے رنگوں میں گہری سیاہی
• غَبِصَتِ العَیْنُ ـَ غَبَصًا: زیادہ رونے سے آنکھ کا زیادہ سفید میل (کیچ) والی ہونا۔ ھی غَبْصَاءُ ج: غُبْصٌ ۔ غَبِصَ الانسانُ: زیادہ میل کی آنکھ والا ہونا ۔ ھو اَغْبَصُ ج: غُبْصٌ ۔
الغَبَصُ : گوشۂ چشم کا سفید میل ۔
• غَبَطَ الحَیْوَانَ ـِ غَبْطًا: جانور کو ہاتھ سے ٹٹول کر موٹا یا دبلا پن جانچنا
ـــ فُلَانًا: رشک کرنا، کسی کی ترقی یا خوش حالی کو دیکھ کر اس کے زوال کو نہ چاہتے ہوئے اپنے لئے اُس جیسی کی آرزو کرنا۔ حدیث میں ہے: "اَقُوْمُ مَقَامًا یَغْبِطُنِی فیه الاَوَّلُوْنَ و الآخِرُوْنَ": میں ایسے مقام پر ہوں گا جسے دیکھ کر اگلے پچھلے سب مجھ پر رشک کریں گے ۔ ھو غَابِطٌ ج: غُبَّطٌ ۔
غَبِطَ فُلَانًا ـَ غَبْطًا: غَبَطَهٗ ۔
غَبِطَ غِبْطَةً: خوش حال ہونا، مگن ہونا، ھو مَغْبُوطٌ ۔
اَغْبَطَ فُلَانٌ الغَبِیطَ علی الدَّابَّۃِ: جانور پر پالکی کو مسلسل رکھنا۔
ـــ علیه الحُمّٰی: کسی کو بخار رہنا ۔
اِغْتَبَطَ: خوش حال ہونا خوش ہونا ۔
اُغْتُبِطَ: اِغْتَبَطَ ۔
الغَابِطُ: رشک کنندہ ۔
الغَبَطُ: کٹی ہوئی کھیتی کا گٹھر ج: غُبُوطٌ ۔
الغِبْطَۃُ: رشک، کسی کے اچھے حال جیسی اپنے لئے خواہش یا تمنا، خوشی وشادمانی

الغَبِیطُ: کجاوہ یا پالکی جو خواتین کے بیٹھنے کے لئے اونٹ کی پیٹھ پر رکھی جاتی ہے (۲) کشادہ زمین جس کے دو کنارے بلند ہوں (۳) ٹیلوں کو کاٹ کر گزرتا ہوا نالا (۴) چوپائے پر لادا جانے والا مٹی یا کھاد کا بورا یا تھیلا ۔ ج: غُبُطٌ ۔
المُغْتَبِطُ: خوش، خوش حال ۔
المغبوط: جس پر رشک کیا جائے ۔ خوش قسمت ۔
• غَبْغَبَ فُلَانٌ: خرید وفروخت میں گڑبڑ کرنا، خیانت کرنا ۔
الغَبْغَبُ و الغَبَبُ : بکری، گائے اور مرغی کی گردن کے نیچے لٹکی ہوئی کھال (جبڑے کے نیچے لٹکا ہوا گوشت) ج: غَبَاغِبُ ۔
• غَبَقَهٗ ـِ غَبْقًا: شام کی شراب پلانا۔
ـــ المَاشِیَةَ: مویشی کو رات کے وقت پانی پلانا یا دوہنا ۔
غَبَّقَهٗ : غَبَقَهٗ ۔
اِغْتَبَقَ: شام کی شراب پینا ۔
ـــ المَاشِیَةَ : غَبَقَهَا ۔
تَغَبَّقَ المَاشِیَةَ : غَبَقَهَا ۔
الغَبْقَانُ: شام کی شراب پینے والا ۔ ھی غَبْقَی ج: غَبَاقَی ۔
الغَبُوقُ: شام کی شراب (۲) رات یا شام کو دوہا جانے والا دودھ ج: غَبَائِقُ ۔ کہتے ہیں: ھٰذه النَّاقَةُ غَبُوقِی : یہ اونٹنی رات کو دودھ دیتی ہے ۔
المُغْتَبَقُ: مصدر میمی بمعنی الاِغْتِبَاق (۲) رات کی شراب پینے کی جگہ۔
• غَبَنَهٗ فی البیع ـِ غَبْنًا: فروخت میں دھوکہ دینا، خفیہ طور پر نقصان پہنچانا۔
ـــ الثَّوبَ: دوہری سلائی کرنا (۲) لمبائی کم کرنے کے لئے موڑ کر سینا، چنٹ دے کر سینا۔
غَبَنَ الشیءَ: بغل یا کپڑے کی چنٹ میں چھپانا
ـــ الرَّجُلَ: کھڑے ہوئے آدمی کے پاس سے اس طرح گزر جانا کہ اسے احساس تک نہ ہو۔
غَبِنَ رأْیُهٗ ـَ غَبْنًا: رائے کا ناقص و کمزور ہونا۔ غَبِنَ الرَّجُلُ رأْیَهٗ: اپنی رائے میں کمزور ہوگیا۔
ـــ الشیءَ غَبْنًا: بھول جانا ۔
اِغْتَبَنَ الشیءَ: بغل یا چنٹ میں چھپانا ۔
تَغَابَنَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو دھوکا دینا۔ نقصان پہنچانا۔
ـــ لَهٗ: اس طرح بیٹھ جانا کہ دھوکا کھا جائے
التَّغَابُنُ: دھوکا دہی، فریب خوردگی۔ یومُ التَّغَابُن: قیامت کا دن۔ قرآن پاک میں ہے: "یَوْمَ یَجْمَعُكُمْ لِیَوْمِ الجَمْعِ ذٰلِكَ یَوْمُ التَّغَابُنِ": یوم التغابن قیامت کے دن کو اس لئے کہا گیا ہے کہ لوگوں نے اللہ سے جو عہد و پیمان کیا تھا پھر اس کی خلاف ورزی کی اور اپنی دانست میں دھوکہ دیتے رہے اُس دن ان کا یہ فعل کھل کر سامنے آجائیگا۔
الغَبْنُ: نقصان رسانی، دھوکا دہی۔
الغَبَنُ: وہ جگہ جہاں کوئی چیز چھپائی جائے (۲) کپڑے کے کنارے جو کاٹ کر پھینک دیئے جاتے ہیں (۳) دھوکہ، نقصان۔
الغَبِیْنَةُ: دھوکہ، نقصان۔ لَحِقَتْهُ فی تِجَارَتِهٖ غَبِیْنَةٌ: اسے تجارت میں دھوکا ہوا۔
المَغْبِنُ: بغل (۲) ران کا اندرونی حصہ ج: مَغَابِنُ ۔
المَغْبُوْنُ: ٹھگا جانے والا۔
• غَبِیَ الشیءُ عن فُلَانٍ و علیه و منه ـَ غَبًا و غَبَاءً و غَبَاوَۃً: کسی سے کوئی بات چھپی رہنا اور اس سے

واقفیت نہ ہونا (۲) ذہن سے نکل جانا یا ذہن میں نہ آنا۔
غَبِیَ فُلانٌ الشیئَ و عَنہُ: ناواقف ہونا، سمجھ نہ پانا۔ ھو غَبِیٌّ ج: اَغْبِیاءُ۔ لا یَغْبَی عَلَیَّ مَا فَعَلْتَ: تمہارا کیا مجھ سے چھپا نہیں رہے گا۔ اُدْخُلْ فی النَّاسِ فَاِنَّہٗ اَغْبَی لَکَ: لوگوں میں گھس جا کیونکہ ان میں تو خوب چھپ سکے گا۔
اَغْبَتِ السَّمَاءُ: یکایک زور سے برسنا۔
غَبَّی الشیئَ: چھپانا۔ غَبَّاہ عن الشیئ: اسے کسی چیز سے چھپا دیا یعنی الگ رکھا۔
—البئرَ: کنویں کے منھ کو بند کرکے اس پر مٹی ڈال دینا۔
—الشعرَ: بالوں کو چھوٹا کرنا، کم کرنا۔
تَغَابَی فُلانٌ: بے وقوف بننا، ناسمجھ بننا۔
تَغَابَی الشیئَ و عنہ: کسی چیز سے غفلت برتنا، ناسمجھی کا اظہار کرنا
الاَغْبَی: غُصْنٌ اَغْبَی: گھنی شاخ، ج: غُبْیٌ۔
الغَبَاءُ: کند ذہنی، بے وقوفی، نادانی (۲) ذہن سے پوشیدگی کی چیز جیسے مٹی وغیرہ کی آڑ (۳) گرد و غبار (۴) کسی چیز کو چھپانے کے لئے ڈالی جانے والی مٹی۔
الغَبَاوَۃُ: بے وقوفی، ناسمجھی، کند ذہنی، کم عقلی (۲) غفلت۔
الغَبْوَۃُ: غفلت، ناسمجھی۔
الغَبْیَاءُ: شَجَرَۃ غَبْیَاءُ: گھنا درخت۔
الغَبْیَۃُ: بارش کا زبردست چھینٹا (۲) پانی کی بڑی بوچھار (۳) دھول گرد۔
الغَبِیُّ: کند ذہن، نابلد، ناواقف، بے وقوف ج: اَغْبِیاءُ۔
المَغْبَاۃُ: مٹی سے ڈھکا ہوا گڑھا جو شکار کے لئے کھودا جائے۔

غ ــــــ ت

• غَتَّ الطَّعَامُ و الکَلامُ ـُ غَتًّا: خراب ہونا۔
—المیزابُ فی الحَوضِ: حوض میں پرنالے کا مسلسل گرنا۔
—الشَّارِبُ المَاءَ: منھ سے برتن ہٹائے بغیر مسلسل پانی پینا اور سانس لینا۔
—فُلانًا فی المَاءِ: غوطہ دینا۔
—اللّٰہُ القَومَ فی العَذَابِ: اللہ کا قوم کو سخت عذاب میں مبتلا کرنا۔
—فُلانٌ الضَّحِکَ: منھ پر ہاتھ یا کپڑا رکھ کر ہنسی کو چھپانا۔
—فُلانًا: کلفت و مشقت میں ڈالنا۔
حدیث میں ہے: "فَاَخَذَنی جِبرِیلُ فَغَتَّنِی حتی بَلَغَ منی الجَھْدُ" حضرت جبرئیلؑ نے مجھے پکڑ کر اتنا زور سے دبایا کہ میرا جسم چور ہو گیا۔
—بالکلامِ: کسی بات سے تکلیف پہنچانا، تکلیف دہ بات کہنا۔
—الدَّابَّۃَ بالسَّوطِ: کوڑا مارنا۔
غُتَّ فُلانٌ: دیوانہ ہونا (۲) مغموم ہونا۔ ھو مَغْتُوتٌ۔
غَتَّتَ الطَّعَامَ: کھانا خراب کر دینا۔
اَغْتَتَّ الطَّعَامَ: بگاڑ دینا۔
• غَتِلَ المَکَانُ ـَ غَتَلًا: کسی جگہ بہت سے درخت اگنا۔
• غَتَمَ الحَرُّ ـُ غَتْمًا: گرمی کا سخت ہونا اور دم گھونٹنا۔
غَتِمَ ـَ غَتَمًا و غُتْمَۃً: صاف نہ بول سکنا، صاف عربی نہ بولنا۔ ھو اَغْتَمُ ج: غُتْمٌ و اَغْتَامٌ۔ وھی غَتْمَاءُ ج: غُتْمٌ۔
اَغْتَمَ فُلانٌ الزِّیَارَۃَ: کثرت ملاقات سے اکتا جانا۔
اِغْتَتَمَ الرَّجُلُ: بدہضمی میں مبتلا ہونا۔
الغَتْمُ: سانس گھٹنے والی گرمی۔
المَغْتُومُ: گرمی سے جھلس جانے والا۔

غ ــــــ ث

• غَثَّ الجُرحُ ـِ غَثًّا: زخم میں پیپ اور مواد پیدا ہو جانا۔
—اللَّحْمُ و الشیئُ غَثَاثَۃً و غُثُوثَۃً: گوشت وغیرہ کا خراب ہو جانا۔ ھو غَثٌّ و غَثِیثٌ۔
—الشَّاۃُ: بکری کا دبلا اور کمزور ہونا۔ ھی غَثَّۃٌ۔
—حَدِیثُ القَومِ: لوگوں کی بات چیت کا گھٹیا اور خراب ہونا۔
—الرَّجُلُ فی المَنْطِقِ: بدکلامی کرنا، گھٹیا بات کرنا۔ ھو غَثٌّ۔
اَغَثَّ: غَثَّ۔
—الرَّجُلُ اللَّحْمَ: خراب گوشت خریدنا۔
غَثَّثَ: آہستہ آہستہ موٹا ہونا۔ کہتے ہیں: غَثَّ بَعِیرِی ثُمَّ غَثَّثَ: میرا اونٹ دبلا تھا پھر آہستہ آہستہ موٹا ہو گیا۔
اِسْتَغَثَّ الجُرْحَ: زخم کا مواد نکال کر دوا لگانا۔
الغَثُّ: دبلا (خلاف السَّمِین) ھو لا یَعرِفُ الغَثَّ من السَّمِینِ: اسے دبلے موٹے (اچھے برے) کی پہچان نہیں (۲) ہر ردی اور خراب چیز۔
الغُثَّۃُ: دبلی بکری (۲) بقدر گزر بسر سامان (۳) چراگاہ کی تھوڑی چیز۔
الغَثِیثُ: بے کار و بے فائدہ (۲) زخم کا مواد، پیپ اور کچ لہو وغیرہ (۳) زخم کا مردہ گوشت۔
الغَثِیثَۃُ: الغَثِیثُ (۲) عقل کی خرابی۔

کہتے ہیں: لَبِستُه علی غَثِیثَةٍ فیه: اس کی کم عقلی کے باوجود میں اس کے ساتھ رہا۔

• غَثَرَ المکانُ بالنَّباتِ ـُ غَثْرًا: کسی جگہ زیادہ گھاس اگنا۔

غَثِرَ الطَّائِرُ والثَّوبُ ـَ غَثْرَةً: مٹیالا ہونا۔

ــــ الرَّجُلُ: بے وقوف ہونا۔ هو أَغْثَرُ وهی غَثْرَاءُ ج: غُثْرٌ۔

أَغْثَرَ الشَّجَرُ: درخت سے گوند جیسا سیال مادہ نکلنا۔

اغْثَارَّ الثَّوبُ: بہت روئیں دار ہونا، کپڑے کے پھوسڑے نکلنا۔

تَمَغْثَرَ: گوند درخت سے نکالنا۔

الأَغْثَرُ: بہت روئیں دار کپڑا، بہت پھوسڑے دار (۲) کائی ج: غُثْرٌ۔

الغَثَرُ: کپڑے کا رواں، پھوسڑا۔

الغَثْرَاءُ: گھٹیا درجہ کے لوگ۔

الغَثْرَةُ: خوش حالی وشادابی۔ هم فی غَثْرَةٍ من العَیْشِ: وہ فراخ زندگی گزار رہے ہیں۔

الغَثَرَةُ: ملے جلے چھوٹے درجہ کے لوگ (۲) کثرت۔ علیه غَثَرَةٌ من مالٍ: اس کے پاس مال کا (وافر) حصہ ہے۔

الغَیْثَرَةُ: الغَثَرَةُ (۲) لڑائی میں لوگوں کا اختلاط۔ تَرَکْتُ القومَ فی غَیْثَرَةٍ: میں نے لوگوں کو ملا جلا چھوڑا۔

المِغْثَارُ: درخت سے نکلنے والا بدبودار شہد جیسا میٹھا گوند کی طرح سیال مادہ ج: مَغَاثِیرُ۔

المُغْثُرُ: المِغْثَارُ ج: مَغَاثِرُ

المُغْثُورُ: المِغْثَارُ ج: مَغَاثِیرُ۔

• غَثْغَثَ القومُ: بغیر ہتھیاروں کے معمولی لڑائی لڑنا۔

ــــ فُلانٌ بالمکانِ: قیام کرنا۔

غَثْغَثَ الشیءَ: رگڑنا، ملنا۔

• غَثَمَ له من المالِ ـِ غَثْمًا: مال کا عمدہ حصہ دینا۔

ــــ الشیءَ: گڈمڈ کرنا، ملانا۔

غَثِمَ الرَّجُلُ ـَ غَثَمًا و غُثْمَةً: بالوں کی سیاہی پر سفیدی غالب ہونا۔ هو أَغْثَمُ وهی غَثْمَاءُ ج: غُثْمٌ

الغَثْمَةُ: قسط۔ غَثَمَ له من المالِ غَثْمَةً: اسے مال کی ایک قسط دی۔

الغُثْمَةُ: سیاہی آمیز سفیدی۔

المَغْثومُ: ملاوٹ والی چیز، مخلوط۔

• غَثْمَرَ مالَهُ: مال خراب کرنا۔

ــــ الشیءَ: خلط ملط کرنا، ملانا۔

المُغَثْمِرُ: حقوق ہڑپ کرنے والا، حقوق پامال کرنے والا۔

المُغَثْمَرُ: کھردرا اور خراب بنا ہوا کپڑا (۲) بے چھنا اور ناصاف غلہ وغیرہ۔

• غَثَا الوادِی ـُ غَثْوًا و غُثُوًّا: وادی کا زیادہ کوڑے کرکٹ والا ہونا

ــــ المَسِیلُ: نالے کا کوڑے سے اٹ جانا۔ هو غاثٍ۔

ــــ نَفْسُهُ ـِ غَثْیًا و غَثَیَانًا: جی متلانا، قے آنے کو ہونا۔

ــــ السَّماءُ بالسَّحابِ: آسمان پر بادل آنا، آسمان کا ابر آلود ہونا۔

ــــ الکلامَ: گڈمڈ کر دینا، خلط مبحث کرنا۔

غَثِیَتِ النَّفْسُ ـَ غَثًی و غَثَیَانًا: جی متلانا۔

ــــ الأرضُ بالنَّباتِ: زمین کا زیادہ گھاس والی ہونا۔

ــــ الکلامَ غَثْیًا: گڈمڈ کر دینا۔

الغُثَاءُ: کوڑا کرکٹ۔ وہ پتے تنکے اور جھاگ وغیرہ جو سیلاب کے ساتھ بہہ کر آتے ہیں (۲) ہانڈی کا جھاگ۔ واحد: غُثَاءَةٌ ج: أَغْثَاءٌ۔

غُثَاءُ النَّاسِ: رذیل لوگ۔

غ ــــ ج

• الغَجَرُ: ایک اجڈ قوم جس کی اپنی کچھ روایات ورسوم زندگی ہیں، تجارت پر اس کا گزر بسر ہے، مختلف براعظموں میں پائی جاتی ہے واحد: غَجَرِیٌّ۔

غ ــــ د

• غَدَّ البَعِیرُ ـِ غَدًّا: اونٹ کا طاعون شتری میں مبتلا ہونا۔

غُدَّ البَعِیرُ: طاعون میں مبتلا ہونا۔ هو مَغْدُودٌ۔

أَغَدَّتِ الإبلُ: اونٹ کا طاعون زدہ ہونا۔

ــــ القومُ: قوم کا طاعون زدہ اونٹ والی ہونا۔

ــــ علیه: غصہ سے پھول جانا، انتہائی غضبناک ہونا۔ هو وهی مُغِدٌّ۔

أُغِدَّ البَعِیرُ: غُدَّ۔ هو مُغَدٌّ۔

الغُدَدُ: اونٹ کا طاعون، گلٹی ج: غِدَادٌ

الغُدَّةُ: الغُدَدُ (۲) گوشت کی گرہ جو کسی بیماری وغیرہ کی وجہ سے ابھر آتی ہے۔ غدود ج: غُدَدٌ و غَدَائِدُ۔

الغُدَّةُ الغِرائیَّةُ: مادہ کیڑوں میں پیدا ہونے والا لیس دار مادہ جو انڈوں کو باہم جوڑتا ہے۔

الغُدَدَةُ: جسم میں پیدا ہونے والی ہر وہ گرہ جس کے گرد چربی ہو۔

المِغْدَادُ: غصیلا (مذکر ومؤنث دونوں کے لئے)۔

• غَدَرَ الرَّجُلُ ـِ غَدْرًا: تالاب سے پانی پینا۔

ــــ فُلانًا وبه غَدْرًا و غَدَرَانًا: کسی کے ساتھ بے وفائی کرنا، عہد شکنی

کرنا، غداری کرنا، دھوکہ دینا۔ ھو
غَادِرٌ ج: غَدَرَۃٌ۔ ھو غَدَّارٌ و
غُدَرُ: بطور ندا کہا جاتا ہے ایک
کے لئے یا غُدَرُ اور جمع کے لئے
یا آلَ غُدَرَ۔ ھی غَادِرَۃ ج:
غَوَادِر و ھی غَدُورٌ و غَدَّارَۃ
غَدَرَتِ الْمَرْأَۃُ وَلَدَھَا: بچہ کو خراب غذا
دینا۔
غَدِرَ الرَّجُلُ ـَ غَدَرًا: تالاب کا پانی
پینا۔
ـــ الْمَکَانُ: کسی جگہ بہت پتھر اور دراڑیں
ہونا جن سے جانور پار نہ ہو سکیں یا
بہت دل دل ہونا۔ ھو اَغْدَرُ و
ھی غَدْرَاءُ ج: غُدْرٌ۔
ـــ عن اَصْحَابِہ: پیچھے رہ جانا۔
ـــ فُلَانٌ: بھائیوں کے مرنے کے بعد
تنہا رہ جانا۔ ھو غَدِرٌ۔
ـــ اللَّیْلُ: تاریک ہونا۔
اَغْدَرَہٗ: تالاب میں ڈالنا (۲) باقی رکھنا۔
کہتے ہیں: اَعَانَنِی فُلَانٌ فَاَغْدَرَ
لَہٗ ذٰلِکَ فِی قَلْبِی مَوَدَّۃً: فلاں
نے میری مدد کی، اس کے اس فعل نے
میرے دل میں اس کی محبت قائم کردی۔
ھو مُغْدِرٌ۔
ـــ الشَّیْءَ: پیچھے چھوڑ کر آگے بڑھ جانا۔
ـــ اللَّیْلُ: تاریک ہونا۔
غَادَرَہٗ مُغَادَرَۃً و غِدَارًا: چھوڑنا،
باقی رکھنا، بچانا۔
ـــ الْمَکَانَ اِلٰی مَکَانٍ: کسی جگہ سے
کسی جگہ کے لئے روانہ ہونا۔
اِغْتَدَرَ: بالوں کا جوڑا بنانا، چوٹی بنانا۔
تَغَدَّرَ: پیچھے رہ جانا (۲) لوگوں سے پتھریلی
جگہ میں ملنا۔
اِسْتَغْدَرَ الْمَکَانُ: کسی جگہ بہت سے تالاب
ہونا، جوہڑ ہونا۔

الغَادِرُ: دھوکہ باز، بے وفا ج: غَدَرَۃ
الغَادِرَۃُ: بقیہ۔ بہ غَادِرَۃٌ مِن
مَرَضٍ: اس کی کچھ بیماری باقی ہے
غَدَارِ: مبنی علی الکسر، ندا کے ساتھ
خاص ہے عورت کے لئے بولا جاتا
ہے یا غَدَارِ: اے بے وفا،
فریبی۔
الغُدَارَۃُ: کسی شے کا بقیہ۔
الغَدَّارُ: بے ایمان، بڑا دھوکا باز،
بڑا بے وفا، غدّار۔
الغَدَّارَۃُ: توڑے دار بندوق، چھوٹی
رائفل۔
الغَدَرُ: پتھریلی اور درزوں دار جگہ
جس کا پار کرنا جانوروں کے لئے
دشوار ہو (۲) نہر کا کیچڑ جو پانی ختم
ہونے کے بعد رہ جاتا ہے ج:
اَغْدَارٌ۔
رَجُلٌ ثَبْتُ الغَدَرِ: لڑائی
میں ثابت قدم رہنے والا۔ مَا
اَثْبَتَ غَدَرَہٗ: وہ کتنی بے خطا
زبان والا ہے!! فَرَسٌ ثَبْتُ
الغَدَرِ: ثابت قدم گھوڑا جو پھسلواں
جگہ قائم رہے۔
الغَدْرُ: دھوکا، بے وفائی، خیانت،
عہد شکنی، بے ایمانی۔
الغُدُرَۃُ: الغُدَارَۃُ ج: غُدَرٌ۔
الغُدْرَۃُ: الغُدَارَۃُ۔
الغُدَرَۃُ: بہت بے وفا، دھوکہ باز۔
الغَدَرَۃُ: غَدَرٌ کا واحد (۲) شے کا
بقیہ۔ علی بنی فُلَانٍ غَدَرَۃٌ
من صَدَقَۃٍ: فلاں قبیلہ پر صدقہ
کا کچھ حصہ باقی (واجب الادا) ہے۔
الغَدِیرُ: کچا تالاب، جوہڑ (وہ پانی جو
سیلاب کے بعد کسی جگہ اکٹھا ہو جاتا
ہے) (۲) چھوٹی نہر ج: غُدُرٌ و

غُدْرٌ و غُدْرَانٌ۔
الغَدِیرَۃُ: گھاس اور پودوں والا قطعہ
زمین ج: غُدْرَان (۲) بالوں کا جوڑا
یا چٹیا ج: غَدَائِرُ۔
• غَدَفَ لہ فی العَطَاءِ ـِ غَدْفًا:
فیاضی سے دینا، خوب دینا۔
اَغْدَفَ اللَّیْلُ: تاریکی پھیلنا۔
ـــ البَحْرُ: سمندر کا تلاطم خیز ہونا۔
ـــ الخَاتِنُ: ختنہ کرنے والے کا ختنوں کی
پوری کھال کاٹ دینا۔
ـــ المَرْأَۃُ قِنَاعَھَا: چہرے پر نقاب
لٹکانا۔
ـــ الصَّیَّادُ الشَّبَکَۃَ علی الصَّیْدِ:
شکار پر جال ڈالنا۔
غَادَفَ القَوْمُ مُغَادَفَۃً و غِدَافًا:
فراخی کی زندگی بسر کرنا، آسودہ حال
ہونا۔
اِغْتَدَفَ منہ: کسی سے بہت لینا۔
ـــ الثَّوْبَ: کپڑا کاٹنا۔
اِغْدَوْدَفَ اللَّیْلُ: رات کا آکر تاریکی پھیلا دینا۔
الغَادُوفُ: چپو۔
الغُدَافُ: پہاڑی کوا جس کے بازو سیاہ
اور بڑے ہوتے ہیں (۲) لمبے گھنے کالے
بال ج: غِدْفَانٌ۔
الغُدَافِیُّ: سیاہ (غداف کی طرف منسوب)
لَیْلَۃٌ غُدَافِیَّۃُ الاِھَابِ: تاریک
رات۔
الغَدَفُ: خوش حالی، نعمت، آسودگی۔
ھم فی غَدَفٍ مِنَ العَیْشِ:
وہ بہت آسودہ حال ہیں، مزے کی
زندگی گزار رہے ہیں۔
الغُدْفَۃُ: (غُطْفَۃٌ) عرب دیہاتی
عورتوں کا نقاب۔
الغِدْفَۃُ: لوبیے وغیرہ کا غلاف۔
الغُدْفَۃُ: الغِدْفَۃُ۔

المِغدَقُ: چپو۔
• غَدَقَتِ الْأَرْضُ ـِ غَدَقًا: زمین کا بہت پانی سے تر ہونا۔
غَدِقَتِ الْأَرْضُ ـَ غَدَقًا: زمین میں بہت پانی ہونا۔
ــــ المَطَرُ: خوب بارش ہونا۔
ــــ العَيْنُ: چشمہ میں خوب پانی ہونا۔
ــــ الْأَرْضُ: زرخیز ہونا۔
ــــ العَيْشُ: زندگی کا فراخ ہونا، اسباب زندگی کی فراوانی ہونا۔ هو غَدِقٌ۔
عُشْبٌ غَدِقٌ: خوب تر گھاس۔
أَغْدَقَ المَطَرُ: زوردار بارش ہونا۔
ــــ العَيْنُ: چشمہ سے پانی ابل پڑنا۔
ــــ الأَرْضُ: زرخیز ہونا، شاداب ہونا۔
ــــ المالُ علی شيءٍ: کسی چیز میں مال کی بہتات ہونا۔
المُغْدِقُ: کثیر، بے دریغ۔
اغْدَوْدَقَ: أَغْدَقَ۔ اغدودق المَطَرُ واغْدَوْدَقَتِ العَيْنُ۔
غَيْدَقَ: اغْدَوْدَقَ۔
ــــ الرَّجُلُ: بہت رال (لعاب) والا ہونا
الغَدَقُ: بے انتہا وبکثرت پانی۔ قرآن پاک میں ہے: "لَأَسْقَيْنَاهُم مَّاءً غَدَقًا" (۲) تر گھاس۔
الغَيْدَاقُ: نرم ونازک لڑکا (۲) فیاض وسخی آدمی (۳) لمبا اور تیز دوڑنے والا گھوڑا (۴) کشادہ اور فراخ زندگی۔
الغَيْدَقُ: من الغِلمانِ والعَيش: الغَيْدَاقُ۔
• غَدِنَ ـَ غَدَنًا: ڈھیلا ہونا، نرم ہونا
تَغَدَّنَ الغُصْنُ: لچک دار ہونا (۲) جھومنا جھکنا۔
اغْدَوْدَنَ الشيءُ: لمبا اور گھنا ہونا۔
ــــ الشَّجَرُ: نرم ونازک اور لچکنے والا ہونا۔
ــــ النَّبْتُ: سیرابی کی کثرت سے سیاہی مائل اور ہرا بھرا ہونا۔ هو مُغْدَوْدِنٌ۔
الغُدَانِيُّ: نازک جوان، ابھرتا جوان
الغَدَنُ: نیند، اونگھ۔
الغُدْنَةُ: جبڑے کے نیچے کا موٹا گوشت
الغَدَوْدَنُ: نازک جوان، ابھرتا جوان
المُغْدَوْدِنُ: الغَدَوْدَنُ (۲) سیاہ ونرم بال۔
الغَدَنُ: ڈھیلاپن، نرمی۔
• غَدَا ـُ غُدُوًّا: صبح کو جانا (۲) چلا جانا، روانہ ہونا۔ أُغْدُ عَنِّي: میرے پاس سے چلا جا۔
ــــ عَلَيْهِ غَدْوًا و غُدُوًّا وغُدْوَةً کسی کے پاس سویرے آنا۔
ــــ الی کذا: صبح کے وقت کسی جگہ آنا
ــــ يَفْعَلُ کذا: کرنے لگا۔
ــــ بمعنی صَارَ: ہونا۔ صَارَ الشيءُ کذا: چیز ایسی ہوگئی۔
غَدِيَ ـَ غَدًا و غَدَاءً: ناشتہ کرنا (۲) دوپہر کا کھانا کھانا۔ هو غَدْيَانٌ و غَدْيَانُ وهي غَدْيَانَةٌ و غَدْيَا۔
غَادَاهُ: کسی کے پاس صبح سویرے آنا۔
غَادَيْتُه مع صِيَاحِ الدِّيْكِ۔
غَدَّاهُ: صبح یا دوپہر کا کھانا کھلانا۔
اغتَدَى عَلَيْهِ: غَادَاهُ۔
تَغَدَّى: ناشتہ کرنا، دوپہر کا کھانا کھانا کہتے ہیں: أُدْنُ فَتَغَدَّ: قریب آؤ اور دوپہر کا کھانا کھاؤ۔ جواب میں کہا جاتا ہے: ما بي تَغَدٍّ ولا تَعَشٍّ: مجھے نہ دوپہر کے کھانے کی خواہش نہ شام کے کھانے کی۔
الغَادِي: صبح کو آنے یا جانے والا۔
الغَادِيَةُ: صبح کو نمودار ہو کر برسنے والا بادل (۲) صبح کی بارش ج: غَوَادٍ۔
الغَدُ: کل (آئندہ) (۲) مستقبل (دو دن جو دور ہو لیکن اس کی آمد متوقع ہو)۔
الغَدُ الأَفْضَلُ: شاندار مستقبل۔
الغَدَاءُ: ناشتہ۔ قرآن پاک میں ہے: "آتِنَا غَدَاءَنَا" (۲) دوپہر کا کھانا لنچ ج: أَغْدِيَةٌ۔
الغَدَاةُ: صبح، طلوع فجر اور طلوع آفتاب کے درمیان کا وقت ج: غَدَوَات۔
الغُدْوَةُ: الغَدَاةُ ج: غُدًا وغُدُوٌّ
الغُدُوُّ والرَّوَاحُ: آمد و رفت۔
المَغْدَى: صبح کو آنے کی جگہ۔ ما ترك من أبيه مَغْدًى ولا مَرَاحًا: اس نے اپنے باپ کی کوئی شباہت نہیں چھوڑی۔
المَغْدَاةُ: المَغْدَى۔

غ ــــ ذ

• غَذَّ الجُرْحُ ـِ غَذًّا: زخم سے پیپ وغیرہ نکل کر بہنا، زخم بہنا۔
ــــ العِرْقُ: رگ سے خون بہہ کر نہ رکنا۔
ــــ الشيءَ ـُ غَذًّا: کم کرنا۔ هو غَاذٌّ۔
أَغَذَّ الجُرْحُ والعِرْقُ: غَذَّ۔
ــــ السَّيْرَ: تیز چلنا۔
الغَاذُّ: آنکھ کی بلا انقطاع بہنے والی ایک رگ۔
الغَاذَّةُ: بچے کے سر میں متحرک باریک جھلی جو بعد میں سخت ہو جاتی ہے (یافوخ کہلاتی ہے)۔
الغَذِيْذَةُ: زخم کی پیپ و گندھو۔
• اغْتَذَرَ: غذیرہ تیار کرنا۔
الغَذِيْرَةُ: آٹے پر دودھ ڈال کر گرم پتھر پہ بنایا جانے والا ایک کھانا۔
• غَذْرَمَ الكَلَامُ: گڑبڑ ہونا، گڈمڈ اور غیر مرتب ہونا۔
ــــ الشيءَ: اندازے سے بیچنا۔
تَغَذْرَمَ الرجلُ يَمِينًا: بلا جھجک

قسم کھانا۔
تَغَذْرَمَ الشیءَ: کھانا۔
الغُذَارِمُ: آب کثیر یا اندازے سے ناپنے کے لئے صفت۔
المُغْذَرِمُ: اچھی ہری بھری گھاس۔
•غَذَمَهُ ـَ غَذْمًا: حریص ہو کر کھانا جلدی جلدی بےصبری سے کھانا۔
—الفَصِیْلُ ما فی ضَرْعِ اُمِّه: بچہ کا پورا دودھ پی لینا۔
اَغْذَمَ الفَصِیْلُ ما فی ضَرْعِ اُمِّه: غَذَمَه۔
اغْتَذَمَ الفَصِیْلُ: غَذَمَ۔
—فلانٌ الشیءَ: بےصبری سے لینا۔
تَغَذَّمَ الشیءَ: اغْتَذَمَهُ۔ کہتے ہیں: هو یَتَغَذَّمُ کلَّ شیءٍ: وہ ہر چیز صفاچٹ کر جاتا ہے۔
الغُذَامَةُ: دودھ کی بڑی مقدار۔
الغُذَمُ: پیٹو، ہر چیز کھا جانے والا۔
الغُذَمَةُ: الغُذَامَةُ (۲) مویشیوں کی ایک ٹکڑی (۳) بھوراپن ج: غُذَمٌ کہتے ہیں: اَصابُوا من مَعْروفِه غُذَمًا: اس کا فضل واحسان انہیں بار بار حاصل ہوا۔
الغُذَمَةُ: بِئْرٌ غُذَمَةٌ: بہت پانی والا کنواں۔
الغَذَمَةُ: الغُذَامَةُ: مویشیوں کا ایک گلہ ج: غَذَمٌ۔
•غَذْمَرَ: غصہ سے چیخنا (۲) کسی معاملہ میں بلا تحقیق ٹانگ اڑانا (۳) اپنی قوم کے بارہ میں ایسا فیصلہ کرنا جو نہ رد کیا جائے اور نہ ہی اس سے سرتابی کیا جائے
—الشیءَ: خلط ملط کرنا (۲) اندازے سے فروخت کرنا۔
تَغَذْمَرَ: غصہ سے کچھ کا کچھ بولنا اور چیخنا چلانا۔

الغُذَامِرُ: بہت پانی۔
الغَذْمَرَةُ: چیخ و پکار، ڈانٹ ڈپٹ
•غَذَا الماءُ و العِرْقُ ـُ غَذْوًا: پانی یا پسینہ بہنا۔
—العِرْقُ: رگ سے خون بہنا۔
—الجُرْحُ: زخم کا رسنا، بہتے رہنا۔
—الجَمَلُ بَوْلَهُ و ببولِه: تھوڑا تھوڑا پیشاب کرنا۔
—الرَّجُلُ و الحیوانُ غَذْوًا و غَذَوَانًا: دوڑنا، تیز چلنا۔
—الطَّعامُ المولُودَ غِذاءً: کھانے کا بچے کے جسم کو لگنا، سوٹ کرنا۔
—الصَّبِیَّ باللَّبَنِ: دودھ سے بچے کو پالنا، دودھ کی غذا دینا۔
—فلانًا الطَّعامَ: کھانا کھلانا۔ هو غاذٍ ج: غُذَاةٌ۔ هی غاذِیَةٌ ج: غَوَاذٍ۔
غَذَّی العِرْقُ: رگ سے خون بہنا۔
—الجَمَلُ ببولِه: تھوڑا تھوڑا پیشاب کرنا۔
—المولُودَ: پرورش کرنا، غذا دینا۔
—العَقْلَ: عقل کو بڑھانا۔
—الانسانَ و الحیوانَ: خوراک بہم پہنچانا، وہ چیز کھلانا جس سے پرورش ہو، غذا دینا۔
اسْتَغْذَاهُ: سختی سے پچھاڑنا۔
اغْتَذَی: غذا لینا۔
تَغَذَّی بشیءٍ: خوراک بنانا، پرورش پانا، غذا بنانا۔
التَّغْذِیَةُ: غذارسانی، پرورش۔
الغاذِیُّ: غاذِی مالٍ: مدبر بالغنی اس کو صحیح خرچ کرنے والا یا صحیح تصرف کرنے والا (۲) غذا دینے والا
الغاذِیَةُ: دیکھئے (غذذ)
الغِذاءُ: غذا، کھانا خوراک۔ وہ اشیاء خورد و نوش جن پر جسم کے نشو و نما کا دار و مدار ہو ج: اَغْذِیَة۔ الاَغْذِیَةُ اشیا خوردنی۔
غِذاءُ الحِمْیَةِ: پرہیزی کھانا۔
الغَذِیُّ: وہ بچہ جو ماں کے علاوہ دوسرے دودھ سے پرورش پائے۔
الغَذَوانُ: تیز گھوڑا (۲) بدزبان۔
المُغَذِّی: خوراک بہم پہنچانے والا، حیاتبخش طاقت بخش۔

غ ـــ ر

•غَرَبَت الشَّمسُ ـُ غُرُوبًا: سورج کا ڈوب جانا، چھپ جانا (مغرب میں)
—فلانٌ: غائب ہونا، دور ہونا۔
—القومُ: لوگوں کا چلے جانا۔
—عنه: دور ہو جانا، الگ ہونا۔ اُغْرُبْ عنّی: میرے پاس سے دور ہو جا۔
—فلانٌ غَرْبًا و غُرْبَةً: وطن سے دور ہونا۔
غَرِبَ الشیءُ ـَ غَرَبًا: سیاہ ہو جانا۔
—العَیْنُ: آنکھ کے گوشوں کا ورم آلود ہونا۔
—الشَّاةُ و الفَرَسُ: بال گرنے کی بیماری میں مبتلا ہونا (داءُ الغَرَب)
غَرُبَ عن وَطَنِه ـُ غَرَابَةً و غُرْبَةً: بےوطن ہونا، پردیسی ہونا۔
—الکلامُ غَرابَةً: نامانوس ہونا۔ خفی المراد ہونا، ناقابل فہم ہونا۔ هو غَرِیْبٌ ج: غُرَباءُ۔ هی غَرِیْبَةٌ ج: غَرَائِبُ۔
اَغْرَبَ: مغرب میں آنا (۲) پردیسی ہونا (۳) روانہ ہونا، سفر میں جانا (۴) انوکھا اور عجیب کام کرنا۔
—فی کلامِه: ناقابل فہم بات کرنا، نامانوس بات کرنا، انوکھا پن پیدا کرنا۔

اَغْرَبَ فِی الْاَرْضِ: دور دراز چلا جانا۔
رَمٰی فَاَغْرَبَ: اس نے تیر چلایا اور دور پھینکا
ـــ فِی الضَّحْكِ: بہت ہنسنا۔
ـــ الرَّجُلُ الْاَسْمَرُ: سانولے رنگ والے کو گورے رنگ کا بچہ پیدا ہونا
ـــ فُلَانٌ: مال دار اور خوش حال ہونا۔ یوں بھی کہتے ہیں: اَغْرَبَ المالُ: مال زیادہ ہوگیا۔ اَغْرَبَت الحالُ: حال اچھا ہوگیا۔
ـــ الشیئَ: ہٹانا، دور کرنا۔
ـــ الحَوضَ: بھرنا۔
ـــ الفَرَسَ: دوڑانا یہاں تک کہ مر جائے
اَغْرَبَ المریضُ: بیمار کا بہت تکلیف میں ہونا
غَرَّبَ فِی الْاَرْضِ: سفر کرتے ہوئے دور تک چلا جانا۔
ـــ القَوْمُ: مغرب کی طرف جانا۔
ـــ المرأۃُ السَّمْرَاءُ: سانولے رنگ کی عورت کا گورے بچے جننا۔
ـــ الوَحْشُ فِی مَغَارِبِھَا: جنگلی جانوروں کا اپنی پناہ گاہوں میں چھپ جانا۔
ـــ فُلَانًا: دور کرنا، وطن سے نکالنا، جلا وطن کرنا، شہر بدر کرنا۔
ـــ الدَّھْرُ فُلَانًا و علَیہ: زمانہ کا کسی کو دور چھوڑ دینا۔
اِغْتَرَبَ: تارک ـــ وطن ہونا (۲) حقوق شہریت سے محروم ہونا (۳) تیز اور پھرتیلا ہونا (۴) غیر رشتہ داروں میں شادی کرنا۔ حدیث میں ـــ ہے:
"اغْتَرِبُوا لَا تُضْوُوا"
تَغَرَّبَ: وطن سے نکلنا، پردیسی بننا۔
اِسْتَغْرَبَ فِی الضَّحْكِ: حد سے زیادہ ہنسنا۔
ـــ علَیہ الضَّحْكُ: کسی پر ہنسی کا غلبہ ہونا اور بہت ہنسنا۔
اِسْتَغْرَبَ الدَّمْعُ: آنسو بہنا۔
ـــ الشیئَ: عجیب اور نامانوس پانا یا سمجھنا، کسی شے پر تعجب کرنا، تعجب کی نگاہ سے دیکھنا۔
الاِسْتِغْرَابُ: حیرت، نامانوسیت۔
الاِغْتِرَابُ: وطن سے دوری، بے وطنی۔
بَدَلُ الاغتراب: دوری وطن کا الاؤنس۔
الغارِبُ: کندھا (۲) اونٹ کے کوہان اور گردن کے درمیان کا حصہ (۳) ہر چیز کا بلند حصہ ج: غَوَارِبُ۔ غَوَارِبُ الماءِ: پانی کی بلند موجیں۔ حَبْلُكَ عَلٰی غَارِبِكَ: تو آزاد ہے جہاں چاہے جا۔ یہ جملہ طلاق کے لئے بھی کنایہ ہے۔
الغارِبَانِ: کوہان کا اگلا اور پچھلا حصہ۔
الغُرَابُ: کوا۔ اس کی بہت سی انواع ہیں جیسے: اَسْوَد، اَبْقَع، الزَّاغُ، الغُدَافُ، الاَعْصَمُ۔ ہر ایک کو اس کے حرف میں دیکھا جائے۔ عرب لوگ کوے سے بری فال لیتے تھے اگر وہ سفر پر روانگی سے قبل بول پڑتا تھا۔ اسے غُرَابُ البین کہتے تھے یعنی جدائی کی فال لیتے تھے۔ کوے کے بعض اوصاف سے تشبیہ دی جاتی ہے جیسے سیاہی، سویرے جاگنا، احتیاط، دوری چنانچہ کہا جاتا ہے: بَكِّرْ بُكُورَ الغُرَابِ۔ فُلَانٌ اَحْذَرُ من الغُرَابِ۔ دُوْنَ هذا شَيْبُ الغراب: (یہ کوے سے بھی زیادہ کالا ہے)۔ طَارَ غُرَابُهُ: وہ بوڑھا ہوگیا اَرْضٌ لَا يَطِيْرُ غُرَابُهَا: زرخیز زمین، شاداب زمین ج: غِرْبَانٌ و اَغْرُبٌ و اَغْرِبَةٌ۔
ـــ من كل شيئ: ہر شے کا اول حصہ، نوک (۲) دھار جیسے: غُرَابُ الفَاْسِ و غُرَابُ السَّيْفِ وغیرہ۔
غُرَابُ البَيْنِ: برے شگون والا کوا۔
الغَرَابَةُ: ندرت، اجنبیت، ابہام، تعجب۔
الغَرْبُ: سورج غروب ہونے کی سمت (۲) مغربی سمت میں واقع ممالک (یورپ امریکا) اس کے مقابل ہیں: بِلَادُ الشَّرْقِ (۳) ہر شے کا ابتدائی حصہ، نوک، دھار۔ جیسے: غَرْبُ الفَاْسِ والسِّكِّين ونحو ذلك۔ (۴) معاملات میں مستعدی اور بڑھا ہوا انہماک (۵) تیزی جیسے: فی لِسانِهِ غَرْبٌ۔ واَخَافُ علَیہ غَرْبَ الشَّبَابِ: مجھے اس کی پرزور جوانی کا ڈر ہے۔ سَيْفٌ غَرْبٌ: تیز دھار تلوار فَرَسٌ غَرْبٌ: تیز رو گھوڑا (۶) بیل کی کھال سے بنا یا ہوا بڑا ڈول (چرس) (۷) آنسو (۸) آنسو بہنے کی جگہ (۹) گوشۂ چشم اگلا اور پچھلا (۱۰) رال (لعاب) کی کثرت (۱۱) کا اجالا (۱۲) آنسو بہانے والی رگ (۱۳) آنکھ کے اندرونی یا بیرونی گوشہ کا ورم (۱۴) آنکھ کی پھنسی (۱۵) دوری ج: غُرُوبٌ۔ کہتے ہیں: اَصَابَهُ سَهْمُ غَرْبٍ و سَهْمٌ غَرْبٌ: اسے ایسا تیر لگا جس کے مارنے والے کا پتہ نہیں۔
غَرْبًا: جانب مغرب میں۔
غَرْبًا و شَرْقًا: مشرق و مغرب میں۔
الغَرَبُ: سونا (۲) چاندی (۳) بڑا پیالہ (۴) شراب (۵) حوض اور کنویں کے درمیان ڈول سے گرنے والا پانی جس کی بوجلد بدل جاتی ہے (۶) ایک درخت جس کی لکڑی کے تیر بنائے جاتے ہیں۔ شام اور مصر میں دو الگ الگ قسم کے درختوں کا نام ہے (۷) بکری کو لگنے والی بیماری

جس میں آنکھوں کے بال گرنے لگتے ہیں۔
بِعَيْنِهِ غَرْبٌ: اس کی آنکھ سے آنسو مسلسل بہتے رہتے ہیں۔
الغَرْبَةُ: دوری، جدائی (۲) تیزی۔
الغُرْبَةُ: دوری، بے وطنی، پردیس، جلاوطنی، حالت سفر (۲) خالص سفیدی۔
الغَرْبِيُّ: مغربی، مغربی ممالک کا رہنے والا یا مغربی ممالک سے متعلق، مغربی طرز کا، یورپین۔ مقابل الشَّرقيّ۔ البلادُ الغَرْبِيَّةُ: مغربی ممالک (۲) وہ درخت جسے آفتاب کی حرارت بوقتِ غروب پہنچے۔
الغَرِيْبُ: اجنبی، غیرملکی، پردیسی (۲) نامانوس (۳) عجیب، انوکھا۔ الكلمة الغريبة: مشکل یا نامانوس لفظ ج: غُرَبَاءُ۔
الغَرِيْبَةُ: عجیب بات یا واقعہ (۲) ہتھکڑی۔ ج: غَرَائِب۔
المُتَغَرِّبُ: پردیسی، مسافر۔
المُسْتَغْرَبُ: غیرمانوس، اجنبی۔
المَغْرِبُ: سورج چھپنے کی جگہ (۲) سورج چھپنے کا وقت (۳) سورج چھپنے کی جہت۔
بلادُ المَغْرِب: شمالی افریقہ کے ممالک وہ ممالک جو افریقہ کے شمال اور مصر کے مغرب میں واقع ہیں: لیبیا، ٹیونس، الجزائر، مراکش۔ مَمْلَكَةُ المَغْرِب: الجزائر کے جانب مغرب بلاد المغرب کے آخری حصہ میں واقع حصۂ زمین جسے شمال میں بحر متوسط اور مغرب میں بحر اٹلانٹک گھیرے ہوئے ہے، مراکش۔
المَغْرِبان: مشرق و مغرب۔
المَغْرِبِيُّ: مراکشی یا شمالی افریقہ کے ممالک کا رہنے والا۔ ج: مَغَارِبَة۔
المُغْرِبُ: ہر وہ چیز جو اڑ بیٹھا ہے۔ عَنْقَاءُ مُغْرِبٌ و مُغْرِبَةٌ و عَنْقَاءُ

مُغْرِبٍ: ایک بڑا پرندہ جو بہت لمبی اڑان بھرتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ محض موہوم اور فرضی ہے۔
المُغَرِّبُ: شَأْوٌ مُغَرِّبٌ: دور دراز کی منزل۔ کہتے ہیں: هَلْ مِنْ مُغَرِّبَةِ خَبَرٍ؟: کیا تم کو دور دراز کی کوئی خبر ملی ہے؟
الغِرْبِيْبُ: انگور کی عمدہ قسم (۲) خضاب سے بالوں کو سیاہ کرنے والا بوڑھا (۳) بہت کالا۔ أَسْوَدُ غِرْبِيْبٌ (بطور تاکید) بہت ہی کالا ج: غَرَابِيْبُ قرآن پاک میں ہے "وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌ بِيضٌ وَحُمْرٌ مُخْتَلِفٌ أَلْوَانُهَا وَغَرَابِيبُ سُودٌ"۔
•غَرْبَلَ فِي الأَرْضِ: گھومنا۔
— الحَبَّ ونَحْوَهُ: چھاننا۔
— القَوْمَ: قتل کرنا، کچل دینا۔
— البَلَدَ والنَّاسَ: چھان بین کرنا کہاوت ہے: مَنْ غَرْبَلَ النَّاسَ نَخَلُوهُ: جو لوگوں کی چھان بین کرتا ہے لوگ اس کی چھان بین کرتے ہیں۔
الغِرْبَالُ: چھلنی (۲) دف (۳) جھلّی دار پیٹ کا کچا ج: غَرَابِيلُ۔
العَظْمُ الغِرْبَالِيُّ: ناک اور دماغ کے درمیان کھوپڑی کی تہ میں پائی جانے والی ہڈی۔
المُغَرْبَلُ: چھنا ہوا، صاف (۲) چیدہ آدمی (۳) مقتول (۴) پھولا ہوا۔
المُغَرْبِلُ: چھاننے کا پیشہ کرنے والا، غلّے صاف کرنے والا۔
•غَرِثَ ـَ غَرَثًا: بھوکا ہونا۔ هو غَرْثَانُ۔ کہاوت ہے: غَرْثَانُ فَارْبُكُوا لَهُ۔ دیکھئے (ربک) ج: غَرْثَى و غَرَاثَى و غِرَاثٌ و هي غَرْثَى ج: غِرَاثٌ۔

امْرَأَةٌ غَرْثَى الوِشَاحِ: نازک کمر اور پتلے پیٹ والی عورت۔
غَرَّثَهُ: بھوکا رکھنا۔
الغَرِثُ و الغَارِثُ: بھوکا۔
•غَرَدَ الطَّائِرُ و الإنسانُ ـُ غَرْدًا: گانا گانا، نغمہ سرائی کرنا، پرندے کا چہچہانا۔ هو غَرِدٌ و غِرِّيْدٌ۔
أَغْرَدَ الطَّائِرُ و الإنسانُ: غَرِدَ۔
— الطَّائِرُ الإنسانَ: پرندے کا گانے سے مست بنانا، جھا دینا۔ کہتے ہیں: سَمِعْتُ قُمْرِيًّا فَأَغْرَدَنِي: میں نے قمری کا گانا سنا تو اس نے مجھے جھا دیا
غَرَّدَ الطَّائِرُ و الإنسانُ: غَرِدَ۔
اسْتَغْرَدَهُ: کسی سے گانا سننا، گوانا۔
الأُغْرُودَةُ: گانا ج: أَغَارِيْدُ۔ طائِرٌ أو مُغَنٍّ مُسْتَمْلَحُ الأَغَارِيْدِ: دل آویز گویا یا گانے والا پرندہ۔
الغَرَادُ: سانپ کی چھتری کی جنس تعلق رکھنے والی ایک قسم کی نبات ج: غِرَادٌ۔
الغَرْدُ: الغَرَادُ (۲) سرکنڈوں کی جھونپڑی، چھپر ج: غِرَادٌ۔
المُغَرِّدُ: گویا، مغنی۔
•غَرَّ الرَّجُلُ ـِ غَرَارَةً و غِرَّةً: بھولا اور سیدھا سادہ ہونا، سادہ لوح ہونا، ناتجربہ کار اور معاملات سے ناواقف ہونا۔ هو غِرٌّ۔
— المَاءُ: پانی خشک ہو جانا۔
— فُلانًا ـُ غَرًّا و غُرُورًا: دھوکہ دینا، بہکانا، باطل چیز کا لالچ دینا، بے جا امید دلانا۔ جیسے: غَرَّهُ الشَّيْطَانُ ونَحْوُهُ و غَرَّتْهُ الدُّنْيَا۔ هي غَرُورٌ و هو مَغْرُورٌ و غَرِيْرٌ۔ کہتے ہیں: مَا غَرَّكَ بِكَذَا؟ تجھے فلاں چیز پر ڈھٹائی کے لئے کس چیز نے آمادہ کیا۔ قرآن پاک میں ہے "يَا أَيُّهَا الإِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الكَرِيمِ"

غَرَّ فُلَانًا: کسی کی غفلت یا سادگی سے فائدہ اٹھاکر مطلب نکالنا۔
—الطَّائِرُ فَرْخَهُ غَرًّا وغِرَارًا: پرندہ کا اپنے بچہ کو چوگا دینا۔
غَرَّ ـَ غَرَرًا وغَرَارَةً: روشن چہرے یا روشن پیشانی والا ہونا (۲) گھوڑے کا سفید پیشانی والا ہونا۔ کہتے ہیں: غَرَّ الوَجْهُ وغَرَّ الفَرَسُ۔
—الرَّجُلُ: معزز اور با اثر ہونا (۲) بلند کردار ہونا۔ هو أَغَرُّ وهي غَرَّاءُ ج: غُرٌّ (۳) سیدھا سادہ ہونا، بھولا بھالا ہونا، زیرک نہ ہونا۔ هو غِرٌّ۔
غَارَّتِ السُّوقُ: بازار مندا ہونا۔
—النَّاقَةُ: اونٹنی کا دودھ کم ہونا۔ هي مُغَارٌّ ج: مَغَارٌّ۔
—التَّحِيَّةَ: سلام میں کمی کرنا۔
—الطَّائِرُ أُنْثَاهُ: پرندے کا اپنی مادہ کو دانہ کھلانا، چوگا دینا۔
غَرَّرَ بِه تَغْرِيرًا وتَغِرَّةً: ہلاکت میں ڈالنا، خطرے کا نشانہ بنانا۔ غَرَّرَ بِنَفْسِه ومَالِه: خود کو اور اپنے مال کو تباہی کے راستہ پہ ڈال دیا۔
—الغُلَامُ: بچے کا پہلا دانت نکلنا۔
غَرَّرَتْ ثَنِيَّتَا الغُلَامِ: بچہ کے دو اگلے دانت نکل آئے۔
—الطَّيْرُ: بازو اٹھاکر اڑنے کیلئے تیار ہونا
—القِرْبَةَ: مشکیزہ کو بھرنا۔
اغْتَرَّ فُلَانٌ: غافل ہونا، بےخبر رہنا۔
—بِكَذا: کسی چیز سے دھوکہ کھانا۔
—فُلَانًا: کسی کی غفلت چاہنا۔
—الأَمْرُ فُلَانًا: کسی کو بےخبری میں بات پیش آنا۔
تَغَرَّرَ الفَرَسُ: پیشانی پر سفید نشان والا ہونا۔ کہتے ہیں: تَغَرَّرَ الفَرَسُ وتَحَجَّلَ: گھوڑے کی پیشانی اور ٹانگوں پر سفیدی ہے۔
اسْتَغَرَّ: اغْتَرَّ۔
—فُلَانًا: بےخبری میں آنا (۲) غافل اور بےخبر پانا (۳) بھولا سمجھنا۔
الأَغَرُّ: روشن رو، خوبصورت، سفید و تابناک۔ يَوْمٌ أَغَرُّ ولَيْلَةٌ غَرَّاءُ ج: غُرٌّ۔
الاغْتِرَارُ: فریب خوردگی۔
الغَارُّ: غافل (۲) کنواں کھودنے والا۔
الغِرَارُ: تلوار وغیرہ کی دھار (۲) نمونہ، طرز۔ ضَرَبَ نِصَالَه على غِرَارٍ وَاحِدٍ: اس نے ایک ہی نمونہ پر نیزوں کے پھل بنائے ضَرَبَ على غِرَارِه: وہ اس کے طریقہ پر چلا (۳) تھوڑی نیند وغیرہ ما ذُقْتُ النَّوْمَ الا غِرَارًا: میں بہت تھوڑا سویا۔ ما لَبِثْتُ عِنْدَه الا غِرَارًا: میں اس کے پاس بہت کم ٹھیرا۔ جَاءَنَا على غِرَارٍ: وہ ہمارے پاس عجلت میں آیا۔ لَبِثَ اليومُ غِرَارَ شَهْرٍ: دن مہینہ کی طرح لمبا ہوگیا (۴) نماز کے ارکان کا نقص ج: أَغِرَّةٌ۔
الغَرَارَةُ: غفلت (۲) نوعمری، نوخیزی۔ کہتے ہیں: كان ذلك على غَرَارَتي وہ بات میری کم سنی کی تھی۔
الغِرَارَةُ: پٹ سن وغیرہ کی بوری، بڑا تھیلا ج: غَرَائِرُ۔
الغَرُّ: تلوار کی دھار (۲) زمین کی دراڑ، شگاف (۳) کپڑے یا چمڑے کی تہ کا نشان، سلوٹ۔ طَوَى الثَّوبَ على غَرِّه: کپڑے کو اس کی تہ کے نشان پر لپیٹا، طے کیا۔ طَوَيْتُ فُلَانًا على غَرِّه: میں نے اسے بلا انکشاف اپنے حال پر چھوڑ دیا (۴) چوگا جو پرندہ اپنی چونچ سے چوزے کو دیتا ہے ج: غُرُورٌ۔
الغِرُّ: سادہ لوح، جلد دھوکہ میں آجانے والا، بھولا بھالا، سیدھا سادہ (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے) مؤنث کیلئے غِرَّةٌ بھی آتا ہے ج: أَغْرَارٌ و غِرَارٌ۔
الغُرُّ: سیاہ جسم اور سفید سر کا لمبی ٹانگوں والا ایک آبی پرندہ، جو اکثر نالابوں اور جوہڑوں پر بیٹھتا ہے (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے) واحد: غَرَّاء۔
الغَرَرُ: خطرہ (۲) ہلاکت زدگی۔
بَيْعُ الغَرَرِ: ان چیزوں کی فروخت کا نام جن کا پورا علم بائع اور خریدار کو نہ ہوا ورنہ مبیع کے حصول کا مکمل یقین ہو جیسے پانی میں موجود مچھلیوں کی بیع یا ہوا میں اڑنے والے پرندوں کی بیع۔
حَبْلٌ غَرَرٌ: غیر مضبوط رسّی۔
الغُرَّةُ: ہر چیز کا پہلا اور عمدہ حصہ (۲) گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی (۳) ہر شے کی روشنی، چمک، سفیدی ج: غُرَرٌ۔
غُرَّةُ الشَّهْرِ: مہینہ کا پہلا دن۔
—من الهِلَالِ: ابتدائی چاند کی جھلک
—من الأَسْنَانِ: دانتوں کی چمک۔
—من الرَّجُلِ: آدمی کا چہرہ۔
—من القَومِ: معزز و سربرآوردہ۔
—من المتاع: اعلیٰ اور منتخب سامان۔
الغُرَرُ: قمری مہینہ کی پہلی تین راتیں۔
الغِرَّةُ: غفلت (بحالت بیداری)، بےخبری بھولاپن، سیدھاپن، ناتجربہ کاری، سادہ لوحی ج: غِرَرٌ۔
الغَرُورُ: دھوکہ کا ذریعہ، دنیا اور اس کی زوال پذیر دولت، شیطان۔ قرآن پاک میں ہے: "وَغَرَّكُمْ بِاللهِ الغَرُورُ"

(۲) بڑا فریب ساز، دھوکہ باز (۳) غرغرہ کی دوا۔

الغِرِّیْرُ: سادہ لوح، ناتجربہ کار جوان ج: اَغِرَّۃ و اَغْرَاءُ (۲) اچھی ساخت (۳) آسودہ زندگی (۴) ضامن و کفالت کنندہ، نگران کار ج: غُرَّانٌ۔ کہتے ہیں: اَنَا غَرِیْرُكَ من فُلَانٍ: میں تم کو فلاں کے بارہ میں بربنا تجربہ آگاہ کرتا ہوں۔ اَنَا غَرِیْرُكَ من هٰذَا الْاَمْرِ: اس معاملہ میں میں تمہارا ضامن ہوں کیونکہ مجھے تجربہ ہے۔

الغُرَیْرُ: کتے سے چھوٹا اور بلی سے بڑا چھوٹے کالے پیروں والا ایک گوشت خور جانور (۲) سانڈا اونٹ۔ عرب کہتے ہیں: اَشْأَمُ من غُرَیْرٍ۔

الغُرُورُ: دھوکہ۔

المُغَارُّ: تھوڑے دودھ والی اونٹنی۔ مُغَارُّ الکَفِّ: بخیل۔

المَغْرُورُ: فریب خوردہ۔

المَغْرُورُ بِنَفْسِہٖ: خود فریبی میں مبتلا۔

• غَرَزَتِ الجَرَادَۃُ ـِ غَرْزًا: ٹڈی کا انڈے دینے کے لئے زمین میں دم گھسانا۔

___ الشَّیْءَ فِی الشَّیْءِ: داخل کرنا، گاڑنا، چبھونا۔ کہتے ہیں: غَرَزَ الْاِبْرَۃَ فِی الثَّوْبِ۔ وغَرَزَ العُوْدَ فِی الْاَرْضِ۔ غَرَزَ الرَّاکِبُ رِجْلَہٗ فِی الغَرْزِ لِیَرْکَبَ: سوار کا سوار ہونے کے لئے رکاب میں پیر رکھنا۔

غَرِزَ ـَ غَرَزًا: نافرمانی کے بعد سلطان کا فرماں بردار اور ہم رکاب ہونا۔

اَغْرَزَ الوَادِی: وادی کا غرز نامی پودے اگانا۔

___ الشَّیْءَ: غَرَزَہٗ۔

غَرَّزَ: غَرَزَ۔

___ الغَنَمَ: بکری کا درمیان میں ایک دفعہ دودھ نکالنا موٹا کرنے کے لئے چھوڑ دینا۔

اِغْتَرَزَ رِجْلَہٗ فِی الغَرْزِ: رکاب میں پیر رکھنا، ڈالنا۔

التَّغْرِیْزُ: ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگایا جانے والا کھجور وغیرہ کا پودا ج: تَغَارِیْزُ۔

الغَارِزُ: هو غَارِزٌ فِی سِنِّہٖ: وہ انجان و ناواقف ہے۔

الغَرْزُ: رکاب (جس میں پیر ڈال کر سوار ہوتے ہیں)۔ حدیث میں ہے: "کَانَ اِذَا وَضَعَ رِجْلَہٗ فِی الغَرْزِ یُرِیْدُ السَّفَرَ یَقُولُ: بِسْمِ اللّٰہِ" کہتے ہیں: اِلْزَمْ غَرْزَ فُلَانٍ: اس کے تابع رہو۔ اُشْدُدْ یَدَیْكَ بِغَرْزِہٖ: تو اس کا دامن تھام لے۔ (۲) زمین میں گڑی ہوئی چیز (۳) وہ شاخ جو انگور کی بیل کو ملانے کے لئے لگائی جائے ج: غُرُوزٌ۔

الغَرَزُ: ایک قسم کا پودا جس کی جڑیں شاخیں پھیلتی ہیں اور چھوٹے چھوٹے پھل لگتے ہیں۔

الغَرِیْزَۃُ: جبلت، فطرت، خصلت، ایک خلقی خود کار تحریک جو انسان وحیوان میں بنیادی ضرورتوں کی تسکین کے لئے ہوتی ہے ج: غَرَائِز۔

المَغْرَزُ: ٹڈی کے انڈے دینے کی جگہ ج: مَغَارِزُ۔

المَغْرِزُ: گاڑنے کی جگہ، چبھونے کی جگہ۔ کسی بھی چیز کے گڑے ہوئے ہونے کی جگہ۔ جیسے: مَغْرِزُ الضِّلَعِ و الضِّرْسِ و الرِّیْشَۃِ ج: مَغَارِزُ۔

المَغْرُوزُ: گڑا ہوا، چبھا ہوا (۲) فطری طبعی

• غَرَسَ الشَّجَرَ و نَحْوَہٗ ـِ غَرْسًا: درخت لگانا، بونا۔ الشَّجَرُ مَغْرُوسٌ و غَرِیْسٌ و غَرْسٌ۔ کہتے ہیں: غَرَسَ فُلَانٌ عِنْدِی نِعْمَۃً: فلاں نے مجھ پر احسان کیا۔

اَغْرَسَ الشَّجَرَ: غَرَسَہٗ۔

اِغْتَرَسَ الشَّجَرَ: غَرَسَہٗ۔

انْغَرَسَ: پودے کا لگ جانا۔

الغِرَاسُ: لگایا ہوا یا لگایا جانے والا پودا وغیرہ (۲) درخت لگانے کا وقت۔

الغِرَاسَۃُ: کھجور کے درخت کی پود۔

الغَرْسُ: بویا ہوا درخت، پودا۔ کہتے ہیں: اَنَا غَرْسُ یَدِہٖ: میں اس کا پروردہ ہوں۔ ج: غِرَاسٌ و اَغْرَاسٌ

الغِرْسُ: ہر بویا جانے والا پودا وغیرہ، پود، بیج (۲) نومولود بچہ کے سر پر باریک جھلی ج: اَغْرَاسٌ۔

الغَرِیْسُ: المَغْرُوسُ۔

الغَرِیْسَۃُ: کھجور کے درخت کا ابتدائی مرحلے کا پودا (۲) بوئی جانے والی گٹھلی (۳) پودا از زمین میں دوسری جگہ لگائے جانے سے جڑ پکڑنے تک ج: غَرَائِسُ و غِرَاسٌ۔

المَغْرِسُ: درخت یا پودا لگانے کی جگہ ج: مَغَارِسُ۔

المَغْرُوسُ: لگایا ہوا پودا وغیرہ۔

• غَرَضَ فُلَانٌ ـِ غَرْضًا: سویرے پانی کے پاس آنا۔

___ السِّقَاءَ و نَحْوَہٗ: مشک وغیرہ بھرنا۔ (۲) دودھ کے مشکیزے کو ہلا کر جھاگ آنے پر نکال کر پلانا۔

___ الشَّیْءَ: تازہ چننا۔

___ لَہٗ غَرِیْضًا: تازہ دودھ پلانا۔

___ الشَّیْءَ: روکنا۔ غَرَضَ السَّخْلَ: بکری کے بچہ کا وقت سے پہلے دودھ چھڑانا۔

غَرِضَ اِلیہ ـَ غَرَضًا: مشتاق ہونا۔
ــــ منہ: اکتاجانا، تنگ آجانا۔ غَرِضَ بالمُقَامِ: وہ قیام سے تنگ آگیا۔ ھو غَرِضٌ۔
غَرُضَ الشَّیئُ ـُ غِرَضًا و غَرَاضَۃً: تازہ ہونا۔ ھو غَرِیْضٌ۔
اَغْرَضَ الرَّجُلُ: اپنے قول وفعل کو بامقصد بنانا یا اس سے غرض وابستہ رکھنا۔ ھو مُغْرِضٌ۔
ــــ لِلقَومِ غَرِیْضًا: تازہ آٹا گوندھ کر کھلانا، باسی نہ کھلانا۔
ــــ فُلانٌ الغَرَضَ: مقصد پالینا۔
ــــ الرَّجُلَ: تنگ کرنا، اکتا دینا۔
ــــ الاِنَاءَ و نَحوَہٗ: بھرنا۔
غَرَّضَ: تازہ گوشت کھانا (۲) تفریح و دل لگی کرنا۔
ــــ الشیئَ: تازہ چھانٹ کر لینا۔ کہتے ہیں: غَرِّض فی سِقائِكَ: اپنے مشکیزے کو نہ بھر۔
اِغْتَرَضَ الشَّیئَ: تازہ لینا۔
اِنْغَرَضَ الغُصْنُ: شاخ کا مڑ کر ٹوٹ جانا (مگر الگ نہ ہونا)۔
تَغَرَّضَ الغُصْنُ: ٹوٹ جانا، ٹوٹ کر لٹک جانا، مڑ جانا۔
الاِغْرِیْضُ: کھجور کے شگوفہ سے نکلنے والے سفید دانے (۲) اولے (۳) ہر تازہ اور سفید شے ج: اَغَارِیْضُ۔
الغَارِضُ: صبح سویرے پانی پر آنے والا۔ کہتے ہیں: اَتَیْتُہٗ غَارِضًا: میں اس کے پاس دن کی ابتداء میں آیا (۲) لمبی ناک ج: غُرُضَانٌ۔
الغَرْضُ: کجاوہ کی پیٹی (۳) وادی کا نامکمل حصہ ج: غُرْضَانٌ (۴) جھول، سلوٹ تہ ج: غُرُوضٌ و اَغْرَاضٌ۔ کہتے ہیں: طَوَیتُ الثَّوبَ علی غُرُوضِہٖ: میں نے کپڑے کو اس کی تہوں پر لپیٹا جیسا تھا اسے ویسا ہی چھوڑ دیا۔
الغَرَضُ: نشانہ (۲) مقصد، مراد، منشا (۳) ضرورت ج: اَغْرَاضٌ۔
الاَغْرَاضُ: مقاصد۔
ــــ السِّلْمِیَّۃُ: پرامن مقاصد۔
الغَرَضِیَّۃُ: تعصب، جانبداری۔
الغُرْضَانِ (فی الاَنْفِ): ناک کے بانسہ کے دونوں طرف ڈھلواں حصے۔
الغَرِیْضُ: تر و تازہ (گوشت وغیرہ) (۲) ہر سفید اور تر و تازہ چیز (۳) ہر عمدہ گانا (۴) عمدہ گویا (۵) وہ پانی جس پر سویرے آیا جائے (۶) بارش کا پانی۔
الغَرِیْضَۃُ: کچی توڑی ہوئی مکئی وغیرہ۔
المُغْرِضُ: غرض مند، خود غرض۔
المَغْرِضُ: اونٹ کا تنگ (پیٹی) باندھنے کی جگہ ج: مَغَارِضُ۔
المَغْرُوضُ: بارش کا پانی۔

• غَرْغَرَ الرَّجُلُ: غرارہ کرنا (پانی یا دوا حلق میں ڈال کر گھمانا)۔ اس طرح بھی کہتے ہیں: غَرْغَرَ بالماءِ و الدَّواءِ۔
ــــ الرُّوحُ: گلے میں دم اٹکنا اور آواز نکلنا۔
ــــ القِدْرُ: ہانڈی کے کھولنے کی آواز نکلنا، غرغر کرنا۔
ــــ اللَّحْمُ: گوشت کے پکنے کی آواز نکلنا۔
تَغَرْغَرَ بالماءِ او الدَّواءِ: پانی یا دوا کا غرارہ کرنا۔
ــــ عَیْنَاہُ: آنسو ڈبڈبانا۔
الغِرْغِرُ: افریقی مرغی۔
الغَرْغَرَۃُ: پانی یا دوا کا غرارہ (۲) غرارہ کی دوا۔

• غَرَفَ الغَرْفَ و الشَّیئَ ـِ غَرْفًا: کاٹنا (۲) موڑنا (۳) لکڑی وغیرہ توڑنا۔
غَرَفَ النَّاصِیَۃَ: پیشانی کے بال توڑنا
ــــ الجِلْدَ: غَرف نامی پودے سے چمڑے کو دباغت دینا۔
ــــ الماءَ و نَحوَہٗ بِیَدِہٖ او بالمِغْرَفَۃِ: ہاتھ یا ڈونگے سے پانی وغیرہ نکالنا، چلو سے پانی پینا۔ ھو غارِفٌ ج: غُرَّفٌ و ھی غارِفَۃٌ ج: غَوَارِفُ۔
اَغْرَفَ الاَسَدُ: شیر کا اپنے مسکن (جھاڑیوں) میں داخل ہونا۔
اِغْتَرَفَ الماءَ بیَدِہٖ: چلو سے پانی لینا قرآن پاک میں ہے: "اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَۃً بِیَدِہٖ"۔ اِغْتَرَفَ منہ: اس میں سے چلو بھرا، ہاتھ ڈال کر نکالا۔
اِنْغَرَفَ الشَّیئُ: چلو میں آجانا (۲) ہاتھ یا ڈونگے وغیرہ میں پانی وغیرہ آجانا (۳) مڑنا (۴) ٹوٹنا۔
تَغَرَّفَہٗ: پوری چیز لے لینا۔
الغَارِفُ: چلو سے پانی وغیرہ لینے والا۔
الغَارِفَۃُ: تیز رفتار اونٹنی (۲) اونٹنی کی پیشانی کے چھوٹے چھوٹے بال۔ ج: غَوَارِفُ۔
الغُرَافَۃُ: چلو یا ڈونگے وغیرہ سے لی ہوئی چیز، چلو بھر پانی وغیرہ۔
الغَرَّافُ: بہت چلو بھرنے والا (۲) لمبے ڈگ والا گھوڑا (۳) بہت پانی والی نہر (۴) زبردست بارش والا بادل۔
الغَرْفُ: چمڑے کو رنگنے کا ایک پودا جو جزیرۂ عرب، مصر و افریقہ اور ہندوستان میں پیدا ہوتا ہے، اس کے نوکیلے لمبے پتے ہوتے ہیں اور نارنگی رنگ کا گودے دار پھل ہوتا ہے۔
الغَرَفُ: ایک قسم کا پودا۔ واحد: غَرَفَۃ
الغُرْفَۃُ: پانی وغیرہ کا چلو، چلو بھر پانی، چمچہ بھر پانی وغیرہ ج: غِرَافٌ۔

(۲) بالاخانہ۔ قرآن پاک میں ہے: "وهم في الغُرُفاتِ آمِنون" کمرہ، چیمبر، روم، دیوان ج: غُرَفٌ و غُرُفات۔
غُرْفَةُ الإسْعاف: طبی امدادی روم۔
ــــ الاسْتِقبال: ملاقاتی کمرہ، دیوان خانہ بیٹھک، ڈرائنگ روم۔
الغُرْفَةُ التِّجارِيَّةُ: ایوان تجارت، چیمبر آف کامرس (تاجروں کی منتخب جماعت جو تجارتی امور و مصالح پر غور و خوض کرتی ہے)۔
غُرْفَةُ الرَّاحَة: آرام کا کمرہ۔
الغُرْفَةُ الزِّراعِيَّةُ: منتخب کاشتکاروں کی جماعت جو امور زراعت پر غور کرتی ہے (۲) ایوان زراعت۔
غُرْفَةُ الطَّعام: ڈائننگ روم، کھانے کا کمرہ۔
ــــ العَمَلِيّات (في الحرب): وہ کمرہ جہاں سے جنگی کارروائیوں کی نگرانی وغیرہ کی جائے۔
ــــ العَمَلِيّاتِ الجراحِيَّة: کمرہ عمل جراحی، سرجیکل آپریشن روم۔
ــــ القِيادَة: کمان روم، جنگی احکام جاری کرنے کا کمرہ۔
ــــ المُراقَبَة: کنٹرول روم۔
ــــ المُصَوِّر: اسٹوڈیو۔
الغَرُوفُ: بِئْرٌ غَرُوفٌ: وہ کنواں جس میں سے ہاتھ سے پانی نکالا جائے
دَلْوٌ غَرُوفٌ: بہت پانی نکالنے والا ڈول۔
الغَرِيفُ: گھنا درخت (۲) بڑا ڈول جس میں بہت پانی آئے (۳) درختوں کا جھنڈ، جھاڑی۔
الغَرِيفَةُ: الغَرِيفُ (۲) تلوار کے نیچے کا چمڑا۔
المِغْرَفَةُ: کفگیر، ڈوئی، بڑا چمچہ، مگا، ڈونگا ج: مَغارِف۔

• غَرِقَ في الماءِ ـَ غَرَقًا: ڈوبنا، غرق ہو کر ہلاک ہو جانا۔ هو غَرِقٌ و غارِقٌ و غَرِيقٌ ج: غَرْقَى (یہ صرف غریق کی جمع ہے)۔
ــــ في الدَّيْن او البَلْوَى: حد سے زیادہ منہمک اور ڈوبا ہوا ہونا۔
ــــ السَّفِينَةُ: کشتی کا پانی کی تہ میں بیٹھ جانا۔
ــــ الأرْضُ: زمین کا پانی سے بھر جانا۔
أغْرَقَ في الشيءِ: حد سے بڑھنا۔
ــــ الرّامي في القوسِ: تیرانداز کا کمان کو پوری طاقت سے کھینچنا۔
ــــ في الماءِ ڈبونا، غرق کرنا، خوب بھگونا۔
ــــ الكأسَ: لبالب بھرنا۔
ــــ أعْمالَهُ الصّالِحَةَ: گناہوں کے ارتکاب سے نیک اعمال کو ضائع کرنا۔
غارَقَهُ: قریب ہونا، نزدیک آنا۔
غَرَّقَ الرّامي في القوسِ: کمان کو بہت زور سے کھینچنا۔
ــــ الشيءَ في الماءِ: ڈبونا۔
ــــ السوقَ بالبضاعة: بازار کو سامان سے بھر دینا۔
اغْتَرَقَ النَّفَسَ: زور سے اندر کا سانس لینا۔
ــــ البَعِيرُ الحِزامَ: اونٹ کا پیٹ بڑا ہونے کے باعث اس کے تنگ کا کس جانا۔
ــــ فُلانَةُ نَظَرَ القومِ: لوگوں کو اپنے حسن کی وجہ سے اپنی طرف متوجہ کر کے ہر طرف سے غافل کر دینا۔
ــــ الفَرَسُ الخَيْلَ: گھوڑے کا گھوڑوں میں مل جانے کے بعد آگے نکل جانا۔ کہتے ہیں: تَجارَيْنا

فَاغْتَرَقَ فرسي حَلْقَةَ فَرَسِهِ: ہم برسرپیکار ہوئے تو میرا گھوڑا اس کے حلقہ کو چیر کر نکل گیا۔ خاصَمَني فَاغْتَرَقْتُ حَلْقَتَه: وہ مجھ سے لڑا مگر میں لڑائی میں اس پر غالب آ گیا۔
اسْتَغْرَقَ في الضَّحِكِ: بہت ہنسنا، ہنستے ہنستے پیٹ دکھ جانا، بہت ہنسی آنا
ــــ الشيءَ: احاطہ کرنا، چاروں طرف سے گھیرنا (۲) کل لے لینا۔
ــــ البَعِيرُ الحِزامَ: اونٹ کا تنگ (پیٹی) کو کس لینا۔
ــــ العَمَلُ الوَقْتَ: وقت لینا۔ هذا العَمَل يَسْتَغْرِقُ ساعةً: اس کام میں ایک گھنٹہ لگے گا۔
ــــ في النَّوم: بےخبر سونا، محو خواب ہونا
اغْرَوْرَقَت العَيْنُ: آنکھ میں آنسو بھرنا
الاسْتِغْراقُ في الشيءِ: حد سے زیادہ انہماک، مشغولیت۔
الإغْراقُ: (اقتصادی اصطلاح) غیر ملکی مارکیٹ پر کنٹرول کی کارروائی جس میں ملکی صارفین پر زیادہ مالی بوجھ ڈال کر بیرون ملک اندرون ملک کے مقابلہ میں ارزاں مال فروخت کرنے پر زور دیا جاتا ہے (۲) کسی چیز میں مبالغہ۔
الغارِقُ: غوطہ زن، ڈوبتا ہوا یا ڈوب کر مر جانے والا (۲) کسی سوچ وغیرہ میں ڈوبا ہوا۔
الغَرَقُ: ڈوبنے کا فعل یا حالت (۲) زوردار کمان کشی۔
الغَرِيقُ: ڈوبنے والا، ڈوب کر مرنے والا (۲) منہمک، مشغول و مصروف۔
المُسْتَغْرِقُ: ہمہ گیر، محیط۔
• غُرْقَاتُ الدَّجاجَةِ: مرغی کا کچا انڈا ڈالنا۔ غَرْقَاتِ البَيْضَةِ: کچا انڈا گرنا۔

الغِرْقِئُ: انڈے کی سفیدی کی جھلی۔
• الغَرْقَدُ: ایک کانٹے دار جھاڑی۔
• غَرْقَلَ الرَّجُلُ: سر پر ایک دم پانی ڈالنا۔
— البَيْضَةُ و البِطِّيْخَةُ: انڈے اور خربوزے کا اندر سے خراب ہو جانا
الغِرْقِلُ: انڈوں کی سفیدی۔
• غَرِلَ الصَّبِيُّ ـَ غَرَلاً: بچے کی ختنہ گاہ کی کھال موٹی ہونا۔
— العَامُ: زرخیز و سرسبز ہونا۔
— العَيْشُ: زندگی کا فراخ ہونا۔ هو أغْرَلُ و هي غَرْلَاءُ ج: غُرْلٌ
— الرَّجُلُ: ڈھیلا اور سست ہونا۔ فهو غَرِلٌ۔
الغُرْلَةُ: بچے کی ختنہ میں کاٹی جانے والی کھال، قلفہ ج: غُرَلٌ۔
الغَرِلُ: ڈھیلا ڈھالا، سست۔
• غَرِمَ ـَ غُرْمًا و غَرَامَةً: غیر لازم چیز کا ذمہ دار ہونا، کسی کی طرف سے ادائگی کا ذمہ لینا۔ جیسے: غَرِمَ الدِّيَةَ والدَّيْنَ: وہ دوسرے کی طرف سے دیت یا قرض ادا کرنے کا ذمہ دار ہوا یا ادائگی کی (۲) جرمانہ ہونا۔
— فی التِّجَارَةِ: نقصان اٹھانا۔
غَرَّمَهُ: ادائگی کا ذمہ دار بنانا (۲) جرمانہ کرنا۔
أُغْرِمَ بالشیءِ: فریفتہ ہونا۔ هو مُغْرَمٌ۔
إنَّ فُلَانًا لَمُغْرَمٌ بِكَذا: فلاں اس چیز کا دلدادہ ہے۔
أغْرَمَهُ: جرمانہ کرنا (کسی تاوان یا بطورِ سزا عائد کردہ مقررہ رقم کی ادائگی کا ذمہ دار ٹھیرانا قرض وغیرہ (جس کی ذمہ داری لی ہو) کی ادائگی کا ذمہ دار ٹھیرانا، جرمانہ عائد کرنا۔
الغَارِمُ: حدیث میں ہے: "الدَّيْنُ مَقْضِيٌّ و الزَّعِيمُ غَارِمٌ: قرض کی ادائیگی از بس ضروری ہے اور اس کا ضامن اس کی ادائیگی کا ذمہ دار ہے ج: غُرَّامٌ۔
الغَرَامُ: عشق، شیفتگی، فریفتگی (۲) لازمی اور دائمی عذاب۔ قرآن پاک میں ہے: "إنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا"
الغَرَامَةُ: نقصان، خسارہ (۲) ہرجانہ (بدل نقصان) (۳) جرمانہ (بطور سزا) کہتے ہیں: حَكَمَ القَاضِي عَلَى فُلَانٍ بالغَرَامَةِ۔
الغُرْمُ: ادا کی جانے والی چیز (۲) مال میں کسی خیانت یا جنایت کے بغیر ہونے والے نقصان۔
الغَرِيمُ: قرض خواہ (۲) قرض دار ج: غُرَمَاءُ۔
المَغْرَمُ: الغَرَامَةُ ج: مَغَارِمُ۔ حدیث میں ہے: "أعُوذُ باللهِ مِنَ المَغْرَمِ و المَأثَمِ: میں گناہوں اور معصیتوں سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں
المُغْرَمُ: قرضوں میں جکڑا ہوا۔
المُغْرَمُ بشیءٍ: عاشق و فریفتہ کہ جس سے چھٹکارا ممکن نہ ہو۔
• غَرِنَ العَجِينُ عَلَى الإناءِ ـَ غَرَنًا: برتن پر آٹا لگ کر خشک ہو جانا۔
— الرَّجُلُ: کمزور ہونا۔ هو غَرِنٌ
الغَرِينُ: حوض میں جمے ہوئے پانی کے جھاگ (۲) وہ مٹی جو سیلاب میں بہہ کر آتی اور زمین پر خشک یا تر باقی رہتی ہے (۳) مٹی کی چٹان جس کے چھوٹے چھوٹے ریزے بھیگنے کی صورت میں باہم جڑ جاتے ہیں۔
الغِرْيَنُ: الغَرِينُ۔ کہتے ہیں: أتَى بالطِّرِّيَنِ و الغِرْيَنِ: جبکہ غصہ اور طیش میں آئے۔
• غَرْنَقَ: آنکھ لڑانا۔
الغُرَانِقُ: طویل العمر پودا (۲) حسین و نازک نوجوان ج: غَرَانِيقُ و غَرَانِقُ۔
امْرَأةٌ غُرَانِقَةٌ: حسین عورت۔
الغُرْنُوقُ: الغُرَانِقُ (۲) سارس سے مشابہ ایک آبی پرندہ ج: غَرَانِيق
• غَرَا الرَّجُلُ ـُ غَرْوًا: تعجب کرنا
— الشیءَ: مسالے سے جوڑنا، گوند یا سریش سے چپکانا۔
— السِّمَنُ قَلْبَهُ: دل کو چکنائی کا ڈھانپ لینا۔
غَرِيَ بِهِ ـَ غَرًا و غَرَاةً: کسی چیز پر لٹو ہونا، دل آجانا، دل گرفتہ ہونا
— فُلَانٌ: حد سے زیادہ غصہ آنا۔
— الغَدِيرُ: تالاب کا پانی ٹھنڈا ہونا
أغْرَى بَيْنَ القَومِ: لوگوں میں فساد کرانا، لڑائی کرانا۔
— الإنْسَانَ و غَيْرَهُ بالشیءِ: کسی چیز کی رغبت دلانا، اس کے لئے اکسانا، لالچ دلانا۔
— الوَلَدَ بالفَضِيلَةِ: بھلائی اور حسن عمل پر آمادہ کرنا، تلقین کرنا۔
— الكَلْبَ بالصَّيْدِ: کتے کو شکار کے پیچھے لگانا، شکار پر آمادہ کرنا۔
— العَدَاوَةَ بَيْنَهُم: دشمنی پیدا کرنا لڑائی کی آگ بھڑکانا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَأغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ العَدَاوَةَ والبَغْضَاءَ إلَى يَوْمِ القِيَامَةِ"
أُغْرِيَ بِهِ: فریفتہ ہونا، ناسمجھی کے ساتھ کسی چیز کی خواہش کرنا
غَارَاهُ مُغَارَاةً و غِرَاءً: کسی سے حجت بازی کرنا، جھگڑا کرنا۔
غَرَّى الشیءَ: سریش سے جوڑنا یا سریش

لگانا، ملنا۔
غُرِّيَ بِه: فریفتہ ہونا۔
الإغْرَاءُ: (علم النحو میں) مخاطب کو کسی امر محمود پر متنبہ کرنا تاکہ وہ اس پر کاربند ہو جیسے کہا جائے: اَخَاكَ اَخَاكَ المُرُوءَةَ و النَّجْدَةَ یعنی تم کو اپنے بھائی کا خیال کرنا چاہئے تم کو مدد و مروت سے کام لینا چاہئے (۲) اکساہٹ، ترغیب، برانگیختگی۔
الغِرا: کاغذ وغیرہ جوڑنے کا گوند یا سریش، لکڑی وغیرہ جوڑنے کا پیسٹ، مسالا ج: اَغْراء۔
الغِرَاءُ: الغِرَا۔
الغَرْوُ: تعجب۔ لَا غَرْوَ: کوئی تعجب نہیں
الغَرْوَى: الغَرْوُ۔
الغَرَوِيُّ: گوند یا سریش سے متعلق۔
الغَرَوَانِيُّ: سریش جیسا مسالا۔
الغَرِيُّ: سرخ رنگ (رنگائی کا) (۲) ایک بت کا نام جس پر خون ملا جاتا تھا (۳) خوبصورت۔
الغَرَّايَةُ: گوندانی۔
المِغْرَاةُ: گوندانی (۲) چپکانے کا آلہ۔
المُغْرِي: محرک، اشتعال انگیز (۲) اشتیاق انگیز
المُغْرَى: اکسایا ہوا، شوق دلایا ہوا۔

غ ــــــ ز

• غَزُرَ ـُ غَزَارَةً و غُزْرًا: بہت ہونا، کثیر اور بے پایاں ہونا، کہاوت ہے: مَا طَابَ و نَزُرَ خَيْرٌ مما خَبُثَ و غَزُرَ: تھوڑی مقدار میں اچھی چیز بڑی مقدار والی خراب چیز سے بہتر ہے۔ هو غَزِيرٌ ج: غِزَارٌ
اَغْزَرَ القَوْمُ: کسی جماعت کے اونٹوں اور بکریوں کا زیادہ اور دودھ دینے والا ہونا۔ اَغْزَرَ اللّٰهُ مالَه: خدا اس کے مال میں ترقی دے۔
اَغْزَرَ المعروفَ: بہت سخاوت کرنا
غَازَرَ فُلانٌ: زیادہ لینے کی خواہش میں تھوڑا دیدینا۔
غَزَّرَ: دو دفعہ دودھ دوہنے کے درمیان وقفہ کرنا (جب کہ دودھ کم ہو جائے)۔
اسْتَغْزَرَ: غَازَرَ۔
ـــ الشيءَ: کسی چیز کی زیادہ مقدار چاہنا (۲) تھوڑا دے کر زیادہ لینے کی خواہش کرنا۔ مقولہ ہے: الخَرَاجُ عَمُودُ المُلكِ وما اسْتُغْزِرَ بمثلِ العَدْلِ و لا اسْتُنْزِرَ بمثلِ الجَوْرِ۔
الغَزْرُ: کھجور کے پتوں کی ٹوکری۔
الغَزَارَةُ: کثرت، بہتات۔
غَزَارَةُ العِلمِ: وسعت علم۔
المُغْزِرَةُ: ہر وہ نبات جس میں دودھ بہت ہو۔
المَغْزُوْرُ: بارش سے خوب سیراب جگہ۔
• غَزَّ فُلانٌ بِفُلانٍ ـُ غَزًّا: اپنے ساتھیوں میں سے کسی کو چننا، مخصوص کرنا۔
ـــ بالقَرَابَةِ و الاَوْلادِ و الجِيرانِ: بھلائی اور حسن سلوک کرنا۔
ـــ الثَّوْبَ او الجِسْمَ بالابْرَةِ و نَحْوِها: سُلکے سے سوئی چبھونا۔
اَغَزَّتِ الشَّجَرَةُ: درخت کا سخت گھنا اور کانٹوں دار ہونا۔
ـــ الدَّابَّةُ: حاملہ چوپائے کے حمل کا تکلیف دہ ہونا۔ فهي مُغِزٌّ
غَازَّهُ: کسی کی طرف لپکنا اور مقابلہ کرنا۔
اغْتَزَّ بِه: کسی کو مخصوص کرنا۔
تَغَازُّوا الشيءَ: کسی چیز میں جھگڑنا۔

الغُزُّ: ایک ترکی قبیلہ۔ واحد: غُزِّيٌّ۔
غَزَّةُ: فلسطین کا ایک شہر۔
الغَزَّازُ: سب سے تعلق رکھنے والا۔
• غَزْغَزَ: بلا خواہش منہ کے دونوں طرف سے کھانا (۲) کسی چیز میں مسلسل سوئی وغیرہ چبھونا، چوکے دینا۔
• غَزَلَ الصُّوفَ و القُطْنَ ونَحْوَهما ـِ: روئی اون وغیرہ کاتنا، دھاگے بنانا۔
غَزِلَ ـَ غَزَلًا: عورتوں سے بات چیت کرنے اور ان سے پینگیں بڑھانے کا رسیا ہونا۔ هو غَزِلٌ۔
اَغْزَلَ: چرخہ چلانا۔
ـــ الظَّبْيَةُ: ہرنی کو بچہ ہونا۔ هي مُغْزِلٌ۔
غَازَلَ المَرْأَةَ: عورت سے عاشقانہ باتیں کرنا اور اظہار محبت کرنا۔
ـــ فُلانٌ الاَرْبَعِيْنَ: چالیس سال کے قریب عمر ہونا۔
اغْتَزَلَ القُطْنَ: غَزَلَهُ۔
تَغَزَّلَ بالمرأةِ: عشق بازی کرنا۔
الغَزَالُ: ہرنی کا بچہ، ہرن ج: غِزْلَةٌ و غِزْلانٌ۔
الغَزَالَةُ: مؤنث الغَزَال۔ ہرنی (۲) طلوع ہوتا ہوا سورج (۳) چاشت کا اول وقت ج: غَزَالاتٌ۔ کہتے ہیں أتيتُه غَزَالَةَ الضُّحَى و غَزَالاتِ الضُّحَى: اول وقت چاشت میں آیا۔
الغَزْلُ: کاتا ہوا (سوت) ج: غُزُولٌ
المَغْزَلُ: کاتنے کی جگہ ج: مَغَازِلُ۔
المِغْزَلُ: سوت کاتنے کا چرخہ یا تکلا۔ کاتنے کی مشین ج: مَغَازِلُ۔
مَغَازِلُ النَّوْرَجِ: غلّہ گاہنے کی مشین کے ستون۔

• غَزَا العَدُوَّ ـُ غَزْوًا وغَزَوَانًا: لڑنے کے لئے دشمن کی طرف جانا اور لوٹنے کے لئے ان کے ملک میں گھسنا، جہاد کرنا۔ هو غازٍ ج: غُزَاةٌ و غُزًّى وغُزِيٌّ۔
— الشیءَ غَزْوًا: طلب کرنا، چاہنا۔ کہتے ہیں: عرفتُ ما یُغزَی من هذا الکلامِ: میں اس کلام کا مقصد سمجھ گیا۔
— الشیءُ: چھا جانا۔ جیسے: غزت البضاعةُ الأجنبیّةُ الأسواقَ۔
— فُلانٌ بفُلانٍ: ساتھیوں میں سے کسی کو خاص کرنا۔
اَغْزَاهُ: حملہ کے لئے تیار کرنا۔
— فُلانًا: کسی کو قرض میں مہلت دینا، ادائگی کو مؤخر کر دینا۔
غَزَّاهُ: اَغزاهُ۔
اِغْتَزَاهُ: ارادہ کرنا۔
— بفلانٍ: ساتھیوں سے کسی کو خاص کرنا۔
الغازِي: حملہ آور مجاہد ج: غُزاة۔
الغَزَاةُ: ایک سال تک کی لڑائی برخلاف غزوۃ وہ ایک دفعہ کی لڑائی کو کہا جاتا ہے
الغَزْوُ: حملہ، لڑائی۔
— العقائِدِیُّ: نظریاتی یلغار۔
غَزْوُ الفضاءِ: خلا پیمائی، فضائی تسخیر۔
الغَزْوَةُ: حملہ، یورش، جہاد ج: غَزَوات
الغِزْوَةُ: مطلوب چیز۔
المَغْزَی: لڑائی، حملہ (۲) لڑائی کا میدان (۳) غازی کی منقبت، تعریف (۴) مقصد مراد، ما حصل (۵) معنویت (۶) خلاصہ، نتیجہ ج: مَغَازٍ۔
المَغْزَاةُ: حملہ، لڑائی ج: مَغَازٍ۔

غ ــــــ س

• غَسَرَ علی الغَرِیمِ ـُ غَسْرًا: قرض دار پر سختی کرنا، تقاضا کرنا۔
تَغَسَّرَ الأمرُ: الجھنا، مبہم ہونا۔
— الغَزْلُ: سوت کا الجھ جانا۔
— الغَدِیرُ: تالاب پر ہوا کا کوڑا لا ڈالنا۔
الغَسِرُ: الجھا ہوا معاملہ یا دھاگا۔
الغَسَرُ: ہوا کا تالاب میں لاکر ڈالا ہوا کوڑا، تنکے وغیرہ۔
• غَسَّ خُطْبَةَ الخَطِیبِ ـُ غَسًّا: مقرر کی تقریر میں عیب نکالنا۔
— فُلانًا فی الماءِ: غوطہ دینا۔
غُسَّ البَعِیرُ: اونٹ کو بیماری لگنا۔
اِنْغَسَّ فی الماءِ: غوطہ لگانا۔
الغُسَاسُ: اونٹ کو لگنے والی بیماری
غَسَّانُ: ایک یمنی قبیلہ جو ملک شام پر حکمرانی کرتا تھا۔
الغُسُّ: کمزور اور کمینہ آدمی ج: اَغْسَاسٌ وغُسُوسٌ و غِسَاسٌ۔
• غَسَقَ اللیلُ ـِ غَسْقًا وغُسُوقًا و غَسَقَانًا: رات کا تاریک ہونا
— القَمَرُ: گہن کی وجہ سے تاریک ہونا
— عَیْنُهُ: آنکھ سے آنسو بہنا۔
— السَّماءُ: آسمان کا تاریک ہو کر برسنا
— اللَّبَنُ: تھن سے دودھ گرنا۔
— الجُرْحُ: زخم سے پیلا پانی نکلنا۔
اَغْسَقَ اللیلُ: غَسَقَ۔
— فُلانٌ: رات کی ابتدائی تاریکی میں ہونا
— المُؤَذِّنُ: رات کی ابتدائی تاریکی (غسق) تک مغرب کی اذان مؤخر کرنا۔
الغَاسِقُ: رات جبکہ شفق غائب ہو جائے اور تاریکی بڑھ جائے (۲) چاند جب کہ گہن آلود ہو کر تاریک ہو جائے۔ قرآن پاک میں ہے: "ومن شرِّ غاسقٍ اِذا وَقَبَ"

الغَسَاقُ: دوزخیوں کی کھال سے بہنے والا خراب خون و پیپ۔
الغَسَّاقُ: الغَسَاقُ۔ ارشاد باری ہے "الا حمیمًا و غسّاقًا" ایک قرأت غَسَاقًا بھی ہے۔
الغَسَقُ: رات کی تاریکی (۲) گیہوں وغیرہ میں مل جانے والے کالے دانے
• غَسَلَ الشیءَ ـِ غَسْلًا: دھونا (پانی سے میل دور کرنا) کہتے ہیں: غَسَلَ اللهُ حَوْبَتَهُ: اللہ نے اسے گناہ سے پاک کر دیا۔
— فُلانًا بالسَّوْطِ: کوڑا مار کر تڑپا دینا زور سے کوڑا مارنا۔
غَسَّلَ الأعضاءَ: خوب دھونا۔
— المَیِّتَ: مردے کو نہلانا، صاف کرنا۔
اِغْتَسَلَ بالماءِ: نہانا، غسل کرنا۔
اِنْغَسَلَ الشیءُ: دھل جانا، صاف ہو جانا
الغاسِلُ: کپڑا دھونے والا، غسل دینے والا۔
الغاسُولُ: دھو کر صاف کرنے کی چیز جیسے کوئی گھاس یا صابن وغیرہ (۲) خطمی۔
الغَسَّالُ: دھوبی، کپڑا دھونے والا (۲) مردوں کو غسل دینے والا۔
الغَسَّالَةُ: مؤنث الغَسَّال۔ دھوبن، کپڑے دھونے والی (۲) کپڑے دھونے کی مشین (۳) برتن دھونے کی مشین۔
الغَسَّالَةُ الآلِیَّةُ: خودکار واشنگ مشین۔
— الکَهْرَبائِیَّةُ: بجلی کی واشنگ مشین
الغُسَالَةُ: دھوون، وہ میل جو دھلائی کرنے سے نکلتا ہے۔
الغَسُولُ: دھو کر صاف کرنے والی چیز، صابن، سرف وغیرہ (۲) نہانے کا پانی۔
الغُسْلُ: غسل، پورے بدن پر پانی کا بہاؤ (۲) صابن وغیرہ ج: اَغْسَالٌ۔
الغِسْلُ: الغَسُولُ۔

الغِسْلَةُ : الغَسُولُ (۲) عورتوں کے بالوں میں لگانے کی خوشبو وغیرہ۔
الغِسْلِينُ : میل وغیرہ جو دھونے سے نکلتا ہے (۲) دوزخیوں کی کھالوں سے نکل کر بہنے والی پیپ وغیرہ۔ ارشادِ باری ہے: "وَلَا طَعَامٌ إِلَّا مِنْ غِسْلِينٍ"
الغَسُولُ : الغَسُولُ۔
الغَسِيلُ : بمعنی مَغْسُول۔ دھلائی کے کپڑے، دھلے ہوئے کپڑے۔
مِشْبَكُ الغَسِيلِ : کلاتھ پن، کپڑا پکڑنے کی چٹکی۔
المُغْتَسَلُ : غسل خانہ (۲) نہانے کا پانی قرآن پاک میں ہے "هٰذَا مُغْتَسَلٌ بَارِدٌ وَّ شَرَابٌ"
المَغْسَلُ : دھلائی کی جگہ، دھوبی کا گھاٹ ج: مَغَاسِلُ۔
المَغْسِلُ : دھونے کا ٹب یا حوض جو دیوار سے ملحق ہو (۲) سلفچی (۳) لانڈری۔ ج: مَغَاسِلُ۔
المَغْسَلَةُ : دھلائی کی دوکان یا عام جگہ لانڈری (۲) میت کو نہلانے کا تختہ۔
المِغْسَلَةُ : دھلائی مشین، دھونے کا آلہ، لکڑی وغیرہ۔
• غَسَمَ اللَّيْلُ ـُ غُسُومًا : تاریک ہونا۔
أَغْسَمَ اللَّيْلُ : تاریک ہونا۔
ـــ القَوْمُ : تاریکی میں داخل ہونا۔
الغَسَمُ : سیاہی (۲) تاریکی (۳) بدلی (بادل کا ٹکڑا) ج: أَغْسَامٌ۔
الغُسْمَةُ : بادل کا ٹکڑا ج: غُسَمٌ۔
• غَسَنَهُ ـُ غَسْنًا : چبانا۔
الغُسَانُ : دل کے آخری گوشے۔
الغَسَّانُ : الغُسَانُ۔ کہتے ہیں: لَقَدْ عَلِمْتُ أَنَّ ذٰلِكَ من غَسَّانِ قَلْبِكَ : مجھے معلوم ہے کہ یہ تمہارے دل کی گہرائی کی بات ہے (۲) جوانی کی تیزی، جوبن۔ کہتے ہیں: كَانَ ذٰلِكَ فِي غَسَّانِ شَبَابِهِ : یہ اس کی بھرپور جوانی میں ہوا۔ ما أَنْتَ من غَسَّانِهِ تم اس کے لوگوں میں سے نہیں ہو۔
الغَسَّانِيُّ : بہت خوبصورت۔
الغُسْنَةُ : بالوں کا گچھا، لٹ ج: غُسَنٌ
الغَيْسَانُ : جوانی کی تیزی، جوبن۔
• غَسَا اللَّيْلُ ـُ غُسُوًّا : رات کا تاریکی لے کر آنا۔
غَسِيَ اللَّيْلُ ـَ غَسًى : تاریک ہونا
أَغْسَى اللَّيْلُ : غَسَا۔
ـــ الرَّجُلُ : تاریکی میں داخل ہونا۔ کہتے ہیں: أَغْسِ من اللَّيْلِ : جب تک تاریکی دور نہ ہو رات کو اول وقت نہ چل۔
ـــ اللَّيْلُ فُلَانًا : رات کی تاریکی کا کسی کو لپیٹ میں لینا۔
الغُسُوُّ : بعد مغرب اور اس کے بعد رات کی تاریکی۔

غ ــــــ ش

• غَشَّ صَدْرُهُ ـِ غِشًّا : کسی کے دل میں کینہ کپٹ ہونا۔
ـــ صاحِبَهُ ـُ غِشًّا : دھوکہ دینا، دل میں چھپی بات کے برعکس ظاہر کرنا۔ غیر مفید چیز کو مفید بنا کر پیش کرنا هو غَاشٌّ ج: غُشَّاشٌ و غَشَشَةٌ۔
ـــ الشيءَ : جعلی بنانا، کھوٹ ملانا، ملاوٹ کرنا۔
أَغَشَّهُ : دھوکہ میں ڈالنا۔
ـــ عن حَاجَتِهِ : کسی سے اس کی ضرورت کے لئے عجلت کرانا اور اس سے باز رکھنا۔
غَشَّشَهُ : زبردست دھوکہ دینا۔
اِغْتَشَّهُ : کسی کے بارہ میں دھوکہ کا گمان کرنا، اس کو دھوکہ باز سمجھنا۔
اِسْتَغَشَّهُ : جعل ساز یا دھوکہ باز قرار دینا یا سمجھنا۔
الغِشَاشُ : اول و آخر تاریکی (۲) گدلا پانی (۳) تھوڑی نیند (۴) عجلت و جلد بازی۔ لَقِيتُهُ علی غِشَاشٍ : میں اس سے عجلت میں ملا۔
الغَشَشُ : گدلا گھاٹ (۲) گدلا پانی۔
الغِشُّ : دھوکہ، جعل سازی، ملاوٹ، کھوٹ، خیانت، غداری۔
غِشَاشًا و علی غِشَاشٍ : جلدی سے
الغَشَّاشُ : بڑا دھوکہ باز، جعل ساز، بڑا ملاوٹی۔
المَغْشُوشُ : غیر خالص، غیر اصلی، ملاوٹ والا، کھوٹا، جعلی (۲) فریب خوردہ۔
لَبَنٌ مَغْشُوشٌ : پانی ملایا ہوا دودھ
ذَهَبٌ مَغْشُوشٌ : کھوٹ ملا ہوا سونا۔
• غَشَمَ الحَاطِبُ ـِ غَشْمًا : لکڑہارے کا رات کو اچھی بری سوچے بغیر لکڑیاں (ایندھن) اکٹھی کرنا۔
ـــ الرَّجُلَ ـِ غَشْمًا : بے سوچے کام کرنا، ظلم ڈھانا۔ هو غَاشِمٌ و غَشُومٌ۔
تَغَاشَمُوا : ایک دوسرے پر ظلم ڈھانا۔
الأَغْشَمُ : پرانا خشک پودا۔
الغَاشِمُ : ظالم و جابر، غاصب۔
الغَشُومُ : دوسروں کو بے وقوف بنا کر جو ہاتھ لگے لے لینے والا (۲) لڑائی جنگ
نَاقَةٌ غَشُومٌ : جو سامنے سے نہ ہٹائی جا سکے۔

الغشیم: نادان و ناتجربہ کار، بھولا بھالا۔
المِغشَمُ: دلیر اور اپنی بات پر اٹل (۲) بڑا ظالم، خودسر۔
•غَشمَرَ السَّیلُ: سیلاب آنا۔
___ فُلانٌ: حق و ناحق کی پرواہ نہ کرتے ہوئے جو دل میں آئے کرنا۔
تَغَشمَرَ لَہُ: کسی پر سخت غصہ کرنا۔
___ السَّیلُ او الجَیشُ: آنا۔
___ الشیءَ: زبردستی لینا۔
الغَشَمشَمُ: المِغشَمُ (۲) بڑا ظالم۔
•غَشِیَ اللَّیلُ ــَ غَشًا: تاریک ہونا۔
___ الفَرَسُ وغَیرُہُ: بدن میں سے تمام سر کا سفید ہونا۔ ھو اَغشٰی و ھی غَشواءُ۔
___ الاَمرُ فلانًا غَشًا و غَشیًا: کسی کو گھیر لینا، پریشانی میں ڈالنا، لاحق ہونا۔
___ فلانا الموتُ: فلاں کو موت نے آپکڑا۔
غَشِیَہُ الموجُ او العذابُ: وہ موج یا عذاب میں پھنس گیا۔ غَشِیَہُ النُّعاسُ: اونگھنا، نیند غالب آنا۔
___ المکانَ غِشیانًا: کسی جگہ آنا۔
___ الاَمرَ: کسی کام میں لگ جانا۔
___ فُلانا بالسَّوطِ: کسی پر کوڑے برسانا۔
غُشِیَ عَلیہ غَشیَۃً و غَشیًا و غَشَیانًا: بے ہوش ہو جانا۔ ھو مَغشِیٌّ علیہ۔
اَغشَی اللَّیلُ: رات اندھیری ہو جانا۔
___ اللّٰہُ علٰی بَصَرِہ: اللہ کا کسی کی آنکھوں پر پردہ ڈالنا۔
___ فُلانًا الاَمرَ: کسی کام میں لگانا۔
___ فلانًا: اپنے پاس بلانا۔
غَشّی الشیءَ و علیہ: ڈھانکنا، پردہ ڈالنا۔
غَشّی اللّٰہُ علٰی بَصَرِہ (۲) احاطہ میں لینا، کور کرنا۔
___ فُلانا الاَمرَ: کسی کو کسی کام میں لگانا۔
___ فُلانًا بالسَّوطِ او السَّیفِ: زور شور سے کوڑا یا تلوار مارنا، اچھی طرح خبر لینا۔
تَغَشّی الشیءُ: ڈھک جانا۔
___ الشیءَ فلانًا: ڈھانک لینا۔
___ فُلانٌ بثوبہ: کپڑے کو اوڑھ لینا
___ المرأۃَ: جماع کرنا۔
اِستَغشٰی ثَوبَہُ و بِثَوبِہ: کپڑے کو اچھی طرح اوڑھ لینا کہ نہ کچھ سنائی دے اور نہ دکھائی دے۔
الغَاشِی: ڈھانکنے والا۔
الغَاشِیَۃُ: پردہ، ڈھکنا (۲) دل کا پردہ (۳) قیامت (۴) اچھی یا بری پیش آمدہ بات (۵) تلوار کی میان (۶) بھکاری جو بھیک مانگنے آئیں (۷) باری باری آنے والے دوست احباب، ملاقاتی اور حاضر باش لوگ (۸) پیٹ کی اندرونی بیماری (۹) سخت ترین سزا
الغِشاءُ: پردہ، ڈھکنا، غلاف، جھلی (۲) جلد (۳) کیپسول ج: اَغشِیَۃ۔
الغِشَاوَۃُ: پردہ، جھلی۔ قرآن پاک میں ہے: "وَ عَلٰی اَبصَارِھِم غِشَاوَۃٌ"۔ یہ فِعالَۃ کے وزن پر اسم آلہ ہے۔ وہ چیز جس سے کوئی چیز ڈھانکی جائے۔
الغَشیَۃُ: غشی، بے ہوشی (بوقت موت)
المَغشِیُّ: ڈھکا ہوا۔
المَغشِیُّ علیہ: بے ہوش۔
المُغَشّٰی: ڈھانکا ہوا، لپٹا سپٹا۔

غ ـــــ ص

•غَصَبَ الشیءَ ــِ غَصبًا: جبرًا اور قہرًا کوئی چیز لے لینا۔ جیسے: غَصَبَ مالَہُ: لوٹ لینا۔ ھو غاصِبٌ ج: غُصّابٌ۔
___ المرأۃَ: عصمت دری کرنا، زنا بالجبر کرنا۔
___ الجِلدَ: کھال کے بال اڑانا۔
___ فُلانًا علی شیءٍ: مجبور کرنا۔
اِغتَصَبَ الشیءَ: غَصَبَہ۔
الغَاصِبُ: لٹیرا، جابر، زبردستی قبضہ جمانے والا زنا بالجبر کرنے والا ج: غُصّابٌ۔
المَغصُوبُ: جبرًا لی ہوئی چیز (۲) جس سے جبرًا کوئی چیز لی گئی ہو (۳) مجبور۔
•غَصَّ بالماءِ ــَ غَصًّا و غَصَصًا: پانی حلق میں اٹکنا، اچھو لگنا۔ ھو غاصٌّ و غَصّانُ۔
___ المکانُ باَھلِہ: جگہ کا کھچا کھچ بھر جانا، جگہ تنگ ہو جانا، پر ہو جانا۔
اَغَصَّہُ: اچھو لگوانا۔
___ علیھم الاَرضَ: زمین تنگ کرنا۔
اِغتَصَّ: اچھو لگ جانا، حلق میں اٹک جانا
الغَاصُّ و المغتصُّ: بھرا ہوا، پر۔
الغُصَّۃُ: گلے میں اٹک جانے والی کھانے یا پینے کی چیز یا لقمہ، اچھو (۲) رنج و غم ج: غُصَصٌ۔
•غَصَنَ الغُصنَ ــِ غَصنًا: شاخ کاٹنا۔
___ الشیءَ: لے لینا۔
___ فُلانًا عن حاجتِہ: روکنا، اپنا کام پورا نہ کرنے دینا۔ کہتے ہیں: ما غَصَنَکَ عَنّی؟ تم کو میرے پاس آنے سے کس چیز نے روکا۔
اَغصَنَ العُنقُودُ: خوشۂ انگور کے دانے بڑے ہونا۔
___ الشَّجَرُ: درخت کی شاخیں نکلنا
غَصَّنَ العُنقُودُ: اَغصَنَ۔
الغُصنُ: ٹہنی، شاخ (پتلی ہو یا باریک) ج: غُصُونٌ و اَغصانٌ۔
الغُصنَۃُ: چھوٹی سی شاخ۔
غُصنُ الذَّھَبِ: ایک پودے کا نام۔

غ ـــــ ض

•غَضِبَ علیہ ــَ غَضَبًا: کسی پر

غصہ ہونا، ناراض ہونا اور انتقام کا ارادہ کرنا۔ هو غَضِبٌ و هي غَضِبَةٌ۔ هو غَضْبَانُ وهي غَضْبَى۔ هو غَضْبَانٌ (بالتنوین) و هي غَضْبَانَةٌ۔ جمع مذکر کے لئے غِضَابٌ۔ مؤنث کے لئے غَضَابَى۔
غَضِبَ لَه: کسی کی حمایت میں کسی پر بگڑنا۔
—— من لا شيءٍ: بلاوجہ غصہ ہونا۔
اَغْضَبَهُ: ناراض کرنا، غصہ دلانا۔
غَاضَبَ فُلَانٌ فُلَانًا: ایک دوسرے پر غصہ ہونا۔
—— فُلَانًا: کسی سے ناراض ہو کر الگ ہو جانا، ترک تعلق کرنا۔
اِغْتَمَطَ الشیءُ: کسی چیز کا اس طرح نکل جانا کہ کوئی نشان وعلامت باقی نہ رہے
— فُلانًا: کسی سے مقابلہ میں ہارنے کے بعد آگے نکل جانا۔
— فلانًا بالکلامِ: گفتگو میں کسی پر غالب آکر اسے زیر کر دینا۔
تَغَمَّطَ علیه التُّرابُ: مٹی کا کسی پر پڑ کر اسے ہلاک کر دینا۔
الغَمْطُ: نشیبی اور پست زمین۔
غَمْغَمَ الثَّوْرُ: بیل کا ڈکر ڈکر کارنا۔
— الاَبْطالُ: لڑائی میں جنگ بازوں کا گرجنا، آوازیں نکالنا۔
— الصَّبِیُّ: بچہ کا دودھ کے لئے پستان سے منہ لگا کر رونا۔
— الکلامَ: مبہم بات کرنا، بڑبڑانا، منہ ہی منہ میں کچھ کہنا۔
تَغَمْغَمَ: بڑبڑانا، مبہم بولنا۔
— الغَرِیْقُ تَحْتَ الماءِ: ڈوبے ہوئے

کا پانی میں گڑگڑانا۔
الغَمْغَمَۃُ: لڑائی میں جنگ بازوں کا شور (۲) بیلوں کی خوف کے وقت کی آواز (۳) مبہم بات، بڑبڑاہٹ ج: غَمَاغِمُ۔
التَغَمْغُمُ: الغَمْغَمَۃُ۔
• غَمَقَتِ الاَرْضُ ــُـ غَمْقًا: جگہ کا تر اور نم ہونا، مرطوب ہونا (۲) پانی یا پانی رسنے کی جگہ سے قریب ہونا۔
ـــ النَّبَاتُ: نباتات کا نمناکی (رطوبت) سے خراب ہوکر بدبودار ہونا۔
غَمِقَتِ الاَرْضُ او النَّبَاتُ ــَـ غَمَقًا: نمناک اور مرطوب ہونا۔
ـــ البَلَدُ: ملک یا شہر کا مرطوب آب وہوا والا ہونا، بہت پانی والا ہونا۔ ھو غَمِقٌ۔
غَمُقَتِ الاَرْضُ ــُـ غَمَقًا: غَمَقَتْ
الغَامِقُ: سیاہی مائل یا گہرا (رنگ)
الغَمَقُ: نمی، تری، رطوبت، شبنم۔
الغَمَقَۃُ: شیروں کی ایک بیماری۔
المَغْمُوقُ: مرض غمقہ میں مبتلا۔
• غَمَلَ النَّبَاتُ ــُـ غَمْلًا: نباتات کا ایک دوسرے پر چڑھ کر متعفن اور خراب ہوجانا۔
ـــ الاَمْرَ: چھپانا، پوشیدہ رکھنا۔
ـــ فُلَانًا: پسینہ لانے کے لئے کپڑا اڑھانا
ـــ البُسْرَ: خام کھجور کو پکانے کے لئے کپڑے وغیرہ سے ڈھانکنا۔
ـــ الاَدِیْمَ: چمڑے کو ڈھیلا کرنے کیلئے ریت میں دبانا۔
ـــ العِنَبَ فِی الزَّبِیْلِ: انگوروں کو زنبیل میں تہ بہ تہ رکھنا۔
غَمِلَ النَّبْتُ ــَـ غَمَلًا: پودے کا آپس میں الجھ کر متعفن ہوجانا۔
ـــ الجُرْحُ: پٹی باندھنے سے زخم کا خراب ہوجانا۔

اَغْمَلَ اِهَابَہٗ: کچے چمڑے کو اتنا چھوڑے رکھنا کہ وہ خراب ہوجائے۔
اِنْغَمَلَ الاَدِیْمُ: چمڑے کا ریت میں دبانے سے بدبودار و ڈھیلا ہوجانا۔
تَغَمَّلَ النَّبَاتُ: غَمَلَ۔
المَغْمُوْلُ: ریت میں دبایا ہوا (۲) گمنام۔
• الغُمْلُوْلُ: درختوں سے ڈھکی ہوئی وادی ج: غَمَالِیْلُ۔
• الغُمَالِجُ: غیر مستقل مزاج آدمی (۲) نرناس (۳) جلد بڑھنے والا درخت (۴) ایک پودا۔
الغَمْلَجُ و الغَمَلَّجُ: متلون مزاج (جو ایک عادت پر قائم نہ رہتا ہو)۔
• الغَمَلَّسُ: ڈھیٹ اور بدخو (بھیڑیے کی صفت)۔
• غَمَّ الـیَوْمُ ــُـ غَمًّا وغُمُوْمًا: دن کا اتنا گرم ہونا کہ دم گھٹنے لگے۔ ھو غَامٌّ وغَمٌّ ومِغَمٌّ۔
ـــ الشیئَ غَمًّا: ڈھانپنا، چھپانا۔ جیسے غَمَّ القَمَرُ النُّجُوْمَ: چاند نے ستاروں کو ڈھانک لیا، ماند کردیا۔
ـــ الثَّوْرَ ونَحْوَہٗ: رہٹ یا چکی وغیرہ میں چلنے والے بیل وغیرہ کی آنکھوں پر پٹی باندھنا۔
ـــ فُلَانًا: رنج پہنچانا، مغموم کرنا، رنجیدہ کرنا۔
غُمَّ علیہ الھلالُ: چاند کا بادلوں میں یا کہر میں چھپ جانا، چاند اور کسی کے درمیان بادل یا کہر کا حائل ہوجانا، چاند کا کسی کو بادل کی وجہ سے دکھائی نہ دینا، حدیث میں ہے " صُوْمُوا لِرُؤْیَتِہٖ و اَفْطِرُوا لِرُؤْیَتِہٖ فَاِنْ غُمَّ علیکم فَاکْمِلُوا عِدَّۃَ شَعْبَانَ ثلاثین یومًا"۔
ـــ علیہ الخَبَرُ: کسی سے خبر کا مخفی رہنا مبہم اور مشتبہ ہونا۔

غَمَّ ــَـ غَمَمًا: بہت لمبے اور گھنے بالوں والا ہونا (جن سے پیشانی تنگ ہوجائے) یہ بالوں کا ایک عیب ہے۔ ھو اَغَمُّ وھی غَمَّاءُ ج: غُمٌّ۔ فُلَانٌ اَغَمُّ الوَجْہِ و اَغَمُّ القَفَا: بیوقوف ہے
ـــ السَّحَابُ: بادلوں کا گھنا ہونا، درمیان میں خلا نہ ہونا۔
اَغَمَّتِ السَّمَاءُ: آسمان کا ابر آلود ہونا۔
اَغَمَّ الیَوْمُ: سخت اور گھٹن والا ہونا۔ ھو مُغِمٌّ۔
ـــ الاَرْضُ: بہت نباتات والی ہونا، بہت روئیدگی والی ہونا۔
مَا اَغَمَّكَ لِی ومَا اَغَمَّكَ اِلَیَّ ومَا اَغَمَّكَ عَلَیَّ؟ تم نے میری وجہ سے کیوں رنج کیا۔
غَامَّہٗ: ایک دوسرے کو ڈھانپنا یا ایک دوسرے کو رنجیدہ کرنا۔
اِغْتَمَّ: ڈھک جانا (۲) غمگین ہونا (۳) دم گھٹنا۔
ـــ النَّبْتُ: پودے کا لمبا اور گھنا ہونا۔
اِنْغَمَّ: ڈھک جانا (۲) رنجیدہ ہونا۔
الغَامُّ: یومٌ غَامٌّ۔ انتہائی گرم دن (۲) غمناک دن، یوم الحزن۔
الغُمَامُ: زکام۔
الغَمَامُ: گھٹا، ابر (ملے ہوئے بادل)۔
الغَمَامَۃُ: بادل ج: غَمَائِمُ، غَمَامٌ۔
حَبُّ الغَمَامِ: اولے۔ ھو یَفْتَرُّ عن مِثْلِ حَبِّ الغَمَامِ: وہ اولوں کی طرح سفید دانتوں سے ہنستا ہے۔
الغِمَامَۃُ: جانور کے منہ پر باندھنے کا چھینکا (۲) بیل وغیرہ کی آنکھوں کی پٹی، گھوڑے کی آنکھوں کا پردہ۔ ج: غَمَائِمُ۔
الغَمُّ: رنج، غم، ملال ج: غُمُوْمٌ۔
یَوْمٌ غَمٌّ: سخت گرم دن، غم کا دن

الغَمَّاءُ: زمانہ کی آفت، مصیبت، پریشانی کہاوت ہے: مثلك يكشف الغَمَّاءَ: تم جیسا آدمی سختی زمانہ کو دور کر دیتا ہے۔ انهم لفی غمّاءَ من الامر: وہ لوگ مشکل معاملہ میں الجھے ہوئے ہیں (۲) مہینہ کی آخری رات۔ کہتے ہیں: صُمنا للغَمّاءِ یعنی چاند والی رات میں بادل کی وجہ سے چاند نظر نہ آنے کی بنا پر ہم نے روزہ رکھا۔
الغُمَّةُ: رنج، غم (۲) گھی کے برتن کی تلی۔ اَمرٌ غُمَّةٌ: مبہم و پیچیدہ معاملہ۔ انّه لفی غُمَّةٍ من امرہ: وہ اپنے معاملہ میں اس طرح الجھا ہوا ہے کہ راہ نہیں مل رہی ہے۔ ساروا فی ارضٍ غُمَّةٍ: وہ تنگ جگہ میں چلے۔ صُمنا للغُمَّة: چاند کی رویت کے بغیر ہم نے روزہ رکھا ج: غُمَمٌ۔
الغَمّی: لڑائی میں لوگوں کو پریشان کرنے والی سخت صورت حال (۲) گرد آلودگی (۳) تاریکی۔ لَیلَةٌ غَمّی: وہ رات جس میں بادل یا کہر کی وجہ سے چاند دیکھا نہ جا سکے۔
الغُمّی: آفت و مصیبت زمانہ۔ کہتے ہیں: انّهم لفی غُمّی من امرهم: وہ مشکل معاملہ میں پھنسے ہوئے ہیں۔
الغَمِیمُ: گرم کر کے گاڑھا کیا ہوا دودھ۔
المُغِمُّ: انتہائی گرم (دن)، ابر آلود (آسمان)، غمناک۔
المُغِمَّة: اَرضٌ مُغِمَّة: بہت نباتات والی زمین۔
المُغَمِّمُ: بہت پانی والا سمندر یا بادل۔
المَغمُومُ: غمگین، رنجیدہ۔ رُطَبٌ مَغمُومٌ: تر و تازہ رکھنے کے لئے بھٹی میں بند کی ہوئی پختہ کھجور (۲) زکام میں مبتلا (۳) ابر آلود۔

• غَمَنَ الجِلدَ ـُ غَمنًا: چمڑے کو اون اتارنے کے لئے ریت میں دبانا
ـــ البُسرَ: گدر کھجور کو پکانے کے لئے دبانا
ـــ فُلانًا: پسینہ لانے کے لئے کپڑا اڑھانا
غُمِنَ فی الارضِ: زمین میں داخل کیا جانا۔
انغَمَنَ فی الارضِ: زمین میں گھسنا، دفن ہونا (۲) گدر کھجور کی پال لگنا۔
الغُمنَةُ: عورت کے چہرے پر ملنے کی خوشبو یا پاؤڈر وغیرہ۔
• غَمَا البَیتَ ـُ غَموًا ـِ غَمیًا: گھر کی چھت ڈالنا۔
غُمِیَ علیه غَمًی: بے ہوشی طاری ہونا۔ هو مَغمِیٌّ علیه۔
ـــ اللَّیلُ والیَومُ: رات یا دن بھر ابر چھایا رہنا جس سے نہ سورج دکھائی دے اور نہ چاند۔
اُغمِیَ علیه: غشی طاری ہونا، بے ہوش ہونا۔ هو مُغمًی علیه۔
ـــ اللَّیلُ والیَومُ: غُمِیَ۔
ـــ علیه الخَبَرُ: خبر پوشیدہ رہنا۔
ـــ علیه الهِلالُ: بادل یا کہر کی وجہ سے چاند نہ دیکھ سکنا۔
غَمّی البَیتَ: چھت ڈالنا۔
ـــ الشَّیءَ: ڈھانکنا، چھپانا۔
الاِغماءُ: غشی، بے ہوشی۔
الاِغماءَة: ایک دفعہ کی غشی۔
الغِماءُ: مکان کی چھت ج: اَغمِیَة۔
الغَمی: مکان کی چھت (۲) ہر چیز کا بلند حصہ، چوٹی (۳) گھوڑے پر پسینہ لانے کے لئے ڈالا جانے والا کپڑا (۴) رہٹ یا کولہو وغیرہ میں چلنے والے جانور کے منہ کا پردہ (جو چکر سے بچانے کے لئے باندھ دیا جاتا ہے) (۵) بے ہوشی۔ رَجُلٌ غَمًی و رِجالٌ غَمًی و امرأةٌ غَمًی۔ بے ہوش، قریب المرگ

ج: اَغماءٌ۔ کہتے ہیں: کان علی السَّماءِ غَمًی: آسمان پر چاند دیکھنے کے درمیان بادل حائل تھا۔
الغُمیَةُ: چاند کی رات جس میں بادل یا کہر کی وجہ سے چاند دیکھا نہ جا سکے۔
الاُستُغُمّایَةُ: آنکھ مچولی (بچوں کا کھیل)۔

ع ــــ ن

الغَنَبُ: بہت سا مالِ غنیمت۔
الغُنبَةُ: جاذب شکل لڑکے کی باچھ یا ٹھوڑی پر دائرہ نما لکیر ج: غُنَبٌ۔
• غَنِثَ الرَّجُلُ ـَ غَنَثًا: سانس لے لے کر پینا۔
تَغَنَّثَ الشیءُ: بوجھل ہونا۔
• غَنِجَتِ المرأةُ ـَ غَنَجًا: شوہر کو نخرہ دکھانا، ناز نخرے کرنا، ادائیں دکھانا۔ هی غَنِجَةٌ و مِغناجٌ۔
تَغَنَّجَتِ المرأةُ: غَنِجَت۔
غَنَّجَ الصَّبِیَّ: بچہ کو لاڈ پیار میں بگاڑنا۔
الاُغنُوجَةُ: ادا، نخرا، لاڈ پیار کی بات یا حرکت ج: اَغانیجُ۔
الغُناجُ: ناز نخرہ۔
الغِناجُ: جسم کے گدے ہوئے حصہ پر لگانے کا کاجل۔
الغُنجُ: ناز نخرہ (۲) آنکھوں کا سرگیں پن، چہرہ کا محبوبانہ انداز۔
الغَنِجُ: ناز نخرے والا (۲) بناوٹی ہنسی ہنسنے والا م: غَنِجَةٌ۔ و هی غَنُوجَةٌ و غَنّاجَةٌ: شیریں ادا عورت۔
الغَنجَةُ: خارپشت، سیہی۔
المِغناجُ: ناز نخرہ والی عورت۔
المُغَنِّجُ: کمزوری کا اظہار کرنے والا (۲) ناز و انداز سے قدم اٹھانے والا۔
المُغَنَّجُ: لاڈ پیار میں بگاڑا ہوا۔

•الغُنْدُرُ: گداز جسم نوجوان چھبیلا۔
الغُنْدُوْرُ: الغُنْدُرُ۔
•غَنِصَ ـَ غَنَصًا: تنگ سینہ والا ہونا۔
الغُنُوْصِيَّةُ: پہلی اور دوسری صدی عیسوی کے مفکرین کی ایک جماعت کا نظریہ جو دین اور فلسفہ کے امتزاج پر مبنی ہے۔
•غَنَظَ ـِ غَنْظًا: ہلاکت کے قریب ہوکر بچ جانا، بال بال بچنا۔
ـــ الاَمْرُ فُلَانًا: کسی کے لئے کام کا مشکل ہونا، باعث مشقت ہونا۔
الغِنَاظُ: سخت پریشانی و مشقت، رنج و غم
المَغْنُوْظُ: غمگین۔
•غَنِمَ الشیءَ ـَ غَنْمًا: حاصل کرنا، پالینا (۲) غازی کا مال غنیمت حاصل کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلَالًا طَيِّبًا"
اَغْنَمَهُ الشيءَ: کوئی چیز کسی کے لئے مال غنیمت بنا دینا، غنیمت حاصل کرا دینا۔
غَنَّمَهُ: عطا کرنا، مال غنیمت دینا (۲) حصہ سے زائد دینا۔
اغْتَنَمَ الشَيءَ: غنیمت (مال مفت) سمجھنا (۲) فائدہ اٹھانا۔
ـــ الفُرْصَةَ: موقع غنیمت جاننا، موقع سے فائدہ اٹھانا۔
تَغَنَّمَ الشَيءَ: غنیمت جاننا، ہاتھ سے نہ جانے دینا جیسے کہا جائے کہ فلانٌ يَتَغَنَّمُ الاَمْرَ: وہ مال غنیمت کی طرح فلاں معاملہ کو چھوڑنا نہیں چاہتا۔
الغَانِمُ: مال غنیمت پانے والا، فائدہ اٹھانے والا۔
الغُنْمُ: بلا مشقت کسی شئے کا حصول (۲) مالِ غنیمت، مال مفت (دشمن سے قہراً لیا ہوا مال) (۳) فائدہ مقولہ ہے: الغُنْمُ بالغُرْمِ: نفع کے مقابل نقصان بھی ہے۔ یعنی جو شخص کسی چیز سے فائدہ اٹھاتا ہے اسے ہی اس کا نقصان بھی برداشت کرنا پڑتا ہے۔ ج: غُنُوْمٌ۔
الغَنَمُ: بھیڑ بکریاں (اس لفظ سے اس کا واحد نہیں ہے) ج: اَغْنَامٌ و غُنُوْمٌ۔
الغَنَّامُ: بکریوں والا، بکریوں کا چرواہا یا نگراں۔
الغَنِيْمَةُ: جنگ میں بزور حاصل کیا ہوا مال، مالِ مفت، بلا مشقت حاصل شدہ چیز۔ ج: غَنَائِمُ۔
المَغْنَمُ: الغَنِيْمَةُ ج: مَغَانِمُ۔
•غَنَّ ـَ غَنًّا و غُنَّةً: غنغنانا، ناک سے آواز نکالنا، خنخنانا۔ هو اَغَنُّ و هي غَنَّاءُ ج: غُنٌّ۔
ـــ الرَّوْضَةُ او الوَادِي: باغ یا وادی کا گھنے اور زیادہ درختوں والا ہونا جہاں مکھیوں کی کثرت سے ان کی بھنبھناہٹ سنی جائے، سرسبز و شاداب ہونا۔
اَغَنَّتِ الرَّوْضَةُ او الوادي: کثیر اور گنجان درختوں والا ہونا۔ هو مُغِنٌّ و هي مُغِنَّةٌ۔
ـــ الذُّبَابُ: مکھیوں کا بھنبھنانا۔ هو مُغِنٌّ و هي مُغِنَّةٌ۔
ـــ الاَرْضُ: لمبی گھاس والی ہونا۔
غَنَّنَ: گھنا اور گنجان بنانا، زیادہ درختوں والا بنانا۔
الغُنَّةُ: ناک میں بولنے کی آواز، گنگناہٹ، بھنبھناہٹ۔
الغَنَّاءُ: الرَّوْضَةُ الغَنَّاءُ: زیادہ درختوں والا، گھنا اور گنجان باغ۔
•غَنِيَ فُلَانٌ ـَ غِنًى و غَنَاءً: مال دار ہونا۔ هو غَانٍ و غَنِيٌّ۔
ـــ عن الشَّيءِ: بے نیاز ہونا، اس کی ضرورت و احتیاج نہ ہونا۔
ـــ المَكَانُ: جگہ کا آباد ہونا۔
ـــ بالمَكَانِ: قیام کرنا۔
ـــ القَوْمُ في دِيَارِهِم: اپنے ملک میں لمبا قیام ہونا۔ کہتے ہیں: غَنِيْتُ لك مِنّي بالمَوَدَّةِ و البِرِّ: میں نے تم سے تعلق و ہمدردی برقرار رکھی ہے۔
ـــ المرأةُ بِزَوْجِها غِنًى و غُنْيَانًا: بیوی کا اپنے شوہر سے آسودہ اور مطمئن ہونا۔
اَغْنَى الشيءُ: کوئی چیز کافی ہونا۔
ـــ الرَّجُلُ عن فلان: کسی شخص کا کسی کے لئے کافی ہونا (حفاظت و کفالت میں کسی دوسرے سے بے نیاز کرنا) ما يُغْنِي عنك هذا: یہ چیز تمہارے لئے نفع رساں نہ ہوگی، اس سے تم کو کوئی فائدہ نہ ہوگا۔
ـــ اللهُ فُلَانًا: مال دار کرنا۔
ـــ عنه غَنَاءَ فُلَانٍ و مَغْنَاهُ و مَغْنَاتَهُ: وہ اس کے قائم مقام ہوگیا۔
غَنَّى تغنئةً: گانا گانا، ترنم سے شعر وغیرہ پڑھنا۔
ـــ الحَمَامُ: کبوتر کا بولنا، غٹرغوں کرنا۔
ـــ فُلَانٌ بِفُلَانٍ: کسی کی تعریف کرنا، گن گانا، مدح سرائی کرنا (۲) برائی کرنا ہجو کرنا۔
ـــ بالمَرْأَةِ: عورت سے عشق بازی کرنا، عورت سے عاشقانہ باتیں کرنا۔
ـــ اللهُ فُلَانًا: مال دار بنانا۔
ـــ فُلَانٌ الرَّكْبَ بِفُلَانٍ: قافلہ والوں سے اشعار میں کسی کا تذکرہ کرنا
ـــ فُلَانًا الشِّعْرَ و بِالشِّعْرِ: کسی کو

ترنّم سے شعر سنانا۔
غَنَّی الشِّعْرَ و بالشِّعْرِ: ترنّم سے شعر پڑھنا۔
اَغْتَنَی: مال دار ہو جانا۔
تَغَانَی: مال دار ہونا (۲) ایک دوسرے سے بے نیاز ہونا۔
تَغَنَّی: مال دار ہونا۔
— بالمرأۃ: عورت سے عشق بازی کرنا۔
— الحمامُ: کبوتر کا بولنا، غٹرغوں کرنا۔
— بالشِّعر: ترنّم سے شعر پڑھنا، گانا۔
اِسْتَغْنَی: مالدار ہونا۔
— عنہ: بے نیاز ہونا۔
— بہ: کسی چیز پر اکتفا کرنا، کافی سمجھنا
— اللّٰہَ: اللہ سے مال دار بنا دینے کی دعا کرنا، بے نیاز کرنے کی درخواست کرنا
الأُغْنِیَۃُ: گانا، گیت، نغمہ ج: اَغَانٍ
الأُغْنِیَّۃُ: الأُغْنِیَۃُ ج: اَغَانِیُّ۔
الغَانِی: مال دار، متموّل۔ رَجُلٌ غَانٍ عن کذا: بے نیاز۔
الغَانِیَۃُ: پیکر حسن و جمال جو زیب و زینت سے بے نیاز ہو (۲) اپنے خاوند سے آسودہ اور مطمئن ج: غَوَانٍ۔
الغَنَاءُ: تموّل، مال داری، دولت مندی (۲) نفع، کفایت۔ ھذا الشیءُ لا غَنَاءَ فیہ: یہ چیز بے فائدہ ہے۔
الغِنَاءُ: گانا، گیت، نغمہ، موسیقی کے ساتھ ہو یا بلا موسیقی۔
الغِنَائِیَّۃُ: موسیقی کی شراب اور سُروں پر کھیلا جانے والا منظوم مکالماتی ڈرامہ۔
الغِنَی: مال داری، تموّل، مالی کفالت۔
شیءٌ لا غِنَی عنہ: ضروری چیز جس کے سوا چارہ کار نہ ہو، ناگزیر۔
مالہ عنہ غِنًی: وہ اس سے بے نیاز نہیں۔ اس کے لئے اس کے بنا چارہ نہیں، ناگزیر۔

الغُنْیَانُ: مالہ عنہ غُنْیَانٌ: اس کے لئے اس کے سوا چارہ نہیں۔
الغَنِیُّ: مال دار، متموّل (۲) باری تعالٰے کا ایک نام۔ وہ کسی شے میں کسی کا محتاج نہیں اور ہر ایک اس کا محتاج ہے۔
الغَنِیُّ عن الشیءِ: بے نیاز۔ غَنِیٌّ عن البیانِ کذا: یہ بات محتاجِ بیان نہیں۔
الغَنِیُّ بکذا: مالا مال، معمور، مکتفی۔
مَکْتَبَۃٌ غَنِیَّۃٌ بالکُتُبِ: کتابوں سے بھرا ہوا مکتبہ۔
الغُنْیَۃُ: مالِ کفایت، تموّل، مال داری
المُسْتَغْنِی: مال دار۔
— عن شیءٍ: بے نیاز۔
المَغْنَی: اقامت گاہ، منزل ج: مَغَانٍ۔
مالہ عنہ مَغْنًی: وہ اس سے بے نیاز نہیں۔
المُغْنِی: باری تعالٰی کا ایک نام۔ وہ وہ ہے جو اپنے جس بندے کو چاہتا ہے غنی اور لوگوں سے بے نیاز کر دیتا ہے۔
المُغَنِّی: گویّا، گانے کا پیشہ کرنے والا۔

غ — ھ

• غَهِبَ عنہ ـَ غَهَبًا: غافل ہونا، فراموش کر دینا، ذہن سے نکل جانا۔
اَغْهَبَ عنہ: غَهِبَ عنہ۔
اغْتَهَبَ: اندھیرے میں چلنا۔
الغَهَبُ: اَصَابَ شَیْئًا غَهَبًا: بلا قصد وارادے کے کوئی چیز پا لینا۔
الغَيْهَبُ: تاریکی (۲) انتہائی اندھیری رات (۳) بہت کالا گھوڑا وغیرہ اَسْوَدُ غَيْهَبٌ: بہت کالا (۴) سست اور موٹی عقل والا، بدھو (۵) غافل و کمزور ج: غَيَاهِبُ۔

الغَيْهَبَۃُ: لڑائی کا شور و ہنگامہ۔

غ — و

• غَاثَہُ اللّٰہُ ـُ غَوْثًا: مدد کرنا۔
اَغَاثَہُ: مدد کرنا، امداد کرنا۔ اَغَاثَهُمُ اللّٰہُ بِرَحْمَتِہٖ: اللہ ان کی سختی و پریشانی کو دور فرمائے اور ان پر رحمت برسائے۔
غَوَّثَ الرَّجُلُ: ہائے مدد ہائے مدد کہہ کر پکارنا۔ (ضُرِبَ فُلانٌ فَغَوَّثَ)
استغاثہ و بہ: کسی کی مدد مانگنا (۲) مدد کے لئے پکارنا۔
الاستِغَاثَۃُ: مدد طلبی، فریاد (۲) نحویوں کے نزدیک اس شخص کو پکارنا جو کسی مصیبت سے چھٹکارا دلائے یا ازالۂ آفت میں مدد دے، مستغاث بہ (جس سے مدد طلب کی جائے) کے ساتھ لام مفتوح اور مستغاث لہ کے ساتھ لام مکسور لگایا جاتا ہے، جیسے کہا جائے یَا لَلّٰہِ لِلمسلمین: اے اللہ مسلمانوں کی مدد کر، اور اگر مستغاث لہ کے خلاف مدد طلب کی جائے تو اس پر کبھی مِن جارّہ بھی داخل ہوتا ہے جیسے: یا لَلرِّجالِ ذوی الألبابِ من نَفَرٍ: اے اہل خرد تم ایسے شخص کے خلاف اٹھ کھڑے ہو (جو ایسا ہے)۔
الإِغَاثَۃُ: مدد، ریلیف، فریادرسی۔
لَجنۃُ الاغاثۃِ: ریلیف کمیٹی۔
صُندوق الاغاثۃ: ریلیف فنڈ
الغَوْثُ: مدد، امداد، ریلیف، بوقت مصیبت مدد کے لئے کہا جاتا ہے:
وَاغَوْثَاہ: مدد مدد۔
الغَوِیْثُ: مدد، خوراک وغیرہ جو آفت رسیدہ کو بہم پہنچائی جائے۔
الغِیَاثُ: سامانِ مدد، امداد۔
المُغَاثُ: مدد کیا ہوا (۲) ایک قسم کا پودا

جس کی جڑیں باریک کوٹ کر پانی اور گھی شکر ملا کر زچہ کو بطور دوا وغذا پلائی جاتی ہیں۔
المَغُوثُ: جس کی مدد کی گئی۔
المَغُوثَةُ: مدد، امداد ج: مَغَاوِث۔
المُغِيث: فریادرس، مددگار۔
• غَاجَ فی مِشْيَتِه ـُ غَوْجًا: چلتے ہوئے بل کھانا، مڑنا، لچکنا، کچھ جھک کر چلنا۔
تَغَوَّجَ فی مِشْيَتِه: غَاجَ۔
الغَوْجُ: نیند کی وجہ سے سست و ڈھیلا، ج: غُوجٌ۔ فَرَسٌ غَوْجُ اللَّبَانِ: چوڑے سینہ والا۔
• غَارَ المَاءُ ـُ غَوْرًا و غُئُوْرًا: پانی کا زمین میں اترنا، گہرا ہونا، گہرائی میں پہنچنا۔
ــ عَيْنُهُ: آنکھ کا دھنس جانا۔
ــ الشَّيْءُ فی الشَّيْءِ: گھس جانا۔ مقولہ ہے: غُرْتَ فی غیر مَغَارٍ: تم نے غلط راہ اختیار کی ہے۔
ــ الشَّمْسُ و نَحْوُهَا: غروب ہونا
ــ فی الأَمْرِ: گہرائی میں جانا، غور کرنا، باریک بینی سے کام لینا۔
ــ اللّٰهُ القَوْمَ بِخَیْرٍ غِیَارًا: اللہ کا بارش اور شادابی سے نوازنا، نفع پہنچانا۔ دعا ہے: اَللّٰهُمَّ غُرْنَا مِنْكَ بِغَيْثٍ او بِخَيْرٍ: اے اللہ بارش اور شادابی سے ہماری مدد فرما
أَغَارَ فُلَانٌ: پست (نشیبی) زمین میں آنا (۲) چال وغیرہ تیز کرنا، جلدی کرنا (۳) طاقت کے ساتھ تیز دوڑنا۔
ــ فی الأَرْضِ: روئے زمین کا سفر کرنا۔
ــ القَوْمَ و بِہِم و اِلَيْهِم: مدد کرنے کے لئے لوگوں کے پاس آنا۔
ــ عَلَيْهِم: گھوڑوں سے چڑھائی کرنا: یورش کرنا، حملہ کرنا، دھاوا بولنا۔
هو مُغِير۔
أَغَارَ الحَبْلَ: رسّی کو خوب بٹنا۔
غَاوَرَ القَوْمُ مُغَاوَرَةً و غِوَارًا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا، یورش کرنا۔
ــ العَدُوُّ القَوْمَ: قوم پر دشمن کا حملہ کرنا۔
غَوَّرَ المَاءُ: پانی کا زمین میں اتر جانا، گہرائی میں پہنچنا۔
ــ فُلَانٌ: نشیبی زمین پر آنا۔
ــ عَيْنُهُ: آنکھ دھنسنا۔
ــ الشَّمْسُ و نَحْوُهَا: چھپنا۔
ــ النَّهَارُ: دن ڈھلنا، سورج ڈھلنا زوال کا وقت ہونا۔
تَغَاوَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا، یورش کرنا۔
اِسْتَغَارَ فُلَانٌ: موٹا ہو جانا، چربی چڑھنا۔
ــ القَرْحَةُ: زخم پر ورم ہونا۔
ــ عَلَيْهِم: حملہ کرنا۔
الإِغَارَةُ: حملہ، یورش، یلغار۔
الغَائِرُ: گہرا (۲) زمین میں اترا ہوا (۳) دھنسا ہوا (۴) نکتہ آفریں، دقیقہ سنج
الغَائِرَةُ: نصف النہار، دوپہر۔
النَّظْرَةُ الغَائِرَةُ: گہری نظر۔
الغَارُ: پست جگہ، نشیب (۲) پہاڑ وغیرہ میں تراش کر بنایا ہوا مکان وغیرہ (۳) گڑھا، کھوہ، غار (۴) بڑا مجمع، لشکر جرار (۵) دونوں جبڑوں کے درمیان کا گڑھا۔ التقی الغاران: دونوں لشکر ٹکرا گئے (۶) ایک پودا جو مکانوں میں خوبصورتی کے لئے لگایا جاتا ہے ج: غِيرَانٌ۔
الغَارَان: خانۂ چشم کی دو ہڈیاں (ہڈیوں کے گڑھے جن میں آنکھیں لگی ہوتی ہیں) (۲) شکم و فرج۔ کہتے ہیں: المرءُ يَسْعَى لِغَارَيْهِ: آدمی دو چیزوں کے لئے دوڑ دھوپ کرتا ہے پیٹ اور شہوت نفس کے لئے۔
الغَارَةُ: دشمن پر حملہ، یورش، دھاوا (۲) حملہ آور گھوڑے۔
الغَارَةُ الجَوِّيَّةُ: فضائی حملہ۔
شَنَّ عَلَى العَدُوِّ الغَارَةَ: حملہ کرنا، دھاوا بولنا، یلغار کرنا۔
الغَوْرُ: پست زمین۔ سَبَرَ غَوْرَهُ: گہرائی ناپنا یعنی حقیقت و اصلیت سے واقف ہونا، جانچنا (۲) غار، نشیبی زمین (۳) پہاڑ میں تراشا ہوا مکان ج: أَغْوَارٌ و غِيرَانٌ۔ فُلَانٌ بَعِيدُ الغَوْرِ: چالاک و ہوشیار۔ مَاءٌ غَوْرٌ: گہرا پانی، گہرائی میں اترا ہوا پانی۔ قرآن پاک میں ہے: "قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَصْبَحَ مَاؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَأْتِيكُمْ بِمَاءٍ مَعِينٍ"
المَغَارُ: پہاڑ کا غار، کھوہ ج: مَغَارَات
المُغَارُ: یورش گاہ جہاں ہلّہ بولا جائے یا گھوڑوں سے چڑھائی کی جائے۔
المَغَارَةُ: المَغَارُ۔
المِغْوَارُ: بڑا جنگ جو دشمنوں پر خوب حملے کرتا ہو، دلیر، شجاع ج: مَغَاوِيرُ
المُغِيرُ: حملہ آور، یورش کنندہ۔
المُغِيرِيَّةُ: مغیرہ بن سعید العجلی کی طرف منسوب ایک فرقہ۔
• غَازَهُ ـُ غَوْزًا: قصد کرنا۔
غَوَّزَ المَادَّةَ: مادہ کو کیمیاوی طریقہ پر گیس میں تبدیل کرنا، گیس بنانا۔
الأَغْوَزُ: اہل خانہ اور اہل قرابت پر مہربان۔
الغَازُ: گیس (۲) پٹرول ج: غَازَات (دیکھئے غاز)
غَازُ الفَحْمِ: کوئلہ گیس۔

الغَازُ الخانِقُ: مہلک گیس جس سے سانس گھٹ جائے۔
الغَازُ السَّامُّ: زہریلی گیس۔
الغَازُ الطَبِيعِيُّ: قدرتی گیس۔
غَازُ التَّدْفِئَةِ: گرم کرنے کی گیس، ہیٹنگ گیس۔
غَازُ الوَقُود: جلانے والی (پکانے کیلئے استعمال کی جانے والی گیس۔
غَازُ الاستِصْبَاح: روشنی میں کام آنے والی گیس۔
نورُ الغاز: گیس کی روشنی۔
قِناعُ الغازات السَّامَّة: گیس ماسک، گیس سے بچاؤ کا نقاب۔
مقیاس ضَغط الغازات: فشارپیما گیس کے دباؤ کا پیمائشی آلہ۔
الغازِيُّ: گیس کا، گیس جیسا۔
الغازوزة: دیکھئے (غ ا ز)
•غاصَ فی الماءِ ـُ غَوْصًا: پانی میں غوطہ لگانا۔
—فی البحرِ علی اللُّؤلُؤ: موتی نکالنے کے لئے سمندر میں غوطہ لگانا۔ کہتے ہیں: ما غاصَ غَوصةً الّا اَخرجَ دُرَّةً: وہ ہر غوطہ میں کوئی موتی ضرور نکال لاتا ہے۔
—علی المَعانی: مضامین کی گہرائی تک پہنچ کر حقیقت جاننا۔ کہتے ہیں: فُلانٌ یَغُوصُ علی حقائقِ العِلمِ و ما اَحسَنَ غَوصَهُ عَلیها: فلاں حقائق کی تہ تک پہنچتا ہے اور وہ ان تک پہنچنے کا بڑا ماہر ہے۔ ھو غائِصٌ ج: غَوّاصٌ و غاصَةٌ وھی غائِصَةٌ۔ و ھو غَوّاصٌ ایضًا۔
غَوَّصَهُ فی الماءِ: غوطہ دینا، ڈبونا (۲) کسی سے غوطے لگوانا۔

الغَوّاصُ: غوطہ خور، غوطہ لگانے والا، سمندر سے غوطہ لگا کر موتی نکالنے والا (۲) تدبیر معاش میں مہارت والا۔
الغَوّاصَةُ: غوطہ خور کشتی یا جہاز، آبدوز ج: غَوّاصات۔
الغِیاصَةُ: غوطہ زنی کا پیشہ۔
المُتَغَوِّصَةُ: غیر حائضہ عورت جو جماع سے بچنے کے لئے شوہر سے جھوٹ کہے کہ وہ حائضہ ہے۔
المَغاصُ: غوطہ لگانے کی جگہ، موتی نکالنے کی جگہ (۲) پنڈلی کے اوپر کا حصہ۔
المُغَوِّصَةُ: المُتَغَوِّصَةُ۔
•غاطَ فی الشیءِ ـُ غَوْطًا: داخل ہو کر غائب ہو جانا۔ جیسے: غاطَ فی الوادِی۔
—فی الماءِ: غوطہ لگانا۔
—فی الرَّملِ: دھنسنا۔ ھذا رَمْلٌ تَغُوطُ فیه الاقدامُ۔
—الشیءُ: زمین میں اترنا۔
اَغاطَ بِئرَہُ: کنویں کو گہرا کرنا۔
غَوَّطَ البِئرَ: کنویں کو گہرا کھودنا۔
تَغاوَطا فی الماءِ: باہم غوطہ لگانا، غوطہ زنی میں مقابلہ کرنا۔
تَغَوَّطَ: پاخانہ کرنا۔
الغائِطُ: کشادہ نشیبی زمین۔ کنایۃً کہتے ہیں: ذھبَ اِلی الغائطِ و جاءَ منه۔ قرآن پاک میں ہے: "اَو جاءَ اَحَدٌ مِّنکُم مِّنَ الغائِطِ" (۲) پاخانہ (۳) کنایۃً پاخانہ کرنا (۴) پاخانہ کرنے کی جگہ ج: غُوطٌ و غِیاطٌ۔
الغائطُ: جماعت۔ کہتے ہیں: ما فی الغائطِ مثلُه: جماعت میں اس

جیسا کوئی نہیں (۲) کشادہ پست زمین ج: اَغواطٌ و غِیطانٌ۔
الغَوطُ: غائط کے مقابلہ میں زیادہ پست وسیع و عریض جگہ ج: اَغواطٌ وغیاط و غِیطانٌ۔
الغَوطَةُ: پست زمین۔
الغُوطَةُ: سرسبز و شاداب جگہ۔ اسی سے ہے غُوطَةُ دِمَشق۔
الغَوِیطُ: گہرا۔ اِناءٌ غَوِیط و بِئرٌ غَوِیطَةٌ۔
الغَوِیطَةُ: گہری۔
الغَیطُ: کشادہ ہموار زمین۔ قرآن پاک میں ایک روایت کے مطابق غائط کے بجائے غیط بھی پڑھا گیا ہے۔ اَوجاءَ اَحدٌ مِنکُم من الغَیطِ" اہل مصر کھیت کے معنی میں بھی استعمال کرتے ہیں ج: غِیطان۔
•الغاغَةُ: ایک قسم کا پودا۔
الغَوغاءُ: شور و غل، ہنگامہ (۲) بازاری قسم کے عام لوگ (۳) مائل بپرواز ٹڈی۔
•غالَهُ ـُ غَولًا: ہلاک کرنا (۲) کبھی کو بے خبری میں ہلاک کر دینا۔
—الخَمرُ: شراب کا کسی کو مدہوش کر دینا۔
—الارضُ: زمین کا کسی کو ہڑپ کر جانا۔
—الغُولُ: بے راہ ہو جانا، آسیب زدہ ہو کر بھٹک جانا۔
غاوَلَ: چال وغیرہ میں عجلت کرنا۔
—الاعداءَ: دشمنوں کی طرف حملہ میں پیش قدمی کرنا، دشمنوں پر حملہ میں سبقت لے جانا۔
اِغتالَهُ: اچانک یا بے خبری میں مار ڈالنا۔
—الخَمرُ فُلانًا: مدہوش کر دینا۔
تَغَوَّلَ الامرُ: معاملہ مشکل ہو جانا، بگڑ جانا، غیر مانوس ہو جانا۔

تَغَوَّلَتِ المَرْأَةُ: عورت کا مختلف شکلیں اختیار کرنے میں جن بھوت کی طرح ہونا۔
—الأَرْضُ بِفُلانٍ: کسی کا زمین میں بھٹک کر ہلاک ہو جانا۔
—الغِيلانُ القَومَ: جن بھوت کا لوگوں کو بھٹکا دینا۔
الاغتيال: دھوکہ کا قتل، قتل ناگہانی اچانک حملہ۔
الاغتِيالُ السِياسيُّ: سیاسی قتل۔
الغَائِلُ: ہلاک کنندہ (۲) حوض کا سوراخ جس سے پانی بہہ کر نکل جائے (۲) اچانک آپڑنے والی مصیبت۔
الغَائِلَةُ: فتنہ، فساد، بگاڑ (۲) مکار و چالاک (۳) مصیبت ج: غَوائِل
الغَوْلُ: شراب سے پیدا ہونے والا سر درد یا نشہ۔ قرآن پاک میں ہے: "لَا فِيهَا غَوْلٌ وَلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُونَ" (۲) بیابان کی دوری۔ مَفَازَةٌ ذَاتُ غَوْلٍ: دور افتادہ بیابان (۳) مشقت کہتے ہیں: هَوَّنَ اللّٰهُ عَلَيْكَ غَوْلَ هذا الطَّرِيقِ: اللہ تمہارے لئے اس راہ کی مشقت کو دور کرے، آسان کرے (۴) مٹی کی بڑی مقدار۔
الغُوْلُ: آفت ناگہانی، حادثہ، مصیبت، ہلاکت۔ کہتے ہیں: غَالَتْ فُلانًا غُوْلٌ (۲) جن، بھوت، مختلف شکلوں میں ظاہر ہونے والا چھلاوہ۔ غول بیابانی (عربوں کے نظریہ کے مطابق شیاطین کی ایک قسم جو بیابان میں مختلف شکلوں میں آکر لوگوں کو بھٹکا دیتی یا ہلاک کر دیتی ہے ج: أَغْوال و غِيلان (۳) ہر وہ چیز جو عقل زائل کر دے (۴) موت (۵) سانپ۔
الغِيلَةُ: قتل ناگہانی۔ قَتَلَهُ غِيلَةً: اسے بے خبری میں مار ڈالا۔
المَغَالَةُ: چھپا ہوا بغض، کینہ (۲) بدی، شر۔ فُلانٌ قليلُ المَغالَة: فلاں کم شر انگیز ہے (۳) ہلاکت گاہ۔
المِغْوَلُ: پتلی چھڑی جس کے اندر باریک نوک دار نیزہ ہوتا ہے، آلہ ہلاکت ج: مَغاوِل۔
•غَوَى ـِ غَيًّا و غَوَايَةً: سخت گمراہ ہونا، گمراہی میں آگے بڑھنا۔ قرآن پاک میں ہے: "مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوَى" (۲) نامراد ہونا۔ هو غاوٍ و غَوِيٌّ و غَيَّانُ ج: غُوَاةٌ و غاوُون و هي غَاوِيَةٌ ج: غاوِيات۔
—الرَّضِيعُ: شیر خوار بچہ کا زیادہ دودھ پینے سے پیٹ خراب ہو جانا۔
—الشَّيْطانُ فُلانًا: شیطان کا کسی کو گمراہ کرنا، نامراد کرنا۔
أَغْوَاهُ: سخت گمراہ کرنا، ورغلانا۔ قرآن پاک میں ہے: "رَبَّنَا هٰؤُلَاءِ الَّذِينَ أَغْوَيْنَا، أَغْوَيْنَاهُمْ كَمَا غَوَيْنَا"
غَوَّاهُ: أَغْواهُ۔
—اللَّبَنَ: دودھ کو جمانا، دہی بنانا۔
تَغَاوَى القَوْمُ: فتنہ و فساد میں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرنا۔
—علَى فُلانٍ: کسی کے خلاف ایک دوسرے کی مدد کرنا (ہلاک کریں یا نہ کریں)۔
—الطَّيْرُ علَى الشَيْءِ: پرندہ کا کسی شے پر منڈلانا۔
اسْتَغْوَاهُ بالأَمانِيِّ الكَاذِبَةِ: جھوٹی امیدیں دلا کر گمراہ کرنا، بہکانا۔
الإِغْواءُ: بہکاوا، پھسلاوا۔
الأَغْوَاءُ: أَغْواءُ الظَّلَامِ: تاریکی کا پردہ (جو انسان کو چھپا لے)۔
الأُغْوِيَّةُ: بھیڑیے وغیرہ کو پکڑنے کا گڑھا۔ ج: أَغاوِيُّ۔
الغَاوِي: گمراہ، دھوکہ باز، شیطان۔
الغَاوِيَةُ: پانی کی مشک۔
الغَوِيُّ: گمراہ، نامراد۔
الغَيُّ: سخت گمراہی۔ سَوفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا: وہ جلد ہی اپنی بے راہ روی کا مزہ چکھیں گے۔
الغِيَّةُ: وَلَدُ الغِيَّةِ: حرامی، ولد الزنا مقابل وَلَدُ رِشْدَةٍ: ثابت النسب لڑکا۔
المَغْوَاةُ: گمراہی کا مقام ج: مَغَاوٍ۔
المُغْوِي: گمراہ کن۔
المُغْوِيُّ: گمراہ، بھولا بھٹکا۔ بِتُّ مُغْوِيًّا: میں نے بھوکے تنہا رات بسر کی۔
المُغَوَّاةُ: گمراہی کی جگہ (۲) درندوں کے شکار کا گڑھا۔

غ ـــــ ی

•غَابَ ـِ غَيْبًا و غَيْبَةً و غُيُوبَةً و غِيابًا: پوشیدہ ہونا (خلاف شَهِدَ) غائب و غیر حاضر ہونا، غیر موجود ہونا (خلاف حَضَرَ)۔ هو غَائِبٌ ج: غُيَّبٌ و غُيَّابٌ۔
—عن بلادِه: مسافر ہونا۔
—الشَّمْسُ وغيرها: غروب ہونا، چھپنا۔
—الشيءُ في الشيءِ: کسی چیز میں گم ہو جانا۔
—عنه الأَمْرُ: کسی سے کوئی بات مخفی ہونا۔
—وَعْيُ فُلانٍ اوحِسُّهُ غَيْبُوبَةً: بے ہوش ہونا۔
—عن صَوَابِه: ہوش اڑنا،

عقل وہوش کھو بیٹھنا۔
غَابَ فُلَانًا غِیْبَةً: پیٹھ پیچھے برائی کرنا۔
اَغَابَ الْقَوْمُ: قوم کا غروب ہونے یا غائب ہونے کی جگہ پر آنا۔
ـــ الْمَرْأَةُ: عورت کا مفقود الخبر شوہر والی ہونا، عورت کے شوہر کا گھر سے غائب ہونا۔ هِيَ مُغِیْبٌ و مُغِیْبَةٌ
اَغْیَبَتِ الْمَرْأَةُ: عورت کے شوہر کا لاپتا اور مفقود الخبر ہونا۔ هِيَ مُغْیِبٌ
غَایَبَهُ مُغَایَبَةً و غِیَابًا: کسی کی عدم موجودگی میں اس کے متعلق بات کرنا (خلاف خاطبہ) کہتے ہیں: اَنَا مَعَکُمْ لَا اُغَایِبُکُمْ۔
غَیَّبَهُ و عنه: چھپانا (۲) غائب کرنا، غیر حاضر کرنا، دور بھیج دینا۔
غَیَّبَهُ غَیَابَةٌ: اسے اس کی قبر میں دفن کر دیا گیا۔
اِغْتَابَهُ: غیبت کرنا، پیٹھ پیچھے برائی کرنا۔
تَغَیَّبَ: دور چلا جانا، مسافر ہونا۔ (۲) غیر حاضر ہو جانا۔
ـــ عنه الْاَمْرُ: کسی بات کا مخفی رہنا
تَغَایَبَ الْقَوْمُ: لوگوں کا غائب ہو جانا، موجود نہ رہنا۔
الْاِغْتِیَابُ: غیبت، پیٹھ پیچھے برائی۔
التَّغَیُّبُ: غیر حاضری۔
الْغَائِبُ: غیر موجود، غیر حاضر، پوشیدہ۔
الْغَائِبُ بِالْاِجَازَةِ: رخصت پر۔
الْغَابَةُ: گھنا جنگل ج: غَابٌ وغَابَاتٌ
الْغَابَاتُ الْغَارِقَةُ: قدیم زمانہ کے جنگلات جنہیں زمینی کٹاؤ کی بنا پر پانی نے ڈھانک لیا۔
الْغِیَابُ: قبر (۲) درخت کی جڑیں۔
الْغِیَابُ: غیر حاضری۔
الْغِیَابِيُّ: غروب، غیر حاضری سے متعلق، غائبانہ
الْحُکْمُ الْغِیَابِيُّ: غائبانہ فیصلہ جو ملزم کی عدم موجودگی میں کیا گیا ہو۔
الْغَیَابَةُ: ہر چیز کی تہ، تلی، گہرائی، قرآن پاک میں ہے: "وَاَلْقُوْهُ فِیْ غَیَابَةِ الْجُبِّ"
غَیَابَةُ الشَّجَرِ: درخت کی جڑیں۔
غَیَابَةٌ اَرْضٍ: زمین کا زیریں حصہ، گڑھا وغیرہ۔ کہتے ہیں: وَقَعُوا فِیْ غَیَابَةٍ مِّنَ الْاَرْضِ۔
الْغَیْبُ: غیر موجودگی (خلاف الشهادة) (۲) غائب اور پوشیدہ چیز (مصدر بمعنی اسم فاعل خواہ وہ دل میں موجود ہو یا نہ ہو) قرآن پاک میں ہے: "یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ" وہ بے دیکھی چیز پر ایمان لاتے ہیں۔ امام راغب فرماتے ہیں آیت میں غیب سے مراد وہ امور ہیں جو انسانی حواس کی دسترس سے بالاتر اور عقل کی گرفت سے خارج ہیں اور ان کا علم ہمیں صرف انبیاء علیہم السلام کے ارشاد و ابلاغ سے ہی ہوا ہے
ج: غُیُوْبٌ۔ تَکَلَّمَ عَنْ ظَهْرِ الْغَیْبِ: اس نے دکھائی نہ دینے والی جگہ سے کلام کیا۔ سَمِعْتُ صَوْتًا مِنْ وَرَاءِ الْغَیْبِ: میں نے مخفی جگہ سے آواز سنی۔
غَیْبًا: پس پشت۔ عدم موجودگی میں۔
غَیْبًا و مَشْهَدًا: خلوت وجلوت میں
الْغَیْبَةُ: دوری، جدائی، پوشیدگی (۲) عدم موجودگی۔ ـــ کہتے ہیں: اَوْحَشَتْنِیْ غَیْبَةُ فُلَانٍ: فلاں کی غیر موجودگی سے مجھے وحشت ہوئی۔ قَدْ اَطَلْتَ غَیْبَتَكَ: تم زیادہ عرصہ دور رہے۔
الْغِیْبَةُ: غیبت، پیٹھ پیچھے برائی۔
الْغَیْبَانُ: وہ نباتات جن کو دھوپ لگتی ہو
الْغَیْبُوْبَةُ: الْغَیْبَةُ۔
الْمُغْتَابُ: غیبت کنندہ (۲) جس کی غیبت کی گئی ہو۔
الْمَغِیْبُ: غائب ہونے یا چھپنے کی جگہ، غائب ہونے یا چھپنے کا وقت جیسے: مَغِیْبُ الشَّمْسِ۔
الْمُغِیْبُ و الْمُغِیْبَةُ: وہ عورت جس کا شوہر گھر سے مفقود و غائب ہو۔
الْمُغَیِّبُ: الْعَقَّارُ الْمُغَیِّبُ: بے ہوش کرنے والی بوٹی (دوا)۔
•غَاثَ اللّٰهُ الْبِلَادَ ـِ غَیْثًا و غِیَاثًا: ملک پر بارش برسانا۔
اَغَاثَ اللّٰهُ عِبَادَهُ: اللہ کا بندوں کی دعا قبول کرنا۔
ـــ الدَّاعِيْ: پکارنے والے کی بات سننا، داعی کی آواز پر لبیک کرنا۔
الْاِغَاثَةُ: مدد، ریلیف۔ دیکھئے (غوث)
الْغِیَاثُ: دیکھئے (غوث)۔
الْغَیْثُ: بارش، رحمت کی بارش، مجازًا آسمان، بادل اور گھاس۔ ج: اَغْیَاثٌ و غُیُوْثٌ۔
الْغَیْثُ الْمُغِیْثُ: عام بارش۔
ذُبَابُ الْغَیْثِ: شہد کی مکھیاں
الْغَیِّثُ: موسلا دھار بارش والا بادل۔
الْمُغِیْثُ: بارش سے سیراب جگہ (دیکھئے: غوث)۔
•الْغَیْثَرَةُ: دیکھئے (غ ث ر)۔
•غَیِدَ ـَ غَیَدًا: اٹھلانا، بل کھانا۔ هُوَ اَغْیَدُ وهِيَ غَیْدَاءُ ج: غِیْدٌ۔
تَغَایَدَ: غَیِدَ۔
الْاَغْیَدُ: نازک اور لچکدار پودا (۲) اٹھلانے والا، نیند کے زیر اثر خمیدہ گردن والا۔
الْغَادَةُ: نرم و نازک لڑکی (۲)

ترو تازہ درخت۔
الغَيْدَانُ : غَيْدَانُ الشَّبَاب : آغازِ جوانی، ابھرتی جوانی۔
•غَيْدَقَ : دیکھئے (غ د ق)۔
الغَيْدَاقُ : دیکھئے (غ د ق)۔
الغَيْدَقُ : دیکھئے (غ د ق)۔
•غَارَهُ ـِ غَيْرًا و غِيَارًا: نفع پہنچانا جیسے: غَارَاللهُ القَومَ بالخَيْر و الرِّزْقِ۔ وغَارَهُم بالمَطَر۔
ــــ أهْلَهُ: بال بچوں کے لئے کھانے پینے کا سامان لانا، لے جانا۔
ــــ الرَّجُلُ علَى المَرْأَةِ وهِيَ عَلَيْه ـَ غَيْرَةً و غَارَ فُلَانٌ من فُلَانٍ علَى امْرَأَتِه: مرد کا عورت پر اور عورت کا مرد پر غیرت کھانا۔ یعنی شوہر کا یہ پسند نہ کرنا کہ اس کی بیوی اپنے حسن و زینت کا اظہار کسی غیر کے سامنے کرے یا غیر شوہر کی تعریف و توصیف میں رطب اللّسان ہو۔ ایسے ہی عورت کو اس پر ناگواری ہونا کہ اس کے شوہر کی توجہ کسی غیر کی طرف ہو۔ وهو غَيْرَانُ وهِيَ غَيْرَى ج: غَيَارَى وهو وهِيَ غَيُورٌ ج: غُيُرٌ وهو غَيَّارٌ وهِيَ غَيَّارَةٌ وهو وهِيَ مِغْيَارٌ ج: مَغَايِيرُ۔
غَارَ مِنْه: کسی سے غیرت آنا، شرم آنا۔
أغَارَ الرَّجُلُ زَوجَتَهُ: غیرت دلانا (دوسری شادی وغیرہ کر کے بیوی کو ناگواری و ناپسندیدگی کا جوش دلانا)۔
غَايَرَهُ مُغَايَرَةً و غِيَارًا: تبادلہ کرنا جیسے: غَايَرَهُ بالسِّلْعَة: سامان کا تبادلہ کیا (۲) مخالفت کرنا (۳) برعکس ہونا، ماسوا ہونا، غیر ہونا۔
غَيَّرَ فُلَانٌ عن بَعِيْرِه: اپنے اونٹ کا کجاوہ اتار کر درست کرنا۔ کہتے ہیں:

نَزَلَ القَومُ يُغَيِّرُونَ۔
غَيَّرَ الشَّيْءَ: کسی چیز کو بدلنا (اس کی جگہ دوسری لانا) جیسے: غَيَّرْتُ دَابَّتِي و ثِيَابِي (۲) وصف وغیرہ بدلنا۔ جیسے: غَيَّرْتُ دَارِي: میں نے مرمت و زینت سے اپنا مکان بدل دیا (۳) تغیر پذیر بنانا۔
ــــ علَى الجُرْح: زخم کی پٹی بدلنا۔
ــــ العُمْلَةَ: سکہ بدلنا۔
ــــ المَسَارَ: رخ تبدیل کرنا۔ جیسے: غَيَّرَ مَسَارَ الطَائِرَة: اس نے ہوائی جہاز کا رخ یا راستہ بدل دیا۔
اغْتَارَ: فائدہ اٹھانا (۲) کھانے کا سامان لانا۔ کہتے ہیں: خَرَجَ فُلَان يَغْتَارُ لأهْلِه۔
تَغَايَرَت الأشْيَاءُ: ایک دوسرے کے برخلاف ہونا، مختلف ہونا۔
تَغَيَّرَ: مطاوع غَيَّرَ: بدل جانا۔
التَّغْيِير و التَّغَيُّر: تبدیلی ذات یا تبدیلی وصف و حال۔
الغِيَارُ: تبادلہ (۲) باہر سے لایا ہوا کھانے کا سامان (۳) ذمّیوں کا نشان امتیاز۔ جیسے مجوسیوں کے لئے زنّار جسے وہ پیٹ اور کمر پر باندھتے ہیں۔
قِطَعُ الغِيَار: فالتو پرزے جو پرانے پرزوں کی جگہ استعمال ہوتے ہیں۔
غَيْر: سوا، علاوہ (۲) خلاف، ضد (۳) نہیں اسم بمعنی إلَّا (برائے استثناء) جیسے: جَاءَ القَوْمُ غَيْرَ خَالِد: خالد کے علاوہ سب لوگ آئے۔ اس صورت میں اس کا اعراب إلَّا کے بعد والے اسم کا ہوگا (۴) اسم بمعنی سوا (علاوہ) جیسے: مَرَرْتُ بغَيْرِك: میں تمہارے علاوہ دوسرے آدمی کے پاس سے گزرا۔ هـذا غَيْرُك: یہ تمہارے

علاوہ ہے (۵) بمعنی لَيْسَ۔ جیسے: كَلامُكَ غَيْرُ مَفْهُوم: تمہاری بات قابل فہم نہیں ہے۔ ان دونوں صورتوں کا اس کا اعراب سابق عامل کے مطابق ہوگا (۶) اسم بمعنی لَا۔ جیسے: فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ: اصل اس طرح ہے: فَمَنِ اضْطُرَّ جَائِعًا لَا بَاغِيًا و لَا عَادِيًا۔ غَيْرَ نَاظِرِيْنَ إِنَاهُ۔ غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْد۔ اس صورت میں غَيْرَ حال ہونے کی بنا پر منصوب ہوگا (۷) برائے صفت جیسے: غَيْرِ المَغْضُوبِ عَلَيهِم۔ اس وقت اس کا اعراب موصوف کے مطابق ہوگا۔ آیت میں غیر الخ الَّذِينَ کی صفت ہے جو مجرور ہے۔
غیر کے لئے اضافت لازم ہے، الا یہ کہ اس سے پہلے لَيْسَ یا لا ہو اور اضافت سمجھ میں آ رہی ہو۔ جیسے: قَبَضْتُ عَشَرَةً لَيْسَ غَيْرُ او لا غَيْرُ۔
جَاءَ ببَنَاتِ غَيْرٍ: اس نے جھوٹی باتیں کیں۔
فَعَلَهُ غَيْرَ مَرَّةٍ: اس نے ایک سے زائد مرتبہ وہ کام کیا۔
عِنْدِي غَيْرُ كِتَاب: میرے پاس ایک سے زائد کتاب ہے۔
الغَيْرُ: اجنبی، دوسرا، غیر (۲) برعکس، مختلف مُغَاير (۳) تبدیلی (۴) اصطلاح قانون میں مقدمہ کا تیسرا فریق۔
غَيْرُ اعْتِيَادِيّ: غیر معمولی، خصوصی۔
غَيْرَ أنَّ: لیکن، الّا یہ کہ، تاہم، پھر بھی، اس کے باوجود۔
غَيْرُ تَامِّ الخَلق: ناتمام (بچہ)۔
غَيْرُ تَامِّ الصُّنْع: نامکمل، ناقص ساخت والا۔
غَيْرُ ثَابِتٍ: ناپائیدار، غیر مستقل۔

غَيْرُ جَدِيْد : سیکنڈ ہینڈ، مستعمل، پرانا۔
غَيْرُ خَاضِع : آزاد۔
غَيْرُ خَاضِعٍ لِلرُّسُوْمِ او لِلْمُكُوْس : کسٹم (چنگی) معاف (سامان)۔
غَيْرُ ذٰلِكَ : اس کے علاوہ۔
غير سَائِغ : نامرغوب، بدمزہ، نامقبول۔
غَيْرُ صَالِح : ناقابل، نااہل (۲) اَن فٹ (۳) جو کھانے کے قابل نہ ہو (پھل وغیرہ)۔
غَيْرُ عَادِيّ : غیر معمولی خصوصی۔
غَيْرُ عَصْرِيّ : پرانا، آؤٹ آف ڈیٹ۔
غَيْرُ طَبِيْعِيّ : غیر فطری، معمول کے خلاف۔
غَيْرُ عَادِل : غیر منصفانہ۔
غَيْرُ عَمَلِيّ : ناقابل عمل۔
غيرُ رسمي : غیر سرکاری۔
غَيْرُ كَافٍ : ناکافی۔
غَيْرُ كُفُوءٍ لكذا : بے جوڑ۔
غيرُ لَائِق : نامناسب۔
غَيْرُ مَأْلُوف : نامانوس، ناپسندیدہ
غَيْرُ مُبَاشِر : اِن ڈائرکٹ، بالواسطہ۔
غَيْرُ مَبْتُوْتٍ فيه : غیر فیصلہ شدہ۔
غَيْرُ مُثَقَّف : بے پڑھا لکھا، غیر مہذب، غیر تعلیم یافتہ۔
غَيْرُ مُجْزٍ : ناکافی۔
غَيْرُ مُرْتَاح : غیر مطمئن، ناشاد۔
غَيْرُ مُرَخَّص : بے لائسنس۔
غَيْرُ مُسْتَدِيم : عارضی، ناپائیدار۔
غَيْرُ مُسْتَرِيح : غیر مطمئن، بے آرام۔
غَيْرُ مُسَدَّد : غیر ادا شدہ۔
غَيْرُ مَشْرُوع : ناجائز، غیر قانونی۔
غَيْرُ مُصَرَّحٍ به : بے اجازت، بے لائسنس
غَيْرُ مَشْهِيّ : نامرغوب۔
غَيْرُ مَضْمُوْن : غیر یقینی، بے ضمانت۔
غَيْرُ مُطَابِق : نامساعد، ناموافق۔
غَيْرُ مُعَبَّأ : کھلا ہوا، پیک نہ کیا ہوا (سامان)۔
غَيْرُ مَعْلُومِ التَّارِيْخ : بلا تاریخ جس پر تاریخ نہ ہو۔
غير مَفْصُولٍ فِيه : جس کا فیصلہ نہ ہوا ہو، معرض التوا میں۔
غَيْرُ مَقْرُوْء : پڑھا نہ جانے والا، غیر واضح
غَيْرُ مُنْتَظَر : غیر متوقع۔
غَيْرُ مَنْظُوْر : بے سوچا سمجھا۔
غَيْرُ مُنَفَّذ : غیر تعمیل شدہ۔
غَيْرُ مَوْثُوْقٍ بِه : ناقابل اعتماد۔
غَيْرُ مُؤَهَّل : اَن فٹ، نااہل، ناقابل
لا غَيْرُ : فقط، محض، بس۔
مِن غَيْر : بغیر، بلا۔
عَلَى غَيْرِ العَادَة : خلاف معمول
الغِيَرُ : غِيَرُ الدَّهْر : زمانہ کے احوال وحوادث۔ کہتے ہیں: لَا أَرَانِيَ اللّٰهُ بِكَ غِيَرًا : خدا تمہاری وجہ سے میرا حوادثِ زمانہ سے سامنا نہ کرائے۔ اس کا مفرد غِيْرَة ہے۔ بعض کے نزدیک یہ خود مفرد لفظ ہے۔ ج: أَغْيَار۔
الغَيْرَة : اپنی محبوب یا محترم شے پر کسی کی دست درازی کے خلاف جوش وناگواری (۲) اپنی بیوی کے دوسرے مرد کی طرف رجحان یا اس کے برعکس پر جوش وناگواری، عزت، حمیت، نخوت، رشک، شرم۔
الغَيْرِيَّة : دو چیزوں میں مغایرت، اختلاف (۲) اجنبیت، غیریت (خلاف أَنَانِيَّة)۔
الغَيُوْر : بہت غیرت مند، بہت نخوت والا، اپنے جذبات ومعتقدات کے خلاف بات کو گوارا نہ کرنے والا۔
التَّغَايُر : دو چیزوں کا اختلاف۔
التَّغَيُّر : تبدیلی ج: تَغَيُّرَات۔
التَّغْيِيْر : تبدیلی ج: تغييرات۔
المُتَغَايِر : وہ چیز جس کے اجزار باہم مختلف ہوں۔
المُتَغَيِّرَات : نئی صورتِ حال، نئے تقاضے۔
المُغَايِرَة : مخالف، برعکس۔
المَغِيْر والمَغْيُوْر : بارش سے سیراب جگہ
المِغْيَار : بہت غیرت مند ج: مَغَايِيْر۔
المُغِيْر : حملہ آور۔
المُغَيِّر : مُغَيِّرُ التُّرُوْس : گیر، موٹر میں رفتار بدلنے کا آلہ۔
• غَيِسَ ـَ غَيَسًا : نرم ونازک ہونا غَيِسَتِ المَرْأَةُ وغَيِسَ الشَّعْر. هو أَغْيَسُ وهي غَيْسَاءُ ج: غِيْس. لِمَّةٌ غَيْسَاءُ : گھنی زلف
الغَيْسَان : جوانی کا جوبن، اٹھتی جوانی۔
فُلَانٌ يَتَقَلَّبُ فِي غَيْسَانِ شَبَابِه : فلاں بہار جوانی میں مست ہے
الغَيْسَانِيّ : خوبصورت۔
• غَاضَ المَاءُ ـِ غَيْضًا ومَغَاضًا ومَغِيْضًا : پانی کا زمین میں اتر جانا، جذب ہو جانا۔
ــــ الدِّرَّةُ : دودھ رک جانا، کم ہو جانا
ــــ ثَمَنُ السِّلْعَة : سامان کی قیمت کم ہو جانا، گر جانا۔
ــــ الكِرَامُ : شریف لوگوں کا فقدان ہونا۔ غَاضَ الكِرَامُ غَيْضًا وفَاضَ اللِّئَامُ فَيْضًا : شریف لوگوں کا فقدان ہو گیا اور رذیلوں کی بہتات ہو گئی۔
ــــ اللّٰهُ الثَّمَنَ والمَاءَ : اللہ کا پانی یا قیمت کو کم کر دینا۔ غِيْضَ المَاءُ : پانی زمین میں جذب ہو گیا۔ هو مَغِيْضٌ۔
أَغَاضَ المَاءَ والثَّمَنَ : پانی یا قیمت کو کم کرنا۔
غَيَّضَ الأَسَدُ : شیر کا جھاڑیوں سے مانوس ہو جانا۔
ــــ فُلَانٌ المَاءَ والثَّمَنَ : کم کرنا۔

غَیَّضَ دَمْعَهُ: آنسو روکنا، کم گرانا۔
انْغَاضَ المَاءُ: پانی اتر جانا۔
الغَیْضُ: اسقاط شدہ نامکمل بچہ (۲) جھاؤ وغیرہ کے گھنے درخت (۳) تھوڑی مقدار۔ اَعْطَاهُ غَیْضًا مِن فَیْضٍ: اسے بہت میں سے تھوڑا دیا۔
الغِیْضُ: شگوفہ۔
الغَیْضَةُ: جھاڑی (۲) گھنے اور بکثرت درختوں والی جگہ ج: غِیَاضٌ واَغْیَاضٌ
المَغِیْضُ: پانی اترنے کی جگہ۔
• غَاطَ فی الوادی ـِ غَیْطًا: وادی میں داخل ہونا۔
ـــ فی الاَرْضِ: زمین میں غائب ہو جانا
غَایَطَ، المُغَایَطَةُ: اختلاف رائے، جھگڑا۔ بَیْنَهما مُغَایَطَةٌ: ان میں چپقلش ہے۔
الغَیْطُ: کھیت (۲) باغ ج: غِیْطَانٌ
الغَیْطَانِیُّ: کھیت والا، باغ والا۔
• غَاظَهُ ـِ غَیْظًا: سخت ناراض کرنا، بہت غصہ دلانا۔
اَغَاظَهُ: غَاظَهُ۔
غَایَظَهُ: غَاظَهُ۔
ـــ صاحِبَهُ فی العَمَلِ: شریک کار سے کام میں مقابلہ کرنا (اس جیسا کام کرنا)
غَیَّظَهُ: غصہ سے بھڑکانا، سخت غصہ دلانا۔
اغْتَاظَ: غصہ سے بھڑکنا، ناراض ہونا، برہم ہونا۔ اغتَاظَ علی صَاحِبِه: اسے اپنے ساتھی پر غصہ آیا۔ اغتَاظَ من کذا: اسے فلاں بات پر غصہ آیا۔ اغْتَاظَ من لا شیئٍ: اسے خواہ مخواہ غصہ آیا۔ (مطاوع غَاظَ)
تَغَیَّظَ: مطاوع غَیَّضَ۔ کہتے ہیں: غَیَّظَهُ فَتَغَیَّظَ: اسے غصہ دلایا تو وہ غصہ میں آ گیا (۲) غصہ کا اظہار کرنا۔
تَغَیَّظَ النَّارُ: آگ بھڑکنے کی آواز ہونا قرآن پاک میں ہے: "اذا رَأَتْهُمْ مِن مَکَانٍ بَعِیْدٍ سَمِعُوْا لَهَا تَغَیُّظًا وَّ زَفِیْرًا"
ـــ الهَاجِرَةُ: دوپہر کا سخت گرم ہونا
الغَیْظُ: سخت غصہ، برہمی، ناراضگی۔
المُغْتَاظُ: برہم، سخت برہم، ناراض۔
المَغِیْظُ: المُغْتَاظُ (۲) غصہ کا سبب۔
• غَافَتِ الشَّجَرَةُ ـِ غَیَفَانًا: درخت کی شاخوں کا جھومنا۔
غَیِفَ الشَّجَرُ ـَ غَیَفًا: غَافَ۔
ـــ الاِنْسَانُ: ہاتھ پیروں کا ڈھیلا پڑنا اور بغیر اونگھ کے گردن جھک جانا هو اَغْیَفُ وهی غَیْفَاءُ ج: غِیْفٌ۔
اَغَافَ الشَّجَرَةَ: جھکانا۔
غَیَّفَ: بزدلی سے بھاگ جانا، ڈر کر بھاگ جانا۔ کہتے ہیں: حَمَلَ فُلَانٌ فی الحَرْبِ فَغَیَّفَ۔
ـــ عن الاَمْرِ: رک جانا، پیچھے ہٹنا۔
تَغَیَّفَ الشَّجَرُ: غَافَ۔
ـــ الرَّجُلُ والفَرَسُ: جھومنا
ـــ عن الاَمْرِ: رک جانا۔
الاَغْیَفُ: عَیشٌ اَغْیَفُ: آسودہ زندگی۔
الغَافُ: میٹھے پھلوں کا ایک درخت۔
• غَیَّقَ فی رَأْیِهِ: فیصلہ پر قائم نہ رہنا رائے میں پختہ نہ ہونا، پس و پیش میں پڑنا۔
ـــ مَالَهُ: مال ضائع کرنا، خراب کرنا
ـــ الشیئُ بَصَرَهُ: نگاہ کو پھیر دینا۔
تَغَیَّقَ بَصَرُهُ و تَغَیَّقَتِ العَیْنُ: آنکھ میں ظلمت آ جانا، نگاہ پر تاریکی چھا جانا۔
غَاقِ: کوّے کی آواز۔
الغَاقُ: ایک آبی پرندہ جو مچھلیوں کو کھاتا ہے (بطخ نما)۔ واحد: غَاقَةٌ
• غَالَتِ المَرْأَةُ وَلَدَها ـِ غَیْلًا: زمانۂ حمل کا دودھ پلانا۔
ـــ الشیئَ غِیَالًا و غِیَالَةً وغُؤُولًا: چرانا۔
ـــ فُلانًا کذا و کذا: کسی کو کسی چیز کی وجہ سے آفت آنا۔
اَغَالَتِ المَرْأَةُ وَلَدَها: غَالَتْه۔ هی مُغِیْلٌ والطِّفل مُغَال۔
ـــ الغَنَمُ: بھیڑوں کا سال میں دو مرتبہ بیانا (بچے دینا)۔
اَغْیَلَتِ المَرْأَةُ وَلَدَها: غالته هی مُغْیِل و هو مُغْیَلٌ۔
غَیَّلَ: وادی میں داخل ہونا۔
اغْتَالَ الغُلامُ: موٹا تازہ ہونا۔
ـــ السَّاعِدُ: بازو کا پُرگوشت ہونا۔
ـــ الرَّجُلُ وَلَدَهُ: بچہ کی شیرخواری کے زمانہ میں اس کی ماں سے صحبت کرنا۔
ـــ فُلانًا: دھوکہ سے بے خبری میں مار ڈالنا۔
تَغَیَّلَ القَوْمُ: دولت مند ہونا (۲) کثیر تعداد والا ہونا۔
ـــ الشَّجَرُ: گھنا اور سایہ دار ہونا۔
ـــ الاَسَدُ الشَّجَرَ: درختوں میں گھس کر اپنا گھر بنا لینا۔ هو مُتَغَیِّلٌ
الاَغْیَلُ: شاندار اور بھرے ہوئے جسم کا۔
الغَیْلُ: زمانۂ حمل میں بچہ کو پلایا جانے والا ماں کا دودھ (۲) آب رواں، (۳) شاندار اور موٹا تازہ (لڑکا) (۴) قریب دکھائی دینے والی دور زمین

(۴) گھنا اور گنجان درخت ج: اَغْيَال وغُيُولٌ.
الغِيْلُ: پانی والی وادی (۲) شیر کا مسکن، (۳) گھنے اور گنجان درخت جن میں چھپا جاسکے، بن، جنگل. ج: غُيُولٌ و اَغْيَالٌ.
غَيْلَان: اُمُّ غَيْلَان: کیکر کا درخت جسے الطَّلح بھی کہتے ہیں۔
الغَيْلَةُ: بڑی اور موٹی عورت۔
الغِيْلَةُ: دھوکہ، دھوکہ کا قتل. قَتَلَه غِيْلَةً: اسے دھوکہ سے مار ڈالا۔
(۲) زمانۂ حمل میں دودھ پلانے کا عمل. کہتے ہیں: اَضَرَّت الغِيْلَةُ بوَلَدِ فُلَانٍ۔
المُغَيِّلُ: جنگل یا جھاڑی میں زیادہ رہنے والا شیر۔
المِغْيَال: گھنا درخت۔
• الغَيْلَمُ: دیکھئے (غلم).
• غَامَت السَّمَاءُ ـِـ غَيْمًا: آسمان کا ابر آلود ہونا۔
ـــ اليَوْمُ: دن کا ابر آلود ہونا۔
ـــ فُلَانٌ اِلَى الماءِ غَيْمًا وغَيَمَانًا: سخت پیاس لگنا. هو غَيْمَانُ وهی غَيْمَى۔
اَغَامَت السَّمَاءُ: غَامَتْ.
ـــ القَوْمُ: ابر و بادل میں ہونا.
اَغْيَمَت السَّمَاءُ: غَامَت۔
ـــ القَوْمُ: سخت پیاس لگنا (۲) ابر و بادل میں ہونا۔
غَيَّمَت السَّمَاءُ: غَامَت۔
الغَائِمُ: ابر آلود. السماء غائِمة واليَومُ غائِمٌ۔
الغَيْمُ: ابر، بادل ج: غُيُومٌ وغِيَامٌ.
شَجَرٌ غَيْمٌ: گھنے درخت جن میں چلنے کا راستہ نہ ہو۔

الغَيْمَةُ: بادل کا ٹکڑا (۲) سخت پیاس.
الغَيُومُ: يَوْمٌ غَيُومٌ: ابر والا دن۔
المَغْيُومُ: اليومُ المَغْيُوم: بہت ابر والا دن۔
• غَانَت السَّمَاءُ ـِـ غَيْنًا: ابر آلود ہونا (۲) پانی برسانا، بارش ہونا۔
ـــ النَّفْسُ: جی متلانا۔
غِينَ علَى الرَّجلِ: بھول اور غفلت طاری ہونا۔
ـــ بِفُلَانٍ: بے ہوش ہونا.
ـــ بِه: قرض کا کسی کو گھیر لینا۔
ـــ علی قَلْبه: خواہش نفس کا سوار ہونا.
غَيِنَت الشَّجَرَةُ ـَـ غَيَنًا: درخت کا گھنی شاخوں اور نرم پتوں والا ہونا.
هی غَيناءُ ج: غِيْنٌ.
ـــ الوَادی: گھنے درختوں والی ہونا.
هو اَغْيَنُ ج: غِيْنٌ۔
اُغِيْنَ علَى قَلبه: غِيْنَ علَى قَلْبه.
ـــ بالرجل: بے ہوشی طاری ہونا.
ـــ به: قرض کا کسی کو جکڑ بند کرنا.
الغَانَةُ: تانت کے سرے کا حلقہ.
الغَيْنُ: بمعنی غَيْم (۲) گھنے اور گنجان درخت.
الغَيْنَةُ: پہاڑ کے گھنے درخت جنکے پاس پانی نہ ہو یا بے آب ہموار زمین
الغِيْنَةُ: جھاڑی (۲) لاش میں سے نکلنے والی پیپ.
• الغَيْهَبُ: دیکھئے (غهب).
• اَغْيَا الرَّجُلُ: انتہائی شریف و باعزت ہونا.
ـــ الاَمْرُ: کسی کام کا تکمیل کو پہنچنا.
ـــ الفَرَسُ: گھوڑے کی دوڑ کی حد کو پہنچنا.
ـــ علَيه السَّحَابُ: بادل کا کسی پر سایہ فگن ہونا۔
اَغْيَا الغَايَةَ: حد کا نشان مقرر کرنا یا علامت نصب کرنا۔
غَايَا فُلَانٌ فُلَانًا: کسی کے ساتھ کسی مقصد میں شریک ہونا۔
غَيَّا الغَايَةَ: علامت انتہا نصب کرنا (۲) حد مقرر کرنا.
ـــ فُلَانًا: کسی کے لئے مقصد متعین کرنا (۲) کسی کے لئے کسی کام کی حد مقرر کرنا
ـــ الشیءَ: کسی چیز کی انتہا مقرر کرنا۔
ـــ الرَّايَةَ: جھنڈا گاڑنا۔
تَغَايَا: تَغَايَوا علَيه حَتّٰی قَتَلُوْهُ: اس کو سب نے اکٹھا ہو کر مار ڈالا۔
الغَايَةُ: انتہا، آخر، منتہا، کنارہ، مقصد (۲) حد (۳) آخری کنارہ (۴) پرچم، ج: غَایٌ وغَايَات.
غَايَتُكَ اَنْ تَفْعَلَ كذا: تمہارے اندر صرف اتنا ہی کرنے کی طاقت ہے
فُلَانٌ بَعِيدُ الغَايَةِ: فلاں صائب الرائے ہے، پختہ رائے رکھنے والا ہے۔
غَايَةُ الاَمْرِ: مقصد، فائدہ.
الغَايَةُ الشَّرِيفَةُ: اعلیٰ مقصد.
لِغَايَةِ كذا: اس حد تک (۲) اس کے اندر اندر.
لِلغَايَةِ: بے حد، بے انتہا، انتہائی جیسے مسرور للغَايَةِ۔
الغَيَايَةُ: ہر سایہ دار چیز جیسے بادل، گرد یا درخت وغیرہ کا سایہ ج: غيايات.
الغِيَّةُ: دیکھئے (غوی).
المُغَيَّا: وہ چیز جس کی حد مقرر کی گئی ہو، جسے مقصد بنایا گیا ہو. کہتے ہیں: الغَايَةُ لا تَدْخُلُ فی المُغَيَّا: حد، حد والی چیز (محدود) میں داخل نہیں۔

باب الفاء

الفاء: حروف ہجائیہ کا بیسواں حرف۔ اس کا مخرج ثنایا علیا کے اطراف اور اوپر کے ہونٹ کے مابین ہے۔ اس کا کوئی عمل نہیں ہے۔ اس کا استعمال متعدد طریقوں پر ہے۔ (۱) عاطفہ: یہ تین معنی کے لئے آتی ہے (الف) ترتیب، اس کی دو صورتیں ہیں۔ ترتیب معنی یعنی معطوف کا معطوف علیہ کے ساتھ بلاتوقف لاحق ہونا۔ جیسے ارشاد باری ہے: "خَلَقَكَ فَسَوَّاكَ"۔ ترتیب بیان۔ جیسے قرآن پاک میں ہے: "وَنَادَىٰ نُوحٌ رَّبَّهُ فَقَالَ رَبِّ إِنَّ ابْنِي مِنْ أَهْلِي"۔ (ب) برائے تعقیب۔ یعنی فاء کے مدخول کا مدخول علیہ کے بعد اور اس کے نتیجہ میں آنا۔ جیسے ارشاد باری ہے: "ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظَامًا فَكَسَوْنَا الْعِظَامَ لَحْمًا"۔ بمعنی واؤ۔ جیسے: امرئ القیس کا قول: بِسِقْطِ اللِّوَى بين الدَّخول فَحَوْمَل۔ (ج) سببیت یعنی فاء کا ما قبل ما بعد کے لئے سبب ہو جیسے: فَوَكَزَهُ مُوسَىٰ فَقَضَىٰ عَلَيْهِ (یہاں وکز سبب ہلاکت ہے) فا یہاں جملہ کے عطف کے لئے ہے۔ اور اگر فاء محض نفی یا طلب کے بعد واقع ہو تو اس کے بعد فعل مضارع کو نصب دیا جاتا ہے۔ جیسے: لَا يُقْضَىٰ عَلَيْهِمْ فَيَمُوتُوا۔ اور جیسے: زُرْنِي فَأُكْرِمَكَ۔ یہاں فعل مضارع بتقدیر "أن" منصوب ہوتا ہے۔

نیز فاء عطف صفت کے لئے بھی آتی ہے جیسے ارشاد باری ہے: "ثُمَّ إِنَّكُمْ أَيُّهَا الضَّالُّونَ الْمُكَذِّبُونَ لَآكِلُونَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّومٍ فَمَالِئُونَ مِنْهَا الْبُطُونَ فَشَارِبُونَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيمِ"۔ مَالِئُونَ صفت ہے اس کا عطف لَآكِلُونَ پر ہے۔

(۲) جملہ شرطیہ میں جزاء پر وجوباً داخل ہوتی ہے اگر شرط و جزاء اداۃ شرط کی وجہ سے مستقبل کے لئے ہو اور جواب واقع پر دلالت کرتا ہو۔ جیسے ارشاد باری ہے: "وَإِنْ يَمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ"۔ ایسے ہی اگر اس کی دلالت حرف شرط کی تاثیر کے بغیر مستقبل پر ہو جیسے آیت "وَمَا يَفْعَلُوا مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ يُكْفَرُوهُ" اور "مَنْ يَرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِينِهِ فَسَوْفَ يَأْتِي اللَّهُ بِقَوْمٍ يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهُ" اور "وَمَنْ يَفْعَلْ ذَٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللَّهِ فِي شَيْءٍ" اور "إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّونَ اللَّهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللَّهُ" چاروں آیتوں میں حرف شرط کی وجہ سے زمانہ آئندہ پر دلالت نہیں ہے۔

(۳) زائدہ۔ برائے تاکید کلام جیسے ارشاد باری ہے: "قُلْ إِنَّ الْمَوْتَ الَّذِي تَفِرُّونَ مِنْهُ فَإِنَّهُ مُلَاقِيكُمْ"۔ "كُلُّ رَجُلٍ يَدْخُلُ الدَّارَ أَوْ فِي الدَّارِ فَلَهُ دِرْهَمٌ"۔ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ۔

(۴) برائے استیناف۔ جیسے كُنْ فَيَكُونُ

ترجمہ: پھر، پس، اس وجہ سے، چنانچہ اس کے بعد، بعد ازاں۔

يَوْمًا فَيَوْمًا: دن بہ دن۔ سَنَةً فَسَنَةً: سال بہ سال۔

ف ـــــــ أ

الفَالُوذُ: دیکھئے (فلذ)۔

افْتَأَتَ بِرَأْيِهِ وَبِأَمْرِهِ افْتِئَاتًا وَافْتِيَاتًا: اپنی ہی رائے پر چلنا، من مانی کرنا۔ اپنی بات میں منفرد ہونا

ـــ عَلَيْهِمْ بِرَأْيِهِ: لوگوں پر اپنی رائے تھوپنا، اپنی رائے کا پابند بنانا۔

ـــ عَلَيْهِ الْقَوْلَ: کسی کے خلاف بات گھڑنا افتراء پردازی کرنا۔

فَأَدَهُ ـ فَأْدًا: دل پر چوٹ لگانا۔

ـــ الدَّاءُ: دل پر بیماری کا حملہ ہونا، وفاده الخَوْفُ: دل پر خوف طاری ہونا۔

فَأَدَ الْخُبْزَ أَوِ اللَّحْمَ: بھوبل (گرم راکھ) میں پکانا۔

فَئِدَ ـ فَأَدًا: دل کی بیماری میں مبتلا ہونا۔

فُئِدَ: دل کا مریض ہونا (۲) دل پر چوٹ لگنا، دل پر حملہ ہونا۔

افْتَأَدَ الْقَوْمُ: گوشت بھوننے کے لئے

آگ جلانا۔
اُفْتَأَدَ الخُبْزَ و اللَّحْمَ: گرم راکھ (بھوبل) میں پکانا یا دبا کر بھوننا۔
تَفَأَّدَتِ النَّارُ: آگ جلنا، بھڑکنا۔
الفُؤَادُ: دل۔ قرآن پاک میں ہے: "مَا كَذَبَ الفُؤَادُ مَا رَاَىٰ"۔ ج: اَفْئِدَة۔ فَارِغُ الفُؤَادِ: بے غم، بے حزن وملال (۲) بدحال، غیر مطمئن، بے چین۔ آیت: "وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوسٰى فَارِغًا" آیت کریمہ میں بعض مفسرین نے یہ دوسرے معنی لئے ہیں۔
من صَمِيمِ الفُؤَادِ: تہ دل سے۔
الفَئِيدُ: آگ پر بھونی ہوئی چیز، بھوبل پر پکائی ہوئی روٹی یا گوشت وغیرہ (۲) آگ (۳) بزدل۔
المِفْأَدُ والمُفْأَدُ والمِفْأَدَةُ: آگ پر سینکنے اور بھوننے کی سیخ (۲) تنور میں آگ کریدنے کی چھڑ۔ ج: مَفَائِيدُ و مَفَائِدُ۔
المَفْؤُودُ: دل کا مریض جس کا دل مجروح ہو (۲) آگ یا بھوبل (گرم راکھ) پر بھونا ہوا گوشت وغیرہ۔
• فَأَرَ ـــ فَأْرًا: چوہے کی طرح مٹی کھودنا
ـــ الشيءَ: دفن کرنا، چھپانا۔
فَئِرَ المَكَانُ ـــ فَأَرًا: کسی جگہ بہت چوہے ہونا۔ هو فَئِرٌ۔
ـــ الطَّعامُ او الشَّرابُ: کھانے یا پینے کی چیز میں چوہا گر جانا۔ هو فَئِرٌ۔
الفَأْرُ: چوہا (چھوٹا ہو یا بڑا) ج: فِئْرَان۔ فَارٌ بلا ہمزہ بھی مستعمل ہے۔
فَأْرُ الغَيْطِ: جنگلی چوہا۔
فَأْرُ المِسْكِ: مشک کا نافہ۔
الفَأْرَةُ: ایک چوہا (۲) چوہیا (۳) بڑھئی کا لکڑی چھیلنے کا اوزار۔
الفُؤَارَةُ: میتھی اور کھجور کا پکا ہوا مشروب جو زچہ کو دیا جاتا ہے۔
المَفْأَرَةُ: بہت چوہوں والی جگہ۔
• فَأَسَ الخَشَبَةَ ـــ فَأْسًا: کلہاڑی سے لکڑی چیرنا۔
ـــ فُلانًا: کسی کے کلہاڑی مارنا (۲) سر کے پچھلے حصہ پر چوٹ مارنا۔
الفَأْسُ: کلہاڑی (۲) کدال، پھاوڑا ج: اَفْؤُسٌ و فُئُوسٌ۔
فَأْسُ اللِّجَامِ: لگام کا لوہا جو منہ میں رہتا ہے۔
فَأْسُ الفَمِ: منہ کا وہ کنارہ جس میں دانت ہوتے ہیں۔
فَأْسُ الرَّأْسِ: گدی کے پاس سر کا کنارہ
• فَأْفَأَ: بات کرتے وقت فا کی آواز بار بار نکالنا۔ هو فَأْفَأٌ و فَأْفَاءٌ۔
• فَأَقَ ـــ فُؤَاقًا: ہچکی آنا۔
فَئِقَ ـــ فَأَقًا: ریڑھ کی ہڈی کے جوڑ میں درد کا مریض ہونا۔ هو فَئِقٌ۔
تَفَأَّقَ الشيءُ: فراخ وکشادہ ہونا۔
الفَائِقُ: ریڑھ کی ہڈی کے پہلے مہرے کو پچھلی ہڈی سے ملانے والا حصہ
الفَأَقُ: ریڑھ کی ہڈی کا درد۔
الفُؤَاقُ و الفُوَاقُ: ہچکی۔
• فَاءَلَهُ: کسی کے ساتھ فئال کھیل کھیلنا (مٹی میں کوئی چیز چھپا کر اسے دو حصوں میں تقسیم کر کے ذہن آزمائی کے لئے پوچھنا کہ وہ چیز کس حصہ میں ہے)۔
فَأَّلَهُ بالشيءِ: کسی چیز سے پر امید کرنا، نیک شگون لینے کو کہنا۔ فال نکلوانا۔
اِفْتَأَلَ بالشيءِ: نیک شگون لینا، اچھا گمان کرنا (۲) پر امید ہونا۔
تَفَاءَلَ بِهِ: نیک شگون لینا، اچھی توقع قائم کرنا، پر امید ہونا (۲) برکت حاصل کرنا۔
تَفَأَّلَ بِهِ: مطاوع فَأَّلَ۔
الفَأْلُ و الفَالُ: فال نیک، خوشخبری، اچھی توقع، نیک شگون (قول یا فعل جس سے اچھے نتیجہ کی توقع کی جائے) (۲) فال بد یا خراب توقع۔ کہتے ہیں: لا فَأْلَ عَلَيْكَ: تم کو (خدا کرے) کوئی نقصان نہ پہنچے ج: اَفْؤُلٌ و فُؤُولٌ۔
الفِئَالُ: بچوں کا ایک کھیل۔ ایک فریق مٹی میں کوئی چیز چھپا کر مٹی کو دو حصوں پر تقسیم کر کے دوسرے فریق سے پوچھتا ہے کہ وہ چیز کس ڈھیری میں ہے؟
التفاءل: نیک شگون۔
المُتَفَائِلُ: پر امید، رجائی (ضد: قنوطی)۔
المُفَائِلُ: فئال کھیلنے والا۔
• فَأَمَ من الماءِ ـــ فَأْمًا: سیراب ہونا
ـــ في الماءِ: پانی کی جگہ منہ ڈال کر پینا۔
ـــ الحيوانُ: گھاس سے منہ بھرنا۔
اَفْأَمَ الدَّلْوَ و نَحْوَهُ: پھیلانا، بڑھانا۔
ـــ السَّرْجَ: کشادہ کرنا۔
فَأَّمَ الرَّحْلَ: پالان کو بڑھانا۔
ـــ السَّرْجَ او الدَّلْوَ: کشادہ کرنا۔
الفِئَامُ: جماعت، گروہ (۲) ہودج میں بچھ جانے والا کپڑا ج: فُؤُمٌ۔
الفُؤْمَةُ: ٹکڑا ج: فُؤَمٌ۔ کہتے ہیں: قَطَّعُوهُ فُؤَمًا: اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔
• فَأَى رَأْسَهُ ـــ فَأْوًا و فَأْيًا: سر پھاڑنا۔
اِنْفَأَى: پھٹنا۔
تَفَأَّى الشيءُ: پھٹنا، دراڑ پڑنا۔
الفَأْوُ: دو پہاڑوں کے درمیان کی کشادگی۔
الفِئَةُ: گروہ، جماعت۔ قرآن پاک میں ہے: "كَمْ مِنْ فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيرَةً بِإِذْنِ اللّٰهِ" (۲) اشیاء کی قسم، زمرہ، کلاس، درجہ جیسے: فِئَةُ النَّقْدِ: سکہ کی قسم یا

زمرہ جیسے: من فئۃ عشرین و من فئۃ عشرۃ: بیس یا دس کا نوٹ۔ الفِئَۃ الکبیرۃ والصَّغیرۃ: چھوٹے یا بڑے سکوں کی قسم۔ ج: فِئاتٌ و فِئُونٌ۔
فِئۃُ النّاس: طبقہ، درجہ۔
• الفازلین: ویسلین۔
• الفانُوس: دیکھئے: فنس۔

ف ــــ ب

• فِبْرایر: ماہ فروری۔

ف ــــ ت

• فَتِیءَ ـَ فَتأً: ما فَتِیءَ بمعنی مَا زَالَ۔ برابر، مسلسل۔ مَا فَتِیءَ یفْعَلُ کَذا: وہ ایسا کرتا رہا۔ قرآن پاک میں ہے: "قَالُوا تَاللّٰہِ تَفْتَؤُ تَذْکُرُ یُوسُفَ" انہوں نے کہا خدا کی قسم تم برابر یوسف کو یاد کرتے رہوگے۔ اس آیت میں تفتؤ سے پہلے اور تاللہ قسم کے بعد نفی اگرچہ مذکور نہیں لیکن وہ ملحوظ ہے۔
• فَتّہُ ـُ فَتًّا: (روٹی) چورنا، ریزے ریزے کرنا، انگلیوں سے توڑ کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔ ھُوَ فَاتٌّ و المَفْعُول مَفْتُوتٌ و فَتِیْتٌ و فَتُوتٌ۔
ــــ فی عَضُدِہ: طاقت ختم کرنا، کمزور کرنا۔
ــــ وَرَقَ اللَّعِب: تاش کے پتے بانٹنا، تقسیم کرنا (دا رجہ)۔
فَتَّتَ: ریزہ ریزہ کرنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا، بالکل چورا کر دینا۔
اِنْفَتَّ: مطاوع فَتَّہُ۔ چورا ہو جانا، ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔
تَفَتَّتَ: بالکل چورا ہو جانا، ٹوٹنا، ٹکڑے ہونا۔ مطاوع فَتَّتَہُ۔

الفُتَاتُ: چورا، ریزہ، بُرادہ۔
الفَتُّ: چٹان کا شگاف (۲) شوربے وغیرہ میں خوب ڈوبا ہوا روٹی کا ٹکڑا۔ ج: فُتُوتٌ۔
الفَتَّۃُ و الفِتَّۃُ: کھجوروں کا ڈھیر (۲) ثرید (شوربے میں بھیگے ہوئے روٹی کے ٹکڑے)۔
الفَتُوتُ: ریزہ ریزہ کی ہوئی چیز (۲) چوری ہوئی روٹی۔
الفَتِیتُ: الفَتُوتُ (۲) گر کر ریزہ ریزہ ہو جانے والی چیز۔
الفَتِیْتَۃُ: ریزہ، روٹی وغیرہ کا ٹکڑا، ج: فَتَائِت۔
المَفْتُوتُ: چورا کیا ہوا، ٹوٹا ہوا۔
• فَتَحَ بَیْنَ الخَصْمَیْنِ ـَ فَتْحًا: فریقین کا فیصلہ کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "رَبَّنَا افْتَحْ بَیْنَنَا وَبَیْنَ قَوْمِنَا بِالحَقِّ"۔
ــــ عَلَیْہ: بھولے ہوئے کی راہنمائی کرنا (۲) کسی کے لئے خیر کی راہیں ہموار کرنا۔
ــــ عَلَی القَارِی: قاری کو لقمہ دینا، بھولی ہوئی چیز یا غلط پڑھی ہوئی چیز کو صحیح پڑھ کر بتانا۔
ــــ المُغْلَقَ: بند چیز کو کھولنا (کتاب، دروازہ یا بکس وغیرہ)۔
ــــ الطَّرِیقَ: راستہ سے گزرنے کی اجازت دینا، راستہ بنانا یا کھولنا۔
ــــ الجَلْسَۃَ: میٹنگ کا آغاز کرنا۔
ــــ فی المِیزانِیَّۃِ اعتمادًا: بجٹ میں کسی کام پر خرچ کرنے کے لئے رقم مقرر کرنا۔
ــــ حِسَابًا فی البنک: کھاتہ کھولنا
ــــ اعتمادًا مالیًّا لِعَمَلٍ: فنڈ کھولنا، فنڈ قائم کرنا۔
ــــ لِفُلانٍ قَلْبَہُ: کسی کو رازداں بنانا

کسی پر اطمینان کرنا، کسی کیلئے دریدل وا کرنا۔
فَتَحَ البَلَدَ: ملک یا شہر پر قبضہ کرنا۔
ــــ اللّٰہُ قَلْبَہُ لِلأمْرِ: کسی کام کیلئے شرح صدر کرنا، مطمئن کرنا۔
ــــ الاحْتِمالاتِ: امکانات پیدا کرنا۔
ــــ بَابَ التَرَقِّی اَمَامَ اَحَدٍ: کسی کے لئے ترقی کا دروازہ کھولنا۔
ــــ بَابَ الحِوَارِ مع اَحَدٍ: کسی کے ساتھ بات چیت کا آغاز کرنا، سلسلہ جنبانی شروع کرنا۔
ــــ البَخْتَ: قسمت بتانا۔
ــــ البَصَائِرَ: آنکھیں کھولنا۔
ــــ الثَّغَرات: رخنے ڈالنا، شگاف پیدا کرنا، دراڑیں ڈالنا۔
ــــ السِّکَّۃَ الحَدِیْدِیَّۃَ: ریلوے چالو کرنا۔
ــــ مَظَارِیفَ العَطَاءَاتِ: ٹنڈر کے لفافے کھولنا۔
ــــ المَلَفَّ: فائل کھولنا، فائل پر کارروائی شروع کرنا۔
ــــ النُّورَ الکَہْرَبَائِیَّ: لائٹ کا سوئچ کھولنا۔
ــــ المَوْضُوعَ: کوئی موضوع سامنے لانا۔
ــــ القَنَاۃَ: پانی کی نالی نکالنا۔
ــــ اللّٰہُ عَلَیْہ: خدا کا کسی کی مدد کرنا (۲) علم و معرفت کے دروازے کھولنا۔
ــــ الکَلِمَۃَ: لفظ کو زبر لگانا۔
ــــ السِّعْرَ: قیمت کھولنا، متعین کرنا۔
ــــ الفَأْلَ: فال نکالنا، شگون لینا۔
ــــ عَلَیْہ سِرَّہُ: کسی پر اپنا بھید ظاہر کرنا۔
فَاتَحَہُ فی الأمْرِ: کسی معاملہ میں کسی سے بات کا آغاز کرنا یا معاملہ کا کسی سے آغاز کرنا (۲) کسی کے پاس مقدمہ لے جانا۔

فَاتَحَ فُلَانًا: کسی سے بھاؤ کر کے کچھ نہ دینا

فَتَّحَ الْاَبْوَابَ: دروازے بالکل کھولنا پوری طرح سے کھول دینا۔

اِفْتَتَحَ البَابَ وَنَحْوَہٗ: کھولنا۔

__ العَمَلَ: آغاز کرنا، افتتاح کرنا۔

اِفْتَتَحَ دَوْرَۃَ المَجْمَعِ او المَجْلِس مجلس یا علمی ادارہ کے اجلاس کا افتتاح کیا۔ اِفْتَتَحَ الکلامَ باسمِ اللّٰہ: اللہ کے نام سے شروع کیا۔

اِنْفَتَحَ البَابُ: دروازہ کھلنا (۲) کسی چیز کا وسیع وکشادہ ہونا۔

__ الشَّیْءُ عن الشَّیْءِ: زائل ہونا، ہٹنا، الگ ہونا۔

تَفَاتَحَا کلامًا بَیْنَہُمَا: آپس میں دو آدمیوں کا چپکے چپکے بات کرنا۔

تَفَتَّحَ: مطاوع فَتَّحَ: بالکل کھل جانا

__ الاَکْمَامُ عن النَّوْرِ: کلیوں کا کھلنا غلاف سے نکلنا۔

__ اللَّوْزَۃُ عن القُطْنِ: روئی کا شگوفہ سے نمودار ہونا۔

__ فی الکلامِ: بات کو پھیلانا، اپنی بات کو کھل کر وضاحت سے کہنا۔

__ الرَّجُلُ: شیخی بگھارنا، فخر کرنا۔

اِسْتَفْتَحَ البَابَ: دروازہ کھولنا (۲) کھلوانا۔

__ فُلَانًا: مدد مانگنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاسْتَفْتَحُوا وَخَابَ کُلُّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ"

__ فُلَانٌ عَلٰی فُلَانٍ بِاَحَدٍ: کسی کے خلاف کسی سے مدد چاہنا۔

__ المَجْلِسَ وَنَحْوَہٗ: آغاز کرنا۔

الاِسْتِفْتَاحُ: حَرْفُ الاستفتاح: نحویوں کے نزدیک الا ہے (۲) صبح کی پہلی بکری۔

الاِفْتِتَاحُ: آغاز، افتتاح۔

الاِفْتِتَاحُ الرَّسْمِیُّ: باضابطہ افتتاح

الاِفْتِتَاحِیُّ: ابتدائی۔

الاِفْتِتَاحِیَّۃُ: ایڈیٹوریل، اداریہ۔

الاِنْفِتَاحُ: توسع، کشاد۔

الفَاتِحُ: فتحمند، فاتح، چمکیلا (رنگ)۔

فَاتِحُ البَخْتِ: قسمت بتانے والا۔

الفَاتِحَۃُ: سورۃ الحمد (قرآن پاک کی ابتدائی سورت) (۲) ہر شے کا آغاز، ابتداء، اول ج: فَوَاتِح۔

فَاتِحَۃُ الکِتَابِ: مقدمہ، پیش لفظ۔

الفِتَاحُ: مقدمات کا فیصلہ جھگڑوں کا تصفیہ

بینہما فتاحات: ان کے آپس میں جھگڑے یا مقدمہ بازیاں ہے۔

الفُتَاحَۃُ: مدد۔

الفَتَّاحُ: اسماء باری تعالیٰ میں سے ہے (چونکہ وہی رزق ورحمت کے دروازے بندوں کے لئے کھولتا ہے اور فیصلے کرتا ہے) (۲) فاتح کا اسم مبالغہ (۳) قاضی (۴) بڑا فاتح (۵) ایک سیاہ پرندہ جو دم بہت زیادہ ہلاتا ہے ج: فَتَاتِیْحُ۔

الفَتَّاحَۃُ: ڈبے وغیرہ کھولنے کا آلہ۔

الفَتْحُ: ایسی حرکت جس سے منہ کھل جاتا ہو (۲) غلبہ، فتح (۳) فیصلہ (۴) مدد (۵) روزی (۶) دریاؤں کا بہتا ہوا پانی (۷) پہلی بارش ج: فُتُوح۔

الفُتُحُ: کشادہ، کھلا ہوا۔ بَابٌ فُتُحٌ: کشادہ دروازہ یا کھلا رہنے والا دروازہ۔ قَارُوْرَۃٌ فُتُحٌ: بغیر ڈاٹ کی (کھلی ہوئی) بڑے منہ کی بوتل۔

الفَتْحَۃُ: نصب کی اصل علامت (زبر) (۲) مصدر مرّہ: ایک دفعہ کا کھولنا۔

الفُتْحَۃُ: کشادگی (۲) مال یا علم وغیرہ جس پر فخر کیا جائے ج: فُتَح۔

الفُتُوحُ: موسم بہار کی پہلی بارش۔

المِفْتَاحُ: کنجی، چابی ج: مَفَاتِیح۔

مِفْتَاحُ انطلاق العربۃ: گاڑی اسٹارٹ کرنے کی چابی۔

مِفْتَاحُ بَدْءِ حَرَکَۃِ السَّیَّارَۃِ: اسٹارٹر موٹر کو حرکت میں لانے والا آلہ۔

مِفْتَاحُ التَّرْجِیْعِ (فی الآلۃ الکاتبۃ) وہ کی جس سے رولر کو پیچھے کیا جاتا ہے۔

مِفْتَاحُ حَلِّ الاُسْطُوَانَۃِ الدَّاخِلِیَّۃِ (فی الآلۃ الکاتبۃ) پیپر ریلیز۔

مفتاحُ حَلِّ الہَامِشِ: مارجن ریلیز۔

مِفْتَاحُ الشَّفْرَۃِ: خفیہ تحریر کی کنجی۔

مِفْتَاحُ صَمُوْلَۃٍ: نٹ بولٹ کی چابی۔

المِفْتَاحُ الکَہْرَبَائِیُّ: بجلی کا سوئچ۔

المِفْتَاحِیُّ: ریلوے کا کانٹا بدلنے والا۔

المِفْتَحُ: کنجی (۲) پانی کی نالی یا چھوٹی نہر ج: مَفَاتِحُ ومفاتیح۔

• فَتَخَہٗ ـَ فَتْخًا: نرم یا ڈھیلا کر کے موڑنا (فَتَخَ اَصَابِعَ رِجْلِہٖ فی جُلُوْسِہٖ) انگلیوں کو پیر کے اوپری حصہ کی طرف موڑنا حدیث میں ہے: "اَنَّہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا سَجَدَ جَافٰی عَضُدَیْہِ عن جَنْبَیْہِ وَفَتَخَ اَصَابِعَ رِجْلَیْہِ"۔

فَتِخَ ـَ فَتَخًا: ڈھیلا ہونا، مڑنا۔

__ الکَفُّ والقَدَمُ: ہتھیلی اور پیر کا نرم ہو کر پھیلنا۔

__ الرَّجُلُ والاَسَدُ وغیرہما: ہاتھ پیر کا پھیلا ہوا ہونا۔ ھو اَفْتَخُ وھی فَتْخَاءُ ج: فُتْخٌ۔ ھو اَفْتَخُ الطَّرْفِ: افسردہ چشم۔

__ الرِّجْلَانِ: ٹانگوں کا کم گوشت اور لمبی ہڈی والا ہونا۔

اَفْتَخَ: سست وڈھیلا ہونا، سانس پھولنا۔

فَتَّخَ اَصَابِعَہٗ: فَتَخَہَا۔

تَفَتَّخَ: انگلی میں چھلا پہننا۔
الفَتَخُ: ہاتھ اور شانہ کے درمیان کا اندرونی حصہ (۲) نہ بجنے والا پاؤں کا زیور (پازیب وغیرہ) ج: فُتُوخٌ۔
الفَتْخَاءُ: ڈھیلے اور کمزور جوڑوں والی اونٹنی (۲) نرم بازوؤں والا عقاب (۲) شہد نکالنے کے لئے استعمال کی جانے والی لچکدار کرسی نما ڈولی۔
الفَتَخَةُ: چھلا (۲) بلا نگینہ انگوٹھی (جو کن انگلی کے برابر والی انگلی میں پہنی جاتی ہے ج: فَتَخٌ و فُتُوخٌ۔
• فَتَرَ ـُ فُتُورًا: (سختی کے بعد) نرم ہو جانا (۲) (تیزی کے بعد) ہلکا اور ڈھیلا پڑ جانا، (چستی کے بعد) سست پڑ جانا۔ قرآن پاک میں ہے: "يُسَبِّحُونَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُونَ"
ـــ المَفَاصِلُ: جوڑوں کا ڈھیلا اور کمزور ہونا۔
ـــ المَاءُ السَّاخِنُ: گرم پانی کا ٹھنڈا ہونا یعنی حرارت ختم ہو جانا، نیم گرم رہ جانا۔
ـــ الجِسْمُ: بدن کا سست ہونا۔
ـــ البَرْدُ: سردی کم ہو جانا۔
ـــ الطَّرْفُ: نگاہ کا سست پڑ جانا۔
ـــ عن العَمَلِ: کام میں کوتاہی کرنا، کام میں سستی کرنا۔
ـــ إلَى الشيءِ: کسی چیز سے مطمئن ہونا، سکون محسوس کرنا۔ حدیث میں ہے: "مَنْ فَتَرَ إلَى سُنَّتِي فَقَدْ نَجَا"
أَفْتَرَ: پلکوں کے کمزور ہونے کی وجہ سے شکستہ نگاہ ہونا۔
ـــ الدَّاءُ و نَحْوُه فُلَانًا: کمزور کرنا، مضمحل اور سست کر دینا۔
فَتَّرَ: فَتَرَ۔
ـــ السَّحَابُ: بادل کا ٹھیر کر برسنے کے لئے تیار ہونا۔
فَتَّرَ الشيءَ الحَارَّ: گرم شے کو ہلکا کرنا، نیم گرم کرنا، تکلیف دہ چیز کی تکلیف کم کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "إنَّ المُجْرِمِينَ فِي عَذَابِ جَهَنَّمَ خَالِدُونَ، لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ"
ـــ العَامِلَ: کارکن سے کوتاہی کرانا، کام میں سستی کرانا۔
ـــ الشَّرَابُ الجِسْمَ: شراب کا جسم کو سست و ڈھیلا کرنا۔
اِسْتَفْتَرَ الفَرَسُ: گھوڑے کا تازہ دم ہونا، ستانا۔
الفَاتِرُ: نیم گرم، ہلکا گرم (۲) پست ہمت (آدمی) (۳) سست و ڈھیلا (جسم)
الطَّرْفُ الفَاتِرُ: خمار آلود نگاہ (مستحسن صفت)۔
الفَاتُورَةُ: مطلوبہ چیز کا بل، بیجک کیش میمو (۲) نمونہ ج: فَوَاتِير۔
فَاتُورَةُ المَصَارِيفِ: پرچۂ اخراجات
فَاتُورَةٌ مُصَدَّقٌ عَلَيْهَا: تصدیق شدہ بل۔
فَاتُورَةٌ مُسْتَحَقَّةُ الدَّفْعِ: واجب الادا بل۔
الفُتَارُ: نشہ یا غشی کی ابتدائی حالت۔
الفَتْرُ: کمزوری۔
الفِتْرُ: انگشت شہادت اور انگوٹھے کے سروں کے درمیان کا فاصلہ (کھولنے کے بعد)۔ ج: أَفْتَارٌ۔
الفُتْرُ: کھجور کے پتوں کی چٹائی جس پر آٹا چھانا جائے۔
الفَتْرَةُ: کمزوری، ڈھیلا پن (۲) دو زمانوں کے درمیان کا عرصہ (۳) دو نبیوں کے درمیان کا وقفہ۔ قرآن پاک میں ہے: " يَا أَهْلَ الكِتَابِ قَدْ جَاءَكُمْ رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلَى فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ" (۴) کھیل یا کام کا درمیانی وقفہ، پیریڈ، انٹرول۔
فَتْرَةُ الحُمَّى: بخار کی دو باریوں کے درمیان کا وقفہ (جس میں بخار نہ ہو)
فَتْرَةُ الرَّخَاءِ: اقتصادی خوشحالی کا دور (جس میں صنعت کو فروغ ہوا اور اجرتوں و نرخوں میں تیزی ہو)۔
فَتْرَةُ ازْدِهَارٍ: فروغ گل اور بہار کا زمانہ۔
فَتْرَةُ الانْتِقَالِ: عبوری دور۔
فَتْرَةُ التَّعْتِيمِ: بلیک آؤٹ کا وقت (جو فضائی حملہ کے دوران ہوتا ہے)
فَتْرَةُ الخُطَّةِ: منصوبہ کی مدت۔
الفَتْرَةُ الدَّقِيقَةُ: نازک دور۔
الفَتْرَةُ الفَاصِلَةُ: انٹرول، درمیانی وقفہ آرام، بریک۔
فَتْرَةُ المُعَانَاةِ: مصائب کا دور۔
الفَتَرَاتُ المُتَقَارِبَةُ: قریب قریب وقفے۔
الفَتَرَاتُ المُتَقَطِّعَةُ: مختلف اوقات مختلف وقفے۔
الفُتُورُ: سستی، اضمحلال (۲) نیم حرارت (۳) آنکھوں کا خمار۔
فُتُورُ الجِسْمِ: کمزوری۔
فُتُورُ الوُدِّ: دوستی و تعلق میں سرد مہری۔
فُتُورُ الهِمَّةِ: پست ہمتی۔
المُتَفَتِّرُ: وقفہ جاتی، وقفہ وار، وقتاً فوقتاً ہونے والا (خلاف مستمر)۔
• فَتَشَ عن الشيءِ ـِ فَتْشًا و فَتْشَةً: کسی چیز کو پوچھنا، ڈھونڈنا تحقیق و تفتیش کرنا۔
فَتَّشَ الشيءَ و عنه: تحقیق و تفتیش کرنا، پوچھ تاچھ کرنا۔
ـــ الأُمُورَ و الأَعْمَالَ: جانچ پڑتال کرنا، جائزہ لینا، معاینہ کرنا۔

فَتَّشَ المَكَانَ: تلاشی لینا۔
التَّفْتِيْشُ: تحقیق، تلاش و جستجو، پوچھ تاچھ (۲) جانچ پڑتال، معاینہ۔
ـــ الحِسَابَ: حساب کی جانچ کرنا۔
الفَتَّاشُ: بہت کھود کرید کرنے والا، تحقیق و تفتیش کرنے والا۔
المُفَتِّشُ: سرکاری وغیر سرکاری کاموں کا معاینہ اور دیکھ بھال کرنے والا، انسپکٹر، انکوائری۔
المُفَتِّشُ الاَوَّلُ: چیف انسپکٹر
مُفَتِّشُ التَّذَاكِرِ: ٹکٹ چیکر۔
المُفَتِّشُ الثَّانِي: سب انسپکٹر۔
مُفَتِّشُ الضَّرَائِبِ: انکم ٹیکس انسپکٹر
المُفَتِّشُ العَامُّ: انسپکٹر جنرل۔
• فُوتُوغِرَافِيٌّ: عکسی۔ صُوْرَة فُوتُوغِرَافِيَّة: عکسی تصویر۔
• فَتَقَ الشَّيءَ ـُ فَتْقًا: چیرنا، بیچ میں سے دو کرنا، پھاڑنا۔ قرآن پاک میں ہے: "اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنَا هُمَا"
ـــ الثَّوْبَ: ٹانکے نکالنا، ادھیڑنا، دھاگے الگ الگ کرنا۔
ـــ المِسْكَ: مشک کی خوشبو تیز کرنا۔
ـــ القُطْنَ وَنَحْوَهُ: روئی دھننا۔
ـــ الكَلَامَ: بات کو پختہ کرنا، پھیلانا۔
ـــ العَجِيْنَ: گندھے ہوئے آٹے میں خمیر ڈالنا۔
فَتِقَ ـَ فَتَقًا: موٹاپے سے بدن کا پھیلا ہوا ہونا۔ هو فَتِقٌ (۲) شگاف پڑنا، پھٹن والا ہونا۔ هو اَفْتَقُ وهي فَتْقَاءُ۔
اَفْتَقَ السَّحَابُ: بادل چھٹ جانا، پھٹنا
ـــ الشَّمْسُ: آفتاب کا دو بادلوں میں سے ظاہر ہونا۔

اَفْتَقَ فُلَانٌ: ایسی خشک جگہ پہنچنا جس کے گرد و پیش بارش ہوئی ہو (۲) آفت و مصیبت کا مارا ہوا ہونا جیسے فاقہ، قرض، مرض وغیرہ)۔
فَتَّقَ: دراڑ ڈالنا، بخیہ ادھیڑنا۔ مبالغہ در فَتَقَ۔
اِنْفَتَقَ: پھٹنا، شق ہونا۔
تَفَتَّقَ: جگہ جگہ سے پھٹنا، ادھڑنا۔
ـــ المَاشِيَةُ: مویشیوں کا موٹا ہونا۔
ـــ بِالكَلَامِ: گفتگو میں زبان کا رواں ہونا۔
الفِتَاقُ: کھجور کی چھال کی سفید جڑ (۲) گندھے ہوئے آٹے میں ملایا جانیوالا خمیر کا پیڑا (۳) بادلوں کے درمیان سے نکلنے والی شعاعِ آفتاب (۴) دواؤں کا مرکب۔
الفَتْقُ: پھٹن، دراڑ، شگاف (۲) جماعت کی پھوٹ، باہمی اختلاف (۳) وہ جگہ جس کے ارد گرد بارش ہوئی ہو (۴) صبح (۵) زندگی میں پڑنے والا رخنہ ج: فُتُوقٌ۔
الفَتْقَةُ: وہ جگہ جس پر بارش نہ ہو اور اس کے ارد گرد ہو۔
الفَتِيقُ: فصیح و چرب زبان (۲) روشن صبح (۳) پھٹا ہوا، چرا ہوا۔
المَفْتَقُ: پھٹن کی جگہ، دراڑ کی جگہ۔
المُفَتَّقَةُ: موٹا ہونے کے لئے کھایا جانے والا مسالوں اور تیل و شہد کا معجون
المَفْتُوقُ: پھٹا ہوا (۲) ہرنیا کا مریض۔
• فَتَكَ ـِ فَتْكًا: جو دل چاہے بے دھڑک کرنا، نفس کا بندہ ہونا۔
ـــ بِهِ: دھوکہ سے مار ڈالنا، علی الاعلان مار ڈالنا، ہلاک کرنا (۲) حملہ کرنا، گرفت میں لینا۔
ـــ فِي الخُبْثِ: بدی میں آگے بڑھنا۔
ـــ فِي سُلُوكِهِ: طرز عمل میں بے حیا ہونا۔

اَفْتَكَ بِهِ: فَتَكَ۔
فَاتَكَ فُلَانًا: کسی سے مقابلہ کرنا، (۲) مہارتِ فن میں مقابلہ کرنا۔
ـــ الاَمْرَ: کسی کام پر سختی سے لگنا۔
فَتَّكَ القُطْنَ: روئی دھننا۔
تَفَتَّكَ بِاَمْرِهِ: اپنے معاملہ میں خود لے ہونا (کسی سے مشورہ کی ضرورت نہ سمجھنا)۔
الفَاتِكُ: بے دھڑک (۲) مہلک ج: فُتَّاكٌ۔
فَاتِكُ القَلْبِ: دلیر، کر گزرنیوالا
الفَتَّاكُ: بڑا مہلک، قاتل، سفاک۔
الفَتْكُ: ہلاکت، دھوکہ یا غفلت کا قتل (۲) دلیری، بے دھڑک پن۔
• فَتَلَ الحَبْلَ وَغَيْرَهُ ـِ فَتْلًا: رسی کوڑا وغیرہ کو بٹنا، بل دے کر مضبوط کرنا۔
هو مَفْتُولٌ وَفَتِيلٌ۔
ـــ فُلَانًا عَنْ رَأْيِهِ: کسی کو اس کی رائے سے ہٹا دینا، باز رکھنا۔
ـــ وَجْهَهُ عَنْهُمْ: منہ پھیرنا۔
فَتِلَ ـَ فَتَلًا: گٹھا ہوا اور طاقتور ہونا۔ هو اَفْتَلُ وهي فَتْلَاءُ ج: فُتْلٌ۔
ـــ ذِرَاعُهُ: مضبوط پٹھوں والا ہونا۔
اَفْتَلَ السَّلَمُ وَالسَّمُرُ: ببول اور بیری پر پھل آنا۔
فَتَّلَ الشَّيءَ: خوب بٹ دینا، مضبوط کرنا
اِنْفَتَلَ: رسی وغیرہ کا بٹ جانا، بل چڑھنا بل پڑنا (۲) پھر جانا۔
ـــ عَنْ رَأْيِهِ: رائے سے ہٹ جانا، اپنے خیال کو چھوڑ دینا۔
ـــ عَنْ حَاجَتِهِ: ضرورت کو پورا نہ کرنا چھوڑ دینا۔
ـــ وَجْهُهُ عَنْهُمْ: منہ پھر جانا۔
تَفَتَّلَ: مطاوع فَتَّلَ۔ خوب بٹ جانا،

مضبوط ہو جانا، بل پڑنا۔
الفَتَّالُ: بہت بٹ دینے والا، رسی بنانیوالا
الفَتْلُ: مضبوطی (۲) بل، بٹ (۳) درخت کے سکڑے ہوئے پتے۔
الفَتْلَةُ: بیری اور ببول کے پھل کا غلاف (۲) درخت کا سکڑا ہوا یا مڑا ہوا ایک پتا (۳) رسّی کا ایک بل، بٹ (۴) روئی یا ریشم کا ایک دھاگا، ڈوری (۵) ہاتھ کے پٹھے کی سختی (۶) کیکر کے درخت کا پھل (۷) کھجور کی گٹھلی کے بیچ کی جھلی (مجازاً معمولی شے) کہتے ہیں: مَا اَغْنَى عنه فَتْلَةً: اس نے اسے ایک رتی بھر بھی فائدہ نہیں پہنچایا۔
الفَتِيْلُ: بمعنی مَفْتُول. بٹا ہوا، بل دار (۲) انگلیوں سے مروڑی ہوئی یا بٹی ہوئی شے جیسے دھاگا یا میل کی بتی (۳) کھجور کی گٹھلی کے درمیان کا ریشہ یا جھلی (۴) بم یا پٹاخے کی بتی جس کو جلانے سے وہ پھٹ جاتا ہے (۵) بدن کے میل کی بتی (۶) معمولی چیز سے کنایہ جیسے: "لَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا": انکے ساتھ ذرا بھی زیادتی نہیں کی جائے گی ج: فَتَائِل۔
فَتِيْلُ الجُرُوْحِ: زخموں میں چڑھائی جانے والی بتی۔
فَتِيْلُ الانفِجار: دھماکہ کی بتی، آتشیں فتیلہ۔
فَتَائِلُ الانفِجار المَزْرُوعَة: زمین میں بچھائی ہوئی دھماکے دار بتیاں۔
الفَتِيْلَةُ: چراغ کی بتی ج: فَتَائِل۔
المَفْتُوْلُ: بٹا ہوا (دھاگا یا رسّی)
مَفْتُوْلُ العَضَلِ: مضبوط پٹھوں والا، طاقتور، گٹھے ہوئے بدن والا۔
المِفْتَل: رسّی بٹنے کی چرخی۔

المُفْتَلُّ: خوب بٹا ہوا دھاگا یا مضبوط بٹی ہوئی رسّی وغیرہ۔
المُفْتَلَةُ: بھوسی، چوکر۔
• فَتَنَ المَعْدِنَ ـِ فَتْنًا وفُتُوْنًا: سونے چاندی اور دیگر معدنیات کو جانچنے کے لئے آگ میں پگھلانا۔
فَتَنَتْهُ النَّارُ: آگ نے اسے پگھلا دیا
ـــ فُلانًا: مذہب یا رائے سے ہٹانے کے لئے تکلیف دینا۔ قرآن پاک میں ہے: "اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ" (۲) آزمائش میں ڈالنا۔ آزمائش کیلئے سختی میں ڈالنا۔ ارشاد باری ہے: "اَوَلَا يَرَوْنَ اَنَّهُمْ يُفْتَنُوْنَ فِیْ كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ" (۳) گمراہ کرنا (۴) گرفتار مصیبت کرنا
فَتَنَهُ بشيءٍ او فيه: کسی چیز میں مبتلا کرنا، کسی چیز سے آزمانا۔
ـــ الشيءُ فُلانًا: گرویدہ بنانا، مسحور کرنا، فریفتہ کرنا، دیوانہ بنانا۔ فَتَنَتْهُ المَرْأَةُ: عورت نے اسے اپنا دیوانہ بنا لیا، دام عشق میں پھنسا لیا۔
ـــ فُلانًا عن الشيءِ: ہٹانا، باز رکھنا بھٹکانا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاحْذَرْهُمْ اَنْ يَّفْتِنُوْكَ عَنْ بَعْضِ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكَ" هو فَاتِنٌ وفَتَّانٌ والمفعول مَفْتُوْنٌ وفَتِيْنٌ۔
فَتَّنَهُ: مبالغہ در فَتَنَ۔ زبردست آزمائش کرنا، زبردست تکلیف دینا، وغیرہ۔
اُفْتُتِنَ بالأَمْرِ: کسی کام کا دل دادہ ہونا کوئی کام پسند آنا۔

اِفْتَتَنَ بالمَرْأَةِ: عورت کی محبت کا دیوانہ ہونا۔
ـــ فُلانًا: فتنہ اور آزمائش میں ڈالنا
تَفَاتَنَ الرِّجَالُ: باہم جنگ کرنا اور مصیبت میں پڑنا۔
الفَاتِنُ: گمراہ کن (۲) مسحور کن (جیسے: جَمَال فَاتِنٌ) (۳) عاشق و فریفتہ بنانے والا۔
الفَتَّانُ: شیطان (۲) بڑا فتین، شرانگیز (۳) سحر انگیز (۴) سفر کے ساتھیوں کو نشانہ بنانے والا چور۔ حدیث میں ہے: "المُسْلِمُ اَخُو المُسْلِمِ يَسَعُهُمَا المَاءُ و الشَّجَرُ و يَتَعَاوَنَانِ علَى الفَتَّانِ": مسلمان مسلمان کا بھائی ہے، ان دونوں کیلئے پانی اور سایہ مشترکہ ہوتا ہے اور وہ چور کے مقابلہ میں ایک ہو جاتے ہیں۔ (۵) سنار (زیور بنانے والا)۔
الفَتَّانَانِ: درہم و دینار۔
فَتَّانَا القَبْرِ: منکر اور نکیر۔
الفَتَّانَةُ: فَتَّان کی تانیث (۲) کسوٹی۔
الفِتْنَةُ: سونے چاندی وغیرہ کی آگ میں پگھلا کر جانچ (۲) آزمائش۔ قرآن پاک میں ہے: "وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً": ہم تم کو آزمائش کے لئے خیر و شر میں مبتلا کریں گے (۳) گمراہی۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا" (۴) فتنہ و فساد، ہنگامہ (۵) فریفتگی، پسندیدگی گرویدگی (۶) دیوانگی (۷) جنگ (۸) بے اطمینانی و پریشان خیالی۔ قرآن پاک میں ہے: "فَيَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاءَ الْفِتْنَةِ" (۹) عذاب قرآن پاک میں ہے: "ذُوْقُوْا فِتْنَتَكُمْ

هٰذَا الَّذِي كُنْتُمْ بِهِ تَسْتَعْجِلُونَ"۔
فِتْنَةُ الصَّدْرِ: وسوسہ ج: فِتَنٌ۔
الفِتْنَةُ الطَّائِفِيَّةُ: فرقہ وارانہ فساد۔
الفِتْنَةُ العَمْيَاءُ: زبردست ہنگامہ۔
الفُتْنَةُ: کیکر کا درخت۔
الفَتِينُ: سیاہ پتھروں والی زمین۔
المَفْتُونُ بِشَيْءٍ: دیوانہ، گرویدہ، عاشق گرفتار محبت (۲) فتنہ، فساد (مصدر بروزن مفعول) قرآن پاک میں ہے۔ "بِأَيِّكُمُ الْمَفْتُونُ" (۳) مصیبت زدہ (۴) آزمائش میں پڑا ہوا۔
• فَتَاهُ ـُ فَتْوًا: جواں مردی میں کسی پر غالب آنا۔
فَتُوَ ـُ فَتَاءً و فُتُوًّا و فُتُوَّةً: جوان ہونا، جواں مرد ہونا۔
فَتِيَ ـَ فَتًى و فَتَاءً: فَتُوَ۔
اَفْتَى فِي المَسْأَلَةِ: شرعی حکم بیان کرنا (۲) قانونی رائے دینا۔
فَاتَاهُ: جوانمردی میں مقابلہ کرنا (۲) کسی سے شرعی حکم معلوم کرنا، فیصلہ چاہنا۔
فُتِّيَتِ البِنْتُ: لڑکی کو، اس کے اندر مرحلۂ طفولت کے آخری دور میں ایسی علامات کے ظہور کے بعد جن سے اس کا بچپنے سے خارج ہونا ثابت ہو، جوان قرار دیا جانا۔
تَفَاتَى المَرْءُ: جوان بننا (جوانوں کا طرزِ عمل اختیار کرنا)۔
ـــ القَوْمُ إِلَى المُفْتِي: مفتی کے پاس شرعی فیصلہ کے لئے جانا، فتویٰ لینے کے لئے جانا۔
تَفَتَّى: جوان ہو جانا (۲) جوان بننے کی کوشش کرنا (جوانوں کا سا طرز اختیار کرنا)۔
ـــ البِنْتُ: لڑکی کا جوان ہو جانا۔
ـــ الصَّغِيرَةُ أو ذَاتُ السِّنِّ: بچی یا بوڑھی عورت کا جوان بننے کی کوشش کرنا (جوانوں کا سا طرز اختیار کرنا)۔

استَفْتَاهُ: کسی مسئلہ میں شرعی حکم یا قانونی رائے یا صرف رائے معلوم کرنا۔
الاستِفْتَاءُ: فتویٰ طلبی (۲) رائے طلبی (۳) استصواب رائے۔
استفتاءُ الناخبين و استفتاءُ الشَّعب: رائے شماری، ریفرینڈم
الاستفتاءُ العامُّ: عام رائے شماری۔
الإفْتَاءُ: فتویٰ دہی، رائے دہی۔
الفَتَى: نوجوان (مراہقت اور رجولت کے درمیان کا) قرآن پاک میں ہے: "قَالُوا سَمِعْنَا فَتًى يَذْكُرُهُمْ يُقَالُ لَهُ إِبْرَاهِيمُ" (۲) سخی (۳) بہادر (۴) خادم۔ قرآن پاک میں ہے: "قَالَ لِفَتَاهُ آتِنَا غَدَاءَنَا" تثنیہ فَتَيَانِ و فَتَوَانِ ج: فِتْيَانٌ و فِتْيَةٌ و فُتُوٌّ و فُتِيٌّ۔ و هي فَتَاة ج: فَتَيَات۔
الفُتُوَّةُ: نوجوانی (۲) بہادری (۳) نوجوان میں اوصاف جواں مردی و شجاعت پیدا کرنے کا نظام (۴) داد اگیری کرنے والا (دارم)
الفَتْوَى: شرعی یا قانونی سوال کا جواب شرعی یا قانونی فیصلہ ج: فَتَاوٍ و فَتَاوَى۔
دَارُ الفَتْوَى: دار الافتاء
الفُتْيَا: الفَتْوَى۔
الفَتِيُّ: جوان (انسان ہو یا جانور) ج: فِتَاءٌ و أَفْتَاءٌ۔
المُسْتَفْتِي: فتویٰ لینے والا، شرعی فیصلہ چاہنے والا۔
المُسْتَفْتَى عليه: وہ مسئلہ جس پر رائے لی گئی ہو۔
المُفْتِي: شرعی حکم بیان کرنے والا، شرعی فیصلہ دینے والا ج: المُفْتُون۔

ف ـــ ث

• فَثَأَ اللَّبَنُ ـَ فَثْئًا و فُثُوءًا: دودھ کھولنا، جوش آنا (۲) دودھ پھٹ کر ٹکڑے ہو جانا۔
ـــ الحَارَّ: گرم چیز کو ٹھنڈا کرنا، گرمی کم کرنا۔
ـــ القِدْرَ: پانی وغیرہ کے ذریعہ ہنڈیا کے ابال یا جوش کو ختم کرنا، کم کرنا۔
ـــ غَضَبَهُ: غصہ ٹھنڈا کرنا۔
ـــ البَارِدَ: ٹھنڈی چیز کی ٹھنڈک ختم کرنا (گرم کرکے)۔
ـــ فُلَانًا عن رَأْيِهِ: کسی کی رائے بدلنا، خیال و رائے سے روکنا۔
فَثِئَ الرَّجُلُ ـَ فَثْئًا: غصہ کم ہونا۔
ـــ الغَضَبُ فُثُوءًا: غصہ ٹھنڈا ہونا۔
اَفْثَأَ الحَرُّ: گرمی کم ہونا۔
ـــ الرَّجُلُ: تھک کر چور ہو جانا۔
ـــ السَّمَاءُ: آسمان صاف ہونا۔
ـــ بالمكان: قیام کرنا۔
ـــ القَوْمُ لِلْمَرِيضِ: بیمار کو پسینہ لانے کے لئے پتھر آگ میں تپا کر اس پر پانی ڈالنا (بھاپ کے سامنے بیمار کو کھڑا کرکے پسینہ لانا)۔
• فَثَّ الحَارَّ بِالبَارِدِ ـُ فَثًّا: گرم شے کو ٹھنڈی چیز ڈال کر ٹھنڈا کرنا، جوش کم کرنا۔
ـــ وِعَاءَ التَّمْرِ: کھجوروں کو ٹوکری سے نکال کر بکھیرنا۔
اَفْتَثَّهُ: مغلوب و ذلیل کرنا۔
انْفَثَّ: مطاوع فَثَّ: گرم چیز کا ٹھنڈی چیز سے جوش کم ہونا۔
ـــ الرَّجُلُ من الهَمِّ: غم ہلکا ہونا، غم سے چھٹکارا پانا۔
الفَثُّ: حنظل کا درخت۔ واحد: فَثَّة

• فَتَجَ الشئَ ـُ فَتْجًا: کم کرنا۔
ـــ البِئرَ و نَحوَها: کنواں وغیرہ خالی کرنا، فُلانٌ بَحرٌ لا یُفتَجُ: فلاں بے پایاں سمندر ہے۔ مَاءٌ لا یُفتَجُ: اتھاہ پانی، یعنی جس کی گہرائی کا پتا نہ ہو۔
ـــ الحارَّ بالبارِد: گرم کو ٹھنڈے پانی وغیرہ سے ٹھنڈا کرنا، حرارت کم کرنا
اَفتَجَ الرَّجُلُ: تھک کر چور ہونا، تھکان سے ہانپنے لگنا۔
الفَاتِجُ: حاملہ اونٹنی۔
• فَتَّدَ دِرعَهُ: زرہ میں ریشم وغیرہ کا استر لگانا۔
الفَتَائِيدُ: کپڑوں وغیرہ کے استر (۲) تہ بہ تہ بادل۔
• الفَاثُورُ: جاسوس (۲) طشت (۳) بڑا پیالہ (۴) سنگ مرمر وغیرہ کی کھانے کی میز
• فَثَغَ رَأسَهُ ـَ فَثْغًا: سر توڑنا۔
• فَجَأَهُ الأمرُ ـَ فَجْئًا و فَجَاءَةً و فُجَاءَةً: اچانک پیش آنا، غیر متوقع طور پر آنا۔
فَاجَأَهُ مُفَاجَأَةً و فِجاءً: فَجَأَهُ.
فُـوجِئَ بِشَيْءٍ: دوچار ہونا، اچانک کوئی چیز سامنے آنا۔
الفَجْأَةُ: اچانک پیش آنے والی بات، غیر متوقع معاملہ یا صورتِ حال۔
الفُجَاءَةُ: الفَجأة۔ مَوتُ الفَجأةِ و الفُجَاءَةِ: انسان پر طاری ہونے والا سکتہ، اچانک موت۔
الفُجَائِيُّ: اچانک، ناگہانی، اتفاقی، غیر متوقع۔
فَجأَةً: اچانک (غیر متوقع طور پر)
المُفَاجَأَةُ: ناگہانی واقعہ یا صورتِ حال نئی بات، غیر متوقع حادثہ ج: مُفَاجَآت
المُفَاجِئُ: ہنگامی، غیر متوقع، ناگہانی،

پیش آمدہ (معاملہ)
• فَجَّ ـُ فَجًّا: دونوں ٹانگوں کو کھولنا (دونوں کے درمیان فاصلہ کرنا)۔
ـــ القَوسَ: کمان کو کھینچنا۔
ـــ الأرضَ: زمین کو اچھی طرح پھاڑنا
ـــ الرَّجُلُ او الدَّابَّةُ ـَ فَجَجًا و فَجِيجًا: ٹانگوں کے درمیان کشادگی والا ہونا، ٹانگیں چوڑی کرکے چلنا۔
ـــ القَوسُ: کمان کا تانت کھنچنا، لمبا ہونا۔ هو أفَجُّ وهي فَجَّاءُ ج: فُجٌّ۔
أفَجَّ: کشادہ راستہ پر چلنا (۲) لپکنا، تیز چلنا (۳) دونوں ٹانگوں کو چوڑا کرنا۔
ـــ حَافِرُ الفَرَسِ و نَحوِه: گھوڑے وغیرہ کا سم پھیلنا۔ هو مُفِجٌّ (یہ گھوڑے کی اچھی صفت ہے)
ـــ ما بين رِجلَيهِ: دونوں ٹانگوں کو چوڑا کرنا، دونوں کے درمیان فاصلہ کرنا۔
ـــ الأرضَ بالمِحرَاثِ: زمین میں خوب ہل چلانا، ہل کے ذریعہ اچھی طرح پھاڑنا۔
فَاجَّ مُفَاجَّةً و فِجَاجًا و فَاجَّ رِجلَيهِ و فَاجَّ ما بَينَ رِجلَيهِ: دونوں ٹانگوں کو چوڑا کرنا۔
اِفتَجَّ: وسیع راستہ پر چلنا۔
اِنفَجَّتِ القَوسُ: کمان کا کھینچنا (تانت اور کمان کے بیچ میں فاصلہ زیادہ ہوجانا)۔
تَفَاجَّ: ٹانگوں کو قصداً چوڑا کرنا۔
ـــ النَّاقَةُ لِلحَلَبِ: اونٹنی کا دودھ نکالتے وقت ٹانگیں چوڑی کرلینا۔
الإفجِيجُ: کشادہ وادی۔
الفُجَاجُ: کشادہ راستہ۔

الفَجَاجَةُ: کچاپن، ناپختگی (۲) کچا پھل۔
الفَجُّ: طویل کشادہ راستہ ج: فِجَاجٌ و أفِجَّةٌ۔
الفِجُّ: کچا، ناپختہ۔
الفَجَّةُ: درّہ، دو پہاڑوں کے درمیان کھلی جگہ، راستہ۔
• فَجَرَ ـُ فَجْرًا و فُجُورًا: بے پروائی کے ساتھ گناہوں میں مبتلا رہنا، بدکار ہونا، گناہ کرنا، بدکاری کرنا۔
ـــ أمرُ القَومِ: معاملہ بگڑنا۔
ـــ في يَمِينِهِ: جھوٹی قسم کھانا۔
ـــ الرَّاكِبُ عن سَرجِهِ: زین سے ایک طرف کو جھکنا۔
ـــ فُلانٌ عن الحَقِّ: حق سے پھرنا۔
ـــ من مَرَضِهِ: بیماری سے شفا پانا۔
ـــ القَنَاةَ: نہر جاری کرنا، نہر نکالنا۔
ـــ المَاءَ: پانی نکلنے کا راستہ بنانا، چشمہ جاری کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "قَالُوا لَن نُؤمِنَ لَكَ حَتَّى تَفجُرَ لَنَا مِنَ الأرضِ يَنبُوعًا"
ـــ اللهُ الفَجرَ: فجر طلوع کرنا۔
أفجَرَ: وقت فجر میں داخل ہونا (۲) گناہ کرنا، بدکاری کرنا (۳) حق سے پھرنا
ـــ فُلانًا: کسی کو بدکار پانا۔
ـــ اليَنبُوعَ: چشمہ جاری کرنا۔
فَاجَرَ مُفَاجَرَةً و فِجَارًا: کسی کے ساتھ مل کر بدکاری کرنا۔
فَجَّرَ الأرضَ: مبالغہ در فَجَرَ، چشمہ یا پانی جاری کرنا۔
ـــ الأرضَ عُيُونًا: چشمہ جاری کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَفَجَّرنَا الأرضَ عُيُونًا"
ـــ القُنبُلَةَ و نَحوَهَا: بم چھوڑنا آتشیں گولہ وغیرہ کا دھماکہ کرنا۔
ـــ النَّهرَ: نہر جاری کرنا۔

فَجَّرَ الثَّوْرَةَ: انقلاب برپا کرنا۔
— الفَضَائِحَ: رسوا کن امور کا انکشاف کرنا، اسکینڈل منظر عام پر لانا۔
— قَنَابِلَ دُخَانٍ: دھوئیں کے گولے چھوڑنا۔
— المَوْقِفَ: صورتِ حال کو دھماکہ خیز بنانا، صورتِ حال بگاڑنا۔
— الوَضْعَ: صورتِ حال بگاڑنا۔
— الخِلَافَاتِ بين القوم: اختلافات پیدا کرنا۔
— فُلَانًا: فاجر و گنہگار قرار دینا۔
اِفْتَجَرَ الكَلَامَ: اپنی طرف سے بات بنانا یا گھڑنا۔
اِنْفَجَرَ: مطاوع فَجَّرَ: پھٹ پڑنا (۲) آتشیں گولہ وغیرہ کا پھٹنا، پٹاخا چھوٹنا (۳) نہر یا پانی یا چشمہ جاری ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَقُلْنَا اضْرِبْ بِعَصَاكَ الحَجَرَ۔ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا"
— فُلَانٌ بَاكِيًا: پھوٹ پھوٹ کر رونا۔
— الصُّبْحُ: صبح نمودار ہونا۔
— اللَّيْلُ عنه: رات ختم ہو کر صبح ہو جانا
— العَدُوُّ عَلَيْهِم: لوگوں پر دشمن کا زبردست دھاوا بولنا، ٹوٹ پڑنا، پل پڑنا۔
— عَلَيْهِم الدَّوَاهِي: مصائب کا ٹوٹ پڑنا۔
— الخِلَافُ: اختلافات پھوٹ پڑنا۔
— غَضَبًا: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔
— النِّزَاعُ: جھگڑا اٹھ کھڑا ہونا۔
انفجرت المَعْرَكَةُ: لڑائی چھڑنا۔
— ينابيع الشئ من كذا: کسی چیز کے سوت جاری ہونا، آغاز ہونا
— المَعَارِكُ الطَّائِفِيَّةُ: فرقہ وارانہ فسادات پھوٹ پڑنا۔
انفجرت الاشْتِبَاكَاتُ: جھڑپوں کا سلسلہ شروع ہونا۔
تَفَجَّرَ: مطاوع فَجَّرَ۔
— المَاءُ و نَحْوُه: پانی وغیرہ جاری ہونا، نہریں جاری ہونا قرآن پاک میں ہے: "وَاِنَّ مِنَ الحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الاَنْهَارُ"
— الصُّبْحُ: صبح نمودار ہونا۔
الانْفِجَارُ: دھماکہ ج: انفجارات۔
الانْفِجَارُ الذَّرِّيُّ: ایٹمی دھماکہ۔
الانْفِجَارِيُّ: دھماکہ خیز۔
التَّفْجِيرُ: دھماکہ خیزی (۲) پانی یا نہر وغیرہ جاری کرنے کا عمل، دھماکہ
التَّفْجِيرُ الذَّرِّيُّ: ایٹمی دھماکہ
مَوَادُّ التَّفْجِيرِ: دھماکہ خیز اشیاء
الفَاجِرُ: بدکار، گناہوں میں نڈر، بے دھڑک بدکاری کرنے والا، بدمعاش (۲) جھوٹی قسم کھانیوالا ج: فُجَّارٌ و فَجَرَةٌ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاِنَّ الفُجَّارَ لَفِي جَحِيمٍ" نیز "اُولٰئِكَ هُمُ الكَفَرَةُ الفَجَرَةُ"
الفَاجِرَةُ: تانیث الفاجر: فاحشہ عورت
اليَمِينُ الفَاجِرَةُ: جھوٹی قسم۔
فَجَارِ: بمعنی فُجُور (اسم مبنی غیر منون ہے) فَاجِرَة سے معدول ہے اور صرف بوقت ندا استعمال ہوتا ہے۔ کہتے ہیں یا فَجَارِ۔
الفِجَارُ: حَرْبُ الفِجَارِ: قریش و حلفائے قریش اور ہوازن کے درمیان ہونے والی لڑائی، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں شرکت فرمائی اس وقت آپ کی عمر تقریباً بیس سال تھی۔ اَيَّامُ الفِجَارِ: مقدس مہینوں کے چار دن جن میں اسلام سے پہلے عربوں نے جنگ کی۔
الفَجْرُ: صبح کا اجالا (جو رات کی تاریکی کے ختم پر ہوتا ہے) یہ دو ہیں۔ ایک لمبی شکل میں اسے کاذب کہتے ہیں، دوسرا افق میں پھیلا ہوا، اسے صادق کہتے ہیں (۲) آغاز و ابتداء، طلوع (۳) صاف و کھلا راستہ۔
فُجَرُ: فاجر کا مبالغہ، یہ صرف ندا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے: یا فُجَرُ!
فَجْرَةٌ: جھوٹ، گناہ (بغیر تنوین) ترکیب فُلَانٌ فَجْرَةَ: زبردست جھوٹ بولنا۔
الفُجْرَةُ: پانی جاری ہونے کی جگہ۔
فُجْرَةُ الوَادِي: وادی کا کشادہ حصہ جس کی طرف پانی بہتا ہے۔
الفُجُورُ: بدکاری، زنا۔
انْغَمَسَ في الفُجُورِ: بدکاری میں مبتلا ہونا۔
الفَجُورُ: بڑا بدکار۔
المُتَفَجِّرُ: دھماکہ خیز، آتشیں۔
المُتَفَجِّرَاتُ: دھماکہ خیز اشیاء، آتشیں مادے۔ بارودی سرنگیں، بارودی گولے یا پٹاخے وغیرہ۔
• فَجَسَ ـ فَجْسًا: بدکار ہونا (۲) مغرور ہونا۔
تَفَجَّسَ: فَجَسَ۔
• فَجَعَهُ ـ فَجْعًا: سخت تکلیف پہنچانا دل دکھانا۔ هو فَاجِعٌ۔ الاَمْرُ الفَاجِعُ: تکلیف دہ بات۔
فُجِعَ فِي شَيْءٍ و بِهِ: کسی چیز کی تکلیف پہنچنا۔
فَجَّعَهُ: سخت تکلیف دینا، بہت دل دکھانا، مصیبت میں ڈالنا۔

تَفَجَّعَ: مصیبت سے تکلیف محسوس کرنا، دکھی ہونا۔
— لِفُلاَنٍ: کسی کے لئے دردمند ہونا، کسی کی تکلیف پر خود تکلیف محسوس کرنا۔
التَّفَجُّعُ: دکھ، دردمندی۔
الفَاجِعُ: دردناک، اندوہناک، دل دوز (۲) بے دردانہ (۳) صفت غالبہ۔ برائے غراب البَیْن (جدائی کی علامت سمجھا جانے والا کوا)۔
رَجُلٌ فَاجِعٌ: حسرت وافسوس کرنے والا۔
الأَمْرُ الفَاجِعُ: تکلیف دہ بات۔
امْرَأَةٌ فَاجِعٌ: گرفتار رنج و مصیبت عورت (۲) مال و اولاد کے فقدان کی مصیبت میں گرفتار عورت۔
الفَاجِعَةُ: (مال یا محبوب شے کے فقدان کے سبب آنے والی) مصیبت، اندوہناک حادثہ، دردناک واقعہ ج: فَوَاجِع
الفَجُوعُ: الفاجع۔ مَوْتٌ فَجُوعٌ: سخت تکلیف دہ موت، اذیت ناک موت
الفَجِيعَةُ: الفَاجِعَةُ ج: فَجَائِع۔
المُتَفَجِّعُ: دردمند (۲) دکھی۔
المُفْجِعُ: الفَاجِعُ۔
• فَجْفَجَ: غیر حاصل چیز پر فخر کرنا۔ هو فُجْفَاجٌ و فُجَافِجٌ۔
• فَجِلَ الشيءُ ـَ فَجَلاً: ڈھیلا اور موٹا ہونا۔
فَجَّلَ الشيءَ: چوڑا کرنا۔
افْتَجَلَ أَمْرًا: گھڑنا، ایجاد کرنا۔ (افتجر کی ایک تعبیر)
الأَفْجَلُ: اپنے دونوں قدموں کے درمیان فاصلہ رکھنے والا
الفَاجِلُ: جوا کھیلنے والا۔
الفِجَّالُ: مولی فروش۔
الفُجْلُ: مولی یا مولیاں۔ واحد: فُجْلَةٌ۔
• فَجَمَ السكّينَ ـِ فَجْمًا: چھری پر دندانے ڈالنا۔
فَجِمَ ـَ فَجَمًا: موٹے جبڑے والا ہونا
هو أَفْجَمُ وهي فَجْمَاءُ ج: فُجْمٌ۔
انْفَجَمَ الوَادِي: کشادہ ہونا۔
تَفَجَّمَ الوَادِي: کشادہ ہونا۔
الفُجْمَةُ: فُجْمَةُ الوَادِي: وادی کی کشادہ جگہ۔
• فَجَا البابَ ـُ فَجْوًا: کھولنا۔
— الشيءَ: کشادہ کرنا۔
— القَوْسَ: کمان کا تانت کھینچنا۔
فَجِيَ ـَ فَجًا: اپنے دونوں گھٹنوں کے درمیان فاصلہ رکھنے والا۔ هو أَفْجَى وهي فَجْوَاءُ ج: فُجْوٌ۔
أَفْجَى الرَّجُلُ: اہل وعیال پر فراخی سے خرچ کرنا۔
فَجَّى الشيءَ: کھولنا، ظاہر کرنا۔
— عنه الشيءَ: دفع کرنا، ہٹانا۔
تَفَاجَى: درمیانی کشادگی والا ہونا۔
الفَجْوَةُ: دو چیزوں کے درمیان کشادگی، خلا، کھلی جگہ ج: فِجَاءٌ و فُجًا و فَجَوَات۔
فَجْوَةُ الدَّارِ: صحن خانہ۔
الفَجْوَاءُ: الفَجْوَةُ۔

ف ح

• فَحَثَ عنه ـَ فَحْثًا: تلاش کرنا۔
— عن الخَبَرِ: خبر کی تحقیق کرنا۔
— في الأَرْضِ: کھوج لگانا۔
افْتَحَثَ عنه: فَحَثَ۔
— ما عِنْدَ فُلاَنٍ: کسی کے پاس موجود شے کی ٹوہ لگانا۔
فِحْثُ الكَرِشِ: اوجھ سے متصل تہ بتہ جوف دار شے ج: أَفْحَاثٌ۔
الفِحْثَةُ: اوجھ سے متصل شے کا حصہ۔
• فَحِجَ ـَ فَحَجًا: پیر کے اگلے حصے کا قریب اور ایڑیوں کا دور ہونا۔
هو أَفْحَجُ وهي فَحْجَاءُ ج: فُحْجٌ۔
أَفْحَجَ عن الأَمْرِ: پیچھے ہٹنا، رکنا۔
— حَلُوبَتَهُ: دودھ دوہتے وقت دودھ والے جانور کی ٹانگوں کو چوڑا کرنا۔
فَحَّجَ: مبالغہ در فَحِجَ: پاؤں کے اگلے حصہ کا بہت قریب اور ایڑیوں کا بہت دور ہونا۔
— رِجْلَيْهِ: ٹانگوں کو پھیلانا۔
انْفَحَجَتْ سَاقَاهُ: پنڈلیوں کا کشادہ ہونا، ٹانگوں کا چوڑا ہونا۔
• فَحَّتِ الأَفْعَى ـِ فَحًّا و فَحِيحًا: سانپ کا پھنکارنا۔
— النَّائِمُ: خراٹے لینا۔
فُحَّةُ الفُلْفُلِ: مرچ کی تیزی۔
فَحِيحُ الأَفْعَى: سانپ کی پھنکار۔
• فَحَسَ الماءَ ـَ فَحْسًا: ہاتھ میں لے کر اور زبان سے چاٹنا۔
— الشَّعِيرَ: جو کو دل کر دانے نکالنا۔
• فَحَشَ القَوْلُ او الفِعْلُ ـُ فُحْشًا: قول و فعل کا انتہائی برا ہونا، قابل مذمت ہونا۔
— الأَمْرُ: اپنی حد سے تجاوز کرنا۔ هو فَاحِشٌ و فَحَّاشٌ۔
فَحُشَ ـُ فُحْشًا و فَحَاشَةً: فَحَشَ۔
— علَى من معه: اپنے ساتھ والے کے ساتھ برائی کرنا۔
أَفْحَشَ: فحش اور بری بات کہنا یا کرنا۔
— عليه في المَنْطِقِ: کسی کے ساتھ بدکلامی کرنا، فحش گوئی کرنا۔
فَحَّشَ بالشيءِ: برائی کرنا، خراب کہنا۔

تَفَاحَشَ: دانستہ فحش بات کہنا یا کرنا، قصدًا فحش کار و فحش گو بننا۔
ـــ القَوْمُ: ایک دوسرے کو بُرا بھلا کہنا۔
ـــ الاَمْرُ: کسی معاملہ کا انتہائی گندہ اور خراب ہونا۔
تَفَحَّشَ: فحش گو یا فحش کار بننا (۲) برائی کرنا، برا اور خراب قرار دینا۔
الفَاحِشُ: بد، برا، مذموم (۲) گندا (۳) ناقابل سماعت یا ناقابل تسلیم (۴) قابل مذمت (۵) سخت، زبردست جیسے غَبَنٌ فَاحِشٌ (۶) حد سے بڑھا ہوا۔
الفَاحِشَةُ: فاحش کی تانیث (۲) برا اور قابل نفرت قول یا فعل، گندی بات، گندا کام، بدکاری، گندہ ذہنی ج: فَوَاحِشُ۔ قرآن پاک میں ہے: "قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ" (۳) بدکار و بے حیا عورت۔
الفُحْشُ: برا اور گندا قول و فعل، خراب اور بھونڈی بات (۲) برائی، قباحت بدزبانی، بدفعلی۔
الفَحَّاشُ: بہت سخت (۲) بڑا بدزبان بڑا بدفعل۔
الفَحْشَاءُ: الفُحْشُ: بدکاری، انتہائی مذموم حرکت، بدفعلی، گناہ۔ قرآن پاک میں ہے "الشَّيْطَانُ يَعِدُكُمُ الفَقْرَ وَ يَأْمُرُكُمْ بِالفَحْشَاءِ"
المُتَفَحِّشُ: بدزبان، بے شرم۔
• فَحَصَتِ القَطَاةُ ـ فَحْصًا: سنگ خوار مرغ کا انڈے دینے کے لئے زمین میں گڑھا کھود کر گھر بنانا۔
ـــ عن الاَمْرِ: انتہائی تحقیق جستجو کرنا تفتیش کرنا، کھود کرید کرنا۔
ـــ الاَرْضَ: زمین کھودنا۔

فَحَصَ الشيءَ: جانچ پڑتال کرنا، سراغ لگانا، ٹیسٹ کرنا، چیک کرنا
ـــ الطَّبِيبُ المَرِيضَ: بیمار کا معاینہ کرنا، بیماری کی تشخیص کے لئے نبض وغیرہ دیکھنا۔
ـــ الكِتَابَ و نَحْوَهُ: کتاب وغیرہ کو گہری نظر سے دیکھنا، چھان بین کرنا۔
ـــ البَولَ وغيرَه: پیشاب وغیرہ ٹیسٹ کرنا۔
افْتَحَصَ عنه: کھود کرید کرنا، تحقیق کرنا
تَفَحَّصَ: غور سے معاینہ کرنا، اچھی طرح جانچنا، اچھی طرح چیک کرنا۔
الاُفْحُوصُ: سنگ خوار مرغ یا مرغی کا انڈے دینے کے لئے کھودا ہوا گڑھا ج: اَفَاحِيصُ۔
الفَاحِصُ: جانچ کنندہ، معاینہ کنندہ، ٹیسٹ کنندہ (۲) انسپکٹر (۳) تجسس آمیز
النَّظْرَةُ الفَاحِصَةُ: تجسس آمیز نگاہ
فاحِصُ الحسابات: آڈیٹر حسابات
الفَحْصُ: جانچ، تحقیق و تفتیش، چیکنگ ٹیسٹنگ (۲) سروے (۳) معاینہ۔
الفَحْصُ الطِّبِّيُّ: ڈاکٹری معاینہ، چیک اپ۔
الفَحْصُ الجِسْمَانِيُّ العَامُّ: جنرل چیک اپ، جسم کا مکمل طبی معاینہ۔
الفَحْصُ الشَّامِلُ: مکمل سروے، عام جائزہ۔
الفَحْصُ العَامُّ: جنرل سروے۔
الفَحْصَةُ: ٹھوڑی یا رخساروں کا گڑھا (۲) ایک دفعہ کی جستجو، ایک معاینہ
المَفْحَصُ: دیکھئے: اُفحوص ج: مَفَاحِصُ۔
• فَحْفَحَ: خراٹے لینا (۲) آواز بیٹھنا (۳) بہت بولنا۔ هو فَحْفَاحٌ۔

• فَحَلَ الإِبِلَ و نَحْوَهَا ـ فَحْلًا: اونٹوں میں جفتی کے لئے سانڈ (طاقتور نر اونٹ) چھوڑنا۔
اَفْحَلَ فُلانٌ: سانڈ بنانا، پالنا۔
ـــ فُلانًا فَحْلًا: کسی کو عاریۃً سانڈ دینا (جفتی وغیرہ کے لئے)
افْتَحَلَ فُلانا بَعِيرًا: عاریۃً سانڈ دینا
تَفَحَّلَ: سانڈ جیسا ہونا، سانڈ بننا۔
ـــ الشَّجَرُ: درخت پر پھل آنا بند ہوجانا۔
اسْتَفْحَلَ الاَمْرُ: سنگین اور سخت ہوجانا بڑھ جانا، بڑا اور طاقتور ہوجانا۔
ـــ النَّخْلَةُ: مادہ درختِ خرما کا نر بن جانا بار آور نہ رہنا۔
الفِحَالَةُ: نرپن، سانڈپن، مردمی۔
الفُحَّالُ: نر درختِ خرما ج: فَحَاحِيلُ
الفَحْلُ: ہر طاقتور نر جانور، سانڈ۔ ج: فُحُولٌ و اَفْحُلٌ۔
الفَحْلُ و الاُنْثَى: نر و مادہ۔
الشاعِرُ الفَحْلُ: قادر الکلام شاعر
فُحولُ العُلَماءِ: بلند پایہ اہل علم، ماہرین علم و فن۔
فُحُولُ الشُّعَرَاءِ: بلند پایہ قادر الکلام، اہل سخن۔
الفَحْلَةُ: تیز طرار مردوں کی سی خصلت رکھنے والی عورت، زبان دراز عورت۔
الفُحْلَةُ: مردمی، نرپن۔
الفُحُولَةُ: الفِحَالَةُ۔
الفَحِيلُ: مکمل مرد یا سانڈ۔
الفَحْلُ الفَحِيلُ: شریف النسب آدمی۔
المتفحِّلُ: وہ درخت جس پر پھل نہ لگتا ہو
• فَحَمَ الصَّبِيُّ ـ فَحْمًا و فُحُومًا: روتے روتے بچہ کا سانس اور آواز بند ہوجانا۔
ـــ فُلانٌ: ساکت و لاجواب ہوجانا۔

فَحُمَ الشیءُ ـُ فُحُومًا و فُحُومَةً: سیاہ ہونا۔ ھو فاحِمٌ و فَحِیمٌ
اَفْحَمَ القَوْمُ: رات کی ابتدائی تاریکی میں داخل ہونا
ـــ البُکاءُ الصَّبِیَّ: رونے کا بچہ کی آواز کو بند کر دینا۔
ـــ الخَصْمَ: مقابل کو دلیل سے خاموش کر دینا، ساکت ولاجواب کر دینا۔
ـــ الھَمُّ و نَحْوُہٗ فُلانًا: فکروغم کا نشاطِ طبع کو ختم کر دینا، مضمحل کر دینا۔
فَحَّمَ الخَشَبَ: لکڑی کو جلا کر کوئلہ بنانا۔
ـــ الشَّیءَ: کوئلہ سے کالا کرنا۔
الفَاحِمُ: سیاہ فام: اَسْوَدُ فاحِمٌ: انتہائی کالا، سیاہ فام۔
الفِحَامَةُ: کوئلہ فروشی (۲) کوئلہ نکالنے یا فروخت کرنے کا پیشہ۔
الفَحَّامُ: کوئلہ فروش، کوئلہ کا کارکن۔
الفَحْمُ و الفَحَمُ: کوئلہ ج: فِحَام و فُحُوم۔
الفَحْمُ النَّبَاتِیُّ: لکڑی کا کوئلہ۔
الفَحْمُ الحَجَرِیُّ: پتھر کا کوئلہ۔
الفَحْمُ العُضْوِیُّ: کاربن۔
الفَحْمُ المَعدِنِیُّ: کان سے نکلا ہوا کوئلہ
قَلَمُ فَحْمٍ: کالی پنسل۔
الفَحْمَةُ: انتہائی شدید تاریکی، گھٹا ٹوپ اندھیرا، گھپ اندھیرا۔
الفَحِیمُ: الفَاحِمُ۔
المُفْحَمُ: دلیل کے سامنے لاجواب، خاموش، عاجز و ساکت۔
المُفْحِمُ: مسکت، لاجواب کنندہ۔ الجوابُ المُفْحِمُ: مسکت جواب۔
المَفْحَمَةُ: پتھر کے کوئلہ کی جگہ ج: مفاحِمُ
• فَحَا بکلامہ الی کذا و کذا ـُ فَحْوًا: اپنے کلام سے کسی شئے کی طرف اشارہ کرنا، خاص مطلب مراد لینا۔
فَحّیٰ بکلامہ الی کذا: اپنے کلام سے بطور خاص کوئی مطلب یا کوئی مضمون مراد لینا۔
فَحَّیَ الطَّعامَ: کھانے میں بہت مسالے ڈالنا۔
فَاحَاہُ: کسی کو مخاطب کر کے اپنا مطلب سمجھانا۔
الفَحَا: کھانے میں ڈالنے کا مسالا (مرچ زیرہ وغیرہ) ج: اَفْحَاءٌ۔
الفَحْوَی: فَحْوَی القَول: مطلب، مراد، مقصد، معنی، مصداق، مدعا ج: فَحَاوٍ و فَحَاوَی۔
الفَحْوَةُ: موم سمیت شہد کا ایک ٹکڑا۔
الفَحِیَّةُ: سوپ، ہلکا شوربا۔

ف ـــ خ

• فَخَتَتِ الفاخِتَةُ ـَ فَخْتًا: فاختہ (پرندہ) کا بولنا، کوں کوں کرنا۔
ـــ الاِنْسَانُ: فاختہ کی طرح اترا کر چلنا۔
ـــ الطَّبَّاخُ: باورچی کا دیگچی سے گوشت کی بوٹی کو ہاتھ سے نکالنا۔
ـــ الشیءَ: کاٹنا جیسے فَخَتَ رأسَہ بالسَّیفِ۔
ـــ السَّقْفَ: چھت میں سوراخ کرنا۔
فَخَّتَتِ الفَاخِتَةُ: فاختہ کا زیادہ یا زور زور سے کوں کوں کرنا۔
تَفَخَّتَ الاِنْسَانُ: فاختہ کی طرح بہت اترا کر چلنا (برائے مبالغہ)۔
الفَاخِتَةُ: فاختہ۔ کبوتر کی طرح کا ایک پرندہ جو بازو پھیلا کر جھومتا ہوا چلتا ہے ج: فَوَاخِت۔
الفَخْتُ: شکاری کا پھندا (۲) چھت کے گول سوراخ (۳) چاند کی ابتدائی روشنی۔
• فَخِجَ الرَّجُلُ ـَ فَخَجًا: تکبر کرنا۔
• فَخَّتْ رِجْلَاہُ ـَ فَخَخًا: ٹانگوں کا ڈھیلا ہونا۔ ھو اَفَخُّ وھی فَخَّاءُ ج: فُخٌّ۔
فَخَّتِ الاَفْعَی ـِ فَخًّا و فَخِیخًا: سانپ کا پھنکاریں مارنا۔
ـــ النَّائِمُ: خراٹے لینا۔
الفَخُّ: پھندا، جال، ذریعۂ شکار (۲) چال، دھوکا ج: فِخَاخٌ و فُخُوخٌ
• فَخَذَہٗ ـَ فَخْذًا: ران پر مارنا، ران کو زخمی کرنا۔
فَخَّذَ بَینَ القَومِ: تفریق کرنا۔
ـــ الرَّجُلُ عَشِیْرَتَہٗ: اپنے قبیلہ کی ایک ایک شاخ کو پکارنا۔ ایک ایک کر کے اپنے تمام قبیلوں کو پکارنا یا بلانا۔
تَفَخَّذَ عن الاَمْرِ: کسی کام سے رکنا پیچھے ہٹنا۔
الفَخْذُ و الفَخِذُ: ران (مؤنث) (۲) قبیلے کی ایک شاخ ج: اَفْخَاذٌ
• فَخَرَ الرَّجُلُ ـَ فَخْرًا و فَخَارًا و فَخَارَةً: اپنی یا اپنی قوم کی خوبیوں پر ناز کرنا، فخر کرنا، فوقیت جتانا (اپنے لئے کسی خوبی کو ذریعۂ اعزاز سمجھنا) (۲) تکبر کرنا، غرور کرنا۔ ھو فَاخِرٌ و فَخُورٌ۔
ـــ الرَّجُلَ ـَ فَخْرًا: فوقیت لیجانا (فخر کی باتوں میں)۔
فَخِرَ ـَ فَخَرًا: بڑائی خور ہونا، ناک والا ہونا۔ ھو فَخِرٌ۔
اَفْخَرَ فُلانًا علی فُلانٍ: کسی کو دوسرے پر ترجیح و فوقیت دینا۔
فَاخَرَہٗ مُفَاخَرَةً و فِخَارًا: کسی کے مقابلہ میں اپنی برتری ثابت کرنا، کسی سے فخر میں مقابلہ کرنا۔ ھو مُفَاخِرٌ و فِخِّیر۔
فَخَّرَہٗ علیہ: کسی کو کسی پر فوقیت دینا۔

اِفْتَخَرَ بِكَذا: فخر کرنا، نازاں ہونا۔
تَفَاخَرَ: بڑا بننا، بڑائی جتانا۔
ـــالقَومُ: ایک دوسرے کے مقابلہ میں کسی بات پر فخر کرنا۔
اِسْتَفْخَرَ الطِّينُ: مٹی کا (پک کر) ٹھیکری بن جانا۔
ـــالشَّيْءَ: نفیس و فائق سمجھنا یا پانا، شاندار پانا یا سمجھنا۔
الافتخارُ: فخر و مباہات، اظہار عزو شان۔
الفَاخِرُ: ہر عمدہ و نفیس چیز، شاندار، بھڑک دار، پرشوکت، اعلیٰ قسم کا، بیش قیمت، ڈیلکس، فینسی (۲) قابل فخر، قابل عزت۔ کہتے ہیں: نبات فاخِرٌ۔ ثوبٌ فاخِرٌ سيّارة فاخِرة۔
الفَاخُورُ: کوزہ گر، کمہار، مٹی کے برتن بنانے یا بنا کر بیچنے والا۔
الفَاخُورَةُ: مٹی کے برتنوں کا کارخانہ۔
الفِخَارَةُ: کوزہ گری، کمہار کا پیشہ۔
الفَخَّارُ: آگ میں پکا کر بنائے جانے والے مٹی کے برتن وغیرہ۔ ٹھیکری، ٹھیکرا پکائی ہوئی مٹی۔
الفَخَّارِيُّ: کمہار، مٹی کے برتن بنانے اور بیچنے والا۔
الفَخُورُ: انتہائی فخر کناں۔
المُفْتَخِرُ: فخر کناں، نازاں۔
المُفْتَخَرُ: قابل فخر، قابل عزت۔
المَفْخَرُ و المَفْخَرَةُ: قابل فخر کام، کارنامہ، شاندار کام ج: مَفَاخِر۔
•فَخِزَ ـَ فَخْزًا: تکبر کرنا، بڑائی جتانا۔
•فَخْفَخَ: بے بنیاد فخر کرنا۔
الفَخْفَخَةُ: بلاوجہ فخر (۲) کورے کاغذ یا کورے کپڑے کی حرکت کی آواز، کھڑکھڑاہٹ۔
•فخل۔ تَفَخَّلَ: عمدہ کپڑے پہننا

(۲) علم و وقار ظاہر کرنا۔
•فَخُمَ ـُ فَخَامَةً: عظیم الشان ہونا (۲) بڑا اور بھاری بھرکم ہونا، زبردست ہونا۔
ـــالمَنْطِقُ: کلام کا و قیع ہونا۔ هو فَخْمٌ ج: فِخَامٌ۔
فَخَّمَهُ: بلند رتبہ بنانا، قدر و منزلت بڑھانا، تعظیم کرنا۔
ـــالحَرْفَ: حرف کو پُر کر کے پڑھنا۔
تَفَخَّمَهُ: فَخَّمَهُ۔
الفَخْمُ: بڑا، شاندار، عظیم الشان، زبردست، باوقار۔
الفَخَامَةُ: عظمت، شان و شوکت، بڑائی، بلندی رتبہ (۲) ایک تعظیمی لقب جو اضافت کے ساتھ عالیجناب، عالی مرتبت، عزت مآب کے معنی میں سربراہ مملکت وغیرہ کے لئے استعمال ہوتا ہے جیسے: فَخَامَةُ رئيس الجمهورية۔
الفَيْخَمَانُ: بڑا اور سربرآوردہ شخص جس کے بغیر کوئی کام انجام نہ دیا جائے۔
المُفَخَّمُ: بڑا، بلند رتبہ، معظم، شاندار

ف ـــــ د

•فَدَحَهُ الحِمْلُ ـَ فَدْحًا: سامان یا قرض وغیرہ کا کسی کو گرانبار کرنا، بوجھل کرنا۔
ـــالأمرُ: کسی معاملہ کا کسی کو زیر بار کرنا۔ هو فادِحٌ
اِسْتَفْدَحَ الأمرَ: پریشان کن اور دشوار پانا، بھاری اور بوجھل محسوس کرنا۔
الفَادِحُ: گرانبار، بوجھل، بھاری، دشوار
الخَسارةُ الفَادِحَةُ: زبردست نقصان۔
المطالبُ الفادِحَة: بھاری مطالبات
الفَادِحَةُ: مصیبت ج: فَوادِحُ۔
الفَدَاحَةُ: گرانباری، بھاری پن، بوجھ
•فَدَخَ الشيءَ ـَ فَدْخًا: توڑنا (تر یا جوف دار چیز کو) جیسے: فَدَخَ الرَّأسَ و فَدَخَ البُسْرَ۔
•فَدَّ ـِ فَدًّا و فَدِيدًا: سخت آواز ہونا، شور مچنا۔
ـــالطّائِرُ: پرندے کا پھڑپھڑانا۔
ـــالرَّجُلُ: بھاگنے کے لئے دوڑنا (۲) خوشی و مسرت میں زور زور سے زمین پر پیر پٹخنا۔
فَدَّدَ الرَّجُلُ: متکبرانہ چال چلنا (۲) خرید و فروخت میں شور و غل کرنا۔
الفَدَّادُ: سخت گفتار، کرخت آواز والا (۲) تکبر کے ساتھ چلنے والا (۳) سینکڑوں سے ہزار تک اونٹوں کا مالک۔
الفَدَّادَةُ: مینڈک (۲) فَدَّاد کی مؤنث
الفَدَّادُونَ: چرواہے، اونٹوں یا گائے بیل کے مالکان، کاشتکار۔
الفَدِيدُ: شور و غل، آواز۔
•فَدَرَ ـِ فَدْرًا و فُدُورًا: سست پڑنا، ٹھنڈا ہو جانا۔
ـــالوَعِلُ: پہاڑی بکرے کا پہاڑ پر چڑھ کر رک جانا، پھنس جانا (۲) موٹا اور بڑا ہونا (۳) عمر رسیدہ ہونا۔
ـــاللَّحْمُ: پکنے کے بعد ٹھنڈا ہو جانا
هو فادِرٌ ج: فُدْرٌ و هي فادِرٌ ج: فَوادِرُ۔
فَدِرَ ـَ فَدَرًا: بیوقوف ہونا۔ هو فَدِرٌ۔
أفْدَرَ: فَدَرَ۔
فَدَّرَ: فَدَرَ۔
ـــالحِجارَةُ: پتھروں کے چھوٹے بڑے

ٹکڑے کرنا۔
تَفَدَّرَ الحَجَرُ: ٹکڑے ہوجانا۔
الفَادِرُ: عمر رسیدہ پہاڑی بکرا۔
الفَادِرَةُ: پہاڑ کی چوٹی کی ٹھوس چٹان۔
الفَدَرُ: الفَادِرُ ج: فُدُورٌ۔
الفَدِرُ: کمزور اور جلد ٹوٹ جانیوالی لکڑی
الفِدْرَةُ: کسی چیز کا سمٹا ہوا حصہ، ٹکڑا، (گوشت کا) ٹکڑا، (کھجور کی) ڈھیری، (رات کا) حصہ ج: فِدَرٌ۔
الفُدَرَةُ: قوم سے الگ رہنے والا۔
الفَدُورُ: الفَادِرُ ج: فُدُرٌ۔
المَفْدَرَةُ: اَرْض مَفْدَرَةٌ: بہت پہاڑی بکروں والی زمین
•اَفْدَسَ الرَّجُلُ: کسی کے دروازہ پر مکڑیوں کے جالے ہونا، یا مکڑیاں ہونا۔
الفُدْسُ: مکڑی ج: فِدَسَةٌ۔
الفَيْدَسُ: بڑا مٹکا۔
الفَيْدُوسُ: سیر و تفریح، چھٹی۔
•فَدَشَ فُلانا ـُ فَدْشًا: سر پھوڑنا
•فَدِعَ ـَ فَدَعًا: ٹیڑھے جوڑوں والا ہونا: فَدِعت قَدَمُه او يَدُهُ۔ هو اَفْدَعُ و هي فَدْعَاءُ ج: فُدْعٌ
فَدَّعَهُ: ٹیڑھے جوڑوں والا بنا دینا۔
الفَدَعُ: جوڑوں کی کجی (جو اکثر پیر یا کلائی میں ہوتی ہے اور جوڑوں کی ہڈیاں بظاہر اپنی جگہ سے سرکی ہوئی معلوم ہوتی ہیں)۔
•فَدَغَ الشیءَ ـَ فَدْغًا: توڑنا (تر یا جوف دار چیز کو لطور خاص)۔
ــــ الطَّعَامَ: گھی سے تر بہ تر کرنا، بگھارنا۔
اِنْفَدَغَ الشیءُ: سوکھنے کے بعد نرم ہوجانا (۲) پھوٹ جانا، ٹوٹ جانا (اخروٹ وغیرہ کا)۔
المِفْدَغُ: پھوڑنے یا توڑنے کی چیز ج: مَفَادِغُ۔

•فَدْفَدَ: آواز نکلنا (۲) زمین پر خوشی اور مستی سے بھاری قدم پڑنا۔
الفَدْفَدُ: ہموار و کشادہ چٹیل زمین۔
الفَدْفَدَةُ: ہلکی آواز، سرسراہٹ۔
•فَدَمَ فَاهُ و علَى فيه ـِ فَدْمًا: منہ بند کرنا، برتن کا منہ ڈھانکنا۔
ــــ الدَّابَّةَ: منہ بند لگانا، سر بند لگانا۔
ــــ الاِبْرِيقَ: لوٹے کے منہ پر کپڑا باندھنا (تاکہ پانی صاف ہوکر نکلے)۔
ــــ المَجُوسِيُّ فَمَهُ: مجوسی کا بعض مذہبی تقریبات میں عادةً منہ باندھنا۔
فَدُمَ ـُ فُدُومَةً و فَدَامَةً: کم فہم ہونا (۲) اکھڑ اور بیوقوف ہونا، (۳) موٹا ہونا۔ هو فَدْمٌ ج: فِدَامٌ
اَفْدَمَهُ: فَدَمَهُ۔
فَدَّمَ: مبالغہ در فَدَمَ۔
ــــ الاِبْرِيقَ و نَحوَه: لوٹے یا جگ وغیرہ کا منہ اچھی طرح باندھنا۔
ــــ فاه وَ عَلَيه: منہ بند لگانا، منہ کو کسی چیز سے ڈھانکنا۔
ــــ البَعِيرَ: اونٹ کے منہ پر سر بند باندھنا۔
ــــ الثَّوبَ: کپڑے کو خوب لال کرنا۔ هو مُفَدَّمٌ۔
الفِدَامُ: اونٹ کے منہ کا چھینکا، منہ بند (۲) برتن کے منہ پر باندھا جانیوالا کپڑا
الفِدَامَةُ: الفِدَامُ۔
الفَدْمُ: رَجُلٌ فَدْمٌ: کم فہم، غیر قادر الکلام (۲) تیز سرخ رنگ میں رنگا ہوا کپڑا ج: فِدَامٌ۔
المُفَدَّمَات: مٹکے (۲) برتن جن کے منہ بندھے ہوئے ہوں۔
•فَدَّنَ الاِبِلَ و نَحوَها: موٹا کرنا۔
الفَدَّانُ: جوا جو ہل میں جڑے ہوئے دو بیلوں کی گردن پر ہوتا ہے

(۲) ہل میں جتی ہوئی بیلوں کی جوڑی (۳) ایک ایکڑ زمین (چار ہزار دو سو مربع میٹر) ج: فَدَادِينُ (۴) ہل۔
الفَدَنُ: محل ج: اَفْدَانٌ۔
الفَادِنُ: معمار کا ساہل جس سے چنائی کی سیدھ اور درستگی جانچی جاتی ہے ج: فَوَادِنُ۔
•فَدَاهُ ـِ فَدًى و فِدًى و فِدَاءً: فدیہ دینا، کسی کو مال کے بدلے قید وغیرہ سے چھڑانا، جان بچانا۔ کہتے ہیں: فَدَاهُ بِمالِه: اس پر اپنا مال قربان کیا یا بطور فدیہ اپنا مال دیا۔ هو فَادٍ ج: فُدَاةٌ۔
المَفْدِيُّ: جسے مال دیکر چھڑایا گیا۔
ــــ بحيَاتِه او بنَفْسِه: کسی پر جان نثار کرنا۔
اَفْدَى: بھاری بدن والا ہونا، موٹا ہونا۔
ــــ صَبِيَّهُ: بچہ کو نچانا۔
ــــ فُلانًا اَسِيرَهُ: کسی سے اس کے قیدی کا فدیہ قبول کرنا۔
فَادَاهُ مُفَادَاةً و فِدَاءً: کسی کا فدیہ دینا (۲) فدیہ لے کر اسے آزاد کرنا۔
ــــ الاَسْرَى عِنْدَ العَدُوِّ: اپنے دشمن کے پاس قیدیوں کی رہائی کے بدلے دشمن کے قیدیوں کو رہا کرنا۔
فَدَّاهُ بِنَفْسِه: کسی پر اپنی جان قربان کرنا (۲) کسی سے یہ کہنا کہ میں تم پر قربان ہوں۔
اِفْتَدَى: اپنی طرف سے فدیہ دینا۔
ــــ بالشیءِ: کوئی چیز فدیہ میں دینا، قربان کرنا، قرآن پاک میں ہے: "لَوْ اَنَّ لَهُمْ ما فى الاَرْضِ جَمِيْعًا و مِثْلَهُ مَعَهُ لافْتَدَوْا بِه"۔
ــــ منه بكذا: کسی سے کسی چیز کے ذریعہ بچنا۔

افتدی الاسیر: قیدی کو مال کے بدلے چھڑانا۔ افتدت المرأۃ نفسہا من زوجہا: عورت نے فدیہ دے کر شوہر سے چھٹکارا حاصل کرلیا۔

تفادی القوم: ایک دوسرے کو فدیہ دے کر چھڑانا یا فدا ہونا۔

ــــ الشیءَ من کذا: بچنا یا اس کی تدبیر کرنا۔

الفادی: نجات دہندہ، فدیہ دے کر جان بچانے والا۔

الفِداءُ: جان بچانے یا آزاد کرانے کے لئے دیا جانے والا مال وغیرہ، مالِ فدیہ بدلِ جان خلاصی (۲) فدیہ، بدلِ تقصیر، عبادت میں کوتاہی یا غلطی کا بدل جو اللہ کے لئے پیش کیا جائے جیسے روزہ کا کفارہ یا حالت احرام میں سلا ہوا کپڑا پہننے یا سر منڈانے کا کفارہ (۳) قربانی۔ فِداكَ ابی و امی و فِدًی لك ابی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ قربان جائیو آپ کے۔ کبھی فعل محذوف ہوتا ہے۔ جیسے: بأبی فلان: فلاں پر میرا باپ قربان ہو۔

الفِدائیُّ: مجاہد اسلام (۲) مجاہد وطن (۳) رضاکار، جاں نثار، جانباز سپاہی کمانڈو ج: فِدائیُّون۔

الفِدائیّۃُ: جہاد فی سبیل اللہ یا جہاد آزادی (۲) قربانی، جانبازی (۳) حبِّ دین، حبِّ وطن، فداکاری، فدائیت، حد سے بڑھی ہوئی محبت۔

الفِدیۃُ: الفِداءُ ج: فِدًی و فِدیات۔

الفَداءُ: کھجور یا جو وغیرہ کا ڈھیر ج: افدیۃ

المَفدیُّ: جس کو مال کے بدلے چھڑایا گیا ہو (۲) جس پر جان قربان ہو۔

المُفَدّی: جس پر جان قربان ہو، محبوبِ خلائق

ف ـــــ ذ

• فَذَّ عن اصحابه ـِ فَذًّا: ساتھیوں سے الگ تھلگ ہو جانا، الگ ہو کر اکیلا اور تنہا رہ جانا۔

ــــ عن نُظَرائِه: اپنے ہم رتبہ لوگوں میں منفرد ہونا۔ هو فاذٌّ و فَذٌّ۔

ــــ فُلانًا: سختی سے دھتکارنا۔ هو فاذٌّ

اَفَذَّتِ الشاةُ: بکری کا ایک بچہ جننا۔ هي مُفِذٌّ۔ یہ اس وقت کہا جائیگا جبکہ اس بکری کی عادت ایک سے زائد بچے جننے کی ہو۔

ــــ القومُ: لوگوں کا تنہا تنہا یکے بعد دیگرے آنا۔

تَفَذَّذَ بالامرِ او برأیه: اپنی مرضی پر چلنا، اپنی رائے میں سب سے الگ ہونا۔

استفَذَّ بالامرِ او برأیه: اپنے معاملہ یا رائے میں الگ تھلگ ہونا، من مانی کرنا۔

الاَفَذُّ: وہ تیر جس پر پر نہ ہو۔

الفاذُّ: الفَذُّ۔

الفاذّۃُ: الکلمةُ الفاذّۃُ: شاذ اور نادر الوقوع لفظ۔

الفُذاذی: جاءَ القومُ فُذاذی: یکے بعد دیگرے ایک ایک آنا۔

الفُذاذُ: جاءَ القومُ فُذاذًا: یکے بعد دیگرے ایک ایک آنا۔

الفَذُّ: اکیلا، تنہا، یکتا، منفرد، بے مثال (۲) جوئے کا پہلا تیر (۳) الگ تھلگ (۴) بکھری ہوئی کھجوریں ج: اَفذاذٌ و فُذُوذٌ۔ کہتے ہیں جاءَ القومُ اَفذاذًا: لوگ الگ الگ آئے۔

الفَذّۃُ: شاذ، منفرد۔

الفُذّاذُ: الفُذاذُ۔

المُفِذاذُ: وہ بکری جس کی عادت ایک بچہ جننے کی ہو۔

• فَذْلَكَ الحِسابَ: حساب چکانا، حساب سے فارغ ہو جانا۔ اس کی اصل "فذلك کذا و کذا" ہے۔

الفَذْلَکَۃُ: خلاصہ، لب لباب (۲) کل میزان کل حساب۔

ف ـــــ ر

• الفَرَأُ: گورخر۔ کہاوت ہے: کُلُّ الصَّیدِ فی جوفِ الفَرَا: یعنی ہر شکار گورخر سے کم درجہ ہے۔ ایسے شخص کے بارہ میں کہا جاتا ہے جسے مختلف لوگوں پر ترجیح دی جاتی ہو اور اس چیز کے لیے جو دوسروں سے مستغنی کردے ج: فِراءٌ و اَفراءٌ۔

الفَراءُ: الفَرَأُ۔

الفَرِیُّ: اَمْرٌ فَرِیٌّ: گھڑا ہوا یا بڑا معاملہ

• فَرِتَ ـَ فَرْتًا: بدکار ہونا۔

فَرِتَ الرَّجُلُ ـَ فَرَتًا: کم عقل ہو جانا، رائے کمزور ہو جانا۔

فَرُتَ الماءُ ـُ فُرُوتَةً: بہت میٹھا ہونا۔ هو فُرات۔

الفُراتُ: بہت میٹھا۔ ماءٌ فُراتٌ و نَهرٌ فُراتٌ (۲) عراق کا ایک دریا

الفُراتانِ: دریائے دجلہ و فرات۔

• فَرْتَكَ: قدم ملا کر چلنا، چھوٹے چھوٹے قدم اٹھانا۔

ــــ الشیءَ: ریزہ ریزہ کرنا۔

ــــ النَّسیجَ و نحوَه: کپڑے وغیرہ کو ادھیڑ کر خراب کرنا۔

• فَرْتَنَ: قدم ملا کر چلنا۔

ــــ فی کلامه: شقیں نکالنا، طول دینا

فَرْتَنی: زناکار عورت (۲) باندی۔

الفُرْتُنِی: بدکار کا بچہ (۲) پیشہ ور زانیہ باندی۔

• فَرَثَتِ الحُبلٰی ـــَـ فَرْثًا: حمل کی وجہ سے جی متلانا۔
ــــ الکَرِشَ: اوجھ کو پھاڑ کر فضلات کو باہر نکالنا۔
ــــ وِعَاءَ التَّمْرِ: کھجور کی ٹوکری وغیرہ کو کھول کر کھجوریں بکھیر دینا۔ مقولہ ہے: فَرَثَ الحُبُّ کَبِدَہٗ: محبت نے اس کے جگر کے ٹکڑے کر دیئے۔
فَرِثَ الرَّجُلُ ـــَـ فَرَثًا: شکم سیر ہونا۔ شَرِبَ علی فَرَثٍ: اس نے شکم سیر ہونے کے بعد (شراب) پی۔ ھو فَرِثٌ۔
ــــ القَوْمُ: تتر بتر ہونا، شیرازہ بکھرنا۔
اَفْرَثَ الکَرِشَ: اوجھ کو چاک کر کے اس کی آلائش و فضلے کو باہر نکالنا۔
ــــ الرَّجُلَ: الزام لگانا، ذات کو مجروح کرنا۔
ــــ اَصْحَابَہٗ: چغلی لگا کر ساتھیوں کو مصیبت میں ڈالنا، لوگوں کی ملامت کا نشانہ بنانا۔
انْفَرَثَتِ الحُبلٰی: فَرَثَتْ۔
تَفَرَّثَ القَوْمُ: منتشر ہونا، تتر بتر ہونا۔
ــــ الحُبلٰی: حاملہ کا جی متلانا۔
الفُـرَاثَـۃُ: اوجھ میں بھرا ہوا فضلہ، گوبر وغیرہ ج: فُرُوثٌ۔
الفَرْثُ: اوجھ میں بھرا ہوا گوبر، لید (۲) گوبر نکلنے کے بعد صاف شدہ اوجھ ج: فُرُوث۔ قرآن پاک میں ہے: "نُسْقِیْکُمْ مِّمَّا فِیْ بُطُوْنِہٖ مِنْ بَیْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِلشّٰرِبِیْنَ"
الفَرِثُ: شکم سیر۔ المَکَانُ الفَرِثُ: وہ جگہ جو نہ پہاڑی ہو اور نہ بالکل ہموار
• فَرَجَ بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ ـــِـ فَرْجًا: دو چیزوں میں فصل کرنا، کشادگی کرنا۔
فَرَجَ الشَّیْءَ: کھولنا (۲) کشادہ کرنا (۳) پھاڑنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاِذَا السَّمَاءُ فُرِجَتْ"۔
ــــ القَوْمُ لہ: لوگوں کا کسی کے لئے گنجائش نکالنا، جگہ دینا۔
ــــ اللّٰہُ الغَمَّ عن فلانٍ: اللہ کا کسی کی تکلیف یا غم دور کرنا۔ اللّٰہُ فَارِجٌ والغَمُّ مَفْرُوْجٌ و الشخص مفروج عنہ۔
فَرِجَ ـــَـ فَرَجًا: کھلا ستر والا ہونا، ڈرپوک و بزدل ہونا۔ ھو فَرِجٌ (۲) بڑے کولہوں والا ہونا۔
ــــ ثَنَایَاہُ: اوپر کے دانتوں کا کشادہ ہونا۔ ھو اَفْرَجُ وھی فَرْجَاءُ ج: فُرْجٌ۔
فَرُجَ ـــُـ فَرَاجَۃً: بھانڈا پھوڑ ہونا، راز محفوظ نہ رکھنا۔
اَفْرَجَ الغُبَارُ: گرد و غبار زائل ہونا۔
ــــ القَوْمُ عن المَکَانِ: لوگوں کا کسی جگہ سے چلا جانا، انخلا کرنا۔
ــــ عن الحَبِیْسِ: قیدی کو رہا کرنا
ــــ اُفْرِجَ عن الاَسِیْرِ: قیدی کا رہا ہونا۔
ــــ عن المَالِ: مال چھوڑ دینا۔
ــــ الدَّجَاجَۃُ: مرغی کا چوزوں والی ہونا۔
فَرَّجَ الشَّیْءَ: کشادہ کرنا، کھولنا (لغتِ دارجہ میں فَرَّجَ: تماشا دکھانا)
ــــ اللّٰہُ الغَمَّ: تکلیف دور کرنا۔
انْفَرَجَ الشَّیْءُ: کشادہ ہونا۔
ــــ ما بینَ الشَّیْئَیْنِ: دو چیزوں کے درمیان فصل ہونا، کشادگی ہونا
ــــ الغَمُّ والکَرْبُ: رنج و کلفت دور ہونا۔
ــــ فُلانٌ من ضِیقِہ: پریشانی اور گھٹن سے نجات پانا۔
تَفَرَّجَ الرَّجُلُ بِکَذا وعَلَیْہِ: کسی چیز سے تفریح کرنا، مشاہدہ سے خوش ہونا، تماشا دیکھنا۔
ــــ الغمُ ونحوہ: زائل ہونا۔
تَفَارِیْجُ الاَصَابِعِ وغیرِھا: انگلیوں وغیرہ کے درمیان کی جگہ۔ واحد: تِفْرَاجٌ۔
التَّفْرِجَۃُ: خلا، جھروکا، روشن دان ج: تَفَارِیج۔
الفَرْجُ: دو چیزوں کے درمیان کشادگی، کشادہ جگہ، فاصلہ، شگاف، پھٹن، درز، سوراخ ج: فُرُوج۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمَا لَھَا مِنْ فُرُوْجٍ" ان آسمانوں میں شگاف یا پھٹن نہیں ہے (۲) سرحد (۳) چوپائے کی ٹانگوں کا فاصلہ۔ کہتے ہیں: جَرَتِ الدَّابَّۃُ مِلْءَ فُرُوْجِھَا: چوپایہ پوری طاقت سے چلا (۴) دو ٹانگوں کے درمیان کا فاصلہ، کنایۃً شرم گاہ (یہی استعمال غالب ہے) قرآن پاک میں ہے: "وَالَّتِیْ اَحْصَنَتْ فَرْجَھَا"
فُرُوْجُ الاَرْضِ: اطرافِ زمین، نواح
الفَرَجُ: مصیبت کے بعد راحت، ازالۂ کلفت۔ اُمُّ الفَرَجِ: قیمہ بھرا سموسا۔
الفُرُجُ: بھانڈا پھوڑ آدمی، پیٹ کا کچا جو راز نہ چھپا سکے۔
الفُرْجَۃُ: دو چیزوں کے درمیان درز، شگاف یا فاصلہ، وسعت، خالی جگہ (۲) سکون، غم کے بعد راحت (۳) تماشا حسین یا دلچسپ نظارہ جس سے دل بہلے۔
الفَرَجِیَّۃُ: لمبی آستینوں کا جبہ جو علمائے دین پہنتے ہیں۔
الفَرُّوْجُ: بچہ کا کرتا (۲) چوزہ ج: فَرَارِیْجُ

الفَرِيجُ : تانت سے الگ کمان (۲) کثرتِ ولادت سے تنگ آجانے والی عورت (۳) ظاہر و باہر، وسیع و کشادہ (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے)۔

المُتَفَرِّجُ : تماشبین، تفریح باز، نظارہ کرکے خوش ہونے والا، دل بہلانے والا۔

المُنْفَرِجُ : کشادہ۔

المُفْرِجُ : بہت چوزوں والی (مرغی)۔

المُفْرَجُ : صحرا میں قتل کیا جانے والا جس کا قاتل معلوم نہ ہو (۲) بے مال و اولاد آدمی۔

المُفَرَّجُ : بغل سے ہٹی ہوئی کہنی والا (۲) کنگھا

المُنْفَرِجَةُ : الزَّاوِيَةُ المُنْفَرِجَةُ : علم ہندسہ میں وہ زاویہ جو نوے درجہ سے زائد ہو۔

المَفْرُوجُ : کھلا ہوا، کشادہ کیا ہوا۔

• الفِرْجَارُ : پرکار، دو شاخہ نوک دار قلم جس سے دوائر کھینچے جاتے ہیں۔ خَطٌّ فِرْجَارِيٌّ : دائرہ، گول لکیر۔

• فَرْجَنَ الدَّابَّةَ : جانور کو کھریرا کرنا، کھریرے سے رگڑ کر بدن صاف کرنا۔

—— الثَّوْبَ وَنَحْوَهُ : کپڑے وغیرہ کو برش کرنا، برش سے صاف کرنا۔

الفِرْجَوْنُ : جانوروں کے بدن پر پھیرنے کا برش (کھریرا) (۲) کپڑے پر پھیرنے کا برش۔

• فَرِحَ ـَ فَرَحًا : راضی ہونا، حدیث میں ہے "اَللّٰهُ اَشَدُّ فَرَحًا بِتَوْبَةِ عَبْدِہٖ"

—— بِكَذَا : خوش ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَيَوْمَئِذٍ يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ بِنَصْرِ اللّٰهِ"

—— الرَّجُلُ : نعمت وغیرہ پر اترانا۔ قرآن پاک میں ہے "اِذْ قَالَ لَهٗ قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ - ذٰلِكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ" هو فَرِحٌ و فَرْحَانُ و فَارِحٌ وهي فَرِحَةٌ و فَرْحَى و فَرْحَانَةٌ و فَارِحَةٌ۔

اَفْرَحَهُ : خوش کرنا (۲) قرض کا بوجھل بنانا (۳) مغموم کرنا۔

فَرَّحَهُ : خوش کرنا، فرحت بخشنا۔

الفَرَحُ : خوشی (۲) تقریب شادی (یہ مجازی معنی ہیں) ج: اَفْرَاحٌ۔ اِقَامَةُ الاَفْرَاحِ : خوشیاں منانا۔

الفَرِحُ : خوش، شاداں۔

الفَرْحَةُ : خوشی، خوشخبری۔

الفَرْحَةُ الغَامِرَةُ : زبردست خوشی۔

المُفْرِحُ و المُفَرِّحُ : خوش کن۔

المُفْرَحُ : قرض میں دبا ہوا جو ادائگی کے قابل نہ ہو۔

المِفْرَاحُ : بہت خوش۔

• اَفْرَخَ الطَّائِرُ : چوزہ نکالنا، چوزوں والا ہونا۔

—— البَيْضَةُ : انڈے کا پھٹ کر چوزہ نکالنا (انڈے کا چوزہ سے الگ ہونا)

—— الزَّرْعُ : پودے کی شاخیں نکلنا۔

—— فُؤَادُهُ : دل سے خوف دور ہونا۔

—— رُوْعُهُ : دل سے غم دور ہونا۔

—— الاَمْرُ : معاملہ کا واضح ہونا، انجام ظاہر ہونا۔

—— اللّٰهُ رَوْعَ فُلَانٍ : اللہ کا کسی کے ڈر خوف کو دور کر دینا۔

—— القَوْمُ بَيْضَتَهُمْ : اپنا بھید ظاہر کرنا۔

فَرَّخَ الطَّائِرُ و البَيْضَةُ و الزَّرْعُ : اَفْرَخَ۔

—— القَوْمُ : ذلیل و مرعوب ہونا۔

—— الاَمْرُ : گنجلک ہونے کے بعد واضح ہو جانا، انجام و نتیجہ ظاہر ہونا۔

—— بَاضَ فِي رَأْسِهِ الشَّيْطَانُ وَ فَرَّخَ : شیطان نے اسے بہکا لیا اور گمراہ کر دیا۔

اِسْتَفْرَخَ الطَّائِرَ : پرندے کے چوزے نکلوانا۔

الفَرْخُ : پرندہ کا بچہ، چوزہ (۲) ہر انڈا دینے والے جانور کا بچہ (۳) ہر چھوٹا جانور یا چھوٹا پودا یا چھوٹا درخت (۴) ذلیل و زیر فرمان آدمی (۵) وہ پودا جس کا دانا ظاہر ہو گیا ہو (۶) دماغ کا اگلا حصہ (۷) کاغذ کا تختہ (شیٹ) ج: اَفْرُخٌ و اَفْرَاخٌ و فُرُوخٌ۔ فِرَاخُ الشَّجَرَةِ : درخت پر شاخیں کاٹنے کے بعد نکلنے والی کونپلیں

الفَرْخَةُ : پرندہ کا مادہ بچہ (۲) چوڑی اَنی۔

الفُرُّوْخُ : وہ خوشہ جس میں دانے پڑ گئے ہوں اور ظاہر ہو گئے ہوں۔

المَفَارِخُ : بچے نکلوانے کی جگہیں۔ واحد مَفْرَخٌ و مَفْرَخَةٌ۔

• فَرَدَ ـُ فُرُوْدًا : تنہا ہونا، یکتا ہونا۔

—— بِالاَمْرِ و الرَّأْيِ : کسی معاملہ میں منفرد ہونا۔ الگ رائے رکھنا، کسی غیر کے ساتھ شریک نہ ہونا۔

—— عَنِ الشَّيْءِ : الگ ہونا۔

اَفْرَدَتْ اُنْثَى الحَيَوَانِ : مادہ جانور کا (خلاف عادت) ایک بچہ جننا۔ هي مُفْرِدٌ۔

—— بِالاَمْرِ : کسی معاملہ میں منفرد ہونا، اپنی مرضی پر چلنا۔

—— الشَّيْءَ : الگ کرنا (۲) ایک فرد بنانا۔

—— اِلَيْهِ رَسُوْلًا : کسی کے پاس قاصد بھیجنا۔

—— بَابًا لِكَذَا فِي الكِتَابِ : کتاب میں کسی مضمون کے لئے الگ باب قائم کرنا۔

فَرَّدَ الرَّجُلُ : فقیہ ہونا (۲) لوگوں سے الگ ہو کر عبادت کے لئے خلوت گزیں

حدیث میں ہے: "طُوبٰی لِلْمُفَرِّدِیْنَ"
فَرَّدَ بِرَأْیِہ : ہٹ دھرم ہونا، اپنی رائے
پر چلنا، دوسرے کی بات نہ ماننا۔
ـــ الذَّھَبَ: سونے کے دانوں میں چاندی
کے دانوں سے فصل کرنا (ہار میں)۔
ـــ الشیئَ: کسی چیز کے الگ الگ حصے کرنا،
افراد بنانا۔
ـــ الأَشْیَاءَ: چیزوں میں فصل کرنا۔
انْفَرَدَ بِالأَمْرِ: کسی معاملہ میں اکیلا رہنا،
کسی کو شریک نہ کرنا۔
ـــ بِنَفْسِہ: الگ تھلگ ہونا، خلوت
میں ہونا۔
ـــ بالسُّلْطَةِ: تنہا اقتدار کا مالک ہونا۔
تَفَرَّدَ بالأَمْرِ: کسی کام کو تنہا کرنا (۲) کسی
کام میں منفرد ہونا، یکتا اور بے مثل ہونا
اسْتَفْرَدَ بالأَمْرِ او الرأْیِ: کسی معاملہ
یا رائے میں سب سے الگ ہونا، منفرد
ہونا۔
ـــ فُلَانًا: کسی کے ساتھ خلوت میں ہونا (۲)
کسی کو تنہا پانا (۳) منفرد و یکتا پانا۔
ـــ الغَوَّاصُ دُرَّةً کذا: غوطہ خور کو
فلاں موتی تنہا یا ایک ملا۔
ـــ الشیئَ: چند چیزوں میں سے ایک کو چھانٹنا
الگ کرنا (۲) بے نظیر و بے مثال فرد کی حیثیت
سے لینا۔
الإِفْرَادُ: (نحو میں) تثنیہ یا جمع نہ ہونا، واحد ہونا
(۲) (فقہ میں) ایک احرام میں حج وعمرہ کو
جمع نہ کرنا، الگ الگ احرام باندھنا۔
الفَارِدُ: منفرد، الگ تھلگ۔ ثَوْرٌ فَارِدٌ:
گلہ سے الگ تھلگ رہنے والا بیل۔ شَجَرَةٌ
فَارِدَةٌ او فارِدٌ: تمام درختوں سے
الگ درخت۔ نَاقَةٌ فَارِدَةٌ: چارے
پانی میں الگ رہنے والی اونٹنی۔ شاۃ
فارِدَةٌ: دودھ نکالنے کے لئے بکریوں
سے الگ کی جانے والی بکری (۲) عمدہ اور

نہایت سفید شکر (چینی) ج: فوارد۔
الفَوَارِدُ: وہ اونٹ جن سے نر اونٹ
مشابہت نہ رکھتے ہوں۔
فُرَادَ: تنہا۔ جَاءَ القَوْمُ فُرَادَ و
فُرَادًا و فُرَادَی: لوگ ایک ایک
کرکے آئے۔ یکے بعد دیگرے آئے۔
قرآن پاک میں ہے: "وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا
فُرَادَی کَمَا خَلَقْنَاکُمْ اَوَّلَ
مَرَّةٍ"
الفَرْدُ: ایک، تنہا، اکیلا۔ قرآن پاک میں
ہے: "رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ
خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ" (۲) طاق (مقابل
جفت) (۳) مفرد (۴) شخص، فرد (۵)
بے مثال و بے نظیر آدمی وغیرہ۔ منفرد
(۶) ہر جوڑے کا ایک فرد (۷) ریت کا
الگ تھلگ ٹیلہ (۸) ڈاڑھی کی ایک
جانب (۹) چاول وغیرہ رکھنے کی کھجور
کے پتوں کی ٹوکری ج: أَفْرَادٌ۔ عَدَدٌ
فَرْدٌ: طاق عدد۔ فَرْدًا فَرْدًا:
ایک ایک (۱۰) پستول (لغت دارجہ)
ج: فُرُود۔ فَرْد بساقیة: ریوالور
کہتے ہیں: عَدَدْتُ الجَوْزَ او
الدَّرَاھِمَ أَفْرَادًا: میں نے درہم
یا اخروٹ ایک ایک کرکے گنے۔
لَقِیْتُہُ فَرْدَیْنِ: میں اس سے اس
طرح ملا کہ صرف ہم دو ہی تھے، میں اس
سے الگ ملا۔ أَفْرَادُ النُّجُوْمِ: آسمان
کے کناروں پر عام ستاروں سے الگ
چمکدار ستارے۔
الفَرْدُ: انسان وغیرہ کا ایک فرد ج: أَفْرَادٌ
و فِرَادٌ۔ جَاءَ القَوْمُ فِرَادًا: لوگ
الگ الگ آئے۔
الفَرْدَانُ: فرد۔ مؤنث فَرْدَی ج:
فُرَادَی۔
الفَرْدَةُ: اکیلی، تنہا، ایک، بے مثال

(مؤنث الفرد)۔
الفُرْدَةُ: درختوں کا جھنڈ ج: فُرُدَات
الفُرْدَةُ: بہت زیادہ الگ تھلگ رہنے والا
الفَرْدِيَّةُ: انفرادیت پسندی، جماعت
کے کنٹرول اور اقتدار سے آزاد رہنے
کا نظریہ (۲) فرد کی خود مختاری اور اس
پر ریاست کے محدود کنٹرول کا ایک
سیاسی نظریہ۔
الفَرَّادُ: موتی بیچنے والا، موتی بنانے والا۔
الفَرُوْدُ: ایک فرد۔
الفُرُوْدُ: ثریا کے گرد چمکدار ستارے۔
فُرُوْدُ النُّجُوْمِ: ستاروں کے افراد
الفَرِیْدُ: یکتا، بے مثال، تنہا (۲) موتیوں
اور سونے کی لڑی میں پروئے ہوئے
چاندی وغیرہ کے دانے (۳) وہ موتی
جو دوسرے موتیوں کا فاصلہ دے کر
پروئے گئے ہوں۔ واحد: فَرِیْدَة
الفَرِیْدَة: نفیس اور بیش قیمت موتی،
ج: فَرَائِد۔
المِفْرَادُ: الگ تھلگ رہنے والی اونٹنی۔
المُفْرَدُ: جنگلی بیل، سانڈ (۲) غیر مرکب وہ
لفظ جس کا جزاس کے جزو معنی پر دلالت نہ
کرتا ہو۔ ایک، اکیلا۔ واحد (مقابل
تثنیہ و جمع) ج: مفردات۔
بِمُفْرَدِہ: تنہا، بلا مددگار۔
المُفْرَدَاتُ: الفاظ غیر مرکب (۲) کسی چیز کی
تفصیلات، آئیٹمس جیسے مُفْرَدَاتُ
المِیْزَانِیَّة: بجٹ کی مدیں یا آئیٹمس
المُنْفَرِدُ: کسی چیز میں منفرد، یک و تنہا
(۲) خود رائے۔ سب سے الگ۔
المُنْفَرِدُ: اکیلا، علیحدہ، تنہا، یکتا۔
• فَرْدَسَ الکَرْمَ: انگور کی بیل کو پھیلانا
ٹٹی پر چڑھانا۔
ـــ قِرْنَہُ: جوڑی دار کو پچھاڑنا۔
ـــ وِعَاءَ التَّمْرِ وَنَحْوَہ: کھجور وغیرہ

کے تھیلے یا ٹوکری کو خوب بھرنا۔
الفُرَادِسُ: رَجُلٌ فُرَادِسٌ: بڑی ہڈیوں والا۔
الفَرْدَسَةُ: گنجائش، وسعت۔
الفَرْدَوْسُ: گیہوں وغیرہ میں اضافہ اور پھیلاؤ۔
الفِرْدَوْسُ: مکمل لوازم والا باغ (مذکر ہے۔ کبھی مؤنث بھی آتا ہے) (۲) بہت انگور کی بیلوں والی جگہ (۳) سرسبز وشاداب وادی (۴) جنت (آخرت کا ایک باغ)
ج: فَرَادِيسُ (بعض اہل لغت کے نزدیک یہ لفظ معرب ہے)۔
•فَرَّ ـِ فَرًّا و فِرَارًا: بھاگنا، فرار ہونا هو فَارٌّ و فُرُورٌ و فَرُورَةٌ و فَرَّارٌ (۲) دوڑنا۔
ـــ الیه: پناہ لینا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَفِرُّوا اِلَى اللّٰهِ اِنِّي لَكُمْ مِنْهُ نَذِيرٌ مُّبِينٌ"۔
ـــ الفارِسُ: مڑنے کے لئے لمبا چکر لگانا
ـــ الدَّابَّةَ ـُ فَرًّا و فِرَارًا: عمر جاننے کے لئے دانت دیکھنا۔ مقولہ ہے: اِنَّ الجَوادَ عَيْنُه فِرَارُهُ: اصیل گھوڑے کی آنکھ اس کی اصلیت بتانے کے لئے کافی ہے۔ یعنی کسی کے ظاہر سے باطن سمجھ میں آرہا ہو تو اس کی جانچ کی ضرورت نہیں۔
ـــ الأمْرَ عنه: واضح کرنے کے لئے کسی معاملے میں غور کرنا۔
فُرَّ فُلانٌ: آزمایا جانا۔ کہتے ہیں: فُرِرْتُ عن ذَكاءٍ: میری ذہانت کو آزمایا گیا۔ و فُتِّشْتُ عن تَجْرِبَةٍ: میرے تجربہ کی جانچ کی گئی۔
ـــ فُلانٌ عما فی نفسه: کسی کے دل کی بات جاننے کے لئے سوال کیا جانا۔
اَفَرَّتِ الدَّوَابُّ: چوپایوں کے پہلے دانت ٹوٹ جانا اور دوسرے نکلنا۔
ـــ فُلانًا و نَحْوَهُ: دوڑانا (۲) بھگانا

اَفَرَّ رَأْسَهُ بالسَّيفِ: تلوار سے سر پھاڑنا۔
فَارَرْتُهُ: میں نے اس کا حال پوچھا اس نے میرا حال پوچھا۔
اِفْتَرَّ البَرْقُ: بجلی چمکنا۔
ـــ فُلانٌ: (اگلے دانت ظاہر کرکے) مسکرانا۔
ـــ الثَّغْرُ: دانت کھلنا۔
ـــ عن الثغرِ: دانت کھول کر مسکرانا۔
ـــ عن اَسْنَانه ضاحِكًا: دانت کھول کر ہنسنا۔
ـــ الشيءُ: ناک بھوں چڑھانا۔
تَفَارَّ القَوْمُ: بعض کا بعض کے پاس سے بھاگ جانا، فرار ہو جانا۔
الفُرَارُ: وہ بکری جو دودھ چھڑائے جانے کے بعد چارہ کھا کر موٹی ہو گئی ہو۔
الفِرَارُ: بھاگ، دوڑ۔ لاذَ بالفِرارِ: راہ فرار اختیار کرنا۔
الفُرُّ: کسی چیز کا منتخب حصہ۔ کہتے ہیں: هذا فُرُّ مالی (۲) سربرآوردہ شخص۔ کہتے ہیں: هو فُرُّ قومه
الفَرَّاءُ: حسین دانتوں والی عورت۔
الفَرَّارُ: (زئبق) پارہ۔
الفُرَّةُ: الفُرُّ۔
الفِرَّةُ: هی حَسَنَةُ الفِرَّةِ: وہ حسین مسکراہٹ والی عورت ہے۔
الفُرَّى: شکست خوردہ فوجی دستہ۔ كَتِيبَةٌ فُرَّى۔
الفَرِيرُ: الفُرَارُ۔
المَفَرُّ: جائے فرار، جائے پناہ (۲) فرار کہتے ہیں: لَا مَفَرَّ منه۔
•فَرَزَ الشيءَ ـِ فَرْزًا: چھانٹنا، الگ کرنا، ایک شئے کو دوسری اشیا سے یا ایک جز کو دوسرے

اجزا سے الگ کرنا۔
فَرَزَ النَّصِيبَ: حصہ الگ کرنا۔
ـــ مَسامَّ الجسد العَرَقَ والغُدَّةُ اللُّعابَ: مسامات کا جسم سے پسینہ اور غدود کا اندر سے لعاب باہر نکالنا۔ فَرَزَه منه وعنه دونوں طرح استعمال ہے۔
ـــ القُطْنَ ونحوَه: عمدہ روئی میں سے خراب کو علاحدہ کرنا
اَفْرَزَهُ: فَرَزَهُ۔
ـــ فُلانًا بشيءٍ: کسی کے لئے کوئی چیز الگ کرنا، اس کے لئے مخصوص کرنا۔
ـــ الصَّيْدُ الصَّائِدَ: شکار کا شکاری کے قریب اور نشانہ پر آنا۔
فَارَزَ شَرِيكَهُ: اپنے شریک سے علیحدگی اختیار کرنا، اس سے الگ ہو جانا۔
فَرَّزَ علیه بِرَأْيِه تَفْرِيزًا و تَفْرِزَةً: کسی کے متعلق قطعی رائے قائم کرنا قطعی فیصلہ کرنا۔
اِفْتَرَزَ الأمْرَ: کسی معاملہ کو اپنی رائے سے انجام دینا، اس میں اپنی الگ رائے رکھنا۔
تَفَارَزَا الشَّرِكَةَ: دو شخصوں کا اپنی شرکت ختم کرکے الگ الگ ہو جانا۔
الإفْرِيزُ: دیوار کی کارنس، چھجا، ج: اَفَارِيزُ۔
الفَارِزُ: كَلَامٌ فارِزٌ: دو ٹوک بات صاف اور فیصلہ کن بات۔
الفَارِزَةُ: ریت میں آنے جانے کا راستہ
الفَرْزُ: دو بڑے ٹیلوں کے درمیان کا نشیب (۲) علیحدگی، چھٹائی۔
فَرْزُ الخِطَابَاتِ: خطوط (ڈاک) کی چھٹائی۔
الفِرْزُ: الگ کیا ہوا حصہ، ج: اَفْرَازٌ و

فُرُوزٌ۔
فَرَّازُ الحَلِیب: کریم نکالنے کی مشین۔
الفَرْزَۃُ: سخت جگہ کا شگاف۔
الفِرْزَۃُ: الفِرْزُ۔
المَفْرَزُ: جدا ہونے کی جگہ۔
المَفْرَزَۃُ: سپاہیوں کی ٹولی ج: مَفَارِز
المَفْرُوزُ: الگ کیا ہوا، دوسروں سے جدا، چھانٹا ہوا۔
• الفَرَزْدَقُ: گندھے ہوئے آٹے کے پیڑے و: فرزدقۃ (۲) اموی خاندان کے مشہور شاعر کا لقب جس کا نام ہمّام تھا ج: فَرَازِق و فَرَازِد (یہ لفظ فارسی ہے اس کی اصل پرازدہ ہے)۔
• الفُرْزُعَۃُ: گھاس کا گٹھا ج: فَرَازِع۔
• فَرْزَلَہٗ: قید کرنا۔
الفِرْزِلُ: قید (۲) ہتھکڑی (۳) لوہا کاٹنے کی قینچی۔
• فَرْزَنَ فِی کذا: غور کرنا۔
تَفَرْزَنَ: (شطرنج میں) پیادہ کا ملکہ بننا۔
الفِرْزَانُ: شطرنج کی ملکہ ج: فرازین۔
• فَرَسَ الأَسَدُ فَرِیْسَتَہٗ ـِ فَرْسًا: شیر کا اپنے شکار کو پھاڑ ڈالنا۔
ـــ الذَّبِیْحَۃَ: ذبح کئے ہوئے جانور کی گردن توڑنا (دم نکلنے سے پہلے، یہ اسلام میں ممنوع ہے)۔
ـــ الأَمْرَ فِرَاسَۃً: بھانپ لینا، تاڑ جانا، سمجھ جانا، تہ کو پہنچ جانا۔ ھو فارِسٌ
فَرُسَ ـُ فَرَاسَۃً و فُرُوْسَۃً و فُرُوْسِیَّۃً: گھوڑوں کے امور کا ماہر ہونا، سواری کا ماہر ہونا، شہسوار ہونا ھو فارِسٌ بالخَیل۔
ـــ فُلانٌ: معاملہ فہم ہونا۔ ھو فارِسٌ بالأَمْرِ: اسے معاملہ میں بصیرت ہے۔
اَفْرَسَ الرَّاعِی: چرواہے کی غفلت سے اس کی بکری کو بھیڑیے کا پھاڑ کھانا۔
اَفْرَسَ فلانٌ الأَسَدَ دَابَّتَہٗ: کسی کا جان بچانے کے لئے اپنا جانور شیر کے آگے کر دینا، شیر کے لئے اپنے جانور کو شکار بنا دینا۔
فَارَسَہٗ مُفَارَسَۃً و فِرَاسًا: شہسواری میں کسی سے مقابلہ کرنا
فَرَّسَ الأَسَدُ الغَنَمَ: شیر کا بکریوں میں چیر پھاڑ سے تباہی مچانا۔
ـــ الأَسَدَ الشیئَ: پھاڑ کھانے کے لئے کوئی چیز شیر کے سامنے کرنا۔
اِفْتَرَسَ فَرِیْسَتَہٗ: شکار کو پھاڑ ڈالنا۔
تَفَرَّسَ فُلانٌ: شہسوار بننے کی نقل کرنا۔
ـــ فِی الشیئِ: غور سے دیکھنا، پہچاننے کی کوشش کرنا۔
ـــ فِیہ الخَیرَ: کسی میں خیر کی علامت دیکھنا۔
الأَفْرَسُ: ھو اَفْرَسُ بالأُمُور: معاملات سے زیادہ واقف و باخبر
الفَارِسُ: گھوڑوں کی سواری کا ماہر، شہسوار، مرد میدان ج: فَوَارِس و فُرْسَانٌ۔ الفُرْسَانُ فی الجَیْشِ: گھڑ سوار فوجی (۲) شیر (۳) ماہر و تجربہ کار۔
فَارِسُ: ملک فارس کے باشندے واحد: فَارِسِیٌّ (۲) ملک فارس جسے اب ایران کہا جاتا ہے۔
الفَارِسِیَّۃُ: فارسی زبان، ایرانیوں کی زبان۔
الفِرَاسَۃُ: قیافہ شناسی، ظاہر سے باطن کو جان لینے کی مہارت، سمجھ، دانائی حدیث میں ہے "اِتَّقُوا فِرَاسَۃَ المُؤمِنِ فَاِنَّہٗ یَنْظُرُ بِنُوْرِ اللّٰہِ" (۲) فراست و ذہانت پر مبنی رائے جیسے: "فِرَاسَتِی فی فُلانٍ الصَّلاحُ" فلاں کے بارے میں میری رائے ہے کہ وہ صالح ہے۔
الفَرَّاسُ: بہت پھاڑ کھانے والا (۲) بڑی سمجھ اور فراست والا، بہت تاڑنے اور بھانپنے والا، صاحب بصیرت، اندر تک کی خبر لانے والا۔
الفَرَسُ: گھوڑا، گھوڑی (مذکر و مؤنث) ج: اَفْرَاسٌ و فُرُوْسٌ۔ حِصَانٌ نر اور حِجْر مادہ کو کہتے ہیں کبھی مادہ کے لئے فَرَسَۃٌ بھی آتا ہے۔ فَرَس کی جمع غیر لفظ سے خَیل آتی ہے۔ جمع قلت اَفْرَاس اور تین سے زیادہ کے لئے جمع کثرت فُرُوْسٌ آتی ہے۔
مقولہ ہے۔ ھُمَا کَفَرَسَی رِھَانٍ: ایسے دو شخصوں کے لئے بولا جاتا ہے جو کسی ایک مقصد کے لئے مسابقت و مقابلہ کریں اور برابر رہیں۔
فَرَسُ البَحْرِ: ایک سمندری مچھلی جس کا سر گھوڑے کے سر کے مشابہ ہوتا ہے۔
فَرَسُ الرِّھَان: دوڑ کا گھوڑا۔
فَرَسُ النَّبِیِّ: ٹڈا۔
فَرَسُ النَّھْرِ: پانی میں رہنے والا ایک جانور، دریائی گھوڑا۔
الفَرْسَۃُ: کمر میں کوبڑ نکالنے والی ایک بیماری (۲) گردن کا پھوڑا۔ اَصَابَتْہُ فَرْسَۃٌ: اس کی کمر کا مہرہ ختم ہو گیا۔
الفَرِیْسُ: مقتول، شیر وغیرہ کا چیرا پھاڑا ہوا (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے) کہتے ہیں: بَقَرَۃٌ فَرِیْسٌ و ثَورٌ فَرِیْسٌ ج: فَرْسَی (۲) رسّی کے کنارہ پر بندھا ہوا لکڑی کا کڑا۔
الفَرِیْسَۃُ: درندے کا پکڑا ہوا شکار یا جسے درندے کھاتے ہیں ج: فَرَائِس
المُفْتَرِسُ: خون خوار، درندہ۔
المَفْرُوْسُ: کبڑا، ٹوٹی ہوئی کمر یا ٹوٹی

ہوئی گردن والا۔

• فَرْسَخَ الشیئُ: زائل ہونا، چلاجانا۔ جیسے: فَرْسَخَ البَرْدُ والمَرَضُ والحُمّٰی۔

الفَرْسَخُ: شگاف، درمیان کی خالی جگہ (۲) لمبادن یا لمبی رات (۳) ایک قدیم پیمانۂ مسافت مساوی تین میل انگریزی (دیکھئے میل) (۴) نہ ختم ہونے والی کثیر شے ج: فَرَاسِخ۔

المُفَرْسَخُ: ڈھیلاڈھالا۔ جیسے: سَرَاوِیْلُ مُفَرْسَخَۃٌ: ڈھیلی شلوار و پاجامہ

• الفِرْسِنُ: اونٹ کا کھر یا پیر (حافر الفرس اور قدم الانسان کی طرح) ج: فَرَاسِن۔

المُفَرْسَنُ: پرگوشت چہرے والا آدمی۔

• فَرَشَ النَّبَاتُ ـِ فَرْشًا: گھاس یا پودوں کا زمین پر پھیلنا، بچھنا۔

ــــ الشیئَ ـِ فَرْشًا و فِرَاشًا: بچھانا زمین پر پھیلانا۔

ــــ الطَّائِرُ جَنَاحَیْہ: پروں کو پھڑپھڑانا دونوں بازو کو پھیلانا۔

ــــ لِفُلَانٍ بِسَاطًا او نَحْوَہ: کسی کے اکرام وضیافت میں بچھونا وغیرہ بچھانا

ــــ الدَّارَ و نَحْوَھا بالحِجَارَۃِ و نَحْوِھا: گھر وغیرہ میں پتھر بچھانا پتھروں کا فرش کرنا۔

ــــ الاَمْرَ: کسی معاملہ کی اشاعت کرنا۔

ــــ فُلَانًا اَمْرَہٗ: کسی سے کسی معاملہ کی وضاحت کرنا، کھول کر بیان کرنا۔

اَفْرَشَ الرَّجُلُ: فرش والا ہونا۔

ــــ الشَّجَرُ: درخت کی شاخیں نکلنا۔

کہتے ہیں: مَا اَفْرَشَ عنہ: وہ اس سے دور نہیں ہوا، علاحدہ نہیں ہوا۔

ــــ الشَّجَّۃُ الرَّاْسَ: سر کے زخم کا دماغ کی ہڈی میں بال ڈالنا۔

اَفْرَشَ فُلَانًا: کسی کی پیٹھ پیچھے برائی کرنا

ــــ السَّیْفَ: تلوار کو تیز کرنا، دھار کو پتلا کرنا۔

ــــ فُلَانًا بِسَاطًا: کسی کی ضیافت میں بچھونا بچھانا۔

فَرَّشَ الطَّائِرُ: بازو پھڑپھڑانا، پھیلانا۔

ــــ الزَّرْعُ: کھیتی کا زمین پر پھیلنا۔

ــــ الدَّارَ: گھر میں فرش لگانا۔

ــــ فُلَانًا بِسَاطًا: کسی کے لئے بچھونا بچھانا۔

اِفْتَرَشَ الشیئُ: بچھنا، پھیلنا۔

ــــ الثَّوْبَ و نَحْوَہٗ: کپڑے وغیرہ کا بستر (بچھونا) بنانا (بطور بستر استعمال کرنا)۔

ــــ السَّمَاءُ القَوْمَ: پانی برسانا۔

ــــ فُلَانًا: کسی کو زمین پر گرا کر اوپر چڑھنا۔

ــــ لِسَانَہٗ: زبان کھولنا اور جو منہ میں آئے کہنا۔

ــــ اَثَرَہٗ: نقش قدم پر چلنا، اتباع کرنا۔

ــــ عِرْضَہٗ: بےعزتی کرنا۔

اِنْفَرَشَ الشیئُ: پھیلنا، بچھنا۔

تَفَرَّشَ الطَّائِرُ: فَرَّشَ۔

الفَرَاشُ: تتلی، پروانہ۔ واحد فَرَاشَۃٌ بیوقوفی میں مقولہ مشہور ہے: اَطْیَشُ من فَرَاشَۃٍ: پروانے سے زیادہ بیوقوف (بلاوجہ اپنی جان دیتا ہے) (۲) شراب کی سطح کے بلبلے۔

فَرَاشُ اللِّسَانِ: زبان کے نیچے کا گوشت۔

فَرَاشُ الظَّھْرِ: پسلیوں کے بالائی حصے کے اگنے کی جگہ۔

الفِرَاشُ: گھر کے بچھانے کے کپڑے وغیرہ فرنیچر، گدا، بچھونا، فرش (دری شطرنجی، قالین وغیرہ) (۲) گھر (۳) پرندہ کا گھونسلا (۴) منہ کے اندر زبان کی جڑ ج: فُرُشٌ و اَفْرِشَۃٌ۔

طَرِیْحُ الفِرَاشِ: صاحب فراش

الفَرَاشَۃُ: ایک تتلی، پروانہ (۲) کم عقل آدمی، اوچھا آدمی (۳) پتلی ہڈی (۴) لوہے کی پن، پتلا لوہا (۵) حوض میں بچا ہوا تھوڑا پانی (۶) دماغ کے قریب کھوپڑی تک کی پتلی ہڈی (۷) تالے کی چھڑ۔ ج: فَرَاشٌ۔

الفِرَاشَۃُ: چپراسی گیری، فرش وغیرہ بچھانے کی خدمت یا پیشہ، گھریلو نوکری۔

الفَرَّاشُ: گھر کا نوکر، فرش وغیرہ بچھانے اور صفائی کرنے والا، دفتر کا چپراسی (۲) ٹینٹ والا، فرش فروش اور شادی بیاہ کے موقع کا سامان کرایہ پر دینے والا۔

الفَرْشُ: گھر کا سامان، فرنیچر (فرش، گدے، کرسیاں، قالین وغیرہ) (۲) کھلی اور کشادہ جگہ (۳) بہت گھاس پودوں والی جگہ (۴) زمین پر پھیلی ہوئی فصل (۵) چھوٹے جانور جو سامان لادنے کے قابل نہ ہوں۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَۃً وَّفَرْشًا"

فَرْشُ المَسَائِلِ: مسائل کی تفصیل و وضاحت، بسط و شرح۔

فَرْشُ البائع المُتَجَوِّلِ: پھیری لگانے والے کا خوانچہ۔

الفَرْشَۃُ: گدا، بیڈ۔

فَرْشَۃٌ فَنِّشٌ: پھونس بھرا گدا۔

الفُرْشَۃُ و الفُرْشَاۃُ: برش ج: فُرَاشٍ

فُرْشَۃُ الثِّیَابِ: کپڑے صاف کرنے کا برش۔

فُرْشَۃُ الاَسْنَانِ: دانتوں کا برش۔

فُرْشَةُ المَسْحُوقِ او البودرة: پاؤڈر چھڑکنے کا برش۔
فُرْشَةُ الحِلاقَه: حجامت کا برش۔
فُرْشَةُ البُوْيَةِ: پینٹ برش۔
فُرْشَةُ رِيشٍ: پروں کا (آرٹ) برش۔
فُرْشَةُ فَنَّانٍ: آرٹسٹ کا برش یا قلم۔
الفَرِيْشُ: بچھایا ہوا، بچھایا جانیوالا فرش وغیرہ (۲) زمین پر گری گھاس یا پودا وغیرہ۔ هي فَرِيْشَةٌ ج: فَرَائِشُ (۳) عربی بیل جس کی کمر پر کوہان نہیں ہوتا
المُفَرَّشُ: بے کوہان اونٹ۔
المِفْرَشُ: موٹے کپڑے، دری وغیرہ (۲) دسترخوان (۳) میز پوش۔
مِفْرَشُ السُّفْرَةِ: خان پوش۔
مِفْرَشُ السَّرِيْرِ: پلنگ پوش۔
المِفْرَشَةُ: چھوٹا دسترخوان یا چھوٹا خانپوش (۲) کجاوہ کا گدا جس پر سوار بیٹھتا ہے۔
المَفْرُوشُ: پھیلا ہوا، بچھا ہوا (۲) پختہ بنا ہوا جیسے المَفْرُوشُ بالحَجَرِ (۳) فرنیچر اور گھریلو سامان سے آراستہ۔
المَفْرُوشَاتُ: گھریلو سامان، فرنیچر۔
المَفْرُوشَةُ: نَاقَةٌ مَفْرُوشَةٌ
الرِّجلِ: ٹیڑھے پاؤں والی اونٹنی۔
• فَرْشَحَ فَرْشَحَةً: دونوں ٹانگیں چوڑی کرنا۔
ـــ الدَّابَّةَ: چوپائے کا دودھ نکالتے وقت دونوں ٹانگیں چوڑی کرنا۔
تَفَرْشَحَ: فَرْشَحَ۔
الفِرْشَاحُ: پھیلا ہوا کھر (۲) نہ برسنے والا خالی بادل (۳) لمبی چوڑی زمین۔
• فَرَصَ الثوبَ ونَحْوَهُ ـِ فَرْصًا: کپڑا وغیرہ لمبائی میں پھاڑنا (۲) پھاڑنا کاٹنا۔
ـــ الحَذَّاءُ النَّعْلَ: جوتے کے تلے کو تسمہ لگانے کے لئے چیرنا۔

فَرَصَ الحَيَوَانَ: جانور کے شانہ پر مارنا
ـــ الفُرْصَةَ: موقع پانا۔
فَرِصَ فَرَصًا: شانہ کے گوشت میں درد ہونا۔
أَفْرَصَتِ الفُرْصَةُ فُلانًا: کسی کو موقع ملنا۔ أَفْرَصَهُ الأَمْرُ: کسی کو کسی کام کا موقع ملنا، کوئی کام ممکن ہونا۔
فَارَصَهُ فِي الشيءِ: کسی چیز میں کسی کے ساتھ باری مقرر کرنا، باری باری لینا یا کرنا۔
افْتَرَصَ الفُرْصَةَ: موقع غنیمت جاننا، موقع پانا۔
ـــ فُلانًا ظُلْمًا: کسی کے ساتھ زیادتی وعیب جوئی کا موقع پانا۔
تَفَارَصَ القَوْمُ بِئْرَهُمْ: کنویں کی باری مقرر کرنا، باری باری پانی نکالنا۔
تَفَرَّصَ الفُرْصَةَ: موقع پانا۔
الفِرَاصُ: سخت۔
الفَرْصُ: کھجور کے مشابہ دوم درخت کے پھل کی گٹھلی۔
الفَرْصَاءُ: حوض کے ایک طرف کھڑی ہوکر حوض کے پاس جگہ خالی ہونے کا انتظار کرنے والی اونٹنی۔
الفَرْصَةُ: ریڑھ کی ہڈی کی بیماری جس سے کوبڑ نکل آتا ہے ج: أَفْرِصَةٌ (۲) فَرْصٌ کا واحد۔
الفُرْصَةُ: پانی پر لوگوں کی مقررہ باری (۲) موقع، چانس (۳) تعطیل (۴) وقت ج: فُرَصٌ ۔ کہتے ہیں: جَاءَتْ فُرْصَتُكَ من البِئْرِ وجَاءَتْ فُرْصَتُكَ مِنَ السَّقْيِ: کنویں سے پانی لینے یا سینچائی کی تمہاری باری آگئی۔

انْتَهَزَ الفُرْصَةَ: موقع حاصل کرنا، پانا۔ موقع سے فائدہ اٹھانا۔ إعطاءُ الفُرْصَةِ و إِتاحتها: موقع دینا۔
تضييع الفُرْصَةِ: موقع گنوانا۔
الفُرْصَةُ من الفَرَسِ: گھوڑے کی سبقت، عادت، قوت۔
الفُرْصَةُ السَّعِيْدَةُ: مبارک موقع۔
الفُرْصَةُ المواتِيَةُ: مناسب موقع۔
الفُرْصَةُ المُتَاحَةُ: میسر یا حاصل شدہ موقع۔
الفُرْصَةُ المُتكافِئَةُ: مناسب موقع۔
الفُرْصَةُ النَّادِرَةُ: نادر موقع۔
الفَرِيْصُ: کسی کے ساتھ باری باری کام کرنے والا۔
الفَرِيْصَةُ: کنویں وغیرہ کے پانی کا نمبر، باری (۲) مونڈھے اور سینے کے درمیان کا گوشت جو خوف کے وقت حرکت کرنے لگتا ہے۔ یہ دونوں طرف ہوتا ہے جنہیں فَرِيْصَتَان کہتے ہیں۔ علم التشریح میں سینے کے عضلات کا نام ہے ج: فَرِيْصٌ و فَرَائِصُ۔ فُلانٌ ضَخْمُ الفَرِيْصَةِ فلاں مضبوط اور بہادر ہے۔ ارْتَعَدَتْ فَرائِصُه: وہ گھبرا گیا، لرزا اٹھا، ڈر سے اس کے شانہ کا گوشت پھڑکنے لگا۔
المِفْرَاصُ: لوہا یا دیگر معدنیات کاٹنے کا آلہ، چھینی (۲) جفت ساز کی چمڑا کاٹنے کی لمبی چھری۔ مقولہ ہے: بَيْنَ فَكَّيْهِ مِفْرَاصُ الخَفَاجِي: اس کے جبڑوں کے درمیان (زبان نہیں) خفاجی کی قینچی ہے۔ یعنی وہ زبان دراز ہے۔
المِفْرَصُ: المِفْرَاصُ۔
• الفِرْصَادُ: انگور کا بیج (۲) لال رنگ (۳) شہتوت (پھل یا درخت)۔
• فَرَضَ الشيءُ ـُ فُرُوضًا: وسیع ہونا۔

فَرَضَ العودَ ونحوَه وفيه ـِ فَرْضًا: لکڑی وغیرہ میں چھید کرنا، چول بنانا۔ هو فَارِض و العُودُ مَفْرُوضٌ ۔
ـــ الأَمْرَ: لازم کرنا۔ فَرَضَه عليه: فرض کرنا، ضروری قرار دینا، کسی کی منشا کے بغیر کوئی کام سپرد کرنا، سر مڑھنا، تھوپنا۔
ـــ لَه: کسی کے لئے کوئی چیز خاص کرنا، حصہ مقرر کرنا، قرآن پاک میں ہے: "مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ من حَرَجٍ فِيمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهُ"
ـــ لَه في العَطَاءِ: عطیہ کا حصہ مقرر کرنا یا دینے کا وقت مقرر کرنا۔
ـــ القَاضِي فَرِيْضَةً: قاضی کا کسی پر کوئی حصہ واجب کرنا۔
ـــ الأَحْكَامَ العُرْفِيَةَ علَى البلادِ: ملک میں مارشل لا نافذ کرنا۔
ـــ الإِرَادَةَ على قومٍ: اپنی مرضی یا رائے تھوپنا، مسلط کرنا۔
ـــ الرِّقَابَةَ علَى شيءٍ: نگرانی قائم کرنا سنسر قائم کرنا۔
ـــ الحَظْرَ علَى شيءٍ: پابندی لگانا، روک لگانا۔
ـــ حَظْرَ التَّجَوُّلِ: کرفیو لگانا۔
ـــ الحِظَارَ علَى مَبْنىً: کسی عمارت کا گھراؤ کرانا، پہرا بٹھانا۔
ـــ الضَّرَائِبَ علَى كذا: ٹیکس لگانا۔
ـــ العُقُوبَةَ علَى المُعْتَدِي: جارح و حملہ آور کے لئے سزا مقرر کرنا۔
ـــ القَرَارَ علَى الدَّوْلَةِ: ملک پر فیصلہ تھوپنا۔
ـــ القيودَ علَى الصَّحِيفَةِ: اخبار پر پابندیاں لگانا۔
ـــ المُقَاطَعَةَ علَى قومٍ: بائیکاٹ کرنا
ـــ النِّظَامَ علَى بلدٍ: نظم ونسق قائم کرنا

فَرَضَ النِّظَامَ الإِقْطَاعِيَّ: جاگیردارانہ نظام قائم کرنا۔
ـــ الهَيْبَةَ على قومٍ: رعب قائم کرنا، دھاک بٹھانا۔
ـــ الهَيْمَنَةَ على بلدٍ: بالادستی قائم کرنا، چودھراہٹ جمانا۔
فَرُضَ الحيوانُ ـُ فَرَاضَةً: جانور کا بوڑھا ہونا، هو فَارِضٌ وهي فَارِضٌ و فَارِضَةٌ۔ قرآن پاک میں ہے: "قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَا فَارِضٌ وَلَا بِكْرٌ عَوَانٌ بَيْنَ ذٰلِكَ"
أَفْرَضَ لِفُلانٍ: حصہ مقرر کرنا، روزینہ (تنخواہ یا عطیہ) مقرر کرنا۔
ـــ المَالُ: مال میں زکوٰۃ واجب ہونا (مقدار نصاب کو پہنچنے کے باعث) مال کا قابل ادائگی زکوٰۃ ہونا۔
ـــ فُلانًا: کسی کو مقررہ حصہ دینا۔
فَرَّضَ: مبالغہ در فَرَضَ ۔
افْتَرَضَ الجُنْدُ: سپاہیوں کا مقررہ روزینہ لینا، تنخواہ وغیرہ لینا۔
ـــ الشيءَ: فرض کرنا، لازم کرنا۔
ـــ فُلانًا: مقررہ حصہ یا روزینہ دینا۔
ـــ الباحِثُ: محقق کا کسی مسئلہ کو حل کرنے کے لئے کوئی بات فرض کرلینا
علَى سَبِيلِ الافْتِرَاضِ: بالفرض، فرض کر لینے کی صورت میں
الافْتِرَاضَاتُ: مفروضات۔
الفَارِضُ: علم الفرائض (میراث) کا عالم، ماہر (۲) موٹا، پرانا ج: فُرَّضٌ۔
الفَرَائِضُ: (واحد: فَرِيضَةٌ) وراثت کی شرعی تقسیم کے اصول وضوابط کا علم، علم المیراث۔
الفِرَاضُ: نہر کا دہانہ (۲) چقماق سے نکلنے والا شعلہ۔

الفَرَّاضُ: علم الفرائض کا ماہر، وارثین کے حصص کی شرعی تقسیم کا ماہر۔
الفَرْضُ: لکڑی وغیرہ میں بنایا ہوا چول، سوراخ ج: فِرَاضٌ و فُرُوضٌ (۲) بندوں پر اللہ تعالیٰ کا فرض کیا ہوا عمل یا قانون (۳) انسان کا خود پر لازم کیا ہوا عمل یا ضابطہ و پابندی (۴) کسی مسئلہ یا قضیہ کے حل کے لئے بطور دلیل و استشہاد فرض کیا ہوا نظریہ (مفروضہ) (۵) سرکاری عطیہ یا تنخواہ (۶) بے پراور بے پھل تیر (۷) ڈھال ج: فُرُوضٌ۔
الفَرْضُ المَدْرَسِيُّ: ہوم ورک، اسکول کا وہ کام جو گھر پر کرنے کے لئے دیا جائے
الفَرْضُ المَنْزِلِيُّ: گھریلو مقررہ کام ج: فُرُوضٌ۔
الفَرْضِيُّ: فرض کیا ہوا، اندازہ کیا ہوا، بے حقیقت۔
الفُرْضَةُ من النَّهرِ: دریا کا دہانہ (۲) دریا کی وہ جگہ جہاں سے پانی پیا جائے، دریا کا گھاٹ (۳) سمندر کی بندرگاہ جہاں جہاز لنگرانداز ہوتے ہیں (۴) دوات میں روشنائی کی جگہ (۵) دیوار کا شگاف (۶) لکڑی وغیرہ کا چھید، چول (۷) چوکھٹ کے پائدان کا چول جس میں کواڑ کا سرا گھومتا ہے (۸) پہاڑ کی نشیبی جگہ ج: فُرَضٌ و فِرَاضٌ۔
الفَرَضِيُّ: علم الفرائض کا عالم و ماہر (فریضہ کی طرف منسوب)۔
الفَرِيضُ: الفَرَّاضُ (۲) زیادہ عمر کے اونٹ (۳) وہ تیر جس کے اوپر کا حصہ کاٹ دیا گیا ہو۔
الفَرِيضَةُ: بندوں پر اللہ تعالیٰ کا فرض کیا ہوا عمل اور قانون (۲) اللہ کی مقرر کردہ وہ حد جس کا بندوں کو پابند کیا گیا ہو

یا اس سے روکا گیا ہو) (۲) کسی انسان کے ذمہ لازم قرار دیا ہوا کام یا حصہ یال زکوٰۃ (۳) روزینہ اور تنخواہ (۴) ڈیوٹی فرض، فریضہ (۵) میراث ج: فَرَائِض (۶) عمر رسیدہ چوپایہ۔

اَلْمِفْرَاضُ: چول کاٹنے کی چورسی چھینی، کاٹنے کا اوزار ج: مَفَارِیْضُ۔

اَلْمِفْرَضُ: اَلْمِفْرَاضُ ج: مَفَارِض۔

اَلْمُفَرَّضَةُ: ثَنَایَاہُ مُفَرَّضَةٌ: اس کے آگے کے دانتوں کے کنارے چھدرے ہیں۔

اَلْمَفْرُوْضُ: چھیدا ہوا، چول دار (۲) مقررہ فرض کیا ہوا (۳) مفروضہ (ذہنی طور پر سوچا ہوا)۔

•فَرَطَ ـُ فُرُوْطًا وفَرْطًا: جلدی کرنا، عجلت کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "قَالَا رَبَّنَا اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ یَّفْرُطَ عَلَیْنَا اَوْ یَطْغٰی" ان دونوں نے کہا کہ اے پروردگار ہمیں ڈر ہے کہ وہ ہماری سزا میں جلدی کرے گا یا زیادتی کریگا۔

ــــ منه كَلَامٌ: بے سوچے زبان سے بات نکل جانا۔

ــــ منه خَيْرٌ او شَرٌّ: کسی سے کوئی اچھائی ظہور پذیر ہونا یا برائی سرزد ہونا۔

ــــ منه الشیءُ: نکل جانا، ضائع ہوجانا

ــــ اِلَى سَيْفِه: تلوار سونتنے کے لئے جلدی سے ہاتھ بڑھانا، جلدی سے تلوار سونت لینا۔

ــــ عليه فی القول: کسی کو بیجا بات کہنا، کسی کو سخت وسست کہنا۔

ــــ فی الْاَمْرِ: کوتاہی کرنا۔

ــــ القومَ ـِ فَرْطًا وفَرَاطَةً: لوگوں سے آگے نکل جانا۔ هو فَارِطٌ ج: فُرَّاطٌ (زیادہ استعمال پانی کے انتظام کے لئے آگے بڑھنے کے معنی میں ہے)۔

فَرَطَ اِلَيْه رَسُوْلًا: کسی کے پاس قاصد بھیجنے میں عجلت کرنا۔

ــــ فُلَانٌ وَلَدًا: چھوٹے بچے سے محروم ہو جانا (یعنی چھوٹی عمر میں بچہ کا فوت ہو جانا)۔

ــــ لَهُ وَلَدٌ: کسی کے بچہ کا جنت میں پہلے چلے جانا۔

ــــ العِقْدَ والعُنْقُوْدَ ونَحْوَهُمَا: ہار کے موتیوں یا خوشے کے دانوں کو بکھیر دینا۔

اَفْرَطَ: قول یا فعل میں حد یا مقدار مقررہ سے تجاوز کرنا (۲) اپنے خاص مقصد کے لئے قاصد بھیجنا۔

ــــ بِيَدِه اِلٰى سَيْفِه: تلوار سونتنے کے لئے جلدی سے ہاتھ بڑھانا۔

ــــ عَلَيْه: کسی پر طاقت سے زیادہ بوجھ ڈالنا۔

ــــ فُلَانًا: کسی سے عجلت کرانا۔ قرآن پاک میں ہے: "لَا جَرَمَ اَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَاَنَّهُمْ مُفْرَطُوْنَ" بالیقین ان کو آگ (دوزخ) میں ڈھکیلا جائے گا اور ان سے جلدی کرائی جائے گی۔

ــــ اَمْرَهُ وفی اَمْرِه: اپنے کام کو بعجلت کرنا، اپنے کام میں عجلت کرنا۔

ــــ الشَّیءَ: پیش کرنا، آگے کرنا۔ جیسے اَفْرَطُوْهُ اِلَى الماءِ۔

ــــ الحَوْضَ: حوض کو اوپر تک بھرنا (کہ کناروں سے پانی باہر نکل جائے)۔

ــــ فُلَانٌ وَلَدًا: سن بلوغ کو پہنچنے سے قبل ہی بچہ سے محروم ہوجانا (یعنی اس بچہ کا مرجانا)۔

ــــ الشیءَ: بھول جانا۔

ــــ فُلَانًا فی الخُصُوْمَةِ: جھگڑے میں کسی کی ہمت افزائی کرنا۔

فَارَطَ فُلَانًا مُفَارَطَةً وفِرَاطًا: کسی سے مقابلہ کرنا، سبقت لے جانا یا لے جانے کی کوشش کرنا۔

فَرَّطَ الشیءَ وفیه: کسی چیز میں کوتاہی کرنا اور ضائع کر دینا۔ قرآن پاک میں ہے: "اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ يَّا حَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِیْ جَنْبِ اللّٰهِ" (۲) چھوڑ دینا، غفلت برتنا۔ قرآن پاک میں ہے: "تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُوْنَ"۔

ــــ البِئْرَ: کنویں کو پانی لوٹ آنے تک چھوڑے رکھنا۔

ــــ فُلَانًا: آگے بڑھانا۔

ــــ فی الخُصُوْمَةِ: جھگڑے میں ہمت افزائی کرنا۔

ــــ اِلَيْه رَسُوْلًا: قاصد بھیجنا۔

اِفْتَرَطَ اِلَيْه فی الْاَمْرِ: کسی معاملہ میں کسی کی طرف بڑھنا یا کسی سے بڑھنا مقولہ ہے: فُلَانٌ مُفْتَرِطُ السِّجَالِ اِلَى العُلَا: فلاں کو بلندی و ترقی میں سبقت حاصل ہے۔

ــــ فُلَانٌ وُلْدًا: فلاں شخص کے بچے چھوٹی عمر ہی میں مر گئے۔

اِنْفَرَطَ الشیءُ: ضائع ہوجانا ختم ہوجانا بکھر جانا، منتشر ہوجانا۔ جیسے: اِنْفَرَطَ عَقْدُ الاجْتِمَاعِ: میٹنگ برخاست ہوگئی۔

تَفَارَطَ القَوْمُ: باہم مقابلہ کرنا، ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کی کوشش کرنا۔

ــــ الشیءُ: کسی چیز کا وقت نکل جانا۔

ــــ الرَّجُلُ: آگے بڑھنا، عجلت کرنا

ــــ الهُمُوْمُ فُلَانًا: کسی کو غموں کا لاحق ہونا۔

ــــ القَطَا الماءَ: طائر قطا کا پانی پر دوڑ کر آنا

تَفَرَّطَ الشیئُ: کسی چیز کا وقت نکل جانا۔ جیسے: تَفَرَّطَتِ العِشاءُ: عشاء کی نماز کا وقت بلا ادا گزر گیا (۲) آگے نکل جانا۔ جیسے: تَفَرَّطَ الفَرَسُ الخَیلَ۔
الاِفراط: زیادتی، بہتات، حد سے تجاوز۔
الاِفْرَاط و التَّفْرِیط: حد اعتدال سے تجاوز، اور غفلت و کوتاہی۔
التَّفْرِیطُ: کسی چیز کا ضیاع، کمی، کوتاہی، حد سے زیادہ کمی۔
الفَارِطُ: پیش رو، آگے بڑھ جانے والا، پہلے چلا جانے والا، پانی پر قافلہ سے پہلے پہنچ جانے والا ج: فُرَّاطٌ (۲) زبان سے جلدی میں نکل جانے والا لفظ (۳) ضائع شدہ چیز۔
الفُرَاطَۃُ: چند قبیلوں کا مشترک پانی جس پر جو پہلے پہنچ جائے وہ بلا مزاحمت پانی حاصل کرے۔ کہتے ہیں: المَاءُ بَینَہُم فُرَاطَۃٌ: پانی ان کے درمیان مشترک ہے مسابقت کے ذریعہ لیا جاتا ہے۔
الفَرَّاطَۃُ: مکی کے دانے نکالنے کی مشین
الفَرْطُ: حد سے تجاوز، شدت و زیادتی من فَرطِ شَغَفِہ بہ او کُرھِہ لہ: اس کے ساتھ حد سے زیادہ دلچسپی یا حد سے زیادہ نفرت کی بنا پر (۲) وہ معاملہ جس میں حد سے تجاوز کیا گیا ہو ج: اَفْرُطٌ و اَفْرَاطٌ۔
الفُرْطُ: دامن کوہ ج: اَفْرَاطٌ۔ اَفْرَاطُ الصَّباحِ: صبح کی سپیدی۔
الفَرَطُ: آگے بڑھنے والا، پہلے پہنچنے والا یا والے (واحد و جمع سب کے لئے) رَجُلٌ فَرَطٌ و قَومٌ فَرَطٌ (۲) پانی کے مقامات میں پہلا مقام (۳) انسان کو پیشگی ملنے والا اجر یا عمل۔ مرنے والے بچہ کی دعا میں کہا جاتا ہے: اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ لَنَا فَرَطًا: اے خدا! اس بچہ کو ہمارے لئے آئندہ کام آنے والا ذریعۂ اجر بنا (۲) وہ معاملہ جس میں آدمی حد سے زیادہ کوتاہی کر کے اسے ضائع کر دے۔ (۳) عجلت، جلد بازی۔
الفُرُطُ: وہ معاملہ جس میں حد سے تجاوز کیا گیا ہو (۲) متروک و ضائع شدہ قرآن پاک میں ہے "وَاتَّبَعَ ھَوَاہُ وَکَانَ اَمْرُہُ فُرُطًا"۔
الفَرَطِیُّ: بے قابو آدمی یا اونٹ۔
الفِرِّیطُ: فضول خرچ۔
المُفْرَطُ: منہ تک بھرا ہوا (۲) متروک۔
المُفْرِطُ: حد سے بڑھنے والا۔
المُفَرِّطُ: کوتاہ کار (۲) فضول خرچ۔
مَفَارِطُ البَلَدِ: اطراف شہر۔
• فَرْطَحَ الشیئَ: پھیلانا، کشادہ کرنا چوڑا کرنا۔ جیسے: رَغِیفٌ مُفَرْطَحٌ۔ رأس مُفَرْطَحٌ۔ چوڑا سر۔
• فَرْطَسَ الخِنْزِیرُ: ناک کو لمبا کرنا
الفِرْطَاسُ: اَنْفٌ فِرْطَاسٌ: چپٹی ناک۔
الفُرْطُوسَۃُ (من الخنزیر) سور کی ناک ج: فَرَاطِیسُ۔
• الفَرْطُونَۃُ: طوفان، آندھی۔
• فَرُعَ الشیئُ ـــ فَرَاعَۃً: اونچا ہونا، لمبا ہونا۔ ھو فَارِعٌ۔
ـــ الشیئَ فَرْعًا و فُرُوعًا: کسی شے پر چڑھنا۔
ـــ قَومَہُ: عزت و وجاہت میں اپنے لوگوں سے بڑھ جانا۔
ـــ الاَرضَ: زمین میں گھومنا۔
ـــ فَرَسَہُ: گھوڑے کو قابو میں کرنا۔
فَرَعَ بَینَ المُتَخَاصِمَینِ: دو فریقوں میں صلح کرانا، فیصلہ کرنا۔
ـــ البِکْرَ: باکرہ کی بکارت زائل کرنا
• فَرِعَ ـــ فَرَعًا: بہت بالوں والا ہونا ھو اَفْرَعُ و ھی فَرْعَاءُ ج: فُرْعٌ و فُرْعَانٌ۔
اَفْرَعَ الشیئُ: لمبا اور اونچا ہونا۔
ـــ فی قومہ: اپنی قوم میں بلند رتبہ ہونا
ـــ فی الجَبَلِ: پہاڑ پر اوپر تک چڑھنا۔
ـــ بنو فُلانٍ: سب سے پہلے کسی قبیلہ کے اونٹوں کا بچے جننا، اونٹوں اور چوپاؤں کے بچوں کی پیدائش شروع ہونا (۲) پہلے بچے کو ذبح کرنا۔
ـــ النَّعَمُ: جانور کا پہلا بچہ جننا۔
ـــ المرأۃُ: عورت کا ولادت سے پہلے خون دیکھنا۔
ـــ القَومُ من سَفَرِھم: سفر سے خلاف معمول واپس آجانا۔
ـــ الحَدِیثَ و الاَمْرَ: شروع کرنا۔ کہتے ہیں: نِعْمَ ما اَفْرَعْتَ: تم نے جو کام شروع کیا وہ بہت خوب ہے۔ بِئسَ مَا اَفْرَعَ بہ فُلانٌ: فلاں نے جو کام شروع کیا وہ برا ہے۔
ـــ اللِّجامُ الفَرَسَ: لگام کا گھوڑے کے منہ کو زخمی کرنا۔
ـــ الاَرضَ: زمین میں گھومنا۔
اُفْرِعَ بِسَیِّدِ بنی فُلانٍ: فلاں قبیلہ کے سردار کو پکڑ کر مار دیا گیا۔
ـــ الضَّبُعُ الغَنَمَ او فی الغَنَمِ: بجو کا بکریوں میں تباہی مچانا۔
فَارَعَ الرَّجُلَ: کفالت کرنا، کسی کا بار اٹھانا، اپنے ذمہ لینا۔
فَرَّعَ فُلانٌ: اونٹنی کے پہلے بچے کو ذبح کرنا۔
ـــ بَینَ المُتَخَاصِمَینِ: دو لڑنے

والے فریقوں میں بیچ بچاؤ کرانا، صلح کرانا
فَرَّعَ فی قومِه: دراز ہونا، نمایاں ہونا۔
— من الأصلِ المسائِلَ: قاعدہ یا دلیل سے فروعی (جزوی) مسائل نکالنا تخریج کرنا۔ فُلانٌ حَسَنُ التَّفریعِ لِلمَسائِلِ: فلاں مسائل کی فروع (شاخیں اور شقیں) نکالنے کا ماہر ہے۔
— الجبَلَ و فی الجبَلِ: چڑھنا۔
— من الجبَلِ: پہاڑ سے اترنا۔
— الأرضَ و فیها: زمین میں چکر لگانا۔
افترَعَ البِكرَ: کنواری لڑکی کی بکارت زائل کرنا۔
— الأمرَ: آغاز کرنا، پہلے پہل کرنا۔
تفرَّعَ الشیءُ: پھیلنا، شاخیں نکلنا، شاخوں والا ہونا۔
— الأغصانُ: ٹہنیوں کا بہت ہونا، پھیلنا۔
— المسائلُ: مسائل کی کسی اصل کے تحت شقیں اور شاخیں نکلنا۔
— منه: کسی کی شاخ ہونا۔
— علیه كذا: کسی چیز کا نتیجہ نکلنا، کسی چیز پر کوئی دوسری چیز مبنی ہونا، مرتب ہونا۔
— الشیءَ: چڑھنا، بلند ہونا۔
— القومَ: اپنی قوم میں نمایاں ہونا، سب پر فوقیت لے جانا۔
استفرَعَ الشیءَ: شروع کرنا (۲) پہلے بچہ کو ذبح کرنا۔
الأفرَعُ: بہت بالوں والا۔ هي فرعاءُ ج: فُرْعٌ۔
التّفریعُ: تشقیق و تخریج (کسی اصل کے تحت جزئیات کا استخراج) (۲) اصلاح و ترقی (۳) تقسیم۔
الفارِعُ: بلند۔ فارِعُ الطُّولِ: بہت بلند (۲) محافظ ج: فَرَعةٌ و هُنَّ فوارِعُ۔
الفارِعةُ: پہاڑ کا بلند حصہ ج: فوارع۔

الفَرّاعةُ: کلہاڑی، کاٹنے کا اوزار۔
الفَرْعُ: ہر چیز کا بلند حصہ۔ نزلوا فرعَ الوادی: انھوں نے وادی کے اوپر قیام کیا۔ فُلانٌ فرعُ قومِه: فلاں اپنی قوم میں بلند رتبہ یا سربرآوردہ ہے (۲) پورے بال (۳) کسی چیز کی شاخ برانچ، سیکشن، جزء، حصہ ج: فُروعٌ۔
فُروعُ المسألةِ: مسئلہ کی شقیں جو اس سے پیدا ہوں۔ وہ جزئیات جو کسی ضابطہ و دلیل کی بنا پر اس مسئلہ سے نکالے جائیں، اس کا مقابل اصول ہے۔ اصول وہ مسائل جن سے بذریعہ قیاس کسی دلیل کی بنا پر دیگر مسائل اخذ کئے جائیں۔ فروع وہ مسائل جو کسی عقلی دلیل و ضابطہ کے تحت اصول سے نکالے جائیں۔
فُروعُ الرَّجُلِ: آدمی کی اولاد۔
فُروعُ الشَّجرةِ: درخت کی ٹہنیاں۔
الفَرعُ المَحلّيُّ: لوکل شاخ (کسی تنظیم، جماعت یا ادارہ کی)۔
الفَرعیُّ: شاخ کا (۲) جزوی۔
الفَرعةُ: پہاڑ کی چوٹی۔
الفَرَعُ: اونٹنیوں اور بکریوں کے پہلی دفعہ کے بچے (جن کو زمانۂ جاہلیت میں عرب اپنے خداؤں کے نام پر تقرب کے لئے ذبح کیا کرتے تھے) ج: فُرْعٌ و فِراعٌ
الفَرَعةُ: جوتے کے اوپر کا تسمہ۔
الفَرْیَعاءُ: وہ زمین جس کی پیداوار سے اس کی لاگت بھی پوری نہ ہو۔
المِفرَعُ: صلح کرانے والا ج: مَفارِع۔
مُفرَعُ الكتِفِ: چوڑے مونڈھوں والا
• الفُرعُلُ: بجو کا بچہ ج: فَراعِل۔
• فَرْعَنَ فَرْعَنةً: تکبر کرنا، سرکش و جابر ہونا
چالاک و مکار ہونا۔
فَرعَنَ فلانًا: کسی سے ظلم و جبر کرانا، سرکش و خود سر کسی کو بنانا۔
تَفرعَنَ النّباتُ: پودے کا لمبا اور مضبوط ہونا۔
— فُلانٌ: فرعون بننا، فرعون جیسے اخلاق کا ہونا (۲) مغرور و سرکش ہونا۔
فِرعَونُ: زمانۂ قدیم میں مصر کے بادشاہ کا لقب (اس کی اصل پیرعو ہے جس کے معنی عظیم گھر کے ہیں) (۲) ہر ظالم و سرکش کا لقب ج: فَراعِنةٌ۔
• فرَغَ الشیءُ ـُ فَراغًا و فُروغًا: خالی ہونا جیسے: فرغَ الإناءُ۔
— الفؤادُ: دل نکلنا (بے قرار ہونا)۔
— الصّبرُ: صبر کی طاقت نہ رہنا۔
— من الشیءِ: فارغ ہونا، پورا کرنا۔
— إلی الشیءِ و لهُ: قصد کرنا، بطور وعید کہتے ہیں: لأفرُغَنَّ لكَ: میں تمہاری طرف ضرور متوجہ ہوں گا۔ تمہاری ضرور خبر لوں گا۔ قرآن پاک میں ہے: "سَنَفرُغُ لكُم أیُّها الثَّقَلانِ"
فَرُغَ الفرَسُ ـُ فَراغةً: گھوڑے کا خوب چلنا، تیز چلنا۔ هو فَریغٌ و هي فَریغٌ و فَریغةٌ۔
— الطّعنةُ: وار کا وسیع اور بڑا ہونا۔
أفرَغَ الإناءَ: برتن خالی کرنا۔
— الشیءَ: انڈیلنا، برتن وغیرہ سے کوئی چیز نکالنا جیسے: أفرغَ الماءَ والإدامَ
— الدّماءَ: خون بہانا۔
— الذّهبَ والفضّةَ ونحوهما: سونے چاندی جیسے پگھلنے والے معدنیات کو سانچے میں ڈالنا۔ قرآن پاک میں ہے: "حتّی إذا جعلَهُ نارًا قالَ آتونی أفرغْ علیه قِطرًا"
— علیه الصّبرَ: کسی کو صبر دینا،

قوت برداشت عطا کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "رَبَّنَا اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا"
فَرَّغَ الشیءَ: خالی کرنا۔ جیسے: فَرَّغَ الاِناءَ و فَرَّغَ المکانَ۔
ـــ ما فی الاِناءِ: برتن کی چیز کو انڈیلنا، گرانا۔
ـــ الشَّحْنَۃَ: جہاز سے سامان اتارنا۔
ـــ حُمُولَۃَ الطَّائِرَۃِ: ہوائی جہاز کا سامان اتارنا۔
ـــ البِضَاعَۃَ اِلَی البَرِّ: خشکی پر سامان اتار کر لانا۔
اِفْتَرَغَ الماءَ: اپنے اوپر پانی انڈیلنا۔
تَفَرَّغَ مِنَ الشُّغْلِ: کام سے فارغ ہو جانا (۲) کام کو چھوڑ دینا، سبکدوش ہو جانا۔
ـــ لَہُ: کسی کام کے لئے فارغ ہو جانا (اس کام میں منہمک ہو جانا) وقف ہو جانا
اِسْتَفْرَغَ فُلَانٌ: قے کرنا۔
ـــ جُہُودَہُ فی کذا: کسی کام میں پوری طاقت لگانا، پوری کوشش کرنا۔
الاَفْرَغُ: چوڑا سوراخ کر دینے والا نیزہ م: فَرْغاء۔
الاِفْرَاغُ: دھاتوں کی ڈھلائی۔
الاِستِفراغُ: قے۔
التَّفَرُّغُ لشیءٍ: کسی چیز میں محویت یا اس میں انہماک۔
التَّفْرِیغُ: سامان اتارنے کا عمل۔
الفَارِغُ: خالی۔ القولُ الفَارِغُ: بے معنی بات۔ القَلْبُ الفَارِغُ: دل بے قرار، صبر و قرار سے خالی۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوسٰی فَارِغًا"
الفَرَاغُ: خالی ہونا (۲) خالی جگہ، خلاء: فَرَاغات
الفَرَاغُ من العَمَلِ: بے کاری۔
وَقْتُ الفراغِ: فرصت یا چھٹی کا وقت
الفِرَاغُ: ڈول کا کنارہ جس سے پانی گرایا جائے (۲) چمڑے کا بہت بڑا ٹب، برتن (۳) بے پر یا بے تانت کمان (۴) اتنا بڑا برتن جسے اٹھایا نہ جا سکے ج: اَفْرِغَۃٌ
رَجُلٌ فِرَاغٌ: تیز چلنے والا آدمی۔
نَاقَۃٌ فِرَاغٌ: بے نشان و بے داغ لگی اونٹنی۔
الفَرَاغَۃُ: گھبراہٹ، بے چینی۔
الفَرْغُ: ڈول کے کناروں کے درمیان سے پانی نکلنے کی جگہ۔ اَصَابَتْہُ طَعْنَۃٌ ذَاتُ فَرْغٍ: اسے بڑا کاری وار لگا جس سے خون بہہ رہا ہے ج: فُرُوغٌ۔ ذَھَبَ دَمُہُ فَرْغًا: اس کا خون رائگاں گیا۔
الفِرْغُ: ذَھَبَ دَمُہُ فِرْغًا: اس کا خون رائگاں گیا۔
الفُرُغُ: اِنَاءٌ فُرُغٌ: خالی برتن۔ قَوْسٌ فُرُغٌ: بغیر تانت کی کمان
الفَرِیغُ: کشادہ اور چوڑا، وسیع و عریض (۲) تیز چھری یا تیر وغیرہ
رَجُلٌ فَرِیغٌ: تیز طرار یا زبان دراز آدمی۔ طَعْنَۃٌ فَرِیغٌ و فَرِیغَۃٌ: خوں چکاں کشادہ وار یا ضرب۔
المُسْتَفْرِغُ: کشادہ قدموں سے چلنے والا گھوڑا (۲) قے کرنے والا۔
المُفْرِغُ: دھاتیں ڈھالنے والا۔
المُفْرَغُ: پگھلا کر ڈھالی ہوئی دھات۔
المُفَرَّغُ: دِرْھَمٌ مُفَرَّغٌ: سانچے میں ڈھلا ہوا درہم۔
الآلَۃُ المُفَرِّغَۃُ: جزوی خلا پیدا کر دینے والا پمپ، خلا پمپ۔
المُفْرَغَۃُ: حَلْقَۃٌ مُفْرَغَۃٌ: غیر منقطع سلسلہ، شیطانی چکر، بدی کا تسلسل۔
المَفْرُوغُ منہ: مکمل یا ختم شدہ۔
• فَرْفَعَ: دل یا پودے کا کھلنا۔
الفَرْفَعُ: نرم و چکنی زمین۔
• فَرْفَرَ: قدم ملا کر تیز چلنا (۲) بدن کو جھٹکنا۔
ـــ فُلَانٌ: کم عقل ہونا (۲) عورتوں کی پالکی بنانا (۳) حماقت کی طرف دوڑنا۔
ـــ فی کَلَامِہِ: بات صاف نہ کرنا اور زیادہ بولنا۔
ـــ الشیءَ: خوب پھاڑنا، چیرنا۔
ـــ الذِّئْبُ الشَّاۃَ: بھیڑیے کا بکری کو ادھیڑ ڈالنا۔
ـــ فُلَانًا و لہ: بے عزتی کرنا، برا کہنا، مذمت کرنا۔ حدیث عون بن عبداللہ میں ہے: "مَا رَأَیْتُ رَجُلًا یُفَرْفِرُ الدُّنْیَا فَرْفَرَۃَ ھٰذَا الاَعْرَجِ" یعنی ابوحازم سے زیادہ دنیا کی مذمت کرنے والا کوئی نہیں دیکھا۔ ھو فَرْفَارٌ۔
الفُرَافِرُ: بے وقوف و کم اندیش (۲) بکری بھیڑ یا جنگلی گائے کا بچہ (۳) وہ شیر جو اپنے برابر کے شیر کو ادھیڑ ڈالے۔ کہتے ہیں: اَسَدٌ فُرَافِرٌ و فُرَافِرَۃٌ (۴) بالغ لڑکا (۵) وہ گھوڑا جو لگام کو سر سے اتارنے کے لئے ہلائے۔
الفَرْفَارُ: آگ سے جلد متاثر نہ ہونے والا مضبوط درخت جس کے پیالے وغیرہ بنائے جاتے ہیں (۲) عورتوں کی ایک سواری، پالکی۔
الفُرْفُرُ: چھوٹی گوریا (چڑیا)۔
الفُرْفُورُ: جوان لڑکا (۲) چھوٹی گوریا۔
الفِرْفِیرُ: تیز سرخ۔ جَوْھَرٌ فِرْفِیرِیٌّ: بہت سرخ رنگ کا ہیرا وغیرہ۔
• الفِرْفِیرِیْن: صفر (لگ منٹ) جو بہیرگو بین میں فساد کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔
البَولُ الفِرْفِیرِیْنِیُّ: پیشاب جس میں مادہ فرفیرین زیادہ ہو۔
• فَرَقَ بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ ـُ فَرْقًا و فُرْقَانًا: دو چیزوں کو الگ الگ کرنا،

فرق کرنا، امتیاز کرنا۔
فَرَقَ بَيْنَ الخُصُومِ: لڑنے والوں کا فیصلہ کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَ بَيْنَ القَوْمِ الفَاسِقِيْنَ"
ـــ بَيْنَ المُتَشَابِهَيْنِ: دو یکساں چیزوں کا فرق بیان کرنا (کہ وہ کس وجہ سے حقیقۃً باہم مختلف ہیں)۔
ـــ لَهُ عن الأمرِ: کسی سے کسی بات کا انکشاف کرنا، وضاحت کرنا۔
ـــ لَهُ الطَّرِيْقُ اَوِ الرَّأيُ: ظاہر ہونا
ـــ الشَّيْئَ: پھاڑنا، تقسیم کرنا، جدا کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ البَحْرَ"
ـــ اللهُ الكِتَابَ: اللہ کا اپنی کتاب کو واضح کرنا اور کھول کر بیان کرنا، ارشاد ہے: "وَقُرْاٰنًا فَرَقْنَاهُ لِتَقْرَأَهُ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ"
ـــ فُلَانًا: کسی کے مقابلہ میں زیادہ ڈرپوک ہونا۔
ـــ الصَّبِيَّ: بچہ کو ڈرانا۔
ـــ الطَّائِرُ: پرندے کا بیٹ کرنا۔
ـــ الشَّعْرَ: بالوں کی مانگ نکالنا۔
ـــ النَّاقَةُ: اونٹنی کا درد زدہ والی ہونا۔
ـــ المَرْأَةَ: عورت کو بچہ جننے کے بعد یخنی دینا۔
فَرِقَ ـَ فَرَقًا: وفَرِقَ منه: گھبرانا، بہت ڈرنا۔ قولہ تعالیٰ: "وَلٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ يَفْرَقُوْنَ"
ـــ عَلَيْهِ: مہربان ہونا، شفقت کرنا۔ ھو فَرِقٌ۔
ـــ فُلَانٌ: سمندر کی موج میں گھسنا (۲) داڑھی یا پیشانی کے بالوں کا بیچ سے ایک ہونا (۳) چھدرے دانتوں والا ہونا (دانتوں کے درمیان قدرتی فاصلے والا ہونا)، فَرِقَتِ الأسْنَانُ: دانتوں کا چھدرا (فاصلہ دار)

ہونا۔
فَرِقَتِ الدَّابَّةُ: چوپایے کے سرین کا ایک حصہ اونچا اور ایک نیچا ہونا۔
ـــ البَعِيْرُ: اونٹ کا پھیلے ہوئے کھروں والا ہونا (۲) چوڑی پیشانی والا ہونا، (دونوں سینگوں کے درمیان زیادہ فاصلہ والا ہونا) (۳) خصیتین کے درمیان زیادہ فاصلہ والا ہونا۔
ـــ الفَرَسُ: گھوڑے کا ایک خصیہ والا ہونا۔
ـــ الدِّيْكُ: مرغ کا دو کلغیوں والا ہونا (کلغی کے درمیان چوڑائی اور فاصلہ کی وجہ سے دو کلغیاں دکھائی دینا) کہتے ہیں: فَرِقَ عُرْفُ الدِّيْكِ: پیدائشی طور پر کلغی کا بیچ میں سے چرا ہوا ہونا (جس سے دو معلوم ہوں)۔ ھو اَفْرَقُ وھي فَرْقَاءُ ج: فُرْقٌ۔
اَفْرَقَ العَلِيْلُ: بیمار کا صحتیاب ہونا
ـــ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بچہ جدا ہو جانا (۲) دو یا تین سال گزرنے کے باوجود گیابھن نہ ہونا۔
ـــ فُلَانًا: گھبرانا، ڈرانا۔
ـــ الرَّجُلَ غَنَمَهُ: کسی کی بکریوں کا گم یا ضائع ہو جانا۔
ـــ اِبِلَهُ العامَ: اونٹوں کو چرنے کے لئے کھلا چھوڑنا، ان کی نہ جفتی کرانا اور نہ بچے جنوانا۔
ـــ النُّفَسَاءَ: بچہ کی پیدائش کے بعد زچہ کو یخنی پلانا۔
ـــ الطَّائِرُ: بیٹ کرنا۔
فَارَقَهُ مُفَارَقَةً وفِرَاقًا: کسی سے علیحدگی اختیار کرنا، جدا ہونا، خیرباد کہنا
فَارَقَ فُلَانًا من حِسَابِهِ عَلٰى كَذَا وكَذَا: کسی بات پر اتفاق ہو جانے کے باعث معاملہ ختم کر دینا

اور علیحدگی اختیار کر لینا۔
فَارَقَتِ الرُّوحُ الجَسَدَ: روح پرواز کرنا، مرجانا۔
ـــ النَّوْمُ العَيْنَ: نیند اچٹ جانا۔
فَرَّقَ بَيْنَ القَوْمِ: پھوٹ ڈالنا، منتشر کرنا۔
ـــ بَيْنَ المُتَشَابِهَيْنِ: باہم ممتاز کرنا فرق و امتیاز کی وجوہ بتانا۔
ـــ القاضي بَيْنَ الزَّوْجَيْنِ: زوجین کی ایک دوسرے سے علیحدگی کا فیصلہ کرنا۔
ـــ الشَّيْئَ: ٹکڑے کرنا، تین تیرہ کرنا، بکھیرنا۔
ـــ اللهُ القُرْآنَ: اللہ کا قرآن کریم کو حصوں (ٹکڑوں) کی شکل میں نازل کرنا۔
ـــ الأشْيَاءَ: تقسیم کرنا۔
ـــ الصَّبِيَّ: بچہ کو ڈرانا۔
افْتَرَقَ القَوْمُ: الگ الگ ہو جانا (۲) باہم پھوٹ پڑ جانا۔
انْفَرَقَ عنه الشَّيْئُ: الگ ہونا (۲) پھٹنا (۳) کسی دوسری چیز سے نکل کر نمودار ہونا۔
ـــ الصُّبْحُ: صبح کی روشنی نمودار ہونا۔
تَفَارَقَ القَوْمُ: آپس میں پھوٹ پڑنا۔ ایک دوسرے سے جدا ہونا۔
تَفَرَّقَ الشَّيْئُ تَفَرُّقًا و تِفِرَّاقًا: بکھر جانا، تین تیرہ بارہ باٹ ہو جانا۔
ـــ الرَّجُلَانِ: ہر ایک کا اپنی اپنی راہ لینا
اَفْرِيْقِيَّةُ: افریقہ (براعظم) دیکھئے: (ا۔ف۔ر)۔
التَّفَارِيْقُ: منتشر اجزاء، ٹکڑے، حصے، قسطیں۔ اَخَذَ حَقَّهُ بالتَّفَارِيْقِ: اس نے اپنا حصہ قسطوں میں لیا (۲) ریزگاری چھوٹے سکے (۳) خوردہ، رٹیل، خلاف رجملہ

ٹھوک۔
التَّفْرِيْقُ: جدائی کا عمل، حساب میں تقسیم کا عمل خلاف جمع (۲) جدائی (۳) فرق وامتیاز
بالتَّفْرِيْق: تفصیل کے ساتھ (۲) قسطوار (۳) خوردہ یا ٹکڑے ٹکڑے کرکے۔
بَاعَ بالتَّفْرِيْق: رٹیل میں بیچا، خلاف بالجُملة۔
التَّفْرِقَةُ: جدائی، پھوٹ (۲) امتیاز۔
التَّفْرِقَةُ العُنْصُرِيَّةُ: نسلی امتیاز۔
الفَارِقُ: فرق (دوسرے سے ممتاز کرنے والی چیز)، وجہ امتیاز، خط فاصل، حد ج: فَوارِقُ (۲) فرق وامتیاز کرنے والا (۳) مانگ نکالنے والا ج: فُرَّاق۔
الفَارُوقُ: باطل سے حق کو ممتاز کرنیوالا، امیر المؤمنین عمر بن الخطابؓ کا لقب (۲) بہت ڈرپوک۔
الفَارُوقَةُ: بہت ڈرپوک۔
الفِرَاقُ: جدائی، علیحدگی (اجسام کی جدائی کے لئے زیادہ تر استعمال ہے) (۲) روانگی رخصت۔
الفَرْقُ: فرق، وجہ امتیاز، خصوصیت (۲) بالوں کی مانگ (۳) سکہ کی باہمی تبدیلی کا فرق (۴) حساب کی اصطلاح میں بیلنس، باقی ج: فُرُوقٌ (۵) جدائی، علیحدگی۔
الفِرْقُ: پھٹنے والی چیز کا ایک حصہ۔ قرآن پاک میں ہے: "أَنِ اضْرِب بِّعَصَاكَ البَحْرَ فَانفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ العَظِيْمِ" (۲) پہاڑی، اونچا ٹیلہ (۳) سمندر کی بڑی لہر، بڑی موج (۴) ہر چیز سے الگ ہونے والا ٹکڑا، حصہ سیکشن (۵) ریوڑ، ڈار، گلہ۔
الفَرَقُ: ڈر، گھبراہٹ۔
الفَرِقُ والفَرُوْقُ: پیدائشی طور پر بہت ڈرپوک۔

الفُرْقَانُ: قرآن پاک میں ارشاد باری ہے: "تَبَارَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهِ لِيَكُوْنَ لِلْعَالَمِيْنَ نَذِيْرًا" (۲) حجت و برہان، دلیل قاطع (۳) حق و باطل کو جدا کرنے والی ہر چیز ہر بات۔
الفِرْقَةُ: انسانوں کا گروہ، جماعت، گروپ ج: فِرَق۔
فِرْقَةُ الألْعَاب: کھیلوں کی ٹیم، پارٹی۔
فِرْقَةُ التَّمْثِيْل: ڈرامہ گروپ، ایکٹنگ کرنے والی پارٹی۔
فِرْقَةٌ عَسْكَرِيَّةٌ: فوج کا ایک ڈویژن (۲) فوجی ٹیم۔
فِرْقَةُ المُوْسِيْقا: میوزک گروپ۔
فِرْقَةُ المَطَافِي: فائر بریگیڈ، آگ بجھانے کا عملہ۔
فِرْقَةٌ فِي المَدْرَسَةِ: کلاس کا سیکشن۔
الفُرْقَةُ: جدائی، علیحدگی۔
الفَرُوْقُ: بہت ڈرپوک۔
الفَرِيْقُ: بڑی جماعت، پارٹی، ٹیم (فِرقة کے مقابلہ میں فریق بڑی جماعت)۔ (۲) جدائی اختیار کرنے والا (۳) آگے بڑھ جانے والا گھوڑا (۴) نائب امیر البحر، لفٹننٹ جنرل، ج: فُرَقَاءُ و أَفْرِقَةٌ۔
فَرِيْقٌ أَوَّلُ: لفٹننٹ جنرل۔
فَرِيْقٌ (فِي الألْعَابِ الرِّيَاضِيَّةِ):
فَرِيْقٌ رِيَاضِيٌّ: کھیل کی ٹیم۔
فَرِيْقٌ فِي دَعْوَى: مقدمہ کا فریق۔
فَرِيْقٌ فِي عَقْدٍ: معاہدہ کا فریق۔
فَرِيْق (فِي القُوَّاتِ البَحْرِيَّةِ): وائس ایڈمرل، نائب امیر البحر۔
الفَرِيْقُ المُهَاجِمُ: حملہ آور گروپ، گیند پھینکنے والا گروپ۔
المَفْرِقُ: جدائی کا مقام، نقطۂ انفصال، مرکز انفصال ج: مَفَارِق۔
المَفْرِقُ (مِنَ الرَّأْسِ) سر میں بالوں کی مانگ، مانگ نکالنے کی جگہ۔
المَفْرِقُ (مِنَ الطَّرِيْقِ) راستے کا وہ مقام جہاں سے دوسرا راستہ نکلتا ہو۔
مَفْرِقُ الطُّرُق: وہ جگہ جہاں سے کئی راستے الگ ہوتے ہوں، چوراہا۔
مَفَارِقُ الحَدِيْثِ: حدیث یا گفتگو کے واضح پہلو۔ وَقَفْتُهُ عَلٰى مَفَارِقِ الحَدِيْثِ: میں نے اسے گفتگو یا حدیث کے واضح پہلوؤں سے باخبر کیا۔
•الفَرْقَدُ: قطب شمالی کے قریب کا ایک ستارہ جو اپنی جگہ قائم رہتا ہے اور اس سے مسافر راہ نمائی حاصل کرتے ہیں اسے النَّجْمُ القُطْبِي بھی کہا جاتا ہے۔ اس کے قریب اسی جیسا ایک چھوٹا ستارہ اور ہے۔ ان دونوں کو فَرْقَدَان کہا جاتا ہے (۲) بچھڑا (گائے کا بچہ) ج: فَرَاقِد
الفُرْقُوْدُ: الفَرْقَدُ، ج: فَرَاقِيْد۔
•فَرْقَعَ الشَّيْءُ فَرْقَعَةً: چیخنا، چٹخنے کی آواز ہونا، دھماکہ ہونا، پٹاخے وغیرہ پھٹنے کی آواز ہونا۔
۔۔۔ الشَّيْءَ پھوٹ کر دھماکہ کرنا۔
۔۔۔ الأَصَابِعَ: انگلیاں چٹخانا۔
۔۔۔ فُلَانًا: گردن اس طرح دوڑنا کہ اس کی آواز ہو۔
افْرَنْقَعَ: پیٹھ پھیر کر تیز دوڑنا۔
۔۔۔ الأَصَابِعُ: انگلیاں چٹخنا۔
۔۔۔ القَوْمُ عنِ الشَّيْءِ: الگ ہونا، کنارہ کشی اختیار کرنا۔
تَفَرْقَعَتِ الأَصَابِعُ: انگلیوں کا چٹخنا۔
الفَرْقَعَةُ: دو چیزوں کے ٹکرانے کی آواز (۲) چٹخنے کی آواز (۳) گرج دار آواز (۴) آتش گیر مادّہ کا دھماکہ، پٹاخے وغیرہ کی آواز۔

المُفَرْقَعَاتُ: (بفتح القاف) دھماکہ خیز چیزیں، دھماکہ سے پھٹنے والی چیزیں۔ پٹاخے، گولے وغیرہ۔

• فَرَكَ الشَّيْءَ ـُ فَرْكًا: ہاتھ سے ملنا رگڑنا، کھرچنا۔

ـــ الحِمَّصَ و فَرَكَ الجَوْزَ: چنے اور اخروٹ کو انگلیوں سے مل کر باریک چھلکا اتارنا۔

ـــ الثَّوْبَ و نَحْوَهُ: کپڑے وغیرہ کو لگی ہوئی چیز اتارنے کے لئے رگڑنا۔ هو فَارِكٌ و الثَّوْبُ و نَحْوُهُ مَفْرُوكٌ و فَرِيْكٌ۔

فَرِكَ ـَ فَرَكًا: (خاوند اور بیوی کا ایک دوسرے سے) متنفر ہونا، بغض رکھنا هو و هي فَارِكٌ۔

أَفْرَكَ السُّنْبُلُ: گیہوں وغیرہ کی بال (خوشہ) کا مل کر دانے نکالنے کے قابل ہوجانا، پکنے کے قریب ہوجانا۔

انْفَرَكَ الشَّيْءُ: ملنے سے کسی چیز کا چھلکا یا لگی ہوئی چیز الگ ہوجانا، جھڑکر صاف ہوجانا، ملا جانا، رگڑا جانا، کھرچا جانا۔

ـــ المَنْكِبُ: مونڈھا اترنا، ڈھیلا پڑنا۔

تَفَرَّكَ المُخَنَّثُ فِي كَلَامِهِ ومِشْيَتِهِ: ہیجڑے کا چلتے ہوئے یا بولتے ہوئے مٹکنا بدن کے جوڑوں کو ہلانا۔

اسْتَفْرَكَ الحَبُّ فِي السُّنْبُلَةِ: خوشہ میں دانوں کا سخت اور موٹا ہوجانا پکنے کے قریب ہونا۔

الفُرَاكَةُ: چھلکا اتری ہوئی چیز یا چھلکا اترے ہوئے دانے یا وہ چیز جس کا چھلکا ملنے سے اتر جائے۔

الفَرِيْكُ: ملا ہوا، رگڑا ہوا، کھرچا ہوا، ملنے یا رگڑنے یا کھرچنے کے قابل، مل کر چھلکا اتارا ہوا بمعنی المَفْرُوكُ (۲) کھانے کے قابل اور تازہ پکا ہوا گیہوں یا مکئی (کچیا گیہوں یا مکئی) کچیا گیہوں اور مکئی جسے بھون کر سکھا کر پکایا جائے (۳) زبان کی جڑ کی ہڈی (یہ دو ہوتی ہیں)

الفَرِيْكَةُ: زبان کی جڑ کی ہڈی (یہ دو ہوتی ہیں)۔

المَفْرُوكُ: الفَرِيْكُ (۲) جس کے مونڈھے کی ہڈی اتر گئی ہو۔

المَفْرُوكَةُ: دودھ اور مکھن مکئی میں ملا کر بنایا جانے والا مصر کا دیہاتی کھانا۔

الفَرَاكُ: (معرب لفظ) فراک (ایک خاص لباس)۔

المِفْرَكُ: پیچ کش ج: مَفَارِكُ۔

• فَرَمَ اللَّحْمَ ـِ فَرْمًا: قیمہ کرنا (۲) کاٹنا۔

أَفْرَمَ الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔

الأَفْرَمُ: وہ بچہ جس کے دانت ٹوٹ گئے ہوں۔

الفَرَمَانُ: (دخیل لفظ) فرمان، شاہی حکمنامہ ج: فَرَامِيْنُ۔

فَرْمَةُ الطَّبْعِ: پریس کا فرمہ۔

الفَرَّامَةُ: قیمہ کرنے کی مشین۔

المَفْرُومُ: اللَّحْمُ المَفْرُومُ: کٹا ہوا گوشت، قیمہ۔

المِفْرَمَةُ: الفَرَّامَةُ۔

• الفَرْمَلَةُ: (ضَابِطَةٌ وكَمَّاحَةُ العَرَبَةِ) بریک ج: فَرَامِلُ

الفَرْمَلَةُ التَّالِفَةُ: فیل (ناکارہ) بریک (خلاف عاملة)۔

فَرْمَلِجِيُّ القِطَارِ: بریک مین، ریل گاڑی کو بریک لگانے والا۔

• الفُرْنُ: روٹی پکانے کا تنور (۲) بھٹی (۳) نان بائی کی دوکان (۴) بسکٹ بنانے کا تنور یا کارخانہ (بیکری) ج: أَفْرَانٌ۔

الفُرْنُ الذَّرِّيُّ: ایٹمی بھٹی۔

الفَارِنَةُ: تنور لگانے والی عورت۔

الفَرَّانُ: تنور والا، بسکٹ بنانے والا، نان بائی

الفُرْنِيُّ: تنور والا، بیکری والا۔

الفُرْنِيَّةُ: شیرمال، باقرخوانی (دودھ گھی شکر ڈال کر بنائی ہوئی تنوری روٹی) (۲) میٹھا بسکٹ ج: فُرْنِيٌّ۔

فَرْنَجَ: انگریز جیسا بنانا۔

تَفَرْنَجَ: انگریز جیسے اخلاق و اطوار اختیار کرنا۔

الفِرِنْدُ: تلوار (۲) آب شمشیر (۳) سرخ گلاب (۴) انار کا دانہ۔ سَيْفٌ فِرِنْدٌ بے مثل تلوار، چمکتی ہوئی تلوار ج: فَرَانِد۔

الإِفْرِنْدُ: تلوار کا جوہر، نقش ونگار ج: إِفْرِنْدَات

• فَرَنْسَا: فرانس۔

• الفَرَنْسِيُّ: فرانس کا باشندہ، فرانسیسی

الفَرَنْكُ: فرانسیسی سکہ، فرانک ج: فرنكات۔

• فَرِهَ ـَ فَرَهًا: اترانا یا زندہ دل ہونا۔ هو فَرِهٌ و هي فَرِهَةٌ

فَرُهَ ـُ فَرَاهَةً و فُرُوهَةً: حسین وجمیل ہونا (۲) پھرتیلا اور چست ہونا (۳) ہوشیار و ماہر ہونا۔ هو فَارِهٌ۔ قرآن حکیم میں ہے: "وَتَنْحِتُونَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا فَارِهِينَ" تم مہارت فن کے ساتھ پہاڑوں کو تراش کر گھر بناتے ہو ج: فُرَّهٌ و فُرُهٌ۔

أَفْرَهَ: خوبصورت یا پھرتیلا بچہ جننا (۲) عمدہ چیز اپنانا، لینا۔

ـــ المَرْأَةُ: عورت کا حسین بچے جننا۔

فَرَّهَ: أَفْرَهَ۔

اسْتَفْرَهَ: عمدہ چیز لینا، چھانٹنا۔

اَفْرَہُ: فُلانٌ اَفْرَہُ مِن فُلانٍ: فلاں فلاں سے زیادہ روشن رو ہے۔

الاَفْرَہُ: بہت ماہر و ہوشیار۔

الفَارِہُ: ماہر و ہوشیار (۲) پھرتیلا اور چاق چوبند۔

الفَارِھَۃُ: خوبصورت جوان لڑکی ج: فَوَارِہُ۔

الفَرَاھَۃُ: چستی و چالاکی (۲) مہارت (۳) خوبصورتی۔

فَرْھَدَ الغُلامُ: لڑکے کا اچھی کاٹھی والا ہونا، اچھا اور بھرپور جسم کا ہونا (۲) دوڑتے دوڑتے سانس چڑھ جانا، پھول جانا۔

___ نَفْسُہُ: دل گرفتہ یا آزردہ خاطر ہونا۔

تَفَرْھَدَ الغُلامُ: خوبصورت اور موٹا ہونا

الفُرْھُدُ: گٹھے ہوئے اچھے بدن کا لڑکا (۲) شیر کا بچہ۔

الفُرْھُودُ: الفُرْھُدُ ج: فَرَاھِیدُ

• فَرَّی الثِّیَابَ: کپڑوں پر پوستین لگانا۔ ھی مُفَرَّاۃٌ۔

اِفْتَرَی فَرْوًا: پوستین پہننا۔

الفَرَا: جنگلی گدھا۔ دیکھئے (فَرَأ)۔

الفَرَّاءُ: پوستین ساز، پوستین فروش۔

الفَرْوُ: ریچھ یا لومڑی وغیرہ جانوروں کی کھال جس سے دباغت کے بعد گرم کپڑا بنایا جاتا ہے، پوستین لگا کپڑا، پوستین سنجاب ج: فِرَاءٌ۔

الفَرْوَۃُ: بال دار چمڑا۔ فَرْوَۃُ الرَّأسِ: سر کی بال سمیت کھال۔ فَرْوَۃُ الذِّئْبِ، فَرْوَۃُ الاَرْنَبِ، فَرْوَۃُ الثَّعْلَبِ ج: فِرَاءٌ۔

اَبُو فَرْوَۃ: ایک پودا جس کی پھلی بھون کر کھائی جاتی ہے اس کا نام قَسْطَل ہے مصر میں ابوفروہ کہتے ہیں۔

• فَرَی الشَّیءَ ـِ فَرْیًا: پھاڑنا، چیرنا، چورہ کرنا، ریزہ ریزہ کرنا۔

فَرَی الفَرِیَّۃَ: توشہ دان بنانا۔

___ الکَذِبَ: جھوٹ گھڑنا، کسی کے متعلق جھوٹی بات کہنا، تہمت لگانا۔

___ الاَرْضَ: زمین پر چلنا، گزرنا۔

فَرِیَ ـَ فَرًی: بھونچکا ہونا، ششدر رہ جانا۔

اَفْرَی الشَّیءَ: پھاڑنا، چاک کرنا۔

___ فُلانًا: بہت زیادہ ملامت کرنا۔

___ الاَوْدَاجَ: گردن کی رگوں کو کاٹ کر خون نکالنا۔

فَرَّاہُ: فَرَی کا مبالغہ۔ اچھی طرح چاک کرنا (۲) باریک ریزے کرنا۔

اِفْتَرَی القَوْلَ: بات گھڑنا۔

___ عَلَیہِ الکَذِبَ: کسی پر تہمت لگانا، کسی کے متعلق غلط بات گھڑنا۔

اِنْفَرَی الشَّیءُ: پھٹنا، چرنا، چاک ہونا

تَفَرَّی الشَّیءُ: پھٹنا، ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ تَفَرَّی عَنہُ ثَوْبُہُ: کپڑا پھٹ کر بدن نظر آنا۔ تَفَرَّی اللَّیْلُ عن صُبْحِہِ: رات گزر کر صبح نمودار ہونا۔

___ العَیْنُ: چشمہ پھوٹ آنا، چشمہ سے پانی جاری ہونا۔

___ الاَرْضُ بِالعُیُونِ: زمین پھٹ کر چشمہ جاری ہونا۔

الاِفْتِرَاءُ: بہتان تراشی، الزام۔

الفِرْیَۃُ: جھوٹ، جھوٹا الزام ج: فِرًی۔

الفَرِیُّ: گھڑی ہوئی بات (۲) حیرت انگیز بات، عجیب بات۔ قرآن پاک میں ہے: "قَالُوا یَا مَرْیَمُ لَقَدْ جِئْتِ شَیْئًا فَرِیًّا" فُلانٌ یَفْرِی الفَرِیَّ: فلاں عجیب وغریب اور عمدہ کام کرتا ہے (۳) بات گھڑنے والا آدمی۔

المُفْتَرِی: بہتان طراز، الزام تراش۔

المُفْتَرَی: من گھڑت، بے بنیاد۔

ف ___ ز

• فَزَرَ الثَّوبَ و نَحْوَہُ ـِ فَزْرًا: پھاڑنا، چاک کرنا (۲) بوسیدہ کردینا

___ الشَّیءَ: شگاف ڈالنا، ٹکڑے کرنا۔

___ الشَّیءَ مِن الشَّیءِ: جدا کرنا، علیحدہ کرنا۔

فَزِرَ ـَ فَزَرًا: پیٹھ یا سینہ پر گانٹھ پیدا ہوجانا۔ ھو اَفْزَرُ و ھی فَزْرَاءُ ج: فُزْرٌ۔

اَفْزَرَ الشَّیءَ: پھاڑنا۔

فَزَّرَ الشَّیءَ: پھاڑنا، پارہ پارہ کرنا۔

اِنْفَزَرَ الثَّوبُ: پھٹنا (۲) پرانا ہونا۔

تَفَزَّرَ: پھٹنا، پارہ پارہ ہونا۔

الفَازِرُ: سیاہ چیونٹی جس میں سرخی بھی ہو۔

الفَازِرَۃُ: ریگستان کا قدرتی راستہ (جو زمین کے شگاف جیسا ہو)۔

الفَزَارَۃُ: چیتے کی مادہ۔

الفِزْرُ: بکری کا بچہ (۲) شیر ببر کا بچہ، چیتے کا بچہ

الفَزْرَاءُ: بھرے ہوئے جسم کی لڑکی۔ (۲) قریب البلوغ لڑکی۔

الفُزْرَۃُ: سینہ یا کمر میں بڑا ابھار ج: فُزَرٌ

الفِزْرَۃُ: مؤنث الفِزْر۔ پھٹن، ریخ، ج: فِزَرٌ و فُزُورٌ۔

المَفْزُورُ: کبڑا، کوز پشت۔

• فَزَّ ـِ فَزًّا: گھبرانا، ڈرنا، بے چین ہونا، تڑپنا (۲) جست لگانا، کودنا۔

___ عن الاَمْرِ: کنارہ کش ہونا، الگ ہوجانا چھوڑنا۔

___ الرَّجُلُ فَزَارَۃً و فُزُوزَۃً: پھرتیلا اور چالاک ہونا۔

___ الجُرْحُ فَزًّا و فَزِیزًا: زخم سے

مواد بہنا۔
فَزَّ فُلَانًا ـُ فَزًّا: گھبرا دینا، ہوش اڑا دینا، پریشان کر دینا۔
اَفَزَّہٗ: فَزَّہٗ۔
تَفَازًّا: باہم مقابلہ کرنا، ایک دوسرے کو ہرانا، غالب آنے کی کوشش کرنا۔
اِسْتَفَزَّہُ الْخَوْفُ: خوف طاری ہو جانا
ـــ فُلَانًا: جوش دلانا (۲) پریشان کرنا، بے چین کرنا (۳) گھر سے نکال دینا (۴) ہلکا اور ذلیل سمجھنا۔
الاِسْتِفْزَازُ: اشتعال انگیزی (۲) تخویف (۳) اضطراب انگیزی۔
الفَزُّ: ہلکا آدمی (۲) بے وزن اور حقیر آدمی (۳) جنگلی گائے کا بچہ ج: اَفْزَازٌ۔
الفَزَّۃُ: اضطرابی حالت کی چھلانگ، گھبراہٹ کی جست۔
• فَزَعَ فُلَانٌ ـَ فَزْعًا: خوف زدہ ہونا، خوفناک چیز سے ڈر کر بھاگنا۔ ھو فَازِعٌ ج: فَزَعَۃٌ۔
ـــ القَوْمَ: مدد کرنا، فریاد رسی کرنا۔
فَزِعَ ـَ فَزَعًا: ڈرنا، سہمنا، گھبرا جانا ھو فَزِعٌ۔
ـــ اِلَیہ: ڈر کر کسی کی پناہ لینا، سہارا لینا۔
ـــ من نَومِہ: بیدار ہونا، گھبرا کر اٹھنا
اَفْزَعَہٗ: ڈرانا، خوف زدہ کرنا (۲) مدد کرنا، فریاد رسی کرنا۔ اَفْزَعَہٗ لَمَّا فَزِعَ: جب وہ گھبرایا تو اس کی مدد کی اور گھبراہٹ دور کی، جب اس نے فریاد کی تو اس کی فریاد رسی۔
ـــ من نَومِہ: جگانا، بیدار کرنا۔
فَزَّعَہٗ: اَفْزَعَہٗ۔
فُزِّعَ عنہ: خوف اور گھبراہٹ دور ہونا۔ قرآن حکیم میں ہے: "حَتّٰی اِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوبِہِمْ"

الفَازِعُ: خوف زدہ ج: فَزَعَۃٌ۔
الفَزَّاعَۃُ: بہت ڈرپوک، جلد گھبرا جانے والا (۲) بہت ڈرانے اور خوف دلانے والا، بجھ کاگ، دھوکا۔
الفَزَعُ: خوف، گھبراہٹ، پریشانی، فریاد رسی پناہ گیری۔ انصار رضی اللہ عنہ کے بارہ میں حدیث نبوی ہے: "اِنَّکُمْ لَتَکْثُرُوْنَ عِنْدَ الفَزَعِ وَ تَقِلُّوْنَ عِنْدَ الطَّمَعِ" مدد طلبی کے وقت (مدد کیلئے) تمہاری تعداد بہت ہوتی ہے اور (اپنے) فائدہ کے وقت (حصول منفعت کے لئے) تم بہت تھوڑے ہوتے ہو (۲) ڈراؤنی چیز ج: اَفْزَاعٌ۔
الفَزِعُ: فریاد رس، مددگار (۲) فریادی طالب مدد (۳) خائف و پریشان۔
الفُزْعَۃُ: خوفناک آدمی جس سے لوگ بہت ڈرتے ہوں۔
الفُزَعَۃُ: بہت ڈرپوک، بزدل۔
المُفَازِعُ: فریادی (۲) فریاد رس۔
المُفَزَّعُ: جس کا خوف دور کر دیا گیا ہو (۲) بزدل، لرزہ براندام۔
المُفْزِعُ: بھیانک، خوفناک۔
المَفْزَعُ: مصیبت کے وقت جس کی پناہ لی جائے (واحد و جمع اور مذکر و مؤنث سب کے لئے)۔
المَفْزَعَۃُ: المَفْزَعُ (۲) ڈراؤنی چیز، بھیانک اور خوفناک چیز یا جگہ۔
فَزْفَزَہٗ: ڈرانا، دھتکارنا۔

ف ـــ س

• فَسَأَ الثَّوبَ ـَ فَسْأً: کپڑے کو کھینچ کر پھاڑنا، پھسکانا۔
ـــ عن الاَمرِ: روکنا۔
فَسِئَ ـَ فَسَأً: ابھرے ہوئے سینے اور دبی ہوئی کمر والا ہونا۔ ھو اَفْسَأُ و ھی فَسْآءُ ج: فُسْءٌ

فَسَّأَ الثَّوبَ تَفْسِئَۃً و تَفْسِیْئًا: پارہ پارہ کرنا، خوب پھاڑنا، پھسکانا۔
تَفَسَّأَ الثَّوبُ: پھٹنا، پارہ پارہ ہونا، پھسکنا (۲) پرانا ہونا۔
المَفْسُوْءُ: سرین پیچھے کو نکال کر چلنے والا۔
• الفُسْتَانُ: فراک، لیڈی گاؤن، عورتوں کا ایک لباس ج: فَسَاتِیْنُ۔
• الفُسْتُقُ: پستہ، پستہ کا درخت۔
الفُسْتُقِیُّ: پستئی رنگ کا۔
• فَسَحَ لَہٗ فی المَجْلِسِ ـَ فَسْحًا: کسی کو بیٹھنے کی جگہ دینا (خود سمٹنا اور دوسرے کے لئے کشادگی کرنا) قرآن حکیم میں ہے: "اِذَا قِیْلَ لَکُمْ تَفَسَّحُوْا فِی المَجَالِسِ فَافْسَحُوْا یَفْسَحِ اللّٰہُ لَکُمْ"
ـــ لَہٗ الاَمِیْرُ فی السَّفَرِ: سفر کی اجازت دینا۔
ـــ الخُرْزَتَیْنِ و نَحْوَھُمَا: دو سوراخوں کے درمیان سلائی میں فاصلہ کرنا، لمبا ٹانکا لگانا۔
ـــ الشَیْءَ: پھیلانا۔ جَمَلٌ مَفْسُوْحُ الضُّلُوْعِ: کشادہ پسلیوں والا اونٹ۔
فَسُحَ المَکَانُ ـُ فَسَاحَۃً: کشادہ ہونا ھو فَسِیْحٌ۔
اَفْسَحَ المَکَانَ: کشادہ کرنا۔
فَسَّحَ المَکَانَ: کشادہ کرنا۔
ـــ لِفُلَانٍ اَنْ یَّفْعَلَ کَذَا: کسی کے لئے کسی کام کی گنجائش پیدا کرنا۔
اِنْفَسَحَ المَکَانُ: کشادہ ہونا۔
ـــ صَدْرُہٗ: اطمینان قلب ہونا، منشرح ہونا۔
ـــ طَرْفُہٗ: نگاہ دوڑنا، دور تک جانا، وسیع النظر ہونا، بلا رکاوٹ نگاہ کا دور تک جانا۔
تَفَاسَحَ القَوْمُ: لوگوں کا کھل کر بیٹھنا، باہم کشادگی پیدا کرنا۔

تَفَسَّحَ المَكانُ: جگہ کا کھلا ہوا اور کشادہ ہونا۔
— فُلانٌ: جگہ میں گنجائش چاہنا، بیٹھنے کے لئے جگہ چاہنا (۲) کام سے چھٹی چاہنا۔
— له فی المَجلِسِ: کسی کے لئے بیٹھنے کی گنجائش نکالنا، جگہ دینا۔ قرآن حکیم میں ہے: "اِذَا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِى الْمَجَالِسِ فَافْسَحُوْا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ"
الفَسْحُ: کشادگی، گنجائش (۲) پاسپورٹ (ملک سے باہر جانے کا اجازت نامہ)
الفُسُحُ: کشادہ، وسیع۔ منزل فُسُحٌ۔
رَجُلٌ فُسُحٌ: وسیع الصدر آدمی۔
الفُسْحَةُ: کشادگی، گنجائش، جگہ (۲) وقفۂ آرام و تفریح، چھٹی ج: فُسَحٌ
الفُسْحَةُ بین ساعاتِ الدرسِ: تعلیمی گھنٹوں کا درمیانی وقفہ
الفُسْحَةُ فی العَرَبَةِ: گاڑی میں گنجائش، جگہ۔
الفُسْحَتانِ: نچلے ہونٹ اور ٹھوڑی کے درمیان والے بالوں کے دائیں بائیں بالوں سے خالی جگہ۔
الفَسِيحُ: کشادہ، وسیع۔
الفَيْسَحَى: قدموں کی کشادگی۔ هو يَمْشي الفَيْسَحَى: وہ کشادہ قدموں سے چلتا ہے لمبے لمبے ڈگ بھرتا ہے۔
• فَسَخَ الرَّجُلُ ـَ فَسْخًا: ناواقف و کمزور ہونا۔
— الرَّأْيَ: کسی معاملہ میں کسی رائے کو بے اثر اور غیر مفید کر دینا۔
— الأشْياءَ: تتر بتر کرنا، الگ الگ کرنا
— الشیءَ: توڑنا، ختم کرنا، بے اثر و بے نتیجہ بنانا۔
— البَيْعَ او العَقْدَ: بیع یا معاہدہ کو ختم کرنا، منسوخ کرنا، کالعدم کرنا۔

فَسَخَ المَفْصِلَ: جوڑ کو (شکستگی کے بغیر) اپنی جگہ سے ہٹا دینا، سرکانا۔
— الثَّوْبَ عن نَفْسِه: اپنے کپڑے اتارنا، اتار پھینکنا۔
فَسِخَ الرَّأْيُ ونَحْوُهُ ـَ فَسَخًا: فاسد اور غیر مفید ہونا۔ هو فَسِخٌ
اَفْسَخَ القُرْآنَ: بھول جانا۔
فَاسَخَهُ البَيْعَ: کسی سے بیع فسخ کرنے کا مطالبہ کرنا یا کسی کے ساتھ بیع یا معاملہ کے فسخ پر متفق ہونا۔
اِنْفَسَخَ الشیءُ: فسخ ہونا، منسوخ ہونا، ختم ہونا، ٹوٹ جانا، الگ ہو جانا، اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔
— المَفْصِلُ: جوڑ کا سرک جانا (ہاتھ وغیرہ اتر جانا)۔
— الخِطْبَةُ: منگنی ٹوٹ جانا۔
تَفَاسَخَ البَيِّعانِ البَيْعَ ونَحْوَهُ: بائع اور مشتری کا فسخ بیع پر متفق ہونا۔
— الأقاويلُ: اقوال کا متضاد ہونا۔
تَفَسَّخَ الشیءُ: اِنْفَسَخَ (۲) ٹکڑے ٹکڑے ہونا، عناصر ترکیبی کا الگ الگ ہو جانا۔
— الشَّعْرُ عن الجِلْدِ: بال اڑ جانا
— اللَّحْمُ عن العَظْمِ: ہڈی کے اوپر سے گوشت اتر جانا، الگ ہو جانا۔
— المادَّةُ العُضْوِيَّةُ: جراثیم کی وجہ سے جسمانی جوڑ کا گل جانا، ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔
— الفَأْرَةُ فی الماءِ: چوہیا کا پانی میں گر کر ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا، گل جانا، مذکورہ چاروں احوال: بال جھڑنا، عضو الگ ہونا، ہڈی سے گوشت الگ ہونا، پانی میں گر کر ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا مردے کے ساتھ خاص ہیں
— الفَصِيلُ تَحْتَ الحِمْلِ الثَّقِيلِ: اونٹ کے بچہ کا وزن کے نیچے دب جانا، اسے اٹھا نہ پانا۔

الفاسِخُ: منسوخ و کالعدم کرنے والا، (۲) ٹکڑے ٹکڑے کرنے والا۔
الفَسْخُ: کمزور و پست ہمت جو مشکلات کا مقابلہ نہ کر سکے یا اپنے مقصد کا حصول نہ کر سکے (۲) عقلی و بدنی کمزوری، (۳) منسوخی، کالعدمی۔
الفَسِيخُ: فسخ شدہ، کالعدم قرار دیا ہوا (۲) نمک لگائی ہوئی ایک قسم کی مچھلی جسے گلنے کے لئے کچھ عرصہ رکھ دیا جاتا ہے۔
المَفْسُوخُ: الفسيخ
• فَسَدَ اللَّحْمُ او اللَّبَنُ اونحوهما ـُ فَسادًا: خراب ہونا، بگڑنا سڑنا، ناقابل استعمال ہونا (خلاف صلح)۔
— العَقْدُ ونَحْوُهُ: معاہدہ وغیرہ کالعدم ہو جانا، باطل ہونا۔
— الرَّجُلُ: آدمی کا بگڑ جانا، حدود عقل و حکمت سے تجاوز کر جانا۔
— الأمورُ: معاملات بگڑ جانا، افراتفری پیدا ہونا، نظام میں خلل پڑنا۔ قرآن حکیم میں ہے: "لَوْ كَانَ فِيْهِمَا اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا" اگر ان (زمین و آسمان) میں متعدد خدا ہوتے تو ان کا نظام بگڑ جاتا۔ هو فاسِدٌ و فَسِيدٌ ج: فَسْدَى۔
اَفْسَدَ الرَّجُلُ: آدمی کا بگڑنا، خراب ہونا حدود عقل و حکمت سے باہر ہو جانا۔
— الشیءَ: بگاڑنا، خراب کرنا (۲) بے نفع اور بے نتیجہ بنانا، ناکام بنانا، باطل کرنا، صحیح بنیاد سے ہٹا دینا، غلط کرنا۔
— فی الأرضِ: زمین میں خرابی اور بگاڑ پھیلانا، فساد مچانا۔
فَاسَدَ الرَّجُلُ رَهْطَهُ: اپنے لوگوں سے بدسلوکی کرنا اور ان کا آمادۂ پیکار ہونا۔
فَسَّدَهُ: مبالغہ در فَسَدَ۔ بالکل بگاڑ دینا۔

بہت خراب کرنا، بالکل ختم کر ڈالنا، بالکلیہ زائل کرنا۔
تَفَاسَدَ الْقَوْمُ: باہم قطع تعلق کرنا، ایک دوسرے کے خلاف ہونا۔
اِسْتَفْسَدَ الشَّیْئَ: بگاڑنے کی کوشش کرنا۔
ـــ الزَّرْعَ: کھیتی کو خراب کرنے والا عمل کرنا۔
ـــ الْاَمْرَ: خراب پانا یا خراب سمجھنا۔
ـــ الرَّجُلُ رَھْطَہٗ: اپنے لوگوں سے بدسلوکی کرنا اور ان کا آمادہ پیکار ہونا۔
اَلْاِفْسَادُ: فساد انگیزی، خلل اندازی، ابطال۔
اَلْفَاسِدُ: خراب، بگڑا ہوا، سڑا ہوا، بے اثر، بے نتیجہ (۲) باطل، غیر صحیح، غیر صالح (۳) بدرپا، بداطوار۔
اَلْفَسَادُ: بگاڑ، خرابی، تعفن (۲) کرپشن، ابتری، گڑبڑی (۳) قحط و خشک سالی۔ قرآن پاک میں ہے: "ظَھَرَ الْفَسَادُ فِی الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ بِمَا کَسَبَتْ اَیْدِی النَّاسِ" (۴) ضرر رسانی قرآن پاک میں ہے: "وَ یَسْعَوْنَ فِی الْاَرْضِ فَسَادًا" (۵) بداخلاقی بداطواری۔
اَلْمُفْسِدُ: فساد انگیز (۲) بداطوار (۳) باطل اور مخرب۔
اَلْمَفْسَدَۃُ: خرابی، نقصان (۲) سبب خرابی باعث فساد ج: مَفَاسِد۔ ھٰذَا الْاَمْرُ مَفْسَدَۃٌ لِکَذَا: یہ چیز فلاں بات کے لئے نقصان کا باعث ہے
• فَسَرَ الشَّیْئَ ـِـ فَسْرًا: ظاہر کرنا، واضح کرنا، کھول کر بیان کرنا۔
ـــ الطَّبِیْبُ: پیشاب ٹیسٹ کرنا پیشاب کی جانچ سے بیماری کا پتہ چلانا۔
فَسَّرَ الشَّیْئَ: اچھی طرح ظاہر کرنا، کھول کر بیان کرنا، مراد بتانا۔
فَسَّرَ آیات القرآن الحکیم: آیات قرآن کے احکام و مطالب اور اسرار و حکم بیان کرنا، لفظی اور معنوی تحقیق کرنا مراد باری تعالیٰ بیان کرنا۔
ـــ الشَّیْئَ بِکَذَا: کسی چیز کے خاص معنی لینا۔
اِسْتَفْسَرَہٗ عن کذا و اِسْتَفْسَرَہٗ کذا: کسی سے کسی چیز کی وضاحت کرانا، وضاحت چاہنا۔
اَلتَّفْسِرَۃُ: شرح و وضاحت (۲) قارورہ رپیشاب کی اتنی مقدار جسے ڈاکٹر ٹیسٹ کرتا ہے)۔
اَلتَّفْسِیْرُ: شرح و وضاحت تفسیر قرآن جس میں قرآن حکیم کے احکام و مطالب اسرار و حکم اور عقائد و تعلیمات کا بیان مقصود ہو (۲) تاویل مراد۔
حَرْفُ التَّفْسِیْرِ: اَیْ اور اَنْ۔ اَیْ سے مبہم شے کی تفسیر کی جاتی ہے جیسے: ھٰذا عَسْجَدٌ اَیْ ذَھَبٌ اور اَنْ سے قول کی مراد بیان کی جاتی ہے جیسے: نَادَیْتُکَ اَنِ افْعَلْ کَذَا: اَنِ افْعَلْ نَادَیْتُکَ کی تفسیر و وضاحت ہے یعنی میری ندا اور پکار کا مقصد اس کام کے کرنے کا حکم دینا تھا۔
اَلْمُفَسِّرُ: قرآن کریم کے علوم، اسرار و حکم اور احکام و مطالب جاننے اور بیان کرنے کا ماہر۔
• اَلْفُسْطَاطُ: اون کا بنا ہوا خیمہ، ڈیرہ، تمبو، ٹینٹ (۲) مصر کا قدیم شہر فسطاط جسے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے اپنے خیمہ کی جگہ تعمیر کرایا تھا (۳) لوگوں کا گروہ، جماعت ج: فَسَاطِیْطُ۔
اَلْفَسِیْطُ: ناخن کا تراشہ (۲) کھجور وغیرہ کی پینڈی میں چپکی ہوئی چیز۔
• فَسْفَسَ فُلَانٌ: بہت بے وقوف ہونا۔
فَسَافِسُ: ایک بدبودار کیڑا۔
اَلْفَسْفَاسُ: بہت بے وقوف (۲) کند تلوار (۳) نالیوں میں اگنے والی ایک گھاس
اَلْفِسْفِسُ: رنگ برنگ پتھر وغیرہ کے نقش لگا والا گھر۔
اَلْفُسَیْفِسَاءُ: پچی کاری، سنگ مرمر یا مختلف رنگ کے پتھر کے ٹکڑوں کو جوڑ کر دیوار یا فرش کی تزئین کاری، موزیک۔
• فَسَقَ کلُّ ذی قِشْرٍ ـُـ فِسْقًا و فُسُوْقًا: ہر چھلکے والی چیز کا چھلکے سے باہر نکلنا۔ فَسَقَتِ الرُّطَبَۃُ عن قِشْرِھا والفَارۃ عن جُحْرِھا: پکی ہوئی کھجور کا چھلکے سے اور چوہیا کا بل سے باہر ہونا۔
ـــ فُلَانٌ: نافرمان ہونا، حدود شریعت سے تجاوز کرنا، خیر و صلاح کے راستہ سے ہٹ جانا۔
ـــ عن اَمْرِ رَبِّہٖ: اپنے رب کا نافرمان ہونا، اطاعت خداوندی سے باہر ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَسَجَدُوْا اِلَّا اِبْلِیْسَ کَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّہٖ۔ ھو فَاسِقٌ ج: فَسَقَۃٌ و فُسَّاقٌ و فاسِقُوْنَ وھی فَاسِقَۃٌ ج: فَاسِقَاتٌ و فَوَاسِقُ۔
فَسَّقَہٗ: فاسق قرار دینا۔
اِنْفَسَقَتِ الرُّطَبَۃُ: باہر نکلنا۔
اَلْفَاسِقُ: نافرمان، بدکار، راہ حق سے دور
اَلْفَاسُوْقُ: کیڑا مکوڑا۔
اَلْفَاسِقِیَّۃُ: ٹیڑھی ازرم، پگڑی باندھنے کا ایک طریقہ۔
فَسَاقِ: یا فَسَاقِ کہہ کر عورت کو پکارنا بمعنی یا فاسِقَۃُ (یہ صرف بوقت ندا کہا جاتا ہے)
اَلْفَسَّاقُ: پہلے درجہ کا بدکار، بڑا نافرمان
اَلْفِسِّیْقُ: بڑا فاسق و بدکار۔

الفِسْقُ : نافرمانی۔
الفِسِّيْقُ : بڑا نافرمان۔
الفُسُوْقُ : نافرمانی، راہِ حق سے انحراف
الفِسْقِيَّةُ : فوارہ، عام طور پر مدور حوض میں لگا ہوا فوارہ ج: فَسَاقِيُّ (د)
• فَسْكَلَ الفَرَسُ : دوڑ میں گھوڑے کا پیچھے رہنا۔
___ الرَّجُلُ : اخیر میں تابع بن کر آنا (۲) حقیر و ذلیل ہونا، پچھلگو ہونا۔
الفُسْكُوْلُ : گھڑ دوڑ کے میدان میں پیچھے رہ جانے والا گھوڑا ج: فَسَاكِيْلُ۔
• فَسَلَ الفَسِيْلَ ـ فَسْلاً : پود لگانا پودے کو ایک جگہ سے اکھاڑ کر یا جڑ سے کاٹ کر دوسری جگہ لگانا، روپنا۔
فَسُلَ الرَّجُلُ ـ فَسَالَةً و فُسُوْلَةً : حقیر ہونا، بزدل ہونا۔
اَفْسَلَ الفَسِيْلَةَ : پودے کو جڑ سے اکھاڑنا یا زمین سے نکال کر دوسری جگہ گاڑنا، لگانا۔
فَسَّلَ الشَّيْءَ : گھٹیا یا کھوٹا بنانا یا قرار دینا
___ الرَّجُلَ : سست بنانا، چستی ختم کرنا۔
اِفْتَسَلَ النَّبَاتَ : ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ روپنا
الفَسَالَةُ : کمزوری (۲) رائے کی خرابی (۳) انگور کی بیل کو مرجھا دینے والی بیماری۔
الفُسَالَةُ من الحَدِيْدِ وغَيْرِه : لوہے کا برادہ (جو کوٹتے پیٹتے وقت گرتا ہے)۔
الفَسْلُ : انگور کی شاخیں جن کو دوسری جگہ لگانے کے لئے اکھاڑا جائے، انگور کی پود یا قلم (۲) ہر ردی اور گھٹیا چیز ج: أَفْسُلٌ و فُسُوْلٌ۔ رَجُلٌ فَسْلٌ : بے مروت آدمی۔ دِرْهَمٌ فَسْلٌ : کھوٹا درہم۔
الفُسُوْلَةُ : بے مروتی، ضعف رائے (۲) نشو و نما روکنے والی بیماری۔

الفَسِيْلَةُ : چھوٹا کھجور کا پودا جو جڑ سے کاٹ کر یا زمین سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگایا جائے، کھجور کی قلم یا پود ج: فَسِيْلٌ و فَسَائِلُ۔
• فَسَا ـ فَسْوًا و فُسَاءً : بلا آواز ریح خارج کرنا، پھسکی چھوڑنا۔
تَفَاسَى : اخراج ریح کے لئے سرین اٹھانا۔
الفُسَاءُ : بلا آواز گوز، پھسکی۔
الفَسْوَةُ : ایک دفعہ کا اخراج ریح۔
المَفْسَى : ریح نکالنے کی جگہ، دبر۔
الفَاسِيَاءُ : گبریلا۔

ف ـــــ ش

• فَشَجَ ـ فَشْجًا : پیشاب وغیرہ کرنے کے لئے دونوں ٹانگیں چوڑی کرنا۔
فَشَّجَ : ٹانگوں کو خوب چوڑا کرنا۔
تَفَشَّجَ : فَشَجَ۔
• فَشَخَ فُلَانًا ـ فَشْخًا : طمانچہ مارنا
___ الصِّبْيَانُ فِي لَعِبِهِمْ : بچوں کا کھیل میں جھوٹ بولنا اور آپس میں مار دھاڑ کرنا۔
فَشَّخَ الرَّجُلُ : جوڑوں کو ڈھیلا چھوڑنا (۲) تھک کر چور ہونا۔
تَفَشَّخَ : جوڑ ڈھیلے ہونا۔
• فَشَرَ ـ فَشْرًا : شیخی بگھارنا، گپ کرنا
الفُشَارُ : شیخی، گپ۔
• فَشَّ ـ فَشًّا : آہستہ پھونک مارنا (۲) جی متلانا۔
___ الوَرَمُ : سوجن کم ہونا، اترنا۔
___ القِرْبَةَ و نَحْوَهَا : مشکیزے وغیرہ کو کھول کر اندر کی ہوا نکال دینا۔ غضبناک آدمی کے بارہ میں کہا جاتا ہے : لَأَفُشَّنَّكَ فَشَّ الوَطْبِ : میں تمہارا غصہ اس طرح نکال ڈالونگا جس طرح مشکیزہ سے ہوا نکال دیجاتی ہے

فَشَّ غَلِيْلَهُ : غصہ کم کرنا۔
___ الضَّرْعَ : تھن کا سارا دودھ نکال لینا
___ القُفْلَ : تالا بغیر چابی کھولنا۔
اَفَشَّ القَوْمُ : تیزی سے نکلنا۔
اِنْفَشَّتِ القِرْبَةُ و نَحْوُهَا : مشکیزہ وغیرہ کے اندر کی ہوا نکل جانا۔
___ اللَّبَنُ : دودھ کا برتن سے بہنا۔
___ الرِّيْحُ : مشکیزہ وغیرہ سے ہوا نکلنا۔
___ الجُرْحُ : زخم کا ورم اتر جانا۔
___ عِلَّةُ فُلَانٍ : بیماری دور ہو جانا۔
___ فُلَانٌ عَنِ الأَمْرِ : کام میں کوتاہی کرنا، سستی برتنا، چھوڑ دینا۔
___ الأَنْفُ : ناک کے بانسے کا نیچا اور کنارہ کا اٹھا ہوا ہونا۔
الفَاشُوْشُ : کمزور رائے والا۔
الفَشُّ : بے وقوف (۲) معمولی بناوٹ کا لباس یا چادر (۳) جوہڑ جہاں بارش وغیرہ کا پانی اکٹھا ہوتا ہے ج: فِشَاشٌ۔
الفَشَّاشُ : بغیر چابی مقفل چیزوں کو کھولنے کا ماہر (۲) جیب کترا۔
الفِشَّةُ : پھیپھڑا۔
الفَشُوْشُ : بے کار چیز (۲) وہ اونٹنی جس کا دودھ بغیر دوہے نکلتا رہتا ہو (۳) وہ دودھ کا مشکیزہ جس سے دودھ بہتا ہو
الفَشِيْشُ : مشکیزے وغیرہ سے ہوا نکلنے کی آواز۔
فَشِيْشُ الأَفْعَى : خشک زمین پر چلتے وقت سانپ کی کھال کی آواز۔
• فَشَطَ ـ فَشْطًا : شیخی بگھارنا۔
الفَشَّاطُ : بڑا گپ باز۔
• فَشَعَتِ الذُّرَةُ ـ فَشْعًا : مکئی کا اوپر سے خشک ہو جانا۔
• فَشَغَ الشَّيْءُ ـ فَشْغًا : پھیلنا۔
___ الشَّيْءَ : اوپر ہونا، ڈھانکنا۔
___ بِالسَّوْطِ : کسی کو کوڑا مارنا۔

فَشِغَتِ الثَّنِيَّةُ ـَ فَشَغًا: آگے کے دانتوں کا ابھرا ہوا ہونا ۔
ـــ الرَّجُلُ: آگے کے الگ الگ دانتوں والا ہونا ۔ هو اَفْشَغُ و هي فَشْغَاءُ
فَاشَغَ فُلَانًا بالأمرِ: کسی سے بوقت ملاقات کسی کام میں جلدی کروانا ۔
فَشَّغَهُ: اچھی طرح ڈھانکنا، بالکل گھیر لینا (۲) طاقت سے کوڑا مارنا ۔
ـــ النَّوْمُ فُلَانًا: نیند کا کسی کو مغلوب کرنا
اِنْفَشَغَ الشيءُ: بہت ہونا، پھیلنا ۔
تَفَشَّغَ: پھیلنا، ہر طرف پھیلنا ۔ تَفَشَّغَتِ الغُرَّةُ: پیشانی کے سفید بالوں کا پھیل کر آنکھوں کو گھیر لینا ۔
ـــ الشَّيْبُ فُلَانًا و تَفَشَّغَ الشَّيْبُ فيه: بڑھاپا پھیلنا، ظاہر ہونا ۔
ـــ الوَلَدُ: اولاد زیادہ ہونا، پھیلنا ۔
ـــ فُلَانٌ بُيُوتَ الحَيِّ: محلہ کے گھروں کے درمیان اس طرح غائب ہونا کہ دکھائی نہ دے ۔
ـــ الدَّيْنُ فُلَانًا: کسی پر قرض کا بوجھ ہونا
ـــ الرَّجُلُ: موٹا کھردرا کپڑا پہننا ۔
الأَفْشَغُ: دائیں بائیں مڑے ہوئے سینگوں والا مینڈھا ۔
الفُشَاغُ: مشک کا پیوند (چمڑے کا وہ ٹکڑا جس سے مشک جوڑی جائے) (۲) چوب چینی یا ایک جنگلی بیل جس کا تنا خاردار ہوتا ہے ۔ اور یہ گرم اور معتدل علاقوں میں پائی جاتی ہے ۔
الفِشَاغُ: کاہلی، سستی (۲) زمانہ جاہلیت کے عقد کا ایک طریقہ ۔ یہ کہ دو شخص آپس میں یہ طے کرتے تھے کہ ہر ایک دوسرے کی بیٹی یا بہن سے شادی کرے گا اور یہ تبادلہ مہر کے قائم مقام ہوگا ۔
الفُشَّاغُ: چوب چینی ۔
الفَشْغَةُ: نرکل کا گودا جو روئی جیسا ہوتا ہے

المِفْشَغُ: گھوڑے کو روکنے والا (۲) ساتھی سے بدسلوکی کرنے والا ۔
المُفْشِغُ: بے فیض، بے نفع ۔
• فَشْفَشَ: کمزور رائے والا ہونا ۔
ـــ في قوله: حد سے زائد جھوٹ بولنا (۲) غیر کی چیز کو اپنی طرف منسوب کرنا ۔
الفَشْفَاشُ: کمزور بنا ہوا باریک سوت کا کپڑا ۔ سَيْفٌ فَشْفَاشٌ: کمزور بنی ہوئی تلوار (۲) بے بنیاد فخر کرنے والا، شیخی بگھارنے والا (۳) ایک قسم کی گھاس ۔
• فَشَقَ الشيءَ ـِ فَشْقًا: توڑنا ۔
فَشِقَ ـَ فَشَقًا: دوڑنا (۲) دو پسندیدہ چیزوں میں سے کسی ایک کے انتخاب میں پس وپیش سے دونوں کا ہاتھ سے نکل جانا ۔ هو فَشِقٌ ۔
ـــ الظَّبْيُ و نَحْوُهُ: ہرن وغیرہ کا دونوں سینگوں کے درمیان فاصلہ والا ہونا هو اَفْشَقُ و هي فَشْقَاءُ ج: فُشْقٌ ۔
فَاشَقَهُ: کسی کے پاس اچانک آنا ۔
تَفَشَّقَ الرَّجُلُ: کپڑے کو دائیں بغل کے نیچے سے نکال کر بائیں مونڈھے پر ڈالنا ۔
• الفَشَكَّةُ: کارتوس ج: فَشَكَات و فَشَك (یہ لفظ دخیل ہے) ۔ بَيْتُ الفَشَكِ: کارتوس بکس ۔
• فَشَلَ لِحْيَتَهُ ـُ فَشْلًا: ڈاڑھی کو ہاتھ سے بکھیرنا، بال ادھر ادھر کرنا
فَشِلَ ـَ فَشَلًا: ڈھیلا اور سست پڑنا، پیچھے رہ جانا، بزدلی دکھانا، بزدل ہونا ۔ قرآن پاک میں ہے: "لَا تَنَازَعُوا فَتَفْشَلُوا وَتَذْهَبَ رِيحُكُمْ" ۔ کہتے ہیں: دُعِيَ إِلَى القِتَالِ فَفَشِلَ: اسے لڑائی کیلئے بلایا گیا تو پیچھے رہ گیا یا اس نے بزدلی دکھائی ۔
فَشِلَ عَنِ الأمرِ: کسی بات میں ہمت ہارنا، ارادہ کرکے پیچھے ہٹ جانا ۔
ـــ في عَمَلِهِ: ناکام ہونا ۔ هو فَشِلٌ و فَشْلٌ ج: اَفْشَالٌ ۔
ـــ في الامتحانِ: فیل ہونا ۔
ـــ في المعركةِ: لڑائی میں ہارنا ۔
ـــ الخُطَّةُ: منصوبہ فیل ہونا ۔
تَفَشَّلَ الماءُ: پانی بہنا ۔
ـــ الرَّجُلُ: پرائے لوگوں میں منتخب عورت سے اس لئے شادی کرنا کہ اولاد دبلی نہ ہو ۔
اَفْشَلَهُ: فیل کرنا، ناکام بنانا (۲) کمزور و بزدل بنانا ۔
الفِشْلُ: پالکی کا پردہ (۲) پالکی میں بچھا ہوا کپڑا ج: فُشُولٌ ۔
الفَشْلُ و الفَشِلُ: ناکام، نامراد (۲) بزدل، کم ہمت، ہمت ہار جانے والا، ج: اَفْشَالٌ ۔
الفَيْشَلَةُ: حشفہ (عضو تناسل کا اگلا حصہ) (۲) ہر گول اور چکنی چیز کا سرا، نوک ج: فَيَاشِلُ ۔
• فَشَا ـُ فَشْوًا و فُشُوًّا: ظاہر ہونا، پھیلنا، عام ہونا ۔
ـــ عليه أُمُورُهُ: معاملات کا بے قابو ہونا، کسی ایک کو گرفت میں نہ لے سکنا ۔
ـــ الأَنْعَامُ: جانوروں کی کثرت ہونا ۔
اَفْشَاهُ: پھیلانا، شائع کرنا، عام کرنا ۔
ـــ السِّرَّ: راز کھولنا، بھانڈا پھوڑنا ۔
ـــ اللهُ رِزْقَ فُلَانٍ: اللہ کی جانب سے کسی کو اتنا زیادہ مال و دولت دیا جانا کہ وہ اس میں مشغول ہو کر آخرت کو بھلا بیٹھے ۔
تَفَشَّى الشيءُ: پھیلنا، وسیع ہونا ۔

تَفَشَّى الخَبَرُ: خبر پھیلنا۔
— المَرَضُ القَوْمَ وبِهِم: بیماری پھیلنا۔
— القَرْحَةُ: ناسور یا نسر کا پھیل جانا
التَّفَشِّي: (علم القراءت میں) حرف کی ادائیگی کے وقت منہ میں ہوا پھیلنا، اس کا حرف ایک حرف ہے یعنی شین۔
الفَاشِي: عام، پھیلا ہوا (۲) ظاہر و منکشف کھلا ہوا (راز وغیرہ)
الفَاشِيَة: اول شب کی نیند جس کے بعد بیداری کا ارادہ ہو۔
الفَاشِيُّ: فاشی ازم کا ماننے والا، فاشسٹ
الفَاشِيَّة: فسطائیت، ایسا نظام حکومت جس کا سربراہ کوئی آمر مطلق ہو جس کی خصوصیت معاشی و معاشرتی طبقہ بندی ہو، جارحانہ قومی پالیسیاں نسل پرستی کے زیر اثر ترتیب دی جائیں۔
الفَشَاءُ: مال میں اضافہ اور کثرت (۲) مال۔
الفَشْوَةُ: عورت کا عطردان۔
المُتَفَشِّي: پھیلا ہوا، عام، ظاہر و باہر۔

ف ـــــ ص

• فَصَحَهُ الصُّبْحُ ـَ فَصْحًا: کسی پر صبح کی روشنی غالب ہونا۔
فَصُحَ اللَّبَنُ ـُ فَصْحًا و فَصَاحَةً: دودھ کا خالص اور بغیر جھاگ کے ہونا۔
— الرَّجُلُ: سلاست و شستگی کے ساتھ بولنا، خوش بیان اور شگفتہ کلام ہونا، فصیح ہونا۔ فَصُحَ الأَعْجَمِيُّ: غیر عرب کا فصیح عربی زبان بولنا، غلطی نہ کرنا۔ هو فَصِحٌ ج: فِصَاحٌ - وهو فَصِيحٌ - ج: فُصَحَاءُ، هي فَصِيحَةٌ ج: فَصَائِحُ
أَفْصَحَ الصُّبْحُ: صبح ہو جانا، صبح کی روشنی نمودار ہونا۔
— الأَمْرُ: واضح اور صاف ہونا۔

أَفْصَحَ النَّهَارُ: دن کا بادل اور ٹھنڈک سے خالی ہونا۔
— عن مُرَادِهِ: اپنی مراد بتانا، اپنا مقصد ظاہر کرنا۔
— الرَّجُلُ: شگفتہ بیان ہونا، صاف گو ہونا، صاف بات کہنا، فصیح کلام کرنا۔
— النَّصَارَى: نصرانیوں کی عید فصح آجانا
فَصَّحَ: مبالغہ در فَصُحَ: بہت فصیح ہونا، بہت کھول کر بیان کرنا، بہت فصاحت سے بولنا۔
تَفَاصَحَ فِي كَلَامِهِ: اپنے کلام میں فصاحت لانے کی کوشش کرنا، فصیح بننا (یعنی مظاہرۂ فصاحت کرنا)۔
تَفَصَّحَ الرَّجُلُ: فصاحت بڑھ جانا۔
— في كلامه: بتکلف فصاحت کا اظہار کرنا، فصیح بننے کی کوشش کرنا۔
الفَصَاحَةُ: سلاست، روانی کلام، خوش بیانی، کلام کے الفاظ کا ابہام و اجنبیت اور ترکیب کی خرابی سے محفوظ ہونا۔
الفِصْحُ: وہ دن جس میں نہ گھٹا ہو اور نہ سردی (۲) یہودیوں کی مصر سے نکلنے کی یادگار، عیسائیوں کے یہاں ان کے عقیدے کے مطابق مسیح علیہ السلام کے موت سے اٹھنے کی یادگار کا جشن یہ عید کبیر سے مشہور ہے، ایسٹر۔
الفَصِيحُ: رَجُلٌ فَصِيحٌ: صاف و شستہ کلام کرنے والا، فصیح الکلام خوش گفتار کلام میں اچھے برے کی تمیز کرنے والا۔ كَلَامٌ فَصِيحٌ: رواں اور سلیس گفتگو خوش گفتاری، شستہ بیانی، واضح اور صاف کلام۔ لِسَانٌ فَصِيحٌ: صاف و شستہ زبان، شیریں اور عمدہ زبان۔ لَبَنٌ فَصِيحٌ: بے جھاگ خالص دودھ۔

المُفْصِحُ: کھلا دن (جس میں بادل نہ ہو)۔
• فَصَخَ عن العَمَلِ ـَ فَصْخًا: کام میں لاپرواہی برتنا۔
— الخَشَبَ وغَيْرَهُ: اکھیڑنا۔
الفَصِيخُ: کمزور رائے والا۔
• فَصَدَ العِرْقَ ـِ فَصْدًا و فِصَادًا: رگ کھولنا۔
— المَرِيضَ: فصد لگانا یعنی اس کی رگ کو کھول کر فاسد خون نکالنا۔
— النَّاقَةَ: اونٹنی کی رگیں کھول کر خون نکالنا (پینے کے لئے زمانہ قحط میں خون نکالتے تھے) مقولہ ہے: لم يُحْرَمِ القِرَى مَن فُصِدَ لَهُ: جس کیلئے رگ کھولی گئی وہ ضیافت سے محروم نہیں رہا یعنی اسے کچھ نہ کچھ تو مل ہی گیا۔
— لَهُ عَطَاءً: عطیہ دینا۔
أَفْصَدَتِ الشَّجَرَةُ: درخت میں کونپلیں نکلنا۔
فَصَّدَ: مبالغہ در فَصَدَ۔
— السَّيْلُ الأَرْضَ: سیلاب کا زمین میں گڑھے ڈالنا، شگاف ڈالنا۔
— الشَّيْءَ: تھوڑے پانی سے تر کرنا، تھوڑے پانی میں کسی چیز کو بھگونا۔
افْتَصَدَ: فَصَدَ۔
انْفَصَدَ الدَّمُ ونَحْوُهُ: بہنا۔
تَفَصَّدَ الدَّمُ: خون بہنا۔
— الجَبِينُ عَرَقًا: پیشانی سے پسینہ بہنا۔ کہتے ہیں: جاءَ يَتَفَصَّدُ جَبِينُهُ عَرَقًا۔
الفَاصِدُ: فصد لگانے والا۔
الفَاصِدَانِ: چہرے پر آنسو بہنے کی جگہ۔
ابو فَصَادَة: مولا (کبڑے کھانے والا ایک چھوٹا پرندہ)۔
الفَصْدُ: رگ کھول کر فاسد خون نکالنے کا عمل۔

الفُصْدَةُ و الفَصِيْدَةُ: خون میں ملی ہوئی کھجوریں۔
الفِصَادَة: خون کا بہاؤ۔
الفَصَّادُ: فصد لگانے والا۔
الفَصِيْدُ: فصد لگایا ہوا (۲) آنت اور خون ملاکر بھونا ہوا۔
المِفْصَدُ: فصد لگانے کا آلہ، نشتر۔
• فَصَّ الجُرْحُ ــ فَصِيصًا: زخم کا کچھ مواد نکلنا۔
ـــ العَرَقُ: پسینہ ٹپکنا۔
ـــ الجُنْدُبُ فَصًّا و فَصِيصًا: ٹڈے کا آواز نکالنا۔
ـــ الشیءَ: الگ کرنا، کھینچ کر نکالنا۔
اَفَصَّ الیه من حقِّه شیئًا: کسی کو اس کے حق کا کچھ حصہ دینا۔
فَصَّصَهُ: مبالغہ در فَصَّهُ۔
ـــ الخَاتَمَ: انگوٹھی میں نگینہ لگانا۔
اِفْتَصَّ الشیءَ: الگ کرنا، دوسری چیز میں سے نکالنا، اکھاڑ کر الگ کرنا۔
انْفَصَّ منه: الگ ہو جانا۔
اسْتَفَصَّ: نکالنا۔ ما اسْتَفَصَّ منه شیئًا: وہ اس سے کوئی چیز حاصل نہ کر سکا۔
الفَصُّ: ہر دو ہڈیوں کا جوڑ (۲) انگوٹھی وغیرہ کا نگینہ (۳) لیموں کی قاش، لہسن کی گانٹھ کا جوا (۴) آنکھ کی پتلی (۵) کسی معاملہ کی اصل اور حقیقت (۶) سیال چیز کا بلبلہ (۷) پہیئے کا دھرا
ج: فُصُــــوصٌ و اَفُصٌّ۔ مقولہ ہے: فُلانٌ حَزَّازُ الفُصُوص: فلاں آدمی صائب الرائے اور با بصیرت ہے
الفَصَّاصُ: نگینہ ساز، نگینہ جڑنے یا بیچنے والا۔
الفَصِيصُ: چکنی گٹھلی۔
المُفَصَّصُ: نگینہ لگی ہوئی (انگوٹھی وغیرہ)۔
• فَصَعَ الرُّطَبَةَ و نَحْوَهَا ــ فَصْعًا: تر کھجور کو دو انگلیوں سے مل کر چھلکا اتارنا

فَصَعَ الصَّبِيُّ قُلْفَتَهُ: بچہ کا حشفہ (عضو تناسل کے اگلے حصہ) سے کھال ہٹانا۔
ـــ العِمَامَةَ عن رأسِه: پگڑی اتارنا سرکانا، سر کو کھولنا۔
ـــ الشَّیءَ عن الشَّیءِ: نکالنا، اکھاڑنا
ـــ له بشیءٍ: عطا کرنا۔
فَصَعَ الرَّجُلُ: آدمی کا بودار ہونا۔
ـــ له بمالٍ: مال دینا۔
ـــ الشَّیءَ من غَیْرِه: نکالنا۔
اِفْتَصَعَ الغُلامُ: لڑکے کا عضو مخصوص کی کھال ہٹا کر حشفہ کھولنا۔
ـــ حَقَّهُ: بزور اپنا سارا حق وصول کرنا
انْفَصَعَ الشَّیءُ: سرکنا، ہٹنا۔
ـــ الشَّیءُ من غَیْرِه: نکلنا۔
تَفَصَّعَ: مطاوع فَصَّعَ۔
الاَفْصَعُ: وہ لڑکا جس کے حشفہ کی کھال ہٹی ہوئی اور حشفہ کھلا ہوا ہو۔
الفُصْعَانُ: گرمی کی وجہ سے سر کھولنے والا۔
الفُصْعَةُ: ختنہ سے پہلے بچہ کے حشفہ کی نرم کھال جو اوپر چڑھی ہوئی ہو۔
• فَصْفَصَ فُلانٌ: یقینی خبر لانا۔
ـــ دابَّتَهُ: چوپائے کو برسیم حجازی نام کی گھاس کھلانا۔
تَفَصْفَصُوا عنه: لوگوں کا جدا ہو جانا، کسی کے پاس سے ہٹ جانا۔
الفُصَافِصُ: طاقتور آدمی۔
الفِصْفِصُ (مصر میں) الفِصَّةُ (ملک شام میں) طویل العمر ایک گھاس جسے برسیم حجازی کہا جاتا ہے۔
الفِصْفِصَةُ: الفِصْفِصُ ج: فَصَافِصُ
• فَصَلَ الكَرْمُ ــ فُصُولًا: انگور کی بیل میں دانہ پڑنا۔
ـــ القَوْمُ عن البَلَدِ: شہر سے نکلنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فلمّا فَصَلَ طَالُوتُ

بالجُنُوْدِ"۔
فَصَلَ بین الشَّیْئَیْنِ ــ فَصْلًا و فُصُولًا: دو چیزوں کو الگ الگ کرنا۔
ـــ الحاكِمُ بین الخَصْمَیْنِ: مقدمہ کے دو فریقوں کے درمیان قاضی کا فیصلہ کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "اِنَّ اللّٰهَ یَفْصِلُ بَیْنَهُمْ یَوْمَ القِیَامَةِ"
ـــ الشَّیءَ عن غَیْرِه: الگ کرنا، جدا کرنا
ـــ الشیءَ: کاٹنا۔
ـــ الخَطِیْبُ و نحوہ القَوْلَ: مقرر وغیرہ کا دو ٹوک بات بیان کرنا، باوزن کلام کرنا۔
ـــ المولودَ عن الرَّضاعِ فَصْلًا: بچہ کا دودھ چھڑانا۔
ـــ الفَصِیْلَ عن اُمِّه: دودھ چھڑائے ہوئے بچہ کو ماں سے الگ کرنا، دور کرنا۔
ـــ اسمَ التِّلْمِیذِ: نام خارج کرنا۔
ـــ التِّلْمِیْذَ عن المَدْرَسَةِ: اخراج کرنا۔
ـــ الخِیَاطَةَ: سلائی ادھیڑنا۔
ـــ العِبَارَةَ الی فِقراتٍ: مضمون کے پیراگراف بنانا، چھوٹے حصوں پر تقسیم کرنا
ـــ العَامِلَ عن الوَظِیفةِ او العَمَلِ: کارکن کو کام سے ہٹانا، نوکری سے برطرف کرنا۔
فَاصَلَ شَرِیکَهُ: اپنے ساجھی سے ساجھا توڑ لینا، شرکت ختم کرنا۔
فَصَّلَ الشَّیءَ: الگ الگ ٹکڑے کرنا، مختلف حصوں اور درجوں میں بانٹنا۔
ـــ الكَلَامَ: تفصیل کرنا، الگ الگ حصوں میں تقسیم کرنا۔
ـــ الاَمْرَ: واضح کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "قَدْ فَصَّلْنَا الاٰیَاتِ لِقَوْمٍ یَعْقِلُوْنَ"
ـــ القَصَّابُ الشَّاةَ: قصاب کا بکری کے

ٹکڑے کرنا، اعضا الگ الگ کرنا۔
فَصَّلَ الخَيَّاطُ الثَّوبَ: درزی کا کپڑے کو بدن کے مطابق کاٹنا، کٹنگ کرنا۔
ــ العِقْدَ: ہار کے موتیوں کے بیچ میں دوسرے رنگ کا موتی پرو کر نمایاں کرنا فالعِقْدُ مُفَصَّلٌ۔
افْتَصَلَت المَرْأَةُ رَضِيعَهَا: شیر خوار بچہ کا دودھ چھڑانا۔
ــ النَّخْلَةَ عن مَوْضِعِها: کھجور کے پودے کو اکھاڑ کر دوسری جگہ لگانا
انْفَصَلَ الشَّيءُ: کٹنا، جدا ہونا، الگ ہونا (خلاف اتصل) شگاف پیدا ہونا۔
ــ القَومُ عن مكانٍ كذا: کسی جگہ سے چلے جانا۔
ــ عن الجماعة وغيرها: الگ ہوجانا۔
ــ الخِيَاطَةُ: سلائی ادھڑنا، ٹانکے نکل جانا۔
تَفَصَّلَ: ٹکڑے ٹکڑے ہوجانا۔
تَفَاصَلَتِ الأَشْيَاءُ: ایک دوسرے سے الگ ہونا، باہم فاصلہ ہونا۔
اِسْتَفْصَلَ الشيءَ: کٹوانا، الگ کرانا (۲) تفصیل و وضاحت چاہنا۔
الانْفِصَالُ: علیحدگی۔
الانفصالِيَّةُ: علیحدگی پسندی۔
الانفصالِيُّون: علیحدگی پسند لوگ۔
التَّفْصِيلُ: وضاحت، تفصیل (۲) تقسیم (۳) کاٹ تراش ج: تَفَاصِيل۔ تَفْصِيلاً و تَفْصِيلِيًّا: تفصیل سے، وضاحت کے ساتھ، مفصل طور پر۔
تَفْصِيلَةٌ: خاص طرز کی کٹنگ۔
التَّفَاصِيلُ: تفصیلات (۲) مفردات۔
الفَاصِلُ: قطعی، فیصلہ کن (۲) دو چیزوں کا فرق، دو چیزوں میں حد فاصل، آڑ، مصنوعی دیوار، پارٹیشن کی دیوار۔

الحُكْمُ الفَاصِلُ: فیصلہ قطعی، ناقابل تنسیخ فیصلہ۔
الفَاصِلَةُ: مؤنث الفاصل۔ ہار کے دو مہروں کے درمیان کا خاص قسم کا مہرہ (۲) علامت اعشاریہ، اعشاری کسر اور کامل عدد کے درمیان کی علامت (٫) جیسے (۶٫۱۵) پندرہ صحیح ایک بٹا چھ (۳) علم العروض میں ان تین متحرک حرفوں کی شکل کو کہتے ہیں جن کے ساتھ چوتھا حرف ساکن ہو۔ جیسے: كَتَبَتْ۔ یہ فاصلہ صغریٰ کہلاتا ہے۔ اگر چار متحرک حرفوں کے ساتھ پانچواں حرف ساکن ہو تو اس شکل کو فاصلہ کبریٰ کہا جاتا ہے۔ جیسے: سَمِعَهُمْ۔ ج: فَوَاصِل۔
الفَاصُولِيَة و الفَاصُولِيَاءُ: ایک قسم کی ترکاری جو خشک و تر پکا کر کھائی جاتی ہے، سیم۔
الفِصَالُ: بچہ کی دودھ چھڑائی۔ قرآن پاک میں ہے "وَحَمْلُهُ وَفِصَالُهُ ثَلَاثُونَ شَهْرًا"
الفَصَّالُ: بہت تیز (۲) حصول انعام کیلئے لوگوں کی تعریف میں رطب اللسان۔
الفَصْلُ: دو چیزوں کے درمیان کا فاصلہ (۲) دو چیزوں کے درمیان آڑ، رکاوٹ (۳) دو ہڈیوں کا جوڑ (۴) شاخ۔ کہتے ہیں: لِلنَّسَبِ أُصُولٌ وَفُرُوعٌ (۵) سال کے چار موسموں میں سے ایک، فصل ربیع، فصل گرما، فصل خریف، فصل سرما (۶) کتاب کے باب کے تحت مندرج ایک حصہ (۷) ڈرامہ کی ایک فصل، ایک پارٹ۔ کہتے ہیں: تَمْثِيلِيَّةٌ ذاتُ أَرْبَعَةِ فُصُولٍ (۸) اسکول کی کلاس (الصَّفّ) (۹) کلاس روم، درسگاہ (۱۰) صحیح اور قطعی بات

(۱۱) فیصلہ (۱۲) مدرسہ سے اخراج (۱۳) علیحدگی، جدائی، فصل (۱۴) ملازمت سے برطرفی۔
يَوْمُ الفَصْلِ: فیصلہ کا دن، قیامت کا دن۔ فَصْلُ الخِطَابِ: حق و باطل کے درمیان فیصلہ کن بات، دو ٹوک اور آخری بات، خطیب کا خطبہ کے بعد اما بعد کہنا۔
الفَصْلُ الإِضَافِيُّ: اسپیشل کلاس، خصوصی سبق کی جماعت۔
الفَصْلُ بدون إِخْطَارٍ سَابِقٍ: بلانوٹس اخراج یا برطرفی۔
الفَصْلُ المَدْرَسِيُّ: اسکول ٹرم، اسکول کا تعلیمی وقت، تعلیمی درجہ۔
الفَصْلُ في الخُصُومَاتِ: مقدمات کا فیصلہ۔
الفَصْلَةُ: کھجور کا پودا جو ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگایا جائے (۲) کسی رسالہ وغیرہ سے اخذ کردہ بحث، مضمون یا اقتباس (۳) علامات املا میں سے ایک جو درمیان عبارت لگائی جاتی ہے (،) کاما، واو معکوس، یہ علامت چند باہم مربوط جملوں یا کسی شے کے انواع و اقسام کے درمیان یا لفظ منادی کے بعد لگائی جاتی ہے
الفَصْلَةُ المَنْقُوطَةُ: (؛) بانقطہ واو معکوس۔ یہ دو جگہ استعمال ہوتا ہے (۱) طویل جملوں کے درمیان۔ جیسے: إِنَّ النَّاسَ لَا يَنْظُرُونَ إِلَى الزَّمَانِ الَّذِي عُمِلَ فِيهِ العَمَلُ؛ وَإِنَّمَا يَنْظُرُونَ إِلَى مِقْدَارِ جَوْدَتِهِ۔ (۲) ایسے دو جملوں کے درمیان کہ ان میں سے دوسرا جملہ پہلے جملہ کے لئے سبب ہو۔ سَهِرْتُ اللَّيْلَ كُلَّهُ؛ لِأُنْجِزَ بَعْضَ الأَعْمَالِ۔

الفَصِيْلُ: اونٹنی یا گائے کا وہ بچہ جس کا دودھ چھڑا کر ماں سے الگ کر دیا گیا ہو (۲) شہر کی چہار دیواری شہر پناہ کے قریب یہ بمقابلہ شور چھوٹی ٹوٹی ہے ج: فُصْلَانٌ و فِصْلَانٌ وفِصَالٌ
الفَصِيْلَةُ: اعضاء جسم کا ایک ٹکڑا (۲) ران کے گوشت کا پارچہ (۳) آدمی کا کنبہ جو قریبی رشتہ داروں پر مشتمل ہو، سب سے زیادہ قریب باپ دادا۔ قرآن پاک میں ہے "يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِي مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍ بِبَنِيهِ وَصَاحِبَتِهِ وَأَخِيهِ وَفَصِيلَتِهِ الَّتِي تُؤْوِيهِ" (۴) گروپ، حیوانات اور نباتات کی تمام ایسی اجناس جن میں مشترک صفات پائی جاتی ہوں (۵) فوج کی کمپنی۔
الفَيْصَلُ: فیصلہ کرنے والا حق و باطل میں امتیاز کرنے والا فیصلہ (۲) حاکم، قاضی، جج (۳) فیصلہ کن (القَوْلُ الفَيْصَلُ) (۴) حتمی اور قطعی (قَضَاءٌ فَيْصَلٌ) (۵) بااختیار و بااقتدار (حُكُومَةٌ فَيْصَلٌ) (۶) تیز، کارگر (طَعْنَةٌ فَيْصَلٌ) (سَيْفٌ فَيْصَلٌ) ج: فَيَاصِلُ۔ الفَيْصَلِيُّ: قاضی، جج۔
المِفْصَالُ: بہت فیصلے کرنے کا عادی۔
المُفَصَّلُ: قرآن کریم کا آخری ساتواں حصہ (چونکہ اس میں سورتیں زیادہ ہونے کی بنا پر درمیانی فصل زیادہ ہیں) (۲) تفصیل کے ساتھ کی گئی بات، تفصیلی (خلاف اجمالی) (۳) کاٹا ہوا کپڑا وغیرہ (۴) وہ ہار جس کے ہر دو مہروں کے درمیان الگ قسم کا مہرہ ہو۔
المُفَصِّلَةُ: قبضہ (جو کواڑ اور چوکھٹ کے بازو میں لگایا جاتا ہے اور اس پر کواڑ گھومتا ہے) ج: مُفَصِّلَاتٌ۔

المَفْصِلُ: جوڑ (جسم کی ہر دو ہڈیوں کے ملنے کی جگہ) (۲) ڈھیر لگے ہوئے سخت پتھروں کی جگہ (۳) دو پہاڑوں کے درمیان ریت اور کنکریاں جن پر پانی صاف و شفاف رہتا ہے۔ ج: مَفَاصِلُ۔
دَاءُ المَفَاصِلِ: جوڑوں کے درد کی بیماری، گٹھیا۔
المَفْصِلِيَّاتُ: جوڑ دار ٹانگوں والے جانور جیسے بچھو، مکڑی اور کیڑے مکوڑے وغیرہ۔
المِفْصَلُ: زبان۔
المَفْصُوْلُ: جدا، علیحدہ کیا ہوا۔
• فَصَمَ الشَّيْءَ ـــ فَصْمًا: چیرنا، پھاڑنا (۲) علیحدہ کئے بغیر توڑنا (۳) موڑنا، کمان نما کرنا۔
ـــ العُقْدَةَ: گرہ کھولنا۔
اَفْصَمَ الشَّيْءُ: زائل ہو جانا، ختم ہو جانا سلسلہ بند ہونا۔ جیسے: اَفْصَمَ الحَرُّ و المَطَرُ۔
ـــ عنه الحُمّٰى: بخار اتر جانا۔
فَصَّمَهُ: زور سے پھاڑنا، زور سے توڑنا۔
انْفَصَمَ الشَّيْءُ: ٹوٹنا (بغیر الگ ہوئے)
ـــ العُقْدَةُ: گرہ کھلنا۔
ـــ العُرْوَةُ: کڑا یا کڑی ٹوٹنا، سلسلہ منقطع ہونا، رابطہ ٹوٹنا، تعلق ختم ہونا۔ قرآن پاک میں ہے "فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَى لَا انْفِصَامَ لَهَا" تو اس نے ایسا مضبوط کڑا پکڑ لیا جو ٹوٹ نہیں سکتا۔
ـــ ظَهْرُهُ: کمر ٹوٹنا۔
ـــ الدُّرَّةُ: موتی کا کنارہ ٹوٹنا۔
ـــ المَطَرُ: بارش تھم جانا، بند ہونا۔
تَفَصَّمَ الشَّيْءُ: الگ ہوئے بغیر ٹوٹ جانا، پھٹ جانا، کٹ جانا۔
الإِنْفِصَامُ: جدائی، انقطاع، علیحدگی۔
الفَصْمَةُ: دراڑ، شگاف۔
الفِصْمَةُ: مسواک یا کنگھے وغیرہ کا ٹوٹا ہوا ٹکڑا یا ریزہ۔
الفَصِيْمُ: فَأْسٌ فَصِيمٌ: بڑی کلہاڑی کلہاڑا (۲) شيءٌ فَصِيمٌ: ٹوٹی ہوئی چیز۔
المُنْفَصِمُ: منقطع (۲) الگ۔

• فَصَى الشَّيْءَ من الشيءِ وعنه ـــ فَصْيًا: ایک چیز کو دوسری سے الگ کرنا جیسے: فَصَى اللَّحْمَ عن العَظْمِ و نَحْوُ ذٰلِكَ۔
اَفْصَى من الأَمْرِ: خیر یا شر سے الگ ہونا۔
ـــ المَطَرُ: بارش بند ہو جانا۔
ـــ عَنْهُ البَرْدُ او الحَرُّ: سردی یا گرمی کا دور ہو جانا۔
ـــ الصَّائِدُ: شکاری کے جال میں شکار نہ پھنسنا، شکاری کا بے شکار رہنا۔
فَصَّاهُ منه وعنه: الگ کرنا یا رہائی دلانا
ـــ اللَّحْمَ عن العَظْمِ: ہڈی سے گوشت چھڑانا۔
انْفَصَى اللَّاصِقُ من غَيْرِهِ: لگی ہوئی چیز کا الگ ہو جانا۔
ـــ اللَّحْمُ عن العَظْمِ: ہڈی سے گوشت الگ ہو جانا۔
تَفَصَّى مِنَ الشَّيءِ و عَنْهُ: چھٹکارا پانا، رہائی پانا جیسے: تَفَصَّى من الدُّيُوْنِ۔
ـــ اللَّحْمُ عن العَظْمِ: ہڈی سے گوشت اتر جانا۔
ـــ الشَّيءَ: چھان بین کرنا، کھوج لگانا۔
الفَصْيَةُ: موسم کا معتدل وقت۔ يَوْمُ الفَصْيَةِ: معتدل دن (۲) چھٹکارا، رہائی، خلاصی۔

ف ـــ ض

• تَفَضَّجَ الجِسْمُ : بدن کا گوشت پھول کر سلوٹیں پڑنا (۲) پسینہ سے شرابور ہونا
ـــ الشیُٔ : کشادہ ہونا۔
ـــ الرَّأْسُ عَرَقًا : سر سے پسینہ بہنا۔
الفَضِيجُ : پسینہ۔
• فَضَحَهُ ـَـ فَضْحًا : رسوا کرنا، بدنام کرنا، عیب کشائی کرنا۔ هو فَاضِحٌ و هي فَاضِحَةٌ۔ (۲) کھولنا، ظاہر کرنا۔ جیسے: فَضَحَه النَّهارُ۔
ـــ القَمَرُ النُّجُومَ : چاند کا ستاروں کی روشنی کو ماند کر دینا۔
ـــ الصُّبْحُ : صبح ہونا۔
فَضِحَ ـَـ فَضَحًا : کچھ سفید ہونا۔
أَفضح النَّخْلُ : درخت خرما کا سرخ یا زرد پھل لانا۔
اِفْتَضَحَ الرَّجُلُ : کسی کے عیب کھلنا، بدنام و رسوا ہونا، جگ ہنسائی ہونا، بے عزت ہونا۔
ـــ الأَمْرُ : بھانڈا پھوٹنا، راز کھلنا، پول کھلنا، انکشاف ہونا۔
تَفَاضَحَ الرَّجُلانِ : ایک دوسرے کو بدنام و بے عزت کرنا، عیب کھولنا۔
الفَاضِحُ : رسواکن، بدنام کنندہ (۲) صبح
الفِعْلُ الفَاضِحُ : شرمناک فعل۔
الفَضَّاحُ : بہت شرمناک (۲) بھانڈا پھوڑ دینے والا، انتہائی رسواکن۔
الفَضْحُ : بدنامی، رسوائی، بے عزتی۔
الفَضِيحُ : ظاہر مکشوف ـــ (۲) بدنام
الفَضِيحَةُ : بدنامی، رسوائی (۲) عیب، اسکینڈل ج: فَضَائِحُ۔
المَفْضَحَةُ : سبب رسوائی، شرمناک فعل ج: مَفَاضِحُ۔
المَفْضُوحُ : بدنام، رسوا، بے عزت۔

• فَضَخَ الشئَ الأَجْوَفَ ـَـ فَضْخًا : کھوکھلی چیز پھاڑنا، توڑنا۔ ضَرَبَ الرَّأْسَ فَفَضَخَهُ : سر پر مارا اور اسے پھاڑ دیا۔
ـــ العَيْنَ : آنکھ پھوڑنا۔
ـــ البُسْرَ : کچی کھجور کی شراب بنانا۔
أَفْضَخَ العُنْقُودُ : انگور کے خوشہ کا پک کر نچوڑنے کے قابل ہو جانا۔
اِفْتَضَخَ الشئَ الأَجْوَفَ : کھوکھلی چیز کو توڑنا۔
ـــ البُسْرَ : کچی کھجور کی شراب بنانا۔ کہتے ہیں: لا تَفْتَضِخْ : لا تفتضخ۔
اِنْفَضَخَ : مطاوع فَضَخَ۔
ـــ الشئُ : چوڑا اور کشادہ ہونا۔
ـــ السِّقاءُ و هو مَلآنُ : مشک کا پھٹ کر پانی وغیرہ بہہ جانا۔
ـــ فُلانٌ : پھوٹ پھوٹ کر رونا۔
ـــ الدَّلْوُ : ڈول کا چھلکنا۔
ـــ العَيْنُ : آنکھ پھوٹ جانا۔
ـــ القَارُورَةُ : بوتل کا ٹوٹ کر خالی ہو جانا۔
الفَضِيخُ : شیرۂ انگور، انگور کا رس (۲) کچی کھجور کی شراب (جسے آگ نہ لگائی جائے (۳) پانی ملا ہوا پتلا دودھ
المِفْضَخَةُ : شراب بنانے کا برتن (۲) بڑا ڈول ج: مَفَاضِخُ۔
• فَضَّ الشئَ ـُـ فَضًّا : منتشر کرنا، تحلیل کرنا، کھولنا، حل کرنا۔
ـــ المالَ على القومِ : تقسیم کرنا۔
ـــ خاتَمَ الكِتابِ : خط وغیرہ کی مہر توڑنا۔
ـــ الكِتابَ وفَضَّ الخاتَمَ عن الكتابِ : خط کی مہر توڑنا، خط کھولنا
ـــ الماءَ : پانی بہانا۔

فَضَّ اللُّؤْلُؤَةَ و نَحْوَها : سوراخ کرنا
ـــ عُذْرَةَ المَرْأَةِ : بکارت زائل کرنا۔
ـــ ما بَيْنَهُما : باہمی رشتہ منقطع کرنا۔
ـــ الأَمْرَ : معاملہ ختم کرنا، فیصلہ کرنا۔
ـــ الاِجْتِماعَ : جلسہ برخاست کرنا۔
ـــ الاِشْتِباكَ بَيْنَ المُتَحارِبَيْنِ : برسرپیکار فریقوں کے تصادم کو روکنا۔
ـــ الدُّمُوعَ : آنسو بہانا۔
ـــ النِّزاعَ : جھگڑا چکانا۔
ـــ اللّٰهُ فَاهُ : (بددعا) خدا اس کے دانت گرائے، وہ ٹھیک بول نہ سکے بطور دعا، کہتے ہیں: لا يَفْضُضِ اللّٰهُ فَاهُ : خدا اس کے دانت صحیح و سالم رکھے یعنی عمدہ کلام کرتا رہے۔
فَضَّضَ الشئَ : چاندی کا ملمع کرنا (۲) چاندی سے آراستہ کرنا۔
اِفْتَضَّ : فَضَّ۔
اِنْفَضَّ الشئُ : ٹوٹنا، زائل ہونا، منقطع ہونا، کھلنا، بہنا۔
ـــ الجَمْعُ : مجمع منتشر ہونا۔ قرآن کریم میں ہے "وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيظَ القَلْبِ لَانْفَضُّوا مِنْ حَوْلِكَ"
لَا فُضَّ فُوكَ : تمہارا منہ سلامت رہے۔
الفَاضَّةُ : آفت ج: فَوَاضُّ۔
الفُضَاضُ : ٹوٹے ہوئے ٹکڑے، ریزے
طَارَتْ عِظَامُهُ فُضَاضًا : اس کی ہڈیوں کے ٹکڑے اڑ گئے۔
الفُضَاضَةُ : الفُضَاضُ۔
الفَضُّ : منتشر مجمع، بکھرے ہوئے لوگ۔
خَرَزٌ فَضٌّ : بکھرے ہوئے مہرے۔
الفَضَضُ : کسی چیز کے ٹکڑے، ریزے (۲) پانی کے چھینٹے۔ أَصَابَهُ فَضَضٌ من الماءِ۔
الفَضَّةُ : اوپر تلے پڑے ہوئے بڑے پتھر

یا چٹانیں (۲) کالے پتھروں والی اونچی
زمین ج: فِضَاضٌ ۔
الفِضَّةُ: چاندی ج: فِضَضٌ وفِضاضٌ
الفِضِّيُّ: چاندی کا، سلور کا۔
الفِضِّيَّاتُ: چاندی کے برتن وغیرہ۔
العِيدُ الفِضِّيُّ: سلور جوبلی، سالگرہ
پچیس یا پچاس سال بعد منائی جانے
والی تقریب۔
الفَضِيضُ: ادھر ادھر بکھرا ہوا پانی یا بکھرے
ہوئے اولے وغیرہ (۲) چشمہ سے نکلنے والا
یا آسمان سے برسنے والا پانی (۳) بہت
پانی والی جگہ (۴) منھ سے نکال کر پھینکی
جانے والی گٹھلی۔
المِفَضَاضُ: ڈھیلے وغیرہ توڑنے کی موگری
المِفَضُّ و المِفَضَّةُ: المِفَضَاضُ۔
المُفَضَّضُ: چاندی کی پالش کیا ہوا۔
المَفْضُوضُ: شکستہ (۲) حل یا تحلیل کردہ
(۳) منتشر کیا ہوا (۴) کھولا ہوا۔
• فَضْفَضَ الشيءُ: کشادہ ہونا، ڈھیلا
ڈھالا ہونا (کرتا، زرہ وغیرہ)۔
___العَيْشُ: زندگی فراخ ہونا۔
___الثَّوْبَ: کشادہ کرنا، ڈھیلا کرنا۔
تَفَضْفَضَ بَوْلُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے
پیشاب کا اس کی رانوں پر بہنا۔
الفُضَافِضَةُ: کشادہ اور ڈھیلی زرہ یا
ڈھیلا کرتا وغیرہ۔
الفَضْفَاضُ: بہت پانی (۲) سخی اور فیاض
(آدمی) (۳) کشادہ اور ڈھیلا (کپڑا)،
آسودہ (زندگی)، کثرتِ باراں کے
باعث پانی سے ڈھکی ہوئی (زمین)۔
الفَضْفَاضَةُ: بہت پانی والا (بادل)
السَّحَابَةُ الفَضْفَاضَةُ۔
• فَضَلَ الشيءُ ـُ فَضْلاً: ضرورت سے
زائد ہونا، باقی بچنا۔ مقولہ ہے:
أَنْفِقْ من مَالِكَ ما فَضَلَ: تمہارا
مال جتنا زائد از ضرورت ہو اسے
خرچ کرو۔ خُذْ هذا الذي
فَضَلَ مِمَّا أنْفَقْتَ: تمہارے
خرچ کے بعد جو بچا ہے وہ لے لو۔
فَضَلَ فُلانٌ على غيرِه: احسان وکرم
یا فضل وکمال میں دوسرے پر فوقیت
لے جانا۔ فاضَلَ غيرَهُ فَفَضَلَهُ:
کرم واحسان میں دوسرے سے مقابلہ
کیا تو اس سے بڑھ گیا۔ هو فاضِلٌ
ج: فُضَلاءُ۔
فَضُلَ الشيءُ ـُ فُضُولاً: اعلیٰ درجہ
کا ہونا۔
___الرَّجُلُ: بلند کردار ہونا، باکمال
ہونا۔
أَفْضَلَ عليه: کسی پر مہربان ہونا، کسی
کے ساتھ بھلائی کرنا، حسن سلوک
کرنا۔
___من الشيءِ: بچانا، باقی رکھنا۔
___عليه في الحَسَبِ والشَّرَفِ:
خاندانی عزت وبلندی میں کسی پر
فوقیت لے جانا۔
فَاضَلَهُ مُفَاضَلَةً وفِضَالاً:
فضل وکمال یا احسان وکرم میں
کسی سے مقابلہ کرنا۔
___بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ: ترجیح کے لئے
دو چیزوں میں موازنہ کرنا۔
فَضَّلَهُ على غيرِه: دوسرے پر
کسی کو ترجیح دینا یا دوسرے سے
بڑھا ہوا اور فائق سمجھنا۔
___الشيءَ: پسند کرنا، چند چیزوں
میں سے کوئی ایک چھانٹنا۔
تَفَاضَلَ القَوْمُ: فضل وکمال میں
باہم مقابلہ کرنا، ایک دوسرے
سے بڑھنے کی کوشش کرنا یا اپنی
برتری کا دعویٰ کرنا۔
تَفَضَّلَ: کام کاج کا معمولی کپڑا پہننا۔
___عليه: کرم کرنا، مہربانی کرنا (۲) کسی
پر اپنی برتری اور فوقیت جتانا قرآن پاک
میں ہے: "مَا هَذَا إِلَّا بَشَرٌ
مِثْلُكُمْ يُرِيدُ أَنْ يَتَفَضَّلَ
عَلَيْكُمْ"
___على غيرِه: کسی پر قدر ومنزلت میں
فوقیت لے جانا، فائق وبرتر ہونا۔
تَفَضَّلْ: مہربانی فرمائیے (۲) تشریف
لائیے، آئیے۔
___بالجُلُوسِ: تشریف رکھئے۔
___بالصُّعُودِ: اوپر تشریف لائیے۔
___بالدُّخُولِ: اندر تشریف لائیے۔
___بالخُرُوجِ: باہر تشریف لائیے۔
اسْتَفْضَلَ من الشيءِ: بچانا، باقی
رکھنا۔
___الشيءَ: حصہ سے زائد لینا۔ کہتے ہیں:
أَخَذَ حَقَّهُ واسْتَفْضَلَ أَلْفًا:
اس نے اپنا حق لینے کے بعد ایک ہزار
زیادہ لئے۔
التَّفْضِيلُ: ترجیح (۲) پسندیدگی۔
التَّفَاضُلُ: کمی وبیشی، تفاوت۔
الأَفْضَلُ: ممتاز، بہت باکمال، سب
سے زیادہ باکمال، بہتر
جمع تکسیر أفَاضِل۔ جمع تصحیح
أفْضَلُون۔ م: فُضْلَى۔ ج:
فُضَلٌ و فُضْلَيَات۔
الأفْضَلِيَّةُ: امتیاز، ترجیح۔
الفَاضِلُ: صاحب فضیلت، صاحب
فضل وکمال، بلند کردار، بلند اخلاق
ج: فُضَلاءُ (۲) زائد از ضرورت
باقی، فاضل، فالتو (۳) فضیلت کی
ڈگری رکھنے والا، ماہر عالم۔
الفَاضِلَةُ: مؤنث الفاضل (۲)
نعمت عظمیٰ ج: فَوَاضِل۔

فَوَاضِلُ المَالِ: زمین کا غلّہ (۲) مویشیوں کا دودھ اور اون (۳) منافع تجارت۔

الفِضَالُ: گھر میں کام کاج کے وقت پہننے کا ایک سادہ کپڑا (مرد و عورت دونوں کے لئے)۔

الفُضَالَۃُ: بقیہ، فالتو۔

الفَضْلُ: احسان (جو ابتداءً بلا علّت داعیہ ہو) (۲) مہربانی، کرم، نوازش (۳) کمال، امتیاز (۴) فضیلت (۵) اضافہ، زیادتی (۶) بقایا، بقیہ (۷) نفع، ضرورت سے زیادہ مال ج: فُضُولٌ۔

فَضْلُ الزِّمَامِ: لگام کا کنارہ ج: فُضُول

فی یَدِہ فَضْلُ الزِّمَامِ: اس کے ہاتھ میں لگام کا کنارہ ہے۔ الفَضْلُ فی اَمرِ کذا یَعُودُ علی فُلَانٍ: فلاں کام کا سہرا فلاں کے سر ہے یعنی اس کام میں فلاں کے حسن کردار کو دخل ہے۔

فَضْلًا عن کذا: چہ جائیکہ، علاوہ اس کے۔ فُلَانٌ لَا یَمْلِكُ دِرْهَمًا فَضْلًا عن دِینَارٍ: اس کے پاس تو درہم بھی نہیں چہ جائیکہ دینار ہو یعنی جب درہم کا ہی فقدان ہے تو دینار کا فقدان تو اس سے زائد ہے۔

بِفَضْلِکُمْ: آپ کے طفیل۔ مِن فَضْلِكَ: براہ کرم، پلیز۔

من فَضْلِ فُلَانٍ: فلاں کے طفیل فلاں کی بدولت۔

الفُضُلُ: گھریلو کام کے وقت پہننے کا سادہ کپڑا پہنے ہوئے عورت یا مرد۔ کہتے ہیں: اِمْرَأَۃٌ فُضُلٌ: دامن لٹکا کر اترا کر چلنے والی عورت۔

الفَضَلَۃُ: کسی چیز کا بقیہ، بچی ہوئی چیز، پس خوردہ (۲) بدن سے نکلنے والا بول و براز ج: فَضَلَاتٌ و فِضَالٌ

الفُضُولُ: بے کار چیز۔ ھذا من فُضُول القَولِ: یہ لغو اور بیکار بات ہے (۲) غیر متعلق بات میں مداخلت یا مشغولیت (۳) اطبار کے نزدیک وہ چیز جو بلا علاج بدن سے خارج ہو (۴) بلا ضرورت عمل۔ حِلْفُ الفُضُولِ: قبائل قریش کے درمیان ہونے والا ایک معاہدہ جس میں طے پایا تھا کہ مکّہ میں اس کے باشندوں اور اس میں باہر سے آنے والوں میں کوئی اگر مظلوم ہوگا تو وہ اس کی حمایت کریں گے اور تاوقتیکہ اس کا حق واپس نہ لے لیا جائے ظالم کے خلاف رہیں گے۔ اسلام سے قبل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی دار عبداللہ بن جدعان میں اس معاہدہ میں شرکت فرمائی اور ارشاد فرمایا: "مَا اُحِبُّ اَنَّ لی بہ حُمْرَ النَّعَمِ"۔ مجھے اس معاہدہ کے بدلہ میں اگر اعلیٰ قسم کے اونٹ دیئے جائیں تو وہ مجھے پسند نہ ہوں گے۔

الفُضُولِیُّ: غیر متعلق اور بے کار باتوں میں مشغول رہنے والا، خواہ مخواہ کاموں میں ٹانگ اڑانے والا، (۲) شریعت اسلامی میں وہ شخص جو نہ ولی ہو نہ وصی، نہ اصل اور نہ وکیل (ایک غیر متعلق آدمی)۔

الفَضِیلَۃُ: حسن اخلاق کا بلند درجہ (خلاف رَذِیلَۃ) خوبی، اخلاقی بلندی، بلند کرداری، بلندی رتبہ، وصف امتیازی (۲) ترجیح، برتری، فوقیت (۳) گریجویشن، فاضل کی ڈگری ج: فَضَائِل۔

فَضِیلَۃُ فُلَانٍ و صَاحِبُ الفَضِیلَۃِ فُلَانٌ: ایک تعبیر جو احتراماً علماء و مشائخ کے ناموں کے ساتھ استعمال کی جاتی ہے۔

فَضِیلَۃُ الشَّیْءِ: خصوصیت، امتیاز (۲) کسی چیز کا مطلوبہ فعل و کارکردگی۔

فَضِیلَۃُ السَّیْفِ: تلوار کا مطلوبہ فعل اور وہ اچھی طرح کاٹنا ہے۔ فَضِیلَۃُ العَقْلِ: عقل کا متعینہ کار وہ صحیح طور پر سوچنا ہے ج: فَضَائِل۔

اُمَّھَاتُ الفَضَائِلِ: بنیادی فضائل چار ہیں۔ حکمت، عفت (پاک دامنی) شجاعت، عدل۔

المُفَاضَلَۃُ فی الاَسْعَارِ: نرخوں میں کمی بیشی۔

المِفْضَالُ: بڑا کرم فرما اور مہربان (۲) بڑا سخی اور انتہائی فیاض۔

المُفْضِلُ: بہت خوبی والا، بہت بہتر۔

المُفَضَّلُ: مراعات یافتہ (۲) ترجیح یافتہ (۳) پسندیدہ، ممتاز۔

المُفَضَّلُ لَدَی الجَمِیعِ: سب کی پسند کا، عوام و خواص میں مقبول۔

• فضا المَکَانُ ـُ فَضَاءً و فُضُوًّا: کھلا اور کشادہ ہونا (۲) خالی ہونا۔

ــــ الشَّجَرُ بالمَکَانِ فُضُوًّا: کسی جگہ درختوں کا بہت ہونا۔

ــــ فُلَانٌ دَرَاھِمَہُ: درہموں کو ہتھیلی سے باہر رکھنا، کھلا رکھنا۔

اَفْضَی المَکَانُ: فَضَا۔

ــــ فُلَانٌ: کھلی جگہ میں جانا۔

ــــ اِلی فُلَانٍ: کسی کے پاس پہنچنا۔

ــــ الاَمْرُ بہ اِلی کذا: کسی کو کسی حد پر لے آنا یا نتیجہ پر پہنچانا۔ ھذا الکلام یُفْضِی اِلی کذا من النَّتَائِجِ: یہ کلام اس نتیجہ پر پہنچائے گا۔

ــــ السَّاجِدُ بِیَدِہ اِلَی الاَرْضِ: سجدہ کرنے والے کا اپنی دونوں ہتھیلیوں

کو زمین پر رکھنا۔
اَفْضَى إِلَى فُلَانٍ بِالسِّرِّ: کسی کو اپنا راز بتانا۔
—— إِلَى الْمَرْأَةِ: عورت سے خلوت کرنا. قرآن پاک میں ہے: "وَكَيْفَ تَأْخُذُونَهُ وَقَدْ أَفْضَى بَعْضُكُمْ إِلَى بَعْضٍ"
—— المكانَ: کشادہ کرنا (۲) خالی کرنا۔
—— بالتَّصرِيح: بیان دینا۔
الفاضِي: کشادہ، خالی (۲) بے کار (۳) آزاد (۴) کاہل (۵) زائد از ضرورت۔
تَفَضَّى: خالی ہونا، کشادہ ہونا۔
الفَضَا: تنہا، اکیلا۔ سَهْمُهُمْ فَضًا: اکیلا تیر۔ بَقِيتُ فَضًا: میں اکیلا رہ گیا۔ تَرَكْتُ الْأَمْرَ فَضًا: میں نے کام کو ناپختہ چھوڑ دیا۔ أَمْرُهُمْ فَضًا بَيْنَهُمْ: ان کا معاملہ برابری کا ہے (کوئی ان میں بڑا چھوٹا نہیں)۔
الفَضَاءُ: کھلا میدان، خالی زمین، کشادہ زمین (۲) گھر کا صحن (۳) فضا، خلا (۴) ستاروں کے درمیان کی مسافت جس کا علم خدا کے سوا کسی کو نہیں ج: أَفْضِيَة۔
مَرْكَبَةُ الْفَضَاءِ: خلائی گاڑی۔
المُفْضَاةُ: وہ عورت جس کے ساتھ خلوت ہو گئی ہو، بکارت زائل ہو گئی ہو۔

ف ــــ ط

• فَطَأَ بِهِ عَنْ رَأْيِهِ ـ فَطْئًا: رائے سے ہٹانا، رائے بدلوانا، فیصلہ بدلوانا۔
—— الشَّيْءَ: توڑنا، چٹخانا۔
—— الرَّجُلَ: کمر پر کھلا ہاتھ مارنا۔
—— بِهِ الْأَرْضَ: زمین پر پٹکنا
—— القَوْمَ: خلاف منشا بوجھ لادنا، خلاف مرضی کسی کام کا مکلف کرنا۔
—— ظَهْرَ بَعِيرِهِ وَنَحْوِهِ: بھاری بوجھ لاد کر اونٹ کی کمر جھکا دینا۔

فَطِئَ الرَّجُلُ ـ فَطَأً: کمر اندر کو دھنسنا اور سینہ باہر کو نکلنا، آگے نکلے ہوئے سینہ والا ہونا (۲) چپٹی ناک والا ہونا۔ هُوَ أَفْطَأُ وَهِيَ فَطْآءُ ج: فُطْءٌ۔
—— البَعِيرُ: اونٹ کا جھکی ہوئی کمر والا ہونا
أَفْطَأَ الرَّجُلُ: خوش حال ہونا، مالدار ہونا (۲) بد خلق ہو جانا (خوش اخلاقی کے بعد)۔
—— فُلَانًا: کھلانا۔
تَفَاطَأَ: کمر کا زیادہ اندر ہونا اور سینہ کا زیادہ باہر ہونا۔
—— عنه: پیچھے ہٹنا، سستی برتنا، ہمت ہارنا۔
—— عن القَوْمِ: حملہ کرنے کے بعد لوٹ آنا
فاطَأَ بِهِ الْأَرْضَ: کسی کو زمین پر پٹکنا۔
الفُطْأَةُ: پیٹھ کا دھنساؤ اور سینہ کا ابھار
• فَطَحَ الشَّيْءَ ـ فَطْحًا: چوڑا کرنا، چپٹا کرنا۔
—— القَلَمَ: قلم بنانا، تراش کر آگے سے چوڑا یا چپٹا کرنا۔
—— فُلَانًا بِالْعَصَا: لاٹھی یا ڈنڈا مارنا۔ کہتے ہیں: "فَطَحَ ظَهْرَهُ"۔
—— المَرْأَةُ بِالْوَلَدِ: عورت کا بچہ کو پھینک دینا۔
فَطِحَ ـ فَطَحًا: چوڑا یا چپٹا ہونا۔ کہتے ہیں: فَطِحَ الرَّأْسُ۔ هُوَ أَفْطَحُ۔ فَطِحَتِ الْقَدَمُ وَالْأَرْنَبَةُ: پیر یا ناک کے بانسے کا چپٹا ہونا۔ هِيَ فَطْحَاءُ۔
—— النَّخْلُ: درخت خرما کا قلم لگنا (۲) پھل لانے کے قابل ہونا۔
فَطَّحَ: خوب چوڑا یا خوب چپٹا کرنا۔
—— الحَدِيدَةَ: لوہے کو پیٹ کر چوڑا اور ہموار کرنا۔

الأَفْطَحُ: چوڑا، چپٹا (۲) ٹیڑھے ہاتھ والا۔ ٹیڑھے پاؤں والا۔
الفِطَحْلُ: زبردست سیلاب (۲) بھاری بھرکم پُرگوشت (۳) بڑا عالم (۳) عہد انسانی سے پہلے کا زمانہ ج: فَطَاحِل
• فَطَرَ نَابُ الْبَعِيرِ وَنَحْوِهِ ـ فُطُورًا: اونٹ وغیرہ کا گوشت پھٹ کر دانت نکلنا۔
—— النَّبَاتُ: زمین پھٹ کر گھاس نکلنا، اگنا۔
—— الشَّيْءَ: پھاڑنا۔
—— الأَمْرَ: آغاز کرنا، ایجاد کرنا۔
—— اللّٰهُ الْعَالَمَ: اللہ کا دنیا کو پیدا کرنا، ابتداءً وجود میں لانا۔ قرآن پاک میں ہے: "إِنِّي وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ حَنِيفًا" (قول بزبان سیدنا ابراہیم علیہ السلام)۔
—— العَجِينَ: تازہ گندھے ہوئے آٹے کی روٹی پکانا (خمیر نہ اٹھنے دینا) اسے فطیری روٹی کہتے ہیں مقابل خمیری روٹی۔
—— الأَجِيرُ الطِّينَ: کاریگر کا خمیر پیدا کیے بغیر گارا ملنا۔
—— النَّاقَةَ وَنَحْوَهَا: اونٹنی وغیرہ کو انگوٹھے اور برابر والی انگلی سے دوہنا۔
أَفْطَرَ الصَّائِمُ: روزہ ختم کرنے والی چیز سے روزہ افطار کرنا (ختم کرنا) (۲) افطار کے وقت میں داخل ہونا (افطار کا وقت ہو جانا)۔
—— فُلَانٌ: صبح کا ناشتہ کرنا۔
—— عَلَى الرُّطَبِ وَنَحْوِهِ: تازہ کھجور وغیرہ کا ناشتہ کرنا۔ بطور ناشتہ یا افطار استعمال کرنا۔
—— الشَّيْءُ الصَّوْمَ: کسی چیز کا روزے کو توڑ دینا۔ هٰذَا الْعَمَلُ يُفَطِّرُ الصَّائِمَ: یہ فعل روزہ دار کا روزہ فاسد

کر دے گا۔

فَطَّرَ الشَّیءَ: زور سے پھاڑنا، مبالغہ در فَطَرَ۔

— الصَّائِمَ: روزہ دار کو روزہ افطار کرانا۔

— الرَّجُلَ: کسی کو افطاری دینا، روزہ افطار کرنے کا سامان دینا۔

اِفْتَطَرَ الْاَمْرَ: فَطَرَہٗ۔

اِنْفَطَرَ الشَّیءُ: پھٹنا، شق ہونا، قرآنِ حکیم میں ہے "اِذَا السَّمَاءُ انْفَطَرَتْ"۔

— الغُصْنُ: شاخ کے پتے نکلنا۔

تَفَطَّرَ: پھٹنا، پارہ پارہ ہونا، دراڑیں پڑنا۔ قرآن حکیم میں ہے "تَکَادُ السَّمٰوٰتُ یَتَفَطَّرْنَ مِنْہُ"۔

تَفَطَّرَتِ الْیَدُ اَوِ الْقَدَمُ: ہاتھ پیر پھٹنا۔ حدیث میں ہے "اَنَّہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَامَ حَتّٰی تَفَطَّرَتْ قَدَمَاہُ"۔

— الثَّوْبُ: کپڑے کے ٹکڑے ہو جانا۔

— الْاَرْضُ بِالنَّبَاتِ: زمین پھٹ کر گھاس یا پودا اگنا۔

الْاِفْطَارُ: روزہ کشائی (۲) افطاری۔

التَّفَاطِیْرُ: موسم ربیع کی ابتدائی بارش کے بعد اگنے والے نباتات (۲) صبح کی سپیدی (۳) نوجوان لڑکے اور لڑکی کے منہ پر نکلنے والے دانے (چھوٹی پھنسیاں)

الفَاطِرُ: پیدا کرنے والا، خالق (خدا) (۲) جس کے دانت نکل آئے ہوں (۳) ناروزہ دار۔

الفُطَارُ: تازہ بنی ہوئی غیر صیقل شدہ تلوار (کند جو نہ کاٹ سکے)۔

الفُطَارِیُّ: نکما، بے فیض آدمی (جس سے نہ نفع ہو نہ نقصان)۔

الفَطْرُ: پھٹن، شگاف ج: فُطُوْرٌ۔ قرآن پاک میں ہے "فَارْجِعِ البَصَرَ ھَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ"

الفِطْرُ: روزہ کشائی، اختتام روزہ (۲) انگور کے دانے جو ابھی نمودار ہی ہوئے ہوں۔ رَجُلٌ فِطْرٌ وَ قَوْمٌ فِطْرٌ: بے روزہ۔

عِیْدُ الْفِطْرِ: ماہ رمضان کے بعد کی عید۔

زَکٰوۃُ الْفِطْرِ: عید الفطر کے دن صاحبِ نصاب مسلمانوں پر واجب صدقہ جو غریبوں اور محتاجوں کو دیا جاتا ہے، صدقۂ فطر۔

الفُطْرُ: انگور کے ابتدائی دانے (۲) زمین سے اگنے والے مختلف الاقسام وہ پودے جن پر پھول نہیں آتے۔ ان میں کچھ بطور سبزی کھائے جاتے ہیں اور بعض زہریلے بھی ہوتے ہیں۔ حشردم، کھمبی، کلاہ باراں۔ واحد: فُطْرَۃٌ ج: اَفْطَارٌ و فُطُوْرٌ (۳) انگوٹھے اور برابر والی انگلی سے دوہنے وقت کا تھوڑا دودھ۔

الفِطْرَۃُ: فطرہ (صدقۂ فطر) (۲) وہ پیدائشی حالت یا صفت و کیفیت جس پر ہر موجود کا وجود ابتدا سے قائم ہوتا ہے۔ فطرت، نیچر، فطری حالت (۳) فطرت سلیمہ جس میں کوئی عیب داخل نہ ہو۔ قرآن پاک میں ہے: "فِطْرَۃَ اللّٰہِ الَّتِیْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَیْہَا لَا تَبْدِیْلَ لِخَلْقِ اللّٰہِ" (۴) فلاسفہ کی اصطلاح میں فطرت سلیمہ اس استعداد و صلاحیت کا نام ہے جس کے ذریعہ حق و باطل کی تمیز اور ان کے بارہ میں صحیح فیصلہ کیا جا سکے ج: فِطَرٌ۔

الفِطْرِیَّۃُ: نیچریت، یہ نظریہ کہ افکار و اصول انسان کی جبلت میں تجربہ و تلقین کے قبل ہی سے موجود ہیں۔

الفَطُوْرُ: غروب آفتاب کے بعد روزہ دار کا افطار (۲) صبح کی ناشتہ خوری۔

الفُطُوْرُ: افطاری جس سے روزہ دار روزہ کھولتا ہے (۲) صبح کا ناشتہ، صبح کے ناشتے کا سامان۔

الفَطِیْرُ: ہر نا پختہ چیز جو عجلت میں لے لی جائے۔ خُبْزٌ فَطِیْرٌ: فطیری (غیر خمیری) روٹی۔ رَأْیٌ فَطِیْرٌ: خام رائے جو سوچے بغیر دل میں آتے ہی ظاہر کر دی جائے۔

الفَطِیْرَۃُ: نیم پختہ روغنی تنوری روٹی، کچوری، پراٹھا، کیک، پیسٹری اس کی بہت قسمیں ہوتی ہیں ج: فَطَائِرُ۔

الفَطَارِیُّ: کیک پیسٹری بنانے یا بیچنے والا۔

الفَطِیْرَۃُ المَحْشُوَّۃُ بِلَحْمٍ: قیمہ بھری کچوری، لقمی، سموسا وغیرہ۔

•فَطَسَ ـِ فَطْسًا و فُطُوْسًا: بلا ظاہری علت کے مر جانا۔

— الحَدِیْدَ فَطْسًا: لوہے کو کوٹ پیٹ کر چپٹا کرنا۔

— فُلَانًا بِالْکَلِمَۃِ: رودر رو بات کرنا کسی کے منہ پر کوئی بات کہنا۔

فَطِسَ ـَ فَطَسًا: چپٹی ناک والا ہونا۔ ھُوَ اَفْطَسُ وَھِیَ فَطْسَاءُ ج: فُطْسٌ۔

فَطَّسَ: مبالغہ در فَطَسَ: بہت چپٹا کرنا (۲) مار ڈالنا، گلا گھونٹنا۔

الفَطْسَۃُ: مہندی کا ایک بیج (۲) بطور تعویذ پہنا جانے والا منکا۔

الفَطَسَۃُ: ناک کا چپٹا پن اور ناک کے بانسے کا ٹیڑھا پن (۲) سور کی تھوتھنی۔

الفِطِّیْسُ: لوہار کا گھن، بڑا ہتھوڑا (۲) پتھر توڑنے کی ہتھوڑی۔

الفِطِّیْسَۃُ: سور کی تھوتھنی (۲) آدمی یا گھر

والے جانور کا ہونٹ ۔

• فَطَمَ العُودَ او الحَبلَ ـِ فَطمًا: لکڑی یا رسی کاٹنا ۔

ــــ فُلانًا عن عادَتِہٖ: کسی کی کوئی عادت چھڑانا۔

ــــ المُرضِعُ الرَّضِیعَ: دودھ پلانے والی (دایہ) کا بچہ کا دودھ چھڑانا۔ ھی فَاطِمٌ و فَاطِمَۃٌ۔

اَفطَمَ الرَّضِیعُ: بچہ کے دودھ چھڑانے کا وقت آجانا۔

اِنفَطَمَ: دودھ چھوٹ جانا۔

ــــ عن الشیءِ: رک جانا، باز رہنا۔

فَاطِمَۃُ: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک صاحبزادی کا نام جن کا لقب زہرا ہے

الفَاطِمِیَّۃُ: مملکت فاطمی۔ ایک مسلم حکومت جس کے حکمراں (خلفاء) حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی طرف منسوب کئے جاتے ہیں۔ اس کا قیام مغرب اور مصر میں ۳۵۹ھ میں عمل میں آیا تھا۔

الفِطَامُ: دودھ چھڑائی، دودھ چھڑانے کا عمل یا زمانہ۔

الفَطِیمُ: دودھ چھڑایا ہوا (بچہ یا بچی) ج: فُطُمٌ۔

الفُطُومُ: الفَطِیمُ۔

الفَوَاطِمُ: خلفاء دولت فاطمیہ۔

• فَطَنَ الاَمرَ ـِ فِطنَۃً: جان لینا، تاڑ جانا، بھانپ لینا۔

فَطُنَ ـُ فَطَنًا و فِطنَۃً و فَطَانَۃً: زیرک ہونا، سمجھدار ہونا

ــــ لِلاَمرِ و بِہٖ و اِلَیہِ: پورے طور پر سمجھ جانا، اچھی طرح جان جانا، متنبہ ہونا۔ ھو فَاطِنٌ و فَطِنٌ و فَطِینٌ۔

فَاطَنَہٗ فی الکلامِ: سمجھنے یا سمجھانے کے لئے کسی سے کلام میں مراجعت کرنا

فَطَّنَہٗ: سمجھدار بنانا، سمجھانا، زیرک و ہوشیار بنانا۔

فَطَّنَہٗ لِلاَمرِ و بِہٖ: واقف کرانا، باخبر بنانا۔

تَفَطَّنَ: فَطِنَ۔ سمجھنا، تاڑنا۔

الفَاطِنُ: زیرک، سمجھدار، ہوشیار۔

الفَطَانَۃُ: سمجھ، قوت فہم، زیرکی، ذہن میں آنے والی بات کا ادراک کر لینے کی ذہنی استعداد۔

الفِطنَۃُ: الفَطَانَۃُ (۲) مہارت و ہوشیاری ج: فِطَنٌ۔

الفَطِنُ و الفَطِینُ: ہوشیار، زیرک، سمجھدار۔

• فَطَا الدَّابَّۃَ ـُ فَطوًا: تیز ہانکنا

ف ــــ ظ

• فَظَّ ـَ فَظَظًا و فَظَاظَۃً: سخت مزاج ہونا، بدخلق ہونا۔ ھو فَظٌّ۔

اِفتَظَّ البَعِیرَ: اونٹ کی اوجھ کو چاک کر کے اس کا پانی نچوڑنا، صحرا میں عرب مسافر اونٹوں کو پانی پلا کر ان کے منھ باندھ دیتے تھے تاکہ وہ جگالی نہ کر سکیں اور جب پیاس لگے تو یہ مسافر اوجھ کا پانی پی سکیں۔

الفَظُّ: اکھڑ، بدمزاج، سخت کلام آدمی، ج: اَفظَاظٌ (۲) اوجھ کا پانی جو بیابان میں پانی نہ ملنے کے وقت پیا جاتا تھا ج: فُظُوظٌ۔

الفَظَاظَۃُ: بدخلقی، سخت کلامی، اکھڑپن

• فَظِعَ بِالاَمرِ و مِنہُ ـَ فَظَعًا و فَظَاعَۃً: کسی کام کو بڑا اور بھیانک سمجھنا، گھبرا جانا۔

فَظُعَ الاَمرُ ـُ فَظَاعَۃً: بہت برا ہونا، قبیح اور قابل نفرت ہونا۔

اَفظَعَ الاَمرُ: ناگفتہ بہ ہونا، بھیانک ہونا انتہائی برا ہونا۔ ھو مُفظِعٌ۔

ــــ فُلانًا: برے کام میں ڈالنا، امر قبیح میں مبتلا کرنا۔

اُفظِعَ الاَمرَ: برا اور قابل نفرت پانا۔

ــــ الاَمرُ فُلانًا: مشکل میں ڈالنا، خوف زدہ کر دینا۔

فَظَّعَ الاَمرَ: بھیانک بنا دینا، بہت برا بنا دینا۔

اِستَفظَعَ الاَمرَ: بہت برا اور بھیانک سمجھنا یا پانا۔

الفَظَعُ: گھبراہٹ، ڈر (۲) قباحت۔

الفَظَاعَۃُ: بھونڈاپن، قباحت، کراہت۔

الفَظِعُ و الفَظِیعُ: بھیانک، ہولناک، قبیح و مکروہ، قابل نفرت۔

الفَظَائِعُ: بھیانک یا گھناؤنے مظالم۔

ف ــــ ع

• فَعَلَ الشیءَ ـَ فَعلًا و فَعَالًا: کرنا، بنانا، کام کرنا۔

ــــ بِفُلانٍ کذا: کسی کے ساتھ کوئی سلوک کرنا۔

اِفتَعَلَ الشیءَ: گھڑنا، جعلی اور فرضی بنانا

ــــ علیہ الکذبَ: کسی کے خلاف جھوٹ بولنا، افترا پردازی کرنا۔

اِنفَعَلَ: مطاوع فَعَلَ۔ ہوجانا (۲) انجام پانا (۳) مشتعل ہونا۔ ھو مُنفَعِلٌ۔

ــــ بکذا: متاثر ہونا۔

تَفَاعَلَ: ایک دوسرے پر اثر ڈالنا (۲) باہم گھل مل جانا، ہم آہنگ ہونا۔

الاُفعُولَۃُ: ناگوار وعجیب بات۔ ج: اَفَاعِیلُ۔

الانفِعَالُ: تاثر، اشتعال، ناراضگی، زود رنجی، بیش حساسیت۔

الانفعال العَاطِفِیُّ: جذباتی تاثر۔

التَّفَاعُلُ: باہمی تال میل، باہمی اثر اندازی جوابی عمل (رِی ایکشن)

التفاعُلُ مع احدٍ: ہم آہنگی۔
التَّفاعُلُ الکیمیاویُّ: دیکھئے (کیمیا)
تَفَاعُلُ الشَّیْئَیْنِ: ایک دوسرے پر اثر انداز ہونا۔
التَّفَاعِیْلُ: علم العروض میں شعر کا وزن کرنے کے مخصوص الفاظ۔ جیسے: فعولن، ومفاعلتن مُستفعِلُن۔
الفَاعِلُ: کام کرنے والا، کارکن، انجام دہندہ (۲) قادر، مؤثر (۳) بڑھئی (۴) مزدور (۵) نحویوں کی اصطلاح میں وہ اسم جس کی طرف ماقبل میں واقع اصلی صیغہ والے فعل یا شبہ فعل کی اسناد کی گئی ہو۔
الفَاعِلِیَّۃُ: اثر انداز ہونے کی کیفیت یا صلاحیت، کارکردگی، قوتِ کار، تاثیر (۲) جینتی، مستعدی (۳) فاعل ہونا، فاعل ہونے کی صلاحیت وصفت۔
الفَعَالُ: ایک آدمی کا اچھا یا برا کارنامہ (۲) قابل تعریف کام (۳) کرم۔ ھو حَسَنُ الفَعَالِ: وہ اچھے کارنامے انجام دیتا ہے۔
الفِعَالُ: دو آدمیوں کا کارنامہ (اچھا یا برا) (۲) کلہاڑی، ہتھوڑے اور بسولہ کا دستہ ج: فُعُلٌ۔
الفَعَّالُ: مؤثر، تیز، مستعد۔
الفَعَّالِیَّۃُ: تاثیر، تیزی، مستعدی، صلاحیت کا مؤثر کارکردگی۔
فَعَّالِیَّۃُ الاتفاقیَّۃِ: معاہدہ کے اثرات صلاحیت۔
الفِعْلُ: فعل (۲) عمل، کارروائی (۳) تاثیر (۴) علم النحو میں وہ لفظ جو حدث (نئی بات) پر مع زمانہ دلالت کرے ج: فِعال وأفعالٌ۔
الفعل المنعکس: وہ حرکت جو کسی حرکاتی یا غدودی عضو میں کسی مقام کی حساسیت بڑھانے اور حرکت دینے کے نتیجہ میں پیدا ہوتی ہے، ردعمل، ری ایکشن
فِعْلًا: عملا، فی الواقع، عملی طور پر۔ بالفعل: عملا، فی الواقع، درحقیقت، واقعۃً۔
الفَعْلَۃُ: ایک دفعہ کا عمل، فعل، اس کا اطلاق ناپسندیدہ فعل وعمل پر ہوتا ہے۔ غلط حرکت۔ قرآن کریم میں ہے: "وفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الّتي فَعَلْتَ وَاَنْتَ مِنَ الكافِرِيْنَ"
الفَعَلَۃُ: مزدور لوگ، کارکنان و: فاعِل
الفِعْلِیُّ: موجود (مقابل ممکن)، عملی۔
الفِعْلِیَّۃُ: واقع میں موجود ہونا۔
المُفَاعِلُ: ری ایکٹر، جوابی عمل کرنے والا، ایک مادہ کے دوسرے مادہ پر اثر انداز ہونے کا نظام۔
المُفَاعِلُ الذَّرِّی او النَّوَوِیُّ: ایٹمی ری ایکٹر۔ ایک ایسا سسٹم جس میں یورانیم کے جوہری ذرات کو مسلسل وخود خیز انشقاق وانتشار کے ذریعہ مادہ کو ایک خاص توانائی میں تبدیل کیا جاتا ہے، اور اس انتشار کو روکنے اور قابو میں کرنے کے وسائل موجود ہوتے ہیں۔
المُفَاعَلَۃُ: جوابی عمل، ری ایکشن۔
المُفْتَعَلُ: جعلی، گھڑا ہوا، مصنوعی (بے حقیقت) (۲) نوایجاد جس کا پہلے نمونہ نہ ہو۔ جاءَ بالمُفْتَعَلِ: اس نے ایک بڑا انیا کام کیا۔
المَفْعُوْلُ: فاعل کا اثر قبول کرنے والا، (۲) نتیجہ، اثر (۳) معمول بہ۔ ساری المَفْعُوْلِ: اثر انداز، نافذ العمل۔
المَفْعُوْلِیَّۃُ: اثر پذیری، مفعول یا متاثر ہونے کی صلاحیت، کیفیت۔
المُنْفَعِلُ: متاثر، مشتعل، ناراض۔

• فَعَمَ الإناءَ ـَ فَعْمًا: لبالب بھرنا۔ فَعَمَہُ الطِّیْبُ ـَ فَعْمًا: خوشبو کا کسی کو مہکا دینا (اس کی ناک میں خوشبو پہنچ جانا)۔
فَعُمَ الإناءُ ـُ فَعَامَۃً وفُعُوْمَۃً: بھر جانا۔
ـــ السَّاعِدُ ونَحْوُہُ: بازو کا گوشت سے پر ہونا، گٹھا ہوا ہونا۔ ھو فَعْمٌ۔
فَعُمَتِ المَرْأَۃُ: اچھی ساخت والی ہونا۔ ھی فَعْمَۃٌ۔
أَفْعَمَ الإناءَ: برتن کو اوپر تک بھرنا۔
ـــ ہ الخَبَرُ مَسَرَّۃً او مَسَاءَۃً: خبر کا خوشی یا غم میں ڈبا دینا۔
ـــ المِسْكُ البَيْتَ: مشک کی خوشبو کا گھر کو بھر دینا۔ ھو مُفْعِمٌ۔
فَعَّمَ الإناءَ: اوپر تک بھرنا۔
الأَفْعَمُ: لبالب بھرا ہوا، چھلکتا ہوا۔
الفَعْمُ: وَجْہٌ فَعْمٌ: بھرا ہوا چہرہ۔ جَارِیَۃٌ فَعْمٌ: گٹھے ہوئے بدن کی عورت۔ فَعْمُ الأوْصَالِ: پر گوشت (موٹے) اعضا والا۔ حَيٌّ فَعْمٌ: لوگوں سے بھرا ہوا (آباد) محلہ۔
المُفْعَمُ: بھرا ہوا، لبریز۔
• فعي: أَفْعَى فُلَانٌ: اچھائی کے بعد برا ہو جانا، بھلائی کرنے کے بعد بدی پر اتر آنا۔
فَعَّى الشَّيْءَ: کسی چیز پر سانپ کی شکل بنانا (یہ اونٹ کی مخصوص نشانی ہوتی تھی)
تَفَعَّى فُلَانٌ: بدی پر آمادہ ہونا (۲) بدخلق ہونا۔
الأَفْعَى: خبیث زہریلا سانپ جو چتکبرا ہوتا ہے، اس کی گردن باریک اور سر چوڑا ہوتا ہے ج: أَفَاعٍ۔
الأُفْعُوَانُ: نر زہریلا سانپ ج: أَفَاعٍ
المَفْعَاۃُ: أَرْضٌ مَفْعَاۃٌ: زہریلے

سانپوں والی زمین ۔

المُفَتَّاةُ: اونٹ پر سانپ کی شکل بنانے کا چھاپہ (۲) برائے امتیاز سانپ کی شکل کے نشان والا اونٹ وغیرہ ۔

ف ــــ غ

•فَغَرَ فَمَهُ ــَـ فَغْرًا: منہ کھولنا۔

اَفْغَرَ فَاهُ: منہ کھولنا۔

اِنْفَغَرَ الفَمُ: منہ کھلنا۔

ــــ النَّوْرُ: کلی کھلنا۔

الفَاغِرُ فَاه: منہ کھولے ہوئے۔

الفَاغِرَةُ: کباب چینی۔

فَغَارِ: طَعْنَةٌ فَغَارِ: نیزے کی آر پار ضرب

الفُغْرَةُ: وادی کا دہانہ ج: فُغَرٌ۔

المَفْغَرَةُ: کشادہ زمین (۲) پہاڑ کا شگاف، کھوہ (کہف سے چھوٹا)۔

•فَغَمَ النَّوْرُ ــَـ فَغْمًا وفُغُومًا: کلی کھلنا۔

ــــ الرَّائِحَةُ اَنْفَهُ: بو کا ناک میں بھر جانا۔

ــــ الرَّائِحَةُ زُكَامَ المَزْكُوم: زکام والے کے زکام کو بو کا کھول دینا، بہا دینا۔

فَغِمَ بالشَّيءِ ــَـ فَغَمًا: کسی چیز کا حریص اور شوقین ہونا۔

ــــ بِالمَكَانِ: قیام کرنا، برقرار رہنا۔

هو فَغِمٌ۔

فَغَّمَ البَيْتَ: گھر کو خوشبو سے بھر دینا، سارے گھر کو مہکا دینا۔

ــــ فُلَانًا: شوق دلانا۔ هو مُفَغَّمٌ بِه: وہ اس کا دلدادہ ہے، حریص ہے۔

فَغَّمَهُ: مسالوں سے خوشبودار بنانا۔

تَفَغَّمَ و انْفَغَمَ الزُّكَامُ: زکام کھلنا، بہنا۔

تَفَغَّمَ النَّوْرُ: کلی کھلنا۔

الفَغْمُ: دانتوں میں پھنسے ہوئے کھانے کے ریزے۔

الفُغْمُ: ٹھوڑی (دائیں بائیں کناروں سمیت) (۲) منہ۔

الفَغْمُ: ناک۔

الفَغْمَةُ (من الطِّيبِ): خوشبو کی مہک

المَفْغُومُ: مسالوں سے خوشبودار کیا ہوا (۲) زکام میں مبتلا آدمی۔

•فَغَا الشَّجَرُ ـُـ فَغْوًا: درخت کی کلیاں کھلنا۔

ــــ الشيءُ: خوشبو نکلنا، پھیلنا۔

ــــ جِسْمَهُ: حنا سے معطر کرنا، بدن کو خوشبو ملنا۔

فَغِيَ التَّمْرُ ــَـ فَغًى: کھجور کی جھلی کا موٹا ہو جانا۔ کھجور کا خراب ہو جانا۔

هو فَغٍ۔

اَفْغَى الشَّجَرُ: درخت کی کلی کھلنا۔

ــــ التَّمْرُ او البُسْرُ: فَغِيَ۔

اَفْغَتِ النَّخْلَةُ: کچی کھجور کی جھلی کا موٹا ہو جانا، درخت خراب ہو جانا

ــــ فُلَانٌ: کسی کا خوب روئی کے بعد بدصورت ہو جانا (۲) اطاعت گزار ہونے کے بعد نافرمان ہو جانا (۳) مال داری کے بعد غریب ہو جانا۔

ــــ الطَّعَامَ: کھانے کو ملاوٹ سے صاف کرنا، خراب حصہ نکالنا۔

الفَاغِيَةُ: خاص طور پر حنا کی کلی (عامۃ الناس اس کے پھل کو کہتے ہیں) (۲) ہر خوشبودار پودے کی کلی (۳) خوشبو۔

الفَغَى: خراب کچی کھجور (۲) ہر ردی چیز

الفَغْوُ: الفَاغِيَةُ۔

الفَغْوَةُ: پھول (۲) خوشبو۔

المَفْغُوُّ: حنا کی خوشبو لگائی ہوئی چیز۔

ف ــــ ق

•فَقَأَ العَيْنَ ــَـ فَقْأً: آنکھ پھوڑنا۔

ــــ البَثْرَةَ و نَحْوَهَا: پھنسی پھوڑے کو چیر کر مواد نکالنا، پھنسی کو پھوڑنا۔

ــــ حَبَّ الرُّمَّانِ وغيره: انگور وغیرہ کے دانوں کو دبا کر نچوڑنا۔

اَفْقَأَ فُلَانٌ: بیماری کے باعث اندر گھسے ہوئے سینے والا ہونا۔

فَقَّأَ: زور سے چیرنا، مکمل طور پر چیرنا، پھوڑنا (۲) زور سے دبا کر رس نکالنا۔

اِنْفَقَأَ: پھٹنا، چرنا۔

تَفَقَّأَ: مطاوع فَقَّأَ: زور سے پھٹنا، بالکل چر جانا، بالکل پھوٹ جانا۔

ــــ النَّبَاتُ: پودے پر کلیاں یا پھل نکلنا

ــــ السَّحَابَةُ عن مَائِهَا: بادل کا پانی کو چھوڑ دینا، زور سے برسنا۔

ــــ فُلَانٌ شَحْمًا: کسی پر اتنی چربی چڑھنا کہ جلد پھٹنے لگے۔

الفَاقِيَاءُ: ولادت کے وقت بچہ کے سر پر نکلنے والا پانی (۲) وہ جھلی جس میں بوقت ولادت بچہ نکلتا ہے۔

الفَقْءُ: پتھر وغیرہ میں پڑا ہوا گڑھا جس میں پانی اکٹھا ہو جاتا ہے ج: فُقُوءٌ

الفَقْأَةُ: برسنے کے قریب وہ بادل جس میں نہ کڑک ہو نہ چمک۔

المُفَقِّئَةُ: زمین کو پھاڑنے والی وادیاں

•فَقَحَ النَّبَاتُ ــَـ فَقْحًا: کلی آنا، پھول کھلنا۔

ــــ الجَرْوُ و نَحْوُهُ: پلے وغیرہ کا پہلے پہل آنکھیں کھولنا۔

فَقَّحَ: مبالغہ در فَقَحَ۔ کہتے ہیں: فَقَّحْنَا وَصَأْصَأْتُمْ: ہم نے حق دیکھ لیا مگر تم نہ دیکھ سکے۔

تَفَاقَحَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کی طرف بیٹھ کرنا۔
تَفَقَّحَ الشَّيْءُ: کھلنا (پھول یا کلی وغیرہ کا)
الْفُقَّاحَةُ: شگوفہ، کھلتے وقت کا پھول ج: فُقَّاحٌ۔
الْفُقَّاحِيَّةُ: حُلَّةٌ فُقَّاحِيَّةٌ: کھلتے ہوئے گلابی رنگ کا سوٹ، پوشاک
الْفَقْحَةُ: ہتھیلی۔
• فَقَدَ الشَّيْءَ ـ فَقْدًا و فِقْدَانًا: کسی کے پاس سے کوئی چیز گم یا ضائع ہو جانا۔ فَقَدَ الْكِتَابَ: اس کی کتاب کھوئی گئی۔ فَقَدَ الْمَالَ وغیرہُ: اسے مال میں گھاٹا ہوا یا مال کھو بیٹھا۔ فَقَدَ الصَّدِيقَ و فَقَدَتِ الْمَرْأَةُ زَوْجَهَا: دوست یا خاوند سے محروم ہو جانا، ہاتھ دھو بیٹھنا۔ هو فَاقِد و المفعول مَفْقُودٌ و فَقِيدٌ۔
ــــ الْأَعْصَابَ: بے قابو ہو جانا، ہوش اڑ جانا۔
أَفْقَدَهُ الشَّيْءَ: کسی کی کوئی چیز گم کرا دینا، ضائع کرا دینا، کسی کو کسی چیز سے محروم کر دینا۔
افْتَقَدَ الشَّيْءَ: فَقَدَهُ (۲) گم ہونے پر تلاش کرنا۔ شاعر نے کہا:
"وَفِي اللَّيْلَةِ الظَّلْمَاءِ يُفْتَقَدُ الْبَدْرُ"
تَفَاقَدَ الْقَوْمُ: بعض کا بعض کو کھو دینا۔
تَفَقَّدَ الشَّيْءَ: گم شدہ کو تلاش کرنا، جائزہ لینا، معاینہ کرنا۔ قرآن پاک میں ہے:
"وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَا لِيَ لَا أَرَى الْهُدْهُدَ"
فَقَدَ الِاتِّزَانَ: توازن (بیلنس) کھو بیٹھنا
ــــ الْأَمَلَ: ناامید ہو جانا۔
ــــ الْآدَمِيَّةَ: انسانیت سے دور ہو جانا۔
ــــ الثِّقَةَ: اعتماد کھو بیٹھنا۔

فَقَدَ السَّيْطَرَةَ عَلَى شَيْءٍ: کسی چیز پر کنٹرول باقی نہ رہنا، کنٹرول سے باہر ہو جانا۔
ــــ الْهَيْبَةَ: بے وقار ہو جانا۔
ــــ الْوَعْيَ: بے ہوش ہو جانا، بے برداشت ہو جانا، ہوش قابو میں نہ رہنا۔
تَفَقَّدَ أَحْوَالَ الْقَوْمِ: حالات کا جائزہ لینا، چھان بین کرنا
اسْتَفْقَدَهُ: کسی کی کمی محسوس کرنا، کم پانا۔
الْفَاقِدُ: وہ عورت جس کا شوہر یا لڑکا یا قریبی رشتہ دار مر گیا ہو۔
ظَبْيَةٌ فَاقِدٌ، بَقَرَةٌ فَاقِدٌ: وہ ہرنی یا گائے جس کے بچے کو درندہ نے کھا لیا ہو۔ فَاقِدُ الْإِحْسَاسِ: بے حس، سرد مہر۔ فَاقِدُ الْكِيَانِ: بے جان، بے حیثیت۔
الْفَقْدُ و الْفِقْدَانُ: محرومی، کمی۔
الْفَقِيدُ: مرحوم، متوفی، گم شدہ، ضائع شدہ۔ مَاتَ فُلَانٌ غَيْرَ فَقِيدٍ: فلاں کی موت اس طرح آئی کہ اس کے مرنے کی کوئی پرواہ نہیں کی گئی۔
فَقِيدُ الْمِثَالِ: بے نظیر، بے مثال۔
الْمَفْقُودُ: گم شدہ، ضائع شدہ۔
• فَقَرَ الْأَرْضَ ـ فَقْرًا: کھودنا۔
ــــ الْبِئْرَ: کنواں کھود کر پانی نکالنا۔
ــــ الْخَرَزَ: مہروں میں سوراخ کرنا
ــــ الشَّيْءَ: توڑنا۔
ــــ الرَّجُلَ و نَحْوَهُ: ریڑھ کی ہڈی کو توڑنا، مہرے توڑنا۔
فَقَرَتْهُ الدَّاهِيَةُ: مصیبت نازل ہونا۔
فَقِرَ ـ فَقَرًا: بیماری یا شکستگی کی بنا پر ریڑھ کی ہڈی میں درد والا ہونا

هو فَقِرٌ و فَقِيرٌ۔
فَقُرَ ـ فَقْرًا: غریب و مفلس ہونا، نادار ہونا۔
أَفْقَرَ الظَّهْرُ: ریڑھ کی ہڈی کا مضبوط ہونا۔
ــــ الصَّيْدُ فُلَانًا: شکار کا قریب ہو کر شکار کئے جانے کا موقع دینا۔
ــــ فُلَانًا دَابَّتَهُ: کسی کو اپنا جانور مستعار دینا۔
ــــ فُلَانًا أَرْضًا: کسی کو زراعت کے لئے عاریۃً زمین دینا۔
ــــ اللّٰهُ فُلَانًا: کسی کو غریب بنانا۔
فَقَّرَ الشَّيْءَ: مبالغہ در فَقَرَ۔
ــــ لِلْفَسِيلَةِ: کھجور کے پودے کیلئے گڑھا کھودنا۔
افْتَقَرَ: غریب و مفلس ہونا۔
ــــ إِلَى الْأَمْرِ: کسی چیز کا محتاج ہونا
تَفَاقَرَ: غریب و نادار بننا (یعنی اس کا اظہار کرنا، حقیقت کے برخلاف)۔
تَفَقَّرَتِ الْأَرْضُ: زمین بہت گڑھے والی ہونا
الْفَاقِرَةُ: مصیبت ج: فَوَاقِرُ۔
فَقَارُ الجوزاء: برج جوزاء کے ستا[illegible]
ذو الْفَقَارِ: حضرت علیؓ کی تلو[ار کا] لقب۔
الْفَقَارَةُ: ریڑھ کی ہڈی۔ سر سے سر[ین] کے قریب تک عظمی زنجیر کا ایک حلقہ، ان حلقوں کی تعداد انسان میں [چونتیس] ہوتی ہے۔ سات گردن میں، بارہ میں پسلیوں کے درمیان، پانچ [کمر] میں، پانچ سرین میں اور چار [دم] کی جڑ میں ج: فَقَارٌ۔
الْفَقَارِيُّ: ریڑھ کی ہڈی سے متعل[ق]
الْفَقْرُ: تہی دستی، غربت، افلاس، ناداری ج: مَفَاقِر (خلاف قیا[س])

(۲) شگاف، سوراخ (۳) حرص (۴) غم
ج: فُقُورٌ۔
فَقْرُ الدَّم: خون کی کمی اور اس کی وجہ سے نظام میں گڑبڑی، قلت خون، انیمیا۔
الفَقَرَةُ: ریڑھ کی ہڈی ج: فَقَرَات۔
الفِقْرَةُ: ریڑھ کی ہڈی (۲) پہاڑ یا کسی ٹھکانے وغیرہ پر لگا ہوا جھنڈا (۳) کلام کا ایک جملہ (۴) مضمون کا ایک حصہ (۵) شعر کا ایک مصرعہ (۶) پیراگراف (۷) قانون کی دفعہ کا ایک مستقل مضمون
ج: فِقَرٌ و فِقَرَاتٌ۔
ما اَحْسَنَ فِقَرَ كَلَامِه: اس کے نکتے کتنے وقیع ہیں۔ زِدْتُ فِی كَلَامِه اَو شِعْرِه فِقْرَةً: میں نے اس کے کلام یا شعر میں ایک نکتہ کا اضافہ کیا، ایک جملہ یا فقرہ بڑھایا۔
الفُقْرَةُ: وہ گڑھا جس میں کہیں سے پودا اکھاڑ کر لگایا جائے۔
فُقْرَةُ القَمِيص: کرتے کا گریبان، ج: فُقَرٌ۔
الفَقِيرُ: وہ شخص جس کی ریڑھ کی ہڈی ٹوٹی ہوئی ہو (۲) نہر کے پانی نکلنے کا راستہ (۲) معمولی روزی کا مالک، غریب مفلس، محتاج (۳) درویش ج: فُقَرَاءُ و فُقُرٌ۔
المَفَاقِرُ: اسباب غربت و محتاجی۔ سَدَّ اللّٰهُ مَفَاقِرَهُ: اللہ اس کو مالدار کرے
المُفَقَّرُ: مضبوط ریڑھ کی ہڈی والا (۲) فرمانبردار مرد۔
• فَقَسَ ـِ فُقُوسًا: اچانک مرجانا (۲) اچھلنا، کودنا۔
ـــ فلانًا عن الاَمر فَقْسًا: کسی کام سے بری طرح ہٹانا، روکنا۔
ـــ الطَّائِرُ بَيْضَتَهُ: چوزہ نکالنے کیلئے پرندہ کا اپنے انڈے کو توڑنا۔

فَقَسَ الحَيَوَانَ: جانور کو مار ڈالنا۔
ـــ الشَّيْءَ: کسی چیز کو چھین کر یا غصہ سے لینا
ـــ الفَخُّ الطَّيْرَ: پھندے کا پرندے کو اپنی پکڑ میں لے لینا، پھندا لگ جانا
اِنْفَقَسَ الشَّيْءُ: پلٹنا، الٹنا۔
تَفَاقَسَا: ایک دوسرے کے بال پکڑ کے کھینچنا۔
الفَقُّوسُ: مصر میں ایک قسم کی ککڑی (۲) شام میں ایک قسم کا خربوزہ۔
المِفْقَاسُ: پھندے کی لکڑی جو پرندے پر چھوتے ہی گر جاتی ہے، پھندے کی اسپرنگ۔
• فَقَشَ البَيْضَةَ و نَحْوَهَا ـِ فَقْشًا: انڈے کو زردی وغیرہ نکالنے کے لئے توڑنا۔
• فَقَصَ: فَقَسَ۔
الفَقُّوصُ: ایک بڑی ککڑی۔
• فَقَّطَ الحِسَابَ: حساب کو لفظ فقط لکھ کر یا کہہ کر پورا کرنا اور بند کرنا۔
فَقَطْ: بس، صرف۔ فَحَسْبُ کے معنی میں۔ اسے عدد کے ساتھ ذکر کرتے ہیں کہ اب گویا اس کے بعد کچھ نہیں (دیکھئے: قَطّ)۔
• فَقَعَ اللَّوْنُ ـَ فَقْعًا و فُقُوعًا: رنگ کا صاف ہونا، چمکدار ہونا، رنگ کا کھلا ہوا زرد ہونا، بالکل زرد ہونا۔ اس کا غالب استعمال زرد رنگ کی صفائی اور چمک کے لئے ہوتا ہے اَصْفَرُ فَاقِعٌ۔
ـــ الشَّيْءَ: پھاڑنا۔ فَقَعَتْهُ الفَوَاقِعُ: اس پر دردناک مصیبتیں آئیں۔
فَقَّعَ فُلَانٌ: بے تکی باتیں کرنا۔
ـــ الاَدِيمَ: کھلے ہوئے رنگ سے چمڑے کو رنگنا، چمکیلی رنگائی کرنا۔
ـــ الخُفَّ: جوتے میں چوبج لگانا۔

فَقَّعَ المَفَاصِلَ: جوڑوں کی ہڈیوں کو دبا کر چٹخانا۔
ـــ وَرَقَةَ الوَرْدِ: گلاب کے پتے کو ہاتھ مار کر توڑنا کہ آواز پیدا ہو۔
ـــ الشَّيْءَ المَنْفُوخَ: پھونک بھری ہوئی چیز پر ہاتھ مارنا جس سے وہ آواز کے ساتھ پھٹ جائے۔
اِنْفَقَعَ الشَّيْءُ: پھٹنا۔
تَفَاقَعَتْ عَيْنُهُ: آنکھ میں سفیدی آ جانا، سفید ہو جانا۔
تَفَقَّعَتِ الوَرَقَةُ: ہاتھ پڑنے سے پتے کا آواز کے ساتھ پھٹ جانا۔
ـــ الاَصَابِعُ: انگلیاں دباتے وقت چٹخنے کی آواز آنا۔
ـــ النَّبَاتُ: پودے کا خشک ہو کر سخت ہو جانا
هو مُتَفَقِّعٌ۔
الاَفْقَعُ: الفَاقِعُ۔
الفَاقِعُ: صاف و چمکدار بھڑک دار زرد رنگ کا، (اصفر۔ زرد رنگ کے لئے زیادہ مستعمل ہے) ج: فَوَاقِع۔
الفَاقِعَةُ: دردناک مصیبت ج: فَوَاقِع۔
الفَقْعُ: سانپ کی چھتری کی خراب قسم۔ مقولہ ہے: فَقْعَةٌ بِقَرْقَرٍ: نشیبی زمین کی سانپ کی خراب چھتری۔ ذلیل آدمی کو کہتے ہیں ج: اَفْقُعٌ و فُقُوعٌ۔
الفَقَّاعُ: انتہائی بدباطن، شریر۔
الفُقَّاعُ: جو کی شراب جس میں بلبلے اٹھنے لگیں۔
الفُقَّاعِيُّ: جو کی شراب بیچنے والا۔
الفُقَّاعَةُ: پانی وغیرہ کا بلبلہ ج: فَقَاقِيع۔
• فَقْفَقَ الماءُ: ٹپکنے یا گرتے وقت پانی کی آواز ہونا۔
ـــ فُلَانٌ فی كَلَامِه: بے تکی باتیں کرنا
الفَقْفَاقُ: بے فائدہ بولنے والا، جھکی آدمی
• فَقَّ الشَّيْءُ ـُ فَقًّا: کشادہ ہونا، بیچ میں سے کھلنا، کشادگی ہونا۔

فَقَّ الشَّيْءَ ـُ فَقًّا: کھولنا۔ فَقَّ الباب و نَحْوَه: دروازہ کھولنا۔
ـــ النَّخْلَةَ: کھجور کی شاخوں کو ہٹا کر خوشہ تک پہنچنے کا راستہ بنانا۔
اِنْفَقَّ الشَّيْءُ: کھلنا، شگاف والا ہونا۔
الفَقَاقُ: بے فائدہ اور بسیار گو۔
• فَقَلَ البَيْدَرَ ـُ فَقْلاً: کھلیان میں غلہ پھیلانا۔
اَفْقَلَ المَكَانُ: سرسبز ہونا۔
الفَقْلُ: سرسبزی۔
المِفْقَلَةُ: غلہ پھیلانے کا آلہ۔
• فَقَمَ فُلَانًا ـُ فَقْمًا: کسی کے دونوں جبڑے پکڑنا۔
فَقِمَ الرَّجُلُ ـَ فَقَمًا و فَقْمًا: ناہموار جبڑوں والا ہونا (یعنی ایک جبڑا باہر کو نکلا ہوا ہونا اور دوسرے کا اندر کو ہونا) هو اَفْقَمُ وهي فَقْمَاءُ ج: فُقْمٌ۔
ـــ الإِنَاءُ وغيرُهُ: بھر جانا۔ اَصَابَ مِنَ الطَّعَامِ حَتَّى فَقِمَ: اس نے اتنا کھایا کہ بدہضمی ہو گئی۔
ـــ الأَمْرُ: کسی معاملہ کا صحیح نہ چلنا، سخت ہو جانا۔
فَقُمَ الأَمْرُ ـُ فَقَامَةً وفُقُومًا: سنگین اور خطرناک ہو جانا۔
تَفَاقَمَ الأَمْرُ: سنگین ہو جانا، بڑھ جانا، شدت اختیار کرنا، اضافہ ہونا (شر اور ضرر بڑھنے کے لئے آتا ہے)۔
الأَفْقَمُ: باہر نکلے ہوئے دانتوں والا (۲) ٹیڑھا اور خلاف مفاد (معاملہ)۔
الفُقْمُ: جبڑا (هما فُقْمَانِ) کتے وغیرہ کی تھوتھنی کا کنارہ۔
الفُقْمَةُ: ایک قسم کی دودھ پلانے والی سمندری مچھلی۔
• فَقِهَ الأَمْرَ ـَ فَقَهًا وفِقْهًا: اچھی طرح سمجھنا، ادراک کرنا، تہ اور حقیقت تک پہنچنا۔
فَقِهَ عنه الكلامَ و نَحْوَهُ: کسی کی بات کو سمجھ لینا۔ هو فَقِهٌ۔
فَقُهَ ـُ فَقَاهَةً: تیز فہم ہونا، قانون داں ہونا، فقیہ (شریعت کا ماہر) ہونا۔
اَفْقَهَهُ الأَمْرَ: کسی کو سمجھانا۔
فَاقَهَهُ: علم اور فقہ میں کسی سے بڑھ جانا۔
فَقَّهَهُ: فقیہ اور قانون داں بنانا۔
ـــ الأَمْرَ: کسی بات سے باخبر کرنا۔
تَفَقَّهَ: فقیہ اور قانون داں بن جانا۔
ـــ الأَمْرَ: کسی بات کی گہرائی میں پہنچنا غور کر کے سمجھنا۔
ـــ فِي الأَمْرِ: کسی بات کے علم کا ماہر ہونا، فہم و ادراک حاصل کرنا، صاحب بصیرت ہونا۔
الفَقَاهَةُ: سمجھ بوجھ، علم شریعت کی مہارت، قانون دانی۔
الفِقْهُ: علمی مہارت، فہم و فراست (۲) علم، بطور خاص شریعت اسلامی اور اصول دین کا تفصیلی علم۔
فِقْهُ اللُّغَةِ: علم اللسان، علم لسانیات
الفَقِيهُ: صاحب فہم عالم، اصول شریعت اور احکام شریعت کا عالم ماہر (۲) قرآن پاک پڑھنے اور پڑھانے سکھانے والا (۳) قانون داں ج: فُقَهَاءُ

ف ـــــ ك

• فَكَرَ فِي الأَمْرِ ـِ فَكْرًا: غور کرنا، سوچنا، حاصل شدہ معلومات کو کسی نتیجہ پر پہنچنے کے لئے ترتیب دینا (قلیل الاستعمال)
اَفْكَرَ فِي الأَمْرِ: فَكَرَ فيه۔ هو مُفْكِرٌ۔
فَكَّرَ فِي الأَمْرِ: خوب غور کرنا، خوب سوچنا، نتیجہ نکالنے کے لئے معلومات ذہنی کو عقلی طور پر ترتیب دینا (کثیر الاستعمال)
فَكَّرَ فِي المُشْكِلَةِ: مسئلہ کا حل نکالنے کے لئے غور و فکر کرنا۔ هو مُفَكِّرٌ
ـــ فُلَانًا بِالأَمْرِ: کسی کو کوئی بات سمجھانا، دل میں لانا۔
اِفْتَكَرَ: یاد کرنا (دل میں آ جانا یا دآ جانا)
ـــ فِي الأَمْرِ: غور کرنا۔
تَفَكَّرَ فِي الأَمْرِ: اِفْتَكَرَ۔
الفَاكُورَةُ: کھڑکی کی چٹخنی۔
التَّفْكِيرُ: سوچ، غور، کسی مسئلہ کے حل کے لئے عقل سے کام لینا (۲) سوچنے کا ڈھنگ، نظریہ۔
الفِكْرُ: مجہول چیز کی معرفت کے لئے معلوم چیزوں کی عقلی ترتیب (۲) خیال، نظر، نقطۂ نظر، رائے۔ لِي فِي الأَمْرِ فِكْرٌ: اس معاملہ میں میرا ایک نظریہ ہے: مَا لِي فِي الأَمْرِ فِكْرٌ: اس معاملہ میں میری کوئی رائے نہیں ہے یا کوئی سرکار نہیں ہے ج: اَفْكَارٌ۔
الفَكْرُ: لَيْسَ لِي فِي هذا الأَمْرِ فَكْرٌ: مجھے نہ اس کی ضرورت ہے اور نہ پرواہ
الفِكْرَةُ: خاص خیال، سوچی ہوئی رائے، نظریہ، نئی تجویز، نیا خیال، کسی چیز کا ذہنی تصور ج: فِكَرٌ۔
الفِكْرَةُ البَسِيطَةُ: سادہ لوحی اور عدم غور و فکر پر مبنی آئیڈیا۔
الفِكْرَةُ الثَّابِتَةُ: ٹھوس آئیڈیا۔
الفِكْرَةُ الحَكِيمَةُ: دانشمندانہ خیال۔
الفِكْرِيُّ: نظریاتی، فکری، تخیلاتی۔
فِكْرِيًّا: نظریاتی طور پر۔
الفِكْرَى: الفِكْرُ ج: فِكْرِيَات۔
الفِكِّيرُ: بہت سوچ بچار کرنے والا۔
المُفَكِّرُ: دانشور، سوچ کر مسائل کا حل نکالنے والا، مفکر۔

المُفَكِّرَةُ: نوٹ بک (۲) یادداشت، میمورنڈم
— اليَوْمِيَّةُ: روزنامچہ، روزانہ کی ڈائری
مُفَكِّرَةُ جَيْبٍ: پاکٹ نوٹ بک۔
• فَكَّ الشَّيْءَ ـُ فَكًّا: کھولنا، ڈھیلا کرنا، اجزاء الگ الگ کرنا۔
— الارتباطَ: علیحدگی کرنا، رابطہ ختم کرنا۔
— الحِصَارَ: ناکہ بندی ختم کرنا، محاصرہ توڑنا۔
— الحُزْنَ: غم دور کرنا۔
— الحُزْمَةَ: پیکٹ کھولنا۔
— النُّقُودَ: بڑے سکہ کو چھوٹے سکوں سے بدلنا، ریزگاری بنانا۔
— الآلَةَ: مشین کھولنا، پرزے الگ کرنا۔
— العُقْدَةَ: گرہ وغیرہ کھولنا۔
— العَظْمَ او المَفْصِلَ: ہڈی یا جوڑ الگ کرنا۔
— الغُلَّ او القَيْدَ: بیڑی یا ہتھکڑی کھولنا۔
— الأَسِيْرَ: قیدی کو رہا کرنا، آزاد کرنا، چھوڑنا۔
— الرَّهْنَ: گروی رکھی ہوئی چیز چھڑانا۔
— الصَّبِيَّ: بچہ کا جبڑا کھول کر دوا ڈالنا
— اِدْغَامَ الحَرْفَيْنِ: دو حرفوں کا ادغام ختم کرنا، دونوں کو الگ الگ کرنا۔
— الخَتْمَ: مہر توڑنا۔
— اللُّغْزَ او المَسْأَلَةَ: معمّا یا مسئلہ حل کرنا۔
— يَدَهُ: ہاتھ کھولنا۔
— المِسْمَارَ اللَّوْلَبِيَّ: پیچ دار کیل کھولنا۔
— رَقَبَتَهُ: قیدی کو رہا کرنا، غلام کو آزاد کرنا۔
فَكَّ المَفْصِلُ ـَ فَكَكًا: جوڑ ڈھیلا ہوجانا اور کمزور ہوجانا۔
— العَظْمُ: ہڈی کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔
فَكَّ الفَكُّ: جبڑا ٹوٹ جانا، سرک جانا۔
— الرَّجُلُ: ڈھیلا پڑجانا، کسی کی شخصیت کمزور ہوجانا۔ هو أَفَكُّ وهي فَكَّاءُ۔
أَفَكَّ الظَّبْيُ مِنَ الحِبَالَةِ: ہرن کا جال میں پھنس کر نکل جانا۔
فَكَّكَ: مبالغہ در فَكَّ۔ بالکل الگ کرنا، تمام اجزاء یا پرزے کھول ڈالنا۔
— العُرَى: شیرازہ بکھیرنا، پارہ پارہ کرنا، خلفشار پیدا کرنا۔
اِفْتَكَّ الرَّهْنَ: رہن چھڑانا۔
اِنْفَكَّ الشَّيْءُ: جدا ہونا، الگ ہونا۔
— العُقْدَةُ و نَحْوُها: گرہ وغیرہ کھل جانا۔
— عَظْمُ المَفْصِلِ: جوڑ کی ہڈی کا اپنی جگہ سے سرک جانا۔
مَا انْفَكَّ يَفْعَلُ كذا: وہ ایسا کرتا رہا (فعل مضارع پر داخل ہوکر اس کے فاعل سے مسلسل صدور پر دلالت کرتا ہے۔
تَفَكَّكَ: پرزوں یا اجزاء کا ڈھیلا ہوجانا، الگ الگ ہوجانا، جوڑ کھل جانا (۲) بے قابو ہوجانا۔
— المُجْتَمَعُ: دراڑیں پڑنا، کمزور ہونا
— عن المُجْتَمَعِ: معاشرہ سے کٹنا۔
— شَخْصِيَّةُ فلانٍ: کسی کی شخصیت کمزور ہونا، اثر و رسوخ ختم ہوجانا
— في المَشْيِ و الكَلامِ: چلنے یا بولنے میں ڈانوا ڈول ہونا۔
اِسْتَفَكَّ العُقْدَةَ او المُشْكِلَةَ: گرہ یا مسئلہ سلجھانے کی کوشش کرنا۔
الأَفَكُّ: ٹوٹے ہوئے جبڑے والا۔ م: فَكَّاءُ ج: فُكٌّ (۲) دونوں جبڑوں کے ملنے کی جگہ ج: فُكُوكٌ
التَّفَكُّكُ: ڈھیلا پن، انتشار، خلفشار، بکھراؤ، رخنہ، پھوٹ۔
التَّفَكُّكُ الداخِلِيُّ: اندرونی ٹوٹ پھوٹ۔
الفَاكُّ: بہت بے وقوف (۲) بوڑھا، ج: فَكَكَةٌ۔
الفِكَاكُ: وہ رقم وغیرہ جس کے ذریعہ رہن چھڑایا جائے یا قیدی کو چھڑایا جائے، بدل رہائی۔
الفَكُّ: جبڑا، دانتوں کے نکلنے کی جگہ ج: فُكُوكٌ (بعض علماء لغت کے نزدیک اس کے معنی زبان اور اس سے نکلی ہوئی بات کے بھی ہیں)۔
المِفَكُّ: پیچ کش، پیچ کھولنے اور کسنے کا آلہ ج: مَفَاكُّ۔
المَفْكُوكُ: کھلا ہوا۔
• الأَفْكَلُ: کپکپی، لرزہ۔ أَخَذَهُ أَفْكَلُ: اسے (خوف یا سردی کی وجہ سے) کپکپی آگئی، لرزہ طاری ہوگیا۔
• فَكَنَ في الأمرِ ـُ فَكْنًا: کسی کام میں لگے رہنا، چھوڑنے کے لئے تیار نہ ہونا۔
تَفَكَّنَ: تعجب کرنا۔
— عَلَى الشَّيْءِ: کسی چیز پر کفِ افسوس ملنا، اس کے ضائع ہوجانے پر افسوس کرنا۔
— في الأمرِ: غور کرنا۔
الفُكْنَةُ: گزری ہوئی بات پر پچھتاوا۔ افسوس و پشیمانی۔
• فَكِهَ ـَ فَكَهًا و فَكَاهَةً: خوش طبع ہونا، ہنس مکھ ہونا، مذاق ہونا۔
— منه: کسی چیز پر تعجب کرنا۔ هو فَكِهٌ و فَاكِهٌ۔
أَفْكَهَتِ النَّاقَةُ و نَحْوُها: اونٹنی وغیرہ کا بچہ دینے سے پہلے فصل ربیع کا چارہ کھا کر دودھ زیادہ دینا۔
فَاكَهَهُ: کسی سے ہنسی مذاق کرنا۔

فَكَّهَ القَوْمَ: پھل لاکر دینا (۲) چٹکلے سنانا، تفریح کی باتیں سنانا۔
تَفَاكَهَ القَوْمُ: آپس میں ہنسی مذاق۔
تَفَكَّهَ: میوہ کھانا، پھل کھانا۔
ـــ الرَّجُلُ: شرمسار ہونا، نادم ہونا۔ قرآن پاک کی آیت "فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُونَ" میں تفکہون کی تفسیر تَنَدَّمُوْنَ (شرمساری) سے کی گئی ہے۔
ـــ منه: کسی بات پر تعجب کرنا۔
ـــ بالشيءِ: لطف اندوز ہونا، تفریح لینا، مزے لینا، مزاحیہ انداز میں ذکر کرنا۔ کہتے ہیں: "تَرَكْتُ القَوْمَ يَتَفَكَّهُونَ بِفُلَانٍ"
الأُفْكُوهَةُ: عجوبہ، حیرت انگیز بات ج: أَفَاكِيهُ۔
الفَاكِهُ: خوش طبع، ہنس مکھ (۲) عیش اڑانے والا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَنَعْمَةٍ كَانُوا فِيهَا فَاكِهِينَ"
الفَاكِهَانِيُّ: میوہ فروش۔
الفَاكِهَةُ: مزیدار پھل (۲) مٹھائی ج: فَوَاكِهُ۔
الفَاكِهِيُّ: میوہ فروش۔
الفُكَاهَةُ: خوش طبعی، ہنسی مذاق، تفریحی بات، چٹکلا۔
الفُكَاهِيُّ: دلچسپ، مزاحیہ۔
الفَكِهُ: خوش طبع ہنس مکھ (۲) مذاقی، لوگوں کا مذاق اڑانے والا۔
فُلَانٌ فَكِهٌ بِأَعْرَاضِ النَّاسِ: فلاں لوگوں کی غیبت سے لطف اندوز ہوتا ہے۔
الفَكِيهَةُ: الفُكَاهَةُ۔
الفَيْكَهَانُ: بہت مسخرہ، تفریح باز۔

ف ـــ ل

• فَلَتَ الشيءُ ـِ فَلْتًا: قبضہ سے نکلنا، چھٹکارا پانا۔ هو فَالِتٌ۔
أَفْلَتَ منه: چھٹکارا حاصل کرنا، بچ نکلنا، ہاتھ وغیرہ سے چھوٹ جانا۔
ـــ الشيءَ: چھوڑ دینا، نکلنے دینا، جیسے أَفْلَتَ الحَبْلَ مِنْ يَدِهِ۔
أَفْلَتَهُ الشيءُ: چیز کا قبضہ سے نکلنا
ـــ الزِّمَامُ: لگام چھوٹ جانا۔
فَالَتَهُ مُفَالَتَةً و فِلَاتًا: اچانک کسی کے پاس آجانا، کوئی چیز اچانک درپیش ہو جانا۔
فَلَّتَهُ: چھوڑنا، رہا کرنا۔
افْتَلَتَ الأَمْرَ: کسی کام کو جلدی سے ہاتھ میں لینا۔
ـــ الكَلَامَ: برجستہ بولنا۔
ـــ الشيءَ: جلدی سے لے لینا، چھین لینا۔
ـــ الأَمْرُ فُلَانًا: کسی کو کوئی چیز اچانک درپیش ہو جانا۔ جیسے: افْتُلِتَهُ المَوْتُ: اسے اچانک موت آگئی۔
انْفَلَتَ: چھوٹ جانا، رہا ہو جانا (۲) ایک دم جان چھوٹ جانا۔
تَفَلَّتَ منه: ایک دم چھوٹ جانا۔
ـــ عليه: کسی پر حملہ کرنا۔
اسْتَفْلَتَ الشيءَ مِنْ يَدِهِ: کسی کے ہاتھ سے چھین لینا۔
الإِفْلَاتُ: رہائی، چھٹکارا، جان خلاصی (۲) زوال، ازالہ۔
الفُلَتُ: تیز رفتار شیر دل گھوڑا۔
الفَلَتَانُ: شیر دل مضبوط آدمی (۲) تیز رفتار شیر دل گھوڑا م: فَلَتَانَةٌ (۳) گٹھے ہوئے بدن کا موٹا تازہ آدمی ج: فِلْتَانٌ۔
الفَلْتَةُ: بے سوچے سمجھے عجلت میں ہونے والی بات، لغزش۔ حَدَثَ هذا فَلْتَةً: یہ یونہی ہو گیا، جلدی میں زبان سے نکل گیا۔ هذا من فَلَتَاتِ اللِّسَانِ: یہ سبقت لسانی سے ہوا، یہ زبان کی لغزشوں میں سے ہے۔
الفَلَتِيُّ و الفِلَاتِيُّ: گناہوں سے نہ بچنے والا۔
الفَلُوتُ: چھوٹی چادر جس کے پلّے اوڑھنے والے کے بدن پر نہ مل سکیں یا چکنا ہونے کی بنا پر بدن پر نہ ٹھہر سکے۔
• فَلَجَ ـُ فَلْجًا و فَلَجَ بحاجته: اپنے مقصد میں کامیاب ہونا۔
ـــ بحُجَّتِهِ: اپنی دلیل سے دوسرے کو مغلوب کر دینا۔ فَلَجَت حُجَّتُهُ: اس کی دلیل کارگر ہوئی۔
ـــ الشيءَ: دو ٹکڑے کرنا، چیرنا، پھاڑنا
ـــ الحَرَّاثُ الأَرْضَ لِلزِّرَاعَةِ: ہل چلانے والے کا زمین کو جوتنا، الٹ پلٹ کرنا۔
ـــ الطَّعَامَ و نحوَه بينهم: لوگوں میں کھانا وغیرہ تقسیم کرنا۔
ـــ الوالي الجِزْيَةَ على القومِ: حاکم کا لوگوں پر جزیہ عائد کرنا۔
ـــ بقلبِ فُلَانٍ: کسی کا دل چھین لینا۔
ـــ له: کسی کے حق میں فیصلہ کرنا۔
فَلِجَ الرَّجُلُ و نحوُه ـَ فَلَجًا و فَلْجَةً: ٹانگوں، ہاتھوں یا دانتوں کے درمیان فاصلہ والا ہونا۔ فَلِجَ ثَغْرُهُ و فَلِجَت أَسْنَانُهُ: دانتوں کے درمیان فاصلہ ہونا۔ هو أَفْلَجُ و هي فَلْجَاءُ ج: فُلْجٌ
فُلِجَ الرَّجُلُ: کسی پر فالج گرنا۔ هو مَفْلُوجٌ۔
أَفْلَجَ فُلَانًا على خَصْمِهِ: کسی کو مقابل پر غالب کرنا۔
ـــ اللهُ حُجَّتَهُ: اللہ کا کسی کی دلیل کو ثابت و قائم کر دینا، موثر بنانا۔
فَالَجَهُ: حصول مقصد میں کسی سے آگے بڑھنے کی کوشش کرنا، مقابلہ کرنا۔

فَلَّجَ الطَّعَامَ و نَحْوَهٗ بَيْنَهُمْ: لوگوں میں کھانا وغیرہ خوب تقسیم کرنا۔
ـــ الاَمْرَ: غور وفکر کرنا۔
ـــ المَرْأَةُ اَسْنَانَهَا: بغرض زینت کسی تدبیر سے دانتوں کو الگ الگ کرنا۔
تَفَلَّجَ: پاؤں وغیرہ کا پھٹنا (۲) شگاف پڑنا۔
ـــ الاَسْنَانُ: دانتوں کا فاصلہ دار ہونا
الفَالِجُ: ایک مرض جو جسم کے آدھے حصہ کو طولاً بے حس اور بے حرکت کر دیتا ہے (۲) دو کوہان والا بڑا اونٹ ج: فَوَالِجُ
الفَلَجُ: ندی، چھوٹی نہر ج: فُلُوجٌ۔
الفِلْجُ: ہر چیز کا آدھا حصہ (۲) لوگوں کی ایک صنف ج: فُلُوجٌ۔
الفُلْجُ: باغ کو سیراب کرنے والی نہر ج: فُلْجَانٌ۔
الفَلَجَاتُ: کھیت (جمع)۔
الفُلْجَةُ: کامیابی، مقصد برآری۔
الفَلُّوجَةُ: کھیتی کے لئے تیار کی ہوئی زمین ج: فَلَالِيجُ۔
الفَلِيجَةُ: خیمہ کا ایک حصہ۔
المُفَلَّجُ: رَجُلٌ مُفَلَّجُ الثَّنَايَا: علیحدہ علیحدہ دانتوں والا۔ اُمُورٌ مُفَلَّجَةٌ: غیر منظم اور بے ترتیب کام۔
المَفْلُوجُ: فالج زدہ۔
•فَلَحَ ـَ فَلَاحًا: مقصد میں کامیاب ہونا۔
ـــ بِالقَوْمِ فَلَاحَةً: لوگوں میں خرید وفروخت کو بائع اور مشتری دونوں کے لئے مفید ثابت کرنے کی کوشش کرنا، فریب دینے کی کوشش کرنا۔
ـــ فی البَيْعِ: خریدار کو دھوکہ دینے کے لئے کسی کا قیمت میں اضافہ کرنا۔
ـــ الشَّیءَ فَلْحًا: پھاڑنا، چیرنا۔
ـــ الاَرْضَ لِلزِّرَاعَةِ: کھیتی کے لئے زمین جوتنا، زمین میں ہل چلانا، پھاڑنا

فَلِحَ ـَ فَلَحًا: پھٹے ہوئے ہونٹ والا ہونا۔ فَلِحَتْ شَفَتُهٗ بھی کہتے ہیں۔ هو اَفْلَحُ و هی فَلْحَاءُ ج: فُلْحٌ۔ کبھی رَجُلٌ فَلْحَاءُ بھی کہا جاتا ہے جیسے: عنترۃ العبسی کو عَنْتَرَةُ الفَلْحَاءُ کا لقب دیا گیا ہے۔
اَفْلَحَ: بامراد و کامیاب ہونا (۲) آخرت کی نعمت حاصل کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "قَدْ اَفْلَحَ المُؤْمِنُوْنَ"
انْفَلَحَتِ الشَّفَةُ اَوِ اليَدُ: ہونٹ یا ہاتھ کا پھٹنا۔
فَلَّحَ بِهٖ: کسی کے ساتھ مذاق کرنا، ٹھٹھا کرنا (۲) کسی کے ساتھ چال چلنا۔
تَفَلَّحَ: انْفَلَحَ۔ تَفَلَّحَتِ اليَدُ و الشَّفَةُ: سردی کی وجہ سے ہاتھ اور ہونٹ پھٹنا۔
اسْتَفْلَحَ بِاَمْرِهٖ: اپنے معاملہ میں کامیاب ہونا (۲) اپنے کام کی کامیابی چاہنا۔
الاَفْلَاحُ: قَوْمٌ اَفْلَاحٌ: کامیاب لوگ (اس کا واحد نہیں)۔
الفَالِحُ: کامیاب۔
الفَلَاحُ: کامیابی، مطلب برآری (۲) بقا۔ کہتے ہیں: لَا اَفْعَلُ ذٰلِكَ فَلَاحَ الدَّهْرِ: جب تک زمانہ باقی ہے میں یہ کام نہیں کروں گا۔
الفِلَاحَةُ: کاشت کاری (زمین کی جتائی، بوائی اور سینچائی وغیرہ کا کام انجام دینے کا پیشہ)۔
الفَلْحُ: شق، پھٹن ج: فُلُوحٌ۔
الفَلَّاحُ: کاشت کار، زراعت پیشہ (۲) کشتی کا ملاح، جہاز کا کپتان ج: فَلَّاحُوْنَ
الفِلْحُ: دیہات۔ الفِلْحِیُّ: دیہاتی۔
الفَلْحَةُ: نیچے کے ہونٹ کی پھٹن۔
المَفْلَحَةُ: کامیابی کا سبب ج: مَفَالِحُ۔
•تَفَلْحَسَ الرَّجُلُ: طفیلی بننا (۲) ضد کرنا، اصرار سے مانگنا۔
الفِلْحَاسُ: قبیح، بدشکل۔
الفَلْحَسُ: لالچی، حریص (۲) سوال میں ہٹ کرنے والا۔ فَلْحَسٌ: بنی شیبان کے ایک شخص کا نام جو بہت اصرار کے ساتھ سوال کرتا تھا۔ اسلئے کہا جانے لگا: فُلَانٌ اَسْاَلُ مِنْ فَلْحَسٍ۔
•فَلَخَ ـَ فَلْخًا: پھاڑنا (۲) واضح کرنا۔
فَلَّخَهٗ: کسی کو مارنا۔
الفَيْلَخُ: ہتھکی ج: فَيَالِخُ۔
•فَلَذَ الشَّیءَ ـِ فَلْذًا: کاٹنا۔ فَلَذَ لَهٗ مِنْ مَالِهٖ: اپنے مال کا کچھ حصہ دینا
فَالَذَهٗ: کسی سے کسی بات پر مناظرہ کرنا، تبادلۂ خیال کرنا۔
فَلَّذَ الشَّیءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
افْتَلَذَ الشَّیءَ: کاٹنا۔
ـــ مِنْهُ حَقَّهٗ: اس سے اپنا حق چھین لینا۔ افْتَلَذَ لَهٗ قِطْعَةً مِنْ مَالِهٖ: اس نے اپنے مال کا ایک حصہ اسے دیدیا۔
ـــ فُلَانًا مَالَهٗ: کسی کے مال کا کچھ حصہ لینا۔
الفَالُوْذُ و الفَالُوْذَجُ: فالودہ۔
الفِلْذُ: اونٹ کا جگر ج: اَفْلَاذٌ۔
الفِلْذَةُ: جگر، گوشت، سونے اور چاندی کا ٹکڑا ج: فِلَذٌ و اَفْلَاذٌ۔
فِلْذَةُ كَبِدٍ: جگر گوشہ۔ اَفْلَاذُ الاَكْبَادِ: اولاد۔ اَفْلَاذُ الاَرْضِ: زمین کے خزانے
الفُوْلَاذُ: فولاد (مضبوط لوہا) جو دیگر عناصر معدنیہ کے ساتھ ملا کر استعمال کیا جاتا ہے
المُفَلْوَذُ: فولاد کا بنا ہوا۔ جیسے: سَيْفٌ مُفَلْوَذٌ۔
•الفِلِزُّ: ایک کیمیاوی عنصر جس میں معدنیاتی چمک اور حرارت و بجلی کو منتقل کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ ایک بھاری چمکدار دھات (۲) بھاری اور سخت و مضبوط آدمی (۳) سخت بخیل (۴) آہنی ٹکڑا جس

پر تلواروں کی پختگی کو آزمایا جاتا ہے
• فَلِسَ مِنَ الشیٔ ـَ فَلَسًا: تہی دست ہونا، الگ ہونا، بے تعلق ہونا۔ هو فَلِسٌ من الخَیْرِ: اس میں بھلائی نہیں ہے، وہ بے فیض ہے
أَفْلَسَ فُلانٌ: مفلس ہو جانا، دیوالیہ ہو جانا، فراخی کے بعد تنگی آجانا۔ هو مُفْلِسٌ۔ ج: مُفْلِسُونَ ومَفَالِیسُ
ـــ فُلَانًا: کسی کی تلاش میں ناکام رہنا۔
فَلَّسَ القاضی فُلانًا: قاضی کا کسی کو مفلس قرار دینا، کسی کے دیوالیہ ہونے کا اعلان کرنا۔
الإِفْلَاسُ: دیوالیہ پن، ناکامی، تاجر کی وہ حالت و پوزیشن جو قرضوں کی ادائیگی نہ کرنے کے باعث پیدا ہوتی ہے۔
الفَلْسُ: مچھلی کا سفنا (مکری کھال پر گول چھلکا، کھرنڈ) (۲) سونے چاندی کے باسوا دھاتوں کا ڈھلا ہوا قدیم سکہ جو پہلے درہم کے چھٹے حصے کے مساوی ہوتا تھا، اب عراق وکویت وغیرہ میں دینار کے ہزارویں حصہ کے برابر ہے یعنی ایک دینار کے ہزار فلس ہوتے ہیں ج: فُلُوسٌ (۳) گردن میں لگی ہوئی جزیہ کی مہر۔
الفَلَسُ: نامرادی، ناکامی۔
الفَلَّاسُ: ریزگاری تبدیل کرنے والا، دینار کے فلوس دینے والا، صرّاف۔
المُفَلَّسُ: فلس یا مچھلی کے کھرنڈ جیسے نشان والی چیز۔
المُفْلِسُ: کنگال، نادار، دیوالیہ، تہی دست غریب۔
فِلَسْطِینُ و فَلَسْطُونُ: ملک فلسطین۔
• فَلْسَفَ الشیٔ: عقلی طور پر کسی چیز کی وضاحت کرنا، حکمت بیان کرنا۔
تَفَلْسَفَ: فلسفیانہ طریقہ اختیار کرنا، کسی چیز کی وضاحت میں عقلی انداز اپنانا حکمت آمیز بات کرنا (۲) فلسفی بننا (یعنی فلسفی ہونے کا دعوی یا مظاہرہ کرنا)۔
الفَلْسَفَةُ: اشیاء کے بنیادی اصول و علل سے واقفیت اور معرفت کی عقلی شرح کا علم، پہلے تمام علوم پر اس کا اطلاق ہوتا تھا، موجودہ دور میں اس کا اطلاق صرف علم منطق، علم الاخلاق، علم جمالیات اور علم مادراء الطبیعہ پر ہوتا ہے (۲) موجودات خارجیہ کے احوال واقعی کا حسب طاقت بشری علم (۳) کسی چیز کی مخفی علت و حکمت۔
الفَلْسَفَةُ الطبیعیَّةُ: سائنس فزکس
الفَلْسَفِیُّ: علم فلسفہ کا ماہر، صاحب حکمت (۲) عقلی، حکمت آمیز، فلسفیانہ۔
الفَیْلَسُوفُ: الفَلْسَفِیُّ ج: فَلَاسِفَةٌ
المُتَفَلْسِفُ: فلسفہ کا دعویدار۔
• أَفْلَصَ الحَبْلُ من یَدِهِ: ہاتھ سے رسی چھوٹ جانا (۲) رہائی پانا، چھٹکارا پانا۔
فَلَّصَهُ من یَدِهِ: ہاتھ سے چھوڑ دینا، چھٹکارا دینا، رہائی کرانا۔
تَفَلَّصَ الحَبْلُ من یَدِهِ: ہاتھ سے چھوٹ جانا، چھٹکارا پانا۔
• فَلَطَ عن الشیٔ ـُ فَلْطًا: دہشت زدہ ہونا۔
فَالَطَهُ: اچانک کسی سے آملنا۔
أَفْلَطَهُ الأَمْرُ: کسی بات کا اچانک پیش آنا، دہشت زدہ کرنا۔
افْتَلَطَ بالأَمْرِ: کسی بات کے پیش آجانے سے حیران رہجانا۔
الفَلَطُ: غیر متوقع بات۔
الفِلَاطُ: حیرانی، دہشت زدگی۔
الفُلْطُ: (معرب) وولٹ، برقی طاقت کی ایک اکائی۔
الفُلْطِیَّةُ: (معرب) وولٹیج، حرکت دینے والی برقی قوت۔
• فَلْطَحَ الشیٔ: پھیلانا، چوڑا کرنا، چپٹا کرنا
ـــ الخُبْزَ و القُرْصَ: روٹی یا ٹکیہ کو بڑا کرنا (پھیلانا) هو مُفَلْطَحٌ۔
الفِلْطَاحُ: المُفَلْطَحُ۔ پھیلا کر بڑا کیا ہوا، چپٹا، چوڑا۔
• فَلَعَ الشیٔ ـَ فَلْعًا: پھاڑنا۔ فَلَعَ رَأْسَهُ بالسَّیْفِ۔
فَلَّعَهُ: فَلَعَهُ۔
انْفَلَعَ الشیٔ: پھٹنا۔ انْفَلَعَت البَیْضَةُ عن الفَرْخِ: انڈا پھٹ کر چوزہ نکلا
تَفَلَّعَ الشیٔ: جگہ جگہ سے پھٹنا۔ تَفَلَّعَت القَدَمُ: پاؤں پھٹنا۔
الفَلْعُ: پیروں وغیرہ کی پھٹن۔
الفِلْعَةُ: کوہان کا ایک ٹکڑا ج: فِلَعٌ۔
الفَالِعَةُ: بڑی مصیبت ج: فَوَالِعُ۔
الفَلُوعُ: سیف فَلُوعٌ: تیز تلوار۔
المُفَلَّعُ: چمڑے کے ٹکڑوں سے بنا ہوا۔
• فَلَغَ رَأْسَهُ ـَ فَلْغًا: سر توڑنا، کچلنا۔
تَفَلَّغَ الشیٔ: ریزہ ریزہ ہو جانا۔
• فَلْغَمُونٌ: زیر جلد پسیبوں کی سوزش۔
• فَلْفَلَ الطَّعَامَ: مرچ ڈالنا، چٹپٹا کرنا۔
ـــ فَاهُ: مسواک سے منہ صاف کرنا۔
ـــ الأُرْزَ: چاول کو کھریرا پکانا
تَفَلْفَلَ الشَّعْرُ: بالوں کا بہت گھونگریالا ہونا۔
ـــ حَلَمَاتُ الضَّرْعِ: پستان کی گھنڈیوں کا کالا ہونا۔
ـــ فی سَیْرِهِ: اتراتے ہوئے چلنا۔
الفُلْفُلُ: مرچ۔ واحد: فُلْفُلَةٌ۔
المُفَلْفَلُ: مرچوں والا، چٹپٹا (۲) بہت گھونگریالا (۳) مرچ جیسے دھبوں والا۔

الفُلَیْفِلَۃُ: ایک قسم کی مرچ جس میں تیزی نہیں ہوتی (۲) مرچ کی طرح کی ایک نبات

• فَلَقَ الشَّیْءَ ـِ فَلْقًا: پھاڑنا، دو ٹکڑے کرنا۔ فَلَقَ اللّٰہُ الحَبَّ عَنِ النَّبَاتِ: اللہ نے دانہ کو پھاڑ کر پودا نکالا۔ فَلَقَ اللّٰہُ الصُّبْحَ: اللہ نے صبح کو ظاہر کیا (رات کو پھاڑ کر صبح کو نمودار کیا)۔

ـــ النَّخْلَۃُ: کھجور کے شگوفہ کا پھٹنا اور اس میں سے دانے نکلنا۔

اَفْلَقَ الشَّاعِرُ: شاعر کا انتہائی بلیغ کلام کہنا۔ شعر میں ندرت پیدا کرنا۔ ھو مُفْلِقٌ۔

ـــ فِی الْاَمْرِ: کام میں مہارت دکھانا۔

فَلَّقَ الشَّیْءَ: خوب پھاڑنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

اِفْتَلَقَ الجِسْمُ: بدن کا موٹا اور بڑا ہونا

ـــ فِی عَدْوِہٖ: خلافِ معمول تیز دوڑنا۔

اِنْفَلَقَ الشَّیْءُ: پھٹنا۔

ـــ اللَّیْلُ عَنِ الصُّبْحِ: رات گزر کر صبح نمودار ہونا۔

تَفَلَّقَ: بہت پھٹنا، ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

ـــ الجِسْمُ: بدن کا موٹا اور بھاری ہونا

ـــ فِی عَدْوِہٖ: معمول سے زیادہ تیز دوڑنا۔

ـــ اللَّبَنُ: دودھ کا پھٹ کر ٹکڑے ہو جانا

تَفَیْلَقَ الغُلَامُ: موٹا اور بھاری ہونا (۲) دوڑنے میں زور لگانا۔

الفَالِقُ: دو ٹیلوں کے درمیان نشیبی جگہ۔

فَالِقُ الحَبِّ وَالنَّوٰی: دانہ اور گٹھلی کو پھاڑ کر پودا نکالنے والی ذات، خدا۔

فَالِقُ الْاِصْبَاحِ: رات کی تاریکی پھاڑ کر صبح لانے والی ذات، خدا۔

الفِلَاقُ: پھٹا ہوا دودھ (جو ترش ہو کر ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے)۔

الفُلَاقَۃُ: ٹکڑا ج: فُلَاقٌ۔

الفَلْقُ: پھٹن، شگاف (۲) دو حصوں میں بٹا ہوا کھجور وغیرہ کا تنا، ہر ایک کو فَلْق کہتے ہیں (۳) سر کے بالوں کی مانگ ج: فُلُوْقٌ۔

الفِلْقُ: عجیب وغریب بات (۲) دو شاخہ کھجور وغیرہ کا تنا، ہر شاخ کو فلق کہتے ہیں۔

الفَلَقُ: صبح، تڑکا (رات کی تاریکی کے فوراً بعد کا اجالا) (۲) دو ٹیلوں کے درمیان ہموار راستہ (۳) مجرم کو قید کرنے والی لکڑی (جس میں پنڈلی کے بقدر سوراخ ہوتے تھے، ان میں مجرم کا پیر داخل کر کے مقید کر دیا جاتا تھا)۔

الفُلْقَانُ: کھلا جھوٹ۔

الفِلْقَۃُ: ٹکڑا، پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ (۲) پیالہ کا آدھا ٹوٹا ہوا حصہ ج: فِلَقٌ۔

الفَلَقَۃُ: لکڑی (۲) ٹکٹکی جو کوڑے مارنے کے لئے مجرم کے پیروں میں باندھی جاتی تھی۔

الفَلْقِیُّ: عجیب وغریب بات۔

الفُلَیْقُ: خوبانی وغیرہ کا پھل جو پھٹ کر گٹھلی سے الگ ہو گیا ہو۔

الفَلِیْقُ: عجیب وغریب معاملہ (۲) گردن کی ابھری ہوئی رگ (۳) اونٹ کے گلے کے قریب گردن کا دبا ہوا حصہ۔

الفَلِیْقَۃُ: عجیب بات۔

الفَیْلَقُ: لشکر کا بڑا دستہ جو تقریباً پانچ ہزار سپاہیوں پر مشتمل ہو (۲) تعجب خیز بات (۳) مصیبت (۴) چالاک اور شور مچانے والی عورت ج: فَیَالِقُ۔

المِفْلَاقُ: برائیوں کا خوگر، بداطوار، کمینہ ج: مَفَالِیْقُ۔

المُفْلِقُ: بلیغ وخوش کلام (شاعر)۔

المُفَلَّقُ: گٹھلی نکالا ہوا پھل (جسے سکھایا جائے)

المَفْلُوْقُ: پھٹا ہوا، منقسم۔

• فَلْقَحَ ما فی الإناءِ: برتن کا سب کچھ پی جانا۔

تَفَلْقَحَ: ضرورت سے زیادہ بوجھل ہونا۔

ـــ اِلَی النَّاسِ: لوگوں کے ساتھ خندہ پیشانی سے پیش آنا۔

الفَلْقَحِیُّ والمُفَلْقَحُ: ضرورت سے زیادہ بوجھل (۲) ہنس مکھ۔

• فَلَكَ ثَدْیُ الفَتَاۃِ ـُ فُلُوْكًا: نوجوان لڑکی کے پستان کا گول ہونا۔ فَلَكَتِ الفَتَاۃُ: ابھرواں گول پستان والی ہونا۔ ھی فَالِكٌ ج: فَوَالِكُ۔

فَلِكَ ـَ فَلَكًا: خشک جوڑوں والا ہونا کسی کے جوڑوں کا سوکھ جانا (۲) کسی کے کولہے کا بڑا ہونا، بڑے کولہے والا ہونا۔ ھو فَلِكٌ۔

اَفْلَكَ الرَّجُلُ فِی الْاَمْرِ: کسی کام کے پیچھے پڑا رہنا، اس پر لگے رہنا۔

ـــ الفَتَاۃُ: گول پستان والی ہونا۔ ھی مُفْلِكٌ۔

فَلَّكَ ثَدْیُ الفَتَاۃِ: پستان کا خوب ابھرواں گول ہونا۔

ـــ فُلَانٌ فِی الْاَمْرِ: اَفْلَكَ۔

ـــ الفَصِیْلَ: اونٹنی کے بچے کی دودھ سے روکنے کے لئے زبان باندھنا۔

تَفَلَّكَ ثَدْیُ الفَتَاۃِ: لڑکی کے پستان کا ابھرواں گول ہونا۔

اِسْتَفْلَكَ ثَدْیُ الفَتَاۃِ: لڑکی کے پستان کا گول ٹیلہ کی طرح ہونا۔

الفَلَاكَۃُ: غربت، تنگ دستی۔

الفُلْكُ: کشتی (واحد وجمع اور مذکر ومؤنث کے لئے)۔

الفَلْكُ: چاروں طرف سے کھلا ہوا ریت کا گول ٹیلہ (۲) سمندر کی گول اور تیز

موج، بھنور (۳) اجرام سماوی کے گھومنے کا مدار۔ ج: أفلاك۔

عِلْمُ الْفَلَكِ: وہ علم جو اجرام سماوی کے مقام، جسامت، حرکات، کیفیت اور ساخت سے متعلق ہے۔

الفَلْكَةُ: زمین کا ابھرا ہوا گول ٹکڑا (۲) کمر کی دو ہڈیوں کا جوڑ (۳) مونڈھے کی طرف ابھرا ہوا گول حصہ (۴) اونٹ کے بچے کی زبان پر باندھا جانے والا بالوں کا گچھا (۵) چرخے کا دکڑا۔

الفَلَكِيُّ: علم الفلک کا ماہر، ماہر فلکیات، فلکیات سے تعلق رکھنے والا، علم ہیئت سے متعلق۔

الفُلَيْكَةُ: چھوٹی کشتی۔

المَفْلُوك: غریب، تنگ دست ج: مَفَالِيك۔

• فُلْكُلُور: عوامی روایات یا کہاوتیں۔

• فَلَّ عن فُلانٍ عَقْلُهُ ـِ فَلًّا: عقل زائل ہو کر لوٹ آنا۔

ـــ السَّيْفَ ـُ فَلًّا: دھار توڑنا، دندانے ڈال دینا، کھنڈا کر دینا۔

فَلَّ السَّيْفُ ـَ فَلَلًا: تلوار میں دندانے پڑ جانا، دھار خراب ہو جانا، کھنڈا ہو جانا هو أَفَلُّ۔

أَفَلَّتِ الأَرْضُ: زمین کا بنجر ہونا، زمین پر بالی نہ برسنا۔

ـــ القَوْمُ: بنجر زمین پر آنا۔

ـــ فُلانٌ: کسی کا مال ضائع ہو جانا۔

فَلَّلَ السَّيْفَ: تلوار میں بہت دندانے ڈالنا بالکل کھنڈا کر دینا۔

ـــ القَوْمَ: شکست دینا۔

ـــ الثَّغْرَ: دانتوں کو تیز اور صاف کرنا۔

افْتَلَّ السَّيْفُ: دھار ٹوٹ جانا، کھنڈا ہو جانا۔

انْفَلَّ السَّيْفُ: تلوار کی دھار خراب ہونا۔

انْفَلَّ القَوْمُ: لوگوں کا شکست کھانا۔

تَفَلَّلَ السَّيْفُ: مطاوع فَلَّلَ۔ دھار بالکل خراب ہو جانا۔ تَفَلَّلَتْ مَضَارِبُ السَّيْفِ: تلوار کی دھار خراب ہو جانا۔

ـــ القَوْمُ: شکست خوردہ ہونا۔

اسْتَفَلَّ السَّيْفَ: تلوار میں دندانے ڈالنا، دھار خراب کرنا۔

ـــ الشيءَ الصُّلْبَ: ٹھوس چیز کا تھوڑا سا حصہ لینا جیسے دسواں یا آٹھواں۔

الأَفَلُّ (من السَّيْفِ) کھنڈی، دندانے دار تلوار۔

الفَلَلُ: کھنڈا پن۔

الفَلُّ: تلوار کا دندانہ (۲) کسی چیز کا الگ ہو جانے والا حصہ (۳) کسی چیز کے بکھرنے والے ریزے جیسے دھاتوں کا برادہ، آگ کی چنگاریاں ج: فُلُولٌ (۴) شکست خوردہ (واحد و جمع کیلئے) (۵) بنجر زمین جس پر بارش نہ ہوتی ہو (۶) خالی۔ فُلانٌ فَلٌّ من الخَيْرِ ج: فُلُولٌ و أَفْلالٌ۔

الفِلُّ: بنجر زمین جہاں روئیدگی نہ ہو (۲) باریک بال۔ واحد: فِلَّةٌ۔

الفَلَّةُ: شیشی کی ڈاٹ (۲) ولاً۔

الفُلُّ: چنبیلی جیسا پھول، چنبیلی کی ایک قسم

الفُلَى: شکست خوردہ فوجی دستہ۔

الفَلِّيَّةُ: وہ زمین جہاں ایک سال چھوڑ کر بارش ہوتی ہو ج: فَلَالِيُّ۔

الفَلِيلُ: دندانہ دار، کند۔

المَفْلُولُ و المُنْفَلُّ: کند، کھنڈا۔

• افْتَلَمَ أَنْفَهُ: ناک کاٹنا۔

تَفَيْلَمَ الغُلَامُ: موٹا ہونا۔

الفَيْلَمُ: بھاری بھرکم (آدمی)، لمبا تڑنگا (۲) بڑا بھاری (کام)، بہت تلچھٹ (۳) بڑی زلف (۴) بڑا کنگھا (۵) چوڑے منہ کا کنواں ج: فَيَالِمُ۔

الفِيلْمُ: فوٹو کی فلم، ریل (۲) ریکارڈ کرنے کا ٹیپ (۳) فلم، پکچر ج: أفلام۔

الفِيلْمُ الأَخْبَارِيُّ: نیوز ریل۔

الفِيلْمُ المُلَوَّنُ: رنگین فلم۔

الفِلِّينُ: ایک قسم کے درخت کی چھال جس سے شیشیوں کی ڈاٹ بنائی جاتی ہے۔

• فُلانٌ: عاقل مذکر کے نام کا کنایہ۔ مؤنث فُلانَةُ (غیر منصرف) کبھی مذکر کے لئے فُلُ اور مؤنث کے لئے فَلَاةُ وفُلَةُ کہا جاتا ہے۔ اس کا استعمال بوقت ندا زیادہ ہے۔ کبھی غیر انسان کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے اس وقت الف لام کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ جیسے: رَكِبْتُ الفُلانَ۔ کنایہ گھوڑے سے ہے۔ حَلَبْتُ الفُلانَةَ: کنایہ اونٹنی سے ہے۔

الفَلَنْكَةُ: ریلوے پٹڑی کا سلیپر۔

• الفُلْهُدُ: جوان ہونے کے قریب موٹا لڑکا

الفُلْهُودُ: الفُلْهُدُ۔

• فَلَاهُ بالسَّيْفِ ـُ فَلْوًا وفِلاءً: کسی کے سر پر تلوار مارنا۔

ـــ رَأْسَهُ: سر میں جوئیں تلاش کرنا جوؤں سے سر کو صاف کرنا۔

ـــ الصَّبِيَّ: بچہ کی تربیت کرنا، ادب سکھانا

ـــ الرَّضِيعَ: شیرخوار بچہ کا دودھ چھڑانا

فَلَى رَأْسَهُ ـِ فَلْيًا: سر میں جوئیں تلاش کرنا، سر کی جوئیں نکالنا (۲) چوٹ لگانا، کاٹنا۔

ـــ القَوْمَ: لوگوں کو غور سے دیکھنا۔

ـــ الأَمْرَ: غور و فکر کرنا۔

ـــ الرَّجُلَ فی ذکائہ: ہوشیاری میں کسی کی آزمائش کرنا۔

ـــ الخَبَرَ: خبر کی جانچ پڑتال کرنا۔

ـــ الشِّعْرَ: شعر کے مطالب اخذ کرنا۔

فَلَی القَضِیَّۃَ: کسی معاملہ پر خوب غور کرنا۔
فَلِیَ ـ فَلاً: کٹ جانا۔
اَفْلَی القَوْمُ: جنگل میں جانا۔
ـــ الفَرَسُ او الاَتَانُ: گھوڑی یا گدھی کا بچہ والی ہونا (۲) دودھ چھڑانے کے قابل بچہ والی ہونا۔ ھی مُفْلٍ و مُفْلِیَۃٌ۔
ـــ الصَّبِیَّ و الرَّضِیعَ: دودھ چھڑانا
ـــ القَوْمَ: لوگوں کے درمیان میں آنا۔
فَلَّی الشَّعْرَ او الثَّوْبَ او نَحْوَھما: بالوں یا کپڑوں وغیرہ کو جوؤں کے خیال سے ٹٹولنا، جوئیں دیکھنا۔
اِفْتَلَی القَوْمَ: لوگوں کے درمیان آنا
ـــ الرَّضِیعَ او الصَّبِیَّ: دودھ چھڑانا
ـــ المکانَ: چرنا یا چراگاہ بنانا۔
ـــ الدَّابَّۃَ: چوپائے کا بچہ جنانا۔
تَفَالَتِ النِّسَاءُ: عورتوں کا ایک دوسرے کی جوئیں دیکھنا۔
تَفَالَی فُلانٌ: جوئیں تلاش کرانا (تلاش کی خواہش کرنا)۔
ـــ رأسَہُ: کسی کے سر میں جوئیں تلاش کرنے کی ضرورت ہونا۔
تَفَلَّی فُلانٌ: بالوں یا کپڑوں کی جوئیں صاف کرنا۔
اِسْتَفْلَی فُلانٌ: تَفَالَی۔
الفَالِیَۃُ: سفید دھبوں والا، سیاہ گبریلا (۲) چھری (۳) بندوق کی نالی۔
فَالِیۃ الافاعی: شر کا پیش خیمہ۔
الفَلاۃُ: بیابان (ایسا ویرانہ، جنگل جہاں دور دور تک سبزہ اور پانی نہ ہو) ج: فَلاً و فَلَوَاتٌ۔
الفَلاَّیَۃُ: بالوں کی گھنے دندانے کی کنگھی۔
الفِلایَۃُ و التَّفْلِیَۃُ: جوؤں کی صفائی
الفِلْوُ و الفُلُوُّ: گدھے کا بچہ (جحش)
(۲) گھوڑے کا بچہ (المُھْرُ) جس کا دودھ چھڑا دیا گیا ہو یا وہ ایک سال کا ہو گیا ہو ج: اَفْلاءٌ۔
الفُلَیَّۃُ: ایک مصری بوٹی جو خوشبودار ہوتی ہے اور اس کا عرق بطور دوا استعمال ہوتا ہے

ف ـــ م

• الفَمُ: منہ، دہانہ جیسے: فَمُ القِرْبَۃ و فَمُ التُّرْعَۃ و فَمُ الوادی ج: اَفْمَامٌ (دیکھئے: فوہ)۔
فَمُ السِّیجَارَۃ: سگریٹ ہولڈر۔

ف ـــ ن

• اِنْفَنْجَلَ: بوڑھوں کی طرح ڈھیلا ہو کر چلنا (۲) ٹانگیں چوڑی کر کے چلنا۔
الفِنْجَالُ: ڈنڈی دار قہوہ کی چھوٹی پیالی ج: فَنَاجِیلُ۔
الفِنْجَانُ: الفِنْجَالُ ج: فَنَاجِینُ
الفِنْجَانَۃُ: الفِنْجَانُ۔
• فَنَخَ العَظْمَ ـ فَنْخاً: ہڈی کو (ظاہری پھٹن کے بغیر) توڑنا، چورہ کرنا۔
ـــ رَأْسَہُ: سر توڑنا۔
ـــ فُلاناً: مغلوب کرنا، ذلیل کرنا۔
ـــ العَقْدَ او العَزْمَ: معاہدہ یا ارادے کو پورا نہ کرنا۔
فَنَّخَ: مبالغہ در فَنَخَ۔
الفَنِیخُ: کمزور ڈھیلا آدمی (۲) کمزور بوڑھا آدمی۔
المِفْنَخُ: دشمنوں کو زیر کرنے کا ماہر۔
• فَنْخَرَ: نتھنے پھلانا (۲) مغرور ہونا۔
الفُنْخُرُ و الفُنَاخِرُ: بڑے ڈیل ڈول کا آدمی۔
• فَنِدَ ـ فَنَداً: بڑھاپے سے کمزور عقل ہو جانا، سٹھیانا، مخبوط الحواس ہونا (۲) جھوٹ بولنا (۳) لغو و باطل بات کہنا یا کرنا۔
اَفْنَدَ: فَنِدَ۔
ـــ فُلاناً: کسی کی رائے کو غلط ٹھیرانا، تغلیط کرنا، تکذیب کرنا۔
ـــ الکِبَرُ فُلاناً: بڑھاپے کا کسی کی غور و فکر کی صلاحیت کو کمزور کر دینا۔
فَنَّدَ فی الشَّرَابِ: شراب میں مست رہنا، شراب کا خوگر ہونا۔
ـــ فُلاناً: جھٹلانا، غلط کار ٹھیرانا، ملامت کرنا، سٹھیایا ہوا قرار دینا، مخبوط الحواس ٹھیرانا۔ قرآن پاک میں حضرت یعقوب علیہ السلام کا قول ہے: "لَوْ لاَ اَنْ تُفَنِّدُونِ"۔
ـــ رأیَ فُلانٍ: کسی کی رائے کو غلط ٹھیرانا۔
ـــ الفَرَسَ: دبلا اور چھریرا کر دینا۔
اِفْتَنَدَ: بڑھاپے سے فنا ہو جانا۔
تَفَنَّدَ فُلانٌ: اپنی رائے کی غلطی پر نادم ہونا
اَفَنْدی: صاحب، جناب، مسٹر، اعزازی لقب جو مصر پر ترکوں کی حکومت کے زمانہ میں رائج ہوا (ترکی لفظ)۔
الفَنَدُ: گروہ (۲) کمزوری عقل، کھوسٹ پن۔
الفِنْدُ: پہاڑ پر ابھرا ہوا بڑا بھاری پتھر، مجازاً بھاری بھرکم آدمی یا چیز کو بھی کہتے ہیں۔ (۲) زمین جس پر بارش نہ ہوئی ہو (۳) درخت کی ٹہنی ج: اَفْنَادٌ۔
الفِنْدَۃُ: وہ لکڑی جس کی کمان بنائی جاتی ہے
المُفَنَّدُ: کمزور رائے والا (۲) مخبوط الحواس (۳) باطل قرار دیا ہوا۔
المُفَنِّدُ: تغلیط و تکذیب کنندہ۔
• الفُنْدُقُ: قیام کا ہوٹل، سرائے، ج: فَنَادِقُ۔
الفُنْدُقَانِیُّ: ہوٹل یا سرائے کا مالک۔
الفُنْدَاقُ: رجسٹر آمد و خرچ ج: فناديق۔
• الفَنَارُ: (منار کا محرف) لائٹ ہاؤس۔

وہ بلند مینار یا برج جس پر لگی ہوئی روشنی سے سمندروں میں جہازوں کی راہنمائی کی جاتی ہے ج: فَنَارات۔
• فَنَسَ ــِ فَنْسًا: چغلی کھانا۔
الفَانُوسُ: چغلخور (۲) قندیل، لالٹین (جو کھمبوں یا دیواروں میں نصب کی جاتی ہے) ج: فَوَانِيسُ۔
الفانوسُ الزِّينِيُّ: آرائش وسجاوٹ کا فانوس۔
فانوس السَّيَّارات الخَلْفِيّ: موٹر کار کا پچھلا لیمپ (ج ت)۔
الفَنَسُ: مفلسی، غریبی۔
• فَنَّشَ فِي الأَمْرِ: سستی کرنا۔
ــ عن الأَمْرِ: چھوڑنا، پیچھے ہٹنا۔
• الفِنْطَاسُ: میٹھے پانی کی ٹنکی جو جہاز وغیرہ میں نصب ہوتی ہے (۲) سیال چیزوں کا لمبا برتن، ڈرام ج: فَنَاطِيسُ
• فَنِعَ الرَّجُلُ ــَ فَنَعًا: مالدار ہو جانا (۲) فیاض وسخی ہونا۔ هو فَنِعٌ و فَنِيعٌ۔
ــ المِسْكُ: مشک کی خوشبو پھیلنا۔
ــ الرَّجُلُ: کسی کی اچھی شہرت ہونا، نیک نام ہونا۔
الفُونُغْرَافُ و الفُنُغْرَاف: (الحاکی) گرامفون (جس پر ریکارڈ چڑھا کر گانا وغیرہ سنا جاتا ہے)۔
اسْطُوَانَةُ الفُنُغْرَاف: گرامفون ریکارڈ۔
طَبْلَةُ الفُنْغِرَاف: ساؤنڈ بکس۔
• فَنَقَ ــُ فَنْقًا: آسودہ زندگی بسر کرنا، عیش کرنا۔
أَفْنَقَ فُلَانٌ: تنگ دستی کے بعد خوشحال ہونا۔
فَنَّقَهُ: عیش کرانا، نازونعمت سے پالنا۔
تَفَنَّقَ: نازونعمت میں پلنا، عیش کرنا۔
تَفَنَّقَ فِي أَمْرِ كَذَا: کسی کام میں مبالغہ کرنا (۲) خوشنمائی کرنا، کمال دکھانا
الفَنِيقُ: سانڈ اونٹ (۲) خوشنما، عمدہ ج: فُنُقٌ۔
الفَنِيقَةُ: نازونعمت کی پروردہ عورت (۲) بوری، بڑا تھیلا ج: فَنَائِقُ
• فَنَكَ فِي الأَمْرِ ــُ فُنُوكًا: کسی کام میں لگے رہنا، کسی بات پر اٹل رہنا۔
ــ بالمَكَانِ: قیام کرنا۔
أَفْنَكَ فِي الأَمْرِ: فَنَكَ۔
فَنَّكَ فِي الأَمْرِ: انتہائی مشغول رہنا کسی کام کو ہرگز نہ چھوڑنا۔
الافْنِيكُ: پرندے کی دم اگنے کی جگہ
الفَنَكُ: لومڑی کی ایک قسم جس کی کھال سب سے زیادہ عمدہ ہوتی ہے (۲) تعجب خیز چیز۔
الفِنْكُ: رات کا حصہ (۲) دروازہ۔
الفَنِيكُ: ٹھوڑی کے بیچ میں دونوں طرف کی داڑھی کے ملنے کی جگہ (۲) کولہوں کے ملنے کی جگہ (۳) جانور کی دم اگنے کی جگہ (۴) ایک زہریلا اصاف کرنے والا محلول۔
المُتَفَنِّكَةُ: بے وقوف عورت۔
• الفَنَلَّةُ: فلالین کپڑے کی ایک قسم۔
• فَنَّ فُلَانٌ ــِ فَنًّا: فنکار اور کاریگر ہونا۔ هو مِفَنٌّ و فَنَّانٌ۔
ــ الرَّجُلَ ــُ فَنًّا: تھکانا، تکلیف دینا۔
ــ فُلَانًا فِي البَيْعِ: بیع میں دھوکہ دینا
ــ الشَّيْءَ: سجانا، مزین کرنا۔
ــ الدَّيْنَ: قرض کو ٹالنا۔
ــ الإِبِلَ: اونٹوں کو ہانکنا۔
أَفَنَّتِ الشَّجَرَةُ: درخت کا شاخوں دار ہونا۔
فَنَّنَ الثَّوْبَ: کپڑے کا ایک باریک اور ایک موٹے دھاگے سے بنا ہوا ہونا (۲) پرانا ہونے سے کوئی دھاگا باریک اور کوئی موٹا ہونا۔
ــ الشَّيْءَ: مختلف قسمیں کرنا، مختلف انداز پر پیش کرنا، مخلوط و متنوع بنانا، فن وار کرنا، گونا گوں کرنا۔
ــ الكَلَامَ: کلام میں تنوع کرنا، مختلف خوبیاں پیدا کرنا۔
ــ الرَّأْيَ: رائے کو بدلتے رہنا، رائے پر قائم نہ رہنا۔
افْتَنَّ فِي القَوْلِ: مختلف ڈھنگوں سے کلام کرنا، باتیں بنانا۔
ــ فِي الخُصُومَةِ: جھگڑے کو بڑھاوا دینا، طرح طرح کی شقیں نکالنا۔
ــ الحِمَارُ الوَحْشِيُّ بِأُتُنِهِ: جنگلی گدھے کا گدھیوں کو مختلف جہتوں میں تیزی سے دوڑانا۔
تَفَنَّنَ الشَّيْءُ: گونا گوں ہونا، متنوع ہونا، نوع بہ نوع ہونا، رنگ برنگ ہونا۔
ــ فِي القَوْلِ: مختلف ڈھنگوں سے کلام کرنا، تنوع پیدا کرنا، خوش اسلوبی سے کلام کرنا، بات کو دل کش انداز میں پیش کرنا۔
ــ فِي الأَمْرِ: ماہر ہونا، فنکار ہونا۔
ــ فِي السَّيْرِ: جھومتے ہوئے ڈولتے ہوئے چلنا۔
اسْتَفَنَّ فَرَسَهُ: گھوڑے کو مختلف چال چلانا۔
الأُفْنُونُ: گنجان شاخ (۲) فن کی خاص نوع ج: أَفَانِينُ۔
أَفَانِينُ الكَلَامِ: اسالیب کلام۔
الفَنُّ: ضروری وسائل کے ذریعہ علمی نظریات کی عملی تطبیق جو مشق وتعلیم سے حاصل ہوتی ہے

(۲) کسی صنعت یا پیشہ کے مخصوص قواعد و ضوابط کا مجموعہ (۳) جذبات و احساسات کو ابھارنے والے وسائل بطور خاص جمالیاتی حس کو ابھارنے والے اسباب و وسائل، جیسے تصویر کشی، موسیقی شعر (۴) خاص مہارت جو ذوق یا فطری صلاحیت سے حاصل ہوتی ہے۔
(۵) کمال، ہنر (۶) ڈھنگ، طریقہ (۷) عملی علم (۸) کرتب، فن (۹) نوع (۱۰) آرٹ (۱۱) معزز پیشہ ج: فُنُوْنٌ۔
فَنُّ البَیْعِ: سیلز مین شپ، پیشۂ فروختگی، فروختگی کا ہنر۔
فَنُّ التَّمْثِیْلِ: فن اداکاری۔
فَنُّ وضعِ التَّصامِیْمِ: ڈیزائن سازی
الفِنُّ: فِنُّ علومٍ: ماہرِ علوم۔
الفَنَنُ: درخت کی سیدھی شاخ ج: اَفْنَانٌ قرآن پاک میں ہے: "ذَوَاتَا اَفْنَانٍ"
الفَنَّاءُ: شَجَرَۃٌ فَنَّاءُ: شاخوں دار درخت۔
الفَنَّانُ: فن کار، ماہر، آرٹسٹ، خداداد فنی صلاحیت کا مالک جیسے شاعر، انشا پرداز، موسیقار، مصوّر، ایکٹر (اداکار) (۲) جنگلی گدھا۔
الفُنُوْنُ الجَمِیْلَۃُ: فنون لطیفہ جیسے تصویر سازی، سنگ تراشی، منظر کشی وغیرہ
الفَنِّیُّ: ماہر فن (۲) فنی، ٹیکنیکل۔
الفَیْنَانُ: شاخوں والا۔ شَعْرٌ فَیْنَانٌ: حسین لمبے بالوں والا۔
المِفَنُّ: باکمال فن کار، ایجادات کا خوگر
المَفَنُّ: فن کار کی عمل گاہ، آرٹ ہاؤس۔
المُتَفَنِّنُ: گوناگوں اوصاف کا حامل، تنوعات وایجادات کرنے والا (۲) مختلف علوم کا ماہر، ہرفن مولا۔
المُفَنَّنَۃُ: بدخلق بوڑھی عورت۔
الفَنْوَاءُ: گھنے بالوں والی عورت۔

• فَنِیَ الشیءُ ـَ فَنَاءً: ناپید ہوجانا، برباد ہوجانا، معدوم ہوجانا۔
ـــ فُلانٌ: بہت بوڑھا ہوکر مرنے کے قریب ہونا، قبر میں پیر لٹکائے ہوئے ہونا
ـــ فی الشیءِ: حد سے زیادہ منہمک ہونا، انتھک کام کرنا، کسی کام کی نذر ہوجانا۔ کہتے ہیں: فُلانٌ یَفْنٰی فی عَمَلِہٖ۔ ھو فانٍ۔
اَفْنَی الشیءَ: فنا کرنا، ختم کرنا، گنوا دینا
فَانَاہُ: دل جوئی کرنا، خاطرداری کرنا۔
تَفَانَی القَوْمُ: لڑائی میں ایک دوسرے کو ہلاک کرنا۔
ـــ فی العَمَلِ: انتھک کام کرنا، کسی کام کے لئے مرمٹنا، جان لڑا دینا۔
الاَفْنَی: شَعْرٌ اَفْنَی: گھنے خوبصورت بال۔ رَجُلٌ اَفْنَی: لمبے اور بہت بالوں والا۔ ھی فَنْوَاءُ۔
الاَفْنَاءُ: غیر معروف اور نامعلوم النسب لوگ۔
الفَانی: زوال پذیر، مٹ جانے والا (۲) بہت بوڑھا۔
لا یَفْنٰی: لازوال۔
التَّفَانی: سرفروشی، جاں نثاری۔
الفَنَاءُ: ہلاکت، بربادی، خاتمہ (ضد: بقاء)۔ دار الفناء: دنیا (خلاف دار البقاء)۔
الفِنَاءُ: گھر کا اندرونی صحن یا ملحقہ صحن ج: اَفْنِیَۃٌ۔
الفَنَاۃُ: گائے ج: فَنًا۔

ف ـــــ ہ

• فَہَدَ لِفُلانٍ ـَ فَہْدًا: پس پشت کسی کے ساتھ بھلائی کرنا۔
فَہِدَ الرَّجُلُ ـَ فَہَدًا: تیندوے کی طرح بہت نیند والا ہونا (۲) اپنے فرائض کی ادائگی میں سست وکاہل ہونا
فَہِدَ عن الاَمْرِ: غافل ہونا۔ ھو فَہِدٌ
الاُفْہُوْدُ: بھرپور جسم کا موٹا تازہ جوان لڑکا۔
الفَہْدُ: تیندوا، چیتے کی طرح کا درندہ، کثرت نوم میں اس کی مثال دی جاتی ہے کہتے ہیں: ھو اَنْوَمُ من فَہْدٍ (۲) غافل وسست ج: اَفْہُدٌ و فُہُوْدٌ۔
الفَہْدَۃُ: تیندوے کی مادہ (۲) گھوڑے کے سینہ پر دائیں بائیں ابھرا ہوا گوشت (۳) اونٹ کے کان کے پیچھے ابھری ہوئی ہڈی (دونوں طرف ہوتی ہے)۔
الفَہّادُ: تیندووں کو پالنے والا، ان سے واقفیت رکھنے والا (۲) تیندوے کو شکار کرنا سکھانے والا۔
الفَوْہَدُ: دیکھئے: اُفْہُوْد۔
• اَفْہَرَ فُلانٌ: مٹاپے سے جسم کا ناہموار ہونا، جگہ جگہ گوشت کا ابھرا ہوا ہونا۔
ـــ الدّابّۃُ: چوپائے کا سست ہونا اور لنگ دار ہونا۔
فَہَّرَتِ الدّابّۃُ: اَفْہَرَتْ۔
تَفَہَّرَ فی الکلامِ: مبسوط کلام کرنا کھل کر بات کرنا خوب باتیں ملانا۔
ـــ فی المالِ: مال دار ہونا۔
الفِہْرُ: پتھر (مذکر ومؤنث) (۲) دوا بنانے (پیسنے) کا چکنا پتھر ج: اَفْہَارٌ وفُہُوْرٌ
الفُہْرُ: یہودیوں کا ایک تہوار جو مارچ کی چودہویں اور پندرہویں تاریخوں میں منایا جاتا ہے (عبرانی تقویم کے مطابق)
الفِہْرَۃُ: پتھر کا ٹکڑا۔
المَفَاہِرُ: سینہ کا گوشت۔
• فَہْرَسَ الکتابَ: کتاب کے مضامین کی فہرست بنانا۔
الفِہْرِسُ: کتاب کے مندرجات ومضامین

کی فہرست جو شروع یا اخیر میں لگائی جاتی ہے (۲) کتابوں کی فہرست جس میں خاص ترتیب کے ساتھ کتابوں اور ان کے مصنفین کے نام درج کیے جاتے ہیں (فارسی لفظ فہرست کا معرب)۔

الفِہْرِسْتُ: فہرس (فارسی لفظ)۔

• فَہَضَ الشیئَ ـَ فَہْضًا: توڑنا۔

• فَہْفَہَ الرَّجُلُ فَہْفَہَۃً: زبان بند ہوجانا، بولنے پر قادر نہ رہنا (۲) الفاظ کے حروف کو بار بار دہرانا (۳) بلند رتبہ سے نیچے رتبہ پر آنا۔

الفَہْفَہُ: بولنے سے عاجز۔

• فَہِقَ الاِناءُ و الحَوضُ ـَ فَہَقًا و فُہُقًا: لبالب بھرنا۔

اَفْہَقَ الاِناءَ وغیرَہ: بھرنا۔

تَفَہَّقَ الشیئُ: کشادہ ہونا۔

ـــ فی الکلامِ: کھل کر اچھا کلام کرنا، مزین اور پر تکلف کلام کرنا، باتیں ملانا۔

تَفَیْہَقَ فی کلامہ: بڑھا چڑھا کر بات کرنا۔ حدیث میں ہے: "اِنَّ اَبْغَضَکُم اِلَیَّ الثَّرْثَارُوْنَ المُتَفَیْہِقُوْنَ"

ـــ فی مِشْیَتِہ: اکڑ کر چلنا، اتراتے ہوئے چلنا۔

ـــ علَیہ بمالٍ وغیرِہ: کسی کے سامنے مال پر اکڑنا، یا مال پر فخر کرنا۔ ھو مُتَفَیْہِقٌ۔

الفَہْقَۃُ: گردن کی ہڈی کا سر سے ملا ہوا مہرہ ج: فِہَاقٌ۔

الفَیْہَقُ: (من کل شیئٍ) کشادہ۔ مَفَازَۃٌ فَیْہَقٌ: جنگل بیابان، لق و دق صحرا۔

• فَہِمَہُ ـَ فَہْمًا: سمجھنا، صحیح تصور کرنا۔ ھو فاھِمٌ و فَہِمٌ و فَہِیْمٌ ج: فُہَّامٌ۔

ـــ عن فلانٍ و منہ: کسی سے کوئی بات اخذ کرنا۔

فَہُمَ الرَّجُلُ: سمجھ دار ہونا۔ ھو فَہِیْمٌ۔

اَفْہَمَ الاَمْرَ: سمجھانا، ذہن نشین کرنا۔ کہاوت ہے: قَلَّ مَن اُوتِیَ اَن یَّفْہَمَ و یُفْہِمَ۔

فَہَّمَہُ الاَمْرَ: اچھی طرح سمجھانا، سمجھانے کی کوشش کرنا، ذہن نشین کرانا۔

تَفَاھَمَ: بتدریج سمجھنا۔

ـــ القومُ: ایک دوسرے کو سمجھانا۔

ـــ القومُ علی اَمْرٍ: کسی بات پر سمجھوتہ کرنا۔

تَفَہَّمَ الکلامَ: اچھی طرح سمجھنا، کھلے دل سے سمجھنا (۲) تھوڑا تھوڑا سمجھنا

اِسْتَفْہَمَہُ: کسی سے سمجھانے کی درخواست کرنا۔

ـــ من فلانٍ عن الاَمرِ: کسی سے کوئی بات دریافت کرنا۔

الفَاھِمُ: سمجھ جانے والا۔

التَّفَاھُمُ: اتفاق رائے، یکجہتی، سمجھوتہ۔

سُوْءُ التَّفَاھُمِ: غلط فہمی۔

الفَہْمُ: سمجھ، سمجھ بوجھ (۲) نتائج اخذ کرنے کی پختہ ذہنی استعداد (۳) معنی کا صحیح تصور۔

الفَہَامَۃُ: الفَہْمُ۔

الفَہَّامَۃُ: بہت سمجھ بوجھ رکھنے والا، خوب سمجھنے والا۔

الفَہِیْمُ: سمجھدار ج: فُہَمَاءُ۔

المُتَفَہِّمُ: امور کی صحیح سمجھ رکھنے والا۔

المَفْہُوْمُ: مراد، مقصد، کسی کلی معنی کی وضاحت کرنے والی خصوصیات و صفات کا مجموعہ۔

• فَہَّ ـِ فَہًّا و فَہَاھَۃً: بول نہ سکنا (۲) زبان کا لغزش کرنا۔

ـــ الشیئَ و عنہ فَہًّا: بھول جانا، ھو فَہٌّ و فَہْہٌ و فَہِیْہٌ۔

اَفَہَّہُ اللّٰہُ: عاجز بنانا، ناقادر الکلام بنانا

ـــ فلانٌ فلانًا عن حاجتِہ: کسی کو اس کا کام بھلا دینا، اس سے غافل کردینا

فَہَّہَہُ اللّٰہُ: اَفَہَّہُ۔

الفَہَاھَۃُ: عجز، ناقادر الکلامی، بندش زبان (۲) لغزش زبان۔

الفَہُّ و الفَہِیْہُ: عاجز و درماندہ، کلام سے عاجز (۲) غافل۔

الفَہَّۃُ: الفَہَاھَۃُ۔

• فَہَا فلانٌ ـُ فَہْوًا: زبان کی کمزوری کے بعد خوش گفتار ہوجانا، زبان کا صاف ہوجانا۔

ـــ فُؤادُ فلانٍ: دل دھڑکنا اور کسی چیز کے پیچھے تیزی سے جانا۔

ـــ عن الشیئِ: بھولنا، غافل ہونا۔

اَفْہٰی فلانٌ: کمزور رائے والا ہونا، قوت فیصلہ نہ رکھنا (۲) اپنی رائے ظاہر کرنا۔

الاَفْہَاءُ: بیوقوف لوگ۔

ف ـــــ و

• فَاتَ الاَمْرُ ـُ فَوْتًا و فَوَاتًا: کسی کام کا وقت گزر جانا اور اسے نہ کیا جانا۔

ـــ فلانٌ: گزر جانا۔

ـــ الاَمْرُ فلانًا: کسی کا کوئی کام رہ جانا پھر اسے نہ کرسکنا (۲) کوئی چیز چھوٹ جانا پھر اسے نہ پاسکنا۔ جیسے: فَاتَتْہُ الصَّلٰوۃُ او الرَّکْعَۃُ الاُولٰی من الصَّلٰوۃِ۔ فَاتَہُ الفِطَارُ: اس کی ٹرین چھوٹ گئی۔

ـــ الشیئُ: ضائع ہونا، ختم ہوجانا، چھوٹ جانا۔ فَاتَہُ اَن یَّفْعَلَ کذا: وہ ایسا نہ کرسکا۔ فَاتَہُ اَن یَّذْکُرَ: اسے بتانا یاد نہ رہا۔ فَاتَتْہُ الفُرْصَۃُ: موقع ہاتھ سے نکل گیا۔

فَاتَ فُلَانًا فِي كَذَا وَ بِكَذَا: کسی چیز میں کسی سے آگے بڑھ جانا۔
اَفَاتَهُ الْاَمْرَ: کسی کا کام چھڑ وانا (اس کا وقت گزروانا) جیسے: اَفَاتَهُ الدَّرْسَ وَالصَّلٰوةَ وَالْقِطَارَ وَالْوَقْتَ: وقت نکلوا دینا۔
فَوَّتَهُ الشَّیْءَ: فوت کرا دینا، وقت نکلوا دینا (۲) ضائع کرا دینا۔
اِفْتَاتَ فِي الْاَمْرِ: خود رائے ہونا، ذی رائے سے مشورہ لئے بغیر کام کرنا۔
— عَلَيْهِ فِي الْاَمْرِ: کسی پر اپنی رائے تھوپنا، زیادتی کرنا۔ فُلَانٌ لَا یُفْتَاتُ عَلَيْهِ: فلاں ایسا ہے کہ اس کے مشورہ کے بغیر کام نہیں کیا جا سکتا۔
— الْكَلَامَ: بات گھڑنا، بات بنانا۔
— عَلَيْهِ الْقَوْلَ: کسی کے خلاف جھوٹ بات کہنا، افترا پردازی کرنا۔
تَفَاوَتَ الشَّیْئَانِ: دو چیزوں میں (مقدار کے لحاظ سے) فرق ہونا، کم و بیش ہونا۔
— الرَّجُلَانِ: کردار و عمل میں ایک دوسرے سے مختلف ہونا، دونوں میں فرق ہونا
— الْخَلْقُ: مخلوق کا یکساں نہ ہونا، باہم مختلف ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "مَا تَرٰى فِي خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفَاوُتٍ"۔
تَفَوَّتَ الشَّیْءُ: کسی چیز میں یکسانیت نہ ہونا، گڈ مڈ اور ناہموار ہونا۔
— عَلَيْهِ فِي الرَّأْيِ: اپنی رائے میں کسی پر غلبہ حاصل کرنا۔ اپنی مرضی تھوپنا
— عَلَيْهِ فِي مَالِهِ: مال میں کسی کی مرضی کے خلاف تصرف کرنا، اپنی رائے چلانا۔
التَّفَاوُتُ: فرق، اختلاف، کمی و بیشی۔
الفَائِتُ: گذشتہ (۲) فوت شدہ (۳) گزر جانے والا، چھوٹ جانے والا (۴) زوال پذیر، عارضی۔
الفَائِتَةُ: چھوٹی ہوئی نماز (جو وقت پر ادا نہ کی گئی ہو) ج: فَوَائِتُ۔
الفَوَاتُ: ضیاع، خاتمہ، موت۔
فَوَاتُ الْاَوَانِ: ضیاع وقت، ہاتھ سے نکلا ہوا وقت، موقع۔
مَوْتُ الْفَوَاتِ: اچانک موت
الفَوْتُ: ہر دو انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ ج: اَفْوَاتٌ۔ مقولہ ہے: جَعَلَ اللّٰهُ رِزْقَهُ فَوْتَ فَمِهِ وَ فَوْتَ يَدِهِ: اللہ نے اسے روزی دکھا کر محروم رکھا، وہ اسے حاصل نہ کر سکا۔ هُوَ مِنِّي فَوْتَ الرُّمْحِ: وہ مجھ سے اتنا دور ہے جہاں نیزہ نہیں پہنچ سکتا۔
• فَاجَ الْمِسْكُ ـُـ فَوْجًا: مشک کا اپنی خوشبو پھیلانا۔
— النَّهَارُ: دن کا ٹھنڈا ہونا۔
اَفَاجَ الْقَوْمُ: لوگوں کا گروہ گروہ ہو کر گزرنا۔
— الْقَوْمَ: لوگوں کو گروہ بنا کر بھیجنا، تھوڑے تھوڑے بھیجنا۔
الفَائِجُ: گروہ، ٹکڑی۔
الفَائِجَةُ: ریت وغیرہ کے دو ٹیلوں کے درمیان کشادہ زمین ج: فَوَائِجُ
الفَوْجُ: لوگوں کی جماعت (۲) تیزی سے گزرنے والی جماعت، گروہ ج: فُؤُوجٌ وَ اَفْوَاجٌ ج: اَفَاوِجُ
اَفْوَاجًا: گروہ گروہ کر کے، تھوڑے تھوڑے جوق در جوق۔
• فَاحَ الشَّیْءُ ـُـ فَوْحًا وَ فَوَحَانًا: بو پھیلنا (اچھی یا بری)۔
— الْمِسْكُ وَالْعِطْرُ: خوشبو پھیلنا، مہکنا۔
— رَائِحَةُ الْاَمْرِ: کسی بات کی بری شہرت ہونا۔
— الشَّجَّةُ: سر کے زخم یا فریکچر کا بہنا۔
فَاحَ الْقِدْرُ: ہنڈیا کا ابلنا۔
اَفَاحَ: (خون) بہانا (۲) (ہنڈیا کو) ابالنا۔
تَفَاوَحَ الزَّهْرُ: پھولوں کی خوشبو مہکنا
الفَوْحُ: بو کا پھیلنا (۲) گرمی کی شدت۔
• فَاخَتْ رِیْحُ الْمِسْكِ ـُـ فَوْخًا وَ فَوَخَانًا: مشک کی خوشبو کا خوب پھیلنا (جس سے سانس متاثر ہونے لگے)۔
— الرِّیْحُ: ہوا کا آواز کے ساتھ تیز چلنا۔
• فَادَ الْمَالُ ـُـ فَوْدًا: مال کا صاحبِ مال کے پاس برقرار رہنا۔
اَفَادَ فُلَانٌ الْمَالَ: مال حاصل کرنا، مخصوص طریقہ سے اکٹھا کرنا۔
— فُلَانًا الْمَالَ: مال دینا۔
— فُلَانًا كَذَا: فائدہ پہنچانا۔
تَفَوَّدَ الْوَعْلُ فَوْقَ الْجَبَلِ: پہاڑی بکرے کا پہاڑ کی بلندی پر ہونا۔
اِسْتَفَادَ الْمَالَ وَغَيْرَهُ: حاصل کرنا، نفع اٹھانا۔
الفَائِدَةُ: پائدار مال، حاصل شدہ مال (۲) حاصل شدہ علم وغیرہ، نفع، فائدہ (۳) مقررہ مدت میں متعین نرخ پر دیا جانے والا منافعہ، سود ج: فَوَائِدُ
الفَوْدُ: کنپٹی (کان سے ملا ہوا سر کا کنارہ) کنپٹی کے بال (یہ دونوں کانوں کے پاس ہوتے ہیں) کہتے ہیں: حَلَّ الشَّيْبُ بِفَوْدَيْهِ: اس کا بڑھاپا شروع ہو گیا۔ لِفُلَانٍ فَوْدَانِ: فلاں کی دو چوٹیاں ہیں ج: اَفْوَادٌ۔ (۲) کنارہ۔ کہتے ہیں: نَزَلُوْا بَيْنَ فَوْدَيِ الْوَادِي: وہ وادی کی دو جانبوں میں آئے۔ اَلْقَتِ الْعُقَابُ فَوْدَيْهَا عَلَى الْهَيْثَمِ: عقاب نے اپنے دونوں بازو اپنے چوزہ پر پھیلا دیئے (۳) گون (بڑا تھیلا)

قَعَدَ بَيْنَ الفَوْدَيْن: وہ دونوں گوشوں کے بیچ میں بیٹھا۔ جَعَلَ الصَّحِيفَةَ فَوْدَيْن: اس نے اخبار کی دوتہ کی (اوپر کا آدھا نچلے آدھے پر رکھ کر تہ کیا)۔

المِفْوَادُ: بہت مال اکٹھا کرنے والا۔ هو مِفْوَادٌ مِتْلَافٌ: وہ مال کماتا بھی بہت ہے اور کھوتا بھی بہت ہے۔

المُفِيدُ: نفع بخش (۲) مال دار۔

المُسْتَفَادُ: حاصل شدہ، حاصل کردہ۔

• فَارَ المَاءُ ـُ فَوْرًا و فَوَرَانًا: زمین سے پانی کا زور کے ساتھ نکلنا، ابلنا، پھوٹ پڑنا۔ هو فَوَّارٌ۔

ـــ الدَّمُ: خون کھولنا۔

ـــ القِدْرُ: ہنڈیا کا جوش مارنا، ابلنا

ـــ النَّارُ: آگ کے شعلے بھڑکنا۔

ـــ الغَضَبُ: انتہائی غضبناک ہونا، غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

ـــ العِرْقُ: رگ کا پھول جانا۔

ـــ المِسْكُ فُوَارًا و فَوَرَانًا: مشک کا مہکنا، خوشبو پھیلنا۔

أَفَارَ القِدْرَ و غَيْرَهَا: ہنڈیا وغیرہ کو جوش دینا۔

فَوَّرَ: أَفَارَ۔

الفَائِرُ: جوش مارنے والا، پرجوش، ابلتا ہوا، بپھرا ہوا۔ فَارَ فَائِرُهُ: پارہ چڑھنا غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

الفُوَارَةُ: ابلنے والی چیز، اُبال، جوش۔

الفَارُ: انسان کا پٹھا۔

الفَارَةُ: بڑھئی کا رندا (۲) مشک کی خوشبو (۳) مشک دان۔

الفَوْرُ: ہر چیز کا ابتدائی وقت، ابتدائی حالت (۲) گرمی کی شدت (۳) جانب مغرب غروب آفتاب کے بعد شفق کی بقیہ سرخی۔ فَوْرًا۔ عَلَى الفَوْرِ: ابھی، ہاتھ کے ہاتھ، جلدی ہی، نقد فورًا، فی الفور۔ أَتَيْتُ مِن فَوْرِي: میں ابھی آیا۔ فَعَلْتُ ذلك من فَوْرِي وفَوْرًا و فَوْرَ وُصُولِي: میں نے ابھی ابھی، آتے ہی فورًا (آنے کی حرارت میں اور سکون کی برودت سے قبل) یہ کام کیا۔

الفُوْرُ: ہرن (اس لفظ سے واحد نہیں) کہاوت ہے: لا أَفْعَلُ ذٰلِكَ ما لَألَأَتِ الفُوْرُ: جب تک ہرنوں کی دمیں ہلتی رہیں گی میں یہ کام نہ کروں گا۔ یعنی کبھی نہ کروں گا۔

الفَوْرَةُ: گرمی کی شدت، تیزی (۲) جوش (۳) غصہ (۴) لوگوں کا مجمع (۵) دن کا اول حصہ۔ أَتَيْتُهُم فی فَوْرَةِ النَّهَارِ: میں دن نکلتے ہی ان کے پاس آیا (۶) پہاڑ کی چوٹی، بالائی حصہ

الفَوَّارُ: زور سے اُبلتا ہوا، جوش مارتا ہوا، کھولتا ہوا۔

الفَوَّارَةُ: (من الماء)۔ فوارہ، چشمہ، سوتا (۲) دیگچی وغیرہ کا جھاگ، ابال، (۳) سرین کا سوراخ ج: فَوَّارَات

الفِيَارُ: ترازو کی ڈنڈی کے بیچ میں کانٹے کے ہر طرف کا لوہا۔

الفِيرَةُ: زچہ کو کھلایا جانے والا کھجور اور میتھی کا کھانا۔

الفَيُّورُ: تیز طرار اور مشتعل مزاج آدمی۔

• فَازَ فُلَانٌ بالخَيرِ ـُ فَوْزًا و مَفَازًا و مَفَازَةً: اچھی چیز حاصل کرلینا، پالینا، حصول میں کامیاب ہونا۔

ـــ بكأسٍ: ٹرافی جیت لینا۔

ـــ بانتخابٍ: الیکشن جیتنا۔

ـــ الاقتراحُ بقبولٍ: تجویز کا منظور ہونا۔

فَازَ الفَرِيقُ ببُطولةٍ: ٹیم کا چیمپین شپ حاصل کرنا۔

ـــ فَرِيقٌ على فريقٍ: ایک ٹیم کا دوسری ٹیم پر بازی لے جانا۔

ـــ من الشَّرِّ: فتنہ سے نجات پانا۔

ـــ قِدْحُ المَيْسِر: جوئے کے تیر کا کامیاب ہونا۔

أَفَازَهُ اللّٰهُ بكذا: اللہ کا کسی کو کسی شے میں کامیاب کرنا، چیز (محنت کے نتیجہ میں) عطا کرنا۔

فَوَّزَ الرَّجُلُ: جنگل میں داخل ہونا (۲) سفر کے لئے روانہ ہونا (۳) ہلاک ہونا۔

تَفَوَّزَ: روانہ ہونا۔

الفَائِزُ: کامیاب، بامراد۔ الفَائِزُ بِجَائِزَةٍ: انعام یافتہ۔

الفَائِزَةُ: کامیابی کا ذریعہ، پسندیدہ چیز۔ فَازَ بفائِزَةٍ: اسے من پسند چیز مل گئی۔

الفَازَةُ: دو کھمبوں یا ایک کھمبے والا شامیانہ

المفاز: بے آب وگیاہ صحرا۔

المَفَازَةُ: کامیابی (۲) نجات (۳) جنگل، بے آب وگیاہ چٹیل میدان (۴) ہلاکت گاہ

ج: مَفَاوِز۔

• فَاشَ ـُ فَوْشًا: پانی کی سطح پر تیرنا

فَوَّشَةٌ: تیرانا۔

• فَاوَضَ: مذاکرات کرنا۔

فَاوَضَهُ فی الأمرِ مُفَاوَضَةً: تصفیہ طلب معاملہ پر بات چیت کرنا، کسی مسئلہ پر گفت وشنید کرنا۔

ـــ فی الحدیث: کسی موضوع پر تبادلہ خیال کرنا۔

ـــ فی المالِ: سرمایہ کاری میں شریک ہونا

فَوَّضَ الأمرَ إلیه: سپرد کرنا، سونپنا، کسی معاملہ میں تصرف کا اختیار دینا۔

مختار بنانا۔
فَوَّضَتِ المرأۃُ زواجَها: بلا مہر شادی کرلینا۔
تَفَاوَضَا: باہم کسی مسئلہ پر گفتگو کرنا۔
الفَوضَی: (قوم فَوضَی) لاوارث لوگ جن کا کوئی سربراہ نہ ہو، (۲) غیر منظم، بے اصول، انتشار، لاقانونیت افراتفری۔ اَمرُهُم فَوضَی و مالُهم فَوضَی و مَتاعُهم فَوضَی ان کے معاملات اور مال ومتاع منتشر و بے ضابطہ ہیں جس کا جو دل چاہتا ہے کرتا ہے یا وہ سب ان امور میں برابر ہیں۔
الفَوضَۃُ: بات چیت۔
الفَوضَوِیَّۃُ: انارکزم، لاقانونیت، لاحکومیت، بے ضابطگی، بے اصولی، افراتفری، حالتِ انتشار، بدنظمی، ایک سیاسی نظریہ جو حکومت سے آزاد ہو کر آزادانہ انفرادی بنیادوں پر تعلقات ومعاملات استوار کرنے کا قائل ہے
الفَوضَوِیُّ: انارکسٹ، بے نظمی اور بے ضابطگی پسند، لاقانونیت کا حامی، انتشار پسند (۲) بدنظمی کا شکار، بدنظمی کا
التَّفَاوُضُ: تصفیہ طلب مشورہ، بات چیت
التَّفوِیضُ: اختیار، اتھارٹی (۲) وارنٹ (۳) سپردگی، حوالگی۔
التَّفوِیضُ الشَّرعِیُّ: قانونی اختیار یا دار
التَّفوِیضُ الکِتَابِیُّ: (للبنك لدفع مَبَالِغ مُعَیَّنَۃٍ) بنک آرڈر (جس کے تحت رقم کی ادائگی کی جائے)۔
التَّفوِیضُ المُطلَق: مکمل اختیار، فُل پاور
رَجُلٌ مُطلَقُ التَّفوِیضِ: فُل پاور، کامل الاختیار آدمی۔
المُفَاوَضَۃُ: گفت وشنید، بامقصد بات چیت، تصفیہ طلب مسئلہ یا معاہدہ وغیرہ سے متعلق بات چیت جس میں کسی نتیجہ تک پہنچنے کی کوشش کی جائے
ج: مُفَاوَضَات۔
شِرکۃُ المُفَاوَضَۃِ: فقہ میں اس شرکت کو کہتے ہیں جس میں دونوں فریق مال وتصرف دونوں میں برابر ہوں۔
المفاوَضَاتُ الثُّنَائِیَّۃ: دو فریقی بات چیت، مذاکرات۔
المُفَاوَضَاتُ الرَّسمِیَّۃ: سرکاری بات چیت۔
مفاوَضَاتُ السَّلامِ والمُفَاوَضَاتُ السِّلمِیَّۃُ: امن بات چیت۔
المُتَفَاوِضُ: گفتگو کرنے والا۔
المُتَفَاوِضُ المُبَاشِرُ: براہ راست گفتگو میں حصہ لینے والا یا گفتگو کرنے والا۔
المُفَوَّضُ: افسر مختار، قائم مقام افسر، ناظم الامور، سفارتی نمائندہ
الوَزِیرُ المُفَوَّضُ: غیر ملک میں اپنے ملک کی سفارتی نمائندگی کرنے والا، افسر اعلیٰ جس کا درجہ ناظم الامور سے بلند اور سفیر سے کم ہوتا ہے، دوسرے درجہ کا سفیر۔
مُفَوَّضُ الشُّرطَۃ: پولیس کمشنر۔
مُفَوَّضُ الحُکُومَۃ: کمشنر۔
المُفَوَّضُ السَّامِی: ہائی کمشنر۔
المُفَوَّضِیَّۃ: دوسرے درجہ کا سفارتخانہ لیگیشن۔
• فَوَّطَہُ: کام کے وقت کا حفاظتی کپڑا پہنانا، تولیہ یا اس جیسا کپڑا بدن پر ڈال دینا، موٹے کپڑے کی چھوٹی لنگی پہنانا (کام کرتے وقت لباس کے بچاؤ کے لئے)۔
الفُوطَۃُ: کام کرتے وقت باندھی جانے والی چھوٹی لنگی یا ٹانگوں پر باندھا جانے والا کپڑا (۲) ہاتھ یا برتن صاف کرنے کا کپڑا، منہ صاف کرنے کا کپڑا، تولیہ، کھانا کھاتے وقت ٹانگوں پر ڈالا جانے والا تولیہ (۳) اسکولی بچیوں کا بالاپوش ج: فُوَط۔
الفُوطِیُّ: (من الالوان) دھندلا نیلا رنگ، ہلکے نیلے رنگ کا۔
الفُوَطِیُّ: تولیہ یا لنگی بانی سے متعلق۔
الفَوَّاطُ: تولیے اور لنگیاں بنانے یا فروخت کرنے والا۔
• فَاظَتْ نَفسُہُ ـِ فَوظًا: دم نکل جانا
ـــ الرَّجُلُ: مرجانا۔
• فَاعَ الطِّیبُ ـُ فَوعًا: خوشبو مہکنا۔
الفَوعَۃُ: مہک، خوشبو کی مہک (۲) زہر کی تیزی۔
فَوعَۃُ الشَّبَاب: آغاز جوانی۔
فوعَۃُ النَّہارِ او اللَّیلِ: ابتدائی حصہ
• فَاغَ ـُ فَوغًا: مہکنا۔
الفَوغَۃُ: مہک۔
الفَائِغَۃُ: انتہائی تیز خوشبو۔
• فَافَ بِہ ـُ فَوفًا: (ذرہ برابر بھی چیز نہ دینے کے موقع پر) انگوٹھے اور شہادت کی انگلی کے ناخنوں کو ملاکر یہ کہنا (اتنا) یعنی میں ذرا سا بھی نہیں دوں گا۔
الفُوفُ: گٹھلی کے اندر کا سفید دانہ جس سے پودا اگتا ہے (۲) گٹھلی کے اوپر کا باریک چھلکا (۳) دھاری دار منقش باریک کپڑے (۴) روئی کے پھوئے، (۵) معمولی سی چیز۔ واحد: فُوفَۃٌ
ما ذَاقَ فوفًا: اس نے کچھ نہیں کھایا۔
المُفَوَّفُ: بُردٌ مُفَوَّفٌ: دھاری دار باریک چادریں۔

• فَاقَ ـ فُوَاقًا: لمبا اور بھونڈا زور سے سانس لینا، زور سے ہچکی لینا۔
ـــ النَّاقَةُ و نحوُها: اونٹنی وغیرہ کا دودھ دوہنے کے بعد تھن میں بقیہ دودھ اکٹھا ہونا۔
ـــ بنفسِه عند الموْتِ: مرجانا۔
ـــ الشئَ فَوْقًا و فَوَاقًا: اوپر ہونا (۲) آگے بڑھنا (۳) غالب آنا (۴) برتری حاصل کرنا۔
ـــ اَصْحَابَهٗ: ساتھیوں پر فوقیت لیجانا ان سے برتر ہو جانا۔
ـــ السَّهْمَ: تیر کے سوفار کو نانت میں لگانا (۲) تیر کا پھل توڑنا۔
فَوِقَ السَّهْمُ ـ فَوَقًا: تیر کے پھل کا ٹوٹا ہوا ہونا، خم دار ہونا۔ ھی فَوْقَاءُ ج: فُوْقٌ۔
اَفَاقَ فُلَانٌ: اصلی حالت پر آنا۔
ـــ السَّكْرَانُ من سُكْرِه: مدہوش کا نشہ سے ہوش میں آنا، نشہ دور ہونا
ـــ المَجْنُونُ من جُنُونِه: دیوانہ کو ہوش آنا، دیوانگی دور ہونا۔
ـــ النَّائِمُ من نَوْمِه: بیدار ہونا۔
ـــ الغَافِلُ من غَفْلَتِه: غفلت سے ہوش آنا، غافل کی غفلت دور ہونا۔
ـــ الزَّمَانُ: قحط کے بعد زمانہ کا آسودگی والا ہونا، زمانہ کا پر بہار ہونا۔
ـــ عن فُلَانٍ النُّعَاسُ: نیند غائب ہونا۔
ـــ السَّهْمَ: تیر کے سوفار کو نانت میں لگانا، توڑنا۔ اَفَاقَ بالسَّهْمِ بھی کہتے ہیں
فَوَّقَ السَّهْمَ: تیر میں سوفار (چٹکی) لگانا
ـــ الرَّضِيعَ: شیرخوار بچہ کو تھوڑا تھوڑا (رک رک کر) دودھ پلانا۔
ـــ فُلَانًا علیٰ غيرہ: فوقیت دینا۔
اِفْتَاقَ الرَّجُلُ: غریب و مفلس ہونا۔

اِنْفَاقَ السَّهْمُ: تیر کا سوفار ٹوٹ جانا۔
ـــ الدَّابَّةُ: دبلا ہو جانا (۲) ہلاک ہو جانا۔
تَفَوَّقَ علی قومِه: اپنی قوم سے آگے بڑھ جانا، فوقیت لے جانا (۲) بڑائی جتانا۔
ـــ شَرَابَهٗ: ٹھیر ٹھیر کر پینا۔
ـــ الاَمْرَ: کام کو وقفہ وقفہ سے کرنا (مختلف اوقات میں تھوڑا تھوڑا کرنا)
اِسْتَفَاقَ: اصل حالت پر آنا، ہوش میں آنا، بیماری سے صحت پر آنا۔
التَّفَوُّقُ: برتری، فوقیت، بالاتری، مہارت۔
الفَائِقُ: اعلیٰ، ممتاز، برتر، بلند، ج: فُوقَةٌ (۲) پشت اور گردن کے جوڑ کی جگہ (۳) ہر نوع کی عمدہ اور بہتر چیز
الفَاقُ: کھانے سے بھرا ہوا بڑا پیالہ، زیتون کا پکا ہوا تیل جنگل، لمبے قد کا آدمی
الفَاقَةُ: غربت، محتاجی، بھوک۔
الفَوَاقُ: دو دفعہ دوہنے کے درمیان کا وقت (۲) دوہنے والے کے تھن کو دو دفعہ پکڑنے کے درمیان کا وقت (۳) دوہنے یا بچہ کے پینے سے ختم ہو کر تھن میں دوبارہ اکٹھا ہونے والا دودھ (۴) راحت و سکون۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمَا يَنْظُرُ هٰؤُلَاءِ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ"
الفُوَاقُ: الفَوَاقُ (۲) جان کنی کے وقت کی ہچکی (۳) (مرض یا نشہ، جنون وغیرہ سے) افاقہ، ہوش (۴) جان کنی کی کیفیت (۵) حلق میں سانس گھٹنے کے وقت نکلنے والی ہوا (۶) ہچکی۔
فَوْقَ: ظرف مکان (ضد تحت) بلندی وارتفاع کے بیان کے لئے، اضافت

کی صورت میں منصوب ہوتا ہے جیسے السَّمَاءُ فَوْقَ الاَرْضِ (۲) برائے زیادتی جیسے العَشَرَةُ فَوْقَ التِّسْعَةِ۔ قرآن پاک میں ہے: "فَاِنْ كُنَّ نِسَاءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ" (۳) برائے افضلیت جیسے: رَأْيُ فُلَانٍ فَوْقَ رَأْيِ فُلَانٍ۔ قرآن پاک میں ہے "وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ" اگر لفظا مضاف نہ ہو صرف معنًی مضاف ہو تو مبنی علی الضم ہوتا ہے جیسے السَّمَاءُ من فَوْقُ: آسمان (ہمارے) اوپر ہے۔
الفُوْقُ: چکر (راؤنڈ) (۲) کلام کا خاص ڈھنگ (۳) منہ کھلنے کی جگہ، منہ کا جوف (۴) تیر کا سوفار (چٹکی) جہاں کمان کا تانت ٹکتا ہے۔ یہ دو ہوتے ہیں ج: فُوَقٌ و اَفْوَاقٌ (۵) قسمت نصیب۔ کہتے ہیں: هو اَعْلَا هُمْ فُوْقًا: وہ قسمت میں ان سے تیز ہے (۶) پہلا راستہ۔ کہتے ہیں: مَا ارْتَدَّ علی فُوقِه: وہ واپس نہیں آیا۔
الفُوْقَةُ: تیر کا سوفار (چٹکی) ج: فُوَقٌ
الفِيقَةُ: دوبار دوہنے کے درمیان تھن میں جمع شدہ دودھ ج: فِيَقٌ و فِيَقٌ و اَفْوَاقٌ و اَفَاوِيقُ۔ اَتَيْتُهٗ فِيقَةَ الضُّحٰى: میں اس کے پاس شروع چاشت میں آیا، صبح کو آیا۔
الاَفَاوِيقُ: (من السَّحَابِ) بادل جو اکھٹے ہو کر وقفہ وقفہ سے برسیں۔
ـــ من اللَّيْلِ: رات کا اکثر حصہ۔
خَرَجُوا بَعْدَ اَفَاوِيقَ من اللَّيْلِ: وہ رات کا اکثر حصہ گزرنے کے بعد نکلے۔
المُتَفَوِّقُ: برتر، بالاتر، ممتاز، ماہر،

غالب، آ گئے۔
المُفَوَّق: تھوڑا لیا جانے والا کھانا یا مشروب
المُفِیْق: صحتیاب، باہوش، بیدار (۲) بلیغ (شاعر)۔
•الفُوْلُ: لوبیا (ایک ترکاری)۔
الفَوَّالُ: لوبیا فروش۔
الفُولاذُ: فولاد، اسٹیل (معرب)۔
•الفُوْمُ: لہسن (۲) روٹی کا پیڑا جو ہاتھ سے توڑا جائے۔
الفُوْمَةُ: خوشہ (۲) ہر ایسے غلے کا دانا جس سے روٹی پکتی ہے (۳) دو انگلیوں سے لی جانے والی چیز، چٹکی بھر چیز ج: فُوْمٌ و فُوَمٌ۔
•الفُوْنُ: راج ہنس۔
•الفُوْنُوْغِراف: گرامفون۔
•فَاهَ بالقَولِ ـُ فَوْهًا: بولنا، منہ سے کوئی لفظ یا بات نکالنا، هذا امرٌ ما فُهْتُ به وما فُهْتُ عنه: یہ بات میں نے زبان سے نہیں نکالی۔
فَوِهَ ـَ فَوَهًا: چوڑے منہ والا ہونا، فراخ دہن ہونا (۲) ہونٹوں سے نکلے ہوئے دانتوں والا ہونا۔ هو اَفْوَهُ و هي فَوْهاءُ ج: فُوْهٌ۔
فَاهَاهُ: ہم کلام ہونا، کسی کے سامنے فخر کرنا
فَوَّهَ الطَّعامَ او الشَّرابَ: کھانے پینے کی چیز میں مسالا ڈالنا، خوشبو وغیرہ ڈالنا۔
ـــ الثَّوبَ: کپڑے کو فُوَّہ بوٹی سے رنگنا۔
ـــ الشیئَ: کسی چیز کا منہ چوڑا کرنا۔
تَفَاوَهَ القومُ: باہم باتیں کرنا۔
تَفَوَّهَ بالکلامِ: بولنا، بات کرنا، زبان سے لفظ یا بات نکالنا۔
ـــ المکانَ: جگہ کے دہانہ میں داخل ہونا، سوراخ میں داخل ہونا۔

الفَاهُ: رَجُلٌ فَاهٌ: دل کی ہر بات ظاہر کرنے والا، کچے پیٹ کا آدمی۔
الفُوْهُ: منہ ج: اَفْوَاهٌ (انْفَتَحَ فُوْهُ. فَتَحَ فَاهُ. خَرَجَ من فِیهِ) (۲) خوشبو (۳) کھانے میں ڈالنے کا مسالا ج: اَفَاوِیهُ۔
الفُوْهَةُ: منھ، دہن (۲) سوراخ، مدخل ج: فوهات۔
فُوْهَةُ البُرکان: آتش فشاں پہاڑ کا دہانہ۔
الفَوَهُ: منہ کی چوڑائی، کشادگی۔
الفَوْهاءُ: چوڑے منہ والی، بڑے دہن یا سوراخ والی۔ کہتے ہیں: فَرَسٌ فَوْهاءُ، طَعْنَةٌ فَوْهاءُ، بِئْرٌ فَوْهاءُ، مَحالةٌ (سیب) فَوْهاءُ۔
الفُوَّةُ: بات (۲) چغلی (۳) ایک دراز عمر بوٹی جس کی ساق سرخ ہوتی ہے، ریشم اور اون کی رنگائی میں استعمال کی جاتی ہے۔
الفُوَّهَةُ: ہر چیز کا دہانہ، داخل ہونے کا راستہ، سوراخ ج: فُوَّهات قَعَدَ علی فُوَّهَةِ الطَّریقِ و النَّهرِ و الوادِی والبُرکانِ (۲) چغلی۔ هو یَخافُ فُوَّهَةَ النَّاسِ۔ اِنَّهُ لَذُو فُوَّهَةٍ: وہ چغلخور ہے۔
المُتَفَوِّهُ: زبان سے بات نکالنے والا۔
المُفَوَّهُ: باتونی، بہت بولنے والا (۲) بلیغ خَطِیبٌ مُفَوَّهٌ: قادر الکلام، بلیغ مقرر (۳) مسالے دار (کھانا) (۴) خوشبودار (کھانا یا مشروب)۔

ف ـــــ ی

•فَاءَ ـِ فَیْئًا: لوٹنا، بازآنا (اصل حالت پر آنا) جیسے: فَاءَ عن غَضَبِه: اس کا غصہ ٹھنڈا ہو گیا۔
فَاءَ الی حِلْمِه: وہ سنجیدہ ہو گیا۔
ـــ الظِّلُّ: سایہ کا جانب مغرب سے جانب مشرق آنا۔
ـــ الشَّجَرَةُ: درخت کا سایہ پھیلنا۔
ـــ علی ذی الرَّحِمِ: رشتہ دار پر مہربان ہونا۔
ـــ الرَّجُلُ الی امْرَاَتِه: کفارۂ قسم دے کر بیوی سے رجوع کرنا، زوجیت کا تعلق بحال کرنا۔
اَفَاءَ الظِّلُّ: سایہ پھیلنا (یہ زوال شمس کے بعد ہوتا ہے)۔
ـــ الاَمْرَ: لوٹانا۔
ـــ علیه الخَیْرَ: کسی کو فائدہ پہنچانا۔
ـــ علیه المالَ: کسی کے لئے مال کو فَیٔ (غنیمت جو دشمن سے بلا قتال حاصل ہو) بنانا، کسی کی طرف مال کو غنیمت (فَیٔ) قرار دینا، بطور غنیمت مال دینا۔
ـــ فُلانًا علی الاَمْرِ: کسی کو پہلے کام سے ہٹا کر دوسرے کام پر لگانا، ڈیوٹی تبدیل کرنا۔
فَیَّأَتِ الشَّجَرَةُ: درخت کا سایہ دار ہونا۔
ـــ الرِّیاحُ الزَّرْعَ ونَحْوَهُ: ہواؤں کا کھیتی وغیرہ کو حرکت میں لانا۔
ـــ المَرْأَةُ شَعْرَها: عورت کا اتراہٹ سے بالوں کو گھمانا، ہلانا۔
تَفَیَّأَتِ الشَّجَرَةُ: سایہ دار ہونا۔
ـــ فُلانٌ علی الشَّجَرَةِ و بالشَّجَرَةِ و نَحْوِها: درخت وغیرہ سے سایہ حاصل کرنا، سایہ لینا
ـــ الظِّلالُ: سایہ کا الٹ پلٹ ہونا، اِدھر اُدھر ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "یَتَفَیَّأُ ظِلالُهُ عن الیَمِینِ

والشَّمائِلِ سُجَّدًا لِلّٰہِ"۔
تَفَیَّأَ الظِّلُّ: نصف النہار کے بعد سایہ کا مشرق کی طرف لوٹنا۔
ـــ المَرْأَةُ لِزَوْجِها: عورت کا خاوند کے سامنے اٹھلانا، دہرا ہونا۔
ـــ فُلانٌ الأخْبارَ: خبریں ٹوہنا، خبروں کی تلاش میں رہنا
اِسْتَفاءَ: لوٹنا۔
ـــ المَالَ: مال بطور غنیمت لینا۔
ـــ الأخْبارَ: خبروں کی جستجو کرنا۔
التَّفْيِئَةُ: سایہ۔
دَخَلَ علی تَفْيِئَةِ فُلانٍ: وہ فلاں کے پیچھے آیا۔
الفَيْئُ: زوال شمس کے بعد مشرق کی طرف پھیلنے والا سایہ (۲) خراج (محصول) (۳) بلا جنگ حاصل ہونے والا مال غنیمت ج: أفْياءٌ و فُيُوءٌ۔
الفَيْئَةُ: رجوع (اسم مرّہ) کہتے ہیں: فَاءَ إلَى اللّٰهِ فَيْئَةً حَسَنَةً: اس نے بہتر طور پر خدا کی طرف رجوع کیا، اچھی طرح توبہ کی (۲) وقت، دیر
جَاءَ بَعْدَ فَيْئَةٍ: وہ کچھ دیر بعد آیا (۳) مخصوص موسموں میں ترک مکان کرکے آنے اور جانے والے پرندے
المُفاءُ: بطور فئ (غنیمت) لیا جانیوالا مال
المُفِيئُ: فئ لینے والا۔
المَفْيَأَةُ: سایہ دار جگہ۔
• الفِيتامِين: کھانے کی چیزوں میں تھوڑی مقدار میں پایا جانے والا مقوی اور حیات بخش عنصر، وٹامن ، ج: فِيتامِينات (د)۔
الفِيتُو: ویٹو، حق تنسیخ، دور حاضر میں اقوام متحدہ کے منشور کے مطابق کسی تجویز کو رد کرنے (ویٹو کرنے) کا حق پانچ بڑے ملکوں کو دیا گیا ہے جو

سلامتی کونسل کے مستقل ممبر ہیں، یہ ہیں امریکا، برطانیہ، فرانس، چین، روس (سوویت یونین کے ٹوٹ جانے کے بعد روس کو یہ پوزیشن دی گئی ہے ۱۹۹۱ء)۔
• فَاجَ ــ فَيْجًا: پھیلنا۔
ـــ الدَّابَّةُ بِرِجْلَيْها: چوپائے کا اپنی دونوں ٹانگیں پیچھے والے آدمی کو مارنا۔ هِيَ فَيَّاجَةٌ۔
أفَاجَ: جلدی کرنا، دوڑنا۔
الفَائِجُ والفَائِجَةُ: دو ٹیلوں کے درمیان ہموار زمین ج: فَوائِجُ
الفَيْجُ: لوگوں کی جماعت (۲) بادل ج: فُيُوجٌ۔
• فَاحَ المِسْكُ ــ فَيْحًا و فَيَحانًا: مشک کا مہکنا۔ فَاحَتْ رَائِحَةُ المِسْكِ: مشک کی خوشبو پھیلنا۔
ـــ الشَّجَّةُ و فَاحَتِ الشَّجَّةُ بالدَّمِ: زخم سے خون نکلنا۔
ـــ الحَرُّ: گرمی تیز و سخت ہونا۔
ـــ القِدْرُ: ہنڈیا کا جوش مارنا۔
ـــ الرَّبِيعُ: موسم ربیع کا سرسبز و شاداب ہونا۔ فَاحَتِ البِلادُ: ملک کا آسودہ ہونا۔
فَاحَ ــ فَيَحًا: کشادہ ہونا، پھیلنا، (قیاس سے فَيِحَ يَفْيَحُ ہونا لیکن یہ خلاف قیاس ہے)۔ فَاحَ المَكانُ و فَاحَ البَحْرُ و فَاحَتِ المَفَازَةُ و فَاحَتِ الدَّارُ و فَاحَتِ الرَّوْضَةُ: وسیع و کشادہ ہونا، هو أفْيَحُ وهي فَيْحاءُ ج: فِيحٌ۔
فَاحَ الدَّمَ: خون بہانا۔
ـــ القِدْرَ: ہانڈی کو جوش آنے دینا۔
ـــ فُلانٌ: ٹھنڈا ہونا، گرمی سے سکون

پانا۔ کہتے ہیں: أفِحْ عنكَ من حَرِّ الظَّهِيرَةِ: تم دوپہر کی گرمی کم ہونے تک آرام کرو۔
فَيَّحَ الشَّيْءَ: خوب بکھیرنا، خوب پھیلانا (مال و دولت) لٹا دینا، برباد کر دینا
لو مَلَكْتُ الدُّنيا لَفَيَّحْتُها في يومٍ واحدٍ: اگر میں دنیا کا مالک ہو جاتا تو ایک ہی دن میں تقسیم کر دیتا۔
الفَيْحاءُ: مسالے دار سوپ (شوربا) (۲) بصرہ، دمشق اور طرابلس شام کا لقب۔
الفَيَّاحُ: بڑا فیاض و سخی۔
الفَيَّاحَةُ: نَاقَةٌ فَيَّاحَةٌ: بڑے تھنوں اور کثیر دودھ والی اونٹنی۔
• فَادَتْ لِفُلانٍ فَائِدَةٌ ــ فَيْدًا: نفع (سود) حاصل ہونا۔
ـــ المَالُ لِفُلانٍ: کسی کا مال قائم رہنا
ـــ فُلانٌ: اتراتے ہوئے چلنا۔
ـــ الشَّيْءَ: بچنا، احتیاط برتنا، الگ ہونا
ـــ المَرْأَةُ الطِّيبَ: خوشبو کو پانی میں ڈال کر گھلانے کے لئے ہاتھ سے ملنا۔
ـــ الزَّعْفَرانَ: زعفران کو کوٹ کر پانی ملانا۔
أفَادَ فُلانٌ عِلْمًا او مالًا: علم یا مال حاصل کرنا۔
ـــ من فلانٍ علمًا: کسی سے اکتساب علم کرنا۔
ـــ فُلانًا عِلْمًا او مالًا: کسی کو علم و دولت سے مستفید کرنا (طلب و سعی کے بعد) عطا کرنا (۲) کسی چیز کا فائدہ پہنچانا۔
ـــ المَلَّةَ عن الخُبْزِ: روٹی کی راکھ وغیرہ صاف کرنا۔
تَفَايَدَا بالمالِ او بالعِلْمِ: ایک دوسرے کو علم یا مال کا فائدہ پہنچانا۔
تَفَيَّدَ: ناز نخرہ دکھانا، اتراتے ہوئے چلنا

(۲) کسی چیز سے احتیاط کی بنا پر الگ ہونا۔
اَسْتَفَادَ مَالاً: مال حاصل کرنا۔
—بالشیئ: فائدہ اٹھانا، نفع حاصل کرنا
—من فُلانٍ علمًا وغیرہ: کسی سے اکتسابِ علم کرنا۔
الاستِفادَۃ: کسب فائدہ یا فیض۔
الاِفَادَۃُ: فیض رسانی، افادیت (۲) فیض، فائدہ، نفع (جو دوسرے کو پہنچایا جائے)
الفَائِدَۃُ: فائدہ، نفع، بینک وغیرہ کا مقررہ فیصد منافعہ (سود) ج: فَوَائِد
الفَائِدَۃ المُرَکَّبَۃُ: سود در سود۔
الفَائِدَۃُ المُسْتَحَقَّۃُ: واجب الادا سود
الفائدۃ الصَّافیۃ: خالص سود۔
الفَیْدُ: زعفران کا پتا (۲) زعفران کا محلول (۳) گھوڑے کے ہونٹ کے بال۔
الفَیَّادُ: ناز نخرے سے چلنے والا، تمکنت سے چلنے والا (۲) شیر (۳) الو (۴) جو چیز جس قدر لپٹی جا سکے لے لینے والا۔
•الفَیرُوزَج: فیروزہ، نیلے رنگ کا قیمتی پتھر اسی سے ہے: لَونٌ فَیرُوزِیٌّ: فروزی رنگ۔
المُسْتَفِیدُ: (بنک وغیرہ سے) رقم لینے والا۔
•الفَیرُوسُ: دقیق ترین کائنات جو خوردبین سے بھی نظر نہیں آتیں اور بعض امراض پیدا کرتی ہیں، وائرس۔
فَازَ و انْفَازَ: علیحدگی اختیار کرنا۔
الفَیِّزُ: مضبوط پٹھوں والا۔
•فَاشَ الرَّجُلُ — فَیْشًا: شیخی بگھارنا ڈینگ مارنا، بڑائی مارنا۔
—فُلانٌ فَیشُوشَۃٌ: کمزور اور ڈھیلا ہونا۔
فَایَشَ فُلانٌ: لڑائی میں خالی دھمکیاں دینا، گیدڑ بھبکی دینا۔
—فُلانًا: بلاوجہ کسی کے سامنے شیخی بگھارنا یا کسی کے مقابلہ میں بے حقیقت فخر کرنا۔

فَیَّشَ عن الأمرِ: ڈر کر پیچھے ہٹنا۔
تَفَایَشَ القَومُ: باہم فخر کرنا، بڑائی جتانا۔
تَفَیَّشَ عنہ: کمزوری اور بے بسی کی بنا پر پلٹ جانا۔
—الشیئ: کسی چیز کا بے فائدہ اور بے بنیاد دعوی کرنا۔
الفَیْشَۃُ: سر کا بالائی حصہ ج: فَیْشٌ۔
الفِیْشَۃُ: ڈٹکن، پلگ۔
فِیشَۃُ التِّلِیفُون: ٹیلیفون پلگ۔
فِیشَۃُ الکَھْرَبَاء: بجلی کا پلگ۔
الفَیُوشُ: (من الرجال) ڈینگ مارنے والا، جھوٹا دعوی یا جھوٹا فخر کرنیوالا۔
الفَیَّاشُ: بہت ڈینگیں مارنے والا (۲) بے بنیاد فخر کرنے والا (۳) بلند کردار سردار۔
•فَاصَ من الأمرِ — فَیْصًا: ہٹنا۔ کہتے ہیں: ما استَطَعتُ اَنْ اَفِیصَ عنہ: میں اس سے ہٹ نہیں سکا۔
اَفَاصَ الصَّیْدُ مِن یَدِہ: شکار کا ہاتھ سے نکل جانا، چھوٹ جانا۔
—الکلامَ: بات کو صاف کرنا۔
—یَدُہُ: ہاتھ کا کوئی چیز پکڑنے سے کھل جانا، ہاتھ کھلتے ہی چیز نکل جانا۔
المَفِیصُ: ما لہُ منہ مَفِیصٌ: اسے اس بات سے مفر نہیں، چھٹکارا نہیں
•فَاضَ المَاءُ — فَیْضًا و فُیُوضًا و فَیَضَانًا: پانی کی روآنا، کثرت سے بہنا۔ ھو فَائِضٌ وفَیَّاضٌ۔
—النَّھرُ و فاضَ السَّیلُ: دریا میں طغیانی آنا، سیلاب آنا۔
—الاِنَاءُ: برتن کا بھر کر چھلکنا۔
—العَیْنُ: آنکھ سے آنسو بہنا۔
—الشیئُ: بہت ہونا۔

فَاضَ الخَیرُ: فیض عام ہونا۔
—الخَبَرُ: خبر پھیلنا۔
—صَدرُہُ بالسِّرِّ فَیْضًا: راز ظاہر کرنا، دل میں راز نہ رکھ سکنا۔
—علیہِ الدِّرْعُ: کسی پر زرہ ڈھیلی ہونا۔
—نَفْسُہُ او روحُہ: روح پرواز کرنا۔
—کَأسُہُ: جام چھلکنا۔
—بِمَکْنُونِ صَدرِہ: دل کی بات ظاہر کرنا۔
اَفَاضَ الحُجَّاجُ من عَرَفَاتٍ الی مِنًی: وقوفِ عرفہ کے اختتام پر حجاج کا منیٰ لوٹنا۔
—القَومُ فی الحَدِیثِ: بات چیت کو لمبا کرنا، مفصل گفتگو کرنا، گفتگو میں مشغول رہنا۔
—بالشیئ: پھینکنا، دھکیلنا۔
—اَصْحَابُ المَیْسِرِ القِدَاحَ و افاضوا بِھا و عَلَیھا: جوا کھیلنے والوں کا تیروں کو مخصوص طریقہ سے پھینکنا، بازی لگانا۔
—اللہُ الخَیرَ: اللہ کا خیر و برکت عام کرنا۔
—الاِنَاءَ: برتن کو بھر کر چھلکانا۔
—المَاءَ علی جَسَدِہ: بدن پر پانی ڈالنا۔
—دَمْعَہُ: آنسو بہانا۔ اَفَاضَتِ العَیْنُ الدَّمعَ: آنکھ کا آنسو بہانا
—بکَلِمَۃٍ: زبان سے لفظ نکالنا۔
—علیہ: کسی پر بازی لے جانا۔
اِستَفَاضَ الخَبَرُ: خبر عام ہونا۔
—القَومُ فی الحَدِیثِ: گفتگو میں مشغول رہنا، مسلسل یا مفصل گفتگو کرنا۔

اِسْتَفَاضَ الوادی شَجَرًا: وادی کا درختوں سے بھر جانا۔
الإفَاضَةُ: حجاج کی وقوفِ عرفہ کے بعد روانگی (واپسی)۔ طَوَافُ الافَاضَةِ: وہ طواف جو قربانی کے دن حجاج منیٰ سے مکہ جاکر کرتے ہیں اور پھر منیٰ واپس آجاتے ہیں۔
الاسْتِفَاضَةُ: فراوانی، پھیلاؤ، اشاعت
الفَائِضُ: سرمایہ پر سرمایہ دار کا مقررہ منافعہ (سود) (۲) کثیر یا زائد شے (۳) فالتو، ضرورت سے زیادہ (۴) جاری۔
الفَائِضُ الغِذائیُّ: زائد از ضرورت غذائی ذخیرہ۔
الفَیْضُ: بہت زیادہ۔ کہتے ہیں: أعْطَانَا غَیْضًا من فَیْضٍ: اس نے بہت زیادہ میں سے تھوڑا دیا۔ رَجُلٌ فَیْضٌ: نفع رساں آدمی۔ فَرَسٌ فَیْضٌ: تیز رفتار گھوڑا (۲) کثرت، فراوانی، ریل، پیل (۳) نفع، فائدہ، خیر و برکت ج: فیوضٌ (۴) فیاضی فراخی۔
غَیْضٌ من فَیْضٍ: بہت میں سے تھوڑا، دریا میں سے ایک قطرہ۔
الفَیَضانُ: طغیانی، سیلاب، طوفان، بہاؤ، پانی کا زور۔
الفَیُوضُ: کشادہ۔ دِرْعٌ فَیُوضٌ: کشادہ اور ڈھیلی زرہ۔
الفَیَّاضُ: فائضٌ کا مبالغہ۔ نَهْرٌ فَیَّاضٌ: بہت پانی والا دریا۔ رَجُلٌ فَیَّاضٌ: بہت سخی، دریا دل۔
المُفَاضُ: حَدِیثٌ مُفَاضٌ و مُفاضٌ فیہ: شائع اور عام بات۔ دِرْعٌ مُفَاضَةٌ: کشادہ اور ڈھیلی زرہ۔
• فَاظَ فُلانٌ ــِ فَیْظًا و فُیُوظًا: مرنا ـــ نَفْسُهُ و رُوحُهُ: جان نکلنا، مرنا
أفَاظَهُ اللهُ: کسی کو موت دینا۔
الفَائِظ: سود، نفع۔
الفَایِظِجیُّ: سود خور۔
الفَیْظُ: موت۔ حَانَ فیظُهُ: اس کے مرنے کا وقت آگیا، اس کی موت آگئی۔
• الفَیْفُ: جنگل، بیابان، وسیع و عریض کھلا میدان (۲) دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ (۳) مختلف جہتوں سے چلنے والی ہواؤں کی زمین ج: أفْیَافٌ و فُیُوفٌ۔
الفَیْفَاءُ: الفَیْفُ۔ ج: الفَیَافِی۔
• فَاقَ ــِ فَیْقًا: جان جانِ آفریں کے سپرد کرنا۔
أفْیَقَ الشَّاعِرُ: شاعر کا کمال دکھانا۔
• فَالَ رَأْیُهُ ــِ فَیْلًا و فُیُولًا: رائے کا کمزور اور غلط ہونا، یوں بھی کہا جاتا ہے: فَالَ الرَّأْیُ و فَالَ فی رَأْیِهِ۔
فَایَلَهُ مُفَایَلَةً و فِیَالًا: مٹی میں کوئی چیز چھپا کر دو ڈھیریوں میں تقسیم کرکے بطور آزمائش پوچھنا کہ وہ چیز کس ڈھیری میں ہے۔ فَال کھیل کھیلنا۔
فَیَّلَ رَأْیَهُ: کمزور اور غلط قرار دینا۔
تَفَیَّلَ رَأْیُهُ: رائے کمزور ہونا (۲) ہاتھی کی طرح موٹا ہونا۔
ـــ النَّبَاتُ: نباتات کا اپنی حد تک طویل ہوجانا۔
اسْتَفْیَلَ الجَمَلُ: اونٹ کا ہاتھی جیسا ہونا۔
الفَائِلُ: سرین کی ہڈی کا گوشت (۲) ران کی ایک رگ۔
الفَائِلَتَانِ: سرین اور رانوں کے درمیان گوشت کے دو لوتھڑے۔
الفَالُ: (دیکھئے: فَأل)۔
الفِیَالُ: (دیکھئے: فِئَال)۔
• الفِیلُ: ہاتھی ج: أفْیَالٌ و فِیَلَةٌ۔
دَاءُ الفِیلِ: فیل پا، پاؤں سوجنے کی بیماری۔
الفِیلَةُ: ہتھنی، ہاتھی کی مادہ۔
آذانُ الفیلِ: ایک پودا۔
أصْحَابُ الفِیلِ: ابرہہ حبشی کے لشکری جنہوں نے اسلام سے پہلے مکہ پر حملہ کیا تھا۔ اللہ کے حکم سے یہ لشکر معجزانی طور پر تباہ ہوگیا تھا۔
الفَیَّالُ: مہاوت، ہاتھی بان ج: فَیَّالَةٌ
فَیِّلُ الرَّأْیِ: کمزور رائے والا۔
فَیِّلُ اللَّحْمِ: موٹا تازہ آدمی۔
تَفَیْلَقَ: دیکھئے: فَلَقَ۔
• الفَیْلَقُ: دیکھئے: فلق۔
• الفَیْلم: دیکھئے: فلم۔
• فَانَ الرَّجُلُ ــِ فَیْنًا: آنا۔
الفَیْنَةُ: وقت۔ کہتے ہیں: أزُورُهُ الفَیْنَةَ بَعْدَ الفَیْنَةِ۔ بینَ الفینۃ و الفَیْنَةِ۔ فَیْنَةً بَعْدَ فَیْنَةٍ: میں اس سے وقتاً فوقتاً ملوں گا یا ملتا ہوں۔
الفَیْنَانُ: لمبے اور خوبصورت بالوں والا مؤنث: فَیْنَانَةٌ۔ شَعْرٌ فَیْنَانٌ: لمبے بال۔
• تَفَیْهَقَ: دیکھئے: فَهِقَ۔
الفَیْهَقُ: دیکھئے: فَهِقَ۔

باب القاف

• القَافُ: حروف تہجی کا اکیسواں حرف۔ اس کا مخرج گلے کے کوّے اور اوپر کے تالو سے ہے۔ بعض عرب ملکوں کی عامی زبان میں اس کا تلفظ مختلف ہو گیا ہے۔ کہیں ہمزہ اور کہیں گاف (فارسی) اور بعض جگہ چے (فارسی) بھی۔

ق ــــ أ

• قَأَبَ الطَّعَامَ او الشَّرَابَ ـَ قَأْبًا: برتن کا کھانا یا پانی سب چٹ کر جانا۔
قَئِبَ من الشَّرَابِ ـَ قَأَبًا: شراب سے سیراب ہونا، پانی وغیرہ خوب پینا۔
القَئُوبُ: بہت پینے والا۔
المِقْأَبُ: بہت پینے والا۔
القِئْقِئُ: انڈے کی سفیدی کی جھلّی۔

ق ــــ ب

• قَبَّ النَّبَاتُ او اللَّحْمُ اونحوُهما ـِ قَبًّا: خشک ہو جانا۔
ــــ الجُرْحُ: زخم خشک ہونا، مندمل ہونا
ــــ الظَّهرُ: کمر کی چوٹ کے اثرات ختم ہو جانا۔
ــــ فُلانٌ: گنبد بنانا۔
ــــ القَوْمُ: لوگوں کا جھگڑے میں شور و غل کرنا، ہنگامہ کرنا۔
ــــ ذُو النَّابِ: دانت والے کے دانتوں کی آواز سنائی دینا۔
ــــ نَابُهُ: دانت کی آواز آنا۔
ــــ جوفُ الفَرَسِ: گھوڑے کے پیٹ کی آواز آنا، گھوڑے کا پیٹ بولنا۔

قَبَّ القُبَّةَ ـُ قَبًّا: گنبد بنانا۔
ــــ الشيءَ: کوئی چیز کاٹنا (۲) کسی چیز کے کنارے سمیٹ کر گنبد کی طرح بنانا۔
ــــ بَطْنَهُ: پیٹ کو دبا کر گول کر دینا
قَبَّ ـَ قَبَبًا: کمر کا پتلا اور پیٹ کا کم گوشت ہونا، نازک کمر والا ہونا۔
هو اَقَبُّ وهي قَبَّاءُ ج: قُبٌّ
قَبَّ کے بجائے کبھی قَبِبَ بھی کہا جاتا ہے۔
اَقَبَّ السَّفَرُ الفَرَسَ: سفر کا گھوڑے کو دبلا کر دینا۔
قَبَّبَ: مبالغہ درمعانی قَبَّ۔
ــــ البَيْتَ: گھر پر گنبد بنانا۔
ــــ الشيءَ: قُبّہ دار بنانا، قُبّہ نما بنانا، گنبد کی شکل کا بنانا۔
تَقَبَّبَ القُبَّةَ: گنبد میں داخل ہونا (۲) گنبد والا یا گنبد نما ہو جانا۔
القَابَّةُ: بارش کی بوند (۲) بادل کی گرج
القُبَابُ: تیز تلوار (۲) موٹی اور بڑی ناک
القَبُّ: لوگوں کا سردار، سربرآوردہ (۲) سانڈ اونٹ (۳) قوی الباہ آدمی (۴) چرخی کا سوراخ (۵) قمیص کے گریبان کے نیچے کا کپڑا (۶) بڑی اور سخت لگام (۷) ترازو کی ڈنڈی ج: اَقْبُبٌ۔
القِبُّ: کولہوں کے درمیان کمر کی ابھری ہوئی ہڈی۔
القَبَّةُ: کرتے وغیرہ کا گریبان، کالر۔
القُبَّةُ: گنبد (۲) چھوٹا خیمہ یا شامیانہ جو اوپر سے گول ہو ج: قِبَابٌ و قُبَبٌ۔
القُبَّةُ الزَّرْقَاءُ: نیلگوں گنبد، آسمان۔
القِبَّةُ: بکری کی مینگنی کی تھیلی ج: قِبَابٌ
القَبِّيُّ: پیٹ پتلا کرنے کے لئے مسلسل روزے رکھنے والا۔
القِبَةُ: (من الشّاة) القِبَّةُ ج: قِبَاتٌ
القَبِيبُ: سوکھی ہوئی گھاس، پودا (۲) گھوڑے کے پیٹ کی آواز (۲) سانڈ کے دانت پیسنے کی آواز (۳) ایک طرح کا پنیر
المُقَبَّبُ: گنبد دار یا گنبد نما۔ حَافِرٌ مُقَبَّبٌ: کھوکھلا کھر۔
المُقَبَّبَةُ: سُرَّةٌ مُقَبَّبَةٌ: پتلی ناف۔
المَقْبُوبَةُ: گنبد نما یا گنبد دار۔
• القَبَجُ: چکور کے مشابہ ایک پرندہ۔ واحد قَبَجَةٌ۔
• قَبَحَ اللّٰهُ فُلانًا ـَ قَبْحًا و قُبُوحًا: اللہ کا کسی کو ہر اچھائی اور بھلائی سے دور رکھنا۔ هو مَقْبُوحٌ: قرآن پاک میں ہے: "وَيَوْمَ القِيَامَةِ هُمْ مِّنَ المَقْبُوحِيْنَ"
ــــ لَهُ وَجْهَهُ: کسی کو قبحه الله (خدا برا بنائے) کہہ کر بد دعا کرنا۔
ــــ الشَّيءَ قَبْحًا: کسی شے کو اس کے اندر کی چیز نکالنے کے لئے توڑنا۔ جیسے: قَبَحَ البَثْرَةَ: مواد نکالنے کے لئے پھنسی کو پھوڑنا۔ قَبَحَ البَيْضَةَ: زردی وغیرہ نکالنے کے لئے انڈے کو توڑنا۔
قَبُحَ الشيءُ ـُ قُبْحًا و قَبَاحَةً: (ضد: حَسُنَ) خراب ہونا، بدنما ہونا، برا ہونا، بدصورت ہونا۔

اَقْبَحَ فُلَانٌ : برا کام کرنا، بری بات کہنا
قَابَحَهُ : کسی کے ساتھ گالم گلوچ کرنا، بدکلامی کرنا۔
قَبَّحَهُ : برا بنانا، بدصورت کرنا (۲) بھلائی سے دور کرنا۔
ــــ وَجْهَهُ : کسی کو برا کہنا۔
ــــ لَهُ وَجْهَهُ : کسی کے کام کو ناپسند کرنا، برا ٹھہرانا۔
ــــ عليه فِعْلَهُ : کسی کے کام کی قباحت ظاہر کرنا، مذمت کرنا۔
ــــ البَثْرَةَ : پھنسی کو پکنے سے پہلے پھوڑنا۔
اِسْتَقْبَحَهُ : برا سمجھنا۔
القَبَاحُ : کہنی سے ملا ہوا بازو کی ہڈی کا کنارہ (۲) ران اور پنڈلی کے ملنے کی جگہ۔
القُبْحُ : حُسْن کی ضد۔ بدصورتی، بدنمائی برائی، خرابی (قول وفعل اور شکل وصورت سب کے لئے) (۲) ذوقِ سلیم پر گراں بار۔ ج: مَقَابِحُ (خلافِ قیاس)۔
قُبْحًا لَهُ : (بطور بددعا) تف ہے اس پر، اس کا برا ہو۔
القَبَاحَةُ : برائی، خرابی، بدصورتی۔
القَبِيحُ : حَسَن کی ضد۔ ذوقِ سلیم پر بھاری چیز، برا، خراب، بدنما، بدصورت، عیب دار (۲) بدزبان (۳) شرعاً ناپسندیدہ (۴) عرفاً ناپسندیدہ۔ ج: قِبَاحٌ و قَبَاحَى و قَبْحَى۔
القَبِيحَةُ : برائی، عیب، خرابی، باعثِ شرم بات یا کلام، کمینگی۔ ج: قَبَائِحُ و قِبَاحٌ۔
المَقَابِحُ : برائیاں افعال واقوال کی خلاف قیاس قُبْح کی جمع۔
• قَبَرَ المَيِّتَ ـُ قَبْرًا : مردہ کو قبر میں رکھنا، دفن کرنا۔
اَقْبَرَ فُلَانًا : کسی کے لئے قبر بنانا۔
قرآن پاک میں ہے: "ثُمَّ اَمَاتَهُ فَاَقْبَرَهُ"
اَقْبَرَ القَوْمَ : مقتول کو دفن کرنے کیلئے اس کی قوم کے حوالہ کرنا۔
القَبَّارُ : شکاری کا رات کا چراغ (۲) جال میں پھنسے ہوئے شکار کو کھینچنے کے لئے اکٹھا ہونے والا مجمع۔
القُبَّرُ : چنڈول (پرندہ) واحد: قُبَّرَةٌ
القَبْرُ : مردے کو دفن کرنے کی جگہ، قبر ج: قُبُورٌ و اَقْبُرٌ۔
القَبْرُ : سفید لمبا انگور جس کا منقی عمدہ ہوتا ہے (۲) چنڈول پرندہ۔
القَبُورُ : جلد جلد بار آور ہونے والا درخت خرما (۲) نشیبی جگہ۔
القَبْرِيَّةُ : قبر کا کتبہ۔
المَقْبُرَةُ : قبرستان (۲) قبر ج: مَقَابِرُ
المَقْبَرِيُّ : نگرانِ قبرستان۔
• قَبَسَ النَّارَ ـِ قَبْسًا : آگ جلانا (۲) آگ تلاش کرنا۔
ــــ النَّارَ او الكَهْرَبَاءَ : آگ یا بجلی کا شعلہ لینا، شعلہ نکالنا۔
ــــ العِلْمَ : علم حاصل کرنا۔
ــــ الرَّجُلَ عِلْمًا او نُورًا : کسی کو علم یا روشنی کا فائدہ پہنچانا۔ ھو قَابِسٌ ج: اَقْبَاسٌ
اَقْبَسَهُ : کسی کو آگ یا بجلی کا شعلہ دینا (۲) علمی فائدہ پہنچانا۔
اِقْتَبَسَ نَارًا : آگ لینا، شعلہ لینا۔
ــــ فُلَانًا : کسی سے آگ مانگنا۔ اِقْتَبَسَ منه بھی کہا جاتا ہے۔
ــــ منه عِلْمًا : کسی سے علم حاصل کرنا، علمی استفادہ کرنا۔ کہتے ہیں: جِئْتُ لِاَقْتَبِسَ من اَنْوَارِكَ : میں آپ کے انوارِ علمی سے استفادہ کرنے آیا ہوں۔ قرآن پاک میں ہے:
"اُنْظُرُونَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُورِكُمْ"
الاِقْتِبَاسُ : نقل کردہ یا اخذ کردہ عبارت و مضمون، تراشہ ج: اقتباسات۔
القَابِسُ : پلگ (جس کے ذریعہ بجلی کا کرنٹ منتقل کیا جاتا ہے)۔
القَابُوسُ : خوبصورت وخوب رو مرد۔
القَبَسُ : آگ (۲) آگ کا شعلہ، انگارہ قرآن پاک میں ہے: "لَعَلِّي آتِيكُمْ مِنْهَا بِقَبَسٍ" حُمَّى قَبَسٍ : تعدی کی بنا پر آنے والا بخار، مقابل حُمَّى عَرَضٍ : جو بلا تعدی کسی کو لاحق ہو۔
القَبَسَةُ : شعلہ، انگارہ جو آگ میں سے لیا جائے۔ مقولہ ہے: مَا زُرْتُكَ الا كَقَبْسَةِ العَجْلَانِ : میں نے تم سے سرسری ملاقات کی ہے۔
القَوَابِسُ : علم اور بھلائی سکھانے والے لوگ۔
المِقْبَاسُ : وہ لکڑی جس سے آگ جلائی جائے (۲) جلد جا ملنے والی مادہ۔
المَقْبِسُ : پلگ ہولڈر جس میں پلگ کے ذریعہ بجلی کا کرنٹ پہنچایا جاتا ہے (۲) لکڑی کی جلتی ہوئی جگہ ج: مَقَابِسُ
المِقْبَسُ : جس سے آگ جلائی جائے، آگ اٹھانے کا آلہ، چمٹا وغیرہ۔
المُقْتَبَسُ : انگارہ (۲) کتاب وغیرہ کا اقتباس ج: مُقْتَبَسَاتٌ۔
• قَبَصَ ـِ قَبْصًا : تیز دوڑنا۔
ــــ الغُلَامُ : لڑکے کا جوان ہونا۔
ــــ الشَّيْءَ : انگلیوں کے کناروں سے کوئی چیز لینا، کناروں سے پکڑ لینا، چٹکی سے لینا۔
ــــ الرَّجُلَ وغَيْرَهُ : کسی کو کوئی فعل پورا کرنے سے قبل روک دینا، رکاوٹ کا سبب بننا۔

قَبَصَ الشَّارِبَ : پینے والے کو سیرابی سے پہلے روک دینا، سیراب نہ ہونے دینا
قَبِصَ ـــ قَبَصًا : چست اور پھرتیلا ہونا (۲) دردِ جگر میں مبتلا ہونا۔ ھو قَبِصٌ
ـــ الرَّجُلُ : بڑے سر والا ہونا۔ ھو اَقْبَصُ و ھی قَبْصَاءُ۔ اَقْبَصُ الرأسِ : بڑے سر والا۔ ھَامَةٌ قَبْصَاءُ : بڑی کھوپڑی ج : قُبْصٌ۔
قَبَّصَ الشَّیْءَ : انگلیوں کے کناروں سے پکڑنا، لینا۔
اِقْتَبَصَ من اَثَرِہ قَبْصَةً : کسی کے نشانِ پاکی چٹکی بھر یا مٹھی بھر مٹی لینا۔
اِنْقَبَصَ : سکڑنا، منقبض ہونا۔
تَقَبَّصَ الجَرَادُ علی الشَّجَرِ : ٹڈیوں کا درخت پر جمع ہونا۔
ـــ الحَبْلُ : رسّی کا نہ پھیلنا۔
القَابِصَةُ : جماعت، گروہ ج : قَوَابِص
القَبَصُ : دردِ جگر۔
القِبْصُ : لوگوں کی بڑی تعداد۔ مقولہ ہے۔ ھم فی قِبْصِ الحَصَی : وہ لاتعداد ہیں (۲) ریت کا بڑا ڈھیر (۳) چیونٹیوں کا بڑا اور بھاری گروہ (۴) اصل۔ کَرِیمُ القِبْصِ : شریف النسل
القَبِصُ : سکڑا ہوا۔ حَبْلٌ قَبِصٌ : سکڑی ہوئی رسّی۔
القَبَصُ : دردِ جگر (۲) سر کا بڑا پن۔
القَبْصَةُ : چٹکی بھر چیز، مٹھی بھر چیز (۲) بڑی ٹڈی۔
القَبِیبَصُ : مٹی کا ڈھیر (۲) تیز رفتار گھوڑا جس کا صرف کھر کا کنارہ زمین سے ٹکراتا ہو۔
المِقْبَصُ : گھوڑوں کو لائن میں کرنے کے لئے گھڑ دوڑ کے میدان میں باندھی جانے والی رسّی ج : مَقَابِص۔
• قَبَضَ الشَّیْءَ و علیه ـِ قَبْضًا : ہاتھ سے پکڑنا، ہاتھ میں لینا (۲) قبضہ میں لینا۔ جیسے : قَبَضَ الدَّارَ او الاَرْضَ۔
قَبَضَ اللِّصَّ و علیه : چور کو پکڑنا، گرفتار کرنا۔
ـــ علیه الرِّزْقَ : کسی کی روزی میں تنگی کر دینا۔
ـــ المَالَ : مال وصول کرنا، مال پر قبضہ کرنا۔
ـــ علی الشیءِ : دبوچنا۔
ـــ یَدَہٗ عن الشَّیْءِ : دست کش ہونا، ہاتھ ہٹا لینا، ہاتھ میں نہ لینا
ـــ یَدَہٗ عن النَّفَقَةِ : خرچ نہ دینا، خرچ سے ہاتھ کھینچ لینا۔
ـــ یَدَہٗ عن المَعْرُوفِ : بھلائی سے رکنا۔ قرآن پاک میں ہے : "وَیَنْھَوْنَ عن المَعْرُوفِ و یَقْبِضُوْنَ اَیْدِیَھُمْ" وہ دوسروں کو بھلائی سے روکتے ہیں اور خود بھی رکتے ہیں
ـــ الشَّیْءَ : طے کرنا، لپیٹنا۔
ـــ الظِّلَّ : سایہ مٹانا، ہٹانا۔ قرآن پاک میں ہے : "ثُمَّ قَبَضْنَاہُ اِلَیْنَا قَبْضًا یَسِیْرًا"۔
ـــ الطَّائِرُ جَنَاحَیْهِ : اڑنے کیلئے بازو سمیٹنا (پر تولنا) قرآن پاک میں ہے : "اَوَلَمْ یَرَوْا اِلَی الطَّیْرِ فَوْقَھُمْ صَافَّاتٍ وَّیَقْبِضْنَ"۔
ـــ علی الصَّحِیْفَةِ : اخبار ضبط کرنا۔
ـــ علی نَاصِیَةِ الاَحْوَالِ : صورتِ حال پر قابو پانا۔
ـــ البَطْنَ : پیٹ کے لئے قابض ہونا۔
ـــ قِیمَةَ الشِّیكِ : چیک کیش کرانا، چیک کی رقم وصول کرنا۔
قُبِضَ فُلَانٌ : روح قبض ہونا، مرنا یا مرنے کے قریب ہونا۔ ھو مَقْبُوضٌ : (مردہ یا جاں بلب)۔
اَقْبَضَ السَّیْفَ و نَحْوَہٗ : تلوار وغیرہ میں دستہ لگانا۔
ـــ فُلَانًا المَتَاعَ : کسی کو سامان پر قابض کرنا۔
قَابَضَهٗ : ہر ایک کا دوسرے سے اپنا حق وصول کرنا۔
قَبَّضَ الشَّیْءَ : اکٹھا کرنا، سمیٹنا (۲) اپنے قبضہ میں لینا۔
قَبَّضَ وَجْھَهٗ : چہرہ پر شکن ڈالنا (۲) بھوں سکوڑنا۔
ـــ فُلَانًا المَالَ : کسی کو مال پر قبضہ دلانا (۲) مال کسی کے سپرد کرنا۔
اِقْتَبَضَ الشَّیْءَ : قبضہ میں لینا، لینا، پکڑنا۔
ـــ المَتَاعَ لِنَفْسِه : اپنے لئے سامان لینا
ـــ منه المَالَ : کسی سے مال وصول کرنا
اِنْقَبَضَ الشَّیْءُ : اکٹھا ہونا، سمٹنا، سکڑنا
ـــ البَطْنُ : قبض ہو جانا۔
ـــ صَدْرُہٗ : دل تنگ ہونا۔
ـــ المَالُ : وصول شدہ ہونا۔
ـــ الرَّجُلُ علی نَفْسِه : کسی کی زندگی اجیرن ہونا، تنگ ہو کر گوشہ نشین ہونا۔
ـــ عن الشیءِ : ناک بھوں چڑھانا، نفرت کرنا، کسی چیز سے گھٹن ہونا۔
ـــ عن القَوْمِ : لوگوں سے الگ تھلگ ہونا۔
ـــ فی حَاجَتِه : اپنے کام کے لئے دوڑ دھوپ کرنا۔
تَقَابَضَ المُتَبَایِعَانِ : بائع کا قیمت کو اور خریدار کا سامان کو وصول کر لینا۔
تَقَبَّضَ الشَّیْءُ : سکڑنا، سلوٹیں پڑ کر اکٹھا ہو جانا۔
ـــ الاَسَدُ : جست لگانے کے لئے شیر کا سمٹ کر تیار ہونا۔
ـــ الجِلْدُ : کھال کا سکڑنا اور کھردرا ہونا۔

تَقَبَّضَ عَلَى الْاَمْرِ: کسی کام میں تن دہی کے ساتھ لگ جانا۔
___ عنہ: کسی چیز سے منقبض اور متنفر ہونا
الْاِنْقِبَاضُ: گھٹن۔ ضد: اِنْبِسَاط۔
القَابِضُ: اللہ تعالیٰ کے اسمار حسنیٰ میں سے ایک نام۔ ھو القَابِضُ البَاسِطُ (۲) قبض کرنے والی دوا یا غذا (۳) وصول کنندہ، گیرندہ۔
القَبْضُ: قبضہ ملکیت۔ صَارَ الشیئُ فی قَبْضِہ: چیز اس کی ملکیت میں آگئی (۲) پکڑ، گرفتاری۔ اَلْقَی علیہ القَبْضَ: اسے گرفتار کر لیا (۳) وصولیابی۔
القَبَّاضُ: بہت قابض (۲) سخت گرفت کرنے والا۔
القَبْضَۃُ: مٹھی بھر چیز۔ کہتے ہیں: اَعْطَاہُ قَبْضَۃً من تَمْرٍ او سَوِیقٍ۔ قرآن پاک میں ہے: "فَقَبَضْتُ قَبْضَۃً مِّنْ اَثَرِ الرَّسُوْلِ" (۲) تلوار کا دستہ (۳) مقبوضہ۔ صَارَ الشیئُ قَبْضَتَہُ وفی قَبْضَتِہِ: وہ چیز اس کے قبضہ میں آگئی۔ قرآن پاک میں ہے: "وَالْاَرْضُ جَمِیْعًا قَبْضَتُہٗ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ"
القُبْضَۃُ: مٹھی، مٹھی بھر چیز (۲) مقبوضہ شئی۔
القُبَضَۃُ: مضبوطی کے ساتھ تھامنے والا۔
رَجُلٌ قُبَضَۃٌ رُفَضَۃٌ: جلد اپنانے اور جلد چھوڑنے والا آدمی (۲) اونٹوں کو قابو میں کر کے حسب منشا چرانے والا چرواہا (۳) بکریوں کو قریب قریب کر کے چرانے والا چرواہا۔ رَاعٍ قُبَضَۃٌ رُفَضَۃٌ: مویشیوں کا بہتر منتظم چرواہا جو ان کو سمیٹ کر یکجا رکھتا ہے اور چراگاہ ملنے پر ان کو وہاں پھیلا دیتا ہے (اکٹھا کرنے اور پھیلانے پر قابو یافتہ)۔
القِبِّیضُ: تیز رفتار (جلد قدم اٹھانے والا) چوپایہ (۲) اپنے فن میں لگا رہنے والا، ہنرمند ماہر کاریگر۔ (۳) سکڑا ہوا، سمٹا ہوا۔
المَقْبَضُ: وصولیابی کی جگہ (۲) دستہ (جسے پکڑ کر کوئی چیز اٹھائی جائے) ج: مَقَابِضُ۔
المِقْبَضُ والمِقْبَضَۃُ: تلوار یا چھری وغیرہ کا دستہ ج: مَقَابِضُ۔
المُنْقَبِضُ: تنگ دل، گھٹا ہوا، جو بے تکلف نہ ہوتا ہو یا منشرح نہ ہوتا ہو۔ ضد: مُنبسط (۲) یکسو اور خاموش طبیعت آدمی جو ہلکے پھلکے کاموں کا عادی اور زیادہ نقل و حرکت سے گریزاں رہتا ہو۔
المَقْبُوضُ: وصول شدہ، ملکیت یا قبضہ میں ہونے والا۔
المَقْبُوضُ علیہ: گرفتار
المَقْبُوضَاتُ النَّقْدِیَّۃُ: نقد وصولیابیاں۔
• قَبَطَ الشیئَ ـِ قَبْطًا: ہاتھ سے اکٹھا کرنا۔
___ الشیئَ بِغَیْرِہٖ: ملانا، مخلوط کرنا۔
القِبْطُ: (یونانی لفظ) قدیم مصری باشندے آج کل مصر کے عیسائیوں کو کہا جاتا ہے ج: اَقْبَاطٌ۔
القِبْطِیُّ: قبط کا ایک فرد۔
القُبْطِیَّۃُ: (خلاف قیاس قبط کی طرف منسوب) مصر کی بنی ہوئی عمدہ باپلین ج: قَبَاطِیُّ و قُبَاطِیُّ۔
القُبَّاطُ و القُبَّیْطُ و القُبَّیْطَاءُ: ایک قسم کی مصری مٹھائی، تلوں کی مصری ریوڑی۔
القُبْطَانُ: (معرب) کپتان۔
• قَبَعَ القُنْفُذُ ـَ قُبُوْعًا: سیہی کا اپنی کھال میں اپنا سر چھپانا۔
___ الرَّجُلُ: آدمی کا اپنے کپڑے میں سر ڈالنا
___ النَّجْمُ: ستارہ کا چمک کر غائب ہو جانا
___ الرَّاکِعُ: رکوع کرنے والے کا رکوع میں بہت جھکنا۔
___ فُلَانٌ: تکان سے سانس چڑھنا۔
___ فی الشیئِ: کسی چیز میں داخل ہونا۔
قَبَّعَ فی الاَرْضِ: زمین میں جانا، سفر کرنا۔
___ عن اَصْحَابِہٖ: ساتھیوں سے پیچھے رہ جانا۔
___ الجُوَالِقَ: گون یا بورے کے کنارہ کو اندر یا باہر کی طرف موڑنا (اس کے اندر کی چیز آسانی سے نکالنے کیلئے)
___ فی مکانِہٖ: اپنی جگہ جمنا، دھرنا دینا۔
اِقْتَبَعَ السِّقَاءَ: مشکیزہ کے منہ میں سر داخل کر کے پینا۔
قَبَّعَ الشیئَ: اکھاڑنا۔
اِنْقَبَعَ فُلَانٌ: اپنے کرتے میں سر داخل کرنا۔
___ الطَّائِرُ فی وَکْرِہٖ: پرندہ کا گھونسلے میں جانا۔
القَابِعَۃُ: دوڑ کے وہ گھوڑے جو آگے نکل جانے والے کے پیچھے ہوں ج: قَوَابِعُ۔ پیچھے رہ جانے والے گھوڑے۔
القُبَاعُ: سیہی (۲) بڑا پیمانہ۔
القَبَّاعُ: بہت خوف زدہ، بزدل (سور)۔
القُبَّعَۃُ: بچوں کی ایک ٹوپی (۲) ہیٹ (انگریزی ٹوپی)
القِبِّیْعَۃُ القِنِبِّیْعَۃُ: خنزیر کی ناک کا بانسہ۔
القُبْعُ: بگل (۲) پیالی۔
القُبَعَۃُ: پھول کی کٹوری۔
القُبُّوعَۃُ: ایک ادنیٰ ٹوپی۔
القُبَعُ: سیہی (جنگلی چوہا)۔

القُبَعَةُ: امْرَأَةٌ قُبَعَةٌ طُلَعَةٌ: کبھی چھپنے اور کبھی ظاہر ہونے والی عورت۔
القَبِيعَةُ: تلوار وغیرہ کے قبضہ کے کنارہ پر چڑھا ہوا لوہا یا چاندی۔
القَوْبَعُ: تلوار کے دستہ کے کنارہ کا لوہا یا چاندی (۲) ایک پرندہ جس کے پیر سرخ رنگ کے ہوتے ہیں اور چونچ پھٹی ہوئی ہوتی ہے۔
• قَبْقَبَ الفَحْلُ او الأَسَدُ ونَحْوُهُمَا قَبْقَبَةً و قَبْقَابًا: نر اونٹ یا شیر وغیرہ کا غرانا، بلبلانا (گلے میں آواز گھمانا) (۲) دانت پیسنے کی آواز نکالنا۔
ـــ الرَّجُلُ: الٹی سیدھی باتیں کرنا، بکواس کرنا۔ هــو قَبْقَابٌ۔
تَقَبْقَبَ الفَحْلُ او الأَسَدُ ونَحْوُهُما: قَبْقَبَ۔
القُبَاقِبُ: بے سوچے بہت بولنے والا جھکی آدمی جو غلط صحیح کی بھی پروا نہ کرے۔
القَبْقَابُ: کھڑاؤں ج: قَبَاقِيبُ۔
قَبْقَابُ الزَّحْلَقَةِ: پھسلنے کی کھڑاؤں
قَبْقَابُ الفَرْمَلَةِ: بریک لگانے کا پیڈل۔
• قَبَلَ ـُ قَبْلًا: آنا۔ قَبَلَ اللَّيْلُ او الشَّهْرُ او العَامُ: رات یا مہینہ یا سال کا آنا۔
ـــ الرِّيحُ: ہوا چلنا۔
ـــ عَلَى العَمَلِ: کام میں جلدی کرنا۔
ـــ المَكَانَ: جگہ کے سامنے ہونا۔ کہتے ہیں: قَبَلْتُ الجَبَلَ مَرَّةً و دَبَرْتُهُ مَرَّةً: کبھی میں پہاڑ کے سامنے ہوتا تھا یا پہاڑ میرے سامنے ہوتا تھا اور کبھی میری پیٹھ اس کی طرف ہوتی تھی۔
قَبَلَتِ المَاشِيَةُ الوَادِيَ: مویشی نے وادی کا رخ کیا۔
ـــ النَّعْلَ: جوتے میں تسمہ لگانا۔
ـــ الثَّوْبَ: پیوند لگانا۔

قَبِلَ بِفُلَانٍ ـَ قَبَالَةً: کسی کی کفالت کرنا، کسی کا ضامن ہونا۔
ـــ القَابِلَةُ الوَلَدَ: دایہ کا بچہ جننا (یعنی بوقت پیدائش بچے کو ذمہ داری کے ساتھ لینا۔
ـــ الشَّيْءَ قَبُولًا: خوش دلی سے لینا، قبول کرنا۔ جیسے: قَبِلَ الهَدِيَّةَ و نَحْوَهَا۔ و قَبِلَ اللّٰهُ دُعَاءَ فُلَانٍ: اللہ نے فلاں کی دعا قبول کی
ـــ العَمَلَ: کام کو پسند کرنا، تسلیم کرنا، کام پر لگنا۔
ـــ الخَبَرَ: خبر کی تصدیق کرنا۔
ـــ فُلَانٌ قَبَلًا: بھینگی نظر والا ہونا۔ هو اَقْبَلُ۔ قَبِلَتْ عينه: آنکھ کا بھینگا ہونا۔
ـــ الدَّوْلَةَ عُضْوًا: ملک کو ممبر مان لینا۔
ـــ المُرَافَعَةَ: اپیل منظور کرنا۔
لَا يَقْبَلُ التَّخْفِيضَ: ناقابل تخفیف۔
قَبُلَ الرَّجُلُ ـُ قَبَالَةً: کفیل ہونا، ضامن ہونا۔
اَقْبَلَ: آنا۔ اَقْبَلَ الرَّكْبُ: قافلہ آگیا۔ اَقْبَلَ العَامُ: سال آگیا۔
ـــ بالشَّيْءِ: دل کھول کر دینا۔
ـــ الأَرْضُ بالنَّبَاتِ: زمین کا سرسبز ہونا۔
ـــ بِفُلَانٍ و اَدْبَرَ بِه: آزمانے کے لئے کبھی آگے لانا کبھی پیچھے کرنا (گھمانا)۔
ـــ عَلَى العَمَلِ و نَحْوِه: کسی کام پر لگ جانا، متوجہ ہوجانا۔ اَقْبَلَتِ الدُّنْيَا عَلَيْه: دنیا اسے پورے طور پر مل گئی۔
ـــ عَيْنَ فُلَانٍ: بھینگے جیسا کر دینا۔

اَقْبَلَ فُلَانًا الشَّيْءَ: کوئی چیز کسی کے سامنے کرنا۔
ـــ المَاشِيَةَ الوادِيَ: مویشیوں کو وادی کی طرف کرنا (وادی کے سامنے لانا)۔ اَقْبَلْنَا الرِّمَاحَ نَحْوَ القَوْمِ: ہم نے نیزے قوم کی طرف کر دیئے۔
ـــ فُلَانًا الطَّرِيقَ: کسی کو راستہ دکھانا۔
ـــ المَحْصُولُ: پیداوار زیادہ ہونا۔
ـــ اليه: کسی کے سامنے آنا۔
قَابَلَهُ: کسی کے آمنے سامنے ہونا، بالمقابل ہونا، ملاقات کرنا۔
ـــ الشَّيْءَ بالشَّيْءِ: ایک شے کو دوسری سے ملانا، مقابلہ کرنا۔
ـــ الكِتَابَ بِالكِتَابِ: کتاب کا کتاب سے ملان کرنا۔
ـــ الفِعْلَ بِمِثْلِه: بالمثل عمل کرنا۔
ـــ الشَّرَّ بالشَّرِّ: بدی کا جواب بدی سے دینا۔
ـــ الاِحْتِيَاجَاتِ: ضروریات سامنے آنا ضروریات سے نمٹنا۔
ـــ الاِقْتِرَاحَ بالرَّفْضِ: تجویز مسترد کرنا۔
ـــ الخَطَرَ: خطرہ کا سامنا کرنا۔
ـــ الشَّغَبَ بحَزْمٍ و شِدَّةٍ: غنڈہ گردی کے ساتھ سختی اور حکمت سے نمٹنا۔
ـــ فُلَانًا بحَفَاوَةٍ بَالِغَةٍ: کسی کا پرجوش استقبال کرنا، کسی سے بڑے تپاک سے ملنا۔
ـــ العَمَلَ بالعَرْقَلَةِ: کام میں رکاوٹ ڈالنا۔
قَبَّلَهُ: چومنا، بوسہ دینا۔
ـــ العَامِلَ العَمَلَ: کارکن کو معاہدہ کے تحت کام پر لگانا۔
اِقْتَبَلَ الرَّجُلُ: بے وقوفی کے بعد عقلمند ہونا۔

اِقْتَبَلَ اَمْرَہٗ : اپنا کام از سرِ نو کرنا ۔
ــــ الْخُطْبَۃَ : برجستہ تقریر کرنا ۔
تَقَابَلاَ : باہم رو در رو ملنا، ایک دوسرے کے سامنے یا بالمقابل ہونا ۔
تَقَبَّلَ بِہٖ : کسی کا تکفّل کرنا ۔
ــــ الشَّیْءَ : قبول کرنا، خوش دلی سے لینا
ــــ اللّٰہُ الْاَعْمَالَ : اللہ کا اعمال کو قبول کرنا اور ان پر ثواب دینا۔ قرآنِ پاک میں ہے: "اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْھُمْ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا"
ــــ اللّٰہُ الدُّعَاءَ : اللہ کا دعا کو قبول کرنا اور مطلوبہ شے عطا کرنا ۔
ــــ اللّٰہُ فُلاَنًا : کسی سے خوش ہونا اور کسی کا متکفّل ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَتَقَبَّلَھَا رَبُّھَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ"
اِسْتَقْبَلَہٗ : کسی کے سامنے ہونا (۲) کسی کا استقبال کرنا، خوش آمدید کہنا ۔
ــــ الْاَمْرَ : کسی کام کو از سرِ نو کرنا ۔
ــــ الحَالاَتِ : حالات کو انگیز کرنا ۔
الْاِسْتِقْبَالُ : خوش آمدید، آمنا سامنا (۲) زمانۂ آئندہ ۔
جِھَازُ الْاِسْتِقْبَالِ : ریسور، ریڈیو، وہ مشین جس کے ذریعہ ریڈیائی لہروں سے منتقل ہونے والے پیغامات اور خبریں وغیرہ حاصل کی جائیں ۔
حُجْرَۃُ الْاِسْتِقْبَالِ : کمرۂ ملاقات، رسیپشن روم ۔
حُرُوْفُ الْاِسْتِقْبَالِ : وہ حروف جو فعل مضارع پر داخل ہو کر اسے زمانۂ آئندہ کے لئے خاص کر دیتے ہیں حالت اثبات میں سین اور سوف اور حالتِ نفی میں لَنْ ہے ۔
یَوْمُ الْاِسْتِقْبَالِ : یومِ ملاقات (جو کسی خاندان کی طرف سے متعین کیا ہوا ہو ۔

حَفْلَۃُ الْاِسْتِقْبَالِ : خیر مقدمی جلسہ یا تقریب جو کسی بڑے آدمی کی آمد پر اس کے اعزاز میں منعقد کیا جائے ۔
الْاِقْبَالُ : آمد، توجہ ۔
الْاِقْبَالُ علی شیءٍ : کسی چیز کی مقبولیت مانگ، دلچسپی ۔
اِقْبَالاً وَّ اِدْبَارًا : آتے جاتے ۔
التَّقْبِیْلُ : بوس و کنار ۔
القَابِلُ : منظور کنندہ، قبول کنندہ (۲) آیندہ (۳) تصدیق کنندہ (۴) کسی چیز کے لائق ۔
القَابِلَۃُ : دایہ جو زچہ کو بوقت پیدائش مخصوص مدد پہنچاتی ہے ج: قَوَابِل ۔
قَوَابِلُ الْاَمْرِ : کام کے ابتدائی حالات و واقعات ۔ اَخَذْتُ الْاَمْرَ بِقَوَابِلِہٖ : میں نے معاملہ کو ابتدائی حالات ہی میں اپنے ہاتھ میں لیا، اسے میں نے مکمل طور پر سنبھالا ۔
القَابِلِیَّۃُ : قبول کرنے کی صلاحیت، اثر پذیری، استعداد (یہ مصدر صناعی ہے) ۔
القَابُوْلُ : دو مکانوں یا دو دیواروں کے درمیان چھپا ہوا راستہ، ج: قَوَابِیْل ۔
القِبَالُ : پیروں کے پنجوں کے قریب اور ایڑیوں کے دور ہونے کی حالت (۲) چپل کا تسمہ ۔ رَجُلٌ مُنْقَطِعُ القِبَالِ : بری رائے رکھنے والا ۔
ما ھو لھم فی قِبَالٍ وَّلاَ دِبَارٍ : وہ لوگ اس کی پرواہ نہیں کرتے، اسے کسی شمار میں نہیں لاتے ۔
القُبَالُ : ہر شے کا اول اور سامنے آنے والا حصہ ۔ قُبَالَۃُ الدَّابَّۃِ : چوپائے کی پیشانی ۔

القَبَالَۃُ : اقرار نامہ، ضمانت، کفالت، ذمہ داری نَحْنُ فی قَبَالَۃِ فُلاَنٍ : ہم فلاں کے زیر ضمانت یا زیر معاہدہ ہیں، (ریاسۃ کے مقابلہ میں قبالۃ عارضی اور کم درجہ ہے) ۔
القِبَالَۃُ : کفالت و ضمانت (۲) دایہ گری (۳) ذمہ داری، ذمہ لیا ہوا کام ۔
القُبَالَۃُ : راستہ کا سامنے والا حصہ ۔
قُبَالَۃَ فُلاَنٍ : کسی کے سامنے، بالمقابل ۔
قَبْلُ : ظرف زمان گذشتہ یا ظرف مکان گذشتہ (ضد: بَعْدُ) یہ لفظ مبہم ہے اضافت کے بغیر مفہوم واضح نہیں ہوتا اضافت لفظا ہو جیسے: جَاءَ فُلاَنٌ قَبْلَ فُلاَنٍ ۔ دَارِیْ قَبْلَ دَارِہٖ یا اضافت تقدیرا ہو۔ جیسے قرآن پاک میں ہے: "لِلّٰہِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَ مِنْ بَعْدُ" اضافت کے وقت منصوب اور بلا اضافت مبنی علی الضم ہوتا ہے ۔
قَبْلَ الْمِیْعَادِ : قبل از وقت ۔
قَبْلاً وَ مِن قَبْلُ : قبل ازیں، پیش تر، پہلے، سابق میں ۔ من ذی قَبْلُ : پہلے سے ۔
القُبْلُ : قصد ۔ اِذًا اَقْبَلَ قُبُلَکَ : (اگر ایسا ہے تو) میں تمہاری طرف متوجہ ہوں گا ۔
القُبُلُ : ہر چیز کا اگلا حصہ، حضرت یوسف علیہ السلام کے متعلق قرآن پاک میں ہے: "اِنْ کَانَ قَمِیْصُہٗ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ" اگر ان کا کرتا آگے کی طرف سے پھٹا ہوا ہے تو اس عورت نے سچ کہا (۲) پہاڑ کا دامن (۳) وقت کا ابتدائی حصہ جیسے کَانَ ذٰلِکَ فِیْ قُبُلِ الصَّیْفِ : یہ بات موسم گرما کے شروع ہی میں

ہوئی تھی (۴) عورت اور مرد کی شرمگاہ کا سامنے والا حصہ ۔ رَأَیْتُهٗ قُبُلًا : میں نے اسے صاف دیکھا، کھلا ہوا دیکھا

القِبَلُ : طاقت، دسترس ۔ مَالِی بِهٖ قِبَلٌ : مجھ میں اس کی طاقت نہیں ۔ قرآن پاک میں حضرت سلیمانؑ کے قول کی حکایت ہے "اِرْجِعْ اِلَیْهِمْ فَلَنَأْتِیَنَّهُمْ بِجُنُوْدٍ لَا قِبَلَ لَهُمْ بِهَا" لوٹ جاؤ ان کے پاس اب ہم ان کے پاس ایسی فوجیں لے کر آتے ہیں کہ جن پر ان کی ایک نہ چلے گی۔
(۲) جہت، کونا، گوشہ (۳) نزد، قرب، جیسے لِی قِبَلَ فُلَانٍ دَیْنٌ : فلاں کے پاس میرا قرض ہے ۔ لِی فِی قِبَلِهٖ کَذَا : اس کی طرف میری فلاں چیز ہے اَصَابَهٗ هٰذَا الْاَمْرُ مِنْ قِبَلِهٖ : یہ بات اس پر اس کی طرف سے آئی ۔

مِنْ ذِی قِبَلٍ : آئندہ جیسے اَفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْ ذِی قِبَلٍ ۔ لَا اُكَلِّمُكَ اِلٰی عَشْرٍ مِنْ ذِی قِبَلٍ : میں تم سے آئندہ دس دن تک نہیں بولوں گا ۔

قِبَلَ فُلَانٍ : فلاں کے سامنے، فلاں کی موجودگی میں ۔ مِنْ قِبَلِهٖ : اس کی طرف سے ۔

القُبَلُ : رَأَیْتُهٗ قُبَلًا : میں نے اسے بالمقابل دیکھا، میرا اس کا سامنا ہوا ۔

القَبَلُ : آنکھ کا بھینگا پن (۲) کھلا راستہ، صاف راستہ (۳) بالمقابل ہونے والا، زمین کا ابھار (پہاڑ، ٹیلہ وغیرہ) (۴) پہاڑ کا دامن (۵) ہر وہ چیز جو سب سے پہلے نظر آئے (۶) زمین کے مختلف حصوں پر اگی ہوئی گھاس (۷) ہاتھی دانت کا ٹکڑا جو عورت یا گھوڑے کے سینہ پر چمکتا ہو ج : اَقْبَالٌ ۔

القُبْلَةُ : بوسہ (۲) بکری کے کان اور آنکھ کے درمیان نشان ج : قُبَلٌ ۔

قُبْلَةُ الحُمّٰی : بخار والے کے منہ پر نکلنے والی پھنسی ۔

القِبْلَةُ : جہت، سمت، رخ ۔ کہتے ہیں : مَا لِكَلَامِهٖ قِبْلَةٌ : اس کے کلام کا کوئی رخ ہی نہیں ہے : اَیْنَ قِبْلَتُكَ تمہاری سمت کیا ہے ؟ (۲) خانۂ کعبہ (مسلمان اسے اپنی نمازوں کی جہت وسمت بناتے ہیں، اس کی طرف رخ کرتے ہیں) ۔ مَا لَهٗ قِبْلَةٌ وَلَا دِبْرَةٌ : اس کے کام کا کوئی رخ متعین نہیں، وہ غلطاں و پیچاں ہے (۳) توجہ گاہ ۔ قِبْلَةُ الْاَنْظَارِ : مرکز توجہ ۔ کہتے ہیں : اِجْعَلُوْا بُیُوْتَكُمْ قِبْلَةً : تم اپنے گھروں کو مسجد بناؤ ۔ آمنے سامنے بناؤ یا قبلہ رخ بنایا کرو ۔

القِبْلِیُّ : جنوبی (۲) مصر کا بالائی حصہ ۔

القَبَلَةُ : نظر یا محبت کا تعویذ (۲) ہاتھی دانت کا ٹکڑا جو زینت کے لئے عورت کے سینہ پر یا گھوڑے کے سینہ پر لگایا جاتا تھا ۔

القَبُوْلُ : مقبولیت، پسندیدگی، منظوری تسلیم (۲) حسن وخوبی (۳) بادِ صبا ج : قَبَائِلُ (۴) صلاحیت وتوجہ (۵) مدرسہ وغیرہ میں داخلہ ۔ اِمْتِحَانُ القَبُوْلِ : امتحان داخلہ ۔

القُبُوْلُ : القَبُوْلُ ۔

القُبُوْلُ العَامُّ : عام مقبولیت ۔

القُبُوْلُ الجُزْئِیُّ : جزوی منظوری ۔

القَبِیْلُ : نسل (۲) جماعت (۳) پیروکار، متبعین ۔ قرآن پاک میں ہے "اِنَّهٗ یَرٰىكُمْ هُوَ وَقَبِیْلُهٗ مِنْ حَیْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ" (۴) مماثل قسم ۔ خُذْ هٰذَا وَمَا كَانَ مِنْ قَبِیْلِهٖ : یہ اور جو اس جیسا ہو اسے لے لو (۵) کفیل وضامن ۔ قرآن پاک میں قبیل کے یہ معنی لئے گئے ہیں "اَوْ تَأْتِیَ بِاللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ قَبِیْلًا" (۶) سردار قوم (سیّد سے چھوٹا) مذکر ومؤنث دونوں کے لئے ج : قُبُلٌ ۔

مِنْ هٰذَا القَبِیْلِ : اس طرح کا، اس جیسا، اس قسم کا (۲) اس نقطۂ نظر سے ۔

القَبِیْلَةُ : ایک باپ یا ایک دادا کی اولاد، قبیلہ، خاندان، کنبہ (۲) نباتات اور جانوروں کی قسم (۳) قمیص کے استر کا ٹکڑا (۴) لگام کا تسمہ (۵) کھوپڑی کی ہڈی ج : قَبَائِلُ ۔ ثَوْبٌ قَبَائِلُ : بوسیدہ کپڑے ۔

قَبَائِلُ الرَّحْلِ : پالان کی ایک دوسرے میں پھنسی ہوئی لکڑیاں ۔

قَبَائِلُ الشَّجَرَةِ : شاخیں ۔

القَبِیْلِیُّ والقَبَلِیُّ : قبیلہ کا، خاندانی، قبائلی ۔

المُقَابَلُ : شریف النسل کا، نجیب الطرفین ۔

المُقَابِلُ : عوض، بدلہ (۲) سامنے، بالمقابل اِشْتَرَیْتُ الكِتَابَ مُقَابِلَ دِرْهَمٍ ۔ دَارُهٗ مُقَابِلٌ لِدَارِی (۳) جانب، سمت ۔

مُقَابِلُ الحُضُوْرِ : حاضری فیس ۔

مُقَابِلَ كَذَا و فِی مُقَابِلِ كَذَا : فلاں چیز کے عوض یا اس کے بدلہ میں ۔

بِلَا مُقَابِلٍ : مفت ۔

المُقَابَلَةُ : وہ بکری یا اونٹنی جس کے کان کاٹ کر الگ کئے بغیر آگے کی طرف لٹکا ہوئے چھوڑ دیئے جائیں، آگے کی طرف لٹکانا (۲) علم البدیع میں صنعت مقابلہ دو یا زیادہ معانی کے برعکس معانی ترتیب وار لانا جیسے قرآن پاک میں ہے "فَلْیَضْحَكُوْا قَلِیْلًا وَّلْیَبْكُوْا كَثِیْرًا" یہاں ضحک کے مقابلہ میں بکاء اور قلیل کے مقابلہ میں کثیر لایا گیا ہے (۳) مقابلہ،

ملاقات، انٹرویو۔
المُقَابَلَةُ الدَّافِئَةُ: گرم جوش ملاقات
المُقَابَلَةُ العَاجِلَةُ: فوری ملاقات۔
المُقَابَلَةُ مع أَحَدٍ: کسی سے انٹرویو۔
إِجْرَاءُ مقابَلَةٍ مع أَحَدٍ: کسی سے انٹرویو لینا۔
المُقَابَلَةُ الصَّحَفِيَّةُ: اخباری انٹرویو
المُقَابَلَةُ التِّلِفِزْيُونِيَّةُ: ٹیلی ویژن انٹرویو۔
المُقَابَلَةُ الشَّخْصِيَّةُ: نجی ملاقات
المُقْبِلُ: آئندہ۔
المُقْبِلُ إلى فُلَانٍ: کسی کے سامنے آنیوالا
المُقْبِلُ على أَحَدٍ: کسی کی طرف متوجہ ہونے والا۔
المُقْبَلَةُ: أَرْضٌ مُقْبَلَةٌ: وہ زمین جہاں کہیں کہیں بارش ہوئی ہو (ہر جگہ نہ ہوئی ہو)۔
المُقْتَبَلُ: قبول کیا ہوا (۲) پیوند لگا ہوا۔
مُقْتَبَلُ الشَّبَاب: ابتدائی جوانی، بھرپور جوانی کا دور۔ هو في مُقْتَبَلِ العُمْرِ: وہ نوخیز ہے، نوعمر ہے۔
المُسْتَقْبَلُ: آئندہ زمانہ۔ المُسْتَقبل الزَّاهِرُ: روشن مستقبل۔ في المُسْتَقْبَلِ: آگے، آئندہ۔
المَقْبُولُ: منظور شدہ، پسندیدہ۔ (۲) قابل قبول (۳) داخل (مدرسہ) (۴) امتحان میں کامیابی کا دوسرا درجہ۔
• قَبَنَ ـِ قُبُونًا: نفع بخش کام کے لئے کہیں جانا، سفر کرنا۔
أَقْبَنَ فُلَانٌ: شکست کھانا (۲) بے خطر ہو کر دوڑنا۔
قَبَّنَ الشَّيْءَ: کانٹے سے تولنا۔
القِبَانَةُ: کانٹے پر تولنے کا کام۔
القَبَّانُ: بھاری اشیاء تولنے کا ایک پلڑے کا کانٹا جس کے اوپر ایک لمبی چھڑ ہوتی ہے جس پر خانے اور نمبر ہوتے ہیں اور اس میں ایک کڑا لگا ہوتا ہے وزن کے جھکاؤ سے کڑا جس نمبر پر آکر رکتا ہے وہی وزن معتبر ہوتا ہے (۲) محافظ، نگراں۔ فُلانٌ قَبَّانٌ على فُلانٍ۔
القَبَّانِيُّ: کانٹے سے تولنے والا، کانٹے سے تولنے کا پیشہ کرنے والا۔
القَبِينُ: دوسروں سے الگ تھلگ اپنے ہی معاملات سے سروکار رکھنے والا۔
• قَبَاهُ ـُ قَبْوًا: انگلیوں سے سمیٹنا۔
ـــ الزَّعْفَرَانَ ونَحْوَهُ: زعفران وغیرہ کو پودوں سے توڑنا۔
ـــ الشَّيْءَ: موڑنا، کمان کی طرح کرنا۔
ـــ البِنَاءَ: عمارت بلند کرنا۔
• قَبَّى الثَّوْبَ: کپڑے کی قبا بنانا۔
ـــ المَتَاعَ: سامان اکٹھا کرنا اور اس کو اس کی متعلقہ جگہوں پر رکھنا۔
انْقَبَى: پوشیدہ ہونا۔
تَقَبَّى الشيءُ: گنبد کی طرح ہونا۔
ـــ فُلانٌ: قبا پہننا۔ تَقَبَّى قَبَاءَهُ۔
القَابِيَاءُ: کمینہ۔ بَنُو قَابِيَاءَ: شراب پینے کے لئے جمع ہونے والے لوگ۔
القَابِيَةُ: زعفران جمع کرنے والی۔
القِبَا: قِبَا القَوْسِ: کمان کا آدھا حصہ۔ بَيْنَهُمَا قِبَا قَوْسَيْنِ: ان کے درمیان ایک کمان کا فاصلہ۔
القَبَاءُ: چوغہ، ایک ڈھیلا لمبا لباس جو کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے ج: أَقْبِيَةٌ۔
القِبَةُ: بکری کے پہلو میں اوجھ کے نچلے حصہ کا مینگنیوں کے مخرج کے علاوہ تہہ دار مخصوص مقام۔
القَبْوُ: کمان دار ڈاٹ (۲) گول گنبد دار کمرہ (۳) تہ خانہ جس میں گرمی کے موسم میں اشیاء کو گرمی سے محفوظ رکھا جاتا ہے ج: أَقْبَاءٌ۔
القَبْوَةُ: چھوٹا تہ خانہ (۲) تنور کا گڑھا۔
المَقْبُوُّ: اکھٹا کیا ہوا۔
المَقْبِيُّ: موٹا، چربی دار۔

ق ــــ ت

• قَتَبَهُ ـُ قَتْبًا: بھنی ہوئی آنتیں کھلانا۔
أَقْتَبَ البَعِيرَ: اونٹ پر چھوٹا پالان باندھنا، کجاوہ باندھنا۔
ـــ اليَمِينَ: قسم کو سخت کرنا۔
ـــ فُلانًا يَمِينًا: کسی کو سخت قسم دینا۔ مقولہ ہے: ارْفُقْ به ولا تُقْتِبْ عليه في اليمين: اس پر رحم کرو اور اسے سخت قسم نہ کھلاؤ۔
ـــ الدَّيْنُ فُلانًا: قرض کا کسی کو بوجھل کرنا۔
قَتَّبَهُ تَقْتِيبًا: جھکانا۔ هو مُقَتَّبٌ۔
مُقَتَّبُ الكاهِلِ: جھکے ہوئے مونڈھے والا۔
التَّقْتِيبُ: جھکاؤ، ٹیڑھاپن، خم۔
القَتَبُ: کجاوہ جو کوہان کے بقدر ہو، پالان ج: أَقْتَابٌ۔
القَتِبُ: مشتعل مزاج، تنگ دل آدمی۔
القِتْبُ: القَتَبُ (۲) آنت (مذکر ہے کبھی مؤنث بھی ہوتا ہے) (۳) رہٹ سے متعلق سامان (۴) پیٹ کے اندر کی چیزیں ج: أَقْتَاب۔
القَتَبُ: جھکاؤ، کبڑاپن۔ أبو قَتَب: کبڑا
القِتْبَةُ: آنت ج: قِتَبٌ۔
القَتُوبَةُ: وہ اونٹ جن کی پیٹھ پر پالان رکھے جاتے ہیں۔ حدیث میں ہے: "لا صَدَقَةَ في الإبِلِ القَتُوبَةِ": کام میں لگنے والے اونٹوں پر صدقہ واجب نہیں۔
• قَتَّ فُلانٌ ـُ قَتًّا: جھوٹ بولنا۔

قَتَّ بَيْنَ النَّاسِ: لوگوں میں گھس کر ان کی لاعلمی میں باتیں سننا (چغلی لگانے یا نہ لگانے)۔
ـــ فُلَانًا: خفیہ طور پر کسی کا پیچھا کرنا تاکہ اس کا مقصد معلوم کیا جا سکے)۔
ـــ الحَدِيْثَ: فساد پھیلانے کی غرض سے باتیں لوگوں تک پہنچانا (۲) بات کو بڑھا چڑھا کر بیان کرنا۔
ـــ أَثَرَ الشَّيْءِ: کسی چیز کے نشان پر چلنا
ـــ الشَّيْءَ: مہیا کرنا (۲) کم کرنا (۳) تھوڑا تھوڑا اکٹھا کرنا۔ هو قَتَّاتٌ و قَتُوْتٌ۔
قَتَّتَ الأَحَادِيْثَ: فساد کی غرض سے باتیں ادھر ادھر پہنچانا۔
ـــ الأَفَاوِيْهَ: ہانڈی میں مسالے وغیرہ ڈالنا، مسالے وغیرہ ڈال کر پکانا
ـــ الزَّيْتَ: زیتون کے تیل میں خوشبودار تیل ملانا۔
القَتُّ: گھڑا ہوا جھوٹ (۲) اسپست، ایک جنگلی دانہ جو کوٹ کر پکانے کے کام آتا ہے۔ واحد: قَتَّةٌ۔
القَتَّاتُ: چوری سے لوگوں کی باتیں سننے والا (چغلی لگائے یا نہ لگائے) (۲) چغلخور۔
• قَتِدَتِ الإِبِلُ ـَ قَتَدًا: قتاد (خاردار درخت) کھانے سے اونٹوں کے پیٹ میں درد ہونا۔ هي قَتِدَةٌ۔
قَتَّدَ القَتَادَ: قتاد درخت کاٹ کر اس کے کانٹے جلانے کے بعد اونٹوں کو کھلانا
القَتَادُ: ایک سخت درخت جس کے کانٹے سوئی کی طرح ہوتے ہیں۔ اس سے عمدہ قسم کا گوند بنایا جاتا ہے۔ مِن دُوْنِهِ خَرْطُ القَتَادِ: مشقت کے بعد حاصل ہونے والی چیز کے بارہ میں مثل مشہور ہے (کانٹے اور پتے توڑنے سے پہلے قتاد کاٹنا پڑے گا جو مشکل ہے)۔
القَتَدُ: کجاوہ کی لکڑی ج: أَقْتَادٌ و قُتُوْدٌ۔
• قَتَرَ فُلَانٌ ـُ قَتْرًا: تنگ حال ہونا، عسرت زدہ ہونا۔
ـــ عَلَى عِيَالِهِ: آل اولاد پر خرچ میں تنگی کرنا، کمی کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَالَّذِيْنَ إِذَا أَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا"۔
ـــ اللَّحْمُ: گوشت پکنے کی خوشبو پھیلنا۔
ـــ لِلأَسَدِ: شیر کے لئے شکار کے گڑھے میں گوشت رکھنا جس کی بو سونگھ کر وہ آئے)۔
ـــ الشَّيْءَ و الأَمْرَ: کام پر لگے رہنا۔
ـــ الشَّيْءَ: کسی شے کو اس کی ایک جانب رکھنا (۲) اجزاء کو باہم ملانا۔
ـــ الدِّرْعَ: زرہ میں کیلیں لگانا۔
قَتِرَ البَخُوْرُ و اللَّحْمُ وغَيْرُهُ ـَ قَتَرًا: گوشت یا دھونی والی چیزوں کی خوشبو پھیلنا۔
أَقْتَرَ الرَّجُلُ: تنگی معاش ہونا، تنگ حال ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَعَلَى المُقْتِرِ قَدَرُهُ"
ـــ المَرْأَةُ: عورت کا عود کی دھونی لینا۔
ـــ الصَّائِدُ أَوِ الصَّيْدُ: شکاری یا شکار کا ٹٹی کی آڑ میں ہونا، گھات میں بیٹھنا۔
ـــ اللّٰهُ رِزْقَ فُلَانٍ: کسی کی روزی کم کرنا، رزق میں کمی کرنا۔
ـــ النَّارَ: آگ سے دھواں اٹھانا۔
ـــ الصَّائِدُ فِي قُتْرَتِهِ: شکاری کا شکار کے لئے گھات میں بیٹھنا۔
قَتَّرَ عَلَى عِيَالِهِ: اہل وعیال کے خرچ میں تنگی کرنا، بخل سے کام لینا۔
قَتَّرَ الشِّوَاءُ: گوشت بھوننے کی خوشبو پھیلنا۔
ـــ الشِّوَاءَ: بھنے ہوئے گوشت کی خوشبو خوب پھیلانا، خوب مہکانا۔
ـــ الصَّيَّادُ لِلأَسَدِ: شکاری کا شیر کی گھات میں بیٹھنا۔
ـــ الأشياءَ و بين الأَشْيَاءِ: چیزوں کو یکجا کرنا، اور استعمال کے لئے تیار کرنا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: أَنَّ أَبَا طَلْحَةَ كَانَ يَرْمِيْ والنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَتِّرُ بَيْنَ يَدَيْهِ: ابو طلحہ رضی تیر چلا رہے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے سامنے تیروں کو اکٹھا اور چلانے کے لئے تیار کر رہے تھے۔
ـــ فُلَانًا: کسی کو پہلو کے بل گرانا۔
اِقْتَرَ الرَّجُلُ: شکار کے لئے ٹٹی کی آڑ میں ہونا۔
تَقَاتَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو فریب دینا۔
تَقَتَّرَ فُلَانٌ: غضبناک ہو کر لڑائی کیلئے تیار ہو جانا۔
ـــ لِلصَّيْدِ: شکار کے لئے گھات میں بیٹھنا
ـــ عنه: ہٹ جانا، دور ہو جانا۔
ـــ فُلَانًا: غافل پا کر فریب دینے کی کوشش کرنا۔
التَّقْتِيْرُ: کنجوسی، بہت تھوڑی خوراک۔
القَاتِرُ: کمزور (۲) ہلکا کجاوہ۔
القُتَارُ: پکنے یا بھننے کی چرائہند، خاص قسم کی خوشبو، جلتی ہوئی ہڈی یا عود وغیرہ کی خوشبو۔
القَتْرُ: کنجوسی، گزر کے قابل خوراک۔
القُتْرُ: کنارہ، گوشہ ج: أَقْتَارٌ۔

القَتَرَةُ: نشانہ پر پھینکا جانے والا نرسل وغیرہ ج: قِتَرٌ۔ ابنُ قِتْرَةٍ: ایک موذی سانپ جس کا کاٹا بچتا نہیں۔
القُتْرَةُ: افلاس، تنگ دستی (۲) باغ میں پانی آنے کی نالی یا سوراخ (۳) دروازہ کا سوراخ جس میں کھٹکا داخل ہو کر دروازہ بند ہو جاتا ہے (۴) زرہ کا حلقہ (کڑی) (۵) تندور کا حلقہ (۶) آر پار طاقچہ، روشندان، حدیث میں ہے: "مَنِ اطَّلَعَ مِنْ قُتْرَةٍ فَفُقِئَتْ عَيْنُهُ فَهِيَ هَدَرٌ" (۷) شکاری کی ٹٹی گھات جس کی آڑ میں وہ شکار کرتا ہے، ج: قُتَرٌ۔
القَتَرَةُ: دھویں جیسا غبار جو خوف یا کرب و بےچینی کے وقت آنکھوں کے سامنے آجاتا ہے۔ قرآن پاک میں ہے: "وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ"۔
القَتُورُ: کنجوس آدمی۔
القَتِيرُ: زرہ کے حلقوں میں لگے ہوئے کیلوں کے سرے (۲) زرہ (۳) بڑھاپے کی ابتدا۔
• قَتَعَ ـَـ قُتُوعًا: ذلیل ہونا، تابع فرمان ہونا۔
قَاتَعَهُ: کسی سے جنگ کرنا، لڑائی کرنا۔
القِتْعُ: کم گہرے غار میں مکھیوں کا چھتہ۔
القَتَعُ: کیڑے (کیسے بھی ہوں) (۲) لکڑی کو کھانے والا لال کیڑا۔ واحد: قَتَعَةٌ۔
القَتَعَةُ: ذلیل، حقیر، جی حضوری کرنے والا۔
• قَتَلَهُ ـُـ قَتْلًا: مار ڈالنا، قتل کرنا، ختم کر دینا۔
ـــ اللّٰهُ فُلَانًا: کسی کے شر کو دفع کرنا۔
ـــ جُوعَه أو عَطَشَهُ: بھوک یا پیاس کی اذیت کو کھانے یا پانی کے ذریعہ زائل کرنا۔
ـــ غَلِيلَه: پیاس بجھانا۔

قَتَلَ الخَمْرَ: شراب میں تیزی کم کرنے کے لئے پانی ملانا۔
ـــ فُلَانًا: ذلیل کرنا۔
ـــ الشَّيْءَ عِلْمًا: خوب تحقیق کر کے جاننا
ـــ فُلَانًا بِأَخِيهِ: کسی کو اپنے بھائی کے بدلہ میں مارنا۔
ـــ نَفْسَه: خودکشی کرنا۔
ـــ شَخْصِيَّتَه: شخصیت یا حیثیت فنا کرنا۔
أَقْتَلَهُ: قتل کے لئے پیش کرنا۔
قَاتَلَهُ مُقَاتَلَةً وقِتَالًا: لڑنا، جنگ کرنا (۲) مزاحمت کرنا، دھکا دینا، نمازی کے سامنے سے گزرنے والے کے بارہ میں حدیث میں ہے: "قَاتِلْهُ فَإِنَّهُ شَيْطَانٌ" اسے ہٹاؤ یا مزاحمت کرو کیونکہ وہ شیطان ہے۔
ـــ اللّٰهُ فُلَانًا: کسی پر خدا کا لعنت بھیجنا، ملعون و مردود بنانا، بددعا کے لئے قرآن میں ہے: "قَاتَلَهُمُ اللّٰهُ أَنَّى يُؤْفَكُونَ"۔ قَاتَلَهُ اللّٰهُ: اس پر خدا کی مار پڑے (بددعا) قَاتَلَهُ اللّٰهُ مَا أَفْصَحَهُ: خدا اسے برکت دے وہ کتنا خوش بیان ہے (دعا اور مدح کے لئے)۔
قَتَّلَ فُلَانًا: بری طرح قتل کرنا، صورت بگاڑ دینا، ذلیل کرنا، قَلْبٌ مُقَتَّلٌ: عشق سے پارہ پارہ ہو جانیوالا دل۔
ـــ القَوْمَ: لوگوں میں مار دھاڑ کرنا، قتل عام کرنا۔
اقْتَتَلَ القَوْمُ: باہم مار دھاڑ کرنا، لڑنا
ـــ النِّسَاءُ فُلَانًا: عورتوں کا کسی کو دام عشق میں پھنسا کر ہلاک کر دینا۔
ـــ الجِنُّ فُلَانًا: جن کا کسی کو دیوانہ بنا دینا۔
اُقْتُتِلَ الرَّجُلُ: عشق سے دیوانہ ہونا۔

تَقَاتَلَ القَوْمُ: باہم لڑنا۔
تَقَتَّلَ القَوْمُ: باہم جنگ کرنا (۲) ایک دوسرے کو قتل کرنا۔
ـــ الرَّجُلُ لِحَاجَتِهِ: اپنے کام میں وقت لگانا اور کوشش کرنا۔
ـــ لِلْمَرْأَةِ: عورت کا تابع ہونا، بیوی کا غلام ہونا۔
ـــ فِي مِشْيَتِهَا: عورت کا مٹک کر چلنا۔
ـــ المَرْأَةُ لِلرَّجُلِ: مرد کے سامنے اتنا سنگار کرنا اور ادائیں دکھانا کہ وہ عاشق ہو جائے۔
اسْتَقْتَلَ: قتل کئے جانے کیلئے خود سپردگی کرنا۔
ـــ فِي الأَمْرِ: جان توڑ کوشش کرنا۔
القَتَالُ: جان (۲) جان کا بقایا۔ أَصَابَ قَتَالَهُ: اس کی جان کو تکلیف پہنچائی (۲) گوشت، چربی۔ دَابَّةٌ ذَاتُ قَتَالٍ: موٹا تازہ (لحیم شحیم) جانور بَقِيَ مِنْهُ قَتَالٌ: اس کی ہڈیاں نکل آئیں (دبلے پن سے)۔
القِتْلُ: ہم پلہ، ہمسر، مماثل۔ هُمَا قِتْلَانِ: وہ دونوں ہم پلہ ہیں (۲) واقف کار، کسی کام کا ماہر۔ إِنَّهُ لَقِتْلُ شَرٍّ: وہ شر خوب جانتا ہے، وہ بڑا شریر ہے ج: أَقْتَالٌ۔
القِتْلَةُ: قتل کی ہیئت یا نوعیت۔
القَاتِلُ: مہلک، تباہ کن۔
القَتُولُ: بہت قتل کرنے والا ج: قُتُلٌ و قُتْلٌ۔
القِتَالُ: لڑائی، جنگ، معرکہ۔
القِتَالُ العَنِيفُ: گھمسان کی جنگ۔
المُقَاتِلُ: جنگجو (۲) لڑاکا (۳) سپاہی، لڑنے والا ج: مُقَاتِلَةٌ۔
المُقَاتِلَاتُ: لڑاکا ہوائی جہاز۔
المُقَاتِلَاتُ قَاذِفَةُ القَنَابِلِ: بمبار

لڑاکا طیارے۔

المُقَاتَلَةُ: جنگ، لڑائی۔

المُقَتَّلُ: کام یا باربرداری سے تھکا ماندہ (۲) جہاں دیدہ، تجربہ کار۔

المُقْتَتَلُ: میدان جنگ، میدان کارزار۔

المَقْتَلُ: میدان جنگ (۲) زمانۂ جنگ (۲) قتل گاہ (۳) سبب قتل۔ کہتے ہیں: مَقْتَلُ الرَّجُلِ بَيْنَ فَكَّيْهِ: زبان آدمی کی ہلاکت کا سبب ہے (۴) قتل، ہلاکت ج: مَقَاتِل۔ وَلِّنِي مَقَاتِلَكَ اپنا چہرہ میری طرف کرو۔

المَقْتَلَةُ: معرکہ، کارزار۔

المَقْتُولُ: قتل کردہ، ہلاک شدہ۔

• قَتَمَ ـُ قُتُومًا: سیاہی یا سرخی مائل غبار کے رنگ کا ہونا، بھورے رنگ کا ہونا۔

ـــ الغُبَارُ: غبار کا سیاہی مائل ہونا۔

ـــ الوَجْهُ: بھورے رنگ کا ہونا۔

ـــ النَّهَارُ: دن کا بہت غبار والا ہونا۔

قَتِمَ ـَ قَتَمًا و قُتُومًا: قَتَمَ۔ هو أَقْتَمُ و هي قَتْمَاءُ۔

أَقْتَمَ الشيءُ: بھورے یا غبار کے رنگ کا ہونا۔

ـــ اليَوْمُ: دن کا بہت غبار آلود ہونا۔

الأَقْتَمُ: سیاہی یا سرخی مائل غبار کے رنگ کا، بھورا۔ هي قَتْمَاءُ ج: قُتْمٌ

القَاتِمُ: سیاہ، سیاہی مائل یا سرخی مائل غبار کے رنگ کا۔ أَسْوَدُ قَاتِمٌ: بہت سیاہ۔ أَحْمَرُ قَاتِمٌ: گہرا سرخ ج: قَوَاتِمُ۔

القَتَامُ: سیاہ گرد۔ ارْتَفَعَ القَتَامُ حَتَّى خَفِيَتِ الأَعْلَامُ: کالا غبار اتنا پھیلا کہ عمارتوں کے نشانات چھپ گئے

القَتَمُ: گرد، غبار (۲) گرد و غبار والی ناگوار ہوا۔

القُتْمَةُ: سرخی مائل یا گرد آلود رنگ (۲) ہلکی سیاہی۔

• قَتَنَ المِسْكُ او الدَّمُ ـُ قُتُونًا: مشک یا خون کا خشک ہو جانا، تازگی ختم ہو کر سیاہی آجانا۔

قَتُنَ الرَّجُلُ و غَيْرُهُ ـُ قَتَانَةً: خوراک کم ہو کر کمزور و دبلا ہو جانا هو و هي قَتِينٌ۔

اقْتَنَ: قَتُنَ۔

القَتِينُ: چچڑی (۲) دبلا پتلا (۳) پتلا (نیزے کا پھل)۔

• قَتَا فُلَانًا ـُ قَتْوًا: خدمت کرنا۔ فُلَان يقتو المُلُوكَ: فلاں بادشاہوں کی خدمت کرتا ہے۔

اقْتَوَى فُلَانٌ: خادم بن جانا۔

المَقْتَوِيُّ: خادم ج: مَقَاتِيَة و مَقْتَوُون۔

المَقْتَوِينُ: (من النَّاس) صرف کھانے کے بدلہ لوگوں کی خدمت کرنے والے (اس میں مذکر و مؤنث، واحد و تثنیہ اور جمع سب برابر ہیں)۔ رَجُلٌ مَقْتَوِين وامْرَأَة مَقْتَوِين و رَجُلَان مَقْتَوِين و رِجَال مَقْتَوِين و نِسَاءٌ مَقْتَوِين۔

ق ـــ ث

• أَقْثَأَ المَكَانُ: جگہ کا بہت کھیروں والی ہونا۔

ـــ القَوْمُ: قوم کا بہت کھیروں والا ہونا

القِثَّاءُ: کھیرا، ککڑی کے مشابہ، مصر میں اسے خِيَار، عَجُّور اور فَقُّوس کہتے ہیں۔

المَقْثَأَةُ: کھیرے اگنے کی جگہ (۲) بہت کھیرے اگانے والی زمین۔

قَثَّ الشَّيْءَ ـُ قَثًّا: بکثرت جمع کرنا۔

قَثَّ فُلَانٌ مَالًا۔ جَاءَ يَقُثُّ مَعَه دنيا عَرِيضَةً: وہ اپنے ساتھ لمبی چوڑی دنیا لایا یعنی دنیا کا بہت مال و متاع ساتھ لایا (۲) ہٹانا سرکانا۔ جیسے: قَثَّ السَّيْلُ هَشِيمَ النَّبَاتِ: سیلاب گھاس پھونس بہالایا۔

اقْتَثَّ الشيءَ: کسی شے کو اس کی جگہ سے ہٹا دینا، سرکا دینا، جیسے: اقْتَثَّ الحَجَرَ و اقْتَثَّ القَوْمَ عن أَصْلِهِمْ: لوگوں کو ان کی اصل سے ہٹا دیا۔

القُثَاثُ: سامان۔ جَاءَ القَوْمُ بِقُثَاثِهِمْ: لوگ اپنے سامان کے ساتھ آئے۔

المِقَثَّاثُ: چغلخور۔

القَثَاثَةُ: لوگوں کی جماعت۔

القَثِيثُ: کھجور کے درخت کی پود (۲) انگور یا کھجور کے درختوں کی اِدھر اُدھر پھیلی ہوئی جڑیں۔

القَثِيثَةُ: القَثَاثَةُ۔

المِقَثَّةُ: بچوں کا ایک کھیل، کوئی چیز زمین میں تھوڑی سی گاڑ کر ایک چوڑی لکڑی سے اسے اکھاڑتے ہیں۔

• قَثَمَ فُلَانٌ فِي مِشْيَتِه ـُ قَثْمًا: سست رفتاری سے چلنا۔

ـــ لِفُلَانٍ مِن مَالِه: مال دینا۔

ـــ الشيءَ: کوئی چیز سب یا اکثر لے لینا۔

اقْتَثَمَ الشيءَ: قَثَمَه (۲) بالکل جڑ نکال دینا، جڑ سے اکھاڑنا۔

قَثِمَ ـَ قَثَمًا: شیر کے پاخانہ میں لتھڑ جانا

قَثُمَ ـُ قَثْمًا و قَثَامَةً: گرد آلود ہونا

القَاثِمُ: معطی۔

قَثَامِ: اسم فعل امر بمعنی اقثم: آہستہ چل

(۲) بجو کی مادہ (چونکہ وہ آہستہ چلتی ہے۔
القُثَمُ: بہت سخی، فیاض (۲) گٹھے ہوئے بدن کا (۳) بجّو (نر)
القَثُومُ: نیکیوں کو جمع کرنے والا ج: قُثُمٌ
• قَثَا ـُ قَثْوًا: ایسی چیز کھانا جسکی ڈاڑھوں میں دبنے سے آواز پیدا ہو جیسے ککڑی کھیرا وغیرہ۔
ـــ المَالَ وغيرَهُ: اکٹھا کرنا۔
اِقْتَثَى المَالَ وغيرَهُ: قثاه۔

ق ـــ ح

• قَحَبَ الجَمَلُ او الفَرَسُ ـُ قَحْبًا و قُحَابًا: کھانسنا۔ وقَحَبَ الرَّجُلُ (بھی مستعمل ہے)
ـــ الرَّجُلُ: خبث وشرارت سے کھانسنا۔
ـــ المَرْأَةُ: بدکار وزناکار ہونا۔
قَاحَبَتِ المَرْأَةُ: زناکار ہونا۔
قَحَّبَ: مبالغہ در قَحَبَ۔
تَقَحَّبَتِ المَرْأَةُ: زناکار ہونا۔
القُحَابُ: بیماری کی وجہ سے پیٹ کی خرابی، اندرونی خرابی۔
القَحْبُ: کھانسنے والا بوڑھا ج: قِحَابٌ۔
القَحْبَةُ: کھانسنے والی بڑھیا (۲) پیٹ کی مریضہ (۳) زانیہ (زمانۂ جاہلیت میں زانیہ کھانس کر اپنے طلبگاروں کو بلاتی تھی) ج: قِحَابٌ
• قَحَثَ الشَّيْءَ ـَ قَحْثًا: سالم چیز لے لینا، پوری یا کل لے لینا۔
قَحَّ ـُ قُحُوحَةً و قَحَاحَةً: خالص ہونا (۲) کھانسی آنا۔
القُحَاحُ: خالص جس میں غیر جنس کی آمیزش نہ ہو۔ اَعرَابِيٌّ قُحَاحٌ: خالص دیہاتی شہری خو جس کے پاس نہ آئی ہو۔ صَارَ الى قُحَاحِ الأمرِ: وہ معاملہ کی اصل تک پہنچ گیا۔
القُحُّ: خالص۔ كَرِيمٌ قُحٌّ: انتہائی شریف۔ لَئِيمٌ قُحٌّ: خالص کمینہ عَبْدٌ قُحٌّ: خالص غلام ج: أَقْحَاحٌ
• قَحَدَ البَعِيرُ ـَ قَحَدًا: اونٹ کا بڑے کوہان والا ہونا۔ نَاقَةٌ قَحِدَةٌ و مِقْحَادٌ: بڑے کوہان والی اونٹنی ج: مقاحيد۔
أَقْحَدَ البَعِيرُ: قَحَدَ۔
القَحَدَةُ: اونٹ کا کوہان یا اس کی جڑ
القَحَدَةُ و المَقْحَدَةُ: کوہان کی جڑ
القَحَادُ: تنہا آدمی جس کے نہ بھائی بہن ہو نہ اولاد۔
• قَحَرَ الرَّجُلُ او البَعِيرُ ـَ قُحُورًا: ایسا بوڑھا ہونا کہ کچھ جوانی وطاقت باقی ہو
القُحَارِيَةُ: مضبوط کاٹھی کا آدمی یا اونٹ
القَحْرُ: بوڑھا جس میں کچھ جوانی کی سی طاقت ہو ج: أَقْحُرٌ و قُحُورٌ۔
قَحَزَ الرَّجُلُ ـَ قَحْزًا: ڈر کر اچھلنا
ـــ عن ظَهْرِ دَابَّتِهِ: گر پڑنا۔
ـــ به: پچھاڑنا۔ ضَرَبَهُ فَقَحَزَهُ: اسے پیٹتے پیٹتے زمین پر گرا دیا۔
ـــ السَّهْمُ: تیر کا تیرانداز کے آگے گر جانا
ـــ الرَّامِي السَّهْمَ: تیر کو ٹھیک سے نہ پھینکنے کی وجہ سے اس کا سامنے ہی گر جانا
ـــ فُلانًا وغيرَهُ عن المَاءِ: پانی کے پاس سے ہٹانا۔ هو قَاحِزٌ۔
قَحَّزَهُ: کدانا، اچھالنا۔
ـــ له الكلامَ: کسی کے ساتھ سخت کلامی کرنا۔
القُحَازُ: بکریوں کو لگنے والی ایک بیماری (۲) اونٹ کی کھانسی۔
القُحَّازَةُ: پرندوں کے شکار کا ایک آلہ
القَاحِزَاتُ: سختیاں۔
• قحش: قَاحَشَ: سخت زندگی بسر کرنا۔
• قَحَصَ ـَ قَحْصًا: تیزی سے گزرنا، کسی کو لات مارنا۔
ـــ برجلِه سَبَقَهُ قَحْصًا: وہ اس پر دوڑ میں سبقت لے گیا۔
أَقْحَصَهُ و قَحَّصَهُ: کسی کام یا کسی جگہ سے ہٹانا، دور کرنا۔
• قَحَطَ المَطَرُ ـَ قَحْطًا: بارش نہ ہونا۔
ـــ البَلَدُ: ملک کا قحط زدہ ہونا۔
ـــ العَامُ: سال کا خشک گزرنا، اس میں بارش نہ ہونا اور زمین کا خشک ہو جانا، خشک سالی ہونا۔
أَقْحَطَ: قحط پڑنا، قحط زدہ ہونا۔ أَقْحَطَ القَوْمُ او البَلَدُ۔ هو مُقْحَطٌ
ـــ اللهُ الأرضَ: اللہ کا زمین کو خشک کر دینا، قحط ڈال دینا۔
القَاحِطُ: خشک۔
القَحْطُ: خشک سالی، بارش کا فقدان اور زمین کی خشکی (۲) (خیر کا) فقدان۔
قَحْطُ الرِّجَالِ: شخصیات کا فقدان، اچھے یا ماہرین فن کا فقدان۔
القَحِطُ: قحط زدہ (جگہ)۔
المِقْحَطُ: دوڑ سے نہ تھکنے والا گھوڑا۔
المَقْحَطَةُ: قحط، خشک سالی۔ هم في مَقْحَطَةٍ: وہ قحط میں مبتلا ہیں۔
• قَحَفَ المَطَرُ ـَ قَحْفًا: بارش کا یکایک تیز ہو کر ہر چیز کو بہا لے جانا۔
ـــ الإنسانَ: کھوپڑی پہ مارنا، کھوپڑی توڑ دینا۔
ـــ الإناءَ و قَحَفَ ما في الإناءِ: برتن کا سب کچھ کھا اور پی لینا۔
ـــ الرُّمَّانَةَ: انار کو چھیلنا۔
قَاحَفَهُ: کسی کے ساتھ پیالہ میں شراب پینا (۲) دشمن سے انتقام میں کسی کے ساتھ مقابلہ کرنا، آگے بڑھنے کی کوشش کرنا زمانۂ جاہلیت میں جب کوئی کسی کو

انتقاماً قتل کرتا تو مقتول کی کھوپڑی میں دل کی تشفی کے لئے شراب پیتا تھا۔
اِقْتَحَفَ مَا فِي الاناءِ: برتن کا سب کچھ کھا پی لینا۔
ـــ السَّيْلُ النَّبَاتَ: سیلاب کا نباتات کو اکھاڑ کر بہالے جانا۔
ـــ قِحْفًا من رأسِ فُلانٍ: کھوپڑی کا کوئی حصہ توڑنا۔
القَاحُوفُ والقَاحُوفَةُ: بیلچہ، کدال، کھرپا، چھاج۔
القُحَافُ: سَيْلٌ قُحَافٌ: تیز رو بڑا سیلاب جو ہر چیز کو بہالے جائے۔
القُحَافَةُ: برتن سے کھرچ کر نکالا جانے والا شرید وغیرہ (۲) کوڑا کرکٹ جو سیلاب بہا کر لے جائے۔
القِحْفُ: کھوپڑی کا ایک حصہ (ان آٹھ حصوں میں سے ایک جن سے مل کر پیالہ نما کھوپڑی بنتی ہے) اسی کے اندر دماغ ہوتا ہے (۲) کھوپڑی سے الگ ہونے والا ٹکڑا (۳) بڑے پیالہ کا ایک ٹکڑا (۴) کھوپڑی نما لکڑی کا برتن، پیالہ (۵) انار کا چھلکا ج: اَقْحَافٌ۔ مَالَهُ قِدٌّ و لا قِحْفٌ: اس کے پاس کچھ نہیں۔
القَحْفَاءُ: عَجَاجَةٌ قَحْفَاءُ: سب کچھ اڑا کر لے جانے والا غبار یا آندھی۔
القُحُوفُ: برتن سے کھانا نکالنے کے چمچے
المِقْحَفَةُ: وہ لکڑی جس سے غلہ کا بھوسا الگ کیا جائے (۲) چھاج ج: مَقَاحِفُ
قَحْقَحَ الصَّوْتُ: گلے میں آواز گھومنا، بازگشت ہونا
• قَحِلَ الشيءُ ـَ قَحْلاً و قَحَلاً: خشک ہونا جیسے: قَحِلَ العُودُ و الجِلْدُ۔
ـــ الشَّيْخُ: بوڑھے کی کھال سوکھ جانا، ہڈیاں نکل آنا۔

قَحِلَتِ الأرضُ: زمین کا خشک ہونا، بنجر ہونا۔ هو قَحْلٌ و قَحِلٌ۔
اَقْحَلَ الشيءَ: خشک کرنا، سکھانا۔
اَقْحَلَهُ الصَّوْمُ: روزے نے اسے کمزور کر دیا۔
ـــ القَحْطُ المَاشِيَةَ: مویشیوں کو قحط کا سکھا دینا، دبلا کر دینا۔
قَاحَلَهُ: کسی کے ساتھ لگے رہنا۔
تَقَحَّلَ: قَحِلَ (۲) لباس وغیرہ میں سادگی برتنا، موٹا جھوٹا لباس پہننا
القَاحِلُ: خشک، سوکھا، بنجر عُودٌ و جِلْدٌ و مَكان قَاحِلٌ۔
الأرضُ القَاحِلَةُ: بنجر اور خشک زمین۔
القُحَالُ: بکریوں کی ایک بیماری جس سے ان کی کھال سوکھ جاتی ہے۔
القَحْلُ و القُحُولَةُ: خشکی۔
• قَحَمَ ـُ قُحُومًا: اپنے کو مشکل میں ڈالنا۔
ـــ في الأمرِ و عليه: کسی کام میں انجام سوچے بغیر کود پڑنا۔ هو قَاحِمٌ۔
ـــ اليه ـَ قَحْمًا: قریب ہونا۔
ـــ المَنَازِلَ و المَفَاوِزَ: منزلوں اور جنگلوں کو طے کرتے چلے جانا، کہیں قیام نہ کرنا۔
اَقْحَمَ اَهْلُ البَادِيَةِ: جنگل میں رہنے والوں کا قحط کی وجہ سے اپنی جگہ چھوڑ کر دوسری جگہ منتقل ہو جانا۔
ـــ فُلانًا في الأمرِ: بے سوچے کسی کو کسی کام میں لگا دینا۔
ـــ فُلانًا المَكانَ: کسی جگہ میں داخل کرنا، گھسانا، ڈھکیلنا۔
اُقْحِمَ البَعِيرُ: اونٹ کو اتنی عمر کا ظاہر کرنا جس کو وہ نہ پہنچا ہو (مثلاً دو دانت کا ہے لیکن ڈیل ڈول

کی وجہ سے چار دانت کا معلوم ہو)۔
قَحَّمَهُ في الأمرِ: اَقْحَمَهُ۔
ـــ نَفْسَه في الشيءِ: خود کو بے سوچے کسی چیز میں ڈال دینا، کود پڑنا، دخیل ہونا۔
ـــ الفَرَسُ فَارِسَهُ: گھوڑے کا سوار کو خطرناک جگہ لے جانا۔
اِقْتَحَمَ النَّجْمُ: ستارہ غائب ہونا، ٹوٹ کر گرنا۔
ـــ المَكانَ: کسی جگہ زبردستی گھسنا، دھاوا بولنا۔
ـــ الأمرَ العَظِيمَ: انجام سے بے پرواہ ہو کر کسی بڑے کام کا بیڑا اٹھانا، کسی کام میں بے پرواہ ہو کر لگ جانا، خطرہ کے کام میں لگنا۔
ـــ عَقَبَةً او وَهْدَةً: کسی گھاٹی یا گڑھے کو پار کرنے کا خطرہ مول لینا، پوری طاقت کے ساتھ پار کرنے کے لئے چھلانگ لگانا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَلَا اقْتَحَمَ العَقَبَةَ"۔
ـــ الشيءَ: حقیر سمجھنا۔
ـــ المَخَاطِرَ: خطرات مول لینا، خطرہ کے مقامات میں کود پڑنا۔
اِنْقَحَمَ في الأمرِ: کسی کام میں خطرہ اور پریشانی سے بے پرواہ ہو کر لگ جانا، گھس جانا، کود پڑنا، پھنس جانا
تَقَحَّمَتِ الدَّابَّةُ بِرَاكِبِهَا: جانور کا سوار کو لئے ہوئے ادھر ادھر بھاگنا، کھڈ وغیرہ میں گرا دینا۔
ـــ الأمرَ العَظِيمَ: بڑے کام کا بوجھ اٹھانا، بیڑا اٹھانا، دشواری اور مشقت کے ساتھ بڑے کام کا ذمہ لینا۔
القَحَامَةُ: انتہائی بڑھاپا۔
القَحْمُ: بڑی عمر کا آدمی یا جانور (۲) بوڑھا دبلا گھوڑا ج: قِحَامٌ۔

الْقَحْمَةُ: کھجور کا بڑا درخت جو نیچے سے پتلا اور کم شاخوں والا ہو ج: قِحَامٌ
الْقُحْمَةُ: دشوار اور بڑا کام جس کے انجام دینے کی کوئی ہمت نہ کرتا ہو (۲) قحط (۳) گناہ گاری ج: قُحَمٌ
قُحَمُ الطَّرِيقِ: راستہ کا دشوار گذار حصہ یا دشوار گذار راستہ۔ الْقُحَمُ مِنَ الشَّهْرِ: آخری تین راتیں۔
الْقَحُومُ: الْقَحَمُ۔
الْمِقْحَامُ: مصائب جھیلنے والا، مشکلات کا مقابلہ کرنے والا، خطرات مول لینے والا۔
الْمَقَاحِمُ: ہلاکتیں، پرخطر مقامات اس کا مفرد (خلاف قیاس) قَحْمَةٌ ہے۔
الْمُقْحَمَةُ: لَفْظَةٌ مُقْحَمَةٌ: زائد لفظ جو سیاق کلام کے خلاف ہو ج: مُقْحَمَاتٌ۔
الْمُقْتَحِمُ: جنگل میں پیدا ہونے والا بدو (۲) خطرناک جگہوں میں گھس جانے والا (۳) کمزور۔

• قَحَا الْمَالَ ـُ قَحْوًا: سارا مال لینا۔
___ الدَّوَاءَ: دوا میں گل بابونہ ملانا، الدَّوَاءُ مَقْحُوٌّ۔
أَقْحَتِ الْأَرْضُ: زمین کا گل بابونہ اگانا
اقْتَحَى الْمَالَ: سارا مال لے لینا۔
الْأُقْحُوَانُ: گل بابونہ (ایک دوا) ج: أَقَاحِيُّ وأَقَاحٍ۔ رَأَيْتُ أَقَاحِيَّ الْأَمْرِ: میں نے معاملہ کے مبادی اور شروعات دیکھیں (دیکھئے أُقْحُوان باب الہمزہ میں)۔
الْقُحْوَانُ: الْأُقْحُوَانُ۔
الْمِقْحَاةُ: کدال، بیلچہ۔

ق ___ د

• قَدَحَ الدُّودُ فِي الشَّجَرِ أو الْأَسْنَانِ ـَ قَدْحًا: درخت یا دانتوں کو کیڑا لگنا اور ان کا کھوکھلا ہو جانا۔
قَدَحَ شَرَرًا: چنگاریاں نکالنا۔
___ بِالزَّنْدِ: پتھر کو پتھر سے (چقماق کو پتھر سے) رگڑ کر آگ نکالنا۔
___ النَّارَ مِنَ الزَّنْدِ: چقماق سے آگ نکالنا۔
___ الزَّنْدَ: آگ نکالنے کے لئے چقماق کو پتھر سے رگڑنا۔
___ الشَّيْءُ فِي صَدْرِهِ: کسی چیز کا دل میں اثر کرنا۔
___ فِي عِرْضِ أَخِيهِ: عزت پر حملہ کرنا، عیب نکالنا، ہتک عزت کرنا، طعن و تشنیع کرنا، کیڑے نکالنا۔
___ الْقِدْحَ: پھل لگانے کے لئے تیر کو چیرنا۔
___ الطَّبِيبُ الْعَيْنَ: آنکھ کا مضر سفید پانی نکالنا۔
___ الْقِدْرَ: ہنڈیا کی چیز کو چمچہ سے نکالنا۔
___ خِتَامَ الْإِنَاءِ: برتن کی بندش کو توڑنا، کھولنا۔
قَادَحَهُ: کسی سے مناظرہ کرنا، ایک دوسرے کو طعن و تشنیع کرنا۔
قَدَّحَ الْفَرَسَ: گھوڑے کو چھریرا کرنا، دبلا کرنا۔
اقْتَدَحَ بِالزَّنْدِ: چقماق سے آگ نکالنا۔
___ الْأَمْرَ: کسی معاملہ پر غور و فکر کرنا، نتیجہ برآمد کرنے کی کوشش کرنا۔
تَقَادَحَا: باہم مناظرہ کرنا، ایک دوسرے کو طعنہ دینا، عیب نکالنا۔
اسْتَقْدَحَ زَنْدَهُ: چقماق وغیرہ سے آگ نکالنا۔

الْقَادِحُ: آگ نکالنے والا، معترض، طعنہ زن، نکتہ چینی کرنے والا (۲) لکڑی میں دراڑ، پھٹن (۳) دانتوں کی سیاہی، میل (۴) درخت، لکڑی اور دانتوں میں کیڑے یا گھن لگنے کی بیماری (۵) بدبو، سڑاند۔
الْقَادِحَةُ: لکڑی، درخت اور دانتوں کا گھن ج: قَوَادِحُ۔
الْقِدَاحَةُ: چقماق یا پیالے بنانے کا پیشہ
الْقِدْحُ: جوے کا تیر جس پر کبھی لا اور نعم بھی لکھا ہوتا تھا (۲) بے پر اور بلا پھل کا تیر (۳) حصہ (۴) سوراخ، ج: أَقْدَاحٌ وقِدَاحٌ وأَقْدُحٌ
أَبْصِرْ وَسْمَ قِدْحِكَ: خود کو پہچان۔ صَدَقَهُمْ وَسْمَ قِدْحِهِ: اس نے حق بات کہی۔
لَهُ الْقِدْحُ الْمُعَلَّى: اس کا بڑا حصہ ہے۔
الْقَدْحُ: مذمت، طعن و تشنیع، عیب جوئی، اتہام (۲) لکڑی یا دانت کا کیڑا۔
الْقَدَحُ: پانی یا نبیذ پینے کا پیالہ، گلاس جو اوپر سے چوڑا اور نیچے سے پتلا ڈنڈی دار ہوتا ہے (۲) عنڈ کا ایک پیمانہ (۳) مقدار معلوم کرنے کا پیمانہ ج: أَقْدَاحٌ۔
الْقِدْحَةُ: تدبیر امور۔
الْقَدْحَةُ: چقماق سے آگ نکالنے کا عمل۔
الْقَدَّاحُ: پیالہ ساز (۲) لوہا جس سے چقماق کو رگڑ کر آگ نکالی جاتی ہے (۳) چقماق کا وہ پتھر جس سے آگ نکالی جاتی ہے (۴) کلی کھلنے سے قبل (۵) آنکھ کا سفید خراب پانی نکالنے والا ڈاکٹر۔

القَدَّاحَةُ: چقماق کا لوہا جس کو رگڑ کر آگ نکالی جاتی ہے (۲) چقماق کا وہ پتھر جس کو رگڑ کر آگ نکالی جاتی ہے (۳) معدنیات کا بنا ہوا چقماق، لائٹر۔
قَدَّاحَةُ السَّجَائِرِ: سگریٹ لائٹر۔
القَدُوحُ: کھی (۲) وہ کنواں جس میں ہاتھ ڈال کر پانی نکالا جائے۔ کہتے ہیں: بِئْرٌ قَدُوحٌ: وہ کنواں جس سے تھوڑا تھوڑا ہاتھ سے پانی نکالا جائے۔
القُدُوحُ: پالان کی لکڑیاں (اس کا واحد نہیں)۔
القَدِيحُ: ہانڈی کی تلی میں لگا ہوا سالن وغیرہ جو مشکل سے نکالا جائے دیگچی کی کھرچن فی اَسْفَلِ القِدْرِ قَدِيحٌ: دیگچی میں بچا ہوا شوربا ہے
المُتَقَادِحُ: شَجَرٌ مُتَقَادِحٌ: نرم شاخوں والا درخت جن کے ٹکرانے سے آگ نکلتی ہے۔ زَنْدَاكَ لِلْمُتَقَادِحِ: طعنہ زن کے لئے تم پر طعنہ زنی کی گنجائش ہے۔
المِقْدَاحُ: چقماق کا لوہا جس سے آگ نکالی جائے، چقماق کا پتھر (۲) چقماق
المِقْدَحُ: تیر کا وہ شگاف جہاں پھل کی جڑ فٹ کی جائے۔
المِقْدَحُ و المِقْدَحَةُ: المِقْدَاحُ (۲) چمچہ۔
• قَدَّ القَلَمَ او الثَّوبَ و نَحْوَهما ـُ قَدًّا: لمبائی میں پھاڑنا قرآن پاک میں ہے: "وَقَدَّتْ قَمِيصَهُ من دُبُرٍ" لمبائی میں کاٹنا
قُدَّ فُلَانٌ: پیٹ کے درد میں مبتلا ہونا
قَدَّدَ الشَّيْءَ: لمبائی میں پوری طرح پھاڑنا۔
—اللَّحْمَ: بوٹیاں کرنا، ٹکڑے کرنا، (۲) پارچے بنا کر دھوپ میں سکھانا۔
اِنْقَدَّ الثَّوبُ او الجِلْدُ او نَحْوُهما: پھٹنا، لمبائی میں پھٹ جانا، کٹ جانا
تَقَدَّدَ الشَّيْءُ: ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا (۲) سوکھ جانا۔
—القَوْمُ: لوگوں کا گروہ در گروہ ہو کر منتشر ہو جانا۔
القُدَادُ: سیہی، جنگلی چوہا۔
القُدَادُ: دردِ شکم۔
قَدْ: حرف تاکید، فعل ماضی پر داخل ہو کر وقوع فعل کی تاکید کرنا ہے جیسے: قَدْ حَضَرَ صَاحِبِي: میرا ساتھی حاضر ہو گیا ہے، (۲) فعل مضارع پر داخل ہو کر وقوعِ فعل میں شک یا احتمال کے معنی پیدا کرتا ہے، جیسے: قَدْ يَحْضُرُ أَخِي: ہو سکتا ہے کہ میرا بھائی آ جائے، (۳) وقوعِ فعل کی تقلیل کا فائدہ دیتا ہے جیسے: قَدْ يَجُودُ البَخِيلُ: کبھی بخیل بھی سخاوت کر جاتا ہے (۴) برائے تکثیر جیسے: قَدْ يَجُودُ الكَرِيمُ: سخی آدمی خوب فیاضی کرتا ہے (۵) اسم فعل بمعنی يَكْفِي جیسے: قَدْنِي دِرْهَمٌ: مجھے ایک درہم کافی ہے۔
القَدُّ: مقدار۔ هذا علَى قَدِّ ذَاكَ: یہ اس کے برابر ہے، (۲) قد، قامت، مناسب لمبائی (۳) چمڑے کا بنا ہوا برتن (۴) پیدائش کے وقت کی بکری کے بچہ کی کھال ج: اَقُدٌّ و قِدَادٌ و اَقِدَّةٌ
القِدُّ: لمبائی میں پھاڑی ہوئی چیز (۲) چمڑے کا تسمہ، باریک تسمہ جس کے ذریعہ جوتے کی سلائی کی جاتی ہے (۳) چمڑے کا برتن (۴) کوڑا، ج: اَقُدٌّ۔
القُدُّ: ایک سمندری مچھلی جس کے جگر کے تیل کو بطور دوا استعمال کیا جاتا ہے
القِدَّةُ: پھاڑی یا کاٹی ہوئی چیز کا ٹکڑا تسمہ (۲) مختلف الخیال لوگوں کی جماعت فرقہ۔ قرآن پاک میں ہے: "كُنَّا طَرَائِقَ قِدَدًا" (۳) چنائی یا پلاسٹر کو ہموار کرنے کی معمار کی لکڑی کی پٹی، ج: قِدَدٌ۔
القَدِيدُ: گوشت کا لمبا پارچہ جسے نمک لگا کر دھوپ میں سکھایا گیا ہو (۲) بالوں کا بنا ہوا لباس (۳) پرانا کپڑا۔
المَقَدُّ: ہموار جگہ (۲) راستہ، طریقہ۔ هو مُسْتَقِيمُ المَقَدِّ: وہ صحیح راستہ پر ہے۔
المِقَدُّ و المِقَدَّةُ: کاٹنے کی چھری۔
المَقْدُودُ: لمبائی میں کاٹا ہوا، لمبائی میں پھاڑا ہوا۔
المَقْدُودَةُ: جَارِيَةٌ مَقْدُودَةٌ: خوش قامت لڑکی۔
• قَدَرَ عليه ـِ قَدَارَةً: قابو یافتہ ہونا، قادر ہونا، طاقت رکھنا۔
—الشَّيْءَ قَدْرًا: اندازہ لگانا، مقدار مقرر کرنا، حیثیت دینا۔
—فُلَانًا: قدر کرنا، رتبہ دینا، تعظیم کرنا قرآن پاک میں ہے: "وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهِ"
—الاَمْرَ: کسی معاملہ کو نمٹانے کی تدبیر کرنا۔
—الشَّيْءَ بالشَّيْءِ: ایک شے کا دوسری سے ملا کر اندازہ کرنا، اور اس کی مقدار یا درجہ مقرر کرنا۔
—اللّٰهُ الاَمْرَ علَى فُلَانٍ: اللہ کا کسی معاملہ کو کسی کے لئے مقدر کرنا اور اس کے حق میں فیصلہ کر دینا۔
—الرِّزْقَ عليه: کسی کے رزق میں تنگی کرنا، کمی کرنا۔ قرآن پاک میں ہے:

"وَاَمَّا اِذَا مَا ابْتَلَاہُ فَقَدَرَ علیہ رِزْقَہُ"۔
قَدَرَ اللَّحْمَ: گوشت ہنڈیا یا دیگچی میں پکانا۔
ـــ لہ الشیءَ: مقدر کرنا، متعین کرنا۔
قَدِرَ الشیءُ ـ قَدَرًا: لمبائی میں چھوٹا ہونا
ـــ الرَّجُلُ: کوتاہ قد ہونا۔
ـــ العُنُقُ: چھوٹی گردن ہونا۔
ـــ الفَرَسُ: گھوڑے کی پچھلی ٹانگوں کا اگلی ٹانگوں کی جگہ پڑنا۔ ھو اَقْدَرُ وھی قَدْرَاءُ ج: قُدْرٌ۔
اَقْدَرَہُ اللّٰہُ علی الاَمْرِ: قادر بنانا، قدرت و قابو دینا۔
قَادَرَہُ: کسی کے برابر کام کرنے کی کوشش کرنا، طاقت و صلاحیت میں مقابلہ کرنا۔ فُلَانٌ یُقَادِرُنِی: فلاں قدرت و طاقت میں میری برابری چاہتا ہے۔
قَدَّرَ فُلَانٌ: کسی کام کی انجام دہی یا تیاری میں غور و فکر سے کام لینا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَقَدِّرْ فِی السَّرْدِ" زرہ کی تیاری میں سمجھ بوجھ سے کام لو یعنی اس کے حلقوں کو اچھی طرح فٹ کرو۔
ـــ الشیءَ: اندازہ لگانا، مقدار مقرر کرنا، تخمینہ کرنا، حساب لگانا (۲) قیمت لگانا (۳) درجہ دینا۔
ـــ الشیءَ بالشیءِ: ایک چیز کو دوسری پر قیاس کرنا، دوسری شے کے ذریعہ کسی شے کی مقدار متعین کرنا۔
ـــ اللّٰہُ الاَمْرَ علیہ ولَہُ: اللہ کا کسی کے لئے کوئی کام مقدر کرنا اور اس کے لئے فیصلہ کر دینا
ـــ فُلَانًا علی الشیءِ: قادر بنانا۔
ـــ فُلَانًا: عزت کرنا، قدر کرنا، سراہنا۔
ـــ اَمْرَ کذا وکذا: کسی بات کا پختہ ارادہ کرنا۔

اِقْتَدَرَ علی الشیءِ: قادر ہونا، قابو پانا
ـــ القَوْمُ: دیگ وغیرہ میں گوشت پکانا
اِنْقَدَرَ: مقدار کے مطابق ہونا۔ قَدَرْتُ الثَّوْبَ فَانْقَدَرَ: میں نے کپڑے کی پیمائش کی تو وہ پیمائش یا اندازہ کے مطابق ہوا۔
تَقَادَرَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کے برابر ہونے کی کوشش کرنا، باہم برابری چاہنا۔
تَقَدَّرَ علیہ الاَمْرُ: کوئی کام کسی کے مقدر میں ہونا، اس کی قسمت میں لکھا جانا۔
ـــ علیہ الثَّوْبُ: کسی کے بدن میں کپڑے کا فٹ ہونا۔
ـــ لہ الاَمْرُ: مقدار متعین ہونا، ممکن ہونا، آسان و سہل ہونا۔
اِسْتَقْدَرَ اللّٰہَ خَیْرًا: اللہ سے کسی چیز پر قادر بنانے کی التجا کرنا، خیر مقدر کرنے کی دعا کرنا۔
التَّقْدِیْرُ: اندازۂ ایزدی، فیصلۂ الٰہی، اندازہ تخمینہ (۲) قیاس (۳) اکرام و تعظیم (۴) قدر افزائی (۵) درجہ (امتحان وغیرہ میں کامیابی کا درجہ) (۶) خراج عقیدت خراج تحسین (۷) معیار (۸) اہمیت (۹) نشانہ، مقررہ تخمینہ (۱۰) خیال، قیاس، نحویوں کے نزدیک کسی کلمہ کا لفظوں سے حذف کر دینا اور نیت میں رکھنا۔ متکلمین کے نزدیک اشیاء کو پیدا کرنے سے پہلے ان کی حد بندی کرنا۔
تَقْدِیْرُ الاِیْرَادَاتِ: حساب آمدنی۔
التَّقْدِیْرُ التَّعَسُّفِیُّ: غیر منصفانہ تخمینہ۔
التَّقْدِیْرُ الصَّادِقُ: صحیح اندازہ، صحیح خیال۔
التَّقْدِیْرِیُّ: قیاسی، تخمینی، خیالی، فرضی۔
التَّقْدِیْرَاتُ: نشانے، اندازے، پیمانے۔

تَقْدِیْرَاتُ التَّخْطِیْطِ: منصوبہ بندی کے نشانے۔
القَادِرُ: اللہ تعالیٰ کا نام اور صفت (۲) صاحب استطاعت، صاحب قدرت (۳) ہانڈی میں گوشت پکانے والا۔
القَادِرَۃُ: بَیْنَنَا لَیْلَۃٌ قَادِرَۃٌ: ہماری رات بے مشقت اور سہولت والی ہے
القَدَّارُ: پانی گرنے کی جگہ نصب کیا جانیوالا پتھر۔
القِدَارُ: قدرت۔
القُدَارُ: متوسط القامت شخص۔
القَدْرُ: مقدار، تعداد۔ ھُمْ قَدْرُ مِائَۃٍ: وہ سو کی تعداد میں ہیں۔ جَاءَ الشیءُ علی قَدْرِ الشیءِ: وہ چیز فلاں چیز کے مطابق آئی (۲) مساوی، برابر: ھٰذا قَدْرُ ذاك: یہ اس کے برابر ہے (۳) وقار، عزت، قدر و منزلت۔ لَہُ عِنْدِیْ قَدْرٌ: اس کی میرے یہاں قدر و عزت ہے (۴) درجہ، حیثیت، قدر و قیمت۔ ج: اَقْدَارٌ۔ سُوْرَۃُ القَدْرِ: قرآن پاک کی ایک سورت (اِنَّا اَنْزَلْنٰہُ فِیْ لَیْلَۃِ القَدْرِ)۔ لَیْلَۃُ القَدْرِ: رمضان مبارک کی ایک مقدس رات جس میں قرآن حکیم نازل ہوا۔ القَدْرُ الکَافِیْ: ضرورت کے مطابق مقدار۔ بِھٰذَا القَدْرِ: اتنا۔
القِدْرُ: ہانڈی، دیگچی، دیگ، پکانے کا برتن (مؤنث) ج: قُدُوْرٌ۔
قِدْرُ القَلْیِ: فرائی پین۔
القِدْرُ الکَاتِمَۃُ: کوکر، بند دیگچی جس میں بھاپ سے بہت جلد کھانا پک جاتا ہے۔
القَدَرُ: مقدار (۲) کسی شے کے مقررہ حالات و کیفیات۔ قرآن پاک میں ہے: "اِنَّا کُلَّ شَیْءٍ خَلَقْنٰہُ بِقَدَرٍ" (۲) کسی چیز کا وقت یا جگہ جو منجانب اللہ مقرر کر دیا گیا ہو

(۴) فیصلۂ خداوندی جو بندوں کے لئے کر دیا گیا ہو، تقدیرِ الٰہی ج: أَقْدَارٌ
القَدْرَاءُ: مناسب سائز کا کان۔
القُدْرَةُ: طاقت، سکت، توانائی (۲) کسی کام کی قدرت واستطاعت، کرنے یا چھوڑنے کا اختیار (۳) صلاحیت (۴) دولت، تموّل۔ رَجُلٌ ذو قُدْرَةٍ: متموّل اور خوشحال آدمی ج: قُدُرَات
القُدْرَة الحِصَانِيَّة: ہارس پاور، گھوڑے کے بقدر طاقت۔
القُدْرَة الشِّرَائِيَّة: قوتِ خرید۔
القُدْرَة على التصرف: اختیار۔
القُدْرَة على العَمَل: کام کی صلاحیت
القُدْرَة المالِيَّة: مالی استطاعت۔
القُدُرَاتُ الخَلَّاقة: تخلیقی صلاحیتیں۔
القُدُرَات النَّوَوِيَّة: ایٹمی توانائیاں
القَدَرَةُ: دو درختوں کے درمیان متعینہ حد و فاصلہ۔ غَرَسَ على القَدَرَةِ: اس نے متعینہ فاصلہ پر درخت لگایا۔
القَدَرِيُّ: تقدیر کو نہ ماننے والا۔
القَدَرِيَّةُ: تقدیرِ خداوندی کا منکر ایک فرقہ جو بندے کو اپنے افعال کا خالق مانتا ہے (مقابل جبريّة)۔
القَدِيرُ: مکمل قدرت والا، صاحبِ قدرت ہر کام کو ایسے صحیح انداز سے کرنے والا جس کی حکمت مقتضی ہو، اس سے کم و بیش نہ ہو۔ اور یہ وصف چونکہ صرف خدا ہی کی ذات کے ساتھ خاص ہے اس لئے قَدِير صرف اللہ ہی کی صفت ہے۔ اسی پر قیاس کرتے ہوئے قدیر آج کل صاحبِ فن اور اعلیٰ صلاحیت والے کے لئے مجازاً استعمال کرتے ہیں (۲) دیگچی میں پکایا ہوا کھانا۔
المُقْتَدِرُ: اللہ تعالیٰ کا نام اور اس کی صفت، طاقتور، قدرتِ کاملہ رکھنے والا

المِقْدَارُ: عدد پیمائش، ناپ تول اور سائز میں مماثل شے۔ مقدار (۲) درجہ، حیثیت (۳) تقدیر، فیصلۂ الٰہی ج: مَقَادِيرُ (۴) آلۂ تعیینِ اوقات (ساعة) گھڑی۔
المِقْدَارُ الكافي للشيئ: نصاب، دوا وغیرہ کا کورس، جلسہ وغیرہ کا کورم۔
بِمقدارٍ مّا: کتنا ہی، کسی بھی مقدار میں۔
المَقْدُرَةُ: القُدْرَة۔
المَقْدُورُ: طے شدہ، مقدر کیا ہوا، قسمت میں لکھا ہوا (۲) اندازہ کیا ہوا (۲) بقدرِ استطاعت (۳) طاقت، قدرت، بس، اختیار (۴) گنجائش۔
المُقَدَّرُ: فرض کردہ (۲) تقدیر میں لکھا ہوا (۳) اندازہ کیا ہوا، تخمینہ کیا ہوا (۴) پوشیدہ جو لفظاً ظاہر نہ ہو۔
المُقَدِّرُ: تخمینہ لگانے والا (۲) مقدر کرنے والا، قسمت میں لکھنے والا (خدا)۔
مُقَدِّرُ الأَثْمَان: قیمتوں کی تعیین کرنے والا
• قَدُسَ ـُ قُدْسًا: پاک ہونا (۲) بابرکت ہونا (۳) بے داغ ہونا۔
قَدَّسَ الرَّجُلُ: بیت المقدس کی زیارت کرنا۔
— لِلّٰهِ تَقْدِيسًا: خود کو اللہ کے لئے پاک کرنا (۲) اللہ کی پاکی بیان کرنا۔ (۳) خدا کی تعظیم و تکریم کرنا، اس کی عظمت کا اقرار کرنا۔ قرآن پاک میں فرشتوں کا قول ہے: "وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ"۔
— اللّٰهَ: اللہ کو ان تمام چیزوں سے بلند و بری ماننا جو اس کی شانِ معبودیت کے منافی ہیں، خدا کی تقدیس کا قائل ہونا۔
— اللّٰهُ فُلانًا: خدا کا کسی کو پاک صاف بنانا اور اس کو برکت عطا کرنا۔

تَقَدَّسَ: پاک ہونا (۲) اللہ کا ہر عیب سے بلند و پاکیزہ ہونا۔ هو مُتَقَدِّسٌ۔
التَّقْدِيسُ: تعظیم، پاکیزگی۔
تَقْدِيسُ الإِنسانِيَّة: احترامِ انسانیت
القَادِسُ: بڑی کشتی (۲) بیت الحرام (۳) اندلس کا ایک جزیرہ (۴) روک لگانے کے لئے پانی میں ڈالا جانے والا پتھر (تاکہ اونٹ زیادہ پانی پی سکے)۔
القَادُوسُ: چکی میں غلہ ڈالنے کا قیف نما برتن جو اوپر سے چوڑا اور نیچے سے پتلا ہوتا ہے، رہٹ میں پانی اٹھانے کی بالٹیوں کی زنجیر جو گھوم کر نیچے سے پانی اٹھا کر اوپر کی طرف چھوڑ دیتی ہے۔
القُدَاسُ: بڑی عظمت (۲) چاندی کے موتی نما دانے۔
القَدَاسَةُ: پاکی (۲) برکت (۳) عظمت۔
القُدَّاسُ: عیسائیوں کے یہاں مخصوص طریقہ پر روٹی اور شراب پر دی جانے والی نذر و نیاز (۲) عیسائیوں کی نماز ج: قَدَادِيسُ۔
القُدُّوسُ: عیوب و نقائص سے پاک و منزہ۔ یہ اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے ہے، پاک و بے عیب ذات۔
القِدِّيسُ: عیسائیوں کے نزدیک اللہ کا مقبول بندہ (عیسائی مومن) جو پاک و بلند کردار مرا ہو م: قِدِّيسَةٌ۔
القُدُسُ: برکت۔ حَظِيرَةُ القُدُس: شریعت، جنت (۲) وہ پتھر جو پانی کی مقدار معلوم کرنے کے لئے کنویں میں پھینکا جائے (۳) پاک جگہ، بیت المقدس اور شلیم (یروشلم)۔
القُدْسُ: القُدُسُ۔ (۲) پاک (۳) پاکی
الرُّوحُ القُدُسُ: (مسلمانوں کے یہاں) پاک روح یعنی جبریل علیہ السلام (۲) عرب عیسائیوں کے یہاں اقانیم ثلاثہ

میں سے اقنوم ثالث (تثلیثِ مقدس کا تیسرا فرد)۔

قُدْسُ الاَقْدَاس: (یہودیوں کے یہاں) یہودی عبادت خانہ "قبۃ الہیکل" کی سب سے زیادہ مقدس جگہ جہاں یہودی عالم دین سال میں ایک مرتبہ داخل ہوتا ہے۔

القَدَس: چھوٹا پیالہ (۲) سلفچی، تسلا۔

القَدِیْس: موتی، قیمتی پتھر۔

القَدُوْس بالسَّیْف: تلوار سے سخت حملہ کرنے والا۔

القُدُّوْس والقَدُّوْس: بہت پاک، بابرکت، بے عیب، ذاتِ باری تعالیٰ جو جملہ نقائص سے پاک ہے۔ باری تعالیٰ کا نام۔

القِدِّیس: پاک (۲) عیسائیوں کے یہاں ولی، خدارسیدہ بزرگ ج: قِدِّیسُوْنَ م: قِدِّیسَۃٌ۔

المَقْدِس: پاک جگہ، مقدس جگہ۔

بَیْتُ المَقْدِس: فلسطین میں واقع شہر یروشلم (۲) حرم قدس۔

المَقْدِسِیُّ: بیت المقدس سے نسبت رکھنے والا (۲) عیسائیوں کے یہاں بیت المقدس کی زیارت کرنے والا۔

المُقَدَّس: قابلِ تعظیم، پاک وصاف، بابرکت۔ البَیْتُ المُقَدَّس: بیت المقدس۔

المُقَدَّسِیُّ: بیت المقدس کی طرف منسوب۔

الکتابُ المُقَدَّس: یہودیوں کے یہاں عہد قدیم، وہ مقدس صحیفے جو حضرت مسیح علیہ السلام سے قبل لکھے گئے (۲) عیسائیوں کے یہاں عہد قدیم وجدید یعنی جو حضرت مسیح علیہ السلام سے پہلے اور ان کے بعد لکھے گئے۔

المُقَدِّس: راہب، یہودیوں کا عالم (۲) زائر قدس۔

المُقَدَّسَۃُ: الاَرْضُ المُقَدَّسَۃُ: مبارک سرزمین (فلسطین کا علاقہ)

• قَدَعَ الفَرَسُ ـَ قَدْعًا: دوڑنا۔

ـــ الفَحْلَ و قَدَعَ اَنْفَہٗ: سانڈ کی ناک پر کوئی چیز مارنا (لوٹانے کے لئے) فَحْلٌ لا یُقْدَعُ اَنْفُہٗ: اعلیٰ نسل سانڈ۔

ـــ الفَرَسَ: گھوڑے کو روکنے کیلئے لگام کھینچنا۔

ـــ فُلانًا عن الشیءِ: روکنا۔

ـــ السَّفِیْنَۃَ: کشتی کو پانی میں اتارنا، پانی میں دھکیلنا۔

ـــ الاَمْرَ: کسی کام کو جاری کرنا۔

ـــ الخَمْسِیْنَ من عُمْرِہٖ: عمر کا پچاس سال سے تجاوز کرنا۔

ـــ من الشَّراب: پینے کی چیز کو گھونٹ گھونٹ کرکے پینا۔

ـــ عنہ الذُّبابَ بکذا: کسی چیز سے مکھیوں کو اڑانا، ہٹانا۔

قَدِعَ الرَّجُلُ وغیرُہ ـَ قَدَعًا: رکنا (۲) زیادہ رونے سے آنکھوں کا سوج جانا۔ ھو قَدِعٌ۔ قَدِعَتْ عَیْنُہٗ: آنکھ کا ابل پڑنا (۳) زیادہ دیر کچھ دیکھنے سے نگاہ کمزور ہو جانا۔

ـــ لَہُ الخَمْسُوْنَ: پچاس سال کے قریب ہونا، یا پچاس سال کی عمر کو پہنچنا۔

اَقْدَعَہٗ: روکنا۔ اَقْدَعَ لِسَانَہٗ: زبان بند کرنا۔

تَقَادَعَہٗ: کسی کے ساتھ کھینچا تانی کرنا (۲) گھوڑے اور سوار کے بیچ لگام میں کھینچا تانی ہونا۔

اِنْقَدَعَ: رکنا، باز رہنا۔

ـــ عن الشیءِ: کسی چیز سے شرمانا۔

تَقَادَعَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو گزرنے نہ دینا، باہم کھینچا تانی کرنا۔

ـــ الفَرَاشُ فی النَّارِ: پروانوں کا آگ پر پے در پے گرنا۔

ـــ الذُّبابُ فی المَرَقِ: مکھیوں کا شوربے میں لگاتار گرنا۔

ـــ القَوْمُ: لوگوں کا یکے بعد دیگرے مرنا

تَقَدَّعَ لَہٗ بالشَّرِّ: کسی کے ساتھ برائی یا لڑائی پر آمادہ ہو جانا، تیار ہو جانا۔

القَدِعُ: تیز رو آدمی یا گھوڑا جو ہوا کی طرح تیز چلتا ہو (۲) انتہائی کھارا یا خراب پانی جو پیا نہ جا سکے۔

القَدَعُ: نگاہ کی کمزوری (کثرت گریہ سے)

القِدْعَۃُ: چھوٹا جبہ جو پنڈلی سے اوپر ہے (۲) ادنی کپڑا۔

القَدِعَۃُ: کم گو شرمیلی عورت۔

القَدُوْعُ (مِنَ النِّسَاءِ): نک چڑھی عورت (۲) شرمیلی کم گو عورت (۳) وہ گھوڑا جس کی رفتار کم کرنے کے لئے اس کی ناک پر ضرب لگانے کی ضرورت ہو یعنی بہت تیز رفتار۔

المِقْدَعَۃُ: مورچھل (مکھیاں ہٹانے کا پنکھا) (۲) لاٹھی ڈنڈا وغیرہ جس سے اپنا دفاع کیا جائے۔

المُقَدَّعُ: جھری دار، شکن آلود۔

• قَدَفَ الماءَ ـِ قَدْفًا: پانی چلو سے لینا

القُدَافُ: چلو بھر پانی (۲) مٹی کا گھڑا (۳) بڑا پیالہ۔

• قَدَمَ فُلانٌ ـُ قُدْمًا: آگے آنا، آگے بڑھنا، آگے ہونا، پیش ہونا۔

ـــ ـُ قَدْمًا: بہادر ہونا۔ ھو قَدُوْمٌ و مِقْدَامٌ۔

ـــ القَوْمَ قَدْمًا و قُدُوْمًا: آگے آگے ہونا، آگے رہنا۔ قرآن پاک میں ہے: "یَقْدُمُ قَوْمَہٗ یَوْمَ القِیَامَۃِ"

قَدِمَ علَى الأَمْرِ ـَ قُدُومًا: کسی کام پر لگنا، متوجہ ہونا۔
ــ علَى العَيْبِ: عیب کو پسند کرنا۔
ــ الى الأَمْرِ: متوجہ ہونا، قصد کرنا، قرآن پاک میں ہے: "وَقَدِمْنَا إِلَى مَا عَمِلُوا من عَمَلٍ فَجَعَلْنَاهُ هَبَاءً مَنْثُورًا"۔
ــ من سَفَرِه: سفر سے لوٹنا۔
ــ البَلَدَ: شہر یا ملک میں داخل ہونا۔
هو قَادِمٌ ج: قُدُوم و قُدَّامٌ
قَدُمَ الشيءُ ـُ قِدَمًا و قَدَامَةً: پرانا ہونا۔ هو قَدِيمٌ ج: قُدَمَاءُ وقُدَامَى۔ هي قَدِيمَةٌ ج: قَدَائِمُ
أَقْدَمَ فُلانٌ: آگے آنا، آگے بڑھنا۔
ــ علَى العَمَلِ: کام کی تکمیل میں جلدی کرنا، تیز رفتاری سے کام انجام دینا، کام کی جرأت کرنا۔
ــ فلانٌ علَى العَيْبِ: اپنے عیب کو پسند کرنا (یعنی اسے دور کرنے کی ضرورت نہ سمجھنا)۔
ــ فُلانًا: کسی کو آگے کرنا۔
ــ فُلانًا علَى الأَمْرِ: کسی سے فورًا کام شروع کرانا۔
ــ فُلانًا علَى قِرْنِه: کسی سے اس کے مقابل پر فورًا حملہ کرانا، دھاوا بلوانا۔
ــ فُلانًا البَلَدَ: کسی کو شہر میں بلانا۔
قَدَّمَ فُلانًا: آگے کرنا، سامنے کرنا، پہلے بھیجنا۔
ــ الشيءَ الى غَيْرِه: کسی کو کوئی چیز پیش کرنا۔
ــ الرَّحْلَ الى الأَمْرِ: کوئی کام شروع کرنا، پیش قدمی کرنا۔
ــ فُلانًا علَى غَيْرِه: کسی کو کسی پر ترجیح دینا۔
ــ الاحتجاج اليه: کسی سے احتجاج کرنا

قَدَّمَ الاستقالَةَ الى فُلانٍ: استعفا پیش کرنا۔
ــ الثَّمَنَ الى فلانٍ: پیشگی قیمت دینا (۲) قیمت ادا کرنا۔
ــ التَّضْحِيَاتِ: قربانیاں دینا۔
ــ اليه عَرْضًا: کسی کو پیش کش کرنا۔
ــ الكِتَابَ: کتاب کا دیباچہ لکھنا۔
قَدَّمَ الكِتَابَ بِمُقَدِّمَةٍ۔
ــ له واليه التَّسْهِيلاتِ: کسی کو سہولتیں بہم پہنچانا۔
ــ عَرِيْضَةً الى: پٹیشن داخل کرنا۔
ــ فَاتُورَةً الى: بل پیش کرنا۔
ــ فُلانًا لفُلانٍ: کسی کا کسی سے تعارف کرانا۔
ــ فُلانًا الى الحَاضِرِين: حاضرین سے تعارف کرنا۔
ــ لائِحَةَ الاتِّهَامَاتِ: چارج شیٹ لگانا۔
ــ المِيْزَانِيَةَ الى: بجٹ پیش کرنا۔
ــ الوَقْتَ ساعَةً: وقت کو ایک گھنٹہ (مثلا) مقدم کرنا۔
ــ السَّاعَةَ: گھڑی کو آگے کرنا۔
ــ التَّقْرِيرَ عن كذا: رپورٹ دینا
ــ التَّنَازُلاتِ: رعایتیں دینا۔
ــ التوصياتِ الى فلانٍ: سفارشات پیش کرنا۔
ــ الشَّكْوَى الى: شکایت کرنا۔
ــ الدَّعْمَ والعَوْنَ لفُلانٍ: کسی کو امداد و تعاون پیش کرنا۔
ــ شِيْكًا بمبلغ كذا: کسی رقم کا چیک دینا۔
ــ ضمانًا بكذا: کسی بات کی ضمانت دینا۔
تَقَادَمَ الشيءُ: پرانا ہونا۔ مع تَقَادُمِ الزَّمَنِ: مرورِ زمانہ کے ساتھ۔

تَقَدَّمَ فُلانٌ: آگے بڑھنا، آگے ہونا (۲) ترقی کرنا۔
ــ اليه: کسی کے پاس آنا، قریب ہونا۔
ــ الى فُلانٍ بكذا: کسی کو کسی بات کا حکم دینا یا اس کا مطالبہ کرنا۔ فُلانٌ يَتَقَدَّمُ بَيْنَ يَدَيْ أَبِيه: وہ اپنے باپ کے بغیر ہی کسی کام کو کرانے یا نہ کرانے میں عجلت کرتا ہے۔
ــ القَوْمَ وعلَيْهِم: لوگوں سے منصب و مرتبہ میں آگے بڑھ جانا، فوقیت لیجانا
ــ بَيْنَ يَدَي فُلانٍ: کسی کے سامنے پیش ہونا۔
ــ الى المَحْكَمَةِ: حاضرِ عدالت ہونا۔
ــ الى الاختبارِ: امتحان میں بیٹھنا۔
ــ اليه بكذا: کسی کو کوئی چیز پیش کرنا۔
ــ بالإبلاغ الى الشُّرْطَةِ: پولس میں رپورٹ کرنا۔
ــ فُلانٌ في أَمْرٍ: کسی معاملہ میں پیش رفت کرنا۔
استَقْدَمَ القَوْمَ: آگے بڑھ جانا، فوقیت لے جانا۔
ــ فُلانًا: کسی کو بلانا، بلوانا، طلب کرنا
فُلانٌ مُسْتَقْدِمٌ إِلَيَّ: فلاں میرے خلاف دشمنی کا رجحان رکھتا ہے۔
ــ فُلانًا الى المَحْكَمَةِ: حاضرِ عدالت کرانا۔
ــ فُلانٌ: آگے آنا (۲) آگے بڑھنے کا خواہشمند ہونا، ترقی چاہنا۔
الإِقْدَامُ علَى العَمَلِ: کسی کام کیلئے آمادگی، کام کا آغاز، کام میں مشغولیت پیش قدمی، جرأت۔
الأَقْدَمُ: بہت پرانا، قدیم ترین۔
الأَقْدَمِيَّةُ: اولیت، سینیارٹی
الأَقْدَمِيَّةُ العَسْكَرِيَّةُ: فوجی برتری۔
التَّقَادُمُ: خاتمہ مدت مطالبہ، قانون کی

اصطلاح میں اس متعینہ مدت کو کہتے ہیں جس کے گزر جانے پر صاحب حق کا مطالبہ ساقط ہو جاتا ہے یا وہ ساقط التنفیذ ہو جاتا ہے۔

التَّقْدِیْمُ: تعارف، پیش کش، ترجیح، ترقی (دوسرے کی)

التَّقَدُّمُ: ترقی، پیش رفت، پیش قدمی، (۲) پہل (۳) بارج۔ اَحْرَزَ تَقَدُّمًا: ترقی کرنا، پیش رفت کرنا۔

التَّقْدِمَةُ: پیش لفظ (۲) ہدیہ، نذرانہ (۳) پیش کش۔

التَّقَدُّمِیُّ: ترقی پذیر، ترقی پسند۔

القَادِمُ: انسان کا سر (۲) پالان کا اگلا حصہ (۳) اگلا، آئندہ۔ الیوم او العَامُ القَادِمُ۔

القَادِمَانِ: گائے اور اونٹنی کے تھنوں کے سرے ج: قَوادِم۔

القَادِمَةُ: فوج کا ہراول دستہ (۲) پالان کا اگلا حصہ (۳) بازو کے دس بڑے پروں میں سے ایک یا بازو کے اگلے حصہ کے چار پروں میں سے ایک ج: قَوادِمُ۔

القُدَّامُ: لوگوں میں سب سے زیادہ عالی مقام، سربرآوردہ۔

قُدَّامَ: ظرف مکان بمعنی اَمَامَ۔ سامنے، آگے، پہلے۔

القِدْمُ: زمانۂ قدیم۔ کانَ کذا قِدْمًا: وہ پہلے زمانہ میں ایسا تھا، وہ پہلے ہی سے ایسا تھا۔

القِدَمُ: قدامت، پرانا پن، کہنگی۔ مِن القِدَمِ و القِدْمِ: پہلے ہی سے، پہلے زمانہ ہی سے۔ مُنْذُ القِدَمِ: قدیم زمانہ سے۔ قِدْمًا و قِدَمًا: پرانے زمانہ میں، بہت پہلے۔

القُدُمُ: پیش رفت، پیش قدمی (۲) بہادر آدمی۔ مَضَی قُدُمًا: وہ برابر آگے بڑھتا گیا۔

قُدُمُ: ظرف بمعنی الی الامام: آگے کی طرف هو یَمْشی القُدُمَ و یَمْشی فی الحَرْبِ القُدُمَ: وہ آگے بڑھتا ہی جاتا ہے۔ یا آگے آگے چلتا ہے۔

القَدَمُ: پاؤں، قدم (مؤنث ہے کبھی مذکر بھی مستعمل ہوتا ہے) ٹانگ کا وہ حصہ جو زمین پر ٹکتا ہے اس کے اوپر پنڈلی ہوتی ہے (۲) فٹ، ایک گز کا تہائی حصہ (۳) بھلائی یا برائی میں اولیت، فوقیت، سبقت۔ لِفُلانٍ قَدَمٌ فی العِلْمِ او الکَرَمِ: فلاں علم وکرم میں سبقت لئے ہوئے ہے۔ قَدَمُ صِدْقٍ و قَدَمُ کَرَمٍ: بہترین اولیت۔ قرآن پاک میں ہے: "و بَشِّرِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَنَّ لَھُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّھِمْ" لَهُ عِنْدَ فُلانٍ قَدَمٌ: فلاں کا فلاں پر احسان ہے (۴) اچھا یا برا کیا ہوا فعل (۵) بہادر جنگجو پیچھے ہٹنے کا نام نہ لے (اس میں مذکر و مؤنث مفرد و جمع سب برابر ہیں)۔ رَجُلٌ قَدَمٌ، امْرَأةٌ قَدَمٌ، رِجَالٌ قَدَمٌ و نِسَاءٌ قَدَمٌ ج: اَقْدَام۔ مقولہ ہے: وَضَعَ قَدَمَه فی العَمَلِ: اس نے عملی قدم اٹھایا۔ جَعَلَ دِمَاءَھُمْ تَحْتَ قَدَمَیْه: ان کا خون معاف کر دیا۔ اِجْعَلْه تَحْتَ قَدَمَیْكَ: اسے معاف کر۔ علَی قَدَمِ المساواة: برابری کے ساتھ۔

القَدِمُ: بہت اقدام کرنے والا، بہادر۔

القُدْمَةُ: سبقت، پہل (۲) جنگ میں دشمن کے خلاف بھرپور اقدام، دلیری جرأت۔

القَدَمَةُ: بڑی صاحب خیر عورت (۲) بہادر عورت (۳) چراگاہ میں آگے آگے رہنے والی بھیڑ بکریاں (۴) لمبائی ناپنے کا ایک آلہ۔

قَدَمَةُ العَمُوْدِ: ستون کی کرسی (نچلا حصہ)

القَدَمِیَّةُ: فیس (ڈاکٹر وغیرہ کی) (۲) پیڈل۔

القُدْمِیَّةُ: مغرورانہ چال۔ یَمْشی القُدْمِیَّةَ: وہ مغرورانہ چال چلتا ہے۔

القَدُوْمُ: بہت آگے بڑھنے والا، بہادر، جنگجو، ج: قُدُمٌ (۲) بڑھئی کا تیشہ، بسولا (جس سے لکڑی تراشی جاتی ہے) (مؤنث) ج: قَدَائِمُ و قُدُمٌ۔

القُدُوْمُ: آمد۔

القَدِیْمُ: پرانا، کہنہ ج: قُدَمَاءُ و قُدَامَی متکلمین کے نزدیک وہ ذات وجود جس کے وجود کی ابتدا نہیں (یہ اللہ تعالیٰ کا نام یا اس کی صفت ہے)۔

قَدِیْمًا: پہلے، پہلے زمانہ میں، پہلے زمانہ سے

القَیْدَامُ: آگے، سامنے۔ جَلَسْتُ قَیْدَامَهُ (۲) ہر شے کا اول اور اگلا حصہ۔

المُتَقَدِّمُ: ترقی یافتہ، پیش رو، آگے بڑھنے والا، سامنے آنے والا۔

المُتَقَدِّمُ فی العُمْرِ: عمر رسیدہ۔

المُتَقَدِّمُ ذِکْرُہٗ: مذکورہ بالا۔

المَقَادِمُ: بھیڑوں کے پاؤں۔

المِقْدَامُ و المِقْدَامَةُ: بہادر، لڑائی میں سب سے آگے رہنے والا ج: مَقَادِیْمُ۔

المُقْدِمُ: دلیر، اقدام کرنے والا۔

المَقْدَمُ: آنے کا وقت (۲) آنا، آمد، ظہور (مصدر میمی) قَدِمَ خَیْرَ مَقْدَمٍ۔

المُقَدِّمُ: باری تعالیٰ کا نام کیونکہ وہی تمام چیزوں کو سب سے پہلے ان کے مواقع پر رکھتا ہے، تعارف کرانے والا، پیش کنندہ۔

مُقَدِّمُ عُمَّالٍ: اوور سیر (۲) فورمین۔
مُقَدِّمُ العَطاءِ: ٹنڈر دینے والا۔
مُقَدِّمُ الطَّلَب او العَرِيْضَةِ: درخواست دہندہ، درخواست گزار۔
المُقَدَّمُ: ہر چیز کا اگلا اور سامنے کا حصہ، فرنٹ (۲) کجاوہ کا اگلا حصہ (۳) پیش کردہ آگے کیا ہوا، سامنے لایا ہوا (۴) ناک سے ملا ہوا آنکھ کا حصہ (۵) ایک فوجی عہدہ میجر، لیفٹننٹ کرنل۔
المُقَدَّمَةُ: ہر چیز کا اگلا حصہ (۲) پیشانی (۳) پیش خیمہ، تمہید۔
مُقَدِّمَةُ الجَيْشِ: فوج کا ہراول دستہ وہ دستہ جو آگے آگے چلتا ہے۔ في مُقَدِّمَةِ كذا: آگے آگے۔ هو في مُقَدِّمة الحركة: وہ تحریک میں پیش پیش ہے۔
مُقَدِّمَةُ الكتاب: پیش لفظ۔
مُقَدِّمَةُ الكلام: کلام کی تمہید۔
مُقَدِّماتُ الشئِ: تمہیدات، آثار۔
• القادِنُ: خاتون۔
القَدْنُ: کافی۔ قَدْنُ زَيْدٍ دِرْهَمٌ: زید کو ایک درہم کافی ہے۔
• قَدَا ـُ قَدْوًا: قریب ہونا۔
ـــ الفرسُ ونحوُهُ: گھوڑے وغیرہ کا تیز چلنا۔
ـــ الطَّعَامُ: کھانے کا خوش ذائقہ ہونا، خوشبودار ہونا۔
اَقْدَى فُلانٌ: سفر سے آنا (۲) دین اور بھلائی پر قائم رہنا (۳) بوڑھا ہونا، مرنے کے قریب ہونا۔
ـــ المِسْكُ: مشک کا مہکنا۔
قَادَاهُ: فُلانٌ لا يُقَادِيْهِ اَحَدٌ: اس کا کوئی مقابل وہم پلہ نہیں، اس کی ٹکر کا کوئی نہیں۔
تَقَدَّى الرَّاكِبُ على الدَّابَّةِ: راستہ صاف رہنے تک سواری پر برقرار رہنا۔ تَقَدَّتِ الدَّابَّةُ بفلانٍ: سواری کا سوار کو راستہ سیدھا اور صاف رہنے تک لے کر چلنا۔
تَقَدَّى فُلانٌ: غرور سے چلنا، اکڑ کر چلنا۔
اِقْتَدَى بـه: پیروی کرنا، کسی کی طرح عمل کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ"۔
الاِقْتِداءُ: پیروی، اتباع۔
القادِيَةُ: چھوٹی جماعت یا گروہ جو کسی کے پاس سب سے پہلے آئے۔ اَتَتْنَا قادِيَةٌ مِّنَ النَّاسِ: لوگوں کی پہلے آنے والی جماعت ہمارے پاس آئی ج: قَوَادٍ۔
القادِيانِيَّةُ: ایک مذہبی فرقہ جو مدعی نبوت مرزا غلام احمد قادیانی متوفی ۱۹۰۸ء کی طرف منسوب ہے۔ خود کو مسلمان کہتا ہے مگر علماء اسلام نے اسے بالاتفاق خارج از اسلام قرار دیا ہے۔
القَدَا: خوشبو۔ ما اَطْيَبَ قَدَا اللَّحْمِ: گوشت کی خوشبو بہت ہی عمدہ ہے۔
القِدَى: مقدار۔ هو مِنّي قِدَى رُمْحٍ: وہ مجھ سے ایک نیزے کے فاصلہ پر ہے۔
القَدَاةُ: القَدَا۔
القَدَاوَةُ: القدا۔
القِدَةُ: نمونہ جس کی پیروی کی جائے، پیشوا، ماڈل۔
القِدْوُ: جڑ، تنا جس سے شاخیں پھیلتی ہیں۔
القَدْوَى: استقامت۔
القُدْوَةُ: القِدْوَ، اسوہ، قابل اتباع نمونہ (۲) پیشوا، ماڈل، آئیڈیل۔
القِدْوَةُ: نمونہ، اسوہ۔ فُلانٌ قُدْوَةٌ: فلاں پیشوا ہے۔ لي بك قُدْوَةٌ: مجھے تم سے راہنمائی حاصل ہوتی ہے، تم میرے پیشوا ہو۔
القَدِي والقَدِيُّ: خوش ذائقہ اور خوشبودار کھانا۔ طَعَامٌ قَدٍ وقَدِيٌّ
المُقْتَدِي: پیروکار (۲) وہ شخص جو امام کی اقتدا کرے خواہ اقتدا کرنیوالا مدرک ہو یا لاحق ہو یا مسبوق ہو۔
المُقْتَدَى: جس کی پیروی کی جائے، پیشوا

ق ـــ ذ

• قَذَحَهُ ـَ قَذْحًا: گالی دینا۔
ـــ له بالشَّرِّ: کسی کے ساتھ بدسلوکی کرنا۔
قَاذَحَهُ: کسی سے گالی گلوچ کرنا۔
• قَذَّهُ ـُ قَذًّا: کاٹنا (۲) برابر کرنا۔
ـــ الرِّيْشَةَ: تیر کو صاف کرنا، اطراف کے پر کھرچنا۔
ـــ السَّهْمَ: تیر میں پر لگانا۔
ـــ فُلانًا: کسی کی گدی پر مارنا۔
اَقَذَّ السَّهْمَ: تیر کو پر لگانا۔
قَذَّذَ الشئَ: برابر کرنا، آراستہ کرنا۔
ـــ شَعْرَهُ: بال کاٹنا۔
تَقَذَّذَ القَوْمُ: لوگوں کا منتشر ہونا۔
الاَقَذُّ: وہ تیر جس پر پر لگے ہوئے ہوں (۲) سیدھا سادہ جس میں عیب وکجی نہ ہو ج: قُذٌّ وقِذَاذٌ۔
القَاذُّ والقَاذَّةُ: فُلانٌ في قِتَالِه ما يَدَعُ شَاذًّا ولا قَاذًّا وما يَدَعُ شَاذَّةً ولا قَاذَّةً: فلاں سے جو بھی ٹکراتا ہے وہ اسے ہلاک کر دیتا ہے۔
القُذَاذَةُ: تراشے ہوئے بال یا پر، کسی چیز کے گرے ہوئے ریزے، سونے چاندی وغیرہ کے ٹوٹ کر گرے ہوئے ریزے ج: قُذَاذَات۔

القُذَّانِ: پرندہ کے دونوں بازوؤں کی سفیدی (۲) کنپٹی کی سفیدی، بڑھاپے کی علامت۔

القُذَّةُ: تیر میں لگانے کے لئے تیار کیا ہوا گدھ وغیرہ پرندہ کا پر۔ حدیث میں ہے: " لَتَرْكَبُنَّ سُنَنَ من كان قبلكم حَذْوَ القُذَّةِ بالقُذَّةِ" تم اپنے سے پہلے لوگوں کے طریقوں کے مطابق ایسے ہی چلو گے جیسے تیار کیا ہوا تیر دوسرے تیر کے مطابق ہوتا ہے۔ دو چیزوں میں مکمل یکسانیت کے لئے ضرب المثل ہے (۲) انسان اور گھوڑے کا کان ج: قُذَذٌ و قِذَّانٌ۔

المِقَذُّ: سر کی گدی (۲) کان کی جڑ۔

المِقَذُّ والمِقَذَّةُ: پروں کو صاف کرنے کی چھری۔

المُقَذَّذُ: پھرتیلا آدمی۔ رَجُلٌ مُقَذَّذٌ: جسم ولباس کو بہتر رکھنے والا، سنوارنے والا۔

• قَذَرَ الشئَ ـُ قَذَرًا: گندا کرنا۔

قَذِرَ ـَ قَذَرًا: میلا ہونا، گندا ہونا۔ هو قَذِرٌ۔

ـــ الشئَ: میلا یا گندا پانا، گندا ہونے کی وجہ سے نفرت کرنا، گھن کرنا، الگ رہنا۔

قَذُرَ ـُ قَذَارَةً: قَذِرَ۔ هو قَذُرٌ۔

قَذَّرَهُ: میلا اور گندا کرنا۔

اَقْذَرَهُ: گندا پانا (۲) کسی کو تنگ کرنا۔

تَقَذَّرَهُ: گھن کرنا، گندگی کی وجہ سے الگ رہنا۔

استَقْذَرَ الشئَ: میلا یا گندہ سمجھنا، گندا پانا، گھن اور نفرت کرنا۔

القاذُورَةُ: میل کچیل، گندگی، کوڑا کرکٹ (۲) برا فعل (۳) برے الفاظ۔ حدیث میں ہے: "فَمَنْ اَصَابَ من هذه القاذُورَةِ شيئًا فَلْيَسْتَتِرْ بِسِتْرِ اللهِ" جو شخص اس خراب لفظ کا استعمال کرے اُسے خدا کی پناہ لینی چاہئے (۳) غیر ملنسار یا وہ بدخلق آدمی جس سے میل جول نہ رکھا جائے۔ (۴) غیر مکلف آدمی جو کوئی بات کرنے یا کہنے میں بے پرواہ ہو، من چلا ج: قاذُورات۔

القَذَرُ: میل، گندگی، پاخانہ ج: اَقْذارٌ

القَذِرَةُ: رَجُلٌ قَذِرَةٌ: قابل ملامت باتوں سے مبرّا، برائیوں سے بہت بچنے والا۔

القَذُورُ: رَجُلٌ قَذُورٌ: بدخلقی کی بنا پر لوگوں سے الگ تھلگ رہنے والا (۲) مردوں سے کنارہ کش عورت (۳) مکاریوں سے دور رہنے والی عورت۔

المَقْذَرُ: رَجُلٌ مَقْذَرٌ: وہ آدمی جس سے لوگ ملنا پسند نہ کرتے ہوں۔ اچھوت۔

المَقاذِرُ: گندگیاں۔

المُقَذِّرُ: فواحش کا مرتکب۔

• القُذْرُوفُ: عیب ج: قَذارِيفُ

• قَذَعَهُ ـَ قَذْعًا: فحش بات کہنا، گالی دینا۔

ـــ بالعَصَا: کسی کو لاٹھی مارنا۔

ـــ عن الامْرِ: روکنا، ہٹانا۔

اَقْذَعَهُ ولَهُ: بری گالی دینا۔

ـــ بِلِسانِهِ: کسی سے زبان زوری کرنا اور اس پر غالب آجانا۔

ـــ القَوْلَ: بری بات کہنا۔

ـــ الشئَ: اتفاقاً کسی چیز کو خراب پانا۔

قَاذَعَهُ: کسی کے ساتھ بدکلامی کرنا، گالی گلوچ کرنا۔

تَقَذَّعَ: نفرت کرنا، برا سمجھنا۔

ـــ لَه بالشَّرِّ: کسی کے ساتھ بدی پر آمادہ ہونا، کسی سے لڑنے پر تیار ہونا۔

الاَقْذَعُ: بڑی خراب بات۔ مَنْطِقٌ اَقْذَعُ: خراب گفتگو۔

القَذِيعُ من الكلامِ: فحش بات۔

القَذِيعَةُ: بہت بری گالی، فحش اور گندی بات، بدزبانی۔

المُقَذِّعاتُ: مغلظات، فحش کلامی۔ رَمَاهُ بالمُقَذِّعاتِ: اس نے اس کے خلاف فحش گوئی کی، مغلظات بکیں۔

المُقْذِعُ: طعن وتشنیع سے پُر ہجو۔

المُقْذِعاتُ: مغلظات، بری گالیاں۔

• القُذْعُمِلَةُ: معمولی چیز (۲) پستہ قد خسیس عورت۔ ما في السَّماءِ قُذْعُمِلَةٌ: آسمان میں تھوڑا سا بھی بادل نہیں۔

• قَذَفَ بالحَجَرِ وبالشئِ ـِ قَذْفًا: پتھر وغیرہ زور سے پھینکنا۔ قَذَفَه: پھینکنا

ـــ البَحْرُ بِمَا فيه: دریا کا اپنے اندر کی چیزوں کو باہر پھینکنا۔

ـــ بِقَولِه: بے سوچے سمجھے بات کہنا۔

ـــ بالشئِ على فُلانٍ: کسی پر کوئی چیز پھینکنا۔ قرآن پاک میں ہے: "بَلْ نَقْذِفُ بالحَقِّ عَلَى البَاطِلِ فَيَدْمَغُهُ" ہم حق کو باطل پر اس زور سے پھینکیں گے کہ وہ اسے پیس کر رکھ دے گا۔

ـــ فُلانًا بالشئِ: کسی پر کسی بات کی تہمت لگانا، جھوٹ یا کسی برائی کی طرف منسوب کرنا۔

ـــ فيه الشئَ: کہیں کوئی چیز ڈالنا، پھینکنا

ـــ فُلانًا في البَحْرِ او نَحْوِهِ: دریا یا سمندر میں پھینک دینا۔ قرآن پاک میں ہے: "اَنِ اقْذِفِيهِ فِى التَّابُوتِ فَاقْذِفِيهِ فِى اليَمِّ"

ـــ المُحْصَنَةَ: پاکدامن عورت پر زنا کی

تہمت لگانا۔
قَذَفَ السَّفِيْنَةَ: کشتی کھینا۔
ـــ القَنَابِلَ: بمباری کرنا۔
ـــ القُنْبُلَةَ الذَّرِّيَّةَ: ایٹم بم مارنا۔
ـــ النَّارَ: آگ برسانا۔
ـــ البُرْكَانُ الحُمَمَ: آتش فشاں کا لاوا ابالنا، پھینکنا۔
ـــ القُوَّاتِ الى مكانٍ: فوجیں جھونکنا۔
ـــ الكُرَةَ نَحْوَ الهَدَفِ: شوٹ کرنا، (فٹ بال میں) گیند کو گول کی طرف اچھالنا۔
تَقَاذَفُوا بالحِجَارَةِ: ایک دوسرے پر پتھراؤ کرنا۔
ـــ القَوْمُ بالشتائِمِ: لوگوں کا باہم گالی گلوچ کرنا، ایک دوسرے کو باہم گالی دینا۔
ـــ الفَرَسُ فی جَرْيِه: تیز رفتار ہونا
تَقَاذَفَت بِهِم الفَلَوَاتُ: وہ بیابانوں میں ٹکریں مارتے پھرے
تَقَاذَفَت بِهِم الأمْوَاجُ: موجوں نے انہیں ادھر ادھر دھکیل دیا۔ تَقَاذَفَت بِهِم الأبْوَابُ: وہ دروازے کھٹکھٹاتے پھرے (ان کے لئے کوئی دروازہ نہ کھلا، دروازے انہیں دھکیلتے رہے)۔
اِنْقَذَفَ الحَجَرُ ونَحْوُه: قَذَفَ کا فعل مطاوع۔ پھینکا جانا۔
الأَقْذَافُ: محل کے کنگورے۔
القَاذِفُ: پھینکنے والا (۲) تہمت لگانے والا
قَاذِفَةُ القَنَابِلِ: بمبار جہاز ج: قَاذِفَات
قاذفات بعيدة المَدَى: دور مار بمبار جہاز۔
القِذَافُ: ہاتھ میں لے کر پھینکے جانے والی چیز (پتھر) گولا وغیرہ (۲) تیز رفتاری۔ مَفَازَةٌ قِذَافٌ: لق ودق صحرا۔ نَاقَةٌ قِذَافٌ: چلتے وقت اونٹوں کے آگے ہو جانے والی اونٹنی۔

القَذَّافُ والقَذَّافَةُ: پتھر پھینکنے کا قدیم جنگی آلہ (منجنیق) (۲) گوپیا (رسّی کا بنا ہوا آلہ جس میں پتھر یا مٹی کی گولی رکھ کر زور سے گھما کر پھینکتے ہیں) (۳) ہر وہ چیز جس سے کوئی چیز دور پھینکی جائے (۴) دور مار کمان۔
القِذِّيفَى: سنگ باری۔ بَيْنَهُم قِذِّيفَى: ان کے درمیان سنگ باری ہو رہی ہے۔ (۲) زبردست بد کلامی، دشنام طرازی
القَذَفُ: جانب، طرف، گوشہ (۲) وہ جگہ جہاں سے پھسل کر کوئی گر جائے۔ (۳) دور دراز۔ مَفَازَةٌ قَذَفٌ: لمبا چوڑا بیابان، لق ودق صحرا۔ مَنْزِلٌ قَذَفٌ: دور دراز منزل۔ نِيَّةٌ و نَوًى قَذَفٌ: بلند ارادہ۔ فَلَاةٌ قَذَفٌ: وسیع وعریض جنگل بیابان جہاں راہ گیروں کو راہ نہ ملے اور وہ بھٹکتے پھریں۔
القُذُفُ: القَذَفُ۔
القَذْفُ: تہمت۔
قذف الحجارة: سنگ باری۔
قَذْفُ القنابل: بمباری۔
القُذْفَةُ: القَذَفُ ج: قُذُفٌ و قِذَافٌ و قُذُفَاتٌ (۲) پہاڑ کا ابھرا ہوا حصہ، پہاڑ کی چوٹی۔ بَلَغَ قُذْفَةَ الجَبَلِ و قُذُفَاتِه و أقْذَافَه: وہ پہاڑ کے دور دراز حصوں پر پہنچا (۲) کنگورہ (۳) بالکونی گیلری۔
القَذُوفُ: دور دراز (۲) تیر کو دور پھینکنے والی کمان۔
القَذِيفَةُ: پھینکی جانے والی چیز گولہ وغیرہ (۲) کارتوس (۳) بری گالی، بد کلامی ج: قَذَائِفُ۔
القَذِيفَةُ المِدْفَعِيَّةُ: توپ کا گولہ۔

القَذِيفَةُ النَّارِيَّةُ: بم، آتشیں گولہ، پٹاخہ۔
قَذِيفَةُ اليَدِ: ہتھ گولہ، دستی گولہ۔
القَوَاذِفُ المُضَادَّةُ لِلدَّبَّابَاتِ: ٹینک شکن راکٹ۔
المُتَقَاذِفُ: تیز دوڑنے والا، تیز رو۔ فَرَسٌ مُتَقَاذِفٌ: تیز رفتار گھوڑا۔ سَيْرٌ مُتَقَاذِفٌ: تیز چال۔
المَقَاذِفُ: ہلاکت گاہیں۔ فُلانٌ يَقْذِفُ بِنَفْسِه المقاذف: فلاں خود کو ہلاکتوں میں ڈالتا ہے۔ قَذَفَتْ بِنَا المَفَازَةُ المَقَاذِفَ: جنگل بیابان نے ہمیں ہلاکت گاہوں میں پہنچا دیا۔
المِقْذَافُ: کشتی کھینے کا چپو ج: مَقَاذِيفُ (۲) گوپیا وغیرہ جس سے پتھر پھینکا جائے
المُقَذَّفُ: بہت گوشت والا، موٹا جیسے کہیں سے اٹھا کر پھینک دیا گیا ہو (۲) لعین جیسے بہت لعن طعن کیا جاتا ہو۔
المِقْذَفُ: پھینکنے کا آلہ (۲) کشتی کا چپو ج: مَقَاذِفُ۔
المَقْذُوفُ: دور پھینکا ہوا، دور پھینکا جانے والا گولہ ج: مَقْذُوفَاتٌ۔
مَقْذُوفَاتُ البُرْكَانِ: کوہ آتش فشاں سے نکلنے والا لاوا، آتشیں مادہ۔
• قَذَلَ فُلانٌ ـُـ قَذْلًا: ظلم وجور کرنا
ـــ فی الأمْرِ: کوشش کرنا۔
ـــ فُلانًا: گدی پر مارنا (۲) پیچھا کرنا (۳) عیب لگانا۔
القَاذِلُ: پیچھے لگانے والا۔
القَذَالُ: گدی، گدی سے اوپر سر کا آخری حصہ۔ القَذَالانِ: گدی کے دائیں بائیں ملا ہوا حصہ۔ قَذَالُ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیشانی کے پیچھے لگام کے دونوں تسمے باندھنے کی جگہ ج: قُذُل و أقْذِلَةٌ۔

القَذَلُ: عیب، نقص۔
• قَذَمَ لَہ من العطاءِ ـِ قَذْمًا: اپنے مال میں سے بہت دینا۔
قَذِمَ مِنَ الماءِ ـَ قَذَمًا و قُذْمَۃً: پانی کا گھونٹ لینا۔
اِنْقَذَمَ: تیز چلنا۔
القُذَامُ: کشادہ۔ بِئْرٌ قُذَامٌ: بہت پانی والا کنواں۔
القُذَمُ: بہت داد و دہش والا۔
القُذُمُ: سخی لوگ۔
القُذْمَۃُ (من الماءِ) گھونٹ۔
القَذُومُ: بہت پانی والا کنواں ج: قُذُمٌ
القَذِیمَۃُ: دوسرے کو دیا جانے والا مال کا حصہ۔
• قَذِیَ الشیءُ ـَ قَذًیا و قَذًی: کسی چیز میں تنکے یا گرد پڑنا۔
ـــ العینُ: آنکھ کا کیچ اور چیپڑ نکالنا (۲) آنکھ میں کنک (تنکا یا ذرہ) گرنا۔
اَقْذَتْ عینُہُ: قَذَتْ۔ ھی مُقْذِیَۃٌ
اَقْذَی عینَہُ: آنکھ میں کنک ڈالنا، تکلیف پہنچانا (۲) آنکھ سے کنک نکالنا۔
قَاذَاہُ: بدلہ دینا۔
قَذَّی عینَہُ: اَقْذَاھا۔ ھی مُقَذَّاۃٌ
اِقْتَذَی الطائرُ: پرندہ کا آنکھ سے کیچ نکالنا۔
الاَقْذَاءُ: نچلے درجہ کے لوگ۔
القَاذِیَۃُ: وہ پہلی جماعت جو کسی کے پاس آئے ج: قَوَاذِی۔
القَذَی: قَذَاۃ کی جمع، تنکا یا ذرہ جو آنکھ میں گر جائے (۲) آنکھ کی کیچ اور چیپڑ۔
ھو یُغْضِی علی القَذَی: وہ ذلت و کلفت برداشت کرتا ہے، شکوہ نہیں کرتا ج: اَقْذَاءٌ و قُذِیٌّ۔
القِذَی: باریک مٹی، آنکھ میں گرنے والے باریک مٹی کے ذرات ج: اَقْذَاءٌ و قِذِیٌّ
القَذَاۃُ: خون وغیرہ جو اونٹنی اور بکری بچہ کی پیدائش سے پہلے یا بعد خارج کرتی ہے (۲) آنکھ یا پانی وغیرہ میں گرنے والا تنکا یا ذرہ، کنک ج: قَذًی۔ فُلانٌ قَذَاۃٌ فی عینِ فُلانٍ: فلاں فلاں کے لئے باعث کلفت ہے۔
القَذِی: رَجُلٌ قَذِی العینِ: وہ آدمی جس کی آنکھ میں (کنک) تنکا یا ذرہ گر گیا ہو۔

ق ـــ ر

• قَرَأَ الکتابَ ـَ قِرَاءَۃً و قُرْآنًا: پڑھنا، کتاب کے الفاظ پر غور کرنا اور ان کا زبان سے اظہار کرنا یا صرف الفاظ پر غور کرنا، زبان سے اظہار نہ کرنا۔ دوسرے طرز کی پڑھائی کو قراءۃ صامتۃ (خاموش قرات) کہتے ہیں۔
ـــ الآیۃَ من القرآنِ: قرآن پاک کی آیت دیکھ کر یا زبانی تلاوت کرنا ھو قارِئٌ ج: قُرَّاءٌ۔
ـــ علیہ السلامَ قِرَاءَۃً: کسی کو سلام پہنچانا۔
ـــ علیہ الکتابَ: پڑھ کر سنانا۔
ـــ علیہ الدَّرسَ: کسی سے سبق پڑھنا۔
ـــ علیہ العِلمَ: کسی سے علم حاصل کرنا۔
ـــ یَبْطُؤُ: آہستہ پڑھنا۔
ـــ الشیءَ قَرْءًا و قُرْآنًا: یکجا کرنا، اکھٹا کرنا۔
اَقْرَأَتِ المرأۃُ: عورت کا حائضہ ہونا (۲) حیض سے پاک ہونا۔ ھی مُقْرِئٌ
ـــ الرَّجُلُ: عبادت گزار ہونا۔
ـــ النُّجُومُ: طلوع یا غروب کے قریب ہونا۔
اَقْرَأَتِ الرِّیَاحُ: ہواؤں کا مقررہ وقت پر چلنا۔
ـــ فُلانًا: پڑھانا، پڑھوانا۔ ھو مُقْرِئٌ۔ اَقْرَأَہُ القرآنَ: قرآن پاک پڑھانا۔ اَقْرَأَہُ السَّلامَ: سلام پہنچانا۔
قَارَأَہُ مُقَارَأَۃً و قِرَاءً: کسی کے ساتھ مل کر پڑھنا۔
قَرَّأَ المرأۃَ: عورت کو (عدت گزرنے کے لئے) پاک ہونے تک روکے رکھنا۔ ھی مُقَرَّأَۃٌ۔
اِقْتَرَأَ القرآنَ و الکتابَ: پڑھنا۔
تَقَرَّأَ: عبادت گزار ہونا (۲) فقیہ بننا۔
اِسْتَقْرَأَہُ: کسی سے کچھ پڑھوانا۔
ـــ الاَمْرَ: تحقیق کرنا، چھان بین کرنا۔
الاِسْتِقْرَاءُ: چھان بین، تلاش و تتبع، کسی کلی نتیجہ تک پہنچنے کے لئے جزئیات کی تحقیق کرنا۔
اَقْرَأُ: سب سے بہتر قاری۔
القارِئُ: قرات کنندہ (۲) عبادت گزار ج: قُرَّاءٌ۔
القُرْآنُ: اللہ کا وہ کلام جو جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا اور وہ مصاحف میں لکھا ہوا ہے (۲) قرات۔ قرآن پاک میں ہے "فَاِذَا قَرَأْنَاہُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَہُ" "ہم جب اسے پڑھیں تو تم بھی اس کی پڑھائی کا اتباع کرو یعنی ساتھ ساتھ پڑھو۔
القِرَاءَۃُ: پڑھائی، پڑھنے کا طرز۔
القِرَاءَۃُ و الکِتَابَۃُ: پڑھائی لکھائی۔
القُرْءُ: حیض (۲) حیض سے پاکی (۳) قافیہ ج: اَقْرَاءٌ و قُرُوءٌ و اَقْرُؤٌ۔
اَقْرَاءُ الشِّعرِ: شعر کے قافیے، شعر کے طریقے اور اس کی بحریں۔

القَرَّاءُ: عبادت گزار، زاہد۔
القَرَّاءُ: خوش الحان قاری۔
المَقْرَأَةُ: مسجد یا مزار میں حفاظِ قرآن کے بغرض تلاوت جمع ہونے کی جگہ ج: مَقَارِئ۔
المِقْرَأُ: پڑھنے کے لئے کتاب وغیرہ کا اسٹینڈ ڈیسک، رحل ج: مَقَارِي۔
المَقْرُوءُ: پڑھا ہوا (۲) پڑھا جانے والا (صاف و واضح) غیر مَقْرُوءٍ: نہ پڑھا جانے والا، غیر واضح۔
المُقْرِئُ: پڑھانے والا (۲) قاری۔
• قَرَبَ السَّيْفَ ـُ قَرْبًا: تلوار کیلئے میان تیار کرنا، تلوار کو میان میں داخل کرنا۔
ـــ الإبلَ: سویرے پانی پر آنے کے لئے اونٹوں کو رات میں لے کر چلنا۔
قَرِبَ الشيءَ ـَ قُرْبًا و قُرْبَانًا: کسی چیز سے قریب و نزدیک ہونا (۲) لگ جانا، مل جانا۔ شدت کے ساتھ روکنے کے لئے کہا جاتا ہے لَا تَقْرَبْهُ: اس کے نزدیک بالکل نہ ہونا، اس کے پاس بھی نہ پھٹکنا۔ قرآن پاک میں ہے:
"لَا تَقْرَبُوا الزِّنٰی"۔
ـــ الرَّجُلُ زَوْجَتَهُ: خاوند کا بیوی سے ہم بستری کرنا۔ قرآن پاک میں ہے:
"لَا تَقْرَبُوهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ"۔
ـــ الرَّجُلُ: کوکھ کے درد میں مبتلا ہونا۔
قَرُبَ الشيءُ ـُ قَرَابَةً و قُرْبًا و قُرْبَةً و قُرْبٰی و مَقْرُبَةً: قریب ہونا۔ قَرُبَ منه و اليه: قریب ہونا
أَقْرَبَتِ الحَامِلُ: حاملہ کی ولادت قریب ہونا۔ هي مُقْرِبٌ ج: مَقَارِبُ۔
ـــ الدُّمَّلُ: پھوڑے کا پک کر پھوٹنے کے قریب ہونا۔
ـــ المُسْتَقِي الإناءَ: برتن کو کنارہ کے قریب تک بھرنا۔
أَقْرَبَ فُلانًا قِرَابًا: کسی کے لئے میان بنانا۔
ـــ السَّيْفَ و السِّكِّينَ: تلوار و چھری کے لئے میان تیار کرنا یا میان میں داخل کرنا۔
قَارَبَ الإناءُ: برتن کا بھرنے کے قریب ہونا۔ الإناءُ قَرْبَانُ۔ مؤنث: قَرْبٰی۔ کہتے ہیں: إنَاءٌ قَرْبَانٌ و قَصْعَةٌ قَرْبٰی۔
ـــ فلانٌ في أُمُورِه: معاملات میں میانہ روی اختیار کرنا، حد سے نہ بڑھنا۔
ـــ الخَطْوَ: قدم ملانا، قدم ملا کر چلنا، پاس پاس قدم رکھنا۔
ـــ فُلانٌ فُلانًا: کسی سے اچھی طرح بات کرنا (۲) کسی کا ہم خیال ہونا۔
قَرَّبَ فُلانٌ: کسی کا کمر کے درد میں مبتلا ہونا (۲) اپنی کمر پر ہاتھ رکھنا
ـــ الفَرَسُ: گھوڑے کا دلکی چال چلنا یا کم رفتار سے دوڑنا۔ جَاءَ فُلانٌ يُقَرِّبُ به فَرَسُهُ: فلاں آدمی کو اس کا گھوڑا دوڑتا ہوا لایا
ـــ الشيءَ: نزدیک کرنا۔
قَرَّبَهُ منه و اليه و قَرَّبَهُ عِنْدَهُ: کسی کو اپنے قریب کرنا، مقرب بنانا۔
ـــ القُرْبَانَ: قربانی پیش کرنا، ذبیحہ وغیرہ کرنا جس سے اللہ کی خوشنودی اور تقرب حاصل ہو، نذر و نیاز پیش کرنا۔
ـــ الكاهِنُ فلانًا: عیسائیوں کے یہاں کسی کو قربانی کی چیز دینا۔
ـــ قِرابًا: میان تیار کرنا۔
ـــ شُقَّةَ الخِلافِ: اختلاف کی خلیج کم کرنا۔
قَرَّبَ بَيْنَ وِجْهَتَي النَّظَرِ: دو نقطۂ نظر کو ملانا، دونوں کے بعد کو دور کرنا۔
اقْتَرَبَ القَوْمُ: ایک دوسرے کے نزدیک ہونا۔
ـــ الوَعْدُ: وعدہ پورا ہونے کا وقت نزدیک آنا۔
ـــ منه: کسی سے قریب ہونا۔
تَقَارَبَا: ایک کا دوسرے سے قریب ہونا
ـــ الزَّرْعُ: کھیتی کے پکنے کا وقت نزدیک ہونا۔
ـــ الوَعْدُ: وعدہ کا وقت آجانا۔
تَقَرَّبَ إليه: کسی کے نزدیک ہونے کی کوشش کرنا (۲) کسی کا مقرب اور خاص بننا، تقرب حاصل کرنا، تعلق قائم کرنا، خوشنودی حاصل کرنا۔
ـــ إلَى اللّٰهِ بالأعْمَالِ الصَّالِحَةِ: اعمالِ صالحہ کے ذریعہ اللہ سے قربت حاصل کرنا۔
اسْتَقْرَبَهُ: کسی کو قریب اور اپنا سمجھنا (۲) کسی کو قریب بلانا یا قریب ہونے کے لئے کہنا۔
الأَقْرَبُ: نزدیک تر، قریبی رشتہ دار ج: أَقَارِبُ۔
التَّقْرُبَاتُ: کنواں کھودنے کے وقت پانی نکلنے کے آثار (تر مٹی یا کنکریاں)۔
التَّقْرِيبُ: اندازہ، گھوڑے کی دلکی چال
التَّقْرِيبِيُّ: قریبی حالت، مقدار یا جگہ۔
تَقْرِيبًا، بالتَّقْرِيبِ: لگ بھگ، تقریبًا۔
القَارِبُ: چھوٹی کشتی (ڈونگی) (۲) رات کو پانی تلاش کرنے والا (۳) کشتی نما پتے کا پیالہ (جس میں کھانا کھایا جائے) ج: قَوَارِبُ۔
القَارِبُ البُخَارِيُّ: دخانی کشتی، اسٹیمر۔
القِرَابُ: تلوار وغیرہ کی میان، کیس، غلاف ج: قُرُبٌ و أَقْرِبَةٌ (۲) مسافر کا

چمڑے کا توشہ دان۔

القُرَابُ: نزدیک۔ ما هو بعالمٍ ولا قرابُ عالمٍ: وہ عالم تو کیا ہوتا عالم کے قریب (مشابہ) بھی نہیں ہے۔ علم کے پاس پھٹکا بھی نہیں ہے (۲) تقریباً، لگ بھگ مَعَهٗ الفُ دِرهَمٍ او قُرَابُهٗ: اس کے پاس ایک ہزار یا اس کے لگ بھگ درہم ہیں۔ اَتَيْتُهٗ قُرَابَ العَشِيِّ و قُرَابَ اللَّيلِ: میں اس کے پاس تقریباً رات کے وقت آیا۔

القَرَابَةُ: رشتہ داری، آپس داری۔ هُمْ ذَوُو قَرَابَتِي و ذوو قرابة مِنّي: وہ میرے رشتہ دار ہیں۔

القِرابَةُ: اگلے دن پانی پر پہنچنے کے لئے رات کا سفر۔

القُرَابَةُ: قریب قریب، لگ بھگ۔ قُرَابَةُ كذا: تقریباً اتنا، اس کے بقدر یا اس کے قریب، کسی چیز کے بقدر یا اس کے اندازہ کے مطابق۔

القُرْبُ: نزدیکی (۲) رشتہ داری، نسبی رشتہ بَيْنِي و بَيْنَه قُرْبٌ: میرے اور اس کے درمیان رشتہ داری ہے (۳) پہلو، کوکھ ج: اَقْرَاب۔

القَرَبُ: القِرَابَةُ: وہ کنواں جس کا پانی نزدیک ہو (۲) وہ رات جس کی صبح کو پانی پر پہنچا جائے۔

القُرْبِيّ: القَرَابَةُ۔

قربان: بھرنے کے قریب (برتن)

القُرْبانُ: قربانی یا نذر، نیاز جس کے ذریعہ اللہ کا تقرب اور اس کی خوشنودی مطلوب ہو (۲) بھینٹ (۳) بادشاہ کا مصاحب اور درباری ج: قَرَابِين

القُرْبَةُ: مرتبہ کے لحاظ سے نزدیکی (۲) رشتہ داری۔ بيني و بينه قُرْبَةٌ (۳) نیک اعمال جن سے خدا کی خوشنودی اور قربت حاصل ہو، کار ثواب، نیک کام، ذریعۂ تقرب۔ قرآن پاک میں ہے: "اَلَا اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ" ج: قُرَبٌ و قُرُبَات۔

القِرْبَةُ: چمڑے کا مشکیزہ، مشک، مٹی کی صراحی ج: قِرَبٌ۔ لَقِيتُ منه عِرْقَ القِرْبَةِ: مجھے اس سے بڑی تکلیف پہنچی۔

القَرْنَبَى: ایک لمبی ٹانگوں والا کبریلا جیسا کیڑا۔

القَرِيبُ: نزدیک (مکان و زمان یا مرتبہ میں)۔ قرآن پاک میں ہے: "اِنَّ رَحْمَةَ اللّٰهِ قَرِيبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ" (۲) نسباً نزدیک، رشتہ دار، اپنا ج: اَقْرِبَاءُ و قَرَابَى۔ مَكَانٌ قَرِيبٌ و محلّة قَرِيبٌ وهما وهم وهُنَّ قريبٌ۔ جاؤوا قَرَابَى: وہ ایک دوسرے کے قریب قریب آئے۔ (۳) فارسی شعر کی ایک بحر جس کا وزن مفاعیلن مفاعیلن فاعلاتن ہے۔

القَرِيبُ من دَرَجَةٍ بعيدةٍ: دور کا رشتہ دار۔

قريبُ العَهْدِ بشيءٍ: وہ چیز جس سے تعلق پر عرصہ نہ گزرے۔ قَرِيبُ العَهْدِ بالإسلامِ: قریبی زمانہ میں اسلام قبول کرنے والا، جس نے حال ہی میں اسلام قبول کیا ہو۔ في القَرِيبِ العَاجِلِ: جلد ہی۔

قَرِيبًا: جلد ہی، عنقریب، کچھ عرصہ پہلے

القَرِيبَةُ: قرابت والی، تقرب والی

القَوْرَبُ: وہ پانی جس پر قابو نہ پایا جا سکے (کثرت کی بنا پر اس کا مقابلہ نہ کیا جا سکے)۔

المُتَقَارِبُ: پست قد آدمی (۲) شعر کی ایک بحر جس کا وزن فَعُوْلُنْ آٹھ دفعہ ہے (۳) باہم قریب۔

المُقَارِبُ: اوسط درجہ کا (نہ عمدہ اور نہ ردی)۔

المقارَبُ: درمیانی قیمت یا درمیانی درجہ کا

المَقْرَبُ: مختصر راستہ (۲) رات کا سفر۔

المَقْرَبَةُ: القَرَابَةُ (۲) مختصر راستہ (۳) بڑی سڑک تک پہنچانے والی گلی یا ذیلی راستہ (۴) مسافر خانہ، مسافروں کے آرام کی منزل (۵) رشتہ ج: مَقَارِب۔

المُقْرِبُ: جننے کے قریب حاملہ۔

المُقْرَبَةُ: سواری کے لئے تیار گھوڑا یا اونٹنی (۲) عمدہ قسم کا گھوڑا جس کی خوبی کی بنا پر اس کا تھان اور چارہ گاہ نزدیک بنائی جائے۔

المُقَرِّبُ: تقریب سے اسم فاعل۔

المُقَرِّبَاتُ: تقربات۔

المُقَرَّبُوْنَ: قریبی تعلق والے، تقرب والے۔

• القَرَبُوْسُ: زین کا ابھرا ہوا کنارہ (یہ دو ہوتے ہیں) ج: قرابِيسُ

• قَرِتَ الدَّمُ ـَ قُرُوْتًا: خون کا خشک ہونا، نیل پڑنا۔ قَرِتَ الظُّفُرُ: ناخن کے نیچے خون جم جانا ـــ الرَّجُلُ: خاموش ہونا۔

قَرِتَ الرَّجُلُ و قَرِتَ وجهُهٗ ـَ قَرَتًا: غصہ یا غم سے چہرے کا رنگ بدلنا۔

القَرِتُ: خشک پالا، برف۔

• قَرَتَهُ الأمرُ او الغَمُّ ـُ قَرْتًا: کسی بات یا غم کا تکلیف دہ ہونا۔

قَرِتَ ـَ قَرَتًا: محنت کرنا۔

• قَرَحَهُ ــَ قَرْحًا: زخمی کرنا۔
ــ فُلَانًا بِالْحَقِّ: کسی حق کی بنا پر کسی کو خوش آمدید کہنا، صدق دل سے استقبال کرنا۔
قَرِحَ ــَ قَرَحًا: کسی کے جسم پر زخم ظاہر ہونا پھنسیوں کے سبب یا ہتھیار کی وجہ سے ۔ کہا جاتا ہے: قَرِحَ جِلْدُهُ ۔
ــ قَلْبُهُ مِن حُزْنٍ: دل دکھنا، غم کی وجہ سے دل میں زخم پڑنا۔
ــ الْحَيَوَانُ: جانور کی پیشانی پر ایک درہم کے بقدر سفیدی ہونا۔ هو أَقْرَحُ ۔
ــ الرَّوْضَةُ قُرْحَةً: باغیچہ کے وسط میں سفید پھولوں کا ہونا۔ هي قَرْحَاءُ ۔
ــ ذو الحَافِرِ قُرُوحًا: گھوڑے یا سم والے جانور کا پانچ سال کی عمر کا ہونا اور کچلی کے قریب والا دانت گر جانا۔ هو قَارِحٌ ۔
ــ لِلشَّيْءِ: کسی چیز پر رنجیدہ ہونا۔
أَقْرَحَ فُلَانٌ: پھوڑے پھنسی یا زخموں والا ہونا۔
ــ ذُو الحَافِرِ: سم والے جانور کا پانچ سال کا ہونا۔
ــ فُلَانًا: کسی کو زخمی کرنا۔
قَارَحَهُ: سامنا کرنا۔ لَقِيَهُ مُقَارَحَةً: وہ اس سے آمنے سامنے ہو کر ملا۔
قَرَّحَ الشَّجَرُ: درخت پر پتوں کی نوکیں نکلنا، کونپلیں نکلنا۔
ــ سِنُّ الصَّغِيرِ: بچے کا دانت نکلنے والا ہونا۔
ــ الجِسْمَ: بدن کو زخمی کرنا۔
ــ الوَشْمَ: سوئی سے بدن کو گودنا (سوئی سے نیل یا سرمہ بھر کر نشان ڈالنا)
اقْتَرَحَ بِئْرًا: ایسی جگہ کنواں کھودنا جہاں کھدائی نہ کی گئی ہو یا جہاں پانی نہ ملے۔

اقْتَرَحَ الأَمْرَ: کسی سے معلوم کئے بغیر اپنے ذہن سے کوئی بات نکالنا، ایجاد کرنا۔
ــ الكَلَامَ: برجستہ بولنا، فی البدیہہ کلام کرنا، نئی بات نکالنا۔
ــ الشَّيْءَ: پسند اور منتخب کرنا۔
ــ الرَّأْيَ: رائے یا تجویز پیش کرنا۔
ــ عليه كذا: کسی کے سامنے کوئی بات لانا کوئی تجویز پیش کرنا
ــ تَعْدِيلًا على شيءٍ: کسی چیز کی ترمیم پیش کرنا۔
ــ عليه صوتَ كذا وكذا: کسی کے لئے کوئی مخصوص آواز تجویز کرنا۔
تَقَرَّحَ الجَسَدُ: بدن پر پھوڑے پھنسیاں نکلنا۔
ــ فُلَانٌ لِلأَمْرِ: کسی کام کے پیچھے پڑنا، اسے کرتے رہنا۔
الاقْتِرَاحُ: تجویز برائے غور و فکر، نئی بات، فی البدیہہ کلام ج: اقْتِرَاحَاتٌ ۔
الاقتراحُ البَدِيلُ: متبادل تجویز۔
اقتراحُ تَعْدِيلٍ: تجویز ترمیم۔
اقتراحٌ لم يُصَوَّتْ عليه: وہ تجویز جس پر رائے نہ لی گئی ہو۔
الأَقْرَحُ: وہ گھوڑا جس کی پیشانی پر سفید دھبا ہو ج: قُرْحٌ ۔
القَارِحُ: سم والا پانچ سالہ جانور جس کے رباعیہ سے متصل دانت کے ٹوٹنے کے بعد اس کی جگہ کچلی نکل آئی ہو ج: قَوَارِحُ وقُرَّحٌ وهي قارحٌ وقارحةٌ (۲) ہر سم والے جانور کے اوپر نیچے کے اگلے آٹھ دانتوں سے متصل چار کچلیوں میں سے ایک (۳) پورے قد کا اونٹ (۴) حاملہ (اونٹنی) (۵) تجربہ کار۔
القَرَاحُ: ہر خالص چیز جیسے: مَاءٌ قَرَاحٌ

(۲) کاشت کے لئے کھلی زمین جہاں عمارت نہ ہو ج: أَقْرِحَةٌ ۔
القَرْحُ: زخم (۲) پھوڑا، پھنسی (۳) اونٹوں کے بچوں کو لگنے والی مہلک خارش (۴) کنویں کا پہلا پانی ج: قُرُوحٌ ۔
القَرِحُ: زخم والا، پھوڑا پھنسی والا (۲) خارشی اونٹ۔
القَرَحُ: پھوڑے پھنسی سے محفوظیت۔
القَرْحَةُ: پھوڑا یا پھنسی جس میں مواد پیدا ہو گیا ہو ج: قَرْحٌ و قُرُوحٌ
ذو القُرُوحِ: امرؤ القیس شاعر کا لقب۔
القُرْحَةُ، القَرْحَةُ (۲) گھوڑے کی دونوں آنکھوں کے درمیان سفید دھبا۔ هو قُرْحَةُ أَصْحَابِهِ: وہ اپنے ساتھیوں میں نمایاں ہے۔
القُرْحَانُ: وہ اونٹ جسے کبھی خارش نہ ہوئی ہو (۲) وہ شخص جو کبھی پھوڑے پھنسی میں مبتلا نہ ہوا ہو (واحد و جمع سب کے لئے) (۳) وہ شخص جو کبھی لڑائی میں شریک نہ ہوا ہو۔
القُرَاحِيُّ: جو کبھی لڑائی میں شریک نہ ہوا ہو
أَنْتَ قُرْحَانٌ وقُرَاحِيٌّ مِن أَمْرِ كذا: تو فلاں معاملہ سے الگ تھلگ ہے (۲) وہ شخص جو ہمیشہ آبادی میں رہتا ہو کبھی جنگل میں نہ نکلتا ہو۔
القُرَاحِيَّتَانِ: دونوں پہلو، دونوں کوکھ
القَرِيحُ: زخمی ج: قَرْحَى (۲) صاف وخالص پانی ج: أَقْرِحَةٌ ۔
قَرِيحُ السَّحَابِ: بادل سے برستا ہوا پانی ج: أَقْرِحَةٌ ۔
القَرِيحَةُ: ہر چیز کا پہلا اور ابتدائی حصہ (۲) قَرِيحَةُ البِئْرِ: کنواں کھودتے ہوئے سب سے پہلے نکلنے والا پانی (۳) قَرِيحَةُ الإنسان: انسان کی طبیعت

وفطرت جس پر اس کی تخلیق ہوئی ہو (۴) ایک ایسا فطری ملکہ جس کے ذریعہ شاعر اور انشا پرداز اپنے کلام کی تخلیق کرتا ہے یا کوئی نئی رائے اور خیال پیش کرتا ہے، عقل ملکہ، ذہن رسا، فطری ملکہ ج: قَرائِح۔

المُقتَرِحُ: تجویز کنندہ۔

المُقتَرَحُ: تجویز (جو ابھی زیر بحث ہو) ج: مُقتَرَحات۔

المُقتَرَحُ المُوافَقُ علیہ: پاس شدہ تجویز۔

المَقرُوحُ: واضح راستہ جس پر آمد ورفت کے نشانات ہوں (۲) زخم خوردہ۔

• قَرَدَ المالَ وقَرَدَ لِعیالِہ ـِ قَرْدًا: مال اکٹھا کرنا، اہل وعیال کے لئے مال کمانا۔

قَرِدَ البَعیرُ ـَ قَرَدًا: اونٹ کا بہت چچڑیوں والا ہونا۔ ھو قَرِدٌ۔

ـــ الشَّعرُ والصُّوفُ: بالوں کا گھونگھریالا ہونا۔

ـــ الأدِیمُ: چمڑے کا خراب ہو جانا۔

ـــ فُلانٌ: عجز لسانی سے رک کر خاموش ہونا۔

ـــ لِسانُ فُلانٍ: زبان کا اٹکنا، ہکلانا

ـــ أسنانُہُ: دانتوں کا چھوٹے ہونے کی وجہ سے مسوڑھوں سے ملا ہوا ہونا۔

ـــ فَمُہُ: چھوٹے دانتوں والا ہونا (جو مسوڑھوں سے لگے ہوئے ہوں)۔

أقرَدَ البَعیرُ ونَحوُہُ: اونٹ کا بہت چچڑیوں والا ہونا۔

ـــ فُلانٌ: خاموشی اختیار کرنا، جان چرا لینا، مردہ ہونے کا اظہار کرنا (۲) بولنے سے عاجز ہو کر خاموش رہنا۔

ـــ الی فُلانٍ: کسی کا تابع ہونا، خود کو حوالہ کر دینا (جس طرح وہ اونٹ اس کوّے کا تابع ہو جاتا ہے جو اس کے جسم پر اتر کر اس کی چچڑیاں پکڑتا ہے اور اسے راحت ملتی ہے)۔

قَرَّدَ فُلانٌ وقَرَّدَ الی فُلانٍ: کسی کے تابع ہونا۔

ـــ البَعیرَ: اونٹ کی چچڑیاں صاف کرنا

ـــ فُلانًا: کسی کو مہربان بن کر دھوکہ دینا۔

تَقَرَّدَ الشَّعرُ ونَحوُہُ: بال وغیرہ کا گھونگھریالا ہونا۔

ـــ الدَّقیقُ ونَحوُہُ: آٹے میں (گوندھتے وقت) گٹھلیاں پڑنا، پانی کی آمیزش برابر نہ ہونا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قول ہے: "ذُرِّی الدَّقیقَ وأنا أُحَرِّکُ لِئلا یَتَقَرَّدَ" "تو آٹے کو اوپر سے ڈال میں اسے ہلاؤں گا تاکہ اس میں گٹھلیاں نہ پڑیں۔"

القُرادُ: چچڑی (ایک قسم کا کیڑا جو جوں کی طرح جانوروں کے جسم میں پیدا ہوتا ہے) واحد: قُرادَۃٌ (۲) پستان کی نوک ج: قِردانٌ۔

القِردُ: بندر ج: أقرادٌ وقُرُودٌ و قِرَدَۃٌ۔

القَرَدُ: اونٹ یا بکری کی جھڑی ہوئی اون (۲) کھجور کے پتے اتاری ہوئی شاخ (۳) عجز گویائی، ضعف اظہار۔

القَرّادُ: بندر سدھانے والا، بندر کا تماشا دکھانے والا مداری۔

القَرُودُ: تابع وپرسکون (۲) چچڑی نکالے جانے سے پرسکون۔

• قَرْدَحَ فُلانٌ: چھوٹا ہو جانا، ماتحت ہونا، حقیر و ذلیل بن جانا۔

اقرَندَحَ الرَّجُلُ وغیرُہُ: شر کیلئے تیار ہونا۔ ھو مُقرَندِحٌ۔

ـــ لِفُلانٍ: کسی پر غلط الزام عائد کرنا۔

القُردُحَۃُ: گلے کی ہنسلی کا ابھرا ہوا کونا حصہ۔ اس کا نام تُفّاحَۃُ آدم ہے۔

القُردُوحُ: بڑا ڈیل ڈول کا بندر۔

• القَردَدُ: ہموار سخت اونچی زمین۔

القُردُودُ: القَردَدُ ج: قَرادِیدُ۔

القُردُودَۃُ: پیٹھ کی ہڈی کا مہرہ، پیٹھ کا بالائی حصہ (۲) پہاڑ کا بالائی حصہ ج: قَرادِیدُ۔

القِردِیدَۃُ: سخت گفتار آدمی (۲) کمر کے بیچ کی لکیر ج: قَرادِیدُ۔

القِردَعُ: اونٹوں اور مرغیوں کی جوئیں، چچڑیاں۔ واحد: قِردَعَۃٌ۔

القُردُوعُ: چھوٹی چیونٹی۔

• قَرَّ ـِ قَرِیرًا: مسلسل یکساں آواز نکالنا جیسے: قَرَّ الطّائرُ والطّائرَۃُ والحَیَّۃُ۔

ـــ علیہ الماءَ قَرُورًا: پانی ڈالنا۔

قَرَّ الیَومُ ـِ قَرًّا: دن کا ٹھنڈا ہونا

ـــ بالمکانِ قَرًّا وقَرارًا وقُرُورًا: قرار پانا، قیام کرنا جیسے: قَرَرتُ فی ھذا المکانِ طَوِیلاً (۲) پرسکون و مطمئن ہونا۔

قَرَّ الیَومُ ـَ قَرًّا: ٹھنڈا ہونا۔

ـــ عَینُہُ: آنکھ ٹھنڈی ہونا، خوش اور راضی ہونا، مطمئن ہونا۔ ھو قَرِیرُ العَینِ۔ قَرَّ بِہذا الأمرِ عَینًا: تم اس کام سے خوش اور مطمئن ہو جاؤ۔ قرآن پاک میں ہے: "کَی تَقَرَّ عَینُہا ولا تَحزَنَ"۔

ـــ رأیُہُ علی کذا: کسی بات پر رائے جمنا۔

أقَرَّ: ٹھنڈک میں داخل ہونا (۲) سنجیدہ اور فرماں بردار ہونا۔ حدیث براق میں ہے: "أنَّہُ استَصعَبَ ثُمَّ ارفَضَّ وأقَرَّ"۔

پہلے وہ بے قابو رہا پھر پسینہ آکر ڈھیلا پڑ گیا پھر بالکل فرمانبردار ہو گیا۔

أَقَرَّ بِالْحَقِّ وَلَهُ: حق کا اقرار کرنا، تسلیم کرنا، ماننا۔

—— عَلَى نَفْسِهِ بِالذَّنْبِ: اپنے گناہ کا اعتراف کرنا۔

—— الشَّيْءَ فِي الْمَكَانِ: قائم وثابت کرنا، برقرار رکھنا۔

—— الْعَامِلَ عَلَى الْعَمَلِ: کارکن کو کام پر لگانا، کام سے مطمئن ہو کر لگائے رکھنا۔

—— الرَّأْيَ: رائے یا تجویز مان لینا، پاس کرنا۔

—— الرَّأْيَ عَلَى كَذَا: کسی بات پر رائے قائم کرنا۔

—— اللّٰهُ عَيْنَهُ: خدا کا کسی کو خوش کرنا، بامراد بنانا۔

—— لَهُ الْكَلَامَ: کسی کو بات سمجھانا۔

—— الطَّائِرَ فِي عُشِّهِ: پرندہ کو گھونسلے میں سکون سے رہنے دینا۔

—— الرَّجُلَ: سکون وقرار پانا۔

—— الْقَرَارَ: قرارداد پاس کرنا۔

—— وَقْفَ إِطْلَاقِ النَّارِ: فائر بندی کو منظوری دینا۔

—— الدُّسْتُورَ: دستور پاس کرنا۔

قَارَّهُ: کسی کے ساتھ ٹھیرے رہنا، کسی کے ساتھ رہنا، موافقت کرنا۔ أَنَا لَا أُقَارُّكَ عَلَى مَا أَنْتَ عَلَيْهِ: تم جس چیز پر قائم ہو میں اس میں تمہارے ساتھ متفق نہیں۔ حدیث میں ہے: "قَارُّوا الصَّلٰوةَ" نماز میں سکون کے ساتھ رہو، نہ ہلو اور نہ فعل عبث کرو۔

قَرَّرَ الشَّيْءَ فِي الْمَكَانِ: جمانا، قائم کرنا۔

—— الشَّيْءَ فِي مَحَلِّهِ: کسی چیز کو اس کی جگہ برقرار رکھنا۔

قَرَّرَ الطَّائِرَ فِي وَكْرِهِ: پرندہ کو اس کے گھونسلے میں رہنے دینا۔

—— الْعَامِلَ عَلَى عَمَلِهِ: کارکن کو اس کے کام پر باقی رکھنا یا کام پر متعین کرنا۔

—— فُلَانًا بِالذَّنْبِ: کسی سے اعتراف جرم وگناہ کرانا۔

—— فُلَانًا عَلَى الْحَقِّ: کسی سے حق کو تسلیم کرانا، منوالینا۔

—— عِنْدَهُ الْخَبَرَ: کسی کے نزدیک خبر کو تحقیق کے بعد قابل یقین بنادینا

—— الْمَسْأَلَةَ أَوِ الرَّأْيَ: کسی مسئلہ وغیرہ کی وضاحت وتحقیق کرنا۔

—— فِي نَفْسِهِ: دل میں ٹھان لینا۔

—— أَنْ يَفْعَلَ كَذَا: کوئی کام کرنے کا فیصلہ کرنا، تہیہ کرنا۔

—— الشَّيْءَ غَيْرَ صَالِحٍ لِكَذَا: کسی چیز کو اَن فٹ کرنا، غیر موزوں قرار دینا۔

—— الشَّيْءَ: طے کرنا، متعین کرنا، ثابت کرنا، قائم رکھنا، قائم کرنا، فیصلہ کرنا قرار دینا۔

—— الْمَصِيرَ: قسمت کا فیصلہ کرنا، انجام متعین کرنا، حق خود ارادیت کا تعین کرنا۔

اِقْتَرَّ الشَّيْءُ: قرار پانا، سکون سے ہونا، ٹھیرا ہوا ہونا۔

—— فُلَانٌ: ٹھنڈے پانی سے غسل کرنا۔

—— الْقِدْرَ: دیگچی کو زیادہ پکا کر جلا دینا اور تلی کو لگا دینا۔

—— الْقُرَّةَ: تلی کی کھرچن کو بطور سالن استعمال کرنا۔

تَقَارَّ فِي الْمَكَانِ: قائم وبرقرار رہنا، جم جانا۔ فُلَانٌ مَا يَتَقَارُّ فِي مَكَانٍ: فلاں کسی جگہ نہیں جمتا ہے حدیث ابی ذر رضی اللہ عنہ میں ہے: "فَلَمْ أَتَقَارَّ أَنْ قُمْتُ" میں جمنے بھی نہ پایا تھا کہ کھڑا ہو گیا۔

تَقَرَّرَ الْأَمْرُ: طے پانا، ثابت وقائم ہونا۔

—— الرَّأْيُ أَوِ الْحُكْمُ: رائے پاس ہونا فیصلہ ہو جانا، قرار پانا۔

—— الشَّيْءُ: متعین ہونا، جمنا، قرار پانا۔

اِسْتَقَرَّ بِالْمَكَانِ: قرار پانا، قیام پذیر ہونا، کسی جگہ سکون سے رہنا۔

الْإِقْرَارُ: اقرار (۲) اعتراف، بیان، ڈکلریشن

الْإِقْرَارُ الْكِتَابِيُّ (بِقَسَمٍ) بیان حلفی۔

الْإِقْرَارُ الرَّسْمِيُّ: سرکاری تصدیق۔

الْاِسْتِقْرَارُ: ٹھیراؤ، استحکام، سکون، امن وامان۔

تَقْرِيرُ الْمُتَابَعَةِ: جائزہ رپورٹ۔

تَقْرِيرُ الْمُرَاجِعِ: آڈیٹر رپورٹ۔

تَقْرِيرُ الْمُعَايَنَةِ: سروے رپورٹ۔

التَّقْرِيرُ: کسی معاملہ کی وضاحت، تحقیق، رپورٹ ج: تَقَارِير۔

الْقَارُّ: ٹھیرا ہوا، سکون پذیر (۲) ٹھنڈا۔

الْقَارَّةُ: ہموار وسیع زمین (۲) برِّ اعظم (خشکی کا وہ بڑا حصہ جس میں بہت سے ملک آباد ہوں)۔

الْقَارَّةُ الْآسْيَوِيَّةُ: براعظم ایشیا۔

الْقَارَّةُ الْإِفْرِيقِيَّةُ: براعظم افریقہ۔

الْقَارَّةُ السَّوْدَاءُ بھی کہتے ہیں۔

الْقَارَّةُ الْأُورُبِّيَّةُ: براعظم یورپ۔

الْقَارُورَةُ: بوتل، شیشی (۲) عورت (نزاکت سے تشبیہ کی بنا پر)۔ حدیث شریف میں ہے: "رِفْقًا بِالْقَوَارِيرِ" عورتوں کے ساتھ نرمی برتو ج: قَوَارِيرُ۔

الْقَرَارُ: نشیبی جگہ جہاں پانی جمع ہو جائے (۲) تلی (۳) تہ (۴) سکون واطمینان، ٹھیراؤ، جماؤ (۵) قیام گاہ، سکون وراحت کی جگہ (۶) فیصلہ، فرمان (۷) قرارداد،

پاس شدہ تجویز، ریزولیوشن (۸) موسیقی کی آخری لَے جو بار بار دہرائی جاتی ہے۔
دارالقرار: آخرت۔ صَارَ الْاَمْرُ اِلٰی قَرَارِہٖ: معاملہ اپنی حد کو پہنچ گیا۔
اَھْلُ الْقَرَارِ: شہری لوگ (مقابل اَھْلُ الْبَدْوِ)۔
قَرَارُ الْاِتِّہَامِ: فردِ جرم۔
قَرَارٌ بِالْاِجْمَاعِ: متفقہ فیصلہ۔
قَرَارٌ بِاللَّوْمِ: قرار دادِ مذمت۔
قَرَارُ الْاَغْلَبِیَّۃِ: اکثریتی فیصلہ۔
اَلْقَرَارُ الْاَخِیْرُ: الٹی میٹم، آخری حکم۔
قَرَارٌ بِقَانُوْنٍ: قانون کا فیصلہ۔
اَلْقَرَارُ الْجَائِرُ او التَّعَسُّفِیُّ: ظالمانہ فیصلہ۔
اَلْقَرَارُ الْجَرِیْءُ: جرأت مندانہ فیصلہ۔
اَلْقَرَارُ الْجُمْھُوْرِیُّ: عوامی فیصلہ۔
اَلْقَرَارُ الرَّسْمِیُّ: سرکاری حکم، فرمان، آرڈیننس۔
القرار العبقریُّ: انتہائی دانشمندانہ یا بے مثال فیصلہ۔
اَلْقَرَارُ الْقَضَائِیُّ: عدالتی فیصلہ۔
قَرَارُ الْمُحَکِّمِ: پنچایتی فیصلہ، ثالث یا حکم کا فیصلہ۔
اَلْقَرَارَۃُ: دیگچی میں پکانے کے بعد ڈالا جانے والا پانی (دیگچی کو جلنے سے بچانے کے لئے) (۲) گہرائی (۳) پانی ٹھہرنے کی نشیبی جگہ (۴) نشیبی باغ، ج: قَرَارٌ۔ اِنَّ فُلَانًا لَقَرَارَۃُ حُمْقٍ: وہ حماقت کا پتلا ہے۔ قَرَارَۃُ النَّفْسِ: دل کی گہرائی۔
اَلْقُرَارَۃُ: ہانڈی یا دیگچی کی تلی میں لگا ہوا سالن وغیرہ، تلچھٹ، کھرچن۔
اَلْقَرَارِیُّ: درزی، قصاب، کاریگر۔
اَلْقَرُّ: سردی، ٹھنڈک (۲) ٹھنڈا۔ یَوْمُ الْقَرِّ: یوم النحر سے اگلا دن (چونکہ اس دن لوگ منیٰ یا اپنے مکانات میں قیام کرتے ہیں) (۳) ہودج، اونٹ کا کجاوہ۔
اَلْقُرُّ: ٹھنڈک۔ وَقَعَ بِقُرِّہٖ: اس نے اپنی مراد پالی، اس کے کلیجہ میں ٹھنڈک پڑ گئی (۲) قرار کی جگہ (۳) قرار وسکون۔
اَلْقِرَّۃُ: لَیْلَۃٌ قِرَّۃٌ: ٹھنڈی رات۔ اَصَابَتْھُمْ قِرَّۃٌ: ان کو جاڑا چڑھ گیا
اَلْقِرَّۃُ: ٹھنڈک (۲) کسی کو لگنے والی سردی (بشکل بیماری)۔
اَلْقُرَّۃُ: وہ چیز جس سے آنکھ کو ٹھنڈک حاصل ہو (خوشی حاصل ہو)۔ قُرَّۃُ الْعَیْنِ: آنکھ کی ٹھنڈک، باعثِ تسکین۔ فُلَانٌ فِیْ قُرَّۃٍ مِّنَ الْعَیْشِ: فلاں آسودہ اور خوش عیش ہے (۲) دیگچی کی تلی میں لگا ہوا کھانا، تلچھٹ، کھرچن۔ ابو قُرَّۃَ: گرگٹ۔
قُرَّۃُ الْعَیْنِ: کاہو، ایک قسم کی سبزی
اَلْقُرُوْرُ: غسل کا ٹھنڈا پانی (۲) خوشی سے نکلنے والا ٹھنڈا آنسو (۳) وہ عورت جو اپنے پھسلانے والے کو دور کرنے کی کوشش نہ کرے۔
اَلْمُسْتَقِرُّ: قرار پذیر، جما ہوا۔
اَلْمُسْتَقَرُّ: قرار، جائے ٹھہراؤ (۲) وقت مقرر لِکُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ: ہر خبر کا ایک وقت مقرر ہے (۳) جائے قیام، مرکز۔ صَارَ الْاَمْرُ اِلٰی مُسْتَقَرِّہٖ: معاملہ اپنی آخری جگہ پہنچ گیا۔
اَلْمَقَرُّ: ٹھہراؤ کی جگہ، جائے قرار، جائے قیام ٹھکانا، مقام، مرکز، ج: مَقَارُّ۔ اذْکُرْنِیْ فِی الْمَقَارِّ الْمُقَدَّسَۃِ: مجھے مقاماتِ مقدسہ میں یاد رکھئے (۲) کسی جماعت یا تنظیم کا صدر مقام، ہیڈ کوارٹر، ج: مَقَرَّاتٌ۔
اَلْمَقَرُّ الرَّئِیْسِیُّ: ہیڈ کوارٹر، صدر مقام
مَقَرُّ الْعَمَلِ: ڈیوٹی اسٹیشن یا پلیس۔
اَلْمُقَرِّرُ: رپورٹر، کسی معاملہ کی تحقیق و تفتیش کے بعد صحیح صورتِ حال سے آگاہ کرنے والا (۲) کسی جماعت یا مجلس کا ترجمان، روئداد جلسہ قلمبند کرنے والا امیر۔
اَلْمُقَرَّرُ: طے شدہ (۲) فیصلہ، پاس شدہ تجویز (۳) تعلیمی نصاب (کسی متعینہ مرحلہ میں پڑھائے جانے والے مضامین یا کتابیں) ج: مُقَرَّرَاتٌ۔
اَلْمُقَرَّرُ التَّعْلِیْمِیُّ او الدِّرَاسِیُّ: نصاب تعلیم، کورس۔
اَلْمَقَرَّۃُ: چھوٹا حوض، ٹب۔
اَلْمَقْرُوْرُ: ٹھنڈا۔ یَوْمٌ مَقْرُوْرٌ: ٹھنڈا دن۔ رَجُلٌ مَقْرُوْرٌ: سردی جس پر اثر کر گئی ہو۔
• قَرَسَہُ الْبَرْدُ ـ قَرْسًا: کسی کو سخت سردی لگنا، سردی کا ہاتھ پیروں کو سن کر دینا، ٹھٹھرا دینا۔
ـــ الْمَاءَ: پانی کو بہت زیادہ ٹھنڈا کر دینا برف جیسا بنا دینا۔
قَرِسَ الْبَرْدُ ـ قَرَسًا: سردی سخت ہونا۔
ـــ الْاِنْسَانُ: سخت سردی میں مبتلا ہونا، ہاتھ پیر ٹھٹھر کر کام کے قابل نہ رہنا۔
ـــ اَصَابِعُہٗ: انگلیاں ٹھٹھر جانا، اکڑ جانا، سن ہو جانا۔
اَقْرَسَ الْعُوْدُ: سخت سردی سے لکڑی کا ٹھٹھر جانا، پانی خشک ہو جانا۔
ـــ الْبَرْدُ اَصَابِعَہٗ: سردی کا انگلیوں کو سن کر دینا، ٹھٹھرا دینا۔ اَقْرَسَہُ الْبَرْدُ: کسی کی انگلیوں کو سردی کا سن کر دینا۔
ـــ الْمَاءَ: پانی کو بہت زیادہ ٹھنڈا کر دینا،

منجمد کردینا، برف جیسا کر دینا۔

قَرَّسَ الشَّیْءَ: حد سے زیادہ ٹھنڈا کرنا۔

— الماءَ فی الاناءِ: پانی کو جما دینا۔

— قَرِیْسًا: منجمد شے بنانا، برف بنا دینا۔

القَارِسُ: سخت ترین سردی۔ اَصْبَحَ الماءُ قَارِسًا: پانی بالکل سرد ہوگیا، برف ہوگیا۔

القُرَاسُ: مضبوط اور بڑا اونٹ۔

القَرْسُ: سخت سردی۔ لَیْلَۃٌ ذاتُ قَرْسٍ: انتہائی سرد رات، برفیلی رات

القِرسُ: القَرْسُ (۲) چھوٹے مچھر یا پسّو۔

القَرَسُ: ہر منجمد چیز (۲) سخت سردی۔

القَرِیْسُ: منجمد۔ اَصْبَحَ الماءُ قَرِیْسًا: پانی برف ہوگیا (۲) ٹھنڈا کیا ہوا اور جمایا ہوا کھانا (کھانے کی چیز) جیسے: سَمَكٌ قَرِیْسٌ: جمی ہوئی پختہ مچھلی۔

• قَرَشَ الشیءَ ـِ قَرْشًا: ادھر ادھر سے اکٹھا کرکے ملانا۔

— لِعِیَالِہ: بال بچوں کے لئے کمائی کرنا

— من الطَّعَامِ: تھوڑا سا کھانا لینا۔

— فی مَعِیْشَتِہ: گزر بسر میں تنگی کرنا

— الشیءَ: کاٹنا، توڑنا۔

قَرِشَ ـَ قَرَشًا و قُرُشَۃً: (سرخ وسفید ہونے کی بنا پر) دہکتے ہوئے چہرے والا ہونا۔

اَقْرَشَتِ الشَّجَّۃُ: زخم کا ہڈی کو توڑ دینا اس طرح کہ وہ چکنا چور نہ ہو۔

— فُلانٌ بِفُلانٍ: کسی سے چغلی کھانا، کسی کو کسی کے خلاف بھڑکانا (۲) کسی کو اس کے عیوب سے واقف کرانا۔

— فُلانٌ: مالدار ہونا۔

قَرَّشَ بَیْنَ القَوْمِ: چغلخوری کرنا، لوگوں کو باہم لڑوانا۔

— لِعِیَالِہ: اہل خانہ کے لئے کمائی کرنا۔

قَرَّشَ فُلانًا: کسی کو قریش خاندان کا سمجھنا، قریش کی طرف منسوب کرنا

اِقْتَرَشَ لِاَھْلِہ: کمائی کرنا۔

— الرِّمَاحُ: نیزوں کا باہم ٹکرا کر آواز دینا۔

— فُلانٌ بِفُلانٍ: کسی کو نقصان پہنچانے کے لئے چغلخوری کرنا۔

تَقَارَشَ القَوْمُ: باہم نیزہ زنی کرنا۔

— الرِّمَاحُ: نیزوں کا باہم ٹکرانا اور آواز نکلنا)۔

تَقَرَّشَ القَوْمُ: لوگوں کا اکٹھا ہونا۔

— فُلانٌ فی مَعِیْشَتِہ: روزی میں تنگی کرنا۔

— لِاَھْلِہ وعِیَالِہ: اپنے اہل وعیال کے لئے مال جمع کرنا اور کمانا۔

— الرَّجُلُ: قریشی بننا، قریش کی طرف منسوب ہونا، قریش کی مشابہت اختیار کرنا (۲) برائیوں سے دور رہنا

— الرِّمَاحُ: اِقْتَرَشَتْ۔

— المالَ و المَتَاعَ: جمع کرنا۔

— الشیءَ: کسی چیز کو بالکل ابتدائی ترتیب (الاول فالاول) سے لینا۔

القَرْشُ: ادھر ادھر سے سمٹی ہوئی چیز ج: قُرُوْشٌ۔

القِرْشُ: ایک قسم کی مچھلی (۲) ایک سکہ جو مختلف عرب ملکوں میں مختلف قیمتوں کا ہوتا ہے۔ سعودی عرب میں ریال کا بائیسواں حصہ، ترکی میں دو پنس کا، عراق میں لیرہ کا چھوٹا حصہ بمنزلہ ہندوستانی پیسہ، مصر میں مجلیہ گنی کا دسواں حصہ ج: قُرُوْشٌ۔

قُرَیْشٌ: ایک مشہور عرب قبیلہ جو مضر سے تعلق رکھتا ہے۔ مکہ معظمہ میں رہائش پذیر ہوا اور حج کے معاملات کا منتظم رہا۔ اسی قبیلہ سے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تعلق رکھتے ہیں۔ اس کی طرف نسبت قُرَشِیٌّ و قُرَیْشِیٌّ ہے۔

القَرْشَۃُ: گھوڑوں کے ٹاپوں کی آواز (۲) اخروٹ ہلانے کی آواز۔

القِرْوَاشُ: طفیلی (بن بلایا مہمان) (۲) بڑے سر والا آدمی۔

القَرِیْشُ: سخت (۲) کم چکنا خشک پنیر

المُقَرِّشَۃُ: سخت قحط کا سال۔

المُقْرِشُ: مالدار۔

• القِرْشَبُ: پیٹو، بسیار خور ج: قَرَاشِبُ۔

• قَرَصَہُ ـُ قَرْصًا: کسی کے بدن میں چٹکی بھرنا (انگوٹھے اور انگلی سے بدن کے حصہ کو پکڑ کر دبانا)۔ کہتے ہیں: قَرَصَہُ بِاِصْبَعِہ و قَرَصَ جِلْدَہ و قَرَصَ لَحْمَہُ۔

— بِظُفْرِہ: ناخن چبھانا، ناخن سے کھال پکڑنا۔

— البُرْغُوْثُ: پسو یا مچھر کا کاٹنا

— الحَیَّۃُ: سانپ کا کاٹنا۔

— البَرْدُ فُلانًا: سردی کا تکلیف دینا۔

— الشَّرَابُ ونَحْوُہُ اللِّسَانَ قَرْصًا و قُرُوْصَۃً: کسی مشروب وغیرہ (تیز چیز) کا زبان کو لگنا یا کاٹنا، منہ کاٹنا۔

— العَجِیْنَ: گندھے ہوئے آٹے کے پیڑے کاٹنا، ٹکیہ بنانا (پھیلا کر روٹی بنانے کے لئے)۔

— بِلِسَانِہ: زبان سے کسی کو تکلیف پہنچانا۔

قَرِصَ الرَّجُلُ ـَ قَرَصًا: نفرت انگیزی اور غیبت میں مشغول رہنا۔

— اللَّبَنُ: دودھ کا کھٹا ہونا۔

قَارَصَہُ: ایک دوسرے کو چڑ کے لگانا، بد کلامی سے پیش آنا۔ کان بَیْنَھُمَا

مُقارَصات : ان میں نوک جھونک رہتی تھی، ان میں باہم نفرت وعداوت رہتی تھی۔
قَرَّصَ : زور سے کاٹنا، زور سے چٹکی بھرنا۔
___ العَجِینَ : روٹی بنانے کے لئے گندھے ہوئے آٹے کی گول ٹکیاں بنانا پیڑے بنانا۔
___ الماءَ : پانی کو اتنا زیادہ ٹھنڈا کرنا کہ وہ برداشت نہ ہو۔
تَقارَصا : ایک دوسرے کو بدزبانی سے ایذا دینا (۲) ایک دوسرے کے چٹکی بھرنا۔
القارِصُ : تکلیف دہ (۲) بدکلام، بدزبان (۳) لب دوز کھٹا دہی (۴) پسّو جیسا کاٹنے والا ایک کیڑا۔
القارِصَة : مؤنث القارص (۲) تکلیف دہ لفظ ج: قَوارِصُ۔
القَراصِیا : ایک قسم کا سوکھا آڑو۔
القَرّاصُ : بہت تکلیف دہ۔ لِجامٌ قَرّاصٌ : جانور کو تکلیف دینے والی لگام
القُرّاصُ : گزنہ (ایک دوا) (۲) ایک قسم کی روئیں دار گھاس جس کو چھونے سے ہاتھ میں جلن ہو جاتی ہے (۳) زرد پھول اور چھوٹے چھوٹے سرخ دانوں والی ایک گھاس، جو بالیوں کی غذا (۴) أَحْمَرُ قُرّاصٌ : انتہائی سرخ۔
القَرْصُ : نیش زنی۔
القُرْصُ : ٹکیہ، گول ٹکڑا، گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا (۲) لوہے کا گھیرا جسے دور پھینکنے میں لڑکے باہم مقابلہ کرتے ہیں۔
قُرْصُ دَواءٍ : دوا کی گولی، ٹیبلیٹ۔
قُرْصُ دَوّامٍ : پھرکی۔
قُرْصُ سُکَّرٍ : شکر کی ٹکیہ۔

قُرْصُ الشَّمْسِ : سورج کا چمکتا ہوا روشن نظر آنے والا گولا۔
قُرْصُ النَّحْلِ : شہد کی مکھی کا چھتّا
قُرْصُ الھاتِفِ : ٹیلیفون ڈائل۔
ادارۃُ قُرْصِ الھاتِفِ : ٹیلیفون ڈائل گھمانا۔
القُرْصَۃُ : گول چھوٹی روٹی ج: قُرَصٌ
القَرْصَۃُ : ڈنک، ایک دفعہ ڈنک مارنا (۲) چٹکی۔
القَرُوصُ : تکلیف دہ، نیش زن۔
لِجامٌ قَرُوصٌ : جانور کو تکلیف دینے والی لگام۔ القَرُوصَۃُ : گرس (۱۲ دستے) (معرب گرس کا)۔
المِقْراصُ : خم دار چھری، چمٹا، چمٹی۔
المُقَرَّصُ : ٹکیہ کی شکل کا، گول (۲) دو چیزوں کے درمیان لگا ہوا گول ٹکڑا (۳) ٹکیہ کی شکل کا گول زیور۔
المِقْرَصُ : پانی ٹھنڈا کرنے کا برتن، ج: مَقارِصُ۔
• قَرْصَعَ فُلانٌ : سکڑنا، سمٹنا، چھپنا (۲) خست کی بنا پر تنہا کھانا۔
___ المَرْأَۃُ : عورت کا بھونڈی چال چلنا۔
___ الکِتابَ : حروف باریک اور ملا کر لکھنا۔
تَقَرْصَعَتِ المَرْأَۃُ : بری طرح چلنا۔
اِقْرَنْصَعَ الرَّجُلُ : اپنے کپڑوں میں لپٹنا۔
• قَرْصَمَہُ : کاٹنا، توڑنا۔
• القُرْصانُ : قزاق، سمندری ڈاکو، ج: قَراصِنَۃ۔
القَرْصَنَۃُ : قزاقی، بحری جہازوں پر ڈاکہ زنی، سمندری ڈاکہ زنی۔
• قَرَضَ الشَیْءَ ـ قَرْضًا : کترنا، کاٹنا (قینچی یا دانت سے)۔

قَرَضَ بِنابِہٖ : دانت مارنا۔ قَرَضَتِ الفَأْرَۃُ : چوہے کا کاٹنا۔
___ المَکانَ : جگہ سے ہٹ جانا، گزرنا، بچ کر نکلنا، کترا جانا۔ قرآن پاک میں ہے "وَاِذا غَرَبَتْ تَقْرِضُھُمْ ذاتَ الشِّمالِ" اور جب وہ (سورج) چھپتا ہے تو ان (اصحاب کہف) کو بائیں جانب چھوڑ کر گزر جاتا ہے۔
___ فُلانًا : بدلہ دینا۔
___ الشِّعْرَ : شعر کہنا، نظم تیار کرنا۔
___ رِباطَہٗ : مرجانا۔
___ فی سَیْرِہٖ : چلتے ہوئے دائیں بائیں ہونا۔
اَقْرَضَہٗ : قرض دینا۔ اَقْرَضَہُ المالَ وغَیْرَہٗ واَقْرَضَہٗ مِن مالِہٖ۔
قارَضَہٗ مُقارَضَۃً وقِراضًا : قرض دینا (۲) تجارت کے لئے مال دے کر متعینہ شرائط کے ساتھ منافع میں شرکت کرنا (نفع ونقصان دونوں میں شریک ہونا)۔ مضاربت کرنا (۳) اچھا یا برا بدلہ دینا (زیادہ استعمال برے بدلہ کے لئے ہے)۔
___ فُلانًا الزِّیارَۃَ : کسی سے ملاقات کا تبادلہ کرنا (اسلئے ملنا کہ وہ بھی ملے)
اِقْتَرَضَ مِن فُلانٍ : قرض لینا۔
___ عِرْضَہٗ : کسی کی غیبت کرنا۔
اِنْقَرَضَ الشَیْءُ : منقطع ہونا، ختم ہونا۔
___ القَوْمُ : قوم کا نیست ونابود ہو جانا، صفحۂ ہستی سے مٹ جانا۔
تَقارَضا الشَیْءَ اوالاَمْرَ : تبادلہ کرنا لین دین کرنا۔ ھُما یَتَقارَضانِ الثَّناءَ : ایک دوسرے کی تعریف کرنا۔ الخَصْمانِ یَتَقارَضانِ النَّظَرَ : ایک دوسرے کو بنظر عناد دیکھنا۔ القَوْمُ یَتَقارَضُونَ الشِّعْرَ

لوگ باہم شعر گوئی کر رہے ہیں۔ ایک دوسرے کو شعر سنا رہے ہیں۔
اِسْتَقْرَضَ منه: کسی سے قرض طلب کرنا (۲) قرض کا تقاضا کرنا۔
الاِستِقْرَاضُ: قرضہ طلبی۔
الاِقْرَاضُ: قرضہ دہی۔
الاِنْقِرَاضُ: خاتمہ، انقطاع، معدومیت
التقریضُ: شاعری۔
القَارِضُ: حَیَوان قارِضٌ: دانتوں سے کترنے والا جانور، چوہا وغیرہ ج: قَوَارِضُ۔
القُرَاضَةُ: کترن، کترنے اور کاٹنے کے بعد گرے ہوئے ریزے، ٹکڑے (۲) مال کا ردی حصہ۔
قُرَاضَةُ الذَّهَب والفِضَّة: سونے چاندی کے ذرات، برادہ
قُرَاضَةُ الثَّوب: کترن، تراشے، کپڑوں کی کٹنگ کے وقت گرنے والی دھجیاں جو پھینک دی جاتی ہیں۔
قُرَاضَةُ الفَارِ: چوہے کے کترے ہوئے ریزے۔
القَرَّاضَةُ: بہت غیبت کرنے والا (۲) اون کترنے والا کیڑا۔
القَرْضُ: ادھار، قرض (وہ مال جو مدت معینہ میں واپسی کی شرط پر دیا جائے) (۲) وہ کام جس کا بدلہ مطلوب ہو (۳) پہلے کی ہوئی اچھائی یا برائی، اچھا یا برا عمل۔
القَرْضُ الحَسَنُ: وہ قرض جو کسی نفع یا تجارتی فائدہ کے بغیر دیا جائے۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا" اللہ کو قرض حسن دو (یعنی اخلاص کے ساتھ اللہ کی راہ میں اس کے احکام کے موافق خرچ کرنا ہی اس کو قرض حسن دینا ہے) ج: قُرُوضٌ۔

قَرْضٌ بدُونِ ضَمَانٍ: غیر ضمانتی قرض۔
قَرْضٌ بفائِدَةٍ: سودی قرض، لون
قَرْضٌ طَوِيلُ الاَجَل: طویل المیعاد قرض۔
قَرْضٌ قَصِيرُ الاَجَل: مختصر المیعاد قرض۔
قَرْضٌ بِضَمَانٍ: ضمانتی قرض۔
القِرْضُ: قرض۔
القَرِيضُ: شعر۔
المِقْرَاضُ: قینچی، قینچی کا ایک پھلکا، ج: مَقَارِيض (۲) ٹکٹ چیک کرنے کا کٹر (۳) قینچی کی طرح تیز زبان۔ لِسَانُ فُلانٍ مِقْرَاضُ الاَعْرَاضِ: فلاں کی زبان لوگوں کی بے آبروئی کرتی ہے۔
المِقْرَضُ: ابن مِقْرَض: نیولے جیسا ایک جانور۔
• قَرْضَبَ فُلانٌ: حریص ہو کر کھانا (۲) خشک چیز کھانا۔
___ الشَّيءَ: سختی سے کاٹنا۔
___ اللَّحْمَ: سارا گوشت کھا جانا۔
___ الذِّئبُ الشَّاةَ: بھیڑیے کا بکری کو چٹ کر جانا، مسلم کھا جانا۔
القِرْضَابُ: کھانے میں حریص و ندیدہ (۲) چور (۳) شیر (۴) ہڈی تک کو کاٹ دینے والی تیز تلوار ج: قَرَاضِبَةٌ۔
القُرَاضِبُ: ہر چیز کو ہڑپ کر جانے والا۔
القِرْضِبُ: چھلنی میں بچا ہوا بھوسا وغیرہ چھان، بورا، چھانش۔
• قَرْضَمَ الشَّيءَ: کاٹنا، لے کر چل دینا
• قَرَطَ الكُرَّاثَ ونحوَه: گندنا (لہسن جیسی ترکاری) کو چھوٹا چھوٹا کاٹنا، کترنا۔
قَرِطَت المِعْزَى ـَ قَرَطًا: بکری کا

کٹے ہوئے اور لٹکے ہوئے کانوں والی ہونا هو اَقْرَطُ وهي قَرْطَاءُ ج: قُرْطٌ
قَرَّطَ الجَارِيَةَ: لڑکی کو بالی پہنانا۔
___ السِّرَاجَ: چراغ کا گل جھاڑنا۔
___ الكُرَّاثَ ونحوَه في القِدْرِ: گندنا (ترکاری) کو ٹکڑے کر کے ہانڈی میں ڈالنا۔
___ فَرَسَهُ: گھوڑے کو ایڑ لگاتے وقت لگام کان کے پیچھے ڈالنا، اس طرح بھی کہتے ہیں: قَرَّطَ الفَرَسَ عِنَانَهُ۔
___ الخَيلَ: گھوڑے کو تیز جو کڑی بھرنے پر اکسانا، تیز دوڑانے کی کوشش کرنا
___ علَى فُلانٍ: تھوڑا تھوڑا دینا۔
___ عليه في الطَّلَبِ: کسی سے مطالبے میں سختی کرنا۔
___ اليه رَسُولًا: کسی کے پاس عجلت میں قاصد بھیجنا۔
___ بَطْنُهُ: پیٹ میں مروڑ اٹھنا۔
تَقَرَّطَتِ الجَارِيَةُ: بالیاں پہننا۔
القَارِيطُ: املی کا بیج۔
القِرَاطُ: چراغ (۲) چراغ کا شعلہ، لو (۳) آگ۔
القُرَاطَةُ: چراغ کی بتی کا گل (جلا ہوا حصہ جسے کاٹ دیا جاتا ہے)۔
القُرْطُ: کان کا زیور، بالی، جھمکا وغیرہ، ج: اَقْرَاطٌ وقِرَاطٌ وقُرُوطٌ وقِرَطَةٌ (۲) جھاڑ فانوس (۳) آگ کا شعلہ (۴) برسیم جیسی ایک گھاس
قُرْطَا النَّصْلِ: چھری وغیرہ کے پھل کی دو نوکیں۔
القَرْطُ: گندنا (لہسن کی شکل کی سبزی) کی ایک قسم۔
القِيرَاطُ: وزن اور پیمائش کی ایک مقدار جو مختلف زمانوں میں بدلتی رہی ہے،

اب وزن میں مساوی چار دانہ گندم ہونے میں مساوی تین دانہ گندم۔ پیمائش میں ہر چیز کا چوبیسواں حصہ، زمین کی پیمائش میں ایک سو پچھتر میٹر (۲) ڈھائی سینٹی میٹر (۳) انچ۔

• قَرِطَبَ فُلَانٌ: غضبناک ہونا۔ قَرْطَبَ عَلَيْهِ: کسی پر غصہ ہونا (۲) تیز دوڑنا

— فُلَانًا: گدی کے بل گرانا۔ طَعَنَهُ فَقَرْطَبَهُ: اسے نیزہ مار کر چت گرا دیا

— الجَزُوْرَ: مذبوح جانور کی ہڈیاں اور گوشت کاٹنا۔

تَقَرْطَبَ: گدی کے بل گرنا۔

القُرَاطِبُ: بہت زیادہ کاٹنے والی شے مثلاً تلوار۔

القُرْطَبُ: جنگلی گلاب۔

القُرْطَبِي: تلوار۔

قُرْطُبَةُ: اندلس کا مشہور شہر جہاں مسلمانوں نے عرصہ تک حکمرانی کی۔

• قَرْطَسَ: نشانہ بنانا، نشانہ پر پہنچنا۔

تَقَرْطَسَ: ہلاک ہونا۔

القِرْطَاسُ: نشانہ۔ رَمَى فَقَرْطَسَ: اس نے تیر پھینکا تو وہ نشانہ پر لگ گیا (۲) لکھنے کا کورا کاغذ (۳) کاغذ کی شیٹ (تختہ) (۴) ایک مصری چادر (۵) جوان اونٹنی، دراز قد گوری لڑکی (۶) وہ چوپایہ جس کی سفیدی میں آمیزش نہ ہو (۷) قیف نما مڑا ہوا کاغذ (جس میں دانے وغیرہ رکھ کر دیتے ہیں)۔ ج: قَرَاطِيسُ۔

القِرْطَاسِيَّةُ: اسٹیشنری، لکھنے کا سامان

• القَرْطَفُ والقَرْطَفَةُ: سرخ مخمل کی چادر۔

• قَرْطَقَهُ: کرتا پہنانا۔

تَقَرْطَقَ: کرتا پہننا۔

القُرْطَقُ: کرتا۔

• القَرْطَلُ والقَرْطَلَةُ: ٹوکری، تھیلا۔

القِرْطَالَةُ: پالان کے نیچے کا توگیر۔

• قَرْطَمَ الشيءَ: کاٹنا۔

— الخَفَّافُ الخُفَّ: موزہ ساز کا موزہ کی چونچ بنانا۔

— الشَّيءَ: پیوند لگانا، مرمت کرنا۔

القُرْطُمُ: زرد رنگ کے دانے جو بطور مسالا یا کھانے کو رنگین کرنے کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں، تخم عصفر، کڑکے بیج، اس سے سرخ رنگ بھی بنایا جاتا ہے۔

القُرْطُمَانُ: ماش کے مشابہ ایک غلہ کا نام۔

المُقَرْطَمُ: خِفَافٌ مُقَرْطَمَةٌ: وہ موزے جن کے کناروں پر دوہری پٹی سلی ہوئی ہو۔

• قَرَظَ القَرَظَ ـِ قَرْظًا: قرظ درخت کے پتے توڑ کر جمع کرنا۔ خَرَجَ يَقْرِظُ: وہ قرظ توڑنے کے لئے نکلا۔

— الجِلْدَ: چمڑے کی قرظ کے پتوں سے صفائی اور رنگائی کرنا، دباغت دینا

قَرَظَ السِّقَاءَ ونَحْوَهُ: مشک وغیرہ کو قرظ کے پتوں سے دباغت دینا۔

قَرُظَ فُلَانٌ ـُ قَرَظًا: (معمولی حیثیت کے بعد) بلند رتبہ ہو جانا۔

قَرَّظَ فُلَانًا: تعریف کرنا، سراہنا۔

— الكِتَابَ: کتاب پر تبصرہ کرنا، اس کی خصوصیات و محاسن بیان کرنا۔

تَقَارَظَا: ایک دوسرے کی تعریف کرنا۔ کہتے ہیں: هُمَا يَتَقَارَظَانِ۔

التَّقْرِيظُ: تعریف، کتاب پر تبصرہ۔

القَارِظُ: قرظ کے پتے جمع کرنے والا۔ کہاوت ہے: لَا يَكُونُ ذٰلِكَ حَتّٰى يَؤُوبَ القَارِظَانِ: ایسا کبھی نہیں ہوگا۔

القَرَّاظُ: درخت قرظ کے پتے بیچنے والا، برگِ سلم کا تاجر۔

القَرَظُ: درخت قرظ یا سلم) کیکر کے مشابہ درخت) جس کے پتوں سے چمڑے کی دباغت کی جاتی ہے۔ واحد: قَرَظَةٌ قرظ درخت اور پتے دونوں کیلئے مستعمل ہے۔

القَرَظَةُ: ایک قسم کا پھل۔

القَرَظِيُّ: أَدِيمٌ قَرَظِيٌّ: قرظ سے دباغت دی گئی کھال۔

• قَرَعَ الشيءَ ـَ قَرْعًا: چوٹ لگانا، (۲) بذریعہ قرعہ کوئی چیز لینا۔

— البَابَ: دروازہ کھٹکھٹانا۔

— رَاحِلَتَهُ بالسَّوطِ: کوڑا مارنا۔

— المُسِيءَ بالعَصَا وبالمِقْرَعَةِ: مجرم کو لاٹھی یا ڈنڈے سے پیٹنا۔

— الدَّلْوُ البِئْرَ: ڈول کا کنویں سے (پانی نہ ہونے کی بنا پر) ٹکرانا، آواز نکالنا۔

— الدَّهْرُ بِقَوَارِعِهِ: زمانہ کا مصیبتیں ڈھانا۔

— فُلَانًا أَمْرٌ: اچانک کسی کو کوئی بات پیش آنا۔

— بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا، بھالا مارنا۔

— الدَّابَّةَ بِلِجَامِهَا: جانور کو لگام کھینچ کر روکنا، قابو میں کرنا۔

— فُلَانًا بالحَقِّ: کسی پر حق نکالنا۔

— سَاقَهُ لِلْأَمْرِ: کسی کام کیلئے کوشاں ہونا اور اس کے لئے پختہ عزم کرنا۔

— لَهُ العَصَا: آگاہ کرنا، تنبیہ کرنا۔ مقولہ ہے: إِنَّ العَصَا قُرِعَتْ لِذِي الحِلْمِ: اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو تنبیہ پر آگاہ ہو جائے۔

— عَلَيْهِ سِنَّهُ: کسی چیز پر ندامت سے دانت پیسنا۔

قَرَعَ صِفاتِه: کسی کے عیوب ظاہر کرنا۔
ـــ الطَّبْلَ: ڈھول پیٹنا، بجانا۔
ـــ ضمیرَه: ضمیر کو جھنجھوڑنا، ملامت کرنا۔
قَرِعَ الفِناءُ ـَ قَرَعًا: صحن کا اہل خانہ سے خالی ہونا۔
ـــ مَاءُ البِئرِ: کنویں کا پانی ختم ہونا۔
ـــ فُلانٌ: گنجا ہونا۔ هو اَقْرَعُ و هي قَرْعاءُ ج: قُرْعٌ و قُرْعانٌ۔
ـــ النَّعامَةُ: بڑھاپے سے شترمرغ کے سر کے بال گرنا۔
ـــ الفَصِيلُ: اونٹ کے بچہ کا گردن اور پیروں کی پھنسیوں والا ہونا (جس سے بال گرجاتے ہیں)۔ هو قَرِعٌ و قَرِيعٌ ج: قَرْعَى۔
اَقْرَعَ الغَائِصُ والمَائِحُ: غوطہ خور کا زمین تک پہنچنا، تہ تک پہنچنا۔
ـــ المُسَافِرُ: مسافر کا منزل کے قریب آنا
ـــ الى الحَقِّ: حق پر آجانا۔
ـــ عن الشيءِ: باز رہنا، رک جانا۔
ـــ بَيْنَ القَومِ: لوگوں میں قرعہ ڈالنا (۲) لوگوں سے کسی چیز پر قرعہ ڈلوانا۔
ـــ فُلانا عن كذا: روکنا۔ اَقْرَعَ له روکنا، متنبہ کرنا۔
ـــ فُلانا: کلام سے مغلوب کرنا (۲) قرعہ میں مغلوب کرنا، محروم بنانا۔
ـــ الدَّابَّةَ: جانور کا لگام کھینچ کر روکنا
اَقْرَعَ الدَّابَّةَ بلجامِها: جانور کو لگام کھینچ کر قابو میں کرنا۔
ـــ الفَحْلَ: اونٹوں سے دور رکھنے کیلئے سانڈ کے پیروں میں رسّی باندھنا۔
ـــ فُلانًا: کسی کو اپنا عمدہ مال دینا۔
ـــ فُلانًا فَحْلًا: کسی کو عمدہ نسل کا نر اونٹ دینا۔
ـــ نَعْلَهُ: جوتے پر بھدا پیوند لگانا۔

اَقْرَعَ دارَهُ آجُرًّا: گھر میں اینٹوں کا فرش لگانا۔
قارَعَ الاَبْطالُ: لڑائی میں جانبازوں کا باہم شمشیر زنی کرنا، تلواروں سے مقابلہ کرنا۔
ـــ القَوْمُ: قرعہ اندازی کرنا۔ قارَعَهُ فَقَرَعَه: اس کے ساتھ قرعہ اندازی کی تو اسے مغلوب کردیا اور خود قرعہ میں کامیاب ہوگیا۔
ـــ فُلانًا بالرُّمحِ وغيرِه: کسی کو نیزہ مارنا۔
قَرَّعَ فُلانًا: لعن طعن سے کسی کو اذیت پہنچانا (۲) دھمکانا۔
ـــ المكانَ: جگہ کو خالی چھوڑنا۔
ـــ (الاَقْرَعَ: گنجے کا علاج کرنا۔
اِقْتَرَعُوا على شيءٍ: کسی چیز کے لئے قرعہ ڈالنا (۲) کسی چیز کے لئے ووٹ ڈالنا، رائے دینا۔ اِقْتَرَعوا فيما بينَهُمْ: آپس میں قرعہ اندازی کرنا
اقتَرَعَ الشيءَ: پسند کرنا، چھانٹنا۔
ـــ ضِدَّ فُلانٍ: کسی کے خلاف ووٹ ڈالنا۔
تَقارَعَ القَوْمُ: قرعہ اندازی کرنا (۲) باہم لڑنا، ایک دوسرے کو زدوکوب کرنا۔
ـــ القَوْمُ بالسُّيوفِ اوالرِّماحِ: تلواروں یا نیزوں سے باہم مقابلہ کرنا، لڑنا۔
تَقَرَّعَ الجِلْدُ: کھال کا گنج پن کے قریب ہونا، کھال کا چھلنا۔
ـــ الرَّجُلُ: بےچینی سے کروٹیں بدلنا
اِسْتَقْرَعَ الحافِرُ: کھر کا سخت ہونا۔
الاَقْرَعُ: گنجا (آدمی) (۲) چھال اتری ہوئی (لکڑی) (۳) بہت سخت۔

تُرسٌ اَقْرَعُ و سَيفٌ اَقْرَعُ: سخت و مضبوط ڈھال اور تلوار ج: اَقارِعُ و قُرْعٌ۔
الاِقْتِراعُ: قرعہ اندازی (۲) ووٹنگ، رائے دہی، رائے شماری، استصواب رائے، پرچہ اندازی۔
الاِقتِراعُ السِّرِّيُّ: خفیہ ووٹنگ۔
الاِقتِراعُ العَلَنِيُّ: کھلی ووٹنگ:
الاِقتِراعُ المُفرَدُ: انفرادی ووٹنگ
القارِعَةُ: قیامت (۲) مصیبت، حادثہ
قَرَعَتْهُمْ قَوارِعُ الدَّهْرِ: ان پر زمانہ کے مصائب ٹوٹ پڑے ج: قَوارِعُ۔ قَوارِعُ الرَّجُلِ: زبان درازیاں۔
قارِعَةُ الطَّرِيقِ: وسطِ راہ۔
القُراعُ: بال جھڑنے کی بیماری، گنجاپن
القَرّاعُ: لمبی چونچ کا ایک پرندہ جو لکڑی میں سوراخ کر کے کیڑے نکالتا ہے (۲) ڈھال (۳) سخت و ٹھوس۔
القَرّاعَةُ: چقماق، لائٹر۔
القَرْعُ: کدو، لوکی۔ واحد: قَرْعَةٌ۔ اس کے لئے دُبّاء کا لفظ زیادہ مستعمل ہے
القَرَعُ: گنج کی بیماری، گنجاپن (۲) اونٹ کے بچوں کی پھنسیوں کی بیماری (۳) زمین کا سپاٹ حصہ جہاں گھاس وغیرہ نہ اگتی ہو (۴) اونٹوں کی خارش (۵) خالی پڑی ہوئی شترگاہ، اونٹوں کا خالی باڑہ (۶) مقابلہ کی دوڑ کی آخری حد۔
القَرِعُ: بےچین جسے نیند نہ آتی ہو (۲) خراب ناخن والا۔ رَجُلٌ قَرِعٌ وظُفُرٌ قَرِعٌ۔
القَرْعاءُ: مؤنث الاَقْرَعِ (۲) باغ یا چراگاہ جس کی گھاس مویشیوں نے

صاف کر دی ہو۔ ج: قُرَعٌ۔ جَاءَ فُلَانٌ بِالسَّوْءَةِ الْقَرْعَاءِ: فلاں نے کھلے طور پر جرم کیا۔ (۳) مال واسباب تباہ کرنے والی آفت (۴) خراب ناخن۔

الْقَرْعَةُ: ایک چوٹ، ایک دفعہ کی تنبیہ یا کھٹکھٹاہٹ۔

الْقُرْعَةُ: حصہ (۲) قرعہ (۳) ووٹ۔ كَانَتْ لَهُ الْقُرْعَةُ اِذَا قَارَعَ أَصْحَابَهُ: وہ جب بھی اپنے ساتھیوں کے ساتھ قرعہ اندازی کرتا تھا اسی کے نام قرعہ نکلتا تھا یعنی وہی ان پر مقابلہ میں غالب رہتا تھا۔ اِلْقَاءُ الْقُرْعَةِ: قرعہ ڈالنا۔

الْقَرَعَةُ: سر کے بال اڑنے کی جگہ، گنج کی جگہ۔ ضَرَبَهُ عَلَى قَرَعَةِ رَأْسِهِ: اس کی گنجی کھوپڑی پر ضرب لگائی (۲) ڈھال۔

الْقَرِعَةُ: بنجر (زمین)۔

الْقَرَدَعُ: وہ بکری جس پر قرعہ اندازی کی جائے (۲) گھوڑے پانی والا کنواں

الْقَرِيْعُ: جفتی کے لئے منتخب کیا ہوا نر اونٹ جس کی نسل عمدہ ہو (۲) غالب (۳) اونٹ کا بچہ ج: قَرْعَى (۴) لڑائی میں مقابلہ کرنے والا (۵) سردار۔ فُلَانٌ قَرِيْعُ دَهْرِهِ: وہ اپنے زمانہ کا بڑا آدمی ہے۔ قَرِيْعُ الْكَتِيْبَةِ: فوجی دستہ کا افسر۔

الْمِقْرَاعُ: داغ دینے کا آہنی آلہ (۲) پتھر توڑنے کی ہتھوڑی۔

الْمُقْرِعَةُ: آفتِ زمانہ، مصیبت۔

الْمَقْرَعَةُ: کدو کا کھیت۔ اَرْضٌ مَقْرَعَةٌ: کدو اگانے والی زمین۔

الْمِقْرَعَةُ: کھٹکھٹانے یا مارنے کی چھڑی، کوڑا (۲) بچوں کے مکتب میں استاد کی قمچی ج: مَقَارِعُ۔

الْمَقْرُوْعُ: جوان اونٹ (۲) سردار (۳) گنجا۔

• قَرَفَ ـِ قَرْفًا: جھوٹ بولنا (۲) جھوٹ سچ ملانا، گڑبڑ کرنا۔

— لِعِيَالِهِ: ادھر ادھر سے اہل خانہ کے لئے کمائی کرنا۔

— الشَّيْءَ: گھٹیا چیز کی آمیزش کرنا۔

— فُلَانًا: کسی میں عیب نکالنا۔

— فُلَانًا بِكَذَا: کسی بات کا الزام لگانا۔

— الْجِلْدَ: کھال چھیلنا (۲) زخم کا کھرنڈ اتارنا۔

— الشَّجَرَةَ: درخت کی چھال اتارنا۔

— الذَّنْبَ: گناہ کرنا۔

قَرِفَ ـَ قَرَفًا: بیماری کے قریب ہونا۔ أَخْشَى عَلَيْكَ الْقَرَفَ: مجھے ڈر ہے کہ کہیں تم کو بیماری نہ لگ جائے۔

أَقْرَفَ الرَّجُلُ اَوِ الْفَرَسُ: مخلوط نسل کا ہونا (باپ عربی اور ماں غیر عربی یا برعکس)۔

— وَجْهُ فُلَانٍ: چہرہ کا سرخ چتّیوں والا ہونا۔

— الشَّيْءَ: کسی چیز کے قریب آنا یا اس کے ساتھ مل کر بدنمائی پیدا کرنا۔

— فُلَانًا: برائی کرنا۔

— الْمَرَضُ الرَّجُلَ: کسی کو دوسرے کی بیماری لگنا۔ مرض کا تعدیہ ہونا۔

أَقْرَفَهُ الْمَرِيْضُ: بیمار نے اسے چھوت لگا دیا۔

قَارَفَ الشَّيْءَ: کسی چیز کے قریب ہونا اور اس میں مبتلا یا ملوث ہونا۔

— الذَّنْبَ وَالْخَطِيْئَةَ: گناہ یا غلطی میں مبتلا اور آلودہ ہونا۔

قَارَفَ الْجَرَبُ الْبَعِيْرَ: اونٹوں کو خارش لگنا۔

اِقْتَرَفَ: کمانا۔

— لِعِيَالِهِ: بال بچوں کے لئے کمائی کرنا

— الْمَالَ: مال اپنے پاس رکھنا۔

— الذَّنْبَ: گناہ کا مرتکب ہونا، ارتکاب جرم کرنا۔

— فُلَانٌ مِنْ مَرَضِ فُلَانٍ: کسی کو کسی کی بیماری لگ جانا۔

تَقَرَّفَتِ الْقَرْحَةُ: زخم کا کھرنڈ اتر جانا۔

اِسْتَقْرَفَ مِنْهُ: متنفر ہونا۔

الْقَرَافَةُ: قبرستان (مصر میں قبرستان کا مجاور ایک یمنی قبیلہ تھا اسی کے نام پر یہ لفظ برائے قبرستان مستعمل ہو گیا)۔

الْقُرَافَةُ: درخت کا بکل، چھال۔

الْقَرْفُ: سرخ چمڑا۔ أَحْمَرُ قَرْفٌ: گہرا سرخ۔

الْقِرْفُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کی اوپر کی پرت (۲) درخت کا بکل، چھال (۳) انار وغیرہ کا چھلکا (۴) روٹی کا پاپڑ (۵) تنور میں لگا رہ جانے والا روٹی کا پاپڑ (۶) زمین سے اکھاڑی ہوئی سبزی اور جڑیں (۷) مشکیزہ کو لگی رہنے والی دودھ کی تلچھٹ (۸) ناک میں لگی رہنے والی خشک ریزش۔

الْقَرَفُ: آلودگی (۲) چھوت، تعدیۂ مرض (۳) وبا (۴) بیماری کی واپسی (۵) الزام تہمت ج: قِرَافٌ۔

الْقِرْفَةُ: دار چینی کی ایک قسم (جو کھانوں میں بطور خوشبو استعمال ہوتی ہے) (۲) انار کے چھلکوں کا بنایا ہوا دباغت کا مسالا، کھرنڈ (۳) کمائی (۴) بدنمائی، عیب (۵) تہمت (۶) نشانۂ تہمت۔ کہتے

ہیں: فُلَانٌ قِرفَتِي۔ بنو فُلَانٍ قِرْفَتِي: میرا گمان یہ ہے کہ فلاں قبیلہ کے پاس میری مطلوبہ چیز ہے (میرا کام ان سے ہو سکتا ہے)۔
القَرُوفُ: بڑا باغی و سرکش ج: قُرُفٌ۔
المَقْرُوفُ: وہ جگہ جہاں سے چھلکا یا چھال یا کھرنڈ اتار لیا گیا ہو۔
المُقْتَرِفُ لِلذَّنْبِ: مرتکب جرم۔
المُقْرِفُ: ناپسندیدہ (چہرہ) (۲) کمینہ بدذات (۳) وہ آدمی یا گھوڑا جس کے ماں باپ میں سے ایک عربی اور دوسرا غیر عربی ہو۔
• قَرْفَصَ: اکڑوں بیٹھنا (دونوں ہاتھ ٹانگوں کے اوپر سے باندھ کر بیٹھنا)
القُرْفُصَاءُ: اکڑوں بیٹھک (سرین کے بل بیٹھ کر دونوں رانوں کو پیٹ سے ملانا اور دونوں ہاتھوں کا پنڈلیوں کے اوپر حلقہ بنانا)۔
• قَرْفَطَ: چھوٹے چھوٹے قدم اٹھا کر چلنا۔
اِقْرَنْفَطَ: سکڑنا، سمٹنا۔
• قَرْفَلَ الطَّعَامَ: کھانے میں لونگ ڈالنا
المُقَرْفَلُ: لونگ پڑا ہوا، لونگ والا۔
• قَرَقَ ـِ قَرْقًا: فضول بات کرنا۔
قَرَقَتِ الدَّجَاجَةُ ـُ قَرْقًا: مرغی کا کڑکڑانا (انڈے سیتے وقت بولنا)۔
قَرِقَ ـَ قَرَقًا: میدان میں چلنا۔
قَرَّقَ: مذاق کرنا، شور مچا کر بولنا اور ہنسنا۔
قَرَّقَ الدَّجَاجَةَ: مرغی کو انڈوں پر بٹھانا۔
اِنْقَرَقَ الشَّيْءُ: پھٹ جانا۔
القَرْقُ: انڈوں پر بیٹھی ہوئی مرغی کی آواز
القِرْقُ: ہموار میدان (۲) چھوٹے لوگوں کی جماعت۔
القَرَقُ: ہموار جگہ جہاں پتھر نہ ہوں۔
القُرْقَةُ: مرغی کی کڑکڑاہٹ۔

• قَرْقَرَ فِي ضِحْكِهِ قَرْقَرَةً وقَرْقَرِيرًا: کھلکھلا کر ہنسنا، قہقہہ لگانا۔
ـــ الشَّرَابُ فِي حَلْقِهِ: گلے میں پینے کی چیز کا غٹر غٹر کرنا۔
ـــ البَطْنُ: بھوک یا کسی اور وجہ سے پیٹ بولنا، پیٹ گڑگڑانا۔
ـــ الدَّجَاجَةُ: مرغی کا خاص قسم کی آواز نکالنا (جیسے شیشی میں پانی اوپر سے ڈالنے کی آواز)۔
القُرَاقِرُ: خوش گلو حُدی خواں (اونٹوں کو عمدہ آواز سے گا گا کر ہنکانے والا)
القُرَاقِرَةُ: اونٹ کے بلبلانے کے وقت نکلنے والے جھاگ۔
القُرَاقِرِيُّ: بہت بلند آواز والا۔ حَادٍ قُرَاقِرِيٌّ: بہت خوش آواز حُدی خواں۔
القَرْقَارُ والقَرْقَارَةُ: اونٹ کی بلبلاہٹ (۲) لمبی گردن کا برتن۔
القَرْقَرُ: نرم نشیبی زمین (۲) ہموار وادی یا میدان جہاں نہ درخت ہوں نہ پتھر (۳) شہر کا گرد و نواح۔
القَرْقَرَةُ: کبوتر کی آواز غٹر غوں (۲) پیٹ کی آواز، قراقر (۳) زور کی ہنسی، قہقہہ (۴) چہرے کی کھال۔
القُرْقُورُ: لمبی اور شاندار بڑی کشتی، ج: قَرَاقِيرُ۔
القَرْقِيرُ: لمبی گردن والا برتن۔
• القِرْقِسُ: چھوٹے چھوٹے مچھر (۲) پسو کے مشابہ ایک کیڑا۔
القَرْقُوسُ: سخت اور صاف میدان جہاں درخت نہ ہوں۔
• القَرْقُوشَةُ: خستہ روٹی یا بسکٹ
• قَرْقَضَ عَلَى اسنانه: دانت پیسنا۔
• قَرْقَفَ المَبْرُودُ: سردی زدہ کا لرزنا

قَرْقَفَتْ ثَنَايَاهُ: دانت بجنا۔
قَرْقَفَ الحَمَامُ والفَحْلُ فِي الهَدِيرِ: کبوتر اور نر اونٹ کا زور سے آواز نکالنا۔
ـــ البَرْدُ فُلَانًا: سردی کا کسی کو لرزا دینا۔
تَقَرْقَفَ: سردی سے کانپنا اور دانت بجنا
القَرْقَفُ: شراب (۲) صاف ٹھنڈا پانی
القِرِلّى: ایک چھوٹے جسم کا پرندہ جو تیز نگاہ چوکنا اور شکار اچک لینے کا ماہر ہوتا ہے۔ اس کو مُلَاعِبُ ظِلِّهِ کہتے ہیں۔
اَلْمُنْقَطَعُ: (من الوادی وغیرہ) وادی کا آخری سرا۔

اَلْمَقْطُوعُ بِهِ: فیصلہ شدہ، حتمی۔

قَطَفَتِ الدَّابَّةُ ـُـ قِطَافًا: چوپائے کا سست ہونا، آہستہ چلنا۔ هُوَ أَقْطَفُ مِنْ أَرْنَبٍ: وہ خرگوش سے بھی زیادہ سست طبع ہے۔

ـــ الشَّيْءَ ـِـ قَطْفًا وقِطَافًا: کاٹنا (۲) اچکنا۔

ـــ الثَّمَرَ قَطْفًا: پھل توڑنا۔

ـــ رَأْسَهُ ورُؤُوسَ الْجَرَادِ: سر الگ کرنا۔

ـــ وَجْهَهُ: خراش لگانا۔

قَطُفَتِ الدَّابَّةُ ـُـ قُطُوفًا: چوپائے کا سست رفتار ہونا۔

أَقْطَفَ الْكَرْمُ: انگور توڑنے کا وقت آجانا۔

ـــ الْقَوْمُ: لوگوں کی انگور کی بیلیں پک جانا اور پھل توڑنے کے لائق ہوجانا۔

قَطَّفَهُ: مبالغہ در قَطَفَ۔

ـــ الْمَاءَ فِي الْخَمْرِ: شراب میں پانی ملانا۔

اقْتَطَفَ: قَطَفَ۔

ـــ الْكَلَامَ: کلام کا نچوڑ نکالنا۔

ـــ مُعَسَّلَتَهُ: شہد کے چھتے سے سارا شہد نکال لینا۔

الْقَطَائِفُ: میٹھی لقیاں، میٹھے سموسے (۲) سرخ رنگ کی کھجوریں۔

الْقِطَافُ: الْقِطْفُ: پھلوں کی ترائی کٹائی (۳) پھلوں کے توڑنے کا موسم۔

الْقُطَافَةُ: درخت کا کاٹا ہوا حصہ (۲) پھل توڑتے وقت نیچے گرے ہوئے پھل۔

الْقِطْفُ: ٹوٹے ہوئے پھل یا پھول (۲) توڑتے وقت کا (تازہ) انگور کا گچھا خوشہ۔ حدیث میں ہے: "يَجْتَمِعُ النَّفَرُ عَلَى الْقِطْفِ فَيُشْبِعُهُمْ": لوگ انگوروں کے خوشوں کے پاس اکٹھے ہوجاتے ہیں تو وہ ان کو شکم سیر کردیتے ہیں ج: قِطَافٌ وقُطُوفٌ۔

الْقَطَفُ: نشان، اثر (۲) ایک پہاڑی ساگ، پالک (۳) ایک مضبوط لکڑی کا درخت واحد: قَطَفَةٌ۔

الْقِطْفَةُ: ایک کانٹے دار جھاڑی۔

الْقَطُوفُ: سست اور بے ڈھنگی چال چلنے والا چوپایہ۔ غُلَامٌ قَطُوفٌ بھی کہتے ہیں ج: قُطُفٌ۔

الْقَطِيفُ: توڑا ہوا پھل۔

الْقَطِيفَةُ: جھالردار چادر یا کمبل (۲) مخمل (۳) مخمل جیسا سوتی کپڑا ج: قَطَائِفُ وقُطُفٌ۔

قَطِيفَةُ الْمَفْرُوشَاتِ: پلش، فرش کا ایک دبیز مخمل نما کپڑا۔

الْمَقْطَفُ: پھل چن کر رکھنے کی ٹوکری (۲) کھیتی وغیرہ کے کام کا ٹوکرا ج: مَقَاطِفُ۔

الْمِقْطَفُ: پھل توڑنے کی ڈنڈی دار درانتی (۲) گچھے کی جڑ۔

الْمُقَطَّفَةُ: چھوٹے قد کا آدمی۔

الْمُقْتَطَفُ: اقتباس، منتخب مضمون ج: مُقْتَطَفَاتٌ۔

قَطْقَطَتِ السَّمَاءُ: مسلسل بارش ہونا، جھڑی لگنا۔

ـــ الْقَطَاةُ والْحَجَلَةُ: قطا اور چکور

کا بولنا ۔ هي مُقطقطة۔
تَقَطْقَطَ الرَّجُلُ: لاپرواہ ہونا، خودسر ہونا (۲) کسی جگہ جانا ۔
ـــ الدَّلْوُ فی البِئرِ: کنویں میں ڈول تیزی سے اترنا ۔
القَطْقَاطُ: تیز رفتار ۔
القِطْقِطُ: لگاتار بارش، جھڑی (۲) چھوٹے چھوٹے اولے ۔
المُقَطْقَطُ: چھوٹی تیز نوک ۔
• قَطَلَهُ ـُ قَطْلاً: کاٹنا (۲) گردن پر مارنا ۔ هو مَقْطُولٌ و قَطِيلٌ
قَطَّلَهُ: ٹکڑے کرنا (۲) پچھاڑنا ۔
تَقَطَّلَ الجِذْعُ: تنہ کا جڑ سے کٹ جانا ۔
القَطِيلُ: کٹا ہوا ۔
القَطِيلَةُ: کپڑے کا ٹکڑا جس سے پانی خشک کیا جائے ۔ تولیہ وغیرہ ۔
المِقْطَلَةُ: کاٹنے کا اوزار ج: مَقَاطِل ۔
• قَطَمَهُ ـِ قَطْمًا: دانتوں سے کاٹنا (۲) کاٹنا، چکھنا ۔ کہتے ہیں: اقْطِمْ هٰذَا العُودَ فَانْظُرْ مَا طَعْمُهُ: اس لکڑی کو کاٹ کر دیکھو کیا ذائقہ ہے ۔
ـــ الشَّیْءَ بِأَطْرَافِ أَسْنَانِهِ: دانتوں کے کناروں سے کوئی چیز پکڑنا ۔
ـــ الفَصِيلُ النَّبْتَ: اونٹ کے بچہ کا منہ کے اگلے حصہ میں گھاس دبانا ۔ (جبکہ اسے کھانا اچھی طرح نہ آتا ہو)
قَطِمَ ـَ قَطَمًا: گوشت کی خواہش والا ہونا ۔ هو قَطِمٌ ۔
ـــ الصَّقْرُ إلی اللَّحْمِ: شکرہ کا گوشت کی خواہش کرنا ۔
قَطَّمَ الشَّارِبُ: پینے والے کا مشروب کو چکھ کر برا منہ بنانا ۔
القَطَامُ: شکرہ (جو گوشت بہت کھاتا ہو)

القَطَامِيُّ: تیز نظر، شکرہ (۲) معاملات میں خودسر، ہٹیلا، دوسروں کی رائے نہ ماننے والا (۳) تیز مشروب جسے پینے والا تیزی کی بنا پر منہ بنائے ۔
القُطَامِيُّ: شکرہ ۔
القُطَامَةُ: منہ سے کاٹ کر ڈال دیجانے والی چیز ۔
القَطِيمَةُ: روٹی وغیرہ کا ٹکڑا (۲) مٹھی بھر گیہوں (۳) ذائقہ بدلا ہوا دودھ
المِقْطَمُ: باز (شکاری پرندہ) کا پنجہ ج: مَقَاطِمُ ۔ أَنْشَبَ فِيهِ البَازِي مِقْطَمَهُ: باز نے اس کے پنجہ گڑو دیا ۔
المُقَطَّمُ: مصر کے شہر قاہرہ کے جانب مشرق میں واقع ایک پہاڑ ۔
• القِطْمِيرُ: کھجور کی گٹھلی پر چڑھی ہوئی باریک جھلی (۲) حقیر و معمولی چیز مَا أَصَبْتُ مِنْهُ قِطْمِيرًا: مجھے اس سے کچھ نہیں ملا ۔
• قَطَنَ فِي المَكَانِ و بِهِ ـُ قُطُونًا: رہنا، آباد ہونا، بسنا ۔
ـــ الرَّجُلَ: دھوکہ دینا ۔
قَطِنَ ظَهْرُهُ ـَ قَطَنًا: کمر جھکنا ۔ هو أَقْطَنُ ۔
قَطَّنَ الكَرْمُ: انگور کی بیل میں گرہیں نمودار ہونا ۔
ـــ فُلَانًا: بسانا، کسی جگہ آباد کرنا ۔
القَاطِنُ: رہائش پذیر، ساکن، باشندہ مقیم ۔
القَطَّانُ: روئی کا تاجر ۔
القِطَانُ: ہودج کی لکڑی ج: قُطُنٌ ۔
القَطَانَةُ: ہانڈی ۔
القُطْنُ: روئی، کپاس ج: أَقْطَانٌ ۔
القَطَنُ: پرندے کی دم کی جڑ (۲) انسان کی پیٹھ کا نچلا حصہ ۔

قَطَنُ النَّارِ: آگ کا پجاری (مجوسیوں آتش پرستوں کی) آگ کا منتظم ج: أَقْطَانٌ ۔
القِطْنَةُ: جگالی کرنے والے جانور کی پرت دار اوجھڑی ۔
القُطْنَةُ: روئی کا ٹکڑا، پھایہ ۔
القَطِنَةُ: دونوں کولہوں کے درمیان کا گوشت ۔
القُطْنِيُّ: روئی کا ۔ النَّسِيجُ القُطْنِيُّ: سوتی کپڑا ۔
القُطْنِيَّةُ: غلہ اور دالیں وغیرہ جو پکانے کے لئے گھر میں محفوظ کی جائیں ج: قَطَانِيُّ ۔
القَطِينُ: قَطِينُ الدَّارِ: اہل خانہ، مکان کے مکین ۔
قَطِينُ اللّٰهِ: حرم خداوندی کے باشندے ساکنان حرم ج: قُطُنٌ (۲) نوکر چاکر، خدام و مصاحبین (واحد و جمع دونوں کے لئے، یا اس کی جمع قُطُنٌ ہے) ۔
القَطِينَةُ: اہل خانہ، اہل خاندان ۔
القَيْطَانُ: ریشم یا سوت وغیرہ کی بٹی ہوئی ڈوری ۔
القَيْطُونُ: خواب گاہ، شبستان ۔
المَقْطَنَةُ: روئی کا کھیت ۔
اليَقْطِينُ: وہ پودا جس کا تنہ (ساق) نہ ہو جیسے ککڑی، کھیرا، کدو (۲) کدو کی بیل (۳) گول کدو یا گھیا کدو (آخر کا استعمال زیادہ ہے) واحد يَقْطِينَةٌ
• قَطَا ـُ قَطْوًا و قُطُوًّا: بھاری قدموں سے چلنا (۲) پھرتی کے ساتھ قدم ملا کر چلنا ۔
ـــ القَطَاةُ: قطا کا بولنا ۔
تَقَطَّى: دیر کرنا، سست رفتار ہونا ۔
ـــ لِأَصْحَابِهِ: ساتھیوں کو فریب دینا
ـــ الفَرَسَ: گھوڑے کے آخری حصہ پر

سوار ہونا۔
تَقَطَّى بِوَجْهِهِ عنه: کسی سے منہ پھیرنا
القَطَى: بکریوں کی ایک بیماری۔
القَطَاةُ: فاختہ کی ایک قسم، بھٹ، تیتر۔
ج: قَطًى وقَطَوَات (۲) پچھلے سوار کے بیٹھنے کی جگہ۔
القَطَوَانُ: بھاری قدموں سے چلنے والا، قدم ملا کر چلنے والا۔
القَطَوْطَى: چھوٹے پاؤں والا جو پاؤں ملا کر چلتا ہو۔

ق ــــ ع

•قَعَّبَ كلامَهُ وفيه: منہ کھول کر حلق سے بولنا۔
ــ الشيءَ: پیالہ نما بنانا۔
القَعْبُ: بڑا اور موٹے دل کا پیالہ ج: قِعَابٌ وأَقْعُبٌ (۲) قَعْبُ الكلام: کلام کی گہرائی۔
القُعْبَةُ: پہاڑ کا گڑھا۔
القَعِيبُ: بڑی تعداد۔
المُقَعَّبُ: پیالہ نما۔
•قَعْبَلَ: زمین پر پاؤں مارتے ہوئے چلنا (ایسے جیسے زمین کھود رہا ہو)۔
القَعْبَلُ: دودھ دوہنے کا برتن۔
القِعْبِلُ، القَعْبَلُ۔
القُعْبُول: بکرے کی ڈاڑھی۔
المُقَعْبَلُ: رَجُلٌ مُقَعْبَلُ القَدَمَيْنِ: وہ شخص جس کے پاؤں کے اگلے حصے قریب اور پچھلے حصے دور دور ہوں۔
•قَعَثَ لَهُ مِنَ الشيءِ ـَ قَعْثًا وقَعْثَةً: کسی کو تھوڑی چیز دینا
ــ الشيءَ قَعْثًا: جڑ سے اکھیڑنا۔
أَقْعَثَ في مالِهِ: فضول خرچی کرنا۔
ــ في العَطِيَّةِ ولَهُ في العَطِيَّةِ والعَطِيَّةَ: کسی کو خوب دینا۔

انْقَعَثَ الشَّجَرُ ونَحْوُهُ: اکھڑ جانا
ــ البِناءُ: عمارت کا جڑ سے گرنا، جڑ تک گر جانا۔
القُعَاث: بکریوں کے ناک کی ایک بیماری۔
القَعِيثُ: زبردست سیلاب یا زبردست بارش، موسلا دھار بارش۔
•قَعَدَ ـُ قُعُودًا: (کھڑے ہوئے کا) بیٹھنا۔
ــ الفَسِيلَةُ: پودے کا تنہ نکلنا۔
ــ لِلأَمْرِ: کسی کام پر توجہ دینا اور اس کے لئے تیار ہونا۔
ــ بِفُلانٍ: کسی کو (کھڑے ہوئے کو) بٹھانا (۲) حوصلہ پست کرنا۔
ــ بِقِرْنِهِ: کسی کا ہم پلّہ ہونا۔
ــ عنِ الأَمْرِ: پیچھے ہٹنا، چھوڑنا۔
ــ المَرْأَةُ عنِ الحَيْضِ والوَلَدِ: کسی عورت کو نہ حیض آنا نہ اولاد ہونا۔
ــ النَّخْلَةُ: درخت خرما پر ایک سال پھل آنا اور ایک سال نہ آنا
ــ يَفْعَلُ كذا: کوئی کام کرنے لگا
ــ لَهُ: کسی کی تاک میں ہونا۔
قَعِدَ البَعِيرُ ونَحْوُهُ ـَ قَعَدًا: اونٹ کے پیر میں ڈھیلا پن ہونا۔
هو أَقْعَدُ۔
أَقْعَدَ بِالمَكانِ: کسی جگہ قیام کرنا۔
أُقْعِدَ فُلانٌ وجَمَلٌ: ایسی بیماری لگنا جو چلنے سے روک دے۔
أَقْعَدَ فُلانًا: بٹھانا۔
ــ الهَرَمُ فُلانًا: بڑھاپے کا کسی کو اپاہج کرنا، چلنے پھرنے سے معذور کر دینا۔
ــ فُلانًا آباؤُهُ: آباؤ اجداد کی خست و دنارت کی وجہ سے کسی کا شرف و عزت سے محروم ہونا۔
ــ فُلانٌ أَباهُ: کسی کا اپنے باپ کو کسب معاش سے بے فکر کر دینا، خود ذمہ لینا۔

قَاعَدَهُ: کسی کے ساتھ بیٹھنا، کسی کا ہم نشین ہونا۔
قَعَّدَهُ عن كذا: کسی چیز سے روکنا۔
ــ أَباهُ: باپ کو آرام سے بٹھا دینا اور خود کسب معاش وغیرہ میں لگنا، باپ کی کفالت کرنا۔
ــ القاعِدَةَ: ضابطہ بنانا۔
اقْتَعَدَ الدَّابَّةَ ونَحْوَها: چوپائے کو سواری بنانا۔
ــ فُلانًا عن كذا: روکنا۔
تَقَاعَدَ عنِ الأَمْرِ: کسی کام کو نظر انداز کرنا، دلچسپی نہ لینا، چھوڑ بیٹھنا۔
ــ بِفُلانٍ: کسی کو حق سے روکنا، کسی کا حق نہ دینا
ــ المُوَظَّفُ عنِ العَمَلِ: ملازمت وغیرہ سے ریٹائر ہونا، سبکدوش ہونا۔
تَقَعَّدَهُ: کسی کو اس کے کام سے روکنا۔
ــ مَوْلاهُ: کسی کا اپنے آقا کا حکم بجا لانا۔
ــ عنِ الأَمْرِ: کسی کام کو چھوڑ دینا، دست بردار ہونا۔
الإِقْعَادُ: چلنے پھرنے سے روکنے والی بیماری، اپاہج پن، گٹھیا۔
التقاعُدُ: ریٹائرمنٹ، ترک عمل، سبکدوشی، پنشن یابی۔
مَعَاشُ التقاعُدِ: پنشن، وظیفہ
القاعِدُ: بیٹھنے والا، سست ج: قُعُودٌ
القاعِدُ عنِ الأَمْرِ: کام میں سست پست ہمت۔ قرآن پاک میں ہے: "لَا يَسْتَوِي القَاعِدُونَ مِنَ المُؤْمِنِينَ غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ والمُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ" (۲) وہ عورت جسے حیض نہ آتا ہو جسکے

اولاد نہ ہوتی ہو یا جس کا شوہر نہ رہا ہو ج: قَوَاعِدُ. قرآن پاک میں ہے: "وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَاءِ" (۳) غلہ سے بھرا ہوا گون (بوری).

الْقَاعِدَةُ: عمارت کی بنیاد (۲) ضابطہ (امر کلی جس پر جزئیات منطبق کی جائیں) (۳) عمارت کی کرسی (۴) نمونہ طرز (۵) اڈہ ج: قَوَاعِد.

قَاعِدَةُ الْبِلَادِ: ملک کا صدر مقام.

الْقَاعِدَةُ الثَّابِتَةُ: مقررہ ضابطہ.

الْقَاعِدَةُ الْبَحْرِيَّةُ: بحری اڈہ.

الْقَاعِدَةُ الْجَوِّيَّةُ: فضائی اڈہ.

الْقَاعِدَةُ الْعَسْكَرِيَّةُ: فوجی اڈہ

الْقَاعِدِيُّ: بنیادی، اصولی.

الْقُعَادُ: اپاہج پن، چلنے پھرنے سے روکنے والی بیماری. کہتے ہیں: بِهِ قُعَادٌ (۲) اونٹوں کے کولہوں کی بیماری.

الْقِعَادُ: بیوی.

الْقَعَدُ والْقَعَدَةُ: لڑائی میں شریک نہ ہونے والے، گھروں میں بیٹھے رہ جانے والے. خوارج کے ایک فرقہ کا نام جو تحکیم کو برحق سمجھتا تھا اور جنگ کرنے کا قائل نہیں تھا.

الْقَعْدَةُ: انسان کے بیٹھنے کے بقدر جگہ (۲) سجدہ کے بعد کی بیٹھک (جلسہ). بِئْرٌ قَعْدَةٌ: وہ کنواں جس کی لمبائی بیٹھے ہوئے انسان کے بقدر ہو. ذو الْقَعْدَة: قمری سال کا گیارہواں مہینہ. یہ نام اس لئے رکھا گیا کہ عرب لوگ اس مہینہ میں گھر بیٹھ جاتے تھے، نہ سفر کرتے تھے نہ لڑائی وغیرہ ج: ذَوَاتُ الْقَعْدَةِ.

الْقُعْدَةُ: وہ چیز جس پر بہت بیٹھا جائے جیسے زین وغیرہ (۲) چرواہے کی سواری جس پر وہ اپنا سامان وغیرہ رکھتا ہے (۳) خاص سواری کے لئے مخصوص جانور جیسے گھوڑا گدھا.

الْقُعَدَةُ: سست آدمی جو اپاہجوں کی طرح پڑا رہتا ہو.

قُعَدَةٌ ضُجَعَةٌ: ہر وقت پڑا رہنے والا یا بیٹھے رہنے والا.

الْقُعْدِيُّ: عاجز، معذور، نکما، سست و کاہل.

الْقَعَدِيُّ: خوارج کا نظریۂ قعد رکھنے والا.

الْقَعُودُ: چھٹے سال تک کی عمر کا اونٹ کا بچہ (۲) نوجوان اونٹ ج: اَقْعِدَةٌ و قُعُدٌ.

الْقَعِيدُ: ہم نشین (۲) محافظ (واحد و جمع اور مذکر و مؤنث کے لئے) قرآن پاک میں ہے: "عَنِ الْيَمِينِ وعن الشِّمَالِ قَعِيدٌ" (۳) باپ (۴) وہ ٹڈی جس کے بازو ابھی پورے نہ نکلے ہوں.

قَعِيدُ النَّسَبِ: جد اکبر سے قریبی تعلق والا. کہتے ہیں: قَعِيدَكَ لَتَفْعَلَنَّ كَذَا: میں تم کو باپ کی قسم دیتا ہوں کہ تم ایسا ضرور کرو.

قَعِيدَكَ اللهَ: میں تمہیں اللہ کا واسطہ دیتا ہوں، میں اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ تمہارا محافظ ہو.

الْقَعِيدَةُ: عورت (۲) بیٹھنے کی بنوں کی بنی ہوئی گدی (۳) بوری، تھیلا ج: قَعَائِدُ.

الْمُتَقَاعِدُ: پنشنر، ریٹائرڈ، وظیفہ یاب.

الْمَقْعَدُ: (مصدر) بیٹھک، بیٹھنا. قرآن پاک میں ہے: "فَرِحَ الْمُخَلَّفُونَ بِمَقْعَدِهِمْ خِلَافَ رَسُولِ اللهِ" (۲) بیٹھنے کی جگہ، سیٹ، بینچ، ج: مَقَاعِدُ. قرآن پاک میں ہے: "وَأَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ".

الْمَقْعَدُ الطَّوِيلُ: بینچ. مَقْعَدُ الْقَاضِي: کرسی عدالت. هُوَ مِنِّي مَقْعَدَ الْقَابِلَةِ وَمَقْعَدَ الْخَاتِنِ: وہ مجھ سے بہت قریب ہے.

مَقْعَدُ السِّرْوَالِ: پاجامہ کا ردمال.

مَقَاعِدُ الْمَجْلِسِ النِّيَابِيِّ: پارلمنٹری سیٹیں.

الْمُقْعَدُ: اپاہج، چلنے پھرنے سے معذور (۲) لنگڑا (۳) تنا ہوا ابھرواں پستان (۴) وہ گدھ جسے پکڑ کر پر کھینچ لئے گئے ہوں (۵) وہ اشعار جن کے ہر بیت میں زحاف ہو (علم عروض میں زحاف بحروں کے ارکان کے تغیر کو کہتے ہیں)

مُقْعَدُ الْأَنْفِ: بڑی ناک والا.

مُقْعَدُ الْحَسَبِ: غیر معزز آدمی، معمولی خاندان کا آدمی.

مُقْعَدُ النَّسَبِ: چھوٹے نسب والا.

الْمَقْعَدَةُ: آدمی کا نچلا حصہ (۲) قطا (بھٹ یا تیتر) کا چھوٹا بچہ جو ابھی اڑنا نہ جانتا ہو (۳) مینڈک (۴) پاخانہ کرنے کا برتن.

الْمُقْعَدَةُ: کھجور کے پتوں کی ٹوکری (۲) بے پانی کا کنواں.

الْمُقْعَدَاتُ: قطا کے چھوٹے بچے.

الْقُعْدُدُ والْقُعْدَدُ: بزدل (۲) گمنام اور بے حیثیت آدمی.

• قَعَرَتِ الشَّاةُ ـ قَعْرًا: بکری کا ناتمام بچہ گرانا.

ـــ الْبِئْرَ: کنویں کی گہرائی تک پہنچنا.

ـــ الشَّجَرَةَ ونَحْوَهَا: جڑ سے

اکھاڑنا۔
قَعَرَ الاِناءَ: برتن کا سب کچھ تلی تک پی جانا۔
ــــ فُلانًا: پچھاڑنا۔
قَعُرَت البئرُ وغیرُھا ــُـ قَعَارَةً: کنواں گہرا ہونا۔
قَعَّرَ: گہرائی میں جانا (مخفی نتیجہ معلوم کرنے کے لئے) (۲) حلق پھاڑنا، چیخ کر بولنا۔
ــــ البئرَ ونحوھا: گہرا کرنا۔
ــــ الشئَ: کسی چیز میں تلی لگانا۔
اِنْقَعَرَ: جڑ سے اکھڑ جانا۔ ھو مُنْقَعِرٌ قرآن پاک میں ہے: "تَنْزِعُ النَّاسَ کَاَنَّھُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ مُنْقَعِرٍ"
ــــ الرَّجُلُ عن مَالٍ لَهُ: اپنا مال چھوڑ کر مرجانا۔
تَقَعَّرَ: اُلٹ جانا، پچھڑ جانا (۲) گہرا ہونا (۳) تلی دار ہونا، پٹخا ہوا ہونا (ضد تَحَدَّبَ)۔
ــــ فی کلامِه: کلام کی گہرائی میں جانا (۲) حلق پھاڑ کر بولنا۔
القَعْرُ: ہر کھوکھلی چیز کی نچلی سطح، پیندا، تلی، آخری تہ، گہرائی۔ جَلَسَ فی قَعْرِ بَیْتِه: وہ گوشہ نشین ہو گیا، گھر ہی میں رہنے لگا۔
قَعْرُ الفَمِ: منھ کا اندرونی حصہ۔
القَعْرَانُ: گہرا۔ اِناءٌ قَعْرَانُ۔
القَعْرَةُ: قَصْعَةٌ قَعِرَةٌ: وہ پیالہ جس میں تلی کو ڈھانکنے کے بقدر چیز ہو
القَعْرَةُ: وہ چیز جو پیالہ کی تلی کو ڈھانک لے
القُعْرَةُ: گڑھا۔
القَعُورُ: گہرا جس کی تلی دور ہو۔
القَعِیرُ: گہرا۔ ھی قَعِیرَةٌ (مؤنث کے لئے قَعِیرٌ بھی ہے)۔
المِقْعَارُ: حلق پھاڑ کر بولنے والا۔
قَدَحٌ مِقْعَارٌ: گہرا پیالہ۔
المُقَعَّرُ: گہرا (۲) تلی یا پیندے والا۔
• قَعَسَ الشئُ ــَـ قَعْسًا: پیچھے ہونا، پیچھے کی طرف لوٹنا۔
ــــ الشئَ: موڑنا۔
قَعِسَ ــَـ قَعَسًا: نکلے ہوئے سینے اور دھنسی ہوئی پیٹھ والا ہونا (کبڑے پن کی ضد)۔
ــــ الفَرَسُ: گھوڑے کی پیٹھ کا ہموار ہونا اور پچھلے حصہ کا اونچا ہونا۔
ــــ فُلانٌ: باعزت ہونا، مضبوط ہونا، ھو اَقْعَسُ وھی قَعْسَاءُ ج: قُعْسٌ۔
تَقَاعَسَ: سینہ نکالنا۔
ــــ عن الاَمْرِ: کسی کام سے پیچھے ہٹنا ہمت نہ کرنا۔
ــــ عن المَسْئُولِیَّةِ: ذمہ داری سے ہٹنا، ذمہ داری سے سبکدوش نہ ہونا، سست پڑنا۔
ــــ الفَرَسُ ونَحْوُهُ: گھوڑے وغیرہ کا قابو سے باہر ہونا۔
ــــ العِزُّ: عزت کا پائیدار و مستحکم ہونا۔
تَقَعَّسَت الدَّابَّةُ: چوپائے کا جم کر کھڑا ہو جانا۔
اِقْعَنْسَسَ الرَّجُلُ: سینہ باہر نکلنا اور پیٹھ اندر ہونا (۲) پیچھے ہونا پیچھے لوٹنا۔
ــــ الفَرَسُ ونَحْوُهُ: تَقَاعَسَ
القُعَاسُ: گردن کا خم (بیماری) جس سے وہ پیچھے کی طرف جھکتی ہے (۲) بکریوں کی ایک بیماری۔
القَعْسُ: سڑی ہوئی مٹی۔
القَعْسَاءُ: عِزَّةٌ قَعْسَاءُ: پائیدار و مستحکم عزت۔
• قَعْسَرَ: سخت و مضبوط ہونا۔
قَعْسَرَ علیه: کسی پر قابو یافتہ ہونا۔
ــــ الشئَ: سختی سے پکڑنا۔
القَعْسَرُ: چھوٹا ابتدائی تربوز (۲) مضبوط و موٹا اونٹ۔
القَعْسَرِیُّ: مضبوط و موٹا اونٹ (۲) قدیم عِزٌّ قَعْسَرِیٌّ: پرانی یا خاندانی عزت و بلندی۔
• قَعَشَ البِنَاءَ وغَیْرَه ــَـ قَعْشًا: گرانا، منہدم کرنا۔
ــــ الشئَ: جمع کرنا۔
ــــ العُودَ: لکڑی کو موڑنا۔
القَعْشُ: ہودج نما عورتوں کی پالکی۔
• قَعَصَهُ ــَـ قَعْصًا: تیزی سے نیزہ مارنا (۲) موقع پر ہی مار ڈالنا۔
قُعِصَت الدَّابَّةُ: چوپائے کو سینہ کی بیماری ہونا۔ قُعِصَ الرَّجُلُ بھی کہتے ہیں، ھو مِقْعَاصٌ۔
قَعَصَت الشَّاةُ ــَـ قَعْصًا: بکری کا دودھ دوہنے والے کو مارنا اور دودھ نہ دینا۔ ھی قَعُوصٌ۔
قَاعَصَهُ: کسی کو زیر کرنا، مغلوب کرنا۔
القُعَاصُ: سینہ کی بیماری۔
• قَعْضَبَهُ: بیخ و بن سے اکھاڑنا۔
القَعْضَبُ: سخت اور دلیر۔
القَعْضَمُ: کمزور (۲) بوڑھا پوپلا۔
• قَعَطَ الشئُ ــَـ قَعْطًا: خشک ہونا
ــــ فُلانٌ: بزدل ہونا (۲) زور سے چیخنا۔
ــــ علی غَرِیْمِه: مقروض پر سخت تقاضا کرنا۔
ــــ الشئَ: کھولنا (۲) ضبط کرنا۔
ــــ فُلانًا: دھتکارنا، باہر نکالنا۔
ــــ الدَّابَّةَ: زور سے ہنکانا۔
قَعِطَ ــَـ قَعَطًا: ذلیل و رسوا ہونا۔
اَقْعَطَ فُلانٌ: زور سے چیخنا۔
ــــ القَوْمُ عنه: کسی کے پاس

ہٹ جانا۔
اَقْعَطَ فِي القَولِ: فحش گوئی کرنا۔
— فی اَثَرِہ: شدومد کے ساتھ کسی کا پیچھا کرنا۔
— فُلَانًا: کسی کی توہین وتذلیل کرنا۔
قَعَّطَ فِي القَولِ: بیہودہ بات کرنا۔
— علٰی غَرِیْمِہ: قرض دار سے بشدت تقاضا کرنا۔
— الدَّابَّۃَ: سختی سے ہانکنا۔
تَقَعَّطَ: تکبر کرنا، سخت ہونا۔
— السَّحَابُ: بادل کھل جانا۔
القَعَّاطُ: بڑا متکبر۔
المِقْعَطُ: سر کو باندھنے کا کپڑا۔
• قَعَّہُ ـ قَعًّا: کسی سے نڈر ہوکر بولنا۔
اَقَعَّ القَومُ: کھدائی کرنا اور کھاری پانی پر پہنچ لگانا۔
القُعَاعُ: انتہائی کھاری پانی۔
القُعُّ: القُعَاعُ۔
قَعَفَہُ ـ قَعْفًا: جڑ سے اکھیڑنا۔
— المَطَرُ الحِجَارَۃَ: بارش کا پتھروں کو سختی سے ہٹا دینا۔
— فِي الإِنَاءِ: برتن کا سارا پانی وغیرہ پی لینا۔
— الدَّابَّۃُ التُّرَابَ: چوپائے کا سخت قدموں سے مٹی کو اکھاڑ کر اڑانا۔
قَعِفَ ـ قَعَفًا: گرنا۔
اِقْتَعَفَ الشَّیْءُ: جڑ سے اکھڑ کر گر جانا۔
اِنْقَعَفَ البِنَاءُ و اِنْقَعَفَ الجُرُفُ: عمارت جڑ سے گر جانا، پانی کا کنارہ گر جانا۔
— المَطَرُ الحِجَارَۃَ: بارش کا پتھروں کو اکھاڑ دینا۔
— الشَّیْءَ: بے تابی سے لینا۔
قَاعِفٌ: شدید بارش۔

القُعَافُ: سَیْلٌ قُعَافٌ: زبردست سیلاب جو سب کچھ بہا لے جائے۔
• قَعْفَزَ فِي المَشْيِ: چھوٹے قدموں سے چلنا۔
— لَہُ الکَلَامَ: دھمکی دے کر کسی کو اپنے سے دور کرنا۔
تَقَعْفَزَ: اکڑوں بیٹھنے والے کی طرح بیٹھنا، اونٹ کا بیٹھنا۔
اِقْعَنْفَزَ: اس طرح بیٹھنا جیسے کودنے کے لئے تیار ہو۔
• قَعْقَعَ الشَّيْءُ: کسی چیز میں حرکت کی بنا پر زوردار آواز ہونا، کڑکنا، گرج ہونا، گونج ہونا، جھنکار ہونا
— الرَّعْدُ: رعد کی گونج ہونا۔
— السِّلَاحُ: ہتھیاروں کی جھنکار ہونا۔
— فِي الأَرْضِ: سفر کرنا، جانا۔
— الشَّيْءَ اليَابِسَ و قُعْقِعَ بِہ: خشک چیز کو ہلا کر آواز نکالنا۔
— القِدَاحَ: جوا کھیلتے وقت تیروں کو گھمانا پھرانا۔
قَعْقَعَتْ عُمُدُ القَومِ: لوگوں کا رخت سفر باندھنا، شد رحال کرنا۔
فُلَانٌ لَا یُقَعْقَعُ لَہُ بِالشِّنَانِ: فلاں نہ دھوکا کھاتا ہے اور نہ خوف۔
تَقَعْقَعَ الشَّيْءُ: زور کی آواز پیدا ہونا گونجنا (۲) حرکت کرنا (۳) ڈولنا۔
— بِہِم الزَّمَانُ: لوگوں کے لئے زمانہ کا ناساز گار ہونا۔
القُعَاقِعُ: کڑک دار، بہت آواز والا
القَعْقَاعُ: وہ شخص جس کے چلنے کے وقت پیروں کی ہڈیاں چٹخنے کی آواز سنائی دے (۲) ہتھیاروں کی آواز، جھنکار (۳) کپکپی کا بخار (۴) سوکھی کھجور (۵) دشوار گذار راستہ

القَعْقَعُ: سفید و سیاہ لمبی دم کا کوا، عقعق۔
القَعْقَعَۃُ: کڑک، گرج، گونج، جھنکار، سخت چیز کے حرکت ہونے یا حرکت دینے کی آواز (۲) سفید وسیاہ دم والے کوے کی آواز ج: قَعَاقِعُ۔
• أَقْعَلَ: شگوفہ کا کھلنا۔
اِقْتَعَلَ: شگوفے یا پھول چننا۔
القُعَالُ: انگور کا شگوفہ۔
القَاعِلَۃُ: بلند پہاڑ۔
القَعِیلُ: نر خرگوش۔
القَوْعَلَۃُ: پہاڑی، ٹیلہ۔
• قَعَمَ السِّنَّوْرُ ـ قَعْمًا: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
قَعِمَ ـ قَعَمًا: طاعون جیسی مہلک بیماری میں مبتلا ہو کر فوراً ہی مر جانا۔
— الأَنْفُ: ناک کا ٹیڑھا ہونا۔ قَعِمَ فَمُہُ بھی کہتے ہیں۔ ھو اَقْعَمُ و ھی قَعْمَاءُ ج: قُعْمٌ۔
القُعْمَۃُ: مال کا منتخب حصہ چھٹا ہوا بہترین مال ج: قُعَمٌ۔
اَقْعَمَہُ: سانپ کا ڈس کر فوراً ہی مار ڈالنا۔
• قَعِنَ الأَنْفُ ـ قَعَنًا: ناک کا انتہائی چھوٹا ہونا۔ ھو اَقْعَنُ ج: قُعْنٌ
القَعْنُ: آٹا گوندھنے کی تغاری، کونڈا
قَعْنَبَ الأَنْفُ: ناک کا ٹیڑھا ہونا۔
• اِقْعَنْبَی الرَّجُلُ: اٹھنے کے ارادہ سے ہاتھ زمین پر ٹیک کر سرین اوپر اٹھانا
القُعْنُبُ: ٹیڑھی ناک۔
• قَعِيَ ـ قَعًا: ناک کی اوپر اٹھی ہوئی نوک والا ہونا۔ ھو اَقْعَی و ھی قَعْوَاءُ ج: قُعْیٌ۔
اَقْعَی فِي جُلُوسِہ: پنڈلی اور ران ملا کر کھڑی کرنا اور کولہوں پر بیٹھنا۔
— الکَلْبُ و نَحْوُہُ: کتے وغیرہ کا

پچھلی ٹانگوں کو زمین پر پھیلا کر سرین پر بیٹھنا اور اگلی ٹانگوں کو کھڑا کرنا۔
اَقْعَی الاَنْفُ: ناک بلند اور جھکے ہوئے بانسے والی ہونا۔
— فَرَسَهُ: گھوڑے کو واپس لیجانا۔
القَعْوُ: لکڑی کی چرخی (جس پر رسّی گھومتی ہے)۔
القَعْوَةُ: چڈھا، ران کی جڑ۔
القَعْوانِ: لکڑی یا لوہے کے دو ٹکڑے جن کے درمیان محور پر چرخی گھومتی ہے ج: قُعِیٌّ۔
القَعْوَاءُ: پتلی رانوں یا پتلی پنڈلیوں والی
• قَعْوَلَ: اس طرح چلنا جیسے قدموں سے مٹی اٹھا رہا ہو۔

ق — ف

• قَفِئَتِ الاَرْضُ ـَ قَفْئًا: کسی زمین کے نباتات کا بارش یا مٹی کی وجہ سے خراب ہو جانا۔
• قَفَحَ عنِ الشَّیْءِ وقَفَحَهُ ـَ قَفْحًا: نفرت کرنا، برا سمجھنا، ناپسند کرنا۔
— الشَّیْءَ: کسی چیز کو دوا کی طرح پھانکنا
• قَفَخَ ـَ قَفْخًا: مارنا (کھوکھلی شے پر)۔
القَفِیخَةُ: ایک قسم کا کھانا۔
• قَفَدَ لِفُلانٍ ـِ قَفْدًا: کسی کا کام کرنا۔
— فُلانًا: گدی پر تھپڑ مارنا۔
قَفِدَ کُلُّ ذِی عُنُقٍ ـَ قَفَدًا: ڈھیلی یا موٹی گردن والا ہونا۔
— الرَّجُلُ: کمزور ہو کر جوڑ ڈھیلے پڑ جانا (۲) پنجوں کے بل چلنا۔ هو اَقْفَدُ و هی قَفْداءُ ج: قُفْدٌ۔
• قَفَرَ الاَثَرَ ـُ قَفْرًا: نشان تلاش کرنا اور اس پر چلنا۔
قَفِرَ المالُ ـَ قَفَرًا: مال کم ہونا۔
قَفِرَ الرَّأْسُ: سر کے بال کم ہونا۔ هو قَفِرٌ۔
— المَرْأَةُ: کم گوشت (دبلی) ہونا هی قَفِرَةٌ۔
— الطَّعامُ: روٹی وغیرہ کا بغیر سالن ہونا۔
اَقْفَرَ الرَّجُلُ: بیابان کی طرف جانا (۲) روکھی روٹی کھانا (۳) بھوکا ہونا (۴) اہل وعیال سے الگ ہو کر تنہا رہنا۔
— الطَّعامُ: خوراک بلا سالن ہونا۔
— المَکانُ مِنَ النّاسِ والرَّأْسُ مِنَ الشَّعْرِ: خالی ہو جانا۔
— فُلانٌ البَلَدَ: شہر کو خالی پانا۔
اِقْتَفَرَ الاَثَرَ: نشان تلاش کرنا، نشان پر چلنا۔
تَقَفَّرَ الاَثَرَ: اِقْتَفَرَ۔
القَفارُ: خالی، ویران، اجاڑ، بے آب گیاہ (۲) روکھی (روٹی) بے سالن کھانا۔
القَفْرُ: بے آب وگیاہ زمین، غیر آباد و ویران جگہ۔ دارٌ قَفْرٌ: خالی گھر نَزَلْنا بِبَنی فُلانٍ فَبِتْنا القَفْرَ: ہم نے فلاں قبیلہ کے یہاں قیام کیا لیکن انہوں نے ہماری ضیافت نہیں کی (۲) جنائی کے لئے ماں سے الگ کیا جانے والا ابل۔ ج: قِفارٌ
القَفْرَةُ: ویران وغیر آباد زمین۔
المِقْفارُ: خالی یا ویران جگہ۔
المُقْفِرُ: بال بچوں سے الگ رہنے والا (۲) ویران جگہ کی طرف جانے والا (۳) خالی، ویران۔
• قَفَزَ الظَّبْیُ ونَحْوُهُ ـِ قَفْزًا و قَفَزانًا: کودنا، اچھلنا، چھلانگ لگانا۔
قَفَزَ فُلانٌ: مرنا۔
قَفِزَ الفَرَسُ ـَ قَفَزًا: گھوڑے کی اگلی ٹانگوں کا کہنیوں تک سفید ہونا هو اَقْفَزُ۔
تَقافَزُوا: کودنے میں باہم مقابلہ کرنا، باہم مل کر کودنا، چھلانگیں لگانا۔
تَقَفَّزَتِ المَرْأَةُ بالحِنّاءِ: عورت کا ہاتھ پیروں پر مہندی لگانا۔
القافِزُ: چھلانگ مارنے والا۔
القافِزَةُ: تیز رفتار گھوڑا (۲) مینڈک ج: قَوافِزُ۔
القَفْزُ: چھلانگ۔
القَفْزَةُ: ایک جست، ایک چھلانگ۔
القِفِزَّی: اچھل کود۔
القُفّازُ: دستانہ ج: قَفافِیزُ۔
القُفَّیْزَی: بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک لکڑی رکھ کر اس کو پھلانگتے ہیں
القَفِیزُ: قدیم زمانہ کا ایک پیمانہ جس کی مقدار ملکوں میں مختلف ہوتی رہی ہے مصر میں جدید استعمال کے مطابق سولہ کیلو گرام کے برابر کوئی چیز یا ایک سو چوالیس ہاتھ کے بقدر لمبی چیز (۲) نالا بند کرنے کا وہ سوراخ جس میں اس کی نوک داخل ہوتی ہے۔ ج: اَقْفِزَةٌ و قُفْزانٌ۔
• قَفَسَ الرَّجُلُ ـِ قَفْسًا: مرنا
— الشَّیْءَ: زبردستی بطور غصب چھیننا
— فُلانًا: کسی کے بال پکڑ کر نیچے کو کھینچنا۔
— الظَّبْیَ: ہرن کے اگلے پیر باندھنا۔
قَفِسَ ـَ قَفَسًا: ناک کے بانسے کی نوک کا بڑا ہونا۔ هو اَقْفَسُ و هی قَفْساءُ ج: قُفْسٌ۔
تَقافَسَ الرَّجُلانِ بِشُعُورِهِما ایک دوسرے کے بال پکڑ کر کھینچنا

الاَقْفَشُ : ہر لمبی اور جھکی ہوئی چیز (۲) وہ شخص جس کی ماں عربی اور باپ غیر عربی ہو۔ عَبْدٌ اَقْفَشُ : کمینہ غلام۔ هي قَفْشَاءُ ج : قُفْشٌ
• قَفَشَ الرَّجُلُ ـِ قَفْشًا : کھانے میں چست و سرگرم ہونا، تیزی سے کھانا۔
ــــ الشَّيْءَ : لینا۔
ــــ فُلاَنًا بالعَصَا او بالسَّيْفِ : کسی کو لاٹھی یا تلوار مارنا۔
ــــ النَّاقَةَ : تیزی سے دوہنا۔
اِقْتَفَشَ العَنْكَبُوتُ و نَحْوُهُ : مکڑی کا جال میں داخل ہو کر سمٹ جانا۔
اِنْقَفَشَ العَنْكَبُوتُ و نَحْوُه : اِقْتَفَشَ۔
القَفْشُ : بسرعت کھانے کی ایک کیفیت (۲) چھوٹا موزہ۔
القَفَشُ : بدکار، چور۔
• قَفَصَ ـِ قَفْصًا : پھرتیلا اور چلبلا ہونا (۲) چڑھنا، بلند ہونا۔
ــــ الاَشْيَاءَ : چیزوں کو ادھر اُدھر سے سمیٹ کر جمع کرنا۔
ــــ الظَّبْيَ : ہرن کی ٹانگوں کو ملا کر باندھنا۔
ــــ اليَعْسُوبَ : شہد کی مکھیوں کے سردار کو دھاگا باندھ کر چھتے میں روکنا۔
ــــ المَرَضُ او البَرْدُ فُلاَنًا : تکلیف دینا۔
قَفِصَ الفَرَسُ ـَ قَفَصًا : گھوڑے کا دوڑنے کی پوری طاقت صرف نہ کرنا
ــــ فُلاَنٌ : معدہ کی تیزابیت اور حلق کی سوزش والا ہونا۔
ــــ اَصَابِعُ فُلاَنٍ من البَرْدِ : سردی سے انگلیوں کا ٹھٹھر جانا، سکڑ جانا۔
هو قَفِصٌ ج : قَفْصَى۔

قَفَّصَ الظَّبْيَ و نَحْوَهُ : ہرن وغیرہ کی ٹانگیں ملا کر باندھنا۔
ــــ الثَّوْبَ : کپڑے پر دھاریاں ڈالنا
تَقَافَصَ الشَّيْءُ : گتھ جانا، ملا ہوا ہونا
تَقَفَّصَ : سمٹنا، اکٹھا ہو جانا۔
القَافِصَةُ : بہت اونچی پہاڑی ج : قَوَافِصُ۔
القُفَاصُ : ایک بیماری جس سے چوپاؤں اور بکریوں کے ہاتھ پیر سوکھ جاتے ہیں۔
القِفَاصَةُ : پنجرے بنانے کا پیشہ (۲) کھجور کے پتوں کی ٹوکریاں بنانے کا کام۔
القَفَصُ : پنجرہ ج : اَقْفَاصٌ (۲) غلہ وغیرہ رکھنے اور منتقل کرنے کا برتن۔
قَفَصُ الاتّہام او قَفَصُ المُجْرِمِين عدالتی کٹہرا جس میں ملزمان کھڑے ہوتے ہیں۔
القَفَّاصُ : پنجرے بنانے والا۔
القَفِيصُ و القَفِيصَةُ : ہل کے اجزا میں سے ایک آہنی جز۔
المُقَفَّصُ : بندھی ہوئی ٹانگوں والا (۲) دھاری دار کپڑا (۳) پنجرہ میں بند (پرندہ)۔
• قَفَطَهُ بِخَيْرٍ ـِ قَفْطًا : اچھا بدلہ دینا، انعام دینا۔
القُفْطَانُ : آگے سے چاک ڈھیلا اور بڑا کرتہ جس پر جبہ پہنا جاتا ہے
• قَفَعَهُ ـَ قَفْعًا بالمِقْفَعَةِ : چھڑی مارنا۔
ــــ فُلاَنًا عن كذا : کسی چیز سے روکنا۔
قَفِعَ فُلاَنٌ ـَ قَفَعًا : ہمیشہ سر جھکائے رکھنے والا ہونا۔

قَفِعَ الاُذُنُ : کان کا سکڑنا اور کناروں کا مڑ جانا۔
ــــ الرِّجْلُ : پیر کی انگلیوں کا سکڑا ہوا ہونا (نیچے کی طرف کو جھکا ہوا ہونا)۔
ــــ الكَبْشُ او الشَّاةُ : مینڈھے یا بکری کا چھوٹی دم والا ہونا۔ هو اَقْفَعُ و هي قَفْعَاءُ ج : قُفْعٌ
قَفَّعَ البَرْدُ او الدَّاءُ اَصَابِعَهُ : سردی یا بیماری کا انگلیوں کو اینٹھ دینا یا خشک کر دینا۔
ــــ الشَّيْءَ : (کھجور کے پتوں کی) ٹوکری میں رکھنا۔
اِنْقَفَعَ النَّبَاتُ : گھاس کا سوکھ کر سخت ہو جانا۔
ــــ عن الشَّيْءِ : رک جانا۔
تَقَفَّعَ فُلاَنٌ : قَفِعَ (۲) سکڑنا۔
القُفَاعُ : انگلیاں اینٹھنے کی بیماری۔
القَفْعُ : سنگ بار آلۂ جنگ، قدیم زمانہ میں موجودہ ٹینک کی طرح ایک گاڑی ہوتی تھی جس میں آدمی چھپ کر بیٹھتے تھے اور اس سے قلعہ پر سنگ باری کرتے تھے یا قلعہ کی دیوار میں نقب لگاتے تھے۔
القَفْعَاءُ : انگوٹھی کی طرح کے حلقوں والی ایک گھاس۔
القَفْعَةُ : کھجور کے پتوں کی ٹوکری کنڈی جو اوپر سے تنگ اور نیچے سے کشادہ ہوتی ہے ج : قِفَاعٌ۔
المِقْفَعَةُ : انگلیوں پر مارنے کی چھڑی۔
• قَفَّ الشَّيْءُ ـِ قَفًّا و قُفُوفًا : سکڑنا۔
ــــ الثَّوْبُ : کپڑے کا دھونے کے بعد خشک ہو جانا۔
ــــ الشَّعْرُ : ڈر کی وجہ سے بالوں کا

کھڑا ہو جانا۔

قَفَّ الصَّيْرَفِيُّ: صراف کا انگلیوں میں دبا کر درہم چرا لینا۔

۔۔۔ الْأَرْضُ: زمین کی سبزی کا سوکھ جانا

۔۔۔ فُلَانٌ: خوف زدہ ہونے سے کپکپی طاری ہو جانا۔

أَقَفَّتِ الْعَيْنُ: آنکھ کے آنسو ختم ہو جانا اور سیاہی بلند ہونا۔

۔۔۔ السَّائِمَةُ: چرنے والے جانوروں کا چراگاہوں کو خشک پانا۔

۔۔۔ الدَّجَاجَةُ: مرغی کا انڈے دینے سے رک جانا۔

القَفُّ: کسی چیز کی پشت۔

القُفُّ: پست قد (۲) سخت پتھروں والا زمین کا بلند حصہ (۳) زبردست سیاہ بادل، کالی گھٹا (۴) کلہاڑی کا سوراخ (جس میں اس کا دستہ داخل کیا جاتا ہے) (۵) گھٹیا درجہ کے لوگ۔

القَفَّافُ: انگلیوں میں چوری سے درہم دبا لینے والا صراف (۲) ٹوکریاں بنانے والا۔

القَفَّانُ: جماعت، گروہ (۲) کسی چیز کا وقت، موسم (۳) کسی چیز کی انتہائی کھوج۔ أَتَيْتُهُ عَلَى قَفَّانِ ذٰلِكَ: میں اس کے پاس فلاں چیز کے پیچھے آیا۔

القَفَّةُ: چھوٹے جثہ کا آدمی (۲) بخار کا لرزہ، کپکپی۔

القُفَّةُ: کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری ڈلیا، زنبیل (۲) ایک گول چھوٹی کشتی جس کا استعمال عراق میں ہوتا ہے (۳) پھل رکھنے کا ٹوکرا۔

القِفَّةُ: بخار کی سردی، لرزہ (۲) نوزائیدہ بچہ کے پیٹ سے نکلنے والا پہلا فضلہ۔

القَفِيفُ: سبزی یا نباتات جو خشک ہو گئی ہوں۔

• قَفْقَفَ: سردی سے دانت بجنا اور جبڑے ہلنا۔

۔۔۔ النَّبْتُ: نبات کا سوکھ جانا۔

تَقَفْقَفَ: قَفْقَفَ۔

القَفْقَافُ: سوکھی گھاس۔

القَفْقَفُ: جبڑا۔ تثنیہ: قَفْقَفَانِ۔

قَفْقَفَا الطَّائِرِ وَ الظَّلِيمِ: پرندے اور شتر مرغ کے بازو۔

• قَفَلَ الفَرَسُ ـِ قُفُولًا: گھوڑے کا چھریرا ہونا۔

۔۔۔ الجِلْدُ او الشَّجَرُ: کھال یا درخت کا سوکھ جانا۔

۔۔۔ من السَّفَرِ و نَحْوِه: لوٹنا۔

۔۔۔ في الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔

۔۔۔ الطَّعَامَ قَفْلًا: کھانے کی چیزوں کا ذخیرہ کرنا (۲) گراں بیچنے کے لئے اسٹاک کرنا۔

۔۔۔ الشَّيْءَ: تخمینہ کرنا، اندازہ لگانا۔

۔۔۔ القَوْمَ بِعَيْنِهِ: نگاہوں سے تعاقب کرنا۔

أَقْفَلَ الجَيْشُ: فوج کا واپس ہونا۔

۔۔۔ البَابَ: دروازہ بند کرنا، تالا لگانا۔

۔۔۔ القَوْمَ من مَبْعَثِهِم: لوگوں کو سفر سے واپس بلانا (جہاں بھیجے گئے تھے وہاں سے)۔

۔۔۔ عَلَى كذا: کسی بات پر لوگوں کو اکھٹا کرنا، متحد کرنا۔

۔۔۔ في الطَّرِيقِ: لوگوں کا نگاہوں سے تعاقب کرنا۔

۔۔۔ الشَّيْءَ: خشک کرنا، سکھانا۔

۔۔۔ الصُّنْبُورَ و النُّورَ: پانی کی ٹونٹی یا لائٹ بند کرنا۔

۔۔۔ المُؤَسَّسَةَ والحِسَابَ: ادارہ یا حساب کو بند کرنا۔

أَقْفَلَ العَطَشُ او الصَّوْمُ فُلَانًا: پیاس یا روزہ کا کسی کو خشکی سے نڈھال کر دینا۔

۔۔۔ الحَدِيثَ مع احَدٍ: کسی سے بات چیت بند کرنا۔

۔۔۔ المَالَ: یکبارگی کل مال دیدینا۔

تَقَفَّلَ في الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔

قَفَّلَ: بند کرنا، تالا ڈالنا۔

استقفلت يدا فلان: بخیل ہونا۔

القَافِلُ: دبلا (۲) سفر سے لوٹنے والا (۳) خشک (کھال)۔

القَافِلَةُ: سفر میں جانے والی یا سفر سے واپس آنے والی بہت سے لوگوں کی جماعت جو زاد راہ کے علاوہ سواری کے جانور اور سامان ضرورت لئے ہوئے ہو۔ کارواں ج: قَوَافِل

القَفَّالُ: قفل ساز یا قفل فروش۔

القَفْلُ: سوکھا درخت۔

القُفْلُ: تالا، قفل (۲) کنجوس ج: أَقْفَالٌ و قُفُول۔

القَفْلَةُ: یکبارگی بہت مال دینے کا عمل۔

القُفَلَةُ: ہر سنی ہوئی بات کو محفوظ رکھنے والا، پیٹ میں بات رکھنے والا (۲) صحیح گمان کرنے والا جس کا گمان ہمیشہ صحیح ہوتا ہو۔

القَفِيلُ: خشک کھال یا خشک درخت (۲) کوڑا (۳) تنگ گھاٹی۔

القِيفَالُ: ہاتھ میں کہنی کے قریب ایک رگ جس کی فصد لی جاتی ہے۔

المُتَقَفِّلُ: رَجُلٌ مُتَقَفِّلُ اليَدَيْنِ: کمینہ بخیل۔

المُقْفَلُ: بند، تالا لگا ہوا۔

مُقْفَلُ اليَدَيْنِ: انتہائی کنجوس۔

• قَفَنَ الرَّجُلُ ـِ قُفُونًا: مرنا۔

۔۔۔ الكَلْبُ: کتے کا کسی چیز میں منہ ڈالنا

۔۔۔ الشَّيْءَ قَفْنًا: کسی چیز پر لاٹھی یا کوڑا لگانا

قَفَنَ الشَّاةَ و نَحْوَها: بکری وغیرہ کو گدی کی طرف سے ذبح کرنا۔
— رَأْسَهُ: سر کاٹ کر الگ کر دینا۔
قَفَّنَ رَأْسَهُ: سر بالکل الگ کر دینا۔
اِقْتَفَنَ الشَّاةَ و نَحْوَها: گدی کی طرف سے ذبح کرنا۔
القَفَّانُ: محاسبہ کرنے والا سربراہ (۲) ایک قسم کی ترازو۔ دیکھئے: قَبَّان۔
القَفَنُ و القَفَنُّ: گدی، سر کا پچھلا حصہ۔
القِفَنُّ: گنوار، اکھڑ، اجڈ۔
القَفِينَةُ: گدی کی طرف سے ذبح کی ہوئی بکری یا اونٹنی۔
• قَفَاهُ ـُـ قَفْوًا: کسی کی گدی پر مارنا
— الشَّاةَ و نَحْوَها: گدی کی طرف سے ذبح کرنا۔
— الشيءَ او الأثَرَ: پیچھا کرنا، پیچھے پڑنا، ٹوہ میں لگنا۔ قرآن پاک میں ہے "لَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ"
— اللّٰهُ اَثَرَه: اللہ کا کسی کے اثر و نشان کو مٹا دینا۔
— فُلانًا بِأمْرٍ: کسی کو کسی معاملہ کیلئے خاص کرنا۔
— فُلانًا: بری تہمت لگانا۔
— السَّيْلُ العُشْبَ: سیلاب کا گھاس کو مرجھا دینا، خراب کر دینا۔
• قَفِيَ ـَـ قَفْيًا: قَفَا۔
اَقْفَى الرَّجُلُ: چیدہ و پسندیدہ کھانا کھانا۔
— بِه: اعزاز کرنا۔
— فُلانًا بِأمْرٍ: کسی کام کے لئے کسی کو مخصوص کرنا۔
— فُلانًا على غيرِه: کسی پر ترجیح دینا۔
قَفَّى على الشَّيْءِ: کسی چیز پر پوری طرح قابو پانا یا اسے دور کرنا۔

قَفَّى الشِّعْرَ: شعر کا قافیہ بنانا۔
— فُلانًا و بِه: کسی کے پیچھے چلانا۔ نقش قدم پر چلانا۔
قَفَّى على اَثَرِه بِفُلانٍ: کسی کے پیچھے کسی کو چلانا، پیچھے لگانا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَقَفَّيْنَا عَلَى آثَارِهِمْ بِعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ"
اِقْتَفَاهُ: کسی کے پیچھے چلنا، نقش قدم پر چلنا۔
— الشيءَ: منتخب کرنا۔
— فُلانًا بِأمْرٍ: کسی کو کسی کام کیلئے منتخب کرنا، مخصوص کرنا۔
— بِفُلانٍ: کسی کا تابع ہو جانا، کسی کے ساتھ مخصوص و وابستہ ہو جانا
تَقَافَى النَّاقَةَ: اونٹنی کی پیٹھ پر سوار ہونا
— الأكَمَةَ: ٹیلہ پر چڑھنا۔
— فُلانًا: کسی پر بہتان لگانا۔
تَقَفَّى بِه: خیر مقدم کرنا، اکرام کرنا۔
— الدَّابَّةَ بِالعَصَا: چوپائے کو پیچھے سے گدی پر مارنا۔
— فُلانًا: کسی کے پیچھے چلنا، تابع ہونا
— الشيءَ: پسند کرنا، منتخب کرنا۔
اِسْتَقْفَاهُ: لوٹنے کے لئے کسی کا پیچھا کرنا۔
التَّقْفِيَة: قافیہ بندی، کلام کی آخری حرف سے مطابقت۔
القَافِيَةُ: گردن کا پچھلا حصہ (۲) ہر چیز کا آخری حصہ (۳) شعر میں وہ حروف جو ایسے متحرک حرف سے شروع ہوں جس سے اس شعر کے آخر کے دو ساکن حرفوں میں ایک ملا ہوا ہو جیسے يُذْمَمْ۔ (فعل مضارع مجزوم) میں یا متحرک ہے اور اس سے ملی ہوئی ذال ساکن اول اور میم ثانی آخری حرف ساکن ہے

جیسا کہ زہیر کے شعر:
وَمَنْ يَكُ ذَا فَضْلٍ فَيَبْخَلْ بِفَضْلِه
على قَومِه يُسْتَغْنَ عنه و يُذْمَمِ
میں ہے، یا بیت کا آخری کلمہ ج: قَوَافٍ۔
القَفَا: گدی (گردن کا پچھلا حصہ (مذکر و مؤنث) قَفَاء بالمد بھی بولا جاتا ہے (۲) ہر چیز کا پچھلا حصہ ج: اَقْفَاءٌ و قُفِيٌّ۔
لا اَفْعَلُه قَفَا الدَّهْرِ: میں یہ کبھی نہیں کروں گا۔
رُدَّ الشَّيْخُ على قَفَاه و رُدَّ قَفًا: زیادہ بوڑھا ہو جانا۔
القَفَاوَةُ: ترجیح (۲) ضیافت کا سامان (۳) مہمان کی آؤ بھگت۔
القَفْوُ: بارش سے پہلے کا غبار (۲) بارش کی بہائی ہوئی مٹی سے نباتات کی خرابی۔
القِفْوَةُ: منتخب چیز۔ هو قِفْوَتِي کہتے ہیں (۲) سامان ضیافت۔
القُفْيَةُ: شکار کے لئے شکاری کے چھپنے کا گڑھا۔
القَفِيُّ: مہمان معزز (۲) طعام ضیافت (۳) منتخب دوست یا بھائی، اعزاز کنندہ۔
القَفِيَّةُ: خصوصیت (۲) کونہ، گوشہ (۳) گدی کی طرف سے ذبح کی ہوئی بکری۔ هو قَفِيَّةُ آبائِه: وہ بھلائی میں اپنے اسلاف کا پیرو کار ہے
• قَفَى الرَّجُلَ ـِـ قَفْيًا: گدی پر مارنا
المُقَفَّى: قافیہ بند۔
• القَاقُلَّة: الائچی (دانہ اور بوٹی)۔

ق ـــــ ل

• قَلَبَ الشيءَ ـِـ قَلْبًا: الٹنا، پلٹنا (نیچے کا اوپر کرنا، دائیں کا بائیں کرنا،

اندر کا باہر کرنا یا اس کے برخلاف) برعکس کرنا، اوندھا کرنا (۲) حالت بدلنا۔
قَلَبَ الْاَمْرَ ظَهْرًا لِبَطْنٍ: الٹ پلٹ کر دیکھنا (جانچنا، آزمانا)۔
— التَّاجِرُ السِّلْعَةَ: سامان کو خوب جانچنا۔
— عَيْنَه وحملاقه: غصہ ہونا آنکھ دکھانا۔
— فُلَانًا عَمَّا يُرِيْدُ: کسی کو اس کے ارادہ سے باز رکھنا۔
— اللّٰهُ فُلَانًا اِلَيْهِ: موت دینا۔
— لِلْقَوْمِ قَلِيْبًا: کنواں کھودنا۔
— الدَّاءُ فُلَانًا: بیماری کا دل پر اثر کرنا۔
— الْقَوْمَ: لوگوں کو واپس کرنا۔
— الْمُعَلِّمُ الصِّبْيَانَ: معلم کا بچوں کو گھر واپس بھیجنا۔
— الْاَرْضَ لِلزِّرَاعَةِ: کاشت کیلئے زمین کریدنا، زمین میں ہل چلانا۔
قَلِبَ الرَّجُلُ ـَ قَلَبًا: الٹے ہوئے ہونٹ والا (ڈھیلے لٹکے ہوئے ہونٹ والا) ہونا۔ قَلِبَتِ الشَّفَةُ بھی کہا جاتا ہے۔ هو اَقْلَبُ وهي قَلْبَاءُ ج: قُلْبٌ۔
قُلِبَ فُلَانٌ: بیماری دل کا شکار ہونا۔ هو مَقْلُوْبٌ۔
— الدَّابَّةُ: چوپائے کا دل کی بیماری سے مرجانا۔
اَقْلَبَ الْخُبْزُ: تنور یا توے پر روٹی کا الٹے جانے کے قابل ہونا۔
— الْقَوْمُ: لوگوں کے اونٹوں کو دل کی بیماری لاحق ہوجانا۔
— الْعِنَبُ: انگور کا اوپر سے خشک ہوجانے کی وجہ سے پلٹا جانا۔

اَقْلَبَ الْخُبْزَ: روٹی کو دوسری طرف سے سینکنے کے لئے پلٹنا۔
اَقْلَبَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ: اللہ کا کسی کو موت دینا۔
قَلَّبَ الشَّيْءَ: اچھی طرح الٹ پلٹ کرنا بالکل پلٹ دینا۔
— الْاُمُوْرَ: معاملات کے تمام پہلوؤں پر غور کرنا، چھان بین کرنا، جانچ پڑتال کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَقَلَّبُوْا لَكَ الْاُمُوْرَ"
— كَفَّيْهِ: کف افسوس ملنا، نادم ہونا
— الْاَمْرَ عَلٰى وُجُوْهِهِ الْمُخْتَلِفَةِ: مختلف پہلوؤں پر غور کرنا۔
— الْمَوَازِيْنَ: توازن بگاڑنا۔
اِنْقَلَبَ: پلٹنا، الٹنا، اوندھا ہونا، برعکس ہونا، الٹا ہونا (۲) لوٹنا، واپس ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ"
— ظَهْرًا لِبَطْنٍ: پلٹ جانا، نیچے اوپر ہوجانا، زیروزبر ہوجانا۔
تَقَلَّبَ فِي الْاُمُوْرِ: معاملات کو حسب منشا چلانا، کرتا دھرتا ہونا۔
— فُلَانٌ يَتَقَلَّبُ فِيْ اَعْمَالِ السُّلْطَانِ وَفِيْ نِعْمَائِهِ: فلاں سلطان کے معاملات اور انعام واکرام میں دخیل ومختار ہے (جو چاہتا ہے کرتا ہے)
— فِي الْبِلَادِ: ملکوں یا شہروں میں گھومنا۔
— الشَّيْءُ: پلٹنا، متغیر ہونا۔ قَلَّبَ کا فعل مطاوع۔
— الرَّجُلُ فِي الْفِرَاشِ: بستر پر کروٹیں بدلنا، بے کل اور بے چین ہونا۔

الْاِنْقِلَابُ: تبدیلی (۲) نظام حکومت کی اچانک تبدیلی (سیاسی یا فوجی انقلاب) (۳) جغرافیا دانوں کے نزدیک وہ وقت جس میں سورج کی عمودی شعاعیں سرطان کے مدار پر ہوتی ہیں، اسے گرمائی انقلاب کہتے ہیں جو ۲۱ جون سے ہوتا ہے یا وہ وقت جس میں سورج کی عمودی شعاعیں جدی کے مدار پر ہوتی ہیں وہ سرمائی انقلاب کہلاتا ہے جو ۲۲ دسمبر سے ہوتا ہے۔
التَّقَلُّبُ: تبدیلی، گردش، غیر مستقل مزاجی اتار چڑھاؤ۔ تَقَلُّبَاتُ الدَّهْرِ: انقلابات زمانہ، تغیرات زمانہ، گردش ہائے روزگار۔
الْقَالِبُ: سرخ رنگ والی کھجور (۲) پلٹنے والا (۳) سانچہ، نمونہ۔ شَاةٌ قَالِبُ لَوْنٍ: بکری کا اپنی ماں کے رنگ کے برخلاف ہونا۔
الْقَالَبُ: سانچہ جس میں معدنیات کو ڈھال کر اس کی شکل کی چیز بنائی جائے، نمونہ ج: قَوَالِبُ۔
الْقُلَابُ: دل کی بیماری۔
الْقَلْبُ: دل، کبھی عقل، دماغ اور روح کو بھی کہتے ہیں ج: قُلُوْبٌ۔
قَلْبُ الشَّيْءِ: ہر شے کا اندرونی حصہ جوف، وسط، خالص جز، مغز، خلاصہ
قَلْبُ الشَّجَرِ: درخت کا اندرونی نرم حصہ۔
قَلْبُ النَّخْلَةِ: کھجور کے درخت کا جوف۔
رَجُلٌ قَلْبٌ: خالص نسب آدمی (واحد وجمع مذکر ومؤنث سب کے لئے)
جِئْتُكَ بِهٰذَا الْاَمْرِ قَلْبًا: میں تمہارے پاس محض اس کام کیلئے

آیا ہوں۔
أَفْعَالُ الْقُلُوب: وہ افعال جن میں شک اور یقین کے معنی پائے جاتے ہیں۔ مبتدا اور خبر پر داخل ہو کر دونوں کو نصب دیتے ہیں۔ شک اور یقین کا تعلق چونکہ قلب سے ہوتا ہے اس لئے ان افعال کو افعال القلوب کہتے ہیں۔ یہ افعال سات ہیں۔ عَلِمَ رَأَی، وَجَدَ، زَعَمَ۔ برائے یقین۔ حَسِبَ، ظَنَّ، خَالَ۔ برائے شک۔
الْقُلْبُ: درخت کا اندرونی مغز، گودا، کھجور کے درخت کا اندرونی نرم گودا (۲) ایک لڑی کا ہاتھ کا زیور (کنگن) عَرَبِیٌّ قُلْبٌ: خالص عرب هي قُلْبٌ و قُلْبَةٌ۔
الْقَلَبَةُ: دل کی بیماری لگنے کا عمل۔
الْقُلْبَةُ: سرخی۔
الْقُلَّبُ: بہت پلٹیاں کھانے والا، بہت الٹ پلٹ کرنے والا (۲) غیر مستقل مزاج۔ رَجُلٌ حُوَّلٌ قُلَّبٌ و حُوَّلِيٌّ قُلَّبِيٌّ: آزمودہ کار، چالاک معاملات کے الٹ پھیر اور انجام دہی کا ماہر۔
الْقُلُوبُ: الْقُلَّبُ۔
الْقَلِيبُ: کنواں (مونث و مذکر) ج: قُلُبٌ و اَقْلِبَةٌ۔
الْمُتَقَلِّبُ: کروٹیں بدلنے والا، بے کل، بے چین (۲) تغیر پذیر (۳) الٹ پلٹ ہونے والا، پلٹنے والا۔
مُتَقَلِّبُ الْاَطْوَارِ: تغیر پذیر احوال والا۔
الْمِقْلَبُ: کدال (زمین کھودنے کا اوزار) ج: مَقَالِبُ۔
الْمَقْلَبُ: مکر و فریب، چال ج: مَقَالِبُ
الْمَقْلُوبُ: دل کا بیمار۔ كَلَامٌ مَقْلُوبٌ: الٹی بات، برعکس بات۔ بالمقلوب: برخلاف، برعکس۔
الْمُنْقَلِبُ: الٹا ہوا، بدلا ہوا۔
الْمُنْقَلَبُ: انجام (۲) مدار (۳) واپسی کی جگہ (۴) آئندہ زندگی۔
قَوْلَبَ الشَّيْءَ: سانچہ میں ڈھالنا۔
• قَلِتَ ـَـ قَلَتًا: ہلاکت میں پڑنا، خطرہ میں پڑنا (۲) خراب ہونا، بگڑنا
ـــ فُلَانٌ: دبلا پتلا ہونا۔ هو قَلِتٌ
أَقْلَتَهُ: ہلاکت میں ڈالنا۔ أَقْلَتَهُ السَّفَرُ الْبَعِيدُ (۲) خراب کرنا، بگاڑنا۔
ـــ الْأُنْثَى: عورت یا مادہ کے بچے نہ جینا۔ هي مُقْلِتٌ۔
الْقَلْتُ: بدن یا زمین کا گڑھا۔
قَلْتُ السَّيْلِ: چٹان کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جاتا ہو۔
قَلْتُ الْعَيْنِ: آنکھ کا گڑھا جس میں وہ قدرتی طور پر رکھی ہوئی ہوتی ہے۔
قَلْتُ الْخَاصِرَةِ: کولہے سے کوکھ کے ملنے کی جگہ۔
قَلْتُ الرُّكْبَةِ: خاص گھٹنا۔
رَجُلٌ قَلْتٌ: دبلا پتلا آدمی ج: قِلَاتٌ۔
الْقَلْتَةُ: ناک کے نیچے اور دونوں موچھوں کے درمیان کا گڑھا۔
الْمِقْلَاتُ: وہ عورت یا مادہ جس کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں (۲) وہ مادہ جو ایک بچہ کے بعد حاملہ نہ ہو ج: مَقَالِيتُ۔
الْمَقْلَتَةُ: ہلاکت گاہ، مہلک مقام، خوفناک جگہ ج: مَقَالِتُ۔
• قَلِحَتِ السِّنُّ ـَـ قَلَحًا: دانتوں پر زرد و سبز میل چڑھنا۔ السِّنُّ قَلْحَاءُ۔ الرَّجُلُ أَقْلَحُ
ج: قُلْحٌ وهو قَلِحٌ وهي قَلِحَةٌ
قَلَّحَ الرَّجُلَ والدَّابَّةَ: دانتوں کی زردی یا میل دور کرنا۔
تَقَلَّحَ الرَّجُلُ: میلے کپڑوں والا ہونا
ـــ الْبِلَادَ: کسب معاش کے لئے ملکوں یا شہروں میں جانا۔
الْأَقْلَحُ: گبریلا، بھونرا، گوبر کا کیڑا (۲) آزمودہ کار آدمی ج: قُلْحٌ۔
الْقُلَاحُ: دانتوں پر جما ہوا زرد یا سبز میل
الْقِلْحُ: گندا کپڑا۔
الْمُقَلَّحُ: تجربہ کار۔
• قَلَخَ الشَّجَرَ ـَـ قَلْخًا: اکھیڑنا۔
قَلَخَ الْبَعِيرُ: اونٹ کا بڑبڑانا، بلبلانا
قَلَّخَهُ بِالسَّوْطِ: کوڑا مارنا۔
ـــ النَّبْتُ: پودے کا تنا مضبوط ہونا۔
• قَلَدَ الشَّيْءَ ـِـ قَلْدًا: موڑنا۔
ـــ الْحَدِيدَةَ: لوہے کو پتلا کر کے کسی چیز پر موڑ دینا۔
ـــ الْحَبْلَ: رسی کو بٹنا۔
ـــ الْمَاءَ فِي الْحَوْضِ وَنَحْوِهِ: حوض وغیرہ میں پانی جمع کرنا۔
ـــ الْحُمَّى فُلَانًا: کسی کو روزانہ بخار آنا۔
ـــ الزَّرْعَ: کھیتی کو سیراب کرنا۔
ـــ فُلَانًا السَّيْفَ: کسی کے گلے میں تلوار ڈالنا۔
أَقْلَدَ الْبَحْرُ عَلَيْهِمْ: سمندر کا غرق کر کے اپنی لپیٹ میں لے لینا۔
إِقْتَلَدَ الْمَاءَ: پانی کا چلو لینا۔
قَلَّدَهُ الْقِلَادَةَ: گلے میں ہار ڈالنا ہار پہنانا۔
ـــ الْحَيَوَانَ: جانور کو پٹا پہنانا۔
ـــ الْبَدَنَةَ: قربانی کے جانور کے گلے میں کوئی چیز ہدی کی علامت کے طور پر ڈالنا۔

قَلَّدَ فُلَانًا السَّيْفَ: کسی کی گردن میں تلوار لٹکانا۔
—— فُلَانًا نِعْمَةً: کوئی عطیہ دینا یا کوئی بھلائی کرنا۔
—— قِلَادَةَ سَوْءٍ: کسی کی ایسی مذمت کرنا جس کا اثر زائل نہ ہو، ہمیشہ کے لئے رسوا کر دینا۔
—— فُلَانًا الْاَمْرَ اَوِ الْعَمَلَ: کوئی معاملہ یا کام سپرد کرنا، ذمہ دار بنانا۔
—— فُلَانًا: تقلید کرنا، بلا دلیل پیروی کرنا، آنکھ بند کر کے کسی کے پیچھے چلنا (۲) کسی کی نقل اتارنا۔ جیسے: قَلَّدَ الْقِرْدُ الْاِنْسَانَ۔
—— فُلَانًا الْمَسْئُوْلِيَّةَ: ذمہ داری سونپنا۔
—— فُلَانًا الْقَضَاءَ: کسی کو منصب قضا پر فائز کرنا، عہدہ قاضی سپرد کرنا۔
قُلِّدَ الشَّيْخُ حَبْلَهُ: بوڑھے کا سٹھیا جانے کی وجہ سے ناقابل التفات ہونا۔
قُلِّدَ حَبْلَهُ: اسے آزاد چھوڑ دیا گیا
تَقَلَّدَ الْقِلَادَةَ: ہار پہننا، اپنے گلے میں ہار ڈالنا۔
—— السَّيْفَ: تلوار گلے میں لٹکانا۔
—— الْاَمْرَ: کام کا ذمہ لینا، برداشت کرنا، سنبھالنا۔
—— الْمَنْصِبَ: عہدہ سنبھالنا۔
—— بِفُلَانٍ: کسی کے نقش قدم پر چلنا
اِقْلَوَّدَهُ النُّعَاسُ: اونگھ آنا، نیند کا غلبہ ہونا۔
تَقَالَدَ الْقَوْمُ الْمَاءَ: پانی پر باری باری آنا۔
الْاِقْلِيْدُ: اونٹنی کی ناک کا کڑا (۲) چابی کنجی ج: اَقَالِيْدُ (۳) گردن ج: اَقْلَادٌ۔

التَّقَالِيْدُ: رسم و رواج، رسوم، قدیم روایات و آداب۔ واحد: تقلید۔
التَّقْلِيْدُ: بے سوچے سمجھے یا بے دلیل پیروی (۲) نقل (۳) سپردگی۔
التَّقْلِيْدُ الْاَعْمٰى: اندھی تقلید۔
التَّقْلِيْدُ الْمُتَّبَعُ: مروجہ رسم یا روایت
التَّقْلِيْدِيُّ: روایتی، روایات و رواج پر مبنی، ٹریڈیشنل۔
التَّقْلِيْدُ الْوِرَاثِيُّ: خاندانی روایات۔
الْقِلَادُ: تانبے یا پیتل کا تار جو ہار میں استعمال کیا جائے۔
الْقِلَادَةُ: ہار، نیکلس (۲) انعامی تمغہ جو گردن میں لٹکایا جاتا ہے (۳) جانور کے گلے کا پٹا ج: قَلَائِدُ۔
قَلَائِدُ الشِّعْرِ: زندۂ جاوید اشعار۔
الْقُلْدُ: چاندی کے تاروں کو بل دے کر بنایا ہوا کنگن ج: اَقْلَادٌ وَقُلُوْدٌ
الْقِلْدُ: سینچائی کے لئے پانی کا مقررہ حصہ۔ کہتے ہیں: سَقَيْنَا اَرْضَنَا قِلْدَهَا۔ سَقَتْنَا السَّمَاءُ قِلْدًا كُلَّ اُسْبُوْعٍ: آسمان نے ہر ہفتہ کسی قدر ہم پر پانی برسایا (۲) بخار کی باری کا دن - ج: اَقْلَادٌ۔
اَعْطَيْتُهُ قِلْدَ اَمْرِي: میں نے اپنا معاملہ اس کے سپرد کر دیا۔
الْقِلْدَةُ: گھی کی تلچھٹ، کھچورہ۔
الْقَلْدَةُ: ناک کے نیچے مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔
الْقَلْدَاءُ: (نَاقَةٌ) لمبی گردن والی اونٹنی۔
الْقَلُوْدُ: بہت پانی والا کنواں۔
الْقِلِّيْدُ: خزانہ۔
الْقَلِيْدُ: فیتہ، تسمہ۔ حَبْلٌ قَلِيْدٌ: بٹی ہوئی رسّی۔

الْمِقْلَادُ: خزانہ (۲) کنجی ج: مَقَالِيْدُ قرآن پاک میں ہے: "لَهُ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ"۔ اَلْقَيْتُ اِلَيْهِ مَقَالِيْدَ الْاُمُوْرِ: میں نے کاموں کی ذمہ داریاں اسے سونپ دیں۔ ضَاقَتْ عَلَيْهِ الْمَقَالِيْدُ: اس کے معاملات پیچیدہ ہو گئے، وہ پریشانی میں پڑ گیا۔
الْمِقْلَدُ: چارہ کا تھیلا (۲) جھوا (۳) پیمانہ (۴) درانتی (۵) چابی ج: مَقَالِدُ وَمَقَالِيْدُ۔ رَجُلٌ مِقْلَدٌ: بالغ آدمی۔ ضَاقَتْ مَقَالِدُهُ: معاملات پریشان کن ہونا۔ مَقَالِيْدُ الْاُمُوْرِ: کاموں کی ذمہ داریاں۔
مَقَالِيْدُ الْحُكْمِ: حکومت کی باگ ڈور۔
الْمُقَلَّدُ: ہار پہننے کی جگہ (۲) تلوار کو دونوں مونڈھوں کے درمیان حمائل کرنے کی جگہ (۳) سب سے آگے نکل جانے والا گھوڑا۔
الْمُقَلِّدُ: پیروکار (۲) نقّال۔
مُقَلَّدَاتُ الشِّعْرِ: ہمیشہ یاد رکھے جانے والے اشعار۔
الْمَقْلُوْدُ: الْحَبْلُ الْمَقْلُوْدُ: بٹی ہوئی رسّی۔ سِوَارٌ مَقْلُوْدٌ: بٹا ہوا کنگن۔
قَلَزَ الْجَرَادُ ـــ قَلْزًا: ٹڈی کا دم کو زمین میں گاڑنا۔
—— فُلَانٌ: لنگڑا ہونا، لنگڑانا۔
—— الْعُصْفُوْرُ وَنَحْوُهُ: چڑیا وغیرہ کا اچھلنا، پھدکنا۔
—— فُلَانٌ: چسکی لے کر پینا۔
—— بِالشَّيْءِ: پھینکنا۔
—— فُلَانًا: کسی کو مارنا۔
—— فُلَانًا اَقْدَاحًا: کسی کو پیالوں سے گھونٹ بھروانا۔
قَلَّزَ الْجَرَادُ: ٹڈی کا دم کو زمین میں خوب دھنسانا۔

اِقْتَلَزَ الکَأْسَ : گلاس سے گھونٹ بھرنا

تَقَلَّزَ : چست ہونا، پھرتیلا ہونا۔

ـــ الوَعِلُ : پہاڑی بکرے کا دوڑنا۔

القَلْزُ : رَجُلٌ قَلْزٌ : ہلکا اور کمزور آدمی

القُلُزُّ و القِلِزُّ : سخت آدمی (۲) وہ تانبا جس پر لوہا اثر انداز نہ ہو۔

• قَلْزَمَ فُلَانٌ : شور مچانا (۲) کمینہ ہونا۔

ـــ الشَّیْءَ : نگلنا، ہڑپ کرنا۔

تَقَلْزَمَ فُلَانٌ : بخل سے مرجانا۔

ـــ الشَّیْءَ : قَلْزَمَهُ۔

القِلْزِمُ : کمینہ۔

القُلْزُمُ : مصر کا قدیم شہر جہاں اب نہر سویس تعمیر کیا گیا ہے۔

بَحْرُ القُلْزُمِ : بحر احمر۔

القَلْزَمَةُ : کمینگی، شور شرابا۔

• قَلَسَتْ نَفْسُهُ ــِ قَلْسًا : جی متلانا طبیعت کا مالش کرنا۔

ـــ الرَّجُلُ قَلْسًا و قَلَسَانًا : کھانا پینا اندر سے منہ کو آنا (لیکن قے نہ ہونا)۔

ـــ الإنَاءُ وغیرُهُ : برتن بھرنا چھلکنا

ـــ البَحْرُ بالزَّبَدِ : سمندر کا جھاگ پھینکنا۔

ـــ الطَّعْنَةُ بالدَّمِ : نیزہ کی ضرب کا خون بہانا۔

ـــ فُلَانٌ قَلْسًا : بہت نبیذ پینا (۲) گاتے ہوئے ناچنا (۳) بہترین گانا گانا

ـــ السَّحَابَةُ النَّدَی : بادل کا پھوار برسانا۔

ـــ النَّحْلُ العَسَلَ : مکھی کا شہد اگلنا

قَلَّسَ الرَّجُلُ : سجدہ کرنا۔

ـــ لِفُلَانٍ : کسی کے سامنے سینہ پر ہاتھ رکھ کر مؤدب کھڑا ہونا، فرماں بردار ہونا، جھکنا۔

ـــ فُلَانٌ : دف بجا کر گانا گانا (۲) تفریحِ طبع کے لئے دلچسپ تماشے کرنا۔

قَلَّسَ القَوْمُ : حکام کا گانے بجانے سے استقبال کرنا۔

ـــ فُلَانًا : کسی کو ٹوپی اڑھانا۔

تَقَلْنَسَ : ٹوپی اوڑھنا۔

الأنْقَلِیسُ : سانپ نما مچھلی۔

القَالِسُ : وہ شخص جس کے منہ تک پیٹ سے کھانا وغیرہ نکل آئے۔

القَلْسُ : قے (۲) کشتی کا رسا۔ ج : أَقْلَاسٌ۔

القَلَّاسُ : ٹوپیاں بنانے والا، کلاہ ساز

(۲) بَحْرٌ قَلَّاسٌ : جھاگ پھینکنے والا، بحر زخار۔

القَلَنْسُوَةُ : (مختلف شکلوں اور قسموں کی) ٹوپی ج : قَلَانِسُ و قَلَانِیسُ و قَلَاسٍ و قَلَاسِیُّ۔

القَلِیسُ : شہد۔

المُقَلِّسُ : لوگوں کی تفریح کے لئے تماشے کرنے والا، بہروپیا، مسخرا

• قَلَصَ الشَّیْءُ ــِ قُلُوصًا : سکڑنا ملنا۔

ـــ الثَّوْبُ بَعْدَ الغَسْلِ : کپڑے کا دھلائی کے بعد سکڑ کر چھوٹا ہونا

ـــ الظِّلُّ عنه : سایہ ہٹنا، کم ہونا۔

ـــ الشَّفَةُ : ہونٹ کا اوپر کو چڑھنا

ـــ البِئْرُ او الغَدِیرُ : کنویں یا تالاب کا اکثر پانی ختم ہو جانا۔

ـــ القَوْمُ : لوگوں کا اکٹھے ہو کر چلنا۔

ـــ الرَّجُلُ : جانا۔

ـــ نَفْسُهُ : جی متلانا۔

أَقْلَصَتِ النَّاقَةُ : اونٹنی کا دودھ ختم ہو جانا۔

قَلَّصَ الشَّیْءُ : سکڑنا، سمٹنا۔

ـــ الدِّرْعُ : زرہ کا گھٹنا، سمٹنا۔

ـــ الدَّوَابُّ : جانوروں کا لگاتار چلتے رہنا۔

قَلَّصَ بَیْنَ الرَّجُلَیْنِ : لڑائی وغیرہ میں دو شخصوں کے درمیان بیچ بچاؤ کرانا۔

ـــ ثَوْبَهُ : اپنا کرتا یا کپڑا اوپر کو اٹھانا

تَقَلَّصَ الشَّیْءُ : سمٹنا، سکڑنا۔

ـــ الظِّلُّ : سایہ کم ہونا۔

ـــ الإنتاجُ : پیداوار کم ہونا۔

ـــ النُّفُوذُ : اثر و رسوخ کم ہونا۔

ـــ الفَجْوَةُ : خلا کم ہونا، قرب ہونا۔

ـــ التِّجَارَةُ : کاروبار میں کمی آنا۔

القَلْصَةُ : کنویں کا اوپر اٹھا ہوا پانی ج : قَلَصٌ۔

القَلَّاصُ : جوان اونٹنیوں کو دوہنے والا (۲) اوپر اٹھنے والا پانی جو نیچے ہو جاتا ہو۔

القَلُوصُ : گٹھے ہوئے جسم کی جوان اونٹنی (نویں سال کی عمر تک قلوص اس کے بعد ناقہ کہلاتی ہے) (۲) شترمرغ کا بچہ (۳) حُباری پرندہ کا چوزہ ج : قِلَاصٌ و قَلَائِصُ عرب نوعمر لڑکیوں کو بھی کنایۃً قلائص اور قُلُص کہتے تھے۔

المُقَلِّصُ : فَرَسٌ مُقَلِّصٌ : لمبی ٹانگوں اور کسے ہوئے پیٹ والا گھوڑا۔

القَلِیصُ : اوپر اٹھا ہوا پانی جو نیچے ہو جاتا ہو۔

المِقْلَاصُ : جوان اونٹنی کو دوہنے والا (۲) موسم گرما میں فربہ ہو جانے والی اونٹنی۔

• القَلْطِیُّ : سرکش وخبیث آدمی۔

القِلِّیطُ : فوطوں کی پھلاوٹ، سوجن۔

القَلِیطُ : پھولے ہوئے فوطوں والا (۲) غرور سے منہ پھلانے والا۔

القَلِیطَةُ : القِلِّیطُ۔

• قَلَاوُوظ : پیچ دار کیل۔

قَلَّوطَ المسمارَ: پیچ دار کیل بنانا۔
• قَلَعَهُ ــ قَلْعًا: اکھاڑنا۔
قَلَعَ الرَّاكِبُ ــ قَلْعًا: سوار کا زین پر نہ جمنا۔
ــــ المُصَارِعُ: کشتی میں پہلوان کا نہ جمنا، پیر اکھڑنا۔ کہتے ہیں: قُلِعَتْ قَدَمُهُ هو قَلِعٌ۔
أَقْلَعَ الشَّيْءُ: ہٹ جانا، زائل ہو جانا۔
ــــ السَّحَابُ: بادل چھٹنا یا کھلنا۔
ــــ السَّمَاءُ: آسمان کا برسنا بند ہونا، قرآن پاک میں ہے: "ویا سماءُ أَقْلِعِي"
ــــ الغُمَّةُ: حزن و پریشانی دور ہونا۔
ــــ عن الأمرِ: رکنا، چھوڑنا۔
ــــ عنه الحُمَّى: کسی کا بخار اتر جانا۔
ــــ المَلَّاحُ السَّفِينَةَ: کشتی کا روانگی کے لئے لنگر اٹھانا۔
ــــ المَدِينَةَ: شہر کو قلع بند کرنا (قلع کی طرح محفوظ کرنا)
ــــ أَصْحَابُ السَّفِينَةِ: کشتی والوں کا روانہ ہونا۔
ــــ الطَّائِرَةُ: ہوائی جہاز کا ہوائی اڈہ سے پرواز کرنا۔
قَلَّعَهُ: جڑ سے اکھیڑنا۔
ــــ الوَالِي فُلانًا: حاکم کا کارندہ کو معزول کرنا۔
اِقْتَلَعَهُ: اکھیڑنا، چھیننا، جڑ سے نکالنا۔
ــــ جُذُورَ الشَّيْءِ: جڑیں اکھیڑنا، کسی چیز کا قلع قمع کرنا۔
ــــ السُّلْطَةَ مِنْ أَحَدٍ: اقتدار چھیننا۔
اِنْقَلَعَ: اکھڑنا (۲) معزول ہونا (۳) اکھڑ کر گر جانا۔
ــــ البَعِيرُ: تندرست اونٹ کا یکایک گر کر مر جانا۔

تَقَلَّعَ فِي مِشْيَتِهِ: آگے کی طرف توازن کے ساتھ چلنا (جیسے اوپر سے دباؤ کے ساتھ آرہا ہو) (۲) اکھڑ جانا۔ مطاوع قَلَّعَ۔
الإقْلاعُ: روانگی (۲) خاتمہ (۳) ترک
القِلاعُ: کشتی کا بادبان ج: قُلُعٌ۔
القُلاعُ: جانور کو اچانک لاحق ہونے والی مہلک بیماری (۲) چکنی ہوئی مٹی۔ واحد: قُلاعَةٌ (۳) بچوں کی بیماری جو کبھی بڑوں کو بھی ہو جاتی ہے۔ منھ اور حلق کی پھنسیاں، چھالے
القُلاعَةُ: میدان میں کھڑی ہوئی تنہا چٹان (۲) پتھر یا ڈھیلا جو پھینکنے کے لئے کسی جگہ سے اکھاڑا جائے
رَمَاهُ بِقُلاعَةٍ: اسے دلیل سے خاموش کر دیا۔
القَلْعُ: چرواہے کی ضروریات کا تھیلا (۲) معمار کی کبسولی ج: قُلُوعٌ۔
تَرَكْتُهُ فِي قَلْعٍ مِنْ حُمَّاهُ: میں اس کے پاس سے بخار اترنے کی شروعات کے وقت ہٹا۔
القِلْعُ: کشتی کا بادبان ج: قُلُوعٌ وقِلاعٌ وقِلَعَةٌ۔
القُلْعُ: طاقت سے چلنے والا مرد۔
القَلَعُ: بخار اترنے کا وقت (۲) خارش والی کھال سے جھڑنے والی خشکی (پپڑی)۔
القَلِعُ: شَيْخٌ قَلِعٌ: اٹھتے وقت جھکا ہوا محسوس ہونے والا۔
القَلْعَةُ: پہاڑ پر بنا ہوا محفوظ محل قلعہ، گڑھی (۲) کھجور کا اکھاڑا ہوا پودا (۳) جڑ سے اکھاڑا ہوا درخت وغیرہ ج: قِلاعٌ وقُلُوعٌ۔
القِلْعَةُ: لمبائی میں پھاڑا ہوا ٹکڑا، ج: قِلَعٌ۔

القُلْعَةُ: کمزور آدمی (۲) زمین پر نہ جما رہنے والا (۳) اکھاڑا جانے والا درخت (۴) زائل ہونے والا مال (۵) مانگا ہوا مال، عارضی مال۔ الدُّنْيَا دَارُ قُلْعَةٍ: دنیا زوال پذیر جگہ ہے۔ هو عَلَى قُلْعَةٍ: وہ سفر پر ہے۔ هو مَجْلِسُ قُلْعَةٍ: وہ ایسی نشست گاہ ہے جس میں بیٹھنے والے کو دوسرے کے لئے بار بار اٹھنا پڑتا ہے۔ مَنْزِلُنَا مَنْزِلُ قُلْعَةٍ: ہمارا مکان ہماری ملکیت میں نہیں ہے
القَلْعِيُّ: سفید سیسہ، رانگ، قلعی کرنے کا مسالا۔
القَلَّاعُ: سپاہی (۲) بادشاہ سے لوگوں کی شکایتیں کرنے والا (۳) کفن چور، (۴) جھوٹا (۵) ڈاڑھ اکھاڑنے والا۔
القَلُوعُ: قَوْسٌ قَلُوعٌ: وہ کمان جو کھینچتے وقت الٹ کر چھوٹ جائے ج: قُلُعٌ۔
المِقْلاعُ: پتھر پھینکنے کا ایک قدیم آلہ، گوپھن، گوپیا ج: مَقَالِيعُ۔
المِقْلَعُ: پتھر اکھاڑنے کا آلہ۔
المَقْلَعُ: پتھر اکھاڑنے کی جگہ ج: مَقَالِعُ
المَقْلُوعُ: اچانک بیماری سے مرنے والا (مرض قلاع کا شکار)۔
• تَقَلْعَثَ فِي مَشْيِهِ: اس طرح چلنا جیسے کیچڑ وغیرہ میں دھنسا ہوا نکلتا ہے۔
• اِقْلَعَدَّ واقْلَعَتَّ واقْلَعَطَّ الشَّعْرُ: بالوں کا سخت گھنگھریالا ہونا۔
المُقْلَعِطُّ: گھنگھریالے بالوں والا (۲) ڈر کر بھاگ جانے والا
القَلَعْطَةُ: بالوں کا انتہائی گھونگھریالا پن
• اِقْلَعَفَّ الشَّيْءُ: سمٹنا، سکڑنا۔

• قَلَفَ الشَّجَرَةَ وغيرَها ـِ قَلْفًا: درخت کا بکل اتارنا، چھال اتارنا۔
__ الظُّفْرَ: ناخن جڑ سے اکھاڑنا۔
__ الخاتِنُ القُلْفَةَ: ختنہ کرنیوالے کا حشفہ کی کھال کاٹنا، ختنہ کرنا۔
__ الدَّنَّ ونَحْوَهُ: مٹکے وغیرہ کے منہ کی مٹی اتارنا۔ ھو مَقْلوف وقَليف۔
__ السَّفِينَةَ: کشتی کے تختوں وغیرہ کو باندھ کر تارکول وغیرہ مل کر تیار کرنا۔ ھو مَقْلُوفٌ وقَلِيفٌ۔
قَلِفَ ـَ قَلَفًا: بے ختنہ ہونا (۲) حشفہ کی کھال کا موٹا ہونا۔ ھو اَقْلَفُ ج: قُلْفٌ۔
قَلَّفَ السَّفِينَةَ: کشتی کے تختوں کو رسی سے جوڑ کر تارکول ملنا اور اس کو تیار وقابل استعمال بنانا۔
اِقْتَلَفَ الظُّفْرَ: ناخن اکھاڑنا۔
اِنْقَلَفَتْ سُرَّتُهُ: ناف کا پھول کر بل دار ہونا۔
اَلْاَقْلَفُ: غیر مختون ج: قُلْفٌ۔
القِلافَةُ: کشتی کے تختوں کو کھجور کی رسی سے جوڑ کر درزوں میں تارکول بھرنے کا پیشہ۔
القُلافَةُ: چھلکا، چھال (۲) نباتات کی کلی کی جڑ کے پتوں کا گچھا۔
القَلْفُ: ناہموار کھردری جگہ۔
القُلْفَةُ: عضو تناسل کی بڑھی ہوئی کھال (جو ختنہ میں کاٹی جاتی ہے)۔ ج: قُلَفٌ۔
القَلَفَةُ: القُلْفَةُ۔
القَلِيفُ: القُلْفَةُ (۲) کھجور رکھنے کی بڑی ٹوکری (۳) خشک میوہ (۴) وہ مٹکا جس کی اوپر سے مٹی اتار دی گئی ہو۔

المَقْلُوفُ: القَلِيف۔
• القِلْفِعُ: گرم لوہے کو کوٹتے وقت اڑنے والے ذرات (۲) پانی کے اتر جانے کے بعد خشک ہو کر پھٹ جانے والی مٹی۔
• قَلَقَ الشيءَ ـِ قَلْقًا: ہلانا۔
__ الهَمُّ وغيرُه فُلانًا: غم یا تکلیف کا کسی کو بے چین وبے کل کرنا۔ پریشان کرنا۔
قَلِقَ ـَ قَلَقًا: کسی ایک جگہ قرار پذیر نہ ہونا (۲) کسی ایک حال پر قائم نہ رہنا (۳) پریشان ومضطرب ہونا۔ ھو قَلِقٌ۔
اَقْلَقَتِ النّاقَةُ: اونٹنی کے اوپر لدی ہوئی چیز ہلنا۔
__ الهَمُّ فُلانًا: بے چین وبے قرار کرنا، پریشان کرنا۔
__ الشيءَ: حرکت دینا۔
القَلَقُ: بے چینی، بے قراری، پریشانی، اداسی، تشویش، آزردگی۔
القَلَقُ البالِغ: زبردست تشویش۔
القَلَقُ العَميق: گہری تشویش۔
القَلِقُ: مضطرب، پریشان، بے چین، بے قرار، بے کل، اداس۔
المِقْلاقُ: بہت پریشان (مذکر ومؤنث دونوں کے لئے)۔
المُقْلِقُ: تشویشناک، پریشان کن، اضطراب انگیز۔
القُلْقاسُ: اروی (ایک ترکاری)۔
• قَلْقَلَ فِي الأرضِ: سفر کرنا، گھومنا۔
__ الشيءَ: حرکت دینا، جھنجھوڑنا، (۲) پریشان کرنا۔
__ الحُزْنُ دَمْعَهُ: غم کا کسی کے آنسو بہانا۔
تَقَلْقَلَ: حرکت کرنا (۲) ملکوں میں پھرنا (۳) پریشان ہونا۔
القُلاقِلُ: بہت متحرک، پھرتیلا۔

فَرَسٌ قُلاقِلٌ: تیز رفتار گھوڑا۔ (۲) لوگوں کا ہمدرد و بڑا مددگار۔
القَلْقَلَةُ: اضطراب، بے اطمینانی، پریشانی ج: قَلاقِل (۲) علم التجوید میں حرف ساکن کو بولتے وقت خفیف حرکت دینا۔ ایسے حروف کا مجموعہ قطب جد ہے۔
اَحْدَثَ قَلْقَلَةً: تشویش پیدا کرنا۔
المُقَلْقَلُ: بے چین، پریشان، غیر مطمئن۔
—— الْإِبِلُ و نَحْوُهَا: اونٹوں وغیرہ کا قطار در قطار ہونا۔

—— الْمَكَانُ: جگہ کا ہموار ہونا۔

اسْتَقَادَتِ الدَّابَّةُ: جانور کا اپنے راہبر کے پیچھے چلنا۔

—— فُلَانٌ: حقیر و ذلیل ہونا۔

—— لِفُلَانٍ: تابع ہونا، فرماں بردار ہونا۔

—— الْأَمِيْرَ: امیر سے مقتول کا بدلہ دلانے کی درخواست کرنا، مطالبہ کرنا۔ کہتے ہیں: استقاد الامیر من القاتل۔ فَأَقَادَهُ مِنْهُ۔

—— فُلَانٌ مِمَّنْ آذَاهُ: برابر کا بدلہ لینا۔

الْأَقْوَدُ: کسی شے پر متوجہ ہو کر نہ ہٹنے والا (۲) قابو میں رہنے والا مسکین گھوڑا (۳) لمبی گردن اور لمبی کمر والا آدمی یا جانور (۴) سخت گردن والا آدمی (۵) آسمان سے باتیں کرتا ہوا پہاڑ۔

الْاِنْقِيَادُ: اطاعت، تقلید و پیروی، تسلیم و رضا، ماتحتی، ذلت۔

الْاِنْقِيَادُ الْأَعْمٰى: کورانہ تقلید۔

الْقَائِدُ: سپہ سالار، کمانڈر، جنرل (۲) راہنما، لیڈر، سربراہ، گائڈ، (۳) ٹیم یا جماعت کا کپتان ج: قَادَةٌ و قُوَّادٌ (۴) سطح زمین پر ہر لمبا پہاڑ یا لمبا قطعہ زمین۔

الْقَائِدُ الْأَعْلٰى: سپریم کمانڈر، کمانڈر انچیف، سپہ سالار اعظم۔

قَائِدُ الْأُسْطُوْلِ: بیڑے کا کمانڈر۔

الْقَائِدُ الْعَامُّ: کمانڈر انچیف۔

قَائِدُ الطَّائِرَةِ: جہاز کا پائلٹ، کیپٹن۔

قَائِدُ فِرْقَةٍ رِيَاضِيَّةٍ: کپتان۔

قَائِدُ فِرْقَةٍ مُوْسِيْقِيَّةٍ: بینڈ ماسٹر، میوزک پارٹی کا ذمہ دار۔

قَائِدُ اللِّوَاءِ: بریگیڈیر۔

قَائِدُ الْمُرُوْرِ: ٹریفک افسر۔

الْقَائِدَةُ: پھیلا ہوا لمبا ٹیلہ (۲) آگے رہنے والے اونٹ۔

الْقَؤُوْدُ: فَرَسٌ قَؤُوْدٌ: تابع دار گھوڑا۔

الْقَادُ: مقدار، فاصلہ۔ هو مِنِّي قَادُ رُمْحٍ: وہ مجھ سے ایک نیزے کے بقدر فاصلہ پر ہے۔

الْقَوْدُ: قافلہ کے ساتھ چلنے والی گھوڑوں کی ٹکڑی جس پر سواری نہ کی جائے اور ضرورت کے لئے محفوظ رکھا جائے

الْقَوَدُ: قصاص، بدلہ خون (مقتول کے بدلہ قاتل کا قتل)۔

الْقَوَّادُ: قائد کا مبالغہ (۲) مرد و عورت کے درمیان بدکاری کا دلال۔

الْقِيَادُ: رسی وغیرہ جسے پکڑ کر جانور کے آگے چلا جائے، لگام۔

سَلِسُ الْقِيَادِ: تابعدار، بآسانی قابو میں آنے والا (۲) ہلکا، دھیما (۳) آسان۔ أَعْطٰى فُلَانٌ الْقِيَادَ: فلاں نے اطاعت قبول کر لی۔

الْقِيَادَةُ: کمان، راہنمائی، لیڈرشپ،

کپتانی۔
القِيَادَةُ الاجْتِمَاعِيَّةُ: سوشل راہنمائی
ـــ الشَّعْبِيَّةُ: عوامی راہنمائی، قیادت
ـــ العُلْيَا: ہائی کمان۔
ـــ المُرتَبِكَةُ: انتشار ذہنی میں بتلا قیادت۔
ـــ الحَكِيمَةُ: دانش مندانہ قیادت
قِيَادَةُ سَيَّارَةٍ: موٹر ڈرائیوری۔
قِيَادَةُ الثَّوْرَةِ: کمانِ انقلاب۔
القِيَادِيُّ: راہنمایانہ، قیادت سے متعلق
القَيْدُ: (اصل قَيِّد ہے) فَرَسٌ قَيْدٌ: تابعدار گھوڑا۔
القَيِّدَةُ: شکار کے لئے آڑ بنائے جانے والے اونٹ یا جن سے شکار کو دھوکا دیا جائے۔
بَعِيرٌ قَيِّدٌ: تابعدار اونٹ۔
المَقَادَةُ: أَعْطَاهُ مَقَادَتَهُ: اس نے خود کو فلاں کے حوالہ کر دیا، اس کا تابع ہوگیا۔
المِقْوَدُ: جانور کو آگے سے لے چلنے کی رسی، لگام۔
مِقْوَدُ السَّيَّارَةِ: موٹر کا اسٹیرنگ (وہ گول ہنڈل جس سے موٹر کو کنٹرول کیا جاتا ہے) ج: مَقَاوِدُ۔
الْمُقَوَّدُ: لمبا پہاڑ۔
المَقُودُ: تابعدار، پیچھے پیچھے چلنے والا۔
المُنْقَادُ لَهُ: کسی کا فرماں بردار، تابعدار۔
• قَارَ ـُ قَوْرًا: چپکے چپکے پنجوں کے بل چلنا۔
ـــ الصَّيْدَ: شکار کو دھوکا دینا۔
ـــ الشَّيْءَ: کسی چیز کا بیچ سے گول ٹکڑا کاٹنا۔
ـــ فُلَانًا: کسی کی آنکھ پھوڑنا۔
ـــ الصَّبِيَّةَ: بچی کی ختنہ کرنا۔
قَوِرَ ـَ قَوَرًا: بھینگا ہونا، هو أَقْوَرُ وهي قَوْرَاءُ ج: قُورٌ۔

قَوِرَتِ الدَّارُ وغيرُها: گھر وغیرہ کا کشادہ ہونا۔ هي قوراءُ۔ البيتُ أَقْوَرُ
قَوَّرَ الشَّيْءَ: بیچ میں سوراخ کرنا، بیچ میں سے گول کاٹنا۔
تَقَوَّرَ: بیچ میں سے گول کٹنا۔
ـــ السَّحَابُ: بادل کا گول ٹکڑیوں کی شکل میں پھیلنا۔
ـــ الحَيَّةُ: سانپ کا کنڈلی مارنا۔
اقْوَرَّ فُلَانٌ: کسی کی کھال کا سکڑ جانا اور بڑھاپے سے کمر جھک جانا۔
ـــ الجِلْدُ: کھال سکڑنا، سلوٹیں پڑنا۔
ـــ الأَرْضُ: زمین کے نباتات کا ختم ہوجانا، روئیدگی سے خالی ہوجانا۔
الأَقْوَرُ: لَقِيتُ منه الأَقْوَرِينَ: مجھے اس کی وجہ سے مصائب کا سامنا کرنا پڑا۔
التَّقْوِيرُ: گولائی، گول تراش (۲) (فن تعمیر) مجوف گولائی، مجوف موڑ۔
القَارُ: تارکول کشتی کو ملاجانے والا سیاہ روغن۔ يَوْمُ ذِي قَارٍ: عراق کے شہر کوفہ کے جنوب میں بنی شیبان کی لڑائی کا واقعہ۔
القَارَةُ: سب پہاڑوں سے الگ کھڑا ہوا فلک بوس لمبا گول سیاہ چھوٹا پہاڑ (۲) ٹیلہ (۳) کالے پتھروں کی زمین ج: قَارٌ وقُورٌ وقِيرَانٌ (۴) تیراندازی کا ماہر ایک قدیم عربی قبیلہ، مثل مشہور ہے: قَدْ أَنْصَفَ القَارَةَ مَنْ رَامَاهَا: قبیلہ قارہ کے ساتھ جس نے تیراندازی میں مقابلہ کیا اس نے انصاف کیا یعنی اس کی مہارت سے اسے سبق ملا۔
القُوَارَةُ: بیچ سے گول تراشا ہوا کپڑا یا گول سوراخ (۲) کسی چیز کے اطراف سے کاٹا ہوا ٹکڑا (۳) لکڑی، تربوز یا کدو وغیرہ سے گول کاٹ کر نکالا ہوا ٹکڑا، گول ٹانکی۔
القَوَّارَةُ: کفچہ، ایک ڈاکٹری اوزار۔
المِقْوَرَةُ: گول سوراخ کرنے کا آلہ، گول ٹکڑا تراش کر نکالنے کا اوزار
المُقَوَّرُ: گول ٹکڑوں میں کاٹا ہوا (۲) تارکول ملا ہوا۔
• قَوْزَ النَّبْتُ: روئیدگی کی بکثرت ہونا۔
تَقَوَّزَ البَيْتُ: گھر منہدم ہوجانا۔
القَوْزُ: ریت کا بلند ٹیلہ ج: أَقْوَازٌ وقِيزَانٌ۔
• قَوْزَعَ: دیکھئے (قزع)
• قَاسَ الشَّيْءَ على غَيْرِهِ وبه ـُ قَوْسًا وقِيَاسًا: ایک شے کو دوسری پر قیاس کرنا یعنی دونوں کو ایک درجہ دینا۔ ایک کی ظاہری یا معنوی مقدار دوسری کے برابر کرنا
قَوِسَ ـَ قَوَسًا: کبڑا ہونا، جھکی ہوئی کمر والا ہونا۔ هو أَقْوَسُ وهي قَوْسَاءُ۔
قَوَّسَ الشَّيْءَ: مڑنا۔
ـــ الشَّيْخُ: بوڑھے کی کمر جھکنا، کبڑا ہونا
ـــ السَّحَابَةُ: بادل کا خوب برسنا۔
ـــ الشَّيْءَ: کمان کی شکل کا بنانا، موڑنا
تَقَوَّسَ الشَّيْءُ: کمان کی طرح مڑجانا۔
ـــ قَوْسَهُ: اٹھانا۔
ـــ الشَّيْبُ فُلَانًا: بڑھاپے کا کسی کو نیم سفید بالوں والا کر دینا۔
اسْتَقْوَسَ الشَّيْءُ: مڑنا، کمان کی طرح ہوجانا۔
الأَقْوَسُ: دائرہ نما ریت کا ٹیلہ (۲) پر آشوب زمانہ۔ لَيْلٌ أَقْوَسُ: بہت تاریک رات (۳) تجربہ کار

چالاک آدمی۔
القَوْسُ: (مذکر و مؤنث) کمان، کمان نما ڈاٹ یا کوئی اور چیز ج: اَقْوَاسٌ وقِسِيٌّ۔
رَمَوْا اَعْدَاءَهُمْ عن قوسٍ وَاحِدَةٍ: انہوں نے متحد ہو کر دشمنوں پر تیر برسائے (۲) دائرہ کا ایک ٹکڑا (۳) ذراع (ہاتھ) جس سے کوئی چیز ناپی جائے (۴) آسمان کا نواں برج۔
قَوْسُ قُزَحَ: یہ کمان آسمان میں بارش یا آبشار کے قریب آفتاب کے بالمقابل افق کے کنارہ پر نمودار ہوتی ہے۔ بارش یا آبشار کی پھوار سے سورج کی شعاعوں کا انعکاس اس کا سبب ہے۔
قَوْسُ النَّصْرِ: سڑکوں پر کھڑی کی جانے والی خیر مقدمی مزین محراب، استقبال یا کسی جشن کے موقعہ پر بنایا جانے والا بانس وغیرہ کا دروازہ۔
قوسُ القَنْطَرَةِ: پل کے نیچے کی ڈاٹ
قوسُ نَبْلٍ: تیر کمان۔
قوسُ النَّدْفِ: روئی دھننے کا کمان نما آلہ۔
القُوْسُ: راہب خانہ (۲) شکار خانہ جہاں سے شکاری شکار کرتا ہے۔
القَوْسَانِ (هلاّلا الحصر) بریکٹ ( ) علامت حصر۔
قَوْسَانِ مَعْقُوفَانِ: اسکوائر بریکٹ [ ]۔ بین القوسین: بریکٹ میں۔
القَوْسِيُّ: لمبا (دن) (۲) دشوار (زمانہ) (۳) دور دراز (شہر یا ملک)۔
القَوَّاسُ والقَيَّاسُ: کمان ساز (۲) کمان بردار (۳) خاص وردی والا پادری یا سفیر کا خادم (۴) شکاری۔

المُقاوِسُ: دوڑ کے لئے گھوڑے چھوڑنے والا۔
المِقْوَسُ: کمانیں رکھنے کا بکس وغیرہ (۲) دوڑ کے لئے گھوڑوں کو لائن سے لگانے کی رسّی (۳) وہ جگہ جہاں سے گھوڑوں کی دوڑ شروع کیجاتی ہے۔
•تَقَوْصَرَ: دیکھئے (قصر)
القَوْصَرَّةُ: دیکھئے (قصر)
•قَاضَ البِناءَ ـُـ قَوْضًا: منہدم کرنا، گرانا۔
ـــ الخَيْمَةَ: خیمہ اکھاڑنا، گرانا۔
قَوَّضَ البِناءَ: ڈھانا، گرانا۔
ـــ الصُّفُوفَ: صفیں درہم برہم کرنا
ـــ المَجَالِسَ: مجلسوں کو منتشر کرنا۔
بَنَى فُلانٌ ثُمَّ قَوَّضَ: اس نے بنایا اور توڑ دیا یعنی پہلے اچھائی کی پھر بدی پر اتر آیا۔
انْقَاضَ البِناءُ: منہدم ہونا، گرنا۔
تَقَوَّضَتِ الصُّفُوفُ والمَجَالِسُ صفوں اور مجلسوں میں انتشار پیدا ہونا۔
ـــ فُلانٌ: آنا اور چلے جانا ٹھیراؤ اختیار نہ کرنا۔
•القَوْطُ: بکریوں کا ریوڑ ج: اَقْوَاطٌ
القَوْطَةُ: کھجوروں کا ٹوکرا۔
القُوطَةُ: ٹماٹر۔
القَوَّاطُ: بکریوں کا چرواہا، گلہ بان
•قَاعَ فُلانٌ ـُـ قَوْعًا: پیچھے رہ جانا، پیچھے رہنا (۲) واپس لوٹنا۔
تَقَوَّعَ فُلانٌ: خاردار جگہ پر بچ بچ کر چلنے والے کی طرح جھک جھک کر چلنا
ـــ الحِرْبَاءُ الشَّجَرَةَ: گرگٹ کا درخت پر چڑھنا۔
القَاعُ: پہاڑوں اور ٹیلوں کے درمیان ہموار و مسطح زمین جہاں بارش

کا پانی ٹھہرتا ہوا اور وہاں گھاس اگ جاتی ہو یہ زمین کبھی میلوں لمبی ہوتی ہے، چٹیل میدان (۳) تلی ج: اَقْوَاع وقِيعَانٌ وقِيعٌ وقِيعَةٌ۔
القَاعَةُ: گھر کا صحن (۲) بڑا ہال جس میں تقریبات اور تقریروں وغیرہ کے اجتماعات کئے جا سکیں ج: قَاعَات
قَاعَةُ المُؤتَمَرِ: کانفرنس ہال۔
قاعَةُ الاستقبال: ریسپشن ہال۔
قاعَةُ المَحْكَمَةِ: کمرۂ عدالت۔
القُوَاعُ: نرخرگوش۔
القَوْعُ: کھجوریں سکھانے کا فرش ج: اَقْوَاعٌ۔
القَوَّاعُ: چلّانے والا بھیڑیا۔
•قَافَ اَثَرَهُ ـُـ قَوْفًا وقِيافَةً: پیروی کرنا، نشانات قدم پر چلنا۔
هو قَائِفٌ ج: قَافَةٌ۔
اقْتَافَ اَثَرَهُ: قَافَهُ۔
تَقَوَّفَ اَثَرَهُ: قَافَهُ۔
ـــ فُلانًا في المَجْلِسِ: مجلس میں کسی کے کلام کی گرفت کرنا اور بتانا کہ ایسے نہیں ایسے کہو۔
ـــ عليه مَالَهُ: کسی پر اس کے مال کے بارہ میں روک لگانا۔
الاَقْوَفُ: هو اَقْوَفُ للأثَرِ: وہ بڑا واقف کار ہے، بڑا کھوجی ہے۔
القَافُ: ایک حرف کا نام، قاف (۲) گدی کے نیچے گڑھے میں لٹکے ہوئے بال۔
القَائِفُ: آثار کا تتبع کرنے والا اور اس کی معرفت رکھنے والا، بچے کے اعضاء کو دیکھ کر فراست سے نسب بتانے کا ماہر ج: قَافَةٌ۔
القُوفُ: کان کے اوپر کا حصہ (۲) گردن

اور گدی کے درمیان والے گڑھے کے بال۔ اَخَذَهُ بِقُوْفِ رَقَبَتِه: اس کی پوری گردن کو پکڑا۔

القِيَافَةُ: قیافہ شناسی، ایک علم جس میں خدوخال اور علامات سے بھلا برا پہچان لیا جاتا ہے۔ آثار کے تتبع اور معرفت کا ہنر۔

• قَاقَتِ الدَّجاجَةُ ـُ قَوْقًا: مرغی کا کڑ کڑ کرنا۔

القَاقُ: لمبی گردن کا آبی پرندہ (۲) لمبا (۳) بہت زیادہ لمبا (۴) بے عقل۔

القَاوُوْقُ: اہل فارس کی ایک قسم کی لمبی ٹوپی۔

القُوْقَةُ: گنج (۲) گنجا (۳) الّو (جو غیر آباد جگہوں میں رہنا پسند کرتا ہے) عام لوگ اسے اُمّ قُوَيق کہتے ہیں۔

المُقَوَّقُ: بہت گنجا۔

• قَوْقَأَتِ الدَّجاجَةُ: کڑ کڑ کرنا قَوْقَتِ الدَّجاجَةُ قِيقَاءً و قَوْقَاةً: انڈے دینے کے وقت کڑ کڑانا۔

• المُقَوْقِسُ: اسلام سے پہلے مصر اور اسکندریہ کے بادشاہوں کا لقب ہوتا تھا (۲) کبوتر کی طرح کا ایک پرندہ جس کی گردن میں سفید و سیاہ طوق نما دھاری ہوتی ہے۔

• القَوْقَعُ: سیپ کے خول میں رہنے والا ایک جانور جو بحر و بر دونوں جگہ رہتا ہے، گھونگھا۔

القَوْقَعِيَّات: نرم جسم کے سیپ والے جانوروں کا ایک گروہ، گھونگھے کی نسل کے جانور۔

• قَوْقَلَ: پہاڑ پر چڑھنا، کوہ پیمائی کرنا۔

القَاقُلَّةُ: بڑی یا چھوٹی الائچی۔ مصر میں الصبّہان اور عـراق میں حبّ الہال کہتے ہیں۔

القَاقُلّي: ایک قسم کا پودا۔

• قَالَ ـُ قَوْلًا و مَقَالًا و مَقَالَةً: کہنا، بولنا۔ هو قَائِلٌ و قَالٌ۔ قَائِلٌ کی جمع قَالَةٌ۔ مجازاً قول کو اظہار حال کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے اس صورت میں فاعل غیر متکلم شے ہوتی ہے۔ جیسے: قالت لَهُ العَيْنَانِ: آنکھوں نے اس سے کہا کے بجائے کہیں گے کہ آنکھوں سے ایسا معلوم ہوا۔ آنکھوں کا حال ایسا بتا رہا تھا۔

ـــ برأسه: سر سے اشارہ کرنا۔

ـــ لَهُ: کسی سے کچھ کہنا، بات کرنا

ـــ عَلَيه: کسی کے خلاف بولنا، کسی پر بہتان باندھنا، الزام لگانا۔

ـــ عنه: کسی کے متعلق خبر دینا، کسی کی طرف سے کچھ کہنا۔

ـــ فيه: کسی چیز میں کوشش کرنا (۲) کسی کے بارہ میں کوئی بات کہنا۔

ـــ به: کسی بات کا قائل ہونا، اس کا نظریہ اور عقیدہ رکھنا، رائے رکھنا، قول کے بعد قائل کا جملہ بطور حکایت بلفظہ ذکر کیا جاتا ہے جیسے کہا جائے: قَالَ اِنّي عَبْدُ اللّٰه اور معنًی ذکر کیا جاتا ہے جیسے: قَالَ اِنَّه عَبْدُ اللّٰهِ۔ دونوں صورتوں میں جملہ پر قول کا کوئی اثر ظاہر نہیں ہوگا۔ قول کبھی ظن کے معنی میں بھی آتا ہے، اس وقت اپنے بعد مبتدا اور خبر کو نصب دیتا ہے۔ أَتَقُوْلُ المُسَافِرَ قَادِمًا اليَوْمَ: کیا تمہارا خیال ہے کہ مسافر آج آئے گا؟

اَقْوَلَهُ یا اَقَالَه مالَمْ يَقُلْ: کسی کے متعلق ایسی بات کہنا جو اس نے نہ کہی ہو، غلط بات منسوب کرنا، کسی کے متعلق بے بنیاد دعوی کرنا۔

اَقْوَلَ فُلَانًا: کسی کو کوئی بات سکھانا، کسی بات کی تلقین کرنا۔

قَاوَلَهُ فِي الاَمْرِ: کسی سے بحث و مباحثہ کرنا، کسی مسئلہ پر بات چیت کرنا حجت بازی کرنا (۲) معاملہ یا معاہدہ کرنا (۳) کسی کام کا ٹھیکہ دینا۔

قَوَّلَهُ: کسی کی طرف بے بنیاد بات منسوب کرنا (۲) کسی بات کی تلقین کرنا، سکھانا۔

تَقَاوَلُوا فِي الاَمْرِ: کسی سلسلہ میں باہم گفتگو کرنا، حل طلب بات چیت کرنا۔

تَقَوَّلَ عليه قَوْلًا: کسی پر الزام لگانا، کسی کے خلاف جھوٹ گھڑنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الاَقَاوِيْلِ لَاَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِيْنِ"

القَائِلُ بشيءٍ: کسی چیز کا عقیدہ رکھنے والا، رائے رکھنے والا۔

التِّقْوَالَةُ: لسّان، زبان زد، بہت بولنے والا۔

التَّقَوُّلات: من گھڑت باتیں۔

القَالُ: بمعنی قول۔ القِيْلُ والقَالُ: فضول باتیں جن سے لوگوں کے درمیان جھگڑا پیدا ہو۔ نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عليه وَسَلَّمَ عن القيل والقَالِ۔ قِيْلَ و قَالَ ماضی کے صیغہ سے بھی آتا ہے (۲) بمعنی قائل جیسے: رَجُلٌ قَالٌ: بہت بولنے والا (۳) گلّی (دو نوکی بیچ سے موٹی چھوٹی سی لکڑی جسے بچے ڈنڈے سے اچھالتے ہیں) (۴) گلّی کا ڈنڈا ج: قِيْلَان۔

القَالَةُ: لوگوں میں مشہور بات، عام چرچا

(اچھا ہو یا برا)، چہ می گوئیاں۔
القَوْلُ: بات، کلام (۲) رائے (۳) اعتقاد ونظریہ ج: اَقْوَال واَقَاوِیْلُ۔
القَوْلُ المأثُورُ: کہاوت، مشہور بات ضرب المثل۔
القَوْلِیَّۃُ: شور وغوغا۔
القَیْلُ: زمانۂ جاہلیت میں ملوکِ یمن کا لقب ج: اَقْوَال واَقْیَال۔
القِیْلُ: بات، قول۔
القِیْلُ وَالقَالُ: دیکھئے: المقالُ۔
حجت بازی، لغو بحث ومباحثہ، لفظی تکرار۔
المَقَالُ: قول، کلام۔
المَقَالُ الإفتِتاحِیُّ: اداریہ، ایڈیٹوریل
المَقَالَۃُ: قول، کلام، مضمون (۲) عقیدہ ونظریہ، مسلک جس پر کوئی شخص کاربند ہو (۳) اخبار یا رسالہ میں شائع کیا جانے والا مضمون، مقالہ بحث۔
المَقَالَۃُ الانشائِیۃُ: تخلیقی مضمون۔
المَقَالۃ الرئِیسِیَّۃُ (فی الصَّحیفۃ او المَجَلَّۃ) مرکزی مضمون۔
المَقَالۃ القَصیرۃ (فی الصَّحیفۃ) مختصر مضمون، (اداریہ اور مرکزی مضمون کے علاوہ)۔
المُقَاوَلَۃُ: ٹھیکہ، دو شخصوں یا دو فریق کے درمیان ایک معاہدہ جس کی رو سے ایک فریق دوسرے کے کام کو متعینہ مدت میں مقررہ معاوضہ پر انجام دینے کی ذمہ داری لیتا ہے بالمُقَاوَلَۃ: ٹھیکہ پر۔ الشُّغْلُ بالمُقَاوَلَۃ: ٹھیکہ داری۔
المُقَاوِلُ: ٹھیکہ دار، کانٹریکٹر۔ المُقَاوِل علی عَمَلٍ: کسی کام کا ٹھیکہ دار۔
المِقْوَالُ: لسّان، بہت باتونی۔
المِقْوَلُ: باتونی، بہت بولنے والا (۲) زبان ج: مَقَاوِلُ ومَقَاوِلۃ۔
المُقَوَّلَۃُ: باربار زبان پر آنے والی بات، مشہور بات، زبان زد عوام۔
• القُوْلَنجُ: قولنج (ایک بیماری جس میں پسلی کے نیچے درد ہوتا ہے اور فضلات وریاح کا خروج دشوار ہوجاتا ہے)۔
القُوْلُون: باریک آنت اور سیدھی آنت کا جوڑ، معاء غلیظ، قولون، بڑی آنت۔
• قَامَ ـُ قَوْمًا وقِیامًا وقَوْمَۃً: کھڑا ہونا، سیدھا ہونا (۲) چلتے ہوئے رک جانا۔
ــــ الأمْرُ: اعتدال پر آنا، متوازن ہونا (۲) سدھرنا، درست ہونا۔
ــــ الحَقُّ: حق واضح اور ثابت ہونا
ــــ قائِمُ الظَّہِیْرَۃ: زوال کا وقت ہونا۔
ــــ میزانُ النَّہارِ: آدھا دن ہوجانا
ــــ المَاءُ: راستہ نہ ملنے سے پانی کا ٹھہر جانا اور نکلنے کا مخرج نہ پانا۔
ــــ المَتَاعُ بکذا: سامان کی کوئی قیمت متعین ہوجانا۔ ھذا الشیءُ قامَ بثَمَن کذا: یہ اتنی قیمت میں پڑا۔
ــــ الأمْرُ: کوئی سلسلہ قائم ہونا، وجود میں آنا، ہونا۔
قامت الصَّلوۃ: نماز شروع ہونا، نماز کا وقت ہوجانا، نماز کے لئے جماعت کا کھڑا ہوجانا۔
ــــ الحَرَکَۃُ: تحریک چلنا، شروع ہونا۔
ــــ المُبَارَاۃُ فی کذا: میچ ہونا، کھیل وغیرہ کا مقابلہ ہونا۔
ــــ السَّاعَۃُ: قیامت آنا۔
قامَت قَائِمَۃٌ: ہنگامہ ہونا (۲) وزن یا حیثیت ہونا۔
ــــ لَہ قائِمۃٌ: کسی کا وزن اور حیثیت ہونا (۲) کسی طرف سے مزاحمت باقی رہنا۔
ــــ السُّوقُ: بازار چلنا، گرم ہونا۔
ــــ بِأمْرٍ: انجام دینا، ذمہ دار ہونا۔
ــــ بالواجب: فریضہ ادا کرنا۔
ــــ بالإتِّصال: رابطہ قائم کرنا۔
ــــ بالاقتِحَام: دھاوا بولنا۔
ــــ بأُمُورِ الجَمَاعَۃِ اوالمَعْہَد: جماعت یا ادارہ چلانا۔
ــــ ببَحْثٍ عِلْمِیٍّ: ریسرچ کرنا۔
ــــ بتَفْتیشٍ: چیکنگ کرنا۔
ــــ بالجَمِیل نحوَ اَحَدٍ: کسی کے ساتھ حسن سلوک کرنا، احسان کرنا۔
ــــ بالفَحْصِ: جانچ کرنا۔
ــــ بالمُخَاطَرَۃ: خطرہ مول لینا۔
ــــ بالمُغَامَرَۃ: مہمات انجام دینا، خطرناک کام کرنا۔
ــــ مَعْرِضٌ: نمائش ہونا، لگنا۔
ــــ عَلَی الأمْرِ: کسی کام میں مشغول رہنا، پابندی اور دوام کے ساتھ لگا رہنا۔
ــــ علی اِدَارَۃِ مَعْہَدٍ: کسی ادارہ کا انتظام والنصرام کرنا۔
ــــ بِمُظَاھَرَۃٍ: جلوس نکالنا۔
ــــ مَقَامَہُ: قائمقام ہونا۔
ــــ بالوَعْدِ: وعدہ پورا کرنا۔
ــــ لِلأمْرِ: کسی کام کو سنبھالنا، اٹھ کھڑا ہونا، تیار ہونا۔
ــــ علَی اَھْلِہ: اہل وعیال کی دیکھ بھال کرنا، کفالت کرنا، خرچ اٹھانا۔
ــــ علَیہ: کسی کے خلاف اٹھ کھڑا ہونا
اَقَامَ بالمَکَانِ: قیام کرنا، ٹھیرنا (۲) سکونت اختیار کرنا۔
ــــ فُلانًا من مَکَانِہ: اٹھادینا،

کھڑا کر دینا، ہٹا دینا۔
اَقَامَ الشیءَ : باقی رکھنا (۲) کسی چیز کو اس کے جملہ حقوق کے ساتھ بروئے کار لانا (۳) سیدھا کرنا۔
— الصَّلوٰۃَ : نماز کو اس کے جملہ ارکان وشرائط یا حقوق اور تقاضوں کے مطابق ادا کرنا، تعدیل ارکان کرنا نیز خشوع وخضوع کے ساتھ ادا کرنا۔
— لِلصَّلوٰۃِ : نماز کے لئے تکبیر کہنا، نماز کا وقت ہو جانے کا اعلان کرنا۔
— العُوْدَ والبِنَاءَ ونَحْوَهما : سیدھا کرنا۔
— الشَّرْعَ : شریعت پر عمل کرنا، احکامِ شریعت بجالانا۔
— لِلعَمَلِ : کسی کام کا جوش دلانا۔
— فُلَانًا مقامَ اَحَدٍ : قائم مقام بنانا۔
— الدَّلِیلَ علٰی شیءٍ : دلیل پیش کرنا، کسی چیز کا ثبوت دینا۔
— علٰی شیءٍ : ثابت قدم رہنا، اس چیز کو برقرار رکھنا۔
— لَهُ وَزْنًا : کسی کو اہمیت دینا۔
— عَرْضًا : نمائش لگانا، شو کا انتظام کرنا۔
— مِهْرَجَانًا : جشن منانا۔
— حَفْلَةً : جلسہ کرنا، پارٹی دینا۔
— الحَفْلَ تکریمًا لِفُلَانٍ : کسی کے اعزاز میں پارٹی دینا۔
— الدَّعْوٰی علٰی فُلَانٍ : کسی کے خلاف دعویٰ دائر کرنا، مقدمہ کرنا۔
— السَّلَامَ : امن قائم کرنا
قَاوَمَهُ : کسی کے ساتھ قیام کرنا، کسی کے ساتھ کھڑا ہونا (۲) کشتی وغیرہ میں مقابلہ کرنا، کسی کے سامنے ڈٹنا، آڑے آنا، مزاحمت کرنا۔
— فی حَاجَةٍ : کسی کام میں ساتھ دینا۔

قَوَّمَتِ الشَّاةُ : بکری کو قُوام بیماری لاحق ہونا (دیکھئے : قوام)۔
— المُعْوَجَّ : سیدھا کرنا۔
— الاَخْلَاقَ : اخلاق درست کرنا۔
— السِّلْعَةَ : قیمت لگانا۔
تَقَاوَمُوا فی الحَرْبِ : لڑائی میں باہم مل کر کھڑا ہونا، دوش بدوش کھڑا ہونا (۲) ایک دوسرے کے خلاف کھڑا ہونا۔
— الشیءَ فیما بَیْنَهُم : آپس میں کسی چیز کی قیمت طے کرنا۔
تَقَوَّمَ الشیءُ : سیدھا ہونا۔ قَوَّمْتُهُ فَتَقَوَّمَ (۲) قیمت مقرر ہو جانا۔
شیءٌ مُقَوَّم ومُتَقَوِّم : قیمت لگی ہوئی چیز۔
اِسْتَقَامَ الشیءُ : سیدھا ہونا، درست ہونا، صحیح راستہ پر آجانا (۴) ثابت قدم ہونا۔
الاِسْتِقَامَةُ : درستگی، راست روی، ثابت قدمی۔
الاِقَامَةُ : قیام، رہائش، سکونت (۲) تعمیر۔ الاِقَامَةُ المُؤَقَّتَةُ : عارضی سکونت۔
التَّقْوِیمُ : اصلاح، سدھار (۲) کلینڈر، دن اور ماہ وسال سے وقت کا حساب لگانے کا عمل۔
تقویمُ السَّنَةِ : جنتری، کیلنڈر۔
ج : تَقَاوِیم۔
تَقْوِیمُ البُلْدَانِ : جغرافیہ سے متعلق رہنما کتاب جس میں ممالک کے جائے وقوع طول وعرض اور آب وہوا وغیرہ دیگر احوال بیان کئے جائیں۔
القَائِمُ : سیدھا (۲) اٹھتا ہوا (۳) جما ہوا، ٹھہرا ہوا، کھڑا ہوا۔ ج :

قُوَّام و قُیَّم۔
قَائِمُ السَّیْفِ : تلوار کا قبضہ۔
دِینَارٌ قَائِمٌ : ایک قیمت پر برقرار رہنے والا دینار۔
قَائِمُ الماء : پانی کی اونچی ٹنکی جہاں سے مختلف جگہوں پر پانی پہنچایا جاتا ہو۔
القَائِمُ بالاَعْمَالِ : قائم مقام افسر، ناظم الامور (۲) قائم مقام سفیر۔
القَائِمُ بِعَمَلٍ : کسی کام کا ذمہ دار۔
القَائِمُ بِنَفَقَاتِهِ : خود کفیل۔
القَائِمُ بفرز الاَصْوَاتِ : ووٹ شمار کرنے والا افسر۔
القَائِمُ بِذَاتِهِ : خود مختار (۲) بلا سبب وعلت موجود رہنے والی ذات
القَائِمُ مَقَامٍ۔ القَائِمَقَام : ڈپٹی کمشنر (۲) تحصیل دار (۳) لیفٹیننٹ کرنل (ایک فوجی عہدہ)
القَائِمُوْنَ علی الاُمورِ والاِدَارَةِ : منتظمین۔
القَائِمَةُ : تلوار کا دستہ (۲) چوپائے کی ٹانگ (۳) تخت یا میز کا پایہ (۴) عمارت کا ستون بطور استعارہ انسان کی ٹانگ کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے (۵) فہرست، فرد، لسٹ، انڈیکس، کیٹلاگ، جدول۔
ج : قَوَائِم۔
الزَّاوِیَةُ القَائِمَةُ : نوّے درجہ کا زاویہ۔
العَیْنُ القَائِمَةُ : وہ آنکھ جس کی بینائی زائل ہو گئی ہو۔
قَائِمَةُ الاَسْعَارِ : نرخ نامہ، قیمتوں کی فہرست۔
— الاِنْتِظَارِ : ویٹنگ لسٹ (وہ کاغذ جس میں ٹکٹ وغیرہ کے امیدوارں

کا ترتیب وار نام لکھا ہوا ہو)۔
قَائِمَةُ اَصْنَافِ المَأْكُولَاتِ: کھانوں کی فہرست جو بڑے ہوٹلوں میں ہوتی ہے۔ مینو۔
—الحِسَاب: آمد و خرچ کا گوشوارہ، نقشۂ حساب۔
—الجَرْد: تجارتی چٹھا، تجارتی سامان کی فہرست۔
—المَوْجُودَات: موجود سامان کی فہرست۔
—التَّكَالِيف: فہرستِ اخراجات، کسی کام کی لاگت کی تفصیل۔
—الصَّادِرَات: برآمدات کی فہرست
—النَّاخِبِين: ووٹر لسٹ۔
—الوَفَيَات: فہرستِ اموات۔
القَائِمَةُ الاِنْتِخَابِيَّةُ: ووٹر لسٹ۔ انتخابی فہرست۔
القَائِمَةُ السَّوْدَاءُ: بلیک لسٹ۔
القَامَةُ: انسان کی لمبائی، قد (۲) ایک پیمائشی یونٹ جو چھ فٹ کا ہوتا ہے اور سمندروں کی گہرائی ناپنے کے لئے بالعموم استعمال ہوتا ہے ج: قامات۔
القُوَامُ: چوپائے کی ٹانگ کی بیماری جس سے وہ کھڑا نہیں ہو پاتا۔
القَوَامُ: اعتدال، معتدل، اوسط درجہ کا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا"۔ رُمْحٌ قَوَامٌ: سیدھا نیزہ۔ قَوَامُ الاِنْسَانِ قد و قامت، ڈیل ڈول، کاٹھی، خوش قامتی (خوشنما لمبائی)۔
لقِوَامُ: کسی چیز کے وجود و بقاء کا سامان، اجزاء ترکیبیہ، عناصر (۲) سہارا، بنیاد، اصل، مدار علیہ جس پر کسی چیز کی بقاء کا انحصار ہو (۳) روزی جو بقاء حیات کے لئے ضروری ہو (۴) مددگار،

(۵) کثافت (۶) قِوَامَ المعجون وغیرہ: شکر وغیرہ کا شیرہ جس سے وہ قائم رہے۔
قِوَامُ اَهْلِ البَيْتِ: اہل خانہ کا کفیل گزر بسر کا سہارا۔
قِوَامُ الاَمْرِ: کسی معاملہ کی جان، اصل الاصول، ضروری انتظام۔
قِوَامُ الاِنسان: بقدر کفایت روزی، بقاء حیات کے لئے ضروری خوراک۔
قِوَامُ الوَفْدِ: ارکان وفد۔
القِوَامَةُ: انتظام، مالی انتظام (۲) کفالت و ذمہ داری۔
القَوْمُ: عوام، لوگ، لوگوں کی وہ جماعت جس میں باہم کوئی جامع رشتہ پایا جاتا ہو۔ جیسے زبان یا مذہب وغیرہ (۲) قبیلہ، قوم، برادری، خاص مردوں کی جماعت
قَوْمُ الرَّجُلِ: رشتہ دار، ہم رشتہ دار، خاندانی لوگ۔
القَوْمَةُ: رکوع اور سجدے کے درمیان قیام (۲) انسان کا قد (۳) کسی کام کا اقدام و حرکت قَامُوا قَوْمَةً وَاحِدَةً: وہ سب ایک ساتھ اٹھ کھڑے ہوئے۔
القَوْمِيُّ: قوم پرست، وہ شخص جو اپنی قوم کی مدد اس کے مختلف حالات میں اپنا فرض سمجھتا ہو، نیشنلسٹ (۲) قومی، وطنی، عوامی، نیشنل۔
العِيدُ القَوْمِيُّ: قومی تہوار۔
الزَّعِيمُ القَوْمِيُّ: نیشنل لیڈر۔
القَوْمِيَّةُ: قومیت، مذہبی یا وطنی یا لسانی رشتہ جس کے تحت مخصوص قسم کا اتحاد و تعاون قائم ہو جاتا ہے۔ جذباتیت کو اس میں زیادہ

دخل ہوتا ہے، نیشنلٹی، نیشنل ازم۔
القَوَّامُ: خوش قامت، اچھے ڈیل ڈول کا (۲) اچھا منتظم و مدبر (۳) نگراں، محافظ ذمہ دار۔
القَوَّامُونَ عَلَى النِّسَاءِ: عورتوں کے محافظ و نگراں کار۔
القَوِيْمُ: معتدل، سیدھا (۲) خوش قامت ج: قِوَامٌ۔
القِيَامُ: قیام، ٹھہراؤ، جماؤ، اٹھاؤ (۲) نماز میں سیدھا کھڑا ہونا (خلاف قعود) بے داری، جاگنا، کھڑا ہونے کی حالت
قِيَامُ الاَمْرِ: کسی معاملہ کی بنیاد اور شرطِ بقاء۔
القِيَامَةُ: کفالت و ذمہ داری۔ يَوْمُ القِيَامَةِ: قیامت کا دن جس میں مخلوقات کو حسابِ اعمال کے لئے زندہ کیا جائے گا۔
القِيمَةُ: کسی چیز کی حیثیت، وزن، قدر و قیمت (۲) معیار (۳) لاگت (۴) ثمن، قیمت (۵) آدمی کا قد ج: القِيَمُ۔
مَا لِفُلَانٍ قِيمَةٌ: فلاں کی کوئی حیثیت نہیں، فلاں آدمی میں استقلال نہیں، کسی ایک بات پر قرار نہیں۔
القِيمَةُ الاَسَاسِيَّةُ: اصل قیمت۔
—الاِسْمِيَّةُ: دکھاوے کی قیمت۔
قِيمَةُ الاِيجَار: کرایہ۔
القِيمَةُ الثَّابِتَةُ: متعینہ قیمت (۲) ٹھیری ہوئی قیمت۔
قِيمَةُ الجَائِزَة: انعام کا زرِ قدر۔
القِيمَةُ السُّوقِيَّةُ: بازاری قیمت۔
القِيمَةُ الكُلِّيَّةُ: ٹھوک قیمت۔
القِيمَةُ المُعْلَنَةُ: اعلان کردہ قیمت۔
القِيمَةُ المُطْلَقَةُ: عام قیمت۔
شَيْءٌ لَا قِيمَةَ لَه: بے وقعت، بے حیثیت، غیر معیاری۔

فَقَدَ القِيمَةَ: اس کی حیثیت ختم ہوگئی۔
القِيَمُ: قدریں، اقدار۔
القِيَمُ الأَخْلَاقِيَّةُ: اخلاقی قدریں۔
القِيَمُ الإِنْسَانِيَّةُ: انسانی قدریں۔
القِيَمُ العُلْيَا: اعلی اقدار۔
القِيَمُ الخُلُقِيَّةُ الفَاضِلَةُ: اعلیٰ اخلاقی قدریں۔
قِيَمُ الأُسْرَةِ: خاندانی روایات۔
القَيُّومُ: وہ ذات جو اپنے بل پر ہمیشہ خود قائم رہے اور اپنے ماسوا ہر شے کی نگراں و محافظ ہو (۲) محافظ و نگراں (۳) باری تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ایک اسم۔
القَيِّمُ: سربراہ (۲) نگران کار (۳) متولی و منتظم (۴) سیدھا، معتدل (۵) قیمتی، وزن دار، بیش قیمت، گراں بہا۔ کِتَابٌ قَيِّمٌ: قیمتی کتاب۔
قَيِّمُ الأُمُورِ: منتظم، کارپرداز، کرتا دھرتا
القَيِّمُ عَلَى الأَمْرِ: نگراں کار، ذمہ دار
قَيِّمُ القَوْمِ: راہنما، لیڈر، قائد۔
قَيِّمُ المَرْأَةِ: شوہر۔
القَيِّمَةُ: الأُمَّةُ القَيِّمَةُ: راست باز معتدل امت۔ قرآن پاک میں ہے: "وَذٰلِكَ دِينُ القَيِّمَةِ" (قیمۃ کا موصوف امۃ محذوف ہے) اور یہی راہ ہے مضبوط و راست باز لوگوں کی۔
المستقیم: سیدھا، راست رو۔
المَقَامُ: دونوں پاؤں رکھ کر کھڑے ہونے کی جگہ (۲) مجلس، نشست گاہ (۳) جگہ، مقام (۴) لوگوں کی جماعت (۵) پوزیشن، مرتبہ، حیثیت درجہ (۶) عزت (۷) رہائش گاہ۔
المَقَامَةُ: لوگوں کی جماعت (۲) مجلس (۳) وعظ یا تقریر (۴) مسجع عبارت والی مختصر کہانی جو چٹکلوں، ادبی لطیفوں اور وعظ و نصیحت پر مشتمل ہو جیسے مقامات حریری اور مقامات بدیع الزمان ہمدانی وغیرہ۔
المُقَامُ: قیام (۲) قیام گاہ، رہائش گاہ
المُقَامَةُ: المُقَامُ۔
المِقْوَمُ: ہل کا دستہ۔
المُقَاوِمُ: مزاحمت کار، مقابل، مخالف
المُقَاوَمَةُ: مقابلہ، مخالفت، مزاحمت
المُقَاوَمَةُ الشَّعْبِيَّةُ: عوامی مقابلہ، عوامی مزاحمت۔
المُقَوِّمُ: قیمت لگانے والا۔
المُقَوَّمُ: قیمت لگا ہوا۔
المُقَوِّمَاتُ: بنیادی اجزاء، لوازم، عناصر، اجزاء ترکیبیہ۔
مُقَوِّمَاتُ الحیاۃ: لوازم زندگی۔
مُقَوِّمَاتُ النَّصْرِ: کامیابی کے بنیادی اسباب و ذرائع۔
المُقَوَّمَاتُ: قیمتی اشیاء۔
المُقِيمُ: قیام پذیر (۲) دائمی (۳) رہائش پذیر (۴) قائم۔
• القُوْنَةُ: لوہے یا تانبے کا پرت جس کا برتن پر پیوند لگایا جاتا ہے۔
القَاوُوْنُ۔ ایک قسم کا زرد بڑا پھل میٹھا اور خوشبودار، پپیتا، خربوزہ۔
• قَوَّهَ بصَاحِبِه: اپنے ساتھی کو چیخ کر بلانا۔
— بالصَّيْدِ وعَلَيْه: شکار کو چیخ چیخ کر ایک جگہ گھیرنا۔
تَقَاوَهَ الرَّجُلَانِ: دو آدمیوں کا ایسی علامتی آواز نکالنا جس سے ایک دوسرے کو پہچانا جاسکے۔
القَاهُ: عزت وجاہ (۲) آسودہ زندگی۔
إِنَّهُ لَفِي عَيْشٍ قَاهٍ: وہ تو واقعی بڑا آسودہ حال ہے۔
القَاهِيُّ: آسودہ حال آدمی۔
القُوْهَةُ: وہ دودھ جس میں کچھ تغیر ہوگیا ہو لیکن دوہنے کے وقت کی مٹھاس باقی ہو۔
القُوْهِيُّ: سفید کپڑے کی ایک قسم۔
• قَوِيَ ـَـ قُوَّةً: طاقتور ہونا، کام کی طاقت رکھنا، قادر ہونا۔ ھو قَوِيٌّ۔ ج: أَقْوِيَاءُ۔
— عَلَى الأَمْرِ: کسی کام کو کرسکنا، کسی کام کی طاقت رکھنا، قابو پانا، ہمت کرنا۔
— قَوًى: سخت بھوکا ہونا۔ ھو قَوٍ۔
— المَطَرُ: بارش رک جانا۔
— الحَبْلُ والوَتَرُ: تانت یا رسی کی لڑیوں کا پتلا و موٹا ہونا (یکساں نہ ہونا)۔ ھو قَوٍ۔
— الدَّارُ قَوًى وقَوَاءً وقَوَايَةً: گھر کا مکینوں سے خالی ہونا۔
أَقْوَى الرَّجُلُ: غریب و محتاج ہونا (۲) بیابان میں قیام کرنا (۳) کھانا اور زاد راہ ختم ہوجانا (خالی ہاتھ رہ جانا) (۴) بھوکا ہونا اور کچھ سامان نہ ہونا خواہ وہ اپنے گھر پر بہتر حال میں رہتا ہو)۔
— الدَّارُ: گھر خالی ہوجانا، ویران ہونا۔
— فی الشِّعْرِ: شعر کو مختلف قافیوں والا بنانا۔
— الحَبْلَ أو الوَتَرَ: رسی اور تانت کے بعض لڑیوں کو موٹا کرنا (۲) رسی اور تانت کو مضبوط کرنا۔ فھو مُقْوًى۔
قَاوَاهُ: کسی سے طاقت آزمائی کرنا اور

اس پر غالب آجانا (کشتی میں) قابو پانا
قَوَّى الرَّجُلَ او الشَّيءَ : طاقتور بنانا مضبوط کرنا (۲) جمانا (۳) تائید کرنا۔
اقْتَوَى : طاقتور ہونا، طاقت بڑھنا۔
ــــ عَلَى فُلانٍ : سرزنش کرنا، عتاب کرنا۔
ــــ الشيءَ : اپنے لئے خاص کرنا۔
ــــ شَيْئًا بِشَيْءٍ : تبادلہ کرنا، بدلنا۔
ــــ الشُّرَكَاءُ المَتَاعَ بَيْنَهُم : شریکوں کا سامان کی قیمت بڑھانا اور کسی ایک کا بڑھی ہوئی قیمت پر خرید لینا۔
تَقَاوِي فُلانٌ : رات کو بھوکا رہنا (۲) طاقتور بننا (خلاف واقعہ)۔
ــــ القَوْمُ الدَّلْوَ : لوگوں کا ڈول سے ہونٹ لگانا اور جس سے جتنا ممکن ہو پی لینا۔
ــــ الشُّرَكَاءُ المتاعَ بَيْنَهُم : اقْتَوَوْهُ
تَقَوَّي : مضبوط ہونا، طاقتور ہونا۔
استَقْوَى : طاقتور ہونا۔
التَّقَاوِي : گیہوں وغیرہ کے بیج۔
التَّقْوِيَةُ : طاقت افزائی (۲) نشاط انگیزی، ہمت افزائی، پشت پناہی۔
القَاوِي : بھوکا (۲) لینے والا۔
القَاوِيَةُ : انڈا (۲) کم بارش والا یا بے بارش سال (۳) ویران (گھر)۔
القَوَاءُ : بے آب وگیاہ (بنجر) زمین، چٹیل میدان۔ أَرْضٌ قَوَاءٌ : ویران یا بنجر زمین۔ مَنْزِلٌ قَوَاءٌ : ویران قیام گاہ، غیر مانوس مقام (۲) دو بارش والی زمینوں کے درمیان بے بارش زمین ج : أَقْوَاء۔
القَوَايَةُ : بنجر زمین، چٹیل میدان۔
القُوَّةُ : طاقت (خلاف الضعف) زور سختی، ہمت (۲) جسمانی طاقت، تندرستی (۳) توانائی (۴) فوجی طاقت فوج (۵) رسّی کی لڑی (۶) دباؤ (۷) اجسام ساکنہ کو متحرک یا متغیر کرنے والی طاقت مشینی ہو یا فطری ج : قُوًى و قُوَّاتٌ۔ رَجُلٌ شَدِيدُ القُوَى : تندرست وتوانا آدمی۔
القُوَّةُ الآلِيَّةُ : مشینی طاقت۔
القُوَّةُ الأَرْضِيَّةُ : زمینی فوج۔
القُوَّةُ البَرِّيَّةُ : زمینی (بری) فوج
القُوَّةُ البَشَرِيَّةُ : افرادی طاقت۔
قُوَّةُ البوليس او الشُّرْطَة : پولس فورس۔
القُوَّةُ الشِّرائِيَّةُ : قوت خرید۔
القُوَّةُ الصَّاعِدَة : بڑھتی ہوئی طاقت
القُوَّة الحصانية : ہارس پاور۔
القُوَّةُ القَهْرِيَّةُ۔ القاهِرَةُ او الخارِقَةُ : زبردست طاقت۔
القُوَّةُ الجَوِّيَّةُ : ایرفورس، فضائی فوج۔
قُوَّةُ الأَمْن : سیکورٹی فورس، حفاظتی فوج یا پولس۔
قُوَّةُ الطَّوَارِي : ہنگامی فوج۔
قُوَّةُ الطَّيَرَان : ہوائی فوج۔
قُوَّةُ الرَّدْع : مانع (جنگ) فوج۔
قُوَّةُ السَّلام : امن فوج۔
القُوَّةُ المُنْتَظِمَةُ : باضابطہ فوج۔
القُوَّةُ الاحْتِيَاطِيَّةُ : ریزرو فوج۔
القُوَّةُ المُعَارِضَة : مخالف طاقت
بالقُوَّةِ : بزور، بزور طاقت۔ (۲) بالفعل کی ضد (امکان وقدرت میں)
القُوَّات : فوجیں۔
القُوَّات المُسَلَّحَةُ : ہتھیار بند یا مسلح افواج۔
قُوَّاتُ الاحْتِلال : قابض فوجیں۔
قُوَّات الاحتياط : ریزرو فوجیں۔
قُوَّات الأَمْن الدُّوَلِيَّة : بین الاقوامی حفاظتی فوج۔
قُوَّات الأَمْنِ المَرْكَزِيَّة : مرکزی حفاظتی فوج، سینٹرل سیکورٹی فورسز
قُوَّاتُ الجَيْش : افواج۔
القُوَّات الغَازِيَةُ : حملہ آور فوجیں۔
القُوَّاتُ غَيْرُ النِّظامِيَّة : بے قاعدہ افواج۔
القُوَّات النِّظامِيَّة : باضابطہ افواج۔
قُوَّاتُ المِحْوَر : مرکزی فوجیں۔
القُوَّات المُنْهَكَةُ : تھکی ہوئی فوجیں۔
القَوِيُّ : اللہ تعالیٰ کا نام، مضبوط، طاقتور زوردار (۲) تندرست وتوانا ج : أَقْوِيَاء (۳) تیز جیسے : شاي قويٌّ (۴) قادر (۵) مقوّی، توانائی سے بھرپور جیسے : غذاءٌ قويٌّ (۶) وہ حرف جو حرف لین نہ ہو۔
القُوَيُّ : انڈے سے نکلتا ہوا چوزہ۔
القِيُّ : چکنی ہموار زمین۔
المُقْوِي : بَلَدٌ مُقْوٍ : وہ شہر جہاں بارش نہ ہوئی ہو (۲) خالی، ویران۔
المُقَوِّي : طاقت بخش، نشاط انگیز، ٹانک، طاقت بخش دوا ج : مُقَوِّيَاتٌ
المُقَوَّى : مضبوط۔ الوَرَقُ المُقَوَّى : کارڈ بورڈ، دفتی۔

ق ـــــ ی

• قَاءَ ما أكَلَ ـــ قَيْئًا : قے کرنا، کھایا ہوا اگل دینا۔ هو قَاءٍ۔
ــــ الطَّعْنَةُ الدَّمَ : نیزہ کی ضرب کا خون نکالنا۔
ــــ الأَرْضُ ما حَوَت : زمین کا اپنے اندر کی چیزوں کو باہر نکالنا۔
ــــ الأَرْضُ الكَمْأَةَ : زمین کا برساتی گھاس (کھمبی) اگانا۔

ثَوْبٌ يقئُ الصِّبْغَ: گہرا رنگا ہوا کپڑا۔
أَقَاءَهُ: قے کرانا، کھایا پیا اگلوانا۔
قَيَّأَهُ: آدمی یا دوا کا کسی کو قے کرانا۔
تَقَيَّأَ: قے کی کوشش کرنا، قصداً قے کرنا۔
استقاء و استقیأ: قے کی کوشش کرنا، قصداً قے کرنا۔
القَيْءُ: الٹی، قے، متلی، معدے سے نکلا ہوا کھانا پانی۔
القَيُوءُ: جسے بہت الٹیاں ہوتی ہوں بہت قے کرنے والا (۲) قے لانے والی دوا۔ شَرِبْتُ القَيُوءَ فَمَا قَيَّأَنِي: میں نے قے لانیوالی دوا پی مگر اس سے قے نہیں ہوئی۔
المُقَيِّئُ: قے لانے والی دوا۔
القُيَاءُ: قے کی کثرت۔
• القِيْثَارُ و القِيْثَارَةُ: گٹار، بربط، ایک باجہ کا نام۔
• قَاحَ الجُرْحُ ـِ قَيْحًا: زخم میں پیپ پڑنا۔
أَقَاحَ الجُرْحُ: پیپ پڑنا۔
ـــ الرَّجُلُ: سوال کے بعد انکار کا پختہ ارادہ کرنا۔
قَيَّحَ الجُرْحُ: قَاحَ۔
تَقَيَّحَ الجُرْحُ: قَاحَ۔ المُتَقَيِّحُ: پیپ پڑا ہوا۔
القَيْحُ: پیپ۔ قَيِحٌ: پیپ دار۔
• قَادَهُ ـِ قَيْدًا: پاؤں میں بیڑی ڈالنا۔
قَيَّدَهُ: پاؤں میں بیڑی ڈالنا، مقید و پابند کرنا، کام سے روکنا۔
ـــ بالإحسان: احسان کے بوجھ تلے دابنا۔
ـــ التَّعَبُ فُلَانًا: تکان کا کام سے روکنا۔ نَاقَةٌ مُقَيَّدَةٌ: تھکی ہاری اونٹنی جو اٹھنے کی تاب نہ رکھتی ہو۔
قَيَّدَ العِلْمَ بالكتاب: علم کو کتاب میں محفوظ کرنا۔
ـــ الخَطَّ: لکھائی پر نقطے اور زیر زبر لگانا، اعراب لگانا
ـــ الشَّيْءَ فِي دَفْتَرٍ أو وَرَقَةٍ: درج رجسٹر کرنا، کاغذ وغیرہ پر نوٹ کرنا، قلم بند کرنا۔
ـــ الاسْمَ: نام لکھنا۔
تَقَيَّدَ: پاؤں میں بیڑی لگنا، پابند ہونا مقید ہونا، درج ہونا، نوٹ ہونا، قلم بند ہو جانا، رک جانا۔
ـــ بالمَوَاعِيدِ: اوقات کی پابندی کرنا۔
ـــ بالقَرَارَاتِ: فیصلوں کا پابند ہونا۔
التقييد: اندراج، رجسٹریشن، انٹری۔
القَيْدُ: بیڑی، پیروں میں ڈالی جانے والی رکاوٹ، بندھن (۲) بندش شرط، پابندی۔ ج: أَقْيَادٌ و قُيُودٌ۔ فَرَسٌ قَيْدُ الأَوَابِدِ: انتہائی تیز رو گھوڑا جو جنگلی جانوروں کو بھاگنے سے روک دے (۳) اعراب (زبر زیر پیش وغیرہ) ما على هذا الحَرْفِ قَيْدٌ: اس حرف پر اعراب نہیں ہے (۴) فاصلہ، مسافت۔ بَيْنَهُمَا قيد رُمْحٍ۔ على قَيْدِ خُطْوَةٍ: ایک قدم کے فاصلہ پر (۵) انٹری، اندراج۔
القَيْدُ المُزْدَوِجُ: ڈبل انٹری، دوہرا اندراج۔
قَيْدَ التَّنْفِيذِ: زیر عمل، زیر تنفیذ۔
قَيْدَ المُنَاقَشَةِ: زیر بحث۔
القُيُودُ: پابندیاں۔ فَرْضُ القُيُودِ: پابندیاں لگانا۔ رَفْعُ القُيُودِ: پابندیاں ہٹانا۔
قُيُودُ الأَسْنَانِ: مسوڑھے۔
القِيْدُ: مقدار و فاصلہ۔ بَيْنَهُمَا قِيْدُ رُمْحٍ: ان کے درمیان ایک نیزہ کا فاصلہ ہے۔
المُتَقَيِّدُ بشيءٍ: پابند۔
المُقَيَّدُ: پابند (۲) پازیب پہننے کی پیروں میں جگہ (۳) مویشی باڑہ جہاں جانور باندھے جاتے ہیں ج: مَقَايِيد
شِعْرٌ مُقَيَّدٌ: (خلاف مطلق) وہ شعر جس کا حرف آخر (روی) ساکن ہو (۲) خلاف مُرْسَل یعنی وہ شعر جو علم عروض کے قواعد بحور کے مطابق ہو۔ مُرْسَلٌ: وہ شعر جو مذکورہ ضوابط کا پابند نہ ہو۔
المُقَيِّدُ: اندراج کنندہ، رجسٹرار۔
• قَيَّرَ السَّفِينَةَ وغيرها: کشتی کو تارکول ملنا۔
القَارُ و القِيرُ: تارکول (۲) تارکول جیسا کالا روغن جسے کشتی پر ملتے ہیں۔
القَيَّارُ: تارکول فروش۔
القَيْرَوَانُ: لشکر کا بڑا حصہ (۲) گھوڑوں کا گروہ (۲) قافلہ (۳) افریقہ میں مراکش کا ایک شہر۔
القِيرَاطُ: قیراط۔ درہم کے بارہویں حصے کے برابر وزن ج: قَرَارِيط۔
• قَاسَ الشَّيْءَ بِغَيْرِهِ و علی غيره و إليه قَيْسًا و قِيَاسًا: کسی چیز کا دوسری چیز سے ملا کر اندازہ کرنا، ناپنا، قیاس کرنا، ایک شے کو دوسری شے کا ہم وزن یا ہم صفت یا ہم رتبہ سمجھنا، ایک شے کو دوسری کے

مطابق بنانا۔

قَاسَ الطَّبِيبُ الشَّجَّةَ قَيْسًا: زخم کی گہرائی جانچنا۔

ــــ الخَيَّاطُ الثَّوبَ على بدنه: درزی کا کسی کے بدن کے مطابق کپڑا لینا، ناپنا (۲) کپڑا پہن کر دیکھنا کہ بدن پر ٹھیک ہے یا نہیں۔

ــــ الشيءَ بالمقياسِ: پیمانہ سے ناپنا۔

ــــ الحَرارَةَ بالميزانِ: تھرمامیٹر سے بخار دیکھنا۔

ــــ الغَيْرَ بِمَقَايِيسِه: دوسرے کو اپنے اوپر قیاس کرنا۔

ــــ المسألَةَ بِغَيْرِها: ایک مسئلہ کو دوسرے پر قیاس کرنا، اس کا حکم دینا۔

قَايَسَ الشيءَ قِياسًا ومُقَايَسَةً: اندازہ کرنا، ناپ تول کرنا، پیمائش کرنا۔

ــــ الشيءَ بكذا وإلى كذا: دوسری چیز پر قیاس کرنا، دوسری چیز کے مطابق حیثیت دینا۔

ــــ بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ: دو چیزوں میں موازنہ کرنا۔

ــــ فُلَانًا إلى كذا: کسی سے آگے نکلنے میں مقابلہ کرنا۔

قَيَّسَ الشيءَ بِغَيْرِهِ وعليه: کسی چیز کو دوسری پر قیاس کرنا۔

اِقْتَاسَ الشيءَ بِغَيْرِهِ وعليه: ایک کو دوسری شے پر قیاس کرنا۔

ــــ بأبيه: اپنے باپ کے نقش قدم پر چلنا۔

اِنْقَاسَ: پیمائش ہو جانا، اندازہ میں آنا، اندازہ ہو جانا، قیاس میں آنا۔

تَقَايَسَ القَوْمُ: لوگوں کا اپنے اپنے مقاصد و ضروریات بتانا۔

القَاسُ: فاصلہ۔ بَيْنَهُمَا قاسُ رُمْحٍ۔

القِيَاسُ: پیمائش، ناپ (۲) اٹکل، اندازہ (۳) سائز (۴) قاعدہ ج: قياسات۔

بالقياس: اندازاً۔

القياسُ الطبيعيّ: طبعی یا پورا پیمانہ۔

على القياس: نمونہ یا اندازہ کے مطابق، قاعدہ کے مطابق کسی شے کا اس کے مشابہ چیز سے ملان و مقابلہ (۲) علم النفس میں ایک عقلی عمل جس کے تحت کلّی سے اس کے تحت آنے والی جزئی کی طرف ذہنی انتقال ہوتا ہے (۳) علم منطق میں وہ قول جو دو یا دو سے زیادہ ایسے قضیوں سے مرکب ہو کہ اس کے تسلیم کرنے سے ایک اور قول تسلیم کرنا ضروری ہو جائے جیسے کہا جائے: كلّ ذي أُذُنٍ من الحَيَوانِ يَلِدُ و السُّلَحْفَاةُ ذاتُ أُذُنٍ: ہر کان والا جانور بچے جنتا ہے کچھوا کان والا جانور ہے اس لئے یہ بھی تسلیم کرنا ضروری ہوگا کہ کچھوا بچے جنتا ہے (۴) علم الفقہ میں کسی علتِ مشترکہ کی وجہ سے فرع کو اصل پر محمول کرنا جیسے خمر کی حرمت اصل ہے اور اس کی فرع ہر نشہ آور چیز ہے اس لئے ہر نشہ آور چیز کو شراب پر محمول کر کے اسے حرام کہا جائے گا۔ کیونکہ شراب اور نشہ آور چیز دونوں میں علتِ مشترکہ سُکر (نشہ) ہے۔

القِيَاسِيُّ: قیاس کے مطابق، نسبتی، نارمل، حسب معمول، منطقی قاعدہ کے مطابق۔

الرَّقْمُ القِيَاسِيُّ: ریکارڈ، کسی کام کا آخری درجہ۔

ضَرَبَ رَقْمًا قياسيًّا: ریکارڈ قائم کرنا۔

قِيَاسِيًّا: قیاس سے، قاعدہ سے۔

القَيْسُ: سختی۔ قَيْسٌ: عرب کا ایک مشہور قبیلہ۔ أُمُّ قَيْسٍ: گدھ۔

القِيسُ: مقدار۔ هذه خَشَبَةٌ قِيسُ إِصْبَعٍ: یہ لکڑی انگلی کے برابر ہے۔

القَيَّاسُ: پیمائش کنندہ (۲) بہت قیاس کرنے والا۔

ــــ للأراضي: سروے کنندہ۔

القَيَّاسَةُ: بڑی بادبانی کشتی (دا)

المُقَايَسَةُ: اندازہ، تخمینہ، خیال، تفصیلی خاکہ۔

المُقَايَسَةُ التقريبيّةُ: سرسری اندازہ، رف اسٹیمیٹ۔

المِقْيَاسُ: پیمائش کا آلہ یا ذریعہ (۲) ناپ تول کا آلہ (۳) مقدار (۴) معیار (۵) اسکیل، پیمانہ ج: مَقَايِيسُ۔

مِقْيَاسُ الحَرارةِ: تھرمامیٹر۔

مِقْيَاسُ الزِّلزالِ: زلزلہ پیما۔

مِقْيَاسُ الضَّغْطِ: پریشر دیکھنے کا آلہ۔

مِقْيَاسُ الضَّغْطِ الجَوِّيِّ: بادپیما۔

مقياسُ المَطَرِ: بارش کی مقدار معلوم کرنے کا آلہ۔

المَقِيسُ: جس کا اندازہ کیا گیا، ناپا گیا۔

المَقِيسُ عليه وإليه وبه: وہ چیز جس پر قیاس کیا گیا، جیسے نمونہ اور پیمانہ بنایا گیا۔

• قاصَتِ السِّنُّ ــــ قَيْصًا: دانت کا جڑ سے اکھڑنا۔

قاصَت البطنُ: پیٹ کا ہلنا۔
انْقَاصَت السِّنُّ: دانت ٹوٹنا۔
— البناءُ والبئرُ والرَّمْلُ: نیچے گر جانا، ڈھے جانا۔
• القَيْصَرُ: روم و روس کے بادشاہوں کا قدیم لقب ج: قَيَاصِرَة۔
• قَاضَ الشيءُ ـِ قَيْضًا: پھٹنا۔
— الجِدَارُ: دیوار گرنا، ڈھینا۔
— السِّنُّ: دانت ہلنا۔
— الفَرْخُ البَيْضَةَ: چوزے کا انڈے کو توڑنا۔
— فُلانًا بالشيءِ: کسی کو کسی چیز کا بدل یا عوض دینا۔
— فلانا بِفُلانٍ: کسی کو کسی کے مشابہ بنانا۔
قَايَضَ فُلانًا قِيَاضًا و مُقَايَضَةً: کسی سے سامان وغیرہ کا تبادلہ کرنا۔
تقايضا: آپس میں تبادلہ کرنا۔
قَيَّضَ اللّٰهُ لَهُ كذا: اللہ کا کسی کو کوئی چیز عطا کرنا، مقدر کرنا۔
— اللّٰهُ فُلانًا لِفُلانٍ: اللہ کا کسی کو کسی کے پاس لے آنا، مامور کرنا۔
اقْتَاضَ الشيءَ: جڑ سے اکھاڑنا۔
انقاضَ الجِدارُ او الكَثِيبُ: دیوار یا ریت کا ڈھیر گر جانا یا اس میں دراڑ پڑ جانا۔
— الرَّكِيَّةُ او السِّنُّ: کنویں یا دانت کا پھٹ جانا۔
— البَيْضَةُ: انڈے کا ٹوٹ جانا (بال آنا اور چھلکا الگ نہ ہونا)۔
تَقَيَّضَ الجِدَارُ او الكَثِيبُ: دیوار یا ریت کے تودہ کا گر جانا۔
— البَيْضَةُ و نَحوها: انڈے وغیرہ کا ٹوٹ جانا، ٹکڑے ہو جانا
— الشيءُ لَهُ: کوئی چیز مقدر ہونا، یا کسی کے لئے سبب بننا۔
تَقَيَّضَ فُلانٌ أَبَاهُ: باپ کے مشابہ ہونا۔
القَيْضُ: انڈے کا سوکھا چھلکا (۲) مساوی، برابر۔ هذا قَيْضُ لِهذا: یہ اس کے برابر ہے۔ هُمَا قَيْضَانِ: یہ دونوں مساوی ہیں۔
القِيضَةُ: ہڈی کا چھوٹا ٹکڑا ج: قِيَضٌ۔
القَيِّضُ: تبادلہ کے دو فریقوں میں سے ایک (۲) ایک گول چھوٹا پتھر جسے گرم کر کے بطور علاج بکری اور اونٹ کو داغ لگایا جاتا ہے۔
المُقَايَضَةُ: تبادلہ۔
المَقِيضَةُ: بہت پانی والا کنواں۔
• قَاظَ اليومُ ـِ قَيْظًا: دن کا بہت گرم ہونا۔ هو قَائِظ۔
— القَوْمُ بالمكانِ: گرمی کے زمانہ میں کسی جگہ قیام کرنا۔
قَايَظَهُ مُقَايَظَةً و قِيَاظًا: کسی کے ساتھ گرمی کے دن گزارنا، موسم گرما میں کسی کے ساتھ رہنا۔
قَيَّظَ بِمَوْضِعٍ كذا: کسی جگہ موسم گرما گزارنا۔
— فُلانًا الطَّعَامُ أَو الثَّوبُ: کھانے یا کپڑے کا موسم گرما کے لئے کافی ہونا۔
اقْتَاظَ بِمَوْضِعٍ كذا: موسم گرما گزارنا۔
القَائِظُ: موسم گرما گزارنے والا (۲) سخت گرم (دن)۔
القَيْظُ: گرمی کا شباب، سخت گرمی (۲) گرمی کا موسم ج: أَقْيَاظ و قُيُوظ
القَيْظِيُّ: موسم گرما کی پیداوار۔
المَقِيظُ و المَقْيَظُ: موسم گرما گزارنے کا مقام (ٹھنڈی جگہ)۔
المَقِيظَةُ: موسم گرما تک ہری بھری رہنے والی جگہ۔
• قَاعَ الخنزيرُ ـِ قَيْعًا: سور کا چلانا
• قَيَّفَ و تَقَيَّفَ أَثَرَهُ: نشان کی ٹوہ لگانا، پیچھا کرنا، تعاقب کرنا۔
• قَاقَت الدَّجَاجَةُ ـِ قَيْقًا: مرغی کا کڑکڑانا۔
القِيقُ: بے عقل، احمق (۲) کبوتر جیسا ایک پرندہ جس پر مختلف رنگوں کی دھاریاں ہوتی ہیں اور وہ بہت بولتا ہے، اسے ابوزریق کہتے ہیں۔
القِيقَاءَةُ: سخت زمین، موٹی پرت والی زمین ج: القَوَاقِي و القَيَاقِي و القِيقُ (۲) کھجور کی کلی کا غلاف ج: قِيقَاءُ۔
القَيْقِيَةُ: انڈے کے اوپر کے چھلکے سے لگی ہوئی اندرونی جھلی۔
• قَالَ ـِ قَيْلًا: دوپہر کو سونا، دوپہر کو آرام کرنا۔ هو قَائِلٌ ج: قُيَّلٌ و قُيَّالٌ (۲) دوپہر کو دودھ پینا۔
— فُلانًا البَيْعَ: کسی سے بیع کا معاملہ ختم کرنا۔
أَقَالَ البَيْعَ او العَهْدَ: بیع یا عہد فسخ کرنا، توڑنا، ختم کرنا۔
— اللّٰهُ عَثْرَتَهُ: اللہ کا کسی کی لغزش و غلطی کو معاف کرنا۔
— فُلانا من عَمَلِهِ: کسی کو کام سے ہٹانا، برطرف کرنا، سبکدوش کرنا
— الشيءَ: قیلولہ کے وقت تک کسی چیز کو باقی رکھنا۔ حدیث شریف میں ہے: "كان لا يُقِيلُ المَالَ" یعنی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جو

مال صبح کو آنا اسے فوراً ہی خرچ کر دیتے اور دوپہر تک اٹھا نہ رکھتے تھے

قَايَلَهُ: کسی سے عوض و بدل لینا یا دینا تبادلہ کرنا۔

قَيَّلَهُ: دوپہر کو سیراب کرنا، پلانا۔

اُقْتَالَ فُلاَنٌ: دوپہر کو پینا۔

ــــ شَيْئًا بشَيْءٍ: بدلنا۔

تَقَايَلَ البَيِّعَانِ: فریقین (بائع و مشتری) کا معاملۂ بیع و شرا فسخ کرنا

تَقَيَّلَ: دوپہر کو سونا (۲) دوپہر کو پینا (۳) دوپہر کو دودھ دوہنا۔

ــــ المَاءُ فِی المُنْخَفِضِ: نشیب میں پانی اکھٹا ہو جانا۔

ــــ اَبَاهُ: شکل و صورت اور کام میں اپنے باپ جیسا ہونا۔

ــــ من كانَ قَبْلَه منَ المُلُوكِ: سابق بادشاہوں جیسا ہونا۔

اسْتَقَالَ: و استَقَالَ عَمَلَه: سبکدوشی چاہنا، کسی کام سے مستعفی ہونا۔

ــــه عَثْرَتَه: اپنی غلطی کی معافی چاہنا۔

ــــه البَيْعَ: کسی سے بیع فسخ کرنے کو کہنا۔

الاستِقَالَةُ: استعفا۔ قَدَّمَ اِستِقَالَتَه من الخِدمَةِ: کسی کا ملازمت سے استعفا پیش کرنا

الاِقَالَةُ: فسخ (۲) معزولی، برطرفی (۳) معافی۔

اِقالَةُ الوِزَارَة: وزارت کی برطرفی۔

القَائِلَةُ: دوپہر (۲) دوپہر کا سونا۔

القَيْلُ: دیکھئے (قول)۔

القَيْلُولَةُ: دوپہر کی تھوڑی نیند یا دوپہر کا (بغیر سوئے ہوئے) آرام۔

المُسْتَقِيلُ: استعفا دہندہ۔

المَقَالُ: قیلولہ (۲) قیلولہ کی جگہ۔

المِقْيَالُ: دَوْحَةٌ مِقْيَالٌ: وہ بڑا درخت جس کے نیچے بہت قیلولہ کیا جاتا ہو۔

المَقِيلُ: قیلولہ کی جگہ۔

مَقِيلُ الحِقْد: سینہ۔ طَعَنَه فی مَقِيلِ حِقْدِه: اس کے سینہ پر نیزہ مارا۔

• قَيَّمَ الشيءَ تَقْيِيمًا: کسی چیز کی قیمت متعین کرنا۔

• قَانَ ـِ قَيْنًا: لوہار ہونا، لوہار کا پیشہ کرنا۔

ــــ الحَدِيدَةَ: لوہے کے ٹکڑے کوٹنا پیٹنا، اس کی کوئی چیز بنانا۔

قَانَ الشيءَ: جمع کرنا، اکٹھا کرنا۔

ــــ المَرْأَةُ المَرْأَةَ: عورت کا عورت کو آراستہ کرنا، اس کا سنگار کرنا

قَيَّنَهُ: سجانا۔ قَيَّنَت المَاشِطَةُ العَرُوسَ: خادمہ نے دولہن کا سنگار کیا، اسے سجایا۔

اقْتَانَ: آراستہ ہونا، سجنا۔ اقْتَانَ الرَّجُلُ والنَّبْتُ والرَّوضَةُ خوش منظر ہونا، حسین ہونا۔

تَقَيَّنَ: سجنا، آراستہ ہونا، خوبصورت ہونا۔ تَقَيَّنَت العَرُوسُ والنَّبْتُ۔

القَيْنُ: لوہار، توسعاً ہر کاری گر۔ ج: اَقْيَان و قُيُونٌ (۲) غلام ج: قِيَانٌ۔

القَيْنَانُ: اونٹ اور گھوڑوں کے پاؤں میں رسّی باندھنے کی جگہ۔

القَيْنَةُ: باندی (کاری گر ہو یا نہ ہو) زیادہ تر استعمال بمعنی مغنّیہ ہے ج: قِيَانٌ (۲) خادمہ، کنیز، مشّاطہ

المُقَيِّنَةُ: خادمہ، عورتوں کا سنگار کرنے والی عورت۔

بابُ الکاف

الکَافُ: حروف ہجائیہ کا بائیسواں حرف زبان کی جڑ اور تالو کے درمیان اس کا مخرج ہے۔ یہ جارّہ بھی ہوتا ہے اور غیر جارّہ بھی۔ اگر جارّہ ہو تو متعدد معانی کے لئے آتا ہے مثلاً برائے تشبیہ جیسے: خالد کالاَسَد۔ برائے تاکید لَیْسَ کَمِثْلِه شَیْءٌ اس کی تقدیری عبارت یوں ہے۔ لَیْسَ شَیْءٌ مِثْلَهٗ۔ غیر جارّہ کی دو قسمیں ہیں (۱) ضمیر منصوب ومجرور جیسے: نَصَحَكَ و مِنكَ نَزَمَاوَدَّعَكَ رَبُّكَ (۲) برائے خطاب جیسے: اسم اشارہ پر لگنے والا کاف۔ ذٰلِكَ وتِلكَ۔ یا ضمیر منصوب منفصل جیسے: إِيَّاكَ وإِيَّاكُمَا۔ نیز بعض اسماء افعال میں آنے والا۔ جیسے: رُوَيْدَكَ۔

ك ——— أ

.الکَاکَاو: ایک امریکی درخت جس کے بیجوں کے پاؤڈر سے مشروب اور ایک مٹھائی بنائی جاتی ہے، کوکو کا درخت۔

• کَئِبَ ـَـ کَآبَةً: شکستہ خاطر ہونا، غمگین ہونا، دل گیر ہونا، افسردہ ہونا هو کَئِبٌ وکَئِيبٌ۔

• اَکْأَبَ فُلَانًا: دل گیر کرنا، مغموم کرنا، دل توڑنا، رنج پہنچانا۔

اِکْتَأَبَ: کَئِبَ۔

—— وَجْهُ الأَرضِ: زمین کا رنگ سیاہی مائل ہونا۔ رَمَادٌ مُکْتَئِبُ اللَّونِ: سیاہی مائل راکھ، کالی راکھ

الکَآبَة: رنج وغم، حزن وملال۔

الکَئِيبُ: غمگین، دل شکستہ، دل گیر۔

الکَأْبَاءُ: انتہائی شدید غم۔

المُکْتَئِبُ: رنجیدہ خاطر، غمگین۔

• کَأَدَ عَلَيهِ الأَمرُ ـَـ کَأْدًا: کسی کے لئے کوئی کام سخت ودشوار ہونا۔

تَکَاءَدَه الأَمرُ: کسی کے لئے کوئی کام دشوار وسخت ہونا، مشکل ہونا۔

تَکَأَّدَهُ الأَمرُ: پریشان کن ہونا۔

—— الشَّیءَ: کسی چیز میں دقت محسوس کرنا، بمشکل انجام دینا۔

اِکْوَأَدَّ الشَّيخُ: بڑھاپے کی وجہ سے کانپنا، رعشہ ہونا۔

الکَأْدَاءُ: سختی، رنج۔ عَقَبَةٌ کَأْدَاءُ: دشوار گذار گھاٹی، زبردست رکاوٹ۔

الکُؤَدَاءُ: رنج یا تکان کی وجہ سے سانس کی گھٹن یا لمبا سانس۔

الکَؤُودُ: عَقَبَةٌ کَؤُودٌ: دشوار گذار گھاٹی، زبردست رکاوٹ۔

• الکَأْسُ: پیالہ، گلاس، جام جو شراب سے بھرا ہوا ہو (مؤنث) (۲) شراب ج: اَکْؤُسٌ وکُؤُوسٌ۔ بطور استعارہ ہر تکلیف دہ معاملہ کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ کہتے ہیں: سَقَاهُ کَأْسًا مِنَ الذُّلِّ والفُرْقَةِ والمَوتِ: اسے جام ذلت یا جام فرقت، یا جام فنا پلایا۔

کَأْسُ الزَّهْرَةِ: کلی کا غلاف۔

• کَأَصَهُ ـَـ کَأْصًا: ذلیل کرنا، زیر کرنا

—— الشَّیءَ: خوب کھانا، پینا۔

• کَأْکَأَ: بزدل ہونا، پیچھے ہٹنا۔

تَکَأْکَأَ: کَأْکَأَ (۲) لوگوں کا بھیڑ لگانا (۳) بولنے میں اٹکنا، بول نہ سکنا۔

الکَأْکَاءُ: انتہائی بزدلی (۲) چور کی دوڑ۔

المُتَکَأْکِی: پست قد آدمی۔

• کَأَلَ ـَـ کَأْلًا وکَآلَةً وکُؤُولَةً: قرض کے بدلہ قرض کوئی چیز لینا۔

• کَأَنَّ: حرف مشبہ بالفعل جو اسم کو نصب اور خبر کو رفع کرتا ہے (۱) اگر اس کی خبر جامد ہو تو تشبیہ کا فائدہ دیتا ہے جیسے: کَأَنَّ مُحَمَّدًا اَسَدٌ (ای محمد کالاَسَد) (۲) اگر اس کی خبر مشتق یا جملہ فعلیہ ہو تو ظن کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے کَأَنَّكَ فاهِمٌ: خیال ہے کہ تم سمجھ گئے۔ وکَأَنَّكَ کُنْتَ مَعِي: ایسا لگتا ہے جیسے تم میرے ساتھ تھے (۳) برائے تقریب جیسے: کَأَنَّكَ بالشِّتاءِ مُقْبِلٌ۔ تمہارے پاس سردی جلد آنے والی ہے۔

کَأَيِّن: یہ دو لفظوں سے مرکب ہے ایک کاف تشبیہ اور دوسرا ای بانتوین یہ کم خبریہ کے معنی میں تعداد کی زیادتی کو بتاتا ہے۔ اس کی تنوین نون کی شکل میں لکھی جاتی ہے۔ جیسے: کَأَيِّنْ رَجُلًا لَقِيتُ۔ کَأَيِّنْ مِن رَجُلٍ لَقِيتُ۔ اس کے بعد اکثر مِن آتا ہے

اس کی دو شکلیں مشہور ہیں کأیّن اور کائن استفہام کے معنی میں بہت کم استعمال ہے جیسے کأیّ تقرأ سورة الاحزاب: تم کتنی مرتبہ سورۂ احزاب پڑھتے ہو۔

ک ــــ ب

• کَبّہ لوجہہ وعلی وجہہ ـُ کَبًّا: اوندھا کرنا منہ کے بل گرانا، الٹنا۔ حدیث میں ہے: "هل یکبُّ النّاسَ علی مناخرهم فی النّار الّا حصائدُ ألسنتهم": لوگوں کو آگ میں جو چیز منہ کے بل گرنے کا سبب بنے گی وہ صرف ان کی زبان سے نکلی ہوئی باتیں ہوں گی۔

ـــ فلانًا: پچھاڑنا، زمین پر پٹخ دینا۔

ـــ الإناءَ: برتن کو اوندھا کرنا۔

اَکَبَّ علی الشیءِ: کسی شے پر متوجہ ہونا، کسی چیز میں منہمک ہونا۔

ـــ للشیءِ: کسی چیز کی طرف جھکنا۔

ـــ فلانٌ: پچھڑنا، پٹخنی کھانا۔

ـــ علی وجہہ: اوندھا ہونا، الٹا ہونا، سرنگوں ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "أفمن یمشی مُکِبًّا علی وجہہ أهدی أمّن یمشی سویًّا علی صراطٍ مستقیمٍ"۔

ـــ الرّجلُ: دیر تک زمین کی طرف دیکھتے رہنا۔

کَبَّبَ الغزلَ: سوت کا گولا بنانا، دھاگوں کا گولا بنانا۔

ـــ الکبابَ: کباب بنانا۔

انکبَّ علی الشیءِ: متوجہ ہونا، مشغول رہنا۔

ـــ لوجہہ: الٹا ہونا، اوندھا ہونا

تکابَّ القومُ علی الشیءِ: کسی چیز کے پاس لوگوں کا ازدحام ہونا، بھیڑ ہونا۔

تکبّبَ الرّملُ: ریت کا نمی سے جم کر تودہ بن جانا، تہ بہ تہ ہو جانا۔

ـــ فلانٌ: اپنے کپڑوں میں لپٹ جانا

الکَبابُ: گوشت کے کباب۔

الکَبابۃُ: کباب چینی (ایک دوا)۔

الکُبّۃُ: لوگوں کی جماعت، جانوروں کا گروہ (۲) لڑائی کا ایک راؤنڈ یا ایک ہلّہ، ایک حملہ۔ لَقِیتُہ فی الکُبّۃ: میں نے اس کا بھیڑ میں مقابلہ کیا، یا ملا (۳) سردی کی لہر، سردی کا شباب۔

الکُبّۃُ: الکَبّۃُ (۲) بوجھ۔ اَلقی علیہ کُبّتَہ: اس پر اپنا بوجھ ڈال دیا (۳) سوت یا دھاگوں کا گولا یا لچھی یا ریل (۴) آبلے کی طرح کی گلٹی (۵) طاعون (۶) تاش میں پان کا پتا، قیمہ کا کوفتہ۔

الکُبَیبۃُ: قیمہ میں گیہوں یا چاول ملا کر بنایا ہوا کوفتہ۔

المِکبابُ: بہت زیادہ نیچی نگاہ رکھنے والا زمین کی طرف بہت نگاہ رکھنے والا

مِکَبُّ الخیط او الغزل: دھاگوں کی ریل (دھاگا لپٹی ہوئی نلکی)۔

• کَبَتَ فلانٌ فلانًا ـِ کَبْتًا: سخت ناراض کرنا (۲) ذلیل و رسوا کرنا (۳) دبانا۔

ـــ اللہُ العدوَّ: دشمن کو اس کے غیظ و غضب کے باوجود پیچھے ہٹا دینا (ایک نہ چلنے دینا) قرآن پاک میں ہے: "لیقطع طرفًا من الّذین کفروا او یکبتهم فینقلبوا خائبین"۔

ـــ فلانٌ غیظَہ او شهوتَہ: اپنے غصہ اور خواہش نفس کو دبانا، اس پر قابو پانا۔

کَبَتَ الحقیقۃَ: چھپانا۔

ـــ الدّوافعَ الطبیعیّۃَ: فطری جذبات کو دبانا۔

اکتَبَتَ: انتہائی غمگین یا غضبناک ہونا۔

انکَبَتَ: دبنا، چھپنا، قابو میں ہونا (۲) ذلیل و رسوا ہونا (۳) پیچھے ہٹنا۔

المُکتَبِتُ: بہت غمگین، بہت غضبناک

• کَبَثَت الحرارۃُ اللّحمَ ـُ کَبْثًا: گرمی کا گوشت کو خراب کر دینا۔ ھو مکبوث۔

کَبِثَ اللّحمُ ـَ کَبَثًا: گوشت خراب ہونا، سڑ جانا۔

کَبَّثَ السّفینۃَ: کشتی کو زمین کی طرف جھکا کر اس کا سامان دوسری کشتی میں منتقل کرنا۔

الکَباثُ: اراک پودے کا پھل۔

الکَبِیثُ: گرمی سے خراب شدہ گوشت۔

• کَبَحَ الدّابّۃَ ـَ کَبْحًا: چوپائے کو روکنے کے لئے لگام کھینچنا، بریک لگانا، روکنا۔

ـــ السّیارۃَ و نحوَها: موٹر وغیرہ کو بریک لگا کر روکنا۔

ـــ عن حاجتہ: کام سے روکنا۔

ـــ الحائطُ السّهمَ: دیوار کا تیر کو (جذب نہ کر کے) الٹا پھینکنا۔

ـــ جماحَ احدٍ: سرکشی کو دور کرنا، مزاج درست کر دینا، مغلوب کرنا۔

ـــ العواطفَ: جذبات پر قابو پانا۔

کابحہ مکابحۃً: کسی کے ساتھ گالی گلوچ کرنا، ایک دوسرے کو برا کہنا۔

الکابحُ: بدشگونی کی چیز ج: کوابح

الکَبّاحۃُ: بریک (موٹر وغیرہ کا)

الکَبحُ: بریک (فعل بمعنی روک) ضبط،

قابو، کنٹرول (۲) مزاحمت۔
المِکْبَحُ : بریک ج: مَکَابِحُ ۔
• کَبَدَہٗ ــُـ کَبْدًا : جگر پر مارنا۔
ــــ البَرْدُ وغیرُہٗ القَوْمَ: سردی وغیرہ کا پریشان کرنا، تکلیف رساں ہونا۔
ــــ فُلَانًا او الأمْرَ: قصد کرنا۔
کُبِدَ : کسی کے جگر میں درد ہونا۔ ھو مَکْبُوْدٌ ۔
کَبِدَ ــَـ کَبَدًا : درد جگر میں مبتلا ہونا، درد جگر سے پریشان ہونا۔
ــــ الشَّیْءُ: کسی شے کا بیچ سے موٹا اور سخت ہونا۔
ــــ فُلَانٌ : اوپر سے پیٹ کا بڑا ہونا۔
ھو اَکْبَدُ و ھی کَبْدَاءُ ج: کُبْدٌ ۔
کَابَدَ الأمْرَ کِبَادًا و مُکَابَدَۃً: کسی کام میں مصیبت جھیلنا، تکلیف و مشقت اٹھانا۔
تَکَبَّدَ : گاڑھا اور بستہ ہونا۔
ــــ الأمْرَ: ارادہ کرنا (۲) مشقت کے ساتھ کسی کام کا بیڑا اٹھانا یا بصعوبت برداشت کرنا۔
ــــ الشَّمْسُ السَّمَاءَ: سورج کا سر پر آجانا، وسط آسمان میں ہوجانا۔
ــــ الفَلَاۃَ: جنگل سے پار ہوجانا۔
ــــ الخَسَارَۃَ: نقصان اٹھانا۔
کَبَّدَہٗ الخسائِرَ: اسے نقصانات پہنچائے
ــــ فُلَانًا: مشقت میں ڈالنا۔
الکُبَادُ : جگر کی بیماری، درد جگر۔
الکُبَّادُ : ایک پھل نارنگی کے مشابہ جس کا مربّا بنایا جاتا ہے۔
الکُبُّوْدُ : فوجیوں اور پہرے داروں کا سرکی کا کوٹ جس کے ساتھ سر کا ٹوپ جڑا ہوا ہوتا ہے ج: کَبَابِیْدُ ۔
الکَبَدُ : مشقت، دقت، تکلیف۔ لَقِیَ فُلَانٌ من ھذا الأمْرِ کَبَدًا: فلاں نے اس معاملہ میں تکلیف اٹھائی۔
الکَبِدُ : جگر، کلیجہ (مونث ومذکر) الأعداءُ سُوْدُ الأکْبَادِ : دشمن کینہ ور ہوتے ہیں۔ فُلَانٌ تُضْرَبُ الیہ اَکْبَادُ الإبِلِ: فلاں کی ایسی شخصیت ہے کہ طلب علم وغیرہ کے لئے اس کے پاس جایا جاتا ہے (۲) کسی چیز کا وسط بیچ، اس کا بڑا حصہ۔ کہتے ہیں: الشَّمْسُ فی کَبِدِ السَّمَاءِ (۳) کمان کے پر تلے کے دو کناروں کے درمیان کا حصہ۔ کَبِدُ الأرْضِ: زمین کے سونے چاندی وغیرہ کے ذخیرے۔ حدیث میں ہے: "وَتُلْقِی الأرْضُ اَفْلَاذَ کَبِدِھَا" زمین اپنے خزانے باہر کردے گی۔ ج: اَکْبَادٌ و کُبُوْدٌ ۔
اُمُّ وَجَعِ الکَبِدِ: جگر کے امراض میں کام آنے والی ایک یورپین گھاس
اَفْلَاذُ الکَبِدِ: جگر پارے، بچے، اولاد۔
الکِبْدُ: الکَبِدُ ج: اَکْبَادٌ و کُبُوْدٌ
الکَبْدَاءُ: آسمان کا بیچ، وسط (۲) ہاتھ کی چکی۔
الکُبَیْدَاءُ: وسط آسمان۔
المُکَابِدُ: مصائب جھیلنے والا، مشقت اٹھانے والا۔
• کَبِرَہٗ فی السِّنِّ ــَـ کِبَرًا: کسی سے عمر میں بڑا ہونا۔ فُلَانٌ یَکْبُرُنِی سَنَۃً: فلاں مجھ سے ایک سال بڑا ہے۔ ھو کَابِرٌ۔
کَبِرَ الرَّجُلُ او الحَیَوَانُ ــَـ کِبَرًا: عمر رسیدہ ہونا، بڑی عمر کا ہونا۔ ھو کَبِیْرٌ ج: کِبَارٌ و کُبَرَاءُ۔ ھی کَبِیْرَۃٌ ج: کِبَارٌ
کَبُرَ ــُـ کِبَرًا و کُبْرًا و کَبَارَۃً: شان ومرتبہ میں بڑا ہونا، جسامت یا جسم میں بڑا ہونا۔ کَبُرَ الأمْرُ: معاملہ بڑا یا سنگین ہونا۔ ھو کَبِیْرٌ و کُبَارٌ ج: کِبَارٌ۔ رَجُلٌ کُبَارٌ و کُبَّارٌ: بمعنی کبیر۔
ــــ علیہ الأمْرُ: شاق گزرنا، گراں ہونا، دشوار محسوس ہونا۔
اَکْبَرَتِ المَرْأَۃُ : بڑا بچہ جننا۔
ــــ الشَّیْءَ : بڑا پانا، بڑا سمجھنا۔
ــــ فُلَانًا: تعظیم کرنا۔
کَابَرَ فُلَانٌ فُلَانًا: کسی کے سامنے بڑائی جتانا، کسی کے مقابلہ میں بڑا بننا، یہ کہنا کہ میں تم سے بڑا ہوں۔
ــــ فُلَانًا علی حَقِّہٖ: کسی کے حق کا انکار کرنا اور اس پر غالب آجانا۔
ــــ فی الخَبَرِ او الحَقِّ: خبر یا حق کے سلسلہ میں بغض وعناد سے کام لینا، غلط خبر دینا، حق تلفی کرنا۔
کُوْبِرَ علی مَالِہٖ: کسی کا مال زبردستی لیا جانا۔ ھو مُکَابَرٌ علیہ۔ کہا جاتا ہے: کُوْبِرَ القَوْلُ فأبی وعُوْلِجَ نفسًا۔
کَبَّرَ الشَّیْءَ : بڑا کرنا، بڑا بنانا (۲) بڑا سمجھنا۔
ــــ فُلَانٌ تکبیرًا: بطور تعظیم اللہ اکبر کہنا (۲) نعرۂ تکبیر بلند کرنا (۳) تعظیم کرنا (۴) ضرورت سے زیادہ اہمیت دینا، مبالغہ سے کام لینا (۵) بڑا قرار دینا (۶) ترقی دینا۔
ــــ عُمْرَہٗ: عمر زیادہ بتانا۔
تَکَابَرَ فُلَانٌ : بڑا بننا (عمر یا رتبہ میں خود کو بڑا سمجھنا یا بڑا ظاہر کرنا)۔
تَکَبَّرَ : بڑا بننا، بڑائی کی بنا پر حق ماننے سے انکار کرنا (۲) غرور و تکبر کرنا، مغرور ہونا۔

استَکبَرَ: عناد و تکبر کی وجہ سے حق کو نہ ماننا۔
ــــ الشیءَ: بڑا سمجھنا، کسی کے نزدیک کوئی چیز بلند رتبہ ہونا۔
الاَکبَرُ: سب سے بڑا۔ اکبَرُ قومِہ: اپنی قوم کا سربراہ (۲) نسباً جد اعلیٰ سے قریب۔
جاءَ فلانٌ اکبَرَ النَّہارِ: وہ دن چڑھے آیا ج: اَکابِر۔
اَکابِرُ القومِ: سربرآوردہ لوگ، بڑے لوگ۔
التَّکبِیرُ: اللہ کی بڑائی، اللہ اکبر کی صدا ج: تکبیرات۔
تکبیراتُ التَّشرِیقِ: ایام تشریق میں کہی جانے والی تکبیریں۔ اللہ اکبر اللہ اکبر لا الٰہ الا اللہ واللہُ اَکبَرُ اللہُ اَکبَرُ وللہِ الحمدُ۔
الکابِرُ: کبیر، بڑا۔ وَرِثتُ المَجدَ کابِرًا عن کابِرٍ: میں نے اپنے آباؤ اجداد سے یا نسلاً بعد نسلٍ عزت پائی ہے (۲) آقا، سردار (۳) جد اعلیٰ، پڑدادا، مورث اعلیٰ۔
الکُبّارُ: عظمت یا جسامت میں بہت بڑا۔ قولہ تعالیٰ: وَمَکَرُوا مَکرًا کُبّارًا۔
الکِبرُ: عظمت، شان (۲) بڑائی، تکبر۔ قولہ تعالیٰ وَالَّذِی تَوَلّٰی کِبرَہٗ مِنہُم لَہٗ عَذَابٌ عَظِیمٌ (۳) کسی شے کا بڑا حصہ
الکُبرُ: شرافت و بلندی۔ ھو کُبرُ قومِہ: وہ اپنی قوم کا معزز آدمی ہے یا عمر میں سب سے بڑا ہے یا نسب میں اعلیٰ واشرف ہے۔ فی یَدِہٖ کُبرُ قَومِہ: اس کے ہاتھ قوم کی باگ ڈور ہے، بیشتر لوگ اس کے ساتھ ہیں۔
الکَبَرُ: یک رخا ڈھول ج: کِبارٌ و اَکبارٌ (۲) ایک پودا جس کی جڑ بطور دوا استعمال کی جاتی ہے اور اس کی ساق نمک لگا کر کھائی جاتی ہے۔

الکِبرَۃُ: بڑا گناہ۔ فلانٌ کِبرَۃُ وَلَدِ أبوَیہِ: وہ اپنے والدین کی اولاد میں سب سے بڑا ہے (واحد و جمع اور مذکر و مؤنث سب کے لئے)
الکَبرَۃُ: بڑھاپا۔ عَلَت فلانًا کَبرَۃٌ: فلاں پر بڑھاپا آگیا۔
الکَرْبَلَۃُ: پاؤں کی نرمی، گداز پن (۲) علم النباتات میں پھول میں موجود عضوِ تانیث۔
•الکَرْبُوْنُ: کوئلہ جیسا سیاہ مادہ۔
•الکَرِیْتُ: سَنَۃٌ کَرِیْتٌ وحَوْلٌ کَرِیْتٌ: پوری تعداد والا سال ایسے ہی شَهْرٌ کَرِیْتٌ ویَوْمٌ کَرِیْتٌ۔
•کَرَثَہُ الأَمْرُ وغَیْرُہُ ــ کَرْثًا: کسی بات کا مشقت میں ڈالنا، گراں بار ہونا۔ ھو کَارِثٌ۔
أَکْرَثَہُ الأَمْرُ وغَیْرُہُ: کَرَثَہُ۔
اکْتَرَثَ لَہُ: کسی بات پر رنجیدہ ہونا۔ مَا أَکْتَرِثُ لَہُ: مجھے اس کی پرواہ نہیں، مجھے اس کا کچھ غم نہیں أَرَاكَ لَا تَکْتَرِثُ لِذٰلِكَ: میں دیکھ رہا ہوں کہ تم کو اس بات کی کوئی پرواہ نہیں، کوئی فکر نہیں (اس معنی میں نفی کے ساتھ ہی استعمال ہوتا ہے)۔
الاِکْتِرَاثُ لِلأَمْرِ: کسی بات کی فکر، رنج عَدَمُ الاِکْتِرَاثِ لِشَیْءٍ: بے پروائی، بے توجہی۔
الکَارِثَۃُ: زبردست حادثہ، بڑی مصیبت ہولناک واقعہ ج: کَوَارِثُ۔
کَرَثَتْہُ الکَوَارِثُ: مصائب و حوادث نے اسے سخت پریشانی میں ڈال دیا۔

الکُرَّاثُ: ایک طویل العمر درخت جو آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ میں زیادہ پیدا ہوتا ہے
الکُرَّاثُ: گیندنا، ایک تیز بو والی سبزی جس کی بعض قسمیں پیاز اور لہسن کے مشابہ ہوتی ہیں۔ اس قسم کی ایک سبزی: الکُرَّاثُ المِصْرِیُّ والکُرَّاثُ الشَّامِیُّ کہلاتی ہے۔
الکَرِیْثُ: غم انگیز معاملہ۔
•کَرِجَ الشَّیْءُ ــ کَرَجًا: خراب ہوجانا، پھپھوندی لگ جانا۔ جیسے: کَرِجَ الخُبْزُ
الکُرَّجُ: لکڑی کا گھوڑا جس پر چڑھ کر بچے کھیلتے ہیں اور وہ ہلتا ہے۔
الکَرَّاجَۃُ: سائکل۔
•الکُرْخُ: راہب کا گھر۔
•کَرَخَ المَاءَ ــ کَرْخًا: پانی کو اس کی جگہوں پر لے جانا
•کَرَدَہُ ــ کَرْدًا: دھتکارنا، باہر نکالنا (۲) روکنا۔
الکَرْدُ: گردن کی جڑ۔ اَخَذَہُ بِکَرْدِہٖ: اس نے اس کی گردن پکڑلی۔
الکُرْدُ: وسطی ایشیا میں رہنے والی ایک قوم جو ترکی ایران اور عراق اور کچھ دیگر ممالک میں پھیلی ہوئی ہے۔ الکُرْدِیُّ: کرد قوم کا فرد ج: اَکْرَادٌ۔
الکِرْدِیْدُ: تھیلے کے دونوں جانب بچی ہوئی کھجوریں ج: کَرَادِیْدُ۔
الکِرْدِیْدَۃُ: باہم ملی ہوئی کھجوروں کا ایک ٹکڑا (۲) کھجور رکھنے کا پتوں کا تھیلا۔
•کَرْدَحَ الرَّجُلُ: ٹھنگنے کی طرح دوڑنا۔
ـــ فُلَانًا: پچھاڑنا۔
تَکَرْدَحَ فِی عَدْوِہٖ: ٹھنگنے کی طرح دوڑنا۔
الکِرْدِحُ: بڑھیا (۲) مضبوط مرد۔

الکُرَادِحُ: پست قد۔
الکِرْدَاحُ: چھوٹے چھوٹے قدموں سے دوڑنے والا۔
•کَرْدَسَ القائِدُ الخَیلَ او الجَیْشَ: گھوڑوں کو مختلف ٹکڑیوں میں تقسیم کرنا، فوج کو دستوں پر تقسیم کرنا۔
تَکَرْدَسَ الرَّجُلُ: سمٹنا، سکڑنا۔
الکُرْدُوْسُ: ہر بڑی اور مکمل ہڈی (۲) مغز والی ہڈی کا سرا (۳) ہر دو ہڈیاں جو ایک جوڑ پر اکٹھی ہوں جیسے مونڈھے، گھٹنے اور کولہے کی ہڈیاں ج: کَرَادِیْسُ
الکُرْدُوْسَۃُ: گھوڑے اور لشکر کی بڑی جماعت ج: کَرَادِیْسُ۔
•الکِرْدَانُ: گلے کا ہار، پٹہ (۲) موسیقار کا آٹھواں سُر۔
الکُرْدُوْنُ: پٹکا (۲) احاطہ۔
الکَرْدِیْنَالُ: عیسائی عالم جو پوپ کا مشیر ہوتا ہے ج: کَرَادِلَۃٌ
•کَرَّ الرَّجُلُ او الفَرَسُ ـــ کَرِیْرًا: آدمی یا گھوڑے کے سینہ سے ایسی آواز نکلنا جیسے گلا گھٹے ہوئے کی آواز ہوتی ہے۔
ـــ فُلَانٌ ـــ کُرُوْرًا: لوٹنا، پیچھے ہٹنا۔ ھو کَرَّارٌ و مِکَرٌّ۔
ـــ الفَارِسُ: گھوڑے سوار کا حملے کیلئے لوٹنا، دوبارہ حملہ کرنا۔
ـــ الشَّیْءَ کَرًّا: لوٹانا۔
ـــ اللَّیْلُ و النَّھَارُ: دن رات کا بار بار آنا۔
ـــ علی العَدُوِّ: دشمن پر حملہ کرنا، ٹوٹ پڑنا۔
ـــ عنه: کسی کے پاس سے لوٹنا۔
ـــ علیه الحَدِیْثَ: کسی کے سامنے بات دہرانا۔

کَرَّرَ راجعًا: لوٹ کر آنا۔
کَرَّرَ الشَّیْءَ تَکْرِیْرًا و تَکْرَارًا: بار بار دہرانا، اعادہ کرنا۔
ـــ النِّفْطَ او البِتْرُوْلَ: پٹرول صاف کرنا۔
ـــ الدَّعْوَۃَ لِعَمَلٍ: اصرار کرنا۔
تَکَرَّرَ علیه کذا: کوئی چیز کسی کے سامنے بار بار آنا، بار بار ہونا۔
التَّکْرَارُ: اعادہ۔
التکرِیْرُ: صفائی، تنقیہ (۲) ریہرسل۔
مَعْمَلُ التکرِیر: ریفائنری، تیل صاف کرنے کا کارخانہ۔
الکَرُّ: خلاف الفَرِّ۔ حملہ (۲) کھجور کے درخت پر چڑھنے کی کھجور کے پتوں کی رسی (۲) کشتی کے بادبان کی رسی ج: کُرُوْرٌ۔
الکُرُّ: اہل عراق کا ایک پیمانہ ساٹھ قفیز یا چالیس اردب کے بقدر پیمانہ۔
الکَرَّۃُ: واپسی (۲) لڑائی کا حملہ (۳) صبح وشام (ھما کَرَّتان) (۴) فنا کے بعد دوبارہ پیدائش (۵) ایک دفعہ، باری۔
الکَرِیْرُ: گرد کی وجہ سے گلو گرفتگی (آواز کا بیٹھنا)
المَکَرُّ: میدان جنگ۔
المِکَرُّ: فَرَسٌ مِکَرٌّ مِفَرٌّ: فطری صلاحیت والا گھوڑا جو حملہ کرنے میں آگے پیچھے ہونے کی مہارت رکھتا ہو، میدان جنگ کا ماہر گھوڑا۔
•کَرَزَ ـــ کُرُوْزًا: داخل ہونا (۲) غار وغیرہ میں روپوش ہونا۔
ـــ اِلَیه: کسی کی طرف مائل ہونا، کسی کی پناہ لینا۔ ھو کارِزٌ۔
کَارَزَہٗ و عنه: کسی کے پاس سے بھاگ جانا۔
ـــ اِلَی المَکَانِ: کسی جگہ جلدی سے جاکر روپوش ہونا۔
کَارَزَ فی المَکَانِ: چھپنا۔
ـــ الی ثِقَۃٍ من اِخوانٍ و مالٍ و غِنًی: مائل ہونا۔
کَرَّزَ الصَّقْرَ: باز کو سدھانے کے لئے اس کی آنکھیں سینا اور اسے کھلانا۔
الکُرَازُ: بوتل، شیشی ج: کِرْزَانٌ۔
الکَرَزُ: ایک درخت جس کا پھل آلوچے جیسا ہوتا ہے۔
الکُرْزُ: چرواہے کا تھیلا جس میں وہ اپنا کھانا اور سامان رکھتا ہے۔ (۲) بوری، غلہ کی بوری ج: اَکْرَازٌ و کِرَزَۃٌ۔
•کَرْزَمَ الرَّجُلُ: دوپہر کے وقت کھانا
الکَرْزَمَۃُ: دوپہر کا کھانا۔
•کَرِسَ الرَّجُلُ ـــ کَرَسًا: علم سے مالا مال ہونا، سینہ میں بہت علم لئے ہوئے ہونا۔ ھو کَرِسٌ۔
کَرَّسَ الشَّیْءَ: کسی چیز کے اجزا کو باہم ملاکر ایک کرنا۔
ـــ البِنَاءَ: عمارت کی بنیاد رکھنا۔
ـــ الشَّیْءَ لکذا: کسی چیز کو مخصوص کرنا
ـــ نَفْسَه علی شیءٍ: کسی چیز کے لئے خود کو وقف کرنا، اس پر خود کو لگائے رکھنا۔
ـــ الجُھُوْدَ: کوششیں مخصوص و تیز کرنا۔
ـــ الاحْتِلَالَ: قبضہ مضبوط کرنا۔
ـــ الھَیْمَنَۃَ علی شیءٍ: کنٹرول قائم رکھنا، مضبوط کرنا۔
انْکَرَسَ علیه: کسی پر اوندھا ہوجانا۔
ـــ فی الشیءِ: اوندھا ہوکر داخل ہونا۔
تَکَارَسَ الشَّیْءُ: ڈھیر لگنا، چپٹا ہوا ہونا تہ بہ تہ ہونا۔
تَکَرَّسَ الشَّیْءُ: تَکَارَسَ۔
ـــ اُسُّ البِنَاءِ: عمارت کی بنیاد سخت ہونا

الكُرَّاسَةُ: کتاب کا حصہ۔ کہتے ہیں: هٰذِهِ الكُرَّاسَةُ عَشْرُ وَرَقَاتٍ وَ هٰذَا الكِتَابُ عِدَّةُ كَرَارِيسَ. قَرَأْتُ كُرَّاسَةً من كتاب كذا۔ (۲) کتابچہ، پمفلٹ، رسالہ (۳) کاپی ج: كُرَّاسٌ و كَرَارِيسُ و كُرَّاسَات

الكِرْسُ: گھر میں جمع شدہ اونٹوں بکریوں کا بول و براز اور ان سے آلودہ مٹی۔ ج: اَكْرَاسٌ۔

الكِرْسَاءُ: گنجان اور گھنے درختوں والی زمین۔

الكُرْسِيُّ: تخت (۲) چارپائی (۳) کرسی (۴) یونیورسٹی میں پروفیسر کی پوسٹ ج: كَرَاسِيُّ۔

كُرْسِيُّ الأُسْتَاذِيَّةِ: پروفیسر کی مسند۔

كُرْسِيُّ الأُسْقُفِ: پادری کا مستقر۔

كُرْسِيٌّ بِلَا ظَهْرٍ: اسٹول۔

كُرْسِيٌّ بِمَسَانِدَ: آرام کرسی۔

كُرْسِيُّ خَيْزُرَانٍ: بید کی بنی ہوئی کرسی

كُرْسِيُّ العَمُودِ او التِّمْثَالِ: ستون کا نچلا پھیلا ہوا حصہ، مجسمہ کا چبوترہ

كُرْسِيٌّ قَشٍّ: موڑھا، سرکنڈوں یا بانس کی آرام کرسی۔

كُرْسِيُّ القَضَاءِ: عدالت کی کرسی۔

كُرْسِيُّ قُمَاشٍ: کپڑے کی آرام کرسی۔

كُرْسِيُّ المَمْلَكَةِ: سلطنت کا پایۂ تخت۔

كُرْسِيُّ المُلْكِ: تخت شاہی۔

كُرْسِيٌّ هَزَّازٌ: متحرک گھومنے والی کرسی

المُكَرَّسُ: جوان، پست قد۔

المُكَرَّسَةُ: کئی لڑیوں کا ہار جس کے بیچ میں جگہ جگہ بڑے مہروں سے ہر لڑی گزاری گئی ہو۔

• كَرْسَعَ فُلَانًا: گٹے کے کن انگلی کی طرف والے کنارہ پر تلوار مارنا۔

الكُرْسُوعُ: گٹے کا کنارہ جو کن انگلی کے قریب ابھرا ہوا ہوتا ہے (۲) بکری کے اگلے کھر کے قریب چھوٹی سی ہڈی (۳) كُرْسُوعُ القَدَمِ: پیر اور پنڈلی کا جوڑ، ٹخنہ کا جوڑ (یہ لفظ مذکر ہے) ج: كَرَاسِيعُ۔

المُكَرْسَعُ: گٹے کی کن انگلی کی طرف والی ابھری ہوئی ہڈی والا (یہ عورت اور مرد دونوں کے جسم کا عیب ہے)۔

• الكُرْسُفُ: روئی۔

الكُرْسُفِيُّ: روئی کی طرح سفید شہد۔

• الكِرْسِنَّةُ: ایک قسم کا پودا جسے گائے کھاتی ہے۔ اس کا بیج دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے اسے گاؤدانہ کہتے ہیں۔

• كَرِشَ الرَّجُلُ ـَ كَرَشًا: عرصہ کے بعد اہل وعیال کی تعداد بڑھنا۔

ـــ الجِلْدُ: کھال کا آگ سے جھلس کر سکڑ جانا۔

كَرَّشَ فُلَانٌ: چہرے پر شکن پڑنا۔ مکرشہ (گوشت اور چربی سے ملا کر بنایا ہوا کھانا) بنانا۔

ـــ اللَّحْمَ: گوشت کو اوجھ میں پکانا۔

تَكَرَّشَ وَجْهُهُ: چہرے کی کھال سکڑنا تیور چڑھنا، بل پڑنا۔

ـــ النَّاسُ: اکٹھا ہونا۔

اِسْتَكْرَشَ الجَدْيُ: بکری کے بچہ کا پیٹ بڑا ہونا اور اس کا کھانے لگنا۔

ـــ الوَجْهُ: چہرہ پر بل پڑنا۔

ـــ إِنْفَحَةُ الجَدْيِ: بکری کے بچہ کی آنت کا اوجھ بن جانا (اور یہ اس وقت ہوتا ہے جب وہ گھاس چرنا شروع کر دیتا ہے)۔

الأَكْرَشُ: بڑے پیٹ والا۔ هي كَرْشَاءُ

الكِرْشُ: جگالی کرنے والے جانوروں کی اوجھ جو انسان کے معدے کی طرح ہوتی ہے (مؤنث) ایک قسم کی گھاس جس سے مصر و شام میں چٹائیاں بنائی جاتی ہیں ج: أَكْرَاشٌ و كُرُوشٌ۔

الكَرِشُ: الكِرْشُ۔

كَرِشُ الرَّجُلِ: ساتھی اور مصاحب۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: الأَنْصَارُ كَرِشِي وَعَيْبَتِي انصار میرے مخلص ساتھی اور ہمراز ہیں ج: أَكْرَاشٌ و كُرُوشٌ۔

الكَرْشَاءُ: گوشت سے بھرا ہوا پیر جس کا تلوا ہموار اور انگلیاں چھوٹی ہوں۔

الكُرَيْشُ: سیاہ یا تیز سرخ رنگ کا ریشم کا کپڑا جس کا قمیص اور عورتوں کا برقع بنایا جاتا ہے، کریب۔

الكُرَيْشَةُ: اوجھ کی طرح سکڑا ہوا سوتی کپڑا۔

المُكَرَّشَةُ: اونٹ کی اوجھ میں رکھ کر پکایا ہوا گوشت اور چربی والا کھانا۔

• كَرَصَ الشَّيْءَ ـِ كَرْصًا: کاٹنا، ہاتھ سے نچوڑنا۔

كَرَّصٌ: ترش دودھ کا پنیر کھانا۔

الكَرِيصُ: ترش دودھ سے بنایا ہوا پنیر۔

المِكْرَصُ: دودھ دوہنے کا برتن۔

• كَرَظَ فِي عِرْضِ فُلَانٍ: بے آبروئی کرنا

• كَرَعَ فِي المَاءِ او الإِنَاءِ ـَ كَرْعًا و كُرُوعًا: منہ ڈال کر پانی پینا۔

ـــ النَّخْلَةُ وغَيْرُهَا: کھجور وغیرہ کے درخت کی جڑ سے پانی ختم نہ ہونا۔ هي كَارِعَةٌ۔

ـــ الوَحْشَ وغَيْرَهُ كَرْعًا: پنڈلی پر تیر مارنا۔

كَرِعَتِ السَّاقُ ـَ كَرَعًا: پنڈلی کا پتلا ہونا یا اس کا اگلا حصہ باریک ہونا۔

ـــ فُلَانٌ: پنڈلی میں درد ہونا (۲) پتلی پنڈلیوں والا ہونا۔ هو أَكْرَعُ۔

أَكْرَعَ القَوْمُ: لوگوں کو بارش کا پانی ملنا

(۲) بارش کے پانی پر اونٹوں کو لانا۔
تَكَرَّعَ: اکارع پر پانی بہانا، توسعاً نماز کے لئے وضو کرنا، ہاتھ پیر دھونا۔
اَكَارِعُ الارض: زمین کے اطراف کنارے
الكارِعاتُ: پانی میں کھڑے ہوئے درخت
الكَرِيعُ: اوک سے پانی پینے والا۔
فَرَسٌ مُكَرَّعُ القوائم: مضبوط ٹانگوں والا گھوڑا۔
الكُرَاعُ: آدمی کے گھٹنے سے نیچے ٹخنے تک پنڈلی کا حصہ (۲) گائے اور بکری کے کم گوشت پنڈلی کا پتلا حصہ (مذکر و مؤنث) ج: اَكْرُعٌ و اَكَارِعُ معقولہ ہے: لا تُطْعِمِ العبدَ الكُرَاعَ فيَطْمَعَ في الذِّراع: غلام کو پائے نہ کھلاؤ ورنہ وہ دست کے گوشت کی خواہش کرے گا (۳) گھوڑوں اور ہتھیاروں کے مجموعہ کا نام (۴) بارش کا اتنا پانی جس میں منھ ڈال کر پیا جا سکے۔
الكُرَاعِيُّ: گائے یا بکری کے پائے بیچنے والا
الكَرَعُ: بارش کا پانی جسے منھ ڈال کر پیا جائے۔ شَرِبْنَا الكَرَعَ: ہم نے بارش کا پانی منھ لگا کر پیا (۲) چوپایوں کے پائے، ہاتھ پیر۔
المَكْرَعُ: جانوروں کے پانی پینے کی جگہ۔
•كَرَفَ الشيءَ ـُ كَرْفًا و كِرَافًا: سونگھنا۔
ـــ الحِمارُ: گدھی کا پیشاب سونگھ کر سر اٹھانا اور ہونٹ پلٹنا۔
الكَرَّافُ: عورتوں کو دزدیدہ نگاہوں سے دیکھنے والا۔
الكِرْفُ: ایک چمڑے کا ڈول۔
•كَرْفَأَتِ القِدْرُ: ہنڈیا میں ابال آنا
ـــ القَوْمُ: لوگوں کا مخلوط ہونا۔
ـــ الشَّعْرُ وغيرُهُ: بالوں کا گھنا ہونا
تَكَرْفَأَ السَّحابُ: بادل کا تہ بتہ ہونا، گہرا ہونا۔
تَكَرْفَأَ الشَّعْرُ وغيرُهُ: كَرْفَأَ۔
ـــ القَوْمُ: مخلوط ہونا۔
•الكَرَفْسُ: اجوائن، اجوائن کا درخت
•كَرْكَتِ الدَّجاجةُ: انڈے دینے سے رکنا، کڑک ہو جانا۔
الكَرَّاكةُ: نہریں صاف کرنے کی مشین۔
الكُرْكُ: پوستین کا لباس، سمور کا کوٹ
الكُرْكِيُّ: سارس (آبی پرندہ) ج: كَرَاكِيُّ
الكُرَيْكُ: نانبائی کا لمبا کفچہ جس سے تندور میں روٹی لگاتا اور نکالتا ہے (۲) کھودنے کا بیلچہ، کدال (۳) موٹر کا پہیا اوپر اٹھانے کا آلہ، جیک۔
•الكَرْكَدَّنُ: گینڈا (ایک سینگ کا بھاری جثہ والا جانور جو ہندوستان و افریقہ میں زیادہ ہوتا ہے)۔
•كَرْكَرَ: زور سے ہنسنا (قہقہہ کی طرح)
ـــ في الضَّحِكِ: ہنستے ہنستے لوٹ پوٹ ہو جانا۔
ـــ النَّارجِيلةُ: ناریل کا پانی بولنا۔
ـــ بالدَّجاجةِ: مرغی کو بلند آواز سے بلانا۔
ـــ فلانًا عن الشيءِ: روکنا۔
ـــ الشيءَ: بار بار دہرانا (۲) اکٹھا کرنا۔ جیسے: كَرْكَرَتِ الرِّيحُ السَّحابَ: ہوا نے بادلوں کو یکجا کر دیا۔
ـــ الرَّحَى: چکی چلانا۔
ـــ الحَبَّ: غلہ پیسنا۔
تَكَرْكَرَ: ہوا کے دوش پر گھومنا۔
ـــ الماءُ: پانی کا نالی میں لوٹنا۔
ـــ في أمْرِهِ: متردد ہونا۔
الكَرْكَرُ: ایک آبی پرندہ۔
الكَرْكَرةُ: پیٹ میں گونجنے والی آواز گڑگڑاہٹ، قراقر (۲) زور کی ہنسی
الكِرْكِرةُ: سم والے جانور کا سینہ۔
بَرَكَ على كِرْكِرَتِهِ: وہ سینے کے بل بیٹھا (۲) لوگوں کی جماعت، ج: كَرَاكِرُ۔
•كَرْكَسَ فلانٌ: تردد کرنا (۲) بیڑی پہنے ہوئے کی طرح چلنا (۳) نیچے کی طرف لڑھکنا۔
ـــ الشيءَ: بار بار لوٹانا، دہرانا۔
ـــ الدَّابَّةَ وغيرَها: جانور کے پیر باندھنا۔
تَكَرْكَسَ: لڑھکنا، نیچے آنا۔
المُكَرْكَسُ: کنیز زادہ۔
•الكُرْكُمُ: مصطگی (۲) ہلدی۔
الكُرْكُمانُ: مویشیوں کے چارہ کی ایک قسم
المُكَرْكَمُ: ہلدی سے رنگا ہوا۔
•كَرَمَهُ ـُ كَرْمًا: فیاضی میں کسی پر فوقیت لے جانا۔ کہتے ہیں: كارَمَهُ فكَرَمَهُ: اس نے اس سے فیاضی میں مقابلہ کیا تو اس پر غالب آگیا۔
كَرُمَ فلانٌ ـُ كَرَمًا و كَرَامةً: سخی اور کشادہ دل ہونا۔ هو كَريمٌ ج: كِرامٌ و كُرَماءُ۔ هي كَريمةٌ ج: كَرائِمُ (۲) ضد لَؤُمَ۔ عالی ظرف ہونا، شریف الطبع ہونا، صاحب عزت ہونا۔
ـــ الشيءُ: بیش بہا ہونا، نفیس و عمدہ ہونا۔
ـــ السَّحابُ: بادل کا خوب برسنا۔
ـــ الأرضُ: زمین کی روئیدگی کا خوب ابھرنا، زمین کا زرخیز و شاداب ہونا، نباتات خوب اگانا۔
اَكْرَمَ الرَّجُلُ: شریف اولاد والا ہونا، کسی کی اولاد کا شریف ہونا۔
ـــ فلانًا: عزت کرنا، تعظیم کرنا، بےگناہ قرار دینا۔

أَكْرَمَ نَفْسَهُ عن الشَّائنات: خود کو عیوب سے پاک وصاف رکھنا، گناہوں سے بچانا۔
كَارَمَ فُلَانًا: کسی کے سامنے کرم وسخاوت پر فخر کرنا، اپنی سخاوت کی برتری ثابت کرنا (۲) کسی کے ساتھ فیاضانہ سلوک کرنا۔
ـــ الرَّجُلَ: کسی کو ایسی چیز کا ہدیہ دینا جس پر وہ انعام دے، کسی سے اعزاز کی قیمت وصول کرنا۔
كَرَّمَ السَّحَابُ: بادل کا خوب برسنا۔ كَرَّمَ الْمَطَرُ بھی کہتے ہیں۔
ـــ فُلَانًا: عزت کرنا، عزت بخشنا، رتبہ بلند کرنا، فضیلت وفوقیت عطا کرنا۔
تَكَارَمَ عن الشيئ: بچنا، دامن بچانا، ملوث نہ ہونا۔
تَكَرَّمَ عن الشيئ: آلودہ ہونے سے بچنا پاک باز ہونا۔
ـــ الرَّجُلُ: سخی بننا، فراخ دل بننا۔
ـــ عليه: کسی پر مہربانی کرنا، نوازنا۔
تَكَرُّمًا منك: ازراہ کرم، مہربانی فرما کر
اسْتَكْرَمَ الشيئ: کسی چیز کی عمدگی اور نفاست چاہنا، عمدہ اور بیش قیمت چیز چاہنا۔ (۲) عمدہ اور بیش قیمت پانا۔
ـــ العَقَائِلَ: شریف زادیوں سے شادی کرنا۔
الإِكْرَامُ: احترام، مہمان کی خاطر مدارات۔
الإِكْرَامِيَّةُ: عطیہ (۲) بڑے آدمی (بیرسٹر وغیرہ) کا محنتانہ۔
إِكْرَامًا لَهُ: کسی کے اعزاز میں۔ إِكْرَامًا لِوُجُودِهِ۔
إِكْرَامًا لِخَاطِرِ فُلَانٍ: فلاں کی دلداری کے لئے۔
الأُكْرُومَةُ: شریفانہ عمل، باوقار کردار۔
التَّكْرِمَةُ: اعزازی مسند یا نشست جو تخت وغیرہ پر مہمان کے لئے مخصوص کی جائے تکیہ۔
التَّكْرِيمُ: اعزاز۔
تَكْرِيمًا لِأَحَدٍ: کسی کے اعزاز میں۔
تَكْرِيمِيٌّ: اعزازی۔
الكُرَّامُ: الكَرِيمُ۔
الكَرَامَةُ: کرامت یعنی وہ خلافِ عادت فعل جس میں نہ تحدی ہو اور نہ دعوائے نبوت جس کا ظہور اللہ کے حکم سے اس کے نیک بندوں (اولیاء اللہ) کے ذریعہ ہوتا ہے (۲) گھڑے یا ہنڈیا کا ڈھکن (۳) عزت، شرافت (۴) سخاوت وفیاضی (۵) وقار حیثیت
لِفُلَانٍ عَلَيَّ كَرَامَةٌ: میرے دل میں فلاں کی عزت ہے۔ أَفْعَلُ ذٰلِكَ وكَرَامَةً لَكَ: میں ایسا تمہارے اعزاز میں کر رہا ہوں۔ نَعَمْ وحُبًّا وكَرَامَةً: میں آپ کی عزت کرتا ہوں، کسی کام کے لئے آمادگی کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ بہت اچھا، سرآنکھوں پر، بخوشی۔
الكُرَّامُ: صاحب کرم، فیاض وسخی، شرافت پسند۔
الكَرَمُ: سخاوت، فیاضی، کشادہ دلی (۲) مہربانی (۳) رَجُلٌ كَرَمٌ: کریم وسخی (آخری معنی میں مفرد وجمع اور مذکر ومونث سب برابر ہیں۔ مصدر بمعنی وصف ہے) أَرْضٌ كَرَمٌ: عمدہ اور زرخیز زمین (۴) عفو ودرگذر
كَرَمُ الأَخْلَاقِ وكَرَمُ النَّفْسِ: عالی ظرفی۔
الكَرْمُ: انگور کی بیل، انگور۔ ابْنَةُ الكَرْمِ: شراب ج: كُرُومٌ۔
الكُرْمُ: أَفْعَلُ ذلك وكُرْمًا لك: میں یہ تمہاری خاطر کر رہا ہوں۔
نَعَمْ وحُبًّا وكُرْمًا: جی میرے دل میں آپ کی عزت ہے، میں یہ کام بطیب خاطر کروں گا۔
الكَرَّامُ: انگور کے باغ کا محافظ۔
الكَرْمَةُ: انگور کی ایک بیل (۲) سرین کی ہڈی کا سرا۔
الكَرِيمُ: اللہ تعالیٰ کے اسماء اور صفات میں سے ایک۔ بڑا سخی وفیاض جس کی بخشش وعطا کا سلسلہ منقطع نہ ہو (۲) درگذر کرنے والا، وسیع الظرف ہر اس چیز کی صفت جو اپنی ذات میں عمدہ اور قابل قدر ہو (۳) شریف الطبع (ضد لئیم) معزز (۴) مہمان نواز (۵) قیمتی، بیش قیمت (۶) مہربان۔
وَجْهٌ كَرِيمٌ: پاکیزہ چہرہ۔ كِتَابٌ كَرِيمٌ: مفید وپسندیدہ کتاب۔
قَوْلٌ كَرِيمٌ: عمدہ بات، باوقار کلام۔ رِزْقٌ كَرِيمٌ: اچھی یا حلال روزی۔ حَجَرٌ كَرِيمٌ ومَعْدِنٌ كَرِيمٌ: قیمتی اور نفیس پتھر یا دھات
وَجْهُ الكَرِيمِ: اللہ کا باجمال وباجلال چہرہ۔
كَرِيمُ الأَصْلِ: شریف النسل، اعلیٰ ذات کا۔
كَرِيمُ المَحْتِدِ: شریف النسب، اعلیٰ ذات کا۔
الكَرِيمَانِ: حج وجہاد۔
الكَرِيمَةُ: کریم کی تانیث، خاندانی آدمی۔ فُلَانٌ كَرِيمَةُ قَوْمِهِ: فلاں اپنی قوم میں شریف ومعزز آدمی ہے (تا مبالغہ کی ہے)۔ مقولہ ہے: اذا اتاكم كريمةُ قومٍ فأكرموه (۲) ناک، ہاتھ، کان، داڑھی۔
كَرِيمَةُ الرَّجُلِ: بیٹی، صاحبزادی ج: كَرَائِمُ۔ كَرَائِمُ الأَمْوَالِ: عمدہ اور قیمتی مال۔

الکَرِیْمَتَان: دونوں آنکھیں۔
المِکْرَام: بہت مہمان نواز، بہت فیاض
المُکَرَّم: قابل تعظیم۔
المَکْرُمَۃُ: قابل قدر کام، کارنامہ، سخاوت بھلائی (۲) فراخ دلانہ عطیہ، عطیۂ گرامی (۳) بلندیٔ کردار ج: مکارِم۔
مکارِمُ الأخْلَاقِ: اخلاقی قدریں، اخلاقی بلندیاں۔ حدیث میں ہے: بُعِثْتُ لأُتَمِّمَ مَکَارِمَ الأخْلَاقِ۔
أرْضٌ مَکْرُمَۃٌ: زرخیز زمین۔
المَکْرُمَۃُ: أرْضٌ مَکْرُمَۃ: عمدہ اور زرخیز زمین۔
الکُرْنُبُ: کرم کلا، بند گوبھی۔
• کَرْنَفَ النَّخْلَۃَ: کھجور کے تنہ پر باقی ماندہ شاخوں کی جڑوں کو کاٹنا، کھجور کے تنہ کو ہموار وصاف کرنا۔
ــــ فُلَانًا بالعَصَا: کسی کو لاٹھی یا ڈنڈا مارنا۔
ــــ الشیءَ بالسَّیْفِ: تلوار سے کاٹنا۔
الکِرْنَافُ: کھجور کی ٹہنیوں کو کاٹنے کے بعد تنہ پر باقی رہجانے والے حصے۔ واحد: کِرْنَافَۃٌ۔
الکُرْنَافَۃُ: بندوق کا پچھلا حصہ۔
أنْفٌ مُکَرْنِفٌ: موٹی ناک۔
• کَرِہَ الشیءَ ـَ کُرْھًا و کَرَاھَۃً و کَرَاھِیَۃً: نفرت کرنا، ناپسند کرنا برا سمجھنا (ضد: احب) الفاعل کارِہ و المفعول مَکْرُوہ (کریہ)
کَرُہَ الأمْرُ و المَنْظَرُ ـُ کَرَاھَۃً و کَرَاھِیَۃً: برا اور بدنما ہونا۔ ھو کَرِیْہٌ۔
أکْرَھَہُ علَی الأمْرِ: کسی کام پر مجبور کرنا۔
کَرَّہَ إلیہ الأمْرَ: کسی کے دل میں کسی کام کی نفرت بٹھانا، کسی کے لئے کوئی کام ناپسندیدہ بنانا، کسی کو کسی کام سے متنفر کرنا۔ ضد: حَبَّبَ۔
تَکَارَہَ الشیءَ: نفرت کرنا، ناپسند کرنا اظہار نفرت کرنا۔ فَعَلَ ذلك مُتَکَارِھًا: اس نے یہ کام بادلِ ناخواستہ کیا، مرضی کے خلاف کیا۔
تَکَرَّہَ الشیءَ: نفرت کرنا، ناپسند کرنا
اِسْتَکْرَہَ الشیءَ: نفرت کرنا، برا سمجھنا، برا پانا۔
ــــ فُلَانَۃً: عورت کو بدکاری پر مجبور کرنا۔
الإکْرَاہُ: جبر، زبردستی، تشدد۔ سَرِقَۃٌ بإکْرَاہ: ڈاکہ زنی۔
الکَرَاھَۃُ و الکَرَاھِیَۃُ: ناگواری، ناپسندیدگی (۲) برائی، خرابی، نفرت بغض، دشمنی (۳) شرعًا کسی فعل کی ممانعت کے بغیر اس کا ترک اولیٰ ہونا۔ دیکھئے: مکروہ۔
الکَرَاھِیَۃُ العُنْصُرِیَّۃُ: نسلی نفرت
الکَرْھَاءُ: گدی کا بالائی گڑھا۔
الکَرْہُ: تنفر (۲) ناگواری، ناپسندیدگی (۳) مشقت و پریشانی، بیگار (وہ کام جو کسی سے زبردستی لیا جائے (۴) ناپسندیدہ۔ شیءٌ کَرْہٌ: ناپسندیدہ چیز، بری چیز (۵) ذہنی تکلیف جو جبرًا کام لینے سے ہو۔
الکُرْہُ: الکَرْہُ۔ جسمانی یا خارجی مشقت سختی، تکلیف۔ قرآن پاک میں ہے: "وَوَضَعَتْہُ کُرْھًا"
کُرْھًا: جبرًا، مجبورًا، بادل ناخواستہ۔
علَی کُرْہٍ و عَنْ کَرَاھِیَۃٍ: مجبورًا، ناگواری کے ساتھ۔
الکَرِیْہُ: المکروہ۔ بدنما، برا، ناپسندیدہ، قابل نفرت۔
کَرِیْہُ الرَّائِحَۃِ: بدبودار۔
کَرِیْہُ الطَّعْمِ: بدذائقہ۔
کَرِیْہُ المَنْظَرِ: بدشکل، بدنما۔
رَائِحَۃٌ کَرِیْھَۃٌ: بدبو
الکَرِیْھَۃُ: مؤنث الکریہ (۲) جنگ یا جنگ کی شدت، گھمسان کی لڑائی
شَھِدَ الکَرِیْھَۃَ: اس نے خوفناک جنگ میں شرکت کی (۳) آفت، مصیبت ج: کَرَائِہُ۔ لَقِیْتُ دُوْنَہُ کَرَائِہَ الدَّھْرِ: میں نے اس کے پاس پہنچنے کے لئے زمانہ کی مصیبتیں جھیلیں۔
المَکْرَہُ: ناپسندیدہ بات، گراں بار شے ج: مَکَارِہ۔ لَقِیْتُ دونَہ مکارِہَ الدَّھْرِ: میں نے اس تک پہنچنے کے لئے تکلیفیں اٹھائیں۔
المَکْرُوہُ: ناپسند، بدنما، برا (۲) وہ فعل جس سے شرعا روکا نہ گیا ہو لیکن اس کا ترک اولیٰ قرار دیا گیا ہو، اس کی دو قسمیں ہیں مکروہ تحریمی اور مکروہ تنزیہی۔ اول وہ ہے جو حرام سے زیادہ قریب ہو اور ثانی وہ ہے جو حلال سے زیادہ قریب ہو۔
المَکْرُوھَۃُ: شدت و سختی۔ رَجُلٌ ذو مَکْرُوھَۃٍ: سخت و متشدد آدمی۔
• کَرَا الغُلَامُ ـُ کَرْوًا: گیند سے کھیلنا۔
ــــ الکُرَۃَ و بِھَا: گیند سے کھیلنا، گیند کو اچھالنے کے لئے بلا وغیرہ مارنا
ــــ الأرْضَ: زمین کھودنا۔
ــــ الشیءَ: گول کرنا، کروی بنانا۔
ــــ البِئْرَ: کنویں کا من درختوں سے بنانا
• کَرَی النَّھْرَ ـِ کَرْیًا: نہر میں نیا گڑھا کھودنا۔
ــــ الأرْضَ: کھودنا۔

کَرِیَ الرَّجُلُ ـَ کَرًی: سونا۔ ھو کَرٍ وکَرِیٌّ وکَرْیَانُ۔ اَصْبَحَ فُلاَنٌ کَرْیَانَ الغَدَاۃِ: فلاں دن چڑھے تک سوتا ہے۔ ھی کَرِیَۃٌ۔
اَکْرَی: کم ہونا۔ اَکْرَی الرَّجُلُ: کسی کا مال یا توشہ کم ہوجانا۔
ـــ الدَّارَ او الدَّابَّۃَ: گھر یا چوپایہ کرایہ پر دینا۔
کَارَاہُ مُکَارَاۃً وکِرَاءً: کرایہ پہ دینا ھو مُکَارٍ۔
اِکْتَرَی الدَّارَ وغَیْرَھا: کرایہ پر لینا۔
تکَارَی الدَّارَ وغَیْرَھا: کرایہ پر لینا
اِسْتَکْرَی الدَّارَ وغَیْرَھا: کرایہ پر لینا۔
الکَرَی: اونگھ، نیند ج: اَکْرَاءٌ۔
الکَرَی: قبریں (واحد: کُرْوَۃ یا کُرْیَۃ ہے)۔
الکِرَاءُ: کرایہ، اجرت۔
الکُرَۃُ: ہر گول جسم۔ الکُرَۃُ الاَرْضِیَّۃُ: کرۂ ارض، زمین کا گول جسم (۲) گیند ج: کُرَاتٌ۔
کُرَۃُ السَّلَّۃِ: باسکٹ بال۔
کُرَۃُ الصَّوْلَجَانِ: خمیدہ لکڑی اور گیند کا کھیل، ہاکی۔
کُرَۃُ التِّنِس: ٹینس، ایک کھیل جس میں جال باندھ کر تانت کے بلّے سے گیند پھینکتے اور اچھالتے ہیں۔
کُرَۃُ الشَّبَکَۃِ: نیٹ بال۔
الکُرَۃُ الطَّائِرَۃُ: والی بال۔
کُرَۃُ الطَّاوِلَۃِ: ٹیبل ٹینس۔
کُرَۃُ القَدَمِ: فٹ بال۔
کُرَۃُ اللَّعِبِ: گیند (جس سے کھیلا جائے)
کُرَۃُ المِضْرَبِ او المَضْرِبِ: ٹینس
الکَرَوَانُ: لمبی چونچ اور بھورے رنگ کا ایک پرندہ جو کبوتر کا ہم شکل اور خوش آواز ہے۔ اس کے بارہ میں کہا جاتا ہے کہ رات کو وہ نہیں سوتا۔
الکِرْوَۃُ: کرایہ، مزدوری، اجرت۔
الکَرَوْیَا والکَرَوْیَاءُ: زیرہ۔
الکُرَوِیُّ: گول، گیند نما۔
الکَرِیُّ: کرایہ پہ کام کرنے والا، اجیر، مزدور (۲) کرایہ پر سواری کا جانور دینے والا ج: اَکْرِیَاءُ۔
المُکَارِی: خچر اور گدھے کرایہ پر دینے والا ج: مُکَارُوْنَ۔
المُسْتَکْرِی: کرایہ دار، کرایہ پر لینے والا

ک ــــ ز

• کَزِبَ مُشْطُ الرجُلِ ـَ کَزَبًا: پاؤں کی ہڈیوں کا چھوٹا اور سکڑا ہوا ہونا۔
الکُزْبُ: تلچھٹ، کھلی۔
الکَوْزَبُ: کنجوس و تنگ دل۔
المُکْزُوبَۃُ: سیاہ و سفید رنگ۔
• الکُزْبَرَۃُ والکُزْبَرَۃُ: دھنیا (پودا) (۲) دھنیا (بیج)۔
• کَزَّ الشَّیءَ ـُ کَزًّا: تنگ کرنا۔
کَزَّ الشَّیءُ ـِ کَزَازَۃً وکُزُوْزَۃً: سردی سے مرجھا جانا، سکڑ جانا، خشک ہوجانا۔
ـــ الوَجْہُ: شکل خراب ہونا۔
ـــ فُلاَنٌ کَزَازًا وکَزَازَۃً: بے فیض و بے نفع ہونا۔ ھو کَزٌّ ورَجُلٌ کَزُّ الیَدَیْنِ: کنجوس۔
کُزَّ فُلاَنٌ: کسی پر کپکپی طاری ہونا، لرزہ طاری ہونا۔ ھو مَکْزُوْزٌ۔
اَکَزَّہُ اللّٰہُ: اللہ کا کسی کو لرزہ میں مبتلا کرنا۔ ھو مَکْزُوْزٌ۔
اِکْتَزَّ الرَّجُلُ: سکڑنا۔
التَّکَزُّزُ: جبڑے بند ہونے کی بیماری جس سے منہ نہیں کھلتا۔
الکَازُوْزَۃُ: دیکھئے: قازوزۃ۔
الکَزَازُ: خشکی، سکڑن (۲) بخل۔
الکُزَازُ: جوڑوں کی اینٹھن (۲) لرزہ، کپکپی جو زیادہ ٹھنڈک یا زیادہ خون نکلنے سے طاری ہوتی ہے (۳) ایک مہلک بیماری جو مجروح کے زخموں کو مٹی لگ جانے سے پیدا ہوجاتی ہے۔
الکَزُّ: مصدر بمعنی صفت، سکڑا ہوا۔ جیسے: وَجْہٌ کَزٌّ۔ قَوْسٌ کَزَّۃٌ کَزُّ الیَدَیْنِ: بخیل ج: کُزٌّ۔
الکَزَزُ: بخل، کنجوسی۔
• کَزَمَ فُلاَنٌ ـِ کَزْمًا: منہ بند کرکے خاموش ہوجانا۔
ـــ الشَّیءَ الصُّلْبَ ـِ کَزْمًا: سخت چیز کو دانتوں سے زور لگا کر کاٹنا (۲) اگلے دانتوں سے توڑ کر کھانے کیلئے گری وغیرہ نکالنا۔
کَزِمَ فُلاَنٌ ـَ کَزَمًا: کسی چیز پر سبقت سے ڈرنا۔ ھو کَزِمٌ (۲) بہت کھانا، بری طرح کھانا (۳) چھوٹی ناک اور چھوٹی انگلیوں والا ہونا۔ (۴) ٹھوڑی اور نچلے ہونٹ کا آگے بڑھا ہوا ہونا اور اوپر کے ہونٹ کا اندر کو دبا ہوا ہونا۔ اَنْفٌ اَکْزَمُ ویَدٌ کَزْمَاءُ۔
اَکْزَمَ فُلاَنٌ: سکڑنا۔
کَزَّمَ: کام وغیرہ کا انگلیوں کو سکیڑ دینا، خشک کر دینا۔
تَکَزَّمَ الفَاکِہَۃَ: پھل کو بن چھلا کھانا
الکَزَمُ: تنگ ہتھیلی اور چھوٹی انگلیوں والا۔
الکَزَمُ: ناک اور انگلیوں کا چھوٹا پن۔

الکَزَمُ : ڈرپوک، آگے نہ بڑھنے والا۔
الکَزْمانُ : بہت زیادہ اور بری طرح کھانے والا کہ لوگ اسے ناپسند کریں
•کَزَی الرَّجُلَ ـ کَزْیًا : طالبِ بخشش کے ساتھ مہربانی کرنا۔

ک ـــــ س

•کَسَبَ لِاَهْلِهٖ ـ کَسْبًا : اہل و عیال کے لئے کمائی کرنا، روزی فراہم کرنا۔
ـــ الشیءَ : اکٹھا کرنا، حاصل کرنا۔
ـــ المالَ : دولت کمانا۔ هو کاسِبٌ ج : کَسَبَةٌ وهو کَسَّابٌ وکَسُوْبٌ
ـــ الاِثْمَ : گناہ کا بوجھ اٹھانا، گناہ سے گرانبار ہونا۔ قرآن پاک میں ہے : "وَمَنْ یَکْسِبْ خَطِیْئَةً اَوْ اِثْمًا ثُمَّ یَرْمِ بِهٖ بَرِیْئًا فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِیْنًا"۔
ـــ فلانًا مالًا او عِلْمًا او غیر ذلك : کسی کو مال یا علم وغیرہ دینا۔
ـــ فُلَانًا الی صَفِّهٖ : کسی کو اپنے ساتھ ملانے میں کامیاب ہونا۔
اَکْسَبَ فُلَانًا مالًا او عِلْمًا : کسی کو تحصیلِ علم اور حصولِ زر میں مدد دینا۔ مال یا علم حاصل کرانا۔
ـــ الشیءَ : دلانا، عطا کرنا۔ جیسے اَکْسَبَ البناءَ۔
اِکْتَسَبَ المالَ : مال کمانا۔
ـــ فُلانٌ : تصرف کرنا، کوشش کرنا۔
ـــ الاثمَ : گناہ کا بوجھ اٹھانا، گناہ کا ارتکاب کرنا، قرآن پاک میں ہے : "لَهَا مَا کَسَبَتْ وَعَلَیْهَا مَا اکْتَسَبَتْ"۔
ـــ الشیءَ : حاصل کرنا۔
ـــ اِعْجَابَ النَّاسِ : لوگوں کی داد و تحسین وصول کرنا۔

اِکْتَسَبَ الوَقْتَ : مہلت پانا۔
ـــ المُبَارَاةَ : میچ جیتنا، کھیل وغیرہ کے مقابلہ میں کامیابی حاصل کرنا۔
تَکَسَّبَ : کوشش سے حاصل کرنا، کمائی کرنا۔
ـــ المالَ : مال کمانا۔
ـــ من الشِّعْرِ : شعر گوئی سے کمانا، شعر گوئی کو ذریعہ آمدنی بنانا۔
الاِکْتِسَابُ : حصول (۲) کمائی (۳) محنت جدوجہد۔
الکاسِبُ : محنت کش، کمائی کرنے والا م : کاسِبَةٌ ج : کَوَاسِبُ۔
ابُو کاسِبٍ : بھیڑیا۔
الکَسْبُ : کمائی، تحصیل، حصول (۲) کمائی بمعنی کمائی ہوئی چیز، مال، آمدنی فُلَانٌ طَیِّبُ الکَسْبِ : فلاں کی کمائی پاک و صاف ہے (۳) نفع، فائدہ (۴) کامیابی۔
کَسْبٌ غَیْرُ شَرْعِیٍّ وغَیْرُ مَشْرُوْعٍ : ناجائز آمدنی۔
الکُسْبُ : تیل کی تلچھٹ (۲) بنولوں کی کھلی (۳) تلوں کا پھوک (بھوسا جو تیل نکالنے کے بعد بچتا ہے)۔
الکَسَّابُ والکَسُوْبُ : بہت کمانیوالا۔
الکَوَاسِبُ : انسان یا پرندوں کے اعضا۔
المَکْسَبُ : کمائی (۲) ذریعہ آمدنی (۳) منفعت ج : مَکَاسِبُ۔
المَکَاسِبُ : مفادات، منافع، فوائد، (۲) کامیابیاں۔
•الکُسْتِبَانُ : کشتبان۔
•کَوْسَجَ فُلَانٌ : چھدری داڑھی والا، کم بالوں والا ہونا (۲) بالوں سے خالی رخساروں والا ہونا۔
تَکَوْسَجَ فُلَانٌ : ناقص ہونا۔ کہاوت ہے : مَنْ طَالَتْ لِحْیَتُهٗ تَکَوْسَجَ عَقْلُهٗ : جس کی داڑھی لمبی ہوتی ہے اس کی عقل ناقص ہوتی ہے یا وہ زیادہ عقلمند نہیں ہوتا۔
الکَوْسَجُ : وہ شخص جس کے رخساروں پر بال نہ ہوں (۲) جس کے دانت کم ہوں (۳) سست رفتار چوپایہ ج : کَوَاسِجُ (۴) ایک قسم کی بڑی سمندری مچھلی یہ پھاڑ کھانے والی ہوتی ہے اور گرم علاقوں میں زیادہ ہوتی ہے۔
•کَسَحَ البَیْتَ ـ کَسْحًا : جھاڑو دینا۔
ـــ الرِّیْحُ الاَرْضَ : ہوا کا زمین کی مٹی کو اڑا لے جانا۔
ـــ البِئْرَ او النَّهْرَ : صاف کرنا۔
ـــ القَوْمَ : لوگوں کا صفایا کر دینا، بیخ کنی کرنا، مٹا دینا۔
ـــ الشیءَ : صاف کر دینا، زائل کرنا۔
ـــ من مالِ فُلانٍ ماشاءَ : کسی کے مال میں سے جتنا چاہے لینا۔
کَسِحَ ـ کَسَحًا وکُسَاحًا وکُسَاحَةً : بے حس پاؤں یا بے حس ہاتھ والا ہونا هو اَکْسَحُ وهی کَسْحَاءُ ج : کُسْحٌ وکُسْحَانٌ۔ وهو کَسْحَانُ وکَسِیْحٌ ومُکَسَّحٌ۔
اِکْتَسَحَ الشیءَ : صفایا کرنا، سب لے لینا لیجانا، ہڑپ کر جانا (۲) ایک شے کا دوسری شے کو لپیٹ میں لینا، بہا لیجانا
ـــ القَوْمَ : لوگوں کا سارا مال لوٹ لے جانا۔
ـــ البالوعة ونحوها : نالی وغیرہ صاف کرنا۔
الاَکْسَحُ : لنجا، بے حس ہاتھ پاؤں والا
الکاسِحُ : تباہ کن، صفایا کرنے والا، صفائی کرنے والا۔
الکاسِحَةُ : بلڈوزر، ملبہ صاف کرنے کی مشین۔

كَاسِحَةُ الْأَلْغَام : بارودی سرنگیں صاف کرنے کی مشین۔
الْكُسَاحُ : اونٹ کے پاؤں کا لنگ (۲) بچوں کی ہڈیوں کی بیماری۔
الْكُسَاحَةُ : کوڑا (جھاڑن) جو جھاڑو کے بعد اکٹھا ہوتا ہے۔
الْكَسِيحُ : بے نفع آدمی جو تمہاری طلب پر بربنائے عجز مدد نہ کر سکے۔
الْمِكْسَحُ والْمِكْسَحَةُ : جھاڑو۔
الْمُكَسَّحُ : پاؤں میں لنگ کا مریض (۲) ہموار تراشیدہ ٹہنی یا لکڑی۔
الْمَكْسُوحُ : چھیل کر صاف کی ہوئی چیز۔
•كَسَدَ الشَّيْءُ ـُ كَسَادًا وكُسُودًا : کسی چیز کا گاہک نہ ہونا یا کم ہونا، نہ چلنا، مانگ نہ ہونا۔ هو كَاسِدٌ وكَسِيدٌ۔
ـــ السُّوقُ : بازار مندا ہونا، بازار میں اشیاء کی فروخت کم ہونا (ضد: نَفَقَت السُّوق) هي كَاسِدٌ وكَاسِدَةٌ۔
سِلْعَةٌ كَاسِدَةٌ : نہ چلنے والا سامان، نہ بکنے والا سامان۔
ـــ التِّجَارَةُ : کاروبار مندا ہونا، کاروبار کا کمزور ہونا۔
كَسُدَ الشَّيْءُ ـُ كَسَادًا وكُسُودًا : كَسَدَ۔ هو كَسِيدٌ۔
أَكْسَدَ الْقَوْمُ : مندے بازار والا ہونا لوگوں کا کساد بازاری میں مبتلا ہونا
ـــ الشَّيْءَ : مندا کرنا، کسی چیز کی مانگ یا چلت کم کر دینا۔
الْكَاسِدُ : (ضد: رَائِج) غیر چالو، وہ چیز جس کی بازار میں مانگ نہ ہو، جس کے گاہک نہ ہوں (۲) نہ بکنے والا (سودا)۔
الْكَسَادُ : مندا پن (ضد رواج) کساد بازاری (۲) نا مقبولیت۔
كَسَادٌ حَادٌّ : زبردست مندا۔
الْكَسِيدُ : کھوٹا (سکہ) (۲) گھٹیا (سودا) (۳) مندا۔
•كَسْدَرَ : آوارہ ہونا۔
•كَسَرَ فُلَانٌ مِنْ طَرْفِهِ وعَلَى طَرْفِهِ ـِ كَسْرًا : نگاہ کو قدرے نیچی کرنا۔
ـــ الشَّيْءَ : سخت چیز توڑنا، ریزہ ریزہ کرنا، چورہ کرنا۔ هو كَاسِرٌ ج: كُسَّرٌ۔ وهي كَاسِرَةٌ ج: كَوَاسِرُ۔ والشَّيْءُ مَكْسُورٌ وكَسِيرٌ۔ اخیر کی جمع: كَسْرَى وكَسَارَى۔
ـــ مِنْ ثَوْرَتِهِ : تیزی کم کرنا، زور کم کرنا۔
ـــ حُمَيَّا الْخَمْرِ بِالْمِزَاجِ : کچھ ملا کر شراب کی تیزی کم کرنا۔
ـــ مِنْ بَرْدِ الْمَاءِ وحَرِّهِ : پانی کی ٹھنڈک یا حرارت کم کرنا۔
ـــ الْكِتَابَ عَلَى فُصُولٍ : کتابوں کو چند فصلوں پر مرتب کرنا، فصلوں میں تقسیم کرنا۔
ـــ مَتَاعَهُ : سامان کا ایک ایک حصہ کر کے بیچنا، ایک ایک کپڑا کر کے بیچنا، خوردہ بیچنا، ریٹیل بیچنا۔
ـــ الْوِسَادَ : تکیہ کو موڑ کر اس پر ٹیک لگانا۔
ـــ الطَّائِرُ جَنَاحَيْهِ : پرندہ کا اترنے کے لئے دونوں بازو سمیٹنا۔
ـــ الطَّائِرُ كُسُورًا : لوٹ پڑنا، جھپٹا مارنا۔ بَازٌ كَاسِرٌ وعُقَابٌ كَاسِرٌ : شکاری شکرا یا عقاب۔
ـــ الرَّجُلَ عَنْ مُرَادِهِ : کسی کو اس کے مقصد سے ہٹانا۔
كَسَرَ الْقَوْمَ : لوگوں کو شکست دینا۔
ـــ الشِّعْرَ : شعر کا وزن درست نہ کرنا۔
ـــ الْحَرْفَ : حرف کو زیر دینا۔
ـــ الْوَصِيَّةَ : وصیت کے خلاف کرنا، کالعدم کرنا۔
ـــ الاحْتِكَارَ : اجارہ داری ختم کرنا۔
ـــ الْحَاجِزَ : رکاوٹ دور کرنا۔
ـــ الْحَلْقَةَ : حصار یا حلقہ توڑنا۔
ـــ الرَّقْمَ الْقِيَاسِيَّ : ریکارڈ توڑنا
ـــ الصَّمْتَ : سکوت توڑنا۔
ـــ الْقَرَارَ : قرارداد یا فیصلہ کی خلاف ورزی کرنا۔
ـــ الْمَبْدَأَ : اصول شکنی کرنا۔
ـــ شَرَفَهُ : کسی کی آبروریزی کرنا، عزت کو بٹا لگانا، بدنام کرنا۔
ـــ شَوْكَتَهُ : شان گھٹانا۔
كَسِرَ ـَ كَسَرًا : کاہل اور سست ہونا
كَسَّرَ الشَّيْءَ : بالکل توڑنا، چورہ کرنا
ـــ الاسْمَ : اسم کی جمع تکسیر بنانا (وہ جمع جس میں واحد کا وزن باقی نہ رہے)۔
انْكَسَرَ الشَّيْءُ : ٹوٹنا (۲) کسی چیز کا زور کم ہونا (۳) سردی یا گرمی کا ہلکا پڑنا۔
ـــ الْعَسْكَرُ : لشکر کا شکست کھا کر منتشر ہونا۔ فالْعَسْكَرُ مَكْسُورٌ (مُنْكَسِرٌ نہیں کہا جائے گا)۔
ـــ الشِّعْرُ : شعر کا وزن ٹھیک نہ رہنا
ـــ الْعَجِينُ : آٹے میں خمیر اٹھنا۔
ـــ عَنِ الشَّيْءِ : عاجز رہنا۔
ـــ الْعَطَشُ : پیاس بجھنا۔
تَكَسَّرَ : مُطَاوِع كَسَّرَهُ۔ ریزہ ریزہ ہوجانا، ٹکڑے ٹکڑے ہوجانا (۲) شکن پڑجانا۔
ـــ فِي الْمَشْيِ : زنخوں کی طرح چلنا،

ایسی چال چلنا جس میں نسوانیت یا نسوانیت
کی جھلک ہو۔
الاِنْکِسَارُ: شکست (۲) عاجزی، بے بسی
(۳) تخفیف، ہلکا پن۔
التَّکَسُّرُ: شکستگی (۲) ڈھیلا پن (۳) زنخا پن
(۴) نازو ادا (۵) شکن، جھری، سلوٹ
الاِکْسِیْرُ: دیکھئے (ا ک س) ردح خلاً
الکَاسِرُ: ٹوٹ پڑنے والا، جھپٹا مارنے والا،
حملہ آور۔ عُقَابٌ کَاسِرٌ: حملہ آور
عقاب ج: کُسَّر م: کَاسِرَۃٌ
ج: کَوَاسِرُ۔
الکَاسُوْرُ: پتھر توڑنے کا ہتھوڑا۔
الکَوَاسِرُ: شکاری پرندے۔
الکُسَارُ: ٹوٹی ہوئی چیز کے ریزے (۲)
چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جیسے: کُسَارُ
الزُّجَاجِ وَالعُوْدِ وَالخُبْزِ۔
کانچ یا لکڑی یا روٹی کے ٹکڑے۔
الکُسَارَۃُ: لکڑی یا روٹی یا کانچ کا چورا
برادہ۔
الکِسْرُ: گھر کا گوشہ (۲) ہر چیز کا کونہ۔
ج: اَکْسَارٌ وَکُسُوْرٌ۔
الکَسْرُ: الکِسْرُ (۲) ٹکڑا، جز، حصہ
(۳) تھوڑی چیز (۴) ایک عدد کا ناتمام
حصہ جیسے آدھا یا پانچواں یا چھٹا
حصہ (وغیرہ) اس کا مقابل عدد صحیح ہے
ج: کُسُوْرٌ (۵) شکست وریخت (۶)
کریک۔
الکَسْرُ العُشْرِیُّ: اعشاری اجزاء جیسے
دس بیس تیس وغیرہ۔
ضَرَبَ الحُسَّابُ الکُسُوْرَ بَعْضَهَا
بِبَعْضٍ: حساب دانوں نے کسر کو کسر
سے ضرب دی۔
الکَسْرَۃُ: شکست، ہار۔ وَقَعَتْ عَلَی
القَوْمِ الکَسْرَۃُ: لوگ ہار گئے۔
فُلَانٌ بِعَیْنِهٖ کَسْرَۃٌ مِنَ السَّهَرِ: فلاں کی
آنکھ میں نیند بھری ہوئی ہے۔ رَجُلٌ
ذُوْ کَسَرَاتٍ: ہر چیز میں دھوکا
کھانے والا یا نقصان اٹھانے والا
آدمی۔
الکِسْرَۃُ: کسی چیز کا ٹوٹا ہوا ٹکڑا، ریزہ
الکِسْرَۃُ مِنَ الخُبْزِ: روٹی
کا ٹکڑا ج: کِسَرٌ۔
الکَسَّارَۃُ: سروتا، اخروٹ وغیرہ
توڑنے کا آلہ۔
الکُسُوْرُ مِنَ الجِلْدِ وَالثَّوْبِ:
کھال یا کپڑے کی سلوٹ، شکن۔
اَرْضٌ ذَاتُ کُسُوْرٍ: اونچی نیچی
زمین (۲) وادیوں اور پہاڑوں
کے موڑ اور گھاٹیاں (آخری معنی میں
اس لفظ کا مفرد استعمال نہیں ہوتا۔
الکَسِیْرُ: شکستہ۔
کَسِیْرُ الخَاطِرِ: شکستہ دل، رنجیدہ
المُتَکَسِّرُ: زنخے کی سی چال ڈھال والا۔
المُکَاسِرُ: پڑوسی جس کا گھر سے گھر ملا ہوا
ہو۔ فُلَانٌ مُکَاسِرِیْ: فلاں
میرا پڑوسی ہے۔
المَکْسِرُ: ٹوٹنے کی جگہ (۲) شکستگی۔ عُوْدٌ
صُلْبُ المَکْسِرِ: تجربہ سے عمدہ
ثابت ہونے والی لکڑی، توڑنے
سے عمدہ ثابت ہونے والی لکڑی۔
فُلَانٌ طَیِّبُ المَکْسِرِ: تجربہ
سے قابل تعریف ثابت ہونے والا آدمی
المُکَسَّرُ: الجَمْعُ المُکَسَّرُ: وہ جمع جس
میں واحد کا وزن ٹوٹ جائے۔
المُکَسَّرَاتُ: اخروٹ، بادام وغیرہ جو
سختی سے ٹوٹتے ہیں (۲) وادی کی
وہ گھاٹیاں جہاں سیلاب آگیا ہو۔
المَکْسُوْرُ: شکستہ، کمزور۔ صَوْتٌ
مَکْسُوْرٌ: دھیمی اور کمزور آواز۔
عَسْکَرٌ مَکْسُوْرٌ: شکست خوردہ فوج

• کَسَّ الشَّیْءَ ـ کَسًّا: کوٹ کر باریک
کرنا، خوب کوٹنا۔
کَسَّ الرَّجُلُ ـ کَسَسًا: کسی کے
نچلے جبڑے اور دانتوں کا باہر نکلا ہوا
ہونا اور اوپر کے جبڑے اور دانتوں
کا پیچھے کو ہونا۔ ھُوَ اَکَسُّ۔ وھی
کَسَّاءُ ج: کُسٌّ۔
تَکَسَّسَ: قصداً نچلے جبڑے کو آگے
کرنا اور اوپر کے جبڑے کو پیچھے کرنا۔
الکَسِیْسُ: پتھروں پر خشک کر کے
چورا کیا ہوا گوشت (جو اسفار میں کام
آتا ہے) (۲) جو اور مکئی سے بنی ہوئی
شراب۔
• کَسَعَ فُلَانًا ـ کَسْعًا: کسی کے
سرین پر ہاتھ یا لات مارنا۔
___ القَوْمَ بِالسَّیْفِ: لوگوں کا پیچھا
کر کے تلوار مارنا، تلوار سے ڈھکیلتے
ہوئے پیچھا کرنا۔
___ الشَّیْءَ بِکَذَا وَکَذَا: تابع کرنا
وَرَدَتِ الخَیْلُ یَکْسَعُ بَعْضُهَا
بَعْضًا: گھوڑے پانی پر ایک دوسرے
کو دھکیلتے ہوئے آئے۔
___ فُلَانًا بِمَا سَاءَهٗ: کسی کو تکلیف دہ
بات کہنا، دھتکارنا۔
اِکْتَسَعَتِ الخَیْلُ بِاَذْنَابِهَا:
گھوڑوں کا اپنی دموں کو ٹانگوں میں
دبا لینا۔
___ الکَلْبُ: دم کو ٹانگوں میں دبا لینا
___ الفَحْلُ: سانڈ کا اپنی دم کو رانوں
پر مارنا۔
تَکَسَّعَ فِیْ ضَلَالِهٖ: گمراہی میں بڑھتے
رہنا۔
الاَکْسَعُ: حَمَامٌ اَکْسَعُ: وہ کبوتر
جس کی دم کے نیچے سفید پر ہوں۔
الکُسْعَۃُ: ہر شے کی پیشانی پر سفید دھبّا،

سفید نکتہ (۲) پرندے کی دم کے نیچے سفید بالوں کا گچھا (۳) روئی کا ٹکڑا، ج: کُسَعٌ
المُکْتَسِعُ: رَجُلٌ مُکْتَسِعٌ: غیر شادی شدہ مرد۔
•کَسَفَتِ الشَّمْسُ ـِ کُسُوفًا: سورج کو گہن لگنا (روشنی غائب ہوجانا)
ـــ الوَجْهُ: چہرہ بدل جانا، چہرہ زرد ہوجانا، پیلا پڑجانا۔
ـــ الرَّجُلُ: نگاہ نیچی ہوجانا۔
ـــ بَصَرَهُ: نگاہ نیچی کرنا۔
ـــ بَصَرُهُ: آنکھ دکھنے کی بنا پر نہ کھلنا۔
ـــ بَالُهُ: بدحال ہونا۔
ـــ أَمَلُهُ: امید منقطع ہونا۔
ـــ الشَّيْءَ كَسْفًا: ڈھانکنا۔
ـــ الرَّجُلَ: شرمندہ کرنا، رسوا کرنا (د)۔
ـــ الشَّمْسُ النُّجُومَ: سورج کی روشنی کا ستاروں کو چھپا لینا۔
ـــ الشَّيْءَ: منقطع کرنا۔
أَكْسَفَ الْقَمَرُ الشَّمْسَ: چاند کا سورج کی روشنی کو چھپالینا۔
ـــ الحُزْنُ فُلَانًا: غم کا کسی کے چہرے کو بدل دینا، رنگ اڑا دینا۔
كَسَّفَ الشَّيْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تَكَسَّفَ: سورج کا گہن زدہ ہونا۔
انْكَسَفَ: سورج کو گہن لگنا۔
ـــ الرَّجُلُ: شرمندہ ہونا، بے نور ہونا۔
الكَاسِفُ: يَوْمٌ كَاسِفٌ: بڑا ہولناک دن، سخت مصیبت کا دن۔
رَجُلٌ كَاسِفٌ: غم سے نڈھال و پراگندہ حال۔ كَاسِفُ البَالِ: خستہ حال، آزردہ خاطر، پریشان حال
كَاسِفُ الوَجْهِ: ترش رو، تیوری چڑھائے ہوئے۔
الكِسْفَةُ: کسی چیز کا ٹکڑا ج: كِسْفٌ و كِسَفٌ۔ قرآن پاک میں ہے "أَوْ تُسْقِطَ السَّمَاءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا"
الكُسُوفُ: گہن، سورج اور زمین کے درمیان چاند کے حائل ہونے کی بنا پر سورج کی روشنی غائب ہوجانا یا کم ہوجانا (اسی طرح خُسُوفُ القَمَرِ ہوتا ہے)۔
الكَسِيفَةُ: ٹکڑا۔
•كَسْكَسَ الشَّيْءَ: خوب کوٹنا، باریک کرنا۔
الكَسْكَسَةُ: مؤنث کی ضمیر (کاف) کے ساتھ وقف کی صورت میں سین لگانا۔ جیسے: أَعْطَيْتُكِ کے بجائے أَعْطَيْتُكِس کہا جائے قبیلہ ہوازن کا استعمال ہے۔
الكُسْكُسِيُّ: دلے ہوئے گیہوں کا بنایا ہوا ایک کھانا جو بھاپ پر پکتا ہے اور مراکشی لوگ استعمال کرتے ہیں۔
•كَسِلَ عَنِ الشَّيْءِ ـَ كَسَلًا: ایسے کام میں سستی کرنا جس میں سستی کرنا درست نہ ہو، ڈھیلا اور سست پڑنا سست ہونا۔ هُوَ كَسِلٌ وَكَسْلَانُ ج: كُسَالَى وكَسْلَى، وهي كَسِلَةٌ وكَسْلَى وكَسْلَانَةٌ۔
أَكْسَلَ الأَمْرُ الرَّجُلَ: سست کردینا
كَسَّلَهُ: أَكْسَلَهُ۔
تَكَاسَلَ: سست بننا، سستی کرنا۔
اسْتَكْسَلَ الْمُتَكَاسِلُ: سستی کرنے والے کا سستی کی وجوہ بیان کرنا۔
الكَسْلَانُ: سست، کاہل ج: كُسَالَى۔
المِكْسَالُ: بہت کاہل وسست (۲) نرم و نازک لڑکی جو اپنی جگہ سے نہ اٹھے۔
المَكْسَلَةُ: سستی کا سبب ج: مَكَاسِلُ۔
الفَرَاغُ مَكْسَلَةٌ: بے کاری سستی کا سبب بنتی ہے۔ فُلَانٌ لَا تُكْسِلُهُ المَكَاسِلُ: فلاں شخص کو اسباب کسل سست نہیں بناتے۔
•كَسَمَ ـِ كَسْمًا: معاش کے لیے محنت وکوشش کرنا۔
ـــ الحَرْبَ: جنگ کی آگ بھڑکانا۔
ـــ الشَّيْءَ اليَابِسَ: سوکھی چیز کو ہاتھ سے چورنا، باریک کرنا۔
الأُكْسُومُ: گھنے نباتات کا باغ ج: أَكَاسِمُ وأَكَاسِيمُ۔
الكَسْمُ: ہاتھوں کو لگا رہنے والا چورہ (۲) طریقہ، رواج، فیشن (دارجة)
الكَسُومُ: محنتی اور کاموں میں مستعد۔
•كَسَا فُلَانًا ثَوْبًا ـُ كَسْوًا: کسی کو کپڑا دینا یا پہنانا۔
ـــ الشَّيْءَ بِالثَّوْبِ وغيره: چڑھانا، مڑھنا۔
ـــ بِالأَسْمَنْت: سمنٹ کا پلاسٹر کرنا۔
كَسِيَ ـَ كَسًا: کپڑا پہننا۔
اكْتَسَى: کپڑا پہننا۔
ـــ الأَرْضُ بِالنَّبَاتِ: زمین کا نباتات سے ڈھک جانا۔
تَكَسَّى بِالكِسَاءِ: کپڑا اوڑھنا، پہننا۔
اسْتَكْسَاهُ: کسی سے کپڑا مانگنا۔
الكِسَاءُ: لباس، تن پوش، ڈریس، اوڑھنے کی چادر، کمبل وغیرہ ج: أَكْسِيَةٌ۔
الكِسَاءُ والغِذَاءُ: روٹی کپڑا۔
الكُسْوَةُ: تن پوش، بدن ڈھانپنے کا کپڑا، یا زیبائش کا کپڑا ج: كُسًا۔
الكَاسِي: لباس پہنے ہوئے، تن پوش ج: كُسَاةٌ۔ خلاف عَارٍ ج: عُرَاةٌ۔
المَكْسُوُّ بِشَيْءٍ: کسی چیز سے ڈھکا ہوا، چھپا ہوا۔ المَقْعَدُ مَكْسُوٌّ بِالقُمَاشِ المُشَمَّعِ: بنچ پر کینوس چڑھی ہوئی ہے۔

ك ــــ ش

•كَشَأَ اللَّحْمَ ـَ كَشْأً: گوشت کو بھون کر خشک کرنا. هو كَشِيءٌ.
ــــ الطَّعَامَ: کھانے کی چیز کو لکڑی وغیرہ کی طرح دانتوں سے کاٹ کر کھانا.
ــــ الشَّيْءَ: چھیلنا.
ــــ فُلَانًا بِالسَّيْفِ: کسی کو تلوار مارنا
كَشِئَ مِنَ الطَّعَامِ ـَ كَشَأً و كَشَاءً: شکم سیر ہونا. هو كَشِئٌ و كَشِيءٌ.
ــــ يَدُهُ: ہاتھ کی کھال کا موٹا ہو جانا، پھٹ جانا، سکڑ جانا.
ــــ السِّقَاءُ: مشک کا چمڑا اچھل جانا.
اَكْشَأَ: خشک بھنا ہوا گوشت کھانا.
تَكَشَّأَ الأَدِيمُ: کھال چھل جانا.
ــــ الرَّجُلُ مِنَ الطَّعَامِ: کھانے سے سیر ہونا.
ــــ اللَّحْمَ: سوکھا ہوا گوشت کھانا.
الكَشِيءُ: بھنا ہوا پختہ گوشت.
الكُشْأَةُ: عیب.
•الكُشْتُبَانُ: انگشتانہ (فارسی).
•كَشَحَ القَوْمُ عَنِ المَاءِ ـَ كَشْحًا: پانی کے پاس سے چلے جانا.
ــــ الطَّائِرُ: پرندہ کا پانی سے تیزی کے ساتھ واپس ہو جانا.
ــــ لِفُلَانٍ بِالعَدَاوَةِ: کسی کے ساتھ دشمنی کرنا، دشمنی رکھنا.
ــــ الدَّابَّةُ: چوپائے کا دم کو ٹانگوں میں دبانا.
ــــ القَوْمَ: لوگوں کو کھدیڑنا، دھتکارنا.
ــــ البَعِيرَ: اونٹ کے پہلو پر آگ کا داغ لگانا.
ــــ فُلَانًا: کوکھ کے قریب نیزہ مارنا.
ــــ العُودَ: لکڑی کو چھیلنا.
كَشِحَ ـَ كَشَحًا: پہلو میں درد ہونا.
كَاشَحَهُ: دشمنی رکھنا.
كَشَّحَ العُودَ: چھیلنا.
انْكَشَحَ القَوْمُ عَنِ المَاءِ وغيره: لوگوں کا چھٹ جانا، منتشر ہو جانا.
الكَاشِحُ: شدید دشمن.
الكِشَاحُ: پہلو کا داغ.
المُكَاشَحَةُ: مقاطعہ، بائیکاٹ (۲) چھپی دشمنی.
الكَشْحُ: پہلو (کوکھ اور پسلیوں کے درمیان کی جگہ) (۲) موتیوں وغیرہ کا ہار ج: كُشُوح. طَوَى كَشْحَهُ عَلَى الأَمْرِ: کسی بات کو چھپانا، پردہ ڈالنا. طَوَى عَنْهُ كَشْحَهُ: چھوڑنا، بے توجہ ہونا. پہلو تہی کرنا
الكَشَحُ والكُشَاحُ: پہلو کی بیماری (ذات الجنب)
المِكْشَاحُ: کلہاڑی (۲) تلوار کی دھار.
المَكْشُوحُ: پہلو کی بیماری والا.
•كَشَدَ الشَّيْءَ ـِ كَشْدًا: دانتوں سے کاٹنا، دانتوں سے ٹکڑا کرنا.
ــــ النَّاقَةَ: اونٹنی کو تین انگلیوں سے دوہنا.
اَكْشَدَ: دودھ سے مکھن نکالنا.
الكَاشِدُ: اہل و عیال کے لئے محنت سے روزی کمانے والا (۲) صلہ رحمی کرنے والا، نسبی تعلق قائم رکھنے والا
الكِشْدَةُ: مکھن.
الكَشُودُ: الكَاشِدُ.
•كَشَرَ عَنْ أَسْنَانِهِ ـِ كَشْرًا: دانت نکالنا (ظاہر کرنا) ہنستے یا مسکراتے وقت دانت نکالنا.
ــــ فُلَانٌ لِصَاحِبِهِ: اپنے ساتھی کو دیکھ کر مسکرانا.
ــــ السَّبُعُ عَنْ نَابِهِ: درندے کا مقابلہ کے لئے دانت نکالنا.
كَشَرَ العَدُوُّ عَنْ أَنْيَابِهِ: دشمن کا دانت پیسنا، درندے کی طرح کاٹ کھانے کو دوڑنا.
كَاشَرَهُ: کسی کے سامنے ہنسنا، بے تکلفی سے پیش آنا.
كَشَّرَ: خوب دانت نکالنا (۲) ترش رو ہونا (دارجة).
الكُشْرُ: خوشہ جس کا پھل کھا لیا گیا ہو.
الكُشْرِيُّ: (چاول اور دال کی) کھچڑی
المُكَاشِرُ: الجَارُ المُكَاشِرُ: قریبی پڑوسی.
•كَشَّتِ الأَفْعَى ـِ كَشِيشًا: سانپ کی جلد کی باہم رگڑ سے آواز نکلنا. (۲) سانپ کا پھنکارنا.
ــــ الجَمَلُ: اونٹ کا بلبلانا.
ــــ القِدْرُ: ہنڈیا میں جوش آنا.
ــــ الثَّوْبُ بَعْدَ الغَسْلِ: کپڑے کا دھلنے کے بعد سکڑنا.
ــــ فُلَانٌ مِنْ كَذَا: کسی چیز سے ڈرنا
•كَشَطَهُ عَنْهُ ـِ كَشْطًا: ہٹانا، الگ کرنا. جیسے: كَشَطَ الجِلْدَ عَنِ الذَّبِيحَةِ: کھال اتارنا.
ــــ الجُلَّ عَنِ الفَرَسِ: گھوڑے کی جھول اتارنا.
ــــ عَنْ أَسْرَارِهِ: بھید کھولنا.
ــــ الحَرْفَ: مٹانا، کھرچنا.
ــــ غِلَالَةَ اللَّبَنِ: دودھ کے جھاگ کو اکٹھا کرنا، بالائی کی تہ لگانا.
ــــ عَنِ الشَّيْءِ كَذَا: ڈھکن وغیرہ اتارنا.
انْكَشَطَ: زائل ہونا، دور ہونا. مطاوع كَشَطَهُ.
ــــ الرَّوْعُ: کسی کا خوف دور ہونا.
تَكَشَّطَ السَّحَابُ: بادلوں کا پھٹنا اور منتشر ہونا.

الکَشَّاطُ : قصائی۔

• کَشَفَ الشیءَ و عنه ــِ کَشْفًا: کھولنا، پردہ ہٹانا، ڈھکن کھولنا۔

ــــ الأمْرَ و عنه : انکشاف کرنا، ظاہر کرنا۔

ــــ اللّٰهُ غَمَّهُ : رنج وتکلیف دور کرنا قرآن پاک میں ہے: "رَبَّنَا اکْشِفْ عَنَّا العَذَابَ اِنَّا مؤمِنُوْنَ"۔

ــــ الکَوَاشِفُ فُلَانًا : انکشافات بدنے اسے رسوا کر دیا۔ اس کی بداعمالیوں نے اس کا بھانڈا پھوڑ دیا۔

ــــ علیه الطَّبِیْبُ : معالج کا بیمار کو دیکھنا اور مرض کی تشخیص کرنا۔

ــــ السِّترَ او القِنَاعَ : کسی چیز سے نقاب یا پردہ اٹھانا، کھولنا۔

ــــ عن السِّرِّ : افشاءِ راز کرنا۔

ــــ عن اللُّغْزِ : معمہ حل کرنا۔

ــــ عن الموهبةِ : صلاحیت جاننا۔

ــــ الحَرْبُ عن سَاقیها : لڑائی کا بھڑک اٹھنا۔

کَشِفَ فُلَانٌ ــَ کَشَفًا : کھلی ہوئی پیشانی والا ہونا، سر کا اگلا حصہ کھلنا۔ (۲) لڑائی میں بے ڈھال کے ہونا (۳) لڑائی میں سر پہ خود نہ رکھنا (۴) لڑائی میں شکست کھانا۔

ــــ الفَرَسُ : گھوڑے کی دم کے بالوں کا خم دار ہونا۔ ھو اَکْشَفُ ج: کُشْفٌ

اَکْشَفَ فُلَانٌ : اس طرح ہنسنا کہ مسوڑھے دکھائی دینے لگیں۔

کَاشَفَهُ بالأمْرِ : کسی کو کوئی بات بتانا، کسی پر کسی معاملہ کا انکشاف کرنا۔

ــــ بالعَدَاوَةِ : کسی سے کھلم کھلا دشمنی کرنا، دشمنی کا اظہار کرنا۔

کَشَّفَ : مبالغہ در کَشَفَ (۲) فہرست بنانا

اَکْتَشَفَتِ المَرْأَةُ : عورت کا حد سے زیادہ اظہار زینت کرنا۔

اِکْتَشَفَ الأمْرَ : کوشش سے انکشاف کرنا (۲) پہلی بار کسی چیز کا انکشاف کرنا (۳) سراغ لگانا، جستجو کرنا، دریافت کرنا، پتہ چلانا۔

اِنْکَشَفَ الشیءُ : کھلنا، ظاہر ہونا، پتہ چلنا۔ مطاوع کَشَفَ۔

تَکَاشَفَ القَوْمُ : ایک دوسرے سے اپنی بات ظاہر کرنا۔

تَکَشَّفَ الشیءُ : منکشف ہونا، کھلنا

ــــ فُلَانٌ : کسی کا بھانڈا پھوٹنا، پول کھلنا، رسوا ہونا، قلعی کھلنا۔

ــــ البَرْقُ : آسمان میں بجلی پھیلنا۔

ــــ الأرْضُ : زمین کا خشک ہو کر جگہ جگہ سے پھٹنا۔

ــــ النِّقَابُ عن وَجْهِه : حقیقت بے نقاب ہونا۔

اِسْتَکْشَفَ عَنْهُ : کسی سے کسی کا انکشاف کرانا، بات ظاہر کرنے کو کہنا۔ (۲) جستجو کرنا، کسی کی تلاش کرنا۔

الاِکْتِشَافُ : نیا انکشاف، ظہور۔

الاِکْتِشَافَاتُ : نئی تحقیقات، ایجادات نئی دریافت۔

الاِکْتِشَافَاتُ العِلْمِیَّةُ : علمی تحقیقات

طائِرَةُ اکتِشَافٍ : سراغ رساں جہاز۔

الکَاشِفُ : اظہار کنندہ، مظہر (۲) ازالہ کنندہ ج: کَشَفَةٌ۔

الکَوَاشِفُ : رسوا کن امور، عیوب، باعث شرم کام، کچا چٹھا۔

الکَشْفُ : مخبری، جاسوسی، اسکاؤٹنگ ایک عالمگیر نظام جس کے تحت لوگوں یا طلبہ کو خدمت خلق کے جذبہ سے سرشار کر کے خود اعتمادی کے ساتھ امداد باہمی کے اصول پر کام کا عادی بنایا جاتا ہے مدارس کی رضاکارانہ خدمت خلق تنظیم جس کے تحت مختلف مقامات کے تربیتی اسفار کئے جاتے ہیں اور کیمپ لگا کر ان میں مظاہرۂ خدمت کیا جاتا ہے (۲) اظہار، انکشاف (۳) فہرست، چارٹ، شیٹ (۴) رپورٹ (۵) معاینہ، جانچ (۶) نئی دریافت، نئی تحقیق ج: کُشُوفٌ۔

کَشْفُ الاجورِ : تنخواہوں کا نقشہ، پے شیٹ۔

کَشْفُ البَخْتِ : قسمت بینی (۲) نجومی کا نقشہ جسے دیکھ کر وہ لوگوں کی تقدیر کے لکھے کا انکشاف کرتا ہے۔

کَشْفُ حِسابٍ : گوشوارہ، آمد و خرچ کی تفصیل کا نقشہ (۲) بل۔

الکَشْفُ الطِّبِّیُّ : طبی رپورٹ۔

کَشْفُ المُحْتَوَیاتِ : فہرست مندرجات

کَشْفُ الحِجابِ : بے نقابی، بے پردگی۔

کَشْفُ النِّقابِ : نقاب کشائی۔

الکَشَّافُ : اسکاؤٹ بوائے، جماعت خدمت خلق کا ایک رضاکار ج: الکَشَّافَةُ (۲) دشمن کی مخبری اور جاسوسی کرنے والی جماعت۔

کَشَّافُ الضَّوءِ : بیٹری، ٹارچ۔ النُّورُ

الکَشَّافُ : سرچ لائٹ۔ الفِتْیانُ

الکَشَّافَةُ : اسکاؤٹ جوان، جماعت خدمت خلق کے جوان۔

الکِشَافَةُ : اسکاؤٹنگ، دشمن کی مخبری جاسوسی، خدمت خلق کا کام۔

الکَشْفَاءُ : جَبْهَةٌ کَشْفَاءُ : وہ پیشانی جس کا بالائی حصہ دبا ہوا ہو

المِکْشَافُ : ذریعہ انکشاف، آلہ انکشاف

مِکْشَافُ الضَّوءِ : بیٹری، ٹارچ۔

المِکْشَافُ الکَهْرَبِیُّ : آلہ برق پیما، بجلی کے کنکشن کی طاقت یا نوعیت معلوم کرنے کا برقی آلہ (الکٹرو سکوپ)۔

المکشوف: واشگاف، کھلا ہوا، واضح۔
• الکَشکُ دودھ اور آٹے کا خشک کیا ہوا آمیزہ جسے وقتِ ضرورت حلوا بنا کر کھایا جاتا ہے یا نمک ڈال کر دلیے کی طرح کھاتے ہیں۔
الکُشکُ: (معرب) قصرِ شاہی (۲) لکڑی وغیرہ کی کوٹھری، پہریدار کا کیبن۔
کُشکُ التلیفون: ٹیلیفون بوتھ، ٹیلیفون کا کیبن۔
کُشکُ الدَّیدَبان: دربان (پہریدار) کا کیبن۔
کُشکُ الکُتُب: بک اسٹال۔
• الکَشکُول: بھکاری کا چنبل (۲) اخبارات ورسائل کا مرقع۔
• کَشکَشَ فُلانٌ: بھاگنا۔
—الافعیٰ: سانپ کی کھال سے آواز نکلنا۔ بِئرٌ لا یُکَشکِشُ ماؤُھا: وہ کنواں جس کا پانی (نکالنے سے) ختم نہ ہوتا ہو۔
—الثوبَ: کپڑے میں سلوٹیں ڈالنا۔
الکَشکَشَةُ: عرب کے قبیلہ بنو ربیعہ اور بنو اسد کا ایک لہجہ جس میں وہ مؤنث کے کافِ خطاب کو شین سے بدلتے تھے جیسے: علیکِ کے بجائے علَیشِ بعض نے کہا ہے کہ کاف خطاب کے بعد کسی حرف کا اضافہ کرتے تھے۔ جیسے: علیکِ کے بجائے علیکِش۔
• کَشَمَ اَنفَہُ ـُ کَشمًا: جڑ سے ناک کاٹنا۔
—القثّاءَ او الجزرَ: ککڑی یا گاجر کو سختی کے ساتھ کھانا۔
کَشِمَ ـَ کَشَمًا: پیدائشی یا خاندانی طور پر عیب دار ہونا۔ ھو اَکشَمُ۔
اِکتَشَمَ اَنفَہُ: جڑ سے ناک کاٹنا۔
• کَشمَرَ: رونے کے قریب ہونا۔

کَشمَرَ اَنفَہ: ناک توڑنا۔
الکُشامِرُ: بڑا آدمی۔
• الکِشمِشُ: کشمش۔ کِشمِشَة: ایک دانۂ کشمش۔
• کَشاہُ ـُ کَشوًا: کسی چیز کو منہ سے پکڑ کر کھینچنا۔

ک ـــ ص

• کَصَّ ـِ کَصًّا و کَصِیصًا: ڈر خوف سے دبک جانا، سمٹ جانا (۲) مصیبت کے وقت کمزور ہو جانا۔
اَکَصَّ فُلانٌ: شکست کھا کر بھاگنا۔
الکَصِیصُ: خوف وگھبراہٹ کی وجہ سے دھیمی آواز (۲) ڈر خوف سے اضطراب (۳) محنت کی وجہ سے پیچ وتاب (۴) ٹڈی کی آواز۔
• کَصَمَ ـِ کَصمًا و کُصُومًا: منزل پر پہنچے بغیر جہاں سے چلے وہیں واپس آنا۔
—الشیءَ کَصمًا: دانتوں سے کاٹنا
—الرَّجلَ: سختی سے ہٹانا۔

ک ـــ ظ

کَظَبَ ـُ کُظُوبًا: مٹاپے سے جسم بھرا ہوا ہونا۔
• کَظَرَ القوسَ ـُ کَظرًا: تانت باندھنے کے لئے کمان کے کناروں پر دندانہ بنانا۔
—الزَّندَةَ: چقماق میں دندانہ بنانا۔
الکُظرُ: گردہ کی چربی (۲) گردوں سے چربی اتارنے کے بعد خالی جگہ (۳) انڈو کرائن گلینڈ (۴) کمان میں تانت باندھنے کے لئے بنائی ہوئی جگہ ج: کِظارٌ۔
الکُظرَةُ: گردہ کے پاس کی جگہ جہاں سے چربی اتاری گئی ہو۔
• کَظَّ المَسِیلُ بالماءِ ـُ کَظًّا: نالی کا پانی کی کثرت کے باعث تنگ ہو جانا (پانی کا بہاؤ کم ہو جانا)۔
—الحبلَ: رسی کو باندھنا۔
—الطَّعامُ او الشَّرابُ الحیوانَ: کھانے اور پینے کا جانور کو اتنا سیر کر دینا کہ اسے سانس لینا دشوار ہو جائے۔
—الغیظُ صدرَہُ: سینہ کا غیظ وغضب سے بھر جانا۔
—الامرُ فلانًا: رنج وتکلیف پہنچانا۔
—فلانٌ خصمَہُ: اپنے مقابل کو اس طرح گھیرنا کہ وہ بچ کر نہ جا سکے۔
کاظَّہُ: عرصہ تک کسی کے مقابلہ پر ڈٹے رہنا، عرصہ تک کسی کو تنگ کئے رکھنا
—فلانًا فی الحربِ: جنگ میں کسی سے زبردست مقابلہ کرنا۔
اِکتَظَّ: بھرنا، بہت بھرنا، پر ہونا، کھچا کھچ بھرنا۔ جیسے: اکتظَّ المکانُ بالنّاسِ۔ اکتظَّ الوادی بالسَّیلِ اکتَظَّ بطنُہُ بالطَّعامِ: اس کا پیٹ اوپر تک بھر گیا۔
—من الطَّعام: کھانے کی زیادتی سے جی متلانا، طبیعت خراب ہونا، سانس نہ آنا۔
تَکاظُّوا: جنگ میں گتھم گتھا ہونا، ایک دوسرے سے قریب ہونا۔
—القومُ: لوگوں کا دشمنی میں حد سے بڑھنا۔
الکِظاظُ: تکان، سختی (۲) دل کی گھٹن، رنج وغم (۳) عداوت۔
الکَظُّ: رَجُلٌ کَظٌّ: کاموں میں گھرا ہوا گرانبار آدمی۔
الکِظَّةُ: بدہضمی، شکم پری کی تکلیف ج: اَکِظَّةٌ۔

الکَظِیظُ : شکم سیر (۲) پُر، بھرا ہوا۔
المَکظُوظُ : شکم پُری کی تکلیف میں مبتلا، بدہضمی کا مریض (۲) پر، بھرا ہوا۔
المُکتَظُّ : پر، بھرا ہوا۔
• کَظکَظَ السِّقَاءُ : مشک کا پانی ڈالتے وقت ہر مرتبہ اٹھنا، پھولنا۔
تَکَظکَظَ عِندَ الاَکلِ : شکم سیر ہونے کی بنا پر کھاتے وقت سیدھا ہو کر بیٹھنا۔
• کَظَمَ السِّقَاءَ ـِ کَظمًا : مشک کو بھر کر منھ بند کرنا۔
ـــ مَجرَی الماءِ : پانی کے راستہ کو بند کرنا
ـــ الرَّجُلُ غَیظَهُ و عَلَی غَیظِهِ : کسی کا اپنے غصہ کو ضبط کرنا، پی جانا (یہ ضبط معاف کرنے کی صورت میں ہو یا ناراضگی برقرار رہنے کی صورت میں) ھو کاظِمٌ و کَظِیمٌ ۔ کَظَمَهُ الغَیظُ : غصہ نے اسے دبا لیا۔ فہو کَظِیمٌ و مَکظُومٌ۔
ـــ نَفَسَهُ : سانس روکنا۔
ـــ البَعِیرَ : اونٹ کو نکیل ڈالنا۔
کَظَمَ ـُ کُظُومًا : خاموش رہنا۔
الکَاظِمُ : خاموش (دل کا حال چھپانے والا) (۲) غصہ ضبط کرنے والا، غصہ کے وقت اپنے آپ کو قابو میں رکھنے والا، دل کی کیفیت کو چھپانے والا۔ قرآن پاک میں ہے: "والکَاظِمِینَ الغَیظَ" ج: کُظَّمٌ۔
الکِظَامُ : بند کرنے کی چیز، ڈاٹ وغیرہ۔
اَخَذَ بِکِظَامِ الاَمرِ : قابل بھروسہ کام کو اپنانا۔
الکِظَامَةُ : بند کرنے کی چیز، ڈاٹ وغیرہ۔ (۲) اونٹ کی نکیل (۳) وادی کا دہانہ (۴) دو کنوؤں کے درمیان کی نالی (۵) ترازو کے پلڑے کی تین رسیوں کے سرے باندھنے کا کڑا (جو ترازو کی ڈنڈی کے دونوں جانب ہوتا ہے)۔
الکَظَمُ : سانس کی نالی ج: اَکظَامٌ و کِظَامٌ۔ اَخَذَ بِکَظَمِهِ : اس نے سانس لیا۔
الکَظِیمُ : دل کا حال چھپانے والا (۲) رنجیدہ، دکھی، دل ہی دل میں گھٹنے والا۔ قرآن پاک میں ہے: "وابیَضَّت عَینَاهُ من الحُزنِ فهو کَظِیمٌ" (۳) غصہ سے گلے میں پھندا لگا ہوا (۴) دروازہ بند کرنے کا موسلا یا چٹخنی وغیرہ۔ انّها لَکَظِیمُ الخَلخَالِ : اس عورت کی پازیب کسی ہوئی ہے اس لئے اس کی آواز سنائی نہیں دیتی (یہ اس وقت جبکہ پنڈلی پر گوشت ہو)۔
الکَظِیمَةُ : تھرماس ج: کَظَائِمُ۔
المَکظُومُ : دکھی، مصیبت زدہ (۲) غصہ سے حلق میں پھندا لگا ہوا۔
• کَظَا لَحمُهُ ـُ کَظًا : گوشت کا ٹھکا ہوا ہونا، گٹھے ہوئے جسم کا ہونا
تَکَظَّی لَحمُهُ سِمَنًا : مٹاپے سے گوشت کا بھرا ہوا ہونا، اٹھا ہوا ہونا

ک ـــــــ ع

• کَعَبَتِ الفَتَاةُ ـُ کُعُوبًا : لڑکی کا ابھرے ہوئے پستان والی ہونا۔ ھی کَعَابٌ و کَاعِبٌ۔ اخیر کی جمع کَوَاعِبُ۔
ـــ الثَّدیُ : پستان ابھرنا۔
ـــ فُلانًا ـَ کَعبًا : کسی کے خشک حصہ بدن (جیسے سر وغیرہ) پر مارنا۔
ـــ الاِناءَ وغَیرَهُ : بھرنا۔
اَکعَبَ الرَّجُلُ : تیز چلنا۔
کَعَّبَتِ الفَتَاةُ : لڑکی کا سینہ ابھرنا۔ و کَعَّبَ ثَدیُهَا : لڑکی کا پستان ابھرنا۔
کَعَّبَ الشَّیءَ : چوکور بنانا (۲) مکعب (شش گوشہ) بنانا۔
ـــ العَدَدَ : کسی عدد کو اسی سے دو دفعہ ضرب دینا۔
ـــ الاِناءَ : برتن کو بھرنا۔
ـــ الثَّوبَ : خوب لپیٹنا، طے کرنا۔
تَکَعَّبَ ثَدیُ الفَتَاةِ : پستان ابھرنا
التَّکعِیبَةُ : انگور کی بیل چڑھانے کا چھپر، بانس وغیرہ کا جال۔
التَّکعِیبِیَّةُ : فن تصویر کشی کا ایک خاص طریقہ جس میں اشیاء اور مناظر کو نقوش کے ذریعہ ظاہر کیا جاتا ہے
الکَاعِبُ : ابھرے ہوئے پستان والی نوجوان لڑکی یا ابھرا ہوا پستان ج: کَوَاعِبُ۔
الکَعبُ : ٹخنہ پنڈلی اور سر کا جوڑ (اسی کو عامۃ الناس عَقِب کہتے ہیں) (۲) ہر دو ہڈیوں کا جوڑ (۳) بانس یا گنے کے دو پوروں کے درمیان کی گرہ ج: کُعُوبٌ و کِعَابٌ (۴) نرد (کھیل) کا نگینہ، مہرہ (۵) شان و عظمت (۶) جوتے کی ایڑی۔ رَجُلٌ عَالِی الکَعبِ بلند رتبہ آدمی، کامیاب و فتحیاب آدمی۔ ذَهَبَ کَعبُهُم : ان کی عزت جاتی رہی۔ اَعلَی اللّٰهُ کَعبَهُم اللہ ان کی عزت بڑھائے۔
الکَعبَةُ : مکہ معظمہ میں خانۂ خدا (۲) ہر چہار گوشہ گھر ج: کَعبَاتٌ و کِعَابٌ۔
الکُعبَةُ : لڑکی کی بکارت، دوشیزگی۔
کَعبُ جِلدٍ : چمڑے کا پشتہ (جو کتاب کی جلد میں لگایا جاتا ہے)۔
کَعبُ المُستَندَاتِ : کاغذات کا پیڈ۔
المُکَعَّبُ : بیل بوٹے والا کپڑا یا چادر، پھول دار چادر یا کپڑا (۲) ہر وہ جسم جسے چھ مساوی سطحیں محیط

ہوں، شش گوشہ جسم، علم الحساب میں کسی عدد کو اس کے چہار گنے سے ضرب دے کر حاصل ہونے والا عدد جیسے ثمانیہ (آٹھ) دو کا مکعب (چہار گنا ہے)۔ لمبائی، چوڑائی اور اونچائی میں برابر چیز۔

•کَعْبَرَهُ بالسَّیْف: تلوار سے کاٹنا۔

تَکَعْبَرَ: مطاوع کَعْبَرَهُ: تلوار سے کٹنا۔

الکُعْبُرَةُ: گیہوں کی بالی وغیرہ کی گرہ، پوری کی گرہ (۲) ہر دو ہڈیوں کا جوڑ (۳) ہر تہ بہ تہ اکٹھا ہونے والی چیز (۴) سر کی جڑ (۵) ران کا سرا (۶) گوشت کا تھوڑا سا ٹکڑا (۷) گیہوں صاف کرنے کے بعد پھینکا جانے والا کوڑا ج: کَعَابِر۔

کُعْبُرَةُ الکَتِف: مونڈھے کی گھومنے والی ہڈی۔

الکُعْبُورَةُ: ہر تہ بہ تہ جمع شدہ چیز ج: کَعَابِیْرُ۔

•کَعْبَسَ الرَّجُلُ: تیز چلنا، ہلکے ہلکے دوڑنا۔

•اَکْعَتَ فُلَانٌ: غصہ سے منہ پھلائے ہوئے چلے جانا۔

الکُعَیْتُ: ایک چڑیا ج: کِعْتَان۔

•کَعْتَرَ فی مَشْیِه: نشہ والے کی طرح جھومتے ہوئے چلنا۔

•کَعِرَ الصَّبِیُّ ـَ کَعَرًا: بچہ کا پیٹ بڑھ جانا۔ ھو کَعِرٌ و اَکْعَرُ۔

ـــ الفَصِیْلُ: اونٹ کے بچہ کے کوہان میں چربی کا بننا شروع ہونا۔

اَکْعَرَ البَعِیْرُ: اونٹ کا کوہان چربی سے بھر جانا۔

الکَعْسُ: انگلی کے جوڑوں کی ہڈی، انگلی کے پوروں کی ہڈیاں ج: کِعَاسٌ

•کَعَصَ ـَ کَعْصًا: کھانا۔

کَعْطَلَ بیدہ: انگڑائی لیتے وقت ہاتھ پھیلانا۔

•کَعَّ فُلَانٌ ـِ کَعًّا وکُعُوْعًا و کَعَاعَةً: کمزور و بزدل ہونا۔ ھو کَعٌّ و کَاعٌّ۔ آخری کی جمع کَاعَّة۔

اَکَعَّ فُلَانًا: ڈرانا، بزدل بنانا، ہمت پست کرنا۔

ـــ الخَوْفُ فُلَانًا: خوف کا کسی کو اس کی جگہ سے ہٹا دینا، اس کے راستہ سے باز رکھنا۔

ـــ فی کلامِه: بات کرتے ہوئے رکنا

الکَعْكُ: (فارسی کا معرب) کیک، پیسٹری۔

•کَعْكَعَ فی کلامِه: بات کرتے ہوئے رکنا۔

ـــ فُلَانا: خوف زدہ کرنا، بزدل بنانا (۲) کسی کا رخ پھیرنا، اس کے راستہ سے روکنا۔

تَکَعْكَعَ: آگے بڑھنے کے بعد خوف سے پیچھے ہٹ جانا۔

•کَعَمَ البَعِیْرَ ـَ کَعْمًا: اونٹ کے منہ کو مستی کے وقت باندھ دینا۔ ھو کَعِیْمٌ و مَکْعُوْمٌ۔

ـــ الوِعَاءَ: برتن کا منہ بند کرنا، باندھنا۔

ـــ الخَوْفُ فُلَانًا: خوف کا کسی کی زبان بند کر دینا، خوف سے زبان بند ہو جانا۔

کَاعَمَهَا: منہ کا بوسہ لینا (۲) بوسہ لینے کی طرح منہ پر منہ رکھ دینا۔

الکِعَامَةُ و الکِعَامُ: منہ بند، جانور کے کاٹنے کے ڈر سے اس کا منہ باندھنے کا کپڑا یا رسّی وغیرہ۔

•کُعْنِبَ قَرْنُ التَّیْس: بکرے کے سینگ کا گول مڑا ہوا ہونا۔ ھو مُکَعْنَبٌ۔

ك ـــــ ف

•کَفَأَ الإِنَاءَ ـَ کَفْئًا: اوندھا کرنا، پلٹنا۔

ـــ القَوْمُ عن الشیءِ: ہٹ جانا، الگ ہو جانا۔

ـــ فُلَانًا: ہٹانا، الگ کرنا۔

اَکْفَأَ الإِنَاءَ: کَفَأَهُ۔

ـــ فی سَیْرِه: راہِ راست سے ہٹنا۔

ـــ فی الشِّعْرِ: حرف روی کو اس کے قریبی حرف سے بدل لینا یا کسی اور وجہ سے وزن تبدیل کر دینا (روی شعر کا آخری حرف جس پر نظم یا قصیدہ تیار کیا جاتا ہے)۔

ـــ لَوْنُهُ: رنگ بدل جانا، پھیکا پڑنا۔

ـــ لَهُ: کسی کا مماثل و ہم پلہ بنانا۔

ـــ الخِبَاءَ: خیمہ پہ پیچھے کی جانب پردہ لگانا۔

کَافَأَهُ علی الشیءِ مُکَافَأَةً و کِفَاءً: بدلہ دینا، کَافَأَهُ بِصُنْعِه: اس کے عمل کا اسے صلہ یا بدلہ دیا۔

ـــ فُلَانًا: کسی سے برابری کرنا، کسی کا ہم رتبہ و ہم پلہ ہونا۔

ـــ الشیءَ: مدافعت و مقابلہ کرنا۔ لَنَا ظُلَّةٌ نُکَافِئُ بها عَیْنَ الشَّمْسِ: ہمارا ایک سائبان ہے جس کے ذریعہ ہم سورج کی تمازت کا مقابلہ کرتے ہیں۔

ـــ فُلَانٌ بَیْنَ فَارِسَیْنِ بِرُمْحِه: دو گھوڑا سواروں کو یکے بعد دیگرے بلا فصل نیزہ مارنا۔

کَفَّأَ الإِنَاءَ: کَفَأَهُ۔

اکْتَفَأَ لَوْنُهُ: رنگ بدلنا۔
__ الإِنَاءَ: برتن کو الٹنا۔
انْکَفَأَ علی الشیئِ: مائل ہونا، متوجہ ہونا
انْکَفَأَتِ المرأَۃُ علی وَلَدِھا
تُرْضِعُهُ: عورت اپنے بچہ کو دودھ پلانے کے لئے متوجہ ہوئی۔
__ عنه: پھرنا، ہٹنا، الگ ہونا۔
__ الیه: لوٹنا۔ جیسے: انْکَفَأَ الی وَطَنِه
__ لَوْنُهُ: رنگ بدلنا۔
__ الإِنَاءُ: الٹنا، اوندھا ہونا۔
__ القَوْمُ: لوگوں کا شکست کھانا۔
تَکَافَأَ الشَّیْئَانِ: دو چیزوں کا برابر ہونا، ہم رتبہ و ہم پلہ ہونا۔ تَکَافَأَ القَوْمُ۔
تَکَافَأَتِ الفُرَصُ: یکساں مواقع ملنا۔
تَکَفَّأَ فی مِشْیَتِه: اتراتے ہوئے چلنا، جھومتے اور مٹکتے ہوئے چلنا۔
تَکَفَّأَتْ بِهِمِ الأَمْوَاجُ: موجوں کا ادھر سے ادھر پھینکنا، موجوں کا ہچکولے دینا۔
__ لَوْنُهُ: رنگ بدلنا۔
اِسْتَکْفَأَهُ شَجَرَۃً: کسی سے ایک سال کے لئے درخت کا پھل لینا۔
__ فُلَانًا الشَّرَابَ: کسی سے اپنے برتن میں اس کے برتن سے پینے کی چیز ڈلوانا الٹوانا۔
الإِکْفَاءُ: شاعر کا حرف روی کو بدل بدل کر لانا جیسا کہ کہیں لام کہیں میم کہیں دال وغیرہ۔
التَّکَافُؤُ بینَ الشَّیْئَیْنِ: دو چیزوں میں برابری، یکسانیت۔
الکُفْءُ: مماثل، برابر (۲) ہم پلہ، ہم رتبہ (۳) اہل، لائق، قابل (۴) باصلاحیت
ج: أَکْفَاءٌ و کِفَاءٌ۔
الکِفَاءُ: مماثل، برابر۔ لا کِفَاءَ لَه: اس کا کوئی برابر کا نہیں۔

(۲) خیمہ کا پردہ جو زمین تک لٹکا رہے
ج: أَکْفِئَةٌ۔
الکَفَاءَۃُ: طاقت و عزت میں برابری (۲) شادی میں مرد و عورت کے حسب و نسب اور مذہب وغیرہ میں یکسانیت اور برابری۔
__ لِلْعَمَلِ: کام کی طاقت و صلاحیت قابلیت، اہلیت۔
الکَفَاءَۃُ الإِدَارِیَّۃُ: انتظامی صلاحیت
کَفَاءَۃُ الأَدَاءِ: کارکردگی کی صلاحیت
الکَفَاءَۃُ الإِنْتَاجِیَّۃُ: پیداواری صلاحیت
الکَفَاءَۃُ الحَرْبِیَّۃُ و القِتَالِیَّۃُ: جنگی صلاحیت۔
الکَفَاءَۃُ العالیۃُ: اعلیٰ صلاحیت۔
کَفَاءَۃُ المُسْتَخْدَمِ: ملازم کی لیاقت
الکَفَاءَۃُ المُمْتَازَۃُ: برتر صلاحیت۔
الکُفْأَۃُ: کسی چیز کی یک سالہ پیداوار۔
کُفْأَۃُ الأَرْضِ: سالانہ کاشت۔
کُفْأَۃُ الشَّجَرِ: درخت کا سالانہ پھل
کُفْأَۃُ الغَنَمِ: وَهَبَ لَه کُفْأَۃَ غَنَمِه: ایک سال کے لئے کسی کو بکریوں کے دودھ ان کے بچے اور ان کی اون دے کر بکریوں کو واپس لے لینا۔
الکُفُوْءُ: الکُفْءُ۔
الکَفِیْءُ: الکُفُوْءُ۔ مماثل و یکساں (۲) وادی کا بیچ۔
کَفِیْءُ اللَّوْنِ: پھیکے اور بدلے ہوئے رنگ کا۔
کِفْءُ الوَادِی: وادی کا اندرونی حصہ
مُکْفَأُ اللَّوْنِ: بدلے ہوئے رنگ کا، پھیکے رنگ کا۔
مُکْتَفِیءُ اللَّوْنِ: بدلے ہوئے رنگ کا۔
المُکَافَأَۃُ: محنتانہ، فیس، معاوضہ (۲) الاؤنس (۳) وظیفہ (۴) انعام

ج: مُکَافَآت۔
مُکَافَأَۃُ الخِدْمَۃِ: محنتانہ، صلہ۔
المکافأۃ السَّنَوِیَّۃ: سالانہ وظیفہ۔
المکافأۃ المالیَّۃ: نقد انعام۔
المُکَافِئُ: انعام دینے والا۔
• کَفَتَ الشیءُ _ کَفْتًا: الٹ پلٹ ہونا، الٹا سیدھا ہونا۔
__ الطَّائِرُ وغیرُهُ: پرندے وغیرہ کا سمٹ کر تیز اڑنا۔
__ فُلَانًا: کسی کا رخ پھیرنا۔
__ الشیءَ والیه: کسی چیز کو اپنے ساتھ ملا لینا۔
__ المَتَاعَ: سامان اکٹھا کرنا۔
__ ذَیْلَهُ: اپنا دامن سمیٹنا۔
__ اللّٰهُ فُلَانًا: کسی کو موت دینا، خدا کی طرف سے کسی کی موت آنا۔
کَفَّتَ الشیءَ والیه: اپنے ساتھ ملانا، اپنے ساتھ لینا۔
__ الدِّرْعَ بالسَّیْفِ: زرہ کو تلوار میں لٹکا کر اپنے ساتھ لینا۔
اکْتَفَتَ المالَ: سارا مال لے لینا۔
انْکَفَتَ الرَّجُلُ: آدمی کا سکڑنا، سمٹنا (۲) لوٹنا، پھر جانا۔
__ الفَرَسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا۔
__ القَوْمُ الی مَنَازِلِهِم: لوگوں کا اپنے گھروں کو واپس ہونا۔
تَکَفَّتَ الثَّوْبُ: کپڑے کا سمٹنا۔
__ فی سَیْرِہ: تیز چلنا۔
الکِفَاتُ: أَرْضٌ کِفَاتٌ: زندوں اور مردوں کو جمع کرنے والی زمین، زندوں اور مردوں کا سنگم۔ قرآن پاک میں ہے: " أَلَمْ نَجْعَلِ الأَرْضَ کِفَاتًا "
مَوْضِعٌ کِفَاتٌ: وہ جگہ جہاں کوئی چیز اکھٹی کی جائے (۲) جمع شدہ چیز۔
مَاتَ کِفَاتًا: وہ جلد مر گیا۔

الکَفْتُ: رَجُلٌ کَفْتٌ: تیز اور پھرتیلا آدمی (۲) موت۔
الکُفْتُ من الخَیْلِ: بہت اچھل کود کرنے والا گھوڑا جو سوار کو سوار نہ ہونے دے۔
الکُفْتَةُ: (معرب) کوفتہ۔
الکَفِیْتُ: رَجُلٌ کَفِیْتٌ: دبلا اور ہلکا پھلکا آدمی (۲) مضبوط توشہ دان۔
المُکْفِتُ: دو زرہیں اس طرح پہننے والا کہ ان کے درمیان کپڑا ہو۔
الکَفَّاتُ: شیر۔
•کَفَحَ الشَّیْءَ ـَ کَفْحًا: کسی چیز کا ڈھکن اتارنا، سرپوش اتارنا۔
ــــ فُلَانًا: کسی سے روبرو ملنا۔
ــــ بالعَصَا: ڈنڈا مارنا۔
ــــ لِجَامَ الدَّابَّةِ: جانور کو روکنے کے لئے لگام کھینچنا۔
ــــ الدَّابَّةَ باللجام: لگام کھینچ کر جانور کو روکنا۔
کَفِحَ عنه ـَ کَفَحًا: بزدل ہونا۔
اَکْفَحَ فُلَانًا عنه: ہٹانا، دفع کرنا۔
کَافَحَهُ: کسی کا سامنا کرنا، مقابلہ کرنا۔
ــــ القَوْمُ أَعْدَاءَ هُم: لوگوں کی دشمنوں سے براہ راست مڈبھیڑ ہونا، بغیر ڈھال وغیرہ لئے ٹکرانا۔
ــــ قِرْنَهُ: اپنے مقابل سے طاقت کے ساتھ مقابلہ کرنا۔
ــــ الأَطِبَّاءُ الأَمْرَاضَ: ڈاکٹروں کا بیماریوں سے نبرد آزما ہونا، ان کے ازالہ کی تدابیر سے ان کا مقابلہ کرنا۔
ــــ البِطَالَةَ: بیکاری کا مقابلہ کرنا یعنی روزگار کی فراہمی کی تدابیر کرنا۔
ــــ الأُمُورَ: کاموں کو خود انجام دینا۔
تَکَافَحَ المُقَاتِلُوْنَ: لڑنے والوں کا آمنے سامنے ہو کر لڑنا۔
ــــ الکِبَاشُ: مینڈھوں کا سینگوں سے لڑنا، ایک دوسرے کے سینگ مارنا۔
الکِفَاحُ: لڑائی (۲) مقابلہ (۳) جدوجہد (۴) دفاع۔
الکِفَاحُ المُسَلَّحُ: مسلح جدوجہد۔
کِفَاحُ المُسْلِمِیْنَ فی کذا: کسی سلسلہ میں مسلمانوں کا جہاد، جدوجہد۔
کِفَاحُ التَّحْرِیْرِ: جنگ آزادی۔
الکِفَاحُ النَّامِی: بڑھتی ہوئی جدوجہد۔
الکِفَاحُ من اَجْلِ البَقَاءِ: زندہ رہنے کی جدوجہد۔
لَقِیْتُهُ کِفَاحًا: میں اس کے روبرو ہوا۔
الکَفِیْحُ: مثل، نظیر، مماثل، مساوی (۲) ہم بستر (۳) اچانک آنے والا مہمان۔
المُکَافِحُ: مقابل، مجاہد۔
المُکَافَحَةُ: مقابلہ (۲) مدافعت، مزاحمت، ازالہ، دفعیہ۔
•کَفَرَ الرَّجُلُ ـُ کُفْرًا وکُفْرَانًا: کافر ہونا، کفر کرنا، وحدانیت یا نبوت یا شریعت یا تینوں کو نہ ماننا، انکار کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَقَالَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اتَّبِعُوْا سَبِیْلَنَا"
ــــ باللّٰه او بنِعْمَةِ اللّٰه: خدا یا اس کے انعام کا انکار کرنا، نہ ماننا۔ قرآن پاک میں ہے: "کَیْفَ تَکْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَکُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْیَاکُمْ" "وَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ هُمْ یَکْفُرُوْنَ"
کَفَرَ نِعْمَةَ اللّٰه: کفرانِ نعمت کرنا، ناشکری کرنا۔ هو کافِرٌ ج: کُفَّارٌ وکَفَرَةٌ۔ هو کَفَّارٌ ایضا۔ هو وهی کَفُوْرٌ ج: کُفُرٌ۔ وهی کافِرَةٌ ج: کَوَافِرُ۔
ــــ بکذا: کسی چیز سے اظہار بیزاری کرنا، برأت ظاہر کرنا۔
کَفَرَ الشَّیْءَ وعَلَیهِ کَفْرًا: چھپانا، ڈھانکنا، جیسے: کَفَرَ الزَّارِعُ البِذْرَ بالتُّرَابِ کسان نے بیج مٹی میں چھپا دیا۔ هو کافِرٌ۔
ــــ التُّرَابُ مَا تَحْتَهُ: مٹی کا اپنے نیچے والی چیز کو چھپانا۔
اَکْفَرَ غَیْرَهُ: کسی کو کافر کہنا، کافر قرار دینا، کفر کا الزام دینا۔
ــــ من یُطِیْعُهُ: فرماں بردار کو نافرمان بنانا۔
کَفَّرَ لِسَیِّدِهِ: اپنے آقا کے سامنے تعظیماً سر جھکا کر دست بستہ کھڑا ہونا۔
ــــ عن یَمِیْنِهِ: قسم کا کفارہ دینا، تدارک کرنا۔
ــــ الشَّیْءَ: ڈھانکنا، چھپانا۔
ــــ فُلَانًا: کسی کو کافر قرار دینا یا یہ کہنا کہ تو نے کفر کیا، تو کافر ہو گیا۔
ــــ اللّٰهُ عنه الذَّنْبَ: اللہ کا کسی کے گناہ کو معاف کرنا۔
تَکَفَّرَ بالشَّیْءِ: کسی چیز میں لپٹ جانا، کسی چیز کو اوڑھنا اور اس سے خود کو ڈھانکنا۔
ــــ فی سِلَاحِهِ: ہتھیار بند ہونا، ہتھیار میں داخل ہونا۔
التَّکْفِیْرُ: اثباتِ کفر، الزام کفر۔
ــــ عن شَیْءٍ: تدارک (۲) کفارہ دہی۔
الکَافِرُ: خدا کا منکر، نبوت کا منکر، شریعت کا منکر یا تینوں چیزوں کا بیک وقت منکر، بے ایمان ج: کُفَّارٌ وکَفَرَةٌ (۲) کھجور کے شگوفہ یا پھل کا غلاف ج: کَوَافِرُ (۳) تاریکی (۴) ایسا علاقہ جہاں سے کسی کا گزر نہ ہوتا ہو (۵) کسی جگہ روپوش آدمی۔
الکَافُوْرُ: ایک خوشبودار درخت جس سے سفید رنگ کا شفاف مادہ نکالا جاتا ہے

اس کو کافور کہتے ہیں۔ بطور دوا اس کا استعمال کیا جاتا ہے ج: کوافیر۔

الکَفَرُ: رات کی تاریکی اور سیاہی (۲) قبر (۳) مٹی (۴) چھوٹا مشکیزہ (۵) چھوٹی اور موٹی لکڑی (۶) گاؤں، چھوٹی بستی ج: کُفُور۔

الکُفْرُ: خدا کا انکار، دیدہ و دانستہ انکار، بے ایمانی (۲) ناشکری (۳) کشتیوں کو ملا جانے والا تارکول (۴) ایرانیوں کی اپنے بادشاہ کی تعظیم۔

الکَفْرُ: کھجور کے شگوفہ کا غلاف (۲) راستہ کے برابر پہاڑوں کا لمبا سلسلہ۔

الکُفْرَانُ: کفر (۲) ناشکری۔

الکَفَّارَةُ: وہ نیک کام (جیسے خیرات و روزہ وغیرہ) جو گناہ گار اپنے گناہ کی تلافی کیلئے کرتا ہے اور خدا سے معافی چاہتا ہے اس کی متعدد اقسام ہیں جو کتب فقہ میں دیکھی جائیں۔

المُکَفَّرُ: وہ بڑا محسن جس کے انعامات کا شکر ادا نہ کیا جا سکے (۲) گناہوں سے تطہیر کے لئے جانی و مالی مصیبت میں مبتلا شخص (۳) ہتھیار بند، ہتھیاروں سے لیس (۴) لوہے میں جکڑا ہوا۔

المُکَفِّرُ عن الذَّنب: معاف کنندہ، خدا۔

المَکْفُورُ: چھپا ہوا، پوشیدہ، ڈھکا ہوا، اَثَرٌ مَکْفُورٌ: وہ نشان جسے ہواؤں نے مٹی اڑا کر مٹا دیا ہو۔ عَمَلٌ مَکْفُورٌ: ناقابل ستائش کام۔

• کَفَّ عن الاَمرِ کَفًّا: رکنا، باز آنا یا باز رہنا۔

___ بَصَرُہُ: بینائی ختم ہو جانا، نابینا ہو جانا ہو مَکْفُوفٌ ج: مکافیف۔ ہو کَفِیف ایضاً ج: اَکِفَّاءُ۔

کَفَّ الثَّوبَ: کپڑے کو تُرپنا، بخیہ کرنا۔

___ الشیءَ: گوندھنا، اجزا کو باہم ملانا، یکجا کرنا۔

___ الرَّجُلَ بِخِرْقَةٍ: پاؤں پر دھجی باندھنا۔

___ القِبْلَةَ: قبلہ کے ایک گوشہ کو اختیار کرنا۔

___ مَاءَ وَجْہِہ: آبرو بچانا۔

___ فلانًا عن الاَمرِ: روکنا، باز رکھنا

___ الاِناءَ: برتن کو لبالب بھرنا۔

___ العاملُ عن اداءِ الوَظیفةِ: ڈیوٹی انجام دینے سے قاصر رہنا، ڈیوٹی انجام نہ دینا۔

کُفَّ بَصَرُہ: نابینا ہونا، ہو مکفوف

انکَفَّ عن الاَمرِ: رکنا، باز رہنا۔

تکافُّوا: ایک دوسرے کو روکنا۔

تکَفَّفَ السَّائِلُ: سائل کا مانگنے کیلئے ہاتھ پھیلانا۔

___ الدَّمْعُ: آنسو خشک ہو جانا۔

___ عن الاَمرِ: رکنا، باز رہنا، کسی کام کو چھوڑ دینا۔

___ الشیءَ: مٹھی میں لینا، ہاتھ میں لینا

___ النَّاسَ: لوگوں سے ہاتھ پھیلا کر مانگنا۔

کَفَّفَ الثَّوبَ بالحَریرِ وغیرہ: کپڑے پر ریشم وغیرہ کی گوٹ لگانا، کپڑے کے دامن، گریبان اور آستینوں پر قیمتی کپڑے کی گوٹ لگانا، مزین کرنا، کام بنانا۔

اسْتَکَفَّ الشیءُ: گول ہونا۔

___ الحَیَّةُ: سانپ کا کنڈلی مارنا، گول دائرہ کی شکل میں لپٹنا۔

___ الشَّجَرُ والشَّعْرُ: درخت اور بالوں کا گھنا ہونا، گنجان ہونا۔

___ القَومُ الشیءَ و بالشیءِ وحول الشیءِ: کسی چیز کے ارد گرد جمع ہونا، گھیرا ڈالنا۔

اسْتَکَفَّ الشیءَ: ہاتھ میں لینا، ہتھیلی پر رکھنا۔

___ النَّاسَ: لوگوں کے آگے بھیک مانگنے کے لئے ہاتھ پھیلانا۔

___ فلانًا عن الشیءِ: کسی سے کوئی کام چھوڑنے کے لئے کہنا، باز رہنے کیلئے کہنا۔

___ عَیْنَہُ: دھوپ میں آنکھ پہ ہاتھ رکھ کر دیکھنا کہ کچھ نظر آتا ہے یا نہیں۔

___ الشیءَ: کسی چیز کو واضح طور پر دیکھنے کے لئے بھوؤں پر اس طرح ہاتھ رکھنا جیسے دھوپ سے بچاؤ کے لئے ہاتھ رکھا جاتا ہے۔

___ عَیْنَہُ: آنکھ سے ہتھیلی کے نیچے سے دیکھنا۔

___ النَّاسُ بِہ: لوگوں کا کسی کو چاروں طرف سے گھیرنا۔

الکَافُّ: رَجُلٌ کَافٌّ: خود کو کسی کام سے باز رکھنے والا۔

کَافَّةً: سب، بلا استثناء۔ جاءَ النَّاسُ کَافَّةً: وَقَاتِلُوا المُشْرِکِیْنَ کَافَّةً کَمَا یُقَاتِلُوْنَکُمْ کَافَّةً۔ (۲) الکافَّةُ: بوڑھی اونٹنی۔

الکَفَافُ: مثل، مانند، مطابق۔ ھذا کَفَافُ ذٰلِکَ: یہ اس کے مانند یا مطابق ہے، مقدار میں اسی جیسا ہے (۲) بقدر ضرورت روزی (ضرورت سے کم نہ زیادہ)۔

کَفَافًا: برابر (نہ لینا نہ دینا) لَیْتَنِی اَخْرُجُ من ھذا کَفَافًا: کاش کہ میں اس کام سے اس طرح خلاصی پالیتا کہ نہ مجھے فائدہ ہوتا نہ نقصان (میری محنت یا مال کے مثل ہی مل جاتا)

دَعْنِی کَفَافِ: تو مجھے چھوڑ دے میں تجھے چھوڑ دوں گا یعنی تو مجھ سے برابر کا معاملہ کرلے۔
الکِفَافُ: کسی چیز کے گرد حلقہ، کپڑے کا حاشیہ، گوٹ، پلّہ (۲) تلوار کی دھار ج: اَکِفَّۃٌ۔
الکَفُّ: ہتھیلی (انگلیوں سمیت)، ہاتھ کا اندرونی حصہ ج: کُفُوفٌ و اَکُفٌّ (۲) خرفہ کا ساگ (۳) علم عروض میں ساتویں ساکن حرف کو حذف کردینا۔ جیسے: مَفَاعِیلُن اور فَاعِلاتُن سے نون کا حذف۔
الکَفَفُ (من الرِّزْقِ) گزارے کے لائق معاش، بقدر ضرورت روزی (۲) کھال گودنے کے دائرے یا لکیریں جن میں نیل یا سرمہ بھرا جاتا ہے۔
الکِفَّۃُ: ہر گول چیز (۲) گودنے کا حلقہ یا گول لکیر (۳) شکاری کا جال، پھندا (۴) پانی جمع ہونے کا گول گڑھا، ترازو کا پلڑا (یہ دو ہوتے ہیں) ج: کِفَفٌ و کِفَاف
الکُفَّۃُ: ہر چیز کا حاشیہ، گول کنارہ (۲) کپڑے کی گوٹ، قمیص کے دامن کی کنّی (۳) قمیص کا چاک (جو دائیں بائیں ہوتا ہے) (۴) دن اور رات باہم ملنے کی جگہ (مشرق میں یا مغرب میں) جِئْتُہُ فِی کُفَّۃِ اللَّیْلِ: میں اس کے پاس رات کے شروع میں یا اخیر میں آیا (۵) درخت کا آخری حصہ (۶) زرہ کا نچلا حصہ ج: کُفَفٌ و کِفَافٌ۔
الکَفُوفُ: بوڑھی اونٹنی جس کے دانت بڑھاپے سے گھس گئے ہوں۔
الکَفِیفُ: نابینا۔
المَکْفُوفُ: نابینا۔
• کَفْکَفَ دَمْعَہُ: بار بار آنسو پونچھنا
—— فُلانًا عن الشَّیئِ: باز رکھنا۔
تَکَفْکَفَ عنہ: لوٹنا، باز رہنا۔
• کَفَلَ فُلانٌ ـــ کَفْلاً و کُفُولاً: مسلسل روزہ رکھنا (۲) روزہ میں کسی سے نہ بولنے کا عہد کرنا۔ ھو کَافِلٌ ج: کُفَّلٌ (۲) روکھی (بغیر سالن) روٹی کھانا۔
—— الرَّجُلَ و بالرَّجُلِ کَفْلاً و کَفَالَۃً: کسی کا ضامن ہونا، کفیل و ذمہ دار ہونا۔ کَفَلَ المَالَ و کَفَلَ عنہ المالَ لِغَرِیمِہ: کسی کے مال کا ضامن ہونا، کسی کی طرف سے اس کے قرض خواہ کو مال ادا کرنے کا ذمہ لینا، ضمانت لینا۔ ھو کَافِلٌ ج: کُفَّلٌ و ھو و ھی کَفِیلٌ ج: کُفَلاءُ
—— الصَّغِیرَ: بچہ کی پرورش کرنا اور اس کے اخراجات کا ذمہ دار ہونا، بچہ کی کفالت کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمَا کُنْتَ لَدَیْہِمْ اِذْ یُلْقُوْنَ اَقْلامَہُمْ اَیُّہُمْ یَکْفُلُ مَرْیَمَ"۔
—— الکَفِیلُ المُتَّہَمَ: ضامن کا مجرم کی ضمانت لینا۔
—— لَہُ حِمَایَۃً: کسی کی حفاظت کی ذمہ داری لینا۔
—— نَفَقَۃَ فُلانٍ: کسی کے خرچ کی ذمہ داری لینا، خرچ اٹھانا۔
اَکْفَلَ فُلانًا المَالَ: کسی کو مال کا ضامن بنانا۔
—— فُلانًا مَالَہُ: کسی کو اپنے مال کا محافظ و کفیل بنانا، کسی کی حفاظت میں اپنا مال دینا۔ قرآن پاک میں ہے: "اِنَّ ھٰذَا اَخِیْ لَہٗ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ نَعْجَۃً وَّلِیَ نَعْجَۃٌ وَّاحِدَۃٌ فَقَالَ اَکْفِلْنِیْہَا"
کَافَلَہُ: کسی سے معاہدہ کرنا، معاملہ طے کرنا (۲) کسی کا پڑوسی بننا۔
کَفَّلَ فُلانًا المَالَ: کسی کو مال کا محافظ و ذمہ دار بنانا۔
—— فُلانًا الصَّغِیرَ: بچہ کو کسی کی پرورش اور کفالت میں دینا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاَنْبَتَہَا نَبَاتًا حَسَنًا وَکَفَّلَہَا زَکَرِیَّا"۔
اِکْتَفَلَ بِالشَّیئِ: کسی چیز کو اپنے سرین کے کنارہ پر رکھنا۔
—— البَعِیرَ: اونٹ کے کوہان پر کپڑا یا گول زین رکھ کر سوار ہونا۔
تَکَفَّلَ بِالشَّیئِ: کسی چیز کا ذمہ دار ہونا، اس کا بوجھ اپنے سر لینا، کسی چیز سے نمٹنا۔
—— بالدَّیْنِ: قرض کی ادائگی کا ذمہ دار ہونا۔
—— البَعِیرَ: اونٹ کے کوہان پر کپڑا یا گول زین رکھ کر سوار ہونا۔
الکَفَالَۃُ: ضمانت، گارنٹی، ذمہ داری پرورش، تکفل ج: کَفَالاتٌ۔
بِکَفَالَۃٍ: ضمانت پر۔ اُفْرِجَ عنہ بِکَفَالَۃٍ: اسے ضمانت پر رہا کیا گیا ہے
الکَفَلُ: انسان اور چوپائے کا سرین۔ ج: اَکْفَالٌ۔
الکِفْلُ: حصہ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمَنْ یَّشْفَعْ شَفَاعَۃً سَیِّئَۃً یَّکُنْ لَّہٗ کِفْلٌ مِّنْہَا"۔ (۲) مثل، گنا۔ قرآن پاک میں ہے: "یٰٓاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِہٖ یُؤْتِکُمْ کِفْلَیْنِ مِنْ رَّحْمَتِہٖ"۔ وہ تم کو اپنی رحمت کا دوچند یا دگنا حصہ دے گا (۳) بیلوں کے جوے کے نیچے کندھے پر رکھا جانے والا کپڑے کا ٹکڑا (۴) اون جھڑ جانے کے بعد نکلنے

والی تیٔ اون (۵)، لوگوں پر گراں بار ہونے والا آدمی (جو اپنا اور اپنے سامان کا بوجھ دوسروں پر ڈال دے) (۶) جو گھوڑے کی پیٹھ پر برقرار نہ رہتا ہو ج: اَکْفَالٌ
الکَفِیلُ: مماثل، ہم پلہ۔ مَا لِفُلَانٍ کَفِیلٌ اس کا کوئی مماثل و مقابل نہیں (۲) ضامن (۳) ذمہ دار و کفالت کنندہ ج: کُفَلَاءُ مؤنث اور جمع دونوں کے لئے بھی کَفِیل مستعمل ہے۔
کَفِیل بکذا: کسی چیز کے لئے ضامن و موثر
المَکْفُولُ: جس کی ضمانت لی گئی یا دی گئی ہو (۲) جس کی پرورش کی جائے، زیر کفالت زیر حفاظت، زیر پرورش (۳) گارنٹی کی چیز۔
الشیءُ المَکْفُولُ بوَصْفٍ: وہ چیز جس کے کسی وصف کی ضمانت دی گئی ہو
• کَفَنَ الصُّوفَ ـ کَفْنًا: اون کاتنا۔
ــــ المَیّتَ: مردہ کو کفن پہنانا۔
ــــ الخُبْزَةَ فی الجَمْرِ: روٹی کو بھوبل یا انگاروں پر رکھنا۔
کَفَّنَ: مبالغہ در کَفَنَ۔
تَکَفَّنَ بکذا: کسی چیز میں چھپنا۔
الکَفَنُ: مردہ کا لباس، کفن ج: اَکْفَانٌ
الکَفَنُ: بے نمک کھانا۔
الکَفْنَةُ: زمین پر پھیلنے والی ایک گھاس
المُکَفَّنُ و المَکْفُونُ: کفن پہنایا ہوا مردہ۔
• اکْفَهَرَّ الرَّجُلُ: تیوری چڑھنا۔
ــــ اللَّیْلُ: رات کا سخت تاریک ہونا
ــــ النَّجْمُ: انتہائی تاریکی میں ستارہ کا چمکنا۔
ــــ السَّحَابُ: بادل کا گہرا اور سیاہ ہونا
ــــ الجَوُّ: فضا کے تیور بدلنا، موسم خراب ہونا، فضا ابر آلود ہونا۔
ــــ السَّمَاءُ: کالی گھٹا چھانا۔

اکْفَهَرَّ الوَجْهُ: چہرہ اداس ہونا۔
المُکْفَهِرُّ: ہر تہ بہ تہ چیز (۲) کالا اور گہرا بادل (۳) بے حیا چہرہ (۴) تیوری چڑھا ہوا، ترش رو۔ عَامٌ مُکْفَهِرٌّ: قحط کا سال۔
• کَفَاهُ الشیءُ ـ کِفَایَةً: کافی ہونا کفایت کرنا، دوسری چیز سے بے نیاز کرنا۔ هو کافٍ و کَفِیٌّ۔ بسا اوقات فاعل پر باء زائد لگائی جاتی ہے۔ جیسے قرآن پاک میں ہے: "وَکَفَیٰ بِاللّٰهِ وَکِیلًا۔ وَکَفَیٰ بِاللّٰهِ شَهِیدًا" اللہ فاعل ہے اور شَهِیدًا و وَکِیلًا تمیز ہیں یعنی اللہ کی وکالت اور شہادت بندہ کے لئے کافی ہے دوسرے کی وکالت و شہادت سے بے نیاز کر دیتی ہے۔
ــــ فُلَانًا الاَمْرَ: کسی معاملہ میں کسی کی قائمقامی کرنا یعنی اس کا کام خود انجام دینا اور اسے بے نیاز کر دینا۔ کَفَاهُ مُؤُونَتَه: اسے اس کی مشقت سے بچا لیا۔
ــــ اللّٰهُ فلانا فُلَانًا او شَرَّ فُلَانٍ: اللہ کا کسی کو کسی سے یا کسی کے شر سے بچانا، محفوظ رکھنا قرآن پاک میں ہے: "فَسَیَکْفِیکَهُمُ اللّٰهُ" تو اللہ تم کو ان سے محفوظ رکھے گا۔
اکْتَفَیٰ بالشیءِ: کسی چیز پر اکتفا کرنا، اس پر قانع ہو کر دوسری چیز سے بے نیاز ہو جانا۔
ــــ بالاَمْرِ: کسی معاملہ میں قدرت ہونا، خود کفیل ہونا۔
تَکَفَّی النَّبَاتُ: نباتات کا لمبا ہونا۔
اسْتَکْفَاهُ الشیءَ: کسی سے بقدر کفایت کوئی چیز چاہنا۔ اسْتَکْفَیْتُهُ

الشیءَ فَکَفَانِیهِ: میں نے اس سے بقدر کفایت چیز چاہی تو اس نے مجھے اس چیز میں مستغنی کر دیا، میری ضرورت پوری کر دی۔
الاِکْتِفَاءُ: قناعت، آسودہ خاطری۔
الاِکْتِفَاءُ الاِقْتِصَادِیُّ: معاشی خود کفالت، معاشی آسودگی۔
الاِکْتِفَاءُ الذَّاتِیُّ: خود کفالت، کسی ملک کا اپنی آمدنی اور پیداوار میں بیرونی ممالک سے بے نیاز ہو کر خود کفیل ہو جانا
الکِفَایَةُ: بقدر ضرورت شے (۲) بے نیازی قناعت۔
الکُفْیُ: وہ چیز جس کے ذریعہ قناعت اور بے نیازی حاصل ہو۔ هٰذَا رَجُلٌ کَفْیُكَ من رَجُلٍ: یہ شخص تم کو دوسرے سے بے نیاز کرنے والا اور تمہارے لئے کافی ہے (یہ مفرد و تثنیہ و جمع مذکر اور مؤنث سب کیلئے ہے) کاف کی تینوں حرکتیں ہیں پیش، زبر، زیر
الکُفْیَةُ: بقدر کفایت روزی۔ قَنِعْتُ بالکُفْیَةِ: میں بقدر کفاف روزی سے مطمئن ہوں ج: الکُفَیٰ۔
المُکْتَفِي بشیءٍ: قانع کسی شے پر اکتفا کرنے والا۔
• کَوْکَبَ الحَدِیدُ: لوہے کا چمکنا، دمکنا
ــــ الحَصَی: دوپہر کو کنکریاں چمکنا۔
الکَوْکَبُ: لوہے یا کنکریوں کی چمک (۲) ہتھیاروں سے لیس آدمی (۳) سن بلوغ کو پہنچنے والا لڑکا۔ غُلَامٌ کَوْکَبٌ: خوب رو لڑکا (۴) کسی چیز کا بڑا حصہ جیسے: کَوْکَبُ العُشْبِ و کَوْکَبُ الماءِ و کَوْکَبُ الجیشِ (۵) آنکھ کی سفیدی (۶) میخ کیل (۷) تلوار (۸) کشادہ وادی (۹) پہاڑ (۱۰) باغیچہ کی کلیاں (۱۱) کنوئیں کا چشمہ (۱۲) رات کے وقت گھاس پر جمنے والے شبنم کے قطرے۔

مقولہ ہے: ذھبوا تحت کل کوکب وہ منتشر ہوگئے ج: کواکب۔ یوم ذو کواکب: پرمصائب دن (گویا مصائب کی تاریکی میں ستارے نظر آنے لگے)۔

الکوکب: علم الفلک میں سورج کے گرد گھومنے والا اور اس سے روشنی حاصل کرنے والا آسمانی جِرم، سورج سے قریب ہونے کے مراتب کے لحاظ سے مشہور کواکب یہ ہیں: عطارد، زہرہ، زمین، مریخ، مشتری، زحل، یورانس، نپٹون، پلوٹون۔ حجر الکوکب: مقناطیس۔

کوکب الأرض: زمین کا وہ خطہ جو دوسرے سے مختلف ہو۔

الکوکبۃ: ستارہ یا بطور خاص ستارہ زہرہ۔ علم الفلک میں ستاروں کا وہ مجموعہ جو مخصوص شکل کی نمائندگی کرتا ہے اور اسی شکل سے موسوم ہوتا ہے جیسے ایک مجموعہ کا نام النسر الطائر (اڑتا ہوا گدھ)، النسر الواقع (بیٹھا ہوا گدھ)۔ (۲) لوگوں کی جماعت، گروہ، ٹکڑی، سواروں کا دستہ۔

المکوکب: وہ شخص جس کی آنکھ میں پھولا ہو (۲) تاروں بھرا آسمان۔

ک ــــــ ل

• کلأ الدین ـ کلئًا: قرض کی ادائگی میں دیر ہونا۔ ھو کالئ و کال۔

ـــ بصرہ فی الشیئ: بار بار دیکھنا۔

ـــ اللہ فلانًا کلئًا وکلاءً وکلاءۃ: اللہ کا کسی کی حفاظت کرنا۔ قرآن پاک میں ہے "قل من یکلؤکم باللیل والنہار من الرحمٰن" کہہ دیجئے کہ وہ کون ہے جو رات اور دن میں رحمان (کے عذاب) سے تمہاری حفاظت کرتا ہو۔

اکلأت الأرض: زمین میں بہت گھاس اگنا۔

ـــ الناقۃ: اونٹنی کا گھاس کھانا۔

ـــ فی الدین: قرض کی ادائگی میں دیر کرنا۔

ـــ عینہ: آنکھ کو تھکا دینا۔

کالأہ: نگرانی کرنا۔

کلأ فلانٌ: بیعانہ لینا۔

ـــ فی الأمر: کسی چیز پر غور کرتے کرتے اسے پسند کرلینا۔

ـــ الیہ فی الأمر: کسی کو کسی کام پر مامور کرنا۔

ـــ فلانًا: روکنا، قید کرنا۔

ـــ السفینۃ: کشتی کو ہوا سے محفوظ کسی کنارہ پر لگانا۔

اکتلأت عینہ: کسی چیز سے چوکنا رہنے کی بنا پر آنکھ نہ لگنا۔

ـــ منہ: بچنا، احتیاط برتنا۔

ـــ الکلأۃ: بیعانہ وصول کرنا۔

تکلأ: بیعانہ وصول کرنا۔

استکلأ فلانٌ: قرض لے کر اس کی ادائگی میں تاخیر چاہنا۔

ـــ الأرض: زمین میں بکثرت گھاس ہونا۔

الکلأ: خشک یا تر گھاس ج: اکلاء۔

الکلاءۃ: حفاظت۔ فی کلاءۃ اللہ: خدا حافظ۔

الکلأۃ: بیعانہ، ادھار۔

الکلاء: بندرگاہ، گودی، کشتیوں یا جہازوں کے لنگر انداز ہونے کی جگہ۔

الکلوء: رجل کلوء العین: بہت بے خواب رہنے والا آدمی۔ عین کلوء: بیدار آنکھ۔

المکلأۃ: أرض مکلأۃ: بہت گھاس والی زمین۔

المکلأ: ہوا سے بچاؤ کے لئے کشتیوں کے چھپنے کی جگہ۔

المکلوء: محفوظ۔

• کلب الفرس ـ کلبًا: گھوڑے کو مہمیز لگانا۔

کلب الکلب ـ کلبًا: کتے کا دیوانہ ہونا۔ ھو کلِب۔

ـــ الرجل وغیرہ: دیوانہ کتے وغیرہ کا کاٹا ہوا ہونا۔ ھو کلیب ج: کلبی (۲) سیر ہوئے بغیر بہت کھانا (۳) سخت پیاسا ہونا۔

ـــ الشجر: درخت کا پانی نہ ملنے سے خشک ہو کر راہ گیروں کو کھردرے پتوں سے تکلیف پہنچانا۔ ھو کلِب

ـــ السیر علی الأسیر: تسمہ کا خشک ہو کر قیدی کو کاٹنا (تکلیف دینا)۔

ـــ الدھر علی أھلہ: زمانہ کا اہل زمانہ پر مصائب لانا، سخت ہونا

ـــ العدو وکلب السائل: دشمن یا سائل کا سخت گیر ہونا۔

ـــ علی الشیئ: کسی چیز کا بہت حریص ہونا۔

ـــ علیہ: کسی پر غصہ ہونا (بے وقوفی کے مظاہرے کے ساتھ)۔

کلب کلابًا: دیوانہ کتے کے کاٹنے سے دیوانہ ہو جانا۔ ھو مکلوب۔

کالبہ: کسی سے دشمنی کرنا، تنگ کرنا۔

کلّب الأسیر: قیدی کے پاؤں میں بیڑی وغیرہ ڈالنا۔

ـــ الکلب ونحوہ: کتے کو سدھانا، شکاری بنانا۔ قرآن پاک میں ہے "وما علمتم من الجوارح مکلبین"

اکتلب فلانٌ: مہروں کے لئے تسمہ یا

کھجور کے ریشوں کی ڈوری استعمال کرنا۔
تَکالَبَ القَومُ: لوگوں کا کھلم کھلا ایک دوسرے سے دشمنی کرنا۔
—— القوم علی الأمرِ: کسی کام کی بہت خواہش کرنا، کسی بات کا بہت حریص ہونا۔
—— القوم علی الشیءِ: کسی چیز پر حریص کتوں کی طرح ٹوٹ پڑنا، جھپٹنا
اِستَکلَبَ الرَّجُلُ: کسی کا کتے کی طرح بھونک کر کتوں کو بھونکانا تاکہ اس سے ان کے مالکان کی قیام گاہ معلوم ہو سکے۔
التَّکالُبُ علی الشیءِ: کسی چیز پر کتوں کی طرح دھاوا، کسی چیز کی بے انتہا حرص۔
الکالِبُ: کتوں کو سدھانے والا (۲) شکاری کتوں کا مالک (۳) کتوں کا گروہ۔
الکَلبُ: کتا (۲) کاٹنے والا درندہ۔ ج: کِلاب و اَکلُبٌ (۳) ہر وہ چیز جس سے کوئی شے باندھی جائے جیسے رسّی دھاگا (۴) کجاوہ میں لوہے کی خمیدہ کھونٹی جس میں توشہ دان لٹکایا جاتا ہے (۵) دیوار کے سہارے کے لئے لکڑی کا ستون (۶) چکی کے دھرے کا لوہا (۷) ٹیلہ کا کنارہ (۸) کتے کی ہم شکل مچھلی۔
لِسانُ الکَلبِ: ایک قسم کی گھاس۔
حَشِیشَۃُ الکَلبِ: ایک قسم کا پودا
اُمُّ الکَلبِ: خاردار زرد پتوں والی بدبودار جھاڑی۔
ابن الکَلبِ: بدمعاش، بطور گالی استعمال کرتے ہیں۔
کَلبُ البَحرِ: شارک مچھلی۔
کَلبُ البَرِّ: بھیڑیا۔
کَلبُ الماءِ: اود بلاؤ۔
کَلبُ الفَرَسِ: گھوڑے کے کمر کے بیچ کی لکیر۔ استوی علی کَلبِ فَرَسِہِ: وہ اپنے گھوڑے پر ٹھیک سوار ہو گیا۔
الکَلَبُ: کتے کی دیوانگی (۲) شرارت۔
دَفَعتُ عَنکَ کَلَبَ فُلانٍ: میں نے تم سے فلاں کا شر دور کر دیا (۳) سردی کی شدت۔
الکَلِبُ: لالچی (۲) دیوانہ (کتا) (۳) بیوقوف
الکَلبَۃُ: کتیا (۲) ٹہنی سے الگ ہونے والا کانٹا۔
اُمُّ کَلبَۃَ: بخار۔
الکَلبتانِ: لوہار کا زنبور جس سے وہ گرم لوہا پکڑتا ہے (۲) دانت نکالنے کا زنبور (۳) فن جراحی کی چمٹی۔
الکُلبَۃُ: ہر چیز کی شدت، سختی (۲) تنگ حالی، معاشی تنگی (۳) قحط (۴) سردی کی شدت (۵) بلی اور کتے کی تھوتھنی کے دونوں طرف نیچے کے بال۔
الکَلِبَۃُ: اَرضٌ کَلِبَۃٌ: وہ زمین جس کی گھاس پودا پانی نہ ملنے کے باعث خشک ہو گیا ہو (۲) وہ سوکھا درخت جس کی ٹہنیاں گزرنے والوں سے الجھ کر تکلیف دیتی ہوں۔
الکَلبِیَّۃُ: رواج وروایت سے بالا ہو کر فطرت کی ہم نوائی کا نظریہ سنسزم۔
الکَلبِیُّونَ: نظریہ کلبیت کے پیروکار (۲) فلاسفہ یونان کی ایک اخلاق پرست جماعت جو سقراط کے بعد ظہور پذیر ہوئی۔ اس کا نظریہ اور اصول مادّی لذتوں سے اجتناب اور سادگی وتقشف کا اتباع ہے۔
الکَلّابُ: شکاری کتوں کا مالک (۲) شکاری کتوں کو سدھانے والا ج: کلالِیبُ
الکُلّابُ: مہمیز (سوار کے جوتے کی ایڑی پر لگی ہوئی لوہے کی پھرکی جس سے وہ گھوڑے کو ایڑ لگاتا ہے یعنی بھگانے کے لئے اس کے پہلو پر مارتا ہے) (۲) خم دار تین نوکی لوہے کی سلاخ جو کوئی پھنسی ہوئی چیز نکالنے کے لئے استعمال ہوتی ہے جیسے کنویں سے ڈول نکالنے کا کانٹا (۳) باز کا پنجہ (۴) درخت کا کانٹا (۵) دانت اکھاڑنے کا زنبور۔
ج: کلالِیبُ۔
الکَلِیبُ: کتوں کا گروہ۔
المُکالِبُ: جری، دلیر۔
المُکَلَّبُ: سدھایا ہوا شکاری کتا (۲) بیڑی ڈالا ہوا قیدی۔
المَکلَبَۃُ: وہ جگہ جہاں کتے بکثرت ہوں۔
• کَلَتَ الشیءَ ــ کَلتًا: جمع کرنا (۲) پھینکنا۔
—— الفَرَسَ: گھوڑے کو ایڑ لگانا۔
الکُلتَۃُ: ہر تھوڑی چیز (۲) کھانے وغیرہ کا مقررہ حصہ۔
• کَلثَمَ وَجهُہُ: کسی کے چہرے کا گوشت بغیر تیور چڑھے سمٹ جانا۔
الکُلثُومُ: چہرے اور رخسار پر گوشت چڑھا ہوا (۲) جھنڈے کے سرے پر ریشم کا ٹکڑا۔
• الکَلِجُ: بہادر (۲) سخی۔
الکُلَجُ: طاقتور لوگ۔
• کَلَحَ فُلانٌ ــ کُلوحًا: تیوری چڑھا ہوا ہونا، ترش رو ہونا، شکن آلود والا ہونا۔ ھو کالِحٌ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَھُم فِیھا کالِحُونَ"
—— الوَجہُ وکَلَحَ فی وَجہِ غیرِہِ: کسی کو دیکھ کر تیور چڑھنا۔
اَکلَحَہُ الھَمُّ: غم یا تکلیف کا کسی کو کمزوری کی بنا پر بے رونق اداس کر دینا۔

كَالَحَهُ : دشمنی کے ساتھ کسی کا سامنا کرنا، کسی کے ساتھ برسرِ پیکار ہونا۔

كَلَّحَ وَجْهَهُ : تیور چڑھانا، چہرے پر شکن ڈالنا، ناگواری سے منہ بنانا۔

— فی وَجْهِ الصَّبِیّ : بچہ کو گھبرا دینا۔

تَكَلَّحَ : كَلَحَ (٢) مسکرانا (٣) بجلی کا لگاتار چمکنا۔

الكَالِحُ : بگڑے ہوئے چہرے والا، ترش رو (٢) سخت، پریشان کن۔ دَهْرٌ كَالِحٌ و شِتاءٌ كَالِحٌ (٣) کھلے ہوئے ہونٹوں والا جس کے ہونٹ دانتوں سے چھوٹے ہوں اور دانت دکھائی دیتے رہیں۔

كَلاحِ : مبنی برکسر، قحط کا سال (اسم علم)

الكُلاحَةُ : تیوری چڑھے ہوئے کی نظر۔

الكَلَحَةُ : منہ اور اس کے ارد گرد کا حصہ۔

• كَلَدَ الشیءَ ـِ كَلْدًا : اکٹھا کرکے اوپر نیچے رکھنا، تہ بہ تہ رکھنا، ڈھیر کرنا

كَلَّدَ الشیءَ : كَلَدَهُ۔

تَكَلَّدَ الشیءُ : اکٹھا ہونا، سمٹ کر یکجا ہونا۔

— فُلانٌ : کسی کا گوشت موٹا ہونا، گٹھے ہوئے بدن کا ہونا۔

الكَلَدُ : سخت جگہ (جہاں کنکریاں نہ ہوں) واحد : كَلَدَة۔

• اكْلأَزَّ الرَّجُلُ : سمٹنا۔

— البازی : باز کا شکار پکڑنے کے لئے داؤ لگانا، پر سمیٹ کر تیار ہونا۔

كَلَزَ الشیءَ ـِ كَلْزًا : جمع کرنا۔

كَلَّزَ الشیءَ : سمیٹنا، اکٹھا کرنا۔

الكِلَزُّ : مضبوط پٹھوں والا۔

• كَلَسَ البِناءَ ـِ كَلْسًا : عمارت پر چونے کا پلاستر کرنا ، چونا پھیرنا۔

كَلِسَ ـَ كَلَسًا : بھورے رنگ کا ہونا

كَلَّسَ : چونے سے عمارت کو پختہ کرنا، مضبوط پلاستر کرنا، خوب چونا پھیرنا۔

كَلَّسَ علی قِرْنِهِ : مدمقابل پر پختگی سے حملہ کرنا۔

— عن قِرْنِهِ : مقابل سے ڈر کر بھاگنا۔

تَكَلَّسَ : عمارت پر پلاستر ہو جانا، چونے سے پختہ ہو جانا (٢) بہت تیز دوڑنا (٣) چونے جیسا بن جانا۔

الكِلْسُ : چونا جو پتھر کو جلا کر بنایا جاتا ہے

الكِلْسِیُّ : چونے کا۔

الكَلاَّسُ : چونا فروش (٢) چونا بنانیوالا (٣) چونے کا پلاستر کرنے والا۔

الكَلاَّسَة : چونا بنانے کی جگہ۔

التَّكَلُّسُ : کیلشیم کے نہ پگھلنے والے املاح کی کیمیاوی عمل کاری۔

المُتَكَلِّسُ : تیز دوڑنے والا۔

• كَلْسَمَ : سستی کے باعث ادائگی حقوق میں دیر کرنا۔

الكُلْسِيُومُ : کیلشیم، چونے کا ایک عنصر جو جسم حیوانی میں داخل ہوتا ہے اور بطور خاص ہڈیوں کا جز ہوتا ہے۔

• كَلِعَ الوَسَخُ علیه ـَ كَلَعًا : میل خشک ہو کر جم جانا۔ كَلِعَ رأسُهُ : اس کے سر میں میل جم گیا۔ كَلِعَ الإناءُ : برتن پر میل جم گیا۔ هو كَلِعٌ۔

— رِجْلُهُ : پاؤں پر میل جم کر پھٹ جانا

أَكْلَعَهُ الوَسَخُ : کسی پر میل خشک ہو کر جم جانا، میل چڑھنا۔

الكُلاعُ : میل کی خشکی اور اس کا جمنا (٢) جنگ کے مواقع پر سختی اور ثابت قدمی۔

الكُلاعِیُّ : بہادر۔

الكَلَعُ : سخت ترین خارش۔

الكَلِعُ : میلا کچیلا آدمی۔ هی كَلِعَةٌ۔

الكِلْعُ : خشک مزاج اور بدنما آدمی ج: كِلَعَةٌ۔

• كَلَفَ الماشِيَةَ ـُ كَلْفًا : مویشی کو چارہ کھلانا۔

كَلِفَ وَجْهُهُ ـَ كَلَفًا : چہرے پر چھائیاں پڑنا، داغ دھبے پڑنا۔ هو أَكْلَفُ وهی كَلْفاءُ ج : كُلْفٌ۔

— الشیءَ و به : دلدادہ ہونا، فریفتہ ہونا، شوقین ہونا۔ هو كَلِفٌ۔

— الأمرَ : کسی معاملہ میں تکلیف اٹھانا، برداشت سے کام لینا، تنگی برداشت کرنا۔

أَكْلَفَهُ به : کسی کو کسی چیز کا عاشق و دلدادہ بنانا۔

كَلَّفَهُ أمرًا : کسی کو کسی کام کا پابند کرنا، کسی کام پر مامور کرنا (٢) کسی پر مشکل اور بامشقت کام لازم کرنا۔

— الأمرُ فلانًا كذا من الجُهْدِ والمالِ : کسی کام کا کسی سے مخصوص محنت اور مال کا مقتضی ہونا، کسی کام پر محنت و مال صرف ہونا جیسے : كَلَّفَنِی هذا العَمَلُ مالًا كثيرًا : اس کام پر مجھے بہت مال خرچ کرنا پڑا۔ كَلَّفَ هذا البِناءُ مَصارِيفَ كثيرةً : اس عمارت پر بہت لاگت آئی۔

— الأمرَ او الشیءَ كذا من الجهد او المالِ : کسی کام کی انجام دہی یا کسی چیز کے حصول میں محنت و مال خرچ کرنا

— عَلَی اسمِ فُلانٍ أرضًا : کسی کے نام زمین کرنا، کسی کے نام زمین کی رجسٹری کرنا۔

— بالأمرِ : کسی کام کا حکم دینا یا مکلف کرنا۔

تَكَلَّفَ : غیر متعلق کام کرنا۔

— الأمرَ : کسی کام میں تکلیف اٹھانا، کلفت و مشقت برداشت کرنا، تکلفا کرنا۔

— الشیءَ : عادت و مزاج کے خلاف کسی چیز کا ذمہ لینا، تکلفا کوئی چیز لینا۔

التَّكْلِيفُ بالأمْرِ: کسی کام کی طاقت رکھنے والے پر اس کی فرضیت (۲) کسی کام کی پابندی (۳) دوسرے پر عائد ذمہ داری ج: تکالیف۔

التَّكَالِيفُ: کسی چیز کے اخراجات، لاگت، کاسٹ (۲) مشقتیں۔

التكاليف الثّابتة: مستقل اخراجات۔

التكاليف المُضافَة: زائد (اضافی) اخراجات۔

أمْرُ التكليف: پابند کئے جانے کا حکم جو پابند کرنے والا جاری کرتا ہے حکم نامہ۔

التَّكْلِفَةُ: کلفت ومشقت۔ حَمَلَ الشيءَ تَكْلِفَةً: اس نے فلاں چیز کا تکلفا بوجھ اٹھایا (۲) کسی چیز کی تیاری یا خریداری کا اصل خرچ، لاگت۔

بَاعَهُ بِسِعْرِ التَّكْلِفَةِ: اس نے بلا نفع لاگت یا خرید پر بیچ کی۔

التَّكْلِفَةُ الأسَاسِيَّةُ: بنیادی خرچ، اصل لاگت۔

التَّكْلِفَةُ الفِعْلِيَّةُ: فوری خرچ۔

تَكْلِفَةُ الفُرْصَةِ البَدِيلَةِ: عوضی کا خرچ۔

التَّكْلِفَةُ المُبَاشِرَةُ: اصل لاگت۔

الكَلَفُ: جھائیں، چھیپ (۲) خاص قسم کی تیز سرخی جو خون وغیرہ کی خرابی سے پیدا ہوتی ہے (۳) سفید داغ۔

الكَلِفُ: عاشق ودلدادہ (۲) فریفتہ۔

الكَلِفُ بِشيءٍ: شوقین، دلدادہ۔

الكُلْفَةُ: سیاہ وسرخ رنگ، بھورا پن (۲) کسی کام کی انجام دہی یا کسی شے کے حصول پر کی جانے والی محنت اور صرفہ (۳) لاگت (۴) چہرے پر چھا جانے والا سرخ ومٹیالا رنگ (۵) تکلیف یا مشقت جو کسی کام میں اٹھائی جائے (۶) تکلف

رَفَعَت الصَّدَاقَةُ الكُلْفَةَ بَيْنَهُمَا: دوستی نے ان کے آپسی تکلف کو بالائے طاق رکھدیا (۷) کپڑوں پر خوبصورتی کے لئے لگائے جانے والے ریشم کے باریک ٹکڑے ج: کُلَفٌ۔

الكَلَّافُ: مویشی کو چارہ کھلانے اور پرورش کرنے والا۔

الكَلُوفُ: دشوار ومحنت طلب کام۔

المُتَكَلِّفُ: تکلف برتنے والا، تصنع و بناوٹ سے کام لینے والا، دل کی بات کے خلاف اظہار کرنے والا۔

المِكْلافُ: عورتوں کا عاشق۔

المُكَلَّفُ: وہ بالغ مرد یا عورت جس کی عمر اور حالت اس بات کی اجازت دیں کہ اس پر شریعت یا قانون کے احکام جاری ہو سکیں (۲) لایعنی اور غیر متعلق کاموں میں پھنسا رہنے والا، کلفتیں مول لینے والا (۳) پابند حکم (۴) ذمہ دار (۵) ٹیکس دہندہ۔

المُكَلَّفُ باسْمِهِ او عَلَى اسْمِهِ: کسی کے نام رجسٹرڈ ہونے والی (زمین وجائداد)۔

المُكَلَّفَةُ: کھیوٹ۔ وہ سرکاری کاغذ جس میں کاشت کار سے متعلقہ زمین کی پیمائش اور پیداوار وغیرہ کا حساب درج ہوتا ہے (۲) بندوبست نامہ زراعتی رجسٹر جس میں زمینوں کا حساب، نوعیت اور مالکان و کاشت کاران کے نام درج ہوں۔

المُكَلَّف بالضَّرائب: وہ شخص جس پر ٹیکس کی ادائگی واجب ہو۔

الكُلاكِلُ: ٹھنگنا اور سخت وموٹا آدمی۔

الكَلْكَالُ والكَلْكَلُ: سینہ (۲) ہنسلی کی دو ہڈیوں کے درمیان کا حصہ۔

الكَلْكَلَةُ: جماعت ج: كَلاكِل۔

كَلَّ ـِ كُلُولاً وكَلالَةً: کمزور ہونا۔

ـــ السَّيفُ ونَحْوُهُ: تلوار وغیرہ کا کند ہونا، دھار خراب ہونا۔ هو كَلِيلٌ وكَلٌّ۔

ـــ فُلانٌ: تھکنا، قوی مضمحل ہونا۔ هو كَالٌّ۔

ـــ بَصَرُهُ او لِسَانُهُ: نگاہ اور زبان کا صحیح کام نہ کرنا، کمزور ہونا، اچھی طرح نہ دیکھ سکنا، صحیح نہ بول سکنا۔ هو كَلِيلٌ۔

ـــ عن الأمْرِ: کسی کام کو نہ کر سکنا، مشکل محسوس کرنا۔

ـــ الرِّيحُ: ہوا کا ہلکے ہلکے چلنا۔

ـــ كَلًّا وكَلالَةً: مرنے والے کا اپنے پیچھے والد یا ایسی اولاد نہ چھوڑنا جو وارث ہو سکے۔

ـــ الوَارِثُ: وارث کا باپ یا اولاد نہ ہونا (یعنی وارث کا میت سے باپ یا اولاد کے علاوہ کوئی اور رشتہ ہونا)۔

أكَلَّ فُلانٌ: تھکے ہوئے یا کمزور گھوڑے والا ہونا، تھکے ہوئے جانور والا ہونا

ـــ غَيْرَهُ: تھکا دینا، کمزور کر دینا، سست رفتار کر دینا، مدھم کر دینا، جیسے: أكَلَّ الرَّجُلُ فَرَسَهُ وأكَلَّهُ السَّيْرُ وأكَلَّ البُكاءُ بَصَرَهُ۔

كَلَّلَ السَّيفُ وغَيْرُهُ: بالکل کند ہونا، دھار بالکل اڑ جانا۔

ـــ فُلانٌ: کسی کا اہل وعیال کو خطرناک جگہ پر چھوڑ کر چلے جانا جہاں ان کے ضائع ہونے کا اندیشہ ہو۔

ـــ في الأمْرِ: کسی کام کے لئے کوشاں کوشش کرکے اسے انجام دینا۔

ـــ عن الأمْرِ: کسی کام سے ڈر کر پیچھے ہٹ جانا۔

كَلَّلَ عليه بالسَّيف: کسی پر تلوار کا حملہ کرنا۔
— فُلَانًا الاِكْلِيلَ: تاج اوڑھانا (۲) سہرا باندھنا۔
— الشيءَ: کسی چیز کو جواہرات سے آراستہ کرنا۔
اَكْتَلَّ الغَمَامُ بالبَرْقِ واَكْتَلَّ السَّحَابُ عن البَرْقِ: بادل کا بجلی سے چمکنا۔
اِنْكَلَّ السَّيْفُ: تلوار کی دھار اڑنا۔
— فُلَانٌ: ہنسنا، مسکرانا۔
— البَرْقُ: دھیمی دھیمی بجلی چمکنا۔ اِنْكَلَّ السَّحَابُ عن البَرْقِ: بجلی سے بادل کا ہلکا سا چمکنا۔
تَكَلَّلَ الشيءُ بالشيءِ: کسی شے کا دوسری شے کو گھیر لینا۔ تَكَلَّلَ الشيءُ الشيءَ بھی کہا جاتا ہے۔
الاِكْلِيلُ: تاج (۲) جواہر سے آراستہ ٹپکا (۳) ناخن کے گرد کا گوشت (۴) سر پر باندھا جانے والا پھولوں کا سہرا (۵) پھولوں کا گلے کا ہار ج: اَكَالِيلُ۔
اِكْلِيلُ الجَبَل: ایک قسم کی بوٹی جو مسالے اور دوا کے طور پر استعمال ہوتی ہے
اِكْلِيلُ المَلِكِ: ایک قسم کا پودا۔
الكَلَالَةُ: وہ شخص جو مرنے کے بعد اپنے پیچھے نہ باپ چھوڑے اور نہ اولاد جو اس کی وارث ہو بلکہ اس کا وارث قرابتی ہو جیسے بھائی بہن وغیرہ قرآن پاک میں ہے: "يَسْتَفْتُونَكَ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيكُمْ فِي الكَلَالَةِ اِنِ امْرُؤٌ هَلَكَ لَيْسَ لَهُ وَلَدٌ وَلَهُ اُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ"
كُلٌّ: سب، تمام، سارے، سب کے سب، ہر ایک۔ یہ لفظ اپنے مضاف الیہ کے تمام افراد یا تمام اجزاء کے استغراق کا فائدہ دیتا ہے جیسے: كُلُّ امْرِئٍ بِمَا كَسَبَ رَهِينٌ (استغراق افراد) كُلُّ المسلم على المسلم حرام دَمُهُ ومَالُهُ وعِرضُه (استغراق اجزاء کی مثال)۔ مذکورہ حالت میں لفظ کے اعتبار سے یہ مفرد مذکر ہوتا ہے معنی کے لحاظ سے اپنے مضاف الیہ کے مطابق مذکر و مونث ہوتا ہے جیسے: كل امْرِئٍ بِمَا كَسَبَ رَهِينٌ۔ كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ المَوْتِ (۲) اگر کل کے ساتھ ما کا اضافہ کر دیا جائے تو یہ تعمیم وقت کے لئے ظرف زمان ہوتا ہے جیسے: اَفَكُلَّمَا جَاءَكُمْ رَسُولٌ بِمَا لَا تَهْوَىٰ اَنْفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ (۳) کبھی یہ لفظ وصف بنتا ہے اور کمال کا فائدہ دیتا ہے جیسے: هو العَالِمُ كل العَالِمِ (۴) کبھی تاکید کے لئے آتا ہے جیسے: فَسَجَدَ المَلَائِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُونَ۔
كَلَّا: ہرگز نہیں، روکنے اور تنبیہ کرنے کیلئے
الكَلُّ: حالت۔ بَاتَ بِكَلِّ سُوءٍ: اس نے بری حالت میں رات گزاری۔
الكَلُّ: جس کا نہ باپ ہو نہ اولاد (۲) دوسرے پر بوجھ۔ جیسے قرآن پاک میں ہے: "هو كَلٌّ على مَوْلَاهُ" (۳) بھاری اور بے فائدہ (۴) کمزور (۵) چھری یا تلوار کی پشت۔
الكَلَّةُ: کند تلوار۔
الكُلَّةُ: گیند (۲) گولا، کانچ کی گولی ج: كُلَلٌ (۳) تاخیر۔
الكِلَّةُ: مچھر دانی، باریک کپڑا ج: كِلَلٌ
الكَلِيلُ: کمزور، تھکا ماندہ۔
ذِئْبٌ كَلِيلٌ: سست بھیڑیا جو کسی پر حملہ آور نہ ہوتا ہو۔
كَلِيلُ البَصَرِ: کمزور نگاہ۔
كَلِيلُ الظُّفُرِ: کمزور۔
كَلِيلُ الفَهْمِ: کند ذہن۔
كليل الحَدِّ: کند، بے دھار، کھنڈا۔
الكُلِّيُّ: (مقابل جزئی) وہ مفہوم جس کے افراد بہت سے ہو سکتے ہوں خواہ بر وقت پائے جائیں یا نہ پائے جائیں یا ایسے اصول جو بہت افراد پر صادق آئیں۔ منطق میں یہ پانچ ہیں: جنس، نوع، فصل، خاصہ، عرض عام۔
الكُلِّيَّةُ: عمومیت، مجموعی حصہ (۲) کالج۔ ج: كُلِّيَّات۔
كُلِّيَّةً، بالكُلِّيَّةِ: پورے طور پر، قطعی طور پر
بِكُلِّيَّتِه: سب، تمام، پورا۔
اَخَذَ بِكُلِّيَّتِه: اس نے اسے سب کا سب لے لیا۔
المُكِلُّ: وہ شخص جس پر اس کے قرابت دار بوجھ بنے ہوئے ہوں۔
اِنْطَلَقَ مُكِلًّا: وہ اس بات سے بے پرواہ ہو کر روانہ ہوا کہ اس کے پیچھے کیا ہے۔
المُكَلَّلُ: غَمَامٌ مُكَلَّلٌ: وہ بادل جو بادل کے ٹکڑوں سے گھرا ہوا ہو (۲) رَجُلٌ مُكَلَّلٌ: تاج پہنایا ہوا، سہرا باندھے ہوئے۔
سَحَابٌ مُكَلَّلٌ: بجلی چمکنے سے نمایاں ہونے والا بادل۔
المُكَلَّلَةُ: رَوْضَةٌ مُكَلَّلَةٌ: کلیوں سے بھرا ہوا باغیچہ۔ جَفْنَةٌ مُكَلَّلَةٌ بالسَّدِيفِ: وہ بادیہ جس پر چربی کے ٹکڑے پھیلے ہوئے ہوں۔
• كَلَمَهُ ـِ كَلْمًا: زخمی کرنا۔ هو مكلوم وكَلِيمٌ۔ كليم کی جمع كَلْمَى۔

كَالَمَهُ: کسی سے مخاطب ہونا، گفتگو کرنا۔
كَلَّمَهُ تَكْلِيمًا: کسی سے خطاب کرنا، کسی کو مخاطب بنانا، کسی سے بولنا، کلام کرنا (۲) بہت زخمی کرنا۔
تَكَالَمَ الْمُتَقَاطِعَانِ: دو بچھڑے ہوئے آدمیوں کا باہم کلام کرنا۔
تَكَلَّمَ: بولنا، بات کرنا۔ تَكَلَّمَ كَلَامًا حَسَنًا: اس نے اچھی بات کی۔ تَكَلَّمَ مَعَهُ۔
—— بِلُغَةٍ: کسی زبان میں بات کرنا۔
—— عَلَيْهِ: مذمت کرنا۔
—— فِيهِ: تعریف کرنا۔
اَلتِّكْلَامُ وَالتِّكْلَامَةُ: بسیار گو اور خوش گفتار۔
اَلْكَلَامُ: بات، قول، باتیں، اقوال، گفتگو اصل معنی مفید آوازیں، متکلمین کے نزدیک وہ قائم بالنفس (دل میں موجود) معنی جن کو الفاظ سے ظاہر کیا جائے۔ فِي نَفْسِي كَلَامٌ: میرے دل میں ایک بات ہے۔ نحویوں کی اصطلاح میں مرکب مفید (جملہ مفیدہ) کو کہتے ہیں۔ جیسے: جَاءَ الشِّتَاءُ۔ یا شبہ جملہ جیسے: یا عَلِيُّ۔
اَلْكَلَامُ الرَّائِعُ: شاندار گفتگو۔
اَلْكَلَامُ الْمُدْهِلُ: حیرت انگیز باتیں۔
اَلْكَلَامُ الْفَارِغُ: فضول باتیں۔
اَلْكَلَامُ الْمُزَخْرَفُ: چکنی چپڑی باتیں۔
اَلْكَلَامُ الْمَعْسُولُ: میٹھی میٹھی باتیں۔
اَلْكَلَامُ الْمُنَمَّقُ: پرشوکت کلام۔
اَلْكَلْمُ: زخم کاری (۲) زخم ج: كُلُومٌ وكِلَامٌ
اَلْكَلِمَةُ وَالْكِلْمَةُ: ایک لفظ۔ نحویوں کے نزدیک وضع کے اعتبار سے ایک معنی پر دلالت کرنے والا لفظ خواہ وہ ایک ہی حرف ہو جیسے لام جارہ یا چند حرف کا مجموعہ ہو (۲) جملہ یا کامل المفہوم عبارت۔ جیسے کلمہ توحید لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ ہیں اور كَلِمَةُ اللّٰهِ میں اس کا حکم و ارادہ مفہوم ہے قرآن پاک میں ہے: "وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا۔ وَكَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِينَ فَسَقُوا" (۳) طویل کلام، تقریر، خطبہ، مقالہ، قصیدہ، پیغام۔
اَلْكَلِمَةُ الْإِذَاعِيَّةُ: نشری تقریر۔
كَلِمَةُ الْإِعْجَابِ: کلمہ تحسین۔
كَلِمَةُ التَّحْرِيرِ: اداریہ، ایڈیٹوریل
كَلِمَةُ الشُّكْرِ: سپاسنامہ۔
كَلِمَةً كَلِمَةً: لفظ بہ لفظ، حرف بحرف
اَلْكَلِمَاتُ الْعَوِيصَةُ" او الْغَرِيبَةُ: مشکل الفاظ۔
اَلْكَلِيمُ: زخمی (۲) ہم کلام، بات کرنیوالا (۳) نیابت میں گفتگو کرنے والا (۴) مقرر (۵) حضرت موسیٰ علیہ السلام کا لقب (وہ اللہ سے ہم کلام ہوئے تھے)۔
اَلْكِلِّيمُ: بڑا قالین ج: أَكْلِمَةٌ۔
اَلْمُتَكَلِّمُ: گفتگو یا کلام کنندہ (۲) دین کے موضوع پر کلام کرنے والا، علم کلام کا ماہر۔
اَلْمُتَكَلَّمُ: گفتگو کا مقام۔
اَلْمُكَالَمَةُ: گفتگو، بات چیت۔
اَلْمُكَالَمَةُ التِّلِيفُونِيَّةُ" او الْهَاتِفِيَّةُ: ٹیلیفون کال۔
اَلْمَكْلُومُ: زخمی۔
• كَلَاهُ ـــ كَلْيًا: گردے پر مار کر تکلیف پہنچانا۔
كَلِيَ ـــ كَلًى: گردے کے درد میں مبتلا ہونا (۲) کسی کے گردے پر چوٹ لگ کر درد ہونا۔
كَلَّى الرَّجُلُ: چھپنے کی جگہ آنا۔
اِكْتَلَى الرَّجُلُ: درد گردہ میں مبتلا ہونا
—— غَيْرَهُ: کسی کے گردے پر چوٹ لگانا۔
اَلْكُلْيَةُ: گردہ۔ كُلْوَةٌ بھی کہتے ہیں ج: كُلًى۔
اَلْكُلْوِيُّ: گردہ کا، گردے سے متعلق۔
كُلَى الطَّائِرِ: بازو کے اخیر میں پہلو سے ملے ہوئے چار پر۔
كُلَى الْوَادِي: اطراف وادی۔
غَنَمٌ حُمْرُ الْكُلَى: دبلی بکریاں۔
كِلَا: دونوں، اسم مقصور۔ لفظاً مفرد ہے معناً مثنیٰ ہے۔ اس کی معرفہ کی طرف اضافت لازمی ہے۔ اور اس کے دو استعمال ہیں ایک یہ کہ ضمیر کی طرف مضاف کیا جائے۔ جیسے: جَاءَ الرَّجُلَانِ كِلَاهُمَا۔ رَأَيْتُ الرَّجُلَيْنِ كِلَيْهِمَا اس صورت میں مثنیٰ مقصورہ کا اعراب دیا جائے گا۔ دوسرا استعمال یہ ہے کہ اسے اسم ظاہر کی طرف مضاف کیا جائے جیسے: جَاءَ كِلَا الرَّجُلَيْنِ وقَرَأْتُ كِلَا الْكِتَابَيْنِ۔ ان حالات میں آخر کا الف باقی رہنا لازم ہے۔ اس کی طرف ضمیر اس کے ظاہر کے اعتبار سے مفرد راجع ہوگی جیسے: كِلَا الصَّدِيقَيْنِ أَحْسَنَ الْمَوَدَّةَ۔ معنی کے اعتبار سے ضمیر بہت کم لوٹتی ہے: كِلَا الصَّدِيقَيْنِ أَحْسَنَا الْمَوَدَّةَ۔
كِلْتَا: کلا کی تانیث، مثنیٰ مؤنث کی طرف اضافت کی جاتی ہے۔ اس کے احکام بھی کِلا ہی کی طرح ہیں۔
كَلَّا: یہ لفظ چار معنی کے لئے آتا ہے (۱) ردع وزجر (روکنے اور ڈانٹنے کے لئے) ہرگز نہیں، باز آؤ یہی زیادہ استعمال ہے۔ قرآن پاک میں ہے: "فَقَالَ أَصْحَابُ مُوسٰى إِنَّا لَمُدْرَكُونَ۔ قَالَ كَلَّا إِنَّ مَعِيَ رَبِّي سَيَهْدِينِ" گویا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: تم اپنے اس قول سے باز آجاؤ (ایسا ہرگز نہیں ہوسکتا) (۲) رد اور نفی دونوں کیلئے

ایک شے کی تردید اور دوسری کا اثبات
کرتا ہے جیسے وہ بیمار جو معالج کے مشورہ
و ہدایت پر عمل نہ کرتے ہوئے کہے :
شَرِبْتُ مَاءً: میں نے پانی پیا،
اس پر معالج کہے کَلَّا یا کَلَّا، بل
شَرِبْتَ لَبَنًا او اَكَلْتَ خُبْزًا:
یعنی تم جو کہہ رہے ہو کہ میں نے پانی پیا
ہرگز ایسا نہیں ہے بلکہ تم نے یا دودھ
پیا ہے یا روٹی کھائی ہے (جو تمہارے
لئے ممنوع تھی) (۳) بمعنی اَلَا تنبیہ کیلئے
جو ابتدائے کلام میں آتا ہے۔ جیسے: کَلَّا
اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰى اَنْ رَّاٰهُ
اسْتَغْنٰى۔ یہ اس وقت ہے جبکہ اس
سے پہلے کوئی ایسا قول نہ آیا ہو جس کا
مقتضٰی زجر اور نفی ہو (۴) حَقًّا کے
معنی میں بطور جواب آتا ہے اور قسم کے
ساتھ آتا ہے جیسے: وَمَا هِيَ اِلَّا
ذِكْرٰى لِلْبَشَرِ۔ كَلَّا وَالْقَمَرِ۔
چاند کی قسم یقینا، واقعةً (ایسا ہی ہے)۔

ك ـــــ م

• کَمْ: کتنا، کس مقدار میں، کتنی تعداد میں (۲)
بہت۔ یہ دو حرفی لفظ مبنی علی السکون
ہے۔ اس کے ذریعہ مبہم تعداد و مقدار
معلوم کی جاتی یا بیان کی جاتی ہے۔
اس کے ابہام کو دور کرنے کے لئے ممیز
کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس کی دو قسمیں
ہیں۔ ایک خبریہ جو بڑی تعداد کے لئے آتا
ہے، اس کی تمیز مجرور مفرد یا جمع ہوتی
ہے جیسے كَمْ فَاضِلٍ عَرَفْتُ و
كَمْ كُتُبٍ قَرَأْتُ۔ یعنی مجھے فضلاء
کی بڑی تعداد کا علم ہوا اور میں نے
بہت سی کتابیں پڑھیں۔ کبھی تمیز پر من
جارہ آتا ہے۔ جیسے قرآن پاک میں ہے:
"كَمْ مِنْ فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ
فِئَةً كَثِيرَةً بِاِذْنِ اللّٰهِ"۔ دوسری
قسم استفہامیہ بمعنی اَیُّ عَدَدٍ ہے
کسی چیز کی تعداد (کم یا زیادہ) معلوم
کرنے کے لئے۔ جیسے: كَمْ فَاضِلاً
عَرَفْتَ؟ كَمْ كِتَابًا قَرَأْتَ؟
اس دوسری صورت میں کم کی تمیز
مفرد منصوب ہوتی ہے۔

کم: کلو میٹر کا مخفف۔

• کما: جیسے، جیسا۔ کما هو: وہ جیسا
ہے جوں کا توں، وہ جیسا بھی ہے
کما ینبغی: جیسے مناسب ہو۔
کما یلی: حسب ذیل طریقہ پر۔
کما یأتی: حسب ذیل طریقہ پر۔
کَمَأَ الْقَوْمَ ـَ كَمْأً: سانپ کی چھتری
کھمبی کھلانا۔
کَمِئَ ـَ كَمَأً: ننگے پاؤں ہونا۔
ــــ رِجْلُهُ وَيَدُهُ مِنَ الْبَرْدِ و
الْعَمَلِ: کام یا سردی کی وجہ سے
ہاتھ اور پاؤں پھٹ کر کھمبی کی طرح
ہو جانا۔
ــــ عَنِ الْاَخْبَارِ: خبروں سے ناواقف
ہونا۔
اَكْمَأَ الْمَكَانُ: کسی جگہ سانپ کی چھتری
بہت ہونا۔
ــــ الْقَوْمَ: سانپ کی چھتری نامی سبزی
کھلانا۔
ــــ السِّنُّ فُلَانًا: درازی عمر کا کسی کو
بوڑھا کر دینا۔
تَكَمَّأَتْ عَلَيْهِ الْاَرْضُ: زمین کا
کسی کو ڈھانک لینا۔
ــــ فُلَانٌ: سانپ کی چھتریاں چننا۔
ــــ فِي اَرْضِ فُلَانٍ: کسی کی زمین میں
سانپ کی چھتریاں چننا۔
ــــ الشَّيْءَ: ناپسند کرنا۔
الْكَمْءُ: سانپ کی چھتری، کھمبی ج: اَكْمُؤٌ
واحد: كَمْأَةٌ۔
الْكَمْأَةُ: الكَمْءُ۔ اسم جمع یا واحد یا دونوں
کے لئے۔
الْكَمَّاءُ: سانپ کی چھتریاں فروخت کرنیوالا
(۲) سانپ کی چھتریاں چننے والا۔
الْمَكْمَأَةُ: وہ جگہ جہاں سانپ کی چھتریاں
بہت ہوں۔

• الْكَمْبِيَالَةُ: ہنڈی، وہ رقعہ جس میں
قرض دار یہ عہد کرتا ہے کہ وہ متعینہ
مدت میں متعینہ رقم قرض خواہ کو براہ راست
یا حامل رقعہ کو ادا کرے گا، ڈرافٹ،
بل ج: كَمْبِيَالَاتٌ۔
كَمْبِيَالَةٌ خَالِيَةٌ من اسم الْمُسْتَفِيدِ:
بغیر نام کا ڈرافٹ۔

• كَمُتَ الْفَرَسُ ـُ كَمَاتَةً وكُمْتَةً:
سیاہی مائل سرخ ہونا۔
اَكْمَتَ الْفَرَسُ: كَمُتَ۔
كَمَّتَ الثَّوْبَ: کپڑے کو سرخ سیاہی مائل
رنگ میں رنگنا، تیز کتھئی رنگ میں رنگنا۔
اِكْمَتَّ الْفَرَسُ: كَمُتَ۔
الْكُمْتَةُ: سرخی مائل سیاہ رنگ، کتھئی رنگ
الْكُمَيْتُ: سیاہ و سرخ رنگ کا گھوڑا (مذکر
و مؤنث دونوں کے لئے)، یہ اَكْمَتُ کی
ترخیم کے ساتھ تصغیر ہے ج: كُمْتٌ
(۲) شراب۔

• كَمْتَرَ: چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا۔
ــــ الشَّيْءَ: بھرنا۔
ــــ الْقِرْبَةَ ونَحْوَهَا: مشک وغیرہ کو
بند باندھنا۔
ــــ الْقَصِيرُ: پست قد کا دوڑنا۔
الْكَمْتَرُ والْكَمَاتِرُ: موٹا اور پست قد،
سخت و مضبوط۔

• الْكُمَّثْرٰى: ناشپاتی، و: كُمَّثْرَاةٌ

• كَمَحَ الدَّابَّةَ بِاللِّجَامِ ـَ كَمْحًا:
چوپائے کو لگام کھینچ کر ٹھیرانا یا اس کا سر

اٹھوانا۔

اَکْمَعَ الکَرْمُ : انگور کی بیل کے پتے نکلنا شروع ہونا۔

___ الدَّابَّۃَ : جانور کو لگام کھینچ کر روکنا

اُکْمِعَ فُلانٌ : غرور و تکبر سے سر اونچا کرنا۔

الکَامِحُ : گھوڑوں کو سدھانے اور تربیت دینے والا، سائیس ج : کَمَحَۃٌ ۔

الکَمَّاحَۃُ : بریک (فرملۃ)۔

الکَوْمَحُ : بڑے دانتوں والا کہ جس سے کلام سخت ہو جائے فَمٌ کَوْمَحٌ : دانتوں سے بھرا ہوا منھ۔ رَجُلٌ کَوْمَحٌ : بڑے کولہوں والا۔

• کَمَخَ بِاَنْفِہٖ ـ کَمْخًا و کُمَاخًا : تکبر کرنا، ناک چڑھانا۔

___ الفرسَ باللجام : کَمَحَ ۔

اَکْمَخَ الرَّجُلُ : ناک چڑھانا، تکبر کرنا۔

___ الکَرْمُ : انگور کی بیل پر پتے نکلنا۔

الکَامَخُ : سالن کے طور پر کھائی جانے والی چیز، سرکہ وغیرہ کی چٹنی، اچار ج : کَوَامِخُ ۔

• کَمَدَ لَوْنُہٗ ـ کَمْدًا : رنگ خراب ہو جانا، صفائی اور رونق نہ رہنا۔

___ القَصَّارُ الثَّوبَ کَمْدًا و کُمُودًا : دھوبی کا کپڑے کو دھونے کے لئے کوٹنا

___ فُلانًا : کسی کے حصۂ جسم کی سنکائی کرنا، ورم کی جگہ گرم کرکے کپڑا رکھنا۔

کَمِدَ الشَّیئُ ـ کَمَدًا : رنگ بدل جانا

___ الثَّوبُ : پرانے پن سے کپڑے کا رنگ پھیکا ہو جانا یا بدل جانا۔

___ الرَّجُلُ : کسی کا اپنے غم کو چھپانا (۲) بہت زیادہ رنجیدہ ہونا۔ ھو کَامِدٌ و کَمِدٌ و کَمِیدٌ ۔

اَکْمَدَ الحُزْنُ فُلانًا : رنج و غم کا کسی کو دکھی بنانا، افسردہ خاطر کرنا۔

___ الغَسَّالُ و القَصَّارُ الثَّوبَ : کپڑے کو اچھی طرح صاف نہ کرنا۔

___ العُضْوَ : کسی عضو پر ورم وغیرہ دور کرنے کے لئے گرم کرکے کپڑا رکھنا۔

کَمَّدَ العُضْوَ : اَکْمَدَہٗ ۔

الکِمَادُ و الکِمَادَۃُ : وہ کپڑے کا ٹکڑا جسے ورم آلود جگہ پر گرم کرکے رکھا جاتا ہے، سنکائی کرنے کا کپڑا، ٹکورنے کی دھجی۔

الکُمْدَۃُ : رنگ کا تغیر اور بے رونقی (۲) رنج و غم۔

• الکَمَرُ : وہ کھجور جو درخت پر پک کر رُطَب نہ بنی ہو، نیچے گر کر بنی ہو۔

• کَمَزَ الشَّیئَ ـ کَمْزًا : کسی نرم چیز کو دونوں ہاتھوں میں لے کر گول کرنا جیسے لڈو یا آٹے کا پیڑا۔

الکُمْزَۃُ : انگلیوں کے پوروں سے پکڑ کر لئے جانے والی چیز (۲) کھجور وغیرہ کا ڈھیر (۳) مٹی یا ریت کا ٹیلہ ج : کُمَزٌ

• کَمَسَ ـ کُمُوسًا : ترش رو ہونا تیوری چڑھا ہوا ہونا۔

الکُمْسَارِیُّ : کنڈیکٹر، بس وغیرہ میں ٹکٹ دینے والا۔

کُمْسَارِیُّ القِطَارِ : گارڈ، گاڑی کا محافظ

الکَیْمُوسُ : کاف کے باب کے اخیر میں دیکھئے تغذیہ و ہضم سے متعلق ایک چیز۔

الکَیْمُوسِیَّۃُ : دیکھئے : کَیْمُوس۔

• کَمَشَ الزَّادُ ـ کَمْشًا : زاد راہ ختم ہو جانا۔

___ فُلانًا بالسَّیفِ : تلوار سے ہاتھ پاؤں وغیرہ اعضا کاٹنا۔

___ النَّاقَۃَ : اونٹنی کے تھن باندھنا تاکہ اس کا بچہ دودھ نہ پی سکے۔

کَمِشَ فی اَمْرِہٖ ـ کَمَشًا : کسی معاملہ میں پختہ عزم ہو کر جلدی کرنا۔

کَمُشَ فی السَّیْرِ و غیرہ ـ کَمَاشَۃً : کوشش کرکے تیز چلنا۔ ھو کَمْشٌ و کَمِیشٌ ۔

کَمُشَ الرَّجُلُ : بہادر ہونا۔ ھو کَمِیشٌ۔

___ المرأۃُ : چھوٹے پستان والی ہونا۔

___ النَّاقَۃُ : اونٹنی کے تھن چھوٹے ہونا۔

___ الخُصْیَۃُ : خصیہ کا چھوٹا ہونا۔

اَکْمَشَ فی السَّیْرِ و غیرہ : پھرتی اور تیزی کے ساتھ چلنا۔

___ الشیئَ : عجلت سے کوئی چیز کرنا۔

___ بالنَّاقَۃِ : اونٹنی کے تمام تھن باندھ دینا

کَمَّشَ الحَادِی الاِبِلَ : حدی خوان کا اونٹ کو تیزی سے ہانکنا۔

___ فُلانًا : کسی سے جلدی کرانا۔

___ ذَیْلَہٗ : دامن سمیٹنا۔

انکَمَشَ فی اَمْرِہٖ : کسی معاملہ میں تیزی کرنا۔

___ الفَرَسُ فی سَیْرِہٖ : تیز چلنا۔

___ الجِلْدُ او النَّسِیجُ : کھال یا کپڑے کا سکڑنا، سمٹ کر اکھٹا ہونا، سلوٹ پڑنا۔

تَکَمَّشَ : اِنْکَمَشَ ۔

الانکِمَاشُ : سکڑاؤ (۲) تفریط زر۔

انکِمَاشُ الطَّلَبِ : کسی چیز کی مانگ اور ڈیمانڈ میں کمی، مقبولیت میں کمی۔

انکِمَاشُ العُمْلَۃِ : سکّہ کے چلن میں کمی۔

انکِمَاشُ النُّقُودِ الوَرَقِیَّۃِ : نوٹوں کے چلن میں کمی۔

الاَکْمَشُ : اچھی طرح نہ دیکھ سکنے والا، کمزور نگاہ آدمی (۲) پست قد آدمی۔

الکَمْشُ : چھوٹا تھن۔

الکَمْشَۃُ (من الاِنَاثِ) : چھوٹے پستان والی عورت، چھوٹے تھنوں والی اونٹنی وغیرہ

خُصْیَۃٌ کَمْشَۃٌ : چھوٹا اور سکڑا ہوا خصیہ۔

الکَمَّاشَۃُ : موچی کا زنبور، بڑھئی کا زنبور، کیل وغیرہ کھینچ کر نکالنے والا اوزار۔

الکَمِیشُ : رَجُلٌ کَمِیشُ الاِزَارِ : کسی کام

میں پھرتیلا اور مستعد آدمی۔
• کَمَعَ فِی الْإِنَاءِ ـــ کَمْعًا: برتن میں منھ ڈال کر پینا۔
ـــ الرَّجُلُ وغَیْرُہ فی الماءِ: پانی میں اترنا۔
ـــ الدَّابَّۃُ: آہستہ آہستہ چلنا۔
ـــ قَوَائِمَ الدَّابَّۃِ: ٹانگیں کاٹنا۔
کَامَعَ الْمَرْأَۃَ: حفاظت کے لئے عورت کو خود سے چمٹا لینا۔
اِکْتَمَعَ الإِنَاءَ: منھ لگا کر پانی پینا۔
الکِمْعُ: ساتھ سونے والا، ہم خواب، ہم بستر (۲) مقام، جگہ۔ فُلَانٌ فِی کِمْعِہِ: فلاں اپنے گھر میں ہے (۳) پست زمین جس کے کنارے ابھرے ہوئے ہوں (۴) قبا (آگے کھلا ہوا) لمبا کرتا، اچکن نما لباس (۵) وادی کا کنارہ۔
الکِمَعُ: ہاں میں ہاں ملانے والا، خوشامدی۔
الکَمِیْعُ: ہم خواب، ساتھ سونے والا۔ بَاتَ السَّیْفُ کَمِیْعِی: رات کو تلوار میرے ساتھ رہی۔
المُکَامِعُ: ہم راز اور رفیق ہم دم۔
• کَمْکَمَ الشَّیْءَ: چھپانا۔
تَکَمْکَمَ فِی ثِیَابِہ: اپنے کپڑوں میں لپٹ جانا، کپڑے اوڑھ لینا۔
الکُمْکَامُ: گٹھے ہوئے بدن کا پست قد آدمی (۲) ایک قسم کا درخت یا اس کی چھال۔
• کَمَلَ الشَّیْءُ ـــ کُمُولاً: مکمل ہونا، کامل ہونا، پورا ہونا۔ ھو کَامِلٌ۔
کَمُلَ ـــ کَمَالاً: باکمال ہونا، صفاتِ کمال سے متصف ہونا۔
أَکْمَلَ الشَّیْءَ: پورا کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "اَلْیَوْمَ أَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ"
کَمَّلَ الشَّیْءَ: مکمل کرنا، پورا کرنا۔
اِکْتَمَلَ الشَّیْءُ: پورا ہونا، کامل ہونا۔
ـــ العَدَدُ: تعداد پوری ہونا۔

اِکْتَمَلَتِ الصُّوْرَۃُ عن کذا: کسی چیز کی تصویر مکمل ہو کر سامنے آنا۔
تَکَامَلَ الشَّیْءُ: بتدریج مکمل ہونا، کمال پذیر ہونا۔
ـــ الأَشْیَاءُ: چند چیزوں کا باہم مل کر پورا ہونا۔
تَکَمَّلَ الشَّیْءُ: مکمل ہونا۔
اِسْتَکْمَلَ الشَّیْءَ: پورا کرانا (۲) پورا کرنا
التَّکَامُلُ: یکجہتی، یکسانیت، چند چیزوں کے درمیان تکمیلی اتحاد و تعاون، ایسی چند چیزوں میں تکمیلی تعاون جن کی غرض و غایت ایک ہو۔
التَّکْمِلَۃُ: تتمہ، وہ شے جو کسی شے کی تکمیل کا ذریعہ ہو۔
الکَامِلُ: مکمل، پورا، تمام (۲) باکمال، جامع الصفات یا اوصاف حسنہ کا حامل ج: کَمَلَۃٌ (۳) شعر کی ایک بحر جس کا وزن چھ مرتبہ مُتَفَاعِلُن ہے کَامِلُ الصَّلَاحِیَّاتِ: مختار کل۔
الکَمَلُ: الکامِل (اس کا تثنیہ ہوتا ہے اور نہ جمع)۔ أَعْطَاہُ حَقَّہُ کَمَلاً: اسے اس کا پورا حق دیا۔
الکَمَالُ: تمام۔ لَکَ کَمَالُ الشَّیْءِ: پوری چیز تمہاری ہے (۲) خوبی، وصف تکمیلی۔
الکَمِیْلُ: مکمل، پورا، سب۔
المُتَکَامِلُ: مختلف اجزا سے کمال پذیر شے۔
مُتَکَامِلُ الأَبْعَادِ: ہمہ جہت مکمل چیز۔
المِکْمَلُ: خیر یا شر میں کمال رکھنے والا۔ بہت باکمال، کامل الصفات۔
• کَمَّ النَّاسُ ـــ کَمًّا وکُمُوْمًا: لوگوں کا جمع ہونا۔
ـــ الشَّیْءَ ـــ کَمًّا: ڈھانکنا، چھپانا، منھ بند کرنا۔ جیسے: کَمَّ الدَّنَّ:

مٹکے کا منھ بند کر دیا۔
کَمَّ الشَّھَادَۃَ: گواہی کو پوشیدہ رکھنا۔
ـــ البَعِیْرَ: اونٹ کے منھ پر تھوتھنی چڑھانا (تاکہ وہ کسی کو نہ کاٹے)۔
أَکَمَّتِ النَّخْلَۃُ: کھجور کے درخت کا شگوفہ دار ہونا۔
ـــ قَمِیْصَہُ: کرتے میں آستین لگانا
کَمَّمَتِ النَّخْلَۃُ: شگوفہ دار ہونا۔
ـــ الشَّیْءَ: چھپانا، بند کرنا، منھ بند کرنا
ـــ النَّخْلَۃَ: کھجور کے درخت کو رطب والے بنانے کے لئے کپڑا اڑھانا۔
ـــ الدَّنَّ ونَحْوَہُ: مٹکے وغیرہ کا منھ بند کرنا۔
ـــ فَمَ الحَیَوَانِ: جانور کے منھ پر جالی لگانا، چھینکا لگانا۔
ـــ القَمِیْصَ: قمیص میں آستین لگانا۔
تَکَمَّمَ بِثِیَابِہ: اپنے کپڑوں میں لپیٹنا، کپڑے اوڑھنا۔
الکِمَامُ: جانور کے منھ کی جالی، چھینکا، تھوتھنی (۲) گھوڑے کا منھ بند یا سر بند ج: أَکِمَّۃٌ۔
کِمَامُ الوِقَایَۃِ من الغازات السَّامَّۃِ: زہریلی گیس سے بچاؤ کا چہرہ پوش، گیس ماسک۔
الکِمَامَۃُ: الکِمَامُ (۲) کھجور کے شگوفہ کا غلاف (۳) کلی کا غلاف (۴) گدھے یا اونٹ کی ناک کا برہ (جو مکھیوں کے کاٹنے سے بچاؤ کے لئے لگایا جاتا ہے)، تھوتھنی ج: کَمَائِمُ۔
الکُمُّ: آستین ج: أَکْمَامٌ وکِمَمَۃٌ (۲) کلی کا غلاف ج: أَکْمَامٌ۔ أَکْمَامُ النَّخْلَۃِ: کھجور کے درخت کے قلب کو ڈھانکنے والی شاخیں وغیرہ۔
کُمُّ السَّبُعِ: درندے کے پنجوں کی جھلی۔
الکَمُّ: مقدار۔

الکِمُّ: پھل کا شگوفہ (۲) کھجور کا گابھہ یا شگوفہ کی کٹوری (۳) کسی بھی پھل کا غلاف ج: اکمام۔
الکُمَّۃُ: کسی شئے کو ڈھانکنے والا غلاف نما ظرف (۲) سر کی گول ٹوپی۔
کُمَّۃُ المِصْبَاح: لمپ شیڈ۔
الکَمِّیَّۃُ: مقدار۔
المِکَمُّ: ہل چلانے کے بعد زمین ہموار کرنے کا پٹڑا، ہینگا۔
المِکَمَّۃُ: کھوپنی، منھ بند، منھ کی جالی۔
المَکْمُوْمُ: کھجور کا وہ درخت جس میں شگوفہ کا غلاف نمودار ہوجائے۔
•کَمَنَ فی المکانِ ـُ کُمُوْنًا: چھپنا۔
ـــ لَہٗ: کسی کے تاک یا گھات میں بیٹھنا۔
ـــ النَّاقَۃُ لِقَاحَہَا: اونٹنی کا جفتی کو چھپانا۔ ھی کَمُوْنٌ۔
کَمِنَتْ عَیْنُہٗ ـَ کَمَنَۃً: بیماری وغیرہ کی وجہ سے آنکھ میں اندھیرا آنا، ورم آلود پلکوں والی ہونا۔
اِکْتَمَنَ: پوشیدہ ہونا۔
تَکَمَّنَ: چھپنا، گھات میں بیٹھنا۔
الکَمْنَۃُ: گھات۔
الکامِن: پوشیدہ۔
القُوَّۃُ الکامنۃ: مستور طاقت۔
الکَمُّوْنُ: زیرہ۔ الکَمُّوْنُ البَرِّیُّ: کالا زیرہ۔
الکَمُّوْنُ الحُلْوُ: سونف۔
الکُمْنَۃُ: بیماری کی وجہ سے آنکھ کی تاریکی، بے بصری، بے نوری (جبکہ ظاہر ٹھیک ہو)، آنکھ کی بیماری جس میں پلکیں سوج کر خشک ہوجاتی ہیں۔
الکَمِیْنُ: جنگی حکمت عملی کے تحت چھپنے والے لوگ (۲) کسی معاملہ کا ناقابل فہم ابہام والتباس۔ ھذا اَمْرٌ فیہ کَمِیْنٌ: اس معاملہ میں کوئی بات ضرور ہے جو سمجھ میں نہیں آرہی ہے۔
المُکْتَمِن: پوشیدہ (غم وغیرہ) (۲) غمگین۔

المَکْمَنُ: کمین گاہ، چھپنے کی جگہ ج: مَکَامِن۔
الکَمَنْجَۃُ والکَمَانُ: دوتارہ، سارنگی
•کَمِہَ النَّہَارُ ـَ کَمَہًا وکَمِہَتِ الشَّمْسُ: دن یا دھوپ کا غبار آلود ہونا، دھندلا ہونا، تاریک ہوجانا
ـــ الرَّجُلُ: اندھا ہوجانا، چوندھیانا، کور چشم ہونا۔ ھو اَکْمَہُ وھی کَمْہَاءُ (۲) عقل جاتی رہنا (۳) رنگ بدل جانا (۴) متردد و پریشان ہونا۔
ـــ بَصَرُہٗ: نگاہ جاتی رہنا، چوندھیانا۔
تَکَمَّہَ فی الاَرْضِ: روئے زمین پر بھٹکتے پھرنا، بے مقصد گھومنا، آوارہ پھرنا۔
الاَکْمَہُ: پیدائشی اندھا۔ کَلَأٌ اَکْمَہُ: بہت زیادہ گھاس جس کا سرا ہاتھ نہ آئے۔
الکامِہُ: آوارہ گرد، مارا مارا پھرنے والا جس کا کوئی مقصد اور منزل متعین نہ ہو
الکَمَہُ: پیدائشی اندھاپن، کور چشمی۔
المُکَمَّہُ: وہ شخص جس کی آنکھیں نہ کھلی ہوں۔
•کَمْہَلَ: سفر کے لئے کپڑے اکٹھے کر کے باندھنا۔
ـــ علیٰ فُلانٍ: کسی کے حق کا انکار کرنا، حق روکنا، ادا نہ کرنا۔
ـــ الحَدِیْثَ: بات صاف نہ کرنا، گھما پھرا کر بات کرنا۔
تَکَمْہَلَ الشَّیْءُ: اکٹھا ہونا۔
المُکَمْہَلُ: روئی جس میں بیج موجود ہوں
•کَمَی الیہ ـِ کَمْیًا: کسی کے سامنے آنا۔
ـــ نَفْسَہٗ: زرہ اور خود سے خود کو ڈھانپنا۔ ھو کامٍ ج: کُمَاۃٌ۔
ـــ الشَّہَادَۃَ: گواہی چھپانا۔
ـــ فُلانًا ما فی ضَمِیْرِہٖ: کسی سے اپنے دل کی بات چھپانا۔
اَکْمَی فُلانٌ: لشکر کے بہادر زرہ پوش کو قتل کرنا۔
ـــ مَنْزِلَہٗ: اپنے گھر کو نظروں سے چھپانا۔

اَکْمَی الشَّہَادَۃَ: گواہی چھپانا۔
ـــ علَی الاَمْرِ: پختہ ارادہ کرنا۔
اِکْتَمَی: پوشیدہ ہونا۔
اِنْکَمَی: پوشیدہ ہونا، چھپنا۔
تَکَمَّی فی سِلاحِہٖ: ہتھیاروں سے خود کو ڈھانپنا، ہتھیار بند ہونا۔
ـــ الشَّیْءَ: چھپانا۔
ـــ الفِتَنُ القَوْمَ: لوگوں کا فتنوں میں گھر جانا۔
ـــ قِرْنَہٗ: اپنے مقابل کا قصد کرنا۔
ـــ البَطَلُ القَوْمَ: بہادر کا قوم کے کسی بہادر کو مار ڈالنا۔
الکَمِیُّ: ہتھیار بند، زرہ پوش، پیش قدمی کرنے والا بہادر (مسلح ہو یا غیر مسلح) (۲) اپنے راز کا محافظ ج: اَکْمَاءٌ۔
المُکْتَمِی: ہتھیار بند۔

ک ـــــ ن

•کَنَبَ فُلانٌ ـُ کُنُوْبًا: عزبت کے بعد مال دار ہونا۔
ـــ الشَّیْءُ: دبیز اور موٹا ہونا، سخت اور کھردرا ہونا۔
ـــ الشَّیْءَ فی جِرَابِہٖ ـِ کَنْبًا: اپنے تھیلے میں کوئی چیز محفوظ رکھنا۔ ھو کانِبٌ۔
کَنِبَتْ یَدُہٗ من العَمَلِ ـَ کَنَبًا: کام کاج سے ہاتھ کا کھردرا ہوجانا۔
اَکْنَبَ الشَّیْءُ: سخت ہونا، کھردرا ہونا۔ ھو مُکْنِبٌ۔ اَکْنَبَتِ الیَدُ: سخت محنت کے کاموں کی وجہ سے ہاتھوں کی کھال کا موٹا اور سخت ہوجانا۔
ـــ علیہ بَطْنُہٗ: پیٹ کا سخت ہوجانا اور تکلیف دینا۔
ـــ علیہ لِسانُہٗ: کسی کی زبان کا ساتھ نہ دینا، بند ہوجانا، رک جانا۔
الکانِبُ: شکم سیر۔

اَلْكِنَابُ: کھجور کے درخت کی خوشہ دار ٹہنی۔
اَلْكَنَبُ: ہاتھ، پیر، کھر وغیرہ کا کھردرا پن، سختی۔
اَلْكَنَبَةُ: صوفہ جس پر کئی آدمی بیٹھ سکیں، تکیہ دار بنچ۔
اَلْكَنِيبُ: سوکھا درخت (۲) وہ درخت جس کے کانٹے سوکھ کر جھڑ گئے ہوں۔
اَلْمِكْنَبُ وَالْمُكْنِبُ: وہ شخص جس کے ہاتھ سخت کام کی وجہ سے کھردرے ہو گئے ہوں (۲) سخت (کھر)۔
اَلْمُكَنِّبُ: پست قد۔
• اَلْكِنْبَارُ: ناریل کے ریشوں کی رسّی۔
اَلْكِنْبِرَةُ: ناک کا موٹا بانسا۔
• كَنِتَ فُلَانٌ فِي خَلْقِهِ ـُ كَنْتًا: طاقتور ہونا۔
كَنِتَ السِّقَاءُ ـَ كَنَتًا: مشک کا دودھ وغیرہ لگا رہ جانے سے بدبودار ہونا متعفن ہونا۔ هُوَ كَنِيتٌ وَ قَنِيتٌ۔
اَكْتَنَتَ الرَّجُلُ: ماتحت اور تابع دار ہونا (۲) خوش و راضی ہونا۔
اَلْكُنْتِيُّ: سخت و طاقتور (۲) بڑا بوڑھا۔
• اَلْكَنْتِينُ: کینٹین۔ درس گاہ یا فوجی چھاؤنی وغیرہ میں خورد و نوش کی اشیا فروخت کرنے کی جگہ (معرب)۔
اَلْكَنِيتُ: پانی روکنے والی مشک۔
اَلْكِنْتَالُ: کوئنٹل (معرب)۔
• كَنَدَ الشَّيْءَ ـُ كَنْدًا: کاٹنا۔
ـــ النِّعْمَةَ كُنُودًا: نعمت کی ناشکری کرنا۔ هُوَ وَهِيَ كَنُودٌ۔ قرآن پاک میں ہے: "اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ"
اَلْكِنْدَةُ: پہاڑ کا ٹکڑا۔
اَلْكَنُودُ: ناشکرا، ناسپاس جو خدا کو ملامت کرتا ہو، اس کے انعامات فراموش کر کے صرف مصائب کا ذکر کرتا ہو (۲) بخیل (۳) گنہگار (۴) بنجر زمین۔
اَلْكُنَادِرُ: سخت و موٹا اور پست قد آدمی (۲) موٹا گاؤ خر۔ حِمَارٌ كُنَادِرٌ۔
كَنَدَا: کنیڈا، ایک ملک۔
اَلْكَنَدِيُّ: کنیڈا کا رہنے والا۔
اَلْكِنْدَارَةُ: کوہان دار مچھلی۔
اَلْكُنْدُرُ: اَلْكُنَادِرُ۔ جمع کے لئے کہا جائیگا فِتْيَانٌ كَنَادِرَةٌ: مضبوط و موٹے بدن کے نوجوان (۲) لوبان جس کی دھونی دی جاتی ہے۔
اَلْكُنْدُرَةُ: سخت و بلند زمین (۲) وہ جگہ جو باز کے بیٹھنے کے لئے بنائی جاتی ہے۔
• كَنَّرَ فُلَانٌ: بھاری اور بھدا ہونا۔
اَلْكُنَّارُ: بیر۔
اَلْكَنَارِيُّ: ایک خوش آواز پرندہ (بلبل جیسا)۔
اَلْكِنَّارَةُ: لکڑی، شاخ (۲) عورتوں کے بجانے کی ڈھولکی یا باجہ ج: كَنَانِيرُ
• كَنَزَ الْمَالَ ـِ كَنْزًا: مال زمین میں دفن کرنا (۲) جمع کرنا، محفوظ رکھنا۔ هُوَ كَانِزٌ وَكَنَّازٌ وَالْمَالُ مَكْنُوزٌ وَكَنِيزٌ۔ قرآن پاک میں ہے: "هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ"
ـــ الشَّيْءَ: کسی چیز کو زمین یا برتن میں رکھ کر ہاتھ یا پاؤں سے دبانا (دبا کر چھوٹا کرنا)۔
ـــ الْإِنَاءَ: برتن کو خوب بھرنا۔
ـــ الرُّمْحَ: نیزہ کو زمین میں گاڑنا۔
اَكْتَنَزَ الشَّيْءُ: اکٹھا اور بھرا ہوا ہونا، ٹھکا ہوا یا گٹھا ہوا ہونا۔
ـــ اللَّحْمُ: گوشت کا بھرا ہوا اور ٹھکا ہوا ہونا، بھرپور ہونا۔
ـــ الْكِتَابُ: کتاب کا فوائد سے بھرپور ہونا
اَكْتَنَزَ الْمَالَ: جمع کرنا، ذخیرہ کرنا۔
اَلْكَنَازُ: کھجوروں کے ذخیرہ کرنے کا موسم۔
اَلْكِنَازُ: پر گوشت اور طاقتور۔ جَارِيَةٌ وَنَاقَةٌ كِنَازٌ ج: كُنُزٌ وَكِنَازٌ (مفرد کے وزن پر)۔
اَلْكَنَّازُ: بہت مال جمع کرنے والا، ذخیرہ اندوز
اَلْكَنْزُ: زمین میں دبا ہوا مال، مدفون خزانہ (۲) وہ چیز جس میں مال رکھ دیا گیا ہو: ج: كُنُوزٌ۔
اَلْمُكْتَنِزُ: گٹھا ہوا، ٹھکا ہوا، بھرپور۔
اَلْمَكْنَزُ: ذخیرہ گاہ، مال دبانے کی جگہ ج: مَكَانِزُ۔
• كَنَسَ الظَّبْيُ ـِ كُنُوسًا: ہرن کا اپنی پناہ گاہ میں جانا۔ هُوَ كَانِسٌ ج: كُنَّسٌ وَكُنُوسٌ۔
ـــ النُّجُومُ كُنُوسًا: ستاروں کا اپنے راستوں پر ٹھیر کر واپس آجانا۔ هِيَ كَانِسَةٌ ج: كُنَّسٌ۔
اَلْجَوَارِي الْكُنَّسُ: تمام ستارے یا چلنے والے ستارے، چھپ جانے والے ستارے۔
ـــ الْمَكَانَ ـُ كَنْسًا: جھاڑو دینا، جھاڑو سے صفائی کرنا۔
ـــ النَّاسَ: صفایا کرنا۔ مَرُّوا بِهِمْ فَكَنَسُوهُمْ: ان کے پاس سے گذرے تو ان کا صفایا کر دیا۔
ـــ فِي وَجْهِ فُلَانٍ: کسی کا مذاق اڑانا
ـــ أَنْفَهُ: مذاق اڑانے کے لئے ناک ہلانا
اَكْتَنَسَ الظَّبْيُ: ہرن کا اپنی پناہ گاہ میں داخل ہونا۔
تَكَنَّسَ الرَّجُلُ: چھپنا، پوشیدہ ہونا۔
ـــ الْمَرْأَةُ: عورت کا ہودہ میں داخل ہونا
ـــ الظَّبْيُ: كَنَسَ۔
اَلْكِنَاسُ: درختوں میں ہرن کی پناہ گاہ ج: كُنُسٌ وَاَكْنِسَةٌ۔

الكُنَاسَةُ: کوڑا جو جھاڑو سے اکٹھا ہوتا ہے (۲) کوڑا خانہ۔
الكَنَّاسُ: جاروب کش، بھنگی۔
الكَنْسُ: صفائی، آرائش۔
الكَنِيسُ: یہودیوں کا عبادت خانہ۔
الكَنِيسَةُ: یہود و نصاری کا عبادت خانہ گرجا (۲) ہودہ جیسی پالکی جس کو کجاوہ یا محمل پر ڈنڈے اور اس پر کپڑے سے سایہ کرکے بنایا جاتا ہے ج: كَنَائِسُ۔
المَكْنَسُ: گرمی میں جنگلی جانوروں کی جھاڑیوں کی پناہ گاہ۔
المِكْنَسَةُ: جھاڑو ج: مَكَانِسُ۔
• كَنَشَ الكِسَاءَ ـُ كَنْشًا: چادر وغیرہ کے کنارے بٹنا۔
— السِّوَاكَ الخَشِنَ: نئی کھردری مسواک کو نرم کرنا۔
الكُنْشَاءُ: جھریاں پڑا ہوا بدشکل آدمی۔
الكُنَاشَةُ: وہ جڑ جس سے شاخیں پھیلتی ہوں (۲) نوٹ بک، یادداشت کی کاپی۔
• كَنَظَهُ الأَمْرُ ـِ كَنْظًا: کسی کام کا کسی کو اتنا تھکا دینا کہ وہ مرنے کے قریب ہو جائے۔
الكُنْظَةُ: تنگی، پریشانی۔
• كَنَعَ الشَّيءُ ـَ كَنْعًا و كُنُوعًا: سوکھ کر سمٹ جانا، سکڑ جانا۔
— العُقَابُ: عقاب کا شکار پر دوڑنے کے لئے بازو سمیٹنا۔ هي كَانِعَةٌ۔
— النَّجْمُ: غروب کے قریب ہونا۔
— الأَمْرُ: نزدیک ہونا۔
— فُلانٌ: شرم و ندامت سے سر جھکانا، (۲) سوال کے وقت حقیر بن جانا۔ هو كَانِعٌ۔
— عن الأَمْرِ: کسی کام سے ڈر کر بھاگ جانا۔
— عن الطَّرِيقِ: راہ سے ہٹنا۔

كَنِعَ في الشَّيءِ: خواہش و طمع کرنا۔
— المِسْكُ بالثَّوبِ: کپڑے سے مشک چپک جانا اور جم جانا۔
كَنِعَ الشَّيءُ ـَ كَنَعًا: لگا رہنا (۲) خشک ہو کر سکڑ جانا، اینٹھنا۔
— فُلانٌ: پچھڑ جانا۔ هو كَنِعٌ (۲) بے حرکت ہو جانا۔ هو أَكْنَعُ و هي كَنْعَاءُ ج: كُنْعٌ۔
أَكْنَعَت العُقَابُ: كَنَعَتْ۔
— فُلانٌ: کسی چیز کے لئے ذلت اختیار کرنا یا ذلیل ہونے کے قریب ہو جانا حقیر بن جانا، حقارت سے سوال کرنا۔
— الإِبِلَ إليه: اونٹوں کو اپنے سے قریب کرنا۔
— أَصَابِعَهُ او يَدَهُ: انگلیوں یا ہاتھ پر مار کر اسے خشک اور سکڑا ہوا کر دینا۔
كَنَّعَ عن الشَّيءِ: انحراف کرنا، الگ ہونا۔
— أَصَابِعَه او يَدَهُ: أَكْنَعَهَا۔
— فُلانًا: کسی کے سر پر مارنا۔
— فُلانًا بالسَّيفِ: کسی کو زور سے تلوار مارنا کہ اس کی کہنیاں ٹیڑھی ہو جائیں
اِكْتَنَعَ القَوْمُ: جمع ہونا۔
— اللَّيلُ: رات قریب آنا۔
— عليه: مہربان ہونا۔
تَكَنَّعَ فُلانٌ: قلعہ بند ہونا کسی جگہ محفوظ ہونا۔
— يَدَاهُ و رِجْلاهُ: زخم کی وجہ سے ہاتھ پاؤں کا سکڑنا اور خشک ہونا
— منه: نزدیک ہونا۔
— به: اٹکنا، لٹکنا، چمٹنا۔
— الأَسِيرُ في قِدِّه: قیدی کا اس کے تسمہ سے بندھ کر سکڑنا سمٹنا۔
الأَكْنَعُ: وہ شخص جس کے دونوں ہاتھ کٹے ہوئے ہوں (۲) ناقص و ناتمام (کام) ج: كُنْعٌ۔
الكَانِعُ: کم ظرف اور چھوٹا بن جانے والا۔
أَسِيرٌ كَانِعٌ: تسمہ سے بندھا ہوا قیدی۔ رَجُلٌ كَانِعٌ: وہ شخص جو کسی کے پاس طالب بخشش ہو کر اپنے اہل و عیال کے ساتھ مقیم ہو گیا ہو۔
الكِنْعُ: پہاڑ کے قریب بچا ہوا پانی۔
الكَنِيعُ: راہ راست سے ہٹ کر دوسری راہ پر چلنے والا (۲) شکستہ دست، ٹوٹے ہوئے ہاتھ والا (۳) سخت بھوک۔
رَجُلٌ كَنِيعٌ: گھٹے ہوئے بدن کا آدمی۔
المَكْنُوعُ: جس کے دونوں ہاتھ کٹے ہوئے ہوں۔
• كَنَفَ الكَيَّالُ ـُ كَنْفًا: ناپنے والے کا پیمانہ کے سرے کو دونوں ہاتھوں سے پکڑنا۔
— القَوْمُ: لوگوں کا تنگی و پریشانی کی بنا پر اپنا مال محفوظ کر لینا۔
— عن الشَّيءِ: ہٹنا، الگ ہونا، کنارہ کشی اختیار کرنا۔ هو كَانِفٌ۔
— الشَّيءَ عنه: روکنا، کوئی چیز کسی کو نہ دینا۔
— الشَّيءَ: حفاظت کرنا، محفوظ کرنا۔
فُلانٌ مَخْذُولٌ لا تَكْنُفُهُ من اللهِ كَانِفَةٌ: فلاں کے مقدر میں رسوائی لکھی جا چکی اس کو اللہ سے کوئی چیز بچا نہیں سکتی۔
— فُلانًا و بِفُلانٍ: کسی کو اپنے گھر کا فرد بنا لینا، اپنے میں شامل کر لینا۔
— يَدَهُ: ہاتھ کا چلو بنانا۔
— الكَنِيفَ كَنْفًا و كُنُوفًا: بیت الخلا بنانا، پردہ کی آڑ بنانا۔
— الدَّارَ: گھر میں بیت الخلا بنانا۔

کَنَفَ الْاِبِلَ والْغَنَمَ: اونٹوں اور بکریوں کے لئے باڑھ بنانا، تھان بنانا۔
—— لِاِبِلِه: اونٹوں کے لئے تھان بنانا۔
اَکْنَفَ الشَّیْءَ: حفاظت کرنا۔
—— فُلَانًا: کسی کو اس کی ضرورت میں مدد دینا۔ جیسے: اَکْنَفَهُ الصَّیْدَ: اسے شکار پکڑنے میں مدد دی۔
کَانَفَهُ: مدد دینا۔
کَنَّفَ الشَّیْءَ: کسی چیز کا احاطہ کرنا۔
اَکْتَنَفَ الْقَوْمُ: بیت الخلا بنانا (۲) اونٹوں کا تھان یا باڑھ بنانا۔
—— النَّاقَةُ: سردی کی وجہ سے اونٹنی کا اونٹوں کے پہلوؤں میں چھپنا۔
—— فُلَانًا: کسی کو اپنی حفاظت میں لینا (۲) گھیرنا۔
تَکَنَّفَهُ: اَکْتَنَفَه۔
الکَانِفَةُ: پناہ، دشمن سے بچاؤ کی آڑ۔
انْهَزَمُوا فَمَا کَانَتْ لَهُمْ کَانِفَةٌ: انہوں نے اس طرح شکست کھائی کہ ان کو کوئی پناہ گاہ نہ مل سکی۔
الکُنَافَةُ: سویّاں (دودھ کے ساتھ یا چینی کے قوام کے ساتھ)۔
الکَنَفُ: کسی چیز کا کنارہ (۲) سایہ (۳) کنارہ، بازو، پہلو (۴) حفاظت، حمایت (۵) گود۔ فی کَنَفِ اللهِ: اللہ کی حفاظت میں اور خدا حافظ بوقت الوداع دعا۔ ج: اَکْنَافٌ۔ کَنَفَا الرَّجُلِ: آدمی کا دایاں اور بایاں پہلو۔
کَنَفُ الطَّائِرِ: پرندہ کا بازو۔
کَنَفُ اللهِ: اللہ کی رحمت، اس کا سایہ، اس کی حفاظت، پردہ پوشی۔
الکِنْفُ: ہر وہ ظرف جس میں کوئی چیز محفوظ کی جائے، تھیلا، بیگ وغیرہ۔
الکَنَفَانِیُّ: سویّاں بنانے اور بیچنے والا۔

الکَنُوفُ: اونٹوں کے پہلو میں سردی سے بچنے کے لئے پناہ لینے والی اونٹنی (۲) وہ اونٹنی جو اونٹوں سے الگ تھلگ ہو کر اپنی جگہ بیٹھے (۳) ریوڑ سے دور رہ جانے والی بکری ج: کُنُفٌ۔
الکَنِیفُ: پردہ، آڑ (۲) ڈھال۔ تُرْسٌ کَنِیفٌ: مضبوط ڈھال (۳) گھر کے دروازے کا پردہ (۴) درختوں یا لکڑیوں کا بنا یا ہوا اونٹوں اور بکریوں کا تھان، باڑھ (۵) بیت الخلاء ج: کُنُفٌ۔
المُکَنَّفُ: رَجُلٌ مُکَنَّفُ اللِّحْیَةِ: بڑی داڑھی والا۔
• کَنْفَشَ: فتنوں کے دنوں میں گھر کے اندر رہنا (۲) داڑھی کی جڑ کا ورم آلود ہونا۔
• کَنْکَنَ فُلَانٌ: بھاگ جانا (۲) سست ہو کر گھر بیٹھ رہنا۔
الکُنْکَانُ: تاش کے پتوں کا کھیل۔
• کَنَّ الشَّیْءُ ـِ کُنُونًا: پوشیدہ ہونا چھپ جانا۔
—— الشَّیْءَ ـُ کَنًّا: چھپانا، دھوپ سے بچانا (لڑکی کو) نظروں سے بچانا۔
اَکَنَّ الشَّیْءَ: چھپانا، دل میں رکھنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاِنَّ رَبَّكَ لَیَعْلَمُ مَا تُکِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا یُعْلِنُوْنَ"
کَنَّنَ الشَّیْءَ: بہت چھپانا۔
اکْتَنَّ الشَّیْءُ: چھپنا، پوشیدہ ہونا۔
اکْتَنَّتِ الْمَرْاَةُ: عورت کا حیا سے چہرہ ڈھانکنا، پردہ کرنا۔
—— الشَّیْءَ: چھپانا۔
استَکَنَّ الشَّیْءُ: چھپنا، پوشیدہ ہونا، —— گھر واپس آنا یا جانا۔
الکَانُونُ: چولہا، اسٹوو (۲) بھاری بھرکم آدمی (۳) وہ شخص جو خبریں اور باتیں سننے کے لئے بیٹھے اور پھر ان کو دوسری جگہ نقل کرے ج: کَوَانِینُ۔
کَانُونُ الْاَوَّلُ: ماہ دسمبر۔
کَانُونُ الثَّانِی: ماہ جنوری۔
الکَانُونَةُ: چولہا۔
الکِنَانُ: ڈھکن (۲) ہر وہ چیز جو ایسی دوسری چیز کی حفاظت کرے جسے وہ چھپاتی ہو، غلاف، پردہ ج: اَکِنَّةٌ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَقَالُوا قُلُوبُنَا فِی اَکِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُونَا اِلَیْهِ"
الکِنَانَةُ: تیر رکھنے کا چمڑے کا تھیلا، ترکش ج: کَنَائِنُ (۲) سرزمین مصر (مجازاً)
الکِنُّ: الکِنَانُ (۲) عمارت یا غار وغیرہ جہاں گرمی اور سردی سے بچاؤ ہو سکے، پناہ گاہ ج: اَکْنَانٌ واَکِنَّةٌ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاللهُ جَعَلَ لَکُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلَالًا وَّجَعَلَ لَکُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَکْنَانًا۔ (۳) گھونسلا (۴) گھر ج: اَکْنَان۔
الکَنَّةُ: بہو (بیٹے کی بیوی) (۲) بھاوج (بھائی کی بیوی) ج: کَنَائِنُ۔
کُنَّةُ (الباب): دروازے کا گھونگھٹ، دروازے کا شیڈ، سائبان (۲) دیوار کا کنگورہ، چھجا (۳) خواب گاہ، اندرون خانہ چھوٹی کوٹھڑی (۴) گھر میں دیوار کی الماری یا طاقچہ ج: کِنَانٌ۔
الکِنَّةُ: پوشیدگی، حفاظت، پردہ۔
الکَنِینُ: پوشیدہ۔
المُسْتَکِنَّةُ: کینہ، بغض۔
المَکْنُونُ: آنکھوں سے دور، پوشیدہ قرآن پاک میں ہے: "فِی کِتَابٍ مَّکْنُونٍ" (۲) وہ پوشیدہ چیز جہاں ہاتھ نہ پہنچ سکیں۔ قرآن پاک میں ہے: "وَیَطُوفُ عَلَیْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ کَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّکْنُونٌ"

• کَنَہَ الاَمْرَ ـُ کُنْہًا: حقیقت جاننا، اصل تک پہنچنا، تہ تک پہنچنا۔
اَکْنَہَ الاَمْرَ: کسی معاملہ کی تہ تک پہنچنا۔
اِکْتَنَہَ الاَمْرَ: حقیقت پالینا، معاملہ کی تہ کو پہنچنا۔
اَلْکُنْہُ: کسی شے کی حقیقت، جوہر، اصلیت (۲) تہ، آخری حد۔ بَلَغْتُ کُنْہَ ھٰذَا الاَمْرِ: میں اس معاملہ کی تہ کو پہنچ گیا۔ اَعْرِفُہٗ کُنْہَ الْمَعْرِفَۃِ: میں اس سے پوری طرح واقف ہوں (۳) مقدار۔ فَعَلَ فَوْقَ کُنْہِ اِسْتِحْقَاقِہٖ: اپنے استحقاق سے زیادہ اس نے کیا (۴) وقت، موقع فَعَلْتُ ھٰذَا الشَّیْءَ فِیْ غَیْرِ کُنْہِہٖ: میں نے ایسا بے موقع کیا۔
اَدْرَکَ کُنْہَ الشَّیْءِ: اس نے فلاں چیز کی حقیقت کو پالیا۔
• الکَنَہْوَرُ: پہاڑ جیسے بادل، بہت بڑا سفید بادل۔ واحد: کَنَہْوَرَۃٌ۔
• کَنَہْفَ: دیکھئے (کہف)۔
• کَنّٰی عن کذا ـِ کِنَایَۃً: صراحت کے بجائے اشارۃً بات کرنا، ایک لفظ بول کر اس کا غیر مدلول مراد لینا، کسی بات کو ایسے لفظ سے ظاہر کرنا جو اس کے لئے وضع نہ کیا گیا ہو اور اس سے استدلال کیا جاتا ہو جیسے: کَثِیْرُ الرَّمَادِ بول کر سخی مراد لیا جائے۔ ھو کَانٍ۔
ـــ الرَّجُلَ بِاَبِیْ فُلَانٍ وَ اَبَا فُلَانٍ کُنْیَۃً: نام رکھنا، کنیت دینا۔
اَکْنَاہُ وَ کَنَّاہُ بِکَذَا: کسی کو کوئی کنیت یا لقب نما دینا۔
اِکْتَنٰی بِکَذَا: کسی نام سے موسوم ہونا، اپنا نام رکھنا، اپنی کوئی کنیت اختیار کرنا۔
تَکَنّٰی فُلَانٌ: لڑائی کے وقت تعارف کیلئے اپنی کنیت کا بتانا (۲) پوشیدہ ہونا۔
تَکَنّٰی بِکَذَا: کوئی کنیت یا لقب اختیار کرنا، اپنا کوئی نام رکھنا۔
اَلْکِنَایَۃُ: کنایہ، اشارہ۔ علم البیان میں وہ لفظ جس کے معنیٰ کا کوئی لازم (متعلق) مراد لیا جائے اور اصلی معنی مراد لینے کا بھی اس بنیاد پر جواز ہو کہ وہاں کوئی ایسا قرینہ نہ ہو جو معنیٰ اصلی مراد لینے سے مانع ہو، اس کی چند قسمیں ہیں (۲) موصوف کا کنایہ جیسے: اُمَّۃُ الدُّولَارِ (ڈالر دول والی قوم) بول کر امریکا مراد لیا جائے۔ امریکا موصوف ہے اس کا بیان اُمَّۃُ الدولار سے کیا گیا ہے جو اس کا ایک لازم (متعلق) ہے۔ نیز جیسے: اَلنَّاطِقُوْنَ بِالضَّادِ بول کر عرب مراد لئے جائیں یا عربی زبان بولنے والے مراد لئے جائیں (۳) صفت کا کنایہ۔ جیسے: نَظَافَۃُ الْیَدِ بول کر عفت وامانت کا ارادہ کیا جائے، ہاتھ کی صفائی صفت ہے اور اس کا لازم عفت وامانت ہے (۴) صفت کی موصوف کے ساتھ نسبت کا کنایہ۔ جیسے: اَلذَّکَاءُ مِلْءُ عَیْنِ ھٰذَا الرَّجُلِ: اس کی آنکھ سراپا ذکاوت ہے۔ رجل موصوف اور ذکاء صفت دونوں مذکور ہیں مگر ان کی نسبت کو صراحۃً یوں نہیں کہا گیا۔ ھٰذَا الرَّجُلُ ذَکِیٌّ بلکہ اس نسبت کا اظہار ایک ایسے لفظ سے کیا گیا جو اس کا لازم ہے یعنی جب کسی میں ذکاوت ہوگی تو وہ آنکھوں میں نمایاں ہوگی۔
اَلْکُنْیَۃُ: نام اور لقب کے علاوہ کسی شخص کا کوئی مقرر کردہ نام۔ جیسے: ابو الحسن، امّ الخیر وغیرہ اس کے شروع میں لفظ اب، ابن، بنت، اخ، اخت، عمّ، عمّۃ، خال، خالۃ میں سے کسی ایک کا ہونا ضروری ہے کنیت کو نام اور لقب کے ساتھ بھی استعمال کیا جاتا ہے اور ان کے بغیر بھی اس کا مقصد صاحب کنیت کی شان وعظمت کا اظہار ہوتا ہے اور معززین کے لئے خاص ہے۔ بعض حیوانات کی اجناس کے لئے کنیت استعمال کی جاتی ہے جیسے شیر کے لئے ابو الحارث بجّو کے لئے اُمّ عامر وغیرہ (۲) ایسی چیز کا کنایہ جس کا نام لینا ناپسند اور برا ہو ج: کُنًی۔

ک ـــــ ہ

• کَہِبَ لَوْنُہٗ ـَ کَہَبًا و کُہْبَۃً: سیاہی مائل بھورا ہونا۔ ھو اَکْہَبُ و ھی کَہْبَاءُ ج: کُہْبٌ۔
اِکْہَابَّ لَوْنُہٗ: سیاہی مائل بھورے رنگ کا گہرا ہونا (۲) رنگ تبدیل ہوجانا۔
اَلْکَہْبُ: بڑی عمر کا اونٹ یا بڑی عمر کی بھینس۔
اَلْکُہْبَۃُ: گہرا مٹیالا رنگ، سیاہی مائل بھورا رنگ۔
• کَہَدَ فُلَانٌ ـَ کَہْدًا و کَہَدَانًا: کسی چیز کی مانگ پر اصرار کرنا (۲) تھک کر چور ہوجانا۔
ـــ فِی الْمَشْیِ: تیز چلنا۔
ـــ فُلَانًا: کسی کو تیز چلانا، دوڑانا۔
اَکْہَدَ فُلَانًا: تھکا دینا، مشقت میں ڈالنا
اَلْوَہَدُّ الشَّیْخُ و الْفَرْخُ: کمزوری سے کانپنا۔
اَلْکَہْدَاءُ: باندی، کنیز (کیونکہ وہ خدمت میں تیز وپھرتیلی ہوتی ہے)۔
اَلْکَہُوْدُ: اَتَانٌ کَہُوْدُ الْیَدَیْنِ:

تیز رفتار گدھی۔
الکَوْھَدُ : بڑھاپے سے کانپنے والا۔
• کَھَرَ النَّھَارُ ـ کَھْرًا : دن چڑھنا کَھَرَ الضُّحٰی بھی کہتے ہیں۔
ــــ الحَرُّ : گرمی سخت ہونا۔
ــــ فُلَانٌ : ہنسنا۔
ــــ الغُلَامَ : لڑکے کا کھیلنا۔
ــــ فُلَانًا : کسی کو روکنا یا اس پر زبردستی کرنا (۲) ترش روئی سے پیش آنا (تحقیر کی بنا پر)۔
ــــ القَومَ : خسرو داماد کی کارشتہ قائم کرنا۔
الکُھْرُوْرُ و الکُھْرُوْرَۃُ : تکبر و ترش روئی سے لوگوں کو جھڑکنے والا۔
• کَھْرَبَ مَسْقَطَ المَاءِ : پانی کے زور کے ساتھ گرنے کی جگہ سے بجلی پیدا کرنا۔
ــــ الشَّیْءَ : برتانا کسی چیز میں بجلی کی طاقت بھرنا۔
ــــ الاَسْلَاکَ : تاروں میں بجلی دوڑانا
ــــ المَصْنَعَ وغیرَہٗ : کارخانہ کی مشینوں کو بجلی سے چلانا۔
ــــ الخَطَّ الحَدِیْدِیَّ : ریلوے لائن کو بجلی دار بنانا، اس پر ٹرین کو بجلی سے چلانا۔
ــــ الشَّیْءَ أوِ الشَّخْصَ : کسی چیز یا شخص کو بجلی کا شاک لگنا (جو کبھی جان لیوا بھی ہوجاتا ہے)۔
تَکَھْرَبَ : بجلی پیدا ہونا (۲) بجلی والا ہونا بجلی سے چلنے والا ہونا۔
الکَھْرَبَاءُ و الکَھْرَبَا : بجلی، یہ دراصل ایک درخت سے نکلنے والا زرد رنگ کا گوند جیسا مادہ ہے جس میں جذب و کشش کی طاقت پہلی بار دریافت کی گئی جو رگڑنے سے پیدا ہوتی ہے اور تنکوں وغیرہ کو کھینچ لیتی ہے (۲) ایک ایسا فطری محرک جو عام طور پر مخصوص حالات میں رگڑ یا تولید حرارت یا عمل کیمیاوی کی بنا پر جذب و کشش کی کیفیات پیدا کرتا ہے۔
الکَھْرَبَائِیُّ : برقی عمل کا ماہر، بجلی سے متعلق علوم کا ماہر (۲) بجلی کا کام کرنے والا (۳) الیکٹریکل، برقی، بجلی سے متعلق۔
الکَھْرَبَائِیَّۃُ : برقی طاقت، بجلی۔
الکَھْرَبَۃُ : بجلی کا حصول (کسی بھی ذریعہ سے ہو) (۲) بجلی بھرنے کا عمل، بجلی چارجنگ (۳) بجلی کا شاک، جھٹکا۔
المُکَھْرَبُ : بجلی دوڑایا ہوا۔
الکَھْرَمَانُ : عنبر، ایک سخت پیلی یا سرخی مائل رکازی رال۔
• اِکْتَھَفَ : غار میں رہنا۔
تَکَھَّفَ : غار میں رہنا۔
ــــ الجَبَلُ : پہاڑ میں بڑے بڑے غار ہونا۔
ــــ البِئْرُ : پانی کا کنوئیں کی تلی کو کھا کر لہرانے کی آواز پیدا کرنا۔
ــــ الرِّئَۃُ : سل کی بیماری سے پھیپھڑے میں گڑھے پڑ جانا۔
کَنْھَفَ عنہ : کسی کے پاس سے تیزی سے گزر جانا (نون زائد ہے)۔
الکَھْفُ : پہاڑ میں تراشا ہوا گھر (۲) پہاڑ کا بڑا غار ج : کُھُوْفٌ (غار چھوٹا ہوتا ہے اور کہف اس سے زیادہ وسیع ہوتا ہے)۔ پناہ گاہ۔ فُلَانٌ کَھْفُ قومِہٖ۔ أَصْحَابُ الکَھْفِ : حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے پہلے کے سات موحّد نوجوان جو ایک غار میں آکر سوئے تھے جن کا ذکر قرآن پاک کی سورۂ کہف میں اس طرح ہے "اِذْ اَوَی الفِتْیَۃُ اِلَی الکَھْفِ فَقَالُوا رَبَّنَا اٰتِنَا مِنْ لَدُنْکَ رَحْمَۃً وَّھَیِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا، فَضَرَبْنَا عَلٰی اٰذَانِھِمْ فِی الکَھْفِ سِنِیْنَ عَدَدًا" الخ
• کَہْ کَہْ : ہنسنے، بانسری بجانے، اونٹ کے بلبلانے، شیر کے دھاڑنے کی آواز کی نقل، سردی زدہ کے ہاتھ کو سانس سے گرم کرنے کی آواز۔
کَھْکَہَ المَقْرُوْرُ : سردی زدہ کا ہاتھ منھ پر رکھ کر سانس لینا (۲) شیر یا اونٹ کا آواز نکالنا (۳) آدمی کا قہقہہ لگانا، بانسری بجانا۔
تَکَھْکَہَ عنہ : کسی چیز سے عاجز رہنا۔
الکُھَاکَۃُ : وہ شخص جو ہنستا ہوا معلوم ہو لیکن ہنس نہ رہا ہو۔
الکَھْکَاۃُ : کمزور۔
الکَھْکَاھَۃُ : خوف زدہ، سہما ہوا (۲) موٹی لڑکی یا کنیز۔
• کَاھَلَ فُلَانٌ : ادھیڑ عمر ہونا (۲) شادی کرنا، شادی شدہ ہونا۔
اِکْتَھَلَ : کاھَلَ۔
ــــ النَّعْجَۃُ : دنبی کی عمر پوری ہو جانا
ــــ النَّبْتُ : پودے کی لمبائی مکمل ہو کر کلیاں نمودار ہو جانا۔
ــــ الرَّوْضَۃُ : باغ کا کلیوں اور پودوں سے بھر جانا۔
تَکَھَّلَ النَّبَاتُ : نباتات کی لمبائی مکمل ہو جانا۔
الکَاھِلُ : کندھے اور گردن کی جڑ تک کے درمیان کا حصہ، پیٹھ کا بالائی حصہ (۲) کندھا، مونڈھا۔ فُلَانٌ کَاھِلُ بَنِی فُلَانٍ : فلاں شخص فلاں قبیلہ کا سہارا اور مددگار ہے۔ اِنَّہٗ لَشَدِیْدُ الکَاھِلِ : مضبوط و طاقتور (۳) گھوڑے کی گردن سے متصل پیٹھ کا بالائی حصہ (اس حصہ میں چھڑی کے

فقرے (حلقے) ہوتے ہیں (۴) غضبناک آدمی کی آواز (۵) مست سانڈ کی آواز۔
اِنَّهُ لَذُو كاهِلٍ: وہ آواز والا یا طاقتور ہے ج: كَوَاهِل۔ كَوَاهِلُ اللَّيْلِ: رات کے ابتدائی اوقات جو درمیان شب تک رہتے ہیں۔
الكَهْلُ: ادھیڑ عمر کا، تیس سال سے پچاس سال تک کی عمر کا آدمی ج: كُهُولٌ وكُهَّلٌ وكُهْلان۔ طَارَ لَهُ طَائِرٌ كَهْلٌ: دنیا میں خوش نصیب ہونے والا۔
الكُهْلُولُ: سخی وکریم۔
الكُهُولَةُ: ادھیڑ عمری۔
•كَهُمَ الرَّجُلُ ـ كَهَامَةً: کسی کی مدد نہ کرسکنا، لڑائی نہ کرسکنا۔ هو كَهَامٌ۔
ـــ السَّيْفُ: تلوار کا کند ہوجانا۔ هو كَهَامٌ وكَهِيمٌ۔
ـــ الشَّدَائِدُ الرَّجُلَ كَهْمًا: مصائب کا کسی کو کچل ڈالنا، بے ہمت کر دینا، بزدل بنا دینا۔
كَهُمَ بَصَرُهُ ـ كَهَامَةً: نگاہ کمزور ہوجانا، ہلکا ہوجانا۔
ـــ لِسَانُهُ: زبان بند ہوجانا، بولنے پر قدرت نہ رہنا۔ هو كَهَامٌ وكَهِيمٌ
اَكْهَمَ بَصَرُهُ: نگاہ کمزور ہونا۔
كَهَّمَتْهُ الشَّدَائِدُ: مصائب کا کسی کو بالکل پست ہمت اور کمزور کر دینا۔
تَكَهَّمَ فُلَانٌ: كَهُمَ (۲) فتنہ کی زد میں آنا
الكَهَامُ: کند (تلوار)، بند یا کلام سے عاجز (زبان)، بزدل و کم ہمت (آدمی) عمر رسیدہ مفلس۔
•كَهْمَسٌ: دونوں پاؤں ملاکر مٹی اڑاتے ہوئے چلنا۔
الكَهْمَسُ: پست قد (۲) بدشکل (۳) شبیر

(۴) بھیڑیا (۵) بڑے کوہان والی اونٹنی۔
•كَهَنَ لَهُ ـ كَهَانَةً: غیب کی خبر دینا (اٹکل سے آئندہ کی باتیں بتانا) هو كاهِنٌ ج: كُهَّان وكَهَنَةٌ۔ كَهَنَ لَهُمْ: کاہنوں والی بات کہنا۔
كَهُنَ ـ كَهَانَةً: کاہن بن جانا یا کہانت کا مزاج و طبیعت کا ایک حصہ بن جانا
كاهَنَهُ: کسی کی طرف مائل ہونا، جانبداری کرنا۔
تَكَهَّنَ لَهُ: كَهَنَ: کاہن جیسی بات کہنا۔
الكاهِنُ: غیب دانی کا مدعی، بہت دقیق علمی معلومات کا حامل، پیش گوئی کرنے والا (۲) نجومی، جوتشی (۳) کسی کا خصوصی کارندہ (۴) یہود و نصاریٰ کے نزدیک درجہ کہنوت تک پہونچا ہوا (کہنوت: ایک مذہبی منصب) راہب، یہود و نصاریٰ کے علاوہ دیگر غیر مسلموں کے یہاں مذہبی عالم جو مذہبی رسوم ادا کرانے اور چڑھاوے وغیرہ قبول کرنے کا مجاز ہو۔ پروہت، مہنت (سادھوؤں کا سردار)، حُلْوَانُ الكَاهِنِ: کاہن کا نذرانہ، اس کے کام کا محنتانہ۔
الكاهِنُ الهِنْدُوكِيُّ: ہندوؤں کا مذہبی پیشوا۔ مندر کا پجاری، پنڈت۔
سَجْعُ الكُهَّانِ: کاہنوں کا آراستہ کیا ہوا کلام۔
الكِهَانَةُ: کاہن کا پیشہ۔
الكَهَنُوتُ: کاہن کا منصب۔
رِجَالُ الكَهَنُوتِ: یہود و نصاریٰ وغیرہ کے مذہبی علما۔
كَهَّ ـ كُهُوهًا: بوڑھا ہونا۔
ـــ السَّكْرَانُ فِي وَجْهِ مَنْ يَسْتَنْكِهُهُ: نشہ والے کا اسے

سونگھنے والے کے منہ پر سانس چھوڑنا
كَهَّ ـ كُهُوهًا: سانس لینا۔
الكَهْكَهَةُ: عمر رسیدہ بھاری بھرکم اونٹنی (۲) بڑھیا (۳) بوڑھی اونٹنی (دبلی ہو یا موٹی)۔
•كَهِيَ فُلَانٌ ـ كَهًى: کمزور و بزدل ہونا (۲) منہ کی بدلی ہوئی بو والا ہونا گندہ دہن ہونا (۳) جھائیوں دار چہرے والا ہونا۔ هو اَكْهَى۔
اَكْهَى فُلَانٌ: انگلیوں کے پوروں کو سانس سے گرم کرنا۔
ـــ عَنِ الطَّعَامِ: کھانے سے باز رہنا کھانے کا ارادہ ترک کرنا۔
اَكْنَهَى فُلَانًا اَنْ يُكَلِّمَهُ: کسی کی تعظیم وتکریم کرنا، اس سے ہم کلامی کو باعث عزت سمجھنا۔
الاَكْهَى: بے شگاف پتھر (۲) گندہ دہن (۳) بزدل۔
الاَكْهَاءُ: شرفا۔
الكَهَاةُ: بوڑھی اور موٹی اونٹنی۔

ک ـــ و

•كَابَ ـ كَوْبًا: گلاس سے پینا، بے دستہ کے کوزے سے پینا۔
كَوِبَ ـ كَوَبًا: پتلی گردن اور موٹے سر والا ہونا۔ هو اَكْوَبُ وهي كَوْبَاءُ ج: كُوبٌ۔
كَوَّبَ الشَّيْءَ: موگری سے کوٹنا۔
الكُوبُ: بے دستہ کا کوزہ، گلاس، پیالہ پیالی ج: اَكْوُبٌ واَكْوَابٌ۔
الكُوبَةُ: دوائیں وغیرہ کوٹنے کی موگری (۲) سارنگی جیسا ایک آلہ موسیقی (۳) نرد یا شطرنج (۴) گلاس، پیالہ۔
الكُوبْرِيُّ: پل۔
الكُوبون: (قسيمة) کوپن۔
•كَوَّتَ الزَّرْعُ: کھیتی میں چار یا پانچ پتے

نکل آنا۔
الکَوثُ: وہ کھیتی جس میں چار یا پانچ پتے نمودار ہوئے ہوں (۲) جوتا (سلیپر)۔
الکُوثَۃُ: سرسبزی، خوش حالی۔
•تَکَوثَرَ: دیکھئے: کثر۔
الکَوثَرُ: دیکھئے: کثر۔ خیر کثیر (۲) جنت کی ایک نہر کا نام۔
•الکَوثَلُ: دیکھئے: کثل۔ جہاز کا پچھلا حصہ۔
•کَاحَ فُلَانًا ـ کَوحًا: لڑائی میں کسی پر غالب ہو جانا۔
___ الشیئَ: پانی میں ڈبونا یا مٹی میں دبانا۔
کَاوَحَہُ: کسی سے جنگ کرنا، گالی گلوچ کرنا، کھلم کھلا دشمنی کرنا۔
کَوَّحَہُ: لڑائی میں کسی پر مکمل غلبہ حاصل کرنا (۲) ذلیل کرنا۔
___ الزِّمَامُ البَعِیرَ: لگام کا اونٹ کو قابو میں کرنا۔
تَکَاوَحَا: باہم لڑائی جھگڑا کرنا۔
الکَاحُ: دامن کوہ ج: کُیُوحٌ و اَکْیَاحٌ
کِوَاحُ مَالٍ: مال کا اچھا منتظم۔
•الکُوخُ: جھونپڑی، پھونس اور بانس کا بنا ہوا مکان، معمولی مکان ج: اَکْوَاخٌ کھیت میں کاشت کار کا مچان، جھونپڑا۔
•کَادَ یَفْعَلُ کَذَا: کرنے کے قریب ہونا۔
ما کاد یَفْعَلُ کَذَا: وہ ایسا کرنے بھی نہ پایا تھا۔ یَکَادُ البَرْقُ یَخْطَفُ اَبْصَارَھُم، اور یَکَادُ زَیْتُھَا یُضِیْئُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْہُ نَارٌ۔
کَادَ: فعل ماضی ناقص ہے اس کا اسم مرفوع اور خبر مضارع مرفوع یا مضارع منصوب بأن ہوتی ہے۔ یہ خبر کے اسم سے قریب ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ اس کا اثبات اثباتِ مقاربت اور نفی نفیِ مقاربت ہوتی ہے۔ کبھی کَادَ اَرَادَ کے معنی میں ہوتا ہے، اسی بنا پر بعض مفسرین کی رائے ہیں "اَکَادُ اُخْفِیْھَا": میں اسے چھپانا چاہتا ہوں۔ یہی معنی ہیں۔ عَرَفَ فُلَانٌ ما یُکَادُ منہ: فلاں کو معلوم ہو گیا کہ اس سے کیا چاہا جا رہا ہے۔ بعض اہل زبان نے کُدْتُ افعل کذا بالضم کاف بھی استعمال کیا ہے۔
کَادَ فُلَانًا عن الشیئ ـ کَوْدًا و مَکَادًا: روکنا۔
___ بِنَفْسِہ: جان دینا۔
کَوَّدَ الشیئَ: جمع کر کے ڈھیر لگانا۔
اکْوَأَدَّ الشَّیْخُ: بوڑھے کا بڑھاپا بڑھ جانا، رعشہ پیدا ہو جانا۔
الکُودَۃُ: مٹی یا اور کسی چیز کا ڈھیر ج: اَکْوَادٌ
المَکَادَۃ: لا مَھَمَّۃَ لی و لا مَکَادَۃَ: نہ میرا ایسا ارادہ ہے اور نہ میں اس کے قریب ہوں اگر کوئی شخص تم سے کچھ مانگے اور تمہارا دینے کا ارادہ نہ ہو تو کہا جائے گا: لا و لا مکادۃَ و لا مَھَمَّۃَ، و لا مکادًا و لا مَھَمًّا: نہ دینے کا ارادہ ہے اور نہ اس کے قریب کی کوئی بات ہے۔
•کَوْدَنَ فی مَشْیِہ: دیکھئے: کدن
•کَوَّذَ الإزَارُ: ازار بند کا ران کے ابھرے ہوئے گوشت کے اوپر گرنا۔
___ فُلَانًا بالعَصَا: کسی آدمی کی ران اور کولہے کے درمیان ڈنڈا مارنا۔
الکَاذَۃُ: ران کے بالائی حصہ کا ابھرا ہوا گوشت (ھما کاذتان) ج: کَاذٌ و کَاذَاتٌ۔
الکَاذَانُ: موٹا ڈبل ڈول کا آدمی۔
الکَاذِیُّ: دیکھئے (کذو)۔
الکَوْذَانُ: الکَاذَانُ۔
•کَارَ فی مِشْیَتِہ ـ کَوْرًا: تیز چلنا۔
کَارَ الکَارَۃَ: کمر پر گٹھڑی اٹھانا۔
___ الارضَ: کھودنا۔
اَکَارَ عَلَیہ: کسی کو کمزور و ذلیل سمجھنا۔
کَوَّرَ الشیئَ: گول لپیٹنا۔
___ العِمَامَۃَ: سر پر پگڑی لپیٹنا، باندھنا عمامہ کو پیچ یا بل دینا۔
___ المَتَاعَ: سامان کی گٹھڑی باندھنا۔
___ اللّٰہُ اللَّیلَ علی النَّھَارِ والنَّھَارَ علی اللَّیلِ: رات کو دن میں اور دن کو رات میں داخل کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "یُکَوِّرُ اللَّیلَ عَلَی النَّھَارِ وَیُکَوِّرُ النَّھَارَ عَلَی اللَّیلِ"۔
___ فُلَانًا: پچھاڑنا (۲) نیزہ مار کر گرانا۔
کُوِّرَتِ الشَّمْسُ: سورج کی روشنی سمیٹ کر گول لا بنا دیا جانا (۲) روشنی دھیمی ہو جانا یا بالکل ختم ہو جانا۔
اکْتَارَ الرَّجُلُ: پچھڑ جانا۔ کہتے ہیں: کَوَّرَہُ فَاکْتَارَ۔
___ الفَرَسُ: دوڑتے وقت گھوڑے کا دم اٹھا لینا۔
___ النَّاقَۃُ: جفتی کے وقت اونٹنی کا دم اٹھا لینا۔
___ لِفُلَانٍ: گالی دینے کے لئے تیار ہونا۔
___ الشیئَ: کوئی چیز اوپر نیچے ڈالنا۔
تَکَوَّرَ الرَّجُلُ: تیار و آمادہ ہونا۔
___ الجَبَلُ: پہاڑ گر جانا۔
___ السَّائِلُ: سیال چیز کا ٹپکنا۔
___ الشیئُ: پھیردار ہونا، چکردار ہونا۔
___ العِمَامَۃُ: پگڑی بندھ جانا، پگڑی کا چکردار ہونا، لپٹ جانا۔
الکَارَۃُ: کمر پر اٹھایا جانے والا بوجھ گٹھڑی
الکِوَارُ: شہد کی مکھیوں کا صندوق۔
الکِوَارَۃُ: الکِوَارُ (۲) عورت کے سر پر باندھنے یا رکھنے کا رومال۔

الکَوْرُ: اونٹوں یا گایوں کا بڑا ریوڑ، گلہ (۲) زیادتی، کثرت۔ کہتے ہیں: نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الحَوْرِ بَعْدَ الکَوْرِ: زیادتی (رزق) کے بعد کمی سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔ (۳) عمامہ کا ایک پھیر (چکر) ج: اَکْوَارٌ

الکُوْرُ: لوہار کی بھٹی، مٹی کی انگیٹھی (۲) اونٹ کا کجاوہ ج: اَکْوَارٌ وکِیرانٌ (۳) بھڑوں کا چھتا ج: اَکْوَارٌ (۴) معدنیات پگھلانے کی مشینی بھٹی۔

الکُوْرَةُ: علاقہ، پرگنہ جس میں بہت سے گاؤں شامل ہوں (۲) قصبہ (۳) صوبہ (۴) ضلع (۵) گول (گول لپٹی ہوئی چیز) ج: کُوَرٌ۔

الکُوَّارَةُ: شہد کی مکھیوں کے لئے ٹہنیوں یا مٹی کا بنایا ہوا گھروندا یا شہد مع موم۔

المِکْوَرُ: رَجُلٌ مِکْوَرٌ۔ انتہائی فحش گو یا بدکار

المِکْوَرُ: پگڑی۔

المِکْوَرِیُّ: رذیل وکمینہ۔

•الکُوْرَمَةُ: غلہ محفوظ رکھنے کی زمین دوز جگہ۔

•کَازَ ـُ کَوْزًا: کوزہ (ڈنڈی دار پیالہ) سے پینا۔

ـــ الشیءَ: جمع کرنا، اکٹھا کرنا۔

اِکْتَازَ: اِکْتَازَ المَاءَ: کاز۔

تَکَوَّزَ القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔

الکُوْزُ: ڈنڈی دار پیالہ، مگ، ڈونگا (۲) مکئی کی بال ج: کِیزَان۔

المُکَوَّزُ: رَجُلٌ مُکَوَّزُ الرَّأسِ: لمبے سر والا۔

•الکَوْزَبُ: دیکھئے (کزب)۔

•کَاسَ الاِنْسَانُ ـُ کَوْسًا: ایک پیر پر چلنا۔

ـــ الحَیَوانُ: جانور کا ایک ٹانگ زخمی ہونے کی بنا پر تین ٹانگوں پر چلنا۔

ـــ العَقِیْرُ: سر کے بل گرنا۔

ـــ الحَیَّةُ: سانپ کا کنڈلی مارنا۔

کَاسَ فِي سَیرِهِ: آہستہ چلنا۔

ـــ فِي البَیعِ: قیمت کم کرنا۔ کہتے ہیں: لَا تَکُسْنِي یَا فُلَانُ فِي البَیعِ۔

ـــ فُلَانًا: سر کے بل گرانا۔

اَکَاسَ فُلَانًا: کَاسَهُ۔

کَوَّسَهُ: کسی کو سر کے بل گرانا، الٹا کر دینا۔

اِکْتَاسَهُ عَنْ حَاجَتِهِ: کسی کو اس کی ضرورت سے روکنا۔

تَکَاوَسَ لَحْمُهُ: کسی کا گوشت چڑھا اور گٹھا ہوا ہونا۔

ـــ العُشْبُ وَنَحْوُهُ: گھاس وغیرہ کا گھنا ہونا۔

تَکَوَّسَ الرَّجُلُ: سرنگوں ہونا۔

الکَاسُ: کَأْسٌ کا مخفف۔ گلاس، پیالہ

الکَوْسُ: سمندر کا تلاطم اور غرقابی یا اس کا قرب۔

الکُوْسُ: ڈھول (۲) بڑھئی کا پیمانہ (مثلث، تکونا) زاویہ جس سے لکڑی کے چار زاویوں کی برابری معلوم کی جاتی ہے۔ آجکل اسے مُثَلَّث کہتے ہیں۔ ج: کُوسَات۔

الکَوْسَاءُ: اَرْضٌ کَوْسَاءُ: گھنی اور گنجان گھاس والی زمین۔ ج: کُوْسٌ۔

الکُوْسَةُ: گھیا، کدو۔

الکُوْسِيُّ: چھوٹی ٹانگوں والا گھوڑا یا اگلی چھوٹی ٹانگوں والا۔

المَکَاسُ: سانپ کے کنڈلی مارنے کی جگہ۔

المِکْوَسُ: چکی کا پتھر ٹھیک کرنے کی چھینی۔

•کوسج وتکوسج والکوسج: دیکھئے (کسج)۔

•کَاشَ عنه ـُ کوشًا: بہت گھبرانا۔

•کَاعَ الکَلْبُ ـُ کَوْعًا: کتے کا ریت پر گرمی کی شدت سے کلائی کے بل جھومتے ہوئے چلنا، اگلی ٹانگ زخمی ہونے کی بنا پر کلائی کی ہڈی کے سہارے چلنا۔

ـــ عَنِ الشَّیْءِ ـَ (مثل خَافَ یَخَافُ) کسی چیز سے ڈر کر پیچھے ہٹ جانا۔

کَوِعَ فُلَانٌ ـَ کَوَعًا: کلائی کی بڑی ہڈی والا ہونا (۲) خشک کلائی والا ہونا (۳) کسی کا ایک ہاتھ آگے اور ایک پیچھے ہونا۔ هُوَ اَکْوَعُ وَهِيَ کَوْعَاءُ۔

کَوَّعَهُ بِالسَّیفِ: تلوار کی ضربوں سے کسی کی کلائیوں کی ہڈیاں ٹیڑھی کر دینا۔

تَکَوَّعَتْ یَدُهُ: ہاتھ ٹیڑھا ہو جانا۔

الکَاعُ: کن انگلی کی طرف کلائی کا کنارہ (اسے کُرسُوع بھی کہتے ہیں) ج: اَکْوَاعٌ۔

الکُوْعُ: انگوٹھے کی طرف والا کلائی کا کنارہ ج: اَکْوَاعٌ۔

•کَافَ الاَدِیمَ ـُ کَوْفًا: چمڑے کے کنارے سینا۔

کَوَّفَ الرَّجُلُ: شہر کوفہ میں آنا۔

ـــ الشیءَ: ایک طرف کرنا، ہٹانا۔

ـــ الاَدِیمَ: چمڑا کاٹنا۔

ـــ الکَافَ: حرف کاف لکھنا، بنانا۔

تَکَوَّفَ الرَّجُلُ: اہل کوفہ کے مشابہ ہونا یا ان کی طرف منسوب ہونا، کوفی بنجانا۔

ـــ القَوْمُ: لوگوں کا گول دائرہ کی طرح اکٹھا ہونا۔

الکَوْفِيُّ: النَّاسُ فِي کُوفِيٍّ مِنْ اَمْرِهِمْ: لوگوں کا معاملہ گڑبڑ اور گڈمڈ ہے۔

الکُوْفَانُ: ریت کا گول ٹیلہ (۲) مصائب میں لوگوں کی پریشانی اور اضطراب۔ کہتے ہیں: النَّاسُ فِي کُوفَانٍ مِنْ

أَمْرُهم: لوگوں کا معاملہ پریشان کن اور اضطراب انگیز ہے۔
الکُوفانُ: الکُوفَانُ (۲) سرکنڈوں یا لکڑیوں کا جھنڈ (۳) سخت آفت، بڑا فتنہ (۴) تکلیف و مشقت (۵) شان و شوکت۔
الکُوفِيُّ: کوفہ کا باشندہ ج: کوفیون۔
الخَطُّ الکوفِيُّ: اہل کوفہ کا رسم الخط۔
الکوفِيُّون: کوفہ کے علم نحو کے قدیم ماہر علماء
الکُوفِيَّةُ: سر کو لپیٹنے کا رومال (جس پر عقال بھی رکھا جاتا ہے) عرب عام طور پر اسے استعمال کرتے ہیں۔ یہ رومال سر اور گردن دونوں کو لپیٹنے کے لئے ہوتا ہے۔
•کَوْکَبَ: دیکھئے (ککب)۔
الکوکبُ والکوکبۃ: دیکھئے (ککب)۔
•الکولث: بجھا ہوا پتھر کا کوئلہ، صاف کردہ پتھر کا کوئلہ۔
الکُوکایین: ایک مخدّر دوا جو کوکا پودے سے نکالی جاتی ہے، کوکین۔
•تَکَوَّلَ القَومُ: مجمع لگنا۔
— علی فُلَانٍ: گالی گلوچ اور مار پیٹ کرتے ہوئے کسی پر پل پڑنا اور پیچھا نہ چھوڑنا۔
اِنْکالوا علیه: تَکَوَّلُوا۔
الأکْوَلُ: پہاڑ کی طرح بلند زمین ج: أکاوِل
الکُولانُ: نرسل کی قسم کا ایک آبی درخت دیکھئے (راسل)۔
•الکُولا یا: کولایا درخت کی چھال جو ایک قسم نباتاتی شکر سیلیولوز پر مشتمل ہوتی ہے۔
•کَوِمَ الشيءُ ــَ کَوَمًا: بڑا ہونا، خاص طور پر اونٹ کے کوہان کا بڑا ہونا۔ کہتے ہیں: کَوِمَ البَعِیرُ، هو أکْوَمُ و النَّاقَةُ کَوْمَاءُ ج: کُوْمٌ۔
کَوَّمَ الشيءَ: انبار لگانا، ڈھیر لگانا۔
تَکَوَّمَ الشيءُ: ڈھیر لگنا، انبار لگنا۔
اِکْتَامَ الرَّجُلُ: پیروں کی انگلیوں کے کناروں پر بیٹھنا۔
الکَوْمُ: مٹی، ریت یا غلہ وغیرہ کا چوٹی دار ڈھیر (۲) ٹیلہ کی طرح اونچی جگہ ج: أکْوامٌ و کِیمانٌ۔
الکُومَةُ: ڈھیر، ڈھیری ج: کُوَمٌ۔
الکَومَةُ: الکَوْمُ۔
الکومخ: دیکھئے (کمخ)۔
•کانَ الشيءُ ــُ کَوْنًا و کِیانًا و کَیْنُونَةً: وجود میں آنا، ہونا، واقع ہونا۔ هو کائِن۔ المفعول مَکُوْنٌ۔
کَانَ: تھا (۲) ہے (۳) ہمیشہ سے ہے اور رہے گا۔ اس کے تین احوال ہیں (۱) اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور ناقصہ کہلاتا ہے جیسے: کان زَیْدٌ قائِمًا۔ زمانۂ ماضی میں زید کے لئے قیام ثابت کر رہا ہے یہ اسم کے لئے خبر کے دوام ثبوت یا انقطاع کا قرینہ کے مطابق فائدہ دیتا ہے اس کے چند معنی ہیں (الف) بمعنی صَارَ (ہونا) قرآن پاک میں ہے: "وَسُيِّرَتِ الجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا" (ب) بمعنی استقبال۔ قرآن پاک میں ہے: "يَخَافُونَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهُ مُسْتَطِيرًا" (ج) بمعنی حال۔ قرآن پاک میں ہے: "كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ" (د) بمعنی تسلسل زمانہ یعنی خبر کا ثبوت اسم کے لئے زمانۂ ماضی، حال اور استقبال تینوں میں بلا انقطاع ہو جیسے قرآن پاک میں ہے: "وَكَانَ اللّٰهُ غَفُورًا رَّحِيمًا" اللہ غفور و رحیم ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ مفسرین کی اصطلاح میں اس تیسری قسم کو کان مستمرہ بھی کہا جاتا ہے۔
(۲) صرف اسم پر داخل ہو اور معنی مکمل ہو جائیں اسے کان تامّہ کہتے ہیں اور اس کے معنی ثَبَتَ یا وَقَعَ کے ہوتے ہیں۔ مثال اول کانَ اللّٰهُ و لا شيءَ مَعَهُ۔ دوسرے کی مثال مَا شاءَ اللّٰهُ کانَ و مالم یشأ لم یَکُنْ: اللہ جو چاہا وہ ہوا اور جو نہ چاہا وہ نہ ہوا۔
(۳) تیسرے یہ کہ وسط کلام یا آخر کلام میں برائے تاکید زائد ہو، اس صورت میں اس کا کوئی عمل نہیں ہوتا اور نہ کسی واقعے یا زمانہ پر دلالت کرتا ہے جیسے زَیْدٌ کانَ مُنْطَلِقٌ و زَیْدٌ مُنْطَلِق کانَ۔ ان مثالوں میں کان زائدہ ہے۔ نہ اس کا کوئی عمل ہے اور نہ معنی، نیز کان زائدہ فعل ماضی ہی آتا ہے شاذ و نادر فعل مضارع آتا ہے۔ کان بمعنی ینبغي بھی آتا ہے۔ جیسے: ماکان لکم أنْ تُنْبِتُوا شَجَرَهَا۔ انقطاع زمانۂ ماضی کیلئے بھی آتا ہے: بمعنی تھا۔ جیسے: کانَ في المدینة تِسْعَةُ رَهْطٍ۔ ظرف مکان کو مفعول بنا کر بھی استعمال کیا جاتا ہے جیسے: کُنْتُ الکوفةَ میں کوفہ میں تھا۔ کان لك أنْ تفعل کذا: تم ایسا کر سکتے تھے۔ کان یَفْعَلُ کذا: وہ ایسا کرتا تھا۔ کان ما کانَ: جو کچھ بھی ہو، ہر چہ بادا باد۔ أيٌّ مَن کانَ: جو شخص بھی ہو۔
دَخَلَ الأمْرُ في خَبَرِ کانَ: فلاں معاملہ ختم ہوا۔ صارَ الی کانَ: وہ مر گیا
کَانَ عَلی فُلَانٍ کذا کَوْنًا و کِیانًا: کسی

چیز کا ذمہ دار ہونا۔
لا یکونُ: افعال استثنا میں سے ہے۔
جیسے: جاءَ القومُ لا یکونُ زیدًا
اس صورت میں یکون کا اسم ہمیشہ
ضمیر ہوتا ہے۔ مثال مذکور کے معنی یہ
ہوئے۔ لا یکونُ الآتی زیدًا۔
کَوَّنَ الشیءَ: وجود میں لانا۔ چند چیزوں کو
جوڑ کر کوئی چیز بنانا (۲) پارٹی یا مجلس
وغیرہ بنانا، (ادارہ وغیرہ) قائم کرنا۔
___ اللّٰہُ الشیءَ: عدم سے وجود میں لانا،
پیدا کرنا، وجود بخشنا۔
اِکْتَانَ الشیءُ: ہونا، واقع ہونا۔
___ بہ: کسی کا کفیل و ذمہ دار ہونا۔
تَکَوَّنَ الشیءُ: بننا، وجود میں آنا، جڑنا، مرکب
ہونا۔ کَوَّنَہُ فتَکَوَّنَ (۲) متحرک ہونا۔
عرب کسی مبغوض کے متعلق کہتے ہیں: لا
کانَ ولا تَکَوَّنَ: نہ وہ پیدا ہوتا
اور نہ حرکت کرتا (۳) کسی کی شکل و صورت
اختیار کرنا۔ حدیث میں ہے: "مَن رآنی
فی المنامِ فقد رآنی، فانَّ الشیطانَ
لا یتکَوَّنُنی" جس نے مجھے خواب میں
دیکھا حقیقۃً مجھے ہی دیکھا کیونکہ شیطان
میری شکل اختیار نہیں کرسکتا۔
اِسْتَکَانَ: عاجز و ذلیل ہونا۔
___ لہ: کسی کا تابع ہونا، کسی کے سامنے
اظہار عجز و انکساری کرنا۔
التَّکْوِینُ: تخلیق، اللہ تعالیٰ کی جانب سے
کسی چیز کا عدم سے وجود میں لانا۔
الکائنُ: موجود (۲) واقع (۳) وجود پذیر
الکائنُ الحیُّ: مخلوق، زندہ وجود۔
الکائنۃُ: حادثہ، واقعہ ج: کوائن و
کائنات۔
الکائناتُ: موجودات۔
الکانُونُ: دیکھیے (کنن)۔
الکَوْنُ: وجود، ہستی (۲) عالم کون، عالم وجود
(۳) حدوث و وقوع جیسے تاریکی
کے فوراً بعد روشنی کا وقوع و ظہور
اگر یہ وقوع و ظہور بتدریج ہو تو اسے
حرکت کہا جاتا ہے (۴) مادہ
میں کسی نئی شکل کا حصول جیسے
تر مٹی کا لوٹے وغیرہ کی شکل اختیار
کرنا (۵) مادہ کے جوہر کی اپنے سے
اعلیٰ نوع میں تبدیلی۔ اس کا مقابل
یعنی مادہ کے جوہر کی اپنے سے ادنیٰ میں
تبدیلی فساد کہلاتی ہے۔
الکَوْنانِ: دنیا و آخرت۔
سَیِّدُ الکَوْنَینِ: سردار دو جہاں
(جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم)
الکَوْنیُّ: عالمی، کائناتی۔
الکِیانُ: فطرت، طبیعت (۲) وجود، ہستی
(۳) ڈھانچہ۔
الکیانُ المُتَمَیِّزُ: مخصوص و نمایاں وجود، حیثیت
الکیانُ الوَطَنِیُّ: قومی یا ملکی وجود یا ڈھانچہ۔
الکِینَۃُ: حالت۔ باتَ فلانٌ بِکِینَۃِ
سَوءٍ: فلاں نے برے حال میں رات
بسر کی۔
المَکانُ: مرتبہ، پوزیشن۔ فُلانٌ رفیعُ
المکانِ: فلاں بلند رتبہ ہے (۲) جگہ،
موقع (۳) گنجائش۔ لیسَ لہ مکانٌ
فی البیتِ ج: اَمْکِنَۃ۔
مکانُ اَخْذِ الاَصْواتِ: پولنگ بوتھ،
ووٹ ڈالنے کی جگہ۔
مکانُ تَقاطُعِ الطُّرُقِ: چوراہا۔
مکانُ الحادِثِ: جائے واردات۔
مکانُ تَرْبِیَۃِ الحیوانِ: جانور پالنے
کا فارم۔
مکانٌ لِوُقوفِ المَرْکَباتِ: گاڑیاں
کھڑی کرنے کی جگہ، پارکنگ کی جگہ۔
مکانٌ مُخَصَّصٌ للاعلانِ: اشتہار
کی جگہ۔
المکانُ المَرْموقُ: نمایاں حیثیت۔
المکانُ الموحِشُ: وحشتناک جگہ۔
مکانُ المِیلادِ او المَولِدِ: جائے پیدائش۔
المَکانَۃُ: مرتبہ، حیثیت، پوزیشن (۲) جگہ،
مقام۔ ارشاد باری ہے: "ولو نشاءُ
لمسخناهم علی مکانتِهم" یعنی
ان کی جگہ۔
المکانَۃُ الدَّوْلِیَّۃُ: بین الاقوامی پوزیشن۔
مکانَکُمْ: ٹھیرو، اپنی جگہ رہو۔
المَکِینُ: رتبہ والا، صاحب حیثیت۔ فلانٌ
مکینٌ عندَ فلانٍ۔ قرآن پاک میں
ہے: "اِنَّہُ لقولُ رسولٍ کریمٍ
ذی قوۃٍ عندَ ذی العرشِ مکینٍ"
• کاھَہُ ـُ کَوْھًا: کسی کے منہ کی بو سونگھنا
کَوِہَ الرَّجُلُ ـَ کَوَھًا: حیران ہونا۔
تَکَوَّھَتْ علیہ اُمُورُہ: کسی کے معاملات
کا دگرگوں ہونا، کاموں کا پھیل کر بے قابو
ہونا۔
• کَوَّی فی البیتِ کَوَّۃً: گھر کی دیوار میں
روشندان بنانا۔
تَکَوَّی: سکڑ کر تنگ جگہ میں گھسنا۔
الکَوُّ: دیوار کا روشندان۔
الکَوَّۃُ: الکَوُّ ج: کَوّاتٌ و کِواءٌ و کُوًی۔
• کَواہُ ـِ کَیًّا و کَیَّۃً: لوہا تپا کر کھال
کو داغ دینا، آگ یا لوہے سے جلانا۔
قرآن پاک میں ہے: "یومَ یُحمٰی
علیها فی نارِ جهنمَ فتُکوٰی بها
جباهُهم"۔
___ الثوبَ: کپڑے پر پریس کرنا، استری
پھیر کر سلوٹیں دور کرنا۔
___ فلانًا بِعَیْنِہ: گھور کر دیکھنا، تیز
نظروں سے دیکھنا۔
___ العقربُ فلانًا: بچھو کا ڈسنا۔
کاواہُ: کسی سے گالی گلوچ کرنا۔
اِکْتَوَی: مطاوع کَوَی۔ داغی ہونا، داغ

لگ جانا، آگ سے جل جانا۔
اکتَوٰی فُلانٌ: اپنے بدن پر داغ لگانا (۲) اپنی جھوٹی تعریف کرنا۔
تَکَوّٰی بالشَّیءِ: کسی چیز سے گرمی حاصل کرنا۔
—الرَّجُلُ بجَسَدِ امرأتِہ: اپنی بیوی کے بدن سے گرمی حاصل کرنا۔
استَکوٰی فُلانًا: کسی سے داغ لگانے کو کہنا۔
الکاوِیاءُ: داغ دینے کا لوہا (۲) کپڑوں پر پھیرنے کی استری۔
الکاوِی: داغ لگانے والا، جلانے والا۔
الصَّودا الکاوِیَۃ: سوڈا کاسٹک
الکَوّاءُ: داغ لگانے کا پیشہ کرنے والا (۲) کپڑوں پر پریس کرنے والا (دھوبی وغیرہ) (۳) دشنام طراز، گالی گفتار کرنے والا۔
الکَیَّۃُ: داغ کی جگہ (۲) داغ۔ من فُلانٍ فی القَلبِ کَیَّۃٌ: فلاں کی طرف سے دل پر ایک داغ ہے۔
المِکواۃُ: داغنے کا لوہا (۲) استری، کپڑوں کی پریس ج: مَکاوٍ۔
المَکوِیُّ: پریس کیا ہوا (۲) داغ دیا ہوا۔

ک ـــــ ی

کَیْ: تاکہ، حرف ناصب برائے تعلیل فعل مضارع پر داخل ہو کر ان مقدرہ کی وجہ سے اسے نصب دیتا ہے اور فعل کی علت بیان کرتا ہے۔ جیسے ارشاد باری ہے: "لِکَیلا تأسَوا علی ما فاتَکُم" (۲) کبھی حرف جر بمعنی الی ہوتا ہے جیسے: سأجتَھِدُ کَی اَن اَنجَحَ: میں محنت کروں گا تا آنکہ کامیاب ہو جاؤں الی اَن اَنجَحَ کے معنی میں ہے۔ کیف کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے: کَی تَخرُجُونَ ولَظَی الھَیجاءِ تَضطَرِمُ: تم باہر کیسے جاؤ گے جبکہ لڑائی کے شعلے بھڑک رہے ہیں۔ ما استفہامیہ پر داخل ہوتا ہے جیسے: کَیمَ (کَیمَا) جِئتَ: تم کیوں آئے۔ اکثر اس کا استعمال لام کے ساتھ ہوتا ہے جیسے: جِئتُ لِکَی تَنصُرَنی۔
کَی لا: ایسا نہ ہو۔
کَیما و لِکَیما: تاکہ۔
کاءَ عن الامرِ ـِ کَیئًا و کَیئَۃً: کسی چیز سے نگاہ پھیرنا، الگ رہنا۔
اَکاءَہُ اِکاءً و اِکاءَۃً: کسی کو ایسے کام سے روکنا جس کا اس نے ارادہ کیا ہو
الکاءُ: بزدل، کمزور دل۔
الکَیِّیءُ و الکِیءُ: الکاءُ۔
کَیَّتَ الجِھازَ: سامان مختصر و ہلکا کرنا
— الوِعاءَ: برتن کو بھرنا۔
کَیتَ و کَیتُ و کَیتِ و کِیتَ: بمعنی کذا و کذا: کسی واقعہ یا حادثہ کو کنایہ اور اشاروں سے بتانے کے لئے کہ ایسا ایسا ہوا۔ یہ ہمیشہ مکرر ہی استعمال ہوتا ہے۔
کاحَ فیہ السَّیفُ ـِ کَیحًا: تلوار کا کسی چیز پر اثر انداز ہونا، نشان ڈالنا۔
کَیِحَ ـَ کَیَحًا: موٹا اور کھردرا ہونا۔ ھو اَکیَحُ و ھی کَیحاءُ ج: کِیحٌ
اَکاحَ: کاحَ۔ ما اَکاحَ فیہ السَّیفُ: تلوار نے اس پر کوئی اثر نہیں کیا۔
— فُلانًا: ہلاک کرنا۔
الکاحُ: دامن کوہ، پہاڑ کا زیریں حصہ ج: اَکیاحٌ و کُیُوحٌ۔
الکِیحُ: الکاحُ۔
کادَ الغُرابُ ـِ کَیدًا و مَکِیدَۃً: کوے کا طاقت سے آواز نکالنا۔
— الزَّندُ: چقماق کا آگ نکالنا۔
کادَ بنفسِہ: دم نکلتے وقت (حالت نزع میں) تکلیف جھیلنا۔
— فُلانًا: دھوکا دینا، چال چلنا، مکر کرنا (۲) برائی کا ارادہ کرنا، نقصان کا ارادہ کرنا قرآن پاک میں ہے: "وَتَاللہِ لَاَکِیدَنَّ اَصنامَکُم"
— القَومَ: جنگ کرنا۔
— الشَّیءَ: تدبیر کرنا، حل نکالنا۔
— اللہ: اللہ کی جانب سے بندوں کے اعمال پر جزا کی تدبیر کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "اِنَّھُم یَکِیدُونَ کَیدًا و اَکِیدُ کَیدًا"
کایَدَہُ: کسی کے ساتھ مکر و فریب کرنا، چالبازی کرنا۔
اِکتادَہُ: دھوکا دینا، مکر کرنا۔
تَکایَدَ الرَّجُلانِ: ایک دوسرے کو فریب دینا، باہم مکر کرنا۔ فی فُلانٍ تَکایُدٌ: فلاں آدمی میں تشدد ہے۔
الکائِدُ: فریبی، دھوکہ باز، چالباز۔
الکَیدُ: ایذا رسانی کا خفیہ ارادہ، خفیہ تدبیر، فریب، دھوکا، چال، مکر۔ اللہ کی طرف نسبت ہو تو مراد ہوگا مخلوق کے اعمال پر برحق جزا کی تدبیر (۲) لڑائی، جنگ غَزا فُلانٌ فلم یَلقَ کَیدًا: فلاں حملہ آور ہوا مگر اسے لڑائی کا سامنا نہ کرنا پڑا ج: کُیُودٌ۔
الکَیّادُ: بڑا چالاک، فریبی، مکار۔
المَکِیدَۃُ: فریب، دھوکا، چال ج: مَکاید
کارَ الفَرَسُ ـِ کَیارًا: گھوڑے کا دم اٹھا کر دوڑنا۔ ھو کَیِّرٌ
اَکارَ علیہ یَضرِبُہُ: وہ مارنے کے لئے اس کی طرف بڑھا، وہ اسے پیٹنے کیلئے آیا
تَکایَرَ الرَّجُلانِ: باہم زد و کوب کرنا۔
الکِیرُ: لوہار کی دھونکنی (چمڑے وغیرہ کا پمپ جس سے بھٹی کی آگ سلگائی جاتی ہے)۔

ج: اَکْیَارٌ و کِیَرَۃٌ ۔
•اَلْکِیْرُوْسِین: پٹرول سے نکالا جانے والا آتش گیر سیال، مٹی کا تیل ۔
•کَاسَ الوَلَدُ ـِ کَیْسًا و کِیَاسَۃً: عاقل ہونا (۲) ذہین و تیز فہم ہونا، تیز طبع ہونا۔ ھو کَیِّسٌ و کَیْسٌ ۔ ج: اَکْیَاسٌ و کَیِّسَۃٌ و کَیْسَی ۔ و ھو اَکْیَسُ و ھی الکُوْسَی و الکِیْسَی و ھنّ الکُوْسَی و الکُوْسَیَات ۔
ــــ فُلانًا: کسی پر ذہانت میں فوقیت لے جانا ۔
اَکَاسَ و اَکْیَسَ الاِنسانُ: عقلمند اولاد والا ہونا۔ ھو مُکْیِسٌ و ھی مُکْیِسَۃٌ ۔
کَایَسَہٗ: کسی سے عقل و دانش میں مقابلہ کرنا ۔
ــــ فی البَیْعِ: فروخت میں مقابلہ کرنا ۔
کَیَّسَہٗ: عقل مند بنانا، زیرک بنانا ۔
تَکَیَّسَ فُلانٌ: عقلمند اور زیرک بننا (۲) سمجھ دار و ذہین ہونا ۔
الکُوْسَی: الکَیِّس ۔ جیسے: الحُسْنَی بمعنی الحُسْن ۔
الکِیَاسَۃُ: مفید مطلب بات نکالنے کا ملکہ اور سلیقہ، ذکاوت و ذہانت، فہم و فراست، عقل و دانش ۔
الکَیْسُ: سخاوت (۲) ذہانت (۳) عقل و دانش (۴) سمجھ بوجھ ج: کُیُوْسٌ ۔
الکِیْسُ: تھیلا، بوری (۲) تھیلی (۳) بٹوا، پرس (۴) روپوں یا دراہم وغیرہ سے بھری ہوئی تھیلی ج: اَکْیَاسٌ و کِیَسَۃٌ (۵) وہ جھلی جس میں بوقت پیدائش بچہ ہوتا ہے ۔
کَیْسَانُ: غداری، دھوکا، اس پر الف لام داخل نہیں ہوتا کیونکہ یہ غدر کا خاص نام ہے، اس کی کنیت ابوکیسان ہے۔ اُمُّ کیسان: گھٹنے کا لقب ہے ۔
کِیْسُ الغَاز: گیس بیگ، گیس سے بچاؤ کا منہ پر چڑھانے کا غلاف ۔
کِیْسُ النُّقُوْد: منی بیگ، بٹوا ۔
کِیْسٌ لِلاِرْسَالِیَّات: میل بیگ، ڈاک کا تھیلہ ۔
الکَیِّسُ: زیرک، عقلمند، ہوشیار، ذہین و فہیم ۔
المِکْیَاسُ: امرأۃ مِکْیَاسٌ: ذہین اولاد جننے والی عورت ج: مَکَایِیس
•کَاصَ الرَّجُلُ ـِ کَیْصَانًا و کُیُوصًا: کسی بات کی ہمت نہ کرنا، پیچھے ہٹ جانا، عاجز رہنا (۲) تیز چلنا۔ مَرَّ یَکِیْصُ وہ تیزی سے گزر گیا ۔
ــــ من الطَّعام و الشَّراب: خوب کھانا پینا۔ کَاصَ عند فُلانٍ من الطَّعَامِ مَاشَاءَ: اس نے فلاں کے یہاں جتنا چاہا کھایا ۔
ــــ طَعَامَہٗ: تنہا کھانا ۔
کَایَصَہٗ: کسی چیز پر لگے رہنا، مشق کرنا ۔
الکَیْصُ: سخت بخل ۔
الکِیْصُ: بداخلاق (۲) کنجوس و کمینہ (۳) مغرور و سرکش (۴) قوی الاعصاب مرد
•کَاعَ عنہ ـِ کَیْعًا و کَیْعُوعَۃً: کسی سے ڈر کر پیچھے ہٹنا۔ ھو کَاعٍ و کَائِعٌ ج: کَاعَۃٌ ۔
•کَافَ الشَّیْءَ ـِ کَیْفًا: کاٹنا ۔
کَیَّفَ الشَّیْءَ: کاٹنا (۲) کسی چیز کی خاص کیفیت اور حالت مقرر کرنا (۳) شکل دینا ۔
ــــ الہَوَاءَ: مشین کے ذریعہ کسی جگہ کا درجۂ حرارت تبدیل کرنا ۔
ــــ الحُجْرَۃَ و غیرَھا بالہَوَاءِ: ایرکنڈیشنڈ بنانا ۔
کَیَّفَ السِّیَاسَۃَ: سیاست کو کوئی رخ دینا ۔
ــــ الشَّیْءَ مع کذا: ہم آہنگ بنانا ۔
اِنْکَافَ الشَّیْءُ: کٹنا ۔
تَکَیَّفَ الشَّیْءُ: کسی خاص کیفیت و حالت پر ہونا، کوئی خاص کیفیت پیدا ہونا ۔
ــــ الہَوَاءُ: درجۂ حرارت بدلنا (سردی میں بڑھنا اور گرمی میں کم ہونا) ۔
ــــ المکانُ بالہَوَاءِ: کسی جگہ کا ایرکنڈیشنڈ ہونا ۔
ــــ الشَّیْءُ: کسی چیز میں کمی کرنا ۔
ــــ الشَّیْءُ مع کذا: ہم آہنگ ہونا ۔
تَکْیِیْفُ الہَوَاءِ او تَکْیِیْفُ المَکَانِ بالہَوَاءِ: ایرکنڈیشنڈ بنانا، ایرکنڈیشننگ
کَیْفَ: کیسے، کیسا، کیونکر، کس طرح۔ مبنی علی الفتح اسم ہے، یہ اکثر و بیشتر استفہام حقیقی کے لئے آتا ہے جیسے: کَیْفَ اَنْتَ یا استفہام غیر حقیقی کے لئے جو بمعنی استعجاب ہوتا ہے جیسے قولہ تعالیٰ "کَیْفَ تَکْفُرُوْنَ بِاللّٰہِ" بطور تعجب کہا جا رہا ہے کہ تم کیسے اللہ کا انکار کرتے ہو جبکہ تم اس کی تمام نشانیاں دیکھ رہے ہو ۔
اگر کَیْفَ کے بعد اسم ہو تو وہ محل خبر میں ہونے کی بنا پر مرفوع ہوتا ہے۔ جیسے: کَیْفَ زَیْدٌ ؟
اگر اس کے بعد فعل ہو تو یہ حال یا مفعول مطلق ہونے کی بنا پر محل نصب میں ہوتا ہے جیسے: کَیْفَ جَاءَ زَیْدٌ کبھی شرط کے لئے بھی آتا ہے اور ایسے دو فعلوں پر داخل ہوتا ہے جو لفظًا اور معنًی یکساں ہوں وہ مجزوم نہیں ہوتے جیسے: کَیْفَ تَصْنَعُ اَصْنَعُ: جیسا تم کروگے ایسا ہی میں کروں گا ۔

كَيْفَمَا بمعنی كَيْفَ ۔ بہرکیف ۔
كَيْفَمَا كَانَ : جیسا یا جیسے بھی ہو، کسی طرح بھی، جس طرح بھی ہو ۔
الْكَيْفُ : کیفیت، حالت ۔
الْكَيْفِيَّةُ : (مصدر صناعی از کیف یاء نسبت اور تاء کے اضافہ کے ساتھ یہ تاء اسمیت سے مصدریت میں منتقل کرنے کے لئے ہے) حالت کیفیت (۲) صورت (۳) صفت (۴) نوعیت ۔ اگر اس کا تعلق ذوی العقول کے ساتھ ہو تو اس کو ذہنی یا نفسیاتی کیفیت کہا جاتا ہے جیسے علم اور حیاۃ کہ وہ انسان کے نفس کا حال اور کیفیت ہے ۔ اگر یہ اپنی جگہ راسخ ہو جائے تو ملکہ کہا جاتا ہے، راسخ نہ ہو تو وہ کیفیت حال کہلاتی ہے ۔ مثلاً: کتابت، ایک کیفیت ہے جو انسان کے ساتھ خاص ہے جب یہ ابتدائی مرحلہ میں ہوتی ہے اسے حال کہا جاتا ہے اور جب یہ راسخ اور کامل ہو جاتی ہے تو اسے ملکہ کہا جاتا ہے ۔ ایسے ہی کاتب ایک وہ شخص ہے جو لکھنا جانتا ہے خواہ وہ لکھائی کیسی بھی ہو اور ایک وہ کاتب ہے جو فن کتابت میں مہارت و ملکہ رکھتا ہو ۔
مُكَيِّفُ الْهَوَاءِ : ایرکنڈیشن مشین جو گرمی میں درجۂ حرارت کم کرتی ہے اور سردی میں بڑھاتی ہے ج: مُكَيِّفَات
الْمُكَيَّفُ او الْمُكَيَّفُ بِالْهَوَاءِ : ایرکنڈیشنڈ
• كَالَ الزَّنْدُ ـِ كَيْلًا و مَكَالًا : چقماق سے آگ نہ نکلنا ۔
ــــ الْبُرَّ وَغَيْرَهُ : گیہوں وغیرہ کی مقدار کسی پیمانہ سے ناپنا، اس کے دو مفعول ہوتے ہیں ۔ جیسے : كِلْتُ فُلَانًا الطَّعَامَ : میں نے فلاں کو کھانے کی چیز یا غلہ ناپ کر دیا کبھی مفعول اول پر الف لام داخل ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے: كِلْتُ لَهُ الطَّعَامَ ۔ هٰذَا الطَّعَامُ لَا يَكِيلُنِي: یہ کھانا میرے لئے کافی نہیں ۔
كَالَ الصَّيْرَفُ الدَّرَاهِمَ: صراف کا درہموں کا وزن کرنا، تولنا ۔
ــــ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ : ایک چیز کا دوسری سے اندازہ کرنا یا ناپنا ۔
ــــ الْفَرَسَ بِغَيْرِهِ : ایک گھوڑے کا دوسرے گھوڑے سے دوڑ میں مقابلہ کرنا ۔
كِيلَ وكُولَ الْقَمْحُ : پیمانہ سے ناپنا ۔ هو مَكِيلٌ ومَكُولٌ ۔
كَايَلْتُ فُلَانًا : میں نے فلاں کو اور فلاں نے مجھے ناپ کر دیا، پیمائش کی ۔ انا وهو مُكَايِلَانِ ۔
ــــ الرَّجُلُ صَاحِبَهُ: کسی کے ساتھ اسی جیسا معاملہ کرنا، اسی جیسی بات کہنا (۲) گالی گلوچ میں کسی سے بڑھ جانا ۔
ــــ الْفَرَسُ الْفَرَسَ: گھوڑے کا گھوڑے سے مقابلہ کرنا، باہم مسابقہ کرنا ۔
ــــ فُلَانًا صَاعًا بِصَاعٍ : برابر کا معاملہ کرنا، ترکی بہ ترکی جواب دینا (۲) بدلہ دینا ۔
كَيَّلَ فُلَانٌ : بزدل ہونا ۔
ــــ لِفُلَانٍ الْبُرَّ: کسی کو پیمانہ سے اچھی طرح وزن کر کے گیہوں دینا
اِكْتَالَ مِنْهُ وَعَلَيْهِ : کسی سے اپنے لئے خود ناپ کر لینا ۔ كَالَ الْمُعْطِي واكْتَالَ الْآخِذُ : دینے والے نے ناپ کر دیا اور لینے والے نے ناپ کر لیا ۔ قرآن پاک میں ہے : "وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِينَ الَّذِينَ إِذَا اكْتَالُوا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُونَ وَإِذَا كَالُوهُمْ أَوْ وَّزَنُوهُمْ يُخْسِرُونَ" : ناپ تول میں کمی کرنے والوں کے لئے بربادی ہو کہ وہ جب خود دوسروں سے ناپ کر لیتے ہیں تو پورا پورا لیتے ہیں اور جب ان کو ناپ تول کر دیتے ہیں تو گھٹا کر دیتے ہیں ۔
تَكَايَلَ الرَّجُلَانِ : ایک دوسرے کے لئے ناپنا (۲) باہم گالی گلوچ کرنا (۳) انتقام میں باہم برابری کرنا ۔
تَكَيَّلَ : میدان جنگ کی آخری صف میں کھڑا ہونا ۔
الْكِيَالَةُ : کیال (ناپ تول کرنے والا) کی اجرت، پیشۂ ناپ تول ۔
الْكَيْلُ : لکڑی یا لوہے وغیرہ کا پیمانہ، ناپ (۲) چقماق کی چنگاریاں ۔ ج: أَكْيَالٌ ۔
الْكَيْلَةُ : ناپنے کا ایک برتن جو آٹھ قدح (دو مد) کے برابر ہوتا ہے ج: كَيْلَات ۔
الْكَيْلَجَةُ : اہل عراق کا ایک پیمانہ جو ایک ثمن کم دو من ہوتا ہے ج: كَيَالِجَةٌ وكَيَالِج ۔
الْكِيلَةُ : پیمانہ کی یا پیمائش کی نوعیت، ہیئت ۔ مثل مشہور ہے: أَحَشَفًا وَسُوءَ كِيلَةٍ : کھجوریں بھی خراب اور ناپ بھی غلط ۔ دو نقصان ایک ساتھ جمع ہونے پر بولا جاتا ہے ۔
الْكَيَّالُ : غلہ ناپنے کا پیشہ کرنے والا ۔
الْكَيِّلُ : سونے چاندی وغیرہ کا جھڑنے والا

برادہ، لوہے کا برادہ ۔
الکَیُّولُ: جنگ کی آخری لائن (۲) بزدل (۳) زمین کا بلند حصہ ۔
المِکْیَالُ: پیمانہ، ناپ ج: مکاییل ۔
المَکِیْلُ و المَکولُ: ناپ کر دی جانے والی چیز، کیلی چیز ۔
• الکیلو: یہ لفظ تنہا ہو تو معنی ایک ہزار (اجزاء) کسی چیز کے ساتھ مرکب ہو تو اس چیز کے ایک ہزار اجزا مراد ہوں گے جیسے: کیلوغرام: ایک ہزار گرام۔ کیلو متر: ایک ہزار میٹر۔ عِشرُون کیلو مِترًا: و ثلاثۃ کیلومِتراتٍ یعنی مرکب کو مفرد قرار دیکر تمیز کے قاعدے کے مطابق استعمال کیا جائے گا۔
کِیلو جرام او غرام: ایک ہزار گرام
کیلو فُولت: ایک ہزار وولٹ (کیلو وولٹ) بجلی ۔
کِیلو لِتر: کلولیٹر، ایک ہزار لیٹر۔
کیلو مِتر: کلومیٹر، ایک ہزار میٹر۔
کیلو وات: کلوواٹ (ایک ہزار واٹ) ۔
• الکَیْلُوسُ: رقیق آنتوں میں داخل ہونے سے قبل معدہ میں گندھے ہوئے آٹے کی طرح اکٹھی ہونے والی غذا۔

الکیماوِیُّ: کیمیائی ۔
• الکِیمیَاءُ: تدبیر و مہارت، چالاکی و ہوشیاری، کیمیا، خاصیاتِ اشیاء کا علم، معدنیات کو سونے میں تبدیل کرنے کا علم، متقدمین کے نزدیک بعض معدنیات کا دوسرے معدنیات میں تبدیل کرنا ان کے نزدیک علم الکیمیا اس علم کو کہا جاتا ہے جس کے ذریعہ بعض معدنیات کے جوہری خواص کو نکال کر ان کی جگہ نئے خواص شامل کئے جائیں۔ اور خاص طور پر ان کو سونے میں تبدیل کر دیا جائے ۔ متاخرین کے نزدیک وہ علم جس کے ذریعہ اجسام (عناصر مادیہ) کے خواص بذریعہ ترکیب و تحلیل معلوم کئے جائیں جو مختلف حالات میں مقررہ قوانین فطرت کے مطابق بدلتے رہتے ہیں ۔
الکیمیائیُّ و الکِیمیَاوِیُّ: علم کیمیا کا ماہر، کیمیا داں، کیمیا کے قواعد و قوانین کو عملی شکل دینے کا ماہر ج: کِیمیائِیُّون وکیمیاوِیُّون
التَّفاعُلُ الکیمیَائِیُّ: مادہ کا مادہ پر اثر انداز ہو کر اس کی کیمیاوی ترکیب کو بدل دینا، کیمیائی جوابی عمل ۔ مادہ میں حرارت یا بجلی کے ذریعہ پیدا ہونے والا کیمیائی تغیر۔

• الکَیْمُوسُ: وہ غذائی خلاصہ جسے آنتیں اپنے اندر سے گزرتے وقت جذب کر لیتی ہیں۔
الکَیْمُوسِیَّۃ: کھانے کی ضرورت
• کَانَ ـِ کَیْنًا: ذلیل و تابع ہونا۔
اَکَانَہُ اللّٰہُ: اللہ کا کسی کو ذلیل و حقیر کرنا، عاجز و تابع بنانا۔
اِکْتَانَ: رنجیدہ ہونا، آزردہ خاطر ہونا (اور دل کی کیفیت کو چھپانا) ۔
استکانَ: عاجز و تابع ہونا۔
ــــ لَہٗ: کسی کے سامنے گھٹنے ٹیکنا، حد سے زیادہ عجز و انکساری کرنا۔
الکَیْنَۃُ: بیر (۲) ضمانت ۔
المُکْتَانُ: ضامن و کفیل۔
• کَاھَہٗ ـِ کَیْھًا: کسی کے منہ کی بو سونگھنا۔
الکَیِّہُ: وہ شخص جو اپنی تدبیر و چال سے عاجز آچکا ہو (۲) بے تدبیر و بے حیلہ شخص۔
• کِیَھک: قبطی مہینوں کا چوتھا مہینہ۔

باب اللام

ل ـــــ أ

•اللَّامُ: حروف ہجائیہ کا تئیسواں حرف برائے ، لئے ۔

اللَّامُ الْمُفْرَدَۃُ: یہ لام (عاملہ) جارّہ اور جازمہ ہوتا ہے اور غیر عاملہ بھی ہوتا ہے۔

۱- عاملہ جارّہ - ہر اسم ظاہر کے ساتھ مکسور ہوتا ہے۔ جیسے: لِزَيْد و لِعَمْرو۔ لیکن اسم مستغاث "یا" ندائیہ کے ساتھ ہو تو اس وقت یہ لام مفتوح ہوتا ہے جیسے: یَا لَلّٰه۔ یائے متکلم کے علاوہ تمام اسماء ضمائر کے ساتھ مفتوح ہوتا ہے جیسے: لَنَا ولَكُم ولَهم وغیرہ۔ یاء متکلم کے ساتھ مکسور ہوتا ہے جیسے: لِي۔ لام جارہ حسب ذیل معانی کے لئے آتا ہے۔

(۱) برائے استحقاق۔ یہ کسی ذات اور کسی معنی کے درمیان آتا ہے جیسے: الْحَمْدُ لِلّٰهِ والْعِزَّةُ لِلّٰهِ و الْمُلْكُ لِلّٰهِ والأَمْرُ لِلّٰهِ۔ اللہ ذات ہے اور حمد وغیرہ معانی ہیں جن کا استحقاق صرف اللہ تعالیٰ کو ہے

(۲) برائے اختصاص جیسے: اَلْجَنَّةُ لِلْمُؤْمِنِينَ۔

(۳) (الف) برائے ملکیت۔ جیسے: لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ۔

(ب) برائے تملیک۔ جیسے: وَهَبْتُ لِزَيْدٍ دِينَارًا۔ یا شبہ تملیک جیسے: "جَعَلَ لَكُمْ مِنْ أَنْفُسِكُمْ أَزْوَاجًا"

(۴) برائے تعلیل جیسے: لِإِيلَافِ قُرَيْشٍ إِيلَافِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَاءِ وَالصَّيْفِ۔ استغاثہ میں لام ثانی بھی تعلیل کے لئے ہوتا ہے جیسے: یَا لَزَيْدٍ لِعَمْرٍو۔ ایسے ہی وہ لام جو فعل مضارع پر داخل ہو کر خود یا بواسطہ اَن اسے نصب دیتا ہے جیسے: "وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ"

اللَّحْدُ: قبر کی ایک جانب میت کو رکھنے کا گڑھا، اسے بغلی کہتے ہیں بغلی قبر (۲) قبر ج: اَلْحَادٌ و لُحُوْدٌ۔
اللَّحَّادُ: گورکن، بغلی بنانے والا، قبر کھودنے والا۔
اللَّحُوْدُ: مائل (۲) ڈھلوان کنواں۔
المُلْحَدُ: لحد، بغلی قبر۔
المُلْحِدُ: دین سے منحرف، بے دین، مذہب پر طعنہ زنی کرنے والا ج: مُلْحِدُوْنَ و مَلَاحِدَۃٌ۔
•لَحِزَہٗ ـَ لَحْزًا: کسی کے سامنے اصرار کرنا یا کسی چیز پر مصر ہونا۔

لَحِزَ فُلَانٌ ـَ لَحْزًا: کنجوس و بخیل ہونا (۲) تھڑدلا ہونا، تنگ ظرف ہونا۔ ھو لَحِزٌ و لَحُزٌ۔
تَلَاحَزَ القَوْمُ: ایک دوسرے کے خلاف بولنا، گفتگو میں باہم مقابلہ کرنا۔
—الصِّبْیَانُ: بچوں کا تک بندی میں مقابلہ کرنا، بیت بازی کرنا۔
—الشَّجَرُ: درخت کا گتھا ہوا ہونا۔
تَلَحَّزَ فُلَانٌ: لَحِزَ۔
—عنہ: پیچھے ہونا، مؤخر ہونا، لیٹ ہونا (۲) لڑائی یا سفر کے لئے کپڑے سمیٹ کر تیار ہونا۔
—فَمُہٗ: انار وغیرہ ترش چیز کھانے سے منہ میں پانی بھر آنا۔
اَلْمَلْحَزُ: آبنائے ج: مَلَاحِزُ۔
•لَحِسَ الاِنَاءَ ـَ لَحْسًا: برتن کو انگلی سے چاٹنا یا زبان سے چاٹنا۔
—الدُّوْدُ الصُّوْفَ: کیڑے کا اون کو چاٹ لینا، کھالینا۔
—الجَرَادُ الخَضِرَ والشَّجَرَ: ٹڈیوں کا سبزے اور درختوں کو کھالینا۔
اَلْحَسَتِ الاَرْضُ: زمین کا پہلی مرتبہ گھاس اگانا۔
—المَاشِیَۃَ: مویشی کو تھوڑا چارہ کھلانا۔
اِلْتَحَسَ منہ حَقَّہٗ: کسی سے حق لینا۔
اللَّاحِسَۃُ: سَنَۃٌ لَاحِسَۃٌ: سخت یعنی قحط کا سال جس میں گھاس دانہ بالکل نہ رہے۔ ج: لَوَاحِسُ
اَصَابَتْہُمْ لَوَاحِسُ: ان پر سخت سال (قحط کے سال) آئے

اللَّاحُوْسُ: منحوس (گویا وہ قوم کو کھاجانے والا ہے) (۲) حریص۔
اللَّحْسُ: سبزے کی ابتدائی روئیدگی، اگنے والی نوکیں، کونپلیں۔
اللُّحْسَۃُ: مَا لَكَ عِنْدِیْ لُحْسَۃٌ: تمہارے لئے میرے پاس کچھ بھی نہیں۔
اللَّحَّاسَۃُ: شیرنی۔
اللَّحُوْسُ: مکھیوں کی طرح مٹھائی کا شیدائی۔
اللَّحُوْسُ: بہت حریص اور بسیار خور آدمی۔
المِلْحَسُ: لالچی (۲) جو چیز ہاتھ لگے اسے اڑالے جانے والا (۳) بہادر ج: مَلَاحِسُ۔
المَلْحَسُ: ابتدائی روئیدگی (۲) ابتدائی روئیدگی کی جگہ ج: مَلَاحِسُ۔
تَرَکْتُہٗ بِمَلَاحِسِ البَقَرِ: میں نے اسے ایسے بیابان میں چھوڑا جہاں جنگلی گائے بچے جنتی ہے۔
المَلْحُوْسُ: بنجر جگہ، چٹیل۔
•لَحِصَ فِی الاَمْرِ ـَ لَحْصًا: کسی کام میں لگنا، پھنسنا۔
—فُلَانًا عن کذا: کسی چیز سے روکنا اور حوصلہ پست کرنا۔
لَحِصَتْ عَیْنُہٗ ـَ لَحَصًا: آنکھ کی پلکوں کا کیچ کی وجہ سے چپکنا (۲) پلک کے اوپر کا حصہ سکڑا ہوا ہونا۔
لَحَّصَ فِی الاَمْرِ: تنگی اور سختی برتنا، مقولہ ہے: کَانَ مَنْ مَضٰی لَا یُفَتِّشُوْنَ عن ھذا و لَا یُلَحِّصُوْنَ: اگلے لوگ اس معاملہ کی تفتیش اور کھود کرید نہیں کرتے تھے
—فُلَانًا عن کذا: روکنا۔

ہمت پست کرنا۔
لَحَّصَ الکِتابَ: کتاب کو مستحکم و منضبط کرنا۔
اِلْتَحَصَ الاَمْرُ: سخت ہونا، سنگین ہونا۔
— عَیْنُہ: آنکھ چپکنا۔
— الاِبْرَۃُ: سوئیں کا ناکا بند ہونا۔
— فُلانًا الی الاَمْرِ: کسی بات پر مجبور کرنا۔
— فُلانًا عن کذا: روکنا، حوصلہ پست کرنا۔
— الشَیْءُ فلانًا: کسی کو کچھ لگ جانا، چمٹ جانا۔
— البَیْضَۃَ و نَحْوَھا: انڈے کو توڑ کر تھوڑا تھوڑا پینا۔
— الذِّئْبُ عَیْنَ الشَّاۃِ: بھیڑیے کا بکری کی آنکھ پھوڑ کر اس کے اندر کا پانی اور خون پی جانا۔
لَحَاصِ: سختی و مصیبت (۲) قحط کا سال
المَلْحَصُ: پناہ گاہ۔
•لَحَطَ المَکانَ ـَ لَحْطًا: جھاڑو سے صفائی کرکے پانی چھڑکنا۔ ھو لَاحِطٌ۔
اَلْتَحَطَ: غصہ ہونا۔
•لَحَظَہ بِالعَیْنِ و اِلَیْہِ ـَ لَحْظًا و لَحَظَانًا: کسی کو کن انکھیوں سے دیکھنا، گوشۂ چشم سے دیکھنا۔ ھو لَاحِظٌ و لَحَّاظٌ وھی لاحِظَۃ
مُقْلَۃٌ لَاحِظَۃٌ: دیکھنے والی آنکھ ج: لَوَاحِظُ۔ مقولہ ہے: اَنَا عِنْدَہ مَحْفُوْظٌ مَحْظُوْظٌ بِعَیْنِ العِنایَۃِ مَلْحُوْظٌ: اس کی مجھ پر نگاہ کرم ہے۔
— البَعِیْرَ لَحْظًا: اونٹ کی کنپٹی پر نشان لگانا، داغ دینا۔

لَاحَظَہ مُلاحَظَۃً و لِحَاظًا: کسی پر نگاہ رکھنا، کسی کو تکنا (۲) لحاظ کرنا، خیال رکھنا، نگہداشت کرنا، نگرانی کرنا۔
— علیہ کذا: کسی کی کوئی بات نوٹ کرنا، کوئی رائے قائم کرنا۔
تَلَاحَظَا: ایک دوسرے کو کن انکھیوں سے دیکھنا۔
اللَّاحِظَۃُ: آنکھ ج: لَوَاحِظ۔
اللِّحَاظُ: کنپٹی سے متصل گوشۂ چشم ج: لُحُظٌ۔
اللَّحَّاظُ: کن انکھیوں سے دیکھنے کا عادی۔
اللَّحْظَۃُ: ایک نظر، سرسری نظر (۲) لمحہ، پل، آن، آنکھ جھپکنے کے بقدر مختصر وقفہ، ذرا سی دیر۔ سَکَتَ عن الکلامِ لَحْظَۃً: وہ ذرا سی دیر خاموش رہا۔ ج: لَحَظات۔
المُلاحِظُ: نگراں (۲) سپرنٹنڈنٹ اوورسیر (۳) آبزرور، مشاہد۔
المُلاحَظَۃُ: دزدیدہ نگاہی (۲) نوٹ، رائے (۳) علمی گرفت (۴) تبصرہ (۵) نگرانی (۶) مشاہدہ (۷) تاثر (۸) قابل غور بات (۹) اشارہ، ریمارک، تعلیق ج: مُلاحَظات۔
المُلاحَظَۃُ عن شیءٍ: کسی چیز کے بارہ میں تاثر، رائے، خیال یا تعلیق و تبصرہ۔
المَلْحَظُ: دزدیدہ نگاہی (۲) دزدیدہ نگاہ ڈالنے کی جگہ ج: مَلاحِظ۔
المَلْحُوظُ: قابل دید۔
المَلْحُوظَۃُ: نوٹ، تنبیہ، کسی کتاب وغیرہ میں خامی، غلطی یا سہو پر توجہ دلانے والے کلمات، قابل لحاظ یا توجہ طلب بات کی اضافی تشریح۔
•لَحَفَ القَمَرُ ـَ لَحْفًا: چاند کا کم روشنی کے مرحلہ میں داخل ہونا، آخری راتوں میں ہونا۔

لَحَفَ فُلانًا: کسی کو لحاف وغیرہ اڑھانا، ڈھانکنا۔ مقولہ ہے: لَحَفَہ فَضْلَ لِحافِہ: اسے اپنے لحاف کا بچا ہوا حصہ دیا یعنی بخشش و عطیہ کا بچا ہوا مال دیا، یا اس نے اپنے لحاف کا زائد حصہ دیا یعنی زیادہ عطیہ دیا۔
— النَّارَ الحَطَبَ: آگ پر لکڑیاں ڈالنا۔
— اللَّحْمَ عن الحَیَوانِ: جانور کا گوشت اتارنا۔
— فُلانًا بِجُمْعِ کَفِّہ: کسی کو مکا مارنا
— فُلانًا سَھْمًا: کسی کو تیر مارنا۔
— اللِّحافَ: لحاف و رضائی بنانا۔
اَلْحَفَ السَّائِلُ: اصرار کے ساتھ مانگنا، ضد کرکے مانگنا۔ قرآن پاک میں ہے: " لَا یَسْأَلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا: وہ لوگوں سے چمٹ کر یا پیچھے پڑ کر نہیں مانگتے۔
— فلانٌ: زمین پر تکبر اور اتراہٹ سے ازار گھسیٹتے ہوئے چلنا۔
— بہ: کسی کو نقصان پہنچانا۔
— فُلانًا: کسی کے لئے لحاف خریدنا۔
— ضَیْفَہُ: اپنا لحاف (سردی میں بطور ایثار) مہمان کو دینا۔
— شارِبَہ: مونچھ کو بہت زیادہ کاٹنا
— فُلانًا الثَّوْبَ: کسی کو کپڑا پہنانا، کپڑا اڑھانا۔
لَاحَفَہ: کسی کے ساتھ رہنا، دوش بدوش ہونا، تعاون کرنا۔
تَلَحَّفَ فُلانٌ: تکبر سے زمین پر دامن گھسیٹنا۔
اِلْتَحَفَ لِحافًا: اپنے لئے لحاف بنانا۔

التحف باللحاف وغیرہ: لحاف وغیرہ اوڑھنا۔
ـــ الدابۃ بالسمن: جانور کا فربہ ہونا۔
تلحف لحافا: لحاف اوڑھنا۔
اللحاف: اوورکوٹ وغیرہ، چادر یا کمبل وغیرہ، روئی بھری ہوئی رضائی یا لحاف ج: لحف۔
اللحف: پہاڑ کی جڑ۔
الملحف: گاؤن وغیرہ، ہلکی گرم رضائی، چادر یا کمبل ج: ملاحف۔
الملحفۃ: الملحف (۲) عورت کے اوڑھنے کی چادر۔
•لحق الفرس ــ لحوقا ولحق بطنہ: دبلا اور چھریرا ہونا۔
ـــ الثمن فلانا: کسی پر قیمت لازم ہوجانا۔
ـــ الیمین فلانا: قسم کو پورا کرنا کسی کے ذمہ ہوجانا۔
ـــ بہ لحقا ولحاقا: پالینا، کسی سے جا ملنا۔
ـــ بہ لحوقا: چمٹنا، پیچھے پڑنا، پیچھے لگنا، کسی کے تابع ہونا، لاحق ہونا۔
الحق بہ: کسی کو پالینا، کسی تک پہنچ جانا دعاء قنوت میں ہے: "ان عذابک الجد بالکفار ملحق" تیرا واقعی عذاب کفار کو لپیٹ میں لے کر رہے گا۔
ـــ فلانا بہ: کسی کو کسی کے تابع کرنا، وابستہ اور متعلق کرنا۔ مقولہ ہے: الحق القائف الولد بابیہ: قیافہ شناس نے لڑکے کو اس کے باپ کے تابع کر دیا یعنی علامات دیکھ کر یہ بتا دیا کہ وہ اسی کا بیٹا ہے۔
ـــ فلانا فلانا: کسی کو کسی سے ملانا، تابع اور وابستہ کرنا، پیچھے لگانا۔

الحق الشیء بکذا: وابستہ کرنا نتھی اور منسلک کرنا (۲) شامل کرنا، اضافہ کرنا۔
ـــ التلمیذ بالمدرسۃ: داخل کرنا داخلہ دینا یا داخلہ دلانا۔
التحق بہ: کسی سے جا ملنا (۲) چمٹنا، چپکنا (۳) شامل ہونا (۴) منسلک و وابستہ ہونا۔
ـــ بالمدرسۃ: داخلہ لینا۔
ـــ بالخدمۃ: نوکری پر لگنا۔
لاحقہ: پیچھا کرنا، مداخلت کرنا، پکڑنے کی کوشش کرنا۔
لاحقہ بہجمات: تابڑ توڑ حملے کرنا
تلاحقت المطایا ونحوھا: سواریوں کا ایک دوسرے کے پیچھے ہونا، ایک دوسرے سے ملا ہوا ہونا، ایک دوسرے کو پالینا، ایسے ہی کہا جاتا ہے: تلاحق القوم: ایک دوسرے سے ملا ہوا ہونا۔
ـــ الاخبار والاحوال: خبروں اور حالات میں تسلسل ہونا۔
استلحق فلانا: کسی کو نسبا اپنی طرف منسوب کرنا، اپنے خاندان میں شامل کرنا۔
الالتحاق: شمولیت (۲) انتساب، (۳) داخلہ (۴) انسلاک و وابستگی۔
الالحاق: (متعدی) داخلہ (۲) شمولیت (۳) انسلاک و وابستگی (۴) جوڑ، تعلق، وابستگی۔
التلاحق: تسلسل، یکے بعد دیگرے۔
اللاحق: اگلا (ضد: سابق) بعد میں یا پیچھے آنے والا (۲) وابستہ، منسلک تابع۔
ابو لاحق: باز۔
اللاحقۃ: دوسری بار کا پھل،
ج: لواحق۔
الملحاق: تیز رو اونٹنی جس سے اونٹ آگے نہ نکل سکیں (۲) تیزی سے تیر پھینکنے والی کمان۔
اللحق: اگلی چیز کے بعد آنے والی شے (۲) کتاب وغیرہ کا ضمیمہ (۳) بین الاقوامی ضابطہ کی رو سے کسی معاہدہ یا اس کی کسی دفعہ سے متعلق تفصیلی احکام (۳) کسی کی طرف منسوب غیر نسبی لڑکا، (۴) وادی کا وہ خشک حصہ جس میں پانی ختم ہوجانے کے بعد بیج ڈال دیا جائے ج: الحاق۔
الملحق: ضمیمہ، تتمہ (۲) اضافہ (۳) اضافی (۴) تابع (۵) شامل ج: ملحقات (۶) سفارت خانہ میں مخصوص کام انجام دینے والا افسر (اٹاچی) جیسے پریس اٹاچی وغیرہ (۷) کسی معاہدہ یا اس کی کسی دفعہ کی تفصیلات پر مشتمل ضمیمہ (۸) اخبار کا ضمیمہ جو الگ کسی خاص خبر کے لئے شائع کیا جاتا ہے۔
الملحقات: متعلقات، ضمیمے، تتمے۔
الامتحان الملحق: امتحان ضمیمہ سپلیمنٹری امتحان۔
•لحک الشیء بالشیء ــ لحکا: کسی چیز کو کسی چیز سے جوڑنا، چپکانا،
ـــ الولد: بچہ کے منہ میں دوا ڈالنا۔
لاحک الشیء بالشیء: جوڑنا، چپکانا کہتے ہیں: لوحک فقار ظہرہ: اس کی کمر کی ہڈیاں ایک دوسرے میں پیوست ہیں۔
تلاحک الشیء: کسی چیز کا گتھا ہوا اور اس کے اجزا کا ملا ہوا ہونا، ایک دوسرے میں پیوست ہونا۔ جیسے: تلاحک البنیان: عمارت کا مستحکم ہونا۔ ھو متلاحک۔
دابۃ متلاحکۃ: مضبوط اور

طاقتور جانور۔
لَحْكَةٌ و لَحكاءٌ: ایک قسم کی چھپکلی۔
المَلَاحِكُ: تنگ گذرگاہیں۔
لَحْلَحَ القَوْمُ: کسی جگہ جم جانا۔
تَلَحْلَحَ القَوْمُ: جم جانا۔
— عن المكانِ: ہٹ جانا۔
اللَّحْلَحُ: تنگ جگہ۔
خُبْزَةٌ لَحْلَحٌ: سوکھی روٹی۔
لَحَمَ الشيءَ ـُ لَحْمًا: جوڑنا، ٹانکا لگانا، مسالے سے جوڑنا۔ جیسے لَحَمَ الصَّائِغُ الفِضَّةَ والذَّهَبَ: سنار کا سونے چاندی کو جوڑنا۔
— الأَمْرَ: ٹھیک کرنا، پختہ کرنا۔
— العَظْمَ ـَ لَحْمًا: ہڈی کا گوشت اتارنا۔
— القَوْمَ: گوشت کھلانا۔ هو لَاحِمٌ
لَحِمَ بالمكانِ ـَ لَحَمًا: کسی جگہ پھنس جانا، گڑ جانا، پیوست ہونا، چپک کررہ جانا۔
— الرَّجُلُ: گوشت خور ہونا، گوشت کھانے کی بہت خواہش رکھنا (۲) زیادہ گوشت کھا کر گرانی محسوس کرنا، دردِ شکم میں مبتلا ہونا۔ هو لَحِمٌ۔
— الصَّقْرُ و نَحْوُهُ: شاہین وغیرہ کا گوشت کھانے کی خواہش رکھنا۔
— الرَّجُلَ: کسی کو گوشت تک اثر کرنے والی چوٹ لگانا (۲) کسی سے بہت نزدیک ہونا، بالکل مل جانا۔
لَحُمَ فُلَانٌ ـُ لَحَامَةً: فربہ ہونا، گوشت چڑھا ہوا ہونا۔ هو لَحِيمٌ
لَحُمَت الدَّابَّةُ لَحَامَةً ولُحُومًا: پرگوشت اور فربہ ہونا۔
أَلْحَمَ الرَّجُلُ: آدمی کا فربہ ہونا، گوشت چڑھا ہوا ہونا (۲) کسی کے گھر میں بہت گوشت ہونا۔

أَلْحَمَ الزَّرْعُ: کھیتی میں دانہ پڑنا۔
— بالمكانِ: مقیم ہونا، چپک کررہ جانا۔
— الدَّابَّةُ: جانور کا رک کر کھڑا ہو جانا، اپنی جگہ سے نہ ہلنا۔
— الشيءَ: جوڑنا، ٹانکا لگانا۔
— الثَّوْبَ: کپڑا بننا۔ مقولہ ہے: أَلْحِمْ ما أَسْدَيْتَ: جو تم نے شروع کیا اسے پورا کرو۔
— القَوْمَ: گوشت کھلانا۔ مقولہ ہے: أَلْحَمَهُ عِرْضَ فُلانٍ: کسی سے کسی کو سب وشتم کرانا، گالی دینے کا موقع دینا۔
— بَصَرَهُ كذا: کسی چیز کو تیز نظر سے دیکھنا۔
— بَيْنَ بَنِي فُلانٍ شَرًّا: کسی قبیلہ یا خاندان میں فتنہ کھڑا کرنا۔
— الشِّعْرَ: شعر تیار کرنا۔
— فُلانًا الأَرْضَ: کسی کو زمین پر پٹکنا
لَاحَمَ الصَّدْعَ: شگاف بند کرنا، درز بند کرنا۔
— بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ: دو چیزوں کو ملانا
— الشيءَ بالشيءِ: چپکانا۔ هو مُلَاحِمٌ۔
حَبْلٌ مُلَاحَمٌ: مضبوط رسی۔
اِلْتَحَمَ الجُرْحُ: زخم بھرنا۔
— الحَرْبُ: لڑائی سخت ہونا، گھمسان کی جنگ ہونا۔
— الجَيْشَانِ: دو فوجوں میں جھڑپ ہونا، باہم گتھم گتھا ہونا۔
تَلَاحَمَت الأَشْيَاءُ: چند چیزوں کا باہم مل جانا، جڑ کر ایک ہو جانا۔
— الشَّجَّةُ: زخم کا گوشت ہموار ہو جانا، زخم ٹھیک ہو جانا۔
اِسْتَلْحَمَ الزَّرْعُ: کھیتی کا گنجان ہونا۔

اِسْتَلْحَمَ الطَّرِيقُ: راستہ کا کشادہ ہونا
— الخَطْبُ فُلانًا: مصیبت کا کسی کو گھیر لینا، پریشانی میں ڈالنا۔
— الشيءَ: پیچھا کرنا، پیروی کرنا۔
— الرَّجُلُ الطَّرِيقَ: راستہ پر چلنا کشادہ راستہ اختیار کرنا۔
اِسْتُلْحِمَ فُلانٌ: لڑائی میں دشمن کا کسی کو گھیر لینا۔
الاِلْتِحَامُ: اندمال (زخم) (۲) ملان، جوڑ، اتحاد (۳) اتحاد (اشیا) (۴) علم الاحیا میں مختلف النوع اعضاء کا اتحاد۔
التَّلَاحُمُ: یگانگت (۲) اتحاد و تعاون، (۳) جوڑ، تعلق، یکجہتی۔
اللَّاحِمُ: گوشت خور جانور یا پرندہ، ج: لواحم (۲) گوشت والا۔
اللِّحَامُ: معدنیات جوڑنے کا مسالا، ٹانکا (جیسے رانگ وغیرہ) (۲) ویلڈنگ
اللِّحَامُ بالكَهْرَبَاءِ: بجلی کا ٹانکا۔
اللِّحَامَةُ: ویلڈنگ (۲) ٹانکا لگانے کا کام یا پیشہ، جوڑنے کا کام۔
اللَّحَّامُ: ویلڈر، ٹانکا لگانے والا (۲) گوشت فروش (قصاب)۔
اللَّحْمُ: گوشت (۲) ہر چیز کا گودا، ج: أَلْحُمٌ ولُحُومٌ۔
أَكَلَ لَحْمَ فُلانٍ: کسی کی غیبت کرنا، پیٹھ پیچھے برائی کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ أَنْ يَأْكُلَ لَحْمَ أَخِيهِ مَيْتًا"
اللَّحْمُ المَفْرُومُ: قیمہ۔
اللَّحِمُ: البَيْتُ اللَّحِمُ: بہت گوشت والا گھر (۲) غیبت کا گڑھ۔ وہ مکان جس میں لوگوں کی بہت غیبت کی جاتی ہو۔
بَازٌ لَحِمٌ: گوشت کھانے والا

یا گوشت کی خواہش رکھنے والا باز۔

اللَّحْمَةُ: گوشت کا ٹکڑا (۲) باز کے شکار کئے ہوئے جانور کا وہ گوشت جو اسے کھلایا جاتا ہے (۳) کپڑے کا بانا (عرضاً پھیلے ہوئے دھاگے، اس کا مقابل سَدَی (تانا) ہوتا ہے) (۴) رشتہ داری۔

اللُّحْمَةُ: باز کے شکار میں سے باز کا حصہ (۲) سر وغیرہ کی کھال (۳) گوشت کی جھلی (۴) کپڑے کا بانا (۵) رشتہ داری بَيْنَهُمْ لُحْمَةُ نَسَبٍ: ان میں خاندانی رشتہ ہے ج: لُحَم۔

اللَّحِيْمُ: موٹا، گوشت چڑھا ہوا (۲) مطابق۔ هذا لَحِيْمُ ذٰلِكَ یہ اس کے مانند اور مطابق ہے۔

المُتَلَاحِمُ مع شيءٍ: باجوڑ، مطابق

المُتَلَاحِمَةُ: سر کا زخم جو گوشت کو پار کر جائے اور پھر جڑ جائے۔

المُلَاحَمُ: مضبوط بٹی ہوئی (رسّی)۔

المُلْتَحِمُ: متحد (۲) علم الاحیاء میں دیگر نوع کے عضو سے جڑا عضو۔

المُلْتَحِمَةُ: آنکھ کے پپوٹے کا اندرونی پردہ۔

المُلْحَمُ: وہ کپڑا جس کا تانا بانا الگ الگ قسم کا ہو مثلاً ریشم اور سوت ملا کر بنا ہوا کپڑا (۲) گوشت پر پلا ہوا (۳) قبیلے کے ساتھ ملا ہوا (۴) قیدی۔

المَلْحَمَةُ: گھمسان کی جنگ، خون ریزی (۲) میدان کارزار (۳) واقعہ نویسی کا فن جس کے مخصوص قواعد واصول ہیں، نثر یا نظم میں لکھی ہوئی کہانی جس میں بادشاہوں اور بہادروں کے حیرت انگیز کارنامے یا افسانے بیان کئے جاتے ہیں، رزمیہ داستان ج: مَلَاحِم۔

• لَحَنَ فی کلامه ـَ لَحْنًا: کلام میں اعرابی اور نحوی غلطی کرنا، غلط بولنا۔ هو لاحِنٌ ولَحَّانٌ۔

ـــ الرَّجُلُ: اپنی زبان میں بولنا، اپنی بولی بولنا۔

ـــ بلَحْنِ بنی فُلانٍ: کسی قبیلہ کی زبان میں بات کرنا۔

ـــ لَهُ لَحْنًا: کسی سے اشارے سے بات کرنا (کہ اس کے علاوہ دوسرا نہ سمجھ سکے) حدیث میں ہے: "اِذا انصَرَفْتُما فَالْحَنالی لَحْنًا" جب تم واپس ہو تو مجھ سے اشارہ سے بتانا صراحت نہ کرنا

ـــ اِلَيْهِ: کسی کا قصد کرنا، متوجہ ہونا۔

ـــ القَوْلَ عنه: کسی کی بات سمجھنا۔

لَحِنَ فُلانٌ ـَ لَحَنًا: اپنی دلیل کے ہر پہلو یا نشیب وفراز سے واقف ہونا، سمجھ دار ہونا، حدیث میں ہے: "لَعَلَّ بعضكم اَنْ يَّكُوْنَ اَلْحَنَ بحُجَّتِه من بَعْضٍ"

ـــ قَوْلَهُ لَحْنًا: بات سمجھنا۔ هو لَحِنٌ۔

اَلْحَنَ فی کلامه: کلام میں غلطی کرنا

ـــ فُلانًا القَوْلَ: کسی کو بات سمجھانا

لَاحَنَهُ: کسی سے مخصوص اشاروں میں بات کرنا (کہ دوسرا نہ سمجھ سکے)۔

لَحَّنَ فی قِرَاءَتِه: ترنم یا لے سے پڑھنا۔

ـــ الاُغْنِيَةَ: مخصوص لے سے گانا، گانا گانا، گانے میں سُر پیدا کرنا، لے نکالنا، گانے کی کمپوزنگ کرنا، دھن بنانا، صدا بندی کرنا۔

ـــ فُلانًا: کسی کی غلطی نکالنا، غلط کلام کرنے والا قرار دینا۔

اللَّاحِنُ: غلط عربی بولنے والا۔

اللَّحْنُ: نغمہ، ترنم، وہ مخصوص آواز جو موسیقی میں نکالی جاتی ہے، شعر، طرزِ ادا، لہجہ، سُر، لے۔ فلان لا يَعْرِف لَحْنَ هذا الشِّعْرِ: فلاں اس شعر کے پڑھنے کا طرز نہیں جانتا (۲) زبان (لغت)۔ هذا كلام لَيْسَ من لَحْنِی ولا من لَحْنِ قومی: یہ کلام نہ میری اور نہ میرے قبیلہ کی زبان میں ہے (۳) اعرابی یا نحوی غلطی ج: اَلْحَانٌ ولُحُوْن

لَحْنُ القَوْلِ: مصداق کلام جو غور کرنے سے سمجھا جائے۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فی لَحْنِ القَوْلِ"

اللَّحَنُ: زبان (لغت)، روایت ہے: اِنَّ القُرآن نَزَلَ بِلَحَنِ قُرَيْشٍ: قرآن قریش کی زبان میں نازل ہوا ہے (۲) ذکاوت وہوشیاری

اللُّحَنَةُ: بہت غلطیاں کرنے والا۔

المَلَاحِنُ: پہیلیاں جن کو حل کرنے میں ذہانت وذکاوت ضروری ہے۔

• لَحَا الشَّجَرَةَ والعَصَا ـُ لَحْوًا: درخت یا لاٹھی کو چھیلنا، چھلکا اتارنا، چھال اتارنا۔

ـــ فُلانًا: ملامت کرنا (۲) سخت وسست کہنا۔ هو لَاحٍ وهی لَاحِيَةٌ والمفعول مَلْحُوٌّ۔

لَحَى الشَّجَرَةَ والعَصَا ـَ لَحْيًا: چھیلنا، چھلکا اتارنا۔

ـــ اللهُ فُلانًا: اللہ تعالیٰ کا کسی کو برا اور ملعون بنانا، کسی کو اپنی رحمت سے دور کرنا۔ المفعول مَلْحِیٌّ و مَلْحِيَّةٌ۔

اَلْحَى العُوْدُ: شاخ یا لکڑی کے چھیلنے کا وقت آنا۔

اَلْحَی فُلَانٌ : قابلِ ملامت کام کرنا۔
لَاحَاہُ مُلَاحَاۃً و لِحَاءً: کسی سے لڑائی جھگڑا کرنا، کسی کو لعنت ملامت کرنا، گالی گفتار کرنا۔
اَلْتَحَی الرَّجُلُ : داڑھی والا ہونا، باریش ہونا (۲) داڑھی چھوڑنا، داڑھی رکھنا
___ الغُلَامُ: لڑکے کے داڑھی نکل آنا
___ العُودَ و نحوَہ: چھال یا چھلکا اتارنا۔
تَلَاحَی الرَّجُلَانِ : باہم گالی گلوچ کرنا، باہم جھگڑنا۔
تَلَحَّی فُلَانٌ : پگڑی کا کچھ حصہ داڑھی کے نیچے رکھنا۔
الاَلْحَی: رَجُلٌ اَلْحَی : لمبی یا بڑی ڈاڑھی والا۔
اللِّحَاءُ: ہر چیز کا چھلکا (۲) درخت وغیرہ کی چھال۔ مقولہ ہے: لَا تَدْخُلْ بَیْنَ العَصَا و لِحَائِہَا: تو ایسے دو شخصوں کے درمیان نہ گھس جو باہم ایک قالب اور ایک جان ہوں یا ایسے لوگوں میں چغلخوری نہ کر کیونکہ تجھے اس میں ناکامی ہوگی جس طرح لاٹھی اور اس کے چھلکے کے درمیان گھسنے کی کوشش لاحاصل ہوگی (۳) گردے اور دماغ کی بالائی پرت ج: اَلْحِیَۃٌ و لُحِیٌّ۔
لِحَاءُ التَّمْرَۃِ: کھجور کی گٹھلی کی جھلی۔
اللَّحْیُ : انسان وغیر انسان کی ٹھوڑی یا داڑھی اگنے کی جگہ۔ یہ دو حصے ہوتے ہیں۔ لَحْیَانِ تثنیہ ہے (۲) ہر ڈاڑھی والے انسان یا جانور کا جبڑا۔ یہ بھی دو ہڈیاں اوپر نیچے ہوتی ہیں جن میں دانت ہوتے ہیں ج: اَلْحٍ و لُحِیٌّ و لِحَاءٌ۔
اللِّحْیَانُ : تھوڑا پانی، سیلاب کے بنائے ہوئے گڑھے۔

اللِّحْیَانِیُّ : رَجُلٌ لِحْیَانِیٌّ : لمبی ڈاڑھی والا، بڑی ڈاڑھی والا۔
اللِّحْیَۃُ : داڑھی (دونوں رخساروں اور ٹھوڑی کے بال) ج: لِحًی و لُحًی۔
لِحْیَۃُ التَّیْسِ : ایک مولی جیسی ترکاری جسے پکا کر کھایا جاتا ہے یا اس کا پودا، اسے فومی بھی کہتے ہیں۔
لِحْیَۃُ الحِمَارِ و لِحْیَۃُ الرَّاعِی و لِحْیَۃُ المِعْزَی: پودوں کے نام۔
المِلْحَاۃُ : چھال اتارنے کا اوزار، چھری وغیرہ۔

ل ـــــ خ

• لَخَّ فی کلامِہ ـُ لَخًّا: عجمی طرز پر غیر واضح کلام کرنا۔
___ الخَبَرَ: خبر معلوم کرنا، کھوج لگانا
___ فُلَانًا: کسی کے طمانچہ مارنا۔
لَخِخَتْ عَیْنُہُ ـَ لَخَخًا : چیپڑ کی وجہ سے آنکھ چپکنا۔
التَخَّ العُشْبُ : گھاس کا گھنا ہونا اور زیادہ ہونا۔
___ الوَادِی: وادی کا گنجان درختوں والی ہونا۔
___ علیہ الاَمْرُ: کوئی معاملہ کسی کے لئے پیچیدہ بنجانا، حل نہ نکلنا ھو مُلْتَخٌّ۔ سَکْرَانُ مُلْتَخٌّ: مدہوش نشہ والا جو کوئی بات نہ سمجھ سکے، مخبوط الحواس شرابی۔
تَلَاخَّ الوَادِی: وادی کا تنگ اور گنجان درختوں والی ہونا۔
اللَّخَّۃُ : ناک۔ امْرَاۃٌ لَخَّۃٌ: گندی اور بدبودار عورت۔
اللَّخُوخُ: اَصْلٌ لَخُوخٌ: معیوب نسل والا۔

لَخَبَہُ ـُ لَخْبًا: طمانچہ مارنا۔
اللَّخْبُ : گوگل کا درخت۔
• لَخِصَتْ عَیْنُہُ ـَ لَخَصًا : موٹے پپوٹے والا ہونا، سوجے ہوئے پپوٹوں والا ہونا۔ لَخِصَ الانسانُ بھی کہا جاتا ہے۔ ھو اَلْخَصُ و ھی لَخْصَاءُ ج: لُخْصٌ۔
لَخَّصَ الشَّیْءَ: کسی چیز کا خالص حصہ لینا، جوہر نکالنا۔
___ القَوْلَ: بات کو مختصر کرنا، تلخیص کرنا، خلاصہ نکالنا (۲) بیان کرنا، وضاحت کرنا۔ کہتے ہیں: لَخِّصْ لی خَبَرَکَ: تم اپنے واقعہ کی مجھ سے تفصیل بیان کرو۔ الشَّیْءُ والقَوْلُ مُلَخَّصٌ۔
التَّلْخِیصُ: خلاصہ اختصار کی ہوئی چیز ملخص۔
اللَّخَصُ : ضَرْعٌ لَخِصٌ: پرگوشت تھن جس سے بمشکل دودھ نکالا جاسکے۔
اللَّخَصَۃُ : آنکھ کے اندر کا گوشت، ڈھیلے کا بالائی اور زیریں حصہ ج: لِخَاصٌ۔
المُلَخَّصُ: خلاصہ، جوہر، ماحصل۔
• لَخَفَ فُلَانًا ـَ لَخْفًا: بہت زور سے مارنا، سخت پٹائی کرنا۔
___ عَیْنَہُ: آنکھ پر تھپڑ مارنا۔
اللِّخَافَۃُ : دھاردار باریک پتھر۔
اللَّخْفُ: پتلا مکھن (غیر منجمد)
اللَّخْفَۃُ : سفید، باریک چوڑا پتھر ج: لِخَافٌ۔
• اللَّخْلَخَانِیُّ: صاف نہ بولنے والا۔
اللَّخْلَخَانِیَّۃُ : لکنت۔ جیسے اَتَانَا رَجُلٌ فیہ لَخْلَخَانِیَّۃٌ (۲) حذفِ حروف جیسے: مَاشَاءَ اللّٰہُ کو بعض اعرابی

مَشَا اللہ کہتے ہیں۔
لَخَمَ الشَّیْءَ ـُ لَخْمًا: کاٹنا۔
— وَجْھَہٗ: طمانچہ مارنا۔
— فُلَانًا: کسی کو مشکل کام پر لگانا منقولہ ہے: بہ لَخْمَۃٌ: اس کی طبیعت بوجھل ہے۔
لَاخَمَہٗ مُلَاخَمَۃً و لِخَامًا: کسی کو طمانچے لگانا، پے در پے تھپڑ مارنا، یا ایک دوسرے کو طمانچے لگانا، باہم طمانچے بازی کرنا۔
اِلْتَخَمَ: بھاری کام میں لگنا۔
اللِّخَامُ: تھپڑ، طمانچہ۔
اللُّخْمُ: ایک سمندری مچھلی جس کی دندانے دار سونڈ ہوتی ہے اور وہ ہر چیز کو کاٹتی ہوئی گزر جاتی ہے۔
اللَّخْمَۃُ: سستی اور افسردگی۔ بالرَّجُل لَخْمَۃٌ: وہ سست و افسردہ ہے۔
اللُّخَمَۃُ: بہت افسردہ اور سست۔
• لَخِنَ السِّقَاءُ ـَ لَخَنًا: مشک کا بدبودار ہونا۔
— الرَّجُلُ والمَرْأَۃُ: عورت یا مرد کے بدن سے بدبو آنا (ان جگہوں کا بدبودار ہونا جہاں پسینہ اور میل جمع ہو جاتا ہے جیسے بغل کنج ران وغیرہ)۔ ھو لَخِنٌ و اَلْخَنُ وھی لَخِنَۃٌ و لَخْنَاءُ۔
— الرَّجُلُ: بدکلام ہونا، فحش گوئی کرنا۔ ھو اَلْخَنُ وھی لَخْنَاءُ ج: لُخْنٌ۔ بطور گالی کہا جاتا ہے یا ابنَ اللَّخْنَاءِ۔
اللَّخَنُ: ختنہ سے پہلے بچے کے عضو تناسل کی کھال کے اندر کی سفیدی۔
• لَخَاہُ ـُ لَخْوًا: ناک یا منہ میں دوا ڈالنا۔
لَخِيَ ـَ لَخًا: بیہودہ گو ہونا، بکواس کرنا۔
لَخِيَ الشَّیْءُ: ٹیڑھا ہونا۔
— اللَّحْيُ: داڑھی کا ایک طرف کا حصہ ٹیڑھا ہونا۔
— البَطْنُ: پیٹ کا نیچے سے ڈھیلا ہونا۔
— العُقَابُ: عقاب کی چونچ کا اوپر والا حصہ نیچے والے سے لمبا ہونا۔
— البَعِیْرُ: اونٹ کے ایک گھٹنے کا دوسرے سے بڑا ہونا۔ لَخِیَت العُلْبَۃُ والجَفْنَۃُ: ڈبے یا پیالے کا ٹیڑھا ہونا۔ ھو اَلْخَی وھی لَخْوَاءُ ج: لُخْوٌ
اَلْخَاہُ: کسی کے ناک یا منہ میں دوا داخل کرنا۔
اِلْتَخَی فُلَانٌ: اپنی ناک میں دوا چڑھانا
— الصَّبِیُّ: دودھ وغیرہ میں بھگوئی ہوئی روٹی کھانا۔
اللَّخَاءُ و اللَّخَا: ناک میں دوا چڑھانے کا آلہ۔
اللِّخَاءُ: (ماں کے دودھ کے علاوہ) بچہ کی غذا۔
المِلْخَی و المِلْخَاءُ: اللَّخَاءُ۔

ل ـــــ د

• لَدَّ فُلَانًا ـُ لَدًّا: کسی سے بہت جھگڑنا، سخت دشمنی رکھنا (۲) کسی سے جھگڑے میں غالب ہو جانا۔ ھو لَدٌّ و لَادٌّ و لَدُوْدٌ۔
— المَرِیْضَ لَدًّا و لُدُوْدًا: بیمار کی زبان ایک طرف کر کے دوسری طرف دوا ڈالنا۔ ھو لَادٌّ و المَفْعُول مَلْدُوْدٌ۔
لَدَّہ باللَّدُوْدِ و لَدَّہُ اللَّدُوْدَ: کسی کے منہ میں زبان کے ایک جانب دوا ڈالنا۔
لَدَّ فُلَانًا عن الاَمْرِ: روکنا۔
لَدَّ ـَ لَدَدًا: بہت جھگڑالو ہونا (۲) سخت دشمن ہونا۔ ھو اَلَدُّ وھی لَدَّاءُ ج: لُدٌّ۔
اَلَدَّہٗ: دشمنی کرنا، جھگڑنا۔
— بہ: کسی کا ناطقہ بند کرنا (۲) دشمنی میں بہت بڑھ جانا (۳) ٹلانا (۴) زبان کی ایک جانب منہ کی دوا اندر ڈالنا منہ کے گوشہ سے دوا پلانا۔
لَادَّہٗ مُلَادَّۃً و لِدَادًا: کسی کے ساتھ سخت جھگڑا اور دشمنی کرنا۔
— عنہ: کسی کا دفاع کرنا، کوئی چیز دفع کرنا۔
لَدَّدَہٗ: پریشان کر دینا، حیرانی میں ڈالنا۔
— بہ: بدنام کرنا۔
اِلْتَدَّ فُلَانٌ: دوا نگلنا، دوا حلق سے اتارنا۔
— عنہ: ہٹنا، ایک طرف ہونا، کہتے ہیں: مالہ عنہ مُحْتَدٌّ ولا مُلْتَدٌّ: اس کو اس سے چھٹکارا نہیں ہے۔
تَلَدَّدَ: حیران ہو کر دائیں بائیں دیکھنا (۲) ٹھیرنا، قیام کرنا۔
الاَلَدُّ: جھگڑالو (۲) جانی دشمن ج: لُدٌّ و لِدَادٌ۔
اللَّدَدُ: ناحق شدید جھگڑا، ناحق شدید دشمنی۔ فُلَانٌ فیہ لَدَدٌ: اس کے مزاج میں دشمنی اور جھگڑا ہے۔
بَیْنِی و بَیْنَہٗ لَدَدٌ: مجھ میں اور اس میں زبردست دشمنی یا جھگڑا ہے۔
اللَّدُوْدُ: بڑا جھگڑالو۔ عَدُوٌّ لَدُوْدٌ: زبردست دشمن (۲) منہ کے ایک گوشہ سے ڈالنے کی دوا (۳) منہ اور حلق کا درد ج: اَلِدَّۃٌ۔
اللَّدِیْدُ: منہ کے گوشہ سے پی جانے والی

دوا (۲) گردن کا بیرونی حصہ۔
لَدِيدَا الفَمِ: منھ کے دو کنارے
اللديدان: کانوں کے نیچے گردن کے دو کنارے
(۲) ہر شئے کے دو پہلو یا کنارے۔
نَزَلَ لَدِيدَي الوادي: وہ وادی کے دو طرف مقیم ہوا ج: اَلِدَّةٌ
اللَّدِيدَةُ: ہرا بھرا شاداب باغ۔
المُتَلَدَّدُ: گردن۔
المَلْدُودُ: وہ شخص جس کے منھ میں ایک گوشہ سے دوا ڈالی جائے۔
•لَدَسَهُ بيدهٖ ـِ لَدْسًا: کسی کو ہاتھ سے مارنا، کسی کے ہاتھ مارنا
ـــ بحجرٍ: کسی کے پتھر مارنا۔
اَلْدَسَتِ الاَرضُ: زمین میں روئیدگی ظاہر ہونا۔
لَدَّسَ الخُفَّ او الحافرَ: جانور کے پاؤں میں نعل لگانا۔
اللَّدِيسُ: زمین کی ابتدائی روئیدگی
المِلْدَسُ: گٹھلیاں کوٹنے کا بھاری پتھر ج: مَلادِسُ۔
•لَدَغَتْهُ الحيّةُ ـَ لَدْغًا و تَلْدَاغًا: سانپ کا ڈسنا، ڈنک مارنا
هي لادغة و هو ملدوغ (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے) لَدِيغ
ج: لَدْغَى و لُدَغاءُ۔
ـــ فلانا بكلمةٍ: کسی کو چبھتا ہوا لفظ کہنا، تکلیف دہ بات کہنا۔ اَصابَهُ منه ذُبابٌ لادِغٌ: اس کی جانب سے اسے بڑی سخت تکلیف پہنچی۔
اَلْدَغَ فلانًا: ڈسنے کے لئے کسی پر سانپ چھوڑنا۔
اللَّدّاغةُ: لوگوں کی آبرو ریزی کا عادی
اللَّدِيغُ و الملدوغُ: مارگزیدہ۔
المِلْدَغُ: رَجُلٌ مِلْدَغٌ: لوگوں پر طعن و تشنیع کا عادی۔

•لَدَمَ الشيءَ ـِ لَدْمًا: چوٹ لگانا۔
ـــ فلانًا: طمانچہ مارنا (۲) ایسی چیز اٹھا کر مارنا جس کی آواز سنائی دے۔ هو لادِمٌ ج: لُدَّمٌ۔ لَدَمَتِ المرأةُ صدرَها و وجهَها: عورت کا منھ اور سینہ پیٹنا، ماتم کرنا۔
ـــ الثوبَ و نحوَه: کپڑے وغیرہ میں پیوند لگانا، ٹھیک کرنا۔
اَلْدَمَتْ عليه الحُمّى: کسی کو ہمیشہ بخار رہنا۔
لَدَّمَ الثوبَ والخُفَّ: کپڑے اور موزہ میں پیوند لگانا، مرمت کرنا۔
اِلْتَدَمَ الرَّجُلُ: بے چین ہونا، پریشان ہونا۔
ـــتِ المرأةُ: منھ اور سینہ پیٹنا۔
ـــ فلانا: کسی کو مارنا، دھکا دینا۔
تَلَدَّمَ الثوبُ: پرانا ہو کر پیوند لگانے کے قابل ہو جانا۔
ـــ الرَّجُلُ الثوبَ: پیوند لگانا۔
اللِّدامُ: پیوند (وہ کپڑے کا ٹکڑا جس کے ذریعہ پیوندکاری کی جائے)۔
اللَّدْمُ: زمین پر پتھر وغیرہ گرنے کی آواز۔
فُلانٌ فَدْمٌ لَدْمٌ: فلاں بے وقوف ہے۔
اللَّدَمُ: یہ لفظ باہمی عہد و پیمان کی تاکید کے لئے آتا ہے۔ عرب کہتے ہیں: اَللَّدَمَ اللَّدَمَ: تمہاری عزت ہماری عزت ہے ہمارا گھر تمہارا گھر ہے۔ ان میں کوئی فرق نہیں۔
اللَّدِيمُ: بوسیدہ کپڑا۔ ثوبٌ لَدِيمٌ: پیوند لگا کر ٹھیک کیا ہوا کپڑا۔
المِلْدَامُ: گٹھلیاں کوٹنے کا پتھر۔ ج: مَلادِيمُ۔
المُلَدَّمُ: ثوبٌ مُلَدَّمٌ: بوسیدہ کپڑا
المِلْدَمُ: المِلْدامُ (۲) لحیم شحیم بیوقوف

اُمُّ مِلْدَمٍ: بخار کی کنیت۔ اَخَذَتْهُ اُمُّ مِلْدَمٍ: اسے بخار چڑھ گیا۔
•لَدُنَ الشيءُ ـُ لَدَانَةً و لُدُونَةً: نرم ہونا، لچکدار ہونا۔ هو لَدْنٌ
ج: لُدْنٌ و لِدانٌ و هي لَدْنَةٌ ج: لِدانٌ۔
امرأةٌ لَدْنَةٌ: پرشباب و گداز عورت۔ قناةٌ لَدْنَةٌ: لچکدار نیزہ یا چھڑی۔
ـــ اَخلاقُهُ: اخلاق کا اچھا اور نرم ہونا، خوش اخلاق و نرم مزاج ہونا۔ فُلانٌ لَدْنُ الخَلِيقةِ: فلاں نرم مزاج ہے۔
لَدَّنَ الشيءَ: نرم کرنا۔
ـــ ثوبَهُ: کپڑا تر کرنا، بھگونا۔
ـــ فلانا في الامرِ: کسی معاملہ میں پھنسائے رکھنا، دیر لگوانا۔
تَلَدَّنَ في الامرِ: کسی کام میں مشغول رہنا، دیر لگانا، توقف کرنا۔
ـــ في حاجته: اپنے کام میں دیر کرنا
ـــ عليه: کسی کے لئے رکاوٹ بننا، دیر کرانا۔
ـــ عليه راحلتُهُ: سواری کے جانور کا کسی کو دیر کرانا اور نہ چلنا۔
ـــ الرَّجُلُ: عذر پیش کرنا اور رک جانا۔
ـــ بالمكانِ: قیام کرنا۔
اللَّدْنُ: خراب پکا ہوا کھانا۔
اللَّدْنُ: نرم و لچکدار۔
اللُّدْنَةُ: ضرورت، حاجت۔
لَدُنْ: پاس، نزد۔ ظرف زمان و مکان غیر منصرف، بمعنی عند، لیکن یہ عند کے مقابلہ میں زیادہ قربِ مکانی پر دلالت کرتا ہے اور اس سے خاص ہے۔ عند مکان و غیر مکان دونوں

جگہ آتا ہے جیسے: لی عندَ فُلان مَالٌ یعنی میرا مال اس کے ذمہ ہے۔ لَدُن فُلانٍ نہیں کہا جائے گا کیونکہ لدن اس صورت میں کہا جائے گا جبکہ وہ مال فی الوقت موجود ہو۔ اور یہ برخلاف عند صرف حاضری کے لئے استعمال ہوتا ہے کہتے ہیں: لَدَیَّ مَالٌ۔ یہ اس وقت کہا جائے گا جبکہ مال حاضر ہو (عندی مالٌ میں یہ ضروری نہیں کہ مال فی الوقت موجود ہو، صرف ملکیت اور قبضہ میں ہونا کافی ہے)۔

لَدُنْ کے ساتھ اگر یا متکلم ملجائے تو درمیان میں نون وقایہ لایا جاتا ہے جیسے: لَدُنِّی۔ نون وقایہ کے بغیر کم استعمال ہے۔ جیسے: لَدُنِی۔

العِلْمُ اللَّدُنِّیُّ: علم ربانی جو بذریعہ الہام منجانب اللہ حاصل ہو۔

مِن لَدُنْهُ: خاص اور بلا واسطہ اس کے پاس سے۔ من عنده میں یہ قرب وخصوصیت نہیں ہے۔ "اٰتَیْنَاهُ مِن لَّدُنَّا عِلمًا": ہم نے اسے خاص اپنے پاس سے علم دیا۔

اللَّدِیْنَةُ: پلاسٹک، مختلف شکلوں میں ڈھل جانے والا ایک مادہ ج: لَدَائِن

• اَلْدَی فُلانٌ: زیادہ ہم عمروں والا ہونا۔

اللِّدَةُ: ہم عمر ج: لِدَاتٌ۔

• لَدَی: پاس، سامنے ظرف مکان، بمعنی عندَ۔ کبھی زمانہ کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے: جِئْتُكَ لَدَی طُلُوعِ الشَّمْسِ۔ یہ اسم جامد ہے۔ اگر ضمیر کی طرف مضاف ہو تو اس کا الف یا ر سے بدل جاتا ہے جیسے: لَدَیْهِ و لَدَیْكَ: کلام میں یہ لفظ مستقل حیثیت رکھتا ہے اسی لئے اسے مبتدا وغیرہ کی خبر بنایا جاتا ہے۔ جیسے قرآن پاک میں ہے: "وَلَدَیْنَا كِتابٌ یَنْطِقُ بِالحَقِّ"۔

لَدَیْكَ فُلانًا: برائے اغراء بولا جاتا ہے یعنی تمہیں فلاں کو پکڑنا چاہیے۔

ل ــــ ذ

• لَذَجَهُ ــَـ لَذْجًا: اصرار کے ساتھ مانگنا۔

ـــ الماءَ فی حَلْقِه: گھونٹ پینا، گھونٹ بھرنا۔

لَذَّ الشیءُ ــَـ لَذَاذًا و لَذَاذَةً: مزیدار ہونا، ذائقہ دار ہونا خوش ذائقہ ہونا۔ هو لَذٌّ و لَذِیذٌ۔

عَیْشٌ لَذٌّ: خوش گوار زندگی

شَرابٌ لَذٌّ: خوش ذائقہ مشروب ج: لُذٌّ و لِذاذٌ و هِیَ لَذَّةٌ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاَنْهَارٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِلشَّارِبِیْنَ"۔

ـــ الشیءَ و بِالشیءِ لَذًّا: مزیدار پانا، کسی چیز میں مزہ آنا، لذت حاصل کرنا، لطف لینا۔

لَذَّذَهُ: ذائقہ دار بنانا، مزیدار بنانا۔

اِلتَذَّ الشیءَ و بِه: کسی چیز سے لطف لینا، مزہ لینا، کسی چیز میں لطف آنا۔

تَلاذَّ الرَّجُلُ والمرأةُ: ایک دوسرے سے لطف اندوز ہونا۔

تَلَذَّذَ الشیءَ و بِه: مزہ لینا، لطف لینا لطف اندوز ہونا۔

اِستَلَذَّ الشیءَ و بِه: لطف حاصل کرنا، لذت محسوس کرنا، مزے لینا۔

اللَّذُّ: لذیذ و مزیدار۔ رَجُلٌ لَذٌّ: خوش گفتار (۲) نیند۔

اللَّذَّةُ: مزہ، ذائقہ کی عمدگی، لطف (۲) کیف وسرور، راحت، خوشگواری

المَلَذُّ: مزہ اور لذت کی جگہ ج: مَلاذُّ

المَلَذَّةُ: خواہش ج: مَلاذُّ و مَلَذَّاتٌ

• لَذَعَ الطَّائِرُ ــَـ لَذْعًا: پرندہ کا پھڑپھڑا کر بازوؤں کو کچھ حرکت دینا۔

ـــ فُلانٌ بِرأیِه و ذَکائِه: اپنی فہم وفراست سے کسی بات کو جلد سمجھ جانا۔ هو لَوذَعِیٌّ۔

ـــ النَّارُ الشیءَ: آگ کا کسی چیز کو جلا ڈالنا۔

ـــ الحَرُّ: گرمی کا جھلس دینا۔

ـــ القَیحُ القَرحَةَ: پیپ کا زخم میں جلن وسوزش پیدا کرنا۔

ـــ الحُبُّ قَلبَه: محبت کا دل کو جلانا تڑپانا۔

ـــ فُلانًا بِلِسانِه و قَولِه: زبان سے کسی کو تکلیف پہنچانا۔

التَذَعَ: درد سے تڑپنا۔

التَذَعَتِ القَرحَةُ: زخم میں ٹیس ہونا، کھولن ہونا۔

تَلَذَّعتِ النَّارُ: آگ بھڑکنا۔

ـــ فُلانٌ: تیز اور ذہین ہونا (۲) غصہ سے زبان ہلا ہلا کر ادھر ادھر دیکھنا۔ کہتے ہیں: کَلَّمْتُه فاذا هو غَضْبانُ یَتَلَذَّعُ۔

ـــ الغُلامُ: لڑکے کا تیز اور اچھی چال چلنا۔

اللاذِعُ: تیز، طَعامٌ لاذِعٌ: تیز مرچ یا تیز مسالے دار کھانا، منہ جلانے والا، چٹپٹا (۲) تکلیف (کلام)، چبھتی ہوئی بات۔

اللاذِعَةُ: تکلیف دہ بات ج: لَواذِع

لَواذِعُ الکلامِ: تکلیف دہ باتیں، تلخ باتیں۔

اللَّذّاعُ: مبالغہ در لاذِع بہت تیز،

بہت تکلیف دہ۔ فُلَانٌ مَذَّاعٌ لَذَّاعٌ وعدہ خلاف۔
اَللُّذَعُ: منھ جلانے والی نبیذ۔
اَللَّوْذَعُ و اَللَّوْذَعِیُّ: ذہین وہوشیار، صاحبِ فہم وفراست، خوش بیان و خوش گفتار، جی دار و پختہ مزاج۔
• لَذْ لَذَ فُلَانٌ: کام میں تیز و پھرتیلا ہونا
• لَذِمَهُ و بِالمَكَانِ ـــ لَذَمًا و لُذُومًا: برقرار رہنا، قیام کرنا۔
ـــ بِالشَّيْءِ: کسی چیز پر دل آنا، فریفتہ ہوکر اس کی خواہش رکھنا۔
اَلْذَمَ بِالمَكَانِ: کسی جگہ ٹھیرے رہنا۔
ـــ فُلَانًا الشَّيْءَ و بِهِ: کسی کو کسی چیز کا دلدادہ بنانا، فریفتہ کرنا۔ کسی کے دل میں کسی چیز کی خواہش اور لگن پیدا کرنا۔
اَللُّذَمَةُ: کسی چیز سے چمٹا رہنے والا، اس سے الگ نہ ہونے والا۔
اَلمِلْذَمُ: بہادر۔
• اَللَّاذَنُ: ایک قسم کا پودا جس سے گوند نکلتا ہے جسے بطور خوشبو اور دوا استعمال کیا جاتا ہے۔
• لَذِيَ بِالأَمْرِ ـــ لَذًى: لگے رہنا، الگ نہ ہونا۔
اَلَّذِي: اسم موصول مبہم، مبنی، معرفہ، اس کا ابہام اس کے بعد آنے والے صلہ سے دور ہوتا ہے۔ اس کی اصل لَذِي ہے اس پر الف لام داخل کر دیا گیا ہے جو کبھی جدا نہیں ہوتا اس کا تلفظ مختلف ہے۔ اَلَّذِي اَللَّذِ، اَللَّذْ اور اَللَّذِيُّ۔ اس کی جمع دو طرح ہے۔ (۱) اَلَّذِينَ حالت رفع اور نصب وجر میں (۲) اَلَّذِي بحذف نون، بعض نے حالت رفع میں اَلَّذُونَ بھی کہا ہے۔
تثنیہ اَللَّذَانِ و اَللَّذَانِّ و اَللَّذَا حالت رفع میں۔ اَللَّذَيْنِ حالت نصب وجر میں۔

ل ـــ ز

• لَزَبَ الشَّيْءُ ـُ لُزُوبًا: جما رہنا، هو لَازِبٌ۔ کہتے ہیں: صَارَ الأَمْرُ ضَرْبَةَ لَازِبٍ: کسی معاملہ کا مسلط ہو جانا، ضروری ہو جانا (۲) سخت ہونا۔
ـــ الطِّينُ: مٹی کا لیس دار ہونا، سخت اور چپکنے والا ہونا۔
ـــ بِالشَّيْءِ: چپکنا، چمٹنا۔
ـــ العَامُ: قحط والا ہونا۔
ـــ العَقْرَبُ فُلَانًا لَزْبًا: بچھو کا ڈسنا۔
لَزِبَ الطِّينُ ـَ لَزَبًا: لیس دار ہونا، گتھا ہوا ہونا، چپکنے والا ہونا
ـــ الشَّيْءُ: تنگ ہونا (۲) کم ہونا۔ هو لَزِبٌ۔ طَرِيقٌ لَزِبٌ: تنگ راستہ۔ عَيْشٌ لَزِبٌ: تنگ زندگی
ج: لِزَابٌ۔
لَزُبَ الشَّيْءُ ـُ لَزْبًا و لُزُوبًا: گتھنا، اجزا کا باہم پیوست ہونا۔
ـــ الطِّينُ و نَحْوُهُ: تر مٹی (یا گارے) کا لیس دار ہونا، چپکنے والا ہونا۔
تَلَازَبَ الشَّيْءُ: انبار لگنا، ڈھیر لگنا۔
اَللَّازِبُ: لیس دار، چپکنے والا۔
اَللَّزِبُ: تنگ راستہ۔
اَللَّزْبَةُ: سختی، مصیبت، قحط۔
اَصَابَتْهُم لَزْبَةٌ: ان پر قحط آیا
ج: لِزَبٌ و لَزْبَات و لَزَبَات۔
اَلمِلْزَابُ: بڑا بخیل۔
• لَزِجَ الشَّيْءُ ـَ لَزَجًا و لُزُوجًا و لُزُوجَةً: کھنچ کر بڑھنا، لیس دار ہونا۔

لَزِجَ الشَّيْءُ بِالشَّيْءِ: چپکنا، لگنا۔ كَانَ فِيهِ وَدَكٌ يَعْلَقُ بِاليَدِ وَغَيْرِهَا اس میں چکناہٹ تھی جو ہاتھ وغیرہ کو لگتی تھی۔ لَزِجَ العَسَلُ بِاِصْبَعِهِ: شہد اس کی انگلی کو لگ گیا یا چپک گیا۔
ـــ بِالشَّيْءِ: کسی چیز کا شوقین و دلدادہ ہونا۔ هو لَزِجٌ۔
تَلَزَّجَ الشَّيْءُ: لیس دار ہونا۔
ـــ الطَّعَامُ او الطِّيبُ: کھانے کی چیز یا عطر کا گاڑھا اور لیس دار ہونا، تار دار ہونا، تار اٹھنا۔
ـــ البَقْلُ: سبزیوں کا نرم ہونے کی بنا پر ایک دوسرے پر جھکنا۔
ـــ شَعْرُ الرَّأْسِ: سر کے بالوں کا دھونے سے چپک جانا (میل سے گتھ جانا)۔
اَللَّزِجَةُ: رَجُلٌ لَزِجَةٌ: کسی جگہ کو چمٹے رہنے والا، اپنی جگہ سے نہ ہلنے والا۔
اَللُّزُوجَةُ: لیس، چپچپاہٹ (جیسے تار کول یا شہد وغیرہ میں ہوتا ہے)، تار، قوام جو شیرے وغیرہ میں ہوتا ہے
• لَزَّهُ ـُ لَزًّا و لِزَازًا: باندھنا، چپکانا۔
ـــ بِهِ الشَّيْءُ: کوئی چیز لگ جانا چپک جانا، چمٹ جانا۔
ـــ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ایک شے کو دوسری کے ساتھ ملانا، جوڑنا (۲) ایک شے کے لئے دوسری کو لازم کرنا۔
ـــ بِفُلَانٍ: کسی سے وابستہ ہونا، کسی کے ساتھ کسی کو جوڑ دینا۔
ـــ الشَّيْءَ: کسی شے کے اجزا کو ملا کر دبانا اور چھوٹا کرنا۔
ـــ البَعِيرَيْنِ وَغَيْرَهُمَا: دو اونٹوں وغیرہ کو ایک رسی میں باندھنا۔

لَزَّ البَابَ: دروازہ بند کرنا۔
ــــ فُلَانًا بِالرُّمْحِ: کسی کو نیزہ مارنا۔
ــــ فُلَانًا اِلٰی کَذَا: کسی بات پر مجبور کرنا
اَلَزَّ الشَّیْءَ: چپکانا (۲) باندھنا۔
لَازَّهُ مُلَازَّةً وَلِزَازًا: کسی کے ساتھ لگا رہنا، چمٹا رہنا، پیچھا نہ چھوڑنا۔
لَزَّزَهُ اللّٰهُ: اللہ کا کسی کو مضبوط اور گٹھے ہوئے جسم والا بنانا۔
اِلْتَزَّ بِالشَّیْءِ: چمٹنا، چپکنا، لگنا۔
تَلَزَّزَ الشَّیْءُ: گٹھا ہوا ہونا، ٹھکا ہوا ہونا، گتھا ہوا ہونا۔
اللِّزَازُ: دروازہ کی چٹخنی۔
لِزَازُ خُصُومَةٍ: بڑا جھگڑالو، مقابل کا پیچھا نہ چھوڑنے والا، غالب آنے والا۔
لِزَازُ مَالٍ: مال کا منتظم اور اسے ٹھیک رکھنے والا۔
لِزَازُ شَرٍّ: فتنہ و فساد سے باز نہ آنیوالا
جَعَلْتُ فُلَانًا لِزَازًا لِفُلَانٍ: میں نے فلاں کو فلاں کے لئے مخالفت ختم کرانے کا وکیل و نمائندہ بنا دیا ہے یا میں نے فلاں کو فلاں کی مخالفت ختم کرانے کے لئے اس کے پیچھے لگا دیا ہے۔
اللَّزُّ: دروازہ کا کنڈا۔ فلان كَزٌّ لَزٌّ: فلاں بخیل ہے۔
اللِّزُّ: کسی چیز کو چمٹے رہنے والا۔
لِزُّ شَرٍّ: کنجوس بخیل۔
اللُّزَزُ: دروازہ کی چٹخنی۔
المِلَزُّ: سخت جھگڑالو، مطالبہ پر اڑا رہنے والا۔ رَجُلٌ مِلَزٌّ وَامْرَأَةٌ مِلَزٌّ۔
•لَزِقَ الشَّیْءُ بِالشَّیْءِ ـــ لُزُوقًا: چپکنا، چمٹنا، چپکنے والے مسالے سے جڑ جانا (۲) مل جانا (درمیان میں خلا نہ رہنا) لَزِقَتِ الرِّئَةُ بِالجَنْبِ پیاس یا بیماری سے پھیپھڑے کا پہلو سے لگ جانا۔ هُوَ لَازِقٌ وَهِیَ لَازِقَةٌ۔
اَلْزَقَهُ بِالشَّیْءِ: چپکانا۔
لَازَقَهُ مُلَازَقَةً وَلِزَاقًا: کسی کے ساتھ لگے رہنا، چپکے رہنا۔ هُوَ جَارِی مُلَازِقِی: وہ میرا قریبی پڑوسی ہے۔
لَزَّقَ الشَّیْءَ: چپکانا (۲) کام کو چلتا ہوا کرنا، ناپختہ کرنا۔
اِلْتَزَقَ الشَّیْءُ بِالشَّیْءِ: چپکنا، لگنا۔
تَلَازَقَ الشَّیْئَانِ: ایک دوسرے سے چپکنا، باہم جڑنا، چپکنا۔
اللَّازُوقُ: مرہم کا پھایہ جو زخم کو ٹھیک کر کے ہی اترتا ہے (۲) دوا کا پلاسٹر (۳) زخم کو بچائے رکھنے کا پلاسٹر۔
اللِّزَاقُ: جوڑنے یا چپکانے کی چیز، لئی یا گوند یا پیسٹ یا سریش۔
لِزَاقُ الذَّهَبِ۔ لِزَاقُ الحَجَرِ
لِزَاقُ الرُّخَامِ: خاص قسم کے پتھروں سے بنائی جانے والی دوائیں
اللَّزَّاقُ: چپکنے والا کاغذ۔
اللِّزْقُ: لَازِقٌ۔ چپکنے والا۔ هٰذَا لِزْقُ هٰذَا: وبِلِزْقِهِ: یہ اس کے برابر ہے متصل ہے۔
اللَّزْقَاءُ: اُذُنٌ لَزْقَاءُ: وہ کان جس کا کنارہ سر سے چپکا ہوا ہو۔
اللَّزْقَةُ: دوا کا پلاسٹر۔
اللُّزَیْقَی: بارش سے دورات بعد پتھروں کی جڑوں کی مٹی میں اگنے والی روئیدگی (۲) بارش سے مٹی میں پیدا ہونے والی چپچپاہٹ۔
اللَّزُوقُ: اللَّازُوقُ۔
اللَّزِیقُ: چپکا ہوا (۲) متصل۔ هُوَ لَزِیقُ هٰذَا۔
•لَزِمَ الشَّیْءُ ـــ لُزُومًا: برقرار رہنا، لازم ہو جانا، ضروری ہو جانا۔
ــــ کَذَا مِنْ کَذَا: کسی چیز سے کوئی چیز پیدا ہونا، لازم آنا، نتیجہ نکلنا۔
ــــ الشَّیْءُ فُلَانًا: کسی پر کوئی چیز واجب و لازم ہونا، ضروری ہونا، جیسے لَزِمَهُ الغُرْمُ: اس پر تاوان لازم ہو گیا۔ لَزِمَهُ الطَّلَاقُ اس پر طلاق واجب ہو گئی۔
ــــ العَمَلَ: کام پر لگے رہنا۔
ــــ المَرِیضُ السَّرِیرَ: بیمار کا صاحب فراش ہو جانا۔ چارپائی سے نہ اٹھ پانا
ــــ الغَرِیمَ وَبِهِ: قرض دار کے پیچھے پڑنا
ــــ الصَّمْتَ: خاموشی اختیار کرنا۔
ــــ بَیْتَهُ: خانہ نشین ہونا۔
ــــ جَانِبَ الحَذَرِ: احتیاط برتنا۔
ــــ الحَذَرَ فِی کَذَا: احتیاط سے کام لینا
اَلْــــزَمَ الشَّیْءَ: قائم رکھنا، لازم و واجب کرنا۔
ــــ فُلَانًا الشَّیْءَ: کسی پر کوئی چیز لازم کرنا، کسی چیز کا پابند کرنا، ذمہ کرنا۔ جیسے: اَلْزَمَهُ المَالَ وَالعَمَلَ وَالحُجَّةَ: کسی کو مال دینے یا کام کرنے یا دلیل دینے کا پابند کرنا۔ اَلْزَمَهُ بِهِ: کسی کو کسی کے ساتھ لگانا، پابند کرنا۔ اَلْزَمَ خَصْمَهُ: اپنے مقابل پر دلیل میں غالب آنا۔
لَازَمَهُ مُلَازَمَةً وَلِزَامًا: وابستہ رہنا، ساتھ لگا رہنا، کسی کے ساتھ ہمیشہ رہنا۔
ــــ الغَرِیمَ: قرض دار کے سر پر سوار رہنا، اس کا پیچھا نہ چھوڑنا۔
ــــ فُلَانًا: کسی سے گلے ملنا۔
اِلْتَزَمَ الشَّیْءَ اَوِ الاَمْرَ: کسی چیز یا کسی معاملہ کا پابند ہونا، ذمہ لینا، ٹھیکہ لینا،

خود پر لازم کر لینا، ذمہ دار بن جانا۔
اَلْتَزَمَ فُلانٌ لِلدَّوْلَةِ: حکومت کو لگان ادا کرنے کا ذمہ لینا۔ ھو مُلْتَزِم
— العَمَلَ: کام کی ذمہ داری لینا۔
— بشئٍ: کسی چیز کی پابندی کرنا، پابند ہونا۔
— بِسِیاسَةٍ: کسی پالیسی پر چلنا۔
— بِعَمَلٍ مُعَیَّنٍ: متعینہ کام کا ٹھیکہ لینا، پابند ہونا۔
اِسْتَلْزَمَ الشئَ: لازم اور ضروری سمجھنا (۲) مقتضی ہونا، درکار ہونا۔
الالتِزامُ: پابندی (۲) فریضہ (۳) اجارہ داری ٹھیکہ (۴) ذمہ داری (۵) مجبوری (۶) وابستگی (۷) کنسیشن (حکومت کی جانب سے دی جانے والی رعایت) (۸) لگان (خراج) ادا کرنے کی ذمہ داری ج: التزامات۔
التزامات تَعاقُدِیَّة: شرائط معاہدہ، پابندیاں۔
التزاماتُ فُلانٍ: معمولات، اپنی مقرر کردہ پابندیاں۔
فَرْضُ الالتزامات علی فلانٍ: پابندیاں عائد کرنا، شرائط لگانا۔
الإلزامُ: جبر۔
الإلزامِیُّ: جبری، لازمی۔
اِلْتِزامًا: پابندی سے (۲) ٹھیکہ پر (۳) معاہدہ پر (۴) مجبوراً۔
اللَّازِمَةُ: ضرورت کی چیز، متعلقہ چیز۔ ج: لوازم (۲) علم ریاضی اور علم الہندسہ میں کسی برہان قائم کئے ہوئے نظریہ سے نکلنے والا لازمی نتیجہ (۳) انسان کی قولی یا فعلی عادت جو غیر ارادی اور غیر شعوری طور پر اس کی خصوصیت بن جاتی ہے۔
اللِّزَامُ: بہت چمٹا رہنے والا، ثابت و قائم قرآن پاک میں ہے: "فَسَوْفَ یَکُونُ لِزامًا" (۲) موت (۳) حساب (۴) فیصلہ۔
اللُّزَمَةُ: رَجُلٌ لُزَمَةٌ: کسی چیز سے ہر وقت چمٹا رہنے والا، پیچھا نہ چھوڑنے والا۔
اللَّوازِمُ: ضروریات، سامان۔
لَوازِمُ السَّفَرِ: ضروریات یا سامان سفر
المُلازِمُ: غیر منفک، ہمیشہ ساتھ رہنے والا (۲) مصاحب۔
المُلازِمُ الأوَّلُ: (ایک فوجی عہدہ) فرسٹ لیفٹیننٹ۔
المُلازِمُ الثانی: سیکنڈ لیفٹیننٹ۔
المُلازِمُ لہ: تابع، ماتحت، متعلق۔
مُلازِمُ الفِراشِ: سخت بیمار، صاحب فراش
المُلازَمَةُ: دائمی وابستگی، مصاحبت، رفاقت۔
المُلْتَزِمُ: زمین کا خراج (لگان) دینے کا پابند (۲) معاہد (۳) اجارہ دار، ٹھیکہ دار، ذمہ دار۔
المُلْتَزَمُ: پابند، مجبور۔
المِلْزَمُ: شکنجہ (۲) پروف (وہ پہلا مطبوعہ کاغذ جو برائے تصحیح مشین سے نکالا جائے۔
المَلْزَمَةُ: کتاب وغیرہ کا ایک جزء (فارم) جو ۲ یا ۴ یا ۸ یا ۱۶ یا ۳۲ صفحات کا ہوتا ہے۔
المَلْزومِیَّة: ذمہ داری، مجبوری، پابندی
•لَزَنَ القَوْمُ ـُ لَزْنًا: لوگوں کی بھیڑ لگنا، دھکم دھکا ہونا۔ لَزَنَ القَوْمُ عَلَی البِئْرِ: کنویں پر لوگوں کی بھیڑ سے جگہ تنگ ہو جانا۔
تَلازَنَ القَوْمُ: لَزَنُوا۔
الأَلْزَنُ: سخت (زمانہ)
اللَّزَنُ: سختی و تنگی۔ أصابَهُمْ لَزَنٌ مِنَ العَیْشِ: ان پر زندگی تنگ ہو گئی۔ ماءٌ لَزِنٌ: تھوڑا پانی۔ مَنْهَلٌ لَزِنٌ: بھیڑ والا چشمہ۔
اللَّزْنَةُ: اللَّزَنُ۔ تنگی اور سختی کا سال ج: لِزَنٌ۔
اللِّزْنَةُ: اللَّزْنَة ج: لِزَنٌ۔

ل ـــ س

•لَسَبَتْهُ العَقْرَبُ ونحوها ـِ لَسْبًا: بچھو کا کاٹنا۔ هو لاسِبٌ باتَ البَعُوضُ یَلْسِبُنا: رات بھر ہمیں مچھر کاٹتے رہے۔
— فُلانًا سَوْطًا و بہ: کسی کو کوڑا مارنا۔
— بِلِسانِهِ: گالی دینا، برا بھلا کہنا۔ هو لاسِبٌ ولَسّابَةٌ۔
لَسِبَ بہ ـَ لَسَبًا: چپکنا۔
— العَسَلَ ونَحْوَهُ: چاٹنا۔
اَلْسَبَهُ عَقْرَبًا ونَحْوَهُ: بچھو وغیرہ سے کٹوانا، ڈسوانا، کاٹنے کے لئے کسی پر چھوڑنا۔
اللَّسُوبُ: ما تَرَكَ لَسُوبًا: اس نے کچھ نہیں چھوڑا۔
•لَسَدَ الفَصِیلُ ونَحْوُهُ أُمَّهُ ـِ لَسْدًا: ماں کے تھن کا سارا دودھ پی لینا۔
— الشئَ: چاٹنا۔ لَسَدَتِ الوَحْشِیَّةُ وَلَدَها: جنگلی مادہ کا اپنے بچہ کو چاٹنا
•لَسَّ الشئَ ـُ لَسًّا: کھانا (۲) چاٹنا
لَسَّتِ الدّابَّةُ الحَشِیشَ: چوپائے کا گھاس چاٹ جانا، چرنا (ہونٹوں سے کھالینا)
فُلانٌ یَلُسُّ لِی الأذَی: فلاں مجھے تکلیف دینے کی چال چل رہا ہے
اَلَسَّتِ الأرْضُ: زمین کی پہلی روئیدگی

نمودار ہونا۔
اَلَسَّ النَّبَاتُ : گھاس کا نوچنے اور پکڑنے کے قابل ہو جانا۔
اللَّسَاسُ : ابتدائی روئیدگی جو چری نہ جا سکے۔
اللَّسُّ : پہلی دفعہ کی چرائی۔
اللُّسُسُ : ہوشیار شتربان۔
•لَسَعَتْهُ العَقْرَبُ ـَ لَسْعًا : ڈنک مارنا۔
أَتَتْنِي منه اللَّوَاسِعُ : مجھے اس کی طرف سے بڑی تکلیف دہ باتیں سننے کو ملیں۔ هو مَلْسُوع وهي مَلْسُوعَة ۔ وهو وهي لَسِيْعٌ ج: لَسْعَى ولُسَعَاءُ۔
ـــ فلانا بلسانه : کسی کو برا کہنا، طعنہ دینا، گالی دینا۔
ـــ فَمَه الفُلْفُل : منہ میں مرچ لگنا۔
اَلْسَعَهُ عَقْرَبًا : بچھو سے ڈسوانا (کاٹنے کے لئے اس پر چھوڑنا)
ـــ بَيْنَ النَّاسِ : لوگوں میں لڑائی کرانا
اللَّسَّاعُ : نیش زن، بدزبان، طعنہ زن، تکلیف دہ باتیں کرنے والا۔
اللُّسَعَةُ : اللَّسَّاعُ ۔
اللُّسُوْعُ : شوہر کو تکلیف پہنچانے والی زبان دراز عورت۔
اللَّسِيْعُ والمَلْسُوْعُ : ڈسا ہوا، بچھو کا کاٹا ہوا۔
المِلْسَعُ : ماہر ہوشیار راہبر۔
•لَسِقَ به ـَ لَسَقًا : چپکنا (۲) اونٹ کا پیاس سے چپکے ہوئے پھیپھڑوں والا ہونا۔
اَلْسَقَه بشئٍ : چپکانا۔
ـــ فلانًا بفلانٍ : ساتھ لگانا۔
اللِّسْقُ : ساتھی، ساتھ لگا ہوا، ساتھ لگا رہنے والا (۲) متصل۔

اللَّسِيْقُ : اللِّسْق۔
•لَسَمَ الشئَ ـُ لَسْمًا : چکھنا۔
لَسِمَ ـَ لَسَمًا : بول نہ سکنا۔
اَلْسَمَهُ الشئَ : چکھانا۔
•لَسَنَ فُلانًا ـُ لَسْنًا : کسی کی بدگوئی کرنا، برائی کرنا، برائی سے یاد کرنا۔
ـــ فُلانًا : زبان زوری میں کسی پر اپنی برتری کی بنا پر غالب آنا۔
لا سَنَهُ فَلَسَنَهُ : زبان زوری یا خوش بیانی میں کسی سے مقابلہ کرنا اور اسے مغلوب کرنا۔
ـــ اللِّيْفَ : کھجور کے پتوں کے ریشے نکال کر بٹنے کے لئے لچھیاں بنانا۔
لَسِنَ فُلانٌ ـَ لَسَنًا : فصیح و بلیغ ہونا، زبان زور و خوش گفتار ہونا
هو لَسِن وهي لَسِنَة ۔ وهو اَلْسَنُ وهي لَسْنَاءُ ج: لُسْنٌ
اَلْسَنَ فُلانٌ : فصیح اللسان ہونا، خوش بیان ہونا (۲) کثیر الکلام ہونا، لسّان ہونا۔
ـــ فُلانًا قولَه ورِسَالَتَهُ : کسی تک اپنی بات یا پیغام پہنچانا۔
اَلْسِنِّي فُلانًا و اَلْسِنْ لي فُلانا كذا وكذا : میرا پیغام پہنچاؤ۔
ـــ عن فُلانٍ : کسی کا پیغام پہنچانا۔
لاَسَنَهُ : کسی سے بات چیت میں یا فصاحت میں مقابلہ کرنا، کسی کے ساتھ بحث کرنا، زبان زوری کرنا، بحث و تکرار کرنا، كانت بينهما ملاسنة : ان میں جھڑپ یا بحث ہوئی۔
لَسَّنَ فُلانٌ : حیرت یا سوچ کی بنا پر دانتوں میں زبان دبانا۔
ـــ الشئَ : کسی چیز کی، زبان کی طرح نوک بنانا۔ جیسے : لَسَّنَ الحِذَاءَ ، جوتے کو اوپر کی طرف سے نوک دار بنانا۔ هو مُلَسَّنٌ ۔
قَدَمٌ مُلَسَّنَةٌ : لطیف و قدرے لمبا پیر۔
لَسَّنَ اللِّيفَ : کھجور کے پتوں کے ریشے نکالنا۔
تَلَسَّنَ الجَمْرُ : زبان کی طرح انگاروں سے شعلہ یا لپٹ اٹھنا۔
ـــ علَى فُلانٍ : کسی کے متعلق جھوٹ بولنا، کسی پر الزام لگانا۔
اللِّسَانُ : زبان (منہ میں گوشت کا ایک متحرک ٹکڑا جو بولنے، نگلنے اور ذائقہ چکھنے کا کام دیتا ہے) ج: اَلْسِنَة وَاَلْسُنٌ ولُسُنٌ (۲) بولی (زبان) قرآن پاک میں ہے: "فَاِنَّمَا يَسَّرْنَاهُ بِلِسَانِكَ" (۳) سمندر کی خشک لمبی پٹی (۴) خبر (۵) پیغام۔ کہتے ہیں: اَتَتْنِي منه لِسَانٌ : میرے پاس اس کا پیغام آیا یا خبر آئی (۶) دلیل و حجت۔ فلانٌ يَنْطِقُ بِلِسَانِ اللهِ : فلاں اللہ کی عطا کردہ حجت و دلیل سے بولتا ہے (۷) تعریف، تبصرہ تذکرہ۔ لِسَانُ النَّاسِ عليه حَسَنَةٌ : لوگوں کا اس پر اچھا تبصرہ ہے۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاجْعَل لِي لِسَانَ صِدْقٍ فِي الآخِرِيْنَ" بعد میں آنے والوں میں میری حقیقی تعریف یا ذکر خیر جاری فرما۔
لِسَانُ الحَالِ : زبان حال، ترجمان، ایسی صورت حال جس سے کسی بات کا پتہ لگ سکے۔
لِسَانُ الصِّدْقِ : سچی تعریف، اچھا تذکرہ۔
لِسَانُ القَوْمِ : قوم کا ترجمان، نمائندہ۔
لِسَانُ الحِذَاءِ : جوتے کی اوپر کی جو

لِسانُ المیزان: ترازو کی ڈنڈی کے بیچ میں لگا ہوا لوہا جو تولتے وقت دائیں بائیں جھکتا اور وزن بتاتا ہے۔ ترازو کا کانٹا، ترازو کے دستے کی سوئی۔
لِسانُ النّار: آگ کا لمبا شعلہ، لو، لپٹ
طَفِئَ لِسانُ النّارِ: آگ کی لو یا شعلہ ختم ہوگیا۔
لِسانُ المِزمار: علم تشریح الاعضاء میں زبان کی جڑ میں لگی ہوئی لبلبی جو نگلتے وقت حلق کے راستہ کو بند کرتی ہے۔
لِسانُ الثّور: ایک پودا۔
لِسانُ الحَمَل: ایک پودا۔
لِسانُ العَصافیر: ایک پودا۔
لِسانُ العُصفور: میکرونی کی ایک قسم۔
ذو لِسانَین: منافق، دوغلا، فریبی۔
طَلاقَةُ اللِّسانِ: خوش بیانی، زبان کی روانی۔
مَعقودُ اللِّسان: جس کی زبان بند ہو، جس سے بات نہ ہو سکے، مہر بلب۔
اللِّسْنُ: کلام (۲) زبان (بولی) لِکُلِّ قومٍ لِسْنٌ: ہر قوم کی ایک زبان (بولی) ہوتی ہے (۳) زبان (منہ والی)۔
اللَّسِنُ: زبان کی طرح نوک دار (۲) خوش بیان فصیح الکلام۔
اللَّسَنُ: فصاحت و بلاغت، شیریں بیانی، خوش گفتاری۔
المَلسُونُ: رَجُلٌ مَلسُونٌ: میٹھی باتیں بنانے والا اور کام نہ کرنے والا۔

ل ـــ ش

•لَشلَشَ فُلانٌ: خوف کے وقت بہت بے قرار ہونا، پریشان ہونا۔
اللَّشلَشُ: بزدل اور بے قرار، مضطرب و پریشان۔
•لَشا فُلانٌ ـُ لَشوًا: خسیس و کم ظرف ہو جانا۔
لاَشاهُ اللّٰهُ: اللہ کا کسی کو فنا کرنا، معدوم کرنا۔
تَلاشَى: معدوم ہونا، ناپید ہو جانا۔
ـــ الصَّوتُ: آواز گم ہونا۔
المُتلاشِي: معدوم، ناپید۔

ل ـــ ص

•لَصِبَ الجِلدُ بِاللَّحمِ ـَ لَصَبًا: دبلے پن سے کھال کا گوشت سے چمٹ جانا۔
ـــ الخاتَمُ فِي الإِصبَعِ: انگلی میں انگوٹھی کا پھنس جانا، نہ ہلنا۔
ـــ السَّیفُ فِي الغِمدِ: تلوار کا میان میں پھنس کر نہ نکلنا۔ هو مِلصابٌ۔
التَصَبَ الشَّيءُ: تنگ ہونا۔
اللاَّصِبَةُ: تنگ اور گہرا کنواں۔ ج: لَواصِبُ۔
اللِّصبُ: وادی یا پہاڑ کا تنگ راستہ ج: لُصُوبٌ و لِصابٌ۔
اللَّصِبُ: کنجوس و بد اخلاق۔
لَصَّ الشَّيءَ ـُ لَصًّا: چرانا (۲) چوری چھپے کچھ کرنا۔
ـــ البابَ: دروازہ بالکل بند کرنا۔ هو مَلصُوصٌ۔
لَصَّ فُلانٌ ـَ لَصَصًا ولُصُوصِيَّةً: کسی کی داڑھوں یا مونڈھوں کا قریب قریب ہونا۔
ـــ المَرأَةُ: عورت کی رانوں کا ملا ہوا ہونا۔
ـــ الجَبهَةُ: پیشانی تنگ ہونا۔
ـــ الفَرَسُ: گھوڑے کی کہنیوں کا ملا ہوا ہونا۔
ـــ الشّاةُ: بکری کا ایک سینگ آگے اور ایک پیچھے ہونا۔ هو أَلَصُّ وهي لَصّاءُ ج: لُصٌّ۔
تَلَصَّصَ فُلانٌ: بار بار چوری کرنا (۲) چور بننا (۳) تجسس کرنا، خفیہ طور سے کوئی بات معلوم کرنا۔
ـــ علی فُلانٍ: کسی کی جاسوسی کرنا، کسی کے حالات خفیہ طور پر معلوم کرنا۔
اللِّصُّ: چور ج: لُصُوصٌ و لِصَصَةٌ۔
اللَّصُّ: اللِّصُّ ج: لُصُوص۔ هي لَصَّةٌ ج: لَصّاتٌ و لَصائِصُ
اللُّصُوصِيَّةُ: چوری، ڈکیتی (۲) ڈاڑھوں یا مونڈھوں کی باہمی نزدیکی
المَلَصَّةُ: أَرضٌ مَلَصَّةٌ: بہت چوروں والا علاقہ۔
•لَصَغَ الجِلدُ ـَ لَصغًا ولُصُوغًا: دبلے پن سے گوشت کا ہڈی سے چپک جانا۔
•لَصَفَ لَونُه ـِ لَصوفًا ولَصِیفًا: رنگ چمکنا۔
ـــ البَعِیرُ لَصَفًا: اونٹ کا کانٹوں دار درخت (لصف) کھانا۔
اللاَّصِفُ: آنکھ میں لگایا ہوا سرمہ۔
اللَّصَفُ: سفید پھول والا ایک خاردار درخت۔
•لَصِقَ الشَّيءُ بِغَیرِهِ ـَ لَصَقًا ولُصُوقًا: چپکنا، چمٹنا۔ هو لاصِقٌ ولَصّاقٌ۔
أَلصَقَ الشَّيءَ بِالشَّيءِ: چپکانا، جوڑنا، اٹکانا، چسپاں کرنا۔
لاصَقَهُ: کسی سے چمٹے رہنا، ساتھ لگے رہنا، تعلق رکھنا۔
التَصَقَ بِهِ: چپکنا، وابستہ ہونا، لگنا، جڑنا۔
تَلاصَقا: باہم ملنا، باہم جڑنا۔
الإِلصاقُ: چسپیدگی (۲) وابستگی (۳) ات

حَرْفُ الْاِلْصَاق: بارہ۔ جیسے قرآن پاک میں ہے: "وَامْسَحُوا بِرُءُوْسِكُمْ" اپنے سروں کا مسح کرو، ہاتھ پھیرو۔
الْاِلْتِصَاقُ: تعلق، وابستگی۔
اللَّصُوْقُ: زخم پر لگائی جانے والی دوا (۲) زخم پر باندھی ہوئی دوا کی پٹی یا پلاسٹر۔
اللِّصْقُ: هو لِصْقِي و بِلِصْقِي: وہ میرے برابر میں ہے۔ يلصق الحائط دیوار سے ملا ہوا۔
اللَّصُوْقُ: اللَّاصُوْقُ۔
اللَّصِيْقُ: منہ بولا بیٹا (۲) متصل۔ هو لَصِيْقِي: وہ میرے برابر میں ہے۔
جَارٌ لَصِيْقٌ: قریبی پڑوسی۔
الْمُلْصَقُ: متبنّی، منہ بولا بیٹا (۲) ملحق، متصل (۳) چسپاں۔
• لَصْلَصَ الشَّيْءَ: کسی چیز کو نکالنے یا اکھاڑنے کے لئے ہلانا۔ جیسے: لَصْلَصَ الضِّرْسَ من الفَمِ: ڈاڑھ کو نکالنے کے لئے ہلانا۔
لَصْلَصَ الوَتِدَ: کیل اکھاڑنے کے لئے اسے ہلانا۔
لَصَا المرأةَ ـُ لَصْوًا: تہمت لگانا برا بھلا کہنا۔

ل ــــ ض

• لَضْلَضَ: بار بار ادھر ادھر دیکھنا۔
اللَّضْلَاضُ: دَلِيلٌ لَضْلَاضٌ: ماہر راہبر۔
• لَضَمَهُ ـِ لَضْمًا: کسی پر سختی اور تشدد کرنا، پیچھے پڑنا۔

ل ــــ ط

• لَطَأَ بالشيءِ ـَ لَطْئًا: چمٹنا، چپکنا۔
ـــ بالأرضِ: زمین سے لگ جانا۔
لَطَأَ فلانًا بالعَصَا: لاٹھی مارنا۔
لَطِئَ بالأرضِ ـَ لُطُوءًا: زمین سے چمٹنا، لگنا۔
ـــ لِسانُهُ: زبان خشک ہونا۔
اللَّاطِئَةُ: دماغ تک پہنچ جانے والا زخم (۲) اچھا نہ ہونے والا پھوڑا (۳) سر پر منڈھی ہوئی چھوٹی ٹوپی (۴) دوپلی ٹوپی (طاقیۃ بھی اسے کہتے ہیں)۔
الْمِلْطَأُ و الْمِلْطَاءَةُ: سر کی ہڈی کا پردہ
• لَطَثَ الشيءُ ـُ لَطْثًا: خراب ہونا، بگڑنا۔
ـــ فلانًا او الشيءَ: تھپڑ مارنا، کھلا ہوا ہاتھ مارنا یا چوڑی چپٹی چیز مارنا۔
ـــ فلانًا بحَجَرٍ: پتھر مارنا۔
ـــ الأمرُ فلانًا: کسی کے لئے کوئی کام دشوار ہونا۔ لَطَثَهُ الحِمْلُ بوجھ اس کے لئے ناقابل برداشت ہوگیا۔
تَلَاطَثَ القومُ: ہاتھا پائی کرنا یا شمشیر زنی کرنا۔
ـــ المَوْجُ: موج کا اٹھنا، تلاطم خیز ہونا۔
المَلَاطِثُ: بدن کے وہ حصے جو وزن یا چوٹ سے دکھ رہے ہوں۔
• لَطَخَهُ بكذا ـَ لَطْخًا: لتھیڑنا، لت پت کرنا، آلودہ کرنا جیسے: لَطَخَ ثوبَهُ بالمِدادِ۔
ـــ فلانًا بسُوءٍ: بدنام کرنا۔
ـــ فلانًا بأمرٍ قبيحٍ: کسی کو برے کام میں ملوث کرنا۔
ـــ سُمْعَةَ فلانٍ: کسی کی حیثیت وشہرت کو داغدار کرنا۔
لَطَّخَهُ: خوب لتھیڑنا، خوب آلودہ کرنا۔
تَلَطَّخَ الشيءُ بكذا: آلودہ ہونا، ملوث ہونا، گندہ ہونا۔
ـــ فلانٌ بأمرٍ قبيحٍ: برے کام میں ملوث ہونا۔
اللَّطْخُ: ہر تھوڑی چیز۔ في السماءِ لَطْخٌ من سحابٍ: آسمان میں تھوڑے بادل ہیں۔ سَمِعْتُ لَطْخًا من خبرٍ: میں نے خبر کا کچھ حصہ سنا (۲) بیوقوف، کودن۔
اللَّطِخُ: گندی چیز کھانے والا (۲) ہر وہ چیز جو دوسرے رنگ میں بھدے طور پر رنگ دی گئی ہو۔
اللُّطَخَةُ: رَجُلٌ لُطَخَةٌ: بیوقوف و بے نفع آدمی۔
اللَّطِّيخُ: بیوقوف۔
اللَّطُوخُ: وہ چیز جو کسی چیز میں یا اس کے رنگ میں آلودہ کی جائے۔
• لَطَسَهُ ـُ لَطْسًا: چوڑی چیز سے مارنا (۲) طمانچہ مارنا۔
ـــ فلانًا بالحجرِ ونحوِه: پتھر وغیرہ مارنا۔
ـــ الحجرَ بالحجرِ: پتھر سے پتھر توڑنا۔
ـــ الشيءَ: خوب کوٹنا، باریک کرنا (۲) پیروں سے خوب روندنا۔ هو لَطَّاسٌ۔
لَاطَسَهُ: کسی چیز سے آلودہ ہونا۔
تَلَاطَسَتِ الأمواجُ: موجوں کا ٹکرانا۔
المِلْطَاسُ: پتھر توڑنے کا ہتھوڑا (۲) گٹھلیاں کوٹنے کا پتھر ج: مَلَاطِيسُ۔
• لَطَّ بالأمرِ وغيره ـُ لَطًّا: کسی کام وغیرہ میں لگے رہنا۔
ـــ بفلانٍ: کسی کے ساتھ لگے رہنا۔

لَطَّ الشیءَ: چھپانا، پردہ ڈالنا۔
— علیہ: پردہ ڈالنا۔
— الحقَّ بالباطِل: حق پر باطل کا پردہ ڈالنا۔
— عنہ الخبَرَ و علیہ: کسی سے خبر چھپاکر غلط اطلاع دینا۔
— السِّتْرَ او الحِجابَ: پردہ لٹکانا۔
— حَقَّہُ و عن حقِّہ: کسی کے حق کا انکار کرنا، تسلیم نہ کرنا۔
— البابَ: دروازہ بند کرنا۔
— الشیءَ و بہ: کسی چیز کو چپکانا یا کسی چیز سے چپکانا۔
— فلانًا بالعصَا: لاٹھی مارنا۔
— فُلانٌ ــِ لَطَطًا: کسی کے دانت آگے سے گھس کر جڑیں رہ جانا، دانت ٹوٹ جانا (بیماری وغیرہ کی وجہ سے) ھو اَلَطُّ۔
اَلَطَّ الرَّجُلُ: جھگڑے وغیرہ میں سخت ہونا، معاملہ میں سخت ہونا۔
— الامْرَ علیہ: کسی سے کوئی بات پوشیدہ رکھنا۔
— حَقَّہ: حق نہ ماننا۔
— الحقَّ بالباطِل: حق پر باطل کا پردہ ڈالنا۔
— الحِجابَ: پردہ ڈالنا (لٹکانا)
— القَبْرَ: قبر کو زمین کے برابر کرنا۔
— فُلانًا: کسی کی مدد کرنا۔
التطَّت المرْأَۃُ: عورت کا چھپنا، پردہ کرنا۔
— بالمِسك: مشک ملنا۔
— الشیءَ: چھپانا۔
تَلَطَّطَ حَقَّہُ: حق کا انکار کرنا (کبھی تَلَطّٰی بھی بولا جاتا ہے)۔
اللَّاطُّ: خبیث، بد باطن، بدمعاش۔
المِلْطاطُ: پہاڑ کے اوپر کا کنارہ (۲) پہاڑ کا دامن (۳) ہتھ چکی (۴) چکی کا دستہ (۵) وادی کا کنارہ (۶) ساحل سمندر دریا کا کنارہ (۷) ساحل کا راستہ (۸) بہت چالو راستہ (۹) گھر کا صحن (۱۰) معمار کی کرنی (جس سے مسالا لگاتا اور پلاسٹر کرتا ہے) (۱۱) دماغ تک پہنچنے والا زخم۔

• لَطَعَ الشیءَ ــَ لَطْعًا: چاٹنا، ھو لاطِع و لَطَّاعٌ۔
— الکَلْبُ او الذِّئبُ الماءَ: کتے یا بھیڑیے کا پانی پینا۔
— فُلانًا: کسی کے پچھلے حصہ پر لات مارنا۔
— فُلانًا بالعصَا: لاٹھی مارنا۔
— عَیْنَہُ: آنکھ پر تھپڑ مارنا۔
لَطِعَت الاَسْنانُ ــَ لَطَعًا: دانتوں کا گھس کر ان کی جڑیں رہ جانا۔
— شَفَۃُ الزَّنْجِیِّ: زنگی کے ہونٹ کا اندر سے سفید ہونا۔ ھو اَلْطَعُ وھی لَطْعاءُ ج: لُطْعٌ
— الشیءُ: پتلا ہونا۔
— الشیءَ لَطْعًا: چاٹنا۔
— فُلانًا: پشت پر لات مارنا۔
الْتطَعَ الشیءَ: زبان یا انگلی سے چاٹنا۔ التطَعَ ما فی الاِناءِ او الحَوْضِ: برتن یا حوض کا سب پانی پی لینا۔
اللَّطْعُ: تالو ج: اَلْطاعٌ۔
اللُّطَعُ: رَجُلٌ لُطَعٌ: کمینہ۔
اللُّطَعَۃُ: ردی کے کیڑے کے انڈے جو وہ پتوں پر نکالتا ہے ج: لُطَعٌ۔

• لَطَفَ بہ و لہ ــُ لُطْفًا و لَطَفًا: کسی پر رحم کرنا، مہربانی کرنا، نرمی برتنا۔ "اللّٰہ لَطِیفٌ بِعبادِہ" اللہ اپنے بندوں پر مہربان ہے۔ ھو لَطِیفٌ بِھٰذا الاَمْرِ: وہ اس معاملہ سے دلچسپی رکھتا ہے
لَطُفَ الشیءُ ــُ لُطْفًا و لَطَافَۃً: ہلکا اور نازک ہونا (ضد: کثف) جیسے: الهَواءُ جِسْمٌ لَطِیفٌ۔ (۲) پتلا اور باریک ہونا، نازک ہونا (ضد: خَشُنَ) فَتاۃٌ ذاتُ خَلْقٍ لَطِیفٍ: نازک اندام لڑکی (ضد: خَشِن: اکھڑ) چھوٹا اور پتلا ہونا (ضد: غلظ) عُودٌ لَطِیفٌ چھوٹی سی شاخ یا لکڑی۔ لَطُفَ عنہ: کسی سے چھوٹا ہونا۔ ھو لَطِیفٌ ج: لِطافٌ و لُطَفاءُ وھی لَطِیفَۃٌ ج: لِطافٌ و لَطائِفُ۔
اَلْطَفَ لہ فی القولِ وفی المسأَلۃِ: کسی سے نرمی کے ساتھ کلام یا سوال کرنا۔
— فُلانًا بکذا: کسی کو کوئی چیز تحفہ میں دینا (۲) کسی پر کوئی مہربانی کرنا کہتے ہیں: کم اَتْحَفَ وَ اَلْطَفَ: اس نے بہت تحفہ دیا اور بہت کرم کیا۔
— الشیءَ بِجَنْبِہ: پہلو سے لگانا۔
لاطَفَہُ: کسی کے ساتھ شفقت و مہربانی سے پیش آنا، دل داری کرنا، دل بہلانا، چمکارنا، لاڈ پیار کرنا، نرمی برتنا، نرمی سے بات کرنا۔
لَطَّفَ الکتابَ وغیرَہ: کتاب وغیرہ کے مضامین کو دقیق و ژولیدہ بنانا (۲) کتاب وغیرہ کو چٹکلے دار بنانا (۳) خط کا مضمون دقیق و غامض بنانا۔
— الاَلَمَ: تکلیف کم کرنا۔

لَطَّفَ الشیءَ : نرم اور ہلکا یا لچکدار بنانا
___ الذَّنْبَ : جرم کو ہلکا کرنا ۔
___ الحکم : فیصلہ کو لچکدار بنانا ۔
___ الإجراء : کارروائی ٹھیک طور پر کرنا ۔
تَلَاطَفَ القومُ : ایک دوسرے کے ساتھ نرمی سے پیش آنا، باہم میل ملاپ کرنا، ایک دوسرے پر مہربان ہونا ۔
___ فی الاَمْرِ : کسی معاملہ میں باہم مروت برتنا، رواداری سے کام لینا ۔
تَلَطَّفَ لِلْاَمْرِ وفیہ وبہ : کسی معاملہ میں نرمی برتنا ۔
___ بِفُلانٍ : کسی کے ساتھ میٹھا بن کر یا نرمی سے پیش آکر بھید معلوم کرنا، ترکیب سے مل کر راز معلوم کرنا ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ اَحَدًا": اسے ترکیب سے حال معلوم کرنا چاہئے اور وہ کسی کو تمہارا سراغ نہ دے ۔
___ فُلانٌ : نرم وعاجز بننا، مہربان و مشفق بننا، اظہار شفقت کرنا، نرمی کا برتاؤ کرنا ۔
اِسْتَلْطَفَ الشیءَ : کسی چیز کو اپنے سے قریب کرنا، پہلو سے لگانا (۲) نرم و نازک یا دقیق ولطیف پانا یا سمجھنا ۔
___ فُلانًا : کسی سے مہربانی کی درخواست کرنا، نرمی برتنے کی درخواست کرنا
اللَّطَافَةُ : سبک پن، نزاکت (ضد: کثافت) (۲) باریکی (ضد: غلاظت) (۳) خوش مزاجی (۴) لچک (۵) نرمی (۶) الفاظ کی نرمی و نزاکت ۔
اللَّطَفُ : نرمی، مہربانی، احسان (۲) ہدیہ، تحفہ ۔ اَهْدَى اِلَيْهِ لَطَفًا. ما اَكْثَرَ تُحَفَهُ وَاَلْطَافَهُ : اس کے تحائف اور مہربانیاں کس قدر ہیں!! (۳) تھوڑا کھانا وغیرہ ۔ ج: اَلْطَاف ۔ هٰؤُلَاءِ لَطَفُ فُلَانٍ : یہ لوگ فلاں کے احباب واقربا ہیں جو اسے تحفے تحائف دیتے ہیں ۔
اللُّطْفُ : اللہ کی توفیق اور اس کی حفاظت (۲) انسان کی مہربانی، شفقت وکرم (۳) خوش مزاجی، نرمی (۴) کام میں لچک، نزاکت ج: اَلْطَافٌ ۔
اللَّطَفَةُ : ہدیہ، تحفہ ۔
اللَّطِيفُ : اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ایک، بندوں پر مہربان اور ان کا محافظ (۲) تمام چیزوں کے حقائق واسرار سے واقف (۳) غامض اور گہرا (کلام) (۴) نازک اور پیاری (شے) (۵) مہربان و نرم خو، خوش مزاج انسان (۶) ہلکا پھلکا (۷) خوش گوار (فضا وغیرہ) (۸) پیارا بچہ (۹) عمدہ، خوب (کلام)
الجِنْسُ اللَّطِيفُ : عورتوں سے کنایہ صنف نازک ۔
اللَّطِيفَةُ : مؤنث اللطیف (۲) خوشگوار نکتہ، دلچسپ بات، چٹکلہ، مزیدار بات ج: لَطَائِف ۔
جَارِيَةٌ لَطِيفَةُ الخَصْرِ : نازک اندام لڑکی ج: لطائف ۔
اللَّوَاطِفُ : سینہ سے قریب کی پسلیاں ۔
المُلَاطِفُ : خوش طبع، مشفق، خوش طبعی اور دلداری کرنے والا ۔
المُلَاطَفَةُ : دلداری، خوش طبعی (۲) لاڈ پیار، چمکار ۔
المُتَلَطِّفُ : تسکین بخش ۔
• لَطَمَهُ ـِ لَطْمًا : تھپڑ مارنا، طمانچہ لگانا (چہرے یا بدن پر کھلا ہوا ہاتھ مارنا) لَطَمَتِ المرأةُ وَجْهَهَا : عورت کا اپنا منہ پیٹنا ۔
لَطَمَ الشیءَ بالشیءِ : چپکانا (۲) آمیزش کرنا ۔ لَطَمَتْنِی منه رَائِحَةٌ : مجھے اس کی بو لگ گئی ۔
لَاطَمَهُ مُلَاطَمَةً ولِطَامًا : ایک دوسرے کے تھپڑ مارنا، تھپڑ بازی کرنا ۔
لَطَّمَهُ : زور سے طمانچہ لگانا، زور سے تھپڑ مارنا ۔ هو مُلَطَّمٌ ۔
___ الکِتَابَ : خط پر مہر لگانا ۔
التَطَمَتِ الاَمْوَاجُ : موجوں کا باہم ٹکرانا ۔
___ القومُ : ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا
تَلَاطَمَتِ الاَمْوَاجُ : التَطَمَتْ ۔
___ القومُ : لوگوں کا باہم ٹکرانا (۲) باہم طمانچے لگانا ۔
تَلَطَّمَ وَجْهُهُ : چہرہ گردآلود ہونا ۔
التَّلَاطُمُ : تصادم، موجوں کا ٹکراؤ ۔
اللَّطِيمُ : طمانچہ رسیدہ (۲) وہ بچہ جس کے ماں باپ بچپن میں مرگئے ہوں (۳) گھڑ دوڑ کا نواں گھوڑا ج: لُطُمٌ ۔
اللَّطِيمَةُ : مشک دان ۔ فَاحَتِ اللَّطِيمَةُ : مشک دان سے خوشبو مہکنا ۔ كَاَنَّ فَاهَا لَطِيمَةُ تَاجِرٍ : اس کا منہ مشک دان کی طرح معطر ہے (۲) مشک بردار تجارتی قافلہ ج: لَطَائِمُ ۔
المُلَطَّمُ : کمینہ، شرافت سے دور ۔
المَلْطَمُ : رخسار، گال ج: مَلَاطِمُ ۔
مَلْطِمُ البَحْرِ : سمندر میں موجیں ٹکرانے کا مقام ۔
• لَطَا ـُ لَطْوًا : چٹان یا غار کی پناہ لینا ۔

لَطِیَ ـَ لَطِیًا: زمین سے چمٹ کر رہ جانا وہاں سے نہ ہلنا۔

تَلَطّٰی علی العَدُوِّ: دشمن کی غفلت کا منتظر رہنا (۲) کسی مطالبہ کی بنا پر ان کے مال کا کوئی حصہ لے کر آگے کی راہ لینا۔

اللَّطَاۃُ: زمین (۲) جگہ (۳) پیشانی یا اس کا بیچ۔ کہتے ہیں: بَیَّضَ اللّٰہُ لَطَاتَکَ: خدا تمہاری پیشانی روشن کرے۔ (۴) تم سے نزدیک رہنے والے چور (اس لفظ کا واحد نہیں) (۵) بوجھ۔ اَلْقٰی علیہ لَطَاتَہٗ: اس پر اس نے اپنا بوجھ ڈال دیا۔ اَلْقٰی لَطَاتَہٗ و بِلَطَاتِہٖ: پڑاؤ ڈالنا، جگہ سے نہ ہٹنا، دھرنا دینا فُلانٌ لَا یَعْرِفُ قَطَاتَہٗ من لَطَاتِہٖ: اسے اپنے اگلے پچھلے کی خبر نہیں، بیوقوف ہے ج: اللُّطٰی۔

اللُّطَّاطُ: چور یا وہ چور جو تم سے قریب ہوں۔

المِلْطٰی والمِلْطَاءُ والمِلْطَاۃ: سر کی ہڈی اور اس کے گوشت کے درمیان کی جھلی۔

ل ـــــ ظ

• لَظَّ بِہٖ ـُ لَظًّا: قائم رہنا، چمٹے رہنا، کوئی کام کرتے رہنا، لگے رہنا، الگ نہ ہونا۔

ـــــ علیہ: کسی کو چمٹ کر رہ جانا، پیچھا نہ چھوڑنا، ہٹ اور ضد کرنا۔

ـــــ فُلانًا: دھتکارنا، بھگانا۔ ھو لَاظٌّ و مِلْظَاظ۔

اَلَظَّ بِہٖ: لَظَّ۔ حدیث میں ہے: "اَلِظُّوا بیاذا الجلال و الاِکرام" یا ذوالجلال والاکرام کا ورد رکھو، یہ دعا کرتے رہو۔

اَلَظَّ بالمکانِ: قیام کرنا۔

ـــــ بفلانٍ: کسی کے ساتھ لگے رہنا۔

ـــــ علیہ: کسی کے ساتھ رہنا (۲) چمٹے رہنا، مصر رہنا، اصرار کرنا۔

ـــــ المَطَرُ: بارش کا لگاتار ہونا۔

لَاظَّ فی الحَرْبِ مُلَاظَّۃً و لِظَاظًا: لڑائی جاری رکھنا۔

تَلَاظُّوا فی الحَرْبِ مُلَاظَّۃً و لِظَاظًا: (دونوں مصدر فعل کی نوع سے الگ ہیں) برسرپیکار رہنا

ـــــ الفُرْسَانُ: گھڑسواروں کا ایک دوسرے کو دھکیلنا، پیچھا کرنا۔

تَلَظَّظَت الحَیَّۃُ: سانپ کا غصہ سے سر ہلانا۔

اللَّظُّ: متشدد و سخت مزاج آدمی۔

المِلْظَاظُ: ضدی، سخت اصرار کرنے والا

رَجُلٌ مِلْظَاظٌ: تنگ کیا ہوا آدمی

المِلَظُّ: ضدی، ہٹی۔

المِلَظَّۃُ: اصرار آمیز خط یا پیغام۔

• لَظْلَظَت الحَیَّۃُ رأسَہا: غصہ سے سانپ کا سر ہلانا۔

تَلَظْلَظَت الحَیَّۃُ: لَظْلَظَت۔

اللَّظْلَاظُ: سخت مزاج و تند خو (۲) خوش گفتار، فصیح۔

یَوْمٌ لَظْلَاظٌ: گرم دن۔

• لَظِیَت النَّارُ ـَ لَظًی: آگ بھڑکنا شعلہ زن ہونا، شعلے نکلنا، لپٹیں اٹھنا۔

لَظَّی النَّارَ: آگ بھڑکانا، تیز کرنا۔

التَظَت النَّارُ: آگ سے شعلے نکلنا، لپٹیں اٹھنا، بھڑکنا۔

التظی فُلانٌ: غصہ سے آگ بگولا ہونا غصہ سے آنکھیں لال ہونا، غصہ سے بھڑکنا۔

تَلَظَّت النَّارُ: آگ بھڑکنا، شعلے اٹھنا۔

تَلَظَّی الحَرُّ: گرمی سے آگ برسنا۔

ـــــ فُلانٌ علی فلانٍ: کسی پر غصہ سے بھڑکنا۔

تَلَظَّت المَفَازَۃُ: صحرا میں گرمی سے شعلے اٹھنا، آگ برسنا۔

اللَّظٰی: آگ کی لپٹ، شعلہ (جس میں دھواں نہ ہو)۔

(لَظٰی): جہنم کا ایک نام (یہ اسم علم ہے اس پر تنوین نہیں آتی)

ل ـــــ ع

• لَعَبَ الصَّبِیُّ ـَ لَعْبًا: بچے کے منہ سے رال ٹپکنا۔

لَعِبَ ـَ لَعِبًا و لِعْبًا: کھیلنا۔ قرآن پاک میں ہے: "اَرْسِلْہُ مَعَنَا غَدًا یَرْتَعْ وَ یَلْعَبْ" (۲) بیکار و بے مقصد کام کرنا، تفریح کرنا (ضد: جَدَّ: سنجیدہ کام کرنا)۔

ـــــ بالشیءِ: کسی چیز کو کھیل بنانا۔

ـــــ فی الدِّینِ: مذہب کا مذاق اڑانا قرآن پاک میں ہے: "وَذَرِ الَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا دِیْنَہُمْ لَعِبًا وَّلَہْوًا"

لَعِبَت بِہِم الہُمُومُ: لوگوں کا تفکرات کی زد میں آنا۔

ـــــ الرِّیحُ بالمنزلِ: ہوا کا مکان کے نشانات مٹا دینا۔

لَعِبَ القِمَارَ: جوا کھیلنا۔

ـــــ علیہ: ٹھگنا، آنکھوں میں دھول جھونکنا۔

ـــــ فی الامرِ: کھیل سمجھنا۔

ـــــ بالسَّیفِ: پٹا کھیلنا۔

ـــــ بالنَّارِ: آتش بازی کرنا۔

ـــــ بدورِ کذا: پارٹ یا کردار ادا کرنا۔

لَعِبَ بِعَقْلِہٖ: جھانسا دینا، جل دینا
اَلْعَبَ الصَّبِیَّ: کھلانا (۲) کھلونا دینا، کھیل میں لگانا۔
لَاعَبَہٗ مُلَاعَبَۃً وَ لِعَابًا: کسی کے ساتھ کھیلنا، اٹھکھیلیاں کرنا، تفریح لینا۔
لَعَّبَ الرَّجُلُ: کھیلنا۔
— الْقِرْدَ وَ نَحْوَہٗ: بندر وغیرہ کو نچانا، بندر سے کھیل کرانا۔
— فُلَانًا: کھیل میں لگانا۔
— فُلَانًا عَلٰی اَصَابِعِہٖ: انگلیوں پر نچانا۔
تَلَاعَبَ: کھیلنا، کھلواڑ کرنا۔
— الرِّیْحُ بِالْمَنْزِلِ: ہوا کا مکان کے نشان کو مٹا دینا، خراب کر دینا۔
تَلَعَّبَ فُلَانٌ: بار بار کھیلنا۔
تَلَعَّبَتْ بِہِمُ الْہُمُوْمُ: تفکرات و پریشانیوں نے انہیں بار بار ستایا۔
اَلْاُلْعُبَانُ: کھلاڑی، تفریح باز (۲) مکار و داؤں کھیلنے والا۔
اَلْاُلْعُوْبَۃُ: کھلونا (۲) کھیل (۳) جس کا مذاق اڑایا جائے، جس سے تفریح لیجائے۔ بَیْنَہُمْ اُلْعُوْبَۃٌ: ان میں کھیل ہو رہا ہے۔ ھٰذِہٖ اُلْعُوْبَۃٌ حَسَنَۃٌ: یہ عمدہ کھیل ہے ج: اَلَاعِیْبُ۔
اَلْاَلْعَابُ: واحد: لَعِبٌ۔ کھیل۔
اَلْعَابُ خِفَّۃِ الْیَدِ: ہاتھ کی صفائی کے کھیل، شعبدہ بازی۔
اَلْاَلْعَابُ الرِّیَاضِیَّۃُ: ورزشی کھیل
اَلْاَلْعَابُ النَّارِیَّۃُ: آتش بازی
اَلتَّلْعَابُ: کھیل۔
اَلتِّلْعَابُ: کھلاڑی، بہت کھیلنے والا، کھیل کود کا شوقین۔
اَلتِّلْعَابَۃُ: اَلتِّلْعَابُ۔

اَللَّاعِبُ: کھلاڑی (کھیل کا ماہر)
اَللُّعَابُ: رال، منھ سے بہنے والا پانی
لُعَابُ الْبِزْرِ: شیرہ۔
اَللُّعَابِیُّ: لعاب دار، لیس دار۔
لُعَابُ الشَّمْسِ: سخت گرمی میں مکڑی کے جالے جیسی اوپر سے آتی ہوئی چیز تمازت آفتاب۔ سَالَ لُعَابُ الشَّمْسِ: گرمی میں شدت ہونا
لُعَابُ النَّحْلِ: شہد۔
اَللَّعِبُ: کھیل (۲) تفریح (۳) مذاق و تمسخر ج: اَلْعَابٌ۔
لَعِبُ السَّیْفِ: تلوار کا کھیل، پٹا، تیغ بازی۔
اَللُّعْبَۃُ: کھلونا، کھیل جو کھیلا جائے۔ جیسے شطرنج، نرد وغیرہ (۲) ہر وہ چیز جس سے کھیلا جائے، دل بہلایا جائے (۳) گڑیا (۴) وہ بیوقوف جس کا مذاق اڑا کر ہنسا جائے۔ رَجُلٌ لُعْبَۃٌ: لوگوں کے لئے کھلونا بننے والا بے وقوف (۵) کھیل کی باری کہتے ہیں لِمَنِ اللُّعْبَۃُ؟ کسی کی باری ہے؟ فَرَغَ مِنْ لُعْبَتِہٖ: وہ اپنی باری پوری کر چکا ج: لُعَبٌ
لُعْبَۃُ الْغُمَیْضَۃِ: آنکھ مچولی۔
اَللِّعْبَۃُ: کھیل کی قسم، کھیل کا طریقہ۔
اَللُّعَبَۃُ: بہت کھیلنے والا، کھیل کا شیدائی کھلاڑی۔
اَللَّعَّابُ: بہت کھیلنے والا، کھلاڑی، تفریح باز (۲) بازی گر، کھیل تماشہ کا پیشہ کرنے والا، جیسے سپیرا، بندر والا (الحاوی والقرّاد)
اَللَّعُوْبُ: امْرَأَۃٌ لَعُوْبٌ: ناز و انداز والی عورت، بہت تفریح باز عورت، بہترین ادائیں دکھانے والی عورت ج: لَعَائِبُ

اَلْمُلَاعِبُ: کھیل کا ساتھی، چھیڑ چھاڑ اور تفریح کرنے والا، دھوکے باز۔
اَلْمُلَاعَبَۃُ: باہم تفریح، کھیل کود۔
اَلْمَلْعَبُ: کھیل کا میدان، اسٹیڈیم (۲) تھیٹر، تماشہ گاہ ج: مَلَاعِبُ۔
مَلَاعِبُ الرِّیَاحِ: ہوا کے راستے۔
تَرَکْتُہٗ فِیْ مَلَاعِبِ الْجِنِّ: میں نے نامعلوم جگہ پر اسے چھوڑا۔
مُلَاعِبُ ظِلِّہٖ: سفید پیٹ، چھوٹی گردن اور رہرے بازوؤں والا جنگلی پرندہ۔
اَلْمِلْعَبَۃُ: بچوں کے کھیل کا بے آستین کا کرتا۔
اَلْمَلْعُوْبُ: جس کی رال بہتی ہو۔
لَعِثَ ـَ لَعَثًا: سست ہونا۔
لَعْثَمَ فِی الْاَمْرِ: توقف کرنا، ہچکچانا، جھجکنا، پس و پیش کرنا، تامل کرنا۔
تَلَعْثَمَ: لَعْثَمَ۔
لَعَجَ الضَّرْبُ فُلَانًا ـَ لَعْجًا: مار کا تکلیف دینا، کھال میں سوزش پیدا کرنا۔
— الْحُبُّ وَالشَّوْقُ فُؤَادَہٗ: اشتیاق و محبت کا دل کو جلا ڈالنا، دل میں ٹیس پیدا کرنا۔
— الْہَمُّ فِی الصَّدْرِ: غم سے دل مضطرب و بے چین ہونا، سینہ میں غم کی ہوک اٹھنا۔
اَلْعَجَ النَّارَ فِی الْحَطَبِ: ایندھن میں آگ جلانا، سلگانا۔
لَاعَجَہُ الْاَمْرُ: کسی معاملہ کا بے چین و پریشان کرنا۔
اِلْتَعَجَ الرَّجُلُ: غم سے بیمار پڑ جانا، غم کی آگ میں جلنا۔
اَللَّاعِجُ: دل سوز (محبت) ھَمٌّ لَاعِجٌ: دل سوز غم، جذبۂ محبت جذبۂ اشتیاق ج: لَوَاعِجُ۔
لَوَاعِجُ الْحُبِّ: جذبات محبت،

آتشِ محبت۔ بِه لَاعِجُ الشَّوقِ وَلَوَاعِجُه: وہ آتشِ اشتیاق میں جل رہا ہے۔

• لَعَزَهُ ـَ لَعْزًا: اونٹنی کا اپنے بچہ کو چاٹنا۔

• لَعَسَهُ ـَ لَعْسًا: منھ سے کاٹنا۔

لَعِسَت الشَّفَةُ ـَ لَعَسًا: ہونٹ کا اندر سے کالا ہونا (عربوں کے یہاں یہ وصف پسندیدہ تھا) هي لَعْسَاءُ ج: لُعْسٌ۔

ـــ النَّبَاتُ: نباتات کا بہت اور گھنا ہونا (یہ سیرابی کی وجہ سے سیاہی مائل دکھائی دیتی ہے)۔

تَلَعَّسَ فُلَانٌ: حرص کے ساتھ کھانا

اللَّعَسُ: ہونٹ کے اندر کی پسندیدہ سیاہی۔

اللُّعْسَةُ: ہونٹوں کے اندر کی سیاہی کا رنگ۔ کہتے ہیں: فی شَفَتَيهَا لُعْسَةٌ۔

اللَّعُوسُ: ماذُقتُ لَعُوسا: میں نے کچھ نہیں چکھا۔

اللَّعُوسُ: حریص وندیدہ، کھاؤ پیر (۲) بھیڑیا ج: لَعَاوِسُ۔

المَلْعُوسُ: لَحْمٌ مَلْعُوسٌ: ناپختہ سرخ گوشت۔

• لَعِصَ علَينا ـَ لَعَصًا: سخت و دشوار ہونا، مشکل ہونا (۲) کھانے پینے میں بہت حریص ہونا۔

تَلَعَّصَ: لَعِصَ۔

• لَعَطَهُ بالنَّارِ ـَ لَعْطًا: گردن پر آگ کا داغ لگانا۔ لَعَطَ الشَّاةَ: بکری کو داغ لگانا۔

ـــ فُلَانًا بِأَبْيَاتٍ: اشعار میں کسی کی ہجو اور مذمت کرنا۔

ـــ فُلَانًا بِحَقِّه: کسی سے اس کا حق دینے میں ٹال مٹول کرنا، دیر کرنا۔

مَرَّ لَاعِطًا: دیوار یا پہاڑ کے برابر سے گزرنا۔

أَلْعَطَ فُلَانٌ: پہاڑ کی جڑ میں چلنا۔

اللَّعْطُ: أَلْعَاط کا واحد۔ حبشیوں کے چہرے پر بنائے ہوئے خطوط (لکیریں) حَبَشِيٌّ مَلْعُوطٌ: وہ حبشی جس کے چہرے پر خطوط ہوں۔

اللُّعْطُ: دیوار یا پہاڑ کی جڑ میں جگہ۔ مَشَى فی لُعْطِ الجَبَلِ: وہ پہاڑ کے زیریں حصہ میں چلا۔

اللَّعْطَاءُ: وہ بکری جس کی گردن کی چوڑائی میں سیاہی ہو اور باقی حصہ سفید ہو۔

اللُّعْطَةُ: سیاہی مائل سرخی۔ بِوَجْهِه لُعْطَةٌ: اس کے چہرے پر سیاہی مائل سرخی ہے۔ رَأَيتُ بِه لُعْطَةً كَلُعْطَةِ الصَّقْرِ: میں نے اس پر شکرے جیسی تیز سرخی دیکھی (۲) زرد یا سیاہ لکیر جو عورت سجاوٹ کے لئے اپنے رخسار پر کھینچتی ہے (۳) گلے کا ہار

• لَعْ: لغزش کرنے والے کو کہا جاتا ہے یعنی خدا تیری لغزش کو معاف کرے۔

أَلْعَتِ الأَرْضُ: زمین کا ابتدائی روئیدگی والی ہونا۔

تَلَعَّى العَسَلُ: شہد میں تار اٹھنا، لیس دار ہونا (اصل میں تَلَعَّعَ ہے)۔

ـــ اللُّعَاعَ: کاسنی کھانا۔

اللُّعَاعُ: کاسنی۔

اللُّعَاعَةُ: کاسنی کا ایک پتا۔ مقولہ ہے: إنَّمَا الدُّنْيَا سَاعَةٌ وَمَتَاعُهَا لُعَاعَةٌ: دنیا ایک گھنٹے کے برابر ہے اور اس کا سامان کاسنی کے ایک پتے کے برابر ہے جو جلد مرجھا جاتا ہے۔ یعنی دنیا اور اس کا مال ومتاع بہت بے ثبات ہے (۲) ہر چیز کا بقایا تھوڑا حصہ بَقِيَ فی الإنَاءِ لُعَاعَةٌ: برتن میں بہت تھوڑی چیز باقی ہے۔ مَا بَقِيَ فی الدُّنْيَا إلَّا لُعَاعَةٌ: دنیا میں کچھ نہیں رہا (۳) شراب یا مشروب کا ایک گھونٹ۔

لُعَاعَةُ الإنَاءِ: برتن کی چیز کا جوہر (۲) شادابی (۳) دنیا۔

اللَّعَّاعَةُ: غیر موزوں ترنم یا لحن والا۔ مُطْرِبٌ لَعَّاعَةٌ: ناموزونی سے گانے والا گویا (موسیقار)۔

اللَّعَّةُ: پاک دامن جاذب رو عورت، چلبلی اور شوخ عورت جو تم سے اظہارِ تعلق کرے لیکن دور رہے۔

• لَعِقَ العَسَلَ وَنَحْوَه ـَ لَعْقًا: انگلی یا زبان سے چاٹنا۔ هو لَاعِقٌ ج: لَعَقَةٌ۔

لَعَقَةُ الدَّمِ: عرب کے چند قبائل، عبد الدار، مخزوم، عدی، سہم، جمح، ان سب نے آپس میں عہد و پیمان کیا تھا اور اونٹ ذبح کر کے اس کا خون چاٹا تھا یا خون میں انگلیاں ڈبولی تھیں۔

لَعِقَ فلانٌ اِصْبَعَهُ: کنایہ موت سے۔

لَعْوَقَ فی عَمَلِه: کام میں پھرتی اور تیزی کرنا۔

أَلْعَقَه العَسَلَ وغَيرَه: چٹوانا۔

ـــ النَّسَّاجُ الثَّوبَ: کپڑا بننے والے کا کپڑے میں ہلکا سوت لگانا۔

لَعَّقَهُ العَسَلَ وغَيرَه: چٹوانا۔

التَعِقَ لَونُه: رنگ بدل جانا۔

اللُّعَاقُ: چاٹنے والی چیز جو منھ میں لگی رہ جائے۔ کہتے ہیں: ما فی فِيَّ لُعَاقٌ من طَعَامِكَ ومن

فَضْلِكَ : میرے منہ میں تمہارے کھانے یا تمہارے کرم کا ذرا سا بھی کچھ باقی نہیں ہے۔

اللَّعْقَةُ : سبز گھاس کا باقی ماندہ۔ ما فی الارضِ لَعْقَةٌ من رَبیعٍ : زمین میں موسم بہار کا کوئی اثر باقی نہیں ہے۔ رَجُلٌ وَعْقَةٌ لَعْقَةٌ کمینہ بدخو۔

اللُّعْقَةُ : انگلی بھر یا چمچہ بھر چیز۔

اللَّعُوقُ : کم عقل۔

اللَّعُوقُ : (۱) چاٹنے کی چیز، چاٹنے کی دوا (۲) تھوڑا توشہ۔ مَا مَعَنا الّا لَعُوقٌ ہمارے پاس بہت تھوڑی چیز ہے۔

المِلْعَقَةُ : چمچہ ج : مَلاعِقُ۔

• لَعَلَّ : (۱) شاید (۲) تاکہ (۳) امید ہے کہ، ممکن ہے کہ (۴) کیا؟ حرف مشبہ بالفعل، ابتدار کلام میں آتا ہے اس میں متعدد لغات ہیں۔ عَلَّ (بحذف لام اول) اس کے ساتھ کبھی نون وقایہ لگتا ہے۔ جیسے لَعَلّی کے بجائے لَعَلَّنی وعَلّی وعَلَّنی۔ اس کے متعدد معانی ہیں مشہور یہ ہیں:

(۱) ترجّی: ایسی چیز کی توقع جس کے حصول کا یقین نہ ہو اور اس میں خواہش شامل ہو۔ جیسے: لَعَلَّ الجَوَّ مُعْتَدِلٌ غَداً، ولَعَلَّ الحبیبَ قادمٌ غداً۔

(۲) الاشفاق: کسی ناگوار بات کی توقع جیسے: لَعَلَّ الجَوادَ یکبو: ممکن ہے گھوڑا ٹھوکر کھا کر گر جائے لَعَلَّ المَرِیضَ یَقْضِی: شاید بیمار فوت ہو جائے۔

ترجّی اور تمنّی میں یہ فرق ہے کہ تمنّی کسی شے کے حصول کی پسندیدگی کا نام ہے خواہ تم کو اس کے حصول کی توقع ہو یا نہ ہو اور اس کا تعلق ممکن شے سے ہوتا ہے جیسے لَیْتَ المُسافِرَ قادِمٌ اور محال سے بھی ہوتا ہے جیسے لیتَ الشبابَ یعود۔ جب کہ ترجّی کا معاملہ مذکورہ دونوں چیزوں میں مختلف ہے۔

(۳) کبھی تعلیل کے لئے بھی آتا ہے جیسے قرآن پاک میں ہے: "فقُولا لَه قَولاً لَیِّناً لَعَلَّه یتذَکَّرُ او یَخْشٰی"

(۴) کبھی استفہام کے لئے آتا ہے جیسے: لَعَلَّ زَیْداً قادمٌ؟ کیا زید آنے والا ہے؟ استفہامی معنی کی وجہ سے اس کے ساتھ فعل کو معلق کر دیا جاتا ہے جیسے قرآن پاک میں ہے: "لَا تَدْرِی لَعَلَّ اللّٰهَ یُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا" تجھے کیا معلوم کہ خدا اس کے بعد کوئی نئی بات ہی پیدا کر دے؟

یہ جملہ اسمیہ پر داخل ہو کر مبتدا کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے۔ اس کی خبر فعلی ہو تو وہ اَنْ کے ساتھ زیادہ آتی ہے اور عسی کے معنی پر محمول کی جاتی ہے۔ جیسے لَعَلَّكَ یَوْماً اَنْ تُلِمَّ مُلِمَّةٌ۔ بہت ممکن ہے کہ تم کو کسی دن کسی مصیبت کا سامنا کرنا پڑے۔ حرف تنفیس (فعل مضارع پر داخل ہونے والا سین) کے ساتھ مل کر کم آتی ہے جیسے:

فَقُولا لَها قولاً رَفِیْقاً لَعَلَّها سَتَرْحَمُنی مِن زَفْرَةٍ وعَوِیْلٍ

اس سے نرم بات کہو ممکن ہے کہ وہ مجھ پر ترس کھا کر آہ و بکا سے چھٹکارا دے۔

اس کے ساتھ کبھی (ما) آتا ہے تو اسے عمل سے روک دیتا ہے اور اس وقت یہ فعل پر بھی داخل ہو جاتا ہے جیسے:

اَعِد نظراً یا عبد قَیسٍ لَعَلَّما اضاءت لكَ النّارُ الحِمارَ المُقَیَّدا

اے عبد قیس دوبارہ دیکھ توقع ہے کہ آگ کی روشنی تیرے بندھے ہوئے گدھے کا پتہ دیدے۔

• لَعْلَعَ السَّرابُ : سراب کا چمکنا۔

___ الرَّعْدُ : گرج ہونا۔

___ فُلانٌ من کلِّ شیءٍ : ہر چیز سے تنگ اور پریشان ہونا۔

___ بالعاثِرِ : ٹھوکر کھانے والے یا لغزش کرنے والے کو لَعْ لَعْ کہنا یعنی بطور دعا یہ کہنا خدا تیری لغزش کو معاف کرے یا ٹھوکر سے محفوظ رکھے۔

___ العَظْمَ ونَحْوَهُ : ہڈی وغیرہ توڑنا۔

تَلَعْلَعَ من الجُوعِ : بھوک سے تڑپنا، بلبلانا۔

___ من العَطَشِ : پیاس کی وجہ سے بلبلانا۔

___ فُلانٌ : کسی کا بیماری وغیرہ کی وجہ سے کمزور ہو جانا۔

___ الابِلُ فی کَلَأٍ ضَعِیفٍ : ہلکی گھاس کو اونٹوں کا تلاش کر کے کھانا

___ السَّرابُ : چمکنا۔

___ الکَلْبُ : کتے کا پیاس کی وجہ سے زبان نکالنا۔

___ بِفُلانٍ : کسی کو لَعْ یا لَعْ لَعْ کہنا (دیکھئے لَعْ لَعْ)۔

تَلَعْلَعَ العسلُ: شہد میں لیس پیدا ہونا۔
اَللَّعْلَاعُ: بزدل۔
اَللَّعْلَعُ: سراب (۲) بھیڑیا (۳) ایک حجازی درخت۔
لَعْ لَعْ: ٹھوکر کھانے والے کو ٹھیک رہنے کی دعا یا لغزش پر زجر و توبیخ۔
اَللَّعْلَعَةُ: سراب کی شعاع، چمک۔
• لَعَمَظَ اللَّحْمَ لَعْمَظَةً ولِعْمَاظًا: منھ سے ہڈی کا گوشت اتارنا۔
— فُلَانٌ: کھانے کا حریص ہونا، طفیلی بننا۔
اَللِّعْمَاظُ: بے بنیاد بات بتانے والا۔
اَللُّعْمَظُ: کھانے کا حریص و ندیدہ ج: لَعَامِظُ۔
اَللُّعْمُوظُ واللُّعْمُوظَةُ: اَللُّعْمَظُ (۲) طفیلی (۳) صرف خوراک کے بدلہ خدمت کرنے والا ج: لَعَامِيظُ۔
• لَعَنَهُ اللّٰهُ ـ لَعْنًا: اللہ کا کسی کو خیر سے دور اور محروم کرنا، لعنت کرنا هو مَلْعُون ج: مَلَاعِين، رَجُلٌ لَعِينٌ وامرأةٌ لَعِينٌ اگر موصوف مؤنث مذکور نہ ہو تو لَعِينَةٌ کہا جائے گا۔
— الكَلْبَ او الذِّئْبَ: کتے یا بھیڑیے کو دھتکارنا۔
— فُلَانٌ غَيْرَهُ: کسی پر لعنت بھیجنا لَعْنَةُ اللّٰهِ عليك کہنا۔
— نَفْسَهُ: خود پر لعنت بھیجنا، یہ کہنا کہ مجھ پر خدا کی لعنت ہو۔
— فُلَانًا: برا بھلا کہنا، ذلیل اور رسوا کرنا۔ هو لَاعِنٌ ولَعَّانٌ۔
لَاعَنَ فُلَانًا: کسی کے مقابلہ میں لعنت کرنا، لعنت میں مقابلہ کرنا۔
لَاعَنَ الرَّجُلُ زَوْجَتَهُ مُلَاعَنَةً ولِعَانًا: مرد کا اپنی بیوی سے لعان کرنا یعنی بیوی پر زنا کی تہمت کی حد سے بذریعہ لعان خود کو بری الذمہ ٹھیرانا۔
لَاعَنَ الحاكِمُ بَيْنَهُمَا: قاضی کا دو فریق کے درمیان ملاعنت پر فیصلہ کرنا (یعنی ہر ایک یہ کہے کہ اگر میں جھوٹا ہوں تو مجھ پر خدا کی لعنت اور تو جھوٹا ہو تو تجھ پر خدا کی لعنت ہو۔
لَعَّنَهُ: کسی کو خوب لعن طعن کرنا۔
اِلْتَعَنَ القَوْمُ: ایک دوسرے پر لعنت بھیجنا۔
— فُلَانٌ: خود پر لعنت بھیجنا۔
تَلَاعَنَا و تَلَاعَنَ القَوْمُ: باہم لعنت کرنا، ایک دوسرے پر لعنت بھیجنا۔
— الزَّوْجَانِ: زوجین میں سے ہر ایک کا بذریعۂ لعان اپنے دعوے کو سچا ثابت کرنا۔
— فُلَانٌ يَتَلَاعَنُ عَلَيْنَا: فلاں ہمیں ہنسی مذاق کر کے تکلیف پہنچاتا ہے
تَلَعَّنَ القَوْمُ: ایک دوسرے پر لعنت کرنا۔
اَللَّاعِنُ: لعن طعن کرنے والا۔ اَمْرٌ لَاعِنٌ: باعث لعنت و ملامت کام حدیث میں ہے: "اتَّقُوا اللَّاعِنَيْنِ" دو قابل لعنت کاموں سے بچو یعنی لوگوں کے راستہ نیز سایہ کی جگہ قضاء حاجت نہ کرو۔
اَللِّعَانُ: شریعت میں لعان یہ ہے کہ خاوند چار دفعہ یہ قسم کھائے کہ میں اپنی بیوی کی طرف زنا کی نسبت کرنے یعنی اسے زنا سے متہم کرنے میں سچا ہوں اور پانچویں قسم یہ ہو کہ وہ کہے کہ اگر وہ اپنے اس دعوے میں جھوٹا ہو تو وہ خدا کی لعنت کا مستحق ہو، پھر بیوی چار دفعہ خاوند کے جھوٹا ہونے پر قسم کھائے اور اس کی پانچویں قسم یہ ہو کہ اگر وہ سچا ہو تو وہ (بیوی) خدا کے غضب کی مستحق ہو۔ یہ کہنے پر وہ حدِّ زنا سے بری ہو جائے گی۔
اَللَّعْنُ: لعنت، پھٹکار، خدا کی مار۔
اَبَيْتَ اللَّعْنَ: زمانۂ جاہلیت میں عرب اپنے بادشاہوں کے لئے بطور سلام و اکرام یہ لفظ کہتے تھے یعنی تو قابل لعنت کام سے بلند و بالا ہو۔
اَبَى يَابَى کے معنی کسی چیز سے بربنائے نخوت اجتناب کرنے کے ہیں
اَللَّعْنَةُ: عذاب۔ اَصَابَتْهُ لَعْنَةٌ مِنَ السَّمَاءِ: اس پر خدا کا عذاب آیا۔
اَللُّعْنَةُ: اپنے شر کی بنا پر لوگوں کی لعنت کا نشانہ بننے والا۔ کہتے ہیں: لَا تَكُنْ لُعْنَةً علی اَهْلِ بَيْتِكَ: تو اپنے خاندان کے لئے لعنت ملامت کا سبب نہ بن ج: لُعَنٌ۔
اَللُّعَنَةُ: لوگوں کو بہت لعنت کرنیوالا ج: لُعَنٌ۔
اَللَّعِينُ: شیطان (۲) ملعون، قابل لعنت (۳) کھیتوں میں جانوروں کو ڈرانے کے لئے کھڑا کیا ہوا دھوکے کا مصنوعی آدمی۔ اسے فَزَّاعَة بھی کہتے ہیں، ڈراوا (۴) بھیڑیا۔
اَلْمَلْعَنَةُ: قابل لعنت و ملامت فعل ج: مَلَاعِنُ۔ حدیث میں ہے: "اتَّقُوا المَلَاعِنَ الثَّلَاثَ: التَّغَوُّطَ علی قارعةِ الطَّرِيقِ او فی ظِلِّ الشَّجَرَةِ اوجانبِ النَّهْرِ: تین قابل لعنت چیزوں سے

بچو: عام راستہ یا درخت کے سایہ
یا دریا کے برابر پاخانہ کرنے سے
(کیونکہ اس سے لوگوں کو تکلیف
ہوتی ہے)
اَلْمَلْعُوْنُ: پھٹکارا ہوا، دھتکارا ہوا،
(۲) قابل لعنت۔
• اَلْعَی ثَدْیُ الْاُنْثٰی: حمل کی بنا پر
عورت کے پستان کی ساخت بدلنا
اَلْاَلْعَاءُ: انگلیوں کی ہڈیاں۔
اَللَّاعِی: معمولی سی چیز سے ڈرنے والا،
انتہائی ڈرپوک۔
اَللَّاعِیَۃُ: زرد پھول والا دامن کوہ
کا پودا۔
اَللَّعَا: حریص وبدنیت۔
لَعًا: ٹھوکر کھانے والے کے لئے دعا
لَعًا لِفُلَانٍ: فلاں کو خدا محفوظ
رکھے، اوپر اٹھائے۔ برائے بد دعا
کہتے ہیں: لَا لَعًا لَكَ: خدا تیرا
ناس کرے، تجھے نہ اٹھائے۔
اَللَّعْوُ: بدمزاج (۲) رذیل وبے نفع آدمی
(۳) حریص ولالچی ج: لِعَاءٌ۔
اَللَّعْوَۃُ: کتیا۔ اِمْرَأَۃٌ لَعْوَۃٌ وَكَلْبَۃٌ
وَذِئْبَۃٌ لَعْوَۃٌ: کھانے کی حریص
جو کھانے کی چیز پر لڑائی کرے ج:
لِعَاءٌ (۲) سر پستان کے اردگرد کی
سیاہی۔
لَعْوَۃُ الْجُوْعِ: بھوک کی شدت۔
• لَعُوْقٌ: دیکھئے (لعق)
اَللَّعُوْقُ: دیکھئے (لعق)

ل ــــ غ

• لَغَبَ فُلَانٌ ـَ لَغْبًا وَلُغُوْبًا:
بہت تھک جانا۔ ھو لَاغِبٌ۔
ـــ عَلَى الْقَوْمِ لَغْبًا: لوگوں کے خلاف فساد برپا کرنا۔
ـــ الْقَوْمَ: جھوٹی بات کرنا، کہنا۔

لَغِبَ ـَ لَغَبًا: تھک کر چور ہونا
اَلْغَبَهُ: تھکا دینا، تکان سے چور کرنا۔ اَلْغَبَهُ
السَّیْرُ: سفر کے تکان نے نیم جاں
کر دیا، بری طرح تھکا دیا۔
لَغَّبَهُ السَّیْرُ: سفر کا تھکا دینا۔
ـــ الدَّابَّۃَ: جانور پر بوجھ لاد کر
اسے تھکا دینا۔
تَلَغَّبَهُ السَّیْرُ: چلنے سے تھک جانا۔
تَلَغَّبَتْ بِهِمِ الْقِفَارُ وَ
تَلَغَّبَتْهُمُ الْاَسْفَارُ: جنگل بیابانوں
اور سفروں نے ان کو تھکا ڈالا۔
ـــ سَیْرَ الْقَوْمِ: لوگوں کو اتنا چلانا
کہ وہ تھک جائیں۔
ـــ الدَّابَّۃَ: چوپائے کو تھکا ہوا
پانا۔
ـــ الْحَیَوَانَ: جانور کو اتنا بھگانا
کہ وہ تھک جائے۔
ـــ الْاَمْرَ: کسی کام کو قابو میں لے آنا
اَللَّاغِبُ: تھکا ماندہ۔
اَللَّغْبُ: خراب بات۔ اَكْفُفْ عَنَّا
لَغْبَكَ: ہم سے اپنی بیہودہ گفتگو
بند کرو۔ (۲) کمزور وبیوقوف (۳)
سامنے کے دو دانتوں کے درمیان
کا گوشت۔
اَللَّغْبُ: خراب تراشا ہوا (قلم)۔
اَللَّغُوْبُ: کمزور وبیوقوف۔
اَللُّغُوْبَۃُ: کم عقلی، بیوقوفی۔
اَللَّغِیْبُ: خراب تراشا ہوا (قلم)۔
• لَغَدَهُ ـَ لَغْدًا: کسی کے تالو
سے متصل گوشت پر چوٹ لگانا۔
ـــ فُلَانًا عَنْ حَاجَتِهِ: روکنا۔
ـــ اُذُنَهُ: سیدھا کرنے کے لئے کان
کھینچنا۔
لَاغَدَهُ: کسی کا ہاتھ پکڑ کر کسی فعل سے
روکنا۔

اَلْتَنَغَدَہُ: لَاغَدَہُ۔
تَلَغَّدَ فُلَانٌ: غیظ وغضب سے بھرنا
اَللُّغْدُ: تالو اور گردن کی اندرونی دیوار
کے درمیان کا گوشت (۲) حلق کا کوّا
ج: اَلْغَادٌ۔ کہتے ہیں: ھو من
الْاَوْغَادِ ضَخْمُ الْاَلْغَادِ: وہ
بڑے حلق یا موٹی گردن والے اوغاد میں
سے ہے۔
اَللُّغْدُوْدُ: اَللُّغْدُ ج: لَغَادِیْدُ۔
عِلْجٌ ضَخْمُ اللَّغَادِیْدِ: وہ
جنگلی گدھا جس کے حلق کا گوشت
پھولا ہوا ہو۔
اَللِّغْدِیْدُ: اَللُّغْدُوْدُ ج: لَغَادِیْدُ
• لَغَزَ الْیَرْبُوْعُ اَجْحَارَہُ ـُ
لَغْزًا: جنگلی چوہے کا اپنے بلوں کو
پیچدار کھودنا۔
ـــ الشَّیْءَ: کسی چیز کو اس کی اصل شکل
سے ہٹانا، معمّا بنانا۔
ـــ فی کَلَامِهِ: بات گھما پھرا کر کرنا،
بات کو معمّا یا چیستاں بنانا (جس کو
سمجھنے کے لئے عقل لڑانے کی ضرورت
ہو)۔ پیچیدہ اور الجھی ہوئی بات
کرنا۔
اَلْغَزَ الْیَرْبُوْعُ اَجْحَارَہُ:
لغزھا۔
ـــ کَلَامَهُ وفیه: اپنے کلام کو پیچیدہ
اور معمّا بنانا (مراد کو چھپا کر خلاف
مراد ظاہر کرنا)، پہیلی کہنا۔
ـــ فی یَمِیْنِهِ: قسم میں مغالطہ دینا۔
لَاغَزَہُ: کسی سے گھما پھرا کر بات کرنا،
پہیلی یا چیستاں نما کلام کرنا۔
لَغَّزَ کَلَامَهُ وفیه: کلام کو پیچیدہ اور
معمّا بنانا۔
ـــ فی یَمِیْنِهِ: قسم میں مغالطہ دینا،
فریب دینا (محلوف لہ سے حقیقت

چھپا کر یہ ظاہر کرنا کہ وہ جو کہہ رہا ہے وہی حقیقت ہے)۔
الأُلْغُوزَةُ: معمّا، چیستاں، وہ کلام جس سے مغالطہ دیا جائے ج: الأَغِيزُ۔
اللُّغْزُ: گوہ، چوہے اور جنگلی چوہے کا بل (۲) پہیلی، چیستاں، معمّا، پیچیدہ بات ج: أَلْغَازٌ۔ اللُّغزُ الغَامِضُ: ناقابل حل معمّا۔
اللَّغَّازُ: لوگوں کی غیبت کرنے والا، لگائی بجھائی کرنے والا۔
• لَغْوَسَ: تیز کھانا، جلدی جلدی کھانا
ـــ الطَّعَامُ: کھانے کا کچا رہنا۔
اللَّغْوَسُ: کھانے میں تیز رفتار (۲) عیش و عشرت میں مست (۳) وہ نرم و تر گھاس جو تیزی سے کھائی جائے
• لَغَطَ القَومُ ـَ لَغَطًا ولُغاطًا: لوگوں کا شور کرنا، طرح طرح کی ناقابل فہم ملی جلی آوازیں نکالنا۔ هو لاغِط ج: لُغَّطٌ۔
ـــ القَطَا او الحَمَامُ لَغِيطًا: طائر قطا اور کبوتر کا غٹرغوں کرنا، آواز نکالنا۔
أَتَيْتُهُ قَبْلَ لَغِيط القَطا و قبل القَطا اللَّاغِط: میں اس کے پاس صبح سویرے آیا۔
أَلْغَطَ القَوْمُ: شور مچانا۔
ـــ القَطا او الحمَامُ: آواز نکالنا۔
لَغَّطَ القَومُ: شور مچانا۔
اللَّغَطُ: شوروغل، ہنگامہ، ناقابل فہم مخلوط آوازیں ج: أَلْغَاط۔
• لَغَفَ فُلَانٌ ـَ لَغْفًا: ظلم کرنا (۲) تیز نظر سے دیکھنا، آنکھیں نکال کر دیکھنا، جیسے: لَغَفَ الاَسَدُ الاناءَ: برتن چاٹنا۔
لَغِفَ ما فی الإناءِ ـَ لَغْفًا: برتن کی چیز کو چاٹنا۔

لَغَفَ الطَّعامَ: جلدی سے کھالینا۔
أَلْغَفَ فُلانٌ: لَغَفَ۔
ـــ فی السَّيْرِ: تیز چلنا (۲) چوروں کا ساتھی بن جانا۔
ـــ بِعَيْنِه: گوشۂ چشم سے دیکھنا۔
ـــ علَى الرَّجُلِ: کسی کے ساتھ بہت بدکلامی کرنا۔
ـــ الصَّبِیَّ لُقْمَةً: بچہ کو لقمہ نگلوانا
لَاغَفَهُ: کسی سے دوستی کرنا۔
ـــ المرأةَ: عورت کا بوسہ لینا۔
تَلَغَّفَ الطَّعامَ: مٹھی بھر کر کھانا منہ میں رکھنا اور نگل جانا، مٹھیاں بھر کر جلدی جلدی کھانا۔
اللُّغْفَةُ: لقمہ۔ أَلْغِفْنی لُغْفَةً: مجھے ایک لقمہ کھلاؤ۔
اللَّغِيفُ: مصاحبین و مخلصین (۲) چوروں کے معاون ساتھی جو ان کے سامان وغیرہ کی حفاظت تو کریں مگر چوری نہ کریں (۳) دوسروں کی کتابوں سے مضامین چرا کر اپنی طرف منسوب کرنے والا ج: لُغَفَاءُ
اللَّغِيفَةُ: آٹے کی لپسی، حریرہ (۲) دلیا۔
المُلْغِفَةُ: بے غیرت چوروں کا گروہ۔
• لَغْلَغَ طَعَامَهُ: کھانے میں گھی یا چربی ملانا۔
ـــ ثَرِيدَهُ: ثرید میں خوب گھی یا چربی ڈالنا۔
اللَّغْلَغَةُ: لکنتِ کلام۔ فی کلامِهِ لَغْلَغَةٌ۔
• لَغَمَ فُلَانٌ ـَ لَغْمًا: اپنے ساتھی کو غیر یقینی طور پر کوئی خبر دینا (۲) پوشیدہ بات کرنا، مخفی کلام کرنا۔
ـــ المَرْأَةَ: عورت کا ناک منہ چومنا۔

لَغَمَ الجَمَلُ لُغَامَهُ: اونٹ کا جھاگ نکالنا۔
لَغِمَ فُلَانٌ ـَ لَغْمًا ولَغَمًا: غیر یقینی خبر معلوم کرنا (۲) کسی شے سے متعلق غیر یقینی خبر دینا۔
لُغِمَ بالطِّيْبِ: کسی کی ناک اور منہ وغیرہ میں خوشبو لگایا جانا۔ هو مَلْغُومٌ
أَلْغَمَ الذَّهَبَ و مَاشابَهَهُ: سونے وغیرہ میں پارہ ملانا۔
لَغَّمَهُ بِالطِّيبِ و نَحْوِه: کسی کے ناک منہ پر خوشبو ملنا۔
ـــ المكَانَ: کسی جگہ بارودی سرنگ بچھانا، آتشیں مادہ چھپانا۔
اِلتَغَمَ الذَّهَبُ و نَحْوُهُ: سونے وغیرہ میں پارہ ملا ہوا ہونا۔
تَلَغَّمَ بالطِّيبِ: ناک منہ پر خوشبو لگانا۔
ـــ القَومُ بالكَلامِ: لوگوں کا باتیں کرتے ہوئے ناک منہ ہلانا۔
اللُّغَامُ: اونٹوں کے منہ کا جھاگ۔
اللَّغَمُ: تھوڑی خوشبو (۲) زبان کی رگیں (۳) گرم افواہ جس سے اضطراب پیدا ہو (۴) بارودی سرنگ بکس نما ایک خول جس میں دھماکہ خیز آتش گیر مادہ بھر کر زمین یا راستہ میں چھپا دیا جاتا ہے جب اس پر پاؤں رکھا جاتا یا اور کوئی زد پڑتی ہے تو وہ دھماکہ سے پھٹ کر تباہی مچاتا ہے ج: أَلْغام۔
اللَّغِيمُ: راز۔
المَلْغَمُ: ناک اور منہ اور ران کا اردگرد، مجازًا منہ ج: مَلَاغِم۔
• اِلغَانَّ النَّبْتُ: پودے وغیرہ کا لمبا ہو کر مڑ جانا، نباتات کا گھنا ہونا۔
ـــ الاَرْضُ: زمین کا بہت گھاس

والی ہونا۔

اللَّغَنُ: جوشِ جوانی۔

اللُّغْنُ: حلق کے کوے کا کنارہ۔ ج: اَلْغَانٌ۔

اللُّغْنُونُ: اللُّغْنُ ج: لَغَانِین

لَغَا فی القولِ ــُ لَغْوًا: غلط بولنا کلام میں غلطی کرنا۔

ــــ فلان لَغْوًا: لغو وبیہودہ بات کرنا، بیکار بات کرنا۔ ھو لاغٍ

ــــ بکذا: زبان سے کوئی بات کہنا، کلام کرنا، بولنا۔

ــــ عن الصَّوابِ وعن الطَّریق: حق یا راستہ سے ہٹنا۔

ــــ الشیءُ: لغو و باطل ہونا، بیکار و بے معنی ہونا (۲) باطل ہونا۔

لَغِیَ فی القولِ ــَ لَغًا: غلطی کرنا

ــــ بالأمرِ: کسی معاملہ سے دلچسپی رکھنا، کسی چیز کا شیدائی ہونا۔

ــــ بالشیءِ: کسی چیز کو پکڑے رہنا، اس سے متعلق رہنا، الگ نہ ہونا۔

ــــ بالماءِ والشَّرابِ: پانی وغیرہ بکثرت پینا اور سیر نہ ہونا۔

ــــ الطَّائرُ بصوتِه: پرندہ کا گانا

اَلْغَی الشیءَ: کالعدم کرنا، کینسل کرنا، بے اثر کرنا، باطل قرار دینا، ختم کرنا

ــــ القانونَ: قانون منسوخ کرنا۔ ابن عباس کی حدیث میں ہے "کانَ ابنُ عبّاسٍ یُلغی طلاقَ المُکرَہِ"

ــــ الرِّقابةَ عن شیءٍ: سنسرشپ (نگرانی) اٹھانا۔

ــــ اوراقَ النُّقود من فئة ألفٍ: (مثلاً) سو روپے کے نوٹ بند کرنا

ــــ الحَظْرَ عن شیءٍ: پابندی اٹھانا۔

ــــ المُرافعةَ: اپیل خارج کرنا۔

اَلْغَی المُرتَّبَ: وظیفہ بند کرنا۔

ــــ الزِّیارةَ لِدولةٍ: کسی ملک کا دورہ منسوخ کرنا۔

ــــ من العددِ کذا: کچھ تعداد کم کرنا۔

لاغاہُ: کسی کے ساتھ ہنسی مذاق کرنا، مزاح کرنا۔ کہتے ہیں: اِنَّ فرسَكَ لَیُلاغِی الجَرْیَ: تمہارا گھوڑا تو دوڑ سے مذاق کر رہا ہے یعنی ٹھیک طور پر نہیں دوڑ رہا ہے۔

اِسْتَلْغاہُ: بلوانا، بولنے کی فرمائش کرنا، کلام کرانا۔ کہتے ہیں: اِذا اَرَدْتَ اَنْ تَسْمَعَ من الأعرابِ فاسْتَلْغِھِم: اگر تو عرب کے بادیہ نشینوں سے کچھ سننا چاہے تو ان کو بولنے پر آمادہ کر۔

ــــ فلانًا: کسی سے لغو وبیہودہ بات کرانا۔

الإلغاءُ: منسوخی، خاتمہ، ابطال (۲) علم النحو میں یہ ہے کہ ان افعالِ قلوب میں جو متعدی بدو مفعول ہوتے ہیں عامل کے عمل کو لفظاً و محلاً ختم کر دیا جائے۔ جیسے: العلمُ نافعٌ عَلِمتُ، والعلمُ عَلِمتُ نافعٌ۔ یہ جائز ہے واجب نہیں۔

اللاّغِی: بیہودہ گو، بے سوچے سمجھے بات کرنے والا۔ (۲) غلط بولنے والا (۳) متکلم (۴) کالعدم، باطل، منسوخ ختم، بند، بیکار، بے اثر۔

اللاّغِیةُ: بیکار و بے فائدہ بات۔

کلمةٌ لاغیةٌ: بیہودہ اور بری بات۔ قرآن پاک میں ہے: "لا تَسْمَعُ فیھا لاغیةً" ج: اللَّواغِی۔

اللَّغا: غلط و بیہودہ بات۔ تکلّم باللَّغا: اس نے فضول بات کی

(۲) بیع اور دیت میں تعداد کا وہ تھوڑا حصہ جو شمار میں نہ آئے اور شامل حساب نہ ہو (۳) گری پڑی چیز، معمولی سامان (۴) آواز۔

اللُّغةُ: زبان (وہ آوازیں جن کے ذریعہ اقوام عالم اپنے مافی الضمیر کا اظہار کرتی ہیں) ہر قوم کا خاص تعبیری مجموعۂ الفاظ ج: لُغًی و لُغاتٌ۔ سَمِعْتُ لُغاتِھم: میں نے ان کی باتیں سنیں جن میں اختلاف تھا۔

اللُّغةُ الاصطلاحیّةُ: کوڈ، خاص رمز۔

لُغةُ الرُّموز: خفیہ زبان جس کو مخصوص لوگ ہی سمجھ سکیں۔

لُغةُ الشَّفْرةِ: خفیہ زبان۔

اللُّغةُ العامّیّةُ: عام بول چال یا ہر ملک کی مقامی عام زبان۔

لُغةُ المولِد: مادری زبان۔

اللُّغةُ الرَّسمیّةُ: سرکاری زبان۔

اللُّغةُ الوطنیّةُ: قومی زبان، ملکی زبان۔

عِلمُ اللُّغةِ: الفاظ کے معانی اور ان کے اشتقاقات کے جاننے کا علم

کِتابُ اللُّغةِ: ڈکشنری۔

اللُّغَوِیُّ: ماہر زبان، ماہر السنہ (۲) لغت یا زبان سے متعلق۔

اللَّغْوُ: بے کار، بے فائدہ، غلط، بیہودہ اور بے سوچے سمجھے زبان سے نکلی ہوئی بات (۲) بیع یا دیت میں مال کی وہ مقدار جو کسی شمار وحساب میں نہ آئے (۳) ردی سامان۔

اللَّغْوُ فی الیمینِ: وہ قسم جس پر دل کوئی فیصلہ نہ کر سکے۔ جیسے کوئی کہے: لا واللهِ یا بلی واللهِ۔ یمین اللَّغو:

دیکھئے: (یمین)۔
المُلْغَی: منسوخ، کالعدم، ختم، بند، ناقابل عمل قرار دیا ہوا۔
• لَغُوسَ: دیکھئے (لَغَسَ)۔

ل ـــ ف

• لَفَأَ العُودَ ـ لَفْأً ولَفَاءً: لکڑی کو چھیلنا۔
ـــ العَظْمَ: ہڈی سے کچھ گوشت اتارنا۔
ـــ اللَّحْمَ عن العَظْمِ: ہڈی پر سے گوشت اتارنا۔
ـــ الرِّیحُ السَّحابَ عن وَجهِ السَّمَاءِ: ہوا کا بادلوں کو اڑا کر آسمان صاف کرنا۔
ـــ الرِّیحُ التُّرابَ عن وَجهِ الارضِ: ہوا کا سطح زمین سے مٹی اڑا کر ادھر ادھر بکھیر دینا۔
ـــ فُلانًا: غیبت کرنا، پیٹھ پیچھے برائی کرنا (۲) کسی کو اس کے ارادہ سے روکنا۔
لَفَأْتُ الابِلَ: میں نے اونٹوں کا رخ بدل دیا۔
ـــ فُلانًا حَقَّهُ: کسی کو اس کا پورا حق دینا (۲) کسی کو اس کے حق سے کم دینا (اضداد)۔
ـــ فُلانًا بالعَصا: لاٹھی سے پیٹنا۔
لَفِئَ الشَّیءُ ـ لَفْئًا: باقی رہنا، بچنا۔
اَلْفَأَ الشَّیءَ: باقی رکھنا، بچانا۔
اِلْتَفَأَ العُودَ: لکڑی چھیلنا۔
اللَّفَاءُ: تھوڑی چیز (۲) حق سے کم مقدار و تعداد۔ فُلانٌ لا یَرضَی من الوَفاءِ باللَّفَاءِ: فلاں کامل حق چھوڑ کر تھوڑا لینے پر راضی نہیں (۳) مٹی۔

اللَّفْأَةُ: گوشت کا ٹکڑا (اس کا اسم جمع لَفْءٌ ہے)۔
اللَّفِیئَةُ: بلا ہڈی گوشت کا ٹکڑا ج: لَفَایا۔
• لَفَتَ الشَّیءَ ـ لَفْتًا: کسی چیز کو دائیں یا بائیں موڑنا، ادھر ادھر کرنا۔ اَخَذَ بِعُنُقِهِ فَلَفَتَهُ: اس نے اس کی گردن کو پکڑ کر ادھر ادھر موڑا۔
ـــ فُلانًا عن الشَّیءِ: ہٹانا، پھیرنا منحرف کرنا، توجہ ہٹانا۔
ـــ رِدَاءَهُ علی عُنُقِهِ: کسی کی چادر کو اس کی گردن میں ڈال کر موڑنا۔
ـــ الکلامَ: کلام میں لکنت پیدا کرنا۔
ـــ نَظَرَهُ واهتمامَهُ وانتِبَاهَهُ الی کذا: کسی بات پر توجہ دلانا۔
ـــ الشَّیءَ: کسی چیز کا حلوا بنانا یا دلیے اور لپسی کی طرح گھی ڈال کر کھانا بنانا۔
ـــ الرَّاعی المَاشِیَةَ: چرواہے کا مویشی کو اندھا دھند مارنا، ایک طرف سے ڈنڈا برسانا جس میں بے پرواہ نہ ہو کہ کس کے لگا کس کے نہیں۔
ـــ الرِّیشَ علی السَّهمِ: تیر پر جیسے بن پڑے ویسے پر لگانا (موزونیت کا خیال نہ کرنا)
ـــ الکلامَ: کیفما اتفق بے سوچے سمجھے کلام کرنا، الل ٹپ بولنا۔
ـــ اللِّحَاءَ عن العُودِ: لکڑی سے چھال اتارنا۔
ـــ الشَّیءَ: کسی چیز کو اپنے برابر میں ڈالنا۔
ـــ فُلانًا بالشَّیءِ: کسی کو کوئی چیز دینا۔
لَفِتَ الرَّجُلُ ـ لَفَتًا: بیوقوف ہونا (۲) بائیں ہاتھ سے کام کرنا، کھبّو ہونا (۳) مضبوط ہاتھوں والا ہونا کہ ہر چیز کو موڑ ڈالے۔
لَفِتَ التَّیسُ: بکرے کا ٹیڑھے سینگوں والا ہونا۔
هو اَلْفَتُ وهی لَفْتَاءُ ج: لُفْتٌ
لَفَّتَ الشَّیءَ: موڑنا۔
اِلْتَفَتَ الی الشَّیءِ: متوجہ ہونا۔
ـــ بِوَجْهِهِ یَمْنَةً او یَسْرَةً: دائیں یا بائیں طرف منہ کرنا، کسی طرف چہرہ کرنا۔
ـــ عنه: بے توجہی اور بے التفاتی کرنا، منہ پھیرنا۔
تَلَفَّتَ الی الشَّیءِ: متوجہ ہونا، کسی چیز کی طرف منہ اٹھا کر دیکھنا۔
الالتِفاتُ: توجہ۔
الالتِفَاتَةُ: ایک نظر، ایک نگاہ، توجہ، التفات۔
الالتفاتةُ الکَرِیمَةُ: نگاہ کرم۔
اللَّافِتُ: توجہ طلب۔
اللَّافِتَةُ: سائن بورڈ (دوکان یا سڑک وغیرہ کے نام کی بڑی تختی) ج: لَوَافِتُ ولافِتاتٌ۔
لافِتَةُ التَّحذِیرِ: سگنل، حفاظتی آگاہی کا بورڈ یا بینر۔
لافِتَةُ التَّرحِیبِ: خیر مقدمی یا استقبالیہ بینر وغیرہ۔
اللَّفَّاتُ: بیوقوف و بدمزاج۔
اللِّفْتُ: شلغم (۲) پہلو، جانب، توجہ۔ لِفْتُهُ مَعَكَ: اس کا رجحان تمہاری طرف ہے، اس کی جانبداری تمہارے ساتھ ہے۔ لا تَلْتَفِتْ لِفْتَ فُلانٍ: اس کی طرف نہ دیکھ (۳) بیوقوف عورت (۴) گائے۔
اللَّفُوتُ (من النِّساءِ) بار بار ادھر ادھر دیکھنے والی عورت (۲) وہ

عورت جو اپنے خاوند کے بجائے اپنے دوسرے خاوند کے لڑکے کی طرف زیادہ متوجہ اور مشغول رہتی ہو (۳) وہ عورت جس کی نگاہ ایک جگہ نہ جمتی اور ٹھہرتی ہو اور اس کا ارادہ اپنے خاوند کے بجائے غیر مرد سے تعلق قائم کرنے کا ہو (۴) چغلخور عورت (۵) وہ اونٹنی جو دودھ نکالنے والے کو تنگ کرتی ہو اور کاٹ لیتی ہو۔

اللَّفْتَةُ: توجہ، التفات (لفت ـِ لفتًا سے مصدر مرہ) ایک نظر۔

اللَّفِيتَةُ: گاڑھا آٹے اور گھی کا حریرہ یا دلیا۔

المُتَلَفِّت: ادھر ادھر نگاہ دوڑانے والا۔

المُتَلَفِّتَةُ: سر سے متصل کندھے کی ہڈی کا بالائی حصہ۔

• اَلْفَجَ فُلَانٌ: ضرورت یا کسی پریشانی کی بنا پر زمین پر پڑے رہنا (۲) مفلس ہو جانا۔

ـــ فُلانًا: کسی کو ایسے شخص سے سوال کرنے پر مجبور کرنا جو اس کا اہل نہ ہو

اَلْفَجَنِي الى ذلك الاضْطِرارُ: مجبوری نے مجھے فلاں بات کے لئے مجبور کیا۔

اُسْتُلْفِجَ فُلَانٌ: اَلْفَجَ (۲) ڈر سے دل نکلا جانا۔

اللَّفْجُ: ذلت۔

اللُّفْجُ: بارش وغیرہ کے پانی بہنے کی جگہ۔

المُلْفَجُ و المُسْتَلْفَجُ: مفلس، لاغر یا بیماری کے باعث زمین سے لگا رہنے والا۔

• لَفَحَتْهُ النَّارُ او السَّمُومُ ـَ لَفْحًا و لَفَحَانًا: آگ یا لو کا چہرے کو جھلسنا۔ هي لافِحَةٌ ج: لَوَافِح و هي لافِحٌ و لَفُوحٌ ايضا۔

لَفَحَ فُلانًا بالسَّيْفِ لَفْحًا: کسی کو ہلکے سے تلوار مارنا۔

اللَّافِحُ: حَرٌّ لافِحٌ: سخت گرمی، منہ جھلس دینے والی گرمی۔

اللَّفْحُ: گرمی، آنچ، تمازت۔

اللُّفَّاحُ: ایک طبی پودا جو ملک شام کے بعض علاقوں میں پیدا ہوتا ہے۔

• لَفَخَهُ علی رَأسِهِ ـَ لَفْخًا: سر پر لاٹھی مارنا۔ لَفَخَهُ فی رأسه بھی کہتے ہیں۔

ـــ البَعِيرَ: اونٹ کو پیچھے سے لات مارنا، ٹھوکر مارنا۔

• لَفَظَ بالكلام ـِ لَفْظًا: لفظ بولنا، الفاظ ادا کرنا۔

ـــ بالشيءِ: زبان سے کچھ کہنا۔

ـــ الشيءَ: پھینکنا، ایک طرف ڈالنا۔

ـــ الرَّجُلُ: مر جانا۔

ـــ نَفْسَهُ: روح کا پرواز کرنا، دم نکلنا، مر جانا۔

ـــ الشيءَ من فِيهِ و بِهِ: منہ سے کوئی چیز نکالنا، پھینکنا۔ هو لافِظ و هي لافِظَة۔ لافظة کی جمع: لوافِظ۔ المفعول لَفِيظ و مَلْفُوظٌ۔

لَفَظَت البلادُ اَهْلَها: ملک نے اپنے باشندوں کو باہر نکال پھینکا

لَفَظَت الحَيَّةُ سُمَّها: سانپ نے اپنا زہر نکالا۔

ـــ البَحْرُ الشيءَ: سمندر کا کوئی چیز ساحل پر پھینک دینا۔

ـــ النَّفَسَ الأَخِيرَ: آخری سانس چھوڑنا، دم نکل جانا۔

تَلَفَّظَ بالكلامِ: بولنا، بات کرنا، زبان سے الفاظ نکالنا۔

التَّلَفُّظُ: تلفظ (نرخرے سے نکلنے والی ہوائی موجوں کا مجموعہ جسے آواز والے اعضا تشکیل دیتے ہیں)۔

اللَّافِظَةُ: سمندر (چونکہ وہ اپنے اندر کی چیزوں کو ساحل پر پھینکتا ہے) (۲) چوزوں کو دانہ کھلانے والا پرندہ (جو اپنے جوف سے باہر نکالتا ہے) (۳) چکی (چونکہ وہ آٹا پیس کر باہر پھینکتی ہے) (۴) مرغا (چونکہ وہ چونچ سے دانہ اٹھا کر مرغی کے سامنے پھینکتا ہے) کہاوت ہے: أَسْمَحُ من لافِظَةٍ: وہ مرغے سے زیادہ سخاوت والا ہے (۵) دنیا (چونکہ وہ اپنی مخلوقات کو آخرت کی طرف پھینک رہی ہے)۔

اللُّفَاظُ: پھینکی ہوئی چیز۔

اللُّفَاظَةُ: پھینکی ہوئی چیز (۲) باقی ماندہ چیز (۳) تھوڑی سی بچی ہوئی چیز (۴) دسترخوان وغیرہ کی جھاڑن۔ ما بَقِی الا لُفَاظَةٌ: جھاڑن کے علاوہ کچھ نہیں بچا۔

اللَّفْظُ: لفظ، کلمہ، بول (۲) کلام، زبان سے نکلنے والے کلمات، اللہ کی طرف لفظ کی نسبت نہیں کی جاتی لَفْظُ اللهِ بمعنی اللہ کا کلام نہیں کہا جاتا۔ کَلِمَةُ اللهِ کہا جاتا ہے ج: اَلْفَاظ۔

اللَّفِيظ: پھینکی ہوئی چیز، جھاڑن۔

المَلْفَظُ: زبان سے نکلنے والے الفاظ کا مجموعہ، کلام ج: مَلَافِظ۔

المَلْفُوظُ: بولا ہوا، زبان سے نکلا ہوا کلمہ یا کلام ج: مَلْفُوظَات۔

• لَفَعَ الشَّيْبُ رَأسَهُ ـَ لَفْعًا: پورے سر پر بالوں کی سفیدی پھیل جانا۔

ـــ الشَّيْبُ لِحْيَتَهُ: داڑھی پر بالوں کی سفیدی پھیل جانا، داڑھی کے

بال سفید ہو جانا، بڑھاپے کا سر یا داڑھی کو سفید کر دینا۔
لَفَعَتِ النَّارُ فُلَانًا: کسی کو آگ کا گھیر لینا اور اس کی لپٹیں لگنا۔
لَفَّعَ الشَّيْبُ رَأْسَهُ: سر پر بڑھاپے کی سفیدی پھیل جانا۔
— رَأْسَهُ: سر ڈھانکنا۔
— الْمَرْأَةَ: عورت کو اپنے سے چمٹا لینا، عورت سے پوری طرح لپٹ جانا۔
التلفع بالثَّوْب: کپڑے سے ڈھک جانا۔
— الْأَرْضُ: زمین کی ہریالی اور پودوں وغیرہ کا برابر اور ہموار ہونا۔
التَفَعَت الأَرْضُ بِالنَّبَاتِ: زمین کا نباتات سے ڈھک جانا، زمین پر ہریالی اور پودوں وغیرہ کا پھیل جانا۔
تَلَفَّعَ فُلَانٌ: بڑھاپا چھا جانا، ہر طرف بالوں پر سفیدی پھیل جانا۔
— بِالثَّوْبِ: کپڑے سے ڈھک جانا، کپڑے کو اوڑھنا۔
— الشَّجَرُ بِالْوَرَقِ: درخت کا پتوں سے ڈھک جانا، درخت کا پتوں کی چادر اوڑھ لینا۔
تَلَفَّعَتِ الْمَرْأَةُ بِمِرْطِهَا: عورت کا چادر اوڑھنا۔
— الْحَرْبُ بِالشَّرِّ: لڑائی کا سب کو لپیٹ میں لے لینا۔
— النَّارُ: آگ کا لپٹیں مارنا۔
تَلَفَّعْنَا عَلَى جَيْشِ الْعَدُوِّ: ہم نے دشمن کے لشکر کو چاروں طرف سے گھیر لیا۔
اللِّفَاعُ: پورے بدن کو ڈھانکنے والا کپڑا جیسے چادر یا کمبل (۲) مفلر (سر کو لپیٹنے کا لمبا کپڑا)۔
اللِّفَاعَةُ: کرتے کا پیوند۔
اللَّفِيعَةُ: کرتے کا پیوند۔
الْمِلْفَعَةُ: بدن کو ڈھانکنے والا کپڑا، چادر یا کمبل۔
لَفَّتِ الْأَشْجَارُ ـُ لَفًّا: درختوں کا گھنا ہونا، گنجان ہونا۔
لَفَّ فِي الْأَكْلِ: کھانے کی زیادہ سے زیادہ قسمیں جمع کرنا، مختلف قسم کے کھانے ملا کر کھانا۔
— الشَّيْءَ: طے کرنا، لپیٹنا۔
— الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: لپیٹنا، جوڑنا، ملانا، اکٹھا کرنا، باندھنا، پیک کرنا۔
— الْمَيِّتَ فِي أَكْفَانِهِ: مردے کو کفن کے کپڑوں میں لپیٹنا۔
— الْكَتِيبَتَيْنِ و لَفَّ الْكَتِيبَةَ بِالْأُخْرَى: لشکر کے دو دستوں کو لڑائی میں یکجا کرنا۔
— فُلَانًا حَقَّهُ: کسی کو اس کے حق سے محروم کرنا، حق روکنا۔
لَفَّ فُلَانٌ ـَ لَفَفًا: بھاری اور سست ہونا (۲) لکنت والا ہونا، سست کلام ہونا رک رک کر بولنا اور جب بولے تو زبان سے پورا منھ بھر جائے (۳) بازو کی رگ کا مڑا ہوا ہونے کی بنا پر کام کے قابل نہ رہنا۔
— فِي الْأَكْلِ: طرح طرح کے کھانے ملا کر خوب کھانا، بری طرح کھانا۔
— لَفًّا و لَفَفًا: دونوں رانوں کا مٹاپے کی وجہ سے ملا ہوا ہونا۔ (عربوں کے یہاں یہ صفت مردوں میں مذموم اور عورتوں میں ممدوح ہے) هو أَلَفُّ وهي لَفَّاءُ ج: لُفٌّ۔
لَفَّ الشَّجَرُ لَفًّا: درخت کا گھنا ہونا
أَلَفَّ فُلَانٌ رَأْسَهُ: اپنا سر اپنے کپڑے کے نیچے کر لینا، چھپا لینا۔
— الطَّائِرُ رَأْسَهُ: پرندہ کا اپنا سر پروں میں چھپا لینا۔
لَافَّ الْقَوْمُ الْقَوْمَ: لوگوں کا دوسرے لوگوں کے ساتھ مل جانا۔
— الصَّقْرُ الصَّيْدَ: شکرے کا شکار پر جھپٹ کر اسے پنجوں میں دبوچ لینا
— الطَّيَّارُ طَائِرَةَ عَدُوِّهِ: ہوا باز کا دشمن کے ہوائی جہاز پر جھپٹ کر بمباری کرنے کے لئے گھیر کر اپنے جہاز کے نیچے لے آنا۔
لَفَّفَهُ: خوب لپیٹنا۔ اچھی طرح لپیٹنا، اچھی طرح پیک کرنا۔
الْتَفَّ الشَّيْءُ: اکٹھا ہونا، گنجان ہونا گھنا ہونا (۲) لپٹنا، طے ہونا (۳) بل کھانا۔
— الشَّجَرُ بِالْمَكَانِ: جگہ کا درختوں کی کثرت سے تنگ ہو جانا، درختوں کا گنجان ہو کر جگہ کو تنگ کر دینا۔
— بِثَوْبِهِ: اپنے کپڑے (چادر وغیرہ) میں لپٹنا، اسے اوڑھ لینا۔
— عَلَيْهِ الْقَوْمُ: کسی کے گرد لوگوں کا اکٹھا ہونا۔
— الْغُلَامُ: لڑکے کا داڑھی والا ہو جانا
تَلَافُّوا: باہم مل جانا۔ کہتے ہیں: مَا تَصَافُّوا حَتَّى تَلَافُّوا: انہوں نے صف بندی ہی نہیں کی کہ وہ باہم ملتے (یعنی ملے نہیں)۔
تَلَفَّفَ فِي ثَوْبِهِ: اپنے کپڑے میں لپٹنا۔
— الْقَوْمُ عَلَيْهِ: کسی کے پاس لوگوں

کا اکھٹا ہونا۔
تَلَفَّفَ لَهُ عَلَى حَنَقٍ: کسی کے خلاف دل میں غیظ وغضب رکھنا۔
الاِلْتِفَافُ: اتصال، گنجان پن، گھنا پن (۲) باہم اختلاط۔
الاَلَفُّ: کلائی کی ایک رگ (۲) وہ جگہ جہاں بکثرت لوگ آباد ہوں۔
التَّلافِيفُ: گنجان گھاس۔ فِي أَرْضِهِم تَلافِيفُ مِن عُشْبٍ: ان کی زمین میں گنجان گھاس اور گھنی نباتات ہیں وفِي الأَرْضِ تَلافِيفُ مِنَ النَّبَاتِ: زمین میں نباتات کے بہت گھنے قطعے ہیں (اس کا واحد نہیں)۔
اللِّفَافَةُ: پیر وغیرہ پر لپیٹنے کی پٹی، لپیٹنے کا کپڑا (۲) پیکٹ ج: لَفَائِف (۳) سگریٹ (۴) خصیتین اور حبل منوی کو ڈھانکنے والا پردہ۔
لفائف القلوب: لَفَائِفُ النَّبَاتِ: نبات پر چڑھا ہوا چھلکا، غلاف ، دل کے اوپر کی چربی۔
هَمٌّ يُذِيبُ لَفَائِفَ القُلُوبِ: دل کی چربی کو پگھلا دینے والا غم۔
لِفَافَةُ التَّبْغِ: سگریٹ۔
لِفَافَةُ السَّاقِ: پنڈلی بند۔
اللَّفُّ: حَدِيقَةٌ لَفٌّ: گھنا باغ۔
جَاؤُوا بِلَفِّهِم: وہ سب مل جل کر آئے۔ جَاؤُوا ومَن لَفَّ لَفَّهُم: وہ اپنے متعلقین کے ساتھ آئے۔
جَاؤُوا فِي لَفٍّ: وہ مل جل کر آئے
اللِّفُّ: لوگوں کی صنف وقسم۔ عِندَهُ أَلْفَافٌ مِنَ النَّاسِ: اس کے پاس مختلف قسم کے لوگ ہیں (۲) جمع شدہ لوگ۔ كُنَّا لِفًّا: ہم سب ایک جگہ جمع تھے (۳) گروہ (۴) پارٹی فِي لِفِّ مَن كُنتَ؟ تم کس گروہ یا پارٹی میں تھے؟ (۵) ادھر ادھر سے اکھٹا کیا ہوا سامان یا ادھر ادھر سے اکھٹا کئے ہوئے لوگ۔ جیسے جھوٹے گواہ (۶) گھنا اور گنجان باغیچہ، چمن (۷) گھنے درختوں والا باغ۔
حَدِيقَةٌ لِفٌّ: گنجان باغیچہ ج: أَلْفَافٌ ولُفُوفٌ۔
جَاؤُوا ومَن لَفَّ لِفَّهُم: وہ اپنے متعلقین کے ساتھ آئے۔
اللَّفُّ والنَّشْرُ: بست وکشاد
اللَّفّ والنشر المرتب: لف ونشر مرتب، کسی مسئلہ کے اجمال میں جو ترتیب ہو وہی تفصیل میں ملحوظ رکھی جائے۔
اللّفّ والنشر غير المرتب: اس کے برعکس ہوتا ہے۔
اللَّفَفُ: پٹھے کی موچ۔
اللَّفَّاءُ: موٹی رانوں والی عورت۔ (۲) گھنا باغیچہ۔
بَابٌ لَفَّافٌ: گھومنے والا دروازہ
اللِّفَّةُ: حَدِيقَةٌ لِفَّةٌ: گھنا باغیچہ۔
جَاءَ القَوْمُ بِلِفَّتِهِم: لوگ اپنے میل جول والوں کے ساتھ آئے۔
اللَّفِيفُ: مختلف قبیلوں کے مجتمع لوگ، مخلوط مجمع یا ملے جلے مختلف قسم کے لوگ (جن میں شریف ورذیل فرماں بردار ونافرمان، کمزور و توانا سب ہی طرح کے ہوں) قرآن پاک میں ہے: "جِئْنَا بِكُم لَفِيفًا": ہم تم سب کو (ہر طرح کے لوگوں کو) ملا کر لائیں گے۔ جَاؤُوا بِلَفِيفِهِم وجَاؤُوا فِي لَفِيفٍ: وہ اکھٹے ہو کر آئے (۲) گھنے درخت۔
طَعَامٌ لَفِيفٌ: وہ کھانا جس میں دو یا زیادہ قسمیں ہوں ج: أَلْفَافٌ قرآن پاک میں ہے: "وجَنَّاتٍ أَلْفَافًا": گھنے باغات۔ (۳) علم الصرف میں لفیف وہ فعل جس کے ثلاثی میں دو حرف علت ہوں اس کی دو قسمیں ہیں۔ ایک مقرون: جس میں دونوں حرف علت ملے ہوئے ہوں۔ جیسے: طَوَى ولَوَى۔ دوسری مفروق: وہ وہ ہے جس میں دونوں حروف علت کے درمیان کوئی اور حرف ہو۔ جیسے وَعَى اور وَقَى۔
اللَّفِيفَةُ: اونٹ کی کمر کا گوشت (۲) لپٹی ہوئی چیز (۳) بیڑی یا سگریٹ۔
لَفِيفَةُ التَّبْغِ: سگریٹ، بیڑی۔ ج: لفائف۔
المِلْفَافُ: ڈھینکلی، پہیا، دردھرا، وزن اٹھانے کی مشین (جس میں تاروں کی دو رسیاں ہوتی ہیں اور وزن اٹھانے کے لئے لپٹتی اور کھلتی ہیں)، (۲) لپیٹنے کی چیز، پیک کرنے کی چیز (۳) اوڑھنے کی چیز (چادر یا کمبل)۔
المِلَفُّ: اوڑھنے کی رضائی یا لحاف وغیرہ (۲) فائل (ترتیب دیا ہوا مختلف کاغذات کا مجموعہ) ریکارڈ (۳) سوراخ کرنے کا آلہ (لغت دارجہ)
المِلَفُّ الفَرْعِيُّ: ذیلی فائل۔
المَلْفُوفُ: انگور وغیرہ کا پتہ جس میں چاول اور گوشت وغیرہ بھر کر پکایا جاتا ہے (۲) لپٹا ہوا، بندھا ہوا، بند، پیک شدہ
• لَفَقَ الثَّوبَ ـ لَفْقًا ولَفَّقَ بينَ الثَّوبَينِ: دو کپڑوں کو ملا کر (دوہرا کر کے) سینا (۲) دوہرا کر کے

ٹانکے بھرنا۔
لَفَقَ الكَلَامَ: کلام کو باطل سے آراستہ کرنا، اپنی طرف سے بات کو بنا سنوار کر پیش کرنا، بات گھڑنا۔ فالكلام مَلْفُوق۔
—— الأمْرَ: کسی بات کا متلاشی ہونا اور نہ پانا۔ لَفَقَ فُلَانٌ: کسی کا اپنی طلب و تلاش میں ناکام رہنا۔
لَفِقَ الشيءَ ـ لَفَقًا: کسی چیز کو پا کر لے لینا۔ لَفِقَ يَفْعَلُ كذا: وہ کرتا رہا۔
لَفَّقَ فُلَانٌ: کسی بات کو چاہنا اور حاصل نہ کرسکنا۔
—— الشُّقَّتَين: دو ٹکڑوں کو ملا کر سینا، اسی مناسبت سے فقہ میں التَّلفيق في المسائل کی اصطلاح مستعمل ہے۔
—— بين الثَّوبَيْن: دو کپڑوں کو ٹانکے لگا کر جوڑنا۔
—— الحَدِيث: بات کو باطل سے مزین کرنا، سخن سازی کرنا۔ هو مُلَفِّق: وہ بات گھڑنے والا ہے۔
—— التُّهْمَةَ: الزام تراشنا۔
—— الأَخْبَارَ: خبریں گھڑنا۔
تَلَافَقَ القَوْمُ: لوگوں کے حالات و معاملات کا درست ہونا، سازگار ہونا۔
تَلَفَّقَ مَا بَيْنَهُما: مابین تعلق ہونا، دونوں کے درمیان ربط ہونا۔
—— بِهِ: کسی سے آملنا، ساتھ لگنا۔
التِّلْفَاقُ: دو کپڑے جو ملا کر سیے جائیں، دو پاٹ کی چادر وغیرہ۔
التَّلفِيقُ: جعل سازی، ظاہری بناوٹ فریب، مغالطہ۔
التَّلْفِيقَة: من گھڑت کہانی، (۲) سلائی۔
اللِّفَاقُ: التِّلْفَاقُ: دو کپڑوں میں سے ہر ایک کو لفاق (پاٹ) کہا جاتا ہے۔
اللَّفَّاقُ: مطلوبہ چیز نہ پانے والا، مقصد میں ناکام۔
اللِّفْقُ: چادر کا ایک پاٹ (۲) چادر (۳) استر لگا ہوا لباس (کوٹ وغیرہ) دونوں جڑے ہوئے کپڑوں میں سے ہر ایک کو لفق کہا جاتا ہے جب تک کہ وہ باہم جڑے ہوئے ہوں، ٹانکے ادھیڑ دینے کے بعد لِفْق نہیں کہا جائے گا ج: لِفَاق۔
اللِّفْقَان: دو متحد الاحوال شخص۔ لازم ملزوم جو ایک دوسرے سے الگ نہ ہو، چولی دامن کے ساتھی هذا لِفْقُ فُلَانٍ: یہ فلاں کا ساتھی اور رفیق ہمدم ہے۔
• لَفْلَفَ في ثوبِه: کپڑے میں لپٹنا، کپڑا اوڑھنا۔
—— فُلَانٌ: عجز لسانی کا شکار ہونا، ہکلا کر بولنا، بولنے سے عاجز ہونا بولتے وقت زبان کا پورے منہ میں پھیل جانا (۲) خوب سیر ہو کر کھانا، زیادہ سے زیادہ کھانا (۳) کلائی کا رگ کے مڑا ہوا ہونے کی وجہ سے مضطرب ہونا۔
بلسانه لَفْلَفَةٌ: اس کی زبان میں لکنت ہے۔
—— المَوضوعَ: مسئلہ کو لپیٹ دینا۔
تَلَفْلَفَ بثوبِه: کپڑا اپنے اوپر ڈال لینا، لپٹ جانا۔
اللَّفْلَافُ: رَجُلٌ لَفْلَافٌ: کمزور آدمی
اللَّفْلَفُ: اللَّفْلَافُ۔
• لَفَاهُ حَقَّهُ ـ لَفْوًا: کسی کے حق کو کم کرنا۔
—— اللَّحْمَ عن العَظْمِ: ہڈی سے گوشت اتارنا۔
أَلْفَاهُ: پانا (۲) اتفاقاً ملنا۔
تَلَافَى الشيءَ: تدارک کرنا (سابقہ خامی کو دور کرنا)۔
—— التَّقْصِيرَ: کوتاہی کی تلافی کرنا۔
هذا أَمْرٌ لا يُتَلَافَى: یہ بات ناقابل تلافی ہے۔ جَاءَ بالعَمَلِ المُتَنَافِي ثُمَّ لَمْ يَتَعَقَّبْهُ بالتَّلَافِي اس نے مخالفانہ کام کیا پھر اس کی تلافی نہیں کی۔
—— الشَّرَّ قَبْلَ اسْتِفْحَالِه: فتنہ کے پھیل جانے سے پہلے اس کا انسداد کرنا۔
التَّلَافِي: نقصان یا کسی غلطی اور جرم کا بدل و عوض، تلافی (۲) تدبیر تدارک، انسداد (۳) بدلہ خون۔
اللَّفَى: پھینکی ہوئی چیز ج: أَلْفَاءٌ۔
اللَّفَاءُ: ہر حقیر و معمولی چیز۔ رَضِيَ فُلَانٌ من الوَفَاءِ باللَّفَاءِ: فلاں کامل شے یا حق کو چھوڑ کر معمولی حصہ پر راضی ہو گیا (۲) مٹی (۳) زمین پر پڑے ہوئے ریزے۔

ل ــــ ق

• لَقَّبَهُ بِكذا: کسی کو کوئی لقب دینا۔
تَلَاقَبَ القَوْمُ: لوگوں کا ایک دوسرے کو برے ناموں سے چڑانا۔
تَلَقَّبَ بِكذا: کوئی لقب اختیار کرنا۔
اللَّقَبُ: اصل نام کے علاوہ تعارف یا تعظیم یا تحقیر کے لئے کوئی دوسرا نام

رکھنا۔ تحقیر کے لئے ہو تو یہ شرعاً ممنوع ہے۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلَا تَلْمِزُوا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوا بِالْاَلْقَابِ" تم ایک دوسرے کو عیب نہ لگاؤ اور نہ آپس میں ایک دوسرے کو برے ناموں سے پکارو۔ کبھی برا لقب کسی کا علم بنا دیا جاتا ہے۔ جیسے: اَخْفَش اور جَاحِظ۔ یہ دونوں برے وصف ہیں مگر یہ علم بن گئے ہیں اس لئے ان کے برے معنی باقی نہیں رہے
ج: اَلْقَابٌ۔

اَلْجَارُ اَحَقُّ بِصَقَبِهِ وَالْمَرْءُ اَحَقُّ بِلَقَبِهِ: پڑوسی اپنے قرب کا حق دار ہے اور آدمی اپنے لقب کا۔

لَقِحَتِ النَّاقَةُ وَنَحْوُهَا ـَـ لَقَحًا وَلَقَاحًا: اونٹنی کا حاملہ ہونا، گابھن ہونا۔ هِيَ لَاقِحٌ ج: لُقَّحٌ وَلَوَاقِحُ هِيَ لَقُوحٌ یہ بھی بمعنی لَاقِحٌ ہے ج: لُقُحٌ۔

ـــ النَّخْلَةُ: درخت خرما کا پیوند دار ہو جانا، بار دار ہو جانا، نر درخت کے اتصال سے پھل آنے کے قابل ہو جانا۔

ـــ الْحَرْبُ اَوِ الْعَدَاوَةُ: لڑائی یا دشمنی کا فرو ہونے کے بعد تیز ہو جانا هِيَ لَاقِحٌ۔

ـــ الزَّرْعُ: کھیتی کا دانہ دار ہو جانا، دانہ پڑ جانا۔

اَلْقَحَتِ الشَّجَرَةُ: درخت کی شاخیں نکلنا۔

ـــ الْفَحْلُ النَّاقَةَ: اونٹ کا اونٹنی کو گابھن (حاملہ) کرنا۔

ـــ النَّخْلَةَ: کھجور کے درخت میں پیوند لگانا، قلم لگانا، نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا، ہواؤں کا درختوں کو باردار کرنا (پھل کے لئے تیار کرنا)۔

اَلْقَحَتِ الرِّيحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادل سے ٹکرا کر اسے برسانا۔ هِيَ مُلْقِحَةٌ وَلَاقِحٌ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاَرْسَلْنَا الرِّيَاحَ لَوَاقِحَ" ہم نے ہواؤں کو مینہ برسانے والی بنا کر بھیجا۔

ـــ الرِّيحُ الشَّجَرَ وَالنَّبَاتَ: ہوا کا درختوں اور نباتات میں عضو مذکر سے عضو تانیث میں نر دانے کو منتقل کرنا۔

ـــ بَيْنَهُمْ شَرًّا: لوگوں میں فساد برپا کرنا، فتنہ پھیلانا۔

لَقَّحَ النَّخْلَةَ: درخت خرما میں پیوند لگانا، قلم لگانا۔

ـــ جِسْمَ الْاِنْسَانِ اَوِ الْحَيَوَانِ: انسان یا جانور کی تلقیح کرنا یعنی نر کا مادۂ منویہ مادہ کے رحم میں داخل کرنا (۲) انجکشن لگانا۔

جَرَّبَ الْاُمُورَ فَلَقَّحَتْ عَقْلَهُ: اس نے معاملات کا تجربہ کیا تو اس تجربے نے اس کی عقل کو تیز اور نتیجہ خیز کر دیا۔

فُلَانٌ مُلَقَّحٌ مُنَقَّحٌ: فلاں مہذب و تجربہ کار ہے۔

ـــ فُلَانًا بِلَقَاحٍ: ٹیکا یا انجکشن لگانا۔

ـــ النَّبَاتَ: نر اور مادہ کو ملا کر بار آور کرنا۔

تَلَقَّحَ فُلَانٌ عَلَى فُلَانٍ: کسی کو ایسی بات کا مجرم گردانا جو نہ اس نے کیا ہو اور کہا ہو، کسی پر الزام لگانا

اِسْتَلْقَحَتِ النَّخْلَةُ وَنَحْوُهَا: پیوند کاری یا قلم کاری کا وقت ہو جانا، گابھا لگنے کا وقت آجانا۔

اَلتَّلْقِيحُ: درختوں کی پیوند کاری، قلم کاری (۲) عمل بار آوری، حمل کاری (۳) انجکشن (فعل)۔

اَلتَّلْقِيحُ بِاللَّقَاحِ: حمل کاری (۲) قلم کاری (۳) انجکشن۔

اَلتَّلْقِيحُ الصِّنَاعِيُّ: مصنوعی حمل کاری مادۂ منویہ مادہ کے رحم میں پہنچانے کا عمل۔

تَلْقِيحُ الْعُقُولِ: عقل و دانش کی فکر خیزی کا عمل۔

اَللَّاقِحُ: ج: لَوَاقِح: وہ ہوائیں جو نر اور مادہ درختوں کو باردار کرتی ہیں (۲) حاملہ مادائیں۔

اَللِّقَاحُ: نر کا مادۂ منویہ، نطفہ (۲) نر کھجور کا شگوفہ جو مادہ میں ڈالا جائے نر دانہ جو مادہ کے عضو میں پہنچایا جائے (۳) انجکشن، ٹیکا یعنی وہ دوا جو بذریعہ سرنج یا سوئی بدن کے کسی حصہ میں داخل کی جائے (۴) گابھ، قلم جو نر درخت کا مادہ کے ساتھ لگایا جائے۔

لِقَاحُ الْجُدَرِيِّ: چیچک کا ٹیکا۔

جَاءَنَا زَمَنُ اللِّقَاحِ: ہمارے یہاں گابھ لگانے کا وقت آگیا۔

قَوْمٌ لَقَاحٌ وَحَيٌّ لَقَاحٌ: وہ قوم یا قبیلہ جو زمانۂ جاہلیت میں بادشاہ کے ماتحت نہیں ہوا اور نہ ان کو مملوک بنایا جا سکا نہ قیدی۔

اَللِّقَاحُ: نر اونٹ یا نر گھوڑے وغیرہ کا مادۂ منویہ۔

اَللَّقَاحِيَّةُ: بدن میں مختلف پودوں کے زردانہ سے ہو جانے والی حساسیت، الرجی۔

اللَّقَحُ واللَّقْحُ : حمل ۔ امرأة سريعة اللَّقَح : وہ عورت جس کے جلد حمل ٹھیر جائے (۲) مادہ جانور یا مادہ نبات کا حمل (بار آور ہونے کی کیفیت) (۳) مادۂ منویہ (۴) ٹیکا (دوا) (۵) انجکشن (دوا) ۔
اللَّقْحَةُ : بہت دودھ دینے والی اونٹنی ج : لِقاحٌ ۔
اللُّقْحَةُ : اللَّقْحَةُ (۲) طبیعت ۔ إنَّ لي لِقْحَةً تُخْبِرُني عن لِقاحِ النَّاسِ : میری طبیعت مجھے لوگوں کے لقاح کا پتہ دیتی ہے (۳) دودھ پلانے والی عورت (انّا، دایہ) ج : لِقَحٌ و لِقاحٌ ۔
المُلْقِح : عقیم کے برخلاف، وہ شخص جس میں اولاد پیدا کرنے کی صلاحیت ہو
المُلْقَحُ : پیوند لگا ہوا، گابھ لگا ہوا ۔
المُلْقَحَةُ : گابھن (اونٹنی) ۔
المُلَقَّحُ : ٹیکا لگا یا ہوا، گابھ لگا یا ہوا رَجُلٌ مُلَقَّح : آزمودہ کار شخص ۔
الملاقيحُ : مائیں (حمل والیاں) واحد : مَلقوحة (۲) نر کا گابھن کرنے کا مادّہ (۳) پیٹ کا بچہ (جنین) ۔
• لَقَسَه ـُ لَقْسًا : کسی کی برائی کرنا، عیب لگانا ۔ هو لاقِسٌ ولَقَّاس
لَقِسَتْ نَفْسُهُ إلى الشيءِ ـَ لَقَسًا : کسی چیز کی خواہش ہونا، طبیعت کا کسی چیز کا تقاضا کرنا ۔
ـــ نَفْسُهُ من الشيءِ : کسی چیز سے جی متلانا (۲) طبیعت سست ہونا، کسلمند ہونا ۔ هي لَقِسَةٌ ۔
ـــ به : تاڑلینا، سمجھ جانا ۔
لاقَسَهُ : برے القاب سے یاد کرنا، کسی میں عیب نکالنا ۔
تَلاقَسَ القومُ : باہم گالی گلوچ کرنا، سب وشتم کرنا، ایک دوسرے کو برا بھلا کہنا ۔
تَلَقَّسَتْ نَفْسُهُ من الشيءِ : کسی چیز کی وجہ سے دل تنگ ہونا، کسی چیز میں کنجوسی کرنا ۔
اللَّاقِسُ : خارش، کھجلی ۔
اللَّقَسُ : خارش، کھجلی ۔
اللَّقِسُ : لوگوں میں عیب نکالنے والا، برا لقب دے کر مذاق اڑانے اور فسادانگیزی کرنے والا، عیب جو مفسد اور چھچھورا (۲) متلون مزاج جو ایک حال پر قائم نہ رہتا ہو ۔
المُلاقِس : مستقل مزاج ۔
• لَقَصَ الشيءُ جِلْدَه ـُ لَقْصًا : کسی چیز کا کھال کو جلا دینا ۔
لَقِصَ فُلانٌ ـَ لَقَصًا : تنگ ہونا (۲) جی متلانا ۔
التقَصَ فُلانٌ : گھٹیا کاموں میں لگے رہنا ۔
ـــ الشيءَ : لے لینا ۔
اللَّقِصُ : شریر (۲) بسیارگو، باتونی
• لَقَطَ الشيءَ ـُ لَقْطًا : زمین سے کوئی چیز اٹھانا ۔ هو لاقِط و لَقَّاط و لَقَّاطَة ۔ مفعول مَلْقوط و لَقيط ۔
ـــ الطَّائِرُ الحبَّ : پرندے کا دانا چگنا ۔
ـــ العِلمَ من الكُتُب : کتابوں سے مضامین اخذ کرنا ۔
ـــ أُصُولَ الشَّعْر : چمٹی سے بال چونٹنا، اکھاڑنا ۔
ـــ المَنْظَرَ او الصُّورَةَ : کیمرے سے فوٹو کھینچنا ۔
لاقَطَهُ مُلاقَطَةً و لِقاطًا : کسی کے بالمقابل ہونا، محاذات میں ہونا
التَقَطَ الشيءَ : زمین سے اٹھانا ۔ (۲) بغیر تلاش وطلب اچانک کوئی چیز پالینا، ملجانا ۔ جیسے قرآن پاک میں ہے : " فَالْتَقَطَهُ آلُ فِرْعَوْنَ " کہتے ہیں : لَقِيتُهُ التِقاطًا : میں نے بلا توقع اسے پایا، وہ مجھے خلاف توقع مل گیا (۳) اِدھر اُدھر سے جمع کرنا، چننا ۔ فلانٌ يَلْتَقِط كلامَ النَّاسِ : فلاں ادھر ادھر سے لوگوں کی باتیں جمع کرتا ہے یعنی چغلخوری کرتا ہے ۔ عرب چغل خور کے بارہ میں کہتے ہیں : إنَّ عندكَ دِيكًا يلتَقِطُ الحَصَى : دیکھو تمہارے یہاں ایک ایسا مرغا ہے جو کنکریاں چگتا ہے ۔ یعنی تمہاری مجلس میں چغل خور بیٹھتا ہے ۔
ـــ الصُّورةَ : کیمرہ سے فوٹو لینا ۔
تَلَقَّطَ الشيءَ : ادھر ادھر سے چگنا، اکٹھا کرنا ۔
الألْقاطُ : اوباش لوگ ۔ جاءَنا أسْقاطٌ من النَّاسِ وألْقاطٌ : ہمارے پاس گرے پڑے گھٹیا لوگ آئے ۔ قَوْمٌ ألْقاطٌ : متفرق لوگ ۔
اللَّاقِطُ : کھیتی کے گرے ہوئے خوشے اور درخت کے گرے ہوئے پھل چننے والا ۔ (۲) گری پڑی چیزیں اٹھانے والا ۔
اللَّاقِطَةُ : لِكُلِّ ساقِطةٍ لاقِطَة : ہر گری ہوئی چیز کا اٹھانے والا ہے یعنی زبان سے نکلی ہوئی ہر بات کا کوئی نہ کوئی سننے والا ہے اور اس کا پھیلانے والا ہے یا ہر غیر مرغوب فیہ شے کا کوئی نہ کوئی خواہشمند و رغبت رکھنے والا ہے ۔ یا ہر گری پڑی چیز

کا بھی کوئی نہ کوئی قدر داں ہوتا ہے۔
لاقِطَةُ الحَصَى: پرندے کا پوٹا۔
اللَّقَاطُ: درانتی سے بچ کر نیچے گرنے والا خوشہ جسے لوگ اٹھا لیتے ہیں۔
اللِّقَاطُ: زمین سے خوشے اٹھانے کا کام
اللُّقَاطُ: نیچے سے اٹھائے جانے والے خوشے۔
اللُّقَاطَةُ: زمین سے اٹھائی جانے والی چیز (۲) بیکار پڑی ہوئی چیز جسے کوئی بھی اٹھا سکے ج: لُقَاطٌ۔
اللَّقَطُ: زمین پر بکھرے ہوئے پھل یا خوشے (۲) کان میں پائے جانے والے سونے چاندی کے ٹکڑے۔ کہتے ہیں: وَجَدْتُ فِي المَعْدِنِ لَقَطًا۔ ج: أَلْقَاطٌ۔
اللَّقْطَةُ: فلم وغیرہ کے کسی منظر (سین) کا فوٹو کسی خاص جگہ یا منظر کی تصویر۔
اللَّقَطَةُ: لَقَط کا واحد۔ زمین پر گرا ہوا خوشہ یا پھل یا کان میں سونے چاندی کا ایک ٹکڑا۔
اللُّقَطَةُ: زمین پر پڑی ہوئی اٹھائی جانے والی چیز (۲) کان میں موجود مٹھی بھر سونے کا ٹکڑا۔
اللَّقِيطُ: راستہ میں پڑا ہوا نومولود بچہ جس کا باپ معلوم نہ ہو، راستہ سے اٹھایا ہوا بچہ۔
اللَّقِيطَةُ: رذیل و گھٹیا درجہ کا مرد یا عورت ج: لَقَائِط۔
المِلْقَاطُ: چھوٹی چیزوں کو پکڑ کر اٹھانے کی چمٹی ج: مَلَاقِيط۔

المِلْقَطُ: المِلْقَاطُ۔
مِلْقَطُ النَّارِ: چمٹا، دست پناہ۔
المَلْقَطُ: کان (۲) مطلب، مطلوب چیز
ج: مَلَاقِطُ۔ اصبحت مَرَاعِينَا مَلَاقِطَ من الجَدْبِ: ہماری چراگاہیں قحط و خشکی کا مطلوب بن گئی ہیں۔ یعنی سوکھ گئی ہیں ان میں ہریالی نہیں۔
المَلْقُوطُ: اللَّقِيط ج: مَلَاقِيط۔
• لَقَعَ الشَّيءَ ــَ لَقْعًا: پھینکنا۔
ـــ فُلَانًا بِعَيْنِهِ: کسی کو نظر بد لگانا۔
ـــ بالكلام: کلام میں کسی پر غالب ہونا۔
ـــ فُلَانًا: کسی کو عیب لگانا، کسی کی طرف برائی منسوب کرنا، برائی کرنا
التِّلِقَّاعُ: بہت عیب بیان کرنے والا، بڑا بدگو۔
اللُّقَعَةُ: خالی باتیں بنانے والا، فضول و بیہودہ گو، عیب جو۔
اللَّقَّاعُ: سبز مکھی جو لوگوں کو کاٹتی ہے، واحد: لَقَّاعَةٌ۔
اللُّقَّاعَةُ: بے وقوف (۲) لوگوں کو برے لقب دینے والا۔
المِلْقَاعُ: بڑی فحش گو عورت۔
• لَقِفَ الشَّيءَ ــَ لَقْفًا ولَقَفَانًا: کوئی چیز جلدی سے لے لینا، اچکنا، کیچ کرنا (۲) منہ سے پکڑ کر نگل جانا قرآن پاک میں ہے: "وَأَلْقِ مَا فِي يَمِينِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوا" تمہارے دائیں ہاتھ میں جو (ڈنڈا) ہے اسے ڈال دو وہ ان کے بنائے ہوئے (سانپوں) کو پکڑ کر نگل جائے گا۔
لَقِفَ الفَرَسُ فِي عَدْوِهِ: گھوڑے کا اگلی ٹانگوں کو تیزی سے اٹھا کر دوڑنا۔

لَقَّفَ فُلَانًا الشَّيءَ: کسی کے سامنے کوئی چیز اس لئے ڈالنا کہ وہ اسے اچک لے
ـــ الطَّعَامَ: کھانا نگلنا
ـــ فُلَانًا الطَّعَامَ: کسی کو کھانا نگلوانا۔
التَقَفَ الشَّيءَ: جلدی سے لے لینا، اچک لینا، جھپٹ لینا۔
تَلَقَّفَ الشَّيءَ: التَقَفَهُ۔
ـــ الكلامَ من فِمِهِ: کسی کی زبان سے بات سن کر جلدی سے یاد کر لینا۔
ـــ الطَّعَامَ: نگلنا۔
اللَّقْفُ: رَجُلٌ ثَقْفٌ لَقْفٌ: وہ شخص جو اپنی طرف پھینکی جانے والی چیز کو تیزی سے اچک لے (۲) وہ شخص جو اپنے سے کہی جانے والی بات کو فورًا سمجھ جائے (۳) ماہر و زود فہم، کبھی صرف رَجُلٌ لَقْفٌ مذکورہ معانی کے لئے بولا جاتا ہے (یعنی اس سے پہلے ثقف مذکور نہیں ہوتا)۔
اللَّقِفُ: رَجُلٌ ثَقِفٌ لَقِفٌ: ثَقْف لَقْفٌ۔
اللَّقِيفُ: هو ثَقِيفٌ لَقِيفٌ: ثَقْفٌ لَقْفٌ
• لَقَّ عَيْنَهُ ــُ لَقًّا: کسی کی آنکھ پر ہاتھ مارنا۔ هو لاقٌّ ج: لَقَقَةٌ
اللَّقُّ: زمین کا شگاف (۲) بہت بانونی آدمی
اللَّقَّاقُ: رَجُلٌ لَقَّاقٌ بَقَّاقٌ: بہت بانونی آدمی۔
• لَقْلَقَ اللَّقْلَاقُ: سارس پرندہ کا آواز نکالنا۔
ـــ الحَيَّةُ: سانپ کا منہ ہلاتے رہنا اور زبان نکالنا۔
ـــ لِسانُ فُلَانٍ: زبان کا تیز چلنا اور اس میں جماؤ نہ ہونا (یعنی الفاظ کا صاف نہ نکلنا)۔
ـــ نَظَرَهُ: جلدی جلدی نگاہ پھرانا۔

لَقْلَقَ الشَّیْءَ: حرکت دینا، ہلانا۔
تَلَقْلَقَ الشَّیْءُ: ہلنا، حرکت کرنا۔
اللَّقْلَاقُ: سارس (ایک لمبی چونچ اور لمبی ٹانگوں والا پرندہ)
اللَّقْلَقُ: اللَّقْلَاقُ (۲) زبان۔ حرك لَقْلَقَهُ: اس نے اپنی زبان ہلائی
اللَّقْلَقَةُ: زبان میں رکاوٹ، ہکلاہٹ (۲) غیر متوازن آواز جیسے نوحہ کرنے والیوں کی آواز۔ للنَّوائِحِ لَقْلَقَةٌ ج: لَقَالِقُ۔
• لَقَمَ الطَّرِيْقَ وغَيْرَهُ ـُ لَقْمًا: راستہ وغیرہ روکنا، ناکہ بند کرنا، دہانہ بند کرنا۔
لَقِمَ الشَّیْءَ ـَ لَقْمًا: تیزی سے کھانا، جلدی جلدی کھانا، ہڑپ کرنا۔
ـــ اللُّقْمَةَ: منہ میں لقمہ لینا (۲) آہستہ سے لقمہ نگلنا۔
أَلْقَمَهُ الطَّعَامَ: کسی کو کھانے کے لقمے دینا لقمہ لقمہ کر کے کھلانا۔
أَلْقَمْتُه أُذُنِی فَصَبَّ فِيهَا كَلَامًا: میں نے اپنا کان اس کے قریب کیا تو اس نے بات کہی۔
أَلْقَمَهُ الحَجَرَ: جھگڑے کے وقت کسی کا منہ بند کر دینا، خاموش کر دینا۔
لَقَّمَهُ الطَّعَامَ: کسی سے لقمے بنوانا، لقمہ لقمہ کھلانا، جلدی جلدی کھانا کھلوانا
ـــ البَعِيْرَ: اونٹ کو ہاتھ سے چارہ کھلانا (اگر وہ اسی طریقہ کا عادی ہو)۔
اِلْتَقَمَ الشَّیْءَ: نگل جانا، قرآن پاک میں ہے: "فَالْتَقَمَهُ الحُوْتُ وهو مُلِيْمٌ"
ـــ أُذُنَهُ: کسی کے کان میں بات کہنا، سرگوشی کرنا۔
تَلَقَّمَ الشَّیْءَ: ہڑپ کر لینا، جلدی سے کھا نا لینا۔
التِّلْقَامُ والتِّلْقَامَةُ: بہت یا بڑے بڑے لقمے بنانے والا، پیٹو، کھاؤ پیر۔
اللَّقَمُ: صاف اور نمایاں راستہ۔ خُذْ هذا اللَّقَمَ: تم یہ راہ اختیار کرو
اللَّقِمُ: رَجُلٌ لَهِمٌ لَقِمٌ: اچانک مدمقابل لوگوں پر غالب آنیوالا
اللُّقْمَةُ: لقمہ، نوالہ ج: لُقَمٌ۔
اللَّقْمَةُ: لقمہ (۲) ایک دفعہ کھائی جانے والی مقدار، ایک نوالہ۔
اللَّقِيْمُ: ایک لقمہ میں کھائی جانے والی چیز
• لَقِنَ فُلَانٌ ـَ لَقَنًا ولَقَانَةً: ذہین وعقلمند ہونا۔
ـــ المَعْنَى: سمجھنا۔ هو لَقِنٌ۔
لَقَّنَهُ الكَلَامَ: کسی سے اعادہ کرانے کے لئے کوئی بات کہنا، سکھانا، بتانا بالمشافہ سمجھانا، بار بار سنا کر ذہن میں بٹھانا، ذہن نشین کرانا۔
ـــ المُمَثِّلَ عَلَى المَسْرَحِ: اداکار کو اسٹیج پر آہستہ سے بتانا، یاد دلانا یا مقرر وغیرہ کو آہستہ اور اشارہ سے یاد دلانا۔
ـــ المُحْتَضَرَ: مرنے کے قریب ہونے والے کے سامنے شہادتین پڑھنا تاکہ وہ بھی اپنے منہ سے پڑھے۔ حدیث میں ہے: "لَقِّنُوا مَوْتَاكُمْ شَهَادَةَ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ" یہاں موتیٰ سے مراد لب دم (مرنے کے قریب ہونے والے) لوگ ہیں۔
ـــ المَيِّتَ: مردہ کو دفن کرنے کے بعد وہ بات زور سے کہنا جسے مردہ قبر میں سوال کرنے والے دو فرشتوں کو جواب میں کہے۔
تَلَقَّنَ الشَّیْءَ والكَلَامَ: سمجھنا، اچھی طرح ذہن نشین کر لینا، سیکھنا۔
اللَّقَانَةُ: زود فہمی، ذہانت، عقلمندی
اللَّقَنُ: تانبے یا پیتل کی سلفچی یا اس جیسا کوئی برتن۔
اللَّقِنُ: ذہین وفہیم۔ هو ثَقِفٌ لَقِنٌ: سمجھدار اور سنی ہوئی بات کو خوب سمجھ لینے والا۔
المُلَقَّنُ: جسے تلقین کی جائے، بار بار سمجھایا جائے۔
المُلَقِّنُ: یاد دہانی کرانے والا، تلقین کنندہ
• لَقَاهُ اللّٰهُ ـُ لَقْوًا: کسی کو لقوہ میں مبتلا کرنا۔
لُقِيَ لَقْوَةً: کسی کو لقوہ ہو جانا۔ هو مَلْقُوٌّ۔
اللَّقْوَةُ: ایک بیماری جس میں منہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے، لقوہ (۲) تیز رو اور پھرتیلا عقاب ج: لِقَاءٌ وأَلْقَاءٌ
• لَقِيَهُ ـَ لِقَاءً وتِلْقَاءً ولُقْيَانًا ولُقْيَةً: کسی سے ملاقات ہونا، سامنے سے آنا ہوا پانا، کسی کو کچھ اتفاقاً مل جانا، پانا، ملنا (۲) واسطہ پڑنا۔
ـــ مَصِيرًا سَيِّئًا: برا حشر ہوتا۔
ـــ تجاوُبًا: رسپانس ملنا۔
ـــ حَفَاوَةً: اعزاز ہونا۔
ـــ اسْتِجَابَةً عَامَّةً: عام پذیرائی حاصل ہونا، رسپانس ملنا۔
ـــ جَزَاءَ عَمَلِهِ: کئے کی سزا پانا۔
ـــ فُلَانٌ رَبَّهُ: مر جانا، خدا کو پیارا ہو جانا۔
أَلْقَى الشَّیْءَ: ڈالنا، پھینکنا۔ أَلْقِهِ مِن يَدِكَ: تو اسے ہاتھ سے چھوڑ دے، نیچے ڈال دے۔
أَلْقِ بِهِ مِن يَدِكَ (معنی مذکور)
ـــ إِلَيْهِ المَوَدَّةَ وبِالمَوَدَّةِ: کسی سے محبت کرنا، تعلق قائم کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "تُلْقُوْنَ إِلَيْهِمْ بِالمَوَدَّةِ"
ـــ اللّٰهُ الشَّیْءَ فِی القُلُوبِ: اللہ کا دلوں

میں کوئی بات ڈالنا۔
اَلْقَى الْقُرْآنَ: قرآن نازل کرنا۔
— الْمَتَاعَ عَلَى الدَّابَّةِ: جانور پہ سامان لادنا۔
— علَيه القَوْلَ: کسی کو کوئی بات لکھوانا املا کرانا۔
— اِلَيه القَوْلَ و بالقَوْلِ: کسی کو کوئی بات پہنچانا۔
— اِلَيه بالاً: کسی کو اہمیت دینا، کسی کی بات پہ دھیان دینا، توجہ سے سننا۔
— اليه الكَلِمَةَ: کسی کو کوئی بات پہنچانا، پیغام بھیجنا۔
— السَّمْعَ و اِلَى فُلانٍ السَّمْعَ: کسی کی بات توجہ سے سننا۔
— اِلَيه السَّلامَ: کسی کو سلام کرنا۔
— الكَلِمَةَ على الحاضِرِين: حاضرین کے سامنے تقریر کرنا۔
— على الطُّلّاب الدَّرْسَ: طلبہ کو سبق پڑھانا۔
— عنه: ڈسمس کرنا، غیر اہم گردانا۔
— عليه سؤالاً: کسی سے سوال کرنا
— عليه شَيْئًا: کسی کے سامنے کوئی چیز ڈالنا۔
— على عاتِقِه شَيْئًا: کسی پر کوئی ذمہ داری ڈالنا۔
— الحَبْلَ على الغارِب: آزاد چھوڑنا
— القَبْضَ على فُلانٍ: گرفتار کرنا
— الشِّقاق بَيْنَهم: لوگوں میں اختلاف کرانا، پھوٹ ڈالنا۔
— الأوامِرَ له و اليه: کسی کے نام احکام جاری کرنا۔
— خُطْبَةً: تقریر کرنا۔
— الرُّعْبَ في القُلوب: دلوں میں خوف پیدا کرنا۔

اَلْقَى عَصَا التَّرْحالِ: قیام کرنا، پڑاؤ ڈالنا۔
— الشيءَ في رُوْعِه: دل میں ڈالنا۔
— المسئوليّةَ او المُهِمَّةَ او التَّبِعَةَ على اَحَدٍ: ذمہ ڈالنا
— بِنَفْسِه في اَمْرٍ: کسی معاملہ میں پڑنا، مبتلا ہونا۔
— بِنَفْسِه بَيْنَ انيابِ المَوْتِ: خود کو موت کے منہ میں ڈالنا۔
لاقَاهُ مُلاقاةً و لِقاءً: ملاقات کرنا، اتفاقاً یا اچانک کسی سے ملنا، استقبال کرنا۔
— اللّٰهَ: اللہ کے حساب اور اس کی پکڑ میں آنا۔ قرآن پاک میں ہے: "يَظُنُّونَ انَّهُم مُّلاقُو رَبِّهِمْ" ان کو یقین ہے کہ ان کو خدا کے حساب سے سابقہ پڑیگا
هو مُلاقٍ۔
— بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ: دو آدمیوں میں بے تعلقی کے بعد ملاپ کرانا۔
— بَيْنَ طَرَفَي القَضِيْب: دو ٹہنیوں کو موڑ کر ملانا۔
هو جاري مُلاقِيّ: وہ میرا بالمقابل پڑوسی ہے۔
— المَصاعِبَ: مشقتیں برداشت کرنا۔
لَقّاهُ الشيءَ: کوئی چیز کسی کے سامنے لانا، ڈالنا تاکہ وہ لے لے۔ جیسے: وَلَقّاهُم نَضْرَةً و سُرورًا: اور ان کو تازگی اور سرور عطا کیا۔
لَقّاهُ الشيءَ فَلَقِيَهُ: اس کے پاس چیز بھیجی تو اس نے لے لی۔
التَقَيا: ایک دوسرے کا آمنا سامنا ہونا، مڈبھیڑ ہونا، ٹکرانا (۲) باہم ملنا

التَقَى الجَمْعانِ والجَيْشانِ والشَّيْئانِ: دو گروہوں، لشکروں یا چیزوں کا باہم مل جانا۔ قرآن پاک میں ہے: "مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيَانِ"
التَقَى الشيءَ: پانا، حاصل کرنا۔
التَقَت العَيْنانِ: آنکھیں چار ہونا۔
تَلاقَيا: دو کا باہم ملنا (۲) آمنے سامنے ہونا۔
تَلَقَّى الشيءَ: پانا، حاصل کرنا۔
— الشيءَ منه: وصول کرنا۔
— العِلْمَ عن فُلانٍ: کسی سے علم حاصل کرنا۔
— الدَّرْسَ من فُلانٍ: کسی سے سبق پڑھنا۔
— فُلانًا: کسی کا استقبال کرنا۔
— البَلاغَ: اطلاع پانا۔
— التَّحِيَّةَ: سلامی لینا۔
— مُكالَمَةً تليفونِيَّةً: ٹیلیفون کال وصول کرنا۔
— التَّدْرِيبَ: تربیت حاصل کرنا۔
— الدَّعْوَةَ: دعوت ملنا۔
تَلَقَّت المَرْأةُ: حاملہ ہونا۔ هي مُتَلَقٍّ۔
استَلْقَى على ظَهْرِه: چت لیٹنا۔
الالتِقاءُ: ملاپ، مڈبھیڑ، آمنا سامنا، اجتماع، ٹکراؤ۔
التِقاءُ السّاكِنَيْن: ایک کلمہ میں دو ساکن حرفوں کا اجتماع۔
الأُلْقِيَّةُ: پیش کی ہوئی پہیلی۔ کہتے ہیں: أُلْقِيَتْ عليه و اليه الأُلْقِيَّةُ: فلاں کے سامنے پہیلی کہی گئی (تاکہ وہ اسے حل کرے)۔
(۲) آفت زمانہ ج: الاَلاقِيّ۔

لَقِیتُ مِنه الاَ لَاقِیَّ: مجھے اس کی طرف سے مصائب کا سامنا کرنا پڑا۔

التَّلَاقِیُّ: چند چیزوں یا شخصوں کا اتصال باہمی ملاقات، آمنا سامنا ٹکراؤ۔

یَومُ التَّلَاقِی: قیامت کا دن۔

التِّلْقَاءُ: ملاقات، سامنا (لَقِیَ کا مصدر) یَسُرُّنِی تِلْقَاءُكَ۔

تِلْقَاءَ: (توسعا مصدر کو ظرفیت کے معنی دے کر نصب دیدیا گیا) کسی چیز کے بالمقابل، جانب، طرف، جیسے: توَجَّهَ تِلْقَاءَ فُلَانٍ: وہ فلاں کی طرف متوجہ ہوا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَاءَ مَدْيَنَ"

تِلْقَائِيًّا: اپنی طرف سے (کسی کے کہے بغیر) جیسے: فَعَلَ ذٰلِكَ تِلْقَائِيًّا: اس نے خود ایسا (اپنی طرف سے) ایسا کیا (۲) خود بخود۔ تَحَرَّكَ الشَّيءُ تلقائِيًّا۔

من تِلْقَاءِ نَفْسِه: اپنی طرف سے اپنے آپ۔

التِّلْقَائِيُّ: خودکار (۲) خود بخود ہونے والا یا والی۔

اللَّقَی: پھینکی ہوئی بیکار چیز (۲) اٹھائی ہوئی چیز، پائی ہوئی چیز ج: اَلْقَاءٌ

اللَّقَاةُ: (من الطريق) راستہ کا بیچ

اللِّقَاءُ: ملاقات، مڈبھیڑ، اجتماع، مقابلہ

اللِّقَاءُ الصَّحفِيُّ: پریس انٹرویو۔

لِقاءَ كَذا: بدلہ، عوض۔

اللِّقاءات: ملاقاتیں۔

اللَّقِيُّ: جائے اجتماع، دو آدمیوں کے ملنے کی جگہ، ہر ایک کو لَقِيٌّ کہا جائے گا۔ (۲) آمنے سامنے والا۔ م: لَقِيَّةٌ۔

هما لَقِيَّانِ: وہ ایک دوسرے کے آمنے سامنے ہیں۔ هو شَقِيٌّ لَقِيٌّ: اسے برابر برائی سے واسطہ پڑتا رہتا ہے

المُلْتَقَى: جائے اجتماع، سنگم (۲) اجتماع، سیمینار ج: مُلْتَقيات۔

مُلْتَقَى النَّهرَين: دو دریاؤں کا سنگم۔

مُلْتَقَى الطُّرُق: چوراہا، کراسنگ، دو یا چند راستوں کے ملنے کی جگہ

مُلْتَقَى الخُطُوط والفروع: جنکشن

المَلْقَى: پہاڑ کی چوٹی (۲) پہاڑ پر شکاری سے بچنے کی جگہ ج: المَلاقِي۔ (۳) ملنے کی جگہ۔

مَلاقِي الفَرْج: فرج کی تنگ جگہ (دونوں ملے ہوئے کنارے) امرأةٌ ضَيِّقَةُ المَلاقِي: وہ عورت جس کی فرج تنگ ہو۔

المُلْقَى: پھینکنے یا ڈالنے کی جگہ۔

مُلْقَى الكُناسات: کوڑا پھینکنے کی جگہ۔

فِناؤُهُ مُلْقَى الرِّحال: وہ بڑا مہمان نواز ہے (اس کے صحن میں قافلوں کے کجاوے اتار کر رکھے جاتے ہیں)۔

المُلَقَّى: رَجُلٌ مُلَقًّى: آزمائشوں میں پڑا رہنے والا جسے کوئی نہ کوئی مصیبت آتی رہتی ہو۔ کہتے ہیں: الشُّجاعُ مُوَقًّى والجَبانُ مُلَقًّى: بہادر مصائب سے محفوظ رہتا ہے اور بزدل مصائب سے ہم کنار رہتا ہے۔

ل ـــــ ك

•لَكَأَهُ بالسَّوطِ ـَ لَكْأً: کسی کو کوڑا مارنا۔

ـــ فُلانًا: کسی کو پورا حق دینا۔ کہتے ہیں: لَعَنَ اللّٰهُ أُمًّا لَكَأَتْ به: خدا اس ماں پر لعنت کرے جس نے اسے جنا۔

لَكِئَ بالمكانِ ـَ لَكَأً: کسی جگہ قیام کرنا۔

تَلَكَّأَ عليه: کسی کے سامنے عذر پیش کرنا، بہانہ کرنا۔

ـــ عنه: کسی چیز میں توقف کرنا، جھجکنا پس وپیش کرنا، کسی چیز سے ہچکچانا

•لَكَثَهُ ـُ لَكْثًا ولِكاثًا: ہاتھ مارنا یا پیر مارنا۔

لَكِثَ الوَسَخُ عليه وبه ـَ لَكَثًا: میل جم جانا۔

اللُّكَاثُ: چونے کا چمکدار چکنا پتھر۔

اللُّكَاثِيُّ: انتہائی گورا آدمی۔

اللَّكَثُ: برتن کے کنارہ پر جمنے والا دودھ کا میل۔

•لَكِدَ عليه الوَسَخُ وبه ـَ لَكَدًا: میل جم جانا۔

ـــ الشيءُ بفِيه: کسی کے منہ کو کوئی چیز کھاتے ہوئے لگی رہ جانا۔

ـــ شَعْرُهُ من الوَسَخ: بالوں کا میل سے آلودہ ہونا۔

ـــ فُلانٌ: کنجوس ہونا۔ هو لَكِدٌ۔

لاكَدَ الغُلَّ: بیڑی کو ٹھیک رکھنے کی کوشش کرنا (تاکہ اس کی اذیت سے بچے)۔

ـــ قَيْدَهُ: اپنی بیڑی کو ساتھ لئے ہوئے چلنا اور اس کا بار بار ٹکرانا بیڑی کے ساتھ لڑکھڑاتے ہوئے چلنا

ـــ فُلانٌ فُلانًا: کسی کا کسی کے ساتھ لگے رہنا۔

اِلْتَكَدَهُ وبه: کسی کے ساتھ لگ کر الگ نہ ہونا۔

تَلَكَّدَ الشيءُ: کسی چیز کے اجزاء کا پیوست ہونا، گتھنا، جمنا، چپٹنا۔

ـــ به الوَسَخُ: میل لگنا، چپٹنا۔

ـــ فُلانٌ: گوشت سے بھرا ہوا اور

ٹھکا ہوا ہونا۔

الاَلْکَدُ: غیر قوم کا کینہ آدمی جو ساتھ لگا رہتا ہو۔

المِلْکَدُ: کوٹنے کا دستہ۔

•لَکَزَہٗ ـِ لَکْزًا: کسی کے سینہ پر مکا مارنا، گھونسا مارنا۔

لَاکَزَہٗ: ایک دوسرے کے مکا مارنا۔

تَلَاکَزَا: ایک دوسرے کے گھونسا مارنا

تَلَکَّزَ علیہ: کسی پر نکتہ چینی کرنا۔

اللَّکِزُ: بخیل۔

اللِّکَازُ: دھرے میں سوراخ چھوٹا کرنے کے لئے لگایا جانے والا جھیتڑا۔

المُلَکَّزُ: دربدر پھرنے والا ذلیل آدمی

•لَکَشَہٗ ـُ لَکْشًا: کسی کے مکا یا گھونسا مارنا۔

•لَکِعَ فُلَانٌ ـَ لَکَعًا: کھانا پینا۔

ـــ الصَّبِیُّ: بچہ کا ماں کا دودھ پیتے وقت پستان کو ٹکر مارنا۔

ـــ الرَّجُلُ الشَّاۃَ: دودھ اتارنے کے لئے بکری کے تھن پر ہاتھ مارنا

ـــ العَقْرَبُ فُلَانًا: بچھو کا کسی کو ڈسنا۔

ـــ الرَّجُلَ: برا بھلا کہنا، سخت و سست کہنا۔

لَکِعَ ـَ لَکَعًا ولَکَاعَۃً: کمینہ ہونا، بیوقوف ہونا۔ ھو اَلْکَعُ وھی لَکْعَاءُ

ـــ علیہ الوَسَخُ لَکَعًا: میل جمنا، لگنا۔

لَکُعَ ـُ لَکَاعَۃً ولَکَعًا: کمینہ اور بیوقوف ہونا۔ ھو لَکِیعٌ۔

لَکَاعِ: عورت کی تحقیق کے لئے کہتے ہیں: یا لَکَاعِ! اری کمینی، اری بیوقوف۔

اللُّکَعُ: کمینہ، ندا کے وقت کہتے ہیں: یا لُکَعُ! دو کے لئے کہتے ہیں: یا ذَوِی لُکَعَ۔ اگر کسی کا نام رکھا جائے تو اس پر تنوین نہیں آئے گی کیونکہ اَلْکَعُ سے معدول ہے (۲) بیوقوف (۳) ہکلا، تتلا، بولنے سے عاجز (۴) چھوٹا بچہ۔ حدیث میں ہے: "اَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم دَخَلَ علی فَاطِمَۃَ فَقَالَ: اَثَمَّ لُکَعُ" کیا اس جگہ بچہ ہے (یعنی حسن یا حسین)

اللُّکَعَۃُ: کمینی عورت۔

المَلْکَعَانُ: کمینہ، کہتے ہیں: یا مَلْکَعَانُ ارے کمینے۔ عورت کے لئے یا مَلْکَعَانَۃُ اری کمینی۔

•لَکَّہٗ ـُ لَکًّا: کسی کی گدی پر مکا مارنا

ـــ الشَّیْءَ: ملانا، مخلوط کرنا (۲) دبانا

ـــ اللَّحْمَ: گوشت ہڈی سے الگ کرنا

اِلْتَکَّ: ملنا، باہم پیوست ہونا، ایک دوسرے کے اندر گھسنا۔

ـــ الوُرَّادُ علی المَنْھَلِ: پانی کے چشمہ یا گھاٹ پر دھکم دھکا ہونا، ہجوم کرنا۔

ـــ فی حُجَّتِہٖ: اپنی دلیل میں دیر کرنا

ـــ فی کلامِہٖ: غلطی کرنا۔

اللَّکَالِکُ: ہجوم، بھیڑ۔

اللَّکُّ: ٹھوس اور گٹھا ہوا گوشت (۲) ایک پودے کا سرخ گوند جس سے الکوحل ملا کر لکڑی کو رنگا جاتا ہے (۳) لاکھ (سو ہزار) (۴) موجودہ اصطلاح میں دس ملین (ایک کروڑ)

اللَّکِیکُ: پر گوشت گٹھے ہوئے بدن والا۔ فَرَسٌ لَکِیکُ اللَّحْمِ: گٹھے ہوئے جسم کا گھوڑا۔ عَسْکَرٌ لَکِیکٌ: بھاری لشکر جو ایک دوسرے پر گرا جارہا ہو (۲) نارکول ج: لِکَاکٌ۔

•لَکَمَہٗ ـُ لَکْمًا: کسی کے مکا مارنا (۲) دھکا دینا۔

ـــ السَّیْلُ عُرْضَ الجَبَلِ: سیلاب کا دامن کوہ سے ٹکرانا۔

لَاکَمَہٗ مُلَاکَمَۃً: کسی کے ساتھ مکہ بازی کرنا۔

تَلَاکَمَا: ایک دوسرے کو مکے مارنا۔

اِلْتَکَمَ: طمانچہ مارنا۔

اللُّکْمَۃُ: مکا، گھونسا ج: لُکُمَاتٌ

المِلْکَمُ: رَجُلٌ مِلْکَمٌ: بڑا مکے باز

المُلَاکَمَۃُ: مکے بازی، باکسنگ۔

المُلَاکِمُ: مکے باز، باکسر۔

•لَکِنَ فُلَانٌ ـَ لَکَنًا ولُکْنَۃً: اٹک اٹک کر بولنا، ہکلا ہونا، صحیح زبان بولنے پر قادر نہ ہونا۔ ھو اَلْکَنُ، ھی لَکْنَاءُ ج: لُکْنٌ۔

تَلَاکَنَ فی کلامِہٖ: ہنسانے کے لئے ہکلا کر بولنا۔

لٰکِنْ: لیکن۔ اصل میں لاکِنْ ہے۔ (لکھنے میں الف حذف کر دیا گیا ہے، تلفظ میں نہیں) اس کی دو قسمیں ہیں ایک یہ کہ یہ مثقلہ سے مخففہ بنایا گیا ہو، اسے حرف ابتدا کہتے ہیں اور یہ عمل نہیں کرتا اور جملہ اسمیہ و فعلیہ دونوں پر داخل ہوتا ہے؛ دوسرے یہ کہ وضعاً مخففہ ہو پس اگر اس کے بعد جملہ ہو تو یہ حرف ابتدا ہے اور صرف استدراک کا فائدہ دیتا ہے (عاطفہ نہیں ہوتا) اور اس کا استعمال واؤ کے ساتھ بھی ہوتا ہے جیسے: وَلٰکِنْ کَانُوا ھُمُ الظّٰلِمِیْنَ۔ اور بغیر واؤ کے بھی استعمال ہوتا ہے اگر اس کے بعد مفرد ہو تو یہ دو شرطوں کے ساتھ عاطفہ ہو گا (۱) ایک یہ کہ اس سے پہلے نفی یا نہی ہو

جیسے: مَا قَامَ زَیْدٌ لٰکِنْ عَمْرٌو
اور اگر کہا جائے قَامَ زَیْدٌ اور
اس کے بعد لٰکِن لایا جائے تو اسے
حرفِ ابتداء مان کر اس کے بعد
جملہ لایا جائے گا اور کہا جائے گا:
لٰکِنْ عَمْرٌو لَمْ یَقُمْ (۲)
دوم یہ کہ واؤ کے ساتھ ملا ہوا نہ
ہو۔ یہی اکثر نحویوں کا قول ہے۔
لٰکِنَّ: لیکن، یہ حرف ہے، اسم کو
رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور
استدراک کے معنی دیتا ہے یعنی
اپنے ماقبل کے حکم کے خلاف حکم
ثابت کرتا ہے۔ اس لئے ضروری
ہے کہ اس سے پہلے ایسا کلام ہو
جو اس کے مابعد کے برخلاف ہو
جیسے: ما ھذا شاعِرًا لٰکِنَّہُ
کاتِب۔ یا اس کی ضد ہو۔ جیسے:
ما ھذا اَبْیَضَ لٰکِنَّہُ اَسْوَدُ
کبھی استدراک کے لئے بھی آتا ہے
جیسے: مَا زَیْدٌ شُجَاعًا لٰکِنَّہُ
کَرِیْمٌ۔ شجاعت اور کرم دونوں
میں اکثر اتصال ہوتا ہے اس لئے
شجاعت کی نفی سے کرم کی نفی کا
وہم ہوتا تھا اس لئے لٰکِنہ کَرِیم
کہہ کر اس کا ازالہ کر دیا گیا۔
یہ تاکید کے لئے بھی آتا ہے۔ جیسے:
لَوْجَاءَنِیْ لَاَکْرَمْتُہُ لٰکِنَّہُ
لَمْ یَجِئْ۔
یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ اِنَّ کی طرح ہمیشہ
تاکید کے لئے آتا ہے۔
اس لفظ کی حقیقت کے بارہ میں کہا
گیا ہے کہ بسیط ہے (مرکب نہیں)
لیکن فراء نحوی کا کہنا ہے کہ یہ لٰکن
اور اَنْ سے مرکب ہے اَنْ کا ہمزہ
برائے تخفیف حذف کر دیا گیا ہے
اور نون نون میں مدغم ہو گیا، کبھی
اس کا اسم حذف بھی کر دیا جاتا ہے
جیسے متنبی کا شعر:
وَمَا کُنْتُ مِمَّنْ یَدْخُلُ العِشْقُ قَلْبَہٗ
وَلٰکِنَّ مَنْ یُبْصِرْ جُفُوْنَكِ یَعْشَقُ
لِکَیْ: تاکہ۔
لَکِیَ بِہٖ ــَ لَکًی: فریفتہ اور دلدادہ
ہونا (۲) لگا رہنا۔
—— بالمکان: قیام کرنا۔
اللَّاکِیْ: اللَّائِكُ: کی کا مقلوب۔
• لَمْ: نہیں۔ یہ حرف جزم ہے فعل مضارع
کی نفی کر کے اسے ماضی کے معنی میں
بدل دیتا ہے جیسے: لَمْ یَلِدْ
وَلَمْ یَذْھَبْ۔ اس پر ہمزۂ استفہام
بھی داخل ہوتا ہے اس وقت نفی
ایجاب میں تبدیل ہو جاتی ہے اور
معنی میں تاکید و توبیخ پیدا ہونے
کے ساتھ جزم کا عمل برقرار رہتا
ہے۔ جیسے: اَلَمْ اَقُلْ لَكَ؟
کبھی ہمزہ اور لَمْ کے درمیان فا یا
واؤ آ جاتا ہے۔ جیسے: اَفَلَمْ
اَقُلْ لكَ؟ اَوَلَمْ اُؤَدِّبْكَ؟
اِنْ لَمْ: اگر نہیں جیسے: وَاِنْ لَمْ
تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ
رِسَالَتَہٗ۔
مَا لَمْ: جب تک: جیسے: لَاتَخْرُجْ
مَا لَمْ اَرْجِعْ: جب تک میں نہ
لوٹوں تم باہر نہ نکلنا۔
لِمَ وَلِمَا وَلِمَاذَا: کیوں، کس لئے۔
• لَمَأَہٗ ــَ لَمْئًا: سب لے لینا۔
مقولہ ہے: مَا یَلْمَأُ فَمُہٗ بِکَلِمَۃٍ:
وہ کسی بری بات کو برائی نہیں سمجھتا۔
اَلْمَأَ عَلَیْہِ: مشتمل ہونا۔
—— اللِّصُّ عَلَی الشَّیْءِ: چور کا کوئی
چیز چھپا کر لے جانا۔ کہتے ہیں: ذَھَبَ
ثَوْبِیْ فَمَا اَدْرِیْ مَنْ اَلْمَأَ بِہٖ:
میرا کپڑا گم ہو گیا نہ معلوم اسے کون چرا
کر لے گیا۔
اَلْمَأَ عَلَیْہِ حَقَّہٗ: کسی کے حق کا انکار
کرنا، اسے تسلیم نہ کرنا۔
—— بِمَا فِی الجَفْنَۃِ: پیالہ کے سارے
کھانے کو اپنا لینا، دوسرے کو نہ کھانے
دینا۔
—— الدَّوَابُّ المَکَانَ: چوپایوں کا کسی
جگہ کو چٹیل بنا دینا۔ لَا اَدْرِیْ اَیْنَ
اَلْمَأَ مِنْ بِلَادِ اللّٰہِ۔ پتہ نہیں کہاں
چلا گیا۔
اِلْتَمَأَ بِمَا فِی الجَفْنَۃِ: پیالہ کا کھانا
اپنے لئے خاص کر لینا، دوسرے کو نہ
لینے دینا۔
اِلْتُمِیَ لَوْنُہٗ: رنگ بدلنا۔
تَلَمَّأَتِ الاَرْضُ بِہٖ وَعَلَیْہِ:
زمین کا کسی کو اپنے اندر چھپا لینا۔
—— بِمَا فِی الجَفْنَۃِ: پیالہ کا سب
کھانا اپنے لئے خاص کر لینا۔
المَلْمُوءَۃُ: کوئی چیز لینے کی جگہ (۲)
شکاری کا پھندا یا جال۔
• لَمَجَ الشَّیْءَ ــُ لَمْجًا: کھانا۔
—— الصَّبِیُّ اُمَّہٗ: بچہ کا دودھ پینا
لَمَّجَ فُلَانًا: کھانے سے پہلے وقت گذاری
یا تکریم کے لئے کچھ کھلانا، ناشتہ
کرانا۔ کہتے ہیں: مَا لَمَّجُوْا
ضَیْفَھُمْ بِشَیْءٍ:
تَلَمَّجَ فُلَانٌ: کھانے سے پہلے
بطورِ شغل کچھ کھانا (۲) کھانا یا پینے
کا مزہ لینا۔ مَا تَلَمَّجَ عِنْدَنَا
بِلَمَاجٍ: اس نے ہمارے پاس
کچھ نہیں کھایا۔
—— بالطَّعَامِ: کھانے کا مزہ لینا۔
اللَّمَاجُ: کھانے کی معمولی چیز یا تھوڑی

چیز۔ ما ذُقْتُ شَمَاجًا وَلَا لَمَاجًا
میں نے بالکل کچھ نہیں کھایا۔
اللَّمِجُ : رَجُلٌ لَمِجٌ : خوب کھانے پینے والا، کھانے پینے کا شوقین۔ سَمِجٌ لَمِجٌ : بدشکل۔
اللُّمْجَةُ : کھانے سے پہلے بطور شغل کھائی جانے والی چیز، ناشتہ ج: لُمَجٌ۔
اللَّمُوجُ : اللَّمَاجُ۔
اللَّمِيجُ : کھانے کا بڑا شوقین (۲) بسیار خور سَمِيجٌ لَمِيجٌ : بھدّا، بدشکل۔
الْمُلَمَّجُ : نرم وچکنا۔
• لَمَحَ الْبَصَرُ ـَ لَمْحًا وتَلْمَاحًا : نگاہ اٹھنا۔ لَمَحَهُ بِبَصَرِهِ : کسی چیز پر نگاہ ڈالنا، نگاہ اٹھاکر دیکھنا۔
ـــ إِلَيْهِ : سرسری طور پر دیکھنا، اچٹتی ہوئی نگاہ ڈالنا۔
نظر چراکر دیکھنا۔ هو لَامِحٌ ج: لُمَّاحٌ۔ وهو لَمَّاحٌ ولَمُوحٌ۔
ـــ الشَّيْءُ : چمکنا۔
اللُّمَّاحُ : تیز نظر شکرے۔
أَلْمَحَ الشَّيْءَ وإليه : سرسری طور پر دیکھنا (۲) چوری سے دیکھنا۔
ـــ الْمَرْأَةُ مِن وَجْهِهَا : عورت کا اپنے چہرے کی جھلک دکھانا۔
لَامَحَهُ مُلَامَحَةً : دزدیدہ نگاہوں سے دیکھنا، چوری سے دیکھنے کی کوشش کرنا۔
الْتَمَحَهُ : سرسری طور پر دیکھنا، اچٹتی ہوئی نگاہ ڈالنا۔
الْتُمِحَ بَصَرُهُ : نگاہ جاتی رہنا۔
لَمَّحَ إليه : اشارہ کرنا۔
الأَلْمَحِيُّ : ہر چیز پر بکثرت نظر اٹھانے والا، بہت چمکدار۔
اللَّامِحُ : چمکدار ستارہ۔ فُلان لامِحُ عِطْفَيْهِ : فلاں خودبیں اور خود پسند ہے

اللَّمْحُ : سرسری نگاہ۔ لَأُرِيَنَّكَ لَمْحًا بَاصِرًا : میں تم کو اچھی طرح دکھا دوں گا (بتادوں گا) بطور وعید کہا جاتا ہے۔
كَلَمْحِ الْبَصَرِ : چشم زدن، پلک جھپکتے ہی
اللَّمْحَةُ : سرسری نظر، اچٹتی نگاہ۔ رَأَيْتُهُ لَمْحَةَ الْبَرْقِ : میں نے اس کی ذراسی جھلک دیکھی۔ فِي فُلَانٍ لَمْحَةٌ من أَبِيهِ : فلاں میں اپنے باپ کی شباہت ہے۔
اللَّمَّاحُ : بہت چمکدار، أَبْيَضُ لَمَّاحٌ : بہت چمکدار۔
الْمَلَامِحُ : چہرے کے اچھے یا برے آثار و نقوش، خدوخال (۲) کسی چیز کے نمایاں آثار۔ علامات (۳) مشترکہ علامات ونقوش جو ایک دوسرے کے مشابہ ہوں۔ واحد: لَمْحَةٌ (خلاف قیاس)
مَلَامِحُ الْمُسْتَقْبَلِ : مستقبل کے آثار
• لَمَخَهُ ـَ لَمْخًا : طمانچہ مارنا۔
لَامَخَهُ مُلَامَخَةً ولِمَاخًا : کسی کے طمانچے مارنا یا ایک دوسرے کے طمانچہ مارنا۔
تَلَمَّخَ بِكَلَامٍ قَبِيحٍ : بری باتیں کرنا
• لَمَدَهُ ـُ لَمْدًا : کسی کے سامنے فروتنی کرنا۔
اللَّمَدَانُ : عاجزی اور انکساری کرنے والا۔
• لَمَزَهُ ـِ لَمْزًا : مارنا (۲) ڈھکیلنا (۳) کسی میں عیب نکالنا، برائی کرنا (۴) آنکھ، سر یا ہونٹ کے اشارہ کے ساتھ آہستہ سے کچھ کہنا۔
ـــ الشَّيْبُ فُلَانًا : کسی پر بڑھاپا ظاہر ہونا۔
لَامَزَهُ : کسی کے ساتھ پہیلیوں کے انداز میں بات کرنا۔
اللُّمَزَةُ : عیب جو، غیبت کرنے والا، لوگوں کے منہ پر ان کی برائی کرنے والا (مذکر ومؤنث دونوں کے لئے)۔
اللَّمَّازُ : لوگوں کے عیب بیان کرنے والا، بدگوئی کرنے والا (۲) چغلخور، سخت نکتہ چیں۔
• لَمَسَهُ ـُ لَمْسًا : چھونا، ہاتھ لگانا، ٹٹولنا۔ هو لَامِسٌ۔
ـــ الْمَرْأَةَ : عورت سے صحبت کرنا۔
لكذا شُعَاعٌ يَكَادُ يَلْمِسُ الْبَصَرَ : فلاں چیز میں اتنی چمک ہے جو نگاہ کو خیرہ کئے دیتی ہے۔
لَامَسَهُ مُلَامَسَةً ولِمَاسًا : کسی کے بدن پر ہاتھ پھیرنا، چھونا (۲) ایک دوسرے سے ملنا۔
ـــ الْمَرْأَةَ : صحبت کرنا، ہمبستری کرنا۔
الْتَمَسَ الشَّيْءَ : چاہنا، تلاش کرنا۔
ـــ مِنْهُ شَيْئًا : مانگنا، طلب کرنا، درخواست کرنا، اپیل کرنا۔
تَلَمَّسَ الشَّيْءَ : ڈھونڈنا، تلاش و جستجو کرنا، کسی چیز کی ٹوہ میں رہنا
ـــ عُذْرًا : بہانہ تلاش کرنا۔
ـــ الأَصْوَاتَ : انتخاب میں کنویسنگ کرنا، اپنے حق میں رائے ہموار کرنا۔
الالْتِمَاسُ : درخواست، اپیل، طلب، فرمائش (۲) مقدمہ کی اپیل، فیصلہ پر نظر ثانی کی اپیل۔ الْتِمَاسُ إِعَادَةِ النَّظَرِ : نظر ثانی کی اپیل۔
اللَّامِسُ : امرأة لا تَرُدُّ يَدَ لَامِسٍ : بدکار عورت۔ فُلَانٌ لا يَرُدُّ يَدَ لَامِسٍ : غیر محفوظ آدمی جو اپنا بچاؤ نہ کرسکے۔
اللَّمَاسَةُ : شدید ضرورت، قریبی ضرورت

اللَّمَاسَةُ : اللَّمَاسَةُ ۔
اللَّمْسُ : حواس خمسہ ظاہرہ میں سے ایک حاسہ (قوتِ لامسہ) اعصاب کی ایک ادراک کرنے والی قوت جو چھونے سے حرارت و برودت، رطوبت و یبوست وغیرہ کیفیات معلوم کرتی ہے ۔
اللمسة : (الاخیرة) فائنل ، ٹچ ۔
اللَّمْسُ الْمَنْبُوذ : چھوت چھات، چھونے کو ناپسند کرنے کا ایک نظریہ ۔
اللَّمُوْسُ : بے پالک، منھ بولا بیٹا ۔
اللَّمِيْسُ : گداز جسم عورت، نازک اندام ۔
الْمُلْتَمِسُ : درخواست کنندہ، اپیل کنندہ (مدعی) ۔
الْمُلْتَمَسُ : مدعیٰ علیہ جس کے خلاف اپیل دائر کی جائے (۲) درخواست ج : مُلْتَمَسَاتٌ ۔
الْمَلْمَسُ : چھونے کی جگہ (۲) (مصدر میمی) چھونا ۔
الْمَلْمُوْسُ : چھویا ہوا (۲) محسوس، نمایاں قابل لحاظ ۔
مکانة ملموسة : نمایاں حیثیت ۔
الْمَلْمُوْسَاتُ : قوت لامسہ کی ادراک کردہ چیزیں، جیسے حاسہ کی ادراک کی ہوئی چیزیں، محسوسات ۔
• لَمَصَ الْعَسَلَ وشِبْهَهُ ـُ لَمْصًا : شہد وغیرہ انگلی سے چاٹنا ۔
ــــ فُلَانًا : کسی کی چٹکی بھرنا (۲) کسی کا منھ چڑانا، نقل اتارنا، عیب لگانا ۔
أَلْمَصَ الشَّجَرُ : درخت کا ہاتھ کی پہنچ کے اندر ہونا ۔
ــــ الْكَرْمُ : بیل کے انگور پک جانا، نرم ہو جانا ۔
اللَّامِصُ : انگور کی بیلوں کا نگراں ۔
اللَّمَصُ : فالودہ ۔
اللَّمْصُ : فالودہ ۔

اللَّمُوْصُ : جھوٹا فریبی، دھوکہ باز (۲) غیبت کرنے والا ۔
• لَمَظَه بالرُّمح ـُ لَمْظًا : نیزہ مارنا
ــــ فُلَانٌ : گھرانا، بے چین ہونا ۔
اِلْتَمَظَ بِحَقِّه : کسی کا حق مار لینا ۔
• لَمَظَ فُلَانٌ ـُ لَمْظًا : کوئی چیز کھا کر اس کا ذائقہ لینا، زبان ہونٹوں پر پھیر کر اس کا مزہ لینا، منھ میں زبان پھیر کر ذائقہ لینا ۔
ــــ الْمَاءَ : زبان کی نوک سے پانی چکھنا
أَلْمَظَهُ : کسی کے ہونٹ کو پانی لگانا ۔
ــــ فُلَانًا عَلَى فُلَانٍ : کسی کو کسی پر غصہ دلانا ۔
لَمَّظَهُ كَذَا : کسی کو کوئی چیز چکھانا ۔
ــــ فُلَانًا مِن حَقِّه : کسی کو اس کے حق کا کچھ حصہ دینا ۔
اِلْتَمَظَ بِشَفَتَيْه : دونوں ہونٹوں کو اس طرح ملانا کہ آواز نکلے ۔
ــــ بِالشَّيْءِ : کسی چیز میں لپٹنا ۔
ــــ الشَّيْءَ : کھانا (۲) جلدی سے منھ میں ڈالنا ۔
تَلَمَّظَ فُلَانٌ : لَمَظَ ۔ مَا تَلَمَّظْتُ الْيَوْمَ بِشَيْءٍ : آج میں نے کچھ نہیں چکھا ۔
ــــ بِذِكْرِه : کسی کو برائی سے یاد کرنا ۔
ــــ الْحَيَّةُ : سانپ کا زبان نکالنا ۔
اللِّمَاظُ : مَا لَهُ لِمَاظٌ : اس کے پاس چکھنے کو بھی کچھ نہیں ۔ مَا ذُقْتُ الْيَوْمَ لِمَاظًا : آج میں نے کچھ نہیں چکھا ۔ شَرِبَ الْمَاءَ لِمَاظًا : اس نے نوکِ زبان سے پانی چکھا ۔
اللُّمَاظَةُ : منھ میں لگا ہوا کھانا جس کو زبان پھیر کر نگلا جائے، منھ میں بچا ہوا کھانا ۔ أَلْقَى لُمَاظَةً مِن فِيه : اس نے اپنے منھ کا کھانا نکال ڈالا (۲) تھوڑی چیز کا بقیہ ۔ مَا الدُّنْيَا إِلَّا لُمَاظَةُ أَيَّامٍ : دنیا تو صرف بقیہ چند دنوں کا نام ہے

اللَّمَاظَةُ : فصاحت، چرب زبانی ۔
اللُّمْظَةُ : انگلی بھر چیز (مثل بادام، گھی سے اٹھایا ہوا گھی وغیرہ) ۔
الْمُتَلَمَّظُ : مسکراہٹ ۔ إِنَّهُ لَحَسَنُ الْمُتَلَمَّظِ : وہ حسین مسکراہٹ والا ہے ۔
الْمَلَامِظُ : ہونٹوں کا ارد گرد ۔
• لَمَعَ الْبَرْقُ والصُّبْحُ وغيرُهما ـَ لَمْعًا و لَمَعَانًا : چمکنا، نمودار ہونا، روشن ہونا ۔ هو لامِعٌ ج : لُمَّعٌ وهو لَمَّاعٌ ۔ وهي لامِعَةٌ ج : لَوَامِعُ ۔
ــــ بالشَّيْءِ لَمْعًا : لیجانا ۔
ــــ بثوبِه وسَيْفِه ويَدِه : اپنے کپڑے یا تلوار یا ہاتھ سے اشارہ کرنا ۔
ــــ الطَّائِرُ بِجَنَاحَيْه : پرندہ کا بازوؤں کو اڑتے ہوئے ہلانا، پھڑپھڑانا ۔
ــــ فُلَانٌ الْبَابَ : کسی کا دروازہ سے نمودار ہونا ۔
ــــ الشَّيْءَ : ڈالنا، پھینکنا ۔
أَلْمَعَ بثوبِه ويَدِه وسَيْفِه : کپڑے یا ہاتھ یا تلوار سے اشارہ کرنا
ــــ بالشَّيْءِ وعَلَيْه : چپکے سے غائب کر دینا، (۲) چرالینا ۔
ــــ بِمَا فِي الْإِنَاءِ مِنَ الطَّعَامِ والشَّرَابِ : برتن کا سب کھانا یا سب پانی لیجانا ۔
ــــ الطَّائِرُ بِجَنَاحَيْه : بازو ہلانا، پھڑپھڑانا ۔
ــــ النَّاقَةُ بِذَنَبِهَا : اونٹنی کا اپنی دم

اٹھانا (تاکہ یہ معلوم ہو جائے کہ وہ گیا بھن ہو گئی ہے) هِيَ مُلْمِعَةٌ و مُلْمِعٌ
أَلْمَعَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا حاملہ ہونا ظاہر ہو جانا۔
ــــ الأُنْثَى: مادہ کے پیٹ میں بچہ کا حرکت کرنا۔
ــــ الأَرْضُ: زمین میں جگہ جگہ گھاس کی سفیدی کے دھبے نمایاں ہونا (۲) زمین کا مرجھائے ہوئے پودے والی ہونا (۳) بہت گھاس والی ہونا۔
لَمَّعَ النَّسِيجَ او الحَجَرَ: کپڑے یا پتھر کو مختلف رنگوں سے رنگنا، رنگین و نقشین بنانا۔
ــــ الشيءَ: چمکانا، پالش کرنا۔
اِلْتَمَعَ البَرْقُ وغَيْرُهُ: بجلی وغیرہ چمکنا
ــــ الشيءَ: اچک لینا، چھین لینا، چپکے سے غائب کر دینا۔
اُلْتُمِعَ لَوْنُهُ: رنگ بدل جانا (ڈر یا غصہ یا رنج وغیرہ کی وجہ سے)۔
تَلَمَّعَ البَرْقُ وغَيْرُهُ: چمکنا۔
ــــ الشيءَ: اچکنا، آنکھ بچا کر لے لینا۔
الأَلْمَعُ: انتہائی ذہین وذکی اور تیز فہم، صاحب فراست۔
الأَلْمَعِيُّ: الأَلْمَعُ (۲) چلبلا اور خوش طبع۔
التَّلْمِيعُ: رنگ برنگی، گھوڑوں کے بدن پر ایسے رنگ کے داغ جو اصل رنگ کے برخلاف ہوں (۳) چمک دمک (۴) ہر وہ رنگ جو دوسرے رنگ کے برخلاف ہو ج: تَلَامِيعُ۔ فِيهِ تَلْمِيعٌ و تَلَامِيعُ۔ وہ رنگ برنگ ہے
اللَّامِعُ: چمکدار، روشن۔ ما بِالدَّارِ لَامِعٌ: گھر میں کوئی نہیں۔
اللَّامِعَةُ: بچے کے سر کا نرم تالو، چندیا ج: لَوَامِعُ۔
اللِّمَاعُ: ذَهَبَت نَفْسُهُ لِمَاعًا: اس کی جان آہستہ آہستہ نکلی۔
اللَّمَعَانُ: چمک، آب و تاب۔
اللَّمْعُ: چمک۔
اللُّمْعَةُ: لوگوں کی جماعت (۲) بدن کا گداز پن اور چمک (۳) پستان کی نوک کے ارد گرد قدرتی سیاہ حلقہ (۴) سیاہ دھبا داغ (۵) داغ، دھبا (ہر وہ رنگ جو دوسرے کے برخلاف ہو) (۶) وضو یا غسل میں خشک رہ جانے والی جگہ (جہاں پانی نہ پہنچے) به لُمْعَةٌ لَم يُصِبْهَا الوُضُوءُ: اس کے وضو کی جگہ ایک خشک حصہ رہ گیا ہے جہاں وضو کا پانی نہیں پہنچا (۲) گھاس کا وہ حصہ جو خشک ہونے لگا ہو، ج: لُمَعٌ و لِمَاعٌ۔ مَعَهُ لُمْعَةٌ مِن العَيْشِ: اس کے پاس تھوڑا سا سامانِ گزر اوقات ہے۔
اللَّمَّاعُ: بہت روشن، بہت چمکدار، بھڑکدار، وارنش کیا ہوا، پالش کیا ہوا۔
اللَّمَّاعَةُ: سراب، چمکتا ہوا ریگستان (۲) بچہ کا تالو، چندیا (جب تک نرم رہے) (نومولود بچہ کے سر کا بیچ والا نرم حصہ جو حرکت کرتا رہتا ہے)۔
اللَّمُوعُ: روشن، چمکدار (۲) تیز جھپٹا مارنے والا عقاب۔
المُلْتَمِعُ: چمکدار۔ مُلْتَمِعُ الضِّيَاءِ: بہت چمکدار۔
المُلْمَعُ: خَدٌّ مُلْمَعٌ: چمکتا ہوا رخسار۔
المِلْمَعُ: پرندہ کا بازو۔ خَفَقَ الطَّائِرُ بِمِلْمَعَيْهِ: پرندے نے اپنے بازو پھڑپھڑائے۔
المُلْمِعَةُ: أَرْضٌ مُلْمِعَةٌ: چمکتی ہوئی سراب والی زمین۔
المُلَمَّعُ: دھبے دار، داغ دار، (۲) پالش یا روغن کیا ہوا۔ فَرَسٌ مُلَمَّعٌ: گھوڑے کے بدن پر کسی رنگ کے داغ (۳) مرض برص والا۔
المُلَمِّعَةُ: أَرْضٌ مُلَمِّعَةٌ: مُلْمِعَةٌ
المُلَمَّعَةُ: أَرْضٌ مُلَمَّعَةٌ: مُلْمِعَةٌ۔
• اليَلْمَعُ: بے بارش بجلی (جسے دیکھ کر بارش کا دھوکا ہو) فُلانٌ أَخْدَعُ مِن يَلْمَعٍ (۲) سراب۔ هُوَ أَكْذَبُ مِن يَلْمَعٍ۔ (۳) بطور تشبیہ کذاب (۴) بہت ذہین و ذکی (۵) چمکنے والا ہتھیار۔ جیسے: زرہ اور خود ج: يَلَامِعُ۔
اليَلْمَعِيُّ: ذہین و ذکی اور تیز فہم، صاحب فراست۔
• لَمَقَ ـُ لَمْقًا: دیکھنا۔
ــــ فُلانًا: کسی کے تھپڑ مارنا۔
ــــ الشيءَ بِبَصَرِهِ: دیکھتے رہنا، ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔
ــــ عَيْنَهُ: آنکھ پر ہاتھ مارنا، مارنا۔
ــــ الشيءَ: مٹانا (۲) لکھنا (متضاد)۔
تَلَمَّقَ: دوپہر کے کھانے سے قبل بطور تفکہ کچھ کھانا۔
اللَّمَاقُ: تھوڑا سا کھانا یا تھوڑی سی پینے کی چیز۔ ما ذُقْتُ لَمَاقًا: میں نے کچھ نہیں کھایا پیا۔ مَا بِالأَرْضِ لَمَاقٌ: زمین میں کوئی آرام گاہ یا چراگاہ نہیں۔
لَمَقُ الطَّرِيقِ: وسط راہ، واضح و سیدھا راستہ۔
اليَلْمَقُ: بھراؤ دار چوغہ (فارسی لفظ یلمہ کا معرب)۔

• لَمَكَ العَجِينَ ـُ لَمْكًا: آٹا نرم گوندھنا، گندھے ہوئے آٹے کو نرم کرنا
تَلَمَّكَ فُلَانٌ: کھاتے یا بولتے وقت باچھیں ہلانا۔
ـــ البَعِيرُ: اونٹ کا دونوں جبڑے ہلا ہلا کر کھانا، ذائقہ لینا۔
اللُّمَاكُ: آنکھ کا سرمہ۔
اللَّمَاكُ: ما تَلَمَّكَ بِلَمَاكٍ: اس نے کچھ نہیں چکھا، یوں بھی کہتے ہیں: مَا ذَاقَ لَمَاكًا وَلَا لَمَاجًا (یہ منفی ہی استعمال ہوتا ہے)۔
اللُّمْكَةُ: اللُّمَاكُ۔
اللَّمِيكُ: سرگیں آنکھوں والا، سرمہ لگائے ہوئے۔
• لَمْلَمَ الشَّيْءَ: اکٹھا کرنا۔
ـــ الحَجَرَ: پتھر کو گول کرنا۔
تَلَمْلَمَ: اکٹھا ہونا، گول ہونا۔
اللَّمْلَمُ: بہت بڑا لشکر۔ حَيٌّ لَمْلَمٌ: بڑی تعداد والا قبیلہ۔
اللُّمْلُومُ: جماعت، گروہ۔
المُلَمْلَمُ: رَجُلٌ مُلَمْلَمٌ وجَمَلٌ مُلَمْلَمٌ: گٹھے ہوئے بدن کا آدمی یا اونٹ۔ شَعْرٌ مُلَمْلَمٌ: تیل لگے ہوئے بال۔
المُلَمْلَمَةُ: كَتِيبَةٌ مُلَمْلَمَةٌ: بھاری تعداد والا اکٹھا ہوا فوجی دستہ۔ نَاقَةٌ مُلَمْلَمَةٌ: پر گوشت موزوں ساخت کی سخت اونٹنی۔ صَخْرَةٌ مُلَمْلَمَةٌ: گول اور سخت چٹان۔
• لَمَّ الشَّيْءَ ـُ لَمًّا: اچھی طرح اکٹھا کرنا، خوب سمیٹنا، جمع کرنا۔
ـــ اللهُ شَعَثَهُ: اللہ کا کسی کے حالات کو درست کرنا، بکھرے ہوئے شیرازے کو جمع کرنا۔
ـــ بِفُلَانٍ: کسی کے پاس آکر ٹھیر جانا۔

لُمَّ فُلَانٌ: کسی کو دیوانگی ہو جانا۔ مَلْمُومٌ: پاگل۔
أَلَمَّ الشَّيْءُ: نزدیک ہونا۔
ـــ بِالقَوْمِ وعَلَيْهِم: کسی کے پاس مختصر قیام کرنا۔
ـــ بِالمَعْنَى: مطلب سمجھنا۔
ـــ بِعِلْمٍ ونَحْوِه: واقف ہونا، جاننا:
ـــ بِهِ الشَّيْءُ: لاحق ہونا، طاری ہونا
ـــ بِشَيْءٍ: لگ جانا، مشغول ہو جانا۔
ـــ بِالذُّنُوبِ: گناہوں میں مبتلا ہو جانا۔
ـــ بِالطَّعَامِ: مختصر سا کھانا، مناسب مقدار میں کھانا۔
ـــ بِالأَمْرِ: کسی معاملہ کو سرسری طور پر دیکھنا، گہرائی میں نہ جانا۔
ـــ فُلَانٌ: چھوٹے گناہ کرنا یا ان کے قریب ہونا، کسی سے معمولی غلطیاں اور فروگذاشتیں ہو جانا۔
ـــ الغُلَامُ: قریب البلوغ ہونا۔
ـــ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بڑھاپے کے قریب ہونا۔ هِيَ مُلِمٌّ و مُلِمَّةٌ۔
ـــ النَّخْلَةُ: درخت خرما کی کھجوروں کا پکنے کے قریب ہونا۔
ـــ الشَّعْرُ: بالوں کا کان کی لو سے آگے نکل جانا۔
ـــ يَفْعَلُ كَذَا: وہ ایسا کرنے کے قریب ہوا۔ بمعنی کادَ۔
مَا فَعَلَ ذٰلِكَ وَمَا أَلَمَّ: نہ اس نے کیا اور نہ ارادہ کیا۔
لَمَّمَ الشَّعْرَ: بال سنوارنا، تیل لگانا۔ هُوَ مُلَمِّمٌ۔
اِلْتَمَّ بِالقَوْمِ: کسی کے پاس آکر ٹھیر جانا۔

الإِلْمَامُ بِشَيْءٍ: کسی چیز سے واقفیت، علم، تجربہ (۲) شغف، مشغولیت، (۳) مہارت۔
الإِلْمَامَةُ: مختصر سا قیام، مختصری واقفیت
اللَّامَّةُ: نظر بد (۲) ہر ڈراؤنی چیز، فتنہ، جنون۔
اللِّمَامُ: مختصر ملاقات۔ هُوَ يَزُورُنَا لِمَامًا: وہ کبھی کبھی ہم سے ملتا ہے۔ واحد: لَمَّةٌ۔
لِمَامًا: وقتاً فوقتاً۔
اللَّمَمُ: چھوٹے گناہ جیسے بوسۂ شہوت، نظر شہوت وغیرہ (۲) گناہوں سے آلودگی۔ قرآن پاک میں ہے: "الَّذِينَ يَجْتَنِبُونَ كَبَائِرَ الإِثْمِ وَالفَوَاحِشَ إِلَّا اللَّمَمَ" (۳) دیوانگی (۴) جنونی کیفیت (۵) قریب قریب۔ جیسے: كَانَ ذٰلِكَ مُنْذُ شَهْرٍ أَوْ لَمَمِهِ: یہ بات ایک ماہ یا قریب قریب ایک ماہ سے ہے۔
اللَّمَّامُ: جمع رکھنے والا، صدقات وصول کرنے والا، شیرازہ بند، متحد رکھنے والا۔
اللِّمَّةُ: سختی (۲) زمانہ۔ أُعِيذُهُ مِن حَادِثَاتِ اللِّمَّةِ: میں حوادث زمانہ سے اسے خدا کی پناہ میں دیتا ہوں (۲) جناتی اثر۔ أَصَابَتْهُ مِنَ الجِنِّ لَمَّةٌ: اسے آسیبی اثر ہو گیا ہے (۳) جمع شدہ لوگ۔ لِلشَّيْطَانِ لَمَّةٌ: دل میں شیطانی وسوسہ ہے (۴) جمع شدہ چیز، اجتماع (۵) مختصر ملاقات ج: لِمَامٌ۔
اللُّمَّةُ: سفر کے ساتھی۔ کہتے ہیں: لَا تُسَافِرُوا حَتَّى تُصِيبُوا لُمَّةً: جب تک رفقا سفر نہ ملیں سفر نہ کرو (واحد وجمع دونوں کے لئے)۔

اَللِّمَّۃُ: کان کی لو سے بڑھی ہوئی بالوں کی زلف ج: لِمَمٌ و لِمَامٌ۔
اَلمِلَمُّ: ہر سخت و مضبوط چیز۔ رَجُلٌ مِلَمٌّ: اہل خاندان کو اکٹھا رکھنے والا۔ رَجُلٌ مِلَمٌّ مِعَمٌّ۔ لوگوں کے معاملات ٹھیک کرنے والا اور سب لوگوں کا خیر خواہ۔
اَلْمُلِمُّ بِشَیْئٍ: واقف، ماہر۔
اَلْمُلِمُّ بِقَومٍ: لوگوں کا مہمان، ملاقاتی
اَلْمُلِمَّۃُ: زمانہ کی سخت آفت، بڑی مصیبت۔
اَلْمَلْمُومُ: گول اور جمع شدہ (۲) پاگل۔
• لَمَّا: جب۔ اس کی تین صورتیں ہیں:
پہلی صورت: یہ کہ مضارع کے ساتھ خاص ہو اور اسے جزم دے کر منفی بنا دے اور لَمْ کی طرح مضارع کو ماضی کے معنی میں بدل دے، لیکن پانچ شکلوں میں لَم سے اس کا عمل مختلف ہو گا: (۱) یہ حرف شرط کے ساتھ مل کر نہیں آئے گا چنانچہ اِن لَمَّا تَقُمْ نہیں کہا جائے گا برخلاف لَمْ کے کہ اِنْ لَمْ تَقُمْ کہنا صحیح ہو گا (۲) یہ کہ اس کے ذریعہ نفی زمانہ حال تک لگا تار ہو گی۔ جیسے: لَمَّا یَخْرُجْ۔ وہ ابھی تک نہیں نکلا۔ برخلاف لَمْ کے کہ اس کے ذریعہ کی گئی نفی متصل (مسلسل) بھی ہوتی ہے اور منقطع بھی بمثال اول "لَمْ اَکُنْ بِدُعَائِكَ رَبِّ شَقِیًّا": میں اب تک کبھی بھی تجھے پکار کر محروم نہیں رہا۔ دوسرے کی مثال "لَمْ یَکُنْ شَیْئًا مَذْکُورًا": وہ قابل ذکر چیز نہیں تھا پھر ہوا۔ اسی لئے یہ کہنا صحیح نہیں لَمَّا یَکُنْ ثُمَّ کَانَ بلکہ یوں کہا جائے گا کہ لَمَّا یَکُنْ

وَ قَدْ یَکُونُ۔ وہ ابھی تک نہیں ہے ہو سکتا ہے۔ (۳) لَمَّا کا منفی حال سے قریب ہوتا ہے لیکن لَمْ کے منفی میں ایسا ہونا ضروری نہیں۔ چنانچہ یوں کہنا درست ہے لَمْ یَکُنْ ذٰلِكَ الرَّجُلُ فِی العَامِ الماضِی مُقِیمًا۔ لیکن لَمَّا یَکُنْ مُقِیما کہنا درست نہیں (۴) لَمَّا کا منفی متوقع الثبوت ہوتا ہے (یعنی لما کے ذریعہ جس بات کی نفی کی جاتی ہے اس کا ثبوت متوقع ہوتا ہے) جیسے: بل لَمَّا یذوقوا العَذَابَ۔ انہوں نے ابھی تک عذاب کا ذائقہ نہیں چکھا لیکن ان کے لئے اس کا چکھنا متوقع ہے (۵) لَمَّا کے منفی کو حذف کرنا جائز ہے بشرطیکہ اس کے حذف کی کوئی دلیل ہو۔ جیسے: فَجِئْتُ قُبُورَهم بَدْءًا ولَمَّا۔ ای ولَمَّا اَکُنْ بَدْءًا۔ یعنی میں ان کی قبروں پر سردار بن کر آیا لیکن اس سے پہلے سردار بن کر نہیں آیا تھا۔ لیکن یہ کہنا درست نہیں: وَصَلْتُ المَدِینَۃَ ولَمْ۔ یعنی ولَمْ اَدْخُلْهَا۔
دوسری صورت: یہ کہ ماضی کے ساتھ خاص ہو اس طرح وہ دو جملوں پر داخل ہو گا جن میں سے دوسرے جملہ کا وجود پہلے پر موقوف ہو گا جیسے: لَمَّا جَاءَنِی اَکْرَمْتُهُ جب وہ آیا تو میں نے اس کا اعزاز کیا بعض اہل لغت نے اسے ظرف بمعنی حِیْنَ کہا ہے اور بعض نے حرف وجوب لوجوب کہا ہے یا حرف وجود لوجود (یعنی یہ حرف ایک

شے کے وجود یا وجوب کی بنا پر دوسری شے کے وجود یا وجوب کو ثابت کرتا ہے۔
تیسری صورت: یہ کہ یہ حرف استثناء بمعنی اِلَّا ہو اور جملہ اسمیہ پر داخل ہو۔ جیسے قرآن پاک میں ہے: "اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَمَّا عَلَیْهَا حَافِظٌ": کوئی بھی جان ایسی نہیں جس پر کوئی نگراں مقرر نہ ہو اور ماضی پر لفظاً داخل ہوتا ہے معنًا نہیں۔ جیسے: اَنْشُدُكَ اللّٰهَ لما فَعَلْتَ۔ یہاں بظاہر فَعَلْتَ فعل ماضی ہے لیکن حقیقت میں یہ معنی مراد نہیں بلکہ مصدر فعل مراد ہے۔
• لَمَا ـُ لَمْوًا: کہتے ہیں: مایلموفمُ فلانٍ بِکَلِمَۃٍ: اپنے منھ سے نکلی ہوئی بری بات کو اہمیت نہ دینا، برا نہ سمجھنا۔
ـــ الشیئَ: سب لے لینا۔
اَلْمَیٰ علی الشیئِ: لیجانا۔
اَللُّمَۃُ: تین سے دس تک کی مردوں یا عورتوں کی جماعت۔ حدیث فاطمہؓ میں ہے: "اَنَّهَا خَرَجَتْ فِی لُمَۃٍ من نِسَائِهَا تَتَوَطَّأُ ذَیْلَهَا حَتّٰی دَخَلَتْ علی ابی بکر الصِّدِّیقِؓ" (۲) ہم جولی، ہم عمر ساتھی (۳) مثل، مانند کہتے ہیں: لِیَتَزَوَّجْ کُلُّ انسانٍ لُمَتَهُ۔ ہر انسان کو اپنے مثل وہم رتبہ سے شادی کرنی چاہئے (۴) نمونہ، قابل تقلید کردار۔ لكَ فیه لُمَۃٌ، اس میں تمہارے لئے ایک قابل تقلید نمونہ ہے۔
• لَمِیَ الغُلَامُ ـَ لَمْیًا: لڑکے کا سیاہ ہونٹ والا ہونا۔ ایسے ہی لَمِیَتِ المَرْأۃُ لَمِیَ ـَ لَمًی۔ لَمَی۔ هو اَلْمَی و هی لَمْیَاءُ ج: لُمْیٌ۔

لَمِيَت الشَّفَةُ : ہونٹ گندمی رنگ کا ہونا، سیاہی مائل ہونا۔
ـــ الشَّجَرُ : سایہ گھرا ہونا، سیاہ ہونا۔
تَلَمَّتِ الْأَرْضُ بِهٖ و عَلَيْهِ : زمین کا کسی کو اپنے اندر چھپالینا۔
الْأَلْمَى : ظِلٌّ أَلْمَى : گھنا سایہ (۲) ٹھنڈا سایہ۔ رُمْحٌ أَلْمَى : گندمی رنگ کا سخت نیزہ۔
اللَّمَى : ہونٹوں کا پسندیدہ گندمی رنگ۔
اللَّمْيَاءُ (شَفَةٌ اور لِثَةٌ) کم گوشت یا کم خون ہونٹ یا مسوڑھا (ہلکا لطیف ہونٹ یا مسوڑھا)۔

ل ـــ ن

• لَنْ : ہرگز نہیں، کبھی نہیں، حرف نفی استقبال، ناصب فعل مضارع جیسے لَنْ أَعْمَلَ هٰذَا أَبَدًا : میں یہ کام کبھی بھی نہیں کروں گا، کبھی لا کی طرح یہ دعاء کے لئے آتا ہے جیسے : لَنْ تَزَالُوا مَلْجَأَ الْفُقَرَاءِ : خدا تم کو ہمیشہ غریبوں کا سہارا بنائے رکھے۔

ل ـــ ہ

• لَهِبَ الرَّجُلُ ـَ لَهَبًا : پیاسا ہونا، سوزاں ہونا۔ هو لَهْبَانُ۔ هي لَهْبَى۔
أَلْهَبَ الْبَرْقُ : بجلی کا مسلسل چمکنا، آگ کی طرح روشن ہونا۔
ـــ الْفَرَسُ : گھوڑے کا تیز دوڑتے ہوئے گرد اڑانا، برق رفتار ہونا۔
ـــ فِي الْكَلَامِ : تیزی سے بات کرنا۔
ـــ فُلَانًا لِأَمْرٍ : کسی کو کسی کام کا جوش دلانا۔
ـــ النَّارَ : آگ بھڑکانا، دہکانا (لپٹیں اٹھانا)۔
أَلْهَبَ الْحَمَاسَ : جوش دلانا، اشتعال دلانا۔
ـــ الْعَوَاطِفَ وَالْمَشَاعِرَ : جذبات بھڑکانا، مشتعل کرنا۔
الْتَهَبَتِ النَّارُ : آگ بھڑکنا، جلنا، لپٹیں اٹھنا، دہکنا۔
ـــ عَلَى فُلَانٍ : کسی سے سخت برہم ہونا، کسی پر بھڑک اٹھنا، بھبھک اٹھنا۔
ـــ جُوعًا : بھوک سے بھڑکنا، تڑپنا
ـــ اللَّوْزَتَانِ : گلے آجانا، حلق کے غدود کا ورم آلود ہونا۔
تَلَهَّبَتِ النَّارُ : آگ بھڑکنا۔
ـــ جُوعًا : بھوک سے تڑپنا، بھڑکنا
الْأُلْهُوبُ : گرد اڑانے والی گھوڑے کی سخت دوڑ۔
الْالْتِهَابُ : سوزش، ورم۔
الْتِهَابُ الْأُذُنِ : کان کا درد۔
الْتِهَابُ الرِّئَةِ : نمونیا۔
الْتِهَابُ الْكُلْيَةِ وَالْكُلَى : ورم گردہ درد گردہ۔
الْتِهَابُ الزَّائِدَةِ الدُّودِيَّةِ : اپنڈی سائٹس، ایک مرض جس میں زائد آنت ورم آلود ہوجاتی ہے اور اس میں سوزش ہوتی ہے
قَابِلٌ لِلْالْتِهَابِ : قابل احتراق آتش گیر۔
سَرِيعُ الْالْتِهَابِ : جلد آگ پکڑنے والا۔
اللُّهَابُ : پیاس۔
اللِّهَابَةُ : وہ کمبل وغیرہ جس میں پتھر رکھ کر ہودے یا سواری کے وزن کو برابر کیا جائے۔
اللِّهْبُ : دو پہاڑوں کے درمیان کا حصہ (۲) پہاڑ کی صاف دیوار نما چٹان جس پر چڑھا نہ جاسکے (۳) زمین کی سرنگ ج : أَلْهَابٌ۔
اللَّهَبُ : شعلہ، لپٹ (۲) دھوئیں کی طرح چمکتا ہوا گرد و غبار۔
اللَّهَبَانُ : پیاسا۔
اللَّهَبَانُ : گرمی کی شدت (۲) پیاس۔
يَوْمٌ لَهَبَانٌ : انتہائی گرم دن، وہ دن جس میں آگ برس رہی ہو۔
اللُّهْبَةُ : پیاس (۲) بدن کے رنگ کی چمک۔
اللَّهِيبُ : آگ کی لپٹ، آنچ۔
الْمُلْهَبُ : انتہائی حسین (۲) بہت اور گھنے بالوں والا امرد۔
الْمُلَهَّبُ : کم سرخی والا کپڑا۔
الْمُلْتَهِبُ : سوزاں، آتش گیر (۲) برافروختہ غصہ سے آگ بگولا (۳) مشتعل
• اللَّاهُوتُ : الوہیت۔ ضد : النَّاسُوتُ۔ عِلْمُ اللَّاهُوتِ : خدا سے متعلق عقائد کا علم، علم الاہیات۔
اللَّاهُوتِيُّ : خدا سے متعلق عقائد کا علم رکھنے والا، ماہر الاہیات۔
• لَهِثَ الْكَلْبُ ـَ لَهَثًا و لُهَاثًا : کتے کا پیاس یا گرمی کی وجہ سے زبان باہر نکالنا، ہانپنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَمَثَلُهُ كَمَثَلِ الْكَلْبِ إِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ أَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ"
ـــ الرَّجُلُ : تھکا ماندہ ہونا۔
لُهِثَ الْكَلْبُ وَغَيْرُهُ ـُ لَهْثًا و لُهَاثًا و لَهَثَانًا : لَهِثَ
ـــ الرَّجُلُ : تھک کر چور ہوجانا۔
هو لَهْثَانُ و هي لَهْثَى۔
الْتَهَثَ الْكَلْبُ وَغَيْرُهُ : لَهِثَ۔

اللُّهَاثُ: پیٹ میں پیاس کی گرمی (۲) شدت وسختی۔ هو يُقاسي لُهَاثَ المَوتِ: وہ موت کی سختیوں سے دوچار ہے۔

اللُّهَاثِيُّ: چہرہ میں بہت سے سرخ تل والا۔

اللُّهْثَة: پیاس (۲) تکان۔

• لَهِجَ بالأمرِ ـَ لَهَجًا: کسی بات کا دلدادہ ہونا، کسی چیز کا دیوانہ ہونا شوقین ہونا۔ هو لَهِجٌ ولاهِجٌ

— الفَصِيلُ بِضَرعِ أُمِّه: جانور کے بچہ کا ماں کے تھن سے لگا رہنا هو لاهِجٌ۔

— الفَصِيلُ أُمَّهُ: جانور کے بچہ کا اپنی ماں کا تھن چوسنا۔ هو لُهُوج ج: لُهُجٌ۔

— بِذِكرِه: کسی کا ذکر خیر کرنا۔

أَلْهَجَ بالأمرِ: دلدادہ اور فریفتہ ہونا

— فلانٌ: تھن چوسنے کے عادی بچوں والا ہونا۔

— فُلانًا بالشيءِ: کسی کو کسی چیز کا عادی اور شوقین بنانا۔

— الفَصِيلَ: جانور کے بچہ کے منھ میں لکڑی باندھنا تاکہ وہ تھن سے دودھ نہ پی سکے۔

لَهَّجَهُ: کھانے سے پہلے کچھ ناشتہ کھلانا

لَهْوَجَ الشيءَ: کسی شے کو نامکمل رکھنا مکمل و پختہ نہ کرنا، ادھورا چھوڑنا۔

— الطَّعامَ: کھانا نیم پختہ رکھنا، مکمل نہ پکانا۔

حَدِيثٌ مُلَهْوَجٌ ورَأْيٌ مُلَهْوَجٌ: ادھوری بات، ناپختہ رائے

تَلَهْوَجَ الشيءَ: کسی چیز میں عجلت کرنا جلدی سے لینا۔

— اللَّحْمَ: ادھ کچرا کھنا، پورا نہ پکانا

الْهَاجَّ الشيءُ: گڈمڈ ہونا، خلط ملط ہو کر یک جسم نہ ہونا۔

— العَيْنُ: آنکھوں میں نیند بھرنا۔

اللَّهْجَةُ: زبان، نوک زبان (۲) مادری یا پیدائشی زبان جس میں آدمی بولتا ہے۔ فلانٌ فَصِيحُ اللَّهْجَةِ وصَادِقُ اللَّهْجَةِ: فلاں خوش گفتار و راست گو ہے (۳) لہجہ، یعنی طرز تکلم جو ہر زبان کا مخصوص ہوتا ہے (۴) لب ولہجہ آہنگ کلام (۵) مقامی زبان جو عام لوگ بولتے ہیں ج: لَهَجَات۔

اللَّهْجَةُ المَحَلِّيَّةُ: لوکل زبان۔

اللُّهْجَةُ: کھانے سے قبل کا ہلکا ناشتہ (مثل لُمجہ)۔

المُلْتَهِجُ: غلبۂ نیند کے باعث کام سے عاجز وغافل رہنے والا۔

• لَهَدَهُ الحِمْلُ ـَ لَهْدًا: سامان کا کسی کو بوجھل کرنا، دباؤ ڈالنا، هو مَلْهُودٌ ولَهِيدٌ۔

— دابَّتَهُ: جانور کو تھکا ڈالنا اور دبلا کر دینا۔ هي لَهِيدٌ۔

— فُلانًا: کسی کو ذلیل سمجھتے ہوئے سینے پر مار کر دھکا دینا۔ هو مَلْهُودٌ۔

— مافي الإناءِ: برتن کی چیز کھا جانا یا چاٹ لینا۔

أَلْهَدَ الرَّجُلُ: ظلم و زیادتی کرنا۔

— إلى الأرضِ: بوجھ کی وجہ سے زمین کی طرف جھکنا۔

— بِه: حقیر سمجھنا، عیب لگانا۔

— بفلانٍ: کسی کو پکڑ کر اس پر کسی کو لڑائی کے لئے مسلط کرنا (۲) کسی کو اس کی دلیل سکھانا، یاد کرانا۔

اللُّهادُ: ہچکی۔

اللُّهْدُ: بھاری اور ذلیل آدمی (۲) ٹانگوں یا رانوں کی ایک بیماری۔

اللَّهِيدُ: بوجھ سے دبا ہوا یا جھکا ہوا جانور۔

المُلَهَّدُ: رَجُلٌ مُلَهَّدٌ: ذلیل و کمزور آدمی جسے دروازوں سے دھکے دیئے جائیں۔

• لَهْذَمَ الشيءَ: کاٹنا۔

تَلَهْذَمَ الشيءَ: کاٹنا (۲) کھانا۔

اللَّهاذِمَةُ: چور (جمع)

اللَّهْذَمُ: ہر کاٹنے والی چیز۔ سَيفٌ لَهْذَمٌ: تیز تلوار۔

• لَهَزَ الشَّيبُ فُلانًا ـَ لَهْزًا: کسی پر بڑھاپا ظاہر ہونا۔ هو مَلْهُوزٌ۔

— القَومَ: لوگوں میں گھل مل جانا۔ لوگوں کے ساتھ ملنا۔

— فُلانًا بالرُّمحِ: کسی کے سینہ پر نیزہ مارنا (۲) کسی کی گردن یا کان کے نیچے مکا مارنا۔

— البَعِيرَ: اونٹ کے کان کے نیچے داغ لگانا۔

— الفَصِيلُ أُمَّهُ: جانور یا اونٹ کے بچہ کا دودھ پیتے وقت تھن کو ٹکر مارنا۔

لَهَّزَ فُلانًا: گردن اور کان کے نیچے کی ہڈی پر مکا مارنا۔

اللاَّهِزُ: راستہ میں رکاوٹ و تنگی پیدا کرنے والی پہاڑی یا ٹیلہ۔

اللِّهازُ: دھرے کے سوراخ کو تنگ کرنے کا چیتھڑا۔ کہتے ہیں: ضَيِّقِ البَكَرَةَ باللِّهازِ: چرخی کے سوراخ کو چیتھڑا لگا کر تنگ کر دیا۔

اللِّهْزُ: سخت، شدید۔

اللَّهْزَةُ: جبڑے کی ابھری ہوئی ہڈی۔

المِلْهَزُ: گردن پر مکا مارنے والا۔

الْمُلَهْوَزُ: گٹھے ہوئے بدن والا (۲) جبڑے کی ہڈی پر (کان کے نیچے) داغ لگا ہوا۔
لَهْزَمَ فُلَانًا: جبڑے کی ابھری ہوئی ہڈی پر مارنا۔
— الشَّيْبُ خَدَّيْهِ وَ لَهْزَمَهُ الشَّيْبُ: کسی پر بڑھاپا ظاہر ہونا۔
اللِّهْزِمَةُ: جبڑے کی ابھری ہوئی ہڈی یہ دو ہوتی ہیں ج: لَهَازِم۔
• لَهِسَ عَلَى الطَّعَامِ ـَ لَهْسًا: کھانے پر پل پڑنا، حرص کی وجہ سے بھیڑ لگانا (۲) چاٹنا۔
— الصَّبِيُّ ثَدْيَ أُمِّهِ: بچہ کا ماں کے پستان پر ہاتھ مارنا اور نہ چوسنا۔
لَاهَسَ عَلَى الشَّيْءِ: حرص کی بنا پر کسی چیز پر بھیڑ کرنا، لوٹ پڑنا جیسے: لَاهَسَ عَلَى الطَّعَامِ۔ فُلَان يُلَاهِسُ بَنِي فُلَانٍ: فلاں فلاں قبیلہ کے کھانے پر حریص رہتا ہے، ان کے کھانے میں برابر شریک رہتا ہے۔
اللَّاهِسُ: جلد باز، پھرتیلا۔
اللُّهَاسُ: تھوڑا کھانا۔
اللُّهَاسَةُ: تھوڑا کھانا۔
اللُّهْسَةُ: چاٹنے کی تھوڑی چیز۔ مَالَكَ عِنْدِي لُهْسَةٌ: میرے پاس تیرے لئے کچھ نہیں ہے۔
• لَهْسَمَ مَا عَلَى الْمَائِدَةِ: دسترخوان کا سب کھانا کھا لینا۔
اللُّهْسُمُ: وادی کی تنگ نالی، راستہ ج: لَهَاسِم۔
• لَهَطَتِ الْأُمُّ بِهِ ـَ لَهْطًا: جننا۔ کہتے ہیں: لَعَنَ اللّٰهُ أُمًّا لَهَطَتْ بِهِ۔
— فُلَانٌ: کوڑا مارنا (۲) کھلا ہاتھ مارنا تھپڑ مارنا۔
لَهَّطَ الشَّيْءَ بِالْمَاءِ: کسی چیز پر پانی پھینک کر مارنا، چھڑکاؤ کرنا۔
— فُلَانًا بِسَهْمٍ: کسی کے تیر مارنا۔
— الثَّوْبَ: کپڑا سینا۔
اللَّاهِطُ: گھر کے دروازہ پر پانی چھڑک کر صفائی کرنے والا۔
• لَهِعَ فُلَانٌ ـَ لَهَعًا وَ لَهَاعَةً: ہر ایک کی طرف مائل ہو جانا، ہر ایک سے بے تکلف ہو جانا۔ هو لَهِعٌ و لَيْهَعٌ۔
— فِي الْكَلَامِ: باچھوں سے بولنا۔
تَلَهْيَعَ فِي كَلَامِهِ: بڑھ چڑھ کر بات کرنا، بہت بولنا۔
اللَّهَاعَةُ: غفلت۔ رَجُلٌ فِيهِ لَهَاعَةٌ۔
اللَّهْيَعَةُ: اللَّهَاعَة (۲) سستی و کاہلی فِي فُلَانٍ لَهْيَعَةٌ: کسی میں بیع و شرا کے دوران ایسی سستی ہونا جس سے وہ دھوکا کھا جائے۔
• لَهِفَ عَلَى الْفَائِتِ ـَ لَهَفًا: فوت شدہ چیز پر رنجیدہ ہونا، کف افسوس ملنا۔ هو لَهِفٌ و لَهِيفٌ و لَاهِفٌ و لَهْفَانُ۔ حدیث میں ہے "اتَّقُوا دَعْوَةَ اللَّهْفَانِ" مظلوم کی بددعا سے ڈرو۔ هي لَاهِفٌ و لَاهِفَةٌ ولَهْفَى ج: لَهَافَى و لُهُفٌ ولِهَاف۔ هو لَاهِفُ الْقَلْبِ: وہ دل جلا ہے۔
— عَلَى الشَّيْءِ: شوق رکھنا، حسرت کرنا۔
لُهِفَ لَهْفًا: کرب و کلفت میں مبتلا ہونا، مظلوم و ستم رسیدہ ہونا هو مَلْهُوفٌ۔
أَلْهَفَ: حریص و مشتاق ہونا، ندیدہ ہونا، کسی چیز کو دیکھتے ہی اس کی طرف لپکنا۔
لَهَّفَ: فریاد کرنا، مدد مانگنا۔
— فُلَانٌ نَفْسَهُ وَ أُمَّهُ: وانفساه واأُمَّاه کہنا۔ یعنی اپنی جان کے خوف کے وقت یا ماں کے فوت ہو جانے کے وقت اظہار غم کے لئے یہ الفاظ کہنا۔ آہ میری جان (یعنی میری مدد کرو) آہ میری ماں (یعنی اس پر غم مناؤ)۔
— أُمَّهُ و أُمَّيْهِ: اپنی ماں یا اپنے والدین کو رنج و حسرت میں مبتلا کرنا (أُمَّيْهِ میں أبّ کو اس کی اولاد کے تئیں نرم دلی کی بنا پر مذکر پر غالب کر دیا گیا ہے)۔
تَلَهَّفَ عَلَى الْفَائِتِ: گزر جانے والی چیز پر حسرت کرنا، رنج کرنا، کف افسوس ملنا۔
التَّلَهُّفُ: شکستہ دل ہونا، (۲) آگ بھڑک اٹھنا۔
اللَّاهِفُ: افسردہ، فریادی۔ نَظْرَةٌ لَاهِفَةٌ: حسرت بھری نگاہ۔
لَاهِفُ الْقَلْبِ: افسردہ یا شکستہ دل
اللَّهْفُ: رنج و غم، افسوس و حسرت۔ يَا لَهْفَ فُلَانٍ: مجھے فلاں پر افسوس ہے، اس کی یاد ستاتی ہے۔ ایسے ہی کہتے ہیں: يَا لَهْفِي عَلَيْهِ و يَا لَهْفَ و يَا لَهْفَا و يَا لَهْفَ أَرْضِي وَسَمَائِي عَلَيْهِ و يَا لَهْفَاه۔
اللَّهْفَانُ: حسرت کنندہ (۲) مصیبت زدہ
اللَّهْفَةُ: حسرت، گذشتہ چیز کا رنج،

(۲) نہ ملنے والی چیز کا شوق و اشتیاق
تڑپ، بطور اظہار رنج کہتے ہیں:
یَا لَهْفَتَاهُ و یا لَهْفَتِیَاهُ.
اللَّهِیفُ: مظلوم و مصیبت زدہ جو لوگوں
سے فریاد رساں ہو۔
رَجُلٌ لَهِیفُ الْقَلْبِ: سوختہ دل
شخص۔
الْمَلْهُوفُ: ستم رسیدہ (۲) حسرت زدہ،
دل جلایا ہوا، شکستہ دل۔
• لَهِقَ الشَّیْءُ ـَ لَهَقًا: سفید ہونا۔
لَهُقَ الشَّیْءُ ـُ لَهَقًا: سفید ہونا۔
هُوَ لَهِقٌ وَلَهَقٌ۔
لَهْوَقَ فُلَانٌ: غیر طبعی اخلاق و عادت کا
اظہار کرنا، باطن کے خلاف ظاہر
بنانا۔
— الْعَمَلَ اَوِ الْكَلَامَ: کام یا کلام کو
ادھورا چھوڑنا، ٹھیک طور پر نہ کرنا
تَلَهَّقَ الشَّیْءُ: سفید ہونا۔
— الرَّجُلُ: زیادہ بولنا اور بتکلف
حلق سے بولنا۔
تَلَهْوَقَ: لَهْوَقَ (۲) چاپلوسی کرنا۔
حدیث میں ہے: "كَانَ خُلُقُهُ
سَجِیَّةً وَلَمْ یَكُنْ تَلَهْوُقًا:
ان کا اخلاق ان کی عادت پختہ تھی، اس میں
کوئی تملق نہیں تھا۔
اللَّهَاقُ: سفید بیل، ہر سفید چیز
اَبْیَضُ لَهَاقٌ اَوْ لِهَاقٌ:
انتہائی سفید۔
الْمُلَهَّقُ: شَیْءٌ مُلَهَّقُ اللَّوْنِ: سفید
رنگ کی چیز۔
• لَهِمَ الشَّیْءَ ـَ لَهْمًا وَ لَهَمًا:
یکبارگی نگل جانا۔
— الْمَاءَ لَهْمًا: گھونٹ بھرنا۔
اَلْهَمَهُ اللّٰهُ خَیْرًا: اللہ کا کسی کے دل
میں نیک بات ڈالنا، خیر کی تلقین کرنا

اِلْتَهَمَ الشَّیْءَ: ایک دم نگل لینا، ہڑپ
کر جانا۔
— الْفَصِیلُ مَا فِی الضَّرْعِ: تھن
چوسنا یا تھن کا سارا دودھ پی لینا
اِلْتَهَمَ لَوْنُهُ: رنگ بدلنا۔
تَلَهَّمَ الشَّیْءَ: ایک دم نگل جانا،
ہڑپ کر لینا۔
اِسْتَلْهَمَ اللّٰهَ خَیْرًا: اللہ سے دل
میں خیر کا القاء کرنے کی دعا کرنا،
اللہ کی بہتر توفیق چاہنا، راہ نمائی
چاہنا (۲) تحریک پانا۔
الْاِلْهَامُ: اللہ کی جانب سے ایسی بات
کا دل میں القاء جو اطمینانِ قلب
کا باعث ہو۔ یہ الہام اللہ کے نیک
و باصفا بندوں کو ہوتا ہے (۲)
دل میں آنے والا مفہوم و مطلب
یا فکر و خیال۔
اللُّهَامُ: جَیْشٌ لُهَامٌ: زبردست
لشکر۔
اللِّهْمُ: ہر عمر رسیدہ شے ج: لُهُوم۔
اللَّهِمُ: بسیار خور۔
اللَّهَمُ: اللَّهِمُ۔
اللُّهْمَةُ: (مِنَ السَّوِیقِ) ستو کی
ایک پھنکی۔
اللِّهَمُّ: فیاض و نفع رساں (۲) سخی اور
بہت بخشش کنندہ (۳) آگے رہنے
والا عمدہ گھوڑا یا سخی آدمی۔
رَجُلٌ لِهَمٌّ: صائب الرائے اور
بڑا دیالو (یہ وصف صرف
مردوں کا ہے) (۲) بہت پانی والا
بڑا دریا۔
اللَّهُومُ: بسیار خور، پیٹو۔
اللُّهَیْمُ: اُمُّ اللُّهَیْمِ: مصیبت (۲)
بخار (۳) موت۔
الْمِلْهَمُ: (مِنَ الرِّجَالِ) بسیار خور

الْمِلْهَمُ: الْمِلْهَمُ۔
الْمُلْهَمُ: الہامی، الہام شدہ، خدا کا
بتایا ہوا (۲) جس پر معانی کی آمد ہو۔
• اللِّهْمِمُ: اللِّهَمُّ۔
اللُّهْمُومُ: اللِّهْمِمُ: بڑا فیاض، بڑا
صاحب خیر (۲) بڑا لشکر (۳) بہت
دودھ والی اونٹنی (۴) زوردار بارش
والا بادل (۵) بڑی تعداد ج: لَهَامِیمُ
اللُّهْمُومُ: اللِّهْمِمُ۔ جَمَلٌ لُهْمُومٌ:
بڑے پیٹ والا اونٹ ج: لَهَامِیمُ
• اَلْهَنَهُ: سفر سے واپسی پر کسی کو کھانے کی
چیز ہدیۃً دینا۔
لَهَّنَهُ الطَّعَامَ: سفر سے واپسی پر ضیافۃً
کھانا کھلانا، ناشتہ کرانا۔
تَلَهَّنَ فُلَانٌ: کھانے سے قبل کچھ ناشتہ
کرنا۔
اللُّهْنَةُ: سفر سے واپسی پر کسی کو دیا جانے
والا تحفہ (۲) مسافر کا سفر سے واپسی
پر دیا ہوا تحفہ (۳) صبح اور دوپہر
کے کھانے کے درمیان کا ناشتہ (۴)
کھانے کی تھوڑی سی مقدار۔ مَا
وَجَدَتِ الْمَاشِیَةُ اِلَّا لُهْنَةً:
مویشی کو تھوڑا بھی چارہ نہیں ملا۔
• لَهَا بِالشَّیْءِ ـُ لَهْوًا: کسی چیز سے
کھیلنا، دل بہلانا، تفریح کرنا (۲)
مانوس اور فریفتہ ہونا۔
— الْمَرْاَةُ اِلٰی حَدِیثِ صَاحِبِهَا
لَهْوًا وَلُهُوًّا: عورت کا اپنے
خاوند کی بات سے دلچسپی لینا اور
پسند کرنا۔
— عَنِ الشَّیْءِ لُهِیًّا وَلِهْیَانًا:
کسی چیز پر صبر کر کے اسے فراموش
کرنا، اس سے توجہ ہٹا کر دوسری
چیز میں مشغول ہونا، غافل ہونا۔
لَهِیَ بِهِ ـَ لَهًا: پسند کرنا، محبت کرنا،

دل بہلانا۔
لَہِيَ عن الشئِ و منه لُہِیًّا ولِہیانًا: کسی چیز سے صبر آجانا اور اسے بھول جانا، غافل ہونا، ذکر چھوڑنا۔
— عنه و به: نفرت کرنا، برا سمجھنا۔
اَلْہَی فُلَانٌ: دل کھول کر دینا۔
— فُلَانًا عن الشئِ: غافل کرنا۔
— اللَّعِبُ فُلَانًا عن كذا: کھیل کا کسی چیز سے توجہ ہٹانا، غافل کرنا
— الرَّحَی و فیہا و لَہَا: چکی کے منہ میں (پیسنے کے لئے) غلہ کی مٹھی بھر کر ڈالنا۔ اَلْہَیْتُ لِفُلَانٍ لَہْوَۃً مِنَ المالِ: میں نے فلاں کے لئے مال کا ایک حصہ الگ کیا۔
لَاہَی الشَّیْءَ: کسی چیز سے قریب ہونا متصل ہونا۔
— الغُلَامُ الفِطَامَ: بچہ کا دودھ چھوڑنے کے وقت کے قریب ہونا۔
— فُلَانًا: کسی سے جھگڑنا (۲) کسی کے ساتھ جوابًا حسن سلوک کرنا۔
لَہَّاہُ بِکَذا: کسی چیز سے بہلانا۔
اِلْتَہَی بالشئِ: کسی چیز سے کھیلنا۔
— عنه بغیرہ: ایک شے کو چھوڑ کر دوسری شے میں مشغول ہونا۔
تَلَاہَی بالمَلَاہِي: کھیلوں میں مشغول ہونا، تفریحات میں لگنا۔
— القَوْمُ: باہم کھیلنا، تفریح کرنا۔
تَلَہَّی بالشئِ: کسی چیز سے کھیلنا تفریحاً مشغول ہونا، دل بہلانا، تفریحی مشغلہ بنانا۔
— الإبِلُ بالمَرْعَی: اونٹوں کا چراگاہ میں مزے سے چرتے رہنا۔
— عنه: بے توجہ ہونا، کسی چیز کو چھوڑ کر سکون پانا۔
اِسْتَلْہَی صاحِبَهُ: اپنے ساتھی کو روکنا، ٹھیرانا، اس کا انتظار کرنا۔
اِسْتَلْہَی الشئَ: کسی چیز کو زیادہ تعداد یا مقدار میں چاہنا۔
الأُلْہُوَّۃُ: کھیل یا تفریح کی چیز جس سے کھیلا یا دل بہلایا جائے، تفریح طبع کا سامان، کھلونا۔
بَیْنَہُم أُلْہُوَّۃٌ یَتَلَاہَوْنَ بِہا: ان کے پاس ایک کھیل ہے جس سے وہ باہم کھیلتے اور تفریح کرتے ہیں۔
الأُلْہِیَّۃُ: الأُلْہُوَّۃُ۔
التَّلْہِیَۃُ: الأُلْہُوَّۃُ۔ (۲) تفریح اور دلچسپی کی بات۔
اللَّاہِي: کھلاڑی، تفریح باز۔
— عن شئٍ: بے پرواہ، غافل، بے خبر۔
اللُّہَاءُ: مقدار۔ زُہَاءُ کی طرح کہتے ہیں: لُہَاءُ مائَۃٍ (مثلاً) سو کے قریب۔
اللَّہَاۃُ: حلق کے اندر ابھرا ہوا باریک گوشت، حلق کا کوا۔ ج: لَہَوَات و لَہَیَات و لُہِيٌّ و لَہًا و لِہَاءٌ۔ مقولہ ہے: فُلَانٌ تُسَدُّ بِهِ لَہَوَاتُ الثُّغُورِ فلاں شخص ایسا طاقتور ہے کہ اس کے ذریعہ سرحدوں کی حفاظت کی جاتی ہے۔
اللَّہْوُ: کھیل کود، تفریح طبع تفریحی مشغلہ، بہلاوا، سامان تفریح، فضول کام (۲) وہ عورت جس سے تفریح لی جائے، محبوبہ (۳) ڈھول وغیرہ۔
اللُّہْوَۃُ: عطیہ، اعلیٰ ترین تحفہ، فیاضانہ عطیہ (۲) مٹھی بھر چیز۔
اشْتَرَاہُ بِلُہْوَۃٍ من مالٍ: اسے تھوڑے مال کے بدلہ خریدا، (۳) ایک ہزار درہم یا ایک ہزار دینار (۴) چکی کے منہ میں ڈالنے کا مٹھی بھر غلہ ج: لُہًا۔
اللَّہْوَۃُ: اللُّہْوَۃُ: وہ عورت جس سے تفریح کی جائے یا دل بہلایا جائے ج: لُہًا۔
اللَّہُوُّ: فُلَانٌ لَہُوٌّ عن الخَیْرِ: فلاں بھلائی سے بہت دور یا بہت غافل ہے۔ (۲) کھیل کود کی جگہ۔
المَلْہَی: کھیل کا میدان (۲) تفریح گاہ (۳) تماشہ گاہ، تھیٹر ج: المَلَاہِي
مَلْہَی القَوْمِ: اقامت گاہ۔
المَلَاہِي: سامان تفریح، آلات لہو ولعب، گانے بجانے کے آلات (اغلب یہ ہے کہ اس کا مفرد مَلْہَاۃ ہے)۔
المَلْہَاۃُ: کامیڈی وہ ڈرامہ جس میں لوگوں کے عیوب ونقائص مزاحیہ انداز میں پیش کئے جائیں ج: المَلَاہِي۔
• لَہْوَجَ و تَلَہْوَجَ: دیکھئے: لہج۔
• لَہْوَقَ و تَلَہْوَقَ: دیکھئے: لہق۔

ل — و

• لَوْ: اگر۔ حرف تقدیر۔ یہ حرف اگر مثبت فعلوں پر داخل ہوگا تو دونوں کی نفی ہو جائے گی۔ جیسے: لَوْ جَاءَنِي لَأَکْرَمْتُہُ۔ اگر وہ آتا تو میں اس کا اکرام کرتا، مگر وہ نہیں آیا تو میں نے بھی اکرام نہیں کیا۔ اور اگر دو منفی فعلوں پر داخل ہوگا تو دونوں مثبت ہو جائیں گے۔ جیسے: لَوْ لَمْ یَسْتَدِنْ لَمْ یُطَالَبْ۔ اگر وہ قرض نہ لیتا تو اس سے مطالبہ نہ

کیا جاتا، مگر چونکہ اس نے قرض لیا ہے اس لئے اس سے مطالبہ کیا جائے گا۔ اور اگر ایک نفی اور ایک ثبوت پر داخل ہو تو نفی کا ثبوت اور ثبوت کی نفی ہو جائے گی۔ جیسے: لَوْ لَمْ يُؤْمِنْ أُرِيقَ دَمُه: اگر وہ ایمان نہ لاتا تو اس کا خون بہایا جاتا۔ مگر وہ ایمان لے آیا اس لئے خون نہیں بہایا گیا۔ لو کی چھ قسمیں ہیں:

۱۔ یہ کہ وہ لو جاءَنی لَاَكْرَمْتُهُ جیسی مثالوں میں استعمال کیا جائے تو وہ تین فائدے دے گا۔

(الف) شرطیت مع علاقۂ سببیت یعنی اپنے بعد والے دو جملوں کے درمیان سببیت اور مسببیت کا تعلق قائم کرے گا (ایک جملہ دوسرے جملہ کے لئے سبب بنے گا۔ جیسے: لو جاءنی لاكرمته میں۔

(ب) زمانۂ ماضی میں شرطیت یعنی زمانۂ گزشتہ میں شرط کے پائے جانے پر جزا بھی زمانۂ ماضی میں مرتب ہوگی۔

(ج) امتناع۔ شرط کے ممتنع ہونے پر جواب کے ممتنع ہونے کا فائدہ دیتا ہے اسی لئے اس کو حرف امتناع بھی کہتے ہیں۔ جیسے: لو کَانَ فيهما آلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا۔ یہاں امتناع فسادِ کو بین امتناع وجود آلہہ بنا پر ہے۔

۲۔ یہ کہ وہ حرفِ شرط ہو برائے مستقبل، لیکن اِنْ کی طرح جزم دے۔ جیسے شاعر کا قول:

لو تَلْتَقِی اصداؤنا بعد موتنا
ومِن دون رَمْسَينا من الارض سَبْسَبُ
لَظَلَّ صدی صوتی وإن کنتُ رِمَّةً
لصوت صدی لیلی یَهَشُّ ویَطرَبُ

اگر اس کے بعد فعل مضارع ہو تو اسے ماضی کے معنی میں بدل دیتا ہے۔ جیسے: لَوْ تَقُومُ اَقُومُ اگر تو کھڑا ہوتا تو میں بھی کھڑا ہوتا۔

۳۔ یہ کہ حرف مصدری ہو بمنزلہ اَنْ لیکن یہ اَنْ کی طرح نصب نہیں دے گا۔ اس معنی میں اس کا اکثر استعمال وَدَّ يَوَدُّ کے بعد ہوتا ہے۔ جیسے: وَدُّوا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُونَ۔ ان کی خواہش ہے کہ تم بھی ڈھیلے پڑ جاؤ تو وہ بھی ڈھیلے پڑ جائیں۔ نیز يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ ان میں سے ہر کسی کی خواہش ہے کہ اس کی عمر دراز ہو۔ کبھی وَدَّ اور يَوَدُّ کے علاوہ بھی دیگر فعل کے بعد آتا ہے۔

اگر اس سے متصل فعل ماضی ہو تو وہ ماضی ہی کے معنی میں رہے گا اور اگر مضارع ہو تو وہ استقبال کیلئے خاص ہوگا۔

۴۔ تمنّی کے لئے۔ اس صورت میں اس کا جواب منصوب اور فاء کے ساتھ ہوگا۔ جیسے: لَوْ تَأْتِينِي فَتُحَدِّثَنِي۔ کاش کہ تم میرے پاس آتے تو مجھ سے باتیں کرتے۔ یا جیسے: لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُونَ مِنَ المؤمنين۔

۵۔ عرض کے لئے جیسے (اَلَا) اس کا جواب بھی فاء کے ساتھ اور منصوب ہوتا ہے۔ لَوْ تَنْزِلُ عِنْدَنَا فَتُصِيبَ خَيْرًا۔ اگر تم ہمارے پاس قیام کرو تو تم کو فائدہ ہوگا۔

۶۔ یہ کہ تقلیل کے لئے ہو۔ جیسے: تَصَدَّقُوا وَلَوْ بِظِلْفٍ مُحْرَقٍ تم خیرات کرو خواہ وہ ایک جلا ہوا کھر ہی کیوں نہ ہو۔

لَوْ اَنَّ: اگر۔

لَوْ لَا: اگر نہ۔

لَوْ لَمْ: اگر نہ، اگر نہیں۔

وَلَوْ: اگرچہ (وصلیہ) یعنی دو بعید یا متضاد حکموں یا چیزوں کو ملانے کے لئے۔ جیسے: عَاقِبِ الْمُجْرِمَ ولو کان ابنك۔

• لَابَ الرَّجُلُ اوالبَعِيرُ ـُ لَوْبًا ولُوَابًا و لَوَبَانًا: پیاسا ہونا۔ (۲) پیاسے کا پانی کے ارد گرد گھومنا اور اس تک نہ پہنچ پانا۔ هو لائِبٌ ج: لُؤُوبٌ و لُوبٌ و لَوَائِبُ وهي لائِبَةٌ ج: لَوَائِبُ۔

اَلَابَ فُلانٌ: کسی کے اونٹوں کا پیاس کی وجہ سے پانی کے گرد آنا۔

لَوَّبَ الشيءَ: کسی چیز میں زعفران وغیرہ کی خوشبو ملانا۔

اللَّائِبُ: پیاسا جانور ج: لُؤُوبٌ۔

اللَّابَةُ: سیاہ رنگ کے مجتمع اونٹ (۲) سیاہ پتھروں والی زمین ج: لابات و لَابٌ

اللُّوبُ: شہد کی مکھیاں (۲) ہانڈی میں گھومتا ہوا گوشت کا ٹکڑا۔

اللُّوبَةُ: وہ لوگ جو اپنے ہی لوگوں سے الگ تھلگ رہتے ہوں اور ان سے صلاح و مشورہ نہ کرتے ہوں، (۲) سیاہ پتھروں والی زمین ج: لُوبٌ۔

اَسْوَدُ لُوبِيٌّ: سنگلاخ سوختہ کا باشندہ۔

اللُّوبِيَاءُ: لوبیا (ایک ترکاری)

المَلَاّبُ: ایک قسم کی خوشبو (مثل زعفران)
المُلَوَّبُ: ملا ہوا لوہا۔
• لَاتَ ـُ لَوْتًا: پوچھی جانے والی بات سے الگ جواب دینا۔
ـــ فُلَانًا: کسی کے حق میں کمی کرنا۔
اللَّاتُ: طائف کا ایک بت زمانۂ جاہلیت میں بنو ثقیف جس کی پوجا کرتے تھے دیکھئے مادہ (لتت)۔
لَاتَ: کلمہ نفی بمعنی لَیْسَ۔ یہ سیبویہ کے نزدیک خاص طور پر حین سے پہلے آتا ہے۔ اس کا عمل لیس کی طرح ہے لیکن اس کے بعد اس کا معمول ثانی منصوب ہی مذکور ہوتا ہے جیسے: لَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ۔ اس کی تقدیر یہ ہے: ولَاتَ الحِيْنُ حِيْنَ مَنَاصٍ (حین اول اسم مرفوع محذوف ہے)۔
•لَاثَ الشَّجَرُ والنَّبَاتُ ـُ لَوْثًا: درختوں اور نباتات کا گھنا اور گتھا ہوا ہونا۔
ـــ فُلَانٌ فِي الأَمْرِ: تاخیر کرنا۔
ـــ عَنِ الحَاجَةِ: ضرورت کو مؤخر کرنا، ضرورت کی تکمیل دیر سے کرنا۔
مالَاثَ فُلَانٌ أَنْ غَلَبَ فُلَانًا: فلاں فلاں پر کچھ دیر کئے بغیر ہی غالب آگیا۔
ـــ العِمَامَةَ عَلَى رَأْسِهِ: سر پر پگڑی باندھنا، لپیٹنا۔
ـــ الشَّيْءَ: دو مرتبہ گھمانا (۲) کسی چیز کو حل کرنے کے لئے پانی میں ڈال کر ملنا
ـــ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا، لتھیڑنا جیسے: لَاثَ الشَّيْءَ فِي التُّرَابِ: مٹی میں لتھیڑنا۔
ـــ الشَّيْءَ فِي الفَمِ: منھ میں ڈال کر چبانا۔
لَاثَ لَوْثًا مِنْ كَلَامٍ: شرم کی وجہ سے گھما پھرا کر بات کرنا، صاف نہ بولنا
لَوِثَ فِي الأَمْرِ ـَ لَوَثًا: کسی کام میں تاخیر کرنا۔
ـــ فُلَانٌ: سست گفتار ہونا، زبان کا رواں نہ ہونا، بولا نہ جانا (۲) کمزور و ڈھیلا ہونا (۳) بیوقوف ہونا (۴) پاگل ہوجانا۔ هو أَلْوَثُ وهي لَوْثَاءُ ج: لُوْثٌ۔
أَلَاثَ مَالَهُ بِفُلَانٍ: کسی کے پاس اپنا مال امانت رکھنا۔
أَلْوَثَتِ الأَرْضُ: زمین کا خشک گھاس میں تر گھاس اگانا۔
ـــ النَّبَاتُ والشَّجَرُ: نباتات اور درختوں کا باہم گتھا ہوا ہونا۔
ـــ الشَّيْءَ: ٹھیرانا، باقی رکھنا۔
ـــ المَطَرُ النَّبَاتَ: بارش کا نباتات کو ایک دوسرے پر چڑھا دینا۔
لَوَّثَ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ایک شے کو دوسری میں ملانا، آلودہ کرنا، میلا اور خراب کرنا۔
ـــ الشَّيْءَ فِي التُّرَابِ: مٹی میں ملانا، لت پت کرنا۔
ـــ الشَّيْءَ: کسی چیز کو حل کرنے کیلئے پانی میں ڈال کر ہاتھ سے ملنا۔
ـــ المَاءَ: پانی کو گدلا اور خراب کرنا۔
ـــ فُلَانًا عَنْ كَذَا: کسی کام سے کسی کو روکنا۔
الْتَاثَ بِرِدَائِهِ: چادر میں لپٹنا، چادر اوڑھنا۔
ـــ النَّبَاتُ: نباتات کا گھنا ہونا، گنجان ہونا۔
ـــ الشَّيْءُ بِالشَّيْءِ: خلط ملط ہونا۔
التَاثَتِ الخُطُوبُ: مصائب آنا
الْتَاثَ بِالدَّمِ: خون میں لتھڑنا۔
ـــ عَلَيْهِ الأَمْرُ: کسی پر کوئی کام مشتبہ اور غیر واضح ہونا، پیچیدہ اور پریشان کن ہونا۔
ـــ بِرَأْسِ القَلَمِ شَعْرَةٌ: قلم کی نوک سے بال چپک جانا۔
ـــ فِي العَمَلِ: دیر کرنا۔
ـــ فِي كَلَامِهِ: اپنی بات کی دلیل نہ دے سکنا، عاجز رہنا۔
تَلَوَّثَ ثَوْبُهُ بِالطِّيْنِ: کپڑے کا مٹی میں آلودہ ہوجانا۔
ـــ المَاءُ أو الهَوَاءُ ونَحْوُهُ: پانی ہوا وغیرہ کا آلودہ ہونا یعنی ضرر رساں چیزوں یا ان کے ذرات کا ملجانا۔
الأَلْوَثُ: ڈھیلا ڈھالا (۲) کمزور (۳) کمزور عقل (۴) موٹی زبان والا (۵) گنجان
التلوُّثُ: آلودگی۔
التَّلَوُّثُ الجَوِّيُّ: فضائی آلودگی۔
تلوُّثُ البِيْئَةِ: ماحول کی آلودگی۔
اللَّائِثُ: آلودہ (۲) پیچیدہ (پودا)۔
اللُّوَاثُ: خشکی، وہ خشک آٹا جو گندھے ہوئے آٹے کو برتن کی سطح سے الگ رکھنے کے لئے پھیلایا جائے (روٹی پکانے کے لئے آٹے کے پیڑے کے نیچے ڈالنے کا خشک آٹا (پلیتھن)۔
اللُّوَاثَةُ: اللُّوَاثُ (۲) ہر چیز میں لتھڑ جانے اور آلودہ ہوجانے والا (۳) مختلف قبائل کی جماعت۔
اللَّوْثُ: طاقت (۲) فتنہ فساد (۳) کسی بات کا غیر واضح ثبوت، شبہ یا داغ۔ جیسے کہا جائے: لَمْ يَقُمْ عَلَى اتِّهَامِ فُلَانٍ بِالجِنَايَةِ الأَلْوَثُ: اس کے جرم میں ملوث ہونے کا صرف

معمولی سا ثبوت ہے یا اس پر ملوث ہونے کا شبہ یا داغ ہے (۴) زخم (جمع) مبنی بر کینہ مطالبات۔
اللَّوْثَةُ: بیوقوفی (۲) جنونی کیفیت۔
اللُّوْثَةُ: ڈھیلا پن (۲) سستی، سست رفتاری (۳) دیر (۴) بیوقوفی (۵) زبان کی بندش، بولنے میں رکاوٹ (۶) دیوانہ پن، جنونی کیفیت۔ بِفلانٍ لُوثَةٌ: فلاں کو جنون لاحق ہے (۷) کپڑے کا ٹکڑا جس سے گولا بنا کر کھیلا جائے
رَجُلٌ ذُوْ لُوثَةٍ: سست و کمزور ڈھیلا ڈھالا آدمی۔
اللَّوِيْثَةُ: مختلف قبیلوں کی اکٹھی جماعت
اللَّيِّثُ: گھنا، گنجان (۲) ایک دوسرے سے لپٹا ہوا۔ جیسے: نَبَاتٌ لَيِّثٌ۔
المُتَلَوِّثُ: آلودہ، لتھڑا ہوا (۲) گندا، خراب (۳) گدلا (۴) متہم۔
المَلَاثُ: مرکز (۲) جائے پناہ، شریف سردار جس کی پناہ لی جائے۔
المُلَيَّثُ: موٹا کاہل۔
• لَاحَ الشيءَ ـُ لَوْحًا: کسی چیز کو منھ میں گھمانا۔
اللَّوْجَاءُ: ضرورت، چاہت۔ مَا تَرَكْتُ فِي صَدْرِهِ حَوْجَاءَ وَلَا لَوْجَاءَ إلَّا قَضَيْتُهَا: میں نے اس کے دل کی ہر بات پوری کردی۔
• لَاحَ الشيءُ ـُ لَوْحًا: ظاہر ہونا جیسے لَاحَ الشَّيْبُ فِي رَأْسِهِ (۲) دکھائی دینا، نمایاں ہونا۔ جیسے: لَاحَ الرَّجُلُ: آدمی نظر آیا (۳) واضح و منکشف ہونا جیسے: لَاحَ لِي أَمْرُكَ (۴) چمکنا، جھلملانا، طلوع ہونا۔ جیسے: لَاحَ النَّجْمُ۔
ـــ فُلَانٌ لَوْحًا و لُوحًا و لُوَاحًا و لَوَحَانًا: پیاسا ہونا۔
لَاحَ إلى الشيءِ لَوْحًا: دور سے دیکھنا
ـــ العَطَشُ أو السَّفَرُ أو الحُزْنُ فُلَانًا: سفر، غم یا پیاس کا کسی کو دبلا اور متغیر کردینا۔
ـــ البَرْقُ لَوْحًا و لُؤُوحًا و لَوَحَانًا: بجلی چمکنا۔
لَاحَ لِي كذا: میرے ذہن میں آیا، مجھے خیال آیا۔
يلوح لي أنَّ الأمرَ كذا: مجھے ایسا لگتا ہے کہ بات ایسی ہوگی، میں ایسا سمجھتا ہوں۔
لَاحَهُ بِبَصَرِهِ: کسی کو کوئی چیز نظر آنا اور پھر چھپ جانا۔
ـــ بِهِ: ظاہر کرنا، چمکانا۔
أَلَاحَ الشيءُ: ظاہر و نمایاں ہونا۔ جیسے أَلَاحَ الرَّجُلُ و البَرْقُ و النَّجْمُ۔
ـــ بِثَوْبِهِ: اپنا کپڑا ہلا کر دور والے کے لئے اشارہ کرنا۔
ـــ بِحَقِّهِ: کسی کا حق ضائع کرنا۔
ـــ من فُلَانٍ: کسی سے بچنا، ڈرنا، شرمانا۔
ـــ عَلَى الشيءِ: بھروسہ کرنا۔
ـــ فُلَانًا: کسی کو ہلاک کرنا۔
لَوَّحَ بِالشيءِ: ظاہر کرنا، چمکانا۔
ـــ بِسَيْفِهِ: تلوار گھمانا۔
ـــ بِثَوْبِهِ: کپڑا ہلا کر اشارہ کرنا۔
ـــ لِلْكَلْبِ بِرَغِيفٍ: کتے کے سامنے روٹی ہلانا جس سے وہ پیچھے پیچھے چلے۔
ـــ فُلَانًا بِالعَصَا أو السَّيْفِ و السَّوْطِ أو النَّعْلِ: کسی کو لاٹھی تلوار یا جوتا اٹھا کر مارنا۔
ـــ البَرْدُ أو السُّقْمُ أو الحُزْنُ فُلَانًا: سردی یا بیماری کا کسی کی شکل کو بدل دینا، کمزور کردینا۔
لَوَّحَتِ الشَّمْسُ فُلَانًا: دھوپ کا کسی کے چہرے کو جھلس دینا، رنگ بدل دینا۔
ـــ الشَّيْبُ فُلَانًا: بڑھاپے کا کسی کو سفید کردینا۔
ـــ الصَّبِيَّ: بچہ کو قابل ہضم (نگل جانے والی) غذا دینا۔
ـــ الشيءَ بِالنَّارِ: آگ میں تپانا۔
ـــ الأَرْضَ: زمین پر لکڑی کے تختے بچھانا۔
الْتَاحَ: پیاسا ہونا (۲) بدل جانا۔
اسْتَلَاحَ: کسی معاملہ میں غور و فکر کرنا۔
تَلَوَّحَ الأمرُ: ظاہر و واضح ہونا۔
التَّلْوِيحُ: جھنڈی دکھانے کا عمل، اشارہ۔
اللَّائِحَةُ: مظہر، ظاہر ہونے والی صورت شکل، خط و خال ج: لَوَائِح۔
نَظَرْتُ إلَى لَوَائِحِهِ: میں نے اس کے خط و خال دیکھے (۲) ضابطہ، قانون (کسی ادارے یا محکمے کا ضابطۂ عمل) (۳) پروگرام، دستور العمل (۴) پراسپیکٹس ج: لَوَائِح۔
لَوَائِحُ الحكومة: سرکاری قوانین۔
اللَّوْحُ: ہر چوڑی چپٹی چیز، تختی، پلیٹ ج: أَلْوَاح۔ قرآن پاک میں ہے: "وَكَتَبْنَا لَهُ فِي الْأَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَوْعِظَةً وَتَفْصِيلًا لِكُلِّ شَيْءٍ"
لَوْحُ الإرْدُوَازِ: سلیٹ (خاص کالے پتھر کی پلیٹ جس پر کھریا سے لکھا جاتا ہے)۔
لَوْحُ الجَسَدِ: بدن کی ہر چوڑی ہڈی جیسے مونڈھے کی۔ فُلَانٌ تَامُّ الأَلْوَاحِ: فلاں مضبوط جسم والا ہے۔

لَمْ یَبْقَ منه الاَ الاَلْوَاحُ: اس کی صرف چوڑی ہڈیاں ہی رہ گئی ہیں یعنی دبلا اور ہڈیوں کا ڈھانچہ ہو گیا ہے

الاَلواح: ظواہر، خط وخال، نمایاں آثار

اَلْوَاحُ السِّلاحِ: چمکدار ہتھیار جیسے تلوار وغیرہ۔

لَوحُ الاَلْوَانِ: رنگوں کی تختی جس پر مختلف رنگوں کے نمونے ہوں کلر شیٹ۔

لَوحُ زجاج: شیشے کا تختہ، شیٹ

لَوحٌ مَعْدِنِیٌّ: دھات کی پلیٹ، معدنی پلیٹ۔

لَوحُ الکتابة: لکھنے کی تختی۔

اللَّوحَةُ: تختی، پلیٹ (۲) ایک نظر (۳) پینٹنگ (موٹے کاغذ یا کپڑے وغیرہ پر بنی ہوئی سینری) (۴) چارٹ

لَوحَةُ الاِعْلانات: تختۂ اعلانات، نوٹس بورڈ۔

لَوحَةُ الاَسْعَار: نرخ نامہ، نرخوں کا چارٹ۔

اللُّوحُ: پیاس (۲) زمین وآسمان کے درمیان کی ہوا۔

اللَّیَاحُ: ہر سفید چیز۔ اَبْیَضُ لیاحٌ: بالکل سفید۔ لَقِیْتُهُ بِلَیَاحٍ: میں نے اس سے بوقت عصر جب دھوپ سفید تھی ملاقات کی (۲) صبح۔

المُلْتَاحُ: تباہ شدہ، پیاس سے رنگ بدل جانے والا۔

المِلْوَاحُ: چوڑی ہڈیوں والا۔ رَجُلٌ مِلْوَاحٌ وبَعِیرٌ مِلْوَاحٌ (۲) پتلا دبلا (۳) پیاسا (۴) جلد دبلی ہونے والی عورت (۵) لمبا (۶) جلد پیاسا ہونے والا جانور (۷) وہ الّو جس کا پیر شکرے کو پکڑنے کے لئے باندھا جائے ج: مَلاوِیحُ۔

المِلْوَحُ: جسے بہت پیاس لگتی ہو۔

المِلْیَاحُ: المِلْوَاحُ۔

المُلَوِّحُ: اشارہ کنندہ، سگنل مین۔

المُلَوِّحَةُ: سگنل، اشارہ ج: مُلَوِّحات

• لاَخَهُ ـــ لَوْخًا: ملانا۔

التَاخَ الشیءُ: خلط ملط ہونا، ملجانا۔

ــــ العَجِیْنُ: آٹے میں خمیر اٹھنا۔

اللِّوَاخَةُ: دودھ میں گھل جانے والا جھاگ۔

• لَوِدَ ـــ لَوَدًا: نافرمان ہونا (۲) حق وانصاف سے دور رہنا (۳) کسی معاملہ کی جانچ پڑتال نہ کرنا۔ ھو اَلْوَدُ ج: اَلْوَادٌ (یہ جمع بہت کم آتی ہے)

الاَلْوَدُ: عُنُقٌ اَلْوَدُ: موٹی گردن ج: اَلْوَادٌ (یہ جمع بھی نادر ہے)

• لاَذَ بالشیءِ ـــ لَوْذًا ولِیَاذًا: کسی چیز کی پناہ لینا، آڑ لینا، کسی چیز کو ذریعہ تحفظ بنانا، حفاظت حاصل کرنا۔

ــــ بفلانٍ: کسی کی حفاظت میں ہونا کسی سے وابستہ ہونا۔

ــــ بالفِرار: راہ فرار اختیار کرنا۔

ــــ الطَّرِیْقُ بالدار: راستہ کا گھر سے ملا ہوا ہونا۔

اَلاَذَ بالشیءِ: کسی چیز کی آڑ میں ہونا، محفوظ ہونا۔

ــــ الطَّرِیْقُ بالدَّارِ: گھر کے اردگرد راستہ ہونا۔

لاَوَذَ بالشیءِ لِوَاذًا ومُلاَوَذَةً: لاَذَ۔

ــــ القَوْمُ: ایک دوسرے کی پناہ لینا

ــــ فُلاَنٌ: بچ نکلنے کی کوشش کرنا، فریب دیکر ایک طرف ہٹنا۔

لاَوَذَہُ: دھوکے سے گھیرنا۔

التَّلْوَاذُ: قَوْمٌ تَلْوَاذٌ: ایک دوسرے کی پناہ لئے ہوئے لوگ۔

لِوَاذُ الشیءِ: قریب قریب۔ لَهُ مِنَ الدَّرَاهِمِ مائةٌ اَوْ لِوَاذُهَا: اس کے پاس سو یا اس کے قریب قریب درہم ہیں۔

اللاَّذُ: چین کا بنا ہوا ریشمین کپڑا۔ واحد: لاَذَةٌ۔

اللَّوْذُ: پہاڑ کا کنارہ۔ اِعْتَصَمَ بِلَوْذِ الجَبَلِ واَلْوَاذِهِ: اس نے کنارہ کوہ میں پناہ لی (۲) وادی کا موڑ، (۳) گوشہ، کنارہ۔ ھو بِلَوْذِ کذا: وہ فلاں گوشہ یا کونے میں ہے۔ ھو لَوْذُهُ۔ وہ اس سے قریب ہے۔ ج: اَلْوَاذٌ۔ ھو یَطُوفُ فی اَلْوَاذِ البِلادِ: وہ اطراف ملک میں گھومتا ہے۔

لَوْذَانُ الشیءِ: کنارہ، گوشہ۔ ھو بِلَوْذَانِ کذا۔ وہ فلاں گوشہ میں ہے۔

المَلاَذُ: پناہ گاہ (۲) قلعہ۔

المَلاَوِذُ: تہبند۔ واحد: مِلْوَذٌ۔

المِلْوَذُ: المَلاَذُ۔

• لاَزَ الیه ـــ لَوْزًا: پناہ لینا۔

ــــ الشیءَ: کھانا۔

ــــ الی الکذب: جھوٹ کا سہارا لینا۔

ــــ منه: بچنا، جان چھڑانا۔

لَوَّزَ القُطْنُ: روئی کے درخت پر پھل (ڈوڈا) نکل آنا۔

ــــ التمرَ ونحوَہ: کھجور وغیرہ میں بادام بھرنا۔

اللَّوْزُ: بادام، بادام کا درخت۔ اللَّوزُ الحُلْوُ: میٹھا بادام۔ اللَّوزُ المُرُّ: کڑوا بادام۔

اللَّوزُ: اِنَّهُ لَعَوزٌ لَوزٌ۔ وہ محتاج ہے
اللَّوزِیّ: بادامی، بادامی شکل یا بادامی رنگ کا۔
اللَّوزَةُ: حلق کی گلٹی جو کوّے کے پاس ہوتی ہے، ٹونسل، غدود۔ هما لَوزَتان۔ هو یَشکو لَوزَتَیه: اس کے حلق کے غدودوں میں تکلیف ہے
اِلتِهابُ اللَّوزَتَین: ٹونسل ہونا، حلق کے غدودوں کا ورم آلود ہونا۔
طَعَنَهُ فِی لَوزَتَیه: اس کے گلے پر نیزہ مارنا۔
لَوزَةُ القُطنِ: روئی کا ڈوڈا (گول پھل جس میں سے روئی نکلتی ہے)
اللَّوزِینُ: کڑوے بادام، اور خوبانی وآڑو کے بیج سے نکالا جانے والا ایک سفید مادہ جسے پانی میں حل کر کے ایسڈ کی کچھ قسمیں بنائی جاتی ہیں
اللَّوزِینَجُ: روغن بادام سے بنائی ہوئی ایک مٹھائی لوزینہ۔
اللَّوَّازُ: بادام فروش۔
المَلازُ: پناہ گاہ۔
المَلازَةُ: اَرضٌ مَلازَةٌ: بادام کے بہت درختوں والی زمین۔
المُلَوَّزُ: حسین وملیح، جاذب صورت
رَجُلٌ مُلَوَّزٌ: بھولی صورت کا۔
• لَأَسَ الشَّیءَ ـُ لَوسًا: چکھنا۔
لَأَسَ الحَلاوَاتِ: مٹھائیوں میں سے کوئی مٹھائی پسند کر کے کھانا
هو لائِسٌ ج: لُوَّسٌ۔ هو ایضًا۔ لَؤُوسٌ و لَوَّاسٌ و اَلوَسُ۔
ـــ الشَّیءَ فِی فِیهِ: منہ میں زبان سے کوئی چیز گھمانا۔ هو لا یَلُوسُ کذا اسے فلاں چیز نہیں ملتی۔
اللَّائِسُ: مٹھائی کا شوقین۔

اللَّوَاسُ: مَاذُقتُ لَوَاسًا: میں نے کوئی چیز نہیں چکھی۔
اللُّوَاسَةُ: لقمہ یا اس سے کم مقدار جو چکھنے کے لئے ہو۔
اللَّوسُ: ما ذاقَ عندَہ لَوسًا: اس نے اس کے پاس کچھ نہیں کھایا
• لاشَ ـُ لَوشًا: بہت تھکنا۔
لَوَّشَهُ: تھکا ڈالنا۔
• لَاصَ الشَّیءَ بِعَینِه ـُ لَوصًا: دروازے کی جھری یا پردہ کی آڑ سے دیکھنا۔
ـــ عنِ الاَمرِ: ہٹنا، الگ ہونا۔
ـــ بالشَّیءِ لِیاصًا: گھانا۔
الَاصَهُ علَی الشَّیءِ: کسی چیز پر گھانا۔
ـــ الشَّیءَ: ارادہ کرنا۔ اَلَصتُ اَن آخُذَ منه شیئًا۔
لَاوَصَهُ بِعَینِه: جھری یا رخ سے دیکھنا۔
ـــ اِلَیه: فریب آمیز نگاہ سے دیکھنا، اس طرح گھورنا جیسے کسی مقصد کے لئے فریب دینا چاہتا ہو۔
ـــ فُلانًا: کسی کے ساتھ فریب کرنا، دھوکا دینا (۲) خوشامد کرنا۔
ـــ الشَّجَرَةَ: درخت کو کاٹنے یا اکھاڑنے کے لئے اس کا جائزہ لینا کہ کس طرح اس کو انجام دے۔
لَوَّصَ: خالص شہد کھانا۔
تَلاوَصَ: فریب دینا، خوشامد کرنا۔
تَلَوَّصَ: لوٹ پوٹ ہونا، پیچ وتاب کھانا، تڑپنا۔
اللَّوَاصُ: خالص شہد (۲) فالودہ، (۳) نشاستہ۔
اللُّوَصُ: کان یا گلے کا درد۔
اللُّوَصَةُ: کمر کا ریاحی درد (۲) تکان
المُلَوَّصُ: فالودہ۔

• لَاطَ الشَّیءُ بالشَّیءِ ـُ لَوطًا: چپکنا، لگنا۔
ـــ الشَّیءُ بالقَلبِ: دل پسند ہونا، دل میں کسی چیز کی خواہش ومحبت ہونا۔ هو اَلوَطُ بِقَلبِی: وہ مجھے بہت ہی پسند ہے۔
ـــ فُلانا لِواطًا: قوم لوط کا عمل کرنا، اغلام بازی کرنا۔
ـــ بِحَقِّه: کسی کی حق تلفی کرنا۔
ـــ القاضی فُلانًا بِفُلانٍ: قاضی کا کسی کو کسی سے نسبًا وابستہ کرنا۔
ـــ الحَوضَ بالطِّینِ: حوض کو گارے سے لیپنا۔ یوں بھی کہتے ہیں۔ لَاطَ بِالحَوضِ۔
ـــ فُلانًا بِسَهمٍ او عَینٍ: کسی کے تیر مارنا (۲) نظر لگانا، نگاہ مارنا۔
ـــ الشَّیءَ: چھپانا۔
لَاوَطَ: اغلام بازی کرنا، لڑکوں کے ساتھ بدفعلی کرنا۔
لَوَّطَهُ بالطِّیبِ: خوشبو ملنا۔
اِلتَاطَ بِه: چپکنا، وابستہ ہونا۔
ـــ الوَلَدَ: دوسرے کے لڑکے کو اپنا بتانا یا منہ بولا بیٹا بنانا۔
اِستَلَاطَ وَلَدًا: کسی کو اپنا بیٹا کہنا یا بنانا۔ الوَلَدُ مُستَلَاطٌ۔
لُوطٌ: ایک پیغمبر کا نام۔
اللَّوطُ: چپکنے یا لگنے والی چیز، دل گیر محبت (مصدر بمعنی صفت) اِنّی لَاَجِدُ فِی قَلبِی لَوطًا: میں اپنے دل میں ایک خواہش یا الفت محسوس کرتا ہوں (۲) پھرتیلا کارگذار آدمی، (۳) چادر۔
اللُّوطِیُّ: اغلام باز۔
اللُّوطِیَّةُ: لواطت، اغلام بازی (مصدر صناعی از لواط)

اللُّوَيطَةُ: ملا جلا کھانا۔

• لَاظَهُ ـُ لَوظًا: کسی کو نزدیک آتے ہوئے دھتکارنا (۲) مخالفت کرنا۔

التَاظَتْ عليه الحاجةُ: کسی کے لئے کام دشوار ہوجانا۔

• لاعَت الشمسُ فلانًا ـُ لَوعًا: دھوپ کا رنگ کو بدل دینا، جھلس دینا۔

—— الحبُّ فلانًا: محبت کا کسی کو بیمار کر دینا۔ فالحُبُّ لائعٌ۔

—— الهمُّ والحزنُ والشوقُ فلانًا: رنج وغم اور اشتیاق کی دل میں سوزش ہونا، دل کو جلادینا، دل جلنا۔

اَلَاعَ الثَدْيُ: پستان کا کالا ہونا، رنگ بدل جانا۔

—— الشمسُ الشيءَ: رنگ بدل دینا

لَوَّعَهُ الشوقُ: آتش شوق کا کسی کو جلا ڈالنا۔

التاعَ فؤادُهُ: دل جلنا (غم یا اشتیاق سے) دل میں سوزش ہونا۔

اللّاعة: دل کی تڑپ، سوزش جو غایت محبت کی بنا پر انسان محسوس کرتا ہے حدیث ابن مسعود رضی اللہ عنہ میں ہے: "إنّي لَأجِدُ له من اللاعةِ ما أجِدُ لِوَلَدِي": میرے دل میں اس کی ایسی ہی تڑپ ہے جیسی اپنی اولاد کی (۲) تیز خاطر اور مضبوط دل کی عورت (۳) نازوادا والی صاف ذہن حسین عورت جو اپنی شیریں گفتاری سے دل موہ لے۔

اللَّوعةُ: دل کی ٹیس یا جلن وسوزش جو انسان غم یا محبت واشتیاق کی وجہ سے محسوس کرتا ہے، سوزش عشق وغم (۲) پستان کی نوک کے گرد کی سیاہی۔

اَلْمُلْتاعُ: سوزاں، جلتا ہوا۔

اَلْمُلَوَّعُ: عشق کی آگ میں جلتا ہوا۔

• لَافَ الطعامَ ـُ لَوفًا: کھانا چبانا

اَصبحَ فلانٌ يلوفُ الطعامَ لوفًا حتى اعتدلَ واستقام شِبَعًا: فلاں نے صبح کے وقت خوب کھانا کھایا حتی کہ وہ شکم سیر ہوکر سیدھا ہوگیا۔

—— الدابّةُ الكلأَ: چوپائے کا چارۂ خشک کھانا۔

اللُّوفُ: غیر مرغوب گھاس یا کھانا۔

لُوفُ السَّبُعِ ولُوفُ الجَعْدِيِّ: ایک قسم کا پودا۔

اللُّوافةُ: پلیتھن۔

اللُّوفَةُ: نامرغوب کھانا یا گھاس۔

اللَّوّاف: شطرنجیاں بنانے والا۔

اللَّيِّفُ: سوکھی گھاس۔

المَلُوفُ: كلأٌ مَلُوفٌ: بارش سے دھلی ہوئی گھاس۔

• لاقَ الشيءَ ـُ لَوقًا: نرم کرنا۔ هو لا يَلُوقُ عندك: وہ تمہارے پاس نہیں ٹھیرے گا۔

لَوِقَ ـَ لَوَقًا: بیوقوف ہونا۔ هو اَلْوَقُ۔

لَوَّقَ الشيءَ: نرم کرنا۔

—— الطعامَ: مکھن سے کھانا تیار کرنا۔

لا آكلُ إلّا ما لُوِّقَ لي: میں وہی کھانا کھاؤں گا جس کو میرے لئے مکھن ڈال کر تیار کیا گیا ہوگا۔ لُيِّنَ حتى جُعِلَ في لِين اللُّوقَةِ: اسے مکھن کی طرح نرم کر دیا گیا۔

اللَّوَاقُ: ما ذاقَ لَوَاقًا: اس نے کچھ زبان پر نہیں رکھا۔

اللَّوَقُ: بیوقوفی۔

اللُّوقُ: ہر نرم چیز کھانے کی ہو یا دیگر۔

اللَّوقَةُ: وقت۔

اللُّوقَةُ: مکھن یا تر کھجور پر لگا ہوا مکھن۔

المِلْوَقُ: دواساز کا چمچہ۔

• لَاكَهُ ـُ لَوكًا: منہ میں پھرانا، ہلکے ہلکے چبانا۔ لاكَ اللُّقمةَ: لقمہ کو ہلکے ہلکے چبانا۔

—— الفرسُ اللجامَ: گھوڑے کا لگام چبانا۔

—— فلانٌ اَعراضَ الناس: لوگوں کی عزت وآبرو سے کھیلنا۔

اَلَاكَهُ كذا: کسی کو کوئی پیغام پہنچانا۔

اللَّوَاكُ: ما ذاقَ لَوَاكًا: اس نے کوئی چبانے والی چیز نہیں چکھی۔

• لَولا: حرف امتناع۔ یعنی ایک شے کے وجود کی بنا پر دوسری شے کے وجود کے ممتنع ہونے پر دلالت کرتا ہے اس کی تین صورتیں ہیں:

۱۔ یہ کہ وہ دو جملوں پر داخل ہو اسمیہ اور فعلیہ (علی الترتیب) اور پہلے جملے کے وجود کی بنا پر دوسرے کے امتناع کو مربوط بنائے جیسے: لَولا العلاجُ لَهَلَكَ اگر علاج نہ ہوتا وہ ہلاک ہوجاتا یعنی لَولا العلاجُ موجودٌ لَهَلَكَ۔ اگر لولا کے بعد ضمیر ہو کر صحیح اور اغلب یہ ہے کہ وہ مرفوع ہو۔ جیسے: لَولا اَنتم لَكُنّا مُؤمِنِينَ۔ دوسری ضمیر قلیل الاستعمال ہے۔ جیسے: لولای، لولاك، لولاه۔

۲۔ یہ کہ تحضیض (برانگیختگی) یا عرض (گزارش) کے لئے ہو تو فعل مضارع حقیقی یا مؤوّل کے ساتھ مخصوص ہوگا۔ جیسے: لَولا تَستغفِرونَ اللهَ۔ تم کیوں نہیں اللہ سے مغفرت طلب کرتے (یعنی تم کو ایسا کرنا چاہئے) لَولا اَخَّرتَني إلى اَجَلٍ قَرِيبٍ:

تھوڑی مدت کے لئے مجھے ڈھیل دیتے تو اچھا ہوتا۔

۳ - یہ کہ توبیخ (جھڑکی) اور تندیم (شرم دلانے) کے لئے ہو، جیسے: لَولَا جَاؤُوا عَلَيهِ بِاَربَعَةِ شُهَدَاءَ۔ وہ اس بات پر کیوں چار گواہ نہیں لاتے؟

لولا کی اصل لو ہے اسے لا کے ساتھ جوڑ دیا گیا ہے۔ اس کا جواب یا تو مذکور ہونا چاہئے یا مقدر (جبکہ تقدیر کی کوئی دلیل ہو: جیسے: وَلَولَا فَضلُ اللهِ عَلَيكُم وَرَحمَتُهُ وَاَنَّ اللهَ تَوَّابٌ حَكِيمٌ۔ جواب مقدر (لهلكتم) کی دلیل وَاَنَّ اللهَ الخ ہے اس کے جواب پر اکثر لام آتا ہے الا یہ کہ وہ جواب منفی بِلَم ہو تو لام داخل نہیں ہوگا۔ یا منفی بِما ہو تو کم داخل ہوگا۔

اللَّولَاءُ: نقصان، سختی، مصیبت۔ وَقَعُوا فِى اللَّولَاءِ۔

• اللَّولَبُ: زور سے نکلنے والی پانی کی گول دھار (۲) اسپرنگ جس کے ایک طرف اٹکانے کا مڑا ہوا سرا ہو اور دوسری طرف کھینچنے کا حلقہ، (۲) وزن بردار آلہ، چھوٹا جرِّثقیل (۳) موسیقی کا ایک آلہ (۴) پیچ دار کیل ج: لَوَالِبُ۔

اللَّولَبِيُّ: پیچ دار (۲) اسپرنگ دار۔

السُّلَّمُ اللَّولَبِيُّ: پیچ دار زینہ۔

الحَرَكَةُ اللَّولَبِيَّةُ: جسم کی وہ دائرہ نما حرکت جو مقررہ محور کے گرد ہو اور اس سے اسی رخ پر دوسری حرکت پیدا ہو۔

المُلَولَبُ: پھرکی، گھمانی وغیرہ۔

• لَامَهُ عَلَى كَذَا ـ لَومًا: کسی کو ملامت کرنا، آڑے ہاتھوں لینا۔ هو لَائِمٌ ج: لُوَّمٌ و لُيَّمٌ۔ ایضًا هو لَوَّامٌ و لَوَّامَةٌ و لُومَةٌ۔ ذَاكَ مَلُومٌ و مَلِيمٌ۔ اَنتَ اَلوَمُ مِن فُلَانٍ۔ تم فلاں کے مقابلہ میں ملامت کئے جانے کے زیادہ لائق ہو۔

ـــ فُلَانًا: کسی کو اپنی بات بتانا۔

لِيمَ بِالرَّجُلِ: کسی کی راہ یا مقصد میں رکاوٹ پڑنا جیسے سواری کا گم ہو جانا وغیرہ۔

اَلَامَ فُلَانٌ: قابل ملامت کام کرنا (۲) قابل ملامت ہونا۔ هو مُلِيمٌ۔ قرآن پاک میں ہے "فَالتَقَمَهُ الحُوتُ وَهُوَ مُلِيمٌ"

ـــ فُلَانًا: ملامت کرنا۔

لَاوَمَهُ مُلَاوَمَةً و لِوَامًا: ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔

لَوَّمَهُ: بہت ملامت کرنا۔

ـــ لَامًا: لام (حرف) لکھنا۔

اِلتَامَ: ملامت قبول کرنا، ملامت کا نشانہ بننا۔

تَلَاوَمُوا: باہم ملامت کرنا۔

تَلَوَّمَ عَلَى الاَمرِ: کسی بات پر جمنا۔

ـــ فِى الاَمرِ: توقف کرنا، ٹھیرنا۔

اِستَلَامَ: لائق ملامت ہونا۔ هو مُستَلِيمٌ۔

ـــ اِلَيهِم: لوگوں سے قابل مذمت سلوک کرنا۔

ـــ اِلَى ضَيفِهِ: مہمان سے اچھا سلوک نہ کرنا۔

اللَّائِمُ: ملامت گر۔

اللَّائِمَةُ: ملامت۔ اِستَحَقَّ اللَّائِمَةَ: مستحق ملامت ہونا۔ اَنحَى عَلَيهِ بِاللَّائِمَةِ و بِاللَّوَائِمِ: کسی کے پاس ملامت کرتے ہوئے آنا۔ ج: لَوَائِمُ۔

اللَّامُ: حروف ہجائیہ میں سے ایک حرف یہ اصل بھی ہوتا ہے، بدل بھی اور زائد بھی ج: لامات (۲) ہر سخت چیز (۳) خوف (۴) انسان کی ذات، وجود۔

اللَّامِيَّةُ: وہ قصیدہ جس کے اخیر میں حرف لام ہو جیسے شنفری کی لامیة العرب اور طغرائی کی لامیة العجم۔

اللَّامَةُ: خوف (۲) قابل ملامت فعل۔

اللُّوَامَةُ: ضرورت۔ قَضَى القَومُ لُوَامَاتٍ لَهُم: قَد تَلَوَّمَ عَلَى لُوَامَتِهِ: وہ اپنی ضرورت یا کام پر ڈٹا رہا۔

اللَّومُ: ملامت (۲) خوف۔

اللَّومَى وَاللَّومَاءُ: ملامت۔

اللَّومَةُ: ملامت، قابل ملامت فعل۔

اللُّومَةُ: رَجُلٌ لُومَةٌ: لوگوں کی ملامت کا نشانہ۔ لِى فِيهِ لُومَةٌ: اس میں مجھے توقف ہے، تأمل ہے یا انتظار ہے۔

المُتَلَوِّمُ: بدسلوکی یا نازیبا حرکت پر ملامت کا نشانہ بننے والا، نشانۂ ملامت (۲) اپنی ضرورت کی تکمیل کا منتظر۔

المَلَامُ و المَلَامَةُ: ملامت، خوف، ج: المَلَاوِمُ۔

المُلِيمُ: قابل ملامت۔

• لَومَا: کلمہ بمنزلہ لَولَا۔ یہ بھی لولا کی طرح دو جملوں پر داخل ہوتا ہے پہلا اسمیہ دوسرا فعلیہ۔ اور پہلے کے وجود کی بنا پر دوسرے کے امتناع کو ثابت کرتا ہے۔ شاعر کا قول:

لوما الاِمَاحَةُ للوُشَاةِ لَكان لی
من بَعدِ سُخطِكَ فی رِضاكَ رَجاءُ
اگر چغلخوروں کی بات نہ سنی جاتی
تو میں تیری ناراضگی کے بعد بھی تجھ سے
رضا کی امید رکھتا۔
یہ جملہ فعلیہ پر بھی داخل ہوتا ہے اور
تحضیض (اکسانے) کے معنی دیتا
ہے جیسے قرآن پاک میں ہے: "لَوْمَا
تَأْتِينَا بِالْمَلَائِكَةِ": تم ہمارے
پاس آخر فرشتوں کو کیوں نہیں لاتے
(یعنی لانا چاہیے)۔
• لَوَّنَ الشیءُ: رنگ آنا، رنگ پکڑنا۔
ـــ البُسْرُ: کھجور میں پکنے کا رنگ ظاہر
ہونا۔
ـــ الشَّيْبُ فيه: کسی پر بڑھاپے کی سفیدی
ظاہر ہونا۔
ـــ الشیءَ: رنگنا، رنگین بنانا۔
تَلَوَّنَ: رنگین ہونا، رنگین بننا۔
ـــ فُلانٌ: متلون مزاج ہونا، ایک عادت
پر قائم نہ رہنا (۲) رنگ بدلتے رہنا۔
اِلْوَنَّ: تَلَوَّنَ۔
التَّلْوِينُ: بھوک کے لئے انواع واقسام کے کھانے پیش کرنا
(۲) کلام میں ایک اسلوب سے دوسرے اسلوب کی طرف منتقلی۔
اللَّوْنُ: رنگ (۲) نوع، قسم ج: اَلْوَانٌ
اَتی بِاَلْوانٍ من الحدیثِ و
الطَّعامِ: اُس نے مختلف قسم کے
کھانے یا طرح طرح کے اسالیب کلام
پیش کیے۔
تناوَلَ كذا وكذا لونًا من
الطَّعامِ: اس نے فلاں فلاں قسم کے
کھانے کھائے۔
اللَّونُ الباهِتُ: پھیکا رنگ۔
اللَّوْنُ الزَّاهِي: بھڑکدار یا شوخ
رنگ۔
اللَّون الفاتِحُ: کھلا ہوا رنگ۔

اللَّوْنُ القَاتِمُ: گہرا رنگ۔ جیسے:
الاَحْمَرُ القَاتِمُ والاسود
القاتِمُ۔
المُلَوَّنُ: رنگین۔
المُلَوَّنُونَ (من النَّاسِ): رنگ والے
(غیر گورے) لوگ۔
• لَاهَ السَّرَابُ ـُ لَوْهًا و لَوَهَانًا:
دوپہر کو ریت (سراب) کا چمکنا۔
تَلَوَّهَ السَّرَابُ: سراب چمکنا۔
اللَّاهَةُ: سانپ۔
لَوْهُ السَّرَابِ و لَوْهَتُهُ: سراب کی
چمک۔ رَأَيْتُ لَوْهَ السَّرَابِ
و لَوْهَتَهُ: میں نے سراب کی
چمک دمک دیکھی۔
اَلْوَى فُلانٌ: کسی کا حرف لَو لَو
کہہ کر بہت آرزو کرنا۔
الاَلُوَّةُ: ایک قسم کی گھاس جو گرم علاقوں
میں پیدا ہوتی ہے۔
الاَلُوَّةُ: عود ہندی (ایک خوشبودار
لکڑی جو جلانے سے خوشبو دیتی ہے)
اللَّوُّ: مخفی کلام (۲) باطل، لغو۔ کہتے
ہیں: هو لا يَعْرِفُ الحَوَّ من
اللَّوِّ: اسے حق اور باطل کی شناخت
نہیں ہے۔ اِيَّاكَ واللَّوَّ،
فَاِنَّ اللَّوَّ من الشَّيْطانِ: تم کو
اس طرح کہنے سے بچنا چاہئے کہ اگر
ایسا ہوتا تو یوں ہوتا ویسا ہوتا تو یوں
ہوتا کیونکہ یہ حسرت و آرزو شیطان
کا خاصہ ہے۔
اللَّوَّةُ: لَوَّةً لفلانٍ بِما صَنَعَ۔ فلاں
کا برا ہو کہ اس نے ایسا کیا۔
اللُّوَّةُ: دھونی کی لکڑی، عود۔
• لَوَى عليه ـِ لَيًّا و لَوِيًّا: کسی
کی طرف متوجہ ہونا، مائل ہونا یا
منتظر ہونا۔ مَرَّ لا يلوي على

اَحَدٍ: وہ کسی کی طرف متوجہ ہوئے
بغیر گزر گیا، وہ کسی کا انتظار کیے بغیر
گزر گیا۔
لَوَى عن الاَمْرِ: کسی کام سے پیچھے ہٹنا،
کسی کام میں سستی برتنا اور چھوڑ دینا
ـــ الشیءَ: مروڑنا، موڑنا، بٹ دینا،
جیسے: لَوَى اليَدَ والاِصْبَعَ
والحَبْلَ۔
ـــ الثَّوْبَ: کپڑے کو نچوڑ کر پانی نکال دینا
ـــ رَأْسَه و بِرَأْسِهِ: سر کو جھکانا،
پھرانا، منہ پھیرنا۔
ـــ الحُزْنُ قَلْبَهُ: غم کا دل کو ہلا دینا
ـــ فلانًا دَيْنَه و بِدَيْنِه لَيًّا و
لِيًّا و لِيَّانًا: کسی کا قرض ادا کرنے
میں ٹال مٹول کرنا۔
ـــ فلانًا حَقَّهُ: کسی کا حق نہ ماننا،
کسی کے حق سے منکر ہونا۔
ـــ اَمْرَه عن فُلانٍ لَيًّا و لَيَّانًا:
کسی سے اپنی بات چھپانا۔
ـــ عنه الخَبَرَ: کسی کو غلط بات بتانا،
خبر بگاڑ کر بتانا۔
ـــ سِرَّهُ: راز چھپانا۔
ـــ فلانًا على فُلانٍ لَيًّا: کسی کو کسی
پر ترجیح دینا۔
لَوَتِ اللَّيالی كَفَّه على العَصَا:
زمانہ نے اسے بوڑھا کر دیا۔
فُلانٌ ما يُلْوَى ظَهْرُهُ: فلاں بڑا
طاقتور ہے کوئی اسے پچھاڑ نہیں سکتا۔
لَوِيَ الرَّمْلُ وغيرُهُ ـَ لَوًى:
خم دار ہونا، بل دار ہونا، ٹیڑھا ہونا
ـــ الفَرَسُ: گھوڑے کا مڑی ہوئی کمر
والا ہونا۔ هو لَوٍ۔
ـــ القَرْنُ: سینگ کا مڑا ہوا ہونا۔
هو اَلْوَى ج: لُيٌّ۔
ـــ فُلانٌ: کسی کے پیٹ یا معدہ میں

درد ہونا۔ ھو لَوٍ و ھی لَوِیَۃٌ۔
لَوِیتِ المِعدَۃُ: معدہ خراب ہونا، بدہضمی ہونا۔ کہاوت ہے: لَتَجِدَنَّہٗ اَلْوَی بَعِیدَ المُسْتَمَرِّ: تم اسے جھگڑالو اور ناقابل شکست پاؤ گے۔
لَوِیَ الرَّجُلُ: علیحدگی پسند ہونا۔ ھو اَلْوَی و ھی لَیَّاءُ۔
—الطَّرِیقُ: راستہ گم اور نا معلوم ہونا۔ ھو اَلْوَی۔
—الکَلَأُ: گھاس کا سوکھ جانا۔
لَوِیتِ الحَیَّۃُ: سانپ کا بل کھانا۔
اَلْوَی بِرَأسِہٖ: سر گھمانا، موڑنا۔
—الاِنْسَانُ: ریت کے ٹکڑے پر ہونا (۲) بہت آرزوئیں کرنا۔
—فُلَانٌ: خشک کھیتی والا ہونا (۲) دوسرے سے چھپائی ہوئی چیز کھانا یا مہمان یا اپنے لئے محفوظ کی ہوئی چیز کھانا۔
—البَقْلُ: سبزی کا مرجھانا اور خشک ہو جانا۔
—بِالشَّیْءِ: لے جانا، زائل کرنا۔
—بِیَدِہٖ او بِثَوْبِہٖ: ہاتھ یا اپنے کپڑے سے اشارہ کرنا۔
—بِحَقِّہٖ: کسی کے حق کا انکار کرنا۔
—بِمَافِی الاِنَاءِ: برتن کی چیز کو صرف اپنے لئے خاص کرنا، دوسرے کو موقع نہ دینا۔
—بِھِمِ الدَّھْرُ: زمانہ کا ہلاک کر دینا۔
—بِکَلَامِہٖ: اپنی بات کو غلط رخ دینا، تبدیلی کر دینا۔
—العُقَابُ بِالشَّیْءِ: عقاب کا کوئی چیز لے کر اڑ جانا۔
—اللِّوَاءَ: جھنڈا بنانا یا اٹھانا، پرچم بلند کرنا، علم بردار ہونا۔

لَاوَتِ الحَیَّۃُ الحَیَّۃَ مُلَاوَاۃً و لِوَاءً: سانپ کا سانپ پر لپٹنا۔
لَاوَیٰ فُلَانٌ: لا (نہیں) کہنا۔
—فُلَانًا: کسی کی مخالفت کرنا۔
لَوَّی عَلَیْہِ الاَمْرَ: کسی کے لئے اس کے کام کو دشوار کر دینا۔
—اَعْنَاقَ الرِّجَالِ فِی الجِدَالِ: لڑائی میں لوگوں پر غالب آنا۔
اِلْتَوَی الشَّیْءُ: مڑنا، بل دار ہونا، بل پڑنا، ٹیڑھا ہونا۔ اِلْتَوَی الرَّمْلُ: ریت کا مڑا ہوا یا بل کھاتا ہوا ہونا
—الاَمْرُ: پیچیدہ اور دشوار ہونا
—عَنِ الاَمْرِ: کسی کام سے پیچھے ہٹنا۔
—لَوِیَّۃً: کھانا چھپا کر رکھنا یا مہمان وغیرہ کے لئے محفوظ رکھنا۔
تَلَاوَوْا عَلَیْہِ: کسی کے پاس جمع ہونا (۲) کسی بات پر متفق ہونا۔
تَلَوَّی الشَّیْءُ: اِلْتَوَی۔
—البَرْقُ فِی السَّحَابِ: بادل میں بجلی کا ادھر ادھر چمکنا، لہریں مارنا۔
تَلَوَّتِ الحَیَّۃُ: سانپ کا کنڈلی مارنا، لپٹنا۔
اِسْتَلْوَی بِھِمِ الدَّھْرُ: زمانہ کا لوگوں کو ہلاک کر دینا۔
الاِلْتِوَاءُ: جسم کے یک طرفہ گھومنے کی حالت (یعنی ایک سرا کسی جگہ جما دیا جائے اور دوسرے سرے کو گھمایا جائے) (۲) ہاتھ وغیرہ کی موچ (۳) پیچیدگی، دشواری، الجھاؤ۔
الاَلْوَاءُ: وادی کے گوشے (۲) اطراف ملک واحد: لِوًی۔
الاَلْوَی: جھگڑالو، طاقتور و نا قابل شکست (۲) عزلت نشین (۳) ٹیڑھا
الاَلْوَۃُ: (دیکھئے: لوو)
اللَّاوِیَاءُ: داغ دینے کا آلہ۔

اللَّوَی: بمعنی اللَّاتِی۔ الَّتِی کی جمع (اسم موصول جمع مؤنث) جیسے: ھُنَّ اللَّوَی فَعَلْنَ (۲) معدہ کا درد۔
اللِّوَی: مڑا ہوا اور بل کھاتا ہوا ریت یا ریت کا کنارہ۔ ٹکڑا ج: اَلْوَاءٌ۔
اللِّوَاءُ: جھنڈا، پرچم (جس میں بانس وغیرہ لگا ہوا ہو) رایۃ سے چھوٹا، ج: اَلْوِیَۃٌ و اَلْوِیَاتٌ۔ کہتے ہیں: بَعَثُوا بِالسِّوَاءِ و اللِّوَاءِ: انہوں نے فریاد رسی کا پیغام بھیجا (۲) چند فوجی دستوں کا مجموعہ (بریگیڈ) (۳) ایک فوجی عہدہ جو عقید اور فریق کے درمیان ہوتا ہے، جنرل، میجر جنرل (۴) کمشنری یا ضلع، ملک کا ایک انتظامی یونٹ۔ قائدُ لِوَاءٍ: بریگیڈیر جنرل۔ اَمِیرُ اللِّوَاءِ: بریگیڈیر جنرل۔
اللَّوَّاءُ: ایک پرندہ جو اپنے پیچھے کی جانب گردن موڑتا ہے اور سانپ کی طرح بل کھاتا ہے۔
اللَّوِیُّ: سوکھی گھاس یا نیم تر گھاس۔
اللَّوِیَّۃُ: وہ کھانا وغیرہ جو دوسروں سے چھپا کر رکھا گیا ہو یا اپنے اور مہمان کے لئے محفوظ کیا گیا ہو ج: لَوَایَا۔
اللَّیَّۃُ: ایک دفعہ کا موڑ، پیچ، بل، کنڈلی (۲) حقہ کی پیچ دار نلکی ج: لِوًی۔
اللَّیَّاءُ: دیکھئے: لَیٌّ۔
اللَّیَّانُ: قید، آزادی کی ضد۔
اللِّیَّۃُ: قریبی رشتہ داریاں (۲) دھونی کی لکڑی، عود۔
المَلَاوِی: پیچیدہ راستے۔ واحد: مَلْوَی۔ موسیقی میں تانت باندھنے کے لکڑی کے ٹکڑے۔ واحد: مِلْوَی۔
المُلْتَوِی: پُرپیچ، بل دار، پیچیدہ، ٹیڑھا، خم دار۔
المُلْتَوَی: وادی کا موڑ۔

ل ـــــ ی

• لَاتَهُ عن الأمرِ ـ لَيْتًا: کسی کام سے روکنا۔

ـــ فُلَانًا حَقَّهُ: کسی کے حق میں کمی کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "لَا يَلِتْكُم مِّنْ أَعْمَالِكُمْ شَيْئًا": وہ تمہارے اعمال میں کوئی کمی نہیں کرے گا، یعنی جو حق ہوگا وہ پورا دے گا۔

ـــ فُلَانًا: کسی کو بات بدل کر بتانا۔

أَلَاتَهُ عن كذا: روکنا۔ مَا أَلَاتَهُ مِنْ أَجْرِهِ شَيْئًا: اس کے اجر میں کوئی کمی نہیں کی۔

اللِّيتُ: گردن کا کنارہ۔ تثنیہ لِيتَان، ج: أَلْيَاتٌ۔

لِيتُ الرَّمْلِ: ریت کا لمبا اور پتلا سلسلہ۔

• لَيْتَ: کاش۔ حرف تمنّی۔ عام طور پر ناممکن الحصول شے کی تمنا کے لئے آتا ہے جیسے: لَيْتَ الشَّبَابَ يَعُودُ۔ ممکن شے کی تمنا کے لئے کم آتا ہے جیسے: لَيْتَ المسافِرَ حَاضِرٌ۔ یہ حروف مشبہ بالفعل میں سے ہے، اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے، کبھی اس کے ساتھ ما بڑھا کر لَيْتَمَا کہا جاتا ہے لیکن اسمار پر داخل ہونے کی خصوصیت برقرار رہتی ہے۔ کبھی اسے وَجَدْتُ کے معنی میں لیا جاتا ہے تو کہا جاتا ہے: لَيْتَ زَيْدًا شَاخِصًا: کاش کے وہ زید کو آتا ہوا دیکھتا۔ اگر اس کے ساتھ یار متکلم لگائی جائے تو کہا جائے گا: لَيْتَنِي، لَيْتِي کہنا نادر ہے۔

• لَايَثَهُ مُلَايَثَةً ولِيَاثًا: کسی کے ساتھ کودنے میں مقابلہ کرنا، کسی کے ساتھ مل کر چھلانگ لگانا (۲) شیر کی طرح کسی کے ساتھ مقابلہ کرنا۔

لَيَّثَ فُلَانٌ: شیر جیسا ہونا (۲) بنو لیث قبیلہ سے تعلق رکھنا یا ان جیسے جذبات اور عصبیت رکھنا۔

تَلَيَّثَ فُلَانٌ: لَيَّثَ۔

اِسْتَلْيَثَ: شیر جیسا ہونا۔

الأَلْيَثُ: بہادر۔ هو أَلْيَثُ أَصْحَابِه وہ اپنے رفقاء میں سب سے زیادہ مضبوط وبہادر ہے ج: لِيثٌ۔

اللَّائِثُ: شیر۔

اللَّيْثُ: طاقت ومضبوطی (۲) شیر (۳) شیر کی طرح بہادر (۴) لسّان اور حجت باز (۵) مکھیاں کھانے والی مکڑی ج: لُيُوث۔

لَيْثُ عِفِرِّينٍ: بیوے کی طرح کا ایک جانور جو راہ گیروں کو ستاتا ہے۔

اللَّيْثَةُ: شیرنی ج: لَيْثَاتٌ (۲) مضبوط اونٹ۔

المِلْيَثُ: مضبوط وتوانا (۲) کٹ حجت زبان زور۔

المُلَيَّثُ: جھبرا اور موٹا۔ فَحْلٌ مُلَيَّثٌ: شیر جیسا سانڈ۔

• لَيِسَ فُلَانٌ ـ لَيَسًا: نڈر اور بہادر ہونا (۲) خانہ نشین ہونا، گھر سے نہ نکلنا۔

ـــ عنه: غافل ہونا۔ هو أَلْيَسُ ج: لِيسٌ۔

تَلَايَسَ فُلَانٌ: متحمل مزاج اور خوش اخلاق ہونا۔

ـــ عن كذا: چشم پوشی کرنا۔

تَلَيَّسَ فُلَانٌ: مضبوط ہونا۔

الأَلْيَسُ: گھر میں پڑا رہنے والا، خانہ نشین (۲) بے غیرت وبدطینت آدمی جس سے سب مذاق کرتے ہوں (۳) شیر (۴) ہر بوجھ اٹھانے والا اونٹ ج: لِيسٌ۔

• لَيْسَ: نہیں حال کی نفی کرنے والا کلمہ غیر حال کی نفی کسی قرینہ سے کرتا ہے جیسے: لَيْسَ الرَّجُلُ ذَكِيًّا۔ لَيْسَ خَلْقُ اللهِ مِثْلَهُ۔ یہ غیر متصرف فعل ہے جس کے مضارع کے صیغے نہیں بنتے، اس کا وزن فَعِلَ ہے۔ عین کلمہ کو برائے تخفیف لزوما ساکن کر دیا گیا۔ بعض کے نزدیک اس کی اصل لَا أَيْسَ ہے ہمزہ ساقط کرکے لَيْسَ کر دیا گیا۔ لَيْسَ جملہ اسمیہ پر داخل ہو کر اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے۔ جیسے: لَيْسَ زَيْدٌ قَائِمًا لیکن کَانَ اور اخوات کان کی طرح اس کی خبر مقدم کرنا جائز نہیں۔ کبھی یہ استثناء کے لئے بھی آتا ہے جیسے: أَتَانِي القَوْمُ لَيْسَ زَيْدًا اس وقت اس کا اسم اس میں مضمر ہوتا ہے اور اس کی خبر منصوب ہی ہوتی ہے نیز لیس برائے استثنا مفرد ہی استعمال ہوتا ہے۔ کہتے ہیں: جَاءُوا لَيْسَ المُتَخَلِّفِينَ: وہ سوائے پچھلوں کے سب آگئے۔ لیسوا کہنا صحیح نہیں ہے کبھی اس کا اسم ثانی اِلَّا کے ساتھ مل کر آتا ہے۔ جیسے: لَيْسَ الطِّيبُ إِلَّا المِسْكَ۔ بنو تمیم کے لوگ المسك کو رفع دیتے ہیں اور حجازی اسے نصب دیتے ہیں۔

لَيْسَ جملہ فعلیہ یا مبتداء یا خبر مرفوع پر داخل ہوتا ہے تو اس کا اسم ضمیر شان ہوتی ہے اور بعد کا جملہ محل نصب میں ہو کر اس کی خبر بنتا ہے۔ جملہ فعلیہ کی مثال: لَيْسَ يقوم زَيْدٌ۔

مبتدا مرفوع اور خبر مرفوع کی مثال:
لَیْسَ زَیْدٌ قَادِمٌ۔ دونوں مثالوں
میں لیس میں ضمیر شان اس کا اسم
مرفوع ہے اور مابعد محل نصب میں
خبر ہے۔
اس کی خبر پر تاکیدِ نفی کے لئے بار
بھی داخل ہوتی ہے اور وہ مدخول
علیہ کو مجرور کر دیتی ہے لیکن محلاً وہ
منصوب ہوتی ہے۔ جیسے: لَیْسَ
اللّٰهُ بِظَالِمٍ۔

•لَاصَ عنه ـِ لَیْصًا: الگ ہونا، ایک
طرف ہونا۔

ـــ الشیءَ: اکھاڑنے کے لئے ہلانا، یا
اکھاڑنا، نکالنا۔

اَلَاصَ الشیءَ: لَاصَهُ۔

ـــ فُلانا عن کذا: کسی بات کے لئے
پھسلانا، دھوکا دینا۔

•لَاطَ بالشیءَ ـِ لَیْطًا: چپکنا، چمٹنا۔
فُلانٌ ما یَلِیْطُ بِهِ النَّعِیْمُ: فلاں
آدمی کے لائق نعمت نہیں ہے۔

ـــ الشیءُ بِقَلْبِه: کوئی چیز دل سے لگنا،
دل میں اس کی محبت ہونا

ـــ القاضی فُلانًا بِفُلانٍ: قاضی کا
کسی کو کسی کے ساتھ نسبًا جوڑنا۔

ـــ اللّٰهُ فُلانًا: خدا کا کسی پر لعنت کرنا
شیطان لیطانٌ: ملعون شیطان۔

اَلَاطَهُ: چپکانا، وابستہ کرنا۔

لَیَّطَهُ: اَلَاطَه۔ لَیَّطَ الوَلَدَ بِاَبِیهِ:
لڑکے کو اس کے باپ کے ساتھ وابستہ کرنا

اللِّیَاطُ: رنگ (۲) چونا (۳) گچ۔

اللِّیْطُ: ہر چیز کا چھلکا (۲) کھال ج: اَلْیَاطٌ
(۳) رنگ۔ اَتَیْتُهُ ولِیْطُ الشَّمْسِ
لَمْ یُقْشَرْ: میں اس کے پاس اس
وقت آیا جب سورج کا رنگ نہیں
بدلا تھا۔ یعنی علی الصباح آیا (۴) عادت
وخصلت۔ فُلانٌ لَیِّنُ اللِّیْطِ:
فلاں نرم مزاج ہے۔

اللِّیْطَةُ: ہر مضبوط اور سخت چیز کا چھلکا
جیسے بانس وغیرہ کا ج: لِیْطٌ و
لِیَاط واَلْیَاط۔

•لَاعَ ـَ لَیْعًا ولَیَعَانًا: گھبرانا، (۲)
گھٹنا، تنگ ہونا، تنگ دل ہونا،
جھنجھلانا، اکتانا (۳) رنجیدہ ہونا،
پریشان ہونا۔

ـــ الجوعُ فُلانًا لَیْعَةً: بھوک کا
کسی کو تڑپانا۔ هو لائِعٌ ولَاعٌ
وهی لائِعَةٌ ولَاعَةٌ۔

اَلَاعَ: تنگ دل ہونا، پریشان ہونا۔

اللِّیَاعُ: رِیْحٌ لِیَاعٌ: گرم اور تیز ہوا۔

لَیْعَةُ الجُوعِ: بھوک کی تڑپاہٹ،
بے قراری، سوزش۔

المِلْیَاعُ: جلد پیاسے ہونے والے اونٹ،
یا وہ اونٹ جو آگے بڑھ کر پھر پیچھے
لوٹ کر دوسرے اونٹوں سے مل جاتے
ہوں۔

•لَاغَهُ الشیءَ ـِ لَیْغًا: کسی کو کسی چیز
سے ہٹانے کے لئے پھسلانا۔

تَلَیَّغَ: بیوقوف بننا۔

الاَلْیَغُ: صاف نہ بول سکنے والا جس کی
گفتگو میں ہر لفظ پہ اٹکلتی ہو۔ فُلانٌ
اَلْثَغُ واَلْیَغُ: فلاں توتلا اور ہکلا ہے

اللَّائِغُ: طَعَامٌ سَائِغٌ لَائِغٌ: خوشگوار
کھانا۔

اللَّیَّاغَةُ: بیوقوف۔

اللَّیِّغُ: طَعَامٌ سَیِّغٌ لَیِّغٌ: خوش گوار کھانا

•لَافَ الطعامَ ـِ لَیْفًا: کھانا کھانا

لَیَّفَتِ الفَسِیْلَةُ: کھجور کے درخت
کا موٹی چھال والا ہونا، بہت چھال
والا ہونا۔

ـــ الشیءَ: کھجور کی چھال سے دھونا۔

لَیَّفَ اللِّیْفَ: چھال تیار کرنا۔

اللِّیْفُ: کھجور کے درخت کی چھال، ریشے۔
واحد: لِیْفَةٌ ج: اَلْیَافٌ۔

اللِّیْفَانِیٌّ: گھنی داڑھی والا۔ لِحْیَةٌ
لِیفانِیَّةٌ: گھنی اور پھیلی ہوئی داڑھی
والا۔

الاَلْیَافُ الصِّنَاعِیَّة: مصنوعی ریشے
الاَلْیَافُ العَصَبِیَّةُ: عصبی ریشے۔

•لاقَت الدَّواةُ ـِ لَیْقًا: دوات
میں صوف سے سیاہی لگنا، چمٹنا، ٹھیک
ہونا۔ هی لَائِقٌ۔

ـــ الدَّواةَ: دوات میں صوف ڈال
کر سیاہی ٹھیک کرنا۔ فالدَّواةُ
مَلِیْقَةٌ۔

ـــ الشیءُ به لَیْقًا ولَیَاقًا ولَیَقَانًا:
چپکنا، چمٹنا۔

ـــ الشیءُ بِقَلْبِه: دل کو لگنا، دل میں
بیٹھنا۔

ـــ الشیءُ به: لائق و مناسب ہونا۔
فُلانٌ لا یَلِیقُ بِبَلَدٍ: فلاں کسی
شہر میں نہیں ٹھیرتا۔ ولا یلیق به
بَلَدٌ: کوئی شہر اسے راس نہیں آتا
ما لِقْتُ بَعْدَكَ بِاَرْضٍ
میں نے تمہارے بعد کسی زمین میں قرار
نہیں پکڑا۔ فُلانٌ ما یَلِیْقُ بِكَفِّهِ
دِرْهَمٌ: فلاں کے ہاتھ میں پیسہ نہیں
ٹھیرتا۔

ـــ به الثَّوبُ: کپڑا کسی کے فٹ آنا،
موزوں ہونا۔

اَلَاقَ الدَّوَاةَ: دوات ٹھیک کرنا۔

ـــ فُلانًا بِنَفْسِه: کسی کو اپنے سے
وابستہ کرنا، اپنے ساتھ لگانا۔
ما اَلَاقَتْنِی اَرْضٌ: مجھے کوئی زمین
راس نہیں آئی۔ فُلانٌ مَا یُلِیقُهُ
بَلَدٌ: فلاں کو کوئی شہر راس نہیں آتا۔

فُلَانٌ لَا تُلِيقُ كَفُّهُ دِرْهَمًا: فلاں کے ہاتھ میں پیسہ نہیں ٹھہرتا۔
هٰذَا سَيْفٌ لَا يُلِيقُ شَيْئًا: یہ تلوار ہر شے کو کاٹے بغیر نہیں چھوڑتی۔
لَيَّقَ الطَّعَامَ: نرم کرنا۔ جیسے: لَيَّقَ الثَّرِيدَ بِالسَّمْنِ: ثرید کو گھی سے ملائم کرنا، مرغن بنانا۔
اِلْتَاقَ لَهُ: کسی سے لگا رہنا، چپٹنا۔
— فُلَانٌ بِفُلَانٍ: کسی سے دوستی کرکے گھل مل جانا۔
— الْقَلْبُ بِفُلَانٍ: کسی سے دل ملنا
— بِالشَّيْءِ: کسی چیز کے باعث مستغنی ہونا۔
اِسْتَلَاقَهُ بِهِ: کسی کو کسی کے ساتھ وابستہ کرنا، نتھی اور منسلک کرنا۔
اللَّائِقُ: مناسب، موزوں، فٹ، مطابق
اللَّائِقُ لِلْعَمَلِ: کارآمد۔
اللَّيَاقُ: چراگاہ۔ مَا فِي الْأَرْضِ لَيَاقٌ۔ (۲) کسی بات پر جماؤ، مستقل مزاجی
لَيْسَ لِفُلَانٍ لَيَاقٌ: فلاں میں جماؤ اور مستقل مزاجی نہیں ہے۔
اللِّيَاقُ: آگ کا شعلہ۔
اللِّيَاقَةُ: مہذب طرز عمل، حسن ذوق (۲) مناسبت، موزونیت (۳) صلاحیت۔
اللَّيِّقُ: سرمہ میں ڈالا جانے والا کاجل وغیرہ (کالی شے)۔
اللَّيِّقُ: بکھرے ہوئے بادل کے ٹکڑے۔
اللِّيقَةُ: دوات میں ڈالنے کا کپڑا، صوف، یا دوات میں روشنائی سے تر کپڑے کا ٹکڑا (۲) لیس دار گارا جو لپائی کے لئے ہاتھ سے اٹھا کر دیوار پر پھینکا جائے۔
الْمُلْتَاقُ: وَجْهٌ مُلْتَاقٌ: (مُلْتَاقٌ بِهِ) خوش نما جاذب نظر کھلا ہوا چہرہ۔
• أَلَالَ الْقَوْمُ وَأَلْيَلُوا: رات میں داخل ہونا، لوگوں کو کسی جگہ رات ہوجانا۔
لَايَلَهُ مُلَايَلَةً وَلِيَالًا: کوئی چیز ایک رات کے لئے کرایہ پر لینا (۲) کسی سے ایک ایک رات کا معاملہ طے کرنا، شبینہ اجرت طے کرنا۔ جیسے: شَاهَرَهُ مُشَاهَرَةً: ایک ایک ماہ کا معاملہ کرنا، ماہانہ تنخواہ طے کرنا۔
يَاوَمَهُ مُيَاوَمَةً: ایک ایک دن کا معاملہ کرنا، یومیہ اجرت پر معاملہ کرنا۔
الْأَلْيَلُ: لَيْلٌ أَلْيَلُ: انتہائی تاریک رات۔
اللَّائِلُ: لَيْلٌ لَائِلٌ: سخت اندھیری رات۔
اللَّيْلُ: رات (غروب آفتاب سے طلوع آفتاب تک کا وقفہ) (۲) شرعاً غروب کے بعد سے طلوع فجر تک کا وقفہ۔
لَيْلَ نَهَارَ: دن رات۔
لَيْلًا وَنَهَارًا: رات دن، آٹھ پہر۔
اللَّيْلَةُ: ایک رات ج: لَيَالٍ وَلَيَائِلُ۔
فَعَلْتُ اللَّيْلَةَ كَذَا: میں نے رات ایسا کیا یعنی صبح سے آدھے دن تک۔ فَعَلْتُ الْبَارِحَةَ كَذَا: میں نے یہ کام گذشتہ رات کیا۔
لَيْلَى الْخَمْرِ: شراب کا نشہ۔
أُمُّ لَيْلَى: شراب۔
اللَّيْلَةُ اللَّيْلَاءُ: لمبی اور کٹھن رات پُرمصائب رات (۲) مہینہ کی تاریک ترین رات۔
اللَّيْلَاءُ: لمبی اور کٹھن رات (۲) مہینہ کی تیسویں شب۔
اللَّيْلِيُّ: شبینہ، رات کا۔ الْمَدْرَسَةُ اللَّيْلِيَّةُ: شبینہ اسکول۔
الْمُلَيَّلُ: لَيْلٌ مُلَيَّلٌ۔ أَلْيَلُ۔
• اللَّيْمُ: مشابہ۔ دیکھئے (لأم)۔
اللَّيْمُونُ: لیمو۔
• لَانَ الشَّيْءُ ـِ لِينًا وَلَيَانًا: نرم ہونا (۲) نرم خو ہونا (۳) تابع ہونا، (۴) لچکدار ہونا۔ هُوَ لَيِّنٌ وَلَيْنٌ ج: أَلْيِنَاءُ۔
— لِقَوْمِهِ: اپنے لوگوں سے نرم برتاؤ کرنا، نرمی سے پیش آنا۔ قرآن پاک میں ہے "فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ"۔
رَجُلٌ لَيِّنُ الْجَانِبِ: نرم مزاج آدمی، خوش اخلاق۔
أَلَانَ الشَّيْءَ وَأَلْيَنَهُ: نرم کرنا۔
— لِلْقَوْمِ جَنَاحَهُ: اپنے لوگوں سے نرم برتاؤ کرنا، انس وتعلق کا اظہار کرنا۔
لَايَنَهُ مُلَايَنَةً وَلِيَانًا: کسی کے ساتھ نرمی برتنا، خوش اخلاقی اور محبت سے پیش آنا (۲) دل داری کرنا (مکھن لگانا)۔
لَيَّنَ الشَّيْءَ: نرم کرنا۔
تَلَيَّنَ الشَّيْءُ: نرم ہوجانا۔
— لِفُلَانٍ: کسی کی خوشامد کرنا۔
اِسْتَلَانَ الشَّيْءَ: نرم پانا یا محسوس کرنا۔
— الْعَيْشَ: زندگی خوش گوار پانا، زندگی کا لطف لینا۔
الْأَلْيَنُ: نرم ج: أَلَايِنُ۔

اللَّیَانُ: نرمی۔ نَزَلوا بلَیَانِ الاَرضِ: وہ زمین کے نرم حصہ میں مقیم ہوئے (۲) خوش حالی، فراخی، آسودگی۔ ھم فی لَیَانٍ من العَیْش۔ وہ آسودہ حال ہیں۔

اللِّیْنُ: نرمی۔ نَزَلُوا بِلِین الاَرض: وہ نرم زمین میں مقیم ہوئے (۲) نرم خوئی، خوش مزاجی (۳) لچک (۴) عجوہ کے علاوہ کھجور کی ہر قسم واحد: لِیْنَة۔ قرآن پاک میں ہے: "مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِیْنَةٍ"۔

اللَّیْنَةُ: تکیہ۔

اللَّیَّان: دیکھئے (لوی)

اللَّیِّنُ: نرم، ملائم، نرم خو، لچک دار، نرم دل۔

اللُّیُونَةُ: نرمی، نرم خوئی، مہربانی۔

المَلْیَنَةُ: نرم مزاجی، خوش خلقی۔ انّه لَـذُو مَلْیَنَةٍ۔

المُلَیِّنُ: ملین دوا جو آنتوں کو فضلات سے صاف کرتی ہے ج: مُلَیِّنَات۔

• لَاهَ ـِ لَیْهًا: چھپنا (۲) اونچا اور بلند ہونا۔

اللِّیَاءُ: چنے جیسی انتہائی سفید ایک شے جو حجاز میں کھائی جاتی تھی بعض کے بقول لوبیا۔ اس سے سفیدی میں عورت کو تشبیہ دی جاتی ہے۔

اللَّیَّاءُ: پانی سے دور زمین۔

بابُ المیم

• المیم : حروف ہجائیہ کا چوبیسواں حرف، دونوں ہونٹوں کا بیچ اس کا مخرج ہے۔

م ——— اَ ع

• مَا : نہیں (۲) کیا؟ (۳) جو چیز، جو کچھ۔ حسب ذیل طریقہ پر یہ استعمال ہوتا ہے۔

۱۔ نافیہ۔ جملہ فعلیہ پر داخل ہو کر فعل کی نفی کرتا ہے۔ جیسے "وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِن قَبْلِكَ الْخُلْدَ"۔ جملہ اسمیہ پر داخل ہو کر خبر کی نفی کرتا ہے۔ جیسے "وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهِ مِنَ الْعَذَابِ اَنْ يُعَمَّرَ"۔ کبھی اس کے بعد خبر منصوب ہوتی ہے۔ جیسے "مَا هٰذَا بَشَرًا"۔

۲۔ اپنے بعد والے جملہ کے ساتھ محل مصدر میں ہوتا ہے۔ اسے مصدریہ کہتے ہیں۔ جیسے: قولہ تعالیٰ: وَضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ای بِرُحْبِهَا۔ اور جیسے: عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ۔ ای عَنَتُكُمْ کبھی مصدریہ ہونے کے ساتھ اس میں وقت ملحوظ ہوتا ہے تب اسے مصدریہ ظرفیہ کہتے ہیں۔ جیسے: وَ اَوْصَانِي بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَيًّا۔ ای مُدَّةَ دَوَامِي حَيًّا۔

۳۔ استفہامیہ۔ غیر ذوی العقول کے بارہ میں سوال کرنے کے لئے، جیسے: "وَمَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يَامُوْسٰى" اگر اس سے پہلے حرف جر اس کے ساتھ لگا ہوا ہو تو اس کے الف کو حذف کرنا اور اس کے فتحہ کو باقی رکھنا واجب ہے۔ جیسے: "فَنَاظِرَةٌ بِمَ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُوْنَ"۔ اور جیسے: "فِيْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرَاهَا"۔ شعر میں کبھی اس کو ساکن بھی کر دیا جاتا ہے۔ جیسے: لِمْ خَلَّفْتَنِي۔ اور اگر اس کے ساتھ ذا لگا کر ماذا کہا جائے تو اس کا الف برقرار رہے گا جیسے: لماذا جِئْتَ۔

۴۔ شرطیہ۔ برائے جزا۔ جیسے: "وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ"۔

۵۔ برائے تعجب۔ جیسے: مَا اَحْسَنَ هٰذَا! نیز قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَا اَكْفَرَهٗ۔

۶۔ بمعنی الَّذِي (غیر عاقل کیلئے) "مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ"۔ کبھی مَن کی جگہ بھی استعمال ہوتا ہے۔ جیسے: "وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَاؤُكُمْ مِّنَ النِّسَاءِ"

۷۔ برائے ابہام۔ جیسے: اَعْطِنِي كِتَابًا مَّا۔ کوئی سی کتاب یا جَاءَ لِاَمْرٍ مَّا۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِي اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا۔

مذکورہ معانی کے علاوہ اس کے مزید استعمال ہیں۔

(الف) تین افعال ماضیہ طَالَ، قَلَّ، كَثُرَ کے بعد آتا ہے تو ان تینوں کو فاعل کی ضرورت نہیں ہوتی۔ جیسے طَالَمَا انْتَظَرْتُكَ۔ بسا اوقات میں نے تمہارا انتظار کیا۔ یا تمہارا بہت انتظار کیا۔ قَلَّمَا فَكَّرْتُ فِي هٰذَا الْاَمْرِ۔ میں نے اس معاملہ میں بہت کم غور کیا۔ كَثُرَمَا زَجَرَنِي۔ اس نے بہت دفعہ دھمکایا۔

(ب) رُبَّ کے بعد آتا ہے اور اس کے ساتھ فعل ہوتا ہے۔ جیسے: رُبَّمَا تَكْرَهُ النُّفُوْسُ مِنْهُ۔

(ج) بین کے بعد جیسے: بَيْنَمَا نَحْنُ فِي الصَّلٰوةِ۔ جب کہ، جس وقت کہ۔

(د) جار و مجرور کے درمیان زائد جیسے: فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ۔ "مِمَّا خَطِيْئَاتِهِمْ اُغْرِقُوْا"

مَاذَا : کیا؟

مَا بَيْنَ : درمیان میں۔ فیما بین: آپس میں

مَا عَلَيْكَ : کوئی بات نہیں۔

مَالِي بِهٖ : مجھے اس سے کیا سروکار۔

اَيْنَمَا : جہاں کہیں۔

بَيْنَمَا : جب، جبکہ۔

رَيْثَمَا : جتنی دیر کہ۔

حَالَمَا : جیسے ہی۔

رُبَّمَا۔ وَرُبَمَا : ممکن ہے بعض ہو سکتا ہے کہ۔

طَالَمَا : بسا اوقات۔

قَلَّمَا: بہت کم۔
قلیلاً مّا: بہت ہی کم۔
کثیرا مّا: بہت دفعہ۔
مالَمْ: جب تک۔ لَا تَخْرُجْ مالَمْ اَرْجِعْ۔
مَاجِستیر: ایم۔اے۔
مَأَجَ ـــ مَأْجًا: لڑائی کرنا۔
مَؤُجَ ـــ مُؤُوجَةً: مضطرب ہونا (۲) لہلہانا، ادھر ادھر ملنا۔
ـــ الماءُ: پانی کا کھاری اور نمکین ہونا۔ ھو مَأَجٌ۔
مَأْجٌ: بیوقوف ومضطرب (۲) کھاری اور نمکین پانی۔
مَأَدَ النَّبَاتُ والشَّجَرُ ـــ مَأْدًا: نباتات کا تروتازہ ہونا اور لہلہانا (۲) نرم و ملائم ہونا۔
مَأَدَ الرِّيُّ او الرَّبِيعُ النَّبَاتَ: آب پاشی یا موسم بہار کا نباتات کو تروتازہ کرنا۔
اِمْتَأَدَ خَيْرًا: بھلائی یا کوئی فائدہ حاصل کرنا۔
المَأْدُ: ہر ملائم چیز۔ غُصْنٌ مَأْدٌ۔ وفتًى مَأْدٌ۔ نوجوان (۲) زمین سے رستا ہوا پانی۔
مَأْدُ الشَّباب: جوانی کی بہار۔
يَمْؤُود: نرم ونازک۔
يَمْئُودُ: نرم شاخ۔
مَأَرَ بَيْنَ القوم ـــ مَأْرًا: لوگوں میں اختلاف کرانا، فساد پھیلانا۔
مَئِرَ الجُرْحُ ـــ مَأَرًا: دوبارہ خراب ہونا۔
ـــ علی فُلانٍ: کسی سے دشمنی کرنا۔
مَأَرَ مَالَهُ: اپنا مال برباد کرنا۔
مَاءَرَ بَيْنَ القَوم مُمَاءَرَةً ومِئارًا: لوگوں میں لڑائی کرانا۔
مَئِرٌ: فسادانگیز (۲) سخت۔ اَمْرٌ مَئِرٌ: سخت معاملہ۔

المِئْرَةُ: بدلہ، انتقام (۲) دشمنی (۳) چغلی ج: مِئَرٌ۔
• مَأَسَ الجُرْحُ ـــ مَأْسًا: کشادہ ہونا۔
ـــ علی فُلانٍ: کسی پر غصہ ہونا۔
ـــ بَيْنَ القَوم: لوگوں میں چغلخوری کرنا اور فساد پھیلانا۔
ـــ الدَّبَّاغُ الجِلْدَ: دباغ کا چمڑے کو ملنا، رگڑنا۔
مَئِسَ الجُرْحُ ـــ مَأَسًا: زخم کا بڑا ہوجانا۔
المَأْسُ: چغلخور، مفسد۔
• مَأَشَ المَطَرُ الاَرْضَ ـــ مَأْشًا: بارش کا زمین کو چھیل دینا۔
• المَأْطُ: مزید۔ اِمْتَلَأَ فُلانٌ فَمَا يَجِدُ مَأْطًا: فلاں شکم سیر ہوگیا اسے اب مزید نہیں ملتا۔
• مَئِقَ الصَّبِيُّ ـــ مَأَقًا: بچہ کا سسکی لینا۔ ھو مَئِقٌ۔
ـــ الرَّجُلُ: غصہ کی زیادتی سے جیسے رو پڑنا۔
اَمْأَقَ فُلانٌ: سسکی لینا۔
اِمْتَأَقَ الصَّبِيُّ: سسکی لینا۔
ـــ غَضَبُ فُلانٍ: غصہ تیز ہوجانا۔
ـــ اِلَيَّ بالبُكاءِ: وہ روہانسا ہوگیا، مجھے دیکھ کر اسے رونا آگیا۔ قَدِمَ علَينا فُلانٌ فَامْتَأَقْنَا اِلَيهِ۔ وہ ہمارے پاس آیا تو اسے دیکھ کر (انفعال سے) ہماری آنکھوں میں آنسو آگئے۔
المَأْقُ والمَاقُ: ناک سے ملا ہوا گوشہ چشم (کویا) ج: آمَاقٌ و اَمْآقٌ۔
المُؤْقُ والمُوقُ: المَأْقُ (۲) زمین کے نشیبی گہرے کنارے ج: آمَاق و اَمْوَاق۔

المُوَاقِي: ناک کی طرف آنکھ کے گوشے۔
المَأْقَةُ: سسکی (۲) غصہ کی زیادتی۔
• مَأَلَ ـــ مَأْلًا و مَأَلَةً: موٹا اور تروتازہ ہونا۔
مَأْلٌ و مَئِلٌ: موٹا تروتازہ۔
المَأْلَةُ: جگی (۲) باغ ج: مِئَالٌ۔
• مَأْمَأَتِ الشَّاةُ او الظَّبْيَةُ: بکری یا ہرنی کا لگاتار بولنا، مے مے کرنا۔
• مَأَنَ القَومَ ـــ مَأْنًا: لوگوں کا خرچ اٹھانا، کھانے پینے کا انتظام کرنا۔
ـــ لِلاَمْرِ: توجہ دینا، تیاری کرنا۔
ـــ الرَّجُلَ: کسی سے بچ کر رہنا، محتاط رہنا (۲) ناف پر مارنا۔
مَأَّنَ فی الاَمْرِ تَمْئِنَةً: غور وفکر کرنا۔
ـــ فُلانًا: باخبر کرنا۔
ـــ الشَّيءَ: تیار کرنا۔
المَأْنُ: جگر کا پتلا حصہ (۲) لکڑی جس میں زمین توڑنے کا ہل (لوہا) لگا ہوا ہو۔
المَأْنَةُ: ناف اور اس کا اردگرد۔ ج: مَأَنَات و مُؤُونٌ۔
المَئِنَّةُ: نشانی، علامت۔ کہتے ہیں: انَّ قِصَرَ الخُطْبَةِ مَئِنَّةٌ من فقه الرَّجُلِ۔ خطبہ کا اختصار خطیب کی فقہ دانی کی علامت ہے۔
المَؤُونَةُ: سامان رسد ج: مُؤَنٌ، (۲) کلفت، بوجھ۔
المَؤُونَةُ: المُؤْنَةُ۔
المُمَاءَنَةُ: لائق و مناسب۔ ھو مَمْأَنَةٌ لِكَذا: وہ فلاں بات کا اہل ہے۔
• مَأَى الشَّجَرُ ـــ مَأْيًا: درخت اُگنا (۲) درخت پر پتے آنا۔
ـــ فی الشيءِ: گہرائی میں جانا، مبالغہ کرنا۔

مَأّی السِّقَاءَ: مشک کو کشادہ کرنا، پھیلانا
ــــ بَیْنَ القَومِ: لوگوں میں پھوٹ ڈالنا، ایک دوسرے کی چغلی لگانا۔
ــــ القَومَ: لوگوں میں خود شامل ہو کر ان کی تعداد سو کرنا۔ هم مُمْئِیُّون
اَمْأَی القَومُ: لوگوں کا سو کی تعداد میں ہونا۔ اَمْأَتِ الدَّرَاهِمُ: درہموں کا سو ہونا۔ اَمْأَیْتُهَا اَنَا: میں نے ان کو سو کر دیا۔
ــــ فُلَانٌ القَومَ: کسی کا لوگوں کو اپنے علاوہ کسی کو ملا کر سو کی تعداد میں کر دینا
مَاءَی: شَارَطَهُ مُمَاءَاةً: اس سے سو کی شرط لگائی جیسے: شَارَطَهُ مُؤَالَفَةً: اس سے ہزار کی شرط لگائی۔
تَمَاءَی الجِلْدُ: چمڑے کا کھنچ کر پھیلنا۔
المِائَةُ: سو (۲) سو کی تعداد والا۔ جیسے: مَرَرْتُ بِرَجُلٍ مِائَةٍ اِبِلُهُ۔
ج: مِئَاتٌ و مِئُون۔
المِئَوِیُّ: سو کی طرف منسوب، سو کی تعداد والا، سو والا۔
النِّسْبَةُ المِئَوِیَّةُ: فیصدی تناسب
زَکٰوةُ المالِ اثْنَانِ و نصفٌ فی المائة: مال کی زکوٰۃ ڈھائی فیصد ہے
العِیدُ المِئَوِیُّ: سو سالہ جشن۔

م ــــ ت

• مَتَّ اِلَیهِ بِقَرَابَةٍ و نَحوِهَا ـُـ مَتًّا: کسی سے رشتہ داری پیدا کرنا، تعلق رکھنا۔
ــــ الحَبْلَ: بغیر چرخی کے کنویں سے رسّی کھینچنا۔
مَاتَّهُ: کسی سے رشتہ داری جتانا۔
تَمَتَّی فی الحَبْلِ: رسی کو توڑنے کیلئے اس پر زور لگانا۔

المَاتَّةُ: تعلق، رشتہ داری ج: مَوَاتُّ
المَتَاتُ: رشتہ داری، تعلق۔
• مَتَحَ النَّهَارُ ـَـ مَتْحًا: دن بڑھنا لمبا ہونا۔
ــــ الجَرَادُ: انڈے دینے کے لئے ٹڈی کا زمین میں سر چھپانا۔
ــــ الشَّیءَ: اکھاڑنا۔
ــــ فُلَانًا: پچھاڑنا۔
ــــ الدَّلْوَ و بِهَا: ڈول کی رسّی کھینچنا۔
ــــ المَاءَ: پانی نکالنا۔
اَمْتَحَ النَّهَارُ و الجَرَادُ: مَتَحَ۔
اِمْتَتَحَ الشَّیءَ: جڑ سے اکھاڑنا۔
مَارُوتُ: ہاروت کا رفیق۔ یہ دو فرشتے ہیں جو بابل شہر میں اترے تھے اور انہوں نے لوگوں کو سحر سکھایا تھا۔
المَرْتُ: جنگل بیابان۔ اَرْضٌ مَرْتٌ، مَكَانٌ مَرْتٌ: بنجر و بے آب وگیاہ زمین ج: اَمْرَاتٌ وَمُرُوتٌ۔
رَجُلٌ مَرْتُ الحَاجِب: بے بال ابرو والا۔ مَرْتُ الجَسَد: جس کے بدن پر بال نہ ہوں۔
المُرُوتُ: جنگل بیابان۔
•مَرَثَ الشيءَ في الماءِ ـُ مَرْثًا: پانی میں بھگونا، تر کرنا۔
ـــ الشَّعرَ وَغيرَهُ بِيَدِهِ: بال وغیرہ کو پانی میں ہاتھ سے مل کر کھولنا۔
ـــ الشيءَ: چوسنا، جیسے: مَرَثَ الصَّبِيُّ اِصْبَعَهُ اَوْ ثَدْيَ اُمِّهِ: بچہ کا اپنی انگلی یا ماں کا پستان چوسنا (۲) انگلی سے دبانا، نرم کرنا۔
ـــ بهِ الأرْضَ: زمین پر پٹکنا۔
مَرِثَ على الخِصَامِ ـَ مَرَثًا: جھگڑے میں متحمل مزاج ہونا۔ هو مَرِثٌ۔ مَرَثَهُ: مَرِثَهُ۔
ـــ المَاءَ: گندا اور آلودہ کرنا۔
المِمْرَثُ: لڑائی جھگڑے میں صبر و تحمل سے کام لینے والا ج: مَمَارِث۔
المُمَرَّثَةُ: اَرْضٌ مُمَرَّثَةٌ: وہ زمین جس پر ہلکی سی بارش ہوئی ہو۔
•مَرَجَ اللَّهَبُ ـُ مُرُوجًا: بلند ہونا
ـــ الخَاتَمُ في اليَدِ: انگوٹھی کا ڈھیلا ہونا۔
ـــ الشيءَ مَرْجًا: ملانا، ایک کو دوسرے سے جوڑنا۔ قرآن پاک میں ہے: "مَرَجَ البَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ" دونوں سمندروں کو اس طرح ملا دیا کہ وہ ایک ہو گئے یا اس طرح چھوڑ دیا کہ وہ ایک دوسرے میں ضم نہیں ہوئے۔
ـــ عليه ـُ مُرُوجًا: کسی کے پاس اچانک آنا۔
ـــ لِسَانَهُ في اَعْرَاضِ النَّاسِ: لوگوں کی آبرو ریزی کے لئے زبان چلانا
مَرَجَ الدَّابَّةَ: چوپائے کو چراگاہ میں چرنے کے لئے چھوڑنا۔
ـــ الدَّابَّةُ: چوپائے کا چرنا۔
ـــ السُّلْطَانُ رَعِيَّتَهُ: بادشاہ کا رعایا کو فساد کی چھوٹ دینا۔
ـــ الكَذِبَ: خوب جھوٹ بولنا، بڑھ چڑھ کر باتیں کرنا۔ هو مَرَّاجٌ (بڑھا چڑھا کر بات کہنے والا) هو سَرَّاجٌ مَرَّاجٌ: وہ جھوٹا ہے۔
ـــ اَمْرَهُ: اپنا معاملہ خراب کر دینا، اس میں پختگی پیدا نہ کرنا۔
مَرِجَ النَّاسُ ـَ مَرَجًا: لوگوں کا ملا جلا ہونا، مخلوط ہو جانا۔
ـــ الاَمْرُ مَرَجًا ومُرُوجًا: مشتبہ اور خلط ملط ہونا، بگڑنا، خراب ہو جانا۔ هو مَارِجٌ وَمَرِيجٌ
ـــ الدِّينُ والعَهْدُ: مذہب اور عہد و پیمان کا محفوظ نہ رہنا، اس میں کھوٹ پیدا ہو جانا۔
اَمْرَجَ الشيءَ: ملانا، خلط ملط کرنا۔
ـــ البَحْرَيْنِ: دو سمندروں کو ملانا (ملا کر ساتھ ساتھ بہانا)
ـــ لِسَانَهُ في اَعْرَاضِ النَّاسِ: لوگوں کی بے عزتی کے لئے زبان چلانا۔
ـــ الدَّابَّةَ: جانور کو چرنے کے لئے چھوڑنا۔
ـــ فُلانٌ عَهْدَهُ: عہد شکنی کرنا، عہد و پیمان پورا نہ کرنا۔
المَارِجُ: انتہائی تیز شعلہ (جس کے ساتھ دھواں نہ ہو) (۲) آگ کی سیاہی ملا ہوا شعلہ، انگارہ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَخَلَقَ الجَانَّ مِن مَارِجٍ مِّن نَّارٍ" جن کو آگ کے

دہکتے ہوئے شعلہ سے پیدا کیا۔
رَجُلٌ مارِجٌ: آزاد آدمی جس پر کوئی روک نہ ہو۔
المَرْجُ: سبزہ زار، چراگاہ ج: مُرُوجٌ۔
المَرَجُ: ہنگامہ، فتنہ، فساد، دار و گیر یا پکڑ دھکڑ کا شور، کھلبلی، ہل چل۔ بَیْنَہم ھَرْجٌ ومَرْجٌ: ان کے درمیان فساد و ہنگامہ آرائی ہے (ھَرج کی مزاوجت کے باعث مَـرَج کی راء ساکن کر دی گئی) (۲) بے روک یا بے نگراں چرنے والے اونٹ (اس کا تثنیہ اور جمع نہیں) بَعِیرٌ وإبِلٌ مَـرَجٌ: آزادانہ چرنے والے اونٹ۔
هم فی هَرْجٍ ومَرْجٍ: وہ افراتفری کے عالم میں ہیں، ان میں کھلبلی مچی ہوئی ہے، ان میں ہل چل مچی ہوئی ہے۔
المَرْجَانُ: موتی، مونگا۔ قرآن پاک میں ہے: "یَخْرُجُ منهما اللُّؤْلُؤُ وَالمَرْجَانُ" (۲) سمندری مچھلی کی ایک قسم۔ واحد: مَرْجانَةٌ (۳) ایک قسم کی سبزی جس کے استعمال سے دودھ بڑھتا ہے۔
المَرَّاجُ: جھوٹا۔
المَرِیجُ: اَمْرٌ مَرِیجٌ: الجھا ہوا اور پیچیدہ۔ قرآن پاک میں ہے: "فَهُمْ فِی اَمْرٍ مَرِیجٍ" غُصْنٌ مَرِیجٌ: گتھی ہوئی شاخ (۲) سینگ کے بیچ میں چھوٹی سی سفید ہڈی ج: اَمْرِجَةٌ۔
المِمْرَاجُ: بے ڈھنگا کام کرنے والا (۲) ناقص بچہ گرانے والی اونٹنی۔
مَرِحَ فُلانٌ ـَـ مَرَحًا: خوشی سے جھومنا، پھولا نہ سمانا (۲) اترانا، ٹھٹکنا۔

هو مَرِحٌ ج: مَرْحَی ومَرَاحَی نیز مِرِّیحٌ ج: مِرِّیحُونَ۔
مَرَحَتِ الأرْضُ بالنَّبَاتِ: زمین کا گھاس اگانا۔
ـــ الزَّرْعُ: کھیتی میں بالیں نکلنا۔
ـــ السَّحَابُ: بادل کا برسنا۔
ـــ عَیْنُہُ مَرْحًا ومَرَحَانًا: آنکھ سے دیکھنے یا خراب ہونے کی بنا پر پانی بہنا۔ هِیَ عَیْنٌ مِمْرَاحٌ۔
مَرِحَتْ عَیْنُہُ بمائِها وقَذَاها: اس کی آنکھ سے کنک اور پانی نکلا (۲) آنکھ کا کمزور ہو جانا
لا تَمْرَحْ بِعِرْضِكَ: اپنی آبرو کو داؤ پر نہ لگاؤ۔
اَمْرَحَ فُلانًا: خوب خوش کرنا، مست بنا دینا، مگن کر دینا۔
ـــ الکَلأُ الفَرَسَ: گھاس کا گھوڑے کو چاق و چوبند کر دینا۔
مَرَّحَ المُهْرَ: بچھڑے کو سدھانا۔
ـــ الجِلْدَ: چمڑے کو تیل ملنا۔
ـــ القِرْبَةَ الجَدِیدَةَ: نئی مشک میں ٹانکوں کے سوراخ بند کرنے کے لئے پانی بھرنا۔
ـــ البُرَّ: گیہوں صاف کرنا۔
التِمْرَاحَةُ: بڑا خوش وخرم (فرحاں)، پھرتیلا۔ هو تِلْعابَةٌ تِمْراحَةٌ وہ بڑا کھلاڑی اور مست ومسرور ہے۔
المِرَاحُ: المَرَحُ۔
المَرَحُ: غایت درجہ خوشی، مستی و شادمانی، اتراہٹ، اکڑ۔ قرآن پاک میں ہے: "لا تَمْشِ فِی الأرْضِ مَرَحًا"۔
المَرِحُ: خوشی میں مست، خوش وخرم، مگن (۲) اکڑ باز۔
مَرْحَی: خوب! بہت خوب! واہ واہ، کلمۂ تعجب نشانہ باز اور مقرر کے صحیح نشانہ اور مؤثر خطاب کے موقع پر داد دینے کے لئے کہا جاتا ہے، اگر وہ ناکام رہے تو بَرْحَی ناگواری کے طور پر کہا جاتا ہے۔
المِرْحَةُ: خشک انگوروں کا ڈھیر۔
المَرُوحُ: پھرتیلا، چاق وچوبند، چست (۲) شراب۔ قَوْسٌ مَرُوحٌ: عمدہ تیر انداز کمان۔
المِمْرَاحُ: چست، پھرتیلا، خوشی میں مست، خوش وخرم (۲) زرخیز زمین
المُمَرَّحُ: ٹٹی پر پھیلی ہوئی انگور کی بیل۔
مَرْحَبَ فُلانًا: کسی کو خوش آمدید کہنا (یعنی آپ کشادہ جگہ پر آئے) بطور دعا کہا جاتا ہے: مَرْحَبَكَ اللّٰہُ: خدا اس کو کشادہ مقام پر پہنچائے۔
مَرَخَ الجَسَدَ ـَـ مَرْخًا: بدن پر تیل وغیرہ ملنا۔ هو مَارِخٌ۔
مَرِخَ العَرْفَجُ ـَـ مَرَخًا: عرفج درخت کا لمبی شاخوں اور اچھے پتوں والا ہونا هو مَرِخٌ۔
مَرَّخَ جَسَدَہُ: بدن کو خوب تیل ملنا۔
ـــ العَجِینَ: آٹے کو پانی سے پتلا کرنا۔
تَمَرَّخَ بالمَرُوخِ: بدن کو صاف کرنے والے تیل وغیرہ کو بدن پر خوب ملنا، اس میں لت پت ہو جانا۔
الأمْرَخُ: ثَوْرٌ أمْرَخُ: سفید وسرخ دھبوں والا بیل۔
المَرْخُ: جلد آگ پکڑنے والا ایک درخت جس کی لکڑی کو بطور چقماق استعمال کیا جاتا تھا۔ کہاوت ہے "فِی کُلِّ شَجَرٍ نَارٌ واسْتَمْجَدَ المَرْخُ والعَفَارُ" آگ تو ہر درخت میں ہوتی ہے لیکن درخت مَرخ اور عفار نے اس میں بڑا درجہ حاصل کر لیا ہے۔
المَرِیخُ: بہت تیل وعطر ملنے والا (۲) نرم

اور تپلا درخت۔

المِرِّيخ : المَرِخ (۲) نظام شمسی کے سیاروں میں سے ایک سیارہ، قدیم حکماء کے قول کے مطابق وہ پانچویں آسمان میں ہے۔ فارسی میں اس ستارہ کا نام بہرام ہے (۳) دو کان والا لمبا تیر (۴) بھیڑیا (۵) دیو مالائی داستانوں میں جنگ کا دیوتا۔

المَرُوخ : تیل مرہم وغیرہ جس کی بدن پر مالش کی جائے۔

المِرْيَخ : سینگ ج : اَمْرِخَةٌ۔

• اِمْرَخَدَّ الشَّيْءُ : ڈھیلا پڑنا۔

• مَرَدَ الانسانُ ـُ مُرُودًا : نافرمان ہونا، انتہائی سرکش ہونا (سرکشی میں دوسروں سے آگے بڑھ جانا)۔

ـــ عَلَى الشيءِ : کسی بات پر پختہ ہونا اور جمے رہنا۔ قرآن پاک میں ہے: "مَرَدُوا عَلَى النِّفَاقِ"

ـــ الشيءَ : صاف کرنا، نرم کرنا، چکانا

ـــ الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّهِ : بچہ کا ماں کی چھاتی چوسنا یا منہ لگانا۔

ـــ فُلَانًا : کسی کی بے عزتی کرنا۔

ـــ الدَّابَّةَ : زور سے ہانکنا۔

ـــ المَلَّاحُ السَّفِينَةَ : کشتی کو چپو سے ڈھکیلنا، چلانا۔

مَرِدَ الغُلَامُ ـَ مَرَدًا و مُرُودًا و مُرُودَةً : داڑھی نکلنے کے قریب ہونا مگر ظاہر نہ ہونا، بے ریش ہونا

هو اَمْرَدُ (جاريةٌ "مَرْداءُ" نہیں کہا جائے گا چونکہ اس کے داڑھی نکلتی ہی نہیں) ج : مُرْدٌ۔

ـــ الغُصْنُ : شاخ کا بے برگ ہونا، پتوں سے خالی ہونا۔ شَجَرَةٌ مَرْدَاءُ : پتوں سے خالی درخت۔

ـــ فُلَانٌ : دودھ میں بھیگی ہوئی کھجور کھانے کا عادی ہونا۔

مَرَّدَ الشيءَ : صاف و نرم کرنا۔

ـــ البناءَ : عمارت کو ہموار و چکنا کرنا (۲) لمبا کرنا صَرْحٌ مُمَرَّدٌ۔

ـــ الغُصْنَ : شاخ کے پتے صاف کرنا

ـــ الحمامُ تَمْرِيدًا و تَمْرَادًا : کبوتروں کے کابک میں انڈے دینے کا خانہ بنانا۔

تَمَرَّدَ الغُلَامُ : بے ریش رہنا (۲) نافرمان و باغی ہونا، سرکش ہونا۔

ـــ عَلَى الشيءِ : کسی چیز پر جمنا، اس پر قائم رہنا، اس کا عادی بنجانا۔

ـــ عَلَى القَوْمِ : اپنے لوگوں سے بغاوت کرنا، نافرمانی کرنا۔

ـــ عَلَى الشَّرِّ : فتنہ و فساد کا عادی ہو جانا، فساد پر کمربستہ رہنا۔

التِّمْرَادُ : انڈا دینے کے لئے کبوتروں کے کابک میں چھوٹا سا گھر، اگر یہ کئی گھر یا اوپر نیچے ہوں تو ان کو تَمَارِيد کہا جاتا ہے۔

التَّمَرُّدُ : سرکشی، بغاوت، حکم عدولی

التَّمَرُّدُ العَلَنِيُّ : کھلم کھلا بغاوت

المَارِدُ : بڑا سرکش (۲) دیو پیکر، بھاری بھرکم بلند۔ قرآن پاک میں ہے: "وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطَانٍ مَّارِدٍ" (۳) آمد و رفت میں مستعد اور متحرک (۴) بلند

بِناءٌ مارِدٌ : بلند عمارت ج : مَرَدَةٌ و مُرَّادٌ۔

المَرَادُ : گردن۔

المَرْدَاءُ : بنجر زمین، بنجر ریگستان ج : مَرَادٍ۔

المَرْدُ : پیلو کا تر و تازہ درخت۔

المَرْدُ : ثرید (شوربے میں چوری ہوئی روٹی)۔

المُرْدِيُّ : کشتی کا چپو ج : مَرَادِيُّ۔

المَرَّادُ : گردن ج : مَرَارِيدُ۔

المِرِّيدُ : انتہائی سرکش۔

المَرْوُدُ : آمد و رفت میں چست۔

المَرِيدُ : سرکش اور شریر و خبیث۔ قرآن پاک میں ہے: "وَإِنْ يَدْعُونَ إِلَّا شَيْطَانًا مَرِيدًا" ج : مُرَدَاءُ (۲) ہر وہ چیز جسے مل کر ڈھیلا کیا گیا ہو (۳) دودھ میں بھگو کر نرم کی ہوئی کھجور (۴) پانی ملا ہوا دودھ۔

• المَرْدَقُوشُ : ایک خوشبودار بوٹی (۲) زعفران، اس کی بیل کو سَمْسَق کہتے ہیں۔

• مَرْدَلَ فُلَانٌ : بے تکا اور بے ڈھنگا کام کرنا۔

• مَرَّ الامرُ او فلانٌ ـُ مَرًّا و مُرُورًا و مَمَرًّا : گزرنا، گزر جانا، آگے بڑھ جانا، پار ہو جانا۔

ـــ فُلَانًا و مَرَّ بِهِ و مَرَّ عَلَيْهِ : کسی کے پاس سے گزرنا۔

ـــ بِمَرْحَلَةٍ : کسی دور سے گزرنا۔

ـــ بِهِ : لے کر چلنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَلَمَّا تَغَشَّاهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيفًا فَمَرَّتْ بِهِ"

ـــ البَعِيرَ مَرًّا : اونٹ کو رسی باندھنا

ـــ القِرْبَةَ و نحوَها : مشکیزہ وغیرہ کو بھرنا۔

مَرَّ الشيءُ ـَ مَرَارَةً : کڑوا ہونا۔

هو مَرِيرٌ ج : مِرَارٌ و هي مَرِيرَةٌ ج : مَرَائِرُ۔

مُرَّ بفلانٍ مَرًّا و مِرَّةً : کسی پر صفرا کا غلبہ ہونا، صفرا کا مریض ہونا۔ هو مَمْرُورٌ۔

اَمَرَّ الشيءُ : کڑوا ہونا۔ قد اَمَرَّ هذا الطعامُ في فمي : اس

کھانے سے میرا منھ کڑوا ہوگیا ہے۔
ما أَمَرَّ فُلَانٌ و ما أَحْلَى: فلاں نے نہ کوئی تلخ بات کہی اور نہ شیریں۔
ما يُمِرُّ وَمَا يُحْلِي: اس سے نہ کوئی نقصان ہے نہ نفع۔
أَمَرَّ البُرُّ: گیہوں میں کالے دانے پیدا ہوجانا۔
ـــ على بَعِيره: اپنے اونٹ پر رسّی کسنا۔
ـــ الشيءَ: کڑوا اور تلخ کرنا (۲) گزارنا، پاس کرانا۔
ـــ فُلَانًا بكذا: کسی کو کسی چیز سے گزارنا۔
ـــ يَدَه على الشيءِ: ہاتھ پھیرنا۔
ـــ عليه القَلَمَ: کسی چیز پر قلم چلانا۔
ـــ الحَبْلَ: رسّی کو بل دینا، بٹنا۔
ـــ الأَمْرَ: معاملہ کو پختہ کرنا، بہتر طور پر انجام دینا۔ الدَّهْرُ ذُو نَقْضٍ وإِبْرَامٍ: زمانہ تعمیر وتخریب کا نام ہے
ـــ فُلَانًا: چت کرنے (پچھاڑنے) کیلئے گردن مروڑنا۔
مَارَّ الرَّجُلَ مِرَارًا ومُمَارَّةً: پچھاڑنے کے لئے کسی کے ساتھ کھینچا تانی کرنا، کسی کو لپیٹ میں لینا۔ امْرَأَتُهُ تُمَارُّه: اس کی بیوی اس کی مخالفت کرتی اور اسے اپنی لپیٹ میں لے لیتی ہے۔
مَرَّرَ الشيءَ: زمین پر پھیلانا، بچھانا (۲) کڑوا کرنا (۳) گزارنا، پاس کرانا۔
امْتَرَّ به وعَلَيه: کسی کے پاس سے گزرنا۔
تَمَارَّ القَوْمُ: ایک دوسرے کے پاس سے گزرنا، باہم مل کر گزرنا۔
ـــ ما بَيْنَهُم: مابین دشمنی ہونا۔
اسْتَمَرَّ الشيءُ والرَّجُلُ: مسلسل رہنا، برقرار رہنا، جاری رہنا، قائم رہنا، یکساں رہنا۔ هذه عادة مُسْتَمِرَّةٌ: یہ ہمیشہ کی عادت ہے، یہ پرانی عادت ہے۔
اسْتَمَرَّ الأَمْرُ: کام ہوجانا، معاملہ جوں کا توں رہنا۔
ـــ فُلَانٌ: کسی کا بگاڑ کے بعد راہ راست پر آجانا۔
ـــ بالشيءِ: کسی چیز کو اٹھانے یا جھیلنے کی طاقت رکھنا۔ هو بَعِيدُ المُسْتَمَرِّ: اس میں لڑائی بھڑائی کی بڑی طاقت ہے۔
ـــ مَرِيرُهُ: مستقل مزاج ہونا، پختہ عزم ہونا۔
ـــ الشيءُ: تلخ وکڑوا ہونا۔
الاسْتِمْرَارُ: دوام، تسلسل۔
باسْتِمْرَارٍ: برابر، مسلسل۔
الأَمَرُّ: فُلَانٌ أَمَرُّ عَقْدًا مِن فُلَانٍ: فلاں فلاں کے مقابلہ میں زیادہ ذمہ دار اور زیادہ پختہ کار ہے۔ هِيَ مُرَّى (۲) لید بھری ہوئی جھلی۔
الأَمَرَّان: فقر اور بڑھاپا (۲) بڑھاپا، بیماری (دو کڑوی چیزیں) (۳) فتنہ ومصیبت۔ لَقِيَ مِنه الأَمَرَّيْن: اسے فلاں کی طرف سے فتنہ وفساد کا سامنا کرنا پڑا، اس سے بڑی تکلیف پہنچی۔
الأَمَرُّونَ: مصائب۔ لَقِيَ مِنه الأَمَرِّينَ: اسے فلاں کی طرف سے مصائب کا سامنا کرنا پڑا۔
المَارُّ: راہ گیر ج: مارَّةٌ۔
المَارُورَةُ: گیہوں میں پیدا ہونے والا کالا کڑوا دانہ جسے نکال کر پھینک دیا جاتا ہے (۲) بانکی نازک اندام لڑکی۔
المُرَارُ: ایک کڑوی بوٹی جو مصر وشام میں ہوتی ہے۔
المِرَارُ: رسّی۔
المَرَارَةُ: تلخی، کڑواہٹ (۲) پتّا (جگر سے ملی ہوئی صفرا کی تھیلی جو چکناہٹ کے ہضم میں مددگار ہوتی ہے ج: مَرَائِرُ۔
بِمَرَارَةٍ: تلخی اور ناگواری کے ساتھ، سختی کے ساتھ۔
المَرُّ: رسّی (۲) بیلچہ، پھاوڑا یا اس کا دستہ ج: مِرَارٌ۔
جِئْتُه مَرًّا او مَرَّيْنِ: میں اس کے پاس ایک یا دو دفعہ آیا۔
المُرُّ: کڑوا، تلخ (ضد الحُلْو) (۲) ایک درخت کا گوند جو کھانسی، آنتوں کے کیڑوں اور بچھو کے کاٹے کے لئے مفید دوا ہے ج: أَمْرَارٌ۔
مُرُّ الصحارى: اندرائن۔
المَرَّةُ: (ایک) دفعہ۔ لَقِيتُه مَرَّةً او مَرَّتَيْن۔ ذَاتَ مَرَّةٍ: ایک بار (یہ ہمیشہ ظرف ہوکر استعمال ہوتا ہے) ج: مِرَار (یہ بھی (مِرارًا) ظرف ہوکر استعمال ہوتا ہے)۔
لَقِيتُه مِرَارًا او ذاتَ المِرَارِ: میں اس سے بار بار یا بار ہا ملا۔
المِرَّةُ: صفرا، پت (بدن کے اخلاط اربعہ میں سے ایک) جسے مزاج سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے (۲) عقل ودانش (۳) ذہانت (۴) اصلیت واستحکام (۵) اصلیت واستحکام اور دانشوری (۶) طاقت۔ قرآن پاک میں ہے: "عَلَّمَهُ شَدِيدُ القُوَى ذُو مِرَّةٍ فَاسْتَوَى" (۷) رسّی کا مضبوط بٹنا۔ ج: مِرَرٌ وأَمْرَارٌ۔

اَلْمَرَّةُ: مَرٌّ کی تانیث (ضد: حُلْوَۃ)
ج: مَرائِر (خلاف قیاس)
اَبُو مُرَّۃَ: ابلیس کی کنیت۔
اَلْمُرِّیّ: چٹنی، ایک قسم کا سالن۔
اَلْمُرُوْرُ: گزر (۲) عبور (۳) آمد ورفت، ٹریفک۔
اَلْمُرُوْرُ فی اِتِّجاہٍ واحِدٍ: یک طرفہ آمد ورفت، ون وے ٹریفک۔
تَذْکِرَۃُ الْمُرُوْر: پاس، گزرنے کا اجازت نامہ۔
حَرَکَۃُ الْمُرُوْر: ٹریفک۔
شُرْطَۃُ الْمُرُوْر: ٹریفک پولس۔
نظام المرور: ضابطۂ آمد ورفت ٹریفک سسٹم۔
اَلْمَرِیْرُ: ہر شے سے خالی زمین (۲) لمبی اور مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ ج: مَرائِر (۳) پختہ ارادہ، استقلال (۴) تلخ و کڑوا۔
رَجُلٌ مَرِیْرٌ: مضبوط و مستقل مزاج آدمی، ارادے کا پکا۔
اَمْرٌ مَرِیْرٌ: مستحکم معاملہ۔
اَلْمَرِیْرَاءُ: دیکھئے: مارورۃ۔
اَلْمَرِیْرَۃُ: رسی کی لڑی (۲) خودداری عزت نفس (۳) مستقل مزاجی، پختہ ارادہ
ج: مَرائِر۔
اِسْتَمَرَّتْ مَرِیْرَتُہُ عَلیٰ کذا: وہ فلاں بات پر مضبوطی سے قائم رہا۔
اَلْمَمَرُّ: گذرگاہ، راستہ (۲) پگ ڈنڈی
ج: مَمَرَّات۔
مَمَرٌّ اِلیٰ مَکانِ کذا: فلاں جگہ کو جانے والا راستہ۔
مَمَرُّ الْمُشَاۃِ: پیدل چلنے والوں کا راستہ، فٹ پاتھ۔
اَلْمَمَرُّ الْمَائِیُّ: آبی شاہراہ۔

• مَرَزَ جِلْدَہُ ـُـ مَرْزًا: کسی کی کھال پر چٹکی بھرنا (ناخن کے بغیر انگلیوں کے پوروں سے کھال کو دبانا) اگر یہ چٹکی زور سے بھری جائے اور اس سے تکلیف ہو تو کہا جائے گا قَرَصَہُ۔
ــــ الرَّجُلَ: کسی میں عیب نکالنا (۲) ہاتھ سے پیٹنا۔
ــــ الصَّبِیُّ ثَدْیَ اُمِّہ: بچہ کا دودھ پیتے ہوئے ماں کی چھاتیوں کو انگلیوں سے دبانا۔
ــــ الشَّیْئَ: کاٹنا۔
ــــ الشَّرَابَ: مشروب کو مزہ لے کر تھوڑا تھوڑا پینا۔
اِمْتَرَزَ من مالِہ مَرْزَۃً: اپنے مال کا کچھ حصہ پانا۔
ــــ عِرْضَہُ و من عِرْضِہ: کسی کی عزت وآبرو کو ٹھیس پہنچانا۔
اَلْمَرْزُ: پانی روکنے کی جگہ (۲) ٹوٹی وغیرہ جس سے پانی روکا جائے۔
ج: مُرُوْز۔
اَلْمَرْزَۃُ: کسی چیز کا ٹکڑا۔
اَلْمَرْزُبانُ: ایرانی سردار۔ ج: اَلْمَرازِبَۃ
• مَرَسَ حَبْلُ الْبَکَرَۃِ ـُـ مَرْسًا: چرخی کی رسی کا ایک طرف ہٹ جانا۔
ــــ التَّمْرَ فی الماءِ: کھجوروں کو پانی میں ڈال کر ہاتھ سے ملنا اور گھلا دینا۔
ــــ الدَّوَاءَ والْخُبْزَ فی الماءِ: دوا یا روٹی کو پانی میں بھگونا۔
ــــ الصَّبِیُّ اِصْبَعَہُ: بچہ کا انگلی چوسنا اور چبانا۔
ــــ یَدَہُ بالْمِنْدِیْلِ: رومال یا صافی وغیرہ سے ہاتھ پونچھنا۔

مَرِسَ فُلانٌ ـَـ مَرَسًا: ماہر و تجربہ کار ہونا، کسی چیز کا حل نکالنے میں ماہر ہونا۔ ھو مَرِسٌ
ج: اَمْرَاسٌ۔
اَمْرَسَ حَبْلَ الْبَکَرَۃِ: چرخی کی رسی کو دوبارہ چڑھانا، اس کی جگہ لانا۔
مَارَسَ الشَّیْئَ مِراسًا و مُمَارَسَۃً: کسی چیز یا کام پر لگے رہنا، مشق کرنا تجربہ کرنا، نتیجہ یا حل نکالنے کی کوشش کرنا۔
ــــ العَمَلَ: کوئی کام بطور پیشہ کرنا جیسے مَارَسَ التَّدْرِیْسَ والطِّبَّ۔
ــــ الاِرْھَابَ: دہشت گردی اختیار کرنا
ــــ الاَعْمَالَ الاِجْرَامِیَّۃَ: مجرمانہ حرکتیں کرنا۔
ــــ التَّاْثِیْرَ علی فُلان: کسی پر زور دینا، دباؤ ڈالنا۔
ــــ الحَقَّ: حق کا استعمال کرنا۔
ــــ دَوْرًا فی کذا: کردار یا پارٹ ادا کرنا (اچھا یا برا)
ــــ السُّلْطَۃَ: اختیار واقتدار کا استعمال کرنا (۲) برسراقتدار ہونا۔
ــــ السِّیَاسَۃَ: پالیسی پر چلنا۔
ــــ الصَّلاحِیَّاتِ: اختیارات سے کام لینا، استعمال کرنا۔
ــــ الضَّغْطَ علی فُلان: دباؤ ڈالنا، دباؤ سے کام لینا۔
ــــ العَمَلِیَّۃَ: کارروائی کرنا۔
ــــ قِرْنَہُ: اپنے جوڑی دار سے مقابلہ کرنا یا اس کے ساتھ لگنا۔
ــــ اللُّعْبَۃَ: کوئی کھیل کھیلنا۔
ــــ الْمَسْئُولِیَّۃَ: ذمہ داری لینا، ذمہ داری کو پورا کرنا یا نباہنا۔
ــــ الوَسَاطَۃَ: ثالثی کا کام انجام دینا۔

امترس الخطباء: مقررین کا باہم مقابلہ ہونا، مقررین کی آوازوں کا باہم ٹکرانا۔
امترست الالسن فی الخصومات: جھگڑوں اور لڑائیوں میں آوازوں کا ٹکرانا۔
— بالشئ: رگڑ لگنا، ٹکرانا۔
تمارس القوم فی الحرب: لڑائی میں باہم زدوکوب کرنا۔
تمرّس بالشئ: ٹکرانا، رگڑ لگنا، (۲) کسی چیز کی مشق کرنا، ماہر و مشّاق ہونا۔
— بالطیب: خوشبو ملنا، خوشبو میں لت پت ہونا۔
— بدینه: اپنے مذہب سے کھلواڑ کرنا، اپنی مرضی کے مطابق اسے استعمال کرنا۔
— بالنوائب: مصائب جھیلنا، آفات سے دوچار ہونا، نبرد آزما ہونا۔
— بالخصومات: لڑائی جھگڑوں میں مبتلا رہنا، ان کا خوگر ہونا۔
— البعیر بالشجرة: اونٹ کا درخت کو وقتاً فوقتاً کھانا۔
الأمرس: وجهٌ أمرس: وہ سپاٹ چہرہ جس میں کوئی خیر نہ ہو۔
مارِس: جنگ کا دیوتا (پرانی کہاوتوں کے مطابق) یعنی ستارہ مریخ (۲) رومی مہینوں کا تیسرا مہینہ ماہ مارچ اسی کو میلادی (عیسوی) کہتے ہیں اس کا مقابل سریانی مہینہ آذار ہے۔
المارستان: ہسپتال، شفا خانہ۔
المِراس: طاقت، سختی و مضبوطی۔
ذو مراس: بہادر و طاقتور (۲) تجربہ کار۔
سهل المراس: نرم مزاج۔

صعب المراس: سخت مزاج۔
المراسة: سختی، قوت۔
المرّاس: بڑا طاقتور، سخت مزاج، ہٹ دھرم۔
المَرْس: مسلسل سفر یا چلتے رہنا۔
المَرِس: تجربہ کار، مشاق، آزمودہ کار۔ إنّه لمرِسٌ حذِرٌ: وہ جنگ کا ماہر ہے۔ هم على مرسٍ واحدٍ: وہ یکساں اخلاق والے ہیں ج: أمراس۔
المَرَسة: رسی ج: مَرَس و أمراس۔
المَريس: ثرید (۲) پانی میں بھگوئی ہوئی کھجور وغیرہ۔
الممارسة: مزاولت، پریکٹس، ایکسرسائز، مشق، تصرف، عمل، عمل آوری، کوشش عمل، عمل تطبیق، تجربہ، روٹین ج: ممارسات۔
الممارسات الناشئة: ابتدائی سرگرمیاں۔
•مَرَش الماءُ ـُ مَرْشًا: بہنا۔
— الشئَ او الجلدَ: ناخنوں سے کسی چیز یا کھال کو کھرچنا، رگڑنا
— وجهَه: چہرہ کو نوچنا، کھسوٹنا۔
— فلانًا: کسی کو تکلیف دہ بات کہنا۔
امترش لعیاله: اہل وعیال کے لئے کمائی کرنا۔
— الشئَ من یده: ہاتھ میں سے کوئی چیز چھیننا۔
الأمرش: بڑا فتین آدمی۔
المُراشة: لی عنده مُراشةٌ: اس کا میرے پاس کچھ حق ہے۔
المَرْش: وہ زمین جس کی سطح بارش سے صاف ہوگئی ہو (۲) وہ زمین جس پر بارش ہوتے ہی پانی بہنے لگے (۳) پہاڑ کا دامن یا نشیبی حصہ جہاں سے پانی آہستہ آہستہ بہتا ہو ج: أمراش۔
المَرشاء: ہر کٹکھنا جانور (۲) بہت گھاس والی زمین۔
•مَرَص الثدیَ ونحوَه ـُ مَرْصًا: ہاتھ سے چھاتی پر چٹکی بھرنا، پستان کو انگلیوں سے دبانا۔
مَرِص فلانٌ ـَ مَرَصًا: سبقت لیجانا، آگے بڑھ جانا۔ هو مَرِصٌ۔
تمرّص القشر عن الشعیر ونحوه: جو وغیرہ کا چھلکا الگ ہو جانا۔
•مَرِض ـَ مَرَضًا: بیمار ہونا۔ هو مریضٌ و مَرِضٌ۔ کبھی مارِضٌ بھی کہا جاتا ہے بمعنی مریض۔
أمرض فلانٌ: بیمار ہو جانا۔
— القومُ: قوم کا بیمار جانوروں والا ہونا۔
— فلانٌ: بڑی حد تک صائب الرائے ہونا (اگرچہ پورے طور پر نہ ہو)
— فلانًا: بیمار پانا یا بیمار کرنا۔
— اللهُ فلانًا: خدا کا کسی کو بیماری میں مبتلا کرنا۔
مارض: مارضتُ رأیی فیك: میں نے تمہارے بارہ میں دھوکا کھایا۔
مرّض فی الأمر: کام میں کوتاہی کرنا، اسے پورے طور پر یا صحیح طور پر انجام نہ دینا۔
— فی حاجته: کسی کے کام کے لئے کم دوڑ دھوپ کرنا۔
— فی کلامه: کمزور بات کرنا۔
— المریضَ: بیمار کی دوا دارو کرنا،

(۲) تیمارداری کرنا۔
مَرَّضَ البُرَّ: گیہوں اڑانا۔
تَمَارَضَ: بیمار بننا۔
— فی اَمْرِہٖ: اپنے کام میں سست ہونا کوتاہ اور لاپروا ہونا۔
التَّمْرِیْضُ: تیمارداری، بیماروں کی دیکھ بھال اور خدمت (۲) بیماروں کی خدمت کا پیشہ (نرسنگ) نرس گری، دایہ گری۔
المُرَاضُ: پھلوں کو لگنے والی بیماری۔
المَرَضُ: شک۔
المَرَضُ: بیماری، روگ، خامی، نقص، فساد (زندہ کائنات میں رونما ہونے والی وہ حالت وکیفیت جو حدِّ اعتدال اور حدِ صحت سے نکال دے، (یہ جسمانی روگ ہو یا علتِ نفاق ہو یا کسی کام میں تقصیر و کوتاہی ہو) قرآن پاک میں ہے: "فی قُلُوبِہِمْ مَرَضٌ" ان کے دلوں میں علت (نفاق) ہے جو قبول حق سے مانع ہے۔ ج: اَمْرَاض۔
مَرَضٌ بَسِیْطٌ: معمولی بیماری۔
مَرَضُ السُّکَّرِ: شکر (ذیابیطس) کی بیماری۔
مَرَضٌ مُعْدٍ: متعدی (ایک سے دوسرے کو لگنے والی) بیماری۔
مَرَضُ سِمَنٍ: مٹاپے کی بیماری۔
المَرَضُ المُسْتَعْصِی: خطرناک بیماری، مشکل العلاج مرض۔
المَرَضُ المُعْضِلُ: پیچیدہ بیماری۔
اِجَازَۃٌ مَرَضِیَّۃٌ: رخصتِ بیماری
المَرِیْضُ: بیمار، وہ شخص جس کو کوئی روگ لاحق ہو یا اس میں علت تقصیر ہو یا فساد وانحراف ہو۔ قَلْبٌ مَرِیْضٌ: وہ قلب جس میں دین و ایمان ناقص ہو۔ رَأْیٌ مَرِیْضٌ: کمزور رائے یا حق سے منحرف رائے۔
عَیْنٌ مَرِیْضَۃٌ: نشیلی آنکھ، خمارآلود آنکھ۔ رِیْحٌ مَرِیْضَۃٌ: رکی ہوئی یا ہلکی یا تیز گرم ہوا۔ لَیْلَۃٌ مَرِیْضَۃٌ: ابر کی وجہ سے بے نور رات (جس میں ابر چھایا ہوا ہو)۔
اَرْضٌ مَرِیْضَۃٌ: پُرآشوب یا ہنگامہ خیز یا گھنی آبادی والی زمین۔ شَمْسٌ مَرِیْضَۃٌ: ہلکی دھوپ، دھندلا سورج، مَرِیض اور مَرِیضۃ کی جمع مَرْضَی و مِرَاضٌ و مَرَاضَی
مَرِیْضُ الصَّرْعِ: مرگی کا مریض۔
المِمْرَاضُ: بہت بیمار، بہت سی بیماریوں میں مبتلا شخص یا اکثر بیمار رہنے والا۔
المُمَرِّضُ: تیماردار، طبیب کی ہدایت کے مطابق بیماروں کی دیکھ بھال پر مامور ملازم۔
المُمَرِّضَۃُ: تیماردار خاتون (۲) نرس (ہسپتالوں میں بیماروں کی خدمت پر مامور)۔
المَمْرُوضُ: المَرِیْضُ۔
• مَرَطَ الرَّجُلُ وَنَحْوُہٗ ـُـ مَرْطًا و مُرُوطًا: جلدی کرنا، تیز رفتار ہونا۔
— بِہٖ اُمُّہٗ مَرْطًا: ماں کا جننا۔
— الشَّعْرَ اَوِ الرِّیْشَ اوالصُّوْفَ: بال یا پر یا اون چونٹنا۔
— فُلَانًا: تکلیف پہنچانا۔
— الشَّیْءَ: اکٹھا کرنا۔ فُلَانٌ یَمْرُطُ مَا یَجِدُہٗ: فلاں کے جو ہاتھ لگتا ہے اسے جمع کرلیتا ہے۔
مَرِطَ فُلَانٌ ـَـ مَرَطًا: جسم یا بھوں یا آنکھ کے کم بال والا ہونا۔ ھُوَ اَمْرَطُ وھِیَ مَرْطَاءُ۔ مَرْطَاءُ الحَاجِبَیْنِ: بھوؤں کے کم بال والی عورت۔
— الرِّیْشُ عن السَّھْمِ: تیر سے پر نکل جانا۔ ھُوَ اَمْرَطُ ج: مِرَاط و مُرْطٌ و مُرُطٌ۔
اَمْرَطَ الشَّعْرُ: بالوں وغیرہ کے چونٹے جانے کا وقت آجانا یا چونٹنے کے قابل ہوجانا۔
— النَّخْلَۃُ: درختِ خرما کا کچی کھجوریں گرانا۔ ھِیَ مُمْرِطٌ۔ اگر ہمیشہ ہی اس سے کچی کھجوریں گرتی ہوں تو اسے مِمْرَاط کہتے ہیں۔
— النَّاقَۃُ: اونٹنی کا ناتمام بچہ جننا جس پر بال بھی نہ اُگے ہوں۔
مَارَطَہٗ مُمَارَطَۃً: کسی کے بال نوچنا کھسوٹنا۔
مَرَّطَ الشَّعْرَ: بالوں کو زور سے نوچنا یا بہت زیادہ نوچنا۔
— الثَّوْبَ: کپڑے کی آستینیں چھوٹی کرکے اس کو بطور چادر استعمال کرنا۔
اِمْتَرَطَ الشَّیْءَ من یَدِہٖ: کسی کے ہاتھ سے کوئی چیز اچک لینا، جھپٹ لینا۔
اِنْمَرَطَ الشَّعْرُ وَامَّرَطَ: بال گرنا۔
تَمَرَّطَ الشَّعْرُ: بال گرنا۔
— اللِّحْیَۃُ: ڈاڑھی کے بال اڑجانا۔
— الذِّئْبُ: بھیڑیے کے اکثر بال گرجانا۔
المُرَاطَۃُ: کنگھا کرنے یا چونٹنے سے گرے ہوئے بال۔
المِرْطُ: اون یا ریشم یا ٹسر کی چادر جو کہ

کی جگہ اوڑھی جاتی ہے، خاص طور پر عورتیں استعمال کرتی ہیں ج: مُرُوطٌ۔
المِرْطَاءُ: شَجَرَةٌ مَرْطَاءُ: پتوں سے خالی درخت ج: مُرْطٌ۔
المُرَيطاءُ: ناف اور پیڑو کے درمیان کا حصہ۔
المُرَيطَاوَانِ: پیٹ کے اندر کی دو رگیں جن سے چینخنے میں مدد ملتی ہے۔
المُرَيطِي: تالو، حلق کا کوّا۔
المَرِيطُ: سَهْمٌ مَرِيطٌ: بے پر کا تیر۔
• مَرَطَ المَطَرُ فُلانًا: بارش کا بھگو دینا۔
—العَمَلَ: کسی کام کو ہمیشہ خراب کرتے رہنا۔
—فُلانًا بالطِّين وغيره: کسی کو گارے مٹی میں لت پت کر دینا۔
—عِرْضَه: اپنی عزت داغ دار کرنا۔
• مَرِغَ رَأْسَهُ بالدُّهْنِ ـَ مَرَغًا: سر پر تیل ملنا اور لگھا کرنا۔
مَرِغَ المَكَانُ والوَادِي ـَ مَرَغًا: سرسبز و شاداب ہونا۔ هو مَرِغٌ۔
—فُلانٌ: کسی کا شادابی میں ہونا۔
فُلانٌ مَرَاغَةٌ: خوشحال ہونا۔
أمْرَعَ المَكَانُ والوَادِي: سرسبز ہونا، زرخیز ہونا۔
—القَوْمُ: لوگوں کا سبزے والی جگہ پہنچ کر خوشحال ہونا۔ کہاوت ہے: أمْرَعْتَ فَانْزِلْ: تم شاداب جگہ آئے ہو اس لئے قیام کرو۔
—الأرْضُ: کسی جگہ کے مویشی کا چارہ کھا کر شکم سیر ہونا۔
—رَأْسَهُ بِدُهْنٍ: سر پر خوب تیل ملنا۔
تَمَرَّعَ: جلدی کرنا: گھاس تلاش کرنا
الأُمْرُوعَةُ: أرْضٌ أُمْرُوعَةٌ: شاداب زمین ج: أمَارِيعُ۔
المِرَاعُ: چربی۔

المَرْعُ: گھاس ج: أمْرُعٌ وأمْرَاعٌ
المَرِعُ: رَجُلٌ مَرِعٌ: گھاس و سبزہ کا متلاشی۔
المَرِيعُ: سبز و شاداب، زرخیز۔
غَيْثٌ مَرِيعٌ: وہ بارش جو سطح زمین کو صاف کر دے۔
المِمْرَاعُ: تیز رو، تیز رفتار (۲) بہت سرسبز و شاداب۔
• مَرَغَت السَّائِمَةُ العُشْبَ ـَ مَرْغًا: جانوروں کا گھاس کھانا
—الحَيَوانُ في العُشْبِ: جانور کا گھاس میں گھومتے پھرتے چرنا۔
مَرِغَ عِرْضُهُ ـَ مَرَغًا: عزت داغدار ہونا۔ هو أمْرَغُ و هي مَرْغَاءُ ج: مُرْغٌ۔
—شَعْرُهُ: کسی کے بالوں کا تیل ملنے کے قابل ہونا۔ هو مَرِغٌ۔
أمْرَغَ: کسی کی سوتے ہوئے منھ کے دونوں گوشوں سے رال بہنا (۲) الٹی سیدھی باتیں کرنا، بکواس کرنا۔
—العَجِينَ: آٹے میں اتنا پانی ڈالنا کہ وہ پتلا ہو جائے اور بستہ نہ ہو سکے۔
—عِرْضَهُ: آبرو کو بٹا لگانا، کسی کی بے عزتی اور آبرو ریزی کرنا۔
مَارَغَهُ بالتُّرَابِ: کسی کو مٹی میں لت پت کرنا، پورے جسم پر مٹی ملنا
مَرَّغَهُ في التُّرَابِ: مٹی پر ڈال کر اس میں لت پت کرنا، اس میں جانور وغیرہ کو پلٹیاں دینا، لوٹ لگوانا۔
—العِرْضَ: عزت کو داغ دار کرنا۔
—فُلانًا: سر اور بدن کو تیل سے تر بہ تر کرنا۔

تَمَرَّغَت السَّائِمَةُ: مویشی کا کسی جگہ پر چرتے رہنا۔
—الحَيَوانُ: جانور کا منھ سے رال ٹپکانا۔
—فُلانٌ: سیر و تفریح کرنا (۲) چہرہ کی چمک دمک کے لئے زینت و ملائمت کے اسباب اختیار کرنا (۳) درد کی وجہ سے تڑپنا، پیچ و تاب کھانا۔
—في التُّرَابِ: مٹی میں لوٹ لگانا، پلٹیاں کھانا۔
—في الأمْرِ: کسی معاملہ میں متردد ہونا پس و پیش کرنا۔
—عَلَى فُلانٍ: کسی کے پاس ٹھہرنا (۲) کسی کے پاس آنے میں تاخیر و توقف کرنا۔
المَارِغُ: بے وقوف (۲) بہت تیل لگانے والا، تیل میں تر بہ تر رہنے والا
المَرَاغُ: جانوروں کے لوٹ لگانے کی جگہ۔ حدیث میں ہے "مَرَاغُ دَوَابِّهَا المِسْكُ"۔
المَرَاغَةُ: المَرَاغُ (۲) گدھی۔
المَرْغُ: ناک کی ریزش (۲) منھ کا لعاب (رال) (۳) گھنا باغ (۴) تیل وغیرہ مل کر جذب کرنا، پلانا۔
المَرْغَةُ: گھنا باغ۔
المُمَرِّغَةُ (المِعَى الأعْوَرُ): ایک آنت جس میں آر پار راستہ نہیں ہوتا۔
• مَرَقَ السَّهْمُ من الرَّمِيَّةِ ـُ مُرُوقًا: تیر کا نشانہ کو چیرتے ہوئے دوسری طرف سے تیزی کے ساتھ نکل جانا، آر پار ہونا۔
—من الدِّينِ: مذہب سے الگ ہو جانا، اطاعت سے نکل جانا، اتباع چھوڑ دینا۔

مَرَقَ فی الْاَرْضِ : روئے زمین میں کسی مقام پر جانا۔
— الْقِدْرَ مَرْقًا: ہنڈیا یا دیگچی میں شوربا زیادہ کرنا۔
— الصُّوْفَ والشَّعْرَ من الجِلْدِ: کھال کے بال یا اون نوچنا، اتارنا۔
— الاِھَابَ: چمڑے کے بال صاف کرنا
— الصِّبْغَ من العُصْفُرِ: عصفر بوٹے سے گوند نکالنا۔
— فُلَانًا: کسی کو جلدی سے نیزہ مارنا۔
مَرِقَتِ البَیْضَۃُ ـَـ مَرَقًا: انڈے کا خراب ہوکر پانی بن جانا۔
— النَّخْلَۃُ: درختِ خرما کے پھل کا بڑا ہوکر گر جانا۔
اَمْرَقَ: اپنا ستر کھولنا۔
— النَّخْلَۃُ: مَرِقَتْ۔
— الجِلْدُ: چمڑے کا بال اکھاڑنے کے قابل ہوجانا۔
— القِدْرَ: ہنڈیا میں شوربا زیادہ کرنا۔
— السَّھْمَ: تیر کو نشانہ سے گزارنا۔
مَرَّقَ القِدْرَ: ہنڈیا میں شوربا زیادہ کرنا۔
— الثَّوْبَ: کپڑے کو کیسری (زعفرانی) رنگ میں رنگنا۔
اِمْتَرَقَ الشَّیْءُ: جلدی سے گزر جانا تیر کی طرح نکل جانا۔ جیسے: اِمْتَرَقَ من البَیْتِ۔
— الوَلَدُ من بَطْنِ اُمِّہٖ: شکم مادر سے بچہ کا جلدی نکل آنا
— الحَمَامَۃُ من الکُوَّۃِ: کبوتر کا دیوار کے روشندان سے نکل آنا۔
— السَّیْفَ من غِمْدِہٖ: میان سے تلوار نکالنا، سونتنا۔
اِمَّرَقَ و انْمَرَقَ الرَّجُلُ: آدمی کا ستر کھلنا۔
اِمَّرَقَ و انْمَرَقَ السَّھْمُ: تیر کا تیزی سے نکلنا۔
— الوَلَدُ من بَطْنِ اُمِّہٖ: شکم مادر سے بچہ کا جلدی سے نکل آنا۔ کہاوت ہے: "رُوَیْدَ الغَزْوَ یَنْمَرِقُ" اتنی دیر کہ پیٹ سے بچہ نکلے لڑائی میں توقف کرو۔ کسی کام کے نتیجہ کے سامنے آنے تک توقف وانتظار کے لئے بولا جاتا ہے۔
— الشَّعْرُ: بالوں کا گرنا۔ حدیث میں آتا ہے کہ ایک عورت نے کہا: "یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ، اِنَّ لِیْ بُنَیَّۃً عَرُوْسًا مَرِضَتْ فَامَّرَقَ شَعْرُھَا"
تَمَرَّقَ الشَّعْرُ: بالوں کا گرنا اور بکھرنا (بیماری وغیرہ کی وجہ سے)۔
— الثَّوْبُ: کپڑے پر کیسری (زعفرانی) رنگ کا چڑھ جانا۔
المَارِقُ: دائرہ مذہب سے خارج ہونے والا، تیر کی طرح ہر چیز میں سے پار ہوکر نکل جانے والا۔ ج: مُرَّاقٌ۔
المَارِقُ عن الدِّیْنِ: مرتد، بے دین گمراہ، ملحد۔
المَرَاقُّ: دیکھئے (رقق) ایک بیماری
المُرَاقَۃُ: گرنے والی چیز (۲) اکھاڑی ہوئی گھاس یا اون یا بال۔
المُرَیْقُ: عصفر (زرد رنگ) کیسر (زعفران یا نقلی زعفران جس سے رنگائی ہوتی ہے)۔
المَرِقُ: بدبودار کھال جس کی اون الگ ہوگئی ہو (۲) دھنی ہوئی اون (۳) کمزور یا بیمار جانوروں کی اون (۴) گیہوں کی بالی کا کانٹا ج: اَمْرَاقٌ
"اَصَابَہٗ ذٰلِکَ فِیْ مَرَقِکَ" اسے یہ تکلیف تمہاری وجہ سے پہنچی۔
المِرْقُ: سڑی ہوئی اون۔
المَرَقُ: شوربا، گوشت کی یخنی، گوشت کا سوپ۔
المَرَقَۃُ: شوربے کی قسم یا تھوڑا شوربا یا سوپ۔
المَرْقَۃُ: پہلے پہل اتاری ہوئی اون (۲) کھال کھینچنے کے بعد اس سے لگا رہجانے والا گوشت (۳) دباغت دیا ہوا چمڑا۔
المُرُوْقُ: گیہوں کے خوشہ (بالی) کا کانٹا (نوک) (۲) بے دینی، الحاد وگمراہی، مذہب سے انحراف۔
المُتَمَرِّقُ: عصفر سے رنگا ہوا۔
المِمْرَاقُ: معاملات میں دخل انداز۔
المَمْرَقُ: روشندان، کھڑکی۔
المُمْرَقُ: کم گھی کا گوشت۔
المُمَرَّقُ: گویا (۲) بہت چکنا گوشت۔
• مَرْمَرَ فُلَانٌ: غصہ ہونا۔
— المَاءَ: پانی کو زمین پر بہنے دینا۔
تَمَرْمَرَ الجِسْمُ: تھلتھلانا۔
— فُلَانٌ علی اَصْحَابِہٖ: اپنے ساتھیوں پر حکم چلانا۔
المُرَامِرُ: نرم ونازک بدن۔
المَرْمَرُ: سنگ مرمر، ایک قسم کا نفیس پتھر
المَرْمَرَۃُ: سنگ مرمر کا ٹکڑا (۲) زبردست بارش۔
• المَرْمَرِیْسُ: چکنا اور ٹھوس (۲) سخت زمین جس میں کچھ نہ اگتا ہو، سنگلاخ زمین (۳) لمبی گردن۔
دَاھِیَۃٌ مَرْمَرِیْسٌ: سخت مصیبت۔
• مَرُنَ الشَّیْءُ ـُـ مَرَانَۃً ومُرُوْنَۃً: لچکدار ہونا (نرم ہونا مگر نہ ٹوٹنا)،

نرم و ملائم ہونا۔
مَرَنَ ثَوبُهُ: کپڑے کا ملائم و چکنا ہونا
—يَدُ فُلَانٍ عَلَى العَمَلِ: کام پر کسی کا ہاتھ جما ہوا ہونا، کام میں ماہر ہونا، اس کا مشاق ہونا۔
—وَجْهُهُ عَلَى الأَمْرِ: کسی کام کو بے جھجک اور بے تکلف کرنے کا عادی ہونا۔
—عَلَى الكَلَامِ: کلام کی مشق ہونا۔
—الجِلْدُ مَرْنًا: کھال کا نرم ہونا
—مِن عَدُوِّهِ: دشمن سے ڈر کر بھاگ جانا سامنا کرنے کی ہمت نہ کرنا۔
—بِهِ الأَرْضَ: زمین پر پٹکنا۔
—بَعِيرَهُ: اونٹ کے پاؤں کے نچلے حصوں پر تیل ملنا۔
أَمْرَنَ الرَّجُلَ بِالقَوْلِ: کسی کو اپنی بات سے نرم کرنا۔
مَارَنَتِ النَّاقَةُ مُمَارَنَةً ومِرَانًا: اونٹنی کا دودھ دینا بند کر دینا۔ هي مُمَارِنٌ۔
مَرَّنَ الشَّيءَ: نرم کرنا۔
—فُلَانًا عَلَى الأَمْرِ: کسی کو کسی کام کی مشق کرانا، ماہر بنانا، عادی بنانا
—بِهِ الأَرْضَ: زمین پر پٹکنا۔
مُرِّنَ وَجْهُهُ عَلَى الخِصَامِ وَالسُّؤَالِ: لڑائی و سوال کا عادی ہو کر سپاٹ و خشک چہرے والا ہونا۔ إِنَّهُ لَمُمَرَّنُ الوَجْهِ۔
تَمَرَّنَ الشَّيءُ: نرم ہو جانا۔
—فُلَانٌ: زیرک و دانا ہونا، یا دانا بننا۔
—عَلَى الشَّيءِ: عادی ہونا، ماہر و مشاق ہونا، مشق کرنا، تربیت پانا
التَّمْرِينُ: مشق، تربیت، ریہرسل ج: تَمْرِينَات۔

التَّمْرِينِيُّ: مشقی، تربیتی۔
المَارِنُ: ناک کا نرم کنارہ ج: مَوَارِنُ
رُمْحٌ مَارِنٌ: ٹھوس اور لچکدار نیزہ۔
المُتَمَرِّنُ: تربیت یافتہ، عادی، ماہر (۲) کسی کام کی کچھ عرصہ مشق کیے ہوئے۔
المِرَانُ: مشق، ورزش۔
المِرَانُ الجَسَدِيُّ: ورزش۔
فِي مِرَانٍ: زیر تربیت۔
تَحْتَ مِرَانٍ: زیر مشق۔
المُرَّانُ: سخت و لچکدار نیزے۔ واحد: مُرَّانَةٌ۔
المَرْنُ: نرم کیا ہوا چمڑا (۲) پوستین (۳) جانب، کنارہ ج: أَمْرَان۔
مَرْنَا الأَنْفِ: ناک کے دو کنارے
المَرَنُ: اونٹ کے بازو کے اندر کا پٹھا ج: أَمْرَانٌ۔
أَمْرَانُ الذِّرَاعِ: ہاتھ کے اندرونی پٹھے۔
المَرِنُ: نرم و لچکدار (۲) عادت و مزاج (۳) حالت۔ مَا زَالَ ذلكَ مَرِنِي: میرا وہی حال رہا
المُمَرِّنُ: تربیت دینے والا، مشق کرانے والا۔
•مَرِهَتْ عَيْنُهُ ـَ مَرَهًا: آنکھ کا کورا (سرمہ سے خالی) ہونا (۲) آنکھ میں روئے پڑنا۔
الأَمْرَهُ: سَرَابٌ أَمْرَهُ: بالکل سفید سراب جس میں قطعاً سیاہی نہ ہو (۲) دکھتی آنکھ والا، کوری آنکھوں والا ج: مُرْهٌ۔
المَرَهُ: آنکھ کی ایک بیماری جس سے زخم ہو جاتا ہے، روئے ہو جاتے ہیں
المَرِهُ: رَجُلٌ مَرِهُ الفُؤَادِ: دل کا مریض۔

المَرْهَاءُ: بے داغ سفید ذہنی (۲) کم درختوں والی زمین (سخت ہو یا نرم)۔
المُرْهَةُ: آمیزش والی سفیدی (۲) بارش کا پانی جمع ہونے والا گڑھا
•مَرْهَمَ الجُرْحَ: زخم پر مرہم لگانا
المَرْهَمُ: ہر قسم کا مرہم ج: مَرَاهِمُ۔
•المَرْوُ: ایک خوشبودار پودا (۲) چقماق کا پتھر۔
المَرْوَةُ: مروا، مکہ معظمہ کی مشہور پہاڑی کا نام (مقابل الصفا)
•مَرَى الفَرَسُ ـِ مَرْيًا: گھوڑے کا زمین پر پاؤں مارنا۔
—الفَرَسُ بِيَدَيهِ: گھوڑے کا اگلے پیروں کو کھیلنے والے کی طرح حرکت دینا۔
—الشَّيءَ: باہر نکالنا۔
—الفَرَسَ: گھوڑے کو چابک مار کر اپنی چال دکھانے پر اکسانا۔ کہتے ہیں: مَرَيْتُهُ فَمَادَرَّ: میں نے اسے مطمئن کرنے کی کوشش کی مگر وہ مطمئن نہیں ہوا۔
—الرِّيحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادل برسانا۔
—فُلَانًا حَقَّهُ: کسی کے حق کا انکار کرنا۔
—فُلَانًا مِائَةَ سَوْطٍ: کسی کو سو کوڑے مارنا۔
أَمْرَى النَّاقَةُ وَنَحْوُهَا: اونٹنی وغیرہ کا دودھ بڑھنا۔
—الدَّمَ: خون نکالنا۔
مَارَاهُ مُمَارَاةً وَمِرَاءً: مناظرہ کرنا، بحث و مباحثہ کرنا، حجت بازی کرنا، جھگڑنا۔ قرآن پاک میں ہے:

"فلا تُمارِ فيهم اِلّا مِراءً ظاهِرًا"
مَارَی فلانًا: کسی کی مخالفت کرنا، کسی کو اپنی لپیٹ میں لے لینا۔
اِمْتَرَی فِی الشَّئِ: شک کرنا قرآن پاک میں ہے "فلا تَکُونَنَّ مِنَ المُمْتَرِیْنَ"۔
— الشَّئَ: باہر نکالنا۔
— الرِّیْحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادلوں سے پانی برسانا۔
— النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوہنا۔
تَمَارَی القَومُ: باہم جھگڑنا، بحث و مباحثہ کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَبِاَیِّ اٰلاءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰی"
تَمَرَّی بِالشَّئِ: کسی چیز سے آراستہ ہونا۔
المَارِیَةُ: سفید و چکنے بچھڑے والی گائے۔
مَارِیَةُ بِنتُ اَرْقَم: ایک عرب خاتون کا نام جو بڑے لوگوں میں شمار ہوتی تھی اسی کے نام سے ایک کہاوت ہے: خُذْهُ وَلَو بِقُرْطَی مَارِیَةَ: اسے ہر حال میں لے لو خواہ وہ ماریہ کی دو بالیوں کے عوض ہی کیوں نہ ملے۔ ایسی چیز کے لینے کے موقع پر کہا جاتا ہے جسے کسی قیمت پر نہ چھوڑا جائے۔
المَارِیُّ: گائے کا سفید و چکنا بچھڑا (۲) دھاری دار اون کی چادر جسے ساقی پہنا کرتا تھا (۳) بھٹ تیتر کا شکاری۔
المَارِیَّةُ: نرم پروں والا بھٹ تیتر (۲) گوری اور چمک دمک والی عورت۔
المِرَاءُ: جھگڑا، کٹ حجتی، بحث۔
المِرْیَةُ: جھگڑا۔ ما فیہ مِرْیَةٌ: اس میں کوئی جھگڑا نہیں (۲) شک

فِرْیَةٌ بِلا مِرْیَةٍ: ناقابل شک جھوٹ، کھلا جھوٹ۔ قرآن پاک میں ہے "فَلا تَكُنْ فِی مِرْیَةٍ مِنْهُ" تم اس کے بارہ میں کسی شک و شبہ میں نہ پڑو۔
المَرِیُّ: بہت دودھ والی اونٹنی (۲) دودھ سے بھر کر اسے نکالنے والی رگ ج: مَرَایَا۔
المُمْرِی: اَمْرٌ مُمْرٍ: صاف ستھرا معاملہ۔

م ـــــ ز

• مَزَجَ الشَّرَابَ وَنَحْوَهُ ـُ مَزْجًا: مشروب وغیرہ میں کوئی چیز ملانا، آمیزش کرنا۔
— فُلانًا علی صَاحِبِه: کسی کو اپنے ساتھی کے خلاف اکسانا، ورغلانا
مَازَجَهُ: کسی سے میل جول رکھنا، کسی کے ساتھ گھل مل جانا (۲) کسی کے مقابلہ پر کسی بات میں فخر کرنا۔
مَزَّجَ السُّنْبُلُ: گیہوں کے ہرے خوشہ کا زرد ہو جانا، غلہ کا پک جانا
تَمَازَجَ الشَّرَابُ وَالمَاءُ: مشروب اور پانی کا مل کر ایک ہو جانا۔
— الزَّوجَانِ: زوجین کا باہم شیر و شکر ہو جانا۔
اِمْتَزَجَ بِالشَّئِ: مل جانا، گڈمڈ ہو جانا، مل کر ایک ہو جانا۔
المِزَاجُ: ملانے کی چیز (۲) دو قسم کی چیزوں کا امتزاج، ان میں سے ہر ایک کو مزاج کہا جائے گا چونکہ وہ دوسرے کے ساتھ ملی ہوئی ہے۔ قرآن پاک میں ہے: "کَانَ مِزَاجُهَا کَافُورًا" یعنی اس میں ملی ہوئی چیز کافور ہو گی (۳) طبیعت، افتاد طبع، موڈ (۴) ایک مخصوص عقلی اور جسمانی استعداد جو قدیم حکما کے قول کے مطابق جسم کے اندرونی عناصر اربعہ میں سے کسی ایک کے غلبہ کی بنا پر پیدا ہوتی ہے، وہ عناصر ہیں: الدم (خون) الصَّفراء (صفرا) السوداء (سوداء) البَلْغَم (بلغم) اسی مناسبت سے وہ چار قسم کے مزاج مانتے تھے۔
(۱) مزاج دموی (۲) مزاج صفراوی (۳) مزاج سوداوی (۴) مزاج بلغمی، موجودہ دور کے حکما رقدما سے اس بات میں متفق ہیں کہ مزاج جسمانی اثرات کی بنا پر بنتے ہیں لیکن ان کی تعداد اور ناموں میں اختلاف کرتے ہیں، ان کے نزدیک مزاجوں کی ساخت میں ان مختلف قسم کے افرازات کو دخل ہے جو مخصوص غدوں سے جاری ہوتے ہیں ج: اَمْزِجَةٌ۔
المَزْجُ: آمیزہ، ملی ہوئی چیز۔ جیسے: شَرَابٌ مَزْجٌ (بمعنی ممزوج)۔
المِزْجُ: شہد (۲) بغیر نچوڑا چھتہ کا شہد (۳) شراب میں ملایا جانے والا پانی (۴) کڑوا بادام۔
المَزَّاجُ: رَجُلٌ مَزَّاجٌ: جھوٹا، ایک عادت پر قائم نہ رہنے والا۔
المَزِیْجُ: کڑوا بادام (۲) مشروب یا دوا وغیرہ جو مختلف چیزوں کو ملا کر تیار کی جائے، کسچر، مخلوط، آمیزہ۔
• مَزَحَ ـَ مَزْحًا وَمُزَاحًا: مذاق کرنا، دل لگی کرنا (بے تکلفی یا تعلق کی بنا پر)۔
اَمْزَحَ الکَرْمُ: انگور کی بیل کو ٹٹی پر چڑھانا۔
مَازَحَهُ مِزَاحًا وَمُمَازَحَةً: کسی

کے ساتھ ہنسی مذاق کرنا، دل لگی کرنا

مَزَّحَ السُّنْبُلُ وَالعِنَبُ: خوشۂ گندم یا انگور کا رنگ پکڑنا۔

ـــ الکَرْمُ: بیل پر انگور آنا۔

تَمَازَحَا: باہم دل لگی کرنا۔

المَزْحُ: گیہوں کا خوشہ، بالی۔

المُزَاحُ: ہنسی مذاق، دل لگی۔

المَزَّاحُ: جوکر، بہروپیا۔

•المَزْدَقُ: ٹھنڈک۔

•مَزَرَ اللَّبَنَ وَنَحْوَهُ ـُ مَزْرًا: تھوڑا تھوڑا دودھ پینا۔

ـــ المَرَقَ وَنَحْوَهُ: سوپ (شوربا) وغیرہ چکھنے کے لئے پینا۔

ـــ فُلَانًا: ناراض کرنا (۲) آہستہ سے بدن پر چٹکی بھرنا۔

ـــ القِرْبَةَ: مشکیزہ کو پورا بھرنا۔

مَزُرَ الرَّجُلُ ـُ مَزَارَةً: مضبوط دل والا ہونا (۲) خوش مزاج ہونا۔

ـــ التَّمْرُ: کھجوروں کا مضبوط ہونا۔

هو مَزِيرٌ۔

الأَمْزَرُ: مضبوط دل والا آدمی، ج: أَمَازِرُ۔

المِزْرُ: مکئی کی شراب، جو یا گیہوں کی شراب (۲) بیوقوف (۳) اصل۔

هو كَرِيمُ المِزْرِ: وہ شریف النسب ہے

المَزْرَةُ: ایک چسکی۔

•المَازَرِيُون: دیکھئے (مادریون)

•مَزَّ الشَّرَابَ ـُ مَزًّا: مشروب کی چسکیاں لینا، چوسنا۔

ـــ الشَّيْءُ او الرَّجُلُ ـ مَزَازَةً: کسی شخص یا چیز کا اپنے سوا سے بڑھ جانا، اس پر فوقیت لے جانا۔

هو مَزِيزٌ۔

ـــ الشَّرَابُ مَزَازَةً وَمُزُوزَةً: بہت ترش ہونا (۲) پھیکا ہونا۔

هو مُزٌّ۔

مَزَّزَهُ: کسی کی قدر کرنا۔

ـــ فُلَانًا بِأَمْرٍ: کسی کو کسی کام میں ترجیح دینا، اُس کو زیادہ اہل قرار دینا۔

تَمَزَّزَ: کھٹی یا کھٹ مٹھ چیز کھانا یا پینا

ـــ الشَّرَابَ: مشروب کی چسکیاں لینا۔

المَازَّةُ: حِنْطَةٌ مَازَّةٌ: وہ گیہوں جس کے آٹے کا گوندھنا مشکل ہو

المُزُّ: کھٹا میٹھا (۲) پھیکا (نہ کھٹا ہو نہ میٹھا)۔

المِزُّ: فضیلت وترجیح، برتری (۲) فاضل وبرتر۔ لِهٰذا عَلٰى ذٰلِكَ مِزٌّ: اسے اس پر برتری حاصل ہے۔ هٰذا شَيْءٌ مِزٌّ: یہ برتر چیز ہے

المَزْزُ: مہلت، توقف۔ اِفْعَلْهُ عَلٰى مَزْزٍ: اسے سنبھل کر کرو۔

المُزَّاءُ: خوش ذائقہ شراب۔

المَزَّةُ: المُزَّاءُ (۲) ایک دفعہ کا چوسنا چسکی۔ ما بَقِيَ فِي الإِنَاءِ إِلَّا مَزَّةٌ: برتن میں ذرا سا رہ گیا ہے (پانی وغیرہ) (۳) مشروب یا شراب کے بعد کھائی جانے والی سبزی یا اچار وچٹنی۔

المُزَّةُ: بے نفع ترشی والی شراب۔

المَزِيزُ: بہت برتر، بڑا صاحب کمال جس کی کوئی ہمسری نہ کر سکے۔

•مَزَعَ الفَرَسُ وَنَحْوُهُ فِي عَدْوِهِ ـَ مَزْعًا: گھوڑے وغیرہ کا تیز یا آہستہ دوڑنا۔

ـــ القُطْنَ: روئی کو انگلیوں سے دھنکنا، گالے بنانا۔

مَزَّعَ الشَّيْءَ: بکھیرنا، پھیلانا۔

تَمَزَّعَ الشَّيْءُ: بکھرنا، پھیلنا۔

تَمَزَّعَ غَيْظًا: غصہ سے بھرنا۔

ـــ القَوْمُ الشَّيْءَ بَيْنَهُمْ: لوگوں کا باہم کسی چیز کو بانٹ لینا۔

المُزَاعَةُ: کسی چیز کا گرا ہوا حصہ، چورا یا نیچے گرنے والے ریزے۔

المَزَّاعُ: سیہی (۲) بہت دوڑنے والا۔

المُزْعَةُ: چکنائی کا بقیہ، چکناہٹ (۲) پانی کا گھونٹ۔ ما فِي الإِنَاءِ مُزْعَةٌ مِنَ المَاءِ: برتن میں ذرا سا بھی پانی نہیں ج: مُزَعٌ۔

المِزْعَةُ: روئی کا گالا (۲) گوشت کی بوٹی (۳) پروں کا گچھا ج: مِزَعٌ۔

المَزِعُ: چغلخور (۲) رات کو چلنے کا عادی

•مَزَقَ الطَّائِرُ بِسَلْحِهِ ـِ مَزْقًا: پرندہ کا بیٹ کرنا۔

ـــ الثَّوْبَ وَنَحْوَهُ: کپڑے کو پھاڑنا۔

ـــ عِرْضَ أَخِيهِ: اپنے بھائی کی بے آبروئی کرنا، عزت کو داغ دار کرنا۔

مَازَقَهُ: کسی سے دوڑ میں مقابلہ کرنا

مَزَّقَ الثَّوْبَ وَنَحْوَهُ تَمْزِيقًا وَمُمَزَّقًا: دھجیاں اڑانا، پھاڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) تباہ وبرباد کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمَزَّقْنَاهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ" ہم نے ان کو مختلف مقامات پر بکھیر دیا، تباہ کر دیا۔

ـــ الشَّمْلَ: شیرازہ بکھیرنا۔

ـــ عِرْضَهُمْ: آبروریزی کرنا، پرخچے اڑانا۔

ـــ القَلْبَ: دل شکنی کرنا۔

مُمَزَّقُ القَلْبِ: انتہائی شکستہ دل۔

تَمَزَّقَ: پھٹنا، دھجیاں اڑنا، تار تار ہونا، ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا، بکھر جانا۔

تَمَزَّقَ القَوْمُ: لوگوں کا شیرازہ بکھرنا۔
المِزَاقُ: انتہائی تیز رفتار جس کی جلد سرعت کے باعث پھٹنے کے قریب ہو جائے۔
المَزِقُ: ثَوبٌ مَزِقٌ: پھٹا ہوا۔
المِزْقَۃُ: گوشت کی بوٹی (۲) روئی کا گالا، پروں کا گچھا ح: مِزَقٌ۔
صَارَ الثَّوبُ مِزَقًا: کپڑے کے ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے۔ ثَوبٌ مِزَقٌ: پھٹا ہوا کپڑا، تار تار شدہ کپڑا۔
المَزِیْقُ: المَزِق۔
• مَزْمَزَہٗ: ہلا کر آگے پیچھے کرنا۔
تَمَزْمَزَ: ہلنا۔
— لِلقِیَامِ: کھڑا ہونے کے لئے اٹھنا
• مَزَنَ ـ مُزُوْنًا: اپنی ضرورت کیلئے تیزی سے چلے جانا۔
— مِنَ العَدُوِّ وغیرہ: دشمن وغیرہ کو دیکھ کر بھاگ جانا۔
— فُلَانٌ: کسی کے چہرے کا چمکنا۔
— فُلَانًا: ترجیح دینا، فوقیت دینا، صاحب اقتدار کے سامنے کسی کی پیٹھ پیچھے تعریف کرنا۔
— القِرْبَۃَ: مشکیزہ بھرنا۔
مَزَّنَہٗ: مبالغہ در مَزَنَہٗ۔
تَمَزَّنَ: تیزی سے اپنی راہ لینا، اپنی ضرورت کے لئے تیزی سے چلے جانا۔
— علی اَصْحَابِہٖ: اپنے ساتھیوں پر اپنی غیر واقعی برتری ظاہر کرنا۔
المَازِنُ: چیونٹیوں کے انڈے۔
المُزْنُ: پانی سے بھرے ہوئے بادل۔ قرآن پاک میں ہے: "أَأَنْتُمْ أَنْزَلْتُمُوْہُ مِنَ الْمُزْنِ" واحد: مُزْنَۃٌ۔
حَبُّ المُزْنِ: اولے۔

المُزْنَۃُ: ایک دفعہ کی بارش۔
ابنُ مُزْنَۃَ: بادلوں کے اندر سے نکلنے والا ابتدائی چاند
طَلَعَ ابنُ مُزْنَۃَ: چاند ہو گیا، چاند نکل آیا۔
• مَزَا ـ مَزْوًا ومَزًی ـ مَزْیًا: تکبر کرنا۔
اَمْزَاہُ علیہ: کسی پر ترجیح دینا۔
مَزَّاہُ: تعریف کرنا (۲) برتر قرار دینا، خوبی بیان کرنا۔
تَمَازَی القَوْمُ: ایک دوسرے پر فوقیت و برتری حاصل کرنا۔
تَمَزَّی عَلَیْھِم: لوگوں کے مقابلہ میں خود کو برتر سمجھنا۔
المَازِی: طاقتور، زبردست ح: مُزَاۃ
قَعَدَ عنی مَازِیًا: وہ مجھ سے دور اور مخالف ہو کر بیٹھ گیا۔
المَازِیَۃُ: فضیلت، برتری، فوقیت (۲) کرم و مہربانی۔ لَہٗ علیہ مَازِیَۃٌ: اس کا اس پر کرم ہے۔
المُتَمَازِی: قَعَدَ عنی مُتَمَازِیًا: وہ مجھ سے الگ تھلگ اور مخالف ہو گیا۔
المَزْوُ والمَزْیُ: ہر چیز کی تمامیت
المَزْوُ: تمام (۲) زیرک وخوش طبع
المَزِیُّ: خوش طبع، زیرک۔
المَزِیَّۃُ: ہر شے کی تمامیت، کمال (۲) امتیازی وصف جو دوسرے سے ممتاز کرے، خصوصیت، فضیلت، برتری، فوقیت (۲) کسی شخص کے لئے مخصوص کیا ہوا کھانا ح: مَزَایَا۔

م ـــــ س

• مَسَأَ فُلَانٌ ـ مَسْأً ومُسُوْءًا: شوخ ہونا، بیباک و بے تکلف ہونا۔ ھو مَاسِئٌ۔
مَسَأَ علی الشیئِ: کسی چیز کا عادی ہونا، اس کی مشق کرنا۔
— الرَّجُلَ: دھوکا دینا۔
— فُلَانًا بالقولِ: باتوں سے نرم کرنا، باتوں سے کسی کے جوش کو ٹھنڈا کرنا۔
— القِدْرَ: ہانڈی یا کے ابال کو ختم کرنا، جوش کو ٹھنڈا کرنا۔
— حَقَّہٗ: کسی کے حق کی ادائگی میں دیر کرنا۔
— الطَّرِیْقَ: راستہ کے بیچ میں چلنا۔
اَمْسَأَہٗ بینَ القَوْمِ: لوگوں میں لڑائی کرانا، فساد پھیلانا۔
المَسْءُ: راستہ کا بیچ۔
• مَسَحَ فی الاَرْضِ ـ مُسُوْحًا: زمین پر کہیں جانا۔
— الشیئَ المُتَلَطِّخَ او المُبْتَلَّ مَسْحًا: کسی آلودہ یا بھیگی ہوئی چیز کو پونچھنا، ہاتھ پھیر کر صاف کرنا۔
— علی الشیئِ بالماءِ او الدُّھْنِ: کسی چیز پر پانی یا تیل کا ہاتھ پھیرنا (پانی یا تیل ہاتھ میں لے کر اس چیز پر پھیرنا)۔
— بالشیئِ: کسی چیز پر ہاتھ پھیرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِکُمْ وَاَرْجُلَکُمْ اِلَی الْکَعْبَیْنِ"۔
— یَدَہٗ علی رَأْسِ الیَتِیْمِ: یتیم پر شفقت و مہربانی کرنا، سرپرستی کرنا۔
— اللہُ العِلَّۃَ عنِ العَلِیْلِ: خدا کا بیمار کو بیماری سے شفا دینا۔

مَسَحَ فُلَانًا بِالْقَوْلِ: کسی کو دھوکا دینے کے لئے بات بنانا، دل کش بات کہنا۔
— الْقَوْمَ: لوگوں کے پاس سے قیام کئے بغیر گزر جانا۔
— الْحَجَرَ الْاَسْوَدَ: حجر اسود کو تبرکًا ہاتھ سے چھونا یا اس کی طرف ہاتھ کرنا۔
— شَعْرَهٗ: بالوں میں کنگھی کرنا۔
— فُلَانًا بِالسَّیْفِ: کسی کو تلوار سے کاٹنا۔ ھو مَاسِحٌ والمفعول مَمْسُوحٌ و مَسِیْحٌ۔
— الْقَوْمَ قَتْلًا: لوگوں میں خونریزی کرنا، قتل و غارت گری کرنا۔
— سَاقَهٗ او عُنُقَهٗ: پنڈلی یا گردن کاٹنا۔ قرآن پاک کی آیت: فَطَفِقَ مَسْحًا بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ میں مسح بہ کی بعض مفسرین نے یہی تفسیر کی ہے۔
— الْاِبِلَ: اونٹوں کو تھکانا اور دبلا کرنا مَسَحَتِ الْاِبِلُ الْاَرْضَ یَوْمَهَا دَاَبًا: اونٹ مسلسل تیز رفتاری کے ساتھ چلے۔
— الْمَسَّاحُ الْاَرْضَ مَسْحًا و مِسَاحَةً: پیمائش کنندہ کا زمین کی پیمائش کرنا، زمین کا سروے کرنا
— الدُّمُوْعَ: آنسو پونچھنا، تسلی دینا۔
— الْخَشَبَ بِالْمِسْحَاةِ: لکڑی پر رندا پھیرنا۔
— بِالزَّیْتِ او الدُّهْنِ: تیل یا روغن ملنا۔
مَسِحَ فُلَانٌ ـَ مَسَحًا: کھردرے کپڑے سے گھٹنوں کے چھلے ہوئے اندرونی حصوں والا ہونا (۲) ران کی رگڑ سے ران میں کھٹن والا ہونا
مَسِحَتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا پتلے سرین والی ہونا (جن پر گوشت کم ہو) (۲) بے ابھار پستان والی ہونا، (۳) ہموار تلووں والا ہونا۔ ھی مَسْحَاءُ۔ ھو اَمْسَحُ۔
مَاسَحَهٗ مُمَاسَحَةً: کسی کو فریب دہی کے لئے دلاسا دینا، چمکارنا، تھپکی دینا۔ غَضِبَ فُلَانٌ فَمَاسَحَهٗ حَتّٰی لَانَ: فلاں کو غصہ آیا تو اس نے اسے چمکار کر یا تسلی دے کر ٹھنڈا کر دیا (۲) ہاتھ ملانا، مصافحہ کرنا (۳) معاہدہ کرنا۔
مَسَّحَ الشَّیْءَ: خوب پونچھنا، زور سے ہاتھ پھیرنا، خوب ملنا یا خوب ہاتھ پھیرنا۔
— فُلَانًا: کسی کو اچھی بات کہہ کر دھوکا دینا، کسی سے بات بنانا، خوب تسلی دے کر خاموش کر دینا۔
— الْاِبِلَ: اونٹوں کو تھکا دینا۔
اِمْتَسَحَ السَّیْفَ مِنْ غِمْدِهٖ: میان سے تلوار نکالنا، سونتنا۔
اِنْمَسَحَ و اِمَّسَحَ الشَّیْءُ: صاف ہو جانا، لگی ہوئی چیز زائل ہو جانا
تَمَاسَحَ الرَّجُلَانِ: سودا کرتے وقت ایک کا دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا (۲) باہم دوستی یا معاہدہ کرنا۔ اِلْتَقَوْا فَتَمَاسَحُوْا: ان کی باہم ملاقات ہوئی تو ایک دوسرے سے ہاتھ ملائے۔
تَمَسَّحَ بِالْمَاءِ و مِنْهُ: غسل کرنا۔
— لِلصَّلٰوةِ: نماز کے لئے وضو کرنا۔
— بِالْاَرْضِ: تیمم کرنا۔ حدیث میں ہے: "تَمَسَّحُوْا بِالْاَرْضِ فَاِنَّهَا بِکُمْ بَرَّةٌ"
تَمَسَّحَ بِفُلَانٍ (لِفَضْلِهٖ و عِبَادَتِهٖ) کسی کی بزرگی اور عبادت گزاری کی بنا پر برکت حاصل کرنا اور اسے خدا سے قرب کا ذریعہ بنانا۔
فُلَانٌ یَتَمَسَّحُ: فلاں خالی ہاتھ ہے، اس کے پاس کچھ نہیں۔
الْاَمْسَحُ: اپنے صحن خانہ میں خوب چلنے والا (۲) کانا (۳) کم گوشت سرین اور رانوں والا بھیڑیا (۴) ہموار زمین ج: اَمَاسِحُ و ھی مَسْحَاءُ ج: مَسَاحِیُّ و مَسَاحٍ۔
التِّمْسَاحُ: مگرمچھ (۲) خبیث و سرکش آدمی ج: تَمَاسِحُ و تَمَاسِیْحُ
دُمُوْعُ التَّمَاسِیْحِ: مگرمچھ کے آنسو، نفاق و فریب کی طرف اشارہ کیونکہ مگرمچھ جب اپنے شکار پر دوڑتا ہے تو پہلے آنسو بہاتا ہے
التِّمْسَحُ: التِّمْسَاحُ ج: تَمَاسِحُ و تَمَاسِیْحُ۔ بناوٹی باتوں سے خوش کر دینے والا (جبکہ مقصد فریب ہو) (۲) باریک کنکریوں والی بے گیاہ ہموار زمین۔
الْمِسَاحَةُ: پیمائش کاری کا علم جس کے ذریعہ اجسام اور سطح زمین اور خطوط کی معلومات حاصل کی جاتی ہیں۔ سروے، زمین کی پیمائش (۲) رقبۂ زمین (گھیر یا احاطہ) جیسے مِسَاحَةُ الْبَیْتِ ... ۴۰۰ متر مُرَبَّعٌ: گھر کا رقبہ (طول وعرض) چار سو مربع میٹر ہے۔
الْمِسْحُ: بالوں کا بنا ہوا کمبل (۲) راہب کا کرتا (۳) ٹاٹ (۴) زمین کا سیدھا راستہ ج: اَمْسَاحٌ و

مُسُوح۔

المَسْحُ: مسح، ہاتھ پھیرنا (۲) ازالہ، صفائی (۳) عضو پر ہاتھ پھیرنا (۴) بھیگا ہوا ہاتھ وضو میں سر یا پیر پر یا موزوں پر پھیرنا (۵) زمین کی پیمائش، سروے۔

مَصْلَحَةُ المساحة: سروے کا محکمہ، پیمائش اراضی کا محکمہ۔

المَسْحَاءُ: چھوٹی کنکریوں والی ہموار زمین (۲) وہ عورت جس کے پیر کا تلوا دکھائی نہ دے (۳) وہ عورت جس کے پستانوں کا حجم نہ ہو (ابھار نظر نہ آئے) ج: مِسَاحٌ و مَسَاحَی و مَسَاحٍ۔

المَسْحَةُ: کسی چیز کا اثر، نشان، دھبّا۔ علیه او به مَسْحَة من جَمَال او هُزَالٍ: اس پر کچھ حسن یا دبلاپن ظاہر ہو رہا ہے (۲) بھیگے ہاتھ کا اثر (۳) ایک دفعہ ہاتھ پھیرنا (ایک ہاتھ) ایک پوت (۴) ایک دفعہ کی ناش یا پالش (۵) ایک رگڑ۔

مَنَّ اللّٰهُ علیكَ بالمَسْحَةِ و أذَاقَكَ حَلاوَةَ الصحّة۔

المَسَّاحُ: پیمائش کنندہ، سروے کنندہ

مَسَّاحُ الأراضي: زمینوں کا سروے کرنے والا۔

مَسَّاحُ الأحْذِيَة: جوتوں پر پالش کرنے والا۔

المَسَّاحَةُ: مٹانے کی ربڑ۔

المِسِّيحُ: بڑا سیاح۔

المَسِيحُ: حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام (خدا کے برگزیدہ پیغمبر) کا لقب (۲) وہ شخص جس پر تیل یا برکت کا ہاتھ پھیرا گیا ہو (بہ طریقہ یہود و نصاریٰ) کا ہے) (۳) کانا (۴) رَجُلٌ مَسِيحُ الوَجْه: وہ شخص جس کے چہرے کے ایک طرف آنکھ اور ابرو نہ ہو ج: مُسَحَاءُ و مَسْحَى (۵) چہرے سے پونچھا ہوا پسینہ (۶) صاف کرنے کا کھردرا رومال۔

المَسِيحَةُ: گیسو، بغیر سنوارے لٹکے ہوئے بال (۲) انسان کے سر کا وہ حصہ جو کان اور ابرو کے درمیان اوپر کی طرف اٹھتا ہے، کنپٹی اور پیشانی کے درمیان کا حصہ (۳) چاندی کا ٹکڑا (۴) عمدہ کمان، (۵) پرانا درہم ج: مَسَائِحُ۔

المَسِيحِيُّ: عیسائی، مسیح علیہ السلام کے دین کی طرف منسوب۔

المَمْسَحُ: بے گیاہ چھوٹی کنکریوں والی زمین۔

المِمْسَحَةُ: صافی جس سے کوئی چیز پونچھی جائے یا تختہ سیاہ وغیرہ کو صاف کیا جائے، صاف کرنے کا چیتھڑا، جھاڑو۔

مِمْسَحَةُ الأرْضِ: زمین کی پیمائش کا فیتا (۲) سروے کا آلہ۔

مِمْسَحَةُ الأرْجُل: پائدان جس پر پاؤں پونچھے جاتے ہیں۔

المَمْسُوحُ: رَجُلٌ مَمْسُوحُ الوَجْه: جس کے نہ آنکھ ہو اور نہ ابرو۔ رَجُلٌ مَمْسُوحُ الألیتین: جس کے کولہے ہڈیوں سے لگے ہوئے ہوں، چھوٹے کولہوں والا آدمی۔

عَضُدٌ مَمْسُوحَةٌ: پتلے بازو والا جن پر گوشت کم ہو۔

• مَسَخَهُ ـَ مَسْخًا: شکل بگاڑنا پہلی صورت کو دوسری صورت سے بدل دینا۔ جیسے: مَسَخَهُ اللّٰهُ قِرْدًا: خدا نے اس کی بندر کی شکل بنا دی۔ هو مِسْخٌ ج: مُسُوخ۔ مَسِيخٌ ایضًا۔

ـــ طَعْمَ كذا: ذائقہ بدل دینا، بے مزہ کر دینا۔

ـــ النّاقَةَ: تھکا دینا اور لاغر کر دینا

ـــ الكاتِبُ: قلم کار کا بڑی غلطی کرنا

مَسُخَ الطّعامُ و نَحوُهُ ـُ مَسَاخَةً: کھانے کا پھیکا ہونا، کم میٹھا ہونا، ذائقہ نہ رہنا۔ جیسے: مَسُخَتِ الفَاكِهَة و مَسُخَ اللَّحْمُ۔

اِمْتَسَخَ الوَرَمُ: ورم اتر جانا۔

اِمْتَسَخَ السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔

اِمَّسَخَتِ العَضُدُ: بازو کا گوشت کم ہونا، پتلا ہونا۔

المَسِيخُ: کمزور و بیوقوف (۲) بدخلقتہ پیدائشی طور پر بدشکل۔ رَجُلٌ مَسِيخٌ: غیر جاذب صورت آدمی (۳) بے مزہ اور بے رنگ کھانا (۴) بے مزہ گوشت۔

المَمْسُوخُ: فَرَسٌ مَمْسُوخٌ: کم گوشت کے سرین والا گھوڑا، کمزور پٹھوں والا گھوڑا۔

• مَسَدَ في السَّيْرِ ـُ مَسْدًا: چلنے میں مستعد اور عادی ہونا۔

ـــ الحَبْلَ: رسی کو مضبوط بٹنا۔

ـــ البَقْلُ الحَيْوَانَ: سبزی کا جانور کو چھریرا کر دینا۔

ـــ المِضْمَارُ الحَيْوَانَ: میدان نے جانور کو گٹھیلا اور مضبوط کر دیا

مُسِدَ البَطْنُ: پیٹ کا نرم اور ہر طرح سے ٹھیک ہونا۔ هو مَمْسُود

المِسَادُ: شہد کا مشکیزہ (۲) کسی چیز کے اجزار ترکیبیہ۔ جیسے: ھو اَحْسَنُ مِسَادَ شِعْرٍ منه: فلاں سے اس کا شعر مضمون کے لحاظ سے زیادہ بہتر ہے۔
المَسَدُ: کھجور کے پتے، چھال، ریشہ۔ قرآن پاک میں ہے: "فِی جِیْدِھَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ" (۲) مضبوط بٹی ہوئی کھجور کی چھال کی رسی (۳) چرخی کا محور (دھرا) ج: مِسَادٌ و اَمْسَادٌ۔
المَسْدَاءُ: سَاقٌ مَسْدَاءُ: موزوں اور خوبصورت پنڈلی۔
المَمْسُوْدُ: رَجُلٌ مَمْسُوْدٌ: مضبوط کاٹھی والا۔ گٹھے ہوئے بدن والا امْرَأَۃٌ مَمْسُوْدَۃٌ: خوش قامت ہلکے بدن کی عورت۔
• مِسْرَی: بارہواں قبطی مہینہ۔
• مَسَّ الشَّیْءَ ــَ مَسًّا: چھونا، ہاتھ لگانا۔ قرآن پاک میں ہے: "فِی کِتَابٍ مَّکْنُوْنٍ لَّا یَمَسُّهٗ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ" اس طرح بھی کہا جاتا ہے مَسِسْتُ الشَّیْءَ اور کبھی مِسْتُهٗ اور مَسْتُهٗ بھی کہتے ہیں۔
ـــ الماءُ الجَسَدَ: بدن پر پانی پہنچنا
ـــ فُلَانًا بِالسَّوْطِ: کسی کے کوڑا لگانا
ـــ بِالاَذَی: کسی کو تکلیف پہنچانا۔
ـــ الکِبَرُ و المَرَضُ فلانًا: کسی پر بڑھاپا آنا یا بیماری لاحق ہونا۔
ـــ المَرْأَۃَ: عورت سے ہمبستری کرنا، مباشرت کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "رَبِّ اَنّٰی یَکُوْنُ لِیْ وَلَدٌ وَّلَمْ یَمْسَسْنِیْ بَشَرٌ"
ـــ العَذَابُ فُلَانًا: کسی پر عذاب آنا

مَسَّ الشَّیْءُ: لگنا، لاحق ہونا، متعلق ہونا، آنچ آنا۔
ـــ الشَّیْطَانُ فُلَانًا: دیوانگی ہونا
ـــ الشَّیْءُ شَرَفَهٗ: کسی چیز سے عزت پر آنچ آنا۔
مَسَّتْهُمُ البَأْسَاءُ والضَّرَّاءُ: تنگی و مصیبت لاحق ہونا۔
ـــ فُلَانًا مَوَاسُّ الخَیْرِ والشَّرِّ: کسی پر خیر و شر کے آثار ظاہر ہونا
ـــ بِهٖ رَحِمُ فُلَانٍ: کسی سے کسی کی رشتہ داری ہونا۔
ـــ الحَاجَۃُ اِلٰی کَذَا: کسی چیز کی ضرورت ہونا۔
اَمَسَّ الفَرَسُ: گھوڑے کا ہاتھ پیروں میں سفیدی والا ہونا (تحجیل سے کم درجہ کی سفیدی مراد ہے)۔
ـــ فُلَانًا الشَّیْءَ: کسی سے کسی چیز کو ہاتھ لگوانا۔
ـــ فُلَانًا شَکْوَی: کسی سے شکایت کرنا۔
مَاسَّهٗ مُمَاسَّۃً و مِسَاسًا: کسی کو ہاتھ لگانا، چھونا۔ قرآن پاک میں ہے: "قَالَ فَاذْهَبْ فَاِنَّ لَكَ فِی الْحَیٰوۃِ اَنْ تَقُوْلَ لَا مِسَاسَ" تو زندگی بھر لوگوں سے کہے گا کہ (مجھے) ہاتھ نہ لگاؤ۔ (دور رہو)۔
ـــ الشَّیْءُ الشَّیْءَ: کسی چیز کا کسی چیز سے لگنا۔ براہ راست مل جانا، بچ کرنا، ٹکرانا۔
تَمَاسَّ الجِرْمَانِ: دو جسموں یا جرموں کا باہم ملنا، ٹکرانا۔
ـــ الزَّوْجَانِ: خاوند اور بیوی کا باہم صحبت کرنا، جماع کرنا۔

قرآن پاک میں ہے: "فَمَنْ لَّمْ یَجِدْ فَصِیَامُ شَهْرَیْنِ مُتَتَابِعَیْنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ یَّتَمَاسَّا"
المَاسُّ: چھونے والا، لاحق اور متعلق، بچ کرنے والا، ملا ہوا، لگا ہوا۔
حَاجَۃٌ مَاسَّۃٌ: سخت ضرورت
رَحِمٌ مَاسَّۃٌ: قریبی رشتہ۔
بَیْنَهُمْ رَحِمٌ مَاسَّۃٌ۔
القُوَّۃُ الماسَّۃُ: چھونے کی قوت۔
مَسَاسِ: لَا مَسَاسِ: نہ چھوؤ، پرے رہو۔
المِسَاسُ: تعلق، چھوت، اثر، گھیس، آنچ۔ لَهٗ مَسَاسٌ بِکَذَا: اس کا فلاں چیز پر اثر ہے۔
المِسَاسُ بِالعِرْضِ: ہتک عزت۔
المَسُّ: جنون (۲) چھوت (۳) کھال پر آتشیں یا تیزابی مادہ کا داغ یا داب (۴) اثر۔ رَأَیْتُ لَهٗ مَسًّا فِی مَالِهٖ: میں نے اس کے مال میں اس کا اثر پایا۔
المَسَّاسُ: بہت چھونے والا (۲) مہمیز۔
المَسُوْسُ: (من الماء) وہ پانی جس تک ہاتھ پہنچ سکے یا ہاتھوں سے لیا جا سکے (۲) پیاس بجھانے والا (تسکین بخش) پانی (۳) وہ پانی جو نہ کھاری ہو نہ میٹھا (۴) تریاق (۵) پاگل (۶) محسوس، چھویا جانے والا۔
کَلَأٌ مَسُوْسٌ: چرنے والے جانوروں کے لئے مفید گھاس۔
مَسِیْسُ الحَاجَۃِ: شدت ضرورت۔
• مَسَطَ السِّقَاءَ ــُ مَسْطًا: دودھ کے مشکیزہ کو انگلی ڈال کر صاف کرنا،

جما ہوا دودھ نکالنا۔
مَسَطَ المِعَى: آنت کو انگلی سے صاف کرنا۔
— الثَّوبَ: کپڑے کو بھگو کر سکھانے کے لئے جھٹکنا، نچوڑنا۔
— فُلاناً: کسی کے کوڑے لگانا۔
المَاسِطُ: پیٹ صاف کرنے والا کھاری پانی (۲) ایک پودا جو موسم گرما میں ہوتا ہے اور اونٹوں کے پیٹ صاف کر دیتا ہے۔
المَسِيطُ: گارا، تر مٹی (۲) حوض وغیرہ میں بچا ہوا گدلا پانی۔
المَسِيطَةُ: گدلا پانی (۲) میٹھے پانی کا کنواں جس کو خراب پانی والے کنوئیں کا پانی مل کر خراب کر دے (۳) حوض اور کنوئیں کے درمیان بہنے والا پانی جس میں بدبو پیدا ہو جائے (۴) وہ وادی جس میں پانی کم بہتا ہو۔
• المُسَيطِرُونَ: دیکھئے (سطر)
• المِسعُ: شمالی ہوا۔
المِسعَى (من الرجال): سیر و سیاحت میں پختہ سیاح۔
• مَسَكَ بالشئِ ــ مَسْكاً: پکڑنا تھامنا، اٹکنا، لگنا۔
— بالنَّارِ: زمین کے گڑھے میں آگ کو دبانا، راکھ سے ڈھانپنا۔
— الثَّوبَ: کپڑے کو مشک کی خوشبو لگانا۔
مَسُكَ السِّقَاءُ ــ مَسَاكَةً: مشک کا پانی کو پورے طور پر روکے رکھنا، بہت زیادہ گرفت میں لینے والا ہونا۔
— لِسَانُه: خاموش ہو جانا۔
— الشئَ البَطنَ: کسی چیز کا قبض کرنا

مَسَّكَ الحِسابَ: حساب منضبط کرنا، حسابات رکھنا۔
أَمْسَكَ بالشئِ: تھامنا، گرفت میں لینا، پکڑنا، دبوچنا، کیچ کرنا۔
— عن الطَّعَامِ وغيرِه: کھانے وغیرہ سے رکنا، چھوڑ دینا۔
— عن الإنفاقِ: ہاتھ کھینچنا، خرچ میں بخل کرنا۔
— عن الكَلامِ: کلام بند کرنا، بات کرتے کرتے خاموش ہو جانا۔
— الشئَ بِيَدِه: کوئی چیز ہاتھ میں لینا، ہاتھ سے پکڑنا۔
— الشئَ على نَفسِه: کسی چیز کو اپنے پاس روکے رکھنا، اپنے لئے محفوظ رکھنا۔
— اللّٰهُ الغَيثَ: خدا کا بارش نہ برسانا۔
— بالجُنَاةِ: مجرموں کو پکڑنا۔
— الأَعصَابَ: اعصاب پر قابو پانا
— الدَّفَاتِرَ: رجسٹروں کو درست کرنا، منضبط کرنا۔
— السَّمَاءَ: آسمان کو تھامے رکھنا، گرنے نہ دینا۔
مَسَّكَ بالشئِ: پکڑنا، مضبوطی سے تھامنا۔
— الثَّوبَ: کپڑے کو مشک سے معطر کرنا، مشک ملنا۔
— فُلاناً: کسی کو بیعانہ دینا۔
— بالنَّارِ: گڑھا کھود کر آگ کو راکھ میں دبانا۔
امْتَسَكَ بالشئِ: مَسَكَ۔
— بالبَلَدِ: شہر یا ملک میں قیام کرنا
تَمَاسَكَ بالشئِ: تھامنا، پکڑنا۔
— الشئُ او الأَشياءُ: مضبوط ہونا، گٹھا ہوا ہونا، ایک دوسرے

میں پیوست ہونا۔
تَمَاسَكَ الرَّجُلُ: خود قابو میں رہنا ضبط سے کام لینا۔ مَا تَمَاسَكَ أَن قَالَ: وہ بے قابو ہو کر بول پڑا غَشِيَنِي أَمرٌ مُقلِقٌ فَتَمَاسَكتُ: مجھے ایک پریشان کن معاملہ نے گھیر لیا تو میں نے ضبط سے کام لیا۔ ما بِه تَمَاسُكٌ: اس میں کوئی خیر نہیں ہے۔
— العِبارَةُ: مضمون کا مربوط اور گٹھا ہوا ہونا (ضد: رَكاكَة)
تَمَسَّكَ بالشئِ: پکڑنا، مضبوطی سے تھامنا، گرفت میں لینا، چمٹنا۔
— بالطِّيبِ: خوشبو لگانا۔
— بالعَقِيدَةِ والدِّينِ: عقیدہ اور مذہب پر مضبوطی سے قائم رہنا
— بالرَّأيِ: کسی رائے پر جمے رہنا۔
— بالسُّلطَةِ: اقتدار سنبھالنا، اقتدار پر قائم رہنا۔
— بالمَوقِفِ: روش اختیار کرنا، پالیسی پر قائم رہنا۔
— لِوِجهَةِ نَظَرٍ: کسی نقطہ نظر پر جمنا قائم رہنا۔
— بِمَوقِفٍ عَنِيدٍ: سخت ضد کے موقف پر اڑے رہنا۔
استَمْسَكَ البَولُ: پیشاب رک جانا، پیشاب کا بند پڑ جانا۔
— بالشئِ: مضبوطی سے تھامنا، مضبوطی سے پکڑے رہنا۔ قرآن پاک میں ہے "فَمَن يَكفُرْ بِالطَّاغُوتِ وَيُؤمِن بِاللّٰهِ فَقَدِ استَمسَكَ بِالعُروَةِ الوُثقَى"۔
— عن الأَمرِ: رکنا، باز رہنا۔
— الرَّجُلُ عَلَى الرَّاحِلَةِ: اونٹنی یا سواری پر چڑھنے کے لائق ہونا۔

الإِمْسَاكُ : بخل۔ بِفُلان إِمْسَاك: فلاں میں بخل ہے (۲) قبض (آنتوں میں فضلات کی رکاوٹ ، ضد: استِطْلاق)
الامساك عن الشئ : اجتناب، پرہیز۔
— في الصوم : طلوع فجر سے غروب آفتاب تک کھانے پینے وغیرہ کی بندش و اجتناب۔
امْسَاكُ الدَّفاتِر : رجسٹروں کا نظم و انضباط، ریکارڈس مینٹی نینس۔
الإِمْسَاكِيَّة : (سحر و افطار) کا کیلنڈر
الاِسْتِمْسَاكُ بالشئ : مضبوط گرفت، کسی چیز پر جماؤ۔
استِمْسَاكُ البول : پیشاب کی بندش۔
التَّمَاسُكُ : جسمی اور معنوی طور پر کسی چیز کے اجزاء کا باہم ارتباط، باہمی ربط، جوڑ، جماؤ، گٹھاؤ، یکجہتی و اتحاد۔
التَّماسُكُ و التَّرابُطُ : اتحاد و اتفاق، یکجہتی و یکسانیت۔
التَّماسُكُ و التَّكاتُفُ : باہمی ربط و اتحاد۔
تَمَاسُكُ الأَعْصَاب : اعصاب پر قابو، کنٹرول۔
تَمَاسُكُ التَّنْظِيم : تنظیم کی یکجہتی و باہمی انضباط۔
التَّمَاسُكُ الاجتماعِيُّ : معاشرتی یکجہتی، سوشل انٹیگریٹی۔
التَّمَسُّكُ بالشئ : کسی چیز پر جماؤ، گرفت ، وابستگی۔
التَّمَسُّكُ بالدِّين و العَقِيدة : مذہب و عقیدہ پر جماؤ۔
المَاسِكُ : گرفت کنندہ (۲) چمٹا (۳) زنبان۔
ماسِكُ الدَّفاتِر : بک کیپر، رجسٹروں کو منضبط کرنے والا۔
الماسِكَة : انسان یا جانور کے نومولود بچے پر چڑھی ہوئی جھلی (۲) رشتہ بَيْنَنا مَاسِكَةُ رَحِم : ہمارے درمیان نسبی رشتہ ہے۔
المَسَاكُ : پانی روکنے والی جگہ، پانی کا بند۔
المِسَاكُ : نیزے وغیرہ کا دستہ۔ مَا فيه مِسَاكٌ : اس سے کسی بھلائی کی توقع نہیں۔
المَسَاكَة : بخل۔
المَسْكُ : کھال ج: مُسُكٌ و مُسُوكٌ۔ المَسْكَةُ : کھال کا ٹکڑا۔ هو يَكادُ يَخْرُجُ من مسكه : وہ تیز ہے۔ هُمْ في مُسُوك الثَّعالِب : وہ سہمے ہوئے ہیں۔
المَسَكُ : زمین کے پرت، طبقات (۲) سینگ یا ہاتھی دانت کے بنے ہوئے ہاتھوں کے کنگن یا پیروں کی پازیب وغیرہ۔
المُسْكُ : عقل کامل (۲) کھانے پینے کی اتنی مقدار جس سے زندگی باقی رکھی جا سکے۔
المِسْكُ : (مذکر) مشک (ہرن کے نافہ سے نکلنے والا خوشبودار مادہ) ج : مِسَاكٌ۔ اسے مؤنث بھی کہا گیا ہے کہ یہ مِسْكَةٌ کی جمع ہے۔
مِسْكُ البَرّ : ایک قسم کا پودا۔
المُسْكَانُ : بیعانہ (بیع کا معاہدہ ہو جانے کے بعد دیا جانے والا ثمن کا کچھ پیشگی حصہ) ج: مَسَاكِين۔
المُسْكَةُ : سہارا لینے کی چیز۔ لي فيه مُسْكَة : میرے لئے اس میں فائدہ اور سہارا ہے (۲) بقاء حیات کے لئے کھانے پینے کی ضروری مقدار، کامل عقل اور کامل رائے۔ رَجُلٌ ذو مُسْكَة : ذی عقل اور ذی رائے شخص۔ لا مُسْكَةَ لَهُ : اسے عقل نہیں ہے (۳) سخت زمین میں کھودا ہوا کنواں جسے چاروں طرف سے پختہ کرنے کی ضرورت نہ ہو (۴) اثر، نشان (۵) بقیہ۔ فيه مُسْكَة من خير : اس میں بھلائی باقی ہے۔ لَيْسَ لأَمْرِهِ مُسْكَةٌ : اس کے معاملہ کی کوئی بنیاد نہیں ہے۔ ما في سِقائِه مُسْكَة : اس کی مشک میں بالکل پانی نہیں ہے۔
المَسَكَةُ : فُلان حَسَكَة مَسَكَةٌ : فلاں دلیر و بہادر ہے۔
المُسَكَةُ : بخیل (۲) سخت گرفت والا جس کے قبضہ سے کسی چیز کا چھڑانا آسان نہ ہو، وہ شخص جس سے کوئی مقابل بچ کر نہ جا سکے ج: مُسَكٌ
المِسِّيك : بخیل (۲) سِقاءٌ مِسِّيك : پانی کو پورے طور پر روکے رکھنے والی مشک۔
المَسِيكُ : بخیل۔ سِقاءٌ مَسِيكٌ : بند سوراخوں والی مشک جس سے پانی نہ ٹپکتا ہو۔ ما فيه مَسِيكٌ : اس سے کسی بھلائی کی توقع نہیں۔
المَسِيكَةُ : أَرْضٌ مَسِيكَةٌ : وہ سخت زمین جو پانی جذب نہ کرتی ہو
المُمَسَّكُ : مشک لگایا ہوا (۲) خوشبودار
المِسْكِيُّ : مشک والا (۲) ایک خوشبودار پھل
• مَسَلَ الماءُ ـُ مَسْلاً : بہنا۔
امْتَسَلَ السَّيْفَ : تلوار سونتنا۔
المَسَالَةُ : چہرہ کی خوشنما لمبائی۔
المَسِيلُ : پانی کی نالی، پانی کی گذرگاہ،

ج: اَمْسِلَة و مُسُلٌ (۲) کھجور کی تر و تازہ ٹہنی ج: مُسُلٌ ۔

• مَسَن فُلانٌ ـُ مَسْنًا: شوخ وبیباک ہونا، حیا اور تہذیب وشائستگی سے کرنا۔

ـــ فُلانًا: مارتے مارتے گرا دینا۔

ـــ الشیئَ مِن الشیئِ: ایک کو دوسری چیز میں سے کھینچکر نکالنا۔

المَیْسُونُ: خوب رو اور خوش قامت لڑکا

• مَسَا فُلانٌ ـُ مَسْوًا: وعدہ کرکے ٹالنا۔

ـــ الحِمارُ: گدھے کا ہٹ کرنا (چلانے کے وقت نہ چلنا اور پیچھے ہٹنا)۔

ـــ النَّاقةَ ونحوَها: اونٹنی وغیرہ کے پیٹ سے مردہ بچہ نکالنا۔

اَمْسَی القَومُ: شام کے وقت میں داخل ہونا (ضد: اصبح) قرآن پاک میں ہے: "فَسُبْحَانَ اللّٰهِ حِیْنَ تُمْسُوْنَ وَحِیْنَ تُصْبِحُوْنَ"

ـــ فُلانٌ: وعدہ کرنا اور اس کے ایفا میں تاخیر کرنا

ـــ فُلانًا: کسی کی کچھ مدد کرنا (۲) بمعنی صارَ: ہوگیا۔

مَاسَاہُ مُمَاسَاۃً: کسی سے مذاق کرنا، کسی کا مذاق اڑانا۔

مَسَّی فُلانٌ: وعدہ کرکے ٹالنا۔

ـــ فُلانًا: کسی سے کَیْفَ اَمْسَیْتَ کہنا (تمہاری شام کیسی ہوئی) یا دعا کے طور پر مَسَّاكَ اللّٰهُ بِخَیْر کہنا (اللہ تمہاری شام بہتر کرے)

اِمْتَسَی مَا عِندَ فُلانٍ: کسی کے پاس سے سب کچھ لے لینا۔

الاُمْسِیَّۃُ: (خلاف: الاُصْبُوحَة) شام، کبھی اس کا اطلاق نصف شب تک ہوتا ہے۔ اَتَیْتُهُ اُمْسِیَّۃَ اَمْسِ: میں اس کے پاس کل شام آیا ج: اَمَاسِیُّ۔

الاُمْسِیَّۃُ الشعرِیَّۃ: شام سخن (شبینہ بزم شعر)۔

المَسَاءُ: (مقابل: صباح) شام، ظہر سے مغرب تک کا وقت یا نصف شب تک کا وقت ج: اَمْسِیَۃٌ۔ اَتَیْتُهُ مَسَاءَ اَمْسِ: میں اس کے پاس کل شام آیا۔ مَسَاءَ اللّٰهِ لا مَسَاءَكَ: کسی انسان وغیرہ سے بدفال کے طور پر یہ جملہ بولا جاتا ہے یعنی تیری شام اچھی نہیں۔

رَکِبَ فُلانٌ مَسَاءَ الطَّرِیقِ: فلاں راستہ کے وسط میں چلا۔

مَسَاءُ الخَیرِ: بطور دعا کہا جاتا ہے تمہاری شام اچھی ہو۔

مَسِیَ فُلانٌ ـَ مَسْیًا: اچھے اخلاق کے بعد بداخلاق ہو جانا (۲) ہٹ دھرم اور خود رائے ہو جانا کہ کسی کی رائے اور بات نہ مانے۔

ـــ الشیئَ: ہاتھ پھیرنا جیسے: مَسَی الضَّرْعَ: دودھ اتارنے کے لئے تھن پر ہاتھ پھیرنا۔

ـــ السَّیرَ: رفتار کو ہلکا کرنا۔

ـــ الحَرُّ المَاشِیَۃَ: گرمی کا مویشیوں کو دبلا کر دینا۔

ـــ السَّیفَ وغیرَہ: تلوار وغیرہ سونتنا

اِمْتَسَی: پیاسا ہونا۔

تَمَاسَی الشیئُ: ٹکڑے ہو جانا۔

تَمَسَّی: تَمَاسَی۔

التَّمَاسِي: مصائب (اس کا واحد نہیں)۔

المَاسِي: کسی کی نصیحت نہ ماننے والا، کسی کی بات نہ سننے والا ہٹ دھرم

م ـــ ش

• مَشَجَ الشیئَ ـُ مَشْجًا ومَشَّجَ بَیْنَهُمَا: ملانا، مخلوط کرنا۔

المَشَجُ والمَشِیجُ: دو ملی ہوئی چیزیں یا دو ملے ہوئے رنگ ج: اَمْشَاج قرآن پاک میں ہے: "اِنَّا خَلَقْنَا الاِنْسَانَ مِنْ نُطْفَةٍ اَمْشَاجٍ" ہم نے انسان کو (دو) ملے ہوئے نطفوں سے بنایا۔

الاَمْشَاجُ: ناف میں جمع شدہ میل (۲) حیاتیات میں اس کا اطلاق مردانہ خلیوں جیسے جرثومہ منی اور نسوانی خلیوں جیسے بیضہ پر بارآوری کے لئے ان کے باہم اختلاط سے قبل ہوتا ہے۔

• اَمْشَحَتِ السَّمَاءُ: آسمان صاف ہونا، بادلوں کا ہٹ جانا۔

ـــ السَّنَۃُ: سال کا خشک اور دشوار گذار ہونا۔

• مَشَرَ الشیئَ ـُ مَشْرًا: ظاہر کرنا۔

ـــ فُلانًا: دینا۔

مَشِرَ فُلانٌ ـَ مَشَرًا: اترانا، اکڑباز ہونا، خوشی میں مست ومگن ہونا۔

ـــ الشَّجَرُ: درخت پر کونپلیں نکلنا۔

اَمْشَرَ فُلانٌ: خوب دوڑنا (۲) پھولنا

ـــ الشَّجَرُ: کونپل دار ہونا۔

ـــ الاَرْضُ: زمین کا روئیدگی والی ہونا۔

مَشَّرَ الشَّجَرُ: مَشِرَ۔

ـــ فُلانًا: دینا۔

ـــ الشیئَ: بکھیرنا، تقسیم کرنا۔

اِمْتَشَرَ الرَّاعِي بِمِحْجَنِہ مِن وَرَقِ الشَّجَرِ: چرواہے کا خم دار ڈنڈے سے مویشیوں کیلئے درختوں کے پتے توڑنا یا جانوروں کی طرف ان کو جھکانا۔

تَمَشَّرَ فُلَانٌ: دولتمند ہونا یا اس پر دولت کے آثار نمایاں ہونا۔
ـــ لِاَهْلِهٖ: اہل خانہ کے لئے کمائی کرنا (۲) ان کے لئے کپڑے خریدنا۔
ـــ الشَّجَرُ: کونپل دار ہونا۔
ـــ الوَرَقُ: پتوں کا ہرا ہو جانا۔
ـــ القَومُ: برہنگی کے بعد کپڑے پہننا۔
الاَمْشَرُ: چست، پھرتیلا۔
المَاشِرَةُ: اَرْضٌ مَاشِرَةٌ: بارش سے سیراب ہونے والی زمین۔
المَشْرُ: انتہائی سرخ اور سخت آدمی۔
المَشْرُ: اَذْهَبَهٗ مَشْرًا: کسی کی ہجو کرنا، برا بھلا کہنا یا بدنام کرنا۔
المَشْرَةُ: زمین پر اگا ہوا پہلا سبزہ (۲) چرواہے کے اپنے ڈنڈے سے جھکائی ہوئی ٹہنی یا پتے (۳) چھوٹی گھاس (۴) لباس۔
امْرَأَةٌ مَشْرَةُ الاَعْضَاءِ: گداز جوڑوں والی عورت۔
اُذُنٌ حَشْرَةٌ مَشْرَةٌ: نازک وخوشنما کان۔
عَلَيهِ مَشْرَةُ الغِنٰى: اس پر مالداری کی رونق اور اثرات ہیں۔
المَشْرَةُ: زمین پر اگی ہوئی پہلی سبزی۔
• مَشَّ العَظْمَ ـُ مَشًّا: ہڈی کو چبا کر چوسنا۔
ـــ النَّاقَةَ وَ نَحْوَهَا: اونٹنی وغیرہ کا سارا دودھ دوہ لینا۔
ـــ مَالَ فُلَانٍ: کسی کا سارا مال تھوڑا تھوڑا کرکے لے لینا۔
ـــ الشَّيْئَ فِي المَاءِ: پانی میں کسی چیز کو بھگونا اور گھلا دینا۔
ـــ فُلَانًا: کسی سے دشمنی رکھنا، کسی کے ساتھ لڑائی جھگڑا کرنا۔
ـــ يَدَهٗ: چکنا ہٹ صاف کرنے کے لئے ہاتھ پر کھردری چیز پھیرنا۔
مَشِشَتِ الدَّابَّةُ ـَ مَشَشًا: چوپائے کے کھر کا ہڈی نما گانٹھ والا ہونا۔
ـــ النَّاقَةُ وَ نَحْوُهَا: اونٹنی وغیرہ کی آنکھ میں سفیدی آجانا هِيَ مَشَّاءُ وَهُوَ اَمَشُّ، ج: مُشٌّ۔
اَمَشَّ العَظْمُ: ہڈی کا گودے دار ہونا۔
مَشْمَشَ العَظْمَ: ہڈی کا گودا نکالنا۔
اِمْتَشَّ فُلَانٌ: استنجا کرنا۔
ـــ العَظْمَ: ہڈی کو چوسنا۔
ـــ مَا فِي الضَّرْعِ: تھن کا سارا دودھ نکال لینا۔
ـــ مِن مَالِ فُلَانٍ: کسی کا کچھ مال لینا۔
ـــ الثَّوبَ: کپڑا اتارنا۔
ـــ المَرْأَةُ حُلِيَّهَا: عورت کا اپنی گردن سے ہار وغیرہ اتار دینا
المُشَاشُ: نرم زمین (۲) اصل (۳) نفس، جان (۴) طبیعت،
فُلَانٌ طَيِّبُ المُشَاشِ: فلاں وسیع الظرف یا فراخ دل ہے (۵) زیرک وہوشیار، چلبلا اور خوش طبع (۶) بے گودا ہڈی (۷) سفر وحضر کے خدام (۸) اسفنجی ہڈی جو ہڈی کے متعدد خانوں سے مرکب ہوتی ہے۔
المُشَاشَةُ: چبانے کے قابل نرم ہڈی کا کنارہ (۲) مونڈھے کی ابھری ہوئی ہڈی (۳) پختہ زمین جس میں کنوئیں بنائے جائیں اور وہ ان کا پانی جذب کر لے (۴) مٹی اور نرم سنگریزوں سے بنا ہوا راستہ ج: مُشَاشٌ۔
المَشَشُ: اونٹ کی آنکھ میں نکلنے والی سفیدی (۲) چوپائے کے کھر میں ہڈی جیسی نرم گانٹھ۔
المِشُّ: ایک مصری سالن جو پنیر کو دودھ اور نمک ڈال کر ایک گھڑے میں کچھ عرصہ چھوڑنے سے کھانے کے قابل بنتا ہے۔
المَشُوشُ: ہاتھ پونچھنے کا تولیہ وغیرہ۔
• مَشَطَ الشَّعْرَ ـُ مَشْطًا: بالوں میں کنگھی کرنا۔ مَشَطَتِ المَاشِطَةُ المَرْأَةَ: کنگھی کرنے والی کا عورت کے بالوں کو کنگھی سے سنوارنا۔
ـــ الشَّيْئَ: ملانا جیسے: مَشَطَ بَيْنَ المَاءِ وَاللَّبَنِ۔
ـــ الاَرْضَ: زمین پر پھیلے ہوئے غلّہ کو چوڑی لکڑی سے ڈھانکنا۔
ـــ الدَّابَّةَ: کنگھی نما آلہ سے داغنا۔
مَشِطَتْ يَدُ فُلَانٍ ـَ مَشَطًا: کام کاج سے ہاتھ کا کھردرا ہونا یا پھانس چبھنا۔
ـــ النَّاقَةُ: اونٹنی کا چربی چڑھنے سے کنگھے جیسے بازوؤں والی ہونا۔
اِمْتَشَطَتِ المَرْأَةُ: عورت کا اپنے بالوں میں کنگھا کرنا۔
المَاشِطَةُ: کنگھی سے بال سنوارنے کا پیشہ کرنے والی عورت، کنگھی کرنے والی خادمہ ج: مَوَاشِطُ۔
المِشَاطَةُ: کنگھی کرنے کا پیشہ، بالوں کی تزیین کاری۔
المُشَاطَةُ: کنگھی کرنے سے گرے ہوئے بال۔
المَشَّاطُ: کنگھی ساز، کنگھی فروش۔
المَشَّاطَةُ: المَاشِطَةُ۔

اَلمِشْطُ: کنگھا، کنگھی۔ حدیث میں ہے: "النَّاسُ سَوَاسِيَّةٌ كَأَسْنَانِ الْمِشْطِ"۔
اَلمُشْطُ: کنگھی (۲) پارچہ باف (جولاہے) کی کنگھی جو بنائی کے تانے بانے پر صاف کرنے کے لئے پھری جاتی ہے (۳) اونٹ وغیرہ پر کنگھی نما نشان، کھریرا (۴) پیر کے اوپر کا انگلیوں سے متصل حصہ (پتلی پتلی ہڈیاں) انْكَسَرَ مُشْطُ قَدَمِه: اس کے پاؤں کی ہڈی ٹوٹ گئی۔ قَامُوا عَلٰى اَمْشَاطِ اَرْجُلِهِم: وہ اپنے پیروں پر کھڑے ہو گئے۔ (۵) کندھے کی چوڑی ہڈی یا اس کے اوپر کا گوشت (۶) چوڑا تختہ وغیرہ جس سے زمین پر پھیلا ہوا غلہ ڈھانکا جائے (۷) ایک دریائی چوڑی مچھلی جس کی پیٹھ کنگھے جیسی ہوتی ہے۔ دَائِمُ الْمُتَمَشِّط: نازنخرے والا، چونچلے والا۔
اَلمِشْطَةُ: بالوں میں کنگھی کا طرز۔ فُلَانٌ حَسَنُ الْمِشْطَةِ: فلاں کے بال خوش نما بنے ہوئے ہیں۔
اَلمَشِيطُ: نازک اور لمبا آدمی۔
اَلمِمْشَطُ: کنگھی ج: مَمَاشِط۔
اَلمَمْشُوطُ: بَعِيرٌ مَمْشُوطٌ: کنگھی کا داغ دیا ہوا اونٹ (۲) شَعْرٌ مَمْشُوط: کنگھی کئے ہوئے بال۔
• مَشِطَ الرَّجُلُ ـَ مَشَطًا: آدمی کا ران سے ران ٹکرانے والا ہونا (۲) کانٹے وغیرہ کا چھونے سے ہاتھ میں لگ جانا۔ مَشِطَتْ يَدُهُ: ہاتھ میں کانٹا یا پھانس چبھنا۔

مَشِطَ الدَّابَّةُ: چوپائے کے پٹھوں کا نمایاں اور ابھرا ہوا ہونا
اَلمَشْظُ: پھانس یا ہاتھ میں چبھنے والا کانٹا (۲) بچر، لکڑی یا بانس کا چھوٹا سا میخ نما ٹکڑا جو کلہاڑی کے دستہ کے سوراخ میں لگایا جاتا ہے (اور اس کا ڈھیلا پن ختم ہو جاتا ہے)۔
اَلمِشْظَةُ: کانٹے کی نوک، پھانس۔
اَلمَشِظَةُ: قَنَاةٌ مَشِظَةٌ: نیزے کا سخت بانس جس کی پھانس ہاتھ میں چبھ جائے۔
• مَشَعَ فُلَانٌ ـَ مَشْعًا و مُشُوعًا: کمانا اور جمع کرنا۔
ــــ مَشْعًا: ہلکے ہلکے چلنا (۲) اچکنا۔
ــــ القِثَّاءَ وَنَحْوَه: لکڑی وغیرہ چبانے کی آواز نکلنا۔
ــــ القَصْعَةَ: بادیہ کا سب کچھ کھالینا۔
ــــ فُلَانًا بِالحَبْلِ وَغَيْرِه: کسی کو رسی سے مارنا۔
ــــ القُطْنَ وَنَحْوَه: ہاتھ سے روئی دھننا۔
اِمْتَشَعَ الرَّجُلُ: اپنی تکلیف دور کرنا۔
ــــ مَا فِي الضَّرْعِ: تھن کا سارا دودھ لے لینا۔
ــــ مَا فِي يَدِ فُلَانٍ: ہاتھ کی چیز چھین لینا۔
ــــ ثَوْبَ صَاحِبِه: کپڑا کھینچ لینا
ــــ السَّيْفَ مِنْ غِمْدِه: تلوار سونتنا۔
تَمَشَّعَ الرَّجُلُ: اپنی تکلیف دور کرنا۔
اَلمِشْعَةُ: دھنی ہوئی روئی کا گالا۔

اَلمَشُوعُ: رَجُلٌ مَشُوعٌ: بہت کمانے والا۔
ذِئْبٌ مَشُوعٌ: بڑا اچکا بھیڑیا
اَلمَشِيعَةُ: دھنی ہوئی روئی کا گالا۔
• مَشَغَ فُلَانٌ ـَ مَشْغًا: لکڑی وغیرہ کی طرح ہلکے ہلکے کھانا۔
ــــ فُلَانًا سَوْطًا: کسی کو کوڑا مارنا۔
ــــ عِرْضَ فُلَانٍ: کسی کی آبرو کو بٹا لگانا۔
مَشَّغَ الثَّوْبَ: گیرو (سرخ مٹی) سے رنگنا۔
ــــ عِرْضَ فُلَانٍ: کسی کی عزت کو داغ دار کرنا۔
اَلمِشْغُ: سرخ مٹی (گیرو)
• مَشَقَ فِي الكِتَابَةِ ـُ مَشْقًا: لمبے لمبے حروف لکھنا (۲) تیز لکھنا، گھسیٹواں لکھنا۔
مَشَقُوا رِحَالَهُم: انہوں نے اپنا سفر تیزی سے کیا۔
ــــ الاِبِلُ فِي سَيْرِهَا: تیز چلنا۔
ــــ فِي الكَلَأِ: گھاس کا عمدہ حصہ کھانا۔
ــــ فُلَانًا: نیزہ یا کوڑا مارنا۔
ــــ الاَكْلَ: جلدی جلدی کھانا۔
ــــ الثَّوْبُ الخَشِنُ السَّاقَ: کھردرے کپڑے کا پنڈلی کو چھیل دینا۔
ــــ الشَّيْءَ: لمبا کرنے کے لئے کھینچنا
ــــ الوَتَرَ وَغَيْرَه: تانت کو پتلا کرنا
ــــ الثَّوْبَ: کپڑے کو پھاڑنا، دھجیاں کرنا۔
ــــ الكَتَّانَ وَنَحْوَه بِالمِشْقَةِ: کنگھی نما آلہ سے کتان وغیرہ کو صاف کرنا۔
مُشِقَتِ الجَارِيَةُ مَشْقًا: لڑکی

کا نازک اندام ہونا (کم گوشت اور
پتلے اعضا روالا ہونا)۔
مَشِقَ فُلَانٌ ـــ مَشَقًا: کسی کا گھٹنوں
یا رانوں کی باہمی رگڑ سے خراش
والا ہونا۔ ھو مَشِقٌ و اَمْشَقُ
و ھِیَ مَشْقَاءُ ایضا ج: مُشْقٌ
اَمْشَقَہٗ: کسی کو کوڑا مارنا۔
ـــ الثَّوْبَ: کپڑے کو گیرو سے رنگنا۔
مَاشَقَہٗ مُمَاشَقَۃً: کسی ـــ سے
گالی گلوچ اور جھگڑا کرنا (۲) کھینچا
تانی کرنا۔
اِمْتَشَقَ الشَّیْئَ من یدہ: ہاتھ سے
چھین لینا۔
ـــ مَا فِی الضَّرْعِ: تھن کا پورا دودھ
نکال لینا۔
ـــ مَا فِی یَدِہٖ: ہاتھ کی چیز لے لینا
ـــ السَّیْفَ: تلوار سونتنا۔
تَمَاشَقُوا الشَّیْئَ: کسی چیز کو باہم کھینچنا
اور اس میں جھگڑنا۔
تَمَشَّقَ عن فُلَانٍ ثَوْبُہٗ: کسی کا
کپڑا پھٹ جانا۔
ـــ الغُصْنُ: شاخ کا چھل جانا، پتوں
سے خالی ہو جانا۔
ـــ الصُّبْحُ او اللَّیْلُ: صبح یا رات کا
گزر جانا۔
ـــ ثَوْبُ اللَّیْلِ: صبح کے آثار نمایاں
ہونا۔
الاَمْشَقُ: پھٹی ہوئی کھال ج: مُشْقٌ
المُشَاقَۃُ: کنگھا یا برش پھیرتے وقت
گرنے والے بال یا کتان وغیرہ۔
المَشَّاقُ: قَلَمٌ مَشَّاقٌ: کاغذ پر تیز
چلنے والا قلم۔
المَشْقُ: سرخ مٹی (گیرو)۔ فی قَدِّہٖ
مَشْقٌ: اس کے قد میں خوش نما
لمبائی ہے (۲) نمونۂ خط (لکھائی)
جس کی نقل کر کے خط سیکھنے والا
مشق کرتا ہے۔
المِشْقُ: گیرو (۲) ہلکے بدن کا آدمی۔
المِشْقَۃُ: المُشَاقَۃُ (۲) روئی وغیرہ
کا گالا (۳) بوسیدہ پرانا کپڑا،
ج: مِشَقٌ۔
المَشْقَۃُ: چوپائے کے پیر پر رسی
کا نشان۔
المَشِیْقُ: کم گوشت (ہلکا) آدمی (۲)
چھریرے بدن کا گھوڑا (۳) پہنا
ہوا پرانا کپڑا۔
المَمْشُوقُ: ہلکے اور چھریرے بدن کا
آدمی یا گھوڑا (۲) لمبی اور پتلی
ٹہنی یا چھڑ وغیرہ۔ قَدٌّ مَمْشُوقٌ:
نازک ولمبا قد۔ جَارِیَۃٌ مَمْشُوقَۃٌ:
نازک اندام خوش قامت لڑکی۔
• مَشَلَ لَحْمُہٗ ـــ مُشُوْلًا: کسی
کے بدن کا گوشت کم ہونا۔ فَخِذٌ
مَاشِلَۃٌ و مَمْشُولَۃٌ:
کم گوشت ران۔
ـــ السَّیْفَ مَشْلًا: تلوار سونتنا۔
مَشَّلَتِ النَّاقَۃُ: اونٹنی کے تھوڑا
دودھ اترنا، کم دودھ دینا۔
ـــ الحَالِبُ: آہستہ دودھ نکالنا
اور تھن میں کچھ چھوڑ دینا۔
اِمْتَشَلَ السَّیْفَ: تلوار سونتنا۔
المَشَلُ: تھوڑا دودھ ہوا۔
• المِشْمِشُ: خوبانی۔
المَتْیَمَۃُ: دیکھئے (نشیم)
• مَشَنَہٗ بِالسَّوْطِ ـــ مَشْنًا: کوڑا
مارنا۔ سَوْطٌ مَاشِنٌ: سخت
کوڑا ج: مُشُنٌ۔
مَشَنَہٗ بِالسَّیْفِ: تلوار مار کر کھال
چھیل دینا (خون نہ نکلنا)
ـــ الشَّیْئُ فُلَانًا: کسی کو کسی چیز سے
خراش لگنا، کھال چھل جانا۔
مَشَنَ یَدَہٗ: ہاتھ پر کھردری چیز
پھیرنا۔
ـــ مَا فِی ضَرْعِ النَّاقَۃِ: اونٹنی کے
تھن کا دودھ نکال لینا۔ اِمْتَشِنْ
منہ مَا مَشَنَ لَکَ: جو تمہیں
ملے وہ لے لو یا نکال لو۔
مَشَّنَتِ النَّاقَۃُ و نَحْوُھَا: اونٹنی
وغیرہ کا ناخوش ہو کر دودھ دینا۔
اِمْتَشَنَ الشَّیْئَ: چھین لینا، اچک لینا،
جھپٹا مارنا۔
ـــ ثَوْبَہٗ: کپڑا کھینچنا، اتارنا۔
ـــ السَّیْفَ: تلوار سونتنا۔
ـــ النَّاقَۃَ: اونٹنی کے تھن کا سارا دودھ
نکال لینا۔
تَمَاشَنَا الشَّیْئَ: کسی چیز کو لینے میں جھگڑنا
ـــ جِلْدَ الظَّرِبَانِ: ایک دوسرے
کو بدترین گالیاں دینا۔
المِشَانُ: زبان دراز تیز وطرار عورت (۲)
بھیڑیے کی مادہ۔
المَشْنَۃُ: زخم جو چوڑا ہو گہرا نہ ہو، خراش۔
المِشْنَیٰ: یہودی فقہ کی عبرانی زبان میں
لکھی ہوئی کتاب۔
• اَمْشَی الدَّوَاءُ فُلَانًا: دوا سے
کسی کو دست آنا۔
اِسْتَمْشَی فُلَانٌ و اسْتَمْشَی بِالدَّوَاءِ
مسہل (دست آور) دوا پینا، جلاب
لینا۔
المَشَا: گاجر۔ واحد: مَشَاۃٌ۔
المَشَاءُ و المَشُوُّ و المَشُوُّ: مسہل دوا
• مَشَی ـــ مَشْیًا: چلنا، ارادہ سے
ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔
ـــ بِالنَّمِیْمَۃِ: چغلی کھانا۔
ـــ مَشَاءً: بہت مویشی والا ہونا۔
مَشَتْ اِبِلُہٗ: اس کے اونٹ

بہت ہوگئے۔

مَشَتِ المَرْأَةُ او المَاشِيَةُ: عورت یا مویشی کا بہت بچوں والا ہونا۔

اَمْشَى فُلاَنٌ: بہت مویشی والا ہونا

ـــ الرَّجُلَ: چلانا۔

مَشَّى: بہت چلنا۔

ـــ الرَّجُلَ: چلانا۔

مَاشَاهُ مُمَاشَاةً: کسی کے ساتھ چلنا۔

اِمْتَشَى القَوْمُ: قوم کے مویشیوں کا بہت بچوں والا ہونا۔

تَمَاشَى القَوْمُ: ساتھ ساتھ چلنا۔

تَمَشَّى: چلنا، ٹہلنا، چہل قدمی کرنا۔

ـــ مع شَيْءٍ: میل کھانا، ساتھ چلنا، ساتھ دینا۔ هذا لا يَتَمَشَّى معه: یہ اس سے جوڑ نہیں کھاتا۔

ـــ مع فُلاَنٍ: کسی کا ساتھ دینا۔

ـــ الشَيْءُ فِي شَيْءٍ: سرایت کرنا، دوڑنا جیسے: تَمَشَّتْ فيه حُمَيَّا الكَأْسِ: جام شراب کی تیزی اس میں سرایت کرگئی۔

تَمَشِّيًا مَعَ كَذَا: کسی چیز کے ساتھ ساتھ فلاں بات پر عمل کرتے ہوئے۔

تَمَشِّيًا مع الزَّمَنِ: زمانہ سے ہم آہنگ ہوکر۔

المَاشِيَةُ: مویشی (اونٹ، گائے، بکریاں۔ اس کا اکثر اطلاق بھیڑ بکریوں پر ہوتا ہے) ج: مَوَاشٍ (۲) مویشیوں کی مادہ۔ بہت بچوں والی۔

المُشَاةُ: (خلاف: الرُّكْبَان) پاپیادہ، پیدل فوجی دستہ (ضد: سوار دستہ) (۲) چغلخور۔ واحد: مَاشٍ۔

المَشَّاءُ: بہت چلنے والا (۲) چغلخور۔

م ـــــ ص

• مَصَحَ الشَيْءُ ـُ مَصْحًا و مُصُوحًا: منقطع ہونا، زائل ہونا یا زائل ہونے کے قریب ہونا۔ مَصَحَتِ الدَّارُ و مَصَحَ الكِتَابُ: گھر کے نشانات اور کتاب کے حروف مٹ جانا۔

ـــ لَبَنُ النَّاقَةِ: اونٹنی کا دودھ منقطع ہوجانا۔ مَصَحَ الضَّرْعُ بھی کہتے ہیں۔

ـــ الثَّوْبُ: پرانا اور بوسیدہ ہونا

ـــ النَّبَاتُ: نباتات کے پھولوں کا رنگ اڑ جانا۔

ـــ الظِّلُّ: سایہ زائل ہونا یا سمٹنا

ـــ الشَيْءُ فِي الأَرْضِ: زمین میں دھنس جانا۔

ـــ بِالشَيْءِ: لے جانا، زائل کردینا۔

اَمْصَحَ اللهُ مَا بِكَ: خدا تمہاری تکلیف یا مصیبت کو دور کرے۔

مَصَّحَ اللهُ مَرَضَهُ: اللہ کا کسی کی بیماری کو زائل کردینا۔

المُصَاحَةُ: اونٹنی کے بچہ کی بھس بھری کھال جسے وہ اپنا بچہ سمجھتی ہے۔

• مَصَخَ الشَيْءَ ـَ مَصْخًا: کسی چیز کو دوسری چیز کے اندر سے نکالنا، کھینچنا۔

اِمْتَصَخَ الشَيْءُ عن الشَيْءِ: الگ ہونا

ـــ الشَيْءَ: کھینچنا۔

اِمَّصَخَ الوَلَدُ: بچہ کا ماں کے پیٹ سے الگ ہونا۔

• مَصَدَ الشَيْءَ ـُ مَصْدًا: چوسنا

ـــ الحَيَوَانَ: سدھانا، قابو میں کرنا

المَصَادُ: بلند پہاڑی یا پہاڑی سلسلہ ج: اَمْصِدَةٌ و مُصْدَانٌ۔ هو لِقَوْمِهِ مَعْقِلٌ و مَصَادٌ: وہ اپنی قوم کا ملجا و ماوی ہے۔

المَصْدُ: المَصَادُ (۲) بارش (۳) سردی

المَصْدَةُ: ایک بارش۔ مَا أَصَابَتْنَا مَصْدَةٌ: ہمارے یہاں ایک بھی بارش نہیں ہوئی۔

• مَصَرَتِ الحَلُوبُ ـُ مُصُورًا: دودھ والی اونٹنی کا دودھ کم ہونا۔

ـــ النَّاقَةَ او الشَّاةَ مَصْرًا: اونٹنی وغیرہ کو پوروں سے دوہنا۔

ـــ العَطَاءَ: عطیہ کم کرنا۔

ـــ الفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑنے کی تربیت دینا۔

اَمْصَرَتِ الحَلُوبُ: مَصَرَتْ۔

مَصَّرَ عليه عَطَاءَهُ: کسی کو عطیہ تھوڑا تھوڑا دینا۔

ـــ القَوْمُ المَكَانَ: کسی جگہ کو شہر بنانا آباد کرنا۔

ـــ الأَمْصَارَ: شہر تعمیر کرنا۔

ـــ الدَّوْلَةُ الشَّرِكَةَ ونَحْوَهَا: حکومت کا کمپنی وغیرہ کو غیرملکی اثر و اقتدار سے نکال کر ملکی یا مصری انتظام میں لے لینا۔

ـــ الثَّوْبَ: کپڑے کو گیرو یا ہلکے سرخ رنگ میں رنگنا۔

تَمَصَّرَ المَكَانُ: کسی جگہ کا شہر بنجانا، آباد ہوجانا۔

ـــ الشَيْءُ: کم ہوجانا۔

ـــ القَوْمُ: شہروں میں پھیل جانا، شہروں میں منتشر ہونا۔

ـــ الشَّخْصُ او الشَيْءُ: کسی شخص یا چیز کا مصری ہوجانا (مصری قوم کا فرد بنجانا)۔

ـــ الشَيْءَ: تلاش کرنا، تتبع کرنا۔

اِمْتَصَرَ النَّاقَةَ او الشَّاةَ : مَصَرَها۔
اَلْمَاصِرُ: دو چیزوں کے درمیان رکاوٹ آڑ، نَاقَة مَاصِرٌ او شَاةٌ مَاصِرٌ: کم مقدار یا ہلکی رفتار سے دودھ دینے والی اونٹنی یا بکری
اَلْمُصَارَةُ: گھوڑوں کی دوڑ کی تربیت گاہ
اَلْمِصْرُ: دو چیزوں یا دو زمینوں کے درمیان کی آڑ، باڑ ج: مُصُور۔
اِشْتَرَى الدَّارَ بِمُصُوْرِهَا: گھر کو مع اس کے اندرونی حصوں کے خریدا (۲) برتن (۳) بڑا شہر جس میں مکانات، بازار اور مدارس و دیگر لوازم زندگی موجود ہوں، بستی، آباد جگہ (۴) رنگائی کے کام میں آنے والا ایک سرخ مادہ۔
اَلْمِصْرَان: شہر کوفہ وبصرہ۔
مِصْرُ: افریقہ کا صحرائے سینا سے متصل ایک قدیم ملک۔ مِصْرِ السُّفْلٰی: مصر کا سمندر سے ملا ہوا حصہ۔
مِصر العلیا: مصر کا بالائی، سمندر سے دور حصہ۔
اَلْمِصْرِيُّ: ملک مصر کا باشندہ ج: مَصَارٍ و مَصَارِيُّ۔
اَلْمَصُوْرُ: اَلْمَاصِرُ ج: مِصَارٌ و مَصَائِرُ۔
اَلْمَصِيْرُ: آنت ج: مُصْرَان و مَصَارِيْنُ۔
اَلْمُمَصَّرُ: ثَوْبٌ مُمَصَّرٌ: گیرو وغیرہ میں رنگا ہوا، لال رنگ میں رنگا ہوا (۲) مصری بنایا ہوا۔
اَلْمُمَصَّرَةُ: کتے ہوئے سوت کا گولا۔
•مَصَّ القَصَبَ ونَحْوَهُ ـُ مَصًّا: گنا وغیرہ چوسنا (۲) جذب کر لینا۔
ـــ مِنَ الدُّنيا: دنیا کا کچھ حصہ پانا۔
اَمَصَّهُ الشَّيْءَ: چوسانا۔

أَمَصَّ فُلَانًا: کسی کو یا مصّان کہنا (دیکھئے: مصّان)۔
اِمْتَصَّ الشَّيْءَ: آہستہ آہستہ چوسنا، چسکی لگانا، آہستہ آہستہ جذب کر لینا، پی جانا۔
ـــ غَضَبَ فُلَانٍ: کسی کے غصہ کو ختم کرنا، برداشت کر جانا۔
ـــ الغَضَبَ: غصہ پی جانا۔
ـــ الدَّمَ: خون چوسنا۔
تَمَصَّصَ الشَّيْءَ: اِمْتَصَّ۔
اِمْتِصَاصُ السِّلَعِ: سامان کی کھپت
اَلْمَاصَّةُ: بچوں کی ایک بیماری جس میں گدی پر کچھ ایسے بال اگ آتے ہیں کہ جن کو نہ چوٹا جائے تو بچہ کا کھانا پینا بند رہتا ہے (۲) پانی کھینچنے (جذب کرنے کا) آلہ مشین۔
اَلْمُصَاصُ: چوسی جانے والی چیز، عرق، رس، گودا (۲) ہر خالص چیز۔ فُلَان مُصَاصُ قَوْمِهِ: وہ اپنے قبیلہ میں اعلیٰ نسب والا شخص ہے (یہ واحد وتثنیہ، جمع اور مذکر ومؤنث سب کے لئے ہے)۔ رَجُلٌ مُصَاصٌ: مضبوط کاٹھی کا غیر جری آدمی۔
اَلْمُصَاصَةُ: عرق، رس، جوہر۔ طابَتْ مُصَاصَتُهُ فِي فَمِي: مجھے اس کا رس مزیدار لگا (۲) چوسنے کی چیز (۳) چوسا ہوا پھوک (چوسنے کے بعد بچنے والا حصہ)۔
مُصَاصَةُ الشَّيْءِ: خالص حصہ، جوہر۔
مُصَاصَةُ القَوْمِ: قوم کا اعلیٰ ترین فرد
مُصَاصَاتُ قَصَبِ السُّكَّرِ: گنے کا پھوک، کھوئی (رس نکلنے کے بعد باقی ماندہ حصہ)۔
اَلْمَصَّاصُ: بہت چوسنے یا جذب کرنے والا

اَلْمَصَّاصَةُ: سرنج کا پائپ۔
اَلْمَصَّةُ: ایک دفعہ کا چوسنا، چسکی، گھونٹ۔
قَصَبُ المَصِّ: گنا۔
اَلْمَصَّانُ: کمینہ اور گھٹیا آدمی جو بکری وغیرہ کے تھن کو منہ لگا کر دودھ پیتا ہو، بطور گالی کہا جاتا ہے یا مَصَّانُ اور یا مَصَّانَةُ: ارے کمینے، اری کمینی (۲) پچھنے لگانے والا، فصد کرنے والا۔
اَلْمُصَّانُ: گنا (جس سے شکر بنائی جاتی ہے)
اَلْمَصُوْصُ: سرکے میں پکایا ہوا گوشت ج: مَصَائِص۔
اَلْمَصِيْصُ: تر اور مرطوب ریت یا مٹی۔
اَلْمَصِيْصَةُ: پیالہ۔
اَلْمِصِّيص: ڈوری، دھاگا۔
اَلْمِمَصُّ: چوسنے کا آلہ، سینگی، پچکاری، سرنج۔
اَلْمَمْصُوْصُ: چوسا ہوا (۲) بیماری سے کمزور ودبلا۔ وَظِيفٌ مَمْصُوص: پتلا کھر۔
اَلْمَمْصُوْصَةُ: بیماری سے دبلی عورت۔
•مَصْطَكَ الدَّوَاءَ: دوا میں مصطگی ملانا۔
اَلْمُصْطَكَا: مصطگی (ایک دوا کا نام)۔
•مَصَعَ الشَّيْءُ ـَ مَصْعًا: گزر جانا، چلا جانا، ختم ہو جانا۔ جیسے: مَصَعَ البَرْدُ و مَصَعَ لَبَنُ النَّاقَةِ ونحوها۔
ـــ مَاءُ الحَوْضِ: حوض کا پانی کم یا ختم ہو جانا۔
ـــ فُؤَادُهُ: ڈر یا عجلت کی بنا پر دل نکلا جانا۔
ـــ الفَرَسُ: گھوڑے کا ہلکی رفتار سے چلنا۔

مَصَعَ فِي الْأَرْضِ : سفر کرنا۔
— بِالشَّيْءِ : پھینکنا۔
— الدَّابَّةُ بِذَنَبِهَا : چوپائے کا بغیر دوڑے دم ہلانا۔
— الْبَرْقُ : بجلی چمکنا۔
— فُلَانًا : کسی کو تلوار یا کوڑا مارنا۔
— الْفِتْنَةُ الْقَوْمَ : آشوب یا کسی بلا کا لوگوں کو تجربہ کار بنا دینا، مانجھ دینا۔
— الْحَوْضَ بِمَاءٍ قَلِيلٍ : حوض کو تھوڑے پانی سے تر کرنا۔
— الطَّائِرُ بِزَرْقِهِ : پرندہ کا بیٹ کرنا۔
— الْمَرْأَةُ بِالْوَلَدِ : عورت کا نا تمام بچہ جننا۔
أَمْصَعَ الْعَوْسَجُ : عوسج (ایک خاردار درخت) پر پھل آنا۔
— الْقَوْمُ : قوم کے اونٹوں کا دودھ ختم ہو جانا۔
— لِفُلَانٍ بِحَقِّهِ : کسی کے حق کا اقرار کرنا۔
— الْمَرْأَةُ وَلَدَهَا : عورت کا بچہ کو تھوڑا دودھ پلانا۔
مَاصَعَ قِرْنَهُ : اپنے مقابل سے تلوار وغیرہ سے نبرد آزما ہونا، مقابلہ کرنا۔
مَصَّعَ الْعُودَ أَوِ الْغُصْنَ : سوکھنے کے لئے ٹہنی یا لکڑی پر بکل چھوڑنا
انْمَصَعَ الْحِمَارُ : گدھے کا سننے کیلئے اپنے کان کھڑے کرنا۔
تَمَاصَعُوا فِي الْحَرْبِ : جنگ میں باہم نبرد آزما ہونا۔
الْمَاصِعُ : کھاری پانی (۲) تھوڑا گدلا پانی
الْمِصَعُ : کپڑے کا گولا بنا کر کھیلنے والا لڑکا
ج : مُصَّعٌ۔ رَجُلٌ مِصَعٌ : بہادر۔
الْمَصُوعُ : ڈرپوک، بزدل۔

• مَصَلَ الشَّيْءُ ـُ مَصْلًا وَمُصُولًا : ٹپکنا، رسنا۔
— الْجُرْحُ : زخم کا تھوڑا تھوڑا بہنا۔
— اللَّبَنَ مَصْلًا : پانی ٹپکانے کے لئے دودھ کو کپڑے یا کھجور کے پتوں کی ٹوکری میں ڈال کر لٹکانا۔
— مَالَهُ : مال تباہ کرنا، غلط طریقوں سے خرچ کر کے ضائع کرنا۔
أَمْصَلَتِ الْمَرْأَةُ : عورت کو اسقاط ہونا حمل کو گوشت کے لوتھڑے کی شکل میں گرانا۔
— الرَّاعِي الْغَنَمَ : چرواہے کا بکریوں کو پورے طور پر دودھ لینا۔
— مَالَهُ : مَصَّلَهُ۔
الْمَاصِلُ : لَبَنٌ مَاصِلٌ : تھوڑا دودھ۔ أَعْطَى عَطَاءً مَاصِلًا : اس نے تھوڑا عطیہ دیا۔
الْمُصَالَةُ : پنیر کو پکا کر نچوڑا ہوا پانی (۲) مٹکے سے ٹپکا ہوا پانی وغیرہ۔
الْمَصْلُ : ایک زرد رنگ کا رقیق سیال مادہ جو خون کے گاڑھا ہونے کے وقت اس سے الگ ہو جاتا ہے (۲) ٹیکا (کسی ایسے جانور کا خون جو چیچک وغیرہ جیسے امراض سے پاک ہو اور کسی دوسرے جانور کے جسم میں اس مرض کی روک تھام کے لئے بذریعہ سوئی وغیرہ داخل کیا جائے) ج : مُصُول۔
مَرَضُ الْمَصْلِ : دوبارہ ٹیکا لگانے سے پیدا ہونے والی تکلیف، ٹیکا کا ردعمل۔
حَقْنُ الْمَصْلِ : ٹیکا لگانا، سوئی یا پچکاری سے جلد میں مصل داخل کرنا

الْمِمْصَلُ : لغویات میں مال ضائع کرنے والا (۲) دودھ سے پانی ٹپکانے کا کپڑا یا برتن (۳) مصل کا مخصوص برتن (۴) رنگ ریز کے کپڑے پکانے کا برتن۔
• مَصْمَصَ فَاهُ : منہ سے کلی کرنا یا زبان کے ایک طرف سے پانی نکالنا (نیم کلی کرنا)۔
— الْإِنَاءَ : دھونے کے لئے برتن کو پانی ڈال کر ہلانا۔
الْمُصَامِصُ : ہر شے کا خالص حصہ۔
إِنَّهُ لَمُصَامِصٌ فِي قَوْمِهِ : وہ اپنے قبیلہ میں خالص الاصل اور اعلیٰ نسب ہے۔
فَرَسٌ مُصَامِصٌ : مضبوط ہڈیوں اور جوڑوں والا گھوڑا۔

م ـــــ ض

• مَضَحَتِ الدَّوَابُّ ـَ مَضْحًا : چوپایوں کا منتشر ہو جانا۔
— الشَّمْسُ : دھوپ پھیلنا۔
— الْمَزَادَةُ : توشہ دان کا رسنا۔
— عَنْهُ : ہٹانا، دفاع کرنا۔
— عِرْضَ فُلَانٍ : عزت کو داغدار کرنا۔
• مَضَرَ النَّبِيذُ أَوِ اللَّبَنُ ـُ مَضْرًا وَمُضُورًا : نبیذ یا دودھ کا ترش اور سفید ہونا۔ هُوَ مَاضِرٌ۔
مَضَّرَهُ : قبیلۂ مضر کی طرف کسی کی نسبت کرنا۔ مَضَّرَ اللهُ لَكَ الثَّنَاءَ : خدا تعالیٰ تمہاری تعریف کرائے۔
تَمَضَّرَ : قبیلۂ مضر کی طرف منسوب ہونا یا ان کا سخت حامی ہونا یا ان جیسا بننا۔
— الْمَاشِيَةُ : مویشی کا موٹا ہونا۔
الْمُضَارَةُ : ترش دودھ کا پانی۔

المَضِرُ: ترش۔ ذَهَبَ دَمُهُ خَضِرًا مَضِرًا و خِضْرًا مِضْرًا: اس کا تر و تازہ خون بہا۔

المَضِيْرَةُ: خالص و ترش دودھ میں پکا ہوا گوشت۔

• مَضَّهُ ـُ مَضًّا و مَضِيْضًا: تکلیف دینا۔ جیسے: مَضَّ الجُرْحُ اور مَضَّ الكُحْلُ العَيْنَ و مَضَّ الخَلُّ فَمَهُ: زخم کی تکلیف ہونا یا سرمہ کا آنکھ میں لگنا یا سرکے کا منھ کو (تیزی کی وجہ سے) کاٹنا۔

مَضَّهُ الحُزْنُ والهَمُّ والقَوْلُ: رنج وغم یا کسی بات سے تکلیف پہنچنا۔

ـــ الشيءَ مَضًّا: چوسنا۔

مَضَّ فُلانٌ ـَ مَضَضًا و مَضَاضَةً و مَضِيْضًا: مصیبت کی تکلیف محسوس کرنا۔

ـــ مِنَ الشيءِ و لَه: کسی چیز سے دکھی اور درد مند ہونا۔

أَمَضَّهُ الشيءُ: کسی چیز کا تکلیف پہنچانا

أَمَضَّهُ جِلْدُهُ فَدَلَكَهُ: اس کی کھال میں تکلیف ہوئی تو اس نے اسے مل دیا۔

مَاضَّهُ مِضَاضًا: کسی سے جھگڑنا کسی کے ساتھ گالی گلوچ کرنا۔

مَضَّضَ فُلانٌ: خالص چیز پینا۔

تَمَاضَّ القَوْمُ: باہم جھگڑنا۔

المُضَاضُ: خالص چیز۔ فُلانٌ مِن مُضَاضِ القَوْمِ: فلاں قوم کا منتخب اور اس کا جوہر ہے (۲) نا قابل برداشت کھاری پانی (۳) انسان کی آنکھ وغیرہ کی جلن، درد یا سوزش

المَضُّ: تکلیف دہ، تیز، سخت کھاری، زبان یا منھ کاٹ دینے والا سوزش پیدا کرنے والا۔

المِضُّ: مِضُّ و مِضَّ و مِضِّ (مبنی) و مِضٌّ بمعنی لا (نہیں) ایسے انکار کے لئے جس کے ساتھ قبول کا بھی احساس ہو۔

المَضَضُ: ترش دودھ (۲) تکلیف ودرد، ناگواری۔ فَعَلْتُ هذا على مَضَضٍ: میں نے ایسا دکھ اور ناگواری کے ساتھ کیا۔

المَضَّةُ: أَلبانٌ مَضَّةٌ: کھٹے دودھ۔

امْرَأةٌ مَضَّةٌ: وہ عورت جو خلاف مزاج کوئی بات برداشت نہ کرسکے۔

• مَضَغَ الطَّعَامَ وغَيْرَهُ ـُ مَضْغًا: دانتوں سے چبانا، بدوی کے بارے میں کہتے ہیں: هو يَمْضَغُ الشِّيحَ والقَيْصُومَ۔

ـــ لَحْمَ أَخِيهِ: اپنے بھائی کو تکلیف پہنچانا۔ رَجُلٌ مَضَّاغَةٌ لِلُحُومِ النَّاسِ: وہ لوگوں کیلئے بڑا اذیتناک ہے۔

أَمْضَغَ التَّمْرُ: کھجور کا چبانے کے قابل ہوجانا۔

ـــ اللَّحْمُ: گوشت کا پک کر عمدہ ہوجانا۔

ـــ فُلانًا الشيءَ: کسی کو کوئی چیز چبوانا۔

مَاضَغَهُ في القِتَالِ و مَاضَغَهُ القِتَالَ والخُصُومَةَ: لڑائی جھگڑے میں کسی کے سامنے آنا مقابلہ کرنا۔

مَضَّغَهُ الشيءَ: چبوانا۔

المَاضِغُ: ڈاڑھوں کے قریب کا حصہ، جبڑا: ماضغان۔ یہ دونوں طرف ہوتے ہیں۔

المَاضِغَةُ: المَاضِغُ۔ هما مَاضِغتان ج: مَوَاضِغُ۔

المَوَاضِغُ: ڈاڑھیں۔

المَضَاغُ: چبائی جانے والی چیز۔ مَاذُقْتُ مَضَاغًا: میں نے کوئی چیز نہیں چکھی (۲) چبانا۔ لُقْمَةٌ لَيِّنَةُ المَضَاغِ۔

المُضَاغَةُ: آسانی سے چبایا جانے والا لقمہ (۲) چبانے کے بعد منھ میں لگی رہ جانے والی چیز۔

المُضَّاغَةُ: بیوقوف۔

المَضِغُ: كَلأٌ مَضِغٌ: چوپایوں کے چبانے کے قابل گھاس۔

المُضْغَةُ: گوشت کا ٹکڑا (جو گوشت وغیرہ سے کاٹ کر چبایا جائے) (۲) وہ زخم جس میں دیت واجب نہ ہو ج: مُضَغ۔

مُضَغُ الأُمُورِ: چھوٹے کام۔

المَضِيْغَةُ: جبڑے میں ڈاڑھ کی جڑ جبڑا (۲) ہڈی سے لگا ہوا گوشت، (۳) عضلہ (پٹھوں کا مجموعہ) ج: مَضِيْغُ و مَضَائِغُ۔

• مَضْمَضَ النُّعَاسُ في عَيْنِهِ: آنکھوں میں نیند کا غلبہ ہونا۔

ـــ فُلانٌ: دیر تک سونا۔ مامَضْمَضَتْ عيني بنوم: مجھے بالکل نیند نہیں آئی۔

ـــ المَاءَ في فَمِهِ: منھ میں پانی ڈال کر گھمانا، ہلانا، کلی کرنا۔

ـــ الإِنَاءَ وغَيْرَهُ: دھونا۔

تَمَضْمَضَ بالمَاءِ في فِيهِ: منھ میں پانی ڈال کر گھمانا، کلی کرنا۔

ـــ النُّعَاسُ في عَيْنِهِ: آنکھوں میں نیند کا غلبہ ہونا، نیند کا اثر ہونا۔

تَمَضْمَضَتِ العَيْنُ بالنُّعَاسِ: آنکھوں میں نیند آنا۔

ـــ الكَلْبُ في أَثَرِهِ: کتے کا کسی کا پیچھا کر کے بھونکنا۔

المُضْمَاضُ: ہلکا پھرتیلا آدمی (۲) نیند

(۳) سوزش، جلن۔

المَضمَضَةُ: کلی (۲) سانپ وغیرہ کی آواز

• مَضَى الشیءُ ـِ مُضِیًّا: گزر جانا، چلا جانا، وقت نکلنا، ختم ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمَضَى مَثَلُ الاَوَّلِينَ"۔ "وَامْضُوا حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ"۔

ـــ علَى الاَمْرِ وَفِيه: کسی کام کو جاری رکھنا، اس پر قائم رہنا یا اس کو پایۂ تکمیل تک پہنچانا۔ هو ماضٍ والاَمرُ مَمْضِيٌّ عليه وفيه۔

ـــ فُلانٌ سَبِيلَهُ وَبِسَبِيلِه: مرنا۔

ـــ قُدُمًا فی کذا: کسی کام میں آگے بڑھنا، کرتے رہنا۔

ـــ علَى وَجْهِه: اپنی راہ لینا، جدھر منہ اٹھے ادھر چلے جانا۔

ـــ السَّيفُ مَضَاءً: تیز ہونا۔ هو اَمْضَى من السَّيف: وہ تلوار سے بھی زیادہ تیز ہے۔

ـــ علَى البَيع: بیع کو نافذ کرنا۔

مَضَى يقولُ: ومَضَى قائلًا: اس نے سلسلۂ کلام جاری رکھتے ہوئے کہا۔

اَمْضَى الحكمَ وَالاَمْرَ: فیصلہ یا حکم جاری کرنا، نافذ کرنا، تکمیل کرنا، حدیث میں ہے: "لَيْسَ لَكَ من مَالِكَ الا مَا تَصَدَّقْتَ فَاَمْضَيْتَ"۔

ـــ البَيْعَ ونَحْوَه: نافذ کرنا۔

ـــ الشيءَ والوقتَ: گزارنا۔

ـــ الصَّكَّ وغيرَه: چک وغیرہ اپنے دستخط سے جاری کرنا، دستخط کرنا۔

ـــ السَّيفَ: تلوار تیز کرنا۔

اَمْضَى بالتَّوكِيل: کسی کی طرف سے دستخط کرنا یا کوئی کام کرنا۔

ـــ الوَصِيَّةَ: وصیت کو پورا کرنا۔

مَضَّى الاَمرَ: نافذ و جاری کرنا۔

تَمَضَّى الرَّجُلُ: آگے بڑھنا۔

ـــ الاَمْرُ: جاری اور نافذ ہونا، پورا یا ختم ہونا۔

الاِمْضَاءُ: اجراء، تنفیذ، تکمیل (۲) دستخط ج: اِمْضَاءَاتٌ۔

الاِمْضاءاتُ المُصَدَّقُ عَلَيها: مصدقہ دستخط۔

الماضي: زمانۂ گذشتہ۔ کہتے ہیں: كان ذلك في الزَّمانِ الماضِي۔ (۲) گذشتہ (۳) وہ فعل جو زمانۂ ماضی پر دلالت کرے (۴) جاری، نافذ، ہو کر رہنے والا (۵) تیز، تیز تلوار ج: مَوَاضٍ۔

الماضي في الاُمُور: معاملات کا پکا کر کے دکھانے والا، بات کا پکا، نڈر، باہمت۔

المَضَاءُ: تیزی۔

المِضَاءُ: جری، ارادے کا پکا (۲) تیز طرار

المُضَوَاءُ: پیش رفت۔ مَضَى علَى مُضَوَائِه: وہ آگے بڑھتا رہا۔

المُضِيُّ: رفت، اختتام، گزر جانا۔

المُمْضِي: نافذ کنندہ، دستخط کنندہ۔

م ـــ ط

• مَطَحَهُ ـَ مَطْحًا: کسی کو ہاتھ سے مارنا، ہاتھ مارنا۔

اِمْتَطَحَ الوادِي: وادی کا پانی سے لبریز ہو جانا۔

تَمَطَّحَ الوادِي: اِمْتَطَحَ۔

• مَطَخَ فُلانٌ ـَ مَطْخًا: بہت کھانا۔

مَطَخَ الشيءَ: کسی چیز کو چاٹنا۔ جیسے: مَطَخَ العَسَلَ۔

ـــ الرَّجُلَ بيدِه: ہاتھ سے مارنا۔

ـــ عِرْضَهُ: عزت کو داغدار کرنا۔

ـــ بالدَّلْو: ڈول کھینچنا۔

المَاطِخُ: سبک اور تیز رفتار گھوڑا۔

المَطَّاخُ: احمق (۲) مغرور (۳) بدزبان و فحش گو۔

• مَطَرَتِ السَّمَاءُ ـُ مَطَرًا و مَطْرًا: بارش ہونا، آسمان سے پانی برسنا۔ فالسَّماءُ مَاطِرَةٌ۔

ـــ السَّمَاءُ القَوْمَ: آسمان کا کسی قبیلہ پر پانی برسانا۔ کہتے ہیں: لا اَدْرِي من مَطَرَ بِه: نہ معلوم اسے کون لے گیا۔ مَطَرَنِي بخَيرٍ: اس سے مجھے بھلائی ملی۔ ما مُطِرَ منه خَيْرًا وما مُطِرَ منه بخَيْرٍ: اس سے اسے کوئی بھلائی نہیں ملی۔

ـــ فُلانٌ في الاَرضِ مُطُورًا: زمین پر کسی جگہ چلا جانا۔

ـــ الصَّيدُ: شکار کا بھاگ جانا۔

ـــ الطَّيْرُ: پرندوں کا تیزی سے نیچے آنا۔

ـــ الفَرَسُ مَطْرًا و مُطُورًا: گھوڑے کا تیز دوڑنا یا گزرنا۔ هو مَطَّارٌ۔

ـــ القِرْبَةَ: مشکیزہ کو بھرنا۔

اَمْطَرَتِ السَّمَاءُ: آسمان سے پانی برسنا، بارش ہونا۔

ـــ السُّحُبُ والسَّماءُ القَومَ: کسی قبیلہ میں بارش ہونا، قبیلہ پر بادل یا آسمان کا پانی برسانا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِيَتِهِمْ قَالُوا هَذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا"۔

اَمْطَرَ اللّٰهُ عليهم الحِجَارَةَ: اللہ نے ان پر پتھر برسائے۔ قرآن پاک میں ہے: "وَ اَمْطَرْنَا عَلَيْهِم حِجَارَةً من السَّمَاءِ"۔
— وَابِلًا من الرَّصَاصِ او القَنَابِلِ: گولیاں یا گولے برسانا۔
— فُلَانٌ: کسی کا بارش میں ہونا، کسی پر بارش کا پانی پڑنا (۲) کسی کی پیشانی پر پسینہ آنا۔
— المکانَ: کسی جگہ پر پانی برسا ہوا پانا
تَمَاطَرَ السَّحَابُ: بادل کا رک رک کر برسنا۔
— فُلَانٌ: کسی کی پیشانی پر پسینہ آنا۔
تَمَطَّرَ الطَّيْرُ: پرندوں کا تیزی سے اترنا۔
— فُلَانٌ فی الأَرْضِ: سفر کرنا، روئے زمین پر گھومنا پھرنا۔
— به فَرَسُهٗ: کسی کے گھوڑے کا اسے لے کر دوڑنا۔
— فُلَانٌ: کسی کا بارش اور اس کی ٹھنڈک کی زد میں آنا، بارش میں بھیگنا (۲) بارش کے بعد اس کا لطف لینا اور تفریح کرنا (۳) بارش کا طالب ہونا۔ کہتے ہیں: خَرَجُوا يَتَمَطَّرُوْنَ اللّٰهَ: وہ خدا سے بارش کی درخواست کرنے کے لئے باہر نکلے۔
— الخَيْلُ: گھوڑوں کا ایک دوسرے سے آگے بڑھتے ہوئے آنا جانا۔
اِسْتَمْطَرَ المَکَانُ او الزَّرْعُ: جگہ یا کھیتی کو بارش کی ضرورت ہونا۔
— فُلَانٌ: بارش کا طالب ہونا۔ خَرَجوا يَسْتَمْطِرُوْنَ اللّٰهَ۔ (۲) بارش سے بچنے کے لئے کہیں چھپنا، (۳) خاموش ہونا۔ مَالَكَ مُسْتَمْطِرًا: تم کو کیا ہوگیا تم خاموش ہو۔
اِسْتَمْطَرَ لِلسِّيَاطِ: کوڑوں کی مار سہنا۔
— الثَّوْبَ: بارش سے بچنے کے لئے کپڑا یا برساتی اوڑھنا۔
— فُلَانًا: کسی سے طالب بخشش ہونا۔
— فُلَانٌ الخَيْلَ: گھوڑوں کے سامنے آنا۔
— اللّٰهَ: خدا سے بارش کی دعا کرنا۔
المَاطِرُ: يَوْمٌ مَاطِرٌ: بارش والا دن
المُسْتَمْطَرُ: کھلی ہوئی صاف جگہ۔ نَزَلَ فُلَانٌ بالمُسْتَمْطَرِ۔
المَطَارُ (من الآبار): چوڑے منھ کا کنواں۔
المَطَارَةُ: المَطَارُ۔
المَطَرُ: بارش ج: اَمْطَارٌ۔
المَطَرُ الخَفِيفُ: پھوار، ہلکی بارش
المَطَرُ الغزِيرُ: زوردار بارش۔
المَطِرُ: بارش والا۔ يَوْمٌ مَطِرٌ۔
المُطْرُ: عادت (۲) مکئی کا خوشہ (بھٹا) اسے عامی زبان میں کوز کہتے ہیں۔
المِطْرَان: اسقف اعظم (بڑا پادری) نصاریٰ کا مذہبی عالم جو اسقف سے بڑا اور بطریرک سے چھوٹا ہوتا ہے۔
المَطْرَةُ: ایک بارش (۲) بارش کا ایک چھینٹا (۳) بارش کی ایک بوند (۴) عادت۔ اِنَّ تلك من فُلَان مَطْرَةٌ: وہ فلاں کی عادت ہے۔
المَطِرَةُ: عادت۔ اِمْرَأَةٌ مَطِرَةٌ: مسواک یا غسل وصفائی کی عادی عورت۔
المَطَرَةُ: مشکیزہ (۲) چمڑے کا برتن وغیرہ (۳) حوض کا بیچ۔
المَطَرِيَّةُ: برساتی، بارش سے بچاؤ کا کپڑا یا چھتری۔
المَطِيرُ: بارش والا۔ يَوْمٌ مَطِيرٌ: بارش والا دن (۲) بارش میں بھیگی ہوئی چیز یا جگہ وغیرہ۔
وَادٍ مَطِيرٌ: وہ وادی جس پر بارش ہوئی ہو۔
المِمْطَارُ: بہت برسنے والا۔ سَمَاءٌ مِمْطَارٌ۔
المِمْطَرُ: برساتی، بارش سے بچاؤ کا دبیز کپڑا جس سے پانی نہیں چھنتا ہے۔
المِمْطَرَةُ: المِمْطَرُ۔ واٹر پروف لباس۔
المَمْطُورُ: رَجُلٌ مَمْطُورٌ: بکثرت مسواک کرنے والا صاف دہن شخص۔
• مَطَّ الشَيْءَ ـُ مَطًّا: بڑھانا، پھیلانا
— بِهِم فی السَّيْرِ: لوگوں کو دور لیجانا۔
— حَاجِبَيْهِ وخَدَّهٗ: تکبر سے ناک بھوں چڑھانا۔
— الدَّلْوَ: ڈول کھینچنا۔
— أَصَابِعَهٗ: مخاطب کرتے وقت انگلیاں پھیلانا۔
— خَطَّهٗ: اپنی تحریر کو لمبا لمبا لکھنا، اپنا خط بڑھانا۔
— خُطْوَهٗ: لمبے لمبے ڈگ بھرنا۔
— الحَرْفَ: حرف کو کھینچنا، لمبا کرنا۔
تَمَطَّطَ الشَيْءُ: کھنچنا، لمبا ہونا، پھیلنا، بڑھنا۔
— فی الکَلَامِ: بڑھ چڑھ کر بولنا، باتیں ملانا، کلام کو طول دینا۔
المُطَاطُ: اونٹ کا ترش اور گاڑھا دودھ
المَطَّاطُ: ربڑ (ایک لچک دار کھنچنے والا مادہ جو سیفونیہ درخت سے نچوڑ کر نکالا جاتا ہے اور خاص طریقہ پر پکا کر اس سے موٹروں کے ٹائر وغیرہ بنائے جاتے ہیں (۲) ربڑ کی طرح کھنچنے والی چیز۔

شَجَرُ المَطَّاط : وہ درخت جس سے ربڑ بنائی جاتی ہے اور یہ ممالک شرقیہ اور بطور خاص مشرقی جزائر ہند میں پائے جاتے ہیں۔

المُطَيْطَاءُ : اکڑ، اترابٹ، متکبرانہ چال (۲) چلتے وقت ہاتھوں کو پھیلانا۔ حدیث میں ہے : "اِذَا مَشَتْ اُمَّتِي المُطَيْطَاءَ" میری امت جب ہاتھ پھیلا پھیلا کر چلے گی، یعنی مغرورانہ چال چلے گی۔

المُطَيْطِيُّ : المُطَيْطَاء۔

المِطِيطَةُ : گدلا اور گاڑھا پانی جو حوض وغیرہ کی تلی میں پڑا ہوا لیس دار ہو جاتا ہے۔ ج : مَطَائِطُ۔

• مَطَعَ فِي الارض ـَ مَطْعًا و مُطُوعًا : کسی جگہ جا کر گم ہو جانا۔

— الشيءَ : دانتوں کے کناروں سے کوئی چیز کھانا۔

المَاطِعُ : خالص۔

• تَمَطَّقَ فُلَانٌ : چٹخارے لینا (ہونٹ سے ہونٹ اور زبان کو تالو سے ملا کر ایسی آواز نکالنا جس سے کھانے کی چیز کا خوش ذائقہ ہونا معلوم ہو۔

— القَوْسُ : کمان کا پھٹ جانا۔

— الطَّعَامَ : چکھنا۔

المَطْقَةُ : خوش ذائقہ چیز جس سے چٹخارا لیا جائے۔ تَمْرٌ لَهُ مَطْقَةٌ : بڑے مزے کی کھجور۔ چٹخارا، مٹھاس

• مَطَلَ الحَبْلَ و نَحْوَهُ ـُ مَطْلًا : رسی کو لمبا کرنا، پھیلانا، تاننا۔

— الحَدِيدَ : لوہے کو کوٹ پیٹ کر لمبا یا چوڑا کرنا۔

— فُلَانًا حَقَّهُ و بِحَقِّهِ : کسی کا حق دینے میں ٹال مٹول کرنا۔

مَاطَلَهُ بِحَقِّهِ مِطَالًا و مُمَاطَلَةً : کسی کا حق دینے میں ٹال مٹول کرنا

اِمْتَطَلَ النَّبَاتُ : نباتات کا گنجان اور گنھا ہوا ہونا۔

— فُلَانًا حَقَّهُ : حق کو ٹلانا۔

الطَالَةُ : آہن گری یا لوہا پگھلانے یا کوٹنے کا پیشہ۔

المَطَّال : لوہا پگھلانے یا تیار کرنے والا

المُطْلَةُ : حوض کی تہ میں بقیہ پانی۔

المُمَاطَلَةُ : ٹال مٹول۔

المُطْلُ : چوہ۔

• مَطْمَطَ : بولنے یا لکھنے میں سستی کرنا۔

— فِي كَلَامِهِ : بات کو طول دینا۔

• مَطَا ـُ مَطْوًا : تیزی سے چلنا، (۲) سفر میں دوست کے ساتھ رہنا (۳) دونوں آنکھیں کھولنا۔

— بالقَوْمِ : لوگوں کو دور لے جانا، زیادہ سفر کرانا۔

اَمْطَى الدَّابَّةَ : جانور کو سواری بنانا اور سوار ہونا۔

اِمْتَطَى الدَّابَّةَ : سوار ہونا، سواری کرنا۔

تَمَطَّى النَّهَارُ و غيرُهُ : دن کا لمبا ہونا۔

— بِهِم السَّفَرُ : لوگوں کا سفر لمبا ہونا۔

— بِهِ العَهْدُ كذلك : کسی کو کسی حال پر عرصہ گزر جانا، دراز ہو جانا۔

— فِي مِشْيَتِهِ : اتراتے ہوئے چلنا، اکڑ کر چلنا (ہاتھ پھیلاتے ہوئے متکبرانہ چال چلنا)۔ قرآن پاک میں ہے : "ثُمَّ ذَهَبَ اِلَى اَهْلِهِ يَتَمَطَّى"

— الرَّجُلُ : انگڑائی لینا۔

الاُمْطِيُّ : دراز قد موزوں آدمی (۲) کھانے کا گوند۔

المَطَا : پیٹھ ج : اَمْطَاءٌ (۲) انگڑائی (۳) متکبرانہ یا اترابٹ کی چال۔

المَطْوُ : کھجور کا خوشہ، گچھا (۲) وہ ٹہنی جسے چیر کر گھاس یا کٹی ہوئی فصل باندھی جاتی ہے ج : مِطَاءٌ و اَمْطَاءٌ۔

المِطْوُ : المَطْوُ (۲) ساتھی (۳) نظیر و مثل (۴) مکئی کی بال، ج : اَمْطَاءٌ۔

المُطَوَاءُ : لمبائی، درازی (۲) انگڑائی (بوقت بخار)۔

المَطْوَةُ : کچھ وقت، لمحہ، گھڑی۔ مَضَتْ مَطْوَةٌ من اللَّيل : رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔

المَطِيَّةُ : (مونث و مذکر) سواری کا جانور ج : مَطَايَا و مَطِيٌّ۔

م ــــ ظ

• مَظَّهُ ـُ مَظًّا : ملامت کرنا۔

اَمَظَّهُ : گالی دینا، برا کہنا۔

مَاظَّهُ : جھگڑنا، گالی گلوچ کرنا، مقابل کے پیچھے پڑنا۔

تَمَاظُّوا : باہم گالی گلوچ کرنا۔

المِظَاظَةُ : گالی گلوچ، بدمزاجی۔

• مَظَعَ الوَتَرَ و غيرَهُ ـَ مَظْعًا : تانت کو چکنا اور خشک کرنا۔

مَظَّعَ الوَتَرَ و غيرَهُ : مَظَعَهُ۔

— الخَشَبَةَ : لکڑی کو تازہ کاٹ کر اس کی چھال سمیت دھوپ میں رکھنا تاکہ پھٹنے سے محفوظ رہے۔

— الاِهَابَ : چمڑے کو تیل پلانا۔

تَمَظَّعَ فِي الرَّعْيِ : چرانے میں دیر کرنا۔

— مَا عِنْدَ فُلَانٍ : سب کھا پی لینا سب چاٹ جانا، صفایا کر دینا۔

تَمَقَّطَعَ الظِّلُّ: سایہ کا ایک جگہ سے دوسری جگہ تک پیچھا کرنا، سایہ کے ساتھ ساتھ رہنا۔
المُقْطَعَةُ: بقیہ گھاس۔

م ــــ ع

• مَعْ و مَعَ: ساتھ، لفظ برائے معیت و مصاحبت۔ اس کے دو استعمال ہیں:
(ا) یہ کہ مضاف ہو تو وہ حرفی ظرف ہوگا اور تین معانی میں سے کسی ایک پر دلالت کرے گا۔ اول مقام اجتماع پر اور اس کے ذریعہ ذوات کی خبر دی جائے گی۔ جیسے: وَاللهُ مَعَكُمْ۔ دوسرے زمانِ اجتماع پر، جیسے: جِئْتُكَ مَعَ العَصْرِ۔ تیسرے عند کا مرادف ہونے پر، جیسے: جِئْتُ مِنْ مَعِهِمْ (من عندهم)۔
(ب) یہ کہ مضاف نہ ہو اس صورت میں اسم مقصور منصوب منوّن ہوگا فَتًى کی طرح۔ اور اس کا نصب ظرفیت کی بنا پر ہوگا، جیسے کہا جائے خَرَجْنَا مَعًا (فی زمانٍ واحدٍ) وكُنَّا مَعًا (فی مكانٍ واحدٍ) دونوں مذکورہ مثالوں میں کبھی اس کے معنی اس طرح بھی ہوں گے۔ خَرَجْنَا جَمِيعًا وكُنَّا جميعًا: ہم سب نکلے ہم سب ساتھ تھے۔ اس صورت میں اس کا نصب حال ہونے کی بنا پر ہوگا۔ فَعَلْنَا مَعًا و فَعَلْنَا جميعا میں فرق یہ ہے کہ مَعًا تو فعل کی حالت میں اجتماع کا فائدہ دے گا اور جَمِيعًا کلّنا کے معنی کا فائدہ دے گا کہ جس میں اجتماع وافتراق دونوں کا مفہوم پایا جاتا ہے کیونکہ کلّنا کے دو معنی ہیں ہم سب اور ہم میں سے ہر ایک یعنی ہم نے ایک ساتھ فعل کیا یا یکے بعد دیگرے اور مختلف اوقات میں کیا۔

• مَعَجَ: جلدی کرنا، تیز رفتار ہونا۔
ـــ السَّيْلُ: سیلاب کا تیزی سے آنا، بل کھاتے ہوئے تیزی سے گزرنا۔
ـــ الفَرَسُ و نَحْوُهُ في سَيْرِهِ: زیادہ تیز دوڑنے سے گھوڑے کا دائیں بائیں ہونا۔
ـــ الرِّيحُ في النَّبَاتِ: ہوا کا نباتات کو دائیں بائیں ہلانا۔
ـــ بالقَلَمِ في الدَّوَاةِ: روشنائی لگانے کے لئے قلم کو دواۃ میں ہلانا
ـــ الفَصِيلُ ضَرْعَ أُمِّهِ: اونٹنی کے بچہ کا دودھ پینے کے لئے ماں کے تھن کو ہلانا۔
ـــ البَحْرُ: سمندر کا موج زن ہونا
ـــ الثُّعْبَانُ: اژدہا کا بل کھانا۔
تَمَعَّجَ السَّيْلُ في جِرْيَتِهِ: سیلاب کا بل کھاتے ہوئے آنا۔
ـــ الحَيَّةُ في انسيابها: سانپ کا بل کھاتے ہوئے زمین پر دوڑنا۔
المَعْجَةُ: جوانی کا جوش، عرج، عنفوان شباب۔
المِمْعَجُ: فرسٌ مِمْعَجٌ: سبک اور تیز رفتار گھوڑا۔
• مَعَدَ الشَّيْءُ ـ مَعْدًا: خراب ہونا۔
ـــ في الأرضِ مَعْدًا و مُعُودًا: گھومنا پھرنا، سفر کرنا۔
ـــ فُلانًا مَعْدًا: معدہ پر مارنا۔
ـــ الشَّيْءَ: اچک کر یا چھین کر لے بھاگنا
(۲) جلدی اور تیزی سے کھینچنا۔ جیسے: مَعَدَ الرُّمْحَ: نیزے کو اس کے لگنے کی جگہ سے کھینچ کر نکالنا۔
مَعَدَ الدَّلْوَ و بها: ڈول کھینچنا۔
ـــ لَحْمَهُ: گوشت کو منہ کے اگلے حصہ سے کھانا۔
مُعِدَ فُلانٌ: کسی کا معدہ خراب ہونا (کھانا وغیرہ ہضم نہ کرنا)۔ هو مَمْعُودٌ۔
اِمْتَعَدَ الشَّيْءَ: مَعَدَهُ۔ جیسے: اِمْتَعَدَ الرُّمْحَ والدَّلْوَ۔
ـــ السَّيْفَ من غِمْدِهِ: میان سے تلوار نکالنا، تلوار سونتنا۔
المُتَمَعِّدَةُ (من الرُّطَبِ) پختہ تازہ کھجور۔
المَعْدُ: تازہ پھل اور تازہ ترکاریاں
المِعَدَةُ: معدہ ج: مِعَدٌ۔
المَعْدَةُ: معدہ ج: مِعَدٌ۔
المَعَدُّ: پیٹ (۲) انسان وحیوان کا پہلو۔ هما مَعَدَّان۔ وہ دو ہیں (۳) گھوڑے پر سوار کے پیر رکھنے کی جگہ۔
مَعَدٌّ: عرب کا ایک قبیلہ۔
تَمَعْدَدَ المَهْزُولُ: دبلے پر گوشت چڑھنا، فربہی کا آغاز ہونا۔
ـــ الصَّبِيُّ: بچے کے جسم کی نرمی و نزاکت ختم ہو کر مضبوطی پیدا ہونا۔
ـــ فُلانٌ: قبیلۂ معد کی طرف منسوب ہونا۔
ـــ القَوْمُ: کسی قبیلہ کا سختی میں قبیلۂ معد کے مشابہ ہونا، اکھڑ اور موٹے رہن سہن کا ہونا۔
ـــ المَرِيضُ: بیمار کا اچھا ہو جانا۔
• مَعِرَ الشَّعْرُ والرِّيشُ ونَحْوُهُما ـ مَعَرًا: بالوں اور پروں کا کم ہونا

هو اَمْعَرُ و مَعِرٌ۔
مَعِرَ الرَّاسُ: سر کے بال کم ہونا۔
ـــ النَّاصِيَةُ: پیشانی پر بالکل بال نہ ہونا۔ هی مَعِرَةٌ و مَعْرَاءُ۔
ـــ الظُّفْرُ: چوٹ وغیرہ سے ناخن اتر جانا۔ هو مَعِرٌ۔
ـــ فُلَانٌ: کسی کا بے توشہ ہو جانا۔
ـــ من مَالِه: مفلس ہو جانا۔
اَمْعَرَ الشَّعْرُ او الرِّيشُ: بال و پر کم ہونا۔
ـــ الحَيَوَانُ: جانور کے بال یا اون کا باقی نہ رہنا۔
ـــ الاَرْضُ: زمین کا نبات سے خالی ہونا (۲) قحط زدہ ہونا۔
ـــ القَومُ: لوگوں کا قحط میں مبتلا ہونا۔
ـــ فُلَانٌ: غریب و مفلس ہو جانا (۲) زادِ راہ ختم کر بیٹھنا، روٹی کو ترس جانا۔
ـــ فُلَانًا: غریب و مفلس بنا دینا، کسی کا مال لوٹ لینا۔
ـــ المَوَاشِى الاَرْضَ: مویشی کا سب چارہ کھا جانا، چراگاہ کو خالی کر دینا
مَعَّرَ فُلَانٌ: اَمْعَرَ۔
ـــ وَجْهَهُ: غصہ سے چہرہ لال پیلا کرنا، منہ بگاڑنا۔
تَمَعَّرَ شَعْرُهُ و رَأْسُهُ: بال گرنا
ـــ لَوْنُهُ او وَجْهُهُ: رنگ یا چہرہ بدل جانا، زرد ہو جانا۔
الاَمْعَرُ: کم بال یا کم پر والا، بے بال یا بے پر۔
المَعَارَةُ: بدمزاجی، غصہ کی وجہ ترش روئی
المَعِرُ: بے نفع اور کنجوس آدمی (۲) بے بال و پر (۳) چوٹ وغیرہ سے اترے ہوئے ناخن والا۔

المَعْرَاءُ (الاَرْضُ): بنجر زمین۔
• مَعَزَ الرَّاعِى المَعْزَ ـَ مَعْزًا: بکریوں کو بھیڑوں سے الگ کرنا۔
مَعِزَ فُلَانٌ ـَ مَعَزًا: بہت بھیڑوں والا ہونا۔
ـــ المَكَانُ: جگہ کا سخت ہونا۔
هو اَمْعَزُ و هى مَعْزَاءُ۔
اَمْعَزَ القَوْمُ: بہت بھیڑوں والا ہونا (۲) سخت جگہ پر ہونا۔
استَمْعَزَ فى اَمْرِه او رَأْيِه: اپنے معاملہ یا رائے میں سخت ہونا۔
الاَمْعَزُ: پتھریلی سخت زمین۔
الاُمْعُوزُ: دیکھئے معز (۲) تیس سے چالیس تک ہرنوں کا غول یا پہاڑی بکروں کا ریوڑ۔
المَاعِزُ: مَعْز کا واحد (نر اور مادہ دونوں کے لئے اور مادہ کو ماعِزة بھی کہا جاتا ہے ج: مَوَاعِزُ و مِعَازٌ (۲) اپنے کام میں پختہ اور مستعد (۳) بھیڑ کی کھال۔
المَعْزُ: بالوں والی بکری (خلاف: ضأن) معز اسم جنس ہے۔ نر و مادہ اور واحد و جمع سب پر بولا جاتا ہے۔ واحد مَاعِز ج: اَمْعُز و مَعِيزٌ (معز اور ضأن دونوں پر غَنَم کا اطلاق ہوتا ہے یعنی بھیڑ اور بکری پر)۔
المِعْزَى و المِعْزَاءُ: المَعْزُ۔ واحد: مِعْزَاة۔
المَعْزِىُّ و المِعْزِىُّ: مال جمع کرنے اور خرچ نہ کرنے والا، کنجوس آدمی
المَعَّازُ: بھیڑوں والا، بکریوں والا، گڈریا چرواہا۔

• مَعَسَ الشَّئَ ـَ مَعْسًا: زور سے رگڑنا، زور سے ملنا جیسے مَعَسَ الاَدِيمَ: چمڑے کو صاف کرتے وقت رگڑنا۔
ـــ فى الحَرْبِ: جنگ میں حملہ آور ہونا۔ هو مَعَّاسٌ۔
ـــ فُلَانًا: کسی کو نیزہ مارنا (۲) توہین کرنا۔
تَمَعَّسَ: لڑائی میں اقدام کرنا، آگے بڑھنا۔
المَعَّاسُ: حملہ آور، اقدام کنندہ۔
• مَعِصَ فُلَانٌ ـَ مَعَصًا: پاؤں یا ہاتھ وغیرہ میں موچ آنا، (۲) زیادہ چلنے سے لنگڑانا، ایک پیر اٹھا کر دوسرے پر چلنا۔ مَعِصَتْ قَدَمُه۔ پاؤں مڑ جانا، پاؤں میں درد ہونا۔ هو اَمْعَصُ و هى مَعْصَاءُ ج: مُعْصٌ۔
المَعْصُ: زیادہ چلنے سے پٹھوں کا درد
• مَعِضَ من الاَمْرِ ـَ مَعَضًا: کسی بات پر ناراض ہونا، برافروختہ ہونا، تکلیف ہونا۔ هو مَاعِضٌ۔
اَمْعَضَهُ الاَمْرُ: کسی بات کا کسی کو ناراض کرنا، تکلیف پہنچانا، ناگوار گزرنا۔
ـــ فُلَانٌ الشئَ: جلانا۔
مَعَّضَهُ الاَمْرُ: اَمْعَضَهُ۔
اِمْتَعَضَ من الاَمْرِ: کسی بات سے کبیدہ خاطر ہونا، سخت ناگواری ہونا، انتہائی برا لگنا۔
الاِمْتِعَاضُ: ناگواری، خفگی، کبیدگی۔
المُمْتَعِضُ من كذا: کسی بات سے نالاں، ناخوش۔
• مَعَطَ فى القَوْسِ ـَ مَعْطًا: کمان

کو دونوں ہاتھوں سے کھینچنا۔
مَعَطَتِ المَرْأَةُ بِوَلَدِهَا: بچہ کو پھینک دینا۔
— الشَّیْءَ: بڑھانا، پھیلانا۔
— فُلَانًا بِحَقِّهِ: کسی کے حق کو ٹالنا
— السَّیْفَ: تلوار سونتنا۔
— الشَّعْرَ و الصُّوْفَ: بال یا اون چونٹنا۔
مَعِطَ ــَ مَعَطًا: بالوں سے صاف بدن والا ہونا۔
— اللِّصُّ: چور کا خالی ہاتھ ہونا۔
هو أَمْعَطُ و هي مَعْطَاءُ ج: مُعْطٌ۔
اِمْتَعَطَ الشَّعْرُ: بیماری وغیرہ سے بالوں کا گر جانا۔
— النَّهَارُ: دن چڑھنا۔
— رُمْحَهُ او سَیْفَهُ: نیزہ یا تلوار کو کھینچ کر نکالنا۔
اِمَّعَطَ الشَّعْرُ: اِمْتَعَطَ۔
— الحَبْلُ وَغَیْرُهُ: رسی کا صاف اور لمبا ہونا۔
تَمَعَّطَ الشَّعْرُ: اِمْتَعَطَ۔
— الحَبْلُ وغَیْرُه: رسی وغیرہ کا صاف و لمبا ہونا۔
— الفَرَسُ فی عَدْوِهِ: گھوڑے کا دوڑتے وقت اپنی اگلی ٹانگوں کو انتہائی حد تک آگے کو پھیلانا اور پچھلی ٹانگوں کو زیادہ سے زیادہ سکیڑنا۔
— فُلَانٌ: ناراض و غضبناک ہونا۔
الأَمْعَطُ: وہ ریت جہاں سبزہ نہ ہو۔
المُمَّعِطُ: حد سے زیادہ لمبا۔
• مَعَّ الشَّحْمُ ونَحْوُهُ ــُ مَعًّا: چربی پگھلنا۔
• مَعِقَ فُلَانٌ ــَ مَعَقًا: بدمزاج ہونا۔

مَعَقَ الشَّرَابَ: کوئی چیز تیزی سے پینا۔
— السَّیْلُ الأَرْضَ: سیلاب کا زمین کی سطح کو چھیل دینا، مٹی بہا لے جانا۔
مَعُقَ النَّهْرُ ــُ مَعْقًا: (یہ عَمُقَ کا مقلوب ہے) گہرا ہونا۔ هو مَعِیْقٌ۔ یہ قبیلہ تمیم کی لغت ہے۔
مُعِقَ: کسی کا معدہ خراب ہونا۔ هو مَمْعُوقٌ۔
اَمْعَقَ البِئْرَ: کنویں کو گہرا کرنا۔
تَمَعَّقَت البِئْرُ: گہرا ہونا۔
— علیه: کسی کے ساتھ بد اخلاقی سے پیش آنا، برا سلوک کرنا۔
المَعْقُ: بے سبزہ زمین (۲) بدخلقی۔
• مَعَكَ الأَدِیْمَ و نَحْوَهُ فی التُّرَابِ ــَ مَعْكًا: چمڑے کو مٹی میں خوب رگڑنا۔
— فُلَانًا بالحَرْبِ والقِتَالِ والخُصُوْمَةِ: کسی کو لڑائی جھگڑے میں پھنسا کر یا زیر کر کے ذلیل کرنا
— دَیْنَهُ و بِدَیْنِهِ: کسی کے قرض کو ٹالنا، ادائگی نہ کرنا۔ هو مَعِكٌ۔
مَاعَكَهُ بِدَیْنِهِ: کسی کا قرض ادا کرنے میں ٹال مٹول کرنا۔
مَعَّكَ الدَّابَّةَ: چوپائے کو مٹی میں لوٹ لگوانا، الٹ پلٹ کرنا۔
تَمَعَّكَ: مٹی میں لوٹ پوٹ ہونا۔
المَعِكُ: بہت جھگڑالو۔
المَعْكُوكَاءُ: وَقَعُوا فی مَعْكُوكَاءَ: وہ گرد وغبار اور ہنگامہ و فساد میں پڑ گئے۔
المُمَعِّكُ: نادہندہ، قرض ٹالنے والا۔
• مَعَلَ الرَّجُلُ ــَ مَعْلًا: تیز چلنا۔

مَعَلَ فُلَانًا عن حَاجَتِهِ: کسی کو گھبرا کر اس کے کام سے بعجلت ہٹا دینا، اس کے کام میں جلدی کرانا اور گھبرانا۔
— أَمْرَهُ: کسی کام کو اپنے ساتھیوں سے پہلے پورا کرنے کی عجلت کی بنا پر خراب کر دینا یا توقف کئے بغیر جلدی سے انجام دینا۔
— الشَّیْءَ: اچکنا، چھیننا۔
— الخَشَبَةَ: لکڑی کو چیرنا، پھاڑنا
— الحِمَارَ وغَیْرَهُ: گدھے وغیرہ کو خصی کرنا، خصیے نکال دینا۔
اَمْعَلَهُ عن حَاجَتِهِ: کسی کو تشویش زدہ کر کے اس کے کام میں جلدی کرانا۔
اِمْتَعَلَ فُلَانٌ: چھینتے جھپٹتے تیزی کے ساتھ پے بہ پے تیزہ چلانا۔
المَعْلُ: مَالَكَ منه مَعْلٌ: تمہارے لئے اس کے سوا چارہ نہیں۔
المَعِلُ: جلد باز۔ غُلَامٌ مَعِلٌ: پھرتیلا لڑکا۔
• مَعْمَعَ فُلَانٌ: غیر مستقل مزاج ہونا، ہر ایک کو یقین دلانا کہ میں تمہارے ساتھ ہوں (۲) بار بار لفظ مع استعمال کرنا۔ کہتے ہیں: الی کم تُمَعْمِعُ؟ تم کب تک مع مع کہتے رہو گے (۳) جلدی میں کام کرنا۔
— القَوْمُ: سخت لڑائی لڑنا (۲) سخت گرمی میں چلنا۔
— السَّمَاءُ المَطَرَ علَی الأَرْضِ: بہت زور سے زمین پر پانی برسنا جو زمین کی سطح چھیل ڈالے۔
المَعَامِعُ: فتنے اور لڑائیاں (۲) زبردست گروہی یا تعصبی اختلافات۔
المَعْمَعُ: امْرَأَةٌ مَعْمَعٌ: بخیل عورت جو کسی کو اپنا مال نہ دے (۲) ذہین و

طباع عورت یا ذہین و طباع مرد۔ ھو ذو مَعْمَعٍ: کام کا دھنی اور مستقل مزاج۔
المَعْمَعَانُ: گرمی کی شدت۔ یَومٌ مَعْمَعَان و یَومٌ مَعْمَعَانِیٌّ: انتہائی گرم دن۔ جَاءَ فی مَعْمَعَانِ الصَّیفِ: شدید گرمی کے موسم میں آیا۔
المَعْمَعَةُ: بانس وغیرہ کے جلنے کی چڑچڑاہٹ یا آگ لگنے کی آواز۔ سَمِعْتُ مَعْمَعَةَ الحَرِیقِ: میں نے آگ لگنے کی آواز سنی۔ (۲) جنگ میں جانبازوں کا شور (۳) گرمی کی شدت۔
المَعْمَعِیُّ: طاقتور کا ساتھی، ابن الوقت، چڑھتے سورج کا پجاری، دوسروں کی ہاں میں ہاں ملانے والا (۳) ہر ایک کو اپنے ساتھ ہونے کا یقین دلانے والا۔
• مَعَنَ بالحَقِّ ـَ مَعْنًا: حق کو تسلیم کرنا (۲) حق کا انکار کرنا (اضداد میں سے ہے)۔
— الفَرَسُ: گھوڑے کا دور تک دوڑنا۔
— المَاءُ: پانی کا بہنا، سبک رفتار ہونا، جاری ہونا، پھوٹ نکلنا۔ ھو مَعِینٌ ج: مُعُنٌ۔ الماء المَعِین: آب جاری۔ قرآن پاک میں ہے: "فَمَنْ یَأتِیکُمْ بِمَاءٍ مَّعِینٍ"
— الوَادِی: وادی کا پانی سے بھر جانا
— المَطَرُ الأرضَ: مسلسل بارش کا زمین کو سیراب کر دینا۔ ھو مَمْعُونَةٌ۔
مَعِنَ المَوضِعُ او النَّبْتُ ـَ مَعَنًا: کسی جگہ یا پودے وغیرہ کا سیراب ہونا، تر ہونا۔
اَمْعَنَ فُلانٌ: دور ہو جانا، دور تک چلے جانا، گہرائی میں جانا (۲) مال دار ہونا (۳) ماننا، تسلیم کرنا
— الأرضُ: زمین کا سیراب ہونا۔
— فی بَلَدِ العَدُوِّ و فی الطَّلَبِ: دشمن کے ملک یا کسی شے کی جستجو میں بڑھتے چلے جانا، حد سے زیادہ تلاش کرنا۔
— فی الأمرِ: کسی بات کی گہرائی میں جانا۔
— فی النَّظَرِ: گہری نظر سے دیکھنا۔
— النَّظَرَ فی کذا: کسی چیز پر غور و فکر کرنا، گہرائی کے ساتھ سوچنا۔
— النَّظَرَ الی کذا: گھور کر دیکھنا، ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔
— المَاءَ: پانی جاری کرنا، بہانا۔
تَمَعَّنَ: چھوٹا بننا، انکساری کرنا، فرماں برداری کے باعث عاجزی ظاہر کرنا۔
المَاعُونُ: گھریلو استعمال کے برتن اور ضرورت کی چیزیں جیسے ہنڈیا چمچہ، پیالہ، کلہاڑی وغیرہ۔ قرآن پاک میں ہے: "الَّذِینَ هُمْ یُرَاءُونَ وَ یَمْنَعُونَ المَاعُونَ" (۲) اطاعت و فرماں برداری (۳) پانی (۴) بھلائی (۵) زکوٰۃ۔
مَاعُونُ وَرَقٍ (رِزْمَةُ وَرَقٍ) کاغذ کا رم (پانچ سو شیٹ)۔
المَعْنُ: ہر منفعت کی چیز۔ رَجُلٌ مَعْنِیٌّ: وہ شخص جس کی ہر چیز سے نفع اٹھایا جا سکے (۲) کھلا یا بہتا ہوا میٹھا پانی (۳) بھلائی، نیکی (۴) کھال (۵) سرخ چمڑا (۶) ذلت۔
المَعْنَةُ: تھوڑی اور معمولی چیز، مفلس آدمی کے لئے کہتے ہیں: مَالَهُ سَعْنَةٌ وَلَا مَعْنَةٌ یا فی هذا الأمرِ مَعْنَةٌ: اس کام میں اصلاح کی ضرورت ہے۔
المَمْعُونُ: بہتے ہوئے پانی سے سیراب کیا باغ۔ کَلأٌ مَمْعُونٌ: وہ گھاس جس میں پانی بہتا ہو۔
• مَعَا السِّنَّوْرُ ـُ مُعَاءً: بلی کا بولنا۔
اَمْعَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما کا پختہ کھجوروں والا ہونا۔
— البُسْرُ: کچی کھجوروں کا پک جانا، رطب بن جانا۔
تَمَعَّی السِّقَاءُ: مشک کا کشادہ ہو جانا
— الشَّرُّ فیما بَینَهُمْ: لوگوں میں فتنہ پھیل جانا۔
المَعْوُ: پختہ تازہ کھجور یا وہ کھجور جس کا اکثر حصہ پک گیا ہو (۲) اونٹ کے نیچے کے ہونٹ کی پھٹن۔
• المَاعِی: نرم کھانا۔
المِعَی: آنت (مذکر ہے کبھی مؤنث بھی استعمال ہوتا ہے) ج: اَمْعَاءٌ کہتے ہیں: هم فی مِثلِ المِعَی والکَرِشِ: وہ خوش حال و فارغ البال ہیں (۲) دو سخت زمینوں کے درمیان نرم و نشیبی زمین یا پانی کا نالہ ج: اَمْعَاءٌ۔
المِعَاءُ: آنت ج: اَمْعِیَةٌ۔

م ـــــ غ

• مَغَثَ الرَّجُلَ ـَ مَغْثًا: کسی کو ہلکی چوٹ لگانا، ہلکا سا مارنا۔

مَحَنَتِ الحُمّٰی فُلَانًا: کسی کو بخار آنا
هو مَمْحُوت۔
— فُلَانًا فی المَاءِ: کسی کو ڈبو دینا۔
— عِرْضَ فُلَانٍ: بے آبروئی کرنا، عزت داغ دار کرنا (۲) خوب ملنا، رگڑنا۔
— المَطَرُ الکَلَأَ: بارش کا گھاس کو رنگ و ذائقہ بدل کر خراب کر دینا
هو مَمْغُوث و مَغِيثٌ۔
مَاغَثَهُ مِغَاثًا و مُمَاغَثَةً: کسی کے ساتھ لڑائی جھگڑا کرنا۔ بَيْنَهُمَا مِغَاثٌ: ان دونوں میں دشمنی یا جھگڑا ہے۔
المُغَاثُ: دیکھیے (غوث) سفید پھولوں اور چوڑے پتوں والا ایک پودا۔
المَغْثُ: زور آور پہلوان (۲) شر۔
المَغِثُ: رَجُلٌ مَغِثٌ: شرّی یا طاقتور پہلوان۔
المَغِيثُ: المَغْثُ۔
•مَغَدَ الرَّجُلُ فی نَاعِمِ العَيْشِ ـَ مَغْدًا: عیش کرنا، آسودہ حال ہونا۔
— فُلَانٌ: بھرپور جوان ہونا۔
— الجِسْمُ: بدن کا بھرا ہوا اور موٹا ہونا۔
— النَّبَاتُ وَغَيْرُهُ: پودوں کا لمبا ہونا۔
— الرَّجُلَ نَاعِمُ العَيْشِ: خوشحالی کا کسی کو مگن کرنا۔
— الرَّجُلُ شَعْرَهُ: اپنے بال چوٹنا۔
— الشَّیْءَ: چوسنا۔
— الفَصِيلُ أُمَّهُ: اونٹنی کے بچہ کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔
أَمْغَدَ فُلَانٌ: خوب پینا یا دیر تک پینا
أَمْغَدَتِ المَرْأَةُ الصَّبِیَّ: عورت کا بچہ کو دودھ پلانا۔ کہتے ہیں:
أَمْغَدَتِ النَّاقَةُ الفَصِيلَ۔
المَغْدُ: آسودہ، پرکیف۔ جیسے:
عَيْشٌ مَغْدٌ (۲) بڑا ڈول (۳) کیکر یا بیری کے درخت کا گوند (۴) بینگن۔
•مَغَرَ فی البِلَادِ ـَ مَغْرًا: شہروں یا ملکوں میں تیزی سے گھومنا، جلدی جانا۔
— بِهِ فَرَسُهُ: گھوڑے کا سوار کو لے کر تیز دوڑنا۔
أَمْغَرَتِ النَّاقَةُ او الشَّاةُ: اونٹنی یا بکری کے دودھ میں بیماری کا خون مل جانا۔
— فُلَانًا بِالسَّهْمِ: کسی کو چھید کر تیر نکال دینا، تیر آر پار کر دینا۔
— الثَّوْبَ: کپڑے کو گیروی رنگ سے رنگنا۔
الأَمْغَرُ: سرخ جلد اور بالوں والا (۲) سرخ و سفید چہرے والا۔
المَغْرُ: بھورا رنگ۔
المَغْرَةُ: گیرو (۲) ہلکی بارش۔
مَغْرَةُ الصَّيْفِ: موسم گرما کی شدید گرمی۔
المَغَرَةُ: گیرو۔
المُغْرَةُ: بھورا رنگ (۲) آئرن اوکسائڈ پاؤڈر جو زرد یا براؤن رنگ کا ہوتا ہے اور پینٹ کے کام میں استعمال ہوتا ہے۔
المَغِيرُ: لَبَنٌ مَغِيرٌ: خون ملا ہوا سرخی مائل دودھ۔
المِمْغَارُ: نَخْلَةٌ مِمْغَارٌ: سرخ کھجوروں والا درخت خرما (۲) وہ اونٹنی جس کے دودھ کے ساتھ
ہمیشہ خون نکلتا ہو۔
•مَغَسَهُ بِالرُّمْحِ ـَ مَغْسًا: کسی کو نیزہ مارنا۔
— الطَّبِيبُ فُلَانًا: نبض دیکھنا۔
— فُلَانًا بَطْنُهُ: کسی کے پیٹ میں مروڑ ہونا۔ البَطْنُ مَمْغُوسٌ۔
امْغَسَّ رَأْسُهُ: کسی کے سر کا آدھا سیاہ اور آدھا سفید ہونا۔
المَغْسُ: مروڑ۔
•مَغِصَ ـَ مَغَصًا: کسی کو مروڑ ہونا۔
هو مَغِصٌ۔
— بَطْنُهُ: پیٹ میں مروڑ ہونا۔
مُغِصَ فُلَانٌ: پیٹ میں مروڑ ہونا۔
هو مَمْغُوص۔
تَمَغَّصَ بَطْنُهُ: پیٹ میں مروڑ ہونا۔
— الشَّیْءُ فُلَانًا ومنه: کسی چیز کا کسی کو تکلیف دینا۔
المَغْصُ و المَغَصُ: مروڑ (آنتوں کا درد اور ان کا پیچ و تاب)۔ ج:
أَمْغَاصٌ۔
•مَغَطَ الشَّیْءَ ـَ مَغْطًا: لمبا کرنے کے لئے کھینچنا۔
— القَوْسَ: کمان کا تار پکڑ کر کھینچنا اور اسے لمبا کرنا یا نرم چیز کو پکڑ کر کھینچنا۔
امْتَغَطَ الشَّیْءُ: کھنچکر لمبا ہونا۔
— النَّهَارُ: دن بڑا اور لمبا ہونا۔
— السَّيْفُ: تلوار سونتنا۔
امَّغَطَ الشَّیْءُ: امْتَغَطَ۔
تَمَغَّطَ الشَّیْءُ: امْتَغَطَ۔
— فُلَانٌ: غصہ ہونا، بپھرنا۔
— الفَرَسُ: آخری رفتار سے دوڑنا، انتہائی تیز رفتاری کے ساتھ دوڑنا۔
المُمَّغِطُ: بہت لمبا۔
•مَغَطَسَ الحَجَرَ و نَحْوَهُ: پتھر وغیرہ

میں مقناطیسی قوت پیدا کرنا۔ فاعل مُمَغْطِسٌ اور مفعول مُمَغْطَسٌ دیکھئے (مغناطیس)۔

• مَغَلَ بِالرَّجُلِ ـَـ مَغْلاً و مَغَالَةً: کسی کی چغلی کھانا، شکایت کرنا۔

—فُلانٌ مَغَالَةً: بددیانتی کرنا، دھوکا دینا، فریب کرنا۔

—الدَّابَّةُ مَغْلاً: چوپائے کے پیٹ میں مٹی ملا گھاس کھانے سے درد ہونا۔

مَغِلَت الحَامِلُ بِوَلَدِهَا ـَـ مَغَلاً: حالتِ حمل کا دودھ پلانا۔

—عَيْنُه: آنکھ خراب ہونا۔

—الدَّابَّةُ: مَغِلَت۔

اَمْغَلَت المَرْأَةُ: ہر سال بچہ جننا اور دودھ چھڑانے سے پہلے حاملہ ہو جانا۔

—النَّعْجَةُ: بکری کا سال میں دو مرتبہ بچے دینا۔

—الحَامِلُ وَلَدَهَا: حالتِ حمل میں بچے کو دودھ پلانا۔

—القَوْمُ: ایسے اونٹوں اور بکریوں والا ہونا جن کے پیٹ میں مٹی ملی گھاس کھانے سے درد ہو گیا ہو۔

—بِه عِنْدَ السُّلْطَانِ: حاکم وقت سے کسی کی شکایت کرنا، چغلی کھانا۔

المَغَالَةُ: فریب دہی، خیانت۔

المَغْلُ: وہ دودھ جو حاملہ عورت اپنے بچے کو حالت حمل میں پلائے۔

المَغَلُ: المَغْلُ (۲) آنکھ کی کیچ، آنکھ کا میل ج: اَمْغَالٌ۔

المَغْلَةُ: پیٹ کی خرابی (۲) سال میں دو مرتبہ بچے دینے والی بکری یا دنبی ج: مِغَالٌ۔

المُمْغِلُ: بہت نباتات والی زمین۔

المِمْغَلُ: مٹی کھانے کا عادی۔

• مَغْمَغَ الاَمْرُ: گڑبڑ اور گڈمڈ ہو جانا، پیچیدہ ہو جانا۔

—الكَلْبُ فِي الاِنَاءِ: کتے کا برتن میں منہ ڈالنا۔

—اللَّحْمَ: گوشت کو تھوڑا چبانا۔

—العَمَلَ: کام کو ناپختہ اور معمولی کرنا۔

—الكَلَامَ: غیر واضح بات کرنا۔

—الثَّرِيدَ: ثرید کو مرغن بنانا۔

تَمَغْمَغَ الحَيَوَانُ: جانور کو تھوڑی گھاس ملنا (۲) جانور پر موٹاپا آنا۔

• المَغْنَاطِيسُ وَ المَغْنِطِيسُ: مقناطیس ایک کشش دار پتھر جو اپنے خاصہ اور تاثیر کی بنا پر ہلکے لوہے کو کھینچ لیتا ہے۔

المَغْنَاطِيسِيَّةُ: قوت جاذبیت، کشش دیکھئے (مغطس)۔

• مَغَا السِّنَّوْرُ ـُـ مَغْوًا و مُغُوًّا و مُغَاءً: بلی کا آواز نکالنا، میاؤں میاؤں کرنا۔

مَغَى فِيه ـِـ مَغْيًا: کسی کے بارہ میں سنجیدگی یا مذاق میں بے بنیاد بات کہنا۔

—الوَلَدُ: بچہ کا قابل فہم بات کہنا

—الاَدِيمُ: چمڑے کا ڈھیلا ہونا۔

تَمَغَّى الاَدِيمُ: مَغَى۔

م ــــ ق

• مَقَتَ فُلاناً ـُـ مَقْتاً: کسی سے سخت بغض وعناد رکھنا، کسی سے سخت ناراض ہونا، بیزار ہونا۔

مَا اَمْقَتَه عِنْدِي: وہ میرے نزدیک بڑا ہی مبغوض اور قابل نفرت ہے۔ قرآن پاک میں ہے: لَمَقْتُ اللّٰهِ اَكْبَرُ مِنْ مَقْتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ۔

مَقُتَ اِلَى النَّاسِ ـُـ مَقَاتَةً: لوگوں میں مبغوض و قابل نفرت ہونا۔

مَاقَتَ فُلاناً: بغض و نفرت میں کسی کا ساتھ دینا۔

مَقَّتَهُ اِلَى فُلانٍ: کسی کو قابل نفرت بنانا، کسی کی نظر میں کسی کو مبغوض بنانا۔

تَمَاقَتُوا: باہم نفرت کرنا۔

تَمَقَّتَ اِلَى فُلانٍ: کسی کے نزدیک مبغوض و قابل نفرت ہونا، ناپسند ہونا۔

المَقْتُ: غصہ، بغض وعناد، نفرت و بیزاری، ناپسندیدگی۔

زَوَاجُ المَقْتِ: ناپسندیدہ شادی۔ زمانۂ جاہلیت میں باپ کی بیوی سے اس کے بعد شادی کر لی جاتی تھی، اسلام نے اسے حرام قرار دے دیا۔

المَقْتِيُّ: باپ کی بیوہ سے شادی کرنے والا یا اس کا بچہ جو باپ کی بیوہ سے پیدا ہو۔

المَقِيتُ: مبغوض، قابل نفرت۔

المَمْقُوتُ: ناپسندیدہ، قابل نفرت۔

• المَقْدُونِسُ: خوشبودار پتوں والی ایک سبزی۔

• مَقَرَ عُنُقَهُ ـُـ مَقْراً: لاٹھی یا ڈنڈے سے گردن کی ہڈی توڑ دینا اور کھال کا صحیح سالم رہنا۔

—السَّمَكَةَ المَالِحَةَ: نمک لگی مچھلی کو سرکہ میں تر کرنا۔

مَقِرَ الشَّيْءُ ـَـ مَقَراً: تلخ یا ترش ہونا، هُوَ مَقِرٌ۔

اَمْقَرَ الشَّيْءُ: کڑوا ہونا۔

أَمْقَرَ اللَّبَنُ: دودھ کا بے مزہ اور کھٹا ہونا۔
— لِفُلَانٍ شَرَابًا: کسی کے لئے مشروب کو کڑوا کرنا۔
— السَّمَكَةَ المَالِحَةَ: نمک لگی مچھلی کو سرکہ میں بھگونا۔
المَقِرُ: ایلوا یا اس کے مشابہ کڑوی چیز۔
اليَمْقُوْرُ: تلخ، کڑوا۔
المَمْقُوْرُ: سرکہ میں بھیگی ہوئی نمک لگی مچھلی (۲) تلخ، کڑوا۔
• مَقَسَ فِي الأَرْضِ ـُـ مَقْسًا: کسی جگہ جانا۔ هو مَقَّاسٌ۔
— المَاءُ: پانی کا بہنا۔
— الشَّيْءَ فِي المَاءِ: پانی میں ڈبونا۔
— الشَّيْءَ: توڑنا یا پھاڑنا۔
— القِرْبَةَ: مشکیزہ کو بھرنا۔
مَقِسَتْ نَفْسُهُ ـَـ مَقَسًا: جی متلانا کسی چیز سے نفرت ہونا۔ هي مَاقِسَةٌ۔
مَاقَسَهُ: کسی کے ساتھ پانی میں غوطہ لگانا، غوطہ خوری میں مقابلہ کرنا، اگر کوئی اپنے سے زیادہ طاقتور کا مقابلہ کرے تو کہتے ہیں: هو يُمَاقِسُ حُوْتًا۔
مَقَّسَ المَاءَ: پانی بہت ڈالنا۔
تَمَاقَسَ الرَّجُلَانِ فِي البَحْرِ: غوطہ خوری میں باہم مقابلہ کرنا۔
تَمَقَّسَتْ نَفْسُهُ: جی متلانا۔
• مَقَطَ البَعِيْرُ ـُـ مُقُوْطًا: بہت دبلا اور کمزور ہو جانا۔
— الكُرَةَ مَقْطًا: گیند کو زمین پر مار کر اٹھالینا۔
— الحَبْلَ: رسی کو مضبوط بٹنا۔
— القِرْنَ وبه: جوڑی دار کو پچھاڑنا۔
— عُنُقَهُ: گردن توڑنا۔

مَقَطَ فُلَانًا: کسی کو غصہ دلانا، ناراض کرنا۔
— الفَرَسَ: گھوڑے کو لگام باندھنا
— فُلَانًا بالأَيْمَانِ: کسی کو قسمیں دلانا یعنی قسموں کے ذریعہ پابند کرنا۔
— فُلَانًا الشَّيْءَ: کسی کو گھونٹ پلانا
مَقَّطَ: مبالغہ در مَقَطَ۔
اِمْتَقَطَ الشَّيْءَ: کوئی چیز باہر نکالنا۔
تَمَقَّطَ فُلَانٌ: غضبناک ہونا۔
المَاقِطُ: کرایہ پر لیا ہوا ایک کے بعد دوسرا مکان (۲) کنکریوں سے شگون لینے والا
المِقَاطُ: رسی (۲) گھوڑے کا لگام (۳) ڈول کی رسی ج: مُقُطٌ۔
المَقَّاطُ: کرایہ پر لیا ہوا ایک کے بعد دوسرا مکان۔
لُقُطُ: پرندوں کے شکار کی ڈوری ج: أَمْقَاطٌ۔
لَقْطُ: سختی۔
المَقِطُ: چھ یا سات ماہ میں پیدا ہونے والا بچہ۔
• مَقَعَ ـَـ مَقْعًا: حریص ہو کر پینا، بیتابی سے پینا۔ جیسے: مَقَعَ الفَصِيْلُ أُمَّهُ۔
— فُلَانًا بِشَرٍّ: کسی کو آفت میں مبتلا کرنا، تہمت لگانا۔
اُمْتُقِعَ الفَصِيْلُ مَا فِي ضَرْعِ أُمِّهِ: ماں کے تھن کا سارا دودھ پی لینا۔
اُمْتُقِعَ لَوْنُهُ: رنج، خوف یا بیماری کی وجہ سے رنگ بدل جانا۔
المُقْعُ: ٹھہرا ہوا پانی ج: أَمْقُعٌ۔
المَيْقَعُ: اونٹ کے بچہ کو لگنے والی ایک بیماری جس سے وہ گر کر اٹھنے کے قابل نہیں رہتا۔
• مَقَّ ـُـ مَقًّا: کھولنا۔
— الطَّلْعَةَ: کھجور کے شگوفہ کو گابھ (قلم) لگانے کے لئے چیرنا۔
مَقَّ اللّٰهُ عَيْنَهُ: اللہ کا کسی کی آنکھ نکالنا (کسی ظاہری سبب کے بغیر بحکم خدا آنکھ اکھڑنا)۔
— الرَّجُلُ او الفَرَسُ ـَـ مَقَقًا: پتلا اور بہت لمبا ہونا۔ هو أَمَقُّ و هي مَقَّاءُ۔
— ما بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ: دو چیزوں کے درمیان فاصلہ ہونا۔ بَلَدٌ أَمَقُّ: دور دراز یا وسیع ملک یا شہر۔ أَرْضٌ مَقَّاءُ: وسیع و عریض زمین، علاقہ۔
مَقَّقَ عَلَى عِيَالِهِ: اہل و عیال کے خرچ میں تنگی کرنا (غربت یا بخل کی بنا پر)
— الطَّائِرُ فَرْخَهُ: پرندہ کا چوزے کو دانہ کھلانا، چوگا دینا۔
اِمْتَقَّ الفَصِيْلُ مَا فِي الضَّرْعِ: ماں کے تھن کا سارا دودھ پی لینا۔
تَمَقَّقَ الشَّيْءُ: لمبا ہونا، دور ہونا۔
— الفَصِيْلُ مَا فِي الضَّرْعِ: تھن کا سارا دودھ پی لینا۔
— مَا فِي العَظْمِ: ہڈی کا گودا نکالنا، ہڈی کو پوری طرح چوس لینا۔
— الشَّرَابَ: پینے کی چیز کو تھوڑا تھوڑا پینا۔ کہتے ہیں: أَصَابَ فُلَانًا جُرْحٌ فَمَا تَمَقَّقَهُ: فلاں کو زخم ہوا لیکن اس سے کوئی تکلیف نہیں ہوئی۔
الأَمَقُّ: وَجْهٌ أَمَقُّ: ٹڈی کی طرح لبا منھ۔
حِصْنٌ أَمَقُّ: کشادہ قلعہ۔
المَقَّاءُ: أَمَقُّ کی تانیث۔ فَخِذٌ مَقَّاءُ: گوشت سے خالی ران۔
المَقْمَقَةُ: ان پڑھ اور نادان لوگ (۲) نبیذ وغیرہ کو تھوڑا تھوڑا پینے والے (۳) بکری کے شیرخوار بچے۔

• مَقَلَهُ ـــ مَقْلاً: دیکھنا۔
ـــ الشیَٔ فی الماءِ وَغیرہ: پانی میں کسی چیز کو ڈبونا۔
ـــ فی الماءِ: غوطہ لگانا۔
ـــ المَقْلَۃَ: پانی ناپنے کا پتھر (برتن میں پتھر رکھ کر پانی ڈالا جاتا ہے جتنے پانی میں وہ ڈوب جائے وہ ایک مقدار متعین ہوگئی، عرب لوگ پانی کی قلت کی بنا پر سفر میں پانی اس طرح تقسیم کیا کرتے تھے)۔
ـــ فُلانٌ الفَصِیلَ: ہاتھ میں دودھ لے کر اونٹ کے بچہ کو تھوڑا تھوڑا پلانا یا اس کے حلق میں تھوڑا تھوڑا ڈالنا۔
مَاقَلَهُ: غوطہ زنی میں کسی سے مقابلہ کرنا یا کسی کو غوطہ دینا۔
اِمْتَقَلَ: بار بار غوطہ لگانا۔
تَمَاقَلاَ: باہم مل کر غوطہ لگانا۔
المَقْلُ: کنویں کی تہ۔ کہتے ہیں: اِنْغَمَسَ فی الماءِ حتّی جَاءَ بالمَقْلِ: اس نے پانی میں غوطہ لگایا اور تہ تک پہنچ کر مٹی اور کنکریاں نکال لایا۔ (۲) دریا میں غوطہ لگانے کی جگہ (۳) بچہ کے دودھ پینے کی ایک قسم۔
المُقْلُ: گوگل (جنگلی کھجور کا) پھل (۲) ایک قسم کا گوند جو بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔
المَقْلَۃُ: کنویں کی تہ (۲) پانی کی تقسیم کے لئے برتن کی تہ میں ڈالا جانے والا پتھر یا کنکری (عرب پانی کی قلت کے باعث سفر میں پانی کی تقسیم اس طرح کرتے تھے کہ برتن میں کنکری ڈال کر اس پر پانی چھوڑتے تھے جب پانی اس کنکر کے اوپر آجاتا تو وہ مقدار ایک آدمی کا حصہ قرار پاتی تھی۔
المُقْلَۃُ: آنکھ ج: مُقَلٌ۔
• مَقْمَقَ الشیُٔ: نرم و چکنا ہونا۔
ـــ الحُوَارُ خِلْفَ اُمِّهِ: اونٹ کے چھوٹے بچہ کا ماں کے تھن کو خوب چوسنا۔
ـــ الشیَٔ: قابو میں کرنا۔
المُقَامِقُ: حلق سے آواز نکال کر بولنے والا۔
• مَقِهَ ـــ مَقَهًا: بھوؤں کے کم ہونے کی بنا پر سرخ پلکوں والا ہونا (۲) سفیدی مائل نیلی گوئی آنکھوں والا ہونا هو اَمْقَهُ و هی مَقْهَاءُ، ج: مُقْهٌ۔
الاَمْقَهُ من النَّاسِ: حیران و سرگشتہ جسے اپنی راہ نہ معلوم ہو (۲) بنجر جگہ۔
• مَقَا السَّیْفَ ـــ مَقْوًا: تلوار کو صاف کر کے چمکانا۔
ـــ المِرْآۃَ والطَّسْتَ: آئینہ یا طشت (تھالی) کو صاف کر کے چمکانا۔
ـــ اَسْنَانَهُ: دانت صاف کرنا۔
ـــ الفَصِیلُ اُمَّهُ: اونٹ کے بچہ کا ماں کا دودھ زور لگا کر پینا۔

م ـــــ ک

• مَکَثَ بالمکانِ ـــ مُکْثًا و مَکْثًا و مُکُوثًا: ٹھہرنا، قیام کرنا، توقف کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَمَکَثَ غَیْرَ بَعِیدٍ"
اَمْکَثَهُ: کسی کو ٹھہرانا۔
مَکَّثَهُ: اَمْکَثَهُ۔
تَمَکَّثَ فی الامرِ: توقف کرنا کسی کام کو سوچ کر کرنا، عجلت نہ کرنا۔
ـــ بالمکانِ: قیام کرنا، ٹھہرنا۔
المُکْثُ: توقف، قیام۔
المَکِیثُ: سنجیدہ، بردبار، سوچ سمجھ کر کام کرنے والا ج: مُکَثَاءُ۔
المِکِّیثَی وَالمِکِّیثَاءُ: صبر و توقف، سنجیدگی، بردباری۔
• مَکَدَ الماءُ و نَحْوُہُ ـــ مُکُودًا: کسی جگہ پانی کا ہمیشہ رہنا۔ هو مَاکِدٌ۔ حُبٌّ مَاکِدٌ: دیرپا محبت۔
ـــ فُلانٌ بالمکانِ: قیام کرنا۔
ـــ النَّاقَۃُ والشَّاۃُ: اونٹنی یا بکری کے دودھ کا ہمیشہ رہنا اور نہ زیادہ ہونا۔ شَاۃٌ مَاکِدَۃٌ و مَکُودٌ: ہمیشہ دودھ دینے والی بکری یا بہت دودھ دینے والی بکری۔ بِئْرٌ مَاکِدَۃٌ و مَکُودٌ: بہت پانی والا کنواں جس کا پانی کبھی کم نہ ہوتا ہو۔
• مَکَرَہُ و بِهِ ـــ مَکْرًا: کسی کو دھوکا دینا۔ هو مَاکِرٌ و مَکَّارٌ و مَکُورٌ۔
ـــ اللّٰهُ العَاصِیَ وَبِهِ: اللہ کا گنہگار کو گناہ کا بدلہ دینا یا دنیا میں ڈھیل دینا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمَکَرُوا وَ مَکَرَ اللّٰهُ"
ـــ الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا۔ هو مَمْکُورٌ۔
ـــ الاَرْضَ: زمین کو سیراب کرنا۔ مَرَرْتُ بِزَرْعٍ مَمْکُورٍ: میں سیراب کی ہوئی کھیتی سے گزرا۔
مَکِرَ ـــ مَکَرًا: سرخ ہونا۔
مَاکَرَہُ: دھوکا دینا، دھوکہ دینے کی کوشش کرنا۔ دھوکے کی چال چلنا۔
مَکَّرَ: گھروں میں غلہ جمع کرنا، ذخیرہ اندوزی کرنا۔

اِمْتَکَرَ الشَّیْئَ: گیرو میں رنگا جانا۔
—الزَّارِعُ الحَبَّ: غلہ کا اسٹاک کرنا
تَمَاکَرُوْا: ایک دوسرے کے خلاف چال چلنا، فریب دینا۔
المَاکِرُ: فریبی، چالباز۔
المَکْرُ: دھوکا، فریب، ایسی خفیہ چال جس سے دوسرے کو اپنے کام سے روک دیا جائے (۲) گیرو (۳) شیر کی پھنکار (۴) اللہ تعالےٰ کی جانب سے فریب کی سزا، دنیا میں ڈھیل۔
المَکْرَۃُ: جنگی چال، تدبیر (۲) خوبصورت گول موٹی پنڈلی (۳) پکی ہوئی خراب کھجور ج: مَکْرٌ و مُکُوْرٌ۔
المَکَّارُ: بڑا چالباز، بڑا فریبی۔
المَمْکُوْرَۃُ: خوبصورت گول موٹی پنڈلی والی عورت۔
• مَکَسَ الشَّیْئَ ـِـ مَکْسًا: کم ہونا۔
— فِی البَیْعِ: قیمت کم کرنا۔
—الضَّرِیْبَۃَ: ٹیکس مقرر کرکے وصول کرنا۔
مَاکَسَہُ فِی البَیْعِ: کسی سے چیز کی قیمت کم کرانا (۲) کسی سے جھگڑنا۔
المَاکِسُ: ٹیکس وصول کنندہ، محصول (چنگی) وصول کرنے والا ج: مَکَّاسٌ۔
تَمَاکَسَ البَیِّعَانِ: خرید و فروخت میں بائع اور مشتری کا جھگڑنا۔
المَکْسُ: ٹیکس جو شہر میں داخلہ کے وقت لیا جاتا ہے، چنگی، محصول ج: مُکُوْسٌ
المَکْسُ علی السِّلَعِ المُسْتَوْرَدَۃِ: کسٹم، کسٹم ڈیوٹی، باہر سے آنے والے سامان پر لگنے والا ٹیکس۔
دار المُکُوْسِ: چنگی چوکی، کسٹم ہاؤس
• مَکَّ العَظْمَ ـُـ مَکًّا: ہڈی کا سارا گودا چوس لینا۔
—غَرِیْمَہُ: قرض دار پر تقاضا کرنا۔

مَکَّکَ الشَّیْئَ: کم کرنا یا ضائع اور ختم کرنا
مَکَّکَ علی غَرِیْمِہِ: مَکَّہُ۔
اِمْتَکَّ العَظْمَ: ہڈی کو خوب چوسنا۔
—الفَصِیْلُ ما فی ضَرْعِ اُمِّہِ: اونٹ کے بچہ کا تھن کو خوب چوسنا، پورا دودھ پی لینا۔
تَمَکَّکَ: ہڈی کا سارا گودا چوس لینا۔
—غَرِیْمَہُ و علی غریمہ: قرض دار کے پیچھے پڑ جانا، بے حد تقاضا کرنا۔
المُکَاکُ: چوسا ہوا دودھ یا چوسا ہوا گودا۔
المُکَاکَۃُ: المُکَاکُ۔
المَکُّوْکُ: پینے کی صراحی (۲) ڈیڑھ صاع کے برابر ایک پیمانہ (جس کی مقدار مختلف ملکوں میں مختلف رہی ہے۔ صاع اہل حجاز کے نزدیک چار مُد اور اہل عراق کے نزدیک آٹھ رطل ہوتا تھا (۲) سلائی مشین کا شٹل (جس پر دھاگا لپٹا ہوا ہوتا ہے (۳) پارچہ باف کی نال یا نلی جس میں دھاگے کی نلکی ہوتی ہے اور وہ بنتے وقت دائیں سے بائیں نکالی جاتی ہے اور وہ تانے میں بانا ڈالتی ہے)۔ فصیح عربی میں اسے وَشِیْعَۃ کہا جاتا ہے ج: مَکَاکِیْکُ۔
• مَکْمَکَ الرَّجُلُ: لڑھکتے ہوئے چلنا۔
—العَظْمَ: ہڈی کا سارا گودا چوس لینا۔
تَمَکْمَکَ العَظْمَ: مَکْمَکَہُ۔
• مَکِنَتِ الجَرَادَۃُ و نَحْوُھَا ـَـ مَکْنًا: ٹڈی کا انڈے دینا یا اپنے پیٹ میں انڈے جمع رکھنا

ھی مَکُوْنٌ ج: مِکَانٌ۔
مَکُنَ فُلَانٌ عِنْدَ النَّاسِ ـُـ مَکَانَۃً: کسی کا لوگوں میں باحیثیت ہونا، بلند رتبہ ہونا۔ ھو مَکِیْنٌ ج: مُکَنَاءُ۔ قرآن پاک میں ہے: قَالَ "اِنَّکَ الیَوْمَ لَدَیْنَا مَکِیْنٌ اَمِیْنٌ"
اَمْکَنَہُ من الشَّیْئَ: کسی چیز پر کسی کو قادر بنانا، اسے کرنے کا موقع دینا
—الاَمْرُ فُلَانًا: کوئی کام کسی کیلئے آسان ہونا، ممکن ہونا۔ جیسے: لا یُمْکِنُہُ النُّھُوْضُ: اس کے لئے اٹھنا ممکن نہیں۔
مَکَّنَ لَہُ فی الشَّیْئَ: کسی چیز پر قادر بنانا، طاقت و اقتدار دینا۔ قرآن پاک میں ہے: "اِنَّا مَکَّنَّا لَہُ فِی الاَرْضِ"
—الثَّوْبَ: کپڑے کو سلائی مشین سے سینا۔
—فُلَانًا من الشَّیْئَ: کسی چیز پر قادر بنانا، اس کا موقع دینا۔
تَمَکَّنَ عِنْدَ النَّاسِ: لوگوں میں باحیثیت و بلند رتبہ ہونا، مقام حاصل کرنا۔
—المَکَانَ و بِہِ: کسی جگہ مستقل قیام کرنا۔
—من الشَّیْئَ: کسی چیز پر قادر ہونا، قابو پانا، حاصل کر لینا۔
اِسْتَمْکَنَ من الشَّیْئَ: تَمَکَّنَ۔
الاِمْکَانُ: قدرت، قابو (۲) احتمال (۳) گنجائش ج: اِمْکَانَات۔
علی قدر الاِمْکَانِ: بقدر استطاعت۔
الاِمْکَانِیُّ: ممکن، محتمل۔
الاِمْکَانِیَّۃُ: امکان، احتمال (۲) صلاحیت

(۳) گنجائش، استطاعت، طاقت (۴) وسیلہ، ذریعہ ج: امکانیّات۔

الإمکانیّات المَحدُودَۃُ: محدود وسائل و ذرائع۔

المَاکِنَۃُ والمَاکِینَۃُ: مشین جو متعدد پرزوں سے بنتی ہے اور ہر پرزے کا خاص کام ہوتا ہے۔

المَاکِینَۃ الآلِیَّۃُ: خودکار مشین۔

مَاکِینَۃ الحِلاقَۃ: بال کاٹنے کی مشین۔

مَاکِینَۃُ الخِیَاطَۃ: سلائی مشین۔

مَاکِینَۃُ إعْدَادِ الفَوَاتِیر: بل بنانے کی مشین۔

المُتَمَکِّنُ: قابو یافتہ، قادر (۲) علم النحو میں وہ اسم جو تینوں حرکتوں (رفع، نصب جر) کو قبول کرے یعنی مبنی نہ ہو، اس کی دو قسمیں ہیں: مُتمکّن اَمکَنُ یعنی منصرف۔ مُتمکّن غیر اَمکَن یعنی غیر منصرف۔

غیر المُتمکّن: وہ ہے جو مبنی ہونے میں حرف کے مشابہ ہو۔ جیسے: کَیفَ وأینَ۔

المَکانُ: جگہ۔ دیکھئے (کون)۔

المَکانَۃُ: رتبہ، حیثیت، شان، پوزیشن، درجہ (۲) سنجیدگی، وقار، مَرّ علی مکانَتِہ: وہ وقار کے ساتھ گزرا۔

امْشِ علی مَکانَتِكَ: تم باوقار چلو۔ قرآن پاک میں ہے: "قُلْ یَاقَوْمِ اعْمَلُوا علی مَکَانَتِکُمْ" اے لوگو! تم اپنی حیثیت کے مطابق کام کرو۔ مَکاناتِکُم بھی ایک قرارت ہے۔

المَکَّانُ: مشین مین (۲) مشین فروش۔

المَکْنُ: گوہ یا ٹڈی وغیرہ کے انڈے، واحد: مَکْنَۃ۔

المَکِنُ: المَکْنُ۔ واحد: مَکِنَۃٌ ج: مَکِنات۔ حدیث میں ہے: "اَقِرُّوا الطَّیرَ علی مَکِنَاتِہا" پرندوں کو ان کے انڈوں پر بیٹھا رہنے دو۔

المَکَنِیُّ: میکانک، مشین ٹھیک کرنے والا (۲) بے سوچے اور بے توقف مشین کی طرح کام کرنے والا (۳) نظم وضبط کے ساتھ کام انجام دینے والا۔

المُکْنَۃُ: طاقت وقدرت، اقتدار واختیار، زور وقوت۔

المَکِنَۃُ: حیثیت، پوزیشن۔ إنّ ابن فلان لَذُو مَکِنَۃٍ من النَّاسِ: فلاں شخص لوگوں میں باحیثیت ہے۔ لِفُلانٍ مَکِنَۃ: فلاں میں قدرت وصلاحیت ہے (۲) لوہے وغیرہ کی مشین جو ہاتھ سے چلائی جائے یا اسٹیم (بھاپ) اور بجلی سے۔ اس کا مضاف الیہ بدلنے سے اس کی نوعیت بدلتی رہتی ہے۔ جیسے: مَکِنَۃُ خِیاطَۃ: سلائی مشین۔ مَکِنَۃُ طَحنٍ: آٹا وغیرہ پیسنے کی مشین مَکِنَۃُ طِباعَۃٍ: چھپائی مشین وغیرہ ج: مَکِنات و مِکانٌ۔ ماکِنۃ و ماکینۃ بھی اسی معنی میں ہے لیکن مجمع اللغۃ العربیہ قاہرہ نے صحیح لفظ مَکِنَۃ ہی قرار دیا ہے۔

المُمْکِنُ: ممکن، محتمل، امکانی حتی المقدور

مُمْکِنٌ فَصْلُہُ: قابل علیحدگی۔

• مَکا ـــ مُکاءً و مُکُوًّا: منہ سے سیٹی بجانا (۲) دونوں ہاتھ کی انگلیوں کی جالی بناکر منہ سے ملاکر سیٹی بجانا قرآن پاک میں ہے: "وَمَا کَانَ صَلاتُہُم عِندَ البَیتِ إلّا مُکاءً وَّ تَصدِیَۃً"

مکا الطَّائِرُ: پرندہ کا چہچہانا۔

مَکِیَتْ یَدُہُ ـــ مَکًا: کام کاج سے ہاتھ میں آبلے پڑجانا، چھل جانا۔

تَمَکَّی الغُلامُ: نماز کے لئے طہارت حاصل کرنا۔

ـــ الفَرَسُ: گھوڑے کا پسینہ سے شرابور ہوجانا (۲) گھوڑے کا اپنے گھٹنے سے آنکھ میں کھجانا۔

المَکَا: لومڑی اور خرگوش وغیرہ کا بل، ج: اَمکاءٌ۔

المُکَّاءُ: پرکشش سیٹی بجانے والا ایک سفید رنگ کا جنگلی پرندہ ج: مَکاکِیُّ

م ـــ ل

• مَلأَ فِی القَوسِ ـــ مَلْئًا: کمان کی تانت زور سے کھینچنا۔

ـــ الشَّیءَ: بھرنا، پُرکرنا۔

ـــ الإنَاءَ بالماءِ وغیرہ: برتن میں پانی وغیرہ بھرنا۔

ـــ فُلانًا علی الأمرِ: کسی کو کسی کام میں مدد دینا۔

ـــ منہ عَینَہُ: کسی کو کسی کا پسند آنا، اچھا معلوم ہونا۔ ھو یَملأُ العَینَ حُسنًا: وہ دیکھنے والی آنکھ کو بھاتا ہے اور دلکش لگتا ہے۔

ـــ فُرُوجَ فَرَسِہ: گھوڑے کو تیز دوڑانا۔

ـــ الاستِمارَۃَ او الخانۃ والفَراغ فی الاستِمارَۃ: فارم کی خانہ پری کرنا۔

ـــ فَراغَ شَیءٍ: کسی چیز کا خلا پرکرنا۔

مَلِئَ ـــ مَلْئًا: بھر جانا، پُر ہوجانا۔

مَلُؤَ فُلَانٌ ـُ مَلَاءً و مَلَاءَةً: مالدار ہونا۔
— بکذا: کسی چیز سے غنی و طاقتور ہونا، اٹھانے کے قابل ہونا۔ ھو مَلِیءٌ ج: مُلَاءٌ۔
مَلِیءَ فُلَانٌ: کسی کو زکام ہونا۔
اَمْلَاَہٗ: کسی کو زکام میں مبتلا کرنا، زکام کا سبب بننا۔
— فُلَانٌ فِی قَوْسِہ: کمان کو بہت زور سے کھینچنا۔ یوں بھی کہتے ہیں: اَمْلَاَ النَّزْعَ فِی الْقَوْسِ۔
مَالَاَہٗ عَلَی الْاَمْرِ مُمَالَاَۃً و مِلَاءً: کسی کام میں کسی کی مدد کرنا، تعاون کرنا۔
مَلَّاَ الْاِنَاءَ: برتن کو خوب بھرنا۔
— فِی قَوْسِہ: کمان زور سے کھینچنا۔
اِمْتَلَاَ الشَّیْءُ: بھرنا (۲) پر ہونا۔
— فُلَانٌ غَیْظًا: غصہ سے بھر جانا۔
تَمَالَاَ الْقَوْمُ عَلَی کَذَا: کسی کام میں لوگوں کا باہم تعاون کرنا، ایک ہو جانا۔
تَمَلَّاَ الشَّیْءُ: بھرنا، سیر ہونا۔ جیسے: تَمَلَّاَ مِنَ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ۔
— شِبَعًا: شکم سیر ہونا۔
— غَیْظًا: غصہ سے بھر جانا۔
— الْمَرْأَۃُ: عورت کا دوہری چادر اوڑھنا (رضائی وغیرہ اوڑھنا)۔
اِسْتَمْلَاَہٗ فِی دَیْنِہ: کسی کو قرض کے بارہ میں دیانت دار اور قابل اعتماد لوگوں میں شامل کرنا۔
الْاَمْلَاُ: فُلَانٌ اَمْلَاُ لِعَیْنِی مِن فُلَانٍ: میری نظر میں فلاں فلاں سے زیادہ خوب رو ہے۔ ھٰذَا الْاَمْرُ اَمْلَاُ بِكَ: یہ کام تمہارے قابو کا ہے۔ ھُوَ اَمْلَاُ قَوْمِہ: وہ اپنے قبیلہ میں سب سے غنی و قادر ہے۔
الْاِمْلَاءُ: دیکھئے (ملو)۔

الْمَالِیءُ: رَجُلٌ مَالِیءٌ: باوقار آدمی، نگاہوں میں جچنے والا آدمی۔
الْمَلَاُ: جماعت، گروہ (۲) سرداران قوم سربر آوردہ لوگ ج: اَمْلَاءٌ (۳) مشورہ۔ مَا کَانَ ھٰذَا الْاَمْرُ عَنْ مَلَاٍ مِنَّا: یہ کام ہمارے مشورہ سے نہیں ہوا (۴) عادت، مزاج۔ مَا اَحْسَنَ مَلَاَ فُلَانٍ: وہ بڑا ہی خوش مزاج ہے
الْمَلَاُ الْاَعْلٰی: عالم ارواح۔
الْمِلْءُ: کسی چیز کو بھر دینے والی مقدار۔ قرآن پاک میں ہے: "مِلْءُ الْاَرْضِ ذَھَبًا": زمین بھر سونا یا سونے سے بھری ہوئی زمین (۲) شکم پری، بسیار خوری۔ اَعْطِہ مِلْأَہٗ و مِلْأَیْہِ و ثَلَاثَۃَ اَمْلَائِہ: اسے اس کی ضرورت کے مطابق یا اس کا دوگنا یا تین گنا دو۔
ھٰذَا حَجَرٌ مِلْءُ الْکَفِّ: یہ پتھر پورے ہاتھ میں آئے گا۔
مِلْءُ الْکَفِّ وَالْیَدِ: مٹھی بھر
مِلْءُ الْبَطْنِ: پیٹ بھرنے کے لائق۔ اَکَلَ مِلْءَ بَطْنِہ: اس نے پیٹ بھر کر کھایا۔ مِلْءُ الْجَفْنِ: آنکھ بھر کر۔ نَامَ مِلْءَ جَفْنِہ: وہ گہری نیند سویا، آرام سے سویا۔
مِلْءُ کِسَاءٍ: موٹا۔
مِلْءُ الْفَمِ: منہ بھر دینے والی مقدار۔ تَکَلَّمَ مِلْءَ الْفَمِ و مِلْءَ شِدْقَیْہِ: آواز بلند بولنا
الْمُلَاءُ: زکام (جو معدہ پر ہونے کی بنا پر ہوتا ہے)۔
الْمُلَاءَۃُ: عورتوں کے اوڑھنے کی چادر (جو دوہری ہوتی ہے) (۲) بیڈ شیٹ،

پلنگ پر بچھانے کی چادر ج: مُلَاءٌ۔
الْمَلْآنُ: بھرا ہوا، پر (۲) زکام میں مبتلا ھی مَلْأَی و مَلْآنَۃٌ۔ مَلَآنٌ و مَلَآنَۃٌ بھی کہتے ہیں ج: مِلَاءٌ
الْمَلْأَۃُ: الْمُلَاءُ (۲) معدہ کے پر ہونے سے سر کی گرانی۔
الْمِلْأَۃُ: شکم پری (۲) بھرنے یا بھرا ہوا ہونے کی نوعیت۔ جیسے: ھٰذَا الْاِنَاءُ اَشَدُّ مِلْأَۃً مِنْ ذٰلِكَ: یہ برتن اس کے مقابلہ میں زیادہ بھرا ہوا ہے۔
الْمُمْلِیءُ: پر شکم بکری وغیرہ جو بظاہر حاملہ معلوم ہو۔
الْمَمْلُوءُ: بھرا ہوا، پر۔
مَمْلُوءٌ تَمَامًا: خوب بھرا ہوا، ٹھکا ہوا، ٹائٹ۔
الْمَلِیءُ: مالدار ج: مُلَاءٌ (۲) بھرپور۔
• مَلَثَ الْفَرَسُ ـُ مَلْثًا: گھوڑے کا دوڑ نہ سکنا۔
— الشَّیْءَ: ملانا۔
— فُلَانًا: کسی سے جھوٹا وعدہ کرنا۔
مَلَثَہٗ بِکَلَامٍ: اس کا باتوں سے پیٹ بھر دیا (وعدہ پورا کرنے کا ارادہ نہیں) (۲) مکے سے مارنا۔
مَالَثَہٗ مِلَاثًا و مُمَالَثَۃً: کسی کو خوش کرنے کے لئے باتیں ملانا، خوشامد کرنا۔ (۲) کسی کے ساتھ کھیل کود کرنا، کسی سے تفریح لینا۔
الْمَلْثُ: بوقت مغرب، رات کی ابتدائی سیاہی۔
الْمُلْثَۃُ: الْمَلْثُ۔
• مَلَجَ الصَّبِیُّ اُمَّہٗ ـُ مَلْجًا: بچہ کا ماں کے پستان کو ہونٹوں سے دبا کر دودھ پینا۔
مَلِجَ الصَّبِیُّ ـَ مَلَجًا: بچہ کا

اُملوج نامی درخت کی گٹھلی کو منہ میں ڈال کر چبانا۔
مَلِجَتِ النَّاقَۃُ: اونٹنی کا دودھ ختم ہو جانا اور نمکین پن باقی رہ جانا۔
اَمْلَجَتِ الْاُمُّ وَلَدَھَا: بچہ کو دودھ پلانا۔
اِمْتَلَجَ الْفَصِیْلُ مَا فِی الضَّرْعِ: اونٹنی کے بچہ کا تھن کا سب دودھ پی لینا۔
اِمْلَاجَّ الصَّبِیُّ: بچہ کا شکم مادر سے نمودار ہونا۔
الْاَمْلَجُ: بھورا، گندمی رنگ کا (۲) ایک زرد رنگ کی بوٹی (۳) چٹیل زمین ج: مُلْجٌ۔
الْاُمْلُوْجُ: سرو کی مانند ایک جنگلی درخت مقل کی گٹھلی ج: اَمَالِیْج۔
الْمَالَجُ: کرنی، معمار کا ایک اوزار جس سے چنائی اور لپائی کی جاتی ہے۔
الْمُلَجُ: الْاُمْلُوْجُ ج: اَمْلَاج۔
الْمَلِیْجُ: باوقار آدمی (۲) شیر خوار بچہ ج: مُلُجٌ۔
• مَلَحَ الطَّائِرُ ـَـ مَلْحًا: پرندے کی پھڑپھڑاہٹ کا زیادہ ہونا۔
— فُلَانَۃٌ لِفُلَانٍ: کسی عورت کا کسی کے بچہ کو دودھ پلانا۔
— الْقِدْرَ: ہنڈیا میں نمک ڈالنا۔
— الطَّعَامَ: کھانے میں نمک ڈالنا۔
— اللَّحْمَ وَالْجِلْدَ: گوشت اور کھال کو نمک لگانا۔
— الْمَاشِیَۃَ: مویشی کو نونی (نمک ملا کر کچا گھی) کھلانا۔
— الشَّاۃَ: بکری پر گرم پانی ڈال کر اون اتارنا (چونٹنا)۔
مَلِحَ الشَّیْئُ ـَـ مَلَحًا: انتہائی تیز نیلے رنگ کا ہونا (جو مائل بسفیدی ہو)
— الْحَیَوَانُ: جانور کے پاؤں میں کوئی بیماری یا عیب ہونا۔
مَلِحَ الْکَبْشُ: مینڈھے کی سفیدی کے ساتھ سیاہی کی آمیزش ہونا۔
ھو اَمْلَحُ وھی مَلْحَاءُ۔
مَلُحَ الْمَاءُ ـُـ مُلُوْحَۃً ومَلَاحَۃً: پانی کا نمکین ہو جانا۔ ھو مَلِیْح ومَالِحٌ۔
— الشَّیْئُ مَلَاحَۃً: خوش نما ہونا، جاذب نظر ہونا۔ ھو مَلِیْح ج: مِلَاحٌ ومُلَّاحٌ۔
اَمْلَحَ الْمَاءُ: پانی کا نمکین اور کھاری ہو جانا۔
— فُلَانٌ: کھاری پانی پر پہنچنا۔
— الْاِبِلُ: اونٹوں کا کھاری پانی پر آنا۔
— الرَّاعِی الْاِبِلَ: چرواہے کا اونٹوں کو کھارا پانی پلانا۔
— الْمُتَکَلِّمُ: چٹکلے بیان کرنا، پرلطف کلام کرنا، دل چسپ باتیں کرنا۔
— الْبَعِیْرُ: اونٹ کا چربی دار ہونا
اَمْلِحْنِی بِنَفْسِكَ: تم مجھے زینت بخشو اور میری تعریف کرو۔
— الشَّیْئُ: کسی چیز کا اتنا نیلا ہونا کہ وہ سفیدی مائل ہو جائے۔
— الْقِدْرَ: ہنڈیا وغیرہ میں خاص انداز سے نمک ڈالنا یا زیادہ نمک ڈال کر اسے بدمزہ اور نمکین کر دینا (۲) قدرے چربی یا چکنائی ڈالنا۔
مَالَحَہٗ مِلَاحًا ومُمَالَحَۃً: کسی کے ساتھ کھانا، ہم لقمہ وہم نوالہ ہونا۔ ھو یَحْفَظُ حُرْمَۃَ الْمِلْحِ وَالْمُمَالَحَۃِ: وہ نمک خوری اور معیت خواری کا احترام ملحوظ رکھتا ہے۔ بَیْنَھُمَا حُرْمَۃُ الْمِلْحِ وَالْمُمَالَحَۃِ: ان دونوں میں رشتۂ مراضعت (شیر خواری) ہے۔
مَلَّحَتِ الْاِبِلُ: اونٹوں کا موٹا ہونا
— الشَّاعِرُ: دل چسپ شعر کہنا، عمدہ نظم تیار کرنا۔
— الْقِدْرَ: ہنڈیا میں خوب نمک ڈالنا
— الطَّعَامَ: کھانے میں زیادہ نمک ڈالنا
— الدَّابَّۃَ: جانور کے جبڑے پر نمک ملنا۔
اِمْتَلَحَ: سچ میں جھوٹ ملانا، جھوٹ سچ ملا کر بولنا۔
تَمَلَّحَ فُلَانٌ: راستہ کے لئے نمک ساتھ رکھنا (۲) نمک کی تجارت کرنا (۳) خوش طبع بننا۔ فُلَانٌ یَتَظَرَّفُ وَیَتَمَلَّحُ: فلاں ہوشیار و خوش طبع بنتا ہے۔
اِمْلَاحَّ الشَّیْئُ: تیز نیلا ہونا۔
— الْکَبْشُ: مینڈھے کا سفید و سیاہ ہونا۔
اِمْلَاحَّ النَّخْلُ: درخت خرما کا سرخ و زرد کھجوروں والا ہونا۔
اِسْتَمْلَحَ الشَّیْئَ: عمدہ اور پرکشش پانا یا سمجھنا۔
الْاَمْلَحُ: رات کی شبنم (۲) سفید و سیاہ رنگ کا (مینڈھا) (۳) نیلگوں رنگ کا (۴) بہت دلفریب ج: مُلْحٌ۔
اَمْلَحُ الشَّعْرِ وَاللِّحْیَۃِ: بھورے بالوں والا۔
اَمْلَحُ الْعَیْنَیْنِ: نیلی آنکھوں والا۔
الْمَالِحُ: نمکین۔
الْمُتَمَلِّحُ: نمک والا، نمک کا کاروبار کرنے والا۔
الْمِلَاحُ: شمالی ہوا کے بعد چلنے والی جنوبی ہوا (۲) کشتی چلانے والی ہوا (۳) نیزہ کا

پھل یا نیزہ (بھالا) (۴) بارش کے وقت کی ٹھنڈک (زمین کی ٹھنڈک)۔
المِلاحَۃُ: ملاح گیری، کشتی رانی (۲) جہازرانی (۳) نمک فروشی۔
المَلاحَۃُ: خوب روئی، خوش نمائی، چہرے کا حسن، چہرے کی جاذبیت۔
المُلاحِیُّ: لمبا سفید انگور (۲) چھوٹا اور میٹھا انجیر (۳) سفید و سرخ رنگ کا درخت پیلو۔
المِلْحُ: نمک (۲) علم کیمیا میں وہ مرکب جو کسی تیزابی مادے میں ہائڈروجن کے بجائے کسی دھات کے حل کرنے سے حاصل ہوتا ہے (یہ لفظ مؤنث ہے کبھی مذکر بھی استعمال ہوتا ہے) ج: اَمْلاحٌ (۳) نمکین، کھارا۔ مَاءٌ مِلْحٌ: کھاری پانی (مقابل عَذْبٌ)۔ بِئْرٌ مِلْحَۃٌ: کھاری پانی کا کنواں۔ فُلانٌ مِلْحُہُ عَلٰی رُکْبَتَیْہِ: فلاں بے وفا ہے یا ذرا سی بات پر بگڑنے والا بدمزاج آدمی ہے۔ سَمَكٌ مِلْحٌ: نمک لگا کر سکھائی گئی مچھلی (۴) حسن وخوبی (۵) تعلق و پاس داری، عہد و پیمان۔ بَیْنَھُمَا مِلْحٌ او مِلْحَۃٌ
المُلَحُ: دلچسپ خبریں اور واقعات۔
المَلْحَاءُ: مونڈھے اور سرین کے درمیان کمر کا بیچ (۲) اونٹ کے کوہان کے نیچے کا حصہ (۳) پتوں سے خالی ہری ٹہنیوں والا درخت ج: مَلْحَاوَاتٌ
المِلْحَۃُ: سمندر کا بڑا حصہ، بڑی موج
المُلْحَۃُ: تیز نیلگونی (۲) برکت (۳) عجیب وعمدہ بات، چٹکلا، نکتہ، لطیفہ، ظرافت ج: مُلَحٌ۔ حَدَّثْتُہُ بِالمُلَحِ: میں نے اسے لطیفے سنائے۔ اَصَبْنَا مُلْحَۃً من الرَّبِیعِ: ہمیں موسم ربیع کا کچھ حصہ ملا۔
المُلَحَۃُ: لطیفہ، چٹکلا۔
المَلّاحُ: نمک فروش (۲) نمک کا مالک (۳) ملاح، کشتی بان (کشتی چلانے والا یا اس میں کام کرنے والا)، (۴) جہازراں، پائلٹ۔
المَلّاحَۃُ: نمک بنانے یا فروخت کرنے کی جگہ۔
المُلّاحِیُّ: سفید و لمبے انگور کی ایک قسم۔
المُلُوحَۃُ: شوریت، کھاری پن (۲) ایک قسم کی مچھلی۔
المَلِیحُ: حسین، جاذب صورت، دلکش وخوب رو ج: مُلَحَاءُ۔
المَمْلَحَۃُ: نمک دان، نمک کی شیشی وغیرہ
المُمَلَّحُ: نمک لگایا ہوا۔
• مَلَخَ فُلانٌ ـ مَلْخًا: بہت تیز چلنا (۲) کسی جگہ جانا، زمین میں گھومنا
ــــ فی الباطِلِ: لغویات میں پڑے رہنا، غلط کام کرتے چلے جانا۔
ــــ الفَرَسُ: گھوڑے کا کلیل کرنا (خوشی سے اچھلنا کودنا)۔
ــــ الطَّعَامُ: کھانے کا خراب ہوجانا، مزہ بدل جانا۔
ــــ فُلانٌ: کسی کا دوہرا ہونا، اعضاء شکنی میں مبتلا ہونا۔
ــــ الشَّیْءَ: کسی چیز کو پکڑ کر یا دانتوں سے دبا کر کھینچنا۔
مَلُخَ الشَّیْءُ ـ مَلاخَۃً: بےمزہ ہونا۔
مَالَخَہُ مِلاخًا و مُمَالَخَۃً: کسی کے ساتھ کھیل کود کرنا، کسی کی خوشامد کرنا۔
اِسْتَلَخَ الشَّیْءَ: پکڑ کر یا دبا کر کھینچنا جیسے: اِمْتَلَخَ اللِّجامَ مِن رَأْسِ الدَّابَّۃِ: چوپائے کا لگام کھینچنا۔
اِمْتَلَخَ اللَّحْمَ عن العَظْمِ: ہڈی سے گوشت اتارنا۔
ــــ عَیْنَہُ: آنکھ باہر نکالنا۔
ــــ القَلّاعُ ضِرْسَہُ: ڈاڑھ نکالنے والے کا ڈاڑھ کو اکھاڑنا، نکالنا۔
مَرَّ بِرُمْحِہ مَرْكُوزًا فامْتَلَخَہ اس نے جما کر نیزہ مارا پھر اسے کھینچ کر نکالا۔
اِمْتُلِخَ عَقْلُ فُلانٍ: عقل جاتی رہنا
تَمَلَّخَ الشَّیْءُ: خراب و کمزور ہونا۔
رَجُلٌ مُتَمَلِّخُ الصُّلْبِ: کمزور پیٹھ والا۔
ــــ العُقَابُ عَیْنَہُ: عقاب کا آنکھ نکال لینا۔
المَلّاخُ: بہت خوشامدی، چاپلوس (۲) بھگوڑا۔
المُلُوخِیَّۃُ: ایک قسم کی سبزی جو پکا کر کھائی جاتی ہے۔
المَلِیخُ: کمزور آدمی (۲) خراب کھانا وغیرہ (۳) بےمزہ اور بے ذائقہ چیز ج: مُلُخٌ۔
• مَلَدَ الشَّیْءَ ـ مَلْدًا: بڑھانا پھیلانا۔
مَلِدَ الغُصْنُ ـ مَلَدًا: شاخ کا نرم ہونا اور جھومنا۔ ھو اَمْلَدُ
مَلَّدَ الأدِیمَ: چمڑے کو نرم کرنا۔
الأمْلَدُ: نرم و نازک آدمی یا ٹہنی۔
رَجُلٌ اَمْلَدُ: بے ریش آدمی۔
الاُمْلُودُ: الاَمْلَدُ ج: اَمَالِیدُ۔
امْرَأَۃٌ اُمْلُودٌ و اُمْلُودَۃٌ: نرم و نازک عورت۔
المَلَدُ: نرم و نازک آدمی یا شاخ (۲) بھوت۔
المَلْدَاءُ: مؤنث الاَمْلَد ج: مُلْدٌ

اِمْرَأَةٌ مَلْدَاءُ: نازک اور موزوں قد و قامت والی عورت۔
المَلْدَانُ: ٹہنی کی لچک، نرمی (۲) جوانی
• مَلَذَ الفَرَسُ ـُ مَلْذًا: گھوڑے کا دونوں بازو ملا کر تیز دوڑنا۔
ــ فُلَانٌ: جھوٹ بولنا۔
ــ فُلَانًا بالرُّمح: کسی کو نیزہ مارنا
ــ فُلَانا مَلْذًا و مَلَاذَةً: کسی کو صرف باتوں سے خوش اور مطمئن کرنا۔
مَلِذَ فُلَانٌ ـَ مَلَذًا: نفاق برتنا، ظاہری طور پر تعلق جتانا۔
هو اَمْلَذُ و مَلَّاذٌ و مِلْوَذٌ۔
اِمْتَلَذَ منه كذا: کسی سے بطور عطیہ کوئی چیز لینا۔
• مَلَزَ عنه ـُ مَلْزًا: کسی کے پاس سے ہٹ جانا، چلے جانا۔
ــ بالشئِ: کوئی چیز لے جانا۔
اَمْلَزَهُ: لے جانا۔
مَلَّزَ الشئَ عنه: کوئی چیز چھڑانا۔
اِمْتَلَزَ الشئَ: لے جانا (۲) چھیننا۔
• مَلَسَ فُلَانٌ ـُ مَلْسًا: تیز جانا یا آہستہ ہلکی رفتار سے جانا۔
ــ بالإبل و نحوها: اونٹوں وغیرہ کو زور سے ہنکانا (۲) پوشیدہ طور پر ہنکانا۔
ــ فُلَانًا بلسانه: کسی کی ہاں میں ہاں ملانا، خوشامد کرنا۔
مَلِسَ ـَ مَلَسًا: نرم و چکنا ہونا (۲) سپاٹ ہونا (جس پر پکڑنے کی کوئی چیز نہ ہو) هو اَمْلَسُ وهى مَلْسَاءُ ج: مُلْسٌ۔
مَلُسَ فُلَانٌ ـُ مَلَاسَةً و مُلُوسَةً: مَلِسَ۔ هو مَلِيسٌ۔
اَمْلَسَتِ الشَّاةُ: بکری کی اون کا جھڑ جانا

مَلَّسَ الشئَ: چکنا کرنا، پھسلواں بنانا، ملائم کرنا (۲) چھڑانا۔
ــ الأرضَ: زمین کو پٹڑے سے برابر اور ہموار کرنا۔
اِنْمَلَسَ و اِمَّلَسَ الشئُ: سکڑنا۔
ــ من الأمرِ: کسی معاملہ سے بچ نکلنا۔
ــ من يده: کسی کے ہاتھ سے چھوٹ جانا، بچ کر نکل جانا۔
ــ الشئُ: سکڑنا۔
تَمَلَّسَ الشئُ: چکنا اور ملائم ہونا۔
ــ من الشَّراب: شراب کے نشہ سے چھٹکارا پانا، ہوش میں آنا۔
ــ من الأمرِ: چھٹکارا پانا (۲) بچ نکلنا۔ کہتے ہیں: تَمَلَّسَ من يَدِى و تَمَلَّسَ من بين القومِ۔
اِمْلَاسَّ الشئُ: چکنا اور نرم ہونا۔
ــ من الأمرِ: چھٹکارا پانا۔
الأَمْلَسُ: چکنا، ملائم۔ جلدُ فُلَانٍ اَمْلَسُ: فلاں بے عیب اور بے داغ ہے۔
الإِمْلِيسُ: بے آب و گیاہ بیابان۔
الرُّمَّانُ الإِمْلِيسُ والإِمْلِيسِيُّ: عمدہ اور شیریں انار جس کے دانوں میں بیج نہ ہو ج: اَمَالِيسُ۔
الإِمْلِيسَةُ: الإِمْلِيسُ ج: اَمَالِيسُ
المَلَاسَةُ: چکناہٹ، ہمواری، سپاٹ پن
المَلْسُ: گھاس سے خالی ہموار زمین ج: مُلُوسٌ و اَمْلَاسٌ۔ اَتَيْتُهُ مَلْسَ الظَّلامِ: میں اس کے پاس اول شب میں (مغرب سے کچھ پہلے یا کچھ بعد) آیا (۲) مصر کے دیہات کی عورتوں کا سیاہ ریشمیں ڈھیلا کرتا۔

المَلَسَى: رَجُلٌ مَلَسَى: ناقابل اعتماد آدمی، غیر ذمہ دار آدمی۔
اَبِيعُكَ المَلَسَى: میں تم کو فلاں چیز کوئی ذمہ داری لئے بغیر فروخت کرتا ہوں۔
نَاقَةٌ مَلَسَى: انتہائی تیز رفتار اونٹنی۔
اَرْضٌ مَلَسَى: بنجر زمین۔
المَلْسَاءُ: مؤنث الأَمْلَس۔ چکنی، ہموار ج: مُلْسٌ۔ خَمْرَةٌ مَلْسَاءُ: آسانی سے حلق میں اترنے والی شراب
سَنَةٌ مَلْسَاءُ: خشک سال۔
اَرْضٌ مَلْسَاءُ: قحط زدہ زمین۔
قَوْسٌ مَلْسَاءُ: کمان جس میں پھٹن نہ ہو۔ ج: اَمَالِسُ و اَمَالِيسُ (خلاف قیاس)۔
المَلَّاسَةُ: جتے ہوئے کھیت کو ہموار کرنے کی لکڑی کا پٹرا (سہاگا۔ کسانوں کی زبان میں میڑا، ہینگا)
المِمْلَسَةُ: المَلَّاسَةُ ج: مَمَالِسُ۔
المُلَيْسَاءُ: مغرب اور عشاء کے درمیان کا وقت (۲) سفری کھانے کے ختم ہو جانے کا مہینہ، غالباً صفر کا مہینہ۔
• مَلَشَ الشئَ ـُ مَلْشًا: ہاتھ سے ٹٹول کر تلاش کرنا۔
• مَلَصَ بسهمه ـُ مَلْصًا: تیر پھینکنا
مَلِصَ الشئُ من يده ـَ مَلَصًا: ہاتھ سے پھسل کر چھوٹ جانا۔ جیسے مَلِصَت السَّمَكَةُ و نحوها۔
ــ الرَّجُلُ: آدمی کا نکل بھاگنا۔ هو مَلِصٌ و هى مَلِصَةٌ۔
اَمْلَصَت المَرْأَةُ: حاملہ عورت کا حمل ساقط ہو جانا۔ هى مُمْلِصٌ ج: مَمَالِيصُ۔
ــ الرَّجُلُ: غریب و مفلس ہو جانا۔

أَمْلَصَ الشَّيْءَ: پھسلواں کرنا، پھسلانا

انْمَلَصَ الشَّيْءُ من يَدِهِ وامَّلَصَ: ہاتھ سے پھسل کر چھوٹ جانا۔ جیسے: انْمَلَصَتِ السَّمَكَةُ من يَدِهِ۔

تَمَلَّصَ من كذا: نکل جانا، الگ ہو جانا، رہائی پانا۔

ـــ الرِّشَاءُ من اليَدِ: ہاتھ سے رسّی چھوٹ جانا۔

ـــ من فُلانٍ: چھٹکارا پانا۔

ـــ من الواجبِ: فرض سے بھاگنا، اس کی ادائگی سے جی چرانا۔

الأَمْلَصُ: چکنا، ہموار۔

رَجُلٌ أَمْلَصُ الرَّأْسِ: گنجا، چکنے سر والا جس پر بال نہ ہوں (۲) نرم پختہ کھجور۔

الإِمْلِيصُ: سَيْرٌ إِمْلِيصٌ: تیز رفتار

المَلَصُ: چکناہٹ، پھسلاہٹ۔

المَلْصُ: برہنہ۔

المَلِيصُ: حاملہ عورت کا ساقط شدہ بچہ

المِمْلاصُ: اسقاط حمل کی عادی عورت جسے بار بار اسقاط ہوتا ہو۔

• مَلَطَ الغُلامُ ـُ مُلُوطًا: خبیث ہونا جو ہر چیز کو ہتھیا لیتا ہو (۲) مخلوط النسل ہونا، غیر معروف النسب ہونا۔

ـــ البَنَّاءُ الحائطَ مَلْطًا: معمار کا دیوار پر پلاسٹر کرنا، مٹی وغیرہ سے لیپنا۔

ـــ الأُمُّ وَلَدَهَا: ناتمام بچہ جننا۔

ـــ الشَّعْرَ: بال مونڈنا۔

مَلِطَ فُلانٌ ـَ مَلَطًا ومُلْطَةً: بے بال کے بدن والا ہونا۔ هو أَمْلَطُ۔

سَهْمٌ أَمْلَطُ: بے پر کا تیر۔

أَمْلَطَتِ المَرْأَةُ: عورت کا ناتمام بچہ جننا، حمل ساقط ہونا۔

أَمْلَطَ الشَّاعِرُ: ساتھی سے شعر کا پہلا مصرعہ سنکر دوسرا مصرعہ کہنا۔

ـــ النَّاقَةُ جَنِينَهَا: اونٹنی کا بے بال بچہ گرانا، ادھورا بچہ جننا هي مُمْلِطٌ ومُمْلِطَةٌ ج: مَمَالِيطُ۔

مَالَطَهُ مُمَالَطَةً: شاعر کا کسی کو آدھا شعر (ایک مصرعہ) سنانا اور دوسرے کا اُسے پورا کرنا۔ بَيْنَهُمَا مُمَالَطَةٌ: ان دونوں کے درمیان نصف شعر کی بیت بازی ہے (۲) کسی کے ساتھ میل جول رکھنا، اختلاط رکھنا۔

مَلَّطَ الشَّاعِرُ: أَمْلَطَ۔

ـــ لَهُ: کسی کو آدھا شعر سنا کر اس سے تکمیل کرانا۔

ـــ الحائطَ: دیوار پر پلاسٹر کرنا۔

تَمَلَّطَ الشَّيْءُ: چکنا اور ہموار ہونا۔

ـــ السَّهْمُ: تیر کا پر اتر جانا۔

امْتَلَطَ الشَّيْءَ: اچک لینا، چھیننا۔

المِلاطُ: دیوار لیپنے کا گارا، مسالا، پلاسٹر (۲) چنائی میں دو اینٹوں یا دو پتھروں کے درمیان کا گارا یا مسالا (۳) کہنی (۴) پہلو (۵) کوہان کی ایک جانب ج: مُلُطٌ۔

ابن مِلاطٍ: مہینہ کا پہلا چاند۔

ابنا مِلاطٍ: اونٹ کے دونوں مونڈھے یا بازو۔

المِلْطُ: شریر و خبیث جو موقع پا کر ہر چیز چرانے یا ہتھیا لینے کا عادی ہو، اچکّا (۲) نامعلوم النسب۔ غُلامٌ مِلْطٌ خِلْطٌ: مخلوط النسب جس کا باپ نہ ہو۔ ج: أَمْلاطٌ ومُلُوطٌ۔

المَلَطَى: دوڑ کی ایک قسم۔ بِعْتُهُ المَلَطَى: میں نے کوئی ذمہ داری لئے بغیر بیچا۔

جَعَلَهُ اللهُ المَلَطَى: وطن سے غائب یا کسی مسافر کے لئے بددعا کے طور پر کہا جاتا ہے، خدا کرے اس کو واپسی نصیب نہ ہو۔

المَلِيطُ: بے بال بدن والا (۲) جنین (پیٹ کا بچہ) جس پر رواں نہ نکلا ہو۔

سَهْمٌ مَلِيطٌ: بے پر کا تیر، دنبی یا بھیڑ کا پہلا بچہ۔

المِمْلاطُ: اسقاط کی عادی مادہ۔

• مَلَعَتِ الدَّابَّةُ ونَحْوُهَا ـَ مَلْعًا ومَلَعَانًا: تیز و سبک رفتار ہونا۔

ـــ الشَّاةَ: گردن کی طرف سے بکری کی کھال اتارنا۔

ـــ الفَصِيلُ أُمَّهُ: بچہ کا اونٹنی کا دودھ پینا۔

أَمْلَعَتِ النَّاقَةُ ونَحْوُهَا: تیز چلنا۔

امْتَلَعَتِ النَّاقَةُ ونَحْوُهَا: تیز دوڑنا۔

ـــ الشَّاةَ: مَلَعَهَا۔

ـــ الشَّيْءَ: چھین لینا، اچک لینا۔

انْمَلَعَتِ النَّاقَةُ: مَلَعَتْ۔

المَلاعُ: چٹیل میدان۔

عُقَابٌ مِلاعٌ وعُقَابُ مِلاعٍ: پھرتی سے شکار پکڑنے والا عقاب۔

المَلْعُ: هم على فلانٍ مَلْعٌ واحدٌ: اس کے خلاف دشمنی میں وہ سب ایک ہیں۔

المَلِيعُ: تیز رفتار چوپایہ (۲) کشادہ زمین (۳) بنجر زمین (۴) ہموار و دور دراز زمین ج: مُلُعٌ۔

المَلُوعُ: تیز رفتار۔ مؤنث بھی مَلُوعٌ ہے۔

المَيْلَغُ: لمبا اور ہلکا (۲) تیز رفتار گھوڑا یا اونٹنی۔ (جَمَل مَبْلَغ نہیں کہا جاتا) (۳) ادھر ادھر حرکت کرنے والا (۴) جنگل بیابان۔
•مُلِغَ فِی کلامہ: بیوقوفی کی بات کرنا، احمقانہ گفتگو کرنا۔
مَالَغَہٗ بالکلام: کسی سے فحش مذاق کرنا، مذاق میں ناشائستہ باتیں کرنا۔
تَمَالَغَ بِہ: کسی کا مذاق اڑانا، کسی سے مخول وتمسخر کرنا، کسی پر ہنسنا۔
تَمَلَّغَ فِی کَلَامِہ: حماقت آمیز کلام کرنا، بیوقوف بننا۔
الاَمْلَغُ: کلامٌ اَمْلَغُ: بیکار باتیں، بے فائدہ گفتگو۔
المَالِغُ: رَجُلٌ مَالِغٌ: بدباطن وبدکار، ج: مُلَّاغٌ۔
المِلْغُ: چاپلوس (۲) فحش گو، بے عقل (۳) مرفوع القلم، مخبوط الحواس۔جو جی میں آئے کہے اور کوئی پرواہ نہ کرے۔ ج: اَمْلَاغٌ۔
کَلَامٌ مِلْغٌ: لاحاصل کلام۔
•مَلَقَتِ الدَّوَابُّ وغیرھا ـُ مَلْقًا: چوپایوں وغیرہ کا عمدہ اور تیز دلکی چال چلنا، اچھل اچھل کر چلنا۔
— الرَّجُلُ: تیز چلنا۔
— الشیئَ: دھونا (۲) مٹانا (۳) ہاتھ سے چھوڑ دینا (نہ روکنا)۔
— الحِمَارُ الاَرْضَ بحوافرہ: گدھے کا زمین پر پیر مارنا۔
— فُلَانًا بالعصا: کسی کو لاٹھی مارنا۔
— عَیْنَہٗ: آنکھ پر مارنا۔
— الصَّغِیرُ اُمَّہٗ: بچہ کا ماں کا دودھ پینا۔
مَلِقَ الفَرَسُ ـَ مَلَقًا: گھوڑے کا تیز اور عمدہ چال چلنا۔ ھو مَلِق۔

مَلِقَ الخَاتَمُ من الاِصْبَع: انگوٹھی کا انگلی میں ڈھیلا ہونا۔
— فُلَانًا ولَہٗ: کسی کی زیادہ چاپلوسی اور ضرورت سے زیادہ اظہارِ تعلق کرنا۔
اَمْلَقَتِ المرأۃُ: عورت کا ناتمام بچہ ساقط ہونا، اسقاط ہونا۔
— فُلَانٌ: غریب ومحتاج ہونا۔
— مَامَعَہٗ: اپنے پاس جو کچھ ہو اسے باہر نکالنا، روکے نہ رکھنا۔
— الاَدِیمَ: چمڑے کو مَل کر نرم کرنا۔
— الدَّھْرُ مَالَہٗ: زمانہ کا کسی کے مال کو تباہ کر دینا۔
اَمْلَقَتْہُ الخُطُوبُ: آفات کا کسی کو مفلس وکنگال کر دینا۔
مَلَّقَ الشیئَ: چکنا اور ہموار کرنا۔
— الاَرْضَ: جوتی ہوئی زمین کو لکڑی کے پٹڑے (ہینگے) سے ہموار کرنا۔
— الجِدَارَ: دیوار کو لکڑی کی پٹری یا کرنی سے ہموار وچکنا کرنا۔
اِمْتَلَقَ الشیئَ: باہر نکالنا، روکے نہ رکھنا۔
اِنْمَلَقَ الشیئُ وَامَّلَقَ: چکنا ہونا، نرم ہونا۔
— منہ: چھوٹ کر نکل جانا۔
تَمَلَّقَ الرَّجُلُ ولہ تَمَلُّقًا وتِمِلَّاقًا: کسی کی خوشامد و چاپلوسی کرنا۔
الاملاقُ: غایت درجہ کا افلاس، غربت وتنگ دستی۔
المَالَقُ: جوتی ہوئی زمین ہموار کرنے کا پٹرا جسے دو بیل کھینچتے ہیں (ہینگا، میڑا) (۲) معمار کی کرنی یا لکڑی جس سے پلاسٹر کو ہموار وچکنا کیا جاتا ہے۔
المُتَمَلِّقُ: خوشامدی۔

المَلَقُ: چاپلوسی، خوشامد، کاسہ لیسی (۲) دعا، اظہارِ عجز وبے بسی (۳) ہموار زمین۔ سِرْنَا فِی المَلَقِ والمَلَقَاتِ: ہم چکنے اور سخت میدانوں میں چلے (۴) جانور یا پتھر یا کلام کی نرمی۔
المَلِقُ: کمزور۔ فَرَسٌ مَلِقٌ: نہ دوڑنے والا اور زمین پر پاؤں مارنے والا گھوڑا۔ (۲) وعدہ خلاف یا وعدہ فراموش آدمی (۳) بڑا ئی خور۔
المَلَقَۃُ: چکنی چٹان۔
المَلَّاقُ: بڑا خوشامدی، محض ظاہری تعلق جتانے والا۔
المَلِیقُ: وہ شخص جس کے بدن پر بال نہ ہوں۔
المِمْلَقُ: زمین ہموار کرنے کا پٹرا (ہینگا، میڑا) (۲) کرنی یا پلاسٹر ہموار کرنے کی لکڑی۔
المِمْلَقَۃُ: المِمْلَقُ۔
المَیْلَقُ: تیز رفتار۔
•مَلَكَ الشیئَ ـِ مُلْکًا: مالک ہونا (قبضہ کے ساتھ حسب منشا تنہا تصرف کرنا)، ھو مَالِكٌ ج: مُلَّاكٌ ومُلَّاكٌ۔
— الخِشْفُ اُمَّہٗ: ہرن کے بچہ کا اپنی ماں کے پیچھے چلنے کے قابل ہونا۔
— العَجِینَ: گندھے ہوئے آٹے کو نرم کرنا۔
— الوَلِیُّ المَرْأۃَ: ولی کا عورت کو شادی کرنے سے روکنا۔
— فُلَانٌ امْرَأۃً: عورت سے شادی کرنا۔
— علیہ: غالب ہونا، حکومت کرنا۔
— نَفْسَہٗ او حَوَاسَّہٗ: خود پر قابو پانا۔
— صَلَاحِیَّۃً: اختیار رکھنا۔

مَلَكَ خِیارًا: اختیار حاصل کرنا۔
اَمْلَکَهُ الشَّیْءَ: مالک بنانا۔
— فُلَانًا اَمْرَهُ: کسی کو اپنا معاملہ سپرد کرنا، اس میں تصرف کا اختیار دینا۔
— فُلَانًا المرأةَ: کسی کی کسی عورت سے شادی کرانا۔
— القومُ فُلَانًا عَلَیْهِم: لوگوں کا کسی کو اپنا حاکم و بادشاہ بنانا۔
اُمْلِکَتْ فُلَانَةُ اَمْرَهَا: فلاں عورت کو طلاق ہو گئی۔
مَلَّکَ النَّبْعَةَ: تیر یا کمان بنانے کے لئے استعمال میں آنے والے پیڑ کو دھوپ میں سکھا کر سخت کرنا۔
— فُلَانًا الشَّیْءَ: مالک بنانا۔
اِمْتَلَکَ الشَّیْءَ: مالک ہونا۔
تَمَالَکَ عن الشَّیْءِ: قابو میں رہ کر کسی چیز کو چھوڑ دینا، کسی چیز کو لینے سے احتراز کرنا۔ مَا تَمَالَکَ اَنْ فَعَلَ کَذَا: وہ بے صبری سے یا بے قابو ہو کر اسے کر گزرا، وہ اسے کرنے سے باز نہ رہ سکا۔ هٰذَا حَائِطٌ لَا یَتَمَالَکُ: یہ دیوار سنبھلنے والی نہیں گرنے کے قریب ہے۔
— نَفْسَهُ: اس نے خود پر قابو پایا، وہ سنبھلا۔
تَمَلَّکَ الشَّیْءَ: مالک ہونا یا زبردستی مالک بن بیٹھنا، قبضہ کرلینا۔
— علی القوم: لوگوں کا حاکم یا بادشاہ بنجانا۔
— الرُّعْبُ فُلَانًا: فلاں پر رعب غالب آنا، رعب طاری ہو جانا۔
تَمَلَّکَتْهُ نَوْبَةُ البُکَاءِ: گریہ طاری ہونا
— حَیْرَةٌ: حیرانگی لاحق ہونا۔
مَالِكٌ: صاحب ملکیت، صاحب اقتدار و صاحب اختیار، حاکم و بادشاہ۔

اَبُو مَالِكٍ: بڑھاپا (۲) بھوک۔
ابو حَزِین: ایک آبی پرندہ، بگلا۔
مالِكُ الاراضی الزِّراعیة: جاگیردار زمیندار ج: مُلَّاكٌ۔
المالِكُ الشَّرْعِیُّ: قانونی حق دار۔
المالِكُ لِاِرادَتِهِ: اپنی مرضی کا مالک
المَلَاكُ و المَلَكُ: فرشتہ، ایک نورانی جسم لطیف جو مختلف شکلیں اختیار کر سکتا ہے۔
مَلَاكُ الاَمْرِ: کسی معاملہ کی اصل، روح، جوہر، خلاصہ، اجزاء ترکیبی، مدار، سہارا۔ القَلْبُ مَلَاكُ الجَسَدِ: دل جسم کا اصل جوہر ہے جس پر اس کا مدار ہے۔
مِلَاكُ المُوظفین: اسٹاف، عملہ۔
المَلَائِکِیُّ: فرشتہ صفت، معصومانہ۔
المِلَاكُ۔ المَلَاكُ۔ رَکِبَ مِلَاكَ الطَّرِیقِ: وہ وسط راہ پر چلا۔
المَلِكُ: بادشاہ، صاحب اقتدار ج: مُلُوكٌ (۲) مملوکہ اشیاء، مال وغیرہ (۳) ارادہ و قدرت، اختیار۔ قرآن پاک میں ہے: "مَا اَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ بِمَلْکِنَا"۔
المُلْكُ: (مذکر و مؤنث) قابل تصرف مملوکہ شے (۲) بادشاہت و حکومت، اقتدار۔ قرآن پاک میں ہے: "وَ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الاَرْضِ" (۳) عطائے سلطنت۔ قرآن پاک میں ہے: "اِنَّ اٰیَةَ مُلْکِهٖ اَنْ یَّاْتِیَکُمُ التَّابُوْتُ"۔
المُلْکِیُّ: حکومتی۔
المِلْكُ: ملکیت (۲) اختیار و تصرف (۳) مملوکہ چیز (۴) جائداد، ج: اَمْلَاكٌ۔

المِلْكُ الثَّابِتُ: غیر منقولہ جائداد۔
المِلْكُ المُتَنَقِّلُ: منقولہ جائداد۔
المِلْكُ المَنْقُولُ: منقولہ جائداد۔
مِلْكُ التَّصَرُّفِ: تصرف اور کارروائی کا اختیار۔
المِلْكُ المَوْقُوفُ علی وَرَثَةٍ: وقف علی الاولاد جائداد۔
المِلْكُ العَقَارِیُّ: زمینی جائداد۔
المَلَكُ: فرشتہ (ملائکہ کا واحد) (۲) فرشتے۔
المَلِیكُ: مالک مطلق یعنی اللہ تعالیٰ۔ هو مالِكُ المُلُوكِ، مالك یوم الدِّین اور ذو الملك ہے (۲) کسی قوم یا قبیلہ کا با اختیار حاکم، بادشاہ ج: اَمْلَاكٌ و مُلُوكٌ۔
المَلَکَةُ: کسی خاص کام کی مہارت (۲) کمال، صلاحیت (۳) سلیقہ (۴) طبیعت، انسان میں کوئی راسخ صفت اور عقلی استعداد جس کے ذریعہ وہ مہارت اور سلیقہ سے متعینہ کام انجام دیتا ہے (۵) بادشاہت و اقتدار هو مَلَکَةُ یمینی: وہ میرا خاص ہنر ہے۔ فُلَانٌ حَسَنُ المَلَکَةِ: اس کا اپنے رعایا اور خدا کے ساتھ اچھا سلوک ہے۔
المَلَکَةُ الذِّهْنِیَّةُ الخَصِبَةُ: زبردست فکری صلاحیت
المَلِکَةُ: رانی، ملکہ۔
المَلَکُوتُ: عالم غیب (ان دیکھی دنیا) جس کا تعلق ارواح و نفوس اور عجائبات سے ہے (۲) عظیم الشان سلطنت (مصدر برائے مبالغہ) یہ لفظ اللہ تعالیٰ کی سلطنت کے لئے خاص ہے۔ قرآن پاک میں ہے: "اَوَلَمْ یَنْظُرُوْا فِی مَلَکُوْتِ السَّمٰوٰتِ وَالاَرْضِ

وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِن شَيْءٍ" (۳) عزت و اقتدار۔
مَلَكُوتُ اللّٰهِ: اللہ کی عظمت و اقتدار (۲) بطورِ خاص اللہ کی ملکیت ۔ قرآن پاک میں ہے: "بِيَدِهٖ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ"
الْمَلَكِيُّ: شاہی، رائل، غیر فوجی۔
الْمَلَكِيَّةُ: بادشاہت۔
الْحُكُومَةُ الْمَلَكِيَّةُ: شاہی حکومت جو اکثر وراثۃً قائم ہوتی ہے، مونارکی۔
الْمِلْكِيَّةُ: مِلک، تملیک۔ بِيَدِي عَقْدُ مِلْكِيَّةِ هٰذِهِ الْأَرْضِ: میرے پاس اس زمین کی ملکیت کا عہد نامہ ہے (۲) جائداد، ملکیت۔
قَانُونُ تَحْدِيدِ الْمِلْكِيَّةِ الزِّرَاعِيَّةِ: زرعی زمین میں فردِ واحد کی ملکیت کی حد بندی کا قانون۔
مِلْكِيَّةٌ بِالْمُشَاعِ: مشترکہ جائداد۔
الْمِلْكِيَّةُ الْخَاصَّةُ: پرائیویٹ یا شخصی جائداد۔
الْمِلْكِيَّةُ الْعَامَّةُ: عوامی جائداد، پبلک پراپرٹی۔
الْمِلْكِيَّةُ الْفَرْدِيَّةُ: نجی ملکیت، شخصی جائداد۔
مُلَّاكُ الْأَطْيَانِ: مالکان زمین، زمینداران۔
مُلَّاكُ الْأَرَاضِي: زمین داران۔
مُلَّاكٌ بِالْمُشَاعِ: مشترکہ مالکان۔
صِغَارُ الْمُلَّاكِ: چھوٹے زمین دار۔
طَبَقَةُ الْمُلَّاكِ: طبقۂ زمین داران۔
الْمَلِيكُ: بادشاہ، صاحبِ سلطنت ج: مُلَكَاءُ۔
مَلِيكُ الْخَلْقِ: مخلوق کا مالک، پروردگار۔
مَلِيكُ النَّحْلِ: شہد کی مکھیوں کی ملکہ۔
الْمُلَيْكَةُ: صحیفہ، لکھا ہوا کاغذ۔
الْمَمْلَكَةُ: رعایا پر حکمرانی و اقتدار۔ کہتے ہیں: طَالَتْ مَمْلَكَتُهُ وَسَاءَتْ مَمْلَكَتُهُ وَحَسُنَتْ مَمْلَكَتُهُ: اس کی حکومت دراز یا بری یا اچھی رہی (۲) بادشاہت، شاہی حکومت ج: مَمَالِكُ۔
مَمْلَكَةُ الطَّرِيقِ: راستہ کا بیچ یا اکثر حصہ۔
الْمَمْلَكَةُ الْمُتَّحِدَةُ: یونائیٹڈ کنگڈم (برطانیہ)۔
الْمَمْلُوكُ: غلام ج: مَمَالِيكُ (۲) مملوکہ شے (۳) بہت نرم (۴) خاندان ممالیک کا ایک فرد۔
الْمَمْلُوكِيَّةُ: غلامی۔
الْمُلُوكِيَّةُ: بادشاہی نظامِ حکومت۔
• مَلَّ فُلَانٌ ـُ مَلًّا: غم یا تکلیف سے تڑپنا، بے چین ہونا، بے قرار ہونا، بے تاب و بے سکون ہونا، انگاروں پر لوٹنا۔
ـــ عَلَى فُلَانٍ السَّفَرُ: کسی کا سفر لمبا ہو جانا۔
ـــ فِي الْمَشْيِ: تیز چلنا۔
ـــ الشَّيْءَ: الٹ پلٹ کرنا۔
ـــ الشَّيْءَ فِي الْجَمْرِ: کوئی چیز انگاروں پر رکھنا، بھوبھل میں ڈالنا۔
ـــ الْخُبْزَ أَوِ اللَّحْمَ فِي النَّارِ: روٹی یا گوشت کو آگ میں رکھنا۔ ھو مَمْلُولٌ وَمَلِيلٌ۔
ـــ الْقَوْسَ أَوِ السَّهْمَ فِي النَّارِ: کمان یا تیر کو سیدھا کرنے کے لئے یا موڑنے کے لئے آنچ لگانا۔
ـــ الثَّوْبَ: کچی سلائی کرنا، کپڑے کو کچا کرنا، کچے ٹانکے لگانا۔ ھو مَمْلُولٌ۔
مَلَّ فُلَانٌ الشَّيْءَ وَعَنِ الشَّيْءِ ـَ مَلًّا (باب سمع) وَمَلَلًا وَمَلَالَةً: کسی چیز سے اکتا جانا، تنگ آ جانا، دل اچاٹ ہو جانا۔ ھو مَلٌّ وَمَلُولٌ۔
أَمَلَّهُ وَأَمَلَّ عَلَيْهِ: کسی کو پریشان کرنا، کسی بات کی طلب میں شدت سے کسی کو گراں بار کر دینا۔
ـــ الشَّيْءُ فُلَانًا: اکتا دینا، دل اچاٹ کر دینا۔
ـــ عَلَيْهِ السَّفَرُ: کسی کے لئے سفر کا دراز ہونا، اکتاہٹ کا باعث ہونا، سفر سے تنگ آ جانا۔
ـــ عَلَيْهِ الْمَلَوَانِ: کسی پر لیل و نہار کی تبدیلی کا دراز ہونا۔
ـــ الْخُبْزَةَ فِي الْمَلَّةِ: روٹی کو انگاروں یا بھوبھل (گرم راکھ یا گرم مٹی) میں پکانے کے لئے رکھنا۔
ـــ الشَّيْءَ: املا کرانا، کسی کے سامنے بولنا اور اس سے لکھوانا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَلْيَكْتُبْ وَلْيُمْلِلِ الَّذِي عَلَيْهِ الْحَقُّ"
مَلَّلَ فُلَانٌ الشَّيْءَ: الٹ پلٹ کرنا۔
امْتَلَّ مِلَّةً: کوئی مذہب اختیار کرنا۔
امْتَلَّ مِلَّةَ الْإِسْلَامِ: دینِ اسلام میں داخل ہونا۔
تَمَلَّلَ: بیماری وغیرہ کی وجہ سے کروٹیں بدلنا، بے چین ہونا۔
ـــ فِي الْمَشْيِ: تیز چلنا۔
ـــ اللَّحْمُ عَلَى النَّارِ: آگ پر گوشت کا جوش مارنا، ادھر ادھر ہونا۔
ـــ مِلَّةَ الْإِسْلَامِ: دینِ اسلام اختیار کرنا۔
اسْتَمَلَّهُ وَبِهِ: اکتانا۔
الْأُمْلُولَةُ: الْمَلَلُ۔
الْمَالُولَةُ: اکتا جانے والا، دل برداشتہ بے قرار۔

المَلَالُ: اکتاہٹ: دل برداشتگی۔
المُلَالُ: غم یا بیماری کی بے چینی، بے قراری تڑپ۔ اَخَذَ فُلَانًا المُلَالُ: کسی کو درد و کرب لاحق ہونا (۲) کمر کا درد (۳) بخار کا پسینہ (۴) بخار کی شدت سے ہڈیوں میں جلن (۵) تلوار کے دستہ کی لکڑی۔
المَلَلُ: آزردگی، اکتاہٹ (۲) کان کے پیچھے ابھری ہوئی ہڈی کی پھنسی کا نشان۔
المُلِّی: پکی ہوئی روٹی۔
المَلَالَةُ: بے قرار، بے چین، بہت دل برداشتہ۔
المَلَّةُ: انگارے، بھوبھل (گرم راکھ یا گرم مٹی) (۲) بخار کا پسینہ۔ لِفُلَانٍ مَلَّةٌ: فلاں کو اندرونی بخار ہے (۳) ساکھیوں میں جلد اکتا جانے والا۔ رَجُلٌ ذو مَلَّةٍ: کان کے پیچھے سیاہ داغ والا۔ خُبْزُ المَلَّةِ: بھوبھل میں پکی ہوئی روٹی
المِلَّةُ: شریعت، مذہب، طریقۂ زندگی جیسے ملت اسلام اور ملت نصرانیت ملّت دراصل ان احکام و قوانین کے مجموعہ کا نام ہے جن کو اللہ نے اپنے نبیوں کے ذریعہ دین و دنیا کی سعادت کے لئے اپنے بندوں کو عطا کئے ہیں (۲) دیت (خوں بہا) ج: مِلَلٌ۔
المُلَّةُ: بخیے سے پہلے کچی سلائی، ٹانکا (۲) بیڈ (پلنگ) پر گدے کے نیچے لگا ہوا لکڑی یا لوہے وغیرہ کی شیٹ۔
المَلُولُ: آزردہ خاطر (۲) جلد اکتا جانے والا، بوریت کا شکار۔
المَلُولَةُ: المَلُول (یہ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے ہے)۔
المَلِيلُ: بھوبھل میں رکھا ہوا یا پکایا ہوا گوشت یا روٹی۔ اَطْعَمَنَا خُبْزًا مَلِيلًا۔ رَجُلٌ مَلِيلٌ: دھوپ سے جھلسا ہوا آدمی۔ طَرِيقٌ مَلِيلٌ: ہموار و واضح راستہ۔
المَلِيلَةُ: بخار کی وجہ سے ہڈی میں گرمی و سوزش۔ بِفُلَانٍ مَلِيلَةٌ: فلاں کو اندرونی حرارت ہے۔
المُمِلُّ: پریشان کن، اکتا دینے والا۔
المُمَلُّ: حَيَوَانٌ مُمَلٌّ: کثرت سواری سے تھکا ہوا جانور، طَرِيقٌ مُمَلٌّ: بہت چلتا ہوا راستہ۔
المَمْلُولُ: بھوبھل میں پکا یا ہوا گوشت یا روٹی۔
• المِلِّيمُ: ایک مصری سکہ جو مصری جُنیہ کا ہزارواں حصہ ہوتا ہے۔
• مَلْمَلَ الرَّجُلُ: تیزی کرنا، تیز ہونا ــــ فُلَانًا: تڑپانا جیسے: مَلْمَلَ الخُبْزُ او المَرَضُ فُلَانًا: روٹی یا بیماری کا کسی کو بستر پر تڑپانا، بے چین کرنا۔
تَمَلْمَلَ: تکلیف یا غم کے باعث تڑپنا بستر پر کروٹیں بدلنا، بے قرار ہونا ــــ الجَالِسُ: بیٹھنے والے کا بار بار پہلو بدلنا، بے چین ہونا۔
المُلَامِلُ: تیز رفتار چوپایہ (نر)۔
المُلَمْلَى: تیز رفتار چوپایہ (مادہ)۔
المُلْمُولُ: سرمہ کی سلائی (۲) لکھنے یا نقش و نگار کا لوہے کا قلم۔
• المَالَنْخُولِيَا: مالیخولیا (ایک قسم کا جنون یا ضعف عقل و دماغ جس کے باعث آدمی صحیح سوچ بچار پر قادر نہیں رہتا)۔
• مَلَا فُلَانٌ ـُ مَلْوًا: دوڑنا۔
اَمْلَاهُ اللّٰهُ العَيْشَ: اللہ کا کسی کی زندگی کو طول دینا اور فائدہ اٹھانے دینا۔
اَمْلَاهُ اللّٰهُ لَهُ وَ اَمْلَى لَهُ فِي غَيِّهِ: کسی کو گمراہی میں ڈھیل دینا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاُمْلِي لَهُمْ اِنَّ كَيْدِي مَتِينٌ"
ــــ عليه الزَّمَانُ: کسی پر زمانہ کا دراز ہونا۔
ــــ الدَّابَّةَ وَلَهَا: چوپائے کی رسی کو لمبا کر کے ڈھیل دینا۔
ــــ عليه الكتابَ: کتاب کا املا کرانا مضمون بول کر لکھوانا۔
ــــ عليه الشَّيْءُ كذا: کسی چیز کا کسی کو احساس دلانا۔
ــــ ارادته على فُلَانٍ: کسی کے سر اپنی مرضی یا رائے تھوپنا۔
مَلَّاهُ اللّٰهُ العَيْشَ: اللہ کا کسی کی زندگی کو دراز کرنا اور فائدہ اٹھانے دینا۔
مَلَّاكَ اللّٰهُ حَبِيبَكَ: اللہ تمہارے دوست کے ساتھ تمہاری معیت و منفعت کو تادیر قائم رکھے۔
تَمَلَّى عُمْرَهُ: اپنی عمر میں لطف اٹھانا، پرکیف زندگی گذارنا۔
ــــ اخوانه: اپنے بھائیوں سے منفعتیں حاصل کرنا، ان کے ساتھ پرلطف زندگی گزارنا۔
ــــ العَيْشَ: زندگی میں ڈھیل پانا، وسعت پانا۔
استَمْلَاهُ الكتابَ: کسی سے کتاب وغیرہ کا املا کرانے کی درخواست کرنا۔
المَلَا: صحرا (۲) کھلا وسیع علاقہ (۳) زمانہ کا کچھ حصہ۔ مَرَّ مَلًا من اللَّيْلِ: رات کا حصہ (اول سے تہائی رات تک) گزر گیا۔

الْمَلَوَانِ: شب و روز یا صبح و شام۔
لا أفعله ما اختلف الْمَلَوَان: جب تک زمانہ کی گردش رہے گی میں ایسا نہیں کروں گا یعنی کبھی نہیں کرونگا۔
الْمَلَاةُ: سراب دار صحرا، گرمی والا صحرا،
ج: مَلًا
الْمَلَى: گرم راکھ (۲) عرصۂ وقت۔
الْمِلَاوَةُ: جینے کا عرصہ۔
الْمَلْوَةُ: الملاوۃ۔ اَقَامَ عنده مَلْوَةً من الدّهر: اس نے اس کے پاس کچھ عرصہ قیام کیا (۲) چوتھائی کیلو یا تین کیلوگرام کے بقدر غلہ ناپنے کا ایک مصری پیمانہ۔
الْمُلْوَةُ: الملاوة۔
الْمَلِيُّ: لمبا عرصہ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاهْجُرْنِي مَلِيًّا" مَضَى مَلِيٌّ مِنَ النَّهَارِ اوالليل: دن یارات کا کچھ حصہ یا تین ثلث حصہ گزر گیا۔
مَلِيًّا: کچھ دیر تک، عرصۂ دراز تک۔
الْمِلْيَار: ایک ارب ج: مليارات۔
المليونير: ارب پتی۔
الْمِلْيُوْنُ: دس لاکھ ج: ملايين۔

م ــــ م

• مِمَّ: کس چیز سے۔

م ــــ ن

• مَنْ: (واحد وجمع اور مذکر ومؤنث سب کے لئے) جو (۲) کون (۳) جسے۔
ذوی العقول کے لئے اسم موصول۔ یہ حسب ذیل معانی کے لئے آتا ہے:
۱۔ شرطیہ: شرط اور جزا میں فعل مضارع کو جزم دیتا ہے جیسے: "مَنْ يَّعْمَلْ سُوْءًا يُّجْزَ بِهٖ" جو برائی کرے گا وہ اس کا بدلہ پائے گا۔
۲۔ استفہامیہ: جیسے: قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا؟ ہم پر کیسی آفت آ گئی ہمیں ہماری قبر سے کس نے اٹھایا؟ ۔ قال مَن ربّكما يا موسىٰ؟
کبھی استفہام کے اسلوب میں نفی کے معنی بھی ہوتے ہیں جیسے: مَنْ يَّفْعَلُ هذا الّا زَيْدٌ؟ زید کے علاوہ اسے کون کرسکتا ہے؟ یعنی کوئی نہیں کرسکتا۔ نیز جیسے: وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ؟ خدا کے سوا گنا ہوں کو کون معاف کرسکتا ہے؟ یعنی کوئی نہیں کرسکتا۔
۳۔ موصولہ: جیسے: اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِى الْاَرْضِ: کیا تم کو نہیں معلوم کہ آسمانوں اور زمین میں جو ہیں وہ سب اللہ کو سجدہ کرتے ہیں۔
۴۔ نکرہ موصوفہ: یعنی یہ نکرہ ہوتا ہے اور اس کے بعد اس کی صفت آتی ہے اسی وجہ سے اس پر رُبَّ داخل ہوتا ہے۔ جیسے: سوید شاعر کا قول:

رُبَّ مَنْ اَنْضَجْتُ غَيْظًا قَلْبَهُ
قَدْ تَمَنّٰى لِي موتا لم يُطَعْ

بعض وہ لوگ جن کا دل میں نے غصہ سے جلایا انہوں نے میرے لئے موت کی آرزو کی مگر ان کی آرزو پوری نہ ہوئی۔
کبھی اس کی صفت بھی نکرہ ہی آتی ہے جیسے: مَرَرْتُ بِمَنْ مُّعْجِبٍ لكَ: میں بعض ایسے لوگوں کے پاس سے گزرا جو تجھ کو پسند کرتے ہیں۔
من هو، من هي، من هما، من هم، من هن، من انتَ، من انتما، من انتم، من انتُنَّ؟
بِمَنْ؟ کسی کے ساتھ، یا کن کے ساتھ۔
لِمَنْ؟ کس کا، کن کا۔
• مِنْ: حرف جر، اس کا استعمال حسب ذیل معانی کے لئے ہوتا ہے۔
۱۔ ابتدا، جیسے: سَارَ مِن بغداد۔ وہ بغداد سے روانہ ہوا۔ ابتدائے زمانہ کے لئے کم آتا ہے۔ جیسے: مَرِضْتُ من يوم الجُمُعَة۔
۲۔ تبعیض کے لئے یعنی بعض جیسے: منهم مَنْ اَحْسَنَ ومنهم مَّنْ اَسَاءَ۔ ان میں سے بعض نے اچھا کیا اور بعض نے برا۔ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ۔ تا آنکہ تم اپنی پسندیدہ چیزوں کا کچھ حصہ خرچ کرو۔
۳۔ بیان کے لئے۔ یعنی اس کے بعد کا لفظ پہلے مبہم لفظ کی وضاحت کرتا ہے اور اکثر ما اور مہما کے بعد آتا ہے۔ جیسے: مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ من رَّحْمَةٍ۔ نیز مَهْمَا تَاْتِنَا به من آيَةٍ۔
۴۔ برائے تعلیل۔ جیسے: مِمَّا خَطِيْئٰتِهِمْ اُغْرِقُوْا۔ وہ غلطیوں کی وجہ سے غرق کئے گئے۔
۵۔ برائے بدل۔ جیسے: اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ؟ کیا تم نے آخرت کے بجائے یا اس کے بدلہ دنیوی زندگی کو پسند کرلیا ہے؟
۶۔ فصل وتمیز کے لئے یعنی دو متضاد چیزوں میں فصل وامتیاز کرنے کیلئے جیسے: وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ

من المُصْلِحِ - اللہ مفسد اور مصلح دونوں کے فرق کو جانتا ہے۔

۷ - برائے تاکیدِ عموم - اور یہ زائد ہوتا ہے - جیسے: ما جاءَنی من اَحَدٍ - اس صورت میں شرط یہ ہے کہ اس سے پہلے نفی یا نہی یا ھل کے ساتھ استفہام ہو اور اس کے بعد نکرہ ہو - جیسے: مَا عَلَی المُحْسِنِیْنَ مِنْ سَبِیْلٍ - نیکی کرنے والوں کے خلاف کوئی راہ (تدبیر) نہیں ہے۔

۸ - باء کے مترادف کے طور پر - جیسے: یَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِیٍّ یعنی بِطَرْفٍ خَفِیٍّ۔

• مَنَأَ الجِلْدَ ـَ مَنْئًا: چمڑے کو دباغت دینا - صاف کرنا اور رنگنا۔

المَنِیْئَۃُ: پہلی دفعہ دباغت دی ہوئی کھال (۲) دباغت کا کارخانہ یا جگہ۔

• المُنَاوَرَۃُ: جنگی مشق، فوجی دستوں کی تربیت ومشق کے لئے مصنوعی جنگ، (۲) فریب، دھوکا۔

• المِنْبَارُ: ایک قسم کا کھانا جو گوشت کے ٹکڑوں کو مسالا لگا کر چاول کے ساتھ جانور کی اوجھ میں بھر کر پکایا جاتا ہے۔

• المَنْجَنِیْقُ: قدیم زمانہ کی قلعہ شکن مشین جو لکڑی کے ٹینک کی طرح ہوتی تھی۔ اور اس سے قلعہ کی دیواروں پر پتھر مارے جاتے تھے۔

• المَنْجَۃُ و المَنْجُوُ: آم۔

المَنْجَمُ: کان - دیکھئے (نجم)

• مَنَحَہُ الشَّیْءَ ـَ مَنْحًا: دینا، عطا کرنا۔

___ الدَّابَّۃَ و نَحْوَھا: کسی کو بشرطِ واپسی کسی ضرورت کے لئے جانور وغیرہ دینا (کہ وہ ضرورت پوری ہونے کے بعد لوٹا دے)۔

مَنَحَہُ صِفَۃَ کذا: کسی کو کوئی حیثیت دینا۔

___ المَطَالِبَ: فرمائشیں یا مطالبات پورے کرنا۔

اَمْنَحَتِ النَّاقَۃُ: اونٹنی کے جننے کا وقت قریب آنا۔

مَانَحَہُ مِنَاحًا و مُمَانَحَۃً: کسی سے لین دین کرنا، عطیہ کا تبادلہ کرنا۔

___ النَّاقَۃُ: اونٹنی کا ایسے موسم میں دودھ دینا جب دیگر اونٹنیوں کا دودھ ختم ہو جائے۔

___ العَیْنُ: آنکھ سے لگاتار آنسو بہنا۔

اِتَّنَحَ فُلَانٌ: عطیہ لینا۔

اُتُّنِحَ مَالاً: کسی کو مال ملنا۔

تَمَنَّحَ المَالَ: غیر کو مال کھلانا۔

اِسْتَمْنَحَہُ: کسی سے عطیہ طلب کرنا

اِلمِنْحَۃُ: عطیہ (۲) عارضی ضرورت اور استفادہ کے لئے اپنے متعلق کو بشرطِ واپسی دی جانی والی زمین یا سواری یا کوئی اور چیز، ج: مِنَحٌ (۳) وظیفہ (۴) امداد (۵) الاؤنس۔

المِنحۃ الاَمِیرِیَّۃ: شاہی عطیہ۔

اِلمِنْحَۃُ التَّعْلِیْمِیَّۃُ: تعلیمی وظیفہ، اسکالرشپ۔

المِنْحَۃ الدِّرَاسِیَّۃ: تعلیمی وظیفہ، اسکالرشپ۔

مِنْحَۃ تَعْوِیض: الاؤنس۔

المِنْحَۃ الحکومِیَّۃ: پنشن۔

المَنُوْحُ: اونٹنیوں کا دودھ خشک ہو جانے کے وقت دودھ دینے والی اونٹنی

المَنِیْحُ: جوئے کے چار تیروں میں سے ایک تیر جس پر نہ کوئی فائدہ ہوتا ہے اور نہ نقصان۔

المَنِیْحَۃُ: المِنْحَۃ۔

• مُنْذُ و مُذْ: دونوں اسم زمان پر داخل ہوتے ہیں اگر زمانہ ماضی ہو تو مِن کے معنی ہوتے ہیں جیسے مَا رَأَیْتُہُ مُذْ اور مُنْذُ یوم الجُمُعَۃ۔ میں نے اسے جمعہ کے دن سے نہیں دیکھا۔ اگر زمانہ حال ہو تو فی کے معنی میں ہوتے ہیں جیسے: مَا رَأیتُہ مُنذ الیوم او العَام: میں نے اسے آج دن میں یا اس سال کے اندر نہیں دیکھا۔ ان کے بعد اسم مجرور ہوتا ہے۔ جیسے: مذ یوم الجمعۃ۔ لیکن کبھی مرفوع بھی ہوتا ہے۔ جیسے: مُذْ یَومان کبھی ان کے بعد جملہ اسمیہ یا جملہ فعلیہ ہوتا ہے۔ جیسے: مَا زِلْتُ اَبْغِی المالَ مذ اَنَا یافِعٌ۔ میں جب سے جوان ہوا مال کی تلاش میں رہتا ہوں۔ ما زَالَ مُذ عَقَدَت یَدَاہُ اِزَارَہُ۔ جب سے اسے ازار باندھنا آیا (یعنی اس نے ہوش سنبھالا) وہ ایسا ہی ہے۔

• مَنَعَہُ الشَّیْءَ و منہ ـَ مَنْعًا: کسی کو کسی چیز سے محروم رکھنا۔ کہتے ہیں: مَنَعَہُ من حَقِّہِ و مَنَعَ حَقَّہُ منہ۔

___ الجَارَ: پڑوسی کو پناہ دینا، حفاظت کرنا۔

___ فُلَانًا عن کذا: روکنا، باز رکھنا۔

___ الصَّحِیْفَۃَ عن الصُّدُوْر او التَّصْدِیْر: اخبار وغیرہ نکالنے پر پابندی لگانا۔

مَنُعَ فُلانٌ ـــ مَناعَةً: مضبوط و محفوظ ہونا۔
ـــ الشئُ: مضبوط و ناقابل تسخیر ہونا
مَانَعَہُ الشئَ: کسی چیز میں کسی کے آڑے آنا، رکاوٹ بننا، جھگڑنا
مَنَّعَہُ کذا: محفوظ کرنا (۲) مضبوط و طاقتور بنانا، ناقابل تسخیر بنانا
اِمْتَنَعَ الشئُ: ناممکن الحصول ہونا، ممنوع ہونا۔
ـــ عن الشئ: رکنا، باز رہنا، کسی چیز میں حصہ نہ لینا۔
ـــ من الاَمْرِ: کسی کام کو چھوڑ دینا۔
ـــ بہ: کسی کی حمایت و حفاظت میں آنا، کسی کا سپورٹ پانا۔
تَمَانَعَا: دونوں کا رکنا، باز رہنا۔
ـــ عن اَنْفُسِہِما: ایک دوسرے کی حفاظت کرنا۔
تَمَنَّعَ الشئُ: ناممکن الحصول ہونا، دشوار ہونا (۲) محفوظ و مضبوط ہونا
ـــ بہ: کسی کی حفاظت میں آنا، کسی کی حمایت حاصل کرنا۔
ـــ عنہ: رکنا، باز رہنا۔
الاِمتِناعُ: عدم امکان۔
الامتناعُ عن الشئِ: احتراز۔
المَانِعُ: کنجوس (۲) محروم رکھنے والا (۳) محافظ ج: مَنَعَۃٌ (۴) رکاوٹ، آڑ ج: مَوَانِعُ (خلاف المقتضی)
لامانع عندی، لا مانعَ لی: مجھے انکار نہیں۔
المانِعُون عن الزکوۃ: زکوٰۃ کی ادائگی کے منکرین۔
المَنَاعَۃُ: بیماری وغیرہ سے حفاظت، بچاؤ (۲) طاقت و مضبوطی۔
المَنْعُ: ممانعت، بندش، روک تھام۔
مَنْعُ حَمْلِ الاَسْلِحۃ: ہتھیار رکھنے پر پابندی۔
المَنَعَۃُ: طاقت و عزت۔ ھو فی مَنَعَۃ: اسے طاقت و عزت حاصل ہے۔ اَزَالَ مَنَعَتَہُ: اس کے غلبہ پانے کی طاقت ختم کردی۔ لَہُم مَنَعَاتٌ: ان کے پاس حفاظت گاہیں ہیں یا مضبوط قلعے ہیں۔
المَنْعَۃُ: المَنَعَۃُ۔
المَنَّاعُ: بڑا بخیل (۲) لوگوں کو محروم رکھنے کا عادی۔
مَنَّاعٌ للخَیْرِ: نفع رسانی میں کنجوس۔
المَنُوعُ: بہت روک لگانے والا (۲) بڑا بخیل۔ قرآن پاک میں ہے "وَاِذَا مَسَّہُ الخَیْرُ مَنُوعًا" جب اس کے پاس مال یا نفع کی چیز آجاتی ہے تو بہت بخیل ہوجاتا ہے۔
المَنِیعُ: محفوظ، مضبوط، طاقتور ج: مُنَعَاءُ
المَمْنُوعُ: ممنوعہ، پابندی لگایا ہوا۔
مَمنُوعُ وُقُوفِ السَّیَّارات: نو پارکنگ موٹر گاڑیاں کھڑی کرنا ممنوع ہے۔
ممنوعُ الدُّخُولِ: اندر جانا منع ہے، نو انٹری۔
• مَنَّ علیہ بکذا ـــ مَنًّا: احسان کرنا، کرم کرنا، اچھا سلوک کرنا، اچھی چیز بطور انعام دینا جیسے: مَنَّ اللہ علی عِبادِہ۔ ھو المَنَّانُ (۲) کسی پر احسان جتانا۔ یعنی کسی کے ساتھ حسن سلوک کرنے یا انعام دینے پر اظہار فخر کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "لَا تُبْطِلُوا صَدَقَاتِکُمْ بِالمَنِّ وَالاَذَی" احسان جتاکر اور اذیت دے کر اپنے صدقات کو بے اثر نہ بناؤ۔
ـــ الشئُ: کم ہونا۔
ـــ الاَمْرُ فُلانًا: کسی کام کا کسی کو کمزور کردینا اور تھکا دینا جیسے: مَنَّہُ السَّیْرُ والسَّفَرُ۔
مَنَّ الشئَ: کاٹنا۔ جیسے: مَنَّ الحَبْلَ۔
مَنَّتْہُ المَنُونُ: وہ مرگیا۔
اَمَنَّہُ الجُہْدُ: محنت و مشقت کا کسی کو کمزور کردینا۔
مَانَّہُ: کسی کی ضرورت پورا کرنے میں تردد کرنا۔
مَنَّنَہُ: سفر وغیرہ کا کسی کو کمزور کردینا، تھکا دینا۔
اِمْتَنَّ علی فُلانٍ: کسی پر احسان جتانا، احسان یاد دلاکر تکلیف پہنچانا۔
ـــ فُلانًا: کسی کی آخری سے آخری چیز کو حاصل کرلینا یا اس تک جا پہونچنا۔
الامتنانُ: احسان مندی، کرم، احسان
المَمْنُونُ: طاقتور (۲) آدمی کے پاس موجود آخری سے آخری چیز۔ بَلَغْتُ مَمْنُونَہ: میں نے اس کی آخری چیز لے لی۔
المَنُّ: احسان، انعام (۲) اظہار احسان (۳) میٹھا گوند جو کھایا جاتا ہے، (۴) ترنجبین (۵) ایک قدیم پیمانہ جو اس زمانہ میں دو رطل بغدادی کے برابر اور ایک رطل برابر بارہ اوقیہ کے ہوتا تھا۔ وہ چیز جس کو اللہ نے بطور غذا بنی اسرائیل پر نازل کیا تھا۔
المُنَّۃُ: طاقت۔ لَیْسَ لِقَلْبِہ مُنَّۃٌ: اس کا دل مضبوط نہیں ہے ج: مُنَنٌ۔
المِنَّۃُ: احسان، انعام (۲) اظہار احسان اور اس پر فخر کرنا۔ کہاوت ہے: المِنَّۃُ تَہْدِمُ الصَّنِیعَۃَ: احسان جتانا حسن سلوک کو اکارت کردیتا ہے ج: مِنَنٌ۔
المَنَّانُ: احسان جتا کر اپنے انعام و حسن سلوک کو بے اثر بنا دینے والا۔

(۲) بڑا محسن، انعام نواز، بڑا فیاض و بخشش کنندہ (۳) اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔

المَنُوْنُ: بڑا محسن (۲) اپنے خاوند پر اپنے مال کا احسان جتانے والی بیوی (۳) زمانہ (۴) موت (یہ مؤنث ہے کبھی مذکر بھی ہوتا ہے) (۵) قسمت

ذَهَبَت بِهِم المَنُوْن: موت نے انہیں تباہ و برباد کر دیا۔

دَارَ عَلَيْهِ المَنُوْن: اس پر قسمت کے بہت پھیر آئے ہیں۔

رَيْبُ المَنُوْن: تکالیف زمانہ۔

المَنُوْنَةُ: بڑا احسان والا، بڑا احسان جتانے والا (اسم مبالغہ)۔

المَمْنُوْنُ: احسان مند (۲) کمزور (۳) منقطع۔

المَنِيْنُ: کمزور۔ حَبْلٌ مَنِيْنٌ: کمزور رسی۔ ثَوْبٌ مَنِيْن: کمزور کپڑا (۲) ہلکا بکھرا ہوا گرد و غبار۔

• مَنَاهُ بِكَذا ـُ مَنْوًا: کسی چیز میں مبتلا کرنا۔

ـــ فُلانًا: آزمانا۔

المَنَا: ایک قدیم پیمانہ کا نام۔ مَن ج: اَمْنَاءٌ و اَمْنٌ و مُنِيٌّ۔ دیکھئے (مَنّ)

• مَنَى اللّٰهُ الاَمْرَ ـِ مَنْيًا: اللہ کا کوئی بات مقدر کرنا، فیصلہ کرنا۔ مَنَى اللّٰهُ لكَ الخَيْرَ۔ خدا تمہارے لیے خیر مقدر کرے۔ مَا تَدْرِي مَا يَمْنِي لكَ۔ تم کو کیا خبر تمہارے مقدر میں کیا ہے۔

ـــ اللّٰهُ فُلانًا بِكَذا: اللہ کا کسی کو کسی بات میں آزمانا۔

مُنِيَ لِكَذا: کسی کو کسی بات کی توفیق ہونا اسے کرنے کا منجانب اللہ موقع ملنا۔

ـــ بِكَذا: کسی چیز میں مبتلا ہونا۔

اَمْنَى الحَاجُّ: حاجی کا مقام منیٰ میں آنا

ـــ الرَّجُلُ: مرد کی منی نکلنا، انزال کرنا۔

ـــ النُّطْفَةَ: نطفہ (قطرۂ منی) ڈالنا۔ قرآن پاک میں ہے: "مِنْ نُطْفَةٍ إِذَا تُمْنَى"۔

ـــ الدِّمَاءَ: خون بہانا۔

مَانَاهُ: بدلہ دینا (۲) ٹالتے رہنا۔

ـــ الرَّفِيْقَ: ساتھی کے ساتھ باری باری سوار ہونا یا نمبروار کسی کام کو کرنا۔

مَنَّى الرَّجُلَ الشَّيْءَ و بِالشَّيْءِ: کسی کو کسی چیز کی امید دلانا، لالچ دلانا، آرزومند بنانا۔

تَمَنَّى الشَّيْءَ: آرزو کرنا، خواہشمند ہونا۔

ـــ الحَدِيْثَ: بات گھڑنا، اپنی طرف سے بات بنانا۔

اِمْتَنَى الحَاجُّ: حاجی کا منی میں پہنچنا۔

الاُمْنِيَةُ: تمنا، آرزو، ارمان، خواہش ج: اَمَانِيُّ۔

مِنًى: مکہ معظمہ سے قریب ایک مقام کا نام جہاں ایام تشریق میں حاجی حضرات قیام کرتے ہیں (یہ منصرف اور غیر منصرف دونوں طرح ہے)۔

المَنَى: موت (۲) مقدار، فاصلہ۔ هُوَ مِنِّي بِمَنَى مِيْلٍ: وہ مجھ سے ایک میل کے فاصلہ پر ہے۔

المُنْيَةُ: الاُمْنِيَةُ ج: مُنًى۔

المَنِيُّ: نطفہ خصیتین میں جمع رہنے والا ایک سفید و گاڑھا سیال مادہ جو جماع و غیر جنسی تحریک پر خارج ہوتا ہے ج: مُنِيٌّ۔

المَنِيَّةُ: موت، فیصلہ الٰہی، ج: مَنَايَا۔

م ـــــ ہ

• مَهْ: اسم فعل (امر) ہے، ٹھہر، باز رہ، رک جا، ذرا ٹھیرو، ذرا رک کر۔

• مَهَجَ فُلانٌ ـَ مَهْجًا: کسی کے چہرے پر بیماری کے بعد رونق آنا۔

ـــ الوَلَدُ اُمَّهُ: ماں کا دودھ پینا۔

اِمْتَهَجَ فُلانٌ: کسی کی روح کا نکالا جانا، خونِ قلب کا کھنچ جانا۔

الاَمْهُجُ: بے پانی ملا خالص دودھ (۲) پتلی چربی۔

الاُمْهُوْجُ: وہ دودھ جس کا ذائقہ بدلا ہو۔

المُهْجَةُ: دل، خون دل (۲) روح۔ خَرَجَتْ مُهْجَتُهُ: اس کی روح نکل گئی۔ بَذَلْتُ لَهُ مُهْجَتِي: میں نے اس کے لئے اپنی جان لگا دی (۳) ہر خالص شے ج: مُهَجٌ۔

مَمْهُوْجُ البَطْنِ: ڈھیلے پیٹ والا۔

• مَهَدَ الفِرَاشَ ـَ مَهْدًا: بستر بچھانا، ہموار کرنا، نرم کرنا، برابر کرنا

ـــ الطَّرِيْقَ: راہ ہموار کرنا۔

ـــ لِنَفْسِهِ خَيْرًا: اپنے لئے بھلائی یا منفعت حاصل کرنا۔

مَهَّدَ الفِرَاشَ: مَهَدَهُ۔

ـــ الاَمْرَ: کسی معاملہ کو آسان بنانا، قابو میں لانا، درست کرنا۔

ـــ الطَّرِيْقَ: راستہ بنانا (۲) تمہید باندھنا۔

ـــ لَهُ العُذْرَ: کسی سے اپنا عذر بیان کرنا، معذرت چاہنا۔

ـــ لَهُ عُذْرَهُ: کسی کا عذر قبول کرنا۔

اِمْتَهَدَ السَّنَامُ: کوہان کا بلند ہونا۔

ـــ لِنَفْسِهِ: اپنے لئے کام کرنا، کمائی کرنا۔

اِمْتَہَدَ الخَیْرَ: خیر اور بھلائی کو قابلِ حصول بنانا۔
مَا اِمْتَہَدَ فُلَانٌ عِنْدِی مَہْدَ ذٰلِكَ: اپنی مطلوبہ چیز کا اس نے میرے سامنے کوئی وسیلہ پیش نہیں کیا
تَمَہَّدَ لَہُ الْاَمْرُ: کسی کے لئے کام آسان ہونا، قابو میں آنا۔ تَمَہَّدَتْ لَہُ عِنْدِی حَالٌ لَطِیْفَۃٌ: میرے پاس اس کا حال اچھا ہوگیا۔
— الرَّجُلُ: آدمی کا طاقتور ہونا، کسی کے لائق اور اس پر قادر ہونا۔
التَّمْہِیْدُ: پیش خیمہ، ابتدائی تیاری، (۲) دیباچہ، مقدمہ اور تعارف کتاب وغیرہ۔
التَّمْہِیْدِیُّ: ابتدائی۔
المِہَادُ: بستر (۲) ہموار و نشیبی زمین، (۳) سمندر یا دریا کی تہ ج: اَمْہِدَۃ و مُہُدٌ۔
المَہْدُ: بچہ کا گہوارہ (بچوں کا جھولا) (۲) نرم و ہموار زمین۔ ج: مُہُوْدٌ۔
المَہْدَۃُ: (من الارض) نرم و ہموار نشیبی زمین ج: مُہَدٌ۔
فی المَہْدِ: ابتدا میں، آغاز میں۔
قَضَی عَلَی الشَّرِّ فِی مَہْدِہٖ: اس نے فتنہ کو شروع ہی میں دبا دیا۔
من المَہْدِ الی اللَّحْدِ: بچپن سے قبر تک۔
المَہِیْدُ: خالص مکھن۔
المُمَہَّدُ: تیار شدہ (۲) ہموار و ملائم (۳) تمہید قائم کیا ہوا۔ الماءُ المُمَہَّدُ: نیم گرم پانی یا جو نہ گرم ہو نہ ٹھنڈا۔
المُمَہِّدَاتُ: تمہیدات۔
• مَہَرَ المَرْأَۃَ ـ مَہْرًا: عورت کا مہر مقرر کرنا (۲) مہر دینا۔
— الشَّیئَ وفیہ وبہ ـ مَہَارَۃً: کسی کام میں ماہر اور ہوشیار ہونا۔

مَہَرَ فی العلم والصِّنَاعَۃِ وغیرھا: علم اور ہنر وغیرہ میں ماہر ہونا۔
اَمْہَرَ الفَرَسُ: گھوڑی کا بچہ (بچھیرے) والی ہونا۔
— المَرْأَۃَ: عورت کا مہر مقرر کرنا یا اسے مہر دینا۔
مَہَّرَ الرَّجُلُ: گھوڑی کے بچھیرے کو لینا یا اپنانا۔
تَمَہَّرَ: تیرنا۔
— فی کذا: کسی چیز میں ماہر ہونا۔ ھو مُتَمَہِّرٌ۔
المَہْرُ: مہر، وہ مال وغیرہ جو عورت کو نکاح کے عوض میں خاوند ادا کرتا ہے ج: مُہُوْرٌ و مُہُوْرَۃ۔
المُہْرُ: گھوڑے یا پالتو خچر وغیرہ کا بچھیرا ج: اَمْہَارٌ و مِہَارٌ و مِہَارَۃٌ۔ وھی مُہْرَۃٌ ج: مُہَرٌ (۲) حنظل اندرائن کا پھل۔
المُہَرُ: سینے سے پسلیوں کو جوڑنے والے حلقے، مہرے۔ واحد: مُہْرَۃٌ۔
المَہْرِیَّۃُ: اِبِلٌ مَہْرِیَّۃٌ: اصیل اونٹ جو دوڑ میں گھوڑوں پر سبقت لے جائیں۔ یہ قبیلہ مہرۃ بن حیدان کی طرف منسوب ہیں ج: المَہَارِی والمَہَارَی۔
المَہِیْرَۃُ: بڑے مہر والی عورت۔ المَمْہُوْرَۃُ وہ عورت جس کو مہر دیدیا گیا ہو۔
• المِہْرَجَانُ: جشن، کسی قابل ذکر واقعہ یا خاص خوشی منانے کی تقریب، جلسہ، میلہ، جوبلی، یہ فارسی کا لفظ مہر اور جان کا مرکب ہے۔ مہر کے معنی سورج کے ہیں ج: مِہْرَجَانَات
المِہْرَجَانُ الذَّھَبِیُّ: گولڈن جوبلی
• المُہْرَقُ: عہد نامہ۔
• مَہْزَہٗ ـ مَہْزًا: ڈھکیلنا، ہٹانا۔

• مَہِقَ ـ مَہَقًا: بہت سفید ہونا۔ ھو اَمْہَقُ وھی مَہْقَاءُ ج: مُہْقٌ۔
— العَیْنُ: آنکھ کا سبزی مائل ہونا۔
تَمَہَّقَ الشَّرَابَ: وقفوں سے پینا، تھوڑی تھوڑی دیر بعد پینا۔
• مَہَكَ الشَّیئَ ـ مَہْكًا: باریک پیسنا (۲) چکنا اور نرم کرنا۔ جیسے: مَہَكَ السَّہْمَ۔
— فی السَّیْرِ: تیز چلنا۔
مَہُكَ صُلْبُہٗ ـ مَہَكًا: کمزور ہونا۔
مَہَّكَ الشَّیئَ: بہت باریک پیسنا۔
تَمَاھَكُوْا: باہم جھگڑنا۔
• مَہَلَ فی فعلہ ـ مَہْلًا: کوئی کام اطمینان سے کرنا، جلدی نہ کرنا۔
اَمْہَلَہٗ: اطمینان سے کام کرنے دینا، جلدی کرنے پر مجبور نہ کرنا، نرمی برتنا کسی کام کی مہلت دینا، ڈھیل دینا۔
مَہَّلَہٗ: مؤخر کرنا، ملتوی کرنا (۲) کسی سے مہلًا کہنا یعنی ذرا ٹھیرو، جلدی نہ کرو۔
تَمَہَّلَ فی العَمَلِ: کام کو اطمینان سے کرنا، اس میں عجلت نہ کرنا، توقف کرنا، ٹھیر ٹھیر کر کرنا۔
اِسْتَمْہَلَہٗ: کسی سے مہلت مانگنا، کام کے لئے وقت چاہنا، نرمی برتنے کی درخواست کرنا۔
المَہَلُ: توقف، آہستگی اور اطمینان۔
مَہْلًا یا فُلَانُ: ٹھیرو، صبر سے کام لو، آرام سے، اطمینان سے، جلدی نہ کرو۔ کہتے ہیں: مَا مَہَلٌ وَاللہِ بِمُغْنِیَۃٍ عنكَ شَیْئًا: واللہ تم کو تمہارا توقف کچھ فائدہ نہ دے گا۔

لَا مَہَلَ : کوئی مہلت نہیں دیجا سکتی
علیٰ مَہَلٍ : آہستہ آہستہ، ٹھیر ٹھیر کر
علیٰ مَہْلِكَ : رک کر، ٹھیر کر، اطمینان سے (فلاں کام کرو) ٹھیرو، جلدی نہ کرو۔
رُزِقَ فُلَانٌ مَہَلًا : فلاں کو موقع دیا گیا۔
المَہَلُ : المَہْلُ : خبر میں پیش روی (۲) کوئی کام شروع کرنے سے پہلے اس پر راہنمائی۔
المُہْلُ : پگھلی ہوئی دھات (جیسے سونا، چاندی، لوہا، تانبا) (۲) ادنٹوں کو ملنے کا تارکول نما پتلا تیل (۳) تیل کی گاد (۴) پیپ۔
المُہْلَةُ : توقف، اطمینان، آہستگی (۲) وقفہ، کام کے لئے دیا ہوا وقفہ یا ڈھیل، موقعہ، فرصت (۳) راکھ میں بچی ہوئی چنگاری۔
خُذِ المُہْلَةَ فِی اَمْرِكَ : اپنے کام کو آرام و اطمینان سے کرو۔
اَخَذَ عَلَیْہِ المُہْلَةَ : وہ اس پر سبقت لے گیا (عمر یا ادب وغیرہ میں)۔
المُہْلَةُ : خاص طور پر مردہ کی پیپ۔
• مَہْمَا : جو بھی، جو کچھ بھی، جب بھی، یہ اسم شرط ہے دو فعلوں کو جزم دیتا ہے اور اس ماکے معنی میں استعمال ہوتا ہے جو غیر عاقل پر دلالت کرتا ہے جیسے: مَہْمَا تَفْعَلْ اَفْعَلْ۔ مَہْمَا یَزُرْنِی زَیْدٌ اُکْرِمْہُ۔ کبھی یہ اسم استفہام بھی ہوتا ہے۔ جیسے: مَہْمَالِی؟ مجھے کیا ہوگیا؟
مَہْمَہَ فُلَانًا وَبِہٖ : کسی کو مہ مہ کہنا، بس بس، رکو رکو (۲) کسی کو روکنا، دھمکانا۔

تَمَہْمَہَ عَنِ الشَّیْءِ : رکنا، باز رہنا
المَہْمَہُ : لق ودق صحرا، جنگل بیابان ج: مَہَامِہُ۔
• مَہَنَ الرَّجُلُ ــُـ مَہْنًا وَ مَہْنَةً وَمِہْنَةً : کوئی کام بطور پیشہ کرنا، اپنے ہنر یا پیشہ میں لگنا، خدمت کرنا، پیشہ کرنا۔
ــــ فُلَانًا : مشقت میں ڈالنا۔
ــــ الثَّوْبَ : کپڑا پہن کر پرانا کرنا، کپڑے کو خوب استعمال کرنا۔
مَہُنَ ــُـ مَہَانَةً : کمزور ہونا (۲) حقیر و معمولی ہونا۔
اَمْہَنَہُ : کمزور کرنا (۲) خدمت لینا (۳) استعمال کرنا۔
اِمْتَہَنَ : پیشہ اختیار کرنا۔ جیسے: اِمْتَہَنَ الحِیَاکَةَ اَوِ الخِیَاطَةَ بنائی یا سلائی کا پیشہ اختیار کرنا۔
ــــ الشَّیْءَ : زیادہ استعمال کرنا، پامال کرنا (۲) حقیر و معمولی سمجھنا۔
اِمْتُہِنَ : حقیر و معمولی ہونا۔
المِہْنَةُ : کام، مشغلہ (۲) پیشہ (وہ کام جس میں مخصوص مہارت وواقفیت کی ضرورت ہو۔ مَا مِہْنَتُكَ ھٰھُنَا؟ آپ کا یہاں کیا مشغلہ ہے؟ ۔ ھُوَ فِی مِہْنَةِ اَہْلِہٖ : وہ اپنے اہل و عیال کی خدمت میں مصروف ہے
خَرَجَ فِی ثِیَابِ مِہْنَتِہٖ : وہ اپنے کام کاج یا ہمہ وقتی استعمال کے کپڑوں میں باہر آیا ج: مِہَنٌ۔
المِہْنَةُ الحُرَّةُ : آزاد پیشہ۔
المِہْنَةُ الشَّرِیْفَةُ : معزز پیشہ۔
المِہْنَةُ الیَدَوِیَّةُ : ہاتھ کا ہنر۔
المَہِیْنُ : حقیر، معمولی۔
المُمْتَہَنُ : معمولی، مستعمل، گھسا پٹا، پامال شدہ۔

• مَہَّ الاِبِلَ ــُـ مَہًّا : اونٹوں کے ساتھ نرمی کرنا، ان پر رحم کرنا، ترس کھانا۔
• مَہُوَ السَّائِلُ ــُـ مَہَاوَةً : سیال چیز کا پتلا ہونا، جیسے: مَہُوَ اللَّبَنُ وَالسَّمْنُ : دودھ اور گھی کا پتلا ہونا۔
• مَہَی الشَّفْرَةَ ــِـ مَہْیًا : لوہے وغیرہ کی دھار تیز کرنا، بلیڈ یا چاقو وغیرہ کی دھار رکھنا۔
ــــ الشَّیْءَ : چاندی یا سونے کا ملمع کرنا۔
اَمْہَی الشَّرَابَ : شراب میں پانی زیادہ کرنا۔
ــــ القِدْرَ : ہنڈیا میں پانی زیادہ ڈالنا
ــــ الحَدِیْدَ : لوہے کو پانی سے ٹھنڈا کرنا۔
ــــ الشَّفْرَةَ : دھار تیز کرنا۔
اِسْتَمْہَی القَوْمُ : لوگوں کا جنگ میں دشمن کی صفوں کو اس طرح چیرنا کہ ان کو روکا نہ جا سکے۔
ــــ الفَرَسَ : گھوڑے کو پوری رفتار سے دوڑانا۔
المَہَاةُ : جنگلی گائے (۲) سورج (۳) بلور کا ٹکڑا ج: مَہًا وَمَہَوَاتٌ۔
المَہْوُ : موتی (۲) بلور (۳) اولے (۴) بہت پانی ملا ہوا پتلا دودھ (۵) باریک کپڑا (۶) پتلی تلوار۔
• مَہْیَمْ : برائے استفہام بمعنی مَا۔ مَا حَالُكَ؟
• مَاءَ القِطُّ ــُـ مُوَاءً : بلی کا بولنا، میاؤں میاؤں کرنا۔
المَائِیَّةُ وَالمَائِئَةُ وَالمَائِبَةُ : بلّی۔
المُوَاءُ : بلی کی آواز۔

م ــــــ و

• مَاتَ الحَيُّ ـُ مَوْتًا: مرنا۔
ــ الشَّيْءُ: ٹھنڈا ہونا، پرسکون ہونا، تھمنا۔ جیسے: ماتتِ الرِّيحُ: ہوا رک گئی۔ ماتتِ النَّارُ: آگ ٹھنڈی ہوگئی۔
ــ الطَّرِيقُ: راستہ چلنا بند ہوگیا۔
ــ فُلَانٌ: سونا، نیند میں کہیں کی خبر نہ رہنا۔
ــ الاَرْضُ مَوَاتًا: زمین کا اجاڑ ہونا، غیر آباد ہوجانا۔ هِيَ مَوَاتٌ
اَمَاتَ فُلَانٌ: کسی کی اولاد مرجانا۔
ــ القَوْمُ: قبیلہ کے مویشیوں میں مرنے کی بیماری پھیلنا۔
ــ فُلَانًا: مار دینا، کام تمام کرنا، کسی کی موت کا سبب بننا۔
ــ نَفْسَهُ: خودکشی کرنا۔
ــ شَهَوَاتِه: نفس کشی کرنا۔
ــ غَضَبَهُ: اپنا جوش یا غصہ ٹھنڈا کرنا۔
ــ اللَّحْمَ: گوشت کو خوب گلانا۔
اُمِيتَ اللَّفْظُ: لفظ کا متروک الاستعمال ہوجانا۔
مَاوَتَ صاحِبَهُ: صبر و ثابت قدمی میں ساتھی پر غالب آجانا۔
ــ فُلَانًا: مار ڈالنا۔
تَمَاوَتَ: دم چرالینا (خود کو زندہ ہوتے ہوئے مردہ ظاہر کرنا) (۲) عبادت وغیرہ کی ادائگی میں کمزوری ظاہر کرنا (گویا وہ اس پر قادر نہیں ہے)۔
اسْتَمَاتَ: کسی چیز کے حصول کے لئے مرمٹنا، جان کی بازی لگانا، جان لڑا دینا (۲) خود کو پرسکون ظاہر کرنا۔
ــ لِلْاَمْرِ: کسی کام کی دھن ہونا۔

اسْتَمَاتَ الشَّيْءُ فِي اللِّينِ او الصَّلَابَة: کسی چیز کا حد سے زیادہ نرم یا حد سے زیادہ سخت ہونا۔
الاسْتِمَاتَةُ: جانبازی، انتہائی دھن۔
الإِمَاتَةُ: ہلاکت خیزی، قتل وغیرہ۔
المَائِتُ: فناپذیر، چراغ سحری۔
المُسْتَمِيتُ: جانباز، نڈر، جان جوکھم میں ڈالنے والا، مرمٹنے والا۔
المُمِيتُ: مہلک۔
المَمَاتُ: موت، فنا۔
المَوَاتُ: بے جان چیز (۲) فقدان حیات (۳) بنجر و غیر آباد زمین۔
المُوَاتُ: چوپایوں میں پھیلنے والی مری (موت کی وبا)۔
المَوْتُ: موت، فنا، ہلاکت، زوال، خاتمہ (۲) بے عقلی، بے حسی (۳) عدم ایمان۔ قرآن پاک میں ہے: "اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنَاهُ وَجَعَلْنَا لَهُ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهِ فِي النَّاسِ" "فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى" دونوں آیتوں میں موت سے مراد عقل و ایمان کا فقدان ہے۔ (۴) طبیعت کمزور کرنے والی چیزیں۔ جیسے خوف، رنج۔ قرآن پاک میں ہے: "وَيَاْتِيْهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَيِّتٍ" نیز پریشان کن حالات جیسے فقر و فاقہ، ذلت، بڑھاپا، گناہ گاری۔
المَوْتُ الاَبْيَضُ: طبعی موت۔
المَوْتُ الاَحْمَرُ: قتل، خونی واردات
المَوْتُ الاَسْوَدُ: پھانسی۔
المَوْتُ المَائِتُ: خوفناک موت۔
مَوْتٌ زُؤَامٌ: جلد آنے والی موت، اچانک موت۔

صَحْوَةُ المَوْتِ: موت کا سنبھالا۔
المَوَتَانُ: بے جان چیزیں۔ ضد: الحَيَوَان۔ اِشْتَرِ مِنَ المَوَتَانِ وَلَا تَشْتَرِ مِنَ الحَيَوَانِ: مکانات خریدو، چوپائے نہ خریدو۔
المُوْتَانُ: مری، جانوروں میں پھیلنے والی موت کی لہر۔
رَجُلٌ مَوْتَانُ الفُؤَادِ: غبی اور ناسمجھ آدمی۔
المُوْتَةُ: غشی، دیوانگی،
المَيْتُ: مردہ ج: اَمْوَاتٌ۔
المَيِّتُ: مردہ آدمی (۲) نیم مردہ، مردے جیسا یعنی بے حس و بے عقل، ج: اَمْوَاتٌ و مَوْتٰى۔
المَيْتَةُ: مردار جانور، جو اپنی موت مرا ہو یا غیر شرعی طریقہ سے مارا گیا ہو۔
المِيتَةُ: موت کی حالت، کیفیت۔
مَاتَ فُلَانٌ مِيتَةً رَضِيَّةً: وہ اچھی موت مرا۔
• مَاثَ الشَّيْءَ ـُ مَوْثًا و مَوَثَانًا: کسی چیز کے اجزا کو باہم ملانے کے لئے اسے ہاتھ سے ملنا۔
ــ فِي المَاءِ: پانی میں گھولنا۔
انْمَاثَ الشَّيْءُ فِي المَاءِ: مخلوط ہونا، گھل جانا، حل ہوجانا۔
• مَاجَ البَحْرُ ـُ مَوْجًا و مَوَجَانًا: سمندر کا موجزن ہونا، لہریں مارنا، تلاطم خیز ہونا۔
ــ القَوْمُ: لوگوں کے معاملات کا دگرگوں ہونا، لوگوں کا مضطرب و غیر مرتب ہونا، جوش میں آنا۔
ــ النَّاسُ فِي الفِتْنَةِ: فساد میں لوگوں کا سرگرم ہونا۔
ــ الفِتْنَةُ: فتنہ کا زوروں پر ہونا۔

تَمَوَّجَ البحرُ: سمندر کا موجیں مارنا۔
المَائِجُ: موج زن، ٹھاٹھیں مارتا ہوا (۲) پرجوش۔
المَوْجُ: پانی کی لہر ج: اَمْوَاجٌ۔
المَوْجَةُ: ایک لہر۔
مَوْجَةُ البَرْدِ و الحَرِّ: سردی اور گرمی کی لہر (شدت)۔
مَوْجَةُ الشَّبَابِ: جوانی کا جوش۔
المِمْوَاجُ: کیموگراف، آنتوں وغیرہ کی حرکات ریکارڈ کرنے کا آلہ۔
المَوَّاجُ: بہت ٹھاٹھیں مارتا ہوا، انتہائی متلاطم۔
• المَاذُ: خوش مزاج وملنسار (۲) خوش گفتار۔
المَاذِيُّ: عمدہ شہد (۲) لوہے کا ہر ہتھیار جیسے تلوار، زرہ، خود وغیرہ۔
المَاذِيَّةُ: ملائم زرہ (۲) شراب۔
• مَارَ الشَّيْءُ ـُ مَوْرًا: کسی چیز میں لہریں اٹھنا، حرکت کرنا۔
ـــ السَّائِلُ علَى وَجْهِ الأَرْضِ: سیال چیز کا زمین پر گر کر ادھر ادھر ہونا۔
ـــ البَحْرُ: سمندر کا موج زن ہونا۔
ـــ فُلَانٌ: کسی کا عجلت و اضطراب کے ساتھ آنا جانا۔
ـــ التُّرَابُ: مٹی کا اڑنا۔
ـــ السِّنَانُ فِي المَطْعُونِ: زخمی کے زخم یا بدن میں نیزے کا گھومنا۔
ـــ الرِّيحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اڑانا۔
أَمَارَتِ الرِّيحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اڑانا۔
ـــ الدَّمَ: خون بہانا۔
ـــ الدُّهْنَ او الطِّيبَ عَلَى رَأْسِهِ: تیل یا خوشبو سر میں ملنا۔
ـــ السِّنَانَ فِي المَطْعُونِ: زخمی کے بدن میں نیزہ گھمانا۔
أَمَارَ الصُّوفَ او الوَبَرَ: اون چونٹنا۔
انْمَارَ الصُّوفُ ونَحْوُهُ عَنِ الدَّابَّةِ: چوپائے کے جسم سے اون وغیرہ کا گرنا۔
انْمَارَ السَّيْفُ: تلوار سونتنا۔
تَمَوَّرَ الشَّيْءُ: حرکت کرنا، دگرگوں ہونا۔
ـــ الرَّجُلُ: بار بار آنا جانا یا جھجکتے اور تردد کرتے ہوئے آنا جانا۔
ـــ الوَبَرُ و نَحْوُهُ عنِ الدَّابَّةِ: چوپائے کے بدن سے اون جھڑنا۔
المَارِي: سادھو، راہب۔
المَائِرُ: گھس جانے والا تیر۔
المَوْرُ: اضطراب، بے قراری، حرکت (۲) موج (۳) نرم چیز (۴) ہموار چلتا ہوا راستہ۔
المُورُ: ہوا میں اڑتی ہوئی گرد۔ جاءت الرِّيحُ بالمُورِ: ہوا نے گرد اڑایا
رِيَاحٌ مُورٌ: گرد اڑانے والی ہوائیں۔
المُورَةُ: گرنے والی اون یا بال۔
المَوَّارَةُ: رِيحٌ مَوَّارَةٌ: بہت گرد اڑانے والی ہوا۔ دَابَّةٌ مَوَّارَةُ اليَدِ: سبک اور تیز رفتار جانور۔
• المَوْزُ: کیلا۔
المَوَّازُ: کیلا بیچنے والا۔
• المَاسُ: دیکھئے (الألماس) ہیرا۔
• مَاسَ الرَّأْسَ ـُ مَوْسًا: سر مونڈنا۔
المُوسَى: استرا (مذکر ومؤنث منوّن اور غیر منوّن) ج: مَوَاسٍ و مُوسَيَاتٌ۔
مُوسَى الأَمْنِ: سیفٹی ریزر، بال صاف کرنے کی بلیڈ والی مشین۔
• المُوسِيقَى: (مذکر ومؤنث) یہ لفظ یونانی ہے۔ وجد انگیز آلات پر دھن یا سر نکالنے کے مختلف فنون پر بولا جاتا ہے۔ طرب وغنا، گانے کا فن۔
عِلْمُ المُوسِيقَى: وہ علم جس میں نغموں کے اصول اور لحن (لے) سازی کے ضوابط سے بحث کیجاتی ہے
المُوسِيقِيُّ: فن موسیقی سے متعلق۔
المُوسِيقَارُ: فن موسیقی کا ماہر، گانے کے فنون کا ماہر، گویا۔
• مَاشَ كَرْمَهُ ـُ مَوْشًا: انگور کی بیل سے بچے کھچے انگور توڑنا۔
المَاشُ: گھر کا ردی سامان (۲) اڑد۔ واحد: ماشة۔
• مَاصَ الثوبَ و نَحْوَهُ ـُ مَوْصًا: کپڑے کو آہستہ آہستہ دھونا۔
ـــ فَاهُ او اَسْنَانَهُ بالسِّوَاكِ: مسواک سے منہ یا دانت صاف کرنا۔
ـــ الشَّيْءَ: ہاتھ سے ملنا، رگڑنا۔
مَوَّصَ ثِيَابَهُ: کپڑے دھو کر صاف کرنا
المُوَاصَةُ: وہ پانی جس سے کپڑے دھوئے گئے ہوں۔
المَوْصُ: بھوسا۔
• مَوْعَةُ الشَّبَابِ: آغاز جوانی۔
• مَاغَ السِّنَّوْرُ ـُ مَوْغًا: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
• مَاقَ الرَّجُلُ ـُ مَوْقًا ومُوقًا: بیوقوف ہونا، بیوقوفی سے ہلاک ہوجانا۔
ـــ الحَبُّ: غلہ کا ارزاں ہوجانا۔
تَمَاوَقَ: بے وقوف بننا، بے وقوفی کا مظاہرہ کرنا۔
المَائِقُ: بے وقوف (۲) جلد رو پڑنے والا

(۳) کسی بات پر نہ جمنے والا ج: مُوْقٌ
المُوْقُ: غباوت و بے وقوفی (۴) یعنی
مُؤق: گوشۂ چشم (۵) پروالی چیونٹی
(۶) باریک موزہ پر پہنا جانے والا
موٹا موزہ ج: اَمْوَاقٌ۔
المُوْقَانُ: پتلے موزے پر پہنا جانے والا
موٹا موزہ۔
• مَالَ ـُـ مَوْلاً و مُؤُوْلاً: مالدار
ہونا۔ هو مَالٌ و هي مَالَةٌ۔
ـــ فُلاناً: کسی کو مال دینا۔
مَوَّلَهُ: کسی کو اس کی ضرورت کے لئے
مال دینا (۲) مالدار بنانا۔
ـــ العَمَلَ: کسی کام پر مال خرچ کرنا۔
ـــ المَشْرُوْعَ: منصوبہ پر سرمایہ لگانا۔
تَمَوَّلَ: مالدار ہوجانا (مال میں اضافہ
ہوجانا)۔
ـــ مَالاً: مال اکٹھا کرنا۔
المَالُ: مال، دولت، مال ہر اس گھریلو
یا تجارتی سامان یا زمین و جائداد،
جانور یا نقد سرمایہ کو کہتے ہیں جو فرد یا
جماعت کی ملکیت میں ہو ج: اَمْوَالٌ۔
زمانۂ جاہلیت میں اس کا اطلاق
صرف اونٹوں پر ہوتا تھا۔
رَجُلٌ مَالٌ: مالدار آدمی۔
المَالُ الاِحْتِيَاطِيُّ: محفوظ سرمایہ۔
مَالُ الأَطْيَانِ: مال گذاری، زمین ٹیکس
مَالُ العَقَارَاتِ: جائداد ٹیکس۔
مَالٌ مُوصًى بِهِ: مالِ وصیت۔
مَالٌ مُوَفَّرٌ: محفوظ یا جمع شدہ سرمایہ۔
أَمِينُ المَالِ: خزانچی۔
أَمِينُ الصُّنْدُوقِ: خزانچی۔
بيتُ المالِ: خزانہ عامہ۔
رأْسُ المالِ: اصل سرمایہ۔
المَالِيُّ: مال سے متعلق، مالیات کا ماہر
(۲) دولت مند۔

المَالِيَّةُ: مال، دولت، سرمایہ۔
المَالِيَّةُ العَامَّةُ: دولت عامہ۔
العُقُوبَةُ المَالِيَّةُ: مالی جرمانہ۔
وزارة المَالِيَّة: وزارت خزانہ۔
الأَمْوَالُ: جائداد، سرمایہ۔
اَمْوَالٌ ثَابِتَةٌ: غیر منقولہ جائداد
اَمْوَال طَائِلَة: بے حد دولت۔
اَمْوَال عَاطِلَة: بے مصرف سرمایہ۔
اَمْوَالٌ مَنْقُولَه: منقولہ جائداد۔
اَمْوَال مَوقُوفَة: وقف جائدادیں
اَمْوَالٌ مُهَرَّبَةٌ: اسمگلنگ شدہ
مال، چوری سے اندرون ملک لایا
ہوا یا لے جایا ہوا مال۔
التَّمَوُّلُ: دولت مندی۔
التَّمْوِيلُ: سرمایہ کی فراہمی (کسی کام پر
مال کا خرچ)۔
تَمْوِيلٌ ذَاتِيٌّ: شخصی سرمایہ کاری،
(کسی فرد کا کسی کام کے لئے سرمایہ
لگانا)۔
تَمْوِيلٌ حُكُومِيٌّ: سرکاری فائنانس
(سرکار کا کسی کام کے لئے روپیہ
لگانا)۔
المُمَوِّلُ: کسی کام کے لئے سرمایہ فراہم
کرنے والا۔
المُمَوِّلُونَ: مالدار لوگ۔
المُوَيْلُ: تھوڑا مال۔
المَيِّلُ: دولت مند۔
المَيِّلَةُ: دولت مند خاتون۔
• المَوْمَاءُ: لق و دق صحرا، جنگل بیابان
ج: مَوَامِي۔
المَوْمَاةُ: المَوْمَاءُ ج: مَوَامِي۔
المُومِيَا: قدیم مصریوں کی قبروں میں
حنوط لگائی ہوئی لاش (انسانی
جثہ)، مومیائی۔
• مَانَهُ ـُـ مَوْناً: کسی کی کفالت کرنا،

خرچ کا ذمہ دار ہونا۔ هو مَمُوْنٌ۔
مَانَ الرَّجُلُ اَهْلَهُ: آدمی کا اپنے
اہل خانہ کی کفالت کرنا، خرچ برداشت
کرنا۔
ـــ الرَّكْبَ: کسی قافلہ کی کفالت کرتے
رہنا۔ دیکھئے (مأن)۔
مَوَّنَهُ: کفالت کرنا، خرچ برداشت
کرنا، اشیاء ضرورت مہیا کرنا،
بہم پہنچانا، رسد پہنچانا، سامان ضرورت
سپلائی کرنا۔
ـــ بالأَسْلِحَةِ: ہتھیار سپلائی کرنا۔
تَمَوَّنَ: رسد (اشیاء ضرورت) جمع کرنا
(۲) اہل و عیال پر خوب خرچ کرنا۔
التَّمْوِيْنُ: راشن (مخصوص حالات میں
حکومت کی جانب سے عوام کے لئے
اشیاء خوردنی وغیرہ کی تقسیم کا نظام)
سپلائی، بہم رسانی (۲) کفالت۔
بِطَاقَةُ التَّمْوِين: راشن کارڈ۔
وِزَارَةُ التَّمْوِيْن: وزارت خوراک
التَّمْوِيْنِيُّ: خوراک سے متعلق، سپلائی
سے متعلق۔
المُؤْونَةُ: رسد، خوراک، اشیاء خوردنی
کا ذخیرہ ج: مُؤُونَات (۲) کفالت
خورد و نوش کا خرچ۔
تَحَمَّلَ مُؤُونَتَهُ: اس کا خرچ
برداشت کیا۔
المُوْنَةُ: خوراک، بقدر گذارہ خرچ
ج: مُوَنٌ۔
المَوَّانُ: ذخیرہ کرنے والا۔
• مَاهَتِ البِئْرُ ـُـ مَوْهاً و
مُؤُوهاً: کنویں کا پانی نکل آنا۔
ـــ السَّفِينَةُ: کشتی میں پانی داخل
ہوجانا۔
ـــ فُلاناً مَوْهاً: کسی کو پانی پلانا۔
ـــ الشَّيءَ بالشَّيءِ: ایک چیز کو

دوسری میں ملانا، گڈ مڈ کرنا۔ جیسے:
مَاهَ فُلَانٌ فِی کَلَامِه۔
اَمَاهَتِ الْاَرْضُ: زمین کا بہت پانی والی ہونا۔
— من یَحْفُرُ: کنواں کھودنے والے کا پانی تک پہنچ کر اسے جاری کردینا۔ کہتے ہیں: حَفَرَ فَاَمَاهَ۔ وحَفَرَ بِئْرَهُ حتّٰی اَمَاهها: کنواں کھودتے ہوئے پانی تک پہنچ جانا۔
— الشَّیْئَ بالشَّیْئِ: ملانا، خلط ملط کرنا
— فُلَانًا وغیرہ: پانی پلانا۔
— الحَوْضَ و نَحْوَهُ: حوض یا تالاب میں پانی جمع کرنا۔
مَوَّهَ المَوضِعُ: جگہ کا پانی والی ہونا۔
— السَّمَاءُ: آسمان کا خوب پانی برسانا
— الشَّیْئَ: سونے یا چاندی کا کسی چیز پر ملمع کرنا۔ مَوَّهَ الشَّیْئَ بِمَاءِ الذَّهَبِ او الفِضَّةِ۔
— الحَقَّ: حق پر باطل کا پردہ ڈالنا۔
— الحَقَائِقَ: حقائق پر پردہ ڈالنا۔
— الحَدِیْثَ: جھوٹ سچ ملا کر بات کو دلکش بنانا، کلام میں ملمع سازی کرنا۔
— علیه الخَبَرَ: بات پلٹ کر کہنا۔ سوال کے برخلاف جواب دینا۔
تَمَوَّهَ: ملمع ہوجانا (۲) خوش نما بن جانا (۳) حق یا حقائق پر پردہ پڑ جانا۔
— الثَّمَرُ: پھل کا پکنا شروع ہوجانا رس پیدا ہوجانا۔
— المَکَانُ: جگہ کا سبزیوں سے بھرا ہوا ہونا۔
التَّمْوِیْه: ملمع سازی، حقائق کی پردہ پوشی۔
المَاءُ: پانی ج: میاہ و اَمْوَاهٌ۔

ما اَحْسَنَ مَاءَ وَجْهِهِ: اس کا چہرہ بڑا ہی بارونق ہے۔
مَاءُ الحیاۃ: آب حیات (۲) شراب
مَاءُ الجِیْرِ: آب چونا۔
مَاءُ الذَّهَب: آب زر
مَاءُ الزَّهْرِ: آب گل۔
المَاءُ العَذْب: آب شیریں، پینے کا میٹھا پانی۔
المَاءُ العَسِرُ: مشکل سے چکناہٹ یا صابن کا جھاگ دور کرنے والا پانی۔
مَاءُ الشَّبَاب: جوانی کی بہار، تروتازگی رونق۔
مَاءُ الفِضَّة: آب نقرہ۔
مَاءُ العَیْن: آب چشم۔
مَاءٌ مِلْحٌ: نمکین پانی، آب شور۔
المَاءُ المَعْدِنِیُّ: زمین سے نکلنے والا صاف اصلی پانی، منرل واٹر۔
المَاءُ المُقَطَّرُ: پانی جو نمکیات سے الگ اور صاف کیا ہوا ہو، شفاف پانی۔
مَاءُ الوَرْد: آب گلاب۔
مَاءُ الوَجْه: چہرہ کی رونق، آب و تاب۔
مَاءُ الغَاز: سوڈا واٹر، گیس کا پانی۔
المَائِیُّ: آبی، پانی سے متعلق۔
المَاهُ: المَاءُ۔ رَجُلٌ مَاهُ الفُؤَاد وماهِیُّ الفُؤَاد: بزدل۔
المَاهِیُّ: ماہ کی طرف نسبت۔
المَاهِیَّةُ: کسی چیز کی حقیقت۔ ماهو او ماهی کسی چیز کو دریافت کرنے کے لئے ہیں ان کی طرف نسبت کرکے ماهِیَّة بنایا گیا ہے (۲) ماہانہ وظیفہ یا تنخواہ (فارسی لفظ ماہ بمعنی شہر سے بنایا گیا ہے) ج: مَاهِیَّات
المَاوِیَّةُ: آئینہ (۲) سفید کاسے،

ج: مَاوِیٌّ۔
المُمَوَّه: ملمع کیا ہوا (۲) آراستہ (۳) باطل سے آراستہ کلام، جھوٹی خبر (۴) ناخنہ (آنکھ کے گڑھے میں پیدا ہونے والی سفیدی مائل جھلی۔
المُوهَةُ: چہرہ کی رونق وتازگی۔
کلامٌ علیه مُوهَةٌ: عمدہ اور شیریں کلام۔ فُلَانٌ مُوهَةُ اَهْلِ بَیْتِه: فلاں اپنے گھر کی رونق اور بہار ہے۔
المَیِّهَةُ: بِئْرٌ مَیِّهَةٌ: بہت پانی والا کنواں۔

م ـــــ ی

•مَاثَتِ الْاَرْضُ ـ مَیْثًا: زمین کا نرم ہونا۔ هی مَیْثَاء۔
— الشَّیْئَ: حل کرنا، گھلانا۔ جیسے: مَاثَ المِلْحَ فِی المَاءِ۔
اَمَاثَ الشَّیْئَ: مَاثَه۔
مَیَّثَ الشَّیْئَ: مَاثَه۔
— فُلَانًا: ذلیل کرنا (۲) نرم کرنا۔
— الدَّهْرُ فُلَانًا: زمانہ کا کسی کو آزمودہ کار بنانا۔
تَمَیَّثَ فُلَانٌ: ڈھیلا اور نرم ہوجانا (۲) ذلیل ہونا۔
— الْاَرْضُ: زمین کا سیراب ہونے سے نرم اور ٹھنڈا ہوجانا۔
المَیْثَاءُ: اَرْضٌ مَیْثَاءُ: نرم وہموار زمین (۲) عمدہ ٹیلہ ج: مِیْث۔
المَیِّثُ: نرم۔ رَجُلٌ مَیِّثُ القَلْب: رحم دل آدمی۔ عَیْشٌ مَیِّث: آسودہ زندگی۔
•مَاحَ فِی مِشْیَتِه ـ مَیْحًا و مَیْحُوحَةً: مٹک کر چلنا، اترا کر چلنا۔

مَاحَ مَيْحًا: (پانی کی کمی کے باعث) ڈول بھرنے کے لئے کنویں میں اترنا هو مائح ج: مَاحَةٌ۔
— المَاءَ: پانی نکالنا۔
— اَصْحَابَهُ: ساتھیوں کے لئے پانی بھرنا۔
— الرِّيحُ الشَّجَرَةَ: ہوا کا درخت کو ہلانا۔
— فُلَانًا مَيْحًا و مِيَاحَةً: عطیہ دینا۔
اِمْتَاحَ المَاءَ: چلو سے پانی لینا۔
— فُلَانًا: کسی کے پاس آکر بخشش چاہنا، کرم و مہربانی چاہنا۔
— الشَّمْسُ او العَمَلُ فُلَانًا: دھوپ یا کام کی وجہ سے کسی کو پسینہ آجانا۔
تَمَايَحَ الغُصْنُ: شاخ کا ہوا کی وجہ سے جھومنا۔
— الماشی: چلنے والے کا اترانا، اکڑنا۔
— السَّكْرَانُ: نشہ والے کا لڑکھڑانا اندھادھند چلنا۔
تَمَيَّحَ: تَمَايَحَ۔
اِسْتَمَاحَهُ: کسی سے کچھ مانگنا بخشش چاہنا (۲) سفارش چاہنا۔
— عَفْوَهُ: کسی سے معافی چاہنا، معذرت خواہ ہونا۔
المائِحُ: کسی کے لئے پانی بھرنے والا (۲) چلو سے پانی پینے والا۔
المَاحُ: انڈے کی زردی، انڈے کے اجزا بالترتیب یہ ہیں: القِشْرَةُ: بالائی چھلکا (۲) الغِرْقِئُ: باریک جھلی (۳) الآحُ: انڈے کی سفیدی (۴) المَاحُ: زردی۔
المُسْتَمِيحُ: سفارش چاہنے والا، طالب عفو، معذرت خواہ۔
المَيحُ: مرغابی کی سی چال۔

• مَادَ الشَّيْءُ ـِ مَيْدًا و مَيَدَانًا: ہلنا، ڈگمگانا، ڈانواڈول ہونا۔
— الغُصْنُ: ٹہنی کا جھومنا۔
— فُلَانٌ: جھومنا، مٹکنا، اکڑنا (۲) نشہ یا سمندری سفر وغیرہ سے جی متلانا اور سر چکرانا۔ هو مَائِد۔
— السَّرَابُ: سراب (چمکدار ریت) کا لہریں مارتا ہوا دکھائی دینا۔
— الرَّجُلَ: ملاقات کرنا، اچھا سلوک کرنا۔
مَادَتْ بِهِ الأَرْضُ: کسی کو لئے ہوئے زمین کا گھومنا، ڈانواڈول ہونا، کسی کے پاؤں تلے سے زمین نکلنا، زمین پر کسی کے پاؤں نہ جمنا۔
أَمَادَهُ: عطیہ دینا۔
اِمْتَادَهُ: بخشش چاہنا، عطیہ طلب کرنا۔
تَمَايَدَ: مضطرب ہونا، ہلنا۔
تَمَيَّدَتِ المرأةُ: اترا کر چلنا، ناز سے چلنا۔
المَائِدُ: جھومنے اور ہلنے والا، جھومتا ہوا (۲) اترانے والا، متکبر، نازنخرہ دکھانے والا (۳) ڈانواڈول، مضطرب (۴) متلاہٹ اور دوران سر میں مبتلا۔
مائدة الكتابة: لکھنے کی میز۔
المائدة المُسْتَدِيرة: گول میز۔
مُؤتَمَرُ المائدة المُسْتَديرة: گول میز کانفرنس۔
المَائِدَةُ: کھانا لگا ہوا دسترخوان (۲) کھانے کی میز، مجازاً عام میز (۳) کھانا ج: مَوَائِدُ۔
المُمْتَادُ: طالب بخشش (۲) بخشش کنندہ جس سے بخشش طلب کی جائے، پہلا اسم فاعل اور دوسرا اسم مفعول ہے، دونوں میں قرینہ سے فرق کیا جائے گا۔
مَيْدَ: برائے۔ فَعَلْتُهُ مَيْدَ ذٰلِكَ فلاں کام میں نے اس وجہ سے کیا۔ (۲) بمعنی بَيْدَ، نیز، مزید برآں۔ حدیث میں ہے: "اَنَا اَفْصَحُ العَرَبِ مَيْدَ انّي من قُرَيْشٍ"
مَيْدَى: بمعنی حذاء۔ مقابل۔ داري بِمَيْدَى دَارِه: (بحذائها) میرا مکان اس کے مکان کے بالمقابل ہے (۲) بوجہ۔ فَعَلَ مَيْدَى ذٰلِكَ: اس وجہ سے کیا۔
مِيدَاءُ الشَّيْءِ: معیار و پیمانہ، مقدار۔ لَمْ اَدْرِ ما مِيدَاءُ ذٰلِكَ؟ پتہ نہیں اس کا کیا معیار یا مقدار رہے (۲) مقابل۔ هذا مِيدَاءُ ذاك و بِمِيدَائه: یہ اس کے بالمقابل ہے (۳) گھوڑوں کی دوڑ کی حد (۴) چوراہا، راستے ملنے کی جگہ۔
مِيدَاءُ الطَّرِيقِ: راستہ کا سامنے کا حصہ، سامنے کا رخ، سیدھ۔ کہتے ہیں: بَنَوا بُيُوتَهُم على ميداءٍ واحدٍ: انہوں نے اپنے مکانات ایک ہی رخ یا ایک ہی نہج پر بنائے
المَيْدَان: میدان، کھلی اور کشادہ جگہ، ج: مَيَادِين۔
المِيدَانُ: میدان۔
المَيْدَةُ: المَائِدَةُ۔
المِيدَةُ: آر، سی، سی (لوہا سمنٹ اور کنکریٹ) کی تہ جو عمارت کی بنیاد میں رکھ کر اس پر دیوار اٹھائی جاتی ہے یا دیوار کے ختم پر لگائی ہوئی تہ

جس پر چھت ڈالی جاتی ہے ۔

• مَارَ اَهْلَهٗ ـِ مَيْرًا: گھروالوں کیلئے خوراک مہیا کرنا۔ هو مَائِرٌ۔ ج: مُيَّارٌ۔

ـــ الدَّوَاءَ: دوا کو حل کرنا، گھلانا۔

ـــ الصُّوْفَ: اون کو دھنا۔

أَمَارَ اَهْلَهٗ: مَارَهُمْ۔

ـــ الشَّيْءَ: گھلانا، پگھلانا، حل کرنا۔ جیسے أَمَارَ الزَّعْفَرَانَ۔

ـــ اَوْدَاجَهٗ: کسی کے وسائل منقطع کرنا۔

اِمْتَارَ لِاَهْلِهٖ او لِنَفْسِهٖ: اپنے لئے یا اہل وعیال کے لئے خوراک مہیّا کرنا۔

الْمُوَارَةُ: دھنتے ہوئے اون کا گرا ہوا حصہ

الْمِيْرَةُ: سفر وغیرہ کے لئے جمع کی ہوئی کھانے کی چیزیں۔

الْمَيَّارُ: خوراک جمع کرنے والا، خوراک فراہم کنندہ۔

• مَازَ الشَّيْءَ ـِ مَيْزًا: الگ کرنا، چھانٹنا، ممتاز کرنا۔

ـــ الشَّيْءَ عنه: کسی سے کوئی چیز دفع کرنا، ہٹانا، جیسے: مَازَ الْاَذَى عن الطَّرِيْقِ: راستہ سے تکلیف دہ چیز ہٹانا۔

ـــ فُلَانًا عليه: کسی کو کسی پر ترجیح دینا، فوقیت دینا۔

اَمَازَ الشَّيْءَ: مَازَهٗ۔

مَيَّزَ الشَّيْءَ: ممتاز کرنا، نمایاں کرنا، دوسرے پر فوقیت دینا۔

ـــ عنه الشَّيْءَ: جدا کرنا۔

ـــ بين الشَّيْئَيْنِ: دو چیزوں میں فرق کرنا، امتیاز کرنا۔

اِمْتَازَ الشَّيْءُ: ممتاز و نمایاں ہونا (۲) الگ ہونا، جدا ہونا، قرآن پاک میں ہے: "وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ"

اِنْمَازَ الشَّيْءُ: اِمْتَازَ۔ مِزْتُ الشَّيْءَ فَانْمَازَ: میں نے فلاں چیز کو الگ کیا یا نمایاں کیا تو وہ الگ ہوگئی یا نمایاں ہوگئی۔

تَمَايَزَ الْقَوْمُ: گروہ بند ہونا، کچھ لوگوں کا الگ گروہ کی شکل اختیار کرنا (۲) منتشر ہوجانا، گروہوں میں بٹ جانا۔

تَمَيَّزَ الشَّيْءُ: اِمْتَازَ۔

ـــ الْقَوْمُ: لوگوں کا الگ تھلگ ہوجانا (۲) ایک کنارے ہوجانا۔

ـــ من الْغَيْظِ: غصہ سے پھٹ پڑنا

اِسْتَمَازَ الشَّيْءُ: اِمْتَازَ۔

ـــ عن الشَّيْءِ: الگ ہونا، دور ہٹنا۔

ـــ الْقَوْمُ: لوگوں کے ایک گروہ کا ایک کنارہ ہوجانا۔

الْاِمْتِيَازُ: فرق (۲) خاص حق (۳) خاص رعایت، ترجیحی سلوک (۴) سرکاری رعایت، کنسیشن، لائسنس۔ ج: اِمْتِيَازَات۔

الامتياز الحكومِيُّ: سرکاری رعایت کنسیشن، اخبار وغیرہ کا ڈکلریشن، پروانہ۔

امتِيَازُ لِسِكَّةٍ حَدِيْدِيَّةٍ: ریلوے کنسیشن۔

الْاِمْتِيَازَاتُ: مراعات، رعایتیں (۲) خصوصی حقوق واختیارات۔

سَحْبُ الامتياز: لائسنس ضبط کرنا، رعایت واپس لے لینا۔

مَنْحُ الامتياز: لائسنس یا رعایت دینا۔

صَاحِبُ الامتياز: لائسنس دار

التَّمَايُزُ: باہمی گٹ بندی، گروہ بندی (۲) باہمی فرق وامتیاز۔

التَّمْيِيْزُ: دو چیزوں میں فرق وامتیاز (۲) علم النحو میں تمیز وہ اسم ہے جو اپنے ماقبل کے ابہام کو دور کرے۔ جیسے: حَسُنَ خُلُقًا: وہ عادت کے لحاظ سے اچھا ہے۔ لَبِسَ ثَوْبَيْنِ حَرِيْرًا: اس نے دو کپڑے ریشم کے پہنے۔ اس دوسری مثال میں تمیز سے پہلے مِن کے معنی پائے جارہے ہیں۔

قُوَّةُ التَّمْيِيْزِ: قوت فیصلہ۔

سِنُّ التَّمْيِيْزِ: عقل وہوش کی عمر۔

مَحْكَمَةُ التمييز: عدالت تنسیخ۔

الْمَيْزُ: بلندی، فوقیت۔

الْمِيْزَةُ: فوقیت، بلندی، خصوصیت، امتیاز، افضلیت۔

الْمِيْزَةُ الْمُطْلَقَةُ: مکمل امتیاز۔

الْمُمْتَازُ: نمایاں، بہت عمدہ، قابل ترجیح ایکسیلنٹ، بے مثال، شاندار

مُمْتَازٌ من الدَّرَجَةِ الْاُوْلٰى: فرسٹ کلاس۔

• مَاسَ فُلَانٌ ـِ مَيْسًا ومَيَسَانًا: تکبر سے چلنا، اتراتے ہوئے چلنا۔

هو مَائِسٌ ومَيَّاسٌ (۲) شوخ وگستاخ ہونا۔

مَيَّسَ الثَّوْبَ: پہننے کے کپڑے میں گوٹ لگانا، جھالر لگانا۔

تَمَيَّسَ فُلَانٌ: اترانا، اکڑنا۔

الْمَيْسُ: ایک درخت جس کا سیاہ چھوٹا پھل پرندے کھاتے ہیں اور اس کی لکڑی سے مصنوعات تیار ہوتی ہیں (۲) ہل میں لگی ہوئی دو بیلوں کے درمیان کی لکڑی۔

الْمَيَسَانُ: اترا کر چلنے والا، متکبرانہ چال چلنے والا (۲) ہر چمکدار ستارہ ج: مَيَاسِيْنُ۔

المَیَّاسُ: عمدہ چال چلنے والا، اکڑ کر چلنے والا، بڑا اشوخ (۲) شیر۔
المَیْسُوْنُ: خوب رو وخوش قامت۔
• مَاشَ الشَّیْئَ بالشَّیْئِ ـِ مَیْشًا: ایک شے کو دوسری میں ملانا جیسے: مَاشَ اللَّبَنَ الحُلْوَ بالحَامِضِ او الصُّوفَ بالوَبَرِ او الجِدَّ بالھَزْلِ او الکَذِبَ بالصِّدْقِ میٹھے دودھ میں ترش چیز، اون میں اونٹ کے بال، سنجیدگی میں مذاق اور سچائی میں جھوٹ ملانا۔
ــــ الخَبَرَ: خبر کچھ بتانا کچھ چھپانا۔
• مَاطَ ـِ مَیْطًا: ہٹنا، الگ ہونا۔
ــــ بہ: لے جانا۔
ــــ عنہ: کسی سے دور ہونا۔
ــــ علیہ فی حُکْمِہ: کسی کے خلاف اپنے فیصلہ میں زیادتی کرنا۔
ــــ الشَّیْئَ: ہٹانا، دور کرنا۔
ــــ الأَذَی: تکلیف دہ چیز ہٹانا۔
ــــ فُلانًا: دھمکانا اور دھکا دینا۔
أَمَاطَہُ: دور کرنا، ہٹانا۔ جیسے: أَمَاطَ الأَذَی: تکلیف دور کرنا۔
ــــ اللِّثَامَ عن کذا: نقاب اٹھانا، پردہ اٹھانا، راز فاش کرنا۔
تَمَایَطَ القَوْمُ: لوگوں میں بگاڑ پیدا ہونا، اختلاف ہونا۔
المِیَاطُ: دھکا، ڈانٹ (۲) جھکاؤ۔
أَصْبَحُوْا فی ھِیَاطٍ و مِیَاطٍ: وہ اضطراب وگھبراہٹ میں ہیں۔ ان میں کھلبلی مچی ہوئی ہے۔
المَیَّاطُ: نکما اور کھیل کی طرف مائل
• مَاعَ الجِسْمُ ـِ مَیْعًا: کسی جسم کا پگھل جانا، گھل جانا، سیال ہوجانا، فضا سے پانی کی بھاپ جذب کرکے بہہ پڑنا، جیسے نمک یا برف فضا کی بھاپ چوس کر بہہ پڑتا ہے۔ کہتے ہیں: مَاعَ المِلْحُ۔
مَاعَ السَّائِلُ: سیال چیز کا زمین پر پھیل کر بہنا۔
ــــ السَّرَابُ: سراب کا لہریں مارتا ہوا نظر آنا۔
ــــ الرَّجُلُ: سست وبیوقوف ہونا۔
أَمَاعَ الجِسْمَ إِمَاعًا وإِمَاعَۃً: بہانا (۲) ہلکا یا پھیکا کرنا۔
انْمَاعَ السَّمْنُ و نَحْوُہُ: گھی وغیرہ کا پگھل جانا۔
الإِمَاعَۃُ: تحویل کاری یعنی جامد جسم کو سیال یا گیس میں تبدیل کرنا۔
المَائِعُ: سیال، بہنے والا۔
المَائِعَاتُ: سیال چیزیں۔
المائِعَۃُ: عمدہ قسم کا عطر (۲) درخت سے بہنے والا گوند (۳) گھوڑے کی پیشانی کے پھیلے ہوئے بال ج: مَوَائِعُ۔
المَیْعَۃُ: خوشبودار عطر (۲) بعض درختوں سے نکلنے والا گوند (۳) سیال شے کا بہاؤ۔
مَیْعَۃُ الحُضْرِ: دوڑ کی ابتدا اور اس کی پھرتی (۲) روانی (۳) سیلان بہاؤ۔
مَیْعَۃُ الشَّبَابِ: آغاز جوانی۔
مَیْعَۃُ الشَّیْئِ: ہر چیز کا اول وآغاز۔
مَیْعَۃُ النَّہَارِ: دن کا اول حصہ۔
مَیْعَۃُ السُّکْرِ: ابتدائی نشہ۔
المُیُوْعَۃُ: سیال پن، بہاؤ، عدم ٹھہراؤ۔
المُیُوْعَۃُ الظَّاہِرَۃُ: ظاہری تلون۔
• مَالَ ـِ مَیْلًا و مَیَلانًا: ایک طرف مائل ہونا، جھکنا، ٹیڑھا ہونا، سیدھا نہ رہنا جیسے: مَالَ الجِدَارُ۔
ــــ الشَّمْسُ: سورج کا ڈھلنا، وسط آسمان سے ایک طرف ہوجانا۔
مَالَ الغُصْنُ: ٹہنی کا ہلنا، جھومنا۔
ــــ القَوَامُ: قوام کا پتلا ہونا۔
ــــ عنہ: الگ ہونا، بے توجہ ہونا، اعراض کرنا، نگاہ پھیرنا۔
ــــ عن الطَّرِیقِ و مالَ عن الحَقِّ: راہ سے یا حق سے ہٹ جانا۔
ــــ إلیہ: کسی کا حامی اور طرف دار ہونا، کسی کی طرف مائل ہونا، جھکنا، محبت کرنا، کسی چیز کو چاہنا، پسند کرنا۔
ــــ الحَاکِمُ فی حکمہ: حاکم کا فیصلہ میں جانبداری کرنا۔
ــــ علیہ: کسی پر ظلم وستم کرنا، زیادتی کرنا۔
ــــ علیہ الدَّھْرُ: زمانہ کا کسی پر مصائب لانا، مشکلات میں ڈالنا۔
ــــ الھَوَی بہ: خواہش نفس کا کسی کو دیوانہ بنا دینا۔
ــــ بہ: جھکانا۔
ــــ اللَّیْلُ او النَّہَارُ: رات یا دن کا قریب الختم ہونا۔
ــــ بہ الطَّرِیْقُ: کسی کا راستہ لمبا ہوجانا۔
مَیِلَ الشَّیْئُ ـَ مَیَلًا: پیدائشی طور پر ٹیڑھا ہونا۔ ھو أَمْیَلُ و ھی مَیْلاءُ۔ عمارت کے ٹیڑھ پن کے لئے بھی کبھی استعمال ہوتا ہے۔
أَمَالَ قَارِئُ القُرْآنِ: قرأت میں امالہ کرنا (الف کو یا کی طرف جھکا کر فتحہ کو کسرہ کی طرح پڑھنا جیسے: ھُوَی کو ھُوِے۔
ــــ الشَّیْئَ: جھکانا، ٹیڑھا کرنا۔
ــــ بالفَرَسِ یَدَہُ: گھوڑے کی لگام ڈھیلی کرکے آزاد چھوڑنا۔
مَایَلَہُ: موافقت کرنا، تعلق ومحبت رکھنا۔

مَایَلَنَا المَلِکُ فَمَایَلْنَاہُ: بادشاہ نے ہم پر حملہ کیا تو ہم نے اس پر حملہ کر دیا۔
مَایَلَ بین الشیئین: دو چیزوں کو ملانا۔
— المرأۃُ: عورت کا نقاب کو اتارنا۔
مَیَّلَ الشئیَ: ٹیڑھا کرنا، جھکانا۔
— بَیْنَ الاَمْرَیْنِ: پس وپیش کرنا۔
تَمَایَلَ و تَمَیَّلَ: جھومنا، ہچکولے کھانا، ڈانواڈول ہونا۔
تَمَایَلَ فِی مِشْیَتِہ: جھومتے ہوئے چلنا، اتراتے ہوئے چلنا کہتے ہیں
بَیْنَ القوم تَمَایُلٌ: لوگوں میں لڑائی جھگڑا ہے۔
— الحُجُّ عن الفَرَس: گھوڑے کی جھول کا ایک طرف ہو جانا۔
تَمَیَّلَ فی مِشْیَتِہ: تَمَایَلَ۔
فُلَان یُتَمَیَّلُ فی ظِلَالِہ و یُتَفَیَّأُ: فلاں آدمی صاحب رحم وکرم ہے کہ اس کے زیر سایہ سکون واطمینان حاصل ہوتا ہے۔
اِسْتَمَالَ: بمعنی مَالَ۔ مَیَّلَہُ فَاسْتَمَالَ: اسے مائل کیا تو وہ مائل ہو گیا۔
اِسْتَمَالَ فُلَانًا و بِقَلْبِہ: کسی کو اپنی طرف مائل کرنا، اپنانا، کسی کا دل موہ لینا۔
الاِمَالَۃ: جھکاؤ (۲) فن قرارت میں الف کا تلفظ الف اور یا کے درمیان اور فتحہ کا تلفظ کسرہ کی طرح کرنا۔
المائل: ٹیڑھا، راغب، متوجہ۔
المائل الی فلان: جانب دار۔
مَائِل نحوَ الانخفاضِ: مائل بکمی۔
المِیْلُ: سنگ میل جس سے مسافر راہنمائی حاصل کرتا اور فاصلہ کی مقدار جانتا ہے (۲) زمین کا خاص فاصلہ (۳) لمبائی ناپنے کا ایک پیمانہ جو قدیم زمانہ میں چار ہزار ذراع کے بقدر ہوتا تھا اسے میل ہاشمی کہتے تھے۔ وہ برّی اور بحری بھی ہوتا تھا۔ اس وقت کا برّی میل آج کل کے حساب سے ۱۶۰۹ میٹر اور میل بحری ۱۸۵۲ میٹر کے بقدر ہے (۴) سرمہ کی سلائی اسے مُلْمُول بھی کہا جاتا ہے۔ (۵) جراح کا زخم پیما آلہ جس سے وہ زخم کی گہرائی ناپتا ہے ج: اَمْیَال و مُیُوْل۔
المَیْلُ: کجی، ٹیڑھ، جھکاؤ، توجہ، رغبت میلان، رجحان۔
المُیُوْلُ: رجحانات، میلانات۔
المَیْلَاءُ: شَجَرَۃٌ مَیْلَاءُ: بہت شاخوں والا درخت۔
• مَانَ فُلَانٌ ــِـ مَیْنًا: جھوٹ بولنا۔ ھو مَائِن و مَیَّانٌ۔
تَمَایَنَ القَوْمُ: ایک دوسرے سے جھوٹ بولنا۔ فُلَان مُتَمَایِنُ الوُدِّ و وُدُّ فُلَانٍ مُتَمَایِنٌ: فلاں کی محبت میں اخلاص نہیں ہے۔
المَیْنُ: جھوٹ ج: مُیُوْنٌ۔
المِیْنَاءُ: بندرگاہ۔ دیکھئے (ونی)۔
المینیٰ: دیکھئے (ونی)۔
• مَاھَت البئرُ ــِـ مَیْھًا: کنویں کا بہت پانی والا ہونا۔
— فُلَانًا: کسی کو پانی پلانا۔
— السَّیْفَ بالذَّھَب ونَحْوِہ: تلوار پر سونے وغیرہ کا ملمع کرنا۔
مَیَّہَ السَّیْفَ: تلوار کو دھوپ میں رکھ کر اس کی آب ختم کرنا۔
المِیْہَۃُ: کنویں کے پانی کی کثرت۔

بابُ النّون

• النُّونُ: حروف تہجی کا پچیسواں حرف، اس کے چند استعمالات ہیں:

١- نُونُ التَّوكِيدِ: یہ فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے، اور دو طرح کا ہوتا ہے۔ ثقیلہ (بالتشدید) خفیفہ (بلاتشدید)، جیسے قرآن پاک میں ہے: لَيُسْجَنَنَّ وَلَيَكُونًا مِّنَ الصَّاغِرِينَ۔ پہلے فعل میں ثقیلہ اور دوسرے میں خفیفہ ہے، وقف کرنے کی صورت میں نون خفیفہ الف سے بدل جاتا ہے جیسے لَيَكُونَنْ سے لَيَكُونَا اور نون ثقیلہ نون ساکنہ سے بدل جاتا ہے، جیسے لَيُسْجَنَنَّ سے لَيُسْجَنَنْ۔ نون تاکید کی مذکورہ دونوں قسموں سے فعل امر کی بھی تاکید کیجاتی ہے خواہ وہ فعل امر دعائیہ ہی ہو، جیسے فَأَنْزِلَنْ سَكِينَةً عَلَيْنَا۔ فعل ماضی کی ان دونوں سے تاکید نہیں کی جاتی، اسی طرح فعل مضارع بمعنی حال ہو تو ان دونوں سے اس کی تاکید نہیں کیجائے گی اگر بمعنی استقبال ہو تو طلب کے بعد تاکید زیادہ ترکیجاتی ہے، جیسے "وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا"، قسم کے بعد تاکید واجب ہو جاتی ہے جیسے اللہ تعالیٰ کا قول وَتَاللّٰهِ لَأَكِيدَنَّ أَصْنَامَكُمْ میں۔

(٢) نون اناث کی دو قسمیں ہیں، مفتوح غیر مشددہ ما قبل ساکن یہ جمع مؤنث کے صیغوں میں آتا ہے جیسے: ذَهَبْنَ و يَذْهَبْنَ، اور یہ ضمیر ہوتا ہے، یا مشدد مفتوح جو ضمائر کے ساتھ مل کر آتا ہے۔ جیسے: كِتَابُكُنَّ وَمِنْهُنَّ وَضَرَبَهُنَّ اور یہ حرف ہوتا ہے۔

٣- نُونُ الوِقَايَة: اسے نون العماد بھی کہاجاتا ہے اور یہ یار متکلم سے پہلے آتا ہے، جیسے سَمِعَنِي وَأَتَتْنِي۔

٤- النُّونُ الزَّائِدَة: یہ دو ہوتے ہیں، ایک فعل مضارع میں تثنیہ کی ضمیر کے ساتھ آتا ہے، جیسے يَضْرِبَانِ یا مخاطب کی ضمیر مؤنث کے ساتھ جیسے تَضْرِبِيْنَ یا جمع مذکر کے آخر میں جیسے يَضْرِبُونَ: تثنیہ میں مکسور اور باقی میں مفتوح ہوتا ہے، دوسرا اسم مثنی کے آخر میں کسرہ کے ساتھ آتا ہے جیسے: الزَّيدَانِ اور جمع مذکر میں فتحہ کے ساتھ آتا ہے جیسے: الزَّيدُونَ۔

نَا: ضمیر متکلم برائے تثنیہ وجمع مذکر و مؤنث دونوں کے لئے بحالت جری نصبی رفعی جیسے: رَبَّنَا إِنَّنَا سَمِعْنَا۔

ن ــــ أ

• نَأَتَ ـ نَأْتًا وَنَئِيتًا: کراہنا، درد و کرب میں تکلیف بھری آواز نکالنا۔
ــــ فُلَانًا: کسی کے ساتھ آہستہ دوڑنا (٢) حسد کرنا۔
النَّأَّاتُ: شیر۔
• نَأَثَ عنه ـ نَأْثًا: دور ہونا (٢) سست رفتار ہونا (٣) سعی کرنا۔
أَنْأَثَهُ: دور کرنا۔

• نَأَجَ البُومُ ـ نَأْجًا وَنَئِيجًا: الو کا بولنا۔
ــــ الرِّيحُ: ہوا کا آواز کے ساتھ تیز چلنا، سائیں سائیں کرنا۔
ــــ الإِنْسَانُ: دعا میں عاجزی اور انکساری کرنا، گڑگڑانا۔
ــــ فِي الأَرْضِ نُؤُوجًا: جانا، گھومنا۔
ــــ الخَبَرُ: خبر کا گشت کرنا۔
نَئِجَ ـ نَأْجًا: آہستہ آہستہ کھانا۔
النَّائِجَةُ: سخت آواز کے ساتھ تیز ہوا، ج: نَائِجَات۔
النَّؤُوجُ: آواز والی تیز ہوا۔
النَّأَّاجُ: بلند آواز والا (٢) تیز رو۔
النَّئِيجُ: آندھی کی آواز
• نَأَدَتِ الأَرْضُ ـ نَأْدًا: زمین میں سیلن ہونا، رساؤ ہونا۔
ــــ الدَّاهِيَةُ فُلَانًا: مصیبت کا کسی کو کچل ڈالنا، حالت خراب کردینا۔
النَّؤُودُ: مصیبت، آفت کبری۔
• نَأَرَتْ نَائِرَةٌ فِي النَّاسِ ـ نَأْرًا: لوگوں میں ہیجان ہونا۔
النَّؤُورُ: چربی کا دھواں۔
• النَّاسُوتُ: انسان کی صفت بشریت مقابل، اللَّاهُوت (الوہیت)
• نَأَشَ الشَّيْءَ ـ نَأْشًا: مضبوطی سے پکڑنا، گرفت میں لینا (٢) دور کرنا، پیچھے کرنا۔
ــــ الأَمْرَ: کسی کام کو مؤخر کرنا۔
انْتَأَشَ الشَّيْءُ: مؤخر ہونا، پیچھے رہ جانا (٢) دور جا پڑنا۔
ــــ بِمَالِهِ: مال لے کر سفر کرنا۔

اِنْتَأَشَ اللّٰهُ فُلَانًا: کسی کا دم نکالنا۔
تَنَاءَشَ: مؤخر ہونا، پیچھے رہنا، دور ہونا۔
— الشَّئَ: دور سے لینا۔
النَّؤُوشُ: مضبوط وطاقتور وغالب۔
• نَأَفَ ـَ نَأْفًا: محنت وکوشش کرنا۔
نَئِفَ الطَّعَامَ ـَ نَأْفًا ونَأَفًا: کھانے کا بہتر حصہ کھانا۔
— مِنَ الشَّرَابِ: پینے کی چیز سے آسودہ ہونا۔
• نَأَلَ ـَ نَأْلًا ونَأَلَانًا: سر ہلاتے اور اوپر اٹھاتے ہوئے چلنا (جیسے سر پر بوجھ لادنے والا چلتا ہے)۔
— فُلَانًا: حسد کرنا۔
• نَأَمَتِ القَوْسُ ـِ نَئِيمًا: کمان کا آواز نکالنا۔
— الرَّجُلُ: آہستہ رونا، سسکیاں لینا، کراہنا۔
النَّأْمَةُ: کمان کی آواز (۲) کوئی بھی ہلکی اور دھیمی آواز (۳) نغمہ۔
النَّئِيمُ: النَّأْمَةُ، اَسْكَتَ اللّٰهُ نَأْمَتَهُ: خدا اس کی آواز بند کرے (اسے موت دے)۔
• نَأْنَأَ فِي الرَّأْيِ نَأْنَأَةً: رائے میں کمزور ہونا، غیر مستقل مزاج ہونا۔
— عَنْهُ: قاصر وعاجز رہنا۔
— الصَّبِيَّ: بچہ کو اچھی غذا دینا۔
— فُلَانًا عَمَّا يُرِيدُ: ارادہ سے روکنا۔
تَنَأْنَأَ: کمزور اور ڈھیلا ہونا۔
— فِي الرَّأْيِ: رائے میں ناپختہ ہونا۔
النَّأْنَأُ: عاجز وبے بس، بزدل۔
النَّأْنَأَةُ: کمزوری اور بے بسی، حدیث ابوبکر رضی اللہ عنہ میں ہے ,,طُوبىٰ لِمَنْ مَاتَ فِي النَّأْنَأَةِ،، جو شخص ابتدائے اسلام میں فوت ہوگیا (جبکہ

وہ کمزوری کا زمانہ تھا) اس کے لئے بشارت ہے۔
• نَأَىٰ عَنْهُ ـَ نَأْيًا: دور ہونا ہونا۔
— بِجَانِبِهِ: منہ پھیرنا، تکبر کرنا۔
— النُّؤْيَ: خیمہ کے گرد نالی یا کھائی کھودنا یا بڑا نالا کھودنا۔
اَنْأَى الشَّئَ: دور کرنا۔
— الخِبَاءَ: چھولداری یا خیمہ کے گرد حفاظتی کھائی کھودنا۔
اِنْتَأَىٰ: دور ہونا۔
— نُؤْيًا: نالی یا کھائی بنانا۔
تَنَاءَوْا: ایک دوسرے سے دور ہونا۔
المُنْتَأَىٰ: دور دراز جگہ۔
النُّؤْيُ: خیمہ کے گرد پانی کی رو سے حفاظت کے لئے کھودی جانے والی نالی یا کھائی، چو بچہ۔ ج: نُئِيٌّ۔
النَّائِي: دور دراز۔
النَّايُ: بجانے کی بانسری، پائپ۔

ن ــــــ ب

• نَبَأَ الشَّئُ ـَ نَبْأً ونُبُوءًا: ظاہر ہونا۔
— مِنْ اَرْضٍ اِلىٰ اَرْضٍ اُخْرىٰ: ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔
— عَلَى القَوْمِ: سامنے آکر حملہ کرنا۔
— نَبْأً ونَبْأَةً: ہلکی آواز نکالنا
— الرَّجُلُ نَبْأً: خبر دینا۔
اَنْبَأَهُ الخَبَرَ وبِالخَبَرِ: خبر دینا، کوئی بات بتانا۔
نَابَأَهُ مُنَابَأَةً: ایک دوسرے کو خبر دینا۔
— القَوْمَ: کسی قبیلہ کا پڑوس چھوڑنا اور ان سے دور چلے جانا۔
نَبَّأَهُ الخَبَرَ وبِالخَبَرِ: خبر دینا،

خبر یا واقعہ تفصیل سے بتانا، خبردار کرنا۔
نَبَّأَ زَيْدًا عَمْرًا خَارِجًا: اس نے زید کو عمر کے باہر ہونے کی خبر دی (یہاں تین مفعول ہیں)۔
تَنَبَّأَ: نبوت کا دعویٰ کرنا۔
— بِالاَمْرِ: کسی بات کی پیشگی خبر دینا، پیشین گوئی کرنا۔
اِسْتَنْبَأَ الرَّجُلَ: کوئی خبر یا بات کسی سے معلوم کرنا۔
— النَّبَأَ: خبر یا واقعہ کی تحقیق کرنا، واقعہ کا پتہ چلانا، جستجو کرنا۔
النَّبَأُ: خبر۔ نَبَأ کا اطلاق اس خبر پر ہوتا ہے جو اہمیت وعظمت رکھنے کے ساتھ ساتھ ایسے ذرائع سے حاصل ہوئی ہو جن سے یقین حاصل ہو جائے یا کم از کم گمان غالب ہو جائے، ج: اَنْبَاءٌ۔
النَّبْأَةُ: درمیانہ درجہ کی آواز (۲) زمین میں اونچی جگہ، ابھار۔
النُّبُوءَةُ: خدا اور ذوی العقول (انسانوں) کے درمیان پیام رسانی کا منصب ہمزہ کو واؤ سے بدل کر دونوں واؤ کو مدغم کرکے نُبُوَّةٌ بھی کہا جاتا ہے (۲) پیشین گوئی، اندازہ سے قبل از وقت کسی بات کی اطلاع، ج: نُبُوءَاتٌ
النَّبِيءُ: اللہ تعالیٰ کی طرف سے خبر دینے والا، پیغمبر یعنی خدا تعالیٰ کا وہ مخصوص ومعصوم بندہ جو انسانوں کی ہدایت کے لئے مامور ہو اور خدا کے احکام ان تک پہنچائے، ہمزہ کو یا سے بدل کر ادغام کے ساتھ نَبِيٌّ بھی کہا جاتا ہے، ج: اَنْبِيَاءُ واَنْبَاءُ ونُبَآءُ (۲) اونچی اور محدب (بیچ میں سے اٹھی ہوئی) جگہ۔ (۳) واضح نشانات والا راستہ۔

المُتَنَبِّئُ : ایک مشہور عرب شاعر کا نام۔
• نَبَّ التَّيْسُ ـِـ نَبًّا ونَبِيْبًا : بکرے کا چیخنا، جوش میں آواز نکالنا۔
نَبَّبَ النَّبَاتُ : پودے کا پوری دار ہونا۔
تَنَبَّبَ المَاءُ وغَيْرُه : پائپوں اور نالیوں میں پانی وغیرہ بہنا۔
الأُنْبُوْبُ والأُنْبُوْبَةُ : پوری، بالنس یا گنے کی دو گرہوں کے درمیان کا حصہ (۲) نے۔ پائپ، نلکی، بالنس کی طرح ہر کھوکھلی چیز۔
أُنْبُوْبُ الحَوْضِ : حوض کی نالی، ج: أَنَابِيْبُ۔
أَنَابِيْبُ الرِّئَةِ : سانس کی نالیاں۔
مَدَّ الأَنَابِيْبَ فِي مَكَانِ كَذَا کسی جگہ پائپ لائن بچھانا۔
• نَبَتَ الزَّرْعُ ـُـ نَبَاتًا ونَبْتًا : کھیتی (بوئی ہوئی چیز) کا زمین سے باہر نکلنا، اگنا۔ نَبَتَتْ لَهُمْ نَابِتَةٌ : ان کے چھوٹے بچے پیدا ہوگئے۔
ـــ الأَرْضُ : زمین کا سبزہ زار ہونا، نباتات والی ہونا۔
ـــ ثَدْيُ الجَارِيَةِ نُبُوْتًا : لڑکی کے پستان کا ابھرنا۔
أَنْبَتَتِ الأَرْضُ : زمین کا گھاس پودے اگانا، سبزہ زار ہونا۔
ـــ البَقْلُ : سبزی کا بڑھنا۔
ـــ اللهُ البَقْلَ : اللہ کا زمین سے سبزیاں اگانا۔ البَقْلُ مَنْبُوْتٌ (خلاف قیاس)۔
ـــ اللهُ الصَّبِيَّ نَبَاتًا حَسَنًا : اللہ نے بچہ کو اچھا نشوونما بخشا، بہتر پرورش کی۔
نَبَّتَ الزَّرْعُ : پودے کا زمین سے اگتے ہی نظر آنا۔
ـــ الشَّجَرَ : پودے لگانا، شجرکاری کرنا۔

نَبَّتَ الحَبَّ : بیج بونا۔
ـــ الصَّبِيَّ : بچہ کی عمدہ پرورش کرنا۔
تَنَبَّتَ الشَّيْءُ : اگنا۔
المَنْبِتُ : (قیاسًا بفتح الباء ہونا چاہئے، یہ خلاف قیاس ہے) اگنے کی جگہ، جائے پیدائش (۲) اصل۔ إِنَّهُ لَفِي مَنْبِتِ صِدْقٍ، وہ صحیح النسب ہے، ج: مَنَابِتُ۔
النَّابِتُ : نئی اگی ہوئی سبزی (۲) ابھرواں (۳) افزائش پذیر۔
النَّابِتَةُ : نوخیز لڑکا اور نوخیز لڑکی جو بچپن کی عمر سے بڑھ گئے ہوں مگر ناتجربہ کار ہوں، نئی پود، نئی نسل، هٰذَا قَوْلُ النَّابِتَةِ : یہ بچوں کی یا ناتجربہ کار نوجوانوں کی بات ہے۔ إِنَّ بَنِي فُلَانٍ لَنَابِتَةُ خَيْرٍ أَوْ نَابِتَةُ شَرٍّ : فلاں کی اولاد اچھی پود ہے یا بری پود ہے (۲) اٹھان، پیدائش یا پرورش کا حال۔ مَا أَحْسَنَ نَابِتَةَ بَنِي فُلَانٍ ! فلاں کی پرورش یا تربیت بہت ہی خوب ہے، یا فلاں قبیلہ کے مال و اولاد کی نشوونما بہت خوب ہے، ج: نَوَابِتُ۔
النَّبَاتُ : زمین یا پانی میں پھیلنے والی جڑوں کے ذریعہ اپنی جگہ برقرار رہنے والی افزائش پذیر زندہ چیز، گھاس، پودا، سبزہ، درخت جو زمین سے اگیں، کھیتی، زمینی پیداوار، ج: نَبَاتَاتٌ۔ عِلْمُ النَّبَاتِ : وہ علم جس میں نباتات کی زندگی، ان کے تغیرات اور ان کی انواع کی تفصیلات سے بحث کیجائے۔
النَّبَاتِيُّ : علم نباتات کا اسکالر، (۲) نباتات سے متعلق، نباتاتی۔

رَجُلٌ نَبَاتِيٌّ : صرف نباتات کے سہارے جینے والا، سبزی خور۔
دُهْنٌ نَبَاتِيٌّ : نباتات کا تیل۔
النِّبْتُ : النَّبَاتُ۔
النِّبْتَةُ : پودا، ابتدائی اگی ہوئی کونپل (۲) نشوونما، اٹھان (۳) پیدائش (۴) نتیجہ۔ هٰذِهِ نِبْتَةُ عَمَلِهِ : یہ اس کا بویا ہوا بیج ہے۔
النُّبُّوْتُ : درخت سے نکلی ہوئی شاخ (۲) لاٹھی، چھڑی، ج: نَبَابِيْتُ۔
اليَنْبُوْتُ : خشخاش کا پودا، ج: يَنَابِيْتُ۔
• نَبَثَ عَنِ الأَمْرِ ـُـ نَبْثًا : کسی معاملہ کی چھان بین کرنا، تحقیق کرنا۔
ـــ عَنْ عُيُوْبِ النَّاسِ : لوگوں کے عیوب و نقائص کی تشہیر کرنا۔
ـــ الأَرْضَ والتُّرَابَ : زمین کھود کر مٹی نکالنا۔ التُّرَابُ مَنْبُوْثٌ ونَبِيْثٌ۔
انْتَبَثَ التُّرَابَ : کنویں وغیرہ سے مٹی نکالنا۔
تَنَابَثَ القَوْمُ : باہم ایک دوسرے کا بھید معلوم کرنے کی کوشش کرنا۔
الأُنْبُوْثَةُ : بچوں کا ایک کھیل مٹی میں کوئی چیز چھپا دی جاتی ہے جو اسے نکال لیتا ہے وہ بازی لیجاتا ہے۔
النَّبِيْثُ : مَا رَأَيْتُ بِالأَرْضِ نَبِيْثًا : میں نے زمین میں کھدائی کا کوئی نشان نہیں پایا، فُلَانٌ خَبِيْثٌ نَبِيْثٌ : فلاں شریر ہے۔
النَّبِيْثَةُ : کنویں اور دریا کی مٹی (۲) راز ج: نَبَائِثُ۔
• نَبَجَ ـُـ نَبْجًا : بلند ہونا، بڑھنا۔
نَبَجَ الجُرْحُ : زخم کا متورم ہونا۔
ـــ العَظْمُ : ہڈی پر ورم آنا۔
ـــ صَوْتُهُ ـِـ نَبِيْجًا : آواز سخت ہونا

رَجُلٌ نَابِجُ الصَّوْتِ: کرخت آواز والا آدمی۔
اَنْبَجَ: ٹیلہ پر بیٹھنا
النَّبَجَةُ: ٹیلہ، ج: نَبَاجٌ۔
المِنْبَجُ: خالی دھمکیاں دینے والا، وعدہ خلاف آدمی، جھوٹے وعدے کرنے والا۔
المَنْبَجُ: پانی پھوٹنے کی جگہ۔
النَّبَجَانُ: دھمکی، ج: نِبَاجٌ۔
• نَبَحَ الكَلْبُ ــَ نَبْحًا ونُبَيْحًا ونُبَاحًا: کتے کا بھونکنا۔
ـــ الكَلْبُ فُلَانًا وعَلَيْهِ: کتے کا کسی کو دیکھ کر یا اس کی طرف لپکتے ہوئے بھونکنا۔
اَنْبَحَ الكَلْبَ: کتے کو بھونکانا۔
اِسْتَنْبَحَ الكَلْبَ: بھونکانا۔
النُّبَاحُ: کتے کے بھونکنے کی آواز۔
النَّبَّاحُ: بہت بھونکنے والا، كَلْبٌ نَبَّاحٌ: بھاری آواز والا کتا (۲) سفید سیپی جو ہار میں نظر بد سے بچنے کے لئے ڈالی جاتی ہے۔
المُسْتَنْبِحُ: کتے کو بھونکانے والا، کنایۃً رات کو آنے والا جو کتے کے بھونکنے کا سبب بنتا ہے۔
• نَبَخَ العَجِينُ ــُ نُبُوخًا: گندھے ہوئے آٹے میں خمیر اٹھنا، ج: هونَبَّاخٌ۔
اَنْبَخَ العَجِينَ: آٹے میں خمیر اٹھانا۔
ـــ الاَرْضَ: نرم زمین میں کھیتی کرنا۔
النَّابِخَةُ: دور کی زمین (۲) تکبر سے بولنے والا۔
النَّبَّاخُ: خمیر اٹھا ہوا آٹا۔
النَّبْخَةُ: آبلہ، چھالا جو آگ کی تپش یا کام کی وجہ سے چہرہ پر پڑ جاتا ہے (۲) نکتہ (۳) ماچس، دیا سلائی (گندھک والی)
ج: نِبَاخٌ۔
• نَبَذَ ــِ نَبْذًا ونَبَذَانًا: پھڑکنا جیسے نَبَذَ عِرْقُهُ (۲) دھڑکنا جیسے نَبَذَ قَلْبُهُ۔
ـــ التَّمْرُ نَبْذًا: کھجور کی نبیذ (شراب) بن جانا۔
ـــ الشَّيْءَ: ڈالنا، پھینکنا، جیسے، نَبَذَ النَّوَاةَ ونَبَذَ الكِتَابَ
ـــ الاَمْرَ: کسی معاملہ کو نظر انداز کرنا، کوتاہی اور لاپرواہی کرنا۔
ـــ العَهْدَ: عہد توڑنا۔
ـــ التَّمْرَ ونَحْوَهُ: کھجور یا اس جیسی چیزوں کی شراب بنانا۔
نَابَذَهُ الحَرْبَ: کسی سے اعلان جنگ کرنا۔
ـــ فُلَانًا: کسی سے اختلاف یا بغض کی بنا پر ترک تعلق کرنا۔
نَبَّذَ التَّمْرَ اوالعِنَبَ ونَحْوَهَا: کھجور یا انگور وغیرہ کی شراب بنانا۔
اِنْتَبَذَ فُلَانٌ: گوشہ نشین ہونا۔
ـــ عَنِ القَوْمِ: اپنے آدمیوں سے الگ ہو جانا، کنارہ کش ہو جانا۔
ـــ التَّمْرَ ونَحْوَهُ: شراب بنانا۔
ـــ مَكَانًا اونَاحِيَةً: لوگوں سے کٹ کر ایک طرف ہو جانا۔
تَنَابَذَ القَوْمُ: دشمنی کی بنا پر ایک دوسرے سے اختلاف کرنا اور الگ ہو جانا۔
المِنْبَذَةُ: تکیہ، ج: المَنَابِذُ۔
المَنْبُوذُ: راستہ میں پڑا ہوا بچہ، اِلْتَقَطَ فُلَانٌ مَنْبُوذًا: فلاں نے ایک پڑا ہوا بچہ اٹھایا، (۲) المَنْبُوذُ الهِنْدِي: اچھوت۔
المَنْبُوذُونَ: اچھوت لوگ، ہندوستان میں ہندوؤں کا ایک نچلی ذات کا فرقہ جسے بڑی ذات کے ہندو یا عام ہندو معاشرہ حقارت کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور اسے مذہبی یا معاشرتی امور میں دور رکھتا ہے آزادی کے بعد قانونًا چھوت چھات اگرچہ ختم کر دی گئی ہے مگر ابھی اس طبقہ کو عام ہندو معاشرہ میں مساوی درجہ نہیں مل سکا ہے کوشش بہر حال کی جا رہی ہے۔
النَّبَّاذُ: نبیذ (کھجور و انگور وغیرہ کی شراب) بنانے والا یا بیچنے والا۔
النَّبْذُ: معمولی اور تھوڑی چیز، فِي رَأْسِهِ نَبْذٌ مِن شَيْبٍ، اس کے سر میں بڑھاپے کا کچھ اثر ہے، ج: اَنْبَاذٌ، اَنْبَاذُ النَّاسِ: نکمے اوباش لوگ۔
النَّبْذَةُ: گوشہ، کنارہ، جَلَسَ نَبْذَةً: ایک طرف بیٹھ گیا۔
النُّبْذَةُ، النَّبْذَةُ: کسی چیز کا ٹکڑا، حصہ، جیسے نُبْذَةٌ مِن كِتَابٍ اومِن رِوَايَةٍ اومِن قِصَّةٍ، ج: نَبْذَاتٌ۔
النَّبِيذُ: المَنْبُوذُ (۲) انگور یا کھجور وغیرہ سے بنائی ہوئی (جس کو کچھ روز رکھنے سے خمیر اٹھ جاتا ہے) نشہ آور شراب۔
ج: اَنْبِذَةٌ
• نَبَرَ الشَّيْءَ ــِ نَبْرًا: اوپر اٹھانا
ـــ فِي قِرَاءَتِهِ اوغِنَائِهِ: پڑھنے یا گانے میں آواز بلند کرنا، پڑھتے ہوئے آواز بلند کرنا، لَوٗن بنانا۔
ـــ الحَرْفَ: حرف کے اخیر میں ہمزہ لگانا، جیسے قَرَا کے بجائے قَرَأَ
ـــ القُرَادُ الدَّابَّةَ: چیچڑی کا جانور کو کاٹنا۔
ـــ فُلَانًا بِلِسَانِهِ: کسی کو زبان سے تکلیف پہنچانا، بے عزتی کرنا۔
ـــ الطَّعْنَةَ: داؤں لگا کر جلدی سے نیزہ مارنا۔

اِنْتَبَرَ الشَّیْئُ: بلند ہونا، بڑھنا۔
— الجُرْحُ: زخم پر ورم آنا۔
— الخَطِیْبُ: خطیب کا منبر پر چڑھنا۔
الاَنْبَارُ: گودام، اسٹور روم (۲) گیہوں کے ڈھیر، واحد، نِبْرٌ، ج: اَنَابِیْرُ۔
المِنْبَرُ: بلند جگہ، واعظ و خطیب کے لئے مسجد کا منبر (۲) اجتماع عام کا مقام، عام مباحثوں کا مقام، (۳) اسٹیج، (۴) پلیٹ فارم جہاں سے کوئی آواز بلند کی جائے، ج: مَنَابِرُ۔
مِنْبَرُ الاُمَمِ المُتَّحِدَةِ: اقوام متحدہ کا فورم (عام مباحثہ گاہ)۔
مِنْبَرُ الجَلْسَةِ: جلسہ کا اسٹیج۔
مِنْبَرٌ حُرٌّ: عام اجتماع گاہ، عوامی اسٹیج، عوامی پلیٹ فارم۔
مِنْبَرٌ لِحَرَكَةٍ وغَيْرِ: کسی تحریک وغیرہ کا پلیٹ فارم۔
المَنْبُوْرُ: ہمزہ والا، قَصِیْدَةٌ مَنْبُوْرَةٌ ہمزہ کے قافیہ والا قصیدہ۔
النَّبْرُ: لفظ کے تلفظ اور اظہار میں اتار چڑھاؤ (۲) نیزے کی اچانک (ضرب) (۳) بے شرم آدمی (۴) سخت اور متکبرانہ لفظ۔
النِّبْرُ: چیچڑی، ج: اَنْبَارٌ و نِبَارٌ۔
النَّبَّارُ: چیخنے چلانے والا (۲) فصیح اللسان آدمی۔
النَّبْرَةُ: ہر بلند چیز (۲) سوجن، ورم (۳) اوپر کے ہونٹ کا درمیانی گڑھا (۴) ہمزہ (۵) لفظ بولتے وقت کسی حرف پر آواز کی بلندی، ٹون، لہجہ، طرز نطق ج: نَبَرَاتٌ۔
النَّبُّوْرُ: سرین۔
النَّبِیْرُ: پنیر۔
◆ النِّبْرَاسُ: قندیل، لالٹین، چراغ، لمپ (۲) چوڑی انی (۳) دلیر آدمی (۴) شیر، ج: نَبَارِیْسُ۔

◆ نَبَزَهُ ـُ نَبْزًا: عیب لگانا۔
— بِكَذَا: کسی کو کوئی لقب دینا۔
نَبَّزَهُ: کسی کو بہت عیب لگانا۔
تَنَابَزُوْا بالالقاب: ایک دوسرے کو برے القاب یا برے ناموں سے پکارنا (مثلاً لنگڑا، اپاہج یا بیوقوف کہہ کر چڑانا) ایک دوسرے کو چڑانا۔
النَّبَزُ: برا لقب، شرم دلانے والا نام چڑ ج: اَنْبَازٌ۔
النُّبَزَةُ: لوگوں کو بہت برے نام اور برے لقب دینے والا، بہت چڑانے والا، رَجُلٌ نُبَزَةٌ وامْرَأَةٌ نُبَزَةٌ۔
النُّبْزَةُ: چڑایا جانے والا، جسے تذلیل کے لئے برے لقب دیئے جائیں۔
النَّبِزُ: کمینہ، بداخلاق۔
◆ نَبَسَ ـِ نَبْسًا ونُبْسَةً: ہونٹوں سے کوئی بات نکالنا، بولنا، ہونٹ ہلنا، زیادہ تر اس کا استعمال نفی میں ہوتا ہے، کہتے ہیں، مَا نَبَسَ بِكَلِمَةٍ ومَا نَبَسَ بِبِنْتِ شَفَةٍ: اس نے زبان سے ایک لفظ نہ نکالا، هُوَ نَابِسٌ، ج: نُبُسٌ۔
اَنْبَسَ: ذلیل ہو کر خاموش ہو جانا۔
نَبَّسَ: نَبَسَ۔
اَنْبَسُ الوَجْهِ: تیوری چڑھا کر بولنے والا، ج: نُبْسٌ۔
◆ نَبَثَهُ ـُ نَبْثًا: کچھ نکالنے کے لئے کوئی چیز کریدنا یا کھودنا جیسے نَبَثَ الاَرْضَ والمَقْبَرَ والبِئْرَ: زمین یا قبر یا کنواں کھودنا تاکہ اس سے دفینہ یا مردہ یا پانی نکالا جائے۔
— المَسْتُوْرَ وعَنْهُ: پوشیدہ چیز ظاہر کرنا۔
نَبَثَ الاَسْرَارَ وعن الاَسْرَارِ: بھید ظاہر کرنا۔
— الحَدِیْثَ وعن الحَدِیْثِ: حدیث کی تحقیق کرنا، تخریج کرنا۔
— الجُثَّةَ مِنَ المَقْبَرِ: قبر کھول کر لاش نکالنا۔
اِنْتَبَثَ الشَّیْئَ: کسی چیز کو اس کے چھپے ہوئے ہونے کی جگہ یا مدفن سے نکالنا۔
الاُنْبُوْثُ: کھودی ہوئی جگہ یا کھود کر نکالی ہوئی چیز (۲) اکھاڑا ہوا پودا ج: اَنَابِیْثُ، اَنَابِیْثُ الكَلَاءِ زمین پر ادھر ادھر لگی ہوئی گھاس، اَنَابِیْثُ العَنْصَلِ: جنگلی پیاز کی جڑیں۔
النَّبَّاثُ: کفن چور، کفن کھسوٹ جو قبریں کھود کر مردوں کے کفن چرانے کا کام کرتا ہے۔
النِّبَاثَةُ: کفن چوری۔
النَّبِیْثَةُ: کنویں سے نکالی ہوئی مٹی
◆ نَبَصَ الغُلَامُ بالطَّائِرِ والكَلْبِ ونحوهما ـِ نَبْصًا: پرندے یا کتے وغیرہ کو بلانے کے لئے سیٹی بجانا۔
— بالكَلِمَةِ: اظہار یا ادعائے مہارت کے ساتھ لفظ زبان سے نکالنا۔
النَّبْصُ: کونپل
◆ نَبَضَ الشَّیْئُ ـِ نَبْضًا ونَبَضَانًا: کسی چیز کا اپنی جگہ ہلنا، حرکت کرنا
— القَلْبُ: دل دھڑکنا۔
— العِرْقُ: رگ پھڑکنا۔
— البَرْقُ: بجلی کا ہلکے سے چمکنا۔
— المَاءُ ونَحْوُهُ: پانی کا اوپر اٹھ کر بہنا۔
نَبَضَتْ اَمْعَاؤُهُ: آنتوں میں

حرکت دے بے چین ہونا۔
اَنْبَضَهُ: ہلانا، متحرک کرنا، اَنْبَضَ الْقَوْسَ وَالْوَتَرَ: کمان یا تانت کو ہلانا، بجانا، اَنْبَضَتْهُ الْحُمّٰى: بخار کا کسی کو کپکپانا، جھنجھوڑنا۔
نَبَّضَهُ: اَنْبَضَهُ۔
الْمَنْبِضُ: پلس کی جگہ، نبض کی جگہ، جَسَّ الطَّبِيْبُ مَنْبِضَهُ: ڈاکٹر یا حکیم نے اس کی نبض دیکھی ج: مَنَابِض۔
الْمِنْبَضُ: روئی دھنکنے کا آلہ۔
النَّابِضُ: تیر انداز (۲) بٹھا (۳) متحرک الْقَلْبُ النَّابِضُ: دھڑکتا ہوا دل (غصہ) نَبَضَ نَابِضُهُ: اس کا غصہ بھڑک اٹھا۔
النَّبْضُ: دل کے سکڑنے سے شرائین کی وہ دھڑکنیں جن سے معالج جسم کی صحت وعدم صحت کا حال معلوم کرتا ہے۔ جَسَّ الطَّبِيْبُ نَبْضَهُ: معالج نے اس کی نبض دیکھی، فُلَانٌ نَبْضُ الْفُؤَادِ: فلاں بہت ہوشیار و ہوش مند ہے۔
النَّبْضَةُ: ایک دفعہ کی حرکت، دھڑکن، پھڑپھڑاہٹ، ج: نَبَضَات۔
• نَبَطَ الشَّيْءُ ـِ نَبْطًا وَنُبُوْطًا: پوشیدگی کے بعد ظاہر ہونا، حَفَرَ الْاَرْضَ حَتّٰى نَبَطَ الْمَاءُ: زمین اتنی کھودی کہ پانی نکل آیا جَدَّ فِي التَّنْقِيْبِ حَتّٰى نَبَطَ الْمَعْدِنُ: زمین کو گہرائی تک کھودا حتی کہ کان نکل آئی۔
ـــ الشَّيْءَ نَبْطًا: ظاہر کرنا، جیسے نَبَطَ الْعِلْمَ وَالْحِكْمَةَ: علم وحکمت کے چشمے جاری کر دیئے، لوگوں میں ان کو پھیلا دیا۔
اَنْبَطَ الْحَافِرُ: کھدائی کرنے والے کا مطلوبہ مدفون شے تک پہنچ جانا، کھدائی کے مقصد میں کامیاب ہو جانا۔
ـــ الشَّيْءَ: ظاہر کرنا۔
ـــ جَوَابَ السُّؤَالِ وَحُكْمَ الْقَضِيَّةِ: مقدمہ کا فیصلہ یا سوال کے جواب کا غور وفکر سے استنباط کرنا۔
نَبَّطَهُ: کنویں کو کھود کر پانی تک پہنچنا (۲) اچھی طرح واضح کرنا۔
تَنَبَّطَ: نبطی بننا، نبطی قوم کے مشابہ ہونا۔
ـــ الشَّيْءَ: ظاہر کرنا۔
اِنْتَبَطَ الْكَلَامَ: کسی بات کا استنباط کرنا، مخصوص غور وفکر سے کوئی بات سامنے لانا۔
اِسْتَنْبَطَ فُلَانٌ: استنباط واستخراج کرنا، کسی بات پر غور وفکر کرکے علت مشترکہ کی بنا پر کوئی نئی بات دریافت کرنا یا کسی مسئلہ سے نیا جزئیہ نکالنا۔
ـــ الْفَقِيْهُ: فقیہ کا کوئی حکم کسی مسئلہ سے مستنبط کرنا۔
ـــ الْجَوَابَ: سوال کے پہلوؤں پر غور کرکے جواب پیدا کرلینا۔
ـــ مِنْ فُلَانٍ خَبَرًا: کسی سے بترکیب وتدبیر کوئی بات دریافت کرلینا۔
ـــ الشَّيْءَ: جسمانی کوشش یا دماغی کاوش سے کوئی چیز برآمد کرنا۔
الْاَنْبَاطُ: سامی قوم جو جزیرہ نما عرب کے شمال میں آباد تھی اور جن کا دار الحکومت سَلْع نامی شہر تھا جسے اب بَتْرَاء کہا جاتا ہے۔
ـــ: کھیتی باڑی کرنے والے لوگ یہ لفظ بعد میں غیر عرب مخلوط لوگوں کے لئے بولا جانے لگا۔
الْاَنْبَطُ: وہ گھوڑا جس کے پیٹ اور بغل کے نیچے سفیدی ہو، ج: نُبْطٌ
النَّابِطُ: کنویں سے نکلنے والا پانی، نمایاں اور ظاہر، چشمہ سے پھوٹ کر بہنے والا پانی۔
النَّبَطُ: قوم انباط (۲) کنواں کھودتے وقت پہلی بار نکلنے والا پانی (۳) آدمی کی اندرونی حالت، پوشیدہ افکار وخیالات کہتے ہیں، كَيْفَ نَبَطُ بِئْرِكُمْ: تمہارے کنویں کا پانی کیسا نکلا ہے؟ ج: نُبُوط فُلَانٌ لَا يُدْرَكُ نَبَطُهُ: فلاں آدمی اتنا بڑا عالم ہے کہ اس کے علم کی تہ کا پتہ نہیں چلایا جا سکتا فلاں اتنا گہرا ہے کہ اس کے خیالات کو معلوم ہی نہیں کیا جا سکتا۔ فُلَانٌ قَرِيْبُ الثَّرٰى بَعِيْدُ النَّبَطِ: فلاں وعدے تو کرتا ہے مگر وفا نہیں کرتا۔
النُّبْطَةُ: کنویں سے نکلنے والا پہلا پانی۔
• نَبَعَ الْمَاءُ وَنَحْوُهُ مِنَ الْاَرْضِ ـُ نَبْعًا وَنُبُوْعًا: زمین سے پانی نکلنا، چشمہ پھوٹنا۔
ـــ الْعَرَقُ مِنَ الْبَدَنِ: بدن سے پسینہ نکلنا، ٹپکنا۔
ـــ النَّهْرُ: نہر جاری ہونا۔
اَنْبَعَ الْمَاءَ وَنَحْوَهُ: پانی وغیرہ نکالنا پانی کا چشمہ جاری کرنا۔
تَنَبَّعَ الْمَاءُ وَنَحْوُهُ: تھوڑا تھوڑا پانی وغیرہ نکلنا۔
الْمَنْبَعُ: پانی کا چشمہ، کسی چیز کے نکلنے کی جگہ، منبع ومخرج سرچشمہ، ج: مَنَابِع۔
مَنَابِعُ النِّفْطِ: پٹرول کے چشمے۔
النَّابِعُ مِنْ كَذَا: کسی جگہ سے نکلنے اور جاری ہونے والا۔
هٰذَا نَابِعٌ مِنْ كَذَا: اس کی اصل وہ ہے، اس کا تعلق اس سے ہے۔
النَّابِعَةُ: بدن سے پسینہ نکلنے کا سوراخ

ج: نَوَابِغُ. نَضَحَتِ النَّوَابِغُ بِالْعَرَقِ: بدن کے سوراخوں (مسامات) سے پسینہ نکلا.

النَّبْعُ: چشمہ (۲) پہاڑ کی چوٹی پر اگنے والا ایک درخت جس کی لکڑی کے تیر اور کمانیں بنائی جاتی ہیں، فُلَانٌ صَلِيبُ النَّبْعِ: فلاں سخت مزاج یا مستقل مزاج ہے، هومن نَبْعَةٍ كَرِيمَةٍ: وہ شریف اور عالی نسب ہے.

النَّبْعَةُ: اصل (۲) درخت جس سے کمان بنائی جاتی ہے.

النَّبْعِيَّةُ: درخت نبع کی بنی ہوئی کمان.

النَّبِيعُ: النَّابِعُ (۲) پسینہ.

الْيَنْبُوعُ: پانی کا چشمہ، ج: يَنَابِيعُ. فَجَّرَ اللهُ يَنَابِيعَ الْحِكْمَةِ عَلَى لِسَانِهِ: اللہ نے فلاں کی زبان سے حکمت کے چشمے جاری کر دیئے.

• نَبَغَ الْمَرْءُ فِي الْعِلْمِ وَكُلِّ فَنٍّ ـُـ نَبْغًا وَنُبُوغًا: علم وفن میں ماہر وباکمال ہونا.

ــــ الشَّيْءُ مِنَ الشَّيْءِ: ایک چیز کا دوسری چیز سے ظاہر ہونا، نَبَغَ مِنْهُ أَمْرٌ مَا كُنَّا نَتَوَقَّعُهُ: اس سے ایسے امر کا ظہور ہوا جس کی ہمیں توقع نہیں تھی.

ــــ الشَّيْءُ بِمَا فِيهِ: کسی چیز میں سے کوئی چیز چھن کر نکلنا، جیسے نَبَغَ الْوِعَاءُ بِالدَّقِيقِ: برتن سے آٹا چھن کر نکلنا.

ــــ رَأْسُهُ: سر میں بھوسی ہونا.

ــــ الرَّجُلُ: عمدہ شعر کہنا.

نَبَّغَ النَّخْلَ: نر درخت خرما کی مادہ درخت پر گرد اڑا کر تلقیح کرنا.

النَّابِغُ والنَّابِغَةُ: کسی علم وفن میں ماہر وفائق تر، باکمال (۲) شاندار، (۳) عالی مرتبہ، پرشوکت، كَلِمَةٌ نَابِغَةٌ: فصیح لفظ، لَيْلَةٌ نَابِغِيَّةٌ: بے خوابی اور پریشانی کی رات، یہ نابغہ شاعر کی طرف منسوب ہے، اس شاعر پر جب نعمان غصہ ہوا تو اس نے اس رنج وپریشانی کے بارے میں شعر کہا اس لئے اس کی طرف انتساب سے صفت غم حاصل کی گئی، ج: نَوَابِغُ.

النَّوَابِغُ: عرب کے آٹھ مشہور شاعروں کا لقب، نسبت کے لئے نابغی کہا جاتا ہے.

النُّبَاغُ: آٹے یا راستہ کی گرد، نُبَاغُ الدَّقِيقِ وَنُبَاغُ الطَّرِيقِ.

النُّبَاغُ والنُّبَاغَةُ: سر کی بھوسی.

النَّبَّاغَةُ: غبار والا راستہ (۲) بدعتی آدمی.

النُّبُوغُ: کمال مہارت، فوقیت، فصاحت.

النَّبْغُ: النُّبَاغُ.

النَّبِيغُ: النَّابِغُ، ج: نُبَغَاءُ.

• نَبَقَ ـُـ نَبْقًا: لکھنا.

ــــ الشَّيْءُ: ظاہر ہونا، نکلنا.

ــــ الْكِتَابَ ونحوه: کتاب وغیرہ پر ترتیب سے لکیریں کھینچنا.

ــــ الشَّجَرَ: درخت ترتیب وار لگانا.

ــــ النَّخْلُ: کھجوروں کا خراب اور بیروں کی طرح چھوٹا ہونا.

أَنْبَقَ ونَبَّقَ: نَبَقَ (۲) وادی میں ترتیب وار پودے لگانا.

انْتَبَقَ الْكَلَامَ: بات نکلوانا.

الْأُنْبُوقُ: بھپکا، ج: أَنَابِيقُ.

الْمُنَبَّقُ: قطار میں لگے ہوئے درخت

• النَّبْقُ: بیر، بیر کا درخت (سدر) واحد: نَبْقَةٌ (۲) کھجور کی جڑ کے گودے کا میٹھا آٹا جسے ملا کر نبیذ بنائی جاتی ہے.

النُّبَيْقَةُ: انگور کے خوشے کے نکلنے کی جگہ پر بڑھی ہوئی گرہ (۲) گٹھلی دار پھل.

• نَبَكَ الْمَكَانُ ـُـ نُبُوكًا: جگہ کا بلند ہونا، هو نَابِكٌ وهي نَابِكَةٌ

أَنْبَكَ الْمَكَانُ: نَبَكَ.

ــــ الْقَوْمُ: لوگوں کا دلوں میں شر لئے ہوئے ہونا یا اس کا عادی ہونا.

النَّبَكَةُ: نشیب وفراز والی جگہ، (۲) نوک دار مٹی کا ٹیلہ، ج: نَبَكٌ ونِبَاكٌ.

• نَبَلَ النَّبْلَ ـُـ نَبْلًا: عمدہ تیر تیار کرنا.

ــــ الْأَمْرَ: اچھی طرح واقف ہونا، أَتَاهُ أَمْرٌ لَمْ يَنْبُلْ نَبْلَهُ: اسے ایسا معاملہ پیش آیا جس کے لئے وہ تیاری نہیں کر سکا تھا.

ــــ الرَّسْمَ او التَّمْثِيلَ: نقشہ کشی یا نقل کردار (ایکٹنگ) بہتر طور پر کرنا.

ــــ الْهَدَفَ: نشانہ پر تیر مارنا.

ــــ عَلَى فَرِيقِهِ فِي الْقِتَالِ او الْمُبَارَاةِ: لڑائی یا مقابلہ میں اپنی ٹیم کو تیار کئے ہوئے عمدہ تیر دینا.

ــــ أَقْرَانَهُ: اپنے جوڑی داروں پر تیر اندازی یا شرافت میں برتر ہو کر غالب ہو جانا. نَابَلُوهُ فَنَبَلَهُمْ: انہوں نے اس سے تیر اندازی یا شرافت میں مقابلہ کیا تو وہ ان پر غالب آگیا.

نَبُلَ ـُـ نُبْلًا ونَبَالَةً: بڑا ہونا، شاندار ہونا، بلند رتبہ ہونا، عالی ظرف ہونا، أَجَادَ غِذَاءَهَا حَتَّى نَبُلَ جِسْمُهَا: اس نے اسے اچھی غذا دی تو اس کا بدن شاندار ہو گیا، أَحْسَنَ تَرْبِيَتَهُ فَنَبُلَتْ أَخْلَاقُهُ: اس نے اس کی عمدہ تربیت کی اس لئے اس کے اخلاق بلند ہو گئے.

نَبُلَ فُلَانٌ: کسی کا شریف اور عالی نسب ہونا۔ هُوَ نَبِيلٌ وَهِيَ نَبِيلَةٌ۔
رَجُلٌ نَبِيلُ الرَّأْيِ: صائب الرائے آدمی، اِمْرَأَةٌ نَبِيلَةُ الْحُسْنِ: بہت حسین عورت، مذکر کی جمع نُبَلَاءُ، مؤنث کی جمع نَبِيلَاتٌ وَنَبَائِلُ۔
النُّبَلَاءُ: شرفاء، معززین۔
أَنْبَلَ فُلَانٌ: کسی کا شریف لڑکے والا ہونا۔
— فُلَانًا: کسی کو تیر دینا۔
— السِّهَامَ: تیروں کو موٹا کرنا۔
نَابَلَهُ: کسی سے تیر اندازی یا شرافت میں مقابلہ کرنا۔
نَبَّلَهُ: کسی کو پھینکنے کے لئے تیر دینا۔
— القَوْسَ: کمان میں تیر لگانا۔
تَنَابَلَ القَوْمُ: تیر سازی یا شرافت میں باہم مقابلہ کرنا۔
تَنَبَّلَ فُلَانٌ: بڑا اور پرشوکت ہونا، شریفوں یا بڑے لوگوں جیسا ہونا (۲) تیر ساتھ رکھنا۔
— الشَّيْءَ: کسی چیز کا بہتر حصہ لینا، اصَابَتْهُ خُطُوبٌ تَنَبَّلَتْ مَا عِنْدَهُ: اس پر اتنی مصیبتیں آئیں کہ انہوں نے اس کے پاس کچھ نہ چھوڑا۔
اِنْتَبَلَ النَّبْلَ: تیر تیار کرنا۔
— لِلْأَمْرِ نَبْلَهُ: کسی کام کے لئے تیار ہونا، ضروری وسائل سے لیس ہونا، چوکس ہونا۔
اِسْتَنْبَلَهُ: کسی سے تیر مانگنا۔
— الشَّيْءَ: کسی چیز کا عمدہ حصہ لینا
النَّابِلُ: ماہر ہتھیار ساز (۲) تیر انداز (۳) تیروں کا مالک، ج: نُبَّلٌ، کہاوت ہے: اخْتَلَطَ الْحَابِلُ بِالنَّابِلِ: یعنی جال والے شکاری اور تیر انداز اس طرح مل گئے کہ دونوں میں تمیز کرنا ممکن نہ رہا، کسی افراتفری یا ہلچل واضطراب کے موقع پر بطور مثل کہا جاتا ہے۔
النَّبَالَةُ: شرافت ونجابت، ذہانت عظمت ووقار، بلندی اخلاق۔
النِّبَالَةُ: تیر سازی کی صنعت۔
النَّبَّالُ: تیر ساز۔
النَّبْلُ: تیر، ج: أَنْبَالٌ وَنِبَالٌ۔
نَبْلُ الدَّهْرِ: حوادث زمانہ، اَصَابَهُ نَبْلُ الدَّهْرِ: اس پر آفتیں آئیں۔
النُّبْلَةُ: چھوٹے پتھر یا چھوٹی چیزیں، ج: نُبَلٌ۔
النَّبِيلُ: شریف ومعزز، ج: نُبَلَاءُ: نُبَلَاءُ الْمَدِينَةِ: معززین شہر۔

● نَبُهَ ــُـ نَبَاهَةً: معزز ہونا، مشہور ہونا۔ هُوَ نَابِهٌ وَنَبِيهٌ۔
نَبِهَ لِلْأَمْرِ نَبَهًا: کسی کام کو خوب جاننا، سمجھنا۔ هو نَبِهٌ۔
— مِنْ نَوْمِهِ: بیدار ہونا۔
نَبُهَ ــُـ نَبَاهَةً: معزز وشریف ہونا، نیک نام ہونا۔ هُوَ نَبِيهٌ وَنَابِهٌ۔
أَنْبَهَهُ مِنَ النَّوْمِ: بیدار کرنا۔
نَبَّهَ بِاسْمِهِ: کسی کو نیک نامی میں شہرت دینا۔
— فُلَانًا: کسی کو شہرت دینا۔
— مِنْ نَوْمِهِ: بیدار کرنا۔
— مِنْ غَفْلَتِهِ: چوکنا کرنا۔
— عَلَى الشَّيْءِ وَلِلشَّيْءِ: کسی چیز سے آگاہ کرنا، متنبہ کرنا، چوکس کرنا۔
اِنْتَبَهَ لِلْأَمْرِ: اچھی طرح سمجھنا، واقف وآگاہ ہونا، متوجہ ہونا۔
انتبه مِنَ النَّوْمِ: بیدار ہونا۔
تَنَبَّهَ لِلْأَمْرِ: آگاہ اور متنبہ ہونا، واقف اور ہوشیار ہونا (۲) تیار وآمادہ ہونا۔
— مِنْ نَوْمِهِ: بیدار ہونا۔
— عَلَى الشَّيْءِ: واقف وباخبر ہونا۔
اسْتَنْبَهَ: شریف ہونا، دانشمند ہونا، (۲) بیدار ہونا۔
الاِنْتِبَاهُ: بیداری، توجہ، احتیاط وہوشیاری نوٹس، باخبری۔
التَّنْبِيهُ: نوٹس، اطلاع، آگاہی، یاددہانی۔
الْمُنَبِّهُ: محرک، آگاہ کنندہ (۲) الارم (۳) الارم گھڑی۔
السَّاعَةُ الْمُنَبِّهَةُ: الارم گھڑی۔
الْمَنْبَهَةُ: ذریعہ تنبیہ، ذریعۂ فہم، ذریعۂ یاددہانی، اشارہ، علامت، نشانی،
الْكُنَى مَنْبَهَةٌ عَلَى الرِّجَالِ: کنیتیں لوگوں کی شناخت کا ذریعہ ہیں، متنبہ ہونا، نوٹس لینا۔ هَذِهِ الْعَلَامَةُ مَنْبَهَةٌ عَلَى كَذَا: یہ علامت فلاں چیز کی شناخت کا ذریعہ ہے، الْمَالُ مَنْبَهَةٌ لِلْكَرِيمِ: مال کریم وسخی کی پہچان ہے۔
الْمَنْبُوهُ: رَجُلٌ مَنْبُوهُ الاِسْمِ: شہرت یافتہ آدمی۔
الْمُنْتَبِهُ: چوکنا، بیدار، چوکس۔
النَّابِهُ: شریف ومعزز (۲) مشہور، (ضد خامل: گمنام) (۳) نیک نام (۴) سمجھدار، دانشمند، ج: نُبَهَاءُ
أَمْرٌ نَابِهٌ: اہم معاملہ۔
النُّبَاهُ: بلند، اوپر کو نکلا ہوا۔
أَبُو نَبْهَانَ: لومڑی۔
النَّبَاهَةُ: عزت وشرافت (۲) شہرت،

نیک نامی (۳) سمجھ و دانائی، ذہانت و ذکاوت۔

النَّبِیْهُ: النّابه، ج: نُبَہَاءُ۔
نُبَہَاءُ المَدِیْنَةِ: معزّزین شہر

النَّبَهُ: بلا طلب و تلاش ملنے والی چیز۔
اَمْرٌ نَبَهٌ: اچانک پیش آنے والا معاملہ، اہم معاملہ (۲) مشہور، ج: اَنْبَاهٌ۔
اَنْبَاهُ النُّحَاةِ: مشہور نحوی

النُّبْهُ: زیرکی، سمجھ، دانائی (۲) بیداری

• نَبَا الشَّیْئُ ـُـ نُبُوًّا و نُبِیًّا و نَبْوَةً: کسی چیز کا اپنی جگہ فٹ نہ ہونا، موزوں نہ ہونا، نہ ٹھہرنا یا نہ جمنا۔
کَلِمَةٌ نَابِیَةٌ: نامانوس لفظ یا ناموزوں لفظ۔
ــــ الصُّوْرَةُ: شکل کا نگاہ کو نہ بھانا۔
ــــ البَصَرُ عَنِ الشَّیْئِ: کسی چیز سے نفرت کی بنا پر نگاہ کا پھر جانا۔
ــــ السَّیْفُ عَنِ الضَّرِیْبَةِ نَبْوًا و نَبْوَةً: تلوار کا نشانہ پر نہ لگنا، نشانہ سے اچٹ جانا، کہتے ہیں، لِکُلِّ سَیْفٍ نَبْوَةٌ: ہر تلوار کبھی نہ کبھی نشانہ خطا کرجاتی ہے۔
ــــ السَّهْمُ عَنِ الغَرَضِ: تیر کا نشانہ خطا کر جانا، نشانہ پر نہ لگنا۔
ــــ جَنْبُهُ عَنِ الفِرَاشِ: بستر پر چین نہ آنا، پہلو کا بستر پر قرار نہ پانا۔
ــــ الطَّبْعُ عَنِ الشَّیْئِ: نفرت کرنا۔
ــــ بِیْ فُلَانٌ: ظلم کرنا۔
ــــ بِهِ المَکَانُ: کسی کو کوئی جگہ راس نہ آنا
ــــ عَلَیْهِ الاَمْرُ: کوئی بات کسی کے موافق مزاج نہ ہونا۔

اَنْبَی الشَّیْئَ: ناموزوں یا قابل نفرت بنانا (۲) غیر مؤثر بنانا، کند کرنا۔

تَنَبَّی: نبوت کا دعویٰ کرنا۔

النَّابِی: اچٹنے والا، ناموزوں، ناقابلِ قبول، بے محل، ناآہنگ۔

النَّابِیَةُ: کس کر باندھی ہوئی کمان۔

النَّبْوَةُ: خطا، ناکامی، بے اثری، کوتاہی (۲) نفرت (۳) درشتی، سختی (۴) دوری، بے رخی، کشیدگی، بَیْنَهُمَا نَبْوَةٌ: ان دونوں میں بعد و کشیدگی ہے هُوَ یَشْکُو نَبْوَةَ الدَّهْرِ: اسے زمانہ کی سختی و بے رخی کی شکایت ہے، ج: نَبَوَات۔

النُّبُوَّةُ: پیغمبری، دیکھئے (نبأ)

النَّبِیُّ: پیغمبر، دیکھئے (نبأ)

ن ـــــ ت

• نَتَأَ الشَّیْئُ ـَـ نَتْأً و نُتُوْءًا: (اپنی جگہ رہتے ہوئے) ابھرنا، اوپر اٹھنا جیسے نَتَأَتِ الصَّخْرَةُ فِی الجَبَلِ: پہاڑ میں چٹان اوپر اٹھی۔
ــــ القَرْحَةُ: زخم کا سوجنا۔
ــــ الثَّدْیُ: پستان ابھرنا۔
ــــ الجَارِیَةُ: لڑکی کا بالغ ہونا۔
ــــ عَلٰی نَفْسِهِ: خودستائی کرنا۔
ــــ عَلَی القَوْمِ: لوگوں پر جاچڑھنا۔

النَّاتِئُ: نمایاں، ابھرا ہوا، متورم۔

النُّتُوْءُ: ابھار، نمایاں پن (۲) ابھری ہوئی اور نمایاں چیز، بلند جگہ، جَلَسْنَا عَلٰی نُتُوْءٍ فِی الجَبَلِ: ہم پہاڑ میں ایک اونچی جگہ پر بیٹھے۔

• نَتَّتِ القِدْرُ و نَحْوُهَا ــ نَتًّا و نَتِیْتًا: ہنڈیا کا جوش مارنا، ابال آنا۔
ــــ الرَّجُلُ مِنَ الغَیْظِ: غصہ سے دیوانہ ہونا، بپھرنا۔
ــــ مِنَ المَرَضِ: بیماری کی وجہ سے کراہنا، آہ و کراہ کرنا۔

النُّتَّةُ: چٹان میں چھوٹا گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جاتا ہو۔

• نَتَجَ النَّاقَةَ ـِـ نَتْجًا و نِتَاجًا: اونٹنی کا بچہ جنوانا (یعنی بچہ جننے کے وقت اس کی دیکھ بھال کرنا) هُوَ نَاتِجٌ وَالنَّاقَةُ مَنْتُوْجَةٌ وَالوَلَدُ نِتَاجٌ و نَتِیْجَةٌ۔
ــــ الشَّیْئَ: نتیجہ خیز بنانا، نتیجہ نکلنے تک اسے کرتے رہنا، تیار کرنا۔
ــــ عَنِ الشَّیْئِ کَذَا: کسی چیز کا کوئی نتیجہ برآمد ہونا۔

اَنْتَجَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کے بچہ جننے کا وقت آجانا (۲) بچہ جننا، کہاوت ہے، اِنَّ العَجْزَ وَالتَّوَانِیَ تَزَاوَجَا فَاَنْتَجَا الفَقْرَ: لاچاری اور لاپرواہی دونوں نے مل کر غربت کو جنم دیا۔
ــــ الشَّیْئُ: کسی چیز کا نتیجہ برآمد ہونا، نتیجہ خیز ہونا۔
ــــ فُلَانٌ الشَّیْئَ: نتیجہ خیز بنانا، نتیجہ برآمد کرنا، تیار کرنا، پیدا کرنا۔

تَنَاتَجَتِ المَاشِیَةُ و نَحْوُهَا: مویشی وغیرہ کا بچے جننا۔

اِسْتَنْتَجَ الشَّیْئَ: کسی چیز کا نتیجہ نکالنا یا نکالنے کی کوشش کرنا (۲) استنباط کرنا، کوئی نتیجہ اخذ کرنا جیسے اِسْتَنْتَجَ الحُکْمَ مِنْ اَدِلَّتِهِ: مخصوص دلائل سے کوئی حکم مستنبط کرنا۔

الاِسْتِنْتَاجُ: نتیجہ نکالنے کی کوشش، استنباط۔

الاِنْتَاجُ: نتیجہ خیزی، (۲) نتیجہ، پیداوار، تخلیق۔

الاِنْتَاجُ الاَدَبِیُّ: ادبی تخلیق، لٹریچر،

تصنیف۔

الإِنْتَاجُ العَقْلِيُّ والفِکْرِيُّ: ذہنی تخلیق، فکری کاوش۔

الإِنْتَاجُ المُتَزَايِدُ: روزافزوں پیداوار۔

الإِنْتَاجُ المُتَنَاقِصُ: گھٹتی ہوئی پیداوار۔

الإِنْتَاجَاتُ: تخلیقات (۲) مصنوعات (۳) محصولات (پیداوار)۔

الإِنْتَاجِيَّةُ: پیداواری یا تخلیقی صلاحیت۔

المَنْتِجُ: بچے جننے کا وقت یا موسم، ج: مَنَاتِجُ۔

المُنْتِجُ: نتیجہ خیز (۲) تیار کنندہ (ضد المُسْتَهْلِكُ)، پیداکار، پروڈیوسر۔

مُنْتِجُ أَفْلَامٍ: فلم ساز۔

المُنْتَجَاتُ: مصنوعات۔

مُنْتَجَاتُ أَلْبَانٍ: دودھ سے بنی ہوئی اشیا۔

المُنْتَجَاتُ النِّفْطِيَّةُ: پٹرول سے تیار کردہ مصنوعات۔

المُنْتَجَاتُ اليَدَوِيَّةُ: دست کاریاں، ہاتھ کی بنی ہوئی اشیا۔

المَنْتُوجَةُ: ج: مَنْتُوجَاتٌ: ثمرۂ انتاج، حاصلات۔

النَّاتِجُ: حاصل، پیداوار، ماحصل۔

نَاتِجٌ صَافٍ: خالص پیداوار۔

نَاتِجٌ مَزْرَعِيٌّ: زرعی پیداوار۔

نَاتِجٌ مُرْتَفِعٌ: بڑھتی ہوئی پیداوار۔

نَاتِجٌ مُنْخَفِضٌ: گھٹتی ہوئی پیداوار۔

النِّتَاجُ: نتیجہ، ماحصل (۲) جانوروں کے بچے (۳) بچہ جننے کی حالت۔

النَّتُوجُ: نتیجہ خیز، بارآور، نفع بخش، شَجَرَةٌ نَتُوجٌ ونَاقَةٌ نَتُوجٌ: پھل دینے والا درخت، بچہ دینے والی اونٹنی۔

النَّتِيجَةُ: نتیجہ، حاصل، انجام، اثر، خلاصہ (۲) کیلنڈر، ج: نَتَائِجُ۔

• نَتَحَ ـِ نَتْحًا ونُتُوحًا: ٹپکنا جیسے نَتَحَ العَرَقُ مِن الجِلْدِ ونَتَحَ الإِنَاءُ بِمَا فِيهِ۔

ــــ الحَرُّ فُلَانًا: گرمی کا پسینہ ٹپکانا۔

تَنَتَّحَ: ٹپکنا، رسنا، تَنَتَّحَ عَرَقًا: اس کو پسینہ آیا یا اس کا پسینہ ٹپکا۔

المَنْتِحُ: ٹپکنے کی جگہ، ج: مَنَاتِحُ، نَتَحَ العَرَقُ مِن مَنَاتِحِهِ: اس کے پسینہ کے مقامات سے پسینہ ٹپکا۔

النَّتْحُ: پسینہ وغیرہ، ٹپکنے والی چیز (۲) درخت کا گوند، ج: نُتُوحٌ۔

• نَتَخَ الشَّيْءَ ـِ نَتْخًا: اکھاڑنا۔ جیسے نَتَخَ ضِرْسَهُ: ڈاڑھ نکالنا۔

• نَتَرَهُ ـُ نَتْرًا: کھینچنا یا زور سے پھینکنا۔

ــــ الكَلَامَ: سخت اور بری بات کرنا، غیبت و بدگوئی کرنا۔

نَاتَرَهُ: کسی کے ساتھ زور سے بولنا، كَلَّمْتُهُ مُنَاتَرَةً: میں نے اس سے کھل کر بات کی۔

انْتَتَرَ الشَّيْءُ: کھنچنا، پھینکا جانا

النَّتْرُ: طَعْنٌ نَتْرٌ: گہرا لگا ہوا نیزے کا وار۔

• النَّتْرُوجِينُ: نائٹروجن جو ہوا کی حیثیت رکھتا ہے۔

• نَتَشَ الشَّيْءَ ـِ نَتْشًا: کھینچ کر نکالنا۔

ــــ الشَّوْكَةَ بِالمِنْتَاشِ: چمٹی یا زنبور سے کانٹا نکالنا۔

ــــ الشَّعْرَ: بال اکھاڑنا۔ مَا انْتَتَشَ مِنْهُ شَيْئًا: اس سے کچھ نہیں لیا۔

ــــ اللَّحْمَ ونَحْوَهُ: گوشت وغیرہ ہاتھ یا منہ سے نوچنا۔

ــــ يَدَهُ: ہاتھ کھینچنا۔

ــــ فُلَانًا نَتْشًا وتَنْتَاشًا: کسی کی غیبت کرنا، خفیہ طور پر برائی کرنا۔

ــــ الشَّيْءَ بِرِجْلِهِ: پیر سے ہٹانا۔

ــــ الدَّابَّةَ بِالعَصَا: جانور کو لاٹھی یا ڈنڈے سے مارنا۔

انْتَتَشَ الثَّوْبُ: کپڑے کا پرانا ہونا۔

ــــ الحَبُّ: بیج کا تر ہو کر زمین میں جڑ پکڑنا، نمو کا آغاز ہونا۔

ــــ النَّبَاتُ: نبات کا زمین سے ذرا سا ابھرنا، ابتدائی طور پر اگنا

المِنْتَاشُ: زنبور، ڈاڑھ وغیرہ نکالنے کا آلہ، موچنا، سنسی۔

تَنَاتِيشُ الدَّيْنِ: قرض کا بقایا۔

النَّتَّاشُ: نَتَشَ سے اسم مبالغہ۔

النَّتْشُ: ابتدائی روئیدگی (۲) ناخن کی جڑ کی سفیدی۔

• نَتَعَ السَّائِلُ ـُ نَتْعًا ونُتُوعًا: رسنا، تھوڑا تھوڑا بہنا، جیسے نَتَعَ الدَّمُ مِن الجُرْحِ والعَرَقُ مِن الجِسْمِ: خون کا زخم سے اور پسینہ کا بدن سے نکلنا۔ ھونا نتعٗ

أَنْتَعَ: بہت پسینہ آنا۔

ــــ القَيْءُ: قے کا نہ رکنا، مسلسل الٹیاں ہونا۔

• نَتَغَ فُلَانًا ـُ نَتْغًا: کسی کی بدگوئی کرنا، غلط بات کہنا۔

• نَتَفَ الشَّعْرَ والرِّيشَ ونَحْوَهُ ـِ نَتْفًا: بال اکھاڑنا، بال نوچنا۔

اَنْتَفَ الكَلَأُ ونَحْوُهُ: گھاس وغیرہ کا اتنا لمبا ہونا کہ اکھیڑنے کے قابل ہو جائے۔
نَتَّفَ: زور سے اکھیڑنا، خوب نوچنا (۲) بہت غیبت کرنا۔
اُنْتُتِفَ الشَّعْرُ ونَحْوُهُ: بال وغیرہ کا اکھڑ جانا، نَتَفَهُ فَانْتَتَفَ۔
تَنَاتَفَ: اِنْتَتَفَ
المِنْتَافُ: اکھیڑنے کا اوزار، موچنا، چمٹی۔
النُّتَافَةُ: جھڑے ہوئے بال یا پر۔
النَّتَفُ: ناخن کے گرد اکھڑنے والی کھرنڈ نما پپڑی۔
النُّتْفَةُ: اکھاڑا ہوا حصہ، چونٹے ہوئے تھوڑے سے (بال) نُتْفَةٌ مِن طعامٍ ونُتْفَةٌ من علمٍ: تھوڑا سا کھانا یا تھوڑا سا علم، ج: نُتَفٌ۔
النُّتَفَةُ: ہر چیز کا تھوڑا تھوڑا حصہ لینے والا، کوئی چیز مکمل طور پر حاصل نہ کرنے والا۔
النَّتُوفُ: النَّاتِفُ: بال و پر اکھاڑنے والا (۲) بدگوئی کرنے والا (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے)۔
النَّتِيفُ: المَنْتُوفُ: اکھاڑا ہوا، نوچا ہوا (۲) اکھڑے ہوئے بالوں والا۔
• نَتَقَ الحَيَوانُ ـُ نُتُوقًا: جانور کا بڑے پیٹ والا اور موٹا ہونا۔
ـــ الأُنْثَى: مادہ کا بہت بچوں والی ہونا۔
ـــ الشَّيْءَ ـِ نَتْقًا: کسی چیز کو پھینکنے کے لئے اٹھانا جیسے نَتَقَ الحَجَرَ: پتھر کو مارنے کے لئے اٹھانا اور ہلانا۔
ـــ الوِعَاءَ: برتن کو خالی کرنے کے لئے ہلانا اور جھٹکنا۔
ـــ الزُّبْدَ: دودھ بلو کر مکھن نکالنا۔
نَتَقَتِ الدَّابَّةُ رَاكِبَهَا: جانور کا اپنے سوار کو اچھال اچھال کر تھکا دینا، زچ کر دینا۔
ـــ الشَّيْءَ: کسی چیز کو پھاڑنا۔
اَنْتَقَ الرَّجُلُ: کسی کا بہت بچے جننے والی عورت سے شادی کرنا۔
ـــ الشَّيْءَ: نَتَقَهُ۔
اِنْتَتَقَ الشَّيْءُ: جھٹکا کھانا، (۲) کھنچنا۔
المِنْتَاقُ: بہت بچے جننے والی عورت
النَّاتِقُ: اپنے سوار کو اچھالنے والا جانور (۲) آگ نکالنے والا چقماق۔
النِّتَاقُ: دَارُهُ نِتَاقَ دَارِهِ: اس کا گھر فلاں کے گھر کے سامنے ہے۔
• نَتَلَ الرَّجُلُ مِن بَيْنِ القَوْمِ ـِ نَتْلًا ونُتُولًا ونَتَلَانًا: اپنے لوگوں میں سے نکل کر آگے بڑھ جانا۔
ـــ الشَّيْءَ ـُ نَتْلًا: آگے کی طرف کھینچنا۔
ـــ فُلَانًا: جھڑکنا، ڈانٹنا۔
ـــ الوِعَاءَ ونَحْوَهُ: برتن وغیرہ سے چیز نکالنا۔ اسے خالی کرنا۔
اِنْتَتَلَ: آگے بڑھنا، سبقت کرنا۔
ـــ لِلأَمْرِ: تیار ہونا۔
تَنَاتَلَ النَّبْتُ: پودوں کا گھنا ہونا، باہم الجھنا۔
النَّتْلُ والنَّتَلُ: شترمرغ کا پانی سے بھرا اور ریت میں دبایا ہوا انڈا
النَّتِيلَةُ: وسیلہ۔
• نَتِنَ ـَ نَتَنًا: بدبودار ہونا، سڑنا، متعفن ہونا، هُوَ نَتِنٌ۔
نَتُنَ الشَّيْءُ ـُ نَتَنًا ونَتَانَةً: نَتِنَ۔
اَنْتَنَ: نَتِنَ، هُوَ مُنْتِنٌ، ج: مَنَاتِين۔
نَتَّنَ الشَّيْءُ: نَتِنَ۔
ـــ الشَّيْءَ: سڑانا، بدبودار کرنا۔
المَنْتَنُ: سڑنے کی جگہ، بدبو کی جگہ، ج: مَنَاتِنُ۔
• نَتَا الشَّيْءُ ـُ نُتُوًّا: ابھرنا، نمایاں ہونا، هُوَ نَاتٍ۔
اَنْتَى فُلَانٌ فُلَانًا: کسی کا صورت و اخلاق میں کسی کے مشابہ ہونا۔
تَنَتَّى عَلَيْهِ: کسی پر حملہ کرنا، جھپٹ پڑنا۔

ن ـــ ث

• نَثَّ ـِ نَثًّا ونَثِيثًا: ٹپکنا، جیسے نَثَّ الوِعَاءُ ونَثَّ العَرَقُ: برتن اور پسینہ ٹپکنا۔
ـــ الخَبَرَ ـُ نَثًّا: قابل اخفا خبر کا افشا کرنا۔
ـــ فُلَانًا: غیبت کرنا۔
ـــ الجُرْحَ: زخم پر تیل لگانا۔
تَنَاثَّ القَوْمُ الأَخْبَارَ: ایک دوسرے پر خبر کا انکشاف کرنا۔
المِنَثُّ: فُلَانٌ مِنَثٌّ: راز کھولنے اور خبر پھیلانے کا عادی۔
المِنَثَّةُ: تیل یا مرہم لگا روئی کا پھایا جو زخم پر رکھا جاتا ہے، ج: مَنَاثُّ۔
النَّثَاثُ: زخم پر لگانے کا تیل
النَّثُّ: شَيْءٌ نَثٌّ: رستی ہوئی تر چیز
النَّثِيثَةُ: برتن وغیرہ سے ٹپکنے والی چیز۔
• نَثَجَ الشَّيْءُ ـِ نَثْجًا: ڈھیلا ہونا۔
ـــ مَا فِي جَوْفِهِ: پیٹ کی چیز نکالنا، اندرونی چیز باہر نکالنا (آنتیں) باہر کرنا۔
ـــ بَطْنَهُ: پیٹ پھاڑنا۔

اسْتَنْثَجَ الشَّئُ: ڈھیلا ہونا
المُنْثَجَةُ: سرین
النَّثْجُ: بے فیض، بزدل۔
• نَثَرَتِ الدَّابَّةُ ـُـِ نثيرًا: چوپائے کو چھینک آنا۔
ـــ الشَّئَ نَثْرًا ونِثَارًا: بکھیرنا، ادھر ادھر کرنا، پھیلانا، جیسے نَثَرَ الحَبَّ: دانے یا بیج بکھیرنا ونَثَرَتِ الشَّجَرَةُ حَمْلَهَا: درخت کا پھل وغیرہ گرانا۔
ـــ الكَلَامَ: غیر منظوم کلام بنانا نثر کے قالب میں ڈھالنا، نثر میں کلام کرنا۔
ـــ السِّرَّ: راز فاش کرنا۔
ـــ المَرأَةُ بَطْنَهَا: عورت کا بہت اولاد والی ہونا۔
أَنْثَرَه: ناک کے بل گرانا۔
نَاثَرَهُ: کسی سے نثر میں مقابلہ کرنا
ـــ الحَبَّ: کسی کے ساتھ بیج بکھیرنا،
رَأَيْتُه يُنَاثِرُ الدُّرَرَ: میں نے اسے موتی بکھیرتے ہوئے دیکھا یعنی بہترین کلام کرتے ہوئے۔
نَثَّرَهُ: نَثَرَهُ۔
انْتَثَرَ: بکھرنا، پھیلنا، جھڑنا۔
تَنَاثَرَ: انْتَثَرَ۔
تَنَثَّرَ: انْتَثَرَ۔
اسْتَنْثَرَ: ناک میں پانی ڈال کر جھاڑنا، صاف کرنا۔ جیسے اسْتَنْثَرَ المُتَوَضِّئُ
المُتَنَاثِرُ: منتشر، بکھرا ہوا۔
المِنْثَارُ: اخبار و اسرار کا بہت افشا وانکشاف کرنے والا (۲) وہ درخت جس پر پھل آتے ہی جھڑ جاتا ہو
المُنَثِّرُ: رَجُلٌ مُنَثِّرٌ: بے فیض و نکما آدمی۔
المَنْثُورُ: غیر منظوم کلام (۲) ایک قسم کا پھول۔
النَّاثِرُ: نثر نگار (۲) کچی کھجوریں گرانے والا درخت۔

النِّثَارُ: پرمسرت تقریبات اور دعوتوں میں تقسیم کیجانے والی مٹھائی یا بکھیرنے کے پھول اور پیسے، مَا أَصَبْتُ مِنَ النِّثَارِ شَيْئًا، مجھے بکھیری ہوئی چیزیں میں سے کچھ نہیں ملا۔
النُّثَارُ والنُّثَارَةُ: کسی چیز کے بکھرے ہوئے ریزے وغیرہ، التَقَطَ نُثَارَ المَائِدَة: اس نے دسترخوان کے بچے کھچے ریزے اٹھالئے۔
النَّثْرُ: خلاف نظم، بلاوزن و قافیہ عمدہ کلام۔
النَّثَرُ: محفلوں اور دعوتوں میں تقسیم کیجانے والی یا بکھیری جانے والی چیز، مٹھائی، پھول یا روپے وغیرہ، بکھیرنے کی چیز، بکھرے ہوئے ٹکڑے۔
النَّثِرُ: رَجُلٌ نَثِرٌ: باتوں کو بہت پھیلانے والا، بہت راز افشا کرنے والا، رَجُلٌ نَثِرٌ: غیر مستقل مزاج جو کسی ایک بات پر نہ جمتا ہو۔
النَّثْرَةُ: ناک کا بانسا اور اس سے متصل جگہ (۲) سرطان کی شکل کا ستاروں کا گچھا جو چاند کی آٹھویں منزل ہے (۳) جانور کی چھینک (۴) کشادہ زرہ (۵) مونچھوں کے درمیان کا گڑھا (۶) نثر کلام کا ایک ٹکڑا۔
النَّثُورُ: رَجُلٌ نَثُورٌ وامْرَأَةٌ نَثُورٌ: کثیر الاولاد مرد یا عورت۔
النَّثِيرُ: المَنْثُورُ: بکھرا ہوا،
دُرٌّ نَثِيرٌ: بکھرے ہوئے موتی (۲) جانور کی چھینک۔
• نَثَطَ النَّبَاتُ ـُـ نَثْطًا ونُثُوطًا: نباتات کا زمین کو پھاڑ کر نکلنا، اگنا
النَّثْطُ: زمین کو پھاڑ کر نکلنے والی روئیدگی، سبزہ۔
• انْثَعَ الدَّمُ والقَيءُ: خون اور

قے ساتھ ساتھ آنا۔
أَنْثَعَ فُلَانٌ: کسی کو بہت خون یا بہت قے آنا۔
• نَثَلَ ذُو الحَافِرِ ـُـ نَثْلًا: کھر والے جانور کا لید کرنا۔
ـــ الشَّئَ ـــ نَثْلًا: باہر نکالنا جیسے نَثَلَ مَا فِي الحُفْرَةِ: گڑھے کی چیزوں کو باہر نکالنا، نَثَلَ مَا فِي الوِعَاءِ: برتن کو خالی کرنا۔
نَثَلَ مَا فِي الكِنَانَةِ: ترکش خالی کرنا، سارے تیر نکال لینا۔
ـــ اللَّحْمَ فِي القِدْرِ: ہانڈی وغیرہ میں گوشت کی بوٹیاں ڈالنا۔
ـــ مِنْهُ الدِّرْعَ: کسی کی زرہ اتارنا
ـــ عَلَى فُلَانٍ دِرْعَه: کسی کو زرہ پہنانا
ـــ البِئْرَ: کنویں کی مٹی نکالنا۔
انْتَثَلَهُ وانتثله: نَثَلَهُ۔
تَنَاثَلَ القَوْمُ إِلَى فُلَانٍ: لوگوں کا ہر طرف سے آکر کسی کے گرد جمع ہونا
اسْتَنْثَلَ الشَّئَ: نکالنا۔
النُّثَالَةُ: نکالی ہوئی چیز، کنویں سے نکالی ہوئی مٹی۔
النَّثْلَةُ: مونچھوں کے درمیان کا گڑھا (۲) کشادہ زرہ۔
النَّثِيلُ: لید۔
النَّثِيلَةُ: النُّثَالَةُ (۲) بقیہ چربی (۳) فربہ گوشت، نَاقَةٌ ذَاتُ نَثِيلَةٍ: فربہ اونٹنی۔
المِنْثَلَةُ: زنبیل، ٹوکری۔
• نَثَمَ ـــ نَثْمًا: فحش گوئی کرنا۔
• نَثَا الحَدِيثَ ـُـ نَثْوًا: بات کو پھیلانا۔
ـــ فُلَانًا: کسی کی غیبت کرنا۔
أَنْثَى مِنَ الشَّئِ: ناک چڑھانا تحقیر کرنا۔

نَاثَاهُ الحَدِيثَ والخَبَرَ: کسی بات یا خبر پر کسی سے مذاکرہ کرنا۔
تَنَاثَوا الأَشْيَاءَ: آپس میں چیزوں کا تذکرہ کرنا۔
ـــ الأَخْبَارَ والأَحَادِيثَ: خبروں اور باتوں کی اشاعت کرنا، خوب پھیلانا۔
النَّاثِي: غیبت کنندہ۔
النَّثْوَةُ: عیب جوئی۔
النَّثَا: کسی کے بارے میں اچھی یا بری خبر۔
• نثي الخَبَرَ ـِ نَثْيًا: خبر پھیلانا

ن ـــ ج

• نَجَأَ الشَّيْءَ ـَ نَجْأً ونَجْأَةً: کسی چیز کو گھور کر دیکھنا (۲) کسی کو نظر لگانا۔
النَّجُوءُ: بڑا بدنگاہ، سخت نظر لگانے والا۔
النَّجْأَةُ: نگاہ بد، للچائی نظر۔
• نَجَبَ الشَّجَرَةَ ـُ نَجْبًا: درخت کا چھلکا اتارنا، چھال اتارنا۔
نَجُبَ ـُ نَجَابَةً: اپنے جیسوں پر فضل و کمال میں فوقیت لے جانا، شریف الاصل ہونا نیک خصلت اور لائق ستائش ہونا۔
أَنْجَبَ: نَجُبَ: شریف اولاد والا ہونا۔
ـــ فلانًا وَالِدَاهُ وأَنْجَبَ به وَالِدَاهُ: والدین کا شریف و نیک اولاد والا ہونا۔
ـــ فلان: کسی کا صاحب اولاد ہونا، شریف اولاد کا باپ ہونا۔ أَنْجَبَ فُلَانٌ وَلَدًا: فلاں شخص کے شریف اولاد ہوئی۔
ـــ من الشَّجَرَةِ فَرْعًا: درخت سے شاخ کاٹنا۔
نَجَّبَ الشَّجَرَةَ: درخت کی چھال اتارنا۔

اِنْتَجَبَ الشَّيْءَ: منتخب کرنا، پسند کرنا۔
اِنْتَجَبَ كِتَابًا او صَدِيقًا: اس نے اچھی کتاب یا اچھے دوست کا انتخاب کیا۔
اِسْتَنْجَبَ: شریف اولاد چاہنا یا شریف آدمی کا انتخاب کرنا، عمدہ چیز یا نیک انسان کو چاہنا۔
المِنْجَابُ: رَجُلٌ او امْرَأَةٌ مِنْجَابٌ: شریف و نیک اولاد جننے والا باپ یا ماں، شریف اولاد والا یا شریف اولاد والی (۲) آگ کریدنے کی چھڑ (۳) بے پھل اور بے پر تراشا ہوا تیر، ج مَنَاجِيبُ۔
النَّجَابَةُ: خاندانی برتری، خاندانی شرافت (۲) ذکاوت (۳) فیاضی۔
النَّجَبُ: درخت کی چھال۔
النَّجِيبُ: اعلی نسب شخص، شریف، ستودہ صفات، اپنی ذات اور اپنی نوع میں ممتاز (۲) ذکی (۳) ہونہار، ج: أَنْجَابٌ ونُجَبَاءُ ونُجُبٌ۔
النَّجِيبَةُ: مؤنث النَّجِيبِ، ج: نَجَائِبُ
نَجَائِبُ الإِبِلِ: عمدہ قسم کے اونٹ۔
نَجَائِبُ الأَشْيَاءِ: منتخب اشیاء۔
• نَجَثَ عنه ـُ نَجْثًا: تلاش کرنا، کھود کرید کرنا۔
ـــ الشَّيْءَ: نکال لینا، برآمد کرنا۔
اِنْتَجَثَ الشَّيْءَ: نَجَثَ۔
تَنَاجَثَ القَوْمُ: خبروں پر باہم تبصرہ کرنا، بحث کرنا، ایک دوسرے کو بتانا۔
تَنَجَّثَ: مبالغہ در نَجَثَ، خوب تلاش کرنا، بہت کھود کرید کرنا۔

النُّجُثُ: زرہ (۲) قلب کا غلاف، دل کا پردہ، ج: أَنْجَاثٌ۔
النَّجَّاثُ: خبریں پھیلانے کے لئے ان کی تاک اور جستجو میں لگا رہنے والا۔
النَّجِيثُ: پوشیدہ بات، بَدَا نَجِيثُ القَوْمِ: لوگوں کے پوشیدہ معاملات کا پردہ فاش ہو گیا، أَمْرٌ لَهُ نَجِيثٌ: بدانجام معاملہ (۲) نشانہ۔
النَّجِيثَةُ: اندر سے نکالی ہوئی چیز (۲) ظاہر ہونے والی بری خبر۔
• نَجَحَ فُلَانٌ ـَ نَجْحًا ونُجْحًا: کامیاب ہونا، مطلوبہ چیز پالینا۔
ـــ الأَمْرُ: کام کا آسان اور تکمیل کے قریب ہونا۔
أَنْجَحَ: کامیاب ہونا، أَنْجَحَتِ الحَاجَةُ: ضرورت پوری ہو گئی۔
ـــ اللهُ طَلِبَتَهُ: خدا کا کسی کو اس کے مقصد میں کامیاب کرنا، مطلوب تک پہنچا دینا۔
تَنَاجَحَتِ الأُمُورُ: معاملات کا درست ہوتے چلے جانا۔
ـــ أَحْلَامُهُ: خوابوں کا پے بہ پے آنا، پیہم آنا۔
تَنَجَّحَ الحَاجَةَ: ضرورت کی تکمیل چاہنا۔
اِسْتَنْجَحَهُ الحَاجَةَ: کسی سے ضرورت کو پورا کرانا، پورا کرنے کا تقاضا کرنا یا درخواست کرنا۔
النَّاجِحُ: کامیاب، کامران۔ سَيْرٌ نَاجِحٌ: تیز چال۔
النَّجَاحُ: کامیابی، مقصد، حصول یابی۔
النُّجْحُ: النَّجَاحُ۔
النَّجِيحُ: رَأْيٌ نَجِيحٌ: معقول رائے، رَجُلٌ نَجِيحٌ: صابر و ثابت قدم۔
• نَجَخَ ـَ نَجْخًا ونَجِيخًا:

کسی چیز کا تیز اور طوفانی ہونا، اضطراب انگیز ہونا، مشتعل ہونا۔
نَجَخَ المَوجُ: موج کا تلاطم خیز ہونا۔
— السَّیلُ: سیلاب کا تیز رو ہونا، قیامت خیز ہونا (جو ہر شے کو صاف کرتا مٹاتا جائے۔
— فُلانٌ: زکام یا کھانسی کی وجہ سے کسی کی آواز بھاری ہونا (۲) شیخی مارنا۔
— الحَیوانُ: جانور کا بدہضمی والا ہونا۔
— السِّقاءَ: مشک کو صاف کرنا۔
— البِئرَ: کنواں کھودنا۔
اِنتَجَخَ: جوش میں آنا، زور مارنا
— فُلانٌ: مشتعل ہونا، جوش میں آنا، مضطرب ہونا۔
تَناجَخَ السَّیلُ: سیلاب میں، کھڑی چٹانوں کو ایک دوسرے سے الگ کر دینے والا بھونچال آنا۔
— الرَّجُلانِ: باہم فخر کرنا۔
النّاجِخُ: سَیلٌ ناجِخٌ: پرزور سیلاب جو زمین کو کھود ڈالے (۲) ساحل سے پانی کے ٹکرانے کی آواز، سَمِعتُ ناجِخَ البَحرِ: میں نے سمندر کے پانی کی ٹکراتی ہوئی آواز سنی۔
النّاجِخَۃُ: دریا کے ساحل سے پانی کے ٹکرانے کی آواز، شور۔
النُّجاخُ: کھانسنے والے کی سخت آواز۔
النَّجِخُ: بدہضمی والا جانور، جیسے بَعِیرٌ نَجِخٌ۔
النَّجخَۃُ: ساحل سمندر کے کناروں پر پانی کا تھپیڑا ج: نَجَخاتٌ۔
نَجَخاتُ الماءِ: پانی کے تھپیڑے
النَّجُوخُ: بَحرٌ نَجُوخٌ: ٹھاٹھیں مارتا ہوا تلاطم خیز سمندر۔
• نَجَدَ الشَّیءُ ـُ نُجُودًا: بلند ہونا۔

نَجَدَ الاَمرُ: واضح ہونا جیسے نَجَدَ الطَّرِیقُ۔
— فُلانًا نَجدًا: مدد کرنا۔
— العَدُوَّ: دشمن پر غالب ہونا۔
— الاَمرُ فُلانًا: کسی بات کا کسی کو بے چین کرنا، تکلیف پہنچانا۔
نَجِدَ العَرَقُ ـَ نَجَدًا: پسینہ بہنا۔
— الرَّجُلُ: محنت یا تکلیف کی وجہ سے کسی کو پسینہ آنا، پسیجنا۔
نَجُدَ ـُ نَجدَۃً ونَجادَۃً: دلیر و بہادر ہونا، هُوَ نَجِدٌ ونَجِیدٌ ونَجُدٌ۔
— الاَمرُ نُجُودًا: ظاہر و واضح ہونا، هُوَ ناجِدٌ ونَجُدٌ۔
اَنجَدَ: بلند ہونا، نجد میں آنا۔
— فُلانًا: مدد و اعانت کرنا۔
— الدَّعوَۃَ: دعوت قبول کرنا۔
ناجَدَہٗ: مدد و اعانت کرنا (۲) لڑائی کے لئے کسی سے مقابلہ کرنا۔
نَجَّدَ البَیتَ: مکان کو فرنیچر اور پردوں وغیرہ سے سجانا، آراستہ کرنا۔
— الوَسائِدَ ونَحوَها: تکیوں کی سلائی وغیرہ کرکے ٹھیک کرنا۔
— الدَّهرُ فُلانًا: زمانہ کا کسی کو آزمودہ و تجربہ کار بنانا۔
تَنَجَّدَ الشَّیءُ: بلند ہونا۔
اِستَنجَدَ: طاقت حاصل کرنا، طاقتور ہو جانا (۲) بہادر ہو جانا، باہمت ہو جانا۔
— علی فُلانٍ: کسی کے سامنے ڈٹ جانا (اس سے ڈرنے کے بعد جرأت دکھانے اور مقابلہ کرنے کے لائق ہو جانا)۔
— فُلانًا وبِہٖ: کسی سے مدد چاہنا،

فریاد کرنا، اِستَنجَدَنِی فَاَنجَدتُہٗ: اس نے مجھ سے مدد چاہی تو میں نے اس کی مدد کی۔
المُناجِدُ: مددگار (۲) جنگجو۔
المِنجادُ: رَجُلٌ مِنجادٌ: امداد کے لئے جلد آگے بڑھنے والا، بڑا ہمدرد و مددگار (۲) بلند مقامات پر بکثرت آمد و رفت رکھنے والا، ج: مَناجِدُ ومَناجِیدُ۔
المُنَجِّدُ: گھروں کی تزیین اور فرش فروش تکیے وغیرہ تیار و درست کرنیوالا، فرنیچر ساز، سامان زیبائش تیار کرنے والا۔
المِنجَدُ: سونے اور موتیوں کا ہار، پہاڑی ج: مَناجِدُ۔
المِنجَدَۃُ: روئی وغیرہ دھننے کی لکڑی (۲) جانوروں کو ہانکنے کا ڈنڈا، ج: مَناجِدُ۔
المَنجُودُ: غم زدہ، پریشان (۲) مدد کیا جانے والا۔
النّاجِدُ: تھکا ماندہ، غبی، کاہل۔
النّاجُودُ: شراب (۲) شراب صاف کرنے کا برتن (۳) زعفران (۴) خون، ج: نَواجِیدُ۔
النِّجادُ: تلوار کا پرتلا۔
طَوِیلُ النِّجادِ: دراز قد۔
النِّجادَۃُ: زیبائش کاری (سامان آرائش وزیبائش تیار کرنے کا کام) فرش سازی، دری باقی وغیرہ (۲) نوجوانوں کا رضاکارانہ نظام، نظام خدمت گذاری (۳) بہادری، دلیری
النَّجّادُ: المُنَجِّدُ۔
النَّجدُ: بلند وسخت جگہ، ج: نُجُودٌ ونِجادٌ واَنجُدٌ، هُوَ طَلّاعُ اَنجُدٍ: مشکلات سے نہ گھبرانے

والا، باہمت وبلند مقاصد انسان (۲) گھر کا سامان، فرنیچر (فرش فروش، پردے تکیے وغیرہ)، ج: نُجُود ونِجَاد۔

نَجْدٌ: عراق وحجاز کے درمیان جزیرۂ عرب کا علاقہ جس کی آب وہوا اور شادابی کی تعریف اکثر شعراء عرب نے کی ہے، (نجد وحجاز اب سعودی کی حکومت کے دور میں سعودی عرب کہلاتے ہیں)۔

النَّجَدُ: پسینہ (۲) گھر کا زیبائشی سامان (فرش پردے تکیے وغیرہ) ج: أَنْجَادٌ

النَّجُدُ: رَجُلٌ نَجُدٌ: باہمت آدمی جو ہر کام کر گزرنے کی ہمت رکھتا ہو، دلیر وبہادر، ج: أَنْجَادٌ۔

النَّجْدَةُ: جنگ میں بہادری (۲) جذبۂ امداد، سریع الحرکت امداد وریلیف، شُرْطَةُ النَّجْدَةِ: سریع الحرکت امدادی پولس (۳) خوف وگھبراہٹ (۴) سختی، دلیری، ج: نَجَدَات

النَّجُودُ: امْرَأَةٌ نَجُودٌ: شریف ودانشمند خاتون۔

نَاقَةٌ نَجُودٌ: لمبی اور بلند گردن والی اونٹنی، ج: نُجُدٌ۔

النَّجِيدُ: شیر (۲) بہادر وجری، ہر کام کو کر گزرنے کی ہمت رکھنے والا باہمت آدمی، مغموم وپریشان، ج: نُجُدٌ ونُجَدَاءُ۔

● نَجَذَهُ ـُ نَجْذاً: دانتوں سے پکڑنا، ڈاڑھوں سے کاٹنا یا پکڑنا، (۲) کسی بات پر قائم رہنا۔

نَجَّذَهُ: نَجَذَهُ، نَجَّذَتْهُ التَّجَارِبُ: تجربات نے اسے پختہ کار بنا دیا۔

تَنَاجَذَ الْقَوْمُ عَلَى كَذَا: کسی بات پر کسی جماعت کا قائم رہنا۔

الأَنْجُذَانُ: ہینگ، ہینگ کا پودا۔

النَّاجِذُ: ڈاڑھ، ج: نَوَاجِذُ، ضَحِكَ حتى بدت نَوَاجِذُهُ: کھلکھلا کر ہنسنا۔

عَضَّ عَلَى نَاجِذِهِ: بالغ وپختہ کار ہو جانا (۲) مشکلات پر صبر کرنا۔

عَضَّ فِي الأَمْرِ بِنَاجِذِهِ: کسی کام کو پختہ اور مستحکم کرنا۔

ـــــ عَلَى الشَّيْءِ بِنَاجِذِهِ: کسی چیز کی حفاظت کرنا، محفوظ رکھنا۔

أَبْدَتِ الْحَرْبُ نَاجِذَيْهَا: گھمسان کی جنگ ہونا۔

النَّجِذُ: سخت کلام۔

● نَجَرَ فُلَانٌ ـُ نَجْراً: (نجیرہ) تیار کرنا، دیکھئے نجیرہ۔

ـــــ الْيَوْمُ: دن کا گرم ہونا۔

ـــــ الْخَشَبَ: لکڑی کو چھیلنا، ہموار کرنا، اور اسے کوئی شکل دینا، لکڑی کا کام کرنا۔

ـــــ الماءَ: گرم پتھر سے پانی گرم کرنا۔

نَجِرَ ـَ نَجَراً: سخت پیاسا ہونا، (ایک بیماری ہے جو زیادہ کھانے اور بدہضمی سے پیدا ہوتی ہے)، هو نَجِرَانُ وهي نَجْرَى، ج: نَجَارَى۔

أَنْجَرَ: گرمی کے مہینوں میں داخل ہونا۔

ـــــ فُلَاناً: کسی کو نجیرہ پیش کرنا۔

نَجَّرَ الْكَلَامَ: کوئی بات کہنا۔

الأَنْجَرُ: کشتی یا جہاز کا لنگر، ج: أَنَاجِرُ۔

الْمَنْجَرُ: کارپینٹری ہاؤس، لکڑی کے فرنیچر کا کارخانہ، بڑھئی کے کام کی جگہ (۲) مقصد۔

الْمِنْجَرُ: بڑھئی کا رندہ (جس سے لکڑی چھیل کر صاف وچکنی کی جاتی ہے (۲) اونٹوں کو بہت سخت ہانکنے والا، کہتے ہیں رَجُلٌ مِنْجَرٌ۔

الْمِنْجَرَةُ: گرم پتھر جس سے پانی گرم کیا جائے (پانی گرم کرنے کا آلہ)۔

الْمَنْجُورُ: ڈول کھینچنے کی بڑی چرخی۔

النَّاجِرُ: سخت گرمی کا ہر مہینہ، زمانۂ جاہلیت میں ماہ رجب اور ماہ صفر دونوں کو ناجر کہا جاتا تھا کیونکہ ان میں سخت گرمی ہوتی تھی۔

النِّجَارُ: حسب نسب، اصل۔

النِّجَارَةُ: کارپینٹری، چوب کاری، لکڑی کی صنعت، بڑھئی کا پیشہ۔

النَّجَّارُ: بڑھئی، چوب ساز، کارپینٹر۔

النَّجْرَانُ: دروازے کی چول جس پر وہ گھومتا ہے (۲) پیاسا۔

النَّجْرُ: لکڑی کی چھیلائی (۲) اصل، حسب ونسب (۳) گرمی۔

النَّجَرُ: زیادہ کھانے یا بدہضمی سے انسان اور حیوان کو لگنے والی سخت پیاس۔

النَّجِيرَةُ: لکڑی کی چھت (جس سے کوئی دوسری چھت ملی ہوئی نہ ہو) (۲) تپتے ہوئے پتھروں سے گرم کیا ہوا پانی (۳) دودھ آٹے اور گھی سے تیار کیا ہوا کھانا۔

● نَجَزَ الشَّيْءُ ـُ نَجْزاً: مکمل اور پورا ہو جانا جیسے نَجَزَ الْعَمَلُ ونَجَزَتِ الْحَاجَةُ۔

ـــــ الشَّيْءَ: مکمل کرنا، پورا کرنا، جیسے نَجَزَ الْعَمَلَ والْحَاجَةَ۔

ـــــ بِهِ: جلدی سے انجام دینا۔

نَجِزَ الشَّيْءُ ـَ نَجَزاً: پورا ہونا، ختم ہونا، مکمل ہونا، جیسے نَجِزَ الْكِتَابُ ونَجِزَتِ الْحَاجَةُ ونَجِزَ الْوَعْدُ۔

نَجَزَ الکَلَامُ: بات منقطع ہو جانا۔
اَنْجَزَ الشَّیْءَ: پورا کرنا، پایۂ تکمیل کو پہنچانا، کہاوت ہے، اَنْجَزَ حُرٌّ مَا وَعَدَ: شریف آدمی اپنے وعدے کو پورا کرتا ہے۔
— عَلَی القَتِیْلِ: مضروب (لب دم) پر آخری ضرب لگانا، کام تمام کرنا۔
نَاجَزَہُ الشَّیْءَ: کسی سے پہلے کوئی چیز بعجلت کرنا۔
— الحَرْبَ: لڑائی میں مقابلہ کرنا۔
نَجَّزَ: بالکل مکمل کرنا، مبالغہ در نَجَزَ۔
تَنَاجَزَ القَوْمُ: باہم لڑنا اور ایک دوسرے کا خون بہانا۔
تَنَجَّزَ الشَّیْءَ: پورا کرانا، جیسے تَنَجَّزَ الحَاجَۃَ وَالوَعْدَ: ضرورت اور وعدہ پورا کرنے کا تقاضا کرنا۔
— الشَّرَابَ: خوب پینا یا پینے کا عادی بن جانا۔
اِسْتَنْجَزَ الشَّیْءَ: تکمیل چاہنا مکمل اور پورا کرانا۔
الاِنْجَازُ: تکمیل، کامیابی، ج: اِنْجَازَات۔
المُنْجَزَات: کامیابیاں، حصولیابیاں
النَّاجِزُ: حاضر وموجود، بِعْتُہُ نَاجِزًا بِنَاجِزٍ: میں نے حاضر مال نقد قیمت سے فروخت کیا، کہتے ہیں لَا یُبَاعُ غَائِبٌ بِنَاجِزٍ: غیر موجود مبیع کی بیع نقد قیمت سے نہیں کیجاتی ہے۔ وَعْدٌ نَاجِزٌ: پورا کیا ہوا وعدہ۔
النَّجْزُ: تکمیل، وفا، اَنْتَ عَلٰی نَجْزِ حَاجَتِكَ: تو اپنی ضرورت پوری کرنے کے قریب ہے۔
النُّجْزُ: النَّجْزُ۔
النَّجِیْزُ: وَعْدٌ نَجِیْزٌ: پورا کیا ہوا وعدہ۔
النَّجِیْزَۃُ: بدلہ، لَاُنْجِزَنَّكَ نَجِیْزَتَكَ: میں تم کو پورا بدلہ دوں گا۔
◆ نَجِسَ الشَّیْءُ ـَ نَجَسًا: گندا ہونا، اسلامی شریعت کی اصطلاح میں ناپاک ہونا، نَجِسَ الثَّوْبُ ونَجِسَ فُلَانٌ۔
— فُلَانٌ: بدباطن اور بدخلق ہونا۔
نَجُسَ ـُ نَجَاسَۃً، نَجِسَ۔
اَنْجَسَہُ: گندا کرنا (۲) ناپاک کرنا۔
نَجَّسَہُ: گندا کرنا، ناپاک کرنا (۲) پاک کرنا، گندگی ونجاست دور کرنا
— الصَّبِیَّ: بچہ کے گلے میں نظر بد اور شیطان سے حفاظت کا تعویذ ڈالنا (زمانۂ جاہلیت میں اس کا رواج تھا)۔
تَنَجَّسَ الشَّیْءُ: ناپاک ہو جانا (۲) گندگی میں آلودہ ہو جانا۔
— فُلَانٌ: گندگی اور مقامات گندگی سے دور رہنا، بچنا۔
النَّاجِسُ: گندا، دَاءٌ نَجِسٌ: لاعلاج خراب بیماری۔
النَّجَاسَۃُ: گندگی، ناپاکی، (۲) شرعًا وہ مقدار معین جس کی جنس مانع صلاۃ ہو جیسے پیشاب، خون، شراب وغیرہ۔
النَّجَسُ: النَّجَاسَۃُ، فُلَانٌ نَجَسٌ: فلاں گندہ وبدکار ہے، قرآن پاک میں ہے۔ "اِنَّمَا المُشْرِکُوْنَ نَجَسٌ، ج: اَنْجَاسٌ۔
النَّجِسُ: ناپاک، فُلَانٌ نَجِسُ السَّرَاوِیْلِ: فلاں پاک دامن نہیں ہے۔ دَاءٌ نَجِسٌ: لاعلاج بیماری، ج: اَنْجَاسٌ۔
النَّجِیْسُ: بہت گندا وناپاک۔
المُنَجِّسُ: بچے کے گلے میں حفاظت کا گنڈا تعویذ ڈالنے والا۔
◆ نَجَشَ الشَّیْءَ الخَفِیَّ ـُ نَجْشًا: چھپی ہوئی چیز کرید کر نکالنا۔
— الصَّیْدَ: شکار کو بھڑکا کر باہر نکالنا۔
— الحَدِیْثَ: بات پھیلانا۔
— الدَّابَّۃَ: جانور کو پوری طاقت سے دوڑانا۔
— فُلَانٌ فِی البَیْعِ وَنَحْوِہٖ: بیع وغیرہ کی بولی میں بائع کی ہمدردی اور خریداری کی ترغیب کے لئے قیمت بڑھانا (اور خریدنے کا ارادہ نہ کرنا) اسے بیع مزایدہ کہتے ہیں، یہ شرعًا مکروہ ہے۔
— النَّارَ: آگ جلانا۔
تَنَاجَشَ القَوْمُ فِی البَیْعِ وَنَحْوِہٖ: بیع وغیرہ میں لوگوں کا بڑھ چڑھ کر بولی بولنا اور اشیاء کی قدر وقیمت بتانے میں مبالغہ وفریب سے کام لینا۔
اِسْتَنْجَشَ الشَّیْءَ: کھود کرید کر نکالنا۔ شکار کو اکسا کر باہر نکالنا۔
المِنْجَاشُ: بڑا عیب جو (۲) دو کھالوں کے جوڑ کی سلائی کا باریک تسمہ۔
المِنْجَشُ: المِنْجَاشُ۔
المَنْجُوْشُ: قَوْلٌ مَنْجُوْشٌ: گھڑی ہوئی بے بنیاد بات۔
النَّاجِشُ: شکار کو ہچکا کر سامنے لانے والا۔
النِّجَاشُ: دو کھالوں کو ملا کر سینے کا باریک تسمہ۔
النَّجَاشِیُّ: شاہ حبشہ کا لقب
النَّجَّاشُ: رَجُلٌ نَجَّاشٌ:

معاملات کی تہہ تک پہنچنے اور پوشیدہ احوال کو جاننے کی قدرت رکھنے والا۔

النَّجْشُ: سودے کی قیمت بڑھانے کے لئے بولی۔

النَّجُوْشُ: المنجاشُ۔

• نَجَعَ الشَّيْءُ ـَ نُجُوْعًا: فائدہ مند ہونا، نفع دینا، جیسے نَجَعَ الدَّوَاءُ فِي الْعَلِيْلِ: بیمار کو دوا نے فائدہ دیا، نَجَعَ الْعَلَفُ فِي الدَّابَّةِ: چارہ نے چوپائے کو فربہ کر دیا، نَجَعَ الْقَوْلُ فِي سَامِعِهِ: سننے والے پر بات کا اثر اور فائدہ ہوا، نَجَعَ الْعِتَابُ فِي الْمُذْنِبِ: سزا نے مجرم کو ٹھیک کر دیا۔

ــــ الْكَلَأَ نَجْعًا ونُجُوْعًا: گھاس کو اس کی جگہ میں تلاش کرنا۔

ــــ الْمَكَانَ: کسی جگہ آنا اور قیام کرنا۔

ــــ الصَّبِيَّ اللَّبَنَ: بچہ کو دودھ کی خوراک دینا۔

هٰذَا طَعَامٌ يُنْجَعُ بِهِ وَعَنْهُ: یہ مفید اور نفع بخش کھانا ہے (موٹا کر دینے والا)۔

نَجِعَ ـَ نَجَعًا: گھاس یا چراگاہ کی تلاش میں ہونا۔

أَنْجَعَ الشَّيْءُ: نَجَعَ۔

ــــ الرَّجُلُ: فلاح یاب ہونا۔

نَجَّعَ الشَّيْءُ: نَجَعَ۔

اِنْتَجَعَ الْقَوْمُ: گھاس چارہ کی تلاش میں نکلنا۔

ــــ الْكَلَأَ: گھاس تلاش کرنا۔

ــــ فُلَانًا: کسی کے پاس مالی تعاون کے لئے جانا، بخشش چاہنا، طالب بن کر آنا۔

تَنَجَّعَ فُلَانٌ بِالدَّمِ: خون میں لتھڑنا، آلودہ ہونا۔

تَنَجَّعَ الْكَلَأَ: گھاس تلاش کرنا۔

ــــ الْأَرْضَ: زمین پر قیام کرنے کے لئے چراگاہیں تلاش کرنا۔

ــــ فُلَانًا: کسی سے بخشش چاہنا۔

اِسْتَنْجَعَ بِالشَّيْءِ: نفع حاصل کرنا۔

ــــ الْمَكَانَ أَوِ الْكَلَأَ: چراگاہ یا گھاس تلاش کرنا۔

الْمَنْجَعُ: چراگاہ، سبزہ اور پانی والی جگہ، فُلَانٌ مَنْجَعُ الطَّالِبِيْنَ فلاں طلب گاروں کے لئے مرجع اور مددگار ہے، ج: مَنَاجِعُ۔

الْمُنْتَجَعُ: چراگاہ، افادیت بخش مقام، سبزہ زار، مرجعِ خلائق مفید آدمی۔

النَّاجِعُ: مفید نفع بخش، طَعَامٌ نَاجِعٌ: مفید و مزیدار کھانا، دَوَاءٌ نَاجِعٌ: مؤثر دوا۔

النُّجْعُ: قبیلہ کی چراگاہ، ج: نُجُوْعٌ (۲) نفع، فائدہ، غذائیت۔

النُّجْعَةُ: گھاس اور بارش کے مقامات کی تلاش (۲) ہمدرد کے پاس ہمدردی کے لئے آمد، هُوَ نُجْعَتِي: وہ میری امیدوں کا مرکز ہے، هٰذِهِ لَيْسَتْ بِدَارِ نُجْعَةٍ: یہ گھر منتقلی کے قابل نہیں۔

النَّجُوْعُ: بدن کے لئے مفید کھانے پینے کی چیزیں، مَاءٌ نَجُوْعٌ: خوش گوار پانی، اللَّبَنُ نَجُوْعُ الصَّبِيِّ: دودھ بچہ کی عمدہ خوراک ہے۔

النُّجُوْعُ: نفع، فائدہ۔

النَّجِيْعُ: النَّجُوْعُ (۲) اندرونِ جسم کا خون، طَعْنَةٌ تَمُجُّ النَّجِيْعَ: نیزے کی ضرب کاری جو اندر کا خون نکال لائے۔

• نَجَفَ الشَّيْءَ ـُ نَجْفًا: کسی چیز کو کھود کر اندر سے کشادہ کرنا۔

نَجَفَ الْبِئْرَ ونَجَفَ الْإِنَاءَ: خالی کرنا، ونَجَفَتِ الرِّيْحُ الصُّخُوْرَ: ہوا کا مٹی کے تودوں کو اڑا دینا (۲) چوڑا کرنا، جیسے نَجَفَ نَصْلَ السَّهْمِ: تیر کے پھل کو چھیت پیٹ کر چوڑا کرنا۔

ــــ الشَّيْءَ: کاٹنا، جڑ سے اکھاڑنا، جیسے نَجَفَ الشَّجَرَةَ (۲) اندر سے نکالنا، جیسے نَجَفَ مَا فِي الضَّرْعِ: تھن کا سارا دودھ نکال لینا۔

ــــ الْعَنْزَ: بکری کے تھن کو باندھنا (تاکہ اس کا دودھ بند ہو جائے)

ــــ الشَّيْءَ: کسی چیز کو پورا نکال لینا جیسے نَجَفَ مَا فِي الضَّرْعِ۔

أَنْجَفَ الشَّاةَ: بکری کے تھن پر بندھن باندھنا۔

نَجَّفَ: مبالغہ در نَجَفَ، اندر سے بالکل خالی کر دینا۔

ــــ الشَّيْءَ: اونچا کرنا، اوپر اٹھانا۔

ــــ لَهُ مِنَ الشَّيْءِ: کسی کے لئے کسی چیز کا کچھ حصہ الگ کر دینا۔

اِنْتَجَفَ الشَّيْءَ: سب نکال لینا۔

ــــ مَا فِي الضَّرْعِ: تھن کا سارا دودھ نکال لینا، اِنْتَجَفَتِ الرِّيْحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادلوں کو پانی سے (برسا کر) خالی کر دینا۔

اِسْتَنْجَفَ الشَّيْءَ: بالکل خالی کر دینا، سب کچھ نکال لینا۔

الْمِنْجَافُ: کشتی کا بادبان۔

الْمَنْجُوْفُ: بزدل۔

النَّجَافُ: سامنے کی طرف ابھرا ہوا حصہ۔ نِجَافُ الباب ونجاف الغار: دروازہ اور غار کے آگے کا بڑھا ہوا حصہ (۲) دودھ روکنے کے لئے بکری کے تھن کو باندھنے کا بند (۳) پہاڑ کی گھاٹیاں جن سے پانی بہتا ہے. اَصَابَنَا مَطَرٌ اَسَالَ النَّجَافَ: ہم پر اتنی زور کی بارش ہوئی کہ اس سے گھاٹیاں بھی پانی بہانے لگیں۔

النَّجَفُ: ٹیلہ، ج: نِجَافٌ۔

النَّجَفَةُ: وادی میں لمبا ٹیلہ جس پر پانی نہ چڑھتا ہو (۲) جھاڑ (فانوس، قندیلوں یا بجلی کے بلبوں کا پنجرے نما مجموعہ جو چھت میں آویزاں کیا جاتا ہے (۳) ریت کے ٹیلہ کا بغلی حصہ جسے ہوائیں کھوکھلا کر دیتی ہیں، ج: نَجَفٌ ونِجَافٌ۔

النُّجْفَةُ: کسی چیز کی تھوڑی مقدار، اَعْطِه نُجْفَةً من لَبَن: اسے تھوڑا دودھ دیدو۔

النَّجُوفُ: النَّاجِفُ: تھن کا سارا دودھ نکالنے والا، جڑ سے اکھاڑنے والا، بالکل خالی کر دینے والا۔

النَّجِيفُ: النَّجُوف (۲) چوڑے پھل کا نیزہ، ج: نُجُفٌ۔

• نَجَلَ الحَيَوَانُ ـُـ نَجْلًا: تیز چلنا۔

ـــ الاَرْضُ: زمین کا سرسبز ہونا اور نجیل (ایک ترش گھاس) اگانا

ـــ الوَلَدَ وبه: باپ کا اولاد جننا باپ کی اولاد ہونا۔

ـــ الاَرْضَ لِلزِّراعَةِ: زمین کو کاشت کے لئے جوتنا (پھاڑ کر تیار کرنا)۔

ـــ المَرعَى: درانتی سے چراگاہ کی گھاس کاٹنا۔

نَجَلَ عَدُوَّهُ بالرُّمْحِ: دشمن کو نیزہ مارنا۔

ـــ النَّاسَ: غیبت و برائی کرنا۔

ـــ الرَّجُلَ: ٹھوکر مار کر لڑھکا دینا۔

ـــ الصَّبِيُّ اللَّوحَ: تختی مٹانا۔

نَجِلَ ـَـ نَجَلًا: بڑی اور خوبصورت آنکھوں والا ہونا. عَيْنٌ نَجْلَاءُ: بڑی اور خوبصورت آنکھ۔

ـــ الشَّجَّةُ: زخم کا بڑا ہونا. هو اَنْجَلُ، ج: نُجْلٌ ونِجَال، هي نَجْلَاءُ، ج: نُجْلٌ۔

اَنْجَلَ الوَادِي: وادی کا "نجیل" ترش گھاس اگانا۔

ـــ الدَّابَّةَ: نجیل (ترش گھاس) چروانا۔

اَنْتَجَلَ فُلانٌ: کسی کا اپنی عزیزہ کے لئے شریف خاوند اور اپنے مادہ جانور کے لئے اچھی نسل کا نر منتخب کرنا (۲) زمین کی نمی یا رساؤ دور کرنا (۳) ظاہر ہو کر چھپ جانا۔

تَنَاجَلَ القَومُ: نسل کو فروغ دینا (۲) آپس میں لڑائی جھگڑا کرنا۔

اِسْتَنْجَلَ الوَادِي: وادی میں پانی رسنا، زمین کی رطوبت باہر آجانا، وادی میں (نجیل) ترش گھاس نکل آنا۔

ـــ الشَّيْءَ: باہر نکالنا۔

ـــ النَّزَّ: نمی یا رساؤ نکالنا۔

الاَنْجَلُ: کشادہ، لمبا چوڑا۔

ــــ الفُؤَادُ نَزًّا: بہت ہوشیار و ذہین ہونا۔
نَزَّ الظَّبْیُ نَزِیْزًا: ہرن کا دوڑتے ہوئے بولنا۔
ــــ وَتَرُ السَّهْمِ: تیر پھینکتے وقت اس کے تانت کا تھرتھرانا۔
ــــ فُلَانٌ عَن فُلَانٍ: دور ہونا، ایک طرف ہوجانا۔
اَنَزَّ المَکَانُ: جگہ پر پانی رستا رہنا، رطوبت برقرار رہنا۔
ــــ الرَّجُلُ: سخت و متشدد ہونا۔
نَازَّ فُلَانًا مُنَازَّةً و نِزَازًا: کسی کی ہم سری کی کوشش کرنا، (۲) کسی سے جھگڑنا۔
نَزَّزَہٗ عن کذا، کسی کو کسی بات سے پاک و بری کرنا۔
ــــ الظَّبْیَةُ وَلَدَهَا: ہرنی کا اپنے بچوں کی پرورش کرنا۔
المِنَزُّ: بچہ کا گہوارہ، رَجُلٌ مِنَزٌّ: دوڑ دھوپ کا آدمی، متحرک و فعال۔
النِّزَازُ: نِزَازُ شَرٍّ: شر سے باز نہ آنے والا فسادی آدمی۔
النَّزُّ: زمین سے رسنے والا پانی، چویا، رطوبت۔
رَجُلٌ نَزٌّ: ذہین و ہوشیار آدمی، (۲) سخی (۳) فعال و مستعد ہر وقت متحرک رہنے والا جو ایک جگہ نہ ٹھیرتا ہو
مَکَانٌ نَزٌّ: مرطوب جگہ۔
نَزُّ شَرٍّ: مفسد و شرارتی جو شرارت سے باز نہ آتا ہو۔
النِّزُّ: رطوبت، زمین سے پانی کا رساؤ، نمی۔
النَّزَّةُ: زبردست خواہش، قَتَلَتْهُ النَّزَّةُ: اسے بڑھی ہوئی خواہش نے مار ڈالا۔
اَرْضٌ نَزَّةٌ: مرطوب زمین جہاں

زمین سے پانی نکلتا رہتا ہو، رساؤ والی زمین۔
النَّزِيزُ: رَجُلٌ نَزِيزٌ: ہوشیار و پھرتیلا، چلبلا، (۲) شہوت و خواہش والا، نَزِيزُ شَرٍّ: مفسد جو فساد انگیزی سے باز نہ آتا ہو۔
• نَزَعَ المَرِيضُ ـِ نَزْعًا: مرنے کے قریب ہونا، حالت نزع میں ہونا۔
ـــ الشَّمْسُ: غروب کے قریب ہونا۔
ـــ الی اَهْلِه نُزُوعًا: اہل و عیال کی دید کا مشتاق ہونا۔
ـــ عَنِ الاَمْرِ: کسی کام سے رکنا۔
ـــ فی القَوْسِ: کمان کو کھینچنا۔
ـــ اَبَاهُ والَيْه: اپنے باپ کے مشابہ ہونا۔ نَزَعَهُ عِرْقٌ: وہ اصل جیسا ہے۔ نَزَعَ الی عِرْقٍ كَرِيمٍ او لَئِيمٍ: وہ شریف یا رذیل نسل سے تعلق رکھتا ہے۔
ـــ الشَّئَ مِن مَكَانِه نَزْعًا: کسی چیز کو اس کی جگہ سے کھینچ کر نکالنا، اکھاڑنا۔
ـــ الاَمِيرُ عَامِلَهُ عن عمله: امیر کا اپنے عامل (حاکم) کو معزول کرنا، منصب سے ہٹانا۔
ـــ يَدَهُ مِن جَيْبِه: ہاتھ گریبان سے نکالنا، قرآن پاک میں ہے، "وَنَزَعَ يَدَهُ فَاِذَا هِيَ بَيْضَاءُ لِلنَّاظِرِيْنَ"۔
ـــ يَدَهُ مِنَ الطَّاعَةِ: اطاعت چھوڑنا، نافرمانی کرنا۔
ـــ مَعْنًى جَيِّدًا مِنَ الآيَةِ وَنَحْوِهَا: آیت وغیرہ سے بہترین مضمون اخذ کرنا۔ آیت کے اچھے معنی لینا۔
ـــ لِبَاسَهُ عَنِ الجِسْمِ: کپڑے اتارنا۔
نَزَعَ السِّلَاحَ عن فُلَان: کسی کو نہتا کرنا، ہتھیار اتارنا۔
ـــ سِلَاحَ اِقْلِيمٍ: کسی صوبہ کو غیر مسلح کرنا۔
ـــ المِلْكِيَّةَ: ملکیت ختم کرنا۔
نَزِعَ ـَ نَزَعًا: کنپٹیوں پر بال نہ ہونا، هُوَ اَنْزَعُ وَهِيَ نَزْعَاءُ۔
نَازَعَ المَرِيضُ نِزَاعًا وَمُنَازَعَةً: دم نکلتے وقت بیمار کو جاں کنی ہونا، تکلیف ہونا۔
ـــ نَفْسُهُ اِلی اَهْلِه: اہل خانہ کی دید کا مشتاق ہونا۔
ـــ فُلَانًا فی كَذَا: کسی بات میں کسی سے جھگڑا کرنا اور غالب آنے کی کوشش کرنا۔
ـــ الشَّئُ غَيْرَهُ: ایک شے کا دوسری سے ملنا، اَرْضِی تُنَازِعُ اَرْضَهُ: میری زمین اس کی زمین سے ملی ہوئی ہے۔
ـــ فُلَانًا الشَّئَ: کسی کے پاس سے کوئی چیز کھینچنا، ایک دوسرے سے کھینچنا۔
ـــ الرَّجُلُ غَيْرَهُ الكَأْسَ: کسی کا دوسرے سے جام لینا۔
نَزَّعَهُ مِن مَكَانِه: زور سے کھینچنا، زور سے اکھاڑنا۔
اِنْتَزَعَ الشَّئُ: اکھڑنا، الگ ہونا۔
ـــ عَنِ الشَّئِ: رکنا، باز رہنا۔
ـــ الشَّئَ: اکھاڑنا، چھیننا (۲) سلب کرنا (۳) ضبط کرنا، واپس لینا۔
ـــ لِلصَّيْدِ سَهْمًا: شکار کو تیر مارنا۔
ـــ الفُرْصَةَ: موقع نکالنا۔
تَنَزَّعَ اِلی الشَّئِ: کسی چیز کی طرف لپکنا، دوڑ کر جانا۔
تَنَزَّعَ الشَّئَ: اکھاڑنا۔
تَنَازَعَ القَوْمُ فی شَئٍ: باہم جھگڑنا۔
ـــ القَوْمُ الشَّئَ: لوگوں کا ایک دوسرے کے پاس سے کوئی چیز کھینچنا، لینا، اپنی اپنی طرف کھینچنا۔
اِسْتَنْزَعَ فُلَانًا عَنِ الشَّئِ: کسی کو کسی بات سے رکنے کو کہنا، کسی سے کوئی چیز چھڑوانا، رکوانا۔
المُتَنَازَع عَلَيْه: تصفیہ طلب۔
المُنَازِعُ: جھگڑالو۔
المُنَازَعَات: جھگڑے۔
المَنْزَعُ: کھینچنے اور اکھاڑنے کی جگہ، (۲) مقصد کی طرف رجوع، مقصد، نشانہ، ج: مَنَازِعُ۔
المِنْزَعُ: دور مار تیر۔
رَجُلٌ مِنْزَعٌ: سخت نزع والا
المَنْزَعَةُ: دشمنی، آویزش (۲) اکھاڑنے اور کھینچنے کی جگہ (۳) عزم و ہمت پختگی، بَعِيدُ المَنْزَعَةِ: بلند ہمت، بلند مقصد، شَرَابٌ طَيِّبُ المَنْزَعَةِ: خوش ذائقہ شراب یا مشروب۔
المِنْزَعَةُ: جھگڑا (۲) شہد اٹھانے کی چوڑی لکڑی۔
النَّازِعُ: پردیسی، (۲) تیر انداز، ج: نَزَعَةٌ وَنُزَّعٌ وَنُزَّاعٌ، وَهِيَ نَازِعَةٌ، ج: نَازِعَات وَنَوَازِعُ، عَادَ السَّهْمُ الی النَّزَعَةِ: معاملہ اپنے اہل کے ہاتھ میں آگیا، حق بحق دار رسید
النِّزَاعَةُ: جھگڑا۔
النِّزَاعُ: لڑائی جھگڑا، اختلاف، ج: نِزَاعَات۔
النَّزْعُ: حالتِ نزع، مرنے کے قریب

کی حالت وکیفیت، دم واپسیں۔

نَزْعُ السِّلَاحِ: تخفیف اسلحہ، ہتھیاروں پر پابندی، ازالۂ اسلحہ۔

نَزْعٌ عَامٌّ لِلسِّلَاحِ: عمومی تخفیف اسلحہ۔

نَزْعٌ یَشْمَلُ أَنْوَاعَ الأَسْلِحَةِ: مختلف النوع تخفیف اسلحہ۔

النَّزْعَةُ: رجحان، جذبہ، میلان، ج: نَزَعَاتٌ۔

نَزْعَةُ الامتناع: باز رہنے کا رجحان۔

النَّزْعَةُ العدوانية: جارحانہ رجحان۔

نَزْعَةُ المحافظة على التقاليد: قدامت پسندانہ رجحان۔

النَّزَعَةُ: کنپٹیوں کے بال جھڑنے کی جگہ (نَزَعَتَانِ) بالوں سے خالی کنپٹیاں (۲) پہاڑی راستہ۔ ج: نَزَعَات

لَنَزْعَاءُ: وہ پیشانی جس کا درمیانی حصہ آگے کی طرف نکلا ہوا ہو اور کنپٹیوں کے بال اوپر اٹھے ہوئے ہوں

لَنَّزُوعُ: وطن کا مشتاق، بِئْرٌ نَزُوعٌ: نزدیک پانی والا کنواں جس میں سے ہاتھ ڈال کر پانی نکالا جاسکے، فَلَاةٌ نَزُوعٌ، دور دراز جنگل، ج: نُزُعٌ وَنِزَاعٌ

النُّزُوعُ: رجحان، میلان، جو خاص تربیت کے نتیجے میں آدمی کے اندر پیدا ہوتا ہے۔

نَزِيعٌ: اکھاڑا ہوا، اخذ کردہ، حاصل کردہ، ثَمَرٌ نَزِيعٌ: چنا ہوا (توڑا ہوا) پھل (۲) پردیسی، مسافر، (۳) وطن کا مشتاق، مَكَانٌ نَزِيعٌ: دور جگہ، فَرَسٌ نَزِيعٌ: عمدہ نسل کا گھوڑا، ج: نِزَاعٌ۔

النَّزِيعَةُ (من النساء) غیر کنبہ میں بیاہی جانے والی عورت (۲) مخالف رخ یا دو ہواؤں کے درمیان چلنے والی ہوا (۳) مسافروں سے چھینا ہوا مال یا سامان ج: نَزَائِعُ۔

◆ نَزَغَ بَيْنَ القَوْمِ ـَ نَزْغًا: لوگوں میں اختلاف کرانا، ایک کو دوسرے کے خلاف بھڑکانا، شیطان کا ورغلا کر باہم پھوٹ ڈالنا، قرآن پاک میں ہے، "مِنْ بَعْدِ أَنْ نَزَغَ الشَّيْطَانُ بَيْنِي وَبَيْنَ إِخْوَتِي"۔

ـــ فلانًا: کسی کے انگلی چبھونا، نیزہ کا چرکا لگانا (۲) برائی کرنا، غیبت کرنا۔

ـــ فُلانًا الی المعاصی: گناہوں پر آمادہ کرنا، اکسانا۔

المِنْزَغُ: رَجُلٌ مِنْزَغٌ: لوگوں میں لڑائی اور دشمنی کرانے والا، چغلخور، مفسد۔

النَّازِغُ: غیبت کرنے والا، ج: نُزَّغٌ وهي نَازِغَةٌ، ج: نَوَازِغُ۔

النَّزَّاغُ: المِنْزَغُ۔

النَّزْغُ: پھوٹ ڈالنے والی باتیں، تفرقہ انگیزی، شر انگیزی، لڑانے والی باتیں۔

نَزْغُ الشَّيْطَانِ: شیطان کا دل میں پیدا کیا ہوا وسوسہ، برا خیال، شیطان کی شرارت اور برائی پر ابھارنے والی بات۔

النَّزْغَةُ: نیزے وغیرہ کا چرکا (۲) مہمیز کا کچوکا (۳) برائی پر اکساہٹ۔

النَّزِيغَةُ: برا لفظ، بری بات، نَزَغَهُ بِنَزِيغَةٍ: اسے بری بات کہی۔

◆ نَزَفَ الشَّيْءُ ـِ نَزْفًا: ختم ہو جانا۔

ـــ فی الخصومة ونحوها: جھگڑے وغیرہ میں لاجواب ہو جانا، کوئی دلیل یا جواب بن نہ پڑنا۔

ـــ الدَّمْعَ: آنسو بہا کر ختم کر دینا۔

ـــ المَالَ: مال کو برباد کرنا۔

ـــ الدَّمَ: خون بہانا۔

ـــ الدَّمُ فلانًا: خون کا زیادہ بہہ کر کسی کو کمزور کر دینا۔

ـــ الفَزَعُ ونحوه فلانًا: خوف وغیرہ کا کسی کی عقل زائل کر دینا، حواس باختہ کر دینا۔

ـــ البِئْرَ: کنویں کا سارا پانی نکال کر خالی کر دینا۔

ـــ الشَّيْءَ: ختم کر دینا۔

نُزِفَ فلانٌ نَزْفًا: زیادہ خون نکلنے سے کسی کا کمزور ہو جانا۔

ـــ عَقْلُهُ: نشہ وغیرہ سے کسی کی عقل زائل ہو جانا، ہوش نہ رہنا، هو مَنْزُوفٌ وَنَزِيفٌ۔

أَنْزَفَ فلانٌ: کسی کے پاس کچھ نہ رہنا، تہی دست ہو جانا، لاجواب ہو جانا۔ جَادَلْتُهُ حَتَّى أَنْزَفَ: میں نے اس سے اتنی حجت کی کہ اس کے پاس جواب نہ رہا۔ شَرِبَ خَمْرًا فَأَنْزَفَ: اس نے شراب پی تو اسے نشہ چڑھ گیا (عقل نہ رہی، ہوش باقی نہ رہا)، قرآن پاک میں ہے، "لَا يُصَدَّعُونَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُونَ"۔

ـــ الدَّمَ: خون بہانا

اسْتَنْزَفَ فلانًا: کسی کا بے انتہا خون بہا کر کمزور کر دینا۔

ـــ الشَّيْءَ ختم کر دینا، باقی نہ چھوڑنا۔

المِنْزَافُ: مَعْزٌ مِنْزَافٌ: وہ بکری جس کا دودھ اترنا بند ہوگیا ہو۔
المِنْزَفَةُ: پانی نکالنے کا آلہ، ڈھیکلی تالاب وغیرہ سے پانی نکالنے کا ڈول جو بانس میں بندھا ہوتا ہے۔
المَنْزُوفُ: فاقد العقل (۲) زیادہ خون بہہ جانے سے کمزور (۳) انتہائی پیاسا۔
النَّازِفُ: عِرْقٌ نَازِفٌ: وہ رگ جس سے خون نہ نکلتا ہو ج: نُزَّفٌ۔
نَزَافِ: اسم فعل امر بمعنی: انْزِفْ کنویں کا سارا پانی نکالو۔
النُّزُوفُ: نکالا ہوا پانی (۲) خون نکلنے سے پیدا ہونے والی کمزوری (۳) خون بہنے والا انسان کا زخم۔
النَّزْفُ: خروج دم، خون کا بہاؤ، کنویں کے پانی کا اخراج۔
النُّزْفَةُ: تھوڑا سا پانی وغیرہ، ج: نُزَفٌ۔
النَّزُوفُ: بِئْرٌ نَزُوفٌ: کم پانی والا کنواں، ج: نُزُفٌ۔
النَّزِيفُ: بخار زدہ (۲) سیلان خون، کسی بیماری یا زخم کے باعث ناک منھ وغیرہ سے حد سے زیادہ خون کا اخراج۔
سَكْرَانُ نَزِيفٌ: مدہوش، بدمست۔
رَجُلٌ نَزِيفٌ: سخت پیاسا جس کی رگیں سخت پیاس کے باعث سوکھ گئی ہوں اور زبان خشک ہوگئی ہو، (۲) جو بہت زیادہ خون نکلنے سے کمزور ہوگیا ہو۔
النَّزِيفُ الدَّمَوِيُّ: جریان خون
• نَزَقَ الفَرَسُ وَنَحْوُهُ ـــ نَزَقًا وَنُزُوقًا: گھوڑے کا کود کر پھرتی سے آگے بڑھنا۔
ـــ الإِنَاءُ وَالغَدِيرُ: برتن اور تالاب کا بھر جانا
نَزَقَ الإِنَاءَ وَنَحْوَهُ نَزُوقًا: اوپر تک بھرنا، کناروں تک بھرنا۔
نَزِقَ الإِنَاءُ وَنَحْوُهُ ـــ نَزَقًا: اوپر تک برتن کا بھر جانا۔
ـــ الرَّجُلُ نَزَقًا وَنُزُوقًا: ناسمجھ اور کم عقل ہونا، حماقت آمیز عجلت باز ہونا (۲) چست و پھرتیلا ہونا، هُوَ نَزِقٌ وَهِيَ نَزِقَةٌ۔
أَنْزَقَ فُلَانٌ: اوچھا اور بے صبرا ہو جانا، عقل کھو بیٹھنا۔
ـــ فِي الضَّحِكِ: کھلکھلا کر ہنسنا، خوب ٹھٹے مار کر ہنسنا
ـــ الفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑانے کے لئے مارنا، کدانا۔
ـــ النَّعِيمُ فُلَانًا: آسودہ حالی کا کسی کو اوچھا اور بے وقوف بنا دینا
نَازَقَهُ مُنَازَقَةً وَنِزَاقًا: کسی کے ساتھ گالی گلوچ کرنا (۲) دوڑ میں مقابلہ کرنا۔
نَزَّقَهُ: أَنْزَقَهُ۔
تَنَازَقَ الرَّجُلَانِ: باہم گالی گلوچ کرنا۔
المُنَازِقُ: بہت باتونی، بکی، جھکی، (۲) جلد باز، اوچھا۔
النِّزَاقُ: تیز رفتار جانور (۲) ہٹی اور سرکش جانور۔
النُّزَقُ: ہر معاملہ میں عجلت و کم عقلی انجام سے بے پروا۔
فِي كَلَامِهِ نَزَقٌ: اس کی باتوں میں سطحیت ہے اس کی باتوں سے بیوقوفی ظاہر ہوتی ہے۔ (۲) حماقت آمیز عجلت بازی (۳) نزدیک جگہ۔
النَّزِقَةُ مِنَ الحَيَوَانِ: النِّزَاقُ۔
• نَزَكَ فُلَانًا ـــ نَزْكًا: چھوٹا نیزہ مارنا (۲) عیب لگانا، ناحق کسی کی ذات کو مجروح کرنا، تنقید و تنقیص کرنا
النَّزَّاكُ: عیب جو، ناقد، طعنہ زن،
النَّزِكُ: النَّزَّاكُ۔
النَّزِيكُ: عیب دار۔
النَّيْزَكُ: چھوٹا نیزہ، ج: نَيَازِكُ (۲) لوٹ کر گرنے والا چمکدار ستارہ، (شہاب ثاقب نما) فضائے آسمانی میں تیرنے والا ایک جرم سماوی جو فضاء ارضی میں داخل ہو کر جل جاتا ہے اور لوٹ کر گرنے والے شہاب ثاقب کی طرح دکھائی دیتا ہے۔
النَّيْزَكَاتُ: شریر لوگ (۲) بے صرف کر بیلہ
• نَزَلَ ـِ نُزُولًا: اترنا، اوپر سے نیچے آنا۔
ـــ عَنِ الأَمْرِ وَالحَقِّ: کسی معاملہ یا حق کو چھوڑنا، دست بردار ہو جانا
ـــ بِالمَكَانِ وَفِيهِ: قیام کرنا۔
ـــ عَلَى القَوْمِ: کسی جماعت یا قبیلہ کا مہمان بننا۔
ـــ بِهِ أَمْرٌ: کسی کو کوئی بات پیش آنا۔
ـــ بِهِ مَكْرُوهٌ: کوئی تکلیف لاحق ہونا۔
ـــ الحَاجُّ: حاجی کا منیٰ میں مقیم ہونا
ـــ عَلَى إِرَادَةِ زَمِيلِهِ: ساتھی کی رائے سے متفق ہونا۔
ـــ فُلَانٌ نَزَالَةً: سفر کرنا۔
نَزِلَ ـَ نَزْلَةً: نزلہ یا زکام ہونا، هُوَ نَزِلٌ وَهِيَ نَزِلَةٌ۔
ـــ الزَّرْعُ نَزَلًا: کھیتی کا بڑھنا نمو پذیر ہونا
ـــ المَكَانُ: کسی جگہ پر اس کے سخت ہونے کا

باعث تھوڑی بارش سے پانی کا بہنا۔
نَزِلَ السِّعْرُ: بھاؤ کم ہونا۔
اَنْزَلَ الشَّیْئَ: اتارنا۔
— اللّٰہُ کلامَہُ علٰی اَنْبِیَائِہٖ: اللہ کا اپنے پیغمبروں کو وحی کے ذریعہ پیغام و کلام پہنچانا۔
— حَاجَتَہُ علٰی کَرِیْمٍ: صاحب کرم کے پاس اپنا کام لیکر جانا، اپنی ضرورت پیش کرنا۔
— الضَّیْفَ: مہمان بنا کر اسکی ضروریات مہیا کرنا۔
— بِہٖ عقُوْبَۃً: کسی کو سزا دینا۔
— شَیْئًا مِنْ کَذَا: کم کرنا، گھٹانا۔
— فُلَانًا مَنْزِلَۃَ کَذَا: کسی کو کوئی حیثیت یا درجہ دینا۔
نَازَلَہُ فِی الحَرْبِ: لڑائی میں کسی سے میدان میں مقابلہ کرنا، آمنے سامنے ہوکر لڑنا، کہتے ہیں، حَارَبُوْا بِالنِّزَالِ: وہ آمنے سامنے ہوکر لڑے۔
— فُلَانٌ النَّاسَ فِی سَفَرٍ وَنَحْوِہٖ: سفر وغیرہ میں کسی کا لوگوں کے ساتھ قیام کرنا۔ ھولا یُحَالُّ النَّاسَ وَلَا یُنَازِلُھُمْ: وہ لوگوں کے ساتھ قیام نہیں کرتا۔ الگ تھلگ رہتا ہے۔
نَزَّلَ الشَّیْئَ: بتدریج اتارنا، نازل کرنا (۲) کم کرنا، گھٹانا۔
— القَوْمَ: لوگوں کو رہائش گاہوں میں ٹھیرانا۔
— الشَّیْئَ: کسی چیز کو اس کی جگہ پر رکھنا، ترتیب سے رکھنا۔
— ھٰذا مَکَانَ ھٰذا: کسی چیز کو دوسری چیز کی جگہ اور حیثیت دینا، قائم مقام بنانا۔
تَنَازَلَ القَوْمُ: لوگوں کا میدان میں اتر کر آمنے سامنے لڑنا، باہم مقابلہ کرنا، اونٹوں سے اتر کر گھوڑوں پر سوار ہوکر لڑنا۔
— فِی السَّفَرِ وَنَحْوِہٖ: سفر وغیرہ میں مختلف افراد کے پاس کھانا کھانا۔
— عَنِ الحَقِّ: حق سے دست بردار ہونا، بخوشی چھوڑ دینا
— عَنْ شَیْئٍ لِصَالِحِ فُلَانٍ: کسی کے مفاد میں کسی چیز سے دست بردار ہونا۔
تَنَزَّلَ: دھیرے دھیرے اترنا، قرآن پاک میں ہے تَنَزَّلُ عَلَیْھِمُ المَلٰئِکَۃُ وَالرُّوْحُ فِیْھَا۔
اِسْتَنْزَلَہُ: اتارنا، نیچے لانا، (۲) کسی سے نیچے اترنے کو کہنا، نیچے اتروانا۔
— فُلَانًا عَنْ حَقِّہٖ اَوْرَأیِہٖ: کسی سے حق یا رائے چھوڑنے کی درخواست یا طلب کرنا۔
— اللَّعَنَاتِ عَلٰی فُلَانٍ: کسی پر لعنتیں برسانا۔
اُسْتُنْزِلَ فُلَانٌ: کسی کا مرتبہ گھٹانا، عہدہ وغیرہ سے برطرف کیا جانا۔
الاِنْزَالُ: اتارنے کا عمل۔
التَّنْزِیْلُ: تھوڑا تھوڑا اتارنا۔ (۲) منزل من اللہ، مصدر بمعنی اسم مفعول التَّنْزِیْلُ العَزِیْزُ والتَّنْزِیْلُ الحَکِیْمُ: قرآن پاک جو اللہ کی جانب سے پیغمبر علیہ السلام جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر بذریعہ وحی تھوڑا تھوڑا نازل کیا گیا۔
التَّنَازُلُ: باہم میدانی مقابلہ (۲) دست برداری، علیحدگی، رعایت، کنسیشن، ج: تَنَازُلَات۔
التَّنَازُلِیُّ: دست برداری سے متعلق (۲) رعایتی۔ العَدُّ التَّنَازُلِیُّ: الٹی گنتی۔
المُتَنَازِلُ عَنْ شَیْئٍ: دست بردار۔
المُتَنَازَلُ لَہُ اَوْ اِلَیْہِ: جس کے حق میں دست برداری دیجائے۔
المُتَنَازَلُ عَنْہُ: وہ چیز جس سے دست برداری دیجائے۔
المُنَازِلُ: لڑائی کا مقابل، میدان میں آکر لڑنے اور مقابلہ کرنے والا۔
المُنَازَلَۃُ: آمنے سامنے کی میدانی لڑائی۔
المَنْزَلُ: بمعنی نزول۔
المَنْزِلُ: گھر، مکان، جاء قیام، سفر میں اترنے کی جگہ، پڑاؤ، (۲) چشمہ، ج: مَنَازِلُ، مَنَازِلُ القَمَرِ: چاند کی اٹھائیس منزلیں یا اٹھائیس مدارات جن میں وہ زمین کے گرد گردش کرتا ہے اور ہر رات کو مقررہ نظام کے مطابق کسی ایک میں گھومتا ہے، ان میں سے کچھ کے نام یہ ہیں، (۱) سَرطان (۲) بُطَیْن، (۳) ثُرَیَّا (۴) دَبَرَان، نیز سال کے موسموں میں سے ہر موسم کی سات منزلیں ہوتی ہیں۔
مَنْزِلُ المُسَافِرِیْنَ، مسافر خانہ۔
المُنْزَلُ: الاِنْزَالُ (۲) اترنے اور قیام کرنے کی جگہ (۳) قیام گاہ، منزل، جاء قیام، قرآن پاک میں ہے، وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَکًا، اے پروردگار مجھے مبارک منزل پر اتار۔
المَنْزِلَۃُ: گھر (۲) حیثیت و مرتبہ، مقام، پوزیشن، درجہ، ج: مَنَازِلُ لَہُ مَنْزِلَۃٌ عِنْدَ الاَمِیْرِ:

امیر کے یہاں اس کی حیثیت ہے۔
مَنْزِلَةٌ اجتماعیۃٌ: سماجی پوزیشن۔
رَفیعُ المَنازِل: بلند رتبہ آدمی۔
المَنْزِلِیٌّ: خانگی، اندرونی، خانہ ساز
الشُّئونُ المَنْزِلِیَّة: امور خانہ داری۔
الواجِباتُ المَنْزِلِیَّة: ہوم ورک، اسکول کی طرف سے دیا ہوا گھر پر کرنے کا کام۔
النَّازِلَةُ: سخت مصیبت، آفت کبری، ج: نازلات ونوازل۔
النِّزالُ: روبرو لڑائی، میدانی مقابلہ
نَزالِ: (برائے واحد وجمع، مذکر ومؤنث) اترآؤ (میدان جنگ میں لڑنے کی دعوت دینے کا ایک مخصوص لفظ)۔
النَّزَالَةُ: زمین کے سخت ہونے کے باعث اس پر تھوڑی سی بارش سے پانی کا بہاؤ۔
النِّزالَةُ: ضیافت (۲) مہمانی، هو حَسَنُ النِّزالَةِ: وہ بہت اچھا میزبان ہے۔
النُّزالَةُ: هو من نُزالة سوء: وہ کمینہ باپ کی اولاد ہے۔
النَّزّالُ: جنگجو، مرد میدان (۲) بہت قیام کرنے اور ٹھیرنے والا۔
النَّزِلُ: موضعٌ نَزِلٌ: کثیر الاقامت جگہ، رَجُلٌ ذو نَزَلٍ: سخی وفیاض جو خوب داد ودہش کرتا ہو، فلان لَیسَ بذی طُعمٍ ولَیسَ بذی نَزَلٍ: اُسے نہ عقل ہے نہ شناخت۔
سَحابٌ ذو نَزَلٍ: برسنے والا بادل، طَعامٌ کَثیرُ النَّزَلِ: بہت بابرکت کھانا۔
النَّزِلُ: کثیر الاقامت جگہ، سَحابٌ
نَزِلٌ: بہت برسنے والا بادل۔
النُّزُلُ: منزل، قیام گاہ (۲) سرائے، قیام کا ہوٹل (۳) مہمان خانہ، ضیافت خانہ، قرآن پاک میں صالحین کے بارے میں ہے "کانَتْ لَهُم جَنّٰتُ الفِردَوسِ نُزُلًا" (۴) عطیہ (۵) برکت، ج: اَنْزال۔
النَّزْلَةُ: نزلہ (۲) ناسازئ طبع (۳) ایک دفعہ کا قیام۔
النَّزْلَةُ الوافِدَةُ: انفلوئنزا، فلو۔
النَّزْلَةُ الشُّعَبِیَّة: کھانسی (کالی) حلق کی جھلی کی سوجن۔
اَرضٌ نَزِلَةٌ: عمدہ کھیتی والی زمین، ج نَزِلات، کہتے ہیں: تَرَکْتُ القَومَ علی نَزِلاتِهِم: لوگوں کو میں نے بہت اچھے حال میں چھوڑا۔
النُّزْلَةُ: احباب کے لئے تیار کیا ہوا پیٹ بھر کھانا، طعام ضیافت۔ کانَ الیَومَ علی فُلانٍ نُزْلَتُنا: آج فلاں کے یہاں ہماری کھانے کی دعوت تھی، اَکَلْنا عِندَهُ نُزْلَتَنا: ہم نے آج اس کے یہاں دعوت کھائی۔
النُّزُول: قیام، اتار، انحطاط، نُزُولًا علی رَغْبَةِ فُلانٍ: کسی کی خواہش کے احترام میں۔
فی نُزُولٍ: اتار پر، انحطاط پذیر۔
النَّزِیلُ: مہمان (۲) وطنی بھائی، (۳) رہائشی شریک (مکان میں ساتھ رہنے والا) کہتے ہیں فُلانٌ نَزِیلی: فلاں مکان میں میرے ساتھ رہتا ہے، ج: نُزَلاء۔
طَعامٌ نَزِیلٌ: بابرکت کھانا۔
ثَوبٌ نَزِیلٌ: کامل کپڑا
(فل ڈریس)۔
• نَزْنَزَ: سر ہلانا۔
— المَکانُ: جگہ میں پانی کا نکلتے رہنا، جگہ کا مسلسل رستے رہنا۔
— الأُمُّ صَبِیَّها: ماں کا بچہ کو ہاتھوں پر نچانا۔
• نَزَهَ الدَّوابَّ ـَ نَزْهًا: چوپاؤں کو پانی سے دور رکھنا۔
نَزِهَ المَکانُ ـَ نَزاهَةً ونَزاهِیَةً: جگہ کا فضائی آلودگیوں سے دور اور صاف ستھرا ہونا۔
— فُلانٌ: ہر ناپسندیدہ چیز سے دور ہونا، بے داغ ہونا، پاک دامن ہونا، پاک وصاف ہونا، هو نَزِهٌ ونَزِیهٌ وهی نَزِهَةٌ ونَزِیهَةٌ۔
— الأرضُ: زمین کا سبزہ پوش ہونا۔
نَزَّهَهُ عن الشَّیءِ: کسی چیز سے دور رکھنا یا دور کرنا (۲) بری قرار دینا (۳) برائی سے دور کرنا، پاک کرنا۔
— نَفسَهُ عن الأقذارِ: گندگیوں سے خود کو بچانا، پاک وصاف رکھنا
— الشَّیءَ: صاف ستھرا اور پاکیزہ بنانا، جیسے نَزَّهَ التّاریخَ ونَحْوَهُ
— اللّٰهَ سُبحانَه وتعالی: اللہ تعالیٰ کی تقدیس بیان کرنا، ہر عیب ونقص سے پاک سمجھنا۔
— فُلانًا: کسی کو سیر اور تفریح کرانا۔
تَنَزَّهَ عن الشَّیءِ: دور ہونا، محفوظ رہنا، بری ہونا، پاک وصاف ہونا، هو یَتَنَزَّهُ عن الأقذارِ: وہ گندگیوں سے بچتا ہے، ویَتَنَزَّهُ عن الرَّذائِلِ: وہ اخلاقی

خرابیوں سے دور رہتا ہے۔

نَزَّهَ فُلَانٌ: تفریح کے لئے (عمدہ جگہ) نکلنا سیر و تفریح کرنا، ہوا خوری کے لئے نکلنا۔

اِسْتَنْزَهَ عن الشیئِ: بچنا، محفوظ رہنا۔

ـــ فلانٌ: سیر و تفریح یا پکنک کی خواہش کرنا۔

التَّنَزُّهُ: تفریح، (۲) برائی سے بچاؤ۔

التَّنْزِیهُ: تقدیس، اظہار و اقرار پاکیزگی۔

المُتَنَزَّهُ: تفریح گاہ، پارک، ج: مُتَنَزَّهَات۔ المُتَنَزَّهُ الوَطَنِیُّ: نیشنل پارک۔

المُنْتَزَهُ: المتنزَّه، ج: مُنْتَزَهَات۔

المَنْزَهُ: دور جگہ، ج: مَنَازِهُ۔

المُتَنَزِّهُونَ: سیر و تفریح کرنے والے۔

النَّازِهُ: نَازِهُ النَّفْسِ: بلند کردار و پاک داماں، پاکیزہ نفس، ج: نِزَاهٌ۔

النَّزَاهَةُ: برائی سے دوری، نفسانی خواہشات کا ترک، پاکدامنی، پارسائی (۲) پاکی، صفائی (۳) برائت۔

النَّزِهُ هو نَزِهُ الخُلُقِ: پاکیزہ اخلاق آدمی ج: نِزَاهٌ۔

النَّزِهُ: رَجُلٌ نَزِهُ الخُلُقِ: پاکیزہ اخلاق آدمی۔

النُّزْهَةُ: تفریح (۲) دور جگہ، ج: نُزَهٌ۔ هو بِنُزْهَةٍ عن كذا و منه: وہ فلاں چیز سے دور اور بری ہے۔

النُّزْهِیُّ: رَجُلٌ نُزْهِیٌّ: تفریح باز، بہت زیادہ ہوا خور، باہر ہوا خوری کا عادی۔

النَّزِیهُ: پاک و صاف (۲) مبرّا، پاک داماں، پارسا، ج: نُزَهَاءُ۔

• نَزَا الفَحْلُ ـُـ نَزْوًا و نُزُوًّا و نَزَوَانًا: نر چوپائے کا مادہ پر کودنا، جفتی کرنا۔

نَزَتْ فَقَاقِیعُ الخَمْرِ: شراب کے بلبلے اٹھنا۔

ـــ عَنْهُ نَزَوَانًا: بچ کر بھاگنا۔

ـــ عَلَیْهِ: حملہ کرنا، جست لگا کر پہنچنا۔

ـــ بِهِ قَلْبُهُ الی الشیئِ: کسی چیز کی خواہش ہونا، کسی چیز پر دل آنا۔

ـــ بِهِ الشَّرُّ: کسی کا شرارت پر آمادہ ہونا۔

اَنْزَاهُ: نر کو مادہ پر چڑھانا، جفتی کرانا

نَزَّاهُ: اَنْزَاهُ۔

تَنَزَّى الیه: کسی کی طرف لپکنا، چھلانگ لگا کر پہنچنا۔

اِنْتَزَى عَلَى الشیئِ: غاصبانہ قبضہ کرنا جیسے اِنْتَزَی عَلَی اَرْضِی فَاَخَذَهَا۔

النَّازِی: حملہ آور، مادہ پر کودنے والا نر جانور، جست لگانے والا۔

النَّازِیَةُ: تیزی اور پھرتی، جوش، بِقَلْبِهِ نَازِیَةٌ: اس کے دل میں جوش ہے (۲) حرکت، غلطی، لغزش۔ صَدَرَتْ عَنْه نَازِیَةٌ: اس سے غصہ کی زیادتی میں کوئی حرکت یا غلطی سرزد ہوئی۔

اَکَمَةٌ نَازِیَةٌ: چہار جانب سے اونچا ٹیلا ج: نَوَازٍ۔

نَوَازِی الخَمْرِ: شراب میں پانی ملاتے وقت اٹھنے والے بلبلے

النَّازِیَّةُ: ہٹلر کا فسطائیت سے مشابہ نظام حکومت جس کے ذریعہ وہ جرمنی پر ۱۹۳۳ء میں برسراقتدار ہوا، لفظ نازیت کے معنی قومی اشتراکیت کے ہیں۔

النَّزَّاءُ: کسی کام کو دوڑ دوڑ کر کرنے والا، زبردست جست لگانے والا، حملہ آور اِنَّهُ لَنَزَّاءٌ الی الشَّرِّ: وہ بڑا ہی فسادی ہے، وہ فتنہ و فساد کا خوگر ہے۔

النُّزَاءُ: بھیڑوں کی ایک بیماری جس میں خون نہیں رہتا۔

النَّزْوَةُ: جست، حملہ، چھلانگ۔

النَّزَوَانُ: تیزی، جوش، به نَزَوَانٌ: اس میں بڑا ہی جوش ہے۔

النَّزِیُّ: النَّزَّاءُ۔

النَّزِیَّةُ: اچانک پیش آنے والی بارش یا کوئی بات یا شوق و خواہش۔

ن ـــ س

• نَسَأَتِ المَاشِیَةُ ـَـ نَسْئًا و مَنْسَأَةً: مویشی کا موٹا ہونا یا مٹاپا ظاہر ہونا۔

ـــ الشیئَ او الامرَ: مؤخر کرنا۔

ـــ البَیْعَ: ادھار بیع کرنا (یعنی بیچی ہوئی چیز کی وصولی مؤخر کرنا)۔

ـــ الدَّیْنَ: قرض کی ادائگی میں مہلت دینا، اسے مؤخر کرنا (نَسَا عن فلانٍ دَیْنَهُ)۔

ـــ الاِبِلَ عن الحَوْضِ: اونٹوں کو حوض سے ہٹانا، پیچھے رکھنا۔

ـــ اللهُ اَجَلَهُ و نَسَأَ فی اَجَلِهِ: اللہ کا کسی کی موت کو مؤخر کرنا یعنی اس کی عمر دراز کرنا، هو نَاسِئٌ ج: نَسَأَةٌ۔

ـــ الدَّابَّةَ بِالمِنْسَأَةِ: چوپائے

کو لاٹھی مار کر ہانکنا۔
نَسَأَ اللَّبَنَ : دودھ کو بڑھانے یا اس کی ترشی دور کرنے کے لئے پانی ملانا۔
— فُلَانًا : کسی کو تیز شراب پلانا۔
نُسِئَتِ الْمَرْأَةُ نَسْئًا : عورت کے حیض کا وقت مقررہ پر نہ آنے سے حمل کا گمان ہونا۔ هِيَ نَسْءٌ و نَسُوءٌ ج: نِسَاءٌ۔
أَنْسَأَ عَنْهُ : دور ہونا، پیچھے ہونا۔
— الشَّيْئَ و فِيهِ : مؤخر کرنا، پیچھے کرنا، کسی چیز میں دیر لگانا۔
— الدَّيْنَ : قرض میں مہلت دینا۔
— الْبَيْعَ : ادھار بیچنا۔
نَاسَأَهُ : (قیاس سے نَاسَأَ ہونا چاہئے لیکن بلا ہمزہ ہے) دور کرنا۔
نَسَّأَ الدَّابَّةَ فِي السَّيْرِ : چوپائے کو لاٹھی مار کر تیز ہانکنا۔
اِنْتَسَأَ : دور ہونا، مؤخر ہونا، پیچھے ہونا۔
— عَنْ فُلَانٍ : کسی سے الگ ہو جانا، اِنَّ لِي عَنْهُ لَمُنْتَسَأً : میرے لئے اس سے الگ ہونے کی گنجائش یا امکان و موقع ہے۔
اِسْتَنْسَأَهُ : کسی سے مہلت چاہنا۔
— غَرِيمَهُ و اسْتَنْسَأَهُ الدَّيْنَ : اپنے قرض خواہ سے ادائگی کی مہلت چاہنا۔
الْمِنْسَأَةُ : چرواہے کی لاٹھی، قرآن پاک میں ہے "مَا دَلَّهُمْ عَلَىٰ مَوْتِهِ إِلَّا دَابَّةُ الْأَرْضِ تَأْكُلُ مِنْسَأَتَهُ" ان کو اس کی موت کا علم صرف اس سے ہوا کہ اس کی لاٹھی کو گھن کا کیڑا کھا رہا تھا۔
النَّسَاءُ : تاخیر، درازی عمر۔
النَّسْءُ : بدمست کر دینے والی تیز شراب (۲) پانی ملا پتلا دودھ (۳) موٹاپا۔

النِّسْءُ : گھل مل کر رہنے والا، هُوَ نِسْءُ نِسَاءٍ : وہ عورتوں میں گھلا ملا رہتا ہے۔
النُّسْأَةُ : تاخیر، بَاعَهُ بِالنُّسْأَةِ اسے ادھار بیچا (قیمت لینے میں تاخیر کی)۔
النَّسُوءُ : وہ دودھ جو زیادہ وقت رکھنے سے ترش ہو گیا ہو اور اس میں پانی ملا دیا گیا ہو۔
النَّسِيءُ : تاخیر، زمانہ جاہلیت میں ماہ محرم کی حرمت کو ماہ صفر تک بڑھا دیا جاتا تھا۔ اس کے بارے میں ارشاد باری ہے "اِنَّمَا النَّسِيءُ زِيَادَةٌ فِي الْكُفْرِ" اللہ کی جانب سے مقررہ اشہر حرام میں عربوں کا اپنی طرف سے اضافہ اور ان کی حرمت کو ماہ صفر تک لیجانا کفر ہے (۲) بہت پانی ملا پتلا دودھ۔
النَّسِيئَةُ : ادھار، بَاعَهُ بِالنَّسِيئَةِ : اس کو ادھار فروخت کیا (۲) مہلت دیا ہوا، (مؤخر کیا ہوا) قرض۔
رِبَا النَّسِيئَةِ : ادھار کا سود، وہ یہ ہے کہ مدت معینہ تک کے لئے کوئی چیز ادھار فروخت کیجائے کہ اس وقت تک قیمت ادا نہ ہوئی تو اتنی رقم کا اضافہ ہو کر وہ اصل مال میں شامل کر کے پھر مجموعہ پر مزید تاخیر کا سود واجب ہوگا۔ یا وہ متعاقدین کے مبیع اور قیمت کو قبضہ میں لئے بغیر مدت معینہ کا معاملہ ہے خواہ تاخیر پر کوئی اضافہ نہ کیا جائے
• نَسَبَ الشَّاعِرُ بِفُلَانَةٍ

— نَسِيبًا و مَنْسِبًا : شاعر کا اپنے اشعار میں عورت کے ساتھ اپنی عشق و محبت کا اشارةً بیان کرنا۔
نَسَبَ الشَّيْئَ ـُ نَسَبًا و نِسْبَةً : وصف بیان کرنا، اصل بیان کرنا۔
— الرَّجُلَ : کسی کا نسب بیان کرنا۔
— فُلَانًا : کسی سے نسب معلوم کرنا۔
— الشَّيْئَ اِلَى فُلَانٍ : کسی کی طرف کوئی چیز منسوب کرنا۔
اَنْسَبَتِ الرِّيحُ : ہوا کا [illegible] و تند ہو کر مٹی اور سنگریزے اڑانا۔
نَاسَبَ فُلَانًا : کسی کا ہم نسب ہونا، (۲) ہم شکل ہونا، بَيْنَهُمَا مُنَاسَبَةٌ : ان میں باہمی مشابہت ہے۔
— الْاَمْرُ اوِالشَّيْئُ فُلَانًا : کوئی بات یا چیز مزاج کے موافق ہونا، موزوں ہونا۔ هٰذَا لَا يُنَاسِبُكَ : یہ تمہارے لئے موزوں نہیں۔
اِنْتَسَبَ : نسب بیان کرنا، بتانا، نَسَبَنِي فَانْتَسَبْتُ لَهُ : اس نے مجھ سے نسب معلوم کیا تو میں نے اس کو نسب بتا دیا۔
— اِلَى فُلَانٍ : کسی کی طرف منسوب ہونا۔
— اِلَى مَدْرَسَةٍ اوجَمَاعَةٍ : کسی مدرسہ یا جماعت میں داخل ہونا۔
تَنَاسَبَ الشَّيْئَانِ : دو چیزوں کا یکساں ہونا، باہم مشابہ ہونا۔
— الْقَوْمُ اِلَى اَحْسَابِهِمْ : لوگوں کا اپنے اپنے خاندانی نسب و حسب منسوب ہونا۔
تَنَسَّبَ اِلَى كَذَا : کسی سے اپنے نسب و قرابت کا دعوی کرنا۔

اِسْتَنْسَبَ فُلَانًا: کسی سے اس کا نسب معلوم کرنا۔
الاِنْتِسَابُ: بیان نسب، شمولیت، داخلہ۔
الأَنْسَبُ: زیادہ موزوں۔
التَّنَاسُبُ: موزونیت، مشابہت، ربط وتعلق (۲) حساب میں دو نسبتوں کی برابری، جیسے ب/آ = ج/د آ اور ب کی نسبت ج ا اور ہمزہ کی نسبت کے برابر ہے
المُنَاسِبُ: موزوں، موافق، مشابہ، رشتہ دار، نسبت والا عدد۔
المَنْسُوبُ: نسب بیان کیا ہوا، نسبت قائم کیا ہوا (۲) شِعْرٌ مَنْسُوبٌ: نسیب کا شعر، خَطٌّ مَنْسُوبٌ: قاعدہ والا خط۔
مَنْسُوبُ المَاءِ فِي النَّهْرِ: نہر میں پانی کا لیول، ج: مَنَاسِيب
النِّسَابَةُ: رشتہ داری۔
النَّسَّابُ: علم الانساب کا ماہر
النَّسَّابَةُ: علم الانساب کا بڑا ماہر (ت برائے مبالغہ)۔
النَّسَبُ: قرابت، رشتہ داری، خاندانی سلسلہ، باپ کی طرف سے رشتہ۔ نَسَبُهُ فِي بَنِي فُلَانٍ: وہ فلاں قبیلہ سے تعلق رکھتا ہے، ج: أَنْسَابٌ (۲) علماء صرف کے نزدیک اسم کے اخیر میں یاء مشددہ بڑھا کر اس کی خاص نسبت وتعلق بیان کرنا، جیسے وَطَنٌ سے وَطَنِيٌّ (وطن کی طرف منسوب) اسے اسم منسوب کہا جاتا ہے۔
سِلْسِلَةُ النَّسَبِ: خاندانی رشتہ کی مرتب تفصیل۔
النِّسْبَةُ: تعلق (۲) رشتہ، (۳) قرابت، سسرالی رشتہ (۴) تناسب (ایک نوع کی دو کمیتوں کے باہم موازنہ کرنے کا نتیجہ) (۵) مقدار يُضَافُ هذا الى ذلك بِنِسْبَةِ كذا: یہ چیز اس چیز میں اتنی مقدار میں ملائی جائیگی ج: نِسَبٌ۔
النِّسْبَةُ المِئَوِيَّةُ: فی صدی تناسب، پرسنٹیج۔
نِسْبَةُ المَوَالِيد: شرح پیدائش پیدائش کا تناسب۔
النِّسْبِيَّةُ: نظریۂ اضافیت، آئن سٹائن کا ریاضی کے اصولوں یا کلیات پر مبنی نظریہ جس میں کمیت اور توانائی کو برابر تصور کیا گیا ہے اور زمان ومکان کو باہم ایک دوسرے پر منحصر بتایا گیا ہے۔
النِّسْبِيُّ: اضافی، تناسبی، نسبتی۔
نِسْبِيًّا: نسبۃً، کسی قدر، مقابلۃً
بِالنِّسْبَةِ لِكَذَا او الى كَذَا: بمقابلہ اسکے، بہ نسبت اس کے۔
النَّسِيبُ: مناسب (۲) نسبتی برادر، سالہ (۳) رشتہ دار (۴) حسب ونسب میں مشہور شریف آدمی (۵) سسرالی رشتہ دار (۶) معلوم النسب آدمی ج: أَنْسِبَاءُ ونُسَبَاءُ (۷) عشقیہ فصیح شعر، عمدہ غزل۔
النَّيْسَبُ: چیونٹیوں کی قطار (۲) سیدھا کھلا راستہ۔
النَّاسُوتُ: عالم بشری یا مادی ضد لاہوت۔

• نَسَجَتِ النَّاقَةُ فِي سَيْرِهَا ـــ نَسْجًا: اونٹنی کا جلدی جلدی قدم اٹھانا، تیز رفتار ہونا، هي نَسُوجٌ۔
ـــ الثَّوْبَ: کپڑا بننا۔
نَسَجَتِ الرِّيحُ التُّرَابَ اوالوَرَقَ اوالهَشِيمَ اوالمَاءَ: ہوا کا مٹی، پتوں اور پھونس وپانی کو ایک دوسرے کی طرف کھینچ لانا۔
ـــ الغَيْثُ النَّبَاتَ: بارش کا گھنی گھاس وغیرہ اگانا۔
ـــ الشَّاعِرُ الشِّعْرَ: شعر کہنا، بنانا۔
ـــ الزُّورَ: جھوٹ گھڑنا۔
ـــ الكَلَامَ: ملخص کرنا، شاندار بنانا۔
اِنْتَسَجَ الثَّوْبُ: بنا جانا، تیار ہونا، نَسَجَهُ فَانْتَسَجَ۔
المَنْسَجُ: بنائی کا کارخانہ، ج: مَنَاسِج
المِنْسَجُ: کرگہ، کھڈی، ہینڈلوم، (جس سے کپڑا بنا جاتا ہے)۔
المِنْسَجُ الآلِيُّ: مشین لوم، کپڑا بننے کی مشین۔
مِنْسَجُ التَّطْرِيز: کڑھائی (ایمبرائڈری) کی مشین۔
المَنْسُوجُ: بنا ہوا (کپڑا وغیرہ)
المَنْسُوجَاتُ: بنے ہوئے بے سلے کپڑے۔
المَنْسُوجَاتُ الصُّوفِيَّةُ: بنے ہوئے بے سلے اونی کپڑے۔
المَنْسُوجَاتُ القُطْنِيَّةُ: بنے ہوئے بے سلے سوتی کپڑے۔
النِّسَاجَةُ: بنائی، بنائی کا پیشہ۔
النَّسَّاجُ: پارچہ باف، پارچہ بافی کا کام یا کاروبار کرنے والا (۲) جھوٹا۔
النَّسْجُ: بنائی (۲) آراستگی کلام، ترتیب، (۳) کذب بیانی (۴) نظم شعر۔
النَّسِيجُ: المَنْسُوجُ: بنا ہوا کپڑا، ج: أَنْسِجَةٌ، هو نَسِيجُ وَحْدِهِ: وہ یکتا اور علم وہنر میں یگانہ ہے، ج: نُسُجٌ وهي

بَسِيْجَة، ج: نَسَائِجُ۔
◆ نَسَخَ التُّرَابَ ـَ نَسْخًا: مٹی اڑانا، بکھیرنا، کریدنا۔
نَسَخَ فُلَانٌ ـَ نَسْخًا: لالچ کرنا۔
المِنْسَاخُ: مٹی اڑانے کا کوئی آلہ۔
النُّسَاخُ: کھجوروں کا چورا یا جھڑن۔
النُّسَخُ: النُّسَاخُ۔
◆ نَسَخَ الشَّيْءَ ـَ نَسْخًا: ختم کرنا کینسل کرنا۔ منسوخ کرنا، زائل کرنا، مٹانا، جیسے نَسَخَتِ الرِّيحُ آثَارَ الدِّيَارِ۔ نَسَخَتِ الشَّمْسُ الظِّلَّ و نَسَخَ الشَّيْبُ الشَّبَابَ: ہوا کا نشانات مٹانا، سورج کا سایہ کو ختم کرنا، بڑھاپے کا جوانی کو زائل کرنا۔
ـــ اللّٰهُ الآيَةَ: اللہ کا کسی آیت کے حکم کو ختم کر دینا۔ منسوخ کر دینا، قولہ تعالیٰ «مَا نَنْسَخْ مِنْ آيَةٍ او نُنْسِهَا نَأْتِ بِخَيْرٍ مِنْهَا او مِثْلِهَا»۔
ـــ الحَاكِمُ الحُكْمَ والقَانُونَ: حاکم کا کسی فیصلے یا قانون کو منسوخ کرنا۔ کالعدم قرار دینا۔
ـــ الكِتَابَ: کتاب کو حرف بہ حرف لکھنا، نقل کرنا، (۲) کتابت کرنا (۳) کاپی بنانا۔
نَاسَخَهُ: کسی کا لکھائی یا نقل میں مقابلہ کرنا (۲) غالب آنے کی کوشش کرنا۔
اِنْتَسَخَ الشَّيْءَ: نَسَخَهُ۔
ـــ الكِتَابَ: نَسَخَهُ۔
تَنَاسَخَ الشَّيْئَانِ: ایک دوسرے کو زائل و باطل کرنا، ختم کرنا،
اَبْلَاهُ تَنَاسُخُ المَلَوَيْنِ: زمانہ کی گردش نے اسے پامال کر دیا۔
تَنَاسَخَتِ الأَشْيَاءُ: چیزوں کا الٹ پلٹ ہو کر ایک دوسرے کی جگہ لینا۔
ـــ الأَرْوَاحُ (بعض کے عقیدہ کے مطابق) روحوں کا بعض اجسام سے نکل کر دوسرے اجسام میں منتقل ہونا۔
اِسْتَنْسَخَ الشَّيْءَ: کوئی چیز لکھوانا، کسی سے لکھنے کو کہنا، نقل کرنا، کاپی بنوانا۔
المِنْسَاخُ: پنٹوگراف (۲) نقل بنانے کی مشین۔
المَنْسُوخُ: منسوخ و کالعدم قرار دیا ہوا۔
التَّنَاسُخُ: تَنَاسُخُ الرُّوحِ: بعض قدیم اقوام اور ہندوستان کے ہندوؤں کا ایک عقیدہ جس کے تحت وہ بعث بعد الموت (مرنے کے بعد جزاء وسزا) کے قائل ہونے کے بجائے یہ نظریہ رکھتے ہیں کہ بندہ کو اچھے برے اعمال کی جزاء وسزا دنیا ہی میں ملجاتی ہے وہ اس طرح کہ نیک کار کی روح زیادہ اعلیٰ جسم میں مرنے کے بعد منتقل ہو کر عزت پاتی ہے اور بدکار کی روح نچلے درجہ کے جسم میں منتقل ہو کر ذلیل و بے آرام ہوتی ہے، اس کو عقیدۂ تناسخ ارواح (آواگون) کہا جاتا ہے (۲) زمانوں کی یکے بعد دیگرے آمد، وارثوں کی یکے بعد دیگرے موت۔
التَّنَاسُخِيَّةُ: تناسخ ارواح کے قائلین اور بعث بعد الموت کے منکرین۔
النَّاسِخُ: منسوخ کرنے والا، زائل اور ختم کرنے والا (۲) کتابیں وغیرہ لکھنے والا کاتب، نقل نویس ج، نُسَّاخٌ
النَّسَّاخُ: کاتب، نقل نویس۔
النِّسَاخَةُ: کتابت، نقل نویسی۔
النُّسْخَةُ: لکھی ہوئی یا نقش کشیدہ چیز کی بعینہ نقل، کاپی، شنّیٰ، ڈپلی کیٹ، ج: نُسَخٌ۔
النُّسْخَةُ الأَصْلِيَّةُ: اصل کاپی۔
النُّسْخَةُ الثَّانِيَةُ: نقل، ڈپلی کیٹ۔
النُّسْخَةُ الفوتوغرافية: فوٹو اسٹیٹ کاپی۔
نُسْخَةٌ طِبْقَ الأَصْلِ: نقل مطابق اصل۔
◆ نَسَرَ الطَّائِرُ اللَّحْمَ ـِ نَسْرًا: پرندہ کا گوشت کو نوچنا اور ٹکڑے نکالنا، ادھیڑنا، چھیلنا۔
ـــ فُلَانٌ الشَّيْءَ: کاٹنا، ادھیڑنا، (۲) توڑنا، جیسے نَسَرَ الحَبْلَ او الجُرْحَ: رسی یا زخم کو توڑنا، ادھیڑنا، کھولنا۔
ـــ فُلَانًا: عیب لگانا، تہمت لگانا۔
نَسَّرَ الشَّيْءَ: مبالغہ در نَسَرَ۔
اِنْتَسَرَ الشَّيْءُ: ٹوٹ جانا، ادھڑ جانا، چھل جانا، کٹ جانا۔
تَنَسَّرَ الشَّيْءُ: اِنْتَسَرَ۔
ـــ الجُرْحُ: زخم کھل کر اس کا مواد (پیپ خون وغیرہ) نکل جانا، پھنسی کا پھوٹ جانا۔
ـــ الثَّوْبُ او القِرْطَاسُ: کپڑے یا کاغذ کا دھیرے دھیرے پھٹ جانا۔
تَنَسَّرَتِ النِّعْمَةُ عن فُلَانٍ: رفتہ رفتہ کسی کی آسودگی ختم ہوجانا۔
اِسْتَنْسَرَ الطَّائِرُ: گدھ کی طرح طاقتور ہو جانا، کہاوت ہے اِسْتَنْسَرَ

البُغَاثُ : کمزور پرندہ گدھ بن گیا، کمزور اگر قوی ہونے کا دعویدار ہو تو اس وقت یہ کہا جاتا ہے۔
المِنْسَرُ : شکاری پرندے کی چونچ (۲) گھوڑوں کا دستہ (۳) فوج کا ہراول دستہ جو طلیعہ کے پیچھے ہوتا ہے، ج: مَنَاسِرُ۔
المَنْسِرُ : المِنْسَرُ۔
المُنْسَرُ : چوروں کا گروہ۔
النَّاسُوْرُ : ہمیشہ رستا ہوا زخم جو عموماً مشکل العلاج ہوتا ہے اور زیادہ تر مقعد کے قریب ہوتا ہے، ج: نَوَاسِیْر۔
النِّسْرُ : گدھ (۲) ایک بت کا نام۔
النَّسْرُ الطَّائِرُ : گدھ کے مشابہ تین ستاروں کا ایک مجموعہ۔
النَّسْرُ الوَاقِعُ : ایک چمکدار ستارہ، دونوں ستارے آسمان میں جانب شمال کے وسط میں ہوتے ہیں۔
نُسُوْرُ الجَوِّ : ہوائی فوج کے سپاہی۔
النَّسِیْرَۃُ : پکے ہوئے گوشت کی بوٹی
النَّسْرِیْنُ : گل سیوتی، واحد: نِسْرِیْنَۃٌ۔
نَسَّ الشَّیْءُ ـــ نُسُوْسًا ونَسِیْسًا : خشک ہوجانا۔
ـــ الخُبْزُ فِی التَّنُّوْرِ : تنور میں روٹی کا پک جانا، ایسے ہی نَسَّ اللَّحْمُ : گوشت کا پک کر خشک ہوجانا۔
ـــ فُلَانٌ : کسی کو سخت پیاس لگنا۔
ـــ الجُمَّۃُ : پیشانی کے بالوں کا بکھرنا۔
ـــ فُلَانٌ نَسًّا وتَنْسَاسًا : ہر کام کو کر ڈالنا اس میں تیزی دکھانا، جلدی کرنا۔
ـــ الحَطَبُ نُسُوْسًا : آگ کا لکڑی کے سرے سے پانی نکالنا۔
ـــ لِفُلَانٍ : کسی کے لئے چیز کا انتخاب کرنا۔

نَسَّ بَیْنَ القَوْمِ نَسًّا : لوگوں میں فساد پیدا کرنا۔
ـــ الدَّابَّۃَ ـُ نَسًّا : چوپائے کو ڈانٹ کر ہانکنا۔
أَنَسَّ الشَّیْءُ : کسی چیز کی انتہائی طاقت صرف ہونا۔
ـــ الدَّابَّۃَ : چوپائے کو پیاسا کرنا۔
نَسَّسَ الصَّبِیَّ : بچہ کو پیشاب یا خانہ کرانے کے لئے اس سے کہنا۔
تَنَسَّسَ الخَبَرَ مِنْہُ : کسی سے خبر معلوم کرلینا، خبر کی گن سن لینا، کسی کو خبر کی بھنک پڑجانا۔
المِنَسَّۃُ : موٹی لاٹھی۔
المَنْسُوْسُ : دھتکارا ہوا۔
النَّسَّاسُ : چغلخور۔
النَّسِیْسُ : المَنْسُوْسُ (۲) آخری زور وطاقت (۳) لکڑی کا جھاگ یا پانی جو آگ لگاتے وقت سرے سے نکلتا ہے (۴) باقی ماندہ روح بَلَغَ مِنَ الرَّجُلِ نَسِیْسُہُ : آدمی مرنے کے قریب ہوگیا، وسَکَتَ نَسِیْسُہُ : وہ مرگیا، ج: نُسُسٌ
النَّسِیْسَۃُ : چغلخوری، (۲) جلتی لکڑی کے سرے پر ظاہر ہونے والی تری، ج: نَسَائِسُ۔
• نَسَعَ الشَّیْءُ ـَ نَسْعًا ونُسُوْعًا : لمبا ہونا۔
ـــ الأَسْنَانُ : دانتوں کا ڈھیلے اور ہٹے ہوئے مسوڑھوں والا ہونا۔
ـــ فُلَانٌ فِی الأَرْضِ : ملک میں پھرنا۔
أَنْسَعَ فُلَانٌ : کسی کا پڑوسیوں کے لئے تکلیف دہ ہونا (۲) شمالی ہوا کھانا

تَنَسَّعَتِ الأَسْنَانُ : دانتوں کا مسوڑھوں سے بہت ہٹا ہوا ہونا۔
انْتَسَعَتِ الإِبِلُ ونَحْوُھَا : اونٹوں وغیرہ کا چرا گاہوں میں کھلے پھرنا۔
المِنْسَعَۃُ : أَرْضٌ مِنْسَعَۃٌ : لمبے نباتات والی زمین (۲) شمالی ہوا۔
النَّاسِعُ : عُنُقٌ نَاسِعٌ : لمبی گردن۔
النَّاسِعَۃُ : امْرَأَۃٌ نَاسِعَۃٌ : لمبی کمر والی یا لمبے دانتوں والی عورت۔
النِّسْعُ : ہاتھ اور کلائی کا جوڑ (۲) لمبے تسمے جن سے کجاووں یا پیٹیوں وغیرہ کو باندھا جاتا ہے، ج: أَنْسَاعٌ ونُسُوْعٌ ونُسَعٌ ونِسَعٌ، قَلِقَتْ أَنْسَاعُ الدَّابَّۃِ ونُسُوْعُھَا : چوپائے کا کمزور دبلا ہونا۔
أَنْسَاعُ الطَّرِیْقِ : راستہ کے نشانات۔
النِّسْعَۃُ : تسمہ کا ٹکڑا، ج: نِسَعٌ۔
• نَسَغَتْ أَسْنَانُہُ ـَ نَسْغًا : دانتوں کی جڑوں کا ہلنا۔
ـــ فُلَانٌ فِی الأَرْضِ : گھومنا، پھرنا۔
ـــ فُلَانًا بِشَیْءٍ : کسی کو کوئی چیز چبھونا۔ جیسے نَسَغَتِ الوَاشِمَۃُ الذِّرَاعَ بِالإِبْرَۃِ : گودنے والی کا ہاتھ میں سوئی چبھونا، ہاتھ کو گودنا۔
ـــ فُلَانًا بِکَلِمَۃٍ : کسی کو چبھتی ہوئی بات کہنا، طعنہ دینا۔
ـــ اللَّبَنَ بِالمَاءِ : پانی ملانا۔
انْتَسَغَتِ النَّخْلَۃُ ونَحْوُھَا : درخت خرما کا پھل خراب ہوجانا، (۲) پھل کٹنے کے بعد دوبارہ پھوٹ آنا۔

أَنْسَفَ فُلَانًا: کسی کے کوئی چیز چبھانا، نوک دار چیز مارنا۔
انْتَسَفَ الْبَعِيْرُ وَنَحْوُهٗ: اونٹ وغیرہ کا مکھی کے کاٹنے کی جگہ اپنا پیر مارنا۔
ـــ فُلَانٌ: سوچ بچار کرنا۔
ـــ الْاِبِلُ: اونٹوں کا چراگاہوں میں دور دور پھیل جانا۔
الْمِنْسَغَةُ: گودنے والی کی (سوئیاں رکھنے کی) ہتلے دانی (۲) روٹی گودنے کا (لوہے یا پروں کا) کنگھے نما آلہ، (۳) گودنے کی سوئی۔
النَّاسِغُ: ماہر نیزہ باز، ج: نُسَّغٌ
النُّسُغُ: کٹے ہوئے درخت سے نکلنے والی رطوبت۔
النَّسِيْغُ: پسینہ۔
• نَسَفَ الْاِنَاءُ ـــ نَسْفًا: برتن کا لبالب بھرنا، چھلک جانا۔
ـــ الْمَاشِي: پا پیادہ کا تیز چلنا۔
ـــ الشَّيْءَ: جڑ سے اکھیڑنا، قرآن پاک میں ہے " وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّيْ نَسْفًا. نَسَفَتِ الدَّوَابُّ الْكَلَأَ: چوپاؤں کا گھاس کو اکھیڑ ڈالنا
ـــ الشَّيْءَ: بکھیرنا، ہوا میں اڑانا جیسے نَسَفَتِ الرِّيْحُ التُّرَابَ۔
ـــ الْحَافِرُ الْاَرْضَ: جانور کے کھر کا زمین کو چھیل کر مٹی اڑانا۔
ـــ الشَّيْءَ: چھاننا، صاف کرنا۔
ـــ الْحَبَّ بِالْمِنْسَفِ: چھاج سے غلہ پھوڑنا۔
ـــ الطَّائِرُ اللَّحْمَ بِمِخْلَبِهٖ: پرندہ کا پنجہ سے گوشت کو نوچنا۔
ـــ الْحِمْلُ اَوِ الرَّكْضُ جَنْبَ الدَّابَّةِ: بوجھ یا ایڑ لگانے سے چوپائے کے پہلو سے بال جھڑ جانا۔

نَسَفَ الْحِمَارُ الْاَتَانَ نَسْفًا وَمَنْسَفًا: گدھے یا گدھی کو دانتوں سے کاٹنا۔
ـــ الْبِنَاءَ وَنَحْوَهٗ: عمارت وغیرہ کو گرانا، بارود یا بم یا ڈائنامیٹ سے اڑانا، تباہ و برباد کرنا، پہاڑوں کو اکھیڑ پھینکنا، تہس نہس کردینا
ـــ الْمُبَادَرَةَ اَوِ الْمُخَطَّطَ: کسی پہل یا منصوبہ کو ناکام بنا دینا۔
اَنْسَفَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا تیز ہو کر مٹی اور کنکریاں اڑانا۔
تَنَاسَفَ الرَّجُلَانِ الْكَلَامَ: آپس میں چپکے چپکے باتیں کرنا۔
انْتَسَفَ الْكَلَامَ: آہستہ بات کرنا، کان میں بات کہنا، پوشیدہ بات کرنا۔
الْمِنْسَفُ: غلہ پھوڑنے اور صاف کرنے کا چھاج یا بڑی چھلنی۔
مِنْسَفُ الْحِمَارِ: گدھے کی تھوتھنی (منہ) ج: مَنَاسِفُ۔
الْمِنْسَفَةُ: بلڈوزر، عمارت گرانے کی مشین (۲) چھلنی۔
النُّسَافَةُ: غلہ کا کوڑا کرکٹ (جو چھاج یا چھلنی سے صاف کرتے وقت گرتا ہے)(۲) راستہ کا گرد وغبار (۳) برتن کا جھاگ۔
النَّسَّافَةُ: تارپیڈو کشتی (جو سمندری جہازوں کو نشانہ بناتی ہے)
النَّسْفَانُ: چھلکتا ہوا (برتن)۔
النُّسْفَةُ: پیر وغیرہ صاف کرنے کا سیاہ جھانوا، ج: نُسَفٌ ونِسَافٌ ونُسُفٌ۔
النَّسَفَةُ: النُّسْفَةُ۔
النَّسُوْفُ: بَعِيْرٌ نَسُوْفٌ: منہ کے اگلے حصہ سے کھانے والا۔ ایسے ہی نَاقَةٌ نَسُوْفٌ وفَرَسٌ نَسُوْفٌ: لمبے ڈگ بھرنے والا گھوڑا، بَيْنِيْ وَبَيْنَهٗ عَقَبَةٌ نَسُوْفٌ: میرے اور اس کے درمیان دشوار گذار گھاٹی حائل ہے۔
النَّسِيْفُ، الْمَنْسُوْفُ: چھانا ہوا، صاف کیا ہوا، پھوڑا ہوا (۲) منہ سے کاٹنے کا نشان، گھوڑے کے سم کا نشان، بالوں کا نشان۔
كَلَامٌ نَسِيْفٌ: پوشیدہ باتیں
النَّسِيْفَةُ: النُّسْفَةُ۔
• نَسَقَ الشَّيْءَ ـــ نَسْقًا: موتی وغیرہ پرونا (۲) مرتب کرنا، ترتیب اور سلیقہ سے رکھنا، کہتے ہیں نَسَقَ الدُّرَّ وَنَسَقَ الْكُتُبَ۔
ـــ الْكَلَامَ: کلام کے ایک حصہ کو دوسرے سے ملانا، ایک کا دوسرے پر عطف کرنا۔
اَنْسَقَ فُلَانٌ: مسجع کلام کرنا۔
نَاسَقَ بَيْنَ الْاَمْرَيْنِ: دو باتوں یا معاملوں کو جوڑنا، ملانا۔
نَسَّقَهٗ: مرتب و منظم کرنا، یکسانیت پیدا کرنا، یک جہتی پیدا کرنا جیسے نَسَّقَ الْجُهُوْدَ وَالْاُمُوْرَ: کو آرڈینیشن پیدا کرنا، ترتیب و سلیقہ سے رکھنا جیسے نَسَّقَ الْبَضَائِعَ۔
انْتَسَقَتْ وَتَنَاسَقَتِ الْاَشْيَاءُ: چند چیزوں کا باہم مرتب ہونا، باجوڑ ہونا، سلیقہ اور قاعدہ کے مطابق ہونا، نَسَّقَهَا فَانْتَسَقَتْ۔
تَنَسَّقَتِ الْاَشْيَاءُ: تَنَاسَقَتْ۔
التَّنْسِيْقُ: ترتیب، یک جہتی، یکسانیت۔
التَّنَاسُقُ: یک جہتی، یکسانیت۔
الْمُنَسَّقُ: منظم و مرتب، ترتیب وار، آراستہ، باضابطہ، باقاعدہ،
غَيْرُ مُنَسَّقٍ: بے ڈھنگا۔

المُنَسَّقُ: مرتب، منتظم، کوآرڈی نیٹر۔
النَّسَقُ: ترتیب، نظام، سلیقہ، ڈھنگ۔
حُرُوفُ النَّسَقِ: حروف عطف۔
کہتے ہیں: ھٰذا نَسَقٌ عَلٰی ھٰذا: اس کا اس پر عطف ہے۔
النَّسَقُ: باسلیقہ اور مرتب چیز، جَاءَ القَوْمُ نَسَقًا: لوگ ترتیب وار آئے۔ ذُرِعَتِ الأَشْجَارُ نَسَقًا: درخت قاعدہ اور ترتیب سے لگائے گئے۔
شَعْرٌ نَسَقٌ: ہموار وباترتیب۔ دُرٌّ نَسَقٌ: پروئے ہوئے موتی، کَلامٌ نَسَقٌ: موزوں اور مرتب کلام، حُرُوفُ النَّسَقِ: حروف عطف۔
النَّسِيقُ: المَنْسُوقُ: باترتیب، باسلیقہ، باقاعدہ۔
◆ نَسَكَ فُلانٌ ــُـ نُسْكًا ونَسُكَةً ومَنْسَكًا: عابدوزاہد بننا، عبادت گزار ہونا، درویش (تارک الدنیا) ہونا (۲) خدا کا تقرب حاصل کرنے کے لئے قربانی کرنا (جانور ذبح کرنا)۔
ـــ الثَّوْبَ ونَحْوَهُ نَسْكًا: کپڑے کو پانی سے دھوکر پاک کرنا۔
ـــ الأَرْضَ: زمین کو عمدہ بنانا، اور اس میں کھاد ڈالنا۔
ـــ البَيْتَ: گھر میں آنا۔
ـــ إِلى طَرِيقَةٍ جَمِيلَةٍ: کسی اچھے طریقہ پر گامزن رہنا، قائم رہنا۔
نَسُكَ ــُـ نُسْكًا ونَسَاكَةً: عابدوزاہد ہونا۔
اِنْتَسَكَ: عابدوزاہد بننا۔
تَنَسَّكَ: اِنْتَسَكَ۔
المَنْسِكُ: زہدوعبادت کا طریقہ، کہتے ہیں انّ لَهُ مَنْسَكًا يَنْسُكُهُ: اس کے عبادت کرنے کا ایک طریقہ ہے جس کو وہ اختیار کئے ہوئے ہے، قرآن پاک میں ہے "ولِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا"، ہم نے ہر قوم کے لئے عبادت کا ایک طریقہ مقرر کیا ہے (۲) قربان گاہ، قربانی کی جگہ، ج: مَنَاسِكُ۔
مَنَاسِكُ الحَجِّ: حج کی عبادات (افعال وارکان) قرآن پاک میں ہے "فَإِذَا قَضَيْتُمْ مَنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ"۔
المَنْسُوكَةُ: فَرَسٌ مَنْسُوكَةٌ: وہ گھوڑا جس کے بدن پر بال نہ ہوں
النَّاسِكُ: عابدوزاہد، عبادت گزار، درویش، ج: نُسَّاكٌ۔
عُشْبٌ نَاسِكٌ: بہت ہری گھاس۔ ارض ناسكة: تازہ تازہ بارش سے سرسبز زمین۔
النُّسُكُ: بندہ پر واجب اللہ کا حق، (۲) اللہ کے لئے مانی ہوئی نذر (۳) قربانی (۴) عبادت گزاری، عبادت، زہدوتقوی، درویشی۔
النَّسِيكَةُ: سونے یا چاندی کا پگھلا ہوا ٹکڑا، ج: نُسُكٌ ونَسَائِكُ قرآن پاک میں ہے "فَفِدْيَةٌ مِنْ صِيَامٍ أَوْ صَدَقَةٍ أَوْ نُسُكٍ"۔
◆ نَسَلَ الشَّيْءُ ــُـ نُسُولاً: کسی شے کا دوسری سے الگ ہونا، جدا ہوکر گرجانا، جیسے نَسَلَ رِيشُ الطَّائِرِ ونَسَلَ الثَّوْبُ عَنِ الإِنْسَانِ، کہاوت ہے اذا طَلَبْتَ فَضْلَ إِنْسَانٍ فَخُذْ مَا نَسَلَ لَكَ مِنْهُ عَفْوًا: جب تم کسی کے کرم کے طالب ہو تو اس سے جو بھی کوشش کے بغیر ملے وہ لے لو۔
نَسَلَ فُلانٌ ـــ نَسْلاً: بہت نسل والا ہونا، کسی کی نسل پھیلنا۔
ـــ المَاشِي: پیدل چلنے والے کا تیز رفتار ہونا، قرآن پاک میں ہے، "وهُمْ مِنْ كُلِّ حَدَبٍ يَنْسِلُونَ" وہ ہر بلند جگہ سے تیزی کے ساتھ آئیں گے۔
ـــ بِوَلَدٍ: بچہ جننا، بچہ کا باپ ہونا۔
ـــ الحَيَوَانَ نَسْلاً: جانور کی نسل بڑھاکر اس سے فائدہ اٹھانا۔
ـــ الشَّيْءَ: کسی چیز کو دوسری سے الگ کرنا، گرانا، جھاڑنا، نَسَلَ رِيشَ الطَّائِرِ ونَسَلَ الصُّوفَ: پرندے کے پر یا جانور کی اون جھاڑکر گرانا۔
أَنْسَلَ الشَّيْءُ: بہت نسل والا ہونا۔
ـــ الحَيَوَانُ: جانور کا بچہ جننا۔
ـــ فُلانٌ: کسی کے چوپاؤں کے بچے جننے کا موسم آجانا۔
ـــ الدَّابَّةُ: چوپائے کے بال یا اون جھڑنے کا موسم آجانا۔
ـــ الشَّيْءَ: کسی چیز کو دوسری سے الگ کرنا، کاٹ کر پھینکنا۔
ـــ فِي عَدْوِهِ: تیز دوڑنا۔
اِنْتَسَلَ الشَّيْءُ: الگ ہونا، نَسَلَهُ فَانْتَسَلَ۔
تَنَاسَلَ القَوْمُ: لوگوں کا باہم نسل پیدا کرنا، لوگوں کی ایک دوسرے سے مل کر نسل پیدا ہونا، نسل بڑھنا۔
ـــ بَنُو فُلانٍ: فلاں قبیلہ کی نسل بڑھنا، پھیلنا، زیادہ ہونا۔
التَّنَاسُلُ: افزائش نسل۔

النَّاسِلُ : تیز رو، ج: نُسَّلٌ۔
النُّسَالُ: گرے ہوئے بال یا اون، واحد: نُسَالَۃ۔
النُّسَالَۃ: ڈھیلے دھاگے یا بال۔
النَّسَلان: بھیڑیے کی تیز چال۔
النَّسْلُ: اولاد، نسل، ج: اَنْسَالٌ۔
النَّسَلُ: سبز انجیر کا دودھ (۲) تھن سے خود بخود نکلنے والا دودھ۔
النَّسُولُ: تیز دوڑنے والا۔
النَّسُولَۃ: نسل بڑھانے کے لئے منتخب کیا ہوا جانور (مویشی)۔
النَّسِیلُ: جھڑے ہوئے بال یا اون (۲) موم سے الگ کیا ہوا سیال شہد۔
النَّسِیلَۃ: نسیل کا واحد (۲) لڑکا (۳) مومبتی (۴) فتیلہ (۵) موم سے الگ ہوکر بہنے والا شہد۔
• نَسَمَتِ الرِّیحُ ــ نَسْمًا وَنَسِیمًا: ہوا چلنا (۲) دھیمی اور خوشگوار ہوا چلنا۔
ــ الشَّیْءُ: ذائقہ بدلنا۔ نَسِمَ اللَّبَنُ وَالدَّسَمُ: دودھ اور گھی کا ذائقہ بدل جانا۔
ــ البَعِیْرُ الاَرْضَ بِمَنْسِمِہ: اونٹ کا زمین پر پاؤں مار کر نشان ڈالنا۔
ــ لہ خَبَرًا وَاَثَرًا: اسے کوئی خبر پہنچی یا کوئی نشان ملا۔
نَسِمَ البَعِیْرُ ــ نَسَمًا: اونٹ کا پھٹے پاؤں والا ہونا۔
نَاسَمَہُ مُنَاسَمَۃً وَنِسَامًا: کسی سے قریب ہوکر اسے سونگھنا، (۲) بات چیت کرنا، خفیہ بات کرنا۔
نَسَّمَ فِی الاَمْرِ: کسی کام کی ابتدا کرنا، اس میں زیادہ آگے نہ بڑھنا۔
ــ النَّسَمَۃَ: ذی روح کو روزی بہم پہنچا کر زندہ رکھنا یا غلامی سے آزاد کرکے زندگی عطا کرنا۔
تَنَسَّمَتِ الرِّیحُ: ہوا کا دھیمے دھیمے چلنا۔
ــ المَکَانُ بِالطِّیْبِ: کسی جگہ کا خوشبو سے مہکنا۔
ــ فُلَانٌ: سانس لینا۔
ــ الجَنِیْنُ: پیٹ کے بچے کا جسم بننا اور جان پڑنا۔
اَمْلَصَتِ الاُنْثٰی وَلَدَھَا قَبْلَ اَنْ یَتَنَسَّمَ: مادہ نے بچہ پورا ہونے سے پہلے جن دیا۔
ــ الرِّیْحَ: بو سونگھ کر لطف لینا۔
ــ فُلَانٌ العِلْمَ اَوِ الخَبَرَ: دھیرے دھیرے علم حاصل کرنا یا خبر کا پتہ لگانا۔
ــ اَثَرَہٗ حَتّٰی تَبَیَّنَہٗ: اس نے اس کے نشان کا کھوج لگایا اور اسے پالیا۔
المَنْسِمُ: اونٹ کے کھر (پاؤں) کا کنارہ، تلوا (۳) پاؤں کا نشان (۴) راستہ، قَدِ اسْتَبَانَ المَنْسِمُ: راستہ مل گیا، اَیْنَ مَنْسِمُكَ: تم کدھر جا رہے ہو۔
النَّسَمُ: مخلوق، لوگ۔
النَّاسِمُ: مرنے کے قریب مریض۔
ج: اَنَاسِمُ، مَافِی الاَنَاسِمِ مِثْلُہٗ: مخلوق میں اس جیسا کوئی نہیں (۲) زندگی کا سانس، (۳) دھیمی ہوا، خوشگوار ہوا (۴) مٹا ہوا راستہ (۵) دودھ یا گھی کی بو یا خوشبو (۶) ہلکے ہرے رنگ کی چڑیاں ج: اَنْسَامٌ۔
النَّسَمَۃُ: ہر جاندار مخلوق (۲) جان (۳) انسان (۴) ضِیقُ النَّفَسِ، تنفس کی بیماری جس میں پھیپھڑے کی خرابی اور وقتی انقباض کے باعث تنفس میں دشواری ہوتی ہے ج: نَسَمٌ باد نسیم کا جھونکا، ج: نَسَمَاتٌ
النَّسِیمُ: دھیمی ہوا جس سے نہ نشان مٹے اور نہ پتہ ہلے، بادِ نسیم لطیف و خوشگوار ہوا (۲) روح (۳) پسینہ (۴) طاقت وصلابت، اِنَّہٗ لَبَاقِی النَّسِیمِ: وہ طاقت وصلابت کا بقیہ ہے، فُلَانٌ بَارِدُ النَّسِیمِ فلاں بھاری آدمی ہے۔
• نَسْنَسَ الرَّجُلُ: کمزور ہونا۔
ــ الطَّائِرُ: پرندہ کا تیز اڑنا۔
ــ الرِّیحُ: ٹھنڈی ہوا چلنا۔
ــ الدَّابَّۃَ: چوپائے کو ڈانٹ کر ہانکنا۔
النَّسْنَاسُ: لنگور، بندر کی ایک قسم، ج، نَسَانِیسُ، بَلَغَ مِنْہُ نَسْنَاسَہٗ: اس کی وجہ سے اسے مشقت اٹھانی پڑی، قَطَعَ اللّٰہُ نَسْنَاسَہٗ: اللہ نے اس کا نشان مٹا دیا۔
النِّسْنَاسُ: لنگور (۲) سخت بھوک جُوْعٌ نِسْنَاسٌ: سخت بھوک
• نَسَا الشَّیْءَ ــ نَسْوًا: چھوڑنا۔ جیسے نَسَا العَھْدَ۔
ــ فُلَانًا ــ نَسْیًا: کولہے کی رگ پر مارنا، ھُوَ مَنْسِیٌّ۔
نَسِیَ فُلَانٌ ــ نَسًی: درد عرق النسا میں مبتلا ہونا، ھُوَ نَسٍ وَھِیَ نَسِیَۃٌ، ھُوَ اَنْسٰی وَھِیَ نَسْیَاءُ۔
ــ الشَّیْءَ نَسْوَۃً وَنَسَاوَۃً وَنِسْیَانًا: ذہول وغفلت کی

بنا پر یا قصداً کوئی چیز چھوڑنا۔
نَسِیَ الاَمْرَ: کوئی بات بھول جانا، ذہن وحافظہ سے نکل جانا، هوناسٍ ونَسَّاءٌ وهيَ نَاسِيَةٌ ونَسَّاءَةٌ وهو وهي نَسِيٌّ ایضًا۔
اَنْسَاهُ الشَّیءَ: کسی سے کوئی چیز چھوڑوا دینا یا بھلوا دینا، کسی چیز سے غافل کر دینا، ذہن سے نکلوا دینا، قرآن پاک میں ہے "وَمَا اَنْسَانِيْهُ اِلَّا الشَّيْطَانُ اَنْ اَذْكُرَهُ"۔
نَاسَاهُ الشَّیءَ: کسی کو کسی چیز سے غافل کرنا، بھلوانا۔
تَنَاسَى الشَّیءَ: بھلانے کی کوشش کرنا (۲) بھولنے کا بہانہ کرنا۔
الاَنْسَى: ٹانگ کے نچلے حصہ کی رگ۔
النَّسَا: کولہے کا پٹھا جو کولہے سے ٹخنے تک ہوتا ہے، تثنیہ نَسَوَانِ ونَسَيَانِ، ج: اَنْسَاءٌ۔
النِّسَاءُ: امرأة کی جمع (غیر لفظ سے) عورتیں، خواتین۔
النِّسْوَةُ: ایک گھونٹ، نَسْوَةٌ من لَبَنٍ: دودھ کا ایک گھونٹ۔
النِّسْوَةُ وَالنِّسْوَانُ: عورتیں، خواتین
النِّسْوِيُّ: زنانہ۔
النِّسَائِيُّ وَالنِّسْوَانِيُّ: زنانہ، خواتین کا، خواتین سے متعلق۔
الحَرَكَةُ النِّسَائِيَّةُ: تحریک نسواں۔
النَّسْيَانُ: بہت بھولنے والا (۲) بہت غافل۔
النِّسْيَان: بھول، بھول چوک، غفلت (۲) بھول کا عارضہ۔
نِسْيَانُ الجَمِيْلِ: احسان فراموشی۔
النَّسْيُ: بھلایا ہوا، بھلائی ہوئی چیز، (۲) ناقابل اعتنا چیز جو کسی شمار میں نہ لائی جائے، قرآن پاک میں ہے "مِتُّ قَبْلَ هٰذَا وَكُنْتُ نَسْيًا مَنْسِيًّا"۔ ج: اَنْسَاءٌ۔
النَّسِيُّ: بھلائی ہوئی چیز، حقیر چیز جو کسی شمار میں نہ آئے، هو نَسِيُّ قَوْمِهِ: وہ اپنی قوم میں بے حیثیت و حقیر ہے۔

ن ــــ ش

نَشَأَ الشَّیءُ ـ نَشْأً ونُشُوءًا ونَشْأَةً: پیدا ہونا، وجود میں آنا، بننا۔
ـــ الصَّبِيُّ: بچہ کا بڑھنا، نشو و نما پانا، پرورش ہونا، نَشَأْتُ فِي بَنِي فُلَانٍ: میں فلاں قبیلہ میں پیدا ہوا، بڑھ کر جوان ہوا، نَشَأَ فُلَانٌ نَشْأَةً حَسَنَةً: فلاں نے اچھی تربیت پائی۔
ـــ الشَّیءُ عن غَيْرِهِ: ایک کا دوسری میں سے نکلنا، پیدا ہونا۔
ـــ الفَرَاغُ: خلا پیدا ہونا۔
ـــ سُؤَالٌ: سوال پیدا ہونا۔
نَشَأَ يَفْعَلُ كَذَا: وہ کرنے لگا، جیسے اَنْشَأَ فُلَانٌ يَحْكِي الحَدِيْثَ، واَنْشَأَ السَّحَابُ يُمْطِرُ: فلاں بات یا حدیث بیان کرنے لگا، بادل بارش برسانے لگا۔
ـــ الشَّیءَ: پیدا کرنا، وجود میں لانا بنانا، قائم کرنا (۲) ذہن سے بات نکالنا، پیدا کرنا، تخلیق کرنا۔
ـــ اللّٰهُ الخَلْقَ: اللہ کا مخلوق کو پیدا کرنا، قرآن پاک میں ہے "وَهُوَ الَّذِيْ اَنْشَأَكُمْ مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ"۔ وَيُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ، واَنْشَأَ الكَاتِبُ مَقَالَةً واَنْشَأَ الشَّاعِرُ قَصِيْدَةً
اُنْشِئَ الصَّبِيُّ: بچہ کی تربیت کرنا، پرورش کرنا، اُنْشِئَ فِي النَّعِيْمِ: اس نے خوشحالی میں پرورش پائی۔
ـــ مُؤَسَّسَةً: ادارہ قائم کرنا۔
نَشَّأَ الصَّبِيَّ: تربیت کرنا، نُشِّئَ فِي النَّعِيْمِ: اس نے آسودگی میں پرورش پائی۔
تَنَشَّأَ: اپنے کام اور ضرورت کے لئے اٹھ کھڑا ہونا، آغاز کرنا۔
اِسْتَنْشَأَ الشَّیءَ: کوئی چیز کسی سے تیار کرانا، بنوانا، جیسے اِسْتَنْشَأْتُهُ قَصِيْدَةً فِي الزُّهْدِ: میں نے اس سے زہد کے موضوع پر ایک نظم تیار کرنے کی فرمائش کی۔
ـــ الاَخْبَارَ: خبروں کی جستجو کرنا۔
ـــ العَلَمَ: جھنڈے کو میدان میں بلند کرنا۔
الاِنْشَاءُ: ایجاد، تخلیق (۲) تاسیس (۳) تعمیر (۴) مضمون نگاری (۵) طرز نگارش انشاء پردازی (۶) مضمون (۷) تربیت، پرورش، علماء بلاغت کے نزدیک وہ کلام جس کی نسبت کا مطابقتی یا غیر مطابقتی کوئی خارجی وجود نہ ہو (وہ محض ذہن کی پیداوار ہو) ادباء کے نزدیک انشاء وہ فن ہے جس کے ذریعہ معانی و مضامین کو ذہن میں جمع اور مرتب کر کے ان کو بلیغ ادبی عبارتوں میں پیش کیا جائے۔
الاِنْشَائِيُّ: انشاء سے متعلق (۲) تربیتی (۳) تعمیری (۴) تخلیقی۔
المَقَالَةُ الاِنْشَائِيَّةُ: ایڈیٹوریل، اداریہ (۲) تخلیقی مضمون
المُنْشَأُ: جائے پیدائش، جیسے مَنْشَؤُهُ

مَدِینَۃُ بغداد (۲) اصل، جڑ، سرچشمہ (۳) سبب و وجہ باعث، جیسے مَامَنْشَأُ ھٰذَا الاِضْطِرَاب؟ اس گڑبڑی کی وجہ کیا ہے؟

المُنْشَأُ: بلند (۲) جھنڈا۔

المُنْشِئُ: انشاپرداز، مضمون نگار، (۲) موجد، بانی، مؤلف (۳) ایڈیٹر (۴) اتالیق، مربی۔

المُنْشَأَۃُ: کارخانہ، فرم، (۲) کاروباری ادارہ جس میں صنعت کار، کارکن اور آلات مشینیں وغیرہ پائی جاتی ہوں (۳) اسٹور، دوکان (۴) بلند عمارت (۵) نشان (۶) بلند کشتی (۷) ادارہ ج: مُنْشَآت۔

المُنْشَأَۃُ التِّجَارِیَّۃ: تجارتی فرم۔

مُنْشَأَۃُ التَّعْبِئَۃ: پیکنگ فرم۔

المُنْشَآت: تنصیبات، ایسی بلند عمارات یا آلات جن سے جنگ وامن کے زمانہ میں مختلف فائدے اور راہنمائی حاصل کیجاتی ہے۔

المُنْشَآتُ الاِقْتِصَادِیَّۃ: اقتصادی ادارے۔

المُنْشَآتُ البَحْرِیَّۃ: سمندری تنصیبات جن سے جہازوں کو مدد ملتی ہے۔

المُنْشَآتُ السِّلْسِلِیَّۃ: شاخوں والے ادارے۔

المُنْشَآتُ السِّیَاحِیَّۃ: سیر وساحت کے لئے تیار کئے گئے مقامات یا عمارات (۲) سیاحتی ادارے۔

النَّاشِئ: جوان لڑکا (۲) مبتدی ج: نَشْءٌ ونَشَأٌ۔

نَاشِئٌ عن کذا: پیدا شدہ۔

النَّاشِئَۃُ: جوان لڑکی ج: نَوَاشِئ

نَاشِئَۃُ اللَّیْل: رات میں بیداری اور نماز کے لئے قیام، قرآن پاک میں ہے "اِنَّ نَاشِئَۃَ اللَّیْلِ ھِیَ اَشَدُّ وَطْئًا وَاَقْوَمُ قِیْلًا" (۲) رات یا دن کی ابتدا۔

النَّشْءُ: ابتدائی بادل (۲) مرحلۂ تعلیم میں داخل انسان وحیوان کے بچے، ج: نَشَأٌ (۳) نسل، پود، ھو نَشْءُ سَوْءٍ او مِنْ نَشْءِ سَوْءٍ وہ بری نسل کا ہے (۴) نوجوان (۵) نوخیز۔

النَّشْءُ الجَدِید: نئی نسل، نئی پود

النَّشْأَۃُ: ایجاد، تخلیق، نئی پود، (۲) تربیت، پرورش (۳) پیدائش، قرآن پاک میں ہے "وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْأَۃَ الاُوْلٰی" (۴) ناپختہ اونچا پودا یا گھاس (۵) اٹھان، ساخت، پرداخت، نمود، (۶) تعمیر (۷) زندگی (۸) اصل، بنیاد

النُّشُوْءُ: پیدائش، ارتقاء، نمو، نشو ونما،

نَظَرِیَّۃُ النُّشُوْءِ والاِرْتِقَاء: نظریۂ ارتقاء۔

النَّشِیْئَۃُ: تالاب یا حوض کی تہ کا پتھر حَوْضٌ بَادِی النَّشِیْئَۃ: وہ حوض جس کا پانی خشک ہوکر اس کی زمین نظر آنے لگی ہو۔

• نَشِبَ فِی الشَّیْءِ ـ نَشَبًا ونُشُوْبًا ونُشْبَۃً: کسی چیز میں اٹک جانا، لگ جانا، چمٹ جانا

نَشِبَتْ مَخَالِبُ الجَارِحِ فِی الصَّیْدِ: شکاری پرندے کے پنجوں کا شکار میں پھنس جانا یا گڑ جانا۔

___ الصَّیْدُ فِی الحِبَالَۃ: شکار کا جال میں پھنس جانا۔ نَشِبَ العَظْمُ فِی الحَلْق: ہڈی کا گلے میں اٹکنا پھنسنا، نَشِبَ فُلَانٌ فِیْمَا یَکْرَھُہٗ: کسی کا ایسی چیزوں میں پڑ جانا جو خود اسے ناپسند ہوں،

مَا نَشِبَ اَنْ قَالَ کَذَا: اس نے فوراً ہی ایسا کہا۔

نَشِبَتِ الحَرْبُ او الشَّرُّ بَیْنَ القَوْمِ: لوگوں میں لڑائی چھڑنا یا فتنہ پھیلنا۔

___ الاَمْرُ فُلَانًا: کوئی کام کسی کے سر ہونا، لازم ہوجانا۔

اَنْشَبَ الصَّائِدُ: شکاری کے جال کا شکار سے چمٹ جانا۔

___ الرِّیْحُ: ہوا کا تیز ہوکر مٹی اور کنکریاں اڑانا۔

___ الشَّیْءَ فِی غَیْرِہٖ: کسی چیز کو دوسری میں اٹکانا، پھنسانا، جیسے اَنْشَبَ فِیْہِ مَخَالِبَہٗ: اس نے اس میں پنجے گاڑ دیئے، اَنْشَبَتِ المَنِیَّۃُ اَظْفَارَھَا: موت نے آپکڑا۔

نَاشَبَہُ الحَرْبَ: کسی سے کھلم کھلا لڑنا، کسی کے خلاف اعلان جنگ کرکے لڑنا۔

نَشَّبَ الشَّیْءَ فِی غَیْرِہٖ: اٹکانا، پھنسانا، گاڑنا۔

___ الثَّوْبَ: کپڑے پر تیر جیسے نقوش بنانا۔

اِنْتَشَبَ فِیْہِ: اٹکنا، گڑنا، پھنسنا، نَشَّبْتُہٗ فَانْتَشَبَ: وہ اس کے لگا تو اس میں اٹک گیا۔

تَنَاشَبَ القَوْمُ: لوگوں کا متحد ہونا، ایک دوسرے سے قریب ہوجانا۔

تَنَشَّبَ فِی الشَّیْءِ: کسی چیز میں پھنس جانا، گڑ جانا۔

___ الحُبُّ فِی قَلْبِہٖ: دل میں محبت

راسخ ہوجانا۔
المَنْشَبُ: اٹکنے یا پھنسنے یا گڑنے کی جگہ۔
المَنْشَبَةُ: منقولہ وغیر منقولہ مال۔
النَّاشِبُ: تیرانداز، ج: نَشَّابَةٌ (۲) گڑا ہوا، اٹکا ہوا، پھنسا ہوا۔
النَّشَبُ: مال (۲) زمین وجائیداد۔
النَّشَبَةُ: رَجُلٌ نُشَبَةٌ: کسی کام میں پھنس کر نہ نکلنے والا۔
النُّشَّابُ: تیر، واحد نُشَّابَةٌ؛ ج: نَشَاشِيبُ تَرَامَوْا بالنُّشَّاشِيبِ: انہوں نے باہم تیر پھینکے یا باہم مل کر تیر پھینکے۔
النَّشَّابُ: تیر بنانے والا (۲) بہت پنجے گاڑنے والا، بہت چمٹنے والا، ج: نَشَّابَةٌ۔
• نَشَجَ الباكي ـِ نَشْجًا ونَشِيجًا: رونے والے کی ہچکی بندھنا۔
ـــ الحِمَارُ: گدھے کا آواز نکالنا۔
ـــ الضِّفْدَعُ: مینڈک کا ٹرانا، بار بار آواز نکالنا۔
ـــ القِدْرُ ونَحْوُهَا: ہنڈیا اور دیگچی وغیرہ کا کھد بدانا، جوش مارنا، ابلنا
ـــ المُطْرِبُ: گویّے کا دو طرز کے سروں کے درمیان فصل کرنا۔
النَّشِيجُ: سینہ میں گھومنے والی آواز، ج: نُشُجٌ، عَبْرَةٌ نَشُوجٌ: آوازدار آنسو۔
النَّشَجُ: ندی یا پانی بہنے کی جگہ، ج: أَنْشَاجٌ۔
• نَشَحَ ـَ نَشْحًا ونُشُوحًا: (میر ہونے سے کچھ کم) پینا۔
ـــ السِّقَاءُ والجِلْدُ ونَحْوُهُمَا نَشْحًا: مشک یا چمڑے وغیرہ کا ٹپکنا۔

نَشَحَ الدَّابَّةَ: جانور کو پیاس بجھانے والی چیز پلانا۔
اِنْتَشَحَ: ٹپکنا۔
النَّشَّاحُ: بہت ٹپکنے والا، سِقَاءٌ نَشَّاحٌ: ٹپکنے والی مشک۔
النُّشُوحُ: تھوڑا پانی، ج: نُشُحٌ۔
• نَشَدَ فُلَانٌ ـُ نَشْدًا ونِشْدَانًا: کسی کو بھولی ہوئی بات یاد آنا، نَشَدْتُهُ بِمَا عَاهَدَنِي عَلَيْهِ فَنَشَدَ: میں نے اسے وہ وعدہ یاد دلایا جو اس نے مجھ سے کیا تھا تو اسے یاد آگیا۔
ـــ الضَّالَّةَ: گم شدہ کو تلاش کرنا۔
ـــ فُلَانًا: کسی کے پاس جانا یا کسی کی طرف متوجہ ہوکر پوچھنا، سوال کرنا۔
ـــ فُلَانًا بِكَذَا: کسی کو کوئی بات یاد دلانا اور متوجہ کرنا، کسی بات کی اپیل والتجا کرنا۔
ـــ فُلَانًا اللّٰهَ وبِهِ: کسی کو خدا کی قسم دینا، خدا کا واسطہ دینا، نَشَدْتُكَ الرَّحِمَ وبِهَا، میں تجھے اپنا خونی رشتہ یاد دلاتا ہوں اس کا واسطہ دیتا ہوں۔
المِنْطَبُ: چھلنی۔
المِنْطَبَةُ: المِنْطَبُ۔
النَّوَاطِبُ: چھلنی کے سوراخ، واحد: نَاطِبَةٌ۔
• نَطَحَهُ الثَّوْرُ وَنَحْوُهُ ـَ نَطْحًا: بیل وغیرہ کا کسی کو سینگ مارنا، ٹکر مارنا۔
ـــ فُلَانًا عَن كَذا: کسی کو کسی چیز یا جگہ سے ہٹانا، دور کرنا، هذا اَمْرٌ لا يَنْتَطِحُ فِيهِ عَنْزَانِ: اس معاملہ میں دو رائے نہیں۔
نَاطَحَه مُنَاطَحَةً وَنِطَاحًا: ایک دوسرے کے سینگ مارنا، ٹکر مارنا (۲) ٹکر بازی میں کسی پر غالب آنا، دوسرے کو زیر کرنا۔
ـــ فُلَانٌ فُلَانًا: مقابلہ کرنا، زور آزمائی کرنا۔
تَنَاطَحَ الكَبْشَانِ: دو مینڈھوں کا ایک دوسرے کو سینگ یا ٹکر مارنا، باہم لڑنا۔
تَنَاطَحَتِ الأَمْوَاجُ وَالسُّيُولُ: سیلاب اور موجوں کا تھپیڑے مارنا، آپس میں ٹکرانا۔
النَّاطِحُ: ٹکر مارنے والا، سینگ مارنے والا۔
النَّاطِحَةُ: نَاطِحَةُ السَّحَابِ: آسمان سے باتیں کرنے والی عمارت، فلک بوس عمارت، ج: نَوَاطِحُ وناطِحَات۔
النَّطَّاحُ: سخت ٹکر مارنے والا، مرکھنا مینڈھا۔
النَّطْحَةُ: ٹکر، سینگ کی ایک ضرب۔
النَّطِيحُ: المَنْطُوحُ: سینگ یا ٹکر مارا ہوا (۲) سینگ یا ٹکر سے مر جانے والا (۳) منحوس۔
النَّطِيحَةُ: ٹکر کھا کر مری ہوئی بھیڑ یا بکری جس کا کھانا حلال نہیں، ج: نُطْحَى ونَطَائِحُ۔
• نَطَرَ الكَرْمَ وَنَحْوَهُ ـُ نَطْرًا وَنِطَارَةً: انگور کی بیل کی حفاظت کرنا۔
النَّاطِرُ: انگور کے باغ کا رکھوالا، ج: نُطَّارٌ وَنَطَرَةٌ۔
النَّاطُورُ: النَّاطِرُ، ج: نَوَاطِيرُ۔
النَّطَّارُ: کھیت میں کھڑا کیا جانے والا آدمی نما بانس جس پر کالا کپڑا ڈالا جاتا ہے اور اسے آدمی سمجھ کر جانور بھاگ جاتے ہیں اس سے کھیتی محفوظ رہتی ہے۔
• نَطَسَ ـُ نَطْسًا: معاملات میں غور وفکر کرنا، معاملہ فہم ہونا، ماہر و ہوشیار

ہونا، هــو نَطِسٌ ونَطِسٌ ونَطِيسٌ۔
تَنَطَّسَ فِي الشَّيْئِ: غور کرنا، گہری نظر سے دیکھنا۔
ـــ فِي مَلْبَسِهِ ومَأكَلِهِ: کھانے اور پہننے میں اچھائی کا خیال رکھنا، کھانے پینے میں تشعلیق ہونا۔
ـــ فِي كَلَامِهِ: سوچ سمجھ کر گفتگو کرنا بات چیت میں شائستگی اور خوبی ملحوظ رکھنا۔
ـــ فُلَانٌ مِن كَذا: کسی چیز سے گھن اور نفرت کرنا۔
ـــ مِن مُؤَاكَلَةِ فُلَانٍ: کسی کے ساتھ کھانے پینے سے گھن کرنا۔
ـــ الأَخْبَارَ وعَنِ الأَخْبَارِ: خبروں کی چھان بین کرنا، کریدکرنا۔
النَّاطِسُ: جاسوس۔
النِّطَاسِيُّ: ماہر عالم (۲) حاذق طبیب۔
النَّطِسُ: النِّطَاسِيُّ (۲) گھن کرنے والا۔
النُّطُسُ: ماہر اطباء (۲) گھن کرنے والے۔
النِّطِّيسُ: باریک بیں، معاملات میں دقت نظر کا ماہر (۲) فن طب کا ماہر، هِيَ نِطِّيسَةٌ۔
النُّطَسَةُ: بہت غور وخوض کرنے والا، بہت باریک بیں، بہت ماہر۔
• نَطَّ ـــ نَطًّا ونَطِيطًا: اچھلنا، کودنا۔
ـــ فِي الأَرْضِ: کہیں جانا۔
ـــ فِي مَنْطِقِهِ: بکواس کرنا، بک بک جھک جھک کرنا، هو نَطَّاطٌ۔
ـــ الشَّيْئَ ـُ نَطًّا: باندھنا یا کھینچنا۔
الأَنَطُّ: سَفَرٌ أَنَطُّ: دور دراز کا سفر، هِيَ نَطَّاءُ، عَقَبَةٌ نَطَّاءُ: دور دراز گھاٹی، ج: نُطٌّ ونُطُطٌ (یہ جمع خلاف قیاس ہے)۔
النَّطَّاطُ: بکواسی، بک بک جھک جھک کرنے والا، بیہودہ گو (۲) کھیتوں میں گھومنے والی ایک قسم کی ٹڈی (۳) اچھل کود کرنے والا۔
النَّطِيطُ: مَكَانٌ نَطِيطٌ: دور جگہ هِيَ نَطِيطَةٌ، أَرْضٌ نَطِيطَةٌ: دور زمین۔
نَطِعَ اللُّقْمَةَ ـَ نَطْعًا: تھوڑا سا لقمہ کھا کر باقی دسترخوان پر رکھدینا۔ هو نَاطِعٌ۔
نُطِعَ لَوْنُهُ: رنگ بدل جانا۔
تَنَطَّعَ فُلَانٌ: چمڑے کے دسترخوان پر کھانا رکھنا۔
ـــ فِي الشَّيْئِ: غلو اور تکلف کرنا۔
ـــ فِي كَلَامِهِ: گہرائی اور فصاحت سے بولنا۔
ـــ فِي شَهَوَاتِهِ: خواہشات میں مست اور ممکن ہونا۔
ـــ فِي عَمَلِهِ: اپنے کام میں ماہر ہونا، کام کو عمدگی سے انجام دینا۔
النُّطَاعَةُ: وہ لقمہ جو آدھا کھا کر دسترخوان پر رکھدیا جائے۔
النَّطْعُ: النِّطَعُ۔ چرمی فرش دپہلے اس پر قتل کی سزا پانے والے کو قتل کیا جاتا تھا (۲) کھانے وغیرہ کے لئے استعمال کیا جانے والا چمڑا، کھال (۳) خانہ کعبہ پر پہلے زمانہ میں چڑھائے جانے والے چمڑوں کے غلاف، كَسَا بَيْتَ اللّٰهِ بِالأَنْطَاعِ: اس نے بیت اللہ کو چمڑوں کے غلاف سے پوشش کی، ج: أَنْطَاعٌ ونُطُوعٌ وأَنْطُعٌ (۲) تالو کا اگلا حصہ، الحُرُوفُ النِّطْعِيَّةُ: تالو کے اگلے حصے سے نکلنے والے حروف یعنی تار، دال طار، ج: نُطُوعٌ۔
النُّطَعُ: باچھیں پھیلا کر بولنے والے۔
• نَطَفَ ـِ نَطْفًا ونُطُوفًا ونِطَافًا ونَطَفَانًا: ٹپکنا، جیسے نَطَفَتِ القِرْبَةُ: مشکیزہ کا ٹپکنا۔
ـــ السَّحَابُ: بادل کا ہلکے ہلکے برسنا
ـــ فُلَانٌ: اتنی محنت کرنا کہ پسینہ نکل آئے۔
ـــ سَيْفُهُ دَمًا: تلوار سے خون ٹپکنا
ـــ بِسُوءٍ: برائی میں ملوث ہونا۔
ـــ المَاءَ: پانی ڈالنا۔
ـــ الجُرْحَ والخُرَاجَ نَطْفًا: پھوڑے یا زخم کو کھولنا، چیرنا۔
ـــ فُلَانًا بِعَيْبٍ: کسی پر تہمت لگانا، عیب نکالنا، عیب میں ملوث کرنا۔
نَطِفَ الشَّيْئُ ـَ نَطَفًا: خراب ہونا۔
ـــ الحَيَوَانُ: جانور کے پیٹ میں فاسد غدود پیدا ہونا۔
ـــ الرَّجُلُ: کسی کے سر کا زخم دماغ تک پہنچ جانا (۲) کھانے وغیرہ سے بدہضمی ہوجانا (۳) بدکاری کی تہمت لگنا، هو نَطِفٌ وهِيَ نَطِفَةٌ۔
أَنْطَفَهُ: عیب لگانا (۲) تہمت لگانا۔
نَطَّفَ فُلَانًا: أَنْطَفَهُ۔
ـــ المَرْأَةَ: عورت کے کان میں بالی ڈالنا
تَنَطَّفَ: ملوث ہونا۔
ـــ مِن كَذا: نفرت وگھن کرنا۔
النَّاطِفُ: سیال شئے (۲) ایک حلوا جو بادام، اخروٹ اور پستہ سے بنایا جاتا ہے، اسے القُبَّيْطُ کہتے ہیں، بتاشہ یا ریوڑی۔
النُّطَافَةُ: تھوڑا پانی وغیرہ
النَّطَفُ: عیب، خرابی، نقص وفساد، مَا بِهِ نَطَفٌ: اس میں کوئی خرابی

نہیں، وقع فی النَّطَفِ: وہ فتنہ میں پڑ گیا۔
النَّطِفُ: کھوٹا، پلید، شکی آدمی۔
النُّطْفَۃُ: صاف پانی، ج: نِطَافٌ، سَقَانِی نُطْفَۃً عَذْبَۃً ونِطَافًا عِذَابًا: اس نے مجھے میٹھا اور صاف پانی پلایا (۲) قطرہ جَاءَ وعلی جَبِیْنِہ نِطَافٌ مِن عَرَقٍ: وہ آیا تو اس کی پیشانی پر پسینہ کے قطرے تھے (۳) سمندر (۴) منی، ج: نُطَفٌ
النُّطْفَتَان: دو سمندر، بحر روم، بحر اور بحر چین یا بحر مشرق و بحر مغرب۔
النُّطْفَۃُ: چھوٹا صاف موتی (۲) کان کی بالی، ج: نُطَفٌ۔
النَّطُوفُ: بہت قطرے ٹپکانے والا، لَیْلَۃٌ نَطُوفٌ: ایسی رات جس میں صبح تک بارش ہوتی رہے۔
• نَطَقَ ـــ نُطْقًا ومَنْطِقًا: بولنا، آواز نکالنا، نَطَقَ الطَّائِرُ اوالعُوْدُ: پرندہ یا سارنگی کی آواز نکلنا۔
نَطَقَ القَاضِی بالحُکم: فیصلہ سنانا
ـــ بلسانِ فُلانٍ: کسی کی ترجمانی کرنا،
نَطُقَ الرَّجُلُ: بلیغ و خوش گفتار ہونا۔
اَنْطَقَہُ: گویا کرنا، بلوانا، قوت گویائی دینا زبان دینا۔
ـــ اللّٰہ الاَلْسُنَ: اللہ کا زبانوں کو گویا کرنا، بولنے کی صلاحیت دینا۔
نَاطَقَہُ: کسی کے ساتھ گفتگو کرنا، بحث و مباحثہ کرنا، ہم کلام ہونا۔
نَطَّقَہُ: بولتا ہوا کرنا، قوت گویائی عطا کرنا، زبان دینا (۲) کمر پر پٹکا باندھنا۔
ـــ المَاءُ الشَّجَرَ والاَکَمَۃَ: پانی کا درخت یا ٹیلہ کے آدھے تک پہنچنا۔
اِنْتَطَقَ: کمر پر پٹکا باندھنا۔
ـــ الاَرْضُ بالجِبَالِ: زمین کا چاروں طرف پہاڑوں سے گھرا ہوا ہونا، ھو یَنْتَطِقُ بِقَومِہ واِخْوانِہ: وہ اپنی قوم اور بھائیوں سے مدد اور طاقت حاصل کرتا ہے۔
ـــ فَرَسًا: بغیر سوار ہوئے کھینچنا۔
تَنَاطَقَ الرَّجُلان: باہم گفتگو کرنا۔
تَنَطَّقَ: کمر پر پٹکا باندھنا۔
ـــ الاَرْضُ: زمین کا پہاڑوں سے گھرا ہوا ہونا۔
تَمَنْطَقَ: پٹکا باندھنا (۲) علم منطق سے تعلق رکھنا (سیکھنا سکھانا)۔
اِسْتَنْطَقَہُ: کسی سے بولنے کو کہنا، بیان لینا، جواب طلب کرنا (۲) کسی کے ساتھ بولنا، بات کرنا (۳) کسی سے بات سننا، معلوم کرنا۔
الاِسْتِنْطَاقُ: جواب طلبی، وضاحت طلبی۔
المُسْتَنْطِقُ: ملزم سے جواب طلب کرنے والا قاضی یا پولس افسر۔
المُنْتَطِقُ: رفیع الشان صاحب اثر و رسوخ۔
المُنَطَّقُ: وہ جانور جس کی کمر پر سفید نشان ہو۔
المَنْطِقُ: کلام، گفتگو، قرآن پاک میں ہے " وعُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّیْرِ " (۲) وہ علم جو ذہن کو فکر کی غلطی سے محفوظ رکھتا ہے، فُلانٌ مَنْطِقِیٌّ: وہ منطق کا عالم ہے یا صحیح فکر کا حامل ہے۔
المِنْطَقُ: کمر پر باندھا جانے والا پٹکا یا پیٹی، ج: مَنَاطِقُ۔
المِنْطَقَۃُ: پٹکا یا پیٹی (۲) محدود خطہ زمین جو امتیازی صفات و خصوصیات کا حامل ہو، علاقہ، حلقہ، زون، ایریا، سرکل، شہر کا حصہ، ملک کا حصہ انتظامی ریجن، ضلع، ج: مَنَاطِقُ
المِنْطَقَۃُ الحَرام: ممنوعہ خطہ، وہ محفوظ علاقہ جہاں کسی کو جانے کی اجازت نہ ہو۔
المِنْطَقَۃُ الحُرَّۃُ: آزاد علاقہ (جہاں چنگی نہ لگتی ہو)۔
مِنْطَقَۃُ السَّلامِ: خطِ امن۔
المِنْطَقَۃُ العَازِلَۃُ: غیر جانبدارانہ علاقہ، محفوظ علاقہ، بفرزون۔
مِنْطَقَۃُ العَمَل: دائرہ کار۔
المِنْطَقَۃُ المُمَیَّزَۃُ: سلم ایریا۔
مِنْطَقَۃٌ مَنْزُوْعَۃُ السِّلاح: غیر مسلح علاقہ۔
المِنْطَقَۃُ المَنْکُوبَۃُ والمُتَضَرِّرَۃُ: مصیبت زدہ یا متاثرہ علاقہ۔
مِنْطَقَۃُ النُّفُوذ: اثر و رسوخ کا علاقہ، دائرۃ النفوذ۔
مِنْطَقَۃُ الوَظِیْفَۃ: ملازمت کا ایریا۔
مَنَاطِقُ التَّوَتُّرِ: کشیدگی کے علاقے۔
المَنَاطِقُ الحَضَرِیَّۃُ: شہری علاقے۔
المَنَاطِقُ الرِّیْفِیَّۃُ: دیہی علاقے
مِنْطَقَۃُ البُرُوج: راس منڈل
المِنْطَقَۃُ الحَارَّۃُ: خط جدی اور خط سرطان کے درمیان کا علاقہ۔
المِنْطَقَۃُ: المِنْطَقَۃُ
المُنَطَّقَۃُ: پیٹی یا پٹکا باندھے ہوئے (۲) وہ جانور جن کی کمر (پیٹی کی جگہ) رنگین ہو۔
المَنْطِقِیُّ: علم منطق کا عالم (۲) عقلی، معقول۔

المِنْطَقِيُّ: علاقائی، زونل۔
مَنْطِقِيًّا: عقلی طور پر۔
مِنطَقِيًّا: علاقہ وار۔
المَنْطُوقُ: علمائے اصول کے نزدیک لفظ کا وہ مدلول (ظاہری معنی) جو اس کی گہرائی میں جائے بغیر ابتدائً بلا غور وتفکیر سمجھا جائے، برخلاف مفہوم کے کہ وہ لفظ کے معنی و دلالت پر غور و فکر کرکے اخذ کیا جاتا ہے، کبھی لفظ کے مفہوم و مدلول میں تطابق ہوتا ہے کبھی تخالف۔
المِنْطِيقُ: بلیغ، صاحب بلاغت، خوش بیان، قادر الکلام (۲) سرین کو گدی رکھ کر موٹا کرنے والی عورت۔
النَّاطِقُ: بولنے والا، زبان رکھنے والا، (۲) ترجمان، كِتَابٌ نَاطِقٌ: واضح کتاب، شَيْءٌ نَاطِقٌ: صاف وکھلی چیز (الإنسانُ) حَيَوَانٌ نَاطِقٌ: صاحب عقل وفہم آدمی۔
النَّاطِقُ بِلِسَانِ جَمَاعَةٍ ونَحوِهَا جماعت وغیرہ کا ترجمان۔
النَّاطِقَةُ: مونث النَّاطِقُ (۲) کو کھ، کمر (۳) نفس ناطقہ۔
النِّطَاقُ: کمر پر باندھی جانے والی پیٹی یا پٹکا، ذَاتُ النِّطَاقَيْنِ: حضرت اسماء بنت ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ (۲) پٹکا یا پیٹی جیسے کام کرنیوالی عورت کام کرتے وقت چستی کے لئے کمر پر باندھ لیتی ہے، عَقَدَ فُلَانٌ حُبُكَ النِّطَاقِ: فلاں نے پیٹی کے بند باندھ لئے یعنی وہ کام کے لئے تیار ہوگیا (۳) کمر بند (۴) حدود (۵) حلقہ، دائرہ (۶) پیمانہ (۷) علاقہ (۸) سطح۔
وَاسِعُ النِّطَاقِ: وسیع الحدود، اِتِّسَاعُ نِطَاقِ الفِكْرَةِ: دائرہ فکر کا وسیع ہونا۔

عَلَى النِّطَاقِ الوَاسِعِ او الضَّيِّقِ: وسیع یا چھوٹے پیمانے پر۔
فِي نِطَاقِ شَيْءٍ: کسی چیز کے ضمن میں۔
نِطَاقُ الجَوْزَاءِ: ستارۂ جوزاء کے وسط میں واقع تین ستارے، ج: نُطُقٌ۔
النُّطْقُ: تلفظ، بول، بولی (۲) فہم کلیات کے ادراک کی صلاحیت، ج: نُطُقٌ
• نَطَلَ الخَمْرَ ـُـ نَطْلًا ونُطُولًا: شراب نچوڑنا۔
ـــ المَاءَ: تھوڑا سا پانی ڈالنا۔
ـــ المَرِيضَ: علاج کے لئے بیمار کے اوپر تھوڑا تھوڑا پانی ڈالنا۔
نَطَّلَ المَرِيضَ: نَطَلَهُ۔
اِنْتَطَلَ مِنَ الإِنَاءِ: برتن سے تھوڑا پانی انڈیلنا۔
المِنْطَالُ: آبپاشی کے لئے چمڑے کا تھیلا۔
المَنْطَلَةُ: نچوڑنے کی مشین (کوئی آلہ) ج: مَنَاطِلُ۔
النَّاطِلُ: شراب کا چھوٹا پیالہ جس میں شراب فروش شراب کا نمونہ دکھاتا ہے (۲) دودھ یا کوئی سیال چیز ناپنے کا پیمانہ (۲) پیمانہ میں بچا ہوا دودھ یا سیال چیز (۳) پانی یا نبیذ وغیرہ کا ایک گھونٹ، ج: نَوَاطِلُ۔
مَا ظَفِرَتْ مِنْهُ بِنَاطِلٍ: مجھے اس سے کچھ نہیں ملا۔
النِّطْلُ: شراب یا مشروب کی تلچھٹ۔
النُّطْلَةُ: گھونٹ (۲) تھوڑی چیز، أَخَذَ مِنَ الإِنَاءِ نُطْلَةً: اس نے برتن سے تھوڑی سی چیز لی۔
النَّيْطَلُ: ڈول (۲) سیال چیز ناپنے کا پیالہ (پیمانہ) ج: نَيَاطِلُ۔

فُلَانٌ نَيْطَلٌ: فلاں بڑا چالاک ہے رمَاهُ اللّٰهُ بِالنَّيْطَلِ: اللہ اسے ہلاک کرے۔
• نَطْنَطَ الشَّيْءُ: دور ہونا، جیسے نَطْنَطَتِ الأَرْضُ: زمین کا فاصلہ زیادہ ہوگیا۔
ـــ فُلَانٌ: دور کا سفر کرنا۔
ـــ الشَّيْءَ: کھینچنا، پھیلانا۔
تَنَطْنَطَ: دور ہوجانا۔
النَّطْنَاطُ: لمبا، دراز، رَجُلٌ نَطْنَاطٌ: جھکی، بسیار گو، ج: نَطَانِطُ۔
النُّطْنُطُ: النَّطْنَاطُ، ج: نَطَانِطُ
• نَطَا المَنْزِلُ ـُـ نَطْوًا: دور ہونا
ـــ الحَبْلَ: رسی کھینچنا، کھینچ کر بڑا کرنا کھینچ کر باندھنا۔
ـــ الغَزْلَ: سوت کا بانا ڈالنا۔
أَنْطَى: دینا، سورۂ کوثر میں ایک قرارت ہے "إِنَّا أَنْطَيْنَاكَ الكَوْثَرَ"، دعا کی حدیث میں ہے لَا مَانِعَ لِمَا أَنْطَيْتَ تیرے عطا کئے ہوئے کو کوئی روکنے والا نہیں۔
نَاطَاهُ: کسی کے ساتھ جھگڑنا، اکڑ دکھانا، مقابلہ کرنا، کپڑا بنتے ہوئے بانا ڈالنے میں مدد کرنا (بانے کے سوت کا گولا ایک دوسرے کی طرف تانے میں سے گزارنا۔
تَنَاطَى القَوْمُ: ایک دوسرے سے آگے نکلنے میں مقابلہ کرنا۔
المَنْطُوُّ: سَفَرٌ مَنْطُوٌّ ومَكَانٌ مَنْطُوٌّ: دور دراز کا سفر یا جگہ۔
ثَوْبٌ مَنْطُوٌّ: تانے میں بانا ڈال کر تیار کیا ہوا کپڑا۔
النَّطِيُّ: المَنْطُوُّ۔

ن ـــ ظ

• نَظَرَ إِلَى الشَّيْءِ ـُ نَظَراً: کسی چیز پر نگاہ ڈالنا (۲) غور سے دیکھنا۔

ــــ فِیہِ: غور وفکر کرنا، جیسے نَظَرَ فِی الْکِتَابِ: کتاب کو غور سے پڑھنا۔

ــــ فِی الْاَمْرِ: کسی معاملہ کو دیکھنا، اس کا جائزہ لینا، غور وفکر کرنا. فُلَانٌ یَنْظُرُ وَیَعْتَافُ: فلاں غور کرکے پیشین گوئی کرتا ہے۔

ــــ لِفُلَانٍ: کسی پر ترس کھاکر مدد کرنا۔ اُنْظُرْ لِی فُلَانًا: فلاں کو میرے پاس بلاؤ۔

ــــ بَیْنَ النَّاسِ: لوگوں کے درمیان فیصلہ کرنا۔

ــــ الشَّیْءَ: کسی چیز کا نگاہ کے سامنے ہونا. دَارِی تَنْظُرُ دَارَہٗ: میرا گھر اس کے گھر کے سامنے ہے (۲) دیکھ بھال اور حفاظت کرنا (۳) موخر کرنا، مدت بڑھانا جیسے نَظَرَ الدَّیْنَ وَنَظَرَ الْبَیْعَ۔

ــــ الْمَبِیْعَ: کوئی چیز ادھار فروخت کرنا

ــــ فُلَانًا: کسی کو کوئی چیز ادھار فروخت کرنا۔

ــــ فُلَانًا وَشَیْئًا: انتظار کرنا جیسے نَظَرْتُ فُلَانًا حَتَّی الظُّہْرِ، مقولہ ہے۔ اِنَّ غَداً لِنَاظِرِہٖ قَرِیْبٌ: منتظر کے لئے آنے والا دن قریب ہے (۲) متوقع اور منتظر رہنا، جیسے اِنِّی اَنْظُرُ فَضْلَ اللّٰہِ، میں خدا کے کرم کا منتظر ہوں یا مجھے اس کی امید و توقع ہے۔

اَنْظَرَ الشَّیْءَ: موخر کرنا، مدت بڑھانا، مہلت دینا، قولہ تعالیٰ "رَبِّ فَاَنْظِرْنِی اِلٰی یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ"، اَنْظَرْتُ الدَّیْنَ: میں نے قرض کی ادائگی میں مہلت دی، اَنْظَرْتُہُ الدَّیْنَ: میں نے فلاں آدمی کو قرض کی ادائگی میں مہلت دی۔

اَنْظَرَ فُلَانًا: کسی کو غور کرنے کا موقع دینا (۲) ادائگی کی مہلت کے ساتھ فروخت کرنا۔

ــــ فُلَانًا بِفُلَانٍ: کسی کو کسی کے جیسا بنادینا، کہتے ہیں، مَا کَانَ نَظِیْرَۃً وَلَقَدْ اُنْظِرَ بِہٖ: وہ اس جیسا نہ تھا مگر ویسا بنادیا گیا۔

نَاظَرَ فُلَانًا: کسی کے مشابہ ہونا، اس جیسا ہونا (۲) کسی کے ساتھ حجت بازی کرنا، دلائل سے مقابلہ کرنا، بحث کرنا۔

ــــ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: کسی چیز کو دوسری کے مماثل اور مشابہ کرنا درجہ اور صفت میں برابر کرنا (۲) موازنہ کرنا، دَارِی تُنَاظِرُ دَارَہٗ: میرا گھر اس کے گھر کے بالمقابل ہے، جَمْعُہُمْ یُنَاظِرُ الْاَلْفَ: ان کی جماعت (فوج) ہزار کے قریب ہے۔

نَظَّرَ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: کسی چیز کا دوسری چیز سے مقابلہ اور موازنہ کرنا۔

اِنْتَظَرَہٗ: انتظار کرنا (۲) توقع کرنا (۳) کسی کے لئے رکنا، ٹھیرنا (۴) غور کرنا، توقف کرنا۔

تَنَاظَرَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو دیکھنا۔

ــــ فِی الْاَمْرِ: کسی معاملہ میں باہم بحث و مباحثہ کرنا، طبع آزمائی کرنا دُوْرُھُمْ تَتَنَاظَرُ: ان کے مکانات ایک دوسرے کے سامنے ہیں۔

تَنَظَّرَہٗ: گہری نگاہ ڈالنا، غور سے دیکھنا (۲) امید رکھنا، منتظر رہنا (۲) ٹھیرنا، کسی بات میں توقف کرنا (۳) موخر کرنا، مہلت دینا۔

اِسْتَنْظَرَہٗ: تاک میں رہنا، انتظار کرنا، (۲) کسی سے مہلت مانگنا۔

ــــ عَلٰی کَذَا: کسی چیز کا نگراں بنانا۔

الْمُنَاظِرُ: مناظر، حجت باز، بحث و مباحثہ کرنے والا (۲) مانند، مثل، مشابہ، (۳) سپروائزر۔

الْمُنَاظَرَۃُ: حجت بازی، علمی مباحثہ، ڈبیٹ (۲) نگرانی، سپروائزری۔

الْمُنْتَظَرُ: متوقع۔

الْمِنْظَارُ: آئینہ (۲) دوربین (چھوٹی چیزوں کو دیکھنے کا آلہ، میکروسکوپ) (۳) خوردبین (۴) دور دراز کے اجسام کو دیکھنے کا آلہ (ٹیلسکوپ)، ج: مَنَاظِیْرُ۔

الْمِنْظَارُ الْحَرْبِیُّ: فیلڈ گلاس، (جنگی دوربین) مِنْظَارُ الْمَیْدَانِ بھی کہتے ہیں۔

الْمِنْظَارُ الْقَنَّاصُ: کیچ کرنے والی دوربین۔

مِنْظَارُ الْوِقَایَۃِ: حفاظتی دوربین۔

الْمَنْظَرُ: نگاہ کو پسند آنے والی صورت یا جگہ یا نقشہ، قابل دید شے، منظر، نظارہ، سین (۲) شکل، صورت، (۳) نگاہ، نظر، ھُوَ فِی مَنْظَرٍ وَمُسْتَمَعٍ: وہ دیکھنے اور سننے کے قابل ہے (۴) نگراں چوکی، نگرانی کرنے کی جگہ وہ جگہ جہاں سے نگاہ رکھی جائے، ج: مَنَاظِرُ۔

الْمَنْظَرَۃُ: الْمَنْظَرُ (۲) گھر کا ملاقاتی کمرہ (۲) کسی چیز کو دیکھنے والے لوگ، تماشبین۔

الْمَنْظُوْرُ: سَیِّدٌ مَنْظُوْرٌ: مہربان

سردار جس کے کرم و مہربانی کی توقع کی جائے۔ شَیْئٌ مَنْظُوْرٌ: قابل دید پسندیدہ چیز۔ طِفْلٌ مَنْظُوْرٌ: نظر بد لگا ہوا بچہ۔

النَّاظِرُ: دیکھنے والا (۲) تماشائی، ج: نُظَّارٌ (۳) آنکھ (۴) آنکھ کی سیاہی جس میں پتلی ہوتی ہے، ج: نَوَاظِرُ (۵) تفتیش کار جو کسی جگہ کے معاملات کی تحقیق کے لئے بھیجا جائے، انسپکٹر (۶) منتظم، نگراں، ناظم، منیجر، ڈائرکٹر، ج: نُظَّارٌ۔

نَاظِرُ الْمَدْرَسَةِ: ہیڈ ماسٹر۔

نَاظِرُ الْمَعَارِفِ: وزیر تعلیم اب وزیر المعارف کہا جاتا ہے۔

نَاظِرُ مَحَطَّةِ السِّكَّةِ الْحَدِيْدِيَّةِ: اسٹیشن ماسٹر۔

النَّاظِرَةُ: مؤنث النَّاظِر (۲) آنکھ ج: نَوَاظِرُ۔

النَّاظُوْرُ: باغبان، باغ یا کھیت کا رکھوالا (۲) سردار قوم۔

نَظَارِ: اسم فعل بمعنی اُنْتَظِرْ، ٹھیر۔

النِّظَارَةُ: فہم و فراست، دور اندیشی، دور بینی (۲) نظامت (۳) نگرانی، انتظام (۴) تفتیش (۵) وزارت (سابقہ استعمال)

النَّظَرُ: نگاہ (۲) بصیرت (۳) دانائی، (۴) غور و فکر، فِيْ هٰذَا الْاَمْرِ نَظَرٌ اس معاملہ میں غور و فکر کی ضرورت یا گنجائش ہے، یہ بات غور طلب ہے محل نظر ہے۔ بَيْنَنَا نَظَرٌ: ہمارے درمیان اتنا فاصلہ ہے کہ نگاہ نہیں پہنچتی (۳) اعتبار، لحاظ۔ نَظَرًا اِلٰى كَذَا: بِالنَّظَرِ اِلَيْهِ: فلاں چیز کے پیش نظر، اس لحاظ سے، اسے ملحوظ رکھتے ہوئے۔

التَّنَظُّرُ: مثل، مانند، مشابہ۔

النَّظْرَةُ: ایک نگاہ، لمحہ، فِيْهِ نَظْرَةٌ: اس میں برائی اور قباحت ہے۔ یا نقص و عیب ہے، اَصَابَتْهُ نَظْرَةٌ: اسے نظر لگ گئی۔ نَظَرَهُ بِعَيْنِ النَّظْرَةِ: اسے شفقت کی نظر سے دیکھا۔

النَّظْرَةُ الثَّابِتَةُ: پختہ نظر، جمی ہوئی نگاہ، گہری نظر۔

نَظْرَةُ تَفَاؤُلٍ: امید بھری نگاہ ج: نَظَرَاتٌ۔

النَّظْرَةُ الْعَابِرَةُ: سرسری نگاہ۔

النَّظْرَةُ الْغَاضِبَةُ: غضب آلود نگاہ۔

النَّظِرَةُ: انتظار (۲) مہلت، اشْتَرَيْتُهُ بِنَظِرَةٍ: میں نے اسے ادھار خریدا، قرآن پاک میں ہے "وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ: اگر وہ تنگ دست ہو تو فراخی تک اسے مہلت دو۔

النَّظَرِيُّ: استدلالی، غور و فکر سے متعلق، فکری، علمی (خلاف العَمَلِیّ) نظریاتی۔ الْعُلُوْمُ النَّظَرِيَّةُ: وہ علوم جو تفکر و تدبر پر موقوف ہوں، تجربات و وسائل عملیہ سے ان کا تعلق کم سے کم ہو، علوم عقلیہ۔

النَّظَرِيَّةُ: مخصوص اور اصولی رائے جس کے ذریعہ علمی اور فنی مسائل کا تجزیہ کیا جائے (۲) استدلالی رائے، نظریہ، سوچ، (۳) وہ قضیہ جو کسی برہان سے ثابت ہو (برہان مناطقہ کے یہاں اس قیاس کو کہتے ہیں جو یقینی مقدمات سے مرکب ہو) یا برہان فیصلہ کن اور واضح دلیل کو کہتے ہیں۔ نظریہ فطری بھی ہوتا ہے اور کسبی بھی کہ انسان مطالعہ اور معلومات حاصلہ کے بعد اپنی ایک اصولی رائے قائم کر لیتا ہے اور پھر اسی کو مسائل کی جانچ کا معیار بنا لیتا ہے، ج: نَظَرِيَّاتٌ۔

النَّظَّارُ: تیز نظر، فَرَسٌ نَظَّارٌ: تیز نگاہ گھوڑا۔

النَّظَّارَةُ: تماشبین، کسی چیز کو شوق و رغبت سے دیکھنے والے لوگ، (۲) چشمہ (نگاہ کا ہو یا دھوپ وغیرہ سے بچاؤ کا) ج: نَظَّارَاتٌ۔

النَّظَّارَةُ الْحَرْبِيَّةُ: جنگی دوربین۔

النَّظَّارَاتِيُّ: چشمہ فروش۔

النَّظُوْرُ: النَّظَّارُ، رَجُلٌ نَظُوْرٌ: چوکنا آدمی جو اپنے کام سے غافل نہ رہتا ہو۔

النَّظُوْرَةُ، نَظُوْرَةُ الْقَوْمِ وَنَظُوْرَةُ الْجَيْشِ: پیش رو جماعت، مقدمۃ الجیش۔

النَّظِيْرُ: مقدمۃ الجیش، مشابہ، مماثل، کوئی چیز جو دوسری چیز کے مانند اور مثل ہو یا برابر ہو (۲) ہم رتبہ، (۳) مناظر، ج: نُظَرَاءُ۔ فُلَانٌ مُنْقَطِعُ النَّظِيْرِ: فلاں اپنی جگہ بے مثال ہے۔

النَّظِيْرَةُ: مؤنث النَّظِيْر، هُوَ نَظِيْرَةُ قَوْمِهِ: وہ اپنی قوم میں ممتاز و افضل ہے (۲) مقدمۃ الجیش اگلا دستہ، جَاءَتْ نَظِيْرَةُ الْجَيْشِ، ج: نَظَائِرُ۔

عَدَدْتُ الْاَشْيَاءَ نَظَائِرَ: میں نے چیزوں کو دو دو کر کے گنا۔

النَّظَائِرُ الْمُشِعَّةُ: کسی عنصر کے ایسے ذرات جو ذراتی تعداد

میں برابر اور مجموعوں کی شکل میں مختلف ہوں، یہ مجموعے شعائی تاثیر و قوت کے حامل ہوتے ہیں۔

• نَظُفَ ـُ نَظَافَةً: صاف ستھرا ہونا (غلاظت اور میل سے دور ہونا) ھو نَظِيفٌ، ج نُظَفَاءُ۔

نَظَّفَهُ: صاف کرنا۔

ـــ قَلْبَهُ: دل کو باطنی آلائشوں سے پاک وصاف کرنا۔

ـــ المَلابِسَ: کپڑے دھونا، صاف کرنا، ڈرائی کلینگ کرنا۔

ـــ بالفُرْشَاةِ: برش پھیر کر صاف کرنا۔

تَنَظَّفَ: صاف ستھرا ہونا، نَظَّفَهُ فَتَنَظَّفَ۔

ـــ فُلانٌ: عیوب ونقائص سے دور دور رہنا، پاکباز ہونا۔

اِسْتَنْظَفَ الشَّيْءَ: کوئی چیز صاف ستھری لینا (۲) سب وصول کر لینا۔

التَّنْظِيفُ: صفائی کا عمل، آراستگی، (۲) صفائی، دھلائی۔

التَّنْظِيفُ الجَافُّ: ڈرائی کلینگ۔

المِنْظَفَةُ: صاف کرنے کا کپڑا یا برش وغیرہ، ج: مَنَاظِفُ۔

المُنَظِّفُ: صاف ستھرا، دھویا ہوا۔

مُنَظِّفُ الأَقْمِشَةِ: دھوبی، کپڑوں کی صفائی کرنے والا۔

النَّظَافَةُ: صفائی (۲) پاکیزگی۔

النَّظِيفُ: ہر صاف کرنے والی شے (صابن سرف وغیرہ) صاف ستھرا (۲) پاک وصاف، نَظِيفُ الأَخْلاقِ: شائستہ، خلیق، نظیف السَّراوِيل پاک دامن، نَظِيفُ القَلْبِ: پاک دل، پاکباز۔

• نَظَمَ الأَشْيَاءَ ـِ نَظْمًا: باہم ملانا، ترتیب دینا، منسلک کرنا

ـــ اللُّؤْلُؤَ ونَحْوَهُ: موتی وغیرہ لڑی میں پرونا۔

ـــ الخُوَّاصُ الخُوصَ: برگ خرما کے کاریگر کا خرما کے پتوں کو ملا کر بٹ دینا۔

ـــ شِعْرًا: قافیہ بند اور باوزن کلام تیار کرنا، نظم بنانا۔

ـــ الأُمُورَ او الأَمْرَ: انتظام کرنا، ترتیب قائم کرنا، نظم وضبط پیدا کرنا۔

نَظَّمَ الأَشْيَاءَ: مرتب کرنا، ترتیب اور سلیقہ کے ساتھ رکھنا، انتظام کرنا۔

ـــ الأُمُورَ: منظم ومرتب کرنا، (۲) انتظام کرنا۔

ـــ الإِضْرَابَ: ہڑتال کرانا، اس کا انتظام کرنا۔

ـــ الزِّيارَةَ: ملاقات کرانا۔

ـــ المُبَاحثَاتِ: بات چیت کرانا، مذاکرات کرانا۔

انتظَمَ الشَّيْءُ: جڑنا، ملنا، مرتب ہونا، پرویا جانا، ترتیب وسلیقہ سے لگنا، منسلک ہونا، نَظَمَهُ فَانْتَظَمَ۔

ـــ أَمْرُهُ: اس کا کام یا معاملہ درست ہوگیا، خاص ڈگر پر آگیا

ـــ الأَشْيَاءَ: اشیاء کو باہم ملانا، رَمَى صَيْدًا فَانْتَظَمَ سَاقَيْهِ بِرُمْحٍ: اس نے شکار کے نیزہ مارا تو اس نے شکار کی دونوں ٹانگوں کو پرو لیا، هذانِ البَيْتَانِ يَنْتَظِمُهُمَا مَعْنًى وَاحِدٌ: ان دونوں شعروں میں ایک ہی معنی ملحوظ ہیں۔

اِنْتَظَمَ عِقْدُ النَّاسِ: لوگوں کا اکٹھا ہو جانا، مجمع لگ جانا۔

تَنَاظَمَتِ الأَشْيَاءُ: باہم ملا ہوا اور جڑا ہوا ہونا۔ جیسے تَنَاظَمَتِ الصُّخُورُ: چٹانوں کا ایک دوسرے کے ساتھ جڑا ہوا ہونا۔

تَنَظَّمَ الشَّيْءُ: اِنْتَظَمَ۔

الاِنْتِظَامُ: انسلاک، نظم، ترتیب، بانتظام: بسلسل، پابندی کے ساتھ، باقاعدہ۔

في غير انتظام: بے ترتیب۔

الإِنْظَامُ: موتی وغیرہ کی لڑی، (۲) ٹڈی وغیرہ کے پیٹ میں انڈوں کو جوڑنے والا ریشہ، کہتے ہیں في بَطْنِ السَّمَكَةِ انظامانِ، (۳) انڈوں کی قطار (۴) جما ہوا ریت، ریت کے ٹیلوں کی قطار، ج: اناظِمُ

التَّنْظِيمُ: انتظام، قیام نظم، ترتیب، تنظیم (۲) منظم جماعت ج: تَنْظِيمَات

الأُنْظُومَةُ: الإِنْظَامُ ج، اناظِمُ

التَّنْظِيمُ الجَمَاعِيُّ: جماعتی تنظیم۔

التَّنْظِيمُ الحِزْبِيُّ: پارٹی کی تنظیم

تَنْظِيمُ الأُسْرَةِ: منصوبہ بندی، فیملی پلاننگ۔

المُنْتَظِمُ: باقاعدہ، باترتیب، (۲) پرویا ہوا (۳) منسلک۔

المُنَظِّمُ: منتظم (۲) ریگولیٹر۔

المُنَظَّمُ: باضابطہ۔

المُنَظَّمَةُ: تنظیم، باضابطہ جماعت، آرگنائزیشن (۲) تنظیمی ادارہ ج: مُنَظَّمَاتٌ۔

مُنَظَّمَةُ الاعَانَةِ: امدادی تنظیم یا ادارہ۔

مُنَظَّمَةُ التَّحْرِيرِ: تنظیم آزادی۔

المُنَظَّمَةُ الثَّوْرِيَّةُ: انقلابی تنظیم۔

المُنَظَّمَةُ الدُّوَلِيَّة: بین الاقوامی تنظیم۔
المُنَظَّمَةُ السِّرِّيَّةُ: خفیہ تنظیم۔
مُنَظَّمَةُ الصِّحَّةِ العالمية: بین الاقوامی ادارۂ صحت۔
المُنَظَّمَةُ المَرْعِيَّةُ: ذیلی تنظیم۔
المُنَظَّمَةُ التَّعَاوُنِيَّة: امداد باہمی کی تنظیم یا ادارہ۔
مُنَظَّمَةُ الوَحْدَة: تنظیم اتحاد۔
المُنَظَّمَاتُ المُتَصَارِعَةُ مَعَ بَعْضِهَا: باہم برسرِ پیکار تنظیمیں۔
المَنْظُومُ (خلاف المنثور) قافیہ بند اور باوزن کلام (۲) پرویا ہوا (۳) مرتب
النَّاظِمُ: نظم گو، شاعر (۲) مرتب (۳) موتی وغیرہ پرونے کی لڑی (دھاگا وغیرہ)۔
النِّظَامُ: موتی وغیرہ کی لڑی (۲) سلسلہ (۳) ترتیب، سلیقہ، ڈھنگ، (۴) نظم وضبط، باضابطگی، ڈسپلن، (۵) طریقہ، طرز (۶) قاعدہ، سسٹم، اصول پروگرام (۷) قطار، جَاءَنَا نِظَامٌ مِن جَرَادٍ: ہمارے یہاں ایک ٹڈی دل آیا (۸) ریت کے ٹیلوں کی قطار، ج: نُظُمٌ وأَنْظِمَةٌ وأَنَاظِيمُ۔
نظامُ الأمْرِ: کام کا ڈھنگ، طریقۂ کار (۲) کسی معاملہ کی باضابطگی، هُم عَلَى نِظَامٍ وَاحِدٍ: وہ ایک ہی ڈھنگ پر قائم ہیں، ان کا طرز عمل ایک ہے۔
النِّظَامُ الاجْتِمَاعِيُّ: معاشرتی نظام
نِظَامُ الأجْرِ والعَلاوَاتِ: تنخواہوں اور الاؤنس کا ضابطہ۔
نِظَامُ الاقْدَمِيَّةَ: سینارٹی (تقدمیت) کا ضابطہ ورواج۔
النِّظَامُ الاقطَاعِيُّ: جاگیردارانہ نظام۔

نظامُ البَرِيد: ڈاک سسٹم۔
نِظَامُ حَظْرِ التَّجَوُّلِ: کرفیو سسٹم
نِظَامُ الحُكْمِ: نظام حکومت۔
نظامُ الدَّرَجَات: گریڈ سسٹم۔
النِّظَامُ الرِّئَاسِيُّ: صدارتی نظام۔
النِّظَامُ الشُّيُوعِيُّ: کیمونسٹ نظام۔
نِظَامُ الطَّبَقَات: طبقاتی نظام۔
النِّظَامُ العُشْرِيُّ: اعشاری نظام۔
النِّظَامِيُّ: باضابطہ، اصولی، قانونی، سلسلہ وار، ترتیب وار۔
الجَيْشُ النِّظَامِيُّ: باضابطہ فوج۔
النَّظْمُ: منظوم کلام، مجموعۂ اشعار (۲) بمعنی منظوم، پرویا ہوا، ملایا ہوا، نَظْمٌ مِن لُؤْلُؤٍ، پروئے ہوئے موتی، موتیوں کا ہار، نَظْمٌ مِن جَرَادٍ ٹڈی دل (۳) بعض سلسلہ وار ستارے جن میں سے ایک ثریا ہے (۴) نظام ترتیب، سلیقہ۔
نَظْمُ القُرْآن: قرآن پاک کے وہ الفاظ وعبارات جن پر قرآن پاک کے مکتوبہ اوراق مشتمل ہیں۔
النَّظِيمُ: المَنْظُومُ: مرتب (۲) ہر وہ چیز جس کے اجزاء کو ایک طرز پر ترتیب دیا گیا ہو، جیسے نَظِيمٌ مِن لُؤْلُؤٍ: موتیوں کا ہار، ج: نُظُمٌ۔
النَّظِيمَةُ: رسی کی ایک لڑی، ج: نَظَائِمُ۔
النِّظِّيمُ: بڑا شاعر (۲) بڑا منتظم اور سلیقہ مند۔

ن ـــــ ع

• نَعَبَ الغُرَابُ ــ نَعْبًا ونَعِيبًا ونُعَابًا وتَنْعَابًا: کوے کا کائیں کائیں کرنا، چلانا۔
نَعَبَ البَعِيرُ نَعْبًا ونَعَبَانًا: اونٹ کا تیز چلنا، هو نَاعِبٌ وهي نَاعِبَةٌ، ج: نَوَاعِبُ ونُعَّبٌ۔
انْعَبَ: نَعَبَ۔
ـــ فُلانٌ فِي الفِتَنِ: فتنہ وفساد میں پڑنا یا ان میں حصہ لینے کے لئے اٹھ کھڑا ہونا۔
المِنْعَبُ: رَجُلٌ مِنْعَبٌ: چلاتے رہنے والا بیوقوف آدمی، بعِيرٌ اوفَرَسٌ مِنْعَبٌ: تیز رفتار گھوڑا۔
النَّعْبُ: سَيْرٌ نَعْبٌ، تیز رفتار، رِيحٌ نَعْبٌ: تیز رو ہوا۔
النَّعَّابُ: بہت چلانے والا (۲) بہت تیز چلنے والا (۳) کوے کا بچہ (۴) کوا۔
النَّعَّابَةُ: مؤنث النَّعَّاب، نَاقَةٌ نَعَّابَةٌ: تیز رفتار اونٹنی۔
النَّعُوبُ: نَاقَةٌ نَعُوبٌ: بہت تیز رفتار اونٹنی، ج: نُعُبٌ
• نَعَتَهُ ــ نَعْتًا: تعریف کرنا، صفت بیان کرنا، نَعَتَهُ بِالكَرَمِ: اس نے اس کے کرم کی تعریف کی، هو مَنْعُوتٌ۔
ـــ الكَلِمَةَ لفظ کی صفت لانا۔
نَعُتَ ــ نَعَاتَةً: قابل تعریف اور قابل ذکر ہونا، مَا كَانَ نَعْتًا ولَقَدْ نَعُتَ: وہ اچھا نہیں تھا مگر اب قابل تعریف ہو گیا، هو نَعِيتٌ۔
ـــ الفَرَسُ: گھوڑے کا اصیل ہونا۔
انْعَتَ: قابل تعریف ہونا، انْعَتَ وَجْهُهُ وانْعَتَتْ خِصَالُهُ: اچھی شکل وصورت والا ہونا، اچھے

اخلاق والا ہونا۔
اُنْتُعِتَ الفَرَسُ : گھوڑے کا اصیل ہونا، عمدہ نسل کا ہونا۔
— فُلَانٌ بِكَذَا : کسی میں کوئی وصف ہونا۔
— بِالجَمَالِ : کسی میں صفت جمال ہونا، صاحب حسن ہونا، حسین ہونا۔
— فُلَانًا : صفت بیان کرنا۔
تَنَاعَتَهُ النَّاسُ : لوگوں کا کسی کی تعریف کرنا، اوصاف بیان کرنا۔
تَنَعَّتَهُ : وصف بیان کرنا۔
اِسْتَنْعَتَهُ : کسی کی تعریف کرانا (۲) وصف بیان کرنے کو کہنا، کسی کی صفت معلوم کرنا۔
المَنْعَتُ : وصف، صفت ج: مَنَاعِتُ لَهُ مَنَاعِتُ جَمِيلَةٌ : اس میں عمدہ اوصاف ہیں۔
المَنْعُوتُ : موصوف، ستودہ صفات، با وصف۔
النَّعْتُ : صفت، ج: نُعُوتٌ، شَيءٌ نَعْتٌ : بہت عمدہ چیز، فَرَسٌ نَعْتٌ : بہت عمدہ یا بہت اصیل تیز رو گھوڑا، دوڑ میں بازی لیجانے والا گھوڑا، فُلَانٌ نَعْتٌ : سربلند آدمی، اِمْرَأَةٌ نَعْتَةٌ : انتہائی حسین عورت۔
النُّعْتَةُ : رَجُلٌ نُعْتَةٌ : بہت بلند آدمی۔
النَّعِيتُ، فَرَسٌ نَعِيتٌ : اصیل عمدہ تیز رو گھوڑا، رَجُلٌ نَعِيتٌ شریف اور پیش رو آدمی، هِيَ نَعِيتَةٌ۔
• نَعَثَ الشَّيءَ ـَ نَعْثًا : لے لینا
اُنْعِثَ فِي مَالِهِ : فضول خرچی کرنا۔
— فُلَانٌ : سفر کی تیاری کرنا، هُم فِي انْعَاثٍ : وہ تگ و دو میں ہیں۔
• نَعْثَلَ : لنگڑا ہونا یا لنگڑا بننا، (۲) دونوں پیروں کو اس طرح ملا کر چلنا جیسے ان سے کوئی چیز اٹھانا چاہتا ہو۔
— الفَرَسُ فِي جَرْيِهِ : گھوڑے کا ٹانگوں کو جوڑا کرنا اور پھر اس طرح سمیٹنا جیسے کیچڑ میں سے کھینچ رہا ہو، کمزور اور معیوب چال چلنا۔
— الشَّيْخُ : بوڑھے کا بے عقل ہونا۔
النَّعْثَلُ : نر بجو (۲) بے وقوف بوڑھا۔
النَّعْثَلَةُ : بیوقوفی، فِيهِ نَعْثَلَةٌ : اس میں بے عقلی اور بے وقوفی ہے، (۲) بوڑھے کی چال۔
• نَعَجَ ـُ نَعَجًا وَنُعُوجًا : خالص سفید ہونا، هُوَ نَاعِجٌ ج: نَوَاعِجُ۔
نَعِجَ ـَ نَعَجًا : موٹا ہونا۔
اَنْعَجَ القَوْمُ : موٹی بھیڑوں والی قوم ہونا۔
النَّعْجَةُ : دنبی، بھیڑی (۲) جنگلی گائے، ج: نِعَاجٌ وَنَعَجَاتٌ، نِسَاءٌ كَنِعَاجِ الرَّمْلِ : بڑی آنکھوں والی حسین عورتیں۔
• نَعَرَ ـَ نَعْرًا وَنَعِيرًا وَنُعَارًا : چیخنا، خرّاٹے لینا، نعرہ لگانا۔
نَعَرَتِ الرِّيحُ : ہوا کا زور شور سے چلنا۔
— العِرْقُ : رگ پھٹ کر زور شور سے خون نکلنا۔
— فُلَانٌ نَعْرًا : خلاف ورزی کرنا، تکبر کرنا، خاطر میں نہ لانا۔
— فِي البِلَادِ : کہیں جانا، مَا كَانَ فِتْنَةٌ اِلَّا وَنَعَرَ فِيهَا فُلَانٌ : کوئی ہنگامہ ایسا نہیں جس میں وہ جوش و خروش نہ دکھاتا ہو، مَا كَانَ مِنْ اَمْرٍ اِلَّا نَعَرَ فِيهِ : جو بھی معاملہ درپیش ہوتا ہے وہ اس میں ضرور دوڑ دھوپ کرتا ہے، مِنْ اَيْنَ نَعَرَ اِلَيْنَا فُلَانٌ : فلاں ہمارے پاس کہاں سے آگیا؟
نَعِرَ الحِمَارُ وَنَحْوُهُ ـَ نَعَرًا : گدھے وغیرہ کی ناک میں نیلی مکھی کا گھس جانا، هُوَ نَعِرٌ وَهِيَ نَعِرَةٌ
النَّاعِرُ : شور مچانے والا، چیخنے چلانے والا۔
النَّاعُورُ : عِرْقٌ نَاعُورٌ وَجُرْحٌ نَاعُورٌ : وہ رگ یا زخم جس سے خون جاری رہتا ہو، خشک نہ ہوتا ہو، (۲) چکی کا پاٹ (۳) آب پاشی کا ڈول، (۴) پانی کے دباؤ سے چلنے والے رہٹ کی ایک بالٹی، ج: نَوَاعِيرُ۔
النَّاعُورَةُ : رہٹ (وہ بڑی چرخی جس میں بہت سے ڈول لگے ہوتے ہیں اور آبپاشی کے لئے کنویں یا نہر پر جانور گھماتے ہیں) ج: نَوَاعِيرُ
النَّعِرُ : ناک میں مکھی گھسنے سے بے چین جانور، وَهِيَ نَعِرَةٌ۔
النَّعْرَةُ : ایک چیخ، زوردار آواز (۲) خراٹا۔
نَعْرَةُ النَّجْمِ : ستارہ کے طلوع پر ہوا اور گرمی کی تیزی۔
النُّعْرَةُ : ناک کا اندرونی بالائی حصہ۔
النُّعَرَةُ : ناک کا اندرونی بالائی حصہ، (۲) چوپاؤں کو تکلیف دینے والی نیلے رنگ کی مکھی، گھوڑوں اور گدھوں کی ناک میں گھس کر کاٹنے والی نیلے رنگ کی مکھی، ج: نُعَرٌ وَنُعَرَاتٌ فِي فُلَانٍ نُعَرَةٌ : فلاں میں تکبر و غرور اور تعصب ہے، لَاُطِيرَنَّ

نُعَرَتَهُ: میں اس کا غرور توڑ دونگا
فِی رَأسِ فُلَانٍ نُعَرَةٌ: فلاں کے دماغ پر کوئی بات سوار ہے (وہ اس میں لگا ہوا ہے)۔
النَّعَّارُ: اسم مبالغہ۔ بہت چیخ و پکار کرنے والا (۲) فساد انگیز۔ جُرحٌ نَعَّارٌ: مندمل نہ ہونے والا زخم
رَجُلٌ نَعَّارٌ فِی الفِتَنِ: فتنہ و فساد میں سرگرم رہنے والا (۲) بہت چالباز، طوطا چشم (۳) ایک چھوٹا سا پرندہ۔
النَّعُورُ: عِرقٌ نَعُورٌ: وہ رگ جس سے خون نکلتے وقت آواز ہوتی ہے۔
رِیحٌ نَعُورٌ: گرمی میں اچانک آنے والی سردی کی لہر یا اس کے برعکس۔ سَفَرٌ نَعُورٌ: لمبا سفر
هِمَّةٌ نَعُورٌ: بلند ہمت۔
•نَعَسَ ــ نَعْسًا و نَعَسًا و نُعَاسًا: اونگھنا۔ هو نَاعِسٌ ج: نُعَّسٌ۔ هي نَاعِسَةٌ ج: نَوَاعِسُ۔ هو نَعْسَانُ۔ هي نَعْسَی۔
ــ جِسمُهُ: بدن کا ڈھیلا اور سست ہونا۔
ــ رَأیُهُ: رائے کا ڈھلمل اور کمزور ہونا۔
ــ السُّوقُ: بازار مندا ہونا۔
ــ جَدُّهُ: قسمت خراب ہونا۔
أَنعَسَ فُلَانٌ: کسی کی سست اولاد ہونا، سست اولاد والا ہونا۔
ــ فُلَانًا: سلانا، اونگھلانا۔
تَنَاعَسَ: خود کو اونگھتا ہوا ظاہر کرنا (۲) سونے کا بہانہ کرنا۔
ــ البَرقُ: بجلی کا ہلکا ہونا۔
النَّاعِسُ: سست، ڈھیلا (۲) اونگھتا ہوا۔

النُّعَاسُ: اونگھ، جھپکی، غنودگی (نیند سے کم درجہ)، ابتدائی نیند
النَّعسَةُ: ایک جھپکی یا۔ رَکِبَتهُ نَعسَةٌ شَدِیدَةٌ: اسے نیند کی سخت جھپکی آ گئی، اس پر غنودگی طاری ہو گئی۔
النَّعُوسُ: مبالغہ ناعس: بہت اونگھنے والا، ہر وقت اونگھتے رہنے والا، بہت سست۔
اِمرَأةٌ نَعُوسٌ: بہت اونگھنے والی یا کاہل عورت۔
•نَعَشَ الشَّیءَ ــ نَعشًا: اٹھانا، کھڑا کرنا، سیدھا کرنا۔
ــ طَرفَهُ: نگاہ اٹھانا۔
ــ الشَّجَرَةَ المَائِلَةَ: جھکے ہوئے درخت کو اوپر اٹھانا، سیدھا کرنا۔
ــ فُلَانًا: بدحالی کے بعد کسی کو خوشحال کرنا (۲) کسی مصیبت سے نکالنا۔
ــ الرَّبِیعُ النَّاسَ: موسم بہار کا لوگوں کو زندگی کی بہار عطا کرنا، آسودہ کرنا، تازگی عطا کرنا۔
ــ الجَمَاعَةُ المَیِّتَ: لوگوں کا میت کو چارپائی پر رکھ کر اٹھانا۔
أَنعَشَهُ: بلند کرنا، اٹھانا، سیدھا کرنا (۲) تیز اور چست بنانا، پرکیف بنانا، سستی کے بعد نشاط بخشنا، طبیعت میں ابھار پیدا کرنا۔
ــ الأَرضَ: زمین کو قابل کاشت اور زرخیز بنانا۔
ــ الإنتَاجَ: پیداوار بڑھانا۔
نَعَّشَهُ: اٹھانا، بلند کرنا۔ أَنعَشَكَ اللهُ کہنا (خدا تمہیں پستی سے بلندی پر پہنچائے)۔

اِنتَعَشَ: چست ہونا، اٹھ کھڑا ہونا۔ نَعَشَهُ فَانتَعَشَ۔
ــ مِن عَثرَتِهِ: ٹھوکر کھا کر اٹھ جانا۔
ــ النَّاسُ بِاعتِدَالِ الجَوِّ: موسم کی خوشگواری سے لوگوں میں چستی آنا، زندگی کی لہر دوڑنا، مردہ جسموں میں جان آنا۔
ــ الرَّجُلُ مِنَ المَرَضِ: صحتیاب ہونا۔
ــ الإنتَاجُ: پیداوار بڑھنا۔
ــ الطُّیُورُ: پرندوں میں چہل پہل ہونا۔
ــ التِجَارَةُ وَ نَحوُهَا: تجارت وغیرہ کا فروغ پانا۔
ــ الأَرضُ: زمین کا قابل کاشت ہونا۔
الاِنتِعَاشُ: چستی (۲) فروغ، ترقی (۳) زرخیزی (۴) کیف آوری (۵) صحتیابی، اٹھان، ابھار۔
الإِنعَاشُ: فروغ دہی (۲) نشاط انگیزی (۳) ترقی، بڑھاوا (۴) تحریک، روح پروری، حیات آفرینی۔
المُنتَعِشُ: متحرک (۲) چست (۳) فروغ یافتہ۔
المُنعِشُ: حیات بخش، روح افزا، نشاط انگیز، فرحت بخش، خوشگوار، حیات آفریں۔
المَنعُوشُ: بلند کیا ہوا۔ مَیِّتٌ مَنعُوشٌ: چارپائی پر رکھا ہوا مردہ۔
النَّعشُ: مردہ یا بیمار کو اٹھانے کی چارپائی، مردہ کا تابوت۔
بَنَاتُ نَعشٍ: قطب شمالی میں دکھائی دینے والے سات ستارے،

النُّعَيْشُ: سب سے زیادہ مخفی ستارہ (بنات نعش میں سے)۔
• نَعْظَلَ: چلتے ہوئے دائیں بائیں جھومنا
• نَعَصَ الشیءَ ـَـ نَعْصًا: حرکت دینا۔
ـــ الجَرَادُ الاَرْضَ: ٹڈی کا نباتات کھالینا، چٹ کر جانا۔
نَعِصَ ـَـ نَعَصًا: جھکنا۔
اِنْتَعَصَ: حرکت کرنا۔
ـــ الرَّجُلُ: گرگرا اٹھنا (۲) غضبناک ہونا۔
النَّعْصُ: دلدل۔
النَّاعِصَةُ: معاون و مددگار۔
• اَنْعَطَ الاٰکِلُ: کھانے والے کا آدھا لقمہ کھانا اور آدھا ڈال دینا۔
النَّاعِطُ: کھانے اور کوئی چیز دینے میں بدتہذیب۔
• نَعَّ ـِـ نَعًّا: کمزور ہونا۔ ھو نَعٌّ۔
النُّعَاعُ: نرم و تازہ اگی ہوئی نبات، پودہ وغیرہ۔ واحد: نُعَاعَةٌ۔
نَاعَفَهُ مُنَاعَفَةً: دو راستوں سے گزر کر منزل تک پہنچنے میں باہم سبقت لے جانے کی کوشش کرنا۔
اَنْعَفَ: بلند جگہ بیٹھنا۔
اِنْتَعَفَ: بلند جگہ پر چڑھنا۔
ـــ لِفُلَانٍ: کسی کے پیچھے پڑنا۔
ـــ الشیءَ: کوئی چیز دوسرے کے لئے چھوڑنا۔
المَنَاعِفُ: پہاڑوں کی چوٹیاں۔
المُنْتَعَفُ: سخت اور نرم زمین کے درمیان کی حد۔
النَّعْفُ: نشیب و فراز والی اونچی جگہ ج: نِعَافٌ۔
النَّعَفَةُ: چپل کا تسمہ (۲) بالوں کی لٹ، گیسو۔ مَا اَحْسَنَ نَعَفَةَ الدِّیكِ!! مرغے کی کلغی کتنی حسین ہے!! (۲) کجاوہ کے کنارہ میں لگے تسمے جن پر سوار اپنا سامان لٹکاتا ہے، کاٹھی کا تسمہ (۳) شملہ (۴) گوشت کی خراب گانٹھ۔
• نَعَقَ الرَّاعِی بِغَنَمِهِ ـِـ نَعْقًا و نَعِیقًا و نُعَاقًا: چرواہے کا اپنی بکریوں کو ڈانٹنا اور للکارنا
ـــ المُؤَذِّنُ: زور سے اذان دینا۔
ـــ الغُرَابُ: کوّے کا کائیں کائیں کرنا۔
ـــ فِی الفِتْنَةِ: لڑائی جھگڑے یا فساد میں شور و غل مچانا۔ ھو نَاعِقٌ و ھی نَاعِقَةٌ۔ فُلَانٌ نَاعِقَةُ بَنِی فُلَانٍ: فلاں شخص فلاں قبیلہ کا ترجمان و داعی ہے ج: نَوَاعِقُ۔
النَّاعِقَانِ: برج جوزاء کے دو ستارے
النَّعَّاقُ: بہت شور مچانے والا، بہت کائیں کائیں کرنے والا کوّا۔
النَّعِیقُ: کوے کی آواز (۲) چرواہے کی للکار (۳) شور۔
• نَعَلَ فُلَانًا ـَـ نَعْلًا: جوتا پہنانا
ـــ الدَّابَّةَ: چوپائے کے نعل لگانا (کھر کی حفاظت کے لئے گول مڑی ہوئی لوہے کی پتی لگانا)۔
نَعِلَ ـَـ نَعَلًا: جوتا پہننا یا پہنے ہوئے ہونا۔
اَنْعَلَتِ الدَّابَّةُ: چوپائے کی کلائیوں کا سفیدی والا ہونا۔
ـــ الدَّابَّةَ: چوپائے کو نعل لگانا
نَعَّلَ الدَّابَّةَ: نَعَلَهَا۔
ـــ الحِذَاءَ او الخُفَّ: جوتے کے نیچے سول اور موزہ کے نیچے چمڑا لگانا۔
اِنْتَعَلَ: جوتا پہننا۔
اِنْتَعَلَ الاَرْضَ: زمین پر پیدل چلنا
ـــ الشیءَ: پیروں سے روندنا۔
اِنْتَعَلَتِ المَطِیُّ ظِلَالَهَا: سواری کے جانوروں کا سایہ سمٹ کر ان کے پیروں تلے آگیا یعنی وہ نصف النہار میں آ گئے۔
تَنَعَّلَ: جوتا پہننا۔
ـــ الشیءَ: روندنا۔
الإِنْعَالُ: گھوڑوں یا چوپاؤں کے پیروں کا سفید داغ۔
المَنْعَلُ والمَنْعَلَةُ: سخت زمین۔ نَزَلْنَا اَرْضًا مَنْعَلًا۔
المُنْعَلُ: جوتا پہنے ہوئے۔ (۲) سول لگا ہوا (۳) نعل لگا ہوا (۴) چمڑے کا تلا لگا ہوا موزہ۔
المُنْتَعِلُ: جوتا پہنے ہوئے (۲) پیدل چلنے والا (۳) روندنے والا۔
النَّاعِلُ: جوتا پہنے ہوئے (خلاف الحافی: برہنہ پا) نعل لگا ہوا جانور (۲) جنگلی گدھا، گورخر۔
حَافِرٌ نَاعِلٌ: سخت و مضبوط کھر (چوپائے کا پیر) ھی نَاعِلَةٌ۔
النِّعَالَةُ: نعل بندی کا پیشہ۔
النَّعَّالُ: نعل بند۔
النَّعْلُ: جوتا (تسمہ دار چپل یا سینڈل وغیرہ) (۲) نعل (چوپائے کے کھر کے کناروں پر چڑھی ہوئی لوہے کی پتی) (۳) سول، کف پا، جوتے کا تلا۔ ج: نِعَالٌ و اَنْعُلٌ۔
نَعْلُ السَّیْفِ: میان کے نچلے حصہ میں لگا ہوا لوہا (۲) سخت اور بنجر زمین ج: نِعَالٌ۔
اِخْضَرَّتْ نِعَالُ القَوْمِ: لوگوں کا خوشحال ہونا۔ رَقَّتْ نِعَالُهُمْ: عیش و عشرت والا ہونا۔

اَلنَّعْلَةُ : چپل جو صرف زمین سے بچاؤ کے لئے ہو اور انگو ٹھے میں اٹکا ہوا ہو
• نَعِمَ الشیُٔ ـَ نَعمًا و نَعمَـةً و نَعِیمًا : ملائم ہونا، نرم و نازک ہونا (۲) تر و تازہ ہونا (۳) خوشگوار ہونا (۴) باریک ہونا۔
— الرَّجُلُ و نَعِمَ عَیْشُـہُ : خوشحال و آسودہ ہونا۔
— بَالُـہُ : پرسکون و مطمئن ہونا، دل ٹھنڈا ہونا، خوش ہونا۔
— بِلِقَائِـہٖ : کسی سے مل کر خوش ہونا
— بِـہٖ : خوش ہونا، لطف اندوز ہونا
— بِـہٖ عَیْنًا : کسی کو دیکھ کر خوش ہونا۔
نَعُمَ ـُ نُعُومَـةً : نرم و نازک ہونا، گداز ہونا۔ ھو نَاعِمٌ۔
نِعْمَ : فعل مدح جس کے دیگر صیغے نہیں آتے اور اپنے مابعد اسم کی مدح کے لئے آتا ہے جیسے : نِعْمَ الفَتَی و نِعْمَ الفَتَاۃُ : لڑکی بہت خوب ہے۔ قرآن پاک میں ہے: "نِعْمَ العَبْدُ اِنَّـہٗ اَوَّابٌ" کیا ہی اچھے بندے تھے۔ اللہ کی طرف رجوع کرنے والے تھے۔ "نِعْمَ اَجْرُ العَامِلِیْنَ" عمل کرنے والوں کا اجر اچھا ہے۔ اس کے ساتھ کبھی ما کا اضافہ کر کے نِعِمَّا کہا جاتا ہے۔ جیسے قرآن پاک میں ہے: "اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقَاتِ فَنِعِمَّا ھِیَ" اگر تم اعلانیہ اور ظاہر کر کے صدقات دو تب بھی یہ بہتر ہے۔ (اصل میں نِعْمَ مَا ہے میم کو میم میں مدغم کر دیا گیا ہے)۔
اَنْعَمَ فُلَانٌ : کسی کا کسی چیز کو بہتر کرنا اور اس میں اضافہ کرنا (۲) آسودہ اور خوشحال ہونا، مزے میں ہونا۔
— الرِّیْحُ : خوشگوار ہوا چلنا۔

اَنْعَمَ علیہ بکذا : کسی کو کوئی چیز عطا کرنا کسی چیز سے نوازنا، کوئی چیز بخشنا۔
— اللّٰہُ علیہ بِمَالٍ کثیرٍ و صِحَّةٍ وَافِرَةٍ : اللہ نے اسے بڑی دولت اور کامل صحت سے نوازا ہے۔
— لـہٗ : کسی کو نَعَمْ کہنا، جی یا ہاں کہہ کر جواب دینا۔
— فُلَانًا : خوشحال بنانا، آسودہ کرنا۔ اَنْعَمَ اللّٰہُ بِكَ عَیْنًا : اللہ تمہارے ذریعہ تمہارے متعلقین کی آنکھیں ٹھنڈی کرے۔ اَنْعَمَ اللّٰہُ صَبَاحَكَ : خدا تمہاری صبح اچھی بنائے۔
— شَیْئًا : نرم و ملائم کرنا۔
— العَجِیْنَ : آٹے کو خوب گوندھنا۔
— الدَّوَاءَ : دوا کو بہت کوٹنا۔
— النَّظَرَ فِی الاَمْرِ : کسی معاملہ پر خوب غور کرنا، ہر پہلو پر نظر کرنا۔
— فِی الشیِٔ : کسی چیز میں مبالغہ کرنا، آخری حد تک پہنچانا۔
نَاعَمَ فُلَانٌ : خوشحال ہونا۔
— فُلَانًا : خوشحال بنانا۔
— الشیَٔ : مضبوط کرنا۔
نَعَّمَ فُلَانٌ : نعم (جی ہاں) کہنا۔
— فُلَانًا : خوشحال کرنا۔
— الشیَٔ : نرم و ملائم کرنا، باریک کرنا
تَنَاعَمَ : خوشحال ہونا۔
تَنَعَّمَ فِی مَشْیِـہٖ : ننگے پیر چلنا۔
اَتَاھم مُتَنَعِّمًا : وہ ان کے پاس ننگے پاؤں آیا، بغیر سواری کے پیدل آیا۔
— فُلَانًا : کسی کو تلاش کرنا۔
— الدَّابَّـةَ : چوپائے کو زور سے

ہانکنا، مسلسل ہانکنا۔
تَنَعَّمَتِ الاَرْضُ فُلَانًا : زمین یا علاقہ کسی کو راس آنا، اس کے لئے خوش گوار ہونا۔
الاِنْعَامُ : عطیہ، بخشش، انعام۔
الاِنْعَامَـةُ : الانعام۔ ایک دفعہ کا انعام یا بخشش و عطیہ۔
التَّنَاعُمُ : آسودہ حالی۔
التَّنَعُّمُ : آسودہ حالی۔
المُتَنَاعِمُ : خوشحال اور دولتمند (آدمی) (۲) سیدھا اور ہموار (پودہ، نبات)
المُتَنَعِّمُ : آسودہ حال، خوش عیش۔
المِنْعَامُ : فیاض و کرم گستر
المُنَعَّمُ : خوشحال و مال دار۔
کلامٌ مُنَعَّمٌ : میٹھی بات۔
شَیْءٌ مُنَعَّمٌ : بہت باریک۔
المُنْعِمُ : انعام دہندہ، فیاض و سخی، صاحب فضل و کرم۔
المُنْعَمُ علیـہ : انعام یافتہ، اللہ کا خصوصی انعام پانے والا۔
النَّاعِمُ : نرم و نازک، ملائم (۲) تر و تازہ (۳) باریک (۴) خوش گوار (۵) سیدھا اور ہموار (پودہ) (۶) آسودہ (زندگی)
نَاعِمُ البَالِ : بے فکر، خوش و خرم۔
نَاعِمُ الـدَّقِّ و السَّحْقِ : باریک کوٹا یا پسا ہوا۔
مَسْحُوقٌ ناعمٌ : باریک پاؤڈر
ثوبٌ نَاعِمٌ : ملائم کپڑا۔
عَیْشٌ نَاعِمٌ : خوش گوار زندگی
النَّاعِمَـةُ : مؤنث النَّاعِم۔ طَیْرٌ نَاعِمَـةٌ : موٹے پرندے۔ ثیابٌ نَاعِمَـةٌ : ملائم و باریک کپڑے (۲) باغیچہ (۳) ایک خوشبو دار پودہ، ساج
النَّعَائِمُ : چاند کی ایک منزل جو شتر مرغ کے مشابہ ہے (۲) آٹھ ستاروں کا

مجموعہ جو چاند کی ایک منزل ہوتی ہے
النَّعَامَةُ : شتر مرغ (مذکر و مؤنث) ج: نَعَامٌ و نَعَائِمُ (۲) جنگل میں راہ نما نشان (۳) کنویں پر یا پہاڑ پر بنا ہوا سائبان (۴) دیوار کا بڑھا ہوا پتھر (۵) دماغ کی جھلی۔
فُلَانٌ ظِلٌّ نَعَامَةٍ : فلاں دراز قد ہے۔
خَفَّتْ نَعَامَةُ الْقَوْمِ : لوگ چلے گئے۔
جَاءَ كَالنَّعَامَةِ : وہ ناکام آیا
شَالَتْ نَعَامَتُهُ : فلاں مرگیا۔
خَفِيفُ النَّعَامَةِ : ضعیف العقل
رَكِبَ جَنَاحَيْ نَعَامَةٍ : اس نے اپنے کام کے لئے کوشش کی۔
رَكِبَ ابْنَ النَّعَامَةِ : پیدل چلنا۔
النُّعَامَى : جنوب کی ہوا۔ نُعَامَاكَ أَنْ تَفْعَلَ كَذَا : تم زیادہ سے زیادہ ایسا کر سکتے ہو۔ نُعَامَى عَيْنٍ : (میں ایسا) تمہاری دید کے اکرام میں کروں گا۔
النُّعْمُ : فراخی اور آسودہ حالی، نُعْمَ عَيْنٍ : میں ایسا تمہارے اکرام کیلئے کروں گا۔
النَّعَمُ : جانوروں پر مشتمل مال و دولت (چوپایا بطور خاص اونٹ) ج: أَنْعَامٌ و أَنَاعِيمُ۔
نَعَمْ : ہاں، جی، جی ہاں، درست، ٹھیک۔ مخبر کی خبر کے جواب میں تصدیق کے لئے جیسے : الظُّلْمُ مَرْتَعُهُ وَخِيمٌ : ظلم کا انجام خراب ہے۔ اس کے جواب میں کہا جائے نَعَمْ یعنی یہ بات درست ہے (۲) کسی کے امر و نہی کے جواب میں بطور وعدہ کہا جائے۔ جیسے : افْعَلْ یا لَا تَفْعَلْ۔ جواب میں کہا جائے نَعَمْ۔ یعنی ٹھیک ہے میں ایسا کروں گا یا نہیں کروں گا (۳) سائل کے استفہام کے جواب میں بطور اطلاع کہا جائے۔ جیسے: هَلْ أَدَّيْتَ الْأَمَانَةَ؟ جواب میں کہا جائے نَعَمْ۔ ہاں میں نے امانت ادا کردی (۴) یس، حاضر، پکارنے والے کے جواب میں (۵) ووٹ، تائید (۶) اعادۂ سوال کے لئے کسی کی بات سمجھ میں نہ آنے پر کہا جائے نَعَمْ؟ جی؟ کیا کہا آپ نے (۷) صدر کلام میں تاکید کے لئے آتا ہے۔ جیسے: نعم انّ رَبِّي قَادِرٌ۔
نَعَمْ أَمْ لَا : ہاں یا نہیں، اقرار یا انکار
نَعَمْ لِفُلَانٍ : ووٹ فلاں کے لئے
النَّعْمَاءُ : آسودگی، راحت و آرام (۲) مال و دولت ج: أَنْعُمٌ۔
النُّعْمَى : النَّعْمَاءُ۔
النَّعْمَةُ : خوشحالی، آسودگی، نعمت، دولت، عیش و آرام۔ هُوَ فِي نَعْمَةِ عَيْشٍ : اس کی زندگی خوش گوار ہے، وہ مزے کی زندگی گذار رہا ہے۔ أَفْعَلُهُ نَعْمَةَ عَيْنٍ : میں فلاں کام تمہارے اکرام میں کر رہا ہوں۔
النِّعْمَةُ : انعام، دولت، رزق (۲) قابل قدر شے (۳) آسودگی (۴) احسان و حسن سلوک۔ کہتے ہیں لَكَ عِنْدِي نِعْمَةٌ لَا تُكْفَرُ : مجھ پر تمہارا ناقابل فراموش احسان ہے ج: نِعَمٌ وَأَنْعُمٌ۔ کہتے ہیں: أَفْعَلُهُ نِعْمَةَ عَيْنٍ: میں اسے تمہارے اعزاز میں کروں گا
النُّعُومَةُ : نزاکت (۲) گداز پن، کچاپن، نرمی، ملائم پن۔
نُعُومَةُ الْأَظْفَارِ : بچپن۔
النَّعِيمُ : نعمت، آسودہ حالی، زندگی کی بہار، عیش و آرام، چین و سکون۔
نَعِيمُ الْبَالِ : خوش و خرم، فارغ البال
• نَعْنَعَ فُلَانٌ : کسی کی زبان میں تتلاپن ہونا، تتلا ہونا۔ سَمِعْتُ مِنْهُ نَعْنَعًا : میں نے اس کا تتلاپن سنا۔
تَنَعْنَعَ : جھومنا، ڈانواڈول ہونا (۲) دور ہونا۔ جیسے: تَنَعْنَعَتِ الدَّارُ : گھر دور ہے۔
ـــ عنه : الگ ہو جانا، دور ہو جانا۔
النَّعْنَاعُ : پودینہ۔
مَاءُ النَّعْنَاعِ : عرق پودینہ۔
أَقْرَاصُ النَّعْنَاعِ : پودینہ کی چوسنے والی میٹھی گولیاں۔
النُّعْنُعُ : پودینہ۔
النُّعْنُعُ : پودینہ۔ رَجُلٌ نُعْنُعٌ : ڈھیلا اور مضطرب آدمی ج: نَعَانِعُ
النَّعْنَعَةُ : پرندہ کا پوٹا (معدہ)
• نَعَا السِّنَّوْرُ ـ نُعَاءً : بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
النَّعْوُ : ناک کے نیچے کا دائرہ (۲) اونٹ کے بالائی ہونٹ کی پھٹن یا کھر کی بیرونی یا اندرونی پھٹن (شگاف) (۳) تازہ کھجور۔
• نَعَى فُلَانًا ـ نَعْيًا و نَعِيًّا : کسی کے مرنے کی خبر دینا۔ نَعَاهُ لَنَا و نَعَاهُ إِلَيْنَا و نَعَانَا بِمَوْتِ فُلَانٍ : اس نے ہمیں فلاں کے مرنے کی خبر دی۔
هُوَ يَنْعَى عَلَى فُلَانٍ كَذَا : وہ فلاں کو فلاں عیب لگاتا اور اس

کی تشہیر کرتا ہے۔ فُلَانٌ يَنْعَى عَلَى نَفْسِه بِالْفَوَاحِشِ: فلاں اپنے آپ گنا ہوں یا برائیوں میں مبتلا ہونے کی تشہیر کرتا ہے۔
أَنْعَى عَلَيه قَبِيحًا: کسی کو برا طعنہ دینا، برائی کرنا۔
تَنَاعَى الْقَوْمُ: اپنے اپنے مقتولین کی خبر دینا اور انتقام کے لئے اکسانا
اسْتَنْعَى الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو موت کی خبر دینا، اپنے مقتولین کی خبر دے کر انتقام کے لئے اکسانا۔
نَزَلَتْ فَاجِعَةٌ فَاسْتَنْعَى الْقَومُ: مصیبت آئی تو لوگوں کا شیرازہ بکھر گیا، سب ادھر ادھر ہو گئے۔
— الرَّاعِي غَنَمَهُ: چرواہے کا بکریوں کے آگے چلتے ہوئے ان کو اپنے پیچھے چلنے کے لئے پکارنا۔
— بِفُلَانٍ حُبُّ كَذَا: کسی کو دیر تک کسی چیز کی خواہش و تعلق رہنا
الْمَنْعَى والْمَنْعَاةُ: موت کی خبر ج: مَنَاعٍ کہتے ہیں: ما كان مَنْعَاهُ مَنْعَاةَ وَاحِدَةً ولكنَّهُ كانَ مَنَاعِيَ فلاں کی موت کی خبر ایک شخص کی موت کی خبر نہ تھی، وہ تو بہت لوگوں کی موت کی خبر تھی (یعنی مرنے والا اپنی بھاری شخصیت کے باعث بہت سے افراد کے قائم مقام تھا)
النَّاعِي: موت کی خبر دینے والا (۲) افواہ پھیلانے والا (۳) طعنہ زن، ج: نَاعُون و نُعَاةٌ۔
النَّعْيُ: خبرِ وفات، موت کی خبر کا اعلان و اشتہار۔
النَّعِيُّ: خبر وفات۔ بَلَغَنَا نَعِيُّ فُلَانٍ ہمیں فلاں کے مرنے کی اطلاع ملی (۲) میت جس کی موت کی اطلاع دی جائے ج: نَعَايَا۔

ن — غ

• نَغَبَ الطَّائِرُ ـُ نَغْبًا: پرندہ کا چونچ سے پانی پینا۔
— الماءَ: پانی کے گھونٹ بھرنا۔
— رِيقَهُ: تھوک (رال) نگلنا۔
النُّغْبَةُ: گھونٹ، سَقَاهُ نُغْبَةً من لَبَنٍ: اسے دودھ کا گھونٹ پلایا ج: نُغَبٌ۔
• نَغَتَ الشَّعْرَ ـُ نَغْتًا: بال کھینچنا۔
• نَغَرَتِ القِدْرُ ـِ نَغْرًا و نَغِيرًا و نَغَرَانًا: ہانڈی یا دیگچی وغیرہ میں ابال آنا، جوش مارنا۔
— فُلَانٌ: غصہ سے خون کھولتے سینہ سے گھٹی ہوئی آواز نکلنا۔
— الدَّمُ: خون کا فوارہ چھوٹنا۔
نَغِرَتِ القِدْرُ ـَ نَغَرًا: جوش مارنا، کھولنا۔
— فُلَانٌ: غضبناک ہونا، خون کھولنا۔ هو نَغِرٌ و هي نَغِرَةٌ۔
أَنْغَرَتِ البَيْضَةُ: انڈا خراب ہو جانا۔
— الشَّاةُ: بکری کے دودھ کے ساتھ خون آنا۔
نَغَّرَ منه و به: کسی کو دیکھ کر چیخنا، زور سے آواز دینا۔
— الصَّبِيَّ: بچہ کو گدگدانا۔
تَنَاغَرَ القَومُ: لوگوں کا ایک دوسرے کے لئے اجنبی بننا (۲) لوگوں کا اپنا بھیس بدلنا، خود کو اجنبی ظاہر کرنا
تَنَغَّرَ جَوفُهُ: غصہ سے کسی کا سینہ کھولنا، تن بدن میں آگ لگنا۔
— عَلَيه: کسی کے سامنے بھیس بدل کر آنا، کسی کے لئے اجنبی بننا۔
المِنْغَارُ: شَاةٌ مِنْغَارٌ: وہ بکری جس کے دودھ کے ساتھ عادۃً خون آتا ہو
النَّغَرُ: کھارے پانی کا چشمہ۔
النُّغَرُ: چڑیا کا بچہ (۲) بلبل۔ حدیث میں ہے: "يَا أبا عُمَيرٍ ما فَعَلَ النُّغَيرُ؟ نُغَيرٌ نُغَرٌ کی تصغیر ہے۔ ننھا سا چڑیا کا بچہ۔
النَّغَّارُ: نَغَرَ سے اسم مبالغہ، بہت کھولنے اور جوش مارنے والا۔
رَجُلٌ نَغَّارٌ: جلد طیش میں آنے والا، چڑچڑا، تیز مزاج۔
جُرحٌ نَغَّارٌ: بہت خون چکاں زخم۔
• نَغَزَ بَينَ القَومِ ـَ نَغْزًا: لوگوں میں پھوٹ ڈالنا، باہم لڑانا ایک دوسرے کے خلاف اکسانا۔
— فُلَانًا: کسی کی غیبت کرنا۔
— الصَّبِيَّ: بچہ کو گدگدانا۔
النَّغَّازُ: بہت غیبت کرنے والا، بہت عیب جو، بڑا فسادی۔
• نَغَشَ ـَ نَغْشًا و نَغَشَانًا: اپنی جگہ بیٹھے بیٹھے ہلنا، جھومنا۔
سُقِيَ فُلَانٌ فَنَغَشَ: فلاں کو شراب پلائی گئی تو وہ مدہوش ہو کر جھومنے لگا۔
— الی فُلَانٍ: کسی کی طرف مائل ہونا
انْتَغَشَ: کھچا کھچ بھرنا۔ الدَّارُ تَنْتَغِشُ صِبْيَانًا او بِهِمْ: گھر بچوں سے کھچا کھچ بھرا ہوا ہے
تَنَغَّشَ فُلَانٌ: بیہوش ہونے کے بعد جھومنا یا ہلنا (۲) ہلکے ہلکے ہلنا، معمولی حرکت کرنا۔

النُّغَاشُ : بے ڈول، سست اور پستہ قد۔ رَجُلٌ نُغَاشِيٌّ : بہت ٹھنگنا، بے ڈول اور سست رفتار آدمی۔
النُّغَانَۃُ : سرخ چونچ کی چڑیا۔
النَّغْشَۃُ : حرکت، بے چینی۔
• نَغَصَ عَلَیْہِ ـَ نَغْصًا : کسی کو مکدر کرنا، کسی کے لئے باعث تکدر ہونا۔
— فُلَانًا : کسی کو پانی کا اپنا حصہ لینے سے روک دینا۔
نَغِصَ الاَمْرُ ـَ نَغَصًا : کوئی کام ناقص رہنا، پورا نہ ہونا۔
— الشَّارِبُ : پینے والے کا شکم سیر ہو کر نہ پی سکنا، ادھورا رہ جانا۔
— الرَّجُلُ : کسی کی مراد پوری نہ ہونا
اَنْغَصَ فُلَانًا رِعْیَہُ : کسی کو اس کے جانوروں کی چرائی کا حصہ نہ لینے دینا اور ان کے آڑے آجانا۔
— عَلَیْہِ عَیْشَہُ : کسی کی زندگی کو مکدر و کرکرا کرنا، دو بھر کر دینا۔
نَغَّصَ فُلَانًا و نَغَّصَ عَلَیْہِ عَیْشَہُ : کسی کی زندگی کو اجیرن کرنا، بے کیف و مکدر کرنا۔
— عَلَیْہِ فُلَانٌ : کسی کو اس کی مرغوب چیز زیادہ لینے سے روکنا۔
تَنَاغَصَتِ الدَّوَابُّ عَلَی الحَوْضِ : تالاب یا حوض پر چوپاؤں کی بھیڑ لگنا۔
تَنَغَّصَتْ مَعِیْشَتُہُ : کسی کی زندگی مکدر ہونا، بے کیف و بے مزہ ہونا، زندگی کا مزہ ختم ہو جانا۔
• نَغَضَ الشَّیْءُ ـُـِ نَغْضًا و نَغَضَانًا : کسی چیز کا کپکپی کی طرح ہلنا۔ جیسے: نَغَضَ سَرْجُ الحِصَانِ و نَغَضَتْ ثَنِیَّۃُ الغُلَامِ : گھوڑے کی زین یا لڑکے کے دانت کا ہلنا)۔
نَغَضَ السَّحَابُ و نَحْوُہُ : بادلوں کا اکھٹا اور گھنا ہو جانا کہتے ہیں: نَغَضُوا اِلَی العَدُوِّ : وہ اکھٹے ہو کر دشمن کی طرف بڑھے۔
— اَمْرُہُ : کسی کا معاملہ کمزور ہونا۔
— بِرَأْسِہِ : سر کو اس طرح ہلانا جیسے تعجب خیز چیز نظر آرہی ہو۔
اَنْغَضَ رَأْسَہُ : سر ہلانا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَسَیُنْغِضُوْنَ اِلَیْکَ رُءُوْسَہُمْ" : وہ جلد ہی تمہارے سامنے سر ہلائیں گے۔
تَنَغَّضَ الشَّیْءُ : نَغَضَ۔
النَّاغِضُ : سر سے ملی ہوئی گردن کی جڑ (جس جگہ سے سر ملتا ہے) غَیْمٌ نَاغِضٌ : گھٹا ٹوپ بادل، گھنگھور گھٹا ج: نُغَّضٌ۔
النَّغْضُ : سر ہلاتے اور کپکپاتے ہوئے چلنے والا (۲) نر شتر مرغ۔
النُّغْضُ : مونڈھے کی ہڈی کا بالائی حصہ۔
النَّغَّاضُ : بہت کپکپانے والا، تھرانے والا۔ سَحَابٌ نَغَّاضٌ : آگے پیچھے چلنے والے بادل۔
• نَغِفَ ـَ نَغَفًا : بکری اور اونٹ کا ناک کے بہت کیڑوں والا ہونا (ناک میں بہت کیڑے ہونا)۔
النَّغَفُ : بکریوں اور اونٹوں کی ناک کے کیڑے (۲) گٹھلی میں پیدا ہونے والے سفید کیڑے (۳) زمین کے اندر کھیتی کو کھانے والے لمبے سیاہ و سبز رنگ کے کیڑے (۴) انسان کی ناک کے چوہے (خشک ریزش) واحد: نَغَفَۃٌ۔
• نَغَقَ الغُرَابُ ـِ نُغَاقًا، و نَغِیْقًا : کوے کا کائیں کائیں کرنا۔ ھو نَاغِقٌ و نَغَّاقٌ۔
— النَّاقَۃُ : اونٹنی کا اپنے بچہ کے سامنے نرم آواز نکال کر اسے بلانا ھی نَغِیْقٌ و نَغُوْقٌ۔
• نَغِلَ وَجْہُ الاَرْضِ ـَ نَغَلًا و نُغْلَۃً : زمین کی سطح کا خشکی کے باعث کھردرا یا ادھڑا ہوا ہونا۔
— الاَدِیْمُ : چمڑے کا دباغت میں خراب ہو جانا۔
— الجُرْحُ : زخم کا بگڑ جانا۔
— نِیَّتُہُ : نیت خراب ہونا۔
— قَلْبُہُ عَلَی فُلَانٍ : کسی کے دل میں کسی کے خلاف کینہ ہونا، کسی سے بغض رکھنا، کینہ رکھنا۔
— بَیْنَ القَوْمِ : لوگوں میں فساد پیدا کرنا، چغلخوری کرنا۔ ھو نَغِلٌ و ھی نَغِلَۃٌ۔
نَغَلَ المَوْلُوْدُ ـُ نُغُوْلَۃً : نومولود بچہ کا حرامی (ولد الزنی) ہونا۔
اَنْغَلَ الاَدِیْمَ : کھال کو دباغت میں خراب کر دینا۔
— فُلَانًا حَدِیْثًا سَمِعَہُ : کسی سے سنی ہوئی بات نقل کرنا، چغلی کھانا۔
النَّغِلُ : حرامی بچہ (ولد الزنی)
جَوْزَۃٌ نَغِلَۃٌ : خراب اخروٹ۔
النَّغَلُ : فساد، بگاڑ۔
النَّغِیْلُ : حرامی بچہ۔
• نَغَمَ ـَ نَغْمًا : آہستہ بولنا، پوشیدہ کلام کرنا، کہتے ہیں: سَکَتَ فَمَا نَغَمَ بِحَرْفٍ : وہ خاموش ہو گیا

اس نے ایک حرف زبان سے نہ نکالا (۲) گانے میں سُر نکالنا، نغمہ پیدا کرنا۔
نَغَمَ فِی الشَّرَابِ: تھوڑا پینا۔
نَاغَمَهٗ: کسی سے بہت آہستہ بات کرنا۔
تَنَغَّمَ: نَغَمَ۔
النَّغَّامُ: بہت آہستہ بولنے والا، نغمہ سرا۔
النَّغْمَةُ: سریلی آواز (۲) گانے کا سر، طرز، ترنم، نغمہ ج: اَنْغَامٌ وَاَنَاغِيْمُ۔
النُّغْمَةُ: گھونٹ ج: نُغَمٌ۔
النَّغُوْمُ: رَجُلٌ نَغُوْمٌ: خوش گلو، ترنم خیز، سریلی آواز والا۔
• نَغْنَغَ: حلق میں تکلیف ہونا۔
النُّغْنُغُ: حلق کے اندر کی بیماری، بڑھا ہوا گوشت (۲) مرغ کی چونچ کے نیچے کے بال (۳) ڈھیلی ورم (۴) بے وقوف وکمزور ج: نَغَانِغُ۔
النُّغْنُغَةُ: النُّغْنُغُ (۲) بیوقوف عورت
النَّغْنَغَةُ: حلق میں بڑھا ہوا گوشت۔
• نَغَى ـِ نَغْيًا: مبہم بات کرنا۔
— اليه بِكَلِمَةٍ: کسی سے کوئی بات کہنا۔
نَاغَى الصَّبِيَّ: بچہ کو کھلانا، ہنسانا، بہلانا
— المرأةَ: عشق کرنا۔
— فُلَانًا: کسی سے مبہم بات کرنا۔
— الشيءُ الشيءَ: قریب ہونا۔ هٰذا الجَبَلُ يُنَاغِي ذاك: یہ پہاڑ اس سے اتنا قریب ہے جیسے اس سے باتیں کر رہا ہو۔ كَادَ المَوْجُ يُنَاغِي السَّحَابَ: موج اتنی بلند ہوئی گویا بادلوں سے بات کر رہی ہے۔
النَّاغِيَةُ: لفظ۔
النَّغْيَةُ: لفظ، پسندیدہ کلام یا پسندیدہ آواز (۲) غیر مصدقہ ابتدائی خبر۔ سَمِعْتُ نَغْيَةً من كذا وكذا: میں نے کچھ خبر سنی۔

ن ـــــ ف

• النُّفَاءُ: گھاس یا پودوں کے ادھر ادھر بکھرے ہوئے حصے۔ واحد: نُفَاءَةٌ
• نَفَتَ الرَّجُلُ ونَحْوُهٗ ـِ نَفْتًا ونَفَتَانًا: برتن میں پانی وغیرہ کھولنے سے تیر نما دھاریں نکلنا۔ برتن کا کھولتا ہوا پانی پھینکنا ہنڈیا کا زور سے ابلنا۔
— فُلَانٌ: غصہ سے پھنکارے مارنا۔ صَدْرُهٗ يَنْفِتُ بالعَدَاوَةِ: اس کا سینہ دشمنی کی آگ اگل رہا ہے۔
— الدَّقِيْقُ ونَحْوُهٗ نَفْتًا: آٹے وغیرہ کا پانی پڑنے سے پھول جانا۔ هو نَافِتٌ ونَفُوْتٌ
تَنَافَتَ: لگاتار کھولتا ہوا پانی نکلنا۔
النَّفُوْتُ: پانی سے کھولتا ہوا برتن۔
• نَفَثَ ـِ نَفْثًا ونَفَثَانًا: منہ سے تھوک نکالنا، پھونکنا، پھونک مارنا۔ نَفَثَ الرَّاقِي فی العُقْدَةِ: جھاڑ پھونک یا تعویذ گنڈا کرنے والے کا گرہ میں پھونک مارنا۔
— فُلَانٌ غَضَبًا: کسی کا غصہ سے پھنکارے مارنا۔
— فی اُذُنِهٖ: کسی کے کان میں بات کہنا۔
— الشیءَ من فِيهِ: منہ سے کوئی چیز تھوکنا، باہر نکالنا۔
— الجُرْحُ الدَّمَ: زخم سے خون ٹپکنا۔
— الحَيَّةُ: سانپ کا زہر اگلنا، پھنکارے مارنا۔
فُلَانًا: کسی پر جادو کرنا۔ هو نَافِثٌ ونَفَّاثٌ وهی نَافِثَةٌ ونَفَّاثَةٌ۔ نافثة کی جمع نَوَافِثُ
النَّفَّاثَاتُ فی العُقَدِ: جادوگر عورتیں۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمِنْ شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فی العُقَدِ"
نَفَثَ مَا فی صَدْرِهٖ: دل کی بات کہنا۔
— القَلَمُ: لکھنا۔
نُفِثَ فی رُوْعِهٖ: دل میں کسی بات کا ڈالا جانا، الہام ہونا۔
النُّفَاثَةُ: بیمار کے سینہ سے نکلنے والا تھوک یا خون (۲) دانتوں میں اٹکے ہوئے کھانے کے ریزے جو نکال کر پھینکے جائیں۔ هٰذا من نُفَاثَاتِ فُلَانٍ: یہ فلاں کے اشعار ہیں۔
النَّافِثُ: جادوگر۔
النَّفْثَةُ: مریض کے سینہ سے نکلنے والا بلغم وغیرہ جس کے بعد اسے سکون حاصل ہو ج: نَفَثَات۔ هٰذا من نَفَثَاتِ فُلَانٍ: یہ فلاں کے اشعار ہیں۔
نفثاتُ اَقْلَامٍ: رشحاتِ قلم۔
النَّفَّاثُ: پھونک مارنے والا، جادوگر۔
النَّفَّاثَةُ: جادوگرنی (۲) جیٹ ہوائی جہاز (طائرة نَفَّاثَة) ج: نَفَّاثَات
النَّفِيْثُ: زخم سے بہنے والا (خون)۔
المَنْفُوْثُ: جادو کیا ہوا۔
• نَفَجَ الشیءُ ـُ نَفْجًا ونُفُوْجًا: بلند ہونا۔
— فُلَانٌ: خالی ڈینگیں مارنا، بے بنیاد باتوں پر فخر کرنا۔
— الاَرْنَبُ ونَحْوُهٗ: خرگوش وغیرہ کا اکسائے جانے پر بھڑک کر بھاگنا، دوڑنا۔
— الرِّيْحُ: ہوا تیز چلنا۔
— الفَرُّوْجَةُ من بَيْضَتِهَا: چوزے

کا انڈے سے نکلنا۔
نَفَجَ الشَّيْءَ نَفْجًا: اوپر اٹھانا۔
— فُلَانًا: کسی کی تعظیم کرنا۔
— السِّقَاءَ: مشکیزہ بھرنا۔
— الْأَرْنَبَ وَنَحْوَهُ: خرگوش وغیرہ کو بدکا کر باہر نکالنا۔
أَنْفَجَ الْحَالِبُ: دوہنے والے کا (دودھ پر جھاگ لانے کے لئے) برتن کو تھن سے دور کرنا۔
اِنْتَفَجَ وتَنَفَّجَ: نَفَجَ۔
اِسْتَنْفَجَ الْأَرْنَبَ وَنَحْوَهُ: خرگوش وغیرہ کو اس کی پناہ گاہ سے بدکا کر نکالنا۔ مَا الَّذِي اسْتَنْفَجَ غَضَبَهُ؟ اسے کس نے ناراض کیا؟
الْمِنْفَجُ والْمِنْفَجَةُ: عورت کے سرین کو بھاری کرنے کی گدی ج: مَنَافِجُ
النَّافِجُ: هو نَافِجُ حِضْنَيْهِ: وہ مغرور و متکبر ہے۔ صَوْتٌ نَافِجٌ: سخت و تند آواز۔
النَّافِجَةُ: تیز چلنے والی ہوا، ہوا کا تیز جھونکا۔ سَحَابَةٌ نَافِجَةٌ: خوب برسنے والا بادل (۲) نافۂ مشک (ہرن کے پیٹ میں مشک کی تھیلی) ج: نَوَافِجُ۔
النُّفُجُ: بھاری اور سست لوگ۔ هو نُفُجُ الْحَقِيبَةِ: وہ بھاری سرین والا ہے۔ هي نُفُجُ الْحَقِيبَةِ: وہ بھاری سرین والی ہے۔
النَّفَّاجُ: متکبر (۲) خالی ڈینگیں مارنے والا، شیخی بگھارنے والا۔
النُّفَّاجَةُ: کرتے کے گریبان کی پٹی (جو مضبوطی کے لئے لگائی جاتی ہے اور اس میں بٹن سئے جاتے ہیں)۔
النِّفِّيجُ: اجنبی دخل انداز (جو خواہ مخواہ لوگوں میں گھسنے کی کوشش کرتا ہو)

ج: نُفُجٌ (خلاف قیاس)
النَّفِيجَةُ: نبع درخت کی کمان ج: نَفَائِجُ۔
نَفَحَتِ الرِّيحُ ـَ نَفْحًا و نُفُوحًا: ہوا کا دھیمے دھیمے چلنا
— الْعِرْقُ نَفْحًا: رگ سے خون نکلنا۔
— الطِّيبُ: خوشبو پھیلنا، مہکنا۔
— الشَّيْءَ: اپنے پاس سے ہٹانا۔
— الدَّابَّةُ الشَّيْءَ: چوپائے کا کسی چیز پر کھر کا کنارہ مارنا۔
— فُلَانًا بِالْمَالِ: مال دینا۔
— فُلَانًا بِالسَّيْفِ: تلوار کی ہلکی چوٹ لگانا۔
— اللَّبَنَ: دودھ بلونا۔
— جُمَّتَهُ: بالوں میں کنگھا کرنا۔
نَافَحَ عنه: دفاع کرنا، کسی کی حمایت وطرفداری کرنا۔
— فُلَانًا: کسی سے مقابلہ کرنا، مزاحمت کرنا، سامنا کرنا۔
اِنْتَفَحَ بِهِ: آڑے آنا، رکاوٹ بننا۔
— إِلَى مَوْضِعِ كَذَا: کسی جگہ لوٹنا۔
الْإِنْفَحَةُ: بینگن جیسا ایک پودہ (۲) بکری یا گائے کے بچہ کے معدہ کا ایک حصہ (۳) بچھڑوں اور بکری کے بچوں کے معدے کا ایک مادہ جس کے ذریعہ دودھ کا پنیر بنایا جاتا ہے ج: أَنَافِحُ جَاءَتِ الْإِبِلُ كَالْإِنْفَحَةِ اونٹ سیراب اور پیٹ بھر کر آئے
الْأُنْفَحَّةُ: گائے اور بکری کے بچہ کے معدہ کا ایک جزء۔
الْمِنْفَحُ: غیر متعلق باتوں میں پڑنے والا،

خواہ مخواہ ٹانگ اڑانے والا۔
الْمِنْفَحَةُ: الْإِنْفَحَةُ ج: مَنَافِحُ
النَّفْحُ: سردی (مقابل اللَّفْحُ: گرمی)
النَّفْحَةُ: مہک، خوشبو کا جھونکا بھڑک خوشگوار مہک (۲) جھونکا، گرم لپٹ أَصَابَتْنَا نَفْحَةٌ مِنْ سَمُومٍ: ہمیں گرم ہوا کا جھونکا لگا، ہمیں تکلیف پہنچی۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلَئِنْ مَسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ مِنْ عَذَابِ رَبِّكَ" (۳) عطیہ لَا يَزَالُ لِفُلَانٍ نَفَحَاتٌ: فلاں کے عطیات کا سلسلہ جاری ہے
النَّفُوحُ: زور سے دفع کرنے والا۔ قَوْسٌ نَفُوحٌ: تیز رفتار کمان دور تک تیر پھینکنے والی کمان۔ بَقَرَةٌ نَفُوحٌ: بغیر دوہے تھن سے دودھ بہانے والی گائے۔ رِيحٌ نَفُوحٌ: جھکڑ، تیز ہوا جو ہر چیز کو لے اڑے
النَّفِيحُ والنِّفِّيحُ: غیر متعلق امور میں گھسنے والا۔
• نَفَخَ بِفَمِهِ ـُ نَفْخًا: منہ سے پھونک مارنا۔
— فِي الْبُوقِ وَنَحْوِهِ: سینگ یا نے میں پھونک مار کر بجانا، ہارن دینا، بگل بجانا، سنکھ بجانا (۲) خواہ مخواہ ڈینگ مارنا، شیخی بھگارنا۔
— الشَّيْطَانُ فِي أَنْفِهِ: شیطان کا کسی کو مغرور بنانا، ایسی چیز پر نظر جمانا جو اس کی نہ ہو۔
— الشَّيْءَ: منہ سے پھونک مار کر اڑانا (۲) اپنے پاس سے ہٹانا
— النَّارَ بِالْمِنْفَاخِ: آگ کو پھونک مار کر سلگانا۔
— الطَّعَامُ وَنَحْوُهُ فُلَانًا: کھانے وغیرہ کا کسی کو سیر کر دینا۔

نَفَخَ شِدْقَيْهِ اوحِضْنَيْهِ: بڑا بننا، تکبر کرنا۔
نَفِخَ ـَ نَفَخًا: گھوڑے وغیرہ کے خصیتین کا متورم ہونا۔ ھو اَنْفَخُ وھی نَفْخَاءُ ج: نُفْخٌ۔
نَفَّخَ بِفَمِهٖ: زور سے پھونک مارنا، زور سے ہوا بھرنا۔
اِنْتَفَخَ الشَّیْءُ: پھولنا، اوپر اٹھنا۔
ـــ النَّهَارُ: دن چڑھنا (نصف النہار سے کچھ پہلے وقت تک پہنچنا)۔
ـــ فُلَانٌ: متکبر ہونا، بڑا بننا۔
ـــ عَلَیْهِ: کسی پر غصہ ہونا۔
اَلْمِنْفَاخُ: پھونکنی (۲) لوہار کی دھونکنی (۳) پہیّوں وغیرہ میں ہوا بھرنے کا پمپ ج: مَنَافِیْخُ۔
اَلْمِنْفَخُ: اَلْمِنْفَاخُ ج: مَنَافِخُ۔
مَنَافِخُ الشَّیْطَانِ: شیطانی وسوسے
اَلْمَنْفُوْخُ: رَجُلٌ مَنْفُوْخٌ: موٹا یا بزدل آدمی۔
اَلنَّافِخُ: ما بالدَّارِ نَافِخُ ضَرَمَةٍ: گھر میں کوئی نہیں (کوئی آگ جلانے والا نہیں)۔
اَلنَّافُوْخُ: سر کی چندیا (بجائے یافوخ)
اَلنَّفْخُ: بڑائی، شیخی۔
اَلنَّفَخُ: ایک بیماری جس سے خصیتیں پر ورم ہو جاتا ہے (۲) چوپائے کے ٹخنوں کا ورم جو چلنے سے اتر جاتا ہے۔
اَلنُّفُخُ: بھرپور جوان۔ کہتے ہیں: فَتًی نُفُخٌ و فَتَاةٌ نُفُخٌ۔
اَلنَّفْخَاءُ: پنڈلی کی ہڈی کا بالائی حصہ (۲) بلند عمدہ زمین جس میں چھوٹے موٹے درخت اگ آتے ہوں ج: نَفَاخِیُّ۔
اَلنَّفْخَةُ: کھانے وغیرہ سے پیٹ کی پھلاوٹ، اپھارا (۲) ایک پھونک (۳) سانس ج: نَفَخَاتٌ۔
نَفْخَةُ الشَّبَابِ: جوانی کا جوبن، عنفوانِ شباب۔
نَفْخَةُ الرَّبِیْعِ: موسم بہار کی ترو تازگی، شادابی۔
اَلنُّفْخَةُ: ایک بیماری جس سے گھوڑے کے خصیوں پر ورم آجاتا ہے۔
اَلنُّفَّاخُ: بیماری سے ہونے والی کسی بھی جگہ کی ورم۔
اَلنُّفَّاخَةُ: مچھلی کے پیٹ کا پھکنا (۲) پانی وغیرہ کا بلبلہ (۳) بچوں کا ربر کا غبارہ۔
اَلنَّفِیْخُ: پھونک مارنے پر مامور ج: نُفَخَاءُ۔

• نَفِدَ الشَّیْءُ ـَ نَفَدًا ونَفَادًا: ناپید ہو جانا، ختم ہو جانا۔ قرآن پاک میں ہے: "قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمَاتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمَاتُ رَبِّیْ"
اَنْفَدَ فُلَانٌ: کسی کا زاد راہ اور مال ختم ہو جانا، بے مال و بے توشہ رہ جانا۔
ـــ الشَّیْءَ: ناپید کرنا، ختم کرنا۔
نَافَدَهٗ: کسی کے دلائل ختم کرنے کیلئے اس کے ساتھ جھگڑنا، حجت بازی کرنا۔
اِنْتَفَدَ الشَّیْءَ: ختم کر دینا۔
ـــ الحَقَّ: حق کو پورا وصول کرنا۔
اِنْتَفَدَ مِنْهُ: اس سے سب لے لیا۔
ـــ اللَّبَنَ: سارا دودھ نکال لینا۔
تَنَافَدَ الْقَوْمُ: باہم جھگڑنا اور ایک دوسرے کو دلیل دینا۔
اِسْتَنْفَدَ الشَّیْءَ: ختم کر ڈالنا۔
ـــ وُسْعَهٗ او قُوَاهُ: پوری طاقت لگا دینا۔
ـــ الاَمْرُ اَغْرَاضَهٗ: کسی معاملہ کا مقاصد کو پورا کر دینا اور اس کی ضرورت باقی نہ رہنا۔
اَلْمُنَافِدُ: خَصْمٌ مُنَافِدٌ: پورا زور لگا دینے والا دشمن یا مقابل۔
اَلْمُنْتَفَدُ: فُلَانٌ مُنْتَفَدُ فُلَانٍ: فلاں شخص فلاں کا مال وغیرہ ختم ہو جانے پر اس کا مددگار رہتا ہے۔
اَلنَّفَادُ: فنا، خاتمہ۔ قرآن پاک میں ہے: "اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ" یہ ہمارا رزق نہ ختم ہونے والا ہے۔

• نَفَذَ الاَمْرُ ـُ نُفُوْذًا ونَفَاذًا: حکم جاری اور نافذ ہونا، حکم چلنا۔
ـــ الکِتَابُ الیه: کتاب یا خط کسی کے پاس پہنچنا۔
ـــ الطَّرِیْقُ الی مکانٍ: راستہ کا کسی مقام پر پہنچنا، وہاں تک جانا۔
ـــ الطَّرِیْقُ: راستہ کا عام ہونا۔
ـــ فیه ومنه: آر پار ہونا، چیر کر دوسری طرف نکل جانا۔ قرآن پاک میں ہے: "یَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطَانٍ"
ـــ فی الاُمُورِ: ماہر ہونا۔
ـــ عنه: بچ کر نکل جانا، چھٹکارا پانا۔
ـــ لِوَجْهِهٖ: اپنے حال پر رہنا۔
ـــ القَوْمَ نَفْذًا: آگے نکل جانا،

لوگوں کو پیچھے چھوڑ دینا۔ حضرت ابن مسعودؓ کی حدیث میں ہے: "اِنَّكُم مَجْمُوعُونَ فِی صَعِيدٍ وَاحِدٍ يَنْفُذُكُمُ البَصَرُ": تم سب ایک جگہ اس طرح جمع کئے جاؤ گے کہ نگاہ تم کو پار کر جائے گی۔
شَئٌ لا يَنْفُذُ منه المَاءُ: واٹر ٹائٹ، واٹر پروف، وہ چیز جس سے پانی پار نہ ہو سکے۔
اَنْفَذَ القَوْمَ: لوگوں کو چیرتے ہوئے درمیان میں چلنا۔ رَمَيْتُهُ فَاَنْفَذْتُهُ: میں نے اس کے تیر مارا تو اسے آر پار کر دیا۔
— الكِتَابَ الى فُلانٍ: کسی کے نام خط بھیجنا۔
— الاَمْرَ: حکم نافذ کرنا، اس پر عمل کرانا۔
— عَهْدَهُ: اپنا عہد پورا کرنا۔
نَفَّذَ الحُكْمَ: حکم نافذ کرنا، حکم پر عمل کرانا۔
— بالقُوَّةِ: سختی سے عمل کرانا۔
— الطَّلَبَ: مطالبہ یا فرمائش کو پورا کرنا۔
— عَقْدَ المُنَاقَصَةِ: ٹینڈر جاری کرنا۔
— القَرَارَ: پاس شدہ تجویز یا فیصلہ کا نفاذ کرنا۔
— القَوْلَ: بات کو عملی جامہ پہنانا۔
— المَشْرُوعَ: منصوبہ کی تکمیل کرنا۔
— المُهِمَّةَ: مہم انجام دینا، ذمہ داری کو پورا کرنا۔
— الشَّئَ: آر پار کرنا۔
تَنَافَذَ القَوْمُ الى القَاضِي: قاضی (منصف) کے پاس فیصلہ کے لئے مقدمہ پیش کرنا۔

التَّنْفِيذ: (فی الحكم) فیصلہ کی تکمیل، عملی اجراء، نفاذ (۲) کارروائی (۳) انتظام۔
الهَيْئَةُ التَّنْفِيذِيَّةُ: انتظامی بورڈ، بااختیار حکام جو قوانین حکومت کا نفاذ کرتے ہیں، انتظامی افسران۔
اللَّجْنَةُ التَّنْفِيذِيَّةُ: مجلس عاملہ، ورکنگ کمیٹی۔
ايقاف التَّنْفِيذ: کارروائی روکنا، حکم امتناعی جاری کرنا۔
التَّنْفِيذِيُّ: انتظامی (۲) عملی (۳) اجرائی۔
المُتَنَفَّذُ: گنجائش، کشادگی، فی هذا الشَّئِ مُتَنَفَّذٌ عن غيره: اس چیز میں بمقابلہ دیگر گنجائش ہے۔ فی مَالِهِ مُتَنَفَّذٌ: اس کے مال میں وسعت ہے۔
المَنْفَذُ: نکلنے کا راستہ، گذرگاہ (۲) دروازہ (۳) روشندان ج: مَنَافِذ۔
النَّافِذُ: جاری۔ رَجُلٌ نَافِذٌ فی اُمورِه: اپنے کاموں میں ماہر و کامیاب۔ طَرِيقٌ نَافِذٌ: عام راستہ (آر پار راستہ، کوچۂ نافذہ) اَمْرٌ نَافِذٌ: واجب التعمیل حکم، مانا ہوا حکم جس پر عمل کیا جا رہا ہو (۲) انسان کے ناک و کان جیسے اعضاء ج: نَوَافِذ۔
نَافِذ الكَلِمَة: بااثر، بااقتدار۔
نَافِذ المَفعول: مؤثر۔
النَّافِذَةُ: جھروکہ، کھڑکی۔ طَعْنَةٌ نَافِذَة: نیزے کی آر پار ضرب

ج: نَوَافِذ۔ نَافِذَة عَلى كَذا: مختصر تعارف۔
النَّفَاذُ: نفاذ (۲) کارروائی۔
الحُكْمُ مع النَّفَاذ: فوری واجب التعمیل فیصلہ۔
النَّفَذُ: اجراء۔ اَمَرَ بِنَفَذِه: اس کے اجراء کا حکم دیا۔ قَامَ بِنَفَذِ الكِتَاب: اس نے تحریر کو عملی جامہ پہنایا (۲) مخرج، راہ، اَیُّ بِنَفَذٍ لِهذا المُعضِل: اس نے اس مشکل سے نکلنے کی راہ نکال لی ہے، اس کا حل نکال لیا ہے۔ طَعْنَةٌ لَهَا نَفَذٌ: چیر کر نکل جانے والی نیزے کی ضرب۔
النُّفْذَةُ: مہرہ ج: نُفَذٌ۔ قَارَبَ الخَرَّازُ بَيْنَ النُّفَذِ: موتی پرونے والے (جڑیے) نے مہروں کو ملا دیا۔
النَّفَّاذُ: ارادہ کا پکا، کام کا دھنی، جو ہر کام کو پورا کر ڈالے، ہر کام میں طاق۔
النُّفُوذُ: النَّفَاذُ۔
النُّفُوذُ: اقتدار، اثر و رسوخ۔ هو ذو نُفوذٍ عَظِيمٍ: وہ بڑا بااثر ہے، صاحب اقتدار ہے۔
النُّفُوذُ: اثر و رسوخ۔
مَنَاطِقُ النُّفوذ: بڑی طاقتوں کے زیر اثر علاقے (کمزور ممالک)
النَّفِيذُ: النَّافِذُ۔ اَمرٌ نَفِيذٌ: مانا ہوا حکم، چلتا ہوا حکم۔
• نَفَرَ ـِ نَفْرًا و نُفُورًا: ترک وطن کر کے کسی جگہ جانا، وطن چھوڑ کر روئے زمین پر گھومنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَلَوْلا نَفَرَ مِن كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَائِفَةٌ

لِيَتَفَقَّهُوا فِى الدِّينِ" سو کیوں نہ نکلا ہر جماعت میں سے ان کا ایک حصہ تاکہ دین کی سمجھ بوجھ حاصل کریں۔ دوسری آیت: "وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنْفِرُوا كَافَّةً" اور مسلمانوں کو یہ نہ چاہیے کہ سب کے سب نکل کھڑے ہوں۔

نَفَرَ الجِلْدُ نُفُوْرًا: کھال کا سوج کر گوشت سے الگ سا ہو جانا۔

— من الشيئ نُفُوْرًا و نِفَارًا: نفرت کرنا، ناپسند کرنا۔ نفرت المَرْأَةُ من زَوْجِها: عورت کا خاوند کو پسند نہ کرنا۔

— من المكانِ نَفْرًا: کسی جگہ کو چھوڑ کر دوسری جگہ جانا۔

— الحاجُّ من مِنًى الى مكّةَ: حاجی کا منیٰ سے مکہ معظمہ واپس آنا

— النّاسُ الى العَدُوِّ: لوگوں کا لڑنے کے لئے دشمن کی طرف تیزی سے بڑھنا۔ قرآن پاک میں ہے: "اِنْفِرُوا خِفَافًا وثِقَالًا" نکل کھڑے ہو جاؤ ہلکے پھلکے ہو (بغیر سامان کے) تو بھی اور بھاری بھرکم (سامان کے ساتھ) ہو تو بھی۔

— الظَّبْيُ و نحوُه: ہرن وغیرہ کا ڈر کر بھاگنا، دور ہونا، بدکنا۔

— فُلانًا نَفْرًا: نفرت یا جھگڑے میں کسی پر فوقیت لے جانا۔

اَنْفَرَ القَوْمُ: قوم کا منتشر چوپاؤں والا ہونا۔

— الدّابّةَ: جانور کو بھگانا، بدکانا

— الرَّجُلَ: مدد کرنا۔ کہتے ہیں: اِسْتَنْفَرَهُمْ فَاَنْفَرُوْهُ: اس نے ان سے مدد طلب کی تو انہوں نے اس کی مدد کی۔

اَنْفَرَ فُلانًا على فُلانٍ: کسی کے حق میں کسی پر غالب آنے اور بازی لے جانے کا فیصلہ کرنا۔

نَافَرَهُ: کسی کے ساتھ لڑنا جھگڑنا (۲) کسی کے سامنے اپنی بڑائی جتانا کسی بات پر فخر کرنا۔

نَفَّرَ فُلانًا من الشيئِ: متنفر کرنا، ڈرا کر دور کرنا۔

— الدّابّةَ عن الرَّعْيِ: جانور کو گھاس چرنے سے روکنا۔

— عن وَلَدِهِ او غيرِه: اپنے لڑکے یا دوسرے کو برا لقب دینا (قدیم عرب اپنے خیال میں اس برے لقب سے جنات کو بھگاتے تھے)۔

— فُلانًا على فُلانٍ: کسی پر کسی کے غالب ہونے کا فیصلہ کرنا۔

— فُلانًا على الشيئِ و بِه: کسی کو کسی چیز پر غالب کرنا۔

تَنَافَرَ القَوْمُ: باہم جھگڑنا، باہم فخر کرنا، ایک دوسرے پر بڑائی جتانا۔

اِسْتَنْفَرَتِ الدّابّةُ: چوپائے کا ڈر کر بھاگنا، دور ہونا۔ ھی مُسْتَنْفِرَة۔ قرآن پاک میں ہے: "كَأَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ" گویا وہ گدھے ہیں جو شیر سے ڈر کر بھاگ رہے ہیں۔

— الدّابّةَ: جانور کو بھگانا۔

— الحاكِمُ الرَّعِيَّةَ: حاکم کا دشمن سے لڑنے کے لئے رعایا کو حکم دینا

— بني فُلانٍ: کسی قبیلہ سے مدد مانگنا۔

التَّنَافُرُ: باہمی نفرت وبعد، جھگڑا۔

تَنَافُرُ الكَلِمَاتِ: الفاظ کی غیر موزونیت، بے ربطگی۔

المُسْتَنْفِرُ: ڈر کر بھاگنے والا۔

المَنْفُوْرُ: مغلوب۔

التَّنْفِيْرُ: نفرت انگیزی، نفرت اندازی

النَّافِرُ: نفرت کنندہ (۲) بدک کر بھاگنے والا جانور۔ دَابَّةٌ نَافِرٌ: اڑیل جانور (۳) بدکنے والا جانور (۴) جھگڑے میں غالب ج: نَفْرٌ۔

شَاةٌ نَافِرٌ: وہ بکری جس کی ناک سے کیڑوں جیسی ریزش جھڑتی رہتی ہو۔

النّافِرَةُ: نَافِرَةُ فُلانٍ: کسی کے قریبی رشتہ دار، حمایتی لوگ۔

كِتَابَةٌ نَافِرَةٌ: ابھرے ہوئے نقوش (۲) غیر مانوس لکھائی۔

النَّافُوْرُ: تابوت پر ڈالنے کا سیاہ کپڑا۔

النَّافُوْرَةُ: فوارہ ج: نَوَافِيرُ۔

النِّفَارُ: جانور کی ہٹ، اڑیل پن، چونک، بدکاہٹ۔

النُّفَارَةُ: قاضی یا جیتنے والے کو ہارنے والے کی طرف سے دیا جانے والا معاوضہ یا ہرجانہ یا مقدمہ کا خرچ وغیرہ۔

النَّفَرُ: لڑائی یا کسی دیگر معاملہ کیلئے دوڑنے والی جماعت (۲) جدائی، علیحدگی۔

يَوْمُ النَّفْرِ الاَوَّلِ: ایام تشریق کا دوسرا دن (بارہویں ذی الحجہ) اس دن حجاج منی سے مکہ معظمہ جاتے ہیں۔

يَوْمُ النَّفْرِ الآخِرِ: ایام تشریق کا تیسرا دن (تیرھویں ذی الحجہ)۔

النَّفْرَۃُ: بھگدڑ (۲) جدائی (۳) بیگانگی بعد، کراہت۔
النِّفْرُ: عِفْرٌ کا تابع۔ کہتے ہیں: عِفْرٌ نِفْرٌ و عِفْرِیَۃٌ نِفْرِیَۃٌ و عِفْرِیْتٌ نِفْرِیْتٌ: خبیث وسرکش۔
النَّفَرُ: آدمیوں کی تین سے دس تک کی تعداد (۲) لوگوں کی جماعت، مجمع (۳) ایک آدمی (یہ جدید استعمال ہے) ج: اَنْفَارٌ۔
نَفَرُ فُلَانٍ: کسی کے عزیز و اقارب
النُّفْرَۃُ: بچہ کے گلے میں نظر بد سے حفاظت کا تعویذ۔
النُّفْرُوْرُ: چڑیا ج: نفاریر۔
النُّفُوْرُ: بے گانگی، بعد، کشیدگی۔
النَّفِیْرُ: لڑائی کے لئے نکلنے والا گروہ (۲) بگل (۳) ہم پلہ مقابل مفاخرت میں۔
النَّفِیْرُ العَامُّ: دشمن سے لڑنے کیلئے عام لوگوں کا کوچ۔
فُلَانٌ لَا فِی العِیْرِ وَلَا فِی النَّفِیْرِ: ایسے شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو کسی مہم یا کام کے لائق نہ ہو۔ اس کی اصل یہ ہے کہ "عیر" قریش کا وہ قافلہ ہے جو ابو سفیان کے ساتھ ملک شام سے آیا تھا۔ اور "نفیر" وہ لوگ جو عتبۃ ابن ربیعہ کے ساتھ ابوسفیان کے قافلے کو مسلمانوں کے حملے سے بچانے کے لئے نکلے تھے چنانچہ مقام بدر میں معرکہ ہوا۔ اس وقت جو لوگ نہ اس قافلہ میں تھے اور نہ دوسرے میں ان کو مردان کار نہیں سمجھا گیا۔
•نَفَزَ الظَّبْیُ ـِ نَفْزًا و نُفُوْزًا و نَفَزَانًا: چوکڑیاں بھرنا، ایک ساتھ چاروں پاؤں اٹھا کر دوڑنا
ـــ فُلَانٌ: مرنا۔

نَفَّزَتِ المَرْأَۃُ وَلَدَھَا: عورت کا اپنے بچہ کو ہاتھوں پر نچانا، کدانا (۲) کسی سے چھلانگ لگوانا
تَنَافَزُوْا: ایک دوسرے پر اچھلنا، بچوں کا کھیل میں مل کر اچھل کود کرنا۔
النُّفَازَی: بچوں کے اچھلنے کا کھیل
النَّیْفُوْزُ: بہت چھلانگیں لگانے والا ہرن۔
النَّفِیْزُ و النَّفِیْزَۃُ: دودھ بلونے کے برتن میں ادھر ادھر بکھرا ہوا مکھن۔
•نَفَسَہُ ـُ نَفْسًا: کسی کو نظر لگانا۔
نَفِسَتِ المَرْأَۃُ ـَ نَفْسًا و نَفَاسَۃً و نِفَاسًا: بچہ جننا، زچہ ہونا۔ اس طرح بھی کہتے ہیں: نُفِسَتْ وَلَدًا و نُفِسَتْ بِہٖ۔ ھی نُفَسَاءُ ج: نُفَسَاوَات و نِفَاسٌ و نُفَاسٌ۔
ـــ بالشَّیْءِ: کسی چیز میں بخل کرنا۔
ـــ الشَّیْءَ و بہ عَلٰی فُلَانٍ: کسی چیز کے بارے میں کسی پر حسد کرنا اور اسے اس کا اہل نہ سمجھنا۔
نَفُسَ الشَّیْءُ ـُ نَفَاسَۃً و نِفَاسًا و نُفُوْسًا و نَفَسًا: بیش قیمت ہونا، نفیس و عمدہ ہونا۔ ھو نَفِیْسٌ و نَافِسٌ ج: نِفَاسٌ۔
اَنْفَسَ الشَّیْءُ: نفیس و پسندیدہ ہونا۔
نَافَسَ فِی الشَّیْءِ: کسی چیز میں اضافہ اور مبالغہ کرنا، بڑھا چڑھا کر پیش کرنا، اس کی طرف رغبت دلانا۔

نَافَسَ فُلَانًا فِی کَذَا: (نقصان پہنچائے بغیر) کسی سے آگے بڑھنے کی کوشش کرنا، جائز مقابلہ کرنا۔
نَفَّسَ عنہ: کسی کو آسودہ اور خوشحال کرنا۔
ـــ عنہ کُرْبَتَہٗ: غم و تکلیف دور کرنا، دل کو تسلی اور سکون بخشنا۔
ـــ القَوْسَ: کمان کو پھاڑنا۔
ـــ عن الرَّأْیِ: اظہار خیال کرنا۔
تَنَافَسَ القَوْمُ فِی کَذَا: کسی چیز میں باہم مقابلہ کرنا، نقصان پہنچائے بغیر ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرنا، ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر حصہ لینا، کام کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَفِی ذٰلِکَ فَلْیَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ"
تَنَفَّسَ: سانس لینا۔
ـــ الرِّیْحُ: ہوا خوش گوار ہونا۔
ـــ فِی الکَلَامِ: بات کو طول دینا۔
ـــ النَّھْرُ: دریا کا پانی بڑھنا۔
ـــ المَوْجُ: موج (لہر) کا پانی کے چھینٹیں اڑانا۔
ـــ العُمْرُ: عمر دراز ہونا۔
ـــ القَوْسُ: کمان چٹخنا۔
ـــ الصُّبْحُ: صبح کی روشنی ہو جانا۔
ـــ الصُّعَدَاءَ: تکان یا تکلیف کے باعث لمبا سانس لینا۔
الاَنْفَسُ: بہت بیش قیمت، بہت عمدہ (۲) بہت لمبا اور نمایاں (۳) بہت وسیع و کشادہ۔
التَّنَافُسُ: ہمسر بننے کا جذبہ (ایک فطری جذبہ جس کے تحت

انسان آگے بڑھنے اور بڑے لوگوں کے ہم پلہ ہونے کی جائز کوشش کرتا ہے)۔
التَّنَافُسِیُّ: تقابلی، مقابلہ کا۔
التَّنَفُّسُ: سانس کی حرکت۔
الْمُتَنَافِسُ: آگے بڑھنے کا خواہشمند، دوسرے کا ہمسر یا اس جیسا بننے کی کوشش کرنے والا۔
الْمُتَنَفِّسُ: جاندار۔
الْمُتَنَفَّسُ: چپٹی ناک والا۔ اَنْفٌ مُتَنَفَّسٌ: چپٹی ناک (۲) سانس کی گذرگاہ۔
الْمُنَافِسُ: مقابل۔
الْمُنَافَسَةُ: تنافس، تقابل، مقابلہ، کمپٹیشن، ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی دوڑ۔
الْمُنَافَسَةُ الحَادَّةُ: زبردست مقابلہ۔
الْمُنَافَسَةُ الحُرَّةُ: آزادانہ مقابلہ
الْمُنَافَسَةُ الحِرفِيَّةُ: پیشہ ورانہ مقابلہ۔
الْمُنْفِسُ: مَالٌ مُنْفِسٌ: مال کثیر
الْمَنْفُوسُ: نوزائیدہ بچہ (۲) مرغوب چیز جس کے لئے دوڑ دھوپ ہو (۳) حسد کی جانے والی چیز۔
النَّافِسُ: حاسد، نظر بد لگانے والا۔
شَیْئٌ نَافِسٌ: قیمتی اور عمدہ چیز
رَجُلٌ نَافِسٌ: پسندیدہ اور بلند آدمی (۲) جوے کا چوتھا یا پانچواں تیر۔
النِّفَاسُ: زچگی۔ (ولادت کے بعد چالیس دن یا اس سے کچھ زائد مدت جس میں عورت کے تناسلی اعضاء اور رحم وضع حمل کے بعد صحیح حالت پر آجاتے ہیں) (۲) ولادت کے بعد آنے والا خون جو تقریباً چالیس روز تک آتا ہے۔
النَّفْسُ: روح، جان۔ خَرَجَتْ نَفْسُهُ: اس کی روح نکل گئی جَادَ بِنَفْسِهِ: وہ مرگیا، اس نے جان دیدی (۲) خون: دَفَقَ نَفْسَهُ: اس نے خون ڈالا (۳) کسی چیز کی ذات، عین: جَاءَ هو نَفْسُهُ او بِنَفْسِهِ: وہی آیا، وہ خود آیا۔ رَأَیْتُ نَفْسَ الشَّیْئِ: میں نے کل بعینہٖ یہ یا ایسی ہی چیز دیکھی (۴) جسم: فُلَانٌ عظیم النَّفْسِ: وہ بڑے ڈیل ڈول کا ہے یا بڑا دل والا ہے (۵) دل، ظرف: هو وَاسِعُ النَّفْسِ: وہ فراخ دل اور وسیع الظرف ہے (۶) حوصلہ هو عالی النَّفْسِ: وہ بلند حوصلہ ہے (۷) خودداری، شان لَیْسَ لَهُ نَفْسٌ: اس میں خودداری نہیں ہے (۸) شخص، متنفس، فرد ج: اَنْفُسٌ و نُفُوسٌ (۹) نظر بد: اَصَابَتْهُ نَفْسٌ (۱۰) عادت، طبیعت (۱۱) صبر وہمت (۱۲) عقل (۱۳) خواہش وارادہ۔ فی نَفْسِی اَنْ اَفْعَلَ کَذَا: میرا ایسا کرنے کا ارادہ یا خواہش ہے۔ فُلَانٌ یُؤَامِرُ نَفْسَیْهِ: دو قسم کی رائے رکھنے والا جو کسی ایک پر نہ جمتا ہو۔ غَثَتْ نَفْسُهُ: اس کا جی متلایا۔ بِنَفْسِهِ: از خود، خود، اپنے آپ۔ مِن تلقاءِ نَفْسِهِ: خود بخود۔
النَّفْسَانِیُّ: نفسیاتی، عقلی۔
النَّفْسَانِیَّةُ: عقلیت، ذہنیت، نفس پرستی۔
النُّفَسَاءُ: زچہ عورت، نفاس والی
النَّفْسِیُّ: نفسیاتی، روحانی، عقلی۔
النَّفْسِیَّةُ: ذہنیت، نفسیات، ذہنی کیفیت۔
نَفْسِیًّا: ذہنی طور پر، نفسیاتی طور پر
نَفْسُ الاَمْرِ: حقیقت، واقعیت، اصلیت۔
علم النَّفْس: علم نفسیات (انسان کے تحت الشعور یا لاشعور کی تحقیق کا علم)
النَّفَسُ: سانس (۲) خوش گوار ہوا (۳) گھونٹ (۴) کشادگی و فراخی هو فی نَفَسٍ من اَمْرِهِ: اسے اپنے کام میں آزادی و وسعت حاصل ہے (۵) بعد۔ بَیْنِی و بَیْنَهُ نَفَسٌ۔ شَرَابٌ ذو نَفَسٍ: تسکین بخش شراب یا مشروب۔ شَاعِرٌ او کَاتِبٌ طویل النَّفَس: ماہر وقادر الکلام شاعر وانشاء پرداز۔ یُعْجِبُنِی نَفَسُ هٰذَا المُؤَلِّفِ او هٰذَا الطَّاهِی: مجھے اس مصنف کا طرز تصنیف یا باورچی کا طریقہ طباخی پسند ہے ج: اَنْفَاسٌ
النَّفُوسُ: بڑا حاسد۔
النَّفِیسُ: مال کثیر۔ شَیْئٌ نَفِیسٌ: پسندیدہ اور قیمتی چیز۔ رَجُلٌ نَفِیسٌ: حاسد آدمی۔
نَفَشَ القُطْنَ و نَحْوَهُ ـ

نَفْشًا و نُفُوشًا : روئی یا اون کا دھنکنے سے بکھرنا۔ نَفَشَهُ فَنَفَشَ۔
نَفَشَ القَوْمُ : شادابی و خوشحالی حاصل ہونا۔
—المَاشِيَةُ فِي الزَّرْعِ : مویشیوں کا رات کو چراگاہ میں گھوم کر گھاس چرنا۔ هو نَافِشٌ ج: نَفَشَةٌ و نُفَّاشٌ۔ هي نَافِشَةٌ ج: نَوَافِشُ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَدَاوُدَ وسُلَيْمَانَ إِذْ يَحْكُمَانِ فِي الحَرْثِ إِذْ نَفَشَتْ فيه غَنَمُ القَوْمِ"
—علَى الطَّعامِ : کھانے کے لئے متوجہ ہونا۔
—القُطْنَ او الصُّوفَ ونَحْوَهُمَا روئی یا اون وغیرہ دھننا، انگلیوں یا کسی آلہ سے الگ الگ کرنا۔
اَنْفَشَ الرَّاعِي المَاشِيَةَ : چرواہے کا رات کو بکریاں چرنے کے لئے چھوڑ کر ان سے الگ ہو کر سو جانا۔
نَفَّشَ القُطْنَ و نَحْوَهُ : دھننا۔
اِنْتَفَشَ القُطْنُ و نَحْوُهُ : دھنکا جانا، الگ الگ ہو جانا۔
—الهِرَّةُ و نَحْوُهَا : بلی وغیرہ کا بالوں کو کھڑا کرنا کہ ان کی جڑیں دکھائی دینے لگیں۔
—الطَّائِرُ : پرندہ کا پروں کو اس طرح جھٹکنا کہ جیسے وہ خوف زدہ ہو
تَنَفَّشَ : اِنْتَفَشَ۔
المُتَنَفِّشُ : اَمَةٌ مُتَنَفِّشَةُ الشَّعْرِ : پراگندہ حال باندی، بکھرے ہوئے بال والی۔ اَنْفٌ مُتَنَفِّشٌ : چپٹی ناک (۲) ورم آلود اور نرم و پھولی ہوئی چیز۔

النَّفَشُ : دھنی ہوئی اون (۲) بکھرا ہوا سامان۔ بَاتَتْ غَنَمُهُ نَفَشًا : اس کی بکریاں رات کو چرنے کے لئے منتشر ہو گئیں۔ (۳) لمبی چوڑی باتیں اور ڈینگیں۔
النَّفَّاشُ : مغرور و متکبر (۲) ڈینگیں مارنے والا، شیخی بگھارنے والا (۳) مالٹا جیسا ایک پھل۔
• نَفَصَ بِبَوْلِهِ ـِ نَفْصًا : قطرہ قطرہ پیشاب کرنا۔
—بِالكَلِمَةِ : تیز بولنا۔
اَنْفَصَ بِالضَّحِكِ : خوب ہنسنا
—بِشَفَتَيْهِ : ہونٹوں کے اشارہ سے بات کرنا۔
—بِالكَلِمَةِ : تیزی سے لفظ نکالنا۔
المِنْفَاصُ : بہت ہنسنے والا۔ رَجُلٌ مِنْفَاصٌ و امرأةٌ مِنْفَاصٌ (۲) بستر پر بہت پیشاب کرنیوالی۔
النُّفَاصُ : بکریوں میں کثرتِ پیشاب کی بیماری جو ان کی موت کا سبب بن جاتی ہے۔
النُّفْصَةُ : خون کا فوارہ ج: نُفَصٌ
• نَفَضَ الثَّوْبُ او الصِّبْغُ ـُ نُفُوضًا : رنگ اڑ جانا یا پھیکا پڑ جانا۔
—الزَّرْعُ : کھیتی کا آخری خوشہ نکلنا۔
—الكَرْمُ : انگور کی بیل میں خوشے کھلنا۔
—فُلَانٌ من مَرَضِهِ : صحتیاب ہونا۔
—القَوْمُ : زادِ راہ یا سامانِ خورد و نوش ختم ہو جانا، بے توشہ ہو جانا
—الشَّيْءَ نَفْضًا : جھٹکنا۔

نَفَضَتْهُ الحُمَّى : کسی کو بخار کا کپکپا دینا۔
نَفَضَ المكانَ و نَحْوَهُ : کسی جگہ وغیرہ کا جائزہ لینا (یہ جاننے کے لئے کہ وہاں کیا چیزیں ہیں اچھی طرح نگاہ ڈالنا)۔
نَفَضَ الشَّيْءَ : ہٹانا، زائل کرنا، گرانا
—الثَّمَرَ او الشَّجَرَ : درخت کو ہلا کر پھل گرانا۔
—الشَّيْءُ الدُّخَانَ : دھواں پھینکنا۔
—السُّمُومَ : زہر اگلنا، زہر افشانی کرنا۔
—يَدَهُ من الأَمْرِ : کسی معاملہ سے دست کش ہونا، الگ ہو جانا
—الجِسْمَ : جسم کو سستی اتارنے کے لئے جھٹکنا۔
نَفَضَتِ المَرْأَةُ كَرِشَهَا : عورت کا بکثرت بچے جننا، کثیر الاولاد ہونا۔
—الدَّابَّةُ : چوپائے کا بچہ جننا۔
نَفَضُوا حَلَائِبَهُمْ : دودھ والی اونٹنیوں کا سارا دودھ نکال لینا
اَنْفَضَ الوِعَاءُ : برتن خالی ہو جانا
—القَوْمُ زَادَهُمْ : لوگوں کا اپنا سامان خورد و نوش ختم کر ڈالنا۔
نَفَّضَ الشَّيْءَ : نَفَضَهُ : زور سے جھٹکنا، بالکل صاف کر دینا۔
اِنْتَفَضَ الشَّيْءُ : جھٹکا جانا (۲) کپکپانا تھرتھرانا۔ فُلَانٌ يَنْتَفِضُ من الرِّعْدَةِ : فلاں لرزہ سے کانپ رہا ہے۔
—الكَرْمُ : انگور کی بیل کا سرسبز ہونا۔
—الشَّيْءُ : ہلنا، حرکت کرنا۔

اُنْتَفَضَ الشَّیْءَ: کسی چیز کو نچوڑ ڈالنا۔ اندر کی ساری چیز نکال لینا۔

— الفَصِیْلُ مافی الضَّرْعِ: اونٹنی کے بچہ کا تھن کا سب دودھ پی لینا

— الرَّجُلُ: بدن جھٹک کر سستی اتارنا بیدار و متحرک ہونا۔

اِسْتَنْفَضَ القَوْمُ: لوگوں کا کسی جگہ اپنے جاسوس بھیجنا۔

— المَکَانَ و نَحْوَہ: جائزہ لینا، اچھی طرح نگاہ ڈال کر چیزوں کو جاننا۔

— القَوْمَ: لوگوں کو غور سے دیکھنا

— مَا عِنْدَہ: اپنی کوئی چیز باہر نکالنا

الاِنْتِفَاضَةُ: کپکپی، حرکت، بیداری

الاِنْتِفَاضَةُ الشَّعْبِیَّةُ: عوامی بیداری، عوامی انقلاب، عوامی تحریک۔

الاِنْفَاضُ: تہی دستی، بھوک، حاجت، توشہ کا ختم ہو جانا۔

الاُنْفُوْضَةُ: درخت کے نیچے گرا ہوا پھل ج: اَنَافِیْض۔

اَصَبْنَا الیَوْمَ اَنَافِیْضَ: آج ہمیں گرے ہوئے پھل ملے۔

المِنْفَاضُ: درخت کے نیچے بچھا ہوا کپڑا یا چٹائی جس پر پھل اور پتے گرتے ہیں۔

المِنْفَضُ: المِنْفَاض (۲) چھاج چھاڑن

المُنْفِضُ: انڈے دیکر رک جانے والی (مرغی)۔

المَنْفَضَةُ: سگریٹ گل دان، ایش ٹرے (جلی ہوئی سگریٹ وغیرہ ڈالنے کا برتن) تھال یا طشتری۔

المِنْفَضَةُ: جھاڑن (جس سے فرش وغیرہ کی گرد صاف کرتے ہیں)۔

المَنْفُوْضُ: کپکپی اور بخار میں مبتلا۔

النَّافِضُ: کپکپی طاری کرنے والا۔

ثَوْبٌ نَافِضٌ: رنگ اڑا ہوا کپڑا۔ حُمَّى نَافِضٌ وَ بِنَافِضٍ و حُمَّى نَافِضٍ: لرزہ والا بخار۔ اَخَذَتْهُ حُمَّى نَافِضٌ۔ (۲) راستہ کا کھوج لگانے والا راہبر ج: نَفَضَةٌ

النُّفَاضُ: کپکپی، لرزہ (بخار کا)

النُّفَاضُ: قحط (۲) درخت وغیرہ ہلانے سے گرا ہوا پھل یا پتے وغیرہ (۳) منہ میں لگے رہ جانے والے مسواک وغیرہ کے ذرات جن کو نکال کر پھینک دیا جاتا ہے۔

النِّفَاضُ: مَا عَلَیْهِ نِفَاضٌ: اس کے بدن پر کپڑا نہیں ہے ج: نُفُضٌ۔

النَّفَضُ: درخت کے نیچ جھڑے ہوئے پھل اور پتے (۲) انگوروں کا گچھا۔

النِّفْضُ: مکھیوں کے چھتہ (مہال) میں مکھی کے فضلات یا اس میں مری مکھیاں۔

النُّفَضَاءُ: بخار کا لرزہ۔

النُّفْضَةُ: بارش کے منتشر چھینٹے (یعنی کسی قطعہ میں بارش ہو دوسرے میں نہ ہو)

النَّفَضَةُ و النَّفْضَةُ: دشمن کا پتہ چلانے والی جاسوسوں کی جماعت۔

النُّفَضِیُّ: بخار کی کپکپی۔

النَّفُوْضُ: اَمْرَأَةٌ نَفُوْضٌ: کثیر الاولاد عورت۔ رَجُلٌ نَفُوْضٌ: جگہ کا جائزہ لینے والا

النَّفِیْضَةُ: جاسوسوں کا گروہ (۲) راستہ طے کرنے والے اونٹ (۳) دبلے اونٹ ج: نَفَائِضُ۔

• نَفَطَتِ القِدْرُ ـِ نَفْطًا و نَفِیْطًا: ہانڈی سے تیز بھاپ کی تیز نما دھاریں نکلنا۔

— فُلَانٌ: غصہ ہونا، برافروختہ ہونا

— العَنْزُ: بکری کا چھینکنا۔

— الظَّبْیُ: ہرن کا بولنا۔

— فُلَانٌ: مبہم بات کرنا۔

نَفِطَ الصَّبِیُّ ـَ نَفَطًا: بچہ کے چیچک نکلنا۔

— یَدُہ: نَفْطًا و نَفِیْطًا و نَفَطًا: سخت کام کرنے سے آبلہ پڑنا۔

اَنْفَطَ العَمَلُ یَدَہ: کام کا ہاتھ میں آبلے ڈال دینا۔

تَنَفَّطَتِ القِدْرُ: ہانڈی کا زور شور سے ابلنا، جھاگ پھینکنا۔

— فُلَانٌ: غصہ سے آگ بگولا ہو جانا۔

— یَدُہ من العَمَلِ: ہاتھ میں آبلہ پڑنا۔

المُتَنَفِّطُ: برافروختہ، غضبناک

المُنَفِّطُ: آبلہ پیدا کرنے والا۔

النَّافِطُ: برہم و غضبناک۔

النَّافِطَةُ: آبلہ (۲) چیچک۔

الیَدُ النَّافِطَةُ: آبلہ پڑا ہوا ہاتھ۔

الرَّغْوَةُ النَّافِطَةُ: بلبلوں والا جھاگ۔

مَالَهُ عَافِطَةٌ و لَا نَافِطَةٌ: اس کے پاس کچھ نہیں ج: نَوَافِطُ

النِّفَاطَةُ: تیل (پٹرول) نکالنے کا پیشہ

النَّفَّاطُ: تیل کے کنویں سے پٹرول نکالنے والا (۲) پٹرول کا تاجر (۳) پٹرول پھینکنے والا ج: نَفَّاطَةٌ و نَفَّاطُوْنَ

النَّفَّاطَةُ: آبلہ (۲) تیل (پٹرول) کی جگہ، پٹرول کا کنواں (۳) پٹرول پھینکنے کا آلہ۔

النِّفْطُ: پٹرول، غیر صاف شدہ پٹرول کا تیل۔
النَّفْطُ: آبلہ۔ واحد: نَفْطَۃ۔
النَّفَطَانُ: غصہ سے نکلنے والی کھانسی نما آواز۔
النُّفَطَۃُ: مشتعل مزاج، جلد غصہ ہو جانے والا۔
النَّفِیطُ: ہاتھ کے آبلہ والا۔
• نَفَعَہُ ـَ نَفْعًا: فائدہ دینا، نفع پہنچانا۔ ھو نَافِعٌ و نَفَّاعٌ۔
اَنْفَعَ: لاٹھیوں کی تجارت کرنا۔
نَفَّعَہُ: بہت نفع پہنچانا۔
اِنْتَفَعَ بِہٖ: فائدہ اٹھانا۔
اِسْتَنْفَعَ فُلَانًا: کسی سے فائدہ حاصل کرنا، نفع طلب کرنا۔
المَنْفَعَۃُ: فائدہ، نفع ج: مَنَافِع۔
مَنَافِعُ الدَّارِ: عام ضروریاتِ خانہ اور مشترکہ فوائد کی چیزیں جیسے باورچی خانہ، غسل خانہ و بیت الخلاء وغیرہ۔
المَنَافِعُ العَامَّۃُ: عام لوگوں کی مشترکہ ضروریات و منفعت کی چیزیں جیسے بجلی پانی سڑکیں وغیرہ۔
المَنْفَعَۃُ الذَّاتِیَّۃُ: شخصی فائدہ
المَنْفَعِیُّ: نفع خور، خود غرض۔
النَّافِعُ: باری تعالٰی کے ناموں میں سے ایک نام (۲) سودمند، نفع بخش
النَّافِعَۃُ: فائدہ، نفع: ما تَنْفَعُنِی فُلَانٌ بِنَافِعَۃٍ۔
النَّفَاعُ: فائدہ، منفعت۔
النَّفْعُ: نفع، فائدہ، ذریعۂ کامیابی
النَّفْعَۃُ: لاٹھی ج: نَفَعَات۔
النَّفْعِیُّ: مفاد پرست، خود غرض۔
النَّفْعِیَّۃُ: مفاد پرستی، خود غرضی۔

• نَفَّ الاَرْضَ ـُ نَفًّا: زمین میں بیج ڈالنا، بونا۔
—السَّوِیقَ وَنَحْوَہُ ـُ نَفًّا: ستو پھانکنا۔
نَفَّ ـِ نَفًّا: ناک کی ریزش نکالنا
النُّفِّیُّ: ستو چھان نے کا کپڑا وغیرہ ج: نَفَانِیُّ۔
النَّفِیفُ: ستو وغیرہ کی پھنکی۔
• نَفَقَ الشَّیْءُ ـُ نَفْقًا: ختم ہو جانا کہتے ہیں: نَفَقَ الزَّادُ و نَفَقَتِ الدَّرَاھِمُ۔
—الیَرْبُوعُ: جنگلی چوہے کا اپنے سوراخ سے نکلنا۔
—الدَّابَّۃُ نُفُوقًا: مرنا۔
—الجُرْحُ: زخم کا چھل جانا۔
—البِضَاعَۃُ نَفَاقًا: سامان کا اٹھاؤ ہونا، مانگ ہونا، بکری ہونا
نَفِقَتِ المَرْأَۃُ: عورت سے منگنی کے طلب گار بہت ہونا۔
اَنْفَقَ فُلَانٌ: غریب و مفلس ہو جانا
—التَّاجِرُ: تاجر کا کاروبار بڑھنا
—الاِبِلُ: مٹاپے سے اونٹوں کی اون پھیل جانا۔
—المَالَ وَنَحْوَہُ: مال وغیرہ خرچ کرنا، سب ختم کر دینا، فنا کر دینا۔
نَافَقَ الیَرْبُوعُ: جنگلی چوہے کا اپنے سوراخ میں داخل ہونا۔
—فُلَانٌ: نفاق برتنا، منافقت کرنا، دورخی بات کرنا، دل کے خلاف بات ظاہر کرنا۔
نَفَّقَ السِّلْعَۃَ: سامان کو فروغ دینا، بازار میں فروختگی کے لئے لانا۔
اِسْتَنْفَقَ الشَّیْءَ: خرچ کر ڈالنا۔
—المَالَ عَلٰی عِیَالِہٖ: اپنے بال بچوں پر مال خرچ کرنا۔
الاِنْفَاقُ: خیر کے کام میں مال کا خرچ (۲) فقر و افلاس۔ قرآن پاک میں ہے: "قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِکُوْنَ خَزَائِنَ رَحْمَۃِ رَبِّیْ اِذًا لَّاَمْسَکْتُمْ خَشْیَۃَ الاِنْفَاقِ"، تم کہدو کہ اگر تم لوگ میرے رب کی رحمت کے خزانوں کے بھی مالک ہوتے تو بھی غربت کے ڈر سے خرچ کرنے سے ہاتھ روک لیتے۔
المُنَافِقُ: دل میں کفر چھپانے اور زبان سے ایمان ظاہر کرنے والا (۲) دشمنی چھپا کر دوستی جتانے والا (۳) باطن کے خلاف اظہار کرنے والا، دورخا، دوہرا رویہ رکھنے والا۔
المِنْفَاقُ: بہت خرچیلا۔
المُنَفَّقُ: (من السَّرَاوِیل) پاجامہ کا نیفہ (جس میں کمر بند ڈالتے ہیں)
المَنْفَقَۃُ: سببِ نفاق (۲) سامان کی مقبولیت کا سبب۔ حُسْنُ الاِعلان مَنْفَقَۃٌ لِلسِّلْعَۃِ: بہتر اشتہار سامان کے فروغ کا سبب ہوتا ہے۔
النَّافِقَاءُ: جنگلی چوہے کے سوراخوں میں سے ایک (وہ ایک کو چھپاتا ہے اور دوسرے کو ظاہر کرتا ہے۔ اسی سے نفاق کو نفاق کہا گیا)۔ ج: نَوَافِق۔
النَّافِقُ: چلتا ہوا۔ سُوقٌ نَافِقَۃٌ چلتا ہوا بازار (ضد: کاسدۃ) سِلْعَۃٌ نَافِقَۃٌ: بازار میں چالو سامان۔
النَّفَاقُ: بازار کا چلن، سامان کا اٹھاؤ، مانگ، مقبولیت۔
النِّفَاقُ: ظاہر و باطن۔

النَّفَقُ: زمین یا پہاڑ کی سرنگ، ج: أَنْفَاقٌ۔
النَّفِقُ: جلد ختم اور منقطع ہو جانے والا۔ طَعَامٌ نَفِقٌ: جلد ختم ہو جانے والا کھانا۔ فَرَسٌ نَفِقُ الْجَرْيِ: دوڑ کر جلد رک جانے والا گھوڑا۔
النُّفُقُ: (من النِّسَاءِ) خاوندوں میں مقبول و پسندیدہ عورتیں۔
النَّفَقَةُ: خرچ، خرچ کی جانے والی مال کی مقدار (۲) توشہ، زادِ راہ (۳) خاوند پر عورت کا واجب الادا خرچ جیسے کھانا، کپڑا، رہائش نقد اور بچوں کی پرورش ج: نَفَقَاتٌ و نِفَاقٌ۔
النَّفَقَةُ الثَّابِتَةُ: مستقل خرچ۔
النَّيْفَقُ: پائجامہ کا نیفہ یا پائجامہ کا رومال (دونوں رانوں کے درمیان ڈھیلا کپڑا)
•نَفَلَ الرَّجُلُ ـُ نَفْلاً: قسم کھانا۔
ـــ فُلَانًا: کسی کو حق یا حصہ سے زائد عطیہ دینا۔ جیسے: نَفَلَ الْقَائِدُ الْجُنْدَ: کمانڈر کا فوجیوں کو مال غنیمت دینا (۲) تحفہ یا عطیہ دینا۔
أَنْفَلَ فُلَانٌ: اونٹوں کے لئے ببول کا درخت کاٹنا۔
ـــ لَهُ: کسی کے لئے قسم کھانا۔
ـــ فُلَانًا: زائد حصہ دینا۔
نَفَّلَ عن صَاحِبِهِ: دفاع کرنا، حمایت کرنا۔
ـــ فُلَانًا: حصہ سے بہت زیادہ دینا (۲) عطیہ یا تحفہ دینا۔ نَفِّلُوا كَبِيرَكُمْ: اپنے بڑے کو اس کے حصہ سے زائد دو (۳) قسم کھلانا حلف اٹھوانا۔
اِنْتَفَلَ من الأَمْرِ: کنارہ کش ہونا، بری الذمہ ہونا۔
ـــ الشَّيْءَ منه: طلب کرنا۔
تَنَفَّلَ الْمُصَلِّي: نوافل (فرائض سے زائد نمازیں) پڑھنا۔
ـــ علی أَصْحَابِهِ: حق سے زائد حصہ لینے میں اپنے ساتھیوں سے بڑھ جانا (۲) عطیہ اور بخشش حاصل کرنے میں ساتھیوں سے بڑھ جانا
النَّافِلَةُ: حق یا مقررہ حصہ یا فرض سے زائد چیز (۲) نفل نماز۔ هو يُصَلِّي النَّافِلَةَ: وہ فرض کے علاوہ نفل نماز پڑھتا ہے۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمِنَ اللَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهِ نَافِلَةً لَكَ" (۳) مال غنیمت (۴) عطیہ، بخشش (۵) پوتا، بعض مفسرین نے آیت: وَوَهَبْنَا لَهُ إِسْحٰقَ وَيَعْقُوبَ نَافِلَةً میں نافلہ سے مراد پوتا لیا ہے۔ ج: نَوَافِل۔
النَّفْلُ: شرعًا فرض و واجب کے علاوہ عمل یا نماز (۲) ٹھنڈک سردی۔
النَّفَلُ: مال غنیمت (۲) عطیہ، بخشش، تحفہ ج: أَنْفَالٌ (۳) ایک قسم کا خوشبو دار پودا۔
النُّفَلُ: قمری مہینہ کی چوتھی، پانچویں اور چھٹی راتیں۔
النَّوْفَلُ: سمندر۔ رَجُلٌ نَوْفَلٌ: فیاض و سخی آدمی (۲) خوبصورت جوان
•النَّفْنَافُ: دو پہاڑوں کے درمیان کا کھڈ (گہرا حصہ) (۲) دور۔
النَّفْنَفُ: ہوا (۲) جنگل بیابان۔
قَطَعْتُ نَفْنَفًا من الأَرْضِ: میں نے دور دراز علاقہ کا سفر کیا (۳) زمین اور بلند جگہ کے درمیان کی گہرائی۔ بِئْرٌ بَعِيدَةُ النَّفْنَفِ: گہرا کنواں (جس کی من اور تل میں کافی فاصلہ ہو) ج: نَفَانِفُ۔
نَفَانِفُ الدَّارِ: اطرافِ خانہ، گرد و پیش۔
•نَفِهَ ـَ نُفُوهًا: بزدل اور کمزور ہونا۔ هو نَافِهٌ ج: نُفَّهٌ و هو مَنْفُوهٌ ج: مَنْفُوهُونَ
ـــ الحَيَوَانُ: جانور کا سرکشی کے بعد سدھ جانا، قابو میں ہو جانا۔
نَفِهَتْ نَفْسُ فُلَانٍ ـَ نَفَهًا: تھکا ماندہ ہونا، طبیعت کا سست و اکتایا ہوا ہونا۔ هو نَافِهٌ ج: نُفَّهٌ۔
أَنْفَهَ لِفُلَانٍ من مَالِهِ: کسی کو اپنے مال میں سے تھوڑا سا دینا۔
ـــ الدَّابَّةَ: جانور کو تھکا دینا۔
نَفَّهَ الدَّابَّةَ: أَنْفَهَهَا۔
اِسْتَنْفَهَ فُلَانٌ: آرام کرنا۔
نَفَاهُ ـُ نَفْوًا: برطرف کرنا، دور کرنا۔
•نَفَى الشَّيْءَ ـِ نَفْيًا: ہٹانا، دور کرنا، برطرف کرنا۔
ـــ الحَاكِمُ فُلَانًا: جلاوطن کرنا، شہر یا ملک سے نکال دینا۔
ـــ الحَصَى عن الطَّرِيقِ: راستہ سے کنکریاں ہٹانا۔
ـــ السَّيْلُ الغُثَاءَ: سیلاب کا کوڑا کرکٹ بہا لے جانا۔
ـــ النَّفْيَ: انکار کرنا، تردید کرنا، برارت ظاہر کرنا (۲) تسلیم نہ کرنا
ـــ الفِعْلَ: فعل کی نفی کرنا۔
نَفَتِ السَّحَابَةُ مَاءَهَا: بادل

کا پانی برسانا۔
نَفَتِ الرِّيحُ التُّرَابَ نَفْيًا و نَفَيَانًا: ہوا کا مٹی اڑانا۔
—التُّهْمَةَ عن نَفْسِه: اپنی صفائی کرنا، الزام کی تردید کرنا۔
نَافَاهُ: کسی بات کے منافی ہونا، برعکس ہونا، برخلاف ہونا۔ هذه القَضِيَّةُ تُنَافِي تلك۔
اِنْتَفَى: دور ہونا، ہٹنا۔ نَفَاهُ فَانْتَفَى: اسے ہٹایا تو وہ ہٹ گیا۔
—الرَّجُلُ: جلاوطن کر دیا جانا، شہر یا ملک سے باہر نکال دیا جانا
—شَعْرُهُ: بال جھڑنا، گرنا۔
—الشَّجَرُ من الوَادِي: وادی کے درخت ختم ہو جانا یا کٹ جانا۔
—من الشَّيْءِ: بچ نکلنا، بری الذمہ ہو جانا۔
—الشيءُ: زائل ہونا، انکار ہو جانا، باقی نہ رہنا، منتفی ہو جانا۔
—الفِعْلُ: فعل کی نفی ہونا۔
تَنَافَتِ الأَحْكَامُ أو الآرَاءُ: احکام و آراء میں اختلاف و تعارض ہونا، ایک دوسرے کے برعکس ہونا۔
التَّنَافِي: تعارض، تضاد۔
المُتَنَافِي مع شيءٍ: بے جوڑ۔
المُنَافَاةُ: تعارض، اختلاف۔
المُنَافَاةُ للشيءِ: کسی چیز کے منافی ہونا۔
المَنْفَى: جلاوطنی کا مقام ج: مَنَافٍ۔
المُنَافِي: برعکس، مخالف۔
النَّافِي: منکر، تردید کنندہ۔
النُّفَايَةُ: پھینکنے کے قابل خراب چیز (۲) باقی ماندہ چیز۔
نُفَايَةُ المَطَرِ: بارش کی بوچھاڑ۔
نُفَايَاتُ القَوْمِ: معمولی اور گھٹیا لوگ

النَّفْيُ: (ایجاب واثبات کی ضد) انکار (۲) تردید (۳) نفی (۴) جلاوطنی۔ أَدَوَاتُ النَّفْيِ: علم النحو میں ان کلمات کو کہتے ہیں جو خبر کے عدم وقوع پر دلالت کرتے ہیں۔ جیسے: لَا، ما، لم، ان، لَيْسَ، غَيْر۔
عُقُوبَةُ النَّفْيِ: جلاوطنی کی سزا۔
النَّفَيَانُ: بادل کا برسایا ہوا پانی (۲) سیلاب کا پھیلا ہوا پانی۔
النُّفْيَةُ: کھجور کے پتوں کا دسترخوان جس پر گوشت اور پنیر وغیرہ کو دھوپ میں سکھاتے ہیں۔
النُّفْيَةُ: باقیماندہ چیز (۲) ردی چیز جو پھینک دی جائے ج: نُفًى
النَّفِيُّ: ردی، پھینکی ہوئی چیز (۲) جلاوطن کیا ہوا (۳) انکار کیا ہوا (۴) مثبت کی ضد منفی۔
نَفِيُّ الرِّيحِ: دیواروں کی جڑوں میں ہوا سے اڑ کر جمع ہونے والی مٹی۔
نَفِيُّ المَطَرِ: بارش کی بوچھاڑ۔
نَفِيُّ الرَّحَى: چکی کا باہر پھینکا ہوا آٹا۔
نَفِيُّ القِدْرِ: ہانڈی کے نکلے ہوئے جھاگ۔
نَفِيُّ الجَيْشِ: لشکر سے ایک طرف ہو جانے والے کچھ لوگ۔
فُلَانٌ نَفِيٌّ: نامعلوم النسب، جس کے بیٹا ہونے کا باپ انکار کرے۔
أَتَانِي نَفِيُّكُم: تمہاری دھمکی ہمیں پہنچی۔

ن — ق

نَقَبَ فُلَانٌ فی الأَرْضِ ـُ نَقْبًا: جانا، گھومنا، سفر کرنا۔
—عن الشَّيْءِ: کھوج لگانا، تلاش کرنا۔
—الجِلْدَ والجِدَارَ ونحوهما: کھال یا دیوار میں سوراخ کرنا۔ نَقَبَتِ النَّكْبَةُ فُلَانًا: فلاں پر زبردست آفت آئی۔
—الثَّوْبَ: کپڑے کا بغیر پائچوں کے ڈھیلا پاجامہ بنانا۔
نَقِبَ الشَّيْءُ ـَ نَقَبًا: پھٹنا، دھجیاں اور چیتھڑے ہو جانا۔
—البَعِيرُ: اونٹ کا تلے گھسے ہوئے کھروں والا ہونا۔
نَقُبَ عَلَى القَوْمِ ـُ نَقَابَةً: قوم کی نگرانی کرنا، ان کا محافظ ہونا۔
نَافَبَ فُلَانًا نِقَابًا ومُنَاقَبَةً: کسی کے آمنے سامنے ہونا، روبرو ہونا (۲) اچانک (بلا تعین وقت) ملاقات ہو جانا۔ لَقِيتُهُ نِقَابًا: میری اس سے اچانک ملاقات ہو گئی (۲) اپنی خاندانی خوبیوں پر کسی کے سامنے فخر کرنا۔ کہتے ہیں: نَاقَبَهُ فَنَقَبَهُ: اس سے خوبیوں میں مقابلہ کیا تو اس پر غالب آ گیا۔
نَقَّبَ: بہت کھود کرید کرنا، تلاش و جستجو کرنا۔
—فی البِلَادِ: ملک یا شہروں میں خوب گھومنا پھرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَنَقَّبُوا فِي الْبِلَادِ هَلْ مِن مَّحِيصٍ"، وہ ملکوں میں گھومے تو کیا ان کو کوئی جائے فرار

ملی؟ (نہیں ملی)۔
نَقَّبَ عن الشئ: کسی چیز کی خوب تحقیق اور چھان بین کرنا۔
انتقبت المرأۃُ: نقاب اوڑھنا۔
تَنَقَّبَت المَرْأَۃُ: عورت کا نقاب اوڑھنا۔
التَّنْقِیبُ: تلاش وجستجو، کھوج، کھود کرید، تحقیق۔
المَنْقَبُ: پہاڑ کا تنگ راستہ، درّہ (۲) تلاش وکرید کی جگہ۔
المِنْقَبُ: دیوار میں نقب لگانے یا کھال میں سوراخ کرنے کا اوزار (۲) نشتر۔
رَجُلٌ مِنْقَبٌ: کھود کرید کا عادی یا ماہر، متلاشی، محقق، ہر بات کی کرید کرنے والا۔
المَنْقَبَۃُ: دو گھروں کے درمیان ناقابلِ گزر تنگ راستہ (۲) خاندانی خوبی عمدہ اخلاق واوصاف (۳) شریفانہ فعل ج: مَنَاقِبُ۔
المِنْقَبَۃُ: المِنْقَبُ۔
النَّاقِبُ: نقب زن (۲) تلاش کنندہ۔
النَّاقِبَۃُ: پہلو کا پھوڑا یا ناسور۔
النِّقَابُ: ذہین ومحقق عالم (۲) عورت کا نقاب (جو چہرہ ڈھانکنے کے لئے ناک کی پھنگی پر رہتا ہے)۔ ج: نُقُبٌ (۳) پیٹ۔ کہتے ہیں: هما فَرْخَانِ فی نِقَابٍ: وہ ایک شکل کے دو جوڑے ہیں۔
النِّقَابَۃُ: نگرانی، دیکھ بھال، (۲) منصبِ نقیب (محافظِ جماعت یا صدر) (۳) کسی مخصوص جماعت کے امور کی دیکھ بھال اور اس کے انتظام کے لئے منتخب ہیئت اجتماعی، جیسے وکلاء یا انجینیروں یا طبیبوں وغیرہ کی جماعت، انجمن، یونین، ایسوسی ایشن۔
النِّقَابِیُّ: یونین سے متعلق۔
النَّقَّابُ: بڑا کھوجی، بڑا محقق (۲) کان کن (زمین میں کان نکالنے والا)۔
النَّقْبُ: کھال یا دیوار وغیرہ میں کیا ہوا سوراخ ج: أَنْقَابٌ و نِقَابٌ۔
النُّقْبَۃُ: بغیر پائچوں کا پاجامہ، غرارہ نما عورتوں کے پہننے کا کپڑا (۲) کھجلی ج: نُقَبٌ۔ کہتے ہیں: هو يَضَعُ الهِنَاءَ مَوَاضِعَ النُّقَبِ۔ (وہ قطران خارش کی جگہوں پر لگاتا ہے) وہ ماہر اور تجربہ کار ہے (۳) زنگ وغیرہ کا اثر۔ جَلَوْتُ سَيْفِی مِن نُقْبَتِهِ: میں نے تلوار سے زنگ کا اثر (نشان) صاف کر دیا۔ إِنَّ عَلَيه نُقْبَةً مِن سَوَادٍ: اس پر سیاہی کا نشان ہے۔ فُلانٌ حَسَنُ النُّقْبَةِ: فلاں خوش رنگ اور خوب رو ہے۔
النِّقْبَۃُ: نقاب کی ہیئت، نقاب ڈالنے کا طرز وانداز ج: نِقَبٌ۔
النَّقِيبُ: بانسری (۲) ترانہ ورکی زبان (۳) صدرِ یونین، محافظ ونگراں، افسرِ اعلیٰ (۴) فوج کا کیپٹن (۵) چودھری، قبیلہ کا ذمہ دار سردار۔ قرآن پاک میں ہے: "وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيبًا"۔ ج: نُقَبَاءُ۔
نَقِيبُ الأَشْرَافِ: سرداروں کی یونین کا صدر۔
نَقِيبُ الكُلِّيَّةِ أو الجَامِعَةِ: ڈین (صدر شعبہ)۔
نَقِيبُ المُحَامِينَ: صدر انجمن وکلاء۔
النَّقِيبَۃُ: طبیعت، مزاج (۲) مشورہ هو مَيْمُونُ النَّقِيبَةِ: اس کا مشورہ مبارک ہوتا ہے (۳) رائے۔ مَا لَهُ نَقِيبَةٌ: اس میں قوت رائے نہیں، کوئی رائے نہیں (۴) عقل (۵) روح، جان۔
• نَقَثَ العَظْمَ ـُ نَقْثًا: ہڈی کو گودے سے الگ کرنا۔
• نَقَثَ فُلانٌ فی السیر نَقْثًا: تیز چلنا۔
ـــ فی الأَمْرِ: کام میں عجلت کرنا، تیزی سے انجام دینا۔
ـــ عن الشَّئِ: کوئی چیز کھود کر نکالنا۔
ـــ الأَرْضَ: زمین کو کدال وغیرہ سے کریدنا۔
ـــ العَظْمَ: ہڈی کا گودا نکالنا۔
نَقَّثَ فُلانٌ فی السیر او الأمرِ: چلنے یا کام میں جلدی کرنا۔
ـــ الشَّئَ: منتقل کرنا۔
انْتَقَثَ: نَقَثَ۔
ـــ العَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
ـــ الشَّئَ المَدْفُونَ: دبی ہوئی چیز نکالنے کے لئے زمین کھودنا۔
ـــ فُلانًا بالکلامِ: کسی کو باتوں سے تکلیف پہنچانا۔
تَنَقَّثَ فُلانٌ فی السَّيْرِ او الأَمْرِ: نَقَثَ۔
ـــ فُلانًا: اپنی طرف مائل کرنا، اپنا ہمدرد بنانا، کسی سے رحم وشفقت چاہنا۔
ـــ ضَيْعَتَهُ: جائداد کی نگرانی کرنا۔
نَقَاثِ: بجو کا نام۔
النَّقَّثُ: چغلخوری۔

• نَقَحَ الشَّيْءَ ـَ نَقْحًا: صاف کرنا، خراب چیز کو عمدہ چیزوں سے الگ کرنا
ـــ العَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
ـــ العُودَ: شاخ کو چھیل کر صاف کرنا لکڑی کو چھیلنا۔
ـــ الجِذْعَ: تنہ کو گانٹھیں نکال کر صاف و ہموار کرنا۔
ـــ الکَلَامَ او الکِتَابَ: کلام یا کتاب کو درست کرنا، اغلاط و نقائص دور کرنا، صاف ستھرا کرنا
نَاقَحَهُ: مقابلہ کرنا، سامنا کرنا۔
نَقَّحَ: خوب صاف کرنا۔
ـــ الکلامَ او الکتابَ: اصلاح کرنا، درست کرنا، نکھارنا، منقح کرنا، زوائد و نقائص سے پاک کرنا۔
نَقَّحَتْهُ السِّنُونَ: مرور زمانہ کا کسی کو کمزور کر دینا۔
اِنْتَقَحَ العَظْمَ: ہڈی کا گودا نکالنا۔
تَنَقَّحَ شَحْمُ النَّاقَةِ: اونٹنی کی چربی کم ہونا۔
التَّنْقِيحُ: وضاحت و اصلاح، نکھار۔
المُنَقَّحُ: مہذب، صاف ستھرا (۲) درست اصلاح کردہ۔ رَجُلٌ مُنَقَّحٌ: تجربہ کار آدمی۔ طَبْعَةٌ مِنَ الکِتَابِ مُنَقَّحَةٌ: کتاب کا تنقیح شدہ اڈیشن۔
النُّقَحُ: موسم گرما کا سفید بادل۔
النِّقْحُ: تجربہ کار عالم۔ اِنَّهُ لَنِقْحٌ: وہ واقعی تجربہ کار عالم ہے۔
النَّقَحُ: خالص اور صاف ریت۔
• نَقَخَ رَأْسَهُ بِالعَصَا ـَ نَقْخًا: سر پر لاٹھی مارنا۔
ـــ المُخَّ مِنَ العَظْمِ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
ـــ المَاءُ العَطَشَ: پانی کا پیاس کو ختم کرنا۔
اِنْتَقَخَ المُخَّ مِنَ العَظْمِ: گودا نکالنا۔
الاَنْقَخُ: کم زور دماغ، کم عقل۔
ظَلِيمٌ اَنْقَخُ: کم عقل شترمرغ (نر)۔
النُّقَاخُ: ہر خالص چیز، خلاصہ، جوہر (۲) خالص و شیریں پانی (۳) ایسی جگہ سے نکالا ہوا بہت پانی جہاں اس کا وجود نہ ہو (۴) سکون و اطمینان کی نیند۔
النِّقْنِخَةُ: مٹاپے سے بھاری قدم اٹھا کر چلنے والی عورت۔
النُّقَّاخُ: گدی کا اگلا حصہ۔
• نَقَدَ الشَّيْءَ ـُ نَقْدًا: پرکھنا، کسی چیز پر مار کر کھرا کھوٹا جاننا۔
ـــ الطَّائِرُ الفَخَّ: پرندے کا پھندے میں چونچ مارنا۔
ـــ رَأْسَهُ بِالاِصْبَعِ: سر پر انگلی مارنا۔
ـــ الدَّرَاهِمَ وَنَحْوَهَا نَقْدًا وَتَنْقَادًا: درہم وغیرہ کی جانچ کرنا، پرکھنا۔
ـــ النَّثْرَ او الشِّعْرَ: نثر و نظم پر تنقید کرنا (عیوب و محاسن بیان کرنا)
ـــ النَّاسَ: لوگوں پر تنقید کرنا، ان کے عیوب ظاہر کرنا، غیبت کرنا، نکتہ چینی کرنا۔
ـــ الحَيَّةُ فُلَانًا: سانپ کا ڈسنا
ـــ الشَّيْءَ وَاِلَيْهِ بِبَصَرِهِ نُقُودًا: کسی چیز کو چوری سے دیکھنا کہ کسی کو علم نہ ہو، نظر بچا کر دیکھنا۔
ـــ فُلَانًا الدَّرَاهِمَ نَقْدًا وَتَنْقَادًا: درہم یا کوئی سکہ دینا
نَقَدَ فُلَانًا الثَّمَنَ، وَلَهُ الثَّمَنَ: کسی کو نقد (ہاتھ کے ہاتھ) قیمت دینا۔
نَقِدَ الشَّيْءُ ـَ نَقَدًا: خراب ہو جانا۔
ـــ الضِّرْسُ او القَرْنُ: ڈاڑھ یا سینگ کا ٹوٹ جانا، کھوکھلا ہو کر جھڑنا۔
ـــ الحَافِرُ: کھر کا چھل جانا۔
ـــ الجِذْعُ: تنہ کو دیمک لگنا۔
هُوَ نَقِدٌ وَنَقَدٌ۔
اَنْقَدَ الشَّجَرُ: درخت پر پتے اگنا
نَاقَدَهُ: کسی سے بحث کرنا، جھگڑنا
اِنْتَقَدَ الوَلَدُ: جوان ہونا۔
ـــ الدَّرَاهِمَ: وصول کرنا (۲) پرکھ کر کھوٹے (سکے) نکال دینا، اچھے لے لینا۔
ـــ الشِّعْرَ عَلَى قَائِلِهِ: شاعر کے شعر میں عیب نکالنا، تنقید کرنا۔
ـــ فُلَانًا او کَلَامًا: تنقید کرنا، نکتہ چینی کرنا، آوازہ کسنا، عیوب ظاہر کرنا۔
ـــ الاَرْضُ الجِذْعَ: درخت کے تنہ کو دیمک کا کھوکھلا کر دینا۔
تَنَاقَدَ وَتَنَقَّدَ الدَّرَاهِمَ وَغَيْرَهَا: درہم اور سکوں کو پرکھنا۔
الاَنْقَدُ: کچھوا (۲) سیہی۔ کہاوت ہے: هُوَ اَسْرَى مِنْ اَنْقَدَ: وہ سیہی سے زیادہ رات کو چلتا ہے (سیہی رات بھر نہیں سوتا) اسی طرح کہتے ہیں: بَاتَ بِلَيْلِ اَنْقَدَ: وہ بالکل نہیں سویا۔
الاِنْقِدَانُ: کچھوا۔
الاِنْتِقَادُ: تنقید، نکتہ چینی، اعتراض۔
المِنْقَادُ: چونچ۔

المِنْقَدَةُ : اخروٹ توڑنے کا آلہ (۲) اخروٹ توڑ کر ڈالنے کی تھلیا ج: مَنَاقِدُ۔
النَّاقِدُ : نکتہ چیں، تنقید کنندہ، معترض (۲) جانچ پڑتال کرنے والا، پرکھنے والا ج: نُقَّاد و نَقَدَةٌ۔
النَّاقِدُ الفَنِّيُّ : فنی نقاد۔
النَّقْدُ : نقد (خلاف النَّسِيئَة : ادھار) (۲) کرنسی، سکہ، رقم، روپیہ پیسہ۔ نَقْدٌ جَيِّدٌ کھرا سکہ۔ نَقْدٌ زَيْفٌ : کھوٹا سکہ ج: نُقُودٌ (۳) تنقید (۴) نکتہ چینی (۵) فن تنقید جس کے ذریعہ کلام کے حسن و قبح کو معلوم کیا جاتا ہے۔
النَّقْدُ البَنَّاءُ : تعمیری تنقید۔
النَّقْدُ البَرِيءُ : صالح تنقید۔
النَّقْدُ الجَارِحُ : جارحانہ تنقید۔
النَّقْدُ اللاذع : چبھتی ہوئی تنقید۔
النَّقْدُ الصَّغِيرُ : چھوٹا سکہ۔
النَّقْدُ المُتَدَاوِلُ : سکہ رائج الوقت
النَّقْدُ المُسْتَخْدَم : رائج سکہ۔
النَّقْدُ الأَجْنَبِيُّ : غیر ملکی کرنسی۔
وَرَقُ النَّقْدِ : کرنسی نوٹ۔
النِّقْدُ : کم گوشت جسم کا دیر سے جوان ہونے والا، کم اٹھان والا۔
النَّقَدُ : ایک جنگلی درخت جس پر زرد پھول آتے ہیں (۲) چھوٹی بھیڑ بکریاں، بدشکل اور چھوٹے پاؤں والی بھیڑ بکریاں جو بحرین میں ہوتی ہیں۔ واحد: نَقَدَةٌ ج: نِقادٌ و نِقَادَةٌ (۳) نچلے درجہ کے لوگ۔
النِّقْدَةُ : دیکھئے: کَرَوِیَا۔
النَّقَّادُ : سکوں کی جانچ پڑتال کرنیوالا (۲) زبردست ناقد، بڑا معترض بڑا نکتہ چیں (۳) ماہر فن تنقید، بکریوں کا چرواہا یا مالک۔

• نَقِذَ ـ نَقَذًا : نجات پانا، چھٹکارا پانا، جان بچنا۔ أَنْقَذْتُهُ فَنَقِذَ : میں نے اس کی جان بچائی وہ بچ گیا۔
أَنْقَذَهُ : جان بچانا، چھڑانا، نجات دلانا، چھٹکارا دلانا۔
ـــ الشَّيءَ منه : کسی کے قبضہ سے کوئی چیز چھڑا لینا۔
ـــ الأَزْمَةَ و نحوها : بحران وغیرہ ختم کرنا۔
ـــ سُمْعَةَ فُلَانٍ : کسی کی لاج رکھنا۔
ـــ المَوْقِفَ : پوزیشن بچانا، سنبھالنا صورت حال سے نمٹنا، معاملہ سلجھانا۔
نَقَّذَهُ : أَنْقَذَهُ۔
تَنَقَّذَهُ : أَنْقَذَهُ۔
ـــ منه الحَدِيثَ : حدیث معلوم کرنا، حاصل کرنا، استخراج کرنا۔
اسْتَنْقَذَهُ : چھڑانا۔ قرآن پاک میں ہے "وَإِنْ يَسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْئًا لَا يَسْتَنْقِذُوهُ مِنْهُ" اگر ان سے مکھی کوئی چیز چھین لے تو وہ اسے اس مکھی سے چھڑا نہیں سکتے۔ (۲) حق وغیرہ حاصل کرنا۔
الإِنْقَاذُ : نجات دہندگی۔
الأَنْقَذُ : سیہی۔
النَّقَذُ : سلامتی، نجات۔ نَقَذًا لك : تم سلامت رہو۔
النَّقَذُ : چھڑائی ہوئی چیز، قبضہ سے نکالی ہوئی چیز۔ فَرَسٌ نَقَذٌ : کسی کے پاس سے لیا ہوا گھوڑا۔
مَالَهُ شَقَذٌ ولا نَقَذٌ : اس کے پاس کچھ نہیں۔
النَّقِيذُ : دشمن کے قبضہ سے چھڑایا ہوا مال ج: نَقَائِذُ۔
النَّقِيذَةُ : النَّقِيذُ۔ هو نَقِيذَةُ بُؤْسٍ : اسے پریشانی سے بچایا گیا ہے۔ (۲) زرہ ج: نَقَائِذُ۔

• نَقَرَ عن الأَمْرِ ـ نَقْرًا : کسی بات کی تحقیق و جستجو کرنا۔
ـــ فِي الحَجَرِ : پتھر پر لکھنا، حروف کندہ کرنا۔
ـــ فِي صَلَاتِهِ : نماز میں جلدی کرنا، ہلکا اور مختصر کرنا۔ حدیث میں ہے: "أَنَّهُ صلى الله عليه وسلم نَهَى عن نَقْرَةِ الغُرَابِ" کوے کے ٹھونگ مارنے کی طرح (عجلت کے ساتھ) سجدہ کرنے سے منع فرمایا۔
ـــ بِلِسَانِهِ : آواز نکالنا، منھ سے سیٹی بجانا۔
ـــ بِالدَّابَّةِ : چوپائے کو چلانے کے لئے آواز نکالنا۔
ـــ بِفُلَانٍ : لوگوں کے درمیان سے کسی کو آواز دے کر بلانا۔
ـــ فِي الصُّورِ : بگل بجانا، نفیری بجانا، صور پھونکنا۔ قرآن پاک میں ہے، فَإِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُورِ (ناقور: صور)۔
ـــ الشَّيءَ بِالشَّيءِ : ایک شے کو دوسری پر مارنا، چوٹ لگانا، کھٹکھٹانا۔ جیسے: نَقَرَ رَأْسَهُ بِإِصْبَعِهِ : اس کے سر پر انگلی سے چوٹ لگائی، ٹھونگ ماری۔

نَقَرَ الدُّفَّ والعُودَ : ڈھول یا سارنگی بجانا۔
— السَّهْمُ الهَدَفَ : تیر کا نشانہ پہ لگ کر رک جانا (پار نہ ہونا)
— الطَّائِرُ الحَبَّ : پرندے کا دانے چگنا (چونچ سے اٹھانا)۔
— شَيْئًا من الطَّعامِ : انگلی سے کھانے کی چیز اٹھانا۔
— الشَّئَ : کدال یا چھینی سے کھودنا (۲) چونچ سے کھودنا۔
— النَّقَّارُ الخَشَبَ : چوب تراش کا لکڑی پر کھدائی کرنا۔
— الخَيْلُ الأرْضَ : گھوڑوں کا زمین پر ٹاپ مارنا (سموں کو مارنا)۔
— فُلانًا : غیبت کرنا، عیب لگانا۔
— الطائِرُ البَيْضَةَ عن الفَرْخِ : بچہ نکالنے کے لئے پرندہ کا انڈے پر چونچ مارنا۔
نَقِرَ فُلانٌ ـَ نَقَرًا : غریب ہوجانا
— الشَّاةُ : بکری کے پیر میں بیماری ہونا۔
— عليه : کسی پر خفا ہونا۔ هو نَقِرٌ وهِيَ نَقِرَةٌ۔
اَنْقَرَ عنه : کسی کو چھوڑ دینا، رک جانا۔ ضَرَبَهُ فَمَا اَنْقَرَ عنه حتى قَتَلَهُ : اس نے اس کی پٹائی کی اور جب تک وہ مر نہیں گیا اس کو نہ چھوڑا۔
نَاقَرَهُ مُنَاقَرَةً و نِقَارًا : کسی سے جھگڑنا اور بار بار بات اٹھانا۔
نَقَّرَ الطَّائِرُ في الموضِعِ : پرندہ کا کسی جگہ کو انڈے دینے کے لئے نرم بنانا۔
— باسمِ فُلانٍ : لوگوں میں کسی خاص آدمی کا نام لے کر پکارنا۔
— الشَّئَ وعنه : کسی چیز کی تلاش و تحقیق کرنا، چھان بین کرنا۔

اُنْتَقَرَ الشَّئَ : حقیر سمجھنا، نگاہ میں نہ لانا۔
— الشَّئَ وعنه : چھان بین کرنا۔
— الشَّئَ : پسند کرنا، منتخب کرنا۔
— في الدَّعْوَةِ إلى الوَلِيمَةِ : دعوت ولیمہ میں مخصوص لوگوں کو بلانا۔
— الرَّجُلَ وبالرَّجُلِ : دعوت میں قبیلہ یا جماعت کے کسی خاص فرد کو بلانا۔
— السَّيْلُ نُقَرًا فاحْتَبَسَتْ فيها الماءُ : سیلاب کا زمین میں پانی سے بھرے ہوئے جگہ جگہ گڑھے چھوڑنا۔
تَنَقَّرَ الشَّئَ : تلاش کرنا، کرید کرنا۔
— علَى الأهْلِ والمَالِ : مال یا اہل خانہ کے لئے بددعا کرنا۔
الأنْقُورُ : گٹھلی کا گڑھا۔
المِنْقَارُ : پرندہ کی چونچ ج: مَنَاقِيرُ (۲) پتھر توڑنے کی ہتھوڑی، پتھر تراشنے کی چھینی (۳) لکڑی میں سوراخ کرنے یا لکڑی چھیلنے کی دستہ دار چھینی (بڑھئیوں کی اصطلاح میں چورسی) (۴) جوتے کی نوک۔
المِنْقَرُ : کدال ج: مَنَاقِرُ۔
المُنْقَرُ : شراب رکھنے کا لکڑی کا پیالہ (۲) سخت زمین میں کھودا ہوا چھوٹا یا تنگ منھ کا کنواں ج: مَنَاقِيرُ (خلاف قیاس)۔
مُنْقَرٌ و مُنْتَقَرُ العَيْنِ : دھنسی ہوئی آنکھوں والا۔
المُنْقِرُ : بہت ترش دودھ۔
النَّاقِرُ : نشانہ پر لگنے والا تیر ج: نَوَاقِرُ۔ اَخْطَأَتْ نَوَاقِرُهُ : اس کے تیر نشانہ خطا کر گئے۔

النَّاقِرَةُ : صحیح دلیل ج: نَوَاقِرُ۔ اَتَتْنِي عنه نَوَاقِرُ : اس کی طرف سے مجھے بری باتیں سننے میں آئیں۔ اَخْطَأَتْ نَوَاقِرُ فُلانٍ : فلاں بدلہ لینے میں ناکام رہا۔
النَّاقُورُ : صور، نرسنگھا یا سینگ نما چیز جس میں پھونک مار کر آواز نکالی جائے۔ بگل۔ نَفَخَ في النَّاقُورِ : بگل بجانا، صور پھونکنا۔ قرآن پاک میں ہے "فَإِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُورِ" ج: نَوَاقِيرُ۔
النُّقَارَةُ : چونچ بھر (دانہ) (۲) پتھر یا لکڑی تراشتے وقت گرنے والے ریزے، پتھر کا چورہ، لکڑی کا برادہ۔ مَا تَرَكَ عِنْدِي نُقَارَةً إلا انْتَقَرَهَا : اس نے میرے پاس جو بھی عمدہ چیز دیکھی اسے لئے بغیر نہیں رہا۔
النِّقَارَةُ : سنگ تراشی، چوب تراشی (۲) نقاشی، پتھر یا لکڑی پر کھدائی کا کام کرنے کا پیشہ۔
النَّقْرُ : زوردار چوٹ (جو کبھی سوراخ بھی کرڈالتی ہے) (۲) چٹکی بجانے کی آواز۔
النُّقْرُ : گٹھلی کا گڑھا۔
النَّقْرُ : غریب و فقیر۔ مَا لَهُ بِمَوْضِعِ كَذَا نَقْرٌ : فلاں جگہ فلاں آدمی کے پاس نہ کنواں ہے نہ پانی۔
النَّقَرُ : کہتے ہیں: اَعُوذُ باللهِ من العَقَرِ والنَّقَرِ : میں کہنہ بیماری اور ضیاع مال سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔
النَّقَرَى : عیب (۲) مذمت (۳) خصوصی دعوت۔ اِنَّ المُولِمَ مِنَّا لَا يَدْعُو النَّقَرَى : ہمارے میں سے کوئی دعوت کرنے والا مخصوص لوگوں ہی

کو مدعو نہیں کرتا۔ (سب کو دعوت دیتا ہے)۔

النَّقْرَۃُ: جھڑپ، تکرار، جھگڑا۔ بَیْنَھُمَا نِقْرَۃٌ: ان دونوں میں جھگڑا ہے۔

النُّقْرَۃُ: زمین وغیرہ میں چھوٹا گول گڑھا نُقْرَۃُ القَفَا: دماغ کے آخر اور گدی سے اوپر کا گڑھا (۲) آنکھ کا گڑھا (۳) پرندوں کے انڈے دینے کی جگہ، گھونسلا ج: نُقَرٌ و نِقَارٌ (۴) سونے اور چاندی کا پگھلا ہوا ٹکڑا ج: نِقَارٌ۔

النُّقَرَۃُ: مویشی کے پیروں کی بیماری۔

النَّقَّارُ: بہت چونچیں یا ٹھونگیں مارنیوالا رَجُلٌ نَقَّارٌ: کھوجی آدمی جو چیزوں کی بہت تحقیق اور چھان بین کرنے کا عادی یا ماہر ہو، محقق (۲) سنگ تراش (پتھروں پر کھدائی کرنے والا)، (۳) چوب تراش (لکڑی پر کھدائی کا کام کرنے والا) (۴) لگاموں اور رکابوں کا نقاش۔

النَّقَّارَۃُ: بڑا ڈھول۔

النَّقِیْرُ: کھدائی کیا ہوا یا تراشا ہوا پتھر یا لکڑی وغیرہ (۲) کھجور کا تنہ جس میں سیڑھیاں تراش کر زینہ کا کام لیتے ہیں (۳) پیالہ نما گڑھا کی ہوئی لکڑی جس میں کھجور کی شراب بنائی جاتی ہے یا بھری جاتی ہے (۴) کھجور کی گٹھلی کا گڑھا (۵) معمولی اور کمزور چیز کے لئے بطور مثل مشہور ہے۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلَا يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا" ان کے ساتھ ذرا بھی ناانصافی نہیں کی جائے گی (۶) غریب و مفلس۔ ج: اَنْقِرَۃٌ۔

النَّقِیْرَۃُ: چھوٹی کشتی۔

• نَقْرَدَ فِی المَکَانِ: لمبا قیام کرنا۔

المُنَقْرِدُ: لمبا قیام کرنے والا۔ مَالَكَ مُنَقْرِدًا: کیا بات ہے تم نے اتنا لمبا قیام کیوں کیا۔

• النِّقْرِسُ: نقرس (پیروں کے جوڑوں کی بیماری جو اکثر انگوٹھے میں ہوتی ہے۔ اس کا نام دَاءُ المُلوک بھی ہے (۲) ہلاکت (۳) بڑی مصیبت ج: نَقَارِسُ۔

النِّقْرِیْسُ: ماہر، راہبر (۲) ہوشیار و حاذق طبیب (۳) عورتوں کے سر میں لگانے کی پھول نما چیز۔

• نَقْرَشَ الشَّیْءَ: کھسوٹنا، خراش لگانا (۲) سجانا (۳) ہلانا (۴) تہ تک پہنچنا، چھان بین کرنا۔

النَّقْرَشَۃُ: سجاوٹ، ٹیپ ٹاپ (۲) احساس خفی۔

• نَقَزَ الظَّبْیُ وغَیْرُہ فی عَدْوِہ ـِـ نَقْزًا و نَقَزَانًا: ہرن کا اچھل کر چھلانگ لگانا۔

ــــ الشَّیْءَ عنہ: دفع کرنا، ہٹانا

اَنْقَزَ فُلانٌ: خراب چیز یا ردی مال چھانٹ کر لینا (۲) صاف وشیریں پانی پینے کا عادی ہونا (۳) نُقَاز کے بیمار مویشی والا ہونا

ــــ عنِ الشَّیْءِ: رکنا، چھوڑنا۔

ــــ عَدُوَّہُ: دشمن کو تیزی سے مار ڈالنا۔

نَقَّزَہُ: اچھالنا، کدانا، نچانا۔ نَقَّزَتِ المَرْأَۃُ صَبِیَّھَا۔

اِنْتَقَزَتِ المَاشِیَۃُ: مویشی کو نقاز کی بیماری ہونا۔

ــــ لِفُلانٍ مَالَہُ: کسی کو ردی مال چھانٹ کر دینا۔

المَنْقُوْزُ: نُقَاز کا مریض۔

النَّاقِزُ: معمولی، گھٹیا۔ عَطَاءٌ نَاقِزٌ و دُوْنَاقِزٍ: گھٹیا قسم کا عطیہ۔

النَّاقِزَۃُ: چوپائے کی ایک ٹانگ ج: نَوَاقِزُ۔

النُّقَازُ: طاعون کی طرح جانوروں کو لگنے والی مہلک بیماری۔

النَّقَزُ: گھٹیا لوگ، گھٹیا مال۔ اَعْطَاہُ من نَقَزِ المَالِ: اسے گھٹیا مال دیا (۲) لقب۔

النَّقْزُ: صاف وشیریں پانی۔

النُّقْزُ: صاف وشیریں پانی (۲) کنواں۔

النُّقَّازُ: چڑیا، چھوٹی چڑیا ج: نَقَاقِیْزُ۔

• نَقَسَ النَّاقُوْسَ ـُـ نَقْسًا: ناقوس (سنکھ یا گھنٹے) کا بجنا۔

ــــ فُلانٌ: سنکھ (ناقوس) بجانا۔ نَقَسَ بالنَّاقُوْسِ۔

ــــ الشَّرَابُ: مشروب کا کھٹا ہونا۔

ــــ بَیْنَ القَوْمِ: لوگوں میں فساد کرانا

ــــ فُلانًا: عیب لگانا، مطعون کرنا۔

نَاقَسَہُ: کسی کی عیب گیری کرنا، عیوب ونقائص نکالنا۔ بَیْنَھُمَا مُنَافَسَۃٌ و مُنَاقَسَۃٌ: ان دونوں میں مقابلہ اور مخالفت ہے۔

نَقَّسَ فُلانًا: کسی کو بہت مطعون کرنا

ــــ القَوْمَ بنَاقُوْسِہ: ناقوس بجا کر اپنے آدمیوں کو بلانا۔

ــــ الدَّوَاۃَ: دوات میں سیاہی ڈالنا

النَّاقُوْسُ: نصاریٰ کا گھنٹہ جسے وہ اپنی نماز کے وقت بجاتے ہیں (۲) ہندوؤں کے پوجا کے وقت بجانے کا سنکھ ج: نَوَاقِیْسُ۔

النِّقَاسَۃُ: عیب وتمسخر، مخول۔

النَّقْسُ: ایک قسم کا ناقوس ج: نُقُوْسٌ (۲) کھجلی، خارش۔

النِّقْسُ: لکھنے کی سیاہی، روشنائی ج: اَنْقَاسٌ و اَنْقُسٌ۔

النَّقِسُ: عیب گیر، عیب جو۔

• نَقَشَ الشَّیْءَ ـُـ نَقْشًا: کسی چیز

کو ڈھونڈ کر نکالنا۔
نَقَشَ الشَّوْكَةَ بِالْمِنْقَاشِ: چمٹی سے کانٹا پکڑ کر نکالنا۔
—الحَقَّ من فلانٍ: حق وصول کرنا۔
—الشَّعْرَ: بال چونٹنا۔
—مَرْبِضَ الغَنَمِ: بکریوں کے باڑہ کو کنکریاں وغیرہ نکال کر صاف کرنا۔ حدیث میں ہے: "اسْتَوْصُوا بِالْمِعْزَى خَيْرًا فَاِنَّهُ مَالٌ رَفِيقٌ وَانْقُشُوا لَهُ عَطَنَهُ" تم بکریوں کے لئے بھلائی کا کام کرو کیونکہ وہ نازک مال ہیں اور ان کے باڑے (رہنے کی جگہ) کو تکلیف دہ چیزوں سے صاف رکھو۔
—الشَّيْءَ: رنگوں سے سجانا، پھول پتیاں بنانا، بیل بوٹے بنانا۔
—الرَّحَى: چکی راہنا، چکی کے پتھر کو چھینی سے کھردرا کرنا۔
—العِذْقَ: کھجور کے خوشوں کو رطب تیار کرنے کے لئے کانٹے سے چوک لگانا۔
نُقِشَ العِذْقُ: کھجور کے خوشوں میں رطب کے آغاز والے نکتے پیدا ہونا۔ فالعذقُ منقوش
اَنْقَشَ: رطب (پختہ کھجور) کھانے کا عادی ہونا (۲) مقروض پر سخت تقاضا کرنا۔
نَاقَشَهُ مُنَاقَشَةً وَ نِقَاشًا
نَاقَشَهُ الحِسَابَ وَنَاقَشَهُ فِي الحِسَابِ: کسی کے ساتھ حساب کتاب میں بحث کرنا، مکمل اور تفصیلی حساب لینا، حساب میں تبادلۂ خیال کرنا۔
—المَسْأَلَةَ: کسی مسئلہ پر بحث کرنا

نَقَّشَهُ: رنگوں سے آراستہ کرنا، نقش ونگار کرنا، بیل بوٹے دار بنانا۔
اِنْتَقَشَ فُلَانٌ فِي فَصِّهِ: نقاش سے نگینہ پر نقش بنوانا، نام وغیرہ کندہ کرانا۔
—الشَّيْءَ: نکالنا، پسند کرنا۔
—منه جَمِيعَ حَقِّهِ: پورا حق لینا۔
المُنَاقَشَةُ: بحث، جھڑپ، مباحثہ، مذاکرہ۔
مُنَاقَشَةٌ حَادَّةٌ: گرما گرم بحث۔
المِنْقَاشُ: آلۂ نقاشی (برش، چھینی وغیرہ) ج: مَنَاقِيشُ۔
اسْتَخْرَجْتُ منه حقّي بالمَنَاقِيشِ: میں نے بڑی دقتوں کے ساتھ اس سے اپنا حق وصول کیا۔
المُنَقَّشُ و المَنْقُوشُ: نقشین
المَنْقُوشُ: کچی کھجور جسے پکانے کے لئے کانٹا چبھایا جائے۔
المَنْقُوشَةُ: وہ زخم جس سے ہڈیاں نکالی جائیں۔
النِّقَاشَةُ: پیشۂ نقاشی نقش نگاری اور کندہ کرنے کا کام۔
النِّقَاشُ: لفظی تکرار، بحث۔
النَّقْشُ: اثر، نشان (۲) نقش (۳) پھول پتی (۴) کندہ کیا ہوا نام یا پھول وغیرہ۔ ذَهَبَ الرَّمَادُ حَتَّى مَا نَرَى لَه نَقْشًا: راکھ اڑ گئی اب اس کا کوئی نشان بھی دکھائی نہیں دیتا (۵) پانی کا چھینٹا دیکر تھیلے میں رکھی ہوئی تازہ کھجور ج: نُقُوشٌ۔
النَّقَّاشُ: نقاش، نقش ونگار کرنیوالا

نام وغیرہ کندہ کرنے والا، پینٹر، رنگ وروغن کرنے والا۔
النَّقِيشُ: مثل، مشابہ۔ هذا نَقِيشُ ذلكَ: یہ اس جیسا ہے مَالَهُ ضِدٌّ وَلَا نَقِيشٌ: اس کا کوئی ہم پلہ نہیں۔
•نَقَصَ الشَّيْءُ ـُ نَقْصًا ونُقْصَانًا: کم ہونا، گھٹنا (۲) گھٹیا ہونا۔
—العَقْلُ او الدِّيْنُ: عقل یا دین کا کمزور ہونا، ناقص ہونا۔
—الشَّيْءَ: کم کرنا، گھٹانا۔ قرآن پاک میں ہے: "اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا" کیا یہ کافر نہیں دیکھتے کہ ہم چلے آتے ہیں زمین کو اس کے کناروں سے گھٹاتے (ارض کفر کم کرتے اور ارض ایمان بڑھاتے آرہے ہیں)۔
—فُلَانًا حَقَّهُ: کسی کے حق میں کمی کرنا۔ ارشاد باری ہے: "ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوكُمْ شَيْئًا" پھر انہوں نے تمہارے حق میں کوئی کمی نہیں کی۔
—فُلَانًا نَقِيصَةً: کسی میں عیب اور خامی نکالنا، برائی کرنا۔
—الشَّيْءُ فُلَانًا: کسی کے پاس کوئی چیز نہ ہونا، کسی چیز کی کمی ہونا۔ جیسے: تَنْقُصُهُ الخِبْرَةُ: اسے تجربہ نہیں ہے۔ يَنْقُصُكَ كذا: تمہارے اندر فلاں چیز کی کمی ہے۔
اَنْقَصَ الشَّيْءَ: کم کرنا، گھٹانا۔
نَقَّصَ الشَّيْءَ: بہت کم کرنا، بہت گھٹانا
اِنْتَقَصَ الشَّيْءُ: کم ہونا، گھٹنا۔
—الشَّيْءَ: کم کرنا، گھٹانا۔
—الحَقَّ: کسی کے حق کو کم سمجھنا، کسی کے حق کو پورا نہ دینا۔
—الثَّمَنَ: قیمت کم کرانا۔

اُنْتَقَصَ فُلَانًا: کسی میں عیب نکالنا، بدنام کرنا، بدگوئی کرنا۔
تَنَاقَصَ الشَّیْءُ: بتدریج کم ہونا، کم ہوتے رہنا، کسی چیز کا گھٹتے رہنا۔
تَنَقَّصَ الشَّیْءَ: تھوڑا تھوڑا لینا۔
—— فُلَانًا: کسی کو عیب لگانا، خامیاں نکالنا۔
اِسْتَنْقَصَ الشَّیْءَ: ناقص اور کم سمجھنا، خامی نکالنا، ناقص قرار دینا۔
—— الثَّمَنَ: قیمت کم کرانا۔
اَلْمَنْقَصَةُ: نقص، کمی (۲) خامی، عیب ج: مَنَاقِصُ۔
اَلْمُنَاقَصَةُ: ٹھیکہ (جو دوسرے کے مقابلہ میں کم قیمت پر لیا جاتا ہے۔ جس کے لئے درخواست پیش کی جاتی ہے۔ (اسے ٹنڈر کہتے ہیں) اس کے مقابل مُزَایَدَہ: نیلامی ہے جو زیادہ قیمت لگانے والے کے نام چھوڑی جاتی ہے۔
اَلْمُتَنَاقِصُ: انحطاط پذیر، روز بروز گھٹتے رہنے والا۔
اَلنَّاقِصُ: کم (۲) گھٹیا (۳) نامکمل، ادھورا (۴) معیوب (۵) کمزور۔
اَلنَّقْصُ: کمی (۲) خامی، عیب (۳) فقدان، سامان وغیرہ کی کمی، قلت (۴) کمزوری انحطاط، گراوٹ (۵) اہل عروض کی اصطلاح کے مطابق بحر وافر میں مفاعلتن کے پانچویں حرف کو ساکن کر کے ساتویں حرف کو حذف کرنا یعنی اخیر سے نون حذف کر کے لام کو ساکن کر کے مُفَاعَلْتُ کہنا اور اس کے بعد اسے مَفَاعِیلُ پر منتقل کرنا۔ ایسا صرف حشو کی شکل میں ہوتا ہے۔
اَلنَّقْصُ فِی الْعَقْلِ اَوِالدِّیْنِ: عقلی یا مذہبی کمزوری۔
اَلنُّقْصَانُ: نقصان، کسی چیز میں سے کم ہونے والی مقدار، کمی، گھاٹا۔
اَلنَّقِیْصَةُ: اَلنَّقُّصُ: بری خصلت عیب (۲) غیبت (۳) لوگوں پر طعن تشنیع ج: نَقَائِصُ۔
• نَقَضَ الشَّیْءَ ـُ نَقْضًا: بنا کر توڑنا، بگاڑنا، ختم کرنا۔
—— البِنَاءَ: عمارت گرانا۔
—— الحَبْلَ اوِ الغَزْلَ: رسی یا دھاگوں کو بٹنے کے بعد تار تار کرنا، بل کھول دینا، ادھیڑ ڈالنا قرآن پاک میں ہے "وَلَا تَكُونُوا كَالَّتِي نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ أَنْكَاثًا" تم اس عورت کی طرح نہ ہو کہ جس نے اپنے سوت کو پختہ کرنے کے بعد ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا۔
—— الیَمِیْنَ اوِ العَهْدَ: قسم یا عہد و پیمان توڑنا۔ قرآن پاک میں ہے: "لَا تَنْقُضُوا الْأَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيدِهَا" نیز "الَّذِينَ يَنْقُضُونَ عَهْدَ اللَّهِ مِنْ بَعْدِ مِيثَاقِهِ" وہ لوگ جو اللہ سے کئے ہوئے پختہ عہد کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔
—— مَا اَبْرَمَهُ فُلَانٌ: کسی کا فلاں کے فیصلہ کو کالعدم کرنا، خلاف ورزی کرنا۔
—— وِتْرَهُ: اپنا انتقام لینا۔
—— الکَمْاَةُ وَجْهَ الاَرْضِ: سانپ کی چھتری کا زمین کی سطح کو پھاڑ دینا۔
نَقَضَ الوُضُوءَ: وضو کو توڑ دینا، ختم کر دینا، پاکی ختم کرنا۔
—— القَرَارَ اوِ الحُكْمَ: تجویز یا فیصلہ منسوخ کرنا (۲) مخالفت کرنا
اَنْقَضَ النَّبَاتُ: زمین پھٹ کر پودہ اگنا۔
—— الاَرْضُ: زمین پر روئیدگی ظاہر ہونا
—— الاِصْبَعُ وَنَحْوُهَا: انگلی وغیرہ کا چٹخنا۔
—— الاَصَابِعَ: انگلیاں چٹخانا۔
—— الدَّجَاجَةُ عِنْدَ البَیْضِ: انڈے دیتے وقت مرغی کا بولنا۔
—— الشَّیْءُ: کسی چیز میں سے آواز نکلنا
—— الحِمْلُ الظَّهْرَ: لدے ہوئے سامان کا کمر کو بوجھل کرنا، کمر توڑنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ الَّذِي أَنْقَضَ ظَهْرَكَ" ہم نے تمہارے اس بوجھ کو تم سے ہٹا دیا جس نے تمہاری پیٹھ جھکا دی تھی۔
نَاقَضَ فِی قَوْلِهِ مُنَاقَضَةً وَنِقَاضًا متضاد بات کرنا (۲) مفہوم و مطلب کے برخلاف الفاظ بولنا۔
—— غَیْرَهُ: مخالفت کرنا، اعتراض کرنا
—— الشَّاعِرُ الشَّاعِرَ: ایک شاعر کا دوسرے شاعر پر نقد کرنا، اپنے اشعار میں رد کرنا۔
نَقَّضَ النَّبَاتُ: پودے اگنا۔
—— النَّبَاتُ الاَرْضَ: روئیدگی کا زمین کو پھاڑنا۔
انتقض: بننے یا پختہ ہونے کے بعد ٹوٹ جانا، ختم ہو جانا۔ جیسے: اِنْتَقَضَ الحَبْلُ وَانْتَقَضَ البِنَاءُ۔
—— الوُضُوءُ اوِ الطَّهَارَةُ: وضو یا

طہارت زائل ہو جانا۔
اِنْتَقَضَ القَوْمُ علی السُّلْطَانِ: لوگوں کا سلطان کی اطاعت ختم کرنا، بغاوت کرنا
— الاَمْرُ بعدَ الِتئامِہٖ: بات سدھرنے کے بعد بگڑ گئی۔
تَنَاقَضَ الشئُ: ٹوٹ جانا۔
— القَولان: دو باتوں کا متضاد ہونا، ایک دوسرے کے برخلاف ہونا۔
— الشَّاعِرَانِ: دو شاعروں کا اپنے اشعار میں ایک دوسرے کا رد کرنا۔
تَنَقَّضَ الحَبلُ: رسی کے بل کھلنا۔
— الارضُ من النَّبات: زمین پھٹ کر روئیدگی ظاہر ہونا۔
— الشئُ: آواز نکلنا، چٹخنا۔ تَنَقَّضَت عِظامُہ: اس کی ہڈیوں سے آواز نکلی۔
— الدَّمُ: خون ٹپکنا۔
الانتقاض: انہدام، شکستگی (۲) منسوخی انعدام (۳) بکھراؤ۔
التَّنَاقُضُ: تعارض، تضاد، اختلاف۔
فی کلامِہ تَنَاقُضٌ: اس کے کلام کے بعض اجزاء دوسرے اجزاء کے ابطال کو مقتضی ہیں (۲) علم منطق میں متناقضین کی نسبت کا نام ہے
تَنَاقُضُ القَوَانِین: قوانین کا تضاد
التَّنَاقُضَاتُ: متضاد باتیں، متضاد امور، اختلافات۔
المُتَنَاقِضُ: متضاد، بے جوڑ۔
المُتَنَاقِضَانِ: دو ایسی چیزیں جن کا کسی ایک جگہ ایک حالت میں نہ اجتماع ممکن ہو نہ ارتفاع۔ جیسے: اَبْیَضُ او لا اَبْیَضُ (۲) دو ایسے قول جن میں سے ایک کا دوسرے

کے ساتھ ایک حال اور ایک شے پر بولنا صحیح نہ ہو۔ جیسے: ھو کذا و لَیْسَ بکذا۔
المناقضۃ: مخالفت۔
النَّاقِضُ: فاسد کنندہ۔ نَوَاقِضُ الوُضوء: وضو توڑنے والی چیزیں۔
النُّقَاضَۃُ: ٹوٹی ہوئی چیز (۲) رسی کا کھلا ہوا بل (۳) عمارت کا ملبہ۔
النِّقَاضَۃُ: تڑائی کا کام، تڑائی کا پیشہ۔
النَّقْضُ: منسوخی، ابطال۔ نَقْضُ الحُکْمِ: کسی عدالتی فیصلہ کی کسی قانونی سقم یا غلط کارروائی وغیرہ کی بنا پر منسوخی (۲) انہدام، شکستگی (۳) اعتراض، خلاف ورزی
نَقْضُ العَھْدِ: عہد شکنی۔
حَقُّ النَّقْضِ: حق تنسیخ۔
مَحْکَمَۃُ النَّقْضِ والاِبرام: اعلیٰ عدالت مرافعہ، سپریم کورٹ (ملک کی سب سے بڑی عدالت)
مَحْکَمَۃُ الاِسْتِئناف کورٹ آف اپیل۔
النِّقْضُ: ٹوٹی ہوئی عمارت۔ اَصْلِحْ نِقْضَ بِنَاءِكَ: تم اپنی عمارت کی شکست و ریخت ٹھیک کرو، مرمت کرو (۲) عمارت کا ملبہ، کھنڈر (۳) چلنے سے دبلا ہو جانے والا جانور
حِصَانٌ نِقْضٌ: دبلا گھوڑا، (۴) خراب شدہ شہد جیسے مکھیوں کے چھتے میں لگا دیا جاتا ہے اور مکھیاں اس میں آکر شہد تیار کرتی ہیں ج: اَنْقَاضٌ و نُقُوضٌ۔
النِّقْضُ: ادھیڑ کر دوبارہ بٹا ہوا سوت یا دوبارہ بنا ہوا کمبل وغیرہ

النَّقِيضُ: مخالف۔ فُلانٌ نَقِیضُكَ۔ ھذا القَولُ نقیضُ ذالک: یہ قول اس کے برخلاف ہے (۲) چٹخنے کی آواز، جوڑوں اور انگلیوں کے چٹخنے کی آواز، جوڑوں کی آواز، چھت کی کڑیوں کی آواز (چرچراہٹ)۔
نَقِیضُ الدَّعْوَی: فلسفہ میں اس قضیہ کو کہتے ہیں جو کسی متعین دعوے کے خلاف ہو (مقابل دعوی)۔
النَّقِیضَانِ: علم منطق میں متناقضین کو کہتے ہیں۔
النَّقِیضَۃُ: پہاڑی راستہ (۲) وہ نظم جو دوسری نظم کے جواب میں کہی جائے۔
• نَقَطَ الحَرفَ و علیہ ـُ نَقْطًا: حرف پر نقطہ یا نقطے لگانا۔
— الکِتَابَ: کتاب پر اعراب لگانا۔
نَقَّطَ الحُرُوفَ: بہت نقطے لگانا۔
— الشئَ بالمِدادِ و نَحْوِہٖ: کسی چیز پر روشنائی وغیرہ سے نقطوں جیسے نشان ڈالنا، دھبے ڈالنا۔
نَقَّطَتِ المَرْاَۃُ خَدَّھا: عورت کا خوبصورتی کے لئے رخسار پر نقطہ لگانا۔
— فُلانًا بالکَلامِ: کسی کو تحریری طور پر گالیاں دینا، تکلیف پہنچانا۔
— العَرُوسَ و نَحْوَھا: بوقت رخصتی دولہن کو تحفہ یا مال دینا۔
تَنَقَّطَتِ الاَرضُ: زمین پر جگہ جگہ گھاس کے ٹکڑے اگنا۔
— الخَبَرَ: کسی خبر یا واقعہ کو تھوڑا تھوڑا معلوم کرنا۔
اَلْمَنْقُوطُ: نقطہ دار (۲) دھبوں دار۔
النُّقْطَۃُ: نقطہ (۲) دھبہ (۳) پوائنٹ،

آئٹم، جزء (۴) محور (۵) جگہ، مرکز، موقع، مورچہ (۶) مسئلہ، معاملہ، موضوع بحث (۷) بات (۸) علامت انتہائے کلام (فل اسٹاپ) (۹) چھوٹا حصہ۔ اَعطاهُ نُقطَةً من عَسَلٍ: اسے ذرا سا شہد دیا۔ لَه نُقطَةٌ من نَخلٍ: اس کے پاس کھجور کے کچھ درخت ہیں (۱۰) دولہن یا دولہا کو دیا جانے والا تحفہ (۱۱) معاملہ۔ لَم يَختَلفِ الخَطِيبَانِ فی نُقطَةٍ: دونوں منگیتروں میں کسی معاملہ میں اختلاف نہیں ہوا، (۱۲) علم ہندسہ میں وہ چیز جس کا نہ طول ہو نہ عرض۔ داءُ النُّقطَةِ: مرگی ج: نُقَطٌ و نِقَاطٌ۔ وَضَعَ النُّقَطَ علی الحُرُوفِ: کسی معاملہ کی وضاحت کرنا۔

نُقطَةُ الارتِكازِ: مرکز توجہ۔

نُقطَةُ الاتِّصالِ: مرکز اتصال، جنکشن۔

نُقطَةُ الانطِلاقِ: جائے آغاز۔

نُقطَةُ الانعِطافِ: موڑ۔

نُقطَةُ التَّحَوُّلِ: مرکز انتقال۔

نُقطَةُ التَّقاطُعِ: کراسنگ، دو یا چند راستوں کے ملنے کی جگہ۔

نُقطَةُ البُولِيس او الشُّرطَةِ: پولس چوکی۔

نُقطَةٌ حَرِجَةٌ: نازک موڑ۔

نُقطَةٌ خَطِرَةٌ: اہم پائنٹ (۲) خطرناک پائنٹ۔

نُقطَةُ ضَعفٍ: کمزوری کی جگہ، کمزور پائنٹ۔

النُّقطَةُ المُثِيرَةُ للانتِباهِ: قابل توجہ بات۔

النُّقطَةُ الحَصِينَةُ: مضبوط مورچہ۔

نُقطَةُ الوَقفِ: فل اسٹاپ، اختتام کلام یا اختتام فقرہ کی علامت (۔)

نُقطَتانِ: علامت ترقیم [:] کولن

نُقطَةُ اللّاعَودَةِ: ناقابل واپسی حد جہاں سے لوٹنا ممکن نہ ہو۔

نُقطَةً بَعدَ نُقطَةٍ: پائنٹ وار، ایک ایک جز کی ترتیب سے۔

النُّقطِيَّةُ: فن تصویر کشی کا ایک نظریہ جو سفید سطح پر مخصوص نقطوں کے ذریعہ شکل کے اظہار پر قائم ہے۔

• نَقَعَ فُلانٌ ـَ نُقُوعًا: ضیافت وغیرہ کا کھانا تیار کرنا (۲) دودھ کی لسی تیار کرنا۔

—السَّقفُ و نَحوُهُ نَقعًا و نُقُوعًا: چھت سے پانی ٹپکنا۔

—المائِعُ فی مُستَقَرِّهِ: پانی یا سیال چیز کا ٹھیرا رہنا۔

—السُّمُّ فی اَنيابِ الحَيَّةِ: سانپ کے دانتوں میں زہر جمع ہونا۔

—الظَّمآنُ من الماءِ وبِالماءِ: پیاسے کا پانی سے سیر ہونا۔ شَرِبَ حتی نَقَعَ۔ کہاوت ہے: حَتّامَ تَكرَعُ ولا تَنقَعُ: تو کب تک پیتا رہے گا اور سیراب نہیں ہوگا۔

—النَّفسُ بالشّیءِ: طبیعت کا کسی چیز سے سیر ہونا اور تسکین پانا، مطمئن ہونا۔

• انقَعَ بِخَبَرِ فُلانٍ: کسی کی خبر سے پورے طور پر مطمئن نہ ہونا (۲) توجہ نہ دینا، تصدیق نہ کرنا۔

نَقَعَ الشَّیءَ نَقعًا: کسی چیز کو پانی وغیرہ میں بھگونا، تر کرنا۔ جیسے: نَقَعَ الدَّواءَ والتَّمرَ والثَّوبَ۔

نَقَعَ لَهُ الشَّرَّ: کسی کے خلاف دل میں ہمیشہ شر رکھنا۔

نَقَعَ الجَيبَ: گریبان چاک کرنا۔

—الماءُ العَطَشَ نَقعًا ونُقُوعًا ومَنقَعًا: پانی کا پیاس کو بجھا دینا

اَنقَعَ الشَّیءَ فی الماءِ ونَحوِهِ: بھگونا تر کرنا۔

—اللَّبَنَ: ٹھنڈا کرنا۔

—السُّمَّ: زہر کو رکھ کر پرانا کرنا۔

—الشَّرابُ فُلانًا: مشروب کا کسی کو سیر کرنا، آسودہ کرنا۔

—الجَزُورَ: اونٹنی کو ذبح کرنا۔

—الصّارِخُ صَوتَهُ: چیخنے والے کا زور زور سے چلاتے رہنا۔

اُنتُقِعَ الشَّیءُ: پانی وغیرہ میں پڑے رہنے سے حل ہو جانا، گھل جانا۔

—النَّقِيعَةَ: ضیافت کا جانور ذبح کرنا۔

اُنتُقِعَ لَونُهُ: رنگ بدل جانا۔

استَنقَعَ الماءُ: پانی کا کسی جگہ زیادہ عرصہ اکھٹا رہنے سے بدل جانا، زرد ہو جانا۔

—فُلانٌ فی النَّهرِ: ٹھنڈا ہونے کیلئے کسی کا پانی میں ٹھیرے رہنا۔

الانقَعُ: زیادہ تسکین بخش۔

الاُنقُوعَةُ: وہ جگہ جہاں پانی وغیرہ بہہ کر آتا ہو۔

اُنقُوعَةُ المِيزابِ: پرنالہ گرنے کی جگہ۔

اُنقُوعَةُ الثَّرِيدِ: ثرید کا پیالہ۔

المُستَنقَعُ: کچا تالاب جس میں پانی اکثر جمع رہتا ہو، جوہڑ (۲) تالاب کا وہ حصہ جو ٹھنڈا رہتا ہو اور اس میں غسل وغیرہ کر کے ٹھنڈک حاصل کی جاتی ہو، گھاٹ۔

المَنقَعُ: المُستَنقَعُ (۲) سمندر (۳) سیراب ج: مَناقِعُ۔

اَلْمُنْقُعُ: چھوٹی ہانڈی جس میں بچہ کے لئے دودھ اور کھجور ملا کر رکھی جائے ج: مَنَاقِعُ۔
اَلْمُنْقَعُ: بھگونے کا برتن۔
اَلْمُنْقَعَةُ: کوئی چیز بھگونے کا برتن۔
اَلْمَنْقُوْعُ: تر، بھگو یا ہوا۔
اَلنَّاقِعُ: مَاءٌ نَاقِعٌ: پیاس بجھانیوالا مفید پانی۔ سُمٌّ نَاقِعٌ: انتہائی مہلک زہر۔ مَوْتٌ نَاقِعٌ: مسلسل موت۔
اَلنُّقَاعُ: خشک انگور وغیرہ بھگونے کا برتن۔
اَلنُّقَاعَةُ: بھیگے ہوئے انگور وغیرہ (۲) کوئی چیز بھگونے کا پانی وغیرہ۔
اَلنَّقْعَاءُ: نرم وہموار زمین (۲) سنگستانی زمین جہاں پانی رک جاتا ہو۔
اَلنَّقْعُ: تالاب میں جمع شدہ پانی۔ (۲) اَلنَّقْعَاءُ (۳) نَقْعُ الْبِئْرِ: سیرابی سے پہلے کنویں میں اکٹھا ہونے والا پانی یا بچا ہوا پانی ج: نِقَاعٌ و أَنْقُعٌ۔ فُلَانٌ شَرَّابٌ بِأَنْقُعٍ: فلاں شخص بڑا جہاں دیدہ اور آزمودہ کار ہے (۲) چمکتا ہوا غبار ج: نِقَاعٌ و نُقُوْعٌ۔
اَلنَّقَّاعُ: شیخی باز، ڈینگ ہانکنے والا، خودستائی کرنے والا۔
اَلنَّقُوْعُ: خوشبو ملایا ہوا رنگ۔ صَبَغَ ثَوْبَهُ بِنَقُوْعٍ: اس نے خوشبودار رنگ سے کپڑا رنگا (۲) پانی میں بھگوئی جانے والی چیز۔ رَجُلٌ نَقُوْعُ أُذُنٍ: کچے کانوں کا، ہر سنی بات کا یقین کرنے والا۔
اَلنَّقِيْعُ: ٹھنڈا کیا جانے والا خالص دودھ (۲) پانی میں بھگوئے ہوئے خشک انگور کی شراب (۳) بہت پانی والا کنواں۔

مَاءٌ نَقِيْعٌ: مفید اور پیاس بجھانے والا پانی۔ سُمٌّ نَقِيْعٌ: مہلک زہر، سم قاتل ج: أَنْقِعَةٌ
اَلنَّقِيْعَةُ: ٹھنڈا کیا جانے والا خالص دودھ (۲) ضیافت کے لئے ذبح کیا جانے والا جانور (۳) سفر سے آنے والے مہمان کے لئے تیار کیا جانے والا کھانا (۴) شادی کی رات کا کھانا (۵) تقسیم سے پہلے لوٹ کے مال میں سے ذبح کیا جانے والا جانور ج: نَقَائِعُ۔ اَلنَّاسُ نَقَائِعُ الْمَوْتِ: لوگ موت کے لئے ایسے ہیں جیسے آنے والے مہمان کے لئے ذبح کئے جانے والے جانور (یعنی موت ان سب کو فنا کر ڈالتی ہے)۔
نَقَفَ رَأْسَهُ نَقْفًا: سر پر ایسی چوٹ لگانا کہ دماغ باہر نکل آئے، سر توڑ دینا۔
ــــ الرُّمَّانَةَ: انار کو دانے نکالنے کے لئے چھیلنا۔
ــــ الْفَرْخُ الْبَيْضَةَ: چوزہ کا باہر نکلنے کے لئے انڈے میں سوراخ کرنا۔
ــــ الْبَيْضَةَ: انڈے کی اندرونی چیز نکالنا، زردی سفیدی نکالنا۔
ــــ الشَّرَابَ: شراب کے برتن میں سوراخ کرنا (۲) صاف کرنا۔
ــــ عن الشَّيْئِ: تلاش و جستجو کرنا۔
ــــ بِظُفْرِهِ: ناخن سے چٹکی بھرنا۔
أَنْقَفَ الْجَرَادُ: ٹڈی کا انڈے ڈالنا
ــــ الْجَرَادُ الْوَادِيَ: ٹڈیوں کا وادی میں بکثرت انڈے دینا۔
ــــ فُلَانًا الْعَظْمَ: کسی سے ہڈی کا گودا نکلوانا۔
نَاقَفَهُ مُنَاقَفَةً و نِقَافًا: ایک دوسرے کے سر پر تلوار مارنا۔

اِنْتَقَفَ الشَّيْئَ: نکالنا۔
اَلْأُنْقُوْفَةُ: سوت کا زائد حصہ جسے کاتنے والا نکال دیتا ہے۔
اَلْمِنْقَافُ: پرندے کی چونچ (۲) ایک قسم کی کوڑی جو پالش کے کام آتی ہے ج: مَنَاقِيْفُ و مَنَاقِفُ۔
اَلْمُنْقَفُ: کسی چیز کا ناہموار قابل درستگی حصہ۔ نَحَتَ النَّجَّارُ الْعُوْدَ وَ تَرَكَ فِيْهِ مُنْقَفًا: بڑھئی نے لکڑی کو چھیلا مگر اس میں کچھ جگہ چھوڑ دی (جس کو چھیلنا چاہئے)۔
اَلْمُنْقَفُ: رَجُلٌ مُنْقَفُ الْعِظَامِ: وہ شخص جس کی ہڈیاں دکھائی دیتی ہوں۔
اَلْمَنْقُوْفُ: جِذْعٌ مَنْقُوْفٌ: دیمک کھایا درخت کا تنہ۔ رَجُلٌ مَنْقُوْفٌ: کم گوشت ہلکے بدن کا آدمی یا دبلے اور زرد چہرے والا آدمی۔ عَيْنَانِ مَنْقُوْفَتَانِ: سرخ آنکھیں۔
اَلنِّقَافُ: جَاءَا فِي نِقَافٍ وَاحِدٍ: وہ دونوں برابری کے ساتھ آئے۔
اَلنُّقُفُ: انڈے سے تازہ نکلا ہوا چوزہ
اَلنَّقَفَةُ: پہاڑ کی چوٹی پر چھوٹا سا گڑھا
اَلنَّقَّافُ: چوب تراش، لکڑی وغیرہ کی چھلائی کرنے والا (۲) چور، اچکا جو ہاتھ لگے نکال لینے والا (۳) بھیک مانگنے کا عادی۔ رَجُلٌ نَقَّافٌ: مدبر اور دور اندیش آدمی۔
اَلنَّقِيْفُ: اَلْمَنْقُوْفُ: جِذْعٌ نَقِيْفٌ: دیمک خوردہ تنہ، ج: نُقُفٌ۔
نَقَّتِ الدَّجَاجَةُ أَوْ نَحْوُهَا ــــ نَقِيْقًا: مرغی کا کڑ کڑ کڑانا، مینڈک کا ٹرٹرانا، اس طرح کے جانوروں کا بولنا۔

لَقَّتْ ضَفَادِعُ بَطْنِه: (پیٹ میں مینڈک بولنا) بھوک لگنا۔
أَنَقَّ: مینڈک کا آواز نکالنا، ٹرانا، مینڈک کی آواز والا ہونا۔
النَّقَّاقُ: زور زور ٹرانے والا (۲) مینڈک (یہ صفت غالبہ ہے یعنی صفت ہی کو موصوف کا قائم مقام کر دیا گیا)۔
النَّقَّاقَةُ: بہت ٹرانے والی (۲) مینڈکی
النَّقُوقُ: چیخنے چلانے والا۔ ضِفْدَعٌ نَقُوقٌ: بہت شور مچانیوالا مینڈک ج: نُقُقٌ۔
النَّقِيقُ: مینڈک کی آواز۔
•نَقَلَ الشَّيْءَ ـُ نَقْلاً: منتقل کرنا، ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔
ـــ الكِتَابَ: کتاب کی نقل تیار کرنا، نسخہ تیار کرنا۔
ـــ الخَبَرَ او الكَلَامَ: کسی کی خبر یا بات دوسرے کو پہنچانا۔
ـــ الدَّوَابَّ: چوپاؤں کو پہلا اور دوسرا پانی پلانا۔
ـــ الكِتَابَ و نَحْوَهُ الى لُغَةِ كَذا: کتاب وغیرہ کا کسی زبان میں ترجمہ کرنا۔
ـــ عن فُلانٍ: روایت کرنا، بات نقل کرنا۔
ـــ الشَّيْءَ الخَلَقَ: پرانی چیز کی مرمت کرنا، ٹکی یا پیوند لگانا۔ جیسے: نَقَلَ الثَّوْبَ و نَقَلَ النَّعْلَ۔
ـــ الشَّيْءَ بالبَرِيدِ: کوئی چیز پوسٹ کرنا، ڈاک سے روانہ کرنا۔
ـــ سُرْعَةَ السَّيَّارَةِ: موٹر کا گیر بدلنا۔
•نَقِلَ المَكَانُ ـَ نَقَلاً: کسی جگہ کا بہت ملبے والی ہونا۔
ـــ البَعِيرُ: اونٹ کے کھر کا بیماری سے پھٹ جانا۔ هو نَقِلٌ و هي نَقِلَةٌ۔
أَنْقَلَ الشَّيْءَ الخَلَقَ: پرانی چیز کی مرمت و اصلاح کرنا۔
نَاقَلَ الفَرَسُ: گھوڑے کا تیزی سے پاؤں اٹھانا، پچھلی دونوں ٹانگیں اگلے پیروں کی جگہ رکھنا (۲) دوڑتے ہوئے رکاوٹوں کو پار کر جانا۔
ـــ نَدِيمَهُ القَدَحَ: ہم نشین کو جام دینا اور لینا۔
ـــ فُلاناً الحَدِيثَ: ہر ایک کا دوسرے سے اپنی بات یا حدیث بیان کرنا۔
نَقَّلَهُ: نَقَلَ کا مبالغہ۔ بہت یا بار بار منتقل کرنا (۲) بہت پیوند کاری کرنا۔
اِنْتَقَلَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔
تَنَاقَلَ القَوْمُ الحَدِيثَ بَيْنَهُمْ: بعض کا بعض سے حدیث بیان کرنا، روایت کرنا۔
تَنَقَّلَ من مكانٍ الى آخَرَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا، نقل و حرکت کرنا۔
ـــ فُلانٌ: خشک میوہ کھانا (جیسے اخروٹ بادام پستہ وغیرہ)۔
التَّنَقُّلُ: نقل و حرکت، سفر۔ ج: تَنَقُّلاتٌ۔
المُتَنَقِّلُ: چلتا پھرتا، متحرک (ضد ثابت)
المِنْقَلُ: چمڑے کا موزہ یا پرانا چپل، پرانا جوتا (۲) مختصر راستہ۔
المِنْقَلُ: موزہ۔ فَرَسٌ مِنْقَلٌ: تیز رو گھوڑا۔
المَنْقَلَةُ: سفر کی منزل۔ أَرْضٌ مَنْقَلَةٌ: پتھریلی زمین ج: مَنَاقِلُ۔
المِنْقَلَةُ: ذریعہ نقل مکانی، طریق سفر، علم الہندسہ (جومیٹری) میں نقشہ کے زاویوں کی پیمائش کا آلہ ج: مَنَاقِلُ
المُنَقِّلَةُ: وہ سر کا زخم جس سے ہڈیوں کے ریزے برآمد ہوں (۲) شطرنج کی طرح کی تختی جس کے خانوں میں کنکریاں ڈال کر کھیلتے ہیں۔
المَنْقُولُ: سماع یا روایت سے حاصل شدہ علم۔ جیسے علم حدیث یا علم لغت وغیرہ (خلاف المعقول) (۲) منقولہ، منتقل شدہ (۳) لدان کا سامان (۴) نقل کردہ نسخہ (۵) ترجمہ شدہ ج: منقولات۔
المَنْقُولاتُ: قابل منتقلی مال و سامان، منقولہ جائداد (۲) گھریلو سامان۔
النَّاقِلُ: نقل نویس، کاپی، نقل یا نسخہ تیار کرنے والا (۲) مترجم (۳) راوی (۴) حاملہ عورت (۵) باربردار۔
نَاقِلُ الحَرَكَةِ: موٹر کا گیر جس سے رفتار گھٹائی اور بڑھائی جاتی ہے ج: نَقَلَةٌ و نَاقِلُونَ۔
النَّاقِلَةُ (من النَّاسِ): خانہ بدوش لوگ (خلاف القُطَّانِ) (۲) دوسرے قبیلہ کی طرف منسوب اور منتقل ہونیوالا قبیلہ (۳) آفت زمانہ (۴) ایک بستی سے دوسری بستی میں منتقل ہونے والا خراج ج: نَوَاقِلُ (۵) باربردار جہاز
النِّقَالُ: بیروں کے جوڑے اور چھوٹے پھل۔ واحد: نَقَلَةٌ۔
النَّقَّالَةُ: اسٹریچر۔ بیمار اور زخمیوں کو اٹھانے والی چارپائی۔
النَّقْلُ: تبادلہ، منتقلی (۲) کاپی، نقل، نسخہ (۳) ترجمہ (۴) باربرداری، ٹرانسپورٹ نقل و حمل (۵) مختصر راستہ (۶) جوتا یا موزہ ج: أَنْقَالٌ و نُقُولٌ۔
هَمْزَةُ النَّقْلِ: علم نحو میں وہ ہمزہ جو

غیرمتعدی فعل کو متعدی اور متعدی
بیک مفعول کو متعدی بدو یا متعدی
بہ سہ مفعول بنا دیتی ہے۔
تَشْدِیْدُ النَّقْلِ: وہ تشدید جو
غیرمتعدی فعل کو متعدی اور متعدی
بیک مفعول کو متعدی بدو یا متعدی
بہ زائد مفعول بنا دیتی ہے۔
شَرِکَۃُ النَّقْلِ: ٹرانسپورٹ کمپنی۔
النُّقْلُ: شراب کے ساتھ لیا جانے والا
پھل چٹنی وغیرہ (۲) کھانے سے پہلے
یا بعد بطور ناشتہ یا بطور تفکہ کھائے
جانے والے خشک میوے جیسے اخروٹ
بادام، پستہ وغیرہ۔
النَّقَلُ: مکان یا قلعہ کے انہدام کے
وقت گرے ہوئے پتھر (۲) ایک تیر
سے نکال کر دوسرے تیر میں لگایا جانے
والا پر (۳) شور وشغب کے ساتھ
زبانی جھگڑا، بحث وتکرار (۴) اونٹ
کے کھر کی بیماری جس سے وہ پھٹ
جاتا ہے۔
النَّقِلُ: مَکَانٌ نَقِلٌ: سخت وکھردری
جگہ۔ رَجُلٌ نَقِلٌ: تیز گفتار
وحاضر جواب آدمی۔
النِّقْلَۃُ: اِمْرَأَۃٌ نِقْلَۃٌ: وہ عورت
جس کو زیادہ عمر ہوجانے کی وجہ سے
پیغام نکاح نہ آتا ہو ج: نِقَلٌ۔
النُّقْلَۃُ: چغلی ج: نُقَلٌ۔
النَّقَلَۃُ: سَمِعْتُ نَقَلَۃَ الوادی:
میں نے وادی کے سیلاب کی آواز سنی۔
النَّقِیْلُ: چلتے ہوئے جانوروں کی ٹھوکر سے
اڑنے والے پتھر، کنکریاں (۲) بارش
کے علاقہ سے دوسرے علاقہ میں منتقل
ہونے والا سیلاب (۳) پردیس میں
رہنے والے مرد وعورت۔ اِمْرَأَۃٌ
نَقِیْلَۃٌ بھی کہا جاتا ہے (۴) تیزی
سے قدم اٹھانے والا جانور۔
النَّقِیْلَۃُ: موزے یا جوتے میں لگایا جانے
والا پیوند (۲) انسان کی کھال کا ٹکڑا
جو ایک جگہ سے کاٹ کر دوسری جگہ
لگایا جائے ج: نَقَائِلُ ونَقِیْلٌ۔
• نَقَمَ منہ ـِ نَقْمًا و نُقُوْمًا:
کسی کو سزا دینا، بدلہ دینا۔
ــــ الشَّیْءَ: کسی چیز کو ناپسند کرنا، اس
میں عیب نکالنا۔
ــــ عَلَیہ الاَمْرَ و نَقَمَ منہ
الاَمْرَ: کسی کی کوئی بات پسند نہ
کرنا، کسی سے اس کی بات پر ناراض
ہونا، اس کی کسی بات پر ملامت
کرنا، حسد کرنا۔ نَقَمْتُ منہ
کذا: مجھے اس کی یہ بات ناگوار
گذری۔ قرآن پاک میں ہے:
"وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ إِلَّا أَن
يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ" ان (کافروں) کو ان
(مومنوں) کی صرف یہ بات ناگوار
گذری کہ وہ خدا پر ایمان لائے۔
نیز: هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّا إِلَّا
أَنْ آمَنَّا۔ تم صرف اس لئے ہم سے
خار کھاتے ہو کہ ہم ایمان لائے۔
مَا تَنْقِمُ مِنَّا؟ تم ہماری کس چیز
کو ہدف ملامت بناتے ہو۔
نَقِمَ الشَّیْءَ ـَ نَقْمًا: جلدی سے کھالینا
نَقَّمَ الشَّیْءَ: کسی چیز کو بہت برا سمجھنا،
بہت عیب نکالنا۔
اِنْتَقَمَ منہ: بدلہ لینا، سزا دینا۔
قرآن پاک میں ہے "فَانْتَقَمْنَا
مِنَ الَّذِيْنَ أَجْرَمُوْا"
النَّاقِمُ: ناراض، حاسد، متنفر۔
النَّقَمُ: ضَرَبَہُ ضَرْبَۃَ نَقَمٍ:
اسے دشمن کی طرح مارا (۲) راستہ
کا بیچ۔
النِّقْمَۃُ: سزا، بدلہ ج: نِقَمٌ۔
• نَقْنَقَ الضِّفْدَعُ وَنَحْوُہُ:
مینڈک کا بولنا، ٹرانا۔
ــــ عَیْنُہُ: آنکھ کا اندر دھنس جانا۔
النِّقْنِقُ: نر شتر مرغ ج: نَقَانِقُ۔
النِّقْنِیْقُ: پھانسی کا تختہ ج: نَقَانِیْقُ
• نَقِہَ من مَرَضِہ ـَ نَقَہًا و
نُقُوْہًا: صحتیابی کے وقت کمزوری رہنا۔
ــــ من الحَدِیث: بات سے مطمئن
ہونا، تشفی حاصل کرنا۔
ــــ الکلامَ: بات سمجھنا۔ ھو نَقِہٌ
و نَاقِہٌ۔ و ھی نَقِہَۃٌ و
نَاقِہَۃٌ۔ ج: نُقَّہٌ۔
اَنْقَہَہُ اللّٰہُ: شفا عطا کرنا (۲) سمجھانا
اَنْقِہْ لی سَمْعَکَ: میری طرف
متوجہ ہو اور میری بات سنو۔
اِنْتَقَہَ من المَرَضِ: شفا پانا۔
ــــ من الحدیث: مطمئن ہونا، تشفی
اور تسلی پانا۔
اِسْتَنْقَہَ: دریافت کرنا۔
• نَقَا المُخَّ ـُ نَقْوًا: مغز نکالنا۔
ــــ العَظْمَ ـِ نَقْیًا: گودا نکالنا۔
نَقِیَ الشَّیْءُ ـَ نَقَاوَۃً و نَقَاءً:
صاف ہونا۔ ھو نَقِیٌّ ج: نِقَاءٌ
و نُقَوَاءُ۔ ھی نَقِیَّۃٌ ج: نِقَاءٌ
ــــ الرَّجُلُ نِقْیًا: کسی پر گوشت نہ
رہنا، ہڈی چمڑی نکل آنا۔
ــــ الصَّوْتُ: آواز صاف ہونا۔
اَنْقَی العَظْمُ: ہڈی میں گودا آجانا۔
ــــ البُرُّ: گیہوں کا دانہ موٹا ہو کر مغزدار
ہوجانا۔
ــــ العُوْدُ: ٹہنی میں تری آجانا۔
ــــ الشَّیْءَ: گودے دار ہوجانا۔
ــــ الشَّیْءَ: صاف کرنا (۲) پسند کرنا۔
نَقَّاہُ: صاف کرنا، آلائشوں سے پاک کرنا

(۲) پسند کرنا۔
اِنْتَقَى الْمُخَّ من العَظْمِ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
تَنَقَّى الشَّيْءَ: چھانٹنا، چننا۔
التَّنْقِيَةُ: صفائی (۲) خراب مادّہ کا اخراج
الأَنْقَى: رَجُلٌ اَنْقَى: پتلی لمبی ہڈیوں والا۔ هِيَ نَقْوَاءُ۔
المُنَقَّى: صاف کردہ، آلائشوں سے پاک (۲) راستہ۔
المُنَقِّي: غلّہ صاف کرنے والا۔
المُنْقِيَةُ: چربی چڑھی ہوئی اونٹنی ج: مَنَاقٍ۔
النَّقَا: گودے دار ہڈی (۲) بازو کی ہڈی (۳) ریت کا ٹیلہ ج: اَنْقَاءٌ و نُقِيٌّ۔
النَّقَاوَاةُ: ترش پودا جس سے کپڑے دھوئے جاتے ہیں ج: نَقَاوَى۔
النُّقَاوَةُ: کسی چیز کا عمدہ حصہ، خلاصہ، جوہر ج: نُقَاءٌ و نُقًا۔
النُّقَايَةُ: پھینکنے کے قابل ردی اور خراب چیز ج: نَقَايَا و نُقَاءٌ۔
النِّقْوُ: گودے دار ہڈی (۲) بازو کی ہڈی ج: اَنْقَاءٌ۔
النَّقْوَةُ من الشيءِ: عمدہ اور چھٹی ہوئی چیز۔
النِّقْيُ: ہڈی کا گودا ج: اَنْقَاءٌ۔
النَّقِيَّةُ: لفظ۔ مَا تفوّهَ بِنَقِيَّةٍ: اس نے زبان سے ایک حرف نہیں نکالا۔
النَّقِيُّ: صاف، خالص (۲) میدہ ج: نِقَاءٌ و اَنْقِيَاءُ۔

ن ــــ ک

نَكَأَ القَرْحَةَ ــَـ نَكْئًا: زخم کو اچھا ہونے سے پہلے [illegible]ل دینا، بکّل اتار دینا اور اس کا ہرا ہوجانا۔
نَكَأَ العَدُوَّ: دشمن کو زخمی کرکے مار ڈالنا۔
ـــ فُلانًا حَقَّهُ: کسی کا حق دیدینا پورا ادا کرنا۔
اِنْتَكَأَ الحَقَّ: حق وصول کرلینا۔
نَكَبَتِ الرِّيحُ ــُـ نُكُوبًا: ہوا کا بے رخ چلنا۔
ـــ عنه نَكْبًا: ہٹنا، الگ ہونا، قرآن پاک میں ہے: "عَنِ الصِّرَاطِ لَنَاكِبُونَ" راہ راست سے ہٹے ہوئے ہیں۔
ـــ به: پھینکنا، ڈالنا۔
ـــ الإناءَ: برتن کی چیز کو بہا دینا، گرا دینا۔
ـــ الجَعْبَةَ: ترکش کے تیر نکال کر بکھیر دینا۔
ـــ الحِجَارَةُ رِجْلَهُ: پیر کو پتھروں کا زخمی کردینا۔
ـــ الدَّهْرُ فُلانًا: زمانہ کا کسی پر مصیبت لانا۔
نَكَبَ ــُـ نِكَابَةً: قوم کا محافظ وذمہ دار ہونا، سردار ہونا۔ مَا كَانَ مَنْكِبًا ولَقَدْ نَكَبَ: وہ سردار قوم نہیں تھا مگر بن گیا۔
نَكِبَ البَعِيرُ ونَحْوُهُ ــَـ نَكَبًا: اونٹ وغیرہ کا پیدائشی طور پر ترچھا چلنا (۲) اونٹ کے کندھے کا درد والا ہونا اور اس کی وجہ سے ٹیڑھا ہونا۔ هو اَنْكَبُ وهي نَكْبَاءُ ج: نُكْبٌ۔
نُكِبَ: مصیبت زدہ ہونا۔
نَكَّبَ عنه: الگ ہونا، ہٹنا، ایک طرف ہونا۔
ـــ الشَّيْءَ: ہٹانا، ایک طرف کرنا۔
نَكَّبَهُ الطَّرِيقَ: راستہ سے ہٹانا۔
اِنْتَكَبَ الشيءَ: کندھے پر ڈالنا۔
تَنَكَّبَ: ایک طرف ہوکر چلنا۔
ـــ عَلَى الشيءِ: سہارا لینا، بھروسہ کرنا۔
ـــ عنه: بچنا، کترانا، کنارہ کش ہونا
ـــ الطَّرِيقَ المُعْوَجَّ: ٹیڑھے راستہ سے بچنا۔
ـــ فُلانًا: کسی کی طرف مونڈھا کرکے دوسری طرف متوجہ ہونا، منہ پھیر لینا۔ تَنَكَّبْ عَنِّي: میرے پاس سے ہٹ اور دور ہو۔
ـــ الشَّيْءَ: کوئی چیز مونڈھے پر ڈالنا۔ جیسے: تَنَكَّبَ قَوْسَهُ۔
الأَنْكَبُ: جھکے ہوئے کندھے والا (۲) بے کمان آدمی ج: نُكْبٌ۔
المَنْكِبُ: مونڈھا (کندھے اور شانہ کا جوڑ) (۲) گوشہ، کنارہ، پہلو (۳) بلند جگہ (۴) سردار قوم، چودھری ج: مَنَاكِبُ۔
هَزَّ مَنْكِبَهُ لكذا: کسی چیز کو دیکھ کر خوش ہونا۔ مَنَاكِبُ الأَرْضِ: اطراف عالم۔ قرآن پاک میں ہے: "هُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الأَرْضَ ذَلُولًا فَامْشُوا فِي مَنَاكِبِهَا" وہی ہے جس نے زمین کو تمہارے لئے مسخر کردیا ہے تم اس کے اطراف واکناف میں چلو پھرو۔
النَّكْبَاءُ: بے رخ ہوا جو شمال ومشرق کے درمیان چلے ج: نُكْبٌ۔
المَنَاكِبُ: پرندے کے بڑے پروں کے بعد چار پر۔ رَاشَ سَهْمَهُ بِمَنَاكِبِ النَّسْرِ: اس نے اپنے تیر پر گدھ کے چار بڑے پر لگائے

(اس کا واحد نہیں) تَشَابَهَت منهم المَنَاكِبُ و الرُّؤُوسُ: وہ ایک جیسے ہیں ان میں کوئی بڑھا ہوا نہیں۔

المَنكوبُ: مصیبت زدہ، آفت رسیدہ
المنكوبون بِفَيَضانٍ: سیلاب زدگان
المنكوبون بِاضْطِرابَاتٍ: فساد زدگان۔
النَّكْبُ: مصیبت ج: نُكُوبٌ۔
النَّكَبُ: کسی چیز کی معمولی کجی (۲) اونٹ وغیرہ کے مونڈھوں کی ایک بیماری جس کی وجہ سے وہ ٹیڑھا ہو کر چلتا ہے
النَّكْبَةُ: مصیبت ج: نَكَبَاتٌ۔
النُّكْبَةُ: کھانے کی چیزوں کا ڈھیر، غلہ کا ڈھیر ج: نُكَبٌ۔
النَّكِيبُ: مصیبت زدہ (۲) کھر یا موزہ کا دائرہ۔
اليَنْكُوبُ من الطَّرق: ٹیڑھا راستہ۔

• نَكَتَ الاَرْضَ وفيها ـُـ نَكْتًا: لکڑی وغیرہ سے زمین کو کریدنا۔ کہتے ہیں: اَتَيتُهُ وهو يَنْكُتُ: میں اس کے پاس آیا تو وہ اس طرح سوچ میں تھا جیسے اپنے دل سے باتیں کر رہا ہو۔ مَرَّ الفَرَسُ وهو يَنْكُتُ: گھوڑا اچھلتا ہوا گذرا۔
ـــ الشَّئَ: زمین پر پھینکنا۔
ـــ فُلانًا: سر کے بل گرانا۔
ـــ الشَّئَ: کسی چیز کو خالی کر دینا۔
ـــ كِنَانَتَهُ: ترکش کے تیر بکھیرنا۔
ـــ العَظْمَ: ہڈی کا گودا نکالنا۔
نَكَّتَ الرُّطَبُ: کھجور پکنا شروع ہونا، رطب بننا شروع ہونا۔
ـــ فی قوله: اپنی بات میں نکتے پیدا کرنا، چٹکلے چھوڑنا، نکتہ آفرینی کرنا۔

اُنْتُكِتَ فُلانٌ: سر کے بل گرنا۔ نَكَتَهُ فَانْتَكَتَ۔
المَنْكُوتُ: مطعون جس پر نکتہ چینی کی جائے (۲) سر کے بل گرا ہوا۔
النَّكَّاتُ: نکتہ پرداز، خوش گفتار، چٹکلے چھوڑنے والا، نکتہ سنج، لطیفہ گو (۲) نکتہ چیں، طعنہ زن۔
النُّكْتَةُ: زمین کریدنے کا نشان (۲) دھبہ (۳) مخفی علامت (۴) مؤثر اور فکر انگیز خیال (۵) دقیق علمی مسئلہ جو بڑے غور و فکر کا محتاج ہو (۶) لطیفہ، چٹکلہ (۷) آئینہ یا تلوار پر ہلکا دھبا (۸) آنکھ کے ڈھیلے میں ہلکا سا گڑھا ج: نُكَتٌ و نِكَاتٌ۔
النَّكِيتُ: مطعون، نکتہ چینی کیا جانیوالا

• نَكَثَ الحَبْلَ و نَحوَهُ ـُـ نَكْثًا: رسی کے بل کھولنا۔
ـــ العَهْدَ اوالیَمِينَ او البَيْعَةَ: عہد یا قسم یا بیعت توڑنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاِنْ نَكَثُوا اَيْمَانَهُمْ من بعد عَهْدِهِم"۔
ـــ السِّوَاكَ: مسواک کا سرا نرم کرنا اس کے ریشے پھیلانا۔
ـــ الاَثَرَ: نشان مٹانا۔
نَاكَثَهُ العَهْدَ: کسی کے ساتھ عہد شکنی کرنا۔
اُنْتَكَثَ الحَبْلُ و نَحْوُهُ: رسی وغیرہ کا ٹوٹ جانا، بل کھل جانا۔
ـــ السِّوَاكُ: مسواک کے سرے کا نرم ہو جانا، ریشے پھیل جانا۔
ـــ مَا كَانَ بَيْنَهُمْ: تعلق منقطع ہونا۔
طَلَبَ فُلانٌ حاجَةً ثُمَّ انْتَكَثَ لِاُخْرٰى: ایک کام کو چھوڑ کر دوسرے پر لگ جانا۔
اُنْتَكَثَ البَعِيرُ وغَيْرُهُ: موٹے اونٹ وغیرہ کا دبلا ہو جانا۔
تَنَاكَثَ القَوْمُ عَهْدَهُمْ: باہم عہد و پیمان توڑنا۔
المُنْتَكِثُ: دبلا، ڈھیلا، شکستہ۔
النُّكَاثُ: اونٹوں کے منہ کی پھنسیاں (۲) ٹھوڑی کے غدود کا ورم۔
النُّكَاثَةُ: ٹوٹی ہوئی چیز۔
نُكَاثَةُ الحَبْلِ: رسی کے کھلے ہوئے بل
نُكَاثَةُ السِّوَاكِ: مسواک کے منہ میں پھیلے ہوئے ریشے۔
النِّكْثُ: دوبارہ بٹے جانے والے پرانے دھاگے (روئی یا اون کے) (۲) وہ پرانے خیمے یا کمبل وغیرہ جن کو ادھیڑ کر دوبارہ کتائی کی جائے (دھاگے بنائے جائیں) ج: اَنْكَاثٌ کہتے ہیں: حَبْلٌ نِكْثٌ وَاَنْكَاثٌ کھولی ہوئی رسی۔ قرآن پاک میں ہے: "ولَا تَكُونُوا كَالَّتِي نَقَضَتْ غَزْلَهَا من بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا": تم اس عورت جیسے نہ ہو کہ جس نے اپنے کتے ہوئے مضبوط دھاگوں کو کھول ڈالا۔
النَّكَّاثُ: پرانے خیموں کو ادھیڑنیوالا۔
النَّكِيثُ: المَنْكُوث: توڑا ہوا، بل کھولا ہوا۔ جیسے: حَبْلٌ نَكِيثٌ: ادھڑی ہوئی رسی۔
النَّكِيثَةُ: اہم اور زبردست معاملہ (۲) مشکل منصوبہ جس کی تنفیذ قوم کے لئے دشوار ہو اور وہ مصیبت میں پھنس جائیں۔ کہتے ہیں: وَقَعُوا فی نَكِيثَةٍ: وہ مشکل میں پڑ گئے (نہ کرتے بن پڑے نہ چھوڑتے)۔
قَوْلٌ لا نَكِيثَةَ فيه: ایسی بات

جس میں نہ وعدہ خلافی ہو نہ عہد شکنی (۳) طبیعت، مزاج۔ ھو ذو نَکِیْثَةٍ حَسَنَةٍ: وہ خوش مزاج ہے (۴) پوری کوشش، آخری سے آخری طاقت

بَذَلَ فِیهِ نَکِیْثَتَهُ: اُس کام میں اس نے ساری طاقت لگادی

بَلَغَ من دَابَّتِهِ النَّکِیْثَةَ: اس نے اپنے چوپائے کی آخری رفتار کردی یا اس کا چوپایہ آخری رفتار کو پہنچ گیا۔

• نَکَحَتِ المَرْأَةُ ـِ نِکَاحًا: عورت کا شادی کرنا۔ ھی نَاکِحٌ و نَاکِحَةٌ۔

— الرَّجُلُ المَرْأَةَ: عورت سے شادی کرنا، نکاح کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَانْکِحُوْا مَا طَابَ لَکُمْ مِنَ النِّسَاءِ"

— المَرْأَةَ: عورت سے مباشرت کرنا (۲) عورت پر اعتماد کرنا۔

— المَطَرُ الأَرْضَ: بارش کا مٹی میں جذب ہوجانا۔

— الدَّوَاءُ فُلَانًا: کسی پر دوا کا اثر کرنا، بہت اثرانداز ہونا۔

— النُّعَاسُ عَیْنَیْهِ: نیند کا غلبہ ہونا۔

اَنْکَحَ المَرْأَةَ: عورت کا نکاح کرانا، شادی کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاَنْکِحُوا الاَیَامٰی مِنْکُمْ"

— فُلَانًا المَرْأَةَ: کسی عورت سے کسی کی شادی کرانا، نکاح کرانا۔

تَنَاکَحَ القَوْمُ: باہم شادی کرنا

— الاَشْجَارُ: درختوں کا آپس میں گتھم گتھا ہونا، ایک دوسرے سے مل جانا۔

اِسْتَنْکَحَ المَرْأَةَ: عورت کو نکاح کا پیغام دینا، شادی کی خواہش کرنا

اِسْتَنْکَحَ فِی بَنِی فُلَانٍ: کسی قبیلہ میں شادی کرنا۔

— النُّعَاسُ عَیْنَهُ: نیند غالب ہونا۔

المَنْکُوْحُ: شادی شدہ۔

المَنْکُوْحَةُ: شادی شدہ عورت

النَّاکِحُ: شادی شدہ مرد یا عورت۔

ھی نَاکِحٌ فِی بَنِی فُلَانٍ: وہ فلاں قبیلہ میں بیاہی ہوئی ہے۔

النِّکْحُ: خاوند، بیوی۔ ھو نِکْحُهَا وھی نِکْحَتُهُ۔

النُّکَحُ: بہت شادیاں کرنے والا، بہت نکاح کرنے والا۔

النُّکَحَةُ: النُّکَحُ۔ ھو نُکَحَةٌ من قومٍ نُکَحَاتٍ: وہ بہت شادیاں کرنے والے لوگوں سے تعلق رکھتا ہے۔

• نَکَدَ حَاجَةَ فُلَانٍ ـُ نَکْدًا: کسی کی ضرورت کو پورا نہ کرنا، محروم رکھنا، کسی کا کام روک دینا۔

— العَطَاءَ: دادودہش کم کرنا، تھوڑا عطیہ دینا۔

— الشَّیْءَ: ختم کرڈالنا۔ ھم نَکَدُوْا مَاءَ البِئْرِ۔

— النَّاسُ فُلَانًا: لوگوں کا مانگ مانگ کر کسی کا سارا مال و اثاثہ ختم کرڈالنا۔

نَکِدَ ـَ نَکَدًا و نَکَادًا: منحوس ہونا۔

— الاَمْرُ: کسی معاملہ کا مشکل ہونا۔

— عَیْشُهُ: زندگی اجیرن ہونا، دوبھر ہونا۔

— الشَّیْءُ: تھوڑا اور معمولی ہونا: نَکِدَ مَاءُ البِئْرِ۔

نَکِدَ فُلَانٌ: کسی کا فیض کم ہونا، دادودہش کم ہونا یا بالکل بند ہوجانا۔

— بِحَاجَةِ فُلَانٍ: ضرورت کو پورا نہ کرنا، بخل کرنا۔ ھو نَکِدٌ و نَکَدٌ ج: اَنْکَادٌ۔ ھو اَنْکَدُ وھی نَکْدَاءُ۔ ج: نُکْدٌ۔

اَنْکَدَ فُلَانٌ فِیمَا طَلَبَ: مقصد میں ناکام رہنا۔

— فُلَانًا: کسی کو بے فیض و بے نفع پانا۔ سَأَلَهُ فَأَنْکَدَهُ۔

نَاکَدَهُ: تنگ کرنے میں کسی پر غالب آنا

نَکَّدَهُ: بخیل بنانا (۲) غیر نافع بنانا۔

— عَطَاءَهُ بِالمَنِّ: احسان جتاکر بخشش کو بےکار کرنا۔

— عَیْشَهُ: کسی کی زندگی کو دوبھر کرنا

تَنَاکَدَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو تنگی و پریشانی میں ڈالنا۔

تَنَکَّدَ الغُرَابُ: کوے کا پوری طاقت سے کائیں کائیں کرنا۔

— عَیْشُهُ: زندگی مکدر ہونا، دوبھر اور اجیرن ہونا۔

الاَنْکَدُ: بخیل، بےفیض ج: نُکْدٌ۔

المُنْکِدُ: نحوست دار۔ جَاءَ فُلَانٌ مُنْکِدًا: فلاں کا آنا مبارک نہیں ہوا۔

المُنَکَّدَاتُ: تکالیف، تفکرات و پریشانیاں۔

المَنْکُوْدُ: بدقسمت، محروم۔ عَطَاءٌ مَنْکُوْدٌ: بخیلانہ بخشش۔ رَجُلٌ مَنْکُوْدٌ: بخیل آدمی جس سے مانگنے میں بہت اصرار کیا جائے، بہت مانگنے سے تنگ و پریشان۔ الحَظُّ المَنْکُوْدُ: بدنصیب۔ مَنْکُوْدُ الحَظِّ: بدنصیب۔

النَّاکِدُ: وہ عورت جس کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں (۲) کم دودھ دینے والا جانور۔ ج: نُکَّدٌ۔
النَّکَدُ: نحوست۔ رَجُلٌ نَکَدٌ: بدبخت و پریشان آدمی۔ اَرْضٌ نَکَدٌ: بیکار زمین ج: نِکَادٌ۔
النَّکِدُ: بخیل، بہت منحوس، بے فیض قرآن پاک میں ہے: "وَالَّذِیْ خَبُثَ لَا یَخْرُجُ اِلَّا نَکِدًا"۔ ج: اَنْکَادٌ۔
النُّکْدُ: قلّت بخشش۔ مَاءٌ نُکْدٌ: تھوڑا پانی۔
• نَکِرَ فُلَانٌ ـَ نَکَرًا وَنُکْرًا وَنَکَارَۃً: سمجھدار و ذی رائے ہونا۔ ھو و ھی نَکِرٌ۔ ج: اَنْکَارٌ۔
ـــ عَلٰی فُلَانٍ: کسی کو ڈرانے والا کام کرنا۔ ھو نَاکِرٌ۔
ـــ الشَّیْئَ: کسی چیز کو نہ پہچاننا، یا اس سے اجنبیت و توحش محسوس کرنا۔
نَکُرَ الْاَمْرُ ـُ نَکَارَۃً: سخت و دشوار ہونا (۲) برا اور اجنبی ہونا۔
اَنْکَرَ الشَّیْئَ: کسی چیز کو نہ پہچاننا، ناواقف ہونا، عجیب و اجنبی سمجھنا، نہ پہچاننا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَدَخَلُوْا عَلَیْہِ فَعَرَفَھُمْ وَھُمْ لَہٗ مُنْکِرُوْنَ" وہ (بھائی) ان کے (یوسفؑ کے) پاس آئے تو انہوں نے ان کو پہچان لیا مگر (آں بھائیوں نے) ان کو نہ پہچانا۔
ـــ حَقَّہٗ: انکار کرنا، تسلیم نہ کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "یَعْرِفُوْنَ نِعْمَۃَ اللّٰہِ ثُمَّ یُنْکِرُوْنَھَا"۔
ـــ عَلٰی فُلَانٍ فِعْلَہٗ: کسی کے فعل کو ناپسند کرکے اس سے روکنا۔

مَا کَانَ اَنْکَرَہٗ: وہ بڑا ہی چالاک تھا۔
نَاکَرَہٗ: کسی کے ساتھ چالاکی کرنا، دھوکہ دینے کی کوشش کرنا (۲) قتل و غارت گری کرنا، جنگ کرنا
نَکَّرَ الشَّیْئَ: بدل کرنا قابل شناخت بنا دینا۔ قرآن پاک میں ہے: "قَالَ نَکِّرُوْا لَھَا عَرْشَھَا"۔
ـــ الْاِسْمَ: اسم کو نکرہ بنانا۔
تَنَاکَرَ فُلَانٌ: انجان و اجنبی بننا، اظہار ناواقفیت کرنا۔
ـــ الْقَوْمُ: لوگوں کا ایک دوسرے کو نہ پہچاننا۔
ـــ الْاَمْرَ: کسی بات کو نہ جاننے کا دعویٰ کرنا۔
تَنَکَّرَ: (ایک حال سے دوسرے حال میں یا ایک ہیئت سے دوسری ہیئت میں) بدل جانا، اجنبی بن جانا، نامانوس ہو جانا، روپ بدلنا، بھیس بدلنا۔
ـــ لَہٗ: کسی کے لئے اجنبی جیسا ہو جانا، اپنائیت نہ برتنا۔ تَنَکَّرَلِیْ فُلَانٌ وہ مجھ سے بری طرح پیش آیا، اس نے میرے ساتھ سابق کے برعکس بدسلوکی کی۔ تَنَکَّرَ فِیْ زِیِّ کَذَا: کوئی بھیس بدلنا، کوئی روپ اختیار کرنا۔
اِسْتَنْکَرَ الْاَمْرَ: ناپسند کرنا، مذمت کرنا، اظہار نفرت کرنا، برا سمجھنا۔
الْاِنْکَارُ: عدم تسلیم۔
اِنْکَارُ الذَّاتِ: خود فراموشی (اپنی ذات پر غیر کو ترجیح دینے اور ایثار کرنے کا جذبہ)۔
الْاَنْکَرُ: بہت برا، بہت ناگوار۔ "اِنَّ اَنْکَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِیْرِ"؛
الْمُنْکَرُ: عقل سلیم کے نزدیک ہر بری اور ناگوار بات (۲) ہر وہ بات جو شریعت کی رو سے ناپسندیدہ یا حرام ہو، برائی، بری بات، برا کام (خلاف معروف: بھلائی، نیکی) ج: مُنْکَرَاتٌ
الْمُنْکَرَاتُ: برائیاں، برے اعمال۔
الْمُنْکِرُ لِلذَّاتِ: خود فراموش۔
الْمُنْکِرُ لِلْجَمِیْلِ: احسان فراموش۔
الْمُنَکَّرُ: اسم نکرہ، خلاف معرفہ۔
الْمَنْکُوْرُ: نامعلوم، ناقابل شناخت (۲) ناپسندیدہ (۳) انجان راستہ۔ ج: مَنَاکِیْرُ۔
النَّاکِرُ: ناواقف، انجان۔
نَاکِرُ الْجَمِیْلِ: احسان فراموش۔
النُّکْرُ: ذہانت و چالاکی (۲) سخت قرآن پاک میں ہے: "فَتَوَلَّ عَنْھُمْ یَوْمَ یَدْعُ الدَّاعِ اِلٰی شَیْئٍ نُّکُرٍ" ج: اَنْکَارٌ۔
النَّکْرَاءُ: ذہانت و چالاکی۔ اِمْرَاَۃٌ نَکْرَاءُ: چالاک و دانشمند عورت (۲) برائی (۳) سختی۔ اَصَابَتْھُمْ مِنَ الدَّھْرِ نَکْرَاءُ: ان کو زمانہ کی سختی لاحق ہوئی۔
النُّکْرَانُ: انکار، عدم تسلیم۔
النُّکْرَانُ لِلْجَمِیْلِ: احسان فراموشی، ناسپاسی۔
النَّکِرَۃُ: انکار، ناواقفیت (۲) نحویوں کے نزدیک وہ اسم جو کسی عام مسمّٰی (ذات) پر دلالت کرے، وہ موجود ہو یا مقدر۔ جیسے: رَجُلٌ یہ ہر بالغ مذکر حیوان ناطق پر بولا جائے گا، نیز جیسے: شَمْسٌ یہ ہر اس ستارہ پر بولا جاتا ہے جو دن میں طلوع ہو کر رات کے وجود کو مٹا دیتا ہے،

(خلاف المعرفة) (۳) پھوڑے وغیرہ سے نکلنے والا مواد، خون، پیپ
النَّكَرَةُ: انکار، اجنبیت۔ كَانَ لِي أَشَدَّ نَكَرَةً: وہ میرے لئے انتہائی اجنبی تھا۔ یا میرے لئے سخت ناگوار تھا۔
النَّكِيرُ: انکار، ناگواری، رد، اعتراض۔ شُتِمَ فما أَبْدَى نَكِيرًا: اسے برا بھلا کہا گیا لیکن کوئی ناگواری ظاہر نہیں کی (۲) عبرتناک سزا۔ قرآن پاک میں ہے: "فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ" (۳) سخت و دشوار۔ أَمْرٌ نَكِيرٌ: دشوار کام یا سخت معاملہ (۴) مضبوط حِصْنٌ نَكِيرٌ: مضبوط قلعہ۔
• نَكَزَ الدَّابَّةَ ـُ نَكْزًا: جانور کو نوک دار چیز چبھا کر دوڑانا۔
ـــ الدَّابَّةُ الشَّيْءَ: جانور کا کسی چیز کو دانتوں سے کاٹنا۔
نَكَزَتِ الْبِئْرُ ـُ نَكْزًا: کنویں کا پانی کم ہونا۔ هِيَ نَاكِزٌ وَنَكُوزٌ
أَنْكَزَ الْبِئْرَ: کنویں کا پانی ختم کر دینا۔
نَكَّزَ الْبِئْرَ: أَنْكَزَهَا۔
الْمَنْكَزَةُ: تنگی۔ فُلَانٌ بِمَنْكَزَةٍ مِنَ الْعَيْشِ: فلاں تنگی کی زندگی گذار رہا ہے۔
النِّكْزُ: گھٹیا مال (۲) گھٹیا لوگ (۳) ہڈی میں بچا ہوا گودا۔
النَّكَّازُ: ایک قسم کا چھوٹے سر والا زہریلا سانپ۔
• نَكَسَ الشَّيْءَ ـُ نَكْسًا: الٹنا، پلٹنا، اوندھا کرنا، اوپر کا نیچے اور نیچے کا اوپر کرنا، سامنے کا حصہ پیچھے اور پیچھے کا آگے کرنا۔
ـــ رَأْسَهُ: ذلت و شرمندگی سے سر جھکانا۔
ـــ الطَّعَامُ وَغَيْرُهُ دَاءَ الْمَرِيضِ: کھانے وغیرہ کا بیماری کو لوٹا دینا۔
نَكَسَهُ فِي ذَلِكَ الْأَمْرِ: اس معاملہ میں اسے دوبارہ پھنسا دیا۔
نَكَسَ الْعَلَمَ: جھنڈا سرنگوں کرنا۔
نُكِسَ الْوَلَدُ: پیدائش کے وقت بچہ کے پیر سر سے پہلے نکلنا (الٹا پیدا ہونا)۔
ـــ الْمَرِيضُ: دوبارہ بیمار ہو جانا۔
ـــ فُلَانٌ: کمزور و معذور ہو جانا۔
ـــ عَنْ نُظَرَائِهِ: اپنے ساتھیوں سے پیچھے رہنا، ان کے مقابلہ میں کوتاہ ہونا۔
ـــ الْفَرَسُ: دوڑ میں گھوڑے کا دوسرے گھوڑوں سے پیچھے رہ جانا۔
ـــ عَلَى رَأْسِهِ: پلٹ جانا، کسی بات کو جان لینے کے بعد اس سے لوٹ جانا۔ قرآن پاک میں ہے: "ثُمَّ نُكِسُوا عَلَى رُءُوسِهِمْ" پھر وہ حق شناسی کے بعد (باطل کی طرف) پلٹ گئے۔
نَكَّسَ الْفَرَسُ: دوڑ میں دوسرے گھوڑوں سے پیچھے رہ جانا۔
ـــ فُلَانٌ: منہ بگاڑنا، تیوری چڑھانا
ـــ اللهُ فُلَانًا فِي الْعُمُرِ: اللہ کا کسی کی عمر کو ضعف کے آخری درجہ پر لیجا کر طفولت جیسے حال میں لوٹا دینا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَمَنْ نُعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ" اور ہم جس کی عمر زیادہ کر دیتے ہیں تو اس کو پھر پیدائشی حالت کی طرف لوٹا دیتے ہیں۔
ـــ الشَّيْءَ: پلٹنا، اوندھا کرنا۔
أُنْتُكِسَ الشَّيْءُ: پلٹ جانا، سرنگوں ہو جانا۔ نَكَسَهُ فَانْتَكَسَ۔
أُنْتُكِسَ الْمَرِيضُ: بیمار کا مرض لوٹ آنا۔
تَنَكَّسَ الشَّيْءُ: أُنْتُكِسَ۔ نَكَّسَهُ فَتَنَكَّسَ۔
الْمُنَكَّسُ: وہ گھوڑا جو کمزوری کے باعث دوڑتے وقت سر اور گردن اوپر نہ کر سکے (۲) سست رفتار جو ساتھیوں کو نہ پکڑ سکے (پیچھے رہ جائے)۔
الْمَنْكُوسُ: مقلوب، الٹا، پلٹا ہوا، وَلَدٌ مَنْكُوسٌ: الٹا پیدا ہونے والا بچہ (جس کے پاؤں پہلے اور سر بعد میں نکلے) وِلَادَةٌ مَنْكُوسَةٌ: الٹی پیدائش: فُلَانٌ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ مَنْكُوسًا: فلاں الٹی طرف سے قرآن پڑھتا ہے (آخری سورت سے اول سورت کی طرف)
النَّاكِسُ: ذلت سے سر جھکانے والا ج: نَاكِسُونَ وَنَوَاكِسُ۔ قرآن پاک میں ہے: "وَلَوْ تَرَى إِذِ الْمُجْرِمُونَ نَاكِسُو رُءُوسِهِمْ" (۲) بڑھاپے کی آخری منزل کو پہنچنے والا۔ ج: نُكُسٌ۔
النُّكْسُ: بیماری کی واپسی۔
النِّكْسُ: ٹوٹے ہوئے سرے والا تیر جس کا بالائی حصہ نیچے کر دیا جائے (۲) پست قد (۳) کمزور (۴) کرم و مدد سے عاری رذیل شخص ج: أَنْكَاسٌ۔
النَّكْسَةُ: پسپائی (۲) شکست (۳) دھچکا (۴) انحطاط۔
• نَكَشَ الشَّيْءَ ـُ نَكْشًا: کسی چیز کو خالی کرنا۔ هَذِهِ بِئْرٌ لَا تُنْكَشُ: اس کنویں کو خالی

نہیں کیا جاتا۔ فُلَانٌ بَحْرٌ لَا یُنْکَشُ: فلاں کا فیض وکرم ہمیشہ جاری رہتا ہے۔
نَکَشَ الاَمْرَ: تحقیق کرنا، کھود کرید کرنا۔
ـــ الطَّعَامَ وَنَحْوَهُ: کھانا وغیرہ ختم کر ڈالنا۔
ـــ العَمَلَ وَمِنْهُ: کام سے فارغ ہونا، کام مکمل کرنا۔
اِنْتَکَشَ الشَّیْءَ: نَکَشَهُ۔
المِنْکَاشُ: نکالنے کا آلہ (۲) آلہ نقاشی ج: مَنَاکِیْشُ۔
المِنْکَشُ: معاملات کی تحقیق کرنیوالا۔
المَنْکُوْشُ: سَفَطٌ مَنْکُوْشٌ: خالی عطردان یا خالی سنگاردان۔ ج: مَنَاکِیْشُ۔
النَّکَّاشُ: معاملات کی تحقیق کرنیوالا۔
• نَکَصَ ـِ نَکْصًا و نُکُوْصًا: پیچھے ہٹنا۔
ـــ عن الاَمْرِ: کام سے باز رہنا، چھوڑ دینا، پیچھے ہٹ جانا۔
ـــ عَلٰی عَقِبَیْهِ: الٹے پاؤں پھرنا کسی کام کا ارادہ کرنے کے بعد اسے چھوڑ کر دوسری طرف پھرنا۔
المَنْکَصُ: لوٹنے کی جگہ (۲) الگ ہٹنے کی جگہ۔
• نَکِظَ الشَّیْءُ ـَ نَکَظًا: بھونڈا ہونا برا ہونا۔
ـــ فُلَانٌ نَکَظًا: تھکنا (۲) جلدی کرنا
نَکِظَ فُلَانٌ لِلْخُرُوْجِ: نکلنے کے لئے جلدی کرنا (۳) سخت بھوک لگنا۔
اَنْکَظَهُ عن الاَمْرِ: کسی سے کسی کام میں جلدی کرانا (۲) کسی کام سے روکنا۔
نَکَّظَ: اَنْکَظَ۔
ـــ حَاجَتَهُ غَیْرَه: دوسرے کے کام کو دشوار بنا دینا، پورا نہ ہونے دینا۔
تَنَکَّظَ الاَمْرُ: معاملہ کا پیچیدہ ہوجانا
ـــ فُلَانٌ: سفر میں کسی کی حالت خراب ہونا۔ دشواری پیش آنا (۲) بخل کرنا۔
المَنْکَظَةُ: سفر کی مشقت وصعوبت
• نَکَعَ فُلَانٌ عن الاَمْرِ ـَ نَکْعًا: کسی کام سے ہٹنا، باز رہنا سستی کرنا۔
ـــ فُلَانًا بِظَهْرِ قَدَمِهِ: کسی کے دولتی مارنا (پاؤں کی پشت مارنا)۔
ـــ المَاشِیَةَ: مویشی کو دوہتے ہوئے تھکا دینا، تکلیف دینا۔
ـــ فُلَانًا حَقَّهُ: کسی کو اس کے حق سے محروم کرنا۔
ـــ عن الشَّیْءِ: روک دینا، باز رکھنا کسی سے جلدی کرانا۔
نَکِعَ ـَ نَکَعًا و نُکْعَةً: سرخ اور چھلا ہوا ہونا۔ هو نَکِعٌ ونَاکِعٌ۔ وهو ایضًا اَنْکَعُ وهی نَکْعَاءُ ج: نُکْعٌ۔
اَنْکَعَ فُلَانٌ: تھکا ماندہ ہونا۔
ـــ الشَّیْءَ: پیچھے لوٹانا، دھکیلنا۔
ـــ فُلَانًا عن الاَمْرِ: کسی سے کسی کام میں عجلت کرانا۔
ـــ الاَمْرُ صَاحِبَهُ: معاملہ صاحبِ معاملہ کے ہاتھ سے نکل جانا، وقت ضرورت اپنی چیز ہاتھ نہ آنا۔
اَنْکَعَهُ: جلدی مچا کر کسی کی زندگی دوبھر کرنا، پریشان کرنا۔
عن حَاجَتِهِ: کسی کو اس کے مقصد سے روکنا۔
المُنْکَعُ: اَنْفٌ مُنْکَعٌ: چپٹی ناک۔
النَّکَعُ: اَحْمَرُ نَکَعٌ: تیز سرخ۔
النُّکَعُ: سیاہی مائل سرخ آدمی۔
النَّکَعَةُ: طرثوث پودے کی نوک (۲) ناک کی پھننگ، کنارہ۔
النُّکَعَةُ: چھلا ہوا سرخ (۲) بے وقوف (۳) کاہل آدمی جہاں بیٹھ جائے وہاں سے اٹھنے کا نام نہ لے۔
النَّکُوْعُ: پست قد عورت ج: نُکُعٌ۔
• نَکَفَ عن الشَّیْءِ ـُ نَکْفًا: کسی چیز سے ناک چڑھانا اور اس سے باز رہنا۔
ـــ الدَّمْعَ: انگلی رخسار پر پھیر کر آنسو پونچھنا۔
ـــ البِئْرَ: کنواں خالی کرنا۔ جَیْشٌ لَا یُنْکَفُ: لاتعداد لشکر جس کا اول و آخر معلوم نہ ہو۔ عِنْدَهُ شَجَاعَةٌ لَا تُنْکَفُ: اس میں زبردست بہادری ہے۔ بَحْرٌ لَا یُنْکَفُ: بے پایاں سمندر۔ غَیْثٌ لَا یُنْکَفُ: لگاتار بارش
ـــ الشَّیْءَ: دور کرنا، ہٹانا۔
نَکِفَ الحَیَوَانُ ـَ نَکَفًا: جانور کے جبڑے کے قریب غدود میں بیماری ہونا۔
ـــ الیَدُ: ہاتھ میں درد ہونا۔
نُکِفَ نَکَافًا: بیمار ہونا۔ هو مَنْکُوْفٌ
اَنْکَفَهُ: قابل نفرت چیز سے پاک رکھنا۔
نَاکَفَهُ الکَلَامَ: کسی کو سختی سے ہربات کا جواب دینا، ترکی بہ ترکی جواب دینا۔
نَکَّفَ: جبڑے کے غدود پھول کر بخار ہو جانا۔
اِنْتَکَفَ: ایک علاقہ سے دوسرے علاقہ

میں چلے جانا یا ایک کام سے ہٹ کر دوسرے کام پر لگنا (ایک جگہ قائم نہ رہنا)۔
اُنتکف لَہٗ: کسی پر زیادتی کرنا۔
— الرَّجُلُ: پھر جانا، ہٹ جانا۔ ضَرَبَہٗ فَانْتَکَفَ: اسے مارا تو وہ ہٹ گیا۔
— العَرَقَ من جَبِیْنِہٖ: پیشانی کا پسینہ صاف کرنا۔
— الاَثَرَ: نشان مٹانا، دھبہ دور کرنا۔
تَنَاکَفَ الرَّجُلانِ الکَلامَ: باہم گفتگو کرنا، بحث و مباحثہ کرنا۔
استَنْکَفَ من الشَّیْءِ و عنه: ناک چڑھانا، بڑائی کی وجہ سے کسی چیز کو چھوڑنا، اس میں عار محسوس کرنا۔
— عن العَمَلِ: بڑائی کی بنا پر کسی کام میں عار محسوس کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "وَاَمَّا الَّذِیْنَ اسْتَنْکَفُوْا وَاسْتَکْبَرُوْا فَیُعَذِّبُہُمْ۔ نیز لَنْ یَّسْتَنْکِفَ المَسِیْحُ اَنْ یَّکُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰہِ۔" مسیح (علیہ السلام) کو اللہ کا بندہ ہونے میں ہرگز عار نہ ہوگا۔
الاستِنْکافُ: بڑائی، غرور، عار، ناگواری نفرت۔
المَنْکُوْفُ: غدود پھولنے کا مریض۔
النُّکَافُ: جبڑے کی دونوں جڑوں کے غدود کا ورم (جس کے ساتھ بخار بھی ہوتا ہے)
النَّکَفُ: ہاتھ میں ایک قسم کا درد۔
النِّکْفُ: قابل نفرت یا قابل شرم و عار چیز۔ رَجُلٌ نِکْفٌ: قابل نفرت آدمی۔
النَّکَفَۃُ: جبڑے کی جڑ میں کان کی لو کے قریب چھوٹا غدہ ج: نَکَفٌ۔
• نَکَلَ عن الاَمْرِ ـُـ نُکُوْلاً: بزدلی سے پیچھے ہٹنا۔ جیسے: نَکَلَ عن العَدُوِّ و نَکَلَ عن الیَمِیْنِ۔
نَکَّلَ فُلانًا عن الشَّیْءِ: روکنا۔
— بِفُلانٍ تَنْکِیْلَۃً قَبِیْحَۃً: کسی پر آفت لانا۔ نیز کہتے ہیں: رَمَاہُ بِنُکْلَۃٍ۔
نَکِلَ عن الاَمْرِ ـَـ نَکَلاً: بزدلی سے پیچھے ہٹنا، بزدلی کی وجہ سے کوئی کام نہ کرنا۔
اَنْکَلَہٗ عن الاَمْرِ او الشَّیْءِ: روکنا، باز رکھنا۔ جیسے: اَنْکَلَہٗ عن عَزْمِہٖ۔
نَکَّلَ بہٖ: عبرتناک سزا دینا۔
— الشَّیْءَ: مقید کرنا۔
— فُلانًا عن الشَّیْءِ: باز رکھنا۔
التَّنْکِیْلُ: عبرتناک سزا (فعل)، عذاب دہی، ایذا رسانی۔
التنکیل الوَحْشِیُّ: وحشیانہ سزا۔
المَنْکَلُ: عبرتناک سزا کا ذریعہ یا طریقہ (۲) چٹان۔
النَّاکِلُ: کمزور بزدل۔ ھو ناکِلٌ عن الامور: وہ معاملات میں کمزور و پست ہمت ہے۔
النَّکَالُ: سزا، عبرتناک سزا (۲) آفت و مصیبت۔ قرآن پاک میں ہے: "فَجَعَلْنٰھَا نَکَالاً لِّمَا بَیْنَ یَدَیْہَا وَمَا خَلْفَہَا۔" "جَزَآءً بِمَا کَسَبَا نَکَالاً مِّنَ اللّٰہِ۔"
النَّکَلُ: جرس (بڑا ڈول) کے نیچے باندھنے کی رسّی (۲) بہادر و تجربہ کار۔ رَجُلٌ نَکَلٌ و فَرَسٌ: بہادر آدمی، مضبوط گھوڑا۔ حدیث شریف میں ہے: "اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ النَّکَلَ علی النَّکَلِ۔" اللہ کو مضبوط گھوڑے پر بہادر سوار پسند ہے۔
النِّکْلُ: بیڑی۔ قرآن پاک میں ہے: "اِنَّ لَدَیْنَا اَنْکَالاً" ہمارے پاس بیڑیاں ہیں۔ (۲) لگام کی ایک قسم (۳) لگام کا لوہا (۴) مہار۔ رَجُلٌ نِکْلٌ: ہم سروں پر غالب آنے والا مضبوط آدمی۔ ھو نِکْلُ شَرٍّ: شر پر قابو پانے والا ج: اَنْکَالٌ و نُکُوْلٌ۔
النُّکْلَۃُ: دو ملیم کے مساوی ایک مصری سکہ۔
النِّیْکِلُ: نکل، معدنی پالش۔
• نَکَہَتِ الشَّمْسُ ـَـ نَکْہًا: دھوپ تیز ہونا، بہت گرم ہونا۔
— فُلانٌ و نَکَہَ علی فُلانٍ و لِفُلانٍ و فی وَجْہِ فُلانٍ: کسی کے منہ یا ناک کے قریب اپنا سانس چھوڑنا۔
— فُلانًا: کسی کے منہ کی بو سونگھنا۔
نَکِہَ ـَـ نَکْہًا: دوسرے کی ناک پر اپنا سانس چھوڑنا۔
— فُلانًا: منہ کی بو سونگھنا۔
نُکِہَ فُلانٌ: پیٹ کی خرابی سے منہ کی بو بدل جانا۔
النَّکْہَۃُ: منہ کی بو۔ ھو طَیِّبُ النَّکْہَۃِ: وہ خوشبودار ہے۔
• نَکَی العَدُوَّ و فیہ ـِـ نِکَایَۃً: دشمن کو زیر کرنا، زخمی کر دینا یا مار ڈالنا (۲) شکست دینا، غلبہ پانا۔
نَکِیَ العَدُوُّ ـَـ نَکًی: شکست کھانا، مغلوب ہونا، زچ ہونا۔

ن ــــــ ل

• النُّلْنُلُ: کمزور بوڑھا۔

ن ــــــ م

• نَمَرَ فی الجبلِ والشجرِ ـُـ نَمْرًا: چڑھنا۔
نَمِرَ ـَـ نَمَرًا و نُمْرَۃً: چیتے جیسا

ہونا (چتکبرا ہونا) سفید اور دوسرے رنگ کے دھبوں والا ہونا۔ ھو نَمِرٌ و ھی نَمِرَۃ۔
نَمِرَ السَّحَابُ : بادل دھبوں والا ہونا (چیتے جیسا ہونا) مثل ہے : اَرِنِیہا نَمِرَۃً اُرِکہا مَطِرَۃً : تو مجھے چیتے جیسا بادل دکھا میں تجھے برستا ہوا بادل دکھاؤں گا۔ ھو اَنْمَرُ و ھی نَمْرَاءُ ج: نُمْرٌ۔
ــــ فُلَانٌ : غصہ ہونا، بدمزاج ہونا (یعنی چیتے کی خصلت جیسا ہونا)۔ ھو نَمِرٌ۔
اَنْمَرَ فُلَانٌ : صاف ستھرا پانی پالینا۔
نَمَّرَ فُلَانٌ : غضبناک ہونا، بد اخلاق و بدمزاج ہونا۔
ــــ وَجْہَہٗ : منھ بنانا، تیوری چڑھانا
ــــ الشَّیْئَ : چیتے جیسے رنگ کا بنانا
بُرْدٌ مُنَمَّرَۃٌ : چیتے جیسی چتکبری چادریں۔ اَقْبَلَتْ نُمَیْرٌ وَ مَا نَمَّرُوا : قبیلہ نمیر سامنے آیا مگر (قبیلے والوں نے) اپنے لوگوں کو اکٹھا نہیں کیا
تَنَمَّرَ : رنگ یا طبیعت میں چیتے کے مشابہ ہونا، چتکبرا ہونا (۲) غصیلا اور بدمزاج ہو جانا۔
ــــ لِفُلَانٍ : کسی کے ساتھ بدخلقی سے پیش آنا، کسی پر غصہ ہونا، دھمکی دینا دھمکی دیتے وقت آواز لمبی کرنا۔
الاَنْمَرُ : چتکبرا (ہر وہ چیز جس میں ایک داغ سفید اور دوسرا کسی اور رنگ کا ہو) فَرَسٌ اَنْمَرُ و ثَوْبٌ اَنْمَرُ۔ ھی نَمْرَاءُ ج: نُمْرٌ۔
المُنَمَّرُ : کالے اور سیاہ دھبوں والا، چتکبرا۔ بُرْدٌ مُنَمَّرَۃٌ : سفید و سیاہ دھاریوں والی چادر۔ طَیْرٌ مُنَمَّرَاتٌ : چتکبرے پرندے

(۲) نمبر پڑی ہوئی چیز۔
النَّامِرَۃُ : بھیڑیے وغیرہ کو شکار کرنے کا لوہے کا کانٹا۔
النَّامُوْرُ : خون۔
النَّمِرُ : چیتا ج: اَنْمَارٌ و اَنْمُرٌ و نُمُرٌ و نِمَارٌ و نِمَارَۃٌ و نُمُوْرٌ و نُمُوْرَۃٌ و نُمْرٌ۔
النِّمْرُ : النَّمِرُ۔
النِّمِرَۃُ : چیتے کی مادہ (۲) چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں سے جڑے ہوئے بادل کا ایک ٹکڑا۔ ج: نَمِرٌ (۲) سفید و سیاہ دھاریوں کا کمبل یا چادر، ج: نِمَارٌ (۳) چیتے وغیرہ کو شکار کرنے کا کانٹا (آہنی کنڈا)۔
النَّمْرَۃُ : نمبر۔
النُّمْرَۃُ : کسی بھی رنگ کا دھبہ، داغ، دھاری (۲) سفیدی و سیاہی ج: نُمَرٌ۔
النَّمَّارَۃُ : نمبر ڈالنے کی مشین۔
النَّمِیْرُ : صاف و شفاف پانی (۲) آب پاشی کے لئے مفید پانی۔
حَسَبٌ نَمِیْرٌ : خالص و بے داغ نسب۔
النُّمْرُقُ : چھوٹا تکیہ۔ قرآن پاک میں ہے : " وَ نَمَارِقُ مَصْفُوْفَۃٌ " لائن سے لگے ہوئے تکیے (۲) غالیچہ، چھوٹا قالین۔
النُّمْرُقَۃُ : النُّمْرُقُ۔
النَّمْرَقَۃُ : النُّمْرُقُ۔
النِّمْرِقَۃُ : النُّمْرُقُ (۲) جگہ جگہ سے پھٹا ہوا بادل۔
• نَمَسَ السِّرَّ ـِ نَمْسًا : راز چھپانا۔
ــــ فُلَانًا : کسی سے راز کی بات کرنا، چپکے چپکے باتیں کرنا۔

نَمِسَ السَّمْنُ او الطِّیْبُ و نَحْوُھُمَا ـَ نَمَسًا : گھی یا خوشبو وغیرہ کا خراب ہو جانا۔
ــــ بِفُلَانٍ : کسی کی چغلی کھانا۔ ھو نَمِسٌ۔
اَنْمَسَ بَیْنَ القَوْمِ : لوگوں کو آپس میں لڑانا، فساد انگیزی کرنا۔
نَامَسَ الصَّائِدُ : شکاری کا گھات میں بیٹھنا۔
نَمَّسَ الشَّعْرُ : بالوں کا چکنائی لگنے سے میلا ہو جانا۔
ــــ الجُبْنُ و السَّمْنُ و نَحْوُھُمَا : پنیر یا گھی وغیرہ کا خراب ہونا شروع ہونا۔ ھو مُنَمِّسٌ۔
ــــ علیہ الاَمْرَ : کسی معاملہ کو کسی کے لئے مشتبہ کر دینا، مغالطہ دینا
ــــ العَرَقُ الجَسَدَ : پسینہ کا بدن کو نمکین کر دینا۔
اِنَّمَسَ فُلَانٌ اِنِّمَاسًا : چھپنا۔
ــــ فی الشَّیْئِ : داخل ہونا۔
تَنَمَّسَ الصَّائِدُ : شکار کے لئے چھپنے کی جگہ (گھات) بنانا۔
ــــ الاَمْرُ : خلط ملط ہونا، مشتبہ ہونا، غیر واضح ہونا۔
الاَنْمَسُ : مٹیالا۔ ھی نَمْسَاءُ ج: نُمْسٌ۔
المُنَامِسُ : رازداں۔
النَّامُوْسُ : رازدار (جس سے اپنے دل کی بات کہی جائے) (۲) حضرت جبریل علیہ السلام (۳) چھوٹے بچوں کا محافظ و نگراں (۴) قانون و شریعت (۵) ماہر و ہوشیار (۶) شکاری کی گھات (۷) راہب کی قیام گاہ (۸) شیر کا مسکن (کچھار) (۹) عزت و آبرو۔ ج: نَوَامِیْسُ۔

النَّامُوسَۃُ: شیر کی جھاڑی (۲) چھوٹا مچھر ج: نَامُوسٌ۔
النَّامُوسِیَّۃُ: مچھر دانی۔
النِّمْسُ: نیولا ج: نُمُوسٌ وَاَنْمَاسٌ
النَّمَسُ: دودھ یا چکنائی کی بو۔
النَّمَسَۃُ: بدبو، سڑاند۔ فِیہِ نَمَسَۃٌ: اس میں سڑاند ہوگئی ہے۔
النِّمْسَا: ملک آسٹریا۔
النِّمْسَاوِی: آسٹریا کا باشندہ۔
• نَمَشَ الشَّیْءَ ـُ نَمْشًا: کسی چیز کو بطور کھیل اٹھا لینا۔
— الجَرَادُ الاَرْضَ: ٹڈیوں کا زمین کے کچھ گھاس کو کھا کر کچھ کو چھوڑ دینا۔
— فُلَانًا: کسی سے چپکے چپکے بات کرنا۔
— الشَّیْءَ: کسی چیز کو مزین کرنا، نقش و نگار کرنا۔
— الکَلَامَ: جھوٹی باتیں کرنا۔
نَمِشَ ـَ نَمَشًا: داغ دار کھال والا ہونا، دھبوں والا ہونا۔ ھُوَ نَمِشٌ وَاَنْمَشُ وَھِیَ نَمْشَاءُ ج: نُمْشٌ
اَنْمَشَ بَیْنَ القَوْمِ: لوگوں میں فساد پھیلانا، چغلخوری کرنا۔
نَمَّشَ الشَّیْءَ: مزین کرنا، خوب سجانا۔
— الحَدِیْثَ: بات کو راز میں رکھنا۔
النَّمْشُ: چغلخوری (۲) آراستہ کیا ہوا جھوٹا کلام، چکنی چپڑی باتیں۔
النَّمَشُ: اثر، نشان۔ حدیث میں ہے: فَعَرَفْنَا نَمَشَ اَیْدِیْھِمْ فِی العُذُوقِ: ہم نے کھجور کے خوشوں میں ان کے ہاتھوں کے نشانات کو پہچان لیا (۲) کھال پر گودنے کے نشانات و نقوش، دھاریاں (۳) چہرے کے داغ (۴) ناخنوں کی جڑ میں آنے جانے والی سفیدی۔
النَّمِشُ: دھاری دار، نقشیں، داغ دار
سَیْفٌ نَمِشٌ: دھاریاں پڑی ہوئی تلوار۔
• نَمَصَ الشَّعْرُ اوِ النَّبْتُ ـُ نَمْصًا: بالوں یا کونپلوں کا روئیں کی طرح باریک ہونا۔
— الشَّعْرَ: بال چونٹنا۔
نَمِصَ الشَّعْرُ ـَ نَمَصًا: بالوں کا روئیں کی طرح باریک ہونا۔
اَنْمَصَ النَّبْتُ اوِ الشَّعْرُ: کونپل یا بالوں کا چونٹے جانے کے بعد اُگ آنا۔
— النَّبَاتُ اوِ الشَّعْرُ وَنَحْوُھُمَا: نباتات کے کاٹنے اور بالوں کے چونٹنے کا وقت آجانا۔
نَمَّصَ الشَّعْرَ اوِ النَّبْتَ: چونٹنا۔
اِنْتَمَصَتِ المَرْاَۃُ: سنگار کرنے والی سے کسی عورت کا اپنے چہرے کے بال اکھڑوانا (۲) اپنے چہرے کے بال چونٹنا۔
تَنَمَّصَتِ المَرْاَۃُ: دھاگہ سے اپنی پیشانی کے بال اکھاڑنا۔ حدیث میں ہے "لُعِنَتِ النَّامِصَۃُ وَالمُتَنَمِّصَۃُ": پیشانی کے بال اکھاڑنے والی اور اکھڑوانے والی پر لعنت ہے۔
— المَاشِیَۃُ: مویشی کا شروع میں اگی ہوئی گھاس چرنا۔
الاَنْمَصُ: اَنْمَصُ الحَاجِبَیْنِ: باریک بھووں والا۔ ھِیَ نَمْصَاءُ ج: نُمْصٌ۔
المِنْمَاصُ: کانٹا نکالنے کا اوزار، موچنا
النَّامِصَۃُ: بال صاف کرکے تزیین کا پیشہ کرنے والی عورت۔
النِّمَاصُ: سوئی کا دھاگہ۔
النَّمَصُ: چھوٹے پر (۲) پہلا اگا ہوا سبزہ (۳) ایک ملائم گھاس جس سے ٹوکریاں چٹائیاں اور سر پوش وغیرہ بنے جاتے ہیں۔
النَّمِیْصُ: کاٹنے یا چونٹنے کے بعد اگنے والے بال یا کونپلیں۔
• اَنْمَطَ لَہُ العَطَاءَ: کسی کو دینے میں کمی کرنا، تھوڑا عطیہ دینا۔
نَمَّطَہُ عَلَی الشَّیْءِ: کسی کو کوئی چیز بتانا نیز کہتے ہیں: نَمَّطَ لَہُ عَلَی الشَّیْءِ
الاَنْمَطُ: طریقہ، ڈھنگ، طرز، فیشن۔
النَّمَطُ: بستر کا اوپر والا کپڑا (۲) فرش کی ایک قسم، شطرنجی، غالیچہ (۳) ہودہ پر ڈالا جانے والا جھالر دار رنگین اونی کپڑا (۴) طریقہ، طرز، فیشن (۵) ایک رنگ ڈھنگ کے لوگ (۶) کسی چیز کا طرز یا قسم یا نوع۔ عِنْدِی مَتَاعٌ مِنْ ھٰذَا النَّمَطِ: میرے پاس اس قسم کا سامان ہے۔
النَّمَطِیُّ: معیاری (۲) نمونہ کا۔
• نَمَغَ الشَّیْءَ: سیاہ و سرخ اور سفید مخلوط رنگوں میں رنگنا۔
النَّمْغَۃُ: نومولود بچہ کا تالو (چندیا) سر کے بیچ کا حرکت کرتا ہوا نرم گول حصہ (۲) پہاڑ وغیرہ کی چوٹی (۳) قبیلہ کے منتخب لوگ (۴) مال یا لوگوں کی کثرت ج: نَمَغٌ۔
• نَمَقَ الکِتَابَ ـُ نَمْقًا: خوبصورت لکھنا۔
اَنْمَقَتِ النَّخْلَۃُ: درخت خرما پر بے گٹھلی کی رطب کھجور آنا۔
نَمَّقَ الثَّوْبَ اوِ الجِلْدَ وَنَحْوَھُمَا: کپڑے یا کھال پر گل کاری کرنا، نقش و نگار سے مزین کرنا، خوش نما بنانا۔

نَمَّقَ الكِتَابَ: کتاب کو خوش نما لکھنا، حسین خط میں لکھنا۔
۔۔۔القَوْلَ: بات کو بنا سنوار کر کہنا۔
۔۔۔الوَعْدَ: بناوٹی وعدہ کرنا چکنا چپڑا وعدہ کرنا۔
المُنَمِّقُ من الرُّطَب: بے گٹھلی کی کھجور۔
المُنَمَّقُ: آراستہ، خوش نما، بھڑکدار، نقش ونگار والا (۲) بناوٹی، چکنا چپڑا
کَلَامٌ مُنَمَّقٌ: بناوٹی باتیں۔
کِتَابٌ مُنَمَّقٌ: خوش نما، تحریر والی کتاب۔ کِتَابَةٌ مُنَمَّقَةٌ: خوش نما خط، خوش نما تحریر۔
النَّمَقُ: تحریر، کتاب (۲) راستہ کا بیچ
النَّيِّفُ: دوسرے سے زائد۔ هذا الجَبَلُ نَيِّفٌ على ذالك: یہ اس پہاڑ سے زائد یعنی اونچا ہے (۲) دہائی پر ایک سے تین تک زائد (چار سے نو تک زائد ہو تو اسے بضع کہا جائے گا)۔ عَشَرَةٌ و نَيِّفٌ: دس اور کچھ زائد۔ اَلْفٌ و نَيِّفٌ: ایک ہزار اور کچھ زائد۔ ایسے کہنا صحیح نہیں: خَمْسَةَ عَشَرَ و نَيِّفٌ و نَيِّفٌ و عَشَرَةٌ۔ نیز اس کا استعمال دہائی کے بعد ہی ہوگا۔
النَّيِّفَةُ: دو دہائیوں کے درمیان کا۔ امْرَأَةٌ نَيِّفَةٌ: حسن و طول میں کامل عورت۔
• نَاقَ ـُ نَوْقًا: گوشت کی چربی صاف کرنا۔
نَوِقَ ـَ نَوَقًا: سرخی مائل سفید ہونا
نَوَّقَ الحَيَوَانَ: جانور کو سدھانا جیسے نَوَّقَ البَعِيرَ۔
ــــ النَّاقَةَ: اونٹنی کو چلنا سکھانا۔
ــــ النَّخْلَ: درخت خرما کو قلم لگانا، گابھا لگانا۔
ــــ الشَّئَ: ترتیب یا لائن سے لگانا (۲) خوب کوٹنا۔
اِنْتَاقَ فی اُمورِهِ: کاموں کو عمدہ طریقہ پر انجام دینا۔
اِنْتَاقَ الشَّئَ: چننا، منتخب کرنا۔
تَنَوَّقَ فیه: خوبی پیدا کرنا، نفاست اختیار کرنا۔
ــــ فی مَنْطِقِهِ: خوش اسلوبی سے بولنا۔
ــــ فی مَلْبَسِهِ: خوشنما لباس پہننا۔
ــــ به: کسی کے ساتھ نرمی برتنا۔
اِسْتَنْوَقَ الجَمَلُ: اونٹ کا اونٹنی کی طرح مسکین ہونا، عزت کے بعد ذلیل ہونے والے کے لئے کہا جاتا ہے: اِسْتَنْوَقَ الجَمَلُ۔
النَّائِقُ: یہودیوں کے لئے گوشت سے چربی اتارنے والا ج: نَوَقَةٌ۔
النَّاقَةُ: اونٹنی ج: نَاقٌ و نُوق و اَيْنُقٌ و اَنْوَاقٌ (۲) اونٹنی کے مشابہ ترتیب سے قائم ستارے۔
النُّوقَةُ: ہر چیز کی مہارت
النَّوَّاقُ: تجربہ کار، ماہر معاملات، منتظم امور
النِّيْقَةُ: نفاست و عمدگی، انتہائی لطافت و نزاکت۔ خَرْقَاءُ ذَاتُ نِيْقَةٍ: نفاست و لطافت کا اظہار کرنے والی بے وقوف عورت، اس شخص کے بارہ میں بولا جاتا ہے جو کسی چیز سے ناواقفیت کے باوجود اس کی معرفت کا مدعی ہو۔
النَّيِّقُ: حد سے زیادہ نفاست پسند۔
• نَوِكَ ـَ نَوَكًا و نَوَاكًا: بیوقوف ہونا۔ مَا اَنْوَكَهُ: وہ بڑا بیوقوف ہے۔
اِسْتَنْوَكَ: بے وقوف ہو جانا۔
ــــ فُلانًا: کسی کو بے وقوف سمجھنا۔
الاَنْوَكُ: احمق (۲) جاہل و ناکارہ (۳) بے زبان، لکنت والا ج: نَوْكَى، و نُوْكٌ۔ وهي نَوْكَاءُ ج: نُوكٌ۔

• نَالَ علَی فُلَانٍ بالشَّیْءِ ـُ نَوْلاً و نَوَالاً: کسی کو کوئی چیز دل کھول کر دینا۔
ـــ فُلَانًا العَطِیَّةَ و بالعَطِیَّةِ و لَهُ العَطِیَّةَ و بالعَطِیَّةِ: عطیہ دینا۔
ـــ فُلَانٌ بالحَدِیثِ: بات کی اجازت دینا یا بات کرنے کا ارادہ کرنا۔
ـــ لَهُ اَنْ یَّفْعَلَ کَذا: کسی کیلئے کسی کام کا وقت ہو جانا۔
ـــ الشَّیْءَ: پالینا، حاصل کرلینا۔
ـــ فُلَانٌ ـَ نَیْلاً و نَائِلاً و نَوْلاً: بہت داد و دہش والا ہونا، فیاض ہونا۔
اَنَالَ المَعْدِنُ: کان کا خراب ہونا یا اس کے کسی حصہ کا خراب ہونا۔
ـــ فُلَانًا الشَّیْءَ: کوئی چیز دینا۔
نَاوَلَهُ الشَّیْءَ: دینا۔
نَوَّلَ: عطیہ دینا۔ کہتے ہیں: نَوَّلَ فُلَانًا و عَلَیْهِ: کسی کو عطیہ دینا۔
ـــ فُلَانًا الشَّیْءَ: کوئی چیز دینا، سپرد کرنا۔
تَنَاوَلَ الشَّیْءَ: لینا، استعمال کرنا۔
ـــ الرِّکَابُ بِهِم مَکَانَ کَذا: سواریوں کا مسافروں کو کسی جگہ لے کر پہنچنا۔
ـــ الطَّعَامَ: کھانا کھانا۔
ـــ الشَّیْءَ بالمُنَاقَشَةِ: کوئی چیز زیر بحث لانا۔
ـــ البَحْثُ کَذا: کوئی چیز زیر بحث آنا۔
تَنَاوَلَتْهُ الصُّحُفُ فُلَانًا بالتَّعْرِیضِ: اخبارات کا کسی کو آڑے ہاتھوں لینا۔
تَنَوَّلَ فُلَانٌ بالخَیْرِ: ایسے شخص کا بھلائی کرنا جو اس کا عادی نہ ہو
ـــ عَلَیْهِ بِشَیْءٍ: کسی کو کوئی چیز دینا
ـــ الشَّیْءَ: لینا۔ نَوَّلَنِی کَذا فَتَنَوَّلْتُهُ۔
المُتَنَاوَلُ: سہل الحصول، بآسانی دستیاب ہونے والی چیز۔
المُنَاوَلَةُ: سپردگی۔
المِنْوَالُ: کپڑا بننے کی لکڑی کی مشین کھڈی، کرگہ (۲) بننے والا، ج: مَنَاوِیلُ (۳) طرز و طریقہ۔
هم علَی مِنوالٍ وَاحِدٍ: وہ ایک ہی رنگ ڈھنگ کے ہیں۔
اِفْعَلْ علَی هذا المِنْوَالِ: تم اس طرز پر کام کرو۔ مِنْوَالُكَ اَنْ لا تَفْعَلَ کَذا: تم کو ایسا نہ کرنا چاہیئے۔
النَّالُ: فیاض و سخی۔ کہتے ہیں: رَجُلٌ نَالٌ (۲) حصہ، نصیب، ج: اَنْوُلٌ۔
النَّوَالُ: عطیہ، بخشش۔ نَوَالُكَ اَنْ تَفْعَلَ کَذا: تم کو ایسا کرنا چاہیئے۔
النَّوَالَةُ: نوالہ، لقمہ۔
النَّوْلُ: کشتی کی اجرت (۲) پارسل وغیرہ بھیجنے کا ڈاک خرچ (۳) بہنے والی وادی (۴) کپڑا بننے کی لکڑی، بننے کی مشین، کرگہ، کھڈی، لوم ج: اَنْوَالٌ۔ مَا نَوْلُكَ و لا نَوْلُكَ اَنْ تَفْعَلَ کَذا: تم کو ایسا نہ کرنا چاہیئے۔ حدیث شریف میں ہے: "مَا نَوْلُ امْرِیٍٔ مُسْلِمٍ اَنْ یَّقُوْلَ غَیْرَ الصَّوَابِ": مسلمان شخص کو غیر صحیح بات نہ کہنی چاہیئے۔
النَّوْلُ الآلِیُّ: پاور لوم، بجلی سے چلنے والی بننے کی مشین۔
النَّوْلَةُ: بخشش، عطیہ، فیض جو کسی کو حاصل ہو۔ مَا اَصَبْتُ مِنْهُ نَوْلَةً: مجھے اس سے کوئی فیض حاصل نہیں ہوا (۲) بوسہ۔
• نَامَ فُلَانٌ ـَ نَوْمًا و نِیَامًا: لیٹنا (۲) سونا، اونگھنا۔
ـــ الشَّیْءُ: پرسکون ہونا، آواز نہ آنا۔ جیسے: نَامَ الخَلْخَالُ: پنڈلی کے بھر جانے سے پازیب کی آواز بند ہو جانا۔ نَامَ العِرْقُ: رگ کی حرکت بند ہونا۔ نَامَ البَحْرُ: سمندر پرسکون ہو گیا۔ نَامَ الثَّوْبُ: کپڑے کا پرانا ہو جانا (اس میں آواز نہ رہنا)۔ نَامَتِ الرِّیحُ: ہوا رک گئی۔ نَامَتِ السُّوقُ: بازار مندا ہو گیا۔ نَامَتِ النَّارُ: آگ ٹھنڈی پڑ گئی۔
ـــ فُلَانٌ لِلّٰهِ: خدا کے سامنے اظہار عجز کرنا، انکساری کرنا۔
ـــ اِلَیْهِ: کسی سے سکون و اطمینان حاصل کرنا اور اس پر بھروسہ کرنا۔
ـــ عَنْ حَاجَتِهِ: اپنی ضرورت کو بھول جانا یا اس پر توجہ نہ دینا۔
ـــ هَمُّ فُلَانٍ: کسی میں ارادہ نہ رہنا۔
مَا نَامَتِ السَّمَاءُ اللَّیْلَةَ مَطَرًا او بَرْقًا: آج رات پانی برستا رہا اور برابر بجلی چمکتی رہی۔
ـــ فُلَانًا ـُ نَوْمًا: سونے میں کسی پر بازی لے جانا۔
اَنَامَهُ: سلانا۔ طَعَنَهُ فَاَنَامَهُ: اسے نیزہ مار کر ہمیشہ کے لئے سلا دیا،

بارڈالا۔ أَنَامَ الْقَحْطُ الْقَوْمَ : قحط نے لوگوں کا کچومر نکال دیا، سُکھا دیا

نَاوَمَهُ : سونے میں کسی سے مقابلہ کرنا یا معارضہ کرنا۔

نَوَّمَ فُلَانٌ : بہت سونا۔

ـــ فُلَانًا : سلانا (۲) بیہوش کرنا۔

تَنَاوَمَ : دم چرا لینا، سونے کا بہانہ کرنا (۲) سونے کا طالب ہونا۔

ـــ الَيه : کسی سے سکون واطمینان پانا۔

تَنَوَّمَ : سونے کی خواہش وکوشش کرنا۔ تَنَوَّمَ شَهْوَةً لِلنَّوْمِ : سونے کی خواہش کی بنا پر اس نے سونے کی کوشش کی (۲) احتلام ہوجانا۔

ـــ فُلَانًا : سوتے ہوئے کسی کو اذیت پہنچانا۔

اسْتَنَامَ : سونا (۲) سوتے جیسا بن جانا (۳) قرار پانا۔

التَّنْوِيمُ : بیہوش کرنے کا عمل۔

الْمَنَامُ : نیند (۲) خواب۔ رأى فى مَنَامِهِ كذا : خواب میں کچھ دیکھنا۔ قرآن پاک میں ہے: "يَا بُنَيَّ إِنِّي أَرَى فِي الْمَنَامِ أَنِّي أَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرَى" (۲) خوابگاہ، سونے کا کمرہ۔

الْمَنَامَةُ : سونے کی جگہ (۲) سونے کے لئے بنا ہوا چبوترہ وغیرہ (۳) سونے کا بستر (۴) قبر (۵) بحرین کا دار الخلافہ۔

الْمَنُومَةُ : خواب آور چیز۔ طَعَامٌ مَنُومَةٌ : نیند لانے والا کھانا۔

الْمُنَوِّمُ : خواب آور دوا وغیرہ (۲) بیہوش کرنے والا۔

النَّائِمُ : لیٹا ہوا، سوتا ہوا (۲) پرسکون (۳) خاموش۔ لَيْلٌ نَائِمٌ : سونے کی رات (جس میں خوب نیند آئے)۔

النَّؤُومُ : بہت سونے والا۔ رَجُلٌ نَؤُومٌ وامْرَأَةٌ نَؤُومٌ۔

النُّوَامُ : سونے کی ایک بیماری جو ایک خاص مکھی کے کاٹنے سے پیدا ہوتی ہے اور اس سے نجات نہیں ملتی۔

النُّوَّمُ : سونے والے (۲) نیند۔

النُّوَمُ : بہت سونے والا۔

نُوَمَانٌ : بہت سونے والا، یہ ندا کے ساتھ خاص ہے کہتے ہیں: يا نُوَمَانُ!

النُّوَمَةُ : بہت سونے والا، جسے ہر وقت نیند آتی رہتی ہو (۲) گمنام آدمی (۳) سیدھا ناقابل التفات آدمی جسے کسی فتنہ وفساد کی کچھ خبر نہ ہو۔

النُّوَيْمُ : گمنام و ناقابل التفات (۲) مغفل۔

النِّيمُ : ہر ملائم وخوش گوار چیز (۲) سونے کا کپڑا، بستر (۳) خرگوش کی کھال کی پوستین (۴) درخت (۵) ریت پر ہوا سے ابھرنے والی درز (۶) قابل النسیت آدمی جس سے سکون حاصل ہو۔ کہتے ہیں: فُلَانٌ نِيمِي (۷) بستر پر پڑا رہنے والا، سوتے رہنے والا۔ هو نِيَمُ نِسَاءٍ : وہ عورتوں میں پڑا رہنے کا عادی ہے۔

النِّيمَةُ : سونے کی ہیئت وکیفیت إِنَّهُ لَحَسَنُ النِّيمَةِ : اس کے سونے کا ڈھنگ اچھا ہے (۲) ایک شب سونے کا کپڑا وغیرہ۔ مَالَهُ نِيمَةُ لَيْلَةٍ : اس کے پاس نان شبینہ بھی نہیں، وہ ایک شب کی روزی سے بھی محروم ہے (۲) پڑی رہنے والی عورت

• نَوَّنَ الْكَلِمَةَ : کلمہ پر تنوین لگانا۔

ـــ النُّونَ : حرف نون لکھنا۔

التَّنْوِينُ : نحویوں کے نزدیک تنوین اُس زائد نون کو کہتے ہیں جو کلمہ کے اخیر میں بڑھایا جائے اور اس کا مقصد تاکید نہ ہو۔

النُّونُ : حروف ہجائیہ کا ایک حرف ج: نُونَاتٌ وأَنْوَانٌ (۲) مچھلی (۳) تلوار کی دھار (۴) دوات ج: أَنْوَانٌ ونِينَانٌ۔

ذُو النُّونِ : حضرت یونس علیہ السلام کا لقب، ایک مشہور تلوار کا نام۔

النُّونَةُ : چھوٹے بچہ کی ٹھوڑی کا گڑھا (۲) مچھلی (۳) عمدہ بات۔

النُّونِيَّةُ : نون کے قافیہ والا قصیدہ

• نَاهَ ـــ نَوْهًا : اونچا ہونا، بلند ہونا۔ کہتے ہیں: نَاهَ النَّبَاتُ۔

ـــ الْبُومُ : اُلّو کا اپنے سر کو اٹھا کر چیخنا۔

ـــ بالشيء : اوپر اٹھانا۔

ـــ عن الشيء : چھوڑنا، ناپسند کرکے ہٹ جانا۔ نَاهَتْ نَفْسِي عن اللَّحْمِ : میرا دل گوشت سے متنفر ہوگیا۔

ـــ الْبَقْلُ الدَّوَابَّ : سبزیوں کا چوپاؤں کو سیر کرنا (مگر زیادہ پر نہ کرنا)۔ إِنَّهَا لَتَأْكُلُ مَا يَنُوهُهَا وہ جانور ایسی سبزیاں کھاتے ہیں جو ان کو سیر کردیں یعنی ان کے معدہ کو بوجھل نہ کریں۔ أَعْطِنِي مَا يَنُوهُنِي : مجھے اتنا دو جس سے میری بھوک کی شدت ختم ہوجائے۔

نَوَّهَ بِهِ : کسی کو بلند آواز سے پکارنا۔

نَوَّہَ الشَّیْءَ او بہ : بلند کرنا۔
— بِفُلانٍ او بِاِسمِہ : کسی کا نام بلند کرنا، شہرت دینا، تعریف کرنا
— بالحَدِیث : بات کو سراہنا۔
تَنَوَّہَ : بلند ہونا، شہرت پانا۔
التَّنْوِیْہُ : تعریف، قدر افزائی، تشہیر
النَّوْہُ : ترک، نا پسندیدگی۔
النَّوْھَۃُ : ایک وقت کا کھانا (ایک دفعہ کی خوراک)۔
النُّوْھَۃُ : بدن کی طاقت۔
• نَوٰی ـِ نَوًی و نِیَّۃً : ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔
— نَوٰی : دور ہونا۔
— التَّمْرُ : کھجور میں گٹھلی پیدا ہو جانا۔
— التَّمْرَ : کھجور کھا کر گٹھلی پھینک دینا۔
— الاَمْرَ نِیَّۃً : ارادہ کرنا، نیت کرنا، تہیہ کرنا (۲) قصد کرنا (کہیں جانا)
نَوَیْتُ مَنْزِلَ کذا : میں نے فلاں مکان کا قصد کیا۔ نَوَاہُ اللّٰہُ بِخَیْرٍ : خدا کا کسی تک خیر پہنچانا، اپنے کرم سے نوازنا۔
— الشَّیْءَ : کسی چیز کے حصول کی کوشش کرنا۔
— فُلانًا : کسی کا کام کرنا۔
اَنْوَی الرَّجُلُ : بکثرت سفر کرنا، اکثر سفر میں رہنا (۲) دور ہو جانا۔
— التَّمْرُ : کھجور میں گٹھلی بن جانا۔
— التَّمْرَ : کھجور کھا کر گٹھلی پھینک دیا۔
— المَرْعَی الدَّابَّۃَ : چراگاہ کا جانور کو موٹا کرنا۔
— الحاجَۃَ : ضرورت کو پورا کرنا۔
نَاوَاہُ : کسی کے ساتھ دشمنی کرنا، اس کے آڑے آنا، مخالفت کرنا۔
نَوَّی البُسْرُ : کچی کھجور میں گٹھلی پڑ جانا۔
— فُلانٌ : گٹھلی پھینکنا۔

نَوَّی فُلانًا : کسی کو اس کے ارادہ پر چھوڑ کر درگزر کرنا۔
— حاجَتَہ : ضرورت کو پورا کرنا۔
اِنْتَوَی : ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔
— عن الاَمْرِ : چھوڑنا، توجہ ہٹانا۔
— الشَّیْءَ او فلانًا : قصد کرنا۔
انتوی منزلًا بِمَوضعِ کذا : فلاں مقام پر واقع مکان کا قصد کیا۔ فلاں مقام میں قیام کیا۔
— فُلانًا لِمَعْرُوفِہ : کسی کے پاس اس کا فیض حاصل کرنے کے لئے جانا۔
— الاَمْرَ : ارادہ کرنا، تہیہ کرنا۔
— بِنَواتِہ : کسی کا کام کر دینا، کسی کو اس کی ضرورت پوری کر کے لوٹانا۔
تَنَوَّاہُ : قصد کرنا۔
اِسْتَنْوَی : کھجور کھا کر گٹھلی پھینکنا۔
المُنْتَوَی : مُنْتَوَی القَوْمِ : اپنے لوگوں میں ذی رائے اور منتظم، سردار۔
المَنْوِیُّ : رَجُلٌ مَنْوِیٌّ : بامراد آدمی جو اعلیٰ مقصد کے لئے کوشش کر کے کامیاب ہو۔ شَیْءٌ مَنْوِیٌّ : ارادہ کی ہوئی چیز، نیت کی ہوئی شے
النَّاوِی : نَاوِی القَوْمِ : سردار قوم ج : نِوَاءٌ۔
النَّوَی : دوری، بعد (۲) سفر (۳) پردیس (۴) گھر (۵) منزل سفر۔ شَطَّتْ بِہِم النَّوَی : وہ بہت دور نکل گئے۔ اِسْتَقَرَّتْ بہ النَّوَی : قیام پذیر ہونا۔ فُلانٌ نَوَاكَ : تمہارا قصد فلاں کی طرف ہے ج : اَنْوَاءٌ و نُوِیٌّ۔

النَّوَاۃُ : نیت، قصد، ارادہ، عزم (۲) گٹھلی (۳) منقی وغیرہ کا بیج (۴) پانچ درہم کے برابر وزن (۵) ایٹم کا جوہری جز جس کے گرد الیکٹرون گھومتا ہے، نیوکلیئر ج : نَوَیَات و نَوًی و نُوِیٌّ۔ قرآن پاک میں ہے "اِنَّ اللّٰہَ فَالِقُ الحَبِّ وَالنَّوَی" (۶) حاجت، ضرورت ج : نَوًی۔
النَّوَایا : ارادے، عزائم۔
النَّوَایا العُدْوَانِیَّۃُ : جارحانہ عزائم
النَّوَایا المَشْئُوْمَۃُ : برے ارادے۔
النَّوَّاءُ : گٹھلیاں بیچنے والا۔
النَّوَوِیُّ : گٹھلیاں کھانے والا جانور۔ کہتے ہیں : بَعِیْرٌ نَوَوِیٌّ و ناقَۃٌ نَوَوِیَّۃٌ (۲) ایٹمی، نیوکلیائی (۳) شہر نوی کا باشندہ۔
النَّوَوِیَّۃُ : الاَسْلِحَۃُ النَّوَوِیَّۃُ : نیوکلیئر ہتھیار۔
النَّوِیُّ : ہم خیال دوست (جس کا ارادہ تمہارے ارادہ کے ساتھ ہو) (۲) رفیق سفر۔ ھو نَوِیُّكَ : وہ تمہارا ہم خیال اور رفیق سفر ہے۔
نَوِیُّ القَوْمِ : سردار، منتظم امور۔
النِّیُّ : چربی (مصری زبان میں نِیءٌ کہتے ہیں)۔
النِّیُّ : مٹاپا (۲) نِیَّۃ کی نادر جمع، بمعنی نِیَّات۔ ارادے، عزائم۔
النِّیَّۃُ : (کبھی تخفیف کر کے کہتے ہیں النِّیَۃُ) دلی ارادہ، عزم، قصد (۲) مقصود۔ فُلانٌ نِیَّتِی : فلاں میرا مقصود ہے (۳) ضرورت (۴) بعد، دوری (۵) منزل مسافر قریب ہو یا بعید۔ شَطَّتْ بِہِم نِیَّۃٌ قَذَفٌ : لمبا سفر ان کو دور لے گیا۔

نَوَوْا نِيَّةً قَذَفًا: انہوں نے دور جگہ کا قصد کیا۔

ن ــــــ ی

• نَاءَ الشَّيْءُ ـِ نَيْئًا و نُيُوءًا و نُيُوءَةً: کچا ہونا (جو ابھی پکا نہ ہو) ھو نِيْءٌ و نِيٌّ (۲) دور ہونا۔
اَنَاءَهُ: کچا رکھنا۔
اَنْيَأَهُ: کچا رکھنا۔
نَيَّأَ الاَمْرَ: کسی کام کو پختہ نہ کرنا، اس میں کمی اور خامی چھوڑنا، بیچ ادھر میں چھوڑنا۔
النِّيْءُ: کچا، خام (۲) ادھورا، ادھ کچرا، لَحْمٌ نِيْءٌ: کچا گوشت۔ لَبَنٌ نِيْءٌ: تازہ خالص دودھ۔
النِّيُّ: النِّيْءُ۔
• نَابَهُ ـِ نَيْبًا: کچلیوں پر مارنا۔
نَيَّبَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بوڑھی ہونا۔
ــــ النَّبْتُ: پودے کی جڑ پھوٹنا۔
ــــ فِي الشَّيْءِ: کسی چیز میں کچلیاں گاڑنا، کچلیوں (دانتوں) سے کاٹنا۔ ظَفَّرَ فُلَانٌ فِي كَذَا وَ نَيَّبَ: فلاں نے کسی چیز میں ناخن اور دانت گاڑ دیئے یعنی اسے اپنی سخت گرفت میں لے لیا۔
ــــ الشَّيْءَ: دانت (کچلیوں) سے کاٹنا (۲) دانتوں سے دبا کر سختی و نرمی دیکھنا
تَنَيَّبَ النَّبْتُ: پودے کا پھوٹنا۔
ــــ الشَّيْبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔
الاَنْيَبُ: موٹے یا بڑے دانت والا۔ ھِيَ نَيْبَاءُ ج: نِيْبٌ۔
النَّابُ: کچلی (سامنے کے چار دانتوں کے برابر والا دانت، یہ دونوں جانب ہوتے ہیں) ج: اَنْيَابٌ و نُيُوبٌ و اَنْيُبٌ (۲) سردار قوم ج: اَنْيَابٌ۔
عَضَّهُ الدَّهْرُ بِنَابِهِ اوبِاَنْيَابِهِ

زمانہ کا کسی پر مصائب لانا، پریشانیوں میں مبتلا کرنا (۳) بوڑھی اونٹنی، ج: اَنْيَابٌ و نُيُوبٌ و نِيْبٌ۔
النَّيُوبُ: بوڑھی اونٹنی۔
• نَاتَ ـِ نَيْتًا: نیند یا کمزوری کے باعث جھومنا، لڑکھڑانا۔
• نَاحَ الغُصْنُ ـِ نَيْحًا و نَيَحَانًا: ٹہنی کا ہلنا، جھومنا
ــــ العَظْمُ نَيْحًا: تر ہڈی کا سوکھ کر سخت ہو جانا (بچپن اور بڑھاپے میں ایسا ہو جاتا ہے)۔
نَيَّحَ اللّٰهُ عَظْمَهُ: ہڈی کو مضبوط کرنا (۲) چورہ چورہ کرنا۔
ــــ فُلَانًا بِخَيْرٍ: کسی کو اچھی چیز دینا، کچھ دینا۔
النَّيْحَةُ: طاقت و قوت۔
النَّيِّحُ: سخت۔ عَظْمٌ نَيِّحٌ۔
• النَّيْدِلُ: بھاری معاملہ (۲) بڑا بوجھ
النَّيْدِلَانُ والنَّيْدَلَانُ: النَّيْدِلُ۔
• نَارَ الثَّوْبَ ـِ نَيْرًا و نِيَارَةً: کپڑے پر دھاریاں ڈالنا، تصویریں بنانا (۲) بانا ڈال کر بننا (۳) کنارہ بنانا (۴) جھالر لگانا۔
اَنَارَ بِهِ: آواز دینا، پکارنا۔
ــــ الثَّوْبَ: تانے میں بانا ڈالنا، بننا، نقش و نگار کرنا۔ ھُوَ يُسْدِي الاُمُوْرَ وَيُنِيرُهَا: وہ معاملات کو پختہ کرتا ہے۔
نَايَرَهُ: کسی کے ساتھ لڑنا جھگڑنا۔
نَيَّرَ الثَّوْبَ: نَارَهُ (۲) دوہرا بانا ڈال کر بننا۔
تَنَايَرَا: باہم جھگڑنا۔
المُنَايَرَةُ: لڑائی جھگڑا، فتنہ و فساد کہتے ہیں: بَيْنَ القَوْمِ مُنَايَرَةٌ:

لوگوں میں چپقلش ہے۔
المُنَيَّرُ: ثَوْبٌ مُنَيَّرٌ: ڈبل بنا ہوا کپڑا، دوسوتی۔ جِلْدٌ مُنَيَّرٌ: موٹی دبیز کھال۔
النِّيْرُ: بیلوں کے کندھے پر رکھنے کا جوا (۲) تانا ڈالنے کی دھاگے لپٹی ہوئی نلکی (۳) کپڑے کا بانا (چوڑائی میں ڈالے ہوئے دھاگے) (۴) کپڑے کا کنارہ، جھالر (۵) کپڑے کے کنارے پر لگایا ہوا پہچان کا نشان (۶) راستہ کا کنارہ (۷) راستہ کا بیچ (۸) راستہ کا کھلا ہوا گڑھا ج: اَنْيَارٌ و نِيرَانٌ۔ نَاقَةٌ ذَاتُ نِيرَيْنِ و ذَاتُ اَنْيَارٍ: بوڑھی اونٹنی جس میں جوانی کا اثر موجود ہو۔
ذُو نِيرَيْنِ: دوسوتی کپڑا، طاقتور آدمی۔
النِّيرَةُ: وہ لکڑی جس پر کپڑا بنا جاتا ہے۔ مَا هُوَ بِسَدَاةٍ وَلَا لُحْمَةٍ وَلَا نِيرَةٍ: وہ بے مصرف آدمی ہے نہ نقصان دہ ہے نہ نفع رساں
نِيرَةُ الاَسْنَانِ: مصنوعی دانتوں کا مسوڑھا۔
• نَيْرَبَ: چغلی کھانا، شکایت کرنا، لگائی بجھائی کرنا۔
ــــ الرِّيحُ التُّرَابَ فَوْقَ الشَّيْءِ اوعَلَيْهِ: ہوا کا کسی چیز پر مٹی بکھیرنا۔
ــــ فُلَانٌ القَوْلَ: جھوٹ سچ ملا کر بولنا۔
النَّيْرَبُ: فتنہ، شرارت (۲) چغلخوری (۳) کرٹبل آدمی (۴) شریر چغلخور آدمی۔ ھِيَ نَيْرَبَةٌ۔
نَيْرَجَ: آنا جانا، آگے جانا پیچھے آنا۔
النَّيْرَجُ: تردد کے ساتھ، تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے جَاءَتِ الدَّوَابُّ

تَعْدُوْ نَیْرَجًا: (۲) تیز رفتار، کہا جاتا ہے نَاقَةٌ نَیْرَجٌ اصیل اونٹنی۔ دریح نَیْرَجٌ: آندھی نما ہوا (۳) چغلخور، کہا جاتا ہے امرأۃ نَیْرَجٌ: چالاک و مکار عورت۔

النَّیْرَنْجُ: سحر جیسی نظر بندی ج: نَیْرَنْجَاتٌ و نَیَارِجُ۔

• النَّیْرُوْزُ: (دیکھئے النوروز)۔

• النَّیْزَكُ: (دیکھئے نزك)۔

• نَیَّسَ بَیْنَهُمَا: چغلخوری و فساد کی کوشش کرنا۔

النَّیْسَبُ: واضح اور سیدھا راستہ (۲) چیونٹی و سانپ کے راستہ کی طرح انتہائی پتلا راستہ (۳) گھاٹ پر جانے کا گاؤخر کا راستہ (۴) راستہ کی طرح نظر آنے والی چیونٹیوں کی قطار۔

• نَیْسَانُ: اپریل۔

• ناص ـِ نَیْصًا: معمولی حرکت کرنا (یہ ناض میں ایک لغت ہے)۔

النَّیْصُ: کمزور یا معمولی حرکت (۲) ضخیم الجثہ سیہی۔

• نَاضَ ـِ نَیْضًا: رگ کا پھڑکنا۔

النَّیْضُ: کمزور حرکت، موٹا جنگلی چوہا۔

• نَاطَ ـِ نَیطا: دور ہونا۔

انتاط: ناط۔

النَّیط: موت، جنازہ۔ طُعِنَ فی نَیطِهِ: اس کے جنازہ پر نیزہ مارا یعنی وہ مرگیا۔

• ناع ـِ نیعا: ہلنا۔ کہا جاتا ہے: ناع الغُصْنُ (۲) چلنے میں آگے بڑھ جانا ہو نَائِعٌ ج: نَوَائِعُ۔

اِسْتَنَاعَ: چلنے میں آگے بڑھ جانا۔

• تَنَیَّقَ (فی مَلْبَسِهِ و مَطْعَمِهِ و اُمُوْرِهِ): اپنے لباس و طعام اور دیگر امور میں خوش معیار و نستعلیق ہونا۔

النَّیِّقُ: لمبا پہاڑ (۲) پہاڑ میں سب سے اونچی جگہ۔ کہا جاتا ہے ھو کالأَنُوْقِ فی النَّیِّقِ: جس تک رسائی ممکن نہ ہو۔ ج: أَنْیَاقٌ و نُیُوقٌ و نِیَاقٌ۔

• نَالَ الرَّحِیلُ ـَ نَیْلًا: روانگی کا وقت آجانا۔ مَا نَالَ لَهُمْ أَنْ یَّفْقَهُوْا: ابھی وقت نہیں آیا کہ وہ سمجھیں۔

ـــ الشئَ: پانا، حاصل کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: "لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰی تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ"

ـــ من عَدُوِّهِ وِتْرَهُ: دشمن سے انتقام لینا۔ قرآن پاک میں ہے: "لَا یَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَیْلًا إِلَّا کُتِبَ لَهُمْ بِهِ عَمَلٌ صَالِحٌ"۔

ـــ من فُلَانٍ: کسی کو آڑے ہاتھوں لینا، برا کہنا، بدنام و رسوا کرنا، کسی پر کیچڑ اچھالنا۔

ـــ من عِرْضِهِ: بے آبروئی کرنا، ہتک عزت کرنا، بدنام کرنا۔

نَالَ الشئُ فُلَانًا: کسی تک کوئی چیز پہنچنا۔ قرآن پاک میں ہے: "لَنْ یَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَاؤُهَا وَلٰکِنْ یَّنَالُهُ التَّقْوٰی مِنْکُمْ"۔

ـــ فلانا الشئَ: کسی کو کوئی چیز دینا۔ نِلْتُهُ مَعْرُوْفًا: میں نے اس کو بھلائی دی۔

أَنَالَ فُلَانًا وَلَهُ الشئَ: کسی کو کوئی چیز دلانا، حاصل کرانا۔

تَنَایَلَا: آپس میں لین دین کرنا۔

اِسْتَنَالَ الشئَ: پانے یا حاصل کرنے کی خواہش و کوشش کرنا۔

المَنَالُ: حصول۔ صَعْبُ المَنَالِ: مشکل سے حاصل ہونے والا۔ سَهْلُ المَنَالِ: آسانی سے حاصل ہونے والا۔

النَّائِلُ: حاصل کی جانے والی شے۔ أَصَبْتُ منه نَائِلًا: اس سے مجھے ایک چیز ملی (۲) سخاوت (۳) بخشش و عطیہ۔

النَّالَةُ: مکان کا صحن، مکان کی چہار دیواری۔

النَّیْلُ: حاصل ہونے والی چیز (۲) حصول (۳) أَصَابَ مِنْ عَدُوِّهِ نَیْلًا: اس نے دشمن سے اپنا انتقام لے لیا۔

النِّیلُ: مصر و سوڈان کا مشہور دریا (۲) نیل کا پودہ جس کے پتوں سے رنگائی کی جاتی ہے (۳) نیل، اسے نِیْلَج بھی کہتے ہیں۔

النَّیْلَةُ: عطیہ۔

• النِّیلَجُ: نیل (رنگ) (۲) وہ چربی کا کاجل جو کھال کی گدائی پر نشان تیز کرنے کے لئے لگایا جاتا ہے۔

• النِّیلُوفَرُ و النَّیْنُوفَرُ: نیلوفر (ایک قسم کا نیلا پھول۔ کنول)۔

• النِّیَمُ: دیکھئے: نوم۔

• النِّیمبرشت: (فارسی ترکیب) آدھا بھنا ہوا۔

• نَاهَ ـِ نَیْهًا: بلند ہونا (۲) پسند آنا

النَّائِهُ: بلند و نمایاں۔

النَّاهَةُ: کسی چیز سے باز رہنے والی نَفْسٌ نَاهَةٌ: بدی سے رکنے والی طبیعت (ناهة نهاة کا مقلوب ہے)۔

باب الہاء

• الہاءُ: حروف ہجائیہ کا چھبیسواں حرف، ج: ھاءات، ہائے مفرد کے تین استعمال ہیں۔
(۲) وہ نصب و جر کے محل میں غائب کی ضمیر ہوتی ہے، جیسے، قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗ
(۳) حرف غیبت جیسے اِيَّاهُ۔
(۴) برائے سکت، یہ کلمہ کے آخر کی حرکتِ بنار کو بیان کرنے کے لئے ہوتی ہے جیسے، هَاهِيَه وَهَا هُنَاه وَازَيْدَاه، اصلاً اس پر وقف کرنا چاہیئے، کبھی وقف کے ارادہ کے ساتھ اس کا مابعد کے ساتھ اتصال بھی کر دیا جاتا ہے۔
• ھَا: اس کی تین قسمیں ہیں:
(۱) اسم فعل بمعنی خُذْ، اس کو بالمد ھَاءَ کہنا بھی جائز ہے، یہ کاف خطاب کے ساتھ اور اس سے الگ بھی استعمال ہوتی ہے، ممدودہ ہو تو اسے کاف خطاب کی ضرورت نہیں رہتی اور کاف خطاب کی طرح اس کی گردان ہوتی ہے، جیسے، ھَاءَ مذکر کے لئے ھَاءِ مؤنث کے لئے ھَاءُ مَا ھَاؤُنَّ، ھَاؤُم، قرآن پاک میں ہے، "ھَاؤُمُ اقْرَءُوا كِتَابِيَه" ھَاؤُم کے معنی خُذُوا، تم میری کتاب لو اور پڑھو۔
(۲) ضمیر مؤنث منصوب و مجرور جیسے، "فَأَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰهَا":
(۳) برائے تنبیہ، یہ چار جگہ داخل ہوتی ہے:
ا۔ اسم اشارہ پر جو بعید کے لئے خاص نہ ہو جیسے، ھٰذَا، ھٰذِهٖ وغیرہ۔
ب۔ ضمیر مرفوع منفصل پر جو مبتدا واقع ہو اور اس کی خبر اسم اشارہ ہو جیسے، ھَا اَنْتُمْ اُولَاءِ،
ج۔ ندار میں ایّ کی لغت پر جیسے، اَيُّهَا الرَّجُلُ، اس جگہ اس ھا کا لانا ضروری ہے کیونکہ ندا رسے وہی مقصود ہے، بنو اسد کی لغت میں اس کے الف کا حذف کرنا اور برائے اتباع (ماقبل کی مطابقت) کے لئے اس کو ضمہ دینا بھی جائز ہے، جیسے قرآن پاک میں اَيُّهَا الثَّقَلَانِ کے بجائے اَيُّهُ الثَّقَلَانِ پڑھا جائے۔
د۔ قسم میں لفظ اللہ پر جبکہ حرف قسم حذف کر دیا جائے ہمزہ قطعی ہو یا وصلی جیسے، ھَا أَللّٰهِ ھَا اللّٰهِ دونوں صورتوں میں ھا کا الف باقی رکھنا اور حذف کرنا جائز ہے۔
• ھَأْھَأَ ھَأْھَأَةً: لمبا قہقہہ لگانا، ھُوَھَأْھَأُ وھَأْھَاءُ
— الرَّاعِي بِالْمَاشِيَةِ: چرواہے کا ھِیْ ھِیْ کہہ کر مویشی کو چارہ کے لئے پکارنا۔ ھَأْھَأْ کہہ کر ڈانٹنا
• ھَاتُوْرُ: قبطی مہینوں کا تیسرا مہینہ
ھَارُوْتُ: ماروت کا ساتھی، یہ دو فرشتوں کے نام ہیں جو بصورت آدمی شہر بابل میں رہتے تھے انہیں علم سحر عطا کیا گیا تھا جسے وہ لوگوں کو اس کی برائی واضح کرنے کے بعد بطور آزمائش سکھاتے تھے۔
ھَارُوْنُ: خدا کے پیغمبر حضرت موسٰی علیہ السلام کے حقیقی بھائی ہارون بن عمران بن قاہات (باقہاث) بن لاوی بن یعقوب علیہ السلام۔
ھٰؤُلَاءِ۔ اُوْلَاءِ: جمع مذکر و مؤنث کے لئے اسم اشارہ، ھا تنبیہ کے لئے ہے۔
• ھَبَّتِ الرِّيْحُ ـُ ھَبًّا وَھُبُوْبًا وَھَبِيْبًا: ہوا چلنا۔
— النَّارُ: آگ سلگنا۔
— فِي الْحَرْبِ: جنگ میں شکست کھانا۔
— رِيَاحُ الْخِلَافِ بَيْنَ الْقَوْمِ اختلاف پیدا ہونا۔
— الْعَاصِفَةُ: آندھی یا طوفان آنا۔
— الْفَحْلُ: سانڈ کا جفتی کے لئے مست ہونا اور چیخنا۔
— فُلَانٌ مِنْ نَوْمِهٖ: جاگنا سو کر اٹھنا۔
— النَّجْمُ: ستارہ کا طلوع ہونا۔
— السَّائِرُ: تیز و چست ہونا۔

هَبَّ الی الشئ: کسی چیز کے لئے اٹھنا۔
—الی العمل: کام کے لئے جانا، تیار ہونا، اٹھ کھڑا ہونا۔
—للحرب: جنگ کے لئے تیار ہونا۔
—فلان حِینًا ثم قدم: فلاں ایک عرصہ غائب رہ کر آگیا۔
—السَّیفُ: تلوار کا ہلنا۔
من این هَبَّ فلانٌ: فلاں کہاں سے آیا۔
—فلانٌ یفعل کذا: پھرتی اور مستعدی سے کام شروع کرنا۔
اَهَبَّ اللهُ الرِّیحَ: اللہ کا ہوا چلانا۔
—السَّیفَ: تلوار ہلانا۔
—فلانًا من نومه: سوتے کو اٹھانا۔
اهْتَبَّ الفحلُ: سانڈ کا جفتی کے لئے تیار ہونا۔
—الشئَ: کاٹنا، پھاڑنا۔
تَهَبَّبَ الثوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔
اَهْبَابٌ: ثوبٌ اهبابٌ: پھٹا ہوا کپڑا، چیتھڑے چیتھڑے ہو جانے والا کپڑا۔
الهِبْهَابُ: جفتی کے لئے بہت شور مچانے والا مست سانڈ، ج: هَبَابِیبُ۔
المَهَبُّ: ہوا چلنے کی جگہ، ہوا کی سمت
قَعَدَ فی مَهَبِّ الرِّیحِ: وہ ہوا کی گذرگاہ میں بیٹھا، ج: مَهَابُّ
الهَبَابُ: گرد و غبار۔
هَبَائِبُ: ثوبٌ هبائبُ: پارہ پارہ شدہ کپڑا، واحد هَبِیبَةٌ
الهِبَّةُ: حالت، اِنّهُ لَحَسَنُ الهِبَّةِ وہ بہتر حال میں ہے (۲) تلوار کی کاٹ

(۳) کپڑے کا ٹکڑا، چیتھڑا، دھجی (۴) زمانہ کا ایک حصہ (۵) وقت سحر کا باقی وقت، ج: هِبَبٌ
ثوبٌ هِبَبٌ: پھٹا ہوا کپڑا چیتھڑے اڑا ہوا کپڑا۔
الهَبَّابُ: بہت گرد و غبار اڑانے والی ہوا، آندھی۔
الهَبُوبُ، الهَبَّابُ۔
• هَبَتَ ـِ هَبْتًا وهُبَاتًا: نرم و ڈھیلا ہونا۔
—فلانًا: ذلیل کرنا، بے حیثیت کرنا۔
—الشئَ: نظروں سے گرانا، درجہ گھٹانا، اِنَّ مَا فَعَلَهُ فلانٌ قد هَبَتَهُ عندی: فلاں نے جو حرکت کی اس نے اسے میری نظروں سے گرا دیا۔
—فلانًا بالسَّیفِ وغیرہ تلوار مارنا۔
المَهْبُوتُ: بزدل (۲) بے عقل (۳) کوئی خاص اشارہ دئے بغیر اڑایا جانے والا پرندہ۔
الهَبْتُ: بے وقوفی۔
الهَبْتَةُ: کمزوری۔
الهَبِیتُ: بزدل و بے عقل۔
• هَبَجَهُ بالعصا ـُ هَبْجًا: ہلکے ہلکے لگاتار لاٹھی مارنا۔
هَبِجَ وَجْهُهُ ـَ هَبَجًا: چہرہ پر بل پڑنا، منہ پھول جانا، هو هَبِجٌ۔
—الحُلْقُومُ: اونٹنی کے تھن کا ورم آلود ہونا۔
هَبَّجَهُ: ورم آلود کرنا، سُجا دینا۔
هَوْبَجَ: پانی کے چشمہ کے پاس پینے کے لئے پانی جمع کرنے کی غرض سے

گڑھا کھودنا۔
التَّهَبُّجُ: سوجن یا سوجن کی سی کیفیت۔
المُهَبَّجُ: مُهَبَّجُ الوجه: متورم یا پھولے ہوئے چہرے والا، رَجُلٌ مُهَبَّجٌ: کاہل گراں نفس آدمی۔
الهَبِیجُ: دو دھاری والا ہرن۔
الهَوْبَجَةُ: کنکریلی اونچی زمین (۲) نشیبی جگہ، (۳) چشموں کے پاس کھودا جانے والا گڑھا جس میں پانی بہہ کر جمع ہو جاتا ہے اور وہ پیا جاتا ہے (۴) وادی کا آخری سرا۔
• هَبَدَ الهَبِیدَ ـِ هَبْدًا: اندرائن کا پھل درخت سے توڑنا (۲) اس کے ٹکڑے کرنا (۳) اسے پکانا
—فلانًا: اندرائن کا پھل کھلانا
اهْتَبَدَ فلانٌ: اندرائن (پھل) توڑنا۔
—الهَبِیدَ: اندرائن کا پھل توڑنا یا کھانا۔
الهَبِیدُ: اندرائن (۲) اندرائن کا بیج واحد، هَبِیدَةٌ۔
• هَبَذَ ـِ هَبْذًا: تیزی سے چلنا یا تیزی سے اڑنا، کہتے ہیں، هَبَذَ الفرسُ وهَبَذَ الطائرُ، مرَّ فلانٌ یَهْبِذُ فلاں تیزی سے گزر گیا۔
• هَبَرَ اللَّحمَ ـُ هَبْرًا: گوشت کے بڑے بڑے ٹکڑے کرنا هَبَرَ له من اللحم هَبْرَةً: اسے گوشت کا بڑا ٹکڑا کاٹ کر دیا۔
—بالسَّیفِ: تلوار سے کاٹنا۔
هَبِرَ ـَ هَبَرًا: پرگوشت (گوشت چڑھا ہوا) ہونا، هو هَبِرٌ واَهْبَرُ وهی هَبِرَةٌ وهَبْرَاءُ۔ بَعِیرٌ هَبِرٌ

وَبِرٌ : بہت گوشت، بہت روئیں والا اونٹ۔
أَهْبَرَ : خوشنمائی کیساتھ موٹا ہونا۔
إِهْتَبَرَ : گوشت نہ رہنا، دبلا ہوجانا۔
ــــ فُلَانٌ غَيْرَهُ بِالسَّيْفِ : کسی کو تلوار سے کاٹ دینا، ٹکڑے کر دینا۔
هَوْبَرَتِ النَّاقَةُ : اونٹنی پر گوشت چڑھا ہوا ہونا۔
ــــ الأُذُنُ : کان پر بال اگنا۔
الهَابِرُ، ضَرْبٌ هَابِرٌ : ضرب کاری۔
الهُبَارِيَةُ : اڑنے والے پر وغیرہ (۲) بالوں کی جڑوں میں لگی ہوئی بھوسی یا جما ہوا میل۔
الهُبَارِيَّةُ : گرد اڑانے والی ہوا۔
الهَبَّارُ : سَيْفٌ هَبَّارٌ : بہت تیز تلوار (۲) بہت بالوں والا بندر۔
الهَبُّورُ : چھوٹی چیونٹیاں (۲) کھیتی کے بہت چھوٹے پودے۔
الهَبْرُ : زمین یا زمین کا نشیبی حصہ ج : هُبُورٌ۔
ــــ فِي القِرَاءَةِ : شروع آیت پر وقف۔
الهُبْرُ : کتان (ٹسرا) کے گرے ہوئے ذرات۔
الهَبْرَةُ : بغیر ہڈی کے گوشت کا پارچہ یا موٹا ٹکڑا۔
الهَبِرُ : منقطع۔
الهِبْرِيَةُ : روئی یا پروں کا اڑنے والا باریک رواں (۲) سرکنڈوں وغیرہ کی بالوں کو لگی ہوئی بھوسی۔
الهُبَيْرَةُ : چھوٹا بجو، البوهُبَيْرَةَ : نر مینڈک، أُمُّ هُبَيْرَةَ : مادہ مینڈک، عربوں کا مقولہ ہے، لَا آتِيكَ هُبَيْرَةَ بْنَ سَعْدٍ : هبیرہ ابن سعد کی واپسی تک میں تیرے پاس نہیں آؤں گا، (هبیرة کو ظرف کا قائمقام بنا کرا سے نصب دیدیا)۔
الهَوْبَرُ : بہت بالوں والا اونٹ وغیرہ (۲) گھنے بالوں والا بندر (۳) تیندوا (چیتے اور شیر کے درمیان کا ایک خونخوار درندہ) (۴) ایک سوسن کا پودا (۵) قتاد درخت کے بکثرت اگنے کی جگہ، کہاوت ہے، ان دون الظُّلْمَةِ خَرْطَ قَتَادِ هَوْبَرٍ : مشکل دشوار کام کے لئے کہا جاتا ہے، (کھوبھل میں روٹی پکانے سے پہلے مقام ھبرہ سے قتاد لکڑی لانی پڑے گی (جو مشکل ہے)۔
• هَبْرَجَ : ڈگمگاتے ہوئے چلنا۔
ــــ الثَّوْبَ : کپڑے پر بیل بوٹے ڈالنا۔
الهَبْرَجُ : تیز وسبک ڈگمگاتی ہوئی چال (۲) اکڑباز (۳) موٹا تازہ، لحیم شحیم (۴) بوڑھا ہرن (۵) پھولدار کپڑا۔
• الهِبْرِزِيُّ : شیر (۲) مضبوط ومتحمل فعال آدمی (۳) ہر کام میں آگے بڑھنے والا (۴) ایرانی تیر انداز (۵) خالص سونا (۶) نیا دینار (۷) خوب رو و خوشنما چیز، رَجُلٌ هِبْرِزِيٌّ وَخُفٌّ هِبْرِزِيٌّ عمدہ آدمی، عمدہ موزہ، أَهْمٌ الهِبْرِزِيُّ : بخار۔
• تَهَبْرَسَ : اترانا، اکڑنا، مَرَّ يَتَهَبْرَسُ : وہ اکڑتا ہوا گیا۔
• الهِبْرِقِيُّ : آگ سے کام کرنے والا جیسے لوہار، سنار، (۲) جنگلی سانڈ (۳) موٹا اور بوڑھا بیل۔
• هَبْرَمَ : بہت بولنا، بہت کھانا۔
• هَبَزَ ـِ هَبْزاً وهُبُوزاً : اچانک ہلاک ہوجانا۔
• الهَبْشُ : گل خیرو۔
• هَبَشَ الضَّرْعَ ـِ هَبْشاً : تھن کو مٹھی سے دوہنا۔
ــــ المَالَ ونَحْوَهُ : مال وغیرہ جمع کرنا۔
ــــ لِعِيَالِهِ : بال بچوں کے لئے ادھر ادھر سے روزی فراہم کرنا۔
ــــ فُلَاناً : زبردست پٹائی کرنا۔
هَبِشَ ـَ هَبَشاً : کمائی کرنا۔
هَبَّشَ الشَّيْءَ : اکٹھا کرنا۔
ــــ لِعِيَالِهِ : اہل وعیال کے لئے کمائی کرنا۔
ــــ كَلَاماً : بے تکی باتیں کرنا۔
اِهْتَبَشَ : جمع ہونا۔
ــــ الشَّيْءَ : جانفشانی سے جمع کرنا، هُوَ يَهْتَبِشُ لِعِيَالِهِ : وہ بال بچوں کے لئے بڑی جانفشانی سے کمائی کرتا ہے۔
ــــ مِنْهُ عَطَاءً : کسی سے عطیہ پانا۔
تَهَبَّشَ : اکٹھا ہوجانا، مجمع لگ جانا۔
ــــ القَوْمُ عَلَى فُلَانٍ : کسی کے گرد لوگوں کی بھیڑ لگ جانا۔
ــــ الشَّيْءَ : کسی چیز کے حصول کے وسائل تلاش کرنا۔
الهَابِشُ : اچانک آنے والا، کہتے ہیں هَلْ هَبَشَ إِلَيْكُمْ هَابِشٌ؟
الهَابِشَةُ : نئی جماعت، جَاءَتْ هَابِشَةٌ مِنْ نَاسٍ : لوگوں کی ایک نئی جماعت آئی۔
الهُبَاشَةُ : مختلف قبیلوں کے لوگوں کی جماعت، ج : هُبَاشَاتٌ۔

الھَبَّاشُ: بہت کمائی کرنے والا۔
• هَبَصَ ـِ هَبْصًا: چست وپھرتیلا ہونا هوهَابِصٌ وهيَ هَابِصَة
هَبِصَ ـَ هَبَصًا: تیز چلنا۔ هو هَبِصٌ وهيَ هَبِصَةٌ۔
ــــ الكَلْبُ: کتے کا شکار کے لئے حریص وبے تاب ہونا۔
ــــ فُلَانٌ عَلى الشيْئِ يَأكُلُه: حرص وبے تابی سے کھانا۔
ــــ بالضَّحِكِ: خوب ہنسنا۔
اهتَبَصَ: جلدی کرنا (۲) زور زور سے خوب ہنسنا۔
انهَبَصَ للضَّحِكِ: خوب ہنسنا۔
الھَبَصَي: تیز چال، هو يَعْدُو الھَبَصي: وہ جلدی جلدی چلتا ہے۔
• هَبَطَ ـِ هُبُوطًا: اترنا، نیچے آنا، (۲) کمی آنا، ہلکا پڑنا۔
ــــ في الشَّرِّ: شر میں مبتلا ہونا۔
ــــ الشيْئُ: کسی چیز کا درجہ گھٹنا، پہلے کے مقابلہ میں کمی آنا، جیسے، هَبَطَ مَالُهُ۔
ــــ الثَّمَنُ: قیمت گھٹنا۔
ــــ الحَمَاسُ: جوش وخروش سرد پڑنا۔
ــــ السِّعْرُ: بھاؤ گرنا۔
ــــ المُسْتَوَى: معیار گھٹنا۔
ــــ المَسْعَى: دوڑ دھوپ کم ہونا۔
ــــ تَوْزِيعُ الصَّحِيفَةِ ونَحْوِها: اخبار وغیرہ کی اشاعت گھٹنا۔
ــــ فُلَانٌ: ذلیل وخوار ہوجانا۔
ــــ مِن مَنزِلَتِه: حیثیت باقی نہ رہنا۔
ــــ الشيْئَ: نیچے اتارنا (۲) درجہ گھٹانا مقدار کم کرنا، کمی کرنا۔
ــــ الدَّوَاءُ دَرَجَةَ الحَرَارَةِ: دوا کا کسی کے درجۂ حرارت کو کم کر دینا۔
هَبَطَ المَرَضُ لَحْمَهُ: بیماری کا گوشت کو کم کر دینا، دبلا کر دینا
ــــ المَكَانَ: جگہ میں داخل ہونا قرآن پاک میں ہے۔ "اهْبِطُوا مِصْرًا"۔
ــــ السُّوقَ: بازار میں آنا۔
ــــ فُلَانًا المَكَانَ: کسی جگہ کسی کو داخل کرنا۔
ــــ الثَّمَنَ ومنه: قیمت کم کرنا۔
ــــ مِن حَالِ الغنيِ الى حَالِ الفَقْرِ: تموّل سے غربت میں آنا (ایک حال سے دوسرے حال میں منتقل ہونا)۔
هَبَطتِ الجنُودُ بالمِظَلَّاتِ: فوجیوں کا ہوائی چھتریوں کے ذریعہ زمین پر اترنا۔
ــــ دَرَجَةُ الحَرَارَةِ: درجۂ حرارت کم ہونا۔
ــــ الصِّحَّةُ: صحت گرنا، خراب ہونا۔
ــــ الطَّائِرَةُ في المَطَارِ: ہوائی جہاز کا ہوائی اڈے پر اترنا۔
ــــ التِّجَارَةُ: کاروبار مندا ہونا۔
ــــ القِيمَةُ: قیمت کم ہوجانا۔
اَهْبَطَهُ: نیچے اتارنا۔
هَبَّطَهُ: نیچے اتارنا۔
ــــ العِدْلَ عَلى البَعِيرِ: بوری کو اونٹ پر ٹھیک سے رکھنا۔
اِنْهَبَطَ الشيْئُ: نیچے آنا، گرنا، کم ہونا، کم درجہ ہونا۔
تَهَبَّطَ: بتدریج اترنا، آہستہ آہستہ نیچے آنا۔
المِهْبَطَةُ: پیراشوٹ، ہوائی چھتری جس کے ذریعہ ہوائی جہاز سے نیچے اترا جاتا ہے، ج مَهَابِط۔
المَهْبِطُ: نیچے اترنے کی جگہ، مَهبِطُ الوَحْيِ: وحی نازل ہونے کا مقام۔
مَهْبِطُ الطَّائِرَةِ: ہوائی جہاز اترنے کی جگہ، رن وے۔
مَهبِطُ النَّهْرِ: دریا کے اتار کی جہت جدھر پانی بہہ کر جاتا ہے، ج مَهَابِط
الھَبْطَةُ: گہرا گڑھا، کھڈ۔
الھَبوطُ: ڈھلواں جگہ۔
الھُبُوطُ: کمی، اتار، انحطاط، (۲) نشیب (۳) مندا پن، گراوٹ، (۴) بے وقعتی، ذلت، حیثیت میں کمی۔
الھَبِيطُ: دبلا پتلا (مذکر ومؤنث دونوں کے لئے)
• هَبَعَ الحِمَارُ ـَ هَبْعًا وهُبُوعًا: گدھے کا بھونڈی چال چلنا۔
ــــ البَعِيرُ ونَحوه في مِشْيَتِه: اونٹ وغیرہ کا تیز دوڑنے کے لئے گردن کو لمبا کرنا۔
هو هَابِعٌ، ج: هُبَّعٌ وهَوَابِعُ.
اَهْبَعَ الحَيَوَانُ: جانور کا گرمی کے موسم میں بچہ جننا، هو مُهْبِعٌ۔
استَهْبَعَهُ: بے ڈھنگی چال چلانا، گردن لمبی کرا کے دوڑانا۔
الھُبَعُ: موسم گرما میں پیدا شدہ بچہ، ج: هِبَاعٌ۔
الھَبُوعُ: چلنے میں گردن کو لمبا کرنے سے مدد لینے والا اونٹ، بَعِيرٌ هَبُوعٌ ونَاقَةٌ هَبُوعٌ (مذکر ومؤنث)۔
• هَبَغَ ـَ هَبْغًا وهُبُوغًا: دن میں سونا (کم یا زیادہ)
الھِبْيَغُ: بہت سونے والا۔

الهَبَيَّغُ: ہر بڑی چیز۔ کہتے ہیں، نَهرٌ هَبَيَّغٌ وَوَادٍ هَبَيَّغٌ (۲) بدکار عورت جو ہر خواہش مند کی خواہش پوری کرنے کے لئے تیار ہو۔

الهَبَيَّغَةُ من النِّساء: الهَبَيَّغُ۔

• انْهَبَكَت به الأرضُ: زمین کا کسی کو دھنسا دینا۔

الهُبَكَةُ: وہ زمین جس میں جانوروں کے پاؤں دھنس جاتے ہوں (۲) بیوقوف ج: هُبَكٌ هُبَكَات۔

• هَبِلَ فُلانٌ ـَ هَبَلاً: بے عقل و بے شعور ہو جانا، حدیث ام حارثہ میں ہے: وَيْحَكِ أَهَبِلْتِ؟ تجھے کیا ہو گیا، تیری عقل جاتی رہی، هو هَابِل وهي هَابِلَة ج: هُبَّلٌ۔

ـــ الأمُّ وَلَدَهَا هَبَلاً: ماں کی اولاد باقی نہ رہنا، هي هَابِل وهَبِلَة وهبول۔ هَبِلَتْهُ أُمُّهُ: اس کی ماں اسے گم کر دے یعنی وہ مر جائے، یہ لفظی معنی ہیں لیکن یہ جملہ تعریف و تعجب کے موقع پر استعمال کیا جاتا ہے اور اس کے معنی مَا أَعْلَمَهُ وَمَا أَصْوَبَ رَأْيَهُ!! وہ بہت ہی باخبر اور صاحب الرائے ہے۔

هَبُلَ ـُ هَبَالَةً: بہت موٹا ہونا۔

هُبِلَتِ المرأةُ: عورت کا اولاد سے محروم ہونا (اولاد کا مر جانا)۔

ـــ اللهُ فُلاناً: خدا کا کسی کو اولاد سے محروم کر دینا (اولاد کا مر جانا)۔

هَبَّلَ فُلانٌ لِعِيالِه: بچوں کے لئے محنت سے کمائی کرنا۔

ـــ فُلاناً: کسی کو هَبِلَتْهُ أُمُّهُ کہہ کر بددعا دینا (یعنی اس کی ماں اسے گم کر دے، وہ مر جائے)۔

هَبَّلَ اللَّحمُ فُلاناً: کسی پر خوب گوشت چڑھنا، لحیم شحیم ہونا، حدیث افک میں ہے، والنِّساءُ يَوْمَئِذٍ لَمْ يُهَبَّلْهُنَّ اللَّحْمُ۔

اهْتَبَلَ: رنجیدہ ہونا، جیسے، اهتبلَ على وَلَدِه: اسے اپنی اولاد کا رنج ہوا۔

ـــ في سَيْرِه: تیز چلنا، اهْتَبِلْ هَبْلَكَ: اپنا کام جلدی کرو۔

ـــ فُلانٌ: جھوٹ بولنا (۲) دھوکا دینا۔

ـــ الصَّيْدَ: شکار کو پکڑنے کے لئے دھوکا دینا، چال چلنا۔

ـــ الفُرْصَةَ: موقع غنیمت جاننا موقع سے فائدہ اٹھانا۔

ـــ الشيءَ: کسی چیز سے فائدہ اٹھانا سَمِعَ كَلِمَةً فَاهْتَبَلَهَا۔

تَهَبَّلَ لِأَهْلِه: کمائی کرنا۔

الأَهْبَلُ: بے شعور، اچھے برے کی تمیز نہ رکھنے والا، ج: هُبْلٌ۔

المُهَبَّلُ: وہ شخص جسے هَبِلَتْهُ أُمُّهُ کہا جائے (بطور بددعا یا بطور مدح و تعجب) لحیم شحیم پھولے ہوئے چہرے والا۔

المَهْبِلُ: گہرا کھڈ (۲) پہاڑ کی چوٹی سے کھائی میں آنے والی ہوا (۳) عورت کی فرج سے رحم تک پہنچنے والی نلی۔

المَهْبُولُ: جسے موت نے اچانک آپکڑا ہو۔

الهَابِلُ: اولاد سے محروم عورت۔

الهَبَالَةُ: طلب، خواہش۔

الهُبَالَةُ: مال غنیمت۔

الهَبَّالُ: شکار کے لئے چال چلنے والا، چالاک شکاری، ذِئْبٌ هَبَّالٌ: چالاک بھیڑیا (۲) چالاکی و تدبیر سے کسب معاش کرنے والا۔

هُبَلُ: ایک بت کا نام جو کعبہ میں تھا۔

الهَبْلَةُ: بوسہ (۲) بھاپ۔

الهِبِلُّ: موٹا اور بوڑھا آدمی یا اونٹ یا شتر مرغ۔

الهِبِلَّى: اکڑ یا اتراہٹ کی چال، هو يَمْشِي الهِبِلَّى: وہ اتراتا ہوا چلتا ہے۔

الهَبُولُ: وہ عورت جس کے بچے نہ جیتے ہوں۔

هَبِيل وهَابِيل: حضرت آدم کے ایک بیٹے کا نام۔

الهِبِلَاعُ: بڑے بڑے لقمے لے کر خوب کھانے والا۔

الهِبْلَعُ: کمینہ، عَبْدٌ هِبْلَعٌ: غلام جس کے ماں باپ یا ان میں سے کوئی ایک نامعلوم ہو (۲) سلوقی کتا۔

• الهَبَنَّكُ: کمزور و بے وقوف، احمق (۲) چغلخور۔

الهَبَنْكَةُ: سست و کاہل، کمزور و بے عقل عورت۔

• هَبْهَبَ: تیز رفتار ہونا، جلدی کرنا (۲) سو کر اٹھنا، بیدار ہونا۔

ـــ السَّرَابُ: سراب کا چمکنا۔

ـــ التَّيْسُ: پہاڑی بکرے کا مست ہو کر جفتی کے لئے چیخنا۔

ـــ فُلاناً وغَيْرَه: ڈانٹنا۔

تَهَبْهَبَ: ہلنا، ڈانواڈول ہونا۔

الهَبْهَبُ: تیز و پھرتیلا کہتے ہیں جَمَلٌ هَبْهَبٌ وذِئْبٌ هَبْهَبٌ هي هَبْهَبَة۔

الهَبْهَبِيُّ: سبک و پھرتیلا (۲) عمدہ حدی خواں (اونٹ کو ہکانے کے لئے عمدہ گانا گانے والا) (۳) ماہر فن،

ماہر باورچی یا ماہر مصور وغیرہ (۴) بکریاں چرانے والا (۵) بکرا

• هَبَا الغُبَارُ ـُ هَبْوًا وَهُبُوًّا: گرد اڑنا۔

ـــ فُلَانٌ: مرنا (۲) بھاگ جانا (۳) سست رفتاری سے چلنا، هو هَابٍ وهي هَابِيَة۔

أَهْبَى التُّرَابَ أو الغُبَارَ: مٹی یا گرد اڑانا۔

هَبَّى الثَّرِيدَ وَنَحْوَهُ: ثرید وغیرہ کو برابر کرنا، ٹھیک کرنا۔

تَهَبَّى فُلَانٌ: کمزور نگاہ ہونا۔

ـــ بَصَرُهُ: نگاہ کا کمزور ہونا، (۲) خود پسندی کے ساتھ اتراتے ہوئے چلنا، جَاءَ يَتَهَبَّى: وہ ہاتھ جھٹکتا ہوا آیا۔

الهَابِي مِنَ التُّرَابِ: باریک اڑنے والی مٹی، مَوْضِعٌ هَابِي التُّرَابِ: وہ جگہ جہاں سے مٹی اڑتی ہو یا جس کی مٹی بہت باریک ہو (۲) قبر کی مٹی (۳) غبار میں چھپا ہوا ستارہ، ج هُبِيّ۔

الهَبَاءُ: باریک گرد، غبار، مٹی کے باریک ذرات جو ہوا سے اڑکر چیزوں کو لگ جاتے ہیں، یا ہوا میں پھیلے ہوئے باریک ذرات جو صرف سورج کی روشنی میں اڑتے دکھائی دیتے ہیں، (۲) کم عقل لوگ
ج: أَهْبِيَة وأَهْبَاء۔

أَهْبَاءُ الزَّوْبَعَة: آندھی یا بگولہ سے اٹھنے والی گرد وغبار۔

الهَبَاءُ المَنْثُورُ: فضا میں پھیلے ہوئے غبار کے باریک ریزے۔

الهَبَاءَةُ: غبار کا ایک ریزہ۔

الهُبَابَةُ: درخت وغیرہ کی چھال۔

الهَبْوُ: ہاتھ قریب رکھنے کے بقدر مدہم پڑنے والی آگ کی لپٹ۔

الهَبْوَةُ: گرد وغبار، ذرۂ خاک، ج: أَهْبَاءٌ (خلاف قیاس)۔

الهَبِيُّ: چھوٹا بچہ۔ وهي هَبِيَّة۔

ه ـــــ ت

• هَتَأَهُ ـَ هَتْئًا: مارنا۔

ـــ بالعصا: لاٹھی مارنا۔

هَتِئَ ـَ هَتَئًا: بیماری وغیرہ کی وجہ سے کر جھک جانا، کبڑا ہو جانا هو أَهْتَأُ وهي هَتْآء، ج: هُتْءٌ۔

تَهَتَّأَ الثَّوْبُ وَنَحْوُهُ: کپڑے کا بوسیدہ اور پارہ پارہ ہو جانا۔

الهُتَاءُ: پھٹن، شگاف۔

الهَتْأَةُ: لمحہ، تھوڑا وقفہ، جَاءَ بَعْدَ هَتْأَةٍ مِنَ اللَّيْلِ: وہ رات کا کچھ حصہ گزرنے کے بعد آیا، مَضَى مِنَ اللَّيْلِ هَتْأَةٌ رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔

• هَتَّ المَاءَ وَنَحْوَهُ ـُ هَتًّا وهَتِيتًا: پانی گرانے کی آواز ہونا۔

ـــ في كلامه: تیز بولنا۔

ـــ الشيءَ ـُ هَتًّا: آواز نکالنے کے لئے کسی چیز کو زور سے دبانا۔

ـــ الهَمْزَةَ: ہمزہ کو صاف ادا کرنا۔

ـــ الشيءَ: چورہ کرنا، ریزہ ریزہ کرنا۔

ـــ الثَّوْبَ وَنَحْوَهُ: کپڑا وغیرہ پھاڑنا، دھجیاں کرنا۔

ـــ عِرْضَهُ: آبروریزی کرنا۔

ـــ فُلَانًا: کسی کے اکرام کا درجہ گھٹانا۔

ـــ الشيءَ: کسی چیز پر لگے رہنا۔ جیسے العَامِلُ يَهُتُّ عَمَلَهُ لَيْلَ نَهَارَ: کارکن رات دن اپنے کام پر لگا رہتا ہے، باتتسا السَّحَابَةُ تَهُتُّ المَطَرَ: بادل پانی برساتا رہا، ظَلَّ يَهُتُّ الحَدِيثَ: وہ بات کرتا رہا۔

هَتَّ المَاءَ وَنَحْوَهُ: لگاتار پانی گرانا، هو هَاتٌّ وهَتَّاتٌ ومِهَتٌّ (برائے مبالغہ)

المِهَتُّ: بسیار گو، جھکی، بکواسی (۲) کام میں پھرتیلا۔

الهَتُّ: تَرَكَهُمْ هَتًّا بَتًّا: انکی دھجیاں اڑادیں (۲) آواز، کہتے ہیں سَمِعْتُ هَتَّ قَدَمَيْهِ، میں نے اس کے قدموں کی آہٹ سنی

الهَتَّاتُ: بسیار گو، بکواسی۔

• هَتَرَ ـُ هَتْرًا: نادان وبیوقوف ہونا۔

ـــ فُلَانًا الكِبَرُ وَنَحْوُهُ: بڑھاپے وغیرہ کا کسی کو سٹھیا دینا (عقل زائل کردینا)۔

ـــ عِرْضَهُ: عزت پامال کرنا۔

أُهْتِرَ فُلَانٌ: سٹھیا جانا، بڑھاپے سے بے عقل ہو جانا۔

ـــ فُلَانًا الكِبَرُ وَنَحْوُهُ: بڑھاپے کا کسی کو سٹھیا دینا (عقل زائل کردینا) هو مُهْتَرٌ۔

أُهْتِرَ فُلَانٌ بِكَذَا: کوئی پرواہ کئے بغیر کسی چیز کا دلدادہ ہونا۔

هَاتَرَهُ: کسی کو بری گالی دینا۔

هَتَّرَ العِرْضَ: انتہائی بے عزتی کرنا۔

تَهَاتَرَا: ایک دوسرے پر الزام لگانا بے بنیاد بات کہنا۔

ـــ الشَّاهِدَانِ: دو گواہوں کا ایک دوسرے کی تکذیب کرکے گواہی ساقط کرنا۔

تَهَتَّرَ: نادان وبے قوف ہونا۔

اسْتُهْتِرَ فُلَانٌ: کسی کی عقل زائل

ہو جانا، بڑھاپے سے سٹھیا جانا، (۲) بے سرو پا ہوائی باتیں کرنے کا عادی ہونا، بیہودہ کام کرنا۔
اسْتَهْتَرَ بالشئِ: کسی تنقید و نصیحت سے بے پرواہ ہو کر کسی چیز کا شیدائی ہونا اور اسے اپنائے رکھنا جیسے اسْتُهْتِرَ بالشَّرابِ واستُهْتِرَ بفُلَانَةَ: وہ کھلے بندوں شراب پیتا ہے اور فلاں عورت سے عشق بازی کرتا ہے۔
اِسْتَهْتَرَ بالشئِ: حقیر و بے حیثیت سمجھنا۔
الاسْتِهْتَارُ: بیہودگی، (۲) آوارگی (۳) خواہشات کی پیروی (۴) بے باکانہ عشق و فریفتگی۔
التَّهَاتِرُ: باہم متعارض و متناقض شہادتیں۔
التَّهْتَارُ: جہالت و حماقت۔
المُسْتَهْتِرُ: آوارہ لغو و باطل کلام کرنے والا، بہکی بہکی باتیں کرنے والا (۲) عاشق و فریفتہ۔
المُهَاتَرَةُ: متضاد باتیں۔
المُهْتَرُ: کلام میں غلطیاں کرنے والا۔ (۲) بڑھاپے سے سٹھیا ہوا۔
الهَاتِرُ: بیہودہ گو، بکواسی۔
الهَاتُورُ: قبطی سال کا تیسرا مہینہ (نومبر)
الهُتْرُ: بڑھاپے و بیماری وغیرہ کی بے عقلی۔
الهِتْرُ: باطل، لغو و بیہودہ بات (۲) جھوٹ، کہتے ہیں، قَوْلٌ هِتْرٌ (۳) عجیب بات (۴) آفت و مصیبت
هِتْرٌ هَاتِرٌ: بڑی مصیبت۔
اِنَّهُ لَهِتْرُ اَهْتَارٍ: وہ سب سے بڑی آفت ہے (۵) رات کا نصف اول یا کچھ ابتدائی حصہ۔
• هَتَشَ الكَلْبَ اوالسَّبُعَ ـ هَتْشًا: کتے یا کسی درندے کو شکار پر جھپٹنے کے لئے اکسانا۔

• هَتَعَ الى قَوْمِهِ ـ هُتُوعًا: اپنے لوگوں کی طرف متوجہ ہونا۔
• هَتَفَ ـ هَتْفًا وهُتَافًا: لمبی آواز سے چیخنا (۲) نعرہ لگانا۔
ـــ بِهِ: کسی کو پکارنا، بلانا۔
ـــ بِرَبِّهِ: اپنے رب کو پکارنا، اپنے رب کا نعرہ لگانا (۲) اس سے درخواست کرنا۔
ـــ فُلَانًا وبِهِ: کسی کی تعریف کرنا هُوَ مَهْتُوفٌ بِهِ، فُلَانَةٌ يُهْتَفُ بِهَا: فلاں عورت کے حسن و جمال کا چرچا ہے۔
ـــ بِحَيَاةِ فُلَانٍ: کسی کے لئے زندہ باد کا نعرہ لگانا۔
ـــ بِسُقُوطِ فُلَانٍ: کسی کے متعلق مردہ باد کا نعرہ لگانا۔
هَتَّفَ: زور سے چلانا، زور سے آواز دینا۔
الهَاتِفُ: غیبی آواز (آواز سنائی دے مگر آواز دینے والا نظر نہ آئے) (۲) چھپ کر آواز دینے والا، ہاتف غیب (۲) ٹیلیفون (۳) ٹیلیفون پر بولنے والا۔
الهَاتِفُ الدَّاخِلِيُّ: اندرونی ٹیلیفون، انٹر کام۔
الهَاتِفِيُّ: ٹیلیفون کا الحدیث
الهَاتِفِيُّ: ٹیلیفون کی بات چیت۔
الهُتَافُ: بلند آواز، لمبی آواز جو تعریف یا تنکیر کے لئے نکالی جائے نعرہ، ج هتافات۔
الهَتَّافُ: بہت زور سے چلانے یا زور سے نعرہ لگانے والا، نعرہ زن لوگوں سے نعرہ لگوانے والا۔
الهَتَّافَةُ: قَوْسٌ هَتَّافَةٌ: چیخنے (آواز نکالنے والی) کمان۔

الهَتَفَى: آواز دار کمان۔
الهَتُوفُ: الهَتَّافُ (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے) کہتے ہیں رَجُلٌ هَتُوفٌ وحَمَامَةٌ هَتُوفٌ: بولنے والی کبوتری، رِيحٌ هَتُوفٌ: گونج دار ہوا، سَحَابَةٌ هَتُوفٌ: گرج دار بادل۔
• هَتَكَ السِّتْرَ ونَحْوَهُ ـ هَتْكًا: پردہ ہٹانا (۲) پردہ چاک کرنا، پردہ دری کرنا بے نقاب کرنا، انکشاف کرنا، بدنام کرنا، هُوَ هَاتِكٌ وهَتَّاكٌ۔
ـــ الثَّوْبَ: کپڑے کو لمبائی میں کاٹنا۔
ـــ عِرْضَهُ: بے عزتی کرنا، عصمت دری کرنا۔
ـــ حُرْمَتَهُ: بے حرمتی کرنا، تقدس پامال کرنا، عزت خاک میں ملانا۔
هُتِكَ: هُتِكَ عِرْضُهُ: کسی کی بے آبروئی ہونا۔
هَاتَكَ اللَّيْلَ: رات کی تاریکی میں چلنا۔
هَتَّكَ الاَسْتَارَ ونَحْوَهَا: خوب پردہ دری کرنا، چاک چاک کر ڈالنا، دھجیاں اڑا دینا۔
تَهَتَّكَ فُلَانٌ: ڈھٹائی کے ساتھ غلط کام کرنا، بے حیا ہونا (۲) بدنام ہونا، (۳) آوارہ ہونا۔
ـــ فِي البَطَالَةِ: بیکار پڑ کر بدنام ہو جانا، بیکار پڑا رہنا۔
التَّهَتُّكُ: بے حیائی، آوارگی، پردہ دری رسوائی۔
الهُتْكَةُ: آدھی رات یا وسط شب۔
الهِتْلُ: ثَوْبٌ هِتْكٌ: پھٹا ہوا کپڑا۔
الهِتْكَةُ: پردہ دری۔

هَتْكُ العِرْضِ: بے آبروئی۔
هَتْكُ الحُرْمَةِ: بے حرمتی، عصمت دری۔
الهُتْكَةُ: رسوائی، بدنامی (۲) رات کا ایک حصہ کہتے ہیں مَضَتْ هُتْكَةٌ مِنَ اللَّيْلِ۔
الهَتِيكَةُ: رسوائی، بدنامی۔
• هَتَمَ الشَّيءَ ـِ هَتْمًا: توڑنا۔
هَتَمَ ثَنِيَّتَهُ: اس کا اگلا دانت توڑ دیا۔
ــــ فَاهُ: اگلے دانت نکال دینا، توڑ دینا منہ پر مارنا۔
ــــ فُلَانًا بِالضَّرْبِ: کسی کو مار مار کر ادھ موا کر دینا۔
هَتِمَ الشَّيءُ ـَ هَتَمًا: ٹوٹ جانا هَتَمَهُ فَهَتِمَ۔
ــــ الإنْسَانُ وَغَيْرُهُ: انسان وغیرہ کے اگلے دانت جڑ سے ٹوٹ جانا، هُوَ أَهْتَمُ وَهِيَ هَتْمَاءُ، ج: هُتْمٌ۔
اَهْتَمَ الشَّيءَ: توڑنا۔
ــــ ثَنِيَّتَهُ: اگلے دانت توڑنا۔
ــــ الإنْسَانَ وَغَيْرَهُ: انسان یا جانور کے دانت توڑنا۔
هَتَّمَهُ: چورا چورا کر دینا۔
تَهَاتَمَا: ایک دوسرے کے خلاف جھوٹا دعوی کرنا۔ الزام لگانا۔
تَهَتَّمَتْ أَسْنَانُهُ: دانت ٹوٹنا۔
الهُتَامَةُ: ریزہ، ٹوٹا ہوا ٹکڑا۔
الهُتَيْمَةُ: چھوٹا کھٹ پودا۔
الهَيْتَمُ: ایک قسم کا پودا۔
• هَتَمَرَ الكَلَامَ: زیادہ بولنا۔
• هَتْمَلَ فُلَانٌ: چپکے چپکے بات کرنا، آہستہ بولنا (۲) چغلی کھانا۔
ــــ الرَّجُلَانِ: آپس میں خفیہ بات کرنا (جو دوسرا نہ سن سکے)۔
الهَتْمَلَةُ: خفیہ بات چیت، ج: هَتَامِلُ۔
• هَتَنَتِ السَّمَاءُ ـِ هَتْنًا وَهُتُونًا: لگاتار برسنا۔
ــــ الدَّمْعُ: آنسو ٹپکنا۔ هُوَ هَاتِنٌ ج: هُتَّنٌ، هِيَ هَاتِنَةٌ ج: هَوَاتِنُ۔
التَّهْتَانُ: تھم تھم کر ہونے والی بارش جھڑی۔
الهَتُونُ: زوردار بارش، سَحَابٌ هَتُونٌ: برسنے والا بادل، عَيْنٌ هَتُونُ الدَّمْعِ: آنسو بہانے والی آنکھ (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے)، ج: هُتُنٌ وَهُتَّنٌ۔
• هَتْهَتَ فُلَانٌ فِي الكَلَامِ: جلدی کی بنا پر زبان الجھنا۔
ــــ الشَّيءَ: پیروں سے روند کر توڑ دینا۔
الهَتْهَاتُ: لڑکھڑاتی ہوئی زبان سے تیز بولنے والا، زبان دراز۔
• هَتَا الشَّيءَ ـُ هَتْوًا: توڑنا (۲) پیروں سے روند کر توڑنا۔
هَاتَى فُلَانٌ: لینا۔
ــــ فُلَانٌ الشَّيءَ: نزدیک کرنا۔
ــــ فُلَانًا الشَّيءَ: دینا، مَا أُهَاتِيكَ: میں تم کو نہیں دوں گا۔ (۲) عطیہ دینا۔
هَاتِ: دو، مؤنث، هَاتِي۔
الهِتِيُّ: رات کا ایک حصہ، ج: أَهْتَاءُ، مَضَى هِتِيٌّ مِنَ اللَّيْلِ۔
الهِتِيُّ: الهِتِيُّ۔
• هَثَّ فُلَانٌ ـُ هَثًّا: جھوٹ بولنا
هَثَّ الأشْيَاءَ: ملانا، مخلوط کرنا، گڈمڈ کرنا هُوَ هَاثٌّ وَهَثَّاثٌ۔
• هَثَمَ لِفُلَانٍ مِنَ الشَّيءِ ـِ هَثْمًا: کوئی چیز بڑی مقدار میں دینا۔
ــــ الشَّيءَ: کوٹ کر باریک کرنا۔
الهَيْثَمُ: نرم ریت کا ٹیلا (۲) عقاب (۳) شکرا (۴) عقاب کا چوزہ، واحد هَيْثَمَةٌ۔
• هَثْهَثَ الشَّيءُ: بگڑنا، خراب ہونا۔
ــــ فِي السَّيْرِ وَنَحْوِهِ: رفتار وغیرہ میں تیزی کرنا۔
ــــ السَّحَابُ بِمَطَرِهِ وَثَلْجِهِ: بادل کا تیزی سے بارش اور برف گرانا۔
ــــ الأشْيَاءَ: چیزوں کو گڈمڈ کرنا، خلط ملط کرنا۔
ــــ الشَّيءَ: پیروں سے روندنا۔
ــــ فُلَانًا: کسی پر ظلم کرنا، هُوَ هَثْهَاثٌ۔
الهَثْهَاثُ: تیز، سَيْرٌ هَثْهَاثٌ: تیز چال (۲) بہت مٹی والا شہر، (۳) جھوٹا۔
الهَثْهَثَةُ: شور و غل، میدان جنگ کا شور
• هَثِيَ ـَ هَثْيًا: چہرہ سرخ ہونا۔
ــــ التُّرَابَ: مٹی ڈالنا۔
ــــ لَهُ مِنْ مَالِهِ: کچھ مال دینا۔
هَاثَاهُ: کسی کے ساتھ مذاق کرنا۔

ہ ــــ ج

• هَجَأَ الشَّيءُ ـَ هَجْأً وَهُجُوءًا: ختم ہونا، منقطع ہونا۔
ــــ الجُوعُ: بھوک باقی نہ رہنا۔
ــــ الطَّعَامَ هَجْأً: پورا کھانا کھا لینا۔
ــــ الطَّعَامُ بَطْنَهُ: کھانے کا پیٹ کو بھر دینا۔ سیر کر دینا۔

هَجِئَ ـَ هَجأً: زوردار بھوک لگنا، بھوک سے بے برداشت ہونا۔
اَهْجَأَ الشَّيْئَ: منقطع کرنا، زائل کرنا، جیسے اهجأ الطّعامُ جُوْعَهُ۔
ـــ الإِبِلَ وَنَحْوَه: اونٹوں وغیرہ کو چرنے کے لئے باندھ دینا۔
ـــ فُلَانًا الشَّيْئَ: کوئی چیز کھلانا۔
ـــ فُلَانًا حَقَّهُ: حق ادا کرنا۔
تَهَجَّأَ الحَرْفَ: ہجے کرنا۔
الهَجَاءُ: انسان وغیرہ کی وہ حالت جو منقطع ہوجائے۔
الهُجَأَةُ: بے وقوف۔
• هَجَّتْ عَيْنُهُ ـُ هَجًّا: آنکھ کا دھنس جانا، هي هَاجَّة۔
ـــ النَّارُ ـُ هَجًّا وَهَجِيْجًا: آگ کا زور شور سے بھڑکنا (جس سے آواز سنائی دے)۔
ـــ البَيْتَ وَنَحْوَه: ڈھانا، منہدم کرنا۔
هَجَّجَ: بھوک پیاس یا تکان سے آنکھیں اندر کو ہوجانا، کہتے ہیں، هَجَّجَتِ العَيْنُ۔
ـــ النَّارَ: آگ بھڑکانا، دہکانا۔
اهْتَجَّ فِي رَأْيِه وَنَحْوِه: اپنی رائے پر قائم رہنا، کسی کا مشورہ نہ ماننا۔
اسْتَهَجَّ: غلط یا صحیح اپنی مرضی پر چلنا (۲) بے سوچے سمجھے کسی بات میں پھنسنا
ـــ السَّائِرَةَ: قافلہ کو تیز چلانا۔
هَجَاجِ: رَكِبَ فُلَانٌ هَجَاجِ فلاں نے خود سری اختیار کی، اپنی مرضی پر چلا، رَكِبَ هَجَاجَيْهِ معنی مذکور، هَجَاجَيْكَ: بس بس رک جاؤ، بس کرو۔
الهَجَاجَةُ: زبردست غبار جو ہر چیز کو ڈھانپ لے (۲) بے وقوف۔

الهَجُّ: بیلوں وغیرہ کا جوا۔
الهَجِيْجُ: گہری وادی (۲) تالاب (۳) لمبی زمین (پٹی) (۴) ریت پر کاہن کی کھینچی ہوئی لکیر، ج: هُجُجٌ وهُجَّانٌ۔
• هَجَدَ ـُ هُجُوْدًا، سونا (۲) رات میں نماز پڑھنا، هوهَاجِدٌ، ج: هُجَّدٌ وهُجُوْدٌ، هوهَجُوْدٌ۔
اَهْجَدَ البَعِيْرُ، اونٹ کا زمین پر گردن رکھنا۔
ـــ فُلَانًا: سلانا (۲) سوتا ہوا پانا۔
هَجَّدَ فُلَانًا: سلانا۔
تَهَجَّدَ: رات کو نماز پڑھنا، تہجد پڑھنا (۲) رات میں نماز وغیرہ کیلئے بیدار ہونا، قرآن پاک میں ہے وَمِنَ اللَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهِ نَافِلَةً لَكَ، رات کے کچھ حصہ میں نماز کے لئے جاگ یہ تیرے لئے زائد عبادت ہے، (۳) اکیلا اور منفرد ہونا۔
المُتَهَجِّدُ: تہجد گزار، شب بیدار۔
التَّهَجُّدُ: رات کی نماز (نفلی) (۲) شب میں نماز کے لئے بیدار ہونا۔
• هَجَرَ ـُ هَجْرًا: الگ ہونا، دور ہونا۔
ـــ الفَحْلُ، سانڈ کا جفتی چھوڑنا۔
ـــ المَرِيْضُ، بیمار کا بہکی بہکی باتیں کرنا۔ هَجَرَ فِي مَرَضِهِ وفِي نَوْمِه۔
ـــ فِي الشَّيْئِ وَبِهِ: کسی چیز کا شوق و دلچسپی سے ذکر کرنا۔
ـــ الشَّيْئَ او الشَّخْصَ هَجْرًا وهِجْرَانًا: چھوڑنا، ترک تعلق کرنا۔
ـــ زَوْجَهُ: بیوی سے طلاق دیئے بغیر علیحدگی اختیار کرنا، قرآن پاک میں

ہے وَاللَّاتِي تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِي المَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ۔
هَجَرَ الدَّابَّةَ هَجْرًا وهُجُوْرًا: چوپائے کو پابند سے باندھنا۔
اَهْجَرَ: دوپہر کو چلنا، (۲) دوپہر کے وقت میں داخل ہونا (۳) ہذیانی باتیں کرنا، الٹی سیدھی اور بے تکی باتیں کرنا، اَهْجَرَ فِي مَنْطِقِه: بے تکی باتیں کرنا۔
ـــ الشَّيْئُ: پایۂ تکمیل کو پہنچنا، آخری حد کو پہنچنا جیسے، اَهْجَرَتِ الفَتَاةُ: حسن و جمال کے ساتھ جوان ہونا۔
ـــ الحَامِلُ: حاملہ کا پیٹ بڑا ہوجانا
ـــ بِفُلَانٍ: کسی کا مذاق اڑانا۔
هَاجَرَ: ترک وطن کرنا، ہجرت کرنا۔
ـــ اليه: کسی کے پاس ترک وطن کرکے آنا، قرآن پاک میں ہے، وَالَّذِيْنَ تَبَوَّءُوا الدَّارَ وَالإِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ۔
ـــ مِنْ مَكَانٍ كَذَا اوعنه: کسی جگہ سے دوسرے مقام پر منتقل ہونا۔
ـــ القَوْمَ، ایک قوم کو چھوڑ کر دوسری قوم میں جاملنا۔
هَجَّرَ: دوپہر کو چلنا (۲) ترک وطن کرانا، ملک بدر کرنا
ـــ النَّهَارُ: دن کا آدھا ہونا اور سخت گرم ہوجانا۔
ـــ الى الشَّيْئِ: سویرے جانا، اول وقت میں جانا، جلدی پہنچنا۔
ـــ الدَّابَّةَ: پابند سے باندھنا۔
تَهَاجَرَ القَوْمُ: باہم قطع تعلق کرنا۔
ـــ القَوْمُ المَاءَ: پانی پر باری باری آنا۔

تَہَجَّرَ: دوپہر کو چلنا، (۲) مہاجرین جیسا بننا۔
الاَھْجَرُ: زیادہ لمبا، زیادہ بڑا، زیادہ معزز۔
الاُھْجُوْرَۃُ: عادت۔
التَّہْجِیْرُ: نقل آبادی، ملک بدری
المُہَاجِرُ: تارک وطن (۲) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہجرت کرنے والا یا آپ کے پاس ہجرت کر کے آنے والا۔
المُہَاجَرُ: مقام ہجرت۔
المُہَاجَرَۃُ: ہجرت، (۲) انتقال مکانی۔
المَہْجَرُ: مقام ہجرت، جہاں ہجرت کیجائے یا جہاں سے ہجرت کیجائے۔
المُہْجِرُ: ہر برتر و اعلیٰ چیز (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے) کہتے ہیں بَعِیْرٌ مُہْجِرٌ ونَخْلَۃٌ مُہْجِرٌ: شاندار و عمدہ اونٹ یا درخت خرما عَدَدٌ مُہْجِرٌ بڑی تعداد۔
المُہْجِرَۃُ: فَتَاۃٌ مُہْجِرَۃٌ: حسن و شباب میں یکتا لڑکی، نَاقَۃٌ مُہْجِرَۃٌ لحیم شحیم تیز رفتار اونٹنی۔
المَہْجُوْرُ: متروک، کَلَامٌ مَہْجُوْرٌ وحشیانہ اور ناپسندیدہ کلام، متروک الاستعمال الفاظ۔
الہَاجِرُ: شَیْءٌ ھَاجِرٌ: فائق و برتر یا نفیس و عمدہ چیز۔
الہَاجِرَۃُ: سخت گرمی کا دوپہر طَبَخَتْہُ الہَاجِرَۃُ: دوپہر کی گرمی نے اسے کھولا کر رکھ دیا (۲) گرمی کی دوپہر زوال آفتاب سے عصر تک (۳) فحش بات، ج: ھَاجِرَاتٌ و ھَوَاجِرُ۔
الہَاجِرِیُّ: شہر ہجر کا باشندہ (نسبت خلاف قیاس) (۲) ہمیشہ شہر میں رہنے والا (۳) معمار (۴) عمدہ اور فائق۔
الہِجَارُ: چوپائے کے پاؤں میں باندھنے کی رسی، پابند (۲) کمان کی تانت۔ قَوْسٌ شَدِیْدَۃُ الہِجَارِ: سخت تانت والی کمان (۳) طوق (۴) تاج۔
الہِجِّیْرَی: بسیار گوئی، بکواس (۲) بری بات (۳) عادت و خصلت، (۴) رسم و رواج، مَازَالَ ھٰذَا ھِجِّیْرَاہُ: یہ تو اس کی ہمیشہ عادت رہی ہے (عموماً بری عادت کے لئے استعمال ہوتا ہے)۔
الہُجْرُ: نکیل (۲) گرمی کی دوپہر، شَیْءٌ ھَجْرٌ بے مثال چیز، ذَھَبَتِ النَّخْلَۃُ ھَجْرًا کھجور کے درخت کا لمبا اور موٹا ہونا، لَقِیْتُہُ عَیْنَ ھَجْرٍ میں طویل غیبوبت کے بعد اس سے ملا (مراد سال یا چھ دن)۔
الہُجْرُ: بیہودہ گوئی، ہرزہ سرائی، فحش کلام۔
الہَجْرُ: کمزوری کی بنا پر پاؤں بندھے ہوئے جانور کی طرح چلنا۔
الہُجْرَاءُ: کفایت بھر چیز، مَا عِنْدَہُ غَنَاءُ ذَالِکَ وَلَا ھُجْرَاؤُہُ: اس کے پاس فلاں کے لئے کفایت کرنیوالی چیز نہیں ہے۔
الہُجْرَۃُ: بھرپور اور موٹی۔
الہِجْرَۃُ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقلی (۲) تلاش رزق میں لوگوں کا انتقال مکانی (۳) ترک وطن (۴) انتقال آبادی۔
الہِجْرِیُّ: ہجرت سے متعلق۔ اَلسَّنَۃُ الہِجْرِیَّۃُ: ہجرت کے حساب کا یا ہجرت کا سال۔
الہَجُوْرِیُّ: دوپہر کا کھانا۔
الہَجِیْرُ: متروک (۲) مویشی کے چلنے سے لوٹی ہوئی سوکھی ہوئی گھاس (۳) برتر و اعلیٰ لَبَنٌ ھَجِیْرٌ: گاڑھا عمدہ دودھ (۴) بڑا حوض (۵) بڑا پیالہ (۶) بھاری بھرکم گاؤ خر (۷) جفتی میں سست موٹا سانڈ (۸) گرمی کی دوپہر، دوپہر، ج ھُجُرٌ (۹) کوفہ اور بصرہ کے درمیان کا علاقہ۔
الہَجِیْرَۃُ: گرمی کی دوپہر۔
الہُوَیْجِرَۃُ: دوپہر کے کچھ بعد کا وقت۔
• الہِجْرِسُ: بندر (۲) لومڑی، (۳) لومڑی کا بچہ (۴) ریچھ، فُلَانٌ ھِجْرِسٌ: فلاں کمینہ ہے، ج: ھَجَارِسُ۔
• الہَجْرَعُ: احمق، پاگل (۲) دراز قامت (۳) پھرتیلا سلوقی کتا۔
• الہِجْزَعُ: بزدل۔
• ھَجَسَ الاَمْرُ فِی صَدْرِہٖ ـــ ھَجْسًا: کوئی بات دل میں آنا کھٹکنا۔
ـــ فُلَانًا عَنِ الاَمْرِ: روکنا، ہٹانا
ھَاجَسَہُ: کسی کے ساتھ کانا پھوسی کرنا چپکے چپکے باتیں کرنا۔
تَہَاجَسَا: باہم خفیہ بات کرنا۔
انْہَجَسَ عَنِ الاَمْرِ: باز رہنا۔
المُتَہَجِّسُ: خُبْزٌ مُتَہَجِّسٌ: بے خمیری روٹی (خُبْزٌ فَطِیْرٌ)۔
المَہْجُوْسُ: وَقَعُوْا فِی مَہْجُوْسٍ مِنَ الاَمْرِ: وہ کسی معاملہ کی الجھن و مشکل میں پھنس گئے۔
الہَاجِسُ: خیال، دل میں کھٹکنے والی بات وسوسہ، اندیشہ، ج: ھَوَاجِسُ۔
الہَجْسُ: ہلکی آواز جو سنائی دے مگر سمجھی نہ جائے (۲) دل میں آنے والا خیال کھٹکنے والی بات۔
الہَجِیْسَۃُ: تازہ گوشت۔
• ھَجَشَ الیہِ ـــ ھَجْشًا: کسی کا

مشتاق ہونا۔
هَجَشَ بَيْنَهُمْ : لوگوں کو باہم لڑانا، ایک دوسرے کے خلاف اکسانا۔
— الأَمْرَ: کوئی بات یا معاملہ اٹھانا۔
— الدَّابَّةَ: آہستہ آہستہ ہانکنا۔
الهَاجِشَةُ: لوگوں کی اچانک آنیوالی جماعت، بھیڑ، مجمع، ج: هَوَاجِشُ۔
الهَجْشَةُ: کسی کام کے لئے حرکت وتیاری۔ حَانَتْ منه هَجْشَةٌ الى كذا: فلاں کام کے لئے اس کے اٹھنے کا وقت آگیا۔
◆ هَجَعَ ـَ هَجْعًا وهُجُوعًا: رات کو سونا، قرآن پاک میں ہے، "كَانُوا قَلِيلًا مِنَ اللَّيْلِ مَا يَهْجَعُونَ"۔ هَجَعْتُ الى فُلَانٍ فَخَدَعَنِي: میں فلاں کے قریب ہوا تو اس نے مجھے دھوکا دیا۔
— الجُوعُ: بھوک کا تسکین پانا، (کھانے وغیرہ سے بھوک باقی نہ رہنا)
أَهْجَعَهُ: سلانا۔
— الطَّعَامُ الجُوعَ: کھانے کا بھوک کو تسکین دینا، ختم کردینا۔
هَجَّعَ: رات کو خوب سونا۔
التَّهْجَاعُ: ہلکی نیند (۲) رات کی نیند۔
المِهْجَعُ: مفوضہ کام سے غافل، ہرایک سے قریب ہونے والا بیوقوف۔
الهَاجِعُ: ہلکی نیند لینے والا۔
الهَجِيعُ مِنَ اللَّيْلِ: رات کا کچھ حصہ۔ زارني بَعْدَ هَجِيعٍ من اللَّيْلِ: کچھ رات گزرنے کے بعد وہ ملاقات کے لئے آیا۔
الهَجْعُ: المِهْجَعُ۔
الهَجْعَةُ: ابتدائی رات کی ہلکی نیند استَيْقَظْتُ بَعْدَ هَجْعَةٍ من اللَّيْلِ: میں ہلکی سی نیند کے بعد بیدار ہوگیا۔
الهُجْعَةُ: سونے کا طریقہ، رَجُلٌ هُجَعَةٌ: ہرایک سے قریب ہونے والا بیوقوف۔
الهُجَعَةُ: بے وقوف، ہرایک کی بات میں آجانے والا، نکما، غافل
الهُجُوعُ: نیند (۲) سکون۔
الهَجِيعُ مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک حصہ، مَضَى هَجِيعٌ مِنَ اللَّيْلِ: رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔
◆ هَجَمَ ـُ هَجْمًا: محنت وتکان سے کوکھوں کا پہلوؤں سے لگ جانا۔
هَجِمَ ـَ هَجَمًا: بھوک سے دبلا ہوکر ہڈیاں نکل آنا هو هَجِمٌ وهي هَجِمَةٌ وهو أَهْجَمُ وهي هَجْمَاءُ، ج: هُجْمٌ۔
— الأَرْضُ: زمین کے اندر کی چیزوں کا بکھر جانا۔
انْهَجَمَ: بھوک پیاس سے ہڈیاں نکل آنا، بھوک سے پیٹ دھنس جانا، ڈھیلا ہوجانا۔
الهَجْفَانُ: پیاسا۔
ـــ فُلانٌ اللَّحْمَ: گوشت کی بوٹیاں کرنا۔
ـــ الأَمْرَ: کسی بات کو بہت اہمیت دینا، اس کی حیثیت سے زیادہ بڑھانا
ـــ البِنَاءَ: عمارت کو ہرم کی شکل کا بنانا (مخروطی شکل کا بنانا)
تَهَارَمَ فُلانٌ: بوڑھا بننا (خود کو بوڑھا ظاہر کرنا)۔
اسْتَهْرَمَهُ: بوڑھا قرار دینا۔
الهَرْمُ: ترش ونمکین گھاس، واحد هَرْمَةٌ۔

الهَرَمُ: فرعون مصر کی تعمیر کردہ اپنی قبر کی، پتھروں سے بنائی ہوئی بلند وبالا عمارت جس کی کرسی کشادہ چہار گوشہ اور دیواریں مثلث نما ہیں جو اوپر جا کر نوک دار چوٹی کی شکل اختیار کر لیتی ہے ج: اهْرَامٌ۔
الهَرَمُ المُدَرَّجُ: گول سیڑھی دار چار دیواروں اور ایک چوٹی والی پتھروں کی بنی ہوئی تاریخ کی سب سے قدیم عمارت۔
الهَرَمُ: بڑھاپا۔
الهَرِمُ: انتہائی بوڑھا جو عمر کی آخری منزل کو پہنچ گیا ہو، (۲) عقل (۳) نفس طبیعت لا أَدْرِي بِمَ يُوَلَّعُ هَرِمُكَ: معلوم نہیں تمہارا دل کس چیز کا خواہشمند ہے (۴) پختہ رائے (۵) دندانے پڑا ہوا تیر۔
الهَرْمِيّ: سوکھی جلانے کی لکڑی۔
الهُرْمَانُ: عقل، (۲) عمدہ رائے۔
الهِرْمَةُ: ابن هِرْمَةٍ: بوڑھے خاوند اور بوڑھی عورت کی آخری اولاد۔
وُلِدَ لِهِرْمَةٍ: بوڑھی عورت کے بچہ ہوا ہے۔
الهَرْمَةُ: شیرنی۔
الهَرُومُ: بدطینت وبداخلاق عورت۔
◆ هَرْمَزَ الرَّجُلُ: ساتھی سے چھپا کر بات کرنا، (۲) کمینہ ہونا۔
ـــ النَّارُ: آگ بجھنا۔
ـــ الرَّجُلُ اللُّقْمَةَ: لقمہ کو چبا کر منہ میں گھمانا اور حلق سے نہ اتارنا۔
هُرْمُزُ: (فارسی لفظ) بمعنی معبود (۲) ستارہ مشتری (۳) قدیم ایرانی بادشاہ (۲۷۲ م) عربوں نے هُرْمُز هَارْمُوز اور هُرْمُزان کا اطلاق شاہان عجم کے بڑے بادشاہوں

پر کیا ہے۔

◆ هَرْمَسَ الرَّجُلُ: منہ بنانا، تیوری چڑھانا۔

ـــ النَّاسُ: شور وغل مچانا۔

الهُرَامِسُ: زبردست آدم خور شیر۔

الهِرْمَاسُ: آدم خور شیر (۲) چیتے کا بچہ۔

الهِرْمَوْسُ: پختہ رائے، تجربہ کار وچالاک آدمی۔

الهِرْمِيسُ: آدم خور شیر (۲) گینڈا۔

الهِرْمِيسَةُ: تیتر کی مادہ۔

◆ هَرْمَطَ الرَّجُلُ عِرْضَ فُلَانٍ: کسی کی بے آبروئی کرنا۔

◆ اهْرَمَّعَ الرَّجُلُ: تیز چلنا، لپکنا (۲) جلدی سے رو پڑنا۔

ـــ فِي مَنْطِقِهِ وحَدِيثِهِ: اپنے کلام یا بات میں بہت منہمک ہونا، بولتے یا بات کرتے رہنا۔

ـــ إِلَيْهِ: کسی کے سامنے رونا (رونے کی صورت بنانا)۔

◆ هَرْمَلَتِ العَجُوزُ: بڑھیا کا بڑھاپے سے سٹھیا جانا، کمزور ہوجانا۔

ـــ الوَبَرُ: اونٹ کے بال گرنا۔

ـــ الرَّجُلُ الشَّعَرَ: بال چونٹنا کاٹنا۔

ـــ الرَّجُلَ: آدمی کے بال چونٹنا۔

ـــ عَمَلَهُ: کام بگاڑ دینا۔

الهِرْمِلُ: بہت بوڑھی اونٹنی، (۲) ڈھیلی بے وقوف عورت۔

الهُرْمُولُ: سر میں ادھر ادھر رہ جانے والے بال، ج: هَرَامِلُ۔

◆ الهُرْمُونُ: ہارمون زائد غدود کی ریزش جو دوران خون میں جسم کے سیال مادوں میں تحلیل ہو کر افعال اعضاء کا باعث بنتی ہے۔

◆ هَرْنَصَ فِي الشَّجَرِ: کیڑے کا درخت میں چلنا۔

الهِرْنِصَانَةُ: درخت کو لگنے والا کیڑا۔

◆ الهُرْنُعُ: جوں، لیکھ۔

◆ هَرْنَفَ الرَّجُلُ: ہلکے سے مسکرانا۔

ـــ المَرْأَةُ: کمزور آواز سے بولنا اور رونا۔

◆ هَرْهَرَ الشَّيْءُ: کسی چیز سے آواز نکلنا، جیسے، هَرْهَرَتِ الرِّيحُ وهَرْهَرَتِ الضَّأْنُ۔

ـــ الأَسَدُ: شیر کا چنگھاڑنا، دہاڑنا

ـــ الرَّجُلُ: بلاوجہ ہنسنا یا کسی حق بات پر ہنسنا، اس کا مذاق اڑانا۔

ـــ بِالغَنَمِ: بکریوں کو پانی پر لیجانے کے لئے خاص آواز سے پکارنا۔

ـــ اللَّبَنُ: دوہتے وقت دودھ کی آواز نکلنا۔

ـــ الشَّيْءَ: ہلانا۔

تَهَرْهَرَتِ الرِّيحُ: ہوا چلنے کی آواز ہونا۔

الهُرَاهِرُ: بہت دہاڑنے والا شیر (۲) پانی یا دودھ کی بڑی مقدار۔

الهُرْهَارُ: یوں ہی ہنستے رہنے والا، حق کا مذاق اڑانے والا (۲) پتلا گوشت (۳) شیر۔

الهُرْهُورُ: انگور کی بیل کی جڑ میں بکھرے ہوئے انگور (۲) ایک قسم کی کشتی۔

◆ هَرَاهُ يِـ هَرْوًا وهَرْيًا: چھڑی مارنا۔

هَرَّى ثَوْبَهُ: زرد رنگائی کرنا۔

تَهَرَّأَهُ: هَرَاهُ۔

الهُرَاءُ: نامعقول بات، لغو وبیہودہ کلام، فضول وبیکار بات، ہذیان، نان سنس۔

الهُرَاءُ: کھجور کا چھوٹا پودا (۲) سخی وفیاض۔

الهِرَاوَةُ: لاٹھی، ج: هَرَاوَى وهُرِيٌّ۔

الهُرِيُّ: شاہی توشہ خانہ (۲) بادشاہ کے سامان خورد ونوش کا بڑا گودام (۳) چھوٹی خلیج جس سے بذریعہ آلات پانی نکالا جاتا ہے، ج: أَهْرَاءٌ۔

◆ هَرْوَلَ: دیکھئے (هرل)

ھ ـــ ز

◆ هَزَأَ بِهِ ومِنْهُ ـَ هَزْءًا وهُزُوءًا: کسی سے ٹھٹھا مخول کرنا، کسی کا مذاق اڑانا۔

ـــ الشَّيْءَ هَزْءًا: توڑنا۔

ـــ إِبِلَهُ: اونٹوں کو سردی میں چھوڑ کر مرنے دینا۔

ـــ رَاحِلَتَهُ: اپنی اونٹنی کو ہانکنا۔

هَزِئَ ـَ هَزْأً: مرجانا۔

ـــ بِالشَّيْءِ ومِنْهُ هُزْءًا وهَزُوءًا وهُزُؤًا: کسی چیز پر ہنسنا، ٹھٹھا کرنا، مذاق اڑانا۔

أَهْزَأَ: سخت سردی کی زد میں آنا، سخت سردی کے دنوں میں داخل ہونا۔

ـــ الدَّابَّةُ بِالرَّجُلِ: جانور کا سوار کو لے کر تیز دوڑنا۔

ـــ الرَّجُلُ إِبِلَهُ: کسی کا اونٹوں کو سردی میں چھوڑ کر مرنے دینا۔

تَهَزَّأَ بِالشَّيْءِ: کسی چیز پر ہنسنا، مذاق اڑانا۔

اسْتَهْزَأَ بِغَيْرِهِ: کسی پر ہنسنا، کسی کی ہنسی اڑانا، ٹھٹھا اور مذاق کرنا، کسی کے ساتھ مسخراپن کرنا

الاسْتِهْزَاءُ: ٹھٹھا، مخول، ہنسی مذاق

المُسْتَهْزِئُ: ٹھٹھا اور مذاق کرنے والا، ہنسی اڑانے والا۔

الهَازِئُ: غیر سنجیدہ، مذاقی۔
الهَازِئَةُ: مَفَازَةٌ هَازِئَةٌ بالرَّكْبِ: بھٹکانے والا دہ بیابان جس میں چمکنے والا سراب ہو گویا وہ مسافروں کا مذاق اڑا رہا ہے، غَدَاةٌ هَازِئَةٌ: سخت ٹھنڈی صبح جو کپکپی طاری کردے۔
الهُزْأَةُ: لوگوں کی ہنسی مذاق کا نشانہ (جس سے مذاق کرکے تفریح لیجائے)۔
الهُزَأَةُ: لوگوں کا مذاق اڑانے والا، بہت ٹھٹھا مخول کرنے والا، انتہائی مسخرا۔
◆ هَزْبَرَةٌ: کاٹنا۔
الهِزَبْرُ: شیر ببر، موٹا اور طاقتور ج: هَزَابِر۔
◆ هَزِجَ ـَ هَزَجًا: لَے سے پڑھنا، ترنم سے گانا یا پڑھنا، بحر ہزج کے اشعار پڑھنا۔
ـــ القارئُ فی قراءتِہ: ترنم کے ساتھ پڑھنا، وجد انگیز قرارت کرنا، هو هَزِجٌ وهی هَزِجَةٌ۔
اهْزَجَ الشَّاعِرُ: بحر ہزج میں اشعار کہنا۔
هَزَّجَ الرَّجُلُ: هَزِجَ۔
ـــ صَوْتَهُ: آواز میں سُر پیدا کرنا، گانا، وجد پیدا کرنا، مست بنانا۔
تَهَزَّجَ الرَّجُلُ: هَزِجَ۔
ـــ القَوْسُ: کمان کا تانت کھینچتے وقت آواز نکالنا، چٹکنا۔
ـــ الرَّعْدُ: رعد کی گونج ہونا۔
الأُهْزُوجَةُ: نشاط انگیز آواز یا گانا گیت، نغمہ۔ ج: اهازِيجُ۔
الهَزَجُ: خفیف ترنم خیز آواز، (۲) گلا پڑی ہوئی آواز (۳) بادل کی گرج کی آواز، (۴) مکھی کی بھنبھناہٹ (۵) نشاط، وجد (۶) عربی اور فارسی اشعار کی ایک بحر جس کا وزن ہے: مَفَاعِيلُن: چھ دفعہ
ج: اهْزَاج۔
◆ هَزَرَ الرَّجُلَ ـِ هَزْرًا: ہنسنا۔
ـــ البائعُ: تاجر کا قیمت بڑھانا، گراں فروشی کرنا۔
ـــ لہ فی البیعِ: کسی کو کوئی چیز زیادہ قیمت پر دینا۔
ـــ فلانٌ: ضرورت کے لئے جلدی کرنا۔
ـــ لِفُلانٍ: کسی کو خوب عطایا دینا۔
ـــ فُلانًا بالعَصَا: کسی کی پیٹھ اور پہلو پر زور سے ڈنڈا یا چھڑی مارنا (۲) زور سے چٹکی بھرنا۔
ـــ الارضَ بہ: زمین پر پٹک دینا (۲) جلاوطن کرنا، هو مَهْزُورٌ وهَزِيرٌ۔
المِهْزَرُ: ہر معاملے میں دھوکا کھانے والا بے وقوف بنایا جانے والا، رَجُلٌ مِهْزَرٌ بھی کہتے ہیں۔
الهَزَارُ: ایک خوش الحان پرندہ، فارسی میں اسے ہزار داستان کہتے ہیں۔
الهُزَرُ: فریب خوردہ، بے وقوف۔
الهَزْرَةُ: نرم زمین (۲) کاہلی اور سستی۔ رَجُلٌ فیہ هَزَرَاتٌ: بڑا کاہل آدمی رَجُلٌ ذو هَزَرَاتٍ: بہت دھوکا کھانے والا آدمی۔
الهَزَوَّرُ: کمزور۔
◆ هَزَفَ فی عَدْوِہ: تیز دوڑنا۔
◆ الهِزَارِفُ والهُزَارِفُ: تیز رفتار پھرتیلا شتر مرغ (نر)۔
الهِزْرِفِيُّ: بہت متحرک۔
الهُزْرُوفُ: نر شتر مرغ (۲) تیز رفتار (۳) بڑے ڈیل ڈول کا۔
◆ هَزْرَقَ: جلدی کرنا۔
الهُزَارِقُ: الهُزَارِفُ۔
◆ هَزَّ الرَّجُلُ ـُ هَزَّةً: نشاط و فرحت محسوس کرنا، ہشاش بشاش ہونا، موڈ میں ہونا۔
هَزَّتِ القِدْرُ: ہانڈی کے جوش کی آواز نکلنا۔
ـــ الشِّهَابُ هَزِيزًا: شہابِ ثاقب کا ٹوٹنا، هو هَازٌّ۔
ـــ الرِّيحُ: ہوا کے درختوں کے ہلانے سے آواز نکلنا۔
ـــ الرَّعْدُ: بادل گرجنے کی آواز گونجنا۔
ـــ الشَّیءَ وبِہ ـُ هَزًّا: قدرے زور سے ہلانا "وَهُزِّي إِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ": اے مریم کھجور کے تنہ کو اپنی طرف ذرا زور سے ہلا۔
ـــ الهَواءُ والماءُ النَّبَاتَ: ہوا اور پانی کا نباتات کو بڑھانا، لمبا کرنا۔
ـــ الحادی الإبلَ: حدی خواں شتربان کا حدی کے ذریعہ اونٹوں کو چست و تیز رفتار کرنا۔
ـــ الشیءَ: جھٹکا دینا، جھنجھوڑنا، ہلا کر رکھ دینا، جیسے: هَزَّ الأعصابَ ہل چل پیدا کرنا، لرزہ پیدا کرنا۔
ـــ کیانَ شیءٍ: کسی چیز کے وجود کو جھنجھوڑ ڈالنا، تہلکہ مچادینا۔
ـــ ثِقَةَ فلانٍ: کسی کے اعتماد کو ٹھیس پہنچانا۔
هَزَّزَ الشَّجَرَةَ ونحوَها: زور زور سے ہلانا، خوب جھٹکے دینا۔
اهْتَزَّ الشیءُ: ہلنا، جھٹکا لگنا، کانپنا بھونچال آنا، ہچکولے کھانا، لہلہانا لچک کھانا۔
ـــ النَّبَاتُ: نباتات کا نشو ونما پانا، لمبا ہونا، بڑھنا۔
ـــ الأرضُ: زمین کا شاداب و زرخیز ہونا، قرآن پاک میں ہے "وَتَرَى

الأرضَ هامدةً فإذا أنزلنا عليها الماءَ اهتزّت وربتْ، تم زمین کو مردہ دیکھتے ہو لیکن جب ہم اس پر پانی برساتے ہیں تو وہ سرسبز و زرخیز ہوجاتی ہے

اهتزّ الإبلُ: حُدی خواں کی حدی سے اونٹوں کا مست ہوکر تیز چلنا (حدی اونٹوں کو ہنکانے کا خاص گانا)۔

— الرَّجلُ: ہشاش بشاش ہونا فرحت ونشاط میں ہونا، جھومنا، خوش ہونا۔

— الشِّهابُ في انقضاضه شہاب ثاقب کا تیزی سے ٹوٹ کر گرنا۔

— لكذا: کسی چیز سے خوش ہونا، جھوم جانا۔

اهتزّت نِمَةُ فلانٍ: کسی کے اعتماد میں فرق آنا۔

تهزّزَ الشيءُ: ہلنا، متحرک ہونا۔

الاهتزازُ: جنبش، اضطرابی حرکت، کپکپاہٹ، ہچکولا، لچک، متحرک جسم کی اضطرابی حالت۔

الهزائزُ: شدائد، سختیاں، (اس کا واحد نہیں)۔

الهزّةُ: جھٹکا، بھونچال، لرزہ، کپکپی حرکت، جنبش، ج: هزّات۔

الهزّةُ الارضيّةُ: زلزلہ۔

امرأةٌ هَزّةٌ: برائی سے خوش ہونے والی شرپسند عورت۔

الهِزّةُ: نشاط وچستی (۲) ہنڈیا کے جوش کی آواز (۳) وجد کی حالت۔

◆ هَزَعَ ـَ هَزْعًا: جلدی کرنا مرّ فلانٌ يَهْزَعُ: فلاں بہت تیز دوڑتا ہوا گزرا۔

— الدّابّةُ في الحَشيش: گھاس چرنا۔

هَزَعَ الظّبيُ: ہرن کا زور لگا کر دوڑنا۔

— الشيءَ: توڑنا، ریزے کرنا۔

هَزّعَ الشّيءَ: توڑنا، ریزہ ریزہ کرنا،

— فلانًا: کسی کی گردن توڑنا۔

— الاشياءَ: چیزوں کو بکھیرنا۔

اهتزعَ: جلدی کرنا (۲) بے چین ومضطرب ہونا، ڈگمگانا۔

— السّيفُ ونحوه: تلوار وغیرہ کا لچک کھانا، ہلنا، تھرتھرانا۔

انهزعَ: ٹوٹ جانا۔

تهزّعَ: اهتزعَ، تهزّعت المرأةُ في مشيتها: عورت کا چلتے ہوئے جھومنا یا ڈگمگانا۔

— فلانٌ: تیوری چڑھانا، منہ بنانا۔

— لفلانٍ: کسی کے لئے انجان بن جانا، روپ بدل لینا، اجنبی بن جانا۔

الاهزعُ: ترکش کا آخری تیر یا آخری گولا وغیرہ، ما في الدّار أهزعُ: گھر میں کوئی نہیں۔

المِهزعُ: ہر ایک درخت کو توڑ دینے والا (۲) کوٹنے کا آلہ، موگری یا موسلی،

الهزاعُ: ترکش کا آخری تیر۔

الهَزَعُ: اضطراب، کپکپاہٹ۔

الهزّاعُ: شکار کو کچل ڈالنے والا شیر۔

الهَزيعُ (من اللّيل): رات کا چوتھائی یا تہائی اول حصہ (۲) بے وقوف، ج: هُزُعٌ۔

الهَيْزَعةُ: جنگ کا خوف وشور۔

◆ هَزَفَتِ الرّيحُ الشّيءَ ـِ هَزْفًا: ہوا کا کسی چیز کو اڑا لیجانا۔

الهِزَفُّ: بدکنے والا شتر مرغ (۲) تیز رفتار جلد باز (۳) لمبے پروں والا۔

◆ هَزِقَ ـَ هَزَقًا: چست ہونا۔

— في الضّحكِ: خوب ہنسنا، کھلکھلا کر ہنسنا۔

اَهزقَ في الضّحك، هَزِقَ فيه۔

المِهزاقُ (من النّاس): مسخرہ اور چلبلا آدمی (غیر سنجیدہ) امرأةٌ مِهزاقٌ: مسخری غیر سنجیدہ عورت (۲) بہت بدکنے والا جانور۔

الهَزَقُ: ہلکاپن، چستی (۲) رعد کی سخت آواز۔

الهَزِقُ: المِهزاقُ (۲) رعد کی زوردار کڑک۔

◆ هَزَلَ ـُ هُزْلًا: دبلا ہونا، لاغر وکمزور ہونا۔ هو هازلٌ وهزيلٌ، ج: هَزْلى۔

— القومُ: قبیلے کا دبلے مویشی والا ہونا۔

— فلانٌ في كلامه ـِ هَزْلًا: مذاق کرنا، غیر سنجیدہ بات کرنا، هو هازلٌ وهزّالٌ۔

— في الامرِ: کسی معاملہ میں غیر سنجیدہ ہونا، دل سے کوشش نہ کرنا۔

— الرّجلُ: جانوروں کے مرجانے سے کسی کا مفلس ہوجانا۔

— الدّابّةَ هَزْلًا: دیکھ بھال نہ کرنے کے باعث جانور کو کمزور کردینا

هَزِلَ فلانٌ ـَ هَزَلًا: مذاق ہونا، مسخرا ہونا، غیر سنجیدہ ہونا (۲) مذاق کرنا، غیر سنجیدہ بات کرنا۔

هُزِلَ هُزالًا: کمزور و دبلا ہونا،

هُزِلَت حالُ فلانٍ: کسی کا حال پتلا ہونا۔

اَهزلَ الرّجلُ: کسی کے جانور کا دبلا اور کمزور ہوجانا۔

— القومُ: قبیلے کے جانوروں کا قحط زدہ ہونا، چارہ سے محروم ہونا (۲) تنگی اور مصیبت کے باعث اپنا مال روکے رکھنا۔

أَهْزَلَ الشَّيْءَ: کمزور کرنا۔
ـــ فُلَانًا: کسی کو کھلاڑی پانا۔
ـــ الدَّابَّةَ: جانور کو دبلا کرنا۔
هَازَلَ فُلَانٌ فُلَانًا: کسی سے چھیڑ چھاڑ اور ہنسی مذاق کرنا۔
هَزَّلَ الدَّابَّةَ: دبلا اور کمزور کرنا۔
الْمَهْزَلَةُ: دبلاپن (۲) خشک سالی، قحط (۳) بیہودگی، مسخرہ پن (۴) مذاق (غیر سنجیدگی) وہ کام جس میں سنجیدگی اور محنت کم اور مذاق وتفریح کا پہلو غالب ہو (مقابل جدّ) مزاحیہ ڈرامہ، ہنسانے والا تماشہ۔
الْمَهْزُولُ: دبلا، کمزور (۲) غیر متوازن شعر ج: مَهَازِيلُ۔
الْهَازِلُ: غیر سنجیدہ، (ضد جادّ)۔
الْهُزَالُ: لاغری، کمزوری، دبلاپن۔
الْهُزَالَةُ: دل لگی، ہنسانے والا چٹکلہ، ہنسی کی بات۔
الْهِزِّيلُ: انتہائی مسخرہ، غیر سنجیدہ، پھکڑباز۔
الْهَزْلُ: بیہودہ گوئی، یاوہ گوئی بے تکی اوٹ پٹانگ باتیں، غیر سنجیدہ بات۔
الْهَزْلَى: بہت سے سانپ (اس کا واحد نہیں)۔
الْهَزْلُ: مذاق، دل لگی، غیر سنجیدگی۔
الْهَزِيلُ: دبلا پتلا، لاغر وکمزور۔
الْهُزَيْلَى: شعبدہ بازی پر فریب چابک دستی، نظربندی، جادو نما کھیل کی نمائش۔
• هَزْلَجَ: جلدی کرنا۔
ـــ الْأَلْفَاظُ: الفاظ کا گڈمڈ ہونا۔
الْهُزْلَاجُ: تیز (چال)۔
• هَزَمَ الشَّيْءُ ـ هَزْمًا وهَزِيمًا: کسی چیز کی آواز نکلنا، هَزَمَ الرَّعْدُ وهَزَمَتِ الرِّيحُ۔
ـــ فُلَانٌ عَلَى فُلَانٍ: مہربان ہونا شفقت وعنایت کرنا۔
هَزَمَ الشَّيْءَ: تہ کرنا، لپیٹنا، (۲) کوئی چیز ٹٹولتے ہوئے ہاتھ سے اس میں گڑھا کردینا، ہاتھ سے دبا کر گڑھا کردینا۔
ـــ الْعَدُوَّ هَزِيمَةً: دشمن کو شکست دینا، ہرانا۔
ـــ الْأَرْضَ: زمین کو کسی چشمہ سے مٹی ہٹاکر پانی جاری کردینا۔
ـــ لَهُ حَقَّهُ: کسی کا حق مارلینا۔
هَزَّمَ الشَّيْءَ: توڑ کر ریزہ ریزہ کرنا، پھاڑ کر ٹکڑے کرنا۔
ـــ الْعَدُوَّ: دشمن کو بری طرح شکست دینا۔
اِهْتَزَمَ الْفَرَسُ: گھوڑے کے دوڑنے کی آواز سنائی دینا۔
ـــ السَّحَابَةُ بِالْمَاءِ: بادل کا شور کے ساتھ برسنا۔
ـــ الْأَمْرَ: کسی کام کا پختہ ارادہ کرکے اس پر تیزی سے لگنا۔
ـــ الشَّاةَ: بکری ذبح کرنا، موقع سے فائدہ اٹھالینے کے بارہ میں کہاوت ہے: اِهْتَزِمُوا ذَبِيحَتَكُمْ مَا دَامَ بِهَا طِرْقٌ؛ جانور جب تک موٹا ہے دبلا ہونے سے پہلے اسے ذبح کرلو، ایسے ہی موقع اگر حاصل ہے تو اسے جانے سے پہلے کام میں لے آؤ۔
تَهَزَّمَ الشَّيْءُ: کسی چیز میں سے آواز نکلنا۔
ـــ الْفَرَسُ: گھوڑے کے چلنے کی آواز آنا۔
ـــ السَّحَابَةُ بِالْمَاءِ: بادل کے برسنے کی آواز سنائی دینا۔
ـــ الْعَصَا: چھڑی یا لاٹھی کا آواز کے ساتھ ٹوٹ جانا۔
تَهَزَّمَ الرَّعْدُ: آسمانی بجلی کا کڑکنا۔
ـــ الْبِنَاءُ: عمارت کا ٹوٹ کر گرجانا۔
اِسْتَهْزَمَ الْعَدُوَّ: دشمن کو شکست دینا۔
الْمِهْزَامُ: ڈنڈا، چھڑی (۲) آگ کریدنے کی لکڑی، کریدنی (۳) بچوں کے کھیلنے کی مشغل (۴) بچوں کا ایک کھیل جس میں کسی بچہ کے سر کو ڈھانک کر طمانچہ لگایا جاتا ہے پھر پوچھتے ہیں کہ طمانچہ کس نے مارا؟ ج: مَهَازِيمُ۔
الْهَازِمُ: شکست دہندہ۔
الْهَازِمَةُ: مصیبت، ج: هَوَازِمُ۔
الْهَزْمُ: ہموار ونشیبی زمین (۲) معدہ اور آنتیں (۳) پانی سے خالی پتلا بادل (۴) مشکیزہ کی پھٹن، ج: هُزُومٌ۔
الْهَزَمُ: آواز (۲) کمان کی چرچراہٹ۔
الْهَزِمُ: مسکین گھوڑا (۲) لگاتار بارش
فَرَسٌ هَزِمُ الصَّوْتِ: گرجتی ہوئی آواز والا گھوڑا۔
الْهَزْمَةُ: پست زمین (۲) آواز (۳) چٹان وغیرہ کا گڑھا۔
هَزْمَةُ التَّنُّورِ: بلاؤ کی آواز، ج: هَزْمٌ وهُزُومٌ۔
الْهَزَمَةُ: بڑی عمر کی دنبی، ج: هَزَمٌ۔
الْهَزِمَةُ: زور شور سے کھولنے والی ہانڈی
الْهَزِمَةُ: دبلا جانور، ج: هَزَمٌ۔
الْهُزْهُومُ: گھنٹی کی سی آواز والی چیز۔
الْهَزِيمُ: رعد کی آواز (۲) گھوڑے کے دوڑنے کی آواز (۳) سخت آواز والا گھوڑا، پانی سے خالی پتلا بادل (۴) شکست خوردہ دشمن۔
الْهَزِيمَةُ: شکست (۲) بہت پانی والا کنواں (۳) دبلا جانور (۴) گھوڑے وغیرہ کے دوڑنے سے نکلنے والا پسینہ۔
ج: هَزَائِمُ۔

الهزيمى: شرمناک شکست۔
الهيزم: شیر (۲) سخت مضبوط۔
◆ الهزمجة: تیز اور لگاتار گفتگو (۲) آوازوں کا اختلاط، گڑبڑی۔
◆ هزهز الشئ: بار بار ہلانا، (۲) قابو میں لانا، ہموار کرنا۔
تهزهز الشئ: ہلنا۔
— اليه القلب: کسی سے یا کسی چیز سے اطمینان ہونا، خوش ہونا۔
الهزاهز: لہراتا ہوا، چمکتا ہوا، کثیر آب رواں (۲) عمدہ لوہے کی صاف تلوار۔
الهزهاز: چمکتا ہوا پانی اور چمکتی ہوئی تلوار۔
الهزهز: بہت گہرا کنواں۔
الهزهزة: زبردست فساد وہنگامہ جس سے لوگوں میں ہل چل مچ جائے، ج: هزاهز۔
◆ هزا ـُ هزوا: چلنا، سفر کرنا۔
◆ هُس: بکریوں کو جھڑکنے کی آواز (۲) خاموش رہنے کا حکم۔
◆ هس فلان ـِ هسا: دل میں بات کرنا، خود کلامی کرنا۔
— الشئ: کوٹنا، توڑنا، ریزہ ریزہ کرنا۔
— الكلام هسيسا: بات چھپانا۔
— الطفل: بچہ کو خاموش کرنے کے لئے ڈانٹنا۔
الهسيس: کوٹی ہوئی چیز، ریزہ ریزہ شدہ چیز (۲) مبہم بات (۳) سرگوشی۔
◆ هسهس الرجل: رات کو سفر کرنا، هسهس ليلته كلها: وہ ساری رات چلا، (۲) ہلکی سی آواز نکالنا۔ جیسے هسهس الخلخال: پازیب کا بولنا، والدرع: زرہ کی آواز ہونا۔

هسهس الماء: پانی کا صاف ستھرا ہو کر مسلسل بہنا۔
— الحديث: بات پوشیدہ رکھنا
تهسهس الخلخال: پازیب کا جھن جھن کرنا۔
— الرجل: آدمی کا آہستہ بولنا، مبہم اور غیر واضح بولنا۔
الهساهس: رات کی چال، (۲) اونٹوں کے پاؤں کی آواز (۳) اور آہستہ کلام۔
الهساهس: دل کی بات، خیال، وسوسہ۔
الهسهاس: ناقابل فہم مبہم بات (۲) رات کو جاگ کر کام کرنے والا (۳) قصاب (۴) تیز رفتار چال۔
الهسهسة: زیورات یا ہتھیاروں کی آواز، جھنکار۔
الاهساء: حیرت زدہ لوگ۔

ه ـــــ ش

◆ هشر الناقة ـُ هشرا: اونٹنی کے تھن کا سارا دودھ نکال لینا۔
هشر البعير: اونٹ کے پھیپھڑے میں سوزش ہونا، هو مهشور
الهشر: کسی چیز کا ہلکا پن، پتلا پن، خفت ورقت۔
الهشرة: غرور۔
الهيشرة: وہ درخت جس کے پتے جلد گر جائیں۔
الهشور: الهيشرة۔
الهيشر: گداز دراز قد آدمی (۲) ایک قسم کا پودا جو مصر اور بحر متوسط کے ممالک میں پیدا ہوتا ہے۔
◆ هش الرجل ـُ هشا: لاٹھی چلانا۔
هش الشجرة: درخت پر لاٹھی مار کر پتے جھاڑنا، قرآن پاک میں ہے، "وَاَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِىْ"
— اليه وله هشا وهشاشة وهشاشا: کسی سے راحت وسکون حاصل ہونا، دل ٹھنڈا ہونا۔
— الخبز ونحوه ـِ هشا وهشوشة: خستہ اور کرارا ہونا، بھر بھرا ہونا۔
— العود: سوکھی ٹہنی کا ٹوٹ جانا
— الشئ هشوشة: ڈھیلا اور کمزور ہونا۔
هششه: کسی کو خوش کرنا، جان ڈال دینا، چست بنا دینا، ہشاش بشاش بنا دینا (۲) کمزور سمجھنا یا پانا۔
اهتش فلان للامر وبه: کسی بات سے بہت خوش ہونا اور اس کی طرف راغب ہونا۔
استهش الشئ: ہلکا اور کمزور پانا یا سمجھنا۔
الهش: خستہ (جو آسانی سے ٹوٹ جائے) بھر بھرا، کرارا، خبز هش: خستہ اور بھر بھری روٹی (۲) ہر نرم ولچکدار چیز (۳) خوش وخرم (آدمی) (۴) پسینہ میں شرابور رہنے والا (گھوڑا) فرس هش العنان: فرمانبردار گھوڑا۔
هش الوجه: خندہ رو، ہنس مکھ۔
الهشاش: خستہ، جیسے، خبز هشاش
الهشاشة: خندہ روئی، بشاشتِ دل، مسرت وشادمانی۔
هشاشة العظام: خلقة ہڈیوں کے ڈھانچہ میں پیدا ہونے والی ایک قسم کی بیماری۔
الهشاشة: پتلے پن سے ٹپکنے والا

مشکیزہ۔
الھَشُوشُ: بہت دودھ دینے والی بکری۔
الھُشُوشَۃُ: علم کیمیا میں مادہ کو بسہولت قابل شکستگی بنانے کی خاصیت کا نام۔
الھَشِیشُ: سوال کرنے سے خوش ہونیوالا آدمی (۲) ہر نرم و خستہ چیز (۳) سوکھی گھاس (۴) لاغر بدن، ھی ھَشِیشَۃ
• ھَشَلَتِ النَّاقَۃُ وَنَحْوُھَا: اونٹنی یا دوسرے جانور کو تھوڑا دودھ اترنا۔
اھْتَشَلَ الدَّابَّۃَ وَنَحْوَھَا: مالک کی اجازت کے بغیر اس کے جانور کو استعمال کرنا۔
الھَشِیلَۃُ: مالک کی اجازت کے بغیر استعمال کیا جانے والا جانور وغیرہ (۲) غصب کیا ہوا جانور وغیرہ۔
الھُیُشَلَۃُ: عمر رسیدہ موٹی اونٹنی۔
• ھَشَمَ الشَّیْئَ ـ ھَشْمًا: کھوکھلی یا خشک چیز کو توڑنا۔
— الثَّرِیْدَ: ثرید کے لئے روٹی کے ٹکڑے کرنا، روٹی چورنا۔
— النَّاقَۃَ. وَضَرْعَھَا: اونٹنی کا دودھ نکالنا۔
ھَشَّمَ الشَّیْئَ: کھوکھلی یا سوکھی چیز کو توڑنا، چورہ چورہ کرنا۔
انْھَشَمَ الشَّیْئُ: ٹوٹ جانا، چورہ ہوجانا۔
— الإِبِلُ: اونٹوں کا سست و کمزور ہونا۔
اھْتَشَمَ نَفْسَہُ لَہُ: کسی کے سامنے تواضعًا چھوٹا بن جانا۔
تَھَشَّمَ الشَّیْئُ: ٹوٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہوجانا چورہ ہوجانا، ھَشَّمَہُ فَتَھَشَّمَ۔
— الأَرْضُ: زمین پر طویل عرصہ تک بارش نہ ہونا۔
تَھَشَّمَ الشَّجَرُ: درخت کا سوکھ کر ٹوٹ جانا۔
— الرِّیْحُ الشَّجَرَۃَ: ہوا کا درخت کو توڑ دینا۔
— عَلَی فُلَانٍ: کسی پر مہربان بننا۔
— فُلَانًا: کسی کی خوشنودی اور مہربانی کا طالب ہونا، (۲) عزت و تکریم کرنا۔
— فُلَانًا لِلْمَعْرُوْفِ: کسی سے بھلائی اور بخشش چاہنا۔
المِھْشَامُ: جلد دبلی ہوجانے والی اونٹنی وغیرہ۔
الھَاشِمُ: نرم پہاڑ، کچا پہاڑ، (۲) ماہر دودھ دوہنے والا، ج: ھُشَّمٌ۔
الھَاشِمَۃُ: ہڈی توڑ زخم۔
الھِشَامُ: سخاوت۔
الھَشْمُ: قحط زدہ علاقہ، بے آب وگیاہ خشک زمین (۲) پست زمین، ج: ھُشُومٌ۔
الھَشِمُ: سخی و فیاض۔
الھَشِمَۃُ: پہاڑی بکری، ج: ھَشِمَاتٌ۔
الھَشُومُ: تنگ اور گہری کھودی ہوئی زمین۔
الھَشِیمُ: شکستہ شے (۲) سوکھی گھاس۔ قرآن پاک میں ہے "فَأَصْبَحَ ھَشِیمًا تَذْرُوْہُ الرِّیَاحُ" (۳) پرانا درخت جسے ایندھن جمع کرنے والا اپنی مرضی سے استعمال کرلیتا ہے (۴) پہلے سال کی بچی کچھی گھاس پھونس یا پودے وغیرہ (۵) ہر سوکھی چیز، (۶) لاغر جسم والا۔
الھَشِیمَۃُ: وہ زمین جس پر کھڑے ہوئے درخت سوکھ کر سیاہ ہوگئے ہوں کہاوت ہے، مَا فُلَانٌ اِلَّا ھَشِیمَۃُ کَرَمٍ: فلاں کریم و سخی ہے (۲) پرانا سوکھا درخت، ج: ھَشَائِمُ۔
الھَیْشُوْمُ: سوکھی یا نرم گھاس۔
• الھَشْنَقُ: کپڑے کی بنائی کا تانا بانا باندھنے کی لکڑی۔
• ھَشْھَشَ الشَّیْئَ: ہلانا۔
تَھَشْھَشَتِ المَرْأَۃُ: عورت کا بخوشی خاوند سے اظہار الفت کرنا۔
الھَشْھَاشُ: خوش اخلاق سخی۔
ھَاشَا لَا: دل لگی کرنا، مذاق کرنا

ھ ـــــ ص

• ھَصَرَ فُلَانٌ الشَّیْئَ ـ ھَصْرًا: توڑنا، ریزہ ریزہ کرنا۔
— الغُصْنَ وَنَحْوَہُ وَبِہِ: ٹہنی وغیرہ کو موڑ کر توڑنا اور جدا نہ کرنا (۲) کھینچ کر جھکانا۔
— قِرْنَہُ: مقابل کو زور سے ہاتھوں سے دبانا، دبوچنا۔
— الحَیَوَانُ رَأْسَ الفَرِیْسَۃِ وَبِرَأْسِھَا: جانور کا اپنے شکار کے سر کو ادھیڑ ڈالنا۔
ھَصِرَ الشَّیْئُ ـ ھَصَرًا: جھکنا، کھنچنا۔
اھْتَصَرَ الغُصْنُ: ٹہنی کا زمین پر گرجانا۔
— الشَّیْئَ: الگ کئے بغیر توڑنا۔
— النَّخْلَۃَ: کھجور کے خوشوں کو تراش کر درست کرنا۔
المُھْتَصِرُ: شیر۔
الھَصَّرُ: شیر (۲) زور سے دبانے والا
الھُصَرُ: زور سے دبانے والا آدمی (۲) شیر۔
الھُصَرَۃُ: وہ مہرہ جس کے ذریعہ مرد ول پر جادو کیا جاتا ہے (قدیم خیال و وہم)۔
الھَصُوْرُ: شیر۔

◆ هَضَّتِ النَّارُ وَنَحْوُهَا ــِ هَصِيصًا: آگ کا چمکنا، جگمگانا۔
ــــ فُلَانٌ الشَّيْءَ ــُ هَصًّا: کسی چیز کو پیروں سے توڑ دینا، کچل دینا (۲) انگلیوں سے زور سے پکڑنا، هو مَهْصُوصٌ وهَصِيصٌ۔
هَصَّصَ الرَّجُلُ: کسی کی آنکھیں چمکنا۔
الهَاصَّةُ: ہاتھی کی آنکھ۔
الهَصُّ: ہر سخت و ٹھوس چیز۔
الهَصِيصُ: پیروں سے کچلی ہوئی چیز۔
◆ هَصَمَ الشَّيْءَ ــِ هَصْمًا: توڑنا۔
ــــ قِرْنَهُ: مقابل کو ہرانا۔
الهُصَمُ: شیر۔
الهَيْصَمُ: توانا و طاقتور آدمی (۲) ایک چکنا پتھر جس کے برتن بنائے جاتے ہیں
نَابٌ هَيْصَمٌ: مضبوط دانت۔
◆ الهُصَاهِصُ: طاقتور آدمی یا شیر۔
الهَصْهَاصُ: چمکیلی آنکھوں والا۔
◆ هَصَا ــُ هَصْوًا: بوڑھا ہو جانا۔

ﻫ ــــ ض

◆ هَضَبَ الرَّجُلُ ــِ هَضْبًا: سست جانور کی طرح بے ڈھنگا چلنا۔
ــــ السَّمَاءُ: آسمان کا لگاتار کئی کئی دن پانی برساتے رہنا۔
ــــ الشَّاعِرُ بِالشِّعْرِ وفيه: شاعر کا لگاتار اشعار سنانا۔
ــــ السَّمَاءُ القَوْمَ: بارش کا لوگوں کو خوب بھگو دینا۔
أَهْضَبَ فِي الحَدِيثِ: بات کرتے کرتے آواز بلند ہو جانا (۲) لمبے پہاڑی سلسلہ پر اترنا، قیام کرنا۔
اِهْتَضَبَ فِي الحَدِيثِ: گفتگو میں مشغول رہنا اور آواز کا بڑھتے رہنا، زور زور سے بات کرنا۔
الأُهْضُوبَةُ: ٹیلہ (۲) موسلا دھار بارش، ج: أَهَاضِيبُ۔
المَهْضُوبُ: بارش سے تر اور سیراب
الهَضْبَةُ: ٹیلہ (۲) زمین پر پھیلا ہوا لمبا پہاڑی سلسلہ (۳) بارش کی بوچھاڑ، ج: هَضْبٌ وهِضَبٌ وهِضَابٌ۔
رَجُلٌ هَضْبَةٌ: بہت باتونی آدمی۔
الهِضَبُّ: سخت و مضبوط، طاقتور (۲) پسینہ میں شرابور رہنے والا گھوڑا۔
الهَضِيبُ: غَنَمٌ هَضِيبٌ: کم دودھ دینے والی بکری۔
◆ هَضَّجَ الرَّجُلُ مَوَاشِيَهُ: مویشی کو اچھی طرح چارہ نہ کھلانا۔
الهَضِيجُ: صِبْيَانٌ هَضِيجٌ: چھوٹے چھوٹے بچے جن کو ابھی کوئی کام نہ آتا ہو۔
◆ هَضَّتِ الإِبِلُ ــُ هَضًّا و هَضَّتِ الإِبِلُ السَّيْرَ: اونٹوں کا تیز چلنا۔
ــــ فُلَانٌ المَشْيَ: متوازن چال چلنا، عمدہ قدم اٹھا کر چلنا۔
ــــ الشَّيْءَ: کوٹنا، توڑنا، چورہ کرنا، هو مَهْضُوضٌ وهَضِيضٌ۔
هَضَّضَ الرَّجُلُ: زمین پر زور زور سے پیر مارنا۔
اِهْتَضَّ الشَّيْءَ: کوٹ کر باریک کرنا۔
ــــ نَفْسَهُ لِفُلَانٍ: وہ بغیر انصاف کے فلاں کے سامنے تابعدار ہو گیا یا راضی ہو گیا۔
الهُضَّاءُ: لوگوں کی جماعت، گروہ، (۲) فوجی دستہ۔
الهَضَّاضُ: آدمی اور اونٹ کو گرا کر اپنے سینہ سے کچلنے والا سانڈ۔
الهَضْهَضُ: شکستگی۔
الهَضِيضُ، المَهْضُوضُ: ٹوٹا ہوا کچلا ہوا۔
◆ هَضَلَ الرَّجُلُ بِالكَلَامِ ــِ هَضْلًا: گفتگو یا کلام جاری رکھنا یا شروع کرنا۔
أَهْضَلَتِ السَّمَاءُ: آسمان کا بارش برسانا۔
ــــ الدَّلْوُ: ڈول کا کنویں کے کنارہ سے ٹکرا کر پانی گرانا۔
الهَضَّالُ: گانا گاتے ہوئے اونٹوں کو ہنکانے والا۔
الهَضْلُ: کثیر، بہت۔
الهَضْلَاءُ: لمبے پستان والی عورت، (۲) حیض کے ایام چڑھی ہوئی عورت۔
الهَيْضَلُ: لشکر جرّار، مسلح اور متحدہ جماعت (۲) لمبا اور بھاری بھرکم (جانور وغیرہ) هي هَيْضَلَةٌ۔
الهَيْضَلَةُ: متوسط العمر عورت، (۲) بہت دودھ دینے والی اونٹنی (۳) لوگوں کا شور ملی جلی طرح طرح کی آوازیں
◆ هَضَمَ عَلَيْهِ ــِ هَضْمًا: حملہ کرنا، کسی کے پاس اچانک پہنچنا، آنا،
مَا هَضَمَ عَلَيْهِ: وہ اس کے نزدیک نہیں آیا۔
ــــ لَهُ مِنْ حَقِّهِ: بطیب خاطر کسی کو اپنا کچھ حق یا حصہ دیدینا۔
ــــ الشَّيْءَ: توڑنا۔
ــــ فُلَانًا: کسی کے ساتھ ناانصافی کرنا اور اس کی چیز جبرا لینا۔
ــــ حَقَّهُ: کسی کا حق کم کرنا۔
ــــ نَفْسَهُ: تواضعًا خود کو چھوٹا بنا لینا حیثیت کم کر لینا۔

هَضَمَ الطَّعَامَ: کھانا ہضم کرنا، هَضَمَتِ الْمَعِدَةُ الطَّعَامَ: معدہ کا کھانے کو ہضم کرلینا۔
ـــ الدَّوَاءُ الطَّعَامَ: دوا کا کھانے کو ہضم کردینا۔
ـــ الْهَوَاضِمُ الطَّعَامَ: ہاضم چیزوں کا کھانے کو جسم میں تحلیل ہوجانے کے لائق بنانا۔
هَضِمَ ـَ هَضَمًا: پتلی کمر اور نازک کوکھ والا ہونا۔
ـــ الْفَرَسُ: گھوڑے کا نکلی ہوئی پسلیوں والا ہونا، هُوَ أَهْضَمُ وَهَضْمَاءُ وَهَضِيمٌ۔
اهْتَضَمَ فُلَانًا: کسی کے ساتھ بڑی ناانصافی اور حق تلفی کرنا۔
انْهَضَمَتِ الثَّمَرَةُ: پھل کا پھٹنا۔
تَهَضَّمَتِ الثَّمَرَةُ: پھل کا پھٹنا۔
ـــ فُلَانٌ لِفُلَانٍ: کسی کا مطیع وفرمانبردار ہونا۔
ـــ نَفْسَهُ لَه: بغیر انصاف کے کچھ لینے پر آمادہ ہوجانا۔
ـــ فُلَانًا: کسی کے ساتھ ناانصافی کرنا، حق تلفی کرنا۔
الْأَهْضَمُ: رَجُلٌ أَهْضَمُ الْكَشْحَيْنِ: پتلی کمر والا (جس کی دونوں کوکھیں ملی ہوئی ہوں) (۲) بڑے دانتوں والا۔
الْمُهَضَّمَةُ: قَصَبَةٌ مُهَضَّمَةٌ: کھوکھلا بانس جس میں سوراخ کیے گئے ہوں، بجانے کی بانسری۔
الْمَهْضُومُ: ہضم شدہ (۲) غصب کردہ
الْمَهْضُومَةُ: قَصَبَةٌ مَهْضُومَةٌ: سوراخ کیا ہوا بانس کا ٹکڑا، بانسری (۲) مشک ملی ہوئی خوشبو۔
الْهَاضِمُ: نرم و لچکدار (۲) ہضم کردینے والی دوا وغیرہ۔
الْهَاضِمَةُ: ہاضمہ ہضم کرنے والی قوت۔
الْهَاضُومُ: ہضم کرنے والی دوا یا چورن (۲) غذاؤں کو ہضم و تحلیل کرنے والے سیال مادے جیسے لعاب دہن صفراء وغیرہ مخصوص غدود سے پیدا ہوکر ہضم کی نالی میں پہنچ کر اپنا کام کرتے ہیں، ج: هَوَاضِيمُ (۳) مال خرچ کرنے والا۔
الْهَضَّامُ: الْهَاضُومُ۔
الْهَضْمُ: ہاضمہ، ہضم کرنے کا عمل، قوت، کھانے کی اشیاء کو مخصوص سیال مادوں کے ذریعہ ایسے غذائی مادہ میں تبدیل کرنا جو جسم میں جذب ہوکر اپنا وظیفہ انجام دے۔
الْجِهَازُ الْهَضْمِيُّ: چند اعضاء کا ایسا مجموعہ جو کھانا ہضم کرنے میں باہم تعاون کرتے ہیں جیسے دانت، غدد ہضمیہ، معدہ، آنتیں۔
الْقَنَاةُ الْهَضْمِيَّةُ: جسم کے اندر وہ نالی جس سے نظام ہضم والے اعضاء مربوط ہوتے ہیں، یہ منہ سے شروع ہوکر قولون نازل تک پہنچتی ہے۔
الْهِضْمُ: پست زمین (۲) وادی کا نچلا حصہ (۳) دھونی دینے کی دوا یا خوشبو ج: أَهْضَامٌ وَهُضُومٌ، کہاوت ہے: اللَّيْلَ وَأَهْضَامَ الْوَادِي رات کو وادی کے زیریں حصوں میں نہ چلو تکلیف سے محفوظ رہو گے۔
الْهَضُومُ: ہاضم دوا یا چورن، يَدٌ هَضُومٌ: سخاوت کا ہاتھ جو سب کچھ لٹا ڈالے، ج: هُضُمٌ۔
الْهَضِيمُ: الْمَهْضُومُ: ہضم شدہ (۲) غصب کردہ (۳) مظلوم (۴) نازک کمر والی عورت (۵) پکا ہوا (۶) گتھا ہوا قرآن پاک میں ہے: "وَنَخْلٍ طَلْعُهَا هَضِيمٌ" ایسے کھجور کے درخت جن پر پکے ہوئے اور گتھے ہوئے پھل ہوں گے۔
الْهَضِيمَةُ: ظلم و ناانصافی، غصب، حق تلفی (۲) مردہ کو دفن کرنے کے بعد کھلایا جانے والا کھانا (میت کا کھانا)، ج: هَضَائِمُ۔
◆ هَاضَاهُ: بے وقوف وحقیر سمجھنا۔
الْهِضَاةُ: گیسو (۲) گدھی۔

ہ ـــــ ط

◆ هَطَرَ الْفَقِيرُ لِلْغَنِيِّ ـِ هَطْرَةً: غریب کا امیر سے مانگتے وقت ذلیل بنجانا، گڑگڑ کر سوال کرنا۔
ـــ فُلَانٌ الْكَلْبَ وَنَحْوَهُ هَطْرًا: کتے وغیرہ کو لکڑی کی ضرب سے مار ڈالنا۔
تَهَطَّرَتِ الْبِئْرُ: کنویں کی دیواروں اور منڈیر کا ڈھے پڑنا، گرجانا۔
◆ تَهَطْرَسَ الرَّجُلُ: جھومتے ہوئے اور اتراتے ہوئے چلنا۔
◆ الْهُطُطُ: انسانی مردے۔
◆ هَطَعَ ـَ هَطْعًا وَهُطُوعًا: ڈر کر تیزی سے آگے آنا، (۲) گردن لمبی کرکے سر کو سیدھا کرلینا (۳) ٹکٹکی باندھنا، کسی چیز پر متوجہ ہوکر دیکھتے ہی رہنا، نگاہ نہ ہٹانا۔
أَهْطَعَ فُلَانٌ: ذلت وانکساری سے دیکھنا۔
ـــ فِي سَيْرِهِ: تیز رفتار ہونا۔
اسْتَهْطَعَ: گردن لمبی کرکے سر اونچا کرنا، سر کو تاننا۔
ـــ فِي سَيْرِهِ: تیز رفتار ہونا۔
الْمُهْطِعُ: عاجزی وتابعداری کی نگاہ سے دیکھنے والا، قرآن پاک میں ہے:

مُهْطِعِينَ مُقْنِعِي رُؤُوسِهِمْ عاجزی وانکساری سے دیکھتے ہوئے سر اٹھائے ہوئے (۲) خوف وبیچارگی سے خاموش ہوکر داعی کی طرف آنے والا، قرآن پاک میں ہے «مُهْطِعِينَ إِلَى الدَّاعِ»
الْهَيْطَعُ: کشادہ راستہ۔
◆ هَطَفَ الرَّاعِي ـِ هَطْفًا: چرواہے کا دودھ دوہنا۔
ـــ السَّمَاءُ: آسمان سے پانی برسنا بارش ہونا۔
ـــ اللَّبَنُ: دودھ کی دوہتے وقت آواز نکلنا۔
الْهَطْفُ: دودھ دوہنے کی آواز۔
الْهَطِفُ: موسلادھار بارش۔
◆ هَطَلَ الْمَطَرُ ـِ هَطْلًا وَهَطَلَانًا: موسلادھار بارش ہونا، بڑی بوندوں والی مسلسل بارش ہونا۔
ـــ الدَّمْعُ: آنسو بہنا۔
ـــ الْعَيْنُ بِالدَّمْعِ: آنکھ کا آنسو بہانا، آنکھ سے آنسو بہنا۔
ـــ الرَّجُلُ هَطَلَانًا: آدمی کا اپنی منزل کی جانب تیزی سے پا پیادہ بڑھے جانا۔
ـــ الْجَرْيُ الْفَرَسَ هَطْلًا: دوڑ کا گھوڑے کو پسینہ لے آنا۔
تَهَاطَلَ الْقَوْمُ وَنَحْوُهُمْ: لوگوں وغیرہ کا تانتا لگنا، لگاتار آنا، یکے بعد دیگرے چلے آنا۔
تَهَطَّلَ الْمَطَرُ وَالسَّحَابُ: هَطَلَ۔
الْهَاطِلُ: گھنی کھیتی۔ سَحَابٌ هَاطِلٌ: موٹی موٹی بوندیں برسانے والا بادل،
مَطَرٌ هَاطِلٌ: موسلادھار بارش۔
الْهَطَّالُ: بہت برسنے والا، سَحَابٌ هَطَّالٌ: موٹی موٹی بوندوں والا زبردست بادل۔

مَطَرٌ هَطَّالٌ: موٹی بوندوں والی موسلادھار بارش۔
الْهَطْلُ: لگاتار بارش، جھڑی، (۲) حد سے زیادہ تھکن۔
الْهِطْلُ: تھکاماندہ (۲) بے وقوف، (۳) چور (۴) بھیڑیا۔
الْهُطْلُ: دِيمَةٌ هُطْلٌ: موٹی بوندوں والی لگاتار بارش، جھڑی۔
الْهَطْلَى: آزاد اونٹ جن کے ساتھ ہنکانے والا نہ ہو۔
الْهَطْلَاءُ: دِيمَةٌ هَطْلَاءُ: لگاتار موٹی بوندوں والی بارش، جھڑی۔
الْهَيَاطِلَةُ: ترکوں اور سندھیوں کی ایک نسل۔
الْهَيْطَلُ: لڑنے والوں کی ٹولی (۲) لومڑی
الْهَيْطَلَةُ: پیتل کے پکانے کے برتن، دیگچی وغیرہ۔
الْهَيْطَلِيَّةُ: دودھ کی فرنی یا نشاستہ دودھ اور شکر کا میٹھا۔
◆ هَطْلَسَ: لپکنا، تیز چلنا۔
ـــ مَا وَجَدَهُ: جو ملے سب لے لینا۔
تَهَطْلَسَ الرَّجُلُ: لپک کر ترکیب سے چور کو پکڑنا۔
ـــ اللِّصُّ: چور کا فریب دیکر چوری کرنا۔
ـــ الْمَرِيضُ مِنْ مَرَضِهِ: شفایاب ہونا۔
الْهَطَلَّسُ: چور اچکا جو ہاتھ لگے اٹھا لیجانے والا (۲) بھیڑیا (۳) بڑا لشکر۔
الْهَطَلَّعُ: کثیر (۲) لوگوں کا گروہ، مجمع، (۳) بے حد لمبا جو ڈولتا ہوا چلے۔
◆ هَطْهَطَ فِي الْمَشْيِ: تیز چلنا۔
الْهُطَاهِطُ: گھوڑا۔
◆ هَطَا الشَّيْءَ ـُ هَطْوًا: پھینکنا۔

الْهِطِيُّ: چپقلش، رسہ کشی (۲) ضرب کاری، سخت چوٹ۔
◆ هَيْعَرَ: کم عقل ہونا۔
ـــ الْمَرْأَةُ: عورت کا بدکار وآوارہ گرد ہونا، ایک جگہ چین سے نہ بیٹھنا،
تَهَيْعَرَتِ الْمَرْأَةُ: هَيْعَرَتْ۔
الْهَيْعَرَةُ: بدکار وآوارہ عورت، (۲) بھوت۔

هـ ـــ ف

◆ هَفَتَ الشَّيْءُ ـِ هَفْتًا وَهُفَاتًا: کسی چیز کا ہلکے پن کی وجہ سے اڑنا۔
ـــ الشَّيْءُ أَوِ الْأَمْرُ: باریک ہونا، نازک ہونا، دقیق ہونا۔
ـــ الرَّجُلُ: بے سوچے سمجھے بولے چلے جانا
هُفِتَ الرَّجُلُ: حیران ہونا، پریشان ہونا، هُوَ مَهْفُوتٌ۔
انْهَفَتَ الشَّيْءُ: حقیر وکم درجہ ہونا، معمولی ہونا، پست ہونا۔
تَهَافَتَ الْجِدَارُ أَوِ الثَّوْبُ أَوْ نَحْوُهُمَا: ٹوٹ کر گرنا، (تھوڑا تھوڑا ٹوٹ کر یا بوسیدہ ہوکر گرنا)۔
ـــ الْفَرَاشُ عَلَى النُّورِ: پروانوں کا روشنی پر ٹوٹ پڑنا۔
ـــ الْقَوْمُ: لوگوں کا دم توڑ توڑ کر گرنا کشتوں کے پشتے لگ جانا۔
ـــ النَّاسُ عَلَى الْمَاءِ: پانی پر لوگوں کا سلسلہ وار آنا۔
ـــ عَلَى شِرَاءِ الشَّيْءِ: کسی چیز کی خریداری کے لئے ٹوٹ پڑنا، بھیڑ لگنا۔
ـــ الْآرَاءُ: آراء کا باہم متناقض ہونا۔
التَّهَافُتُ عَلَى الشَّيْءِ: کسی چیز کی طلب میں ٹوٹ پڑنا۔
الْهُفَاتُ: احمق۔
الْهَفْتُ: پست زمین (۲) تیز بارش (۳)

انتہائی بے وقوفی۔

• الہفتق : ہفتہ ۔

• ہَفَّ الشَّیْئُ ـِ ہَفِیْفًا : ہلکا ہونا۔

ـــ السَّائِرُ : تیز چلنا۔

ـــ الرِّیْحُ ہَفًّا وہَفِیْفًا : ہوا کا سائیں سائیں کرنا، ہوا چلنے کی آواز سنائی دینا۔

ـــ الزَّرْعُ : کاٹنے میں تاخیر سے کھیتی کے دانوں کا بکھر جانا۔

اِہْتَفَّ الصَّوْتُ : آواز گونجنا۔

ـــ السَّرَابُ : ریت کا چمکنا۔

المُہَفَّفُ : پتلی کمر اور دبے ہوئے پیٹ والا۔ وھی مُہَفَّفَۃٌ۔

الہِفُّ : ہلکا آدمی (٢) وہ کھیتی جس کے دانے کاٹنے میں تاخیر سے بکھر گئے ہوں بھوتے شہد والا ہلکا اور باریک چھتّا (٣) پانی سے خالی پتلا بادل (٤) ہر ہلکی کھوکھلی چیز

الہَفَّافُ : سبک وبے پروا گدھا (٢) اڑنے میں تیز و ہلکا پر (٣) باریک شفاف کپڑا (٤) ٹھنڈا سایہ (٥) چمکدار سراب۔

الہِفَّانُ : جَاءَ عَلٰی ہِفَّانِہٖ : وہ اس کے پیچھے پیچھے آیا۔

الہَیْہُوفُ : شیر دل آدمی (٢) بے وقوف (٣) بزدل (٤) بنجر زمین۔

• ہَفَكَ الشَّیْئَ ـِ ہَفْكًا : ڈالنا۔

تَہَفَّكَ : ڈولتے ہوئے ڈھیلے قدموں سے چلنا، (٢) بہت غلطی اور گڑبڑی کرنا۔

المُہَفَّكُ : بہت غلطی اور گڑبڑی کرنے والا۔

الہَیْفَكُ : بے وقوف عورت۔

• ہَفْہَفَ : ہلکی شاخ کی طرح پتلے بدن کا ہونا، نازک اندام ہونا۔

ـــ الشَّیْئَ : ہلانا، حرکت دینا۔

المُہَفْہَفُ : پتلے پیٹ والا، پتلی کمر والا، پتلا دبلا، چھریرے بدن کا، ھی مُہَفْہَفَۃٌ۔

الہُفْہَافُ : پتلی کمر اور پتلے پیٹ والا (٢) پیاسا (٣) اڑنے میں ہلکا پر (٤) باریک وشفاف کپڑا۔

• ہَفَا فِی المَشْیِ ـُ ہَفْوًا وہَفَوَانًا : تیز چلنا اور سبک رفتار ہونا۔

ـــ الظَّبْیُ : ہرن کا سبک رفتاری سے تیز دوڑنا، ہوا کی طرح اڑنا۔

ـــ الطَّائِرُ : پرندہ کا پھڑپھڑا کر اڑنا

ـــ فُلَانٌ : گرنا، (٢) ٹھوکر کھانا (٣) غلطی کرنا، لغزش کرنا (٤) بھوکا ہونا

ـــ الرِّیْحُ : ہوا کا چلنا۔

ـــ الرِّیْحُ بِالشَّیْئِ : ہوا کا کسی چیز کو لے کر اڑنا، ہَفَتِ الرِّیْحُ بِالمَطَرِ : ہوا بارش کو اڑا کر لے گئی (٢) پر وغیرہ جیسی ہلکی چیز کو اڑائے پھرنا۔

ـــ النَّفْسُ اِلَی الشَّیْئِ : کسی چیز کی طرف طبیعت مائل ہونا، دل کا مشتاق ہونا (٢) کسی چیز کو دیکھ کر دل خوش ہو جانا، مگن ہو جانا، خوشی سے اچھل پڑنا

ـــ القَلْبُ : دل دھڑکنا، دل اڑا جانا۔

ـــ الشَّیْئُ فِی الہَوَاءِ ہَفْوًا وہُفُوًّا : ہوا میں اڑ جانا۔

ہَفِیَ ـَ ہَفًا : بھوکا ہونا۔

ہَافَاہُ : کسی کو اپنا ہم شوق بنانا، اپنی خواہش میں شریک کرنا، ہم خیال بنانا۔

الہَافِی : بھوکا، مفلس۔

الہَافِیَۃُ : بھٹکا ہوا اونٹ ج: ہَوَافٍ۔

الہَفَا : رک رک کر ہونے والی بارش۔

الہَفَاءُ : لغزش، غلطی۔

الہَفَاۃُ : بے وقوف

الہَفْوَۃُ : غلطی، لغزش، ٹھوکر، لغزش پا ج: ہَفَوَات۔

ھ ـــ ق

• الہَقْبُ : کشادگی، وسعت۔

الہِقَبُّ : بڑے حلق والا جو ہر چیز کو نگل ڈالے (٢) بڑے ڈیل ڈول کا، نَعَامٌ ہِقَبٌّ : بھاری بھرکم شتر مرغ۔

• ہَقَعَ الفَرَسُ بَیْنَ اُذُنَیْہِ ـَ ہَقْعًا : گھوڑے کے دونوں کانوں کے درمیان داغ دینا۔

ہُقِعَ الفَرَسُ : داغ لگایا جانا، ہو مَہْقُوْعٌ، کہتے ہیں، اِنَّ المَہْقُوْعَ لَا یُسْبَقُ اَبَدًا : داغ لگا ہوا گھوڑا کبھی آگے نہیں بڑھتا۔

اِہْتَقَعَ فُلَانًا : روکنا، منع کرنا۔

ـــ الحُمّٰی فُلَانًا : بخار کا ایک دن چھوڑ کر شدت سے چڑھنا۔

ـــ الشَّیْئُ فُلَانًا : کسی چیز کا لوٹ لوٹ کر آنا، بار بار آنا۔

ـــ فُلَانًا عِرْقُ سُوْءٍ : کسی کو خاندانی گراوٹ کا عزت وشرافت کے حصول سے باز رکھنا۔

اُہْتُقِعَ لَوْنُ فُلَانٍ : ڈر خوف سے رنگ بدل جانا۔

اِنْہَقَعَ فُلَانٌ : بہت بھوکا ہونا۔

تَہَقَّعَ الرَّجُلُ : مذموم حرکت کرنا۔

ـــ عَلَیْہِمْ : لوگوں کے سامنے بڑا بننا، یا بے وقوفی کا مظاہرہ کرنا، تکبر کرنا۔

ـــ القَوْمُ وِرْدًا : گھاٹ پر اکٹھا ہو کر آنا۔

المَہْقُوْعُ : سینہ کے بیچ میں یا پہلو پر سفید داغ والا گھوڑا، کانوں کے بیچ میں داغ دیا ہوا گھوڑا۔

الہُقَاعُ : غم یا بیماری سے ہونیوالی غفلت۔

الهَقِعُ: حریص (۲) داغ لگا گھوڑا۔
الهَقْعَةُ: گھوڑے کے سینہ کے بیچ میں سفید دائرہ جو ناپسندیدہ اور باعث بدفالی ہوتا تھا (۲) گھوڑے کے بائیں پہلو پر سفید دھبا (۳) ستارہ جبار کے سرے پر تین ستاروں کا مجموعہ جو چاند کی ایک منزل ہے
الهُقَعَةُ: مجلس میں سب سے زیادہ لیٹنے دراز ہونے اور مسند وتکیہ لگانے والا آدمی۔
الهَيْقَعَةُ: تلواروں کی جھنکار (۲) لوہے وغیرہ کو لوہے یا سوکھی چیز کو سوکھی چیز پر مارنے کی آواز (۳) کسی بھی چیز کے گرنے یا ٹکرانے کی آواز
• هَقِفَ ـَ هَقَفًا: کھانے کی کم خواہش والا ہونا، کم بھوک لگنا۔
الهَقَفُ: کھانے کی کم خواہش، بھوک کی کمی۔
• هَقَّ ـِ هَقًّا: ڈر کر بھاگنا، هَقَّتِ الكِلَابُ مِنَّا: کتے ہم سے ڈر کر بھاگ گئے۔
• تَهَقَّلَ: آہستہ آہستہ چلنا۔
الهَاقِلُ: چوہا (نر)۔
الهِقْلُ: بھوکا۔
الهِقْلُ: لمبا بے وقوف (۲) نر شتر مرغ، جوان شتر مرغ۔ مؤنث: هِقْلَةٌ۔
• الهِقْلِسُ: بدمزاج آدمی (۲) لومڑی، ج: هَقَالِسُ۔
• هَقِمَ ـَ هَقَمًا: کسی کا بہت بھوک لگنے والا اور بہت کھانے والا ہونا، هَقِمٌ۔
تَهَقَّمَ العَدُوَّ: دشمن کو مغلوب کرنا۔
— الطَّعَامَ: بڑے بڑے لقمے جلدی جلدی نگلنا۔
الهِقَمُّ: پیٹو، بسیار خور (۲) گہرا اور وسیع سمندر

الهَيْقَمُ: سخت بھوکا۔
الهَيْقَمُ: گہرا اور وسیع سمندر (۲) سمندر کا شور، موجوں کی آواز (۳) لقمے نگلنے کی آواز۔
الهَيْقَمَانِيُّ: ہر لمبی چیز۔
• هَقْهَقَ الرَّجُلُ: انتہائی تیز چل کر سواری کے جانور کو تھکا دینا۔
الهَقْهَاقُ: اپنے معاملات میں پھرتیلا اور چاق چوبند۔
• هَقِيَ فُلَانٌ ـِ هَقْيًا: بکواس کرنا فضول باتیں کرنا۔
— فُؤَادُهُ: دل دھڑکنا (۲) مشتاق و بے قرار ہونا۔
— فُلَانًا: کسی کے ساتھ بری طرح پیش آنا، ناگوار بات کرنا۔
اَهْقَى: خراب کرنا، بگاڑنا۔

ه ــــ ك

• هَكَبَ فُلَانًا وبه ومنه ـُ هَكْبًا وهَكَبًا: کسی کا مذاق اڑانا، کسی سے ٹھٹھا کرنا۔
• هَكَدَ عَلَى غَرِيمِهِ: اپنے مقروض پر دباؤ ڈالنا، سخت تقاضا کرنا۔
• هَكِرَ ـَ هَكَرًا وهَكْرًا: سخت حیران و متعجب ہونا، (۲) نیند کے غلبہ سے بدن کا سست وڈھیلا ہوجانا۔
— الرَّجُلُ: گہری نیند میں مدہوش ہوجانا۔ هو هَكِرٌ وهَكْرٌ۔
تَهَكَّرَ: تعجب کرنا، حیران ہونا۔
• هَكَعَ ـَ هُكُوعًا: مطمئن پرسکون ہونا، قیام کرنا، ٹھہرنا۔
— البَقَرُ ونحوه تحت الشَّجَرِ: شدید گرمی میں گائے وغیرہ کا درخت کے سایہ میں پناہ لینا۔

هَكَعَ فُلَانٌ الى القَوْمِ: شام ہوجانے پر اپنے قبیلہ کے ساتھ قیام کرنا۔
— الى الأَرْضِ: زمین کی طرف جھکنا۔
— العَظْمُ: ہڈی جڑنے کے بعد ٹوٹ جانا۔
— اللَّيْلُ: ہر سو رات کی تاریکی پھیل جانا۔
— فُلَانٌ هَكْعًا: بیٹھے بیٹھے سونا۔
هَكِعَ الرَّجُلُ ـَ هَكَعًا: گھبرانا، انکساری کرنا (۲) غصہ یا رنج سے سر جھکانا۔
اهْتَكَعَ الرَّجُلُ: گھبرانا، لرزاں وترساں ہونا۔
— الحُمَّى او غَيْرُهَا فُلَانًا: کسی کو بخار وغیرہ کا لوٹ کر آنا
الهُكَاعُ: کھانسی (۲) تکان کے بعد آنے والی نیند۔
الهُكَعَةُ: بے وقوف۔
الهُكُعَةُ: بے وقوف۔
• هَكَّتِ البِئْرُ ـُ هَكًّا: کنویں کا ڈھے پڑنا۔
— فُلَانًا: تھکا دینا، کمزور کردینا۔
— فُلَانًا بالسَّيْفِ او الرُّمْحِ: کسی کو انتہائی زور سے تلوار یا نیزہ مارنا۔
— اللَّبَنَ: دودھ کو پوری طرح نکال لینا
— الشَّيْءَ: گرانا، (۲) پیسنا، باریک کرنا، هو مَهْكُوكٌ وهَكِيكٌ
— النَّبِيذُ فُلَانًا: نبیذ کا کسی کو نشہ چڑھ جانا۔
— النَّجَّارُ الخَرْقَ: بڑھئی کا سوراخ کو بڑا کرنا۔
— فُلَانًا: بے عزتی کرنا۔
— الرَّجُلُ: گوز کرنا۔
— الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
— النَّعَامُ: شتر مرغ کا پاخانہ کرنا۔

انهكلت المرأة: عورت کی ولادت کا دشوار ہونا۔
ـــ صلا المرأة: بوقت ولادت عورت کی فرج کا بیرونی حصہ کشادہ ہوجانا۔
ـــ الرجل: آدمی کا مدہوش ہوجانا۔
ـــ البعير: اونٹ کا بیٹھتے وقت زمین سے لگ جانا۔
تهكك: بے چین ومضطرب ہونا۔
ـــ الانثى: مادہ کے دونوں پہلوؤں کا ڈھیلا ہوکر تھن کا موٹا ہوجانا اور پیدائش کا وقت نزدیک آجانا۔
المهكوك: شوخ ومسخرہ۔
المنهكة: دشواری سے بچہ جننے والی۔
الهك: بے عقل (۲) سخت بارش، ج: أهكاك وهككة۔
الهكاك: اپنی غلط بات کی صحت کا دعوے دار آدمی۔
الهكوك: شوخ، مسخرا (۲) کمزور بدطینت، چغد (۳) سفر سے تھکا ہوا جانور۔
الهكوك: موٹا (۲) سخت وٹھوس جگہ۔
الهكيك: مخنث (۲) پیسا ہوا۔
• هكلت المرأة والحصان: عورت یا گھوڑے کا ٹھمکنا، نازو انداز سے چلنا۔
تهاكل القوم: کسی معاملہ میں جھگڑنا۔
هيكل الزرع: کھیتی کا بڑھنا۔
الهيكل: ہر بھاری بھرکم چیز، بڑا قدآور جانور یا درخت، فرس هيكل بڑے ڈیل ڈول کا گھوڑا (۲) لمبا چوڑا درخت یا پودا (۳) بلند عمارت (۴) بت خانہ (۵) یہودیوں کا مقدس بڑا عبادت خانہ (۶) گرجا میں سامنے بنی ہوئی قربان گاہ (۷) قدیم مصریوں کا بڑا بھاری اور آراستہ عبادت خانہ (۸) مجسمہ (۹) انجن کا ڈھانچہ (۱۰) موٹر وغیرہ کی باڈی (۱۱) انسان یا حیوان کی ہڈیوں کا ڈھانچہ جس پر جسم کی بنیاد ہوتی ہے، ج: هياكل۔
الهيكلة: عظیم عورت (۲) ایک درخت یا پودے کا جسم۔
الهيكلي: ڈھانچہ سے متعلق۔
الهيكل الاساسي: بنیادی ڈھانچہ۔
الهيكل التنظيمي: تنظیمی ڈھانچہ تنظیم کے اجزاء ترکیبی وتشکیلی۔
• هكم فلانا: کسی کو گانا سنانا۔
تهكم فلان: گانا گنگنانا (۲) دل میں کہنا (۳) تکبر کرنا (۴) اکڑ کر چلنا۔
ـــ لفلان: کسی کو گانا سنانا۔
ـــ على غيره: کسی سے سخت ناراض ہونا (۲) کسی کی بے عزتی کرنا، کسی پر پھبتیاں کسنا۔
ـــ على ما فرط منه: اپنے سے سرزد ہونے والی غلطی پر نادم ہونا۔
ـــ السماء: آسمان کا زبردست طوفانی بارش برسانا۔
ـــ البئر ونحوها: کنویں وغیرہ کا ڈھے جانا۔
ـــ فلانا وبه: کسی کی تحقیر کرنا، مذاق اڑانا۔
ـــ فلانا: زور سے تلوار مارنا۔
استهكم: تکبر کرنا، بڑائی دکھانا۔
الأهكومة: مذاق، استہزا۔
التهكم: ہنسی مذاق، ٹھٹھا، على سبيل التهكم او تهكما: مذاق کے طور پر۔
المستهكم: متکبر۔
الهكم: غیر متعلق کاموں میں ٹانگ اڑانے والا، فتنہ وشر پرور آدمی۔
• تهكن: پشیمان ہونا، کیے پر پچھتانا، تهكن على الامر الفائت گزری ہوئی بات پر نادم ہونا۔
هاكاه: کسی کو کم عقل سمجھنا۔
الأهكاء: حیران لوگ۔

ه ـــ ل

• هل: حرف استفہام بمعنی کیا، جیسے هل طلع النهار؟ یہ ایجابی نسبت کے استفہام کے لئے ہے، یوں نہیں کہہ سکتے هل لم يطلع النهار؟ نفی سے استفہام کے لئے أ ہمزہ آتا ہے جیسے، ألم يطلع النهار؟، هل ایسے اسم پر بھی نہیں آتا جس کے بعد فعل ہو مثلاً هل زيد قام کہنا درست نہیں، نیز هل استفہامیہ نہ جملہ شرطیہ پر آتا ہے نہ اس جملہ پر جس پر إنّ حرف تحقیق داخل ہو، لیکن ہمزہ استفہامیہ کے استعمال میں بڑی وسعت ہے۔ هل مضارع پر داخل ہو تو اسے مستقبل کے لئے مخصوص کرتا ہے، اس لئے یوں نہیں کہہ سکتے هل تذهب الآن؟ لیکن هل تذهب غدا؟ کہہ سکتے ہیں۔
• هلب الفرس ـِ هلبا: گھوڑے کے بال اکھاڑنا، هو هالب والفرس مهلوب
ـــ فلانا بلسانه: کسی کو لعن طعن کرنا، اچھی طرح خبر لینا، هو هلاب۔
هلب ـَ هلبا: بہت بالوں والا ہونا۔
ـــ العام: کسی سال کا بہت بارش والا ہونا، هو أهلب وهي هلباء، ج: هلب۔

أَهْلَبَت السَّمَاءُ الْقَوْمَ: آسمان کا لوگوں کو بارش یا شبنم سے تر کر دینا۔

ـــ الْفَرَسُ فِيْ عَدْوِهِ: لگاتار دوڑنا۔

هَلَّبَ: مبالغہ در هَلَبَ، کسی کو بہت لعن طعن کرنا۔

اِهْتَلَبَ السَّيْفَ مِنْ غِمْدِهِ: تلوار سونتنا، میان سے نکالنا۔

الأُهْلُوْبُ: طرز ج: اَهَالِيْب۔

الـمَـهْلُوْبُ: دم کٹا گھوڑا)۔

الـهَالِبُ: بارش کا دن لَيْلَةٌ هَالِبَةٌ بارش کی رات، ج: هَوَالِبُ۔

الـهُلاَبَةُ: جنین کی جھلی کا پانی۔

الـهُلْبُ: موٹے اور سخت بال (۲) دم کے بال (۳) پلکوں کے اوپر اگے ہوئے بال،

الـهُلْبَةُ: دم یا چوٹی کے بال (۲) زیر ناف کے بال (۳) خنزیر کے بال جن سے سلائی کی جاتی ہے۔

هُلْبَةُ الشَّهْرِ: مہینہ کا آخر۔

هُلْبَةُ الشِّتَاءِ وَالزَّمَانِ: موسم سرما کی سردی کی یا زمانہ کی شدت۔ ج: هُلَبٌ۔

الـهَـلاَّبُ: زبردست بارش یا طوفانی ہوا والا دن یا سال (۲) سخت مذمت کرنے والا لعن طعن کا عادی (۳) بارش والی سرد ہوا۔

الـهَـلاَّبَةُ: سرد ہوا۔

الـهَلْبَاءُ: سخت مصیبت، وَقَعْنَا فِيْ هُلْبَةٍ هَلْبَاءَ: ہم سخت مصیبت میں پھنس گئے (۲) بہت بالوں والی گردن۔

الـهِلْبُ: جہاز کا لنگر۔

الـهَلُوْبُ: خاوند سے قرب رکھنے والی اور غیر سے دور رہنے والی عورت، ج: هُلُبٌ (۲) قابل تعریف وصف۔

◆ الـهُـلاَبِجُ: انتہا سے زیادہ بیوقوف (۲) سست و نکما کھاؤ پیر (۳) بوجھل اور سست آدمی (۴) ہر فساد و برائی کا خوگر۔

◆ هَلَتَ الشَّيْءَ ـ هَلْتًا: چھیلنا۔

ـــ الْجِلْدَ: چمڑے کی چھلائی کرنا۔

اِنْهَلَتَ بَعْدَهُ: چپکے سے نکل کر بھاگنا، رفوچکر ہونا۔

ـــ الشَّيْءُ: چھلنا۔

الـهَلْتَاتُ: خانہ بدوش لوگ جو کبھی قیام کرتے ہوں کبھی سفر۔

◆ الـهُـلاَثُ: سستی و بدن کا ڈھیلا پن۔

الـهَـلاَئِثُ: نچلے درجہ کے لوگ۔

الـهُلْثِيُّ: بے ہنگم اور شور مچانے والے لوگ۔

◆ هَلَجَ ـ هَلْجًا: ایسی بات کی اطلاع دینا جس کا خود کو یقین نہ ہو، (۲) بکثرت خواب دیکھنا۔

اَهْلَجَ الشَّيْءَ: چھپانا۔

ـــ الْخَبَرَ وَنَحْوَهُ: خبر یا کوئی بات مبہم اور غیر واضح بیان کرنا۔

الإِهْلِيْلَجُ: ہلیلہ کا درخت، ہڑ (ایک دوا کا نام)۔

الـهَالِجُ: طرح طرح کے بکثرت خواب دیکھنے والا۔

الـهَلْجُ: نیند کی جھپک (۲) غیر یقینی خبر (۳) ناقابل فہم موہوم خواب پراگندہ خواب۔

◆ هَلَدَ الْمَرَضُ النَّاسَ ـ هَلْدًا: لوگوں میں بیماری پھیلنا، گرفت میں لینا۔

◆ هَلَسَهُ الدَّاءُ أَوِ الْحُزْنُ ـ هَلْسًا وَهُلاَسًا: بیماری یا غم کا کسی کو نحیف و کمزور کر دینا، (۲) ہوش و حواس اڑا کر ہذیان میں مبتلا کر دینا۔

هُلِسَ هُلاَسًا: سل کی بیماری میں مبتلا ہونا (۲) کھانا مگر اس کا اثر جسم پر دکھائی نہ دینا (۳) عقل زائل ہو جانا هُوَ مَهْلُوْسٌ۔

اَهْلَسَ: بے دلی سے ہنسنا، معمولی سا ہنسنا۔

ـــ الشَّيْءَ: چھپانا۔

ـــ الْحَدِيْثَ وَفِيْهِ: بات کو پوشیدہ رکھنا، اخفا برتنا۔

ـــ اِلَيْهِ الْحَدِيْثَ: کسی سے خفیہ بات کہنا۔

ـــ الظَّلاَمُ: تاریکی کا ہلکا ہو جانا۔

هَالَسَهُ: کسی سے سرگوشی کرنا، چپکے چپکے باتیں کرنا۔

هَلَّسَ: حد سے زیادہ کمزور کر دینا، بالکل حواس باختہ کر دینا۔

اُهْتُلِسَ الْمَرَضُ فُلاَنًا: بیماری کا کسی کو لاغر کر دینا هُوَ مُهْتَلَسٌ

اُهْتُلِسَ عَقْلُ فُلاَنٍ: عقل زائل ہو جانا، پاگل ہو جانا۔

الـمَهْلُوْسُ: سل کا مریض، بیماری سے گھلا ہوا۔

مُهْتَلَسُ الْعَقْلِ: عقل کھو بیٹھنے والا۔

الـهَالِسُ: نحیف و لاغر جسم، ج: هَوَالِسُ۔

الـهُلاَسُ: سل جیسی پھیپھڑوں کی بیماری تپ دق (۲) کمزوری کی بنا پر سل یا تپ دق کی شدت، اَخَذَهُ الـهُلاَسُ: اسے مرض سل لاحق ہو گیا یا وہ تپ دق میں مبتلا ہو گیا۔

الـهَلْسُ: الـهُلاَسُ (۲) جسم کا پتلا پن، دبلا پن، لاغری (۳) غم یا مرض کی شدت سے پیدا ہونے والی بحرانی کیفیت، بوکھلاہٹ، ہذیان۔

♦ الہَالِطُ: ڈھیلے پیٹ والا۔
♦ هَلِعَ ـَ هَلَعًا: دل دہلنا جواس باختہ ہوجانا، گھبراجانا، بے قرار ہوجانا، بے صبری دکھانا هو هَلِعٌ وهو وهي هَالِعٌ وهَلُوعٌ وهِلْوَاعٌ، قرآن پاک میں ہے إِنَّ الْإِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوعًا، انسان بےصبرا درکچے دل کا پیدا کیا گیا ہے۔
ـــ البَخِيلُ: کنجوس کا اپنے مال میں سخت کنجوسی کرنا۔
ـــ الرَّجُلُ: بھوکا ہونا۔
الہَالِعُ: تیز رو بدکنے والا شتر مرغ، نَعَامَةٌ هَالِعٌ بھی کہا جاتا ہے۔
الہُلَاعُ: مقابلہ کے وقت کی بزدلی۔
الہِلَعُ: انتہائی حریص ولالچی (۲) بےصبرا، حواس باختہ۔
الہُلَعَةُ: الہِلَعُ۔
الہِلْوَاعُ: نَاقَةٌ هِلْوَاعٌ تیزرو، تند مزاج سدھی ہوئی یا تیز رفتار بدکنے والی اونٹنی۔
الہَلُوعُ: بےصبرا، خوف زدہ، حواس باختہ (۲) تیز رفتار۔
الہَلَوَّعُ: بہت تیز رفتار۔
♦ الہِلَّوْفُ: لدھڑ اور اکھڑ آدمی، (۲) تند مزاج آدمی (۳) بکھرے بالوں والی بڑی داڑھی (۴) بہت جھوٹا آدمی (۵) نکما سست بےفیض آدمی (۶) بوڑھا آدمی (۷) ابر آلود دن (۸) بوڑھا اونٹ (۹) بہت بالوں والا اونٹ۔
الہِلَّوْفَةُ: بڑھیا (۲) بڑی داڑھی۔
♦ هَلْقَمَ الشَّيْءَ: نگل لینا۔
الہِلْقَامُ: کشادہ باچھوں والا (۲) کھاؤ، پیٹو (۳) بھاری بھرکم (۴) لمبا (۵) قوم کے معاملات کا منتظم بڑا سردار جو اس کی طرف سے دیت اور تاوان وغیرہ ادا کرتا ہو۔

♦ هَلَكَ فُلَانٌ ـِ هَلَاكًا وهُلُوكًا ومَهْلَكًا وتَهْلُكَةً مرجانا، فنا ہوجانا، ہلاک ہونا، تباہ ہونا هو هَالِكٌ، ج: هَلْكَى وهُلَّكٌ وهَوَالِكُ، قرآن پاک میں ہے "لِيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْ بَيِّنَةٍ" نیز "وَمَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ أَهْلِهِ" نیز "وَلَا تُلْقُوا بِأَيْدِيكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ"۔
أَهْلَكَهُ: ہلاک کرنا، تباہ کرنا، برباد کرنا۔
ـــ مَالَهُ: مال بیچنا، جائداد فروخت کرنا۔
هَلَّكَهُ: أَهْلَكَهُ، هَلَّكَ فلانٌ فلانا: کسی کو تباہ و برباد کرنا۔
اهْتَلَكَ فُلَانٌ، ہلاکت میں پڑنا خود کو ہلاکت میں ڈالنا۔
ـــ الطَّائِرُ: پرندے کا زور لگا کر اڑنا، اڑنے کی کوشش کرنا۔
ـــ المُنْتَجِعُ: چراگاہ تلاش کرنے والے کا بھٹک جانا۔
تَهَالَكَ عَلَى الشَّيْءِ: کسی چیز پر حریص ہوکر ٹوٹ پڑنا۔
ـــ عَلَى الفِرَاشِ: نڈھال ہوکر بستر پر گرجانا، بےقرار بستر پر پڑجانا۔
ـــ فِي الأَمْرِ: کسی کام کو محنت کرکے جلد انجام دینے کی کوشش کرنا، پوری طرح لگ جانا۔
ـــ المَرْأَةُ فِي مِشْيَتِهَا: عورت کا مٹک مٹک کر چلنا، جھومتے ہوئے چلنا۔
تَهَلَّكَتْ فِي مِشْيَتِهَا: تَهَالَكَتْ۔
ـــ فِي المَكَانِ: کسی جگہ پریشان حال کی طرح گھومنا۔
ـــ فِي الأَمْرِ: کسی بات میں پریشان ہونا، راہ نہ پانا۔

اسْتَهْلَكَ فِي كَذَا: کسی کام میں انتہائی کوشش کرنا، جان کی بازی لگانا کے لئے مرمٹنا۔
ـــ المَالَ ونَحْوَهُ: مال وجائداد کو خرچ کرنا، صرف کرنا۔
ـــ مَا عِنْدَهُ مِنْ طَعَامٍ او مَتَاعٍ: اپنے پاس کا کھانا یا سامان سب خرچ کرڈالنا۔
اسْتِهْلَاكٌ: ضیاع (۲) صرفہ، خرچ (۳) مال کی کھپت، ج: اسْتِهْلَاكَات (ضد انتاج)۔
الاسْتِهْلَاكِيُّ: قابل صرف، استهلاك سے متعلق۔
التَّهْلُكَةُ: تباہی، خطرۂ جان، سبب ہلاکت۔
المُسْتَهْلِكُ: صارف اشیاء، استعمال کنندہ، خرچ کنندہ، (بخلاف المُنْتِج) ج: المُسْتَهْلِكُون، طَرِيقٌ مُسْتَهْلِكُ الوِرْدِ: گھاٹ پر پہنچنے کا دشوار راستہ۔
المُهْتَلِكُ: مفت خوری کا شائق۔
المَهْلَكَةُ: جنگل بیابان، بےآب وگیاہ صحرا، ج مَهَالِكُ (۲) سبب ہلاکت، کہتے ہیں: الحُرُوبُ مَهَالِكُ۔
الہَالِكُ: تباہ شدہ، فنا پذیر۔
الہَالِكِيُّ: لوہار (۲) قلعی گر، پالش کنندہ، صیقل کنندہ۔
الہَالِكَةُ: حریص و بدنیت طبیعت، ہر ہوس آز مند طبیعت (۲) ایک دفعہ برس کر رک جانے والا بادل، ج: هَوَالِكُ۔
الہَالُوكُ: سنکھیا
الہُلَّاكُ: لوگوں کے پاس بخشش کے لئے باری باری آنے والے فقراء (۲) رزق کے

کی تلاش میں راہ بھٹکنے والے۔
الهَلَكُ: مردہ کے بچے کھچے اجزا، ہلاک شدہ چیز کے باقیات (۲) پہاڑ اور اس کے دامن کے درمیان کی فضا (۳) دو چیزوں کے درمیان کا فاصلہ یا خلا (۴) اوپر سے نیچے گرنے والی چیز۔
الهُلْكَانُ: تھکا ماندہ۔
الهَلَكَةُ: قحط کا سال، ج: هَلَكٌ وهَلَكَاتٌ۔
الهُلَكَةُ: کمینہ، ذلیل آدمی، ج: هِلَاكٌ کہتے ہیں: فُلَانٌ هُلَكَةٌ مِن الهَلَكِ۔
الهَلَكُونُ: بنجر اور قحط زدہ زمین (اگرچہ اس میں پانی موجود ہو) کہتے ہیں: أَرْضٌ هَلَكُونٌ وأَرَضُونَ هَلَكُونٌ۔
الهَلُوكُ: کمینی ذلیل عورت۔
الهُلَكُونُ: بغیر دندانوں کی درانتی۔
◆ الهِلْكِسُ: پست اخلاق والا آدمی۔
◆ هَلَّ الهِلَالُ ـُ هَلًّا: چاند نکلنا۔
ــــ فُلَانٌ: خوش ہونا۔
ــــ الشَّهْرُ: مہینہ کا چاند نظر آنا، قمری مہینہ کا آغاز ہونا۔
ــــ المَطَرُ: زوردار بارش ہونا۔
ــــ السَّحَابُ: بادل کا آواز کے ساتھ بارش برسانا۔
أَهَلَّ الرَّجُلُ: چاند کی طرف نگاہ اٹھانا، چاند دیکھنا، أَهْلَلْنَا عن لَيْلَةِ كَذَا: ہم نے فلاں رات کو مہینہ کا چاند دیکھا۔
ــــ الشَّهْرُ: مہینہ کا چاند دکھائی دینا، قمری مہینہ کا آغاز ہونا۔
ــــ فُلَانٌ: شور مچانا، چیخنا۔
ــــ الصَّبِيُّ: بچہ کا زور سے چیخنا، بچہ کا رونا، آواز نکالنا۔

أَهَلَّ المُلَبِّي بالتَّلْبِيَةِ: تکبیر کہنے والے کا زور سے لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ کہنا۔
ــــ الرَّجُلُ بِذِكْرِ اللّٰهِ: خدا کا بلند آواز سے نام لینا، ذکر کرنا، کسی نعمت یا عجوبے کو دیکھ کر زور سے اللہ کا نام لینا۔
ــــ السَّيْفُ بِفُلَانٍ: تلوار کا کاٹنا
ــــ الكَلْبُ بالصَّيْدِ: کتے کا شکار کو پکڑتے وقت خواہش و خوشی کی شدت سے رونے کی سی آواز نکالنا۔
ــــ الذَّابِحُ بالضَّحِيَّةِ: قربانی کے جانور کو ذبح کرتے وقت خدا کا نام لینا (یا اس کا نام لینا جس کے لئے قربانی کیجا رہی ہے) قرآن پاک میں ہے، إِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ المَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الخِنْزِيرِ وَمَا أُهِلَّ بِهِ لِغَيْرِ اللّٰهِ۔
ــــ فُلَانٌ الهِلَالَ: چاند دیکھ کر آواز بلند کرنا۔
ــــ الشَّهْرَ: مہینہ کا چاند دیکھنا۔
ــــ اللّٰهُ السَّحَابَ: خدا کا بادل سے پانی برسانا، أَهَلَّ اللّٰهُ المَطَرَ: اللہ نے مینہ برسایا۔
هَالَّ الأَجِيرَ هِلَالًا ومُهَالَّةً: قمری مہینہ کے حساب سے اجرت معینہ پر اجیر سے کام لینا۔
هَلَّلَ الرَّجُلُ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰه کہنا، نعرہ لگانا (۲) مقابل پر حملہ کرنے کے بعد ڈر کر بھاگنا۔
ــــ عَنْهُ: کسی سے ڈر کر بھاگنا۔
ــــ عن الأَمْرِ: پیچھے ہٹنا، چھوڑنا۔
ــــ الفَرَسُ ونَحْوُهُ: دبلے پن سے گھوڑے کی کمر کا ہلال کی طرح مڑ جانا۔
اهْتَلَّ السَّحَابُ والوَجْهُ: بادل یا چہرے کا چمک اٹھنا۔

اهْتَلَّ المَطَرُ ونَحْوُهُ: زور سے بارش ہونا، زور سے کوئی چیز بہنا۔
ــــ الرَّجُلُ: غصہ سے دانت نکالنا۔
انْهَلَّ المَطَرُ: زوردار بارش ہونا تڑا تڑ بوندیں پڑنا۔
ــــ الدَّمْعُ: لگاتار آنسو بہنا، آنسو کی جھڑی لگنا۔
ــــ السَّمَاءُ: آسمان سے پانی برسنا۔
ــــ العَيْنُ: آنکھ سے آنسو جاری ہونا۔
تَهَلَّلَ السَّحَابُ والوَجْهُ: بادل یا چہرے کا چمکنا۔
ــــ الوَجْهُ فَرَحًا: خوشی سے چہرے کا چمک اٹھنا۔
ــــ السَّحَابُ بالبَرْقِ: بادل میں بجلی کوندنا، چمکنا۔
ــــ العَيْنُ: آنکھ سے آنسو گرنا۔
ــــ الدَّمْعُ: آنسو گرنا۔
اسْتَهَلَّ الصَّبِيُّ: بچہ کا زور سے رونا، چلانا۔
ــــ الشَّهْرُ: مہینہ کا چاند دکھائی دینا، قمری مہینہ کا آغاز ہونا، اسْتَهْلَلْنَا الشَّهْرَ: ہم نے مہینہ کا آغاز کیا یا اس کا چاند دیکھا۔
ــــ المَطَرُ: بارش کا آواز کے ساتھ زور سے برسنا۔
ــــ العَيْنُ: آنکھ سے آنسو بہنا۔
ــــ الوَجْهُ: چہرہ چمکنا۔
ــــ فُلَانٌ الهِلَالَ: چاند دیکھنا۔
ــــ السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔
اسْتُهِلَّ الهِلَالُ: چاند نظر آنا۔
الاسْتِهْلَالُ: آغاز ماہ، رویت ہلال (۲) تمہید، آغاز و ابتدا۔
بَرَاعَةُ الاسْتِهْلَالِ: مصنف کا اپنی کتاب کے مقدمہ اور شاعر کا اپنی نظم کے آغاز میں ایسے الفاظ و عبارات کا

استعمال کرنا جن سے کتاب اور نظم کے موضوع کی طرف لطیف اشارہ ہو جائے۔

الاَهَالِيلُ: بارشیں، واحد ایک قول کے مطابق اُهْلُولٌ ہے۔

التَّهْلِيلُ: نعرہ ، نَعْرَةُ تحسین، اظہار تحسین۔

المُهَلِّلُ: نعرہ لگانے والا (۲) مقابل پر حملہ کرکے بزدلی سے پیچھے ہٹ جانے والا۔

المُهَلَّلُ: حَاجِبٌ مُهَلَّلٌ: ہلال کی طرح مڑی ہوئی بھوں ، نَاقَةٌ مُهَلَّلَةٌ: دبلی اونٹنی۔

مُسْتَهَلُّ الاَمْرِ: آغاز، اول، فی مُسْتَهَلِّ العَامِ: اول سال میں۔

الهَلاَلُ: پہلی بارش۔

الهِلاَلُ: پہلی بارش (۲) ابتدائی چاند (مہینہ کی پہلی شب سے ساتویں رات تک کا چاند) (۳) آخری ماہ میں چھبیسویں شب سے آخری رات تک کا چاند ہلال اور باقی راتوں کا چاند قمر کہلاتا ہے (۴) کنویں کی تلی میں تھوڑا سا پانی (۵) ایک دفعہ کی یکبارگی بارش (دونگڑا) (۶) غبار (۷) دبلا اونٹ (۸) مسالے سے لگے ہوئے پتھر (۹) سانپ یا نر سانپ (۱۰) سانپ کی کینچلی (۱۱) چمک دمک میں چاند جیسی چیز، جیسے خوبرو لڑکا چاند سا مکھڑا (۱۲) ہلالی شکل کی چیز، جیسے ناخنوں کی جڑ کی سفیدی (۱۳) چکی کے پتھر کا ٹوٹا ہوا کنارہ (۱۴) چکی کے دو پاٹ ملانے والی لکڑی یا لوہا (۱۵) جنگلی جانور کو شکار کرنے کا دو دھارا نیزہ (۱۶) ہلالی شکل کا جانوروں پر لگا ہوا نشان (۱۷) خربوزہ یا روٹی وغیرہ کی ہلال نما قاش (۱۸) بعض مسلم ممالک کا شعار (سرکاری نشان) جو بنو عثمان کے دور حکومت سے اب تک استعمال ہوتا آرہا ہے یہ عیسائیوں کے صلیبی نشان کے مقابل ہے، ج: اَهِلَّةٌ۔

الهِلاَلُ الاَحْمَرُ: ہلال احمر مسلمانوں نے صلیب احمر (ریڈ کراس) کے بالمقابل استعمال کیا ہے۔

الهِلاَلاَنِ: قوسین ( )۔

الهِلاَلِيُّ: ہلال نما۔

الهِلُّ: باریک کپڑا (۲) باریک بال

الهِلُّ: آغاز، اَتَيْتُهُ فِي هِلِّ الشَّهْرِ: میں اس کے پاس آغاز ماہ میں آیا۔ اِمْرَأَةٌ هِلٌّ: گھریلو استعمال کے ایک کپڑے میں ملبوس عورت۔

الهَلَلُ: پہلی بارش (۲) بارشیں، واحد هَلَّةٌ (۳) مکڑی کا جالا، (۴) خوف و گھبراہٹ۔

هَلاَّ: کیوں نہیں (هَلْ اور لا سے مرکب ہے) یہ کلمہ تحضیض کہلاتا ہے یہ ترک فعل پر ملامت کے لئے آتا ہے اگر ماضی پر داخل ہو جیسے هَلاَّ اٰمَنْتَ تو آخر ایمان کیوں نہیں لایا۔ اگر فعل مضارع پر داخل ہو تو کسی فعل پر اکسانے اور برانگیختہ کرنے کے لئے آتا ہے جیسے هَلاَّ تُؤْمِنُ آخر تو ایمان کیوں نہیں لاتا (تجھے ضرور ایمان لانا چاہئے) دیگر ادوات تحضیض کی طرح یہ بھی جملہ فعلیہ خبریہ کے ساتھ مخصوص ہے۔

الهُلِّيُّ: تنگی کے بعد فراخی، عسرت کے بعد خوشحالی۔

الهَلَّةُ: چراغ دان، شمع دان۔

هَلَّةُ الشَّهْرِ: آغاز ماہ، کہتے ہیں: اَتَيْتُهُ فِي هَلَّةِ الشَّهْرِ: مَا اَصَابَ هَلَّةً: اسے کچھ نہیں ملا۔

الهِلَّةُ: ایک بارش، بارش کا چھینٹا، ج: هِلَلٌ. اَتَيْتُهُ فِي هِلَّةِ الشَّهْرِ: میں اس کے پاس آغاز ماہ میں آیا۔

الهَلِيلَةُ: بارش سے سیراب وہ زمین جس کا گرد و پیش خشک ہو ج، هَلاَئِلُ

• هَلِمَ بِغَيْرِهِ ـَ هَلَمًا: چپک جانا، لگ جانا، هُوَ هَلِيمٌ۔

اِهْتَلَمَ بِهِ: لپٹانا۔

الهُلاَمُ: سکباج (گوشت اور سرکہ ملا ہوا سالن) کا شوربا (۲) بچھڑے کے گوشت پوست سے تیار کیا ہوا کھانا، (۳) جیلی، جیلاٹین۔

هَلُمَّ: کلمہ ندا و دعوت، بمعنی آ، لا، چلے آؤ، بلا لاؤ، یہ اسم فعل ہے، حجازیوں کے نزدیک تمام حالات میں ایک شکل (لفظ واحد) پر قائم رہتا ہے، واحد تثنیہ جمع، مذکر و مؤنث سب کے لئے مستعمل ہے، اہل نجد کے نزدیک یہ فعل امر ہے اس کے ساتھ مرفوع ضمائر خطاب ملحق ہوتی ہیں، هَلُمَّ، هَلُمَّا، هَلُمِّي کہا جائے گا۔

هَلُمَّ جَرًّا: اسی طرح، ایسے ہی آگے چلو، کسی بات کے تسلسل کو جاری رکھنے کے لئے بولا جاتا ہے، مثلاً کسی فعل کا ایک صیغہ بتا کر کہا جائے کہ مزید صیغوں کو بھی اسی طرح سمجھو یا زبان سے کہتے چلو۔

الهِلْهَانُ: ہر چیز کی بڑی مقدار۔

الهَيْلَمَانُ: ہر بہت چیز، جَاءَ نَا بِالهَيْلِ وَالهَيْلَمَانِ: وہ ہمارے پاس بہت سا مال لے کر آیا۔

• هَلْهَلَ بِفَرَسِهِ: گھوڑے کو ہلا کہہ کر جھڑکنا۔

ـــ عَنِ الشَّيْءِ: لوٹنا، ہٹنا۔

هَلْهَلَ فی الأَمرِ : توقف کرنا، ٹھہرنا۔
— النَّسَّاجُ الثَّوبَ : کپڑے کی باریک بنائی کرنا۔
— الطَّحِینَ : ہلکے بنے ہوئے کپڑے میں آٹا چھاننا۔
— الشِّعْرَ : شعر کو عمدہ بنانا (۲) بلا تنقیح جیسا دل میں آیا ویسا شعر کہہ دینا۔
— الصَّوتَ : آواز کو گھمانا، دہرانا۔
— الثَّوبَ : کپڑے کو کثرت استعمال سے بوسیدہ کر دینا۔
— یُدْرِکُهُ : قریب تھا کہ وہ اسے پالے۔
تَهَلْهَلَ الثَّوبُ : کپڑے کا گھس کر بوسیدگی کے قریب ہو جانا۔
— القَومُ : لوگوں کا تانتا بندھنا۔
الهُلاهِلُ : صاف وکثیر پانی۔
الهَلْهَالُ : کمزور وپتلا، ثوبٌ هَلْهَالٌ وشعرٌ هَلْهَالٌ۔
الهَلْهَلُ : الهَلْهَالُ (۲) انتہائی مہلک زہر (۳) کمزور بنا ہوا کپڑا (۴) مکڑی کا جالا۔
الهُلْهُلُ : برف۔
المُهَلْهَلُ : الهَلْهَالُ۔
المُهَلْهَلَةُ : انتہائی خراب بنی ہوئی زرہ (۲) بڑے حلقوں والی زرہ۔
• الهِلْیُومُ : فضا کی ایک نادر الوجود گیس
• الهِلْیُونُ : ایک گھاس جو برائے زینت اور بطور ترکاری استعمال ہوتی ہے، واحد هِلْیُونَة۔

ه ——— م

• هَمَأَ الثَّوبَ ـَ هَمْأً : کپڑے کو اتنا کھینچنا کہ وہ پھٹ جائے۔
أَهْمَأَ الثَّوبَ : بوسیدہ کرنا۔
تَهَمَّأَ الثَّوبُ : پرانا ہونے کی بنا پر پھٹ جانا، چیتھڑے ہو جانا۔
انْهَمَأَ : تَهَمَّأَ۔
الهِمْءُ : پرانا کپڑا، ج : أَهْمَاءٌ۔
• هَمَتَ الثَّرِیدُ ـُ هَمْتًا : ثرید میں چکنائی کا غالب ہو جانا۔
أَهْمَتَ الکَلَامَ والضَّحِکَ : بات یا ہنسی کو چھپانا۔
• هَمَجَتِ الإبِلُ مِنَ المَاءِ ـُ هَمْجًا : اونٹوں کا ایک بار پانی پی کر سیراب ہو جانا۔
— فُلانٌ هَمَجًا : بھوکا ہونا۔
أَهْمَجَ الفَرَسُ : زور لگا کر دوڑنا۔
— الشَّیْءَ : چھپانا۔
اهْتَمَجَ : گرمی وغیرہ سے تھک کر کمزور ہو جانا۔
— وَجْهُهُ : چہرہ مرجھا جانا۔
الهَامِجُ : بے ترتیب پڑی ہوئی چیز۔
الهَمَجُ : بکریوں اور گدھوں کے منھ پر بیٹھنے والی مچھر جیسی چھوٹی مکھیاں (۲) دبلی بھیڑ بکریاں، واحد، هَمَجَة (۳) بے وقوف لوگ (۴) پھوہڑ اور بے ڈھنگے لوگ، وحشی لوگ، ج : أَهْمَاجٌ (۵) بھوک (۶) معاشی بے تدبیری اور بدانتظامی۔
الهَمَجِیَّةُ : بے ڈھنگاپن، پھوہڑپن بدنظمی، بے تدبیری، (۲) وحشیت، بربریت۔
الهَمَجِیُّ : غیر انسانی، وحشی، درندہ صفت، غیر متمدن۔
الهَمِیجُ : پچکے ہوئے پیٹ والا، خالی پیٹ (۲) وہ ہرن جس کا چہرہ بیماری سے مرجھا گیا ہو۔
• هَمَدَ الشَّیْءُ ـُ هَمْدًا وهُمُودًا : ہلکا اور کمزور ہو جانا پرسکون ہو جانا، ٹھہر جانا۔
هَمَدَتِ النَّارُ : آگ بجھنا یا اس کا ہلکا پڑ جانا دھیما ہو جانا۔
— الرَّجُلُ : مر جانا، بے روح ہو جانا
— صَوتُهُ : آواز دھیمی ہو جانا یا بند ہو جانا۔
— الأَرْضُ : خشکی سے زمین میں روئیدگی بند ہو جانا، بنجر و ناقابل کاشت ہو جانا
— الزَّرْعُ : کھیتی کا خراب ہو جانا، پرانا ہو جانا۔
— الثَّوبُ : کپڑے کا لیٹے لپٹے بوسیدہ ہو جانا تہوں کے نشانات خستہ ہو جانا کہ بظاہر ثابت معلوم ہوں لیکن ہاتھ لگانے سے ریزہ ریزہ ہو جائیں۔
هَمِدَ الثَّوبُ ـَ هَمَدًا : کپڑے کا پرانا ہو کر تہوں پر سے پھٹنا۔
أَهْمَدَ : خاموش ہونا، پرسکون ہونا، ٹھہر جانا۔
— فُلانٌ : ناگوار بات پر سکوت برتنا۔
— صَوتُهُ : آواز بند ہونا یا دھیمی ہونا۔
— الرِّیحُ : ہوا کا رک جانا۔
— فی المَکَانِ : قیام کرنا، ٹھہر جانا۔
— فی الطَّعَامِ : کھانے پر پل پڑنا۔
— فی السَّیرِ : رفتار تیز کرنا۔
— النَّارَ : آگ بجھانا، ٹھنڈا کرنا۔
— قِرْنَهُ : مقابل کو قتل کر ڈالنا، مار کر ڈھیر کر دینا۔
— الغَضَبَ : غصہ ٹھنڈا کرنا۔
هَمَّدَهُ : أَهْمَدَهُ۔
الهَامِدُ : بے جان، مردہ (۲) خشک، (۳) ہلکا، دھیما (۴) ساکن وساکت، (۵) قرار یافتہ (۶) علم کیمیا میں وہ جسم جس میں کیمیائی تحرک باقی نہ رہا ہو۔
الهَامِدَةُ : تانیث الهَامِد، ثَمَرَةٌ هَامِدَةٌ : بدبودار سیاہ

پھل، اَرْضٌ ھَامِدَۃٌ: بنجر و بے آب وگیاہ زمین، قرآن پاک میں ہے " وَتَرَی الْاَرْضَ ھَامِدَۃً فَاِذَا اَنْزَلْنَا عَلَیْھَا الْمَاءَ اھْتَزَّتْ وَرَبَتْ"۔

ھَمَدَان: ایران کے ایک شہر کا نام (۲) یمن کے ایک قبیلہ کا نام۔

الھُمُوْدُ: سکون، سکوت، بے دمی، دھیماپن زوال دفنا، خشکی۔

الھَمِیْدُ: الھَامِدُ (۲) وہ مال جس کا کسی کے پاس ہونے کا گمان ہو جبکہ وہ خراب یا ضائع ہو گیا ہو۔

◆ ھَمَذَ ـُ ھَمَذَانًا: اچھی چال چلنا۔

الھَمَاذِیُّ: تیز رفتاری (۲) تیز رفتار اونٹ یا اونٹنی (۳) گرمی کی شدت، بارش کی شدت۔

الھَمَذَانُ: عمدہ چال (۲) ایران کے ایک شہر کا نام۔

الھَمَذَانِیُّ: چال جو ایک انداز کی نہ ہو (۲) ہمذان شہر کا باشندہ۔

رَجُلٌ ھَمَذَانِیٌّ: آتار چڑھاؤ کے ساتھ بہت بولنے والا، مَشْیٌ ھَمَذَانِیٌّ: مخلوط قسم کی چال۔

◆ ھَمَرَ الْمَاءُ وَالدَّمْعُ وَالْمَطَرُ ـُ ھَمْرًا: پانی، آنسو یا بارش کا پانی گرنا، بہنا۔

ـ فُلَانٌ: کسی کا غضبناک ہونا۔

ـ لَہٗ مِنْ مَالِہٖ: مال میں سے کچھ دینا۔

ـ الْمَاءَ وَنَحْوَہٗ ـُ ھَمْرًا: پانی وغیرہ گرانا، بہانا۔

ـ مَا فِی الضَّرْعِ: تھن کا سب دودھ دوہ لینا۔

ـ الْکَلَامَ وَفِیْہِ: بہت بولنا، بولتے چلے جانا۔

ـ الْبِنَاءَ: عمارت ڈھانا۔

ھَمَرَ الْفَرَسُ الْاَرْضَ: گھوڑے کا زمین پر پیروں کو دے دے مارنا۔

ھَامَرَ الشَّیْءَ: صفایا کر دینا، بہالیجانا۔

اِنْھَمَرَ الْمَاءُ: زور سے پانی گرنا، قرآن پاک میں ہے " فَفَتَحْنَا عَلَیْھِمْ اَبْوَابَ السَّمَاءِ بِمَاءٍ مُّنْھَمِرٍ"۔

ـ بِالْکَلَامِ: خوب بولنا۔

ـ الْبِنَاءُ: عمارت گرنا۔

ـ الشَّجَرَۃُ: درخت کا جھڑے ہوئے پتوں والا ہونا۔

ـ الْاَسْئِلَۃُ عَلٰی فُلَانٍ: کسی پر سوالات کی بوچھار ہونا، بھرمار ہونا۔

اِھْتَمَرَ الْفَرَسُ: دوڑنا۔

ـ الْفَرَسُ الْاَرْضَ: زمین پر لاتیں مارنا، پاؤں دے دے مارنا۔

الْمِھْمَارُ: الْمِھْمَارُ فِی الْکَلَامِ بکواسی، جھکی، الْمِھْمَارُ لِاَضْیَافِہٖ: مہمان نواز، بڑا فیاض، ج: مَھَامِیْرُ۔

الْمِھْمَرُ: الْمِھْمَارُ، ج: مَھَامِرُ۔

الْھَامِرُ: بہت برسنے والا بادل۔

الْھَمِرُ: سخت اور موٹا (۲) بہت ریت۔

الْھَمَرِیُّ: بہت باتونی چیخنے چلانے والی عورت۔

الْھُمَرَۃُ: بارش کا دونگڑا (۲) جادو کا مہرہ۔

الْھَمَّارُ: برسنے والا بادل، رَجُلٌ ھَمَّارٌ: بیہودہ گو، بکواسی۔

الْھَمَیْرُ: انتہائی بوڑھی عورت، (۲) خوبصورت ہرنی۔

◆ ھَمْرَجَ ھَمْرَجَۃً: الٹا سیدھا بولنا، شور کرنا، گڑبڑ کرنا۔

ـ عَلَیْہِ الْخَبَرَ: کسی کو خبر دینے میں گڑبڑ کرنا، گول مول بات کرنا۔

الْھَمْرَجُ: گڑبڑی، گول مول بات، ابہام۔

الْھُمْرُجَانُ: شور وشغب۔

الْھَمَرَّجُ: دھن کا پکا، عزم کا پختہ۔

الْھَمَرْجَلُ: تیز رفتار، (۲) عمدہ نسل کا گھوڑا (۳) موٹا تازہ اونٹ یا اونٹنی

◆ ھَمْرَشَ: حرکت کرنا۔

تَھَمْرَشَ الْقَوْمُ: لوگوں کا حرکت میں آنا، آمدورفت کرنا۔

الْھَمْرَشَۃُ: حرکت، چہل پہل۔

الْھَمَرِّشُ: بے ڈول بڑھیا (۲) بہت دودھ والی اونٹنی۔

◆ ھَمَزَہٗ ـِ ھَمْزًا: کوئی چیز چبھانا گدگدی کرنا (۲) غیبت کرنا، عیب جوئی اور نکتہ چینی کرنا، قدر و منزلت گرانا (۳) گھوڑے کو ہمیز کرنا (۴) دھکیلنا، دھکا دینا۔ ھَمَزَ الشَّیْطَانُ الْاِنْسَانَ: شیطان کا انسان کے دل میں وسوسہ پیدا کرنا (۵) مارنا۔ ھُوَ ھَامِزٌ وَھَمَّازٌ وَھِیَ ھَامِزَۃٌ وَھَمَّازَۃٌ وَھُوَ وَھِیَ ھُمَزَۃٌ۔

ـ الْحَرْفَ: حرف کو ہمزہ بولنا یا اس پر ہمزہ کا نشان بنانا۔

ـ الشَّیْءَ: توڑنا۔

ـ بِہِ الْاَرْضَ: کسی کو زمین پر پٹخنا۔

الْمِھْمَازُ: مہمیز، نوک دار ڈنڈا جو جانور کی پشت پر دوڑانے کے لئے چبھویا جاتا ہے، (۲) جوتے کی ایڑی جس سے گھوڑا سوار یا سائس ایڑ لگاتا ہے،

الْمِھْمَزُ: الْمِھْمَازُ۔

الْمِھْمَزَۃُ: مہمیز کرنے کا نوک دار ڈنڈا (۲) چابک، قمچی۔

الْمَھْمُوْزُ: چٹکی لگایا ہوا، عیب لگایا

ہوا (۲)، ہمزہ لگایا ہوا حرف۔ مَہْمُوزُ الفَاء: وہ لفظ جس کا فا کلمہ ہمزہ ہو۔

مَہْمُوزُ العین: جس کا عین کلمہ ہمزہ ہو۔

مَہْمُوزُ اللّام: جس کا لام کلمہ ہمزہ ہو۔

الہَامِزُ: نکتہ چیں، عیب جو، طعن وتشنیع کرنے والا، چغلخور، ج: ہُمَّازٌ۔

الہُمْزُ: ہُمْزُ الشیطان: جنون ودیوانگی۔

الہَمَزَی: رِیحٌ ہَمَزَی: طوفانی ہوا جس کی آواز شدید ہو۔ قَوسٌ ہَمَزَی: تیر کو قوت کے ساتھ پھینکنے والی کمان۔

الہَمْزَۃُ: زمین میں چھوٹا گڑھا (۲) حرف ہمزہ (أ)۔

ہَمَزَاتُ الشَّیطَان: شیطانی وسوسے برے خیالات، قرآن پاک میں ہے: وَقُل رَّبِّ اَعُوذُ بِکَ مِن ہَمَزَاتِ الشَّیَاطِین۔

الہُمَزَۃُ: زبردست عیب گیر، بڑا نکتہ چیں، بڑا غیبت کرنے والا (مذکر ومؤنث برابر) رَجُلٌ ہُمَزَۃٌ وامرأۃٌ ہُمَزَۃٌ۔ قرآن پاک میں ہے "وَیلٌ لِّکُلِّ ہُمَزَۃٍ لُّمَزَۃٍ"۔

الہَمَّازُ: الہُمَزَۃُ، قرآن پاک میں ہے: "وَلَا تُطِع کُلَّ حَلَّافٍ مَّہِینٍ ہَمَّازٍ مَّشَّاءٍ بِنَمِیمٍ"

الہَمِیزُ: رَجُلٌ ہَمِیزُ الفُؤَادِ: ذکی، ذہین، تیز فہم۔

● ہَمَسَ ـِ ہَمْسًا وہُمُوسًا: سستی کے بغیر رات کو چلنا (سفر کرنا) (۲) دبے پاؤں چلنا، چھپ کر چلنا۔

ـــ فُلَانٌ الی فُلَانٍ ہَمْسًا: کسی کے کان میں بات کہنا، اتنا آہستہ بات کہنا جو مشکل سے سمجھی جائے۔

ہَمَسَ الشَّیطَانُ: شیطان کا وسوسہ ڈالنا، دل میں برا خیال پیدا کرنا۔

ـــ الکَلَامَ: آہستہ بات کرنا، چھپا کر کان میں بات کہنا۔

ـــ الشَّیئَ: توڑنا۔

ـــ الطَّعَامَ: منہ بند کئے کئے چبانا

ـــ العِنَبَ: انگور نچوڑنا۔

ہَامَسَ فُلَانًا: کسی سے چپکے چپکے بات کرنا، کانا پھوسی کرنا، سرگوشی کرنا

تَہَامَسَ القَومُ: آپس میں سرگوشی کرنا۔

الاِہْمَاسُ: بلند آواز والے حرف کا دبی آواز والے (نرم) حرف سے بدل کر تلفظ کرنا جیسے دال کا تلفظ تا سے کرنا۔

المَہْمُوسُ: غیر واضح آہستہ بولا ہوا لفظ (۲) غیر مجہور حرف جو تلفظ کرتے وقت اپنے مخرج سے قریب ہی رہتا ہو اور سانس جاری رہتا ہو، حروف مہموسہ (نرم حروف) دس ہیں جن کا مجموعہ ہے: "حَثَّہُ شَخْصٌ فَسَکَتَ"۔

الہَامِسُ: سخت قسم کا بھیڑیا۔

الہَمْسُ: مخفی کلام، آہستہ بات (۲) ہلکی آواز، سرگوشی، قرآن پاک میں ہے "فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا ہَمْسًا"۔ (۳) قدموں کی معمولی آہٹ، ہلکی چاپ۔

الہَمَّاسُ: شکار پر پل پڑنے والا حملہ آور شیر۔

الہَمُوسُ: دبے پاؤں چلنے والا شیر، (۲) رات کا مسافر۔

الہَمِیسُ: اونٹوں کے پیر اٹھانے کی آواز، قدموں کی چاپ۔

● ہَمَشَ الرَّجُلُ ـِ ہَمْشًا: غلط سلط بولتے رہنا، بکواس کرنا۔

ہَمِشَ القَومُ: حرکت میں آنا۔

ـــ الجَرَادُ: ٹڈی کا دھاوا بولنے کے لئے حرکت میں آنا۔

ـــ الشَّیئَ ـُ ہَمْشًا: جمع کرنا

ہَمَّشَ الکِتَابَ: کتاب پر حاشیہ لکھنا (نوٹ لکھ کر مطلب واضح کرنا)

ہَامَشَہُ فی کَذَا: کسی بات میں کسی کے ساتھ مل کر عجلت کرنا، کسی کام میں جلدی کرکے کسی پر سبقت لے جانا۔

اِہْتَمَشَ القَومُ: لوگوں کا ایک جگہ اکٹھا ہو کر باہم ملنا جلنا اور آمد ورفت کرنا۔

ـــ الدَّابَّۃُ: جانور کا آہستہ چلنا۔

تَہَامَشَ القَومُ: لوگوں کا مخلوط ہو کر متحرک ہونا۔

تَہَمَّشَ الشَّیئُ: گھس جانا، بوسیدہ ہو کر جھڑنے لگنا، گھن سا لگ جانا

الہَامِشُ: کتاب کا حاشیہ، فُلَانٌ یَعِیشُ عَلَی الہَامِشِ: فلاں لوگوں سے الگ تھلگ زندگی گزارتا ہے (۲) اصل موضوع سے زائد وضاحتی نوٹ، عَلَی ہَامِشِ الشَّیئِ: کسی شے سے متعلق، کسی شے کے گردوپیش عَلَی ہَامِشِ السِّیرَۃِ: سیرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اہم گوشوں پر نظر یا اس کا ضمیمہ۔

الہَامِشِیُّ: متعلق بہ حاشیہ (۲) وضاحتی (۳) ضمنی، ذیلی، (۴) کنارہ پر واقع، ایک طرف، الگ تھلگ۔

الہَمِشُ: انگلیوں سے تیز کام کرنے والا

الہَمْشَۃُ: ہلچل، ہنگامہ، شور وشر، (۲) ٹڈیوں کے دل کی آواز۔

الہَمْشَی: شور مچانے والی عورت۔

الهَمِيْشَةُ: ہانڈی میں پکی ہوئی ٹڈی۔
• هَمَطَ ـِ هَمْطًا: معاملات کو اپنانے میں عجلت کرنا، جلد ذمہ داری سر لے لینا (۲) گڑبڑ کرنا، بات بگاڑنا، من گھڑت افسانے بیان کرنا، غلط باتیں بتانا، (۳) اچھے برے کی تمیز کئے بغیر کھانا اور بولنا، بولنے اور کھانے میں بے پرواہ ہونا۔
ـــ النَّاسَ: لوگوں کی حق تلفی کرنا، ان کے ساتھ ناانصافی اور زیادتی کرنا۔
ـــ المَالَ: زور زبردستی مال لے لینا۔
ـــ الشَّيْئَ: بے اندازہ کوئی چیز لینا، مقدار متعین کئے بغیر جتنا چاہے لے لینا۔
اِهْتَمَطَ المَالَ اوالنَّاسَ: مبالغہ در هَمَطَ۔
ـــ عِرْضَهُ ومن عِرْضِهِ: کسی کی بے آبروئی کرنا، گالی دینا۔
ـــ الذِّئْبُ الشَّاةَ: بھیڑیے کا بکری کو اچانک دبوچ لینا۔
الهَمَّاطُ: ظالم۔
• هَمَعَتِ العَيْنُ ـَ هَمْعًا وهُمُوْعًا: آنکھ میں آنسو ڈبڈبانا آنکھ کا اشکبار ہونا، آنسو بہانا۔
ـــ الطَّلُّ عَلَى الشَّجَرَةِ: درخت پر شبنم کا گر کر بہنا۔
ـــ رأسَهُ: سر کو زخمی کرنا۔
اَهْمَعَ الدَّمْعُ اوالماءُ ونَحْوُهُمَا: پانی یا آنسو بہنا۔
ـــ الطَّلُّ: شبنم کا درخت پر گر کر بہنا
اِهْتَمَعَ اللَّوْنُ: رنگ بدلنا، رنگ اڑ جانا۔
تَهَمَّعَ فُلاَنٌ: رونا، (۲) رونی صورت بنانا، دکھانے کو رونا۔
ـــ الدَّمْعُ والماءُ: بہنا۔
الهَمِعُ: سَحَابٌ هَمِعٌ: برسنے والا بادل، هِيَ هَمِعَةٌ، عَيْنٌ هَمِعَةٌ: اشکبار آنکھ، آنسو سے نہ تھمنے والی آنکھ۔
الهَمُوْعُ: آنسو یا پانی بہت بہنے والا۔
• هَمَغَ فُلاَنٌ الشَّيْئَ ـَ هَمْغًا: توڑنا (۲) سر وغیرہ پھاڑنا
اِنْهَمَغَ الشَّيْئُ: ٹوٹنا، زخمی ہونا۔
ـــ القَرْحَةُ: زخم کا تر ہو جانا، ہرا ہو جانا، مواد پڑ جانا۔
الهُمَيْغُ: جلد آنے والی موت۔
• هَمَقَ السَّوِيْقَ: ستو کوٹنا، باریک کرنا۔
الهَمَقُ: بہت گھاس پودے وغیرہ (۲) سوکھی نرم گھاس (۳) خشک گھاس وغیرہ۔
الهِمَقُّ: بے وقوف و دیوانہ۔
• هَمَكَ البَطَاطِسَ ونَحْوَهُ ـُ هَمْكًا: آلو وغیرہ کو بھرتا کرنا، چورنا۔ هُوَ مَهْمُوْكٌ۔
ـــ فُلاَنًا فِي الأَمْرِ: کسی کو کام میں ہمہ تن مشغول و مصروف کر دینا۔
اِنْهَمَكَ فِي الأَمْرِ: کسی کام میں ہمہ تن مصروف ہو جانا، محنت اور شوق سے لگنا۔
تَهَمَّكَ: اِنْهَمَكَ۔
• هَمَلَتِ العَيْنُ ـُ هَمْلاً وهَمَلاَنًا وهُمُوْلاً: آنکھ سے آنسو ڈھلک کر بہنا، آنسوؤں کی جھڑی لگنا۔
ـــ السَّمَاءُ: ہلکی ہلکی لگاتار بارش ہونا، جھڑی لگنا۔
ـــ الإِبِلُ هَمْلاً: چرواہے کے بغیر اونٹوں کا چرنا، فالبَعِيْرُ هَامِلٌ، ج: هُمَّلٌ وهَمَلَى وهُمَّالٌ والنَّاقَةُ هَامِلَةٌ، ج: هَوَامِلُ۔
اَهْمَلَ الشَّيْئَ: بیکار چھوڑنا، کام میں نہ لانا (۲) بھول سے کوئی چیز چھوڑے رکھنا۔
ـــ اَمْرَهُ: اپنے کام کو ٹھیک طور پر نہ کرنا، لاپرواہی اور بے توجہی برتنا
ـــ الوَاجِبَ: فریضہ میں کوتاہی کرنا۔
ـــ اِبِلَهُ: بلا نگراں اونٹوں کو آزاد چھوڑ دینا، (یہ صرف اونٹوں کے لئے ہے بکریوں کو آزاد چھوڑنے کے لئے یہ تعبیر نہیں)
ـــ فُلاَنًا: کسی کو نظر انداز کرنا، اس کے معاملہ میں دخل نہ دینا۔
ـــ حُرُوْفَ التَّهَجِّي: حرفوں پر نقطے نہ لگانا۔
اِنْهَمَلَتِ العَيْنُ والسَّمَاءُ: آسمان سے بارش کی اور آنکھ سے آنسوؤں کی جھڑی لگنا۔
الإِهْمَالُ: بے توجہی، لاپرواہی، غفلت کوتاہی۔
المُهْمِلُ: لاپرواہ، شوق و محنت سے بیگانہ، کام سے جی چرانے والا۔
المُهْمَلُ: بے کار، ردی، متروک، ناقابل استعمال، (قصداً یا سہواً) بے نقطوں والا۔
مُهْمَلُ التَّارِيْخِ: جس پر تاریخ نہ ڈالی گئی ہو قصداً یا سہواً۔
مُهْمَلُ التَّوْقِيْعِ: بے دستخط جس پر دستخط نہ کئے گئے ہوں۔
المُهْمَلاَتُ: بیکار و ردی چیزیں یا کاغذات،
سَلَّةُ المُهْمَلاَتِ: ردی کی ٹوکری۔
الهَمَالِيْلُ: کمزور پرندے (۲) بچی کھچی گھاس پھونس (۳) پھٹے ہوئے کپڑے

کہتے ہیں ثَوْبٌ هَمَالِيل۔
الهَمَلُ: دن رات بلا نگراں چھوڑی ہوئی چیز (۲) بے روک بہنے والا پانی (۳) کھجور کے درخت سے نکالی ہوئی چھال، واحد هَمَلَةٌ۔
الهِمْلُ: بالوں کا بنا ہوا پرانا گھر، (۲) پیوند لگا ہوا کپڑا (۳) سرخ اون کا دیہاتی کمبل
الهِمْلُ: چھوٹا گھر (۲) عمر رسیدہ، بوڑھا، (۳) پرانا کمبل۔
الهُمَّالُ: ہر نرم چیز (۲) لڑائیوں کی وجہ سے متروکہ زمین جہاں کوئی آباد نہ ہوتا ہو۔
• هَمْلَجَتِ الدَّابَّةُ: تیز اور عمدہ چال چلنا۔
— فُلاَنٌ الأَمْرَ: کسی کام پر قابو پاکر آسانی سے انجام دینا۔
المُهَمْلَجُ: فرمانبردار قابو میں رہنے والا جانور (۲) آسان کام (۳) ہموار راستہ جس پر چلنا آسان ہو۔
الهِمْلاَجُ: قابو میں رہنے والا فرمانبردار ٹٹو، (۲) شکتے ہوئے عمدہ اور تیز چال چلنے والا ٹٹو (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے) ج: هَمَالِيج. شاةٌ هِمْلاَجٌ: وہ بکری جس میں لاغری کی بنا پر مغز نہ ہو۔
الهَمَلَّسُ: چلنے پر قادر، مضبوط پنڈلیوں والا۔
• الهَمَلَّعُ: بے وفا، (۲) بدذات و مکار، خبیث (۲) تیز رفتار و پھرتیلا، ذِئْبٌ هَمَلَّعٌ وَسَيْرٌ هَمَلَّعٌ۔
• هَمَّ بِالأَمْرِ هَمًّا: کسی بات کا پختہ ارادہ کرکے نہ کرنا۔
— لِنَفْسِهِ: اپنے لئے حیلہ اور جستجو کرنا۔
— الأَمْرُ فُلاَنًا: مغموم و فکرمند کرنا، بے چین کرنا۔
— الشَّيْءَ: پگھلانا، جیسے، هَمَّ الشَّحْمَ وهَمَّتِ الشَّمْسُ الثَّلْجَ۔
هَمَّ السُّقْمُ جِسْمَهُ: اندرونی بیماری یا غم کا کسی کو گھلا کر ہڈیاں نکال دینا۔
— الغُزْرُ النَّاقَةَ: دودھ کی زیادتی کا اونٹنی کو پریشان کرنا۔
— اللَّبَنَ: دودھ دوہنا۔
— الحَيَّةُ الرَّجُلَ: سانپ کا دانت مارنا، ڈس لینا۔
— السُّوسَةُ الحَبَّ ونَحْوَهُ: غلہ وغیرہ کو سرسری لگنا، کیڑے کا اندر سے مغز کھالینا۔
— خَشَاشُ الأَرْضِ — هَمًّا وهَمِيمًا: حشرات الارض کیڑوں مکوڑوں کا رینگنا، چلنا۔
هَمَّ — هُمُومَةً وهَمَامَةً: پیر فرتوت (بڈھا پھوس) ہوجانا۔
أَهَمَّ الشَّيْخُ: بوڑھے کا زیادہ بوڑھا ہوجانا۔
— الأَمْرُ فُلاَنًا: کسی بات کا کسی کو مغموم و بے چین کرنا، (۲) باعث تشویش ہونا، (۳) باعث توجہ ہونا اہمیت کا حامل ہونا، ضروری ہونا، باعث دلچسپی ہونا، يُهِمُّنِي هذا الأَمْرُ: یہ کام میرے لئے باعث رنج و تشویش ہے یا باعث اہتمام و توجہ ہے یا باعث دلچسپی ہے، یا میرے لئے ضروری ہے۔ لاَ يُهِمُّنِي هذا الأَمْرُ: یہ کام میرے لئے اہم نہیں ہے، مجھے اس سے سروکار نہیں۔
هَمَّتِ الدَّابَّةُ الأَرْضَ بِفِيهَا: جانور کا زمین کو چاٹ کر صاف کردینا (پڑی ہوئی چیز منہ سے اٹھالینا۔)
— المَرْأَةُ رَأْسَ الصَّبِيِّ: عورت کا بچہ کے سر سے جوئیں نکالنا۔
هَمَّمَتِ المَرْأَةُ الصَّبِيَّ: بچہ کو لوری دے کر سلانا۔
اهْتَمَّ الرَّجُلُ: مغموم و فکرمند ہونا۔
— بِالأَمْرِ: کسی بات پر توجہ دینا، اہمیت دینا، اہتمام کرنا، دلچسپی لینا، انجام دینے کی کوشش کرنا۔
انْهَمَّ الشَّيْخُ: بوڑھا کہنہ سال ہوجانا، پیر فرتوت ہوجانا۔
— العَرَقُ فِي جَبِينِهِ: پیشانی پر پسینہ بہنا۔
— الشَّحْمُ ونَحْوُهُ: چربی وغیرہ کا پگھل جانا۔
— البُقُولُ: ترکاریوں کا ہانڈیوں میں پکنا۔
تَهَمَّمَ الشَّيْءَ: ہاتھ سے ٹٹولنا، تلاش کرنا۔
— رَأْسَهُ: سر کو جوؤں سے صاف کرنا۔
اسْتَهَمَّ فُلاَنٌ: اپنی قوم کے معاملات پر توجہ دینا، ان کا انتظام و انصرام کرنا۔
الاِهْتِمَامُ: دلچسپی، توجہ، اہمیت
الاِهْتِمَامُ المتبادِلُ او المُشْتَرَكُ: باہمی دلچسپی۔
قَضَايَا ذَاتُ الاهْتِمَامِ المُشْتَرَكِ: باہمی دلچسپی کے مسائل۔
الاهتمامات الرَّئِيسِيَّةُ: بنیادی دلچسپیاں۔
التَّهْمِيمُ: معمولی اور ہلکی بارش
المُهِمُّ: سخت و تشویشناک معاملہ (۲) قابل توجہ مسئلہ، اہم اور ضروری کام غور و فکر کا حامل معاملہ، خاص امر، ج: مَهَامُّ۔

المَهَامُّ: فرائض، ذمہ داریاں۔
المُهِمَّةُ: فریضہ، ڈیوٹی (۲) مہم، مشن، مفوضہ خدمت (۳) کار منصبی (۳) ضروری امر ج: مُهِمَّات۔
المُهِمَّات: ضروری امور (۲) ضروری اور متعلقہ سامان جیسے، مُهِمَّات البِنَاء مُهِمَّات الحَرْب۔
المُهِمُّ: ضروری، قابل توجہ، اہم۔
المَهْمُومُ: رنجیدہ، مغموم، (۲) پگھلا ہوا۔
الهَامَّةُ: چوپایہ، جانور، (۲) مہلک زہریلا جانور ج: هَوَامّ۔
الهَامُومُ: کوہان کی پگھلائی ہوئی چربی (۲) بھنائی کے وقت بہنے والی چربی (۳) وہ چربی جس میں زیادہ روغنیت ہو۔
الهُمَامُ: بہادر وسخی سردار (۲) شیر، (۳) کوہان کا پگھلا ہوا حصہ (۴) پگھل کر بہنے والی برف، ج: هِمَام۔
الهَمُّ: رنج، غم، فکر (۲) دل کا ارادہ (۳) ابتدائی عزم، ج، هُمُوم، هذا رَجُلٌ هَمُّكَ مِن رَجُلٍ: یہ آدمی تمہارے لئے کافی ہے، دوسرے سے بے نیاز کرنے والا ہے۔
الهِمُّ: شیخ فانی، پیر فرتوت، بہت بوڑھا، قَدَحٌ هِمٌّ: پرانا اور شکستہ پیالہ، ج: أَهْمَام۔
الهِمَّةُ: کسی کام کا تہیا (۲) پختہ عزم (۳) حوصلہ، ہمت (۴) خواہش، ج: هِمَم، رَجُلٌ هِمَّتُكَ مِن رَجُلٍ، تمہارے لئے کفایت کرنے والا آدمی (۲) انتہائی بوڑھا، انتہائی بوڑھی، ج: هِمَّات وهَمَائِم۔
الهَمَّامُ: ارادہ کا پکا، کام کو کر گزرنے والا (۲) چغلخور (۳) بڑا باہمت صاحب عزم وہمت۔
الهَمُومُ: منہ سے معمولی معمولی چیز اٹھا کر زمین کو صاف کر دینے والی اونٹنی (۲) عمدہ چال کی اونٹنی (۳) بہت پانی والا کنواں (۴) بہت برسنے والا بادل، قَصَبٌ هَمُومٌ ہوا کے ہلانے سے سرسر آواز کرنے والا سرکنڈا یا پتلا بانس۔
الهَمِيمُ: معمولی ہلکی بارش (۲) وہ دودھ جو مشکیزہ میں رکھ کر بغیر بلوئے ہوئے پیا جائے (۳) سرایت کرنے کا اثر، کہتے ہیں لِلشَّرَابِ هَمِيمٌ فِي العِظَامِ: شراب ہڈیوں تک میں سرایت کر جاتی ہے
◆ هَمْهَمَ الرَّجُلُ: اتنا آہستہ بولنا کہ آواز سنائی دے مگر مطلب نہ سمجھا جائے منہ ہی منہ میں کچھ کہنا، بڑبڑانا (۲) رنج وغم سے سینہ میں آواز گونجنا۔
— الأَسَدُ: شیر کا چنگھاڑنا۔
— الرَّعْدُ: بجلی کڑکنے کی گونج ہونا
الهَمَاهِمُ: رنج وغم۔
هَمَاهِمُ النُّفُوسِ: دلوں کے خیالات، شکوک واوہام، (۲) کڑک اور گرج۔
هَمْهَامِ (اسم فعل) اگر پوچھا جائے أَبَقِيَ عِندَكُم شَيْءٌ؟ کیا تمہارے پاس کچھ بچا؟ جواب میں هَمْهَامِ (کچھ نہیں بچا) کہا جائے گا۔
الهَمْهَامُ: بہادر وسخی سردار (۲) شیر (۳) جنگلی گائے۔
الهَمْهَامَةُ: اونٹوں کی بہت بڑی تعداد۔
الهَمْهَمَةُ: گلے میں پھنس کر نکلنے والی آواز، گائے یا ہاتھی وغیرہ کی آواز دوں جیسی آوازیں (۲) بڑبڑاہٹ۔
الهُمْهُومُ: قَصَبٌ هُمْهُومٌ: ہوا سے ہلنے کے وقت آواز نکالنے والا سرکنڈا یا بانس، قَطِيعٌ هُمْهُومٌ: بہت شور والا ریوڑ یا گلہ۔
الهُمْهُومَةُ: الهُمْهَامَةُ۔
الهُمْهِيمُ: سینے میں آواز گھمانیوالا گدھا وغیرہ۔
◆ هَمَتِ العَيْنُ — هَمْيًا وهُمِيًّا وهَمَيَانًا: آنکھ کا آنسو بہانا،
— الدَّمْعُ والمَاءُ: بہنا
— فُلَانٌ عَلَى وَجْهِهِ: مارا مارا پھرنا، جدھر منہ اٹھے ادھر چلنا، بھٹکتے پھرنا۔
— المَاشِيَةُ: مویشی کا چرنے کے لئے دور نکل جانا، منتشر ہو جانا، بھٹکتے پھرنا۔
— الشَّيْءُ هَمْيًا: گرنا (۲) ضائع ہونا گم ہونا۔
الأَهْمَاءُ: بہتے ہوئے پانی۔
الهُمَاءُ: عقاب۔
الهُمَايُ: آگے بڑھنے والا پرندہ۔
الهِمْيَانُ: پٹکا، کمر کو باندھنے کا کپڑا (۲) پاجامہ کا کمر بند (۳) کمر سے باندھی جانے والی روپے پیسے کی تھیلی یا پیٹی۔ ج هَمَايِين وهَمَايِن۔
◆ الهُمَايُونُ: بادشاہ، شہنشاہ، (فارسی لفظ)۔
الهُمَايُونِيُّ: شاہی۔
◆ الهَمَيْسَعُ: مغلوب نہ ہونے والا طاقتور آدمی (۲) لمبا۔

ه ـــــ ن

• هَنَأَ فُلَانًا ـَ هَنْأً: کسی کو کھانا وغیرہ دینا۔
ـــ القَوْمَ: اپنے لوگوں کی کفالت وپرورش کرنا۔
ـــ الطَّعَامَ: کھانے کو مزیدار بنانا۔
ـــ الطَّعَامُ الرَّجُلَ: کھانے کا کسی کے لئے خوش گوار ومزیدار ہونا، پسند ہونا۔
ـــ الرَّجُلُ غَيْرَهُ: مدد کرنا، (۲) خوشی کا باعث ہونا، مبارکباد دینا، لِيَهْنِئْكَ الوَلَدُ: بچہ کی پیدائش پر مبارکباد دو دعا کے طور پر کہتے ہیں۔ لڑکا تمہیں مبارک ہو۔
ـــ بالأَمْرِ: کسی بات پر مبارکباد دینا۔ اور لِيَهْنِئْكَ هٰذَا الأَمْرُ کہنا یعنی یہ کام یا بات تمہارے لئے باعثِ خوشی ومسرت ہو۔
ـــ الإِبِلَ: اونٹوں کو تارکول ملنا۔
هَنِئَ لَهُ الطَّعَامُ ـَ هَنْأً وهَنَاءَةً: کھانے کا کسی کے لئے لذیذ وپرلطف ہونا، کسی کو کھانا مزیدار لگنا، لطف آنا۔
ـــ مِنَ الطَّعَامِ: شکم سیر ہونا، أَكَلْنَا مِنْ هٰذَا الطَّعَامِ حَتّٰى هَنِئْنَا۔
ـــ بالشَّيْءِ: خوش ہونا۔
ـــ المَاشِيَةُ: مویشی کا پیٹ بھر سبزی نہ پانا، تھوڑی سی پانا، هي هَنَائِي۔
هَنُؤَ الشَّيْءُ ـُ هَنَاءَةً: کوئی چیز بلا محنت وکاوش مل جانا۔
هَنَّأَ بالأَمْرِ تَهْنِئَةً: مبارکباد دینا، اس توقع کا اظہار یا یہ دعا کرنا کہ یہ بات باعث خیر ومسرت رہے یا لِيَهْنِئْكَ هٰذَا الأَمْرُ کہنا۔
أَهْنَأَهُ: کھانا یا ویسی ہی کوئی چیز دینا۔
اهْتَنَأَ فُلَانٌ مَالَهُ: اپنے مال کو درست کرنا، اس کی حفاظت وصحیح استعمال کرنا۔
تَهَنَّأَ فُلَانٌ: کسی کا فیض رساں ہونا، کثیر داد ودہش والا ہونا۔
ـــ الشَّيْءَ وبِهِ: کسی چیز کا لطف لینا، لذت حاصل کرنا، تَهَنَّأْتُ الطَّعَامَ: میں نے کھانے کا مزہ لیا، لطف اندوز ہوا۔
اسْتَهْنَأَ فُلَانًا: عطیہ طلب کرنا (۲) مدد مانگنا۔
ـــ الطَّعَامَ ونَحْوَهُ: کھانے وغیرہ سے لطف لینا، مزہ لینا، مزہ آنا۔
التَّهْنِئَةُ: مبارکباد، ج: تَهَانِي۔
المَهْنَأُ: خوشگوار ومن پسند چیز، ج مَهَانِئُ۔
المُهَنَّأُ: مبارکباد کے قابل۔
المُهَنِّئُ: مبارکباد پیش کرنے والا۔
الهَانِئُ: خادم۔
الهَنَاءُ: مبارکباد۔
الهِنْءُ: تارکول کی پالش (۲) بخشش (۳) عطیہ (۴) رات کا ایک حصہ۔
الهِنَاءُ: تارکول (۲) کھجوروں کا گچھا
الهَنِيءُ: خوشگوار ومن پسند، مزیدار (۲) بلا محنت بسہولت دستیاب طَعَامٌ هَنِيءٌ: مرغوب زود ہضم کھانا، هَنِيئًا لَكَ: تم کو مبارک ہو۔
هَنِيئًا مَرِيئًا: مزے کیساتھ خوشگواری کے ساتھ، مزے لے کر۔
الهُنَيْئَةُ: تھوڑی دیر، ذرا سی چیز۔
• هَنِبَ ـَ هَنَبًا: نابلد وبے وقوف ہونا، هو أَهْنَبُ وهي هَنْبَاءُ وهَنْبَى۔
المِهْنَبُ: پرلے درجہ کا بے وقوف۔
الهِنَّبَاءُ: بخیل وبے وقوف، (۲) پگلی عورت۔
الهِنَّبَى: الهِنَّبَاءُ۔
• الهَنْبَثَةُ: مصیبت (۲) تکلیف دہ سنگین معاملہ (۳) بات کا الجھاؤ، گڑبڑی، ج: هَنَابِثُ۔
الهَنْبَذَةُ: سنگین معاملہ ج: هَنَابِذُ۔
الهُنْبُرُ: گدھا (۲) بجو، م، هُنْبُرَةٌ۔
الهِنَّبْرُ: وأم هِنَّبْرٍ: بجو۔
• الهَنْتَبْرُ: ردی چمڑا، خراب کناروں والا چمڑا۔
• تَهَنْبَسَ: خبروں کی ٹوہ لگانا۔
• هَنْبَصَ الرَّجُلُ: ہنسی چھپانا۔
الهُنْبُصُ: ناکارہ، کمزور حقیر۔
• الهُنْبُضُ: بڑے پیٹ والا۔
• هَنْبَعَ فُلَانٌ: لنگڑاتے ہوئے چلنا۔
الهُنْبُعُ: کنیزوں کے سر کا رومال جو آگے سے سلا ہوا ہوتا ہے۔
• هَنْبَغَ: بھوکا ہونا۔
ـــ العَجَاجُ: گرد کا کثرت سے اڑنا۔
الهُنْبَاغُ: سخت بھوک، بطور وصف کہتے ہیں، جُوعٌ هُنْبَاغٌ: سخت بھوک۔
الهُنْبُغُ: بے وقوف عورت (۲) بدکار عورت، (۳) چھوٹی جوں (۴) باریک غبار (۵) چپکنے والا۔
• هَنْبَلَ الرَّجُلُ: لنگڑاتے ہوئے چلنا۔

• تَهَنَّجَ الْجَنِيْنُ: رحم مادر میں جنین کا حرکت کرنا اور اس میں جان پڑنا۔
• هَنْدَ ـُ هُنَادًا: الّو کی طرح چیخنا۔
هَنَّدَ الرَّجُلُ: هَنَدَ (۲) کام میں کوتاہی کرنا (۳) بری طرح گالی دینا (۴) کسی کی گالی کا جواب نہ دینا، سن کر برداشت کرنا۔
ـــ الْمَرْأَةُ بِقَلْبِهٖ: عورت کا کسی کے دل کو موہ لینا، اپنا گرویدہ بنا لینا۔
ـــ الْمَرْأَةُ فُلَانًا: عورت کا کسی کو معشوقانہ انداز سے اپنا عاشق بنالینا
ـــ الرَّجُلُ فُلَانًا: کسی کے ساتھ اخلاق و محبت سے پیش آنا، اچھا برتاؤ کرنا۔
ـــ السَّيْفَ: تلوار کو تیز کرنا۔
الْمُهَنَّدُ: ہندوستانی لوہے کی بنی ہوئی تلوار، (یہ لوہا بہتر ہوتا تھا)
هِنْدٌ: اونٹوں کا ریوڑ (جس کی تعداد سو سے دو سو تک ہو)۔
الْهِنْدُ: جنوبی ایشیا کا برصغیر جواب ہندوستان، پاکستان اور بنگلہ دیش پر مشتمل ہے۔
الْهِنْدُوَانِيُّ: الْمُهَنَّدُ۔
الْهِنْدُوسِيُّ: ہندو مذہب کا پیروکار ج: هِنْدُوس۔
الْهِنْدُوكِيُّ: الْهِنْدُوسِيُّ ج: هَنَادِكُ۔
الْهِنْدُوسِيَّةُ وَالْهِنْدُوكِيَّةُ: ہندو مذہب۔
الْهِنْدِيُّ: ہندوستان کا باشندہ، ج: هُنُودٌ۔
هُنَيْدَةُ: هند کی تصغیر، سو اونٹوں کا ریوڑ (معرفہ غیر منصرف ہے) اس پر نہ الف لام آتا ہے اور نہ اس کی جمع اور نہ واحد ہے)۔
الْهُنَيْدَةُ: سو سال، صدی، عَاشَ الْهُنَيْدَةَ: وہ سو سال زندہ رہا۔
• الْهِنْدِبَا وَالْهِنْدَبَاءُ: کاسنی کا پودا۔
• هَنْدَزَ الرَّجُلُ الْأَبْنِيَةَ وَالْآلَاتِ وَنَحْوَهَا: مخصوص فنی طریقہ پر عمارات و آلات وغیرہ تیار کرنا۔
الْهِنْدَازُ: حد، اعطاہ بلا حساب ولا هِنْدَاز: اسے بے حد و حساب دیا۔
الْهِنْدَازَةُ: طول ناپنے کا پیمانہ (۲) چھیتر ۷۶ سنٹی میٹر کا گز جو عام طور پر درزی استعمال کرتے ہیں۔
الْهِنْدَوْزُ: رَجُلٌ هِنْدَوْزٌ تجربہ کار و وسیع النظر، ج: هَنَادِزَةٌ هُمْ هَنَادِزَةُ هٰذَا الْأَمْرِ: وہ اس کام کے ماہر ہیں۔
• هَنْدَسَ الرَّجُلُ الْأَبْنِيَةَ وَالْآلَاتِ: مخصوص فنی طریقہ پر آلات و عمارات تیار کرنا۔
الْمُهَنْدِسُ: انجنیر، انجنیری کے علوم و فنون کا عالم۔
الْمُهَنْدِسُ الْمِعْمَارُ: آرکیٹکٹ بلڈنگوں کے نقشوں اور ان کے متعلقہ سامان کے اوزان مقدار اور طریقہ استعمال کا ماہر، فن تعمیر کا ماہر۔
الْهِنْدِسُ: تجربہ کار و صاحب نظر، (۲) نڈر شیر۔
الْهَنْدَسَةُ: جیومیٹری، انجنیری، فن تعمیر (علم ہندسہ، اقلیدس، وہ علم ریاضی جس میں خطوط و ابعاد، سطوح و زوایا اور کمیات و مقادیر مادیہ سے باعتبار خواص و قیاس اور ان کے باہمی تعلق کے تناسب سے بحث کیجاتی ہے۔
الْهَنْدَسَةُ النَّظَرِيَّةُ: مادہ کے خواص، فطری توانائیوں کے سرچشموں اور ان کے استعمال کے طریقوں سے متعلق وہ سائنٹفک اصول جن سے مادی مقاصد کی برآری ہوتی ہے۔
الْهَنْدَسَةُ التَّطْبِيقِيَّةُ اوالْعَمَلِيَّةُ: اشیاء کی تیاری اور ان کی ترتیب و تناسب کاری میں سائنٹفک اصول وضوابط سے استفادہ کا فن اس کی بہت سی اقسام ہیں۔
الْهَنْدَسَةُ الْآلِيَّةُ: میکانیکل انجینیرنگ۔
الْهَنْدَسَةُ الْكَهْرَبِيَّةُ: الیکٹریکل انجینیرنگ۔
الْهَنْدَسَةُ الْحَرْبِيَّةُ: فن سپہ گری۔
الْهَنْدَسَةُ الْمَدَنِيَّةُ: سول انجینیرنگ (شہری انجینیری)۔
هَنْدَسَةُ الطُّرُقِ وَالْجُسُورِ سڑکوں اور پلوں کی تعمیر کا فن۔
الْهَنْدَسَةُ الصِّحِّيَّةُ: علم حفظان صحت، الْهَنْدَسَةُ الزِّرَاعِيَّةُ: فن زراعت۔
الْهَنْدَسِيُّ: علم ہندسہ سے متعلق یا اس کا ماہر، جومیٹری کا عالم، نظری علم ہندسہ کا ماہر۔
الْهِنْدَوْسُ: تجربہ کار و صاحب نظر۔

الهُندُوسُ: عالم، ماہر، هو هُندُوسُ هذا الأمر: وہ اس معاملہ کا ماہر ہے ج: هَنادِسَة۔
• هَندَمَ الرَّجُلُ الأَشياءَ هَندَمَةً: خاص ترتیب و حساب سے اشیا تیار کرنا۔
الهِندَامُ: لباس و قامت کا حسن امتزاج حسن قامت اور سلیقہ پوشاک۔
• هَنَعَ ـَ هَنعًا: تابع ہونا، هو هَانِعٌ، ج: هُنَّعٌ۔
ـــ الشَّيْءَ: تہ کرنا۔
هَنِعَ فُلانٌ ـَ هَنَعًا: جھکے ہوئے قدو والا ہونا، هو أهنَعُ وهي هَنعَاءُ، ج: هُنعٌ۔
الأَهنَعُ: عرب عورت کے بطن سے پیدا شدہ غلام زادہ، هي هَنعَاءُ ج: هُنعٌ۔
الهُنَاعُ: انسان کی گردن کی ایک بیماری۔
الهَنعَاءُ: أكَمَةٌ هَنعَاءُ: چھوٹا ٹیلہ۔
الهَنعَةُ: برج جوزار کے دو ستارے جو چاند کی چھٹی منزل ہے۔
• هَنَغَ الرَّجُلُ والمَرأَةُ ـَ هَنغًا: مرد و عورت کا عشقیہ باتوں میں آواز کو چھپانا، چپکے چپکے عشق و محبت کی باتیں کرنا۔
ـــ المَرأَةَ: عورت کا بدکار ہونا۔
هَانَغَ المَرأَةَ: عورت سے عشق لڑانا، عورت و مرد کا آواز کو چھپانا۔
الهَينَغُ: بدکار عورت (۲) ہر ایک پر راز افشاں کرنے والی (۳) ہنس مکھ عشق باز عورت۔
• اهنَفَ: جلدی کرنا۔
ـــ الصَّبِيُّ: رونے کے قریب ہونا۔

أهنَفَت المَرأَةُ: عورت کا تمسخر کے سے انداز میں ہنسنا۔
هَانَفَ فُلانٌ غَيرَهُ: چھیڑ چھاڑ کرنا، دل لگی کرنا۔
هَتَّفَ فُلانٌ: بہت جلدی کرنا۔
تَهَانَفَ بِفُلانٍ: کسی پر ہنسنا، کسی پر تعجب کرنا۔
تَهَنَّفَ فُلانٌ: رو پڑنا۔
الهِنَافُ: ہلکی ہنسی، مسکراہٹ نما ہنسی۔
الهُنُوفُ: الهِنَافُ۔
• هَنِقَ ـَ هَنَقًا: تنگ دل ہونا، بے چین ہونا، اندر ہی اندر گھٹنا۔
أهنَقَ فُلانًا: کسی کو پریشانی اور گھٹن میں ڈالنا۔
• هَانَمَ فُلانًا بِحَدِيثٍ کسی سے خفیہ بات کرنا۔
هَينَمَ فُلانٌ: اللہ سے دعا کرنا، (۲) پوشیدہ کلام کرنا۔
المُهَينِمُ: چغلخور۔
الهَانِمُ: معزز خاتون، ج: هَوَانِمُ
الهَنَمُ: کھجور کی ایک قسم۔
الهِنَّمَةُ: پست قد و بدشکل (۲) کمزور آدمی، (۳) مبہم آواز (۴) وہ مہرہ جس کے ذریعہ عورتیں اپنے شوہروں کو مسحور کیا کرتی تھیں۔
الهَينَامُ: غیر مفہوم کلام۔ (۲) مخفی کلام۔
الهَينَمُ: الهَينَامُ (۲) روئی۔
الهَينَمَانُ: الهَينَمُ۔
الهَينُومُ: الهَينَمُ۔
• هَنَّ ـِ هَنًّا هَنِينًا: دردبھری آواز سے رونا، کسی کی یاد میں رونا (۲) ماتم کرنا (۳) کسی چیز کا مشتاق ہونا۔
أهَنَّهُ اللّٰهُ: اللہ کا کسی کو دماغ وقوت عطا کرنا، هو

مَهنُونٌ۔
المَهنُونُ: طاقتور۔
الهَانَّةُ: آنکھ کا ڈھیلا (۲) بھیجے کا بقایا (۳) اونٹ کے کوہان کی چربی، مَا بِهِ هَانَّةٌ: اس میں کوئی خیر و نفع نہیں۔
هِنَّا: اسم اشارہ بعید کے لئے اس پر ہائے تنبیہ کا اضافہ کر کے کہتے ہیں، هَاهِنَّا اور کاف خطاب لگا کر کہتے ہیں هِنَّاكَ، اور کاف خطاب کے ساتھ ہا، تنبیہ لگا کر کہتے ہیں هَاهَنَّاكَ، قابل نفرت آدمی کو کہتے ہیں، هَنَّا هَاهَنَّا یعنی پرے ہٹ، دور ہو۔
الهَنَّانَةُ: رونے پیٹنے والی عورت۔
هُنَّ: وہ، ان عورتوں کا، انھیں، ضمیر جمع مؤنث غائب، بحالت رفعی و نصبی و جری، هُنَّ صَالِحَاتٌ، انصَحهُنَّ، أعمَالُهُنَّ۔
الهِنَّنَةُ: سیہی کی ایک قسم۔
• الهَنُ: چیز (۲) قبیح چیز کے لئے کنایہ، گندی بات (۳) آدمی سے کنایہ جیسے يَا هَنُ أقبِل: فلانے سامنے آ (یہ صرف بوقت ندا آتا ہے)، هذا هَنُكَ یہ تمہاری چیز ہے۔
الهَنَاةُ: مصیبت، ج: هَنَوَاتٌ (۲) کنایۃً آدمی جیسے يَا هَنَاةُ أقبِل ويَا هَنَاهُ أقبِل: فلانے ادھر آ (یہ بھی صرف ندا میں آتا ہے)۔
هُنَا: اسم اشارہ قریب کے لئے، یہاں ادھر، اس موقع پر، اس پر ہا، تنبیہ کا اضافہ کر کے کہتے ہیں، هَاهُنَا یہاں، قریب آ، (۲) لہو لعب (یہ معرفہ ہے)۔

هُنَاكَ: بعید کے لئے، وہاں، اس موقع پر، اُدھر۔
هُنَا وهُنَاكَ: ادھر اُدھر، جگہ جگہ۔
الهَنَةُ: هَنٌ کی تانیث، تھوڑی سی چیز، نقص، عیب، ج: هَنَات وهَنَوَاتٌ، حدیث میں ہے، سَتَكُونُ هَنَاتٌ وهَنَاتٌ کچھ فتنے اور ہنگامے ہوں گے۔
الهِنْوُ: وقت، مَضَى هِنْوٌ مِن اللَّيْلِ: رات کا کچھ وقت گزر گیا۔
هُنَيْهَةٌ وهُنَيَّةٌ: تھوڑی دیر، تھوڑا سا وقت، اقَامَ هُنَيْهَةً وهُنَيَّةً، حدیث میں ہے، أَتَاهُ أَتَامَ هُنَيَّةً، هُنَيَّة، هَنَة کی تصغیر قیاس کے مطابق ہے، هُنَيْهَة بھی هَنَة کی تصغیر ہے لیکن اس میں هُنَيّة کی یا کو ہا سے بدل دیا گیا ہے۔
• هَـهٌ: ہوں، ہوں، ہوں، یا دوہائی یا روک ٹوک کا لفظ۔
هَاهٌ: یا دوہائی یا روک ٹوک کا لفظ، (ہوں ہوں) (۲) ہنسنے والے کی ہنسی کی آواز۔
• الهُوَ: تصوف میں هو سے مراد حق سبحانہ کی ذات بلا اعتبار صفات وظہور ہے جس کا شہود وظہور غیر کے لئے ہو ہی نہیں سکتا، یہ امور باطنہ میں سب سے زیادہ مخفی اور پوشیدہ ہے۔
الهُوِيَّةُ: کسی شے کی حقیقت (۲) غیر سے ممتاز کرنے والا تشخص، ذات، شخصیت، شناختی کارڈ۔
بِطَاقَةُ الهُوِيَّةِ او البِطَاقَةُ الشَّخْصِيَّةُ: شناختی کارڈ جس میں نام، وطنیت، پیدائش اور پیشے کا اندراج ہوتا ہے۔
• هَاءَ بِفُلَانٍ ـُ هُوءًا: خوش ہونا۔
ـــ بِنَفْسِهِ الى المَعَالي: ترقی کی راہ پر چلنا، خود کو بلندی پر پہنچانا۔
ـــ بِفُلَانٍ عن كذا: کسی کو کسی بات سے بلند اور بری کرنا۔
ـــ بِفُلَانٍ خَيْرًا اوشَرًّا او فُلَانًا بِخَيْرٍ اوشَرٍّ: کسی کے بارہ میں اچھا یا برا گمان کرنا۔
هَوِئَ إلَيْهِ ـَ هَوَأً: دل میں ٹھاننا، ارادہ کرنا، هو هَوِئٌ
هَاوَأَ فُلَانًا: کسی کے مقابلہ میں فخر کرنا۔
هَاءَ: بمعنی لَبَّيْكَ (حاضر ہوں) یہ کلمہ مبنی علی الفتح ہے اور نداء کے جواب میں بولا جاتا ہے۔
الهُوءُ: ہمت، ارادہ (۲) پختہ اور صائب رائے، انّه لَذُوهُوءٍ: وہ بڑا ذی رائے ہے (۳) گمان، خیال، وَقَعَ في هُوئي كذا: میرے خیال میں یہ بات آئی۔
• الهُوبُ: بے وقوف، بیہودہ گفتار ج: اهْوَاب (۲) آگ (۳) دوری۔
هُوبُ الشَّمْسِ: آفتاب کی تپش۔
• هَوْبَرَ: دیکھئے (هبر)
الهُوبَرُ: دیکھئے (هبر)
• هَوَّتَ بِهِ: کسی کو دیکھ کر چیخنا۔
الهُوتَةُ: پست زمین (۲) پانی کی طرف ڈھلوان راستہ، ج: هُوَتٌ وهُوتٌ۔
• هَوِجَ ـَ هَوَجًا: احمق ہونا، (۲) حماقت ونادانی کیساتھ لمبا ہونا هو اهْوَجُ وهي هَوْجَاءُ ج: هُوجٌ۔
أهْوَجَهُ: بے وقوف پانا، لمبا اور کم عقل پانا۔
تَهَوَّجَ: بہت بے وقوف ہونا۔
الاهْوَجُ: جنگ میں کود پڑنے والا بہادر، جنگجو مرد میدان۔
الهَوْجَاءُ: تیز آندھی اور طوفان کی طرح چلنے والی تیز رفتار اونٹنی (۲) زبردست آندھی، طوفان، ج: هُوجٌ
ضَرْبَةٌ هَوْجَاءُ: ضرب کاری جو اندر تک اثر انداز ہو۔
• هَادَ ـُ هَوْدًا: تائب ہوکر حق کی طرف لوٹنا، قرآن پاک میں ہے "إنّا هُدْنَا إلَيْكَ"، هو هَائِدٌ، ج: هُودٌ۔
ـــ فُلَانٌ: یہودی ہونا (یہودی قوم میں پیدا ہونا اور یہودی مذہب کا متبع ہونا) قرآن پاک میں ہے، "وعَلَى الَّذِينَ هَادُوا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِي ظُفُرٍ" (۲) یہودی ہوجانا۔
ـــ في المَنْطِقِ: آہستہ اور نرمی سے بولنا۔
هَاوَدَ فُلَانًا: کسی سے میل ملاپ کرنا، صلح کرنا، ہمنوائی کرنا، ساتھ دینا،
هَوَّدَ: آہستہ چلنا۔
ـــ فُلَانٌ: ہلکی آواز نکالنا۔
ـــ بالصَّوْتِ: نرمی اور آہستگی سے آواز کھانا، گنگنانا (۲) گانا گانا (۳) ٹھہر جانا (پرسکون ہوجانا) (۴) سونا (۵) کوہان کی جڑ کھانا۔
ـــ فُلَانًا: یہودی بنانا (۲) مست بنانا، لہو ولعب میں لگانا۔
ـــ الشَّرَابُ فُلَانًا: شراب کا کسی کو مدہوش کرنا۔ یا خمار آلود کرکے

سلا دینا۔

تَهَوَّدَ فُلَانٌ: حق کی طرف لوٹنا اور نیک عمل کرنا (۲) کسی شرعی یا قانونی رشتے میں بندھنا (۳) یہودی مذہب اختیار کرنا، یہودی بن جانا۔

— فِی مَشْیِهٖ: آہستہ آہستہ چلنا۔

اَلتَّهْوِیْدُ: ریت پر ہوا کی سرسراہٹ (۲) آہستہ سریلی آواز۔

اَلْهَوَادَةُ: نرمی، رحم دلی رعایت (۲) سکون سستی (۳) سہولت وتخفیف (۴) باہمی تعلق ومحبت (۵) وہ چیز جس سے لوگوں میں بھلائی کی امید کی جائے (۶) رشتہ وتعلق، عہد وپیمان۔

هود: اللہ تعالیٰ کے ایک پیغمبر کا نام جو قوم عاد میں مبعوث ہوئے تھے جو بلاد احقاف میں اقامت گزیں تھی۔

اَلْهُوْدُ: هَائِدٌ کی جمع (۲) یہودی قوم۔ قرآن پاک میں ہے ،، وَقَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصَارٰى تَهْتَدُوْا ،،۔

اَلْهُوْدَةُ: کوہان کی جڑ، ج: هُوَدٌ۔

اَلْیَهُوْدُ: سامی الاصل قوم یہود۔ اس کے بارہ میں ایک قول یہ ہے کہ اس کا یہود نام یہوذا ابن یعقوب علیہ السلام کے نام پر رکھا گیا ہے۔

اَلْیَهُوْدِیُّ: یہود کا واحد، ایک یہودی (۲) یہودیوں کا۔

اَلْیَهُوْدِیَّةُ: یہودی مذہب وملت (۲) یہودی عورت۔

• اَلْهَوْدَكُ: موٹا، هِیَ هَوْدَكَةٌ

• اَلْهُوْذَةُ: مادہ طائر بھٹ تیتر (ایک قسم کی فاختہ)

لیهُوْذِیٌّ: یہودی۔

• هَارَ الْبِنَاءُ وَنَحْوُهُ ـُ هَوْرًا وهُؤُوْرًا: عمارت ڈھ جانا، پھٹ جانا، دراڑیں پڑنا۔

هَارَ فُلَانًا بِالْاَمْرِ هَوْرًا: کسی پر کوئی الزام لگانا یا کسی بات کا شبہ کرنا۔

— عَلَى الشَّیْءِ: کسی چیز پر آمادہ کرنا، اسے کرانے کی خواہش کرنا۔

— عَنْهُ: روکنا، باز رکھنا۔

— فُلَانًا: زمین پر گرانا، پٹخنا (۲) فریب دینا، دغا کرنا۔

— اَلْقَوْمَ: لوگوں کو قتل کرکے لاشوں کا ڈھیر لگانا، کشتوں کے پشتے لگانا۔

— اَلشَّیْءَ: اندازہ کرنا۔

— اَلْبِنَاءَ: عمارت ڈھانا۔

هَوَّرَ الْبِنَاءَ: عمارت توڑنا، ڈھانا

— غَیْرَهُ: غیر کو پچھاڑنا۔

اِهْتَوَرَ: ہلاک ہونا۔

اِنْهَارَ (اَلْبِنَاءُ وَنَحْوُهُ) عمارت وغیرہ کا ڈھ جانا، ٹوٹ جانا، قرآن پاک میں ہے ،، فَانْهَارَ بِهٖ فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ ،، (۲) کمزور پڑ جانا (۳) زوال آنا۔

تَهَوَّرَ الْبِنَاءُ وَنَحْوُهُ: عمارت وغیرہ ٹوٹ جانا، ڈھ جانا، پھٹ جانا۔

— فُلَانٌ: لاپرواہی وناعاقبت اندیشی سے کسی معاملے میں پڑنا۔

— عَلٰى غَیْرِهٖ: حماقت وناعاقبت اندیشی میں آکر کسی پر حملہ کر دینا۔

— اَلشِّتَاءُ: جاڑے کے موسم کا ختم کے قریب ہونا، سردی میں کمی آجانا۔

— اَللَّیْلُ: اکثر رات گزر کر اندھیرے میں کمی آجانا۔

— اَلْوَعْكُ النَّاسَ: کسی بیماری یا بخار کا لوگوں میں پھیل جانا۔

اَلْاِنْهِیَارُ: انہدام (۲) خاتمہ، زوال، (۳) گراوٹ، انحطاط۔

اَلتَّهَوُّرُ: انجام سے بے پروائی کے ساتھ عجلت بازی، ناعاقبت اندیشانہ اقدام، کم عقلی یا رعونت پر مبنی دلیری۔

اَلتَّیْهُوْرُ: تودہ سے گرا ہوا ریت (۲) بنجر زمین (۳) پست زمین۔

اَلْهَائِرُ: کمزور، گرنے کے قریب (۲) عمر رسیدہ کمزور بوڑھا، (۳) گرنے والا ریت کا تودہ یا تودہ کی ریت۔

اَلْهَارِی: هَائِرٌ کا مقلوب، کمزور بوڑھا۔

اَلْهَوَارَةُ: ہلاکت، تباہی، لَاهَوَارَةَ عَلَیْهِ: وہ تباہ نہ ہو (بطور دعا)

اَلْهَوْرُ: بھیڑ بکریوں کا گلہ، ریوڑ (۲) پانی کی جھیل جس میں بلندیوں سے پانی آکر اسے وسیع کر دیتا ہو، ج: اَهْوَارٌ

اَلْهَوْرَةُ: ہلاکت گاہ، سبب ہلاکت، ج: هَوَرَاتٌ۔

اَلْهُوْرَةُ: الزام، گمان۔

اَلْهَیِّرُ: لاپرواہی برتنے والا۔

• اَلْهَوْزَعُ: کم عقل عورت۔

• هَوَّزَ الرَّجُلُ: مرنا۔

اَلْهُوْزُ: مخلوق، لوگ، مَا فِی الْهُوْزِ مِثْلُكَ: لوگوں میں تم جیسا کوئی نہیں، مَا اَدْرِیْ اَیُّ الْهُوْزِ هُوَ: نہ جانے وہ کس قسم کا آدمی ہے؟

هَوَّزْ: حساب جُمّل کا دوسرا مجموعہ۔

اَلْاَهْوَازُ: بصرہ اور ایران کے درمیان کا علاقہ۔

• اَلْهَوْزَبُ: گدھ (۲) مضبوط وجسری طاقتور اونٹ۔

• اَلْهَوْزَنُ: گرد، غبار۔

• هَاسَ ـُ هَوْسًا وهَوَسَانًا:

زمین پر مکمل ٹیک لگاتے ہوئے چلنا (۲) گھومنا (۳) نڈر ہو کر رات کو گھومنا

هَاسَتِ الإبِلُ: اونٹوں کا چرنا اور چلنا۔

___ الذِّئْبُ فِي الغَنَمِ: بھیڑ بکریوں میں بھیڑیے کا گھس کر تباہی مچانا۔

___ فُلانٌ هَوْسًا: بری طرح کھانا، جلدی جلدی بڑے بڑے لقمے کھانا۔

___ الشَّيْءَ: کوٹنا (۲) توڑنا (۳) بگاڑنا خراب کرنا۔

___ الإبِلَ: نرمی سے ہانکنا، هُوَ هَائِسٌ وهِيَ هَائِسَةٌ۔

هَوِسَتِ النَّاقَةُ ـُ هَوَسًا: اونٹنی کا جفتی کی شدید خواہش والا ہونا۔ هِيَ هَوِسَةٌ۔

___ القَوْمُ: لوگوں کا شورش وفساد میں پڑنا۔

___ الرَّجُلُ: نیم پاگل ہونا، خبطی ہونا، سنکی ہونا۔

هَوَّسَ الشَّيْءَ: کوٹنا، باریک کرنا۔

___ اللّٰهُ فُلانًا: خدا کا کسی کو نیم پاگل کر دینا، خبطی بنا دینا۔

تَهَوَّسَ فُلانٌ: نرم زمین پر بھاری قدموں سے چلنا۔

الأَهْوَسُ: حریص، الزَّمَانُ أَهْوَسُ: زمانہ ہر چیز کو تباہ کر دیتا ہے۔

الهَوَسُ: جنون کی سی کیفیت، خبط، سنک، پاگل پن۔

الهَوَّاسُ: بڑا خبطی (۲) بہادر و تجربہ کار آدمی (۳) خونخوار شیر۔ الهَوَّاسَةُ: الهَوَّاسُ۔

الهُوَيْسُ: دل کی بات (۲) فکر و نظر، غور و فکر (۳) نہر وغیرہ پر بنا ہوا پل جو مشینی طریقہ پر اونچے پانی کو نچلے پانی سے کشتیوں کی منتقلی کے لئے روکتا ہے۔

المُهَوِّسُ: اپنے دل میں کہنے والا، دل ہی دل میں بات کرنے والا۔

◆ هَاشَ القَوْمُ ـُ هَوْشًا: لوگوں میں ہل چل مچنا، ہیجان، اضطراب پیدا ہونا، فساد میں پڑنا۔

___ الإبِلُ ونَحْوُهَا: اونٹوں یا گھوڑوں کا لڑائی میں بدک کر بھاگنا اور تتر بتر ہو جانا۔

___ إلى فُلانٍ: کسی کی طرف لپکنا، اٹھ کھڑا ہونا، هُوَ هَائِشٌ وهِيَ هَائِشَةٌ۔

هَوِشَ فُلانٌ ـَ هَوَشًا: کمزوری سے پیٹ دھنس جانا۔

هَاوَشَ فُلانٌ القَوْمَ: لوگوں سے جا ملنا ان سے اختلاط رکھنا۔

هَوَّشَ القَوْمُ: لوگوں میں اختلاط ہونا (۲) لوگوں میں گڑبڑی ہونا۔

___ فُلانٌ بَيْنَ القَوْمِ: لوگوں میں فساد و بگاڑ پیدا کرنا۔

___ الرِّيحُ بِالتُّرَابِ: ہوا کا طرح طرح کی مٹی اڑا کر لانا۔

___ فُلانٌ الشَّيْءَ: ادھر ادھر سے سمیٹ کر ملا دینا، گڈ مڈ کرنا

تَهَاوَشَ القَوْمُ: لوگوں کا آپس میں رل مل جانا، مخلوط ہو جانا۔

تَهَوَّشَ القَوْمُ: رل ملنا، مخلوط ہونا۔

___ عَلَى فُلانٍ: کسی کے خلاف بھیڑ لگنا، جمع اکٹھا ہو جانا، کسی پر دھاوا بولنا۔

المَهَاوِشُ: ناجائز طریقوں سے جمع کیا ہوا مال۔

الهَائِشَةُ: دن یا رات میں پیش آنے والا خوف یا خوفناک واقعہ، (۲) ایک دریائی خیالی جانور جو راہ گیر کو ایک کنارہ سے دوسرے کنارے لیجاتا ہے۔

الهُوَاشُ: حلال وحرام کی تمیز کے بغیر جمع کیا ہوا مال، مشتبہ دولت۔

الهُوَاشَةُ: الهُوَاشُ (۲) مخلوط گروہ۔

الهَوْشُ: جنگ میں شریک لوگوں کی بڑی تعداد (۲) خلو معدہ۔

الهَوَّاشَةُ: إبِلٌ هَوَّاشَةٌ: منتشر اور بدکے ہوئے اونٹ جو ادھر ادھر سے اکٹھے کئے جائیں۔

الهَوِيشَةُ: مخلوط گروہ۔

◆ هَاعَ فُلانٌ ـُ هَوْعًا: گھبرانا اور بے تاب ہونا (۲) انتہائی حریص ہونا۔

___ فِي الحَرْبِ: جنگ میں شور مچانا

___ مِن فُلانٍ: کسی سے تنگ آنا۔

___ القَوْمُ بَعْضُهُم إلى بَعْضٍ: لوگوں کا ایک دوسرے پر حملہ کا ارادہ کرنا۔

___ فُلانٌ هَوْعًا وهُوَاعًا: کسی کو قے ہونا، هُوَ هَائِعٌ وهِيَ هَائِعَةٌ۔

هَوَّعَ فُلانًا: کسی کو قے کرانا، هَوَّعَهُ مَا أَكَلَ: جو کھایا اسے قے کرا دیا۔

تَهَوَّعَ: قے کرنا۔

___ القَيْءَ: کوشش سے قے کرنا۔

الهَاعُ: رَجُلٌ هَاعٌ: حریص آدمی

رَجُلٌ هَاعٌ لاعٌ: بزدل وڈرپوک

امْرَأَةٌ هَاعَةٌ لاعَةٌ

الهُوَاعُ: ماہ ذیقعدہ کا نام، ج هُوَاعَاتٌ وأَهْوِعَةٌ۔

الهُوَاعَةُ: قے میں پیٹ سے نکلنے والی چیز۔

الهُوْعُ: دشمنی (۲) بے انتہا حرص۔
• الهَوْفُ: گرم ہوا (۲) تیز ٹھنڈی ہوا۔
الهُوْفُ: تیز ہوا گرم ہو یا سرد (۲) نکما اور بے فیض آدمی (۳) بے وقوف
• الهَوْقَۃُ: وہ گڑھا جس میں پانی اکٹھا ہو کر کیچڑ ہو جاتا ہے پرندے اسے پسند کرتے ہیں۔ ج: هُوَقٌ۔
• هَوِكَ الرَّجُلُ ـَ هَوَكًا: کم عقل ہونا (بے وقوفی کے ساتھ کچھ عقل بھی ہونا)،
هو اَهْوَكُ وهَوِكٌ وهَوْكٌ:
هَوَّكَ فُلَانٌ: گڑھا کھودنا۔
ـــ فُلَانًا: کسی کو بے وقوف ٹھیرانا، بنانا، (۲) پریشان وحیران کرنا۔
اِنْهَاكَ فُلَانٌ: حیران وپریشان ہونا، (۲) حماقت ولاپروائی کسی مشکل میں پھنسنا۔
تَهَوَّكَ فُلَانٌ: انْهَاكَ (۲) ہلاکت کے غار میں گرنا (۳) بولنے میں گڑبڑ کرنا۔
المُتَهَوِّكُ: حیرت زدہ، پریشان۔
الاَهْوَكَاءُ: متحیر لوگ۔
الهُوكَۃُ: گڑھا۔
الهَوكَۃُ: اَرْضٌ هَوِكَۃٌ: شور زمین۔
الهَوَكُ: پگلا، بڑا بے وقوف۔
الهَوَّاكُ: حیران وششدر، پریشان
الهَوَّاكَۃُ: حیران وششدر عورت، (۲) شور زمین۔
• هَالَ ـُ هَوْلًا: ڈرنا، خوف زدہ ہونا۔
ـــ المَرْأَۃُ النَّاظِرَ بِحُسْنِهَا: عورت کا اپنے حسن کے باعث دیکھنے والے کو مبہوت کر دینا۔
ـــ الاَمْرُ فُلَانًا: ڈرانا، خوف زدہ کرنا، هو هَائِلٌ وهی هَائِلَۃٌ:
هِيلَ السَّكْرَانُ: نشہ والے کا ڈراؤنے خواب دیکھ کر گھبرانا۔
هَاوَلَ الشَّيْءُ فُلَانًا: خوف زدہ کرنا۔
هَوَّلَ عَلَى فُلَانٍ: کسی کو ڈرا دینا (۲) کسی پر حملہ کرنا۔
ـــ المَرْأَۃُ: عورت کا زیورات وپوشاک سے آراستہ ہونا۔
ـــ فُلَانًا: انتہائی خوف زدہ کرنا، دہشت زدہ کرنا، دم نکالنا۔
ـــ الاَمْرَ: کسی معاملہ کو سنگین وہولناک بنا دینا۔
اِهْتَالَ فُلَانٌ: ہول آنا، ڈرنا، هَالَهُ فَاهْتَالَ۔
تَهَوَّلَ لِلنَّاقَۃِ وتَهَوَّلَ لَهَا: اونٹنی کو قابو میں کرنے کے لئے خوفناک درندہ کی شکل بنانا۔
ـــ لِمَالِ فُلَانٍ ومَالَ فُلَانٍ: کسی کے مال کو نظر بد لگانا۔
اِسْتَهَالَ الاَمْرَ: کسی معاملہ کو سنگین وخوفناک پانا یا سمجھنا۔
التَّهَاوِيلُ: ڈراونی چیز (۲) جس سے ڈرایا جائے (۳) کجاووں پر سرخ وسبز اور زرد رنگ کی اون (۴) تصاویر نقش ونگار، ہتھیاروں، کپڑوں اور زیورات کی سجاوٹ، واحد: تَهْوِيل (۵) باغیچوں میں کھلے ہوئے پھولوں کے رنگ، (۶) مختلف ملے جلے رنگ واحد، تَهْوَال۔
التَّهْوِيلُ: دہشت انگیزی، تخویف
الهَالُ: آل (خاندان) (۲) حَبٌّ
الهَالُ: الائچی اسے حَبَّهَان بھی کہتے ہیں۔
الهَالَۃُ: چاند کا گھیرا یا کسی بھی جرم ساوی کو محیط روشنی کا گھیرا، ج: هَالَاتٌ۔
الهَائِلُ: خوفناک، بھیانک، زبردست
عَدَدٌ هَائِلٌ: بھاری تعداد،
كَمِّيَّۃٌ هَائِلَۃٌ: بہت بڑی مقدار
الهَوْلُ: خوف، گھبراہٹ، دہشت، خطرہ، (۲) خوفناک، لرزہ خیز (۳) سنگین معاملہ ج: اَهْوَال وهُؤُولٌ. هَوْلٌ هَائِلٌ: زبردست خطرہ۔
اَهْوَالُ الحَرْبِ: جنگ کی ہولناکیاں
اَبُو الهَوْل: قاہرہ (مصر) کے قریب فرعون کے زمانہ کا ایک زبردست قدیم مجسمہ جس کا جسم شیر کے جسم جیسا ہے اور سر انسان کے سر جیسا ہے جو عقل وقوت کے اجتماع کی طرف اشارہ ہے اس کی لمبائی بیس میٹر اور چوڑائی چار میٹر ہے یہ اہرام جیزہ کے قریب ابھی تک قائم ہے۔
الهُوْلَۃُ: تعجب (۲) ہر ڈراونی چیز (۳) بچہ کو ڈرانے کے لئے مفروضہ نام یا شے، حسین وجمیل عورت جسے دیکھنے والا دنگ رہ جائے۔
الهَيْلَۃُ: الهَوْلُ
المَهَالُ والمَهُولُ والمَهِيلُ: خوفناک جگہ
المُهَوِّل: مقدس آگ پر قسم کھانے والا مجوسی۔
• الهَوْلَعُ والهَوَلَعُ: دیکھئے (هلع)
• هَوَّمَ: اونگھنا (۲) نیند سے جھومنا۔
تَهَوَّمَ: هَوَّمَ۔
الاَهْوَمُ: بڑے سر والا، بڑی کھوپڑی والا۔
التَّهْوِيمُ: سونے کی ضرورت کا احساس۔
الهَامَۃُ: سر (۲) سر کا بالائی حصہ، (کھوپڑی) چوٹی (۳) سر کا بیچ، (۴) لوگوں کا گروہ (۵) ایک چھوٹا سا پرندہ جو رات میں عموماً قبرستانوں میں رہتا ہے (۶) الو (۷) زمانہ جاہلیت میں عربوں کے اعتقاد کے مطابق مقتول کے سر سے

ایک پرندہ نکل کر اسقونی اسقونی (مجھے سیراب کرو) کہتا ہے اور جب تک مقتول کا بدلہ نہ لے لیا جائے وہ یہ کہتا رہتا ہے، اس پرندے کو الصَّدَى بھی کہتے ہیں ج: هَامٌ۔

بَنَاتُ الهَامِ: دماغ کا مغز۔

هَامَةُ القَوْمِ: سردار قوم۔

الهُوَامُ: جنونِ عشق، (۲) سخت ترین پیاس۔

الهَوَّامُ: شیر۔

الهَوْمُ: اونگھ، غنودگی (۲) پست اور نشیبی زمین یا زمین کا وسط۔

هَوْمُ المَجُوسِ: چنبیلی کی طرح کا ایک پودا جسے مجوسی عبادت کے وقت استعمال کرتے تھے (۲) اس پودے سے گردے کی پتھری کی دوا تیار کی جاتی ہے، فارسی میں اسے حُمرانیہ کہتے ہیں۔

الهَوْمَاةُ والهَوْمَةُ: جنگل بیاباں، چٹیل میدان۔

الهَيُومُ: پانی جذب کرنے والی ریت، قَوْمٌ هِيُمٌ: پیاسے لوگ۔

• هَانَ فُلانٌ ـُ هُونًا وهَوانًا ومَهَانَةً: حقیر و ذلیل ہونا کہاوت ہے "اِذَا عَزَّ اَخُوكَ فَهُنْ" اگر تمہارا بھائی تمہارے ساتھ سختی برتے تو تم اس کے ساتھ نرمی برتو۔

ــــ الشَّيءُ عَلَيْهِ هَوْنًا: کسی کے لئے کوئی چیز آسان ہونا، ہلکا ہونا، بے وقعت ہونا۔ هو هَيِّنٌ وهَيْنٌ ج: اَهْوِنَاءُ، هُنْ عِندِي اليَوْمَ: آج تم میرے یہاں قیام و آرام کرو۔

أَهَانَ فُلانٌ الامرَ اوالشَّخصَ: کسی کام یا شخص کو حقیر و معمولی سمجھنا۔

ــــ فُلانًا: کسی کی بے عزتی کرنا۔

هَاوَنَ فُلانٌ نَفْسَهُ: اپنے اوپر رحم کرنا، خود کو ہلکا رکھنا۔

هَوَّنَ الامرَ عَلَيْهِ: کسی معاملہ کو کسی کے لئے آسان و ہلکا کرنا۔

ــــ فُلانًا اوشيئًا: حقیر و معمولی سمجھنا، آسان سمجھنا، هَوِّنْ عَلَيْكَ تم خاطر جمع رکھو فکر نہ کرو۔

تَهَاوَنَ بالامرِ: کسی بات کو حقیر و معمولی سمجھنا، آسان سمجھنا، خاطر میں نہ لانا، سستی برتنا۔

اِسْتَهَانَ بالامرِ: تَهَاوَنَ بِه: (۲) مذاق اڑانا

الاهَانَةُ والاسْتِهَانَةُ: تحقیر و تذلیل، استخفاف، بے وقعتی، تضحیک۔

الأَهْوَنُ: آسان، زیادہ آسان، زیادہ حقیر، کہاوت ہے "اَهْوَنُ مِن قُعَيسٍ على امه": قعیس اپنی ماں کا جتنا تابعدار تھا اس سے بھی زیادہ تابعدار (۲) زمانۂ جاہلیت میں پیر کا دن۔

التَهَاوُنُ: لاپرواہی، سہل انگاری سستی، ڈھیل۔

المُسْتَهَانُ: حقیر و ذلیل۔

المُهَانُ: حقیر و بے وقعت۔

المُهِينُ: اہانت آمیز، اہانت کنندہ۔

الهَاوُنُ: ہاون دستہ، اوکھلی (پتھر یا لوہے یا پیتل کی بنی ہوئی) (۲) کھرل۔

الهَاوُونُ: الهَاوَنُ ج: هَوَاوِينُ۔

الهَوْنُ: الهَاوَنُ (۲) حقیر و ذلیل (۳) سدھا ہوا تابعدار گھوڑا (۴) وقار و انکساری قرآن پاک میں ہے "وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِينَ يَمْشُونَ عَلَى الأَرْضِ هَوْنًا" (۵) نرمی، (۶) سنجیدگی، متانت، عَلَى هَوْنِكَ آہستہ یا سنبھل کر چل۔

الهُونُ: تمام مخلوقات، مَا اَدْرِي اَيُّ الهُونِ هُوَ؟ نہ معلوم وہ کونسی مخلوق ہے (۲) سختی (۳) رسوائی، ذلت، حقارت، قرآن پاک میں ہے "اَيُمْسِكُهُ عَلَى هُونٍ" کیا وہ اسے ذلت و رسوائی کے ساتھ لئے رہے۔

الهَوْنَةُ: سنجیدہ عورت، (۲) فرمانبردار عورت، (۳) کمزور اور مردانہ مظہر کی عورت (۴) صلح و امن، ج: هُوَنٌ

الهُونَى: ذلت و رسوائی (۲) وقار و تواضع، وقار و متانت۔

الهُوَيْنَى: باوقار چال، هِيَ تَمْشِي الهُوَيْنَى: وہ باوقار چلتی ہے خراماں خراماں چلتی ہے (۲) راحت و آرام (۳) آسودگی۔

الهِيْنَةُ: امش على هِيْنَتِكَ: تم آہستہ چلو۔

الهَيِّنُ: حقیر، ذلیل (۲) باوقار و سنجیدہ (۳) روادار (۴) آسان (۵) ہلکا اور معمولی، قرآن پاک میں ہے "وَتَحْسَبُونَهُ هَيِّنًا وهُوَ عِندَ اللهِ عَظِيمٌ" "هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ": وہ میرے نزدیک آسان و معمولی ہے، اَهْوَنُ: بہت آسان و بہت معمولی "وهُوَ الَّذِي يَبْدَأُ الخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ وهُوَ اَهْوَنُ عَلَيْهِ"۔

• تَهَوَّهَ فُلانٌ: آہ بھرنا، کراہنا، درد و تکلیف بھری آواز نکالنا۔

الهَاهَةُ: کھرہ، چھوٹی چیچک۔

الهَوَاهِي: لغو و بیہودہ بات، جَاءَ فُلانٌ بالهَوَاهِي: فلاں ہوائی اور واہی تباہی باتیں کرتا ہے (۲) ایک قسم کی رفتار۔

الهَوَاهِيَةُ: بزدل۔

الھُوھَاءُ: تھڑ دلا، بزدل (۲) وہ کنواں جس میں اترنے کے لئے کوئی سہارا سے کی چیز نہ ہو اور اترنے والے کے پیر رکھنے کی جگہ نہ ہو۔
الھُوھَاۃُ: کمزور دل اور بزدل آدمی (۲) بے وقوف (۳) وسیع وعریض بیابان ج: الھَیَاھِی (۳) ھواھی کا واحد، خاص رفتار یا چال۔
الھُوَکۃُ: تھڑ دلا، ڈرپوک۔
الھُوھَۃُ: ڈرپوک، بزدل۔
الھَوُّ: زمین کا گوشہ، کنارہ (۲) دیوار میں ہوا اور روشنی کا سوراخ، روشن دان۔
الھُوَّاءَۃُ: گہرا گڑھا، کھائی، غار۔
الھَوَّۃُ: روشن دان ج: ھَوَاءٌ وھَوًی
الھُوَّۃُ: کھڈ، گہرا کھڈ (۲) کنواں، وَقَعَ فُلَانٌ فِی ھُوَّۃٍ: فلاں بندہ کنویں میں جا گرا۔ فُلَانٌ ھُوَّۃٌ: بے وقوف آدمی جس کے پیٹ میں کوئی بات نہ ٹکتی ہو، ج: ھُوًی وھُوَّی وھُوِیٌّ۔
• ھَوَی الشَّیْءُ ـــ ھُوِیًّا وھَوَیَانًا اوپر سے نیچے گر پڑنا، قرآن پاک میں ہے وَالنَّجْمِ اِذَا ھَوَی: ستارہ کی قسم جب وہ گرے یعنی غروب ہو۔
ـــ النَّجْمُ: ستارہ کا غروب ہونا۔
ـــ العُقَابُ عَلَی صَیْدٍ: عقاب شکار پر لوٹ پڑا۔
ـــ فُلَانٌ فِی السَّیْرِ: آگے بڑھنا (۲) تیز چلنا۔
ـــ یَدُہٗ لِلشَّیْءِ: کسی چیز کے لئے کسی کا ہاتھ اٹھنا، بڑھنا۔
ـــ ھُوِیًّا وھَوَاءً: ہلاک ہونا۔
ـــ المَرْأَۃُ: عورت کا بچہ مر جانا، بچہ سے محروم ہو جانا۔ قولہ تعالی،
ھَوَی عَلَی رَقَبَتِھَا: مرد کا عورت سے ہم آغوش ہونا۔

ھَوِیَ صَدْرُہٗ ھَوَاءً: سینہ خالی ہونا صاف ہونا۔
ـــ الطَّعْنَۃُ: نیزہ کی ضرب کا خون کا فوارہ جاری کر دینا۔
ـــ الرِّیْحُ ھَوِیًّا: ہوا چلنا۔
ـــ الاُذُنُ: کان بجنا، سنسنانا۔
ھَوِیَ فُلَانٌ فُلَانًا ـــ ھَوًی چاہنا، محبت کرنا، ھو ھَوٍ وھی ھَوِیَۃٌ۔
اَھْوَی الشَّیْءُ: گرنا۔
ـــ فُلَانٌ بِالشَّیْءِ: کسی چیز کا اشارہ کرنا۔
ـــ فُلَانٌ بِیَدِہٖ لِلشَّیْءِ: کسی چیز کے لئے ہاتھ بڑھانا۔
ـــ یَدُہٗ لِلشَّیْءِ: کسی چیز کے لئے ہاتھ بڑھنا۔
ـــ العُقَابُ لِلصَّیْدِ: عقاب کا شکار پر گر کر اسے گھیرنا۔
ـــ الشَّیْءَ: کوئی چیز اوپر سے ڈالنا۔
ـــ فُلَانًا: کسی کو ہاتھ مار کر لے لینا۔
ھَاوَی: تیز چلنا۔
ـــ فُلَانًا: کسی کے ساتھ جھگڑنا (۲) دل داری کرنا، کسی کی مرضی پر چلنا، ہم نوائی کرنا، ھَاوَأَہٗ بھی کہا جاتا ہے۔
ھَوَّی المَکَانَ: کسی جگہ صاف ستھری ہوا پہنچانا، ہوا داخل کرنا۔
ـــ الکِیمیَاوِیُّ الغَازَ: سیال چیز (پانی وغیرہ) میں گیس کو تحلیل کرنا۔
اِھْتَوَی إِلَی فُلَانٍ بِشَیْءٍ: کسی کی طرف کسی شے سے اشارہ کرنا (۲) مارنا۔
اِنْھَوَی الشَّیْءُ: نیچے گرنا۔
تَھَاوَی فُلَانٌ: زور سے چلنا۔
ـــ القَوْمُ: لوگوں کا ایک دوسرے پر گرنا۔

اِسْتَھْوَی الشَّیْءُ فُلَانًا: کسی کو کوئی چیز پسند آنا، کسی چیز کی محبت جاں گزیں ہو جانا، لبھانا، دل موہ لینا، مسحور کرنا، دل ودماغ پر چھا جانا۔
ـــ فُلَانًا: کسی کو اپنا گرویدہ بنا لینا، اتنا متأثر کرنا کہ وہ بے چون وچرا ہر بات تسلیم کرنے پر مجبور ہو جائے، جال میں پھنسانا، قرآن پاک میں ہے کَالَّذِی اسْتَھْوَتْہُ الشَّیَاطِیْنُ۔ اس شخص کی طرح جسے شیطانوں نے اپنا تابع فرمان بنا لیا ہو یا اپنے جال میں پھنسا لیا ہو۔
التَّھْوَاءُ: ساعتِ شب۔
المَھْوَی والمَھْوَاۃُ: گرنے یا نیچے اترنے کی جگہ (۲) گہرا کھڈ دو پہاڑوں کے درمیان کا گہرا خلا، ج: مَھَاوٍ
المُھْوَاۃُ: روشن دان، ج: مَھَاوٍ
الھَاوِی: ٹڈی (۲) حرف الف (۳) کسی ورزش یا کھیل وغیرہ کا دل دادہ، شوقین، ج: ھُوَاۃٌ
الھَاوِیَۃُ: مؤنث، الھاوی، (۲) فضا (۳) جہنم، ھَاوِیَۃُ: (بغیر الف لام غیر منصرف) جہنم (۴) گڑھا، غار، کھڈ
الھَوَی: میلان، محبت، عشق، (خیر وشر دونوں میں) (۲) خواہش نفس، (۳) خواہشمند طبیعت، قرآن پاک میں ہے "اَفَرَأَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰھَہٗ ھَوَاہُ" "وَلَا تَتَّبِعِ الھَوَی" (۴) محبوب وپسندیدہ شے، ج: اَھْوَاءٌ قرآن پاک میں ہے "وَلَا تَتَّبِعُوا اَھْوَاءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوا"۔ ھوی کا استعمال زیادہ تر غیر محمود چیزوں کے لئے ہوتا ہے، اسی لئے کہتے ہیں، فُلَانٌ مِنْ اَھْلِ الاَھْوَاءِ: فلاں نفس کا بندہ اور گمراہوں میں سے ہے۔

أَهْلُ الأَهْوَاءِ: بندگانِ نفس، گمراہ لوگ۔
عَلَى هَوَاهُ: اپنی مرضی کے مطابق حسب منشا۔
الهَوَاءُ: کرۂ ارض کو محیط گیس، ہوا، باد نسیم (۲) فضا، ج: أَهْوِيَة (۳) ہر دو چیزوں کے درمیان کا خلا، (۴) ہر بے تلی چیز جس میں کوئی چیز ٹھہرتی نہ ہو (۵) ہر خالی شے، (۶) بزدل، ڈرپوک (چونکہ وہ دل سے خالی ہوتا ہے) قَلْبٌ هَوَاءٌ: خالی دل (واحد جمع دونوں کے لئے) قرآن پاک میں ہے "وَأَفْئِدَتُهُمْ هَوَاءٌ"، (۷) موسم (۸) آب و ہوا، عَامَلْتُهُ بِالهَوَاءِ واللَّوَاءِ: میں نے اس کے ساتھ کبھی نرمی اور کبھی سختی کا معاملہ کیا۔
الهَوَاءُ الأَصْفَرُ: ہیضہ۔
مُكَيِّفُ الهَوَاءِ: ایر کنڈیشنڈ۔
الهَوَائِيُّ: ہوائی، فضائی، ہوا سے متعلق (۲) ہوا بھرا ہوا (۳) ایریل، وہ تار جو ریڈیو یا ٹیلی ویژن کی آواز و تصویر طاقتور اور صاف کرنے کے لئے کسی چھڑ یا ستون سے اونچی جگہ باندھ کر ریڈیو یا ٹیلی ویژن سیٹ سے جوڑ دیا جاتا ہے، اینٹینا۔
الهُوَاةُ: شائقین، هُوَاةُ اللَّعِبِ: کھلاڑی، هُوَاةُ السُّلْطَةِ: اقتدار پسند لوگ، واحد، هَاوٍ۔
الهِوَايَةُ: پسندیدہ اور محبوب مشغلہ یا کھیل (جس کو پیشہ بنائے بغیر انسان اپنی دلچسپی کا ذریعہ بنائے) خاص دلچسپی، خاص شوق، جیسے ڈاک ٹکٹ جمع کرنے کا شوق یا کرکٹ وغیرہ کا شوق۔
الهَوَّايَةُ: پنکھا۔
الهَوِيُّ: المَهْوِيُّ: محبوب، خواہش کی چیز (۲) کان کی سنسناہٹ، (۳) رات کا ایک حصہ۔
الهَوِيَّةُ: گہرا کنواں۔

ھ ـــــ ی

• هَاءَ فُلَانٌ ـَ (يَهَاءُ) هَيْئَةً: اچھی شکل کا ہونا، خوش منظر ہونا، خوش وضع ہونا۔
ـــ لِلأَمْرِ: کام کے لئے تیار ہونا۔
ـــ إِلَيْهِ هَيْئَةً: کسی کا مشتاق ہونا (۲) کسی چیز کا شوقین ہونا۔
هَايَأَهُ فِي الأَمْرِ وَعَلَيْهِ: کسی بات میں کسی سے اتفاق کرنا، موافقت کرنا۔
هَيَّأَ فُلَانٌ الأَمْرَ تَهْيِئَةً وَتَهْيِيئًا: ٹھیک کرنا (۲) آسان کرنا، قرآن پاک میں ہے "وَهَيِّئْ لَنَا مِنْ أَمْرِنَا رَشَدًا"۔
ـــ الشَّيْءَ: تیار کرنا، خاص مقصد کے لئے کوئی وضع اور شکل دینا، تشکیل کرنا، فٹ کرنا، اجزاء متفرقہ کو جوڑ کر کوئی بامقصد چیز تیار کرنا، جیسے هَيَّأَ الطَّعَامَ وهَيَّأَ المَصْنَعَ کھانا یا کارخانہ تیار کرنا۔
ـــ الجَوَّ لِفُلَانٍ أو لِعَمَلٍ: فضا ہموار کرنا۔
ـــ النَّفْسِيَّةَ: ذہنیت بنانا۔
تَهَايَأَ القَوْمُ عَلَى الأَمْرِ: کسی بات پر باہم متفق ورضامند ہونا۔
تَهَيَّأَ لِلأَمْرِ: کسی کام کے لئے آمادہ ہونا، تیار ہونا، ضروری سامان ولوازم مہیا کر لینا۔
ـــ الشَّيْءُ لِفُلَانٍ: کسی کو کوئی چیز فراہم ہونا، حاصل یا ممکن ہونا۔
التَّهْيِئَةُ: تیاری، آمادگی (۲) ترتیب وترکیب، تدبیر وانتظام۔
المُهَايَأَةُ: موافقت ورضامندی (۲) متفق علیہ معاملہ۔
الهِيءُ: کھانے یا پینے کے لئے بلانے کی آواز، آئیے آئیے، آآ۔
الهَيْئَةُ: شکل، صورت، ہیئت، ہر چیز کی وہ حالت جس پر وہ قائم ہو محسوس ہو یا معقول، قرآن پاک میں ہے "وَإِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّينِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ بِإِذْنِي" (۲) کیفیت (۳) علامت، نشان خاص (۴) طرز (۵) چہرہ (۶) منظر، (۷) ایسی جماعت جسے کوئی خاص کام سپرد کیا گیا ہو (منظم جماعت، تنظیم، ادارہ، انجمن، مجلس، بورڈ، سوسائٹی باڈی) ج: هَيْئَاتٌ۔
هَيْئَةُ الأُمَمِ المُتَّحِدَةِ: ادارہ یا انجمن اقوام متحدہ۔
الهَيْئَةُ الاجْتِمَاعِيَّةُ: انسانی معاشرہ یا سوسائٹی
الهَيْئَةُ الانْتِخَابِيَّةُ: الیکشن کمیشن۔
هَيْئَةُ الإِدَارَةِ: مجلس انتظامی۔
الهَيْئَةُ الاسْتِشَارِيَّةُ: مجلس شوریٰ، مجلس مشورہ۔
الهَيْئَةُ التَّابِعَةُ: ماتحت کمیٹی (باڈی)
هَيْئَةُ التَّحْرِيرِ: مجلس ادارت۔
هَيْئَةُ التَّنْمِيَةِ: ترقیاتی بورڈ
الهَيْئَةُ الدِّبْلُومَاسِيَّةُ: سفارتی ڈھانچہ، ڈپلومیٹک باڈی
هَيْئَةُ الضِّيَافَةِ: ضیافتی یا استقبالیہ کمیٹی۔
الهَيْئَةُ العَامَّةُ: جنرل باڈی مجلس عامہ۔
هَيْئَةُ القُضَاةِ: عدالتی بنچ، ججوں کی

جماعت۔
هَیْئَةُ الْمُحَلِّفِین: ججوں کی جماعت، جیوری۔
هَیْئَةُ الْمُدَرِّسِین اوهَیْئَةُ التَّدْرِیس: تعلیمی عملہ، ٹیچنگ اسٹاف
هَیْئَةُ الْمُدِیرِین: جماعت نظار، بورڈ آف ڈائرکٹرس۔
هَیْئَةُ الْمُوَظَّفِین: انتظامی عملہ اسٹاف۔
هَیْئَةُ النَّاخِبِین: جماعت رائے دہندگان۔
الْهَیْئَةُ الْمُسَاعِدَةُ: معاون مجلس۔
علم الْهَیْئَة: علم الافلاک، وہ علم جس میں اجرام سماویہ کے احوال، ان کے باہمی تعلق اور زمین پر ان کے اثرات سے بحث کیجائے۔
الْهَیِّئُ: خوش منظر، جاذب شکل۔
الْهَیِّیْءُ: الْهَیِّئُ۔
هَیَّا هَیَّا: آؤ آؤ، چلو چلیں۔
هَیَّا بِنَا: آؤ چلیں۔
◆ هَابَهُ ـَ هَیْبًا ومَهَابَةً: کسی کی تعظیم وتکریم کرنا، (۲) کسی سے ڈرنا بچ کر رہنا، هُوهَائِبٌ: برائے مبالغہ هَیَّابٌ وهَیُوبٌ وهَیِّبٌ وهَیَّبَانٌ وهَیُوبَةٌ: اسم مفعول مَهُوبٌ ومَهِیبٌ۔
هَابَهُ ـِ هَیْبَةً: هَابَهُ۔
أَهَابَ بِهِ: کسی کو کوئی کام کرنے یا ترک کرنے کے لئے پکارنا، دعوت دینا، اپیل کرنا، ترغیب دینا۔ أَهَبْتُ بِصَاحِبِي إِلَى الْخَیْرِ: میں نے اپنے ساتھی سے نیک کام کرنے کی اپیل کی، یا ترغیب دی
ـــ بِالْخَیْلِ ونَحْوِهَا وأَهَابَ الرَّاعِي بِغَنَمِهِ: هَابْ هَابْ کہہ کر روکنے یا واپس آنے کے لئے گھوڑوں یا بکریوں کو پکارنا، آواز دینا۔
هَیَّبَ الشَّیْءَ إِلَى فُلَانٍ: کوئی چیز کسی کے لئے خوفناک بنانا، بھیانک بنا کر پیش کرنا۔
اِهْتَابَ الشَّیْءَ: کسی چیز سے دہشت کھانا، مرعوب ہونا، سہمنا۔
تَهَیَّبَ الشَّیْءَ: کسی چیز سے دہشت لگنا، مرعوب ہونا، ڈر لگنا۔
ـــ الشَّیْءُ فُلَانًا: ڈرانا، خوفزدہ کرنا، مرعوب کرنا، سہما دینا۔
الْمُتَهَیَّبُ: شیر۔
الْمُتَهَیِّبُ: ہیبتناک (۲) ہیبت زدہ۔
الْمَهَابُ: خوفناک جگہ۔
الْمَهَابَةُ: ڈر، ہیبت، رعب (۲) دبدبہ، وقار وعظمت۔
الْمَهُوبُ: خوفناک چیز یا جگہ۔
الْمَهُوبَةُ: خوف کا باعث۔
الْمُهِیبُ: خوفناک، دہشتناک، بارعب پر وقار، پرجلال۔
الْمَهِیبُ: خوفناک، بارعب۔
الْهَیَّابُ: بہت ڈرپوک، بزدل۔
غَیْرُ هَیَّابٍ: نڈر، بیباک
الْهَیَّبَانُ: بہت ڈرپوک، حد سے زیادہ محتاط (۲) بزدل (۳) چرواہا (۴) بکرا (۵) مٹی۔
الْمَهْیَبَةُ: ڈر، خوف، رعب (۲) جلال، وقار۔
◆ هَیَّتَ بِهِ: کسی کو زور سے پکارنا، آواز دے کر بلانا۔
هَاتِ: دے، لا۔ هَاتِي، هَاتِیَا، هَاتُوا، هَاتِینَ۔
هَیْتَ: کلمۂ تعجب، جیسے، هَیْتَ لِلْحِلْمِ: کیا خوب بردباری ہے!!
هَیْتَ لَکَ: تو آجا، چلا آ، یہ اسم فعل ہے اور لَکَ بیان مخاطب کے لئے ہے قرآن پاک میں ہے، هَیْتَ لَکَ، زلیخا نے حضرت یوسف علیہ السلام کو مخاطب کیا تھا۔ هَیْتَ، واحد و جمع، مذکر و مونث سب کے لئے ہے لیکن بعد والے لفظ میں مخاطب کا لحاظ کر کے کہا جائے گا۔ هَیْتَ لَکُمَا ولَکُمْ ولَکُنَّ۔
الْهَیْتُ: زمین کا گہرا گڑھا۔
الْهَیَّاتُ: شور مچانے والا
هَیْتَاهُ وهَیْتَاهُ: کتے کو شکار کے پیچھے دوڑانے کے لئے بولا جاتا ہے۔
◆ هَاثَ الشَّیْءُ ـِ هَیْثًا وهَیَثَانًا حرکت کرنا۔
ـــ الْقَوْمُ: جھگڑے میں لوگوں کا باہم گتھم گتھا ہونا، آپس میں ہاتھا پائی ہونا۔
ـــ فُلَانٌ فِي الشَّیْءِ: کوئی چیز بے دردی سے لینا اور اس کو خراب کرنا۔
ـــ الذِّئْبُ فِي الْغَنَمِ: بھیڑیے کا بکریوں میں گھس کر تباہی مچانا۔
ـــ مِنَ الْمَالِ: اپنی ضرورت کے بقدر مال لینا۔
ـــ فِي کَیْلِهِ: ناپ تول میں کمی کر کے دینا۔
ـــ لِفُلَانٍ: کسی کو تھوڑی چیز دینا۔
ـــ بِرِجْلِهِ التُّرَابَ: پیر سے مٹی اکھاڑنا، کریدنا۔
هَایَثَ فُلَانًا: مال وغیرہ کی کثرت میں کسی سے مقابلہ کرنا۔
تَهَایَثَ الْقَوْمُ: لوگوں کا لڑائی جھگڑے میں گتھم گتھا ہونا۔
تَهَیَّثَ لِفُلَانٍ شَیْئًا: کسی کو کچھ دینا۔
اِسْتَهَاثَ الشَّیْءَ: کسی چیز کو زیادہ سمجھنا

(۲) زیادہ مانگنا۔
ـــ المالَ وفیہ: مال تباہ کرنا۔
المُہَایِثُ: بکثرت ہاتھ بھر کر لینے والا یا پورے کا پورا لینے والا۔
الہَایِثَۃُ، ھَایِثَۃُ القَومِ: لوگوں کا شوروغل۔
الہَیْثَۃُ: لوگوں کا گروہ۔
• ھَاجَ النَّبْتُ ـِ ھَیْجًا: گھاس یا پودے کا سوکھ کر زرد ہوجانا، سوکھنے لگنا، کھیتی کا پکنے کے قریب ہونا، زور پر آنا، قرآن پاک میں ہے "ثُمَّ یَہِیْجُ فَتَرَاہُ مُصْفَرًّا"
ـــ الأرضُ ھَیْجًا وھَیَجَانًا: زمین کی سبزیاں خشک ہوجانا سوکھے پودوں والی ہونا، ھِیَ ھَائِجَۃٌ۔
ـــ القَومُ ھَیْجًا وھِیَاجًا وھَیَجَانًا: لوگوں کا جوش میں آنا مشتعل ہونا۔
ـــ الشَّرُّ: فتنہ کا زور پکڑنا۔
ـــ الحَربُ بَیْنَہُمْ: لوگوں میں جنگ کے شعلے بھڑکنا، لڑائی چھڑنا۔
ـــ الإِبلُ: اونٹوں کا پیاسا ہونا۔
ـــ السَّمَاءُ: تیز ہوا کے ساتھ آسمان پر گھٹا چھا جانا، بادوباراں والا ہونا۔
ـــ فُلَانًا: جوش دلانا، مشتعل کرنا، بھڑکانا۔
ـــ الشَّیْئَ: کسی چیز میں زور اور حرکت پیدا کرنا۔
ـــ الإِبِلَ: اونٹوں کو تالاب یا چراگاہ پہنچانے کے لئے رات کو حرکت میں لانا۔
ـــ البَحْرُ: سمندر میں بھونچال آنا، طوفان آنا، تلاطم پیدا ہونا۔
ـــ الرَّجُلُ: جوش میں آنا، غصہ سے بھڑکنا، برانگیختہ ہونا۔
ـــ الشَّیْئُ: جوش مارنا، زور پر آنا۔

ھَاجَتِ العَیْنُ: آنکھ سوجنا۔
ـــ الغُبَارُ: گردوغبار اٹھنا۔
أَھَاجَ الرِّیْحُ النَّبْتَ: ہوا کا پودوں کو مرجھا دینا، سکھا دینا۔
ـــ فُلَانًا: ھَاجَہُ۔
اَھْیَجَ الأرضَ: زمین کو خشک گھاس والی پانا۔
ھَایَجَ فُلَانٌ فُلَانًا: جوش دلانا، بھڑکانا (۲) لڑنا، جنگ کرنا۔
ھَیَّجَہُ: جوش دلانا، مشتعل کرنا، اشتعال دینا، برانگیختہ کرنا۔
اِھْتَاجَ: برانگیختہ ہونا، مشتعل ہونا
تَھَایَجَ القَومُ: لڑائی میں ایک دوسرے پر حملہ کرنا، چڑھائی کرنا۔
تَھَیَّجَ الشَّیْئُ: زوروں پر آنا، بھڑکنا جوش مارنا۔
المَہَاجُ: موٹر گاڑی کا اسٹارٹر۔
المِہْیَاجُ: وطن کا اشتیاق، وطن کی طرف میلان (۲) اونٹوں میں سب سے پہلے پیاسا ہونے والا اونٹ۔
المُہَیِّجُ: اشتعال انگیز، ہیجان انگیز فساد انگیز۔
الہَائِجُ: مشتعل، برافروختہ، ناراض غصہ میں بھرا ہوا (۲) متلاطم، موج زن (۳) مست، دیوانہ (۴) خشک (پودا) (۵) متورم (آنکھ) (۶) جوش، غیظ وغضب، طیش، ھَاجَ ھَائِجُہُ: وہ بھڑک گیا، برافروختہ ہوگیا، اسے طیش آگیا، اس کا پارہ چڑھ گیا، ھَدَأَ ھَائِجُہُ: اس کا غصہ ٹھنڈا ہوگیا۔
الہَائِجَۃُ: ھَائِج کی تانیث (۲) أرضٌ ھَائِجَۃٌ: سوکھی گھاس یا سوکھے پودوں والی زمین۔
الہَاجَۃُ: مادہ مینڈک (مینڈکی)

(۲) شترمرغ (۳) وہ بکری وغیرہ جسے جفتی کی خواہش نہ ہو۔
الہِیَاجُ: جوش، اشتعال، یَومُ الہِیَاجِ: لڑائی کا دن۔
الہَیَجَانُ: جوش، اضطراب، ہلچل۔
الہَیَجَانِیُّ: مشتعل طوفانی، پاگل، مَجْنُونٌ ھَیَجَانِیٌّ: خطرناک پاگل۔
الہَیْجُ: جنگ، (۲) سخت ہوا (۳) فتنہ فساد، ہنگامہ، شوروشر، یَومُ الہَیْجِ طوفان وبادوباراں والا دن۔
الہَیْجَاءُ: جنگ، ہاتھاپائی، جھگڑا۔
• ھَیَّخَ الہَرِیْسَۃَ: میٹھے دلیے یا آٹے کے حلوے میں گھی زیادہ کرنا۔
ـــ الفَحْلَ: اونٹ کو اونٹنی یا نر کو مادہ پر جست لگانے کے لئے اکسانا۔
الہَیَّخُ: وہ اونٹ جو "ھِیْخ" آواز سن کر بلبلانا شروع کردے۔
• ھَادَہُ ـِ ھَیْدًا وھَادًا: ہلانا حرکت میں لانا (۲) ڈانٹ کر گھبرا دینا اور بے چین کر دینا (۳) درست کرنا، (۴) ہٹانا، زائل کرنا، منہدم کرنا (۵) باز رکھنا، مَا یَہِیْدُنِی ذٰلِكَ: وہ چیز مجھے نہ ڈرا سکے گی اور نہ مقصد سے ہٹا سکے گی۔
ھَیَّدَ السَّائِرُ: چلنے والے کا تیز چلنا
ـــ الأمرُ فُلَانًا: کسی معاملہ کا کسی کو کلفت واضطراب میں مبتلا کرنا۔
الہَیْدُ: بڑا (۲) بے چین ومضطرب (۳) ڈانواڈول، ہچکولے کھانے والی چیز مَالَہُ ھَادٍ ومَالَہُ ھَیْدٌ اسے حرکت میں لانے والا کوئی نہیں۔
الہَیْدَانُ: کاہل وبزدل۔
• الہَیْدَبُ: دیکھئے (ھدب)

الہَیذَبیٰ : دیکھئے (ھ ذ ب)۔
ھَیدروجین : ہائڈروجن۔
• الہَیذَکُورُ : موٹی جوان اور جوانی کی ادائیں دکھانے والی عورت (۲) گاڑھا دودھ۔
الہَیذَکُورَۃُ : الہَیذَکُورُ۔
• الہَیذَلَۃُ : دیکھئے (ھ ذ ل)
• الہَیذامُ والہَیذَمُ : دیکھئے (ھ ذ م)
• ھَیَّرَ فُلانٌ البِنَاءَ : عمارت گرانا۔
تَہَیَّرَ البِنَاءُ : عمارت گرنا۔
الہَیَارُ : گرنے والی یا گرنے کے قریب چیز۔
رَجُلٌ ھَیَارٌ : کمزور آدمی جو گرنے کے قریب ہو۔
الہَیَارُ الثَّلجِیُّ : پہاڑوں سے گرنے والا برف۔
الہَیرُ : بادِ صبا کا نام (شمالی ہوا)۔
الہَیرُ : نصف سے کم رات کا حصہ۔
الہَیرَۃُ : نرم وہموار زمین۔
الہَیَّارُ : کمزور آدمی۔
• ھیراطیقی : ایک قسم کا تیز لکھا جانے والا ہیرو گلیفی شکستہ خط جس میں ہیرو گلیفی اشارات ورموز استعمال کئے جاتے ہیں۔
• الہَیرَعُ : دیکھئے (ھ ر ع)
الہَیرَعَۃُ : دیکھئے (ھ ر ع)
• الہیرُودِین : ایک مادہ جو خون کو اس کی نالیوں میں منجمد ہونے سے روکتا ہے اور عَلَق سے نکالا جاتا ہے۔
• ھیرُوغلیفی : اہلِ یونان کے نزدیک نقشِ مقدس، مغرب کے لوگ اس کا اطلاق ان قدیم مصری تحریروں پر کرتے ہیں جو قدیم مصریوں کے مقبروں اور عبادت گاہوں میں کندہ ہیں۔

• الہیرُوین : ہیروئن، مارفین سے تیار کیا جانے والا نشہ آور مرکب۔
• الہَیزَبُ : دیکھئے (ھ و ز ب)
• ھَاسَ فُلانٌ ــِ ھَیسًا : کسی بھی طرح چلنا۔
ــ مِنَ الشَّیْءِ : بکثرت کوئی چیز لینا۔
ــ الشَّیْءَ : پیروں سے کچلنا۔
ــ الأرضَ : زمین کو کوٹنا۔
ھَاسَی فُلان فُلانًا : مذاق اڑانا، ھَیسِ ھَیسِ کہہ کر مذاق اڑانا۔
الأَھیَسُ : بہادر، نڈر (۲) ہر شے کو توڑ دینے والا سخت ومضبوط۔
ھَیسِ ھَیسِ : کسی کام پر اکسانے کے لئے کسی کو یہ لفظ کہا جاتا ہے۔
• ھَاشَ القَومُ ــِ ھَیشًا : جوش میں آنا، مشتعل ہونا۔
ــ بَعضُہُم اِلٰی بَعضٍ : لڑائی کے لئے ایک دوسرے پر چڑھائی کرنا۔
ــ فُلانٌ : بہت گالی گفتار کرنا، بہت بدکلامی اور بیہودگی کرنا۔
ــ فُلانٌ فِی القَومِ : لوگوں میں فتنہ وفساد برپا کرنا، شر پھیلانا (۲) خوش اور مست ہونا۔
ــ الشَّیْءَ : خراب کرنا (۲) سمیٹنا، جمع کرنا۔
تَہَیَّشَ القَومُ بَعضُہُم اِلٰی بَعضٍ : ایک دوسرے پر جھپٹنا، چڑھائی کرنا۔
الہَیشَۃُ : مخلوط جماعت (۲) فتنہ، ہنگامہ، ہلچل، ج: ھَیشَات۔
• ھَاصَ الطَّیرُ ــِ ھَیصًا : پرندہ کا بیٹ کرنا۔
ــ فُلانٌ بِالشَّیْءِ : کسی چیز کی سختی میں مبتلا ہونا، سخت گرفت میں آنا۔

ھَاصَ عُنُقَہُ : گردن توڑنا۔
المَہَایِصُ : پرندوں کے بیٹھنے اور بیٹ کرنے کی جگہیں، واحد، مَہیَصٌ۔
• ھَاضَ العَظمَ ــِ ھَیضًا : جڑنے کے قریب ہونے والی شکستہ ہڈی کو دوبارہ توڑنا۔
ــ الشَّیْءَ : توڑنا، ریزہ ریزہ کرنا (۲) نرم کرنا، حضرت عائشہؓ کا قول ہے، «واللّٰہ لو نَزَلَ بِالجِبَالِ الرَّاسِیَاتِ مَا نَزَلَ بِأَبِی لَہَاضَہَا»، واللہ مضبوط پہاڑوں پر بھی اگر وہ مصیبتیں آتیں جو میرے والد پر آئیں تو ان کو ریزہ ریزہ کر ڈالتیں۔
ــ الکَرَی فُلانًا : نیند کا کسی کے بدن کو توڑ ڈالنا اور کمزور کر دینا۔
ــ الحُزنُ قَلبَہُ : رنج وغم کا کسی کے دل کو بار بار لاحق ہونا، غم کا پیچھا نہ چھوڑنا۔
ــ المَرَضُ فُلانًا : صحتیابی کے بعد بیماری کا عود کر آنا۔
ھَیَّضَ فُلانًا : برانگیختہ کرنا۔
اِھتَاضَ العَظمَ : ھَاضَہُ
اِنہَاضَ : مطاوع ھَاضَ : جڑنے کے بعد ہڈی ٹوٹ جانا (۲) ریزہ ریزہ ہونا۔
تَہَیَّضَ العَظمُ : انہَاضَ۔
ــ الغَرَامُ فُلانًا : کسی کو دوبارہ عشق لاحق ہونا۔
المُستَہَاضُ : بیمار یا شکستہ ہڈی والا جس کی بیماری صحت کے بعد عود کر آئے۔ ہڈی جڑ جانے کے بعد ٹوٹ جائے۔
المَہَیضُ : جڑ جانے کے بعد ٹوٹنے والی ہڈی۔
الہَیضُ : نرمی۔

الهَیْضَاءُ: جماعت، گروہ۔
الهَیْضَۃُ: بیماری یا رنج وغم کا دوبارہ حملہ یا لوٹ (۲) ایک بیماری کے بعد دوسری بیماری (۳) ہیضہ کی بیماری جس میں سخت قے اور دست آتے ہیں، کالرا۔
• هَاطَ فُلَانٌ ـِ هَیْطًا: شور وغل مچانا، ہنگامہ مچانا (۲) چلے جانا۔
هَایَطَ: شور مچانا۔
ــــ فُلَانًا: کمزور سمجھنا۔
تَهَایَطَ القَوْمُ: لوگوں کا یکجا ہوکر اپنے معاملات درست کرنا۔
الهِیَاطُ: هُمْ فِی هِیَاطٍ ومِیَاطٍ: وہ شور وشر میں ہیں، ان میں کھلبلی مچی ہوئی ہے، شور وشر بپا ہے۔
الهَیْطُ: مَا زَالَ فِی هَیْطٍ ومَیْطٍ: وہ شور وشر بپا کئے ہوئے ہے، اس نے ہنگامہ برپا کر رکھا ہے۔
• هَاعَ الشَّیْئُ ـِ هَیْعًا وهَیَعَانًا: پھیلنا، بکھنا۔
ــــ فُلَانٌ: کسی کو بھوک لگنا (۲) گھبرانا، بزدلی دکھانا۔
ــــ الشَّیْئُ هُیَاعًا: کشادہ ہونا۔
ــــ الإِبِلُ إِلَى المَاءِ: اونٹوں کو پانی کی خواہش ہونا۔
ــــ المَاءُ ونَحْوُہٗ عَلَى وَجْہِ الأَرْضِ هَیْعًا: پانی وغیرہ کا زمین پر بہنا۔
ــــ الرَّصَاصُ ونَحْوُہٗ: هَیَعَانًا: سیسہ وغیرہ کا پگھلنا۔
ــــ فُلَانٌ ـَ هَاعًا: کمزوری کے ساتھ حرص وخواہش بڑھنا۔
ــــ فُلَانٌ ـَ هَیَعَانًا: تنگ ہونا، گھٹنا، زچ ہونا، اکتانا، پریشان ہونا۔
ــــ مِنَ الحُبِّ والحُزْنِ هَیْعًا: محبت یا غم سے پریشان ہونا (۲) قے ہونا۔
تَهَیَّعَ الشَّیْئُ: خوب پھیلنا، بالکل بچھنا۔
ــــ السَّرَابُ: زمین پر چمک دار ریت (سراب) پھیلنا۔
ــــ فُلَانٌ: حیران ومبہوت ہونا (۲) ظلم وستم کرنا۔
ــــ إِلَى الشَّرِّ: فتنہ وفساد کے لئے دوڑنا، برائی کی طرف دوڑنا۔
انْهَاعَ: تَهَیَّعَ۔
المَهْیَعُ: کھلا راستہ، ج: مَهَایِعُ۔
الهَائِعُ: لَیْلٌ هَائِعٌ: تاریک رات، رَجُلٌ هَائِعٌ لَائِعٌ: ڈرپوک بزدل وحواس باختہ آدمی۔
العَائِعَۃُ: خوفناک آواز۔
الهَاعُ: حواس باختہ، جلد گھبرا جانے والا، رَجُلٌ هَاعٌ لَاعٌ وهَاعٍ لَاعٍ: کمزور وبزدل حواس باختہ آدمی۔
الهِیَاعُ: رِیحٌ هِیَاعٌ لِیَاعٌ: تیز ہوا۔
المُهَیَّعَۃُ: الهَائِعَۃُ (۲) خوفناک آواز یا ہوش اڑا دینے والی فحش افواہ یا برائی۔
أَرْضٌ هَیْعَۃٌ: کشادہ اور ہموار زمین۔
الهَیِّعُ: رَجُلٌ هَیِّعٌ لَیِّعٌ: ڈرپوک وکم عقل۔
• هَیْعَرَ: دیکھئے (هعر)
تَهَیْعَرَتِ المَرْأَۃُ: دیکھئے (هعر)
الهَیْعَرَۃُ والهَیْعَرُونُ: دیکھئے (هعر)
• هَیِغَ العَامُ ـَ هَیَغًا: سال کا پیداوار والا ہونا، خوشحالی والا ہونا۔
أَهْیَغَ القَوْمُ: خوشحال ہونا۔
هَیَّغَ فُلَانٌ الثَّرِیدَۃَ: ثرید کو مرغن بنانا، گھی وغیرہ زیادہ ڈالنا۔
ــــ المَطَرُ الأَرْضَ: بارش کا زمین کو خوب تر کرنا۔
الأَهْیَغُ: بہت پانی (۲) بہت گھاس، پیداوار والا سال (۳) فراخ وآسودہ زندگی۔
الأَهْیَغَانُ: خوشحالی، زرخیزی (۲) خورد ونوش۔
• هَافَ وَرَقُ الشَّجَرِ ـِ هَیْفًا: درخت کے پتے گرنا، پت جھڑ ہونا۔
ــــ فُلَانٌ ـَ (یَهَافُ) هِیَافًا: جلد جلد پیاس لگنے والا ہونا (۲) پیاس لگانے والی، گرم ہوا لگنے سے پیاسا ہونا۔
ــــ العَبْدُ هَیْفًا: غلام کا بھاگ جانا۔
ــــ الغُلَامُ: لڑکے کا پتلی کمر والا ہونا، نازک اندام ہونا۔
ــــ الإِبِلُ هِیَافًا وهُیَافًا: پیاس کی شدت سے اونٹوں کا اپنے منہ کھول کر جنوب کی گرم ہوا کی طرف رخ کرنا۔
هَیِفَ الغُلَامُ ـَ هَیَفًا: پتلی کمر والا ہونا، نازک اندام ہونا، چھریرے بدن کا ہونا۔ هُوَ أَهْیَفُ وهِیَ هَیْفَاءُ۔
أَهَافَ الرَّجُلُ: پیاسے اونٹوں والا ہونا۔
اهْتَافَ: پیاس لگنا۔
تَهَیَّفَ: خشکی لانے والی گرم ہوا میں کھڑا ہونا۔
اسْتَهَافَ: خشکی لانے والی گرم ہوا لگنے سے پیاسا ہونا۔

المُهْيَافُ: جلدی جلدی پیاس لگنے سے بے برداشت ہونے والا (۲) جلد پیاسا ہونے والا (۳) خوش رفتار اونٹ یا گھوڑا وغیرہ۔
الهَافُ: المُهْيَافُ۔
الهَافَةُ: جلد پیاسی ہونے والی اونٹنی۔
الهَيْفُ: پانی کو خشک کرنے والی نباتات کو سکھانے اور حیوانات کو پیاس لگانے والی گرم و تکلیف دہ ہوا۔
الهَيْفَانُ: پیاسا (۲) تیز (۳) جلد پیاسا ہونے والا۔
الهَيُوفُ: المُهْيَافُ۔
• أَهْيَقَ الظَّلِيمُ: (نر) شتر مرغ کا بہت لمبا ہونا۔
الأَهْيَقُ: لمبی گردن والا۔
الهَيْقُ: پتلا اور بہت لمبا (۲) نر شتر مرغ ج: أَهْيَاقٌ وهُيُوقٌ۔
• الهَيْقَعَةُ: دیکھئے (هقع)۔
• الهَيْقَمُ: دیکھئے (هقم)۔
الهَيْقَمَانِيُّ: (هقم)۔
هَيْكَ: هكذا: اس طرح۔
هَيَّكَ: جلدی کرنا۔
• هَيْكَلَ: دیکھئے (هكل)۔
الهَيْكَل والهَيْكَلَةُ: (هكل)
• هَالَ فُلَانٌ الرَّمْلَ ونَحْوَهُ ـــ هَيْلًا: ریت وغیرہ ڈالنا، چھوڑتے رہنا (۲) نچلے حصہ کو ہلا کر اوپر سے گرانا۔
أَهَالَ فُلَانٌ الشَّيْءَ: زور سے ڈالنا
هَيَّلَ الشَّيْءَ: زور سے ڈالنا، مٹی یا ریت زور زور سے گرانا۔
انْهَالَ عَلَيْهِ: مٹی وغیرہ گرنا، پڑنا۔
ـــ القَوْمُ عَلَيْهِ: کسی کو گالیاں دینے یا گزند پہنچانے کے لئے پل پڑنا، ٹوٹ پڑنا

تَهَيَّلَ الشَّيْءُ: کسی چیز کا ٹوٹ کر گرنا۔
الأَهْيَلُ: لگاتار گرنے والی مٹی یا ریت۔
المَهِيلُ: گرایا جانے والا ریت وغیرہ قرآن پاک میں ہے "وَكَانَتِ الجِبَالُ كَثِيبًا مَهِيلًا"، پہاڑ گری ہوئی ریت کے تودوں جیسے ہو جائیں گے۔
الهَالَ: الأَهْيَلُ۔
الهَالَةُ: گھیرا، چاند کا کنڈل، دیکھئے (هول)
الهَيَالُ والهَيْلُ: گری ہوئی ریت۔
الهَيَلَانُ: ریت وغیرہ کے گرنے کا سلسلہ۔
الهَيُولُ: باریک اڑتے ہوئے ذرات جو روشن دان سے سورج کی روشنی اندر داخل ہونے کے دوران دکھائی دیتے ہیں۔
الهَيُولَى: ابتدائی یا خام مادہ یا کسی چیز کے اجزاء ترکیبیہ جن سے وہ تشکیل پاتی ہے جیسے کرسی کے لئے لکڑی، میخ کے لئے لوہا، کپڑوں کی بناوٹ کے لئے روئی (۲) قدماء کے نزدیک وہ مادہ جس کی کوئی معینہ شکل و صورت نہ ہو اور اس میں مختلف اشکال و صور قبول کرنے کی صلاحیت ہو، اور اسی سے خدا تعالیٰ نے عالم کے اجزاء مادیہ کی تخلیق کی ہے (۳) کسی تصویر یا مجسمہ کا ابتدائی خاکہ (۴) روئی۔
الهَيُولَانِيُّ: بنیادی، ابتدائی مَشْرُوعٌ هَيُولَانِيٌّ: ابتدائی منصوبہ۔ رَسْمٌ هَيُولَانِيٌّ: ابتدائی نقشہ جو ابھی بنیادی خطوط تک محدود ہو۔
• الهَيْلَكُونُ: دیکھئے هلك۔
• هَيْلَلَ الرَّجُلُ: لا الٰہ الا اللہ کہنا۔

هَامَ فُلَانٌ ـــ هَيْمًا وهَيَمَانًا: مارا مارا پھرنا، سرگرداں پھرنا، جدھر منہ اٹھے ادھر چلنا، بے تعیین منزل بھٹکتے پھرنا
ـــ فِي الأَمْرِ: کسی معاملہ میں پریشان و متردد ہونا، کسی ایک رائے پر جما ؤ نہ ہونا، قرآن پاک میں ہے "أَلَمْ تَرَ أَنَّهُمْ فِي كُلِّ وَادٍ يَهِيمُونَ"، کیا تم کو نہیں معلوم کہ وہ (شعراء حضرات) (خیالی مضامین کے) ہر میدان میں حیران و سرگرداں پھرا کرتے ہیں۔
ـــ فُلَانٌ هُيَامًا: کسی کو بہت پیاس لگنا، پیاس سے پریشان ہونا۔
ـــ بِفُلَانَةَ هُيَامًا وتَهْيَامًا کسی سے عشق و محبت میں دیوانہ ہو جانا، هُوَ هَائِمٌ، ج: هُيَّامٌ وهُيَّمٌ
هَيَّمَ الحُبُّ فُلَانًا: عشق و محبت کا کسی کو دیوانہ بنا دینا، بھٹکا دینا۔
اهْتَامَ فُلَانٌ لِنَفْسِهِ: اپنے لئے تدبیر و اکتساب کرنا۔
تَهَيَّمَ فُلَانٌ: بہت موزوں انداز سے چلنا۔
ـــ المَرْأَةُ الرَّجُلَ: عورت کا کسی کو دام الفت میں پھنسانا، گرویدہ بنا لینا۔
اسْتُهِيمَ فُؤَادُ فُلَانٍ: کسی کے دل میں عشق و محبت پیوست ہونا، عشق سے بے قرار و مضطرب ہونا۔
الأَهْيَمُ: انتہائی پیاسا آدمی، یا اونٹ هِيَ هَيْمَاءُ، ج: هِيمٌ قرآن پاک میں ہے "فَشَارِبُونَ شُرْبَ الهِيمِ"، پھر تم پیا سے اونٹوں کی طرح پیو گے۔ لَيْلٌ أَهْيَمُ: بے ستاروں کی رات۔
المُسْتَهَامُ: دیوانۂ عشق، عشق باز، قَلْبٌ مُسْتَهَامٌ: دل بے تاب، دل بے قرار۔

الھَائِمُ: ازخودرفتہ، دیوانۂ عشق، (۲) سرگرداں (۳) پیاسا۔
الھَیَامُ: بہت باریک مٹی جو چٹکی میں نہ ٹھہرے ج: ھِیْمٌ۔
الھُیَامُ: الھیامُ (۲) سخت ترین پیاس (۳) اونٹوں کو لاحق ہونیوالی پیاس کی بیماری جس سے چارہ چھوڑ کر سرگرداں پھرتے ہیں، (۴) جنونِ عشق۔
الھَیْمُ: ھَیْمُ اللّٰہِ، خدا کی قسم۔
الھَیْمَانُ: سخت پیاسا (۲) دیوانۂ عشق۔
الھَیُوْمُ: حیران وپریشان سرگشتہ۔
• ھَیْمَنَ فُلَانٌ: آمین کہنا۔
—— عَلٰی کَذَا: کسی چیز پر حاوی ہونا، مسلط ہونا، قابض ہونا، چھاجانا (۲) نگرانی اور حفاظت کرنا (۳) کنٹرول کرنا، قابو میں کرنا، گرفت میں لینا۔
—— الطَّائِرُ عَلٰی فِرَاخِہٖ: پرندہ کا چوزوں پر پر پھیلانا۔
المُھَیْمِنُ: خدا تعالیٰ کا نام (اسم صفت) ہے یعنی ہر چیز پر حاوی وقابض اور اس کا محافظ ونگراں، قرآن پاک میں ہے۔ مُصَدِّقًا لِمَا بَیْنَ یَدَیْہِ مِنَ الْکِتَابِ وَمُھَیْمِنًا عَلَیْہِ
الھَیْمَنَۃُ: نگرانی، حفاظت (۲) تسلط، (۳) برتری، بالادستی۔

• الھَیْنَغُ: دیکھئے (ھنغ)
• ھَیْنَمَ 〃 (ھنم)
المُھَیْنِمُ 〃 (〃)
الھَیْنَامُ 〃 (〃)
الھَیْنَمُ 〃 (〃)
الھَیْنَمَانُ 〃 (〃)
الھَیْنُوْمُ 〃 (〃)
• ھَاھَی فُلَانٌ بِالإِبِلِ: اونٹوں کو پکارنا، جھڑکنا (۲) اونٹوں کے ساتھ رہنا۔
—— الکِلَابَ: کتوں کو جھڑکنا۔
ھَاہٗ: ڈرانے کی آواز (۲) ہنسنے کی آواز (۳) نوحہ خوان کی آواز (۴) جمائی کی آواز، حدیث میں ہے "فَاِذَا تَثَاءَبَ اَحَدُکُمْ فَلْیَرُدَّہٗ مَااسْتَطَاعَ وَلَایَقُوْلَنَّ ھَاہٗ ھَاہٗ۔
الھَیِّہُ: گندا آدمی جس کے کپڑوں کی گندگی کے باعث اسے دور رکھا جائے۔
ھِیْہِ ھِیْہِ: کسی چیز سے تنفر اور اسے دور کرنے کے لئے کہا جاتا ہے (۲) مزید بات کی فرمائش کے لئے، پھر، ایک دفعہ اور، مزید۔
ھَیْھَاتَ وھَیْھَاتُ: اسم فعل بمعنی بُعْدُ وعدم امکان، قرآن پاک میں ہے "ھَیْھَاتَ ھَیْھَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ"، تم سے جو وعدہ کیا جارہا ہے وہ (حقیقت سے) بعید ہے ناممکن (الوقوع) ہے (۲) دور ہو، پرے ہٹ (۳) دور ہے، ناممکن ہے۔

• ھَیَا: حرف ندا، اس کی اصل اَیَا ہے
ھَیَا ھَیَا: اونٹوں کو ڈانٹنے کا لفظ۔
ھَیِّ: اسم فعل امر ہے۔ جلدی کرو، اس کے اخیر میں کاف خطاب لگتا ہے، کہتے ہیں ھَیْکَ یَا رَجُلُ، جلدی کیجئے صاحب۔
ھَیُّ بْنُ بَیٍّ: نامعلوم شخص کے لئے کنایۃً بولتے ہیں جو خود بھی غیر معروف ہو اور اس کا باپ بھی غیر معروف ہو۔
ھَیَّا ھَیَّا: سواری کے جانوروں (اونٹوں) کو حدی کے ذریعہ تیز چلنے پر اکسانے کے لئے۔ بمعنی تیز چل۔
ھِیَّا: اس کے اخیر میں کاف خطاب لگا کر کہتے ہیں برائے نہی (ممانعت) ھِیَّاکَ وَزَیْدًا: زید سے الگ رہو
ھَیَّانُ: مَاھَیَّانُ ھٰذَا؟ اس شخص کا کیا معاملہ ہے؟ ھَیَّانُ بْنُ بَیَّانَ: کنایۃً وہ آدمی جو نہ خود معروف ہو اور نہ اس کا باپ معروف ہو۔

بابُ الواو

• الوَاوُ : حروف ہجائیہ کا ستائیسواں حرف، اس کی اصل وَيْوٌ اور اس کا الف یا سے بدلا ہوا ہے کہتے ہیں دَيَّيْتُ وَاوًا حَسَنَةً، میں نے خوبصورت واؤ لکھا ہے، یہ کلام میں کبھی اصل حرف ہوتا جیسے وَعَدَ میں اور کبھی زائد ہوتا ہے جیسے مَنْصُوْرٌ میں اور کبھی دوسرے حرف سے بدلا ہوا ہوتا ہے، جیسے يُوْذَنُ میں کہ اس کی اصل يُؤْذَن ہے، یہاں ہمزہ کے بدلہ میں ہے۔ واو مفردہ کا استعمال چند طریقوں پر ہے۔

(۱) عاطفہ: یہ مطلقاً دو چیزوں کو جمع کرنے کے لئے آتا ہے کبھی ایک شئی کا عطف اس کے ساتھ والی شے پر کیا جاتا ہے۔ جیسے "فَاَنْجَيْنَاهُ وَاَصْحَابَ السَّفِيْنَةِ"، کبھی اس سے پہلی والی شئی پر جیسے "وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا وَّ اِبْرَاهِيْمَ" اور کبھی اس شئے کے لاحق پر جیسے "كَذٰلِكَ يُوْحِيْ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ"۔ واؤ کے معطوف اور معطوف علیہ میں تقارب یا تراخی بھی جائز ہے۔ جیسے "اِنَّا رَادُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ"۔

(۲) واو استیناف، یعنی واؤ کا مدخول علیہ ماسبق سے الگ اور مستقل کلام ہوتا ہے جیسے "لِنُبَيِّنَ لَكُمْ وَنُقِرُّ فِي الْاَرْحَامِ مَا نَشَاءُ"

(۳) واو حالیہ: یہ جملۂ اسمیہ اور جملۂ فعلیہ دونوں پر داخل ہوتا ہے اور اس کا مدخول علیہ ماسبق میں مذکور فاعل کیلئے حال ہوتا ہے جیسے جَاءَ فُلَانٌ وَالشَّمْسُ طَالِعَةٌ یا جَاءَ فُلَانٌ وَقَدْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ۔

(۴) واو مفعول معہ: یہ اپنے مدخول علیہ اسم کو نصب دیتا ہے جیسے سِرْتُ وَالنِّيْلَ میں دریائے نیل کے ساتھ ساتھ چلا۔

(۵) مضارع منصوب پر داخل ہونے والا وہ واؤ جو اسم صریح پر عطف کے لئے آتا ہے، جیسے "وَلُبْسُ عَبَاءَةٍ وَتَقَرَّ عَيْنِيْ" یا اسم مؤول پر عطف کے لئے جیسے "لَا تَنْهَ عَنْ خُلُقٍ وَتَأْتِيَ مِثْلَهُ"۔ اس میں واؤ سے پہلے نفی یا طلب کا ہونا ضروری ہے۔

(۶) واو قسم: یہ صرف اسم ظاہر پر داخل ہوتا ہے اور صرف محذوف فعل سے متعلق ہوتا ہے۔ جیسے: "وَالْقُرْآنِ الْحَكِيْمِ"۔

(۷) واو الدخول کالخروج (واو زائدہ) جیسے "حَتّٰى اِذَا جَاءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا"۔ یہ واؤ اِلَّا کے بعد بھی آتا ہے اور اس حکم کی تاکید کرتا ہے جس کا اثبات مطلوب ہو جیسے "مَا مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَلَهُ طَمَعٌ اَوْ حَسَدٌ"۔

(۸) واو ثمانیہ: یعنی سات کے عدد کی تکمیل کے بعد آٹھ سے عدد مستأنف کو بیان کرنے کے لئے جیسے کہا جائے سِتَّةٌ، سَبْعَةٌ وَثَمَانِيَةٌ قرآن پاک میں ہے "سَيَقُوْلُوْنَ ثَلَاثَةٌ رَابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ" الیٰ قولہ "سبعةٌ وثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ"۔

(۹) وہ واؤ جو اس جملہ پر داخل ہوتا ہے جس سے ماقبل کی صفت بیان کی جاتی ہے اور اس کا مقصد موصوف کے ساتھ اس جملہ کے لصوق و اتصال کی تاکید ہوتا ہے، جیسے "عَسٰى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْئًا وَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ"۔ بعض نحویوں نے اس واؤ کو حالیہ کہا ہے۔

(۱۰) واؤ ضمیر الذکور: جمع مذکر کے صیغہ میں آنے والا۔ جیسے: قَالُوْا۔

(۱۱) واو الفصل: یہ واؤ صرف لکھنے میں آتا ہے، جیسے عَمْرٌو کا واؤ حالتِ رفع اور جر میں صرف عُمَرُ سے ممتاز کرنے کیلئے لکھا جاتا ہے ایسے ہی واؤ فارقہ جیسے اُوْلٰئِكَ اور اُوْلِي میں۔

حروف عاطفہ میں واؤ عاطفہ کو پندرہ احکام میں انفرادیت و امتیاز حاصل ہے:

(۱) اس کے معطوف میں تین معانی کا احتمال: عطف الشئ علی الشئ المصاحب عطف الشئ علی الشئ السابق اور عطف الشئ علی اللاحق جیسا کہ

ابھی گزرا۔
(۲) اِمّا کے ساتھ اقتران جیسے "امَّا شَاکِرًا وإمَّا کفورًا"۔
(۳) لا کے ساتھ اقتران جب کہ اس سے پہلے نفی ہو اور اس واؤ سے معیت کا ارادہ نہ کیا جائے، جیسے: مَا قَامَ زَیْدٌ وَلَا عَمْرٌو۔
(۴) لٰکِنَّ کے ساتھ اقتران جیسے قَامَ زَیْدٌ وَلٰکِنْ عَمْرٌو جَالِسٌ
(۵) مفرد سببی کا عطف اجنبی پر ربط پیدا کرنے کی ضرورت کے لئے جیسے مَرَرْتُ بِرَجُلٍ قَائِمٍ زَیْدٌ وَاَخُوْهُ۔
(۶) عقد (دہائی) پر عدد کسری کے عطف کے لئے، جیسے: اَحَدٌ وَ عِشْرُوْنَ وغیرہ۔
(۷) صفات متفرقہ کا عطف ہر صفت کے منعوت کے اجتماع کے ساتھ جیسے، شاعر کا قول
بَکَیْتُ وما بُکٰی رَجُلٍ حَزِیْنٍ
عَلٰی رَبْعَیْنِ مَسْلُوْبٍ وَبَالٍ
(۸) عطف ما حقہ التثنیہ والجمع، (یعنی) ایسے دو لفظوں کا باہم عطف جن کو حقیقت میں تثنیہ یا جمع ہونا چاہئے تھا) جیسے، شاعر فرزدق کا قول:
* اِنَّ الرَّزِیَّةَ لَا رَزِیَّةَ مِثْلُهَا
فِقْدَانُ مِثْلِ مُحَمَّدٍ وَمُحَمَّدٍ
(۹) ایسے لفظ کا عطف جس سے استغنا ممکن نہ ہو جیسے: جَلَسْتُ بَیْنَ زَیْدٍ وَعَمْرٍو۔
(۱۰) عطف العام علی الخاص جیسے: "اغْفِرْلِی وَلِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَیْتِیَ مُؤْمِنًا"۔
(۱۱) عطف الخاص علی العام جیسے: "وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِیّٖنَ مِیْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُوْحٍ"
(۱۲) ایسے عامل کا عطف جو حذف کر دیا گیا ہو اور اس کا معمول باقی ہو، دوسرے عامل پر جبکہ یہ دونوں عامل ایک معنی میں ہوں، جیسے: زَجَّجْنَ الْحَوَاجِبَ وَالْعُیُوْنَا یعنی کَحَّلْنَ الْعُیُوْنَا (کَحَّلْنَ محذوف عامل کا عطف زَجَّجْنَ پر ہے اور کَحَّلْنَ محذوف کا معمول الْعُیُوْنَا موجود ہے۔
(۱۳) عطف الشیئ علی مُرادِفِهٖ جیسے: اِنَّمَا اَشْکُوْ بَثِّیْ وَحُزْنِیْ اِلَی اللّٰهِ، نیز اُولٰئِكَ عَلَیْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ
(۱۴) ضرورۃً مقدم کا عطف اس کے متبوع پر جیسے:
أَلَا یَا نَخْلَةً مِنْ ذَاتِ عِرْقٍ
عَلَیْكِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ السَّلَامُ
اصل میں علیك السَّلامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ تھا، ضرورت شعری کی بنا پر السَّلام مؤخر کر دیا گیا۔
(۱۵) عطف مخفوض علی الجوار جیسے: وامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلِكُمْ جو حضرات اَرْجُلِكُمْ بالفتح کے بجائے ل کے کسرہ کے قائل ہیں وہ اس کسرہ کو جرّ جوار یعنی ما قبل کی حرکت کی رعایت کے باعث مجرور رکھتے ہیں۔
وَا: اس کا استعمال دو طرح ہے۔
(۲) حرف ندا، جو ندبہ (اظہار غم) کے اسلوب کے لئے خاص ہے جیسے: وَازَیْدَاهْ، واظهراه آہ زید پر کتنا افسوس ہے! آہ اس کی کمر کو کیا ہو گیا! وَا اُسْرَتَاهُ
ہائے اس کے خاندان پر کیسی مصیبت آ پڑی، بعض نحویوں نے ندائے حقیقی بمعنی یا پر بھی جائز کہا ہے۔
(۲) اَعْجَبُ کا اسم ہو جیسے:
وَا بِاَبِیْ اَنْتَ وَفُوْكَ الْاَشْنَبُ
کَاَنَّمَا ذُرَّ عَلَیْهِ الزَّرْنَبُ
وَاعَجَبَاهُ: یہ کیسی عجیب بات ہے! انتہائی تعجب ہے۔
• وَأَبَ فُلَانٌ: ـــ (یَئِبُ) وَأْبًا وَإِبَةً: سر جھکانا (۲) ناک چڑھانا۔
ـــ مِنَ الْاَمْرِ: کسی بات سے شرما کر منقبض ہونا، پانی پانی ہونا۔
ـــ الْحَافِرُ: ـــ وَأْبًا وَوَأْبَةً کھر کے کناروں کا ملا ہوا ہونا
وَئِبَ فُلَانٌ: ـــ (یَوْأَبُ) وَأْبًا غصہ ہونا خفا ہونا۔
أَوْأَبَ فُلَانٌ فُلَانًا: کسی کے ساتھ باعث شرم فعل کرنا (۲) ناراض کرنا، غصہ دلانا (۳) ذلت کے ساتھ نامراد لوٹانا۔
اِتَّأَبَ فُلَانٌ: شرمندہ اور کھسیانا ہونا۔
ـــ فُلَانًا: ذلت کے ساتھ ناکام لوٹانا۔
الْإِبَةُ: شرمندگی، ندامت، رسوائی انقباض
التُّؤَبَةُ: شرم، کھسیاہٹ، رسوائی اس کی اصل وُؤَبَةٌ ہے۔
التُّؤَبَةُ: التُّؤْبَةُ: ان کی اصل وُؤَبَةٌ وَوُؤْبَةٌ ہے۔
الْمَوْئِبَةُ: التُّؤْبَةُ۔
الْوَأْبُ: وہ کھر جس کے کنارے ملکے

اور خوب ملے ہوئے ہوں (۲) بڑا اور کشادہ پیالہ۔ ج: اَوْآب۔
الوَأْبَةُ: چھوٹے قد کی موٹی عورت (۲) کشادہ اور گہرا کنواں۔ (۳) چٹان کا گڑھا جس میں پانی ٹھہر جاتا ہو۔ قِدْرٌ وَأْبَةٌ: چوڑی ہنڈیا۔
الوَئِيْبَةُ: قِدْرٌ وَئِيْبَةٌ: گہری ہنڈیا۔
• الوَأْجُ: بھوک، سخت بھوک۔
• وَأَدَ الرَّجُلُ ابْنَتَهُ ـ (يَئِدُ) وَأْدًا: اپنی لڑکی کو زندہ دفن کرنا هو وَائِدٌ وهي وَئِيْدٌ وَوَئِيْدَةٌ ومَوْءُودَةٌ، قرآن پاک میں ہے وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ بِاَيِّ ذَنْبٍ قُتِلَتْ، زمانۂ جاہلیت میں عرب ایسا کرتے تھے۔
اِتَّأَدَ فُلَانٌ: سنجیدہ ہونا (۲) توقف کرنا، آہستگی اختیار کرنا
ـــ فِی مَشْيِهِ: متانت وسنجیدگی سے چلنا۔
ـــ فِی أَمْرِهِ: اپنے معاملہ میں پختہ ہونا، ثابت قدم ہونا، کام کو اطمینان سے انجام دینا۔
تَوَأَّدَ فُلَانٌ: اِتَّأَدَ۔
ـــ عَلَيْهِ الأَرْضُ: زمین کا کسی کو ہضم کر جانا (یعنی اس کا مر کر دفن ہو جانا)
المَوَائِدُ: آفات ومصائب، واحد مَوْئِدَةٌ۔
التَّوَآدُ: متانت وسنجیدگی (۲) توقف سکون (۳) آہستگی۔
التُّؤَدَةُ: التَّوَآدُ، اس کی اصل وُؤَدَةٌ ہے۔
الوَأْدُ: لڑکی کو زندہ درگور کرنے کی جاہلانہ عادت (۲) زبردست آواز (۳) زمین پر قدموں کی پرزور آہٹ۔ (۴) اونٹ کی بلبلاہٹ۔
الوَئِيْدُ: الوَأْدُ (۲) آہستہ مَشْی مَشْيًا وَئِيْدًا: وہ خراماں خراماں چلا یا وہ متانت ووقار سے چلا، وہ دبے پاؤں چلا۔ (۳) زندہ درگور۔
• وَأَرَ النَّارَ وَلِلنَّارِ ـ (يَئِرُ) وَأْرًا وإِرَةً: آگ جلانے کے لئے چولہا بنانا۔
ـــ فُلَانًا وَأْرًا: گھبرا دینا، ڈرا دینا (۲) آفت میں ڈالنا۔
أَوْأَرَهُ: باخبر کرنا (۲) متنفر کرنا (۳) بدکا کر بھگا دینا۔
اِسْتَوْأَرَ الإِبِلُ: اونٹوں کا ڈر کر پہاڑ پر چڑھ جانا۔
وَأَّرَهُ: آفت میں ڈالنا۔
الإِرَةُ: آگ (۲) آگ کی بھٹی جو حمام وغیرہ کے نیچے ہوتی ہے (۳) آگ کی بھڑک، تیزی، تپش، (۴) دشمنی (۵) اوجھ میں پکا ہوا گوشت (۶) سرکہ اور گوشت ابال کر بنایا ہوا کھانا (۷) کوہان کی چربی، ج: إِرَاتٌ وإِرُوْنَ۔
الوِئَارُ: لپائی کی چکنی مٹی نکالنے کی جگہیں یا گڑھے۔
الوَئِرَةُ: انتہائی گرم زمین۔
الوُؤْرَةُ: آگ جلانے کی جگہ، چولہا بھٹی، ج: وُؤَرٌ وأُوَرٌ
• وَأَصَ بِهِ الأَرْضَ: زمین پر دے مارنا، پٹخ دینا۔
تَوَأَّصَ القَوْمُ: لوگوں کا اکھٹا ہونا، پانی پر بھیڑ لگانا۔
الوَئِيْصَةُ: جماعت، مخلوق مَا أَدْرِی أَيُّ الوَئِيْصَةِ هو؟ خدا جانے وہ کونسی قسم کا آدمی ہے؟
• وَأَطَ القَوْمَ ـ وَأْطًا: ملاقات کرنا۔
ـــ الشَّئُ: جوش مارنا۔
الوَأْطَةُ (من الأرض): بلند زمین۔
• وَأَلَ فُلَانٌ ـ (يَئِلُ) وَأْلًا ووُؤُولًا: چھٹکارا پانے کے لئے پناہ گیر ہونا۔
ـــ إِلَى اللّٰهِ: اللہ کی طرف رجوع کرنا۔
ـــ إِلَى المَكَانِ: جلدی سے کسی جگہ جانا، جلدی سے کسی جگہ پناہ لینا۔
أَوْأَلَتِ المَاشِيَةُ فِی الكَلَإِ: مویشی کا گھاس پر پیشاب اور مینگنیوں وغیرہ کے گندے نشان ڈالنا۔
ـــ المَكَانُ: جگہ کا اونٹوں اور بکریوں کی مینگنیوں سے آلودہ ہونا
ـــ المَاشِيَةُ المَكَانَ: مویشی کا مینگنیوں یا گوبر سے جگہ کو آلودہ کرنا۔
وَاءَلَ فُلَانٌ مُوَاءَلَةً وَوِئَالًا: پناہ گیر ہو کر چھٹکارا پانا۔
ـــ إِلَى المَكَانِ: کسی جگہ جلدی سے جانا، پناہ لینے کے لئے لپک کر جانا
ـــ مِنَ الشَّئِ: جان بچانا، چھٹکارا چاہنا۔
ـــ الطَّائِرُ: پرندہ کا شکرے کے ڈر سے کسی چیز کی پناہ تلاش کرنا
الإِلَةُ: إِلَةُ فُلَانٍ: قریبی رشتہ دار اس کی اصل وِئْلَةٌ ہے۔
الأَوَّلُ: آخر کی ضد (اس کی اصل أَوْأَلُ یا وَوْأَلُ ہے، پہلا سب سے پہلا، نمبر اول (۲) اہم

ج : الاَوَائِل وَالاُوَالِی والاَوَّلُونَ ۔ پہلے زمانہ کے لوگ، اسلاف۔
اَوَّلاً ، شروع میں پہلے نمبر پر۔
لِاَوَّلِ مَرَّةٍ ، پہلی دفعہ۔
اَوَّلَ الاَمْرِ لِاَوَّلِ الاَمْرِ ، شروع شروع میں شروع میں۔
لِاَوَّلِ وَهْلَةٍ ، الوَهْلَةَ الاُولیٰ پہلے لحظہ میں، بالکل شروع میں دیکھتے ہی۔
الاُوْلیٰ : الاَوَّلُ کی تانیث، پہلی نمبر اول کی، ج : الاُوَلُ
الدَّرَجَةُ الاُولیٰ : فرسٹ کلاس
السَّیِّدَةُ الاُولیٰ : خاتون اول
المَوْئِلُ : سیلاب رکنے کی جگہ (۲) جائے پناہ (۳) مرکز، مستقر
مَوْئِلُ العِلْمِ : دانش گاہ
المَوْئِلَةُ : جائے پناہ (۲) جائے نجات (۳) مرجع، پناہ۔
الوَأْلُ : المَوْئِلُ۔
الوَأْلَةُ : بکریوں اور اونٹوں کی مینگنیوں کا سنا ہوا ڈھیر، اِنَّ بَنِی فُلَانٍ وَقُودُهُمُ الوَأْلَةُ : فلاں قبیلہ کا ایندھن ان کی بکریوں اور اونٹوں کی سنی ہوئی مینگنیاں ہیں
• وَأَمَهُ ۔ (یَئِمُهُ) وَأْمًا : موافق ہونا، جوڑ لگنا۔
اَتْأَمَتِ الاُنْثیٰ : مادہ کے بطن سے بیک وقت دو بچے پیدا ہونا، ھی مُتْئِمٌ دیکھئے تأم۔
وَاءَمَهُ مُوَاءَمَةً وَوِئَامًا : کسی کے موافق ہونا (۲) جوڑ لگنا، جوڑ ملنا، میل کھانا، لولا الوِئَامُ لَهَلَكَ الاَنَامُ ، لوگوں کا آپس میں میل جول نہ ہوتا تو وہ ہلاک ہوجاتے، وَاءَمَتِ المَرْأَةُ صَوَاحِبَاتِهَا ، عورت نے اپنی سہیلیوں کی طرح بناؤ سنگار کیا۔
وَأَّمَ اللّٰهُ فُلَانًا : اللہ کا کسی کو بے ڈول و بدہیئت بنانا۔
۔۔۔ رَأْسَهُ : کسی کے سر کا بہت بڑا بنانا۔
تَوَاءَمَ الشَّیْئَانِ : دو چیزوں کا باجوڑ ہونا، باہم میل کھانا، یکساں اور موزوں ہونا۔
۔۔۔ الغِنَاءُ : گانے کے سروں کا یکساں ہونا۔
۔۔۔ الفَتَیَاتُ : لڑکیوں کا ہم آہنگ ہونا، یک رنگ ہونا ہم ذوق ہونا
التَّوْأَمُ : جوڑواں بچہ یا بچے (دو یا دو سے زائد بیک وقت پیدا ہونے والے ایک بطن انسان وحیوان سے تَوْأَم کہلائیں گے، ہر ایک دوسرے کا تَوْأَم ہوگا نر ہوں یا مادہ یا ایک نر اور دوسرا مادہ، مادہ کو تَوْأَمَةٌ کہا جائے گا ھذا تَوْأَمُهُ یا تَوْأَمُهَا وھذہ تَوْأَمَتُهُ اور تَوْأَمَتُهَا (۲) کبھی ہر چیز کے جوڑے کو بھی تَوْأَم کہا جاتا ہے، کبھی ایک مادہ کو تَوْأَمَة اور دو کو تَوْأَم کہا جاتا ہے۔ ج : التَّوَائِمُ وَالتُّؤَامُ۔ دیکھئے (تأم)۔
التَّوَاءُمُ : تطابق (۲) یکسانیت (۳) جوڑ
المُتَوَائِمُ : باجوڑ، موزوں، مطابق
المُوَاءَمَةُ : موافقت۔
المُوَأَّمُ : بڑے سر کا (۲) بدشکل بے ڈول۔
المُوَأَّمَةُ : بے چوٹی کا خود
الوِئَامُ : اتفاق (۲) جوڑ، ربط، تعلق
الوَأْمُ : گرم مکان۔
الوَأْمَةُ : رَجُلٌ وَأْمَةٌ : نقال دوسروں کی دیکھا دیکھی کام کرنے والا آدمی۔
• التَّوْأَنُ : بدن کی کمزوری (۲) رائے کی کمزوری۔
الوَأْنُ : چوڑا چکلا آدمی۔
الوَأْنَةُ : الوَأْنُ۔ اِمْرَأَةٌ وَأْنَةٌ بے وقوف اکھڑ مزاج عورت۔
• وَأْوَأَ الکَلْبُ : کتے کا بھونکنا۔
الوَأْوَاءُ : گیدڑ کی آواز۔
• وَأَی فُلَانًا ولہ ۔ (یَئِیهِ) وَأْیًا : کسی سے وعدہ کرنا (۲) کسی کا ضامن ہونا۔
۔۔۔ علی نَفْسِهِ کذا : کوئی بات اپنے ذمہ لینا، عہد کرنا، حدیث میں ہے «اِنِّی قَدْ وَأَیْتُ عَلٰی نَفْسِی اَنْ اَذْکُرَ مَنْ ذَکَرَنِی» میں نے اس بات کا عہد کیا ہے کہ میں ہر اس شخص کو یاد رکھوں گا جو مجھے یاد رکھے گا۔
اِتَّأَی الرَّجُلُ : کسی کے وعدہ پر اطمینان کرنا، وعدہ کو مان لینا۔
تَوَاءَی القَوْمُ : اکٹھا ہونا۔
اِسْتَوْأَی فُلَانٌ : کسی کا کسی سے وعدہ لینا، وعدہ کرانا (۲) وعدہ ماننا۔
الوَأْیُ : دل میں کیا ہوا پختہ عہد وعدہ، حدیث عمر رضی اللہ عنہ میں ہے، مَنْ وَأَی لِامْرِئٍ بِوَأْیٍ فَلْیَفِ بِهِ : جو شخص کسی سے کوئی وعدہ کرے اسے پورا کرنا چاہئے، لَا خَیْرَ فِی وَأْیٍ اِنْجَازُهُ بَعْدَ لَأْیٍ : تاخیر سے پورا کئے جانے والا وعدہ منفعت بخش نہیں (۲) لوگوں کی ایک تعداد

(۳) وہم و گمان
الوَأْیُ من الدَّوَابِّ: مضبوط و تیز رفتار جانور (چوپایہ)
الوَأْیَۃُ بڑی کشادہ ہانڈی، دیگچہ (۲) پھیلا ہوا پیالہ۔
الوَئِیَّۃُ: الوَأْیَۃُ (۲) باسلیقہ گھردار عورت، گھر کی منتظم عورت (۳) بڑا گون، بڑا تھیلا، بورا

و ــــــ ب

• وَبَأَ الی الشیءِ ـَ (یَوْبَأُ) وَبْئًا اشارہ کرنا۔
ــــ المَتَاعَ: سامان باندھنا، پیک کرنا، (۲) تیار کرنا۔
وَبِئَتِ الارضُ ـَ (تَوْبَأُ) وَبَأً: کسی علاقہ میں وبا پھیلنا، وبازدہ ہونا۔ ھی وَبِئَۃٌ
وَبُؤَتِ الارضُ ـُ تَوْبُؤُ وَبَاءً وَوَبَاءَۃً: بہت وبازدہ ہونا۔ ھی وَبِیئَۃٌ۔
اَوْبَأَتِ الارضُ: وَبِئَتْ
ــــ فلانٌ الی الشیءِ: اشارہ کرنا
رَکِیَّۃٌ لَا تُوْبِئُ: ایسا کنواں جس کا پانی نہ ٹوٹتا ہو۔
وَبَّأَ اِلَی الشیءِ: اشارہ کرنا۔
ــــ الشیءَ: باندھنا، پیک کرنا
تَوَبَّأَ فلانٌ البلدَ او الماءَ: کسی کا کسی شہر و ملک یا آب و ہوا کو موافق نہ پانا۔
سْتَوْبَأَ فلانٌ الارضَ: کسی علاقہ کو نا موافق پانا۔ (۲) وبازدہ پانا
لمُوْبِئُ، تھوڑا پانی (۲) ٹوٹ جانے والا پانی۔
لوَبَأُ: طاعون (۲) پھیلنے والی بیماری، وبا۔ ج: اَوْبَاءٌ
لوَبَاءُ: الوَبَأُ، ج: اَوْبِئَۃٌ وَاَوْبِیَۃٌ
وَبَّخَہٗ: ملامت کرنا، اظہار ناراضگی کرنا، فہمائش کرنا، سخت سست کہنا (۲) ڈانٹ ڈپٹ کرنا، دھمکانا، جھڑکنا۔
التَّوْبِیخ: جھڑکی، ڈانٹ، لعن طعن، ملامت، فہمائش۔
• وَبِدَ فلانٌ ـَ (یَوْبَدُ) وَبَدًا تنگ دستی اور عیال داری کے باعث بدحال و پریشان ہونا
وَبِدَتْ حالُہٗ: بدحال ہونا (۲) عیب دار ہو جانا
ــــ عَلَیْہِ: کسی پر خفا ہونا
ــــ الثَّوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔
ــــ الیومُ: دن کا گرم اور بے ہوا ہونا۔ ھو وَبِدٌ
اَوْبَدَ الشیءَ: الگ تھلگ کرنا۔
تَوَبَّدَ اَمْوَالَ النَّاسِ: لوگوں کے مال کو نظر لگا کر ضائع کرا دینا
استَوْبَدَ فلانٌ: تنگ دستی اور کثرتِ عیال کے باعث بدحال ہونا۔
المُسْتَوْبِدُ: کثرتِ عیال اور قلت مال سے بدحال۔
الوَبْدُ: چٹان کا گڑھا جس میں پانی ٹھہر جائے (۲) لوگوں سے احتیاج
الوَبْدُ: رَجُلٌ وَبْدٌ (مصدر بطور صفت) معاشی طور پر خستہ حال، مفلس (واحد و جمع برابر ہیں) کبھی اَوْبَاد جمع لائی جاتی ہے (۲) چٹان کا گڑھا جس میں پانی ٹھہر جاتا ہو۔
الوَبِدُ: بدنگاہ، مفلس
• وَبِرَ البعیرُ ونحوُہٗ ـَ (یَوْبَرُ) وَبَرًا: اونٹ وغیرہ کا بہت اون (بال) والا ہونا ھو وَبِرٌ و اَوْبَرُ وھی وَبِرَۃٌ وَوَبْرَاءُ۔
وَبَّرَ فلانٌ: جنگلی جانور کی طرح آوارہ گرد ہونا (۲) کچھ عرصہ کے لئے گھر میں گوشہ نشین ہونا
ــــ وَلَدُ النَّعامِ: شتر مرغ کے بچہ کا روئیں دار ہونا
ــــ الارنبُ او الثعلبُ او الاَیِّلُ خرگوش، لومڑی اور پہاڑی بکرے کے نشاناتِ قدم چھپانے کے لئے سخت زمین پر چلنا
ــــ فلانٌ آثارَہٗ: کسی کا اپنے نشان پا کو مٹانا
ــــ علی فلانٍ الامرَ: کسی سے کوئی بات اخفاء میں رکھنا، واضح نہ ہونے دینا۔
ــــ النَّخلَۃَ: کھجور کے درخت کو کو قلم لگانا۔
الاَوْبَرُ: بَنَاتُ اَوْبَرَ: مٹیالے رنگ کی چھوٹی سانپ کی چھتریاں، واحد: ابنُ اَوْبَرَ۔ لَقِیتُ مِنہ بَنَاتِ اَوْبَرَ: مجھے اس سے تکلیف کا سامنا کرنا پڑا
الوَابِرُ: ما بالدَّارِ وَابِرٌ: گھر میں کوئی نہیں (یہ صرف منفی ہی استعمال ہوتا ہے)
الوابُورُ: انجن، مشین، دخان جہاز، لمپ
الوَابُورُ البخاریُّ، دخانی انجن
وابُورُ الزَّلْطِ، سڑکیں ہموار کرنے کا اسٹیم رولر
وَابُورُ الغازِ: اسٹوو، تیل کا چولہا
الوَبْرُ: نیولے اور خرگوش سے ملتا جلتا ایک جانور جو لبنان میں زیادہ ہوتا ہے مادہ وَبْرَۃٌ و وُبُورٌ وَوِبَارٌ (۲) موسم سرما کے آخری سات

دلوں میں سے ایک۔
الوَبَرُ: اونٹ اور خرگوش وغیرہ کے نرم بال رُواں (اون) واحد: وَبَرَۃٌ ج: اَوْبَار اَھْلُ الوَبَرِ: دیہاتی لوگ

• وَبِشَ الظُّفُرُ وَجِلْدُ البَعِیْرِ ـَ (یَوْبَشُ) وَبَشًا: ناخن یا اونٹ وغیرہ کی کھال کا سفید داغوں والا ہونا، ھو وَبِشٌ
اَوْبَشَ السَّائِرُ: چلنے والے کا تیز چلنا
ــــ الرَّجُلُ: کھانے پینے کے لئے کسی صحن کو آراستہ کرنا
ــــ الاَرْضُ: زمین کا روئیدگی والا ہونا، مختلف قسم کے نباتات والی ہونا
وَبَّشَ فُلَانٌ لِلحَربِ: لڑائی کے لئے مختلف قبائل کے لوگوں کو جمع کرنا
ــــ القَومُ فِی اَمْرٍ: کسی معاملہ سے مختلف جگہوں کے لوگوں کا وابستہ ہوجانا
ــــ الاَظْفَارُ: ناخنوں پر سفید داغ پڑجانا
ــــ الجَمْرُ: ہوا لگنے سے چنگاریوں کا سلگنا، روشن ہونا، انگارے دہکنا۔
الوَبْشُ: ج: اَوْبَاش، لوفر، بدچلن آوارہ لوگ (۲) مختلف قسم کے بکھرے ہوئے پودے وغیرہ (۲) ناخن کا سفید داغ (۳) اونٹ کی کھال پر خارش کے داغ
وَبْشُ الکَلَامِ: گھٹیا کلام، گھٹیا بات

• وَبَصَ البَرْقُ وَنَحْوُہٗ ـِ (یَبِصُ) وَبْصًا وَوَبِیْصًا وبِصَۃً: چمکنا، جگمگانا، جھلملانا
وَبَصَ القَمَرُ: چاند کی روشنی ہونا
ــــ الجَرْوُ: (کتے کے) پلے کا آنکھیں کھولنا۔
ــــ الاَرْضُ: زمین پر خوب سبزہ اگنا (۲) زمین پر پہلی روئیدگی نمودار ہونا
ــــ النَّارُ وَبِیْصًا: آگ روشن ہونا۔
وَبِصَ الفَرَسُ وغَیْرُہٗ ـَ (یَوْبَصُ) وبَصًا: گھوڑے کا چست ہونا ھو وَبِصٌ وھی وَبِصَۃ
اَوْبَصَتِ الاَرْضُ: وَبَصَتْ۔
ــــ النَّارُ: آگ سے شعلہ اٹھنا
ــــ فُلَانٌ نَارَہٗ: آگ دہکانا
وَبَّصَ فُلَانٌ لِفُلَانٍ بِشَیْءٍ: کسی کو کوئی چیز دینا
ــــ الجَرْوُ: پلے کا آنکھیں کھولنا
الوَابِصُ: شعلہ زن، سفید، چمکدار
الوَابِصَۃُ: آگ (۲) انگارہ (۳) بجلی کی چمک، کوند وفلانٌ وَابِصَۃُ سَمْعٍ: وہ کچے کانوں کا آدمی ہر سنی ہوئی بات کا یقین کرلیتا ہے
الوَبَّاصُ: بھڑک دار، بہت چمکیلا حدیث میں ہے، لَاتَلْقَی المُؤمِنَ اِلَّا شَاحِبًا وَلَاتَلْقَی المُنَافِقَ اِلَّا وَبَّاصًا، تم مومن کو (فکر آخرت سے) پھیکے رنگ کا پاؤگے اور منافق کو (دنیوی غرور سے) چمکتے ہوئے رنگ کا پاؤگے۔
عَارِضٌ وَبَّاصٌ: بہت بجلی چمکانے والا بادل، (۳) چاند (۴) شوخ رنگ کا۔
الوَبْصَۃُ: انگارہ
الوَبِیْصَۃُ: آگ

• وَبَطَ فِی جِسْمِہٖ وَفِی رَأْیِہٖ ـِ (یَبِطُ) وَبْطًا وَوُبُوْطًا: بدن اور رائے میں کمزور ہونا، وَبَطَ رَأْیُہٗ فِی ھٰذَا الاَمْرِ: اس معاملہ میں اس کی رائے کمزور ہے
ــــ الرَّجُلُ: گھٹیا ہونا، بزدل ہونا
ــــ فُلَانًا وَبْطًا: کسی کی حیثیت گھٹانا حدیث میں ہے، اَللّٰھُمَّ لَاتَبِطْنِی بَعْدَ اِذْ رَفَعْتَنِی، اے اللہ مجھے بلند کرنے کے بعد میری حیثیت نہ گھٹا
ــــ عن حَاجَتِہٖ: کسی کو اس کے کام سے روکنا، ضرورت کو پورا نہ ہونے دینا۔
ــــ حَظَّہٗ: کسی کو بدنصیب کرنا
ــــ الجُرْحَ: زخم کو کھولنا، مواد نکالنا
وَبِطَ فُلَانٌ ـَ (یَوْبَطُ) وَبَطًا: کمزور ہونا (۲) گھٹیا اور حقیر ہونا (۳) بزدل ہونا
وَبُطَ فُلَانٌ ـُ (یَوْبُطُ) وَبَاطَۃً وَبِطَ (۲) بھاری ہونا۔
الوَبَاطُ: کمزوری
• الوَبَاعَۃُ: بچہ کا تالو (چندیا) (۲) سرین
• وَبَغَہٗ ـِ (یَبِغُہٗ) وَبْغًا: عیب دار کرنا (۲) کسی پر طعن کرنا
الوَبَغُ: ہرا کٹھی چیز (۲) سر کی بھوسی (۳) اونٹوں کی ایک بیماری جس سے ان کے بال خراب ہوجاتے ہیں
الوَبِغُ: سر کی بھوسی والا، رَجُلٌ وَبِغٌ لوگوں کے بیچ میں پڑنے والا
الوَبْغَۃُ، وَبْغَۃُ القَومِ: لوگوں کا مجمع (۲) متوسط درجہ کے لوگ (۲) منتخب لوگ۔
• وَبَقَ ـِ (یَبِقُ) وَبْقًا وَوُبُوْقًا

ہلاک ہونا
وَبِقَ ـِ (یَبِقُ) وُبُقًا ہلاک ہونا
وَبِقَ ـَ (یَوْبَقُ) وَبَقًا ومَوْبِقًا ہلاک ہونا
ـــ فُلَانٌ فی دَیْنِہ: قرض میں پھنسنا
ـــ الإبلُ فی الطِّین: اونٹوں کا گارے میں پھنسنا
اَوْبَقَہُ: ہلاک کرنا (۲) قید کرنا، (۳) ذلیل کرنا
استَوْبَقَ: ہلاک ہوجانا
المَوْبِقُ: قیدخانہ (۲) وعدہ کی جگہ (۳) ہلاکت گاہ (۴) دوچیزوں کے درمیان آڑ، رکاوٹ۔ قرآن پاک میں ہے "وَجَعَلْنَا بَیْنَھُمْ مَوْبِقًا"، (۵) دوزخ کی ایک وادی۔
المُوبِق: مہلک
المُوبِقَاتُ: بڑے گناہ، کبائر (جو ہلاکت کا سبب بنتے ہیں) (۲) خطرات واحد: مُوبِقَۃٌ فُلَانٌ یَرْتَکِبُ المُوبِقَاتِ وہ معاصی کا ارتکاب کرتا ہے یا خطرات مول لیتا ہے
وَبَلَتِ السَّمَاءُ ـِ (تَبِلُ) وَبْلًا وَوُبُولًا: موسلا دھار بارش ہونا
ـــ السماءُ الأرضَ: آسمان کا زمین پر زبردست پانی برسانا
ـــ الانسانَ وَغَیْرَہ بالسَّوْطِ او بالعَصَا: کسی پر کوڑے یا ڈنڈے برسانا
ـــ بالرَّصَاصِ: گولیوں کی بوچھاڑ کرنا
وَبُلَ المَرْتَعُ ـُ (یَوْبُلُ) وَبَالَۃً ووَبَالًا: چراگاہ کا مضر صحت ہونا ناموافق ہونا۔
ـــ الشیُٔ: سخت ہونا۔
ـــ الأرضُ عَلَیْھِمْ وُبُولًا: زمین کا مضر صحت ہونا، ھو وَبِیلٌ وھی وَبِیلَۃ، ج: وُبُلٌ
وَابَلَ الأمرَ: کسی کام کا پابند ہونا اس میں ہمیشہ لگے رہنا
استَوْبَلَتِ الغَنَمُ: چراگاہ کے مضر ہونے کے باعث بکریوں کا بیمار پڑجانا (۲) جفتی نرکی خواہش کرنا۔
ـــ فُلَانٌ الأرضَ: کسی جگہ کو مضر صحت پانا، اس کی آب ہوا موافق نہ آنا
ـــ الشیَٔ: کسی چیز کو سخت محسوس کرنا
المَوْبِلُ: لکڑیوں کا گھٹڑ (۲) موٹی اور بڑی لاٹھی یا ڈنڈا
المَوْبِلَۃُ: لکڑیوں کا گٹھڑ
المِیْبَلُ: موٹا اور بھاری ڈنڈا، (۲) اونٹوں کے مارنے کا چابک (چمڑے کے تسموں کو گوندھ کر لکڑی سے جوڑا ہوا کوڑا، سانٹا)
ج: المَوَابِل
المِیْبَلَۃُ: چمڑے کا کوڑا، ہنٹر، (۲) ڈنڈا
الوَابِلُ: موسلا دھار بارش بڑے بڑے قطروں والی زوردار بارش
رَجُلٌ وَابِلٌ: مال کی بارش کرنے والا، سخی وفیاض آدمی۔
الوَابِلَۃُ: اونٹوں اور بھیڑ بکریوں کی نسل (۲) بازو یا ران کے اوپر کا سرا۔
الوَبَالُ: خرابی، فساد (۲) سختی، ومصیبت (۳) بوجھ (۴) برا انجام، قرآن پاک میں ہے، "فَذَاقَتْ وَبَالَ اَمْرِھَا"
الوَبْلُ: سخت بارش، موسلا دھار بارش۔
الوَبَلَی: وہ اونٹنی یا بکری جسکا دودھ زور کے ساتھ تھن دبانے سے اترتا ہو۔
الوَبَلَۃُ: نقصان ومضرت (۲) گناہ (۳) بوجھ، غذا یا چارہ کا بوجھل پن (۴) آب وہوا کی خرابی
وَبَلَۃُ الطَّعَامِ: کھانے کی بدہضمی
وَبَلَۃُ الشَّاۃِ: بکری کو جفتی کی خواہش
الوَبِلَۃُ: اَرْضٌ وَبِلَۃٌ: مضر صحت جگہ، خراب آب وہوا والا علاقہ
الوَبِیلُ: سخت، قرآن پاک میں ہے "فَاَخَذْنَاہُ اَخْذًا وَبِیلًا" ہم نے اس کی سخت پکڑ کی، (۲) جانوروں کے لئے نقصان دہ چراگاہ (۳) لکڑیوں کا گھٹڑ، (۴) موٹا بھاری ڈنڈا یا لاٹھی (۵) لچک دار نرم شاخ (۶) ناقوس (عیسائیوں کی نماز کے اعلان کی گھنٹی) بجانے کی لکڑی (۷) دھوبی کی کپڑے کوٹنے کی موگری
الوَبِیلَۃُ: ایندھن کا گٹھڑ، (۲) موٹی لاٹھی یا موٹا ڈنڈا، ج: وُبُلٌ
• الوَتُّ الوُتَّۃُ: نر قمری کی آواز (قمری فاختہ کی طرح کا طوق دار پرندہ)
الوَتَاوِتُ: وسوسے
وَتَأَ ـَ (یَتَأُ) وَتْأً: سست چلنا۔
وَتَبَ ـِ (یَتِبُ) وَتْبًا: کسی جگہ ڈٹے رہنا
• وَتَحَ عَطَاءَہُ ـَ (یَتِحُہُ) وَتْحًا وَتِحَۃً: عطیہ میں کمی کرنا۔
وَتُحَ العَطَاءُ ـُ (یَوْتُحُ) وَتَاحَۃً وَوُتُوحَۃً وَوَتْحَۃً: عطیہ بہت معمولی اور کم ہونا
اَوْتَحَ فُلَانٌ: کسی کے پاس مال کم

ہونا۔
أَوْتَغَ فُلَانًا : کسی کو تکلیف پہنچانا، مشقت میں ڈالنا۔
ــــ عَطَاءَهُ : عطیہ میں کمی کرنا۔
وَتَّغَ عَطَاءَهُ : وَتَغَهُ۔
تَوَتَّغَ الشَّرَابَ ومنه : تھوڑا تھوڑا پینا
الوَتِغُ : تھوڑا سا، معمولی۔
رَجُلٌ وَتِغٌ : خسیس آدمی۔ طَعَامٌ وَتِغٌ : غیر مفید کھانا۔
الوَتِيغُ : الوَتِغُ۔
• وَتَدَ ــ (يَتِدُ) الوَتِدُ وَتْدًا وَتِدَةً : میخ یا کھونٹی گڑ جانا، ٹھک جانا۔
ــــ فُلَانٌ الوَتَدَ : میخ گاڑنا، کھونٹی گاڑنا۔
أَوْتَدَ الوَتَدَ : وَتَدَهُ۔
وَتَّدَ فُلَانٌ فِي بَيْتِهِ : اپنے گھر میں جم کر بیٹھ جانا، قیام پذیر رہنا۔
ــــ الزَّرْعُ : کھیتی میں ڈنٹھل نکل آنا اور طاقتور ہو جانا
ــــ الوَتَدَ : میخ کا اچھی طرح گڑ جانا
ــــ فُلَانٌ الوَتَدَ : میخ کو اچھی طرح گاڑ دینا۔
ــــ رِجْلَهُ فِي الأَرْضِ : زمین پر پاؤں جما دینا۔
المِيتَدُ : میخ یا کھونٹی گاڑنے کی موگری
المِيتَدَةُ : المِيتَدُ۔
الوَتِدُ : زمین یا دیوار میں گاڑی جانے والی لکڑی کی کھونٹی، میخ، کہاوت ہے " أَذَلُّ مِنْ وَتِدٍ " انتہائی ذلیل آدمی جسے جو چاہے ٹھوکر مار دے (۲) کان کے اگلے حصہ کا اٹھا ہوا حصہ (۳) اہل عروض کی اصطلاح میں شعر کا ایک وزن (تین حروف پر قائم تفاعیل کے اجزاء) ان تین حرفوں میں سے دو متحرک اور درمیانی ساکن ہو تو وَتِد مفروق کہلاتا ہے جیسے : قَوْلُ اور اگر تیسرا ساکن ہو تو اس کو وَتِد مقرون کہتے ہیں، جیسے عَلَیْ ج : أَوْتَادٌ۔
أَوْتَادُ الأَرْضِ : پہاڑ، قرآن پاک میں ہے " أَلَمْ نَجْعَلِ الأَرْضَ مِهَادًا وَالجِبَالَ أَوْتَادًا "
أَوْتَادُ البِلَادِ : ملک کے سربرآوردہ لوگ، چوٹی کے لوگ۔
أَوْتَادُ الفَمِ : دانت۔
أَوْتَادُ الصُّوفِيَّةِ : وہ چار شخصیتیں جن کے مقامات عالم کے چار گوشوں پر ہیں، مشرقی مغربی، شمالی، جنوبی اور ہر جہت کا مقام اس جہت کی شخصیت سے متعلق ہے۔
الوَتَدَةُ : کان کے اگلے حصہ کا ابھرا ہوا سرا۔
• وَتَرَ فُلَانًا ــ (يَتِرُهُ) وَتْرًا وَتِرَةً : اپنے قریبی رشتہ دار یا دوست کو مار ڈالنا (۲) تکلیف پہنچانا (۳) گھبرانا، ہوش اڑانا
ــــ القَوْمَ : لوگوں کے جفت عدد کو طاق بنانا۔
ــــ العَدَدَ : عدد کو طاق بنانا جیسے، ایک، تین، پانچ الخ
ــــ الصَّلَاةَ : نماز کو وتر بنانا یعنی نماز کی رکعات کی تعداد کو طاق بنانا
ــــ القَوْسَ : کمان کو تانت لگانا کمان کی تانت کو کھینچنا، کسنا، (۲) کمان پر تانت لٹکانا۔
وَتَرَ فُلَانًا حَقَّهُ وَمَالَهُ : کسی کے مال یا حق میں کمی کرنا، قرآن پاک میں ہے " وَلَنْ يَتِرَكُمْ أَعْمَالَكُمْ "
أَوْتَرَ فُلَانٌ : نماز وتر پڑھنا۔
أَوْتَرَ فِي الصَّلٰوةِ : وتر پڑھنا۔
ــــ بَيْنَ أَخْبَارِهِ وَكُتُبِهِ : اپنی خبروں اور خطوط کو تھوڑے تھوڑے وقفہ سے بھیجتے رہنا ہر دو کے درمیان تھوڑا وقفہ کرنا۔
ــــ العَدَدَ : ایک کرنا، طاق کرنا۔
ــــ القَوْمَ : لوگوں کی جفت تعداد کو طاق کرنا۔
ــــ الصَّلٰوةَ : نماز کو وتر بنانا۔
ــــ القَوْسَ : کمان کو تانت لگانا، (۲) کمان کی تانت کھینچنا۔
وَاتَرَ بَيْنَ أَخْبَارِهِ وَكُتُبِهِ مُوَاتَرَةً وَوِتَارًا : اپنی خبریں یا خطوط تھوڑے تھوڑے وقفہ سے برابر بھیجتے رہنا۔
ــــ النَّاقَةُ : اونٹنی کا بیٹھتے وقت پہلے ایک گھٹنہ ٹیکنا پھر دوسرا ان کو ایک ساتھ ٹیکنا جس سے سوار کو دقت ہو۔
ــــ الشَّيْءَ : کسی چیز کا سلسلہ جاری رکھنا (۲) تھوڑے تھوڑے وقفہ سے کرتے رہنا۔
ــــ الصَّوْمَ : ایک دن یا دو دن چھوڑ کر مسلسل روزے رکھنا ایک ایک کر کے رکھنا۔
وَتَّرَ فُلَانٌ الصَّلٰوةَ : نماز کو وتر بنانا۔
ــــ القَوْسَ : کمان کی تانت کھینچنا
ــــ العَلَاقَاتِ : تعلقات کشیدہ کرنا
تَوَاتَرَتِ الأَشْيَاءُ : چیزوں

میں تسلسل ہونا، تھوڑے تھوڑے وقفہ سے ہونا۔ (۲) بلا انقطاع یکے بعد دیگرے ایک ایک آنا۔
تَرَّ العَصَبُ والعِرقُ: پٹھے یا رگ کا کھنچنا، سخت ہونا، اینٹھنا۔
__ الشئُ: تانت کی طرح کھنچنا یا سخت ہونا۔
__ الوَضعُ: کشیدہ ہونا۔
وَتَّرَتِ العَلاقَاتُ بینَ الدَّولَتَینِ: دو ملکوں میں تعلقات کشیدہ ہونا، بہتری کے بعد خراب ہو جانا۔
تَرَى: جَاءُوا تَترَى: وہ لگاتار آئے، اس کی اصل وَترَى ہے۔
تَراً: جاءُوا تَتراً: وہ لگاتار آئے اس کی اصل وَتراً ہے
تَوَاتُرٌ: تسلسل (۲) شرعاً کسی خبر کا ایسے کثیر التعداد راویوں سے ثبوت جن کا کذب پر اتحاد متصور نہ ہو۔
تَوَتُّرٌ: کشیدگی (۲) اینٹھن، کھنچاؤ تناؤ (۲) دو طرف سے بندھے ہوئے جسم کی انفعالی کیفیت۔
تَوَتُّرُ الطائِفِیُّ: فرقہ وارانہ کشیدگی۔
مُتَوَاتِرٌ: مسلسل، لگاتار (۲) وقفہ وقفہ سے ہونے والا (۳) علم عروض میں شعر کا ایک وزن، ہر وہ قافیہ جس میں دو ساکن حرفوں کے درمیان ایک حرف متحرک ہو جیسے: مَفَاعِیلُن فَاعِلَاتُن، مَفعُولُ، وفَعُولُن (۳) خبر متواتر یا حدیث متواتر وہ ہے جس کے راوی اتنی تعداد میں ہوں کہ وہ سب کذب بیانی پر متفق نہ ہو سکیں یا ایسے لوگ ہوں جن پر کذب بیانی کے شبہ کی گنجائش نہ ہو۔

المَوتُورُ: مقتول کا وارث جو بدلہ نہ لے سکے۔
المُتَوَتِّر: کشیدہ
الوِترُ: یکتا، اکیلا۔ باری تعالی کا ایک نام (۲) فرد واحد (۳) عدد طاق (جیسے ایک، تین، پانچ ۷) (۴) بدلہ، انتقام، (۵) ظالمانہ بدلہ (۶) عرفہ کا دن۔
صَلوٰۃ الوِتر: نماز وتر۔
الوَتَرُ: وَتَرَۃ کی جمع، کمان کی تانت ج، اَوتَارٌ و وِتَارٌ۔
الوَتَرُ لِلمُثَلَّث: علم ہندسہ میں زاویۂ قائمہ کے بالمقابل ضلع۔
الوَتَرَان: ایڑی کے اوپر موٹے دو پٹھے جو گھٹنوں کے پچھلے حصہ تک ہوتے ہیں۔
الوَتَرَۃُ: ہر چیز کا گول کنارہ (۲) کمان سے تیر نکلنے کی جگہ (۳) کان کے اوپر ابھری ہوئی ہڈی (۴) دو انگلیوں کے بیچ کا حصہ (۵) انگوٹھے اور انگشت شہادت کے بیچ کی کھال (۶) زبان کے نیچے کا پٹھا (۷) ناک کے بانسہ کے نیچے کی جگہ (۸) ناک کے نتھنوں کے درمیان کی دیوار (۹) خصیتین اور ران کے نیچے کا پٹھا، ج: وَتَرٌ و وَتَرَات
الوَتَرَتَانِ، الوَتَرانِ (۲) گھوڑے کے دونوں کانوں میں دو حلقے نما نشان۔
الوَتَرِیَّۃُ: تانت کی طرح سخت عورت۔
الوَتِیرَۃُ: پہاڑ سے ملا ہوا راستہ (۲) زمین کا قابل استعمال لمبا سخت اور پتلا قطعہ (۳) سفید زمین (۴) کان کے اوپر کی نرم ہڈی (۵) انگوٹھے اور انگشت شہادت کے درمیان کی پتلی کھال (۶) دونوں نتھنوں کے درمیان کی کھال (۷) نیزہ زنی سیکھنے کا حلقہ (۸) گھوڑے کی پیشانی کا سفید نشان (۹) گلاب کی کلی یا پھول (۱۰) دس کی دہائی (۱۱) مروجہ طریقہ، مازالَ علی وتیرۃٍ واحدۃٍ وہ ایک ڈھنگ اور طریقہ پر قائم رہا (۱۲) کسی چیز کی پابندی (۱۳) سستی ڈھیلاپن، مافی عَمَلہ وَتِیرَۃٌ: اس کے کام میں سستی نہیں۔

• وَتِغَ فُلانٌ ـَ (یَوتَغُ) وَتَغاً ہلاک ہونا (۲) گناہ گار ہونا (۳) خراب ہونا، بگڑنا (۴) بداخلاق ہونا، (۵) بدکلام ہونا (۶) انتہائی نادان ہونا، اجڈ ہونا (۷) درد میں مبتلا ہونا، دکھی ہونا۔
__ فی حُجَّتِہ: دلیل میں غلطی کرنا
اَوتَغَ اللہُ فلاناً: ہلاک کرنا
__ فُلانٌ فُلاناً: کسی کا کسی سے جرم کرانا، گناہ کمانا (۲) کسی کو بگاڑنا (۳) مصیبت میں ڈالنا، (۴) دل دکھانا دکھ پہنچانا۔
__ فُلانٌ القَولَ: کسی کا ناسمجھی اور کم عقلی کی باتیں کرنا۔
__ فُلاناً عِندَ السُّلطَانِ: بادشاہ کے حضور میں کسی کو مضرات کی تلقین کرنا ایسی بات کہلوانا جو اس کے لئے مفید نہ ہو۔
المَوتَغَۃُ: ہلاکت، تباہی
الوَتِیغَۃُ: غلط دلیل، دلیل کی غلطی
الاَوتَلُ: شراب سے پیٹ بھرنے والا آدمی، ج، وُتلٌ۔

• وَتَمَ بالمَکانِ ـِ (یَوتِمُ) وُتُوماً کسی جگہ قیام کرنا، جمنا۔

المُوتَمَةُ: ستون، ج: مَوَاتِمُ۔
الوَتْمَةُ: سخت رفتار۔
• وَتَنَ بِالمَكَانِ ـــ (يَتِنُ) وَتْنًا وُتُونًا وَتِنَةً: کسی جگہ قیام کرنا ٹھہرنا۔
ـــ المَاءُ: پانی کا ہمیشہ رہنا، ختم نہ ہونا۔
ـــ فُلَانٌ فُلَانًا: کسی کی شہ رگ پر چوٹ لگانا، زخم لگانا، هو وَاتِنٌ والمفعول مَوتُون۔
وُتِنَ فُلَانٌ: کسی کی شہ رگ پر تکلیف ہونا، هو مَوتُون۔
اَوْتَنَتِ المَرْأَةُ: عورت کا الٹا بچہ جننا (یعنی پاؤں پہلے اور سر بعد میں نکلنا۔
ـــ القَوْمُ دَارَهُمْ: قبیلہ کے لوگوں کا اپنے گھروں میں لمبے عرصہ قیام کرنا۔
وَاتَنَ فُلَانًا مُوَاتَنَةً و وِتَانًا: کسی کے ساتھ ایسا کرنا جیسا وہ کرے (۲) کسی سے وابستہ رہنا۔
اِسْتَوْتَنَ المَالُ: مویشیوں کا بڑھنا یا موٹا ہونا۔
المُوتُونَةُ: باادب عورت خواہ حسین ہو یا غیر حسین۔
الوَاتِنُ: اپنی جگہ قائم رہنے والی چیز (۲) آب جاری جو کبھی ختم نہ ہوتا ہو (۳) کسی جگہ سے نہ ہلنے والا ج: وُتَّنٌ
الوَتْنُ: بچہ کی الٹی پیدائش (یعنی پاؤں پہلے اور سر بعد میں نکلنا) (۲) الٹا پیدا ہونے والا بچہ۔
الوَتْنَةُ: مقروض پر سخت تقاضا (۲) اختلاف، بَيْنَهُمَا وَتْنَةٌ: ان دونوں میں اختلافات ہیں۔
الوَتِينُ: شہ رگ جو جسم انسانی کو دل سے نکلنے والے صاف خون کی غذا بہم پہنچاتی ہے، ج: وُتُنٌ واَوْتِنَةٌ۔
• وَاتَأَهُ على الأمرِ مُوَاتَاةً وَوِتَاءً: کسی بات میں کسی کی موافقت کرنا ہم نوائی کرنا۔
الوُتِيُّ: تالاب (جمع)۔
• وَثَأَ فُلَانٌ يَدَ فُلَانٍ: ـــ (يَثَؤُهَا) وَثْئًا: کسی کے ہاتھ پر چوٹ مارنا، بند چوٹ لگانا۔
ـــ اللَّحْمَ: گوشت کو اندرونی بام چوٹ پہنچانا۔
ـــ الوَتِدَ: کھونٹی کے کناروں کو چوٹ لگا لگا کر بکھیر دینا، چوڑا کردینا۔
وَثِئَتْ يَدُ الرَّجُلِ: ـــ (تَثَأُ) وَثَأً: ہاتھ پر چوٹ لگنا (۲) ہاتھ میں موچ آنا هي وَثِئَةٌ۔
اَوْثَأَ يَدَ فُلَانٍ: کسی کے ہاتھ کو مروڑنا ہاتھ میں موچ ڈالنا۔
المِيثَأَةُ: کھونٹی ٹھوکنے کی موگری
الوَثْءُ: گوشت کی گم چوٹ (۲) ہڈی کا درد (بغیر ٹوٹے) (۳) موچ
الوَثَاءَةُ: الوَثْءُ۔
• وَثَبَ ـــ (يَثِبُ) وَثْبًا و وَثَبَانًا و وُثُوبًا و وَثِيبًا و ثِبَةً: کودنا اچھلنا چھلانگ لگانا (۲) اٹھ کھڑا ہونا (۳) بیٹھنا (لغت بنی حمیر میں) هو وَاثِبٌ و وَثَّابٌ
ـــ الى المَكَانِ العالي: بلند جگہ پہنچنا۔
ـــ الى الشَّرَفِ والمَجْدِ: دفعتہً عزت وعظمت حاصل کرلینا۔
ـــ المَكَانَ: کسی جگہ چھلانگ لگانا۔
ـــ عَلَى فُلَانٍ: کسی پر غالب آنا، حملہ کرنا، چڑھ دوڑنا۔
ـــ فُلَانٌ عَلَى السَّرِيرِ: تخت نشین ہوجانا۔
اَوْثَبَ الحيوان: جانور کو کدوانا، چھلانگ لگوانا۔
ـــ فُلَانًا المَوْضِعَ: کسی کو کسی جگہ کدوانا، چھلانگ لگوانا۔
وَاثَبَهُ مُوَاثَبَةً و وِثَابًا: ہر ایک کا دوسرے پر جست لگانا، چڑھ چڑھ کر آنا، بند چوٹ لگانا۔
وَثَّبَهُ: گدے پر بٹھانا (۲) کودانا (۳) اچھالنا
ـــ فُلَانًا وِثَابًا: کسی کے لئے بستر بچھانا، وَثَّبَهُ وِسَادَةً: کسی کو بٹھانے کے لئے گدا ڈالنا۔
تَوَاثَبَ القَوْمُ وَنَحْوُهُمْ: ایک دوسرے پر کود کود کر جانا۔
تَوَثَّبَ: جست لگانا، کودنا۔
ـــ عَلَى اَخِيهِ فِي اَرْضِهِ: اپنے برادر کی زمین پر ظلما قبضہ کرنا۔
ـــ فِي مِلْكِ فُلَانٍ: کسی کی مملوکہ چیز پر ظلماً قبضہ کرنا۔
التَّوَاثُبُ: چڑھائی، حملہ۔
المُوثَبَانُ: (قبیلۂ حمیر کی لغت میں) وہ بادشاہ جو تخت سلطنت پر بیٹھا رہے، کسی پر حملہ آور نہ ہو۔
المِيثَبُ: کودنے اور چھلانگ لگانے والا (۲) بیٹھنے والا (۳) نرم وہموار زمین (۴) بلند زمین (۵) آب پاشی کی نہر۔
الوِثَابُ: تخت (۲) چارپائی (۳) بستر (بزبان قبیلۂ حمیر)
الوَثَّابُ: بہت اچھلنے کودنے والا، زبردست چھلانگ والا۔
ابو وَثَّاب: [illegible]۔
الوَثَبَى: تیز چھلانگ لگانے والا، فَرَسٌ وَثَبَى: بہت کودنے اچھلنے

والی گھوڑی۔

• وَثُجَ الحَيَوانُ ـُ (يَوْثُجُ) وَثَاجَةً: گٹھے ہوئے بدن اور ٹھکے ہوئے گوشت والا ہونا، موٹا تازہ ہونا ھو وَثِيجٌ فَرَسٌ وَثِيجٌ: طاقتور گھوڑا۔ ثَوْبٌ وَثِيجٌ: ٹھکے ہوئے سوت کا (دبیز) کپڑا۔

ـــ الشَّيْئُ: گھنا اور زیادہ ہونا۔

ـــ النَّبْتُ: پودوں یا نبات کا لمبا اور گھنا ہونا۔

ـــ المَكَانُ: کسی جگہ گھنے درخت اور گھنی گھاس ہونا۔ ھو وَثِيجٌ

أَوْثَجَ الشَّيْئُ: گھنا اور زیادہ ہونا۔

ـــ الأَرْضُ: زمین کا گھنی گھاس والی ہونا۔

اسْتَوْثَجَ الرَّجُلُ مِنَ المَالِ: مال کا زیادہ حصہ لینا۔

ـــ المَرْأَةُ: عورت کا جسمانی طور پر مکمل اور موٹا ہونا۔

ـــ الشَّيْئُ: کثیر وگنجان ہونا۔

ـــ النَّبْتُ: پودوں کا ایک دوسرے سے اٹک کر بڑا اور مکمل ہو جانا۔

المُوْتَثِجَةُ: بہت گھاس والی زمین گنجان سبزہ زار۔

الوَثَاجَةُ: گاڑھا پن (۲) گنجان پن۔

الوَثِيجُ: گف، (دبیز) کپڑا۔

• المُوَثَّخُ: رَجُلٌ مُوَثَّخُ الخَلْقِ کمزور کاٹھی کا آدمی ثَوْبٌ مُوَثَّخٌ چھدرا بنا ہوا۔

المَوْثُوخُ: المُوَثَّخُ۔

الوَثْخَةُ: پانی کی تری، رطوبت۔

الوَثِيخَةُ: چربی کے ساتھ ملی ہوئی باریک ہڈیاں (۲) گاڑھا دودھ (۳) موسم بہار کے تر وتازہ ملے جلے گھاس پودے (۴) کیچڑ اور دلدل والی زمین۔

• وَثَرَ الشَّيْئَ ـِ (يَثِرُهُ) وَثْرًا وَثِرَةً: پیروں وغیرہ سے دبا کر نرم کرنا، ہموار کرنا۔

وَثُرَ الشَّيْئُ ـُ (يَوْثُرُ) وَثَارَةً نرم ہونا، ہموار وملائم ہونا، ھو وَثْرٌ ووَثِرٌ ووَثِيرٌ ج: وِثَارٌ

ـــ المَرْأَةُ: عورت کا موٹا ہونا ھی وَثِيرَةٌ، ج: وِثَارٌ ووَثَائِرُ

وَثَّرَ الشَّيْئَ: خوب نرم وہموار کرنا، گداز بنانا۔

اسْتَوْثَرَ مِنَ الشَّيْئِ: زیادہ حصہ طلب کرنا یا زیادہ حصہ لینا

ـــ المَرْأَةَ: عورت کو گداز بدن چاہنا

ـــ الفِرَاشَ: بستر کو نرم وہموار پانا

الأَوْثَرُ: زیادہ نرم وگداز، فِرَاشِي أَوْثَرُ مِنْ فِرَاشِهِ

المِيثَرَةُ: تمام کپڑوں کے اوپر کا لباس (۲) درندہ کی کھال (۳) زمین کا کہنی نما ابھرا ہوا کنارہ (۴) عجمیوں کی ریشم ودیباج سے آراستہ (پہلے زمانہ کی) سواری یا کشتی۔ ج: مَوَاثِرُ ومَيَاثِرُ

مِيثَرَةُ الفَرَسِ: گھوڑے کی گردن کے بال۔

مِيثَرَةُ الأُرْجُوَانِ: اونٹ کے کجاوہ پر سوار کے بیٹھنے کی ارجوان گھاس بھری ہوئی گدی۔

الوَاثِرُ: کسی چیز پر قائم، ٹھہرا ہوا

الوِثَارُ: نرم وگداز بستر۔

الوَثَارَةُ: نرمی، ہمواری، گداز پن، (۲) بدن پر گوشت کی زیادتی، فربہی۔

الوَثْرُ: وہ چمڑا جسے تسموں کی طرح لمبائی میں کاٹا جائے، ہر ٹکڑے کی چوڑائی بقدر چار انگشت یا بقدر ایک بالشت ہو، اس چمڑے کو لڑکی بالغ ہونے سے پہلے یا بالغ ہونے کے بعد حالت حیض میں پہنتی تھی (۲) صدری نما ایک لباس (۳) بے پائچوں کا پاجامہ، دیہاتی عورتوں کا غرارہ (لہنگا گھگھرا)۔

الوِثْرُ: نرم بستر (۲) کپڑوں کے اوپر کا بالائی لباس (عبا، یا چوغہ وغیرہ)۔

الوَثِيرُ: نرم گداز، ج: وِثَارٌ۔

الوَثِيرَةُ: گوشت چڑھے ہوئے بدن والی عورت، ج وَثَائِرُ ووِثَارٌ۔

• وَثَغَ رَأْسَهُ ـِ (يَثِغُهُ) وَثْغًا سر توڑنا۔

ـــ الرَّجُلُ نَاقَتَهُ: اونٹنی کی پیشاب گاہ کے لئے کپڑے کی دھجی بنانا۔

ـــ فُلَانٌ الثَّرِيدَةَ: ثرید کو الٹ پلٹ کر خوب ملانا، ھی موثوغہ ووَثِيغَةٌ۔

الوَثِيغَةُ: موسم بہار کے تر وتازہ طرح طرح کی الجھی ہوئی گھاس (۲) کپڑے کی دھجی جو اونٹنی کی پیشاب گاہ میں رکھی جاتی ہے۔

• وَثَفَ القِدْرَ ـِ (يَثِفُهَا) وَثْفًا: ہانڈی کے لئے تین پتھروں کا چولہا بنانا۔

أَوْثَفَ القِدْرَ: وَثَفَهَا۔

وَثَّفَ القِدْرَ: وَثَفَهَا۔

• وَثِقَ بِفُلَانٍ ـِ (يَثِقُ) ثِقَةً

وَمُوثِقًا وَوُثُوقًا وَوَثَاقَةً: کسی پر اعتماد کرنا، بھروسہ کرنا، کسی کا اعتبار کرنا، ھو واثِقٌ بہ وھی وَاثِقَۃٌ والمَفعولُ موثوقٌ بہ وھی موثوق بہا وھم موثوق بہم۔

وَثُقَ الشَّیءُ، ـُ (یَوْثُقُ) وَثَاقَۃً: کسی چیز کا پائدار و مستحکم ہونا، مضبوط ہونا۔

ـــ فُلانٌ: کسی معاملہ میں پختہ ہونا پر اعتماد ہونا، ھو وَثِیقٌ ج: وِثَاقٌ وھی وَثِیقَۃٌ ج: وِثَاقٌ

اَوْثَقَ فُلانًا اِیثاقًا: کسی کو پر اعتماد یا قابل اعتماد بنانا، معتمد بنانا۔

ـــ الاَسِیرَ ونَحْوَہٗ: قیدی وغیرہ کو رسی سے مضبوط باندھنا۔

ـــ العَہْدَ: عہد و پیمان کو پختہ کرنا۔

وَاثَقَ فُلانًا: کسی سے یا کسی کے سامنے قول و قرار کرنا، عہد کرنا، قسم کھانا وَاثَقْتُہٗ بِاللّٰہِ لاَفْعَلَنَّ کَذا: میں نے اس کے سامنے اس بات کا عہد کیا یا قسم کھائی کہ میں فلاں کام ضرور کروں گا (۲) کسی سے معاہدہ کرنا۔

وَثَّقَ فُلانًا: کسی کو معتبر ماننا یا قرار دینا۔

ـــ الاَمْرَ: مضبوط و مستحکم کرنا۔

ـــ العَقْدَ ونَحْوَہٗ: کسی معاہدہ وغیرہ کی سرکاری رجسٹری کرانا۔

ـــ علَی الاَمْرِ: تصدیق کرنا (۲) منظوری دینا، پاس کرنا (بقصد علی جدید استعمال ہے)۔

تَوَاثَقَ القَومُ علَی الاَمْرِ: کسی بات پر آپس میں عہد و پیمان کرنا

تَوَثَّقَ فِی الاَمْرِ ومِنَ الاَمْرِ: کسی معاملہ میں پختہ ہونا (۲) پر اعتماد ہونا، اعتماد حاصل کرنا، پر امید ہونا (۳) اعتماد و یقین کے ساتھ کام کرنا۔

ـــ العُقْدَۃُ: گرہ سخت ہوجانا۔

اِستَوْثَقَ مِن فُلانٍ: کسی سے ثبوت حاصل کرنا، تصدیق نامہ وغیرہ لینا۔

ـــ مِنَ الاَمْرِ: کسی معاملہ میں وثوق و پختگی حاصل کرنا، اطمینان حاصل کرنا۔

التَّوْثِیقُ: تصدیق، اطمینان، اعتماد (۲) منظوری۔

الثِّقَۃُ: اعتماد، بھروسہ (۲) قابل اعتماد معتبر و معتمد علیہ، یہاں مصدر وصفی معنی میں ہے اسمیں مفرد و تثنیہ اور جمع مذکر و مؤنث سب برابر ہیں، کہتے ہیں ھو وھی وھما وھم وھُنَّ ثِقَۃٌ کبھی ذکور و اناث دونوں کی جمع کے لئے ثِقَاتٌ بھی کہا جاتا ہے۔

الثِّقَۃُ بالنَّفْسِ: خود اعتمادی۔

الثِّقَۃُ المُتَبَادِلَۃُ: باہمی اعتماد۔

علَی ثِقَۃٍ: پر امید، مطمئن۔

فَقْدُ الثِّقَۃِ: اعتماد کھو بیٹھنا۔

المَوْثِقُ: عہد، قول و قرار، وعدہ ج: مَوَاثِقُ۔

المُوثِقُ: وہ درخت جس سے گھاس نہ ملنے پر لوگ چارہ کا کام لے سکیں کَلَأٌ مُوثِقٌ: وہ بہت سی گھاس جس پر لوگ سال بھر بھروسہ کرسکیں ماءٌ مُوثِقٌ: پانی کی سال بھر کفایت کرنے والی مقدار۔

المُوَثَّقُ: مضبوط و مستحکم (۲) مصدقہ (۳) سرکاری طور پر رجسٹری شدہ

المُوَثِّقُ: تصدیق کنندہ (۲) رجسٹرار جو سرکاری طور پر معاہدات و معاملات کی رجسٹری کرتا ہے (۳) وثیقہ نویس۔

المَوْثُوقُ بہ: قابل اعتماد، معتبر۔

المِیثَاقُ: عہد و پیمان، وعدہ، قول و قرار معاہدہ، ج: مَوَاثِیقُ ومَیَاثِیقُ ومَیَاثِقُ۔ اَخَذَ مِیثَاقَ فُلانٍ کسی سے وعدہ لینا، عہد کرانا، اقرار کرانا۔

مِیثَاقُ الاُمَمِ المُتَّحِدَۃِ: اقوام متحدہ کا چارٹر (معاہدہ نامہ) منشور جس کی تمام ممبر حکومتیں پابند ہیں۔

الوَثَاقُ: مضبوطی، استحکام (۲) باندھنے کی چیز رسّی زنجیر وغیرہ۔

الوِثَاقُ: بندھن، رسی وغیرہ، ج: وُثُقٌ

الوَثِیقُ: مضبوط و مستحکم (۲) پختہ کار، پر اعتماد، خود اعتمادی سے کام کرنے والا۔

الوَثِیقَۃُ: دستاویز، تحریر، نوشتہ، اقرار نامہ، تمسک (۲) سند استحقاق (۳) داؤ چر، (۴) سرکاری بونڈ (۵) قرض کا اقرار نامہ (۶) ادائیگی قرض کی رسید (۷) کسی کام میں پختگی (۸) کسی کام میں خود اعتمادی اَخَذَ بالوثیقۃ فِی اَمْرِہٖ اس نے اپنے کام میں اعتماد حاصل کرلیا۔ اَرْضٌ وَثِیقَۃٌ: بہت گھاس والی زمین، سبزہ زار، (۹) معتمد علیہ، ج: وَثَائِقُ

وَثِیقَۃُ اعتمادٍ: تصدیق نامہ

وَثِیقَۃٌ رَسْمِیَّۃٌ: سرکاری دستاویز، سرکاری کاغذ۔

وَثِیقَۃٌ سِرِّیَّۃٌ: خفیہ دستاویز

وَثِیقَۃُ تَأْمِین: پالیسی، انشورینس پالیسی۔

وَثِیقَۃُ الزَّوَاج: نکاح نامہ

وَثِیقَۃُ الْمِلْکِیَّۃ او التَّمَلُّک: ملکیت نامہ۔

• وَثَلَہُ ـِ (یَثِلُہُ) وَثْلاً: ملانا ہو مَوْثُول۔

وَثَّلَ الشَّیْءَ: (أَثَّلَہُ) جمانا، مضبوط کرنا۔

— المَالَ: مال جمع کرنا۔

الوَثْلُ: کھجور کے درخت کی چھال۔

الوَثَلُ: کھجور کی چھال کی رسی (۲) چمڑے کا میل کچیل جو اس سے دور کیا جاتا ہے۔

الوَثِیلُ: کمزور (۲) کھجور کے درخت کی چھال (۳) کھجور کی چھال کی رسی (۴) کھجور کی چھال کی پرانی رسی یا پرانا درخت (۵) جوٹ (سن کی رسی)، ج: وَثَائِل۔

• وَثَمَ الحَیَوَانُ ـِ (یَثِمُ) وَثْمًا: دوڑنا۔

— الشَّیْءَ: توڑنا، کوٹنا۔

— فُلانٌ الرَّجُلَ: مارنا۔

— المَطَرُ الأَرْضَ: بارش کا زمین پر زور سے پڑنا۔

— فُلانٌ الحَشِیشَ: گھاس جمع کرنا۔

— الفَرَسُ الأَرْضَ بِحَافِرِہ وَثْمًا وَثِمَۃً: گھوڑے کا زمین پر کھر مار مار کر کرید ڈالنا یا کوٹ ڈالنا۔

— الحِجَارَۃُ رِجْلَہُ وَثْمًا وَوِثَامًا وَوُثَامًا: پتھروں کو کو خون آلود کرنا۔

وَثِمَتِ الأَرْضُ ـَ (تَوْثَمُ) وَثَمًا: زمین کا کم گھاس اور کم روئیدگی والی ہونا۔

وَثُمَ ـُ (یَوْثُمُ) وَثَامَۃً: گوشت سے پر اور گٹھے ہوئے بدن والا ہونا مضبوط و توانا ہونا، ھو وَثِیمٌ

وَاثَمَ فِی العَدْوِ: چوپائے کا چاروں ہاتھ پیر سمیٹ کر کود کر دوڑنا جیسے خود کو آگے کی طرف پھینک رہا ہو)

المِیثَمُ: سخت داب والا، خُفٌّ مِیثَمٌ: زمین پر سختی سے پڑنے والا کھر۔

الوَثِیمَۃُ: بہت سے پتھر (۲) چقماق کا پتھر، قسم کے وقت کہتے ہیں، لَا وَالَّذِی أَخْرَجَ النَّارَ مِنَ الوَثِیمَۃِ؛ (۲) غلہ یا گھاس کا ڈھیر یا مجموعہ۔

• وَثَنَ الشَّیْءُ بِالمَکَانِ ـِ (یَثِنُ) وَثْنًا: ٹھہرنا۔ جمنا، ھو وَاثِنٌ ج: وُثَّنٌ۔

وَثَنَتِ الأَرْضُ ـُ وَثْنًا: زمین پر بارش ہونا۔

أَوْثَنَ مِنَ المَالِ: مال میں سے زیادہ لینا۔

— فُلانًا: کسی کو بڑا عطیہ دینا

اِسْتَوْثَنَ مِنَ المَالِ: مال میں سے بہت حصہ طلب کرنا۔

— المَالُ: مال زیادہ ہونا (۲) مویشی کا موٹا ہونا۔

— النَّحْلُ: شہد کی مکھیوں کے چھوٹے اور بڑے دو دل ہوجانا

— الشَّیْءُ: باقی رہنا (۲) مضبوط ہونا۔

المَوْثُونَۃُ: ذلیل عورت (۲) مہذب عورت (خواہ حسین نہ ہو)

الوَثَنُ: لکڑی یا پتھر یا تانبے پیتل یا چاندی وغیرہ کی مورتی، بت، مجسمہ، ج: أَوْثَانٌ وَوُثُنٌ۔

ھِیَ وَثَنُ فُلانٍ: وہ فلاں کی بیوی ہے۔

الوَثَنِیُّ: بت پرست، رَجُلٌ وَثَنِیٌّ وَقَوْمٌ وَثَنِیُّونَ، امْرَأَۃٌ وَثَنِیَّۃٌ وَنِسَاءٌ وَثَنِیَّاتٌ۔

الوَثَنِیَّۃُ: بت پرستی۔

• وُثِئَتْ یَدُہُ: ہاتھ میں موچ آنا

أَوْثَأَ الرَّجُلُ: زخمی جانور والا ہونا

الوَثْءُ: موچ۔

المِیثَاءَۃُ: موگری۔

و ـــــ ج

• وَجَأَ فُلانًا ـَ (یَجَؤُہُ) وَجْئًا وَوِجَاءً: کسی کو سینہ یا گردن پر گھونسا مار کر دھکا دینا۔

— بِالیَدِ وَالسِّکِّینِ: کسی کو ہاتھ یا چھری مارنا۔

— التَّمْرَ: کھجور کو ہاتھ وغیرہ سے دبا کر یا کوٹ کر لچلچا کرنا۔

— الفَحْلَ: سانڈ کے خصیوں کی دو ڈھیلوں کے درمیان رگوں کو چھینتا یا چھیت کر پھاڑ دینا جس سے وہ خصی جیسا ہوجائے، ھُوَ وَاجِئٌ وَالمَفْعُولُ مَوْجُوءٌ وَوَجِیءٌ۔

أَوْجَأَ فُلانٌ: کسی ضرورت یا شکار کے لئے آکر خالی ہاتھ واپس جانا۔

— الرَّکِیَّۃُ: کنوئیں کا پانی ختم ہوجانا یا کنوئیں کا پانی سے خالی ہونا۔

— عَنْہُ: ہٹانا، دور کرنا أَوْجَأَ الشَّیْءَ عَنْہُ: کسی چیز کو اپنے پاس سے ہٹانا۔

اِتَّجَأَ التَّمْرُ: کھجوروں کا گودے سے خوب بھر جانا (۲) کوٹنے سے لچلچا ہوجانا (۳) کسی کے گھولنے سے

گر جانا یا دور ہو جانا۔
تَوَجَّأَهُ بِالْيَدِ وَالسِّكِّين: کسی کو ہاتھ یا چھری مارنا۔
الوَجْءُ: مَاءٌ وَجْءٌ: خراب پانی (مصدر وصفی معنی میں ہے) (۲) بے فائدہ چیز۔
الوَجَأُ: مَاءٌ وَجَأٌ: وَجْءٌ۔
الوَجِيئَةُ: گائے (۲) گٹھلی نکالی ہوئی کھجوروں کا گھی یا دودھ ملا ہوا مالیدہ۔
• وَجَبَ الشَّيْءُ: ـِ وُجُوبًا وَوَجْبًا وَوُجْبَةً وَجِبَةً: لازم ہونا ثابت ہونا (۲) زمین پر گرنا، قرآن پاک میں ہے "فَاذَا وَجَبَتْ جُنُوبُهَا فَكُلُوا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ" جب ان (اونٹوں) کے پہلو زمین پر گر جائیں تو ان کو خود بھی کھاؤ اور ضرورت مند وغیر ضرورت مند کو بھی کھلاؤ۔ وَجَبَتِ الابِلُ: اونٹوں کا بیٹھنے کی جگہوں سے تکان یا گرنے کے باعث اٹھنے میں تکلیف محسوس کرنا یا اٹھ نہ سکنا۔
ــــ القَلْبُ وَجِيبًا وَوَجَبَانًا دل لرزنا، دل دھڑکنا، بے قرار ہونا۔
ــــ فُلَانٌ وَجْبَةً: دن میں ایک وقت کا کھانا کھانا۔
ــــ فُلَانٌ وُجُوبًا وَمَوْجِبًا: مرنا۔
ــــ الشَّمْسُ وَجْبًا وَوُجُوبًا سورج ڈوبنا۔
وَجُبَ الرَّجُلُ ـُ (يَوْجُبُ) وُجُوبَةً بزدل ہونا، ڈرپوک ہونا۔
أَوْجَبَ فُلَانٌ: دن رات میں ایک دفعہ کھانا کھانا۔
ــــ فُلَانٌ: مستحق انعام یا مستحق سزا کوئی کام کرنا، اچھے کام سے جنت کا مستحق ہونا اور برے کام سے دوزخ کا مستحق ہونا۔
أَوْجَبَ عَلَى فُلَانٍ: دوڑ کے مقابلہ میں کسی پر بازی لیجانا۔
ــــ الشَّيْءَ: لازم کرنا، ضروری قرار دینا، (۲) فرض کرنا، واجب کرنا۔
ــــ لَهُ البَيْعَ وَاَوْجَبَهُ البَيْعَ کسی کو بیع کا پابند کر دینا۔
ــــ اللّٰهُ قَلْبَهُ: اللہ کا کسی کے دل کو کمزور کرنا، لرزا دینا۔
وَاجَبَ فُلَانًا مُوَاجَبَةً وَوِجَابًا کسی پر کوئی چیز لازم کرنا، جیسے وَاجَبَهُ البَيْعَ۔
وَجَّبَتِ الابِلُ: اونٹوں کا تھک کر چور ہو جانا۔
ــــ اللِّبَأُ فِي الضَّرْعِ: پوسی (کھیس) کا تھن میں جم جانا۔
ــــ فُلَانٌ فُلَانًا: کسی پر کچھ لازم کرنا۔
ــــ بِهِ الاَرْضَ: زمین پر دے مارنا۔
ــــ فُلَانٌ: دن میں ایک دفعہ کھانا
ــــ عِيَالَهُ وَفَرَسَهُ: اپنے اہل وعیال اور گھوڑے کو دن رات میں ایک دفعہ کھانے کا عادی بنانا۔
ــــ النَّاقَةَ: اونٹنی کو دن رات میں ایک دفعہ دوہنا۔
تَوَاجَبَ القَوْمُ: لوگوں کا آپس میں شرط بدھنا، بازی لگانا۔
تَوَجَّبَ فُلَانٌ: دن رات میں ایک دفعہ کھانا۔
اِسْتَوْجَبَ الشَّيْءَ: کسی چیز کا مستحق ہو جانا۔
الإِيجَابُ: اثبات (ضد النفی) (۲) قبولیت، تسلیم، ایجاباً، مثبت طور پر۔
الایجَابِيُّ: مثبت (ضد السلبی، منفی) ج: ایجابیات۔
العَمَلُ الایجَابِيُّ: مثبت عمل۔
المُسْتَوْجِبُ: حق دار۔
المُوجِبُ: باعث، سبب، اقتضا (۲) زمانۂ جاہلیت میں ماہ محرم کا ایک نام تھا (۳) موت۔
المُوجِبَةُ: اہم کردار اچھا یا برا، گناہ کبیرہ جس کے باعث جہنم رسید ہو (۲) وہ نیکی جس کے باعث جنت کا استحقاق ہو، ج: مُوجِبات۔
المُوجَبُ: نتیجہ، اثر، بِمُوجَبِ كَذَا: فلاں چیز کے باعث یا نتیجہ میں از روئے مقتضا (۲) وہ کلام جس میں نہ نفی ہو نہ نہی اور نہ استفہام۔
المَوْجِبُ: موت، ہلاکت گاہ۔ حَانَ مَوجِبِي میرے مرنے کا وقت قریب آ گیا ج: مَوَاجِب۔
الواجِبُ: لازم، ضروری، واجب (۲) فرض، فریضہ، ج: وَاجِبَات (۳) فقہاء کے نزدیک واجب وہ ہے جو ایسی دلیل سے ثابت ہو جس میں (ظنی الدلالہ یا ظنی الثبوت ہونے کی بنا پر) شبہ ہو، اس کا حکم یہ ہے کہ کرنے والا مستحق ثواب اور بلا عذر چھوڑنے والا مستحق عتاب ہوگا، اس کے منکر کو گمراہ کہا جائے گا اس کی تکفیر نہیں کیجائے گی۔
وَاجِبُ الوُجُودِ: قائم بالذات یعنی وہ جو اپنی ذات سے موجود ہو، اور اپنے وجود میں قطعاً کسی کا محتاج

نہ ہو، اور وہ ذات خداوندی ہے۔
الوَجْبُ: بزدل، ڈرپوک (۲) بیوقوف (۳) وہ اونٹنی جس کے تھن میں پیوسی (بچہ جننے کے بعد تین دن تک کا گاڑھا دودھ) جم جاتا ہو (۴) بڑے بکرے کی کھال کی مشک (۵) پانی اکٹھا ہونے کی جگہ۔ ج: وِجَابٌ۔
الوَجَبُ: دوڑ کے مقابلہ کی حد۔
الوَجْبَةُ: گرنے کی آواز (۲) ایک دفعہ یا ایک وقت کا کھانا، ایک خوراک (۲) دوا وغیرہ کی ایک خوراک (۳) دن رات میں ایک دفعہ دوہا جانے والا دودھ۔ ج: وَجَبَاتٌ۔
الوُجُوبُ: لزوم، ثبوت (۲) سقوط (۳) فقہاء کے نزدیک کسی شخص پر کسی عمل کا لزوم اور ذمہ داری بلا عذر جس کے ترک پر مستحق عذاب ہو اس کے انکار پر کفر لازم نہ آئے) یا کسی خاص عمل کا ضروری اقتضاء اور خارج میں اس کا تحقق۔
الوَجِيبَةُ: وظیفہ، الاؤنس، مدت مقررہ میں دی جانے والی اجرت یا راشن وغیرہ (۲) قسط وار حاصل کردہ مکمل مبیع، بیع واجب کر دینے کے بعد تھوڑا تھوڑا لیکر کہا جاتا ہے قد استوفی الوَجِيبَةَ۔ اس نے پوری مبیع وصول کرلی۔
• وَجَّ ـُ (يَوُجُّ) وَجًّا: تیز چلنا۔
الوَجُّ: شتر مرغ (۲) تیتر یا تیتر جیسا ایک پرندہ (بھٹ) (۳) ایک خوشبودار پودا (۴) ہل کی لکڑی (۵) طائف کے قریب ایک وادی کا نام۔
الوُجُجُ: تیز رفتار شتر مرغ۔
• وَجَحَ الشَّيْءُ ـِ (يَجِحُ) وُجُوحًا: ظاہر ہونا، واضح ہونا۔
وَجَحَ فُلَانٌ ـَ (يَوْجَحُ) وَجْحًا: پناہ گزیں ہونا۔
اَوْجَحَ الشَّيْءُ: ظاہر و نمایاں ہونا۔
ـــ الحَافِرُ: کھدائی کرنیوالے کا چٹان تک پہنچ جانا۔
ـــ غُرَّةُ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کا نمایاں ہونا۔
ـــ النَّارُ: آگ روشن ہونا، آگ دکھائی دینا۔
ـــ فُلَانٌ الشَّيْءَ: چھپانا۔
ـــ فُلَانًا اِلَيْهِ: کسی کو کسی بات پر مجبور کرنا (۲) کسی کو اپنی پناہ دینا۔
ـــ البَوْلُ فُلَانًا: پیشاب کا کسی کو تنگ کرنا، کھل کر نہ ہونا تکلیف کے ساتھ آنا۔
وَجَّحَ الشَّيْءُ: ظاہر و نمایاں ہونا۔
المُوَجَّحُ: طَرِيقٌ مُوَجَّحٌ: کھلا اور صاف راستہ۔
المُوجَحُ: چکنی کھال (۲) موٹا گف کپڑا (۳) مضبوط و تنگ کپڑا۔
المَوْجُوحُ: بَابٌ مَوْجُوحٌ بند دروازہ یا پردہ پڑا ہوا دروازہ۔
الوَجَاحُ: چکنی چٹان، کہتے ہیں لَقِيتُهُ اَدْنَى وَجَاحٍ: میں نے سب سے پہلے اسے دیکھا (۲) حوض کی نچلی سطح کو ڈھانکنے والی پانی کی مقدار۔
الوِجَاحُ: پردہ، کبھی واؤ کو ہمزہ سے بدل کر اِجَاحٌ بھی کہا جاتا ہے۔
الوَجَحُ: پناہ گاہ (۲) چھوٹا غار۔
الوَجِيحُ: پناہ گاہ (۲) ٹھکا ہوا دبیز کپڑا (۳) مضبوط و تنگ کپڑا۔
• وَجَدَ فُلَانٌ ـِ (يَجِدُ) وَجْدًا: رنجیدہ ہونا غمگین ہونا۔
ـــ عَلَيْهِ مَوْجِدَةً: کسی پر خفا ہونا، غصہ ہونا، ناراض ہونا۔
ـــ بِهِ وَجْدًا: محبت کرنا، عاشق ہونا۔
ـــ فُلَانٌ وُجْدًا وَجِدَةً: مالدار ہونا۔
ـــ مَطْلُوبَهُ وَجْدًا وَوُجْدًا وَجِدَةً وَوُجُودًا وَوِجْدَانًا: پانا، حاصل کرنا، جیسے وَجَدَ الضَّالَّةَ: اسے گم شدہ شے مل گئی۔
ـــ الشَّيْءَ: کسی چیز کو کچھ سمجھنا یا خاص صفت کا حامل پانا، جیسے، وَجَدْتُ الحِلْمَ نَافِعًا: میں نے بردباری کو مفید سمجھا یا مفید پایا
وُجِدَ الشَّيْءُ مِنْ عَدَمٍ وُجُودًا: عدم سے وجود میں آنا (خلاف عُدِمَ: معدوم و ناپید ہونا) فالشَّيْءُ مَوْجُودٌ۔
اَوْجَدَ اللّٰهُ الشَّيْءَ: اللہ کا کوئی چیز بلا نمونہ سابق بنانا، وجود میں لانا، ایجاد کرنا۔
ـــ فُلَانًا: مالدار بنانا، الحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي اَوْجَدَنِي بَعْدَ الفَقْرِ۔
ـــ فُلَانًا بَعْدَ ضَعْفٍ: قوت عطا کرنا، کمزوری دور کرکے طاقتور بنانا۔
ـــ فُلَانًا عَلَى الاَمْرِ: کسی کام کے لئے مجبور کرنا۔
ـــ فُلَانًا الشَّيْءَ: کسی کو کوئی چیز ہاتھ لگوا دینا، حاصل کرا دینا۔
ـــ مَطْلُوبَهُ: مطلوبہ شے کو پانے

میں کامیاب بنا دینا۔
تَوَاجَدَ فُلَانٌ، خود کو مغموم ظاہر کرنا (۲) موجود ہونا۔
تَوَجَّدَ لِفُلَانٍ: کسی کی وجہ سے مغموم ہونا۔
___ بِفُلَانَةَ: کسی عورت سے محبت کرنا، عشق کرنا۔
___ الأَمْرَ: کسی بات کا شاکی ہونا یا بیماری کی شکایت ہونا، جیسے، تَوَجَّدَ السَّهَرَ: اسے بے خوابی کا مرض ہے۔
التَّوَاجُدُ: اظہارِ غم (۲) موجودگی حاضری (۳) اجتماع (۴) میٹنگ وغیرہ میں شرکت۔
المُتَوَاجِدُ: موجود، حاضر، شریک۔
الجِدَةُ: دولت، قدرت، قابلیت۔
المَوْجُودُ: ضد معدوم، وجود پذیر ظاہر و واضح (۲) فلسفہ میں موجود وہ شے جو ذہن اور خارج میں موجود ہو۔
المَوْجِدَةُ: غصہ، خفگی۔
المَوْجُودَاتُ: مخلوقات، کائنات (۲) اشیاء، سامان (۳) سرمایہ
المَوْجُودَاتُ المُسْتَهْلَكَةُ: اشیاء صرف۔
الوَاجِدُ: اللہ تعالیٰ کا ایک نام (یعنی وہ غنی ذات جو کبھی مفلس ومحتاج نہ ہو) (۲) مالدار آدمی، حدیث میں ہے «لَيُّ الوَاجِدِ يُحِلُّ عُقُوبَتَهُ وعِرْضَهُ» مالدار شخص کا قرض کی ادائگی میں ٹال مٹول اس کی بے عزتی اور سزا کو جائز کر دیتا ہے۔ (۲) ناراض (۳) وجد میں آنے والا (۴) فریفتہ عاشق یا بندہ (۵) رنجیدہ۔

الوِجَادَةُ: اصطلاح محدثین میں اس علم کا نام ہے جو کسی سے سماع یا اجازت یا عطا کے بغیر کتاب سے حاصل کیا جائے۔
الوَجْدُ: حد سے زیادہ محبت، عشق (۲) وجد (بیخودی، حال) (۳) غم (۴) پانی کا جوہڑ کیا تالاب جس میں بارش کا پانی ہمیشہ جمع رہتا ہو، ج: وِجَادٌ
الوُجْدُ: آسودگی، مالی وسعت، قرآن پاک میں ہے «أَسْكِنُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِنْ وُجْدِكُمْ»۔
الوِجْدَانُ: احساس لطیف، شعور (۲) جذبہ (۳) ضمیر (۴) قوت علم وادراک (۵) فلسفہ میں کسی لذت یا کلفت کا اولین احساس یا ایک خاص ذہنی اور نفسیاتی کیفیت کی قسم جو ادراک ومعرفت میں امتیاز رکھنے والے تمام احوال کے مقابلہ میں لذت والم سے جلد متاثر ہوتی ہے۔
الوِجْدَانِيٌّ: جذباتی (۲) شعوری
الوِجْدَانِيَّةُ: شعوریت، وجدانیت
الوِجْدَانِيَّاتُ: وہ چیزیں جو حواس باطنہ سے معلوم کیجائیں۔
الوُجُودُ: ضد العدم، ہستی، (۲) ظہور، پیدائش (۳) ذات (۴) مادہ، (۵) زندگی (۶) بقا۔
الوُجُودُ الذِّهْنِيُّ: کسی چیز کا صرف ذہن وخیال میں ہونا۔
الوُجُودُ الخَارِجِيُّ: کسی چیز کا خارج میں اپنی ذات کے ساتھ پایا جانا۔
الوُجُودِيَّةُ: (بالمعنی الاخص) ایک خاص نظریہ یا مذہب جس کی بنیاد فرد انسانی کی کامل حریت پر قائم ہے، یعنی فرد اپنے کامل وجود و بقاء کے لئے کسی ضابطۂ حیات کا پابند ہوئے بغیر تمام اقدامات میں آزاد ہے۔
الوَجِيدُ: ہموار زمین، ج: وُجْدَانٌ۔
• أَوْجَدَهُ عَلَى الأَمْرِ: مجبور کرنا۔
وَاجَدَهُ إِلَيْهِ: کسی چیز کے لئے مجبور کرنا۔
___ عَلَيْهِ: کسی بات پر مجبور کرنا۔
الوَجْذُ: پہاڑ میں پانی بھرا ہوا گڑھا (۲) حوض (۳) جوہڑ: ج: وِجْذَانٌ و وِجَاذٌ۔
الوَجِذُ: مَكَانٌ وَجِذٌ: بہت گڑھوں یا حوضوں والی زمین۔
• وَجَرَ العَلِيلَ ___ (يَجِرُهُ) وَجْراً: بیمار کے حلق میں دوا ڈالنا۔
___ العَلِيلَ الدَّوَاءَ: بیمار کے منہ میں دوا ڈالنا۔
___ فُلَاناً: کسی کو ناگوار بات کہنا۔
___ فُلَاناً الرُّمْحَ وبه: کسی کے منہ میں نیزہ مارنا۔
وَجِرَ مِنَ الأَمْرِ ___ (يَوْجَرُ) وَجَراً، کسی بات سے ڈرنا، ھو وَجِرٌ وأَوْجَرُ وهي وَجِرَةٌ وَوَجْرَاءُ۔
أَوْجَرَ العَلِيلَ: بیمار کے حلق میں دوا ڈالنا۔
___ العَلِيلَ الدَّوَاءَ: بیمار کے منہ میں دوا ڈالنا۔
___ فُلَاناً الرُّمْحَ او بالرُّمْحِ کسی کے منہ میں نیزہ مارنا۔
___ فُلَاناً الغَيْظَ: غصہ دلانا۔

اتَّجَرَ العَلِيْلُ: بیمار کا اپنے حلق یا منہ میں دوا ڈالنا۔
تَوَجَّرَ العَلِيْلُ بِالدَّوَاءِ: بیمار کا دوا کو تھوڑا تھوڑا کر کے نگلنا۔
— فُلَانٌ المَاءَ: پانی بادلِ ناخواستہ پینا۔
المِيْجَارُ: گیند کا بلا، ٹینس کا ریکٹ۔
المِيْجَرُ (المِيْجَرَةُ) منہ میں دوا ڈالنے کا آلہ۔
الوِجَارُ: بجو، لومڑی وغیرہ کا بل شیر بھیڑیے کا مسکن، جھاڑی (۲) وادی میں سیلاب سے پیدا ہونے والا گڑھا۔ ج: أَوْجِرَةٌ وَوُجُرٌ۔
الوَجْرُ: پہاڑ کا غار۔
الوَجَرُ: خوف۔
الوَجِرُ: خوف زدہ۔
الوَجْرَةُ: أوجار کا واحد، جنگلی جانوروں کا شکار کرنے کا گڑھا۔
الوُجُوْرُ: حلق میں ڈالنے کی دوا۔
• وَجَزَ فِي مَنْطِقِهِ — (يَجِزُ) وَجْزًا وَوُجُوْزًا: مختصر اور جلدی بولنا۔
— الكَلَامَ: کلام کو مختصر کرنا، هو وَاجِزٌ۔
وَجُزَ فِي مَنْطِقِهِ — (يَوْجُزُ) وَجْزًا وَوَجَازَةً: مختصر بات کرنا، اختصار پسند ہونا۔
— الكَلَامُ: کلام کا بلیغ ومختصر ہونا هو وَجِيْزٌ وَوَجْزٌ۔
أَوْجَزَ الكَلَامُ: بلیغ ومختصر ہونا۔
— فِي الأَمْرِ: کوئی کام جلدی سے نمٹانا، اسے طول نہ دینا۔
— كَلَامَهُ وَفِي كَلَامِهِ: مختصر کرنا۔
— العَطِيَّةَ: عطیہ میں کمی کرنا (۲) عطیہ دینے میں عجلت کرنا۔

تَوَجَّزَ الشَّيْءَ: کسی چیز کی تکمیل چاہنا، چاہنا، طالب ہونا۔
اِسْتَوْجَزَ الكَلَامَ: کلام مختصر کرنا، زوائد سے پاک کرنا۔
الإِيْجَازُ: اختصار (اطناب کی ضد)۔
المُوْجَزُ: مختصر، خلاصہ۔
المِيْجَازُ: کلام یا جواب میں اختصار پسند، مختصر کلام کرنے والا۔
الوَجَازَةُ: بلاغت آمیز اختصار
الوَجْزُ: ہر کام میں عجلت کرنیوالا (۲) دادو دہش میں تیز (۳) تیز رفتار اونٹ (۴) عجلت (۵) ہلکی پھلکی باتیں (۶) ہلکا پھلکا معاملہ، هي وَجْزَةٌ، ج: وِجَازٌ۔
الوَجِيْزُ: مختصر، معمول۔
• وَجَسَ فُلَانٌ — (يَجِسُ) وَجْسًا وَوَجَسَانًا: دل میں کوئی خیال آنے یا کان میں آواز پڑنے سے ڈر جانا۔
— فُلَانٌ وَجْسًا: دل دل میں ڈرنا، ڈر ظاہر نہ کرنا۔
— الشَّيْءُ: پوشیدہ ہونا۔
أَوْجَسَ فُلَانٌ: کسی کے دل میں خوف پیدا ہونا، دل میں گھبراہٹ ہونا۔
— الأُذُنُ: کان کا آہٹ سننا
— فُلَانٌ الأَمْرَ: دل میں چھپانا
— القَلْبُ شَيْئًا: دل کا کچھ محسوس کرنا یا ڈر محسوس کرنا، دل میں کسی چیز کا کھٹکا ہونا، قرآن پاک میں ہے «فَأَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً»۔
— الأُذُنُ صَوْتًا: کان کا آواز سننا، کان میں آواز پڑنا۔
تَوَجَّسَ فُلَانٌ: ہلکی آواز کو کان لگا کر سننے کی کوشش کرنا۔
— بِالشَّيْءِ: کسی چیز کی آہٹ محسوس کر کے ادھر کان لگانا، کسی چیز کا کھٹکا ہونا۔
— الأُذُنُ: کان کا آواز سننا۔
— الأَمْرَ: کسی بات کو دل میں چھپانا۔
— الصَّوْتَ: آواز کو کان لگا کر سننا یا ڈرتے ہوئے کوئی آواز سننا۔
— الطَّعَامَ وَالشَّرَابَ: تھوڑا تھوڑا چکھنا۔
الأَوْجَسُ: تھوڑا کھانا یا تھوڑا پانی۔ مَا ذُقْتُ عِنْدَهُ أَوْجَسَ: میں نے اس کے پاس ذرا سا بھی کھانا یا پانی نہیں چکھا (یہ منفی ہی استعمال ہوتا ہے) (۲) زمانہ طویل لَا أَفْعَلُهُ سَجِيْسَ الأَوْجَسِ میں اسے کبھی بھی نہیں کروں گا۔
الوَاجِسُ: دل میں آنے والا خیال کھٹکا۔
الوَجْسُ: پوشیدہ یا ہلکی آواز (۲) دل کی گھبراہٹ، دل کی کھٹک۔
وَجِعَ فُلَانٌ — (يَوْجَعُ) وَجَعًا: دکھی ہونا، تکلیف محسوس کرنا۔
— فُلَانٌ رَأْسَهُ وَبَطْنَهُ: سر اور پیٹ کے درد میں مبتلا ہونا۔
— فُلَانًا رَأْسُهُ وَبَطْنُهُ: سر اور پیٹ میں درد ہونا هو وَجِعٌ، ج: وَجِعُوْنَ وَوَجْعَى وَوَجَاعَى وَوِجَاعٌ هي وَجِعَةٌ، ج: وَجِعَاتٌ وَوَجَاعَى۔

اَوْجَعَ فُلَانٌ فِی الْعَدُوِّ: دشمن کے ساتھ خوب لڑنا اور نقصان پہنچانا۔
ـــ الْمَرَضُ او الضَّرْبُ فُلَانًا: بیماری یا چوٹ کا کسی کو درد و تکلیف میں مبتلا کرنا۔
ـــ فُلَانًا: کسی کا دل دکھانا۔
تَوَجَّعَ فُلَانٌ: دل دکھنا، کسی مصیبت سے تکلیف محسوس کرنا درد اٹھنا، کراہنا۔
ـــ لِفُلَانٍ مِمَّا نَزَلَ بِه: کسی پر اس کی مصیبت کے باعث ترس آنا۔
الْمُوْجِعُ: المناک، دردناک، دل دوز (۲) درد کا مریض۔
الْمَوْجُوْعُ: درد میں مبتلا۔
الْوَجَعُ: ہر قسم کی تکلیف، دکھ درد، ج: اَوْجَاعٌ۔
الْوَجْعَاءُ: دبر، ج: وَجْعَاوَات۔
الْوَجِيْعُ: دردناک، ضَرْبٌ وَجِيْعٌ: سخت اور دردناک چوٹ۔
• وَجَفَ الشَّیْءُ ـِ (يَجِفُ) وَجْفًا وَوَجِيْفًا و وُجُوْفًا: تھرتھرانا ہلنا، کپکپانا۔
ـــ الْبَعِيْرُ او الْفَرَسُ: اونٹ یا گھوڑے کا تیز چلنا، دوڑنا۔
ـــ الْقَلْبُ: دل دھڑکنا، بے قرار ہونا، قرآن پاک میں ہے "قُلُوْبٌ يَوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ": اس روز دل دھڑکتے ہوں گے، هو وَاجِفٌ وهی وَاجِفَةٌ۔
ـــ فُلَانٌ: دہشت زدہ ہوکر گر پڑنا۔
اَوْجَفَ السَّائِرُ: تیز چلنا۔
ـــ فُلَانًا: کسی کو اکسانا۔
ـــ دَابَّتَهٗ: چوپائے کو تیز دوڑانا۔
ـــ الشَّیْءَ: حرکت دینا، ہلانا۔

اُوْجِفَ الْبَابَ: دروازہ بند کرنا۔
اِسْتَوْجَفَهٗ: لے اڑنا، لیجانا۔
ـــ الْحُبُّ فُؤَادَهٗ: محبت کا کسی کے دل کو چھین لینا۔
الْمِيْجَافُ: دَابَّةٌ مِيْجَافٌ: تیز رفتار جانور۔
الْوَاجِفَةُ: زلزلہ۔
الْوُجُفُ والْوَجِيْفُ: دوڑ۔
• الْأُوْجَاقُ والْوُجَاقُ: چولہا (۲) گھر میں آگ جلانے کی جگہ (۳) ترکی فوجوں کی ترتیب و تربیت کی جگہ۔
• وَجَلَهٗ ـُ (يَوْجُلُهٗ) وَجْلًا: ڈر خوف میں کسی سے بڑھ جانا۔
وَجِلَ ـَ (يَوْجَلُ) وَجَلًا وَمَوْجَلًا: ڈرنا، گھبرانا هو اَوْجَلُ وَوَجِلٌ: ج: وِجَالٌ، هی وَجِلَةٌ (وَجْلَاءُ مستعمل نہیں)۔
وَجُلَ ـُ (يَوْجُلُ) وَجَلًا وَوَجَالَةً: بوڑھا اور عمر رسیدہ ہونا۔
اَوْجَلَهٗ: ڈرانا، خوف زدہ کرنا۔
وَاجَلَ فُلَانًا: ڈر خوف میں کسی سے مقابلہ ہونا۔
الْمَوْجَلُ: مصدر وَجِلَ ڈر، خوف، (۲) نرم چکنے پتھر
الْمَوْجِلُ: خوف ناک جگہ، ڈر کی جگہ (۲) جوہڑ (وہ بڑا گڑھا جس میں پانی جمع رہتا ہو)۔
الْوُجُوْلُ: بوڑھے لوگ۔
الْوَجِيْلُ: جوہڑ، کچا تالاب۔
• وَجَمَ ـِ (يَجِمُ) وَجْمًا ووُجُوْمًا: غصہ کی وجہ سے خاموش ہونا، بول نہ پانا (۲)

شدت غم سے اداس و خاموش ہوکر سر جھکا لینا، هو وَاجِمٌ وَوَجِمٌ
وَجَمَ الشَّیْءَ: کسی چیز کو ناپسند کرنا۔
ـــ عنہ: کسی سے گھبرا کر خاموش ہوجانا۔
ـــ فُلَانًا وَجْمًا: مکا مارنا۔
ـــ الْيَوْمُ وُجُوْمًا: دن کا گرم ہونا۔
الْوَاجِمُ: متنفر (۲) غصہ کی وجہ سے خاموش (۳) غمگین و خاموش، غم سے خاموش۔
الْوَجْمُ: جنگلوں میں راہنما عمارتیں (۲) چٹان، رَجُلٌ وَجْمٌ گھٹیا آدمی، وَجْمُ سُوْءٍ برا آدمی (۳) بَيْتٌ وَجْمٌ شاندار مکان، ج: اَوْجَامٌ ووُجُوْمٌ۔
الْوَجَمُ: بخیل (۲) گھٹیا اور ہلکے بدن کا آدمی (۳) ٹیلوں پر پتھروں کے ڈھیر (۴) جنگلوں میں راستوں کے نشانات، ج: اَوْجَامٌ ووُجُوْمٌ رَجُلٌ وَجَمٌ خراب آدمی۔
الْوَجَمَةُ: گالی، شرم دلانے والی بات رَمَاهُ بِوَجَمَةٍ: اسے گالی دی۔
الْوَجِيْمُ: انتہائی گرم دن۔
الْوَجِيْمَةُ: کھانے یا چارہ کی یک وقتہ خوراک، کفایت بھر مقدار۔
• وَجَنَ بالشَّیْءِ ـِ (يَجِنُ) وَجْنًا: پھینکنا۔
ـــ بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر دے مارنا۔
ـــ الْوَتَدَ: میخ یا کھونٹی ٹھوکنا۔
ـــ الْقَصَّارُ الثَّوْبَ: دھوبی کا کپڑے کو صاف کرنے کے لئے کوٹنا

وَجَنَ الدَّبَّاغُ الجِلْدَ: کھال کو نرم کرنے کے لئے کوٹنا۔
تَوَجَّنَ فُلَانٌ: عاجزی وانکساری کرنا، غلام بن جانا، فروتنی کرنا۔
الأَوْجَنُ: ابھرے ہوئے رخساروں والا موٹے موٹے گالوں والا (۲) بلند پہاڑ۔
المُوَجَّنُ: موٹے رخساروں والا (۲) لحیم، فربہ، گوشت چڑھا ہوا۔
المَوْجُوْنَةُ، شرمیلی عورت۔
المِيْجَنَةُ، دھوبی کی موگری، ج: مَوَاجِن ومَيَاجِنُ۔
الوَاجِنُ سنگلاخ زمین۔
الوَجْنُ والوَجَنُ: الوَاجِنُ۔
الوَجْنَاءُ: بڑے رخساروں والی (۲) قوی ومضبوط عورت۔
الوَجْنَةُ، گال، گال کا ابھرا ہوا حصہ (رخسار) ج: وَجَنَات۔
الوَجَنَةُ، الوُجْنَةُ
الوَجِيْنُ، سنگلاخ زمین (۲) بہت سے پتھر (۳) وادی کا کنارہ، ج: وُجُنٌ۔
• وَجَهَ فُلَانٌ فُلَانًا عِنْدَ النَّاسِ ـــ (يَجِهُهُ) وَجْهًا: لوگوں کے نزدیک کسی کا کسی سے زیادہ بلند رتبہ ہونا، سرخ رو ہونا۔
ـــ فُلَانًا: مار کر کسی منہ پھیر دینا۔
وَجُهَ فُلَانٌ ـــ (يَوْجُهُ) وَجَاهَةً، باوجاہت ہونا، ذی رتبہ ہونا، بارعب اور پرشوکت ہونا، هو وَجِيْهٌ ج: وُجَهَاءُ ووِجَاهٌ هي وَجِيْهَةٌ، ج: وِجَاهٌ، هو (ايضا) وَجُهٌ وهي وَجُهَةٌ۔
أَوْجَهَتِ المَرْأَةُ، عورت کا بانجھ ہو جانا۔
أَوْجَهَ فُلَانٌ فُلَانًا: کسی کا کسی کو رتبہ دینا، باحیثیت بنانا، لوگوں میں سرخ رو کرنا (۲) واپس کرنا (۳) باوجاہت وذی حیثیت پانا۔
وَاجَهَهُ مُوَاجَهَةً ووِجَاهًا: آمنے سامنے ہونا، بالمقابل ہونا روبرو ہونا (۲) کسی کا الفاظ یا چہرے سے استقبال کرنا۔
ـــ الشَّيْءَ: سامنا کرنا، مقابلہ کرنا جیسے وَاجَهَ الشَّدَائِدَ والأَخْطَارَ۔
ـــ الشَّيْءُ فُلَانًا: کسی کو کوئی چیز در پیش ہونا، جیسے وَاجَهَتْهُ الصُّعُوْبَاتُ: اسے دشواریاں پیش آئیں۔
وَجَّهَهُ: تابع ومطیع ہونا، قَادَ فُلَانٌ فُلَانًا فَوَجَّهَهُ: فلاں نے فلاں کی قیادت کی تو اس نے اس کی اطاعت کی۔
ـــ المَوْلُوْدُ: رحم مادر سے بچہ کے دونوں ہاتھوں کا (دولادت میں) پہلے باہر آنا۔
ـــ الی الشَّيْءَ: کسی چیز کی طرف منہ کرنا، متوجہ ہونا، کہاوت ہے أَيْنَمَا أُوَجِّهُ أَلْقَ سَعْدًا میں جدھر منہ کرتا ہوں برکت پاتا ہوں۔
ـــ فُلَانًا فی حَاجَةٍ: کسی کو کسی کام کے لئے کہیں بھیجنا۔
ـــ فُلَانًا: شرف وعزت بخشنا (۲) کسی کا منہ قبلہ کی طرف کرنا قبلہ رو کرنا (۳) کسی کو ایک رخ پر ڈالنا، ایک راہ پر چلانا۔
وَجَّهَ فُلَانًا الی کذا: کسی کی راہنمائی کرنا (۲) کسی جگہ یا کسی کے پاس بھیجنا۔
ـــ الَيْهِ التُّهْمَةَ أو الاتِّهَامَ: کسی پر الزام لگانا۔
ـــ الَيْهِ الاهَانَاتِ: کسی کی مسلسل توہین کرنا۔
ـــ الَيْهِ تَحِيَّةً، کسی کو سلامی دینا۔
ـــ الَيْهِ تَحِيَّةَ تَقْدِيْرٍ کسی کو خراج عقیدت پیش کرنا۔
ـــ الَيْهِ النَّارَ: کسی پر فائر کرنا۔
ـــ الَيْهِ السِّلَاحَ، کسی کو نشانہ بنانا۔
ـــ الَيْهِ الدَّعْوَةَ: کسی کو مدعو کرنا۔
ـــ الَيْهِ اللَّوْمَ: کسی کو ملامت کرنا۔
ـــ النِّدَاءَ الی الشَّعْبِ وغیرہ: عوام سے اپیل کرنا۔
ـــ الشَّيْءَ، کسی چیز کو ایک رخ پر رکھنا۔
ـــ النَّخْلَةَ: کھجور کا پودا لگا کر شمال کی طرف جھکا دینا اور شمالی ہوا کا اسے سیدھا کر دینا۔
ـــ النَّاسُ الطَّرِيْقَ: لوگوں کا راستہ پر چلتے چلتے راہ گیروں کے لئے نشانات چھوڑنا۔
ـــ المَطَرُ الأَرْضَ: بارش کا زمین کی سطح کو چھیل دینا اور نشان ڈال دینا (۲) بارش کا زمین کو صاف وہموار کر دینا۔
ـــ الرِّيْحُ الحَصَى: ہوا کا کنکریوں کو لے کر اڑنا۔
ـــ المَرِيْضَ أو المَيِّتَ: بیمار یا مردہ کو قبلہ رو کرنا۔
ـــ الکَلَامَ: کلام کی توجیہ کرنا یعنی اس کے خاص معنی دلیل کے ساتھ

متعین کرنا۔
اتَّجَهَ اِلَیْہِ : کسی طرف رخ کرنا، کسی کی طرف متوجہ ہونا (اس کی اصل اَوْتَجَہَ ہے)۔
— فُلَانٌ اتِّجَاهًا صَحِيحًا: کسی کا صحیح سمت اختیار کرنا، صحیح راستہ پر چلنا۔
— اتجاهًا خاطئًا: غلط راہ پر چلنا، غلط رخ اختیار کرنا۔
— لَہُ رأیٌ: کسی کے ذہن میں نیا خیال آنا، کسی کو کوئی بات سوجھنا۔
تَوَاجَہَا: دو آدمیوں یا دو چیزوں کا آمنے سامنے ہونا، بالمقابل ہونا۔
تَوَجَّہَ: مطاوع وَجَّہَ۔
— الیہ: کسی کی طرف رخ کرنا کسی طرف منہ کرنا، متوجہ ہونا (۲) کسی کے سامنے آنا (۳) کسی کے پاس یا کسی جگہ جانا۔
— الجَیْشُ: لشکر کا شکست کھانا۔
— الشَّیْخُ: بوڑھے کا بڑھاپا بڑھ جانا۔
— التَّفْکِیْرُ اِلٰی شیئٍ: کسی طرف ذہن جانا۔
— جِہَۃَ کذا: کسی طرف روانہ ہونا۔
— تِلْقَاءَ کذا: کسی جانب روانہ ہونا۔
الاتِّجَاہُ: رخ (۲) رجحان، میلان ج: اتِّجَاھَات۔
الاتِّجَاہُ الصُّعُوْدِی: اضافہ کا رجحان۔
الاتِّجَاہُ الھُبُوْطِیُّ: کمی کا رجحان۔
التُّجَاہُ: جہت، سمت جدھر رخ کیا جائے جیسے، قَعَدْتُ تُجَاھَكَ: میں تمہارے سامنے بیٹھا یعنی تمہاری طرف منہ کرکے بیٹھا (اس کی اصل وُجَاہٌ ہے) تُجَاہَ کذا فلاں سلسلہ میں اس کے تئیں بالمقابل۔
التَّوَاجُہُ: سامنا، مقابلہ، تقابل۔
التَّوْجِیْہُ: راہنمائی (۲) ہدایت (۳) نصیحت (۴) ذہن سازی اصلاح۔ (۵) کلام کے معنی کی بالدلیل تعیین (۶) فن شعر میں روی مقید سے پہلے حرف کی حرکت کا اختلاف (۷) فن بلاغت میں ایسا کلام کرنا جو دو مختلف وجہوں کا احتمال رکھتا ہو (۸) فرمان (۹) گھوڑے کی ٹانگوں کی کجی۔
التَّوْجِیْہُ السَّامِی: فرمان عالی، ارشاد عالی۔
عَجَلَۃُ التَّوْجِیْہِ: اسٹیرنگ۔
التَّوْجِیْہِیُّ: راہنمایانہ، ناصحانہ (۲) فکرانگیز۔
الخِطَابُ التَّوْجِیْہِیُّ: ناصحانہ یا فکرانگیز خطاب۔
التَّوْجِیْہَاتُ: ارشادات۔
التَّوْجِیْہَاتُ الرَّسْمِیَّۃُ: سرکاری ہدایات۔
الجِہَۃُ: جانب، گوشہ (۲) وہ جگہ جس کا رخ کیا جائے (۳) سمت (۴) وہ انتظامی شعبہ یا ادارہ یا جماعت جس سے معاملات میں رجوع کیا جائے (۵) مد (۶) خاص رخ یا طریقہ مَالَہٗ جِہَۃٌ فی ہذا الاَمْرِ: اس معاملہ میں اس کا کوئی خاص طریقہ نہیں ہے کہ اس کے مطابق وہ انجام دے۔ فَعَلْتُ کذا علی جِہَۃِ کذا: میں نے فلاں کام اس طریقہ پر انجام دیا مِن جِہَۃِ فُلَانٍ: کسی کی جانب سے۔
الجِہَۃُ الرَّسْمِیَّۃُ: سرکاری ادارہ یا محکمہ۔
الجِہَۃُ المُخْتَصَّۃُ: متعلقہ ادارہ۔
جِہَاتُ العَالَمِ: اطراف عالم۔
جِہَاتُ الصَّرْفِ والاِیْرَادِ: مدات آمد وصرف۔
المُوَاجِہُ: مقابل۔
المُوَاجَہَۃُ: سامنا، مقابلہ، ٹکراؤ (۲) ملاقات، آمنا سامنا۔
مُوَاجَہَۃً: منہ درمنہ، روبرو، براہ راست، آمنے سامنے۔
المُوَجَّہُ: صاحب رتبہ، عالی مقام تربیت یافتہ، ہدایت یافتہ (۲) دو کوہان والا اونٹ یا کمر وسینہ کے دو ابھار والا آدمی (۳) اوڑھنے کی دوہری چادر، وَشْیٌ مُوَجَّہٌ یک رخ نقش ونگار۔
المُوَجَّہُ الیہ: کسی طرف مرکوز، کسی کی جانب رخ کیا ہوا، بھیجا ہوا۔
المُوَجِّہُ: ذہن ساز، مرشد، راہنما، رخ دینے والا، اشارہ دینے والا۔
الوَاجِہُ: نمایاں، ممتاز۔
الواجِہَۃُ: چہرہ، سامنے کا حصہ اگلا حصہ جیسے وَاجِہَۃُ المَسْجِدِ اوالبیتِ۔
الوِجَاہُ: جانب، سمت، داری وِجَاہَ دَارِكَ: میرا گھر تمہارے گھر کے سامنے ہے (۲) لگ بھگ تقریبًا، جیسے، وِجَاہُ الْفٍ، تقریبًا ایک ہزار۔

الوَجَاهَةُ: عزت ورفعت، ناموری، حیثیت، بلند مقام شان، امتیازی حیثیت، دبدبہ۔

الوَجْهُ: سردار قوم، شریف ومعزز آدمی۔ ج: وُجُوهٌ (۲) چہرہ صورت مظہر، ہرشے کا سامنے والا حصہ (۳) نفس شے، ذات، قرآن پاک میں ہے «كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ»، اس (خدا) کی ذات کے علاوہ ہر چیز فنا پذیر ہے (۴) دل، حدیث میں ہے «لَتُسَوُّنَّ صُفُوفَكُمْ أَوْ لَيُخَالِفَنَّ اللّٰهُ بَيْنَ وُجُوهِكُمْ»: تم کو اپنی صفیں سیدھی رکھنی چاہئیں ورنہ تو خدا تمہارے رخ مختلف کردیگا یعنی تم متحد ہونے کے بجائے سب اپنی اپنی خواہشات کے تابع ہوجاؤگے (۵) زمانہ کا ابتدائی حصہ (۶) دن کا اول حصہ (۷) صبح کی نماز (۸) ستارہ کا دکھائی دینے والا جز (۹) کپڑے کا دکھائی دینے والا حصہ (۱۰) کسی مسئلہ کا صاف دکھائی دینے والا مفہوم (۱۱) گھر کا سامنے والا حصہ جس میں دروازہ ہوتا ہے (۱۲) تھوڑا پانی (۱۳) مرتبہ (۱۴) قصد (۱۵) سمت، گوشہ، پہلو جانب، طرف، (۱۶) راستہ، ڈگر

صَرَفَ الشَّيْءَ عَنْ وَجْهِهِ: شے کو اس کے ڈگر (مقررہ راستہ یا طریقہ) سے ہٹادیا (۱۷) صحت

لَيْسَ لِكَلَامِهِ وَجْهٌ: اس کی بات میں صحت نہیں ہے (۱۸) کلام کا مقصود بالذات مفہوم مطلب (۱۹) صفت (۲۰) سبب، بنیاد (۲۱) مدّ، اوجُهُ الإِيرَادِ: مدات آمدنی، أَوْجُهُ الصَّرْفِ: مدات خروج، أَوْجُهُ الخِلَافِ: وجوہات اختلاف، أَوْجُهُ النَّشَاطِ، سرگرمیوں کی انواع، نوع، قسم، ج، أَوْجُهٌ وَوُجُوهٌ وَأُجُوهٌ (۲۲) سارنگی کی نے کا کنارہ والا جز (۲۳) سطح،

وُجُوهُ القرآن: قرآن کریم کے معانی۔

وَجْهُ الأرضِ: روئے زمین، سطح زمین۔

حُرُّ الوَجْهِ: شریف ومعزز آدمی

عَبْدُ الوَجْهِ: ذلیل آدمی

سَهْلُ الوَجْهِ: سپاٹ چہرہ والا (رخسار ابھرا ہوا نہ ہو)۔

ذُو وَجْهَيْنِ: دورخا منافق (۲) دو معنی کا محتمل کلام۔

عَلَى الوَجْهَيْنِ: دونوں طرح۔

ابْيَضَّ وَجْهُهُ: اس کا چہرہ سفید ہوا یعنی وہ کامیاب وسرخ رو ہوا، اس نے عزت پائی۔

اسْوَدَّ وَجْهُهُ: اس کا چہرہ سیاہ ہوا، یعنی وہ نامراد وناکام ہوا رسوا ہوا۔

بَيَّضَ وَجْهَهُ: عزت بخشنا سرخ رو بنانا۔

سَوَّدَ وَجْهَهُ: ذلیل ورسوا کرنا۔

لِوَجْهِ اللّٰهِ وابْتِغَاءَ وَجْهِهِ: اللہ کی خوشنودی کے لئے۔

ضَرَبَ وَجْهَ الأَمْرِ وَعَيْنَهُ: اس نے کام کی تدبیر کی۔

مَضَى عَلَى وَجْهِهِ: اس نے اپنی راہ لی، جدھر منہ اٹھا چل دیا

أَخَذَ وَجْهًا: اس نے عزت حاصل کی۔

أَخَذَ وَجْهًا عَلَى هٰذَا العَمَلِ: وہ اس کام کا عادی ہوگیا۔

بِوَجْهٍ عَامٍّ: عام طور پر

بِوَجْهٍ خَاصٍّ: بطور خاص۔

بِوَجْهٍ مَّا: کسی نہ کسی طرح، کسی بھی طریقہ پر۔

وَجْهًا لِوَجْهٍ: آمنے سامنے۔

الوُجْهَةُ: جانب، طرف، گوشہ (۲) سمت جس کا قصد کیا جائے (۳) ہر وہ جگہ جو تمہارے سامنے ہو، (۴) قبلہ۔

وُجْهَةُ الأَمْرِ: کام کا ڈھنگ۔

وُجْهَةُ النَّظَرِ: نقطۂ نظر۔

وُجْهَاتُ النَّظَرِ المُتَعَارِضَةِ متضاد نقطہ ہائے نظر

الوَجِيهُ: بااثر، باصلاحیت، صاحب قدر ومنزلت، عالی مرتبت، باوجاہت (۲) سربرآوردہ، سردار قوم، ج: وُجَهَاءُ (۳) وہ بچہ جس کے ہاتھ بوقت ولادت پہلے باہر آئیں (۴) وہ گھوڑا جس کے دونوں اگلے پاؤں پیدائش کے وقت ایک ساتھ پہلے باہر آئیں)

وُجَهَاءُ القَوْمِ: سربراہان قوم، شرفاء قوم۔

وُجَهَاءُ المَدِينَةِ: معززین شہر۔

الوُجَيْهَةُ: نظر بد سے بچانیوالا تعویذ۔ ج: وجیہات ووَجَائِهُ

• وَجَبَاهُ: ـِ (يَجْبِيه) وَجْبِيًا:

کسی کو ناکارہ پانا۔
وَجِیَ َ (یَوْجَی) وجًی، زیادہ چلنے سے پاؤں یا کھروں کا پتلا ہوجانا، گھس جانا، ھو وَجٍ وَوَجِیٌّ، ج: اَوْجِیَاءُ وھی وَجْیَاءُ وجِیَ الانسانُ والفَرَسُ والبَعِیْرُ: زیادہ چلنے سے پتلے یا گھسے ہوئے پیروں یا کھروں والا ہوجانا۔
اَوْجَی عن کذا: اعراض کرنا، ہٹنا۔
ـــ الصَّائِدُ: شکاری کا ناکام رہنا، شکار ہاتھ نہ آنا یا شکار نہ کرسکنا۔
ـــ حَافِرُ البِئْرِ، کنواں کھودنے والے کا سخت تہ تک پہنچ جانا اور پانی نہ نکلنا۔
ـــ علٰی فُلانٍ: کسی کے ساتھ کنجوسی کرنا۔
ـــ فُلانًا: کسی کو ناکارہ پانا (۲) کسی کو نامراد واپس کرنا، ضرورت پوری نہ کرنا۔
ـــ عن الاَمْرِ: ڈانٹ کر کسی چیز سے روکنا۔
ـــ عن فُلانٍ الظُّلْمَ ونَحْوَہ کسی پر ہوئے ظلم وتکلیف کو دفع کرنا
تَوَجَّی: پاؤں گھسنا۔
الوَجِیُّ: ناکارہ گھسے ہوئے پیروں والا زخمی پیروں والا یا گھسے ہوئے کھروں والا جانور۔
الوَجَی، پاؤں گھسائی۔

و ـــــ ح

• وَجِحَ َ (یَوْجَحُ) پناہ ڈھونڈنا۔
الوَجْحَۃُ: پست زمین، ج: اَوْجاح۔
• وَحَدَ ِ (یَحِدُ) حِدَۃً وَوَحْدًا وَوُحُوْدًا ووَحْدَۃً: تنہا ہونا، اکیلا ہونا، ایک ہونا۔
وَحَدَ الشَّیْئَ: ایک کرنا، تنہا رکھنا۔
وَحِدَ َ (یَوْحَدُ) وَحَدًا وَحِدَۃً وَوَحْدَۃً ووُحُوْدًا: تنہا اور اکیلا رہ جانا، یکتا ہونا۔
وَحُدَ ُ (یَوْحُدُ) وَحَادَۃً وَوُحُوْدَۃً: تنہا اور اکیلا رہنا، یکتا ہونا۔
اَوْحَدَتِ المَرْأَۃُ والشَّاۃُ ایک بچہ جننا۔ ھی مُوْحِدۃ۔
ـــ بابْنِھا: یکتا اور بے مثال بچہ جننا۔
ـــ اللّٰہُ فُلانًا: خدا کا کسی کو یکتائے روزگار بنانا۔
ـــ اللّٰہُ جَانِبَہُ: تنہا رکھا جانا (کوئی عزیز ورشتہ دار نہ ہونا)۔
ـــ الشَّیْئَ: ایک بنانا، ایک رکھنا یکتا اور منفرد بنانا۔
ـــ النَّاسُ فُلانًا: لوگوں کا کسی کو اکیلا اور تنہا چھوڑنا۔
وَحَّدَ اللّٰہَ سُبْحَانَہُ خدا کے ایک ہونے کا اقرار کرنا اس کے ایک ہونے پر ایمان لانا توحید کا قائل ہونا۔
ـــ الشَّیْئَ: ایک بنانا، متحد ومربوط کرنا، اکٹھا اور یکجی کرنا۔
اِتَّحَدَ: منفرد ہونا، اکیلا ہونا۔
ـــ الشَّیْئَانِ اوالاَشْیَاءُ دو یا چند چیزوں کا ایک ہوجانا۔ مل جانا۔
تَوَحَّدَ اللّٰہُ بِرُبُوْبِیَّتِہ وجَلالِہ وعَظَمَتِہ: اللہ تعالیٰ کا اپنی ربوبیت اور عظمت وجلال میں یکتا اور منفرد ہونا، لاثانی ہونا۔
ـــ فُلانٌ: تنہا رہ جانا، اکیلا رہنا۔
ـــ برَأْیِہ: اپنی رائے میں منفرد ہونا
ـــ اللّٰہُ تعالیٰ بعِصْمَتِہ فُلانًا: خدا تعالیٰ کا کسی کو اپنی حفاظت میں رکھنا اپنے سوا دوسرے کے حوالہ نہ کرنا۔
اِسْتَوْحَدَ: اکیلا ہونا، تنہا ہونا۔
الاتّحَادُ: اتفاق، یکجہتی (۲) یونین وفاق، وفاقی انجمن یا جماعت۔
اتّحادالآراء: ہم خیالی۔
اتّحاد الاتّجاہ: ہم آہنگی۔
اتّحادالحقوقیین: انجمن وکلاء۔
الاتّحادیُّ: وفاقی یونین کا۔
الاَحَدُ: اکیلا، تنہا، ایک، لاثانی (۲) کوئی (۳) اکائی اس معنی میں جمع آحاد (اکائیاں) اس کی اصل وَحَدٌ ہے، مذکر ومؤنث دونوں پر بولا جاتا ہے، یہ دو جگہ سماعًا واحد کا مرادف (ہم معنی) ہوتا ہے:
(۱) باری تعالیٰ کے اسم کی صفت کے لئے چنانچہ کہا جائے گا: ھوالوَاحِدُ وھوالاَحَدُ یہ اَحَدِیَّۃ کے ساتھ خاص ہے یعنی خدا کے علاوہ کسی کی صفت نہیں ہوگا، چنانچہ رَجُلٌ اَحَدٌ اور دِرْھَمٌ اَحَدٌ کہنا صحیح نہیں ہے
(۲) اسماء عدد میں غلبہ اور کثرت استعمال کی بنا پر کہا جائے گا اَحَدٌ وَّعِشْرُوْن بمعنٰی وَاحِدٌ وَّعِشْرُوْن، مذکورہ دونوں جگہوں پر یہ واحد کے معنی میں ہے بقیہ مقامات پر ان دونوں کے استعمال میں یہ فرق ہوگا اَحَدٌ تو اپنے ساتھ والے لفظ کی نفی عموم کیلئے

آئے گا، جیسے، مَا قَامَ اَحَدٌ یا اضافت کے ساتھ جیسے، مَا قَامَ اَحَدُ الثَّلَاثَةِ: لیکن وَاحِد کو مضاف و غیر مضاف دونوں طرح اثبات کے لئے استعمال کیا جائے گا، جیسے، جَاءَنِی وَاحِدٌ مِنَ القَومِ۔
اَحَد بمعنی شے (عموم) کے لئے بھی آتا ہے اس لئے غیر ذوی العقول کو بھی شامل ہوتا ہے، جیسے کہا جائے مَا بِالدَّار مِن اَحَدٍ: گھر میں کوئی نہیں یعنی خالی ہے نہ کوئی انسان ہے نہ غیر انسان، ج: آحَادٌ واُحْدَانٌ یا اس کی کوئی جمع ہی نہیں، دیکھئے (واحد) یہ کبھی بتاویل شے مؤنث کے لئے بھی آتا ہے، جیسے لَسْتُنَّ کَاَحَدٍ مِنَ النِّسَاءِ اس کی تانیث احدی ہے۔
یَومُ الاَحَدِ: اتوار کا دن
الاَحَدِیَّةُ: اَحَدٌ کا مصدر صناعی، باری تعالیٰ کی صفت، یکتائی، وحدت، ذات جس میں مطلقاً کوئی ترکیب نہ ہو۔
الاَوْحَدُ: یکتا، لاثانی، اَللّٰهُ الاَوْحَدُ: خدائے واحد لاشریک لہ، (۲) بے مثل و بے نظیر، فُلَانٌ اَوْحَدُ زَمَانِهِ: فلاں یکتائے زمانہ اور بے نظیر ہے (۳) منفرد، لَسْتُ فِی هٰذَا الاَمْرِ بِاَوْحَدَ: اس معاملہ میں مجھے کوئی خصوصیت حاصل نہیں یا یں اس میں منفرد نہیں، اس کی تانیث وَحْدَاءُ نہیں آتی، اخیر کے دونوں معنی میں

جمع اُحْدَانٌ آتی ہے
التَّوَحُّدُ: یکسانیت یکجائیت۔
تَوَحُّدُ المَشَاعِرِ: جذبات میں یکسانیت
التَّوْحِیْدُ: اللہ کے اپنی ذات اور تمام صفات میں ایک ہونے پر ایمان، اہل حقیقت (اہل باطن) کی اصطلاح میں ذات الٰہی کی ذہن و خیال میں آنے والے ہر تصور سے تجرید و برتری۔
مَذْهَبُ التَّوْحِیْدِ: فلسفہ میں نظریۂ توحید خدا کے ایک ہونے کا قول ہے۔
تَوحِیْدُ النَّمَطِ: اقتصادیات میں صنعتی اداروں کا تیاری سامان کے ایک ہی نمونہ یا چند نمونوں پر اقتصار تاکہ اس کی مانگ میں اضافہ اور فروغ ہو۔
عِلْمُ التَّوْحِیْدِ: علم الکلام
الحِدَةُ: تنہائی، علی حِدَةٍ تنہا، الگ، هٰذَا الشَّیْءُ عَلیٰ حِدَتِهِ: یہ چیز یکتا اور منفرد ہے، سب سے الگ ہے فَعَلَهُ عَلیٰ ذَاتِ حِدَتِهِ ومن ذات حِدَتِهِ ومن ذی حِدَتِهِ: اس نے وہ کام خود کیا، اپنے طور پر اور اپنی رائے سے کیا۔
المُتَوَحِّدُ: اکیلا اور تنہا رہ جانے والا۔
المُوَحَّدُ: متحدہ (۲) یکساں یکجا۔ (۳) حروف ہجائیہ میں سے وہ حروف جن کے اوپر یا نیچے ایک نقطہ ہو جیسے، فا، اسے مُوَحَّدَةٌ فَوقِیَّةٌ: کہتے

ہیں اور جیسے با اسے مُوَحَّدَةٌ تَحْتِیَّةٌ کہتے ہیں۔
مُوَحَّدُ الخَوَاصِّ: فزکس میں اس جسم یا ماحول کو کہتے ہیں جس کی خاصیتیں ہر رخ پر یکساں ہوں۔
المُوَحِّدُ: مومن، عقیدۂ توحید کا قائل۔
المَوْحَدُ: دَخَلُوا مَوْحَدَ مَوْحَدَ: وہ الگ الگ یا ایک ایک آئے۔
المِیْحَادُ: مَوَاحِیْد کا واحد: الگ الگ کھڑے ہوئے ٹیلے یا دوسرے سے الگ چیزیں۔
الوَاحِدُ: اللہ تعالیٰ کی صفت، اپنی ذات و صفات میں تنہا، لاثانی، وہ ذات واحد جس کی ماہیت اور صفات کمال میں غیر کی شرکت ممتنع ہو اور جو بلا واسطہ اور بلا کوشش ایجاد و تدبیر عالم میں منفرد ہو، اور کسی قسم کی تاثیر میں اس کے سوا کوئی مؤثر نہ ہو۔
(۲) ایک (حساب کا پہلا عدد) کبھی اس کا تثنیہ بھی آتا ہے جیسے شاعر کا قول۔
فَلَمَّا التَقَیْنَا وَاحِدَیْنِ عَلَوْتُهُ
بِذِی الکَفِّ اِنِّی لِلْکُمَاةِ ضَرُوبُ
اور اس کی جمع مذکر سالم بھی آتی ہے جیسے شاعر کمیت نے کہا:
فَقَدْ رَجَعُوا کَحَیٍّ وَاحِدِیْنَا
(۳) علم یا طاقت وغیرہ میں فائق و بے مثل (۴) کسی چیز کا جزء، ج: وُحْدَانٌ وَاُحْدَانٌ فُلَانٌ وَاحِدُ الاَحَدِیْنَ وَوَاحِدُ الآحَادِ وَوَاحِدُ اُمَّتِهِ وَوَاحِدُ دَهْرِهِ وَلَا وَاحِدَ لَهُ، وَاحِد

لامِثْلَ لَهُ ولانَظِیْرَ (بالترتیب معنی) وہ دو میں یا سب میں منفرد ہے وہ اپنی ماں کا اکلوتا لڑکا، وہ یکتائے زمانہ ہے وہ بے مثال وبے نظیر ہے، م: واحِدَۃ
وَاحِداً وَاحِداً: ایک ایک کرکے، واحِداً اِثْرَ واحِدٍ آگے پیچھے، یکے بعد دیگرے۔
الوَاحِدَۃ: واحد کی تانیث، وَاحِدَۃً بِوَاحِدَۃ: ترکی بہ ترکی۔
الواحِدِیَّۃُ: فلسفہ کا ایک نظریہ جو تمام کائنات کی اصل ایک ہی مبدا کو قرار دیتا ہے جیسے روحِ محض، یا فطرت محضہ۔
وُحَادُ: دَخَلُوا وُحَادَ وُحَادَ وہ ایک ایک کرکے اندر آئے
الوَحْدُ: یہ مصدر ہے نہ اس کا تثنیہ آتا ہے نہ جمع، بمعنی تنہا کہتے ہیں: رَأَیْتُہُ وَحْدَہُ وَرَأَیْتُہُمَا وَحْدَہُمَا: میں نے اس کو یا ان دونوں کو تنہا دیکھا (۲) اسم ممکن، کہتے ہیں جَلَسَ وَحْدَہُ وعلی وَحْدِہٖ وعلیٰ وَحْدَیْہِمَا وجلسوا علی وَحْدِہِم: وہ تنہا یا اکیلا بیٹھا الخ (۳) منفرد (۴) نامعلوم النسب آدمی، ھو نَسِیجُ وَحْدِہٖ وہ لاثانی اور بے نظیر ہے، قَرِیعُ وَحْدِہٖ، فضل کمال میں یکتا، لاثانی، ھو جُحَیْشُ وَحْدِہٖ: وَعُیَیْرُ وَحْدِہٖ: (برائے مذمت) یعنی یہ دونوں ذلت وکمزوری کے باوجود خود رائے ہیں نہ کسی سے مشورہ کرتے ہیں اور نہ میل جول کرتے ہیں۔

الوَحَدُ: اپنی ذات میں منفرد (۲) نامعلوم النسب، ھی وَحَدَۃٌ۔
الوَحْدَانِیُّ: (وَحْدَۃ کی طرف زیادتی الف ونون مبالغہ کے ساتھ نسبت ہے، علیحدگی پسند، خودرائے لوگوں سے الگ تھلگ رہنے والا۔ حدیث میں ہے، شَرُّ اُمَّتِی الوَحْدَانِیُّ المُعْجَبُ بِدِیْنِہِ المُرَائِیْ بِعَمَلِہ: میری امت میں سب سے زیادہ برا آدمی اپنے دین پر مغرور وریاکار اور علیحدگی پسند ہے (۲) اکیلا، (۳) غیر مشترک، (۴) کنوارا۔
الوَحْدَانِیَّۃُ: مصدر صناعی جو مبالغہ کے لئے الف ونون کا اضافہ کرکے بنایا گیا ہے (۲) اللہ تعالیٰ کی ایک صفت، یعنی اللہ تعالیٰ کی ماہیت اور صفات کمال میں یکتائی اور غیر اللہ کی شرکت کا امتناع بلا واسطہ اور بلا کوشش ایجاد وتدبیر عام میں منفرد ہے غیر کی مشارکت سے پاک اور ایسا مؤثر جو کسی بھی تاثیر میں تنہا اور منفرد ہے۔
الوَحْدَۃ: تنہائی، یکتائی، انفرادیت (۲) اکائی، یونٹ (۳) انتظامی اکائی جو مختلف شاخوں سے مل کر مرکزی شکل اختیار کرے۔
الوَحْدَۃ المُرَبَّعَۃ: علم ریاضی اور علم ہندسہ میں ایسا مربع (چوکونا) جس کے ایک ضلع (کہنی) کا طول پیمائش طولی کی وحدات (اکائیاں) سے مل کر ایک وحدت (اکائی) بن جائے جیسے مربع کہنی یعنی ایسا مربع جس کے اضلاع میں سے ہر ضلع طولاً ایک کہنی کے بقدر ہو (۲) سیاسی نظام میں دو یا چند قوموں یا ملکوں کی سربراہی وسیاست اور فوج واقتصادیات میں ایسا اتحاد جو ایک متحدہ قوم بنائے۔ یا چند قوموں یا ملکوں کا جزوی اتحاد۔

وَحْدَۃُ النَّقْدِ: سیاسی اقتصادیات میں وہ وزن جو لوہے وغیرہ کی خاص مقدار کے مطابق قانون سازوں کی تحدید وتعیین کے ذریعہ قائم کیا جائے۔
الوَحْدَۃُ الاِنْدِمَاجِیَّۃ: مکمل انضمام واتحاد۔
الوَحْدَۃُ الاِدَارِیَّۃ: انتظامی یونٹ (یعنی سہولت اور اختصار کے لئے چند شعبوں کو ملا کر بنائی ہوئی اکائی۔
وَحْدَۃُ تَکْلُفَۃٍ: لاگت اور مصارف تیاری کا متحدہ انتظام۔
الوَحْدَۃُ العَرَبِیَّۃ: عرب اتحاد۔
وَحْدَۃُ الدَّمِ: رشتۂ نسب، خونی اور قرابتی اتحاد۔
الوَحْدَۃُ العَسْکَرِیَّۃ: فوجی یونٹ۔
وَحْدَۃُ القُوَّۃِ الکَھْرَبَائِیَّۃ: الیکٹرک پاور کی یونٹ، واٹ۔
وَحْدَۃٌ لِقِیَاسِ الحَرَارَۃ حرارت پیمائی کا یونٹ، ہیٹ یونٹ۔
وَحْدَۃُ المَصَالِح: مفادات کی یکسانیت۔
الوَحْدَۃُ الوَطَنِیَّۃ: قومی اتحاد۔
وَحْدَۃُ الھَدَف: مقصد کی یکسانیت۔

الوَحَدَاتُ الرَّمْزِيَّة: علامتی یونٹیں (اکائیاں).
الوَحَدَاتُ المُتَمَاسِكَةُ: باہم مربوط اکائیاں.
الوَحْدَوِيّ: اتحاد کا علم بردار (۲) اتحاد سے متعلق.
النِّظَامُ الوَحْدَوِيّ: متحدہ نظام وانتظام.
الوَحِيْدُ: اکیلا، یکا وتنہا، منفرد یکتا، بے مثال وبے نظیر، اکلوتا
وَحِيْدُ أَبَوَيْهِ: اپنے والدین اکلوتا بیٹا.
◆ وَحِرَ ـَ (يَوْحَرُ) وَحَرًا: ایسی چیز کھانا جسے چھپکلی جیسے جانور وَحَرَة نے زہر آلود کردیا ہو.
ـــ الطَّعَامُ: کھانے میں وَحَرَه (چھپکلی نما جانور) کا گرجانا.
ـــ صَدْرُ فُلَانٍ عَلَى فُلَانٍ: کسی کے خلاف کسی کا سینہ کینہ سے بھرجانا. دل میں کینہ رکھنا، هو وَحِرٌ.
أَوْحَرَتِ الوَحَرَةُ الطَّعَامَ: کھانے پر وَحَرَه (چھپکلی نما جانور) کا گزرکر زہر آلود کردینا کہ کھانے والے کو تے دست ہونے لگے یا وہ مرجائے.
ـــ فُلَانًا: کسی کو غصہ دلانے والی بات کہنا.
الوَحَرُ: کینہ (۲) غیظ وغضب (۳) دھوکا (۴) انتہائی سخت بدغصہ (۵) دشمنی (۶) وسوسے، دل میں آنے والے پریشان کن خیالات.
الوَحْرُ: الوَحَرُ.
الوَحَرَةُ: چھپکلی جیسا ایک جنگلی جانور جو کھانے پینے کی چیز کو چھو کر زہر آلود کردیتا ہے اور اسکے کھانے یا پینے والے کو تے دست لگ جاتے ہیں اور کبھی مر بھی جاتا ہے (۲) چھوٹے جسم کے اونٹ، ج: وَحَرٌ. امْرَأَةٌ وَحَرَةٌ: کالی بدشکل یا سرخ وپستہ قد عورت.
◆ وَحَشَ فُلَانٌ بِثَوْبِهِ وَسِلَاحِهِ وَنَحْوِهِمَا ـِ (يَحِشُ) وَحْشًا: اپنے کپڑے یا ہتھیار اتار کر پھینک دینا.
وَحِشَ فُلَانٌ لِلشَّيْءِ ـَ (يَوْحَشُ) وَحْشَةً: کسی چیز سے وحشت وگھبراہٹ محسوس کرنا (۲) بھوک لگنا، هو وَحِشٌ، بَاتَ وَحِشًا: اس نے خالی پیٹ رات گزاری.
وَحُشَ المَكَانُ: کسی جگہ کا وحشی جانوروں والی ہونا، أَرْضٌ مُوحُوشَةٌ: کثیر جنگلی جانوروں والی جگہ.
أَوْحَشَ فُلَانٌ: بھوکا ہونا، زاد راہ ختم ہوجانا، بے توشہ رہ جانا
ـــ المَكَانُ: کسی خطہ کا بنجر اور غیرآباد ہوجانا (۲) اس میں جنگلی جانوروں کی کثرت ہوجانا.
ـــ فُلَانًا: کسی کو وحشت زدہ کرنا (۲) کسی چیز سے دل اچاٹ کردینا
ـــ المَكَانَ: کسی جگہ کو ویران پانا، وحشتناک پانا، هو مُوحِشٌ.
وَحَّشَ فُلَانٌ بِثَوْبِهِ وَسِلَاحِهِ وَنَحْوِهِمَا: اپنے کپڑے یا ہتھیار وغیرہ اتار پھینکنا.
تَوَحَّشَ فُلَانٌ: اپنے کپڑے وغیرہ اتار کر پھینکنا (۲) بھوکا ہونا
تَوَحَّشَ جَوْفُهُ: پیٹ خالی ہونا (خوراک نہ ملنے سے).
ـــ لِلدَّوَاءِ: دوا کے لئے معدے کو فضلات کی صفائی کے لئے خالی رکھنا.
ـــ المَكَانُ مِنْ أَهْلِهِ: جگہ کا مکینوں سے خالی ہوجانا.
ـــ الأَرْضُ: زمین کا بنجر اور غیر آباد ہوجانا.
اسْتَوْحَشَ فُلَانٌ: وحشت زدہ ہونا، دل گھبرانا، طبیعت نہ لگنا، وحشت اور گھبراہٹ محسوس کرنا (۲) وحشی ہوجانا، جنگلی جانوروں سے مل جانا.
ـــ مِنْهُ: نامانوس ہونا، دل گھبرانا.
الحِشَةُ: بنجر ویران جگہ.
المَوْحُوشَةُ: جنگلی جانوروں والی زمین.
الوَحْشُ: وَحْشِيٌّ کی جمع، خشکی کے نامانوس جانور، جنگلی جانور درندے، ج: وُحُوشٌ ووُحْشَانٌ، بَاتَ وَحْشًا: اس نے خالی پیٹ رات گزاری
حِمَارٌ وَحْشٌ وحِمَارٌ وَحْشِيٌّ جنگلی گدھا، بَقَرُ الوَحْشِ نیل گائے، مَشَى فِي الأَرْضِ وَحْشًا: اس نے تنہا سفر کیا
مَكَانٌ وَحْشٌ: ویران جگہ
وَحْشُ النَّاسِ: رذیل لوگ.
الوَحْشَةُ: وحشتناک ویران جگہ (۲) خلوت تنہائی (۳) تنہائی کا خوف (۴) خوف وگھبراہٹ (۵) غم (۶) وحشت وانقباض

(۶) عدم النسیت (۷) لوگوں سے بیزاری اور دوری (۸) قساوت قلبی۔

الوَحْشِیُّ: وَحْشٌ کا واحد، جنگلی، خونخوار (۲) وحشیانہ (۳) نامانوس (۴) ہر چیز کا دایاں پہلو (۵) جانور کا وہ حصہ جس پر نہ سواری کیجائے اور نہ دوہا جائے (۶) ہاتھ پاؤں اور ٹانگ کا وہ حصہ جو ہاتھ پاؤں والے کے سامنے نہ رہے (۷) کمان کی پشت (۸) پہاڑ اور وادی کے کناروں پر اگنے والا جنگلی انجیر جو مختلف رنگوں کا ہوتا ہے، اگر اسے تازہ کھایا جائے تو منہ کو جلا دیتا ہے۔

الوَحْشِیَّةُ: درندگی، بربریت

الوَحِیْشُ: خشکی کے نامانوس جانور، جنگلی جانور۔ الجَانِبُ الوَحِیْشُ: دایاں پہلو، وہ پہلو جو نہ دوہا جائے اور نہ اس پر بیٹھا جائے ج: وُحُشَانٌ

وَحَصَ الشَّیْءَ ـ (یَحِصُهُ) وَحْصًا: گھسیٹنا۔

الوُحُصُ: جاذب صورت کنیز کے چہرے پر نکلنے والا دانہ۔

الوَحْصَةُ: سردی

• وَحَفَ ـ (یَحِفُ) وَحْفًا: خود کو زمین پر ڈال دینا، جیسے وَحَفَ البَعِیْرُ: اونٹ کا زمین پر گر پڑنا (۲) تیز ہونا، جلدی کرنا۔

ـــ مِنْهُ: نزدیک ہونا۔

ـــ اِلَیْهِ: کسی کا یا کہیں کا قصد کرنا (۲) کسی کے پاس یا کہیں بیٹھنا، (۳) کسی کے پاس یا کہیں قیام کرنا۔

وَحِفَ النَّبَاتُ وَالشَّعْرُ ـ (یَوْحَفُ) وَحَفًا: پودوں یا بالوں کا گھنا ہونا جڑ پکڑنا اور سیاہ ہوجانا

وَحُفَ النَّبَاتُ وَالشَّعْرُ ـ (یَوْحُفُ) وَحَافَةً وَوُحُوْفَةً: وَحِفَ۔

اَوْحَفَ: جلدی کرنا، تیز ہونا۔

ـــ اِلَیْهِ: کسی کے پاس جانا، قیام کرنا، مہمان بننا۔

وَحَّفَ: زمین پر گر پڑنا جیسے وَحَّفَ البَعِیْرُ (۲) تیز چلنا، جلدی کرنا

ـــ الشَّیْءَ: لاٹھی یا ڈنڈا مارنا۔

ـــ عُضْوَ الجَزُوْرِ: ذبح کیجانے والی اونٹنی کا کوئی حصہ بچا کر رکھنا۔

المُوَحَّفُ: دبلا اونٹ۔

المَوْحَفُ: اونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ ج: مَوَاحِفُ۔

الوَاحِفُ: گھنا پودا یا بال جس کی جڑ مضبوط ہو اور سیاہ ہوگیا ہو (۲) بہت پروں والا بازو (۳) وہ ڈول جس کے دو تسمے باقی ہوں اور دو ٹوٹ گئے ہوں۔

الوَحْفُ: گھنے اور جڑ گرفتہ سیاہ بال یا پودے (۲) بہت پروں والا بازو۔

الوَحَفُ: گھنے سیاہ بال (۲) زیادہ پروں والا بازو (۳) گتھی ہوئی جڑوں والی گنجان نباتات (۴) بکثرت گھاس۔

الوَحْفَاءُ: سیاہ پتھروں والی زمین (۲) سرخ زمین۔

المَوْحَفَةُ: گول بلند سیاہ زمین (۲) وادی کے اندر اوپر اٹھی ہوئی سیاہ چٹان (۳) آواز ج: وِحَافٌ۔

• وَحَلَ فُلَانٌ فُلَانًا: ـــ (یَحِلُهُ) وَحْلًا: مقابلہ میں دلدل کے اندر زیادہ گہرائی میں چلے جانا۔

وَحِلَ ـ (یَوْحَلُ) وَحَلًا وَمَوْحَلًا: دلدل یا کیچڑ میں دھنس جانا اور پاؤں دے دے مارنا هُوَ وَحِلٌ۔

اَوْحَلَهُ: کیچڑ میں دھنسانا، پھنسانا

ـــ فُلَانًا شَرًّا: کسی کو مصیبت میں پھنسانا، کسی پر کیچڑ اچھالنا۔

وَاحَلَهُ: کیچڑ میں گھسنے کا مقابلہ کرنا وَاحَلَهُ فَوَحَلَهُ: اس سے مقابلہ میں بازی لے گیا۔

تَوَحَّلَ: کیچڑ میں دھنسنا، لت پت ہونا۔

ـــ المَکَانُ: کسی جگہ کیچڑ ہوجانا۔

اِسْتَوْحَلَ المَکَانُ: تَوَحَّلَ۔

المَوْحِلُ: دلدلی علاقہ، کیچڑ کی جگہ۔

المُتَوَحِّلُ: کیچڑ میں لتھڑا ہوا۔

المَکَانُ المُتَوَحِّلُ: کیچڑ والی جگہ۔

الوَحْلُ: کیچڑ، دلدل ج: اَوْحَالٌ وَوُحُوْلٌ۔

الوَحِلُ: کیچڑ میں لتھڑا ہوا۔

• وَحِمَتِ الحُبْلٰی ـ (تَوْحَمُ) وَحَمًا: حاملہ کا حالت حمل میں کسی چیز کے کھانے کی خواہش ہونا، دل چاہنا۔

ـــ الرَّجُلُ: آدمی کی خواہش حد سے بڑھ جانا، هُوَ وَحِمٌ وَهِیَ وَحْمٰی، ج وِحَامٌ وَوَحَامٰی

وَحَّمَ الحُبْلٰی وَوَحَّمَ لَهَا: حاملہ کو اس کی خواہش کی چیز کھلانا۔

الوَحَمُ: دل چاہنے والی چیز هٰذَا وَحْمِی: یہ میری چاہت کی چیز ہے

(۲) پرندے کے اڑنے کی آواز
لیلۃٌ ذاتُ وَحَمٍ: شدید گرمی والی رات۔
الوَحِمُ: یَوْمٌ وَحِمٌ: انتہائی گرم دن۔
• وَحَنَ عَلَیْہِ۔ (یَحِنُ) حِنَۃً: کسی کے خلاف کینہ رکھنا بغض رکھنا۔
وَحِنَ عَلَیْہِ۔ (یَوْحَنُ) وَحَنًا وَحِنَۃً: کسی سے کینہ کپٹ بغض رکھنا۔
تَوَحَّنَ: ذلیل ہونا، (۲) ہلاک ہونا، (۳) بڑے پیٹ والا ہونا۔
۔۔۔ بَطْنُہُ: پیٹ بڑا ہوجانا۔
الوَحْنَۃُ: چکنا گارا، کیچڑ جس پر پاؤں پھسلتے ہوں۔
• وَحْوَحَ الرَّجُلُ: گلا پڑی آواز نکالنا (۲) سردی کی شدت سے دونوں ہاتھوں میں پھونک مارنا۔
۔۔۔ مِنَ البَرْدِ: سردی کی وجہ سے گلے میں زور سے سانس گھمانا۔
تَوَحْوَحَ الظَّلِیْمُ فوقَ البَیْضِ: شتر مرغ کا انڈوں پر خواہش وشوق کیساتھ بیٹھنا۔
الوَحْوَاحُ: مضبوط وچاق چوبند آدمی، (۲) طاقتور پھرتیلا عمدہ آدمی (۳) ہلکا پھلکا آدمی ج: وَحَاوِیحُ۔
الوَحْوَحُ: الوَحْوَاحُ: (۲) وادی کا پیج۔ ج: وَحَاوِحُ۔
• وَحَی إِلَیْہِ وَلَہُ۔ (یَحِی) وَحْیًا: کسی کو اشارہ کرنا (۲) کسی سے اس طرح بات کرنا کہ دوسرا نہ سن سکے، چپکے سے بات کرنا، (۳) کسی کے نام خط لکھنا (۴) کسی کو حکم دینا۔
۔۔۔ اللّٰہُ إِلَیْہِ: خدا کا کسی کے پاس فرمان وپیغام بھیجنا (۲) خدا کا کسی کو الہام کرنا، خفیہ اشارہ کرنا دل میں کوئی بات ڈالنا (۳) تابع اور مسخر کرنا۔
۔۔۔ القَوْمُ وَحًی: لوگوں کا چلانا۔
۔۔۔ فُلَانٌ الکلامَ الی فُلَانٍ: کسی سے کوئی بات کرنا، کوئی بات کہنا
۔۔۔ الکِتَابَ: لکھنا۔
۔۔۔ الذَّبِیْحَۃَ: جانور کو جلدی سے ذبح کرنا۔
أَوْحَی إِلَیْہِ وَلَہُ: کسی کو کسی بات کا اشارہ کرنا، قرآن پاک میں ہے "فَأَوْحٰی إِلَیْہِمْ أَنْ سَبِّحُوا بُکْرَۃً وَعَشِیًّا۔" (۲) کسی سے خفیہ بات کرنا جسے دوسرا نہ سن سکے (۲) کسی کے نام کچھ لکھنا (۳) حکم دینا (۴) بھیجنا (نمائندہ بنانا)
۔۔۔ اللّٰہُ إِلَیْہِ: اللہ کا کسی کو پیغام بھیجنا (۲) الہام کرنا دل میں ڈالنا (مخفی اشارہ کرنا) قرآن پاک میں ہے "وَأَوْحٰی رَبُّکَ إِلَی النَّحْلِ أَنِ اتَّخِذِی مِنَ الجِبَالِ بُیُوتًا" تابع ومسخر کرنا۔
۔۔۔ نَفْسُہُ: دل میں خوف پیدا ہونا۔
۔۔۔ القَوْمُ: لوگوں کا چیخنا چلانا۔
۔۔۔ بِالشَّیْءِ: کسی چیز میں جلدی کرنا۔
۔۔۔ الکلامَ الی فُلَانٍ: کسی سے کوئی بات کہنا، کوئی بات سمجھانا۔
۔۔۔ المَیِّتَ: مردہ پر رونا، نوحہ کرنا، أَوْحَتِ النَّائِحَۃُ المَیِّتَ: نوحہ خواں عورت کا مردہ پر نوحہ کرنا (اس کے اوصاف بیان کرکے رونا)۔
أَوْحَی العَمَلَ: کام میں جلدی کرنا۔
وَحَّی العَمَلَ: کوئی کام جلدی کرنا۔
۔۔۔ الذَّبِیْحَۃَ: جانور کو جلدی سے ذبح کردینا۔
۔۔۔ الدَّوَاءُ المَوْتَ: دوا کا موت جلد آنے کا سبب بننا۔
تَوَحَّی: جلدی کرنا، حدیث میں ہے "اذا أَرَدْتَ أَمْرًا فَتَدَبَّرْ عَاقِبَتَہُ فَإِنْ کانت شرًّا فَانْتَہِ وان کانَتْ خیرًا فَتَوَحَّہُ: جب تم کسی کام کا ارادہ کرو تو اس کے انجام پر غور کرو، اگر وہ برا ہے تو رک جاؤ اور اگر اچھا ہے تو جلد کرو۔
اِسْتَوْحَی الانْسَانَ او الحَیَوَانَ: انسان یا حیوان کو کہیں بھیجنے کے لئے پکارنا (۲) اس سے جلدی کرانا۔
۔۔۔ الشَّیْءَ: حرکت دینا۔
۔۔۔ فُلَانًا: کسی کی چیخیں نکلوانا، (۲) کچھ دریافت کرنا۔
۔۔۔ تَجَارِبَہُ: اپنے تجربات سے کام لینا (گویا ان کو انسان کی طرح مشیر ماننا)۔
الإِیْحَاءُ: خفیہ اشارہ کرنا۔
المُوْحِی: وحی بھیجنے والا، خفیہ اشارہ کرنے والا۔ الہام کنندہ۔
المُوْحَی لہ والیہ: جسکے پاس وحی آئی ہو، پیغام آیا ہو۔
الأَوْحَی: زیادہ تیز۔
ــــ لِفُلَانٍ وَفُلَانًا: کسی کو اپنے پیروں میں جکڑ کر زمین پر پٹخنا۔
ــــ عَلَی الْاَمْرِ: قادر ہونا۔
ــــ الصَّبِیَّ: بچہ کو اپنے کولہوں پر بٹھانا۔
الْمَوْرِکُ: کجاوہ پر سوار کے پیر رکھنے کی جگہ (۲) کجاوہ کے گرد باندھی جانے والی رسّی۔
نَعْلٌ مُوَرَّکٌ: ران کی کھال کا بنا ہوا جوتا۔
الْمَوْرِکَۃُ: کجاوہ کی وہ جگہ جس پر سوار اپنا پاؤں رکھتا ہے (۲) کجاوہ کی وہ جگہ جس پر سوار ٹانگ موڑ کر ٹانگ پر رکھتا ہے۔ نَعْلٌ مُوَرَّکَۃٌ: مُوَرَّکٌ۔
الْمِیْرَکَۃُ والْمَوْرِکَۃُ: کجاوہ کا اگلا حصہ جس پر سوار تھک کر پاؤں رکھ لیتا ہے۔
الْوَارِکُ: کجاوہ کی وہ جگہ جس پر سوار اپنا پاؤں رکھتا ہے۔
الْوِرَاکُ: الْوَارِکُ (۲) کجاوہ کا اگلا حصہ (۳) وہ کپڑا جو کجاوہ کے اگلے حصے پر ڈال کر نیچے موڑ دیا جاتا ہے ج: وُرُکٌ۔
الْوَرْکُ: انسان کی ران کے اوپر کا حصہ (۲) جڑ کی لکڑی کی بنی ہوئی کمان، ج: اَوْرَاکٌ۔
الْوَرْکُ: ران کا بالائی حصہ، کولا (کولہا) سرین۔
وَرْکُ الشَّجَرِ: درخت کی جڑ ج: اَوْرَاکٌ۔
الْوِرْکُ: ران کا بالائی حصہ (۲) جڑ کی لکڑی کی بنی ہوئی کمان (۳) کمان کا کنارہ (۴) کمان میں تانت باندھنے کی جگہ ج: اَوْرَاکٌ۔
الْوَرَکِیُّ: اصل، اِنَّ عِنْدَہٗ لَوَرَکِیَّ خَبَرٍ: اس کے پاس واقعہ کی صحیح اطلاع ہے۔
الْوَرْکَاءُ: مؤنث الاَوْرَکُ (۲) موٹے کولہوں والی عورت بھاری سرین والی عورت۔
الْوَرْکَانَۃُ: بھاری سرین والی عورت۔

• الْوَرَلُ: گوہ کی مانند قدرے بڑا ایک زہریلا جانور، ج: اَوْرَالٌ ووِرْلَانٌ واَرْوُلٌ۔

• وَرِمَ ــــ (یَرِمُ) وَرَمًا، سوجنا پھولنا۔
ــــ الْاَنْفُ: ناک پھولنا (غصہ ہونا)۔
ــــ النَّبْتُ: پودے کا لمبا ہونا ھو وَارِمٌ۔

أَوْرَمَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کے تھنوں کا سوجنا۔
ــــ فُلَانًا وبه: کسی کو ناگوار بات کہنا جو اسے بری معلوم ہو، ناراض کرنا۔
وَرَّمَ فُلَانٌ بِأَنْفِهِ: تکبر سے ناک چڑھانا غرور کرنا۔
ــــ الجِلْدَ وَنَحْوَهُ: ورم آلود کرنا۔
ــــ اَنْفَهُ: غصہ دلانا۔
تَوَرَّمَ: سوجنا، ورم آلود ہونا۔
الأَوْرَمُ: لوگ یا لوگوں کی بڑی تعداد (۲) لشکر کا بڑا حصہ۔
التَوَرُّمُ: التَوَرُّمُ الصَّمْغِيُّ: خاندانی آتشک کے دور ثالث میں نمایاں ہونے والا ورم جو کبھی پیپ آلود بھی ہو جاتا ہے اگر جلد یا غشاء مخاطی میں ہو۔
المَوْرِمُ: ڈاڑھ لگنے کی جگہ، مسوڑھا۔
المُتَوَرِّمُ: سوجا ہوا۔
الوَارِمُ: سوجا ہوا۔
الوَرَمُ: سوجن، ورم، ج: أَوْرَامٌ
• تَوَرَّنَ: خوب سنگار کرنا، زیب و زینت اختیار کرنا۔
الوَرَانِيَةُ: سرین۔
وَرْنَةُ: زمانۂ جاہلیت میں ماہ ذیقعدہ کا نام۔
• الوَرْنِيشُ: وارنش جو روغن میں ملائی جاتی ہے، پالش۔
• وَرِهَ ــَـ (يَوْرَهُ) وَرَهًا: بے وقوف ہونا۔
ــــ الكَثِيبُ: ریت کے ٹیلہ کا جما ہوا نہ ہونا، کھسکتے رہنا۔
ــــ الرِّيحُ: ہوا کا تیز چلنا۔
ــــ السَّحَابَةُ: بادل کا بہت برسنے والا ہونا۔ هو أَوْرَهُ وهي وَرْهَاءُ۔
ــــ المَرْأَةُ: ــِـ (تَرِهُ) وَرَهًا: عورت کا چربی چڑھا ہوا ہونا، موٹی ہونا هي وَرِهَةٌ۔
تَوَرَّهَ فِي عَمَلِهِ: کام میں اناڑی اور نا تجربہ کار ہونا۔
الوَارِهَةُ: دارٌ وَارِهَةٌ: کشادہ گھر۔
الوَرْهَاءُ: امرأةٌ وَرْهَاءُ اليَدَيْنِ بے وقوف عورت (۲) الرِّيحُ الوَرْهَاءُ: تیز ہوا، آندھی۔
الوُرَّةُ: کھسکتے رہنے والا ریت۔
• وَرْوَرَ فِي الكَلَامِ: تیز بولنا۔
ــــ النَّظَرَ: گھورنا، نگاہ تیز کرنا۔
المُوَرْوِرُ: گمراہ کن، ہلاکت سے قریب کرنے والا
الوَرْوَرِيُّ: کمزور نگاہ والا۔
• وَرَى الزَّنْدُ ــِـ (يَرِي) وَرْيًا وَوُرِيًّا وَرِيَةً: چقماق کا آگ دینا، هو وارٍ وَوَرِيٌّ۔
ــــ النَّارُ وَرْيًا وَرِيَةً: آگ سلگنا۔
ــــ الإِبِلُ وَنَحْوُهَا وَرْيًا: اونٹوں وغیرہ کا موٹا ہونا، خوب چربی چڑھا ہوا ہونا۔
ــــ النِّقْيُ: مغز استخواں کا چربی دار ہونا۔
ــــ اللّٰهُ فُلَانًا: خدا کا کسی کو پھیپھڑوں کی بیماری میں مبتلا کرنا۔
ــــ فُلَانٌ فُلَانًا: کسی کے پھیپھڑے کو زخمی کرنا۔
ــــ القَيْحُ جَوْفَهُ: پیپ کا اندرون جسم (پیٹ) کو خراب کر دینا، حدیث میں ہے۔ لَأَنْ يَمْتَلِئَ جَوْفُ أَحَدِكُمْ قَيْحًا حَتَّى يَرِيَهُ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَمْتَلِئَ شِعْرًا: تم میں سے کسی کے اندرون (پیٹ) کا پیپ سے پر ہو کر خراب ہو جانا اس سے بہتر ہے کہ وہ شعر و شاعری سے پر ہو
وَرِيَ الزَّنْدُ ــَـ (يَوْرَى) وَرْيًا وَوُرِيًّا وَرِيَةً: چقماق کا آگ دینا
ــــ المُخُّ ــِـ (يَرِي) وَرْيًا: مخ کا ٹھکا ہوا ہونا، بھرا ہوا ہونا۔
ــــ الشَّحْمُ وَرْيًا: چربی کا بہت چکنا ہونا۔
وُرِيَ الكَلْبُ وَرْيًا: کتے کا انتہائی بڑکایا ہونا۔
ــــ الرَّجُلُ: کسی کے پھیپھڑے میں پیپ پڑنا، هو مَوْرُوٌّ وَمَوْرِيٌّ
أَوْرَى الزَّنْدُ: چقماق کا آگ دینا
ــــ الزَّنْدَ: چقماق سے آگ نکالنا
ــــ النَّارَ: آگ سلگانا۔
ــــ صَدْرَهُ عَلَى فُلَانٍ: کسی کے خلاف کسی کے دل میں بغض و کینہ پیدا کرنا۔
ــــ لَهُ رَأْيًا: کسی کو کوئی رائے دینا۔
ــــ السِّمَنُ الإِبِلَ: موٹاپے کا اونٹوں کی چربی اور مغز استخواں کو بڑھا دینا۔
وَارَاهُ مُوَارَاةً: چھپانا۔
وَرَّى عَنْ فُلَانٍ: کسی کی حمایت کرنا کسی کا دفاع کرنا، طرف داری کرنا۔
ــــ عَنِ الشَّيْءِ: کسی شے کی حقیقت چھپا کر دوسری بات ظاہر کرنا، توریہ کرنا، حدیث میں ہے۔ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَرَادَ سَفَرًا وَرَّى بِغَيْرِهِ۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی سفر کا ارادہ فرماتے تو کسی دیگر سفر سے توریہ کر لیتے تھے یعنی غیر مقصود سفر کا اظہار کر کے اصل سفر کو اخفاء میں رکھتے تھے
ــــ فُلَانٌ الزَّنْدَ: چقماق سے آگ نکالنا۔

وَرَّی الشیئَ : پوشیدہ رکھنا (۲) پیچھے کرلینا چھپالینا۔
تَوَارَیٰ : چھپنا، پس پردہ ہونا۔
اِستَورَی الزَّندَ : چقماق سے آگ نکالنا۔
— فلانًا رایًا : کسی سے رائے لینا، راہنمائی حاصل کرنا
التَّرِیَّۃُ : ہلکے پیلے مٹیالے رنگ کا وہ خفیف سا مادہ جو حائضہ کو بوقت غسل نظر آئے۔
التَّورِیَۃُ : ارادہ کی ہوئی چیز کا اس طرح اظہار کہ حقیقت مخفی رہے، کذب بیانی سے بچکر مقصد کی پردہ پوشی۔
التَّرِیَۃُ : ہر وہ چیز جس سے آگ سلگائی جائے جیسے کپڑے کا چیتھڑا، روئی اور کاغذ وغیرہ۔
الوَارِی : موٹی چربی (۲) ہر موٹی چیز (۳) آگ دینے والا چقماق۔
المِسْکُ الوَارِی : عمدہ قسم کا مشک۔
وَارِی الزَّندِ فی الاقتراح : برجستہ کوئی بات کہنے والا، تیز طبع آدمی۔
الوَارِیَۃُ : پھیپھڑوں کی بیماری جس سے کھانسی اٹھتی ہے۔
الوَرْیُ : پیٹ کے اندر کی پیپ یا وہ زخم جس سے کھانستے وقت پیپ یا خون منہ سے نکلتا ہو، مبغوض آدمی کے کھانستے وقت عرب کہتے ہیں: وَرْیًا وقُحَابًا۔
الوَرَیٰ : مخلوق (۲) نوع انسانی (۳) پھیپھڑوں کی بیماری۔
ابوالوری : زمانہ، مَا اَدْرِی اَیُّ الوَرَیٰ ھو؟ نہ معلوم وہ کس قسم کا آدمی ہے۔
الوَرْیَۃُ : آگ سلگانے کی کوئی چیز۔
الوَرِیُّ : موٹی چربی، لَحْمٌ وَرِیٌّ موٹا گوشت (۲) مہمان (۳) پڑوسی۔

و ـــــ ز

• وَزَأَ مِنَ الطَّعَامِ ـ (یَزَأُ) وَزْءًا : کھانے سے پرشکم ہونا۔
— اللَّحْمَ : گوشت کو بھون کر خشک کرنا۔
— القَومُ القَومَ : لڑائی وغیرہ میں ایک گروہ کا دوسرے گروہ کو دھکیلنا۔
وَزَّأَتِ النَّاقَۃُ اَوِالفَرَسُ وَنَحوُھُمَا بِرَاکِبِھَا تَوزِئَۃً وَتَوزِیئًا : گھوڑے وغیرہ کا سوار کو زمین پر گرا دینا۔
— فلانًا : کسی کو ہر طرح کی قسم دیکر پابند کرنا۔
— الاِنَاءَ : برتن کو بھرنا۔
تَوَزَّأَ : پانی سے سیر ہونا۔
— الاِنَاءُ : برتن بھرنا۔
الوَزَأُ : چھوٹے قد کا موٹا اور سخت جسم آدمی۔
• وَزَبَ المَاءُ والشیئُ ـ (یَزِبُ) وُزُوبًا : پانی وغیرہ بہنا۔
اَوْزَبَ فی الارضِ : سفر کرنا، ملک یا علاقہ کے اندر دور تک جانا۔
المِیزَابُ : پرنالا، ج : مَیَازِیبُ دیکھئے (ازب)۔
الوَزَّابُ : چالاک و ماہر چور۔
• وَزَرَ ـ (یَزِرُ) وَزْرًا وَزِرَۃً : بھاری بوجھ اٹھانا (۲) گناہ گار ہونا ھو وَازِرٌ۔
— لہ وِزَارَۃً : کسی کا وزیر بن جانا مشیر و مقرب ہو جانا۔
— الشیئَ وِزرًا : اٹھانا، ھو وَازِرٌ۔
— وِزرَ اُخرَیٰ : دوسری ذات کا بوجھ اٹھانا، ذمہ دار ہونا، جواب دہ ہونا۔
وَزَرَ الرَّجُلَ وَزْرًا : کسی پر غالب ہونا۔
— الثُّلْمَۃَ : رخنہ (شگاف) بند کرنا۔
وُزِرَ ـ (یُوزَرُ) وَزْرًا وَزِرَۃً : گناہ کرنا، ارتکاب جرم کرنا (۲) گناہ کی تہمت لگایا جانا ھو مَوزُورٌ۔
اَوْزَرَہٗ : کسی کو پشت پناہ بنانا، اپنا سہارا بنانا (۲) چھپانا، پناہ دینا۔
— الشیئَ : کوئی چیز حاصل کرنا، قبضہ میں لینا (۲) مضبوط و پختہ کرنا (۳) لے جانا۔
وَازَرَہٗ علَی الاَمرِ : کسی کام میں کسی کی مدد کرنا، طاقت بہم پہنچانا (۲) کسی کا وزیر (مشیر و مصاحب) بن جانا۔
اِتَّزَرَ : گناہ کرنا، جرم کرنا (۲) چھوٹا کمبل اوڑھنا۔
تَوَزَّرَ لَہٗ : کسی کا وزیر ہو جانا۔
اِستَوزَرَہٗ : کسی کو اپنا وزیر بنا لینا (۲) لیجانا۔
المُوَازِرُ : پشت پناہ مددگار و معاون۔
المَوزُورُ : گنہگار، مجرم، ملزم۔
المَوزُورَۃُ : جرم، گناہ۔
الوَازِرُ : بوجھ اٹھانے والا۔
الوَازِرَۃُ : بوجھ اٹھانے والی ذات۔
الوِزَارَۃُ والوَزَارَۃُ (بکسر واؤ اعلی استعمال ہے) منصب وزیر، وزارت ــــ (۲) جماعت وزراء، کیبینٹ۔ (۳) دفتر وزارت۔
الوِزرُ : بھاری بوجھ، (۲) ہتھیار (۳) گناہ، جرم، ج : اوزارٌ۔
اَوْزَارُ الحَربِ : آلات و سامان جنگ۔
اَعَدُّوا اَوْزَارَ الحَربِ : انہوں نے جنگ کے ہتھیار تیار کرلئے یعنی جنگ کی تیاری کرلی۔
وَضَعَتِ الحَربُ اَوزَارَھَا :

جنگ ختم ہوگئی۔

الوَزَرُ: محفوظ یا مضبوط پہاڑ (۲) پناہ گاہ

الوَزْرَةُ: چھوٹا کمبل، ج: وَزَرات۔

الوَزِیرُ: پشت پناہ (۲) بادشاہ کا مشیرو مصاحب جو اپنی رائے اور مشورہ سے بادشاہ کا بوجھ ہلکا کرے (۳) نظام حکومت میں کسی خاص شعبہ کا ذمہ دار صاحب منصب شخص، وزیر، ج: وُزَراءُ واَوْزارٌ۔

• المَوْزَرَةُ: بہت مرغابیوں والی زمین۔

الوَزُّ: الاِوَزُّ مرغابی، واحد وَزَّةٌ۔

• وَزَعَ الانسانَ وغَیرَهُ ـــ (یَزَعُه) وَزْعًا: روکنا، منع کرنا، قید میں رکھنا (۲) جھڑکنا، ڈانٹنا۔

ـــ الجَیشَ: لشکر کی صف بندی کرنا، لڑائی کے لئے خاص ترتیب سے کھڑا کرنا۔

اَوْزَعَ بَینَهُم: لوگوں میں پھوٹ ڈالنا (۲) صلح کرانا۔

ـــ الشَیءَ: کوئی چیز تقسیم کرنا (۲) منتشر کرنا بکھیرنا۔

ـــ فُلانًا بِالشیءِ: کسی کو کسی چیز سے بھڑکانا، ورغلانا، اُوزِعَ فُلانٌ بالشیءِ وَزُوعًا: کسی کو ورغلا کر کسی چیز کا عادی اور شوقین بنانا۔

ـــ فُلانًا الشیءَ: کسی کو کسی شئے کا دلدادہ اور شوقین بنانا۔

ـــ اللّٰهُ فُلانًا الشیءَ: خدا کا کسی کے دل میں کوئی بات ڈالنا، کسی بات کی توفیق دینا، قرآن پاک میں ہے: رَبِّ اَوْزِعْنِی اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِی اَنْعَمْتَ عَلَیَّ۔

وَازَعَهُ: کسی کے لئے رکاوٹ بننا، کسی کے لئے مانع ہونا۔

وَزَّعَهُ: تقسیم کرنا، بانٹنا۔

ـــ المالَ وغَیرَهُ علی القومِ: لوگوں میں مال وغیرہ تقسیم کرنا۔

وَزَّعَ الصَّحِیفَةَ او المجلَّةَ او الکتابَ: اخبار، رسالہ یا کتاب خریداران کو فراہم کرنا (تقسیم کرنا)۔

ـــ البَرِیدَ: ڈاک تقسیم کرنا، اس کی متعین جگہ پر پہنچانا۔

ـــ المُوسِیقارُ اللَّحنَ: موسیقار کا کسی نغمہ کو مختلف آلات پر تقسیم کرنا

اِتَّزَعَ: رکنا، باز رہنا۔

تَوَزَّعَ القومُ الشیءَ بَینَهُم: لوگوں کا باہم کوئی چیز بانٹ لینا۔

ـــ الشیءُ: بٹ جانا، تقسیم ہوجانا۔

تَوَزَّعُوا ضُیُوفَهُم: لوگوں کا مہمانوں کو مختلف ٹولیوں پر تقسیم کرکے اپنے اپنے گھروں پر لے جانا۔

تَوَزَّعَتهُ الاَفکارُ: خیالات کا کسی کو پریشان کرنا، هو مُتَوَزِّعُ القَلبِ۔

اِستَوزَعَهُ الاَمرَ: کسی بات کے الہام و توفیق کی استدعا کرنا۔

ـــ اللّٰهَ شُكرَهُ: اللہ سے اس کے شکر کی توفیق مانگنا۔

الاَوْزاعُ: جماعتیں، گروہ (۲) مختلف قسم کے لوگ (۳) لوگوں کے جتھے سے الگ تھلگ ہونے والے مکانات (اس کا واحد نہیں)

التَّوزِیعُ: تقسیم (۲) اخبارات ورسائل وغیرہ کی اشاعت و فراہمی (۳) فن تصویر میں رنگوں کی مخصوص آمیزش (۴) خطوط وغیرہ کی تقسیم۔

التَّوزِیعَةُ: ایک دفعہ کی تقسیم اشاعت۔

المُتَّزِعُ: سخت جان اور خوددار آدمی۔

المُوَزِّعُ: تقسیم کنندہ، مقسم، (۲) اخبارات ورسائل فراہم کنندہ، ڈیلر (۳) ڈاکیا، پوسٹ مین۔

مُوَزِّعُ البَرِیدِ: پوسٹ مین۔

الوَازِعُ: مانع، (۲) محافظ (۳) مرتب (۴) عبرت (۵) لڑائی میں لشکر کی صف بندی کرانے والا کمانڈر (۶) محرمات شرعیہ سے روکنے والا مبلغ یا افسر (۷) کتا، اسے ابن وازع بھی کہتے ہیں، ج: وَزَعَةٌ ووُزّاعٌ، وَزَعَةُ المَلِكِ: شاہی محافظین۔

الوَازِعُ الدِّینِیُّ: مذہبی مانع، روک، محافظ۔

الوَزُوعُ: کسی چیز پر اکساہٹ

• وَزَغَ بهِ ـــ (یَزِغُ) وَزْغًا تھوڑا تھوڑا پھینکنا۔

ـــ النَّاقَةُ بِبَولِها: اونٹنی کا تھوڑا تھوڑا پیشاب کرنا۔

ـــ الطَّعنَةُ بِالدَّمِ: نیزہ کے زخم کا تھوڑا تھوڑا خون پھینکنا۔

اَوْزَغَ بهِ: وَزَغَ۔

وُزِّغَ الجَنِینُ: پیٹ میں بچہ کا پورا ہوکر حرکت کرنا۔

الوَزَغُ: کمزور آدمی (۲) چھپکلی (ایک وَزَغَةٌ) ج: اَوْزاغٌ ووِزاغٌ۔

• وَزَفَ ـــ (یَزِفُ) وَزْفًا ووَزِیفًا: جلدی کرنا، تیز چلنا (۲) قدم ملا کر چلنا چھوٹے چھوٹے ڈگ بھرنا۔

ـــ اِلَیهِ: کسی کے نزدیک ہونا۔

ـــ فُلانًا وَزْفًا: کسی سے جلدی کرانا۔

اَوْزَفَ: جلدی کرنا۔

وَازَفَ القَومُ: لوگوں کا مشترکہ اخراجات کے لئے اپنے اپنے حصہ کی برابر برابر رقم دینا۔

وَزَّفَ: جلدی کرنا۔

تَوَازَفَ القَومُ: مشترکہ خرچ کے لئے ایک دوسرے کے برابر حصہ دینا (۲) باہم قریب ہونا، تَوَازَفُوا بَینَهُم: باہم مل کر مصارف جمع کرنا۔

• أَوْزَكَتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا عجلت کرنا۔
— فِي مِشْيَتِهَا: ٹھنگنوں کی طرح بھدی چال چلنا۔
• وَزَمَ — (يَزِمُ) وَزْمًا: رات دن میں ایک بار کھانا (۲) تھوڑی چیز کے ساتھ اتنی ہی اور ملانا۔
— الشَّيْءَ: رخنہ یا دراڑ ڈالنا۔
— فُلَانًا بِفِيهِ: کسی کو آہستہ سے منہ سے کاٹنا۔
— الدَّيْنَ: قرض ادا کرنا۔
وُزِمَ فِي مَالِهِ وَزْمَةً: کسی کے مال میں کچھ کمی آ جانا۔
وَزَّمَ نَفْسَهُ: اپنے بارہ میں دن رات میں ایک بار کھانے کا فیصلہ کرنا۔
تَوَزَّمَ: کسی کا شدید روندنے دبانے والا ہونا۔
الوِزَامُ: عجلت، تیزی۔
الوَزَّامُ: پُر گوشت و بھرے ہوئے پٹھوں والا ہونا۔
الوَزْمُ: مقدار (۲) ترکاریوں کی گٹھڑی (سبزیوں کا گٹھا) (۳) عقاب کا اپنے گھونسلے میں جمع کیا ہوا گوشت، (۴) بروقت ہونے والا کام۔
الوَزْمَةُ: مقدار (۲) دن رات میں ایک دفعہ کی خوراک۔
الوَزِيمُ: ترکاریوں کی گٹھڑی (سبزیوں کا گٹھا) (۲) عضلات، پٹھے، رَجُلٌ وَزِيمٌ: گٹھے ہوئے بدن کا آدمی، (۳) بھنا ہوا گوشت (۴) سکھایا ہوا گوشت (۵) ٹکڑے کیا ہوا گوشت، (۶) ہانڈی وغیرہ میں بچا ہوا شوربا (۷) ہر بچی ہوئی چیز۔
الوَزِيمَةُ: ترکاریوں کی گٹھڑی (سبزیوں کا گٹھا) (۲) کھجور کا شگوفہ جس میں شگاف دے کر قلم لگایا جائے (۳) کھجور کا وہ پتا جس سے شگوفہ چیر کر باندھا جائے (۴) گوشت کا ٹکڑا (۵) دونوں رانوں کا بھرا ہوا گوشت (۶) عقاب کا اپنے گھونسلے میں جمع کیا ہوا گوشت، ج: وَزِيمٌ۔
• وَزَنَ الشَّيْءُ — (يَزِنُ) وَزْنًا وَزِنَةً: وزن دار ہونا، بھاری ہونا۔
— الشَّيْءَ: تولنا (۲) ہاتھ میں کوئی چیز لے کر وزن کا اندازہ کرنا (۳) اندازہ کرنا (۴) درخت کے پھل کا اندازہ کرنا
— الكَلَامَ: کلام کا معنوی وزن دیکھنا جانچنا۔
— الدَّرَاهِمَ لَهُ: کسی کو درہم جانچ تول کر دینا۔
— الشَّيْءُ دِرْهَمًا: کسی چیز کا درہم کے بقدر ہونا۔
— نَفْسَهُ عَلَى الأَمْرِ: کسی کام پر خود کو جمانا، عادی کرنا، خوگر بنانا۔
— الشِّعْرَ: شعر کی تقطیع کرنا، قواعدِ عروض کے مطابق بنانا۔
وَزُنَ — (يَوْزُنُ) وَزَانَةً: وزن دار و بھاری بھرکم ہونا، وقیع ہونا (۲) ذی رائے ہونا، باوزن ہونا، هُوَ وَزِينٌ۔
أَوْزَنَ نَفْسَهُ عَلَى الأَمْرِ: خود کو کسی کام پر جمانا۔
وَازَنَ بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ مُوَازَنَةً وَوِزَانًا: دو چیزوں کو برابر کرنا، (۲) وزن کے لئے باہم تقابل کرنا، موازنہ کرنا۔
— الشَّيْءُ الشَّيْءَ: ایک شے کا دوسری شے کے ہم وزن ہونا (۲) برابر ہونا (۳) مقابل ہونا، سامنے ہونا۔
— فُلَانًا: کسی کو اس کے کام کا بدلہ دینا، صلہ یا انعام دینا۔
اتَّزَنَ العِدْلُ: گون کا دوسری گون کے ہم وزن ہونا۔
— الشَّيْئَانِ: وزن میں برابر ہونا۔
— فُلَانٌ الدَّرَاهِمَ: تول کر درہم لینا۔
تَوَازَنَ الشَّيْئَانِ: دو چیزوں کا ہم وزن ہونا۔
الأَوْزَنُ: زیادہ وزنی، زیادہ وقیع، جیسے هٰذَا القَوْلُ أَوْزَنُ مِنْ هٰذَا۔
أَوْزَنُ القَوْمِ: سربرآوردہ قوم۔
الاتِّزَانُ: توازن (۲) علم ریاضی اور علم ہندسہ میں غیر مستقر توازن کا نام ہے یعنی اگر کسی جسم کو اس کی جگہ سے ہٹا کر دوبارہ وہاں رکھا جائے تو وہ اپنی سابقہ حالت پر بحال نہ ہو اور توازن بگڑ جائے، (۳) سنجیدگی۔
التَّوَازُنُ: توازن، دو چیزوں میں وزنی یکسانیت۔
التَّوَازُنُ الاقْتِصَادِيُّ: اشیا کی قیمتوں پر اثر انداز ہونے والے اسباب وعلل کو مختلف حالات میں متساوی سطح پر رکھنے کا ایک نظریہ جس سے مختلف ممالک کی مالی اور اقتصادی حالت میں کسی نہ کسی حد تک توازن قائم رہتا ہے۔
الزِّنَةُ: پہاڑ کا بالمقابل حصہ، هُوَ زِنَتُهُ: وہ اس کے سامنے ہے (۲) وزن و مقدار، حدیث میں ہے سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ عَدَدَ خَلْقِهِ وَزِنَةَ عَرْشِهِ: خدا کی پاکی و تعریف کا بیان اس کی مخلوقات کی تعداد اور اس کے عرش کے وزن و مقدار کے برابر ہو۔
المُتَّزِنُ: متوازن (۲) سنجیدہ مزاج
المُوَازَنَةُ: دو یا چند چیزوں کی قدر وقیمت

یا وزن میں مقابلہ (۲) تقابل، توازن، بیلنس (۳) بجٹ، گوشوارہ آمد و صرف۔
المُوَازِنُ: ہم وزن (۲) مقابلہ کا۔
المَوَازِینُ: میزان کی جمع (۲) پاسنگ سمیت ایک ترازو (۳) توازن۔
اختِلالُ المَوَازِین: توازن کا بگاڑ۔
المَوزُونُ: تولی جانے والی چیز (۲) مقررہ مقدار و وزن والی چیز، قرآن پاک میں ہے "وَاَنۡبَتۡنَا فِیۡہَا مِنۡ کُلِّ شَیۡءٍ مَّوۡزُوۡنٍ"، ہم نے اس (زمین) میں ہر قسم کی چیز معین مقدار سے اگائی ہے (۳) وزن کی ہوئی چیز۔
المَوزُونَۃُ: امرأۃ مَوزُونَۃٌ: پستہ قد عقلمند عورت۔
المِیزَانُ: ترازو، تولنے کا کانٹا (۲) لوہے یا پتھر کا باٹ (جسے ترازو کے ایک پلڑے میں رکھ کر کوئی چیز اس کے برابر کیجائے (۳) درجہ، حیثیت، اعرف لِکُلِّ امرِئٍ مِیزَانَہُ: ہر آدمی کی حیثیت کو سمجھو (۴) انصاف (۵) علم فلسفہ میں اشیاء اور معانی کو باعتبار معیار پرکھنے کا ظاہری یا باطنی ذریعہ ج: مَوَازِین۔
المِیزَانُ التِّجَارِیُّ: تجارتی توازن۔
مِیزَانُ البُخَارِ: اسٹیم پیما، بھاپ کا درجۂ حرارت معلوم کرنے کا آلہ۔
مِیزَانُ الثِّقلِ النَّوعِیِّ: کثافت نوعی کا پیمانہ۔
مِیزَانُ ثِقلِ الھَوَاءِ: بادپیما، بیرومیٹر۔
مِیزَانُ الحَرَارَۃِ، مِیزَانُ الحَرِّ وَالبَرْدِ: تھرمامیٹر۔
مِیزَانُ الرُّطُوبَۃِ وَالیُبُوسَۃِ: ہائیگرا میٹر، رطوبت اور یبوست کا درجہ معلوم کرنے کا آلہ۔
مِیزَانُ ضَغطِ البُخَارِ: بھاپ کے دباؤ کی مقدار معلوم کرنے کا آلہ، دخان پیما۔

مِیزَانُ القُوَی: طاقت کا توازن۔
مِیزَانُ اللَّبَنِ: شیر پیما، دودھ کی جانچ کا آلہ۔
مِیزَانُ النَّھَارِ: دوپہر، قَامَ واستقام مِیزَانُ النَّھَارِ: دوپہر ہوگیا، ھو مِیزَانُ الجَبَلِ ومِیزَانَہُ: وہ پہاڑ کے بالمقابل ہے، برابر میں ہے۔
المِیزَانِیَّۃُ: بجٹ، بیلنس شیٹ، آمد و صرف کا گوشوارہ (جس میں دونوں کا توازن ظاہر کیا جائے)۔
الوَازِنُ: تولنے والا (۲) دِرۡھَمٌ وَازِنٌ پورے وزن کا درہم۔
الوِزَانُ: ھو بِوِزَانِہٖ ووِزَانَہُ وہ اس کے سامنے ہے۔
الوِزَانَۃُ: ھو بِوِزَانَتِہٖ: وہ اس کے سامنے ہے (۲) تولنے کا پیشہ (۳) تلائی۔
الوَزَّانُ: تولنے کا پیشہ کرنے والا۔
الوَزۡنُ: ترازو کا باٹ، ج: اَوۡزَانٌ، (۲) کھجوروں کا گٹھا جسے آدمی دونوں ہاتھوں میں نہ اٹھا سکے، ج: وُزُوۡنٌ (۳) اہل عروض کی اصطلاح میں وہ وزن جس پر اشعار تیار کئے جائیں، ج: اَوۡزَانٌ (۴) پہاڑ کا بالمقابل حصہ ھو وَزۡنَہُ: وہ اس کے سامنے ہے دِرۡھَمٌ وَزۡنٌ وَوَزۡنًا: پورے وزن کا یا سرکاری وزن کا درہم فُلَانٌ رَاجِحُ الوَزۡنِ: فلاں صاحب عقل و دانش یا ذی رائے ہے (۴) بوجھ، وزن (۵) حیثیت، قدر و قیمت، مَا لِفُلَانٍ وَزۡنٌ: فلاں کی کوئی حیثیت نہیں، وہ خسیس الطبع ہے، بیکار ہے، اَقَامَ لَہُ وَزۡنًا: اہمیت دینا۔

الوَزۡنُ النَّوۡعِیُّ: کسی جسم کا پانی کے مساوی حجم والے وزن کے ساتھ تناسب۔
الوَزۡنَۃُ: دانشمند پستہ قد عورت (۲) رائج الوقت درہم یا سکہ (۳) ایک وقت کا کھانا (۴) ایک دفعہ کا وزن
الوِزۡنَۃُ: تولنے کا طریقہ یا نوعیت ھو حَسَنُ الوِزۡنَۃِ: وہ ٹھیک تولا ہوا ہے۔
الوَزِیۡنُ: وَزِیۡنُ الرَّأۡیِ: سنجیدہ اور ذی رائے، جچی تلی رائے رکھنے والا۔

• وَزۡوَزَ الرَّجُلُ: بدن کو ہلاتے ہوئے چھوٹے چھوٹے قدم رکھ کر چلنا۔
الوَزۡوَازُ: چھوٹے قدم رکھ کر چلنے والا۔
المُوَزۡوِزُ: گانے والا۔
الوَزۡوَزُ: موت (۲) زمین ہموار کرنے کا چوڑا تختہ، وہ چوڑی لکڑی جس کے ذریعہ اونچی جگہ کی مٹی سمیٹ کر گڑھے میں ڈالی جائے۔

• وَزَی الشَّیءُ ــ (یَزِی) وَزۡیًا: سمٹنا، سکڑ کر اکٹھا ہونا
ــ الاَمۡرُ فُلَانًا: کسی بات کا کسی کو غصہ دلانا۔
اَوۡزَی لِدَارِہٖ: گھر کے چاروں طرف مٹی کا پشتہ بنانا، دیواروں کو لیپنا۔
ــ اِلَیۡہِ: کسی کی پناہ لینا، سہارا لینا۔
ــ اِلَیۡہِ الشَّیءَ: سہارا دینا، پناہ میں دینا۔
ــ ظَھۡرَہُ: ٹیک لگانا۔
ــ ظَھۡرَہُ اِلَی الحَائِطِ: دیوار سے کمر لگانا، ٹیک لگانا۔
ــ الشَّیءَ: نمایاں کرنا، نصب کرنا۔
وَازَاہُ: کسی کے مقابل ہونا، سامنے ہونا۔
تَوَازَی الشَّیۡئَانِ: دو چیزوں کا برابر ہونا ایک دوسرے کے مساوی ہونا۔

استوزی: اپنی رائے پر اڑنا، من مانی کرنا، (۲) دور نکل جانا. جیسے استوزی العَیْرُ گدھا دور نکل گیا۔
ـــ الشیئُ: قائم ہونا، بلند ہونا۔
ـــ فی الجبل: پہاڑ پر چڑھنا۔
المُتوازی: مساوی (۲) مساوی سطحوں والا جسم۔
مُتوازی الاضلاع: وہ شکل جس کے ہر دو پہلو (ضلع) مساوی ہوں۔
المُستَوزی: خود رائے۔
الوَزی: موٹے اور جھکے ہوئے بدن کا پست قد آدمی۔

و س

• وَسَبَتِ الارضُ: ـَ (تَسَبُ) وَسْبًا: زمین کا بہت گھاس والی ہونا
وَسِبَ الثوبُ وغیرُہ ـَ (یَوسَبُ) وَسَبًا: میلا اور گندا ہونا، ھو وَسِبٌ۔
اوسبت الارضُ: وَسَبَتْ۔
ـــ الغنمُ: بھیڑ بکریوں کا بہت اون والا ہونا۔
المیسابُ (من البُسر) آدھی پکی ہوئی کھجور، نیم پختہ کھجور۔
الوَسْبُ: کنوئیں کی تہ میں مٹی روکنے والی لکڑی، ج: وُسُوبٌ۔
الوِسْبُ: گھاس (۲) پودے (۳) سوکھی گھاس۔
الوَسَبُ: میل کچیل۔
• وَسَجَتِ البعیرُ ـِ (تَسِجُ) وَسْجًا ووَسِیجًا: اونٹ کا تیز چلنا
اَوسَجَ البعیرَ: اونٹ کو تیز چلانا۔
الوَسُوجُ (من الابل) تیز رفتار اونٹ
الوَسْجُ والوَسَجان: اونٹ کی تیز چال۔

• وَسِخَ الشیئُ ـَ (یَوسَخُ) وَسَخًا: میلا ہونا ھو وَسِخٌ۔
اَوسَخَ الشیئَ: میلا کرنا۔
وَسَّخَ الشیئَ: میلا کرنا۔
اِتَّسَخَ الشیئُ: میلا ہونا۔
اِستَوسَخَ الشیئُ: میلا ہونا۔
الوَسَخُ: میل، گندگی، ج: اوساخ۔
• اَوسَدَ فی السَّیرِ: تیز چلنا۔
وَسَّدَ فلانًا الشیئَ: کسی کے سر کے نیچے کوئی چیز بطور تکیہ رکھنا۔
ـــ الامرَ الیہ: کوئی کام کسی سے متعلق کرنا۔
تَوَسَّدَ: سر کے نیچے کوئی چیز رکھنا، کسی چیز پر سر ٹیکنا (۲) سہارا لینا۔
ـــ الوِسادۃَ: تکیہ پر سر رکھنا۔
ـــ الذراعَ: سر کے نیچے ہاتھ کو تکیہ کی طرح رکھ کر سونا۔
الوِسادُ: تکیہ یا بطور تکیہ سر کے نیچے رکھی جانے والی کوئی چیز (۲) بیج وغیرہ کا گدا، غالیچہ، ج: وُسُدٌ: عَرِیضٌ
الوساد: غبی، کند ذہن۔
الوُسادۃُ: الوِسادُ، ج: وسادات ووَسائِدُ۔
• وَسَطَ الشیئَ ـِ (یَسِطُہ) وَسْطًا وَسِطَۃً: کسی چیز کے بیچ میں ہونا جیسے وَسَطَ القومَ والمکانَ ھو واسِطٌ۔
ـــ القومَ وفیہم وَساطَۃً: لوگوں میں حق و انصاف کے ساتھ ثالثی کرنا، ثالث بن کر لوگوں میں حق و انصاف قائم کرانا۔
وَسُطَ الرجلُ ـُ (یَوسُطُ) وَساطۃً وَسِطۃً: خاندانی طور پر شریف ہونا، عالی نسب ہونا ھو وَسِیطٌ۔
اَوسَطَ القومَ: لوگوں کے بیچ میں ہونا۔

وَسَّطَہُ: بیچ میں کرنا یا رکھنا (۲) دو ٹکڑے کرنا (۳) ثالث بنانا۔
تَوَسَّطَ فلانٌ: درمیانہ درجہ کی چیز لینا جو نہ اچھی ہو نہ خراب۔
ـــ بینہم: بیچ بچاؤ کرانا، حق و انصاف کے ساتھ ثالثی کا فریضہ انجام دینا۔
ـــ الشیئَ: کسی چیز کے بیچ میں ہونا جیسے توسّطَ القومَ۔
الاوسطُ: درمیانہ، معتدل جو نہ بہت اعلیٰ ہو اور نہ بہت گھٹیا، ج: اواسطُ وھی وسطی، ج: وُسُطٌ۔
اوسطُ الشیئِ: کسی چیز کا درمیانی حصہ، متوسط درجہ۔
اوسطُ القومِ: اپنی قوم میں ممتاز آدمی۔
العلمُ الاوسطُ: علم ریاضی، اس کا نام الحکمۃ الوسطی بھی ہے۔
الاوساطُ: (وَسَط کی جمع) حلقے، جیسے الاوساطُ الادبیۃُ والعلمیۃُ والتجاریۃُ والثقافیۃُ وامثالہا
التوسّطُ: اعتدال، (۲) ثالثی۔
المتوسّطُ: درمیانہ، اوسط درجہ کا، معتدل، میڈیم (۲) مرکزی (۳) ثالث۔
متوسّطُ الشیئِ: کسی چیز کا اوسط، جیسے: المتوسّطُ الحسابیُّ: حسابی اوسط۔
البحرُ المتوسّطُ: بحر روم۔
المُوَسَّطُ، مُوَسَّطُ البیتِ: گھر کا اندرونی حصہ یا درمیانی حصہ۔
الواسطُ: دروازہ (۲) پالان کا اگلا حصہ، ج: اواسطُ۔
الواسطۃُ: پالان کا اگلا حصہ، (۲) ہار کے درمیان کا اعلیٰ جوہر (۳) کسی چیز تک پہنچنے کا ذریعہ، بواسطۃِ الشیئِ، بذریعہ، بواسطۃِ فلانٍ، بتوسط فلاں۔
الوَساطۃُ: ثالثی، بیچ بچاؤ، دو یا چند

متنازع فریقوں کے درمیان قائم کسی جھگڑے کا پُرامن تصفیہ کرانے کا کام، (۲) سفارش، دخل اندازی۔
الوَسْطُ: درمیان۔ جَلَسَ وَسْطَ القَوْمِ: لوگوں کے بیچ میں بیٹھا۔ وَصَلَ إلی وَسْطِ الجُمُوعِ، وہ ہجوم کے بیچ میں پہنچ گیا۔
الوَسَطُ: کسی چیز کا مرکز، وسطی حصہ (۲) ہر معتدل و متوسط شے۔ شَیءٌ وَسَطٌ معتدل اور متوسط درجہ کی چیز، درمیانے درجہ کی چیز (۳) دوکناروں کے اندر کا حصہ، خواہ بالکل بیچ نہ ہو (۴) عدل والصاف (۵) منتخب وبہتر، قرآن پاک میں ہے "وَکَذٰلِكَ جَعَلْنَاکُمْ اُمَّةً وَّسَطًا" اور اسی طرح ہم نے تم کو منتخب اور بہتر امت بنادیا ہے (۶) مرکزی (۷) درمیانی بین بین۔
هومن وَسَطِ قومه: وہ اپنی قوم کا منتخب فرد ہے (۸) ماحول (۹) حلقہ، دائرہ، میدان عمل، ج: اَوْسَاطٌ
وَسَطُ اوربّا: وسط یورپ۔
وَسَطُ آسیا: وسط ایشیا۔
الوُسْطٰی: اوسط کی تانیث (۲) بیچ کی انگلی۔
الصَّلاةُ الوُسْطٰی: نماز عصر (جو دن اور رات کی نمازوں کے درمیان آتی ہے) یا خاص فضیلت والی نماز بعض مفسرین نے اس کی تفسیر جمعہ سے بھی کی ہے، ج: وُسَطٌ۔
الوَسُوطُ: متوسط (۲) بالوں کا بنا ہوا بڑا یا چھوٹا خیمہ، شامیانہ، ج: وُسُطٌ۔
الوُسُوطُ: وُسُوطُ الشَّمْسِ: سورج کا وسط آسمان میں ہونا۔
الوَسِیطُ: ثالث، دومتنازع فریقوں میں بیچ بچاؤ کرانے والا (۲) سفارشی (۳) دلال، معاملہ طے کرانے والا (۴) معتدل ومتوسط شے، هی وَسِیطَةٌ، ج: وسطاءُ، هو وَسِیطُ فیهم وہ ان سب میں اعلی نسب اور بلند رتبہ ہے۔

• وَسَعَ اللّٰهُ علیه رزقَهُ وفی رزقه ـَ (یَوْسَعُ) وَسْعًا: خدا کا کسی کے رزق وروزی میں وسعت پیدا کرنا، مالدار وغنی بنا دینا، مالا مال کرنا۔
وَسِعَ الشیءُ ـَ (یَسَعُ) سَعَةً، کشادہ اور فراخ ہونا۔
ـــ الشیءُ الشیءَ: کسی چیز کا کسی چیز کو اپنے احاطہ میں لینا، سارے میں پھیل جانا، جیسے قرآن پاک میں ہے "وَسِعَ کُرْسِیُّهُ السَّمٰوَاتِ" اس کی کرسی نے تمام آسمانوں کو اپنے احاطہ میں لے لیا، ایک شے کا دوسری میں سما جانا،
ـــ اللّٰهُ علیه: خدا کا کسی کو خوشحال بنانا، مالدار کرنا۔
ـــ رَحْمَةُ اللّٰهِ کُلَّ شیءٍ ولِکُلِّ شیءٍ وعلی کُلِّ شیءٍ: خدا کی رحمت کا ہر شے کو اپنے اندر لے لینا، رحمت عام ہونا۔
ـــ المالُ الدَّیْنَ: مال کا قرض کی مقدار سے زائد ہونا اور اس کی مکمل ادائگی کے بعد بچ جانا، هو وَاسِعٌ۔
ـــ المکانُ کذا: جگہ کا کسی چیز کے لئے کافی ہونا، هذا المکانُ یَسَعُ اَرْبَعَةَ اشخاصٍ: اس جگہ میں چار آدمیوں کی گنجائش ہے۔
لا یَسَعُكَ اَنْ تَفْعَلَ کذا: تمہارے لئے ایسا کرنا جائز نہیں ہے۔
ما اَوْسَعَ ذلكَ الأمرُ: وہ معاملہ کتنا گنجائش دار ہے، یا کتنا بڑا ہے!
لا یَسَعُنِی ذلكَ الأمرُ: فلاں کام میرے بس کا نہیں ہے۔
هذا الإناءُ یَسَعُ عِشْرِینَ کَیْلاً وَیَسَعُهُ عِشْرُونَ کَیْلاً: اس برتن میں بیس کلو آسکتا ہے۔
سَعْ: فعل امر، اونٹوں کو جھڑکنے کی آواز جس سے تیز چلنے پر اکسایا جاتا ہے۔
اَللّٰهُمَّ سَعْ علینا: اے اللہ ہمیں وسعت عطا فرما۔
وَسُعَ الشیءُ ـُ (یَوْسُعُ) وَسَاعَةً: فراخ وکشادہ ہونا، گنجائش دار ہونا۔
هو وَسِیعٌ وَاسِیعٌ۔
ـــ الدّابَّةُ وَسَاعَةً وَسَعَةً: چوپائے کا لمبے لمبے قدم اٹھا کر چلنا، هی وَسَاعٌ وَوَسِیعَةٌ وهو وَسَاعٌ۔
اَوْسَعَ فلانٌ: مالدار وغنی ہونا۔
ـــ اللّٰهُ علیه واَوْسَعَ علیه رزقَه وفی رزقه: خدا کا کسی کے رزق میں فراخی عطا کرنا، خوشحال بنانا، خوب دینا، مالدار کرنا۔
ـــ الشیءَ: کشادہ کرنا (۲) کشادہ پانا۔
ـــ فلانًا الشیءَ: کسی کو کسی چیز پر قادر کرنا، اس کے لئے کشادہ کردینا۔
اللّٰهُمَّ اَوْسِعْنَا رحمتَكَ: اے خدا ہمیں اپنی مکمل رحمت عطا فرما ہمیں اپنی رحمت کے سایہ میں لے لے۔
وَسَّعَ الشیءَ تَوْسِیعًا وتَوْسِعَةً: کشادہ کرنا، پھیلانا، وسعت دینا توسیع کرنا۔
ـــ اللّٰهُ علیه ووَسَّعَ علیه رزقَه وفی رزقه: خدا کا کسی کے رزق میں فراخی ووسعت عطا کرنا، کسی کو خوشحال ومالدار بنانا۔

وَسَّعَ آفَاقَ الشَّیْءِ : دائروں کو وسعت دینا۔
— الاختصاصات: دائرۂ عمل واختیارات بڑھانا۔
— النِّطَاقَ: دائرہ وسیع کرنا، پھیلانا۔
اتَّسَعَ الشَّیْءُ: کشادہ ہونا (۲) پھیلنا (۳) لمبا ہونا۔
اتَّسَعَتِ الفَجْوَۃُ بَیْنَ کذا وکذا بَیْنَ فُلَانٍ وفُلَانٍ: خلیج وسیع ہونا، بعد بڑھنا۔
— الطَّلَبُ: مانگ بڑھنا۔
تَوَسَّعَ الشَّیْءُ: کشادہ ہونا، پھیلنا۔
— القَوْمُ فِی الْمَجْلِسِ: لوگوں کا مجلس میں کھل کر بیٹھنا
اسْتَوْسَعَ الشَّیْءُ: کشادہ ہونا، پھیلنا مطاوع وَسَّعَہ۔
— الرَّجُلُ: خوشحال ہونا۔
— الشَّیْءَ: کشادہ پانا (۲) کشادہ چاہنا وسیع کرنے کی خواہش یا کوشش کرنا۔
الاتِّسَاعُ: گنجائش۔
اتِّسَاعُ الآفاقِ: دائروں کی وسعت معلومات کی وسعت۔
التَّوَسُّعُ: اضافہ، پھیلاؤ۔
التَّوْسِعَۃُ: اضافہ، توسیع۔
السَّعَۃُ: طاقت، قوت، سکت (۲) خوشحالی آسودگی، فراخی، ھو فی سَعَۃٍ من العَیْشِ: وہ خوشحال وآسودہ ہے (۳) گنجائش (۴) کشادگی۔
المُتَّسَعُ: گنجائش، خالی جگہ (۲) مفر، مالی عن ذلك مُتَّسَعٌ: میرے لئے اس سے مفر نہیں۔
المُوْسِعُ: مالدار، گنجائش والا (ضد المُعْسِر: تنگ حال)۔
المُوَسَّعُ: وسیع تر، اعلی پیمانہ کا۔
المُوَسَّعُ عَلَیْہِ: خوشحال۔
مُوَسِّعَۃُ الحِذَاءِ: شو اسٹریچر۔

المَوْسُوعَۃُ: انسائیکلوپیڈیا، دائرۃ المعارف وہ جامع کتاب جس میں علم ومعرفت کے تمام یا چند یا ایک موضوع سے متعلق مکمل معلومات حروف تہجی پر ترتیب دی گئی ہوں، کبھی یہ بہت سی جلدوں پر مشتمل ہوتی ہے۔
المِیْسَاعُ: لمبے لمبے ڈگ بھرنے والی اونٹنی۔
الوَاسِعُ: اسماء حسنی میں سے ایک نام یعنی وسعت والا جو سب کو گھیرے ہوئے ہے یا جس کا رزق تمام مخلوقات کے لئے عام ہے یا جس کی رحمت ہر شے کو محیط ہے یا جس کا فیض وبخشش ہر غریب وفقیر کے لئے ہے یا وہ کثیر الفیض ذات جس کی بخشش سائل کے سوال کو پورا کرتی ہے (۲) کشادہ، فراخ، پھیلا ہوا، لمبا چوڑا۔
وَاسِعُ الانتشار: کثیر الاشاعت۔
وَاسِعُ الاطِّلاعِ: بہت باخبر، وسیع معلومات کا حامل۔
وَاسِعُ الخِبْرَۃِ: بڑا تجربہ کار۔
الوَسَاعُ: کام میں تیز اور پھرتیلا آدمی اور جانور (۲) کشادہ رفتار، لمبے ڈگ بھرنے والا۔
الوُسْعُ: طاقت وقوت، قرآن پاک میں ہے "لایُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَھَا" (۲) (بجلی کا) پاور، (بمقدار خاص)
الوُسْعُ الحَیَوِیُّ: علم طب میں ایک دفعہ میں بھرپور سانس لینے کے بعد نکالی جانے والی ہوا کی ممکنہ مقدار
بَذَلَ وُسْعَہُ: زور لگانا، طاقت صرف کرنا، ھذا فی وُسْعِہ: یہ اس کے بس میں ہے، ھذا لَیْسَ بِوُسْعِی: یہ میری طاقت سے باہر ہے۔
الوَسِیْعُ: فراخ وکشادہ (۲) کشادہ قدموں والا جانور یا گھوڑا۔

• وَسَفَ الشَّیْءَ: خوب چھیلنا۔
تَوَسَّفَ الشَّیْءُ: چھلنا، چھلکا اترنا۔
— البَعِیْرُ: اونٹ کو مرض وسف لاحق ہونا، دیکھئے (وسف) (۲) موٹا تازہ ہونا (۳) ابتدائی بال گر کر نئے بال نکلنا
— أَوْبَارُ الإِبِلِ: اونٹوں کے جسموں کے بال اڑ جانا۔
الوَسْفُ: وہ پھٹن جو اونٹ کے مٹاپے اور گٹھیلے پن کی بنا پر ران اور سرین کے اگلے حصہ میں ظاہر ہوتی ہے اور پھر سارے جسم پر پھیلنے سے کھال چھل جاتی ہے۔
• وَسَقَتِ الدَّابَّۃُ — (تَسِقُ) وَسْقًا ووُسُوْقًا: چوپائے کا حاملہ ہو کر پانی کو رحم میں بند کرلینا، ھی وَاسِقٌ ج: وِسَاقٌ۔
— النَّخْلَۃُ: درخت خرما پر پھل آنا۔
— الشَّیْءَ: اکٹھا کرنا، جمع کرنا، ملانا۔
— اللَّیْلُ الاشیاءَ: رات کا چیزوں کو ڈھانک لینا۔
— الشَّیْءَ: کسی چیز کو اٹھانا، لئے ہوئے ہونا، جیسے وَسَقَتِ العَیْنُ المَاءَ آنکھ میں پانی بھرا ہوا ہے۔ لا اَفْعَلُہُ مَا وَسَقَتْ عَیْنِی المَاءَ: جب تک میری آنکھ تر ہے میں یہ کام نہ کروں گا۔
— الانسانَ والحَیَوانَ وَسِیْقًا: انسان یا جانور کو دھتکارنا۔
— البَعِیْرَ: اونٹ پر بوجھ لادنا۔
اَوْسَقَتِ النَّخْلَۃُ: درخت خرما کا بہت پھل دار ہونا۔
— البَعِیْرَ: اونٹ پر اس کا بوجھ لادنا۔
وَاسَقَہُ مُوَاسَقَۃً وَوِسَاقًا: مقابلہ کرنا، کسی کے برابر رہنا مگر اس سے کم نہ رہنا (۲) لڑائی میں کسی کا مدمقابل ہونا (۳) کسی کی مخالفت کرنا، ھو

لَایُوَاسِقُہٗ: وہ اس کا ہم پلہ نہیں ہے، ہمسر نہیں ہے۔

وَسَّقَ الحَبَّ: غلہ کو وسقوں میں بانٹنا دیکھئے (وَسْق)۔

اِتَّسَقَ الشَّیْءُ: یکجا ہونا، مرتب ہونا، سلیقہ سے ہونا، ایک ڈھنگ پر ہونا۔

ـــ القَمَرُ: چاند کا پورا ہونا۔

اِسْتَوْسَقَ الشَّیْءُ: اکٹھا اور یکجا ہونا، باترتیب ہونا۔

ـــ الاَمْرُ: کسی کام کا مرتب ہونا، اچھے ڈھنگ اور سلیقہ سے ہونا۔

ـــ لَہُ الاَمْرُ: کسی کام کا قابو میں آنا۔

اِسْتَوْسَقَتِ الاِبِلُ: اونٹوں کا اکٹھا ہونا۔

المُتَّسِقُ: مرتب باسلیقہ (۲) اہل عروض کی اصطلاح میں بحر متدارک کا نام (۳) چاند کا نام۔

المِیسَاقُ: بازو پھڑپھڑا کر اڑنے والا پرندہ (۲) بڑے بازوں والا کبوتر، ج: مَیَاسِیْق وَمَیَاسِیْقُ۔

الوَاسِقُ: حاملہ اونٹنی، ج: وَاسِقَات۔

الوَسْقُ: ساٹھ صاع کا ایک پیمانہ (ایک صاع پانچ رطل ایک ثلث کا ہوتا ہے (۲) اونٹ یا گاڑی یا جہاز و کشتی پر لادا جانے والا بوجھ (سامان) (۳) درخت خرما کا وزن یا بوجھ، ج: اَوْسُق وَوُسُوْق۔

الوِسْقُ: الوَسْقُ۔ ج: اَوْسُقٌ واَوْسَاقٌ وَوُسُوْقٌ۔

الوَسِیْقُ: بارش۔

الوَسِیْقَۃُ: اونٹوں وغیرہ کی ڈار جسے دشمن ہنکا کر لیجائے (۲) حاملہ اونٹنی یا اس جیسا کوئی اور جانور۔

• وَسَلَ فُلَانٌ اِلَی اللہِ بِالعَمَلِ ـِ (یَسِلُ) وَسْلًا: عمل کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنا۔

وَسَّلَ فُلَانٌ اِلَی اللّٰہِ تَعَالٰی: اللہ تعالیٰ کے تقرب کا باعث بننے والا کام کرنا۔

تَوَسَّلَ فُلَانٌ اِلَی اللّٰہِ تَعَالٰی: وَسَّلَ۔

ـــ اِلٰی فُلَانٍ بِکَذَا: کسی سے بذریعہ قرابت تقرب چاہنا۔

ـــ اِلَیْہِ: استدعا کرنا، التماس کرنا۔

ـــ فُلَانٌ بِکَذَا: ذریعہ بنانا۔

التَّوَسُّلُ: چوری، اَخَذَ فُلَانٌ اِبِلِی تَوَسُّلًا: فلاں نے چوری سے میرے اونٹ لے لئے (۲) توسط۔

الوَاسِلُ: واجب، ضروری، شَیْءٌ وَاسِلٌ: ضروری چیز (۲) خدا کا تقرب چاہنے والا۔

الوَاسِلَۃُ: مؤنث الوَاسِل (۲) درجہ مرتبہ (۳) بادشاہ کے یہاں مقام وحیثیت (۴) تقرب، قرب الٰہی۔

الوَسِیْلَۃُ: ذریعہ، واسطہ (۲) مقام ومرتبہ (۳) قرب وتقرب (۴) جنت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا درجہ ومقام، ج: وَسَائِلُ وَوُسُلٌ۔

الوَسَائِلُ: ذرائع۔

وَسَائِلُ آلِیَّۃٌ: مشینی ذرائع۔

وَسَائِلُ الاِعْلَامِ: ذرائع ابلاغ۔

وَسَائِلُ النَّقْلِ: مواصلات۔

• وَسَمَ الشَّیْءَ ـِ (یَسِمُہٗ) وَسْمًا وَسِمَۃً: داغ کر خاص نشان ڈالنا۔

ـــ فُلَانًا بِالھِجَاءِ: کسی کو مذمت کا داغ لگانا، ھُوَ مَوْسُوْمٌ بِالخَیْرِ اَوِ الشَّرِّ: وہ خیر یا شر سے متصف ہے۔

وَسَمَ فُلَانًا: خوبصورتی میں کسی پر فوقیت لے جانا۔

ـــ الوَسْمِیُّ الاَرْضَ: موسم بہار کی پہلی بارش کا زمین کو تر کرنا۔

ـــ فُلَانًا بِوِسَامٍ: کسی کو امتیازی نشان عطا کرنا، تمغہ دینا۔

ـــ الشَّیْءَ: نشان وعلامت لگانا۔

وَسُمَ ـُ (یَوْسُمُ) وَسَامَۃً وَوَسَامًا: حسین وجمیل ہونا، خوب رو ہونا۔

ـــ وَجْھُہٗ: چہرہ کا خوبصورت ہونا۔

ھُوَ وَسِیْمٌ وَھِیَ وَسِیْمَۃٌ ج: وِسَامٌ، کہتے ہیں، اِنَّہٗ لَوَسِیْمٌ قَسِیْمٌ وَاِنَّھَا لَوَسِیْمَۃٌ قَسِیْمَۃٌ وہ انتہائی خوب رو ہے۔

وَاسَمَہٗ فِی الحُسْنِ: حسن میں کسی سے بڑھ جانا۔

وَسَّمَ: کسی اجتماع، میلے یا جشن یا عبادت کے اجتماع میں شریک ہونا۔

ـــ الحَاجُّ: حاجی کا حج میں شریک ہونا (۲) حاجی کا مکہ معظمہ میں برائے حج حاضر ہونا۔

اِتَّسَمَ: داغ لگنا، نشان پڑنا یا لگنا، وَسَمَ کا مطاوع (۲) اپنے لئے امتیازی نشان یا علامت اختیار کرنا (۳) کسی اچھی یا بری صفت سے مشہور ہونا، کسی صفت وامتیاز کا حامل ہونا، کسی وصف سے پہچانا جانا جیسے ھُوَ مُتَّسِمٌ بِالخَیْرِ اوالشَّرِّ۔

تَوَسَّمَ: موسم بہار کی گھاس تلاش کرنا، (۲) نیل کے پتوں کا خضاب کرنا

ـــ الشَّیْءَ فِیْہِ: کسی میں کوئی چیز تاڑنا، عقل وفراست سے جان لینا، یا علامت سے پہچاننا جیسے تَوَسَّمَ فِیْہِ الخَیْرَ: اسے اس میں خیر نظر آئی۔

السِّمَةُ: خاص طرز کا داغ (۲) نشان علامتِ امتیاز، طرۂ امتیاز
المَوْسِمُ: لوگوں کا بڑا مجمع (۲) سالانہ میلا (۳) تہوار (۴) کسی پھل کی فصل کا وقت، (۵) کسی کام کا سیزن، کام کا وقت یا زمانہ جیسے شکار کا زمانہ، حج کا زمانہ (۶) موسم، ج: مَوَاسِمُ۔
المَوْسِمِيُّ: فصلی، موسمی (۲) وقتی، سیزن کا۔
الرِّيحُ المَوْسِمِيَّةُ: مان سون، بحرہند اور جنوبی ایشیا کی موسمی ہوا جو اپریل سے اکتوبر تک جنوب مغرب سے اور باقی دنوں میں شمال مشرق سے چلتی ہے۔
المَوْسُومُ: اعزازی نشان (تمغا) یافتہ
المَوْسُومَةُ: دِرْعٌ مَوْسُومَةٌ: وہ زرہ جس کو نشانات سے مزین کیا گیا ہو۔
المِيسَمُ: علامت، (۲) حسن وجمال کا اثر (۳) داغ لگانے کا آلہ (۴) استری، ج: مَوَاسِمُ وَمَيَاسِمُ۔
الوِسَامُ: علامت، نشان امتیاز (۲) اعزازی نشان، انعامی تمغا جو کامیاب وفاتح کے سینہ پر لگایا جاتا ہے، ج: وِسَامَاتٌ۔
الوَسَامَةُ: حسن وجمال، شرافت کا اثر، خوب روئی، خوبصورتی۔
الوَسْمُ: علامت، نشان، کہاوت ہے اَبْصِرْ وَسْمَ قِدْحِكَ: اپنی حیثیت کو پہچانو، ج: وُسُومٌ۔
الوَسِمَةُ: نیل کا پودا جس کے پتوں سے خضاب کیا جاتا ہے۔
الوَسْمِيُّ: موسم بہار کی پہلی بارش۔
• وَسِنَ ـَ (يَوْسَنُ) وَسَنًا وَسِنَةً وَوَسْنَةً: اونگھنا هو وَسِنٌ ووَسْنَانُ ومِيسَانٌ وهي وَسِنَةٌ ووَسْنَى ومِيسَانٌ

(۲) کنویں میں پانی کی بدبو سے بیہوش ہوجانا، هو وَسِنٌ۔
اَوْسَنَتْهُ البِئْرُ: کنویں کا اپنے پانی کی بدبو سے کسی کو بیہوش کردینا۔
تَوَسَّنَ المَرْأَةَ: عورت کے پاس اس کے سوتے ہوئے آنا (ہم بستری کرنا)۔
اسْتَوْسَنَ: وَسِنَ۔
السِّنَةُ: اونگھ، (ابتدائی نیند) (۲) غفلت، هو فی سِنَةٍ: وہ غفلت میں ہے۔
المَوْسُونَةُ: امْرَأَةٌ مَوْسُونَةٌ کاہل عورت۔
المِيسَانُ: امْرَأَةٌ مِيسَانٌ، انتہائی سنجیدہ عورت۔
مِيسَانُ الضُّحَى: دن چڑھے تک سونے والی عورت۔
الوَسَنُ: ضرورت، ما هو من هَمِّي ولا من وَسَنِي: وہ نہ میرے مقصد کی چیز ہے اور نہ میری ضرورت ج: اَوْسَانٌ۔
قَضَتِ الإبِلُ اَوْسَانَهَا من الماءِ: اونٹوں نے اپنی پانی کی ضرورت پوری کرلی۔
الوَسْنَى: امْرَأَةٌ وَسْنَى: آسودگی سے سرشار اور نشیلی نگاہ والی عورت۔
الوَسْنَى: سروقت اونگھتی رہنے والی۔
الوَسْنَانَةُ: امْرَأَةٌ وَسْنَانَةٌ: نشیلی آنکھ والی عورت۔
الوَسْنِيُّ: رَجُلٌ وَسْنِيٌّ: بہت اونگھنے والا شخص۔
• وَسْوَسَ: الشيطانُ اليه وله وفی صَدْرِهِ وَسْوَسَةً ووِسْوَاسًا: شیطان کا کسی کے دل میں برا اور غلط خیال پیدا کرنا، نیکی سے ہٹا کر بدی پر ابھارنا ورغلانا، ایسی بات سجھانا جو خیر کے بجائے شر کا باعث ہو۔
وَسْوَسَتِ النَّفْسُ: بیہودہ اور بے تکی بات کرنا (۲) دل میں وسوسہ (برا خیال) آنا (۳) چپکے سے بات کرنا جیسے وَسْوَسَ الصَّائِدُ (۴) آہستہ سے آواز نکالنا جیسے، وَسْوَسَتِ الرِّيحُ والحَلْيُ والقَصَبُ، ہوا یا زیورات یا سرکنڈوں کی ہلکی آواز ہونا۔
ـــ الكِلَابُ: کتوں کا ہلکی ہلکی آواز نکالنا
ـــ فُلَانٌ فُلَانًا: کسی سے آہستہ بات کرنا۔
وُسْوِسَ: حواس گم ہونا، ہوش اڑنا، حدیث عثمان رضی اللہ عنہ میں ہے "لَمَّا قُبِضَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وُسْوِسَ نَاسٌ وكُنْتُ فِيمَنْ وُسْوِسَ۔"
الوَسْوَاسُ: شیطان (۲) وہم کی بیماری جو سوداء کے غلبہ سے پیدا ہوتی ہے (۳) وسوسہ انداز، دل میں برا خیال ڈالنے والا (۴) خیال بد ڈالنے والا (۵) دل میں آنے والا برا خیال اور بے نفع بات
الوَسْوَسَةُ: خیال بد، اس کے لغوی معنی محسوس نہ ہونے والی حرکت یا پوشیدہ آواز کے ہیں جیسے زیور وغیرہ کی ہلکی جھنکار، اصطلاح شریعت میں شیطان کے انسان کو ورغلانے، بہکانے اور نیکی سے ہٹا کر بدی پر ابھارنے کا نام ہے یعنی وسوسہ شیطان کی طرف سے انسان کے دل میں خدا کی طرف سے اسے دی گئی قدرت کے تحت پیدا کردہ شر اور معصیت کا خیال وارادہ ہے جو شیطان کی مسلسل جدوجہد کے باعث صرف ارادہ ہی نہیں رہتا قصدِ محکم اور عزیمت جازمہ بن جاتا ہے، اس لئے تمام معصیتوں اور گناہوں

کی جڑ یہی وسوسہ ہے جس سے سورۂ ناس میں پناہ مانگنے کی تعلیم دی گئی ہے، ج: وَسَاوِس۔
• وَسَی رَأْسَهُ ـِ (یسیه) وَسْیًا: سر مونڈنا۔
أَوْسَی رَأْسَهُ، وَسَاهُ۔
مُوسٰی: ایک جلیل القدر پیغمبر علیہ السلام کا نام۔
المُوسَوِیُّ: حضرت موسیٰؑ کا پیرکار ہونے کا مدعی، اسرائیلی۔
المُوسَی: استرا، ج: مَوَاسٍ، دیکھئے، (موس)۔

و ـــــ ش

الوِشْبُ: اوشاب کا واحد، بدقماش لوگ مختلف قسم کے لوگوں کا گروہ (جن میں اچھے برے کی تمیز نہ ہو۔
الوَشْبَةُ: تَمْرَةٌ وَشْبَةٌ: موٹے چھلکے والی کھجور (یمنی لفظ)۔
• وَشَجَ الشیءُ ـِ (یشج) وَشْجًا ووَشِیجًا: گتھ جانا، کسی شے کے اجزا یا چند اشیاء کا ایک دوسرے سے گتھ جانا، پیوستہ ہو جانا، وَشَجَتِ العُرُوقُ والأغصانُ: رگوں یا ٹہنیوں کا ایک دوسرے سے گتھ جانا۔
ـــ مَحْمِلَهُ: محمل کو کسی چیز سے باندھ کر محفوظ کرنا۔
ـــ قَرَابَتَهُ: اپنے رشتوں کو محفوظ رکھنا، هو واشِجٌ۔
وَشَجَتْ فی قلبه أمورٌ وهُمُومٌ دل میں طرح طرح کے تفکرات اور معاملا کا آنا۔
ـــ به والیه قرابةُ فلانٍ کسی سے رشتہ داری ہونا۔
وَشَّجَ بَیْنَ القَوْمِ: لوگوں کا باہم ملانا، جوڑنا۔
ـــ قَرَابَتَهُ: رشتہ داری قائم کرنا۔
ـــ مَحْمِلَهُ، ٹوکری کو تسمہ وغیرہ سے باندھ کر محفوظ کرنا۔
تَوَشَّجَ: گتھ جانا، باہم مربوط ہونا۔
الأَوْشَاجُ: علیه أوشاجُ غَزُوْلٍ: اس پر طرح طرح کے رنگوں کی آمیزش ہے۔
الواشِجُ: پیوستہ، گتھا ہوا۔
الواشِجَةُ: مربوط خاندانی رشتہ، سلسلۂ قرابت، مضبوط تعلق۔
الوَشِیجُ: باہم گتھے ہوئے اگنے والے سرکنڈے اور بانس، واحد وَشِیجَةٌ۔
الوَشِیجَةُ: درخت کی رگ (۲) کان کی رگ (۳) مربوط و پیوستہ رشتہ داری (۴) کھجور کے ریشوں کی بٹی ہوئی رسی جس کا جال بنا کر کٹا ہوا گیہوں اس پر ڈال کر صاف کرتے ہیں، ج: وَشَائِجُ۔
الوَشَائِجُ: رشتے، تعلقات (۲) باہم ملی ہوئی جڑیں یا چیزیں۔
• وَشَّحَ المَرْأَةَ: عورت کو موتیوں اور جواہر سے آراستہ پٹی پہنانا۔
ـــ فُلانًا الثَّوْبَ: کپڑا پہنانا۔
اِتَّشَحَتِ المَرْأَةُ: عورت کا جواہر سے آراستہ پٹی پہننا۔
ـــ فُلانٌ بثَوْبِهِ: کپڑے کو بائیں مونڈھے پر ڈال کر اس کا سرا دائیں بغل کے نیچے سے نکال کر دونوں سروں کو سینہ پر لا کر باندھنا۔
ـــ بسَیْفِهِ: گلے میں تلوار ڈالنا۔
تَوَشَّحَتِ المَرْأَةُ، اِتَّشَحَتْ۔
ـــ فُلانٌ بثَوْبِهِ: کپڑا پہننا۔
ـــ بسَیْفِهِ: گلے میں تلوار لٹکانا۔
ـــ فُلانًا: کسی سے گلے ملنا۔
تَوَشَّحَتِ الجَبَلَ: پہاڑ پر چلنا۔
التَّوْشِیحُ: اشعار میں دوہری قافیہ بندی جو اہل اندلس کی ایجاد ہے۔
المُوَشَّحُ: التَّوْشِیحُ، (۲) وہ مرغ جس کی گردن پر دو لکیریں پڑی ہوئی ہوں۔ ثَوْبٌ مُوَشَّحٌ: پھول دار کپڑا۔
المُوَشَّحَةُ: ہرن یا بکری یا وہ پرندہ جس کے دونوں طرف بالوں کے گچھے لٹکے ہوئے ہوں (۲) اندلسی طرز پر کسی ایک قافیہ کی پابندی کے بغیر تیار کیا ہوا قصیدہ جو عام طور پر سات شعروں پر مکمل ہوتا ہے۔
الوِشَاحُ: دو لڑیوں کا جوہری ہار (۲) جواہرات سے آراستہ وہ پٹی جسے عورت کوکھ سے گزار کر کندھے پر ڈالتی ہے (۳) وہ پٹی جو عدالت میں جج وغیرہ کندھے پر ڈال کر بغل کے نیچے سے گزارتے ہیں (۴) کمان (۵) ج: وُشُحٌ واَوْشِحَةٌ ووَشَائِحُ، امرأةٌ غَرْثَی الوِشَاحِ: پتلی کمر اور پتلے پیٹ والی عورت۔
الوَشْحَاءُ: سفید دھاریوں والی کالی بکری۔
• وَشَرَ الخَشَبَةَ ـِ (یشرها) وَشْرًا: لکڑی کو چیرنا۔
ـــ المَرْأَةُ أَسْنَانَهَا: عورت کا اپنے دانت تیز کرنا، باریک کرنا ھو وَاشِرٌ وھی وَاشِرَةٌ۔
اِتَّشَرَتِ المَرْأَةُ: عورت کا اپنے دانت باریک اور تیز کرنا۔
اِسْتَوْشَرَتِ المَرْأَةُ: اِتَّشَرَتْ۔
المِیشَارُ، المِنْشَارُ: لکڑی کاٹنے کا اوزار، آری وغیرہ۔
• تَوَشَّرَ لِلشَّرِّ: بدی کے لئے تیار ہونا۔

الوَشَزُ: عجلت، جلدی (۲) تنگ حالی، عسرت کی زندگی (۳) سہارا، پناہ، پناہ گاہ
لَجَأْتُ الی وَشَزٍ: میں نے پناہ گاہ کا سہارا لیا، ج: اَوْشَازٌ۔ لَقِيتُهُ علی اَوْشَازٍ: میں اس سے عجلت میں ملا۔
الوَشِيزَةُ: موٹا تکیہ، ج: وَشَائِزُ۔
• وَشَظَ القَوْمُ اِلَيْنَا ـ (يَشِظُونَ) وَشْظًا: تھوڑے لوگوں کا دوسروں کے ساتھ مل جانا اور ان ہی میں شامل ہو جانا۔
ـــ فُلَانٌ الفَأْسَ ونَحْوَهَا: کلہاڑی وغیرہ کے سوراخ کو بچر لگا کر تنگ کرنا۔
ـــ العَظْمَ: ہڈی کا ٹکڑا توڑنا۔
الوَشِيظُ: تابع، ج: اَوْشَاظٌ (۲) وَشَائِظ کا واحد، نیچے درجہ کے لوگ، پسماندہ لوگ، مختلف نسلوں کا مخلوط گروہ۔ ج: وَشَائِظ (۳) کسی قبیلہ کے ساتھ ملنے والے اجنبی لوگ (۴) خدام، هُمْ وَشِيظَةٌ فی قَوْمِهِمْ: وہ قوم میں باہر سے آئے ہوئے بھرتی کے لوگ ہیں، لکڑی کی بچر جو سوراخ بند کرنے یا چھوٹا کرنے کے لئے کلہاڑی وغیرہ کے سوراخ میں لگائی جائے (۲) لکڑی کا ٹکڑا جس سے پیالہ کو جوڑا جائے، ج: وَشَائِظ۔
• وَشَعَتِ البَقْلَةُ ـ (تَشَعُ) وَشْعًا ووُشُوعًا: سبزی کی کلی کھل جانا۔
ـــ الشَّیْءُ الشَّیْءَ: ایک شے کا دوسری پر چھانا، جیسے وَشَعَهُ الشَّيْبُ: اس پر بڑھاپا آگیا۔
ـــ الجَبَلَ وَفِيهِ: پہاڑ پر چڑھنا۔
ـــ فُلَانٌ الشَّیْءَ: ملانا، مخلوط کرنا۔
ـــ القُطْنَ وَغَيْرَهُ: روئی وغیرہ لپیٹنا۔

اَوْشَعَ الشَّجَرُ والبَقْلُ: درخت یا سبزیوں پر پھول آنا۔
وَشَّعَ القَوْمُ عَلَى كَرْمِهِمْ وبُنْيَانِهِمْ: انگور کی بیل یا باغ کی باڑ لگانا۔
ـــ كَرْمَهُ: اس نے انگور کی بیلوں پر باڑ لگائی۔
ـــ الشَّیْءُ فی الشَّیْءِ: ایک شے کا دوسری میں داخل ہونا۔
ـــ الشَّیْءَ: کسی چیز پر چڑھنا۔
ـــ فُلَانًا الشَّيْبُ: کسی پر بڑھاپا آجانا، بڑھاپے کا سر کو سفید کر دینا۔
ـــ فُلَانٌ الشَّیْءَ: ملانا، مخلوط کرنا۔
ـــ القُطْنَ وَغَيْرَهُ: روئی کو دھننے کے بعد لپیٹنا۔
ـــ الغَزْلَ: سوت کا کن انگلی اور انگوٹھے پر گولا بنا کر بنائی کے لئے نلکی میں لگانا۔
ـــ الثَّوْبَ: کپڑے پر دھاریاں اور نشان ڈالنا۔
تَوَشَّعَ الشَّیْءُ: بکھرنا، منتشر ہونا۔
ـــ فی الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔
ـــ الغَنَمُ فی الجَبَلِ: بکریوں کا چرتے چرتے پہاڑ کے اوپر چلا جانا۔
ـــ بالشَّیْءِ: کسی چیز میں بہتری و خوبصورتی ہونا۔
ـــ بالكَذِبِ: جھوٹ کا حسین جامہ پہننا (یعنی بڑی خوبصورتی کے ساتھ جھوٹ بولنا)۔
ـــ الشَّیْءَ: چھا جانا، اوپر چڑھنا، جیسے تَوَشَّعَ الجَبَلَ وتَوَشَّعَ الشَّيْبُ رَأْسَهُ۔
ـــ القَوْمُ ضُيُوفَهُمْ: لوگوں کا مہمانوں کو آپس میں تقسیم کر لینا۔
المُوَشَّعُ: پھول دار، بیل بوٹے دالا،

بُرْدٌ مُوَشَّعٌ: دھاری دار چادر پھول دار چادر۔
الوَشْعُ: پہاڑ پر اگا ہوا معمولی سبزہ (۲) سبزیوں کے پھول (۳) بید کا درخت درخت خرما کے تھوڑے سے شگوفے، ج: وُشُوعٌ۔
الوُشْعُ: مکڑی کا جالا۔
الوَشُوعُ: پہاڑ کے منتشر نباتات، ادھر ادھر اگے ہوئے نباتات، (۲) بچہ کے حلق میں ڈالی جانے والی دوا۔
الوَشِيعُ: کنویں کی من پر پڑی ہوئی چوڑی لکڑی جس پر پانی کھینچنے والا کھڑا ہوتا ہے۔ (۲) بننے والے کی لکڑی جس پر کپڑا لپیٹتا ہے یا دھاگے کی نال (۳) چھت کی کڑیوں پر ڈالی جانے والی کھجور کے پتوں کی چٹائی (۴) گھر کی چھت (۵) ثمام گھاس کی بنی ہوئی چٹائی (۶) لکڑی کی بنی ہوئی جالی دار یا کانٹوں کی باڑ جو گھر کے صحن یا باغ کی حفاظت کے لئے لگائی جاتی ہے (۷) فوج کے افسر کا بلند خیمہ جہاں سے وہ فوج کی کمان کرتا ہے (۸) بانس اور پھونس کی جھونپڑی (۹) سوکھے ہوئے درخت (۱۰) کپڑے کی دھاری، (۱۱) مختلف رنگوں کے دھاگوں کے گولے (۱۲) سرخ اور زرد دھاگوں کے دو گولے، ج: وَشَائِع۔
الوَشِيعَةُ: دھاگے لپیٹنے کی لکڑی (۲) سلائی مشین کا شٹل (۳) کپڑا بننے کے لئے بانا ٹکانے کا بانس (۴) لپٹی ہوئی روئی کا گولا یا بنڈل (۵) چادر کی دھاری (۶) گرد وغبار کی لکیر، ج: وَشِيعٌ ووَشَائِعُ۔
• وَشَغَ بِبَوْلِهِ ـ (يَشِغُ) وَشْغًا: پیشاب بغیر دھار باندھے تھوڑا تھوڑا کرنا۔

أَوْشَغَ ببوله: وَشَغَ۔
— العطیة: عطیہ میں کمی کرنا۔
— الصبیَّ الدواءَ: بچہ کے منہ میں دوا ڈالنا۔
وَشَّغَ الثوبَ: کپڑے کو خون میں اتنا لتھیڑنا کہ اس کی دھاریاں پڑ جائیں۔
تَوَشَّغَ بالسوء: برائی میں ملوث ہونا۔
الوَشْغُ: تھوڑا، ج: وُشُوغٌ۔
الوَشُوغُ: بچہ کے منہ میں ڈالی جانیوالی دوا۔
الوَشِيغُ: الوَشْغُ۔
• وَشَقَ ـِ (يَشِقُ) وَشْقًا: جلدی کرنا۔
— اللحمَ: گوشت کے لمبے پارچے کرکے سکھانا
— فلانًا: نیزہ مارنا (۲) کھسوٹنا (۳) دانتوں سے کاٹنا۔
وَشِقَ المفتاحُ فی القفل ـَ (يَوْشَقُ) وَشَقًا: تالے میں چابی اٹکنا، پھنسنا۔
أَوْشَقَ الشیءُ: کسی چیز کا اٹکنا۔ پھنسنا۔
وَشَّقَ الشیءَ: ٹکڑے کرنا، بکھیرنا۔
— اللحمَ: گوشت کے پارچے کرکے سکھانا۔
اِتَّشَقَ اللحمَ: وَشَقَهُ۔
— وَشِيقَةً: گوشت کا پارچہ بناکر سکھانا۔
— القومُ فلانًا بأسيافهم: کسی جماعت کا اپنی تلواروں سے کسی کے لمبے لمبے ٹکڑے کردینا۔
تَوَاشَقَ القومُ فلانًا: کسی کے تلواروں سے لمبے لمبے ٹکڑے کردینا۔
المَوَاشِيقُ: چابی کے دندانے، واحد مِيشَاقٌ۔
الوَاشِقُ: تھوڑا دودھ۔
الوُشَّقُ: بطور دوا کام آنے والا گوند جو مختلف نباتات سے نکالا جاتا ہے۔
الوَشْقُ: ادھر ادھر بکھری ہوئی چرنے کی گھاس۔
الوَشَقُ: بلی جیسا ایک جنگلی جانور جس کی کھال کی پوستین بنائی جاتی ہے۔
الوَشِيقُ: سَيْرٌ وَشِيقٌ: ہلکی رفتار۔
الوَشِيقَةُ: لمبے ٹکڑوں میں کاٹ کر سکھایا ہوا گوشت یا پانی اور نمک میں جوش دے کر پارچے بنایا ہوا گوشت یہ گوشت دیرپا اور سفر کے لئے اچھا توشہ ہوتا ہے، ج: وَشِيقٌ ووَشَائِقُ، وَشِيقَةٌ: ایک پارچہ کو بھی کہتے ہیں۔
• وَشُكَ ـُ (يَوْشُكُ) وُشْكًا ووَشَاكَةً ووُشْكَانًا: تیز ہونا، (۲) نزدیک ہونا، هو وَشِيكٌ کبھی فعل مقارب أَوْشَكَ کی طرح استعمال ہوتا ہے، دیکھئے أَوْشَكَ۔
أَوْشَكَ: تیز ہونا (۲) نزدیک ہونا (۳) تیز رفتار ہونا، (۴) فعل مقارب یعنی کسی فعل پر داخل ہوکر اس کے قرب وقوع پر دلالت کرتا ہے، اس کے بعد اکثر ان کے ساتھ فعل ہوتا ہے، کبھی اس کے بعد اسم بھی ہوتا ہے، اسم فاعل کے ساتھ اس کا استعمال بہت کم ہے، جیسے ماضی کے مقابلہ میں مضارع زیادہ مستعمل ہے۔
مثالیں: أَوْشَكَ أَنْ يَمُوتَ: وہ مرنے کے قریب ہوگیا، يُوشِكُ أَنْ يَكُونَ الأمرُ كذا: معاملہ میں اس طرح ہونے کے قریب ہے، ويُوشِكُ الأمرُ أَنْ يكونَ كذا: معاملہ اس طرح ہوجانے کے قریب ہے۔
وَاشَكَ مُوَاشَكَةً ووِشَاكًا: تیز چلنا۔
وَشَّكَ: تیز ہونا، تیز رفتار ہونا۔
المُوَاشِكَةُ: تیز رفتار اونٹنی۔
الوَشَاكُ: تیزی، تیز رفتاری۔
الوُشْكَانُ: تیزی، تیز رفتاری، عَجِبْتُ مِنْ وَشْكَانِ هذا الأمرِ: مجھے اس کام کی تیز رفتاری پر حیرت ہوئی (۲) فعل ماضی کا اسم بمعنی سَرُعَ جیسے: وُشْكَانَ مَا يكونُ ذلك وہ کام بہت جلد ہوگیا، جتنا جلد ہوسکے
الوَشِيكُ: قریب، نزدیک (۲) تیز، تیز رفتار، جلد، خَرَجَ وَشِيكًا: وہ تیزی سے نکل گیا۔
الوَشْكُ: جلدی، تیزی، (۲) نزدیکی
عَلَى وَشْكٍ: قریب، هو على وَشْكِ السقوطِ: وہ گرنے کو ہے۔
• وَشَلَ الماءُ ونحوُهُ ـِ (يَشِلُ) وَشْلًا ووَشَلَانًا: بہنا (۲) کم ہوکر ٹپکنا۔
— فلانٌ وُشُولًا: کمزور وکم مایہ ہونا (۲) غریب ومحتاج ہونا۔
— إليه: کسی کے سامنے عاجزی کرنا گڑگڑانا، هو وَاشِلٌ۔
أَوْشَلَ حَظَّهُ: کسی کا حصہ گھٹا دینا معمولی اور گھٹیا کرنا۔
— الفصيلَ: اونٹنی کا تھن بچے کے منہ میں دودھ پینا سکھانے کے لئے دیدینا۔
— الماءَ: پانی کو چٹان وغیرہ سے رستا ہوا تھوڑا پانا۔
— البئرَ: کنویں کا پانی کم پانا۔
الأَوْشَالُ: پہاڑوں سے اتر کر اکٹھا

ہونے والا پانی جس سے کھیتوں کو سیراب کیا جاتا ہے۔ جاءوا اَوْشَالاً: وہ تھوڑے تھوڑے یکے بعد دیگرے آئے
ھومن اوشالِ القَوْمِ: وہ عام آدمیوں میں سے ہے۔
الوَاشِلُ: جَبَلٌ وَاشِلٌ: وہ پہاڑ جس سے پانی رستا رہتا ہو۔
واشِلُ الحَظِّ: کم نصیب۔
واشِلُ الرَّأیِ: غیر ذی رائے۔
الوَشَلُ: پہاڑ یا چٹان سے رک رک کر ٹپکنے والا پانی۔
مَا اَصَابَ الّا وَشَلاً من الدُّنیا: اسے دنیا سے بہت کم حصہ ملا (۲) تھوڑے آنسو، ج: اَوشال۔
الوَشِلَۃُ: (من العیون) خشک آنکھ جس سے بہت کم آنسو نکلتے ہوں۔
الوَشُولُ: بہت دودھ والی اونٹنی جس کا دودھ زیادتی کی بنا پر ٹپکتا ہے۔
• وَشَمَ الجِلدَ ــ (یَشِمُ) وَشْماً: کھال کو سوئی سے گود کر نیل چھڑکنا ھو واشِمٌ۔
اَوْشَمَ فُلانٌ یفعل کذا: وہ ایسا کرنے لگا۔
ــ فی الاَمرِ: کسی معاملہ پر غور کرنا۔
ــ فی عِرضِ فُلانٍ: کسی کی عزت کو داغدار کرنا، عیب لگانا۔
ــ الفَتَاۃُ: لڑکی کے پستان کا ابھار شروع ہونا۔
ــ الاِبِلُ: اونٹوں کو اتفاقاً چراگاہ مل جانا۔
ــ السَّمَاءُ: آسمان میں بجلی چمکنا۔
ــ البَرقُ: بجلی کا معمولی سا چمکنا۔
ــ الاَرضُ: زمین پر ابتدائی روئیدگی ظاہر ہونا۔
ــ الکَرْمُ: انگور کی بیل کا رنگ پکڑنا (۲) انگور پک جانا (۳) نرم و ذائقہ دار ہو جانا۔
اَوْشَمَ الشَّیبُ فی الرَّأسِ: سر میں بڑھاپے کی سفیدی پھیل جانا۔
وَشَّمَ الغُصنُ: ٹہنی پر پتے نمودار ہونا۔
ــ فُلانٌ جِلدَہٗ: کھال گودنا۔
اِتَّشَمَ فُلانٌ: کسی کا کھال پر گدائی کرنا۔
اِسْتَوْشَمَ: گدائی کا خواہشمند ہونا۔
ــ فُلاناً: کسی سے گدائی کرانا۔
الوَاشِمَۃُ: گودنے والی عورت۔
الوَشْمُ: سوئی سے گدائی اور اس میں نیلا یا ہرا رنگ بھرنے کا نشان (۲) گدائی (۳) چوٹ وغیرہ سے کھال کے رنگ کی تبدیلی (۴) علامت نشان (۵) پہلے پہلی دکھائی دینے والی زمین پر روئیدگی (۶) ہرنی کے بازو کی دھاری، ج: وُشُومٌ و وِشَامٌ
الوَشْمَۃُ: مَا اَصَابَتنَا وَشْمَۃٌ: ہمیں بارش کا ایک قطرہ بھی میسر نہیں آیا،
مَا عَصَیتُہٗ وَشْمَۃً: میں نے اس کی ذرہ برابر بھی نافرمانی نہیں کی
الوَشِیمَۃُ: شرارت و دشمنی۔
• تَوَشَّنَ المَاءُ: پانی کم ہونا۔
الاَوْشَنُ: کسی کے پاس آکر بے بلائے اس کا کھانا کھا جانے والا آدمی۔
الوُشْنَانُ: دیکھئے اشنان۔
الوَشْنُ: موٹا اونٹ (۲) بلند زمین،
• وَشْوَسَ الرَّجُلُ والنَّعَامُ والبَعِیرُ وَشْوَشَۃً: آدمی شترمرغ اور اونٹ کا پھرتیلا اور تیز رفتار ہونا، ھو وَشْوَاش۔
ــ الرَّجُلُ: پوشیدہ طور پر بات کرنا یا نا قابل فہم بات کرنا۔
ــ فُلاناً: کسی سے خفیہ بات چیت کرنا۔
ــ فُلاناً الشَّیءَ: کسی کو کوئی چیز تھوڑی دینا۔
تَوَشْوَشَ القَومُ: آپس میں سرگوشی کرنا (۲) متحرک ہونا، نقل و حرکت کرنا۔
الوَشْوَاشَۃُ: اثر، فی فُلانٍ مِن اَبِیہِ وَشْوَاشَۃٌ: فلاں میں اپنے باپ کا اثر ہے۔
الوَشْوَشُ: الوَشْوَاشُ۔
الوَشْوَشِیُّ: رَجُلٌ وَشْوَشِیُّ الذِّرَاعِ: چابک دست، ہاتھ کا کام میں پھرتیلا اور ماہر۔
• وَشَی بِہٖ اِلَی السُّلطَانِ ــ (یَشِی) وَشْیاً و وِشَایَۃً: سلطان سے کسی کی شکایت کرنا۔
ــ بَنُو فُلانٍ: کسی قبیلہ کے افراد کی کثرت ہونا۔
ــ المَاشِیَۃُ: مویشی کی کثرت ہونا اور پھیلنا۔
ــ فُلانٌ الثَّوبَ وَشْیاً وَشِیَۃً: کپڑے پر بیل بوٹے بنانا، کڑھائی کرنا مزین کرنا۔
ــ الکَلامَ وَفِیہِ: چکنی چپڑی جھوٹی باتیں کرنا، غلط بات کو بنا سنوار کر پیش کرنا۔
ــ الکَذِبَ: جھوٹ کی خوب ملمع سازی کرنا، ھو وَاشٍ، ج: وُشَاۃٌ وھی واشِیَۃٌ والمَفعُولُ مَوْشِیٌّ۔
اَوْشَی الرَّجُلُ: بہت مالدار ہونا (۲) کسی کلام یا شعر کا مفہوم و مطلب اخذ کرنا۔
ــ فی الدَّرَاھِمِ والجَوَالِقِ: درہموں یا غلہ کے بوروں سے کچھ نکال کر کمی کرنا۔

أَوْشَى الْمَعْدِنُ : کان میں تھوڑا سونا ہونا۔
ــــ فُلَانٌ الشَّيْءَ : کسی چیز سے واقف ہونا (۲) آہستہ سے باہر نکالنا۔
ــــ فَرَسَهُ : گھوڑے کو آخری سے آخری رفتار پر دوڑانا، دوڑا کر ساری طاقت لگوا دینا (۲) گھوڑے کو مہمیز وغیرہ لگا کر پوری طاقت سے دوڑانا
ــــ الدَّوَاءُ الْمَرِيضَ : دوا کا بیمار کو شفا دینا۔
وَشَّى فُلَانٌ الثَّوْبَ : کپڑے پر بیل بوٹے بنانا، گل کاری کرنا۔
ــــ فُلَانًا ثَوْبًا : کسی کو کپڑا پہنانا۔
تَوَشَّى فِيهِ الشَّيْبُ : کسی کے سر پر داغ کی طرح بڑھاپے کی سفیدی ظاہر ہونا۔
اسْتَوْشَى الْمَعْدِنُ : کان کا تھوڑے سونے والی ہونا۔
ــــ فُلَانٌ فَرَسَهُ : گھوڑے کو پوری رفتار سے دوڑانا۔
ــــ الشَّيْءَ : کوئی چیز چھوڑنے کے لئے آواز لگا کر حرکت میں لانا۔
ــــ الْحَدِيثَ : بات کی اصلیت کا پتہ لگانے کے لئے تحقیق کرنا۔
الشِّيَةُ : نشان، دھبا، علامت، (۲) سیاہی آمیز سفیدی یا سفیدی مائل سیاہی (۳) پورے جسم کے رنگ کے برخلاف کوئی رنگ (۴) تمام جانوروں میں الگ رنگ کا جانور۔
شِيَةُ الْفَرَسِ : گھوڑے کا رنگ ج : شِيَات۔
الْمُوَشَّى : ثَوْرٌ مُوَشَّى الْقَوَائِمِ : سفید و سرخی مائل سیاہ پیروں والا بیل۔
الْوَاشِي : بہت اولاد والا (۲) بُننے والا (۳) سونا ڈھالنے والا (۴) چغلخور، ج :

وُشَاةٌ۔
الْوَشَاءُ : مال کی کثرت۔
الْوِشَايَةُ : چغلخوری۔
الْوَشَّاءُ : بڑا چغلخور (۲) انتہائی جھوٹا (۳) ریشمین کپڑوں کا تاجر۔
الْوَشْيُ : کپڑوں کے پھول، بیل بوٹے (۲) پھولدار کپڑوں کی ایک قسم (۳) تلوار کی آب جو اس کی دھار کے علاوہ حصے میں ہوتی ہے ج : وِشَاءٌ (۴) چغلخوری
فِي النَّخْلَةِ وَشْيٌ مِنْ طَلْعٍ : کھجور کے درخت پر تھوڑے شگوفے ہیں، حَجَرٌ بِهِ وَشْيٌ : سونے کی کان کا پتھر۔

و ص

• وَصَبَ الشَّيْءُ ـِ (يَصِبُ) وُصُوبًا : قائم رہنا، جما رہنا۔
ــــ شَحْمُ النَّاقَةِ وَلَبَنُهَا : اونٹنی کی چربی اور دودھ برقرار رہنا
ــــ عَلَى الْأَمْرِ : کسی کام کو پابندی سے کرنا، کسی کام پر جمنا، لگے رہنا۔
ــــ عَلَى مَالِهِ وَفِيهِ : اپنے مال کا اچھا انتظام اور تحفظ کرنا۔
وَصِبَ ـَ (يَوْصَبُ) وَصَبًا : بیمار ہونا، درد محسوس کرنا، هُوَ وَصِبٌ ج : وَصَابَى وَوِصَابٌ۔
أَوْصَبَ الشَّيْءُ : برقرار و قائم رہنا۔
أَوْصَبَتِ النَّاقَةُ : اونٹنی کی چربی اور دودھ باقی رہنا۔
ــــ فُلَانٌ : بیمار ہونا (۲) بیمار اولاد والا ہونا۔
ــــ الْقَوْمُ : لوگوں کی اولاد کو بیماریوں کا پریشان کرنا، لاغر کر دینا۔
ــــ عَلَى الشَّيْءِ : کسی چیز کی پابندی کرنا۔

أَوْصَبَ فُلَانًا : بیمار بنا دینا۔
وَاصَبَ الشَّيْءُ : قائم و برقرار رہنا۔
وَاصَبَتِ النَّاقَةُ : اونٹنی کی چربی اور دودھ برقرار رہنا۔
ــــ فُلَانٌ عَلَى الْأَمْرِ : پابندی کرنا۔
وَصَّبَ : وَصِبَ۔
ــــ فُلَانًا : کسی کو بیماری میں مبتلا کرنا، درد و تکلیف بڑھا دینا۔
تَوَصَّبَ : وَصِبَ۔
الْمُوَصَّبُ : مبتلائے امراض، ہمیشہ بیماریوں سے دوچار رہنے والا۔
الْوَاصِبُ : قائم و دائم۔
الْوَاصِبَةُ : فَلَاةٌ وَاصِبَةٌ : جنگل بیاباں، لق و دق صحرا، وسیع و عریض جنگل جس کی انتہا معلوم نہ ہو۔
الْوُصْبُ : چھنگلی اور چوتھی انگلی کے درمیان کا فاصلہ۔
الْوَصَبُ : درد و تکلیف (۲) تکان اور بدن کی گراوٹ، ج : أَوْصَابٌ۔
• وَصَدَ الشَّيْءُ ـِ (يَصِدُ) وَصْدًا : جمنا، قائم رہنا۔
ــــ النَّسَّاجُ : کپڑا بننا۔
أَوْصَدَ : بکریوں کے لئے پتھروں کا باڑہ بنانا۔
ــــ عَلَيْهِ : کسی کو تنگ کرنا، پریشان کرنا۔
ــــ الْقِدْرَ : ہانڈی کو ڈھانکنا۔
ــــ الْبَابَ : دروازہ بند کرنا (۲) راستہ روکنا، اصحاب الغار سے متعلق، حدیث میں ہے : "فَوَقَعَ الْجَبَلُ عَلَى بَابِ الْكَهْفِ فَأَوْصَدَهُ" : پہاڑ کا کچھ حصہ غار کے دروازہ پر گرا اور اس کا راستہ بند کر دیا۔
ــــ الْكَلْبَ : کتے کو شکار پر اکسانا۔

وَصَّدَ: متنبہ کرنا (۲) کپڑا بننا، (۳) کتے کو شکار پر اکسانا۔

اِستَوصَدَ: بکریوں کے لئے پتھروں کا باڑہ بنانا۔

المُوصَدُ: پردہ۔

المُوصَدُ: بند (بَابٌ مُوصَدٌ)۔

الوِصَادُ: بندش، (۲) رکاوٹ۔

